نیا رنگین ایڈیشن

رنگین

فیروز اللغات اردو

جامع

جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ

سوا لاکھ سے زائد قدیم و مروّجہ الفاظ، مرکبات، محاورات، ضرب الامثال اور علمی، ادبی، فنی اصطلاحات

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رنگین

فیروز اللغات اردو

نیا رنگین ایڈیشن

جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ

سوا لاکھ سے زائد قدیم و مروّجہ الفاظ، مرکبات، محاورات،
ضرب الامثال اور علمی، ادبی، فنی اِصطلاحات

مرتبہ
الحاج مولوی فیروز الدین مرحوم رحمۃ اللہ علیہ
نظرثانی: ادارۂ تصنیف و تالیف فیروز سنز

فیروز سنز لمیٹڈ (پرائیویٹ)
لاہور۔ راولپنڈی۔ کراچی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مجلد: 969 0 01942 2

باراوّل __________ ۲۰۰۵ء

فیروزسنز پرائیویٹ لمیٹڈ

ہیڈ آفس و شوروم: 60۔ شاہراہ قائد اعظم، لاہور (پاکستان)۔

راولپنڈی آفس: 277۔ پشاور روڈ، راولپنڈی۔

کراچی آفس: فسٹ فلور، مہران ہائٹس، مین کلفٹن روڈ، کراچی۔

مولوی فیروزالدین مرحوم	Moulvi Feroz ud Din (Late)
نظر ثانی : ادارۂ تصنیف و تالیف فیروز سنز	Revised by : Ferozsons Editorial Team
رنگین فیروزاللغات اُردو جامع	Rangeen Feroz ul Lughat Urdu Jamay

© 2005 جملہ حقوق فیروز سنز لمیٹڈ محفوظ ہیں۔

پانچویں اشاعت __________ ۲۰۱۲ء

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔ اس کتاب کا کوئی حصہ فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر نقل کرنے، نشر کرنے یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے، فوٹو کاپی کرنے یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔

مطبوعہ فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور۔ باہتمام ظہیر سلام پرنٹر و پبلشر

Printed by Ferozsons (Pvt.) Ltd. Lahore. Pakistan

email:support@ferozsons.com.pk

www.ferozsons.com.pk

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیش لفظ

لُغات وہ کتاب حوالہ ہے جس میں کسی زبان کے الفاظ حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق درج کیے گئے ہوں اور ہر لفظ کا صحیح تلفّظ اور معانی اُسی زبان یا کسی دُوسری زبان میں دیئے گئے ہوں۔ ایسی کتاب کو اُردو میں لغت یا لغات' فارسی میں فرہنگ' عربی میں قامُوس' سنسکرت اور ہندی میں کوش اور انگریزی میں ڈکشنری کہتے ہیں۔

یہ بحث ہنوز تصفیہ طلب ہے کہ دُنیا کا پہلا لغت کس زبان کا تھا۔ بہرحال ماہرینِ السنہ کی اکثریت اِس امر پر متّفق ہے کہ دُنیا کا پہلا لُغت یونانی زبان کا تھا۔ یونان کے ایک دانشور اینتھینس نے ایسے ۳۵ یونانیوں کے نام لئے ہیں جنہوں نے یونانی زبان کے لُغات لکھے تھے لیکن یہ اب ناپید ہیں۔ اِس لئے یونانی لغت نویس زینودوتس کے تالیف کردہ لغت "گلوسا" کو دُنیا کا پہلا لغت تسلیم کیا گیا ہے۔ یہ شخص بطلیموس (دُوسری صدی عیسوی) کے زمانے میں اِسکندریہ کے کُتب خانے کا مُہتمم تھا۔

سنسکرت زبان کی ڈکشنریوں میں "امرکوش" سرِفہرست ہے۔ اِس کا مؤلف امرسِنگھ سنہ ایک ہزار عیسوی کے لگ بھگ گزرا ہے۔

بعض ماہرینِ زبان کے مطابق انگریزی زبان کی پہلی ڈکشنری ایک انگریز لغت نویس کوک ایم نے تالیف کی تھی۔ یہ ۱۶۲۳ء میں لندن سے شائع ہوئی۔ بعدازاں متعدد ڈکشنریاں شائع ہوئیں جن میں بلاؤنٹ' فلپس' بیلی' جانسن' ٹاڈ' شیریڈن' ویبسٹر کی ڈکشنریاں' امپیریل ڈکشنری' آکسفورڈ ڈکشنری اور اسٹینڈرڈ ڈکشنری بالخصوص قابلِ ذکر ہیں۔

عربی زبان کا پہلا لغات خلیل اِبنِ احمد نے دُوسری صدی ہجری کے وسط میں تحریر کیا تھا۔ اِس کے بعد متعدد ماہرینِ لغات نے مختصر و مطوّل لغات تالیف کیے' جن میں ابوالفضل اِبنِ منظور جمال الدین کا لِسانُ العرب' ابوطاہر مجد الدین فیروز آبادی کا اَلقامُوس اور معلوف یسُوعی کا اَلمنجد خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ فارسی زبان کا پہلا لغت محمد حسین تبریزی نے لکھا جس کا نام بُرہانِ قاطع ہے۔

اُردو لُغات میں اوّلیّت کا سہرا "بحرُ الفضائل فی منافع الافاضل" کے سر ہے۔ اِسے ۷۹۵ھ میں محمد بن قوام کرخی نے تالیف کیا تھا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِس میں اُردو الفاظ کے معانی فارسی زبان میں دیئے گئے ہیں۔ بعدازاں متعدد لُغات شائع ہوئے جن میں سے چند مشہور و معروف درج ذیل ہیں:

تحفۃ الہند۔ مؤلّفہ مرزا محمد بن فخر الدین۔ یہ لغت بعہدِ اورنگ زیب عالمگیر لکھا گیا تھا۔ اِس میں بھی اُردو الفاظ کے معنی فارسی زبان میں دیئے گئے ہیں۔

غرائبُ اللُّغات۔ مؤلّفہ مولوی عبدالواسع ہانسوی۔ اِس میں بھی اُردو الفاظ کے معنی فارسی میں دیئے گئے ہیں۔

نوادِرُ اللُّغات (۱۷۵۲ء)۔ مؤلّفہ سراجُ الدین علی خاں آرزو۔

فرگوسن کا ہندوستانی لغت (۱۸۰۰ء)۔ شیکسپیئر اور فوربس کی ڈکشنریاں۔

ہندوستانی انگریزی لغت (۱۸۰۸ء)۔ مؤلّفہ جوزف ٹیلر اور ولیم ہنٹر۔

انگریزی ہندوستانی ڈکشنری (۱۸۷۶ء)۔ مؤلّفہ ڈاکٹر فیلن۔

اُردو، کلاسیکی ہندی اور انگریزی ڈکشنری (۱۸۸۵ء)۔ مؤلّفہ جان۔ ٹی پلیٹس۔ ایم۔ اے۔

امیرُ اللُّغات (۹۲۔۱۸۹۱ء)۔ مؤلّفہ امیر مینائی۔

فیروزُ اللُّغات اُردو جامع (۱۸۹۷ء)۔ مؤلّفہ مولوی فیروزُالدین (بانی فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ)۔

فرہنگِ آصفیہ (۱۹۰۸ء)۔ مؤلّفہ منشی سیّد احمد دہلوی۔

نُورُ اللُّغات (۱۹۲۲ء)۔ مؤلّفہ مولوی نُورُ الحسن نیر کاکوروی۔

جامعُ اللُّغات (۱۹۳۳ء)۔ مؤلّفہ عبدالمجید بی۔ اے۔

جیسا کہ مرقومہ بالا بیان سے ظاہر و باہر ہے **فیروزُ اللُّغات اُردو جامع** کو اُردو کے قدیم لغات کی فہرست میں شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ اِس کا پہلا اڈیشن کئی سال کی محنتِ شاقّہ کے بعد ۱۸۹۷ء کے وسط میں شائع ہوا۔ اُس وقت لیتھو طرزِ طباعت رائج تھا۔ چونکہ یہ لغت اپنے تمام معاصر لُغات میں بعض خصوصیات کی بنا پر منفرد و ممتاز تھا اور اِس میں یہ جدت کی گئی تھی کہ ہر بنیادی لفظ کے آگے اُس کے ارکان (ٹکڑے) بریکٹ میں لکھ کر اُن پر بھی اِعراب لگائے گئے تھے، اِس بنا پر اِسے طلبہ اور عام شائقین کے علاوہ اہلِ علم نے بھی شرفِ قبولیت بخشا۔ متحدہ پنجاب کی حکومت نے اسے گراں قدر انعام سے نوازا اور تمام سررشتہ ہائے تعلیم نے اسے اسکولوں اور کالجوں کے لئے منظور کیا۔

اِس لغات کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ہر بیس پچیس سال بعد اس پر نظرِ ثانی کی جاتی ہے اور اس عرصے میں جو نئے الفاظ اور علمی، ادبی و فنی اصطلاحات اُردو زبان میں رائج ہوتی ہیں، اِس میں شامل کی جاتی ہیں۔ گزشتہ سو سال کے عرصے میں اِس کے متعدد اڈیشن چھپ چکے ہیں اور ہر اڈیشن نقاشِ نقش ثانی بہتر کشد ز اوّل کے مصداق پہلے اڈیشن سے زیادہ جامع، مستند و معتبر ہوتا ہے۔

○ فیروزُ اللُّغات اُردو جامع کے اِس حسین و دیدہ زیب کمپیوٹرائزڈ اڈیشن کی تالیف و تدوین میں اِس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ اِس میں اُردو کے زیادہ سے زیادہ قدیم و جدید الفاظ، مرکبات، محاورات، ضرب الامثال اور علمی، ادبی، سائنسی اور تکنیکی اصطلاحات آجائیں اور یہ ابتدائی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

درجات سے اعلیٰ درجات تک کے طلبہ کے علاوہ اہلِ علم و دانش اور اخبار بین حضرات کی ضروریات بھی پوری کر سکے۔

- اِس میں وہ متروک الفاظ بھی شامل کئے گئے ہیں جو دکنی دور کی کُتب میں پائے جاتے ہیں۔ انہیں "ق" (قدیم) کی علامت سے واضح کیا گیا ہے۔
- الفاظ کی دو قسمیں کی گئی ہیں: بُنیادی اور ضمنی۔ بنیادی الفاظ حاشئے سے ملا کر لکھے گئے ہیں اور ضمنی الفاظ بنیادی الفاظ کے نیچے حاشیہ چھوڑ کر۔
- ہر بنیادی لفظ پر اِعراب لگائے گئے ہیں اور اِشتباہ سے بچنے کے لئے اُس کے آگے بریکٹ میں اُس کے ارکان یا ٹکڑے لکھ کر اُن پر بھی اعراب لگائے گئے ہیں۔ یہ اہم خصوصیت اِس لغت کو تمام مُروجہ لُغات سے ممتاز کرتی ہے۔
- ہر لفظ کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ یہ کس زبان کا لفظ ہے۔
- اَسماء کی تذکیر و تانیث کی وضاحت مذ (مذکّر) اور مث (مؤنث) سے کی گئی ہے۔
- لفظ کی صرفی حیثیت ا (اِسم)، صف (صفت)، ض (ضمیر)، مص (مصدر) سے ظاہر کی گئی ہے۔
- اِس لُغت کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ عربی و فارسی کے مُفرد الفاظ کے ساتھ ان کی وہ جمعیں بھی دی گئی ہیں جو اُردو میں رائج ہیں۔
- جس لفظ کے ایک سے زیادہ تلفّظ ہیں اُس پر سارے اِعراب لگا دیئے گئے ہیں مثلاً وَرشہ۔ ژبان۔ یُونُس وغیرہ۔ ان کے آگے بریکٹ میں اُن کے ارکان دے کر اُن پر بھی اِعراب لگائے گئے ہیں تاکہ کسی غلطی کا اِمکان نہ رہے۔
- تقریباً تمام اَنبیاءِ علیہم السلام، صحابہ کرامؓ اور ائمہ عظامؒ کے اَسماء کے معانی دیئے گئے ہیں یہ بھی اس لُغت کی ایک "خاص خصوصیت" ہے۔
- انگریزی اور دیگر زبانوں کے وہ الفاظ بھی شامل کئے گئے ہیں جو اُردو میں رواج پا کر اُس کا حصہ بن چکے ہیں۔
- انگریزی کے وہ الفاظ جن کا پہلا حرف S ہے اور اُس کے آگے کوئی حرفِ علت نہیں ہے ان میں S ساکن ہوتا ہے یا آدھی آواز دیتا ہے۔ لیکن اُردو زبان کے کسی لفظ کا پہلا حرف ساکن نہیں ہوتا اور اگر اُس پر کوئی حرکت نہ ہو تو وہ اُردو قواعد کی رُو سے مفتوح سمجھا جاتا ہے۔ اس لئے اِس قسم کے الفاظ کو س کی تقطیع کے بجائے الف مقصورہ کی تقطیع میں درج کیا گیا ہے، کیونکہ اگر اِسکول کو سکول لکھا جائے گا تو انگریزی سے نابلد لوگ اِس کا تلفّظ سکول (سَ۔کول) کریں گے۔ اِس خرابی سے بچنے کے لئے اُردو والوں نے اِن الفاظ کے شروع میں الف لگا دیا اور اس طرح ان کا تلفّظ انگریزی تلفّظ سے قریب تر ہو گیا۔
- سوقیانہ الفاظ و محاورات اکثر و بیشتر خارج کر دیئے گئے ہیں کیونکہ یہ عام طور پر تقریر و تحریر میں استعمال نہیں ہوتے۔ اعضاءِ توالد و تناسُل کے اُردو نام اور اُن سے متعلقہ محاورات بھی حذف کر دیئے گئے ہیں، البتہ فارسی و عربی نام دیئے گئے ہیں کیونکہ یہ طبّی کُتب میں درج ہیں۔
- ایسے محاورات و ضربُ الامثال بھی حذف کر دیئے گئے ہیں جن سے کسی مذہب، مسلک یا سماج کے کسی طبقے یا پیشے کی توہین ہوتی ہو۔
- بھ، پھ، تھ، ٹھ وغیرہ ہندی حروف ہیں اور ان کی مستقل حیثیت ہے۔ سب سے پہلے فیروزُاللُّغات میں اِن حروف کو ہائے ہوز (ہ) سے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

علیحدہ کیا گیا تھا لہٰذا اِن حروف پر مشتمل الفاظ کو "ھ" کے تحت دیکھئے۔

o پچھلی دو تین دہائیوں میں انگریزی کے بہت سے الفاظ اُردو میں داخل ہوئے ہیں مثلاً اُلرٹ' آپشن' کرپٹ' کرپشن وغیرہ وغیرہ۔ گو ان میں سے بیشتر کے اُردو متبادل موجود ہیں لیکن چونکہ یہ اُردو اخبارات میں علیٰ التّواتر استعمال ہو رہے ہیں اس لئے انہیں بھی لغت میں شامل کر لیا گیا ہے۔

ایک اِنسان کتنا ہی فہیم و فطین ہو مُنزّہ عنِ الخطا نہیں ہو سکتا۔ ایسے اعصاب شکن اور وقت طلب کام میں لاکھ حزم و احتیاط کے باوجود اغلاط کا رہ جانا ممکنات سے ہے۔ اگر کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہِ کرم مطلع فرمائیں۔

لغت کے آخر میں ۶ صفحات کا "تتمہ" دیا گیا ہے۔

ناشرین

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

علامات و اِشارات

اِس لغت میں الفاظ کے مآخذ اور صرفی حیثیت کی توضیح و وضاحت کے لئے حسبِ ذیل اِشارات و علامات اِختیار کی گئی ہیں :

ا	اِسم
اُر	اُردو
انگ	انگریزی
بنگ	بنگالی
پا	پالی
پُر	پُرتگالی
پش	پشتو
پن	پنجابی
ت	ترکی
س	سنسکرت
سندھ	سندھی
صف	صفت
ض	ضمیر
ع	عربی
عب	عبرانی
عو	عورت
ف	فارسی
فر	فرانسیسی
ق	قدیم
گ	گجراتی
لاط	لاطینی
مث	مؤنث
مذ	مذکر
مص	مصدر
ہ	ہندی
یو	یُونانی
^ ْ	جزم کی علامت
ں	نُون غُنّہ کی علامت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

.....فہرست باعتبار حروف تہجی.....

.........آ............	2	.........ش.........	879
.........الف.........	50	.........ص.........	906
.........ب.........	161	.........ض.........	919
.........پ.........	274	.........ط.........	923
.........ت.........	357	.........ظ.........	935
.........ٹ.........	438	.........ع.........	938
.........ث.........	467	.........غ.........	964
.........ج.........	470	.........ف.........	977
.........چ.........	534	.........ق.........	1000
.........ح.........	591	.........ک.........	1028
.........خ.........	612	.........گ.........	1136
.........د.........	641	.........ل.........	1200
.........ڈ.........	714	.........م.........	1238
.........ذ.........	729	.........ن.........	1400
.........ر.........	734	.........و.........	1466
.........ڑ.........	779	.........ہ.........	1486
.........ز.........	780	.........ی.........	1529
.........ژ.........	803	.........(تتمہ).........	1539
.........س.........	804		

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

الف

ا (اَ۔لِف)(ع۔ا۔مذ) اُردو۔ فارسی۔ عربی۔ پنجابی۔ سندھی۔ پشتو اور بلوچی حروفِ تہجّی کا پہلا حرف۔ ہندی میں بطور حرفِ عِلّت اِستعمال ہوتا ہے۔ مصر کے ہیروغلیفی خط میں "ء" بیل کے سر سے تعبیر کیا جاتا تھا۔ قدیم مصری زبان میں بیل کو آدا کہتے تھے۔ اس لئے ہجائی رسم تحریر کے وقت فونیقی زبان میں اِس کا نام اَلف ہوا۔ اَلف کی دو قسمیں ہیں: ممدُودہ اور مقصورہ۔ اَلف ممدُودہ کو کھینچ کر پڑھتے ہیں اور اِس کے اُوپر مد ہوتا ہے جیسے آپ' آگ' آمد۔ اَلف مقصورہ کو اَلف ممدُودہ کی مانند کھینچ کر نہیں پڑھتے جیسے اگر' اَٹل۔ علامتی اِعتبار سے اَلف کے معنی ہیں خُدائے واحد۔ صیقل کی لکیر۔ راستی۔ راست بازی۔ مفرد۔ اکیلا۔ ایک۔ مجرد۔ ننگا۔ دلیر۔ بہادُر۔ حسابِ اَبجد میں اِس کا عدد ایک ہے۔ یہ قمری حرف ہے یعنی اِس سے پہلے عربی ترکیب میں "ال" آئے گا تو لام اپنی آواز دے گا جیسے اَلاسلام۔ اَلف کلمے کے شروع میں متحرک ہوتا ہے' ساکن نہیں ہوتا۔ کلمے کے وسط میں مندرجہ ذیل حالتوں میں اِن علامات کے طور پر اِستعمال ہوتا ہے۔

۱۔ حرفِ اِتّصال: عطف کے لئے جیسے تگاپو (تگ اور پو)۔ شبا روز (شب و روز)۔

۲۔ اِنحصار و اِستیعاب کے موقع پر: جیسے سراپا (سر سے پا تک) مُونہا مُنہ۔

۳۔ مُتجانسین کے مابین: جیسے مارا مار' رنگا رنگ' چھما چھم' گرما گرم۔

۴۔ اضافت: جیسے سوتیاڈاہ' بھیڑیا چال' موتیا بند' موسلا دھار۔

۵۔ علامتِ فاعل: جیسے قاتِل' عالِم۔

۶۔ علامتِ جمع: جیسے مساجد۔ مذاہب۔

کلمے کے آخر میں اَلف مندرجہ ذیل حالتوں پر اِن علامات کے طور پر اِستعمال ہوتا ہے:

۱۔ علامتِ تعدیہ: جیسے جلنا سے جلانا' چلنا سے چلانا' نکلنا سے نکالنا۔

۲۔ علامتِ ماضی مطلق: جیسے چلا' اُٹھا' سُنا۔

۳۔ علامتِ حالیہ تمام: جیسے کھلا (کھلا ہُوا)۔

۴۔ علامتِ تذکیر: جیسے بھینسا' مُرغا' بڑا۔

۵۔ علامتِ تانیث: جیسے مالا۔ رادھا۔ صُغریٰ۔ کبریٰ۔ علیا۔ سلمیٰ۔

۶۔ علامتِ صفت: جیسے اُونچا' چھوٹا' نیچا۔

۷۔ علامتِ اِسم و حاصل مصدر: جیسے جھگڑا' بُلاوا۔

۸۔ علامتِ تکبیر: جیسے ٹوکرا' مٹکا۔

۹۔ حرفِ اِلحاق: جیسے ڈورا' بلما' جوڑا۔

۱۰۔ حرفِ ندا: جیسے ناصحا' خُدایا۔

۱۱۔ حرفِ ندبہ: جیسے وا حسرتا۔ وردا۔ دریغا۔

۱۲۔ حرفِ فاعلی: جیسے دانا' بینا' جویا۔

۱۳۔ حرفِ کثرت' جیسے خوشا (بہت اچھا)۔

اَ (الفِ مفتُوح)

۱۔ حرفِ نفی کے طور پر: جیسے اَٹل' اَنُھوت' اَمِٹ' اَمَر۔

۲۔ حرفِ ندا: جیسے اَجی' اَبے۔

۳۔ سابقہ بمعنی کثرت: جیسے اَچپل۔

۴۔ حرفِ تفضیل کے طور پر: جیسے اشرف' اکبر۔

اُ (الفِ مضمُوم)

۱۔ دُور کا اِشارہ: جیسے اُدھر۔ اُس۔

۲۔ سابقہ بمعنی اُوپر: جیسے اُٹھنا' اُکھڑنا' اُگلنا۔

۳۔ سابقہ بمعنی نیچے' دوسری طرف: جیسے اُلٹ۔

اِ (الفِ مکسُور)

۱۔ قریب کا اِشارہ: جیسے اِدھر' اِتنا۔

۲۔ بدل: جیسے اِبن (اصل میں "بنو" تھا)۔

۳۔ علامتِ مصدر: جیسے اِنتظار (عربی)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آ

آ (ار) (۱) اُردو مصدر آنا سے اَمر کا صیغہ۔ آگے بڑھنے کا حکم۔ جا کی ضد (۲) کم مرتبے والے کو بُلانے کی آواز (۳) کبوتروں کو بُلانے کی آواز (۴) سُر یا تان لینے کی آواز۔ بازی گروں یا مداریوں کے کسی غائب چیز کو بُلانے کی آواز۔

آ آ (ار۔ا۔صوت) پالتو پرندوں کو بُلانے کی آواز۔

آ بلا گلے پڑ، نہیں پڑتی تو بھی پڑ (ار۔مثل) خواہ مخواہ لڑائی مول لینے کی نسبت کہتے ہیں۔

آبننا (ار۔محاورہ) بلا نازل ہونا۔ مصیبت پڑنا۔

آ بنی سر اپنے، چھوڑ پرائی آس (ار۔مثل) مصیبت کے وقت کسی دُوسرے سے اُمید نہیں رکھنی چاہیے۔

آ بوا لڑیں، لڑے ہماری بلا (ار۔مثل) جو خواہ مخواہ لڑائی مول لے، عورتیں اُس کی نسبت کہتی ہیں۔

آ بے سونٹے تیری باری۔ کان چھوڑ کنپٹی ماری (ار۔مثل) کسی کام میں لگا تار ناکام رہ کر آخری تدبیر کرنا۔

آ بیل مجھے مار (ار۔مثل) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا یا لڑائی مول لینا۔

آ بے لونڈے جا بے لونڈے کرنا (ار۔مثل) پھرنا پھرانا۔ دوڑانا۔ وقت گزارنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

آپڑنا (ار۔محاورہ) آموجود ہونا۔ ٹپک پڑنا (۲) ٹوٹ پڑنا۔ حملہ آور ہونا (۳) کسی کے گھر آرہنا۔ غیر متوقع مصیبت یا آفت نازل ہونا۔

آ پڑوسن (لڑ) لڑیں (ار۔مثل) خواہ مخواہ لڑائی مول لینے کے وقت کہتے ہیں۔

آ پڑوسن مجھ سی ہو (ار۔محاورہ) اپنے ساتھ دُوسروں کو بھی برباد کرنا۔

آپہنچنا (ار۔محاورہ) منزل طے کرنا۔ پہنچ جانا۔

آپھنسنا (ار۔محاورہ) پھنس جانا (۲) فریب میں آنا۔

آ پھنسے کی بات ہے (آ پھنسی کا معاملہ ہے) (ار۔مثل) مجبوراً سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

آجانا (ار۔محاورہ) سیکھ لینا (۲) پہنچ جانا۔

آدبانا (ار۔محاورہ) پکڑ لینا۔ دبوچ لینا۔

آدھمکنا (ار۔محاورہ) بے دھڑک چلے آنا۔ اچانک آجانا۔

آڈٹنا (ار۔محاورہ) ڈیرہ جما لینا۔ آموجود ہونا۔

آرہنا (ار۔محاورہ) سکونت اختیار کرنا (۲) گر پڑنا (۳) ٹھہر جانا۔

آلگنا (ار۔محاورہ) قریب آجانا۔ پہنچ جانا۔

آلینا (ار۔محاورہ) پکڑ لینا۔ قریب پہنچ جانا۔

آمرنا (ار۔محاورہ) آموجود ہونا (تحقیراً) آجانا۔

آنکلنا (ار۔محاورہ) بے ارادہ پہنچ جانا۔ اتفاقاً چلے آنا۔

آ۔ب

آب (ف۔ا۔مذکر) (۱) پانی (۲) پسینا (۳) آنسو (۴) عرق (۵) خالص شراب (۶) شوربا (۷) پھولوں کا قدرتی رس (۸) (ف۔ا۔مث) رونق۔ تازگی (۹) چمک (۱۰) عزّت قدر (۱۱) تلوار وغیرہ کا جوہر، دھار یا باڑھ۔

آب آب کر مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی (ار۔مثل) مادری زبان پر دُوسری زبان کو ترجیح دینے کی خرابی۔ نامانوس زبان میں گفتگو کرنے کے باعث نقصان اُٹھانا۔

آب آب کرنا (ار۔محاورہ) شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا (۲) نرم کرنا۔

آب آب ہونا (ار۔محاورہ) (۱) پانی پانی ہونا۔ پسینے پسینے ہونا (۲) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔

آبِ آتش رنگ (آتش مزاج۔ آتش ناک۔ آتشیں) (ف۔ا۔مذ) شرابِ سُرخ (۲) خون کے آنسو۔

آب آجانا (ار۔محاورہ) اوزار یا ہتھیار کی دھار تیز ہونا۔ باڑھ چڑھنا (۲) چمک آنا۔ صفائی پیدا ہونا۔ رونق آجانا (چہرے پر)۔

آبِ آخرت (ف۔ع۔ا۔مذ) غُسلِ میّت جو مرنے کے بعد دیا جاتا ہے۔

آب آمد تیمم برخاست (ف۔مثل) اصل چیز آنے کے بعد فرع یا عارضی چیز کی ضرورت نہیں رہتی۔ جیسے پانی ملنے کے بعد تیمم بے کار ہو جاتا ہے۔

آب آنا (ار۔محاورہ) چمک آنا۔ ہتھیار کی دھار تیز ہونا۔

آبِ آہن (ف۔ا۔مث) لوہے کی چمک۔

آبِ آہن تاب (ف۔ا۔مذ) وہ پانی جس میں لوہا گرم کر کے بُجھایا جاتا ہے۔

آبِ آئینہ (ف۔ا۔مث) (۱) آئینہ کی صفائی (۲) قلعی۔ چمک۔ تیزی۔

آب (اُترنا) اُتر جانا (ار۔محاورہ) (۱) چمک جاتی رہنا (۲) بے عزّت ہونا عزّت پر حرف آنا۔ عزّت دو کوڑی کی رہ جانا۔

آبِ (احمر) ارغوانی (ف۔ا۔مذ) سُرخ پانی یعنی شراب۔

آب اُڑنا (ار۔محاورہ) چمک جاتی رہنا (۲) دھار کند ہو جانا۔

آب از سر گزشت (ف۔مثل) پانی سر سے گزر گیا۔ مصیبت حد سے بڑھ گئی۔

آبِ اِستادہ (ف۔ا۔مذ) ٹھہرا ہوا پانی۔ رُکا ہوا پانی۔

آبِ آسیا (ف۔ا۔مذ) وہ پانی جس کے زور سے پن چکی چلتی ہے۔

آبِ انگور (ف۔ا۔مذ) (۱) انگور کا پانی۔ انگور کا عرق (۲) مُراد شراب۔

آبِ باراں (ف۔ا۔مذ) بارش کا پانی۔

آب باز (ف۔صف) (۱) پانی سے کھیلنے والا (۲) پانی میں تیرنے والا۔

آب بازی (ف۔ا۔مث) پانی سے کھیلنا۔ ایک دُوسرے پر پانی کے چھینٹے ڈالنا۔

آب بر آئینہ ریختن (ف۔مثل) ایران کی ایک رسم ہے کہ جب کوئی سفر کو جاتا ہے تو آئینے پر سبز پتے رکھ کر پانی ڈالتے ہیں اور خیریت سے واپس آنے کا شگون لیتے ہیں۔

آبِ بستہ (ف۔ا۔مذ) جما ہوا پانی۔ برف (۲) اولے۔

آبِ بقا (ف۔ع۔ا۔مذ) دیکھئے آبِ حیات۔

آب بگڑنا (ار۔محاورہ) چمک جاتی رہنا۔ ماند ہو جانا (۲) دھار کند ہو جانا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عزّت میں کمی آجانا۔

آبِ بینی (ف۔ا۔مذ) ناک کی رطوبت۔ رینٹھ۔

آب پاش (ف۔ا۔مذ) درختوں اور پودوں کو پانی دینے کا برتن (۲) سقا۔ بہشتی۔

آب پاشی (ف۔ا۔مث) سینچنا۔ کھیتی کو پانی دینا (۲) پانی کا چھڑکاؤ کرنا۔

آبِ پشت (ف۔ا۔مذ) نطفہ۔ منی۔

آبِ پیکاں (ف۔ا۔مث) تیر کی نوک کی تیزی۔

آب پیما (ف۔ا۔مذ) (۱) مقیاسُ الماء۔ مائعات کی کثافتِ اضافی معلوم کرنے کا آلہ جس سے مائعات کے خالص یا ناخالص ہونے کا پتا چلتا ہے۔ (Hydrometer)۔

آب تاب (ف۔ا۔مث) دیکھئے آب و تاب۔

آب ترسی (ف۔ا۔مث) جنونِ سگ گزیدگی۔ ہڑک۔ پاگل کتے کے کاٹنے کے باعث پانی سے ڈرنا۔ (Hydrophobia)۔

آبِ تلخ (ف۔ا۔مذ) (۱) شراب (۲) تیزاب (۳) کھاری پانی (۴) آنسو۔

آبِ تیغ (ف۔ا۔مث) تلوار کی کاٹ، تیزی، چمک، صفائی۔

آبِ جاری (ف۔ع۔ا۔مذ) بہتا ہوا پانی۔ رواں پانی۔

آب جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) چمک دُور ہونا (۲) دھار کند ہونا۔

آب جُو (بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مث) چشمہ۔ ندی۔ نالا۔ نہر۔

آب جوش (بغیر اضافت) (ف۔ا۔مذ) (۱) یخنی۔ گوشت کا عرق (۲) سوڈا واٹر۔

آب چڑھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) صیقل کرنا۔ جلا دینا۔ قلعی کرنا (۲) باڑھ رکھنا۔

آب چڑھنا (اُر۔ محاورہ) صیقل ہونا۔ قلعی ہونا۔ جلا ہونا۔ باڑھ رکھی جانا۔

آبِ چشم (ف۔ا۔مذ) آنکھ کا پانی۔ آنسو۔ اشک۔

آب چک (بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مذ) مکان کے پچھواڑے چھت کا پانی ٹپکنے کی جگہ۔

آب چواز سرگزشت، چہ یک نیزہ چہ یک دست (ف۔ مثل) جب پانی سر سے اونچا ہو گیا تو پھر کچھ بھی ہو۔ مصیبت یا بدنامی حد سے بڑھ جائے تو پھر احساس ختم ہو جاتا ہے۔

آبِ حرام (ف۔ع۔ا۔مذ) ناپاک پانی جس کا پینا دُرست نہیں (۲) شراب وغیرہ۔

آبِ حیات (آبِ حیواں۔ آبِ خضرؑ) (ف۔ع۔ا۔مذ) امرت جس کے پینے سے موت نہیں آتی کہتے ہیں حضرت خضرؑ نے آبِ حیات پیا ہوا ہے۔

آبِ خاصہ (ف۔ع۔ا۔مذ) بادشاہوں کے پینے کا پانی۔

آبِ (خجلت) خجالت (ف۔ا۔مذ) پسینا جو شرمندگی کے باعث آئے۔ عرقِ ندامت۔ عرقِ انفعال۔

آبِ خنجر (ف۔ا۔مذ) خنجر کی تیزی یا کاٹ۔

آب خورا (بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مذ) پانی پینے کا چھوٹا سا مٹی کا برتن۔ کوزہ۔ اُردو جمع: آبخوروں۔ آبخورے۔

آبخورے بھرنا (اُر۔ محاورہ) ابخوروں میں شربت یا دودھ بھر کر نیاز دلوانا۔

آب خیز (بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مذ) نہر۔ موج۔ پانی کا بہاؤ (۲) وہ زمین جہاں تھوڑا سا کھودنے پر پانی نکل آئے۔

آبِ دار (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ شخص جو اُمیروں کے ہاں پانی پلانے پر مقرر ہو۔

(۲) (ف۔صف) چمکیلا۔ صاف (۴) تیز دھار کا (ہتھیار) (۵) مجلا۔ خوبصورت (۶) لطیف۔ نفیس۔

آب دار خانہ (ف۔ا۔مذ) پانی رکھنے کا کمرا۔

آب داری (ف۔ا۔مث) (۱) باڑھ۔ تیزی (۲) چمک دمک۔ جلا (۳) طراوت۔ لطافت۔ خوبی (۴) آبدار خانہ کی خدمت۔

آب دان (ف۔ا۔مذ) تالاب۔ حوض (۲) پانی کا برتن۔

آب دانہ (ف۔ا۔مذ) دیکھئے آب و دانہ۔

آبِ دُر (ف۔ا۔مث) موتی کی چمک۔

آب دست (بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مذ) (۱) اِستنجا۔ طہارت۔ بول و براز کے بعد پاکیزگی جو پانی سے کی جائے۔

آب دست (کرنا) لینا (اُر۔ محاورہ) اِستنجا کرنا۔ طہارت کرنا۔

آبِ دنداں (ف۔ا۔مث) دانتوں کی چمک۔

آب دوز (ف۔ا۔مث) ڈبکی کشتی۔ تحت البحر کشتی۔ وہ جنگی کشتی جو سطحِ آب کے نیچے بھی چل سکتی ہے اور اوپر بھی۔ (Submarine)۔

آبِ دہن (ف۔ا۔مذ) (۱) منہ کا لعاب (۲) کُلی کا پانی۔

آبِ دیدہ (ف۔ا۔مذ) آنکھوں کا پانی۔ آنسو۔

آبدیدہ (بغیر اضافت) (ف۔صف) وہ شخص جس کی آنکھوں میں آنسو بھرے ہوئے ہوں۔ رونے پر آمادہ۔ روانسا۔

آب دیدہ (رہنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو بھرے رہنا۔ غمگین ہونا۔

آب دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی دھار والی چیز کو سان پر لگانا یا پتھر پر تیز کرنا (۲) سینچنا (۳) چمکانا۔ جلا دینا۔

آبِ رحمت (ف۔ع۔ا۔مذ) رحمت کا پانی (۱) بارش۔ مینہ (۲) بخشش۔ معافی۔

آب (رکھنا) رکھوانا (اُر۔ محاورہ) سان پر چڑھانا۔ دھار تیز کرنا یا کروانا۔ باڑھ رکھنا یا رکھوانا۔

آبِ رواں (ف۔ا۔مذ) (۱) بہتا ہوا پانی (۲) ایک قسم کا باریک کپڑا۔ ڈور یا جو نہایت باریک ہوتا ہے۔

آب ریز (ف۔ا۔مذ و مث) پانی گرنے کی جگہ (۲) دوات میں پانی ڈالنے کی چمچی۔

آبِ زر (ف۔ا۔مذ) سونے کا پانی جو نقاشی یا کتابت میں کام آتا ہے۔

آبِ زر سے لکھنے کے قابل (اُر۔صف) نہایت اِحترام اور عزّت کے قابل بات۔

آبِ زُلال (ف۔ع۔ا۔مذ) (۱) صاف و شفاف پانی (۲) نتھرا ہوا پانی (۳) بھیگی ہوئی دوا کا پانی۔

آبِ زم زم (ف۔ع۔ا۔مذ) زمزم کا پانی۔ مکۂ معظمہ کے ایک خاص چشمے کا پانی جو حضرت اسماعیلؑ کے لئے جاری ہوا تھا۔ نیز دیکھئے چاہِ زمزم۔

آب زن (بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مذ) وہ ظرف جس میں دواؤں کا جوش کیا ہوا پانی بھر کر مریض کو اُس میں بٹھاتے ہیں۔

آب زن کرنا (اُر۔ محاورہ) دوا کے پانی میں بٹھانا (۲) نہانا۔

آب زنی (ف۔ا۔مث) چھڑکاؤ۔ پانی ڈالنا۔

آبِ زیرِ کاہ (ف۔ا۔مذ) پانی جو گھاس کے نیچے چھپا ہوا ہو (۲) مکّار آدمی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آبِ سبیل (ف۔ا۔مذ) وہ پانی جو پیاسوں کے لئے سر راہ رکھتے ہیں اور مفت پلاتے ہیں۔

آبِ سُرخ (ف۔ا۔مذ)(۱) شراب (۲) خُونیں آنسو (۳) وہ پانی جس کا رنگ سُرخ ہو۔

آبِ سیاہ (ف۔ا۔مذ)(۱) شراب (۲) گہرا پانی۔ بھنور کا پانی (۳) دوات کی سیاہی (۴) موتیا بند۔ آنکھ کی بیماری۔

آبِ شار (ف۔ا۔مذ ومث) چشموں اور دریاؤں کے پانی کی وہ دھار یا چادر جو بلندی سے گرے۔ جھرنا۔ (شار: گرنے والا)۔

آبِ شور (ف۔ا۔مذ) کھاری پانی نمکین پانی۔ سمندر کا پانی۔

آبِ شورہ (ف۔ا۔مذ)(۱) شورے میں ٹھنڈا کیا ہوا پانی (۲) لیموں کا شربت۔

آبِ شیریں (ف۔ا۔ مذ) میٹھا پانی۔

آبِ عِنَب (ف۔ا۔مذ) انگوری شراب۔

آب کار (ف۔ا۔مذ) شراب فروش۔ کلال۔

آب کاری (ف۔ا۔مث)(۱) شراب کھینچنے اور بیچنے کا کارخانہ (۲)(ا۔مذ) وہ محکمہ جو نشہ آور اشیا پر محصول لگاتا ہے۔

آب کش (ف۔ا۔مذ) کنویں سے پانی نکالنے والا۔ سقّا۔

آبِ کوثر (ف۔ع۔ا۔مذ) حوضِ کوثر کا پانی۔

آبِ کوثر سے دُھلی ہوئی زبان (اُر۔ا۔مث) بڑی صاف ستھری، شستہ اور پاکیزہ زبان۔

آبِ گل (ف۔ا۔مذ) گلاب کا عرق۔ پھولوں کا پانی۔

آبِ گل رنگ (گل گوں) (ف۔ا۔مذ) گلاب کے پھول کے رنگ کا پانی۔ مراد سُرخ شراب۔

آبِ گوشت (ف۔ا۔مذ) گوشت کا پانی۔ یخنی۔ شوربا۔

آب گُوں (ف۔صف)(۱) پانی کے رنگ کا (۲) آسمانی رنگ کا۔ ہلکا نیلا۔

آبِ گوہر (ف۔ا۔مث) موتی کی چمک۔

آب گیر (ف۔ا۔مذ)(۱) حوض۔ تالاب (۲) وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو (۳) جولاہوں کا ایک اوزار جس سے تنے ہوئے سوت پر پانی چھڑکتے ہیں۔

آب گینہ (ف۔ا۔مذ) (۱) شیشہ۔ کانچ۔ بلور۔ آئینہ (۲) الماس (۳) انگوری شراب۔

آب گینہ فانوس (ف۔ا۔مذ) لالٹین کا شیشہ۔

آب مِٹ جانا (اُر۔ محاورہ) آب و تاب جاتی رہنا۔ رونق جاتی رہنا۔

آبِ مُرَوَّق (ف۔ع۔ا۔مذ) صاف پانی۔ نتھرا ہوا پانی۔

آبِ منجمد (ف۔ع۔ا۔مذ) ژالہ۔ اولے (۲) بلور کا پیالہ (۳) برف۔ یخ۔

آب نائے (آبنائے) (ف۔ا۔مث) پانی کا وہ تنگ قطعہ جو خشکی کے دو بڑے حصّوں کو الگ کرے اور پانی کے دو حصّوں کو ملائے۔

آبِ ندامت (ف۔ع۔ا۔مذ) شرمندگی کے آنسو۔

آب ندیدہ موزہ کشیدہ (ف۔مثل) پانی دیکھے بغیر موزے اُتارنا۔ خطرے میں مبتلا ہونے سے پہلے شور مچانا۔

آبِ نقرہ (ف۔ا۔مذ)(۱) پارہ (۲) چاندی کا پانی۔ چاندی کا ملمع۔ چاندی کا گلٹ۔

آب نہ رہنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بے رونق ہو جانا (۲) ہتھیار کی دھار کُند ہو جانا یا چمک کم ہو جانا (۳) بے عزت ہو جانا (۴) قلعی اُتر جانا۔

آب نَے (ف۔ا۔مث) حقّے کے نیچے کا وہ حصّہ جو پانی میں رہتا ہے۔

آبِ نیساں (ف۔ا۔مذ) نیساں یعنی موسم بہار کی بارش جس کے قطروں سے سیپ میں موتی، بانس میں بنسلوچن اور گائے کے کان میں گئولوچن بنتا ہے۔ نیز دیکھئے نیساں۔

آب و تاب (ف۔ا۔مث)(۱) چمک دمک۔ روشنی (۲) رونق۔ تیزی (۳) لطافت۔ حُسن وخوبی۔ آرائش۔ زیبائش۔

آب وخور (ف۔ا۔مذ) دانہ پانی۔ رزق۔ کھانا پینا۔ اَن جل۔ خوراک۔

آب و دانہ (ف۔ا۔مذ) دانہ پانی۔ اَن جل۔ رزق۔ خوراک۔

آب و دانہ ختم ہونا (اُر۔ محاورہ) رزق ختم ہونا۔ سفر درپیش ہونا۔ موت آنا۔

آب و رنگ (ف۔ا۔مذ)(۱) رونق۔ رنگ روپ (۲) صفائی۔ بہار۔ چمک۔ خوبصورتی (۳) دُنیا کا مزہ۔ کیفیت۔ سیر۔ تماشا۔

آب و گِل (ف۔ا۔مذ)(۱) پانی اور مٹی (۲) عادت۔ سرشت۔ خمیر (۳) کالبد۔ جسم۔ قالب۔

آب و نان (ف۔ا۔مذ) کھانا پانی۔ رزق۔

آب و نمک (ف۔ا۔مذ)(۱) ذائقہ۔ مزہ۔ سواد (۲) ماحضر۔ دال دلیا۔ کھانا۔ طعام۔

آب و ہوا (ف۔ع۔ا۔مث) پانی اور ہوا (۲) کسی مُلک یا مقام کی سالانہ اوسط موسمی کیفیات (۳) موسم۔ رُت۔

آب وہوا بدلنا (اُر۔ محاورہ) صحت و تندرستی کی بحالی کے لئے کسی بہتر جگہ جانا۔

آب وہوا کا راس آنا (اُر۔ محاورہ) کسی جگہ کا موسم طبیعت کے موافق ہونا۔

آب وہوا کا بگاڑ (اُر۔ا۔مذ) موسم کی خرابی۔

آب ہونا (اُر۔ محاورہ) رقیق ہونا۔ پتلا ہونا۔ پانی ہو جانا۔ پگھل جانا (۲) شرمندہ ہونا۔ خفیف ہونا۔ جھینپنا (۳) برباد ہونا۔ ضائع ہونا (۴) چمک ہونا۔ جلا ہونا۔ دھار تیز ہونا۔ باڑھ ہونا۔ تیزی ہونا (۵) آسان ہو جانا۔

آبا (ع۔ا۔مذ) اَب کی جمع۔ باپ دادا۔ اگلی پیڑھیاں۔

آباء و اجداد (ع۔ا۔مذ) باپ دادا۔ مورث۔ بزرگ۔ بڑے۔

آبائے عُلوی (ع۔ا۔مذ) نو آسمان۔ سات سیارے۔

آباد (ف۔صف)(۱) بھرا ہوا۔ معمور۔ آدمیوں سے بسا ہوا (۲) بسنے والا۔ رہنے والا (۳) پُر رونق۔ چہل پہل کی جگہ (۴) پھلا پھولا۔ سرسبز وشاداب۔

آباد رکھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بسا رکھنا۔ معمور رکھنا (۲) سلامت رکھنا۔ برقرار رکھنا۔ خوش وخرم رکھنا (۳) پُر رونق رکھنا۔

آباد کار (ف۔صف۔و۔ا۔مذ) وہ شخص جو کسی غیر آباد علاقے میں سکونت اختیار کرے۔ غیر آباد علاقے کو بسانے والا۔ جمع: آباد کاراں۔

آباد کاری (ف۔ا۔مث) غیر آباد علاقوں کو آباد کرنا۔ کسی علاقے کے باشندوں کا معاشی مقاصد کے تحت کسی دُوسرے علاقے میں جا بسنا۔

آباد کرنا (اُر۔مص مُرکب) رونق دینا۔ بسانا۔ معمور کرنا (۲) کاشت کرنا۔

آبادان (ف۔صف) بسا ہوا (۲)(ا۔مذ) خلیج فارس پر ایران کا ایک شہر۔

آبادانی (ف۔ا۔مث)(۱) بستی۔ آبادی۔ رونق۔ چہل پہل (۲) بہی خواہی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آبادی (ف۔ا۔مث) (۱) بستی۔ باشندوں کی گنتی (۲) آرام۔ چین۔ سُکھ (۳) رونق۔ زیبائش۔ روشنی۔ اُجالا۔ گہما گہمی۔ چہل پہل۔ جمع: آبادیات۔ اُردو جمع: آبادیاں۔ آبادیوں۔

آبان (ف۔ا۔مذ) (۱) ایرانی سال کا آٹھواں مہینا (۲) اُس فرشتے کا نام جو لوہے پر مؤکّل ہے (۳) ہر شمسی مہینے کا دسواں دن۔

آبان گاہ (ف۔ا۔مذ۔مث) ماہ فروردین کا دسواں دن (۲) پانی کا مؤکّل فرشتہ۔

آبائی (ع۔صف) موروثی۔ باپ دادا کی۔ خاندانی۔ پشتینی۔

آبائے عُلوی۔ آبا کے تحت دیکھیے۔

آبرُو (آب۔رُو) (ف۔ا۔مث) (۱) عصمت (۲) قدر و منزلت۔ شرف۔ ناموری (۳) امارت۔ وجاہت (۴) ساکھ۔ اعتبار۔ بات (۵) شرم۔ لاج (۶) حیثیت (۷) ناموس۔ عزّت۔

آبرو اُتارنا (اُر۔محاورہ) ذلیل کرنا۔ بے حرمت کرنا۔ عصمت میں دھبا لگانا بے عزتی کرنا۔

آبرو اُتر جانا (اُر۔محاورہ) ذلیل ہو جانا۔ بے حرمت ہو جانا۔ ناموس میں دھبا لگ جانا۔

آبرو بچانا (اُر۔محاورہ) عزّت بچانا۔ عصمت و عزّت محفوظ رکھنا۔

آبرو بخشنا (اُر۔محاورہ) مرتبہ بڑھانا۔ بُزرگی دینا۔ توقیر بڑھانا۔

آبرو برباد ہونا (اُر۔محاورہ) بدنام ہونا۔ بے عزتی ہونا۔

آبرو بڑھانا (اُر۔محاورہ) عزّت میں اضافہ کرنا۔ توقیر زیادہ کرنا۔ مرتبہ بڑھانا۔

آبرو بنانا (اُر۔محاورہ) (۱) ٹھاٹھ دُرست کرنا۔ حیثیت ٹھیک کرنا (۲) عزّت پیدا کرنا۔ ساکھ پیدا کرنا (۳) رُتبہ بڑھانا۔ جائیداد پیدا کرنا۔

آبرو بنی ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) حیثیت دُرست ہونا۔ عزّت سلامت ہونا۔ (۲) ساکھ قائم رہنا۔ اعتبار قائم رہنا۔

آبرو بیچنا (اُر۔محاورہ) عزّت گنوانا۔ ذلیل ہونا۔

آبرو پانا (اُر۔محاورہ) شرف حاصل کرنا۔ عزّت حاصل کرنا۔ مرتبہ بڑھانا۔

آبرو پانی ہونا (اُر۔محاورہ) عزّت برباد ہونا۔ خوار ہونا۔

آبرو پر پانی پھر جانا (اُر۔محاورہ) (۱) عزّت جاتی رہنا۔ قدر جاتی رہنا (۲) بے عصمت ہو جانا۔

آبرو پر پانی پھیر دینا (اُر۔محاورہ) عزّت کھو دینا۔ بے عزّت کر دینا۔ بدنام کر دینا۔ رُسوا کر دینا۔ بے عصمت کر دینا۔

آبرو پر حرف آنا (اُر۔محاورہ) (۱) عزّت میں فرق آنا۔ مرتبے میں فرق آنا۔ ذلیل ہونا (۲) عصمت میں خلل آنا۔

آبرو پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) ناموری پیدا کرنا۔ عزّت حاصل کرنا (۲) ساکھ جمانا۔

آبرو تیرے ہاتھ ہے (اُر۔محاورہ) عزّت بچانا تیرے اختیار میں ہے۔

آبرو ٹکے کی ہو جانا (اُر۔محاورہ) عزّت مِٹ جانا۔ ساکھ جاتی رہنا۔

آبرو جا کے نہیں آتی (اُر۔مثل) عزّت ضائع ہو کر پھر حاصل نہیں ہوتی۔

آبرو جان سے زیادہ عزیز ہے (اُر۔مقولہ) عزّت کا خیال جان سے زیادہ پیارا ہوتا ہے۔

آبرو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیے (اُر۔مثل) عزّت جو بادشاہت کے برابر ہے' بڑی نعمت ہے۔

آبرو چاہنا (اُر۔محاورہ) عزّت کا خواہش مند ہونا۔ عزّت برقرار رکھنے کی کوشش کرنا۔

آبرو خاک میں مِل جانا (اُر۔محاورہ) عزّت ختم ہو جانا۔ بالکل عزّت نہ رہنا۔

آبرو خدا کے ہاتھ ہے (اُر۔مقولہ) عزّت کا رکھنا خُدا کے اختیار میں ہے۔

آبرو خراب کرنا (اُر۔محاورہ) عزّت بگاڑنا۔ بے عزّت کرنا۔ شان کے خلاف کوئی کام کرنا۔

آبرودار (ف۔صف) ذی عزّت۔ مرتبے والا۔ باحیا۔ غیرت دار۔

آبرو دو کوڑی کی ہو جانا (اُر۔محاورہ) عزّت ختم ہو جانا۔ نیز دیکھیے آبرو ٹکے کی ہو جانا۔

آبرو دینا (اُر۔محاورہ) (۱) عزّت بخشنا (۲) بے عصمت ہونا۔ عزّت گنوانا (۳) وقار کھونا۔

آبرو ڈبو دینا (ڈبونا) (اُر۔محاورہ) عزّت کھونا۔

آبرو ڈوب جانا (اُر۔محاورہ) عزّت جاتی رہنا۔ قدر و منزلت ختم ہو جانا۔

آبرو رکھنا (اُر۔محاورہ) (۱) بات رکھ لینا۔ عزّت بچانا (۲) ذی مرتبہ اور ذی عزّت ہونا۔

آبرو رہ جانا (اُر۔محاورہ) بات رہ جانا۔ شرم رہ جانا۔ عزّت محفوظ رہنا۔

آبروریزی (ف۔ا۔مث) بے عزّتی۔ ذِلّت۔

آبرو ساری (دولت) رُوپے کی ہے (اُر۔مثل) عزّت روپے پیسے سے ہوتی ہے۔

آبرو سلامت رہنا (اُر۔محاورہ) عزّت قائم رہنا۔ عصمت باقی رہنا۔

آبرو سنبھالنا (اُر۔محاورہ) عزّت بچائے رکھنا۔

آبرو سے پیش آنا (اُر۔محاورہ) عزّت کے ساتھ برتاؤ کرنا۔

آبرو سے درگزر کرنا (اُر۔محاورہ) عزّت و حُرمت کی پروا نہ کرنا۔ عزّت کو بالائے طاق رکھ دینا۔

آبرو سے رہنا (اُر۔محاورہ) عزّت سے بسر کرنا۔ آن بان بنائے رکھنا۔

آبرو سے ہاتھ (اُٹھانا) دھونا (اُر۔محاورہ) عزّت سے مایوس ہونا۔ بے عزّتی کے کام کرنا۔

آبرو سے ہیں (اُر۔محاورہ) عزّت سے ہیں۔ اچھے حال میں ہیں۔

آبرو کا بھوکا (اُر۔صف) عزّت کا خواہش مند۔

آبرو کا پاس (اُر۔ا۔مذ) عزّت کا لحاظ و خیال۔

آبرو کا پیاسا (اُر۔صف) (۱) عزّت کا خواہشمند (۲) کسی کی عزّت کا دُشمن۔

آبرو کا صدقہ جان (اُر۔مثل) عزّت پر جان قربان ہے۔

آبرو کا لاگو ہونا (اُر۔محاورہ) عزّت کے پیچھے پڑنا۔ بے عزّتی کا خواہاں ہونا۔

آبرو کرنا (اُر۔محاورہ) عزّت کرنا۔ خاطر داری کرنا۔

آبرو کم کرنا (اُر۔محاورہ) آبرو گھٹا دینا۔

آبرو کوڑی کی ہونا (اُر۔محاورہ) آبرو نہ رہنا۔ بے عزّت ہونا۔

آبرو (کھونا) کھو دینا (اُر۔محاورہ) (۱) بے قدری کرنا (۲) عصمت میں داغ لگانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آبرو کی چیز (اُ۔امث) وہ چیز جس سے عزّت ہو۔
آبرو کے پیچھے پڑنا (اُ۔ محاورہ) دیکھئے آبرو کا لاگو ہونا۔
آبرو کے درپے ہونا (اُ۔ محاورہ) دیکھئے آبرو کا لاگو ہونا۔
آبرو گرہ میں باندھنا (اُ۔ محاورہ) عزّت کو بہت عزیز رکھنا۔
آبرو گنوانا (اُ۔ محاورہ) (۱) عزّت کھونا (۲) عصمت میں داغ لگانا۔
آبرو گھٹانا (اُ۔ محاورہ) (۱) عزّت کم کرنا۔ بے قدری کرنا (۲) پہلی سی عزّت نہ کرنا۔
آبرو لُٹنا (اُ۔ محاورہ) (۱) عزّت کا برباد ہونا (۲) بے آبرو ہونا۔
آبرو لوٹ لینا (اُ۔ محاورہ) بے عصمت کر دینا۔
آبرو مِٹ جانا (اُ۔ محاورہ) عزّت پر پانی پھر جانا۔
آبرو مِلنا (اُ۔ محاورہ) عزّت حاصل ہونا۔
آبرو موتی کی آب ہے (اُ۔ مثل) عزّت بہت نازک چیز ہے۔
آبرو میں بٹا لگ جانا (اُ۔ محاورہ) عزّت میں خلل پڑ جانا۔
آبرو میں (داغ) دھبّا لگ جانا (اُ۔ محاورہ) دیکھئے آبرو میں بٹا لگ جانا۔
آبرو ہونا (اُ۔ محاورہ) قدر ہونا۔ عزّت ہونا۔ رُتبہ بڑھنا۔
آبستنی (آ۔بس۔تَ۔نی) (ف۔صف) حاملہ عورت۔
آبکوچ (آب۔کوچ) (واو معروف) (ف۔امث) مصری۔ قند۔ مٹھائی۔
آبلہ (آب۔لَہ) (ف۔امذ) پھپھولا۔ چھالا جو بتاشے کی طرح جلد پر اُبھر آتا ہے اور جس میں پانی جیسا مادّہ بھرا ہوتا ہے۔ اُردو جمع: آبلوں۔ آبلے۔
آبلہ بہنا (اُ۔ محاورہ) چھالے سے پانی کا جاری ہونا۔
آبلہ پا (ف۔صف) وہ شخص جس کے پاؤں میں چھالے پڑ گئے ہوں۔
آبلہ پائی (ف۔امث) پاؤں میں چھالے پڑنا۔
آبلہ پڑنا (اُ۔ محاورہ) چھالے کا پیدا ہونا۔ چھالا نمودار ہونا۔
آبلہ پکنا (اُ۔ محاورہ) چھالے میں پیپ پڑنا۔
آبلہ پھوٹ بہنا (اُ۔ محاورہ) چھالے کا پھوٹ کر رطوبت جاری ہونا۔
آبلہ پھوٹنا (اُ۔ محاورہ) (۱) چھالا ٹوٹنا (۲) حسرت نکلنا۔ دل کا غبار نکلنا۔
آبلہ پھوڑنا (اُ۔ محاورہ) (۱) چھالا توڑنا (۲) حسرت نکالنا۔ دل کا غبار نکالنا۔
آبلہ پیدا ہونا (اُ۔ محاورہ) چھالا نکلنا۔ پھپھولا نمودار ہونا۔
آبلہ توڑنا (اُ۔مص) آبلہ پھوڑنا۔
آبلہ ٹوٹنا (اُ۔مص) چھالا پھوٹنا۔
آبلہ چھلنا (اُ۔مص) چھالا پھوٹنا۔
آبلہ دار (ف۔صف) چیچک رُو۔ چیچک کے داغوں والا۔
آبلۂ دل (ف۔امذ) وہ سوزش جو حسد سے دل میں پیدا ہو اُسے دل کا چھالا قرار دیتے ہیں۔
آبلہ ڈالنا (اُ۔ محاورہ) چھالا پیدا کرنا۔ تکلیف دینا۔
آبلہ رُو (ف۔صف) منہ پر چیچک کے داغ رکھنے والا۔
آبلۂ فرنگ (ف۔امذ) دیکھئے آتشک۔
آبلہ مُرجھانا (اُ۔ محاورہ) چھالے کا خشک ہونا۔

آبلے بھرنا (اُ۔ محاورہ) چھالے میں رطوبت کا بھر جانا۔
آبنائے۔ آب کے تحت دیکھئے۔
آبنوس (آب۔نُوس) (واو معروف) (ع۔امذ) جنوب مشرقی ایشیا کے ایک درخت کا نام جس کی لکڑی سخت، وزنی اور سیاہ ہوتی ہے۔
آبنوس کا کُندہ (اُ۔امذ) آبنوس کا ٹکڑا۔ (مجازاً) موٹا اور کالا آدمی۔
آبنوسی (آب۔نُو۔سی) (ع۔صف) سیاہ رنگ کا۔ آبنوس کا بنا ہوا۔
آبنوسی شاخ (ع۔اُ۔امث) آبنوس کی لکڑی کی بانسری۔
آبی (ف۔صف) (۱) پانی کا۔ پانی سے منسوب (۲) پانی میں رہنے والا (۳) خمیری روٹی کی ایک قسم (۴) ہلکا نیلا رنگ (۵) وہ زمین جس میں آبپاشی ہوتی ہے۔
آبی بُرج (ف۔ع۔امذ) (علم نجوم) آسمان کے وہ بُرج جن کی صفت آبی ہے یعنی سرطان، عقرب اور حوت۔
آبی حرف (ف۔ع۔امذ) (علم جفر)۔ اَبجد کے حساب سے سات حرف جن کی صفت آبی بیان کی گئی ہے یعنی ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ۔
آبیاری (آب۔یا۔ری) (ف۔امث) کھیتوں کو سینچنا۔ باغوں کو پانی دینا۔
آبیانہ (ف۔امذ) وہ رقم جو محکمہ آبپاشی کھیتوں کو پانی دینے کے عوض کاشت کاروں سے وصول کرتا ہے۔

آ۔پ

آپ (ض) (۱) خود۔ اپنی ذات (۲) ذاتِ خدا (۳) روح۔ آتما (۴) غائب اور حاضر کے لئے تعظیماً مستعمل ہے۔
آپ آپ (کرنا) کہنا (اُ۔ محاورہ) خوشامد کرنا (۲) عزّت کرنا۔
آپ آپ کو (اُ۔ متعلق فعل) اپنے اپنے نفس کو۔ اپنی اپنی ذات کو۔ اپنی اپنی راہ۔ اپنی اپنی طرف۔
آپ آپ میں (اُ۔ متعلق فعل) آپس میں۔
آپ آپ ہی ہیں اور وہ وہی (اُ۔ مثل) آپ میں اور اُس میں بڑا فرق ہے۔
آپ آئے بھاگ آئے (اُ۔ مثل) آپ کا آنا باعثِ برکت ہے۔
آپ اپنی قبر کھودنا (اُ۔ محاورہ) اپنی بربادی کا آپ سامان کرنا۔
آپ اپنی ہی گاتے ہیں (اُ۔ مثل) آپ اپنی ہی کہے جاتے ہیں۔
آپ اپنے حال میں (گرفتار) ہونا (اُ۔ محاورہ) خود اپنی مصیبت یا فکر میں مبتلا ہونا۔
آپ اپنے حق میں کانٹے بونا (آپ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا) (اُ۔ محاورہ) اپنے ہاتھوں آپ مصیبت پیدا کرنا۔
آپ اپنے سے (اُ۔ متعلق فعل) خود اپنی ذات سے۔
آپ اپنے کو (اُ۔ متعلق فعل) خود اپنی ذات کو۔
آپ بھلے تو جگ بھلا (اُ۔ مثل) انسان خود اچھا ہو تو دُنیا اُس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتی ہے (۲) انسان خود اچھا ہو تو اُسے دُوسرے بھی اچھے معلوم ہوتے ہیں۔
آپ بھی ارسطو سے کم نہیں (اُ۔ مثل) (۱) آپ بھی بڑے عقل مند ہیں (۲) (طنزاً) آپ بڑے بے وقوف ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آپ بیتی (اَر۔ا۔مث) اپنی کہانی۔ اپنا حال۔ خود نوشت حالاتِ زندگی۔
آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی (اَر۔مثل) اپنی کہانی سُناؤں یا دُنیا کی۔
آپ تو عید کا چاند ہو گئے (اَر۔ محاورہ) بہت کم نظر آتے ہیں۔ دوست سے بطور شکایت کہا جاتا ہے۔
آپ تو گرم کر کے شربت پلاتے ہیں (اَر۔مثل) آپ کو اُبھار کر دھیما کرنا خوب آتا ہے۔
آپ تو ہوا کے گھوڑے پر سوار ہیں (اَر۔مثل) آپ بہت جلدی میں ہیں۔ آپ بہت غصے میں ہیں۔
آپ جانیں اور آپ کا ایمان (اَر۔روزمرّہ) صحیح فیصلہ کرنا آپ کی دیانت پر موقوف ہے۔
آپ جانیں اور آپ کا کام (اَر۔روزمرّہ) آپ اپنے نیک و بد کے خود ذمے دار ہیں۔
آپ خورادے آپ مُرادے (اَر۔مثل) اکھل کھرا۔ اپنی عقل کو بہتر سمجھنے والا (۲) غریبی میں امیرانہ ٹھاٹھ سے رہنے والا۔
آپ ڈال ڈال ہیں تو میں پات پات (اَر۔مثل) میں تم سے زیادہ ہوشیار اور چالاک ہوں۔
آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا (اَر۔مثل) آپ مر گئے تو گویا ساری دُنیا ختم ہو گئی۔
آپ ڈوبے تو ڈوبے اور کو بھی لے ڈوبے (اَر۔مثل) اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی مُصیبت میں پھنسا دیا۔ اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی برباد کر دیا۔
آپ راہ راہ دُم کھیت کھیت (اَر۔مثل) ظاہر میں نیک اور باطن میں مکّار۔
آپ رُوپ مہا رُوپ (ہ۔مثل) خُدا کا جلوہ سب سے اعلیٰ ہے (۲) کسی کامل فقیر سے کہتے ہیں آپ کا جلوہ خُدا کا جلوہ ہے۔
آپ زندہ جہان زندہ ' آپ مُردہ جہان مُردہ (اَر۔مثل) جی ہے تو جہان ہے۔ اپنے دم کا سب کارخانہ ہے۔ اپنی آنکھ بند ہو گئی تو ہُوا نہ ہُوا برابر ہے۔
آپ سُنیں آپ کا کمربند سُنے (اَر۔مثل) بہت آہستہ بات کرنے والا۔
آپ سے (اَر۔ تابع فعل) (۱) بغیر مانگے۔ اَز خود۔ خود ہی۔ بلاسبب (۲) بے طلب۔ بے بُلائے (۳) آپ کی مانند۔
آپ سے آپ (اَر۔ تابع فعل) خود بخود۔ بلاسبب۔
آپ سے آئے تو آنے دے (اَر۔مثل) کسی کا مال بغیر کوشش کے ہاتھ لگے تو لے لو۔
آپ سے اچھا خدا (اَر۔مثل) (۱) اپنی ذات سے زیادہ عزیز سوائے خُدا کے کوئی نہیں (۲) آپ سے برتر خُدا کی ذات ہے۔
آپ سے بے آپ ہونا (اَر۔ محاورہ) بے خود ہونا۔ بہت بے چین ہونا۔
آپ سے جانا (اَر۔محاورہ) (۱) بے ہوش ہونا۔ بے خود ہونا (۲) بن بُلائے جانا۔
آپ سے چار برساتیں میں نے زیادہ دیکھی ہیں (اَر۔مثل) (۱) میں عُمر میں آپ سے بڑا ہوں (۲) میں آپ سے زیادہ تجربہ کار ہوں۔
آپ سے چلنا (اَر۔ محاورہ) بے خود ہو جانا۔
آپ سے دُور (اَر۔دُعائیہ کلمہ) اُس جگہ کہتے ہیں جہاں مخاطب کی نسبت بُری بات کہنا بے جا سمجھا جاتا ہے۔ خُدا نہ کرے۔ آپ کو نقصان نہ پہنچے۔

آپ سے گُزرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بے خود ہو جانا (۲) انسانیت سے گُزرنا۔ آدمیت سے گُزر جانا (۳) اپنی حیثیت کو بھول جانا (۴) مغرور ہو جانا۔
آپ سے گیا جگ (جہان) سے گیا (اَر۔مثل) جو چیز اپنے ہاتھ سے گئی وہ گویا دُنیا میں نہیں رہی۔
آپ فضیحت اور کو نصیحت (اَر۔مثل) ف۔ مثل خود را فضیحت ' دیگراں را نصیحت کا ترجمہ۔ دُوسرے کو نصیحت کرنا اور خود اُس پر عمل نہ کرنا۔
آپ کا بایاں قدم لیجیے (اَر۔ کلمۂ طنز) آپ بہت چالاک ہیں۔ کسی کی عیاری اور چالاکی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
آپ کا پاس ہے (اَر۔ محاورہ) آپ کے لحاظ سے مجبور ہوں۔
آپ کاج مہا کاج (ہ۔ محاورہ) اپنا کام اپنے ہاتھ سے ہی اچھا ہوتا ہے۔
آپ کا سر (اَر۔روزمرّہ) جب کوئی شخص کوئی بات نہ سمجھے تو اُس وقت کہتے ہیں۔
آپ کا قطع کلام (سخن) ہوتا ہے (اَر۔محاورہ) کسی کے بات کرتے وقت درمیان میں بولنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ آپ کی بات کاٹتا ہوں۔
آپ کا کیا بگڑتا ہے (اَر۔ محاورہ) آپ کا کیا جاتا ہے۔ آپ کا کیا نقصان ہے۔
آپ کا کیا کہنا (اَر۔کلمۂ طنز) آپ تو اَرسطوئے وقت ہیں۔ بڑے پائے کی چیز ہیں۔
آپ کا کیا لیتا ہے (اَر۔ محاورہ) آپ کا کیا نقصان کرتا ہے۔
آپ کا گھر ہے (اَر۔روزمرّہ) تواضع اور خاطر کے موقع پر بولتے ہیں یعنی آپ اِسے اپنا ہی گھر سمجھیے۔
آپ کا منہ مُلاحظہ ہے (اَر۔روزمرّہ) (۱) آپ کا لحاظ ہے (۲) آپ کی خاطر ہے۔
آپ کا نام ہو گا ہمارا کام ہو گا (اَر۔مثل) آپ کی شہرت ہو گی ' ہمارا مطلب نکل جائے گا۔
آپ کا نوکر ہوں ' بینگنوں کا نوکر نہیں ہوں (اَر۔مثل) آپ کی ہاں میں ہاں ملاتا ہوں۔ آپ جو کچھ کہتے ہیں ' اس کی تائید کرتا ہوں۔ مجھے بیچ سے کوئی مطلب نہیں۔
آپ کو آسمان پر کھینچنا (اَر۔ محاورہ) غرور و تکبّر کرنا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔
آپ کو بھولنا (اَر۔ محاورہ) اپنی حیثیت کو بھولنا۔ بے خود ہونا۔ اِترانا۔
آپ کو پانا (پہنچنا) (اَر۔ محاورہ) اپنی حقیقت کو سمجھنا۔
آپ کو خاک میں ملانا (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو تباہ کرنا۔
آپ کو دُور جاننا (سمجھنا) (اَر۔ محاورہ) غرور کرنا۔ تمام لوگوں سے الگ تھلگ رہنا۔
آپ کو ڈبونا (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو تباہ کرنا۔
آپ کو روکنا (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو قابو میں رکھنا۔ کسی کام کے کرنے سے باز رہنا۔
آپ کو شاخِ زعفران (جاننا) سمجھنا یا گِننا (اَر۔ محاورہ) اپنی ذات کو سب سے نرالا سمجھنا۔ زیادہ مغرور ہونا۔
آپ کو عرش پر پہنچانا (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو بہت زیادہ بلند سمجھنا (۲) اپنی بے حد تعریف کرنا۔
آپ کو مِٹا دینا (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو برباد کر دینا (۲) سخت محنت کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آپ کھائے بلّی کو بتائے (اَر۔ مثل) اپنی غلطی دُوسروں کے سر لگائے۔

آپ کی بلا سے (اَر۔ روزمرّہ) آپ کو کیا۔ آپ سے کیا مطلب۔ آپ سے کیا واسطہ۔

آپ کی دال یہاں نہ گلے گی (اَر۔ مثل) آپ کا داؤ یہاں نہ چلے گا۔

آپ کی شکایت سر آنکھوں پر (اَر۔ مثل) آپ کا شکوہ یا اعتراض مانتا ہوں۔

آپ کی کیا بات ہے (اَر۔ روزمرّہ) آپ کا کیا کہنا۔ آپ کے کیا کہنے ہیں۔ آپ تو نہایت قابلِ تعریف ہیں۔ آپ تو بہت قابلِ تعریف کام کرتے ہیں۔ طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔

آپ کی یہاں کچھ نہ چلے گی (اَر۔ روزمرّہ) آپ کا یہاں زور نہیں چلے گا۔

آپ کے دشمن (اَر۔ روزمرّہ) اُس وقت کہتے ہیں جب مُخاطب کو کسی بُری بات سے منسوب کرنا نہیں چاہتے جیسے کو توالی جائیں آپ کے دُشمن۔

آپ کیا گاتے ہیں؟ (اَر۔ محاورہ) آپ کی بات سمجھ میں نہیں آتی۔

آپ مرے جگ (جہان) پرلو (ہ۔ مثل) خود مرگئے تو دُنیا ہی ختم ہوگئی۔

آپ میاں صوبے دار گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ (اَر۔ مثل) مُفلسی میں بنے ٹھنے رہنا۔ ظاہر میں دولت مند اصل میں مُفلس۔

آپ میں (اَر۔ متعلق فعل) آپے میں۔ اپنے ہوش میں۔

آپ میں آنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آپے میں آنا۔

آپ میں پانا (اَر۔ محاورہ) اپنے نفس میں پانا۔ اپنی ذات میں حاصل ہو جانا۔

آپ میں کیا شاخِ زعفران لگی ہے؟ (اَر۔ مثل) آپ میں ایسی کیا خصوصیت ہے؟

آپ میں نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آپے میں نہ رہنا۔

آپ میں نہ سمانا (اَر۔ محاورہ) بے خود ہو جانا۔ بہت خوش ہونا۔

آپ میں نہ ہونا۔ دیکھئے آپے میں نہ ہونا۔

آپ نے مجھے مول لے لیا ہے (اَر۔ مثل) آپ نے مجھ پر اتنی زیادہ مہربانی کی ہے گویا خرید لیا ہے۔ آپ نے مجھ پر بے حد احسان کیا ہے۔

آپ ہارے بہو کو مارے (اَر۔ محاورہ) اپنی خفّت دُوسرے پر اُتارنا۔

آپ ہی (اَر۔ متعلق فعل) خود ہی۔

آپ ہی آپ (آپی آپ) (اَر۔ متعلق فعل) خود بخود۔ بلاوجہ۔ بلا سبب۔

آپ ہی آپ باتیں کرنا (اَر۔ محاورہ) خود سے باتیں کرنا۔ پاگلوں کی طرح خود بخود بولے جانا۔

آپ ہی آپ جلنا (اَر۔ تابع فعل) خود بخود رنج سے جھلاجانا۔ رشک کرنا۔

آپ ہی اپنی قبر کھودنا (اَر۔ محاورہ) اپنے ہاتھوں اپنی بربادی کے سامان کرنا۔

آپ ہی بی بی آپ ہی باندی (اَر۔ مثل) وہ خاتون جو سارے گھر کے کام خود ہی کرتی ہو۔ اکیلی۔ گھر میں تنہا۔

آپ ہی کا کھاتا ہوں (اَر۔ مثل) آپ ہی کے دیئے ہوئے سے زندگی بسر کرتا ہوں۔

آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے (اَر۔ مثل) آپ ہی کی بدولت ہے۔

آپ ہی مارے آپ ہی چلائے (اَر۔ مثل) خود ہی ظلم کرے اور خود ہی مظلومانہ فریاد کرے۔

آپ ہی ناک چوٹی میں گرفتار ہیں (اَر۔ مثل) (۱) گھر کے دھندوں میں مصروف ہیں۔ دُنیا کے بکھیڑوں میں مبتلا ہیں (۲) بڑے نازک مزاج ہیں۔

آپ ہیں! (اَر۔ کلمۂ تعجب) کسی شناسا کو یکایک یا شک کے بعد پہچاننے پر بولتے ہیں۔

آپا (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) اپنی اصلیت۔ ہستی۔ خودی (۲) ہوش و حواس۔ سدھ بدھ (۳) (ت۔ اِ۔ مث) بڑی بہن۔ باجی۔

آپا (جان) جانی (ت۔ اَر۔ اِ۔ مث) بڑی بہن کو ادب سے پکارنے کا انداز۔

آپا تجے سوہر کو بھجے (اَر۔ مثل) اپنے آپ کو مٹا کر ہی خُدا ملتا ہے۔

آپا دھاپی (اَر۔ اِ۔ مث) اپنی اپنی فکر۔ خود غرضی۔

آپٹوفون (Optophone) (انگ۔ اِ۔ مذ) ایک آلہ جس کی مدد سے نابینا کتابیں اور اخبار پڑھ سکتے ہیں۔

آپریٹر (Operator) (انگ۔ اِ۔ مذ) مشین چلانے والا۔

آپریشن (Operation) (انگ۔ اِ۔ مذ) عملِ جراحی۔ علاج کے لئے جسم کے کسی حصے کی چیر پھاڑ کرنا (۲) فوجی نقل و حرکت۔ جنگی تدبیر یا عمل۔

آپس (آ۔ پس) (ہ۔ صف۔ متعلق فعل) (۱) یک دیگر۔ باہم۔ ذاتی۔

آپس داری (اَر۔ اِ۔ مث) رشتہ داری۔ قرابت۔ ناتا۔

آپس کا معاملہ (اَر۔ اِ۔ مذ) گھر کا معاملہ۔ باہمی معاملہ۔

آپس کی پھوٹ (اَر۔ اِ۔ مث) باہمی نااتفاقی۔

آپس میں (اَر۔ متعلق فعل) ایک دُوسرے کے ساتھ۔ رشتہ داری میں۔

آپس میں رہنا (اَر۔ محاورہ) مل جل کر رہنا۔ اتفاق کے ساتھ رہنا۔

آپستا (آ۔ پس۔ تا) (ق۔ صف) خوددار۔

آپشن (Option) (انگ۔ اِ۔ مذ) اختیار (۲) وہ چیز جو اختیار کی جائے (۳) چند چیزوں میں سے کسی ایک کو چننے کا اختیار۔

آپہنچنا (ہ۔ مص) "آ" کے تحت دیکھئے۔

آپھنسنا (ہ۔ مص) "آ" کے تحت دیکھئے۔

آپے (اَر۔ اِ۔ مذ) آپا (بمعنی اپنی ذات۔ اپنا سراپا) کی جمع (۲) آپا کی مُغیّرہ شکل۔

آپے سے باہر ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بے خود ہو جانا۔ غصّے میں بے خود ہو جانا۔

آپے سے جانا (اَر۔ محاورہ) قابو میں نہ رہنا۔ حواس کھو دینا۔

آپے سے گزر جانا (اَر۔ محاورہ) بے حد غصہ آنا۔

آپے سے نکلنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آپے سے باہر ہو جانا۔

آپے میں (آنا) آجانا (اَر۔ محاورہ) ہوش میں آجانا۔

آپے میں نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہوش و حواس کھو دینا (۲) بہت زیادہ غرور کرنا۔

آپے میں نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) بے خود ہونا۔ ہوش میں نہ ہونا (۲) سخت غصہ آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آ۔ت

آتا (م۔ فعل) آنا مصدر سے ماضی تمنائی (۲) (ا۔مذ) قرض۔

آتا جاتا (اَر۔ا۔مذ) مہارت۔ مشق (۲) آنے جانے والا۔ مسافر۔

آتا نہ چھوڑیئے جاتا نہ موڑیئے (اَر۔مثل) جو چیز آ رہی ہو اُسے چھوڑنا نہ چاہئے اور گئی ہوئی چیز کا غم نہ کرنا چاہئے۔

آتِش (آ۔تِش) (بکسر تا۔ بفتح تا بھی دُرست ہے) (ف۔ا۔مث) (۱) آگ۔ نار۔ جلن۔ سوزش۔

آتش افروز (ف۔صف) آگ بھڑکانے والا۔

آتش افسُردہ (ف۔صف) مُرجھائی ہوئی آگ۔

آتش انگیز (ف۔صف) آگ بھڑکانے والا۔

آتش بار (ف۔صف) آگ برسانے والا۔

آتش باز (ف۔صف) آتش بازی بنانے والا (۲) آگ سے کھیلنے والا۔

آتش بازی (ف۔ا۔مث) آگ کا کھیل (۲) پھلجھڑی، پٹاخے، مہتابی وغیرہ جو گندھک اور کوئلے وغیرہ سے بنتے ہیں۔

آتش بیان (ف۔صف) شعلہ بیان۔ وہ مقرر جس کی تقریر سے سامعین کے دِلوں میں جوش اور ولولہ پیدا ہو۔

آتشِ بے دُود (ف۔صف) (۱) بغیر دھوئیں کی آگ (مُراد) شراب (۲) سُورج (۳) غُصّہ۔

آتش پا (بغیر اضافت) (ف۔صف) بے قرار۔ مُضطرب (۲) تیز رفتار۔

آتش پرست (ف۔صف) آگ کو پوجنے والا۔ پارسی۔ زرتشت کا پیرو۔

آتش پرستی (ف۔ا۔مث) آگ کو پوجنا۔

آتش پیکر (ف۔صف) جس کا جسم آگ سے بنا ہو۔ جن۔ بھوت۔ شیطان (۲) آفتاب۔

آتشِ تر (ف۔ا۔مث) شراب۔

آتشِ جاں سوز (ف۔ا۔مذ) جان کو جلانے والی آگ۔ عشق کی گرمی۔

آتش خانہ (ف۔ا۔مذ) آتش پرستوں کا عبادت خانہ جہاں ہر وقت آگ جلتی رہتی ہے۔

آتش خُو (ف۔صف) تیز مزاج۔ غُصّے والا۔

آتش خوار (ف۔صف) (۱) آگ کھانے والا (۲) ایک جانور جو روایتاً آگ کھاتا ہے (۳) ظالم۔ رشوت خور۔

آتش دان (ف۔ا۔مذ) آگ جلانے کی جگہ (۲) چولھا۔ انگیٹھی (۲) کمرے کی دیوار میں کھلی جگہ جس کے اندر سردیوں میں آگ جلائی جاتی ہے تاکہ کمرا گرم رہے۔ اس کے اُوپر دُھواں نکلنے کے لئے چمنی ہوتی ہے۔ اُرجع: آتش دان۔ آتش دانوں۔

آتشِ دروں (ف۔ا۔مث) اندر کی آگ۔ محبت۔ سوز و گداز۔

آتش رُخ (بغیر اضافت) (ف۔صف) سُرخ چہرے والا۔ معشوق (۲) غُصّہ ور۔

آتش رنگ (بغیر اضافت) (ف۔صف) آگ کے رنگ کا۔ سُرخ۔ لال بھبوکا۔

آتش زبان (بغیر اضافت) (ف۔صف) شعلہ بیان۔ اپنے بیان سے طبیعتوں کو گرم کرنے والا۔ پُرجوش تقریر کرنے والا۔

آتش زدگی (ف۔ا۔مث) آگ لگنا۔

آتش زدہ (ف۔صف) جلا ہوا۔

آتش زنی (ف۔ا۔مث) آگ لگانا (۲) (قانون) ذاتی عناد کے تحت کسی کے گھر کو آگ لگانا۔ (Arson)۔

آتش زیرپا (بغیر اضافت) (ف۔صف) بے قرار۔ بے چین۔ مُضطرب۔

آتشِ سنگ (ف۔ا۔مث) چنگاری جو پتھر میں پوشیدہ رہتی ہے اور کسی چیز کے ٹکرانے سے ظاہر ہوتی ہے۔

آتشِ سیّال (ف۔ا۔مث) بہتی ہوئی آگ (۲) شراب (۳) جوالا مکھی کا لاوا۔

آتش طبع (بغیر اضافت) (ف۔صف) غُصّہ ور۔ تیز مزاج۔

آتش عناں (بغیر اضافت) (ف۔صف) تیز چلنے والا۔ تیز رو۔

آتش فشاں (ف۔صف) آگ برسانے والا۔ شُعلے اور چنگاریاں چھوڑنے والا (۲) (مذ) وہ پہاڑ جس کے دہانے سے آگ یا لاوا نکلتا ہے۔ جوالا مُکھی۔

آتش قدم (بغیر اضافت) (ف۔صف) (۱) آگ جیسے قدم والا (۲) تیز چلنے والا۔

آتش کا پرکالہ (ف۔اَر۔ا۔مذ) (۱) آگ کا ٹکڑا (۲) چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ شوخ (۳) شریر۔ مفسد (۴) ذہین۔

آتشِ کبریت (ف۔ا۔مث) (۱) گندھک کی آگ (۲) دیا سلائی۔

آتش کدہ (ف۔ا۔مذ) وہ عمارت جہاں آگ کی پرستش ہوتی ہے۔ آتش پرستوں کا معبد جہاں ہر وقت آگ جلتی رہتی ہے۔

آتش گیر (ف۔صف) جلدی آگ پکڑنے والی۔ جلد بھڑک اُٹھنے والی چیز (۲) (ا۔مذ) چمٹا۔ دست پناہ۔

آتش گیر مادّہ (ف۔ا۔مذ) بھک سے اڑ جانے والا مادّہ۔ جلد آگ پکڑنے والا مادّہ۔

آتش مزاج (بغیر اضافت) (ف۔صف) آگ جیسے مزاج والا۔ جھلّا۔ تیز مزاج۔ تند خو۔

آتش ناک (ف۔صف) آگ سے بھرا ہوا۔ نہایت گرم۔

آتشِ نمرود (ف۔ع۔ا۔مث) وہ آگ جو نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو زندہ جلانے کے لئے روشن کی تھی اور جو خُدا کے حکم سے چمن بن گئی۔

آتشک (آ۔تَ۔شَک) (ف۔ا۔مث) ایک جنسی بیماری۔ گرمی۔ آبلہ فرنگ۔

آتشکیا (اَر۔صف) وہ شخص جس کو آتشک کی بیماری ہو۔

آتشی (آ۔تَ۔شی) (آ۔تِ۔شی) (ف۔صف) (۱) آگ سے نسبت رکھنے والا۔ آگ سے بنا ہوا (۲) گرم مزاج۔

آتشی اینٹ (ف۔ا۔مث) ایسی اینٹ جو آگ کی انتہائی تپش سے بھی متاثر نہیں ہوتی۔ یہ اینٹ کیمیائی مرکبات سے بنائی جاتی ہے۔

آتشی شیشہ (ف۔ا۔مذ) محدب شیشہ جس کے ذریعے چھوٹی چیزیں بڑی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دکھائی دیتی ہیں (۲) اس کو سُورج کے سامنے رکھنے سے سُورج کی کرنیں اِس میں جمع ہو جاتی ہیں اور نیچے رکھے ہوئے کپڑے وغیرہ کو آگ لگ جاتی ہے۔

آتشی شیشی (ف۔ ا۔ مث) ایک خاص قسم کی شیشی جس کے ذریعے روغن کھینچتے اور جوہر اُڑاتے ہیں۔

آتشیں (آ۔ تش۔ شیں) (ف۔ صف) آگ جیسا۔ آگ کی طرح گرم۔ آگ کی طرح سُرخ۔

آتشیں اَسلحہ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) وہ ہتھیار جن میں بارود اِستعمال ہوتی ہے۔ پستول، بندوق، توپ وغیرہ۔

آتم (ت ساکن۔ م موقوف) (س۔ ا۔ مث) آتما کا مُخفف۔ جسم۔ وجود۔ ذات (مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے)۔

آتم تھیا (س۔ ا۔ مث) خُودکشی۔

آتما (آت۔ ما) (س۔ ا۔ مث) (۱) دل۔ روح۔ ذہن (۲) ذات۔ جسم۔ وجود۔ پیٹ۔ معدہ (۳) بھوک (۴) مامتا۔ محبت۔

آتما ٹھنڈی کرنا (ہ۔ محاورہ) جی خوش کرنا۔ بھوکے کا پیٹ بھرنا۔ سُکھ پہنچانا۔

آتما ستانا (ہ۔ محاورہ) جی دُکھانا۔ دل آزاری کرنا۔

آتما کا کوسنا (ہ۔ ا۔ مذ) دل سے بد دُعا کا نکلنا۔

آتما کلپانا (ہ۔ محاورہ) جی دُکھانا۔

آتما کلپنا (ہ۔ محاورہ) جی دُکھنا۔ تکلیف ہونا۔

آتما کی آنچ (ہ۔ ا۔ مث) ماں باپ کی محبت۔

آتما مسوسنا (ہ۔ محاورہ) مامتا اور محبت کو ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔

آتما میں آگ لگی ہے (ہ۔ محاورہ) (۱) بہت بھوک لگی ہے (۲) محبت کی آگ بہت تیز ہے۔

آتما میں پڑے تو پرماتما کی سُوجھے (ہ۔ مثل) بھوکے پیٹ بھجن نہیں ہوتے۔ پیٹ بھرا ہو تو عبادت میں دل لگتا ہے۔

آتو (آتوں) (ت۔ ا۔ مث) اُستانی۔ لڑکیوں کو پڑھنا لکھنا سکھانے والی۔

آتی (ہ۔ فعل) آتا کی تانیث۔

آتی پاتی (ہ۔ ا۔ مث) ایک کھیل جس میں بہت سے لڑکے جمع ہو کر ایک لڑکے کو چور بناتے ہیں اور اُسے کسی پیڑ کی پتی لینے بھیجتے ہیں۔ اُس کے چلے جانے پر سب لڑکے چھپ جاتے ہیں۔ پتی لے کر آنے پر وہ لڑکا جس کو ڈھونڈ کر چھو لیتا ہے وہ چور کہلاتا ہے۔ اُس لڑکے کو بھی اُسی طرح پتی لینے جانا پڑتا ہے۔ یہ کھیل عام طور پر چاندنی راتوں میں کھیلا جاتا ہے۔

آتے (ہ) (۱) آتا کی جمع (۲) آتا کی مُغیرہ شکل۔

آتے آتے (ا۔ متعلق فعل) پہنچتے پہنچتے۔ چلتے چلتے۔ آنے تک۔ آہستہ آہستہ۔

آتے بھلے نہ جاتے (ا۔ مثل) آنا جانا برابر۔ نہ آنے کا فائدہ نہ جانے کا۔

آتے جاتے (ا۔ متعلق فعل) آنے جانے میں۔ چلتے پھرتے۔ راہ چلتے۔

آ ـ ٹ

آٹ (ق۔ ا۔ عدد) آٹھ (ہ۔ فعل) آٹنا مصدر سے صیغۂ اَمر۔ بھر دے۔ پُر کر دے۔

آٹا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پِسا ہوا غلّہ (۲) خشک پسی ہوئی چیز (۳) بوسیدہ۔ فرسودہ۔ گلا ہوا۔ گھن لگا ہوا۔ گھِسا ہوا (۴) کسی چیز کا چورن۔ بُرادہ۔

آٹا آٹا کر دینا (ا۔ محاورہ) بہت باریک کر دینا۔ چورا کر دینا۔ سفوف کرنا۔

آٹا آٹا ہو جانا (ا۔ محاورہ) بہت باریک ہو جانا۔ پس جانا (۲) گل جانا۔ گھن لگ جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔

آٹا دال (ا۔ ا۔ مذ) کھانا۔ رزق۔ روزی۔

آٹا دال اُلّو بھی ہے (ا۔ مثل) (۱) اچھائیوں کے ساتھ بُرائیاں بھی ہیں (۲) بے جوڑ بات کہتے وقت بولتے ہیں (۳) بڑی چیز سے لے کر معمولی چیز تک موجود ہے۔

آٹا کر دینا (ا۔ محاورہ) بہت باریک پیس ڈالنا۔

آٹا گیلا ہونا (ا۔ محاورہ) وقت پڑنا۔ کام بگڑنا۔ مشکل میں پڑنا۔ حیران ہونا۔

آٹا نبڑا بُوچا سنکا (ا۔ مثل) مالدار غریب ہو گیا تو مُفت خورے غائب ہو گئے۔

آٹا ہو جانا (ا۔ محاورہ) (۱) باریک ہو جانا (۲) گھن لگ جانا۔ ریزہ ریزہ ہو جانا۔

آٹم پاٹم (ہ۔ متعلق فعل) ہر جگہ۔ اوپر نیچے۔

آٹنا (آٹ۔ نا) (ہ۔ مص) دبانا۔ بند کرنا۔ بھرنا۔ پُر کرنا۔

آٹوگراف (Autograph) (انگ۔ ا۔ مذ) اپنے ہاتھ کی تحریر۔ اپنے دستخط۔

آٹومیٹک (Automatic) (انگ۔ صف) خودکار۔ خود بخود چلنے والا۔

آٹھ (ہ۔ ا۔ عدد) سات اور ایک۔ چار کا دُگنا۔ ۸۔

آٹھ آٹھ آنسو رونا (ا۔ محاورہ) پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ بہت رونا۔

آٹھ اٹھارہ کرنا (ا۔ محاورہ) پریشان کرنا۔ تتر بتر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

آٹھ بار نو تیوہار (ا۔ مثل) عیش و عشرت کے اِظہار کے لئے کہتے ہیں کہ آٹھ دن میں نو میلے مناتے ہیں۔

آٹھ پہر (ا۔ روزمرّہ) (۱) چوبیس گھنٹے۔ ایک دن رات (۲) ہر وقت۔ ہر لحظہ۔

آٹھ پہر چونسٹھ گھڑی (ا۔ مثل) رات دن۔ چوبیس گھنٹے۔ ہر وقت۔

آٹھ پہر سُولی ہے (ا۔ مثل) ہر وقت مُصیبت کا سامنا ہے۔

آٹھ پہر میان سے باہر رہنا (ا۔ مثل) ہر وقت لڑنے پر مستعد رہنا۔

آٹھ جُولاہے نو حقّہ، تِس پر بھی تھکّم تھکّا (ا۔ مثل) ضرورت سے زیادہ سامان ہونے پر بھی جھگڑا۔

آٹھ گاؤں کا چودھری، بارہ گاؤں کا راؤ۔ اپنے کام نہ آؤ تو ایسی تیسی میں جاؤ (ہ۔ مثل) کوئی آدمی خواہ کتنا ہی بڑا اور صاحبِ وسائل ہو اگر کسی کے کام نہیں آتا تو اُس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

آٹھواں (آٹھ۔ واں) (ہ۔ عدد ترتیبی و کسری۔ مذ) (۱) ساتویں کے بعد۔ ہشتم (۲) کسی چیز کا آٹھواں حِصّہ (۳) حمل کا آٹھواں مہینا۔

آٹھوں (آٹھوں) (ہ۔ عدد اِستغراقی) ہولی کا آٹھواں دن (۲) آٹھ کے آٹھ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آٹھوں پہر (ہ۔ متعلق فعل) چوبیس گھنٹے۔ رات دن۔ ہر وقت۔
آٹھوں گانٹھ کمیت (ہ۔ صف) (۱) وہ کمیت گھوڑا جس کے آٹھوں جوڑ بہت مضبوط ہوں (۲) شریر۔ چالاک۔ عیبی۔ عیار۔ ہوشیار۔
آٹھویں (آٹھ۔ ویں) (بیائے معروف) (ہ۔ عددِ ترتیبی۔ مث) آٹھواں کی تانیث۔
آٹھویں (بیائے مجہول) (ہ۔ عددِ ترتیبی۔ مذ) آٹھواں کی مغیرہ شکل۔
آٹھویں ساتویں (اُر۔ متعلق فعل) کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔
آٹے (ہ۔ ا۔ مذ) آٹا کی مغیرہ صورت۔
آٹے دال کا بھاؤ بتانا (اُر۔ محاورہ) خوب خبر لینا۔ دھمکانا۔
آٹے دال کا بھاؤ کھلنا (معلوم ہونا) (اُر۔ محاورہ) قدر عافیت معلوم ہونا۔ اونچ نیچ معلوم ہونا۔ حقیقت کا پتا چلنا۔
آٹے دال کی فکر (اُر۔ ا۔ مث) روزی و روزگار کی فکر۔
آٹے کا چراغ گھر رکھوں تو چوہا کھائے، باہر رکھوں تو کوا لے جائے (اُر۔ مثل) بہرصورت نقصان ہی نقصان ہے۔
آٹے کی آپا (اُر۔ ا۔ مث) بھولی بھالی عورت۔ بے وقوف عورت۔
آٹے کے ساتھ گھن پستا (اُر۔ محاورہ) گناہ گار کے ساتھ بے گناہ کو بھی سزا ملنا۔
آٹے میں نمک ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت تھوڑا ہونا۔ واجبی سا ہونا۔ معمولی سا ہونا۔

آ۔ ث

آثار (ع۔ ا۔ مذ) (۱) اثر کی جمع (۲) سُنّت۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث (۳) صحابہ کرامؓ کے اقوال و افعال (۴) (اُر۔ ا۔ مذ) نیو۔ بنیاد (۵) دیوار کی چوڑائی (۶) اطوار۔ طور طریقے (۷) علامات (۸) انداز (۹) لچھن (۱۱) نقوش۔ نشانیاں۔
آثار اچھے یا بُرے ہونا (اُر۔ محاورہ) ڈھنگ اور علامتیں اچھی یا بُری ہونا۔
آثار باقی ہونا (اُر۔ محاورہ) نشان رہ جانا۔
آثار بد (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) بُرے شگون۔ بُری فال۔
آثار بندھ جانا (اُر۔ محاورہ) علامتیں ظاہر ہونا۔ نشانیاں ظاہر ہونا۔
آثار پائے جانا (اُر۔ محاورہ) علامتیں دکھائی دینا۔
آثار پیدا ہونا (اُر۔ محاورہ) علامت ظاہر ہونا۔
آثار چھا جانا (اُر۔ محاورہ) علامات کا کثرت سے ظاہر ہونا۔
آثار حشر (آثار قیامت۔ آثار محشر) (ع۔ ا۔ مذ) قیامت کی نشانیاں۔
آثار خیر (ع۔ ا۔ مذ) اچھی علامتیں۔ نیکی کی نشانیاں۔
آثار دکھائی دینا (نظر آنا) (اُر۔ محاورہ) ڈھنگ کھلنا۔ لچھن ظاہر ہونا۔ علامتیں ظاہر ہونا۔
آثار ڈالنا (رکھنا) (اُر۔ محاورہ) نیو رکھنا۔ کام کا آغاز کرنا۔
آثار شریف (ع۔ ا۔ مذ) اولیا اور انبیا کے مزار، نشانیاں اور تبرکات۔
آثار صنادید (ع۔ ا۔ مذ) بزرگوں اور بادشاہوں کی نشانیاں۔ قدیم عمارتیں۔
آثار ظاہر (عیاں) ہونا (اُر۔ محاورہ) آثار دکھائی دینا۔ علامات پائی جانا۔
آثار (عتیقہ) قدیمہ (ع۔ ا۔ مذ) پُرانے نشانات۔ کھنڈر۔ تاریخی عمارتیں۔
آثار متبرکہ (ع۔ ا۔ مذ) مقدس نشانیاں۔ بزرگوں کی یادگاریں۔
آثار نیک (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) اچھے شگون۔ نیک فال۔ اچھی علامتیں۔
آثم (آ۔ ثِم) (ع۔ صف) عاصی۔ گناہ گار۔ پاپی۔

آ۔ ج

آج (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) جو دن گزر رہا ہو۔ موجودہ دن۔ اِمروز (۲) موجودہ وقت (۳) (حرف ظرف) اِن دنوں۔ اِس وقت۔ موجودہ زمانے میں۔
آج آئے کل چلے (اُر۔ مثل) جلدی جانا۔ کم ٹھہرنا۔
آج برس کے پھر نہ برسوں گا (اُر۔ مثل) بہت زور کی بارش ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔
آج تک (اُر۔ متعلق فعل) اب تک۔ اِس وقت تک۔ آج کے دن تک۔
آج تک پڑے ہینگ ہگ رہے ہیں (اُر۔ مثل) اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی اپنی بداعمالیوں کی سزا بھگت رہا ہو یعنی اب تک مصیبت میں مبتلا ہے۔
آج جو کرنا ہے کر لے، کل کی کل کے ہاتھ ہے (اُر۔ مثل) آج نیک عمل کر لے کیونکہ زندگی کا کوئی بھروسا نہیں ہے۔
آج زبان کھلی ہے کل بند (اُر۔ مثل) زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔
آج سے (اُر۔ متعلق فعل) اب سے۔ اِس وقت سے۔
آج سے کل نزدیک ہے (اُر۔ مثل) جب کوئی آنے والے زمانے کو دُور سمجھ کر کام میں سُستی کرے تو کہتے ہیں کہ آنے والا وقت بہت جلد آ جاتا ہے۔
آج صبح صبح کس کا منہ دیکھا ہے (اُر۔ مثل) سارا دن پریشان ہونے کے موقع پر کہتے ہیں کہ صبح کس منحوس کو دیکھا تھا۔
آج کا دن (اُر۔ ا۔ مذ) موجودہ دن۔
آج کا کام آج ہی کرنا چاہیے (اُر۔ مقولہ) کام دُوسرے وقت پر ٹالنا غلط ہے۔
آج کا کام کل پر (اُٹھا رکھنا) ٹالنا یا چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) کام کرنے میں سُستی کرنا یا ملتوی کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
آج کدھر بھول پڑے؟ (اُر۔ محاورہ) اچانک کس طرح آ گئے؟ جب کوئی مدت کے بعد آئے تو کہتے ہیں۔
آج کدھر سے چاند نکلا (اُر۔ محاورہ) آج کدھر بھول پڑے؟ آج کس طرح آنے کا موقع مل گیا؟
آج کرے گا کل پائے گا (اُر۔ مثل) کیے کا پھل ضرور ملتا ہے۔
آج کل (اُر۔ متعلق فعل) (۱) اِن دنوں۔ اِس وقت۔ عن قریب۔ بہت جلد (۲) (اُر۔ ا۔ مذ) حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔
آج کل اِن کے دَور دَورے ہیں (اُر۔ مثل) آج کل ان کا بڑا عروج ہے۔ عزت خوب بنی ہوئی ہے۔
آج کل بارہ برس کی بٹیا بر مانگے ہے (اُر۔ مثل) آج کل زمانے سے شرم و حیا اُٹھ گئی ہے۔ بارہ برس کی بچی بھی خاوند چاہتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آج کل بتانا (اُر۔ محاورہ) ٹالنا۔ لیت و لعل کرنا۔ جھوٹے وعدے کرنا۔
آج کل تمہارے نام کی کمان چڑھتی ہے (اُر۔ مثل) تمہاری ترقی کا زمانہ ہے۔ اقبال مندی کا دور ہے۔
آج کل کرنا (اُر۔ محاورہ) جھوٹے وعدے کرنا۔ ٹالنا۔
آج کل میں (اُر۔ تابع فعل) بہت جلد۔ عنقریب۔
آج کل نہ جانا (اُر۔ محاورہ) مکر و فریب سے باز نہ آنا۔
آج کے بیٹے کل کے سیٹھ (اُر۔ مثل) زمانے کا اِنقلاب دیکھئے جو غریب تھا وہ امیر ہو گیا۔
آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے (اُر۔ مثل) اُپلے دو ایک دن میں سُوکھ کر ہی جلتے ہیں۔ کام ایک دم نہیں ہوتا۔ آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔
آج کیا جاتی دنیا دیکھی؟ (اُر۔ مثل) بعد مدت کسی کے آنے پر کہتے ہیں یعنی آج آپ کو کیا خیال آ گیا۔
آج کے دن (اُر۔ متعلق فعل) موجودہ دِن۔ موجودہ زمانہ۔
آج مرے کل دُوسرا دن (اُر۔ مثل) زندگی بالکل ناپائیدار ہے۔
آج میں کل تُو (اُر۔ مثل) سب کو مرنا ہے۔ موت سب کو آنی ہے۔
آج میں نہیں یا وہ نہیں (اُر۔ محاورہ) کسی کے ساتھ لڑائی کا پختہ ارادہ کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔
آج نصیبوں سے ہاتھ لگے ہو (اُر۔ محاورہ) اِتفاق سے ملاقات ہوئی ہے۔
آج ہمارے لئے کل تمہارے لئے (اُر۔ مثل) کسی کی خصوصیت نہیں سب کے ساتھ ایک جیسا سلوک ہو گا۔
آج ہے سو کل نہیں (اُر۔ مثل) روز بروز حالت خراب ہوتی جا رہی ہے (۲) جو آج زندہ ہے کل مُردوں میں ہو گا۔
آجِر (آ۔ جِر) (ع۔ ا۔ مذ) اُجرت پر کام لینے والا۔

آ۔چ

آچا (ت۔ ا۔ مذ) (۱) باپ۔ دادا۔ نانا۔ بزرگ (۲) پُرانا ملازم (۳) (ا۔ مث) بوڑھی خادمہ۔ دائی۔
آچار (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے اچار مع مُرکبات۔
آچاریہ (آ۔ چار۔ یَہ) (س۔ ا۔ مذ) اُستاد۔ مُعلّم۔ گُرو (۲) برہمن (۳) کسی فرقے کا بانی (۴) ایک خطاب جو لائق ہندوؤں کو دیا جاتا ہے۔
آچھیں (اُر۔ ا۔ صوت) چھینکنے کی آواز۔

آ۔ح

آحاد (آ۔ حاد) (ع۔ ا۔ عدد) اَحد (ایک) کی جمع۔ اکائیاں۔ اعداد کے چار درجوں میں سے پہلا درجہ یعنی ایک سے نو تک کی گنتی۔

آ۔خ

آخ (اُر۔ ا۔ صوت) کھانسنے کی آواز۔ کھنکارنا (۲) اِظہارِ نفرت کا کلمہ۔
آخ تھو (اُر۔ ا۔ مث) کھنکار کر تھوکنے کی آواز۔ کلمۂ حقارت۔ لعنت ملامت پھٹکار۔ کراہت۔
آختہ (آخ۔ تہ) (ف۔ صف) وہ جانور جس کے فوطے نکال دیئے گئے ہوں۔ خصّی۔
آختہ کرنا (اُر۔ مص مرکّب) خصیے نکالنا۔ نامرد کرنا۔ ہیجڑا بنانا۔
آخِذ (آ۔ خِذ) (ع۔ صف) لینے والا۔ پکڑنے والا۔
آخَر (آ۔ خَر) (خ مفتوح) (ع۔ صف) اور۔ ایک اور۔ دُوسرا۔
آخِر (آ۔ خِر۔ خ مکسور) (ع۔ صف) پیچھے۔ پچھلا۔ حد۔ انجام۔ اِنتہا۔ ختم۔ تمام۔ قریب ختم۔ وقتِ اِنتقال۔ موت۔ انجام کار۔ جمع: آواخر۔
آخر آخر (ع۔ متعلق فعل) آخرکار۔ انجام کار۔
آخر آدمی نے کچا دودھ پیا ہے (اُر۔ مثل) سہو اور خطا اِنسان کی فطرت میں ہے۔
آخر اپنی اصالت پر گیا (اُر۔ مثل) بیچ قوم کا آدمی مرتبہ پانے پر بھی ذلیل حرکتوں سے باز نہیں آتا۔
آخرالامر (آ۔ خِ۔ رُل۔ اَمر) (ع۔ تابع فعل) آخرکار۔ انجام کار۔
آخرُ الذّکر (آ۔ خِ۔ رُذ۔ ذِکر) (ع۔ صف) جس کا ذکر ایک کے بعد یا دُوسرے نمبر پر کیا جائے۔ ثانی الذّکر (۲) جس کا ذکر آخر میں کیا جائے۔
آخر بیں (ع۔ ف۔ صف) انجام پر نظر رکھنے والا۔ عاقبت اندیش۔
آخر زمانہ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) قیامت کے قریب کا زمانہ (۲) بڑھاپا۔
آخر فنا (ع۔ اُر۔ مقولہ) (۱) دُنیا کا خاتمہ ضرور ہونا ہے (۲) موت ضرور آنی ہے۔
آخر کار (ف۔ تابع فعل) انجام کار۔ الغرض۔
آخر کر دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) ختم کر دینا (۲) مار ڈالنا (۳) اَدھ مُوا کر دینا۔
آخر کو (اُر۔ متعلق فعل) آخرکار۔ آخر میں۔
آخر وقت (ع۔ ا۔ مذ) نزع کا وقت (۲) سب سے آخر میں۔
آخر ہونا (اُر۔ محاورہ) خاتمے کے قریب پہنچنا (۲) ختم ہونا۔ پورا ہونا (۳) مرجانا۔
آخِرت (آ۔ خِ۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) عاقبت۔ پرلوک۔ قیامت۔
آخرت بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) عاقبت خراب کرنا۔ بُرے کام کرنا۔
آخرت بگڑنا (اُر۔ محاورہ) عاقبت خراب ہونا۔
آخرت بنانا (سنوارنا) (اُر۔ محاورہ) زندگی میں نیک کام کرنا تاکہ عاقبت میں جزا ملے۔
آخرت کا بھلا (اُر۔ ا۔ مذ) عاقبت کی خیر۔
آخرت کا سودا (اُر۔ ا۔ مذ) عاقبت سنوارنے کے کام۔
آخرت کی کمائی (اُر۔ ا۔ مث) نیک کام جو مرنے کے بعد فائدہ پہنچائیں۔
آخِرش (آ۔ خِ۔ رَش) (ع۔ ف۔ متعلق فعل) آخرکار۔ انجام کار۔
آخِری (آ۔ خِ۔ ری) (ع۔ صف) (۱) آخر سے منسوب (۲) پچھلا (۳) اخیر کا۔ بعد کا۔
آخری بہار (ع۔ ف۔ ا۔ مث) اخیر فصل۔ آخری موسم۔ حسن یا موسم کا آخری زمانہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آخری پوشاک (ع۔ف۔ا۔مث) کفن۔

آخری چہار شنبہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) آخری بُدھ (۲) اسلامی مہینے صفر کا آخری بُدھ جب حضرت رسول مقبول ﷺ نے غسلِ صحت فرمایا تھا۔

آخری دَم (ع۔ف۔ا۔مذ) زندگی کا آخری سانس۔ نزع کا عالم۔

آخری دَور (ع۔ف۔ا۔مذ) اخیر زمانہ (۲) آخری گشت۔ جام شراب کی آخری گردش۔

آخری دیدار (ع۔ف۔ا۔مذ) وقتِ نزع کا دیدار۔ جنازہ اُٹھتے وقت کا دیدار۔ مُردے کا چہرہ قبر میں رکھنے کے بعد دیکھنا۔

آخری ڈگری (ع۔اَر۔ا۔مث) وہ ڈگری جو عدالت سے آخری دفعہ دی جائے۔

آخری زمانہ (ع۔ا۔مذ) (۱) اخیر وقت۔ بڑھاپے کے دِن (۲) قُربِ قیامت کا زمانہ۔

آخری سواری (ع۔ف۔ا۔مث) جنازے کی چارپائی۔

آخری صحبت (ع۔ا۔مث) آخری ملاقات۔

آخری فہمائش (ع۔ف۔ا۔مث) وہ نوٹس جو آخری دفعہ جاری کیا جائے۔ آخری اطلاع نامہ۔

آخری قیمت (ع۔ا۔مث) وہ زیادہ سے زیادہ دام جو آخر میں لگیں۔ وہ قیمت جس پر سودا طے ہو جائے۔

آخری معلومہ سکونت (ع۔اَر۔ا۔مث) وہ جگہ جہاں کسی کا آخری قیام معلوم ہو۔

آخری ملاقات (ع۔ا۔مث) وہ ملاقات جس کے بعد ملنے کا اتفاق نہ ہو۔

آخریں (آ۔خ۔ریں) (ف۔صف) آخر کا۔ سب سے بعد کا۔ آخری۔

آخریں دَم (ف۔ا۔مذ) آخری سانس۔ نزع کا وقت۔ اخیر وقت۔

آخور (آ۔خور) (ف۔ا۔مث) (۱) چوپایوں کے گھاس چارے کی جگہ (۲) طویلہ۔ اُصطبل (۳) وہ گھاس جو مویشیوں سے بچ رہتی ہے (۳) نکمّا۔ خراب۔ ناکارہ۔ بے کار (۴) کوڑا کرکٹ۔ ردی۔

آخور سالار (ف۔ا۔مذ) طویلے کا سردار۔ مہتمم پائگاہ۔ اصطبل کا افسر۔

آخور کی بھرتی (اَر۔ا۔مث) بے کار مضامین کی کثرت۔ نکمّے اور نالائق آدمیوں کا جتھا۔ ناکارہ چیزوں کا ڈھیر۔

آخوُن (آخوُند) (واو معروف۔ دُوسرا نون غنّہ) (ف۔ا۔مذ) اُستاد۔ مُعلّم۔

آخوُن زادہ (ف۔ا۔مذ) اُستاد کا بیٹا۔

آ۔د

آد (ہ۔صف) (۱) اوّل۔ ابتدا۔ آغاز۔

آدانت (آدیانت) (نون غنّہ) (ہ۔صف) پہلا اور آخری (۲) (ہ۔متعلق فعل) شروع سے آخر تک (۳) ہمیشہ۔

آداب (ع۔ا۔مذ) (۱) ادب کی جمع (۲) مرتبے کا پاس و لحاظ (۲) قواعد (۳) سلام (۴) تعظیمی الفاظ (۵) تہذیب۔ اخلاق (۶) طنز سے شکریہ ادا کرنے کا انداز۔

آداب بجالانا (اَر۔محاورہ) (۱) عجز و انکسار سے سلام کرنا (۲) شکریہ ادا کرنا (۳) رُخصت ہونا۔ قائل ہو جانے والے کو طنزاً سلام کرنا۔

آدابِ (شاہانہ) شاہی (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) بادشاہوں سے بات چیت کرنے اور دربار میں حاضری کے طریقے۔

آدابِ صحبت (ع۔ا۔مذ) محفل کے انداز اور طور طریقے۔

آداب عرض کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) ادب سے سلام کرنا (۲) آداب بجالانا۔

آداب عرض ہے (اَر۔فقرہ) (۱) تسلیم عرض ہے۔ سلام عرض کرتا ہوں (۲) مشکل کام کرنے پر فخریہ اور کسی کے ناکام رہنے پر طنزاً سلام کرتے وقت کہتے ہیں۔

آدابِ فن (ع۔ا۔مذ) کسی ہُنر اور اصول کے قاعدے۔

آداب کرنا (اَر۔محاورہ) ادب سے سلام کرنا۔

آدابِ محفل (ع۔ا۔مذ) مجلس کے قاعدے اور طریقے۔

آداب و القاب (ع۔ا۔مذ) وہ الفاظ اور فقرے جو مکتوب الیہ کے مرتبے کے موافق لکھے جاتے ہیں۔

آداب و تسلیمات (ع۔ا۔مذ) نہایت عاجزی سے سلام کرنا کورنش۔ مُجرا۔

آداب ہے (اَر۔محاورہ) (۱) سلام عرض ہے (۲) رُخصت چاہتا ہوں۔

آدرش (آ۔دَرش) (س۔ا۔مذ) آئینہ (۲) اصل نمونہ (۳) اُصول۔ نصب العین (۴) معیار (۵) کسی گھرانے کے روایتی اخلاق و آداب۔

آدم (آ۔دَم) (ع۔ا۔مذ) (۱) پہلے اِنسان اور خُدا کے اوّلین پیغمبر۔ ابوالبشر۔ صفی اللہ۔

آدمِ آبی (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک چوپایہ جو آدمی سے مشابہ ہوتا ہے اور پانی میں رہتا ہے۔

آدمِ بے سایہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) کنایہ ہے رسول اللہ ﷺ کی طرف۔

آدمِ ثانی (ع۔ا۔مذ) حضرت نوحؑ کا لقب۔ کیونکہ طوفانِ نوحؑ کے بعد دُنیا آپ کے ساتھیوں اور آپ کی نسل سے آباد ہوئی۔

آدمِ خاکی (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) خاک کا پتلا۔ اِنسان۔ آدمی۔

آدم خور (ع۔ف۔صف) آدمی کو کھا جانے والا درندہ یا وحشی آدمی۔

آدم را گندم بہشت نہ سازد (ف۔مثل) اِنسان کو بہشت کے گیہوں موافق نہیں۔ اِنسان کو اچھا کھانا ہضم نہیں ہوتا۔

آدم زاد (آدمی زاد) (ع۔ف۔ا۔مذ) آدمی کی اولاد۔ اِنسان۔

آدم شناس (ع۔ف۔صف) اچھے بُرے آدمی کو پہچاننے والا۔

آدمِ صحرائی (ع۔ف۔ا۔مذ) جنگلی آدمی۔ وحشی آدمی۔

آدم کا پُل (اَر۔ا۔مذ) بھارت اور سری لنکا کے درمیان سمندر میں ریت اور پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹیلوں کی ایک تیس میل لمبی قطار۔ عوام کا خیال ہے کہ حضرت آدمؑ اِسی راستے سے لنکا گئے تھے۔

آدم کی چوٹی (اَر۔ا۔مث) جنوب وسطی لنکا میں ایک پہاڑی جس کی چوٹی پر اِنسانی پاؤں کا بہت بڑا نشان ہے۔ اسے ہندو شِو کا، بُدھ مہاتما بُدھ کا اور مُسلمان حضرت آدمؑ کا نقشِ پا کہتے ہیں۔

آدم نہ آدم زاد (اَر۔روزمرہ) ویرانہ۔ بیابان۔ وہ جگہ جہاں دُور تک آبادی نہ ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آدمی (آ۔دَ۔می) (آد۔ی) (ع۔ا۔مذ) (۱) اِنسان۔ بنی آدم (۲) اِنسانی اَخلاق والا۔ تمیزدار (۳) خادم (۴) قاصد (۵) خاوند۔ آشنا۔ اُ۔جمع: آدمی۔ آدمیوں۔

آدمی آدمی اَنتر۔ کوئی ہیرا کوئی کنکر (اُر۔مثل) سب آدمی ایک جیسے نہیں ہوتے۔ کوئی اچھا ہوتا ہے کوئی بُرا۔

آدمی اپنے مطلب میں اندھا ہوتا ہے (اُر۔مثل) اِنسان اپنی غرض حاصل کرنے کے لئے اچھا بُرا سب کچھ کر گزرتا ہے۔

آدمی اناج کا کیڑا ہے (اُر۔مثل) آدمی کی زندگی کا دار و مدار کھانے پر ہے۔

آدمی بنانا (اُر۔محاورہ) مہذّب بنانا۔ شائستہ بنانا۔

آدمی بننا (اُر۔محاورہ) آدمیت سیکھنا۔ شائستہ ہونا۔ آدمی کی شکل و صورت اِختیار کرنا۔ وحشت دُور کرنا (۲) حیثیت دُرست کرنا۔

آدمی پانی کا بُلبلا ہے (اُر۔مثل) زندگی عارضی ہے۔ کوئی دم کی ہے۔

آدمی پر آدمی گِرنا (اُر۔محاورہ) بہت بھیڑ ہونا۔

آدمی پیٹ کا کتّا ہے (اُر۔مثل) رزق کے لئے آدمی سب کچھ کرتا ہے۔

آدمی ٹھوکر کھا کر سنبھلتا ہے (اُر۔مقولہ) اِنسان غلطی کر کے یا نُقصان اُٹھا کے ہی کچھ تجربہ حاصل کرتا ہے۔

آدمی جانے بسے' سونا جانے کسے (اُر۔مثل) آدمی کے عیب و ہنر ساتھ رہنے ہی سے معلوم ہوتے ہیں۔ سونے کا کسنے سے ہی پتا چلتا ہے۔

آدمی سا کوئی پکھیرُو نہیں (اُر۔مثل) آدمی ایک جگہ نہیں رہتا۔ جگہ جگہ پھرتا رہتا ہے۔

آدمی کا شیطان آدمی ہے (اُر۔مثل) آدمی آدمی ہی کی صحبت سے خراب ہوتا ہے۔

آدمی کچھ کھو کر ہی سیکھتا ہے (اُر۔مثل) نُقصان اُٹھانے کے بعد ہی آدمی کو عقل آتی ہے۔

آدمی کیا جو آدمی کو نہ پہچانے (اُر۔مثل) جو اچھے بُرے میں تمیز نہ کر سکے اُسے اِنسان نہیں کہنا چاہئے۔

آدمی کی دوا آدمی ہے (اُر۔مثل) اِنسان ہی اِنسان کے کام آتا ہے۔

آدمی کی قدر مرے پر ہوتی ہے (اُر۔مثل) مرنے کے بعد ہی کسی آدمی کی کمی محسوس ہوتی اور قدر ہوتی ہے۔

آدمی کی کسوٹی مُعاملہ ہے (اُر۔محاورہ) معاملہ پڑنے سے ہی آدمی کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

آدمی کے جامے میں آنا (اُر۔محاورہ) شریف بننا۔ اچھا طریقہ اختیار کرنا۔

آدمی نے کچّا دودھ پیا ہے (اُر۔مثل) دیکھئے آخر آدمی نے۔

آدمی ہو یا بے دال کے بودم (اُر۔مثل) بالکل ہی بے وقوف ہو۔ بودم کی دال الگ کریں تو بوم بن جاتا ہے یعنی نرے اُلو ہو۔

آدمی ہو یا گھن چکّر (اُر۔مثل) بہت زیادہ گھومنے پھرنے والے آدمی کو کہتے ہیں۔

آدمی ہونا (اُر۔محاورہ) اِنسان ہونا۔ شریف ہونا (۲) معمولی شکل و صورت کا ہونا۔

آدمیّت (آ۔دَ۔می۔یَت) (آد۔می۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) اَخلاق۔ مروّت۔ ملنساری۔ سلیقہ (۲) عقل و شعور۔ سمجھ۔ اِنسانیت۔

آدمیت آنا (اُر۔محاورہ) تمیز اور سلیقہ حاصل ہونا۔ اِنسانی خوبیاں پیدا ہونا۔

آدمیت اُٹھ جانا (اُر۔محاورہ) اچھی عادتوں کا ختم ہو جانا۔ اِنسانیت جاتی رہنا۔ بدتمیز ہو جانا۔ بے عقل ہو جانا۔

آدمیت اِختیار کرنا (اُر۔محاورہ) اچھی عادتیں سیکھنا۔ شریف بن جانا۔

آدمیت (سِکھانا) سِکھلانا (اُر۔محاورہ) شائستہ بنانا۔ تہذیب سِکھانا۔

آدمیت سیکھنا (اُر۔محاورہ) شعور سیکھنا۔ عقل و تمیز حاصل کرنا۔

آدمیت سے گزر جانا (اُر۔محاورہ) اِنسانیت کی باتیں چھوڑ دینا۔ شرافت چھوڑ دینا۔ بدتمیزی اِختیار کرنا۔

آدمیت کے جامے میں آنا (اُر۔محاورہ) شریف بن جانا (۲) غُصّہ کم ہو جانا۔

آدمیت میں لانا (اُر۔محاورہ) شرافت سکھانا۔ اِنسان بنانا۔

آدنا (ق۔مص) شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ آغاز کرنا۔

آدھ (اُر۔عددِ کسری) آدھا کا مخفف۔ نصف۔ دو برابر حصّوں میں سے ایک حصّہ۔

آدھ سیر آٹا (اُر۔ا۔مذ) رزق۔ روزی۔ گزر اوقات کا ذریعہ۔

آدھ سیر آٹے سے لگ جانا (اُر۔محاورہ) روزی کمانے لگنا۔

آدھا (ہ۔عددِ کسری۔مذ) کسی چیز کے دو برابر حصّوں میں سے ایک۔ نصف۔

آدھا آپ گھر' آدھا سب گھر (اُر۔مثل) ایسے حریص آدمی کے بارے میں کہتے ہیں جو زیادہ حصّہ خود رکھ لیتا ہو۔

آدھا آدھا (اُر۔عددِ کسری) نصف نصف۔ ایک چیز کے دو برابر حصّے۔

آدھا آدھا ہونا (اُر۔محاورہ) کُڑھنا۔ شرمندہ ہونا۔

آدھا پاؤ (اُر۔صف) نصف پاؤ (۲) تھوڑا بہت۔ قدرے۔ کچھ۔ کسی قدر۔

آدھا تیتر' آدھا بٹیر (اُر۔مثل) اَن مل بے جوڑ۔

آدھا رہ جانا (اُر۔محاورہ) بہت دُبلا ہو جانا۔

آدھا ساجھا (اُر۔ا۔مذ) برابر کی شرکت۔

آدھا سی سی (اُر۔ا۔مذ) آدھے سر کا درد۔

آدھا کر دینا (اُر۔محاورہ) (۱) بہت کم کر دینا (۲) بہت دُبلا کر دینا (۳) شرمندہ کر دینا۔

آدھا نام لینا (اُر۔محاورہ) حقارت یا محبت سے ادھورا نام لینا۔

آدھا ہو جانا (اُر۔محاورہ) بہت دُبلا ہو جانا۔

آدھار (س۔ا۔مذ) بھروسا۔ سہارا۔ اِعتماد۔

آدھوں آدھ (واو مجہول) (ہ۔صف) نصفا نصف۔ برابر کے حصّے۔

آدھی (ہ۔عددِ کسری۔مث) نصف۔ آدھا کی تانیث۔

آدھی بات (اُر۔ا۔مث) ناتمام بات۔ ادھوری بات۔

آدھی بات نہ اُٹھنا (اُر۔محاورہ) ذرا سی ناگوار بات بھی برداشت نہ ہونا۔

آدھی بات نہ پُوچھنا (اُر۔محاورہ) ذرا قدر نہ کرنا۔ دھیان نہ دینا۔ توجّہ نہ کرنا۔ بے عزّت سمجھنا۔

آدھی بات نہ سُننا (اُر۔محاورہ) بے توجّہی برتنا۔ شان کے خلاف ذرا سی بات بھی نہ سننا۔

آدھی چھوڑ ساری کو دھائے' آدھی رہے نہ ساری پائے (ہ۔مثل) زیادہ کا لالچ کرنے سے تھوڑی سے بھی ہاتھ دھونے پڑتے ہیں (۲) قناعت نہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کرنے والا تباہ ہو جاتا ہے۔

آدمی دُنیا آباد آدمی ویران (اَر۔ مثل) ایک چشم آدمی پر پھبتی کے طور پر کہتے ہیں۔

آدمی رات اِدھر آدمی رات اُدھر (اَر۔ روزمرہ) آدھی رات کا وقت۔

آدمی رات جما ہی آئے 'شام ہی سے منہ پھیلائے (اَر۔ مثل) وقت سے پہلے منصوبے سوچنے لگنا۔ پیش از مرگ واویلا۔

آدھے (ہ۔ عددِ کسری) (۱) آدھا کی جمع (۲) آدھا کی مغیرہ صورت۔

آدھے پیٹ (اَر۔ محاورہ) جتنی بھوک ہو اُس کی نصف خوراک۔

آدھے قاضی قدوہ 'آدھے باوا آدم (اَر۔ مثل) دُنیا کی آدمی آبادی قاضی قدوہ کی وجہ سے ہے اور آدھی باوا آدمؑ کی وجہ سے۔ قاضی قدوہ کثیرُ الاولاد تھے۔ مجازاً ہر کثیرُ الاولاد شخص۔

آدھے کا ساجھی 'برابر کی چوٹ (اَر۔ مثل) آدھے حصے کا شریک برابر کی حیثیت رکھتا ہے۔

آدھے گاؤں دیوالی 'آدھے گاؤں ہولی (ہ۔ مثل) سب کی الگ الگ رائے ہونا۔ نااِتفاقی۔

آدھے میاں موج 'آدھے میں ساری فوج (اَر۔ مثل) آدھا خود لے لینا اور باقی آدھا سب لوگوں کو دینا۔

آدِھین (ہ۔ صف) فرماں بردار۔ مطیع۔ عاجز۔ مسکین۔

آدی باسی (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوستان کے قدیم باشندے۔

آدیش (آ۔ دیش) (یائے مجہول) (س۔ ا۔ مذ) حکم۔ ہدایت۔ ارشاد۔

آدِینہ (آ۔ دی۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) جمعہ۔

آ۔ڈ

آڈٹ (Audit) (انگ۔ ا۔ مذ) حساب کتاب۔ حساب کی جانچ پڑتال۔

آڈیٹر (Auditor) (انگ۔ ا۔ مذ) محاسب۔ حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

آڈیٹوریم (Auditorium) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ کمرا جہاں تقریر کی جاتی ہے اور سامعین کی نشستوں کا اِنتظام ہوتا ہے۔

آ۔ذ

آذار (ف۔ ا۔ مذ) چھٹا رومی مہینا بمطابق چیت یا مارچ۔

آذر (آ۔ذر) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شمسی سال کا نواں مہینا 'پوس یا جنوری کے مطابق (۲) آگ۔

آذر پرست (ف۔ صف) آگ کی پوجا کرنے والا۔ پارسی۔ مجوسی۔

آذر فشاں (ف۔ صف) آگ بکھیرنے والا۔ شعلہ فشاں۔ نہایت گرم۔

آذوقہ۔ دیکھئے آزوقہ۔

آ۔ر

آر (ہ۔ ا۔ مث) لوہے کی نوکدار کیل جو کاغذ وغیرہ میں سوراخ کرنے اور چمڑا سینے کے کام آتی ہے (۲) بچھو 'بھڑ یا مکھی کا ڈنک (۳) وہ نوکیلی کیل جو بیلوں کو ہانکنے والے ڈنڈے میں لگی ہوتی ہے۔ جمع: آروں۔ آریں۔

آر لگانا (اَر۔ محاورہ) آر چبھونا۔ سست آدمی کو متحرک کرنا۔

آراء (ع۔ ا۔ مذ) رائے کی جمع۔ مشورے۔ خیالات۔

آرا (ف۔ لاحقہ) آراستن مصدر سے صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سجانے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے چمن آرا 'جہاں آرا وغیرہ۔

آرا (اَر۔ ا۔ مذ) لوہے کا ایک دندانے دار اوزار جس سے لکڑی چیری جاتی ہے۔ نیز دیکھئے اَرّہ۔ جمع: آروں۔ آرے۔

آرا چلانا (اَر۔ محاورہ) آرے سے چیرنا (۲) بہت ظلم کرنا۔ بہت زیادتی کرنا۔

آرا کش (اَر۔ ف۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) آرے سے لکڑی کاٹنے والا۔ (غلطُ العام ہے۔ صحیح اَرّہ کش)۔

آراکشی (اَر۔ ف۔ ا۔ مث) (غلطُ العام۔ صحیح اَرّہ کشی) آرا چلانا۔ آرا کشی کا پیشہ۔

آرا مچھلی (اَر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مچھلی جس کی لمبی تھوتھنی کے دونوں جانب آرے کی طرح دانت ہوتے ہیں۔ (Saw Fish)۔

آراستگی (آ۔ راس۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) زیبائش۔ سجاوٹ۔ زیب و زینت۔ دُرستی۔

آراستہ (آ۔ راس۔ تہ) (ف۔ صف) سجا ہوا۔ سنوارا ہوا۔ گہنا پہنایا ہوا۔ سنگار کیا ہوا۔ فرش فروش سے دُرست۔

آراستہ پیراستہ (ف۔ صف) سجا سجایا۔ بنا سنورا۔

آراستہ کرنا (اَر۔ محاورہ) سجانا۔ سنوارنا۔ سنگار کرنا (۲) ترتیب دینا۔ موقع سے لگانا۔ ٹھیک کرنا۔ دُرست کرنا۔

آراضی۔ دیکھئے اراضی۔

آرام (ف۔ ا۔ مذ) (۱) قرار۔ تسکین۔ ٹھہراؤ۔ اطمینان (۲) چین۔ سکھ۔ راحت۔ آسائش (۳) اِستراحت۔ نیند (۴) صحت۔ شفا۔ تندرستی۔ تخفیفِ مرض۔ افاقہ (۵) فرصت۔ فراغت۔ چھٹی۔ وقفہ (۶) فائدہ۔ نفع۔ حاصل۔ منفعت۔

آرام پانا (اَر۔ محاورہ) چین پانا۔ سکھ پانا۔ خوش ہونا۔ راحت پانا۔ تکلیف نہ اُٹھانا (۲) صحت پانا۔ تندرست ہونا۔ شِفا پانا (۳) فرصت پانا۔ فراغت پانا۔

آرام پائی (اَر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی عُمدہ جوتی۔

آرام پسند (ف۔ صف) سُست۔ کاہل۔

آرام تلخ ہونا (اَر۔ محاورہ) عیش میں خلل پڑنا۔

آرامِ جاں (ف۔ صف) (۱) جان کی راحت (۲) معشوق۔ محبوب۔ دِل آرام۔

آرام چاہنا (اَر۔ محاورہ) سکھ ڈھونڈنا۔ راحت تلاش کرنا۔

آرام چوکی (اَر۔ ا۔ مث) آرام کرنے کے لئے لکڑی کا چھوٹا تخت۔

آرام دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) آرام پہنچانا۔ سکھ دینا (۲) شفا دینا۔ تندرست کرنا۔

آرام رساں (ف۔ صف) چین دینے والا۔ آسائش پہنچانے والا۔

آرام رُوح (ف۔ ع۔ صف) روح کے لئے باعث آرام۔ اولاد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آرام سے پاؤں پھیلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) چین سے سونا۔ سُکھ کی نیند سونا۔ (۲) بے فکر ہونا۔ بے غم ہونا۔ بے فکری سے بسر کرنا۔

آرام طلب (ف۔ صف) (۱) آرام چاہنے والا (۲) کاہل۔ سُست۔

آرام کُرسی (ف۔ اِ۔ مث) ایک قسم کی بڑی تکیہ دار کرسی۔

آرام کرنا (اَر۔ محاورہ) ٹھہرنا۔ قرار پانا (۲) چپ رہنا۔ خاموش رہنا (۳) سستانا۔ دم لینا (۳) سونا۔ لیٹنا۔ اِستراحت کرنا (۴) چین کرنا۔

آرام گاہ (ف۔ اِ۔ مث) آرام کرنے کی جگہ۔ سونے کی جگہ۔ خواب گاہ۔

آرام لینا (اَر۔ محاورہ) ٹھہرنا۔ سکون حاصل کرنا۔

آرام میں ہیں (اَر۔ روزمرّہ) (۱) سوتے ہیں (۲) آرام کرتے ہیں۔

آرام ہو جانا (اَر۔ محاورہ) چین ہونا (۲) صحت پانا۔ شفا پانا۔ تکلیف کا دُور ہونا۔

آرائش (آ۔ را۔ اِش) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) زیبائش۔ آراستگی۔ زیب و زینت سجاوٹ۔ بناؤ سنگار (۲) درستی مکان و فرش (۳) کاغذ کی پھولدار ٹٹیاں۔ پھول ابرق کنول جھاڑ فانوس وغیرہ جو بارات کے ساتھ لے جاتے ہیں۔

آرائش پسند (ف۔ صف) (۱) بناؤ سنگار کا شوقین (۲) زیب و زینت کا دلدادہ۔

آرائش کرنا (اَر۔ محاورہ) سجانا۔ آراستہ کرنا۔

آرائشِ محفل (ف۔ اِ۔ مث) مجلس کی سجاوٹ (۲) اُردو کی مشہور کتاب جس میں حاتم طائی کا قصّہ بیان کیا گیا ہے۔

آرائندہ (آ۔ را۔ اِن۔ دہ) (ف۔ صف) سجانے والا۔

آر پار (ہ۔ صف) یہ کنارہ اور وہ کنارہ۔ یہ سرا اور وہ سرا۔ دونوں رُخ۔ ایک سرے سے دُوسرے سرے تک سوراخ۔

آرپن (ہ۔ اِ۔ مذ) دیکھئے اَرپن۔

آرتی (س۔ اِ۔ مث) پوجا کی ایک قسم جس میں دیوتاؤں کے سامنے چَو مکھیا دیا پھرایا جاتا ہے۔

آرٹ (Art) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) ہُنر۔ فن (۲) صفائی (۳) سلیقہ۔ ڈھب (۴) موسیقی۔ ڈراما۔ شاعری۔ مصوری۔ نقاشی۔

آرٹ گیلری (Art Gallery) (انگ۔ اِ۔ مث) فنونِ لطیفہ کے ایسے عجائب خانے جن میں کسی مُلک کے بہترین فن کاروں کے شاہکار رکھے جاتے ہیں۔

آرٹسٹ (Artist) (اَر۔ اِ۔ مذ) صنّاع۔ مصوّر۔ تصویریں بنانے والا۔ کاری گر۔ فن کار۔ نقاش۔

آرٹیکل (Article) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) مضمون (۲) قانون کی دفعہ (۳) شرط۔

آرچ بشپ (Archbishop) (انگ۔ اِ۔ مذ) لاٹ پادری۔ پادریوں کا اعلیٰ افسر۔

آرد (آ۔ رد) (ف۔ اِ۔ مذ) آٹا۔ چون۔ پسان۔

آرڈر (Order) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) حکم۔ ارشاد۔ فرمان۔ فرمائش (۲) تمغہ (۳) طرز (۴) درجہ (۵) صنف (۶) آداب۔ ضابطہ (۷) امن و امان (۸) ہُنڈی (۹) پاس۔ داخلہ۔

آرڈر بُک (Order Book) (انگ۔ اِ۔ مث) حکم یا فرمائش لکھنے کی کتاب (۲) وہ کتاب جس میں خریدار وہ چیزیں تحریر کرتا ہے جو وہ مول لینا چاہتا ہے۔

آرڈر (دینا) کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش کرنا (۲) حکم دینا۔

آرڈر لینا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کے خریدنے کی فرمائش لینا (۲) حکم حاصل کرنا۔

آرڈوارک (Aard Vark) (انگ۔ اِ۔ مذ) افریقہ کا ایک پستانیہ (ممِمل) جو چیونٹیاں کھاتا ہے۔

آرڈی نینس (Ordinance) (انگ۔ اِ۔ مذ) وہ ضابطہ جو حکومت فوری ضرورت کے پیشِ نظر وقتی طور پر ملک میں نافذ کرتی ہے۔

آرزُو (آر۔ زُو) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) خواہش۔ تمنا۔ چاہ (۲) مُراد۔ مقصد۔ مطلب۔ جمع: آرزوہا۔ اُردو جمع: آرزُوؤں۔ آرزُوئیں۔

آرزو بر آنا (اَر۔ محاورہ) مُراد پُوری ہونا۔ اُمید حاصل ہونا۔

آرزو خاک میں مِل جانا (اَر۔ محاورہ) مایوس ہو جانا۔ ناکام ہو جانا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔

آرزو عیب نہیں (اَر۔ مقولہ) کسی چیز کی خواہش کرنے میں بُرائی نہیں۔

آرزو کا خون ہونا (اَر۔ محاورہ) خواہش کا پورا نہ ہونا۔

آرزو کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) خواہش کرنا۔

آرزو گاہ (ف۔ اِ۔ مث) اُمید پوری ہونے کی جگہ (۲) دُنیا۔

آرزو گور میں لے جانا (اَر۔ محاورہ) زندگی میں تمنا پوری نہ ہونا۔

آرزو مر جانا (اَر۔ محاورہ) خواہش ختم ہو جانا۔ اُمید مٹ جانا۔

آرزو مند (ف۔ صف) خواہش مند۔ شائق۔ مشتاق۔

آرزو مندی (ف۔ اِ۔ مث) اُمیدواری۔ خواہش۔

آرزو نکلنا (اَر۔ محاورہ) مُراد پوری ہونا۔ مطلب بر آنا۔ خواہش پوری ہونا۔

آرزوئے خام (ف۔ اِ۔ مث) کچی آرزو۔ وہ آرزو جس کا بر آنا ممکن نہ ہو۔ خیالِ خام۔

آرسی (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) آئینہ (۲) ایک زیور جو عورتیں ہاتھ کے انگوٹھے میں پہنتی ہیں۔ اُس میں شیشہ جڑا ہوتا ہے۔

آرسی تو دیکھو (اَر۔ محاورہ) اپنی اصل تو ذرا دیکھو۔

آرسی مصحف دکھانا (اَر۔ محاورہ) عقد کے بعد دولھا اور دلہن کو آئینہ اور قرآن دکھانے کی رسم۔ دولھا دلہن کو ایک دُوسرے کا منہ دکھانا۔

آرکیالوجی (Archaealogy) (انگ۔ اِ۔ مث) علم آثار قدیمہ۔ قدیم عمارتوں کا علم۔

آرکیالوجیکل ڈیپارٹمنٹ (Archaeological Department) محکمہ آثار قدیمہ۔

آرکیسٹرا (Orchestra) (انگ۔ اِ۔ مذ) سازندوں کا طائفہ۔

آرگن (Organ) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) ارگن باجا (۲) آلہ۔ اوزار (۳) واسطہ۔ رابطہ۔ ترجمان۔

آرمیڈا (Armada) (انگ۔ اِ۔ مذ) جنگی جہازوں کا بیڑا جو ۱۵۸۸ء میں فلپ دوم شاہ ہسپانیہ نے انگلستان پر حملہ کرنے کے لئے روانہ کیا تھا۔

آرمیڈِلو (Armadillo) (انگ۔ اِ۔ مذ) جنوبی امریکا کا ایک بلانوش پستانیہ جس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کی جلد پر زرہ بکتر کی طرح کھپرے ہوتے ہیں۔

آرنبھ (آ۔رَمبھ) (س۔ا۔مذ) تمہید۔دیباچہ۔مقدمہ۔آغاز۔شروع۔

آرنبھ کرنا (ہ۔مص مُرکّب) شروع کرنا۔آغاز کرنا۔ابتدا کرنا۔

آروغ (آ۔روغ) (ف۔ا۔مث) ڈکار۔

آروہی (س۔ا۔مث) (موسیقی) سُروں کا چڑھاؤ۔

آرہنا (اُر۔مص مُرکّب) آ کے تحت دیکھیے۔

آری (ہ۔ا۔مث) آرا کی تصغیر۔لکڑی چیرنے کا ایک اوزار۔جمع: آریاں۔آریوں۔

آرے (ف۔کلمہ ایجاب) بے شک۔ہاں۔

آرے بلے کرنا (اُر۔محاورہ) ہاں ہاں کرنا۔ٹالنا۔ٹالے بالے کرنا۔

آرے (ہ۔ا۔مذ) (۱) آرا کی جمع (۲) آرا کی مُغیّرہ صورت۔

آرے چلنا (اُر۔محاورہ) جان پر بننا۔مصیبت اُٹھانا۔

آریا (آ۔ریا) (س۔ا۔مذ) (۱) بُزرگ۔مُعزّز (۲) ایک قدیم قوم جس کی نسل کے لوگ پاک و ہند، ایران اور یورپ میں آباد ہیں (۳) کاشت کار۔کھیتی کرنے والا۔ڈھور چرانے والا۔

آریا سماج (ہ۔ا۔مذ) (۱) آریا مذہب یا آریا لوگوں کے اعتقاد و طریق پر چلنے والی ہندو جماعت (۲) پنڈت دیانند سرسوتی کی پیرو جماعت۔

آریاورت (س۔ا۔مذ) آریاؤں کے رہنے کی جگہ۔دریائے جمنا اور گنگا کا وسطی علاقہ (۲) شمالی ہندوستان۔

آ۔ڑ

آڑ (ہ۔ا۔مث) (۱) اوٹ۔بچاؤ۔پناہ (۲) مددگار۔ضامن (۳) ٹیکن۔سہارا (۴) اٹکاؤ۔باڑھ (۵) ممانعت۔مناہی۔روک۔

آڑبند (آڑبندن) (ہ۔ا۔مذ) ایک کپڑا جو دھوتی کی طرح لپیٹ کر آگا پیچھا ڈھکنے کو باندھتے ہیں۔ایک قسم کا لنگوٹ۔کاچھا۔کچھا۔لنگر۔

آڑ باندھنا (اُر۔محاورہ) اوٹ کرنا۔پردہ ڈالنا۔

آڑ پکڑنا (اُر۔محاورہ) اوٹ میں آنا۔سہارا لینا۔پناہ لینا (۲) بہانہ کرنا۔

آڑ توڑنا (اُر۔محاورہ) پردہ اُٹھا دینا۔حجاب توڑنا۔

آڑ ڈھونڈنا (اُر۔محاورہ) پناہ چاہنا۔بچاؤ تلاش کرنا۔

آڑ کرنا (اُر۔محاورہ) پردہ کرنا۔

آڑ لینا (اُر۔محاورہ) پناہ لینا۔

آڑ میں آجانا (اُر۔محاورہ) اوٹ میں آجانا۔

آڑ میں آنا (اُر۔محاورہ) مداخلت کرنا۔درمیان میں آنا۔بیچ میں پڑنا۔سدِّراہ ہونا۔راستے میں آنا۔

آڑ ہونا (اُر۔محاورہ) حجاب ہونا۔اوٹ ہونا۔پردہ ہونا۔

آڑا (ہ۔صف) (۱) ترچھا۔ٹیڑھا۔کج۔اُریب۔اُریباں (۲) (مذ) ایک دھاری دار کپڑا۔

آڑا اُتارنا (اُر۔محاورہ) (۱) کپڑے کو ترچھا پھاڑنا (۲) پتنگ کو ہوا کے رُخ سے بچا کر اُتارنا۔

آڑا پاجامہ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا چوڑی دار تنگ پاجامہ۔

آڑا ترچھا (اُر۔صف) ٹیڑھا۔بانکا۔

آڑا ترچھا ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) ٹیڑھا ہونا (۲) تُرش رُو ہونا۔بگڑنا۔ناراض ہونا۔خفا ہونا۔

آڑا چوتالا (ہ۔ا۔مذ) موسیقی کی ایک تال۔

آڑا گوڑی (ہ۔ا۔مث) کشتی کا ایک پیچ۔حریف کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ اڑا کر اس کا پاؤں زمین سے اُکھاڑ دینا۔ٹنگڑی مار کر گرا دینا۔

آڑا ہونا (اُر۔محاورہ) ٹیڑھا ہونا۔ترچھا ہونا (۲) مُنھ پھیرنا۔اوندھا ہونا۔

آڑو (آ۔ڑو) (ہ۔ا۔مذ) ایک گول، نوکیلا یا چپٹا سُرخی مائل سبز پھل۔اس کا وطن چین ہے۔

آڑھت (آ۔ڑھت) (ہ۔ا۔مث) (۱) دُکان یا کوٹھی جہاں سوداگروں کا مال کمیشن لے کر بیچا جاتا ہے (۲) دلالی۔دستوری۔ایجنسی۔کمیشن۔جمع: آڑھتوں۔آڑھتیں۔

آڑھتی (آڑھتیا) (آڑھ۔تی) (آ۔ڑھت۔یا) (ہ۔ا۔مذ) آڑھت کی دُکان کرنے والا۔کمیشن پر لوگوں اور بیوپاریوں کا مال بیچنے والا۔تھوک فروش۔جمع: آڑھتی۔آڑھتیوں۔

آڑی (ہ۔ا۔مذ) (۱) حمایتی۔مددگار (۲) جب لڑکے دو جماعتیں بنا کر کھیلتے ہیں تو ہر جماعت کا ایک سردار ہوتا ہے۔باقی اُس کے آڑی کہلاتے ہیں (۳) (صف) آڑا کی تانیث۔ٹیڑھی۔کج۔ترچھی۔

آڑی بیل (ہ۔ا۔مث) ترچھی بیل جو عورتیں اپنے کپڑوں میں لگاتی یا کاڑھتی ہیں۔

آڑی ترچھی سُنانا (اُر۔محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔

آڑی کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) زرکوبی کی اِصطلاح میں طولاً ورق کوٹ کر عرضاً کوٹنا (۲) کھیل میں دوست بنانا۔

آڑی گوٹ (اُر۔ا۔مث) ترچھی تراش کی گوٹ۔

آڑی ہیکل (اُر۔ا۔مث) ایک زیور کا نام جو گلے میں بدھی کی طرح پہنا جاتا ہے۔

آ۔ز

آز (ف۔ا۔مث) حرص۔طمع۔لالچ۔

آزاد (ف۔صف) (۱) بری۔رُستگار (۲) خودمختار۔فارغ (۳) بے غم۔بے قید جو کسی کا پابند نہ ہو۔غلام کی ضد۔جمع: آزادگان (۴) سرو کی ایک قسم۔سروِ آزاد۔

آزاد بندرگاہ (اُر۔ا۔مذ ومث) ایسی بندرگاہ جو کسٹم کے قواعد و ضوابط اور دیگر محصولات سے آزاد ہو۔اشیا پر محصول صرف اُس وقت لگایا جاتا ہے جب وہ آزاد بندرگاہ سے مُلک کے اندرونی حصّوں میں مُنتقل کی جائیں۔(Free Port)۔

آزادرو (آزادہ رَو) (ف۔صف) آزاد طبیعت والا (۲) وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہ ہو۔خودمختار۔بے تعصّب (۳) فقیر (۴) نڈر۔بے خوف۔

آزاد طبع (ف۔ع۔صف) وہ شخص جس کی طبیعت میں آزادی ہو (۲) بے خوف طبیعت رکھنے والا۔صاف گو۔

آزاد کا سونٹا (اُر۔ا۔مذ) آزاد فقیر کا ڈنڈا (۲) مُنہ پھٹ۔اکھڑ۔بے باک۔

آزاد کا قشقہ (اُر۔ا۔مذ) ماتھے پر آزاد فقیر ہونے کی نشانی۔آزاد فقیر ماتھے پر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

الف بنا لیتے ہیں۔

آزاد کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) رہا کرنا۔ چھٹکارا دینا۔ خلاصی دینا (۲) نوکری سے جواب دینا۔ موقوف کرنا۔ رُخصت کرنا۔ نکال دینا۔

آزاد لوگ (اُر۔ ا۔ مذ) آزاد فقیروں کا گروہ (۲) کسی قید کی پابندی نہ کرنے والے۔

آزاد مرد (ف۔ ا۔ مذ) نڈر۔ بے خوف۔ کھرا اور صاف گو آدمی۔

آزاد منش (مَ۔ نِش)(ف۔ صف) وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہ ہو۔ وہ شخص جو کسی سے لاگ لپیٹ نہ رکھے۔ صاف گو۔ آزاد طبع۔

آزاد نامہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ نوشتہ یا دستاویز جو غلام کی آزادی کے لئے لکھی جائے۔

آزاد ہونا (اُر۔ مص مُرکب)(۱) چھوٹنا۔ رہا ہونا۔ بری ہونا (۲) خود مختار ہونا (۳) بے پروا ہونا۔ بے شرم ہونا۔ بے ادب ہونا۔

آزادانہ (آ۔ زا۔ دا۔ نَہ)(ف۔ صف)(۱) آزاد کی طرح (۲) آزادی کے ساتھ۔ کسی روک ٹوک کے بغیر۔ بے باکانہ۔

آزادانہ رائے (ف۔ ع۔ ا۔ مث) وہ رائے جس میں کسی کی طرفداری یا دباؤ نہ ہو۔ بے تعصب رائے۔

آزادانہ وضع (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) آزاد فقیروں کا طور طریق (۲) اوباشوں کی وضع۔

آزادگی (آ۔ زا۔ دَ۔ گی)(ف۔ ا۔ مث) آزادی۔ رہائی۔ آزادہ کا اسم کیفیت۔

آزادہ (آ۔ زا۔ دَہ)(ف۔ صف) آزاد۔ قید سے چھوٹا ہوا۔

آزادہ مزاجی (ف۔ ا۔ مث) طبیعت کی سادگی۔ بے تکلفی۔ بے پروائی۔

آزادی (ف۔ ا۔ مث)(۱) رہائی۔ چھٹکارا (۲) خود مختاری۔ بااختیاری۔ بے پروائی۔

آزادی کا (خط) کاغذ (اُر۔ ا۔ مذ) رہائی کا پروانہ۔

آزار (ف۔ ا۔ مذ)(۱) بیماری۔ دُکھ۔ مرض (۲) تکلیف۔ سختی۔ بپتا۔ جنجال۔ بکھیڑا۔ اُردو جمع: آزار۔ آزاروں۔

آزار اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) صدمہ برداشت کرنا۔ دُکھ جھیلنا۔

آزار پہنچانا (اُر۔ محاورہ) دُکھ دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ ستانا۔

آزار پہنچنا (اُر۔ محاورہ) تکلیف پہنچنا۔ ستایا جانا۔

آزار پھیلنا (اُر۔ محاورہ) کسی بیماری کا بڑھنا۔

آزار پیدا ہونا (اُر۔ محاورہ) روگ لگنا۔

آزار دینا (اُر۔ محاورہ) دُکھ دینا۔ تکلیف دینا۔

آزار لگنا (اُر۔ محاورہ) بیماری لگنا۔ عذاب لگنا۔ جنجال لگنا۔

آزاری (ف۔ لاحقہ) تکلیف پہنچانا۔ دُکھ دینا۔ مُرکبات میں مستعمل ہے جیسے دل آزاری۔

آزر (آ۔ زَر)(ع۔ ا۔ مذ) حضرت ابراہیمؑ کے چچا کا نام جو بت پرست، بت تراش اور بُت فروش تھا۔

آزردگی (آ۔ زُر۔ دَ۔ گی)(ف۔ ا۔ مث)(۱) خفگی۔ ناخوشی۔ ناراضی (۲) بگاڑ۔ رنجش۔ ملال (۳) اُداسی۔ غم گینی۔

آزردہ (آ۔ زُر۔ دَہ)(ف۔ صف) ناراض۔ ناخوش۔ خفا۔ رنجیدہ۔ جمع: آزردگان۔

آزردہ خاطر (ف۔ صف) اُداس۔ غمگین۔ خفا۔ رنجیدہ۔

آزردہ کرنا (اُر۔ محاورہ) خفا کرنا۔ ناراض کرنا۔ دل دُکھانا۔

آزردہ ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) ناخوش ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ خفا ہونا (۲) مایوس ہونا۔

آزری (آ۔ زَ۔ ری)(ف۔ ع۔ صف) آزر سے منسوب (۲)(ف۔ ع۔ ا۔ مث) بُت تراشی۔

آزُقہ (آزوقہ) (آ۔ زُ۔ قَہ)(آ۔ زُو۔ قَہ)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) آب و دانہ (پانی اور دانہ) کا مخفف۔ تھوڑی سی غذا (۲) کم تنخواہ (۳) پرند کا چوگا۔

آزما (ف۔ صف) فارسی مصدر آزمودن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور آزمانے والا' اِمتحان کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے صبر آزما۔ طالع آزما۔

آزمانا (اُر۔ مص) جانچنا۔ اِمتحان کرنا۔ پرکھنا۔

آزمایش (آز۔ ما۔ یِش)(ف۔ ا۔ مث) جانچ پڑتال۔ اِمتحان۔ تجربہ۔ اُردو جمع: آزمایشوں۔ آزمایشیں۔

آزمایش کرنا (اُر۔ مص مُرکب) آزمانا۔ پرکھنا۔ جانچنا۔

آزمایشی (آز۔ ما۔ یِ۔ شی)(ف۔ صف) اِمتحانی۔ تجرباتی۔

آزمودہ (آز۔ مو۔ دَہ)(ف۔ صف) مجرب۔ تجربہ کیا ہوا۔ جانچا ہوا۔ آزمایا ہوا۔ اِمتحان کیا ہوا۔ پرکھا ہوا۔

آزمودہ را آزمودن جہل است (ف۔ مثل) آزمائے ہوئے کو آزمانا جہالت ہے۔

آزمودہ کار (ف۔ صف)(۱) تجربہ کار۔ ہوشیار۔ ہنرمند۔ پختہ کار۔ گُرانٹ (۲) عقلمند۔ چالاک۔ مستعد۔

آزو بازو (ق۔ متعلق فعل) آس پاس۔ اِدھر اُدھر۔

آزوقہ۔ دیکھئے آزُقہ۔

آ۔س

آس (ہ۔ ا۔ مث)(۱) آشا۔ اُمید (۲) خواہش۔ آرزو (۳) آسرا۔ بھروسا۔ سہارا (۴) عمل۔

آس اولاد (اُر۔ ا۔ مث) بال بچے۔ بیٹا بیٹی۔

آس اولاد والی (اُر۔ صف) صاحب اولاد عورت۔ بچوں والی عورت۔

آس باندھنا (اُر۔ محاورہ) اُمید کرنا۔ آسرا لگانا۔

آس بندھنا (اُر۔ محاورہ) اُمید بندھنا۔ توقع ہونا۔

آس بیگانی جو تکے وہ جیوت ہی مر جائے (ہ۔ مثل) جو شخص دُوسروں کا سہارا ڈھونڈتا ہے وہ جیتے جی مر جاتا ہے (۲) پرائے بھروسے پر زندہ رہنے سے مر جانا بہتر ہے۔

آس پُجنا (اُر۔ محاورہ) اُمید بر آنا۔ مُراد حاصل ہونا۔

آس پوری ہونا (اُر۔ محاورہ) اُمید پوری ہو جانا۔ کام بن جانا۔

آس تجنا (اُر۔ محاورہ) اُمید چھوڑ دینا۔ آرزو سے ہاتھ دھولینا۔

آس تکنا (اُر۔ محاورہ)(۱) اِنتظار کرنا۔ اُمیدوار ہونا (۲) راہ دیکھنا۔

آس توڑنا (اُر۔ محاورہ) نااُمید کرنا۔ مایوس کرنا۔

آس ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) نااُمید ہونا۔ مایوس ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آس چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) نااُمید ہونا۔ مایوس ہونا۔
آس چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) مایوس ہونا۔ ہاتھ دھو بیٹھنا۔
آس دینا (اُر۔ محاورہ) اُمید دِلانا۔ ڈھارس بندھانا۔
آس (رکھنا) کرنا (اُر۔ محاورہ) بھروسا رکھنا۔ اُمید رکھنا۔
آس لگانا (اُر۔ محاورہ) اُمید باندھنا۔ پُراُمید ہونا۔
آس مُراد (اُر۔ اِ۔ مث) (۱) آل اولاد (۲) دھن دولت۔
آس مُراد والی (اُر۔ صف۔ مث) (۱) آل اولاد والی (۲) دھن دولت والی (۳) صاحبِ نصیب عورت۔
آس ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) اُمید ہونا۔ بھروسا ہونا۔ اِطمینان ہونا (۲) حمل ہونا۔
آس (ف۔ اِ۔ مث) (۱) مُخفف۔ تاش کا پتّا (۲) آسیا کا مخفف۔ چکّی۔
آس بی بی (اُر۔ اِ۔ مث) عورتیں اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کو کہتی ہیں (چکی والی بی بی)
آسا (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) آشا۔ اُمید۔ بھروسا (۲) (صف) اُمیدوار۔
آسا جئے نراسا مرے (ہ۔ مثل) اِنسان اُمید کے سہارے جیتا ہے اور مایوسی سے مرجاتا ہے۔
آسا (ف۔ حرفِ تشبیہ) مانند۔ مثل۔
آساڑھ۔ دیکھئے اساڑھ۔
آسامی۔ دیکھئے اسامی۔
آسان (ف۔ صف) سہل۔ سہج۔ مشکل کی ضِد۔
آسان (کردینا) کرنا (اُر۔ مص مُرکب) سہل کردینا۔ مشکل دُور کردینا۔
آسان ہونا (اُر۔ مص مُرکب) سہل ہونا۔ سہج ہونا۔ مشکل رفع ہونا۔
آسانی (ف۔ اِ۔ مث) سہولت۔ سہج پن۔ بلاوقت (۲) آرام۔ آسائش۔ راحت۔
آسایش (آ۔ سا۔ یش) (ف۔ اِ۔ مث) راحت۔ آرام۔ سُکھ۔ چین۔ اُردو جمع: آسائشوں۔ آسائشیں۔
آس پاس (ہ۔ متعلق فعل) (۱) اِردگرد۔ قرب وجوار۔ پاس پڑوس۔ گردوپیش۔ اغل بغل۔
آس پاس برسے دِلّی پڑی ترسے (اُر۔ مثل) اغیار فائدہ اُٹھائیں اور حقدار محروم رہیں۔
آس پاس پھرنا (اُر۔ محاورہ) چوگرد پھرنا۔ طواف کرنا۔ صدقے جانا۔
آس پاس ہونا (اُر۔ محاورہ) اِردگرد ہونا۔ نزدیک ہونا۔
آستا (ق۔ اِ۔ مذ) آسرا۔
آستان (آستانہ) (آس۔ تان) (آس۔ تا۔ نہ) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) چوکھٹ ڈیوڑھی۔ دروازہ (۲) بزرگوں کے مزار (روضے) کا دروازہ۔ اُردو جمع: آستانوں۔ آستانے۔
آستان بوس (ف۔ صف) چوکھٹ چومنے والا۔ معتقد۔ عقیدت مند۔ خادم۔
آستان بوسی (ف۔ اِ۔ مث) چوکھٹ چومنا (۲) غلامی۔ خدمت گاری (۳) کسی بزرگ کے نیاز حاصل کرنا۔

آستائی (آس۔ تا۔ اِی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) کسی گیت کا اِبتدائی ٹکڑا (۲) خیال کو بھی آستائی کہتے ہیں۔
آستین (آس۔ تین) (ف۔ اِ۔ مث) شیروانی' کوٹ' کُرتے یا قمیص وغیرہ کی بانہہ۔ اُردو جمع: آستینوں۔ آستینیں۔
آستین چڑھانا (اُر۔ محاورہ) آستین اوپر کھینچنا (۲) کام کے لئے مستعد ہونا۔ (۳) لڑنے مرنے کو تیار ہونا (۴) ذبح کرنے پر آمادہ ہونا۔
آستین کا سانپ (اُر۔ اِ۔ مذ) چُھپا دُشمن۔ دوستی کے پردے میں دُشمنی کرنے والا۔
آستین میں سانپ پالنا (اُر۔ محاورہ) دُشمن کی پرورش کرنا۔ اپنے بدخواہ کو اپنے پاس رکھنا۔
آسٹریلیا (Australia) (لاط۔ اِ۔ مذ) لغوی معنی جنوبی سرزمین۔ دُنیا کا سب سے چھوٹا براعظم' سب سے بڑا جزیرہ اور ایک پارلیمانی وفاقی مملکت۔
آسٹریلوی (آسٹریلیائی) ((Australian) کا مورّد۔ صف) آسٹریلیا سے منسوب۔ آسٹریلیا کا (کی)۔
آسرا (آس۔ را) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) سہارا۔ بھروسا۔ آس۔ اُمید (۲) وسیلہ۔ توقع۔
آسرا پکڑنا (اُر۔ محاورہ) سہارا لینا۔ بھروسا کرنا۔ اُمید کرنا۔
آسرا تکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سہارا ڈھونڈنا۔ پناہ چاہنا۔
آسرا ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) اُمید ختم ہونا۔ سہارا نہ رہنا۔
آسرا دینا (اُر۔ محاورہ) سہارا دینا۔ اُمید دلانا۔
آسرا ڈھونڈنا (اُر۔ محاورہ) سہارا تلاش کرنا۔
آسرا کرنا (اُر۔ محاورہ) اُمید کرنا۔ توقع کرنا۔
آسرا لگانا (اُر۔ محاورہ) اُمید باندھنا۔
آسرا لینا (اُر۔ محاورہ) پناہ لینا۔ حمایت چاہنا۔ مدد ڈھونڈنا۔
آسرا ہونا (اُر۔ محاورہ) اُمید ہونا۔ بھروسا ہونا۔ سہارا ہونا۔
آسمان (آس۔ مان) (ف۔ اِ۔ مذ) آس: آسیا بمعنی چکّی کا مخفف۔ مان: مانند کا مخفف۔ چکّی کی مانند (۲) فلک۔ چرخ۔ گردوں۔ آکاش۔ زمین کی فضا۔ فضائے بسیط کی وہ اِنتہا جہاں ہماری نظر جاکر ٹھہر جاتی ہے۔ (پرانے زمانے میں زمین کو ساکن اور آسمان کو متحرک مانتے تھے۔ اِس لئے آسمان نام ہوگیا۔ جیسے چکّی کے اوپر کا پاٹ گھومتا ہے اور نیچے کا ساکن ہوتا ہے)۔ اُردو جمع: آسمان۔ آسمانوں۔
آسمان پر اُڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) اِترانا۔ غرور کرنا۔ شیخی مارنا (۲) بلند پروازی کرنا۔
آسمان پر تھوکنا (اُر۔ محاورہ) ایسی حرکت کرنا جس سے اپنی ہی ذلت ظاہر ہو۔ بے ہودہ اور بے فائدہ کام کرنا (۲) بڑوں کا منہ چڑانا۔
آسمان پر چڑھا کے اُتارنا (اُر۔ مثل) عزت بڑھا کے گھٹانا۔
آسمان پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) سربلند کرنا۔ مرتبہ بڑھانا (۲) حد سے زیادہ تعریف و توصیف کرنا (۳) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
آسمان پر دماغ کھینچنا (اُر۔ محاورہ) غرور کرنا۔ اپنے کو بہت بڑا سمجھنا۔
آسمان پر قدم رکھنا (اُر۔ محاورہ) ڈون کی لینا۔ شیخی مارنا (۲) غرور کرنا۔
آسمان پر ہونا (اُر۔ محاورہ) بلند مرتبہ ہونا (۲) خودپسند ہونا۔ مغرور ہونا۔
آسمان پھٹ پڑنا (اُر۔ محاورہ) قہرِ الٰہی نازل ہونا۔ سخت مصیبت پڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آسمان تھرّانا (اَر۔ محاورہ)(۱) شدید ظلم ہونا (۲) سانحہ عظیم ہونا۔
آسمان ٹل جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) آسمان کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ امرِ محال ہونا (۲) ناممکن انقلاب ہو جانا۔
آسمان (ٹوٹ پڑنا) ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ) سخت آفت آنا۔ سخت مُصیبت پڑنا۔ غضبِ الٰہی نازل ہونا۔
آسمان جاہ (ف۔ صف)(۱) آسمان کی طرح بلندی والا۔ آسمان کی اونچائی والا۔ (۲) بہت عزّت والا۔ بڑے رُتبے والا۔
آسمان جھانکنا (اَر۔ محاورہ)(۱) اُڑنے کا ارادہ کرنا (۲) مرغ کا لڑنے کے لئے تیار ہونا اور غرور سے آسمان کی طرف دیکھنا۔
آسمان دیکھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) نااُمیدی یا مجبوری کی حالت میں آسمان کی طرف نظر اُٹھانا (۲) حتلی کی حالت میں عورتیں اوپر دیکھنے کو کہتی ہیں تاکہ طبیعت دُوسری طرف متوجہ ہو جائے۔
آسمان زمین ایک (کر دینا) کر ڈالنا (اَر۔ مثل) دیکھئے زمین آسمان ایک۔
آسمان زمین ایک ہونا (اَر۔ محاورہ) بڑا تغیرّ ہونا۔ زمانہ اُلٹ پلٹ ہو جانا۔ سخت مُصیبت پڑنا۔
آسمان زمین کا فرق (اَر۔ محاورہ) بہت بڑا فرق۔
آسمان زمین کے قلابے ملانا (اَر۔ محاورہ)(۱) اِنتہا درجے کی کوشش کرنا (۲) بہت جھوٹ بولنا۔ گپ مارنا۔
آسمان زمین میں دھوم پڑنا (مچنا) (اَر۔ محاورہ) دُنیا بھر میں مشہور ہونا۔
آسمان زمین میں سنّاٹا چھاجانا (ہو جانا) (اَر۔ محاورہ) ہر طرف خاموشی چھاجانا۔ ہمہ تن گوش ہو جانا۔
آسمان زمین ہلا دینا (اَر۔ محاورہ) ہل چل ڈال دینا۔ طوفان برپا کر دینا۔
آسمان سر پر اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) بہت غل مچانا۔ اودھم مچانا۔
آسمان سے آگ برسنا (اَر۔ محاورہ) سخت گرمی پڑنا۔
آسمان سے اُترنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کا نہایت عُمدہ ہونا (۲) کوئی نیا مضمون ذہن میں آنا۔
آسمان سے باتیں کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) نہایت بلند ہونا (۲) بہت مغرور ہونا۔
آسمان سے ٹکر کھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) بہت اونچا ہونا۔
آسمان سے ٹکر لینا (اَر۔ محاورہ) زبردست کا مقابلہ کرنا (۲) بہت بلند ہونا۔
آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا (اَر۔ مثل)(۱) اونچی سرکار سے کام نکل گیا مگر معمولی اہلِ کار کی مخالفت سے رُک گیا (۲) ایک مُصیبت سے چھوٹا دُوسری میں جا پھنسا۔
آسمان سے گرنا (اَر۔ محاورہ) اونچے مرتبے سے گرنا (۲) مُفت ہاتھ آنا۔ بے وقعت ہونا۔
آسمان قدر (ف۔ ع۔ صف) نہایت بلند مرتبہ۔ عالی جاہ۔ عالی شان۔
آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر آتا ہے (اَر۔ مثل) کسی نیک آدمی پر اِلزام لگانے سے اپنی ہی ذلت ہوتی ہے۔
آسمان کا رکھانہ زمین کا (اَر۔ مثل) غارت کر دیا۔ برباد کر دیا۔ کہیں کا نہ رکھا۔
آسمان کا رنگ بدلنا (اَر۔ محاورہ) اِنقلاب آنا۔ حالات تبدیل ہونا۔

آسمان کھونچا (اَر۔ ا۔ مذ) اونچی چیز۔ (مزاحاً) لمبا آدمی (۲) ایک طرح کا حقہ جس کی نَے کوٹھے تک پہنچتی ہے۔
آسمان کھا گیا یا زمین (نگل گئی) (اَر۔ مثل) خُدا جانے کہاں غائب ہو گئی۔ بہت تلاش کے بعد چیز کے نہ ملنے پر کہا جاتا ہے۔
آسمان کی باتیں (اَر۔ ا۔ مث) سمجھ میں نہ آنے والی باتیں۔
آسمان کی چیل زمین کی اصیل (اَر۔ مثل) بہت چالاک عورت جو ایک جگہ نہ ٹکے اور دوڑ دوڑ کر کام کرے۔
آسمان کی خبر لانا (اَر۔ محاورہ) بہت اونچا ہونا۔ بہت بلند پروازی کرنا۔
آسمان کی سُوجھنا (اَر۔ محاورہ) دُور کی سُوجھنا۔
آسمان کی سیر کرنا (اَر۔ محاورہ) خیالات کا دُور تک پہنچنا۔ عموماً اُس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی شخص نشے کی حالت میں ہو۔
آسمان کے تارے توڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) ناممکن کام کرنا۔ نہایت سخت اور مشکل کام میں کامیاب ہونا۔
آسمان میں تھگلی لگانا (اَر۔ محاورہ) آسمان میں پیوند لگانا۔ جہاں کوئی نہ پہنچے وہاں پہنچنا (۲) عیّاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔
آسمان میں چھید کرنا (اَر۔ محاورہ) نہایت عیّاری اور چالاکی کرنا۔
آسمان میں چھید ہو جانا (اَر۔ محاورہ) لگاتار مینہ برسنا۔ دھواں دھار مینہ برسنا۔ چھاجوں مینہ پڑنا۔ موسلادھار بارش ہونا۔
آسمان نہ پھٹ پڑے (اَر۔ محاورہ) قیامت نہ آ جائے۔ عذاب نازل نہ ہو جائے۔ بہت ظلم اور گُناہ ہونے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
آسمان ہلا دینا (اَر۔ محاورہ) آہ و زاری کا اثر ہونا۔ بہت زور سے چیخنا چلّانا۔
آسمانی (آس۔ ما۔ نی)(ف۔ صف)(۱) آسمان کا۔ آسمان کی طرف منسوب (۲) مثلِ آسمان۔ نیلگوں۔ آبی۔ نیلا۔ ہلکا نیلا (۳) اوپری۔ بالائی (۴) ناگہانی۔ اچانک۔ اتفاقیہ (۵)(مث) بھنگ۔ شراب۔ تاڑی (۶) بلندی (ق)۔
آسمانی آفت (بلا) (ف۔ ع۔ ا۔ مث) ناگہانی بلا۔ قہرِ خُداوندی۔ وہ مُصیبت جو خُدا کی طرف سے آئے۔
آسمانی پلانا (اَر۔ محاورہ) بھنگ یا تاڑی پلانا۔ نشہ پلانا۔
آسمانی تیر (اَر۔ ا۔ مذ) ہوائی تیر (۲) بے فائدہ اور بے ہودہ کام۔ وہ کام جس کا نتیجہ کچھ اچھا نہ ہو۔
آسمانی دھکّا (اَر۔ ا۔ مذ) غیبی صدمہ۔ بلائے ناگہانی۔
آسمانی رنگ (ف۔ ا۔ مذ) آسمان کے رنگ کا۔ نیلا رنگ۔ آبی رنگ۔ ہلکا نیلا رنگ۔
آسمانی کتاب (ف۔ ع۔ امث) کتابِ الٰہی۔ وہ کتاب جو خُدا تعالیٰ کی طرف سے پیغمبروں پر نازل ہوئی ہو۔ توریت۔ زبور۔ انجیل اور قرآن۔
آسمانی گولا (ف۔ اَر۔ ا۔ مذ) وہ صدمہ جس کا وقت معلوم نہ ہو۔ قہرِ الٰہی۔ (۲) برف اولے وغیرہ جن سے اچانک صدمہ پہنچے۔
آسَن (آ۔ سَن)(س۔ ا۔ مذ)(۱) بیٹھک (۲) بیٹھنے کی حالت (۳) ران کے نیچے کا حصّہ (۴) ران۔ جانگھ (۵) ڈبھ یا اون کی بنی ہوئی چیز مثل کمبل یا بستر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جس پر ہندو لوگ پوجا پاٹ کرتے وقت بیٹھتے ہیں (۶) جوگیوں کے بیٹھنے کا ڈھنگ۔ جوگیوں کی چوراسی بیٹھکیں (۷) سادھ ۔ وہ جگہ جہاں جوگی رہتے ہیں اور جوگ رماتے ہیں (۸) مباشرت کرنے کا طریقہ۔ جماع کی بیٹھک۔ وہ چھتیس طریقے جو کوک شاستر میں لکھے ہیں (۹) سوار کے بیٹھنے کا طریقہ۔ گھوڑے پر جمنے کا ڈھنگ (۱۰) ہاتھی کی وہ جگہ جہاں مہاوت بیٹھتا ہے۔ جمع: آسن۔ آسنوں۔

آسن اُکھڑنا (اَر۔ محاورہ) سوار کا اپنی جگہ سے ٹل جانا۔ گھوڑے پر جمانہ رہنا۔ ران نہ جمنا۔

آسن باندھنا (اَر۔ محاورہ) رانیں جکڑنا۔ رانوں میں کسنا۔ دونوں رانوں کے بیچ میں دبالینا۔ زانوؤں میں بھینچنا۔

آسن تلے آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ران تلے آنا۔ سواری تلے آنا۔ سواری دینا (۲) جسم کا بوجھ اُٹھانا (۳) اطاعت میں آنا۔ تابع ہونا۔ فرمانبرداری کرنا۔ بس میں آنا۔ قابو میں آنا۔

آسن جلنا (اَر۔ محاورہ) ایک طرح بیٹھے بیٹھے ران یا زانو میں گرمی پیدا ہوجانا۔

آسن جمانا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا (۲) کسی جگہ قیام کرنا۔ رہنے لگنا (۳) قابو میں کرنا۔ قبضے میں لانا۔

آسن جمنا (اَر۔ محاورہ) ران جمنا۔ گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔

آسن جوڑنا (آسن سے آسن جوڑنا) (اَر۔ محاورہ) رانوں کے بل بیٹھنا۔ ران سے ران ملا کر بیٹھنا۔

آسن ڈگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) عبادت کی بیٹھک سے اُٹھا دینا (۲) تپسیا سے دل اُچاٹ کر دینا۔ نیت میں فرق ڈالنا۔

آسن لگانا (گانٹھنا) (اَر۔ محاورہ) جوگیوں کا اڑ کر بیٹھنا (۲) بستر جمانا۔ بسرام کرنا۔ رات گزارنا۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔

آسن لینا (اَر۔ محاورہ) ٹانگیں اُٹھانا (۲) رانوں میں دبانا۔

آسن (مارنا) مار کر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) جوگیوں کا عبادت کے واسطے بیٹھنا۔ کسی جگہ جم کر بیٹھنا (۲) ایک ہی بیٹھک سے بیٹھنا (۳) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ چار زانو بیٹھنا (۴) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔

آسنی (آس۔نی) (ھ۔ا۔مث) گھاس کی بنی ہوئی چھوٹی چٹائی (۲) ریشمی یا اُونی کپڑا جس پر بیٹھ کر عبادت کی جاتی ہے (۳) فقیروں کے بیٹھنے کا بستر۔

آسُودگان (آ۔سُو۔دَ۔گان) (ف۔صف) آسُودہ کی جمع۔

آسُودگانِ خاک (ف۔صف۔مذ) خاک میں آرام کرنے والے۔ اہلِ قبور۔ مرحومین۔ مُردے۔

آسُودگی (آ۔سُو۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) امن وامان۔ چین۔ آرام۔ راحت (۲) دولت مندی۔ مُرفّہ الحالی۔ فارغ البالی۔

آسُودہ (آ۔سُو۔دہ) (ف۔صف) (۱) مطمئن (۲) خوشحال۔ دولت مند (۴) مدفون۔ مرحوم۔ جمع: آسودگان۔

آسُودہ حال (خاطر۔دل) (ف۔صف) خوش حال۔ مالدار۔ امیر۔ بے فکر۔

آسُودہ ہونا (اَر۔ محاورہ) دولت مند ہونا۔ فارغ البال ہونا۔

آسیا (آ۔سِ۔یا) (آس۔یا) (ف۔ا۔مث) چکی۔ آٹا پیسنے کی کل۔

آسیاب (ف۔ا۔مث) آسیائے آب کا مخفف۔ پن چکی۔

آسیائے باد (ف۔ا۔مث) ہوا سے چلنے والی چکی۔ پون چکی۔

آسیانہ (ف۔ا۔مذ) وہ پتھر جس پر ہتھیار کی دھار تیز کی جاتی ہے۔ فسان۔ سان۔

آسیب (آ۔سیب) (بیائے مجہول) (ف۔ا۔مذ) (۱) صدمہ (۲) نقصان (۳) خوف (۴) دُکھ۔ آزار۔ تکلیف۔ الم۔ مُصیبت (۵) جن۔ پری۔ دیو۔ پریت۔ اُردو جمع: آسیب۔ آسیبوں۔

آسیب آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) صدمہ پہنچنا۔ آفت آنا۔ ضرر پہنچنا۔ چوٹ لگنا۔ (۲) جن بُھوت کا ستانا۔

آسیب اُتارنا (اَر۔ محاورہ) جن اُتارنا۔ بُھوت بھگانا۔ منتر یا علم کے زور سے جن کو دفع کرنا۔

آسیب پہنچانا (اَر۔ محاورہ) نقصان پہنچانا۔ تکلیف دینا۔

آسیب پہنچنا (اَر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ نقصان پہنچنا۔

آسیب زدہ (ف۔صف) آسیب کا مارا ہوا۔ بُھوت پریت یا جن و پری کا ستایا ہوا۔

آسیب سر پر چڑھنا (اَر۔ محاورہ) جن بُھوت کا اثر ہونا۔

آسیب سر سے اُتارنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آسیب اُتارنا۔

آسیب کا اثر (خلل۔ دخل) (اَر۔ا۔مذ) جن بُھوت کا اثر۔ پری کا سایہ۔

آسیب کا سر پر کھیلنا (اَر۔ محاورہ) عوام کا قاعدہ ہے کہ جب آسیب کسی کا پیچھا نہیں چھوڑتا تو آسیب زدہ کے سامنے پُھول اور خوشبو رکھ کر اور بخور سلگا کر گانا سُنواتے ہیں۔ اُس وقت آسیب زدہ خوب سر ہلاتا اور کھیلتا اُچھلتا ہے۔

آسیبی (آ۔سے۔بی) (ف۔صف) (۱) آسیب سے متعلق (۲) وہ شخص یا مقام جس پر آسیب کا اثر ہو۔ آسیب زدہ۔

آسیبی مکان (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں بُھوت پریت وغیرہ کا گزر ہو۔

آسیہ (آ۔سِ۔یَہ) (ع۔ا۔مث) فرعون کی بیوی جنھوں نے حضرت موسیٰؑ کی پرورش کی اور جو آپؑ پر ایمان لے آئی تھیں۔

آ ـ ش

آش (ف۔ا۔مث) حریرہ۔ شوربا۔ پتلی غذا۔

آش پُلاؤ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا جو کا پلاؤ جو مریض کو دیا جاتا ہے۔

آشِ جو (ف۔ا۔مذ) جو کا جوش دیا ہوا پانی۔

آشا (س۔ا۔مث) اُمید۔ آرزو۔ تمنّا۔ خواہش۔ نیز دیکھئے آسا۔

آشام (ف۔صف) فارسی مصدر آشامیدن کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پینے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خون آشام۔

آشتی (آش۔تی) (ف۔ا۔مث) صُلح۔ دوستی۔ اتفاق۔ میل ملاپ۔

آشرم (آش۔رم) (س۔ا۔مذ) (۱) رشیوں اور سادھوؤں کے رہنے کی جگہ۔ کُٹی۔ مٹھ۔ مکان (۲) جھونپڑی جو کسی خوشی کے موقع پر بنائی جائے (۳) مدرسہ۔ اسکول۔ کالج (۴) جنگل۔ درختوں کا جُھنڈ (۵) برہمن کی زندگی کا ایک

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حِصّہ۔ جمع: آشرم۔ آشرموں۔

آشُفتگی (آ۔شُف۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) پریشانی۔ پراگندگی (۲) بدحواسی۔ حیرانی (۳) دیوانہ پن۔

آشُفتہ (آ۔شُف۔تہ) (ف۔صف) پریشان۔ سراسیمہ۔ پراگندہ۔ بدحواس۔ جمع: آشفتگان۔

آشفتہ بیان (ف۔صف) یاوہ گو۔ فضول باتیں کرنے والا۔

آشفتہ بیانی (ف۔ا۔مث) یاوہ گوئی۔ بکواس۔

آشفتہ حال (دِل۔خاطِر) (ف۔صف) پریشان حال۔ خراب خستہ۔

آشفتہ حالی (ف۔ا۔مث) پریشان حالی۔ پراگندگی۔

آشفتہ سر (ف۔صف) سِڑی۔ سودائی۔ دیوانہ۔ پاگل۔

آشفتہ سری (ف۔ا۔مث) دیوانگی۔ جنون۔ پاگل پن۔

آشفتہ طبع (مزاج) (ف۔صف) پریشان خاطر۔

آشفتہ مُو (ف۔صف) (۱) جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں (۲) غمگین۔ پریشان حال۔

آشفتہ نوا (ف۔صف) جس کی آواز سے پریشانی کا اظہار ہوتا ہو۔

آشفتہ نوائی (ف۔ا۔مث) پریشان کر دینے والی آہ و زاری۔

آشکار (آشکارا) (آش۔کار) (آش۔کا۔را) (ف۔صف) ظاہر۔ نمایاں۔ کھلا ہوا۔ واضح۔ فاش۔

آشکارا کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) ظاہر کرنا۔ پردہ اُٹھانا۔ بےحجاب کرنا۔

آشکارا ہونا (اُر۔مص) کُھلنا۔ ظاہر ہونا۔ فاش ہونا۔

آشمال (آش۔مال) (ف۔ا۔مذ) (۱) نوکر چاکر۔ خدمت گار۔ ملازم (۲) (ق۔صف) کمینہ۔ نالائق۔

آشنا (آش۔نا) (ف۔صف۔وا۔مذ) (۱) واقف کار۔ دوست۔ شناسا۔ جان پہچان والا۔ ملاقاتی (۲) عورت کا یار۔ اُر جمع: آشنا۔ آشناؤں۔

آشنا پرست (ف۔صف) (۱) دوست کو پوجنے والا (۲) یار کی قدر کرنے والا۔ سچا دوست۔

آشنا ہو جانا (اُر۔محاورہ) واقف ہو جانا۔ مانوس ہو جانا۔ دوست بن جانا۔

آشنائی (آش۔نا۔ای) (ف۔ا۔مث) (۱) شناسائی۔ ملاقات (۲) دوستی۔ محبت (۳) مرد و عورت کا ناجائز تعلق۔

آشنائی چُھوٹنا (اُر۔محاورہ) ملاقات ترک ہونا۔

آشنائی کا جھوٹا (اُر۔صف۔مذ) جھوٹی دوستی کرنے والا۔ نباہ نہ کر سکنے والا۔ بے وفا۔

آشنائی کا سچّا (اُر۔صف۔مذ) وہ شخص جو دوستی نباہ سکے۔ وفادار۔

آشنائی کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) دوستی کرنا (۲) آنکھ لڑانا۔

آشنائی مُلّا کا سبق (ف۔مثل) مُلّا کی دوستی سبق تک ہے۔ مطلب پرست اور خود غرض کے متعلق کہتے ہیں۔

آشنائی نباہنا (اُر۔محاورہ) دوستی اور محبت میں وفادار رہنا۔

آشنائی نبھنا (اُر۔محاورہ) محبت قائم رہنا۔

آشوب (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) (۱) ال چل۔ فتنہ و فساد۔ پریشانی۔ شور و غوغا (۲) بھیڑا۔ طوفان۔ غدر۔ بلوا (۳) آنکھ دُکھنا۔

آشوبِ آگہی (ف۔ا۔مذ) علم کا پیدا کردہ فتنہ۔ عقل کا فساد۔

آشوب اُٹھانا (اُر۔محاورہ) فتنہ و فساد برپا کرنا۔

آشوبِ چشم (ف۔ا۔مذ) آنکھ دُکھنا۔

آشوبِ زمانہ (روزگار۔عالم) (ف۔ا۔مذ) زمانے کی ہلچل۔ زمانے کا فتنہ۔ شور۔ شر۔ ہنگامہ (۲) (کنایۃً) معشوق۔

آشوب گاہ (ف۔ا۔مث) فتنہ و فساد کا مقام۔

آشوبِ محشر (ف۔ع۔مذ) (۱) ہنگامۂ قیامت (۲) بہت زیادہ شور و ہنگامہ۔

آشیاں (آش۔یاں) (ف۔ا۔مذ) گھونسلا۔ نشیمن۔ مکان۔ گھر۔ اُردو جمع: آشیاں۔ آشیانوں۔

آشیاں اُٹھانا (اُر۔محاورہ) گھونسلا چھوڑنا (۲) جگہ تبدیل کرنا۔

آشیاں باندھنا (اُر۔محاورہ) آشیاں بنانا۔ گھونسلا بنانا۔ مکان بنانا۔

آشیانہ (آش۔یا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھیے آشیاں۔

آشیرباد (واد) (آ۔شیر۔باد) (ہ۔ا۔مث) دُعائے خیر۔ نیک خواہش۔

آ۔ص

آصَف (بکسرِ دوم و بفتحِ دوم) (عب۔ا۔مذ) (۱) حضرت سلیمانؑ کے وزیر کا نام جو بہت لائق و فائق تھا (۲) (مجازاً) ہر لائق وزیر۔

آصف الدّولہ (آ۔صِ۔فُد۔دَو۔لہ) (ع۔ا۔مذ) دولت یا سلطنت کا آصف۔

آصف جاہ (ف۔ا۔مذ) آصف کے مرتبے والا (۲) نظام حیدرآباد دکن کا لقب۔

آصف خانی (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا شلوکہ یا واسکٹ۔

آصِفی (آصِفیّہ) (آ۔صِ۔فی) (آ۔صِ۔فی۔یہ) (ف۔صف) آصف کی طرف منسوب۔

آ۔غ

آغا (ت۔ا۔مذ) (۱) آقا۔ صاحب۔ مالک۔ خداوند (۲) بڑا بھائی (۳) کابلیوں اور مغلوں کا خطاب۔

آغا میر کی دائی سب سیکھی سکھائی (اُر۔مثل) اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جو سب گُنوں پوری ہو۔ (آغا میر اودھ کے فرماں روا غازی الدین حیدر کا وزیر تھا)۔

آغا مینا (اُر۔ا۔مث) بنگالہ کی مینا جس کے منہ سے آغا بہت صاف نکلتا ہے (۲) وہ لڑکی جو پیاری پیاری باتیں کرے (۳) خوش آواز۔ خوش گلو (لڑکی)۔

آغاز (ف۔ا۔مذ) شروع۔ ابتدا۔ پہل۔

آغاز انجام جاننا (اُر۔محاورہ) اوّل و آخر کا علم ہونا۔

آغاز انجام نہ سوچنا (اُر۔محاورہ) آگا پیچھا نہ دیکھنا۔ بے سوچے سمجھے کام کر بیٹھنا۔ نتیجے کا خیال نہ رکھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آغازِ بد کا انجام بد ہے (اَر۔مثل) جس کام کی اِبتدا بُری ہو اُس کی اِنتہا بھی بُری ہوتی ہے۔
آغازِ کار (ف۔ا۔مذ) کسی کام کی ابتدا۔ شروع۔
آغاز کرنا (اَر۔مص مُرکّب) شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ پہل کرنا۔

آغانی (ع۔ا۔مذ) وہ باجا جو ہاتھ سے بجایا جائے۔ چنگ و رباب وغیرہ۔
آغشتہ (آ۔غَش۔تہ)(بفتحہ غین)(ف۔صف) تر کیا ہوا۔ آلودہ۔ لتھڑا ہوا۔
آغشتہ بہ خوں (ف۔صف) خون میں لتھڑا ہوا۔ خون میں ڈوبا ہوا۔
آغوش (واہ مجہول)(ف۔ا۔مذ و مث) گود۔ بغل۔ کنار۔
آغوش آباد کرنا (اَر۔محاورہ) گود میں آنا۔ گود گرم کرنا۔
آغوش آباد ہونا (اَر۔محاورہ) گود گرم ہونا۔ محبوب بغل میں ہونا۔
آغوش بھرنا (اَر۔محاورہ) گود میں بھرپور آنا (۲) عورت کا اولاد والی ہونا۔
آغوش پھیلانا (اَر۔محاورہ) گود میں لینے کو بڑھنا۔
آغوش خالی کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) گود سے نکل جانا (۲) کنارہ کشی کرنا۔
آغوش خالی ہونا (اَر۔محاورہ) کسی کا گود سے نکل جانا (۲) بچّہ مر جانا۔ بے اولاد ہو جانا۔
آغوش کا پروردہ (ف۔اُر۔صف) گود کا پالا ہوا۔ گود میں پرورش کیا ہوا۔ اولاد۔
آغوش (کُشادہ) کشودہ (بغیر اِضافت)(ف۔صف) گود پھیلائے ہوئے (۲)(بااِضافت) پھیلی ہوئی گود۔
آغوش گرم کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) گود میں آنا (۲) پیار سے گود میں لینا۔
آغوش لبریز ہونا (اَر۔محاورہ) گود کا بھرا ہونا۔
آغوشِ لحد میں سونا (اَر۔محاورہ) مر جانا۔ قبر میں دفن ہونا۔
آغوشِ مادر میں سونا (اَر۔محاورہ)(۱) ماں کی گود میں سونا (۲) آرام اور چین کی حالت میں سونا۔
آغوش میں آنا (اَر۔محاورہ) گود میں آنا۔ ہم کنار ہونا۔
آغوش میں لینا (اَر۔محاورہ) محبت سے بغل میں لینا۔ شوق سے بغلگیر ہونا۔
آغوش وا ہونا (اَر۔محاورہ) گود کھلنا۔

آغُوں (آ۔غُوں)(اَر۔ا۔مث) دودھ پیتے بچّے کی آواز۔
آغُوں غٹے' دودھ پی پی کر میاں ہوئے مُٹّے (اَر۔کلمہ) دودھ پلانے والی انا بچّوں کو یہ کلمہ کہہ کر بہلاتی اور دودھ پلاتی ہے۔
آغُوں کرنا (اَر۔محاورہ) دودھ پیتے بچّے کا آواز نکالنا۔

آ۔ف

آفات (ع۔ا۔مث) آفت کی جمع۔
آفاتِ سماوی (ع۔ا۔مث) آسمانی حادثات۔ غضب کی آندھی' طوفانی بارش' بجلی' اولے' پالا' برف باری وغیرہ۔
آفاتِ ارضی (ع۔ا۔مث) زمین سے پیدا ہونے والی مصیبتیں۔ سیلاب' آتش فشانی' زلزلہ وغیرہ۔

آفاق (ع۔ا۔مذ)(۱) اُفق کی جمع۔ آسمان کے کنارے (۲) عالم۔ سنسار۔ جگ۔ دُنیا۔ جہان (اِن معنوں میں واحد مستعمل ہے)۔
آفاق گیر (ع۔ف۔صف)(۱) عالمگیر۔ دُنیا کو فتح کرنے والا (۲) دُنیا پر چھا جانے والا۔

آفاقی (ع۔صف) ساری دُنیا کا۔ عالم گیر۔

آفت (آ۔فت)(ع۔ا۔مث)(۱) دُکھ۔ مُصیبت۔ بلا (۲) فتنہ۔ ظلم۔ ستم (۳) مشکل (۴) غضبِ الٰہی۔ وبا۔ قحط وغیرہ (۵) نااِنصافی۔ زبردستی (۶) ناگوار طبع (۷) شور و غوغا۔ فتنہ۔ آشوب (۸) عتاب۔ غُصّہ (۹)(صف) شوخ۔ چالاک۔ عیّار۔ فتنہ انگیز۔ جمع: آفات۔ اُردو جمع: آفتوں۔ آفتیں۔
آفت آنا (اَر۔محاورہ)(۱) مُصیبت آنا (۲) وبا پھیلنا۔ قحط پڑنا۔
آفت اُٹھانا (اَر۔محاورہ)(۱) مُصیبت جھیلنا۔ تکلیف برداشت کرنا (۲) غُل مچانا۔ فساد برپا کرنا۔
آفت پڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) قہر نازل ہونا۔ مُصیبت آنا (۲) صدمہ پہنچنا۔
آفت توڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) غُصّے ہونا (۲) ظلم کرنا۔ غضب ڈھانا۔
آفت ٹالنا (اَر۔محاورہ) مُصیبت سے بچانا۔ مشکل آسان کرنا۔
آفت ٹلنا (اَر۔محاورہ) مُصیبت دُور ہونا۔
آفت ٹوٹنا (اَر۔محاورہ) مُصیبت آنا۔ صدمہ ہونا۔ بلا نازل ہونا (۲) جھگڑا ہونا۔
آفتِ جاں (ع۔ف۔صف) جان کا روگ۔ بلائے جان۔
آفت جان پر لینا (اَر۔محاورہ) دُکھ سہنا۔ مُصیبت اُٹھانا۔
آفت جھیلنا (اَر۔محاورہ) مُصیبت برداشت کرنا۔ صدمہ سہنا۔
آفت خیز (ف۔صف) آفت برپا کرنے والا۔ فساد اُٹھانے والا۔
آفت ڈھانا (اَر۔محاورہ)(۱) قیامت برپا کرنا (۲) ستم توڑنا (۳) ہنگامہ کرنا۔ شور کرنا۔
آفت رسیدہ (زدہ) (ف۔صف) مُصیبت زدہ۔ دُکھیا۔
آفت سر پر لینا (اَر۔محاورہ) مُصیبت ذِمّے لینا۔ جھگڑا مول لینا۔
آفت سہنا (اَر۔محاورہ) مُصیبت سہارنا۔ دُکھ برداشت کرنا۔
آفت کا (اَر۔صف) بلا کا۔ اِنتہا درجے کا۔
آفت کا پرکالہ (اَر۔صف) شوخ و شنگ۔ طرّار (۲) شریر۔ عیّار۔
آفت کا ٹکڑا (اَر۔صف) بدذات۔ شریر۔ عیّار۔
آفت کا مارا (اَر۔صف) ستم زدہ۔ مُصیبت کا شکار۔ آفت زدہ۔
آفت کی (اَر۔تابع فعل) "آفت کا" کی تانیث۔
آفت کی (پڑیا) پوٹ (اَر۔ا۔مث) عیّار۔ دغاباز۔ شریر۔ چالاک۔
آفت مچانا (اَر۔محاورہ) غُل مچانا (۲) غضب ڈھانا (۳) دنگا کرنا۔
آفت میں پھنسنا (اَر۔محاورہ) مُصیبت میں پھنسنا۔
آفت میں جان آنا (اَر۔محاورہ) بہت مشکل درپیش آنا۔ بہت مُصیبت ہونا۔
آفت میں مُبتلا ہونا (اَر۔محاورہ) رنج و غم میں مبتلا ہونا۔ بلاؤں میں گھرنا۔ عذاب میں پڑنا۔
آفت ہے (اَر۔محاورہ) غضب ہے۔ قیامت ہے۔ بڑا چالاک اور عیّار ہے۔ نہایت شریر اور فتنہ انگیز ہے۔ بڑا ذہین ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آفتاب (آف۔تاب)(ف۔ا۔مذ)(۱) سورج (۲) دھوپ (۳) شراب کا پیالہ (۴) گنجفہ کا ایک پتّا (۵)(کنایۃً) یکتائے زمانہ۔ لاجواب۔ جس کا ثانی نہ ہو۔ معشوق۔

آفتاب آمد دلیلِ آفتاب (ف۔مثل) ظاہر بات کے ثبوت کی ضرورت نہیں آفتاب اپنا ثبوت آپ ہے۔

آفتاب برآمد ہونا (اُر۔محاورہ) سورج کا نکلنا۔ صبح ہونا۔

آفتاب بر سرِ دیوار (ف۔محاورہ) زوال کے قریب۔ بُڑھاپا۔

آفتاب بنا دینا (اُر۔محاورہ) درجہ بلند کرنا۔ مرتبہ اونچا کرنا۔

آفتاب پرست (ف۔صف)(۱) آفتاب کی پرستش کرنے والا (۲) نیلوفر کا پھول (۳) گرگٹ (۴) سورج مکھی۔

آفتاب ڈھلنا (اُر۔محاورہ) سورج کا وسطِ آسمان سے مغرب کی طرف جُھکنا۔ دن کا زوال شروع ہونا۔

آفتاب سر پر آنا (اُر۔محاورہ) دوپہر ہونا۔ بارہ بجے کا وقت ہونا۔

آفتاب سوا نیزے پر آنا (اُر۔محاورہ) (۱) دھوپ کی تیزی بہت بڑھ جانا (۲) قیامت آنا۔

آفتاب کا مغرب سے نکلنا (اُر۔محاورہ) قیامت آنا۔ مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ قیامت کے قریب آفتاب مغرب سے طلوع ہوگا۔

آفتاب کو چراغ دکھانا (اُر۔محاورہ) تجربہ کار آدمی کو کام کے ڈھنگ بتانا۔ قابل کے سامنے ناقابل کا شیخی بگھارنا۔

آفتابِ لبِ بام (۱) غروب ہونے کے قریب آفتاب (۲)(صف) نہایت بوڑھا۔ قریبِ مرگ۔

آفتابِ محشر (ف۔ع۔ا۔مذ) قیامت کے دن کا سورج۔ وہ سورج جو اہلِ اسلام کے اِعتقاد کے مطابق قیامت کے دن سوا نیزے پر ہوگا۔

آفتاب نصفُ النّہار پر ہونا (اُر۔محاورہ) دوپہر ہونا (۲) اوجِ کمال پر ہونا۔

آفتابہ (آف۔تا۔بہ)(ف۔ا۔مذ) ڈھکنے دار اور دستہ لگا ہوا لوٹا۔

آفتابہ لے کر کھڑے ہونا (اُر۔محاورہ) منہ ہاتھ دُھلانے کے واسطے پانی لے کر کھڑا ہونا (۲) غلام بننا۔ خدمت گار بننا۔

آفتابی (آف۔تا۔بی)(ف۔صف)(۱) آفتاب سے منسوب (۲) وہ چیز جو دھوپ میں خشک ہوئی ہو (۳) گول۔ مدوّر (۴) چمک دار (۵)(ف۔ا۔مث) ایک قسم کی آتش بازی۔

آفتابی چہرہ (ف۔ا۔مذ) گول چہرہ۔

آفتابی دائرہ (ف۔ع۔ا۔مذ) بالکل گول دائرہ (دائرے کی دو قسمیں ہیں: آفتابی اور بیضوی۔ بیضوی دائرہ انڈے کی شکل کا ہوتا ہے۔)

آفتابی گل قند (ف۔ا۔مذ) وہ گلقند جو دھوپ میں رکھ کر تیار کیا گیا ہو۔

آفریدگار (آف۔رید۔گار)(ف۔صف) پیدا کرنے والا۔ خالق۔

آفریدہ (آف۔ری۔دہ)(ف۔صف) پیدا کیا ہوا۔ مخلوق۔ جمع: آفریدگان۔

آفریدی (آف۔ری۔دی)(ف۔ا۔مذ) پٹھانوں کی ایک قوم۔

آفرین (آف۔رین)(ف۔کلمۂ تحسین) شاباش۔ واہ وا۔ مرحبا۔ کیا کہنا۔

آفریں باد بریں ہمّتِ مردانہ تو (ف۔مقولہ) تیری مردانہ ہمت پر شاباش ہے۔

آفریں صد آفریں (ف۔کلمۂ تحسین) واہ وا۔ سو بار واہ وا۔ صد رحمت (مدح و ذم دونوں کے لئے۔)

آفریں کرنا (اُر۔محاورہ) شاباشی دینا۔ تحسین وستائش کرنا۔ سراہنا۔

آفریں ہے (ف۔اُر۔کلمۂ تحسین) کیا کہنا ہے۔ شاباش۔ طنزاً بھی کہتے ہیں۔

آفرینش (آف۔ری۔نش)(ف۔ا۔مث) پیدائش۔ مخلوق۔ دُنیا۔

آفرینندہ (آف۔ری۔نن۔دہ)(ف۔صف) پیدا کرنے والا (مراد خُداوند تعالیٰ)۔

آفِس (انگ۔ا۔مذ)(Office)(۱) دفتر (۲) فرضِ منصبی۔ مخصوص کام یا خدمت (۳) عہدہ۔ منصب۔ اُردو جمع: آفس۔ آفسوں۔

آفندی (آ۔فن۔دی)(ت۔ا۔مذ) صاحب۔ بزرگ۔ محترم۔ مالک۔ عثمانی دور میں ترکی میں چھوٹے افسروں کا لقب۔

آفیسر (انگ۔ا۔مذ)(Officer)(۱) افسر۔ حاکم۔ عُہدے دار (۲) اہل کار۔ عامل۔

آفیشل (انگ۔صف)(Official)(۱) سرکاری۔ دفتری۔ محکمانہ (۲) اہل کارانہ (۳) باضابطہ۔ مستند (۴)(ا۔مذ) عُہدیدار۔ منصب دار۔

آ۔ق

آقا (ف۔ا۔مذ)(۱) آغا۔ مالک۔ خداوند۔ صاحب (۲) خاوند۔ شوہر (۳) حاکم۔ اُفسر۔ جمع: آقایان۔ اُردو جمع: آقا۔ آقاؤں۔

آقائے ولی نعمت (ف۔ع۔ا۔مذ) خُداوندِ نعمت۔ سرکار۔ اَن داتا۔

آقاسی (ت۔ا۔مذ) دیوان خانے کا داروغہ۔

آ۔ک

آک (ہ۔ا۔مذ) ایک چوڑے پتوں والے پودے کا نام جسے مدار اور اکوار بھی کہتے ہیں۔ اِس کی شاخوں اور پتوں سے دُودھ جیسا رس نکلتا ہے۔ پتّے اور دُودھ دونوں طبّی خواص رکھتے ہیں۔

آک کا ڈوڈا (اُر۔ا۔مذ) آک کا پھل جس میں سے رُوئی نکلتی ہے۔

آک کی بُڑھیا (اُر۔ا۔مث)(۱) وہ رُوئی جو آک کے ڈوڈوں میں سے نکلتی ہے (۲) بہت بوڑھی عورت۔

آکا (ت۔ا۔مذ)(۱) بڑا بھائی (۲) کلمۂ خطاب 'میاں صاحب' وغیرہ کی جگہ۔

آکا بھائی (اُر۔ا۔مذ) ادب اور پیار سے بڑے بھائی کو کہتے ہیں۔

آکاس (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے آکاش۔

آکاش (س۔ا۔مذ) آسمان۔

آکاش بیل (ہ۔ا۔مث) ایک زرد رنگ کی دھاگے کی طرح بیل جو درختوں سے چمٹ جاتی ہے اور اُن سے اپنی خوراک حاصل کرتی ہے۔ اِس کی جڑ نہیں ہوتی۔ امربیل۔ افتیمون۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آکاش وانی (س۔ا۔مث) غیبی آواز۔ نوائے سروش (۲) الہام۔ مکاشفہ۔ القا۔
آکاش پھل (ہ۔ا۔مذ) اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔
آکاش چوٹی (ہ۔ا۔مث) سمتُ الراس۔ سر کی سیدھ۔
آکاش دیا (ہ۔ا۔مذ) وہ چراغ جو کاتک میں ہندو قندیل میں رکھ کر اور اونچے بانس کے سرے پر باندھ کر جلاتے ہیں۔
آکٹوپس (Octopus) (یو۔ا۔مذ) سیپ کی قسم کا ایک سمندری جانور جس کے منہ میں سونڈ جیسے آٹھ ہاتھ پاؤں ہوتے ہیں۔ (لغوی معنی: آٹھ پیروں والا)۔
آکسن (Oxon) (انگ۔ صف) آکسفورڈ یونیورسٹی سے نسبت رکھنے والا۔ آکسفورڈ کا طالب علم۔
آکسیجن (Oxygen) (انگ۔ا۔مث) ایک بے رنگ اور بے ذائقہ گیس جو زندگی کے لئے بے حد ضروری ہے۔
آکِل (آ۔کِل) (ع۔ صف) کھانے والا۔ جمع: آکلین۔
آکھ (ہ۔ا۔مذ) نیشکر کی پھوٹ (۲) درندوں کے رہنے کی جگہ۔
آکھر (آ۔کھر) (ہ۔ا۔مث) چوپایوں کے رہنے کی جگہ۔ شیر کا مسکن۔
آکھلاپن (آکھ سلا۔ پَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گھوڑے کی کود پھاند (۲) شوخی۔ شرارت۔

آ۔گ

آگ (ہ۔ا۔مث) (۱) آتش۔ اگنی (۲) جلن۔ تاپ۔ گرمی (۳) کام کا شوق یا جذبہ (۴) پریم۔ محبت (۵) دشمنی (۶) شہوت (۷) آتشک (۸) پیاس (۹) دھن۔ شوق۔ اشتیاق (۱۰) آفت۔ مصیبت۔ جھونجل۔ خفگی (۱۱) (صف) کھولتا ہوا۔ گرم۔ جلتا ہوا (۱۲) مزاجاً گرم (۱۳) سرخ۔ دہکتا ہوا۔ انگارا (۱۴) تیز مزاج۔
آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے (ار۔ مثل) تھوڑی آگ اور کمزور دشمن کو بھی حقیر نہ سمجھنا چاہیے۔
آگ اور پھوس میں بیر ہے (ار۔ مثل) آگ اور پھوس اکٹھے ہوں تو جلے بغیر نہیں رہتے۔ جوان عورت اور مرد ایک جگہ رہ کر پاک دامن نہیں رہ سکتے۔
آگ اور روئی کی کیا دوستی (ار۔ مثل) دو جانی دشمنوں کا ملاپ نہیں ہوسکتا۔
آگ ببولا (ار۔ صف) دیکھئے آگ بگولا۔
آگ بجھانا (ار۔ محاورہ) آگ ٹھنڈی کرنا۔ آگ پر پانی ڈالنا (۲) فساد یا جھگڑا مٹانا (۳) خواہش پوری کرنا (۴) جلن، حسد نکالنا۔ دشمنی نکالنا (۵) تشنگی رفع کرنا۔ پیاس بجھانا (۶) بھوک مٹانا۔ سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا۔
آگ بجھنا (ار۔ محاورہ) آگ ٹھنڈی ہونا۔ کجلانا (۲) فساد یا جھگڑے کا مٹنا۔ غصہ اترنا (۳) شہوت ختم ہونا (۴) حسد کا پورا ہونا (۵) پیاس بجھنا۔ بھوک رفع ہونا (۶) سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا (۷) رسوائی جھیلنا۔ بدنامی دور ہونا (۸) سوزش اور جلن کا مٹنا۔
آگ بتانا (ار۔ محاورہ) آگ دکھانا۔ توپ یا بندوق داغنا۔
آگ برسانا (ار۔ محاورہ) آتش بازی چھوڑنا (۲) شدت کی گرمی پہنچانا (۳) گولہ باری کرنا۔ گولے یا گولیوں کی بوچھاڑ کرنا (۴) باہم نفاق ڈالنا۔
آگ برسنا (ار۔ محاورہ) نہایت تیز گرمی پڑنا (۲) سخت گولہ باری ہونا۔
آگ بگولا (ار۔ صف) جلتا بھنتا دہکتا ہوا۔ لال۔ سرخ۔ غصے میں بھرا ہوا۔
آگ بگولا ہو جانا (ہونا) (ار۔ محاورہ) بہت غصے میں آنا۔ غضب ناک ہونا۔
آگ بنانا (ار۔ محاورہ) آگ جلانا۔ آگ سلگانا (۲) غصہ دلانا۔ برافروختہ کرنا۔ بھڑکانا۔
آگ بن دھواں کہاں (ار۔ مثل) ہر بات کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے۔
آگ (بن جانا) بننا (ار۔ محاورہ) غصے سے لال ہو جانا۔ بھڑک اٹھنا۔
آگ بھبھوکا (ار۔ صف) دیکھئے آگ بگولا۔
آگ بھری ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) جلن ہونا (۲) دشمنی ہونا (۳) گرم مزاج ہونا (۴) پُرشہوت ہونا (۵) آتشک ہونا۔
آگ بھڑکانا (ار۔ محاورہ) (۱) آگ کو ہوا دے کر مشتعل کرنا (۲) فساد بڑھانا (۳) غصہ دلانا (۴) شوق اور محبت بڑھانا۔
آگ (بھڑکنا) بھڑک اٹھنا (ار۔ محاورہ) (۱) شعلہ اٹھنا۔ آگ دہکنا (۲) برافروختہ ہونا (۳) عشق کا ولولہ اٹھنا۔ آتش شوق کا بھڑکنا (۴) لڑائی پھیلنا (۵) گرمی اور جلن زیادہ ہونا۔
آگ بھی نہ لگاؤں (ار۔ روزمرہ) (عو) کسی چیز سے نفرت کا اظہار کرتے وقت عورتیں کہتی ہیں۔
آگ پانی ایک جگہ نہیں رہ سکتے (ار۔ مثل) دو مخالف چیزیں ایک ساتھ نہیں رہ سکتیں۔
آگ پانی کا بیر (ار۔ امذ) آگ اور پانی کی طبیعت میں ضد ہے۔ فطری مخالفت۔
آگ پانی کا کھیل (ار۔ امذ) (۱) جب کوئی چیز پکانے میں بگڑ جائے تو کہتے ہیں کہ یہ تو آگ پانی کا کھیل ہے (۲) آگ پانی سے چلنے والی کلیں۔
آگ پانی میں لگانا (ار۔ محاورہ) جہاں لڑائی نہ ہوتی ہو وہاں لڑائی کرا دینا (۲) عیاری اور چالاکی میں کمال دکھانا (۳) ناممکن بات کرنا۔
آگ پر پانی ڈالنا (ار۔ محاورہ) آگ بجھانا۔ جھگڑا مٹانا۔ فساد ختم کرانا۔
آگ پر تیل (چھڑکنا) ڈالنا (ار۔ مثل) (۱) آگ کو بھڑکانا (۲) جھگڑے کو اور زیادہ کرنا۔ غصے کو تیز کرنا۔
آگ پر لٹانا (ار۔ محاورہ) بے حد بے قرار کرنا۔ بہت جلانا۔ تڑپانا۔
آگ پر لوٹنا (ار۔ محاورہ) بہت بے قرار ہونا۔ تڑپنا (۲) حسد سے جلنا۔
آگ پڑنا (ار۔ محاورہ) دھوپ میں تیزی ہونا (۲) سخت جلن ہونا (آبلے یا پھوڑے وغیرہ میں) (۳) گرانی ہونا۔ مہنگائی ہونا۔
آگ پھانکنا (ار۔ محاورہ) جھوٹ بولنا۔ چغلی کھانا۔ بہتان لگانا۔
آگ پھونکنا (ار۔ محاورہ) (۱) آگ سلگانا۔ آگ جلانا (۲) سوزش پیدا کرنا (۳) گرمانا۔ بھڑکانا (۴) عشق بھڑکانا (۵) لگائی بجھائی کرنا۔
آگ پھیلانا (ار۔ محاورہ) فساد برپا کرنا۔ فتنہ اٹھانا۔
آگ پھیلنا (ار۔ محاورہ) فساد کھڑا ہونا۔ فتنہ برپا ہونا۔
آگ تلووں سے لگنا (ار۔ محاورہ) نہایت غصے ہونا۔
آگ ٹھنڈی کرنا (ار۔ محاورہ) آگ بجھانا (۲) فساد مٹانا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
آگ جاگ اٹھنا (ار۔ محاورہ) بجھی ہوئی آگ بھڑک اٹھنا (۲) دوبارہ جھگڑا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شروع ہو جانا (۳) شوق بڑھ جانا (۴) دُشمن ہونا۔

آگ جاگنا (اِر۔ محاورہ) بجلائی ہوئی آگ کا دہک اُٹھنا (۲) عشق بھڑک اُٹھنا۔

آگ جانے 'لوہار جانے' دھونکنے والے کی بلا جانے (اِر۔ مثل) حکم دینے والا ذِمّے دار ہے۔ تعمیل کرنے والے کا قصور نہیں۔

آگ جگانا (اِر۔ محاورہ) آگ جلانا (۲) شوق بڑھانا۔ خواہش تیز کرنا۔

آگ جوڑنا (اِر۔ محاورہ) اُپلے یا لکڑی آپس میں ملا کر آگ سُلگانا۔

آگ جھاڑنا (اِر۔ محاورہ) آگ سے راکھ دُور کرنا (۲) چقماق سے آگ نکالنا۔

آگ (دابنا) دبانا (اِر۔ محاورہ) انگاروں کو راکھ وغیرہ سے چھپا دینا (۲) فتنہ و فساد مٹانا۔ غصّہ دُور کرنا۔

آگ دکھانا (اِر۔ محاورہ) آگ لگانا۔ فلیتہ دینا۔ شتابا لگانا۔

آگ دوڑنا (اِر۔ محاورہ)(۱) آگ کا پھیلنا (۲) شورش پھیلنا۔

آگ دھونا (اِر۔ محاورہ) آگ سے راکھ دُور کرنا۔

آگ دینا (اِر۔ محاورہ) جلانا۔ آگ لگانا۔ آگ روشن کرنا۔

آگ روشن کرنا (اِر۔ محاورہ) آگ جلانا۔

آگ سا دہکنا (اِر۔ محاورہ) آگ کی طرح جلنا۔

آگ سرد ہونا (اِر۔ محاورہ)(۱) آگ بجھنا (۲) فساد مٹنا (۳) شوق نہ رہنا۔

آگ سُلگانا (اِر۔ محاورہ) آگ روشن کرنا (۲) لگائی بجھائی کرنا۔

آگ سُلگنا (اِر۔ محاورہ) آگ جلنا۔ آگ سے دُھواں نکلنا۔ سوزِ عشق ہونا۔ جلن ہونا۔

آگ سے پانی ہو جانا (اِر۔ محاورہ) غصّہ دُور ہو جانا۔ خفگی جاتی رہنا۔

آگ کا باغ (اِر۔ اِ۔ مذ) (۱) سُنار کا آتش دان (۲) آتش بازی (۳) آتشِ نمرود جو حضرت اِبراہیمؑ کے لئے باغ بن گئی تھی۔

آگ کا پُتلا (اِر۔ اِ۔ مذ)(۱) آگ کا بنا ہوا۔ گرم مزاج۔ آتش کا پرکالہ۔

آگ کا پُتلا آگ کو دھائے (اِر۔ مثل) ہر چیز اپنی اصل کو جاتی ہے۔

آگ کا پتنگا (اِر۔ اِ۔ مذ) شرارہ۔ چنگاری۔

آگ کا پرکالہ (اِر۔ اِ۔ مذ) آگ کا پُتلا۔ انگارا۔

آگ کا جلا آگ ہی سے اچھا ہوتا ہے (اِر۔ مثل) آگ کے جلے کو سینکنا مفید ہوتا ہے۔ علاج بالمثل (۲) جس نے دُکھ دیا اُسی سے آرام ملتا ہے۔

آگ کا کھیل (اِر۔ اِ۔ مذ) آتش بازی (۲) پکانے ریندھنے کا کام (۳) کیمیاگری۔

آگ کجلانا (اِر۔ محاورہ) آگ کا ٹھنڈیا جانا۔

آگ کر دینا (اِر۔ محاورہ) غصّہ دِلانا۔

آگ کھانا انگارے ہگنا (اِر۔ مثل) جیسی کرنی ویسی بھرنی۔ جیسا بونا ویسا کاٹنا۔

آگ کھائے منہ جلے 'اُدھار کھائے پیٹ جلے (اِر۔ مثل) قرض سے پیٹ بھر کر سخت تکلیف ہوتی ہے۔ قرض آگ سے زیادہ تکلیف دہ ہے۔

آگ کہتے منہ نہیں جلتا (اِر۔ مثل) کسی چیز کا نام لینے سے اُس کا اثر نہیں ہوتا۔ زہر کا نام لینے سے آدمی مرتا نہیں۔

آگ کے لُوکے اُٹھنا (اِر۔ محاورہ)(۱) آگ کے شعلے بلند ہونا (۲) جی جلنا (۳) گرم زمین سے پانی چھڑکتے وقت بھبکے اُٹھنا۔

آگ کے مول بکنا (اِر۔ محاورہ) بہت مہنگا ہونا۔

آگ گاڑنا (اِر۔ محاورہ) دیکھئے آگ دبانا۔

آگ لگا (کے) پانی کو دوڑنا (اِر۔ محاورہ) لڑائی کروا کر صلح کے درپے ہونا۔ عیّاری دکھانا۔

آگ لگانا (اِر۔ محاورہ)(۱) آگ دینا۔ جلانا۔ پھونکنا۔ بالنا (۲) سوزش پیدا کرنا (۳) لو لگانا۔ شوق بڑھانا۔ سوزِ محبت اُبھارنا۔ جوش پیدا کرنا۔ رنج دینا (۴) پھونکنا (۵) حسد دِلانا (۶) غُصّہ دِلانا۔ بھڑکانا (۷) جھگڑا اُٹھانا۔ دُشمنی پھیلانا (۸) آفت برپا کرنا۔ شرارت کرنا (۹) مہنگے داموں بیچنا (۱۰) غبن کرنا (۱۱) ترک کرنا (۱۲) ضائع کرنا۔ غارت کرنا۔ تباہ کرنا (۱۳) بگاڑنا۔ خراب کرنا (۱۵) لگائی بجھائی کرنا (۱۶) حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ ذلیل سمجھنا۔

آگ لگاؤُ (واو معروف) (اِر۔ صف)(۱) جلانے والا۔ رنج دینے والا۔ دُکھ دینے والا (۲) لڑائی کرانے والا۔ مُفسد۔ فتنہ پرواز۔

آگ لگاؤں (اِر۔ کلمہ نفرت۔ مو) نفرت ظاہر کرنے کے لئے۔ کیا کروں۔ چولھے میں ڈالوں۔

آگ لگائے تماشا دیکھے (اِر۔ مثل) اُس عیّار اور مکّار شخص کے متعلق کہتے ہیں جو فساد کرا کے تماشا دیکھے۔

آگ لگ جائے (اِر۔ کوسنا۔ مو) جل جائے۔ اُجڑ جائے۔ غارت ہو۔ ملیامیٹ ہو۔ ناپید ہو۔

آگ لگنا (اِر۔ محاورہ) جلنا۔ جل اُٹھنا۔ مشتعل ہونا۔ بھڑکنا (۲) جھلسنا (۳) غارت ہونا۔ چولھے میں پڑنا (۴) غائب ہونا۔ کھویا جانا (۵) جان سے جانا (۶) نہایت بھوک لگنا (۷) محبت کا جوش مارنا (۸) بے چین ہونا۔ تڑپنا (۹) حسد ہونا (۱۰) بُرا لگنا (۱۱) رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا (۱۲) غُصّہ آنا۔ دِل جلنا۔ غصہ بھڑکنا (۱۳) سوزش ہونا۔ مرچیں لگنا۔ جھلا جانا (۱۴) سُرخ پھولوں کا کھلنا (۱۵) بہت سے چراغ جلنا (۱۶) بہت مہنگا ہونا (۱۷) شُہرہ ہونا (۱۸) رُخصت ہونا۔ دفع ہونا۔

آگ لگے (اِر۔ بددعا۔ مو) برباد ہو۔ غارت ہو جائے۔

آگ لگے پر بلّی کا مُوت ڈھونڈنا (اِر۔ مثل) بے وقت کوشش کرنا۔ بے سُود کام کرنا۔

آگ لگے پر کُنواں کھودنا (اِر۔ مثل) صدمہ پہنچنے کے بعد اُس کا تدارک کرنا۔ فضول اور بے وقت کام کرنا۔

آگ لگے تو بُجھے جل سے 'جل میں لگے تو بُجھے کیسے؟ (اِر۔ مثل) ناسمجھ کی اِصلاح کی جا سکتی ہے مگر جو جان بوجھ کر غلطیاں کرے وہ کسی طرح درست نہیں ہو سکتا۔

آگ لہکنا (اِر۔ محاورہ) یکایک آگ بھڑک اُٹھنا۔ مشتعل ہونا۔

آگ لینے آنا (اِر۔ محاورہ)(۱) آگ مانگنے آنا (۲) آ کر جلدی چلے جانا۔ اُلٹے پاؤں واپس ہو جانا۔

آگ لینے آئی 'گھر والی بن بیٹھی (اِر۔ مثل) ذرا سا بہانہ بنا کر قبضہ جما لیا۔

آگ مِلنا (اِر۔ محاورہ) جلن جاتی رہنا۔ سوزش مٹنا (۲) حسد نہ رہنا۔

آگ میں آگ لگانا (اِر۔ محاورہ)(۱) جلے کو اور جلانا۔ رنجیدہ کو اور رنجیدہ کرنا (۲) فساد میں اور فساد کرنا (۳) غُصّے میں اور غُصّہ دِلانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آگ میں پانی ڈالنا (اَر۔ محاورہ)(۱) آگ بجھانا (۲) لڑائی کو دبانا۔ جھگڑا مٹانا (۳) غُصّے کو دھیما کرنا۔

آگ میں پڑنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت میں پڑنا۔ بلا میں پھنسنا۔

آگ میں جلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) آگ میں بُھننا (۲) سوزشِ عشق میں جلنا۔

آگ میں جو چیز پڑی آگ ہے (اَر۔ مثل) جیسی صحبت میں رہے گا ویسا ہی ہو جائے گا۔ ہر کہ در کانِ نمک رفت نمک شد۔

آگ میں (جھونک دینا) جھونکنا (اَر۔ محاورہ) دیدہ دانستہ بلا میں پھنسا دینا۔ آفت میں مُبتلا کر دینا۔

آگ میں کود پڑنا (اَر۔ محاورہ) نتیجہ سوچے بغیر کسی مشکل کام کو اپنے ہاتھ میں لے لینا۔ زندگی اور موت کا خیال نہ کرنا (۲) مُصیبت میں پڑنا۔

آگ میں گرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) آگ میں پڑنا۔ آگ میں کودنا (۲) مُصیبت یا بلا میں پڑنا۔

آگ میں لوٹنا (واو مجہول) (اَر۔ محاورہ) مُضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا (۲) حسد کرنا۔

آگ نکالنا (اَر۔ محاورہ) چقماق سے آگ جھاڑنا۔ آگ پیدا کرنا۔

آگ نہ اُگل لعل اُگل (اَر۔ مثل) بُری باتیں چھوڑ، اچھی باتیں کر۔

آگ ہونا (اَر۔ محاورہ) غُصّے میں لال پیلا ہونا۔ برافروختہ ہونا۔

آگا (مـ۔ اـ۔ مذ)(۱) اگلا حِصّہ۔ سامنا۔ اگاڑی (۲) جسم کا اگلا رُخ (۳) آیندہ (۴) انجام۔ آخرت۔

آگا باندھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) سدِّراہ ہونا۔ راستہ روکنا۔

آگا بھاری ہونا (اَر۔ محاورہ) حمل ہونا (۲) سڑک پر ٹھوکر یا گڑھا ہونا (۳) راستے کا پُرخطر ہونا۔

آگا پیچھا (مـ۔ اـ۔ مذ)(۱) اگلا اور پچھلا حِصّہ (۲) ہر کام کی اِبتدا و اِنتہا۔ آغاز و انجام۔

آگا پیچھا (دیکھنا) سوچنا (اَر۔ محاورہ) دُور اندیشی کرنا۔ آغاز و انجام پر نگاہ رکھنا۔

آگا پیچھا کرنا (اَر۔ محاورہ) پس و پیش کرنا۔ ہچر مچر کرنا۔ ہچکچانا۔

آگا تاگا لینا (اَر۔ محاورہ) خاطر تواضع کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔

آگا دیکھا نہ پیچھا (اَر۔ محاورہ) آغاز سوچا نہ انجام۔ بُرا بھلا کچھ بھی نہ سوچا۔

آگا دیکھ کے (اَر۔ روزمرّہ) سامنے دیکھ کر۔ سمجھ بُوجھ کے۔

آگا روکنا (اَر۔ محاورہ) سامنا روکنا (۲) مقابل ہونا۔ سدِّراہ ہونا (۳) پردہ کرنا۔

آگا سنبھالنا (اَر۔ محاورہ)(۱) آیندہ کا بندوبست کرنا (۲) فوج یا شکار کا سامنا کرنا۔

آگا مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) حملہ کرنا (۲) آگے کی فوج پر حملہ کرنا۔

آگاہ (ف۔ صف) خبردار۔ واقف۔ جاننے والا۔

آگاہ کرنا (اَر۔ محاورہ) واقف کرنا۔ جتانا۔ اطلاع دینا۔ بتلانا۔

آگاہی (ف۔ اـ۔ مث) واقفیت۔ خبر۔ علم۔ واقف کاری۔

آگاہی پانا (اَر۔ محاورہ) خبر پانا۔ واقف ہونا۔

آگاہی دینا (اَر۔ محاورہ) اطلاع دینا۔ خبر دینا۔

آگاہی رکھنا (اَر۔ محاورہ) خبر رکھنا۔ واقفیت رکھنا۔

آگہ (آ۔ گہ)(ف۔ صف) آگاہ کا مخفف۔

آگہی (آ۔ گَ۔ ہی)(ف۔ اـ۔ مث) آگاہی کا مُخفف۔

آگے (مـ۔ اـ۔ مذ و تابع فعل) آگا کی مغیرہ شکل (۱) پیچھے کی ضد (۲) سامنے۔ مقابل میں (۳) جیتے جی (۴) اس کے پیچھے (۵) آگے کو (۶) فرق (۷) شروع میں (۸) زیادہ (۹) آیندہ۔ بعد ازیں (۱۰) دوبارہ (۱۱) دُوسرا۔ اور۔ پھر (۱۲) علاوہ۔ پرے (۱۳) پیشتر۔ قبل۔ گزشتہ زمانے میں۔

آگے آگرہ، پیچھے لاہور (اَر۔ مثل) غلط راستے پر پڑنا۔

آگے آگے (آگے کی تاکیدی صورت)۔ آیندہ کو۔ زمانہ مستقبل میں۔ رفتہ رفتہ۔ چند روز میں۔

آگے آگے گُرو، پیچھے پیچھے چیلا (اَر۔ مثل) جس لیاقت کا اُستاد ہوتا ہے، شاگرد بھی ویسی ہی قابلیت حاصل کرتا ہے۔

آگے آگے ہونا (اَر۔ محاورہ) پیش پیش ہونا۔ راہبر ہونا۔

آگے آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) سامنے آنا (۲) نزدیک آنا (۳) سامنا کرنا (۴) پُشت پناہ ہونا (۵) بدلہ ملنا۔ کیے کا پھل پانا۔ پاداش پانا۔

آگے آیت (اَر۔ روزمرّہ) بات ختم ہوئی۔ مطلب تمام ہوا۔ بس۔

آگے بڑھانا (اَر۔ محاورہ) آگے چلانا۔

آگے بڑھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) آگے جانا۔ آگے چلنا (۲) لڑنے کے واسطے سامنے ہونا (۳) بڑھ جانا۔ دُور نکل جانا (۴) سبقت لے جانا (۵) پیشوائی کرنا (۶) گُستاخی کرنا۔ بدزبانی کرنا۔

آگے پانا (اَر۔ محاورہ) کیے کی سزا پانا (۲) تکلیف اُٹھانا۔

آگے پیچھے (اَر۔ تابع فعل)(۱) سامنے اور عقب میں (۲) یکے بعد دیگرے۔ لگاتار (۳) دیر سویر (۴) خلافِ قاعدہ۔

آگے پیچھے چلنا (اَر۔ محاورہ) ایک کے پیچھے دُوسرے کا چلنا (۲) بے ترتیبی سے چلنا۔

آگے پیچھے سب چل بسیں گے (اَر۔ مثل) سب کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔

آگے پیچھے نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) تن تنہا ہونا۔ لاوارث ہونا۔

آگے پیچھے ہاتھ دھرے ہونا (اَر۔ محاورہ) ننگا ہونا۔ نہایت مفلس ہونا۔

آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں، پیچھے دیکھتے آنکھیں پھوٹیں (اَر۔ مثل) جہاں پر کسی کام کے کرنے اور نہ کرنے دونوں میں خرابی ہو وہاں بولتے ہیں۔ (۲) مجبوری و معذوری۔ نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن۔

آگے جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) آگے بڑھنا (۲) راستہ بتانا۔ رہنمائی کرنا (۳) سبقت لے جانا۔

آگے چلنا (اَر۔ محاورہ) آگے بڑھ کر چلنا۔ سبقت لے جانا۔

آگے خدا کا نام (اَر۔ محاورہ)(۱) خُدا کے نام کے سوا کچھ نہیں (۲) بس خاتمہ ہے (۳) اِس کے آگے کچھ نہیں۔

آگے خیریت ہے (اَر۔ محاورہ) آیندہ کچھ نہیں ہے۔

آگے دوڑ پیچھے چوڑ (اَر۔ مثل) ایک کام ختم نہیں ہوا کہ دُوسرا شروع کر دیا۔

آگے دھرا ہے (اَر۔ مثل) سامنے رکھا ہے (۲) پیش آتا ہے۔

آگے دھر لینا (اَر۔ محاورہ) دیکھتے آگے رکھ لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آگے دھرنا (أر۔ محاورہ)(۱) سامنے رکھنا۔ رُوبرو رکھنا۔
آگے دیکھ کے (أر۔ تابع فعل)(۱) سامنے نظر کر کے (۲) سنبھل کر۔ دیکھ بھال کر۔
آگے دیکھنا (أر۔ محاورہ)(۱) سامنے دیکھنا۔ آنکھیں کھولنا (۲) ہوشیار ہونا۔ آیندہ کی خبر رکھنا۔
آگے دیکھو (أر۔ محاورہ) آگے جاؤ۔ کوئی اور گھر دیکھو (بھکاری سے کہتے ہیں)۔
آگے دیکھئے کیا ہوتا ہے (أر۔ مثل) نہیں معلوم آیندہ کیا ہونے والا ہے۔
آگے دینا (أر۔ محاورہ)(۱) سامنے دینا (۲) زیادہ دینا (۳) حملہ آور کے آگے کوئی چیز رکھ دینا کہ اُس کا دھیان بٹ جائے۔
آگے ڈالنا (أر۔ محاورہ)(۱) سامنے رکھ دینا۔ رُوبرو ڈال دینا (۲) گزارے کے واسطے بیوہ عورت کی مدد کرنا۔
آگے رکھ لینا (أر۔ محاورہ) نشانہ بنالینا (۲) ڈھال بنالینا (۳) قابو میں کرلینا۔
آگے رکھنا (أر۔ محاورہ)(۱) سامنے رکھنا (۲) نذر کرنا (۳) اُستاد بنانا۔
آگے رنگ لانا (أر۔ محاورہ) آیندہ گل کھلانا۔ آیندہ کو خرابی پیدا کرنا۔
آگے سے (أر۔ متعلق فعل) سامنے سے (۲) پہلے سے۔ ابتدا سے۔
آگے سے ٹھاننا (أر۔ محاورہ)(۱) پہلے سے ارادہ کرلینا (۲) پہلے سے نتیجہ نکالنا۔
آگے سے روکنا (أر۔ محاورہ) پہلے سے روک دینا۔ پیش بندی کرنا۔
آگے سے سوچنا (أر۔ محاورہ) پہلے سے فکر کرنا۔
آگے سے گانٹھنا (أر۔ محاورہ) پہلے سے راضی کرلینا۔ پہلے سے یار بنالینا۔
آگے سے ہوتی آئی ہے (أر۔ مثل) قدیم سے دستور ہے۔ پہلے سے یہ بات چلی آرہی ہے۔ پُرانی رسم ہے۔
آگے قدم (دھرنا) رکھنا (أر۔ محاورہ) پہل کرنا۔ پیش قدمی کرنا۔ ترقی کرنا۔
آگے قسمت (أر۔ روزمرّہ) آیندہ جو نصیب میں ہو۔
آگے کا اُٹھا (أر۔ا۔مذ) جھوٹا۔ پس خوردہ۔ بچا کھچا کھانا۔
آگے کا قدم پیچھے پڑنا (أر۔ محاورہ)(۱) آگے بڑھنے کے بجائے پیچھے ہٹنا (۲) تنزل ہونا (۳) رُعب چھا جانا۔ ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔ کچھ نہ سُوجھنا۔
آگے کرنا (أر۔ محاورہ)(۱) سامنے کرنا (۲) پیش کرنا۔
آگے کو (أر۔ متعلق فعل) آیندہ۔ آگے چل کر۔
آگے کو کان ہونا (أر۔ محاورہ) محتاط ہو جانا۔ خبردار ہو جانا۔
آگے کنواں پیچھے کھائی (أر۔ مثل) دونوں طرف سے خطرہ۔ کام کرنے میں بھی خرابی اور نہ کرنے میں بھی۔
آگے کی خدا جانے (أر۔ مثل) دیکھو آیندہ کیا ہوتا ہے۔ خُدا ہی بہتر جانتا ہے۔
آگے مقدر (أر۔ روزمرّہ) آگے قسمت۔ آیندہ جو قسمت میں ہو۔
آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا۔ سب سے اچھا کمہار کا گدھا (أر۔ مثل) جس کا والی وارث کوئی نہ ہو۔ گوڑا ناٹھا۔
آگے نکل جانا (نکلنا) (أر۔ محاورہ) آگے بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔
آگے ہاتھ پیچھے پات (أر۔ مثل) اس قدر مفلس اور غریب ہے کہ تن پر کپڑا تک نہیں۔ ایک ہاتھ آگے اور ایک پتّا پیچھے لگا ہوا ہے۔
آگے ہونا (أر۔ محاورہ)(۱) آگے بڑھنا۔ پیش قدمی کرنا (۲) رُوبرو آنا (۳) مقابلہ کرنا۔
آگے ہی (أر۔ روزمرّہ) پہلے ہی۔ اوّل ہی۔ اوّل ہی سے۔
آگیا (آگ۔یا)(س۔ا۔مث)(۱) فرمان (۲) ہدایت (۳) اجازت۔ حکم۔ رُخصت۔ رضا۔
آگیا پالنا (ہ۔ محاورہ) حکم بجالانا۔ فرماں برداری کرنا۔
آگیا دینا (ہ۔ محاورہ)(۱) حکم دینا (۲) اجازت دینا۔ ہدایت کرنا۔
آگیں (یائے معروف)(ف۔ لاحقہ) فارسی لاحقہ نسبت جو کسی فارسی اسم کے بعد آکر اُسے صفت بنا دیتا ہے اور بھرا ہوا اور لبالب کے معنی دیتا ہے جیسے خلوص آگیں۔ شرم آگیں وغیرہ۔

آ۔ل

آل (ہ۔ا۔مث) نئی پیاز کے ہرے پتّے (۲) لمبا کھیرا۔ ککڑی (۳) زمین کی نمی (۴) ایک درخت جس کی جڑ سے سُرخ رنگ نکلتا ہے۔
آل کا انڈا (أر۔ا۔مذ) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں کسی سیدھے سادے لڑکے کے سر پر چپتیں مارتے ہیں۔
آل کا رنگ (أر۔ا۔مذ) لال رنگ۔ وہ سُرخ رنگ جو آل درخت کی جڑ سے نکلتا ہے۔
آل (ت۔ا۔مث) سُرخ رنگ۔
آل تمغا (ت۔ا۔مذ)(۱) سُرخ مُہر (۲) شاہی فرمان (۳) معافی یا شاہی جاگیر کی سند (۴) انعام میں دی گئی جاگیر۔
آل (All)(انگ۔صف) کُل۔ تمام۔ سب۔ اُردو میں یہ لفظ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے آل پاکستان مسلم لیگ۔
آل (ع۔ا۔مث)(۱) اولاد۔ بیٹے بیٹیاں (۲) کنبہ۔ خاندان (۳) نسل۔
آل اولاد (ع۔ا۔مث) بال بچے۔ بیٹا بیٹی۔ نواسا نواسی۔ اخلاف۔
آلِ پیمبرؐ (آلِ رسولؐ۔ آلِ نبیؐ) (ع۔ا۔مث) رسول مقبولؐ کی بیٹی کی اولاد۔ قوم سادات۔
آلِ عبا (ع۔ا۔مث) وہ لوگ جن پر رسول اکرمؐ نے اپنی کملی ڈال کر محبت ظاہر فرمائی یعنی حضرت علیؓ۔ فاطمہؓ۔ حسنؓ۔ حسینؓ رضی اللہ عنہم۔
آل و اطفال (ع۔ا۔مذ) بال بچے۔ پوتا پوتی۔ نواسا نواسی۔
آلا (ق۔ا۔مذ) گھر۔ گھونسلا۔ آشیانہ۔
آلا (ہ۔صف)(۱) گیلا۔ تر۔ نم (۲) کچا زخم۔ ہرا زخم (۳)(ا۔مذ) دیوار میں چراغ یا کسی چیز کے رکھنے کی جگہ۔ طاق۔ طاقچہ (۴) ٹھگ آپس میں ایک دُوسرے کو اس نام سے پکارتے تھے (۵) گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں دونوں طرف سر کرنا۔ نیز دیکھیے آلھا۔
آلا پٹ جانا (أر۔ محاورہ) گنجفے میں دونوں طرف سر کرنے سے فارغ ہو جانا۔
آلا دے نوالہ (أر۔ مثل) اے طاق روٹی دے۔ کوئی کمینہ اعلیٰ درجے کو پہنچے مگر فطرتاً اُس کا کمینہ پن نہ جائے تو کہتے ہیں۔
آلا رہنا (أر۔ محاورہ) زخم تازہ رہنا۔ مندمل ہونے میں نہ آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آلا کرنا (اُر۔ محاورہ) گچّے میں دونوں طرف سر کرنا۔
آلا گانا۔ دیکھئے آلھا گانا۔
آلا ہونا (اُر۔ محاورہ) گیلا ہونا۔ تر ہونا۔ بھیگنا (۲) زخم ہرا ہو جانا۔ پھر سے زخم کا تازہ ہو جانا۔
آلا بالا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ٹال مٹول۔ دم دلاسا۔ بہانہ (۲) چال۔ فریب (۳) سستی۔ کاہلی۔
آلا بالا بتانا (اُر۔ محاورہ) ٹال دینا (۲) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
آلاپ (س۔ ا۔ مث) (۱) بول چال۔ آواز۔ نغمہ (۲) آواز کا اُتار چڑھاؤ۔ گانے میں سُروں کا اونچا کرنا۔ اُٹھان۔ تان۔
آلاپنا (آ۔ لاپ۔ نا) (ہ۔ مص) اُونچے سُروں میں گانا۔ تان اُڑانا۔
آلات (ع۔ ا۔ مذ) آلہ کی جمع۔ اوزار۔ ہتھیار۔
آلاتِ حرب (ع۔ ا۔ مذ) لڑائی کے ہتھیار۔ اسلحہ جنگ۔
آلاتِ کشاورزی (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کھیتی باڑی کے اوزار۔
آلاراسی (آلاریسی) (آ۔ لا۔ را۔ سی) (آ۔ لا۔ ری۔ سی) (ہ۔ صف) ① بے پروا۔ بے فکر۔ لااُبالی (۲) (مث) بے پروائی۔ بے فکری (۳) سستی۔ کاہلی۔
آلاراسی خصم خدا (اُر۔ مثل۔ عو) سست اور کاہل آدمی کا اللہ مالک ہے۔ خود کچھ نہیں کرتا۔ اس کا کام اللہ ہی کر دے تو کر دے۔
آلام (ع۔ ا۔ مذ) اَلَم کی جمع۔ رنج۔ غم۔ دُکھ درد۔
آلان (س۔ ا۔ مذ و مث) (۱) وہ کڑا یا زنجیر جس سے ہاتھی کا پاؤں باندھا جاتا ہے (۲) ہاتھی کی پیٹھ کا گدّا۔
آلایش (آ۔ لا۔ یش) (ف۔ ا۔ مث) (۱) آلودگی۔ غلاظت۔ میل کچیل۔ (۲) پھوڑے کا مواد (۳) انتڑیاں وغیرہ۔
آلت (آ۔ لت) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) آلہ۔ اوزار۔ ہتھیار (۲) جہاز کی رسّی (۳) برتن (۴) آلہ تناسل کا مخفف۔
آلتی پالتی (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی بیٹھک۔ چار زانو۔
آلتی پالتی مارنا (اُر۔ محاورہ) چار زانو بیٹھنا۔ چوکڑی مار کر بیٹھنا۔
آلسی (آل۔ سی) (ہ۔ صف) سست۔ کاہل۔ دھیما۔
آلسی سدا روگی (اُر۔ مقولہ) سست آدمی ہمیشہ بیمار رہتا ہے۔
آلکس (آل۔ کس) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سستی۔ کاہلی۔ کسل مندی (۲) نیند۔ اُونگھ۔
آلکس آنا (اُر۔ محاورہ) سستی یا کاہلی آنا۔ نیند آنا۔ اُونگھ آنا۔
آلکسی (آل۔ کَ۔ سی) (ہ۔ ا۔ مث) سستی۔ کاہلی (۲) (صف) سست۔ کاہل۔
آلکسیا (آل۔ کس۔ یا) (ہ۔ صف) کاہل۔ سست۔
آلگنا۔ "آ" کے تحت دیکھئے۔
آلن (آ۔ لن) (ہ۔ ا۔ مذ) بیسن یا آٹا جو ساگ میں گھول کر ڈالتے ہیں۔
آلنا (آل۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) آشیانہ۔ گھونسلا۔

آلنگ (آ۔ لنگ) (س۔ ا۔ مث) گھوڑی کی مستی۔ عورت کی مستی۔
آلنگ پر (آنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھوڑی کا مستانا۔ عورت کا مستانا (۲) جوان ہونا۔
آلو (آ۔ لو) (اُر۔ ا۔ مذ) ایک بھورے اور سفید رنگ کی سبزی جو دراصل جڑ ہے اور زمین کے اندر ہوتی ہے۔ اِس کا اصل وطن جنوبی امریکا ہے۔ امریکی ریڈ انڈین اِسے بٹاٹا کہتے ہیں۔ اسپین کے ملاح اِسے یورپ میں لائے اور اِسے پاٹا کہا۔ انگریزوں نے اسے پوٹیٹو بنا دیا۔ اِس کی جسامت آلو بخارے کی طرح تھی اِس لئے شمالی ہندوستان کے لوگوں نے اس کا نام آلو رکھا۔ جمع: آلو۔ آلوؤں۔
آلو بخارا (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا گول، زرد یا کشمشی رنگ کا کھٹ مٹھا پھل جو اُزبکستان کے شہر بخارا سے منسوب ہے۔
آلوچہ (ف۔ ا۔ مذ) آلو بخارے سے ملتا جلتا ایک تُرش میوہ۔ ایران اور وسط ایشیا میں کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔
آلود (آ۔ لود) (ف۔ صف) لتھڑا ہوا۔ مُرکّبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے خون آلود۔
آلودگی (آ۔ لو۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ناپاکی۔ آلایش۔
آلودہ (آ۔ لو۔ دہ) (ف۔ صف) (۱) لتھڑا ہوا۔ بھرا ہوا۔ ناپاک۔ نجس (۲) پھنسا ہوا (۳) گناہ گار۔ پاپی۔ جمع: آلودگان۔
آلودہ دامن (ف۔ صف) جس کا دامن گناہوں میں لتھڑا ہو۔ گناہ گار۔
آلودہ کرنا (ف۔ اُر۔ مص) بھرنا۔ لتھیڑنا۔ بُرائی میں شامل کرنا۔
آلوشفتالو (آ۔ لو۔ شف۔ تا۔ لو) (اُر۔ ا۔ مذ) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکا دُوسرے لڑکے کی چڈّھی پر سوار ہو کر اُس کی دونوں آنکھیں اپنے دونوں ہاتھوں سے بند کر لیتا ہے اور باقی لڑکوں میں سے ایک لڑکا اُس سوار کی پیٹھ کے پیچھے کھڑا ہو کر اپنی جتنی چاہے اُنگلیاں ہلا کر گھوڑی سے پوچھتا ہے کہ کتنی اُنگلیاں۔ اگر اُس نے اُنگلیوں کی تعداد اِتفاقاً صحیح بتا دی تو گھوڑی سوار بن جاتی ہے اور پوچھنے والا گھوڑی ورنہ کھیل اِسی طرح جاری رہتا ہے۔
آلہ (ع۔ ا۔ مذ) اوزار۔ ہتھیار۔ راچھ۔ جمع: آلات۔ اُر جمع: آلوں۔ آلے۔
آلۂ تناسل (ع۔ ا۔ مذ) (۱) نسل بڑھانے کا اوزار (۲) ذکر۔ مرد کا عضوِ تناسل۔ قضیب۔ لنگ۔
آلۂ کار (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کام کا آلہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔
آلھا (ہ۔ ا۔ مذ) اُودَل کا بھائی۔ یہ دونوں بھائی مہوبہ ضلع ہمیرپور (بھارت) کے راجپوت سردار پرتھوی راج چوہان والیِ ریاست دہلی و اجمیر کے ہم عصر تھے اِن کی داستانِ شجاعت برج بھاشا کی ایک طویل نظم میں بیان کی گئی ہے (مجازاً) بہت طویل اور بے سر و پا کہانی۔
آلھا گانا (ہ۔ محاورہ) آلھا اودل کی منظوم داستان سُنانا۔ لمبی چوڑی اور اُکتا دینے والی باتیں کرنا۔
آلی (ہ۔ صف) (۱) آلا کی تانیث۔ گیلی۔ تر (۲) (ہ۔ ا۔ مث) سہیلی۔
آلے بالے (ہ۔ ا۔ مذ) آلا بالا کی جمع۔ حیلے حوالے۔ بہانے۔ ٹال مٹول۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آ ـ م

آم (ہ۔ا۔مذ) لغوی معنی عطیہ۔ منطقۂ حارّہ کا ایک مشہور اور لذیذ پھل۔ اُنبہ۔ اس کی بے شمار اقسام ہیں۔ جمع: آم۔ آموں۔

آم بوؤ آم کھاؤ۔ املی بوؤ املی کھاؤ (ار۔مثل) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

آم پال (رکھنا) ڈالنا (ار۔مص مُرکّب) ایک خاص طریقے سے گدرائے ہوئے آموں کو گھاس پھوس میں دبانا تاکہ پک جائیں۔

آم ٹپکنا (ار۔ محاورہ) آم کا پختہ ہو کر ڈال سے گرنا۔

آم ڈھل جانا (ار۔ محاورہ) آم کا زیادہ ملائم ہو کر بے مزہ ہو جانا۔

آم کا ٹپکا لگنا (ار۔ محاورہ) درختوں سے پک کر آموں کا گرنا۔

آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے (ار۔مثل) اپنے کام سے مطلب ہونا چاہیے۔ حجت اور فضول باتوں سے کوئی فائدہ نہیں۔

آم کھائے پال کا خربوزہ کھائے ڈال کا پانی پیئے تال کا (ار۔مثل) ان چیزوں کے استعمال کا صحیح طریقہ یہی ہے۔ یہ اسی صورت میں لذیذ ہوتی ہیں۔ (تال: تالاب)۔

آم کے آم گٹھلیوں کے دام (ار۔مثل) آم کھائے گٹھلیوں کو بیچ کر دام وصول کیے۔ کسی کام میں ہر صورت سے نفع ہونا۔ دوہرا فائدہ ہونا۔

آم گھاس (ار۔ا۔مذ) بُرا بھلا۔ اَلَم غَلَم۔ عام خاص کی بگڑی ہوئی صورت۔

آم میں (بور) مور آنا (ار۔مص) آم کے درخت میں پھول آنا۔

آماج (ف۔ا۔مذ) نشانہ۔ ہدف۔

آماج گاہ (ف۔ا۔مث) نشانے کی جگہ (۲) میدانِ جنگ۔

آمادگی (آ۔ما۔دِ۔گی) (ف۔ا۔مث) رضامندی۔ مستعدی۔ تیاری۔

آمادہ (آ۔ما۔دہ) (ف۔صف) رضامند۔ مستعد۔ تیار۔

آماس (ف۔ا۔مذ) سوجن۔ ورم۔

آمال (ع۔ا۔مث) امل کی جمع۔ اُمیدیں۔

آمد (آ۔مد) (ف۔ا۔مث) (۱) آنا۔ تشریف لانا۔ از خود خیال آنا۔ بلاتکلف مضمون ذہن میں آنا۔ آورد کی ضد (۲) آمدنی۔ یافت۔

آمد آمد (ف۔ا۔مث) آنے کا چرچا۔ آنے کا ذکر۔ جلد آنے کی توقع۔

آمد برآمد کے دن (ار۔ محاورہ) رُت پھرنے کا زمانہ۔ فصل تبدیل ہونے کا وقت۔ موسم بدلنے کے دن۔

آمدِ سخن (ف۔ا۔مث) کلام کا بلاتکلف ذہن میں آنا۔

آمدم برسرِ مطلب (ف۔مثل) اب میں اصل مطلب کی طرف آتا ہوں۔

آمد و خرچ (ف۔ار۔ا۔مذ) آمدنی اور خرچ۔ حاصل اور صَرف۔

آمد و رفت (ف۔ا۔مث) (۱) آنا جانا (۲) میل ملاپ۔ تعلق۔ واسطہ۔

آمد و رفت بند ہونا (ار۔ محاورہ) راہ و رسم ختم ہونا۔ آنا جانا چھوٹنا۔

آمد و رفت لگانا (ار۔ محاورہ) آنا جانا جاری رکھنا۔

آمد و رفت لگی رہنا (ار۔ محاورہ) آنے جانے کا تار بندھا رہنا۔

آمد و رفت ہونا (ار۔ محاورہ) راہ و رسم ہونا۔ آتے جاتے رہنا۔

آمد و شُد (ف۔ا۔مث) (۱) آنا جانا۔ آمد و رفت (۲) راہ و رسم۔

آمدن (آم۔دَن) (ف۔مص) آنا (۲) (ار۔ا۔مث) آمدنی۔ یافت۔

آمدن بہ ارادت، رفتن بہ اجازت (ف۔مثل) اپنی خوشی سے آنا، دُوسرے کی خوشی سے جانا۔

آمدنی (آم۔دَ۔نی) (ار۔ا۔مث) محاصل۔ یافت۔ فائدہ۔ سرمائے کا منافع یا محنت کا مُعاوضہ۔

آمدنی کا موسم (ار۔ا۔مذ) وہ دن جن میں غلہ یا سوداگری کا مال آتا ہے۔ دساور آنے کا دن (۲) یافت کا زمانہ۔

آمدنی کے سر سہرا ہے (ار۔مثل) آمدنی ہی سے سارا ٹھاٹھ باٹھ قائم رہتا ہے۔

آمر (آ۔مِر) (ع۔صف۔و۔ا۔مذ) حکم دینے والا۔ مطلق العنان حاکم۔ ڈکٹیٹر۔

آمرانہ (آ۔مِ۔را۔نہ) (ف۔صف) آمر سے منسوب۔ حاکمانہ۔

آمرزش (آ۔مُر۔زِش) (ف۔ا۔مث) بخشش۔ عطا۔ معافی۔

آمرزگار (آ۔مُرز۔گار) (ف۔صف) بخشنے والا۔ معاف کرنے والا۔ مُراد خدا تعالیٰ۔

آمریّت (آ۔مِ۔ری۔یَت) (ع۔ا۔مث) آمر یا ڈکٹیٹر کا منصب۔ مطلق العنانی۔ کلّی اختیار و اقتدار۔

آملہ (آ۔مْ۔لہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھیے آنولہ۔

آملیٹ (Omelette) (انگ۔ا۔مذ) انڈوں کا چِلّا۔ پیاز ملے اور تلے ہوئے نمکین انڈے۔

آمنا سامنا (آم۔نا۔سام۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مقابلہ۔ مڈ بھیڑ (۲) لڑائی۔ باہم سخت و سُست باتیں۔

آمَنّا و صَدَّقْنا (آ۔مَن۔نا۔وَصَد۔دَق۔نا) (ع۔ کلمہ ایجاب) (۱) ہم ایمان لائے اور ہم نے تصدیق کی (۲) بجا ہے۔ دُرست ہے۔ ٹھیک ہے۔

آمنے سامنے (ار۔ متعلق فعل) ایک دُوسرے کے آگے۔ ایک دوسرے کے مقابل۔

آمنے سامنے ہونا (ار۔ محاورہ) رُوبرو ہونا۔ مُقابل ہونا۔

آموختہ (آ۔موخ۔تہ) (ف۔ا۔مذ) پڑھا ہوا سبق۔ پچھلا سبق۔

آموختہ (پڑھنا) پھیرنا (ار۔ محاورہ) پڑھے ہوئے کو دُہرانا۔

آموختنی (آ۔موخ۔تَ۔نی) (ف۔صف) سیکھنے کے لائق۔ سکھانے کے قابل۔

آموز (آ۔موز) (ف۔لاحقہ) آموختن مصدر کا صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سیکھنے والا یا سکھانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے سبق آموز۔

آموزش (آ۔مو۔زِش) (ف۔ا۔مث) سکھائی۔ پڑھائی۔ آموختن کا حاصل مصدر۔

آموزش گاہ (ف۔ا۔مث) درس گاہ۔ مکتب۔ مدرسہ۔

آموزگار (آ۔موز۔گار) (ف۔صف۔و۔ا۔مذ) سکھانے والا۔ اُستاد۔ مُعلّم۔ جمع: آموزگاران۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آمیختہ (آ۔ مِیخ۔ تَہ)(یائے مجہول)(ف۔ صف) ملایا ہوا۔ مُرکب۔
آمیز (آ۔ میز) (یائے مجہول) (ف۔ لاحقہ) فارسی مصدر آمیختن اور آمیزیدن سے صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ملنے والا یا ملانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے کم آمیز۔ توہین آمیز۔
آمیزش (آ۔ مے۔ زِش)(ف۔ ا۔ مث) ملاوٹ۔ ملونی۔
آمیزہ (آ۔ مے۔ زَہ)(ف۔ ا۔ مذ) دو یا دو سے زائد چیزوں کا اس طرح ملنا کہ وہ ایک ذات نہ ہوں اور آسانی سے الگ کی جاسکیں۔ مکسچر۔
آمِین (آ۔ مِین)(ع۔ کلمہ تائید)(۱) اے خُدا ایسا ہی ہو۔ اے خُدا دُعا قبول فرما۔ کوئی دُعا کرے تو اُس کی تائید میں کہتے ہیں (۲) ختم قرآن شریف کی تقریب۔ (عب آمِن کا معرّب ہے)۔
آمین آمین (ع۔ کلمہ تائید) آمین کا تاکیدی فقرہ۔
آمین آمین ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) امن چین ہونا (۲) خوشیاں ملنا۔ مُراد بر آنا۔
آمین اللہ (ع۔ کلمہ تائید۔ عو) خدا یوں ہی کرے۔ خُدا قبول کرے۔
آمین پڑھنا (اَر۔ محاورہ) ختم قرآن کے بعد جو کچھ دُعائیہ اشعار پڑھے جاتے ہیں اُنہیں آمین پڑھنا کہتے ہیں۔
آمین کہنا (اَر۔ محاورہ) دُعا مانگنے کے بعد لفظ آمین زبان پر لانا یعنی خدا تعالیٰ قبول کرے۔ خُدا یوں ہی کرے (۲) قبول کرنا۔ ماننا۔
آمین کہنے والے (اَر۔ ا۔ مذ) ہاں میں ہاں ملانے والے۔ خوشامدی۔

آ۔ن

آن (و۔ ا۔ مث)(۱) قسم۔ عہد (۲) بڑوں کے رسم و رواج (۳) ضد۔ ہٹ (۴) عادت۔ خصلت (۵) آرزو۔ خواہش (۶) لاج۔ شرم۔ حیا۔ عزّت۔ حُرمت۔
آن توڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) قول و قرار توڑنا۔ قسم توڑ دینا (۲) رسم کے خلاف کرنا۔
آن جانا (اَر۔ محاورہ) بات خراب ہونا۔ آبرو جانا۔
آن رہ جانا (اَر۔ محاورہ) بات رہ جانا۔ آبرو رہ جانا۔
آن کھاں ہونا (اَر۔ محاورہ) تباہ ہونا۔ بے عزّت ہونا۔
آن (ف۔ ا۔ مث)(۱) شان و شوکت (۲) ادا۔ معشوقانہ چھب (۳) وضع۔ ڈھنگ (۴) غرور۔ گھمنڈ۔
آن بان (اَر۔ ا۔ مث) شان و شوکت۔ وضع۔ ٹھاٹ۔ بانکپن۔
آن بان سے رہنا (اَر۔ محاورہ) شان و شوکت سے بسر کرنا۔ ٹھاٹھ سے رہنا۔ وضع بنائے رہنا۔
آن بان والا (اَر۔ صف) شان و شوکت والا (۲) وضع دار۔ غیرت دار۔
آن تان میں پورا ہونا (اَر۔ محاورہ) شان و شوکت میں کامل ہونا۔ وضع کا پابند ہونا۔
آن نکلنا (اَر۔ محاورہ) معشوقانہ انداز پیدا ہونا۔ حسن و خوبی کا چمکنا۔
آن (ع۔ ا۔ مث) وقت۔ لمحہ۔ لحظہ۔ ساعت۔
آن کا مہمان (اَر۔ صف) کوئی دم کا مہمان۔ جلد دُنیا سے جانے والا۔
آن کی آن میں (اَر۔ تابع فعل) آنا فانا۔ ایک لمحے میں۔ ذرا سی دیر میں۔
آن میں کچھ ہے آن میں کچھ (اَر۔ مثل) متلون مزاج ہے۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ۔ گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔
آنِ واحد میں (اَر۔ تابع فعل) ایک آن میں۔ لمحہ بھر میں۔
آن (و) "آ" کی قدیم شکل۔ مُرکبات میں بطور سابقہ اِستعمال ہوتا ہے۔
آن بننا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آبننا (آ کے تحت)۔
آن پڑنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آپڑنا (آ کے تحت)۔
آن پہنچنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آپہنچنا (آ کے تحت)۔
آن لینا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آلینا۔
آن ملنا (اَر۔ محاورہ) آجانا۔ مِل جانا۔
آں (ف۔ ا۔ اشارہ)(نون غنہ) وہ۔
آں جناب (ف۔ کلمہ تعظیم) جناب والا۔ عالی قدر۔ مخاطب کو بجائے آپ کے تعظیماً آں جناب کہتے ہیں۔
آں حضرتؐ (آں حضورؐ۔ آں سرورؐ)(ف۔ کلمہ تعظیم) وہ بزرگ۔ وہ سردار۔ تعظیماً پیغمبر اسلام ﷺ کے نام کی جگہ بولتے ہیں۔
آں دفتر را گاؤ خورد (ف۔ مثل) اِس دفتر کو بیل کھا گیا۔ ایسی چیز کے متعلق کہتے ہیں جس کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا ہو۔
آں را کہ حساب پاک اُست از محاسبہ چہ باک؟ (ف۔ مثل) جس کا حساب صاف ہو اُسے پڑتال کا خوف نہیں۔
آں قدح بشکست و آں ساقی نماند (ف۔ مثل) وہ پیالہ ٹوٹ گیا اور وہ پلانے والا نہ رہا۔ وہ مزہ اور لطف جاتا رہا۔ وہ زمانہ ہی نہ رہا۔ وہ صحبتیں ہی نہ رہیں۔
آنا (و۔ مص)(۱) جانا کی ضد۔ آپہنچنا۔ نازل ہونا۔ حاضر ہونا۔ نمودار ہونا۔ داخل ہونا (۲) واقف ہونا۔ جاننا۔ سیکھ لینا (۳) مائل ہونا۔ راغب ہونا (۴) دُکھنا۔ پُر آشوب ہونا (آنکھ کے لئے مستعمل ہے)۔
آنا جانا (اَر۔ ا۔ مذ) آمد و رفت (۲) میل ملاپ۔ میل جول۔ ربط ضبط۔
آنا (و۔ ا۔ مذ) ہندوستان کا ایک پُرانا سِکّہ جو پُرانے چار پیسوں کے برابر ہوتا تھا۔ پُرانے رُوپے کا سولھواں حصّہ۔
آنا پائی (و۔ ا۔ مذ) پورا پورا۔ کوڑی کوڑی۔
آنا نہ پائی بُری پاؤں گھسائی (اَر۔ مثل) بے کار دوڑ دھوپ۔ مُفت کی محنت۔
آنا فاناً (آ۔ نَن۔ فا۔ نَن)(ع۔ تابع فعل) ایکا ایکی۔ جھٹ پٹ۔
آنا کانی (و۔ ا۔ مث)(۱) سُنی اَن سُنی کرنے کی حالت۔ دھیان نہ دینے کی حالت (۲) ٹال مٹول۔ حیلہ حوالہ۔
آنا کانی کرنا (اَر۔ محاورہ) سُنی اَن سُنی کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
آنب (نون غنہ)(و۔ ا۔ مذ) آم۔
آنبا ہلدی (آں۔ با۔ ہَل۔ دی)(و۔ ا۔ مث) ایک قسم کی سُرخ ہلدی۔ آما ہلدی۔
آنت (نون غنہ)(و۔ ا۔ مث)(۱) پیٹ کے اندر وہ لمبی نلکیاں جن میں غذا ہضم ہوتی ہے۔ انتڑی (۲)(کنایۃً) لمبی چیز۔ جمع: آنتوں۔ آنتیں۔
آنت (اُترنا) بڑھ آنا (اَر۔ مص مُرکب) ایک بیماری جس میں آنت فوطوں میں اُتر آتی ہے اور اس سے آدمی کے خصیوں میں درد ہوتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنت بھاری تو مات بھاری (اَر۔ مثل) فتورِ ہضم سے دردِ سر ہوتا ہے۔

آنت بھاری ہونا (اَر۔ محاورہ) بدہضمی ہونا۔

آنت کی آنت (اَر۔ محاورہ) بہت لمبی چیز۔

آنتوں (آں۔ توں) (ہ۔ ا۔ مث) آنت کی جمع۔

آنتوں کا بَل کُھلنا (اَر۔ محاورہ) بہت بھوک کے بعد خوب ڈٹ کر کھانا۔

آنتوں کا قُل ھُوَ اللہ پڑھنا (اَر۔ محاورہ) سخت بھوکا ہونا۔

آنتوں میں بل پڑنا (اَر۔ محاورہ) پیٹ میں درد ہونا۔

آنتیں (آں۔ تیں) (ہ۔ ا۔ مث) آنت کی جمع۔

آنتیں اُلٹ جانا (اَر۔ محاورہ) قے ہونا۔ اُبکائیاں آنے سے جی اُوپر تلے ہونا۔

آنتیں سمیٹنا (اَر۔ محاورہ) بھوکا رہنا۔ بھوک برداشت کرنا۔

آنتیں سُوکھنا (اَر۔ محاورہ) بھوک کے مارے انتڑیوں کا سُوکھ جانا۔ فاقہ کشی کرنا۔

آنتیں کوستی ہیں (اَر۔ مثل) بھوک سے آنتیں فریاد کرتی ہیں۔ بہت زیادہ بھوک لگی ہے۔

آنتیں گلے پڑنا (گلے میں آنا) (اَر۔ محاورہ) مصیبت میں پڑنا۔ بلا میں مبتلا ہونا۔

آنتیں مُنہ کو آنا (اَر۔ محاورہ) ناک میں دم آنا۔ بیزار ہونا۔ جی اُکتانا۔ نہایت ناگوار گزرنا۔

آنتیں مُوسنا (اَر۔ محاورہ) بھوکا رہنا۔ بھوک برداشت کرنا۔

آنٹ (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہتھیلی میں انگوٹھے اور اُنگلی کے درمیان کی جگہ (۲) داؤں۔ قبضہ۔ پیچ (۳) دُشمنی (۴) گرہ۔ گانٹھ (۵) پُولا۔ گٹھا۔

آنٹ پڑنا (اَر۔ محاورہ) گرہ پڑنا (۲) دل میں فرق آنا۔ دشمنی ہونا۔

آنٹ سانٹ (اَر۔ ا۔ مث) سازش۔ توڑ جوڑ۔ باہمی صلاح مشورہ۔

آنٹ لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) رگڑنا (۲) گرہ دینا (۳) چاندی کو تپا کر کھوٹا کھرا پہچاننا۔

آنٹ نکلنا (اَر۔ محاورہ) دِل صاف ہونا (۲) رُکاوٹ دُور ہونا۔

آنٹی (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے انٹی۔

آنٹی (آنٹ) (Aunt-Aunty) (انگ۔ ا۔ مث) چچی۔ خالہ۔ پھوپھی۔

آنٹے جھونٹے (ق۔ ا۔ مذ) جھولے میں آمنے سامنے بیٹھ کر ایک کا دُوسرے کی گود میں پاؤں رکھنا۔

آنچ (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گرمی (۲) آگ کی لپٹ۔ شُعلہ (۳) آگ (۴) تاؤ۔ جوش (۵) مامتا کا جوش (۶) صدمہ (۷) نُقصان۔ ضرر (۸) دھار۔ چمک (۹) شہوت (۱۰) مُصیبت۔

آنچ آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) صدمہ پہنچنا۔ چوٹ لگنا (۲) نُقصان ہونا۔

آنچ دِکھانا (اَر۔ محاورہ) گرم کرنا۔ جلانا۔ آگ دِکھانا۔

آنچ کا کھیل (اَر۔ ا۔ مذ) آگ کا کام جان جوکھوں کا کام۔

آنچ کڑی ہونا (اَر۔ محاورہ) تیز آگ ہونا۔

آنچ کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) تاؤ کھانا (۲) گرم ہونا (۳) پگھلنا۔ گلنا۔

آنچ نہ آنا (اَر۔ محاورہ) صدمہ نہ پہنچنا (۲) نُقصان نہ ہونا۔

آنچ نہ آنے دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) صدمہ نہ پہنچنے دینا (۲) نُقصان یا ضرر نہ ہونے دینا۔

آنچل (آں۔ چَل) (ہ۔ ا۔ مذ) دوپٹے کا سرا۔ اوڑھنی کا پلّو۔ دامن کا کنارہ۔ گھونگٹ (۲) پستان۔ چھاتی۔ جمع: آنچل۔ آنچلوں۔

آنچل پلّو (اَر۔ ا۔ مذ) منقّش کی جھالر جو بھاری جوڑوں کے دوپٹے' اوڑھنی وغیرہ کے کناروں پر ٹانکتے ہیں۔

آنچل پھاڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنچل کترنا (۲) ٹونا کرنا۔ جادو کرنا۔ جس عورت کے بچے جیتے نہ ہوں وہ بچوں والی عورت کا آنچل کتر لیتی ہے اور اُس کو جلا کر کھا لیتی ہے جس سے حسبِ اعتقادِ مستورات اُس کے بچے تو مر جاتے ہیں اور کھانے والی کے زندہ رہتے ہیں (۳) نئی نویلی دُلہن کا بے باکی سے باتیں کرنا۔

آنچل دبانا (اَر۔ محاورہ) بچے کا دودھ پینا۔ بچے کا چھاتی مُنہ میں لینا۔

آنچل دینا (اَر۔ محاورہ) بچے کے مُنہ میں چھاتی دینا۔ بچے کو دودھ پلانا۔

آنچل ڈالنا (اَر۔ محاورہ) عورتوں میں ایک رسم ہے جب دولھا نکاح کے بعد دُلہن کے گھر جانے لگتا ہے تو اس کی بہنیں دروازے سے اپنے بھائی کے سر پر آنچل ڈال کر صدر مقام تک لے جاتی ہیں اور اس آنچل ڈالنے کا نیگ ان کو دیا جاتا ہے۔

آنچل سر پر ڈالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دوپٹا سر پر ڈالنا (۲) آرسی مصحف کی رسم کے وقت دُولہا دُلہن کے سر پر سُرخ کپڑا ڈالنا۔

آنچل سنبھالنا (اَر۔ محاورہ) آنچل اُٹھانا۔ آنچل درست کرنا۔

آنچل لینا (اَر۔ محاورہ) مہمان عورت کا اِستقبال کرنا اور اُس کے دوپٹے کا کنارہ تعظیماً چھونا۔

آنچل میں بات باندھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بات پلّے باندھنا (۲) کسی کی نصیحت یا قول کو یاد رکھنا۔

آنچل میں باندھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پلّے باندھنا (۲) کسی چیز کو دینے کے لئے ہر وقت اپنے پاس رکھنا (۳) یاد رکھنے کے لئے آنچل میں گرہ دے لینا۔

آنچل میں سات باتیں باندھنا (اَر۔ محاورہ) ٹونا ٹوٹکا کرنا۔ جادو کرنا۔

آندو (آں۔ دُو) (ہ۔ ا۔ مث) زنجیر جسے پہلوان کشتی جیتنے کے بعد پاؤں میں پہنتے ہیں۔

آندولن (آں۔ دو۔ لن) (س۔ ا۔ مذ) تحریک۔ مہم چلانا۔

آندھل جھپٹ (آں۔ دَھل۔ جھ۔ پَٹ) (ہ۔ تابع فعل) اندھا دُھند۔ جلد جلد (ہ۔ صف) بے ہودہ۔ فضول۔

آندھی (آں۔ دھی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تیز ہوا کا طوفان۔ طوفانِ باد۔ جھکّڑ۔ صرصر۔ جمع: آندھیاں۔ آندھیوں۔

آندھی آنا (اَر۔ محاورہ) جھکّڑ چلنا۔ ہوا کا طوفان اُٹھنا۔

آندھی آئے بیٹھ جائے' مینہ آئے بھاگ جائے (اَر۔ مثل) تھوڑی سی مُصیبت جھیل لے۔ زیادہ ہو تو الگ ہو جائے۔

آندھی آئے یا مینہ' بُڑھیا پینٹھ (بازار) سے نہ رہے (اَر۔ مثل) کوئی شخص اپنی عادت یا اپنے کام سے کسی حالت میں باز نہ رہے تو کہتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آندھی اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آندھی آنا۔
آندھی جائے مینہ جائے (اَر۔ مثل) چاہے کچھ بھی ہو۔ ہر حالت میں۔
آندھی چلنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آندھی آنا۔
آندھی چھانا (اَر۔ محاورہ) آندھی کا غبار چھانا۔
آندھی حضرت بی بی کے دامن میں باندھی (اَر۔ مثل) آندھی آنے کے وقت جاہل عورتیں یہ کہہ کر چلاتی ہیں۔ اُن کے عقیدے میں اِس طرح آندھی چلی جاتی ہے۔
آندھی روگ (اَر۔ اِ۔ مذ) مصیبت۔ آفت۔ چلتے چلتے تھک جانے کی جگہ بولتے ہیں۔
آندھی کاٹنا (اَر۔ محاورہ) افسوں پڑھ کے اُنگلی سے آندھی روکنا۔
آندھی کا کوّا (اَر۔ صف) کوّا آندھی میں نہ کہیں بیٹھ سکتا ہے نہ اُڑسکتا ہے۔ مُراد مصیبت کا مارا۔ نہایت پریشان حال۔
آندھی کی طرح آیا بگولے کی طرح گیا (اَر۔ محاورہ) آتے ہی جلد رُخصت ہو گیا۔
آندھی کے آم (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) آندھی کے گرے ہوئے آم (۲) (صف) بہت سَستی چیز (۳) چندروزہ۔ تھوڑے دِن کی۔
آندھی ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کام میں نہایت سرگرمی سے مصروف ہونا۔ (۲) بہت تیز اور چالاک ہونا۔
آنڈُو (آں۔ ڈُو) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) وہ شخص یا جانور جس کے بڑے بڑے خصیے ہوں (۲) سانڈ (۳) (ہ۔ صف) پُرشہوت۔ شہوتی۔
آنڈو بیل (ہ۔ اِ۔ مذ) وہ بیل جو خصّی نہ کیا گیا ہو (۲) بڑے فوطوں کا آدمی یا جانور جو فوطوں کے بوجھ سے چل نہ سکے۔ مُنٹھا۔ سُست۔ کاہل آدمی۔
آنڈی (آں۔ ڈی) (ہ۔ اِ۔ مث) پیاز کی گٹھی۔
آنڈے بانڈے کھانا (ہ۔ محاورہ) اِدھر اُدھر گھومنا۔ مارے مارے پھرنا۔
آنر (Honour) (انگ۔ اِ۔ مذ) عزت۔ بڑائی۔ مرتبہ۔
آنریبل (Honourable) (انگ۔ صف) ذی عزت۔ صاحبِ مرتبہ۔
آنریری (Honorary) (انگ۔ صف) (۱) اعزازی۔ اِمتیازی (۲) بلاتنخواہ کام کرنے والا۔ اعزازی خدمت انجام دینے والا۔
آنریری جج (Honorary Judge) (انگ۔ اِ۔ مذ) اعزازی جج۔ تنخواہ کے بغیر کام کرنے والا جج۔
آنریری سیکرٹری (Honorary Secretary) (انگ۔ اِ۔ مذ) معتمدِ اعزازی۔ وہ سیکرٹری جو تنخواہ نہ لے۔
آنریری مجسٹریٹ (Honorary Magistrate) (انگ۔ اِ۔ مذ) اعزازی مجسٹریٹ۔ تنخواہ کے بغیر کام کرنے والا مجسٹریٹ۔
آنس (آ۔ نِس) (ع۔ صف) محبت رکھنے والا۔ گھل مل جانے والا۔
آنسُو (آں۔ سُو) (ہ۔ اِ۔ مذ) اشک۔ وہ پانی جو زیادہ تکلیف، رنج یا خوشی میں آنکھوں سے جاری ہو جاتا ہے۔ جمع: آنسُو۔ آنسُوؤں۔
آنسو آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ میں پانی بھر آنا۔

آنسو ایک نہیں کلیجا ٹوک ٹوک (اَر۔ مثل) بظاہر رنج و غم ظاہر کرنا لیکن دل میں مکاری بھری ہونا۔
آنسو بہانا (اَر۔ مص مُرکب) رونا۔ ٹسوے بہانا۔ گریہ و زاری کرنا۔
آنسو بھر آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں پانی آجانا۔ آبدیدہ ہو جانا۔
آنسو بھر لانا (اَر۔ محاورہ) آبدیدہ ہونا۔
آنسو بہنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں سے پانی نکلنا۔ رونا۔
آنسو پُچھنا (اَر۔ محاورہ) رونا بند ہونا۔ تسلی اور تشفی ہونا۔ ڈھارس بندھنا۔
آنسو پونچھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھوں کا پانی خشک کرنا (۲) تسلی دینا۔ تسکین بخشنا۔ ڈھارس بندھانا۔
آنسو پھوٹ نکلنا (اَر۔ محاورہ) آنسو جاری ہو جانا۔ رو پڑنا۔
آنسو (پی جانا) پینا (اَر۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔ دُکھ درد کے وقت خاموش رہنا۔ نہ رونا۔
آنسو توڑ (ا۔ مذ) غیر موسم کی بارش۔ بن رُت کا مینہ۔
آنسو تھمنا (اَر۔ محاورہ) رونا موقوف ہونا۔ رونا بند ہونا۔
آنسو ٹپکانا (اَر۔ محاورہ) آنسوؤں سے رونا۔
آنسو ٹپک پڑنا (اَر۔ محاورہ) آنسو گر پڑنا۔ کسی صدمے کے اثر سے رو پڑنا۔
آنسو چلنا (اَر۔ محاورہ) اشک رواں ہونا۔ آنکھوں سے پانی جاری ہونا۔
آنسو خشک ہونا (اَر۔ محاورہ) آنسو سُوکھنا۔
آنسو دینا (اَر۔ محاورہ) شمع کا موم بوندوں کی شکل میں ٹپکنا۔
آنسو ڈالنا (اَر۔ محاورہ) آنسو گرانا۔ رونا۔
آنسو ڈبڈبا آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔
آنسو ڈھال (اَر۔ اِ۔ مث) گھوڑوں کی ایک بیماری جس سے ان کی آنکھوں سے ہر وقت پانی بہتا رہتا ہے۔
آنسو ڈھلکنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آنسو بہنا۔
آنسو گرانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ماتم کرنا۔ رونا (۲) تعزیت کرنا۔
آنسو گرنا (اَر۔ محاورہ) آنسو ٹپکنے لگنا۔
آنسو گیس (اَر۔ انگ۔ اِ۔ مث) ایک قسم کی گیس جس سے آنکھوں میں مرچیں سی لگتی ہیں اور پانی بہنے لگتا ہے۔ غیر قانونی ہجوم کو منتشر کرنے کے لئے پولیس اِستعمال کرتی ہے۔ (Tear Gas)۔
آنسو نکل (آنا) پڑنا (اَر۔ محاورہ) آنسو ٹپک پڑنا۔ بے اِختیار آنسو گرنا۔
آنسو نکلنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آنسو بہنا۔
آنسوؤں (ہ۔ اِ۔ مذ) آنسو کی جمع۔
آنسوؤں سے پیاس نہیں بجھتی (اَر۔ مثل) رونے سے دل کی حسرت نہیں نکلتی۔ غم دُور نہیں ہوتا۔
آنسوؤں سے منہ دھونا (اَر۔ محاورہ) زار زار رونا۔ بہت رونا۔
آنسوؤں کا تار (بندھنا) چلنا (اَر۔ محاورہ) زار زار رونا۔ زار و قطار رونا۔
آنسوؤں کا تارنہ ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ) مسلسل رونا۔
آنسوؤں کا چھالا (اَر۔ اِ۔ مذ) وہ چھالا جو آنسوؤں کی گرمی سے پڑ جائے۔
آنسوؤں کی جھڑی (دھار۔ لڑی) (اَر۔ اِ۔ مث) آنسوؤں کا تار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنسوؤں کا تسلسل۔

آنسوؤں کی جھڑی لگنا (اَر۔ محاورہ) مسلسل روتے رہنا۔

آنسوؤں کے تار باندھنا (اَر۔ محاورہ) برابر آنسو بہائے جانا۔

آنسوؤں کے دریا میں نہانا (اَر۔ محاورہ) بہت زیادہ رونا۔ اِتنا رونا کہ آنسوؤں سے مُنہ بھیگ جائے۔

آنِسَہ (آ۔نِ۔سَہ) (ع۔ صف) (۱) لغوی معنی محبت کرنے والی (۲) کنواری لڑکی۔ مِس۔

آنک (نُون غنّہ) (س۔ا۔مث) (۱) نشان (۲) حرف (۳) بات (۴) حِصّہ (۵) چھکڑے یا بیل گاڑی کی بلیوں کے نیچے لکڑی کا مضبوط ڈھانچا جس میں پہیے کی دُھری ڈالی جاتی ہے (۶) عدد۔ ہندسہ۔ رقم۔ نمبر (۷) کپڑے پر قیمت کا نشان (۸) جانچ۔ اندازہ۔ اٹکل۔

آنکڑا (آنک۔ڑا) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) عدد۔ گنتی کا نشان (۲) پیچ (۳) مویشیوں کی ایک بیماری (۴) کانٹا۔ ٹنک۔ لوہے کا کانٹا۔ آڑی لکڑی۔

آنکُس (آں۔کُس) (بفتحِ کاف وبضمِ کاف) (ہ۔ا۔مذ) ہانک۔ آنکڑا۔ ہاتھی کو ہانکنے کا آلہ۔

آنکنا (آنک۔نا) (نُون غنّہ) (ہ۔مص) (۱) اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا (۲) جھاڑ پھونک کرنا۔ دَم کرنا۔ منتر پڑھ کر پھونکنا۔ عمل یا منتر سے زہریلے جانور کے کاٹے کا اثر دُور کرنا۔

آنکو (آں۔کو) (ہ۔صف) آنکنے والا۔ اندازہ لگانے والا۔

آنکھ (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) جانداروں کا دیکھنے کا عضو۔ نَین۔ دیدہ۔ چشم۔ نظر۔ نگاہ۔ بینائی۔ بصارت (۳) اشارہ۔ ایما۔ عشوہ۔ غمزہ (۴) توجّہ۔ نظرِ اِلتفات (۵) اِمتیاز۔ شناخت۔ پہچان (۶) مہارت۔ واقفیت (۷) اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی (۸) اندازہ۔ تخمینہ (۹) اُمید۔ توقع۔ آسرا (۱۰) پاس۔ مُروّت (۱۱) بالغ نظری (۱۲) آلو، گنّے اور بانس کی گانٹھ میں جو کونپل یا شاخ پھوٹتی ہے (۱۳) گھٹنے کی چپنی یا گھٹنے کے دونوں طرف کے گڑھے (۱۴) آسیب۔ جن پری کا سایہ۔ صورت وہی۔ جمع: آنکھوں۔ آنکھیں۔

آنکھ آشنا ہونا (اَر۔ محاورہ) واقف ہونا۔ روشناس ہونا۔

آنکھ آنا (اَر۔ محاورہ) آشوبِ چشم ہونا۔ آنکھ دُکھنا۔

آنکھ اُبل آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ کے آشوب کا زور کرنا۔

آنکھ اٹک جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھ لڑ جانا۔ محبت ہو جانا۔

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نظر بھر کر دیکھنا (۲) نظر ملا کر دیکھنا (۳) التفات کی نظر سے دیکھنا۔ توجّہ کرنا۔

آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) نظر ملا کر نہ دیکھنا (۲) نہایت بے پروائی کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ گھمنڈ ہونا (۳) نادم ہونا۔ شرمانا۔

آنکھ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) نظر اونچی کرنا (۲) باز رہنا۔ درگزر کرنا۔ دست بردار ہونا۔

آنکھ اُٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) نگاہ اونچی ہو جانا۔ دیکھ لینا۔

آنکھ اُٹھ نہ سکنا (اَر۔ محاورہ) شرم کے مارے آنکھ اونچی نہ ہونا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔

آنکھ اُچٹ جانا (اَر۔ محاورہ) جاگ پڑنا۔ آنکھ کھل جانا۔

آنکھ اُلجھنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ لگنا۔ محبت ہونا۔

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل (آنکھ اوٹ پہاڑ اوٹ) (اَر۔ مثل) جو چیز آنکھ سے پوشیدہ ہو وہ گویا پہاڑ کی اوٹ میں ہے۔ جو چیز آنکھ کے سامنے نہیں وہ اگر قریب بھی ہو پھر بھی دُور ہے۔

آنکھ اُونچی نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) شرم سے آنکھ نہ اُٹھنا۔

آنکھ ایک نہیں کجلوٹیاں نو نو (اَر۔ مثل) آنکھ ایک نہیں سُرمہ دانیاں نو نو ہیں۔ بدصورتی میں بناؤ سنگھار کا شوق ہونا۔

آنکھ بتانا (اَر۔ محاورہ) آنکھ سے اِشارہ کرنا۔

آنکھ بچا جانا (اَر۔ محاورہ) کترا جانا۔ اِغماض کرنا۔ بے مُروّتی کرنا۔ آنکھ چرا لینا۔

آنکھ بچا کر کچھ کرنا (اَر۔ محاورہ) نظر بچا کر کوئی کام کرنا۔ چھپا کر کوئی کام کرنا۔

آنکھ بچا کے آنا (اَر۔ محاورہ) چھپ کر آنا۔ چوری چھپے آنا۔

آنکھ بچنا (اَر۔ محاورہ) نگاہ چوکنا (۲) خیال ہٹنا۔ دھیان ہٹنا۔

آنکھ بچی مال دوستوں کا (اَر۔ مثل) ذرا سی نظر چوکی اور چیز غائب ہوئی۔

آنکھ بچے کا چانٹا (اَر۔ا۔مذ) لڑکوں میں ایک قسم کی شرط بدی جاتی ہے کہ جو جسے ذرا بے خبر دیکھے اُس کے چانٹا جڑ دے۔

آنکھ بدل جانا (اَر۔ محاورہ) پہلی سی نظر نہ رہنا۔ اگلی سی بات نہ رہنا (۲) بے مُروّتی اور بے رُخی کرنا۔ بے وفائی کرنا۔

آنکھ بدل کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) غُصّے سے دیکھنا۔

آنکھ بدلنا (اَر۔ محاورہ) بے مُروّت ہو جانا (۲) غُصّہ کرنا۔

آنکھ برابر کرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ ملانا۔ آنکھ سامنے کرنا۔ آنکھ رُوبرو کرنا۔

آنکھ برابر نہ کر سکنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ ملا نہ سکنا۔ شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا (۲) حیا کرنا۔ شرم کرنا۔ لاج کرنا۔

آنکھ بگڑنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ میں پانی اُتر آنا۔ جالا پڑ جانا۔ بینائی میں فرق آنا۔

آنکھ بنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) موتیا بند کا علاج کرنا (۲) پتھر کی آنکھ لگانا۔

آنکھ بند کر کے کچھ دے دینا (اَر۔ محاورہ) بے دیکھے بھالے دے دینا (۲) پوشیدہ سلوک کرنا (۳) جی کڑا کر کے کچھ دے دینا۔

آنکھ بند کر کے کچھ کرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ میچ کے کوئی کام کرنا (۲) بے پروائی سے کام کرنا۔ بے سوچے سمجھے کام کرنا۔

آنکھ بند (کر لینا) کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھ مُوند لینا۔ سو جانا (۲) بے خبر ہو جانا۔ توجّہ اُٹھا لینا (۳) مر جانا۔ دُنیا سے گزر جانا (۴) عہد و پیمان سے پھر جانا۔ بے وفا ہو جانا۔

آنکھ بند کئے چلے جاؤ (اَر۔ روزمرّہ) بے دھڑک چلے جاؤ۔ بے خوف اور بے کھٹکے چلے جاؤ (۲) سیدھے چلے جاؤ۔

آنکھ بند کی سال گزرا (اَر۔ مثل) بہت جلد ایک سال گزر گیا۔

آنکھ بند (ہو جانا) ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) سو جانا (۲) مر جانا۔

آنکھ (آنکھیں) بنوانا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھ (آنکھیں) دُرست کرانا۔ آنکھ کی پُتلی کو صاف کرانا (۲) شیشے یا پتھر کی آنکھ بنوانا۔

آنکھ بھر آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو آ جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنکھ بھر (کے) دیکھنا (اَر۔ محاورہ) پوری طرح دیکھنا۔ گہری نگاہ سے دیکھنا۔

آنکھ بھر لانا (اَر۔ محاورہ) آب دیدہ ہونا۔

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا (اَر۔ محاورہ) تیوری پر بَل ڈال کر قہر کی نظر سے دیکھنا (۲) غصّے ہونا۔ خفا ہونا (۳) ناچیز سمجھنا۔ حقیر جاننا۔

آنکھ بھوں چڑھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) تُرش رُو ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا۔ (۲) بگڑنا۔ نفرت کرنا۔ نیز دیکھئے ناک بھوں چڑھانا۔

آنکھ بیٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھ پھوٹ جانا۔ اندھا ہو جانا۔

آنکھ پر پردہ پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دیکھئے آنکھوں پر پردہ پڑنا۔

آنکھ پر تنکا رکھنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ کے پپوٹے پر تنکا رکھنا تاکہ اُس کا پھڑکنا بند ہو جائے (ایک ٹوٹکا)۔

آنکھ پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گرفت کرنا۔ قابلِ اعتراض لفظ کو فوراً دیکھ لینا (۲) نگاہ پڑنا (۳) شوقیہ نگاہ پڑنا (۴) طمع اور رغبت کی نگاہ پڑنا۔ لالچ سے دیکھنا (۵) حسد کی نگاہ پڑنا۔ رشک سے دیکھنا (۶) توجّہ کی نظر پڑنا۔ میل ہونا (۷) اتفاقیہ نظر پڑنا۔

آنکھ پسارنا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں پھاڑنا (۲) دُور اندیشی کرنا۔

آنکھ پسیجنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھ نم ہونا۔ آنسو آنا (۲) شرمانا۔ لجانا۔

آنکھ پلٹنا (اَر۔ محاورہ) نظر پھرنا۔ نگاہ بدلنا۔

آنکھ پھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نگاہ چوکنا (۲) بیزار ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔ دُشمن ہو جانا۔

آنکھ پھری مال یاروں کا (اَر۔ مثل) دیکھئے آنکھ بچی مال دوستوں کا۔

آنکھ پھڑکنا (اَر۔ محاورہ) پپوٹوں کا جنبش کرنا۔ جس سے نیک یا بد شگون لیا جاتا ہے۔

آنکھ پھڑکے بائیں پیر ملے یا سائیں۔ آنکھ پھڑکے دہنی ماں ملے یا بہنی (اَر۔ مثل) عورت کی بائیں آنکھ پھڑکے تو کہتے ہیں کہ بھائی یا خاوند سے ملاقات ہوگی۔ مرد کی داہنی آنکھ پھڑکے تو کہتے ہیں کہ ماں یا بہن سے ملاقات ہوگی۔

آنکھ (آنکھیں) پھوٹ جانا (پھوٹنا) (اَر۔ محاورہ) آنکھ (آنکھوں) کا کسی ضرب یا صدمے سے جاتا رہنا۔ اندھا ہو جانا (۲) اولاد کا مر جانا۔

آنکھ پھوٹی پیڑ گئی (اَر۔ مثل) بلا سے ایک دفعہ نقصان ہوا' آئے دن کا جھگڑا تو مٹ گیا۔

آنکھ پھوٹے گی تو کیا بھوں سے دیکھیں گے (اَر۔ مثل) جو چیز جس کام کی ہے وہ کام اُسی سے نکلتا ہے۔

آنکھ پھوڑ بِڈّا (اَر۔ اِ۔ مذ) بے مُروّت۔ احسان فراموش۔ حاسد (۲) ایک قسم کا بِڈّا جو آنکھوں پر حملہ کرتا ہے۔

آنکھ (آنکھیں) پھوڑ لینا (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو اندھا کر لینا۔

آنکھ (آنکھیں) پھوڑنا (اَر۔ محاورہ) اندھا کرنا (۲) اندھیرے میں پڑھنا یا کوئی کام کرنا۔ بہت باریک کام کرنا۔

آنکھ (آنکھیں) پھیرنا (پھیر لینا) (اَر۔ محاورہ) (۱) بے مُروّت ہو جانا۔ (۲) مرنا۔ دُنیا سے رُخصت ہو جانا۔

آنکھ پیدا کرنا (اَر۔ محاورہ) دیکھنے یا پرکھنے کی لیاقت پیدا کرنا۔

آنکھ پھیلانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھ پسارنا۔

آنکھ تاڑ جانا (اَر۔ محاورہ) تیور سے عندیہ دریافت کر لینا۔

آنکھ (آنکھیں) ٹھنڈی کرنا (اَر۔ محاورہ) تسلّی و تشفّی دینا۔ دل خوش کرنا۔

آنکھ ٹیڑھی کرنا (اَر۔ محاورہ) بے وفائی کرنا۔ تُرش رُوئی سے پیش آنا۔

آنکھ ٹیڑھی ہونا (اَر۔ محاورہ) برہم ہونا۔ تُرش رُو ہونا۔

آنکھ جھینپنا (اَر۔ محاورہ) شرمانا۔ نظر نیچی ہونا۔

آنکھ چُرا جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھ بچا جانا۔ کترا جانا۔

آنکھ چُرا کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) دوسرے کی نگاہ بچا کر دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا۔

آنکھ چُرا کر کچھ کرنا (اَر۔ محاورہ) نظر بچا کر کوئی کام کرنا۔ چوری چھپے کام کرنا۔

آنکھ چُرانا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِغماض کرنا۔ نظر چُرانا (۲) غرور، شرم یا کراہت کی وجہ سے نہ دیکھنا۔

آنکھ چکانا (اَر۔ محاورہ) دیدے مٹکانا۔

آنکھ (آنکھیں) چُندھی ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) بیماری کی وجہ سے آنکھیں پوری نہ کُھلنا (۲) آنکھیں خیرہ ہونا۔

آنکھ چوکنا (اَر۔ محاورہ) نظر نہ پڑنا۔ دکھائی نہ دینا۔ غافل ہونا۔

آنکھ چُھپا لینا (آنکھ چُھپانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) نہ دیکھنا۔ شرم کرنا (۲) پُرانی واقفیت کو فراموش کرنا (۳) مغرور ہونا۔

آنکھ (آنکھیں) خیرہ ہونا (اَر۔ محاورہ) تیز روشنی سے آنکھوں میں چکا چوند ہو جانا۔

آنکھ دبا کر دیکھنا (اَر۔ مص مُرکّب) آنکھ بیچ کر دیکھنا۔ آنکھ میں عیب ہونا۔

آنکھ (دکھانا) دکھلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھور کر دیکھنا (۲) خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ چشم نمائی کرنا۔ گھُرکی دینا (۳) اشارہ و کنایہ کرنا۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں باتیں کرنا (۴) مُعالج سے آنکھوں کا معاینہ کرانا۔

آنکھ (آنکھیں) دُکھنا (اَر۔ مص) آنکھ میں تکلیف ہونا۔ آشوبِ چشم ہونا۔

آنکھ دھوئی دُھلائی ہے (اَر۔ مثل) آنکھ بالکل صاف ہے (۲) ذرا بھی حیا نہیں ہے۔ مُروّت نام کو نہیں ہے۔ ڈھٹائی ہے۔

آنکھ دیکھتے جانا (اَر۔ محاورہ) منشا معلوم کرتے رہنا۔ اندازہ لگاتے جانا۔

آنکھ دیکھ کے کچھ کرنا (اَر۔ محاورہ) منشا سمجھ کر کام کرنا۔

آنکھ (آنکھیں) دیکھنا (اَر۔ محاورہ) صحبت سے فیض یاب ہونا۔ تعلیم پانا۔ تربیت پانا۔

آنکھ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سرسری نظر سے دیکھنا (۲) راغب ہونا۔ توجّہ کرنا (۳) نیت رکھنا۔

آنکھ (آنکھیں) ڈبڈبانا (اَر۔ محاورہ) آنسو بھر آنا۔ آبدیدہ ہونا۔

آنکھ ڈھکنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ بند کرنا۔ آنکھ مُوندنا۔

آنکھ رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیار کی نظر سے دیکھنا۔ محبت کرنا (۲) آس کرنا۔ اُمید رکھنا۔

آنکھ (آنکھیں) روشن ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی کو دیکھ کر خوش ہونا۔ دیکھ کر مسرور ہونا۔

آنکھ سامنے نہ کرنا (اَر۔ محاورہ) نظر سامنے نہ کرنا۔ شرمانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنکھ (آنکھیں) سُرخ ہونا (اَر۔ محاورہ) غصہ کرنا۔ خفا ہونا۔ لال پیلا ہونا۔
آنکھ سیدھی (رکھنا) ہونا (اَر۔ محاورہ) مہربانی کی نظر ہونا۔ اچھا برتاؤ ہونا۔
آنکھ سے آنکھ ملانا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں چار ہونا (۲) برابری کرنا (۳) محبت کرنا۔
آنکھ سے آنکھ مِلنا (اَر۔ محاورہ) رُوبرو ہونا۔ محبت ہونا۔
آنکھ سے اوجھل ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھ کے سامنے نہ ہونا۔ نظر سے دُور ہونا۔
آنکھ سے ٹپ ٹپ آنسو گرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ سے متواتر آنسو گرنا۔
آنکھ سے دیکھ کے کچھ کرنا (اَر۔ محاورہ) سوچ سمجھ کر کوئی کام کرنا۔ دیکھ بھال کر کوئی کام کرنا۔
آنکھ سے دیکھنا (اَر۔ محاورہ) اپنی نظروں سے دیکھنا۔ خود دیکھنا۔
آنکھ سے سلام لینا (اَر۔ محاورہ) آنکھ کے اشارے سے سلام کا جواب دینا۔
آنکھ سے کاجل چرانا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے آنکھ کا کاجل چرانا۔
آنکھ سے گرنا (اَر۔ محاورہ) نظر سے گرنا۔ بے قدر ہونا۔ ذلیل و خوار ہونا۔ عزت باقی نہ رہنا۔
آنکھ سے لہو ٹپکنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ سے خون جاری ہونا۔ بہت رونا۔
آنکھ سے نہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) نظر نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔ حقیر سمجھنا۔
آنکھ شرمانا (اَر۔ محاورہ) حیا کرنا۔ لاج کرنا۔
آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پُورا (اَر۔ مثل) بے وقوف مالدار۔ نادان گاہک۔
آنکھ کا پانی (ڈھلنا) مرنا (اَر۔ محاورہ) بے شرم ہونا۔ بے حیا ہونا۔ لاج نہ رہنا۔
آنکھ کا پردہ (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) آنکھ کی جھلی (۲) آنکھ کا لحاظ۔ آنکھ کی لاج۔
آنکھ کا تارا (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) آنکھ کا تل۔ آنکھ کی پتلی (۲) آنکھ کی روشنی۔ آنکھ کا نور اُجالا (۳) نہایت پیارا۔ نہایت عزیز (۴) مجازاً بیٹا۔
آنکھ کا تارا ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت عزیز اور پیارا ہونا۔
آنکھ کا جالا (اَر۔ ا۔ مذ) جھلی جو آنکھ کی پتلی پر آجاتی ہے۔
آنکھ کا حجاب (اَر۔ ا۔ مذ) آنکھ کی شرم۔ حیا۔
آنکھ کا ڈورا (اَر۔ ا۔ مذ) جاگنے یا نشے کی صورت میں آنکھ کی سفیدی پر اُبھر آنے والی سُرخ رگیں۔
آنکھ کا ڈھلکا (اَر۔ ا۔ مذ) ایک بیماری جس میں آنکھ سے پانی بہتا رہتا ہے۔
آنکھ کا ڈھیلا (اَر۔ ا۔ مذ) آنکھ کے اندر کا گول حصّہ جس میں پتلی ہوتی ہے۔
آنکھ کا غبار (اَر۔ ا۔ مذ) آنکھ کا دُھندلا پن۔
آنکھ کا کاجل چرانا (اَر۔ محاورہ) چوری کے فن میں یکتا ہونا۔ کمال عیّار ہونا۔
آنکھ کا لحاظ (اَر۔ ا۔ مذ) دیکھیے آنکھ کی مُروّت۔
آنکھ کا لہو بوٹی ہو جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھ کا سُرخ ہو جانا۔
آنکھ کان سے دُرست (اَر۔ صف) بالکل دُرست۔ جس جانور میں کوئی عیب نہ ہو اُس کی نسبت بولا جاتا ہے۔
آنکھ (کُھل جانا) کُھلنا (اَر۔ محاورہ) جاگ اُٹھنا۔ نیند سے بیدار ہونا (۲) عبرت حاصل کرنا (۳) حقیقتِ حال معلوم ہونا۔
آنکھ کھولنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جاگنا۔ بیدار ہونا (۲) ہوش سنبھالنا (۳) پیدا ہونا۔
آنکھ کی بدی (بُرائی) بھوؤں کے آگے (اَر۔ مثل) کسی شخص کا عیب یا قصور اُس کے عزیز یا دوست کے آگے بیان کرنا۔
آنکھ کی پتلی (اَر۔ ا۔ مث) آنکھ کا سیاہ حصّہ۔ مردمکِ چشم (۲) لاڈلا۔ نہایت پیارا۔
آنکھ کی پتلی (پھر جانا) پھرنا (اَر۔ محاورہ) علامتِ مرگ کا ظاہر ہونا۔
آنکھ (آنکھوں) کی ٹھنڈک (اَر۔ ا۔ مث) وہ عزیز دوست یا پیارا جسے دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔
آنکھ کی سِیل (اَر۔ ا۔ مث) آنکھ سے بہنے والا پانی۔
آنکھ کی کیچڑ (اَر۔ ا۔ مث) وہ کثافت جو آنکھ کے کونوں میں جمع ہو جاتی ہے (پن) گید۔
آنکھ کی مُروّت (اَر۔ ا۔ مث) فطری شرم و حیا۔ فطری حجاب۔
آنکھ (گاڑنا) گڑونا (اَر۔ محاورہ) گہری نگاہ سے دیکھنا۔ نظر جما کر دیکھنا۔
آنکھ گرم کرنا (اَر۔ محاورہ) نظارہ بازی کرنا۔
آنکھ گڑنا (اَر۔ محاورہ) نظر جمنا۔
آنکھ لال کرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ سُرخ کرنا۔ خفا ہونا۔ غصّے ہونا۔
آنکھ لجانا (اَر۔ محاورہ) شرم و حیا سے آنکھ نیچی کرنا۔ لحاظ کرنا۔ مُروّت کرنا۔
آنکھ لجائی دمی ہوئی پرائی (اَر۔ مثل) لڑکی کے عزیز و اقارب پیغام پہنچنے پر لڑکے کے عزیزوں سے آنکھیں نیچی کر لیتے ہیں تو اِس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ انہیں ناتا منظور ہے۔
آنکھ (آنکھیں) لڑانا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھ ملانا (۲) گھورنا۔ تاکنا۔ لگاوٹ سے دیکھنا (۳) عاشق ہونا (۴) مقابلہ کرنا۔
آنکھ لڑ جانا (لڑنا) (اَر۔ محاورہ) شیفتہ ہو جانا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
آنکھ لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) محبت کرنا۔ آشنائی کرنا (۲) سونا (۳) تاک میں رہنا۔
آنکھ (لگ جانا) لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نیند آنا (۲) عاشق ہو جانا۔ محبت ہو جانا۔
آنکھ لگی (اَر۔ صف۔ مث) آشنا عورت۔ ناجائز تعلق رکھنے والی عورت۔
آنکھ للچانا (اَر۔ محاورہ) جی للچانا۔ خواہش مند ہونا۔
آنکھ مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھ سے اشارہ کرنا۔ پلک مارنا (۲) کسی کام کے کرنے کو آنکھ سے منع کرنا (۳) غمزہ کرنا۔
آنکھ مچ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھ بند ہو جانا (۲) مر جانا۔
آنکھ مچکانا (اَر۔ محاورہ) بار بار آنکھ کو کھولنا اور بند کرنا۔ آنکھ مٹکانا۔ پلکیں مارنا۔
آنکھ مچولی (اَر۔ ا۔ مث) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکے کی آنکھیں بند کر کے باقی لڑکے چھپ جاتے ہیں پھر وہ آنکھیں کھول کر ڈھونڈتا پھرتا ہے اور جسے پا کر چھو لیتا ہے اسے آنکھیں بند کر کے بیٹھنا پڑتا ہے۔
آنکھ مِلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) متوجہ ہونا۔ آنکھ لڑانا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا (۲) سامنے ہونا۔ ملاقات کرنا۔
آنکھ مِلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مقابل ہونا (۲) نگاہ لڑنا۔ محبت ہو جانا۔
آنکھ (آنکھیں) مُندنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ بند ہونا (۲) سونا۔ آنکھ لگنا۔ نیند آجانا (۳) مر جانا (۴) بے خبر ہونا۔
آنکھ مُندی اندھیرا پاکھ (ہ۔ مثل) آنکھ بند ہونے کے بعد اندھیرا ہی اندھیرا ہے۔
آنکھ مُوچی دھپ (اَر۔ ا۔ مذ) بچوں کا ایک کھیل۔ ایک بچے کی آنکھیں بند

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کر کے اُس کے سر پر دھپ لگاتے ہیں اور پھر پوچھتے ہیں کہ کس نے مارا۔ اگر وہ ٹھیک بتا دے تو لگانے والا چور بن جاتا ہے اور سب اُس کے دھپ لگاتے ہیں۔ اِسے دھول دھپّا بھی کہتے ہیں۔

آنکھ مُوند کے کام کرنا (اَر۔ محاورہ) بے دیکھے بھالے کوئی کام کرنا۔ بے سمجھے بوجھے کسی کام کو کر بیٹھنا۔

آنکھ مُوندنا (میچنا)۔ دیکھئے آنکھیں مُوندنا۔

آنکھ میلی کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بے مُروّت ہو جانا (۲) تیوری پر بَل ڈالنا۔

آنکھ میلی نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) رنج نہ کرنا۔ کسی صدمے سے متاثر نہ ہونا۔

آنکھ میں آنکھ (ڈالنا) ڈال کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) ڈھٹائی سے دیکھنا۔ گھور کر دیکھنا۔ بے حیائی و بے باکی سے دیکھنا۔

آنکھ میں بسنا (اَر۔ محاورہ) نظر میں سمانا۔ پسند آنا۔

آنکھ میں پھلّی آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ میں سفیدی آنا۔ بینائی میں فرق آنا۔

آنکھ میں تھی شرم دل کی تھی نرم (اَر۔ مثل) عورتیں ایسی جگہ بولتی ہیں جہاں کوئی عورت مُروّت سے نہ ماننے والی کوئی بات بھی مان لے۔

آنکھ (آنکھوں) میں پُھبنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسنا۔

آنکھ میں خار ہونا (اَر۔ محاورہ) ناگوار ہونا۔ آنکھوں کو بُرا لگنا۔

آنکھ میں ذرا (آنسو) سِیل نہیں (اَر۔ مثل) ذرا مُروّت اور رحم نہیں۔ بے حیا ہے۔ بے شرم ہے۔

آنکھ میں خاک (دُھول) جھونکنا (اَر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

آنکھ میں سُرمے کی تحریر کھینچنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں ہلکا سا سُرمہ لگانا۔

آنکھ (آنکھوں) میں سمانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں بچنا۔ آنکھوں میں بسنا۔

آنکھ میں شرم ہو تو جہاز سے بھاری ہے (اَر۔ مثل) شرم و حیا قابلِ عزت چیز ہے۔

آنکھ میں (کھپ جانا) کُھبنا (اَر۔ محاورہ) نظر پر چڑھنا۔ پسند آجانا۔

آنکھ میں کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ میں چُبھنا۔ ناگوار ہونا۔

آنکھ میں مُروّت نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بے مُروّت ہونا۔ طوطا چشم ہونا۔

آنکھ (آنکھوں) میں موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کا بہت خوبصورت ہونا۔

آنکھ میں مَیل ہے اور اِس میں مَیل نہیں (اَر۔ مثل) کسی چیز کی صفائی اور ستھرے پن کے متعلق مُبالغے کے طور پر کہتے ہیں۔

آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا (اَر۔ محاورہ) اندھا کرنا (نیل کی سلائی پھیرنے سے آنکھیں اندھی ہو جاتی ہیں۔)

آنکھ ناک سے دُرست ہونا (اَر۔ محاورہ) بے عیب ہونا۔ تندرست ہونا۔ شکل و صورت میں کوئی خرابی نہ ہونا۔ نیز دیکھئے نک سک سے دُرست۔

آنکھ ناک سے ڈرنا (اَر۔ محاورہ) کسی کے جھوٹ بولنے پر عورتیں کہتی ہیں کہ خدا سے ڈر۔ ایسا نہ ہو کہ اس کی سزا میں خدا تعالیٰ اندھا یا ذلیل کر دے۔

آنکھ نم کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) رونا۔ آبدیدہ ہونا۔

آنکھ نہ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) شرم یا ادب و لحاظ سے آنکھ اُوپر نہ کرنا (۲) توجہ نہ کرنا۔ کام میں مصروف رہنا۔

آنکھ نہ اُٹھ سکنا (اَر۔ محاورہ) ضعف یا شرم کے سبب نگاہ اُوپر نہ اُٹھنا۔

آنکھ نہ پڑنا (اَر۔ محاورہ) توجہ نہ ہونا۔ خیال نہ ہونا۔ رغبت نہ ہونا۔

آنکھ نہ پسیجنا (اَر۔ محاورہ) آنسو نہ نکلنا (۲) رحم نہ کرنا۔

آنکھ نہ بگڑنا (اَر۔ محاورہ) بے مُروّت نہ ہونا۔ بے زاریت نہ ہونا۔ تیوری پر بَل نہ ڈالنا۔

آنکھ نہ ٹھہرنا (اَر۔ محاورہ) نظر نہ جمنا۔ تاب نہ لانا۔ چکا چوند ہونا۔

آنکھ نہ جمنا (اَر۔ محاورہ) نظر قائم نہ رہ سکنا۔ روشنی یا چمک کی تاب نہ لانا۔

آنکھ نہ جھپکنا (اَر۔ محاورہ)(۱) پلک سے پلک نہ لگنا۔ نیند نہ آنا (۲) شرمندہ نہ ہونا۔ اِحسان نہ اُٹھانا (۳) بے باک ہونا۔ دلیرانہ مقابلہ کرنا۔

آنکھ نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ (اَر۔ مثل) لیاقت کچھ نہیں دعوے بڑے بڑے۔

آنکھ نہ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) توجہ نہ کرنا۔ پروا نہ کرنا۔

آنکھ نہ ناک بنّو چاندی (اَر۔ مثل) بدصورتی کی حالت میں سنگار کرنے کی دُھن۔ آنکھ ناک نہ ہوتے ہوئے سنگار کے ذریعے خوبصورت بننے کی کوشش۔

آنکھ نیچی (کرنا) ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) آنکھ سامنے نہ کرنا (۲) لجانا۔ شرمانا۔

آنکھ والا (اَر۔ صف۔ مذ) بینا۔ ہوشیار (۲) پہچاننے پرکھنے والا۔ جوہر شناس (۳) صاحبِ بصیرت۔

آنکھ ہی پھوٹی تو بھوؤں سے کیا کام؟ (اَر۔ مثل) جب اصل تعلق ہی نہیں رہا تو پھر آنا جانا کیسا۔

آنکھ ہے (اَر۔ روزمرّہ) نظر ہے۔ نیّت ہے۔ اِرادہ ہے۔ خواہش ہے۔ پسند ہے۔

آنکھوں (ہ۔ ا۔ مث) آنکھ کی جمع۔

آنکھوں آنکھوں میں (اَر۔ تابع فعل) نظروں نظروں میں۔ اشاروں ہی اشاروں میں۔

آنکھوں آنکھوں میں چُرا لینا (اَر۔ محاورہ) چپکے سے اُڑا لینا۔ کسی چیز کو اِس طرح چُرانا کہ پتا نہ چل سکے۔

آنکھوں آنکھوں میں سحر ہو جانا (اَر۔ محاورہ) ساری رات جاگتے کٹنا۔

آنکھوں پر آیئے (آنکھوں پر بیٹھئے) (اَر۔ محاورہ) تشریف لایئے۔ جم جم آیئے۔

آنکھوں پر بٹھانا (اَر۔ محاورہ) نہایت عزت اور احترام کرنا۔ بے حد مُدارات کرنا۔

آنکھوں پر پٹی باندھنا (اَر۔ محاورہ) احسان فراموش ہونا۔ جان بوجھ کر بے خبر ہونا (۲) اندھا بننا۔ غافل ہونا۔ بے خبر ہونا (۳) بے دردہونا۔ بے مُروّت ہونا۔

آنکھوں پر پردے (پردہ) پڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) غفلت کرنا۔ خیال نہ رہنا (۲) بے وقوف بن جانا۔ دھوکا کھا جانا (۳) کچھ نہ سُوجھنا۔

آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا (اَر۔ مثل) اپنا پیارا کبھی ناگوار نہیں گزرتا۔

آنکھوں پر ٹھیکری (رکھ لینا) رکھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بے مُروّتی کرنا۔ دیدہ دانستہ اِغماض کرنا (۲) بے حیا بننا (۳) احسان نہ ماننا۔

آنکھوں پر جگہ دینا (اَر۔ محاورہ) کمال محبت و عقیدت سے بٹھانا۔ نہایت تعظیم کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنکھوں پر چربی چھا جانا (اَر۔ محاورہ) اندھا ہو جانا۔ بے مُروّتی کرنا۔ بے خبر ہو جانا۔ مغرور ہو جانا۔

آنکھوں پر دیوار اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) مُکر جانا۔ جان بوجھ کر اِنکار کرنا۔

آنکھوں پر رکھنا (اَر۔ محاورہ) محبت کرنا۔ پیار کرنا۔

آنکھوں (پر) پہ قدم لینا (ا۔ محاورہ) نہایت عزّت سے اِستقبال کرنا۔ خاطر کے مارے بچھے جانا۔

آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا (اَر۔ محاورہ) جھینپ جانا۔ شرمندہ ہو جانا۔

آنکھوں تلے پھرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں بسنا۔ خیال میں پھرنا۔

آنکھوں تلے لہو اُترنا (اَر۔ محاورہ) غصّے کے مارے آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔ غیظ و غضب میں بھر جانا۔

آنکھوں (دیکھا) دیکھی (اَر۔ صف) چشم دید۔ دیکھا ہوا۔ دیکھی ہوئی۔

آنکھوں دیکھتے (اَر۔ تابع فعل) (۱) جان بوجھ کر (۲) دیکھتے دیکھتے (۳) اپنے زمانے میں۔

آنکھوں دیکھی مکھی نہیں نِگلی جاتی (اَر۔ مثل) جانتے بوجھتے کوئی مشکل میں نہیں پڑتا۔

آنکھوں دیکھیں گے (اَر۔ مثل) کوئی خوشی دیکھنے کی اُمید یا خواہش۔

آنکھوں سُکھ کلیجے ٹھنڈک (اَر۔ مثل) ہر طرح عیش و آرام۔ سراپا راحت۔

آنکھوں سے (اَر۔ متعلق فعل) نہایت خوشی سے۔ کمال رضا و رغبت سے۔ دل و جان سے۔

آنکھوں سے آنکھیں مِلانا (اَر۔ محاورہ) نظر رُوبرو کرنا۔ آنکھیں چار کرنا۔

آنکھوں سے اُترنا (اَر۔ محاورہ) دل سے اُترنا۔ حقیر و ذلیل ہونا۔

آنکھوں سے اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) کمال اِعزاز و اِکرام سے کسی چیز کو اُٹھانا۔ نہایت شوق سے اُٹھانا۔ پلکوں سے اُٹھانا۔

آنکھوں سے اوجھل ہونا (اَر۔ محاورہ) نظروں سے چُھپ جانا۔ چلے جانا۔

آنکھوں سے بجا لانا (اَر۔ محاورہ) کسی حُکم کی تعمیل خوشی سے کرنا۔

آنکھوں سے بُلانا (اَر۔ محاورہ) اِشاروں سے بُلانا۔

آنکھوں سے پاؤں لگانا (اَر۔ محاورہ) حُسنِ عقیدت اور فرطِ محبّت سے کسی کے پاؤں کو اپنی آنکھوں سے رگڑنا۔

آنکھوں سے پردہ اُٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) غفلت دُور ہو جانا (۲) لاعلمی دُور ہو جانا۔ اصلیّت سے واقف ہو جانا۔

آنکھوں سے تلوے سہلانا (اَر۔ محاورہ) تلووں سے آنکھیں ملنا۔ اِنتہائی محبت کا اِظہار کرنا۔

آنکھوں سے جان (دم) نکلنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کے راستے دَم نکلنا (۲) راہ تکتے تکتے مر جانا۔

آنکھوں سے چنگاریاں اُڑنا (اَر۔ محاورہ) بہت جی جلنا۔ بہت دُکھ ہونا (۲) مغلوبُ الغضب ہونا۔

آنکھوں سے خون برسنا (اَر۔ محاورہ) بہت غصّے میں ہونا (۲) خون کے آنسو رونا۔

آنکھوں سے دریا بہانا (اَر۔ محاورہ) بہت زیادہ رونا۔

آنکھوں سے دیکھا نہ کبھی کانوں سے سُنا (اَر۔ مثل) عجیب و غریب یا خلافِ قیاس واقعے کا ظہور پذیر ہونا۔

آنکھوں سے شعلے نکلنا (اَر۔ محاورہ) بہت زیادہ غصّہ آنا (۲) آنکھوں میں جلن ہونا۔

آنکھوں سے کام کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بچشمِ ہوش و حواس کام کرنا (۲) شوق سے کام کرنا۔

آنکھوں سے گرانا (اَر۔ محاورہ) ذلیل و حقیر سمجھنا۔

آنکھوں سے (گر جانا) گرنا (اَر۔ محاورہ) نظروں سے اُترنا۔ بے قدر ہونا۔

آنکھوں سے (لگا رکھنا) لگا کر رکھنا (اَر۔ محاورہ) بہت عزیز رکھنا۔ جنّت کر رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔

آنکھوں سے لگانا (اَر۔ محاورہ) بہت قدر کرنا۔ آنکھوں پر رکھنا۔ تعظیم اور ادب سے لینا۔

آنکھوں سے موتی پیدا کرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں عشق کے آثار ظاہر ہونا۔

آنکھوں سے نیند اُڑنا (اَر۔ محاورہ) نیند اُچٹ جانا۔ بے قراری کی وجہ سے نیند نہ آنا۔

آنکھوں کا برسنا (اَر۔ محاورہ) زار زار رونا۔

آنکھوں کا پانی ڈھلنا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے آنکھ کا پانی ڈھلنا۔

آنکھوں کا تارا (اَر۔ ا۔ مذ) دیکھیے آنکھ کا تارا۔

آنکھوں کا تیل نکالنا (اَر۔ محاورہ) دیدہ ریزی کرنا۔ باریک کام کرنا۔ نگاہ پر زور ڈالنا۔

آنکھوں کا جادو چلنا (اَر۔ محاورہ) نگاہ کا اثر کرنا۔

آنکھوں کا کاجل چُرانا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے آنکھ کا کاجل چُرانا۔

آنکھوں کا نور (اَر۔ ا۔ مذ) بینائی۔ بصارت (۲) اولاد۔ بیٹا۔

آنکھوں کا نیل ڈھلنا (ڈھل جانا) (اَر۔ محاورہ) جاں کنی کا عالم ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

آنکھوں کو بدل کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) تیوری بدل کر دیکھنا۔ ناک بھوں چڑھا کر دیکھنا۔

آنکھوں کو تلووں سے ملنا (اَر۔ محاورہ) کسی دشمن کی آنکھوں کو اپنے پیروں سے مسلنا۔ دشمنی کی حسرت نکالنا (۲) بے حد خوشامد کرنا۔

آنکھوں کو رو بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) اندھا ہو جانا۔

آنکھوں کو کھو (رو) بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) اندھا ہو جانا۔ آنکھوں کی روشنی کھو دینا۔

آنکھوں کی پُتلی۔ دیکھیے آنکھ کی پتلی۔

آنکھوں کی پُتلیاں پھر جانا (اَر۔ محاورہ) پُتلیاں آنکھوں کے گوشوں میں چھپ جانا۔ مرنے کے قریب ہونا۔ علامتِ مرگ ظاہر ہونا۔

آنکھوں کی سُوئیاں رہ گئی ہیں (آنکھوں کی سُوئیاں نکالنی رہ گئی ہیں) (اَر۔ مثل) تھوڑی تکلیف باقی رہ گئی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنکھوں کی سیاہی سفید ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) موت کی علامتیں ظاہر ہونا (۲) بے وفا ہو جانا۔

آنکھوں کی صفائی (اُر۔ا۔مث) چالاکی۔ ڈھٹائی۔ بے مُروّتی۔

آنکھوں کی فصدیں کھلواؤ (اُر۔ محاورہ) دیکھنے کی لیاقت پیدا کرو۔

آنکھوں کے آگے (اُر۔ تابع فعل) رُوبرو۔ نظر کے سامنے۔

آنکھوں کے آگے آئے (اُر۔ بدُعا) تیری یا تیرے پیاروں کی بُری حالت تیری آنکھوں کے سامنے آئے۔

آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں تاریکی چھانا۔ ضعف یا غم کے باعث کچھ نہ سجھائی دینا۔

آنکھوں کے آگے بھوؤں کا گِلہ (اُر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھ کی بدی بھوؤں کے آگے۔

آنکھوں کے آگے پلکوں کی بُرائی کرنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھ کی بدی بھوؤں کے آگے۔

آنکھوں کے آگے پھر جانا (آنکھوں کے تلے پھر جانا۔ آنکھوں کے نیچے پھر جانا۔ آنکھوں کے نیچے پھرنا) (اُر۔ محاورہ) تصوّر میں کسی بات کا ہو بہو سامنے آجانا۔

آنکھوں کے آگے تارے (چھنکنا) چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) صدمے یا ضعف سے چکر آجانا۔ ترمرے نظر آنا۔

آنکھوں کے آگے ترمرے ناچنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھوں کے آگے تارے چھنکنا۔

آنکھوں کے آگے (جہان) عالم تاریک ہونا (اُر۔ محاورہ) غم کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا۔

آنکھوں کے آگے چاندنا ہونا (اُر۔ محاورہ) تیورا جانا۔ تارے نظر آنا۔ شدّتِ ضعف کے باعث آنکھوں کے سامنے ذرّے چمکتے نظر آنا۔

آنکھوں کے (آگے) سامنے رکھنا (اُر۔ محاورہ) نظروں سے دُور نہ ہونے دینا۔ نظروں میں رکھنا۔ نگاہوں میں رکھنا۔

آنکھوں کے آگے سے سرکنا (اُر۔ محاورہ) نظروں سے غائب ہو جانا۔ پاس سے ہٹنا۔

آنکھوں کے آگے ناک، سُوجھے کیا خاک؟ (اُر۔ محاورہ) (۱) چیز سامنے ہوتے ہوئے نظر نہ آنا (۲) اپنا اور اپنے پیاروں کا عیب دکھائی نہ دینا۔ بے وقوفی کے اظہار کے لئے بھی طنزاً کہا جاتا ہے۔

آنکھوں کے اشارے (اُر۔ا۔مذ) کرشمے۔ عشوے۔ غمزے۔

آنکھوں کے اندھے نام نین سکھ (اُر۔ مثل) غلط نام یا غلط تعریف۔ برعکس نہند نامِ زنگی کافور۔

آنکھوں کے بَل چلنا (اُر۔ محاورہ) نہایت تعظیم اور ادب سے جانا یا چلنا۔

آنکھوں کے تلے اندھیرا آنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانا۔

آنکھوں کے حلقے (اُر۔ا۔مذ) (۱) آنکھوں کے گڑھے (۲) آنکھوں کے گرد پڑ جانے والے دائرے۔

آنکھوں کے ڈورے (اُر۔ا۔مذ) آنکھوں کی لال لال رگیں جو نشے یا خمار سے پیدا ہو جاتی ہیں۔

آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھوں کے آگے اندھیرا۔

آنکھوں کے سامنے رہنا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں سے دُور نہ ہونا۔ ہر وقت رُوبرو رہنا۔

آنکھوں کے ناخون (ناخن) لو (اُر۔ مثل) دیکھئے آنکھوں کی فصدیں کھلواؤ۔

آنکھوں کے نیچے اندھیرا آجانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔

آنکھوں میں (اُر۔ تابع فعل) نظروں میں۔ نگاہوں میں۔

آنکھوں میں آنا (اُر۔ محاورہ) نظروں میں سمانا۔ نظر پر چڑھنا۔

آنکھوں میں باتیں کرنا (اُر۔ محاورہ) اشاروں میں باتیں کرنا۔

آنکھوں میں بچن ہونا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں قول و قرار ہونا۔

آنکھوں میں بسنا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں سمانا۔ بھانا۔ پسند آنا۔

آنکھوں میں بہار آنا (آنکھوں میں بہار پھیلنا۔ آنکھوں میں بہار چھانا) (اُر۔ محاورہ) نگاہوں سے خوشی ٹپکنا۔ دل شگفتہ ہونا۔

آنکھوں میں بھنگ گھلنا (اُر۔ محاورہ) گہرا نشہ ہونا۔ بھنگ کے نشے میں سرشار ہونا۔

آنکھوں میں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) نظروں میں سمانا۔ بھلا لگنا۔ پسند آنا۔ بھانا۔

آنکھوں میں پالنا (اُر۔ محاورہ) نہایت پیار اور محبت سے پرورش کرنا۔

آنکھوں میں پھرنا (اُر۔ محاورہ) نقشہ سامنے آنا۔ کسی چیز کا ہر وقت تصوّر میں رہنا۔

آنکھوں میں پی جانا (اُر۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ خاموش رہنا۔

آنکھوں میں تنکے چبھونا (اُر۔ محاورہ) آنکھیں پھوڑنا۔ نہایت تکلیف دینا۔

آنکھوں میں تُلنا (اُر۔ محاورہ) نظروں میں جچنا۔ نہایت ہلکا ہونا۔

آنکھوں میں تیل لگانا (اُر۔ محاورہ) بہانہ کرنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔

آنکھوں میں تیور آنا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں تاریکی چھا جانا۔

آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا (اُر۔ محاورہ) دل خوش ہونا۔ تسکین ہونا۔ تسلّی ہونا۔

آنکھوں میں ٹھہرنا (اُر۔ محاورہ) نظروں میں جچنا۔ اچھا معلوم ہونا۔

آنکھوں میں ٹیسو پھولنا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں میں سرسوں پھولنا۔ ہر چیز زرد ہی زرد نظر آنا۔

آنکھوں میں (جان) جی آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مرنے کے قریب پہنچنا (۲) خوشی حاصل ہونا۔ آنکھوں کو بھلا معلوم ہونا۔

آنکھوں میں جچنا (اُر۔ محاورہ) (۱) آنکھوں میں تُلنا۔ نظر پر چڑھنا (۲) بھلا لگنا۔ پسند آنا۔

آنکھوں میں جھٹے پڑنا (اُر۔ محاورہ) کچھ کا کچھ دکھائی دینا۔ آنکھوں میں فرق آنا۔ بینائی میں فرق آنا۔

آنکھوں میں جگہ دینا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں پر بٹھانا۔ تعظیم کرنا۔ عزیز سمجھنا۔ قدر کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنکھوں میں جہان (دُنیا) اندھیرا ہونا (آنکھوں میں زمانہ (عالم) سیاہ ہونا) (اَر۔ محاورہ) غم و رنج کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا۔ شدتِ غم کے باعث ہر طرف اندھیرا دکھائی دینا۔

آنکھوں میں چربی چھانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں پر پردہ پڑنا (۲) مغرور ہونا (۳) اچھے بُرے میں تمیز نہ کرنا۔

آنکھوں میں چڑھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھوں میں جچنا (۲) قدر پانا۔ منظور نظر ہونا۔ بھانا۔ پسند آنا۔ بھلا لگنا۔

آنکھوں میں چکا چوند ہونا (اَر۔ محاورہ) تیز روشنی میں نظر قائم نہ رہ سکنا۔ آنکھوں کا چندھیا جانا۔

آنکھوں میں چھانا (اَر۔ محاورہ) نظروں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسنا۔

آنکھوں میں خار (کھٹکنا۔ گڑنا۔ لگنا) ہونا (اَر۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔ طبیعت پر گراں معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔ باعثِ تکلیف ہونا۔

آنکھوں میں خاک (اَر۔ روزمرّہ) (۱) چشم بدور۔ خدا نظرِ بد سے بچائے۔

آنکھوں میں خاک بھی نہ دُوں (آنکھوں میں خاک کی چٹکی بھی نہ ڈالوں) (اَر۔ مثل) کچھ بھی نہ دوں۔ ذرا سی چیز بھی نہ دوں۔

آنکھوں میں خاک (ڈالنا) جھونکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ظاہر بات کو چھپانے کی کوشش کرنا (۲) دھوکا دینا۔ فریب دینا (۳) غائب کر دینا۔ چرا لینا۔

آنکھوں میں خون (اُترنا) اُتر آنا (اَر۔ محاورہ) بہت غصہ آنا۔ آنکھیں سُرخ ہو جانا۔

آنکھوں میں دم اٹکا ہونا (آنکھوں میں دم (آنا) ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں دم باقی رہنا۔ نزع میں ہونا۔ موت کا وقت قریب آ جانا۔

آنکھوں میں دُنیا تاریک (سیاہ) ہونا (اَر۔ محاورہ) شدتِ غم سے کچھ دکھائی نہ دینا۔

آنکھوں میں رات کاٹنا (اَر۔ محاورہ) ساری رات جاگتے گزارنا۔ نیند بالکل نہ آنا۔

آنکھوں میں رات کٹنا (اَر۔ محاورہ) پلک سے پلک نہ لگنا۔ بالکل نہ سونا۔ بے قرار رہنا۔ بے کل رہنا۔ رات بھر نہ سونا۔

آنکھوں میں رسیلا پن ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کا خوبصورت ہونا۔

آنکھوں میں رکھنا (اَر۔ محاورہ) نظروں میں رکھنا۔ آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا۔ ناز اور لاڈ میں پالنا۔

آنکھوں میں رہنا (اَر۔ محاورہ) سامنے رہنا۔ نگاہوں میں رہنا۔ نہایت عزیز اور پیارا ہونا۔

آنکھوں میں (سُبک) ہلکا ہونا (اَر۔ محاورہ) نظروں میں حقیر ہونا۔ آنکھوں سے گرنا۔ بے قدر اور بے وقر ہونا۔

آنکھوں میں سحر کرنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھوں میں رات کاٹنا۔

آنکھوں میں سرسوں پھولنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے آنکھوں میں ٹیسو پھولنا۔

آنکھوں میں سُرمہ (دینا) کھلانا (لگانا) (اَر۔ محاورہ) سُرمہ لگانا۔

آنکھوں میں سُرمہ کھلنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں اچھی طرح سُرمہ لگنا۔

آنکھوں میں سُرمے کی تحریر کھینچنا (اَر۔ محاورہ) سُرمہ لگانا۔

آنکھوں میں سفیدی چھا جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) اندھا ہو جانا (۲) آنکھوں میں جالا آ جانا۔

آنکھوں میں سمانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں بسنا۔ نظروں میں چڑھنا۔

آنکھوں میں سوال و جواب ہونا (اَر۔ محاورہ) اشاروں میں بات چیت ہونا۔

آنکھوں میں شرم نہ ہو تو ڈھیلے اچھے (اَر۔ محاورہ) جن آنکھوں میں حیا نہ ہو اُن آنکھوں کے ڈھیلوں سے مٹی کے ڈھیلے اچھے۔

آنکھوں میں صورت پھرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کے سامنے نقشہ پھر جانا۔

آنکھوں میں صبح کرنا (اَر۔ محاورہ) جاگتے جاگتے صبح کر دینا۔

آنکھوں میں طراوت آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا۔

آنکھوں میں غبار آ جانا (غبار چھا جانا۔ غبار ہو جانا) (اَر۔ محاورہ) دُھندلا نظر آنا۔

آنکھوں میں کاجل بن کر پھرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں سمانا۔ آنکھوں میں بسنا۔

آنکھوں میں کوٹ کوٹ کر موتی بھرے ہونا (اَر۔ محاورہ) نہایت خوبصورت آنکھیں ہونا۔

آنکھوں میں کھائے جانا (اَر۔ محاورہ) پُر اثر نگاہ ڈالنا۔ رغبت یا غصّے کی نگاہ سے دیکھنا۔

آنکھوں میں کھبنا (اَر۔ محاورہ) نظروں میں سمانا۔ بھلا لگنا۔

آنکھوں میں کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) بُرا لگنا۔

آنکھوں میں کھٹک ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں درد ہونا۔ چبھن ہونا۔

آنکھوں میں کہنا (اَر۔ محاورہ) اشاروں سے بات کرنا۔

آنکھوں میں گھر کرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں بسنا۔ نظروں میں سمانا۔ عزیز ہونا۔

آنکھوں میں لے جانا (اَر۔ محاورہ) سامنے سے چیز دھوکا دے کر چرا لینا۔

آنکھوں میں موہنی ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں کشش ہونا۔ نگاہوں میں جادو ہونا۔

آنکھوں میں نقشہ پھر جانا (اَر۔ محاورہ) کسی شے کی ہو بہو تصویر نگاہوں میں آ جانا۔

آنکھوں میں (نمک) نون ڈالنا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں پھوڑنا۔ اندھا کرنا۔

آنکھوں میں نہ آنا (اَر۔ محاورہ) نظروں میں نہ جچنا۔ آنکھوں میں نہ سمانا۔

آنکھوں میں نیل کی سلائی پھیرنا۔ دیکھئے آنکھ میں نیل کی سلائی۔

آنکھوں میں نیند (آ جانا) بھر آنا (سمانا) (اَر۔ محاورہ) نیند سے آنکھیں بند ہونے لگنا۔ اُونگھنا۔

آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سُنا (اَر۔ مثل) کوئی عجیب یا خلافِ قیاس واقعہ ہونا۔

آنکھوں والو! آنکھیں بڑی نعمت ہیں (اَر۔ مقولہ) اندھے فقیر صدا لگاتے وقت کہتے ہیں کہ آنکھیں قدرت کا بہت بڑا عطیہ ہیں۔ اِن کی قدر کرو۔

آنکھوں ہی آنکھوں میں (اَر۔ محاورہ) اشاروں ہی اشاروں میں۔

آنکھوں ہی آنکھوں میں چرا لینا (اَر۔ محاورہ) سب کے سامنے چرا لینا۔ کمال چالاکی کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنکھیں (ء۔ ا۔ مث) آنکھ کی جمع۔

آنکھیں آسمان سے لگی ہونا (اَر۔ محاورہ) دُعا کی قبولیت کے لئے آسمان کی طرف نظر جمائے رکھنا۔

آنکھیں آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں دُکھنے آنا۔ آشوبِ چشم ہونا۔

آنکھیں اِدھر اُدھر ہونا (اَر۔ محاورہ) نگاہیں پریشان ہونا۔

آنکھیں اُبلی پڑنا (اَر۔ محاورہ) دیدوں کا بہت اُبھرنا۔ سخت بیماری کی حالت ہونا۔

آنکھیں اَکڑ جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں سُوج جانا (۲) پُتلیاں چڑھ جانا۔ (۳) زیادہ نشہ ہونا (۴) مرنے کے قریب ہونا۔

آنکھیں اُمنڈنا (اَر۔ محاورہ) بہت رونا۔

آنکھیں اندر دھنس جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کے ڈھیلوں کا حلقے میں بیٹھ جانا۔

آنکھیں انگارا بن جانا (اَر۔ محاورہ) غصے یا بیماری سے آنکھیں بہت سُرخ ہو جانا۔

آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) خوف یا شرم سے آنکھیں اونچی نہ کرنا۔ لحاظ یا حیا سے اُوپر نہ دیکھنا۔

آنکھیں بچھانا (اَر۔ محاورہ) بڑی خاطر و مُدارات کرنا۔ نہایت تعظیم و تکریم کرنا۔

آنکھیں بدلنا (اَر۔ محاورہ) نگاہیں پھیر لینا۔ بے توجہی اور بے مُروّتی کرنا۔

آنکھیں بند کر کے کوئی کام کرنا (اَر۔ محاورہ) اندھا دُھند کام کرنا۔ بے تامل کسی بات کو کر بیٹھنا۔

آنکھیں بند کرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں مُوندنا (۲) سونا۔ آرام کرنا (۳) مرنا۔ اِنتقال کرنا۔

آنکھیں بند ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھیں مِچنا (۲) نیند آنا۔ غافل ہو جانا (۳) مر جانا۔

آنکھیں بھر لانا (اَر۔ محاورہ) رو ہانسا ہو جانا۔ آبدیدہ ہو جانا۔

آنکھیں بے نور ہو جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کی روشنی جاتی رہنا۔

آنکھیں پانی ہو کر بہ جانا (اَر۔ محاورہ) رو رو کر اندھا ہو جانا۔

آنکھیں پتھرانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کا بے نور ہونا۔ جاں بلب ہونا۔

آنکھیں پٹ پٹانا (پٹر پٹر مارنا) (اَر۔ محاورہ) جلدی جلدی آنکھیں کھولنا اور بند کرنا۔

آنکھیں پٹم ہونا (اَر۔ محاورہ) اندھا ہو جانا۔ آنکھوں میں روشنی نہ رہنا۔ بینائی جاتی رہنا۔

آنکھیں پُر آب ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو آ جانا۔

آنکھیں پڑنا (اَر۔ محاورہ) خاص توجہ ہونا۔ اِلتفات کی نظر سے دیکھا جانا۔ (پر کے ساتھ)۔

آنکھیں (پلٹ جانا) پلٹنا (اَر۔ محاورہ) بے مُروّت ہو جانا۔ تیور بدل جانا۔ (۲) مغرور ہونا۔

آنکھیں پونچھ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) آنسو پونچھ ڈالنا۔ رو دھو کر چپکا ہو رہنا۔ رونا بند کرنا۔

آنکھیں پونچھنا (اَر۔ محاورہ) آنسو پونچھنا۔ تسلّی دینا۔ ڈھارس بندھانا۔

آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) بہت غور، شوق یا رغبت سے دیکھنا (۲) حسرت سے دیکھنا (۳) گھبرا کر دیکھنا۔

آنکھیں پھٹ گئی ہیں (اَر۔ روزمرّہ) دولت پا کے مغرور ہو گئے ہیں۔

آنکھیں پھٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) حیران ہونا۔ ہکّا بکّا ہونا (۲) مغرور ہونا (۳) آنکھوں میں درد ہونا۔

آنکھیں پھٹی جاتی ہیں (آنکھیں پھٹی پڑتی ہیں) (اَر۔ مثل) سر اور آنکھوں میں شِدّت سے درد ہونے پر کہتے ہیں۔

آنکھیں پھڑانا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں نچانا۔ آنکھیں مٹکانا (ق۔ محاورہ) غمزہ کرنا۔

آنکھیں پھر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) دیدے پھر جانا۔ علامتِ مرگ ظاہر ہونا (۲) بے مُروّت ہونا۔ مغرور ہونا (۳) تیوری چڑھانا۔

آنکھیں پھڑکانا (اَر۔ محاورہ) ناز اور غمزے سے دیدے مٹکانا۔

آنکھیں پھوٹ بہنا (اَر۔ محاورہ) بے اِختیار آنسو جاری ہونا۔

آنکھیں پھوٹ جائیں (پھوٹیں) (اَر۔ بددُعا) (۱) دُوسرے کو بددُعا کے طور پر (۲) اپنے متعلق بطور قسم۔

آنکھیں پھیر کے چل دینا (اَر۔ محاورہ) کترا کے نکل جانا۔ مُنہ پھیر کے چلے جانا۔

آنکھیں پھیرے توتے (طوطے) کی سی، باتیں کرے مینا کی سی (اَر۔ مثل) اُس آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو میٹھی باتیں کرے اور بے مُروّت ہو۔ ظاہر کچھ اور باطن کچھ۔

آنکھیں ترسنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کے دیکھنے کو آنکھوں کا مشتاق ہونا۔

آنکھیں تُرش ہونا (اَر۔ محاورہ) نظر سے غصّہ ظاہر ہونا۔

آنکھیں تلووں سے رگڑنا (ملنا) (اَر۔ محاورہ) عقیدت کا اظہار کرنا۔ اُلفت ظاہر کرنا (۲) خوشامد کرنا۔

آنکھیں تُلی ہونا (ت پر پیش) (اَر۔ محاورہ) نظروں سے کسی بات کی آمادگی ظاہر ہونا۔

آنکھیں تلے اُوپر ہونا (اَر۔ محاورہ) نزع کے وقت پُتلیاں پھر جانا۔

آنکھیں تھک جانا (اَر۔ محاورہ) اِنتظار کی زیادتی کے اِظہار کے لئے کہتے ہیں۔

آنکھیں تیورا جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں خیرہ ہو جانا۔ آنکھوں میں اندھیرا آ جانا۔

آنکھیں ٹمٹمانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کا ذرا ذرا کھلنا۔

آنکھیں ٹوٹ آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں آ جانا۔ آنکھیں دُکھنے آنا۔

آنکھیں ٹھنڈی رہیں (اَر۔ دُعا) اپنی اولاد کی خوشیاں دیکھو اور اُن کے دیدار سے ہمیشہ آنکھیں ٹھنڈی رہیں۔

آنکھیں جاتی رہنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کی روشنی کا جاتا رہنا۔ اندھا ہو جانا۔

آنکھیں جلنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں سوزش ہونا۔ آنکھوں میں جلن ہونا۔

آنکھیں جھپکنا (جھپکانا) (اَر۔ محاورہ) آنکھیں کھلنا اور بند ہونا۔ روشنی کی تاب نہ لانا (۲) آنکھیں سامنے نہ کر سکنا۔ آنکھیں نیچی ہونا۔ شرمندہ ہونا (۳) نیند نہ آنا۔

آنکھیں جُھکنا (اَر۔ محاورہ) شرمسار ہونا۔ شرم سے نیچی نگاہ رکھنا (۲) آنکھیں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دُکھنے آنا۔

آنکھیں چار طرف چکر مکر چلی جاتی ہیں (اَر۔ مثل) شوخی سے نگاہ ایک طرف نہیں ٹھہرتی۔ نہایت شوخ دیدہ ہے۔

آنکھیں چار طرف (رکھنا) رہنا (اَر۔ محاورہ) چاروں طرف دیکھتے رہنا۔ نگرانی رکھنا۔

آنکھیں چار کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نظر سے نظر ملانا (۲) بے حیائی سے دیکھنا۔

آنکھیں چار نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔ شرمانا۔

آنکھیں چار ہونا (اَر۔ محاورہ) ایک دُوسرے کے سامنے ہونا۔ مقابل ہونا۔ رُوبرو ہونا۔ مُلاقات ہونا۔ محبت ہونا۔

آنکھیں چُرانا (اَر۔ محاورہ) چشم پوشی کرنا۔ تجاہُلِ عارفانہ کرنا۔ کترانا۔

آنکھیں چرنے گئی ہیں؟ (اَر۔ کلمہءِ استفہام) کیا آنکھیں غیر حاضر ہیں؟ کیا دکھائی نہیں دے رہا؟ جب کوئی شخص اپنے سامنے کی چیز کو نہ دیکھے تو یہ کلمہ کہتے ہیں۔

آنکھیں چڑھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا (۲) خاطر میں نہ لانا۔

آنکھیں چڑھنا (آنکھیں چڑھی ہوئی ہونا) (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں شراب یا نیند کا خمار ہونا۔

آنکھیں چمکانا (اَر۔ محاورہ) دیدے مٹکانا۔ آنکھیں گھمانا۔ نخرے کرنا۔

آنکھیں (چندھیا جانا) چندھیانا (اَر۔ محاورہ) چکا چوند ہونا۔ آنکھیں خیرہ ہو جانا (تیز روشنی میں)۔

آنکھیں چندھی ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں پوری نہ کھلنا۔

آنکھیں چھت (سے) کو لگ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھیں اوپر چڑھ جانا۔ آنکھوں کی پتلی پھر جانا۔ علامتِ مرگ ظاہر ہونا (۲) نہایت اِنتظار کرنا۔ نہایت متفکر ہو کر چھت کی طرف نظر کرنا (۳) ٹکٹکی بندھ جانا۔ کسی چیز کو گھڑیوں تکتے رہنا۔

آنکھیں خیرہ ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کا روشنی کی تاب نہ لانا۔ چندھیا جانا۔

آنکھیں خون میں ڈوبنا (اَر۔ محاورہ) مارے غصّے کے آنکھیں لال ہو جانا۔

آنکھیں در پر لگی ہونا (اَر۔ محاورہ) اِنتظار میں ہونا۔ راہ دیکھنا۔

آنکھیں (دکھانا) دکھلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) غضب کی نگاہ سے دیکھنا۔ ڈرانا۔ دھمکی دینا۔ غصّہ کرنا (۲) سامنے ہونا۔ مقابلہ کرنا۔

آنکھیں دُکھنا (آنکھیں دُکھنے آنا) (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔ آنکھوں کا آشوب زدہ ہونا۔

آنکھیں دوڑانا (اَر۔ محاورہ) سب طرف دیکھنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔ چاروں طرف نظر ڈالنا۔

آنکھیں (دیکھا کرنا) دیکھتے رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لطف و عنایت کا اُمیدوار رہنا (۲) اطاعت پر اِس طرح آمادہ رہنا کہ اشارہ ہو اور تعمیل کرے۔

آنکھیں دیکھتی ہیں (اَر۔ مثل) آنکھیں منتظر ہیں۔ آنکھیں مشتاق ہیں۔

آنکھیں دیکھی ہیں (اَر۔ محاورہ) صحبت اُٹھائی ہے۔ تربیت پائی ہے۔

آنکھیں دیوار ہو جانا (اَر۔ محاورہ) کچھ نہ سُوجھنا۔ کچھ دکھائی نہ دینا۔

آنکھیں ڈبڈبانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو آنا۔

آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں سے ناتوانی ظاہر ہونا۔ نقاہت اور کمزوری کا اِظہار۔

آنکھیں ڈھانپنا (اَر۔ محاورہ) شرم سے مُنہ چھپانا۔

آنکھیں ڈھلنا (اَر۔ محاورہ) (ذ پر پیش) متوجہ ہونا۔ نظارہ کرنا۔

آنکھیں ڈھونڈتی ہیں (اَر۔ محاورہ) آنکھیں دیکھنا چاہتی ہیں۔ دیکھنے کا بے حد اِشتیاق ہے۔

آنکھیں رکھنا (اَر۔ محاورہ) تیز رکھنا۔ تجربہ کار ہونا۔ جانچ اور پرکھ رکھنا۔

آنکھیں رو رو کے (لال) خون کبوتر کرنا (اَر۔ محاورہ) اتنا رونا کہ آنکھیں سُرخ ہو جائیں۔

آنکھیں روشن کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز، عزیز یا بزرگ کے دیدار سے آنکھوں کو تازگی دینا (۲) اندھے کی آنکھوں کو علاج سے بینا کرنا۔

آنکھیں روشن ہونا (اَر۔ محاورہ) آنکھیں کھلنا۔ آنکھوں میں روشنی آنا۔ آنکھوں میں بینائی آنا۔ آنکھوں میں تازگی و طراوت آنا۔

آنکھیں زمین سے لگ جانا (اَر۔ محاورہ) نہایت ندامت ہونا۔ شرم کے مارے آنکھیں اُٹھ نہ سکنا۔

آنکھیں سفید ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) حد درجہ انتظار کرنا (۲) آنکھیں چٹم ہونا۔ اندھا ہونا۔

آنکھیں سینا (اَر۔ محاورہ) (۱) پلک سے پلک سی دینا (۲) کسی چیز پر ہر وقت آنکھیں لگائے رہنا۔

آنکھیں سینکنا (اَر۔ محاورہ) پوٹلی بنا کر آنکھوں پر لگانا (۲) حسینوں کا نظارہ کرنا۔

آنکھیں فرشِ راہ کرنا (اَر۔ محاورہ) قدموں کے نیچے آنکھیں بچھانا۔ تعظیم و تواضع سے پیش آنا۔

آنکھیں قدموں پر ملنا (آنکھیں قدموں تلے بچھانا) (اَر۔ محاورہ) کمال اخلاص و محبت سے پیش آنا۔ بہت تواضع کرنا۔

آنکھیں کڑوانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں نیند کا خمار ہونا (۲) آنکھیں کھٹکنا (۳) دھوئیں کی وجہ سے آنکھوں میں ہلکی خارش ہونا۔

آنکھیں کور ہو جانا (اَر۔ محاورہ) اندھا ہو جانا۔

آنکھیں کھل جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) جاگ اُٹھنا (۲) متنبہ ہونا۔ ہوشیار ہو جانا۔ حقیقت سے آگاہ ہو جانا۔ عبرت ہونا (۳) حیران ہو جانا۔

آنکھیں کھلنا (اَر۔ محاورہ) جاگنا۔ بیدار ہونا (۲) حقیقت واضح ہونا (۳) جنم لینا۔ ہوش سنبھالنا (۴) ہکا بکا رہ جانا۔

آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سکتے کی حالت میں دم نکل جانا (۲) حیران ہو جانا۔ دم بخود ہو جانا۔

آنکھیں کھلی ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) پوری آنکھیں بند نہ ہونا (۲) زندہ ہونا۔ صحیح سلامت ہونا (۳) ہوشیار ہونا۔ چوکس ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنکھیں کھولنا (ار۔ محاورہ) چشم وا کرنا۔ جاگنا۔ ہوشیار ہونا (۲) عبرت پکڑنا (۳) پیدا ہونا (۴) کسی کو حقیقتِ حال سے آگاہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔

آنکھیں کھونا (ار۔ محاورہ) اندھا ہونا۔ بے بصر ہونا۔ بینائی زائل کرنا۔

آنکھیں کیا پھوٹ گئی ہیں؟ (ار۔ کلمۂ استفہام) نظر نہیں آتا؟ غفلت یا بے پروائی سے کام کرنے والے سے کہا جاتا ہے۔

آنکھیں گدّی میں ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) سامنے کی چیز دکھائی نہ دینا (۲) خود بینی کے نشے میں اندھا ہونا۔ اچھا بُرا نہ دیکھنا۔ سمجھے بوجھے بغیر کوئی کام کر بیٹھنا۔ عالمِ شباب میں بدمستی کے باعث حرکاتِ ناشائستہ کرنا۔ مستی کے سبب نیک و بد کا دھیان نہ کرنا۔

آنکھیں گرم کرنا (ار۔ محاورہ) گھورنا۔ حسینوں کا نظارہ کرنا۔

آنکھیں گڑ جانا (ار۔ محاورہ) کسی کو برابر تکے جانا۔ گھورنا۔ ندیدوں کی طرح دیکھنا۔

آنکھیں گلابی ہونا (ار۔ محاورہ) آنکھیں سُرخ ہونا۔ آنکھوں میں سرور آنا۔ آنکھوں میں نشہ ظاہر ہونا۔

آنکھیں لال کرنا (ار۔ محاورہ) غصّے سے نیلا پیلا ہونا۔ رو رو کر آنکھیں سُرخ کرنا۔

آنکھیں لگائے رہنا (ار۔ محاورہ) برابر دیکھتے رہنا۔ نظر جمی ہونا۔

آنکھیں لگنا (ار۔ محاورہ) (۱) ٹکٹکی بندھنا۔ اِنتظار کرنا۔ راہ دیکھنا۔

آنکھیں مانگنا (ار۔ محاورہ) بینائی مانگنا۔ بصارت کا طالب ہونا۔

آنکھیں مٹکانا (ار۔ محاورہ) آنکھیں گھمانا۔ آنکھیں نچانا۔ نخرے کرنا۔

آنکھیں ملنا (ار۔ محاورہ) آنکھوں کو ہاتھ سے رگڑنا۔ آنکھوں پر ہاتھ پھیر کر نیند کا خمار دُور کرنا۔ آنکھیں کھولنے کی تدبیر کرنا (۲) حُسنِ عقیدت یا فرطِ محبت کے باعث کسی بزرگ کے تلووں سے آنکھیں گھسنا۔

آنکھیں مُندتے کیا دیر ہے (ار۔ مثل) آنکھ بند ہوتے یعنی مرتے دیر نہیں لگتی۔ زندگی کا کیا بھروسا ہے۔

آنکھیں مُوند لینا (مُوندنا) (ار۔ محاورہ) آنکھیں بند کرلینا (۲) مرجانا (۳) بے خبر ہونا۔

آنکھیں نکالنا (ار۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ غصّے ہونا۔ لال پیلا ہونا۔ ڈرانا۔ ڈانٹنا (۲) خنجر یا چھری کی نوک سے آنکھوں کو باہر نکال دینا۔ اندھا کرنا۔

آنکھیں نہ اُٹھانا (ار۔ محاورہ) آنکھیں سامنے نہ کرنا۔ شرم یا حیا سے آنکھیں اونچی نہ کرنا۔ شرمانا۔

آنکھیں نہ کھولنا (ار۔ محاورہ) (۱) چشم وا نہ کرنا۔ شرم، حجاب یا نفرت کے باعث آنکھیں کھول کر کسی چیز کو نہ دیکھنا (۲) ہوش میں نہ آنا (۳) بیماری کے سبب غفلت میں پڑا رہنا۔

آنکھیں نہ ملانا (ار۔ محاورہ) (۱) شرمانا۔ آنکھیں سامنے نہ کرنا (۲) متوجہ نہ ہونا۔ بات نہ پوچھنا۔

آنکھیں نیلی پیلی کرنا (ار۔ محاورہ) غصہ کرنا۔ چیں بجبیں ہونا۔ تیوری چڑھانا۔

آنکھیں ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) سبق حاصل ہونا (۲) حواس دُرست ہونا۔ سمجھ آنا۔ ہوش آنا۔ عقل آ[نا]۔

آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار۔ آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں آئی کھوٹ (ار۔ مثل) سامنے محبت کرنا اور پیچھے بالکل بھول جانا۔

آنگن (آں۔ گن) (ہ۔ ا۔ مذ) صحن۔ انگنائی (پن) ویہڑا۔

آنگھی (آں۔ گھی) (ہ۔ ا۔ مث) مہین کپڑے کی منڈھی ہوئی چھلنی جس سے میدہ چھانتے ہیں۔

آنگی (آں۔ گی) (ہ۔ ا۔ مث) انگیا۔

آنند (آ۔ نند) (س۔ ا۔ مذ) شادمانی۔ روحانی خوشی۔ راحت۔ آرام۔ چین۔

آنند بدھاوا (ہ۔ ا۔ مذ) مبارک باد۔ بدھائی۔ خوشی کا گیت۔

آنند رہنا (ہ۔ مص مُرکب) خوش رہنا۔ مگن رہنا۔

آنند کرنا (ہ۔ مص مُرکب) خوشی منانا۔ چین کرنا۔

آنند بھیروں (ہ۔ ا۔ مذ) بھیروں ٹھاٹھ کا ایک راگ جس میں ساتوں سُر لگتے ہیں۔ صبح کے وقت گاتے ہیں۔

آنند کے تار بجانا (ار۔ محاورہ) بے فکری سے بسر کرنا۔ عیش و عشرت سے زندگی گزارنا۔

آنند منگل (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خوشی۔ مسرت۔ عیش و عشرت۔ ہنسی مذاق (۲) آرام۔ راحت۔ چین۔

آنند ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) خوش ہونا۔ مگن ہونا (۲) سیر ہونا۔

آنندی (آ۔ نن۔ دی) (ہ۔ ا۔ مذ) خوشی۔ شادمانی۔ مسرّت۔

آنندی پُرش (ہ۔ ا۔ مذ) ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ ظریف آدمی۔

آنو (نُون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا چکنا سفید، لیس دار مادّہ جو پیچش میں پاخانے کے ساتھ آتا ہے۔

آنو آنا (ار۔ محاورہ) آنو کا اجابت میں نکلنا۔

آنو پڑنا (ار۔ محاورہ) پیٹ میں آنو کا پیدا ہونا۔ پیچش ہو جانا۔

آنوَل (آں۔ وَل) (ہ۔ ا۔ مث) جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کی ناف انتڑی یا جھلّی کی نلکی کی طرح ہوتی ہے۔ دائی اُسے اسی وقت کاٹ ڈالتی ہے۔ اُس کے اخیر میں ایک تھیلیا بھی لگی ہوتی ہے۔ اس ہیئتِ مجموعی کا نام آنول نال ہے۔

آنول گٹّا (آں۔ وَل۔ گٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) آنولے کا سُوکھا ہوا پھل۔ آنولے کا ڈال میں سُوکھا ہوا پھل۔

آنول نال (ہ۔ ا۔ مث) دیکھیے آنول۔

آنول نال گڑنا (گڑی ہونا) (ار۔ محاورہ) جائے پیدائش سے دلی لگاؤ ہونا۔

آنولا (آں۔ وَ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) آملہ۔ ایک تُرش اور کسیلا پھل جو دواؤں میں اِستعمال ہوتا ہے اور اِس کا اچار اور مربا بھی ڈالتے ہیں۔ جمع: آنولوں۔ آنولے۔

آنولا سار گندھک (ار۔ ا۔ مث) صاف کی ہوئی گندھک جس کا رنگ آنولے کے رنگ سے مُشابہ ہوتا ہے۔

آنولے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) آنولا کی جمع (۲) آنولا کی مغیرہ صورت۔

آنولے کا کھایا بڑے کا کہا پیچھے مزہ آیا (ار۔ مثل) بزرگوں کی ناگوار [illegible] بعد میں معلوم ہوتا ہے جس طرح آنولے کا فائدہ بعد میں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

معلوم ہوتا ہے۔

نہ (آ۔نہ)(مـ۔ـمذ) دیکھئے آتا (سِکّہ)۔

آنی بانی (مـ۔ا۔مـث) چھیڑ چھاڑ۔ ہنسی مذاق۔

آنی جانی (مـ۔صف) بے ثبات۔ ناپائیدار۔ فانی۔

آ۔و

آوا (مـ۔ا۔مذ) کمہار کی بھٹی۔ پزاوہ۔ اینٹوں کا بھٹا۔ جمع: آووں۔ آوے۔

آوا اُترنا (ار۔محاورہ) برتنوں کا پک کر بھٹی سے نکلنا۔

آوا بگڑنا (ار۔محاورہ) (۱) تمام برتنوں کا بگڑنا (۲) خاندان کا خاندان بگڑنا۔ سارے خاندان کا بُرائیوں میں مبتلا ہو جانا۔

آوا چڑھنا (ار۔محاورہ) بھٹی میں برتنوں کا پکنے کے واسطے رکھا جانا۔

آواجائی (مـ۔ا۔مـث) آمد و رفت۔ آنا جانا۔

آواجائی لگا رکھنا (ار۔محاورہ) بے موقع اور بلا ضرورت آمد و رفت جاری رکھنا۔

آوا دانی (ار۔ا۔مـث) (۱) بستی۔ آبادی (۲) رونق۔ گہما گہمی۔ چہل پہل (۳) بوئی جوتی زمین۔

آوارجہ (آ۔وار۔جہ)(ف۔ا۔مذ) روزنامچہ جمع خرچ۔

آوارگی (آ۔وا۔ر۔گی)(ف۔ا۔مـث)(۱) ابتری۔ پریشانی۔ پراگندگی۔ خرابی (۲) بدمعاشی۔ لُچپن۔ گمراہی۔

آوارہ (آ۔وا۔رہ)(ف۔صف)(۱) پریشان۔ خراب و خستہ (۲) بے ہُودہ۔ اوباش۔ بدچلن۔ لُچا۔

آوارہ پھرنا (ار۔محاورہ) خراب و خستہ پھرنا۔ بھٹکتا پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

آوارہ گرد (ف۔صف) مارا مارا پھرنے والا۔ بدچلن۔

آوارہ گردی (ف۔ا۔مـث) بدچلنی۔ مارا مارا پھرنا۔

آوارہ مزاج (ف۔ع۔صف) لااُبالی۔ بدچلن۔

آوارہ وطن (ف۔ع۔صف) مسافر۔ پردیسی۔

آواز (ف۔ا۔مـث)(۱) اشیا کی حرکت سے پیدا ہونے والی توانائی۔ صدا۔ ندا۔ بانگ۔ ہانک۔ پکار (۲) غل۔ شور۔ چیخ (۳) فقیر کی صدا۔ پکار کر بیچنے کی صدا (۴) کھڑکا۔ آہٹ۔ دھماکا (۵) راگ۔ نغمہ۔ آہنگ (۶) شہرہ۔ اُردو جمع: آوازوں۔ آوازیں۔

آواز آنا (ار۔محاورہ) لفظ سنائی دینا۔ کان میں بول پڑنا۔ کان میں بھنک پڑنا۔ غیب سے ندا آنا۔

آواز اُٹھانا (ار۔محاورہ) گانے میں آواز کا اُونچا کرنا (۲) احتجاج کرنا۔

آواز (اُکھڑنا) اُکھڑ جانا (ار۔محاورہ) آواز بے سُری ہو جانا۔

آواز بدل جانا (ار۔مص مُرکّب) کسی وجہ سے آواز میں فرق آنا (۲) لہجہ تبدیل ہو جانا۔

آواز بدلنا (ار۔مص مُرکّب) آواز تبدیل کرنا یا ہونا۔ لہجہ تبدیل کرنا یا ہونا۔

آواز بڑھانا (ار۔محاورہ) آواز بلند کرنا۔

آواز بگڑ جانا (ار۔مص مُرکّب) اچھی آواز کا بُرا ہو جانا۔

آواز بلند کرنا (ار۔محاورہ) چلّا کے بولنا۔ اونچی آواز سے بولنا۔

آواز بند کر دینا (ار۔مص مُرکّب) خاموش کر دینا۔ چپ کر دینا۔

آواز بند ہونا (بھاری ہونا۔ بھرّانا) (ار۔مص مُرکّب) گلا جکڑ جانا آواز نہ نکلنا۔

آواز بیٹھنا (ار۔محاورہ) آواز نہ نکلنا۔ گلا بیٹھ جانا۔

آوازِ پا (ف۔ا۔مـث) پاؤں کی آہٹ۔ پاؤں کی آواز۔

آواز پر آنا (ار۔محاورہ) پکارنے کے ساتھ ہی آنا۔ سدھائے ہوئے پرند کا آواز سنتے ہی آ جانا۔

آواز پر کان (دھرنا۔ رکھنا) لگانا (ار۔محاورہ) نہایت غور سے سننا۔ دھیان دے کر سننا۔ توجّہ سے سننا۔

آواز پر گولی لگانا (ار۔محاورہ) دیکھے بغیر آواز پر نشانہ لگانا۔ قادر انداز ہونا۔ ماہر نشانہ باز ہونا۔

آواز پر لگانا (ار۔محاورہ) جانوروں کو ایسا سدھانا کہ وہ آواز سنتے ہی پاس چلے آئیں یا جو کام کرنے کو کہا جائے کرنے لگیں۔

آواز پر (پہ) لگنا (ار۔محاورہ) آواز پہچاننا۔ آواز پر بولنا۔ آواز پر آنا۔ ملو جانا۔ مایوس ہو جانا۔ بولی سمجھنا۔

آواز پڑنا (ار۔محاورہ) (۱) گلا بیٹھ جانا۔ آواز بھاری ہونا (۲) بُلانے کے لئے نام لے کر کسی کو پکارا جانا۔ عدالت میں کسی کے نام کی آواز بلند ہونا۔

آواز پھٹنا (ار۔محاورہ) آواز بھاری ہونا۔ بہت زیادہ چیخنے چلّانے سے آواز خراب ہو جانا۔

آواز پھولنا (ار۔محاورہ) آواز کا بھاری ہونا اور صاف نہ نکلنا۔

آواز پیدا ہونا (ار۔مص مُرکّب) آواز نکلنا۔

آواز تھرّانا (ار۔مص) آواز کانپنا۔ آواز بھرّانا۔ آواز میں لرزش ہونا۔

آوازِ جرس (آوازِ درا) (ف۔ا۔مـث) دیکھئے بانگِ جرس۔ بانگِ دَرا۔

آواز جکڑ جانا (ار۔محاورہ) نزلے کی وجہ سے آواز بیٹھ جانا۔

آواز دب جانا (ار۔محاورہ) آواز کا پست ہو جانا۔

آواز دہندہ (ف۔صف) (۱) آواز دینے والا (۲) بولی بولنے والا۔ نیلام کرنے والا۔ نیلام کنندہ۔

آواز دینا (ار۔محاورہ) پکارنا۔ طلب کرنا۔ بُلانا۔ صدا کرنا۔

آواز ڈوک میں آنا (ار۔محاورہ) زمانہ بلوغ میں کنٹھ پھوٹنے سے آواز بھاری ہو جانا۔

آوازِ سگاں کم نہ کند رزقِ گدا را (ف۔مثل) کتّوں کے بھونکنے سے گداگر کی خیرات بند نہیں ہوتی۔ بدباطن لوگوں کے باعث کسی کی روزی کم نہیں ہوتی۔

آواز سُنانا (ار۔محاورہ) اپنی آواز دُوسرے کے کان تک پہنچانا۔

آواز سُنائی (پڑنا) دینا (ار۔محاورہ) کانوں میں آواز پہنچنا۔

آواز سے آواز ملنا (ار۔محاورہ) (۱) سُر سے سُر ملنا (۲) ایک آواز کا دُوسری آواز سے مشابہ ہونا۔

آواز سے شگون لینا (ار۔محاورہ) عوام بعض جانوروں کی آوازوں سے نیک و بدشگون لیتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آواز صاف ہونا (اَر۔ محاورہ) گلا صاف ہو جانا۔ آواز کا بھاری پن زائل ہو جانا۔ دُرست آواز نکلنا۔

آوازِ صُور (ف۔ع۔ا۔مث) صُور کی آواز۔ مسلمانوں کے اعتقاد کے مطابق صُور ایک باجے یا بگل کی مانند ہے۔ خُدائے تعالیٰ کے حکم سے حضرت اسرافیلؑ (فرشتہ) جس وقت اِس کو پھونکیں گے، ہر چیز فنا ہو جائے گی اور قیامت آجائے گی۔

آوازِ غیب (ف۔ع۔ا۔مث) غیب کی آواز۔ ہاتف کی آواز۔ آواز جو عالمِ غیب سے آئے۔ نوائے سَروش۔

آواز کا اُتار چڑھاؤ (اَر۔ا۔مذ) آواز کا نیچا اُونچا ہونا۔

آواز کا پاٹ (اَر۔ا۔مذ) آواز کی حد۔ الاپ۔ اُونچا سُر۔

آواز کا پاٹ نہ مِلنا (اَر۔ محاورہ) آواز کا بہت بلند ہونا۔

آواز کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پکارنا۔ آواز دینا (۲) بندوق چھوڑنا۔ توپ داغنا (۳) چیخنا (۴) فقیر کا صدا دینا۔

آواز (کُھلنا) کُھل جانا (اَر۔ محاورہ) آواز صاف ہو جانا۔ آواز میں سے سختی کا دُور ہو جانا۔ گلا صاف ہونا۔

آواز کی اُٹھان (اَر۔ا۔مث) آواز کا اُبھار۔ اونچے سُر میں گانا۔

آواز گِرنا (اَر۔ محاورہ) آواز کا ہلکا ہونا۔ نیچے سُروں میں آواز ہونا۔

آوازِ گریہ (ف۔ا۔مث) رونے کی آواز۔

آواز گوش آشنا ہونا (اَر۔ محاورہ) آواز کا پہلے سے سُنا ہوا ہونا۔ آواز کی پہچان ہونا۔

آواز گوش زد ہونا (اَر۔ محاورہ) آواز سنائی دینا۔ آواز کان میں پڑنا۔

آواز گونجنا (اَر۔مص مُرکّب) دیر تک کسی بند مکان یا گنبد میں آواز کا اثر باقی رہنا۔

آواز لڑنا (اَر۔ محاورہ) آواز ملنا۔ آواز کا ٹپا کھانا۔ آواز میں آواز ملنا۔ ہم آہنگ ہونا۔ ایک سُر پر پہنچنا۔

آواز لگانا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) آواز دینا۔ پکارنا (۲) پکار کے بیچنا۔ صدا لگانا (۳) صدا دینا۔ مانگنا۔ بھیک مانگنا (۴) گانا۔ تان لگانا۔

آواز مِلانا (اَر۔ محاورہ) باہم آواز ملا کر گانا۔

آواز میں آواز مِلانا (اَر۔ محاورہ) بول سے بول ملانا۔ ہم آہنگ ہونا۔ سُر سے سُر ملانا۔

آواز میں پتّی لگ جانا (اَر۔ محاورہ) کسی سبب سے آواز کھر کھرانے لگنا۔

آواز میں پیچ دینا (اَر۔ محاورہ) تان لیتے وقت خوبصورتی کے ساتھ آواز نکالنا۔

آواز میں پُھریاں (کٹاریاں) بھری ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت مؤثر اور دردناک آواز ہونا۔

آواز میں کھٹکا ہونا (اَر۔ محاورہ) آواز میں بہت ہی پُر اثر اور پسندیدہ کیفیت ہونا۔

آواز میں لوچ ہونا (اَر۔ محاورہ) آواز میں نرمی اور نزاکت ہونا۔

آواز میں نمک ہونا (اَر۔ محاورہ) آواز میں درد ہونا۔ سوز ہونا۔

آواز نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بولنا۔ مُنہ سے بات نکالنا (۲) رونا۔ چیخنا (۳) گانا شروع کرنا۔

آواز نکلنا (اَر۔ محاورہ) مُنہ سے بات نکلنا۔

آواز ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز سے آواز نکلنا۔

آوازہ (آ۔وا۔زہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) شُہرہ۔ ناموری۔ غلغلہ۔ افواہ۔ دُھوم (۲) غُل۔ شور (۳) طعنہ۔ اُردو جمع: آوازوں۔ آوازے۔

آوازہ بلند ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) مشہور ہونا۔ بڑا نام ہونا۔ ناموری ہونا۔ دُھوم مچنا (۲) شور پیدا ہونا۔

آوازہ پہنچنا (اَر۔ محاورہ) شُہرت پہنچنا۔

آوازہ پھیلنا (اَر۔ محاورہ) شُہرت ہونا۔

آوازہ پھینکنا (آوازے پھینکنا) (اَر۔ محاورہ) فقرہ کسنا۔ طعنہ دینا۔ آوازہ کسنا۔

آوازہ توازہ (اَر۔ا۔مذ) بولی ٹھولی۔ طعن و تشنیع۔

آوازہ سُنانا (اَر۔ محاورہ) طعنہ دینا۔ بولی ٹھولی مارنا۔

آوازہ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پھٹکارنا۔ چنگھاڑنا (۲) بندوق یا توپ چھوڑنا (۳) کسی چیز کو توڑنا۔ اُوپر سے دے مارنا۔ پٹک دینا (۴) طعنہ دینا (۵) طنز کرنا۔ ٹھٹھا مارنا۔

آوازہ کسنا (مارنا) (اَر۔ محاورہ) چھیڑنا۔ طنز کرنا۔ فقرہ چست کرنا۔

آوازے (اَر۔ا۔مذ) آوازہ کی اُردو جمع۔

آوازے پھینکنا (سُنانا۔ کسنا۔ مارنا) (اَر۔ محاورہ) طنز کرنا۔ چھیڑنا۔ فقرہ چست کرنا۔ طعن و تشنیع کرنا۔

آواگون (آ۔وا۔گ۔وَن) (ھ۔ا۔مذ) دیکھئے تناسُخ۔

آور (آ۔وَر) (ف۔لاحِقہ) فارسی مصدر آوردن سے صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خواب آور۔

آوَرد (آ۔وَرد) (ف۔ا۔مث) تکلّف اور بناوٹ (۲) تکلّف سے شعر کہنا۔ کوشش سے بات پیدا کرنا۔

آوَردَہ (آ۔وَر۔دَہ) (ف۔صف مفعولی) لایا ہوا۔ متوسّل۔ طفیلی۔ سفارشی۔

آوے (ھ۔فعل) آئے کی قدیم شکل (۲) (ھ۔ا۔مذ) آوا کی جمع (۳) آوا کی مغیّرہ صورت۔

آوے کا آوا بگڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) سارا خاندان بُرائی میں مبتلا ہونا۔

آوے میں ناند کھو گئی (اَر۔مثل) اپنے آپ کو بے گناہ یا سچّا ثابت کرنے کے لئے ناقابلِ یقین عذر پیش کرنا۔

آویزاں (آ۔وے۔زاں) (ف۔صف) لٹکا ہوا۔ مُعلّق۔

آویزاں کرنا (اَر۔مص مُرکّب) لٹکانا۔

آویزش (آ۔وے۔زِش) (ف۔ا۔مث) چپقلش۔ لڑائی۔ فساد۔

آویزہ (آ۔وے۔زہ) (ف۔ا۔مذ) کان کا زیور۔ بُندا۔ بالا۔ اُردو جمع: آویزوں۔ آویزے۔

آ۔ہ

آہ (ف۔ا۔مث) (۱) کلمہ افسوس۔ ہائے۔ وائے۔ افسوس۔ اُف (۲) سانس۔ دَم۔ نفس۔ اُردو جمع: آہوں۔ آہیں۔

آہ آہ اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) دل سے آہ نکلنا۔

آہ آہ کرنا (اَر۔ محاورہ) ہائے ہائے کرنا۔ کراہنا۔

آہ اللہ (ف۔کلمہ تأسّف) ہائے افسوس۔ حالتِ رنج و غم میں خُدا کا نام زبان پر آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آہ بھر کر رہ جانا (اُر ۔ محاورہ) کلیجا تھام کے رہ جانا۔ صبر کر کے چپ ہو رہنا۔
آہ بھرنا (اُر ۔ محاورہ) ہائے ہائے کرنا۔ کراہنا۔ افسوس کرنا۔
آہ پڑنا (اُر ۔ محاورہ) کسی کی آہ سے تکلیف پہنچنا۔ بددُعا کا اثر ہونا۔
آہِ جگر (ف ۔ ا ۔ مث) دل سے نکلی ہوئی ہائے۔
آہ خالی نہ جانا (اُر ۔ محاورہ) فریاد کا بااثر ہونا۔
آہِ رسا (ف ۔ ا ۔ مث) قبول ہونے والی آہ یا فریاد۔
آہ روکنا (اُر ۔ محاورہ) آہ کا ضبط کرنا۔
آہِ سرد بھرنا (ف ۔ ا ۔ مث) ٹھنڈے سانس بھرنا۔
آہ سر کرنا (اُر ۔ محاورہ) دیکھئے آہ بھرنا۔
آہِ سوزاں (ف ۔ ا ۔ مث) جلانے والی آہ۔ آگ لگا دینے والی آہ۔ وہ آہ جو آگ کا کام کرے۔
آہِ شب (ف ۔ ا ۔ مث) وہ آہ جو مظلوم کے دل سے رات کو نکلے۔
آہ صد آہ (ف ۔ ا ۔ مث) سینکڑوں آہیں۔ افسوس صد افسوس۔
آہ کر کے رہ جانا (اُر ۔ محاورہ) کلیجا تھام کے رہ جانا۔ کسی صدمے پر صبر کرنا۔
آہ کرنا (آہ کھینچنا) (اُر ۔ محاورہ) کراہنا۔ نالہ و فریاد کرنا۔
آہ لگنا (اُر ۔ محاورہ) دیکھئے آہ پڑنا۔
آہ لینا (اُر ۔ محاورہ) کسی کو ستا کر اس کی بددُعا لینا۔
آہ نکلنا (اُر ۔ محاورہ) دل سے ہائے نکلنا۔
آہ نہ آئے (اُر ۔ محاورہ) ذرا افسوس نہ آئے۔ ذرا رحم نہ آئے۔
آہِ نیم شب (ف ۔ ا ۔ مث) آدھی رات کو کی جانے والی فریاد۔
آہِ نیم کش (ف ۔ ا ۔ مث) وہ آہ جو پوری نہ ہو۔ آدھی کھینچی ہوئی آہ۔
آہ و بکا (آہ و فغاں ۔ آہ و زاری) (ف ۔ ا ۔ مث) رونا پیٹنا۔ واویلا۔ ہائے وائے۔ نالہ و فریاد۔
آہا (اُر ۔ کلمہ تحسین) تعجب اور خوشی کا کلمہ۔
آہار (آ ۔ ہار) (س ۔ ا ۔ مذ) (۱) مانڈی۔ لئی۔ کلف (۲) غذا۔ کھانا۔
آہار کرنا (ہ ۔ مص مُرکب) (۱) کھانا۔ بھوجن کرنا (۲) کلف دینا۔ ماوا چڑھانا۔
آہار و ہار (ہ ۔ ا ۔ مذ) کھانا پینا۔ سونا۔ رہن سہن۔
آہٹ (آ ۔ ہٹ) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) پاؤں کی آواز۔ کھٹکا۔ جمع: آہٹوں۔ آہٹیں۔
آہٹ پانا (اُر ۔ محاورہ) چلنے کی آواز سن لینا۔ کھٹکا محسوس کر لینا۔
آہٹ پر کان ہونا (اُر ۔ محاورہ) پاؤں کی آواز کا منتظر ہونا۔
آہٹ لینا (اُر ۔ محاورہ) آواز پر کان رکھنا۔ کھٹکے پر دھیان رکھنا۔ ہوشیار ہونا۔
آہٹ ہونا (اُر ۔ محاورہ) کھڑکا ہونا۔ کھٹکا ہونا۔
آہرن (آہ ۔ رن) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دیکھئے اہرن۔
آہستگی (آ ۔ ہس ۔ تہ ۔ گی) (ف ۔ ا ۔ مث) دھیما پن۔ نرمی۔ سہولت۔ آسانی۔
آہستہ (آ ۔ ہس ۔ تہ) (ف ۔ صف) (۱) دھیما۔ نرم (۲) (متعلق فعل) سُبک سے۔ ملائمت سے۔
آہستہ آہستہ (ف ۔ تابع فعل) ہولے ہولے۔ دھیرے دھیرے۔ رفتہ رفتہ۔
آہک (آ ۔ ہک) (ف ۔ ا ۔ مذ) چونا۔ قلعی۔

آہن (آ ۔ ہن) (ف ۔ ا ۔ مذ) لوہا۔
آہن رُبا (ف ۔ ا ۔ مذ) چمک پتھر۔ مقناطیس۔
آہن گر (ف ۔ ا ۔ مذ) لوہار۔ لوہے کا کام کرنے والا۔ جمع: آہن گراں۔
آہن گری (ف ۔ ا ۔ مث) لوہار کا پیشہ۔
آہنگ (نُون غُنّہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) نغمہ۔ زمزمہ۔ آواز (۲) قصد۔ ارادہ۔ نیت۔
آہنی (آہنیں) (آہ ۔ نی) (آہ ۔ نیں) (ف ۔ صف) لوہے کا۔ لوہے کی بنی ہوئی۔
آہنیں جگر (ف ۔ صف) لوہے کے جگر والا۔ دلیر۔ بہادر۔
آہو (آ ۔ ہو) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) ہرن۔ مرگ (۲) عیب۔ نقص۔
آہو برہ (ف ۔ ا ۔ مذ) ہرن کا بچہ۔
آہو چشم (ف ۔ صف) ہرن جیسی آنکھوں والا۔ مرگ نین۔ خوبصورت آنکھوں والا۔
آہو گیر (ف ۔ صف) (۱) عیب جو (۲) ہرن کا شکار کرنے والا۔
آہوئے حرم (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) مکّہ معظمہ کی ایک مقررہ حد میں رہنے والا ہرن جہاں شکار ممنوع ہے۔
آہوئے چرخ (آہوئے فلک) (ف ۔ ا ۔ مذ) آسمان کا ہرن (کنایۃً) آفتاب۔
آہوئے ختا (ف ۔ ا ۔ مذ) مقامِ ختا کا ہرن جو مُشک کے لئے مشہور ہے۔
آہوئے زریں (ف ۔ ا ۔ مذ) سنہرا ہرن۔ (کنایۃً) سُورج۔ آفتاب۔
آہوئے مُشکی (مُشکیں) (ف ۔ ا ۔ مذ) مُشک کے نافے والا ہرن۔
آہے (اُر ۔ ا ۔ مث) آہ ہائے۔
آہیں (یائے مجہول) (اُر ۔ ا ۔ مث) آہ کی اُردو جمع۔
آہیں بھرنا (اُر ۔ محاورہ) دیکھئے آہ بھرنا۔

آ ۔ ی

آئرش (Irish) (انگ ۔ صف) آئرلینڈ سے منسوب۔ آئرلینڈ کا باشندہ (مونث) آئرلینڈ کی زبان۔
آئس برگ (Iceberg) (انگ ۔ ا ۔ مذ) برف کا ایک بہت بڑا تودہ جو کسی گلیشیر سے ٹوٹ کر سمندر میں گر جاتا ہے۔
آئل (Oil) (انگ ۔ ا ۔ مذ) تیل۔ روغن۔
آئل پیپر (Oil Paper) (انگ ۔ ا ۔ مذ) روغنی کاغذ جو پینٹنگ وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔
آئل پینٹنگ (Oil Painting) (انگ ۔ ا ۔ مث) (۱) روغنی رنگوں کی مصوری (۲) روغنی تصویر۔
آئل کلاتھ (Oil Cloth) (انگ ۔ ا ۔ مذ) روغنی کپڑا۔ موم جامہ۔
آئل کلر (Oil Colour) (انگ ۔ ا ۔ مذ) روغنی رنگ جو پینٹنگ میں کام آتا ہے۔
آئندہ۔ دیکھئے آیندہ جو صحیح ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آیمنہ (آ۔ءِ۔نَہ) (ف۔ا۔مذ) آئینہ کا مخفف۔

آؤ (آ۔اُو) (و۔فعل) آنا مصدر سے جمع امر حاضر۔

آؤ آور (و۔ا۔مث) تعظیم و تکریم۔ آؤ بھگت۔ خاطر و تواضع۔

آؤ بھگت (و۔ا۔مث) خاطر داری۔ خاطر تواضع۔ خیر مقدم۔ استقبال۔

آؤ بھگت کرنا (ار۔ محاورہ) تواضع کرنا۔ خاطر مدارت کرنا۔

آؤ پڑوسن گھر کا بھی لے جاؤ (ار۔ مثل) کسی نفع کی اُمید پر اپنی گرہ سے بھی کچھ کھو بیٹھنے کے موقع پر عورتیں کہتی ہیں۔

آؤ پڑوسن لڑیں (ار۔ مثل) دیکھئے آپڑوسن لڑیں۔

آؤ تاؤ (ار۔ا۔مذ) رنگ ڈھنگ۔

آؤ تو جاؤ کہاں (ار۔ مثل) کسی کے بگڑنے کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

آؤ جاؤ (ار۔ا۔مذ) (۱) چلت پھرت (۲) آمدورفت۔ آنا جانا۔ آواجائی۔

آؤ جاؤ گھر تمہارا۔ کھانا مانگے دشمن ہمارا (ار۔ مثل) کنجوس آدمی جو کھانا نہ دے اور زبانی آؤ بھگت کرے۔

آؤ دیکھا نہ تاؤ (ار۔ مثل) بغیر سمجھے بوجھے۔ بے موقع۔ جلدی سے۔

آؤٹ (Out) (انگ۔ صف) باہر۔ خارج (۲) ظاہر۔ افشا۔ شائع۔

آؤٹ ڈور (Out Door) (انگ۔ صف) بیرونی۔ خارجی۔ گھر کی چار دیواری سے باہر کا۔ کھلی ہوا کا۔

آئی (و۔ا۔مث) (۱) موت۔ قضا۔ آئی ہوئی چیز (۲) آنا مصدر سے ماضی (مث) کا صیغہ۔

آئی بلا ٹلنا (ار۔ محاورہ) مُصیبت دُور ہو جانا۔

آئی بلا سر سے ٹلنا (ار۔ محاورہ) سر پر مصیبت آ کر دُور ہو جانا۔

آئی بلا کو ٹال دینا (ار۔ محاورہ) آفت کو دُور کرنا۔

آئی پر نہ چوکے (ار۔ مثل) جس بات کا محل ہو اُسے کر گزرے یا کہہ ڈالے۔

آئی پر نہیں چوکتے ہیں (ار۔ مثل) موقع ملنے پر خاموش نہیں رہتے۔

آئی تو روزی نہیں تو روزہ (ار۔ مثل) ملا تو کھالیا نہیں تو فاقے سے پڑے رہے۔

آئی تو نوش، نہیں تو فراموش (ار۔ مثل) روٹی مل گئی تو بہتر ورنہ کچھ نہیں۔

آئی تھی آگ کو رہ گئی رات کو (ار۔ مثل) بے حیا عورت کو کہتے ہیں کہ اُسے بدچلنی کے لئے ذرا سا حیلہ کافی ہوتا ہے۔

آئی ٹل جانا (ار۔ محاورہ) آفت کا آکر دُور ہو جانا۔

آئی عقل جانا (ار۔ محاورہ) بدحواس ہو جانا۔ ہوش جاتے رہنا۔

آئی گئی میرے ماتھے (ار۔ مثل) سارا اِلزام میرے ہی سر۔

آئی موج فقیر کی، دی جھونپڑی پھونک (ار۔ مثل) بے پروا اور آزاد منش کا اپنی چیز ضائع کر دینا۔

آئی ہوئی ٹل جانا (ار۔ محاورہ) دیکھئے آئی ٹل جانا۔

آئی ہوئی نہیں ٹلتی (ار۔ مثل) آنے والی موت یا مُصیبت آکر رہتی ہے۔

آئی ہے جان کے ساتھ، جائے گی جنازے کے ساتھ (ار۔ مثل)

آئی۔ ایس۔ آئی (انگ۔ا۔مذ) Inter Services (I.S.I) Intelligence کا مخفف۔ پاکستان کا ادارہ جاسوسی۔

آئی بِس (Ibis) (انگ۔ا۔مذ) لق لق کی طرح کا ایک دریائی پرندہ جس کی چونچ لمبی، پتلی اور سیدھی ہوتی ہے۔ گرم خطوں میں پایا جاتا ہے۔ قدیم مصری اِسے مقدس سمجھتے تھے۔

آئے (آ۔اے) (و۔ فعل ماضی) آگئے (۲) مضارع صیغہ واحد غائب۔

آئے بائے کھاٹ کے پائے (ار۔ مثل) بے معنی باتیں۔ آئیں بائیں شائیں۔

آئے بھی تو کیا آئے (ار۔ مثل) آنا نہ آنا برابر۔ کسی کے ذرا سی دیر آکر چلے جانے پر کہتے ہیں۔

آئے پیر بھاگے پیر (ار۔ مثل) نیک لوگوں (پیروں) کے سامنے خبیث لوگ (پیر) نہیں ٹھہر سکتے۔

آئے حواس جانا (ار۔ محاورہ) ہوش جانا۔ حواس کھونا۔

آئے دن (ار۔ تابع فعل) ہر روز۔ ہمیشہ۔ بار بار۔

آئے کی خوشی نہ گئے کا غم (ار۔ مثل) نہ نفع کی خوشی نہ نقصان کی فکر۔ ہر حالت میں خوش۔

آئے گا تو اپنے پاؤں سے، جائے گا تو کس کے پاؤں سے؟ (ار۔ مثل) دشمن کو اُس کے پاؤں سے واپس نہیں جانے دوں گا۔ زندہ نہ چھوڑوں گا۔

آئے گا کتا تو پائے گا ٹکا (ار۔ مثل) بغیر دوڑ دھوپ کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

آئے گئے (ار۔ صف) (۱) آنے جانے والے (۲) مسافر۔

آئے گئے کا سودا (ار۔ مثل) مرنے کے لئے بالکل تیار ہونا۔

آئے نہ آئے برابر (ار۔ مثل) آنا نہ آنا ایک جیسا ہے۔

آئیڈیا (Idea) (انگ۔ا۔مذ) خیال۔ تصوّر۔

آئین (آ۔اِین) (ف۔ا۔مذ) (۱) قاعدہ۔ دستورُالعمل۔ قانون۔ ضابطہ۔ ملک کا بنیادی قانون۔ دستورِ اساسی (۲) رواج۔ رسم۔ اُردو جمع: آئین۔ آئینوں۔

آئین جاری کرنا (ار۔ مص مرکب) قانون نافذ کرنا۔ دستورِ اساسی جاری کرنا۔

آئینِ دیوانی (ف۔ا۔مذ) لین دین کا قانون۔ وہ قانون جو مالی معاملات سے متعلق ہو۔

آئینِ فوجداری (ف۔ا۔مذ) وہ قانون جس میں فساد اور لڑائی جھگڑے کی دفعات اور سزاؤں کا بیان ہو۔

آئینِ لشکری (ف۔ا۔مذ) فوج کے نظم و نسق کا قانون۔

آئینِ مال (ف۔ا۔مذ) قواعدِ مال گزاری۔ رسومِ سرکاری۔ قانونِ خراج۔

آئینِ ملکی (ف۔ا۔مذ) کسی مُلک کا بنیادی قانون یا دستورِ اساسی۔

آئیں بائیں (ار۔ا۔مث) اناپ شناپ۔ لغو باتیں۔ اَنٹ شنٹ۔ وہ بات جس کا کوئی سر پیر نہ ہو۔

آئیں بائیں شائیں (ار۔ا۔مث) ٹالم ٹول۔ بہانے (۲) فضول باتیں۔

آئیں (آ۔اِیں) (یائے مجہول) مصدر آنا سے مضارع کا صیغہ جمع غائب۔

آئیں (آ۔اِیں) (یائے معروف) مصدر آنا سے ماضی مطلق جمع غائب۔ مؤنث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آئیں بی عاقلہ' سب کاموں میں داخلہ (اَر۔ مثل) ہر کام میں دخل دینے والی بیوقوف عورت کے بارے میں کہتے ہیں۔
آئینتی پائینتی (ہ۔ اِ۔ مث) سرہانے اور پاؤں کے نیچے کی جگہ۔
آئینوں (آ۔اِی۔نوں) (اَر۔ اِ۔ مذ) آئینہ کی اُردو جمع (۲) آئین کی اُردو جمع۔
آئینہ (آ۔اِی۔نہَ) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) مُنہ دیکھنے کا شیشہ۔ درپن (۲) (صف) حیران۔ ششدر (۳) روشن۔ ظاہر (۴) صاف۔ اُجلا۔ اُردو جمع: آئینوں۔ آئینے۔
آئینہ اُلٹا دکھانا (اَر۔ محاورہ) نظرِ بد کا اثر دُور کرنے کے لئے ٹوٹکے کے طور پر اُلٹا شیشہ دکھانا۔
آئینہ اندھا (ہو جانا) ہونا (اَر۔ محاورہ) آئینہ دُھندلا پڑ جانا۔
آئینہ باطن (بغیر اِضافت) (ف۔ ع۔ صف) صاف دِل۔ روشن ضمیر۔ نیک دِل۔
آئینہ بنا دینا (اَر۔ محاورہ) حیران کر دینا (۲) قلعی کر کے یا مانجھ کر چمکا دینا۔
آئینہ بن جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) متحیّر ہو جانا۔ ششدر ہونا (۲) صاف و شفاف ہو جانا۔ چمک دار ہو جانا۔
آئینہ بندی کرنا (اَر۔ محاورہ) شیشے وغیرہ سے مکان سجانا۔ آرائش کرنا۔
آئینہ تمثال (بغیر اِضافت) (ف۔ ع۔ صف) آئینے کی طرح صاف شفاف۔
آئینہ بجونا (اَر۔ مص مُرکب) چوکھٹے میں آئینہ لگانا۔
آئینہ خانہ (ف۔ اِ۔ مذ) وہ مکان جس میں چاروں طرف آئینے لگے ہوں۔
آئینہ دار (ف۔ اِ۔ مذ) جس کے پاس آئینہ ہو (۲) نائی۔ حجّام۔ سنگار کرانے والا (۳) عیب یا خوبی ظاہر کرنے والا۔
آئینہ داری (ف۔ اِ۔ مث) آئینہ دکھانے کی خدمت۔
آئینہ دکھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) شیشہ دکھانا (۲) عیب و ہُنر ظاہر کرنا۔
آئینہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) آئینے میں اپنی شکل دیکھنا۔
آئینہ رُخسار (بغیر اِضافت) (ف۔ صف) وہ شخص جس کے رُخسار آئینے کی طرح چمکتے ہوں۔
آئینہ (رُخ) رُو (ف۔ صف) آئینے کی طرح شفاف چہرہ رکھنے والا۔
آئینہ ساز (ف۔ اِ۔ مذ) شیشے بنانے والا۔ آئینہ گر۔
آئینہ سازی (ف۔ اِ۔ مث) آئینہ گری۔ آئینے بنانے کا کام۔
آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا (اَر۔ محاورہ) ہر وقت بناؤ سنگار میں لگے رہنا۔
آئینہ سکندری (ف۔ اِ۔ مذ) لوہے کا آئینہ جس کی بابت کہتے ہیں کہ سکندر نے ایجاد کیا تھا۔
آئینہ سیما (بغیر اِضافت) (ف۔ صف) آئینہ جیسی پیشانی رکھنے والا۔
آئینہ کر دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) بالکل صاف کر دینا۔ چمکا دینا (۲) ظاہر کر دینا۔
آئینہ گر (ف۔ اِ۔ مذ) آئینہ بنانے والا۔
آئینہ گری (ف۔ اِ۔ مث) آئینہ بنانے کا کام۔ آئینہ سازی۔
آئینہ لے کر منہ تو دیکھو (آئینے میں منہ تو دیکھو) (اَر۔ مثل) جب کوئی شخص کسی ا[illegible]ات کا دعویٰ یا اِرادہ کرے جس کا وہ اہل نہ ہو تو اُس کے لئے کہا جاتا ہے۔
آئینہ (ہونا) ہو جانا (اَر۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ کھل جانا (۲) صاف شفاف ہونا۔

آئینی (آ۔اِی۔نی) (ف۔ صف) آئین سے منسوب۔ آئین کے مطابق۔
آئینی بادشاہت (ف۔ اِ۔ مث) شخصی حکومت جس میں بادشاہ برائے نام حاکم ہوتا ہے اور ملکی اُمور میں براہِ راست دخل نہیں دیتا۔ تمام کام اِنتظامیہ کرتی ہے جو مُقنّنہ کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے۔
آئینے (آ۔اِی۔نے) (اَر۔ اِ۔ مذ) آئینہ کی اُردو جمع (۲) آئینہ کی مُغیّرہ صورت۔
آئینے میں بال (آجانا) پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) آئینے میں ہلکی سی دراڑ یا لکیر پڑ جانا۔
آئیے (آ۔اِی۔یے) (اَر۔ فعل) آنا مصدر سے امر کا صیغہ۔ احتراماً اِستعمال ہوتا ہے۔ تشریف لائیے۔ قدم رنجہ فرمائیے۔

آ۔ی

آیا (ف۔ کلمۂ اِستفہام) کیا؟
آیا (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) دایہ۔ بچوں کو دودھ پلانے والی انّا (۲) آنا مصدر کا ماضی مطلق واحد غائب مذ (۳) حاضر ہوا (کوئی پکارے یا بلائے تو کہتے ہیں)۔
آیا بندہ آئی روزی، گیا بندہ گئی روزی (اَر۔ مثل) آدمی کا رزق اُس کے ساتھ ہے۔
آیا رمضان بھاگا شیطان (اَر۔ مثل) نیکی کے آنے پر بدی چلی جاتی ہے۔
آیا سمجھو (آیا جانو) (اَر۔ محاورہ) ابھی آیا۔ آیا کہ آیا۔ دیر نہیں کروں گا۔
آیا کتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا (اَر۔ مثل) بے فکر اور غافل عورت کے متعلق کہتے ہیں۔
آیا گری (اَر۔ اِ۔ مث) آیا کا پیشہ۔ دائی کا پیشہ۔
آیا گیا (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) آنے جانے والا (۲) مہمان۔ مسافر (۳) بھولا بسرا۔
آیا گیا ہونا (اَر۔ محاورہ) بھول جانا۔ فراموش ہو جانا۔
آیات (ع۔ اِ۔ مث) آیت کی جمع۔
آیاتِ مُتشابہات (ع۔ اِ۔ مث) قرآن کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور واضح نہیں اور اُن کے ایک سے زیادہ معانی لئے جا سکتے ہیں۔
آیاتِ مُحکمات (ع۔ اِ۔ مث) وہ قرآنی آیات جن کے معنی واضح ہیں اور اُن میں تاویل کی ضرورت نہیں۔
آیت (آ۔یَت) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) نشان (۲) قرآن، توریت یا انجیل کا پورا فقرہ (۳) قرآن کے ایک وقفے کا نام جو دائرے کی شکل کا ہوتا ہے۔ عربی جمع: آیات۔ اُردو جمع: آیتوں۔ آیتیں۔
آیت آنا (اَر۔ محاورہ) آسمان سے آیت نازل ہونا۔
آیت اُترنا (اَر۔ محاورہ) آیت نازل ہونا۔
آیتِ سجدہ (ع۔ اِ۔ مث) قرآن پاک کی وہ آیت جسے پڑھنے اور سننے سے سجدہ کرنا لازم ہو جاتا ہے۔
آیتِ لا (ع۔ اِ۔ مث) وہ آیت جس پر لا لکھا ہوتا ہے۔ قاریوں نے ایسی آیت پر نہ ٹھہرنا بہتر خیال کیا ہے۔
آیتِ مُطلق (ع۔ اِ۔ مث) وہ آیت جس پر قطعی ٹھہرنا پڑے اُس کے آگے گول دائرے کے سوا کوئی علامت نہیں ہوتی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آیتُ الکرسی (آ۔ی۔مُل۔کُر۔سی)(ع۔ا۔مث) قرآن مجید کی سب سے لمبی آیت۔ جو سُورہ بقرہ میں ہے۔ اِس میں کرسی کا لفظ آیا ہے اِس لئے اِسے آیتُ الکرسی کہتے ہیں۔

آیت نازل ہونا (اَر۔محاورہ) خدا کی طرف سے اُس کے رسول ﷺ پر آیت آنا۔

آیت و حدیث ہے (اَر۔مثل) وہ بات جس میں شک کی گنجائش نہ ہو۔ بالکل حق ہے۔ بالکل سچ ہے۔

آیَندو رَوَنْد (نُون غنّہ)(ف۔صف) آنے جانے والے۔

آیَنْدَہ (آ۔یَندَہ)(ف۔صف)(۱) آنے والا (۲) پھر کبھی۔ دُوسری بار۔

آیندہ اِختیار بدستِ مختار (ف۔مثل) مانو نہ مانو۔ تمہیں اِختیار ہے۔ کسی کو نصیحت کرنے کے بعد کہا جاتا ہے۔

آیندہ کو کان ہو گئے (اَر۔مثل) آیندہ اِحتیاط کریں گے۔

آیوڈوفارم (اَنگ۔ا۔مث)(Iodoform) زرد رنگ کی ایک بدبودار مُرکّب دوا جو زخم پر چھڑکی جاتی ہے۔

آیوڈین (Iodine)(اَنگ۔ا۔مث) ایک کیمیاوی عنصر جو دواؤں میں اِستعمال کیا جاتا ہے۔

آیُورویدِک (ھ۔ا۔مث) ہندی طریقۂ علاج یا علم طِب جس کا بانی ایک وید دھنونتری تھا۔ اِس کی کتاب آیُروید کو ہندی طِب کی اوّلین تصنیف تصوّر کیا جاتا ہے۔

آیَہ (آ۔یَہ)(ع۔ا۔مث) آیت۔

آیۂ رحمت (ع۔ا۔مث) قرآن مجید کی وہ آیت جس میں خُدا کی رحمتوں کا ذکر ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ا

ا۔ب

اَ (س۔ حرفِ نفی) سنسکرت یا ہندی لفظ کے شروع میں بطور سابقہ آ کر نفی کے معنی دیتا ہے۔ جیسے اَمَر (نہ مرنے والا۔ لافانی) اَٹُوٹ (نہ ٹوٹنے والا۔ الگ نہ ہونے والا۔ لاینفک)۔

اَب (بفتح اوّل) (ع۔ ا۔ مذ) ابُو کا مخفف۔ باپ۔ والد۔ پدر۔ پتا۔ جمع: آباء۔

اَب وجد (ع۔ ا۔ مذ) باپ دادا۔ خاندان کے بزرگ۔ بڑے۔ جمع: آباؤ اجداد۔

اَبّ (بفتحہ اوّل و تشدید دوم) (ع۔ ا۔ مذ) سبزہ۔ گھاس۔

اَب (بفتحہ اوّل) (ہ۔ ا۔ ظرف) (۱) اِس وقت۔ اِس گھڑی۔ آج کل (۲) اِس دَم۔ اِس زمانے میں (۳) اِسی وقت۔ فوراً۔ جھٹ پٹ (۴) آیندہ۔ آگے کو۔ پھر۔ پھر کبھی (۵) تھوڑی دیر پہلے (۶) اِس حالت میں۔ اِس مرحلے پر (۷) تب۔

اب آئے (ار۔ روزمرہ) ابھی آتے ہیں۔ ذرا سی دیر میں آنے والے ہیں۔

اب اب کر کے (ار۔ تابع فعل) تھوڑے دنوں سے۔ چند روز سے۔ حال میں۔

اب اب کرنا (ار۔ محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ وعدہ خلافی کرنا۔ آج کل کرنا۔

اب اِدھر یا اُدھر (ار۔ محاورہ) اب فیصلہ ہو جانا چاہیے۔ بات کو ختم کرنا چاہیے۔

اب اللہ ہی اللہ ہے (ار۔ محاورہ) سب سہارے ٹوٹ گئے۔ اب کوئی اُمید نہیں۔

اب ایسا بھی کیا (ار۔ محاورہ) یہ بات نہیں ہو سکتی۔ یہ ناممکن ہے۔

اب بتاؤ (اب بولو۔ اب کہو) (ار۔ محاورہ) (قائل کرنے کے لئے) اب کوئی راہ نہیں۔ مان جاؤ۔ اب کیا کریں (۲) (حیرت و بے چارگی کے اظہار کے لئے) اب کیا کیا جائے۔ کوئی چارہ نہیں رہا۔

اب بھی (ار۔ تابع فعل) (۱) اِس وقت بھی۔ اِس حال یا اِس صورت میں بھی (۲) تس پر بھی۔ پھر بھی۔ تاہم۔

اب بھی کچھ نہیں گیا (ار۔ محاورہ) اب بھی وقت ہے۔ اِس وقت بھی اِصلاح اور دُرستی ہو سکتی ہے۔

اب بھی میرا مُردہ تیرے زندے پر بھاری ہے (ار۔ مثل) باوجود گئی گزری حالت کے میں تم سے طاقتور ہوں۔ تمہارا مقابلہ کر سکتا ہوں۔

اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت (ار۔ مثل) موقع ہاتھ سے نکل گیا تو پچھتانے سے کیا حاصل۔ نقصان ہو جانے کے بعد پشیمان ہونے سے کیا فائدہ۔

اب تب (ار۔ ا۔ مث) حیلہ بہانہ۔ ٹال مٹول۔ (تابع فعل) اِس وقت۔ اس وقت۔ بہت جلد۔

لب تب لگنا (ہونا) (ار۔ محاورہ) مرنے کا وقت قریب آنا۔ جاں بلب ہونا۔

اب تک (اب تلک) (ار۔ تابع فعل) اِس گھڑی تک۔ اِس وقت تک۔ ابھی تک۔ ہنوز۔

اب تو (ار۔ متعلق فعل) (۱) اِس کے بعد۔ آیندہ (۲) اِن حالات میں۔ اِس صورت میں (۳) آج کل۔ اِس وقت۔ اِس دفعہ (۴) آخرکار۔ بدرجہ مجبوری۔

اب جا کے (جا کر) (ار۔ متعلق فعل) اتنے دن پیچھے۔ بہت دیر بعد۔

اب جب میں (ار۔ متعلق فعل) آن کی آن میں۔ کوئی دن میں۔ بہت جلد۔

اب رنگ لائی گلہری (ار۔ مثل) اب اصل حقیقت ظاہر ہوئی۔ اب کرتوت ظاہر ہوئے۔

اب سے (ار۔ متعلق فعل) اِس وقت سے۔ آیندہ سے۔

اب سہاگن ہو کر بیٹھی' لوٹ کھایا سنسار (ہ۔ مثل) تمام دُنیا کو لوٹ کر پرہیزگار بن جانا۔ نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی۔

اب سے آئے گھر سے آئے (ار۔ مثل) جو کچھ نادانستگی میں کر چکے وہ کر چکے۔ اب ایسا نہ کریں گے۔ توبہ ہے۔

اب سے دُور (دُور پار) (ار۔ محاورہ) خدا نہ کرے۔ خدا پھر ایسا موقع نہ دکھائے۔

اب کا (ار۔ متعلق فعل) اِس وقت کا۔ اِس زمانے کا۔ موجودہ حال کا۔

اب کہاں جاتا ہے (ار۔ محاورہ) قابو میں آجانے پر کہتے ہیں۔ پکڑ لیا ہے۔ جانے نہیں پائے گا۔

اب کھائی تو کھائی' اب کھاؤں تو رام دُہائی (ار۔ مثل) اب جو کچھ ہوا سو ہوا۔ آیندہ ایسا نہیں ہوگا۔ اِس دفعہ چوک ہو گئی۔ آیندہ نہ ہوگی۔

اب کی (ار۔ تابع فعل) اِس مرتبہ۔ حال کی۔ اِس بار کی۔

اب کی بات اب کے ساتھ' جب کی بات جب کے ساتھ (ار۔ مثل) پہلے جو کچھ تھا وہ گزر گیا۔ اب جو رنگ زمانے کا ہے اِس کے موافق کرنا چاہیے۔

اب کی بچے تو گھر گھر نچے (ار۔ مثل) قماربازوں کی اِصطلاح میں جب چوسر کی گوٹ زد میں ہوتی ہے اور دُوسرے شخص کے ہاتھ میں پانسا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ اب کی مرتبہ بچ جائے تو پھر ہر خانے میں جائے گی۔ کوئی مزاحمت نہ کر سکے گا۔ پکی ہو جائے گی۔

اب کے (ار۔ متعلق فعل) اِس دفعہ۔ اِس مرتبہ۔ آیندہ زمانے میں۔ لب کا کی جمع۔

اب کیا پوچھنا ہے (ار۔ محاورہ) اب مزے ہیں۔ اب پوری آزادی ہے۔

اب کیا تھا (ار۔ محاورہ) دیر ہی کیا تھی۔ فوراً۔ بلا تاخیر۔

اب نہ تب (ار۔ متعلق فعل) نہ اِس وقت نہ پھر کبھی۔ کبھی نہیں۔

اب وہ پانی مُلتان بہ گیا (ار۔ مثل) جب کوئی موقع ہاتھ سے جاتا رہے یا کسی کام کا وقت گزر جائے تو کہتے ہیں۔ موقع جا چکا ہے۔

اَبا (اَ۔ با) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) باپ۔ پدر (۲) (ار۔ دکنی) حرفِ ندا و فجائیہ۔

اَبا عَن جَدٍّ (اَ۔ بَن۔ عَن۔ جَد۔ دِن) (ع۔ تابع فعل) باپ دادا سے۔ قدیم سے۔

اَبّا (اب۔ با) (ار۔ ا۔ مذ) باپ۔ جنم دینے والا (۲) تعظیم کے لئے جیسے چچا ابّا۔ خالو ابّا۔

ابّا جان (ابّا جانی۔ ابّا جی۔ ابّا حضور۔ ابّا میاں) (ار۔ ا۔ مذ) بچے اپنے باپ کو اِن لفظوں سے پکارتے ہیں۔

اِبا (اِ۔ با) (بکسرِ اوّل) (ع۔ ا۔ مث) اِنکار۔ نفرت۔ پرہیز۔ اِختلاف۔ نافرمانی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِبا کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) اِنکار کرنا۔

اَبابیل (اَ۔با۔بِیل)(ع۔ا۔مث) ایک چھوٹا سا سیاہ رنگ کا پرندہ جس کا سینہ سفید ہوتا ہے۔ اُردو جمع: ابابیلوں۔ ابابیلیں۔

اَبابیلیا (اَ۔با۔بِیل۔یا)(اَر۔ا۔مذ) ابابیل سے مِلتا جُلتا ایک قسم کا کبوتر جس کا رنگ ابابیل سے مشابہ ہے۔

اِباحت (اِ۔با۔حَت)(ع۔ا۔مث) اجازت۔ جواز۔ مباح ہونا۔ شرع میں کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے پر کوئی پابندی نہ ہونا۔

اِباحتی (اِ۔با۔حَ۔تی)(ع۔ف۔ا۔مذ) حرام کو مباح اور جائز سمجھنے والا۔

اِباحی (اِ۔با۔حی)(ع۔ف۔ا۔مذ) اِباحتی۔ اباحیہ فرقے کا پیرو۔

اِباحیت (اِ۔با۔حی۔یَت)(ع۔ا۔مث) فرقہ اباحیہ کا طریق و عمل۔

اِباحیّہ (اِ۔با۔حی۔یہ)(ع۔ا۔مذ) ایک فرقہ جس کا عقیدہ ہے کہ اِنسان میں گناہوں سے اجتناب اور فرائض کو بجا لانے کی قدرت نہیں۔ اِس لئے ہر چیز جائز و حلال ہے۔

اُبارنا (اُ۔بار۔نا)(ہ۔مص)(۱) رہائی دینا۔ بچانا (۲) باقی رکھنا۔ جمع کرنا۔

اُباس (اُ۔باس)(ہ۔ا۔مث)(۱) سڑاند۔ بدبُو (۲) خمیر۔

اُباسی (اُ۔با۔سی)(ہ۔صف)(۱) سڑا ہوا۔ بدبُودار (۲) خمیر اُٹھا ہوا۔

اِباق (اِ۔باق)(ع۔ا۔مذ) بالغ غلام یا لونڈی کا بھاگ جانا۔

اُباک (اُ۔باک)(ہ۔صف) خاموش۔ مبہوت۔ گونگا۔

اُباکنا (اُ۔باک۔نا)(ہ۔مص) اُبکائیاں لینا۔ قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔

اُبال (اُ۔بال)(ہ۔ا۔مذ) جوش۔ کھدبداہٹ۔ بھبک (۲) جوش۔ غصّہ (۳) کف۔ جھاگ (۴) خون وغیرہ کا جوش۔ گرمی کا جوش۔ حرارت۔

اُبال (آنا) اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) اُمنڈنا۔ جوش آنا۔ کھدبدانا۔

اُبالا (اُ۔بالا)(ہ۔صف)(۱) جوش دیا ہوا (۲) بے گھی کا سالن (۳) بے مزہ کھانا۔

اُبالا سُبالا (اَر۔صف) بے گھی اور بے مسالے کا۔ بے مزہ۔ صرف اُبلا ہوا۔ غریبانہ کھانا۔

اُبالنا (اُ۔بال۔نا)(ہ۔مص) جوش دینا۔ اَوٹانا۔ کھولانا (۲) غصّہ دلانا۔ بھڑکانا۔

اُبالی (اُ۔با۔لی)(ہ۔صف) جوش دی ہوئی۔

اُبالی سُبالی (اَر۔صف) معمولی غذا۔ سادہ کھانا۔ اُبالا سُبالا کی تانیث۔

اُبانا (اُ۔با۔نا)(ہ۔مص) اُکتانا۔ بونا (۲) بے لطف ہونا۔ اَجیرن کرنا۔

اُبائی (اُ۔با۔ای)(ہ۔ا۔مث) اُگانے کی اُجرت۔

اَب ثَث (اَب۔ثث)(ع۔ا۔مذ) عربی حروف ہجا جو یہ ہیں: ا۔ ب۔ ت۔ ث۔ ج۔ ح۔ خ۔ د۔ ذ۔ ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ع۔ غ۔ ف۔ ق۔ ک۔ ل۔ م۔ ن۔ و۔ ہ۔ ی۔ ے۔

اِبتِدا (اِب۔تِ۔دا)(ع۔ا۔مث)(۱) آغاز۔ شروع۔ اِنتہا کی ضد۔ اوّل۔ اَزل (۲) نکاس۔ نکلنے کی جگہ۔ سرا (۳) بچپن۔

اِبتدا اِبتدا میں (اَر۔ متعلق فعل) اوّل اوّل۔ شروع شروع میں۔

اِبتدا بگڑنا (اَر۔ محاورہ) آغاز خراب ہونا۔ بچپن کی تربیت کا خراب ہونا۔

اِبتدا کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) شروع کرنا۔ پہل کرنا۔

اِبتِداءً (اِب۔تِ۔دا۔اَن)(ع۔ تابع فعل) شروع شروع میں۔ پہلے پہل۔ اوّل اوّل۔

اِبتِداع (اِب۔تِ۔داع)(ع۔ا۔مث) بدعت کرنا۔ نئی بات پیدا کرنا۔

اِبتِدائی (اِب۔تِ۔دا۔اِی) (ہ۔صف) (۱) اِبتدا کا۔ شروع کا۔ پہلا۔ سرسری۔ قدیم۔ اصلی (۲) اُصولی۔ بنیادی۔

اِبتدائی تعلیم (ع۔ا۔مث) شروع کی تعلیم۔ پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم۔

اِبتدائی رُسوم (ع۔ا۔مث)(۱) شروع کی رسمیں (۲) پہلا سرکاری حق۔ پہلا محنتانہ۔ زمینداری کا حق۔ شکرانہ۔ نذرانہ فیس کورٹ کا حق۔

اِبتدائی عدالت (ع۔ا۔مث) ماتحت عدالت۔ پہلی کچہری۔

اِبتدائی مدارس (ع۔ا۔مذ) مدرسے جن میں شروع کی چار پانچ جماعتیں ہوتی ہیں۔

اِبتدائیہ (ع۔ا۔مذ) شروع کا۔ آغاز کا۔ وہ مضمون جو کسی کتاب کے شروع میں ہو۔ اِفتتاحیہ۔ مقدمہ۔ دیباچہ۔

اِبتِذال (اِب۔تِ۔ذال)(ع۔ا۔مذ) اخلاقی پستی۔ کمینہ پن۔ بے قدری۔ ہلکاپن۔ شاعری کا رکیک اَنداز۔

اَبتَر (اَب۔تَر)(ع۔صف)(۱) بدحال۔ تتر بتر۔ پراگندہ۔ منتشر۔ بے ربط (۲) دُم کٹا۔ لنڈورا (۳) جس کی کوئی نرینہ اولاد نہ ہو (۴) علم عروض کے ایک زحاف کا نام (۵) گنجفہ میں بے سری بازی (۶) بدچلن۔ آوارہ (۷) سانپ کی ایک قسم۔

اَبتر کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔

اَبتر ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) بگڑنا۔ بدچلن ہونا۔ آوارہ ہونا۔

اَبتَری (اَب۔تَ۔ری)(ف۔ا۔مث)(۱) خرابی۔ بدحالی۔ بے ترتیبی۔ انتشار (۲) گڑبڑ۔ سراسیمگی (۳) گنجفہ یا تاش کے پتّوں کی تقسیم میں غلطی۔

اَبتری پڑنا (اَر۔ محاورہ) گڑبڑ ہونا۔

اَبتری ڈالنا (اَر۔ محاورہ) خرابی ڈالنا۔ گڑبڑ کرنا۔

اِبتِسام (اِب۔تِ۔سام)(ع۔ا۔مذ) مسکراہٹ۔ شگفتگی۔ تبسّم۔

اِبتِغا (اِب۔تِ۔غا)(ع۔ا۔مذ) طلب۔ خواہش۔

اِبتِلا (اِب۔تِ۔لا)(ع۔ا۔مث) آزمائش۔ اِمتحان (۲) مصیبت۔ بلا۔

اِبتِہاج (اِب۔تِ۔ہاج)(ع۔ا۔مذ) خوشی۔ مسرّت۔

اُبٹَن (اُبٹنا) (اُب۔ٹَن)(اُب۔ٹ۔نا)(ہ۔ا۔مذ) ایک خوشبودار مسالا جو جسم کو صاف اور ملائم بنانے کے لئے مَلا جاتا ہے۔

اُبٹن (اُبٹنا) کھیلنا (اَر۔ مص مُرکّب) شادی میں جب دُولہا دُلہن کے اُبٹنا مَلا جاتا ہے تو ہمجولیاں دل لگی میں ایک دُوسرے کے مُنہ یا بدن پر اُبٹنا مَل دیتی ہیں۔

اَبجَد (اَب۔جَد)(ع۔ا۔مذ)(۱) حروفِ تہجّی جو عربی میں اٹھائیس، فارسی میں بتّیس اور اُردو میں چھتّیس ہیں (۲) کسی علم یا فن کی اِبتدائی باتیں۔

اَبجد خواں (ع۔ف۔صف) الف بے تے پڑھنے والا۔ نوآموز۔ مبتدی۔

اَبجد کا قُفل (اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا قُفل جس پر کچھ حروف لکھے ہوتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قفل کے پُرزے گھمانے سے جب حرف خاص ترتیب پر آجاتے ہیں تو قفل کھل جاتا ہے۔

ابجد کے اَعداد (اَر۔ا۔مذ) عربی حروفِ ہجا کی عددی قیمتیں:-

اَ	بَ	جَ	دَ	ہَ	وَ	زَ	حُ	طَ	یَ	کَ	لَ	مَ	نَ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰

سَ	عَ	فَ	صَ	قَ	رَ	شَ	تَ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰

ثَ	خَ	ذَ	ضَ	ظَ	غَ
۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اَبْحار (اَب۔حار)(ع۔ا۔مذ) بحر کی جمع۔ بہت سے سمندر۔

اَبْخِرات (اَب۔خِ۔رات)(ع۔ا۔مذ) اَبخرہ کی جمع۔

اَبْخِرہ (اَب۔خِ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) بُخار کی جمع۔ بُخارات۔ بھاپیں۔ دُھوئیں۔
جمع: ابخرات۔ اُردو جمع: ابخروں۔ ابخرے۔

ابخرے اُٹھنا (اَر۔محاورہ) بھاپیں اُٹھنا۔ دُھواں اُٹھنا۔

ابخرے دماغ کو چڑھنا (اَر۔محاورہ) دماغ میں گرمی کا اثر کرنا۔ سودائی ہو جانا۔

اَبْخَل (اَب۔خَل)(ع۔صف) بخیل کی تفضیلِ کُل۔ نہایت بخیل۔ نہایت کنجوس۔ مہالچڑ۔

اَبَد (اَ۔بَد)(ع۔ا۔مث) ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کی اِنتہا نہ ہو۔

ابدُالآباد (اَ۔بَ۔دُل۔آ۔باد)(ع۔ا۔مذ) دوام۔ ہمیشگی۔

اَبَداً (اَ۔بَ۔دَن)(ع۔متعلق فعل) ہمیشہ کے لئے۔ ابد تک۔ قطعاً۔

اَبَداً اَبَد (اَر۔تابع فعل) ہمیشہ ہمیشہ۔ قیامت تک۔ اَبداً اَبداً کا بگاڑ۔

اِبْداع (اِب۔داع)(ع۔ا۔مث) اِختراع۔ ایجاد۔ نئی چیز نکالنا۔

اَبْدال (اَب۔دال)(ع۔ا۔مذ) بدیل کی جمع (۱) اہلِ تصوف کے نزدیک اولیاء اللہ کا وہ گروہ جس کے سپرد دُنیا کا انتظام ہے۔ اولیاء اللہ کے دس طبقات میں سے پانچواں طبقہ (۲) افغانوں کے ایک جرگے کا مورثِ اعلیٰ۔

اَبْدالی (اَب۔دا۔لی)(ف۔صف) افغانوں کے ایک قبیلے سے منسوب۔

اَبْدان (اَب۔دان)(ع۔ا۔مذ) بدن کی جمع۔ بہت سے جسم۔

اَبدھوت (اَب۔دُھوت)(ہ۔ا۔مذ) سِدھ۔ جوگی۔ ہندو فقیروں کا ایک گروہ جو واجب الوجود کے سوا کسی کو نہیں مانتا اور نہ کسی خاص قاعدے سے خُدا کی پرستش کرتا ہے۔

اَبَدی (اَ۔بَ۔دی)(ع۔صف) دائمی۔ جاودانی۔ غیر فانی۔ سرمدی۔

اَبَدِیَّت (اَ۔بَ۔دی۔یَت)(ع۔ا۔مث) ہمیشگی۔ بقائے دوام۔

اَبْر (بفتحۂ اوّل و بسکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) (۱) بادل۔ بدلی (۲) جوہرِ شمشیر۔ وہ نشان جو ہتھیار وغیرہ پر تیزاب کے ذریعے ڈالتے ہیں۔

ابر اُٹھنا (اَر۔محاورہ) بادل آنا۔ آسمان پر بادل چھانا۔

ابرِ آذری (ف۔ا۔مذ) بہار کا بادل جو برستا کم اور گرجتا زیادہ ہے۔

ابرِ باراں (ف۔ا۔مذ) برسنے والا بادل۔

ابرِ بہار (ف۔ا۔مذ) موسمِ بہار کا بادل۔

ابرِ بہمن (ف۔ا۔مذ) شمسی مہینے بہمن کا بادل۔

ابر پھٹنا (اَر۔مص) بادلوں کا ٹکڑے ہو کر منتشر ہو جانا۔

ابرِ تصویر (ف۔ا۔مذ) کاغذ پر ابر کی شکل۔

ابرِ تنک (تُ۔نک)(ف۔ا۔مذ) ہلکا سا اَبر۔

ابرِ تیرہ (ف۔ا۔مذ) کالی گھٹا۔ سیاہ بادل۔

ابرِ تیغ (ف۔ا۔مذ) تلوار میں زرنگار خطوط کا سلسلہ۔

ابر چھٹنا (اَر۔محاورہ) ابر کھلنا۔ گھٹا کا کھل جانا۔ مطلع صاف ہونا۔

ابرِ دریا بار (ف۔ا۔مذ) بہت برسنے والا بادل۔

ابرِ رحمت (ف۔ع۔ا۔مذ) رحمت کا بادل۔ وہ بادل جس کی بارش سے مخلوق کا بھلا ہو۔

ابرِ سیہ تاب (ف۔ا۔مذ) کالی گھٹا۔

ابرِ غلیظ (ف۔ع۔ا۔مذ) گہرا بادل۔ کالی گھٹا۔

ابرِ قبلہ (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ بادل جو پچھم کی طرف سے اُٹھے۔

ابر کا لکّہ (اَر۔ا۔مذ) لکّۂ ابر۔ ابر کا ٹکڑا۔

ابرِ کرم (ف۔ع۔ا۔مذ) بخشش کا بادل (۲)(صف) بادل کی طرح فیاض۔ بہت سخی۔

ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑنا (اَر۔مثل) موہوم اُمید پر موجودہ چیز بھی کھو بیٹھنا۔

ابرِ کوہسار (ف۔ا۔مذ) وہ بادل جو پہاڑ کی طرف سے اُٹھے۔

ابر کھلنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے ابر چھٹنا۔

ابرِ گوہر (گہر) بار (ف۔ا۔مذ) موتی برسانے والا بادل۔ ابرِ نیساں۔

ابر گھرنا (اَر۔محاورہ) بادل کا اُمنڈنا۔ گھٹا چھانا۔

ابرِ محیط (ف۔ع۔ا۔مذ) چاروں طرف چھایا ہوا بادل۔ ہر طرف پھیلی ہوئی گھٹا۔

ابرِ مُردہ (ف۔ا۔مذ) اسفنج۔ اسپنج۔

ابرِ نیساں (ف۔ا۔مذ) شمسی مہینے نیساں میں (جو اپریل مئی کے مطابق ہوتا ہے) برسنے والا بادل۔ مشہور ہے کہ اِس سے سیپی میں موتی، کیلے میں کافور اور بانس میں بنسلوچن بنتا ہے۔

ابر و باد (ف۔ا۔مذ) بارش اور ہوا۔ بارش اور آندھی۔

اَبرا (اَبرہ) (اَب۔را)(اَب۔رَہ)(ف۔ا۔مذ) دوہرے کپڑے کی اُوپری پرت۔

اِبْرا (اِب۔را)(ع۔ا۔مذ) برأت۔ چھٹکارا۔ رہائی۔ دست برداری۔

اَبْرار (اَب۔رار)(ع۔ا۔مذ) بَرّ کی جمع۔ نیکوکار۔ پرہیزگار لوگ۔ اولیاء اللہ۔

اِبْرام (اِب۔رام)(ع۔ا۔مذ) تنگ کرنا۔ اِصرار کرنا۔ رنجیدگی۔ کبیدگی۔ کسی کام کو مضبوط کرنا۔

اِبراہیم (اِب۔را۔ہیم)(ع۔ا۔مذ) عبرانی لفظ اَبراہام کا معرب بمعنی پدرِ بزرگوار۔ مورثِ اعلیٰ۔ اللہ کے ایک برگزیدہ پیغمبر۔ حضرت محمد ﷺ کے جدِ امجد۔

اَبْرَش (اَب۔رَش)(ع۔صف) چتکبرا۔ سیاہ و سفید۔ ابلق۔ وہ گھوڑا جس میں سُرخ اور سفید رنگ ہوں۔

اَبْرَص (اَب۔رَص)(ع۔صف) سفید کوڑھ کا بیمار۔ کوڑھی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَبرَق (اَبرَک) (اَب۔رَق) (اَب۔رَک) (پہلا عربی' دُوسرا ہندی۔ ا۔مث) ایک قسم کی چمکنی شفاف معدنی شے جو ورق کی صورت میں پائی جاتی ہے۔ حرارت کو روکنے کے لئے نہایت مفید چیز ہے۔ اِسے پیس کر ٹالکم پوڈر بنایا جاتا ہے۔

اَبرَن (اَبرَہَن) (اَب۔رَن) (اَب۔رَ۔ہَن) (ہ۔ا۔مذ) گہنا۔ زیور۔ سنگھار۔ لباس۔

اَبرُو (اَب۔رُو) (ف۔ا۔مذ) آنکھوں کے اُوپر والے ہلالی شکل کے بال۔ بھوں۔

ابرو پر بَل پڑنا (ابرو پر شکن آنا۔ پڑنا) (اُر۔محاورہ) خفا ہونا۔ تیوری چڑھانا۔

ابرو پر مَیل نہ آنا (اُر۔محاورہ) ذرا بھی صدمے کا اثر نہ ہونا۔ کوئی افسوس نہ ہونا۔

ابرو تاننا (اُر۔محاورہ) غُصّے میں بھویں اُوپر چڑھانا۔

ابرو کمان (ف۔صف) وہ جس کے ابرو کمان کی طرح ہوں۔ خوبصورت مرد یا عورت۔

ابرو کھنچ جانا (اُر۔محاورہ) بھویں تن جانا۔ غصے ہونا۔

ابرو کے خم کھلنا (اُر۔محاورہ) غصہ اُتر جانا۔

ابرو میں چین آنا (اُر۔محاورہ) ابرو میں بل آنا۔

ابروئے پیوستہ (ف۔ا۔مذ) وہ بھویں جو ایک دُوسرے سے ملی ہوئی ہوں۔

ابروئے فلک (ف۔ع۔ا۔مذ) ہلال۔ پہلی رات کا چاند۔ ماہِ نو۔

اَبری (اَب۔ری) (ف۔ا۔مث) ایک قسم کا رنگدار کاغذ جس پر ابر کے سے نشان بنے ہوتے ہیں اور اُسے کتابوں کی جلدوں پر لگاتے ہیں۔

ابری تلوار (اُر۔ا۔مث) تلوار جس میں ابر کے سے جوہر ہوں۔

اَبریشم (اَب۔رے۔شَم) (ف۔ا۔مذ) کچا ریشم۔

اَبریشینہ (اَب۔ری۔شی۔نَہ) (ف۔صف) ریشم کی چیز۔

اِبریق (اِب۔رِیق) (ع۔ا۔مذ) (۱) چھاگل۔ صراحی۔ پانی پینے کا لوٹا۔ پانی کا ٹونٹی والا دستہ دار برتن (۲) چمکیلی تلوار۔ جمع: اباریق۔

اَبسنا (اَ۔بَس۔نا) (ہ۔مص) گلنا۔ سڑنا۔ کھانے کی چیز میں سڑنے کے آثار پیدا ہو جانا۔ ذائقے میں فرق آ جانا۔

اَبصار (اَب۔صار) (ع۔ا۔مذ) بصر کی جمع۔ آنکھیں۔ نظریں۔

اَبطال (اَب۔طال) بطل کی جمع۔ بہادر لوگ۔ ہیرو۔

اِبطال (اِب۔طال) (ع۔ا۔مذ) باطل کرنا۔ جھوٹا کرنا۔ غلط قرار دینا۔

اَبعاد (اَب۔عاد) (ع۔ا۔مذ) بعد کی جمع۔ دُوریاں۔ فاصلے (۲) کسی چیز کی پیمائش یا وزن کی حد۔

ابعادِ ثلاثہ (ع۔ا۔مذ) تین بعد یعنی لمبائی چوڑائی اور گہرائی۔

اَبکار (اَب۔کار) (ع۔ا۔مث) جمع بکر کی۔ کنواری لڑکیاں (۲) اچھوتے اور نادر مضامین۔

اُبکار (اُب۔کار) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے اُبکائی۔

اُبکائی (اُب۔کا۔ای) (ہ۔ا۔مث) قے۔ متلی۔ طبیعت کا مالش کرنا۔

اُبکائی آنا (اُر۔محاورہ) متلی ہونا۔ جی مالش کرنا۔ قے آنا۔

اُبکائی لگنا (اُر۔محاورہ) بار بار قے آنا۔ متلی ہونا۔

اُبکنا (اُ۔بَک۔نا) (ق۔مص) اُبھرنا۔ اُٹھنا۔ اُوپر آنا۔ غوطہ کھا کر اُوپر آنا۔

اُبَل (اُ۔بَل) (ہ۔فعل) اُبلنا مصدر کا صیغہ امر۔

اُبَل آنا (اُر۔محاورہ) کسی سیال چیز کا جوش کھانا۔ جوش مارنا (۲) آنکھوں کا سُوجنا۔ آشوب ہو جانا۔

اُبَل پڑنا (اُر۔محاورہ) کسی سیال چیز کا جوش کھا کر باہر نکل آنا (۱) بُرا بھلا کہنا۔ خفا ہونا (۲) پھوٹ پڑنا (۳) ظاہر ہو جانا (۴) بھید نہ چھپا سکنا۔

اُبَل جانا (اُر۔محاورہ) جوش کھا جانا۔ چھلک پڑنا۔

اَبلا (اَب۔لا) (س۔ا۔مث) کمزور عورت۔ نازک عورت۔ کامنی۔

ابلا پری (اُر۔ا۔مث) نازک اندام' خوبصورت عورت۔

اَبلابَلی (اَب۔لا۔بَ۔لی) (ق۔صف) (۱) بہت طاقتور۔ نہایت قوی (۲) دکنی بادشاہ علی عادل شاہ کا لقب۔

اِبلاغ (اِب۔لاغ) (ع۔ا۔مذ) پہنچانا۔ بھیجنا (۲) تبلیغ۔ اشاعت۔

اَبلَق (اَب۔لَق) (ع۔صف) (۱) دورنگا۔ چتکبرا خصوصاً سیاہ و سفید (۲) دورنگا گھوڑا (۳) کوڑھی۔

ابلقِ ایام (ابلقِ روزگار۔ لیل و نہار) (ع۔ف۔مرکبِ اضافی) رات دن۔

ابلق چشم (ع۔ف۔صف) خوبصورت آنکھوں والا۔

اَبلَقا (اَبلَقہ) (اَب۔لَ۔قا) (اَب۔لَ۔قَہ) (اُر۔ا۔مذ) مینا سے ملتا جلتا ایک پرند جس کے پر سیاہ اور پوٹا سفید ہوتا ہے۔

اُبلنا (اُ۔بَل۔نا) (ہ۔مص) (۱) کھولنا۔ جوش کھانا۔ جوش کھا کر باہر نکل آنا (۲) دولت یا اولاد پر مغرور ہونا (۳) چھلک پڑنا۔ کناروں سے باہر نکل جانا (۴) ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا۔ کم ظرفی دکھانا (۵) غُصّے میں آنا (۶) سُوجنا۔ پھولنا۔

اَبلَہ (اَب۔لَہ) (ع۔صف) نادان۔ بے وقوف۔ احمق۔

ابلہ فریب (ع۔ف۔صف) دھوکے باز۔ مکّار۔ بے وقوف کو دھوکا دینے والا۔

ابلہ فریبی (ابلہ طرازی) (ع۔ف۔ا۔مث) دغا۔ مکر۔ عیّاری (۲) بہکانا۔ سبز باغ دکھانا (۳) بے وقوف بنانا۔

اَبلَہی (اَب۔لَ۔ہی) (ف۔ا۔مث) حماقت۔ سادگی۔ بے وقوفی۔ احمق پن۔

اِبلیس (اِب۔لیس) (ع۔ا۔مذ) (۱) خُدا کی رحمت سے نااُمید (۲) شیطان (۳) خبیث۔ پلید (۴) شریر۔ سرکش۔ فسادی۔ جھگڑالو۔

ابلیس کا پیشاب (اُر۔ا۔مذ) ابلیس کا جنا۔ شیطان کا نطفہ۔ بدذات۔

اِبلیسیّت (اِب۔لی۔سی۔یَت) (ع۔ا۔مث) سرکشی۔ شیطنت۔ فتنہ انگیزی۔

اِبن (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔ مُخر۔ جمع: ابناء۔

ابنُ الاخ (اِب۔نُل۔اَخ) (ع۔ا۔مذ) بھائی کا بیٹا۔ بھتیجا۔

ابنُ الاُخت (اِب۔نُل۔اُخت) (ع۔ا۔مذ) بہن کا بیٹا۔ بھانجا۔

ابنُ السّبیل (اِب۔نُس۔سَ۔بیل) (ع۔ا۔مذ) (۱) مسافر۔ راہی (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(فقہ) جو شخص مال تو رکھتا ہو مگر اس پر قابض نہ ہو۔

اِبنُ الغرض (اِب۔ نُل۔ غَ۔ رَض) (ع۔ اِ۔ مذ) غرض کا بندہ۔ خود غرض۔

اِبنُ الوقت (اِب۔ نُل۔ وَقت) (ع۔ اِ۔ مذ) وقت یا حالات کا بیٹا۔ زمانہ ساز۔ موقع پرست۔

اِبنِ مریم (ع۔ کنیت) بی بی مریمؑ کے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

اَبنا (ع) (اَب۔ نا) (ع۔ اِ۔ مذ) اِبن کی جمع۔ بیٹے۔

ابنائے جنس (ع۔ اِ۔ مذ) ہم جنس۔ ایک ہی جنس کے۔

ابنائے جہاں (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) (۱) اہلِ جہاں (۲) اولادِ آدم۔

ابنائے زمانہ (ابنائے وقت) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) زمانے کے لوگ (۲) زمانہ ساز لوگ۔

ابنائے وطن (ع۔ اِ۔ مذ) اہلِ وطن۔ دیس کے لوگ۔

اُبنہ (اُب۔ نہ) (ع۔ اِ۔ مث) ایک مرض جس میں اغلام کرانے کی خواہش ہوتی ہے۔

اِبنیت (اِب۔ نی۔ یَت) (ع۔ اِ۔ مث) بیٹا ہونا۔ فرزندی۔ بیٹا ہونے کی حیثیت۔

اَبُو (اَب۔ بُو) (اِ۔ اِ۔ مذ) پیار سے باپ کو کہتے ہیں۔

اَبُو (اَ۔ بُو) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) باپ۔ پدر (۲) صاحب۔ مالک۔

ابوالآباء (اَ۔ بُل۔ آ۔ باء) (ع۔ کنیت) (۱) باپوں کا باپ۔ مورثِ اعلیٰ۔ جدِّ اعلیٰ (۲) بزرگ خاندان (۳) سرغنہ۔ امام (۴) حضرت آدمؑ۔

ابوالانبیاء (اَبُل۔ اَم۔ بِ۔ یا) (ع۔ کنیت) نبیوں کے باپ۔ حضرت ابراہیمؑ کی کنیت۔

ابوالبشر (اَ۔ بُل۔ بَ۔ شَر) (ع۔ کنیت) انسانوں کا باپ۔ حضرت آدم علیہ السلام۔

ابوالحسن (اَ۔ بُل۔ حَ۔ سَن) (ع۔ کنیت) حسنؓ کے والد حضرت علیؓ کی کنیت۔

ابوالقاسم (اَ۔ بُل۔ قا۔ سِم) (ع۔ کنیت) حضرت قاسم کے والد گرامی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی کنیت۔

ابوالہول (اَ۔ بُل۔ ہَول) (ع۔ کنیت) ہیبت کا باپ۔ مصر کے علاقے غزہ میں نصب ایک ہولناک بت جس کا چہرہ عورت اور جسم شیر کی مانند ہے۔

ابوبکرؓ (ع۔ کنیت) مسلمانوں کے خلیفہ اوّل کی کنیت۔ آپ بچپن میں اونٹ کے بچوں (بکر) کے ساتھ کھیلتے تھے اس لئے اس کنیت سے مشہور ہوئے۔

ابوتراب (ع۔ کنیت) مٹی کا باپ۔ حضرت علیؓ کی کنیت۔ آپ کی پیٹھ پر مٹی لگی دیکھ کر آنحضرت ﷺ نے آپ کو اس نام سے پکارا تھا۔

ابوجہل (ع۔ کنیت) مکے کے ایک قریشی سردار ابوالحکم عمر بن ہشام مخزومی کی کنیت۔ اسلام دشمنی کی بنا پر مسلمانوں نے اسے ابوجہل یعنی جہالت کا باپ کہنا شروع کیا۔

ابوحنیفہؒ (ع۔ کنیت) فقہ حنفیہ کے امامِ اعظم حضرت نُعمان بن ثابت علیہ الرحمۃ کی کنیت۔ اہلِ عراق حنیفہ دوات کو کہتے ہیں۔ چونکہ آپ کے شاگرد اپنے ساتھ قلم دوات رکھتے تھے' اس لئے آپ کو ابوحنیفہ کہا گیا۔

ابوطالب (ع۔ کنیت) آنحضرت ﷺ کے چچا عبد مناف کی کنیت جنہوں نے حضور ﷺ کی پرورش کی۔ حضرت علیؓ کے والد محترم تھے۔

ابولہب (ع۔ کنیت) بھڑکتی ہوئی آگ کا باپ یعنی جہنمی۔ حضور ﷺ کا ایک چچا۔ اصل نام عبدالعزیٰ۔ اسلام کا بدترین دشمن تھا۔ اس کے گال آگ کی طرح سُرخ تھے اس لئے ابولہب کی کنیت سے مشہور ہوا۔

اَبواب (اَب۔ واب) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) باب کی جمع۔ کتاب کے حصے (۲) دروازے۔

اُبھار (بضمِ اوّل) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) اونچائی جو کسی چیز کے پُھولنے یا اُبھرنے سے ظاہر ہو۔ اُٹھان۔ نمو (۲) ظہور (۳) بڑھنے کا عمل۔ پستان۔

اُبھارنا (اُ۔ بھار۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اکسانا۔ تحریک کرنا (۲) سہارا دینا۔ اونچا کرنا (۳) بہکانا۔ ورغلانا (۴) ترانا۔ ڈوبتے کو سنبھالنا (۵) فروغ دینا (۶) باہر کرنا۔ اُوپر لانا۔

اَبھاگی (اَ۔ بھا۔ گی) (ہ۔ صف) ("اَ" حرفِ نفی) بدقسمت۔ بدنصیب (مرد)۔

اَبھاگن (اَ۔ بھا۔ گن) (ہ۔ صف) بدنصیب عورت۔

اِبہام (اِب۔ ہام) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) انگوٹھا (۲) صاف بیان نہ کرنا۔ گول مول بات کہنا۔ وضاحت نہ کرنا۔

اَبھرن (اَبھ۔ رَن) (ق) دیکھئے اَبرن۔

اُبھرنا (اُ۔ بھر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اونچا ہونا۔ اوپر ہونا (۲) پھوٹنا۔ پودا نکلنا (۳) جوان ہونا۔ قد نکالنا۔ بڑھنا (۴) ترنا۔ غوطہ کھا کر نکلنا (۵) چلتا بننا۔ رفوچکر ہونا (۶) ظاہر ہونا (۷) الگ ہونا۔ جدا ہونا۔

اُبھروان (اُ۔ بھر۔ واں) (ہ۔ صف) اُبھرتا ہوا۔ اُبھرا ہوا۔

اَبھلاکھا (ق۔ اِ۔ مذ) خواہش۔ آرزو (۲) فرض (۳) لذت۔ مزہ۔

اَبھی (اَ۔ بھی) (ہ۔ متعلق فعل) (۱) فی الحال (۲) فوراً۔ اِس وقت (۳) تھوڑی دیر پہلے (۴) ذرا دیر بعد (۵) اتنی جلدی (۶) ہنوز۔ اب تک۔

ابھی ابھی (ہ۔ متعلق فعل) (۱) اسی وقت۔ فوراً۔ اسی دم (۲) ذرا دیر پہلے۔

ابھی تم (بچّے) صاحب زادے ہو (اَر۔ محاورہ) ابھی تم ناتجربہ کار ہو۔ ابھی عقل نہیں آئی۔

ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سُوکھا (اَر۔ مثل) کسی کی نادانی اور ناتجربہ کاری ظاہر کرنے پر کہتے ہیں۔ ابھی نادان بچے ہو۔

ابھی دلی دُور ہے (اَر۔ مثل) (۱) ابھی مقصد پورا ہوتا نظر نہیں آتا (۲) ابھی بہت وقت پڑا ہے (۳) ابھی اور وقت لگے گا۔ (نیز دیکھئے ہنوز دِلی دُور است)۔

ابھی دودھ کے دانت نہیں ٹوٹے (اَر۔ مثل) ابھی بچے ہو۔ ناتجربہ کار ہو۔

ابھی دیکھا کیا ہے (اَر۔ محاورہ) ناتجربہ کار ہیں۔ دُنیا کا تجربہ نہیں۔

ابھی سویرا ہے (اَر۔ مثل) ابھی کچھ نہیں گیا ہے۔

ابھی سے (اَر۔ متعلق فعل) (۱) اسی وقت سے (۲) قبل از وقت (۳) اس عمر میں۔

ابھی سیر میں سے پُونی بھی نہیں کتی (اَر۔ مثل) ابھی کام شروع ہی ہوا ہے۔ ابھی بہت کام باقی ہے۔

ابھی کچا برتن ہے (ابھی کچی لکڑی ہے) (اَر۔ محاورہ) کمسن اور ناتجربہ کار ہے۔ ابھی تجربہ نہیں ہے۔

ابھی کچھ نہیں بگڑا ہے (گیا ہے) (اَر۔ محاورہ) ابھی وقت ہے۔ اب بھی کچھ ہو سکتا ہے۔

ابھی کچے گھڑے پانی بھرنا ہے (اَر۔ مثل) ابھی بہت مشکل کام باقی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ابھی کل کی بات ہے (ار۔ محاورہ) تھوڑے زمانے کا واقعہ ہے۔ تھوڑی مدت گزری ہے۔

ابھی کیا ہے؟ (ار۔ محاورہ) ابھی کیا ہوا ہے؟ معاملہ ختم نہیں ہو گیا۔ آیندہ اِس سے زیادہ ہو گا۔

ابھی کے دن ہوئے؟ (ار۔ محاورہ) ابھی وقت ہے۔ اب بھی کچھ ہو سکتا ہے۔

ابھی منہ سے دُودھ ٹپکتا ہے (ار۔ مثل) ابھی لڑکپن ہے۔ نادان ہے۔

ابھی منہ کی رال نہیں جھڑی (ار۔ مثل) ابھی ناتجربہ کاری کا عالم ہے۔

ابھی ہونٹوں کا دُودھ نہیں سُوکھا (ار۔ محاورہ) ابھی بالکل بچے ہو۔ نادان اور ناسمجھ ہو۔

اَبھیاس (ابھ۔ یاس) (س۔ ا۔ مذ) (۱) کسی کام کو بار بار کرنا (۲) روحانی ریاضت (۳) عادت۔ مشق۔

اَبھیمان (اَ۔ بھی۔ مان) (س۔ ا۔ مذ) (۱) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ (۲) خودداری۔

اِبی دِبی (اب۔ بی۔ دب۔ بی) (و۔ ا۔ مث) بچوں کا ڈنڈا کھیلنے میں جب گلی کو اُچھالتے اور ڈنڈے پر روکتے ہیں تو پہلی ضرب کو ابی اور دُوسری کو دبی کہتے ہیں۔

اَبے (اَ۔ بے) (و۔ کلمہ خطاب) ارے۔ او۔ اپنے سے بہت چھوٹی عمر یا کم درجے والے کو مخاطب کرنے کا ایک طریقہ۔

اَبے تبے کرنا (ار۔ محاورہ) بدتہذیبی سے پیش آنا۔ بیہودگی کرنا۔ بازاری بول چال۔

اَبیات (اب۔ یات) (ع۔ ا۔ مذ) بیت کی جمع (۱) بہت سے گھر (۲) بہت سے اشعار۔

اَبیر (اَ۔ بیر) (و۔ ا۔ مذ) ابرک کا بُرادہ جو ہولی میں ہندو ایک دُوسرے پر چھڑکتے ہیں۔

اَبیض (اب۔ یض) (ع۔ صف) اُجلا۔ سفید۔

ا ۔ پ

اُپ (بضم اول) (س۔ سابقہ) (۱) قریب۔ قُرب (۲) تحت۔ نائب۔ مرکبات میں جیسے اُپ منتری (نائب وزیر یا وزیرِ مملکت)۔

اَپاپ (اَ۔ پاپ) (و۔ ا۔ مذ) بے گناہی۔ معصومیت ("اَ" حرفِ نفی)۔

اَپادھی (اَپا۔ دھی) (و۔ صف) ظالم۔ فسادی۔ ناانصاف۔

اُپادھیائے (اُ۔ پادھ۔ یائے) (س۔ ا۔ مذ) معلم۔ اُستاد (۲) ویدوں کا پڑھنے والا (۳) برہمنوں کی ایک قسم۔

اَپار (اَ۔ پار) (س۔ صف) ناقابلِ عبور (۲) بہت زیادہ۔ بے شمار ("اَ" حرفِ نفی)۔

اُپاڑ (اُ۔ پاڑ) (و۔ ا۔ مذ) (۱) دانے یا آبلے جو تیز دوا وغیرہ سے بدن پر پڑ جاتے ہیں (۲) اُکھاڑنا یا اُدھیڑنا کا عمل (۳) اُپاڑنا مصدر سے امر کا صیغہ۔

اُپاڑنا (اُ۔ پاڑ۔ نا) (و۔ مص) اُکھاڑنا۔ زمین سے درخت یا پودا الگ کرنا۔ درختوں کو نوچنا کھسوٹنا (۲) کھال اُدھیڑنا (۳) کاجل وغیرہ تیار کرنا۔

اَپالو (Apollo) (یو۔ ا۔ مذ) یونانی دیومالا میں روشنی، جوانی، موسیقی اور مردانہ حُسن کا دیوتا۔

اَپاہج (اَ۔ پا۔ ہج) (و۔ صف) (۱) لُولا لنگڑا۔ گنجا۔ چلنے پھرنے سے معذور (۲) سُست۔ نکما۔ ناکارہ۔

اَپائنٹ منٹ (Appointment) (انگ۔ ا۔ مذ) تقرر۔ تعینِ وقت (ملاقات وغیرہ کا)۔

اُپائے (اُ۔ پا۔ اے) (س۔ ا۔ مذ) تدبیر۔ ترکیب۔ منصوبہ۔

اُپتن (اُپ۔ تن) (و۔ ا۔ مث) پیدائش۔ نسل۔ کنبہ۔ پیداوار۔ وصول شدہ معاملہ۔

اُپٹن (اُپ۔ ٹن) (و۔ ا۔ مذ) دیکھیے اُبٹن۔

اُپٹنا (اُ۔ پٹ۔ نا) (ق۔ مص) (۱) بلند ہونا (۲) بگڑنا۔ غصے میں آنا۔

اَپٹوڈیٹ (Up-to-date) (انگ۔ صف) (۱) تازہ ترین (۲) موجودہ تاریخ تک (حسابات وغیرہ کی تکمیل) (۳) جدید زمانے کے مطابق۔

اُپج (اُ۔ پج) (و۔ ا۔ مث) (۱) اُگنا۔ نمو۔ اُبھار (۲) نئی بات۔ ایجاد۔ اختراع۔

اُپج کی لینا (ار۔ محاورہ) نئی بات نکالنا۔ ایجاد کرنا (۲) نئی تان لگانا (۳) جودتِ طبع دکھانا۔ جدت پیدا کرنا۔ تیزی دکھانا۔

اُپجانہارا (اُپ۔ جان۔ ہا۔ را) (ق۔ ا۔ مذ) خالق۔ پیدا کرنے والا۔ خدا۔

اُپجاؤ (اُپ۔ جا۔ او) (و۔ صف) زرخیز زمین جس میں پیداوار اچھی ہو۔

اُپجنا (اُپَج۔ نا) (و۔ مص) پیدا ہونا۔ اُگنا۔

اُپجان ہاری (اُپ۔ جان۔ ہاری) (ق۔ ا۔ مث) اُبھرنے والی۔ اُٹھنے والی۔

اُپجاونا (اُپ۔ جاؤ۔ نا) (ق۔ مص) آباد کرنا۔

اُپچھری (اُپ۔ سچھ۔ ری) (ق۔ ا۔ مث) حور۔ پری۔ اپسرا۔

اُپدیش (اُپ۔ دیش) (یائے مجہول) (و۔ ا۔ مذ) (۱) نصیحت۔ نیک صلاح (۲) تعلیم۔ وعظ (۳) تجویز۔ ہدایت۔

اُپدیشک (اُپ۔ دے۔ شک) (س۔ ا۔ مذ) ناصح۔ اُستاد۔ واعظ۔ لیکچرار۔

اَپرادھ (اَپ۔ رادھ) (س۔ ا۔ مذ) پاپ۔ قصور۔ جرم۔ گناہ۔

اَپرادھی (اَپ۔ را۔ دھی) (س۔ صف) پاپی۔ مجرم۔ گناہ گار۔

اَپر (Upper) (انگ۔ صف) (۱) بلند۔ اعلیٰ (۲) اُوپر کا۔ بالائی۔

اپرنٹس (Apprentice) (انگ۔ ا۔ مذ) ملازمت کا اُمیدوار (۲) نوآموز (۳) بغیر اُجرت یا کم اُجرت پر کام سیکھنے والا۔

اَپریشن (Operation) (انگ۔ ا۔ مذ) دیکھیے آپریشن۔

اَپریل (انگ April کا مُوَرَّد۔ ا۔ مذ) عیسوی سال کا چوتھا مہینا۔ لاطینی لفظ اپرلز (Aprilis) سے ماخوذ ہے جس کے معنی پھوٹنے کے ہیں، چونکہ ان دنوں موسم بہار عروج پر ہوتا ہے اس لئے اس مہینے کا نام اپریل رکھا گیا۔ اس کے تیس دن ہوتے ہیں۔

اپریل فول (April Fool) (انگ۔ ا۔ مذ) پہلی اپریل کو ایک دُوسرے کو احمق بنانے کی رسم۔

اَپڑنا (اَ۔ پڑ۔ نا) (ق۔ مص) پہنچنا۔ رسائی ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُپَڑنا (ہ۔ مص) جڑ سے اُکھڑنا (۲) اُدھڑنا (۳) اُبھرنا۔ نمایاں ہونا (۴) چھلنا۔

اَپَس (اَ۔ پَس) (ق۔ ض) اپنا۔ اپنے آپ۔

اَپَستا (اَ۔ پَس۔ تا) (ق۔ ض) آپ سے۔

اَپسرا (اَپ۔ سَ۔ رَا) (س۔ اِ۔ مث) (۱) جنت کی پری۔ حور (۲) اندر دیوتا کی سبھا میں ناچنے والی پری (۳) خوبصورت عورت۔

اَپسے (اَپ۔ سے) (ق۔ ض) "آپ سے" کا بگاڑ۔ اَز خود۔

اُپکار (اُپ۔ کار) (س۔ اِ۔ مث) مہربانی۔ عنایت۔ توجہ۔ احسان۔

اُپلا (اُپ۔ لا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کنڈا۔ گوبر۔ ایندھن کے لئے گوبر کے سُکھائے ہوئے لوندے (۲) تھاپی۔ جمع: اُپلوں۔ اُپلے (۳) (صف) بد قطع۔ بد نُما۔

اُپلا (اُپلے) پاتھنا (تھاپنا) (ہ۔ مص) گوبر سے اُپلے بنانا۔

اَپمان (اَپ۔ مان) (ہ۔ اِ۔ مذ) توہین۔ بے عزتی۔ ہتک۔

اَپَن (اَ۔ پَن) (ق۔ ض) خود۔

اَپنا (اَپ۔ نا) (ہ۔ ض۔ وا۔ مذ) (۱) میرا۔ ہمارا (۲) ذاتی۔ نج کا۔ خاص (۳) تمہارا (۴) رشتے کا۔ کُنبے کا۔ بھائی۔ برادر۔ اولاد (۵) ہمدرد۔ دوست۔ یگانہ (۶) مقبوضہ۔ مملوکہ۔ زرخرید۔ جمع: اپنوں۔ اپنے۔

اپنا آپا (اِ۔ اِ۔ مذ) اپنا نفس۔ اپنا دل۔ اپنی جان۔ اپنی ذات۔

اپنا اپنا (اِ۔ صف) جدا جدا۔ الگ الگ۔ ہر ایک کا۔

اپنا اپنا پرایا پرایا (اِ۔ مثل) عزیز سے لاکھ بگاڑ ہو پھر بھی عزیز ہے اور غیر کتنا ہی دم بھرے عزیز کے برابر نہیں ہو سکتا۔

اپنا اپنا جی (اِ۔ اِ۔ مذ) اپنی اپنی طبیعت یا رائے۔

اپنا اپنا راستہ لینا (اِ۔ محاورہ) اپنی اپنی طرف چلے جانا۔ اپنی اپنی مرضی کرنا۔

اپنا اپنا کرنا اپنا اپنا بھرنا (اِ۔ مثل) جو جیسا کرے گا ویسا بھرے گا۔

اپنا اپنا کمانا اپنا اپنا کھانا (اِ۔ مثل) اپنی قوت بازو سے پیدا کر کے گزارہ کرنا (۲) ہر شخص اپنی جگہ مختار ہے' آزاد ہے۔

اپنا اپنا گھولو' اپنا اپنا پیو (اِ۔ مثل) اپنے کام کے لئے اپنی گرہ سے صرف کرو۔ پرائی چیز میں حصہ نہ ڈالو۔

اپنا اپنا لہنا ہے (اِ۔ مثل) اپنی اپنی قسمت ہے۔

اپنا اپنا مقدر (اپنا اپنا مقسوم۔ اپنا اپنا نصیب۔ اپنا اپنا نصیبہ) ہے (اِ۔ مثل) ہر شخص کی قسمت الگ الگ ہے۔

اپنا اپنا ہی ہے' پرایا پرایا ہی (اِ۔ مثل) عزیز عزیز ہی ہے۔ غیر غیر ہی ہے (۲) اپنی چیز پر پورا اختیار ہوتا ہے غیر کی چیز پر کیا اختیار۔

اپنا اُلّو سیدھا کرنا (اِ۔ محاورہ) اپنا مطلب نکالنا۔ کسی کو اَحمق بنا کر اپنا کام نکال لینا۔

اپنا اُلّو کہیں نہیں گیا (اِ۔ محاورہ) ہمارا مطلب ہر حال میں نکل ہی آئے گا (۲) کوئی نفع اُٹھائے یا نقصان ہم اپنے گلے سیدھے کر ہی لیں گے (۳) ہمارا کام تو ہو کر رہے گا۔

اپنا بالا اور کا ڈھینگوا (اپنا پُوت پرایا ڈھینگوا) (اِ۔ مثل) ایک ہی بات پر اپنے بچے کو نادان کہہ کر چھوڑ دینا مگر دوسرے کے بچے کو بُرا بھلا کہنا۔

اپنا بس چلنا (اِ۔ محاورہ) اپنا قابو ہونا۔

اپنا بنا لینا (اِ۔ محاورہ) اپنے ساتھ ملا لینا۔ دوست بنا لینا۔

اپنا بنانا (اِ۔ محاورہ) طرف دار بنانا۔ دوست بنانا (۲) رشتہ جوڑنا۔ کسی چیز کو اپنی ملکیت قرار دینا (۳) فریفتہ بنانا۔ دلدادہ بنانا۔

اپنا بھلا چاہنا (اِ۔ محاورہ) اپنے ہی فائدے کا خواہاں ہونا۔

اپنا بھی خدا ہے (اِ۔ مثل) جب کسی طرف سے مایوسی ہو تو کہتے ہیں یعنی اگر فلاں نے یا تم نے مدد نہیں کی تو خدا ہمارا کام کر دے گا۔

اپنا (بیگانہ) پرایا (اِ۔ اِ۔ مذ) بیگانہ و یگانہ۔ عزیز اور غیر۔ سب۔ سبھی۔

اپناپن (اِ۔ اِ۔ مذ) اپنایت۔ یگانگت۔

اپنا پیٹ تو کتا بھی پال لیتا ہے (اِ۔ مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی ہی تن پروری کرے اور دوسروں کی خبر نہ لے۔

اپنا پیٹ مارنا (اِ۔ محاورہ) اپنی خواہش کو مٹانا۔ اپنے نفس کو دبا دینا (۲) ایثار کرنا۔

اپنا پیسا (سونا) کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش (اِ۔ مثل) اپنی ہی اولاد لائق نہیں تو دوسرے کی کیا خطا۔

اپنا تن پہلے ڈھانکو' دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا (اِ۔ مثل) اپنی بُرائیاں تو پہلے دور کر لو پھر دوسرے کو بُرا کہنا۔

اپنا توشہ' اپنا بھروسا (اِ۔ مثل) اپنا بندوبست خود کرنا چاہیے۔ دوسرے کے بھروسے پر نہ رہنا چاہیے۔

اپنا ٹھکانا (کرنا) کر لینا (اِ۔ محاورہ) اپنے گزارے کی تدبیر کر لینا۔ اپنے لئے کوئی جگہ تلاش کر لینا۔ اپنے رہنے کی جگہ پیدا کر لینا۔

اپنا ٹھیک نہیں اور کا ٹھیک نہیں (اِ۔ مثل) بیوقوف اور نا سمجھ شخص کے متعلق کہتے ہیں کہ نہ اپنی عقل ہے نہ دوسرے کی رائے پسند ہے۔

اپنا ٹینٹ نہ نہارے اور کی پُھلی دیکھے (اِ۔ مثل) اپنے بڑے بڑے عیبوں کو نہیں دیکھتے' دوسروں کی ذرا سی خطا کو بھی معاف نہیں کرتے۔

اپنا (اپنے) جوہر دکھانا (اِ۔ محاورہ) (۱) اپنا ہنر ظاہر کرنا (۲) اپنے عیبوں کو ظاہر کرنا۔

اپنا جی (اِ۔ اِ۔ مذ) اپنی طبیعت یا خواہش۔

اپنا حساب کر لو (اِ۔ محاورہ) اپنا معاملہ صاف کر لو۔ اپنا لین دین چکا لو (۲) نوکری چھوڑ دو۔

اپنا خُون پینا (اِ۔ محاورہ) رنج و غم سہنا۔ پیچ و تاب کھانا۔ ناگوار بات پر صبر کرنا۔ تاؤ کھانا مگر کچھ نہ کہنا۔

اپنا خُون کرنا (اِ۔ محاورہ) (۱) بہت محنت کرنا (۲) اپنا نقصان کرنا۔

اپنا دل (اِ۔ اِ۔ مذ) اپنی خواہش' نیت یا مرضی۔

اپنا دیجیے پرایا لیجیے (دشمن کیجیے) (اِ۔ مثل) قرض دے کر دشمنی مول لو۔

اپنا رکھ پرایا چکھو (اِ۔ مثل) اپنی چیز حفاظت سے رکھنا اور دوسرے کی ہڑپ کر جانا۔

اپنا راستہ لو (اِ۔ محاورہ) اپنے کام سے لگو۔ جاؤ چلے جاؤ۔

اپنا (ہی) رونا رونا (اِ۔ محاورہ) اپنا ہی دُکھ درد بیان کرنا۔ اپنا ہی دُکھڑا روتے رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اپنا سا (اَر۔ متعلق فعل) مقابل۔ خود جیسا۔

اپنا سامُنہ (لے کر) لے کے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) خفیف و نادم ہونا۔ سوال پُورا نہ ہونے پر شرم سے چُپ رہ جانا۔ شرمندگی اُٹھانا۔ بات کا جواب نہ بن پڑنا۔

اپنا سیتا دیکھ کے (اَر۔ محاورہ) اپنی فکر کر کے۔ اپنا اِنتظام کر کے۔

اپنا سیتا کرنا (اَر۔ محاورہ) اپنے لئے کوئی تدبیر کرنا۔ اپنے لئے آرام کی صُورت پیدا کرنا۔

اپنا سر (اَر۔ روزمرّہ) کچھ نہیں۔ خاک نہیں۔ ذرا بھی نہیں۔

اپنا سر پیٹو (اَر۔ محاورہ) اپنے کیے کا خمیازہ بھگتو۔ اپنی کرنی پر پشیمان ہو۔

اپنا سر کھاؤ (اَر۔ محاورہ) جو مرضی ہو کرو۔ بات نہیں سمجھتے تو تم جانو اور تمہارا کام۔

اپنا سلام ہے (اَر۔ محاورہ) ہم تو دُور بھاگتے ہیں۔ ہمیں معاف رکھو۔

اپنا سمجھو (اَر۔ محاورہ) تکلف نہ کرو۔ غیر نہ سمجھو۔

اپنا سُوپ مجھے دے تُو ہاتھوں پچھوڑ (اَر۔ مثل) اپنا چھاج مجھے دے دے اور تُو اپنا غلہ اپنے ہاتھوں سے پھٹک لے۔ اپنی چیز دے کر خود محتاج ہونا۔

اپنا سُوجھتا کرنا (اَر۔ محاورہ) اپنی فکر کرنا۔ اپنی عقل کے مطابق کام کرنا۔

اپنا قلّہ شجرہ رکھ چھوڑیے (اپنا قلّہ شجرہ سنبھالو) (اَر۔ مثل) اپنا کام خود سنبھالو۔ اب آپ کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں رہا۔

اپنا کام کرو (اَر۔ محاورہ) ہٹو۔ سرکو۔ پرے ہو۔ لمبے بنو۔

اپنا کتا باندھو، ہم بھیک سے باز آئے (اَر۔ مثل) ہمیں نقصان نہ پہنچاؤ۔ نفع نہ پہنچاؤ تو دُکھ بھی نہ دو۔

اپنا کر لینا (اَر۔ محاورہ) قبضے میں لے آنا۔ مال مار لینا (۲) دوست بنا لینا۔ موافق بنا لینا۔

اپنا کرنا اپنا بھرنا (اَر۔ محاورہ) انسان جو کچھ کرتا ہے اس کی سزا یا جزا پاتا ہے۔

اپنا کہا کرنا (اَر۔ محاورہ) اپنی رائے پر چلنا۔ کسی کی نہ ماننا۔

اپنا کھانا اپنا پہننا (اَر۔ محاورہ) کسی کا دست نگر نہ ہونا۔

اپنا کیا آگے آیا (اَر۔ مثل) بُرے فعل کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔

اپنا کیا پانا (اَر۔ محاورہ) اپنے فعل کی سزا بُھگتنا۔ کیفرِ کردار کو پہنچنا۔

اپنا گوشت کھانا (اَر۔ محاورہ) مجبوری کے عالم میں غصّہ آنا۔

اپنا گھٹنا کھولیے، آپ ہی لاجوں مریے (اَر۔ مثل) اپنا عیب ظاہر کیجیے اور آپ ہی شرمندگی اُٹھائیے۔

اپنا گھر بھرنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی دولت کو رفتہ رفتہ اپنے قبضے میں لانا۔

اپنا گھر جاننا (اَر۔ محاورہ) غیر نہ سمجھنا۔ تکلف نہ کرنا۔

اپنا گھر ہگ بھر، پرایا گھر تھوک کا ڈر (اَر۔ مثل) اپنے گھر میں آدمی کو جو اختیار اور آزادی ہوتی ہے وہ غیر کے گھر میں کہاں۔

اپنا گھر دُور سے سُوجھتا ہے (اَر۔ مثل) اپنے مطلب پر سب سے پہلے نظر جاتی ہے۔

اپنا گھر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) اپنے فائدے پر نظر رکھنا۔

اپنا لال گنوا کے در در مانگے بھیک (اَر۔ مثل) اپنی دولت لٹا کر دُوسروں کا محتاج ہونا۔

اپنا لہو پینا (اَر۔ محاورہ) رنج و غم سہنا۔ پیچ و تاب کھانا۔

اپنا لینا کیا پرایا دینا کیا (اَر۔ مثل) نہ اپنا قرض لینا نہ دُوسرے کا قرض دینا۔

اپنا مارے گا تو پھر چھاؤں میں بٹھائے گا (اَر۔ مثل) عزیز لاکھ دُکھ دے پھر بھی اُس کو رحم آ ہی جاتا ہے۔

اپنا مال اپنی چھاتی تلے (اَر۔ مثل) اپنی چیز کی خود ہی پوری پوری حفاظت ہو سکتی ہے۔ مالِ عرب پیشِ عرب۔

اپنا مال جائے آپ ہی چور کہلائے (اَر۔ مثل) نقصان بھی اپنا ہو اور اِلزام بھی اپنے پر آئے۔

اپنا مرن جگت کی ہنسی (اَر۔ مثل) خود برباد ہونا اور دُوسروں کو اپنے آپ پر ہنسانا۔

اپنا مطلب نکالنا (اَر۔ محاورہ) اپنی غرض حاصل کرنا۔ اپنا کام بنانا۔

اپنا مکان کوٹ سمان (اَر۔ مثل) اپنا گھر قلعے کی طرح ہوتا ہے۔ ہر شخص اپنے گھر میں اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا ہے۔

اپنا مُنہ بنواؤ (بنوائیے) (اَر۔ محاورہ) قابلیت پیدا کرو۔ مرتبہ حاصل کرو۔

اپنا مُنہ دھو رکھو (اَر۔ محاورہ) تم اِس چیز کے لائق نہیں۔ یہ کام تمہارے بس کا نہیں۔

اپنا مُنہ لے کے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے اپنا سامُنہ لے کے رہ جانا۔

اپنا نام بدل ڈالیں (اَر۔ محاورہ) اگر ایسا نہ ہوا تو ہم اپنا نام بدل ڈالیں گے۔ شرط اور دعوئی کے موقع پر کہتے ہیں۔

اپنا ہینگوا پرایا دھینگوا (اَر۔ مثل) دیکھیے اپنا بالا اور کا دھینگوا۔

اپنا ہارا اور مہری کا مارا کون کہتا ہے (اَر۔ مثل) جواری اپنا نقصان اور جورو سے مار کھانے والا کسی کو نہیں بتاتا۔

اپنا ہونا (اَر۔ محاورہ) دوست ہونا۔

اَپنانا (اَپ۔نا۔نا) (ہ۔ مص) اپنا کرنا۔ اپنی ملکیت بنانا۔ اپنی طرف کرنا۔

اَپنائیت (اَپ۔نا۔اِی۔یَت) (اث۔ اِمث) یگانگت۔ عزیزداری۔ قرابت۔

اَپنڈیسائیٹس (Appendicitis) (انگ۔ ا۔ مذ) دیکھیے التہابِ زائدہ۔

اُپنشد (اُپ۔نِ۔شد) (س۔ ا۔ مث) ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں ویدوں کا اِنتخاب درج ہے۔

اَپنی (اَپ۔نی) (ہ۔ ض) اپنا کی تانیث۔ ذاتی۔

اپنی آبرو اپنے ہاتھ (اَر۔ مثل) انسان وہ کام ہی نہ کرے جس سے عزّت میں فرق آئے۔

اپنی آگ میں آپ جلنا (اَر۔ محاورہ) حسد اور غصّے سے آپ ہی بُھنکنا۔ کسی کو خوشحال دیکھ کر رنجیدہ ہونا۔

اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا دُوسرے کی آنکھ کا تنکا نظر آجاتا ہے (اَر۔ مثل) اپنے بڑے عیبوں پر نظر نہیں جاتی اور دوسرے کا معمولی قصور نظر آجاتا ہے۔

اپنی اپنی بولیاں بولنا (اَر۔ محاورہ) ہر ایک کا الگ رائے ظاہر کرنا۔ اپنے اپنے مطلب کی کہنا۔

اپنی اپنی پڑنا (اَر۔ محاورہ) نفسی نفسی ہونا۔ اپنا ہی اپنا خیال ہونا۔ آپا دھاپی ہونا۔

اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ (اَر۔ مثل) ہر شخص الگ الگ رَو پر ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اپنی اپنی (سمجھ ہے) طبیعت ہے (اَر۔ محاورہ) اپنی اپنی عقل ہے۔ اپنی اپنی مرضی ہے۔

اپنی اپنی قسمت (اَر۔ مثل) اپنا اپنا نصیب۔

اپنی اپنی کھال میں مست ہونا (اَر۔ مثل) دوسروں سے الگ تھلگ ہو کر اپنا ٹھاٹھ قائم رکھنا۔ سب سے علیحدہ رہنا۔ جماعت سے انحراف کرنا۔

اپنی اپنی (کہنا) گانا (اَر۔ محاورہ) اپنی اپنی رائے کا اظہار کرنا۔ اپنا مطلب ظاہر کرنا۔

اپنی اپنی گور، اپنی اپنی منزل (اَر۔ مثل) کوئی کسی کا ساتھ نہیں دیتا۔ ہر ایک کے نیک و بد اعمال اُس کی اپنی ذات سے تعلق رکھتے ہیں۔

اپنی اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا (اَر۔ مثل) دیکھئے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد۔

اپنی اصل (اصالت) پر آجانا (اَر۔ محاورہ) اپنی ذات کے موافق کوئی کام کرنا۔ نیچ قوم کا کوئی بُرا کام کرنا۔

اپنی اور تیری جان ایک کر دوں گا (اَر۔ محاورہ) تجھے مار ڈالوں گا اور اپنے آپ کو بھی ہلاک کر لوں گا۔

اپنی اولاد سے پائے (اَر۔ بددُعا۔ عو) ظالم کو اس کے ظلم کا بدلہ اُس کی اولاد سے ملے۔

اپنی ایڑی دیکھو (اَر۔ محاورہ) نظر نہ لگاؤ۔ ٹوکو نہیں۔ جب کوئی بے ساختہ کسی کے حُسن کی تعریف کرنے تو اِس خیال سے کہ نظر نہ لگ جائے عورتیں یہ فقرہ کہتی ہیں۔

اپنی ایسی تیسی کرا لینا (اَر۔ محاورہ) اپنا ہی کچھ بگاڑ لینا۔ کسی کو نُقصان پہنچانے کے بدلے اپنا نُقصان کر لینا۔

اپنی ایسی تیسی میں جائے (اَر۔ محاورہ) اپنا سر کھائے۔ بھاڑ میں جائے۔ کچھ بھی ہو۔ ہمیں کیا غرض۔

اپنی بات اپنے ہاتھ (اَر۔ مثل) دیکھئے اپنی عزت اپنے ہاتھ۔

اپنی بات اپنے ہاتھوں کھونا (اَر۔ محاورہ) خود ہی کوئی ایسا فعل کرنا جس سے اپنی عزت اور توقیر میں فرق آئے۔

اپنی بات پر (آجانا) آنا (اَر۔ محاورہ) اپنے کہے پر اَڑ جانا۔ ضِد کرنا۔

اپنی بات کا ایک ہے (پکّا ہے۔ پُورا ہے) (اَر۔ محاورہ) بات کا پکّا ہے۔ راسخ القول ہے۔ عہد کا نباہنے والا ہے۔

اپنی بانی نہ چھوڑنا (اپنے ہتھکنڈے نہ چھوڑنا) (اَر۔ مثل) اپنی حرکت سے باز نہ آنا۔

اپنی بساط کو دیکھو (اَر۔ محاورہ) اپنی حیثیت دیکھو۔ اِس قابلیت پر ایسا دعویٰ کرنا درست نہیں۔

اپنی بساط سے بڑھ کر کام کرنا (اَر۔ محاورہ) اپنی طاقت سے بڑھ کر کام کرنا۔

اپنی بکنا اور کسی کی نہ سُننا (اَر۔ محاورہ) اپنی بات کہے جانا اور دُوسرے کی نہ سُننا۔

اپنی بلا اور کے سر دھرنا (اَر۔ محاورہ) اپنی مُصیبت دُوسرے کے سر ڈالنا۔

اپنی بلا سے (اَر۔ محاورہ) ہم کو کچھ پروا نہیں۔

اپنی بھوک کھانا، اپنی نیند سونا (اَر۔ محاورہ) آزادی سے زندگی بسر کرنا۔ کسی کا مطیع نہ ہونا۔

اپنی بیتی کہوں کہ جگ بیتی؟ (اَر۔ محاورہ) اپنا حال سُناؤں یا دُوسروں کا؟

اپنی پڑنا (اَر۔ محاورہ) اپنی جان کو خطرہ ہونا (۲) صرف اپنی فکر کرنا۔ خود غرض ہونا۔

اپنی پڑی ہے (اَر۔ محاورہ) اپنی ہی فکر ہے۔

اپنی پگڑی اپنے ہاتھ ہے (اَر۔ مثل) دیکھئے اپنی عزت اپنے ہاتھ۔

اپنی پیٹھ نہیں دکھائی دیتی (اَر۔ مثل) اپنا عیب اپنے آپ کو نظر نہیں آتا۔

اپنی پیڑ، پرائی باتیں (اَر۔ مثل) اپنی مُصیبت تو مُصیبت ہے دُوسرے کی مُصیبت مُصیبت نہیں۔

اپنی تقدیر کو رونا (اَر۔ محاورہ) اپنی قسمت کی شکایت کرنا۔

اپنی ٹانگ (ران) کھولے آپ ہی لاجوں مرے (اَر۔ مثل) اپنی بُرائی یا تکلیف بیان کرنے سے اپنی ہی بے عزتی ہوتی ہے (نیز دیکھئے اپنا گھٹنا کھولئے)۔

اپنی ٹکلی لگائے جانا (اَر۔ محاورہ) اپنے ہی مطلب کی کہے جانا۔

اپنی جان پر کھیلنا (اَر۔ محاورہ) جان جوکھوں کا کام کرنا۔ جان دینے کو تیار رہنا۔

اپنی جان سب کو پیاری ہوتی ہے (اَر۔ مقولہ) اپنی جان بچانے کی سب کوشش کرتے ہیں۔ خطرے کے کام سے ہر ایک جان چُراتا ہے۔

اپنی جان کو رونا (اَر۔ محاورہ) شکوے شکایتیں کرنا۔

اپنی جگہ (اَر۔ متعلق فعل) اپنے عوض۔ اپنے بدلے میں۔

اپنی جمانا (اَر۔ محاورہ) اپنا اثر بٹھانے کی کوشش کرنا۔

اپنی جوانی سے پائے (اَر۔ بددُعا) جوانی میں مر جائے۔

اپنی چال سے نہ چوکنا (اَر۔ محاورہ) اپنے کرتوت سے باز نہ آنا۔ نیز دیکھئے اپنی بانی نہ چھوڑنا۔

اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو (اَر۔ مثل) اپنے تھوڑے سے فائدے کے لئے مجھ غریب کا اِتنا بڑا نُقصان کرتے ہو۔

اپنی چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو (اَر۔ محاورہ) اپنا سا حال دُوسروں کا بھی جانو۔ دُوسرے کے دُکھ کو بھی دُکھ سمجھو۔ اِنصاف کرو۔

اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا (اَر۔ مثل) اپنی چیز کو سب اچھا بتاتے ہیں۔ اپنے کام میں کوئی عیب نظر نہیں آتا۔

اپنی خبر لینا (اَر۔ محاورہ) اپنے گریبان میں مُنہ ڈالنا۔ اپنے حال کو دیکھنا۔

اپنی خبر نہیں (اَر۔ محاورہ) بالکل بے خود ہیں۔

اپنی خوشی کا (اَر۔ صف) خود رائے۔ ضِدی۔

اپنی دفعہ (اَر۔ متعلق فعل) اپنا نمبر آنے پر۔ اپنی بار۔

اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا (اَر۔ مثل) سب سے الگ ہو کر رہنا۔ کسی کی رائے نہ ماننا۔ کسی کے ساتھ شامل نہ ہونا۔

اپنی ذات سے (اَر۔ متعلق فعل) اپنے آپ۔ بذاتِ خود۔

اپنی ذات سے اچھے ہیں (اَر۔ محاورہ) اپنے دم سے اچھے ہیں۔

اپنی رادھا کو یاد کرو (اَر۔ محاورہ) اپنا کام کرو۔ ہمارا تمہارا کوئی واسطہ نہیں۔ اپنا راستہ پکڑو۔

اپنی ران کھولنا (اَر۔ محاورہ) اپنا پوشیدہ عیب ظاہر کرنا۔

اپنی راہ (پکڑنا) لگنا (اَر۔ محاورہ) اپنی راہ لینا۔ اپنے کام میں معروف رہنا۔

اپنی راہ (لو) لگے (اَر۔ محاورہ) اپنا کام کرو۔ دوسرے کے معاملے میں دخل نہ دو۔

اپنی سُدھ نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) ہوش میں نہ رہنا۔ بے خبری کے عالم میں رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اپنی سی (اُر۔ متعلق فعل) حتی الامکان۔ مقدور بھر (۲) اپنی مرضی کے مطابق (۳) (صف) اپنی جیسی۔

اپنی سی ہمت (کرلی) کی (اُر۔ محاورہ) تابمقدور کوشش کرلی۔ اپنی طرف سے پوری سعی کرلی۔

اپنی سی کر چلنا (اپنی سی کر دیکھنا۔ اپنی سی کر گزرنا) (اُر۔ محاورہ) اپنا کام کر جانا۔ جیسی ہو سکے بسر کر جانا۔ حتی المقدور کوشش کرنا۔

اپنی سی نباہنا (اُر۔ محاورہ) اپنے امکان بھر وضعداری کا برتاؤ کرنا۔

اپنی طرف خیال کرنا (دھیان کرنا۔ دیکھنا) (اُر۔ محاورہ) اپنے مرتبے، عزت اور بڑائی کا لحاظ رکھنا۔

اپنی طرف سے (اُر۔ متعلق فعل) آپ ہی۔ اپنے ذہن سے۔ اپنی طبیعت سے۔ اپنے دل سے گھڑ کے۔

اپنی طرف کھینچنا (اُر۔ محاورہ) اپنی طرف مائل کرنا۔

اپنی عزت اپنے ہاتھ (اُر۔ مثل) دیکھئے اپنی آبرو اپنے ہاتھ۔

اپنی عقل اور پرائی دولت بہت بڑی معلوم ہوتی ہے (اُر۔ مثل) ہر شخص اپنی عقل اور دُوسرے کی دولت کو بہت زیادہ خیال کرتا ہے۔

اپنی عُمر سے مرنا (اُر۔ محاورہ) عُمر طبعی کو پہنچ کر مرنا۔

اپنی غرض کا آشنا ہونا (اُر۔ محاورہ) خود غرض ہونا۔ اپنا مطلب کا یار ہونا۔

اپنی غرض کو (اُر۔ متعلق فعل) اپنے مطلب کی خاطر۔

اپنی غرض کو گدھے چراتے ہیں (اُر۔ مثل) غرض مند کو ذلیل سے ذلیل کام بھی کرنا پڑتا ہے۔

اپنی غرض کو گدھے کو بھی باپ بناتے ہیں (اُر۔ مثل) غرض مند آدمی کو ذلیل سے ذلیل اِنسان کی بھی خوشامد کرنا پڑتی ہے۔

اپنی قسمت کا لے کر اُترنا (اُر۔ محاورہ) اپنی روزی اپنے ساتھ لانا۔

اپنی قسمت (تقدیر) کو رونا (اُر۔ محاورہ) اپنی بدنصیبی کی شکایت کرنا۔ بے بسی کی حالت میں بسر کرنا۔

اپنی کر کے نہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حفاظت سے نہ رکھنا (۲) عورت کو اپنا موافق نہ بنانا (۳) اِحتیاط سے نہ برتنا۔

اپنی کرنی (اُر۔ اِ۔ مث) اپنی حرکت۔ اپنی مرضی کا کام۔ اپنے کرتوت۔

اپنی کرنی اپنی بھرنی (اُر۔ مثل) دیکھئے اپنا کرنا اپنا بھرنا۔

اپنی کرنی پار اُترنی (اُر۔ مثل) اپنے ہی اعمال اپنے کام آتے ہیں۔ اپنی ہی محنت سے پُورا پڑتا ہے۔

اپنی کرنی پروان، کیا ہندو کیا مسلمان (اُر۔ مثل) اپنے اعمال اپنے کام آئیں گے، چاہے کوئی ہندو ہو یا مسلمان۔

اپنی کرنی کرنا (اُر۔ محاورہ) اپنی ضِد پر اڑا رہنا۔ جو ٹھان لینا وہی کر گزرنا۔

اپنی کملی میں مست ہونا (اپنی کھال میں مست ہونا) (اُر۔ محاورہ) اپنے حال میں خوش رہنا۔ غریبی میں مگن رہنا۔

اپنی کہنا اور کی نہ سُننا (اُر۔ محاورہ) خود ہی کہے جانا۔ دُوسرے کی بات کی طرف دھیان نہ دینا۔

اپنی کہو نہ اور کی سنو (اُر۔ محاورہ) ۔ اپنا خیال ... دوسرے کی بات سُننا۔

اپنی کہی کرنا (اُر۔ محاورہ) اپنی ضِد پر اڑے رہنا۔

اپنی کہی نہ اور کی سُنی (اُر۔ محاورہ) چٹ پٹ مر گئے۔ کچھ کہنے سُننے بھی نہ پائے۔

اپنی کھچڑی الگ پکانا (اُر۔ محاورہ) کسی کے ساتھ شامل نہ ہونا۔ جھنجھٹ سے بچنا۔

اپنی گانا (اُر۔ محاورہ) صرف اپنی ہی بات کہے جانا۔

اپنی گانٹھ نہ ہو پیسا تو پرایا آسرا کیسا (اُر۔ مثل) وقت پر اپنی جیب کا پیسا ہی کام آتا ہے۔ دُوسرے کی گرہ کا کام نہیں آتا۔

اپنی گرہ کا (اُر۔ صف) اپنی جیب کا۔ اپنی ذات کا۔ اپنے پلّے کا۔

اپنی گرہ کا (سے) کیا جاتا ہے (اُر۔ محاورہ) ہمارا کیا نقصان ہوتا ہے۔

اپنی گڑیا سنوار دینا (اُر۔ محاورہ) اپنے مقدور کے مطابق بیٹی کا بیاہ کر دینا۔

اپنی گلی میں کتّا بھی شیر ہوتا ہے (اُر۔ مثل) اپنے گھر پر کمزور کو بھی حوصلہ ہوتا ہے حمایت کے بھروسے پر بُزدل بھی بہادر بن جاتا ہے۔

اپنی گوں کا یار (اُر۔ صف) اپنی غرض کا یار۔ مطلبی دوست۔ مطلب پرست۔

اپنی گوں کو (اُر۔ متعلق فعل) اپنے مطلب کے لئے۔ اپنی غرض کے لئے۔

اپنی گوں گانٹھنا (اُر۔ محاورہ) چاپلوسی سے کام نکالنا۔

اپنی گھات کا (اُر۔ صف) دیکھئے اپنی گوں کا۔

اپنی لگنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے اپنی پڑنا۔

اپنی مانی منوانا (اُر۔ محاورہ) اپنی بات دُوسروں سے منوانا۔

اپنی مُراد کو پہنچ جانا (پہنچنا) (اُر۔ محاورہ) مقصد پُورا ہو جانا۔

اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے (اُر۔ مقولہ) ہر آدمی اپنی ضرورت اور موقع کو خود ہی ٹھیک سمجھ سکتا ہے۔

اپنی موت مرنا (اُر۔ محاورہ) طبعی موت مرنا۔

اپنی ناک چوٹی میں گرفتار ہونا (اُر۔ محاورہ) اپنے بناؤ سنگار میں مصروف ہونا (۲) مصروفیت کی وجہ سے دُوسروں کے کام نہ کر سکنا۔

اپنی ناک کٹی تو کٹی پرائی بدشگونی تو ہو گئی (اُر۔ مثل) اپنی بدنامی اور ذلت ہوئی تو کیا، دُوسرے کا نقصان بھی تو ہو گیا۔

اپنی نبیڑنا (اُر۔ محاورہ) اپنی فکر کرنا۔

اپنی نظر میں (اُر۔ متعلق فعل) اپنے اندازے میں۔

اپنی نوبت بجانا (اُر۔ محاورہ) عُمر بسر کرنا۔ وقت گزارنا۔

اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا (اپنی نیند سونا اپنی نیند اُٹھنا) (اُر۔ محاورہ) آزادی سے زندگی بسر کرنا۔ جب جی چاہے سو رہنا، جب دل میں آئے کھا لینا۔ چین سے عُمر کاٹنا۔ بے فکر اور بے غم رہنا۔

اپنی والی (اُر۔ اِ۔ مث) (۱) پوری کوشش (۲) ہٹ۔ ضِد۔

اپنی والی پر آنا (اُر۔ محاورہ) بات پر اَڑ جانا۔ اپنی بات کی پچ کرنا (۲) اپنی لیاقت اور حیثیت کا اِظہار کرنا۔

اپنی ہانکنا (اُر۔ محاورہ) اپنی بات ہی کہے جانا۔ دُوسرے کی نہ سُننا۔

اپنی ہائی اوروں پر (چھائی) گنوائی (اُر۔ مثل) اپنی سُستی اور غفلت دُوسروں پر ڈال دینا۔ اپنا اِلزام دُوسروں پر تھوپنا۔

اَپنے (اپ۔ نے) (مذ۔ اِ۔ مذ) اپنا کی جمع۔ عزیز۔ یگانے (۲) (مذ۔ ض) خود۔ آپ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) اپنا کی مُغیرّہ صورت۔

اپنے آپ (و۔ ض) از خود۔ خود بخود۔ اپنی ذات سے۔

اپنے آپ سے گُور جانا (اَر۔ محاورہ) غُصّے یا غرور میں بدحواس ہو جانا۔

اپنے آپ کو (اَر۔ ترکیب اضافی) خود کو۔ اپنی ذات کو۔

اپنے آپ کو کچھ سمجھنا (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو لائق فائق سمجھنا (۲) خوش فہمی کا شکار ہونا۔ خود کو بڑا سمجھنا۔

اپنے آپ کو کھینچنا (اَر۔ محاورہ) الگ تھلگ رہنا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔

اپنے آپ کو کیا سمجھتے ہو؟ (اَر۔ محاورہ) اپنی کس بات پر نازاں ہو؟ کس بات پر مغرور ہو؟

اپنے آپ میں آنا (اَر۔ محاورہ) ہوش میں آنا۔ حواس میں آنا۔ غُصّہ دُور ہونا۔

اپنے آپے سے گُورنا (نِکل جانا) (اَر۔ محاورہ) اعتدال سے بڑھنا۔ حد سے نکل جانا۔ جامے سے باہر ہونا۔ اپنی ہستی کو بھول جانا۔

اپنے آگے (اَر۔ متعلق فعل) اپنے سامنے۔ اپنے مقابلے میں۔

اپنے آگے پائے (اَر۔ بددُعا) خُدا سمجھے۔

اپنے آگے کسی کو نہیں گِنتے (اپنے برابر کسی کو نہیں سمجھتے) (اَر۔ محاورہ) خود پسند اور مغرور ہیں۔

اپنے اپنے (اَر۔ صف) اپنا اپنا کی جمع۔

اپنے اپنے حال میں مست ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی کو کسی کی فکر نہ ہونا۔ ہر شخص کا اپنے حال میں مگن ہونا۔

اپنے اپنے گھر سب بادشاہ ہیں (اَر۔ مثل) اپنے اپنے گھر کا ہر شخص کو اختیار ہے۔ اپنے گھر چیونٹی بھی شیر ہوتی ہے۔

اپنے اختیار میں نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) مجبور ہونا۔ اپنے بس میں نہ ہونا۔

اپنے اڑھائی چاول الگ گلانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا۔

اپنے اللہ سے پائے (اَر۔ بددُعا) خُدا سمجھے۔ خُدا اس کی سزا دے۔

اپنے اُوپر لے لینا (اپنے اُوپر اوڑھ لینا) (اَر۔ محاورہ) کسی کی بُرائی یا قصور کو اپنے ذمّے لے لینا۔

اپنے بچھڑے کے دانت سب کو معلوم ہوتے ہیں (اَر۔ مثل) والدین یا عزیز اپنی اولاد یا اپنے عزیز کی عُمر اور اخلاق و عادات کو خوب جانتے ہیں۔

اپنے بچے کو ایسا ماروں کہ پڑوسن کی چھاتی پھٹے (اَر۔ مثل) کسی کے دکھانے کو اپنا نقصان کرنا۔

اپنے بس میں (اَر۔ متعلق فعل) اپنے اختیار میں۔

اپنے بھاویں (اَر۔ متعلق فعل) اپنے نزدیک۔ اپنے حسابوں۔

اپنے بیروں کو کُنجڑا کھٹے نہیں بتاتا (اَر۔ مثل) اپنی چیز کو کوئی خراب نہیں کہتا۔

اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے اپنے پاؤں میں۔

اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی امداد کے بغیر اپنا کام خود چلانا۔ خود کفیل ہونا۔

اپنے پاؤں چلنا (اَر۔ محاورہ) بغیر سہارے چلنا (۲) کسی کی مدد نہ لینا۔

اپنے پاؤں میں آپ کلہاڑی مارنا (اَر۔ مثل) اپنا بُرا آپ کرنا۔ خود ہی اپنا نقصان کر لینا۔

اپنے پر (اَر۔ متعلق فعل) اپنی ذات پر۔

اپنے پرائے کی ٹھوکریں کھانا (اَر۔ محاورہ) عزیزوں اور غیروں سے دُکھ اُٹھانا۔ یگانوں اور بیگانوں میں ذلیل ہونا۔

اپنے پُوت کنوارے پھریں، پڑوسن کے پھیرے (و۔ مثل) اپنے کنواروں کی تو فکر نہیں، پڑوسن کے بچوں کی شادی کی فکر ہے (۲) عزیز محروم رہیں اور غیر فائدہ اُٹھائیں۔

اپنے پیر کو مان (اَر۔ محاورہ) واسطہ دلانے کی جگہ کہتے ہیں۔ تجھے اپنے مرشد یا بڑے کی قسم ہے۔

اپنے تک رکھنا (اَر۔ محاورہ) راز رکھنا۔ پردہ فاش نہ کرنا۔ کسی سے نہ کہنا۔

اپنے تئیں (اَر۔ ض) اپنی ذات کو۔ اپنے کو۔

اپنے تئیں لئے دیئے رہنا (اَر۔ محاورہ) خودداری کا لحاظ رکھنا۔ متانت سے کام لینا۔

اپنے جامے سے باہر ہونا (نکلنا) (اَر۔ محاورہ) پھُولا نہ سمانا۔ نہایت خوش ہونا۔ خوشی یا غُصّے میں قابو سے باہر ہونا۔ آپے میں نہ رہنا۔

اپنے جھونپڑے کی خیر مانگو (اپنے قدح کی خیر مناؤ) (اَر۔ مثل) تمہیں دُوسروں کی کیا پڑی ہے؟ اپنی بہتری کی کوشش کرو۔

اپنے چلتے (اَر۔ متعلق فعل) مقدور بھر۔ حتی الوسع۔

اپنے چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے اپنی چھاچھ کو۔

اپنے حال پر رہنا (اَر۔ محاورہ) اپنی حالت تبدیل نہ کرنا۔

اپنے حال میں مست ہونا (اَر۔ محاورہ) جس طرح بھی گزر رہی ہے اسی میں خوش رہنا۔ اپنی کملی میں مست رہنا۔ اپنی کھال میں مست رہنا۔

اپنے حال میں نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) اپنی حیثیت میں نہ رہنا۔ بےخود ہو جانا۔

اپنے حساب (حسابوں) (اَر۔ متعلق فعل) اپنی دانست میں۔ اپنے نزدیک۔

اپنے حق میں (اَر۔ متعلق فعل) اپنے لئے۔ اپنے واسطے۔

اپنے حق میں کانٹے بونا (اپنے حق میں زہر کرنا) (اَر۔ محاورہ) اپنے لئے بُرائی کرنا۔ وہ کام کرنا جس سے خود کو نقصان پہنچے۔

اپنے خدا کو مان (اَر۔ محاورہ) خُدا کا خیال کر کے بات کر۔

اپنے دام کھوٹے پرکھنے والے کا کیا دوش (اَر۔ مثل) اپنی چیز ہی بُری ہے بُرا کہنے والے کا کیا قصور۔ نیز دیکھئے اپنا پیسا کھوٹا۔

اپنے دل پر ہاتھ دھر کے (رکھ کے) (اَر۔ متعلق فعل) ایمان سے۔

اپنے دل کے (بادشاہ) مختار ہیں (اَر۔ محاورہ) جو چاہیں سو کریں۔ کسی کے پابند نہیں۔

اپنے دم سے اچھے ہیں (اَر۔ محاورہ) اپنی ذات سے بھلے ہیں۔ خود اچھے ہیں۔

اپنے دنوں کو رونا (اَر۔ محاورہ) (۱) اپنی قسمت اور مصیبت پر افسوس کرنا (۲) اپنی بدنصیبی کا بیان کرنا۔

اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے؟ (اَر۔ مثل) اپنی چیز کو کوئی بُرا نہیں بتاتا۔ اپنی چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا۔ نیز دیکھئے اپنے بیروں کو کُنجڑا کھٹے نہیں بتاتا۔

اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا (ڈھائی چاولوں کی کھچڑی الگ پکانا)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(اُر۔ محاورہ) دیکھئے اپنے اڑھائی چاول الگ گلانا۔

اپنے ڈھب کا (اُر۔ محاورہ) اپنے رنگ کا۔ اپنی روش کا۔ اپنے مطلب کے موافق۔

اپنے رنگ میں رنگنا (اُر۔ محاورہ) اپنے جیسا کر لینا۔ اپنا ہم مشرب بنا لینا۔

اپنے زور میں آپ آ رہنا (اُر۔ محاورہ) ایسی بے موقع زور آزمائی کرنا کہ آدمی خود ہی گر پڑے (۲) کوئی ایسا کام کر بیٹھنا جو نقصان پہنچائے۔

اپنے ساتھ لپیٹنا (اُر۔ محاورہ) اپنے ساتھ دُوسروں کو بھی شامل کرنا۔

اپنے ساتھ لے ڈوبنا (اُر۔ محاورہ) اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی تباہ کرنا۔ اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی نقصان پہنچانا۔

اپنے سائے سے وحشت کرنا (اُر۔ محاورہ) حد سے زیادہ وہمی ہونا۔ بہت ڈرنا۔

اپنے سر آفت (بلا) لینا (اپنے سر مُصیبت لینا) (اُر۔ محاورہ) کوئی مشکل کام اپنے ذمّے لینا۔ جان بوجھ کر مُصیبت میں پڑنا۔

اپنے سر اوڑھ لینا (اُر۔ محاورہ) بُرائی یا قصور کو اپنے ذمّے لینا۔

اپنے سر پر کھیلنا (اُر۔ محاورہ) ہر قسم کی تکلیف جھیلنا۔ جان ہتھیلی پر رکھنا۔

اپنے سر (لے) لینا (اُر۔ محاورہ) اپنے ذمّے لینا۔

اپنے سے بہتر خدا (اُر۔ مثل) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے برابر کسی کو نہ سمجھے۔

اپنے فرض سے ادا ہونا (اُر۔ محاورہ) جو بات اپنے ذمّے واجب ہو اُسے پُورا کرنا۔ بیٹی کی شادی سے فارغ ہونا۔

اپنے کام سے کام رکھنا (اُر۔ محاورہ) اپنے کام میں مصروف رہنا۔ کسی طرف متوجہ نہ ہونا۔ اپنے مطلب سے مطلب رکھنا۔

اپنے کام کا نہیں (اُر۔ محاورہ) ہمارے مطلب کا نہیں۔

اپنے کو (و۔ ض) اپنی ذات کو۔ اپنے تئیں۔

اپنے کو اپنے کا پاس ہونا (اُر۔ محاورہ) دوستوں اور عزیزوں کو ایک دُوسرے کا خیال ہونا۔

اپنے کو کھا لم کھولا اور کی بار کو ٹال مٹولا (اُر۔ مثل) اپنی غرض کا بہت خیال رکھنا اور دُوسرے کے کام کے وقت ٹال مٹول کرنا۔

اپنے کہے کی لاج ہونا (اُر۔ محاورہ) اپنے قول کا لحاظ ہونا۔

اپنے کیے کا ہونا (اُر۔ محاورہ) ضدی ہونا۔ جو جی میں آئے وہی کرنا۔

اپنے کیے پر پچھتانا (اُر۔ محاورہ) خود ہی کوئی فعل کر کے پشیمان ہونا۔

اپنے کیے کا علاج نہیں (اپنے کیے کا کیا علاج) (اُر۔ محاورہ) اپنی کی ہوئی غلطی یا بُرائی کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے۔

اپنے کیے کو پانا (اپنے کیے کا مزہ چکھنا) (اُر۔ محاورہ) جیسا کرنا ویسا بھرنا۔ جزا و سزا ملنا۔

اپنے کیے کو رونا (اُر۔ محاورہ) غلطی کر کے پشیمان ہونا۔

اپنے کیے کی سزا پانا (اُر۔ محاورہ) جیسا کیا ہے ویسا ہی بدلہ ملنا۔ بُرے فعل کی سزا پانا۔

اپنے گریبان میں مُنہ (ڈالنا) ڈال کر دیکھنا (اُر۔ محاورہ) اپنے عیب دیکھنا۔ اپنے کیے پر گردن نیچی کرنا۔

اپنے گھر آئے ہوئے کتّے کو بھی نہیں دُھتکارتے (اُر۔ مثل) مہمان کیسا ہی کم حیثیت ہو اُس سے بُرا برتاؤ نہیں کرنا چاہیے۔

اپنے گھر بار کا ہونا (اُر۔ محاورہ) شادی شدہ ہونا۔ بیوی بچّوں والا ہونا۔

اپنے گھر چیونٹی بھی شیر ہوتی ہے (اُر۔ مثل) دیکھئے اپنی گلی میں کتّا بھی۔

اپنے گھر خوش رہو (اُر۔ محاورہ) ہم سے کچھ تعلق نہیں۔ اپنا کام کرو۔

اپنے گھر سے خوش (اُر۔ صف) بے نیاز۔ خُوش حال۔ غنی۔

اپنے گھر کو آتا کس کو بُرا لگتا ہے (اُر۔ مثل) اپنے گھر آتا ہوا مال سب کو اچھا معلوم ہوتا ہے۔ اپنا نفع کسی کو بُرا معلوم نہیں ہوتا۔

اپنے گھر کی راہ لو (اُر۔ محاورہ) چلے جاؤ۔ لمبے بنو۔

اپنے لکھے کو رونا (اُر۔ محاورہ) اپنی قسمت کا گِلہ شکوہ کرنا۔

اپنے مرے بن سُورگ نہیں ملتا (و۔ مثل) اپنی کوشش کے بغیر کامیابی نہیں ہوتی۔

اپنے مزے کے آگے کچھ نہیں سُوجھتا (اُر۔ مثل) اپنے فائدے، اپنی نفسانی خواہش اور اپنی زبان کے ذائقے کے آگے نیک اور بد اور جائز و ناجائز کی تمیز نہیں رہتی۔

اپنے مطلب کا (اُر۔ صف) خود غرض۔ مطلبی (۲) اپنے ڈھب کا۔

اپنے مطلب کی کہنا (اُر۔ محاورہ) اپنے فائدے کی بات کہنا۔

اپنے مطلب کے ہیں (اُر۔ محاورہ) خود غرض ہیں۔

اپنے مطلب کے یار (اُر۔ صف) دیکھئے اپنی گَوں کے یار۔

اپنے من سے جانئے پرائے من کی بات (اُر۔ مثل) اپنی تکلیف اور دُکھ سے دُوسرے کی تکلیف اور دُکھ کو سمجھنا چاہیے۔

اپنے مُنہ پر طمانچے مارنا (اُر۔ محاورہ) اپنے کیے پر پشیمان ہونا۔

اپنے مُنہ پر جاؤ (اُر۔ محاورہ) اپنی طرف دیکھو۔ اپنی شرافت کا خیال کرو۔

اپنے مُنہ سے دھنّا بائی (اُر۔ مثل) اپنی تعریف آپ کرنا۔ اپنی امارت اور فضل و کمال کا دعویٰ کرنا۔ اپنے مُنہ میاں مٹھو۔

اپنے مُنہ سے کہنا (اُر۔ محاورہ) خود کہنا۔ شرم کو بالائے طاق رکھ کر کہنا (۲) مُنہ پھوڑ کر کہنا۔

اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا (اُر۔ محاورہ) اپنی تعریف خود کرنا۔ اپنی بڑائی آپ کرنا۔

اپنے موتی سؤروں کے آگے نہ پھینکو (اُر۔ محاورہ) بے قدروں کو اپنا ہُنر نہ سکھاؤ۔

اپنے میں (اُر۔ متعلق فعل) اپنے بدن میں۔ اپنے جسم میں۔

اپنے میں آنا (اُر۔ محاورہ) ہوش میں آنا۔

اپنے نام کا ایک ہی نکلنا (اُر۔ محاورہ) بے مثل ہونا۔

اپنے نام کا ایک ہے (اُر۔ محاورہ) آفت کا پرکالہ ہے۔ بڑا ضدی ہے۔

اپنے نام کا پاس ہے (اُر۔ محاورہ) اپنی عزّت کا لحاظ ہے۔

اپنے نزدیک (اُر۔ متعلق فعل) اپنے حساب میں۔ اپنی دانست میں۔

اپنے نصیبوں کو رونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے اپنی قسمت کو رونا۔

اپنے نین گنوا کے دردر مانگے بھیک (اُر۔ مثل) اپنی دولت برباد کر کے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دُوسروں کے آگے ہاتھ پھیلانا۔ اپنی چیز کھو کر دُوسروں کے گھر مانگتے پھرنا۔

اپنے نینا مجھے دے تو گھوم پھر کر دیکھ (ا۔ مثل) اپنی آنکھیں میرے حوالے کر اور ٹکریں مارتا پھر (۲) دُوسرے کا نُقصان کر کے اپنا فائدہ چاہنا۔

اپنے وقت کا (ارسطو) افلاطون (ا۔ صف) بڑا دانا۔ بہت عقلمند۔

اپنے ہاتھ کا (ا۔ صف) اپنے آپ کرنے کا (۲) اپنے ہاتھ کا لکھا بُنایا یا کیا ہوا۔

اپنے ہاتھ کٹا لینا (ا۔ محاورہ) قول یا تحریر دے کر بے بس ہو جانا۔

اپنے ہاتھ کرنا (ا۔ محاورہ) قبضے میں کرنا۔ موہ لینا۔

اپنے ہاتھ کے تل تل جائیے جیسا من ہو ویسا کھائیے (ا۔ مثل) جب اپنا کیا ہوا کوئی کام مرضی کے مطابق ہو تو اُس وقت فخریہ کہتے ہیں۔

اپنے ہاتھ ہے (ا۔ محاورہ) اپنے اختیار میں ہے۔

اپنے ہاتھوں (ا۔ متعلق فعل) دیدہ و دانستہ۔ از خود۔

اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا (کنواں کھودنا۔ کانٹے بونا) (ا۔ محاورہ) اپنی موت کا آپ سامان کرنا۔ خود مُصیبت میں پھنسنا۔ خود برباد ہونا۔

اپنے ہاتھوں خراب ہونا (ا۔ محاورہ) اپنی تباہی خود لانا۔

اپنے ہی تک رکھنا (ا۔ محاورہ) دُوسرے سے نہ کہنا۔ خفیہ رکھنا۔ راز فاش نہ کرنا۔

اپنے ہی تن کا پھوڑا ستاتا ہے (ا۔ مثل) عزیزوں ہی سے تکلیف پہنچتی ہے۔

اپنے ہی گھر سے آگ لگی ہے (ا۔ مثل) اپنوں نے ہی فساد برپا کیا ہے۔

اپوزیشن (Opposition) (انگ۔ ا۔ مث) دیکھئے حزبِ اختلاف۔

اَپھار (اپھارا) (ا۔ پھار) (ا۔ پھارا) (ہ۔ ا۔ مذ) پیٹ پھولنا۔

اُپھان (ہ۔ ا۔ مذ) اُبال۔ اُپھنا مصدر کا اسم کیفیت۔

اَپھرا (اپھ۔ را) (ہ۔ صف) پھولا ہوا۔ معدہ بھرا ہوا (۲) غرور سے پھولا ہوا۔

اَپھرانا (اپھ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) پیٹ بھرنے سے پریشانی اور تکلیف ہونا۔

اَپھرنا (ا۔ پھر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پھولنا۔ پیٹ میں ہوا بھرنا۔ نفخ ہونا (۲) موٹا ہونا۔ تیار ہونا (۳) مغرور ہونا۔ علم و ہنر یا دولت پر نازاں ہونا۔

اَپھل (ا۔ پھل) (ہ۔ صف) بے ثمر۔ وہ درخت جسے پھل نہ لگے (۲) بانجھ عورت۔ (اَ حرفِ نفی)۔

اُپھنا (اُپھن۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اُبلنا۔ سیال چیز کا آنچ سے پھین کے ساتھ اوپر اُٹھنا (۲) اُمنڈنا۔

اُپی (اُ۔ پی) (ہ۔ صف) (۱) چمک دار (۲) میان سے باہر نکلی ہوئی (شمشیر)۔ سان پر چڑھی ہوئی (تلوار)۔

اپیل (Appeal) (انگ۔ ا۔ مونث۔ مذ) درخواست۔ فریاد۔ استغاثہ۔ مرافعہ۔ حاکم کے فیصلے کے خلاف بڑے حاکم کے پاس درخواست گزارنا۔

اپیل بحال ہونا (ا۔ مص) اپیل منظور ہونا۔

اپیل (خارج) مسترد ہونا (ا۔ مص) اپیل کا نامنظور ہونا۔

اپیل داخل کرنا (دائر کرنا) (ا۔ مص مرکب) اپیل کرنا۔ حاکم بالا کے پاس مقدمہ لے جانا۔

اپیل گزار (ا۔ صف) اپیل داخل کرنے والا۔ (Appellant)۔

اپیل مُتخالف (انگ۔ ع۔ صف) ایک دُوسرے کے خلاف اپیل۔

ا۔ت

اَت (بفتحہ اوّل) (س۔ ا۔ مذ) نہایت۔ از حد۔ بے انتہا۔ شدید۔

ات چپل (ق۔ صف) نہایت تیز۔ بہت شوخ اور چنچل۔

ات کومل (ہ۔ ا۔ مذ) (موسیقی) وہ سُر جو شُدھ سُر سے دو درجے نیچے ہو۔

ات کا بھلا نہ برسنا، اَت کی بھلی نہ دُھوپ۔ اَت کا بھلا نہ بولنا، اَت کی بھلی نہ چپ (ا۔ مثل) ہر چیز کی زیادتی بُری ہوتی ہے۔

اُتا (اُ۔ تا) (ت۔ ا۔ مذ) باپ۔ والد۔ بُزرگ۔ پیر۔ شیخ (۲) آقا۔

اتابک (ا۔ تا۔ بک) (ت۔ ا۔ مذ) (۱) اتالیق۔ اُستاد (۲) شاہی خطاب۔ شیراز کے تُرک بادشاہوں کا لقب۔

اتاتُرک (ت۔ ا۔ مذ) (۱) تُرکوں کا باپ (۲) مصطفیٰ کمال پاشا کا لقب۔

اَتاپتا (ا۔ تا۔ پ۔ تا) (ا۔ ا۔ مذ) نشانی۔ علامت۔ سُراغ (۲) موقع محل (۳) متعلقات جو پہیلی بوجھنے میں مدد دیں۔

اُتار (اُ۔ تار) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) اُترنا (۲) نشیب۔ ڈھلان (۳) کمی۔ تنزل۔ گھٹاؤ (۴) طغیانی میں کمی (۵) کسی چیز کا اثر زائل کرنا (۶) صدقہ (۷) جادو کا توڑ (۸) جزر۔ بھاٹا۔

اُتار چڑھاؤ (ا۔ ا۔ مذ) اُونچ نیچ۔ نشیب و فراز۔ مدوجزر۔ جوار بھاٹا۔ بلند و پست (۲) کمی بیشی (۳) عروج و زوال۔ فتح و شکست (۴) چھل۔ فریب۔ جوڑ توڑ۔

اُتار چڑھاؤ کی باتیں (ا۔ ا۔ مث) فریب کی باتیں۔ چالیں۔

اُتار لی مُنہ کی لوئی تو کیا کرے گا کوئی؟ (ا۔ مثل) بے حیا سے کچھ بعید نہیں۔ بے شرم سب کچھ کر سکتا ہے۔ نیز دیکھئے جب اوڑھ لی لوئی۔

اُتار لینا (ا۔ محاورہ) جگہ دینا۔ ٹھہرا لینا (۲) ننگا کر دینا۔ چھین لینا۔ لے لینا (۳) پھاڑ ڈالنا (۴) نقل کر لینا (۵) کاٹ ڈالنا۔ توڑ ڈالنا (۶) گرانا۔ معزول کرنا (۷) گھسنا۔ مٹا دینا۔

اُتار ہونا (ا۔ محاورہ) نشہ اُترنا۔ کسی چیز کا کمی یا گراوٹ کی طرف آنا۔

اُتارا (اُ۔ تا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ڈیرا ڈالنے یا ٹکنے کا مقام (۲) اُترنے کی جگہ۔ منزل۔ پڑاؤ (۳) ندی پار کرنے کی حالت (۴) صدقہ (۵) گھاٹ۔

اُتارا اُتارنا (ا۔ محاورہ) صدقہ اُتارنا۔

اُتارا جانا (ق۔ محاورہ) مارا جانا۔

اُتارا ہونا (ا۔ محاورہ) قیام ہونا (۲) قبر میں اُتارنا (۳) قربان کیا جانا (۴) دریا کے پار اُترنا (۵) آمادہ ہونا (۶) ٹل جانا۔

اُتارن (اُتا۔ رن) (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے اُترن۔

اُتارنا (اُ۔ تار۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اونچی جگہ سے نیچی جگہ لانا (۲) دریا کے پار لے جانا (۳) بدن سے لباس جُدا کرنا (۴) نثار کرنا۔ وارنا (۵) چربہ کھینچنا (۶) نقل کرنا (۷) کاٹنا۔ جُدا جُدا کرنا (۸) ٹھہرانا۔ جگہ دینا (۹) گرانا۔ ذلیل اور حقیر کرنا (۱۰) معزول کرنا (۱۱) نگلنا۔ حلق سے نیچے کرنا (۱۲) نازل کرنا (۱۳) مسمار کرنا۔ ڈھانا (۱۴) مٹانا (۱۵) گھٹانا۔ کم کرنا (۱۶) داخل کرنا۔ پہنچانا (۱۷) پُورا کرنا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۱۸) مبعوث کرنا (۱۹) جاری کرنا (۲۰) کسی عضو کا اُس کی اصلی جگہ سے اکھاڑنا (۲۱) پیوست کرنا (۲۲) ادا کرنا (۲۳) ذہن نشین کرنا (۲۴) مونڈنا۔

اُتارُو (اُ۔تا۔رُو) (ہ۔صف) پار لے جانے والا (۲) ماہر۔ طاق (۳) آمادہ۔ مستعد۔ تُلا ہوا۔ (کسی کام پر)۔

اُتارے ہونا (ہ۔مص مُرکب) (۱) سواروں کا گھوڑوں سے اُتر کر تلواروں سے لڑنا (۲) مستعد ہونا۔ لڑنے کو اُتر پڑنا۔ پیچھے پڑ جانا (۳) صدقے اُترنا۔

اُتاشی۔ دیکھئے اتاچی۔

اُتاق (اُ۔تاق) (ت۔ا۔مذ) خیمہ۔ ڈیرا۔ مکان۔ گھر۔ خانہ۔

اُتاقا (اُ۔تا۔قا) (ت۔ا۔مذ) کلغی۔ طرہ۔ ہُما کا پر۔

اُتالا (ہ۔صف) دیکھئے اُتاولا۔

اُتالی (ہ۔ا۔مث) بے چینی۔ بے قراری (۲) شوق (۳) جلدی۔ عجلت۔

اُتالیق (اَ۔تا۔لِیق) (ت۔ا۔مذ) اُستاد۔ ادب سکھانے والا۔ تربیت دینے والا۔ سدھانے والا۔

اُتالیقی (اَ۔تا۔لی۔قی) (ت۔ا۔مث) اُستادی۔ مُعلمی۔ علم سکھانے کا کام۔

اُتاوَل (اُ۔تا۔وَل) (ہ۔صف و ا۔مث) بے چین۔ بیقرار۔ مشتاق (۲) جلدی۔ تیزی (۲) جلد بازی۔ بے تابی۔

اُتاولا (اُ۔تا۔وَ۔لا) (ہ۔صف۔مذ) جلد باز۔ بے چین۔ بیقرار۔ مُتلوّن مزاج۔

اُتاولا دُھنا موج کی تانت (اَر۔مثل) بہت جلدی کرنے والا اناڑی آدمی۔

اُتاولا سو باولا (اَر۔مثل) بے سوچے سمجھے کام کرنے والا دیوانہ ہوتا ہے۔

اُتاولی (اُ۔تا۔وَ۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) جلدی۔ عجلت۔ جلد بازی (۲) چنچل پن (۳) اُتاولا کی تانیث۔

اُتائی (اَ۔تا۔اِی) (ہ۔صف) بے اُستادا' جس نے کسی فن یا علم کو کسی اُستاد سے باقاعدہ حاصل نہ کیا ہو یا وہ اُس کا آبائی پیشہ نہ ہو۔

اِتباع (اِت۔تِ۔باع) (ع۔ا۔مذ) پیروی۔ تقلید (۲) اطاعت۔ فرمانبرداری۔

اُتپن (اُت۔پَن) (ہ۔ا۔مث) (۱) پیدائش۔ نسل۔ کنبہ (۲) پیداوار۔ وصول شدہ معاملہ۔

اِتحاد (اِت۔تِ۔حاد) (ع۔ا۔مذ) (۱) یگانگت۔ ملاپ۔ دوستی۔ ایکا (۲) محبت۔ اخلاص (۳) میل جول (۴) باہمی موافقت۔

اِتحادی (اِت۔تِ۔حادی) (ع۔صف۔و ا۔مذ) (۱) اِتحاد سے متعلق (۲) ساتھی۔ رفیق۔ دوست۔ حلیف (۳) باہمی معاہدے سے وابستہ۔ مُعاہد۔ مُعاہدین۔ اُردو جمع: اِتحادی۔ اِتحادیوں۔

اُتر (اُ۔تر) (ہ۔فعل) مصدر اُترنا کا صیغہ امر۔

اُتر آنا (ہ۔مص) اُوپر سے نیچے آنا (۲) آمادہ ہونا۔

اُتر پڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) ٹھہر جانا۔ قیام کرنا (۲) کسی کام پر آمادہ ہونا۔

اُتر جانا (ہ۔محاورہ) (۱) اُوپر سے نیچے آجانا (۲) دُبلا ہو جانا (۳) ناپسند ہونا (۴) خراب ہو جانا۔

اُتر گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (اَر۔مثل) دیکھئے اُتار لی منہ کی لوئی۔

اُتّر (اُت۔تَر) (س۔ا۔مذ) (۱) شمال (۲) جواب (۳) ایک ویدک گیت۔

اُتّر جاؤ کہ دَکّھن' وہی کرم کے لکّھن (ہ۔مثل) جہاں بھی جاؤ قسمت ساتھ جائے گی۔

اُترا (اُت۔را) (ہ۔صف) (۱) اُترا ہوا۔ معزول (۲) پہن کر اُتارا ہوا لباس۔

اُترا شحنہ مردک نام (ف۔مثل) عہدے سے علیحدہ ہونے پر عزت نہیں رہتی۔

اُترا کھائی ہُوا مائی (اَر۔مثل) جو چیز کھا کر حلق سے اُتار لی جائے وہ مٹی کے برابر ہے۔

اِترانا (اِت۔را۔نا) (ہ۔مص) گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا۔ نازاں ہونا۔

اُترانا (اُت۔را۔نا) (ہ۔مص) پانی کے اُوپر آنا۔ پانی کی سطح پر تیرنا۔

اِتراہٹ (اِت۔را۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) گھمنڈ۔ غرور۔ تکبر۔

اُترائی (اُت۔را۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) نشیب (۲) دریا سے پار ہونے کا محصول (۳) پہاڑ سے اُترنے کا کرایہ (۴) بدلہ۔ اِحسان کا بدلہ (ق)۔

اِترائے پھرنا (اِت۔را۔اے۔پھرنا) (ہ۔مص) اینٹھنا۔ ناز کرتے پھرنا۔ گھمنڈ کرنا۔

اُترتا (اُ۔تَر۔تا) (ہ۔صف) اُترا ہوا۔ مائل بہ زوال۔

اُترتا پانی (اَر۔ا۔مذ) کم پانی (دریا وغیرہ کا۔ طغیانی کے بعد)۔

اُترتا چاند (ہ۔ا۔مذ) آخر ماہ۔ زوال ماہ۔ اندھیرا پاکھ۔ مہینے کا آخری حصہ۔

اُترتی (اُ۔تَر۔تی) (ہ۔صف) اُترتا کی تانیث۔ نیچے آتی ہوئی۔ گرتی ہوئی۔ ڈھلتی ہوئی۔

اُترتی برسات (اَر۔ا۔مث) نکلتی برسات۔ برسات کا آخری زمانہ۔

اُترتی ندی (اَر۔ا۔مث) وہ ندی جس کی طغیانی ختم ہوگئی ہو۔

اُترتی ندی کنارے ڈھائے (اَر۔مثل) جب اِنسان کا کوئی بس نہیں چلتا تو غریب کو ستاتا ہے۔

اُترسوں (اُ۔تَر۔سوں) (ہ۔ا۔مذ) موجودہ دن سے چوتھا دن خواہ گزشتہ ہو یا آیندہ۔

اُترن (اُت۔رَن) (ہ۔ا۔مث) پہنے ہوئے پُرانے کپڑے۔ مستعمل لباس۔

اُترن پُترن (اَر۔ا۔مث) اُتارے ہوئے پُرانے کپڑے۔ پُھٹا لباس۔

اُترنا (اُ۔تَر۔نا) (ہ۔مص) (۱) اُوپر سے نیچے آنا (۲) گھٹنا۔ تنزل پر ہونا۔ گھٹاؤ پر ہونا (۳) بدن کے کسی جوڑ' نس یا ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۴) آواز کا دھیما پڑنا یا بگڑنا (۵) کسی اثر کا دُور ہونا مثلاً غصہ اُترنا۔ نشہ اُترنا۔ بخار اُترنا (۶) کسی سال' ماہ یا موسم کا ختم ہونا (۷) سُوت سے تیار ہونے والی کوئی چیز مکمل ہونا۔ مثلاً موزہ اُترنا۔ تھان اُترنا۔ بنیان اُترنا (۸) ایسی چیز کا تیار ہونا جو خراد وغیرہ پر تیار کی جائے (۹) نرخ کا کم ہونا (۱۰) ٹھہرنا۔ قیام کرنا (۱۱) گھسنا۔ داخل ہونا (۱۲) بچّوں کا مر جانا (۱۳) غصہ نکالنا (۱۴) پھلوں کا پکنے پر توڑا جانا (۱۵) گرم پانی یا بھپکے میں کسی چیز کا تیار کرنا (۱۶) صفائی کے ساتھ کٹنا اُدھڑنا (۱۷) سِلی ہوئی چیز کا الگ ہونا (۱۸) تول میں ٹھہرنا (۱۹) کسی ساز کی کسن کا ڈھیلا ہو جانا جس سے اُس کی آواز ڈھیلی ہونے لگے (۲۰) جنم لینا (۲۱) سامنے آنا۔ ظاہر ہونا (۲۲) کشتی یا لڑائی کے لئے اکھاڑے یا میدان میں آنا (۲۳) پار ہونا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲۴) شطرنج میں کسی پیادے کا کوئی بڑا مہرہ بن جانا (۲۵) وصول ہونا (۲۶) آگ پر چڑھائی جانے والی چیز کا پک کر تیار ہونا (۲۷) دِل سے اُترنا۔ چہرہ اُترنا (۲۸) سوار ہونا اور چڑھنا کی ضِد (۲۹) بدرنگ ہونا۔ ماند پڑنا (۳۰) پورا ہونا۔ بیباق ہونا (۳۱) تصویر کھنچنا۔ نقل اُترنا۔

اُترنگ (اُترنگا) (اُت۔رَنگ) (اُت۔رَ نگا) (ہ۔ا۔مذ) وہ لکڑی جو دروازے میں اُوپر کی طرف چوکھٹ میں لگائی جاتی ہے (اُترنگا فصیح ہے)۔

اُتروانا (اُ۔تر۔وا۔نا) (ہ۔مص) اُتارنا کا متعدی۔ کسی دُوسرے سے کوئی چیز اُتارنے میں مدد لینا۔

اُتروائی (اُتر۔وا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) اُتارنے کی اُجرت۔

اُتری (اُت۔ری) (ہ۔صف) اُترا کی تانیث (۲) (ا۔مث) تاش کا بڑا پتّا یا سر (۳) ساز کا وہ پردہ جس سے مدھم آواز نکلے۔

اُتری جوانی (اُر۔ا۔مث) ڈھلا ہوا شباب۔

اُتری کمان (اُر۔ا۔مث) وہ کمان جس کا چلہ چڑھا ہوا نہ ہو۔

اُتری گھاٹی ہوئی مائی (اُر۔مثل) دیکھئے اُترا گھاٹی۔

اُتری ہوئی (ہ۔صف) چھوٹی ہوئی۔ اِستعمال کی ہوئی۔

اُتری ہوئی پاپوش (اُر۔ا۔مث) (۱) پُرانا جوتا (۲) نظروں سے گری ہوئی بے قدر اور بے حقیقت چیز (۳) چھوڑی ہوئی عورت۔

اِتری پھل (اِت۔ری۔پھل) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی مَعجون جو ہڑ، بہیڑا اور آملہ سے بنائی جاتی ہے۔ ترپھلا۔ نیز دیکھئے اطریفل۔

اُتساہ (اُت۔ساہ) (س۔ا۔مذ) (۱) جوش و خروش (۲) خوشی۔ مسرّت۔

اُتسو (اُت۔سَو) (س۔ا۔مذ) (۱) خوشی کا عام مظاہرہ (۲) تہوار۔ جشن (۳) غُصّہ۔ ناراضی۔ بے صبری۔

اِتّصاف (اِت۔تِ۔صاف) (ع۔ا۔مذ) توصیف۔ خوبی۔ تعریف۔

اِتّصال (اِت۔تِ۔صال) (ع۔ا۔مذ) ملاپ۔ میل۔ قُرب۔ نزدیکی۔ کسی کام کا لگاتار ہونا (۲) (اُصولِ حدیث) کسی حدیث یا روایت کا سلسلہ غیر منقطع ہونا یا سلسلہ سند کے راویوں کا نام بنام ذکر کرنا۔

اِتّصالِ حقیقی (ع۔ا۔مذ) بالکل ایک جان ہونا۔ دُوئی مٹنا۔ (۲) (تصوّف) واصل باللہ ہونا۔

اِتّفاق (اِت۔تِ۔فاق) (ع۔ا۔مذ) موافقت۔ میل جول۔ اِتّحاد۔ محبّت۔ ہم خیالی۔ یک جہتی (۲) غیر متوقع بات (۳) سانحہ۔ حادثہ (۴) موقع محل۔ جمع: اِتّفاقات۔

اِتّفاق پڑنا (اُر۔محاورہ) موقع ملنا۔ واقعہ پیش آنا۔

اِتّفاقِ حسنہ (ع۔ا۔مذ) اچھا موقع۔ مبارک موقع۔

اِتّفاقِ رائے (ع۔ا۔مذ) رائے کا متفق ہونا۔ باہمی ہم خیالی۔ رضامندی۔

اِتّفاق سے (اُر۔متعلق فعل) (۱) گاہے۔ کسی موقع پر۔ کبھی کبھی (۲) بالاتفاق (۳) اچانک۔

اِتّفاق کرنا (اُر۔محاورہ) ایک ہو جانا۔ متفق الرائے ہونا۔ مان لینا۔

اِتّفاق کی بات (اُر۔متعلق فعل) اِتّفاقیہ۔ اِتّفاقاً۔

اِتّفاق ہونا (اُر۔محاورہ) ایکا ہونا۔ متفق الرائے ہونا (۲) موقع ملنا۔

اِتّفاقاً (اِت۔تِ۔فا۔قَن) (ع۔تابع فعل) اچانک۔ ناگاہ۔ یکایک۔

اِتّفاقات (اِت۔تِ۔فا۔قات) (ع۔ا۔مذ) اِتّفاق کی جمع۔ واقعات۔ حادثات۔ سانحات (۲) غیر متوقع، ناگہانی اُمور۔

اِتّفاقی (اِت۔تِ۔فا۔قی) (ع۔صف) ناگہانی۔ اچانک۔ وہ بات جس کی توقع نہ ہو۔ جو یکایک ہو جائے۔

اِتّفاقی رُخصت (اُر۔ا۔مث) غیر متوقع ضرورت پر لی جانے والی چھٹی -(Casual Leave)

اِتّفاقیہ (اِت۔تِ۔فا۔قی۔یہ) (ع۔صف) (۱) غیر ارادی (۲) اچانک۔ اِتّفاق سے۔

اِتّقا (اِت۔تِ۔قا) (ع۔ا۔مذ) پرہیزگاری۔ گناہ سے بچنا۔ تقویٰ۔ زُہد۔

اَتْقِیاء (اَت۔قِ۔یا) (ع۔ا۔مذ) تقی کی جمع۔ پرہیزگار لوگ۔

اِتّکا (اِت۔تِ۔کا) (ع۔ا۔مذ) تکیہ کرنا۔ بھروسا کرنا۔

اَتکہ (اَت۔کہ) (ت۔ا۔مذ) اتا یا دائی۔

اِتلاف (اِت۔لاف) (ع۔ا۔مذ) ضائع کرنا۔ تلف کرنا۔ زیاں۔ تلف۔

اَتَم (اَ۔تَم) (ع۔صف) اکمل۔ کامل ترین۔ بھرپور (تمام کا اسم تفضیل ہے)۔

اُتّم (اُت۔تَم) (س۔صف) (۱) سب سے اچھا۔ سب سے بڑا۔ سب سے بھلا (۲) کامل ترین۔

اُتّم سے اُتّم ملے اور ملے نیچ سے نیچ۔ پانی سے پانی ملے اور ملے کیچ سے کیچ (ہ۔مثل) شریف شریف سے اور رذیل رذیلوں سے ملتے ہیں۔ جو جیسا ہوتا ہے ویسوں سے ہی ملتا ہے۔

اُتّم کھیتی مدّھم بیوپار۔ نکھد چاکری بھیک ندان (ہ۔مثل) کاشتکاری سب سے افضل ہے۔ اِس کے بعد تجارت۔ اور نوکری تو بھیک مانگنے کے برابر ہے۔

اُتّم گانا مدّھم بجانا (ہ۔مثل) گانے کا درجہ اعلیٰ ہے۔ اِس کے بعد بجانے کا ہے۔

اِتمام (اِت۔مام) (ع۔ا۔مذ) (۱) تمام کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۲) کمال۔ تکمیل۔

اِتمامِ حُجّت (ع۔ا۔مذ) (۱) حجت کا پورا ہونا۔ فیصلہ کن بات۔ آخری دلیل (۲) اِنتہائی کوشش۔

اِتنا (اِت۔نا) (ہ۔صف۔و۔متعلق فعل) (۱) اِس قدر۔ اِس قسم کا (۲) اس درجہ۔ یہاں تک۔ اِس قابل (۳) بہت زیادہ (۴) بہت کم۔

اِتنا بھرا کہ چھلک گیا (اُر۔مثل) (۱) بہت رشوت کھانا جس کا چھپنا مشکل ہو (۲) اِتنا زیادہ مذاق کرنا جو برداشت سے باہر ہو (۳) اِتنا کھانا جو ہضم نہ ہو سکے (۴) اِتنا نفع لینا جس سے بدنامی ہو۔

اِتنا پکا کہ باسی ٹھکا (اُر۔مثل) (۱) کھانا اِتنا زیادہ پکایا کہ باسی ہو کر خراب ہو گیا (۲) بات اِتنی بڑھی کہ بڑی فضیحت ہوئی۔

اِتنا سا (اُر۔صف) تھوڑا سا۔ ذرا سا (۲) چھوٹا سا۔ ننھا سا۔

اِتنا سارا (اُر۔صف) بہت سا۔ بہت سارا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِتنا سافتنہ (ار۔ا۔مذ) کم عمر مگر بہت ذہین اور چالاک۔
اِتنا ساکام (ار۔ا۔مذ) تھوڑا سا کام۔
اِتنا سامُنہ نکل آیا (ار۔محاورہ) چہرہ اُتر گیا۔ نہایت دُبلا ہو گیا۔
اِتنا کچھ (ار۔صف) بہت زیادہ۔
اِتنا کھائے جتنا پچے (ار۔مثل) لوٹ نہ مچانی چاہئے۔ (۲) رشوت اِتنی نہ لینا چاہئے جس کا چھپانا مشکل ہو۔
اِتنا ہے (ار۔محاورہ) اِتنی بات ہے۔ یہ پیش نظر رہے۔
اُتنا (اُت۔نا) (و۔متعلق فعل) اُس قدر۔ اُس درجہ۔ اُس حد تک۔
اِتنی (ات۔نی) (و۔متعلق فعل۔مث) اِس قدر۔ اِتنا کی تانیث۔
اِتنی سی جان گز بھر کی زبان (ار۔مثل) چھوٹا مُنہ بڑی بات۔ چھوٹی عمر میں زبان درازی۔
اِتنی عقل بھی اَجیرن ہوتی ہے (ار۔مثل) زیادہ عقل بھی بعض اوقات نقصان کا باعث ہوتی ہے۔
اُتنی (اُت۔نی) (و۔صف و متعلق فعل) اُتنا کی تانیث۔
اِتنے (ات۔نے) (و۔صف۔و۔تابع فعل) اِتنا کی جمع (۲) جب تک (۳) اِن داموں (۴) معمولی۔
اِتنے سے اِتنا کر دینا (ار۔محاورہ) چھوٹے سے بڑا کر دینا۔
اِتنے سے اِتنا ہونا (ار۔محاورہ) (۱) چھوٹے سے بڑا ہونا (۲) غریب سے مال دار ہونا۔
اِتنے سے کے لئے (اِتنے کے لئے) (ار۔متعلق فعل) محض اِس لئے۔ اِس غرض کے لئے۔
اِتنے میں (ار۔تابع فعل) اِس عرصے میں (۲) اِس مقدار میں (۳) ناگاہ۔ اتفاق سے۔
اُتو (اُت۔تو) (ار۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے کپڑے پر نقش کرتے اور بیل بُوٹے بناتے ہیں۔
اُتوساز (اُتو کش۔ اُتوگر) (ار۔صف۔و۔ا۔مذ) اُتو کرنے والا۔ کپڑے پر نقش و نگار بنانے والا۔
اُتو کرتے چلنا (ار۔محاورہ) گِن گِن کر قدم رکھنا۔ آہستہ آہستہ چلنا جیسے کپڑے پر بیل بُوٹے بنانے کی سوئی چلتی ہے۔
اُتو کرنا (ار۔محاورہ) کپڑے پر پھول کاڑھنا (۲) کھال اُدھیڑ دینا۔ بہت مارنا۔
اِتوار (ات۔وار) (و۔ا۔مذ) ہفتہ اور پیر کے درمیان کا دن۔ یک شنبہ۔
اِتہاس (ات۔ہاس) (س۔ا۔مذ) (۱) تاریخ۔ حکایت۔ روایت (۲) بیان قصہ (۳) تاریخی نظم۔
اِتّہام (ات۔تِ۔ہام) (ع۔ا۔مذ) (۱) تہمت۔ اِلزام۔ بُہتان۔ شک وشبہ۔ دوش (۲) تہمت لگانا۔ اِلزام لگانا۔ جمع: اِتّہامات۔
اِتّہام دینا (اِتّہام رکھنا۔ اِتّہام لگانا) (ار۔محاورہ) تہمت لگانا۔ عیب دھرنا۔ بُہتان لگانا۔
اَتھاہ (اَ۔تھاہ) (س۔صف) جس کی تھاہ نہ ہو۔ جس کی گہرائی کا پتا نہ چلے۔

اَتھک (اَ۔تھک) (و۔صف) نہ تھکنے والا۔ بڑا محنتی۔ ("ا" حرف نفی)۔
اُتھل (اُتھل۔ اُتھلا) (اُ۔تھل) (اُتھ۔تھل) (اُتھ۔لا) (و۔صف) (۱) کم گہرا (۲) چھچھورا (۳) چغل خور۔ پیٹ کا ہلکا۔
اُتھلا پانی (و۔ا۔مذ) کم گہرا پانی۔ پایاب۔
اُتھل پتھل (و۔اسم) اُلٹ پلٹ۔ اُوپر نیچے (۲) متلاطم ہوئی طبیعت۔
اُتھل پتھل کرنا (ار۔محاورہ) اُوپر نیچے کرنا۔ اُلٹ پلٹ کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔
اُتھل پتھل ہونا (ار۔محاورہ) اُلٹ پلٹ ہونا۔
اُتھلنا (اُ۔تھل۔نا) (و۔مص) (۱) ڈگمگانا۔ ڈانواں ڈول ہونا (۲) اُلٹ پلٹ کرنا یا ہونا۔ نیچے اُوپر کرنا یا ہونا (۳) پانی کا کم ہونا۔
اتھلیٹ۔ دیکھئے ایتھلیٹ۔
اُتھلی (و۔صف) اُتھلا کی تانیث۔
اَتھوا (اَتھ۔وا) (س۔حرف عطف) یعنی۔ یا۔ علاوہ۔ سوا۔ بھی۔
اَتیاچار (اَت۔یا۔چار) (س۔ا۔مذ) (۱) مقررہ فرائض کی عدم پابندی (۲) مذہبی اور اخلاقی باتوں کی تحقیر (۳) ظلم۔ زیادتی۔

ا۔ٹ

اَٹ (بفتحۂ اوّل) (ار۔ا۔مث) میل۔ زنگ (۲) جھنکا (۳) گرد و غبار۔
اَٹ جانا (ار۔محاورہ) (۱) بھر جانا (۲) جمع ہو جانا (۳) مٹی اور دھوئیں کا کسی چیز پر بیٹھ جانا (۴) بند ہو جانا۔
اَٹ سَٹ (ار۔صف) بے تکی۔ اُلٹی سیدھی۔ انٹ سنٹ (۲) (ار۔ا۔مث) سازش۔ جوڑ توڑ۔
اَٹ سَٹ لڑنا (ار۔محاورہ) (۱) سازش ہونا (۲) یارانہ ہونا۔
اَٹا (اَٹ۔ٹا) (ار۔ا۔مذ) (۱) اٹاری۔ بالاخانہ۔ کوٹھا۔ گھر کے اوپر کی کوٹھڑی یا چھت (۲) اٹالا۔ ڈھیر۔
اَٹا اَٹ (ار۔صف) اُوپر تک بھرا ہوا۔ بھرپُور۔
اَٹاکھٹ (ار۔صف۔و۔متعلق فعل) بالکل۔ تمام کا تمام۔ بے تحاشا۔ بے حد۔
اَٹاچی (Attache) (انگ۔ا۔مذ) سفارت خانے کا ایک عہدے دار جو سفیر سے وابستہ ہوتا ہے۔ اتاشی۔
اَٹاچی کیس (Attache Case) (انگ۔ا۔مذ) ہاتھ میں پکڑنے کا چھوٹا سا صندوقچہ یا بکس۔
اَٹارا پٹارا (ار۔ا۔مذ) ساز و سامان۔ اَسباب۔
اَٹاری (اَ۔ٹا۔ری) (و۔ا۔مث) بالاخانہ۔ چھت کے اوپر کا کمرا۔
اَٹالا (اَ۔ٹا۔لا) (و۔ا۔مذ) (۱) ڈھیر۔ انبار۔ اَٹم (۲) سامان۔ اثاثہ (۳) فضول اَسباب۔ نکما اور ناکارہ اَسباب (۴) کاٹھ کباڑ۔
اَٹارنی (Attorney) (انگ۔ا۔مذ) (۱) وکیل۔ مختار (۲) ایسا وکیل جو مقدمہ مرتب کر کے بیرسٹر یا دُوسرے وکیل کو دے اور خود بحث نہ کرے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اٹارنی جنرل (انگ۔ا۔مذ) بڑا سرکاری وکیل جو سرکاری مقدموں کے متعلق قانونی کارروائی کرنے کا مجاز ہوتا ہے۔

اٹامِک اِنرجی (Atomic Energy) (انگ۔ا۔مث) وہ قوت جو ایٹم سے حاصل کی جاتی ہے۔ جوہری توانائی۔

اَٹک (اَ۔ٹک) (۱) اٹکنا مصدر سے صیغہ اَمر و حاصل مصدر (۲) (اَر۔ا۔مذ) روک۔ رکاوٹ۔ اڑچن۔ اُلجھن جھجک۔ اٹکاؤ۔

اٹک کر رہ جانا (اَر۔ محاورہ) رکاوٹ سے آگے نہ بڑھنا۔ ٹھہر جانا۔ رُک جانا۔

اٹک مٹک (اَر۔ا۔مث) ناز۔ نخرہ۔ غرور و تکبّر۔

اٹکا (اٹ۔کا) (ہ۔صف) مصدر اٹکانا کا اِسم مفعول و صیغہ اَمر۔

اٹکا بنیا سودا کرے (اَر۔ مثل) جب تک کوئی غرض نہ ہو' اِنسان کام نہیں کرتا۔ اِنسان مجبور ہو کر کام کرتا ہے۔

اٹکا رکھنا (اَر۔ محاورہ) لٹکائے رکھنا۔ لیت و لعل کرنا۔

اَٹکانا (اٹ۔کا۔نا) (ہ۔مص) (۱) روکنا۔ ٹھہرانا (۲) پھنسانا۔ اُلجھانا۔ ملتوی رکھنا (۳) تھوڑی دیر کے لئے پہننا۔ ذرا کی ذرا گلے میں ڈالنا۔ اُلجھانا (۴) لگانا۔ معروف کرنا۔ مشغول کرنا۔

اَٹکاؤ (اٹ۔کا۔او) (ہ۔ا۔مذ) روک۔ رکاوٹ۔ مُزاحمت۔ دیر۔ اِلتوا (۲) تعلق۔ وابستگی۔

اٹکاؤ ہونا (اَر۔ محاورہ) رکاوٹ یا مزاحمت ہونا۔

اَٹکل (اٹ۔کل) (ہ۔ا۔مث) (۱) اندازہ۔ قیاس۔ تخمینہ۔ تیر تُکّا (۲) سلیقہ۔ شعور۔ قدرتی صلاحیت۔ تمیز (۳) پرکھ۔ شناخت۔ جمع: اٹکلوں۔ اٹکلیں۔

اٹکل باز (اَر۔صف) تاڑنے والا۔ اندازہ کرنے والا۔ بھانپنے والا۔

اٹکل پچّو (اَر۔صف۔و۔متعلق فعل) خیالی۔ قیاسی۔ اُوٹ پٹانگ۔ بغیر اندازے کے۔ بے قرینہ۔

اٹکل سے (ہ۔اَر۔متعلق فعل) اندازے سے۔

اَٹکلنا (اٹ۔کل۔نا) (ہ۔مص) اندازہ کرنا۔ پرکھنا۔ آنکنا۔

اَٹکنا (اَ۔ٹک۔نا) (ہ۔مص) (۱) رُکنا۔ ٹھہرنا (۲) پھنسنا۔ مُبتلا ہونا۔ محبت کرنا (۳) لڑنا جھگڑنا۔ اُلجھنا۔

اَٹکن بٹکن (اٹ۔کن۔بٹ۔کن) (اَر۔ا۔مذ) چھوٹے بچوں کا ایک کھیل۔ کئی لڑکے اپنے دونوں ہاتھوں کی اُنگلیوں کو زمین پر ٹیک کر بیٹھ جاتے ہیں۔ ایک لڑکا سب کے پنجوں پر اُنگلی رکھتا ہوا یہ کہتا جاتا ہے: اٹکن بٹکن۔ دہی چٹاکن۔ اگلا جھولے۔ بگلا جھولے۔ ساون ماس کریلا پھولے۔ پھول پھول کی بالیاں۔ بابا گئے دِلّی۔ لائے سات پیالیاں۔ ایک پیالی پھوٹ گئی۔ نیولے کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ جس لڑکے پر آخری لفظ پڑتا ہے اُس سے پوچھا جاتا ہے کہ تو ٹھنڈا لے گا یا گُھری۔ اگر وہ کہتا ہے ٹھنڈا تو اُس کا ہاتھ اُٹھا کر اُس کے منہ پر رکھتا ہے اور کہتا ہے تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا۔ اگر وہ کہتا ہے گُھری تو کہتا ہے تیری ماں بُری۔

اٹکن بٹکن کھیلنا (اَر۔ محاورہ) بے کار اور فضول کام کرنا۔

اَٹکھیل (اٹ۔کھیل) (ہ۔صف) شوخ۔ کھلنڈرا۔ اٹکھیلیاں کرنے والا (۲) (ا۔مث) شوخی۔ کھلنڈرا پن۔

اٹکھیل پن (ہ۔ا۔مذ) شوخی۔ چُلبلا پن۔ چنچل پنا۔

اَٹکھیلی (اَٹ۔کھے۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) خرام ناز۔ ناز و ادا کی چال (۲) شوخی۔ طراری۔ چُلبلاہٹ۔ چنچل پن۔ جمع: اٹکھیلیاں۔ اٹکھیلیوں۔

اٹکھیلی چال (ہ۔ا۔مث) (۱) مستانہ چال۔ معشوقانہ چال (۲) شوخی بھری چال۔ خرام ناز۔

اٹکھیلیاں کرنا (ہ۔مص) ناز و نخرہ کرنا۔ الھڑپنے کی حرکتیں کرنا۔ جُھوم کر چلنا۔ شوخیاں دکھانا۔

اَٹل (اَ۔ٹل) (ہ۔صف) (۱) نہ ٹلنے والا۔ ناگزیر۔ قائم۔ لازوال (۲) مضبوط (۳) قطعی۔ حتمی ("اَ" حرفِ نفی ہے)۔

اٹلس (Atlas) (انگ۔ا۔مذ و مث) ملکوں کے نقشوں کی کتاب۔

اَٹم (اَ۔ٹم) (ہ۔ا۔مذ) تودہ۔ ڈھیر۔ اَنبار۔

اَٹمبار (اَ۔ٹم۔بار) (ہ۔ا۔مذ) بہت بڑا ڈھیر۔ وزنی چیزوں کا اَنبار۔

اَٹنا (اٹ۔نا) (ہ۔مص) بھر جانا۔ پُر ہونا۔ گرد و غبار سے آلودہ ہونا۔ جمع ہونا۔

اَٹنگا (اَ۔ٹنگا) (نون غنہ) (ہ۔صف) ٹخنوں سے اُونچا یا قد سے چھوٹا کپڑا۔

اُٹنگن (ہ۔ا۔مذ) ایک خاردار پودا جس کی پتیاں چھو جانے سے خارش ہوتی ہے مگر اس کے بیج دواؤں میں اِستعمال ہوتے ہیں۔

اَٹوائی کھٹوائی (اٹ۔وا۔ئی کھٹ۔وا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کھاٹ کھٹولا (۲) اوڑھنا بچھونا۔

اٹوائی کھٹوائی لے کر پڑنا (اَر۔ محاورہ) غصّے یا غم کے باعث چارپائی پر پڑے رہنا۔

اَٹوٹ (اَ۔ٹوٹ) (ہ۔صف) (۱) نہ ٹوٹنے والا۔ مضبوط۔ جو ٹوٹ نہ سکے (۲) لگاتار۔ مسلسل۔ ("اَ" حرفِ نفی ہے)۔

اَٹوٹ انگ (ہ۔ا۔مذ) الگ نہ ہونے والا عضو یا حصہ۔ جزو لاینفک۔

اَٹوک (اَ۔ٹوک) (ہ۔صف۔و۔متعلق فعل) آسانی سے۔ بلا روک ٹوک۔ کُھلے بندوں۔ لگاتار (۲) نڈر۔ ("اَ" حرفِ نفی ہے)۔

اُٹھ (ہ۔فعل) مصدر اُٹھنا سے صیغہ اَمر و حاصل مصدر۔

اُٹھ آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ایک مکان سے دُوسرے مکان میں منتقل ہونا (۲) اُٹھ کر آ جانا۔

اُٹھ بیٹھنا (اَر۔مص۔و۔محاورہ) (۱) جاگنا (۲) لیٹے سے بیٹھ جانا۔ بیٹھے سے کھڑا ہو جانا (۳) تندرست ہو جانا۔

اُٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کھڑا ہو جانا (۲) چلے جانا (۳) برقرار نہ رہنا (۳) کسی دُوسرے مقام پر چلے جانا (۴) مرجانا۔ ناپید ہو جانا (۵) کرائے پر چڑھ جانا (۶) خرچ ہو جانا۔

اُٹھ کر پانی نہ پینا (اَر۔ محاورہ) بہت کاہل اور سُست ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُٹھ کھڑا ہونا (اَر۔مص و محاورہ) کھڑا ہو جانا۔ چل دینا (۲) پیدا ہونا۔ رُونما ہونا (۳) مخالفت کرنا۔ بغاوت کرنا (۴) آمادہ ہونا۔

اَٹھ (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔عدد) آٹھ کا مخفف۔ مُرکبات میں مستعمل ہے۔

اٹھ پتیا (اَر۔ا۔مث) پتھر کی نقاشی جس میں آٹھ پتیوں کے پھول بنائے جاتے ہیں۔

اٹھ پہری (ہ۔صف) آٹھوں پہر کا۔ ہمہ وقتی۔ ہر وقت کا (۲) نگہبان۔ کھیتوں کا چوکیدار (۳)(ا۔مث) ہر وقت بجائی جانے والی نوبت۔

اٹھ پہلا (اَر۔صف) آٹھ کونے والا۔ جس میں آٹھ گوشے ہوں۔

اٹھ ماسا (ہ۔صف) وہ کھیت جو اساڑھ سے ماگھ تک آٹھ مہینے وقتاً فوقتاً جوتا جائے اور جس میں ایکھ بوئی جائے (۲) اٹھوانسا۔ وہ بچہ جو آٹھ ماہ میں پیدا ہو جائے۔

اٹھ ملاری (ہ۔صف۔وا۔مذ) آٹھ کارتوس والا پستول۔

اٹھ واڑہ (ہ۔ا۔مذ) آٹھ دن۔ ایک ہفتہ۔

اٹھ واری (ہ۔ا۔مث) وہ دستور جس کے مطابق اسامی بٹائی کے وقت آٹھویں دن اپنا ہل بیل زمیندار کو کھیت جوتنے کے لئے دیتا ہے (۲) آٹھ دن کے بعد باری آنا۔

اٹھ وانس (اٹھوانس) (ہ۔صف) آٹھ کونوں والا۔ ہشت پہلو۔ مُثمن۔

اٹھ وانسا (اٹھوانسا) (ہ۔صف وا۔مذ) دیکھئے اٹھ ماسا نمبر ۲۔

اُٹھا (اُٹھ۔ٹھا)(ہ۔ا۔مذ) تاش کا ایک پتا جس پر کسی رنگ کے آٹھ نشان بنے ہوں۔

اُٹھا (ہ۔فعل) (۱) اُٹھنا مصدر کا ماضی مطلق (۲) اُٹھانا مصدر سے امر کا صیغہ۔

اُٹھا بیٹھی (اَر۔ا۔مث) گھڑی اُٹھنا گھڑی بیٹھنا۔

اُٹھا بیٹھی لگا رکھنا (اَر۔محاورہ) لگاتار اُٹھنا بیٹھنا۔

اُٹھا دینا (اَر۔محاورہ) دے دینا۔ اُٹھا کر دینا (۲) سر یا کندھے پر بوجھ رکھوا دینا (۳) مجلس یا محفل سے نکال دینا (۴) کاروبار بند کر دینا۔ کوئی کام چھوڑ دینا (۵) خرچ کر دینا (۶) دیوار چُن دینا (۷) پردہ اونچا کر دینا (۸) بیٹی کا بیاہ کر دینا۔

اُٹھا رکھنا (اَر۔محاورہ) باقی رکھنا۔ روک رکھنا (۲) سینت رکھنا۔ سنبھال رکھنا (۳) موقوف رکھنا۔ ملتوی رکھنا۔

اُٹھا لانا (اَر۔محاورہ) لے آنا۔ بیٹھے کو اُٹھا کر لے آنا۔ بُلا لانا (۲) خرید لانا۔

اُٹھا لینا (اَر۔محاورہ) بلند کر لینا (۲) تعمیر کر لینا (۳) ہاتھ میں لے لینا (۴) صرف کر ڈالنا (۵) سنبھال لینا۔ برداشت کر لینا (۶) تعلق توڑ لینا۔ الگ کر لینا۔ ہٹا لینا (۷) اپنے اُوپر لے لینا (۸) دُنیا سے اُٹھا لینا۔ جان لے لینا۔

اُٹھا مارنا (اَر۔محاورہ) زمین پر چت گرا دینا۔ پٹخ دینا۔ پچھاڑنا۔

اَٹھارہ (اٹھ۔ٹھا۔رہ)(آ۔ٹھا۔رہ)(ہ۔ا۔عدد) دس اور آٹھ۔ ۱۸۔

اَٹھارھواں (ہ۔عددِ کسری و ترتیبی) سترہ کے بعد کا۔

اَٹھارھویں (یائے مجہول)(ہ۔عددِ ترتیبی) اَٹھارھواں کی مُغیرہ صورت۔

اَٹھارھوِیں (یائے معروف)(ہ۔عددِ ترتیبی) اَٹھارھواں کی تانیث۔

اَٹھاسی (ا۔ٹھا۔سی)(ہ۔ا۔عدد) اسّی اور آٹھ۔ ستاسی کے بعد کا عدد۔ ۸۸۔

اُٹھان (اُ۔ٹھان)(ہ۔ا۔مث) (۱) اُٹھنے کی حالت (۲) شروع۔ عُنفوان۔ آغاز (۳) اُبھار۔ بالیدگی (۴) بلندی۔ اُونچائی (۵) آواز کا بم۔

اُٹھانا (اُ۔ٹھا۔نا)(ہ۔مص) (۱) اُونچا کرنا (۲) اِختیار کرنا (۳) صاف کرنا (۴) باہر کر دینا (۵) جان لے لینا (۶) بنانا۔ تعمیر کرنا (۷) چھوڑ دینا۔ توڑ دینا (۸) بِکانا (۹) خرچ کرنا (۱۰) موقوف کرنا (۱۱) سنبھالنا (۱۲) نکالنا۔ لے جانا (۱۳) برپا کرنا۔ قائم کرنا (۱۴) لینا۔ حاصل کرنا (۱۵) انجام دینا (۱۶) ملتوی کرنا (۱۷) ہٹانا (۱۸) برداشت کرنا (۱۹) باقی رکھنا (۲۰) پھیلانا (۲۱) اُتارنا (۲۲) کھینچنا (۲۳) دُور کرنا (۲۴) اُبھارنا۔ بند کرنا (۲۵) لے لینا (۲۶) پکڑنا (۲۷) دے دینا (۲۸) بچانا (۲۹) قسم کھانے کے لئے ہاتھ میں لینا (۳۰) شاعر کا مصرع سُن کر اُسے بلند آواز سے دُہرانا۔

اَٹھانوے (اَ۔ٹھان۔وے)(ہ۔ا۔عدد) نوّے اور آٹھ۔ ستانوے کے بعد کا عدد۔ ۹۸۔

اَٹھاوَن (اَ۔ٹھا۔وَن)(ہ۔ا۔عدد) پچاس اور آٹھ۔ ستاون کے بعد کا عدد۔ ۵۸۔

اُٹھاؤ (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) مصدر اُٹھانا کا اسم کیفیت۔ اُٹھان۔ ترقی (۲) مصدر اُٹھانا سے صیغہ امر۔

اُٹھاؤ میرا کمنا میں گھر سنبھالوں اپنا (اَر۔مثل) بے شرم عورت کو کہتے ہیں جو بیاہ ہوتے ہی شوہر کے گھر کا انتظام کرنے لگے یا میاں کو لے کر الگ ہو جائے۔

اُٹھاؤ (اُ۔ٹھا۔اُو)(واو معروف)(ہ۔صف) مصدر اُٹھانا سے صفت کا صیغہ بمعنی اُٹھانے والا۔

اُٹھاؤ چولھا (اَر۔صف) خانہ بدوش۔ وہ آدمی جس کا کوئی مستقل ٹھکانا نہ ہو۔

اُٹھاوَنی (اُٹھا۔اَ۔نی)(ہ۔ا۔مث) (۱) تیجا۔ سوم۔ پھول۔ ہندوؤں کی ایک رسم جب مُردے کی ہڈیاں گنگا میں ڈالنے کے لئے لے جاتے ہیں۔

اُٹھائی (ہ۔ا۔مث) مصدر اُٹھانا کی ماضی مطلق۔

اُٹھائی جائے نہ دھری جائے (اَر۔مثل) مشکل۔ مُصیبت (۲) ایسی بات جو برداشت نہ کی جائے اور اُس کا جواب بھی نہ دیا جا سکے۔

اُٹھائی گیرا (اُ۔ٹھا۔اِی۔گی۔را)(ہ۔صف) (۱) اُچکّا۔ آنکھ بچا کر چھوٹی چھوٹی چیزیں چُرا لینے والا۔ جیب کترا (۲) بدمعاش۔ لُچّا۔

اَٹھائیس (اَ۔ٹھا۔ئیس)(ہ۔ا۔عدد) بیس اور آٹھ۔ ستائیس کے بعد کا عدد۔ ۲۸۔

اَٹھائیسواں (ہ۔عددِ کسری و ترتیبی) ستائیس کے بعد کا۔

اَٹھائیسویں (یائے مجہول)(ہ۔عددِ ترتیبی) اَٹھائیسواں کی مُغیرہ صورت۔

اَٹھائیسوِیں (یائے معروف)(ہ۔عددِ ترتیبی) اَٹھائیسواں کی تانیث۔

اُٹھتا (اُٹھ۔تا)(ہ۔صف) اُٹھتا ہوا۔ کھڑا ہوتا ہوا۔

اُٹھتا بیٹھتا (ہ۔متعلق فعل) گرتا پڑتا۔ اُفتاں و خیزاں۔

اَٹھتّر (اَٹھت۔تر)(ہ۔ا۔عدد) ستّر اور آٹھ۔ ستتّر کے بعد کا عدد۔ ۷۸۔

اُٹھتی (اُٹھ۔تی)(ہ۔صف) اُٹھتا کی تانیث (۱) اُٹھتی ہوئی۔ کھڑی ہوتی ہوئی (۲) اُبھرتی ہوئی (۳) ختم ہوتی ہوئی (۴) شروع ہوتی ہوئی۔

اُٹھتی پینٹھ (ہ۔ا۔مث) بازار یا ہاٹ جو بند ہونے کے قریب ہو (۲) اُجڑنے والا میلا (۳) چل چلاؤ۔ رُخصت کا وقت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُٹھتی پینٹھ آٹھویں دن (اَر۔مثل) وقت کو گنوانا نہ چاہیے ورنہ پھر موقع ہاتھ نہ آئے گا۔
اُٹھتی جوانی (اَر۔ا۔مث) آغازِ جوانی۔ شباب کے دن۔ نوجوانی۔
اُٹھتی کونپل (اَر۔ا۔مث) نئی اور بڑھتی ہوئی ٹہنی (۲) نوجوانی۔ شروع شباب۔
اُٹھتے (اُٹھ۔تے) (و۔صف) (۱) اُٹھتا کی جمع (۲) اُٹھتا کی مغیرہ صورت۔
اُٹھتے اُٹھاتے (اَر۔متعلق فعل) صبح کو حوائجِ ضروریہ سے فارغ ہوتے ہوئے (۲) خرچ ہو ہوا کر۔
اُٹھتے بیٹھتے (اَر۔متعلق فعل) گرتے پڑتے۔ اُفتاں و خیزاں (۲) ٹھہر ٹھہر کر۔ بڑی دقّت سے (۳) ہر وقت۔ اکثر و بیشتر۔
اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات (اَر۔مثل) ہر وقت بے عزتی۔ نہایت ذلت و خواری کا برتاؤ۔
اُٹھرا (و۔ا۔مذ) بچوں کی ایک بیماری جس میں وہ سُوکھ کر مر جاتے ہیں (۲) ایک نسوانی مرض جس میں عورت آٹھویں مہینے بچہ جنتی ہے جو زندہ نہیں رہتا۔
اُٹھک بیٹھک (اَر۔ا۔مث) دیکھیے اُٹھا بیٹھی۔
اُٹھکھیلی۔ دیکھیے اٹکھیلی۔
اِٹھلانا (اٹھ۔لا۔نا) (و۔مص) (۱) اترانا (۲) چونچلا کرنا۔ نخرہ کرنا (۳) مستی دکھانا (۴) ناز سے چلنا۔
اِٹھلاہٹ (اِٹھ۔لا۔ہٹ) (و۔ا۔مث) (۱) ناز نخرہ۔ غمزہ (۲) ٹھسک۔ ٹھسکا۔
اُٹھلّو (اُٹھ۔لو) (و۔صف) ایک جگہ نہ رہنے والا۔ جم کر کام نہ کرنے والا۔
اُٹھنا (اُٹھ۔نا) (و۔مص) (۱) کھڑا ہونا۔ اِستادہ ہونا (۲) اُونچا ہونا۔ بلند ہونا۔ اُبھرنا (۳) جاگنا۔ بیدار ہونا (۴) آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا (۵) چلنا۔ نکلنا۔ روانہ ہونا (۶) برپا ہونا (۷) دکان یا مکان چھوڑنا۔ خالی کرنا (۸) نشو و نما پانا (۹) حاصل ہونا (۱۰) اُڑنا۔ پرواز کرنا (۱۱) گھوڑی وغیرہ کا مست ہونا (۱۲) خرچ ہونا (۱۳) موقوف ہونا (۱۴) ٹھیک ٹھیک پڑھا جانا (۱۵) نقش ہونا (۱۶) زمین کا اجارہ پر ہونا۔ ٹھیکا ہونا (۱۷) تربیت یافتہ ہونا (۱۸) اچار کا کرسی پر آجانا۔ کھٹا ہونا (۱۹) مرنا۔ فوت ہونا (۲۰) تیار ہونا (۲۱) کام سمٹنا (۲۲) کرائے پر چڑھنا۔
اُٹھنا بیٹھنا (اَر۔ا۔مذ) نشست و برخاست رکھنا۔ صحبت رکھنا۔ ملنا جلنا۔
اُٹھ نہ سکنا (اَر۔مص مُرکب) (۱) کھڑا نہ ہو سکنا (۲) برداشت نہ ہو سکنا (۳) جواب نہ بن پڑنا۔
اُٹھنّی (اُ۔ٹھن۔نی) (و۔ا۔مث) آٹھ آنے کا سکّہ۔ آدھا روپیہ۔ پچاس پیسے کا سکّہ۔
اُٹھوانا (اُٹھ۔وا۔نا) (و۔مص) اُٹھانا کا متعدی (۱) کھڑا کروانا (۲) کسی جگہ سے نکلوانا (۳) تعمیر کروانا (۴) خرچ کروانا۔
اُٹھواڑا (اُٹھواڑہ)۔ اٹھ کے تحت دیکھیے۔
اُٹھواں (اُٹھ۔واں) (و۔صف) اُٹھا ہوا۔ اُبھرا ہوا۔ اُبھرا اُبھرا۔

اُٹّی (اَٹ۔ٹی) (و۔ا۔مث) (۱) اٹیرن پر لپیٹا ہوا اُون یا سُوت۔ لچھا (۲) پُولا۔ گٹھا۔ گیہوں کی بالوں کا مُٹھا۔
اٹیرن (اَ۔ٹے۔رَن) (و۔ا۔مذ) (۱) سُوت کی انٹی بنانے کا آلہ (۲) دُبلا پن (۳) پہلوانوں کی اِصطلاح میں ایک پیچ کا نام (۴) گھوڑا پھیرنے کا ایک طریقہ۔
اٹیرن پھیرنا (اَر۔محاورہ) گھوڑے کو کاوا دینے کا ایک طریقہ۔ دُہرا کاوا۔ یہ چکر اُس لچھے سے مشابہ ہوتا ہے جو اٹیرن سے اُترتا ہے۔
اٹیرن کر دینا (اَر۔محاورہ) کُشتی میں ایسے داؤ پیچ کرنا جس سے آدمی چکرا جائے (۲) دم نہ لینے دینا۔
اٹیرن ہونا (اَر۔محاورہ) ہڈیاں نکل آنا۔ بہت دُبلا ہو جانا۔
اٹیرنا (اَ۔ٹیر۔نا) (بیائے مجہول) (و۔مص) اٹیرن سے سُوت کی انٹی بنانا۔ سُوت لپیٹنا۔

ا۔ث

اَثاث (ع۔ا۔مذ) اَثاثہ کی جمع۔ سامان۔ سرمایہ۔ زیور۔
اَثاث البیت (اَ۔ثا۔ثُل۔بیت) (ع۔ا۔مذ) اَسبابِ خانہ داری۔ گھر کا سامان۔ منقولہ جائیداد۔
اَثاثہ (اَ۔ثا۔ثہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) جمع کیا ہوا۔ جوڑا ہوا (۲) سرمایہ۔ اَسباب۔ کپڑا لتّا وغیرہ۔ جمع: اثاث۔ اُردو جمع: اثاثوں۔ اثاثے۔
اَثارت (اَ۔ثا۔رَت) (ع۔ا۔مث) کسی کیفیت کا بقیہ نشان۔
اَثالِب (اَ۔ثا۔لب) (ع۔مذ) اثلب کی جمع۔ وہ مکان جو عربوں نے پہاڑوں کو کھود کر بنائے تھے اور اُن میں نقش و نگار کیے تھے۔
اِثبات (اِث۔بات) (ع۔ا۔مذ) (۱) اِبطال کی ضِد۔ ثبوت۔ دلیل۔ تصدیق (۲) ثبت کرنا (۳) قیام۔ بحال۔ برقرار (۴) اِستقامت۔
اِثباتِ جُرم (ع۔ا۔مذ) جرم ثابت ہونا۔
اِثبات کو پہنچنا (اَر۔محاورہ) ثبوت فراہم ہونا۔ ثابت ہو جانا۔
اِثباتی (اِث۔با۔تی) (ع۔صف) اِثبات سے منسوب۔ اِقراری۔ اِقبالی۔
اَثَر (اَ۔ثَر) (ع۔ا۔مذ) (۱) سنتِ نبوی ﷺ۔ حدیث کی قسموں میں سے ایک قسم (۲) تاثیر (۳) نشان۔ زخم کا داغ (۴) کھنڈر (۵) کھوج (۶) نتیجہ۔ فائدہ۔ جمع: آثار۔ اثرات (۷) آسیب کا سایہ۔
اثر آنا (اَر۔محاورہ) تاثیر ہونا (۲) پرچھاواں پڑنا۔
اثر اُتارنا (اَر۔محاورہ) نشہ اُتارنا۔ آسیب دُور کرنا۔
اثر بخشنا (اَر۔محاورہ) تاثیر پیدا کرنا۔
اثر پڑنا (اَر۔محاورہ) اثر ہونا۔ متاثر ہونا۔
اثر پذیر (ع۔ف۔صف) اثر قبول کرنے والا۔
اثر دار (ع۔ف۔صف) پُر تاثیر۔ مؤثر۔ اثر کرنے والا۔
اثر دکھانا (اَر۔محاورہ) تاثیر پیدا کرنا۔
اثر ڈالنا (اَر۔محاورہ) (۱) تاثیر پیدا کرنا (۲) زور ڈالنا۔ متاثر کرنا۔
اثر رکھنا (اَر۔محاورہ) (۱) اپنی ذات میں کسی طرح کی خاصیت رکھنا (۲) بااثر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہونا۔ تاثیر رکھنا (۳) قابو رکھنا۔

اثر کرنا (اَر۔ محاورہ) خاصیت کا فعل صادر ہونا۔ تاثیر ہونا (۲) سرایت کرنا۔ گھسنا (۳) رنگ جمانا۔

اثر کھلنا (اَر۔ محاورہ) تاثیر ظاہر ہونا۔

اثر ہونا (اَر۔ محاورہ) تاثیر ہونا۔ رنگ جمنا (۲) سمجھ میں آنا۔ ذہن نشین ہونا۔

اَثَری (اَ۔ ثَ۔ رِی) (ع۔ صف) آثار قدیمہ سے متعلق۔ تاریخی۔

اَثقال (اَث۔ قال) (ع۔ ا۔ مذ) ثقل کی جمع۔ بوجھ۔ وزن۔

اِثم (بکسر اوّل و سکونِ ثانی و ثالث) (ع۔ ا۔ مذ) گناہ۔ معصیت۔ اَخلاقی یا مذہبی جرم۔

اَثمار (اَث۔ مار) (ع۔ ا۔ مذ) ثمر کی جمع۔ پھل۔ میوے۔

اُثمُد (اِث۔ مِد) (اُث۔ مُد) (ع۔ ا۔ مذ) سُرمے کا پتھر۔

اَثنا (اَث۔ نا) (ع۔ ا۔ مذ) وقفہ۔ درمیان۔ بیچ۔ دوران۔

اِثنا عَشَر (اِث۔ نا۔ عَ۔ شَر) (ع۔ صف) بارہ۔ اِصطلاحاً بارہ امام علیہم السّلام۔

اِثنا عَشَری (اِثنا عَشَریَّہ) (ع۔ ا۔ مذ) بارہ والا۔ شیعہ مسلمانوں کا ایک فرقہ جو بارہ اماموں کو مانتا ہے۔ امامیہ۔

اِثنَین (اِث۔ نَین) (ع۔ ا۔ عدد) دو۔

اَثیر (اَ۔ ثِیر) (ع۔ ا۔ مذ) دیکھئے اِیتھر۔

اَثیم (اَ۔ ثِیم) (ع۔ صف) گناہ گار۔ عاصی۔ مجرم۔ خاطی۔

ا ۔ ج

اِجابَت (اِ۔ جا۔ بَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) جواب دینا۔ قبولِ دُعا۔ مقبولیت (۲) رفعِ حاجت (۳) پاخانہ۔ براز۔

اجابت ہونا (اَر۔ محاورہ) فضلہ خارج ہونا۔ پاخانہ آنا۔

اَجات (اَجاتی) (اَ۔ جات) (اَ۔ جا۔ تی) (س۔ صف) قوم سے باہر۔ قوم سے نکالا ہوا۔ ذات باہر (اَ حرفِ نفی ہے)۔

اِجارہ (اِ۔ جا۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کسی چیز کی تجارت پر بلا شرکتِ غیرے قبضہ۔ مناپلی (۲) اُجرت پر دینا (۳) کرایہ۔ ٹھیکا (۴) دعویٰ۔ حکومت۔ قبضہ۔ قابو۔ اختیار۔ جمع: اجارات۔ اُردو جمع: اجاروں۔ اجارے۔

اجارہ اُجاڑا (اَر۔ مقولہ) ٹھیکے کا کام خراب ہوتا ہے۔

اجارہ باندھنا (اَر۔ محاورہ) قبضے میں لانا۔ قبضہ کرنا (۲) ٹھیکے پر لینا (۳) اُجرت پر مزدوروں کی خدمات حاصل کرنا۔

اجارہ دار (ع۔ ف۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) وہ شخص یا ادارہ جس کو کسی چیز کی تجارت کا بلا شرکتِ غیرے حق حاصل ہو (۲) ٹھیکے دار (۳) کرائے پر لینے والا۔

اجارہ داری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) کسی تجارت پر بلا شرکتِ غیرے قبضہ۔ مناپلی (۲) ٹھیکیداری۔

اجارہ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹھیکے پر کوئی کام ٹھہرانا (۲) ذمّے لینا (۳) ٹھیکا لینا۔

اجارہ کیا ہے (اَر۔ محاورہ) قابو نہیں ہے۔ کچھ دعویٰ نہیں ہے۔

اِجارے (اَر۔ ا۔ مذ) اِجارہ کی جمع (۲) اِجارے کی مغیّرہ صورت۔

اِجارے لینا (اَر۔ محاورہ) کرائے پر لینا۔ اُجرت پر لینا۔

اُجاڑ (اُ۔ جاڑ) (ہ۔ صف) ویران۔ غیر آباد۔ بیابان۔ آباد کی ضد۔

اُجاڑ صورت (ہ۔ ع۔ صف) بدصورت۔ بدنُما۔

اُجاڑنا (اُ۔ جاڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ویران کرنا۔ برباد کرنا (۲) مسمار کرنا۔ ڈھانا۔ اینٹ سے اینٹ بجانا (۳) اُکھاڑنا (۴) ضائع کر دینا۔

اُجاڑُو (اُ۔ جا۔ ڑُو) (واو معروف) (ہ۔ صف) برباد کرنے والا۔ کھاؤ کھاڈ۔

اِجازت (اِ۔ جا۔ زت) (ع۔ ا۔ مث) حکم۔ اِرشاد (۲) اِذن۔ منظوری (۳) پیر کا اپنے مُرید کو وظیفہ پڑھنے کا اِختیار دینا۔ مُحدّث کا اپنے شاگرد کو حدیث روایت کرنے کا اِختیار دینا۔ (افعال: دینا۔ لینا)۔

اجازت طلب (ع۔ ف۔ صف) اجازت چاہنے والا۔

اجازت نامہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ تحریر جس کے ذریعے کسی بات کی اجازت دی گئی ہو۔ سند۔ پٹّا۔

اِجازہ (اِ۔ جا۔ زَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) اِجازت (۲) پروانہ راہداری۔

اُجاگر (اُ۔ جا۔ گر) (ہ۔ صف) (۱) روشن۔ تاباں۔ درخشاں (۲) ظاہر۔ عیاں۔

اُجالا (ہ۔ ا۔ مذ) نُور۔ روشنی۔ چمک۔ صبح کی سفیدی (۲) رونق (۳) برکت۔

اُجالا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) روشنی ہونا۔ دن نکلنا (۲) لُٹ جانا۔ صفایا ہو جانا۔

اُجالنا (اُ۔ جال۔ نا) (ہ۔ مص) چمکانا۔ جلا کرنا۔ صاف کرنا۔ نکھارنا۔ زیور کا میل نکالنا۔ میقل کرنا۔

اَجان (اَ۔ جان) (ہ۔ صف) اَن جان۔ ناسمجھ (۲) بے جان۔ (اَ حرفِ نفی)۔

اَجانِب (اَ۔ جا۔ نِب) (ع۔ صف) اَجنب کی جمع۔ بیگانے۔ اجنبی لوگ۔

اِجبار (اِج۔ بار) (ع۔ ا۔ مذ) جبر۔ زبردستی (۲) مجبوری۔

اُجبَک (اُج۔ بَک) (اَر۔ ا۔ مذ) دیکھئے اُزبک جس کی یہ تخریب ہے۔

اِجتماع (اِج۔ تِ۔ ماع) (ع۔ ا۔ مذ) مجمع۔ بھیڑ۔ اکٹھ۔ جمع: اجتماعات۔

اجتماعِ سَعدَین (ع۔ ا۔ مذ) دیکھئے قِرانُ السَّعدین۔

اجتماعِ ضِدَّین (اجتماعِ نقیضَین) (اِج۔ تِ۔ ما۔ عے۔ ضِد۔ دَین) (اِج۔ تِ۔ ما۔ عے۔ نَ۔ قی۔ ضَین) (ع۔ ا۔ مذ) دو مخالف و متضاد چیزوں کی یک جائی۔

اِجتماعی (اِج۔ تِ۔ ما۔ عی) (ع۔ صف) منسوب بہ اِجتماع۔ پورے طور پر۔ مجموعی طور پر۔

اجتماعی زیادتی (ع۔ اَر۔ ا۔ مث) دیکھئے گینگ ریپ۔

اِجتماعیت (اِج۔ تِ۔ ما۔ عی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ایک جگہ اکٹھا ہونا (۲) اشتراکی نظریہ جس کی رُو سے پیدائشِ دولت کے تمام وسائل انفرادی نہیں اجتماعی یا ریاستی ملکیت قرار دیئے جاتے ہیں۔ (Collectivism)۔

اِجتناب (اِج۔ تِ۔ ناب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پہلو بچانا۔ پرہیز کرنا (۲) بچاؤ۔ کنارہ کشی۔ علیحدگی۔ پرہیز۔ گوشہ گیری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِجتِہاد (اِج۔تے۔ہاد) (ع۔ا۔مذ) (۱) جدوجُہد کرنا۔ کوشش کرنا۔ ٹھیک راہ ڈھونڈنا (۲) بہت سوچنا۔ غور وخوض سے کسی مسئلے کو حل کرنا (۳) نئی بات پیدا کرنا (۴) فقہ اسلامی کی اِصطلاح میں قرآن وحدیث اور اِجماع پر قیاس کر کے شرعی مسائل کا حل دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔ جمع: اِجتہادات۔

اَجداد (اَج۔داد)(ع۔ا۔مذ) جد کی جمع۔ باپ دادا۔ بُزرگ۔

اُجَڈ(اُ۔جَڈ)(ہ۔صف)(۱) گنوار۔ بے وقوف (۲) جاہلِ مطلق۔ ضِدّی۔ اکھڑ۔

اُجڈپَن (ہ۔ا۔مذ) بے ہُودہ پَن۔ گنوار پَن۔ جہالت۔

اَجر (اَ۔جر)(ع۔ا۔مذ) نیک کام کا عوض۔ ثواب۔ بدلہ۔ پھل (۲) اُجرت۔ مزدوری۔ بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم بھی صحیح ہے۔

اجرِ جائز (ع۔ا۔مذ) قانونا جائز محنتانہ۔

اجرِ غیر ممنون (ع۔ا۔مذ) ایسا بدلہ جس پر اِحسان نہ جتلایا جائے۔

اِجرا (ء) (اِج۔را)(ع۔ا۔مذ) جاری کرنا۔ شروع کرنا۔ کام چلانا۔

اِجرائے ڈگری (اَر۔ا۔مذ) ڈگری کا جاری کرنا۔

اِجرائے سمن (اَر۔ا۔مذ) گواہ کے نام طلبی کے واسطے سمن جاری کرنا۔

اَجرام(اَج۔رام)(ع۔ا۔مذ) جرم کی جمع۔ اجسام۔ ستاروں اور جواہرات کے جسم۔

اجرامِ فلکی (ع۔ا۔مذ) سُورج' چاند' ستارے اور سیارے وغیرہ۔

اُجرَت (ع۔ا۔مث) مزدوری۔ کام کا عوض۔ اُر جمع: اُجرتوں۔ اُجرتیں۔

اُجرتِ خالص (ع۔ف۔ا۔مث) کسی کام کا عوض نقدی کی صورت میں۔

اُجرتی (اُج۔رَ۔تی) (ع۔صف) (۱) اُجرت پر کام کرنے والا۔ مزدور (۲) مزدوری کا کام۔

اُجڑا (اُج۔ڑا)(ہ۔صف)(۱) ویران۔ برباد (۲) لُٹا پُٹا۔ خانہ خراب۔

اُجڑا پُجڑا (اَر۔صف) لُٹا پُٹا۔ برباد۔ ویران۔

اُجڑا گھر بسا دینا (اَر۔محاورہ) (۱) پریشان حال کو آباد اور مطمئن کر دینا (۲) رنڈوے کا نکاح کرا دینا۔

اُجڑا گھر بس گیا (اَر۔محاورہ) (۱) گھر میں رونق ہو گئی۔ چہل پہل ہو گئی (۲) رنڈوے کا نکاح ہو گیا (۳) بے اولاد کے ہاں بچہ پیدا ہو گیا۔

اُجڑنا (اُ۔جڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) ویران ہونا (۲) تباہ ہونا (۳) اُکھڑنا۔ پامال ہونا (۴) مٹ جانا۔ غارت ہونا۔

اُجڑوانا (ہ۔مص) اُجاڑنا کا متعدی المتعدی۔

اُجڑی (اُج۔ڑی)(ہ۔صف) اُجڑا کی تانیث۔

اُجڑی نگری سُونا دیس (اَر۔مثل) ویران وتباہ شدہ جگہ۔

اَجزا (اَج۔زا)(ع۔ا۔مذ) جُز کی جمع۔ حصے۔ ٹکڑے۔ بخرے۔

اجزائے ترکیبی (ع۔ا۔مذ) وہ اجزا جن سے مل کر کوئی چیز بنی ہو۔

اجزائے متناسبہ (ع۔ا۔مذ) وہ اجزا جو اِجتماعی صورت میں تناسب کے لحاظ سے موزوں ہوں اور اُن میں کسی قسم کی کمی یا زیادتی نہ پائی جائے۔

اَجساد (اَج۔ساد)(ع۔ا۔مذ) جسد کی جمع۔

اَجسام (اَج۔سام)(ع۔ا۔مذ) جسم کی جمع۔

اَجگر (اَج۔گر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اژدہا۔ بہت بڑا سانپ (۲) بڑی بھاری اور وزنی چیز۔

اجگر کے داتا رام (ہ۔مثل) جو چلنے پھرنے اور کام کرنے سے مجبور ہیں انہیں بھی خدا دیتا ہے۔ کاہل کو بھی اللہ روزی دیتا ہے۔

اَجَل (اَ۔جَل)(ع۔ا۔مث) موت۔ مرگ۔ قضا۔

اجل رسیدہ (گرفتہ) (ع۔ف۔صف) وہ شخص جس کی موت آئی ہو۔ موت کے پھندے میں پھنسا ہوا۔

اجل سر پر سوار ہے (اَر۔محاورہ) خطرناک کام کرنے لگا ہے۔ موت کو دعوت دے رہا ہے۔

اجل سر پر کھڑی ہے (اَر۔محاورہ) موت کا وقت بہت قریب ہے۔

اجل (کا) سر پر کھیلنا (اَر۔محاورہ) موت کا آ پہنچنا۔ ایسا کام کرنا جس میں موت کا اندیشہ ہو۔

اُجَل (اُج۔جَل)(ہ۔صف) دیکھیے اُجلا۔

اَجَلّ (اَ۔جَل)(ع۔ا۔تفضیل) بہت بُزرگ۔ بڑا ذی شان۔ جلیلُ القدر۔

اُجلا (اُج۔لا)(ہ۔صف)(۱) صاف ستھرا۔ سفید۔ بُراق (۲)(ا۔مذ) دھوبی۔

اُجلاپَن (اَر۔ا۔مذ) صفائی۔ چمک۔ روشنی۔ رونق۔

اُجلا پھل ہو گا (اَر۔محاورہ) بیٹا پیدا ہو گا۔

اُجلا مُنہ (اَر۔ا۔مذ) سُرخ رُو۔ بے گناہ۔

اِجلاس (اِج۔لاس) (ع۔ا۔مذ) (۱) حاکم کے بیٹھنے کی جگہ۔ کچہری۔ دربار (۲) جلسہ۔ اِجتماع (۳) نشست۔ بیٹھک۔

اِجلاس کرنا (اَر۔محاورہ) دربار کرنا۔ کچہری کرنا۔

اَجلاف (اَج۔لاف) (ع۔ا۔مذ) جلف کی جمع۔ کمینے۔ سفلے۔ شُودر۔ ذلیل پیشوں کے لوگ۔ اشراف کی ضِد۔

اِجلال (اِج۔لال)(ع۔ا۔مذ) بُزرگی۔ شان وشوکت۔ عظمت۔

اَجِلّہ (اَ۔جِل۔لہ)(ع۔ا۔مذ) جلیل کی جمع۔

اُجلی (اُج۔لی)(ہ۔صف)(۱) اُجلا کی تانیث (۲)(ا۔مث) دھوبن۔

اُجلی سمجھ (اَر۔ا۔مث) فہم رسا۔ بات کی تہ کو جلد پہنچنے والی سمجھ۔

اُجلی طبیعت (اَر۔ا۔مث) طبعِ رسا۔ سُلجھی ہوئی طبیعت۔

اُجلی گزران (اَر۔ا۔مث) خوش گزران۔ اچھی خوراک اور اچھے لباس سے بسر کرنا۔

اِجماع (اِج۔ماع) (ع۔ا۔مذ) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ اِتفاقِ رائے (۳) (فقہ) مسلمان مجتہدین کا کسی اَمرِ شرعی پر متفق ہونا۔

اِجمال (اِج۔مال)(ع۔ا۔مذ) کھول کر نہ کہنا۔ اِختصار کے ساتھ کہنا (۲) اِبہام۔

اِجمالی (اِج۔ما۔لی) (ع۔صف) مُبہم۔ گول مول۔ مختصر۔ سرسری۔ سَمجھلتی ہوئی (نظر)۔

اَجمَل (اَج۔مَل)(ع۔ا۔تفضیل) بہت خوبصورت۔ نہایت حسین وجمیل۔

اَجموُد (اَج۔مُود)(ف۔ا۔مذ) ایک سفید اور خوشبُودار پھولوں والا پودا جس کے بیج دواؤں میں کام آتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَجْنَاس (اَج۔ناس) (ع۔ا۔مث) (۱) جنس کی جمع۔ غلے کی اقسام (۲) چیزیں۔ اشیا۔

اَجْنَبی (اَج۔نَ۔بی) (ع۔صف) (۱) پردیسی (۲) بیگانہ۔ غیر۔ وہ شخص جس سے جان پہچان نہ ہو (۳) نامحرم۔ جمع: اجانب۔ اردو جمع: اجنبی۔ اجنبیوں۔

اَجْنَبِیَّت (اَج۔نَ۔بی۔یَت) (ع۔ا۔مث) بیگانگی۔ غیریت۔ واقفیت نہ ہونا۔

اَجْنِحَہ (اَج۔نِ۔حہ) (ع۔ا۔مذ) جناح کی جمع۔ پَر۔ بازو۔

اَجِنَّہ (اَ۔جِن۔نہ) (ع۔ا۔مذ) جنین کی جمع۔

اَجوائن (و۔ا۔مث) ایک پودے کے بیج جو بطور دوا استعمال ہوتے ہیں۔

اُجْرَہ (اُ۔جُ۔رہ) (ع۔ا۔مذ) مزدوری۔ کام کا معاوضہ۔ اُجرت۔ کرایہ۔

اَجْوَف (اَج۔وَف) (ع۔صف) (۱) کھوکھلا۔ خالی پیٹ (۲) صرفیوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کے عین کلمے میں حرف علت (و۔ا۔ی) ہو۔

اُجھالنا (اُ۔جھال۔نا) (ق۔مص) اُنڈیلنا۔ ایک برتن سے کوئی شے دوسرے برتن میں ڈالنا۔

اَجْھَڑ (اَج۔جھڑ) (و۔صف) جھگڑالو۔ بات بات پر تکرار کرنے والا۔

اَجْھَل (اَج۔ہَل) (ع۔ا۔تفضیل) بڑا جاہل۔ بہت ہی اُجڈ۔ نہایت بے وقوف۔

اُجھینا (اُ۔جھی۔نا) (و۔ا۔مذ) چولھے میں اُپلے جوڑنے کا ایک طریقہ (۲) دودھ وغیرہ کی ہانڈی کے نیچے ایک بار اُپلے لگا دینا جو اس کے پکنے تک کفایت کریں۔

اَجی (اَ۔جی) (ا۔ر۔حرف ندا) اے جناب۔ اے حضرت۔ اے صاحب۔

اجی بس (ا۔ر۔حرف فجائیہ) اے صاحب! رہنے دیجئے۔ حضرت! ختم بھی کیجئے۔

اُجیارا (اُجیالا) (و۔ا۔مذ) دیکھئے اُجالا۔

اُجیالی (اُج۔یا۔لی) (و۔ا۔مث) (۱) اُجالا کی تانیث (۲) گھوڑے کی اندھیری۔

اَجِیت (اَ۔جیت) (و۔صف) (۱) غیر مفتوحہ (۲) جسے کوئی جیت نہ سکے۔ ناقابل فتح (۳) نہایت زبردست (۴) نہایت مضبوط۔

اَجِیٹَن (اَ۔جی۔ٹن) (ا۔ر۔مذ) انگریزی لفظ Adjutant کا مؤزّد (۱) فوجی افسروں کا مددگار (۲) سارس کی قسم کا ایک پرندہ۔

اَجیر (اَ۔جیر) (ع۔ا۔مذ) مزدوری پر کام کرنے والا۔ مزدور۔ محنتی۔

اَجِیرَن (اَ۔جی۔رَن) (و۔صف) (۱) ناگوار۔ بار خاطر۔ دوبھر (۲) ثقیل جو ہضم نہ ہو۔

اجیرن ہونا (ا۔ر۔محاورہ) ناگوار ہونا۔ ناپسند ہونا۔ دشوار ہونا۔ دوبھر ہونا۔

ا۔چ

اُچاپَت (اُ۔چا۔پَت) (و۔ا۔مث) (۱) دُکان دار سے قرض کا لین دین (۲) شور وغل۔ کود پھاند۔

اچاپت اُٹھانا (و۔محاورہ) اُدھار سودا دینا (۲) مشکل کام انجام دینا۔

اچاپت اُٹھنا (و۔محاورہ) اُدھار سودا لیا جانا (۲) دشوار کام انجام دیا جانا۔

اُچاپتی (اُ۔چا۔پ۔تی) (و۔ا۔مذ) اُدھار لین دین (۲) اُدھار لینے والا۔

اُچاٹ (اُ۔چاٹ) (و۔صف) بیزار۔ برداشتہ خاطر۔ اُکتایا ہوا۔ اُداس۔

اُچاٹ دینا (اُچاٹ کر دینا) (ا۔ر۔محاورہ) کسی کو برگشتہ خاطر کر دینا۔ بیزار کر دینا۔

اُچاٹ ہونا (ا۔ر۔محاورہ) بیزار ہونا۔ اُکتا جانا۔ برداشتہ خاطر ہو جانا (۲) نیند اُڑ جانا۔

اُچاٹنا (اُ۔چاٹ۔نا) (و۔مص) برداشتہ خاطر کرنا۔ بیزار کرنا۔

اَچار (اَ۔چار) (و۔ا۔مذ) کسی پھل یا ترکاری کا مرکب جسے تیل، سرکے یا پانی اور مسالے سے تیار کیا جائے۔

اچار اُٹھنا (ا۔ر۔محاورہ) اچار کا تُرش ہو کر تیار ہو جانا۔

اچار بنانا (ا۔ر۔محاورہ) دیکھئے اچار ڈالنا۔

اچار پڑنا (ا۔ر۔محاورہ) پھل وغیرہ کا سرکے، پانی یا تیل میں گلنے اور ترش ہونے کے لئے ڈالا جانا (۲) کسی جگہ مدت تک پڑے رہنا۔

اچار ڈالنا (ا۔ر۔محاورہ) (۱) دیکھئے اچار پڑنا نمبر ۱ (۲) بے ضرورت کسی چیز کو مدت تک رکھ چھوڑنا۔ کسی شخص کو زیادہ دیر تک بٹھانا۔

اچار کر دینا (ا۔ر۔محاورہ) دیکھئے اچار نکال دینا۔

اچار (نکال دینا) نکالنا (ا۔ر۔محاورہ) خوب مارنا۔ بے انتہا مارنا۔ کچومر نکال دینا۔

اچار نکلنا (ا۔ر۔محاورہ) بہت خراب حالت ہونا۔ کچومر نکل جانا۔

اَچاری (ا۔ا۔مث) (۱) اچار رکھنے کا برتن۔ چھوٹا مرتبان (۲) (و۔ا۔مذ) آچاریہ۔ ویدوں کا مُعلّم (۲) اُستاد۔ اَدیب۔

اُچانا (اُ۔چا۔نا) (ق۔مص) اونچا کرنا۔ اُٹھانا۔ بلند کرنا۔

اَچانک (اَ۔چا۔نک) (و۔صف) (۱) یکایک۔ ناگاہ۔ یک بیک۔ ناگہاں۔ دفعتاً۔ یکبارگی۔ ایکا ایکی (۲) ناگہانی۔

اَچپل (اَچ۔پَل) (و۔صف) (۱) چنچل۔ چلبلا۔ وہ شخص جو نچلا نہ بیٹھے۔ شوخ۔ طرار (۲) تیز۔ چالاک (۳) مضطر۔ بے قرار۔

اَچپلا (اَچ۔پ۔لا) (و۔صف) دیکھئے اچپل۔

اچپلا پن (و۔ا۔مذ) شوخی۔ ناز۔ چنچل پن۔ چلبلا پن۔

اَچپلاہٹ (اَچ۔پ۔لا۔ہَٹ) (و۔ا۔مث) (۱) شوخی۔ طراری۔ چنچل پن۔ (۲) بے قراری۔ اضطراب۔

اَچپلی (اَچ۔پ۔لی) (و۔صف) اچپل کی تانیث۔

اُچت (اُ۔چت) (س۔صف) مُناسب۔ بہتر۔ دُرست۔ معقول۔

اُچٹ (اُ۔چٹ) اُچٹنا مصدر کا اسم کیفیت۔

اُچٹ جانا (ا۔ر۔محاورہ) دیکھئے اُچٹنا۔

اُچٹّا (اُچ۔ٹا) (و۔ا۔مذ) کھیت کے اندر جانوروں کو ڈرانے کے لئے انسانی شکل کا پتلا۔ اُچکا۔ بجکا۔ دھڑکا۔ منڈے نواب صاحب۔

اُچٹانا (اُچ۔ٹا۔نا) (و۔مص) (۱) اُچٹنا کا متعدی (۲) ملتوی کرنا۔ ٹال دینا۔ سلسلہ منقطع کر دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُچٹتا (اُ۔ چٹ۔ تا) (و۔ صف) ادھورا۔ ناتمام۔ سرسری (۲) نشانے پر نہ بیٹھنے والا۔
اُچٹتا سا (ہُوا) (اَر۔ صف) ادھورا سا۔ نشانے پر نہ لگتا ہوا۔
اُچٹتی (اُ۔ چٹ۔ تی) (و۔ صف) اُچٹتا کی تانیث۔
اُچٹتی ہوئی باتیں (اَر۔ ا۔ مث) سری سری باتیں۔ دِل کو نہ لگنے والی باتیں۔
اُچٹتی (سی) ہوئی نظر (اَر۔ ا۔ مث) سرسری نظر۔ جھلملتی ہوئی نظر۔
اُچٹنا (اُ۔ چٹ۔ نا) (و۔ مص) (۱) جمی ہوئی چیز کا اُکھڑنا (۲) بھڑکنا۔ بدکنا (۳) ہٹنا۔ برداشتہ خاطر ہونا (۴) پورا ہاتھ نہ پڑنا (۵) نشانے پر نہ لگنا۔ وار خالی جانا۔ بھرپور وار نہ پڑنا (۶) غائب ہونا۔
اَچرج (اَچ۔ رَج) (و۔ ا۔ مذ) اچنبھا۔ تعجب۔ حیرت (۲) انوکھی بات۔ حیرت انگیز اَمر (۳) کروندے کا سالن جو لکھنؤ میں پکایا جاتا ہے۔
اُچک (اُ۔ چک) (و۔ ا۔ مث) (۱) اُبھار۔ بلندی (۲) جست۔ چھلانگ (۳) اُچکنا مصدر کا صیغہ امر۔
اُچک جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کود جانا۔ پھاند جانا (۲) نشانہ خطا کر جانا۔
اُچک لے جانا (اَر۔ محاورہ) اُڑا لے جانا۔ چھین کر لے جانا۔
اُچک لینا (اَر۔ محاورہ) اُڑا لینا۔ چھین لینا۔
اُچکا (اُچ۔ کا) (و۔ ا۔ مذ) ڈور لپیٹنے کی چرخی۔
اُچکّا (اُچ۔ کا) (و۔ صف) (۱) اُچک کر چیز لے بھاگنے والا آدمی (۲) بدمعاش۔ لُچّا۔ اُٹھائی گیرا۔ چور۔ مؤنث کے لئے اُچکّی۔
اُچکّا پن (و۔ ا۔ مذ) بدمعاشی۔ چوری۔ بدچلنی۔
اُچکانا (اُچ۔ کا۔ نا) (و۔ مص) بلند کرنا۔ اُوپر اُٹھانا۔ اُونچا کرنا۔
اَچکن (اَچ۔ کن) (اَر۔ ا۔ مث) ایک قسم کا مردانہ پہناوا۔ کوٹ کی ایک شکل۔ شیروانی۔
اُچکُن (اُچ۔ کُن) (و۔ ا۔ مث) اِینٹ پتھر وغیرہ کا وہ ٹکڑا جسے نیچے دے کر کسی چیز کو اُونچا کرتے ہیں۔
اُچکنا (اُ۔ چک۔ نا) (و۔ مص) (۱) اُچھلنا۔ کودنا (۲) لپکنا۔ جھپٹنا (۳) لے اُڑنا۔ لے بھاگنا (۴) اُوپر ہی اُوپر لے لینا (۵) اُڑنا۔ بلند ہونا۔ دوڑنا۔ بھاگنا۔
اَچل (اَ۔ چل) (س۔ صف) ٹھہرا ہوا۔ جو اپنی جگہ سے نہ ہل سکے۔
اَچنبا (اَچنبھا) (اَ۔ چم۔ با) (اَ۔ چم۔ بھا) (و۔ ا۔ مذ) حیرت۔ تعجب۔ حیرانی (۲) حیرت کی بات۔ حیران کن چیز وغیرہ۔ جمع: اچنبھوں۔ اچنبھے۔
اچنبھا آنا (گزرنا۔ ہونا) (اَر۔ محاورہ) حیرت ہونا۔ تعجب ہونا۔
اچنبھا دانہ (اَر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو خشخاش کے دانوں پر شکر کا قوام چڑھا کر بنائی جاتی ہے۔
اَچنبھے (و۔ ا۔ مذ) (۱) اچنبھا کی جمع (۲) اچنبھا کی مغیرہ صورت۔
اچنبھے کی بات (اَر۔ ا۔ مث) تعجب خیز بات۔
اچنبھے میں رہنا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) تعجب میں رہنا۔ متحیر ہونا۔
اَچنت (اَ۔ چِنت) (نُون غُنّہ) (و۔ متعلق فعل۔ و۔ صف) بے خیالی میں۔ اچانک (۲) بے فکر۔ مطمئن۔ (الف حرفِ نفی)۔
اَچُوک (اَ۔ چُوک) (و۔ صف) (۱) جو نہ چُوکے۔ جو خالی نہ جائے۔ جو ٹھیک بیٹھے۔ جو صحیح نتیجہ دِکھائے۔ (اَ حرفِ نفی ہے)۔
اَچّھا (اَچ۔ چھا) (و۔ صف) (۱) بُرا کی ضِد۔ بہتر۔ مناسب۔ ٹھیک۔ درست (۲) تندرست۔ بے روگ (۳) خوب (۴) مبارک۔ مسعود۔ نیک (۵) مفید۔ سزاوار۔ موافق (۶) افضل۔ اعلیٰ (۷) حسین۔ دِل رُبا (۸) (تہدید کے لئے) سمجھ لیں گے۔ دیکھا جائے گا (۹) (تاکید یا تنبیہ کے لئے) سُن لیا؟ سمجھے؟ (۱۰) (اجازت کے لئے) ہاں۔ اجازت ہے (۱۱) (طنزاً) بے ڈھب۔ بُرا۔ نازیبا۔ جمع: اچھوں۔ اچھے۔
اچھا بُرا (اَر۔ صف) نیک و بد۔ بُرا بھلا۔ نشیب و فراز (۲) (صف) معمولی۔
اچھا بھلا (اَر۔ صف) تندرست۔ بھلا چنگا۔ بے عیب۔ صاف۔ واضح۔
اچھا پن (اَر۔ ا۔ مذ) نیکی۔ بھلائی۔
اچھا خاصا (اَر۔ صف) (۱) صحیح سالم۔ بھلا چنگا۔ تندرست۔ بے عیب (۲) ٹھیک۔ درست۔ جیسا چاہئے (۳) پُورا (۴) نمایاں۔ صاف۔ واضح۔
اچھا رہنا (اَر۔ محاورہ) مرضی کے موافق کام بن پڑنا۔ اچھا ثابت ہونا (۲) تندرست رہنا۔
اچھا کرنا (اَر۔ محاورہ) بھلا کرنا۔ تندرست کرنا (۲) خوب کرنا۔ مناسب کرنا۔
اچھا کہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تعریف کرنا۔ اچھے اَلفاظ سے یاد کرنا (۲) عُمدہ شعر کہنا۔
اچھا کیا خدا نے بُرا کیا بندے نے (اَر۔ مثل) خیر خُدا کی طرف سے ہے اور شر اِنسان کی طرف سے۔
اچھا لگنا (اَر۔ محاورہ) بھلا معلوم دینا۔ پسندِ خاطر ہونا۔
اچھا ہوا (اَر۔ روزمرّہ) (۱) خوب ہوا (۲) (طنزاً) بُرا ہوا۔
اچھا ہونا (اَر۔ محاورہ) تندرست ہونا (۲) مرضی کے موافق ہونا (۳) خوش خلق ہونا۔
اچھا ہی اچھا (اَر۔ محاورہ) ہر طرح آرام ہے۔ چین ہی چین ہے۔
اِچّھا (اِچ۔ چھا) (بکسرِ اوّل) (و۔ ا۔ مث) خواہش۔ چاہت۔ مرضی۔ آرزو۔ تمنّا۔
اُچھال (و۔ فعل) (۱) مصدر اُچھالنا کا صیغہ امر (۲) اُچھالنا سے اِسمِ کیفیت۔
اُچھال چھکّا (و۔ ا۔ مث) بدکار عورت۔
اُچھالا (و۔ ا۔ مذ) (۱) جوش۔ اُبال (۲) قے۔ متلی۔
اُچھالنا (اُ۔ چھال۔ نا) (و۔ مص) (۱) کسی چیز کو اُوپر پھینکنا۔ اُچکانا۔ اُبھارنا (۲) ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا (۳) منتشر کرنا۔ بکھیرنا (۴) شہرت دینا (۵) ایک طرف سے دُوسری طرف پھینکنا (۶) اُبھارنا۔ برانگیختہ کرنا۔
اَچھائی (اَچھ۔ چھا۔ اِی) (و۔ ا۔ مث) اچھا پن۔ خوبی۔ بھلائی۔ نیکی۔
اَچھر (اَچھ۔ چھر) (و۔ ا۔ مذ) (۱) حرف (۲) بول۔ لفظ۔ کلمہ۔
اُچھل (اُ۔ چھل) (و) اُچھلنا مصدر کا صیغہ امر۔
اُچھل آنا (اَر۔ محاورہ) پانی کی سطح پر آ جانا۔ نیچے سے اُوپر آنا (۲) پھوٹ پڑنا۔
اُچھل پڑنا (و۔ مص) محبت، خوف یا خوشی کے مارے بے اِختیار اپنی جگہ سے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُچھل جانا۔ غصّے میں آگ بگولا ہو جانا (۲) جست کرنا۔ کود پڑنا (۳) شدید جذبے کا اظہار کرنا۔

اُچھل کود (ہ۔ اِ۔ مث) کھیل کود۔ بل چل۔ دھما چوکڑی۔

اُچھلنا (اُ۔ چھل۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اُبھرنا (۲) دھڑکنا (۳) مرض پلٹنا (۴) نازو غرور کرنا۔ کسی کے بل بوتے پر اِترانا (۵) اُوپر کی طرف جست کرنا۔ کودنا (۶) دل کا دھڑکنا (۷) کناروں سے نکل پڑنا۔ چھلکنا (۸) پانی کی سطح پر آ جانا (۹) غصّے کا اظہار کرنا۔

اُچھو (اچھ۔ چھو) (ہ۔ اِ۔ مذ) کھانسی جو سانس کی نالی میں پانی وغیرہ پھنس جانے سے آنے لگتی ہے۔ پھندا۔

اُچھو آنا (لگنا) (اَر۔ محاورہ) گلے میں پانی یا کھانے کا پھندا پڑنا۔

اُچھوانی (اچھ۔ وا۔ نی) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک قسم کا حریرہ جو زچّہ کو دیا جاتا ہے۔

اَچھوت (اَ۔ چھوت) (ہ۔ صف) (۱) بغیر چھوا ہوا۔ کورا۔ تازہ (۲) (مذ) ہندوؤں میں وہ ادنیٰ قومیں جن کے ہاتھ کا چھوا کھانا پانی اونچی ذات کے ہندو اِستعمال نہیں کرتے۔ شُودر، بھنگی، چمار وغیرہ (اَ حرفِ نفی) جمع: اَچھوت۔ اچھوتوں۔

اَچھوتا (اَ۔ چھو۔ تا) (ہ۔ صف) "اَ" حرفِ نفی ہے۔ (۱) بغیر چھوا۔ بے ہاتھ لگا (۲) محفوظ (۳) غیر مستعمل۔ جوں کا توں۔ بغیر برتا ہوا۔ نیا (۴) نیاز نذر کا۔ دیوی دیوتا کے نام کا۔ پاک۔ ستھرا (۵) انوکھا۔ نرالا۔ نادر (۶) تازہ ترین۔ اَن سنا (۷) کنوارا (۸) پارسا۔ عفیف۔

اَچھوتی (اَ۔ چھو۔ تی) (ہ۔ صف) (۱) اچھوتا کی تانیث۔ بغیر چھوئی ہوئی۔ نذر نیاز کی (۲) وہ عورت جسے مرد نے ہاتھ نہ لگایا ہو۔ کنواری۔ نصیرُالدین حیدر بادشاہ لکھنؤ کے زمانے میں وہ بن بیاہی عورتیں جو امام مہدی کی حرم بن جاتی تھیں اور شاہی دربار میں ملازم ہوتی تھیں (۳) عیسائی راہبہ۔

اَچھوتی صحنک (اَر۔ اِ۔ مث) بی بی فاطمہؓ کی نیاز جسے صرف پرہیزگار عورتیں ہی کھاتی ہیں۔

اَچھوتی کوکھ (ہ۔ اِ۔ مث) وہ عورت جس کا کوئی بچہ نہ مرا ہو۔

اَچھوں (اچ۔ چھوں) اچھا کی جمع۔

اچھوں کے اچھے ہی ہوتے ہیں (اَر۔ مثل) نیک لوگوں کی اولاد نیک ہی ہوتی ہے۔

اَچھی (اچھ۔ چھی) (ہ۔ صف) اچھا کی تانیث (۲) خوشامد اور پیار کا کلمہ، خطاب۔ پیاری۔

اچھی بات ہے (ہ۔ صف) (۱) خوب بات ہے (۲) (طنزاً) نازیبا بات ہے۔ نامناسب حرکت ہے۔

اچھی بُری (اَر۔ صف) اچھا بُرا کی تانیث۔

اچھی خاصی (اَر۔ صف) اچھا خاصا کی تانیث۔

اچھی رہی (اَر۔ روزمرّہ) خلافِ توقع کام ہو گیا (۲) یہ بھی کوئی بات ہوئی!

اچھی طرح (اَر۔ متعلق فعل) خاطر خواہ۔ خوب۔ جیسا چاہئے (۲) خیر و عافیت اور چین سے۔

اچھی کٹنا (اَر۔ محاورہ) آرام و آسائش کے ساتھ بسر ہونا۔ عزّت و آبرو سے بسر ہونا۔

اچھی کہی (اَر۔ طنز و تعریض کا کلمہ) اچھی بات نہیں ہے۔ ٹھیک نہیں ہے۔

اَچھے (اَچ۔ چھے) (ہ) (۱) اچھا کی جمع (۲) پیارے۔ عزیز۔ بزرگ۔

اچھے آئے (اَر۔ محاورہ) خوب آئے۔ وقت پر آئے (۲) (طنزاً) واہ! کیا کہنا!

اچھے اچھوں (اَر۔ صف) بڑے بڑوں۔ نامی گرامیوں۔ امیروں۔ زور آوروں۔

اچھے اچھے (اَر۔ صف) صاحبانِ علم، دولت مند، باکمال، بہادر آدمی۔

اچھے خاصے (اَر۔ متعلق فعل) اچھا خاصا کی جمع۔

اچھے داموں (اَر۔ متعلق فعل) اندازے سے زیادہ قیمت پر۔ معقول قیمت پر۔

اچھے دن (اَر۔ اِ۔ مذ) عیش و عشرت کے دن۔

اچھے رہے (اَر۔ روزمرّہ) مزے میں رہے۔ آرام سے رہے (۲) سبحان اللہ! واہ وا! کیا خوب!

اچھے کی صحبت بیٹھئے کھائیے ناگر پان، بُرے کی صحبت بیٹھے کٹوائیے ناک اور کان (اَر۔ مثل) اچھے لوگوں کی صحبت سے فائدہ اور بُروں کی صحبت سے نقصان پہنچتا ہے۔

اچھے وقت (اَر۔ متعلق فعل) عین ضرورت کے وقت۔ عین موقع پر۔

ا ۔ ح

اَحاد (اَ۔ حاد) (ع۔ اِ۔ عدد) دیکھئے آحاد۔

اَحادِث (اَ۔ حا۔ دِث) (ع۔ اِ۔ مذ) حادثہ کی جمع۔

اَحادِیث (اَ۔ حا۔ دیث) (ع۔ اِ۔ مث) حدیث کی جمع (۱) باتیں۔ خبریں (۲) پیغمبرِ اسلام ﷺ کے اقوال و افعال۔

اِحاطہ (اِ۔ حا۔ طہ) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) گھیرا۔ گھیر۔ حلقہ۔ چار دیواری سے گھری ہوئی جگہ (۲) پریذیڈنسی۔ صوبہ۔ سرکل (۳) گروہ۔ منڈل (۴) دائرۂ عمل و اِختیار (۵) حصر۔ جامعیت (۶) حدود میں آنے اور لائے جانے کی صورت (۷) پھیلاؤ۔ وسعت۔ اُردو جمع: اِحاطوں۔ اِحاطے۔

اِحاطہ کرنا (اَر۔ محاورہ) گھیرنا۔ حصار کرنا (۲) حد باندھنا۔ محصور کر لینا (۳) کلّیات و جزئیات کو پوری طرح جاننا یا سمجھنا (۴) پوری طرح محیط یا حاوی ہونا۔

اَحِبّا (اَ۔ حِب۔ با) (ع۔ اِ۔ مذ) حبیب کی جمع۔

اَحباب (اَح۔ باب) (ع۔ اِ۔ مذ) حبیب کی جمع۔

اَحبار (اَح۔ بار) (ع۔ اِ۔ مذ) حبر کی جمع (۱) یہودیوں کے علما (۲) عقلمند لوگ۔

اِحتِباس (اِح۔ تے۔ باس) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) حبس۔ روک (۲) بند ہونا۔ رُکنا۔

اِحتِجاب (اِح۔ تے۔ جاب) (ع۔ اِ۔ مذ) چھپنا۔ پردے میں ہونا۔

اِحتِجاج (اِح۔ تے۔ جاج) (ع۔ اِ۔ مذ) اعتراض۔ حجت۔ اِنکار۔ مخالفانہ آواز۔ اظہارِ ناپسندیدگی۔ پروٹیسٹ۔

اِحتِداد (اِح۔ تے۔ داد) (ع۔ اِ۔ مذ) حِدّت کی شدّت۔ گرمی کی زیادتی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِحتراز (اِح۔تے۔راز)(ع۔ا۔مذ) پرہیز۔ کنارہ کشی۔ اِجتناب۔ علیحدگی۔
اِحتراق (اِح۔تے۔راق)(ع۔ا۔مذ)(۱) گرمی کی شدّت (۲) جلن۔ سوزش۔ جل جانے کی کیفیت (۳) (نجوم) کسی سیارے کا آفتاب کے ساتھ ایک بُرج میں ہونے کے سبب اُس کی شعاعوں میں چُھپ جانا۔
اِحتراقی (اِح۔تِ۔را۔قی)(ع۔صف)(۱) اِحتراق سے متعلق (۲) بُخار کی ایک قسم (۳) آنکھوں کی ایک بیماری۔
اِحترام (اِح۔تے۔رام)(ع۔ا۔مذ) حُرمت۔ عزّت۔ توقیر۔ آؤ بھگت۔
اِحتساب (اِح۔تے۔ساب)(ع۔ا۔مذ) حساب۔ جانچ پڑتال۔ آزمائش۔
اِحتشام (اِح۔تے۔شام)(ع۔ا۔مذ) شان و شوکت۔ دبدبہ۔ لاؤ لشکر۔
اِحتضار (اِح۔تے۔ضار)(ع۔ا۔مذ) موت کا سامنے نظر آنا۔ عالمِ نزع۔
اِحتظاظ (اِح۔تے۔ظاظ)(ع۔ا۔مذ) لذّت اُٹھانا۔ مزہ پانا۔
اِحتقار (اِح۔تے۔قار)(ع۔ا۔مذ) حقیر جاننا۔ حقارت۔
اِحتکار (اِح۔تے۔کار) (ع۔ا۔مذ) ناجائز ذخیرہ اندوزی۔ اجناس کا ذخیرہ کرنا۔
اِحتلام (اِح۔تے۔لام)(ع۔ا۔مذ) خواب میں ناپاک ہونا۔ بدخوابی۔
اِحتمال (اِح۔تے۔مال)(ع۔ا۔مذ) شک و شبہ۔ وہم۔ گمان۔ جمع: اِحتمالات۔
اِحتمالِ قانونی (ع۔ا۔مذ) قانون کی رُو سے کوئی گمان یا قیاس۔
اِحتناق (اِح۔تے۔ناق)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے اِختناق۔
احتناق الرحم (اِح۔تے۔نا۔قُر۔رحم)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے اِختناقُ الرّحم۔
اِحتیاج (اِح۔تے۔یاج) (ع۔ا۔مث) حاجت۔ ضرورت۔ خواہش (۲) مُفلسی۔ غربت (۳) ضروری اَمر۔ جمع: اِحتیاجات۔
اِحتیاج بر آنا (اَر۔محاورہ) مطلب نکلنا۔ ضرورت رفع ہونا۔
اِحتیاط (اِح۔تے۔یاط)(ع۔ا۔مث)(۱) بچاؤ (۲) ہوشیاری۔ چوکسی (۳) دُور اندیشی (۴) توجُّہ۔ حزم (۵) روک تھام۔ ضبط (۶) بصیرت۔ عاقبت اندیشی (۷) نُقصان سے بچنا۔
احتیاط برتنا (اَر۔محاورہ) احتیاط سے کام لینا۔ دور اندیشی سے کام لینا۔
احتیاط رکھنا (اَر۔محاورہ) دیکھ بھال کرنا۔
اِحتیاطاً (اِح۔تے۔یا۔طن)(ع۔متعلق فعل) اِحتیاط کے طور پر۔ ہوشیاری سے۔ دُور اندیشی سے۔ حفظِ ماتقدّم کے طور پر۔
اِحتیاطی (اِح۔تے۔یا۔طی)(ع۔صف) احتیاط سے منسوب۔ وہ عمل جس میں احتیاط ملحوظ رکھی گئی ہو۔
اَحجار (اَح۔جار)(ع۔ا۔مذ) حَجر کی جمع۔ پتھر۔
اَحد (اَ۔حد) (ع۔صف) (۱) ایک۔ اکیلا۔ یگانہ۔ لاشریک (۲) خُداتعالیٰ کا صفاتی نام۔ جمع: آحاد۔
اِحداث (اِح۔داث)(ع۔ا۔مذ) نئی بات نکالنا۔ جدّت طرازی۔
اَحدی (اَح۔دی)(اَر۔ا۔مذ)(۱) جلال الدین اکبر کے وہ ملازم جو صرف مال گزاری وصول کرنے کا کام کرتے تھے اور باقی دنوں میں فارغ رہتے تھے (۲) (اَر۔صف) سُست۔ کاہل۔
احدی پن (اَر۔ا۔مذ) بہت ہی سُست۔ کاہلوں کا کاہل۔
اَحدِیّت (اَح۔دی۔یَت)(ع۔ا۔مث) ایک ہونا۔ یکتائی۔
اَحرار (اَح۔رار)(ع۔ا۔مذ) حُر کی جمع (۲) پرندے۔ خصوصاً شکرے، باز، کبوتر۔
اَحراری (اَح۔را۔ری) (ع۔صف) برِّصغیر کے مسلمانوں کی ایک سیاسی تنظیم جماعتِ احرار سے متعلق۔
اِحراز (اِح۔راز)(ع۔ا۔مذ) محفوظ رکھنا۔ بچائے رکھنا۔ نگاہ رکھنا۔
اِحراق (اِح۔راق)(ع۔ا۔مذ) جلانا۔ جلن۔ سوزش۔
اِحرام (اِح۔رام) (ع۔ا۔مذ) (۱) حج یا عُمرہ کرنے والوں کے لئے مقرّرہ جگہوں سے چند جائز باتوں کا اپنے اوپر حرام کرلینا۔ حاجیوں کا بدن ڈھانکنے کے لئے دو بے سِلی چادریں اِستعمال کرنا (۲) گیروے رنگ کی چادر جس سے فقرا جسم ڈھانپتے ہیں (۳) سفر کا اِرادہ۔ قصد۔ نیّت۔
اِحرام باندھنا (اَر۔محاورہ) حرم میں جانے کی شرطیں بجالانا۔ خانہ کعبہ کے قریب پہنچ کر بعض حلال اور مباح چیزوں کو اپنے اوپر حرام کرلینا اور بے سِلا کپڑا پہننا۔
اِحرام کرنا (اَر۔محاورہ) اِحرام باندھنا۔ طواف کرنا۔
اَحزاب (اَح۔زاب)(ع۔ا۔مذ)(۱) حزب کی جمع (۲) قرآن مجید کی ایک سورہ کا نام۔
اَحزان (اَح۔زان)(ع۔ا۔مذ) حُزن کی جمع۔
اَحزَم (اَح۔زَم)(ع۔ا۔تفضیل) بہت دُور اندیش۔ نہایت محتاط۔ بہت ہوشیار۔
اِحساس (اِح۔ساس)(ع۔ا۔مذ) حواسِ خمسہ میں سے کسی حِس کے ذریعے کچھ معلوم کرنا۔ جمع: اِحساسات۔
اِحساسِ برتری (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک نفسیاتی مرض۔ اپنے آپ کو دُوسروں سے بالاتر سمجھنا۔
اِحساسِ کم تری (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک نفسیاتی بیماری۔ اپنے آپ کو دُوسروں سے گھٹیا سمجھنا۔ خود اعتمادی نہ ہونا۔
اِحساسِ محرومی (ع۔ا۔مذ) (۱) محرومی کا اِحساس (۲) جارحیت کا جذبہ جو ناکامی یا خاطر خواہ کامیابی نہ ہونے کے باعث پیدا ہو جاتا ہے۔
اِحسان (اِح۔سان)(ع۔ا۔مذ)(۱) نیکی۔ اچھا سلوک۔ بھلائی۔ مہربانی (۲) اچھے سلوک کا اعتراف۔ ممنونیت (۳) عملِ خیر۔ جمع: اِحسانات۔
اِحسان اُتارنا (اَر۔محاورہ) سلوک کے بدلے سلوک کرنا۔ بھلائی کا عوض دینا۔
اِحسان اُٹھانا (اَر۔محاورہ) ممنون ہونا۔ اِحسان لینا۔ منّت کش ہونا۔
اِحسان جتانا (اَر۔محاورہ) اپنی نیکی کا ذکر زبان پر لانا۔ اپنا سلوک یاد دلانا۔
اِحسان (دھرنا) رکھنا (اَر۔محاورہ) ممنون بنانا۔ شکرگزار بنانا۔
اِحسان سہنا (اَر۔محاورہ) کسی کے اِحسان کو مجبوراً برداشت کرنا۔
اِحسان فراموش (ع۔ف۔صف) اِحسان بُھلا دینے والا۔
اِحسان فراموشی (ع۔ف۔ا۔مث) اِحسان بُھلا دینا۔ اِحسان نہ ماننا۔
اِحسان کا عوض اِحسان ہے (اَر۔مثل) نیکی کا بدلہ نیکی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِحسان کرنا (اَر۔ محاورہ) سلوک کرنا۔ بھلائی کرنا۔ نیکی کرنا۔

اِحسان کھینچنا (اَر۔ محاورہ) احسان لینا۔ شکرگزار بننا۔

اِحسان گردن سے اُتارنا (اَر۔ محاورہ) احسان کا بدلہ دے دینا۔

اِحسان لیجیے جہان کا نہ لیجیے شاہ جہان کا (اَر۔ مثل) دُنیا بھر کا احسان اُٹھا لینا چاہیے مگر کسی دولت مند کا یا امیر رشتے دار کا احسان نہ لینا چاہیے۔

اِحسان لینا (اَر۔ محاورہ) احسان اُٹھانا۔ شکرگزار بننا۔

اِحسان ماننا (اَر۔ محاورہ) ممنون ہونا۔ شکرگزار ہونا۔

اِحسان مند (ع۔ ف۔ صف) ممنون۔ شکرگزار۔ احسان ماننے والا۔

اِحسان مندی (ع۔ ف۔ اِ۔ مث) احسان ماننا۔

اِحسان ناشناس (ع۔ ف۔ صف) احسان فراموش۔ جو احسان نہ مانے۔ ناشکرا۔

اِحسان ناشناسی (ع۔ ف۔ اِ۔ مث) احسان نہ ماننا۔ احسان فراموشی۔

اِحسانات (اِح۔ سا۔ نات) (ع۔ اِ۔ مذ) احسان کی جمع۔

اَحسَن (اَح۔ سَن) (ع۔ اِ۔ تفضیل) نہایت اچھا۔ بہت نیک۔ بہت خوبصورت۔

اَحسنِ تقویم (ع۔ صف) عمدہ طور سے درست۔ سب سے اچھی صورت۔ انسان۔

اَحسَنت (اَح۔ سَنت) (ع۔ کلمۂ تحسین) مرحبا۔ آفرین۔ شاباش۔ واہ واہ (عربی میں اَحسَنتَ تھا جس کے معنی "تُونے بہت اچھا کیا" ہیں۔ فارسی والوں نے 'ت' ساکن کر کے شاباش وغیرہ کے معنی میں استعمال کیا)۔

احسنت کہنا (اَر۔ محاورہ) تعریف کرنا۔ تحسین و آفرین کرنا۔ مرحبا کہنا۔ شاباشی دینا۔

اَحشا (اَح۔ شا) (ع۔ اِ۔ مذ) حشو کی جمع۔ جو کچھ معدے اور انتڑیوں کے اندر ہو۔

اِحصا (اِح۔ صا) (ع۔ اِ۔ مذ) گننا۔ شمار کرنا۔

اِحصار (اِح۔ صار) (ع۔ اِ۔ مذ) گھیرنا۔ حصار میں لانا۔

اِحضار (اِح۔ ضار) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) حاضر کرنا۔ موجود کر دینا (۲) طلبی کا حکم نامہ۔

اِحضار بالجبر (بِل۔ جبر) (ع۔ اِ۔ مذ) جبر سے حاضر کرنا۔ بالجبر طلب کرنا۔

اِحظاظ (اِح۔ ظاظ) (ع۔ اِ۔ مذ) لطف اندوزی۔ لذّت یابی (۲) حرو۔ حظ۔

اَحفاد (اَح۔ فاد) (ع۔ اِ۔ مذ) حافِد کی جمع۔ پوتے، نواسے وغیرہ۔

اَحَق (اَ۔ حَق) (ع۔ اِ۔ تفضیل) زیادہ حق دار۔

اِحقاق (اِح۔ قاق) (ع۔ اِ۔ مذ) کسی کا حق قائم یا ثابت کرنا۔ ثبوت دینا۔

اَحقاف (اَح۔ قاف) (ع۔ اِ۔ مذ) حقف کی جمع۔ ریت کے ٹیلے جو دُور تک پھیلے ہوں۔

اَحقَر (اَح۔ قَر) (ع۔ اِ۔ تفضیل) حقیر ترین۔ نہایت ذلیل۔ فدوی۔ بندہ (بعض لوگ انکسار سے اپنی بابت یہ لفظ استعمال کرتے ہیں)۔ جمع: احقران۔

اَحقَرُ العِباد (اَح۔ قَ۔ رُل۔ عِ۔ باد) (ع۔ صف) سب بندوں سے زیادہ حقیر و ناچیز (عموماً انکسار کے طور پر متکلم اپنے لئے استعمال کرتا ہے)۔

اَحکام (اَح۔ کام) (ع۔ اِ۔ مذ) حکم کی جمع۔

احکامِ درمیانی (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) ضمنی یا بیچ کے احکام۔ آخری فیصلے سے پہلے کے احکام۔

احکامِ عشرہ (ع۔ اِ۔ مذ) دس احکام۔ وہ دس احکام جو حضرت موسیٰؑ پر کوہِ طور پر نازل ہوئے تھے اور جو دینِ موسوی کی اساس ہیں۔

احکامِ مُستزاد (ع۔ اِ۔ مذ) مزید احکام۔ غیر ضروری احکام۔

احکامِ ناطق (ع۔ اِ۔ مذ) قطعی اور یقینی احکام۔

اَحکامات (ع۔ اِ۔ مذ) احکام کی جمع الجمع۔

اَحکَم (اَح۔ کَم) (ع۔ اِ۔ تفضیل) (۱) بہت مضبوط (۲) سب سے بڑا حاکم۔

اَحکَمُ الحاکمین (اَح۔ کَ۔ مُل۔ حا۔ کِ۔ مین) (ع۔ صف۔ و۔ اِ۔ مذ) سب حاکموں سے بڑا حاکم۔ حاکموں کا حاکم۔ خدا تعالیٰ۔

اِحمال (اِح۔ مال) (ع۔ اِ۔ مذ) بوجھ اُٹھانا۔

اَحمال (اَح۔ مال) (ع۔ اِ۔ مذ) حمل کی جمع۔ ساز و سامان۔ اسباب۔

اَحمَد (اَح۔ مَد) (ع۔ اِ۔ تفضیل) بہت تعریف اور حمد و ثنا کرنے والا آنحضرت ﷺ کا اسمِ مبارک۔

احمد کی پگڑی محمود کے سر (اَر۔ مثل) ایک سے لے کر دوسرے کا پورا کرنا۔ کسی کا مواخذہ کسی اور سے کرنا۔ حق تلفی۔ ناانصافی۔

احمد کی ڈاڑھی بڑی یا محمود کی؟ (اَر۔ مثل) فضول باتیں۔ بیکار بحث۔

اَحمَدی (اَح۔ مَ۔ دی) (ع۔ صف۔ و۔ اِ۔ مذ) (۱) مرزا غلام احمد قادیانی کے پیروکار جو انہیں مسیح موعود اور نبی مانتے ہیں (۲) سونے کا ایک سکّہ جو سلطان ٹیپو کے زمانے میں جاری ہوا (۳) احمد شاہ کا سکّہ جو اُس نے دہلی میں جاری کیا۔

اَحمَر (اَح۔ مَر) (ع۔ اِ۔ تفضیل) نہایت لال۔ سُرخ ترین۔

اَحمَریں (اَح۔ مَ۔ ریں) (ع۔ صف) سُرخ رنگ کا۔

اَحمَق (اَح۔ مَق) (ع۔ صف) مورکھ۔ بیوقوف۔ نادان۔ ناسمجھ۔ جمع: حُمقا۔ اُردو جمع: احمق۔ احمقوں۔

اَحمقُ الّذی (اَح۔ مَ۔ قُل۔ لَ۔ ذی) (ع۔ صف) بہت بیوقوف۔ بڑا نادان۔

احمقُ النّاس (اَح۔ مَ۔ قُن۔ ناس) (ع۔ صف) انسانوں میں سب سے زیادہ بیوقوف۔

احمق بنانا (اَر۔ محاورہ) کسی کو بیوقوف بنانا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

احمق پن (احمق پنا) (اَر۔ اِ۔ مذ) بے وقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔

اَحناف (اَح۔ ناف) (ع۔ اِ۔ مذ) حنفی کی جمع۔ امام ابوحنیفہؒ کے پیرو۔

اَحوال (اَح۔ وال) (ع۔ اِ۔ مذ) حال کی جمع۔ کیفیتیں۔ حالات۔ بیان۔ سرگزشت (۲) حال چال۔ خیر خیریت۔ (ان معنوں میں واحد استعمال ہوتا ہے)۔

احوال پُرسی (ع۔ ف۔ اِ۔ مث) حال پوچھنا۔ خیر و عافیت دریافت کرنا۔

اَحوَل (اَح۔ وَل) (ع۔ صف) بھینگا۔ جس کو ایک کے دو نظر آئیں۔

اِحیا (اِح۔ یا) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) زندہ کرنا۔ جان ڈالنا (۲) کسی چیز (عقیدہ، جذبہ وغیرہ) کو دوبارہ رائج کرنے کی کوشش کرنا۔

احیاءُ العلوم (ع۔ اِ۔ مذ) علوم کو زندہ کرنا (۲) حضرت امام غزالیؒ کی تصنیف۔

اَحیا (اَح۔ یا) (ع۔ اِ۔ مذ) حی کی جمع۔ زندہ لوگ (۲) قبیلے۔ خانوادے۔ خاندان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَخیان (اَخ۔یان) (ع۔ا۔مذ) حین کی جمع۔ زمانے۔ اوقات۔
اَخیاناً (اَخ۔یا۔نَن) (ع۔متعلق فعل) (۱) اتفاقاً۔ اتفاق سے (۲) شاید۔ کبھی۔ بھولے سے۔ کسی وقت۔

اـخ

اَخ (بفتحۂ اوّل) (ع۔ا۔مذ) بھائی۔ برادر۔ جمع: اخوان۔
اَخ (اُر۔ا۔صوت) دیکھئے آخ۔
اخ تھو۔ دیکھئے آخ تھو۔
اَخاہ (اَخ۔خاہ) (اُر۔کلمۂ تعجب) بہت خوب! آہا!
اَخبار (اَخ۔بار) (ع۔ا۔مذ) خبر کی جمع (۱) خبریں۔ اطلاعات۔ واقعات۔ احادیث (۲) جاسوس کا روزنامچہ (۳) وہ روزانہ یا ہفت روزہ پرچہ جس میں ملکی و غیر ملکی خبریں اور حالاتِ حاضرہ پر تبصرے شائع ہوتے ہیں (ان معنوں میں بطور واحد مستعمل ہے)۔ جمع: اخبارات۔ اُر جمع: اخبار۔ اخباروں۔
اخبار دیکھنا (اُر۔محاورہ) اخبار پڑھنا۔
اخبار کے فرشتے (اُر۔ا۔مذ) کراماً کاتبین۔
اخبار میں آنا (اُر۔محاورہ) (۱) کسی بات کا حدیث شریف میں مذکور ہونا (۲) اخبار میں لکھا ہونا۔
اخبار نکالنا (اُر۔محاورہ) اخبار جاری کرنا۔ اخبار شائع کرنا۔
اخبار نویس (ع۔ف۔صف۔و۔ا۔مذ) خبریں لکھنے والا۔ صحافی۔
اخبار نویسی (ع۔ف۔ا۔مث) صحافت۔ اخبار کا کام۔
اَخباری (اَخ۔با۔ری) (ع۔ف۔صف) (۱) اخبار سے متعلق (۲) (ا۔مذ) ایک غیر مقلّد فرقہ جو صرف قرآن و حدیث کو مانتا ہے۔
اَخبث (اَخ۔بث) (ع۔اسمِ تفضیل) سب سے بڑا خبیث۔
اُخت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) بہن۔ ہمشیر۔ جمع: اَخوات۔
اِختتام (اِخ۔تِ۔تام) (ع۔ا۔مذ) خاتمہ۔ آخر۔ انجام۔ اخیر۔
اختتام پر (آنا) پہنچنا (اُر۔محاورہ) تمام ہونے کے قریب ہونا۔
اختتام کو پہنچنا (اُر۔محاورہ) پورا ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔
اِختتامیہ (اِخ۔تِ۔تا۔مِی۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) وہ مختصر سا مضمون جو کتاب کے آخر میں ہوتا ہے اور جس میں مندرجات کے تمام پہلوؤں کی جانب اشارہ کر کے بات کو انجام تک پہنچایا جاتا ہے۔
اَختر (اَخ۔تَر) (ف۔ا۔مذ) تارا۔ ستارہ۔
اختر دُنبالہ دار (ف۔ا۔مذ) دُم دار ستارہ۔
اختر سوختہ (ف۔ا۔مذ) جلا ہوا ستارہ (۲) بُری تقدیر۔ منحوس نصیبہ۔
اختر شماری (ف۔ا۔مث) تارے گننا۔ انتظار میں جاگنا۔ بے چینی سے جاگ کر رات کاٹنا۔
اختر شناس (ف۔صف) ستاروں کی چال کا علم جاننے والا۔ جوتشی۔ نجومی۔ منجّم۔
اختر شناسی (ف۔ا۔مث) ستاروں کی چال کا علم۔ جوتش۔

اِختراع (اِخ۔تِ۔راع) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایجاد کرنا۔ طبیعت سے نئی بات پیدا کرنا (۲) ایجاد۔ جمع: اختراعات۔
اَختر بَختر (اَخترا بَخترا) (اَخ۔تَر۔بَخ۔تَر) (اَخ۔تَ۔را۔بَخ۔تَ۔را) (اُر۔ا۔مذ) اوڑھنا بچھونا۔ بستر۔ برتن بھانڈے۔
اِختصار (اِخ۔تِ۔صار) (ع۔ا۔مذ) کوتاہی۔ کمی۔ چھوٹا پن۔ خلاصہ۔ طوالت کی ضد۔
اِختصار نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) اِشارات میں لکھنے والا۔ مختصر نویس۔ اسٹینوگرافر۔
اِختصار نویسی (ع۔ف۔ا۔مث) اِشارات اور علامات میں لکھنے کا فن۔
اِختصاص (اِخ۔تِ۔صاص) (ع۔ا۔مذ) خاص کرنا۔ خصوصیت رکھنا۔ خاص ہونا۔ خصوصی مہارت رکھنا۔ کسی کام میں امتیاز و برتری اور خصوصی مہارت۔ (Specialization)۔
اِختصاصی (اِخ۔تِ۔صا۔صی) (ع۔صف) کسی فن یا شعبے میں خاص مہارت رکھنے والا۔ ماہر خصوصی۔ متخصّص۔ (Specialist)۔
اِختصام (اِخ۔تِ۔صام) (ع۔ا۔مذ) مخالفت۔ دشمنی۔ فساد۔ خصومت۔
اِختلاج (اِخ۔تِ۔لاج) (ع۔ا۔مذ) دل کا معمول سے زیادہ دھڑکنا (۲) ایک مرض جس میں دل کی دھڑکن بہت تیز ہو جاتی ہے۔
اِختلاجِ قلب (ع۔ا۔مذ) ہولِ دلی۔ ایک مرض جس میں دل زور زور سے دھڑکتا ہے۔
اِختلاجی (اِخ۔تِ۔لا۔جی) (ع۔اُر۔صف) (۱) اختلاج سے متعلق (۲) اختلاج قلب کا مریض۔
اِختلاط (اِخ۔تِ۔لاط) (ع۔ا۔مذ) (۱) ربط ضبط۔ میل جول۔ پیار۔ اخلاص۔ میل ملاپ (۲) محبت کی گرم جوشی۔ چھیڑ چھاڑ۔
اِختلاط کی باتیں (اُر۔ا۔مث) پیار اور محبت کی باتیں۔
اِختلاف (اِخ۔تِ۔لاف) (ع۔ا۔مذ) (۱) ناموافقت۔ مخالفت (۲) فرق۔ تفاوت (۳) عداوت۔ بگاڑ۔ اَن بن۔ دشمنی (۴) ضِد۔ ہٹ۔ تعصّب۔ جمع: اختلافات۔
اختلاف بیانی (ع۔ف۔ا۔مث) جھوٹ۔ غلط بیانی۔ کِذب۔
اختلاف رائے (ع۔ف۔ا۔مذ) رائے کی ناموافقت۔
اختلاف طبائع (ع۔ف۔ا۔مذ) طبیعتوں کی ناموافقت۔ طبیعتوں کا فرق۔
اِختلافی (اِخ۔تِ۔لا۔فی) (ع۔صف) اختلاف سے متعلق۔ وہ مسئلہ جس پر سب لوگ متفق نہ ہوں۔ وہ بات جس میں ایک سے زیادہ اقوال اور آرا ہوں۔
اِختلال (اِخ۔تِ۔لال) (ع۔ا۔مذ) خلل ڈالنا۔ خلل پڑنا۔
اِختلالِ حواس (ع۔ا۔مذ) حواس میں فتور آنا۔ بدحواسی۔
اِختناق (اِخ۔تِ۔ناق) (ع۔ا۔مذ) دم گھٹنا۔ حلق میں ورم ہو جانا۔ خناق۔
اِختناق الرّحم (اِخ۔تِ۔نا۔قُر۔رَحم) (ع۔ا۔مذ) ایک ورم جس سے عورت کی بچہ دانی کا منہ بند ہو جاتا ہے۔ ہسٹیریا۔
اَختو بَختو (اَخ۔تو۔بَخ۔تو) (اُر۔ا۔مث) کاٹھ کی دو پتلیاں جن کو کٹھ پتلی کا تماشا دکھانے والے آپس میں لڑاتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَختہ (اخ۔تہ)(ف۔صف) آختہ۔ خصّی (۲) خواجہ سرا۔

اختہ بیگی (ف۔ت۔صف) وہ شخص جس سے جانوروں کو آختہ کرنے کی خدمت لی جائے۔

اَختی (اخ۔تی)(ار۔صف۔مث) اختہ کی تانیث۔

اختی گھوڑی (ار۔ا۔مث) بازاری لوگ پھبتی کے طور پر اُس عورت کو کہتے ہیں جس کی چھاتیاں نہ ہوں۔ سینہ سپاٹ (عورت)۔

اِختیار (اخ۔تے۔یار)(ع۔ا۔مذ)(۱) چھانٹنا۔ چننا۔ پسند کرنا۔ آپشن (۲) قبول۔ منظور (۳) اجازت۔ روا۔ جائز (۴) قابو۔ قدرت۔ قبضہ (۵) حکومت۔ اقتدار (۶) کسی معاملے پر پُورا اِختیار (۷) اپنے ارادے سے کام کرنے کی قدرت (۸) حق۔ منصب۔ جمع: اِختیارات۔

اِختیار بدستِ مختار (ف۔مثل) حکومت حاکم کے ہاتھ ہے۔ صاحب اِختیار جو چاہے سو کرے۔

اِختیار چلنا (ار۔محاورہ) زور چلنا۔ قابو ہونا۔

اِختیار دینا (ار۔محاورہ) اقتدار دینا۔ مختار بنانا۔

اِختیار رکھنا (ار۔محاورہ) قدرت رکھنا۔ طاقت رکھنا۔ حکومت حاصل ہونا۔

اِختیارِ سماعت (ع۔ا۔مذ) مقدمہ سننے کا اختیار۔

اِختیار سے باہر (جانا) ہونا (ار۔محاورہ) بےخود ہونا۔ آپے میں نہ ہونا (۲) امکان میں نہ ہونا۔ قابو میں نہ ہونا (۳) نافرمان ہو جانا۔

اِختیار کرنا (ار۔محاورہ) منظور کرنا۔ پسند کرنا۔ ماننا۔ گوارا کرنا۔

اِختیار لینا (ار۔محاورہ)(۱) اجازت لینا۔ منظوری لینا۔

اِختیار ملنا (ار۔محاورہ) اجازت ملنا۔ قبضہ ملنا۔ قانونی اجازت ملنا۔ حکومت ملنا۔

اِختیار میں ہونا (ار۔محاورہ) قابو میں ہونا۔ بس میں ہونا۔

اِختیار ہے (ار۔محاورہ) آپ مختار ہیں۔ آپ جانیں اور آپ کا کام۔ جو چاہے کیجئے۔

اِختیارات (اخ۔تے۔یا۔رات)(ع۔ا۔مذ) اِختیار کی جمع۔

اِختیاراتِ ابتدائی (ع۔ا۔مذ) ابتدائی سماعت کے اِختیار۔

اِختیاراتِ اِنفکاکِ رہن (ع۔ا۔مذ) گروی توڑنے کے اِختیارات۔

اِختیاری (اخ۔تے۔یا۔ری)(ع۔صف)(۱) بس کی۔ قابو کی (۲) پسند کی (۳) جس کا کرنا اپنی مرضی پر موقوف ہو۔ لازمی کی ضد۔ آپشنل۔

اَخذ (بفتحۂ اول و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) لے لینا۔ پکڑنا۔ اِختیار کرنا۔ کسب۔ اِکتساب۔ اِستفادہ۔ استنباط (۲) سیکھنے یا دیکھا دیکھی اِختیار کرنے کا عمل۔

اَخذ بالجبر (اخذ۔بِل۔جبر)(ع۔ا۔مذ) زبردستی لینا۔ بلا رضا مندی لینا۔

اخذ کرنا (ار۔محاورہ) لینا۔ چننا۔ اِختیار کرنا۔ اِستفادہ کرنا۔ بات میں سے بات نکالنا۔

اُخرٰی (اخ۔را)(ع۔ا۔مث)(۱) آخری (۲) پچھلی (۳) قیامت۔ آخرت۔

اَخراج (اخ۔راج)(بفتحۂ اول)(ع۔ا۔مذ) خرج کی جمع۔ خرچ۔ اخراجات۔

اِخراج (اخ۔راج)(بالکسر)(ع۔ا۔مذ) نکال دینا۔ باہر کرنا۔ الگ کرنا۔

اَخراجات (اخ۔را۔جات)(ع۔ا۔مذ)(خرج کی جمع الجمع) مصارف۔ بہت سے خرچ۔

اَخروٹ (اخ۔روٹ)(ار۔ا۔مذ) ایک قسم کا میوہ جس کا چھلکا بہت سخت ہوتا ہے۔ جمع: اخروٹ۔ اخروٹوں۔

اُخروی (اُخ۔رَ۔وی)(ع۔صف) آخرت کی بابت۔ اگلے جہان کے متعلق۔

اَخَس (اَ۔خس)(ع۔ا۔تفضیل) بڑا خسیس۔ نہایت کنجوس۔

اَخَص (اَ۔خص)(ع۔ا۔تفضیل)(۱) نہایت خصوصیت والا۔ خاص الخاص (۲) اعلیٰ۔ افضل۔

اَخضر (اخ۔ضر)(ع۔صف) ہرا۔ سبز۔

اَخضری (اخ۔ضَ۔ری)(ع۔صف) ہرے رنگ کا۔

اِخفا (اخ۔فا)(ع۔ا۔مذ) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔

اَخفش (اخ۔فش)(ع۔صف)(۱) چندھا۔ کمزور نظر والا (۲) عربی زبان کے ایک بہت بڑے نحوی ابوالحسن سعید کا لقب۔

اَخگر (اخ۔گر)(ف۔ا۔مث) چنگاری۔ انگارا۔ جمع: اخگراں۔ اخگرہا۔

اِخلاص (اخ۔لاص)(ع۔ا۔مذ)(۱) خلوص۔ بےغرض و بےلوث نیت (۲) بے ریا عبادت۔ طاعتِ خالص (۳) دوستی۔ محبت۔ پیار (۴) میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ ارتباط (۵) قرآنِ مجید کی ایک سورت کا نام (قُل ھُوَاللہ)۔

اِخلاص انگیز (ع۔ف۔صف) خلوص والا۔ سچا۔ مخلص۔

اِخلاص بڑھانا (ار۔محاورہ) آپس میں پیار اور محبت بڑھانا۔ محبت میں اضافہ کرنا۔

اِخلاص جوڑنا (ار۔محاورہ) دوستی کرنا۔ ربط پیدا کرنا۔

اِخلاص چارگانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) اکبر کے دینِ الٰہی میں شامل ہونے کی چار شرائط: ترکِ مال۔ ترکِ جان۔ ترکِ ناموس اور ترکِ دین۔

اِخلاص رکھنا (ار۔محاورہ) محبت رکھنا۔ دوستی رکھنا۔ خلوص برتنا۔

اِخلاص کرنا (ار۔محاورہ) دوستی کرنا۔ محبت کرنا۔ ربط حاصل کرنا۔

اِخلاص مند (ع۔ف۔صف) مخلص۔ دوست۔ خیرخواہ۔ یارِ صادق۔

اِخلاص مندی (ع۔ف۔ا۔مث) خیرخواہی کے ساتھ دوستی۔ خلوص۔

اَخلاط (اخ۔لاط)(ع۔ا۔مذ)(طب) خِلط کی جمع۔

اَخلاطِ اَربعہ (ع۔ا۔مذ)(طب) چار خلطیں یعنی صفرا۔ خون۔ بلغم۔ سودا۔

اَخلاطِ فاسِدہ (ع۔ا۔مذ) بگڑے ہوئے خلط۔

اَخلاف (اخ۔لاف)(ع۔ا۔مذ) خَلَف کی جمع (۱) پیچھے آنے والے۔ بعد میں آنے والے (۲) بعد کی نسل۔ اسلاف کی ضد۔ بیٹے۔ پوتے۔

اَخلاق (اخ۔لاق)(ع۔ا۔مذ) خُلق کی جمع (۱) پسندیدہ عادتیں۔ اچھی خصلتیں (۲) خوش خوئی۔ اچھا برتاؤ۔ ملنساری۔ کشادہ پیشانی۔ خاطر مدارات۔ آؤ بھگت (ان معنوں میں بطور واحد مستعمل ہے) (۳)(فلسفہ) وہ علم جس میں تہذیب نفس اور سیاست و مدن پر بحث کی جاتی ہے۔ علم الاخلاق۔ اَخلاقیات۔

اَخلاقِ حسنہ (ع۔ا۔مذ) عمدہ عادتیں۔

اَخلاق سوز (ع۔ف۔صف) اَخلاق کو جلا دینے والی (حرکتیں، عادتیں، باتیں)۔ شرافت کے منافی کام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَخلاقِ فاضِلہ (ع۔ا۔مذ) اچھی عادتیں۔

اَخلاقاً (اَخ۔لا۔قَن) (ع۔متعلق فعل) اخلاق کی بنا پر۔ از رُوئے اَخلاق۔

اَخلاقی (اَخ۔لا۔قی) (ع۔صف) اَخلاق سے متعلق۔

اَخلاقیات (اَخ۔لا۔قی۔یات) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے اخلاق نمبر ۳۔

اَخلاقیت (اَخ۔لا۔قی۔یَت) (ع۔ا۔مث) معیارِ اخلاق۔ اخلاقی اُصولوں کا برتاؤ۔

اَخنی پَخنی (اَخ۔نی پَخ۔نی) (اَر۔ا۔مث) ذلیل' بدوضع اور بدچلن عورت۔

اِخوان (اِخ۔وان) (ع۔ا۔مذ) (بکسرِ اوّل) اَخ کی جمع۔ بھائی۔ برادران۔

اِخوانُ الشّیاطین (اِخ۔وا۔نُش۔ش۔یا۔طین) (ع۔ا۔مذ) شیطان کے بھائی بند۔ بہت شریر لوگ۔

اِخوانُ الصّفا (اِخ۔وا۔نُص۔صَفا) (ع۔ا۔مذ) متقی و پرہیزگار لوگ۔ بھلے لوگ۔ اچھے لوگ۔ پاک دل لوگ۔

اُخُوّت (اُ۔خُو۔وَت) (ع۔ا۔مث) برادری۔ بھائی بندی۔ بھائی چارا۔

اَخون (اَخوند) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے آخون (آخوند)۔

اَخی (اَ۔خی) (ع۔ا۔مذ) (یائے متکلم) میرا بھائی۔

اَخیار (اَخ۔یار) (ع۔ا۔مذ) خیر کی جمع۔ نیک لوگ۔ پارسا لوگ (۲) شر سے بچنے والے لوگ۔

اَخیافی (اَخ۔یا۔فی) (ع۔صف) وہ بھائی بہن جن کے باپ الگ الگ اور ماں ایک ہو۔

اَخیر (اَ۔خیر) (ع۔صف) پچھلا۔ آخر کا۔ آخری (۲) (ا۔مث) اِنتہا۔ حد۔

اَخیر وقت (ع۔ا۔مذ) (۱) ہر چیز کے خاتمے کا وقت۔ بُڑھاپے کا زمانہ (۲) (کنایۃً) نزع کا وقت۔

اَخیر ہونا (اَر۔محاورہ) ختم ہونا۔ تمام ہونا۔

ا۔د

اَدا (اَ۔دا) (ف۔ا۔مث) (۱) انداز۔ ناز۔ غمزہ۔ عشوہ (۲) اشارہ۔ رمز (۳) قرینہ۔ اُسلوب۔ روش (۴) طریقہ۔ ڈھنگ (۵) انداز معشوقانہ۔ اُردو جمع: اداؤں۔ ادائیں۔

ادا بند (ف۔صف) اس سخن گو کو کہتے ہیں جو معشوق کی ادائیں کلام میں اس طرح باندھے کہ آنکھوں میں تصویر کھنچ جائے۔

ادا بندی (ف۔ا۔مث) معشوق کی ادائیں کلام میں باندھنا۔

ادا دکھانا (اَر۔محاورہ) معشوقانہ انداز کے ساتھ ناز کرنا۔

ادا شناس (سنج۔ فہم) (ف۔صف) ایما' اشارے یا قرینے سے عندیہ پہچاننے والا۔

ادا شناسی (سنجی۔ فہمی) (ف۔ا۔مث) اداشناس (سنج، فہم) کا اسم کیفیت۔

اداکار (ف۔ا۔مذ) ایکٹر۔ اُردو جمع: اداکار۔ اداکاروں۔

اداکارانہ (ف۔صف) اداکاری سے منسوب۔ ایکٹنگ سے متعلق۔

اداکارہ (اَر۔ا۔مث) ایکٹرس۔ جمع: اداکاراؤں۔ اداکارائیں۔

اداکاری (ف۔ا۔مث) کسی کی نقل اُتارنا۔ ڈرامے میں کام کرنا۔ ایکٹنگ۔

ادا نکالنا (اَر۔محاورہ) ناز و انداز پیدا کرنا۔

ادا (اَ۔دا) (ع۔ا۔مذ و مث) (۱) پُورا کرنا (۲) بیباق۔ چکتا (قرض وغیرہ کا) (۳) دینا۔ اُتارنا (۴) بیان۔ اظہار۔

ادا شدہ حصے (اَر۔ا۔مذ) کسی لمیٹڈ کمپنی کے وہ حصے جن کی رقم ادا کر دی گئی ہو۔

ادا شدہ سرمایہ (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی لمیٹڈ کمپنی کے اعلان شدہ سرمائے کا وہ حصہ جو جمع ہو چکا ہو۔

ادا کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) بے باق کرنا۔ چکانا (۲) بجالانا۔ پُورا کرنا (۳) عمل میں لانا (۴) لکھنا (۵) کہنا (۶) شُکد وش کرنا (۷) وضاحت سے بیان کرنا (۸) پڑھنا (۹) قاعدے سے قرأت کرنا (۱۰) (فقہ) مقررہ وقت پر عبادت کرنا۔

ادا کنندہ (ع۔ف۔صف) رقم یا محصول ادا کرنے والا۔

اِدارات (اِ۔دا۔رات) (ع۔ا۔مذ) ادارہ کی جمع۔ بہت سے ادارے۔

اِداراتِ قانونی (ع۔ا۔مذ) کسی قانون کے تحت قائم کی ہوئی مجلسیں۔

اِدارت (اِ۔دا۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) اڈیٹری۔ جریدہ نگاری (۲) رسالہ' اخبار' کتاب وغیرہ مرتب کرنا۔

اِدارہ (اِ۔دا۔رَہ) (۱) دفتر۔ محکمہ (۲) نظام۔ سررشتہ (۳) مجلسِ مُدیران۔ جمع: ادارات۔ اُردو جمع: اداروں۔ ادارے۔ (ع۔ا۔مذ)۔

اِداریہ (اِ۔دا۔ری۔یہ) (ع۔ا۔مذ) اخبار کے اڈیٹر کا اپنا خاص مضمون۔ مقالہ افتتاحیہ۔ اڈیٹوریل۔ لیڈنگ آرٹیکل۔ اُردو جمع: اداریوں۔ اداریے۔

اُداس (اُ۔داس) (ہ۔صف) (۱) مغموم۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ سوگوار (۲) ویران۔ سُونا۔ بے رونق۔ پھیکا پھیکا۔

اُداس کرنا (اَر۔مص مُرکّب) افسردہ کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔

اُداس ہونا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) رنجیدہ اور غمگین ہونا (۲) بے رونق ہونا۔

اُداسا (اُ۔دا۔سا) (ہ۔صف) آزاد فقراء کی اصطلاح میں اوڑھنے بچھونے کو کہتے ہیں۔

اُداسا کسنا (اَر۔محاورہ) سامانِ سفر باندھنا۔ بوریا بستر باندھنا۔ ارادۂ سفر کرنا۔

اُداسا کھینچنا (اَر۔محاورہ) ہر طرف سے قطع تعلق کر کے ایک طرف دھیان لگانا۔ یک سُو ہونا۔

اُداسی (اُ۔دا۔سی) (ہ۔ا۔مث) (۱) غمگینی۔ پژمُردگی (۲) ویرانی۔ بے رونقی۔ جمع: اُداسیاں۔ اُداسیوں (۳) (مذ) فقیروں کا ایک فرقہ جو گُرو نانک صاحب کے بیٹے کا پیرو ہے (۴) نانک پنتھی فقیر۔ بیراگی۔ جوگی۔ سادھو۔

اُداسی برسنا (اَر۔محاورہ) پریشانی ظاہر ہونا۔ بے رونقی ہونا۔

اُداسی پھیلنا (اَر۔محاورہ) سناٹا ہو جانا۔ بے رونقی ہو جانا۔

اُداسی چھانا (اَر۔محاورہ) اُداسی کی حالت طاری ہونا۔

اُداسین (ہ۔ا۔مذ) تارک الدّنیا لوگ۔ سنیاسی۔ نانک پنتھی فقیر۔

اِدام (اِ۔دام) (ع۔ا۔مذ) شوربا۔ سالن۔

اَدام (اَ۔دام) (ع۔دُعا) ہمیشہ رکھے۔ ہمیشہ زندہ رکھے۔

اَدامَ اللّٰہُ فُیُوضَہُم (اَ۔دا۔مَل۔لا۔ہُ۔فُ۔یُو۔ضَ۔ہُم) (ع۔دُعا) اللہ تعالیٰ اُن کے فیوض کو ہمیشہ جاری رکھے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَداہٹ (اَ۔دا۔ہٹ)(ہ۔ا۔مث) اُودا پَن۔ بینگنی رنگ۔

اَدائیگی (ادا۔اے۔گی)(ع۔ف۔ا۔مث) رقم' محصول یا لگان وغیرہ کا ادا ہونا۔ اُردو جمع: ادائیگیاں۔ ادائیگیوں۔

اَدَب (اَ۔دَب)(ع۔ا۔مذ)(۱) حفظِ مراتب۔ کسی کی بُزرگی یا عظمت کا پاس۔ (۲) تہذیب۔ شائستگی۔ تمیز۔ احترام (۳) علم زبان جس میں نحو' لغت' عروض' انشا' معانی اور بیان وغیرہ داخل ہیں (۵) پسندیدہ طریقہ (۶) زبان کا سرمایہ (لٹریچر)۔ جمع: آداب۔

ادب آداب (ع۔ا۔مذ) تہذیب۔ اِحترام۔ شائستگی۔ تمیز۔ لحاظ۔ حفظِ مراتب۔ معاشرہ کے پسندیدہ طریقے۔

ادب آموز (ع۔ف۔صف) ادب سکھانے والا (اُستاد) (۲) ادب سیکھنے والا (شاگرد)۔

ادب آموزی (ف۔ا۔مث) ادب سکھانا۔ تعلیم دینا۔

ادبُ العالیہ (ع۔ا۔مذ) دیکھئے ادبِ عالیہ۔

ادب برائے ادب (ع۔ف۔ا۔مذ) ایسا ادب جس کا ادب کے سوا اور کوئی مقصود نہ ہو (۲) کلام میں محاسنِ معنوی و لفظی پیدا کر کے لطف اندوز ہونا۔

ادب برائے زندگی (ع۔ف۔ا۔مذ) ایسا ادب جس میں زندگی کی عکاسی سماجی تقاضوں کے مطابق کی جائے۔

ادب پارہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ادبی قدر و قیمت رکھنے والی نظم یا نثر۔

ادب (پانا) پکڑنا (اُر۔ محاورہ) ادب سیکھنا۔ تہذیب اِختیار کرنا۔

ادب دینا (سِکھانا) (اُر۔ محاورہ) تہذیب کی تعلیم دینا۔ شائستگی سکھانا۔

ادب سیکھنا (اُر۔ محاورہ) تمیز حاصل کرنا۔

ادبِ عالیہ (ادبُ العالیہ)(ع۔ا۔مذ) اعلیٰ درجے کا لٹریچر۔ لافانی ادب۔ کلاسیک۔ نیز دیکھئے ادبیاتِ عالیہ۔

ادب لحاظ (ع۔اُر۔ا۔مذ) شرم و حیا۔ عزّت و اِحترام۔

ادب کرنا (اُر۔ محاورہ) لحاظ کرنا۔ پاس کرنا۔ حفظِ مراتب کا خیال کرنا۔

اُدَبا (اُ۔دَ۔با)(ع۔ا۔مذ) ادیب کی جمع۔

اَدَباً (اَ۔دَ۔بَن)(ع۔ متعلق فعل) تعظیم و اِحترام سے۔ پاسِ مراتب سے۔

اِدبار (اِد۔بار)(ع۔ا۔مذ)(۱) پیٹھ دکھانا (۲) بدنصیبی۔ بداقبالی۔ نحوست۔ ولدر (۳) ہزیمت۔ شکست (۴) تنزل۔ افلاس۔ مفلسی۔ ناداری۔ فلاکت۔

اَدبدا (کر) کے (اُر۔ تابع فعل)(۱) خواہ مخواہ۔ ضرور (۲) ضد سے۔ شرارت سے (۳) جان بُوجھ کر۔ دانستہ۔

اَدبدا کے کرنا (اُر۔ محاورہ) جان بُوجھ کر کرنا۔ ضد سے کرنا۔

اَدَبی (اَ۔دَ۔بی)(ع۔صف) ادب سے منسوب۔ ادب سے متعلق۔

اَدَبیات (اَ۔دَ۔بی۔یات)(ع۔ا۔مث)(۱) لٹریچر۔ نظم و نثر (۲) لٹریچر سے تعلق رکھنے والے علوم یا مسائل۔

اَدَبیاتِ عالیہ (ع۔ا۔مث)(۱) قدیم یونانیوں اور رومیوں کا علم ادب (۲) ہر زبان کا قدیم اور معیاری ادب۔ (Classics)۔ نیز دیکھئے ادبِ عالیہ۔

اَدَبیَّت (اَ۔دَ۔بی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) ادب پَن۔ تمیز۔ تہذیب۔ زبان دانی (۲) ادبی شان۔ ادب کا حسن۔

اِدخال (اِد۔خال)(ع۔ا۔مذ)(۱) داخل کرنا (۲) داخل کرانا۔ درج رجسٹر کرنا (۳) شامل کرنا۔ شریک کرنا۔

اِدرار (اِد۔رار)(ع۔ا۔مذ)(۱) بہنا۔ جاری ہونا (۲) کھل کر پیشاب آنا۔

اِدراک (اِد۔راک)(ع۔ا۔مذ)(۱) پانا۔ دریافت کرنا (۲) عقل۔ فہم۔ رسائی۔

اَدرسا (اَد۔رَ۔سا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سفید اور باریک سوتی کپڑا جس کی بناوٹ میں جھر جھراپن ہوتا ہے۔

اَدرک (اَد۔رَک)(ف۔ا۔مث) ایک قسم کی خوشبودار اور ہاضم جڑ جو خشک ہو جانے پر سونٹھ کہلاتی ہے۔

ادرک کا لچھا (اُر۔ا۔مذ) باریک کتری ہوئی ادرک۔

اَدرَکی (اَد۔رَ۔کی)(اُر۔ا۔مث) تازہ گُڑ میں ادرک ملی ہوئی مٹھائی۔

اِدرِیس (اِد۔ریس)(ع۔ا۔مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام۔ آپ آدمؑ اور نوحؑ کے درمیانی زمانے میں پیدا ہوئے اور آپ کا وطن بابل تھا۔

اُدَّڑ گُدَّڑ (اُدَّڑ اَگُدَّڑا) (ہ۔ا۔مذ)(۱) پھٹے پُرانے کپڑے (۲) وہ شخص جس نے پھٹے پُرانے کپڑے پہن رکھے ہوں۔

اِدّعا (اِد۔دِ۔عا)(ع۔ا۔مذ) دعویٰ کرنا (۲) بے دلیل بات کہنا۔ اپنی طرف ایسی بات منسوب کرنا جو واقعی نہ ہو۔

اِدّعائے مِلکیت (ع۔ا۔مذ) مالک ہونے کا دعویٰ۔

اَدعِیہ (اَد۔عِ۔یہ)(ع۔ا۔مث) دُعا کی جمع۔ دُعائیں۔

ادعیہ ماثورہ (ع۔ا۔مث) وہ دُعائیں جو سرکارِ دو عالم ﷺ سے منقول ہیں۔

اِدغام (اِد۔غام)(ع۔ا۔مذ)(۱) شامل کر دینا۔ ملا دینا (۲) ایک جنس کے دو حرفوں کو آپس میں ملا دینا۔

اَدَق (اَ۔دَق)(ع۔ا۔تفضیل) نہایت باریک۔ نہایت مُشکل۔ دُوبھر۔ کٹھن۔

اَدَقچہ (اَ۔دَق۔چہ)(ت۔ا۔مذ) کارچوبی سفید حاشیئے کی چادر جو بطور آرائش توشک کے نیچے بچھائی جاتی ہے اور اُس کے حاشیے دار کنارے باہر لٹکتے رہتے ہیں۔

اَدکَدرا (اَد۔کَد۔را)(ہ۔صف) نیم پختہ۔ کچا پکا۔ آدھا کچا آدھا پکا۔

اَدلا (اَد۔لا)(اُر۔ا۔مذ) بڑے حلال جانوروں کی ٹانگ کا بے ریشہ گوشت (اصل عربی عضلہ)۔

ادلا بدلا (اَدل بَدل) (اَد۔لا۔بَد۔لا)(اَ۔دل۔بَ۔دَل)(اُر۔ا۔مذ) عوض معاوضہ۔ اُلٹ پھیر۔ تغیر و تبدل۔ ایک چیز دے کر اُس کے عوض دُوسری چیز لینا۔

اَدِلّہ (اَ۔دِل۔لہ)(ع۔ا۔مث) دلیل کی جمع۔

اُدّم (اُد۔دَم)(ہ۔ا۔مذ) محنت۔ کوشش۔

اُدّم سے دَلِدّر گھٹے (ہ۔مثل) محنت اور کوشش سے نحوست دُور ہوتی ہے۔

اَدنیٰ (اَد۔نا)(ع۔صف)(۱) کمینہ۔ چھوٹے درجے کا۔ کم قدر۔ نیچ۔ اعلیٰ کی ضد (۲) خفیف۔ تھوڑا (۳) فقیر۔ کنگال۔ مفلس۔ بے دولت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُدْوار (اد۔وار) (ع۔ا۔مذ) دَور کی جمع۔ گردشیں۔ چکر (۲) زمانے۔ عرصے۔ مدتیں۔

اَدْوان (ادوائن) (اَو۔وان) (اَد۔وا۔ان) (ہ۔ا۔مث) وہ رسّی جو چارپائی کی پائنتی کی طرف اُس کے کسار بنے کیلئے ڈالتے ہیں۔ جمع: ادوانوں۔ ادوائیں۔

اَدْوِیات (ع۔ا۔مث) دوا کی جمع الجمع۔

اَدْوِیَہ (اَد۔وِ۔یَہ) (ع۔ا۔مث) دوا کی جمع۔

اَدھ (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم) (ہ۔صف) آدھے کا مخفف۔ نصف۔

ادھ بھر (ہ۔متعلق فعل) نصف فاصلہ۔ درمیان کا حصّہ۔ اُدھر۔

ادھ بیچ (ہ۔متعلق فعل) درمیان۔

ادھ پَئی (ہ۔ا۔مث) ایک سیر کے آٹھویں حصے کا تول۔ دو چھٹنکی۔ آدھ پاؤ۔

ادھ جل گگری چھلکت جائے (ہ۔مثل) کم ظرف اور کمینہ آدمی تھوڑی سی عزّت مل جانے پر اترانے لگتا ہے۔

ادھ سیرا (ہ۔ا۔مذ) نصف سیر کا باٹ۔ دو پاؤ کا وزن۔

ادھ سیری (ہ۔ا۔مث) وہ برتن جس میں آدھ سیر وزن کی کوئی چیز پک سکے۔

ادھ کچا (ہ۔صف) جو پوری طرح پکا ہوا نہ ہو۔ آدھا کچا۔

ادھ کچرا (ہ۔صف) (۱) ادھورا۔ جو پُورا نہ ہو۔ گدّر پھل۔ آدھا کچا آدھا پکا پھل (۲) آدھا لُٹا اور پسا ہوا۔ دردرا۔

ادھ کچری (ہ۔صف) ادھ کچرا کی تانیث۔

ادھ کچلا (ہ۔صف) آدھا کچلا ہوا۔ نیم کوفتہ۔

ادھ کھلا (ہ۔صف) آدھا کھلا ہوا۔ نیم شگفتہ۔

ادھ کُھلا (ہ۔صف) آدھا کُھلا ہوا۔

ادھ گلا (ہ۔صف) جو پُوری طرح گلا نہ ہو۔

ادھ مرا (ادھ مُوا) (ہ۔صف) آدھا مرا ہوا۔ نیم جان۔

اَدْھا (اَدھ۔دھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) غیر معیّنہ مقدار کا نصف (۲) شراب کی آدھی بوتل (۳) لڑکوں میں کھیل کے وقت ایک قسم کی شرط جس میں وہ باہمی اقرار کرتے ہیں کہ جب ایک دُوسرے کو کوئی چیز کھاتے دیکھیں تو آدھی بانٹ لیں گے۔

اُدھات (ہ۔ا۔مث) تمام گیسیں اور مائعات جو اپنی شکل آسانی سے بدل لیں اُدھاتیں یا غیر دھاتیں کہلاتی ہیں۔ اُن کے خواص دھاتوں سے اُلٹ ہوتے ہیں۔ (Non-Metal)۔

اُدھار (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے آدھار۔

اُدھار (اُ۔دھار) (ہ۔ا۔مذ) قرض۔ نقد کی ضد۔

اُدھار آنا (اُر۔محاورہ) کسی پر قرض ہونا۔

اُدھار پٹّا (ہ۔ا۔مذ) وہ تجارتی سمجھوتا جس کے تحت امریکا نے دُوسری جنگ عظیم میں اِتحادی طاقتوں کو مال اور سامانِ جنگ فراہم کیا اور معاوضے میں اُن کے بعض علاقوں پر قبضہ کر لیا۔ (Lend Lease)۔

اُدھار دیجئے دُشمن کیجئے (اُر۔مثل) قرض دینا دوست کو دشمن بنانا ہے۔

اُدھار دینا (اُر۔محاورہ) قرض دینا۔

اُدھار کھاتا (ہ۔ا۔مذ) وہ کتاب یا رجسٹر جس میں واجب الادا رقم کا اندراج ہو۔

اُدھار کھانا (اُر۔محاورہ) (۱) قرض لینا (۲) دُشمن ہونا۔ درپے ہونا۔

اُدھار کھائے ہیں (اُدھار کھائے ہوئے ہیں۔ اُدھار کھائے بیٹھے ہیں) (اُر۔محاورہ) ہمہ تن مستعد بیٹھے ہیں۔ درپے ہیں۔

اُدھار کی کیا ماں مری ہے (اُر۔محاورہ) قرض ملنا مشکل نہیں ہے۔ کہیں نہ کہیں سے مل جائے گا۔

اُدھار لینا (اُر۔محاورہ) قرض لینا۔

اُدھار ہونا (ہوجانا) (اُر۔محاورہ) قرض ہونا۔ قرض چڑھنا۔ مقروض ہونا۔

اَدھر (اَ۔دھر) (ہ۔صف) (۱) مُعلّق۔ وہ چیز جو کسی پر ٹکی ہوئی نہ ہو۔ زمین سے الگ (۲) اَدھ بیچ۔ بے سہارا۔

اَدھر اُٹھا لینا (ہ۔محاورہ) زمین سے اُونچا کر لینا۔

اَدھر میں پڑے ہیں (ہ۔محاورہ) بیچ میں لٹکے ہیں۔ کسی طرف کے نہیں۔ یکسوئی نہیں ہے۔

اَدھر میں چھوڑنا (ہ۔محاورہ) اَدھ بیچ میں چھوڑنا۔ اِدھر کا رکھنا نہ اُدھر کا۔ بے سہارا چھوڑ دینا۔

اَدھر میں لٹکنا (ہ۔محاورہ) یک سُوئی کی حالت نہ ہونا۔ نہ مرنا نہ جینا۔ بیچ میں لٹکا ہوا ہونا۔

اِدھر (اِ۔دھر) (بکسر اوّل) (ہ۔متعلق فعل) اِس جانب۔ اِس طرف۔ یہاں۔ قریب۔ پاس۔ نزدیک۔

اِدھر اُدھر (ہ۔متعلق فعل) جہاں تہاں۔ یہاں وہاں۔ آس پاس۔

اِدھر آیا اُدھر گیا (اُر۔محاورہ) تھوڑی دیر ٹھہرنا۔ آتے ہی چلے جانا (۲) خرچ ہو جانا۔

اِدھر اُدھر کی باتیں (اُر۔ا۔مث) لغو اور بے ہودہ باتیں۔ معمولی باتیں۔

اِدھر سے اُدھر کرنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کو غائب کر دینا۔ چرا لینا (۲) ایک جگہ سے اُٹھا کر دُوسری جگہ رکھ دینا۔ بے ٹھکانے کر دینا۔ بے ترتیب کر دینا۔

اِدھر سے اُدھر ہونا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا بے موقع یا بے ٹھکانے ہو جانا۔ سرک جانا (۲) پلٹ جانا۔ غائب ہو جانا۔

اِدھر قبلہ اُدھر قبر، خدیجہ سوئے کدھر؟ (اُر۔مثل) کوئی بات کرتے نہیں بنتی۔ یوں بھی مشکل ووں بھی مشکل۔

اِدھر کا نہ اُدھر کا (اُر۔محاورہ) کسی شمار میں نہیں۔ کسی کی طرف نہیں۔

اِدھر کی اُدھر کرنا (اُر۔محاورہ) چغلی کرنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔

اِدھر کاٹے اُدھر (اُلٹ) پلٹ جائے (اُر۔مثل) آپ ہی ستائے اور آپ ہی شکر جائے۔ تکلیف پہنچائے اور کانوں پر ہاتھ رکھے۔

اِدھر کنواں اُدھر کھائی (اُر۔مثل) ہر طرح نقصان۔ ہر صورت میں مشکل۔ کچھ کرتے بن نہیں پڑتی۔

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہونا (ہو جانا) (اُر۔محاورہ) انقلابِ عظیم ہونا۔ دُنیا پلٹ جانا۔

اِدھر کی نہ اُدھر کی یہ بلا کدھر کی؟ (اُر۔مثل) اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو کسی قابل نہ ہو۔

اِدھر کے نہ اُدھر کے (اُر۔محاورہ) دین کے نہ دُنیا کے۔ دوست کے نہ دشمن کے۔ مردودِ خلائق۔

اِدھر ہاتھ (دینا) لانا (اُر۔محاورہ) جب کسی بات کی داد لینی منظور ہوتی ہے تو خوشی کا اظہار کرنے کے لئے مصافحہ کرتے وقت کہتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُدھر (اُ۔دھر)(بضمِ اوّل)(ہ۔متعلق فعل) وہاں۔ اُس طرف۔ اُس جانب۔ پرے۔

اُدھر سے (اُر۔ تابع فعل)(۱) اُس طرف سے (۲) غیب سے۔ خدا کی طرف سے۔

اُدھر ہی اُدھر (اُر۔ تابع فعل) اُوپر ہی اُوپر۔ بالا بالا۔ بغیر کسی کو بتائے۔

اَدھرم (اَ۔دھرم)(ہ۔ا۔مذ) پاپ۔ ظلم۔ بُرا کام۔ ("اَ" حرفِ نفی ہے)۔

اَدھرمی (اَ۔دھر۔می)(ہ۔صف) لامذہب۔ کافر۔ مُلحد۔

اُدھڑنا (اُ۔دھڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) سیون کھلنا۔ ٹانکا ٹوٹنا (۲) کھل جانا (۳) کھال اُڑنا (۴) تباہ ہونا۔ زیر بار ہونا (۵) چھت یا پوشش کھلنا۔ الگ ہونا۔

اُدھک (اُ۔دھک)(ہ۔صف)(۱) بہت۔ زیادہ (۲) سوا۔ فالتو۔

اُدھل جانا (اُ۔دھل۔جا۔نا)(ہ۔مص) آوارہ ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔ جوش و مستی میں آپے سے باہر ہو جانا (۲) عورت کا غیر مرد کے ساتھ بھاگ جانا۔

اَدْہَم (اد۔ہم)(ع۔ا۔مذ)(۱) مشکی گھوڑا۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا (۲) بلخ کے ایک مشہور بادشاہ کا لقب جو سلطنت چھوڑ کر فقیر بن گئے تھے۔ ابراہیم ادہم۔

اُدھم (اُ۔دَھم)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے اُودھم۔

اُدھمی (ہ۔صف) دیکھئے اُودھمی۔

اَدھن (ہ۔ا۔مذ)(۱) وہ پانی جو کھچڑی یا چاول پکانے کے واسطے اُبالا جاتا ہے (۲)(صف) گرم۔ کھولتا ہوا۔

اَدھنا (اَ۔دھن۔نا)(اُر۔ا۔مذ) پُرانے ایک آنے کا نصف۔ پُرانے دو پیسے کا سکہ۔ ٹکا۔

اَدھنی (ہ۔ا۔مث) ادھنا کی تانیث۔

اُدھواڑ (ادھ۔واڑ)(ہ۔ا۔مذ) بیچوں بیچ۔ جہاں سے کوئی چیز آدھوں آدھ ہو۔ درمیان۔ وسط۔

اُدھوت (اُ۔دھوت)(ق۔صف) بہادر۔ طاقت ور۔

اُدھوتر (اُ۔دھو۔تر)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا دیسی سوتی کپڑا۔ دھوتر۔

اُدھوتی (اُ۔دھو۔تی)(ق۔ا۔مث) دھوتی۔

اُدھورا (اُ۔دھو۔را)(ہ۔صف)(۱) آدھا۔ ناتمام۔ ناقص۔ نامکمل۔ پُورا کی ضد (۲) کچا بچہ۔ اِسقاط کا بچہ۔

اُدھورا پڑنا (اُر۔محاورہ) پُورا نہ پڑنا۔ پُورا نہ ہونا۔

اُدھوڑی (اُ۔دھو۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) کچا موٹا چمڑا۔ گائے بھینس کا چمڑا۔

ادھوڑی اَستر (ہ۔ا۔مذ) وہ جوتا جس کے استر میں ادھوڑی اور اُوپر نری لگی ہوتی ہے۔

ادھوڑی تاننا (ہ۔محاورہ) خوب پیٹ بھرنا۔ اتنا کھانا کہ پیٹ خوب تن جائے۔

اَدھی (ادھ۔دھی)(ہ۔ا۔مث)(۱) دمڑی کا نصف۔ پُرانے پیسے کا آٹھواں حصہ (۲) ایک قسم کا نہایت نفیس باریک اور سفید سوتی کپڑا۔

ادھی اَدھی پر جان جاتی ہے (اُر۔مثل) بڑا بخیل ہے۔ بہت کنجوس ہے۔

ادھی اَدھی کا حساب (اُر۔ا۔مذ) ذرا ذرا سی چیز کا حساب۔

اَدھی کی چُوں چُوں (اُر۔ا۔مث)(۱) نہایت حقیر اور کم قیمت چیز (۲) بچوں کا ایک کھلونا۔

اَدھی کی ہانڈی بھی ٹھوک بجا کر لیتے ہیں (اُر۔مثل) معمولی سا کام بھی سوچ سمجھ کے کرنا چاہئے۔

اَدھی کے نُون کو جاؤں لاؤ میری پالکی (اُر۔مثل) اُس شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں جسے نئی نئی دولت ملی ہو اور وہ اپنا چھچھورا پن دکھائے۔

اَدھی کے واسطے پیسے کا تیل جلانا (اُر۔مثل) تھوڑے فائدے کے لئے بہت نقصان اُٹھانا۔

اَدھیا (ادھ۔یا)(ہ۔ا۔مث) دو مساوی حصے (۲) نصف۔

اَدھیاپک (ادھ۔یا۔پک)(س۔ا۔مذ) گرو۔ اُستاد۔ معلّم۔

اَدھیاپن (ادھ۔یا۔پَن)(س۔ا۔مذ) پڑھانے کا کام۔ معلّمی۔

اَدھیار (ادھ۔یار)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کسی جائیداد میں آدھا حصہ (۲) آدھے کا مالک۔ وہ زمیندار یا کاشت کار جو گاؤں یا زمین میں آدھے کا مالک ہو۔

اَدھیاری (ادھ۔یا۔ری)(ہ۔ا۔مث) کسی جائیداد میں آدھی حصے داری۔

اَدھیراج (اَ۔دھی۔راج)(س۔ا۔مذ) مہاراجا۔ شہنشاہ۔ راجوں کا راجا۔

اَدھیانا (ادھ۔یا۔نا)(ہ۔مص) آدھا کرنا۔ دو برابر حصوں میں بانٹنا۔

اَدھیائے (ادھ۔یا۔اے)(س۔ا۔مذ)(۱) حصہ (۲) سبق۔ باب۔

اَدھیڑ (اَ۔دھیڑ)(بفتحۂ اوّل و یائے مجہول)(ہ۔صف) بڑھاپے اور جوانی کے درمیان۔ متوسط عمر کا۔ نہ جوان نہ بوڑھا۔

اُدھیڑ (بضمِ اوّل و یائے مجہول) مصدر اُدھیڑنا کا اسم کیفیت و صیغہ اَمر۔

اُدھیڑ بُن (اُ۔دھیڑ۔بُن)(ہ۔ا۔مث)(۱) اُدھیڑنا اور بُننا۔ سوچ بچار۔ غور و فکر۔ تردُّد۔

اُدھیڑ دینا (اُ۔دھیڑ۔دے۔نا)(اُر۔مص مُرکب)(۱) ٹانکے توڑ دینا۔ سلائی توڑ دینا۔ چمڑی اُتار دینا۔ بہت زیادہ مارنا۔

اُدھیڑنا (اُ۔دھیڑ۔نا)(بیائے مجہول)(ہ۔مص)(۱) سیون کھولنا۔ ٹانکے الگ کرنا (۲) پٹی ہوئی چھت اُکھاڑنا (۳) پرنوچنا (۴) مارنا۔ پیٹنا۔ کھال اُتارنا۔ چمڑا الگ کرنا (۵) راز فاش کرنا (۶) بُنی ہوئی چیز کھولنا۔

اَدھیکار (اَ۔دھی۔کار)(س۔ا۔مذ) حق۔ ورثہ۔ استحقاق۔

اَدھیکاری (اَ۔دھی۔کا۔ری)(س۔صف۔و۔ا۔مذ) مُستحق۔ حق دار (۲) وزیر۔ حاکم۔

اَدھیلا (اَ۔دھے۔لا)(ہ۔ا۔مذ) آدھا پیسا۔ ایک پیسے کا $\frac{1}{2}$ حصہ۔

اَدھیلی (اَ۔دھے۔لی)(ہ۔ا۔مث) آدھا روپیہ۔ دھیلی۔ اٹھنی۔

اَدھین (اَ۔دھین)(س۔صف) فرماں بردار۔ مطیع۔

اَدھینتا (اَ۔دھین۔تا)(س۔ا۔مث)(۱) ماتحتی (۲) لاچاری۔ بے بسی۔ غریبی۔

اَدیان (اَد۔یان)(ع۔ا۔مذ) دین کی جمع۔ مذاہب۔

اَدیب (اَ۔دیب)(ع۔ا۔مذ)(۱) ماہرِ زبان۔ زبان دان (۲) علم و ادب

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جاننے والا (۳) ادب سکھانے والا۔ اتالیق۔

اَدیبانہ (اَ۔دی۔با۔نہ) (ع۔ف۔متعلق فعل) ادیب سے منسوب۔

اَدیبَہ (اَ۔دی۔بہَ) (ع۔ا۔مث) ادیب کی تانیث۔

اَدِیم (اَ۔دِیم) (ع۔ا۔مذ) (۱) کھال۔ چمڑا۔ اَدھوڑی (۲) سطحِ زمین۔

ا۔ڈ

اَڈّا (اَڈ۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ بیٹھک جو پالتو پرندوں کے بیٹھنے کے لئے بنائی جاتی ہے (۲) جالی کاڑھنے اور کارچوبی بنانے کا مستطیل چوکھٹا (۳) ہوائی جہازوں، بسوں اور تانگوں وغیرہ کے ٹھہرنے کی جگہ (۴) کسبیوں اور طوائفوں کے رہنے کا مقام۔ چکلا (۵) وہ جگہ جہاں کوئی شخص اکثر بیٹھا کرے (۶) چوکی۔ اسٹیشن (۷) جوتی کا پچھلا حصّہ۔ ایڑی (۸) چڑیوں کے پنجرے کے اندر لکڑی یا لوہے کی چھڑ جو بیٹھنے کے لئے لگائی جاتی ہے (۹) وہ حلقہ جس پر کروشیا کا کام کرتے ہیں (۱۰) نواڑ بننے کا لکڑی کا ایک خاص قسم کا چوکھٹا۔ جمع: اڈّوں۔ اڈّے۔

اَڈّو (اَڈ۔ڈو) (ہ۔ا۔مث) آوارہ پھرنے والی عورت۔

اَڈّوا اَڈّو کرنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) رُسوا کرنا یا ہونا۔ بدنام کرنا یا ہونا۔ عیب لگانا۔ نظروں سے گرانا یا گرنا۔

اُڈھنگا (اُ۔ڈھنگا) (ق۔صف) بے ڈھنگا۔ بدوضع۔

اَڈّی (اَڈ۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) (۱) جوتے کا پچھلا حصّہ۔ ایڑی (۲) کپڑے کی وہ کلی جو عورتوں کے شلوکے میں کٹوری اور آستین کے بیچ ہوتی ہے۔

اَڈّے (اَڈ۔ڈے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اڈّا کی جمع (۲) اڈّا کی مغیّرہ صورت۔

اَڈّے پر لگانا (اُر۔محاورہ) ورغلانا۔ ہم خیال بنانا۔

اِڈیٹر (Editor) (انگ۔ا۔مذ) اخبار یا رسالے کو مُرتّب کرنے والا۔ مُدیر۔

اِڈیٹوریَل (Editorial) (انگ۔ا۔مذ) مقالہ اِفتتاحیہ۔ اداریہ جو اڈیٹر لکھتا ہے۔

اِڈیشن (Edition) (انگ۔ا۔مذ) طبع۔ چھاپ۔

ا۔ذ

اَذان (اَ۔ذان) (ع۔ا۔مث) (۱) کان میں خبر یا آواز پہنچانا (۲) وہ کلمات جو مسلمانوں کو نماز میں شرکت کی دعوت دینے کے لئے باآوازِ بلند کہے جاتے ہیں۔ بانگ۔ بُلانے کی صدا (۳) مُرغ کا بولنا۔ بانگ۔ اُر جمع: اذانوں۔ اذانیں۔

اذان دینا (اذان کہنا) (اُر۔محاورہ) بانگ دینا۔ نماز کے لئے بُلانا۔

اِذعان (اِذ۔عان) (ع۔ا۔مذ) (۱) فرماں برداری۔ طاعت (۲) یقین۔ اِعتبار۔ بھروسا۔

اَذفر (اَذ۔فر) (ع۔صف) (۱) خالص (۲) تیز بُو والی چیز۔

اَذقان (اَذ۔قان) (ع۔ا۔مث) ذقن کی جمع۔ ٹھوڑیاں۔

اَذکار (اَذ۔کار) (ع۔ا۔مذ) ذکر کی جمع (۱) بیانات (۲) قصّے کہانیاں (۳) وعظ (۴) وظیفے۔

اَذکیا (اَذ۔کِ۔یا) (ع۔صف) ذکی کی جمع۔ ذہین اور ہوشیار لوگ۔

اَذَل (اَ۔ذَل) (ع۔ا۔تفضیل) سب سے زیادہ ذلیل۔ ذلیل ترین۔

اِذن (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) حکم۔ اجازت۔ آگیا۔

اِذنِ عام (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) عام اجازت (۲) وہ اجازت جو میّت کا وارث جنازے کی نماز کے بعد ضروری کام والوں کو چلے جانے کے لئے دیتا ہے۔

اَذواق (اَذ۔واق) (ع۔ا۔مذ) ذوق کی جمع۔

اَذہان (اَذ۔ہان) (ع۔ا۔مذ) ذہن کی جمع۔ عقل۔ سمجھ۔ اِدراک۔

اَذِیّت (اَ۔ذی۔یَت) (ع۔ا۔مث) ایذا۔ دُکھ۔ تکلیف۔

ا۔ر

اَر (بفتحۂ اوّل) (اَر۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کی بہت ہلکی لکڑی جس سے صندوق اور تلوار کی میان وغیرہ بناتے ہیں (۲) آنکس (۳) گاڑی کے پہیّے کے ڈنڈے۔

اَر (بفتحۂ اوّل) (ف) حرفِ شرط۔ اگر۔

اَر اَر کے بیٹھ جانا (گر پڑنا) (اُر۔محاورہ) دفعتہً گر پڑنا۔ عمارت کا بیٹھ جانا۔

اَرابَہ (اَ۔را۔بہَ) (ف۔ا۔مث) (۱) بیل گاڑی۔ چھکڑا۔ سامان لادنے کی گاڑی (۲) وہ گاڑی جس پر توپ کا گولہ بارود رکھتے ہیں۔

اِرادت (اِ۔را۔دَت) (ع۔ا۔مث) (۱) خواہش۔ عقیدت۔ اِعتقاد۔ آرزو۔ یقین۔ جمع: ارادات۔

اِرادت مند (ع۔ف۔صف) معتقد۔ اِعتقاد رکھنے والا۔ مُرید۔

اِرادت مندی (ع۔ف۔ا۔مث) اِعتقاد۔ یقین۔

اِرادَہ (اِ۔را۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) قصد۔ عزم (۲) منصوبہ۔ منشا (۳) مرضی۔ خواہش۔ اِچھا۔

اِرادہ باندھنا (کرنا) (اُر۔محاورہ) قصد کرنا۔ ٹھاننا۔ منصوبہ باندھنا۔

اِرادہ بندھنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) قصد ہونا۔

اِرادی (اِ۔را۔دی) (ع۔صف) اِختیاری۔ ارادہ سے متعلق۔

اَراذِل (اَ۔را۔ذِل) (ع۔صف) اَرذل کی جمع۔ کم ذات اور نیچ لوگ۔

ارارُوٹ (بفتحۂ اوّل۔ واو مجہول) (انگ۔ Arrowroot کا مورّد۔ا۔مذ) میدے کی طرح کی ایک غذا جو ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی اور بچوں اور مریضوں کو پانی یا دودھ میں پکا کر دی جاتی ہے۔

اَراضی (اَ۔را۔ضی) (ع۔ا۔مث) اَرض کی جمع (۱) زمین۔ دھرتی (۲) کھیت (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے)۔ جمع: اَراضیات۔

اَراضی اُفتادہ (ع۔ف۔ا۔مث) بے کاشت اور بنجر زمین۔ بنجر۔

اَراضی بندوبستی (ع۔ف۔ا۔مث) وہ زمین جس کا بندوبست کیا گیا ہو۔

اَراضی جل کر (اُر۔ا۔مث) وہ اراضی جس میں برساتی پانی آبپاشی کے لئے جمع کیا جائے۔

اَراضی خالصہ (ع۔ا۔مث) خالص سرکاری زمین۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَراضی دریا برآمد (ع۔ف۔ا۔مث) وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے ظاہر ہو جائے۔
اَراضی دریا بُرد (ع۔ف۔ا۔مث) وہ زمین جو دریا میں ڈوب گئی ہو۔
اَراضی سکنی (ع۔ف۔ا۔مث) وہ اراضی جس میں رہنے سہنے کے لئے مکانات ہوں۔
اراضی (شاملات) شاملاتی (ع۔ف۔ا۔مث) گاؤں کی مشترکہ زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو۔
اراضی شور (ع۔ف۔ا۔مث) ناقابلِ کاشت زمین۔ کلر زمین۔ وہ زمین جس میں کھار کے باعث کاشت نہ ہو سکے۔
اراضی مُعافی (ع۔ف۔ا۔مث) وہ زمین جس کی مال گزاری معاف ہو۔
اراضی نوتردُد (ع۔ف۔ا۔مث) نئی کاشت کی ہوئی زمین۔
اراضی وقف (ع۔ا۔مث) وہ اراضی جو کسی کی ملکیت نہ ہو اور کارِ خیر کے لئے چھوڑی گئی ہو۔
اَراضِیات (اَ۔را۔ضی۔یات)(ع۔ا۔مث) اراضی کی جمع۔
اَراکِین (اَ۔را۔کین)(ع۔ا۔مذ) رُکن کی جمعُ الجمع۔
اَرّانا (ار۔ر۔نا)(ا۔مص)(۱) کنکوے کا ہوا کے رُخ گھومنا (۲) دن چڑھے تک سونا (۳) کسی چیز کا کثرت سے ہونا۔
اَرَب (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔عدد) سو کروڑ۔ ہندی و اُردو میں بفتحِ را مستعمل ہے۔
ارب کھرب (ا۔صف) بے شمار۔ لاانتہا۔ ارب سے لے کر کھرب تک۔
اَرْباب (ار۔باب)(ع۔ا۔مذ) رَبّ کی جمع (۱) صاحبان۔ مالکان۔ والیان (۲) پالنے والے۔
اربابِ اِقتدار (ع۔ا۔مذ) صاحبانِ حکومت۔ بااقتدار لوگ۔
اربابِ بست وکُشاد (ع۔ف۔ا۔مذ) اعلیٰ حکّام۔ حکومت پر قابض لوگ۔
اربابِ بصیرت (ع۔ا۔مذ) ذی فہم۔ ذی شعور۔ زیرک (لوگ)۔
اربابِ بینش۔ دیکھئے اربابِ نظر۔
اربابِ حل وعقد (ع۔ا۔مذ) دیکھئے اربابِ بست وکشاد۔
اربابِ دانش (ع۔ف۔ا۔مذ) صاحبِ علم لوگ۔
اربابِ دولت (ع۔ا۔مذ) دولت والے۔ مالدار لوگ۔
اربابِ سخن (ع۔ف۔ا۔مذ) شُعرا۔ اُدبا۔
اربابِ سِیَر (ع۔ف۔ا۔مذ) سوانح نگار۔ موّرخ۔
اربابِ شرع (ع۔ا۔مذ) قانونِ شریعت نافذ کرنے والے لوگ۔
اربابِ عدالت (ع۔ا۔مذ) عدالت کے عہدے دار۔
اربابِ عشرت (ع۔ا۔مذ) محفلِ عشرت کے لوگ۔ ناچ رنگ دیکھنے والے۔
اربابِ قلم (ع۔ا۔مذ)(۱) لکھنے پڑھنے والے لوگ (۲) انشا پرداز۔ مصنّف۔ مؤلّف۔
اربابِ معنی (ع۔ا۔مذ) حقیقت شناس۔ عارف (لوگ)۔
اربابِ نشاط (ع۔ف۔ا۔مذ) ناچنے گانے والے۔
اربابِ نظر (ع۔ا۔مذ) عقل و شعور رکھنے والے (لوگ)۔
اربابِ وفا (ع۔ا۔مذ) باوفا لوگ۔

اربابِ (ہمّت) ہمم (ع۔ا۔مذ) ہمّت والے۔ فراخ حوصلہ (لوگ)۔
اربابِ ہُنر (ع۔ا۔مذ) صاحبانِ فن۔ ہُنرمند۔ فنکار (لوگ)۔
اَربسی (ار۔ب۔سی)(ہ۔ا۔مث)(۱) راجا اندر کے اکھاڑے کی ایک پری (۲) بھوت۔ پریت۔ سایہ (۳) چمک دمک۔ روشنی (۴) ایک زیور۔
اَربَع (ار۔بع)(ع۔ا۔عدد) چار۔
اَربع جیوں کا تیوں کنبہ بیٹھا کیوں؟ (ا۔مثل) اپنی بے وقوفی سے اپنا گھر تباہ کر دینا اور پھر قائل نہ ہونا۔
اَربع عناصر (ع۔ا۔مذ) عناصرِ اربعہ۔ چار عنصر یعنی مٹی۔ ہوا۔ آگ۔ پانی۔
اَربع مُتناسِبَہ (ع۔ا۔مذ) حساب کا ایک قاعدہ جس میں تین معلوم عددوں کے ذریعے چوتھا نامعلوم عدد دریافت کیا جاتا ہے۔
اَربعہ (ار۔ب۔عَ)(ع۔ا۔عدد) دیکھئے اَربع۔
اَربعِین (ار۔ب۔عین)(ع۔ا۔مذ)(۱) چالیس (۲) چالیس دن۔ چلّہ (۳) مختلف قسم کی چار حدیثیں۔
اَرْبَل (ار۔بل)(ہ۔ا۔مث) ایک بھونری جو گھوڑے کے کان کی جڑ میں ہوتی ہے۔ ایک ہو تو منحوس سمجھی جاتی ہے۔ دو ہوں تو مبارک۔
اَرْپَن (ار۔پن)(س۔ا۔مذ) تُحفہ۔ نذر۔ نیاز۔ بھینٹ۔ قربانی۔ صدقہ۔ خیرات۔
اَرپن کرنا (ہ۔محاورہ) قربان کرنا۔ نذر کرنا۔ تُحفہ پیش کرنا۔
اِرْتِباط (ار۔تِ۔باط)(ع۔ا۔مذ) ربط ضبط۔ میل ملاپ۔ دوستی۔ راہ و رسم۔ تعلق۔ آشنائی۔ محبت۔
اِرْتِجال (ع۔ا۔مذ) (۱) جلدی کرنا (۲) بغیر سوچے بولنا۔ بے ساختہ بولنا۔
اِرْتِجالاً (ار۔تے۔جا۔لن)(ع۔متعلق فعل) بے ساختہ۔ فی البدیہہ۔ بے سوچے (بولنا، شعر کہنا)۔
اِرْتِحال (ار۔تے۔حال)(ع۔ا۔مذ) رحلت کرنا۔ مرجانا۔
اِرْتِداد (ار۔تے۔داد)(ع۔ا۔مذ) پھر جانا (۲) (اِصطلاحاً) مُرتد ہونا۔ اِسلام چھوڑ دینا۔
اِرْتِسام (ار۔تے۔سام)(ع۔ا۔مذ) نقش و نگار بنانا۔ نقاشی کرنا۔
اِرْتِعاش (ار۔تے۔عاش)(ع۔ا۔مذ) رعشہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔
اِرْتِفاع (ار۔تے۔فاع)(ع۔ا۔مذ) اُونچائی۔ بلندی۔ اُبھار۔ فراز۔
اِرْتِفاع پیما (ع۔ف۔ا۔مذ) بلندی ناپنے والا (آلہ)۔ الٹی میٹر۔
اِرْتِقا (ار۔تے۔قا)(ع۔ا۔مذ)(۱) اُوپر چڑھنا (۲) بتدریج ترقی کرنا۔ بتدریج نشو و نما ہونا۔ بالیدگی۔ عروج۔
اِرتقا کا نظریہ (ا۔ا۔مذ) دیکھئے نظریۂ اِرتقا۔
اِرْتِقائی (ار۔تے۔قا۔ای)(ع۔صف) ترقی پذیر۔ اِرتقا سے متعلق۔
اِرْتِکاب (ار۔تے۔کاب)(ع۔ا۔مذ)(۱) اِختیار کرنا۔ عمل کرنا (۲) (کوئی غلط یا ناجائز) کام کرنا۔
اِرتکابِ جُرم (ع۔ا۔مذ) جُرم کا اِرتکاب۔ جُرم کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِرْتِکاز (ار۔تے۔کاز)(ع۔ا۔مذ) ایک جگہ اکٹھا کرنا۔ ایک مرکز پر جمع کرنا۔ مرکوز کرنا۔

اَرْتھ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مذ)(۱) معنی۔ بیان۔ ترجمہ (۲) نیت۔ مُراد۔ مطلب۔ ارادہ۔

اَرِتھمیٹک (انگ۔ا۔مذ)(Arithmetic) علم حساب۔ علم حساب کی کتاب۔

اَرتھی (ار۔تھی)(ہ۔ا۔مث) ہندوؤں کا جنازہ۔

اَرتھی نکلے (ہ۔بددعا) مرجائے۔ جنازہ نکلے۔

اِرْث (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) میراث۔ ترکہ۔ وہ مال جو کسی کے مرنے کے بعد اُس کے وارث کو ملے۔

اَرْج (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث)(۱) قدر و قیمت (۲) جوہر۔ لیاقت (۳) شان و شوکت۔

اَرجمند (ارج۔مند)(ف۔صف) قدر و قیمت والا۔ شان و شوکت والا۔

اِرْجاع (ار۔جاع)(ع۔ا۔مذ)(۱) دائر کرنا (۲) رجوع کرنا۔ رجعت۔

اِرجاع نالش (ع۔ف۔ا۔مذ) نالش دائر کرنا۔

اَرْجَل (ار۔جل)(ع۔ا۔مذ) بڑے پاؤں کا آدمی (۲) وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید ہو اور تین اور رنگ کے ہوں۔ ایسا گھوڑا منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

اَرجنٹ (Urgent)(انگ۔صف) نہایت ضروری۔ تاکیدی۔ فوری۔ تعمیل طلب۔

اَرْحام (ار۔حام)(ع۔ا۔مذ) رحم کی جمع۔ بچہ دانیاں۔

اَرْحَم (ار۔حم)(ع۔ا۔تفضیل) زیادہ رحم کرنے والا۔ بہت مہربانی کرنے والا۔

اَرحم الرّاحمین (ار۔حَ۔مُر۔را۔حِ۔مین)(ع۔صف۔و۔ا۔مذ) مہربانوں کا مہربان۔ اللہ تعالیٰ۔

اُرد (اُرْد)(اُ۔رَد)(ہ۔ا۔مذ) اُڑد۔ ماش۔ ایک غلّہ۔

اُرد پر سفیدی (ار۔ا۔مث) بہت قلیل مقدار میں۔

اُرد پر پڑھ کر مارنا (ار۔محاورہ) جادوگر کا ماش کے دانوں پر کچھ پڑھ کر کسی کی طرف پھینکنا تاکہ جادو کا اُس پر اثر ہو جائے۔

اُرد کے آٹے کی طرح اینٹھنا (ار۔مثل) بہت اکڑنا۔ خواہ مخواہ اکڑنا۔

اُرْدابیگنی (ار۔دا۔بیگ۔نی)(ت۔ا۔مث) وہ باوردی اور ہتھیار بند عورت جو شاہی حرم کے دروازے پر پہرا دیتی تھی۔ سپاہی عورت۔

اَرْداس (ار۔داس)(ہ۔ا۔مث) عرض داشت کی تخریب۔ عرض معروض۔ التجا۔ التماس۔ گزارش۔

اَرْدادا (ار۔دا۔دا)(ہ۔ا۔مذ) جوار اور گیہوں کا موٹا پسا ہوا آٹا جو پانی میں گوندھ کر گھوڑے کو دیا جاتا ہے تاکہ موٹا ہو جائے۔

اَرْدگرد (ارد۔گرد)(ار۔متعلق فعل) چاروں طرف۔ چوگرد۔ گرداگرد۔ آس پاس۔

اردگرد پھرنا (ار۔محاورہ) چاروں طرف گھومنا۔

اَرْدَلی (انگریزی لفظ Orderly کا مؤرّد۔ا۔مذ)(۱) پیادہ۔ ساتھ رہنے والا سپاہی (۲) اطلاع لانے اور لے جانے والا ہرکارہ۔ جمع: اردلی۔ اردلیوں۔

اردلی بازار (ار۔ا۔مذ) بادشاہ اور حکام کے دورے میں ساتھ رہنے والا بازار۔

اردلی سارجنٹ (ار۔انگ۔ا۔مذ) حوالدار۔ جمعدار۔ داروغہ۔

اردلی میں چلنا (ار۔محاورہ) حاکم کی سواری کے ساتھ چلنا۔

اردلی میں رہنا (ار۔محاورہ) حاکم کی سواری کے ساتھ رہنا۔

اُرْدُو (ار۔دُو)(ت۔ا۔مذ)(۱) لشکر۔ لشکر گاہ (۲)(ا۔مث) پاک و ہند کی وہ زبان جو مختلف زبانوں سے مل کر بنی ہے۔ پاکستان کی قومی اور پاک و ہند میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان۔

اُردو بازار (ار۔ا۔مذ) لشکر کا بازار۔ چھاؤنی کا بازار۔ صدر بازار۔

اُردوئے مُعلّٰی (مُ۔عل۔لا)(ار۔ا۔مذ) دِلّی کی اعلیٰ زبان جو قلعہ شاہی میں بولی جاتی تھی۔ فصیح اور مستند اُردو۔

اُردی بہشت (ار۔دی۔بہ۔شت)(ف۔ا۔مذ) ایرانیوں کا دُوسرا مہینا جو ہندی جیٹھ کے مطابق ہوتا ہے۔

اَرْذَل (ار۔ذل)(ع۔ا۔تفضیل) بہت ذلیل۔ نہایت کمینہ۔

اَرَرَ (اَ۔رَ۔رَ)(ار۔کلمۂ استعجاب) تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے (ارریہ کیا ہوا؟)۔

اَرّانا (ار۔را۔نا)(ہ۔محاورہ) چیخنا۔ چلّانا۔ گرجنا۔

اَرْز (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث)(۱) مول۔ قیمت (۲) عزّت۔ قدر۔ مرتبہ۔ بزرگی۔

اَرْزاق (ار۔زاق)(ع۔ا۔مذ) رزق کی جمع۔ روزیاں۔

اَرْزاں (ار۔زاں)(ف۔صف) سستا۔ کم قیمت۔ گراں کی ضد۔

ارزاں بہ علّت گراں بہ حکمت (ف۔مثل) کم قیمت چیز میں کوئی نہ کوئی عیب اور بیش قیمت میں کوئی نہ کوئی وصف ضرور ہوتا ہے۔

اَرْزانی (ار۔زا۔نی)(ف۔ا۔مث)(۱) سستاپن (۲) کثرت۔ بہتات۔ زیادتی (۳) کم قدری۔ بے توقیری۔

اَرْزَق (ار۔زق) غلط ہے۔ دیکھئے اَزرق۔

اَرْزَن (ار۔زن)(ف۔ا۔مذ) ایک غلّے کا نام۔ چینا۔

اَرْژَنگ (ار۔ژنگ)(ف۔ا۔مذ)(۱) چین کے مشہور مصوّر مانی کا نگارخانہ (۲) مازندراں کے ایک دیو کا نام جسے رُستم نے قتل کیا تھا۔

اِرْسال (ار۔سال)(ع۔ا۔مذ) بھیجنا۔ روانہ کرنا۔ روانگی۔

اَرَسطو (ارسطا طالیس) (اَ۔رَس۔طو)(اَ۔رَس۔طا۔طا۔لیس)(یو۔ا۔مذ)(۱) کامل و فاضل شخص (۲) یونان کا مشہور عالم جو فلسفے کا مُعلّم اوّل کہلاتا ہے اور سکندر کا اُستاد و مشیر تھا۔

اَرْسَلان (ار۔سَ۔لان)(ت۔ا۔مذ) شیر۔

اِرْشاد (ار۔شاد)(ع۔ا۔مذ)(۱) ہدایت (۲) حکم۔ آگیا۔ جمع: ارشادات۔

ارشاد بجا لانا (ار۔محاورہ) حکم کی تعمیل کرنا۔

ارشاد (فرمانا) کرنا (ار۔محاورہ) حکم دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَرْشَد (اَر۔شَد)(ع۔ا۔ تفضیل) نہایت ہدایت یافتہ۔

اَرْض (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) زمین۔ دھرتی۔ جمع: اراضی۔

ارضِ مُقدّس (ع۔ا۔مث)(۱) پاک زمین (۲) فلسطین۔

ارض و سَما (ع۔ا۔مذ) زمین و آسمان۔

اَرْضی (اَر۔ضی)(ع۔صف) زمینی۔ زمین کا۔ زمین سے متعلق۔

اَرْضِیات (اَر۔ضِی۔یات)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے علم طبقات الارض۔

اَرْغَن (اَرْغُنُون) (اَر۔غَن)(اَر۔غُ۔نُون)(یو۔ا۔مذ) ارگن باجا۔ ایک قسم کا باجا جو افلاطون نے ایجاد کیا تھا۔

اَرْغوان (اَر۔غَ۔وَان)(ف۔ا۔مذ) سُرخ اور نارنجی رنگ۔ ایک سُرخ رنگ کے پھول کا نام۔

اَرْغوانی (اَر۔غَ۔وا۔نی)(ف۔صف) کُسم کے رنگ کا۔ لال رنگ کا۔ نہایت سُرخ۔ نارنجی رنگ کا۔

اَرْفَع (اَر۔فَع)(ع۔ا۔تفضیل)(۱) نہایت بُلند (۲) عالی مرتبہ۔

اِرْقام (اِر۔قام)(ف۔ا۔مذ) لکھنا۔ تحریر کرنا (عربی مادّہ رقم سے فارسی والوں نے اِفعال کے وزن پر بنا لیا ہے)۔

اَرْکان (اَر۔کان)(ع۔ا۔مذ) رُکن کی جمع (۱) تھم۔ سُتون (۲)(مجازاً) وزیر و امیر جن پر اُمورِ سلطنت کا دارومدار ہو (۳) ممبر (کسی جماعت کے) (۴) وہ اُمور جن پر خاص خاص دینی یا دُنیاوی مسائل کا دارومدار ہو۔

ارکانِ اسلام (ع۔ا۔مذ) اسلام کے وہ پانچ سُتون جن پر اسلام کی عمارت قائم ہے (۱) توحید و رسالت (کلمۂ طیّبہ) (۲) نماز (پنج گانہ) (۳) روزہ (۴) زکوٰۃ (۵) حج (زندگی میں ایک مرتبہ)۔

ارکانِ (دولت) سلطنت (ع۔ا۔مذ) وُزرا۔ اُمرا۔ سلطنت کے حکام۔

اَرْگجا (اَر۔گَ۔جا)(ہ۔ا۔مذ) ایک مشہور مُرکّب عطر جو صندل، گلاب، مُشک کافور، عنبر اور چنبیلی سے تیار ہوتا ہے۔

اَرْگل (اَر۔گل)(ہ۔ا۔مث) لکڑی کی چٹخنی جو کواڑوں کو بند کرنے کے لئے لگائی جاتی ہے۔

اَرْگن (اَر۔گن)(انگ۔ا۔مذ) (Organ) ایک باجا۔ اَرغن۔

اَرل (انگ۔ا۔مذ)(Earl) نواب۔ انگلستان میں تیسرے درجے کے امیر کا خطاب۔

اِرَم (اِ۔رَم)(ع۔ا۔مذ)(۱) یمن کے بادشاہ شدّاد کی بنائی ہوئی بہشت کا نام (۲)(مجازاً) بہشت۔ جنّت۔

اَرْمان (اَر۔مان)(ف۔ا۔مذ)(۱) تمنّا۔ آرزو۔ حسرت۔ چاہ۔ خواہش (۲) شوق۔ اِشتیاق (۳) افسوس۔ تأسّف۔ دریغ۔ اُردو جمع: ارمان۔ ارمانوں۔

ارمان بھرا (اَر۔صف۔مذ) حسرت مند۔ آرزوؤں اور حسرتوں سے پُر۔ مؤنث کے لئے: ارمان بھری۔

ارمان پُورا ہونا (اَر۔محاورہ) آرزو پوری ہونا۔

ارمان جی کے جی میں رہنا (اَر۔محاورہ) حسرت رہ جانا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔ ارمان نہ نکلنا۔

ارمان خاک میں ملنا (اَر۔محاورہ) مایوسی ہونا۔ ناامیدی ہونا۔

ارمان (رہ جانا) رہنا (اَر۔محاورہ) حسرت رہ جانا۔ جی کی جی میں رہنا۔

ارمان (ارمانوں) کا خون ہونا (اَر۔محاورہ) آرزو پُوری نہ ہونا۔

ارمان کرنا (اَر۔محاورہ) تمنّا کرنا۔ آرزو کرنا۔

ارمان نکالنا (اَر۔محاورہ) شوق پُورا کرنا۔ حسرت نکالنا۔

اَرْمُغان (اَر۔مُ۔غان)(ف۔ا۔مذ) تحفہ۔ ہدیہ۔ سوغات۔ نذر۔ پیشکش (بضمِ و بفتحِ ثالث دونوں صحیح ہیں)۔

اَرْنا (اَر۔نا)(ہ۔صف) جنگلی۔

ارنا اُپلا (ہ۔ا۔مذ)(۱) گائے بھینس کا گوبر جو جنگل میں سُوکھ جاتا ہے۔ جنگلی کنڈا۔

ارنا بھینسا (ہ۔ا۔مذ)(۱) جنگلی بھینسا (۲)(مجازاً) بہت موٹا اور طاقتور آدمی۔

اَرنا گھوڑا (اَر۔ا۔مذ) گھوڑے کی قسم کا ایک افسانوی جنگلی جانور جس کی پیشانی پر لمبا سا سینگ ہوتا تھا۔ اسے حضرت مریمؑ اور مسیحؑ کے سلسلے میں مذہبی تقدّس حاصل رہا ہے۔ (Unicorn)۔

اَرَنْڈ (اَ۔رَنڈ)(ہ۔ا۔مذ) ایک پودا جس کے بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے۔

ارنڈ خربوزہ (اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا پھل۔ پپیتا۔

ارنڈ کی جڑ (اَر۔ا۔مث)(۱) ارنڈ کے پودے کی جڑ (۲) نہایت ناپائیدار چیز۔

اَرَنْڈی (اَ۔رَن۔ڈی)(ہ۔ا۔مث) ارنڈ کا بیج۔ رینڈی جس کا تیل نکالا جاتا ہے۔

ارنڈی کا تیل (اَر۔ا۔مذ) ارنڈ کے بیج سے نکالا ہوا تیل جو عموماً جلاّب کے لئے پیا جاتا ہے۔ کسٹر آئل۔

اَرِنی (اَ۔رِ۔نی)(ع۔فقرہ) دکھا مجھے (حضرت موسیٰؑ نے کوہِ طور پر خدا سے درخواست کی تھی: رَبِّ اَرِنی۔ الٰہی! مجھے اپنا جلوہ دکھا۔ جواب ملا: لن ترانی۔ تُو مجھے نہ دیکھ سکے گا۔

ارنی کہنا (اَر۔محاورہ) طالبِ دیدار ہونا۔ دیدار کی اِلتجا کرنا۔

ارنی گو (ع۔ف۔صف) اَرِنی کہنے والا۔ طالبِ دیدار۔ حضرت موسیٰ کلیم اللہ سے مُراد ہے۔

اَرْواح (اَر۔واح)(ع۔ا۔مث) رُوح کی جمع (۱) رُوحیں۔ جانیں (۲) نیت۔ اندرونی خواہش (اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے) (۳) فرشتے (ق)۔

ارواح اُدھر ہی رہے (اَر۔فقرہ) عورتیں مُردے کا ذکر کرتے وقت یہ محاورہ بولتی ہیں تاکہ اس کی رُوح انہیں ستانے نہ آئے۔

ارواح بھٹکنا (اَر۔محاورہ) رُوح کا پریشان ہونا۔ کسی چیز کی تلاش میں جان بیکل رہنا۔ کسی چیز کی حسرت لے کر مر جانا۔

ارواح (بھرنا) بھر جانا (اَر۔محاورہ) نیت بھرنا۔ طبیعت سیر ہونا۔ جی بھرنا۔

ارواح پڑی رہنا (اَر۔محاورہ) نیت پڑی رہنا۔ دھیان پڑا رہنا۔

ارواح (بکھر جانا) بکھرنا (اَر۔محاورہ) جی بیزار ہونا۔ رغبت نہ رہنا۔ نیت بھر جانا۔

ارواحِ خبیثہ (ع۔ا۔مث) بدرُوحیں۔ بُھوت پریت۔

ارواح لگی رہنا (اَر۔محاورہ) نیت لگی رہنا۔

ارواح نہ شرمائے (اَر۔محاورہ) عورتیں کسی مُردے کی بُرائی کرتی ہیں تو یہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔

اُروپ (س۔ ا۔ مذ) بھدّا پن۔ بدنمائی (۲) (صف) بدشکل بھدّا۔ (اَحرفِ نفی)۔

اُروپا (اُ۔ رُو۔ پا) (انگریزی یورپ (Europe) کا مُعَرّب۔ ا۔ مذ) یورپ۔ فرنگستان۔ فرنگ۔

اُروپائی (اُ۔ رُو۔ پائی) (ف۔ صف) یورپی۔ یورپ والا۔ یورپ سے متعلق۔

اُروڑا (و۔ صف) شہر ارور (سندھ) کے باشندے جو سندھ پر محمد بن قاسم کے حملے کے بعد ارور سے بھاگ کر پنجاب میں آ بسے تھے۔ ارور اُس وقت راجا داہر کی راجدھانی تھا۔

اَروگی (اَ۔ رو۔ گی) (و۔ صف) جسے کوئی بیماری نہ ہو۔ بھلا چنگا۔ (اَحرفِ نفی)۔

اَروَلی (اَر۔ وَ۔ لی) (و۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سفید اور موٹا کاغذ۔

اَرُوں' گھرُوں (اَر۔ رُوں' گھر۔ رُوں) (و۔ ا۔ مذ) بچوں کا ایک کھیل۔ چھوٹے بچے پاؤں پھیلا کر ہاتھ پھیرتے جاتے ہیں اور یہ الفاظ کہتے جاتے ہیں۔

اَروی (اَر۔ وی) (و۔ ا۔ مث) کچالو کے خاندان کی ایک لیس دار ترکاری جو جڑ ہوتی ہے۔ گھیاں۔

اَرّہ (اَر۔ رَہ) (ف۔ ا۔ مذ) آرا۔ لکڑی چیرنے کا اوزار۔

اَرّہ کش (ف۔ ا۔ مذ) لکڑی چیرنے والا۔

اَرہَر (اَر۔ ہَر) (و۔ ا۔ مث) ایک غلّہ جس کی دال پکا کر کھاتے ہیں۔

ارہر کی ٹٹیا گجراتی تالا (اَر۔ مثل) ناموزوں کام۔ غیر مناسب چیزوں کا میل۔

اَرّی (اَ۔ رّی) (و۔ ا۔ مث) بیل ہانکنے کی چھڑی جس کے سرے پر لوہے کی نکیلی کیل ہوتی ہے۔

اَرِی (اَ۔ ری) (اَر۔ کلمۂ خطاب) کم رُتبہ عورت کو پکارنے کا کلمہ۔

اَرے (اَ۔ رے) (۱) اَر۔ کلمۂ ندا و خطاب (کم رُتبہ شخص کے لئے) (۲) کلمۂ تعجب۔

ارے ترے کرنا (اَر۔ محاورہ) بے ادبی سے بولنا۔ اَبے تبے کرنا۔ گستاخی سے پیش آنا۔

ارے رے رے (اَر۔ کلمۂ تعجب) نہایت حیرانی اور تعجب ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

اُریب (اُ۔ ریب) (بیائے مجہول) (ف۔ صف) آڑا۔ ترچھا۔

اُریب دار پاجامہ (ف۔ اَر۔ ا۔ مذ) آڑا پاجامہ جس کی مُہری اتنی تنگ ہوتی ہے کہ پنڈلی سے چپک جاتی ہے۔

اُریب کی باتیں (اَر۔ ا۔ مث) پیچیدہ باتیں۔ فریب کی باتیں۔ دھوکے کی گفتگو۔

اُریب کی چال (اَر۔ ا۔ مث) دغا و فریب کی بات۔ ٹیڑھی چال۔

اُریبواں (اُریب۔ واں) (اَر۔ صف) آڑا۔ ترچھا۔

اَرِیب (اَ۔ ریب) (ع۔ صف) عقل مند۔ دانا۔

ا۔ ڑ

اَڑ (بفتحۂ اوّل) (و۔ ا۔ مث) (۱) ضِد۔ ہٹ۔ پیچ (۲) سنداک۔ ثقالت (۳) اَڑنا مصدر کا اِسم کیفیت و صیغۂ اَمر۔

اڑ بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) ضِد کرنا۔ اِصرار کرنا۔ ہٹ کرنا۔

اڑ جانا (اَر۔ محاورہ) ہٹ کرنا۔ ضِد کرنا (۲) جم جانا (۳) تھم جانا۔ رُک جانا۔

اڑ کر لینا (اَر۔ محاورہ) دھرنا دے کر لینا۔ بے وصول کئے نہ چھوڑنا۔

اڑ کھڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) سدِّ راہ ہونا۔ راستہ روک کر کھڑا ہونا۔

اڑ کے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) جم کر بیٹھنا۔ اس قصد سے بیٹھنا کہ جب تک کام پورا نہ ہو اُٹھیں گے نہیں۔ دھرنا دینا۔

اُڑ (بضمِ اوّل) (و) مصدر اُڑنا کا صیغۂ اَمر۔

اُڑ بھنیری ساون آیا (اَر۔ مثل) کسی کو اِتفاقاً دولت مل جائے اور وہ خوب گل چھرّے اُڑائے تو طنزاً کہتے ہیں یعنی یہی دن ہیں۔ خوب عیش کر لو۔

اُڑ جائے (اَر۔ بددُعا) مِٹ جائے۔ غارت ہو جائے۔

اُڑ جانا (و۔ مصدر مُرکّب) (۱) پرندے کا پرواز کر جانا (۲) بھاگ جانا (۳) غائب ہو جانا (۴) کسی چیز کا رنگ پھیکا پڑ جانا (۵) کٹ جانا۔ قلم ہو جانا (۶) مِٹ جانا۔ غارت ہو جانا۔ تیز دیکھئے اُڑنا۔

اُڑ چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِترانا۔ غرور کرنا (۲) اوقات سے باہر قدم رکھنا (۳) بدچلنی اختیار کرنا۔ آوارہ ہو جانا۔

اُڑ گیا (و۔ فعل) اُجڑ گیا۔ غارت ہو گیا۔ ناپید ہو گیا۔

اَڑا (اَ۔ ڑا) (و۔ فعل) (۱) اَڑنا مصدر کا فعلِ ماضی (۲) (صف) اَڑا ہوا۔ مشکل۔ تکلیف دہ۔ اُلجھا ہوا (۳) ضِد پر قائم۔

اَڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) ضِد پر قائم ہونا (۲) حائل ہونا۔ سدِّ راہ ہونا۔

اَڑاڑا (اَڑا۔ ڑا) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) مکان یا دیوار گرنے کی آواز (۲) دریا کا کڑاڑا۔

اڑاڑ دھم (اڑاڑا دھڑیم۔ اڑاڑا دھوں) (اَر۔ ا۔ صوت) کسی چیز کے بے تحاشا گرنے کی آواز۔

اڑاڑا کر کے گرنا (اَر۔ محاورہ) دھماکے سے گرنا۔ مکان کا بلند آواز سے گرنا۔

اُڑا (اُ۔ ڑا) (و۔ مصدر اُڑنا کا فعلِ ماضی) (۱) اُڑ گیا (۲) نایاب۔ کم یاب۔

اُڑا آنا (اَر۔ محاورہ) بہت جلد آنا۔ تیزی سے آنا۔

اُڑا پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) ناپید ہو جانا۔ نایاب ہو جانا۔

اُڑا پھرنا (اَر۔ محاورہ) جلد جلد گشت لگانا۔ ہوا میں اِدھر اُدھر گشت کرنا۔

اُڑا جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) تیز تیز جانا (۲) اُڑتے ہوئے جانا (۳) ٹال جانا (۴) کھا پی جانا۔

اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) مشہور کر دینا (۲) موقوف کر دینا۔ بند کر دینا (۳) چوری کر لینا۔ غائب کر دینا (۴) خرچ کر ڈالنا (۵) اُدھیڑنا۔

اُڑا لانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہوا کی مدد سے کسی چیز کو بالا بالا لانا (۲) چالاکی سے کوئی چیز حاصل کرنا (۳) بھگا لانا۔

اُڑا لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) چُرا لینا (۲) اِس طرح لے جانا کہ معلوم نہ ہو (۳) بغیر بتائے کوئی چیز دیکھ کر سیکھ لینا۔ ہو بہو نقل کر لینا۔

اَڑان (اَ۔ ڑان) (و۔ ا۔ مذ) تھم۔ ستون۔ وہ لکڑی جس سے کسی گرتی ہوئی دیوار

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یا چھت کو سہارا دیتے ہیں۔

اُڑان (اُ۔ڑان) (ھ۔ا۔مث) (۱) پرواز۔ اُڑنا (۲) چھلانگ۔ جست۔ جمع : اُڑانوں۔ اُڑانیں۔

اُڑان گھائی (اُر۔ا۔مث) (۱) بندھی ہوئی چوٹیں (۲) اُنگلیوں کی جڑ کا حصّہ (۳) شعبدہ بازی۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ فریب دہی۔

اُڑان گھائی بتانا (اُر۔محاورہ) اَنٹی مارنا۔ دغا دینا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ بہکانا۔

اَڑانا (اَڑا۔نا) (ھ۔مص) (۱) اٹکانا۔ پھنسانا۔ اُلجھانا (۲) روکنا۔ ٹھہرانا۔ حائل کرنا (۳) شامل کرنا۔ ملانا۔ شریک کرنا (۴) (ھ۔ا۔مذ) بڑا اور موٹا تھم۔ ستون۔ وہ مضبوط لکڑی جو دیوار یا چھت کو سنبھالنے کے لئے لگائی جاتی ہے۔ اُڑان۔

اَڑّانا (اَڑ۔ڑا۔نا) (ھ۔مص) (۱) دُکھ یا بیماری کے باعث گائے کی طرح چلّانا۔ کراہنا (۲) سخت آواز سے بولنا۔

اُڑانا (اُ۔ڑا۔نا) (ھ۔مص) (۱) پرواز کرانا۔ پرندوں یا پتنگ وغیرہ کو فضا میں پہنچانا (۲) کاٹنا۔ تراشنا۔ کترنا۔ جُدا کرنا (۳) بغیر بتائے کوئی کام دیکھ کر سیکھ لینا۔ ہو بہو نقل کرنا (۴) چُرا لانا۔ مفت حاصل کرنا۔ چھپانا (۵) اُکھاڑنا۔ خراب کرنا۔ جتنے نہ دینا۔ نکالنا۔ موقوف کرنا (۶) ٹالنا۔ اَن سُنی کرنا۔ بُھلاوا دینا (۷) دُور کرنا۔ پرے کرنا۔ ہٹانا۔ ضائع کرنا (۸) فضول خرچی کرنا۔ روپیہ برباد کرنا (۹) بے جا تعریف کرنا۔ بنانا۔ رُسوا و بدنام کرنا (۱۰) بھگا لے جانا۔ چھپا دینا۔ غائب کر دینا (۱۱) کام بنانا۔ کھیل بنانا (۱۲) رونق بڑھانا۔ زینت بخشنا۔ جان ڈالنا۔ خوش ذائقہ بنانا (۱۳) ہنکانا۔ نکالنا (۱۴) ٹپکانا۔ بھگانا۔ دوڑانا (۱۵) لگانا۔ کھڑا کرنا (۱۶) برسانا۔ پھٹکنا۔ صاف کرنا (۱۷) مشہور کرنا۔ شہرت دینا (۱۸) پینا۔ نوش کرنا۔ شراب پینا (۱۹) کھانا۔ چٹ کرنا (۲۰) حاصل کرنا (۲۱) چھیلنا۔ کھرچنا۔ قلم پھیرنا۔ مٹانا۔ خارج کرنا۔ نام و نشان نہ رکھنا (۲۲) اُدھیڑنا (۲۳) اُکھاڑ کر پھینکنا۔ کھود ڈالنا (۲۴) مارنا۔ ٹکانا۔ جمانا (۲۵) تان اُڑانا گانا (۲۶) پراگندہ کرنا۔ پریشان کرنا (۲۷) پھینکنا۔ اُچھالنا۔ چھکانا (۲۸) بے جا تعریف کرنا (۲۹) ٹھیک نشانہ لگانا (۳۰) کسی کے انداز کی نقل کرنا (۳۱) گانا جیسے تان اُڑانا۔

اُڑانی (اُڑا۔نی) (ھ۔ا۔مث) (۱) بڑا پنکھا (۲) کُشتی کا ایک داؤ۔ اَڑنگا۔ دُوسرے کی ٹانگ میں ٹانگ اَڑا کر پکڑنے کا پیچ۔

اُڑاؤ (اُ۔ڑا۔اُو۔ واو معروف) (ھ۔صف) اُڑانے والا۔ فضول خرچ۔ گھر لٹا دینے والا۔

اُڑاؤ کھاؤ (واو معروف) (اُر۔صف) فضول خرچ۔ کھانے لٹانے والا۔

اَڑ بَڑ (اَڑ۔بَڑ) (ھ۔صف) ناہموار۔ اُونچا نیچا (۲) بے محل۔ بے معنی۔

اَڑ بَنگ (اَڑ۔بَنگ) (ھ۔صف) (۱) ٹیڑھا میڑھا۔ اُونچا نیچا (۲) مُشکل (۳) انوکھا۔

اَڑ بَنگا (اَڑ۔بَنگا) (ھ۔صف) (۱) آڑا۔ ٹیڑھا۔ ترچھا (۲) ضِدّی (۳) (ھ۔ا۔مذ) روک۔ آڑ (۴) جھمیلا۔ بکھیڑا۔ رخنہ۔

اَڑتالیس (اَڑ۔تا۔لیس) (ھ۔ا۔عدد) سینتالیس کے بعد کا عدد۔ چالیس اور آٹھ۔ ۴۸۔

اَڑتالیسواں (ھ۔عدد کسری و ترتیبی) ترتیب میں سینتالیس کے بعد کا درجہ (۲) اڑتالیسواں حصّہ۔ ۱/۴۸۔

اَڑتالیسویں (واو معروف) (ھ۔عدد ترتیبی) اَڑتالیسواں کی تانیث۔

اَڑتالیسویں (واو مجہول) (ھ۔عدد ترتیبی) اَڑتالیسواں کی مُغیرہ صورت۔

اَڑتلا (اَڑ۔ت۔لا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) پناہ۔ آسرا۔ سہارا (۲) حیلہ۔ بہانہ۔ عذر۔

اَڑتلا (پکڑنا) لینا (اُر۔محاورہ) (۱) پناہ لینا۔ حمایت میں آنا۔ سہارا لینا (۲) بہانہ کرنا۔ عذر کرنا۔

اُڑتلا (اُڑ۔ت۔لا) (ق۔ا۔مذ) آسرا۔ پناہ گاہ۔

اُڑتی (اُڑ۔تی) (ھ۔صف) (۱) اُڑتی ہوئی (۲) تول میں کچھ کم۔

اُڑتی بیٹھک (ھ۔ا۔مث) دونوں پاؤں کو سمیٹ کر اُٹھتے بیٹھتے ہوئے آگے بڑھنا یا پیچھے ہٹنا۔ بیٹھک کا ایک انداز۔

اُڑتی بیماری (ھ۔ا۔مث) وہ بیماری جو ایک سے دُوسرے کو لگ جائے۔ متعدی مرض۔ چھوت کی بیماری۔

اُڑتی پڑتی خبر (اُر۔ا۔مث) افواہ۔

اُڑتی تول (ھ۔ا۔مث) کم تولنا۔

اُڑتی چڑیا کے پر گنِنا (اُر۔محاورہ) کمال نظرباز ہونا۔ دل کی بات سمجھ جانا۔ بھانپنا۔ تاڑنا۔ تیور پہچاننا۔ قیافہ شناس ہونا۔

اُڑتی سی خبر (اُر۔ا۔مث) افواہ۔ بازاری اور بے تحقیق بات۔ گپ۔

اَڑتیس (اَڑ۔تیس) (ھ۔ا۔عدد) تیس اور آٹھ۔ سینتیس کے بعد کا عدد۔ ۳۸۔

اَڑتیسواں (ھ۔عدد ترتیبی و کسری) (۱) ترتیب میں سینتیس کے بعد کا درجہ (۲) اڑتیسواں حصّہ۔ ۱/۳۸۔

اَڑتیسویں (واو معروف) (ھ۔عدد ترتیبی) اڑتیسواں کی تانیث۔

اَڑتیسویں (واو مجہول) (ھ۔عدد ترتیبی) اڑتیسواں کی مُغیرہ صورت۔

اُڑد۔ دیکھئے اُرد۔

اَڑچن (اَڑ۔چن) (ھ۔ا۔مث) رُکاوٹ۔ دِقّت۔ تعطّل۔ بُحران۔

اُڑس (اُ۔ڑس) (ھ۔ا۔مذ) کھٹمل (۲) اُڑسنا کا امر اور اِسم کیفیت۔

اُڑس لینا (اُر۔محاورہ) اٹکا لینا۔ داخل کر لینا۔

اَڑسٹھ (اَڑ۔سَٹھ) ساٹھ اور آٹھ۔ سڑسٹھ کے بعد کا عدد۔ ۶۸۔

اُڑسنا (اُ۔ڑَس۔نا) (ھ۔مص) (۱) گھسیڑنا۔ داخل کرنا (۲) چھیدنا (۳) گھسونا۔ چبھونا (۴) تہ کرنا (۵) بھر دینا (۶) مُنہ بند کر دینا۔

اُڑ کے (ھ۔تابع فعل) (۱) پرواز کر کے۔ اُچھل کے (۲) زیادہ سے زیادہ (۳) تیزی سے۔

اُڑ کے (کر) کہاں جاؤ گے؟ (اُر۔محاورہ) کہاں بھاگ کر جا سکتے ہو؟ بچ کر کہاں جاؤ گے؟

اُڑ کے لگنا (اُر۔محاورہ) ایک کی بیماری دُوسرے کو لگ جانا۔

اُڑ کے مِلنا (اُر۔محاورہ) از خود پہنچ جانا (۲) بغیر وسیلے کے پہنچ جانا (۳) بڑے اشتیاق سے ملنا۔

اُڑ کے مُنہ میں کھیل نہیں گئی ہے (اُر۔فقرہ) کچھ نہیں کھایا ہے۔ ذرا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھی غذا نہیں کھائی۔

اُڑگڑا (اُڑ۔گَ۔ڑا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) گھوڑوں کے دوڑانے اور سدھانے کی جگہ (۲) گاڑیوں کا اڈّا۔

اُڑِم (اُ۔ڑِم) (ھ۔ا۔مذ) انبار۔ ڈھیر۔

اُڑَن (اُ۔ڑَن) (ھ۔صف) (۱) اُڑنے والا۔ پرواز کرنے والا۔ جو اُڑ سکے (۲) غائب ہو جانے والا۔ ناپید ہو جانے والا۔

اُڑن پھل (ھ۔ا۔مذ) وہ فرضی پھل جس کے کھانے سے اُڑنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔

اُڑن جوگا (ھ۔صف) مٹ جانے کے قابل۔ مرنے جوگا۔

اُڑن چھو ہونا (اُر۔محاورہ) ناپید ہونا۔ غائب غلّہ ہو جانا۔

اُڑن کھٹولا (ھ۔ا۔مذ) اُڑنے والا تخت۔ تختِ رواں۔ پریوں کے سیر کرنے کا تخت۔

اُڑن گھائی (ھ۔ا۔مث) دیکھئے اڑان گھائی۔

اَڑنا (اَڑ۔نا) (ھ۔مص) (۱) سدِّراہ ہونا۔ مزاحم ہونا (۲) ڈٹنا۔ جمنا (۳) بھڑنا۔ اُلجھنا۔ جھگڑنا (۴) ضد کرنا (۵) داؤں پر لگانا یا رکھنا (۶) دخل دینا (۷) آمادہ ہونا (۸) کس سے مَس نہ ہونا۔ سرکنا۔ جنبش نہ کرنا۔

اُڑنا (اُڑ۔نا) (ھ۔مص) (۱) پرواز کرنا (۲) ترشنا۔ کٹ کر علیحدہ ہونا (۳) نقل اُترنا (۴) غائب ہونا۔ چوری ہونا (۵) بہت جلد صرف ہو جانا (۶) اِترانا۔ غرور کرنا (۷) بھاگ جانا۔ چل دینا (۸) گھوڑے کا طرارے بھرنا (۹) کھایا پیا جانا (۱۰) حاصل ہونا (۱۱) مٹنا (۱۲) اُدھڑنا (۱۳) ہلاک ہو جانا (۱۴) گایا جانا (۱۵) نابود ہو جانا (۱۶) اُچٹنا (۱۷) نشانے پر لگنا (۱۸) نُچنا (۱۹) بے تکی ہانک لگانا (۲۰) پھٹنا۔ پُرزے پُرزے ہونا (۲۱) سنّاٹا ہونا۔ ویرانی ہونا (۲۲) تباہ و برباد ہونا (۲۳) پھڑکنا (۲۴) جلنا۔ شعلہ دینا (۲۵) پھیلنا۔ مشہور ہونا (۲۶) رنگ پھیکا پڑنا (۲۷) پریشان و پراگندہ ہونا (۲۸) عیش و عشرت کرنا (۲۹) تیز چلنا (۳۰) ہنسی مذاق ہونا۔

اُڑنکو (اُ۔ڑَنکو) (واو معروف) (ھ۔صف) اُڑنے والا۔ اُڑنے کی صلاحیت رکھنے والا۔

اَڑنگ (اَ۔ڑَنگ) (ھ۔ا۔مذ) ڈھیر۔ انبار۔

اَڑنگ بَڑنگ (ھ۔ا۔مذ) (۱) مہمل اور بے سر و پا باتیں۔ بے تکی باتیں (۲) لڑکوں کا ایک کھیل (۳) (صف) پیچ دار۔ خم دار۔ ٹیڑھا۔

اَڑنگ بَڑنگ ہو جانا (اُر۔محاورہ) جگہ سے ہٹ جانا۔ بے ترتیب ہو جانا۔

اَڑنگا (اَ۔ڑنگا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) کشتی کا ایک پیچ جس سے حریف کو اُس کی ٹانگ میں اپنی آڑی ٹانگ اَنٹی کی طرح مار کر گرا دیتے ہیں (۲) روک۔ آڑ۔ مزاحمت۔ رخنہ۔ جمع: اڑنگوں۔ اڑنگے۔

اڑنگا لگانا (اُر۔محاورہ) ہوتے ہوئے کام کو روک دینا۔ رخنہ ڈالنا۔ حارج ہونا۔

اڑنگا مارنا (اُر۔محاورہ) (۱) اڑنگے کا پیچ کرنا (۲) حارج ہونا۔ سدِّراہ ہونا۔ رخنہ انداز ہونا۔

اَڑنگے (اَ۔ڑنگے) (ھ۔ا۔مذ) (۱) اڑنگا کی جمع (۲) اڑنگا کی مغیرہ شکل۔

اَڑنگے پر (چڑھانا) مارنا۔ اَڑنگے پر چڑھا کر مارنا (اُر۔محاورہ) داؤں پر چڑھ جانا۔ فریب دے کر قابو میں لانا۔

اَڑواڑ (اَڑ۔واڑ) (ھ۔ا۔مث) ٹیکن۔ ٹیک۔ ستون۔ تھم۔ اڑان۔ اڑانا۔ وہ لکڑی جو چھت وغیرہ کے نیچے لگا دیتے ہیں تاکہ وہ گرے نہیں۔

اَڑوس پَڑوس (اَ۔ڑوس۔پَ۔ڑوس) (اُر۔ا۔مذ) قرب و جوار۔ آس پاس۔

اَڑوسی پَڑوسی (اَ۔ڑو۔سی۔پَ۔ڑو۔سی) (اُر۔ا۔مذ) آس پاس کا رہنے والا۔ ہم سایہ۔

اُڑھانا (اُ۔ڑھا۔نا) (ھ۔مص) اوڑھنا کا متعدی المتعدی۔

اَڑھائی (اَ۔ڑھا۔ئی) (ھ۔صف) دو اور آدھا۔ ڈھائی۔

اڑھائی اَنچھر (ھ۔ا۔مذ) مختصر مگر نہایت پُرتاثیر باتیں۔

اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا (اڑھائی چاول الگ گلانا)۔ دیکھئے اپنی اڑھائی اینٹ۔

اڑھائی بکائن میاں باغ میں۔ کافی حرم محل خانے میں (اُر۔مثل) جب کوئی بے حقیقت آدمی شیخی مارتا ہے تو یہ مثل کہتے ہیں۔ کم ظرف ہے۔ اوچھا ہے۔

اڑھائی چُلّو لہو (پینا) پی لینا (اُر۔محاورہ) مار ڈالنا (عورتیں نہایت غصے کی حالت میں کہتی ہیں)۔

اڑھائی دن سقّے نے بھی بادشاہت کی ہے (اُر۔مثل) انقلابِ زمانہ سے کبھی ادنیٰ بھی اعلیٰ مرتبے پر پہنچ جاتا ہے (نظام سقّے کی طرف اشارہ ہے جس نے ہمایوں کی جان بچائی تھی اور اُس کے عوض ہمایوں نے اُسے ڈھائی دن کے لئے بادشاہ بنایا تھا)۔

اڑھائی دن کی بادشاہت (اُر۔مثل) ناپائیدار یا تھوڑے دنوں کی حکومت۔

اڑھائی گھڑی کی موت آئے (اُر۔بددعا) فوراً مر جائے۔

اڑھائی ہاتھ کی ککڑی نو ہاتھ کا بیج (اُر۔مثل) بچہ شرارت میں ماں سے بھی بڑھا ہوا ہے۔

اُڑھنا (ق۔مص) اڑنا۔ رُکنا۔ ٹھہر جانا۔

اَڑھیا (اَ۔ڑھی۔یا) (ھ۔ا۔مث) (۱) ڈھائی سیر کا وزن (۲) اڑھائی گنے کا پہاڑا (۳) نجومیوں کی اصطلاح میں سنیچر (زحل) کا ایک مقام۔

اَڑی (اَ۔ڑی) (ھ۔ا۔مث) (۱) مشکل۔ سختی۔ مصیبت۔ تنگی (۲) ضرورت۔ حاجت (۳) قماربازوں کی اصطلاح میں مشکل داؤں۔

اڑی ڈری قاضی جی کے سر پڑی (اُر۔مثل) پرائی بلا اپنے سر آئی۔ دوسرے کی مصیبت اپنے سر پڑنا۔

اڑی مار (ھ۔صف) (۱) یار مار (۲) فریبی۔ دغاباز۔

اڑی مُشکل (اُر۔ا۔مث) مشکل میں مشکل۔

اُڑی (اُ۔ڑی) (ھ۔فعل) اُڑا کی تانیث۔

اُڑی اُڑی طاق پر بیٹھی (اُر۔مثل) رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی۔

اُڑی پُڑی بات (اُر۔ا۔مث) افواہ۔ گپ۔ ناقابلِ اعتبار خبر۔

اُڑے (اُ۔ڑے) (ھ۔فعل) (۱) اُڑا کی جمع (۲) اُڑا کی مغیرہ شکل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُڑے گھوڑے میں (اِر۔ متعلق فعل) ضرورت کے وقت۔ مصیبت کے وقت۔
اُڑے وقت (اِر۔ اِ۔ مذ) مصیبت کے وقت۔
اُڑے وقت کا گہنا (اِر۔ مثل) اُس چیز کے متعلق کہتے ہیں جو سخت ضرورت کے وقت کام آنے کے قابل ہو۔
اُڑے (اُ۔ ڑے)(ہ۔ فعل)(۱) اُڑا کی جمع (۲) اُڑا کی مغیرّہ صورت۔
اُڑے (اُڑ جائے) (اِر۔ بدُعا) تباہ ہو۔ برباد ہو جائے۔ ناپید ہو جائے۔
اُڑے اُڑے پھرتے ہو (اِر۔ محاورہ) دکھائی نہیں دیتے۔ ملتے نہیں۔ قابو میں نہیں آتے۔
اَڑِیَل (اَڑ۔ یَل)(ہ۔ صف) اَڑ جانے والا۔ ضِدّی۔ ہٹیلا۔ سرکش۔
اَڑِیچ (اَ۔ ڑیچ)(بیائے مجہول)(ہ۔ مث) کپٹ۔ بَیر۔ عداوت۔ دُشمنی۔ بُغض۔
اَڑِیچ رکھنا (ہ۔ محاورہ) دُشمنی رکھنا۔ بُغض رکھنا۔
اَڑِیچ نکالنا (ہ۔ محاورہ) دُشمنی کا بدلہ لینا۔

ا ۔ ز

اَز (بفتحہ اوّل)(ف۔ حرفِ جر) سے۔
از اِبتدا تا اِنتہا (ف۔ تابع فعل) شروع سے آخر تک۔
ازاں (اَز۔ آں)(ف۔ تابع فعل) اُس سے۔
ازاں بعد (ف۔ تابع فعل) اُس کے بعد۔ اُس وقت تک۔
ازاں جُملہ (ف۔ تابع فعل) سب میں سے۔ اُن میں سے۔
از بر (ف۔ تابع فعل) نوکِ زبان۔ زبانی یاد۔ حِفظ۔
از بر کر لینا (اِر۔ محاورہ) زبانی یاد کر لینا۔ حِفظ کر لینا۔
از برائے خدا (ف۔ تابع فعل) خُدا کے لئے۔ خُدا کے واسطے۔
از بس (ف۔ صف)(۱) بہت زیادہ۔ نہایت (۲) نتیجہ۔ غرض۔ غایت۔
از بس کہ (ف۔ حرفِ شرط) چونکہ۔
از حد (ف۔ تابع فعل) نہایت۔ بے حد۔ حد سے زیادہ۔
از خُرداں خطا و از بُزرگاں عطا (ف۔ مثل) چھوٹوں سے غلطی ہوتی ہے۔ بڑوں کا کام بخش دینا ہے۔
از خرس مُوئے بس است (ف۔ مثل) ریچھ سے بال مل جانا بھی غنیمت ہے۔ نالائق سے تھوڑی سی بھلائی بھی بہت ہے۔ کنجوس سے تھوڑی خیرات بھی اچھی ہے۔
از خود (ف۔ متعلق فعل)(۱) آپ سے۔ خود ہی۔ اپنے آپ۔ خود بخود (۲) قصداً۔ عمداً (۳) بلا امداد غیرے۔ بلا سہارے۔
از خود رفتگی (رَف۔ تَ۔ گی)(ف۔ اِ۔ مث) آپے سے باہر ہونا۔ بے خودی۔
از خود رفتہ (ف۔ صف) آپے سے باہر۔ دیوانہ۔ باؤلا۔ بے ہوش۔ بے خود۔
از دیدہ دُور از دِل دُور (ف۔ مثل) جو نظر سے دُور ہو وہ دل سے بھی دُور ہو جاتا ہے۔
از راہ (ف۔ متعلق فعل) طریقے سے۔ نظر سے۔ بطور جیسے ازراہِ عنایت۔ ازراہِ کرم وغیرہ۔

ازراہِ محبت (ف۔ متعلق فعل) پیار کے طریق سے۔ دوستی کے طور سے۔
از رُوئے (ف۔ متعلق فعل) بغرض۔ بربنا۔ کسی چیز کی بنیاد پر۔
از سر تا پا (ف۔ متعلق فعل) سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔ بالکل۔ تمام۔
از سرِ نو (ف۔ متعلق فعل) نئے سرے سے۔
از غیب (ف۔ تابع فعل) غیب سے۔
از غیبی (ف۔ متعلق فعل) پوشیدہ طور سے۔ نامعلوم طریقے سے۔ گپت (۲) خُدا کی طرف سے۔ عالمِ غیب سے۔ غیب سے۔
از غیبی تھپڑ (دھکا۔ طمانچہ۔ گولا۔ گھونسا) (اِر۔ اِ۔ مذ) آسمانی بلا۔ آفتِ سماوی۔ وہ مُصیبت جو یکایک وارد ہو جائے۔
از غیبیا (غَیب۔ یا)(اِر۔ صف) ولدُالزِنا۔ حرامی۔
از کار رفتہ (ف۔ صف) نکمّا۔ کام کے نا قابل۔
از ماست کہ بر ماست (ف۔ مثل) ہم پر جو مُصیبت آئی ہے وہ اپنے ہی ہاتھوں کی لائی ہوئی ہے۔ اپنے کئے کی سزا ہے۔ جیسی کرنی ویسی بھرنی۔
ازیں (ف۔ متعلق فعل) اِس سے (اَز۔ اِیں کا مخفف)۔
ازیں پیش (ف۔ متعلق فعل) اِس سے پہلے۔
ازیں سُو رانده و ازاں سُو درمانده (ف۔ مثل) اِدھر سے پھٹکار، اُدھر سے دُھتکار۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔ اِدھر سے مردود، اُدھر سے ملعون۔
اِزار (اِ۔ زار)(ع۔ اِ۔ مث) پاجامہ۔ تہمن۔ شلوار۔ = بند۔
اِزار بند (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) ناڑا۔ کمر بند۔ اُردو جمع: اِزار بند۔ اِزار بندوں۔
اِزار بند کا رشتہ (اِزار بندی رشتہ) (اِر۔ اِ۔ مذ) بیوی کی طرف کا رشتہ۔ سُسرالی رشتہ۔ (عموماً اِس کا استعمال غیر کفو کی رشتہ داریوں میں ہوتا ہے)۔
اِزار سے باہر ہو جانا (اِر۔ محاورہ) مارے غُصّے کے آپے میں نہ رہنا۔ جامے سے باہر ہونا۔
اِزار میں ڈال کر پہننا (اِر۔ محاورہ) کسی کا ڈر نہ ہونا۔ خیال میں نہ لانا۔ خاطر میں نہ لانا۔
اِزالہ (اِ۔ زا۔ لہ)(ع۔ اِ۔ مذ) زائل کرنا۔ دُور کرنا۔ مٹانا۔ ہٹانا۔
اِزالۂ بکارت (ع۔ اِ۔ مذ) کنواری عورت سے پہلی بار ہمبستری کرنا۔
اِزالۂ حیثیتِ عُرفی (ع۔ اِ۔ مذ) ہتکِ عزّت۔ عزّت میں خلل ڈالنا۔ کسی کی آبرو خراب کرنا۔ شُہرت بگاڑنا۔ (بیان، تحریر یا زبان سے)۔
اَزاں۔ از کے تحت دیکھئے۔
اُزبک (اُز۔ بک)(ت۔ اِ۔ مذ) ترکوں کے ایک قبیلے کا نام (۲)(صف) اُجڈ۔ وحشی۔
اِزدِحام (اِز۔ دِ۔ حام)(ع۔ اِ۔ مذ) انبوہ۔ بھیڑ۔ مجمع۔
اِزدِواج (اِز۔ دِ۔ واج)(ع۔ اِ۔ مذ) شادی کرنا۔ نکاح کرنا۔
اِزدِیاد (اِز۔ دِ۔ یاد)(ع۔ اِ۔ مذ) زیادہ ہونا۔ کثرت۔ زیادتی۔
اَزرَق (اَز۔ رَق)(ع۔ صف) نیلا۔ نیلگوں۔ آسمانی۔
ازرق چشم (ع۔ ف۔ صف) گُرنجا۔ گُربہ چشم۔ نیلی آنکھوں والا۔
اَزکِیا (اَز۔ کِ۔ یا)(ع۔ اِ۔ مذ) زکی کی جمع۔ پاک اور نیک لوگ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَزَل (اَ۔زَل)(ع۔ا۔مف)(۱) وہ زمانہ جس کی کوئی اِبتدا نہ ہو (۲) مخلوق کی پیدائش کا دن (۳) شروع۔ آغاز۔ مَبدا۔
اَزَلی (اَ۔زَ۔لی)(ع۔صف) ہمیشہ سے۔ دوامی۔ جس کی کوئی اِبتدا نہ ہو۔
اَزمِنہ (اَز۔مِ۔نہ)(ع۔ا۔مذ) زمانہ کی جمع۔
اَزمِنۂ وُسطیٰ (ع۔ا۔مذ)(یورپ کی تاریخ) رومن سلطنت کے زوال سے لے کر اِحیائے علوم (نشاۃِ ثانیہ) تک کا زمانہ۔
اَزواج (اَز۔واج)(ع۔ا۔مذ)(۱) زوج کی جمع۔ جوڑے (شوہر اور بیوی) (۲)(ا۔مف) زوجہ کی جمع۔ بیویاں۔ منکوحہ عورتیں۔
ازواجِ مُطہّرات (مُ۔طہّ۔ہَ۔رات)(ع۔ا۔مف) پاک بیبیاں (۲) سرکارِ دوعالم ﷺ کی بیویاں۔
اَزوقہ۔ دیکھئے آذوقہ۔
اَزہار (اَز۔ہار)(ع۔ا۔مذ) زہرہ کی جمع۔ کلیاں۔ بے کھلے پھول۔
اِزہار (اِز۔ہار)(ع۔ا۔مذ)(۱) چراغ جلنا (۲) آگ سلگنا (۳) پھول کھلنا۔
اَزہَر (اَز۔ہَر)(ع۔ا۔تفضیل) نہایت چمکیلا۔ بہت روشن۔ ازحد خوبصورت (۲) مصر کی مشہور درس گاہ جامعہ ازہر جو فاطمی حکمران نے قائم کی۔
اَزہَری (ع۔صف) جس نے جامعہ ازہر میں تعلیم حاصل کی ہو۔ جامعہ ازہر سے منسوب۔
اَزیں۔ از کے تحت دیکھئے۔

ا۔ژ

اَژدَر (اَژ۔دَر)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے اژدہا۔
اژدرِ موسیٰ (ف۔ا۔مذ) حضرت موسیٰؑ کا وہ عصا جو اژدہا بن جاتا تھا۔
اَژدَہا (اَژ۔دَہا)(ف۔ا۔مذ) اژدر۔ اجگر۔ بہت بڑا سانپ جو تیس بتیس فٹ تک لمبا ہوتا ہے لیکن زہریلا نہیں ہوتا۔ اُردو جمع: اژدہوں۔ اژدہے۔
اَژدَھات (اَژ۔دھات)(ف۔ا۔مف) سنسکرت اَشٹ (آٹھ) دھات کا معرب۔ سونے' چاندی' تانبے' پیتل' رانگ' جست' لوہے اور سیسے کی مرکب دھات۔
اِژدہام۔ غلط ہے دیکھئے اِزدہام جو صحیح ہے۔
اَژدہے (اَژ۔دَ۔ہے)(ا۔ا۔مذ)(۱) اژدہا کی جمع (۲) اژدہا کی مغیرہ صورت۔
اَژدہے کے مُنہ سے بچ کر (ا۔مثل) بڑی مصیبت سے نجات پائی۔ موذی کے پنجے سے چھٹے۔
اَژدہے کے مُنہ میں پاؤں رکھنا (ا۔محاورہ) خطرناک جگہ جانا۔
اَژدہے کے مُنہ میں جھونکنا (ا۔محاورہ) بُرے آدمی یا مُوذی شخص کے حوالے کرنا۔ خطرناک جگہ بھیج دینا۔
اَژدہے کے مُنہ میں ہاتھ (دینا) ڈالنا (ا۔محاورہ) خطرناک کام کرنا۔ نہایت مُوذی اور ضرررساں شخص کو چھیڑنا۔
اَژدہے کے مُنہ میں ہونا (ا۔محاورہ) دُشمن کے چنگل میں پھنسنا۔ موذی سے سابقہ پڑنا۔

ا۔س

اِس (بالکسر)(ض۔اشارہ قریب اور ضمیر حاضر) یہ۔ یہی۔
اِس بلغ کی اور ہی ہَوا ہے (ا۔مثل) یہاں کے طور طریقے الگ ہیں۔ یہاں صورتِ حال مختلف ہے۔
اِس بِرتے پر تتا پانی؟ (ا۔مثل) نا قابلیت پر لیاقت کا دعویٰ۔ ناسمجھی یہ مردی کا اظہار۔
اِس بھول کا خدا حافِظ (ا۔مثل) اِس بھول کا کوئی علاج نہیں (بہت بھولنے والے سے کہتے ہیں)۔
اِس پار (ا۔اِشارۂ قریب) دریا کا قریبی کنارہ۔
اِس پر بھی (ا۔تابع فعل) باوجود اس کے۔ اِتنا کچھ ہو لینے کے بعد بھی۔
اِس پر نہ بھولو (پُھولو) (ا۔محاورہ) اِس بات پر گھمنڈ نہ کرو۔ اس پر بھروسا نہ کرو۔
اِس پر نہ جاؤ (ا۔محاورہ) یہ خیال نہ کرو۔ اس پر توجہ نہ کرو۔
اِس پھیر میں نہ پڑو (ا۔محاورہ) اس چکر میں نہ پھنسو۔ دھوکا نہ کھاؤ۔
اِس جا (ا۔متعلق فعل) اِس موقع پر۔ اس مقام پر۔
اِس دَم (ا۔متعلق فعل) اِس وقت۔ فوراً۔
اِس دوران میں (ا۔متعلق فعل) اِس عرصے میں۔ اِس اثنا میں۔
اِس سرے سے اُس سرے تک (ا۔متعلق فعل) یہاں سے وہاں تک۔ شروع سے آخر تک۔
اِس سوا (ا۔متعلق فعل) علاوہ اس کے۔ اس کو چھوڑ کے۔
اِس سے (ا۔متعلق فعل) اِس سبب سے۔ اِس وجہ سے۔
اِس سے اچھا تو خدا کا نام ہے (ا۔مثل) بہت اچھی چیز ہے۔ اس سے بڑھ کر کوئی اچھی چیز نہیں۔
اِس سے تو نکٹے کی ناک بھی نہیں کٹتی (ا۔مثل) بہت چھوٹا ہے۔ چھری یا چاقو کے متعلق کہتے ہیں۔
اِس سے کیا پورا پڑے گا؟ (ا۔محاورہ) یہ کافی نہیں۔ یہ شخص اچھی طرح کام نہ کر سکے گا۔
اِس سے ہاتھ دھو لو (ا۔محاورہ) اس کا خیال چھوڑ دو۔ صبر کرو۔
اِس طرح (ا۔متعلق فعل) اِس طریقے سے۔ یوں۔
اِس قدر (ا۔تابع فعل) اِس مقدار میں۔ اتنا۔
اِس قدر کا (ا۔تابع فعل) اتنا زیادہ۔ بہت زیادہ۔
اِس کاندھے چڑھو اُس کاندھے اُترو (ا۔مثل) ہم کو کسی بات میں عذر نہیں ہے۔ آپ کی خاطر اور رعایت ہر طرح منظور ہے۔
اِس کان سُن کے اُس کان اُڑا دینا (ا۔محاورہ) توجہ نہ کرنا۔ کہنا نہ ماننا۔
اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں کرنا (ا۔مثل) بیکاری میں چیزوں کی اُلٹ پھیر کرتے رہنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔
اِس کو چیل کوّوں کو دُوں (ا۔محاورہ) غصے میں عورتیں کوسنے کے طور

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پر کہتی ہیں۔

اِس کو خُدا پر چھوڑ دو (اَر۔ مثل) جب کوئی کام لاکھ کوشش سے بھی نہ ہو سکے تو کہتے ہیں۔

اِس کو کیا کہتے ہیں؟ (اَر۔ محاورہ) تعجب اور حیرت کے موقع پر بطور سوال مستعمل ہے۔

اِس کو وہاں ماریں جہاں پانی نہ ملے (اَر۔ بدُعا) اِس پر ہرگز ترس نہ کھانا چاہئے۔ یہ تو اِس سزا کا مستحق ہے کہ مرے تو اُس کے مُنہ میں پانی ٹپکانے والا کوئی نہ ہو۔

اِس کی چھاتی (دیکھیئے) سراہیئے (اَر۔ مثل) اِس کے حوصلے اور جرأت کی تعریف کیجئے۔

اِس کے دل گُردے کو دیکھو (اِس کے جگر کو دیکھو) (اَر۔ مثل) اِس کی جُرأت و دلیری، ہمت اور حوصلہ کی داد دیجئے۔

اِس گھر کا باوا آدم ہی نرالا ہے (اَر۔ مثل) یہاں کا دستور سب سے جُدا ہے۔ یہاں کا طریقہ سب سے الگ ہے۔

اِس مرض کا توتا میں نہیں پالتا (اَر۔ مثل) میں اِس بکھیڑے میں نہیں پڑتا۔

اِس میں کچھ فی ہے (اَر۔ محاورہ) اِس میں کوئی چال ہے۔ دال میں کچھ کالا ہے۔

اِس وقت تم کہاں ہو؟ (اَر۔ محاورہ) کس سوچ میں ہو۔ ہوش میں نہیں ہو۔

اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے (اَر۔ مثل) ہر کام کا بدلہ فوراً ملتا ہے۔

اُس (بضم اوّل) (ض۔ اِشارہ بعید) وُہ۔ وُہی۔

اُس پار (م۔ تابع فعل) دریا کے دُوسرے کنارے پر۔

اُس کا بھی مُنہ جُھلس دو (اَر۔ محاورہ) اُس کو بھی کچھ دے دلا کر ٹالو۔

اُس کا مُنہ کالا (اَر۔ محاورہ۔ بدُعا) رُوسیاہ۔ مُنہ کالا۔ خُدا کی مار۔

اُس کا مُنہ کالا ہو گیا (اَر۔ محاورہ) سخت جھوٹا ثابت ہوا۔ اب مُنہ بھی نہ دکھائے گا۔

اُس کی جان کو صبر (اَر۔ محاورہ) کسی کے ہاتھوں تکلیف پہنچنے پر کہتے ہیں۔

اُس کی جوتی کو (اَر۔ محاورہ) اُس کو کیا غرض پڑی ہے۔

اُس کی قدرت کے (کارخانے) کھیل ہیں (اَر۔ مثل) خُدا کی شان کے جلوے ہیں (ایسی تعجب اور حیرت کی بات پر کہتے ہیں جو خلاف قیاس و اُمید ہو)۔

اُس کی لاٹھی میں آواز نہیں (اُس کی لاٹھی بے آواز ہے) (اَر۔ مثل) خُدا کا قہر ناگہانی ہوتا ہے۔

اُس کے چھپّر تو پھُوس بھی نہیں (اَر۔ مثل) نادار ہے۔ قلّاش ہے کنگال ہے۔

اُس کے دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں (اَر۔ مثل) بندوں کو دینے کے لئے خُدا کے پاس بے شمار ذرائع ہیں۔

اُس کے نام کا تو کُتا بھی نہیں پالتے (اَر۔ مثل) کسی سے اِنتہائی نفرت کے اظہار کے لئے کہتے ہیں۔

اُس نے رکھا اُس نے اُٹھایا (اَر۔ مثل) جب دو آدمیوں کی ایک جیسی عادت ہو تو کہتے ہیں۔

اَساتِذہ (اَ۔ سا۔ تِ۔ ذہ) (ع۔ ا۔ مذ) اُستاذ کی جمع۔

اَسارا (اَ۔ سا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ریشم کا ڈورا جس پر کلابتوں کا تار چڑھاتے ہیں۔

اُسارا (اُ۔ سا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) چھپّر۔ سائبان۔ برآمدہ۔ دَر۔ دہلیز (۲) آبِ زلال۔ بھگوئی ہوئی دواؤں کا نِتھرا ہوا پانی۔

اُسارت (اُ۔ سا۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) قید۔ اسیری۔

اُسارنا (ہ۔ مص) پانی نکالنا۔ دوا بھگو کر اُس کا پانی نتھارنا (۲) ختم کرنا۔ ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔

اَساڑھ (اَ۔ ساڑھ) (ہ۔ ا۔ مذ) ہاڑ۔ بکری سال کا تیسرا مہینا۔ عموماً نصف جون سے نصف جولائی تک۔

اَساڑھ جو رائے برکھا ہووے (ہ۔ مثل) اساڑھ میں گرمی پڑے تو بارش ہو۔

اَساڑھ کے درزی (اَر۔ ا۔ مذ) اساڑھ کے مہینے میں لوگ درزیوں سے کپڑے نہیں سلواتے تھے اس لئے وہ بیکار پھرتے تھے (صف) نکمّا۔ بیکار۔ بے روزگار۔

اَساڑھا (اَ۔ سا۔ ڑھا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) باریک بٹے ہوئے ریشم کا تاگا (۲) ایک قسم کی کھانڈ۔ کچی چینی۔

اَساڑھی (اَ۔ سا۔ ڑھی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) فصل ربیع۔ گیہوں۔ جو۔ چنا وغیرہ (۲) ہندوؤں کا ایک تیوہار۔

اَساس (اَ۔ ساس) (ع۔ ا۔ مث) بُنیاد۔ نیو۔ جڑ۔

اَساسی (اَ۔ سا۔ سی) (ع۔ صف) بُنیادی۔

اَساطیر (اَ۔ سا۔ طیر) (ع۔ ا۔ مث) اُسطورہ کی جمع۔ قصّے کہانیاں۔

اَساطیرُ الاوّلین (ع۔ ا۔ مث) اگلے لوگوں کے قصّے کہانیاں۔

اَساطین (اَ۔ سا۔ طین) (ع۔ ا۔ مذ) اُسطوانہ کی جمع۔

اَسافِل (اَ۔ سا۔ فِل) (ع۔ ا۔ مذ) اسفل کی جمع۔

اَسالیب (اَ۔ سا۔ لیب) (ع۔ ا۔ مذ) اُسلوب کی جمع۔

اُسامہ (ع۔ ا۔ مذ) (اسم جنس)۔ شیر کا نام۔

اَسامی (اَ۔ سا۔ می) (ع۔ ا۔ مذ) اِسم کی جمع الجمع (۱) (ہ۔ ا۔ مث) کسان۔ کاشت کار (۲) لین دین رکھنے والا (۳) گاہک۔ خریدار (۴) عُہدہ۔ نوکری (۵) مالدار۔ امیر۔ جمع: اسامیاں۔ اسامیوں۔

اسامی بلاحق دخیل کاری (اَر۔ ا۔ مث) وہ اسامی جو دخل یابی کا حق نہ رکھتی ہو۔

اسامی بنانا (اَر۔ محاورہ) بے وقوف بنا کر فائدہ اُٹھانا۔ اپنا مطلب نکالنا۔ ٹھگنا۔

اسامی شکمی (اَر۔ ا۔ مث) ماتحت کاشت کار۔ چھوٹا کسان۔

اسامی غیر موروثی (اَر۔ ا۔ مث) غیر موروثی کاشت کار۔ وہ کسان جس کا دوامی حق نہ سمجھا جائے۔

اسامی مُستقل (اَر۔ ا۔ مث) وہ کاشت کار جو بے دخل نہ کیا جا سکے۔

اسامی موروثی (اَر۔ ا۔ مث) دوامی کاشت کار۔ وہ کاشت کار جو طویل عرصے سے کاشت کاری کے باعث وراثت کا حق پیدا کر لے۔

اسامی وار (اَر۔ متعلق فعل) اسامیوں کی ترتیب ناموں کے لحاظ سے۔ فرداً فرداً۔

اُسانا (اُ۔ سا۔ نا) (ہ۔ مص) چھٹکنا۔ غلّے کو بھوسے سے جدا کرنا۔

اَسانید (اَ۔ سا۔ نید) (ع۔ ا۔ مث) سَنَد کی جمع الجمع۔ وہ کتابیں جن میں حدیثیں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مع راویوں کے ناموں کے لکھی گئی ہیں مثلاً بخاری، مسلم وغیرہ۔

اَساوَری (اَ۔سا۔وَ۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک راگنی (۲) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔

اَساوَل (اَ۔سا۔وَل) (ت۔ا۔مذ) قاصد۔ پیامبر۔

اَشب (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) دیکھئے اَسپ۔

اَسباب (اَس۔باب) (ع۔ا۔مذ) سبب کی جمع (۱) وجہیں۔ وسیلے۔ باعث (۲) ضرورت کا سامان۔ اثاثہ (اِن معنوں میں بطور واحد مستعمل ہے)۔

اَسبابِ مانعِ اِرث (ع۔ا۔مذ) ایسے سبب جو ورثہ لینے سے روک دیں۔

اَسباط (اَس۔باط) (ع۔ا۔مث) سِبط کی جمع۔ پوتے پوتیاں۔ دوہتے دوہتیاں۔

اَسباق (اَس۔باق) (ع۔ا۔مذ) سبق کی جمع۔

اَسبغول (اَسپغول) (اَسب۔غول) (اَسپ۔غول) (ف۔ا۔مذ) ایک مشہور دوا جس سے لعاب نکلتا ہے اور جو قبض کشا ہے۔

اَسبق (اَس۔بَق) (ع۔ا۔تفضیل) سب سے اوّل۔ زیادہ آگے۔

اَسپ (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) (۱) گھوڑا (۲) شطرنج کا مُہرہ۔ جمع: اسپاں۔

اَسپات (اَس۔پات) (ہ۔ا۔مذ) سخت لوہا۔ دُوسرے درجے کا فولاد۔

اَسپتال (اَس۔پ۔تال) (انگریزی لفظ Hospital کا مُورّد۔ا۔مذ) شفاخانہ۔ ہسپتال۔ بیمارستان۔

اِسپرٹ (Spirit) (انگ۔ا۔مث) (۱) روح۔ نفس (۲) جوہرِ مُجرّد۔ جوہرِ محض۔ ست (۳) شراب (۴) حوصلہ۔ ہمت۔ دل گردہ۔ سرگرمی۔

اِسپرنٹو (Esperanto) (انگ۔ا۔مث) ایک مصنوعی بین الاقوامی زبان جسے پولینڈ کے ایک ماہرِ زبان ڈاکٹر زمن ہاف نے اہلِ یورپ کے مشترکہ اِستعمال کے لئے ۱۸۸۷ء میں اِیجاد کیا تھا۔

اِسپرنگ (Spring) (انگ۔ا۔مذ) پیچ دار کمانی۔

اَسپَھل (اَ۔سَ۔پَھل) (س۔صف) ناکام۔ ناکام یاب (اَ حرفِ نفی)۔

اِسپنج (Sponge) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے اِسفنج۔

اِسپند (اِس۔پَند) (ف۔ا۔مذ) کالا دانہ۔ ایک قسم کا تخم جو عورتیں نظرِ بد دفع کرنے کی غرض سے جلاتی ہیں۔ (پن) ہرمل۔

اَسپی (اَس۔پی) (ف۔صف) گھوڑے سے متعلق۔

اَسپی طاقت (ف۔ع۔ا۔مث) گھوڑے کی طاقت (۲) (علم سکون و حرکت) اتنی طاقت جس سے ۵۵۰ پونڈ وزن ایک سیکنڈ میں ایک فٹ اُٹھایا جا سکے۔ ہارس پاور (Horse Power)۔

اَسپی عرضُ البلد (ف۔ع۔ا۔مذ) کرۂ زمین کا وہ حصہ جو عرضُ البلد شمالی ۳۰ درجے اور ۳۵ درجے کے درمیان ہے۔

اِسپیچ (Speech) (انگ۔ا۔مث) تقریر۔ لیکچر۔

اِسپیڈ (Speed) (انگ۔ا۔مث) (۱) رفتار (۲) قوتِ کار۔

اِسپیشل (Special) (انگ۔صف) (۱) خاص۔ مخصوص (۲) غیر معمولی (جیسے اسپیشل ٹرین وغیرہ)۔

اسپیشلسٹ (Specialist) (انگ۔صف۔و۔ا۔مذ) ماہرِ خصوصی۔ متخصص۔

اِسپیکر (Speaker) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تقریر کرنے والا۔ مقرر (۲) اسمبلی کا صدر۔

اِسپینیل (Spaniel) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا شکاری کتا۔

اُستا (اُس۔تا) (ف۔ا۔مث) اُوستا کا مخفف۔ آتش پرستوں کے پیشوا زرتشت کی تصنیف۔ ژند کی شرح۔

اِستاد (اِس۔تاد) (ف۔ا۔مذ) (۱) قیام۔ استادگی (۲) خیمے اور شامیانے کی چوب۔ ستون۔

اُستاد (اُس۔تاد) (ف۔صف و۔ا۔مذ) (۱) سکھانے والا۔ مُعلّم۔ گرو۔ ماسٹر (۲) تجربہ کار۔ مشاق۔ کامل فن (۳) چالاک۔ پہنچے باز۔ جمع: اَساتذہ۔ اُردو جمع: اُستاد۔ اُستادوں۔

اُستاد بیٹھے پاس۔ کام آئے راس (اُر۔مثل) اُستاد کے پاس بیٹھنے سے کام درست ہوتا ہے۔ اُستاد کے پاس بیٹھنے والا کامیاب ہوتا ہے۔

اِستادگی (اِس۔تا۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) کھڑے ہونے کی حالت۔ کھڑا ہونا۔ قیام (۲) مضبوطی۔ پائیداری۔

اِستادہ (اِس۔تا۔دَہ) (ف۔صف) کھڑا ہوا۔ جمع: اِستادگان۔

اُستادی (اُس۔تا۔دی) (ف۔ا۔مث) (۱) اُستاد ہونا (۲) چالاکی۔ ہوشیاری۔

اُستاذ (اُس۔تاذ) (ع۔ا۔مذ) اُستاد کا مُعرّب۔ مدرّس۔ مُعلّم۔ جمع: اَساتذہ۔

اُستاذُالاَنام (اُس۔تا۔ذُل۔اَ۔نام) (ع۔ا۔مذ) دُنیا بھر کا اُستاد۔ اُستادِ روزگار۔

اُستاذی (اُس۔تا۔ذی) (ع۔یائے متکلم) میرا اُستاد۔

اُستاکار (بضمِ اوّل) (ف۔ا۔مذ) (۱) اُستاد۔ ماہرِ فن (۲) چالاک۔

اُستانی (اُس۔تا۔نی) (اُ۔ا۔مث) (۱) مُعلّمہ۔ آتوں۔ وہ عورت جو لکھنا پڑھنا یا کوئی کام سکھائے (۲) اُستاد کی بیوی۔ جمع: اُستانیاں۔ اُستانیوں۔

اِستبداد (اِس۔تب۔داد) (ع۔ا۔مذ) (۱) ظلم و جور سے حکومت کرنا۔ مطلق العنانی۔ خود رائی (۲) ضد۔ ہٹ۔

اِستبدادی (اِس۔تب۔دا۔دی) (ع۔صف) مطلق العنان حکومت سے متعلق۔ نظامِ اِستبداد کا حامی۔ رجعت پسند۔

اِستبدادیت (اِس۔تب۔دا۔دی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) خود رائی۔ مطلق العنان نظامِ حکومت (۲) کسی ملک کی سیاسی، معاشی اور تہذیبی زندگی پر کسی فرد یا گروہ کا کلی اختیار (۳) ظلم و ستم۔

اِستبرق (اِس۔تب۔رَق) (ع۔ا۔مذ) سبز اطلس کی قسم کا ایک ریشمی کپڑا۔

اِستبشار (اِس۔تب۔شار) (ع۔ا۔مذ) بشارت۔ خوشخبری پانا۔

اِستبصار (اِس۔تب۔صار) (ع۔ا۔مذ) دانائی۔ بینائی۔ متوجہ ہونا۔

اِستبعاد (اِس۔تب۔عاد) (ع۔ا۔مذ) دُوری۔ علیحدگی چاہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِسْتِثنا (اِس۔ تِث۔ نا)(ع۔ا۔مذ)(۱) علیحدہ کرنا۔ جُدا کرنا۔ الگ کرنا۔ کسی عام قاعدے یا حکم سے کسی شخص یا چیز کو علیحدہ کرنا۔

اِسْتِجابَت (اِس۔ تے۔ جا۔ بَت)(ع۔ا۔مث) اِلتجا کو سُننا اور قبول کرنا۔

اِسْتِحاضَہ (اِس۔ تے۔ حا۔ ضَہ)(ع۔ا۔مث) حیض کثرت سے آنا۔ وہ خون جو بیماری کے سبب حیض کے ایام کے سوا دوسرے دنوں میں بھی آتا ہے۔

اِسْتِحالَہ (اِس۔ تے۔ حا۔ لَہ)(ع۔ا۔مذ) حالت تبدیل ہو جانا۔ ایک حالت سے دُوسری حالت پر ہو جانا۔ شکل و صورت اور خاصیت کا بدل جانا۔

اِسْتِحالَۂ کیمیائی (ع۔ا۔مذ) مختلف چیزوں کا مل کر کیمیائی ترکیب سے ایک ہو جانا جیسے تانبا اور گندھک کے مل جانے سے نیلا تھوتھا بن جاتا ہے۔

اِسْتِحسان (اِس۔ تح۔ سان)(ع۔ا۔مذ) پسندیدگی۔ اچھا جاننا۔ پسند کرنا۔

اِسْتِحصال (اِس۔ تح۔ صال)(ع۔ا۔مذ)(۱) حاصل کرنا (۲) آجر کا اجیر کی مجبوری سے فائدہ اُٹھانا۔(Exploitation)۔

اِسْتِحصال بالجبر (بِل۔ جبر)(ع۔ا۔مذ) زبردستی حاصل کرنا۔ ڈرا دھمکا کر کوئی چیز لے لینا۔

اِسْتِحضار (اِس۔ تح۔ ضار)(ع۔ا۔مذ) حاضری چاہنا (۲) یاد۔ یادداشت۔

اِسْتِحقار (اِس۔ تح۔ قار)(ع۔ا۔مذ) ذلیل جاننا۔ حقارت سے دیکھنا (۲) نفرت کرنا۔

اِسْتِحقاق (اِس۔ تح۔ قاق)(ع۔ا۔مذ)(۱) حق طلب کرنا۔ سزاوار ہونا۔ مستحق ہونا۔ جمع: اِستحقاقات۔

اِسْتِحقاقِ ترکہ (ع۔ا۔مذ) ورثے کا حق۔

اِسْتِحقاقِ شفعہ (ع۔ا۔مذ) حقِ شفعہ۔ ہمسائی کا حق۔ ہمسائی کی بنا پر ترجیحی حق دار ہونا۔

اِسْتِحقاقِ شفعہ بربنائے جار و خلیط (ع۔ف۔ا۔مذ) ہمسائی اور شرکت کی بنا پر خریداری کا حق۔

اِسْتِحقاقِ نالش (ع۔ف۔ا۔مذ) قانوناً نالش کرنے کا حق۔

اِسْتِحکام (اِس۔ تح۔ کام)(ع۔ا۔مذ)(۱) مضبوطی۔ اُستواری۔ پختگی (۲) استقلال۔ قیام۔ جمع: اِستحکامات۔

اِسْتِحلال (اِس۔ تح۔ لال)(ع۔ا۔مذ) حلال کرنا۔ حلال سمجھنا۔

اِسْتِخارَہ (اِس۔ تے۔ خا۔ رَہ)(ع۔ا۔مذ) طلبِ خیر۔ نیکی کی توفیق مانگنا۔ اصطلاحِ شرع اسلام میں کسی بات کے کرنے یا نہ کرنے میں ایک خاص طریق پر خدا تعالیٰ سے اشارہ چاہنا۔ اُردو جمع: اِستخاروں۔ اِستخارے۔

اِسْتِخارہ آنا (اِستخارے کا راہ دینا)(اُر۔ محاورہ) فال کا حسبِ مُراد نکلنا۔ اِستخارے کا جواب اثبات میں آنا۔

اِسْتِخارہ کرنا (اُر۔ محاورہ) کوئی کام کرنے کے لئے غیبی اشارہ چاہنا۔

اِسْتِخراج (اِس۔ تخ۔ راج)(ع۔ا۔مذ)(۱) نکالنا۔ برآمد کرنا۔ چھانٹنا (۲) علیحدہ کرنا۔ جُدا کرنا (۳) اصطلاحِ حساب میں بڑی رقموں میں سے چھوٹی رقموں کو تفریق کرنا (Deduction)۔ جمع: اِستخراجات۔

اِسْتِخفاف (اِس۔ تخ۔ فاف)(ع۔ا۔مذ) خفت۔ سُبکی (۲) ہلکا سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔

اِسْتِخلاص (اِس۔ تخ۔ لاص)(ع۔ا۔مذ)(۱) آزادی چاہنا (۲) خلاصی۔ چھٹکارا۔ رہائی۔ آزادی۔

اُسْتُخوان (اُس۔ تُ۔ خاں)(ف۔ا۔مذ)(۱) ہاڑ۔ ہڈی (۲) گٹھلی۔

اُستخواں فروشی (ف۔ا۔مث) مرے ہوئے باپ دادا کے نام پر عزت چاہنا۔

اِسْتِدراج (اِس۔ تِد۔ راج)(ع۔ا۔مذ)(۱) خلافِ معمول کام کرنا۔ خارقِ عادت عمل (۲) غیر مسلم سے خرقِ عادات افعال کا ظاہر ہونا۔ چمتکار۔

اِسْتِدراک (اِس۔ تِد۔ راک)(ع۔ا۔مذ)(۱) سمجھنا۔ ذہن نشین کرنا (۲) کسی امر کی تلافی کرنا۔

اِسْتِدعا (اِس۔ تِد۔ عا)(ع۔ا۔مث) خواہش۔ درخواست۔ اِلتجا۔

اِسْتِدلال (اِس۔ تِد۔ لال)(ع۔ا۔مذ) دلیل۔ بُرہان۔ ثبوت (۲) دلیل طلب کرنا۔ دلیل لانا۔

اَسْتَر (اَس۔ تَر)(ف۔ا۔مذ)(۱) دوہرے کپڑے کی نیچے کی تہہ۔ ابرہ کی ضد۔ مطلق تہ جیسے چونے وغیرہ کا استر۔

استرکاری (ف۔اُر۔ا۔مث) چُونے کی لپائی۔

اِسْتِراحَت (اِس۔ تے۔ را۔ حَت)(ع۔ا۔مث) آرام چاہنا۔ راحت طلب کرنا۔ سُکھ۔ چین۔

اِسْتِرخا (اِس۔ تر۔ خا)(ع۔ا۔مذ) ڈھیلا ہو کر لٹک پڑنا۔ ڈھیلا پن۔

اِسْتِرداد (اِس۔ تر۔ داد)(ع۔ا۔مذ) رَد کرنا۔ واپس لینا۔ واپسی چاہنا۔

اِستردادِ نیلام (ع۔اُر۔ا۔مذ) نیلام کا توڑ دینا۔

اِسْتِرضا (اِس۔ تر۔ ضا)(ع۔ا۔مذ)(۱) خوشنودی چاہنا۔ رضا پوچھنا۔

اُسْتُرہ (اُس۔ تُ۔ رَہ)(ف۔ا۔مذ) بال مونڈنے کا اوزار۔

اُسترہ لینا (اُر۔ محاورہ) ناف کے نیچے کے بالوں کو مونڈنا۔ پاکی لینا۔

اِسْتِری (اِس۔ تَ۔ ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) لوہے یا پیتل کا اوزار جسے گرم کر کے کپڑوں کی سلوٹیں مٹاتے یا سیون بٹھاتے ہیں (۲) عورت۔ زوجہ۔ بیوی۔

اِستری دھن (ہ۔ا۔مذ) بیوی کا مال۔ غیر منقولہ جائیداد جو عورت کو ماں باپ سے ملے۔ زیور وغیرہ جو شادی کے وقت خاوند سے ملے۔

اِسْتِسقا (اِس۔ تس۔ قا)(ع۔ا۔مذ)(۱) پانی مانگنا۔ تشنگی (۲) ایک بیماری جس سے پیٹ بڑھ جاتا ہے اور پیاس بہت لگتی ہے۔ جلندر کا روگ۔

اِسْتِشہاد (اِس۔ تش۔ ہاد)(ع۔ا۔مذ) شہادت طلب کرنا۔ گواہی چاہنا۔

اِستشہاد نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) سَنَد۔ ڈپلوما۔

اِسْتِصلاح (اِس۔ تص۔ لاح)(ع۔ا۔مث) صلاح پوچھنا۔ مشورہ لینا۔

اِسْتِصواب (اِس۔ تص۔ واب)(ع۔ا۔مذ) مشورہ لینا۔ رائے پوچھنا۔ تجویز چاہنا۔

اِستصوابِ رائے عامّہ (ع۔ا۔مذ) شورائے عام۔ کسی خاص مسئلے کے بارے میں عوام سے بلاواسطہ رائے لینا۔(Referendum) (Plebiscite)۔

اِسْتِطاعَت (اِس۔ تے۔ طا۔ عَت)(ع۔ا۔مث) قدرت۔ طاقت۔ مقدور۔ بساط۔ دسترس۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِستعارہ (اِس۔تے۔عا۔رہ) (ع۔ا۔مذ) مانگ لینا (۲) علم بیان کی اِصطلاح میں مجاز کی ایک قسم جس میں کسی لفظ کے مجازی اور حقیقی معنی کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہوتا ہے اور بغیر حروفِ تشبیہ کے حقیقی معنی کو مجازی معنی میں اِستعمال کیا جاتا ہے مثلاً نرگس کہہ کر آنکھ مُراد لینا۔ جمع: اِستعارات۔ اُر جمع: اِستعاروں۔ اِستعارے۔

اِستعارہ بالتصریح (بِت۔تص۔ریح) (ع۔ا۔مذ) اگر مُشبّہ بہ کا ذکر کریں اور مُشبّہ کو چھوڑ دیں یا مضاف مُشبّہ بہ موجود ہو اور مضاف الیہ غیر موجود تو اِس صورت میں اِستعارہ بالتصریح ہوگا۔

اِستعارہ بالکنایہ (بِل۔کِ۔نا۔یہَ) (ع۔ا۔مذ) اگر مُشبّہ بہ کو چھوڑ کر مُشبّہ کا ذکر کریں تو اِس کو اِستعارہ بالکنایہ کہتے ہیں۔

اِستعانت (اِس۔تے۔عا۔نت) (ع۔ا۔مث) مدد مانگنا۔ مدد۔ مُعاونت۔

اِستعجاب (اِس۔تع۔جاب) (ع۔ا۔مذ) تعجب۔ حیرانی۔ حیرت۔

اِستعجال (اِس۔تع۔جال) (ع۔ا۔مذ) جلدی کرنا۔ جلدی چاہنا۔ عجلت۔

اِستعداد (اِس۔تع۔داد) (ع۔ا۔مث) (۱) لیاقت۔ قابلیت۔ فطری صلاحیت (۲) آمدگی۔

اِستعفا (اِس۔تع۔فا) (ع۔ا۔مذ) (۱) عفو چاہنا۔ معافی مانگنا (۲) نوکری کرنے سے معافی مانگنا۔ نوکری چھوڑنے کی درخواست دینا۔

اِستعفا دینا (اُر۔محاورہ) نوکری چھوڑ دینا۔ نوکری چھوڑنے کی درخواست کرنا۔

اِستعلا (اِس۔تع۔لا) (ع۔ا۔مذ) بلندی طلب کرنا۔ برتری چاہنا۔ فضیلت۔ برتری۔

اِستعلاج (اِس۔تع۔لاج) (ع۔ا۔مذ) علاج چاہنا۔

اِستعلام (اِس۔تع۔لام) (ع۔ا۔مذ) آگاہی چاہنا۔ جاننے کی خواہش کرنا۔ حال دریافت کرنا۔

اِستعمار (اِس۔تع۔مار) (ع۔ا۔مذ) نوآبادی قائم کرنا۔ کسی آزاد ملک کو غلام بنا لینا۔ سامراج۔

اِستعماری (اِس۔تع۔ما۔ری) (ع۔صف) اِستعمار سے متعلق۔

اِستعماریت (اِس۔تے۔ما۔ری۔یت) (ع۔ا۔مث) کسی طاقتور ملک کا کسی کمزور ملک کو زبردستی اپنے ساتھ ملا لینا۔ نوآبادیاتی یا اِستعماری نظام۔ توسیع پسندی۔ سامراجیت (Imperialism)۔

اِستعمال (اِس۔تع۔مال) (ع۔ا۔مذ) کام میں لانا۔ برتنا۔

اِستعمالی (اِس۔تع۔مالی) (ع۔ف۔صف) (۱) برتا ہوا۔ مستعمل۔ پُرانا (۲) کام میں لانے کی چیز (۳) (مذ) ایک قسم کا عُمدہ اور باریک چاول۔

اِستغاثہ (اِس۔تے۔غا۔ثہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) داد۔ فریاد۔ دعویٰ (۲) اِنصاف چاہنا۔ جمع: اِستغاثات۔ اُردو جمع: اِستغاثوں۔ اِستغاثے۔

اِستغراق (اِس۔تغ۔راق) (ع۔ا۔مذ) محویت۔ کسی خیال میں ڈوب جانا (۲) خُدا کی یاد میں محو ہو جانا (۳) جائیداد کو ادائے قرض کے لئے ذمّے دار کر دینا۔

اِستغراقِ فصل (ع۔ا۔مذ) فصل کا قرض وغیرہ میں صرف ہو جانا۔

اِستغفار (اِس۔تغ۔فار) (ع۔ا۔مذ) بخشش چاہنا۔ توبہ کرنا۔

اِستغفار کرنا (اُر۔محاورہ) توبہ کرنا۔ بخشش چاہنا۔

اَستغفِرُاللہ (اَس۔تغ۔فِ۔رُل۔لاہ) (ع۔کلمہ اِستغفار) (۱) میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں (۲) توبہ۔ نفرت یا کسی فعل سے اِنکار کی جگہ بولتے ہیں۔

اِستغنا (اِس۔تغ۔نا) (ع۔ا۔مذ) بے پروائی۔ بے نیازی۔ بے فکری۔

اِستفادہ (اِس۔تے۔فا۔دہ) (ع۔ا۔مذ) فائدہ حاصل کرنا۔ نفع اُٹھانا۔

اِستفاضہ (اِس۔تے۔فا۔ضہ) (ع۔ا۔مذ) فیض پانا۔ فائدہ اُٹھانا۔

اِستفتا (اِس۔تف۔تا) (ع۔ا۔مذ) مسئلہ پوچھنا۔ شرعی حکم دریافت کرنا۔ فتویٰ چاہنا۔

اِستفراغ (اِس۔تف۔راغ) (ع۔ا۔مذ) فراغت چاہنا (۲) قے۔ اُلٹی۔

اِستفسار (اِس۔تف۔سار) (ع۔ا۔مذ) دریافت کرنا۔ پُوچھنا۔ پُوچھ گچھ۔ جمع: اِستفسارات۔

اِستفہام (اِس۔تف۔ہام) (ع۔ا۔مذ) دریافت کرنا۔ سمجھنے کی خواہش کرنا۔ پُوچھنا۔

اِستفہامی (ع۔صف) اِستفہام سے منسوب۔

اِستفہامیہ (اِس۔تف۔ہا۔می۔یہَ) (ع۔صف) سوالیہ۔ جس میں سوال پایا جائے (۲) [illegible]

اِستقامت (اِس۔تے۔قا۔مت) (ع۔ا۔مث) اِستقلال۔ قیام۔ راست کرداری۔ مستقیم ہونا۔ کسی امر پر مضبوط رہنا۔ سیدھا ہونا۔ پائیداری۔ مضبوطی۔

اِستقبال (اِس۔تق۔بال) (ع۔ا۔مذ) (۱) پیشوائی۔ خیر مقدم۔ ہواگت۔ تعظیماً آگے بڑھنا (۲) زمانہ آیندہ۔ مستقبل۔

اِستقبالیہ (ع۔صف) (۱) اِستقبال سے متعلق (۲) (ع۔مُر۔ا۔مذ) وہ دعوت جو کسی کے اعزاز میں دی جائے (۳) کسی دفتر یا ادارے کے دروازے پر متعین وہ عملہ جو مہمانوں کی رہنمائی کرتا ہے۔

اِستقرا (اِس۔تق۔را) (ع۔ا۔مذ) (۱) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۲) پیروی کرنا۔

اِستقرار (اِس۔تق۔رار) (ع۔ا۔مذ) ٹھہرنا۔ قرار پکڑنا۔ طے پانا۔ قائم ہونا۔

اِستقصا (اِس۔تق۔صا) (ع۔ا۔مذ) اِنتہائی کوشش۔ پُوری کوشش کرنا۔

اِستقلال (اِس۔تق۔لال) (ع۔ا۔مذ) قیام۔ مضبوطی۔ قرار۔ اِستحکام۔ مستقل مزاجی (۲) سلطنت یا قوم کا خود مختار ہونا۔ آزادی۔

اِستکبار (اِس۔تِک۔بار) (ع۔ا۔مذ) گھمنڈ۔ غرور۔ فخر۔ شیخی۔ زعم۔

اِستکراہ (اِس۔تِک۔راہ) (ع۔ا۔مذ) گھن کھانا۔ ناپسند کرنا۔ مکروہ جاننا۔ کراہیت۔

اِستکشاف (اِس۔تِک۔شاف) (ع۔ا۔مذ) کسی چیز کے اِظہار کی خواہش کرنا۔ ظہور۔ وضاحت۔

اِستکمال (اِس۔تِک۔مال) (ع۔ا۔مذ) تکمیل چاہنا۔ کمال پر پہنچانا۔

اِستلام (اِس۔تے۔لام) (ع۔ا۔مذ) وصول کرنا (۲) پتھر کو ہاتھ یا مُنہ سے چُومنا (۳) خانہ کعبہ کا طواف کرتے وقت حجرِ اسود کو بوسہ دینا۔

اِستلزام (اِس۔تل۔زام) (ع۔ا۔مذ) لازم کرنا۔ ضروری بنانا۔

اِستماع (اِس۔تے۔ماع) (ع۔ا۔مذ) غور سے سننا۔

اِستمالت (اِس۔تے۔ما۔لت) (ع۔ا۔مث) دل جوئی کرنا۔ خوشامد کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِسْتِمْداد (اِس۔تِم۔داد) (ع۔ا۔مث) مدد چاہنا۔ امداد طلب کرنا۔

اِسْتِمْرار (اِس۔تِم۔رار) (ع۔ا۔مذ) ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی۔ دوام۔

اِسْتِمْراری (اِس۔تِم۔را۔ری) (ع۔صف) دوامی۔ ہمیشہ کے لئے۔

اِستمراری بندوبست (ع۔ف۔ا۔مذ) بندوبست دوامی۔ ہمیشہ کا بندوبست۔

اِستمراری پٹّا (ع۔اُر۔ا۔مذ) ایسا پٹا جو ہمیشہ کے لئے دیا جائے۔

اِسْتِمْزاج (اِس۔تِم۔زاج) (ع۔ا۔مذ) (۱) مزاج پُوچھنا (۲) مرضی پُوچھنا۔ رائے دریافت کرنا۔ عندیہ لینا۔

اِسْتِمنا بالْید (اِس۔تِم۔نا۔بِل۔یَد) (ع۔ا۔مذ) مُشت زنی۔ جلق۔ ہاتھ سے منی خارج کرنا۔

اِسْتِناد (اِس۔تے۔ناد) (ع۔ا۔مذ) سند میں پیش کرنا۔ سند لانا۔

اِسْتِنْباط (اِس۔تم۔باط) (ع۔ا۔مذ) نکالنا۔ چھننا۔ نتیجہ اخذ کرنا۔ چھانٹنا۔

اِسْتَنْبول (ت۔ا۔مذ) اسلام بول کا بگاڑ۔ ترکی کا مشہور شہر۔ قسطنطنیہ۔ استانبول۔

اِسْتِنْجا (اِس۔تِن۔جا) (ع۔ا۔مذ) پیشاب' پاخانے کے بعد نجاست سے اپنے آپ کو پاک کرنا۔ طہارت۔ آب دست۔ اُردو جمع: اِستنجوں۔ استنجے۔

اِستنجا کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) آب دست لینا (۲) ڈھیلا لینا۔

اِستنجا لڑنا (اُر۔محاورہ) قارورہ ملنا۔ موافقت ہونا۔ دوستی ہو جانا۔

اِسْتِنجے (اُر۔ا۔مذ) (۱) استنجا کی جمع (۲) استنجا کی مغیرہ شکل۔

اِستنجے کا ڈھیلا (اُر۔ا۔مذ۔و۔صف) وہ ڈھیلا جس سے استنجا سکھاتے ہیں (۲) نکما۔ ناکارہ۔ کم قدر۔

اِسْتِوا (اِس۔تے۔وا) (ع۔ا۔مذ) (۱) برابری۔ ہمواری۔ برابر ہونا۔ یکساں ہونا نیز دیکھئے خطِ استوا۔

اُسْتُوار (اُس۔تُ۔وار) (ف۔صف) مضبوط۔ محکم۔ پائیدار۔ مستحکم۔

اُسْتُواری (اُس۔تُ۔وا۔ری) (ف۔ا۔مث) مضبوطی۔ پائیداری۔ استحکام۔

اِسْتِوائی (اِس۔تے۔وا۔ای) (ع۔صف) خطِ استوا سے منسوب۔ خطِ استوا کے علاقے کا۔

اِسْتِھاپَت (اِس۔تھا۔پَت) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مندر میں مورتی رکھنا (۲) قائم کرنا۔ نصب کرنا۔ لگانا۔

اِسْتھاپَن (ہ۔ا۔مذ) لگانے یا نصب کرنے کا فعل۔ تنصیب۔ تقرر۔

اِسْتھان (اِس۔تھان) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جگہ۔ مقام۔ مسکن (۲) مندر۔ مزار۔ آستانہ۔ نیز دیکھئے ستھان۔

اِسْتِہزا (اِس۔تِہ۔زا) (ع۔ا۔مذ) ہنسی مذاق۔ ٹھٹھول۔ مذاق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔

اِسْتِہزائی (اِستہزائیہ) (ع۔صف) اِستہزا سے منسوب۔

اِسْتِہْلال (اِس۔تِہ۔لال) (ع۔ا۔مذ) (۱) پیدائش کے وقت بچے کی آواز جس کے ظاہر اور ثابت ہونے سے وراثت پر اثر پڑتا ہے (۲) نیا چاند نکلنا۔

اِسْتِیصال (اِس۔تی۔صال) (ع۔ا۔مذ) بیخ کنی۔ جڑ سے اُکھیڑنا۔

اِسْتِیعاب (اِس۔تی۔عاب) (ع۔ا۔مذ) کسی کتاب یا مضمون وغیرہ کو شروع سے آخر تک پڑھنا۔ کُل۔ تمام۔

اِسْتیلا (اِس۔تی۔لا) (ع۔ا۔مذ) غلبہ۔ غالب ہونا (۲) قابو میں رکھنا۔

اِسٹابری (Strawberry) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کا میوہ دار درخت اور اُس کا پھل جو بہدانہ سے مشابہ ہوتا ہے۔

اِسٹاپ (Stop) (انگ۔ا۔مذ) (۱) وقفہ۔ ٹھہراؤ (۲) علامتِ اوقاف (۳) بس وغیرہ ٹھہرنے کا مقام۔ اُردو جمع: اِسٹاپ۔ اِسٹاپوں۔

اِسٹاپ پریس (انگ۔ا۔مذ) وہ خبر جو اخبار کے چھپتے وقت شامل کی جائے۔

اِسٹار (Star) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تارا۔ ستارہ۔ کوکب (۲) ستارے جیسی کوئی شے (مثلاً تمغا وغیرہ) (۳) سب سے بڑھیا اور ممتاز ایکٹر۔

اِسٹارٹ (Start) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ابتدا۔ آغاز (کام یا دوڑ کا) (۲) روانی۔

اِسٹاف (Staff) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عملہ۔ محکمے کے ملازمین (۲) فوجی افسروں کی جماعت جو صدر مقام پر اعلیٰ کمان کے تحت ہوتی ہے (۳) ڈنڈا۔

اِسٹاک (Stock) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ذخیرہ۔ مال۔ سامان (تجارت اور پیشے وغیرہ کا) (۲) کسی کمپنی کا مشترکہ سرمایہ (۳) تمسک۔

اِسٹاک ایکس چینج (Stock Exchange) (انگ۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں تمسکات کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

اسٹاک ٹیکنگ (Stock Taking) (انگ۔ا۔مث) دکان کے سامان کا جائزہ۔

اِسٹاکسٹ (Stockist) (انگ۔ا۔مذ) تھوک فروش (کسی خاص مال کا)۔

اِسٹال (Stall) (انگ۔ا۔مذ) (۱) میلے یا بازار میں عارضی دُکان (۲) سودا بیچنے کی میز (۳) تھیٹر میں سامنے کی نشستیں۔ سینما میں سب سے پچھلی نشستیں۔

اِسٹام (اِسٹامپ) (اِس۔ٹام) (اِس۔ٹامپ) انگریزی اسٹیمپ (Stamp) کا مورّد۔ ا۔مذ) (۱) مُہر۔ چھاپ (۲) دستاویز لکھنے کا سرکاری کاغذ جس پر اُس کی قیمت چھپی ہوتی ہے۔

اِسٹائل (Style) (انگ۔ا۔مذ) (۱) طرز۔ اسلوب (۲) اسلوبِ بیان۔ طرزِ ادا (۳) وضع۔ انداز (۴) شکل۔ ساخت۔ نمونہ۔

اِسٹپل (Stipple) (انگ۔ا۔مذ) نقطوں سے تصویر بنانا۔ نقطوں کی نقاشی یا کندہ کاری۔

اِسٹرلنگ (Sterling) (انگ۔ا۔مذ) برطانوی کرنسی (سکہ)۔

اِسٹریٹ (Street) (انگ۔ا۔مث) کھرنجے کی سڑک۔ گلی۔ سڑک۔

اِسٹریچر (Stretcher) (انگ۔ا۔مذ) بیمار ڈولی۔ وہ تختہ جس پر مریض کو لٹا کر لے جاتے ہیں۔

اِسٹک (Stick) (انگ۔ا۔مث) (۱) چھڑی (۲) ہاکی کا بلا۔

اِسٹنٹ (Stunt) (انگ۔ا۔مذ) کمال۔ کارِ نمایاں۔ وہ کام جس سے اپنا کمال دکھانا مقصود ہو۔

اِسٹو (Stew) (انگ۔ا۔مذ) گوشت' آلو اور پیاز وغیرہ کا دم پخت سالن۔

اِسٹوو (Stove) (انگ۔ا۔مذ) ولایتی چولھا۔ تیل سے جلنے والا چولھا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِسٹوڈینٹ (Student) (انگ۔ اـ مذ) طالب علم۔

اِسٹوڈیو (Studio) (انگ۔ اـ مذ) فوٹوگرافی کا کمرا یا دُکان (۲) فلم کمپنی کا کارخانہ (۳) ریڈیو اسٹیشن کا کوئی کمرا جہاں سے تقریریں، گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں۔

اِسٹور (Store) (انگ۔ اـ مذ) (۱) ذخیرہ (۲) بڑی دُکان جس میں ہر قسم کی چیزیں ملتی ہیں۔ بھنڈار۔

اِسٹوری (Story) (انگ۔ امث) قصّہ۔ کہانی۔ افسانہ۔ داستان۔ حکایت۔

اِسٹول (Stool) (انگ۔ اـ مذ) تپائی۔

اِسٹیتھوسکوپ (Stethoscope) (انگ۔ اـ مذ) مریض کے سینہ وغیرہ کا معاینہ کرنے کا آلہ۔

اِسٹیٹ (State) (انگ۔ اـ مث) ریاست۔

اِسٹیج (Stage) (انگ۔ اـ مذ) (۱) چبوترا۔ نمایاں جگہ۔ ممتاز جگہ (۲) تماشا گاہ کا وہ چبوترا جہاں ڈراما کھیلا جاتا ہے (۳) مرحلہ۔ دَور۔ نوبت۔

اِسٹیچو (Statue) (انگ۔ اـ مذ) مجسّمہ۔ بُت۔ مُورت۔

اِسٹیڈیم (Stadium) (انگ۔ اـ مذ) ورزشی کھیلوں کا میدان۔

اِسٹیشن (Station) (انگ۔ اـ مذ) مستقر۔ مقام۔ قیام گاہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ چوکی۔ اڈّا۔

اِسٹیشنر (Stationer) (انگ۔ اـ مذ) تاجر سامانِ تحریر۔ قلم، کاغذ، دوات وغیرہ بیچنے والا۔

اِسٹیشنری (Stationery) (انگ۔ اـ مث) سامانِ تحریر، کاغذ، قلم، دوات وغیرہ۔

اِسٹیل (Steel) (انگ۔ اـ مذ) اسپات۔ فولاد۔

اِسٹیم (Steam) (انگ۔ اـ مث) بھاپ۔ دُخان۔

اِسٹیم انجن (Steam Engine) (انگ۔ اـ مذ) دُخانی انجن۔

اِسٹیمر (Steamer) (انگ۔ اـ مذ) دُخانی کشتی یا چھوٹا جہاز۔

اِسٹیمیٹ (Estimate) (انگ۔ اـ مذ) (۱) تخمینہ۔ تخمینی مقدار۔ اندازہ۔ جانچ۔

اِسٹینڈ (Stand) (اس۔ ٹینڈ) (انگ۔ اـ مذ) (۱) مقام۔ محل۔ جگہ (۲) میز۔ چوکی۔ گھڑونچی (۳) گاڑیوں کا اڈّا۔

اِسٹینڈرڈ (Standard) (انگ۔ اـ مذ) (۱) معیار (۲) معیاری پیمانہ۔ درجہ (۳) وہ مسلّمہ اُصول جن سے اعمال و افعال پرکھے جاتے ہیں۔

اِسٹینسل (Stencil) (انگ۔ اـ مذ) دھات کی پتلی سی تختی جس میں حروف یا نقش وغیرہ کاٹ کر بنائے جاتے ہیں اور اس کے ذریعے کسی سطح پر نقاشی کی جاتی ہے۔ نقش ساز تختی۔

اِسٹینوگرافر (Stenographer) (انگ۔ اـ مذ) مختصر نویس۔

اِسٹینوگرافی (Stenography) (انگ۔ اـ مث) مختصر نویسی۔

اِسحاق (اس۔ حاق) (ع۔ اـ مذ) عبرانی لفظ یشاق بمعنی "وہ ہنستا ہے" کا معرّب۔ ایک پیغمبر کا نام جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے تھے۔

اَسخیا (اَس۔ خِ۔ یا) (ع۔ صف) سخی کی جمع۔

اَسَد (اَ۔ سَد) (ع۔ اـ مذ) (۱) شیر (۲) ایک آسمانی برج کا نام۔

اَسَدُاللّٰہ (ع۔ اـ مذ) خدا کا شیر۔ امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا لقب۔

اَسَدُاللّٰہی (اَ۔ سَ۔ دُل۔ لا۔ ہی) (ع۔ صف) اسد اللہ سے منسوب (۲) اہلِ تشیع کا ایک فرقہ۔

اَسُر (اَ۔ سُر) (ف۔ اـ مذ) شیطان۔ بد رُوح۔ دیو۔

اَسرار (اَس۔ رار) (ع۔ اـ مذ) (۱) سِر کی جمع (۲) بھید۔ پوشیدہ باتیں۔ اُردو میں بطور واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔

اِسراف (اِس۔ راف) (ع۔ اـ مذ) فضول خرچی۔ بے جا خرچ۔

اِسرافیل (اِس۔ را۔ فیل) (ع۔ اـ مذ) ایک مقرّب فرشتے کا نام جس کو قیامت کے دن صُور پھونکنے کی خدمت سپرد کی گئی ہے۔

اِسرائیل (اِس۔ را۔ ایل) (عب۔ اـ مذ) (۱) رات کے وقت خُدا کی طرف جانے والا (۲) حضرت یعقوب علیہ السلام کا دُوسرا نام۔

اِسرائیلی (اِس۔ را۔ ای۔ لی) (ع۔ صف) اسرائیل سے منسوب۔ حضرت اسرائیل کی اولاد۔ بنی اسرائیل۔ یہودی۔

اَسسٹنٹ (Assistant) (انگ۔ اـ مذ) مددگار۔ معاون۔

اِسطبل (اِس۔ طَ۔ بَل) دیکھیے اصطبل۔

اُسطرلاب (اُس۔ طُر۔ لاب) (ع۔ اـ مذ) دیکھیے اصطرلاب۔

اُسطوانہ (اُس۔ طُ۔ وا۔ نہ) (ع۔ اـ مذ) ستون۔ تھم۔ کھمبا۔ جمع: اَساطین۔

اُسطوخودوس (اُس۔ طو۔ خو۔ دُوس) (یو۔ اـ مذ) ایک دوا کا نام جو نزلہ زکام اور پاگل پن میں استعمال کی جاتی ہے۔

اُسطورہ (اُس۔ طو۔ رہ) (ع۔ اـ مث) قِصّہ۔ کہانی۔ افسانہ۔ بات۔

اَسعد (اَس۔ عَد) (ع۔ اـ تفضیل) نہایت خوش نصیب۔ بہت مبارک۔

اَسفاناخ (اَس۔ فا۔ ناخ) (ع۔ اـ مث) پالک۔ ایک سبزی۔

اَسفار (اَس۔ فار) (ع۔ اـ مذ) سِفر (بمعنی بڑی کتاب) کی جمع۔

اسفارِ محرّفہ (اَس۔ فا۔ رِ۔ مُ۔ حَر۔ رَ۔ فہ) (ع۔ اـ مذ) تحریف شدہ کتب۔ قدیم اسرائیلی مذہبی لٹریچر جو چودہ کتابوں پر مشتمل ہے۔ اس کی اصلیت و حقیقت کو پروٹسٹنٹ چرچ تسلیم نہیں کرتا۔ کیتھولک چرچ ان میں سے گیارہ کتابوں کو معتبر سمجھتا ہے۔

اَسفل (اَس۔ فَل) (ع۔ اـ تفضیل) نہایت نیچا۔ انتہا کا ذلیل۔ ادنیٰ۔ نیچ۔ کمین۔ جمع: اَسفلین۔ اسافل۔

اَسفلُ السّافلین (اَس۔ فَ۔ لُس۔ سا۔ فِ۔ لین) (ع۔ مرکب اضافی) دوزخ کا سب سے نیچا یعنی ساتواں طبقہ۔ ہاویہ۔

اِسفنج (اِس۔ فَنج) (ع۔ اـ مذ) ابر مردہ۔ ایک سمندری مخلوق۔ جس کی بناوٹ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ایسی جوف دار ہوتی ہے کہ اس میں پانی جذب ہو جاتا ہے اور نچوڑنے پر فوراً خشک ہو جاتا ہے۔(Sponge)۔

اِسْفَنْدیار (ف۔ا۔مذ) قدرتِ حق۔ لطفِ خدا (۲) ایران کے ایک بادشاہ کا نام۔

اِسْقاط (اِس۔قاط) (ع۔ا۔مذ) گرانا (۲) حمل گرانا۔

اِسقاطِ حمل (ع۔ا۔مذ) حمل کا ضائع ہونا۔ حمل کا گر جانا۔

اَسْقام (اَس۔قام) (ع۔ا۔مذ) سُقم کی جمع۔ عیوب۔ بُرائیاں۔ نقائص۔

اِسْقَرْبُوط (اِس۔قر۔بُوط) (ع۔ا۔مذ) ایک مرض جو فسادِ خون سے پیدا ہوتا ہے۔

اُسْقُف (اُس۔قُف) (ع۔ا۔مذ) پادریوں کا سردار۔ لارڈ بشپ۔

اِسکاٹ (Scot) (اِس۔کاٹ) (انگ۔ا۔مذ) اسکاچ۔ اِسکاٹ لینڈ کا باشندہ۔

اِسکاٹ لینڈیارڈ (Scotland Yard) (انگ۔ا۔مذ) لندن کی خفیہ پولیس۔ خفیہ پولیس کا صدر مقام۔

اِسکاچ (Scotch) (اِس۔کاچ) (انگ۔صف) (۱) اسکاٹ لینڈ یا وہاں کے باشندوں کے متعلق (۲) (ا۔مث) اسکاٹ لینڈ کی انگریزی بولی (۳) (مذ) اسکاٹ لینڈ کا باشندہ۔

اسکالر (Scholar) (اِس۔کا۔لر) (انگ۔ا۔مذ) عالم۔ فاضل۔ ادیب۔ محقق۔

اِسکاؤٹ (Scout) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ایک عالمگیر جماعت (اسکاؤٹنگ) کا رُکن، جس کا مقصد لوگوں میں خدمتِ خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ اس جماعت کے رُکن لڑکے ایک خاص وردی پہنتے ہیں (۲) وہ سپاہی جو دشمن کی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات مہیا کرنے کی خاطر بھیجے جاتے ہیں۔ اُردو جمع: اسکاوٹ۔ اسکاؤٹوں۔

اِسکرِپٹ (Script) (انگ۔ا۔مذ) تحریر۔ مسودہ۔

اِسکرٹ (Skirt) (انگ۔ا۔مذ) لہنگا۔ سایا (یورپی عورتوں کا)۔

اِسکرُو (Screw) (انگ۔ا۔مذ) بوتل کا کارک کھولنے کا پیچ (۲) پیچ جو لکڑی وغیرہ میں کسا جاتا ہے۔

اِسکرین (Screen) (انگ۔ا۔مث) (۱) پردہ (۲) ٹٹی۔ آڑ۔ اوٹ۔

اِسْکَنْدَر (اِس۔کن۔دَر) (ع۔ا۔مذ) یونانی لفظ الیگزنڈرس (بمعنی بنی نوع انسان کا محافظ) کا معرّب۔ یونان کا ایک فاتح اور مہم جو جس نے تقریباً آدھی دُنیا فتح کرلی تھی اور جو تاریخ میں سکندرِ اعظم کے نام سے مشہور ہے۔

اِسکور (Score) (انگ۔ا۔مذ) (۱) وہ نمبر جو کوئی کھلاڑی کسی کھیل میں حاصل کرے (۲) بیسی۔ کوڑی۔

اِسکول (School) (انگ۔ا۔مذ) مدرسہ۔ مکتب۔ پاٹھ شالا۔ اُردو جمع: اسکول۔ اسکولوں۔

اِسکول ٹیچر (School Teacher) (انگ۔ا۔مذ و مث) اُستاد یا اُستانی۔ معلّم یا معلّمہ۔

اِسکول ماسٹر (School Master) (انگ۔ا۔مذ) اُستاد۔ معلّم۔

اسکول مسٹرس (School Mistress) (انگ۔ا۔مث) اُستانی۔ معلّمہ۔

اِسکویش (اِسکواش) (Squash) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عرق۔ شربت (۲) ایک کھیل جو ریکٹ اور نرم گیند سے محصور کورٹ میں کھیلا جاتا ہے۔

اِسکیچ (Sketch) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تصویر کا خاکہ (۲) ڈھانچا۔ خاکہ (۳) خلاصہ۔ مختصر مضمون۔ اُردو جمع: اِسکیچ۔ اِسکیچوں۔

اِسکیم (Scheme) (انگ۔ا۔مث) (۱) تجویز۔ ترکیب۔ منصوبہ (۲) چال۔ خفیہ ریشہ دوانی۔ سازش۔ اُردو جمع: اِسکیموں۔ اِسکیمیں۔

اسکینڈل (Scandal) (انگ۔ا۔مذ) رُسوائی۔ تہمت۔ فضیحت۔ بدنامی۔ شرمناک واقعہ۔ اُردو جمع: اِسکینڈل۔ اِسکینڈلوں۔

اَسْگَنْد (اَسْگَنْدھ) (اَس۔گندھ) (ہ۔ا۔مذ) ایک سفید جڑ جس سے گھوڑے کے پسینے جیسی بُو آتی ہے۔ دواؤں میں اِستعمال ہوتی ہے۔ (س: اشوگندھ کا مہند)۔

اَسْلاف (اَس۔لاف) (ع۔ا۔مذ) سَلف کی جمع۔ اگلے وقتوں کے لوگ۔ بزرگ۔ بڑے۔

اِسْلام (اِس۔لام) (ع۔ا۔مذ) (۱) گردن جھکانا۔ اِطاعت کرنا (۲) مسلمانوں کا دین۔

اِسلام قبول کرنا (اِسلام لانا) (اُر۔ محاورہ) دینِ محمدی میں آنا۔

اِسْلامی (اِس۔لا۔می) (ع۔صف) اسلام کا۔ اِسلام سے متعلق (۲) مسلم۔ مسلمان۔

اَسْلِحَہ (اَس۔لِ۔حَہ) (ع۔ا۔مذ) سِلاح کی جمع۔ لڑائی کے ہتھیار۔ آلاتِ جنگ۔ اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے اور اس کی جمع 'اسلحوں' اسلحے ہے۔

اَسلحہ خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ہتھیار خانہ۔ سلاح خانہ۔ وہ مکان جہاں جنگی ہتھیار رکھے جاتے ہیں۔

اَسْلَم (اَس۔لَم) (ع۔ا۔تفضیل) (۱) نہایت سالم (۲) برگزیدہ۔

اُسْلُوب (اُس۔لوب) (ع۔ا۔مذ) طریقہ۔ طرز۔ روش۔ جمع: اسالیب۔

اِسْم (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) نام۔ وہ کلمہ جس سے کسی شخص، جانور، جگہ یا چیز کو پہچانا جائے۔ جمع: اَسما۔

اِسمِ آلہ (ع۔ا۔مذ) وہ اسم جو اوزار یا ہتھیار کے معنی دے (قلم۔ چاقو۔ بندوق وغیرہ)۔

اِسمِ اِستفہام (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جس کے ذریعے کوئی بات پوچھی جائے جیسے کیا، کون، کہاں؟

اِسمِ اِشارہ (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جس سے کسی کی طرف اِشارہ کیا جائے جیسے وہ۔ یہ۔ اِن۔

اِسمِ اعظم (ع۔ا۔مذ) خداوند تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک بزرگ تر نام۔

اِسمِ بامُسمّیٰ (اسم۔با۔مُ۔سَم۔ما) (ع۔ف۔ا۔مذ) جیسا نام ویسے گُن۔ وہ شخص جس کا نام اُس کے اوصاف کو ٹھیک ٹھیک ثابت کرے۔

اِسمِ تصغیر (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جس میں چھوٹائی کے معنی پائے جائیں جیسے پہاڑی۔ ڈبیا۔ کھٹولا۔ گھڑیا۔ دیگچی وغیرہ۔

اِسمِ تکبیر (ع۔ا۔مذ) دیکھئے اِسمِ مُکبّر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِسمِ جامد (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جو نہ خود کسی سے بنا ہو نہ اُس سے کچھ بنے جیسے کٹورا۔ گوبھی۔

اِسمِ جلالی (ع۔ا۔مذ) اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس میں شانِ جلالی کا اِظہار ہو۔ جیسے قہار۔ جبار۔

اِسمِ جمالی (ع۔ا۔مذ) اللہ تعالیٰ کا وہ نام جس میں شانِ رحمت کا اِظہار ہو جیسے رحمٰن۔ رحیم۔

اِسمِ جنس (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جو کسی پوری جنس کے لئے بولا جائے جیسے ہرن۔ فاختہ۔

اِسمِ حالیہ (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جس سے فاعل یا مفعول کی حالت معلوم ہو جیسے دوڑتا ہوا۔ مارتا ہوا۔

اِسمِ ذات (ع۔ا۔مذ) وہ اسم جس سے ایک چیز کی حقیقت دُوسری چیزوں سے الگ کی جائے اور اُس سے کوئی وصف معلوم نہ ہو جیسے اونٹ۔ ہاتھی۔ گھوڑا۔

اِسمِ صفت (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جس سے کسی چیز یا شخص کی خصوصیت' خوبی یا بُرائی ظاہر ہو جیسے سچا۔ جھوٹا۔ کالا۔ گورا۔

اِسمِ ضمیر (ع۔ا۔مذ) وہ اسم جو بجائے نام کے اِستعمال کیا جائے جیسے ہم۔ تم۔ وہ۔

اِسمِ ظرف (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جس میں زمانہ یا جگہ کے معنی پائے جائیں۔ اگر زمانے کے معنی ہوں تو ظرفِ زمان اور جگہ کے معنی ہوں تو ظرفِ مکان کہیں گے۔ (صبح۔ شام۔ دِن۔ رات۔ گھر۔ مدرسہ وغیرہ)۔

اِسمِ عدد (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جس سے تعداد یا گنتی ظاہر ہو جیسے دس' بارہ۔

اِسمِ علم (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جو کسی خاص شخص یا چیز کا نام ہو۔ (صدیق۔ ہارون۔ راوی۔ چاند وغیرہ)۔

اِسمِ فاعل (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جو مصدر سے بنے اور فاعل کے معنی دے جیسے آنے والا۔ جانے والا۔

اِسمِ فرضی (ع۔ا۔مذ) فرض کیا ہوا نام۔ کسی کہانی کے کردار کا نام۔

اِسمِ کیفیت (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم مشتق جو کسی چیز کی حالت' کیفیت یا نتیجے کو ظاہر کرے۔

اِسمِ مُعاوضہ (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم مشتق جو کسی کام کی اُجرت کے معنی دے (دُھلائی۔ لکھائی۔ رنگائی وغیرہ)۔

اِسمِ معرفہ (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جو کسی خاص شخص' مقام یا چیز کا نام ہو جیسے حامد۔ لاہور۔ تختِ طاؤس۔

اِسمِ مفعول (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جو مصدر سے بنے اور مفعول کے معنی دے۔ جیسے گِرا ہوا۔ مرا ہوا۔

اِسمِ مُکبّر (ع۔ا۔مذ) وہ اسم جس میں بڑائی کے معنی پائے جائیں (پگڑی سے پگڑ۔ چھتری سے چھتر۔ بات سے بتنگڑ)۔

اِسمِ موصول (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم ناتمام کہ جب تک اُس کے ساتھ ایک جملہ مذکور نہ ہو کسی جملے کا جزو تام بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا یعنی اکیلا نہ فاعل ہو سکتا ہے نہ مفعول' نہ مُبتدا نہ خبر۔ جیسے جو۔ جس۔

اِسمِ نکرہ (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جو ایک ہی قسم کی تمام چیزوں پر بولا جائے جیسے آدمی۔ آم۔ کتاب۔

اِسم نویسی (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) ناموں کی فہرست (۲) وہ کاغذ جو نسبت کے رُقعے سے پہلے لکھا جاتا ہے (۳) رجسٹر میں درج کرنا۔

اِسم نویسیِ گواہان (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) گواہوں کی فہرست (۲) گواہوں کو حاضر کرنے کی درخواست۔

اِسم وار (اَر۔ متعلق فعل) نام بنام گوشوارے میں ناموں کے مطابق اِندراج۔

اَسما (اَس۔ما) (ع۔ا۔مذ) اِسم کی جمع۔

اَسماءُ الرِّجال (اَس۔ما۔اُر۔رِجال) (ع۔ا۔مذ) (۱) لوگوں کے نام (۲) اِصطلاح محدثین میں احادیث کے راویوں کے نام (۳) علم حدیث کا شعبہ جس میں راویانِ حدیث کے نام اور حالات سے بحث کی جاتی ہے۔

اسمائے حُسنیٰ (اَس۔ما۔اے۔حُس۔نا) (ع۔ا۔مذ) اچھے نام۔ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام۔

اِسماعیلؑ (اِسمٰعیل) (عب "اِشماع اِیل" بمعنی اللہ کا سُنا کا مُعرب۔ ا۔مذ) حضرت اِبراہیم علیہ السّلام کے بڑے بیٹے کا نام جو حضرت ہاجرہ کے بطن سے تھے اور رسول اللہ ﷺ کے جدِ امجد تھے۔

اِسماعیلی (اِس۔ما۔ئی۔لی) (ع۔صف۔و۔ا۔مذ) (۱) امام جعفر صادق کے فرزند حضرت اِسمٰعیل کے فرقے سے متعلق (۲) امام اسمٰعیل کا پیرو۔

اِسماعیلیہ (اِس۔ما۔ئی۔لی۔یہ) (ع۔ا۔مذ) اہلِ تشیع کے فرقہ امامیہ کا ایک گروہ جو امام جعفر صادق کے چھوٹے صاحبزادے حضرت موسیٰ کاظم کے بجائے آپ کے بڑے صاحبزادے حضرت اِسماعیل کو آپ کا جانشین مانتا ہے (۲) (صف) حضرت امام اسمٰعیل سے متعلق۔

اسمبلی (Assembly) (انگ۔ا۔مث) جرگہ۔ انجمن۔ مجلس۔ خصوصاً مجلسِ شوریٰ یا مجلسِ قانون ساز۔ اُردو جمع: اسمبلیاں۔ اسمبلیوں۔

اسمگلر (Smuggler) (انگ۔ا۔مذ) خلافِ قانون درآمد یا برآمد کرنے والا۔ اُردو جمع: اِسمگلر۔ اِسمگلروں۔

اسمگلنگ (Smuggling) (انگ۔ا۔مث) خلافِ قانون درآمد و برآمد۔

اِسمی (اِس۔مِی) (ع۔صف) (۱) اسم کے متعلق۔ نام کے متعلق (۲) اسم وار۔ نام بنام۔

اَسناد (اَس۔ناد) (ع۔ا۔مذ) سند کی جمع۔

اِسناد (اِس۔ناد) (ع۔ا۔مذ) سند لانا۔ سند پیش کرنا۔

اَسوار (اَس۔وار) (ف۔ا۔مذ) سوار۔ سواری پر چڑھنے والا۔ جمع: اسواراں۔

اَسواری (اَس۔وا۔ری) (ف۔ا۔مث) سواری۔

اَسوانسی (اَس۔واں۔سی) (ہ۔ا۔مث) زمین ناپنے کا پیمانہ جو بِسوانسی کا بیسواں حِصّہ ہوتا ہے۔

اَسوج (اَ۔سوج) (ہ۔ا۔مذ) بکرمی سال کا چھٹا مہینا۔ وسط ستمبر تا وسط اکتوبر۔

اَسوَد (اَس۔وَد) (ع۔صف) کالا۔ سیاہ رنگ کا۔

اَسود و اَحمر (ع۔صف) (۱) سیاہ اور سُرخ (۲) بحیرۂ اسود اور بحیرۂ قلزم (۳) عرب و عجم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُسْوَہ (اُس۔وَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) نمونہ۔ مثال (۲) چال ڈھال۔ ڈھنگ۔
اُسوۂ حَسَنہ (ع۔ا۔مذ) بہت اچھا نمونہ۔ نیک مثال۔
اِسْہال (اِس۔ہال)(ع۔ا۔مذ)(۱) پتلا پاخانہ۔ دست (۲) پیٹ چلنا۔
اِسْہام (اِس۔ہام)(ع۔ا۔مذ) تیروں کے ذریعے سے قرعہ نکالنا۔
اَسْہَل (اَس۔ہَل)(ع۔ا۔ تفضیل) نہایت سہل۔ بہت آسان۔
اَسّی (اَس۔سی)(ہ۔صف) آٹھ دہائیاں۔ ستر اور دس۔ ۸۰۔
اسّی برس کی عمر نام میاں معصوم (ار۔مثل) بڑھاپے میں طفلانہ حرکتیں کرنا۔ جان بوجھ کر بھولا پن دکھانا۔
اِسی (اِ۔سی)(بکسرِ اوّل)(ہ۔حرفِ تخصیصی) اِس ہی کا مخفف۔
اِسی اَثنا میں (ار۔متعلق فعل) اِسی وقت۔ اِسی دوران میں۔
اِسی بِرتے پر؟ (ار۔متعلق فعل) اِسی حوصلے پر؟ اِسی قوت پر؟ جب کوئی کسی کام کا دعویٰ کرے اور کر نہ پائے تو کہتے ہیں۔
اِسی دن کو پالا تھا؟ (پال کر بڑا کیا تھا؟) (ار۔مثل) اولاد سے رنج پہنچے تو کہتے ہیں۔
اِسی دن کے لئے (واسطے) (ار۔متعلق فعل) ایسے ہی مشکل وقت کے لئے۔
اِسی وقت (ار۔متعلق فعل) ابھی۔ فوراً۔
اُسی (اُ۔سی)(ہ۔حرفِ تخصیصی) اُس ہی کا مخفف۔
اُسی کی جوتی اُسی کے سر (ار۔مثل) جب کسی سے کچھ ملے اور اُسے اُسی کی کسی ضرورت یا کام پر صَرف کر دیا جائے تو کہتے ہیں۔
اِسے (ہ۔اشارۂ قریب) اِس کو۔
اِسے چھپاؤ اُسے دکھاؤ (ار۔مثل) دو شخصوں یا چیزوں میں گہری مشابہت ہو تو کہتے ہیں۔
اِسے کیا کہتے ہیں! دیکھئے اس کو کیا کہتے ہیں۔
اُسے (ہ۔اشارۂ بعید) اُس کو۔
اَسِیر (اَ۔سیر)(ع۔ا۔مذ) قیدی۔ بندی۔ جمع: اسارٰی۔ اسیران۔
اَسیری (اَ۔سی۔ری)(ع۔ف۔ا۔مث) قید۔
اَسِیس (اَ۔سیس)(ہ۔ا۔مث) دُعائے خیر۔ اچھی دُعا۔
اَسیسر (Assessor) (اَ۔سے۔سَر)(انگ۔ا۔مذ)(۱) تشخیص کرنے والا (۲) ثالث۔ حَکَم۔ پنچ (۳) وہ اشخاص جو قتل کے مقدمات میں کارروائی مقدمہ سننے کے بعد سیشن جج کو رائے دیتے ہیں۔ یہ لوگ عوام میں سے مقرر کئے جاتے ہیں (۴) بلدیات میں ٹیکس لگانے کے لئے لوگوں کی ملکیت اور جائیداد کا اندازہ کرنے والے حکام۔

ا۔ش

اَش اَش (ار۔کلمۂ تحسین و تعجب) خوشی اور حیرت کا اظہار (عش عش غلط ہے)۔
اَش اَش کرنا (ار۔محاورہ) بیحد تعریف کرنا۔ بہت پسند کرنا۔
اُشا (اُ۔شا)(س۔ا۔مث)(۱) طلوعِ سحر۔ صبحِ صادق کی روشنی۔ پَو پھٹنے کا وقت (۲) ہندوؤں کی ایک دیوی۔ کام دیو کے بیٹے انیردھ کی بیوی۔
اِشارات (اِ۔شا۔رات)(ع۔ا۔مذ) اِشارہ کی جمع۔
اِشارَت (اِ۔شا۔رَت)(ف۔ا۔مث) ایما۔ رمز۔ اشارہ (اصل عربی اشارۃ)۔
اِشارَہ (اِ۔شا۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) رمز۔ کنایہ۔ ایما۔ جسم کے کسی عضو (آنکھ۔ ہاتھ) کی حرکت سے کوئی بات کہنا۔ جمع: اِشارات۔ اُردو جمع: اِشاروں۔ اِشارے۔
اِشارہ پانا (ار۔محاورہ) منشا معلوم کرنا۔ عندیہ بھانپ جانا۔
اِشارہ چلنا (ار۔محاورہ) آنکھ سے اِشارہ ہونا۔ رمز و کنایہ ہونا۔
اِشارہ فہم (ع۔ف۔صف) اِشارے سے مطلب سمجھنے والا۔ قرینے سے بات سمجھ جانے والا۔
اِشارہ کرنا (ار۔محاورہ)(۱) آنکھ، ہاتھ، بھوؤں کے وسیلے سے دل کی بات ظاہر کرنا (۲) مجملاً یا کنایۃً کسی بات کو تحریر و تقریر میں ظاہر کرنا (۳) بھڑکانا۔ بہکانا۔
اِشارے (ار۔ا۔مذ)(۱) اِشارہ کی اُردو جمع (۲) اِشارہ کی مغیّرہ صورت۔
اِشارے پر چلنا (ار۔محاورہ) کسی کے حسبِ منشا کام کرنا۔ کسی کے ایما پر چلنا۔
اِشارے پر لگانا (ار۔محاورہ) ایسی تربیت دینا کہ اِشارہ پا کر حکم بجا لائے۔
اِشاریَہ (اِشا۔ریَہ)(ع۔ا۔مذ) کسی کتاب کے مضامین کی تفصیلی فہرست حروفِ تہجی کے اعتبار سے (کتاب میں کوئی مضمون، موضوع یا نام ایک سے زیادہ مقام پر آئے تو تمام متعلقہ صفحات کے نمبر ایک ہی عنوان کے تحت دیئے جاتے ہیں)۔
اِشاعَت (اِ۔شا۔عَت)(ع۔ا۔مث)(۱) شائع کرنا۔ پھیلانا۔ شہرت دینا (۲) طبع۔ ایڈیشن۔ اُردو جمع: اِشاعتوں۔ اِشاعتیں۔
اَشاعِرَہ (ع۔ا۔مذ) دیکھئے اشعریہ جس کی یہ جمع ہے۔
اِشباع (اِش۔باع)(ع۔ا۔مذ)(۱) حرکت کو اِس طرح کھینچنا کہ زبر سے الف، زیر سے ی اور پیش سے واو کی آواز پیدا ہو جائے (۲) علم عروض میں حرفِ دخیل کی حرکت کا نام۔
اَشباہ (اَش۔باہ)(ع۔ا۔مذ) شِبہ کی جمع۔ شبیہیں۔ شکلیں۔ صورتیں۔
اِشباہ (اِش۔باہ)(ع۔ا۔مذ) مشابہ ہونا۔ کسی کی مانند ہونا۔
اِشْتِباہ (اِش۔تِ۔باہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) مشابہ ہونا۔ دو چیزوں کا اِس طرح ہم شکل ہونا کہ دھوکا ہو جائے (۲) گمان۔ شُبہ۔ شک۔
اِشْتِداد (اِش۔تے۔داد)(ع۔ا۔مذ) شدّت۔ زیادتی۔
اُشْتُر (اُش۔تُر)(ف۔ا۔مذ) شُتر۔ اُونٹ۔
اِشْتِراک (اِش۔تے۔راک)(ع۔ا۔مذ) شرکت۔ ساجھا۔ حِصّہ داری۔
اِشْتِراکی (اِش۔تے۔را۔کی)(ع۔صف)(۱) اشتراکیت (سوشلزم) سے منسوب۔ اشتراکیت کا حامی۔ سوشلسٹ۔
اِشْتِراکِیَّت (اِش۔تے۔را۔کی۔یَت)(ع۔ا۔مث) ایک اعتدال پسند فلسفہ یا نظریۂ حیات جس کے مطابق ذرائع پیداوار پر ریاست کی ملکیت ہونی چاہئے اور اُن میں سے ہر شخص کو اُس کی اہلیت کے مطابق حِصّہ ملنا چاہئے۔ سوشلزم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِشتِعال (اِش۔تے۔عال) (ع۔ا۔مذ) (۱) شُعلہ اُٹھانا۔ آگ بھڑکانا (۲) (کنایۃً) جوش۔ غُصّہ۔

اِشتِعال دینا (دِلانا) (اَر۔ محاورہ) بھڑکانا۔ جوش دِلانا۔ غُصّہ دِلانا۔

اِشتِعالِ طبع (ع۔ا۔مذ) طبیعت میں جوش اور غُصّے کی بھڑک۔

اِشتِعالک (اِش۔تے۔عا۔لک) (ف۔ا۔مث) (۱) ننھا سا شعلہ۔ چنگاری۔ (۲) جوش۔ غُصّہ (۳) تحریک۔ اُکساہٹ (۴) چراغ کی بتّی اُکسانے کا تنکا۔

اِشتِعالک دینا (اَر۔ محاورہ) بھڑکانا۔ اُکسانا۔ جوش دِلانا۔

اِشتِغال (اِش۔تے۔غال) (ع۔ا۔مذ) مشغول ہونا۔ مصروف ہونا۔ مصروفیت۔

اِشتِقاق (اِش۔تے۔قاق) (ع۔ا۔مذ) (۱) کسی شے کو پھاڑ کر کچھ نکالنا (۲) اِصطلاحِ علمِ صَرف میں ایک کلمے سے دُوسرا کلمہ بنانا۔

اِشتِمال (اِش۔تے۔مال) (ع۔ا۔مذ) شامل کرنا۔ ملانا۔ جمع: اِشتمالات۔

اِشتِمالِ اراضی (ع۔ا۔مذ) زمین کے بکھرے ہوئے ٹکڑوں کو یکجا کرنا تاکہ کاشت میں آسانی ہو۔

اِشتِمالی (اِش۔تے۔ما۔لی) (ع۔صف) اِشتمالیت سے منسوب (مذ) اِشتمالیت کا پیرو۔ کیمونسٹ۔

اِشتِمالیّت (اِش۔تے۔ما۔لی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) مساوی ہونا۔ برابر ہونا (۲) ایک اِنقلابی نظریۂ حیات جو نجی ملکیت اور طبقاتی اِمتیاز کے خلاف ہے۔ اِس کی رُو سے مُلک کے تمام وسائلِ پیداوار پر ریاست (عوام) کا قبضہ ہونا چاہیے اور ان میں سے ہر فرد کو اُس کی ضرورت کے مطابق حِصّہ دیا جائے۔ کیمونزم۔

اِشتِمام (اِش۔تِ۔مام) (ع۔ا۔مذ) سُونگھنے کی کیفیت۔

اِشتِہا (اِش۔تے۔ہا) (ع۔ا۔مث) (۱) خواہش (۲) بُھوک۔

اِشتِہار (اِش۔تے۔ہار) (ع۔ا۔مذ) (۱) مشہور کرنا۔ شُہرت دینا (۲) نوٹس۔ اِعلان (۳) وہ چھپا ہوا کاغذ جس کے ذریعے کسی چیز کی شُہرت کی جائے۔ جمع: اِشتہارات۔ اُردو جمع: اِشتہار۔ اِشتہاروں۔

اِشتہار دینا (اَر۔ محاورہ) اِشتہار کے ذریعے عوام کو مطّلع کرنا۔

اِشتہار لگانا (اَر۔ محاورہ) عوام کی آگاہی کے لئے کسی مقام پر اِشتہار چسپاں کرنا۔

اِشتِہاری (اِش۔تے۔ہا۔ری) (ف۔صف) (۱) اِشتہار سے منسوب (۲) وہ مُجرم جس کے پکڑنے کے لئے اِشتہار دیا گیا ہو۔

اِشتِیاق (اِش۔تے۔یاق) (ع۔ا۔مذ) شوق۔ آرزو۔ تمنّا۔

اَشٹمی (اَش۔ٹ۔می) (س۔ا۔مث) ہر ہندی مہینے کی آٹھویں تاریخ۔

اَشجار (اَش۔جار) (ع۔ا۔مذ) شجر کی جمع۔

اَشجَع (اَش۔جع) (ع۔ا۔تفضیل) بہت بہادر۔ نہایت شُجاع۔

اَشخاص (اَش۔خاص) (ع۔ا۔مذ) شخص کی جمع۔

اَشَد (اَ۔شد) (ع۔ا۔تفضیل) شدید ترین۔ سخت ترین۔ نہایت سخت۔

اَشُدھ (اَ۔شدھ) (س۔صف) ناخالص۔ ناپاک۔ غلیظ۔ (اَ حرفِ نفی)۔

اَشَر (اَ۔شر) (ع۔ا۔تفضیل) بہت شریر۔

اَشرار (اَش۔رار) (ع۔ا۔مذ) شریر کی جمع۔

اَشراف (اَش۔راف) (ع۔ا۔مذ) (۱) شریف کی جمع (۲) عالی خاندان و ذی عزّت لوگ (۳) مہذّب اور شائستہ لوگ (اُردو میں واحد بھی مستعمل ہے)۔

اشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے (اَر۔مثل) شریف تو اپنی شرافت کی وجہ سے نرمی کرتا ہے اور کمینہ سر چڑھتا ہے۔

اشراف وہ ہے جس کے پاس اشرفی ہے (اَر۔مثل) اِس زمانے میں اشراف مالدار کو ہی سمجھا جاتا ہے۔

اَشرافیہ (اَش۔را۔فی۔یہ) (ع۔ا۔مث) حکومتِ اُمرا جس میں چند مخصوص اور بااثر لوگ ہی اِقتدارِ اعلیٰ کے مالک ہوتے ہیں۔ خواص کی حکومت۔ (Aristocracy)۔

اِشراق (اِش۔راق) (ع۔ا۔مذ) آفتاب طلوع ہونا۔ آفتاب نکلنے کا وقت یا اُس وقت کی نماز (۳) حکمت۔ روشن ضمیری۔ تصفیۂ باطنی۔

اِشراقیئن (اِش۔را۔قِ۔یئن) (ع۔ا۔مذ) حکما کا وہ مرتاض گروہ جو تصفیۂ قلب اور کشف کے ذریعے شاگردوں کو دُور بیٹھے تعلیم دیا کرتا ہے۔

اَشرَف (اَش۔رَف) (ع۔ا۔تفضیل) نہایت شریف۔ بُزرگ ترین۔

اَشرفُ الاَشراف (اَش۔رَ۔فُل۔اَش۔راف) (ع۔صف) شریفوں کا شریف۔ نہایت شریف۔

اَشرفُ المَخلوقات (اَش۔رَ۔فُل۔مَخ۔لو۔قات) (ع۔صف) ساری مخلوق سے بُزرگ ترین (۲) اِنسان۔

اَشرفُ النّاس (اَش۔رَ۔فُن۔ناس) (ع۔صف) سب سے شریف۔ آنحضرت ﷺ۔

اَشرَفی (اَش۔رَ۔فی) (ف۔ا۔مث) (۱) سونے کا ایک سِکّہ۔ مُہر۔ دینار۔ پونڈ۔ ساورن۔ گِنّی (۲) ایک بوٹی کا نام جس کا پُھول گول اور زرد ہوتا ہے۔ اُردو جمع: اشرفیاں۔ اشرفیوں۔

اشرفی بُوٹی (ف۔اَر۔ا۔مث) اشرفی کی قدوقامت کی بوٹیاں جو کمخواب یا چھینٹ کے کپڑے پر بنی ہوتی ہیں (۲) ایک بوٹی کا نام جس کا پُھول اشرفی کی مانند زرد اور گول ہوتا ہے۔

اشرفیاں لُٹیں کوئلوں پر مُہر (اَر۔مثل) فضول مصارف پر تو لاکھوں اُڑیں مگر ضروری اخراجات میں بُخل کیا جائے۔

اَشعار (اَش۔عار) (ع۔ا۔مذ) شِعر کی جمع۔

اَشعَر (اَش۔عَر) (ع۔ا۔تفضیل) (۱) زیادہ شعر کہنے والا (۲) لمبے بالوں والا۔

اَشعَری (اَش۔عَ۔ری) (ع۔صف) اہلِ سُنّت کے مشہور امام شیخ ابوالحسن علی بن اسماعیل اشعری کے فرقۂ اشعریہ سے منسوب۔

اَشعَریّہ (اَش۔عَ۔ری۔یہ) (ع۔ا۔مذ) حکمائے اِسلام کا ایک طبقہ جو مُعتزلہ کا مخالف تھا (۲) ابوالحسن اشعری کے پیروکار۔ جمع: اَشاعرہ۔

اَشغال (اَش۔غال) (ع۔ا۔مذ) شغل کی جمع۔

اُشغُلا (اُش۔غُ۔لا) (اَر۔ا۔مذ) فتنہ و فساد کی بات۔ اَر جمع: اُشغلوں۔ اُشغلے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُشغلا اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) طوفان اُٹھانا۔ فتنہ برپا کرنا۔ بُہتان لگانا۔

اُشغلا چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) انوکھی بات کرنا۔ چُٹکلا چھوڑنا۔ کوئی بات بنا کر دو آدمیوں کو لڑوا دینا۔

اَشفاق (اَش۔ فاق)(ع۔ اِ۔ مذ) شفقت کی جمع۔

اِشفاق (اِش۔ فاق)(ع۔ اِ۔ مذ) نرمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ شفقت۔ نرمی۔ رحم۔

اَشقِیا (اَش۔ قِ۔ یا)(ع۔ اِ۔ مذ) شقی کی جمع۔ سنگدل اور بے رحم لوگ۔

اَشک (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ اِ۔ مذ) آنسو۔ تسوا۔ جمع: اشک ہا۔ اُردو جمع: اشک۔ اشکوں۔

اشک آور گیس۔ دیکھئے آنسو گیس۔

اشک بار (ف۔ صف) آنسو برسانے والا۔ رونے والا۔

اشک باری (ف۔ اِ۔ مث) آنسو برسانا۔ رونا۔

اشکِ سحرگاہی (ف۔ اِ۔ مذ) صبح کا رونا۔

اشکِ شادی (ف۔ اِ۔ مذ) وہ آنسو جو فرطِ مسرت سے آنکھوں میں آ جائیں۔

اشکِ شفق گوں (ف۔ اِ۔ مذ) خون کے آنسو۔ شام کی سُرخی جیسے سُرخ آنسو۔

اشکِ شمع (ف۔ اِ۔ مذ) جلتی ہوئی موم بتی کے گرتے ہوئے موم کے قطرے۔

اشک شوئی (ف۔ اِ۔ مث) آنسو پونچھنا۔ روتے کی آنکھیں پونچھنا (۲) تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔ تسلّی۔ دلاسا۔

اشک فشاں (ف۔ صف) اشک بار۔ آنسو بہانے والا۔ رونے والا۔

اشک فِشانی (ف۔ اِ۔ مث) آنسو بہانا۔ رونا۔

اشکِ کباب (ف۔ اِ۔ مذ) وہ پانی جو آگ پر رکھنے سے کباب میں سے نکلتا ہے۔

اشکِ ندامت (ف۔ ع۔ اِ۔ مذ) شرمندگی اور پشیمانی کے باعث نکلنے والا آنسو۔

اَشکال (اَش۔ کال)(ع۔ اِ۔ مث) شکل کی جمع۔

اِشکال (اِش۔ کال)(ع۔ اِ۔ مذ) مشکل پیش آنا۔ مشکل۔ دُشواری۔ دِقت۔

اِشکال پیش آنا (اُر۔ محاورہ) دُشواری پیش آنا۔

اَشلک (اَش۔ لک)(ت۔ اِ۔ مث) تُہمت۔ بُہتان۔

اَشلک لگانا (اُر۔ محاورہ) تُہمت لگانا۔ بُہتان لگانا۔

اَشلوک (اَش۔ لوک)(ہ۔ اِ۔ مذ)(۱) نظم۔ شعر۔ بیت۔ دوہا (۲) حمد۔ نعت۔

اَشنان (اَش۔ نان)(ہ۔ اِ۔ مذ) غسل۔

اَشوک (اَ۔ شوک)(س۔ اِ۔ مذ) ایک درخت جس کے پھل پھول دواؤں میں استعمال ہوتے ہیں۔

اَشہاد (اَش۔ ہاد)(بفتحِ اوّل)(ع۔ اِ۔ مذ) شاہد کی جمع۔

اِشہاد (اِش۔ ہاد)(بکسرِ اوّل)(ع۔ اِ۔ مذ) شہادت دینا۔ ثبوت پیش کرنا۔

اَشہب (اَش۔ ہب)(ع۔ اِ۔ مذ)(۱) سیاہ رنگ جس میں سفیدی غالب ہو۔ سبز گھوڑا (۲) مطلق گھوڑا۔

اَشہر (اَش۔ ہر)(ع۔ اِ۔ تفضیل) نہایت مشہور و معروف۔

اَشیاء (اَش۔ یا)(ع۔ اِ۔ مث) شے کی جمع۔

اشیائے صَرف (ع۔ اُر۔ اِ۔ مث) روزمرّہ اِستعمال کی چیزیں۔ (Consumer Goods)۔

اشیائے ممنوعہ (ع۔ اِ۔ مث) ایسی اشیا جنھیں ایک ملک سے دُوسرے ملک یا ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانے کی ممانعت ہو۔ (Contraband)۔

اَشیر باد (اَ۔ شیر۔ باد) دیکھئے آشیر باد (واد)۔

ا۔ص

اِصابت (اِ۔ صا۔ بت)(ع۔ اِ۔ مث) رسائی۔ پہنچ (۲) ٹھیک بات کہنا۔ صحیح نتیجے پر پہنچنا۔

اَصابع (اَ۔ صا۔ بِع)(ع۔ اِ۔ مث) اِصبع کی جمع۔ ہاتھ کی اُنگلیاں۔

اَصاغر (اَ۔ صا۔ غر)(ع۔ اِ۔ تفضیل) اصغر کی جمع۔

اَصالت (اَ۔ صا۔ لت)(ع۔ اِ۔ مث) اصلیت۔ پیدائشی خاصیت۔ قومی اثر۔ نطفے کا اثر۔ (شرافت یا رزالت)۔

اَصالت پر (آ جانا) آنا (اُر۔ محاورہ) قُدرتی یا خاندانی اثر دکھانا (۲) شرارت پر اُتر آنا۔ کمینگی پر اُتر آنا۔

اَصالتاً (اَصالتۃً) (اَ۔ صا۔ لَ۔ تَن)(ع۔ تابع فعل) بذاتِ خود۔ بلاوسیلہ۔ خود آپ۔ بہ نفسِ نفیس (وکالتاً کی ضد)۔

اصالتاً حاضری (ع۔ اُر۔ اِ۔ مث)(کسی وکیل کے بغیر) خود حاضر ہونا۔

اَصباح (اَص۔ باح)(ع۔ اِ۔ مث) صُبح کی جمع۔

اِصباح (اِص۔ باح)(ع۔ اِ۔ مث) صُبح کرنا۔ سویرا ہونا۔

اَصَحّ (اَ۔ صَحّ)(ع۔ اِ۔ تفضیل) درست ترین۔ صحیح ترین۔ بہت صحیح۔

اِصحا (اِص۔ حا)(ع۔ اِ۔ مذ) ہوشیاری۔ مستی سے ہوشیاری میں آنا۔ صحو۔

اَصحاب (اَص۔ حاب)(ع۔ اِ۔ مذ) صاحب کی جمع (۲) وہ بُزرگ جنھوں نے بحالتِ ایمان آنحضرت ﷺ کو دیکھا اور ایمان پر فوت ہوئے۔ صحابہ۔

اصحابُ الاُخدود (اَص۔ حا۔ بُل۔ اُخ۔ دُود)(ع۔ اِ۔ مذ) خندق والے۔ وہ عیسائی جنھیں یمن کے یہودی بادشاہ ذونواس نے خندق میں زندہ دفن کرا دیا تھا۔

اصحابُ الرّائے (اَص۔ حا۔ بُر۔ را۔ اِے)(ع۔ اِ۔ مذ) وہ فُقہا جو مسائل کے اِستنباط میں قیاس اور رائے سے کام لیں۔

اصحابُ الشِّمال (اَص۔ حا۔ بُش۔ شِ۔ مال)(ع۔ اِ۔ مذ) بائیں طرف والے جن کی صفیں تختِ ربّ العالمین کے بائیں طرف ہوں گی۔ دوزخی لوگ۔

اصحابُ الفرائض (اصحابُ الفروض) (اَص۔ حا۔ بُل۔ فَ۔ را۔ اِض)(اَص۔ حا۔ بُل۔ فُ۔ رُوض)(ع۔ اِ۔ مذ)(فقہ) وہ وارث جن کے حصّے قرآن مجید نے متعین کر دیئے ہیں۔ اُن کی تفصیل سورۂ النساء میں درج ہے۔

اصحابُ المیراث (اَص۔ حا۔ بُل۔ می۔ راث)(ع۔ اِ۔ مذ) حنفی فقہ کی رُو سے وہ وارث جن کو اصحابُ الفرائض کے بعد حصّہ ملتا ہے۔

اصحابُ الیمین (اَص۔ حا۔ بُل۔ یَ۔ مِین)(ع۔ اِ۔ مذ) داہنی طرف والے لوگ۔ بہشت والے لوگ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اصحابِ صُفّہ (ع۔ا۔مذ) صحابہ کرامؓ کا ایک گروہ جو ہر وقت عبادتِ الٰہی میں مصروف رہتا تھا۔ حضرت بلالؓ، حضرت سلمانؓ، حضرت ابوذر غِفاریؓ اور حضرت زید ابن الخطابؓ اسی گروہ میں سے تھے۔

اصحابِ ظاہر (ظواہر) (ع۔ا۔مذ) وہ لوگ جو قرآن و حدیث کے ظاہری یا لفظی معانی پر بھروسا کرتے ہیں اور اُن کے علاوہ کوئی معنی دُرست نہیں سمجھتے۔

اصحابِ فیل (ع۔ا۔مذ) ہاتھی والے۔ اَبرہہ شاہ یمن اور اُس کا لشکر جو ہاتھیوں پر چڑھ کر خانہ کعبہ ڈھانے آیا تھا اور جن کو خُدا کے حکم سے پرندوں نے کنکر مار کر تباہ و برباد کر دیا تھا۔

اصحابِ کہف (ع۔ا۔مذ) صاحبانِ غار۔ غار والے (۲) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق وہ پانچ، سات یا نو عیسائی جو ایشیائے کوچک کے کافر بادشاہ دقیانوس کے خوف سے ایک غار میں چھپ کر سوگئے تھے اور قیامت کے دن اُٹھائے جائیں گے۔ اُن کے ساتھ ایک کتا بھی ہے۔

اِصرار (اِص۔رار)(ع۔ا۔مذ)(۱) ہٹ۔ ضِد۔ اَڑ (۲) تاکید۔

اَصراف (اَص۔راف)(ع۔ا۔مذ) صَرف کی جمع۔ بہت سے خرچ۔

اِصراف (اِص۔راف)(ع۔ا۔مذ) خرچ کرنا۔

اِصطِباغ (اِص۔طِ۔باغ)(ع۔ا۔مذ)(۱) رنگ چڑھانا۔ رنگنا۔ مذہب میں شامل کرنا (۲) عیسائی مذہب اِختیار کرتے وقت سر پر پانی چھڑکنے کی رسم۔ بپتسمہ۔

اِصطباغ دینا (اُر۔محاورہ)(۱) رنگنا (۲) عیسائی مذہب میں لانا۔ بپتسمہ دینا۔

اِصطباغ لینا (اُر۔محاورہ) عیسائی مذہب اِختیار کرنا۔ بپتسمہ لینا۔

اَصطَبل (اَص۔طَ۔بَل)(اِص۔طَ۔بَل)(ع۔ا۔مذ) گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ۔ طویلہ۔ اُردو جمع: اصطبل۔ اصطبلوں۔

اُصطُرلاب (اُص۔طُر۔لاب)(یو۔ا۔مذ) ایک آلہ جس سے ستاروں کی بلندی، مقام اور رفتار دریافت کرتے ہیں۔

اِصطِفا (اِص۔طِ۔فا)(ع۔ا۔مذ) چُننا۔ منتخب کرنا۔ اِنتخاب۔ برگزیدگی۔

اِصطِلاح (اِص۔طِ۔لاح)(ع۔ا۔مث) کسی علمی یا فنی گروہ کا کسی لفظ کے عام معنوں کے علاوہ کوئی خاص مفہوم مقرر کرلینا۔ مُرادی معنی۔

اِصطِلاحات (اِص۔طِ۔لا۔حات)(ع۔ا۔مث) اِصطلاح کی جمع۔

اِصطِلاحی (اِص۔طِ۔لا۔حی)(ع۔صف) منسوب بہ اِصطلاح۔ کسی خاص مفہوم اور محاورے کے متعلق۔

اَصغَر (اَص۔غَر)(ع۔ا۔تفضیل) نہایت چھوٹا۔ جمع: اصاغر۔

اِصفہان نِصفِ جہان (ف۔مثل)(ایران کا شہر) اِصفہان آدھی دُنیا کے برابر ہے۔ کسی زمانے میں یہ شہر بہت خوبصورت اور پُر رونق تھا۔

اَصفِیاء (اَص۔فِ۔یا)(ع۔ا۔مذ) صفی کی جمع۔ بُزرگ لوگ۔ چُنے ہوئے لوگ۔ پاک باطن لوگ۔

اَصل (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) بیخ۔ بُنیاد۔ جڑ (۲) منبع۔ سرچشمہ۔ نکاس۔ مادّہ (۳) تخم۔ بیج (۴) ست۔ عطر۔ خلاصہ (۵) سرشت۔ طینت۔ جبلت (۶) حقیقت۔ ماہیت (۷) نسب۔ نطفے کا اثر۔ خاندانی اثر (۸) سبب (۹) سرمایہ۔ پُونجی۔ مول۔ مال (۱۰) ذات (۱۱) شریف۔ خاندانی (۱۲) کتاب کی عبارت۔ متن۔ قول (۱۳) اوّل۔ مُقدّم (۱۴) ٹھیک۔ واقعی (۱۵) خالص۔ چوکھا۔ بے کھوٹ۔ کھرا۔ جمع: اُصول۔

اصلُ الاُصول (اَص۔لل۔اُ۔صُول)(ع۔ا۔مذ) خلاصہ۔ لُبِّ لُباب۔ عِلّتِ غائی۔ جڑوں کی جڑ۔

اصلُ السُّوس (اَص۔لس۔سُوس)(ع۔ا۔مث) ایک قسم کی جڑ جو دوا میں کام آتی ہے۔ ملیٹھی۔

اصل اصل ہے، نقل نقل (اُر۔مثل) جو عمدگی اصل میں ہوسکتی ہے نقل میں نہیں ہوسکتی۔

اصلِ اُصول (ع۔ا۔مذ) دیکھئے اصلُ الاُصول۔

اصلِ بد از بدی خطا نہ کند (ف۔مثل) بد ضرور بدی کرتا ہے۔ کمینہ بدی کو چھوڑ نہیں سکتا۔

اصل پر آجانا (جانا) (اُر۔محاورہ) اپنے کاموں سے نسلی یا فطری پستی کا ثبوت دینا۔

اصل سے خطا نہیں کم اصل سے وفا نہیں (اُر۔مثل) شریف بُرائی نہیں کرسکتا اور رذیل سے بھلائی نہیں ہوتی۔

اَصلا (اَص۔لا)(اُر۔تابع فعل) دیکھئے اصلاً۔

اَصلاً (اَص۔لَن)(ع۔تابع فعل) اصل کے اِعتبار سے۔ ہرگز۔ بالکل۔ مطلق۔

اِصلاح (اِص۔لاح)(ع۔ا۔مث)(۱) صحت۔ دُرستی۔ مرمّت (۲) ترمیم۔ تصحیح۔ نظرثانی (۳)(طب) ادویہ کو مناسب مزاج پر لانا۔ ایک دوا کے مضر اثرات کو دُوسری دوا سے دور کرنا (۴)(اُر۔ا۔مث) حجامت۔ دُرستی خط۔ جمع: اِصلاحات۔

اِصلاح بنوانا (اُر۔محاورہ) حجامت بنوانا۔ خط بنوانا۔

اِصلاح پذیر (ع۔ف۔صف) اِصلاح قبول کرنے والا۔

اِصلاح لینا (اُر۔محاورہ) اپنی تحریر یا کلام دُرستی کے لئے اُستاد کو دکھانا۔

اِصلاحات (اِص۔لا۔حات)(ع۔ا۔مث) اِصلاح کی جمع (۱) دُرستیاں۔ ترمیمیں (۲) سیاسی اِصطلاح میں حکومت کی وہ اِصلاحیں جو نظامِ حکومت کی خرابیاں دُور کرکے رعایا کی فلاح و بہبود کے لئے کی جائیں (Reforms)۔

اِصلاحی (ع۔صف) اِصلاح سے متعلق۔

اَصلوں (اَص۔لوں)(اُر۔تابع فعل) بالکل۔ مطلق۔ اصل میں۔

اَصلی (اَص۔لی)(ع۔صف)(۱) حقیقی۔ خلقی۔ ذاتی۔ پیدائشی۔ جبلی۔ فطری۔ (۲) مقدم۔ اوّل (۳) عُمدہ۔ ٹھیک۔ سچ۔ واقعی۔ نقلی کی ضد۔

اَصلِیَّت (اَص۔لی۔یَت)(ع۔ا۔مث) حقیقت۔ اصلی بات۔ واقعیت۔

اَصَمّ (اَ۔صَمّ)(ع۔صف) بہرا۔ کانوں سے بہرا۔ جو سُن نہ سکے۔

اَصناف (اَص۔ناف)(ع۔ا۔مث) صِنف کی جمع۔

اَصنام (اَص۔نام)(ع۔ا۔مذ) صنم کی جمع۔

اَصوات (اَص۔وات)(ع۔امث) صوت کی جمع۔

اُصُول (ع۔ا۔مذ) اصل کی جمع (۱) جڑیں۔ بُنیادیں (۲) قاعدہ۔ ڈھنگ۔ طور طریقہ۔ دستور (ان معنوں میں اُردو میں بطور واحد بھی مستعمل ہے)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُصول باندھنا (اَر۔ محاورہ) قاعدہ مقرر کرنا۔
اُصولِ کلام (ع۔ اـ مذ) علم کلام میں مسائل کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا۔
اُصولِ موضوعہ (ع۔ اـ مذ) قائم کیے ہوئے قاعدے۔ مقرر کیے ہوئے اُصول۔
اُصُولی (اُ۔صُو۔لی) (ع۔ صف) (۱) اُصول کے مطابق۔ کسی قاعدے قانون کے تحت (۲) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو تقلیدِ مجتہد کا قائل ہے۔
اَصہار (اَص۔ہار) (ع۔ اـ مذ) صہر کی جمع۔ وہ رشتہ دار جن سے از روئے شریعت شادی ناجائز ہے۔
اَصِیل (اَ۔صِیل) (ع۔ صف) (۱) خالص نسل کا۔ شریف۔ نجیب۔ عالی خاندان (۲) (اَر۔ اـ مث) ماما۔ خادمہ۔
اصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں (اَر۔ مثل) (۱) اصیل گھوڑا مار کھائے بغیر اچھا چلتا ہے (۲) شریف آدمی سے کام لینے کے لئے سختی کی ضرورت نہیں۔
اصیل مُرغ کے گلے گلے (اَر۔ مثل) خاندانی لوگوں کی بے قدری۔

اـض

اِضافَت (اِ۔ضا۔فَت) (ع۔ اـ مث) (۱) نسبت۔ لگاؤ۔ میل۔ ایک کلمے کا دُوسرے کلمے سے لگاؤ جو فارسی اور عربی الفاظ میں مضاف کے نیچے زیر لگانے اور اُردو میں مضاف اِلیہ کے آگے کا 'کی' کے لگانے سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ جیسے غلامِ زید یا زید کا غلام۔ جمع: اضافات۔ اُردو جمع: اِضافتوں۔ اِضافتیں۔
اِضافتِ اِبنی (ع۔ اـ مث) (ع۔ صف) اولاد اور والدین کا تعلق جیسے اکبر کا لڑکا۔
اِضافتِ اِستعارہ (ع۔ اـ مث) جب استعارۂ تخییلیہ استعارہ بالکنایہ کی طرف مضاف ہوتا ہے تو اِس اِضافت کو اضافتِ اِستعارہ کہتے ہیں۔ جیسے پائے فکر۔
اِضافتِ بیانی (ع۔ اـ مث) مادّہ اور مصنوع کا تعلق۔ یعنی جس سے کوئی چیز بنی ہو وہ مضاف اِلیہ اور جو چیز بنی ہو وہ مضاف ہو جیسے چاندی کا ہار۔
اِضافتِ تشبیہی (ع۔ اـ مث) مُشبّہ اور مُشبّہ بہ کا تعلق۔ اِس میں مُشبّہ مضاف اِلیہ اور مُشبّہ بہ مضاف ہوتا ہے جیسے گُلِ رُخسار۔
اِضافتِ تخصیصی (ع۔ اـ مث) وہ تعلق جس سے مضاف کا مضاف اِلیہ کے لئے خاص ہونا ظاہر ہو جیسے عارف کا ہاتھ۔ میرا کام۔
اِضافتِ تملیکی (ع۔ اـ مث) وہ تعلق جس سے مضاف کا مضاف اِلیہ کی ملکیت ہونا ظاہر ہو جیسے اسلم کا گھوڑا۔
اِضافتِ توصیفی (ع۔ اـ مث) وہ تعلق جو صفت اور موصوف کے درمیان پایا جائے۔ اِس میں مضاف موصوف اور مضاف اِلیہ صفت ہوتا ہے جیسے روزِ روشن۔
اِضافتِ توضیحی (ع۔ اـ مث) وہ تعلق جس میں مضاف اِلیہ مضاف کی وضاحت کرے جیسے ملتان کا شہر۔
اِضافتِ ظرفی (ع۔ اـ مث) ظرف اور مظروف کے درمیان تعلق۔ اِس میں مضاف مظروف اور مضاف اِلیہ ظرف ہوتا ہے جیسے کنوئیں کا پانی۔
اِضافہ (اِ۔ضا۔فَہ) (ع۔ اـ مذ) بیشی۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔ جمع: اضافات۔ اُردو جمع: اِضافوں۔ اِضافے۔

اِضافی (اِ۔ضا۔فی) (ع۔ صف) (۱) نسبتی۔ اِعتباری۔ زائد (۲) غیر اصلی۔
اِضافِیَّت (اِضا۔فی۔یَت) (ع۔ اـ مث) (۱) تلازم۔ نسبتی یا اِضافی تعلق (۲) دیکھئے نظریۂ اِضافیت۔
اَضحیٰ (اَض۔حا) (ع۔ اـ مث) قربانی۔ قربانی کا دن۔
اُضحُوکہ (اُض۔حُو۔کہ) (ع۔ اـ مذ) جس سے ہنسی آئے۔ مضحکہ خیز چیز۔
اُضحِیہ (اُض۔حِ۔یَہ) (ع۔ اـ مث) قربانی کا جانور۔
اَضداد (اَض۔داد) (ع۔ اـ مث) ضِد کی جمع۔ ضِدیں۔ متضاد چیزیں جو بیک وقت ایک جگہ جمع نہ ہو سکیں۔ جیسے اندھیرا اور اُجالا۔
اَضراب (اَض۔راب) (ع۔ اـ مث) ضرب کی جمع۔
اَضرار (اَض۔رار) (ع۔ اـ مذ) ضرر کی جمع۔
اِضطِراب (اِض۔طِ۔راب) (ع۔ اـ مذ) بے قراری۔ بے چینی۔ بے تابی۔ گھبراہٹ۔ بوکھلاہٹ۔ جمع: اِضطرابات۔
اِضطِرابی (اِض۔طِ۔را۔بی) (ع۔ صف) اِضطراب سے متعلق۔
اِضطِرار (اِض۔طِ۔رار) (ع۔ اـ مذ) بے قراری (۲) بے اِختیاری۔ بے بسی۔
اِضطِراری (اِض۔طِ۔را۔ری) (ع۔ صف) اِضطرار سے منسوب۔
اَضعاف (اَض۔عاف) (ع۔ صف) ضِعف کی جمع۔ دُگنا تگنا وغیرہ۔
اِضعاف (اِض۔عاف) (ع۔ اـ مذ) دُگنا کرنا (۲) کم زور کرنا۔
اَضعَف (اَض۔عَف) (ع۔ اـ تفضیل) نہایت ضعیف۔ بہت کمزور۔
اَضغاث (اَض۔غاث) (ع۔ اـ مذ) ضِغث کی جمع۔ گیلی اور خشک گھاس کے مُٹھے۔
اَضغاثِ اَحلام (اَض۔غا۔ثِ۔اَح۔لام) (ع۔ اـ مذ) پریشان خواب جن کی کوئی تعبیر نہ ہو۔
اَضلاع (اَض۔لاع) (ع۔ اـ مذ) ضلع کی جمع (۱) خطۂ زمین۔ صوبے کا حِصّہ (۲) اشکال کے خطوط۔ مثلث یا مربع و مستطیل وغیرہ کی حدیں۔
اِضلال (اِض۔لال) (ع۔ اـ مذ) گمراہ کرنا۔ بہکانا۔
اِضمار (اِض۔مار) (ع۔ اـ مذ) کلام میں اسم کی جگہ ضمیر استعمال کرنا۔
اِضمار قبل الذِکر (ع۔ اـ مذ) کسی اِسم کے ذکر سے پہلے اُس کے لئے ضمیر لانا۔
اِضمِحلال (اِض۔مِح۔لال) (ع۔ اـ مذ) پژمردگی۔ کسل۔ سستی۔ کاہلی۔ افسردگی۔

اـط

اِطاعَت (اِ۔طا۔عَت) (ع۔ اـ مث) فرماں برداری۔ بندگی۔ تعمیلِ حکم۔ جمع: اِطاعات۔
اِطاعت گُزار (ع۔ ف۔ صف) اِطاعت کرنے والا۔ فرماں بردار۔
اُطاق (اُ۔طاق) (ت۔ اـ مذ) کمرا۔ حجرہ۔ کوٹھڑی۔
اَطالَ اللہُ عُمرَہٗ (اَ۔طا۔لل۔لا۔ہُ۔عُم۔رَ۔ہُو) (ع۔ دُعائیہ کلمہ) خدا اُس کی عمر بڑھائے۔ دُعائیہ کلمہ جو چھوٹوں کے لئے اِستعمال کیا جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِطالوی (اِ-طال-وی)(ع-صف) اطالیہ (اٹلی) سے منسوب (۲) اِٹلی کا باشندہ۔
اَطِبّا (اَ-طِب-با)(ع-ا-مذ) طبیب کی جمع۔
اَطراف (اَط-راف)(ع-ا-مث) طرف کی جمع۔
اَطریفل (اط-ری-فل) دیکھئے اتری پھل جس کا یہ مُعرّب ہے۔
اَطعِمہ (اَط-ع-مَہ)(ع-ا-مذ) طعام کی جمع۔
اِطفا (اِط-فا)(ع-ا-مذ) آگ بجھانا۔
اَطفال (اَط-فال)(ع-ا-مذ) طِفل کی جمع۔
اِطّلاع (اِط-طِ-لاع)(ع-ا-مث)(۱) آگاہی۔ خبر۔ رپورٹ (۲) نوٹس۔ اعلان۔ اِشتہار۔ جمع: اِطّلاعات۔
اِطّلاع نامہ (ع-ف-ا-مذ) وہ چٹھی جو خبر دینے کے لئے بھیجی جائے۔ سمن۔ نوٹس۔ پروانہ۔ حُکم نامہ۔
اِطّلاع یابی (ع-ف-ا-مث) خبر پانا۔ آگاہ ہونا۔ باخبری۔
اِطّلاعاً (اِط-طِ-لا-عَن)(ع-تابع فعل) برائے اِطلاع۔ آگاہی کے لئے۔ باخبر کرنے کے لئے۔
اِطّلاعی (اِط-طِ-لا-عی)(ع-ف-صف) خبر دینے والی۔ آگاہ کرنے والی۔ (چٹھی یا خبر وغیرہ) وہ چیز جو کسی کے متعلق اِطلاع دے۔
اِطلاق (اِط-لاق)(ع-ا-مذ) رواں کرنا۔ جاری کرنا (۲) کہنا۔ بولا جانا (۳) استعمال ہونا (۴) منطبق ہونا۔ عائد ہونا۔ کسی چیز کا دُوسری چیز پر محمول کرنا۔
اِطلاق نویس (ع-ف-ا-مذ) سمن کے اجرا اور خرچ کا حساب کتاب رکھنے والا افسر۔
اِطلاقی (اِط-لا-قی)(ع-صف) اِطلاق سے متعلق۔ (Applied)۔
اَطلَس (اَط-لَس)(ع-ا-مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
اِطمینان (اِط-مِی-نان)(ع-ا-مذ) دل جمعی۔ ڈھارس۔ خاطر جمع۔ تسلّی۔ دلاسا۔ صبر۔ طمانیت۔
اَطناب (اَط-ناب)(ع-ا-مذ-مث) طنب کی جمع۔ طنابیں۔ تنبو کی رسّیاں۔
اِطناب (اِط-ناب)(ع-ا-مذ) بات کو طول دینا۔ لمبا کرنا۔
اَطوار (اَط-وار)(ع-ا-مذ) طور کی جمع۔
اَطوَل (اَط-وَل)(ع-ا-تفضیل) بہت طویل۔ نہایت لمبا۔
اَطہار (اَط-ہار)(ع-ا-مذ) طاہر کی جمع۔
اَطہَر (اَط-ہَر)(ع-ا-تفضیل) بہت پاک۔
اَطیَب (اَط-یَب)(ع-ا-تفضیل) نہایت پاک۔ نہایت خوشبودار۔ بہت اچھا۔

ا-ظ

اَظلال (اَظ-لال)(ع-ا-مذ) ظِل کی جمع۔ سائے۔
اِظلال (اِظ-لال)(ع-ا-مذ) سایہ ڈالنا۔
اِظلام (اِظ-لام)(ع-ا-مذ) تاریک کرنا۔
اَظلَم (اَظ-لَم)(ع-ا-تفضیل) بہت بڑا ظالم۔ نہایت ظلم کرنے والا۔
اِظہار (اِظ-ہار)(ع-ا-مذ)(۱) کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ ظاہر ہونا (۲) بیان۔ شہادت (۳) وہ بیان جو عدالت میں دیا جائے۔
اِظہارِ حلفی (ع-ا-مذ) قسمیہ گواہی۔
اِظہار دینا (اُر-محاورہ) عدالت میں گواہی دینا۔ بیان لکھوانا۔
اِظہارِ قانونی (ع-ا-مذ) قانون کی رُو سے درست گواہی۔
اِظہار کرنا (اُر-محاورہ) بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔
اِظہار لینا (اُر-محاورہ) بیان لینا۔ گواہی لینا۔ اہلِ مقدمہ سے مقدمے کے حالات سُننا۔
اِظہار نامہ (ع-ف-ا-مذ) عدالت کا سمن۔ اِطلاع نامہ۔
اِظہار نویس (ع-ف-صف-و-ا-مذ) وہ محرّر جو بیان اور شہادت لکھتا ہے۔
اَظہَر (اَظ-ہَر)(ع-ا-تفضیل) خوب ظاہر۔ نہایت صریح اور واضح۔
اَظہَرُ مِنَ الشّمس (اَظ-ہَر-م-نُش-شَمس)(ع-صف) سُورج سے زیادہ ظاہر۔ سُورج کی طرح ظاہر اور عیاں۔

ا-ع

اِعادہ (اِ-عا-دَہ)(ع-ا-مذ) لوٹانا۔ دُہرانا۔ بار بار کرنا۔
اِعادۂ شباب (ع-ا-مذ) بڑھاپے میں جوانی کی دوبارہ طاقت اور اُمنگ پیدا کرنا۔
اَعاظِم (اَ-عا-ظِم)(ع-ا-مذ) اعظم کی جمع۔ بہت بڑے لوگ۔
اِعانت (اِ-عا-نت)(ع-ا-مث) مدد۔ سہارا۔ حمایت۔
اِعانتِ مُجرمانہ (ع-ا-مث) جُرم میں مدد دینا۔
اِعتاق (اِع-تاق)(ع-ا-مذ) غلام یا باندی کو آزاد کرنا۔
اِعتبار (اِع-تِ-بار)(ع-ا-مذ)(۱) تکیہ۔ بھروسا۔ ساکھ۔ اِعتماد (۲) یقین (۳) لحاظ (اِس اِعتبار سے وہ تم سے اچھا ہے)۔ جمع: اِعتبارات۔
اِعتبار آنا (اُر-محاورہ) یقین آنا۔
اِعتبار اُٹھ جانا (اُر-محاورہ) اِعتبار جاتا رہنا۔ اِعتماد نہ رہنا۔ ساکھ نہ رہنا۔
اِعتبار کرنا (اُر-محاورہ) بھروسا کرنا۔ یقین کرنا۔
اِعتبار نامہ (ع-ف-ا-مذ) سند۔ سرٹیفکیٹ۔
اِعتباری (اِع-تِ-با-ری)(ع-صف) قابلِ اِعتبار۔ معتبر۔ بھروسے کے لائق (۲) اِضافی۔ قیاسی۔
اِعتِدال (اِع-تِ-دال)(ع-ا-مذ) کمی نہ زیادتی۔ درمیانی درجہ۔ میانہ روی۔
اِعتدال پر رہنا (اُر-محاورہ) میانہ روی اختیار کرنا۔
اِعتدال پسند (ع-ف-صف) میانہ روی پسند کرنے والا۔
اِعتِذار (اِع-تِ-ذار)(ع-ا-مذ) عذر کرنا۔ عذر خواہی۔ معافی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِعْتِراض (اِع۔تے۔راض)(ع۔ا۔مذ)(۱) نکتہ چینی۔ عیب جوئی۔ گرفت۔ (۲) حجت۔ مخالفت۔ جمع: اِعتراضات۔

اِعتراض اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) نکتہ چینی کا جواب دینا۔

اِعتراض جَڑنا (اِعتراض جمانا)(اَر۔ محاورہ) اِعتراض کرنا (بے تکلفی کے موقع پر بولتے ہیں)۔

اِعتراض کرنا (اَر۔ محاورہ) ٹوکنا۔ گرفت کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا۔

اِعْتِراضی (ق۔ا۔مث) ناراضی۔ خفگی (۲)(صف) اِعتراض کرنے والا۔

اِعْتِراف (اِع۔تے۔راف)(ع۔ا۔مذ) اِقرار کرنا۔ تسلیم کرنا۔ مان لینا۔ جمع: اِعترافات۔

اِعْتِزاز (اِع۔ت۔زاز)(ع۔ا۔مذ) اثر۔ خوبی۔ پھیلاؤ۔ جوہر۔

اِعْتِزال (اِع۔تے۔زال)(ع۔ا۔مذ) عزلت نشینی۔ گوشے میں بیٹھنا۔ الگ ہوجانا۔ تخت چھوڑ دینا۔ دست بردار ہونا (۲) فرقۂ معتزلہ کا مسلک۔

اِعْتِصام (اِع۔تے۔صام)(ع۔ا۔مذ)(۱) مضبوطی سے پکڑنا (۲) پرہیزگار ہونا۔ اپنے آپ کو گناہ سے بچانا۔

اِعْتِقاد (اِع۔تے۔قاد)(ع۔ا۔مذ) عقیدہ۔ یقین۔ بھروسا۔ ایمان۔ دل میں مضبوطی کے ساتھ کوئی بات بٹھانا۔ جمع: اِعتقادات۔

اِعتقاد اُٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) یقین نہ رہنا۔ عقیدہ جاتا رہنا۔

اِعتقاد رکھنا (اَر۔ محاورہ) یقین رکھنا۔ معتقد ہونا۔

اِعْتِقادی (اِع۔تے۔قا۔دی)(ع۔صف)(۱) اِعتقاد سے متعلق (۲)(ق۔صف) اِعتقاد رکھنے والا۔ معتقد۔

اِعْتِکاف (اِع۔تے۔کاف)(ع۔ا۔مذ) نفس کو دُنیاوی لذائذ سے باز رکھنا (۲) مسجد میں معینہ مدت کے لئے گوشہ نشین ہوکر عبادت کرنا۔

اِعتکاف سے نکلنا (اَر۔ محاورہ) اعتکاف سے باہر آنا۔ معینہ گوشہ نشینی کو ختم کرنا۔

اِعتکاف کرنا (اِعتکاف میں بیٹھنا)(اَر۔ محاورہ) دیکھئے اِعتکاف نمبر ۲۔

اِعْتِلا (اِع۔تے۔لا)(ع۔ا۔مذ) بلندی۔ اُونچائی۔

اِعْتِماد (اِع۔تے۔ماد)(ع۔ا۔مذ) اِعتبار۔ بھروسا۔ یقین۔

اِعْتِنا (اِع۔تے۔نا)(ع۔ا۔مذ)(۱) غم خواری کرنا۔ ہمدردی کرنا (۲) پروا کرنا۔ توجّہ کرنا۔

اِعْجاز (اِع۔جاز)(ع۔ا۔مذ) معجزہ۔ خرقِ عادت۔ کرامت۔ کرشمہ۔ چمتکار۔

اِعْجازِ بیان (ع۔صف)(۱)(بغیر اِضافت) جادو بیان۔ نہایت فصیح البیان (۲)(ع۔ا۔مذ)(بااِضافت) کلام کا معجزہ۔ تقریر کا جادو۔

اِعجاز دکھانا (اَر۔ محاورہ) حیرت انگیز کام کرنا۔ معجزہ دکھانا۔

اِعجازِ (عیسوی) مسیحائی (ع۔ا۔مذ)(۱) حضرت عیسیٰؑ کا معجزہ جن کے دم سے بیمار تندرست اور مُردے زندہ ہوجاتے تھے۔

اُعْجُوبہ (اُع۔جو۔بہ)(ع۔ا۔مذ) عجیب شے۔ انوکھی چیز۔ طُرفہ تماشا۔ جمع: اَعاجیب۔ اُردو جمع: اُعجوبوں۔ اُعجوبے۔ نیز دیکھئے عجوبہ۔

اُعجوبۂ روزگار (ع۔ف۔ا۔مذ) زمانے کی عجیب چیز۔

اَعْدا (اَع۔دا)(ع۔ا۔مذ) عدو کی جمع۔

اَعْداد (اَع۔داد)(ع۔ا۔مذ) عدد کی جمع۔ گنتی۔ ہندسے۔ رقوم۔

اعدادِ مُتَبایِن (ع۔ا۔مذ) وہ طاق ہندسے جنہیں کوئی ہندسہ پورا تقسیم نہ کر سکے جیسے ۱۱، ۱۳، ۱۷۔

اعدادِ مُتَداخِل (ع۔ا۔مذ) وہ ہندسے جنہیں کوئی عدد پورا تقسیم کرسکے۔ مختلف اعداد ۹، ۲۱، ۲۵ وغیرہ۔

اعدادِ مُتَماثِل (ع۔ا۔مذ) ایک دوسرے سے مشابہ عدد (۲۔۴ وغیرہ)۔

اعدادِ مُتَوافِق (ع۔ا۔مذ) وہ ہندسے جو دوسرے ہندسوں کو پُورا تقسیم کرسکیں۔

اعداد و شمار (ع۔ا۔مذ) شماریات۔ کسی مُلک کے باشندوں کی تعداد اور اُن کے پیشوں وغیرہ کے متعلق معلومات۔ کسی مُلک کی صنعتی، تجارتی، تعلیمی اور رفاہی سرگرمیوں کے متعلق مجمل اِطلاعات (Statistics)۔

اَعْدَل (اَع۔دَل)(ع۔اِ تفضیل) بہت عدل کرنے والا۔ بہت بڑا منصف۔

اَعْراب (اَع۔راب)(ع۔ا۔مذ) بدو۔ عرب کے صحرانشین۔ گنوار۔

اِعْراب (اِع۔راب)(ع۔ا۔مذ) زبر زیر پیش کی علامتیں۔ حروف کی حرکات۔

اَعْرابی (اَع۔را۔بی)(ع۔ا۔مذ) عرب کا بدو۔ صحرانشین عرب۔ گنوار۔ اُجڈ۔

اِعْراض (اِع۔راض)(ع۔ا۔مذ) مُنہ پھیرنا۔ بچنا۔ رُوگردانی کرنا۔

اَعْراف (اَع۔راف)(ع۔ا۔مذ)(۱) دوزخ اور بہشت کے درمیان کا مقام۔ (۲) قرآن کی ایک سورت کا نام۔

اِعْزاز (اِع۔زاز)(ع۔ا۔مذ) عزت۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔ جمع: اِعزازات۔

اِعْزازی (اِع۔زا۔زی)(ع۔صف)(۱) تعریفی۔ ستائشی (۲) عزت بڑھانے والا (۳) بلا معاوضہ کام یا خدمت (۴)(تابع فعل) تحفے یا ہدیے کے طور پر۔

اِعْزازِیہ (اِع۔زا۔زِ۔یہ)(ع۔ا۔مذ) وہ نذرانہ جو کسی کی خدمات کے اعتراف کے طور پر پیش کیا جائے (Honorarium)۔

اَعِزّہ (اَ۔عِز۔زہ)(ع۔ا۔مذ) عزیز کی جمع۔ بھائی بند۔ رشتے دار۔

اَعْشارِیہ (اَع۔شا۔رِ۔یہ)(ع۔ا۔مذ) دسواں حصہ۔ اعداد کو لکھنے کا وہ طریقہ جس میں دس کے عدد کو بنیادی تصوّر کیا جاتا ہے۔ اس میں کسُور کو اَعشاریہ (٠) کے ذریعے ظاہر کرتے ہیں (Decimal)۔

اَعْصاب (اَع۔صاب)(ع۔ا۔مذ) عصب کی جمع۔ وہ باریک سفید ریشے جو دماغ اور حرام مغز سے نکل کر تمام جسم میں پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ مختلف اِحساسات کو دماغ تک پہنچاتے ہیں۔

اَعْصابی (اَع۔صا۔بی)(ع۔صف) اعصاب سے متعلق۔

اعصابی جنگ (ع۔ف۔ا۔مث) سرد جنگ۔ ایسی جنگ جس میں دو مخالف مُلک یا بلاک سیاسی میدان میں ایک دُوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش کریں۔

اَعْضاء (اَع۔ضا)(ع۔ا۔مذ) عضو کی جمع۔

اعضا شکنی (ع۔ف۔ا۔مث) جوڑوں میں درد ہونا۔ بدن ٹوٹنا۔

اعضائے رئیسہ (ع۔ا۔مذ) جسم کے اہم اعضا۔ دل، دماغ، جگر وغیرہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِعْطا (اِع۔طا)(ع۔ا۔مذ) بخشش کرنا۔ عطا کرنا۔ دینا۔

اَعْظَم (اَع۔ظَم)(ع۔ا۔ تفضیل) نہایت بڑا۔ بزرگ ترین۔ جمع: اَعاظِم۔

اَعْقاب (اَع۔قاب)(ع۔ا۔مذ) عقب کی جمع۔ پس ماندگان۔ آل اولاد جو باپ کے مرجانے کے بعد باقی رہے۔ پچھلی نسل۔

اِعْلا (اِع۔لا)(ع۔ا۔مذ) بلند کرنا۔ غالب کرنا۔

اَعْلام (اَع۔لام)(ع۔ا۔مذ) علم کی جمع۔ جھنڈے۔

اِعْلام (اِع۔لام)(ع۔ا۔مذ) خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔ جتلانا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ (۲) پروانہ۔ نوٹس۔

اِعْلامِیَہ (اِع۔لا۔مِ۔یَہ)(ع۔ا۔مذ) اعلان۔ سرکاری اعلان۔ کمیونکے۔

اِعْلان (اِع۔لان)(ع۔ا۔مذ) ظاہر کرنا۔ شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ جمع: اعلانات۔

اَعْلَم (اَع۔لَم)(ع۔ا۔ تفضیل) بہت جاننے والا۔ بہت بڑا عالم۔

اَعْلیٰ (اَع۔لا)(ع۔ا۔ تفضیل) بہت بلند۔ بہت اُونچا۔ نہایت بلند مرتبہ۔

اَعْلیٰ عِلّیِین (اَع۔لا۔عِل۔لی۔یِین)(ع۔ا۔مذ) پاک رُوحوں کا مسکن۔ بہشت کا سب سے بڑا درجہ۔

اَعْماق (اَع۔ماق)(ع۔ا۔مذ) عُمق کی جمع۔ گہرائیاں۔

اَعْمال (اَع۔مال)(ع۔ا۔مذ) عمل کی جمع۔

اَعْمال نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) وہ رجسٹر جس میں کراماً کاتبین انسان کے بُرے بھلے کام لکھتے ہیں (۲) وہ رجسٹر جس میں سرکاری ملازموں کی کارگزاریاں لکھی جاتی ہیں۔(Service Book)۔

اَعْمام (اَع۔مام)(ع۔ا۔مذ) عَم کی جمع۔ چچا۔ پھوپھا۔ ماموں۔

اَعْمیٰ (اَع۔ما)(ع۔صف) اندھا۔ نابینا۔

اَعْناق (اَع۔ناق) عُنق کی جمع۔ گردنیں۔ (ع۔ا۔مذ)

اَعْنی (اَع۔نی)(ع۔جملہ) میں مُراد لیتا ہوں۔ میری یہ مُراد ہے (متکلم کا صیغہ)۔

اَعْوان (اَع۔وان)(ع۔ا۔مذ) عَون کی جمع۔ بہت سے حامی اور مددگار۔

اَعْیان (اَع۔یان)(ع۔ا۔مذ) عین کی جمع (۱) عُیون۔ آنکھیں (۲) اُمرا۔ وُزرا۔ سرکردہ لوگ۔

اَعْیانی (ع۔صف) سگے بھائی۔

ا ـ غ

اَغْذِیَہ (اَغ۔ذِ۔یَہ)(ع۔ا۔مث) غذا کی جمع۔

اَغْراض (اَغ۔راض)(ع۔ا۔مذ۔مث) غرض کی جمع۔

اِغْراق (اِغ۔راق)(ع۔ا۔مذ)(۱) ڈبو دینا (۲) بہت مبالغہ کرنا۔ بہت بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔

اَغْلاط (اَغ۔لاط)(ع۔ا۔مذ۔مث) غلط کی جمع۔ غلطیاں۔ بھول چوک۔

اِغْلاق (اِغ۔لاق)(ع۔ا۔مذ) کلام کو مشکل کرنا۔ پیچیدہ کرنا۔ مُغلق کرنا۔

اِغْلام (اِغ۔لام)(ع۔ا۔مذ) لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنا۔ لواطت۔ خلاف وضع فطری۔

اِغْلامی (اِغ۔لا۔می)(ع۔صف)(۱) لونڈے باز۔ اغلام کرنے والا (۲) اغلام کرانے والا۔

اَغْلَب (اَغ۔لَب)(ع۔ا۔ تفضیل) غالب ترین۔ یقین کے قریب۔

اَغَل بَغَل (اَ۔غَل۔بَ۔غَل)(اَ۔ تابع فعل) اِدھراُدھر۔ آس پاس۔ دائیں بائیں۔

اَغْلَط (اَغ۔لَط)(ع۔ا۔ تفضیل) بہت غلط۔ نہایت غلط۔

اِغْماز (اِغ۔ماز)(ع۔ا۔مذ)(۱) ناز کرنا۔ اِترانا۔ غمزہ۔ ناز و ادا (۲) غرور۔ گھمنڈ۔

اِغْماض (اِغ۔ماض)(ع۔ا۔مذ) رُوگردانی کرنا۔ درگزر۔ چشم پوشی۔

اَغْنِیا (اَغ۔نِ۔یا)(ع۔ا۔مذ) غنی کی جمع۔

اِغْوا (اِغ۔وا)(ع۔ا۔مذ)(۱) ورغلانا۔ بہکانا (۲) بہکا کر بھگا لے جانا۔

اِغوا کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بہکانا۔ ورغلانا (۲) کسی کو بہکا کر لے بھاگنا۔

اَغْیار (اَغ۔یار)(ع۔ا۔مذ) غیر کی جمع۔

ا ـ ف

اُف (بضمِ اوّل)(ع۔ا۔مث)(۱) آہ۔ اوہ (حیرت، درد یا رنج کے اظہار کے لئے) (۲) افسوس (تاسّف کے لئے) (۳) کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

اُف اُف کرنا (اُر۔ محاورہ) کراہنا۔ آہ آہ کرنا۔

اُف تیرا کاٹا نہ جیئے (اُر۔ مثل) سخت ظالم، مردم آزار یا فریبی و مفسدہ پرداز کی نسبت کہتے ہیں۔

اُف رے (اُر۔ کلمہ حیرت) آہ رے۔ اوہ رے۔ اللہ رے۔ ہائے رے۔

اُف کر دینا (اُر۔ محاورہ) جلا کر خاکستر کر دینا (۲) اُجاڑ دینا۔ تباہ کر دینا۔

اُف نہ کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) سانس نہ نکالنا۔ صدمے کے باوجود مُنہ سے آہ نہ نکالنا (۲) کچھ نہ بولنا۔ شکایت زبان پر نہ لانا (۳) ضبط کرنا۔

اُف ہو جانا (اُر۔ محاورہ) خاک اُڑ جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔ صفایا ہو جانا۔ جل کر راکھ ہو جانا۔ مٹ جانا۔ فنا ہو جانا۔

اِفادَہ (اِ۔فا۔دَہ)(ع۔ا۔مذ) فائدہ پہنچانا (۲) نفع۔ یافت (۳) (معاشیات) وہ قوت جو کسی اِنسانی اِحتیاج کو تسکین بخش سکے (۴) تعلیم۔ تلقین۔ تربیت۔ جمع: اِفادات۔

اِفادۂ عام (ع۔ا۔مذ) سب کو فائدہ پہنچانا۔

اَفاضِل (اَ۔فا۔ضِل)(ع۔ا۔ تفضیل) افضل کی جمع۔

اِفاضَہ (اِ۔فا۔ضَہ)(ع۔ا۔مذ) فیض پہنچانا۔ فائدہ پہنچانا۔ جمع: اِفاضات۔

اَفاعِیل (اَ۔فا۔عِیل)(ع۔ا۔مذ) علمِ عروض کے ارکان جن سے بحریں بنائی جاتی ہیں۔

اَفاغِنَہ (اَ۔فا۔غِ۔نَہ)(ف۔ع۔ا۔مذ) افغان کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

إفاقہ (اِ۔فا۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہوش میں آنا (۲) قدرے آرام۔ مرض میں کمی۔ تکلیف میں کمی۔

إفتا (اف۔تا) (ع۔ا۔مذ) فتویٰ دینا۔

اُفتاد (اُف۔تاد) (ف۔ا۔مث) (۱) بُنیاد۔ ابتدا (۲) فطرت۔ طبیعت (۳) دُکھ۔ مُصیبت (۴) اتفاقیہ اور اچانک سانحہ۔ اُر جمع: اُفتادوں۔ اُفتادیں۔

اُفتاد پڑنا (اُر۔محاورہ) حادثہ پیش آنا۔ مُصیبت آنا۔

اُفتادگی (اُف۔تا۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) عاجزی۔ انکسار۔ خاکساری۔

اُفتادہ (اُف۔تا۔دہ) (ف۔صف) (۱) گرا پڑا۔ درماندہ (۲) بغیر جوتی ہوئی ناکارہ زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔ جمع: اُفتادگان۔

اُفتاں و خیزاں (اُف۔تاں وخی۔زاں) (ف۔تابع فعل) گرتے پڑتے۔ بدحواسی کی حالت میں۔ گھبراہٹ میں۔

اِفتتاح (اِف۔تِ۔تاح) (ع۔ا۔مذ) شروع کرنا۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ بے نقاب کرنا۔

اِفتتاحی (اِف۔تِ۔تا۔حی) اِفتتاح سے متعلق۔ (ع۔صف)

اِفتتاحیہ (اِف۔تِ۔تا۔حی۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) اخبار کا اداریہ۔ اڈیٹوریل (۲) کتاب کا دیباچہ۔

اِفتخار (اِف۔تِ۔خار) (ع۔ا۔مذ) فخر۔ بزرگی۔ عزت۔ ناز۔ گھمنڈ۔

اِفترا (اِف۔تِ۔را) (ع۔ا۔مذ) تہمت۔ بُہتان۔ جھوٹا الزام۔

اِفترا باندھنا (اُر۔محاورہ) تہمت لگانا۔ بُہتان باندھنا۔

اِفترا پرداز (ع۔ف۔صف) تہمت لگانے والا۔ الزام لگانے والا۔

اِفترا پردازی (ع۔ف۔ا۔مث) بُہتان لگانا۔ الزام دینا۔ تہمت لگانا۔

اِفتراق (اِف۔تِ۔راق) (ع۔ا۔مذ) جدائی۔ اِختلاف۔

اَفتیمون (اَف۔تی۔مون) (ع۔ا۔مث) آکاش بیل۔ امربیل۔

اَفراتفری (اَف۔را۔تَف۔ری) (اُر۔ا۔مث) اِفراط و تفریط کا مُحرّب۔ ہل چل۔ تہلکہ۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ کھلبلی۔

اَفراد (اَف۔راد) (ع۔ا۔مذ) فرد کی جمع۔ لوگ۔

اَفراز (ف۔لاحقہ فاعلی) افراختن مصدر کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور اُونچا کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے سرافراز۔

اِفراط (اِف۔راط) (ع۔ا۔مث) (۱) زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ فراوانی۔ افزونی (۲) حدِ اعتدال سے بڑھ جانا۔

اِفراطِ زر (ع۔ا۔مث) (۱) ملک میں سکے کا پھیلاؤ زیادہ ہو جانا۔ یہ اس صورت میں ہوتا ہے جب اشیائے صَرف کی پیداوار (رسد) کم اور سکے کی اشاعت (گردش) زیادہ ہو۔ افراطِ زر کی حالت میں چیزوں کی قیمتیں بے تحاشا چڑھ جاتی ہیں۔ (Inflation)۔

اِفراط و تفریط (ع۔ا۔مث) کمی بیشی۔ غیر معتدل حالت۔

اَفرنجی (اَف۔رن۔جی) (ف۔ فرنگی کا مُعرّب۔ا۔مذ) فرنگی۔ افرنج یا یورپ کا باشندہ۔

اَفرنگ (اَف۔رنگ) (ف۔ا۔مذ) یورپ۔ نیز دیکھئے فرنگ۔

اَفرنگی (ف۔صف) افرنگ سے منسوب۔ یورپ کا باشندہ۔ یورپی۔ نیز دیکھئے فرنگی۔

اَفروختہ (اَف۔روخ۔تہ) (ف۔صف مفعولی) (۱) جلا بھنا۔ آگ بگولا (۲) روشن۔

اَفروز (اَف۔روز) (ف۔لاحقہ فاعلی) مصدر افروختن کا صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور روشن کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جہاں افروز۔

اَفروزہ (اَف۔رو۔زہ) (ف۔ا۔مث) چراغ کی بتی۔

اَفریقہ (اَف۔ری۔قہ) (ع۔ا۔مذ) سیاہ سرزمین۔ ایشیا کے بعد دُنیا کا دوسرا سب سے بڑا براعظم جو یورپ اور بحیرۂ روم کے جنوب میں اور بحرِ ہند اور اوقیانوس کے درمیان واقع ہے۔ خطِ استوا اِس کے درمیان سے گزرتا ہے۔

اَفریقی (اَف۔ری۔قی) (ع۔صف) (۱) براعظم افریقہ سے منسوب (۲) افریقہ کا باشندہ۔

اَفزا (اَف۔زا) (ف۔صف) مصدر افزودن کا صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد بطور لاحقہ آکر اسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بڑھانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے صحت افزا۔ ہمت افزا۔

اَفزائش (اَف۔زا۔اِش) (ف۔ا۔مث) بیشی۔ زیادتی۔ افزونی۔ بڑھوتری۔

اَفزایندہ (اَف۔زا۔یَن۔دہ) (ف۔صف) بڑھانے والا۔

اَفزود (اَف۔زُود) (ف۔صف) زیادہ۔ فاضل۔ زائد۔

اَفزوں (اَف۔زُوں) (ف۔صف) زیادہ۔ بڑھ کر۔ بیش۔ بہت۔

اَفزونی (اَف۔زُو۔نی) (ف۔ا۔مث) زیادتی۔

اَفساں (اَف۔ساں) (ف۔ا۔مث) سان۔ چھری چاقو وغیرہ تیز کرنے والا آلہ۔ فساں۔

اَفسانوی (اَف۔سا۔نَ۔وی) (ع۔صف) افسانہ سے منسوب۔

اَفسانویت (اَف۔سا۔نَ۔وی۔یَت) (اُر۔ا۔مث) افسانہ پن۔ افسانے کی کیفیت۔

اَفسانہ (اَف۔سا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) داستان۔ قصہ۔ کہانی (۲) جھوٹی بات (۳) سرگزشت۔ حال۔ رُوداد (۴) طویل بات (۵) ذکر۔ مذکور۔ چرچا۔ جمع: افسانہ ہا۔ اُردو جمع: افسانوں۔ افسانے۔

افسانہ گو (ف۔صف) افسانہ کہنے والا۔ داستان گو۔

افسانہ گوئی (ف۔ا۔مث) کہانی کہنا۔ داستان گوئی۔

افسانہ (نگار) نویس (ف۔صف) افسانہ لکھنے والا۔

افسانہ (نگاری) نویسی (ف۔ا۔مث) افسانہ لکھنا۔

اَفسر (اَف۔سَر) (انگریزی آفیسر کا مُوَرّد۔ا۔مذ) حاکم۔ عہدے دار (۲) (ف۔ا۔مذ) تاج۔ مُکٹ۔ شاہی کُلاہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَفسرِ مال (اَر-ا-مذ) محکمہ مال کا عہدیدار جس کے پاس ضلع کی مال گزاری کی وصولی کا کام ہوتا ہے۔(Revenue Officer)۔

اَفسُردگی (اف-سُر-دَ-گی)(ف-ا-مث) کملاہٹ۔ اِضمحلال۔ پژمُردگی۔

اَفسُردہ (اف-سُر-دَہ)(ف-صف) ٹھٹھرا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ پژمُردہ۔ غم گین۔ اُداس۔ رنجیدہ۔ دل گیر۔ جمع: افسردگان۔

افسُردہ (خاطِر) دِل (ف-صف) رنجیدہ۔ بُجھے ہوئے دل والا۔ اُداس۔ بددل۔

افسُردہ دِل افسُردہ کُند انجمنے را (ف-مقولہ) غمزدہ آدمی ساری انجمن کو غمگین کر دیتا ہے۔

اَفسَری (اف-سَ-ری)(ف-ا-مث) حکومت۔ سرداری۔

اَفسنطِین (اف-سَن-طِین)(یو-ا-مذ) ایک مُصفّیِ خون دوا کا نام۔

اَفسوس (اف-سوس)(ف-ا-مذ) دریغ۔ پچھتاوا۔ غم۔ رنج۔ قلق۔ صدمہ۔

افسوس آنا (اَر-محاورہ) قلق ہونا۔ تاسُّف ہونا۔

افسوس (کرنا) کھانا (اَر-محاورہ) رنج کرنا۔ تاسُّف کرنا۔

افسوس ناک (ف-صف) افسوس سے بھرا ہوا۔ قابلِ افسوس۔

اَفسُوں (اَف-سُوں)(ف-ا-مذ) (۱) جادو۔ سحر۔ منتر (۲) فریب (۳) دھوکا۔

افسوں (پھونکنا) کرنا (اَر-محاورہ) (۱) منتر پھونکنا۔ جادو کرنا (۲) بہکانا۔

افسوں چل جانا (اَر-محاورہ) قابو میں آجانا۔ دھوکا کھا جانا۔ فریب میں آجانا۔

افسوں ساز (ف-صف-و-ا-مذ) جادوگر۔ ساحر۔

اِفشا (اِف-شا)(ع-ا-مذ) ظاہر کرنا۔ فاش کرنا۔ آشکار کرنا۔ کھولنا۔

اِفشائے راز (ع-ف-ا-مذ) بھید کُھلنا۔ پردہ فاش ہونا۔

اَفشاں (اَف-شاں)(ف-ا-مث) (۱) سونے چاندی کا بُرادہ یا مقیش کی باریک کترن جو خوبصورتی کے لئے عورتیں بالوں پر چھڑکتی یا ماتھے پر چُنتی ہیں (۲) جو چیز چھڑکی جائے (۳)(ف-لاحقہ) مصدر افشاندن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھڑکنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے گُل افشاں۔

افشاں اُترنا (اَر-محاورہ) چُنی ہوئی افشاں کا چُھٹ جانا۔

افشاں اُڑانا (اَر-محاورہ) حاضرین پر افشاں ڈالنے کے لئے اُسے ہوا میں اُڑانا۔

افشاں (بنانا) کترنا (اَر-محاورہ) مقیش یا گوٹے کو کتر کے افشاں تیار کرنا۔

افشاں جمانا (اَر-محاورہ) پیشانی اور رُخساروں پر افشاں لگانا۔

افشاں چُننا (اَر-محاورہ) ماتھے پر افشاں ملنا۔

افشاں چُھڑوانا (اَر-محاورہ) لگی ہوئی افشاں کو الگ کرنا۔

افشاں کرنا (اَر-محاورہ) بالوں پر افشاں ڈالنا۔

اَفشانی (اَف-شا-نی) (ف-ا-مث) چھڑکنا۔ بکھیرنا (۲) (ف-صف) افشاں سے منسوب۔

افشانی کاغذ (اَر-ا-مذ) وہ کاغذ جس پر رنگ یا افشاں چھڑکی ہوئی ہو۔

اَفشُردہ (اَف-شُر-دَہ) (ف-صف) (۱) نچوڑا ہوا (۲) (ف-ا-مذ) وہ شربت جو پھل وغیرہ نچوڑ کر بنایا جائے۔

اَفصَح (اف-صَح)(ع-ا-تفضیل) بہت فصیح۔ نہایت فصیح۔ نہایت خوش کلام۔ نہایت خوش بیان۔

اَفضال (اَف-ضال)(بفتح اوّل)(ع-صف) فضل کی جمع۔

اِفضال (اِف-ضال)(بکسر اوّل)(ع-ا-مذ) مہربانی کرنا۔ کرم کرنا۔

اَفضَل (اَف-ضَل)(ع-ا-تفضیل) بزرگ ترین۔ بہترین۔ نہایت اچھا۔ جمع: افاضِل۔

اَفضَلِیَّت (اَف-ضَ-لی-یَت)(ع-ا-مث) بُزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت۔

اِفطار (اِف-طار)(ع-ا-مذ) روزہ کھولنا۔

افطار کرنا (اَر-محاورہ) روزہ کھولنا۔

اِفطاری (اِف-طا-ری)(اَر-ا-مث) (۱) وہ چیز جس سے روزہ کھولیں (۲) روزہ کھولنا۔

اَفعال (اَف-عال)(ع-ا-مذ) فعل کی جمع (۱) کام۔ اعمال (۲) مشتقاتِ مصدر جن میں زمانہ پایا جائے (۳) تاثیریں۔ خواص۔

اَفعی (اَف-عی)(ع-ا-مذ) ناگ۔ ایک قسم کا نہایت زہریلا سانپ۔

افعی سیرت (ع-ف-صف) سانپ کی خصلت والا۔ موذی اور ضرر رساں شخص۔

اَفغان (اَف-غان) (ف-ا-مث) (۱) دیکھئے فُغاں (۲) (مذ) پٹھان افغانستان اور پاکستانی صوبہ سرحد کا رہنے والا۔ جمع: افغاناں۔ افاغنہ۔ اُردو جمع: افغان۔ افغانوں۔

اُفُق (اُ-فُق)(ع-ا-مذ) (۱) حدِّ نگاہ۔ وہ جگہ جہاں زمین و آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ آسمان کا کنارہ۔ جمع: آفاق۔

اَفقَر (اَف-قَر)(ع-ا-تفضیل) بہت غریب۔ نہایت محتاج۔

اُفُقی (اُ-فُ-قی)(ع-صف) (۱) اُفق سے متعلق (۲) اُفق کے متوازی (۳) عمودی کی ضِد۔ دائیں سے بائیں پھیلا ہوا (۴) چپٹا۔ مسطح۔

اِفک (بکسر اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع-ا-مذ) تہمت۔ بُہتان۔

اَفکار (اَف-کار) (ع-ا-مذ) فکر کی جمع (۱) فکریں۔ تردُّدات۔ پریشانیاں۔ خیالات (۲) شعرا کا کلام۔ اشعار۔

افکارِ عالیہ (ع-ا-مذ) بلند خیالات (۲) بلند رُتبہ اشعار۔

اَفگار (اَف-گار)(ف-صف) زخمی۔ مجروح۔ گھائل۔ فگار۔

اَفگن (اَف-گن)(ف-صف) مصدر افگندن سے صیغۂ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور گرانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے شیر افگن۔

اَفگندہ (اَف-گن-دَہ)(ف-صف مفعولی) (۱) گرا ہوا (۲) عاجز۔

اِفلاس (اِف-لاس)(ع-ا-مذ) مُفلسی۔ تنگدستی۔ غریبی۔ ناداری۔ فلاکت۔

اَفلاطُون (اَف-لا-طُون) (یو-ا-مذ) (۱) نہایت چوڑے چکلے سینے والا شخص (۲) یونان کے ایک بہت بڑے حکیم کا نام جو بقراط کا شاگرد اور ارسطو کا اُستاد تھا (۳)(مجازاً) بہت ذہین اور چالاک شخص۔

افلاطون کا سالا (اَر-ا-مذ) زور آور کا رشتے دار۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَفلاک (اَف۔لاک)(ع۔ا۔مذ) فلک کی جمع۔
اَفواج (اَف۔واج)(ع۔ا۔مؤ) فوج کی جمع۔
اَفواہ (اَف۔واہ)(ع۔ا۔مث) بازاری خبر۔ بے اصل بات۔ اُڑتی خبر۔ مشتبہ خبر۔ گپ۔
افواہ اُڑانا (اُر۔ محاورہ) بے اصل بات مشہور کرنا۔ جھوٹی خبر مشہور کرنا۔
اُفّوہ (اُف۔فوہ)(اُر۔کلمہ) تعجب۔ تأسف یا کثرتِ درد کے اظہار کے لئے منہ سے نکلنے والی آواز۔
اُفّوہ رے تیری کھیل بازی (اُر۔ محاورہ) تُو تو بڑا مکار ہے۔
اَفہام (اَف۔ہام)(بفتح اوّل)(ع۔ا۔مذ) فہم کی جمع۔ عقلیں۔ سمجھیں۔
اِفہام (اِف۔ہام)(بکسر اوّل)(ع۔ا۔مذ) سمجھانا۔
اَفیم (اَ۔فیم)(اُر۔ا۔مث) دیکھئے افیون۔
افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر (اُر۔مثل) افیمی آدمی بے کار ہو جاتا ہے اس لئے افیم امیر یا فقیر ہی کھا سکتا ہے۔
اَفیمچی (افیمی) (افیم۔چی)(اَ۔فی۔می)(اُر۔صف۔و۔ا۔مذ) دیکھئے افیونی۔
افیمی تین منزل سے پہچانا جاتا ہے (اُر۔مثل) افیمی کی پہچان بہت دُور سے ہو جاتی ہے۔ افیمی کی صورت ہی الگ ہوتی ہے۔
اَفیمَن (اَ۔فی۔مَن)(اُر۔ا۔مث) وہ عورت جو افیون کا نشہ کرے۔
اَفیُون (اَف۔یُون)(ع۔ا۔مث) افیم۔ ایک نشیلی چیز جو پوست کے رس کو منجمد کر کے بنائی جاتی ہے۔ (ف: اَپیون)۔
افیون پینا (اُر۔ مصدر مُرکب) افیون کو پانی میں گھول کر پینا۔
افیون چڑھنا (اُر۔ محاورہ) افیم کے نشے کا زور ہونا۔
افیون دینا (اُر۔ محاورہ) ننھے بچوں کو سُلانے کے لئے افیون کھلانا۔
افیون کا چوگا (اُر۔ا۔مذ) افیون کا میل اور فضلہ جو گھولنے کے بعد رہ جاتا ہے۔
افیون کا گھولا (اُر۔ا۔مذ) پانی میں گھلی ہوئی افیون۔
افیون کی پینک (پی۔نک)(اُر۔ا۔مث) افیون کا نشہ۔
اَفیُونی (اَف۔یُو۔نی)(ع۔ف۔ا۔مذ) افیمی۔ افیون کا عادی۔
افیونی جنونی (اُر۔ مقولہ) افیونی پاگل سا ہوتا ہے۔

ا۔ق

اَقادِیمَہ (اَ۔قا۔دی۔مَہ)(انگریزی لفظ اکیڈمی کا مُعرب۔ا۔مث) علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن۔ اکادمی۔
اَقارِب (اَ۔قا۔رِب)(ع۔ا۔مذ) اَقرب کی جمع۔ رشتے دار۔ اعزّہ۔ اقربا۔
اِقالَہ (اِ۔قا۔لہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) بیع کو مسترد کرنا۔ معافی چاہنا۔
اَقالِیم (اَ۔قا۔لیم)(ع۔ا۔مث) اِقلیم کی جمع۔
اِقامَت (اِ۔قا۔مَت)(ع۔ا۔مث)(۱) قیام۔ قرار۔ سکون (۲) وطن۔ مسکن (۳) نماز با جماعت کی تکبیر۔
اِقامت گزیں (ع۔ف۔صف) ٹھہرنے والا۔ قیام کرنے والا۔
اَقانِیم (اَ۔قا۔نیم)(ع۔ا۔مذ) اُقنوم کی جمع (۱) اصل۔ بنیادیں (۲) (عیسائی عقیدہ) تثلیث کے تینوں افراد۔
اقانیم ثلاثہ (ع۔ا۔مذ) عیسائی عقیدے کے مطابق تثلیث کے تین افراد (خدا، عیسیٰ، رُوحُ القدُس یا باپ، بیٹا، رُوحُ القدُس)۔
اِقبال (اِق۔بال)(ع۔ا۔مذ)(۱) خوش قسمتی۔ عروج۔ خوشحالی (۲) زمانے کا موافق ہونا (۳) اِقرار۔ اعتراف۔ تسلیم۔
اِقبال بلند ہونا (اُر۔ محاورہ) اقبال کا اَوج پر ہونا۔ خوش نصیبی ترقی پر ہونا۔
اِقبالِ جُرم (ع۔ا۔مذ) جرم کا اِقرار۔ مجرم ہونے کا اعتراف۔
اِقبال چمکنا (اُر۔ محاورہ) دولت اور مرتبے میں ترقی ہونا۔ نصیبہ یاور ہونا۔
اِقبالِ دعویٰ (باضافت)(ع۔ا۔مذ) مخالف کے دعوے کو تسلیم کرنا۔
اِقبال کرنا (اُر۔ محاورہ) قبول کرنا۔ اِقرار کرنا۔ اعتراف کرنا۔
اِقبال مند (ع۔ف۔صف) خوش قسمت۔ صاحبِ نصیب۔ بھاگوان۔
اِقبال مندی (ع۔ف۔ا۔مث) خوش نصیبی۔ طالع وری۔
اِقبالی (اِق۔با۔لی)(ع۔صف) اِقبال کرنے والا۔ مان لینے والا۔
اِقبالیات (ع۔ا۔مث) حکیمُ الاُمت علامہ اقبالؒ کے نظریات اور اُن سے متعلق لٹریچر۔
اِقتِباس (اِق۔تے۔باس)(ع۔ا۔مذ)(۱) چھانٹنا۔ چُننا۔ اَخذ کرنا (۲) چُنا ہوا کلام۔ جمع: اِقتباسات۔
اِقتِدا (اِق۔تے۔دا)(ع۔ا۔مذ)(۱) پیروی کرنا (۲) امام کے پیچھے نماز پڑھنا۔
اِقتِدار (اِق۔تے۔دار)(ع۔ا۔مذ)(۱) زور۔ مقدرت۔ طاقت۔ بڑائی۔ شان و شوکت (۲) اختیار۔ حکومت۔ مرتبہ۔
اِقتدارِ اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) ملک کا سب سے بڑا اختیار۔
اِقتِران (اِق۔تے۔ران)(ع۔ا۔مذ) نزدیک ہونا۔ قُربت۔ نزدیکی۔
اِقتِصاد (اِق۔تے۔صاد)(ع۔ا۔مذ) میانہ روی۔ کفایت شعاری۔ اعتدال سے کام لینا۔
اِقتِصادی (اِق۔تے۔صا۔دی)(ع۔صف) اقتصاد سے متعلق۔ مالی۔ معاشی۔
اِقتِصادیات (اِق۔تے۔صا۔دی۔یات)(ع۔ا۔مث) معاشیات۔ وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔
اِقتِضا (اِق۔تے۔ضا)(ع۔ا۔مذ)(۱) خواہش کرنا۔ چاہنا (۲) تقاضا۔
اَقدار (اَق۔دار)(ع۔ا۔مث) قدر کی جمع۔
اَقدام (اَق۔دام)(ع۔ا۔مذ) قدم کی جمع۔
اِقدام (اِق۔دام)(ع۔ا۔مذ)(۱) قدم بڑھانا۔ آگے جانا۔ پیش قدمی کرنا (۲) ارتکاب۔ عمل (۳) ارادہ۔ قصد۔ جمع: اِقدامات۔
اِقدام اُٹھانا۔ غلط ہے۔ خلافِ مُحاورہ ہے۔ دیکھئے اِقدام کرنا۔
اِقدامِ خودکشی (ع۔ف۔ا۔مذ) اپنے آپ کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِقدامِ قتل (ع۔ا۔مذ) کسی کے مار ڈالنے کا قصد کرنا۔

اِقدامِ قتلِ عمد (ع۔ا۔مذ) جان بوجھ کر کسی کے قتل کرنے کا ارادہ کرنا۔

اِقدام کرنا (ا۔ر۔ محاورہ) پیش قدمی کرنا (۲) ارادہ کرنا (۳) ارتکاب کرنا۔

اَقدَس (اَق۔دَس)(ع۔ا۔ تفضیل) بہت پاک۔ اَطہر۔ نہایت مقدّس۔

اِقرار (اِق۔رار)(ع۔ا۔مذ) ہاں۔ ہامی۔ قبول۔ منظور۔ قول و قرار۔ عہد و پیمان۔

اِقرارِ جرم۔ اِصلاحِ جرم (ا۔ر۔ مثل) مجرم کا مان لینا اُس کی سختی کو کم کر دیتا ہے۔

اِقرار سے پھرنا (ا۔ر۔ محاورہ) وعدہ کر کے انکار کرنا۔

اِقرارِ صالح (ع۔ا۔مذ) صحیح اِقرار (۲) حلفی بیان۔ عدالت میں وہ بیان جو یہ کہہ کر کہ "سچ کہوں گا" دیا جاتا ہے۔

اِقرار کرنا (ا۔ر۔ مص مُرکّب) قبول کرنا۔ ماننا۔ منظور کرنا۔ وعدہ کرنا۔

اِقرار لینا (ا۔ر۔ محاورہ) وعدہ لینا۔ عہد لینا۔

اِقرار مدار (ا۔ر۔ا۔مذ) عہد و پیمان۔ قول و قرار۔

اِقرار نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) اِقرار کی تحریر (۲) وہ دستاویز جس میں کسی بات کا وعدہ لکھا ہو۔

اِقراری (اِق۔را۔ری)(ع۔صف) (۱) اِقرار سے متعلق۔ اِقبالی (۲) اِعتراف کرنے والا۔

اَقران (اَق۔ران)(ع۔ا۔مذ) (۱) (قرین کی جمع) پاس کے لوگ۔ ہم عصر لوگ۔ معاصرین (۲) (قرن کی جمع) زمانے۔

اَقرب (اَق۔رَب)(ع۔ا۔ تفضیل) بہت نزدیک۔ جمع: اَقارِب۔

اَقربا (اَق۔ر۔با)(ع۔ا۔مذ) قریب کی جمع۔ قریب کے رشتے دار۔ بھائی بند۔ اقارب۔ اپنے۔ یگانے۔ اَعزّہ۔

اَقساط (اَق۔ساط)(ع۔ا۔مذ۔و۔مث) قِسط کی جمع۔

اَقسام (اَق۔سام)(ع۔ا۔مث)(۱) قِسم کی جمع (۲) قَسم کی جمع۔

اَقسُوس (اَق۔سُوس)(یو۔ا۔مذ) ایک خاردار درخت۔ ایک بوٹی۔

اَقصیٰ (اَق۔صا)(ع۔صف)(۱) بہت دُور (۲) بیتُ المقدس۔

اَقطاب (اَق۔طاب)(ع۔ا۔مذ) قُطب کی جمع۔

اَقطار (اَق۔طار)(ع۔ا۔مذ) قُطر کی جمع۔

اَقطاع (اَق۔طاع)(ع۔ا۔مذ) قِطعہ کی جمع۔

اَقَل (اَ۔قَل)(ع۔ا۔ تفضیل) نہایت کم۔ بہت تھوڑا۔ حقیر۔

اَقلِ قلیل (ع۔ مُرکّب اضافی) تھوڑے کا بھی بہت تھوڑا۔ قلیل ترین۔

اَقلیّت (اَ۔قل۔لی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) کمی۔ تھوڑا ہونا (۲) کم تعداد (۳) کسی مُلک میں مذہب، قومیت یا تہذیب و تمدّن کے لحاظ سے کوئی خاص گروہ جس کی تعداد دُوسرے گروہ سے کم ہو۔ اُردو جمع: اقلیتوں۔ اقلیتیں۔

اُقلیدس (اُق۔لی۔دَس)(یو۔ا۔مذ)(۱) کلیدِ ہندسہ یعنی غوامضِ ہندسہ کا کھولنے والا (۲) ایک یونانی حکیم کا نام جس کے نام سے جیومیٹری کی بنیاد پڑی (۳) اَشکالِ ریاضی اور ہندسے کا علم۔

اِقلیلُ المَلِک (ع۔ا۔مذ) دیکھئے اکلیلُ الملک۔

اِقلیم (اِق۔لیم)(ع۔ا۔مث) ولایت۔ ملک۔ جمع: اَقالیم۔

اَقمار (اَق۔مار)(ع۔ا۔مذ) قمر کی جمع (۱) بہت سے چاند (۲) (بکسرِ اوّل) چاندنی میں سیر کرنا۔ روشن کرنا۔

اَقمِشہ (اَق۔مِ۔شہ)(ع۔ا۔مذ) قماش کی جمع۔

اُقنُوم (اُق۔نوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) ہر چیز کی اصل۔ بنیاد (۲) دینِ مسیحی میں خُدا کا ہر جز (باپ، بیٹے اور رُوحُ القدُس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں)۔ جمع: اَقانیم۔

اِقوا (اِق۔وا)(ع۔ا۔مذ) اِعراب کی تبدیلی سے قافیے کا بدل جانا جو کہ قافیے کا ایک عیب ہے۔

اَقوال (اَق۔وال)(ع۔ا۔مذ) قول کی جمع۔

اَقوام (اَق۔وام)(ع۔ا۔مذ) قوم کی جمع۔

اَقوامِ مُتّحِدہ (ع۔ا۔ر۔ا۔مث) دیکھئے انجمنِ اقوامِ متحدہ۔

ا۔ک

اِک (بکسرِ اوّل)(ہ۔ا۔عدد) ایک کا مخفف۔

اِک اکیلا (ا۔ر۔صف) تن تنہا۔

اِک بات کی بات (ا۔ر۔ محاورہ) بہت قلیل مدت۔ دم بھر۔

اِک بار (ا۔ر۔ تابع فعل)(۱) ایک مرتبہ (۲) دفعۃً۔ اچانک۔ یکایک۔ بے تامّل۔

اِک بارگی (ا۔ر۔ تابع فعل)(۱) اچانک۔ ناگہاں (۲) ایک دم۔ اکٹھا۔

اِک پولیا (ا۔ر۔ا۔مذ) وہ دروازہ جو ایک ہی کواڑ کا ہو۔

اِک پیچا (ا۔ر۔ا۔مذ)(۱) ایک ترچھی پگڑی جو بانکے لوگ باندھتے ہیں (۲) صرف ایک پیچ کا پیچوان۔

اِک تارا (ا۔ر۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا باریک کپڑا (۲) ایک تار کا تمورا۔

اِک تالا (ا۔ر۔ا۔مذ) طبلے کی ایک گت۔

اِک ترا (ا۔ر۔ا۔مذ) وہ بخار جو ایک روز بیچ آئے۔

اِک جا (ا۔ر۔ متعلق فعل) ایک جگہ۔ اکٹھا (یکجا فصیح ہے)۔

اِک جہان (ا۔ر۔ا۔مذ) پُوری دُنیا۔ سارا جہان۔

اِک چت (ہ۔صف) ایک بات پر قائم رہنے والا (۲) (متعلق فعل) اکٹھے مل کر۔ ایک دل ہو کر۔

اِک چیز ہونا (ا۔ر۔ محاورہ) یکتا ہونا۔ نایاب ہونا۔

اِک خُدائی (ا۔ر۔ا۔مث) ساری دُنیا۔ تمام لوگ۔ بہت لوگ۔

اِک درا (ا۔ر۔ا۔مذ) ایک در کا دالان۔

اِک دل ہونا (ا۔ر۔ محاورہ) متفق ہونا۔

اِک دَم (ا۔ر۔ متعلق فعل) اچانک۔ اک بارگی۔ دفعتہً۔

اِک دن (ا۔ر۔ متعلق فعل) کسی دن۔ عنقریب۔

اِک ڈال (ا۔ر۔صف) وہ شے جو پوری ایک ہی چیز کی بنی ہو اور اس میں جوڑ نہ ہو (۲) یکساں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِک ذرا (اُر۔ متعلق فعل) تھوڑا سا۔ کچھ۔ ذرا سا۔

اِک رُخی (اُر۔ صف) جس کے دونوں رُخ ایک جیسے نہ ہوں۔ یک طرفی۔

اِک سار (اُر۔ صف) ایک قسم کے۔ یکساں۔ برابر۔ ہموار۔

اِک سُو ہونا (اُر۔ محاورہ) مطمئن ہونا۔ جھگڑے کا فیصلہ ہونا۔

اِک طرف (اُر۔ تابع فعل) چھوڑو اُس کو۔ اُس کا ذکر نہ کرو۔

اِک عُمر (اُر۔ متعلق فعل) بہت عرصہ۔ بہت مدت۔

اِک گُونہ (اُر۔ متعلق فعل) کسی قدر۔ تھوڑا سا۔

اِک لخت (اُر۔ متعلق فعل) (۱) پورے کا پورا (۲) فوراً۔ یک لخت۔

اِک لڑا (اُر۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) اک لڑی والا ہار۔

اِک منزلہ (اُر۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) ایک منزل والا مکان۔

اِک نظر دیکھنا (اُر۔ محاورہ) تھوڑی دیر دیکھنا۔

اِک نہ اِک طرح (اِک نہ اِک صورت سے) (اُر۔ متعلق فعل) کسی طرح۔ کسی تدبیر سے۔

اِکّا (اِک۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک گھوڑے کی گاڑی (۲) ایک قسم کا زیور جس میں نگینہ جڑ کر بازو پر باندھتے ہیں (۳) شمعدان جس میں ایک بتی جلائی جاتی ہے (۴) ایک بھاری مُگدر جسے پہلوان اُٹھاتے ہیں (۵) گنجفے کا ایک ورق یا تاش کا وہ پتا جس میں ایک بوٹی ہو (۶) زمانہ شاہی میں وہ عہدیدار جو اپنے ماتحتوں کو پہرا چوکی تقسیم کرتا تھا (۷) (صف) اکیلا۔ تنہا (۸) یکتا۔ لاثانی۔ بے نظیر۔

اِکّا دُکّا (اُر۔ تابع فعل) اکیلا دُکیلا۔ کوئی کوئی۔ ایک آدھ۔ بہت کم۔ خال خال۔

اَکابِر (اَ۔ کا۔ بِر) (ع۔ ا۔ مذ) اکبر کی جمع۔ بڑے لوگ۔ مقتدر آدمی۔ بزرگ۔

اَکاد (اَ۔ کاد) (ق۔ صف) ایک۔

اَکادَشی (اَ۔ کا۔ دَ۔ شی) (ہ۔ ا۔ مث) ہر ہندی مہینے کی گیارھویں تاریخ۔

اَکادمی (اَ۔ کا۔ دَ۔ می) (اکیڈمی کا مُعرب۔ ا۔ مث) دیکھئے اکیڈمی۔

اَکاذِیب (اَ۔ کا۔ ذیب) (ع۔ ا۔ مث) کِذب کی جمع۔ جھوٹی باتیں۔

اَکارَت (اَ۔ کا۔ رَت) (ہ۔ صف) بے فائدہ۔ لاحاصل۔ ضائع۔ برباد۔

اکارت جانا (اُر۔ محاورہ) ضائع جانا۔ برباد جانا۔ بے فائدہ گزرنا۔

اَکاس (اَ۔ کاس) (ہ۔ ا۔ مذ) آکاش۔ آسمان۔

اکاس بیل (ہ۔ ا۔ مث) آکاش بیل۔ امر بیل۔ وہ بیل جو بغیر جڑ کے درختوں پر پھیل جاتی ہے۔

اَکاسِرہ (اَ۔ کا۔ سِ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) کسریٰ کی جمع۔ قدیم شاہان ایران کا لقب۔

اِکاسی (اِ۔ کا۔ سی) (ہ۔ ا۔ عدد) اسی اور ایک۔ اسی کے بعد کا عدد۔ ۸۱۔

اَکال (اَ۔ کال) (س۔ ا۔ مذ) (۱) کال۔ خشک سالی۔ قحط (۲) گرانی (۳) (صف) نہ مرنے والا۔ امر۔

اَکالی (اَ۔ کا۔ لی) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سکھوں کا ایک فرقہ (۲) اس فرقے کا آدمی۔

اِکانوے (اِ۔ کان۔ وے) (ہ۔ ا۔ عدد) نوے اور ایک۔ ۹۱۔

اِکاوَن (اِ۔ کا۔ وَن) (ہ۔ ا۔ عدد) پچاس اور ایک۔ ۵۱۔

اکاؤنٹ (Account) (انگ۔ ا۔ مذ) حساب کتاب۔

اکاؤنٹینٹ (Accountant) (انگ۔ ا۔ مذ) محاسب۔ حساب کی پڑتال کرنے والا۔ جانچ کرنے والا۔

اکاؤنٹینٹ جنرل (Accountant General) (انگ۔ ا۔ مذ) محکمہ حساب کتاب کا اعلیٰ اَفسر۔

اِکائی (اِ۔ کا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) واحد۔ ایک (۲) شمار کا پہلا درجہ۔ ریاضی میں ایک سے ۹ تک ہر ہندسہ اکائی شمار کیا جاتا ہے۔ جمع: اکائیاں۔ اکائیوں۔

اَکبَر (اَک۔ بَر) (ع۔ ا۔ تفضیل) سب سے بڑا۔ جمع: اکابر۔

اَکبَری (اَک۔ بَ۔ ری) (ع۔ صف) مغل بادشاہ اکبر سے متعلق۔

اکبری نورتن (اُر۔ ا۔ مذ) اکبر اعظم کے نو صاحب کمال وزیر (۱) مرزا عبدالرحیم خانخاناں (۲) خانِ اعظم مرزا عزیز کوکلتاش (۳) حکیم ابوالفتح گیلانی (۴) فیضی (۵) ابوالفضل (۶) حکیم ہمام (۷) ٹوڈرمل (۸) بیربل (۹) راجا مان سنگھ۔

اُکَت (اُ۔ کت) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ذہنی طاقت۔ ادراک۔ ذہانت۔ ذہن۔ ذکا (۲) اختراع۔ ایجاد۔ نئی بات۔

اِکتالیس (اِک۔ تا۔ لیس) (ہ۔ ا۔ عدد) چالیس اور ایک۔ چالیس کے بعد کا عدد۔ ۴۱۔

اِکتالیسواں (ہ۔ عدد کسری و ترتیبی) (۱) ترتیب میں چالیس کے بعد کا درجہ (۲) اکتالیسواں حصہ۔

اِکتالیسوِیں (یائے معروف) (ہ۔ عدد ترتیبی) اکتالیسواں کی تانیث۔

اِکتالیسویں (یائے مجہول) (ہ۔ عدد ترتیبی) اکتالیسواں کی مغیرہ صورت۔

اُکتانا (اُک۔ تا۔ نا) (ہ۔ مص) دل برداشتہ ہونا۔ اُچاٹ ہونا۔ بیزار ہونا۔ تنگ آنا۔

اُکتائی کُمہاری ناخن سے مٹی کھودے (اُر۔ مثل) بے دلی سے کام کرنا۔ طبیعت سے کام نہ کرنا۔

اِکتِساب (اِک۔ تِ۔ ساب) (ع۔ ا۔ مذ) کمانا۔ ذاتی محنت سے حاصل کرنا۔

اِکتِشاف (اِک۔ تِ۔ شاف) (ع۔ ا۔ مذ) کسی نامعلوم بات کا دریافت ہونا۔

اِکتِشافات (اِک۔ تِ۔ شا۔ فات) (ع۔ ا۔ مذ) اِکتشاف کی جمع۔ ایجادات۔ معلومات۔ تحقیقات۔ دریافتیں۔

اِکتشافاتِ جدیدہ (ع۔ ا۔ مذ) جدید معلومات۔ نئی تحقیقات۔ نئی دریافتیں۔

اِکتِفا (اِک۔ تِ۔ فا) (ع۔ ا۔ مذ) کفایت کرنا۔ کافی سمجھنا۔ کافی ہونا۔

اِکتفا کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) کافی ہونا۔ کفایت کرنا۔ بس کرنا۔ قناعت کرنا۔

اکتوبر (انگ October کا مُوَرّد۔ ا۔ مذ) سن عیسوی کے دسویں مہینے کا نام۔ اِس میں ۳۱ دن ہوتے ہیں۔

اِکتیس (اِک۔ تیس) (اِ۔ کت۔ تیس) (ہ۔ صف) تیس اور ایک۔ ۳۱۔

اَکَٹ (اَ۔ کٹ) (ہ۔ صف) (۱) مضبوط اور سخت چیز جو کاٹے کٹے نہ توڑے ٹوٹے (۲) یکتا۔ کامل۔ (اَ حرفِ نفی)۔

اِکٹّھ (اِ۔ کٹھ) (ہ۔ ا۔ مذ) اجتماع۔ جلسہ۔

اِکٹّھا (اِ۔ کٹھ۔ ٹھا) (ہ۔ صف) جمع کیا ہوا۔ یک جا۔ فراہم۔ ایک ساتھ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَکْثَر (اَک۔ثَر) (ع۔ا۔تفضیل) بہت زیادہ (۲) (تابع فعل) زیادہ تر۔ بار ہا۔ عموماً۔ عام طور پر۔ کبھی کبھی۔

اَکْثَراَوقات (ع۔اُ۔تابع فعل) بارہا۔ بیشتر۔ ہمیشہ۔

اَکْثَرِیَّت (اَک۔ثَ۔رِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) زیادتی۔ کثرت (۲) کسی مُلک میں وہ (نسلی' مذہبی) گروہ جو تعداد میں دُوسروں سے زیادہ ہو۔

اِکْرا (اِک۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک ادنیٰ قسم کا غلّہ جو جانوروں کو کھلایا جاتا ہے۔ (۲) (صف) گراں۔ مہنگا۔

اِکْرام (اِک۔رام) (ع۔ا۔مذ) (۱) کرم۔ بخشش۔ عطا (۲) عزّت۔ بزرگی۔ تعظیم و تکریم۔

اِکْراہ (اِک۔راہ) (ع۔ا۔مذ) گھن۔ نفرت۔ کراہت۔ ناخوشی۔

اَکْرَم (اَک۔رَم) (ع۔ا۔تفضیل) بہت کریم۔ بہت مہربان۔ بہت سخی۔ بہت بخشنے والا۔

اُکْرُوڑا (اُک۔رو۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) وہ کسیلی دوا جو زچّہ کو اِسقاطِ حمل میں پلاتے یا جس سے آبدست کراتے ہیں۔

اَکْری (اَک۔ری) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہل میں بیج گرانے کے لئے جو نرم بانس لگا ہوتا ہے۔ اس کے اُوپر کا چونگا جس میں بیج ڈالتے ہیں (۲) (مث) ایک قسم کا پودا یا جھاڑی۔

اَکَڑ (اَ۔کَڑ) (ہ۔ا۔مث) (۱) اَینٹھ۔ مروڑ۔ بَل (۲) گھمنڈ۔ غرور (۲) سرکشی۔ خودسری۔ بدمزاجی۔

اَکَڑباز (اُ۔صف) مغرور۔ گھمنڈی۔ شیخی خورا۔

اَکَڑبازی (اُ۔ا۔مث) شیخی۔ غرور۔

اَکَڑبائی (ہ۔ا۔مث) اینٹھن۔ بدن کی نسوں کا درد کی وجہ سے ایک دم کھنچ جانا۔

اَکَڑتکڑ (ہ۔ا۔مث) اینٹھن۔ تیزی۔ تاؤ (۲) گھمنڈ۔ آن بان۔

اَکَڑجانا (اُ۔محاورہ) اینٹھ جانا۔ سخت ہو جانا (۲) کشیدہ خاطر ہو جانا۔ بگڑ بیٹھنا۔

اَکَڑفوں (اُ۔ا۔مث) بانکپن۔ غرور۔ گھمنڈ۔ شیخی۔

اَکَڑکے چلنا (اُ۔محاورہ) اینٹھ کر چلنا۔ اِترا کر چلنا۔ سینہ اُبھار کر چلنا۔

اَکَڑنکالنا (اُ۔محاورہ) شیخی نکالنا۔ مار پیٹ کر سیدھا کر دینا۔

اَکْڑا (اَک۔ڑا) (ہ۔ا۔مث) مویشیوں کی ایک بیماری (۲) اکڑنا مصدر سے ماضی مطلق (۳) (صف) اکڑا ہوا۔

اَکْڑاؤ (اَک۔ڑا۔او) (ہ۔ا۔مذ) اینٹھن۔ کھنچاؤ۔

اَکَڑنا (اَ۔کَڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) سُوکھ کر سکڑنا اور کڑا ہونا (۲) ٹھٹھرنا (۳) تننا۔ چھاتی کو اُبھارنا (۴) شیخی کرنا۔ گھمنڈ دکھانا (۵) ڈھٹائی کرنا (۶) ہٹ کرنا۔ ضد کرنا۔ اَڑنا۔

اَکْڑَیْت (اَک۔ڑَیت) (ہ۔ا۔مث) اکڑ۔ غرور۔

اَکْڑُو (اَک۔ڑو) (ہ۔صف) اکڑ دکھانے والا۔ اکڑباز۔

اَکْڑُوں (اَک۔ڑوں) (ہ۔صف) ایک بیٹھک۔ پاؤں کے تلوے زمین پر اور بوجھ پاؤں پر۔

اَکْڑُوں بیٹھنا (اُ۔ص مُرکّب) تلووں کے بل اِس طرح بیٹھنا کہ گھٹنے کھڑے رہیں۔

اُکْسانا (اُک۔سا۔نا) (ہ۔مص) (۱) اُبھارنا۔ آمادہ کرنا۔ اِشتعال دینا (۲) بھڑکانا۔ روشنی تیز کرنے کے لئے چراغ کی بتّی آگے بڑھانا۔

اِکْسائز (Excise) (انگ۔ا۔مذ) چُنگی وغیرہ کا محصول۔

اکسائز ڈیپارٹمنٹ (Excise Department) (انگ۔ا۔مذ) آبکاری کا محکمہ۔

اِکْسپرٹ (Expert) (انگ۔صف) ماہر۔ مشّاق۔

اِکْسپورٹ (Export) (انگ۔ا۔مذ) مُلک کا تجارتی مال جو باہر بھیجا جائے۔ مالِ برآمد (۲) برآمد۔

اِکْسٹرا (Extra) (انگ۔صف) فالتو۔ ضرورت سے زائد (۲) فلموں میں چھوٹے موٹے کردار کرنے والا۔

اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر (Extra Assistant Commissioner) (انگ۔ا۔مذ) زائد یا اضافی مددگار کمشنر۔

اِکْسَٹھ (اِک۔سَٹھ) (ہ۔صف) ساٹھ کے بعد کا عدد۔ ساٹھ اور ایک۔ ۶۱۔

اُکْسنا (اُک۔س۔نا) (ہ۔مص) اُبھرنا۔ اُٹھنا۔ نمودار ہونا۔ ہلنا۔ جُنبش کرنا۔

اُکسنے نہ دینا (ہ۔مص) ہلنے نہ دینا۔ اُبھرنے نہ دینا۔ بہتر حالت میں نہ ہونے دینا۔

اِکْسِیر (اِک۔سیر) (ع۔ا۔مث) (۱) کیمیا۔ وہ شے جو تانبے کو سونا اور رانگے کو چاندی بنا دے۔ رسائن (۲) نہایت موثر دوا۔ لازمی اثر کرنے والی دوا (۳) نہایت مفید۔

اِکسیرگر (ع۔ف۔صف۔و۔ا۔مذ) کیمیاگر۔ مُہوس۔ اکسیر بنانے والا۔

اَکْشَر (اَک۔شَر) (س۔ا۔مذ) حرف۔ رُکنِ تہجی۔ لفظ کا وہ ٹکڑا جو ایک بار میں ادا ہو سکے (Syllable)۔

اِکْفا (اِک۔فا) (ع۔ا۔مذ) عیوبِ قافیہ میں سے ایک عیب۔ قافئے کا حرف روی بدل جانا۔

اَکْفَر (اَک۔فَر) (ع۔ا۔تفضیل) نہایت کافر۔ سخت کافر۔

اَکْل (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) کھانا۔ غذا۔

اَکْلِ حلال (ع۔ا۔مذ) حلال کی روزی۔

اَکْل و شُرب (ع۔ا۔مذ) کھانا پینا۔

اَکْل و شُرب حرام ہونا (اُ۔محاورہ) کھانا پینا حرام ہونا۔

اَکَل (اَ۔کَل) (ہ۔صف) اکیلا۔ تنہا۔

اَکَل کُھرا (ہ۔صف) (۱) سب سے الگ رہنے والا۔ بے مُروّت۔ دُوسروں سے مانوس نہ ہونے والا (۲) بدمزاج۔ تُند خو۔

اکل کھرا جگ سے بُرا (اُ۔مثل) بدمزاج سب سے بُرا ہے۔

اَکَلّا (اَ۔کَل۔لا) (اِ۔کِل۔لا) (ہ۔صف) اکیلا۔ تنہا۔

اَکلانا (اَک۔لا۔نا) (ہ۔مص) اُکتانا۔ گھبرانا۔ تھک جانا۔ جھک آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِکلَوتا (اک۔لو۔تا)(ہ۔صف) اپنے ماں باپ کا ایک ہی بیٹا۔

اِکلَوتی (اک۔لو۔تی)(ہ۔صف) اِکلوتا کا مؤنث۔ اکیلی بیٹی۔

اِکلِیل (اک۔لیل)(ع۔ا۔مذ) تاج مرصّع۔ جواہرات کا سرپیچ۔

اِکلِیلُ المَلِک (اک۔لی۔لل۔م۔لک)(ع۔ا۔مذ) بادشاہ کا تاج۔ ایک دوا کا نام جو ضماد کے کام آتی ہے (ہندی: اسیرک)۔

اَکمَل (اک۔مل)(ع۔ا۔تفضیل) بڑا کامل۔ کامل ترین۔ نہایت ماہرِ فن۔

اَکناف (اک۔ناف)(ع۔ا۔مذ) کنف کی جمع۔ اطراف۔ طرفیں۔ کنارے۔ سمتیں۔

اکنالجمنٹ (Acknowledgement)(انگ۔ا۔مث) رسید۔ اِقرار۔

اِکَنگ (ا۔کنگ)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک کھیل کا نام جو چپے کی طرح ڈھال کے بغیر صرف ایک لکڑی سے کھیلا جاتا ہے (۲)(صف) ایک رنگ۔ یک جہت۔ یک دل۔ یک جان (۳) اپنے قول سے نہ پھرنے والا۔

اِکواہی (اک۔وا۔ہی)(ہ۔ا۔مث) ایک زانو بیٹھنا۔ ایک پہلو لیٹنا۔

اُگوتا (ا۔کو۔تا)(ہ۔ا۔مذ) کسی چیز کو بے ناپ تول قیمت چکا کر خرید لینا۔

اِکوتا (ا۔کو۔تا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک سوداوی مرض جس میں ہاتھوں اور پیروں کی جلد پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں اور ان سے رطوبت نکلتی رہتی ہے۔

اِکونا (ا۔کو۔نا)(ہ۔صف)(۱) ایک ایک کر کے چُنا ہوا (۲) صاف اور چُنا ہوا اناج۔ پھٹکا ہوا اناج۔

اَگونے (ا۔کو۔نے)(ہ۔ا۔مث) وہ متلی جو حاملہ عورت کو ہوتی ہے۔

اُکھاڑ (ا۔کھاڑ)(ہ۔ا۔مث)(۱) اُکھاڑنے کا عمل۔ بیخ کنی۔ بربادی (۲) کشتی کا ایک داؤ۔

اُکھاڑ پچھاڑ (ا۔ر۔ا۔مث)(۱) درہمی برہمی (۲) اُلٹ پلٹ (۳) لگائی بجھائی۔ چغلی۔ غیبت (۴) اِدھر کی چیز اُدھر اور اُدھر کی اِدھر کرنا۔

اَکھاڑا (ا۔کھا۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) وہ جگہ جو کشتی لڑنے اور کسرت کرنے کے لئے بنائی گئی ہو۔ دنگل (۲) سادھوؤں کی منڈلی (۳) تماشا دکھانے والوں یا گانے بجانے والوں کی منڈلی (۴) ناچ رنگ کی محفل۔ حسینوں کا جمگھٹ۔ جمع: اکھاڑوں۔ اکھاڑے۔

اکھاڑا جمنا (ا۔ر۔محاورہ)(۱) کھلاڑیوں کا اکھاڑے میں جمع ہونا (۲) کسی مقام پر بہت سے آدمیوں کا مجمع ہونا۔

اکھاڑا گرم ہونا (ا۔ر۔محاورہ) زیادہ مجمع ہونا۔ مجمع میں رونق ہونا۔

اُکھاڑنا (ا۔کھاڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) جڑ سے کھودنا (۲) جدا کرنا۔ الگ کرنا (۳) دل برداشتہ کرنا (۴) نکالنا۔ باہر نکالنا (۵) کسی صحبت سے خارج یا بے دخل کرنا (۶) نوچنا۔ کھسوٹنا۔

اَکھاڑے (ا۔کھا۔ڑے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اکھاڑا کی جمع (۲) اکھاڑا کی مغیرہ صورت۔

اکھاڑے کا جوان (ا۔ر۔ا۔مذ) مردِ میدان۔ تجربہ کار مرد۔

اکھاڑے میں اُتارنا (ا۔ر۔محاورہ) مقابلہ کرنے کے لئے بھیجنا۔

اکھاڑے میں اُترنا (ا۔ر۔محاورہ) خم ٹھونک کر مقابلے کے لئے آنا۔

اِکھتّر (ا۔کھت۔تر)(ہ۔ا۔عدد) ستر اور ایک۔ ستر کے بعد کا عدد۔ ۷۱۔

اُکھٹّا (ا۔کھٹ۔ٹا)(ہ۔صف) دیکھئے اُکھٹا۔

اُکھٹ جانا (ا۔کھٹ۔جا۔نا)(ق۔مص) اُکھڑ جانا۔

اِکہرا (ا۔کہ۔را)(ہ۔صف) ایک پرت کا۔ ایک پٹ کا۔ ایک تہ کا۔

اِکہرا بدن (ا۔ر۔صف)۔ ڈبلا پتلا، چھریرا جسم۔

اُکھرنا (ا۔کھر۔نا)(ہ۔مص) ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ گراں خاطر گزرنا۔

اِکہری (ا۔کہ۔ری)(ہ۔صف) اکہرا کی تانیث۔

اِکہری سواری (ا۔ر۔صف) ڈولی یا پینس میں ایک شخص کا سوار ہونا۔

اُکھڑ (اکھ۔کھڑ)(ا۔ر۔صف) جاہل۔ اُجڈ۔ بدتمیز۔ جھگڑالو۔ سرکش۔

اُکھڑپن (اکھ۔کھڑ۔پن)(ہ۔صف) اُجڈپن۔ سرکشی۔ بدتمیزی۔ سخت مزاجی۔ جہالت۔

اُکھڑا (اکھ۔ڑا)(ہ) اُکھڑنا مصدر کا ماضی مطلق و صفتِ مفعولی۔ اپنی جگہ سے الگ۔

اُکھڑا اُکھڑا (ا۔ر۔صف)(۱) اپنی جگہ سے الگ (۲) دُور دُور۔ الگ الگ (۳) رنجیدہ۔ دل برداشتہ۔

اُکھڑا اُکھڑا رہنا (ا۔ر۔محاورہ) دُور دُور رہنا۔ ناراض رہنا۔

اُکھڑنا (ا۔کھڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) جڑ سے الگ ہونا (۲) عضو کا جوڑ سے جدا ہونا (۳) بیزار اور برداشتہ خاطر ہونا (۴) ٹوٹ جانا۔ سانس کا سلسلۂ آمد و رفت ٹوٹ جانا (۵) گھوڑے کا قدم برابر نہ پڑنا (۶) آواز کا بے تال اور بے سُر ہو جانا (۷) بھڑک جانا (۸) اوپر اُٹھ جانا (۹) اُچٹ جانا (۱۰) ٹوٹنا۔ پھوٹنا۔ ڈھیلے جانا (۱۱) کھلنا۔ الگ ہونا (۱۲) خیمہ اُٹھنا (۱۳) پیچھے ہٹ جانا (۱۴) کھدنا۔ گڑی ہوئی چیز کا باہر نکل آنا۔

اُکھڑوانا (ا۔کھڑ۔وا۔نا)(ہ۔مص) اُکھاڑنا کا متعدی المتعدی۔

اُکھڑی (اکھ۔ڑی)(ہ) اُکھڑا کا مؤنث۔

اُکھڑی اُکھڑی (ہ۔صف) اُکھڑا اُکھڑا کی تانیث۔

اُکھڑی اُکھڑی باتیں (ا۔ر۔ا۔مث)(۱) دل برداشتگی کے ساتھ گفتگو۔ بے دلی کی باتیں (۲) اَنمل، بے جوڑ گفتگو۔

اُکھڑی اُکھڑی لگاوٹ (ا۔ر۔محاورہ) کبھی کبھی کی محبت۔ غیر مستقل اتحاد۔ اوپری محبت۔

اُکھڑی گفتگو (ا۔ر۔ا۔مث) رنجش کی بات چیت۔ بے دلی کی بات چیت۔

اَکھِل (ا۔کھل)(س۔صف) تمام۔ کُل۔ پورا۔ مکمل۔

اُکھل (ا۔کھل)(ہ۔ا۔مذ) بڑی اُکھلی۔

اُکھلی (اکھ۔لی)(ہ۔ا۔مث) لکڑی کا ایک برتن جس میں دھان وغیرہ ڈال کر کوٹتے ہیں تاکہ چھلکا الگ ہو جائے۔ جمع: اُکھلیاں۔ اُکھلیوں۔

اُکھلی میں سر دیا تو دھمکوں (موسلوں) کا کیا ڈر (ا۔ر۔مثل) جب کوئی خطرے کا کام اپنے ذمّے لے لیا تو کسی کے ڈرانے دھمکانے کا کیا ڈر۔

اُکھلی میں سر دینا (ا۔ر۔محاورہ) کوئی مشکل کام خود اپنے ذمّے لینا۔ اپنے آپ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کو خطرے میں ڈالنا۔

اَکھنڈ (اَ۔کھنڈ) (س۔صف) جس کے ٹکڑے نہ ہوں۔ سالم۔ پورا (۲) نو عمر بچھیرا۔

اَکھوٹ (اَ۔کھوٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) چکی کی کیلی جس پر اُوپر کا پاٹ گھومتا ہے (۲) لکڑی یا لوہے کا ڈنڈا جس پر چرخی یا گراری گھومتی ہے۔

اَکھولا (اَ۔کھو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) گنے کی چوٹی۔ اگولا۔ گنے کا وہ حصّہ جو پھیکا ہوتا ہے۔

اَکھو مَکھو (اَکھ۔کھو۔مَکھ۔کھو) (ہ۔ا۔مث) چراغ کی لو تک ہاتھ لے جا کر بچّے کے مُنہ پر پھیرنا۔ ہندو عورتیں پوجا کے وقت چھوٹے بچّوں کے چہرے پر اِس طرح ہاتھ پھیرتی ہیں اور یہ کہتی جاتی ہیں: اکھو مکھو دیا بر کھو۔

اَکھیڑ (اَ۔کھیڑ) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) پہلوانوں کی اصطلاح میں زمین سے اُٹھانا (۲) (ہ۔فعل) اُکھیڑنا کا صیغہ امر۔

اُکھیڑ مارنا (اُر۔محاورہ) (۱) داؤں مارنا۔ پیچ کرنا (۲) مخالفت کرنا۔

اُکھیڑنا (اُ۔کھیڑ۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے اُکھاڑنا۔

اِکّی (اِک۔کی) (ہ۔ا۔مث) تاش کا وہ پتّا جس میں ایک بوٹی ہو۔ اِکّا۔

اِکّے دُکّے (اِک۔کے۔دُک۔کے) (ہ۔صف) اکیلے دُکیلے۔ تنہا تنہا۔

اَکِید (اَ۔کید) (ع۔صف) مضبوط۔ اُستوار۔ محکم۔ پائیدار (تاکید کے ساتھ بولتے ہیں (تاکید اکید)۔

اکیڈمی (انگ۔ا۔مث) (Academy) علم و ادب کو ترقی دینے والی انجمن۔ اکادمی۔ اقادیمہ۔

اِکّیس (اِک۔کیس) (ہ۔ا۔عدد) بیس کے بعد کا عدد۔ بیس اور ایک۔ ۲۱۔

اِکّیس پان کا بیڑا (اُر۔ا۔مذ) شادی میں آرسی مصحف دکھانے کے بعد اِکّیس پان کا بیڑا دولھا کو کھلاتے ہیں۔

اِکّیس (ہونا) رہنا (اُر۔محاورہ) غالب رہنا۔

اِکّیسواں (ہ۔عددِ ترتیبی) (۱) ترتیب میں بیس کے بعد کا درجہ (۲) اکیسواں حصّہ۔ ۱/۲۱۔

اِکّیسویں (بیائے معروف) (ہ۔عددِ ترتیبی) اکیسواں کی تانیث۔

اِکّیسویں (بیائے مجہول) (ہ۔عددِ ترتیبی) اکیسواں کی مُغیّرہ شکل۔

اَکیلا (اَ۔کے۔لا) (ہ۔صف) (۱) تنہا (۲) یکتا۔ لاثانی۔

اکیلاپن (ہ۔ا۔مذ) اکیلا کا اسمِ کیفیت۔

اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (اُر۔مثل) تنہا آدمی بہت سے لوگوں کا کام نہیں کر سکتا۔

اکیلا حسُو روئے کہ قبر کھودے؟ (اُر۔مثل) مُصیبت اور پریشانی کی حالت میں کام کثرت سے ہو اور کام کرنے والا تنہا ہو تو اُس جگہ بولتے ہیں۔

اکیلا دُکیلا (اُر۔صف) تنِ تنہا۔ بغیر ساتھی کے۔

اکیلا دم (اُر۔ا۔مذ) اکیلی جان۔ تنِ تنہا۔ اکیلا۔

اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا (اُر۔مثل) اکیلے آدمی سے کوئی بات نہیں بن پڑتی۔ اکیلا آدمی نہ دُکھ سہار سکتا ہے نہ عیش و آرام کا مزہ پا سکتا ہے۔

اَکیلے (اَ۔کے۔لے) اکیلا کی مُغیّرہ شکل۔

اکیلے اکیلے (اُر۔تابع فعل) تنہا۔ الگ الگ۔

اکیلے دُکیلے (اُر۔تابع فعل) ایک دو آدمی۔

اکیلے دُکیلے کا اللہ بیلی (اُر۔مثل) تنہا آدمی کا خُدا ہی مددگار ہوتا ہے۔

اکیلے چلئے نہ باٹ، جھاڑ بیٹھئے کھاٹ (اُر۔مثل) اکیلے سفر نہ کرنا چاہئے اور چارپائی کو جھاڑ کر بیٹھنا چاہئے۔

اَکیلنا (اَ۔کیل۔نا) (ہ۔مص) (۱) اُدھیڑنا۔ چھیلنا۔ مغز سے پوست الگ کرنا (۲) بٹے ہوئے دھاگے کے بل نکالنا۔

اَکیلی (اَ۔کے۔لی) (ہ۔صف) اکیلا کی تانیث۔

اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی (اُر۔مثل) تنہا آدمی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔

اکیلی جان (اُر۔ا۔مث) تنِ تنہا۔ جس کا کوئی شریک اور ساتھی نہ ہو۔

ا۔گ

اُگار (اُ۔گار) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اُگال (۲) آہستہ آہستہ نچڑ کر اکٹھا ہونے والا پانی (۳) کپڑا رنگنے کے بعد بچا ہوا پانی جو پھینک دیا جاتا ہے۔

اُگارنا (اُ۔گار۔نا) (ہ۔مص) کنواں صاف کرنا۔ کنوئیں کی مٹی نکالنا۔

اَگاڑ (اَ۔گاڑ) (ہ۔ا۔مث) حُقّے کی نگالی۔ مُنہالی۔ ڈھنکلی کے سرے پر لگی ہوئی پتلی لکڑی۔

اَگاڑا (اَ۔گا۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کچھار۔ ترائی (۲) مسافر کا وہ سامان جو پہلے سے آگے کے پڑاؤ پر بھیج دیا جاتا ہے۔ پیش خیمہ۔

اَگاڑی (اَ۔گا۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) آگے کا حصّہ (۲) انگرکھے یا کُرتے کا سامنے کا حصّہ۔ گھوڑے کے اگلے پیروں کی دو رسیاں جو دائیں بائیں دو کھونٹوں سے باندھی جاتی ہیں (۳) (تابع فعل) آگے آگے۔ سامنے۔

اُگال (اُ۔گال) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پیک۔ پان کا پھوک (۲) اُگلی ہوئی چیز۔

اُگال دان (اُر۔ا۔مذ) پیک دان۔ تھوکنے کا برتن۔

اُگالنا (ہ۔مص) مُنہ سے نکال کر تھوکنا (۲) جُگالی کرنا۔

اُگانا (اُ۔گا۔نا) (ہ۔مص) (۱) اُگنا کا مُتعدی۔ کاشت کرنا۔ بونا (۲) ظاہر کرنا۔

اُگاہنا (اُ۔گاہ۔نا) (ہ۔مص) وصول کرنا۔ حاصل کرنا۔ لوگوں سے اُن کے وعدے کے مطابق غلّہ یا روپیہ اکٹھا کرنا۔

اُگاہی (اُ۔گا۔ہی) (ہ۔ا۔مث) (۱) مختلف لوگوں سے اُن کے وعدے کے مطابق غلّہ یا روپے کی وصولی۔ روپیہ وصول کرنے کا کام (۲) وصول کیا ہوا روپیہ پیسا (۳) زمین کا لگان (۴) ایک قسم کے روپے کا لین دین جس میں ساہوکار روپیہ دے کر ہفتہ وار یا ماہوار اُس وقت تک وصول کرتا ہے جب تک سُود در سُود رقم وصول نہ ہو جائے۔

اَگت (اَ۔گت) (ق۔ا۔مث) حالت۔

اَگتا پیچی (اَگ۔تا۔پے۔چی) (ہ۔ا۔مث) غصّے کی حالت میں طعنے دینا اور

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اپنے اِحسانات جتانا۔

اُگَلنا (اُ-گَ-نا) (ف-مص) (۱) غصے کی حالت میں طعنے دینا اور اپنے اِحسانات جتانا (۲) جتلانے کسی کے عیب کھول دینا (۳) بے جا یا نامناسب بات کو بار بار کہنا۔

اَگَد (اَ-گَد) (ف-ا-مث) ہاتھی کو تیز چلانے اور آگے بڑھانے کی آواز۔

اَگَر (اَ-گَر) (ف-ا-مذ) عودِ ہندی۔ ایک قسم کی لکڑی جو جلانے سے خوشبو دیتی ہے۔

اگربتی (اِ-ا-مث) وہ بتی جو اگر کی لکڑی کو پیس کر بنائی جاتی ہے۔

اگردان (اِ-ا-مذ) اگرسوز۔ وہ ظرف جس میں اگر کی بتیاں لگا کر جلاتے ہیں۔

اَگَر (اَ-گَر) (ف- حرفِ شرط) جو۔ جب۔ بشرطیکہ۔ مبادا۔ بالفرض۔

اگرچہ (ف- حرفِ شرط) ہرچند۔ باوجودیکہ۔ گوکہ۔

اگر مگر (اِ-ا-مث) لیت و لعل۔ حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔

اگر مگر کرنا (اِ- محاورہ) حجت کرنا۔ جھگڑا کرنا (۲) آگا پیچھا کرنا۔ پس و پیش کرنا۔

اَگَر دَھوں دَھوں (اِ-ا-مث) (۱) دھونسے کی آواز (۲) (صف) موٹا آدمی۔ بھاری اور بھسِس آدمی۔

اُگَرنا (اُ-گَر-نا) (ف-مص) کنوئیں کا صاف ہو جانا۔ کنوئیں سے مٹی وغیرہ کا نکالا جانا۔ اُگارنا کا لازم۔

اَگروال (اَگ-گر-وال) (ف-ا-مذ) بنیوں کی ایک ذات۔

اَگرئی (اَگ-رَ-ئی) (ف-صف) (۱) سیاہی مائل صندلی رنگ کا (۲) (مث) ایک قوم کا نام جو چماروں سے ملتی جلتی ہے (۳) شاہانِ دہلی کی ایک پلٹن کا نام جس کی وردی اگرئی تھی۔

اَگَری (اَگ-رِی) (ف-ا-مث) (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) لکڑی یا لوہے کا چھوٹا ڈنڈا جو کواڑ کے پٹے میں کنڈا لگا کر ڈال دیتے ہیں۔ اس کے اِدھر اُدھر کھینچنے پر کواڑ کھلتے اور بند ہو جاتے ہیں (۳) بُری بات۔

اَگَڑا (اَگ-ڑا) (ف-ا-مذ) جوار باجرے وغیرہ کی بال جس میں سے دانہ جھاڑ لیا گیا ہو۔ کھکھری۔ اکھرا۔

اَگَڑم بَگَڑم (اَگ-ڑَم-بَگ-ڑَم) (ف-صف) (۱) بیکار، مہمل، بے معنی (باتیں) (۲) ملی جلی۔ گڈمڈ (۳) (ا-مذ) فضول چیزیں۔ بیکار اشیا۔

اَگَست (انگ August کا مؤرّد-ا-مذ) سنِ عیسوی کا آٹھواں مہینا جو رُومی بادشاہ آگسٹس سے منسوب ہے۔ اِس میں اِکتیس دن ہوتے ہیں۔

اُگَل (اُ-گَل) (ف) اُگلنا مصدر سے صیغہ امر۔

اُگل آنا (اُگل پڑنا) (ف- محاورہ) (۱) نگلی ہوئی چیز کا مُنہ سے باہر آنا (۲) تلوار کا میان سے باہر نکل پڑنا (۳) دل کی بات کا ظاہر کرنا۔

اُگل دینا (ف- محاورہ) کسی چیز کا پیٹ سے نکال دینا (۲) سچ سچ کہہ دینا (۳) بُرا بھلا کہنا۔

اُگل نگل کے کھانا (ف- محاورہ) بڑی بے رغبتی سے کوئی چیز کھانا۔

اَگلا (اَگ-لا) (ف-صف) (۱) آگے کا (۲) پہلے کا۔ پہلا (۳) پُرانا۔ گزشتہ (۴) آیندہ۔ پیش رو (۵) ہوشیار۔ اُستاد۔ جمع: اگلوں۔ اَگلے۔

اگلا پچھلا (اِ-صف) پہلا اور آخری۔ آیندہ اور گزرا ہوا۔

اگلا جنم (ف-ا-مذ) ہندوؤں کے عقیدے میں اگلی پیدائش۔ مرنے کے بعد دوبارہ پیدا ہونا۔

اگلا زمانہ (اِ-ا-مذ) گزرا ہوا زمانہ۔ پُرانا زمانہ۔

اگلا کرے پچھلے پر آئے (اِ- مثل) قصور بڑے کریں اور سزا چھوٹے پائیں۔

اگلا لیپا دے بہا۔ اب کا لیپا آگے لا (اِ- مثل) (۱) پہلے احسانوں کی ناشکری کر کے نئے اِحسان کی اُمید کرنا (۲) پہلے کئے کام کو مٹا کر نئے سرے سے دوبارہ کرنا (۳) فضول محنت کرنا۔ کام کو بڑھانا۔

اَگل پچھل (اَ-گَل-پَ-چھَل) (ف-ا-مث) (۱) آگے پیچھے (۲) پس و پیش (۳) گھوڑے کی جوڑی بجائے برابر جوڑنے کے آگے پیچھے جوڑنا۔

اُگلنا (اُ-گَل-نا) (ف-مص) (۱) مُنہ سے باہر نکالنا (۲) تھوک دینا (۳) ہضم کیا ہوا مال بے بس ہو کر واپس کرنا (۴) کسی بات کو پیٹ میں نہ رکھنا (۵) بھید کھول دینا۔

اِگلو (Igloo) (انگ-ا-مذ) اِسکیموؤں کا گنبد نما گھر جو وہ برف کے تودوں سے بناتے ہیں۔

اُگلوانا (اُ-گَل-وا-نا) (ف-مص) (۱) مُنہ سے نکلوانا (۲) اقبال کرانا۔ جُرم کا اقرار کرانا (۳) ہضم کئے ہوئے مال کو نکلوانا۔

اَگلی (اَگ-لی) اگلا کی تانیث۔

اَگلے (اَگ-لے) (ف-صف) (۱) اگلا کی جمع (۲) اگلا کی مغیرہ صورت۔

اَگلے دفتر کھولنا (اِ- محاورہ) گزری ہوئی باتیں کرنا۔ پچھلی شکایتیں کرنا۔

اَگلے زمانے والے (اگلے لوگ) (۱) پہلے وقتوں کے لوگ۔ متقدمین (۲) (مجازاً) بھولے بھالے۔ سادہ لوح۔ بے وقوف (لوگ)۔

اَگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی (اِ- مثل) نہایت بدانتظامی ہے۔ بہت گڑبڑ ہے۔ کچھ بندوبست نہیں۔

اَگلے نے کیا پچھلے پر آئی (اِ- مثل) بڑے نے قصور کیا چھوٹے نے سزا پائی۔ افسر نے خطا کی ماتحت ملزم ٹھہرا۔ بزرگوں نے غلطی کی اولاد کو سزا بھگتنی پڑی۔

اَگلے ہوئے پچھلے، پچھلے ہوئے پر دھان (اِ- مثل) آزمائے ہوئے لوگوں کو غیر آزمائے ہوئے لوگوں پر ترجیح دینا۔ معزز آدمی کو معزول کر کے غیر معزز کو عزت بخشنا۔

اُگلے تو اندھا کھائے تو کوڑھی (اِ- مثل) مشہور ہے کہ سانپ چھچھوندر کو اُگل دے تو اندھا اور کھا جائے تو کوڑھی ہو جاتا ہے۔ نہ چھوڑے بنے نہ کھائے بنے۔ کرنے نہ کرنے دونوں میں نقصان۔ نیز دیکھئے سانپ کے مُنہ میں چھچھوندر۔

اَگَم (اَ-گَم) (ف-ا-مذ) (۱) عاقبت (۲) آیندہ زمانے کی باتیں جو نجوم سے معلوم کی جائیں۔ علم غیب۔

اگم باندھنا (ف- محاورہ) آیندہ کا حال بتانا۔

اگم شاستر (ف-ا-مذ) علم نجوم کی کتاب۔

اَگَن (اَ-گَن) (س-ا-مذ) (۱) اگنی۔ آگ (۲) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اگن باؤ (ہ۔ا۔مث) (۱) گھوڑوں کا ایک مرض جس میں اُن کی کھال اُدھڑ جاتی ہے اور روئیں گر جاتے ہیں (۲) گرمی۔ آتشک (۳) بادِ سموم۔
اگن بوٹ (ہ۔ا۔مث) اسٹیمر۔ دُخانی کشتی۔
اگن چڑیا (ہ۔ا۔مث) آگ کا کیڑا جسے سمندر بھی کہتے ہیں۔
اگن کے بچے کو چوری بتانا (ہ۔ محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ بہانے کرنا۔
اَگُن (اَ۔گن) (س۔صف) اناڑی۔ بے ہنر۔ پھوہڑ۔ بدسلیقہ۔
اُگنا (اُگ۔نا) (ہ۔مص) ظاہر ہونا۔ نمود پانا۔ پیدا ہونا۔ بیج میں سے پودے کا نکلنا۔
اگنی (اگ۔نی) (ہ۔ا۔مث) آگ۔ آتش۔
اگنی بان (ہ۔ا۔مذ) وہ تیر جن سے آگ لگائی جاتی تھی۔
اگنی کنڈ (س۔ا۔مذ) آگ کا تالاب۔ دوزخ (۲) وہ گڑھا جس میں آگ جلائی جاتی ہے (۳) آگ کا وہ الاؤ (ہندو روایت کے مطابق) جس میں سے چھتری (کھتری) پیدا ہوئے جنہوں نے بدھ مت کا خاتمہ کیا۔
اگوا کار (اگ۔وا۔کار) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آگے چلنے والا (۲) مکھیا۔ پیشوا۔ سردار۔ نائک (۳) راستہ بتانے والا (۴) شادی کا پیغام لانے والا۔
اگواڑا (اگ۔وا۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) مکان کا سامنے والا حصہ۔ پچھواڑے کی ضد۔
اگوانا (اگ۔وا۔نا) (ہ۔مص) آگے کرنا۔ سردار مقرر کرنا۔
اگوانی (اگ۔وا۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) (برات کی) پیشوائی۔ خیر مقدم۔ استقبال (۲) رہنمائی (۳) (ا۔مذ) اُوپر کا کام کاج کرنے والا۔
اَگوٹ (اَ۔گوٹ) (ہ۔ا۔مث) روک۔ اوٹ۔ آڑ۔
اَگوچر (اَ۔گو۔چر) (س۔صف) خفیہ۔ پوشیدہ۔ پُر اَسرار۔
اگولا (اَ۔گو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) گنے کا اُوپر کا حصہ جو پھیکا ہوتا ہے۔
اَگھاری (اَ۔گھا۔ری) (ہ۔صف) لالچی۔ حریص۔
اُگھاڑنا (اُ۔گھاڑ۔نا) (ہ۔مص) کھولنا۔ پردہ فاش کرنا۔
اَگھانا (اَ۔گھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا (۲) اُبھرنا۔
اَگھائی (اَ۔گھا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) سیری۔ آسودگی۔
اَگھن (اَ۔گھن) (ہ۔ا۔مذ) ہندی سال کا آٹھواں مہینا۔ مگھر جو تقریباً نصف نومبر سے نصف دسمبر تک رہتا ہے۔
اَگھور (اَ۔گھور) (س۔صف) (۱) خوفناک۔ ہیبت ناک (۲) شوجی کا ایک لقب۔
اگھور پنتھ (ہ۔ا۔مذ) ہندو سادھوؤں کا ایک فرقہ جو شوجی کا پجاری ہے اور پاخانہ پیشاب اور کھانے پینے کی چیزوں میں تمیز نہیں کرتا۔
اگھوری (اَ۔گھو۔ری) (ہ۔صف) اگھور پنتھ کا فرد (۲) لالچی۔ چٹو۔
اگیا بیتال (اگ۔یا۔بے۔تال) (ہ۔ا۔مذ) غول بیابانی۔ گلی سڑی ہڈیوں کا فاسفورس جو آکسیجن سے مل کر جل اُٹھتا ہے اور دلدل، پرانے قبرستان یا مرگھٹ میں رات کو جلتا ہوا نظر آتا ہے۔ لوگ بھوت سمجھتے ہیں۔
اگیاری (اگ۔یا۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) آگ جلانا۔ ہون۔ دیوتاؤں کی پوجا کے وقت آگ جلا کر اُس میں خوشبوئیں، میوہ جات، گھی وغیرہ ڈالنا۔
اَگیانا (اَگ۔یانا) (ہ۔مص) دھات کے برتنوں کو پاک کرنے کی غرض سے گرم کرنا۔
اَگیانی (اَ۔گیا۔نی) (ہ۔صف) بے علم۔ نادان۔ بے سمجھ۔ جاہل۔ (اَحرفِ نفی)۔
اگیتا (اَ۔گے۔تا) (ہ۔صف) وقت سے پہلے۔ آگے آنے والا۔
اگیرا (اَ۔گے۔را) (ہ۔ا۔مذ) آگے کا (۲) پہلی پولی جو کاشتکار کو دی جاتی ہے۔

ا۔ل

اَل (بفتحہ اوّل) (ع۔ حرفِ تعریف) عربی زبان میں اِسم اور صفت کے ساتھ آ کر اُس کے معنوں میں خصوصیت پیدا کر دیتا ہے جیسے رَجُل (کوئی بھی آدمی) اَلرَّجُل (کوئی خاص آدمی)۔
اَلآن (اَل۔آن) (ع۔ متعلق فعل) ابھی۔ اسی وقت۔
اَلآن کما کان (ع۔ فقرہ) جیسا تھا ویسا ہی ہے۔ ہنوز روزِ اوّل اَست۔
اَلا (اَ۔لا) (ع۔ کلمۂ تنبیہ) ہوشیار۔ خبردار۔
اِلّا (اِل۔لا) (ع۔ حرفِ اِستدراک) مگر۔ لیکن۔ بجز۔ سوا۔
اِلّا الّذی نہ اَلّا الّذی (اَر۔ محاورہ) نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔ مذبذب۔
اِلّا اللہ (ع) مگر اللہ۔ کلمۂ طیبہ کا جز (۲) اہلِ ذکر بزرگوں کا وظیفہ۔
اِلّا ماشاء اللہ (ع۔ فقرہ) (۱) مگر جو چاہا اللہ نے (۲) (مجازاً) شاذ و نادر۔ کہیں کہیں۔
اَلا بَلا (اَ۔لا۔بَ۔لا) (اَر۔ا۔مث) بُری سے بُری شے۔ خراب سے خراب چیز۔ وبال۔ مُصیبت۔
اَلا بَلا بر گردنِ مُلّا (بگردنِ مُلّا) (ف۔ مثل) سارا وبال مُلّا کی گردن پر۔
اَلا بَلا لینا (اَر۔ محاورہ) بلائیں لینا۔ مُصیبت مول لینا۔
اَلاکوں بلاکوں صحنک سرکاکوں (اَر۔ مثل) چکنی چپڑی باتیں کر کے مطلب نکالنا۔
اَلاپ (اَ۔لاپ) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے آلاپ۔
اَلاپنا (اَ۔لاپ۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے آلاپنا۔
الاٹ منٹ (Allotment) (انگ۔ا۔مث) (۱) حصۂ مقررہ (۲) بٹوارا (۳) نامزدگی۔ تعیّن۔ تقسیم۔
اِلاچا (اِ۔لا۔چا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ملتانی کپڑا جو ریشم اور سوت ملا کر بنایا جاتا ہے۔ (پن) لاچا۔
اِلاچا بیگ (اَر۔ا۔مذ) (۱) کٹھ پتلی کے تماشے میں ایک دُبلی پتلی مضحکہ خیز شکل کا نام (۲) سوکھا دُبلا اور بدقطع شخص۔
اِلاچی (اِلائچی) (اِ۔لا۔چی) (اِ۔لا۔اِ۔چی) (ہ۔ا۔مث) ایک خوشبودار چھوٹے سے پھل کا نام جس کے دانے خوشبو کے لئے کھانے یا پان وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ اِس کی دو قسمیں ہیں۔ بڑی الائچی جو کتھئی رنگ کی ہوتی ہے اور چھوٹی الائچی جسے سبز الائچی بھی کہتے ہیں (۲) منہ بولی بہن۔ سہیلی۔ سکھی۔
اِلاچی (اِلائچی) دانہ (اَر۔ا۔مذ) الائچی کے دانوں پر کھانڈ چڑھی ہوئی مٹھائی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَلار (اَ۔لار)(مذ۔صف) پچھلے حصّے میں بوجہ زیادہ ہونے کے باعث گاڑی کا اگلا حصّہ اُوپر کو اُٹھ جانا۔

اَلاراسی (اَ۔لا۔ر۔سی)(مذ۔صف) بے پروا۔ بے فکرا۔ لااُبالی۔

اَلاراسی کا کارخانہ (اَر۔ا۔مذ) بے پروائی کا کام۔ بے توجّہی کا کام۔

الارم (Alarm) (انگ۔ا۔مذ) (۱) خطرے سے آگاہی (۲) گھنٹی۔ گھڑی کی جگانے والی گھنٹی۔

اَلاٹنا (اَ۔لا۔ٹنا)(مذ۔مص) لِٹا دینا۔ پہلو بدلنا۔ سُلا دینا (۲) اُچکنا۔

اُلاس (اُ۔لاس)(س۔ا۔مذ) جوش۔ اُمنگ۔ ولولہ (۲) پُھرتی۔ چالاکی۔

اُلاسا (اُ۔لا۔سا)(ق۔ا۔مذ) دلاسا۔ تسلّی۔ تشفّی۔

الاسٹک (Elastic) (انگ۔ا۔مث) لچک والی چیز۔ ربڑ کا بنا ہوا فیتہ۔

اُلاسنا (اُ۔لاس۔نا)(ق۔مص) جوش میں آنا۔ اُمنگ پیدا ہونا۔

اُلاغ (اُ۔لاغ)(ع۔ا۔مث) (۱) چھوٹی کشتی (۲) ڈاک کا گھوڑا۔ خربارکش۔ لدّو گدھا۔

اَلاَقارِبُ کَالعَقارِب (ع۔مثل) عزیز رشتے دار بچھو کی طرح نیش زنی کرتے ہیں۔ عزیزوں سے ہی زیادہ تر تکلیف پہنچتی ہے۔

اُلالا (اُ۔لا۔لا)(ق۔ا۔مث) ولولہ۔ جوش۔

اَلالی (اَ۔لا۔لی)(ق۔ا۔مث) ناز۔ نخرہ۔ ادا۔

اَلاَمان (اَل۔اَمان)(ع۔کلمہ ندا) پناہ بخدا۔

اَلاَمان کہنا (اَر۔محاورہ) پناہ مانگنا۔

اَلاَمرُ فَوقُ الاَدَب (ع۔مقولہ) حکم ادب پر فوقیت رکھتا ہے۔

اَلّانا (اَل۔لا۔نا)(مذ۔مص) چِلّانا۔ کراہنا۔ گلا پھاڑ کر بولنا۔

اَلاِنتِظارُ اَشَدُّ مِنَ المَوت (ع۔مثل) اِنتظار کی تکلیف موت سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔

اُلانگنا (اُلانگھنا) (اُ۔لانگ۔نا)(اُ۔لانگھ۔نا)(مذ۔مص) (۱) پھلانگنا (۲) کسی چیز کے اُوپر سے اِس طرح کود جانا کہ اُس پر پاؤں نہ پڑے (۳) چابک سواروں کی اِصطلاح میں گھوڑے پر اوّل مرتبہ چڑھنا۔

اُلاہنا (اُ۔لاہ۔نا)(مذ۔ا۔مذ)(۱) گلہ شکوہ (۲) بدنامی۔ بُرائی۔ دوش۔

اُلاہنا دینا (اَر۔محاورہ)(۱) گلہ کرنا۔ شکوہ کرنا (۲) اِلزام دینا۔

اِلاَیچی (اِ۔لا۔یے۔چی) دیکھئے اِلاچی۔

اَلاؤ (اَ۔لا۔او)(مذ۔ا۔مذ) جلتی ہوئی لکڑیوں کا ڈھیر (پن) بھانبڑ۔

الاؤنس (Allowance) (انگ۔ا۔مذ) بھتّا۔ زائد خرچ۔

اَلْباب (اَل۔باب)(ع۔ا۔مذ) لُب کی جمع۔ عقلیں (مرکبات میں مستعمل ہے)۔

اَلْبَتّہ (اَل۔بَت۔تہ)(ع۔تابع فعل) (۱) بے شک۔ ضرور۔ قطعی۔ بے شبہ۔ بالیقین (۲) ہاں۔ بہت خوب۔ بہت بہتر (۳) مگر۔ اِلّا۔ لیکن۔

اَلْبُرز (اَل۔بُرز)(ف۔ا۔مذ) (۱) پہاڑ (۲) اِیران کے ایک پہاڑ کا نام۔

اَل بَل (مذ۔ا۔مذ) غرور۔ گھمنڈ (۲) فرق۔ کمی بیشی (۳) صدقے۔ قربان۔

اَل جاؤں بَل جاؤں جلوے کے وقت ٹل جاؤں (اَر۔مثل) یوں تو صدقے قربان جاتے ہیں لیکن وقت پڑنے پر شکل بھی نہیں دکھاتے۔

البم (Album)(اَل۔بَم)(انگ۔ا۔مذ) تصویریں رکھنے کی بیاض۔ مُرقّع۔

اَلْبیٹ (اَل۔بیٹ)(بیائے مجہول)(مذ۔ا۔مث) بَل۔ مروڑ۔ لپیٹ۔ گرہ۔ پیچ۔

اَلْبیلا (اَل۔بے۔لا)(مذ۔صف) (۱) جوانِ رعنا۔ بانکا۔ چھیلا۔ چھبیلا (۲) بے پروا۔ آزاد طبع (۳) انوکھا (۴) سیدھا سادہ (۵) معصوم (۶) خوب رُو۔ دل رُبا۔

اَلْبیلاپَن (مذ۔ا۔مذ) چھبیلاپن۔ بانکپن۔ اَلّھڑپن۔

اَلْبیلی (اَل۔بے۔لی)(مذ۔صف) اَلبیلا کی تانیث۔

البیلی چال (اَر۔ا۔مث) مستانہ چال۔ بانکی ترچھی چال۔

البیلی نے پکائی کھیر دُودھ کی جگہ ڈالا نیر (اَر۔مثل) بے ڈھنگے پن سے کام بگاڑ دینا۔ کچھ کا کچھ کر دینا۔

اَلْپاکا (Alpaka) (انگ۔ا۔مذ)(۱) جنوبی امریکا کا ایک جانور جس کے بال لمبے اور اُون کی طرح ملائم ہوتے ہیں (۲) الپاکا کا اُون (۳) ایک کپڑا جو الپاکا کے اُون سے بنایا جاتا ہے اور اُسے الپکا بھی کہتے ہیں۔

اَلْپِین (اَر۔ا۔مث) گھنڈی والی سُوئی۔ پِن۔ (Pin)۔

اِلْتِباس (اِل۔تِ۔باس)(ع۔ا۔مذ) (۱) یکسانیت کے سبب شُبہ پڑنا (۲) ہم شکل ہونا (۳) مشکوک ہونا (۴) اِبہام و تجنیس۔

اَلْتِمِش (ت۔ا۔مذ) (۱) ہراوَل دستہ (۲) خاندانِ غلاماں کے بادشاہ شمس الدین کا لقب۔

اِلْتِجا (اِل۔تِ۔جا)(ع۔ا۔مث)(۱) آرزو۔ تمنّا (۲) منّت سماجت۔ عاجزی (۳) عرض۔ گزارش۔ درخواست۔

اِلتجا کرنا (اَر۔محاورہ) منّت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ گڑگڑانا۔ درخواست کرنا۔

اِلتجا لے جانا (اَر۔محاورہ) عرض لے جانا۔ آرزو پیش کرنا۔

اِلْتِزام (اِل۔تِ۔زام)(ع۔ا۔مذ) کسی بات کو لازم کر لینا۔ ضروری قرار دے لینا۔ جمع: اِلتزامات۔

اِلْتِصاق (اِل۔تِ۔صاق)(ع۔ا۔مذ) چپکنا۔ چمٹنا۔

اِلْتِفات (اِل۔تِ۔فات)(ع۔ا۔مث)(۱) متوجّہ ہونا (۳) توجّہ۔ مہربانی۔ رغبت۔ خیال۔ دھیان۔

اِلْتِماس (اِل۔تِ۔ماس)(ع۔ا۔مذ) درخواست۔ عرض۔ گزارش۔ اِلتجا۔ جمع: اِلتماسات۔

اِلْتِماسی (اِل۔تِ۔ما۔سی)(ق۔ا۔مذ) عرضی گزار۔ مُلتمس۔ مُلتجی۔ فدوی۔

اَلْتَمَش (اَل۔تَ۔مَش)(ت۔ا۔مذ) دیکھئے اَلتمش۔

اَلْتَمغا (اَل۔تَم۔غا)(ت۔ا۔مذ) دیکھئے آل تمغا۔

اَلْتَنی (اَل۔تَ۔نی)(مذ۔ا۔مث) ہاتھی کی گردن میں باندھنے کی رسّی جس پر فیل بان رکاب کی طرح پاؤں رکھتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِلتوا (اِل۔تِ۔وا)(ع۔ا۔مذ) آیندہ پر اُٹھا رکھنا۔ ٹال دینا ۔ ملتوی کرنا۔

اِلتہاب (اِل۔تِ۔ہاب)(ع۔ا۔مذ) شعلہ بھڑکنا۔ آگ جلنا۔

اِلتہابِ زائدہ (ع۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں اندھی آنت سُوج جاتی ہے اور اس میں سوزش ہوتی ہے۔(Appendicitis)۔

اِلتیام (اِل۔تِ۔یام)(ع۔ا۔مذ)(۱) زخم بھرنا۔ تندرست ہونا (۲) دو چیزوں کا باہم مل جانا (۳) میل ملاپ۔ میل جول۔

اِلتیام پانا (اِلتیام دینا) (اُر۔محاورہ) زخم بھرنا۔

اُلٹ (اُ۔لٹ)(ہ) اُلٹنا کا امر اور اِسمِ کیفیت (۱) برعکس۔ مخالف (۲) ٹیڑھا (۳) پلٹا ہوا۔ اوندھا (۴) برگشتہ (۵) خلافِ قاعدہ (۶) واپس (۷) نقیض۔ ضد۔

اُلٹ آنا (اُر۔محاورہ) پلٹ آنا۔ جہاں سے چلے وہیں آکر گرنا یا واپس آنا۔

اُلٹ پڑنا (اُر۔محاورہ) واپس ہونا (۲) پلٹ کر حملہ کرنا (۳) بگڑ جانا۔ غصے ہونا۔ برہم ہونا (۴) مخالف ہو جانا (۵) اوندھا ہو جانا (۶) خلافِ اُمید نتیجہ برآمد ہونا۔

اُلٹ پُلٹ (اُر۔محاورہ) درہم برہم۔ اُلٹا سیدھا۔ اُلٹا پلٹا۔ بے ترتیب۔ گڈمڈ۔

اُلٹ پُلٹ کرنا (اُر۔محاورہ) تلے اُوپر کرنا۔ درہم برہم کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔ گڈمڈ کرنا۔

اُلٹ پُلٹ ہونا (اُر۔محاورہ) بے ترتیب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

اُلٹ پیچ (ہ۔ا۔مذ) اُلٹی سیدھی بات۔ چکر کی بات (۲) گردش (۳) چھل۔ داؤ پیچ۔

اُلٹ پھیر (اُر۔ا۔مذ)(۱) اول بدل۔ ہیر پھیر (۲) مکر و فریب۔

اُلٹ پھیر میں آجانا (اُر۔محاورہ) فریب میں آجانا۔ دھوکا کھا جانا۔

اُلٹ جانا (اُر۔محاورہ)(۱) پلٹ جانا (۲) مدہوش ہو جانا۔ سرشار ہو جانا (۳) موٹا ہو جانا (۴) اوندھا ہو جانا۔ پیچھے کے رُخ پڑ جانا (۵) مفلس ہو جانا (۶) منحرف ہو جانا۔ پھر جانا (۷) گر پڑنا۔ آرہنا (۸) بدل جانا۔ خلاف ہونا۔ مُکر جانا۔

اُلٹ دینا (اُر۔محاورہ)(۱) اِدھر سے اُدھر کر دینا (۲) اُٹھا دینا (۳) چت کو پٹ کر دینا (۴) تباہ کر دینا۔

اُلٹ کے جواب دینا (اُر۔محاورہ)(۱) پیام کا جواب لا دینا (۲) ترکی بہ ترکی جواب دینا۔

اُلٹ کے خبر نہ لینا (اُر۔محاورہ) کسی کی طرف سے بے خبر ہو جانا۔ اِنتہا کی غفلت برتنا۔

اُلٹ کے کروٹ نہ لینا (اُر۔محاورہ) خبر نہ لینا۔ اِنتہا کی غفلت کرنا۔

اُلٹا (اُل۔ٹا)(ہ۔صف)(۱) پلٹا ہوا۔ اوندھا (۲) برعکس (۳) واپس۔ سیدھا کی ضد۔

اُلٹا پانسا پڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) جوئے میں پانسا غلط پڑنا۔ ہار جانا (۲) معاملہ اپنے خلاف ہونا۔ کوشش رائیگاں جانا۔

اُلٹا پلٹا (اُر۔صف)(۱) بے ترتیب۔ تلے اُوپر (۲) اُلٹا سیدھا (۳) بے ڈھنگا۔ اوندھا۔ سر کے بل۔

اُلٹا پُلٹی (اُر۔ا۔مث) اول بدل۔ اِدھر کا اُدھر کرنا۔

اُلٹا پھر آنا (اُر۔محاورہ) لوٹ آنا۔ جاتے جاتے پلٹ پڑنا۔ بہت جلد واپس آنا۔

اُلٹا پھرنا (اُر۔محاورہ) واپس آجانا۔ ناکام پلٹ آنا۔ جاتے ہی واپس چلے آنا۔

اُلٹا پھیرنا (اُر۔محاورہ) لوٹا دینا۔ واپس کر دینا۔ فوراً واپس کر دینا۔

اُلٹا توا (اُر۔صف) نہایت کالا۔ کالا کوئلا۔ کالا کلوٹا۔ کالا بھجنگا۔

اُلٹا ٹانگنا (اُر۔محاورہ) ٹانگیں باندھ کے سر کے بل لٹکانا۔ سخت سزا دینا۔

اُلٹا جننا (اُر۔محاورہ) عورت کا بچّے کو اِس طرح جننا کہ پہلے پیر نکلیں اور پھر سر۔

اُلٹا جواب دینا (اُر۔محاورہ) خلافِ توقع جواب دینا۔ ٹیڑھا جواب دینا۔

اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے (اُر۔مثل) اپنے کرتوت پر شرمانے کے بجائے ٹوکنے والے کو آنکھیں دکھانا۔

اُلٹا دریا بہنا (اُر۔محاورہ) اُلٹی گنگا بہنا۔ خلافِ دستور کوئی بات ہونا۔ ناممکن کام ہونا۔

اُلٹا (اُلٹے) دَم لینا (اُر۔محاورہ) نزع کے وقت سانس کا اُکھڑ جانا۔

اُلٹا دھڑا باندھنا (اُر۔محاورہ) برعکس کرنا۔ خلاف کرنا۔ اپنی خطا دُوسروں کے سر تھوپنا۔

اُلٹا زمانہ (اُر۔ا۔مذ) ایسا زمانہ جس میں سیدھی بات ٹیڑھی اور بُری بات بھلی سمجھی جائے۔ بُرا زمانہ۔ کل جگ۔

اُلٹا زمانہ آیا ہے (اُلٹا زمانہ لگا ہے۔ اُلٹا زمانہ ہے) (اُر۔محاورہ) بُرا وقت آگیا ہے۔

اُلٹا سبق پڑھانا (سکھانا) (اُر۔محاورہ) خلافِ اُصول بات سکھانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔

اُلٹا سیدھا (اُر۔صف) بے قاعدہ۔ بے ترتیب۔ جا بیجا۔

اُلٹا سیدھا جواب دینا (اُر۔محاورہ) خلاف جواب دینا۔ نامائم جواب دینا۔ نامعقول جواب دینا۔

اُلٹا لٹکانا (اُر۔محاورہ) اُلٹا ٹانگنا۔

اُلٹا لیا جائے نہ سیدھا (اُر۔مثل) جہاں کسی بھی طرح کوئی شخص قابو میں نہ آئے اور نہ قائل ہو تو اُس موقع پر بولتے ہیں۔

اُلٹا مزاج (اُر۔ا۔مذ) وہ جس پر بات کا اُلٹا اثر پڑے۔

اُلٹا نصیبہ (اُر۔ا۔مذ) بُری قسمت۔ بدنصیبی۔

اُلٹا ہاتھ مارنا (اُر۔محاورہ) حسرت و افسوس ظاہر کرنا۔

اُلٹانا (اُل۔ٹا۔نا)(ہ۔مص) پلٹانا۔ لوٹانا (۲) اور کا اور کرنا یا کہنا (۳) پھیرنا۔

اُلٹنا (اُ۔لٹ۔نا)(ہ۔مص) پلٹنا۔ اوندھا کرنا (۲) اُٹھانا۔ ہٹانا (۳) بھرنا (۴) مدہوش کرنا (۵) تہ و بالا کرنا (۶) بدل دینا (۷) گرانا۔ پچھاڑنا (۸) اُجاڑنا (۹) بار بار کہنا (۱۰) اُنڈیلنا (۱۱) مفلس کر دینا (۱۲) سیدھا کرنا (۱۳) رد کرنا (۱۴) چڑھ جانا۔ لنڈھانا (۱۵) نیچے سے اُوپر کرنا۔

اُلٹوانسی (اُلٹ۔واں۔سی)(ہ۔ا۔مث) اپنا الزام دُوسرے پر تھوپنا۔ سیدھی بات کو پلٹ دینا۔ اُلٹے کام کرنا۔

اُلٹی (اُل۔ٹی)(ہ۔صف) اُلٹا کی تانیث (۱) خلاف۔ مخالف (۲) اوندھی (۳) (اُر۔ا۔مث) قے۔ جمع: اُلٹیاں۔ اُلٹیوں۔

اُلٹی آنتیں گلے پڑنا (اُر۔محاورہ) لینے کے دینے پڑنا۔ نیکی کا بدلہ بدی میں ملنا۔

اُلٹی آنکھیں دکھانا (اُر۔محاورہ) بے جا غصہ کرنا۔ خود قصور کرنا اور دُوسرے پر خفا ہونا۔

اُلٹی اُلٹی باتیں (اُر۔ا۔مث) بے تکی باتیں۔ آڑی ترچھی بات چیت۔

اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا (اُر۔محاورہ) اُوپر کے دم کھینچنا۔ آخری سانسیں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لینا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

اُلٹی بات (اُر۔ ا۔ مث) خلاف بات۔ بے ڈھنگی بات۔

اُلٹی پٹّی پڑھانا (اُر۔ محاورہ)(۱) بہکانا۔ ورغلانا (۲) دل پھیر دینا۔ برگشتہ کر دینا۔

اُلٹی پڑے سیدھی پڑے (اُر۔ محاورہ) خدا جانے نتیجہ اچھا ہو یا بُرا۔

اُلٹی پلٹی باتیں (اُر۔ ا۔ مث) بے قرینہ باتیں۔ بے ڈھنگی باتیں۔

اُلٹی تقدیر (اُر۔ ا۔ مث) اُلٹا نصیبہ۔ بدقسمتی۔

اُلٹی ٹانگیں گلے پڑنا (اُر۔ محاورہ) اپنی باتوں سے آپ ہی قائل ہونا۔ اپنے ہاتھوں مصیبت مول لینا۔ اپنے داؤں سے خود پچھڑنا۔

اُلٹی چھری سے حلال کرنا (اُر۔ محاورہ) نہایت ظلم کرنا۔ بڑی زیادتی کرنا۔

اُلٹی رسم (اُر۔ ا۔ مث) موقع محل کے خلاف رسم۔ دستور کے خلاف بات۔

اُلٹی سانس چلنا (اُر۔ محاورہ) نزع کی حالت میں سانس کا بے قاعدہ چلنا۔

اُلٹی سمجھ (اُر۔ ا۔ مث) حماقت۔ ناسمجھی۔ بے عقلی۔

اُلٹی سمجھے نہ سیدھی (اُر۔ محاورہ) کسی طرح نہیں ماننا۔ ضدی ہے۔

اُلٹی سوجھنا (اُر۔ محاورہ) عقل یا رسم و رواج کے خلاف کوئی بات ذہن میں آنا۔

اُلٹی سیدھی باتیں کرنا (اُر۔ محاورہ) بے تکی باتیں کہنا۔ ہٹ دھرمی کرنا۔

اُلٹی سیدھی سُنانا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ سخت کلامی سے پیش آنا۔

اُلٹی سیدھی ہانکنا (اُر۔ محاورہ) اُول جلول باتیں کرنا۔ اول فول بکنا۔

اُلٹی سیفی (اُر۔ ا۔ مث)(۱) اُلٹی تلوار (۲) دُعائے بد (۳) سیفی وہ جلالی وظیفہ ہے جو دُشمن کی تباہی یا ہلاکت کے لئے پڑھا جاتا ہے لیکن عامل سے غلطی ہو جائے تو اُس کا اثر خود عامل پر ہو جاتا ہے۔

اُلٹی کرنا (اُر۔ محاورہ) قے کرنا۔

اُلٹی کھوپڑی اندھا کیان (اُر۔ مثل) اندھی کھوپڑی میں اندھی عقل یا حمق۔ بیوقوف۔

اُلٹی کھوپڑی کا (اُر۔ صف) کج فہم۔ کوڑھ مغز۔ اوندھی سمجھ کا۔ بے عقل۔

اُلٹی گنگا بہانا (اُر۔ محاورہ) خلاف دستور کام کرنا۔

اُلٹی مالا پھیرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) اُلٹی تسبیح پڑھنا۔ خلاف دستور کام کرنا (۲) اُلٹی باتیں کرنا (۳) کسی کی ہلاکت کے لئے کچھ پڑھنا۔

اُلٹی مت (اُر۔ ا۔ مث) سیدھی بات کو اُلٹی سمجھنے والی عقل۔ غلط سمجھ۔ اُلٹی سمجھ۔

اُلٹی ہوا چلنا (اُر۔ محاورہ) خلاف دستور کام ہونا۔ اُلٹا زمانہ آنا۔

اُلٹی میٹم (Ultimatum)(انگ۔ ا۔ مذ) آخری اِنتباہ۔ وہ آخری تجاویز یا شرائط جنہیں فریق مخالف منظور نہ کرے تو شرائط پیش کرنے والا فریق اُس کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیتا ہے یا اُس سے تعلقات منقطع کر لیتا ہے۔

اُلٹے (اُل۔ ٹے)(ا۔ صف)(۱) اُلٹا کی جمع (۲) اُلٹا کی مغیرہ شکل۔

اُلٹے اُسترے سے سر مُنڈوانا (اُر۔ محاورہ) ذلت کی سزا دینا۔

اُلٹے بانس بریلی کو (اُر۔ مثل) حماقت کا کام۔ بے فائدہ کام۔ (رائے بریلی (بھارت) میں بانس کثرت سے ہوتا ہے)۔

اُلٹے تیل کی چوٹی (اُر۔ ا۔ مث) وہ چوٹی جے گوندھتے وقت بال نیچے سے اُوپر کو لائے جائیں۔

اُلٹے پاؤں پڑنا (اُر۔ محاورہ) آگے بڑھنے کی بجائے پیچھے ہٹنا۔

اُلٹے پاؤں پھرنا (اُلٹے پیروں پھرنا) (اُر۔ محاورہ) فوراً واپس ہو جانا۔ جلد پلٹ جانا۔

اُلٹے پھر آنا (اُر۔ محاورہ) فوراً واپس آ جانا۔

اُلٹے سر ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ)(۱) خوش ہونے کے بجائے ناراض ہو جانا (۲) مُفت میں پیچھے پڑ جانا۔

اُلٹے سیدھے (اُر۔ صف) حق ناحق۔ جا بے جا۔

اُلٹے کانٹے تولنا (اُر۔ محاورہ) کم تولنا۔ ڈنڈی مارنا۔

اُلٹے گدھے پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) نہایت ذلیل کرنا۔

اُلٹے ہاتھ کا داؤں (کھیل۔ کرتب) (اُر۔ ا۔ مذ) بہت آسان۔ نہایت سہل۔

اَلجَبرا (اَل۔ جَب۔ را)(ع۔ ا۔ مذ) علم جبر و مقابلہ۔ ریاضی کی ایک شاخ کا نام۔

اَلجُوع (اَل۔ جُوع)(ع۔ ا۔ مذ) بھوک کی شدت کے اظہار کے لئے بولتے ہیں۔

اُلجھ (اُ۔ لجھ)(ہ) اُلجھنا مصدر سے امر اور حاصل مصدر۔

اُلجھ پڑنا (اُر۔ مص) بحث کرنے لگنا۔ جھگڑا کرنا۔

اُلجھ جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) گتھی پڑ جانا (۲) مشغول ہو جانا۔

اُلجھ جائے گا سُلجھ جائے گا (اُر۔ مثل) بیاہ ہو جانے پر ٹھیک ہو جائے گا۔

اُلجھا (ہ) اُلجھنا مصدر کا ماضی (۲)(صف) سُلجھا کی ضد۔ پھنسا ہوا۔ پیچ در پیچ پھندا۔

اُلجھانا (اُل۔ جھا۔ نا)(ہ۔ مص) سُلجھانا کی ضد (۱) پھنسانا (۲) اٹکانا (۳) بکھیڑے میں ڈالنا (۴) پیچ در پیچ کرنا۔ پیچیدہ کرنا (۵) کام سے لگانا (۶) لڑوانا۔ گتھوانا (۷) شادی کرانا (۸) فریب میں لانا (۹) باتوں میں لگانا (۱۰) تھوڑی دیر کے لئے کپڑے کو پہننا (۱۱) کسی کام میں روپیہ لگانا (۱۲) بحث کرانا (۱۳) لپیٹنا۔ لپٹانا (۱۴) تصفیہ نہ کرنا (۱۵) اِلتوا میں ڈالنا۔ دیر کرنا (۱۶) عشق میں مبتلا کرنا (۱۷) طول دینا۔

اُلجھاؤ (اُلجھاوا) (اُل۔ جھا۔ او)(اُل۔ جھا۔ وا)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) بکھیڑا۔ دِقت۔ مشکل۔ جنجال (۲) جھگڑا (۳) پھندا۔ گتھی۔ پیچ۔

اُلجھن (اُل۔ جھن)(ہ۔ ا۔ مث) گھبراہٹ۔ کش مکش۔ پیچیدگی۔ بے چینی۔ پریشانی (۲) تشویش۔ خلش۔ جمع: اُلجھنوں۔ اُلجھنیں۔

اُلجھنا (اُ۔ لجھ۔ نا)(ہ۔ مص) سُلجھنا کی ضد (۱) گتھی پڑنا۔ پھنسنا (۲) حجت کرنا (۳) تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا (۴) گرہ در گرہ ہونا (۵) اٹکنا۔ مبتلا یا گرفتار ہونا (۶) بکھیڑے میں پڑنا (۷) کام سے لگنا (۸) التوا ہونا۔ رُکنا (۹) دِقت میں پڑنا (۱۰) اٹک اٹک کر پڑھنا (۱۱) غلطاں و پیچاں ہونا (۱۲) خواہ مخواہ چھیڑ نکالنا۔

اُلجھنا آسان، سُلجھنا مشکل (اُر۔ مقولہ) مُصیبت میں اِنسان آسانی سے پھنس جاتا ہے مگر اس سے نکلنا مشکل ہوتا ہے۔

اُلجھیڑا (اُل۔ جھے۔ ڑا)(ہ۔ ا۔ مذ) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ کش مکش۔ فتنہ و فساد۔ جمع: اُلجھیڑوں۔ اُلجھیڑے۔

اُلجھیڑے میں (پڑنا) پھنسنا (اُر۔ محاورہ) کش مکش میں گرفتار ہونا۔ بلا میں پھنسنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُلیچنا (اُ۔لیچ۔نا)(ق۔مص)(۱) اُلیچنا۔ اُنڈیلنا (۲) خالی کرنا۔

اَلحاج (اَل۔حاج)(ع۔ا۔مذ) حاجی۔

اِلحاح (اِل۔حاح)(ع۔ا۔مذ)(۱) گڑگڑانا۔ منت کرنا (۲) گریہ و زاری۔

اِلحاح و زاری (ع۔ف۔ا۔مث) گریہ و زاری۔ رونا پیٹنا۔

اِلحاد (اِل۔حاد)(ع۔ا۔مذ)(۱) سیدھے راستے سے کترا جانا (۲) دینِ حق سے پھر جانا۔ مُلحِد ہو جانا۔

اَلحاصِل (اَل۔حا۔صِل)(ع۔ تابع فعل) آخر کار۔ قصّہ کوتاہ۔ مختصر یہ کہ۔

اِلحاق (اِل۔حاق)(ع۔ا۔مذ) شامل ہونا یا کرنا۔ ملنا۔ داخل ہونا۔

اَلحال (اَل۔حال)(ع۔ تابع فعل) ابھی۔ اِسی وقت۔ فی الحال۔

اِلحان (اِل۔حان)(ع۔ا۔مذ)(۱) اچھی آواز سے گانا یا پڑھنا (۲) لے۔ سُر۔ (۳) بفتح اوّل: لحن کی جمع۔

اَلحَذَر (اَل۔حَ۔ذَر)(ع۔ کلمۂ پناہ) الامان۔ پناہ بخدا۔ خُدا کی پناہ۔ خبردار۔

اَلحَفِیظ (اَل۔حَ۔فِیظ)(ع۔صف)(۱) حفاظت کرنے والا (۲) (کلمۂ پناہ) الٰہی پناہ۔ خُدا بچائے۔

اَلحَق (اَل۔حق)(ع۔ تابع فعل)(۱) فی الحقیقت۔ واقع میں (۲) بے شک۔ دُرست۔ بجا۔

اَلحُکمُ لِلّٰہ (اَل۔حُک۔مُ۔لِل۔لاہ)(ع۔ فقرہ) اللہ ہی کا حکم ہے۔

اَلحَمد (اَل۔حَمد)(ع۔ا۔مث)(۱) سب تعریفیں (۲) قرآن کی پہلی صورت۔ سورۃ فاتحہ۔

اَلحَمدُلِلّٰہ (ع۔ فقرہ) سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں۔ خُدا کا شکر ہے۔

اَلحَمرا (اَل۔حَم۔را)(ع۔صف)(۱) سُرخ رنگ کا (۲) (ع۔ا۔مذ) غرناطہ (اسپین) میں عرب مسلمانوں کا سُرخ پتھر کا محل۔

اَلخ (اَ۔لَخ)(ع) اِلیٰ آخِرِہٖ کا مخفف۔ آخر تک۔ تمام۔ سب۔ کُل (جب کسی عبارت کا تھوڑا حصّہ لکھ کر باقی کو بخوفِ طوالت نہیں لکھتے تو اَلخ لکھ دیتے ہیں)۔

اَلخالِق (اَل۔خا۔لِق)(ت۔ا۔مث) رُوئی دار قبا جس کا سینہ اور آستینوں کے چاک کھلے ہوتے ہیں۔

اَلخاموشی نیم رِضا (ا۔مثل) چُپ رہنے میں بھی ایک قسم کی رضا مندی پائی جاتی ہے۔

اَلرٹ (Alert) (انگ۔صف) چوکس۔ چوکنا۔ ہوشیار۔

الرجی (Allergy) (انگ۔ا۔مث) حسّاسیت۔ کسی چیز کے کھانے 'پینے' پہننے' اوڑھنے یا کیڑے کے کاٹنے سے جسم میں کسی ردِّعمل کا ظہور پزیر ہونا۔

اَلّو بَلّو (اَل۔لو۔بَل۔لو)(ا۔ا۔مذ) بچوں کی سی حرکتیں۔ بے وقوفی۔

اِلزام (اِل۔زام)(ع۔ا۔مذ) اِتہام۔ تُہمت۔ بُہتان۔ جمع: اِلزامات۔

اِلزام آنا (ا۔محاورہ) قصوروار ٹھہرنا۔ خطاوار ثابت ہونا۔ تہمت لگنا۔

اِلزام اُٹھانا (ا۔محاورہ) اپنے سر پر بدنامی لینا۔ موردِ ملامت بننا۔

اِلزام پانا (ا۔محاورہ) قابلِ ملامت ٹھہرنا۔ بدنام ہونا۔

اِلزام (تھوپنا) دینا (ا۔محاورہ) عیب لگانا۔ قصوروار ٹھہرانا۔ تُہمت دھرنا۔

اِلزام (دھرنا) رکھنا (ا۔محاورہ)(۱) قصوروار ٹھہرانا۔ ہلم لگانا (۲) تُہمت لگانا۔ بُہتان جوڑنا۔

اِلزام کا کام (اِلزام کی بات یا چیز) (ا۔ا۔مذ و مث) ایسی بات جس سے اپنے سر بدنامی آئے۔

اِلزام کے رَدّے رکھنا (ا۔محاورہ) اِلزام پر اِلزام لگانا۔

اِلزام لگانا (ا۔محاورہ) تُہمت دھرنا۔ مُجرم ٹھہرانا۔

اِلزام لگنا (ا۔محاورہ) ملزم قرار دیا جانا۔

اِلزام لینا (ا۔محاورہ) اپنے اُوپر بدنامی لینا۔

اِلزام مِلنا (ا۔محاورہ) خطاوار ٹھہرایا جانا۔

اِلزامات (اِل۔زا۔مات)(ع۔ا۔مذ) اِلزام کی جمع۔

اَلسانا (اَل۔سا۔نا)(ہ۔مص) سُست ہونا۔ سُستی میں پڑنا۔ اُونگھنا۔

اَلَستُ (اَ۔لَستُ)(ع۔ اَحرفِ اِستفہام۔ لستُ۔ واحد متکلّم) کیا نہیں ہوں میں؟ یہ اِشارہ ہے قرآن مجید کی آیہ اَلَستُ بِرَبِّکُم (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟) کی طرف۔ اللہ تعالیٰ نے ارواح کو پیدا کرنے کے بعد اُن سے یہ سوال کیا تھا۔

اَلسَّلامُ عَلَیکُم (اَس۔سَ۔لا۔مُ۔عَ۔لَے۔کُم)(ع۔ کلمۂ دُعا) سلامتی ہو تم پر۔ مسلمانوں کا سلام۔

اَلسِنَہ (اَل۔سِ۔نَہ)(ع۔ا۔مث) لِسان کی جمع۔ زبانیں۔

اَلسی (اَل۔سی)(ہ۔ا۔مث) کتان۔ ایک پودا اور اُس کے بیج کا نام۔ اِس کا تیل جلانے وغیرہ کے کام آتا ہے۔

السی کا جھوڑا نہ گدھا کھائے نہ گھوڑا (ا۔مثل) کسی کام کا نہیں۔ کسی مصرف کا نہیں۔ عمر رسیدہ شخص اپنے متعلق کسرِ نفسی کے طور پر کہتے ہیں۔

اَلسیٹ (اَلسیٹھ) (اَل۔سیٹ۔اَل۔سیٹھ)(بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) دھاندلی۔ فریب۔ دغا بازی۔ بدمعاملگی (۲) اُلجھاؤ۔ رُکاوٹ۔ اڑنگا۔

اَلسیٹیا (ہ۔صف) دھاندلی کرنے والا۔ دغاباز۔ فریبی (۲) جھگڑالو (۳) نادہند۔

اُلش (اُ۔لش)(اُلش)(ت۔ا۔مذ) پس خوردہ۔ جوٹھا کھانا۔ بچا ہوا کھانا۔

اَلشَّاذُ کَالمَعدُوم (ع۔مقولہ) دیکھئے اَلنّادِرُ کالمعدوم۔

اِلصاق (اِل۔صاق)(ع۔ا۔مذ) ملانا۔ چسپاں کرنا۔ چپکانا۔

اَلطاف (اَل۔طاف)(ع۔ا۔مذ) لُطف کی جمع۔ مہربانیاں۔ نوازشیں۔

اَلطاف نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) مہربانی کا خط۔ نوازش نامہ۔

اَلعاقِلُ تَکفِیہِ الاِشارَہ (ع۔مثل) عقل مند کو اِشارہ ہی کافی ہے۔ عقل مندرا اِشارہ کافیست۔

اَلعَبد (اَل۔عَبد)(ع۔ا۔مذ) بندہ۔ فدوی۔ ناچیز (عام طور پر دستاویزوں اور رسیدوں کے نیچے دستخط کرنے سے پہلے لکھتے ہیں۔ جمع: العباد۔

اَلعَطَش (اَل۔عَ۔طَش)(ع۔ا۔مث)(۱) پیاس (۲) (کلمۂ فجائیہ) پیاس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کی شدت کے موقع پر بولتے ہیں۔ بہت پیاس لگی ہے۔
اَلْعَظَمَۃُ لِلّٰہ (ع۔ کلمہ) بزرگی اللہ کے لئے ہے۔ قدرتِ الٰہی کی عظمت پر حیرت ظاہر کرنے یا کسی مہیب اور خوفناک چیز سے پناہ مانگنے کے طور پر کہتے ہیں۔
اَلْغار (اَل۔غار)(ق۔ا۔مث) یلغار۔
اَلْغاروں (اَل۔غا۔روں)(ت۔ تابع فعل) بہت۔ بافراط۔ کثرت سے۔
اَلْغَرَض (اَل۔غَ۔رَض)(ع۔ تابع فعل) حاصلِ مطلب۔ قصہ مختصر۔ الحاصل (۲)(ار۔صف) لاتعلق۔
اَلْغرض ہونا (ار۔ محاورہ) کوئی غرض نہ رکھنا۔ لاتعلق ہونا۔
اَلْغوزَہ (اَل۔غو۔زَہ)(ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی دوہری بانسری۔
اَلْغوزہ مَلغوزہ (ار۔ا۔مذ) پیٹ کی انتڑیاں اور فضلہ وغیرہ۔
اَلْغِیاث (اَل۔غِ۔یاث)(ع۔ کلمہ پناہ) فریاد ہے۔ دہائی ہے۔
اَلْف (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔صف) ہزار۔ دس سو۔ جمع: اُلوف۔ آلاف۔
اَلْف لَیلَہ (ع۔ا۔مث) ہزار راتیں۔ عربی کی ایک مشہور داستان 'اَلْفُ لَیلَۃٍ وَّ لَیلَۃ (ایک ہزار ایک راتیں)۔
اَلِف (اَ۔لِف)(ع۔ا۔مذ) عربی فارسی اور اُردو کے حروفِ تہجی کا پہلا حرف۔
الف آزاد کا (ار۔ا۔مذ) آزاد فقیر جو اپنے ماتھے پر ایک سیدھی لکیر کھینچتے ہیں' اس لکیر کو آزاد کا الف کہتے ہیں۔
الف اللہ (ع۔صف)(۱) بے لاگ (۲) تنہا۔ اکیلا (۳) مفلس۔ غریب۔ محتاج (۴) آزاد فقیروں کا ٹیکا جو وہ ناک کی نوک سے سر کے بالوں تک سیدھا کھینچ دیتے ہیں۔
الف بے (الف بے تے) (ار۔ا۔مث) حروفِ تہجی۔ الف سے ے تک حرف۔
الف بے تے پڑھانا (ار۔ محاورہ)(۱) بچے کو ابتدائی قاعدہ پڑھانا (۲) ناسمجھ اور بے وقوف کو کوئی بات سمجھانا یا سکھانا۔
الف سے بے نہ سننا (ار۔ محاورہ) اپنی نسبت ذرا بھی بُری بات نہ سننا۔
الف سے بے نہ کہنا (ار۔ محاورہ) کسی کو ذرا بھی بُرا نہ کہنا۔ نالائم کلمہ زبان پر نہ لانا۔
الف کھینچنا (ار۔ محاورہ) آزاد فقیر بننا۔ فقیری لینا۔
الف کے نام بے نہ جاننا (ار۔ محاورہ) بالکل اَن پڑھ ہونا۔ جاہل ہونا۔
الفِ مقصُورہ (ع۔ا۔مذ) وہ الف جس پر مد نہ ہو۔
الفِ ممدُودہ (ع۔ا۔مذ) مد والا الف۔ لمبی آواز والا الف۔ وہ الف جسے کھینچ کر پڑھا جائے۔ آ۔
الف ہونا (ار۔ محاورہ)(۱) چراغ پا ہونا۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہونا (۲) مادر زاد برہنہ ہونا۔
ـف (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) دوستی۔ یاری۔
ـفاظ (اَل۔فاظ)(ع۔ا۔مذ) لفظ کی جمع۔
ـت (اَل۔فَت)(ع۔ا۔مث) پیار۔ محبت۔ دوستی۔
ـ جتانا (ار۔ محاورہ) محبت کا اِظہار کرنا۔
ـ کا بندہ (ار۔ا۔مذ) محبت کا غلام۔
ـرنا (ار۔ محاورہ) محبت کرنا۔

اَلْفَتَہ (اَلف۔تَہ)(ار۔صف)(۱) پریشان۔ مفلس۔ قلاش (۲) مفت خورہ (۳) غیر۔ بیگانہ (۴) بدمعاش۔ آوارہ۔ بدچلن۔
اَلْفِراق (اَل۔فِ۔راق)(ع) جدائی کے وقت حسرت و افسوس کا کلمہ۔
اَلْفَربہ خواہ مخواہ مرد آدمی (ار۔مثل) موٹے آدمی کو مذاق سے کہتے ہیں۔
اَلْفَقْرُ فَخْرِی (اَل۔فَق۔رُ۔فَخ۔ری)(ع۔ فقرہ) فقر میرے لئے باعثِ فخر ہے۔ پیغمبرِ اسلام ﷺ کی مشہور حدیث (۲)(مجازاً) فقیری میں خوش رہنا۔
اَلْفَن (اَل۔فَن)(ار۔ا۔مث) ایک قسم کی تُکل۔ بڑی پتنگ۔
اَلْفی (اَل۔فی)(ار۔صف)(۱) قلیدی لکیریں جو کپڑے' برتن یا چھڑی پر لکھی ہوں (۲) پتنگ جس کے ٹھڈے پر دُوسرے رنگ کے کاغذ کی پٹی لگی ہو (۳) بغیر آستین کا کرتہ۔ کفنی۔ فقیرانہ لباس۔
اَلْفی قاب (ار۔ا۔مث) وہ قاب جس پر چھوٹے چھوٹے سیدھے خط پڑے ہوتے ہیں۔
اَلْفی کنکوّا (ار۔ا۔مذ) وہ کنکوا جس میں اُوپر سے نیچے تک دُوسرے رنگ کے کاغذ کی چوڑی پٹی لگی ہو۔
اِلْقا (اِل۔قا)(ع۔ا۔مذ) غیب سے دل میں ڈالنا۔ وہ بات جو خُدا دل میں ڈال دے۔ اِلہام۔
اِلقا ہونا (ار۔ محاورہ) غیب سے دل میں کوئی بات آنا۔
اَلْقاب (اَل۔قاب)(ع۔ا۔مذ) لقب کی جمع۔ وہ خطاب جو مکتوب الیہ کے لئے خط میں لکھے جاتے ہیں۔
اَلْقِصَّہ (اَل۔قِص۔صَہ)(ع۔ تابع فعل) اَلحاصل۔ حاصلِ کلام۔ مطلب۔ قصہ مختصر۔ غرض کہ۔ خُلاصہ۔ یعنی۔
اَلَقط (اَل۔قط)(ع۔صف)(۱) الگ۔ بے کار۔ غلط۔ بے موقع (۲)(ا۔مذ) کاٹ دینا۔ الگ کر دینا۔ موقوف کر دینا۔
اَلقط کرنا (ار۔ محاورہ) ترکِ تعلق کرنا۔ نکال دینا۔ الگ کر دینا۔
اَلْقَلی (اَل۔قَ۔لی)(ع۔ا۔مذ) اَلکلی کا مُعرّب۔ ایک قسم کی کھار۔
اَلْکُحَل (اَل۔کُ۔حَل)(ع۔ا۔مث) شراب۔ اِسپرٹ۔
اَلْکَرِیْمُ اِذَا وَعَدَ وَفٰی (ع۔ فقرہ) شریف آدمی جب وعدہ کرتا ہے تو اُسے پورا کرتا ہے۔
اَلْکسانا (اَل۔کَ۔سا۔نا)(ہ۔مص) کاہلی آنا۔ تھکن یا سُستی محسوس کرنا۔ نیند آنا۔ اُونگھ آنا۔
اَلْکسی (اَلکس) (ہ۔ا۔مث) کاہلی۔ سُستی۔ نیز دیکھئے آلکس۔
الکسی آنا (ار۔ محاورہ) سُستی محسوس کرنا۔ کاہلی کے سبب کسی کام کو جی نہ چاہنا۔
اَلْکَن (اَل۔کَن)(ع۔صف) ہکلا۔
اَلَکھ (اَ۔لکھ)(ہ۔صف)(۱) جو دیکھنے میں نہ آئے۔ بے پتا اور بے نشان۔ پوشیدہ۔ غائب۔ مُراد خُدا تعالیٰ (۲) جوگیوں کا سلام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

الکھ پُرش کی مایا کہیں دُھوپ کہیں چھایا (ہ۔مثل) خُدا کی قدرت ہے کہ کسی کو امیر کیا کسی کو غریب۔ کہیں شادی ہے کہیں غمی۔

الکھ جاگے (ہ۔حرفِ ندا) جوگیوں کے مانگنے کی صدا۔

الکھ جگانا (ہ۔محاورہ) خُدا کا نام لینا۔ خُدا کے نام کی مُنادی کرنا۔ مُناجات کرنا (۲) خُدا کا نام لے کر مانگنا۔

الکھ دھاری (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کے ہندو فقیر جو خُدا کے سوا کسی کو نہیں مانتے۔

اَلکیمیا (اَل۔کیم۔یا) (ع۔ا۔مث) کیمیا یا کیمسٹری کا پُرانا نام۔

اَلگ (اَ۔لگ) (ہ۔صف) (۱) جُدا۔ علیحدہ (۲) پرے۔ دُور (۳) بے سہارا۔ مُعلق (۴) تنہا۔ اکیلا (۵) مستثنٰی۔ خارج (۶) آزاد۔ بے تعلق (۷) اچھوتا۔ غیر مستعمل (۸) محفوظ۔ بچا ہوا (۹) صاف۔ بے لاگ (۱۰) (کلمۂ نفرت) پرے ہٹ۔ پرے سرک۔ چل۔ رستہ لے۔

الگ الگ (اَر۔تابع فعل) جُدا جُدا۔ دُور دُور۔ پراگندہ۔ تتر بتر۔

الگ الگ پھرنا (اَر۔محاورہ) دُور دُور رہنا۔

الگ الگ رہنا (اَر۔محاورہ) دُور دُور رہنا۔ خفا رہنا۔ کھچے کھچے رہنا۔

الگ تھلگ (اَر۔متعلق فعل) (۱) کنارہ کش۔ جُدا۔ علیحدہ۔ تنہا (۲) محفوظ۔ اچھوتا۔

الگ رہنا (اَر۔محاورہ) جُدا رہنا۔ بے تعلق رہنا۔

الگ کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) جُدا کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) اُتارنا۔ تراشنا۔ کاٹنا (۳) کھولنا۔ سُلجھانا (۴) موقوف کرنا (۵) چھٹنا۔ اِنتخاب کرنا (۶) نکالنا۔ باہر کرنا۔ خارج کرنا (۷) فروخت کرنا (۸) نمٹانا۔ ختم کرنا (۹) توڑنا۔ جگہ سے بے جگہ کرنا (۱۰) چُھپانا۔ غائب کرنا (۱۱) چُرا لینا (۱۲) غبن کرنا (۱۳) ہٹانا۔ سرکانا (۱۴) ترک کرنا (۱۵) موقوف کرنا۔ چُھڑوانا۔

الگ کھسکنا (اَر۔محاورہ) علیحدہ ہٹ جانا۔ دُور رہنا۔

الگ ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) جُدا ہونا (۲) ٹوٹنا (۳) موقوف ہونا (۴) ہٹنا۔ سرکنا۔

الگ ہی الگ (اَر۔تابع فعل) جُدا جُدا۔ دُور دُور۔ اکیلے اکیلے۔ اُوپر ہی اُوپر۔

اَلگنی (اَل۔گ۔نی) (ہ۔ا۔مث) کپڑے لٹکانے کی ڈوری یا رسّی۔

الگنی پر ڈالنا (اَر۔محاورہ) سکھانے یا ہوا دینے کے لئے ڈوری پر ڈالنا۔

الگنی پر ڈالنے کے قابل ہونا (اَر۔محاورہ) بہت لاغر ہونا۔

اَلَل (اَ۔لل) (ہ۔صف) الھڑ۔ ناتجربہ کار۔ کم سِن۔ بے پروا۔

اَلَل بچھیرا (اَر۔ا۔مذ) صحیح اُلہل بچھیرا۔ گھوڑے کا نوخیز بچّہ جس پر ابھی سواری نہ کی گئی ہو (۲) ناتجربہ کار۔ بے پروا جوان۔

اَلَل ٹپ۔ اَلَل ٹپّو (اَر۔صف) خیالی۔ اٹکل پچّو۔

اَلَل تھپ (اَر۔صف) متزلزل۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنے والا۔ بے پروا۔ غیر مستقل مزاج۔

اَللہ (اَل۔لاہ) (ع۔ا۔مذ) ذاتِ واجبُ الوجود۔ خُدا کا اِسم ذات (۲) (کلمۂ حیرت وخوشی) اے خُدا۔ الٰہی (۳) واہ۔ آہ۔ آہا۔

اللہ آمین سے پالنا (اَر۔محاورہ) دُعائیں مانگ مانگ کر پرورش کرنا۔ کمال محبت اور شفقت سے پالنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔

اللہ آمین کا (اَر۔صف) دُعاؤں اور اِلتجاؤں کا پروردہ۔ نازوں کا پالا ہوا۔

اللہ آمین کرنا (اَر۔محاورہ) غور و پرداخت کرنا۔ خیر و خوبی کی دُعا مانگنا۔

اللہُ اکبر (ع۔فقرہ) خُدا سب سے بڑا ہے۔ تکبیر جو نماز میں، جنگ میں اور جانور کو ذبح کرتے وقت کہی جاتی ہے (۲) تعجب، عظمت، شکوہ، شکایت، کمال مُبالغے اور فخر و مباہات کے موقع پر بھی اِستعمال کرتے ہیں۔

اللہ اللہ (ع۔کلمۂ تعجب و تحسین) واہ وا۔ آفریں (۲) شکوے شکایت کے موقع پر بھی اِستعمال کرتے ہیں (۳) بعض فقرا کا سلام۔

اللہ اللہ خیر سلّا (اَر۔محاورہ) فراغت ہوئی۔ فرصت ملی۔ اس کے آگے کچھ نہیں۔ اور کچھ نہیں۔

اللہ اللہ کر کے (اَر۔متعلق فعل) خُدا خُدا کر کے۔ بڑی مشکل سے۔

اللہ اللہ کرنا (اَر۔محاورہ) خُدا کا نام لینا۔ تسبیح پڑھنا (۲) صبر و توکّل کرنا۔

اللہ اللہ کرو (اَر۔محاورہ) (۱) خُدا کا نام لو (۲) جھوٹ نہ بولو۔

اللہ بچائے (اَر۔کلمۂ پناہ) خُدا محفوظ رکھے۔

اللہ بخشے (اَر۔کلمۂ مغفرت) خُدا مغفرت کرے۔

اللہ بس باقی ہوس (اَر۔مقولہ) اللہ کے سوا سب ہیچ ہے۔

اللہ بسم اللہ کرنا (اَر۔محاورہ) کمال غور و پرداخت کرنا۔ منتیں ماننا۔

اللہ بھلا کرے (اَر۔کلمۂ دُعا) (۱) فقیروں کی صدا (۲) کسی کے سلوک اور نیکی پر دُعائیہ کلمہ۔

اللہ بیلی (اَر۔کلمۂ دُعا) اللہ نگہبان۔ خُدا حافظ۔

اللہ پیر (مننا) ماننا (اَر۔محاورہ) منتیں ماننا۔ نذر و نیاز ماننا۔

اللہ توکّلی (اَر۔متعلق فعل) خُدا پر بھروسا (۲) اِتفاق سے۔ اِتفاقاً۔

اللہ توکّلی کارخانہ ہے (اَر۔محاورہ) توکّل پر بسر اوقات ہے۔ کسی کی امداد نہیں ہے۔ بے پروائی ہے۔

اللہ جانتا ہے (اَر۔محاورہ) خُدا واقف ہے۔ خُدا کو علم ہے۔

اللہ جانے (اَر۔محاورہ) خُدا کو علم ہے۔ کسی امر سے واقف نہ ہونے یا بات کے سمجھ میں نہ آنے پر کہتے ہیں۔

اللہ جھوٹ نہ بُلوائے (اَر۔محاورہ) جب کسی بات کے متعلق یقینی طور پر نہ کہا جا سکے تو اُس وقت بولتے ہیں۔

اللہ حافظ (ع۔کلمۂ دُعا) خُدا نگہبان۔ اللہ بیلی۔ خُدا حافظ۔

اللہ خیر کرے (اَر۔کلمۂ دُعا) خطرے اور اندیشے کے مقام پر بولتے ہیں۔

اللہ دے اور بندہ لے (اَر۔محاورہ) کسی بات کی کثرت یا کسی کے بے اِنتہا غصّے ہونے پر کہتے ہیں۔

اللہ رکھے (اَر۔کلمۂ دُعا) خُدا سلامت رکھے۔ دُکھ درد سے محفوظ رکھے۔ زندہ رکھے۔ قائم رکھے۔

اللہ رکھے تو کون چکھے (اَر۔مثل) دیکھئے جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے۔

اللہ رے (اَر۔کلمۂ تعجب) کسی چیز کی زیادتی یا خوبی کے موقع پر بولتے ہیں۔ واہ وا۔

اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی (اَر۔محاورہ) اُف تیری بے حیائی۔ تیری ڈھٹائی کی حد نہیں۔

اللہ رے مَیں (اَر۔محاورہ) واہ رے میں۔ میرا کیا کہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اللہ سلامت رکھے (اَ۔ کلمہء دُعا) خُدا زندہ رکھے۔ خُدا تن دُرست رکھے۔

اللہ سے ڈرو (اللہ کو مانو) (اَ۔ محاورہ) جھوٹ نہ بولو۔ ناانصافی نہ کرو۔ خُدا کا خوف کرو۔

اللہ سے کام پڑا ہے (اَ۔ محاورہ) جان کے لالے پڑے ہیں۔ سخت مُصیبت اور آفت میں گرفتار ہے۔

اللہ سے لَو لگی ہے (اَ۔ محاورہ) خُدا کی طرف دھیان ہے۔ اللہ سے اُمید ہے۔

اللہ شاہد ہے (اَ۔ قسم) خُدا گواہ ہے۔ قسم کی جگہ کہتے ہیں۔

اللہ غنی (ع۔ فجائیہ کلمہ) کسی صدمے یا تکلیف کے وقت یا تعجب و حیرت کے موقع پر بولتے ہیں۔

اللہ غنی تو کاہے کی کمی (اَ۔ مقولہ) خُدا کے پاس سب کچھ ہے۔ اگر وہ چاہے تو ایک دم میں امیر کر دے۔

اللہ کا اَلِف (اَ۔ اِ۔ مذ) وہ الف جو آزاد فقیر ماتھے پر کھینچتے ہیں۔

اللہ کا بندہ (اَ۔ اِ۔ مذ) خُدا کا غلام (۲) اللہ کی بندگی کرنے والا (۳) آدمی۔ اِنسان (۴) (طنزاً) بیوقوف۔ سیدھا سادہ آدمی۔

اللہ کا پیارا (اَ۔ صف) (۱) خُدا کا محبوب (۲) بُزرگ۔

اللہ کا دیا سر پر (اَ۔ مثل) کوئی بات یا معاملہ قابو سے باہر ہو جائے اور اُسے گوارا کرنا پڑے تو کہتے ہیں کہ اللہ کی طرف سے جو کچھ آئے اُسے گوارا کرنا ہی پڑتا ہے۔

اللہ کا دیا نُور کبھی نہ ہووے دُور (اَ۔ مثل) اللہ کی دی ہوئی چیز کو زوال نہیں (۲) خضاب لگاتے ہوئے اگر کچھ بال سفید رہ جائیں تو مزاحاً کہا جاتا ہے۔

اللہ کا کلام (اَ۔ اِ۔ مذ) قرآن شریف۔

اللہ کا گھر (اَ۔ اِ۔ مذ) (۱) خانہ کعبہ (۲) مسجد (۳) دل۔

اللہ کا گھر بڑا ہے (اَ۔ محاورہ) خُدا کے گھر میں کمی نہیں ہے۔ وہ بڑا کارساز اور بندہ نواز ہے۔

اللہ کا محبوب (اَ۔ اِ۔ مذ) (۱) خُدا کا پیارا (۲) حضرت رسُولِ مقبول ﷺ۔

اللہ کا نام سچا (اَ۔ محاورہ) خُدا کے نام کے سوا سب جھوٹا کارخانہ ہے۔ فقیروں کی صدا۔

اللہ کا نام لو (اَ۔ محاورہ) خُدا کو یاد کرو۔ خُدا خُدا کرو (۲) توبہ کرو۔ جھوٹ نہ بولو (۳) اب صبر کرو۔

اللہ کا نام محمد ﷺ کا کلمہ (اَ۔ محاورہ) (۱) کچھ بھی موجود نہیں ہے (۲) بالکل محتاجی و ناداری ہے۔

اللہ کا نام ہے (اَ۔ محاورہ) کچھ پاس نہیں ہے۔ کچھ موجود نہیں ہے۔

اللہ کا نُور (اَ۔ اِ۔ مذ) (۱) خُدا کی تجلّی (۲) وہ شخص جس کے چہرے پر عبادت کرنے سے نُور آ جائے (۳) ڈاڑھی۔

اللہ کرے (اَ۔ کلمہء تمنّا) کاش کہ۔ کاش خُدا ایسا ہی کرے۔

اللہ کو پیارا ہونا (اَ۔ محاورہ) مر جانا۔

اللہ کو دیکھنا (اَ۔ محاورہ) کمالِ یاس میں خُدا پر ہی نظر ہونا۔ بے بسی میں ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔

اللہ کو سونپنا (اَ۔ محاورہ) (۱) خُدا کے سپرد کرنا (۲) رُخصت کے وقت خُدا حافظ کہنا۔

اللہ کو مانو (اَ۔ محاورہ) خُدا کا خوف کرو۔ باز آ جاؤ۔

اللہ کو مُنہ دکھانا ہے (اَ۔ محاورہ) (۱) خُدا کے سامنے جانا ہے (۲) کسی کو بداعمالیوں سے منع کرتے وقت کہتے ہیں کہ باز آ جاؤ۔ ایک دن خُدا کے سامنے پیش ہونا ہے۔

اللہ کو یاد کرو (اَ۔ محاورہ) صبر کرو۔ گھبراؤ نہیں۔ خُدا پر نظر رکھو۔

اللہ کی امان (اَ۔ کلمہء دُعا) خُدا بچائے۔ خُدا اپنی حفاظت میں رکھے۔

اللہ کی امان پیر پیغمبر کا سایہ (اَ۔ کلمہء دُعا) خُدا اپنی حفاظت میں رکھے۔ پیر اور پیغمبر کا کرم شاملِ حال رہے۔ سفر کے وقت کی دُعا۔

اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے (اَ۔ مقولہ) خُدا کے بھید وہی بہتر جانتا ہے۔

اللہ کی پناہ (اَ۔ کلمہ پناہ) خُدا کی امان۔ خُدا محفوظ رکھے۔

اللہ کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری (اَ۔ مقولہ) علانیہ ڈھٹائی اور بے حیائی سے کوئی بیہودہ فعل کرنے کے وقت کہتے ہیں۔

اللہ کی سنوار (اَ۔ اِعتراض یا ڈانٹ ڈپٹ کا کلمہ) مہذّب بددُعا۔ خُدا کی پھٹکار۔

اللہ کی شان (اَ۔ کلمہء حیرت و اِستعجاب) خلافِ توقع اور خلافِ اُمید کام ہونے پر کہتے ہیں۔

اللہ کی قدرت ہے (اللہ کی قُدرت کا تماشا نظر آتا ہے) (اَ۔ کلمہء تعجب) اللہ کی قدرت کا تماشا نظر آتا ہے۔ کسی عجیب بات پر اظہارِ تعجب کے لئے یا حُسن و کمال کی تعریف کے لئے یا کسی خلافِ توقع کام پر اظہارِ حیرت کے طور پر کہتے ہیں۔

اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں (اَ۔ مثل) خُدا اِس طرح ظلم کی سزا دیتا ہے کہ جس کا سان گمان بھی نہیں ہوتا۔

اللہ کے بڑے بڑے ہاتھ ہیں (اَ۔ مثل) اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت وسیع ہے۔ اُس سے مایوس نہ ہونا چاہئے۔ کسی کے ظلم اور زیادتی پر کہتے ہیں۔

اللہ کے گھر سے پھرنا (اَ۔ محاورہ) سخت مرض سے صحت پانا۔ مر مر کے بچنا۔

اللہ کے گھر میں کیا کمی ہے (اَ۔ محاورہ) خُدا کے گھر کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔

اللہ کے لوگ (اللہ لوگ) (اَ۔ اِ۔ مذ) وہ شخص جو دُنیا و مافیہا سے بے خبر ہو۔ بھولا بھالا۔ فرشتہ سیرت۔ سیدھا سادہ۔ سادہ لوح۔

اللہ کے مست (اَ۔ اِ۔ مذ) مجذوب۔ پہنچے ہوئے لوگ۔

اللہ کے نام پر (اَ۔ تابع فعل) خُدا کی راہ میں۔ فی سبیل اللہ۔ خُدا کے لئے۔

اللہ لاٹھی لے کے تھوڑا ہی مارتا ہے (اَ۔ مقولہ) خُدا گُناہ کی سزا اس طرح دیتا ہے جس کا وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

اللہ لگتی (اَ۔ اِ۔ مث) صحیح بات۔ حق کی بات۔ انصاف کی بات۔

اللہ مارا (اَ۔ صف) خُدائی خوار۔ بدبخت۔ مُصیبت زدہ۔ راندۂ درگاہ۔

اللہ مِلائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی (اَ۔ مثل) دونوں ایک جیسے ہیں۔ ہر ایک میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہے۔

اللہ میاں (اَ۔ اِ۔ مذ) خُدا۔ اللہ تعالیٰ۔

اللہ میاں بھرتے کو بھرتے ہیں (اَ۔ مقولہ) اُس موقع پر کہتے ہیں جب ضرورت والا محروم رہے اور جسے ضرورت نہ ہو اُسے مل جائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اللہ میاں کا رحم (اِ۔ر۔اِ۔مذ) عورتیں رت جگے میں گلگلوں کے علاوہ چاولوں کے آٹے میں کھانڈ ملا کر پیڑے بناتی ہیں جسے اللہ میاں کا رحم کہتے ہیں۔

اللہ میاں کا طاق بھرنا (اِ۔ر۔ محاورہ) مسجد کے طاق میں گلگلے اور رحم رکھنا۔

اللہ میاں کی بھینس (اِ۔ر۔اِ۔مث) (۱) سیاہ رنگ کا ایک کیڑا جو بہت سخت جان ہوتا ہے (۲) سیاہ فام موٹا آدمی۔

اللہ میاں کی گائے (اِ۔ر۔اِ۔مث) نہایت بھولا بھالا اور سیدھا آدمی۔ بڑا نیک آدمی۔

اللہ نگہبان (ع۔ف۔ کلمۂ دُعا) خُدا حافظ۔

اللہ نہ دکھائے (اِ۔ر۔ کلمۂ دُعا) خُدا کرے ایسا نہ ہو۔

اللہ نے یہ دن دکھایا (اِ۔ر۔ محاورہ) خوشی کے موقع پر کہتے ہیں۔

اللہ والا (اِ۔ر۔اِ۔مذ) (۱) درویش۔ بُزرگ۔ ولی (۲) فقیر۔

اللہ ہی اللہ ہے (اِ۔ر۔ کلمۂ تعریف) (۱) خُدا کی ذات کے سوا سب ہیچ ہے (۲) مسلمان فقیروں کی صدا۔

اللہ یار ہے تو بیڑا پار ہے (اِ۔ر۔ محاورہ) خُدا مددگار ہے تو کل مشکلیں آسان ہیں۔

اِللّے تللّے (اِ۔لل۔لے۔تِ۔لل۔لے) (ہ۔اِ۔مذ) بے جا خرچ۔ فضول خرچی۔ عیش و عشرت۔

اِللّے تللّے کرنا (اِ۔ر۔ محاورہ) خوب مزے اُڑانا۔ فضول خرچی کرنا۔ روپیہ برباد کرنا۔

اِللّے تللّے ہونا (اِ۔ر۔ محاورہ) بے دریغ صرف کرنا۔ عیش و عشرت میں گزارنا۔

اَلَم (اَ۔لَم) (ع۔اِ۔مذ) رنج۔ غم۔ دُکھ۔ جمع: آلام۔

اَلَم اُٹھانا (اِ۔ر۔ محاورہ) رنج برداشت کرنا۔ غم کھانا۔

اَلَم انگیز (ع۔ف۔ صف) دُکھ دینے والا۔

اَلَم پہنچانا (اِ۔ر۔ محاورہ) رنج پہنچانا۔ دُکھ پہنچانا۔

اَلَم ناک (ف۔صف) دیکھیے الم انگیز۔

اَلماری (اَل۔ما۔ری) (پُر۔اِ۔مث) وہ لمبا دراز دار صندوق جس میں کتابیں، برتن یا کپڑے رکھتے ہیں۔ دیوار میں پٹ دار تختے۔ اُ جمع: الماریاں۔ الماریوں۔

اَلماس (اَل۔ماس) (ف۔اِ۔مذ) ہیرا۔ ایک نہایت قیمتی جواہر جو نہایت چمکیلا ہوتا ہے اور جس میں مختلف رنگوں کی دھاریاں ہوتی ہیں۔

اَلماغونچی (اَل۔ما۔غون۔چی) (اِ۔ر۔اِ۔مذ) (۱) وہ شخص جس کے نسب کا پتا نہ ہو (۲) خراب اور بیکار چیز۔

اَلمانی (اَل۔ما۔نی) (ع۔صف) المانیہ (جرمنی) سے منسوب (۲) جرمن باشندہ۔

اَلمبا (اَ۔لَم۔با) (ہ۔اِ۔مذ) بُگشی۔

اَلمختصر (اَل۔مُخ۔تَ۔صَر) (ع) الحاصل۔ القصہ۔ مختصر یہ کہ۔

اَلمدد (اَل۔مَ۔دَد) (ع۔ کلمۂ ندا) مدد کر۔ سہارا دے۔ آسرا دے۔

اَلمرءُ یقیسُ علیٰ نفسہٖ (ع۔ مقولہ) ہر شخص دُوسرے کو اپنے پر قیاس کرتا ہے۔

اَلمست (اَل۔مَست) (اِ۔ر۔ صف) مدہوش۔ بدمست۔ سرشار۔

اَلمضاعف (اَل۔مُ۔ضا۔عَف) (ع۔صف) دُوگنا۔ دوچند۔

اَلمعنیٰ فی بطن الشّاعر (ع۔ مثل) معنی شاعر کے پیٹ میں۔ نہایت دقیق اور بے معنی شعر پر طنزاً کہتے ہیں۔

اَلَم غَلَم (اَل۔لَم۔غَل۔لَم) (اِ۔ر۔اِ۔مذ) (۱) نکمی اور بیکار چیزیں (۲) لغو اور بے ہودہ بات۔ بے تکی بات۔ انٹ سنٹ۔ اناپ شناپ۔

اَلَم غَلَم بکنا (اِ۔ر۔ محاورہ) بکواس کرنا۔ فضول باتیں کرنا۔

اَلَم غَلَم کھانا (اِ۔ر۔ محاورہ) کھانے میں بے احتیاطی کرنا۔

اَلمکتوبُ نصفُ المُلاقات (ع۔ مثل) خط آدھی ملاقات کے برابر ہوتا ہے۔

اَلمُلکُ لِلّٰہ (ع۔ فقرہ) ہر مُلک اللہ ہی کا ہے۔

اَلَم نَشرَح (اَ۔لَم۔نَش۔رَح) (ع۔اِ۔مذ) لغوی معنی: کیا ہم نے نہیں کھولا؟ (۲) قرآن شریف کی ایک سورۃ (۳) (صف) آشکارا۔ واضح۔ ظاہر۔

الم نشرح ہونا (اِ۔ر۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ مشہور ہونا۔ واضح ہونا۔

اَلمِنّۃُ لِلّٰہ (اَل۔مِن۔نَ۔تُ۔لِل۔لا) (ع۔ کلمۂ تشکّر) [illegible] کے واسطے ہے۔ خدا کا شکر ہے۔

اَلموت (اَل۔موت) (ع۔اِ۔مذ) عُقابوں کا نشیمن۔ قزوین اور گیلان کے ایک مشہور قلعے کا نام جو حسن بن صباح کا مرکز تھا۔

اَلمیّہ (اَ۔لَ۔مِی۔یَہ) (ع۔اِ۔مذ) (۱) دردناک واقعہ۔ سانحہ ہائلہ (۲) ایسی نظم نثر یا ڈراما جس کا انجام ہولناک ہو۔ ٹریجڈی (Tragedy)۔

اَلّن (اَل۔لَن) (ہ۔صف) بے وقوف عورت۔

اَلنّادرُ کالمعدوم (اَن۔نا۔دِ۔رُ۔کل۔مَع۔دُوم) (ع۔ مقولہ) بہت کم دستیاب ہونے والی چیز نہ ہونے کے برابر ہے۔

اُلنڈنا (اُ۔لنڈ۔نا) (ہ۔مص) اُنڈیلنا۔ اُلٹانا۔

اَلنگ (اَ۔لَنگ) (ہ۔اِ۔مث) (۱) طرف۔ جانب۔ سمت۔ پہلو (۲) دیوار۔ فصیل (ق)۔

الانگ جانا (النگنا) (ہ۔مص) دیوار پھاندنا۔ پھلانگ جانا۔

اُلّو (اُل۔لو) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) چیل کی قسم کا ایک شکاری پرندہ جو ویرانوں اور کھنڈروں میں رہتا ہے (۲) (اِ۔ر۔صف) بے وقوف۔ احمق۔ جمع: اُلّو۔ اُلّوؤں۔

اُلّو بنانا (اِ۔ر۔ محاورہ) احمق بنانا۔

اُلّو بننا (اِ۔ر۔ محاورہ) احمق بننا (۲) نشے میں مدہوش ہونا۔

اُلّو بولنا (اِ۔ر۔ محاورہ) ویرانہ ہونا۔ آبادی نہ رہنا۔ اُجڑنا۔

اُلّو پھنسنا (اِ۔ر۔ محاورہ) کسی بے وقوف کا قابو میں آنا۔

اُلّو کا پٹھا (اِ۔ر۔اِ۔مذ) اُلّو کا شاگرد۔ نہایت بے وقوف شخص۔ احمق آدمی۔

اُلّو کا گوشت کھلانا (اِ۔ر۔ محاورہ) احمق بنانا۔

اُلّو کی خاصیت رکھنا (اِ۔ر۔ محاورہ) منحوس ہونا۔ بہت زیادہ تنہائی پسند ہونا۔

اُلّو کی دُم فاختہ (اِ۔ر۔صف) نہایت بے وقوف آدمی۔

اُلّو ماں کا خبطی بیٹا (اِ۔ر۔ مثل) بے وقوف ماں کا احمق بچہ۔ احمق پن موروثی ہوتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُلّو ہونا (اُر۔ محاورہ) بے وقوف ہونا (۲) نشے میں چُور ہونا (۳) تنگ ہونا۔

اُلّو ہے (اُر۔ محاورہ) بے وقوف ہے۔

اَلواح (اَل۔ واح)(ع۔ ا۔ مذ) لوح کی جمع۔ پتھر کی تختیاں۔

اَلواط (اَل۔ واط)(ع۔ ا۔ مذ) لوطی کی جمع۔

اَلوان (اَل۔ وان)(ع۔ ا۔ مذ) لون کی جمع (۲) رنگین پشمینہ۔ اُونی چادر۔

اُلوپ (اُ۔ لوپ)(ہ۔ صف) غائب۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

اُلوپ انجن (ہ۔ ا۔ مذ) افسانوی سُرمہ جس کے لگانے سے آدمی خود تو سب کو دیکھے مگر اُسے کوئی نہ دیکھ سکے۔

اَلوِداع (اَل۔ وِ۔ داع)(ع۔ ا۔ مث) رُخصت۔ بدا۔ سلامِ رُخصت۔

اَلومینیَم (Aluminium) (انگ۔ ا۔ مث) سفید رنگ کی ایک ہلکی دھات۔ سلور۔

اَلونا (اَ۔ لو۔ نا)(ہ۔ صف) بے نمک۔ پھیکا۔ بے مزہ۔ (اَ حرفِ نفی)۔

اُلوہیّت (اُ۔ لو۔ ہی۔ یت)(ع۔ ا۔ مث) خُدائی۔ خُداوندی۔ شانِ خُداوندی۔ ربانیت۔ معبودیت۔

اِلٰہ (اِ۔ لاہ)(ع۔ ا۔ مذ) معبود۔ جس کی پوجا کی جائے۔

اِلٰہُ العالمین (ع۔ ا۔ مذ) تمام جہانوں کا معبود۔ خُدا تعالیٰ۔

اِلٰہا (اِ۔ لا۔ ہا)(ع۔ کلمہ ندا) اے خُدا۔ یا اللہ۔

اِلہام (اِل۔ ہام)(ع۔ ا۔ مذ) خُدا کی طرف سے برگزیدہ بندوں کے دل میں آئی ہوئی بات۔ القا۔ جمع: اِلہامات۔

اِلہامی (اِل۔ ہا۔ می)(ع۔ صف) اِلہام سے متعلق۔

اِلہامی کُتُب (ع۔ ا۔ مث) وہ مقدس کتابیں جو خُدا نے بنی نوعِ اِنسان کی ہدایت کے لئے وقتاً فوقتاً انبیائے کرام پر نازل فرمائیں۔ یہ چار ہیں: تورات حضرت موسیٰؑ پر' زبور حضرت داؤدؑ پر' انجیل حضرت عیسیٰؑ پر اور قرآن حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر نازل ہوا۔

اَلھڑ (اَل۔ ھڑ)(ہ۔ صف)(۱) من موجی۔ بے پروا۔ نادان (۲) چھوٹی عُمر کا۔ کمسن (۳) وہ بچھڑا جس کے دانت نہ نکلے ہوں۔

اَلھڑ (پَن) پنا (اُر۔ ا۔ مذ) کمسنی۔ نادانی۔ بھولپن۔

اُلَہنا (اُ۔ لہ۔ نا)(ہ۔ ا۔ مذ) اِلزام۔ جھگڑا۔ تُہمت۔ بُہتان۔ شکایت۔

اِلٰہی (اِ۔ لا۔ ہی)(ع۔ کلمہ ندا) اے میرے اللہ (یائے متکلم)۔

اِلٰہی پناہ (ع۔ ف۔ کلمہ پناہ) یا اللہ خیر۔ یا اللہ بچانا۔

اِلٰہی توبہ (اُر۔ محاورہ) آیندہ گُناہ نہ کرنے کا اللہ سے وعدہ کرنا۔ کسی کے بے تحاشا جھوٹ بولنے یا عاجز آجانے کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے۔

اِلٰہی خرچ (اُر۔ ا۔ مذ) بے ترتیب خرچ۔ شاہی خرچ۔ اسراف۔ فضول خرچی۔

اِلٰہی خیر (ع۔ کلمہ دُعا) اے اللہ خیر کرنا۔ اللہ بہتر کرے۔

اِلٰہی گز (اُر۔ ا۔ مذ) اکبر بادشاہ کا چلایا ہوا گز جو ۳۳ ۳/۴ انچ کا ہوتا تھا اور عمارت ناپنے میں اب تک کام آتا ہے۔

اِلٰہی مذہب (اُر۔ ا۔ مذ) اکبر بادشاہ کا رائج کردہ دینِ اِلٰہی۔

اِلٰہی مُہر (اُر۔ ا۔ مث)(۱) مُہرِ شاہی (۲) وہ قرض جو لازماً ادا کرنا پڑے۔ ضروری قرضہ۔

اِلٰہیات (اِ۔ لا۔ ہی۔ یات)(ع۔ ا۔ مذ) علمِ اِلٰہی۔ فلسفہ حکمت۔ وہ علم جس میں خُدا کے وجُود اور ذات وصفات سے بحث کی جاتی ہے۔

اِلیٰ (اِ۔ لا)(ع۔ حرفِ جار) تک۔ طرف۔

اِلیٰ الآن (اِ۔ لل۔ آن)(ع۔ متعلق فعل) ابھی تک۔ اِس وقت تک۔

اِلیہ (اِ۔ لیہ)(ع۔ متعلق فعل) اُس تک۔ اُس کی طرف۔

اَلیّے (اَل۔ لے)(ق۔ ا۔ مذ) ایک راگ کا نام۔

اِلیاسؑ (اِل۔ یاس)(ع۔ ا۔ مذ) ایک پیغمبر کا نام جو لوگوں کے عقیدے کے مطابق قیامت تک زندہ رہیں گے اور حضرت خضرؑ کے برعکس خشکی پر بھولے بھٹکوں کی رہنمائی کرتے رہیں گے۔ زمانہ نویں صدی قبل مسیح۔

اُلیچنا (اُ۔ لیچ۔ نا)(ہ۔ مص) ہاتھ یا برتن سے پانی اُچھال کر دُوسری طرف ڈالنا۔

اَلیسعؑ (ع۔ ا۔ مذ) ایک پیغمبر۔ آپ حضرت الیاسؑ کے چچازاد بھائی اور نائب وجانشین تھے۔

الیکٹرانک (Electronic) (انگ۔ صف) برقیے سے متعلق۔

الیکٹرانک میڈیا (انگ۔ ا۔ مذ) برقی ذرائع ابلاغ۔ ریڈیو۔ ٹی وی۔ انٹرنیٹ وغیرہ۔

الیکٹرک (Electric) (انگ۔ صف) بجلی کے متعلق۔ بجلی کا۔ برقی۔

الیکشن (Election) (انگ۔ ا۔ مذ) اِنتخاب۔ چناؤ۔

اُلیل (اُ۔ لیل)(ہ۔ صف)(۱) بے دانت کا بچھیرا (۲) بے پروا۔ اَلھڑ۔ نوجوان۔ ناتجربہ کار۔ دُنیا کے کاروبار سے بے خبر۔

اَلیم (اَ۔ لیم)(ع۔ صف) درد ناک۔ تکلیف دہ۔

اُلینڈنا (اُ۔ لینڈ۔ نا)(ہ۔ مص) اُنڈیلنا۔ (بیائے مجہول)۔

ا۔م

اِم (بکسر اوّل)(ف۔ ا۔ اِشارہ) اِس۔ یہ۔ مُرکبات میں بطور سابقہ اِستعمال ہوتا ہے جیسے اِمسال۔ اِمروز۔ اِمشب۔ (اِس سال۔ اِس روز۔ اِس رات)۔

اُمّ (بضم اوّل وتشدید دوم)(ع۔ ا۔ مث) ماں۔ والدہ۔ جمع: اُمّہات۔

اُمُّ الامراض (اُم۔ مُل۔ اَم۔ راض)(ع۔ ا۔ مث) بیماریوں کی ماں۔ کھانسی' زکام یا قبض۔

اُمُّ الخبائث (اُم۔ مُل۔ خ۔ با۔ اِث)(ع۔ ا۔ مث) بُرائیوں کی ماں۔ شراب۔

اُمُّ الصِّبیان (اُم۔ مُص۔ صِب۔ یان)(ع۔ ا۔ مث) بچوں کی مسان کی بیماری۔ بچوں کی مرگی۔

اُمُّ العلوم (اُم۔ مُل۔ عُ۔ لوم)(ع۔ ا۔ مث) علمِ صرف۔

اُمُّ القُریٰ (اُم۔ مُل۔ قُ۔ را)(ع۔ ا۔ مث) شہروں کی ماں۔ مکہ معظمہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُمُّ الکتاب (اُم۔مُل۔کِ۔تاب)(ع۔ا۔مث)(۱) کتابوں کی ماں۔ قرآن شریف (۲) سورۂ فاتحہ یعنی الحمد۔

اُمُّ الوَلد (اُم۔مُل۔وَ۔لد)(ع۔ا۔مث) وہ کنیز جس کی اپنے آقا سے اولاد پیدا ہوئی ہو۔

اُمِّ غیلان (ع۔ا۔مث) ببول۔ کیکر۔ نیز دیکھئے مُغیلاں۔

اَمّا (اَم۔ما)(ع۔ حرفِ اِستدراک) لیکن۔ پر۔ مگر۔ تاہم۔ پھر بھی۔

اَمّا بعد (ع۔ تابع فعل) اِس کے بعد۔ بعدازاں۔

اِمارَت (اِ۔ما۔رَت)(ع۔ا۔مث) دولت مندی۔ سرداری۔ حکومت۔ جمع: امارات۔

اَمّارہ (اَم۔ما۔رَہ)(ع۔صف)(۱) کثرت سے حکم دینے والا (۲) بدی کی طرف رغبت دلانے والا۔ بُری بات کا حکم دینے والا (۳) سرکش۔ ظالم۔ انسانی نفس کی ایک قسم۔

اَماس (اَم۔ماس)(ق۔ا۔مث) دیکھئے اماوس۔

اَماکِن (اَ۔ما۔کِن)(ع۔ا۔مذ) مکان کی جمع۔ نیز دیکھئے اَمکنہ۔

اَماکِنِ (شریفہ) مُقدّسہ (ع۔ا۔مذ) زیارت گاہیں۔ مُقدس مقامات۔

اِمالہ (اِ۔ما۔لہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) مائل کرنا (۲) علم صرف کی اِصطلاح میں اَلف یا ہائے ہوز کو ے سے بدلنا جیسے لڑکا سے لڑکے۔ بندہ سے بندے۔ لیکن بعض الفاظ مثلاً راجا' بابا' چچا' نانا' داوا کا اِمالہ کرنا دُرست نہیں ہے۔

اِمام (اِ۔مام)(ع۔ا۔مذ)(۱) پیشوا۔ ہادی (۲) نماز پڑھانے والا (۳) تسبیح کے دانوں کے اوپر کا لمبا دانہ۔ جمع: اَئمہ۔

اِمامِ اعظم (ع۔ا۔مذ) سب سے بڑا امام۔ امام ابوحنیفہؒ۔

اِمام باڑہ (اُر۔ا۔مذ) وہ عمارت جس میں شہدائے کربلا کی یاد میں مجلسیں اور تعزیہ داری ہوتی ہے۔ اب پاکستان میں اِسے امام بارگاہ کہتے ہیں۔

اِمام ضامن کا روپیہ (اُر۔ا۔مذ) وہ روپیہ یا سِکّہ جو مسافر کے بازو پر حفاظت سے منزل تک پہنچنے کے خیال سے امام ضامن (امام علی رضا) کے نام پر باندھا جاتا ہے۔

اِمام ناطق (ع۔ا۔مذ) حضرت امام جعفر صادق کا لقب۔

اِمامَت (اِ۔ما۔مَت)(ع۔ا۔مث)(۱) رہنمائی۔ رہبری (۲) جماعت کو نماز پڑھانے کا کام یا پیشہ۔

اِمامیہ (اِ۔ما۔مِ۔یَہ)(ع۔صف) اہلِ تشیع کا ایک فرقہ جو صرف بارہ اماموں کو مانتا ہے۔

اَمان (اَ۔مان)(ع۔ا۔مذ)(۱) پناہ۔ حفاظت (۲) آرام۔ آسائش۔ عافیت۔

امان پانا (اُر۔ محاورہ) پناہ ملنا۔ حفاظت حاصل کرنا۔ امن نصیب ہونا۔

امان دینا (اُر۔ محاورہ) پناہ دینا۔

امان مانگنا (اُر۔ محاورہ) پناہ کی درخواست کرنا۔

اَماں (اَ۔ماں)(اُر۔ کلمۂ خطاب) اے۔ ارے۔ اے جی۔

اَمّاں (اَم۔ماں)(اُر۔ا۔مث) ماں۔ والدہ۔

اَمّاں باوا (اُر۔ا۔مذ) ماں باپ۔ والدین۔

اَمانا (اَ۔ما۔نا)(ہ۔مص) بھرنا۔ سمانا۔ اَٹ جانا۔

اَمانَت (اَ۔ما۔نت)(ع۔ا۔مث) سُپرد کی ہوئی چیز۔ تحویل (۲) پیدائش کا کام (۳) امین کا عہدہ (۴) وہ چیز جس میں تصرف نہ کیا گیا ہو۔ جمع: امانات۔ اُردو جمع: امانتوں۔ امانتیں۔

امانت خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مکان یا جگہ جہاں امانتیں رکھی جائیں۔

امانت خانی زردہ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھانے کا تمباکو۔

امانت دار (ع۔ف۔صف) امین۔ معتمد۔ رازدار (۲) امانت رکھنے والا۔ تحویل دار (۳) ایماندار۔

امانت رکھنا (اُر۔ محاورہ) حفاظت کے لئے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا۔

امانت گزار (ع۔ف۔صف) وہ شخص جو کوئی چیز امانت رکھے۔

امانت میں خیانت کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی رکھی ہوئی چیز میں تصرف کرنا۔

امانت میں خیانت تو زمین بھی نہیں کرتی (اُر۔ مقولہ) اِلزام اور ملامت کے طور پر کہا جاتا ہے یعنی اگر کسی لاش کو بطور امانت زمین میں دفن کر دیا جائے تو وہ خراب نہیں ہوتی۔ امانت میں خیانت نہ کرنی چاہئے۔

امانت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) امانت رکھنے کی دستاویز۔

اَمانی (اَ۔ما۔نی)(اُر۔ا۔مث) وہ کام جو اپنے طور پر کر لیا جائے۔ ٹھیکے کی ضد۔

امانی آبادی' اِجارہ اُجاڑا (اُر۔ مثل) امانی میں کام اچھا ہوتا ہے اور ٹھیکے میں خراب ہو جاتا ہے۔

اَماوَس (اَ۔ما۔وَس)(س۔ا۔مث) پاکھ کی پندرھویں تاریخ۔ قمری مہینے کی ۲۸ تاریخ کی رات جو مکمل طور پر اندھیری ہوتی ہے۔

اَمبَر (اَم۔بَر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چادر (۲) آسمان (۳) بادل (۴) راجا کی پوشاک۔

امبولنس (Ambulance)(انگ۔ا۔مث) دیکھئے ایمبولینس۔

اَمبی (امبیا) (اَم۔بی)(اَمب۔یا)(ہ۔ا۔مث) امب (اَنب) کی تصغیر۔ کیری۔ کچا آم۔

امپائر (Umpire)(انگ۔ا۔مذ) مقابلے کے کھیلوں کا فیصلہ کرنے والا۔

اِمپورٹ (Import)(انگ۔ا۔مذ ومث) دیکھئے درآمد۔

اُمَّت (اُم۔مَت)(ع۔ا۔مث)(۱) گروہ۔ جماعت جو کسی پیغمبر کی پیرو ہو۔ جمع: اُمَم۔ اُردو جمع: اُمتوں۔ اُمتیں۔

اُمتِ مرحُومہ (ع۔ا۔مث) وہ اُمت جس پر اللہ کی رحمت ہو۔ مسلمان۔

اِمتِثال (اِم۔تِ۔ثال)(ع۔ا۔مذ) حکم ماننا۔ تعمیلِ حکم۔

اِمتثالِ اَمر (ع۔ا۔مذ) حُکم کی تعمیل۔

اِمتحان (اِم۔تِ۔حان)(ع۔ا۔مذ) آزمائش۔ جانچ۔ پڑتال۔ جمع: اِمتحانات۔

اِمتحان میں پُورا اُترنا (اُر۔ محاورہ) آزمائش میں کامیاب ہو جانا۔

اِمتِداد (اِم۔تِ۔داد)(ع۔ا۔مذ) طوالت۔ درازی۔ لمبائی۔ مُدّت۔

اِمتزاج (اِم۔تِ۔زاج)(ع۔ا۔مذ) ملاوٹ۔ آمیزش۔ ہم آہنگی۔

اِمتزاجِ کیمیائی (ع۔ا۔مذ) کئی چیزوں کو ملا کر ایک نئی شے تیار کرنا۔

اِمتِلا (اِم۔تِ۔لا)(ع۔ا۔مذ)(۱) پُر ہونا۔ معدے کا غذا سے پُر ہونا (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بدہضمی۔جی متلانا۔

اِمتناع (اِم۔تِ۔ناع)(ع۔ا۔مذ)(۱)روک۔ممانعت۔مناہی(۲)منع کرنا۔روکنا۔

اِمتناعی (اِم۔تِ۔نا۔عی)(ع۔صف) روکنے والا۔اِمتناع سے منسوب۔

اِمتنان (اِم۔تِ۔نان)(ع۔ا۔مذ) اِحسان کرنا۔

اُمتی (اُم۔مَ۔تی)(ع۔صف) اُمت کے لوگ۔کسی پیغمبر کے پیرو۔

اِمتیاز (اِم۔تِ۔یاز)(ع۔ا۔مذ)(۱)فرق۔تمیز۔ترجیح(۲) تفریق(۳) سمجھ۔ شعور۔جمع: اِمتیازات۔

اِمتیاز کرنا (ا۔محاورہ) فرق کرنا۔تمیز کرنا۔

اِمتیازی (اِم۔تِ۔یا۔زی) اِمتیاز سے منسوب۔

امتیازی حقوق (ع۔ا۔مذ) وہ رعایتیں جو کسی گروہ یا شخص کو اُس کے عہدہ اور منصب کی وجہ سے حاصل ہوں اور اُسے دوسروں سے ممتاز بنا دیں۔

اَمِٹ (اَ۔مِٹ)(ہ۔صف) نہ مٹنے والا۔غیر فانی۔لازوال۔(اَ حرفِ نفی)۔

اَمثال (اَم۔ثال)(ع۔ا۔مث) مَثل اور مِثل کی جمع۔

اَمثِلہ (اَم۔ثِ۔لہ)(ع۔ا۔مث) مثال کی جمع۔

اَم جانا (ہ۔مص مُرکب) شل ہو جانا۔اعضا کا بھاری ہو جانا۔

اَمجد (اَم۔جد)(ع۔ا۔تفضیل) نہایت بُزرگ۔

اَمچُور (اَم۔چُور)(ہ۔ا۔مذ) (۱) سُکھائے ہوئے کچّے آم کی پھانکیں۔آم کی کھٹائی (۲) سُوکھا ٹھٹریاں پڑا ہوا آدمی۔

اِمداد (اِم۔داد)(ع۔ا۔مث) مدد۔حمایت۔اعانت۔سہارا۔

اِمدادِ باہمی (ع۔ف۔ا۔مث) باہم ایک دُوسرے کی مدد کرنا (۲) لوگوں کا رضاکارانہ طور پر متحد ہو کر اپنی قوتوں اور وسائل کو مشترکہ فائدے کے لئے اِستعمال کرنا۔

اِمدادی (اِم۔دا۔دی)(ع۔صف) امداد سے منسوب۔

اَمر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) حکم۔فرمان (۲) بات۔ فعل۔کام (۳) مُعاملہ۔باب۔جمع: اُمور۔اوامر۔

اَمرِ بِالمعرُوف و نہی عَنِ المنکر (اَمر۔بِل۔مَع۔رُوف۔وَ۔نَ۔ہی۔ عَ۔نِل۔مُن۔کَر)(ع۔ا۔مذ) نیک کاموں کا حکم اور بُرائی سے روکنا۔

اَمرِ تنقیح طلب (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ امر جس میں کسی چیز کی تفصیل یا تشریح مطلوب ہو۔

اَمرِ غیر متعلقہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ بات جو مقدّمے کی بحث سے خارج ہو۔

اَمَر (اَ۔مَر)(س۔صف)(۱) نہ مرنے والا۔ہمیشہ رہنے والا۔لافانی۔لازوال۔ (اَ۔حرفِ نفی)۔

اَمر بیل (اَمَر۔بیل)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے آکاس بیل۔

اَمر لوک (س۔ا۔مذ) ہمیشگی کی دُنیا۔جنت۔بہشت۔سورگ۔عالمِ بقا۔

اَمر ہونا (ہ۔مص) غیر فانی ہونا۔ہمیشہ زندہ رہنا۔اَبدُالآباد تک رہنا۔

اُمَرا (اُ۔مَ۔را)(ع۔ا۔مذ) امیر کی جمع۔

اَمراض (اَم۔راض)(ع۔ا۔مذ) مرض کی جمع۔

اَمرائی (اَم۔را۔اِی)(ہ۔ا۔مذ) آم کا باغ۔آم کی باڑی۔

اَمرِت (اَم۔رت)(س۔ا۔مث)(۱) اِکسیر۔آبِ حیات (۲) شربت۔ شہد (۳) بہت لذیذ اور شیریں چیز۔

اَمرِت دھارا (ہ۔ا۔مذ) ایک دوا جو مختلف بیماریوں میں اِستعمال کی جاتی ہے۔

اَمرِت سار (ہ۔ا۔مذ)(۱) مکھن (۲) گھی۔

اَمرتی (اَم۔رِ۔تی)(ہ۔ا۔مث) ایک مٹھائی جو ماش کے آٹے کی بنائی جاتی ہے اور شکل میں جلیبی سے مشابہ ہوتی ہے۔

اَمرَد (اَم۔رَد)(ع۔ا۔مذ) نوجوان لڑکا جس کے ڈاڑھی مُونچھ نہ نکلی ہو۔ نوخیز۔کمسن۔

امرد پرست (ع۔ف۔صف) لڑکوں سے عشق کرنے والا۔

امرد پرستی (ف۔ا۔مث) لڑکوں سے عشق کرنا۔

اَمرَس (اَم۔رَس)(ہ۔ا۔مذ) آم کے رَس کی سُوکھی ہوئی موٹی تہ۔اَماوٹ۔

اَمرُود (اَم۔رُود)(ف۔ا۔مذ) جام پھل۔ایک پھل اور اُس کا درخت جو سال میں دو دفعہ پھل دیتا ہے۔اِس کا اصل وطن جنوبی امریکا بتایا جاتا ہے۔

اِمروز (اِم۔روز)(ف۔ا۔مذ) آج۔آج کا دن۔(اِم بمعنی آج۔اِس)۔

اِمروز فردا (ف۔ا۔مذ)(۱) آج کل (۲) ٹال مٹول (۳)(میں کے ساتھ) جلد۔عنقریب۔تھوڑے دن۔

اَمریاں (اَم۔رے۔یاں)(ہ۔ا۔مث) آم کے باغ۔

امریکا (اَم۔ری۔کا) (انگ America کا مورّد۔ا۔مذ) ایک وسیع و عریض خطۂ ارض جس میں دو برّاعظم (شمالی امریکا اور جنوبی امریکا) واقع ہیں۔ایک اطالوی جہازران امریگو (۱۴۵۱ء۔۱۵۱۲ء) نے اِس کے ساحلوں کا کھوج لگایا تھا اِس لئے یہ سرزمین اُس کے نام سے موسوم ہوئی۔

اَمریکی (اَم۔ری۔کی) (American کا مورّد۔صف) امریکا سے نسبت رکھنے والی شے یا شخص۔

اُمڑنا (اُ۔مڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) پانی یا کسی اور چیز کا کثرت سے بڑھنا (۲) پھیلنا۔چھانا۔گھیرنا۔

اَمزِجہ (اَم۔زِ۔جہ)(ع۔ا۔مذ) مزاج کی جمع۔

اُمَس (اُ۔مَس)(ہ۔ا۔مث) گھمس۔حبس۔گھٹی ہوئی گرمی۔

اِمساک (اِم۔ساک)(ع۔ا۔مذ)(۱) کنجوسی (۲) رُکاوٹ۔قبض۔روک۔ دیر۔کمی (۴) دیر سے اِنزال ہونا (۵) خشک سالی۔

اِمساکِ باراں (ع۔ف۔ا۔مذ) بارش نہ ہونا۔خشک سالی۔

اِمسال (اِم۔سال)(ف۔ا۔مذ) اِس سال۔اب کے برس (اِم بمعنی اِس۔آج)۔

اِمشب (اِم۔شب)(ف۔ا۔مث) آج کی رات۔اِس رات۔(اِم بمعنی اِس۔آج)۔

اَمصار (اَم۔صار)(ع۔ا۔مذ) مِصر کی جمع۔بہت سے شہر۔

اِمضا (اِم۔ضا)(ع۔ا۔مذ)(۱) سرکاری مُہر۔دستخط۔نشان (۲) حکم جاری کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَمطار (اَم۔طار)(ع۔مذ) مَطر کی جمع۔ بادل۔

اِمطار (ع۔ا۔مذ) مینہ برسنا۔

اَمعا (اَم۔عا)(ع۔ا۔مث) معا کی جمع۔ انتڑیاں۔

اِمعان (اِم۔عان)(ع۔ا۔مذ) گہری نظر۔ غور و فکر۔ خوب سوچنا۔ تیز فہمی۔

اَمکا ڈھمکا (اَم۔کا۔ڈھم۔کا)(ہ۔ا۔مذ) یہ وہ۔ ایسا ویسا۔ ایرا غیرا۔

اَمک ڈھمک (اَمک۔ڈھمک)(ہ۔ا۔مث) خراب اور نکمّی چیزیں۔

اِمکان (اِم۔کان)(ع۔ا۔مذ) (۱) ہو سکنا۔ ممکن ہونا (۲) مجال۔ طاقت۔ مقدور۔ مقدرت (۳) قابو۔ اِختیار۔ جمع: اِمکانات۔

اِمکان بھر (ع۔اُر۔تابع فعل) طاقت بھر۔ مقدور بھر۔

اِمکان سے خارج ہونا (اُر۔محاورہ) محال ہونا۔ نا ممکن ہونا۔

اَمکِنَہ (اَم۔کِ۔نَہ)(ع۔ا۔مذ) مکان کی جمع۔

اُمگا (اُم۔گا)(ہ۔صف) اُبھرا ہوا۔

اَمَل (اَ۔مَل)(ہ۔ا۔مذ) نشہ آور چیز (سوائے شراب)۔

اَمَل بید (اَ۔مَل۔بید)(ہ۔ا۔مذ) لیموں کی ایک نہایت تُرش قسم۔

اَمَل پانی کرنا (اُر۔محاورہ) نشہ پانی کرنا۔ نشہ پینا۔ بھنگ پینا۔

اَمَل پَتّی (اَ۔مَل۔پَت۔تی)(ہ۔ا۔مث) وہ تُرپن جو املی کی پتّی کے برابر چوڑی تُرلی جاتی ہے (۲) نشہ لانے والی پتّی (بھنگ)۔

اَمَل (اَ۔مَل)(ع۔ا۔مذ) اُمید۔ آرزو۔ خواہش۔ جمع: آمال۔

اِملا (ء) (اِم۔لا)(ع۔ا۔مذ۔و۔مث)(۱) یاد سے لکھنا (۲) لِکھوانا۔

اَملاک (اَم۔لاک)(ع۔ا۔مث) مِلک کی جمع۔ جائیداد۔

اَملتاس (اَمل۔تاس)(ہ۔ا۔مذ) ایک درخت اور اُس کی لمبی پھلی جس کا مغز مسہل کے لئے دیا جاتا ہے۔ خیارشنبر۔ اِس کا اصل وطن افریقہ ہے۔

اَملنا (اَ۔مَل۔نا)(ہ۔مص)(۱) تُرش ہونا (۲) پیٹ کے پٹھوں کا کھچنا۔ اعصاب میں تشنّج ہونا۔

اِملی (اِم۔لی)(ہ۔ا۔مث) تمر ہندی۔ ایک درخت اور اُس کی پھلی جو تُرش ہوتی ہے اور بطور کھٹائی اِستعمال کی جاتی ہے۔ جمع: اِملیاں۔ اِملیوں۔

اُمَم (اُ۔مَم)(ع۔ا۔مذ) اُمّت کی جمع۔

اَمن (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) چَین۔ اِطمینان۔ سکون۔ آرام (۲) صُلح۔ آشتی۔ پناہ۔

اَمن چَین (ع۔ا۔مذ) اَمن و امان۔ آرام و اطمینان۔ سکون اور خیریّت۔ حفاظت۔

اُمَنڈنا (اُ۔مَنڈ۔نا)(ہ۔مص)(۱) جوش میں آنا۔ بھر آنا (۲) گھِر آنا۔ ہجوم کرنا۔ جمع ہونا (۳) چڑھنا۔ طغیانی پر آنا۔

اُمنگ (اُ۔منگ)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث) جوش۔ ولولہ۔ شوق۔ ترنگ۔

اُمنگ پر (اُمنگوں پر) (اُر۔متعلق فعل) ترنگ میں بھرا ہوا۔ مستی سے بھرپور۔

اُمنگ کے دِن (اُر۔ا۔مذ) شوق اور ولولے کا زمانہ۔

اَمنیّت (اَم۔نی۔یَت)(ع۔ا۔مث) اَمن و امان۔ اَمن چَین۔

اَموا (اَم۔وا)(ہ۔ا۔مذ) آم۔

اَموّا (اَ۔مَو۔وا)(ہ۔صف) آم کی رنگت سے مُشابہ رنگ۔ پیلا۔ سُنہرا۔ کِشمشی۔

اَموات (اَم۔وات)(ع۔ا۔مث) موت اور میّت کی جمع۔

اَمواج (اَم۔واج)(ع۔ا۔مث) موج کی جمع۔

اَموال (اَم۔وال)(ع۔ا۔مذ) مال کی جمع۔

اُمور (اُ۔مُور)(ع۔ا۔مذ) اَمر کی جمع۔ بہت سے کام۔

اُمورِ خارجہ (ع۔ا۔مذ) ایسے مُعاملات جو دُوسرے ممالک سے تعلّق رکھتے ہوں مثلاً تجارتی و ثقافتی معاہدے، دوستانہ تعلّقات کا قیام۔

اُمورِ مُلکی (داخلہ) (ع۔ا۔مذ) وہ کام یا باتیں جو مُلک سے متعلّق ہوں۔

اَمول (اَ۔مول)(ہ۔صف) بے بہا۔ نہایت قیمتی۔ (ا حرفِ نفی)۔

اَمولا (اَ۔مو۔لا)(ہ۔ا۔مذ) آم کا نیا پودا۔

اُمومَت (اُمومیّت) (اُ۔مُو۔مَت)(اُ۔مُو۔می۔یَت)(ع۔ا۔مث) ماں ہونا۔ ماں پن۔

امونیا (Ammonia)(انگ۔ا۔مذ) ایک بے رنگ گیس جو پانی میں حل ہو جاتی ہے۔

اُمَوی (اُ۔مَ۔وی)(ع۔صف) بنی اُمیّہ سے منسوب۔

اُمّہ (اُم۔مَہ)(ع۔ا۔مث) دیکھئے اُمّت۔

اُمّہات (اُم۔مَ۔ہات)(ع۔ا۔مث) اُم کی جمع۔ مائیں۔

اُمّہاتِ سِفلی (ع۔ا۔مث) زمین کے چاروں عناصر۔ ہوا۔ پانی۔ مٹی۔ آگ۔

اُمّہاتِ عُلوی (ع۔ا۔مث) علوم۔ نفوس۔ ارواح۔

اُمّہات المومنین (ع۔ا۔مث) مومنوں کی مائیں۔ رسولِ پاک ﷺ کی ازواجِ مُطہّرات۔

اَمّی (اَم۔می)(اُر۔ا۔مث) ماں۔ والدہ۔

اُمّی (اُم۔می)(ع۔صف) اَن پڑھ۔ ناخواندہ۔

امیبا (Amoeba)(انگ۔ا۔مذ) بدلو۔ ایک خلوی پانی کا کیڑا جو صرف خُردبین سے دکھائی دیتا ہے۔ سائنس دانوں کے بقول زندگی کی اِبتدا اِسی جانور سے ہوئی۔

اَمیٹھنا (اَ۔میٹھ۔نا)(بیائے مجہول)(ہ۔مص) مروڑنا۔ بَل دینا۔ اینٹھنا۔

اِمی ٹیشن (Imitation)(انگ۔ا۔مذ)(۱) ملمّع۔

اَمی جمی (اَ۔می۔جَ۔می)(ہ۔ا۔مث) اِطمینان کی حالت۔ بے فکری کا زمانہ۔ خیریّت۔ اَمن و امان۔

اُمید (اُ۔مید۔بیائے مجہول)(اُ۔مید۔بیائے معروف)(اُم۔مید۔بیائے معروف۔میم مشدّد)(ف۔ا۔مث)(۱) آرزو۔ توقّع۔ آس (۲) حمل۔ اُردو جمع: اُمیدوں۔ اُمیدیں۔

اُمید اُٹھ جانا (اُر۔محاورہ) توقّع نہ رہنا۔

اُمید بر آنا (اُر۔محاورہ) آرزو پوری ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُمید بَر لانا (اُر۔ محاورہ) آرزو پوری کرنا۔ مقصد حاصل ہونا۔
اُمید بندھانا (اُر۔ محاورہ) ڈھارس دینا۔ توقّع دلانا۔ تسلّی دینا۔
اُمید بندھنا (اُر۔ محاورہ) توقّع ہونا۔ آس ہونا۔ آسرا ہونا۔
اُمید (توڑ دینا) توڑنا (اُر۔ محاورہ) مایوس کر دینا۔ نراش کرنا۔
اُمید (ٹوٹ جانا) ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) نااُمید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔
اُمید دِلانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے اُمید بندھانا۔
اُمید رکھنا (اُر۔ محاورہ) توقّع رکھنا۔ آس رکھنا۔
اُمید سے ہونا (اُر۔ محاورہ) عورت کا حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا۔
اُمید قطع کرنا (اُر۔ محاورہ) آسرا چھوڑ دینا۔ توقّع توڑ دینا۔
اُمید کرنا (اُر۔ محاورہ) آرزو کرنا۔ توقّع رکھنا۔
اُمید لگائے رکھنا (اُر۔ محاورہ) کسی پر بھروسا کرنا۔ نااُمید نہ ہونا۔
اُمید لگی ہے (اُر۔ محاورہ) سہارا باقی ہے۔ آسرا لگا ہے۔
اُمید و بیم (ف۔ ا۔ مث) اُمید اور خوف۔
اُمیدوار (ف۔ صف) آرزو مند۔ خواہش رکھنے والا۔ جمع: اُمیدواران۔
اُمیدوار ہونا (اُر۔ محاورہ) توقّع رکھنا۔ آرزو مند ہونا۔
اُمیدواری (اُر۔ ا۔ مث) (۱) آرزو مندی (۲) ملازمت کا اِنتظار۔ ملازمت کی اُمید میں کام کرنا۔
اَمِیر (اَ۔ میر) (ع۔ صف) (۱) اَمر کرنے والا۔ حکم دینے والا۔ سردار۔ حاکم (۲) مالدار۔ دولت مند۔ جمع: اُمَرا۔ اُردو جمع: امیر۔ امیروں۔
اَمیرُ الاُمَرا (اَ۔ می۔ رُل۔ اُ۔ مَ۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) امیروں کا امیر۔ بہت بڑا رئیس (۲) مُغل حکومت میں ایک معزز خطاب۔ مُحرک غلاموں کا خطاب۔
اَمیرُ البحر (اَ۔ می۔ رُل۔ بَحر) (ع۔ ا۔ مذ) بحری فوجی بیڑے کا افسرِ اعلیٰ۔
اَمیرُ المومنین (اَ۔ می۔ رُل۔ مُ۔ مِ۔ نین) (ع۔ ا۔ مذ) مسلمانوں کا سردار۔ خلیفۂ وقت۔ اِسلام کا حاکمِ اعلیٰ۔
اَمیرزادہ (ع۔ ف۔ صف) امیر کا لڑکا۔ رئیس زادہ۔
امیر کو جان پیاری فقیر کو ایک دَم بھاری (اُر۔ مثل) امیر کو مرنا اور فقیر کو جینا پسند نہیں۔
امیر کے پڑوس میں خدا قبر بھی نہ بنائے (اُر۔ مثل) غریب کو امیر کے پڑوس میں دُکھ ہی ملتا ہے۔ مالدار ہمسائے سے دُکھ پہنچتا ہے۔
امیرِ لشکر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) فوج کا سردار۔
اَمیرانہ (اَ۔ می۔ رانہ) (ع۔ ف۔ صف) امیر کی مانند۔ امیر کی مثل۔
اَمیری (اَ۔ می۔ ری) (ع۔ ا۔ مث) (۱) سرداری (۲) دولت مندی۔
امیری اور فقیری کی بُو چالیس برس تک نہیں جاتی (اُر۔ مثل) دولت مندی اور غریبی کا اثر بڑی مدت بعد جاتا ہے۔
امیری کارخانہ (اُر۔ ا۔ مذ) رئیسانہ ٹھاٹ۔
اَمِین (اَ۔ مین) (ع۔ صف) (۱) امانت دار۔ امانت رکھنے والا (۲) مُعتمد۔ ایمان دار (۳) عدالتِ مال میں بٹوارا کرنے والا اہل کار (۴) بندوبست میں پیمائش کرنے والا عہدیدار (۵) ڈگری کی جائیداد جانچنے اور قُرق کرنے والا اہل کار۔

ا۔ن

اَن (بفتحہ اوّل) (س۔ ا۔ مذ) اناج۔ غلّہ۔ غذا۔
اَن جل (پانی) (ہ۔ ا۔ مذ) دانہ پانی۔ کھانا پینا۔
اَن جل تیاگنا (چھوڑنا) (ہ۔ مص مُرکّب) کھانا پینا چھوڑ دینا۔
اَن داتا (ہ۔ ا۔ مذ) روزی دینے والا۔ آقا۔ مالک۔
اَن کا کیڑا (ہ۔ ا۔ مذ) اناج کھانے والا۔ اِنسان۔
اَن (بفتحہ اوّل) (س۔ حرفِ نفی) کسی لفظ کے پہلے آ کر نفی (بغیر۔ بِنا) کے معنی دیتا ہے۔
اَن بِدھا (بِندھا) (ہ۔ صف) بے سُوراخ۔ جس میں چھید نہ ہو۔
اَن بَن (ہ۔ ا۔ مث) ناموافقت۔ بگاڑ۔ رنجیدگی۔ رنجش۔ ناچاقی۔
اَن پڑھ (ہ۔ صف) ناخواندہ۔ اُمّی۔
اَن جان (ہ۔ صف) اَجنبی۔ بیگانہ۔ ناواقف۔
اَنجان بننا (اُر۔ محاورہ) جانتے ہوئے یہ ظاہر کرنا کہ مجھے علم نہیں۔
اَن جوکھا (ہ۔ صف) بِنا تولا ہوا۔
اَن چِت (ہ۔ صف) اچانک۔ یکایک۔ خلافِ توقُّع۔
اَن دیکھا (ہ۔ صف) (۱) بِن دیکھا۔ نادیدہ (۲) مخفی۔ غائب۔
اَن سُنی (ہ۔ صف) (۱) نہ سُنی ہوئی (۲) عجیب۔
اَن سُنی کرنا (اُر۔ محاورہ) جان بُوجھ کر سُنی ہوئی بات کو بے سُنی کرنا یا ٹالنا۔
اَن کہی (ہ۔ صف) جو بات کہنے کے قابل نہ ہو۔ بُرا بھلا۔
اَن گِنا (ہ۔ صف) (۱) بغیر شمار کیا ہوا (۲) شمار سے باہر۔
اَن گِنا برس (ہ۔ ا۔ مذ) عُمر کا آٹھواں سال جس میں عورتیں اولاد کے لئے خطرہ محسوس کرتی ہیں۔
اَن گِنا مہینا (ہ۔ ا۔ مذ) حمل کا آٹھواں مہینا۔
اَن گِنت (اَن۔ گِ۔ نت) (اَن۔ گَ۔ نت) (ہ۔ صف) جو شمار میں نہ آ سکے۔ بے شمار۔ لاتعداد۔
اَن گھڑ (ہ۔ صف) (۱) بِن گھڑا۔ بے ڈول۔ ناموزوں۔ ناتراشیدہ۔ بے ڈھنگا۔ (۲) ناشائستہ۔ آدمیت سے خارج۔ جاہل۔ اناڑی۔ ناتجربہ کار۔ خام۔
اَن مِل (ہ۔ صف) بے جوڑ۔ بے میل۔ بے تُکا۔ بے سر پیر کا (۲) الگ۔ بیگانہ خو۔ غیر جنس۔
اَن مِل بے جوڑ (ہ۔ صف) بے تُکی، بے ڈھنگی باتیں وغیرہ۔
اَن مِلا (ہ۔ صف) بے گانہ خُو۔ جو ہل مِل کے نہ رہے۔ جو ملنسار نہ ہو۔
اَن مِلی (ہ۔ صف) (۱) اَن مِلا کی تانیث (۲) انمل بے جوڑ۔ کہہ مکرنی۔
اَن مَنا (ہ۔ صف) اُداس۔ سُست۔ بے دل۔ بے زار۔
اَن مَناپن (ہ۔ ا۔ مذ) اُداسی۔ بے دلی۔
اَن مَنا ہونا (ہ۔ محاورہ) بیمار ہونا۔ اُداس ہونا۔
اَن مول (ہ۔ صف) بے بہا۔ نہایت بیش قیمت۔ جس کی کوئی قیمت نہ ہو۔
اَن میل (ہ۔ صف) بے جوڑ۔ ناموزوں۔
اَن نیائے (س۔ ا۔ مذ) بے اِنصافی۔ بے رحمی۔ بے ایمانی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَن ہوت (ہ۔ا۔مث) نہایت غریبی۔ ناداری۔ اِفلاس۔

اَن ہونی (ہ۔ا۔مث) نہ ہونے والی بات۔ غیر ممکن۔ ناشدنی۔

اَن ہونی ہونی نہیں اور ہونی ہون ہار (ہ۔مثل) نہ ہونے والی بات نہیں ہوسکتی اور ہونے والی ہو کر رہتی ہے۔

اِن (بکسرِ اوّل)(ہ۔ض۔اشارہ قریب) اِس کی جمع۔ جمع اور تعظیم کے لئے بولتے ہیں۔

اِن آنکھوں سے کیا کیا نہیں دیکھا (اُر۔فقرہ) بہت کچھ دیکھ چکے ہیں۔ بہت تجربہ ہو چکا ہے۔ بہت مصیبتیں جھیل چکے ہیں۔

اِن باتوں میں کیا رکھا ہے (اُر۔محاورہ) یہ باتیں بے فائدہ ہیں۔ یہ حرکتیں فضول اور بے نتیجہ ہیں۔

اِن بے چاروں نے ہینگ کہاں پائی (اُر۔مثل) یہ اِس قابل کہاں۔ اِن کو اِتنی عقل کہاں۔

اِن تِلوں میں تیل نہیں (اُر۔محاورہ) بہت بے مُروّت اور بے فیض ہیں۔ بہت خسیس ہیں۔ یہاں کام نہیں بنے گا۔

اِن دنوں (اُر۔متعلق فعل) آج کل۔ فی زمانہ۔ فی الحال۔

اِن مولوں کیا مہنگا ہے (اُر۔فقرہ) اِس طرح حاصل ہو تو کچھ مہنگا نہیں۔

اِن نینن کا یہی بسیکھ۔ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ (ہ۔مثل) دُنیا بھی ایک حال پر نہیں رہتی۔ آنکھوں کا کام ہے کہ بُرا بھلا جو سامنے آئے اُسے دیکھیں۔ اِنسان کو دُکھ سُکھ سب برداشت کرنا چاہیے۔

اُن (بضمِ اوّل) س: سابقہ بمعنی ایک کم۔ جیسے اُنیس یعنی ایک کم بیس۔ اُنتیس ایک کم تیس وغیرہ۔

اُن (بضمِ اوّل)(ہ۔ض۔اشارۂ بعید) اُس کی جمع۔

اُن کی سی کہنا (اُر۔محاورہ) اُن کی طرف داری کرنا۔

اَنّا (اَن۔نا)(ت۔ا۔مث) دایہ۔ دُودھ پلانے والی عورت۔

اَنّا دُدّا والے (اُر۔ا۔مذ) عہدِ شاہی میں محلات کی دائیوں کھلائیوں کی سفارش سے جو لوگ فوج میں بھرتی ہو جاتے تھے اُن کی وقعت نہ ہوتی تھی اور وہ تحقیر سے اَنّا دُدّا والے کہلاتے تھے (۲) غیر شریف۔ ایسے ویسے۔

اَنا (اَ۔نا)(ع۔ضمیر واحد متکلم) مَیں (۲)(مث) خودداری۔ پندار۔ خودی۔

اَنَا الحق (اَ۔نَل۔حق)(ع۔تلمیح) میں خُدا ہوں۔ حُسین بن منصور محویت کی حالت میں یہ کلمہ کہہ اُٹھے تھے اور علما کے فتوے سے سُولی پر چڑھائے گئے۔

اِنابت (اِ۔نا۔بت)(ع۔ا۔مث) خُدا کی طرف رجوع کرنا۔ توبہ۔ عاجزی۔

اَنابیب (اَ۔نا۔بیب)(ع۔ا۔مث) اُنبوب کی جمع۔ نرکل کی پوریں۔ نالیاں۔

انابیبِ شعری (ع۔ا۔مث) بال جیسی باریک نالیاں یا رگیں۔ عروقِ شعریہ (۲) وہ خاصیت جس کے ذریعے مائعات اُوپر کی طرف چڑھتے ہیں۔ جیسے تیل بتّی میں۔

اَناپ شناپ (ہ۔صف)(۱) اُوٹ پٹانگ (۲) اَنٹ سَنٹ۔ آئیں بائیں۔ بکواس (۲) اندھا دُھند۔

اَناتھ (اَ۔ناتھ)(س۔صف)(۱) بغیر مالک کا (۲) جس کا کوئی پالنے والا نہ ہو۔ بے سہارا۔ یتیم۔ (اَ حرفِ نفی)۔

اناتھ آشرم (س۔ا۔مذ) یتیم خانہ۔ لاوارث بچّوں کی پرورش گاہ (۲) وہ جگہ جہاں دُکھی اور بے سہارا لوگوں کی پرورش ہوتی ہے۔

اِناث (اِ۔ناث)(ع۔ا۔مث) اُنثیٰ کی جمع۔ عورتیں۔

اَناج (اَ۔ناج)(ہ۔ا۔مذ) غلّہ۔ جنس۔

اناج کا دُشمن (اُر۔ا۔مذ) وہ شخص جو کھائے تو زیادہ مگر کام کچھ نہ کرے۔

اناج کال نہیں ہے یہ راج کال ہے (ہ۔مثل) یہ مہنگائی حکومت کے باعث ہے۔ اناج کی قلت کی وجہ سے نہیں۔

اَناجیل (اَ۔نا۔جیل)(ع۔ا۔مث) اِنجیل کی جمع۔

اناجیلِ اربعہ (ع۔ا۔مث) متی۔ مرقس۔ لوقا اور یوحنا کی چار انجیلیں۔

اناچیت (اناچیتی) (ق۔متعلق فعل) بے خبری میں۔ بے خیالی میں۔ اَنجان پنے میں۔

اَناد (انادی) (اَ۔نا)(اَ۔نا۔دی)(س۔صف) جس کی ابتدا نہ ہو۔ مُراد خُدا تعالیٰ۔

اَنار (اَ۔نار)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایک درخت اور اُس کا سُرخیا زرد رنگ کا پھل جس کے اندر رس بھرے دانے ہوتے ہیں۔ اِس کا اصل وطن ایران ہے (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔ اُردو جمع: انار۔ اناروں۔

اناردانہ (اُر۔ا۔مذ)(۱) سُرخ اناروں کے سکھائے ہوئے دانے (۲) ایک قسم کے چارخانہ کپڑے کا نام۔

اناردانہ بنا ہوا ہے (اُر۔محاورہ) خوب سُرخ ہو رہا ہے۔

انارکسٹ (Anarchist)(انگ۔ا۔مذ) نراجی۔ حکومت کے نظم و ضبط کا مخالف۔ حکومت کا دُشمن۔

انارکی (Anarchy)(اَ۔نار۔کی)(انگ۔ا۔مث) نظم و ضبط کا فقدان۔ بدنظمی۔ حکومت کا نہ ہونا۔ قانون کا تعطّل۔ نراج۔

اَناری (اَ۔نا۔ری)(اُر۔صف)(۱) انار کے رنگ کا۔ لال (۲) کبوتر جس کی آنکھیں سُرخ ہوں (۳) ایک قسم کا سموسا۔

اَناڑی (اَ۔نا۔ڑی)(ہ۔صف) ناسمجھ۔ انجان۔ ناتجربہ کار۔ بے سلیقہ۔

اناڑی پن (ہ۔ا۔مذ) حماقت۔ ناتجربہ کاری۔

اناڑی کا سونا بارہ باٹ (اُر۔مثل) ناتجربہ کار کسی کام سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ بے وقوف کی قیمتی چیزیں کوڑیوں کے مول جاتی ہیں۔

اُناس (اُ۔ناس)(ع۔ا۔مذ) ناس کی جمع۔ بہت سے لوگ۔

اُناسی (اُ۔نا۔سی)(ہ۔ا۔عدد) ستر اور نو۔ ایک کم اسی۔ ۷۹۔

اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیْہِ رٰجِعُون (قرآنی آیت) تحقیق ہم اللہ ہی کے ہیں اور اُسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں۔ یہ آیت مُصیبت یا کسی کے مرنے کی خبر سُن کر پڑھتے ہیں۔ سب کو اُدھر ہی جانا ہے۔ سب کو مرنا ہے۔

اَنام (اَ۔نام)(ع۔ا۔مذ) خلقت۔ پیدا کی ہوئی چیزیں۔ مخلوق۔ دُنیا۔ موجودات۔

اَنامِل (اَ۔نا۔مل)(ع۔ا۔مث) اُنملہ کی جمع۔ اُنگلیاں۔ اُنگلیوں کے سرے۔

انانیّت (اَ۔نا۔نی۔یت)(ع۔اُر۔ا۔مث) خودی۔ پندار۔ غرور۔ گھمنڈ۔ خودبینی۔ خودستائی۔ مطلق العنانی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اناؤنسر (انگ۔ا۔مذ) (Announcer) منادی کرنے والا۔ اعلان کرنے والا۔ مُعلِن۔
اَنبار (اَم۔بار)(ف۔ا۔مذ) ڈھیر۔ ذخیرہ۔ تودہ۔
اَنباری (اَم۔با۔ری)(ہ۔ا۔مث) عماری۔ ہودہ۔ ہاتھی کی کاٹھی۔
اَنباز (اَم۔باز)(ف۔ا۔مذ) شریک۔ ساتھی۔ ہمسفر (ا۔مث) سَوت۔ سوکن۔
اَنبان (اَم۔بان) (ف۔ا۔مث) (۱) پکا چمڑا۔ دباغت کی ہوئی کھال (۲) فقیروں کی زنبیل۔ خُرجین۔
اِنبساط (اِم۔بِ۔ساط)(ع۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔ کھلنا۔ پھیلنا۔
اِنبعاث (اِم۔بِ۔عاث)(ع۔ا۔مذ) اُٹھنا۔ کھڑا ہونا۔ برانگیختہ ہونا۔
اَنبوہ (اَم۔بوہ)(ف۔ا۔مذ) مجمع۔ بھیڑ۔ اژدحام۔ ہجوم۔ کثرت۔ زیادتی۔ بُہتات۔
اَنبہ (اَم۔بہ)(ف۔ا۔مذ) آم۔
اَنبیا (اَم۔بِ۔یا)(ع۔ا۔مذ) نبی کی جمع۔
اَنبیا (اَمب۔یا)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے امبی۔ امیا۔
اَنبیق (اَمبیق) (اَم۔بیق) (ع۔ا۔مذ) بھبکا۔ وہ برتن جس میں نالی رکھ کر عرق کشید کرتے ہیں۔
اَنت (بفتحہ اوّل)(س۔ا۔مذ) اخیر۔ خاتمہ۔ اَنجام۔
انت بُرے کا بُرا۔ انت بھلے کا بھلا (ہ۔مثل) بُرے کا انجام بُرا اور اچھے کا انجام اچھا ہوتا ہے۔
انت بگڑنا (ہ۔محاورہ) انجام خراب ہونا۔
انت بھلا سو بھلا (ہ۔مثل) جس کا انجام اچھا ہو وہی کام اچھا ہے۔
انت سمے (کال) (ہ۔ا۔مذ) آخری وقت۔ مرتے وقت۔
اُنتالیس (اُن۔تا۔لیس)(ہ۔ا۔عدد) تیس اور نو۔ ایک کم چالیس۔ ۳۹۔
اِنتباہ (اِن۔تِ۔باہ)(ع۔ا۔مذ) خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔ وارننگ۔
اِنتخاب (اِن۔تِ۔خاب)(ع۔ا۔مذ) چناؤ۔ پسند۔ الیکشن۔ جمع: اِنتخابات۔
اِنتخاب بلاواسطہ (ع۔ا۔مذ) ایسا اِنتخاب یا الیکشن جس میں عوام کو براہِ راست رائے دینے کا حق ہوتا ہے اور اُمیدوار عوام کی کثرتِ رائے سے چنے جاتے ہیں۔ ڈائریکٹ الیکشن۔
اِنتخاب بالواسطہ (ع۔ا۔ا۔مذ) ایسا الیکشن جس میں عوام پہلے اِنتخابی کالج منتخب کرتے ہیں اور پھر اِس انتخابی کالج کے ارکان سربراہِ مملکت اور قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ارکان کا چناؤ کرتے ہیں۔ اِن ڈائریکٹ الیکشن۔
اِنتداب (اِن۔تِ۔داب)(ع۔ا۔مذ) تولیت۔ کسی بین الاقوامی تنظیم کی طرف سے کسی مُلک کو کسی دُوسرے ملک پر عارضی طور پر حکومت کرنے کا اختیار دینا۔ (Mandate)۔
اَنتر (اَن۔تر)(س۔ا۔مذ)(۱) فاصلہ۔ دُوری۔ فرق (۲) دو چیزوں کے بیچ کی جگہ (۳) دل۔ خاطر (۴) بھید۔ راز۔
انتر بھومی (س۔ا۔مذ) زمین کا بالکل اندرونی حصہ۔ پاتال۔
انتر (بید) بیدی (ہ۔ا۔مذ) دو دریاؤں کے درمیان کی زمین۔ دوآبہ۔

انتر جامی (یامی) (س۔ا۔مذ)(۱) ہر چیز کا اندر۔ روحِ اعلیٰ (۲) دانائے راز۔ واقفِ حال۔ عالمُ الغیب۔
انتر دُوار (ہ۔ا۔مذ) گھر میں آنے جانے کے لئے بڑے دروازے کے علاوہ دروازہ۔ کھڑکی۔ چور دروازہ۔
انتر دھیان (س۔ا۔مذ) محویّت۔ اِستغراق۔
انتر منتر (ہ۔ا۔مذ) جادو ٹونا۔ جھاڑ پھونک۔
اَنترا (اَنت۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کڑی۔ سلسلہ (۲) گانے کا وہ ٹکڑا جو استھائی کے بعد ہو (۳) لکڑی پھینکنے کی اِصطلاح میں ہاتھ کی ضرب۔
اَنتڑی (اَنت۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) آنت۔ جمع: انتڑیاں۔ انتڑیوں۔
انتڑی میں رُوپ اور کُچھی میں چھب (اَر۔مثل) غذا سے رنگ روپ نکلتا ہے اور پوشاک سے بدن کی زیبائش ہوتی ہے۔
انتڑیاں جلنا (اَر۔محاورہ) بہت بُھوکا ہونا۔
انتڑیوں کے بَل کھولنا (اَر۔محاورہ) بہت دن بعد کھانا ملنے پر خوب پیٹ بھر کر کھانا۔
انتڑیوں میں بَل پڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) پیٹ میں درد ہونا (۲) مارے ہنسی کے پیٹ دُکھنے لگنا۔
اِنتزاع (اِن۔تِ۔زاع)(ع۔ا۔مذ) اُکھاڑنا۔ نکال لینا۔ معزولی۔
اِنتساب (اِن۔تِ۔ساب)(ع۔ا۔مذ)(۱) منسوب کرنا۔ نسبت دینا (۲) لگاؤ۔ تعلق۔ واسطہ۔ رشتہ۔
اِنتشار (اِن۔تِ۔شار)(ع۔ا۔مذ)(۱) پراگندگی۔ تتر بتر ہونا۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ تردُّد۔ فکر (۲) شہوت۔ آلۂ تناسل کی اِستادگی۔
اِنتصاب (اِن۔تِ۔صاب)(ع۔ا۔مذ) نصب کرنا یا ہونا۔ کھڑا کرنا یا ہونا۔
اِنتصاف (اِن۔تِ۔صاف)(ع۔ا۔مذ)(۱) اِنصاف پانا (۲) نصف ہونا۔
اِنتظار (اِن۔تِ۔ظار)(ع۔ا۔مذ)(۱) راہ دیکھنا (۲) آسرا۔ اُمید۔
اِنتظار کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) راہ دیکھنا (۲) آسرا تکنا۔
اِنتظام (اِن۔تِ۔ظام) (ع۔ا۔مذ) (۱) اہتمام۔ تدبیر۔ بندوبست (۲) ترتیب۔ آراستگی (۳) قاعدہ۔ ضابطہ۔ جمع: اِنتظامات۔
اِنتظامی (ع۔صف) اِنتظام سے متعلق۔
اِنتظامیہ (اِن۔تِ۔ظا۔می۔یَہ)(ع۔ا۔مث) حکومت کا ایک شعبہ جو مجلسِ قانون ساز کے بنائے ہوئے قوانین کو مُلک میں نافذ کرتا اور ان پر عمل کراتا ہے (Executive) (Administration)۔
اِنتفاع (اِن۔تِ۔فاع) (ع۔ا۔مذ) (۱) فائدہ اُٹھانا۔ نفع پانا (۲) منافع۔ فائدہ۔ آمدنی۔ حاصل۔
اِنتقاد (اِن۔تِ۔قاد)(ع۔ا۔مذ)(۱) نقد لینا (۲) پرکھنا۔ تنقید کرنا۔ تبصرہ کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔
اِنتقاض (اِن۔تِ۔قاض)(ع۔ا۔مذ) توڑ دینا۔ شکست۔
اِنتقاضِ شرط (ع۔ا۔مذ) شرط توڑ دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِنتقاضِ معاہدہ (ع۔ا۔مذ) معاہدہ توڑ دینا۔

اِنتقال (ان۔تِ۔قال) (ع۔ا۔مذ) (۱) مقام تبدیل کرنا۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا (۲) بدلی۔ تبدیلی (۳) موت۔ وفات۔

انتقالِ اراضی (ع۔ا۔مذ) زمین کسی دُوسرے کے نام منتقل کرنا۔

انتقالِ جائیداد (ع۔ا۔مذ) جائیداد کا ایک شخص کے قبضے سے دُوسرے شخص کے قبضے میں جانا۔

انتقالِ ذہنی (ع۔ا۔مذ) ایک بات سے دُوسری بات کی طرف ذہن کا جانا۔

انتقالِ رہن (ع۔ا۔مذ) رہن کی تبدیلی۔ رہن در رہن۔ گرو در گرو۔

انتقال کرنا (ار۔ محاورہ) مرنا۔ فوت ہونا۔

اِنتقام (ان۔تِ۔قام) (ع۔ا۔مذ) بدلہ۔ عوض۔ پاداش۔

انتقام لینا (ار۔ محاورہ) بدلہ لینا۔

اِنتقاماً (ان۔تِ۔قا۔مَن) (ع۔متعلق فعل) بدلہ لینے کے طور پر۔

اِنتقامی (ان۔تِ۔قا۔مِی) (ع۔صف) اِنتقام سے متعلق۔

اِنتہا (ان۔تِ۔ہا) (ع۔ا۔مث) اَخیر۔ حد۔ سِرا۔ انجام۔ خاتمہ۔

انتہاپسند (ع۔ف۔صف) کسی کام یا چیز کی انتہا چاہنے والا۔ اِعتدال پسندی کی ضد۔

انتہاپسندی (ع۔ف۔ا۔مث) انتہا پسند کرنا۔

انتہا کا (ار۔صف) پرلے درجے کا۔

اِنتہائی (ان۔تِ۔ہا۔اِی) (ع۔صف) آخری۔

انتہائی نُقطے (ع۔ا۔مذ) وہ نُقطے جو جبر و مقابلہ کے علم میں خطوط کو ختم کرنے والے ہوں۔

اَنتی (بفتحہ اوّل۔ نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) کان میں پہننے کا عورتوں کا ایک زیور۔

اُنتیس (اُن۔تیس) (ہ۔ا۔عدد) بیس اور نو۔ ایک کم تیس۔ ۲۹۔

اُنتیسواں (یائے معروف) (ہ۔عددِ ترتیبی) (۱) ترتیب میں اٹھارہ (۱۸) کے بعد کا درجہ (۲) اُنتیسواں حِصّہ۔ $\frac{1}{29}$۔

اُنتیسویں (یائے معروف) (ہ۔عددِ ترتیبی) اُنتیسواں کی تانیث۔

اُنتیسویں (یائے مجہول) (ہ۔عددِ ترتیبی) اُنتیسواں کی بدلی ہوئی شکل۔

اُنٹا (ہ۔ا۔مذ) (۱) افیون کی بڑی گولی (۲) سُوت یا ریشم کا لچھا (۳) بڑی کوڑی (۴) بلیرڈ (۵) اُوپر کا کوٹھا۔

اُنٹا چت (ہ۔صف) (۱) پیٹھ کے بل (۲) نشے میں چور۔ بدمست۔

اُنٹا چت ہونا (ہ۔ محاورہ) پیٹھ کے بل پڑنا (۲) نشے میں سُدھ نہ رہنا۔

اُنٹا غفیل (غ۔فیل) (ار۔صف) بے ہوش۔ بے سُدھ۔ مست۔

اُنٹا غفیل ہونا (ار۔ محاورہ) نہایت مدہوش ہونا۔

اِنٹر (Inter) (انگ۔صف) درمیانی۔

اِنٹرسٹ (Interest) (انگ۔ا۔مذ) دلچسپی (۲) فائدہ۔ سُود۔

اِنٹرمیڈیٹ (Intermediate) (انگ۔ا۔مذ) درمیانی درجہ۔ ایف اے۔

اِنٹرنیٹ (Internet) (انگ۔ا۔مذ) کمپیوٹر کا بین الاقوامی مربوط نظام۔

اِنٹرنس (Entrance) (انگ۔ا۔مذ) اِبتدا۔ شروع (۲) دروازہ (۳) وہ اِمتحان جسے پاس کرنے کے بعد طالب علم کالج میں داخلہ لے سکتا ہے۔ میٹرک۔

اِنٹرنیشنل (International) (انگ۔صف) بین الاقوامی۔

اِنٹرویو (Interview) (انگ۔ا۔مذ) (۱) باضابطہ ملاقات (۲) (اخبار کے نمایندے کا) کسی سے مل کر سوال جواب کرنا (۳) اخبار، ریڈیو، ٹیلے وژن یا کسی ادارے کے ارکان کا سوالات کے ذریعے کسی کے نظریات و خیالات معلوم کرنا۔

اَنٹ سنٹ (نون غنّہ) (ہ۔صف) اوٹ پٹانگ۔ مہمل۔ بے ہودہ۔

اَنٹی (بفتحہ اوّل۔ نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) دو اُنگلیوں کے بیچ کی جگہ۔ گھائی (۲) گانٹھ۔ گرہ (۳) دھوتی کا وہ حِصّہ جو کمر کے گرد باندھتے ہیں (۴) سُوت یا ریشم کی لچھی۔

انٹی (باز) مار (ار۔صف) (۱) جواریوں کی اِصطلاح میں وہ شخص جو اُنگلیوں کی درمیانی جگہ میں کوئی چیز چُھپا لے (۲) چالاک۔ فریبی۔ دغاباز۔

انٹی پر چڑھ جانا (ار۔ محاورہ) قابو میں آ جانا۔ دھوکے میں آ جانا۔

انٹی دینا (ار۔ محاورہ) گردنی دینا۔ گردن ناپنا۔

انٹی رکھنا (ار۔ محاورہ) (۱) چُھپا رکھنا۔ دبا رکھنا۔ ظاہر نہ ہونے دینا۔ ایک ہاتھ کی دو اُنگلیاں ایک دُوسرے پر چڑھانا۔

انٹی کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) سُوت لپیٹ کر انٹی بنانا (۲) کسی کا مال اُڑا لینا۔

انٹی مارنا (ار۔ محاورہ) جوا کھیلتے وقت کوڑی کو اُنگلیوں کے بیچ میں چُھپا لینا (۲) آنکھ بچا کر دُوسرے کی چیز غائب کر دینا۔ دھوکا دے کر چیز اُڑا لینا (۳) کم تولنا۔ ڈنڈی مارنا۔

اَنٹیا (انٹ۔یا) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) گھاس یا پتلی لکڑیوں کا بندھا ہوا مُٹھا۔ پُولا۔

انٹیانا (ہ۔مص) (۱) اُنگلیوں کے بیچ میں چھپانا۔ ہتھیلی میں چُھپانا (۲) چاروں اُنگلیوں میں لپیٹ کر ڈورے کی پنڈی بنانا (۳) گھاس یا پتلی لکڑیوں کا مُٹھا باندھنا (۴) غائب کرنا۔ ہضم کرنا۔

اُنثیٰ (اُن۔ثا) (ع۔ا۔مث) عورت۔ زن۔ جمع: اُناث۔

اُنثیین (اُن۔ثَ۔یَین) (ع۔ا۔مذ) ہر دو فوطے۔ دونوں خُصیے۔

اِنجاح (ان۔جاح) (ع۔ا۔مذ) حاجت روا ہونا یا کرنا۔ مطلب پُورا ہونا۔

اَنجام (بفتحہ اوّل۔ نون غنّہ) (ع۔ا۔مذ) نتیجہ۔ خاتمہ۔ آخر۔ اِنتہا۔

انجام بخیر ہونا (ار۔ محاورہ) نتیجہ اچھا نکلنا۔ خاتمہ اچھا ہونا (۲) ایمان کے ساتھ مرنا۔

انجام پانا (ار۔ محاورہ) تکمیل کو پہنچنا۔ پُورا ہونا۔

انجام دینا (ار۔ محاورہ) بجا لانا۔ پورا کر دینا۔ مکمل کرنا۔

انجام سوچنا (ار۔ محاورہ) دُور اندیشی کرنا۔ عاقبت بینی کرنا۔ اخیر کا خیال رکھنا۔

انجام کار (ع۔ف۔متعلق فعل) آخر کار۔ آخر کو۔ الغرض۔

انجام کو پہنچانا (ار۔ محاورہ) پُورا کرنا۔ ختم کرنا۔

انجام کو پہنچنا (ار۔ محاورہ) مکمل ہونا۔ مکمل ہو جانا۔

انجام (ہو جانا) ہونا (ار۔ محاورہ) ختم ہو جانا۔ پُورا ہونا۔ تمام ہونا۔ مرنا۔

اَنجب (ان۔جَب) (ع۔ا۔ تفضیل) (۱) نہایت نجیب۔ بڑا شریف (۲) [illegible]

اِنجذاب (ان۔جِ۔ذاب) (ع۔ا۔مذ) جذب کرنا یا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِنجر پنجر (نُونِ غُنّہ)(ہ۔ا۔مذ) بدن کے جوڑ۔ ہڈی پسلی۔
اِنجر پنجر ڈھیلے ہو جانا (اُر۔ محاورہ) اعضا کا مضمحل ہو جانا۔
اُنجَل (اُن۔جَل)(ہ۔ا۔مذ) دُعا کی طرح ملے ہوئے ہاتھ۔ لپ۔
اُنجلی (اُن۔جَ۔لی)(ہ۔ا۔مث) اوک۔ چُلّو (۲) لپ بھر (۳) اناج کی ڈھیری میں سے خیرات کے لئے نکالا ہوا اناج۔
اُنجلی نکالنا (ہ۔ محاورہ) کسان غلّہ تیار کرنے کے بعد فقیروں کو لپ بھر کر جو اناج دیتے ہیں اُسے انجلی نکالنا کہتے ہیں۔
اَنجُم (بفتحۂ اوّل۔ نُونِ غُنّہ)(ع۔ا۔مذ) نجم کی جمع۔ ستارے۔
انجم شناس (ع۔ف۔صف) ستاروں کے حساب سے پیشین گوئی کرنے والا۔ منجّم۔ نجومی۔
اِنجماد (اِن۔جِ۔ماد)(ع۔ا۔مذ) جمنا۔ ٹھوس ہونا۔
اَنجُمن (اَن۔جُ۔مَن)(ف۔ا۔مث)(۱) مجلس۔ محفل۔ سبھا (۲) کمیٹی۔
انجمن اقوامِ متّحدہ (ع۔ف۔ا۔مث) ایک بین الاقوامی مجلس یا انجمن جو دُوسری جنگ عظیم کے خاتمے پر قائم کی گئی اور جس کا مقصد دُنیا میں امن و آشتی کو فروغ دینا اور بین الاقوامی تنازعات طے کرانا ہے۔ (United Nations Organization)۔
اَنجَن (اَن۔جَن)(ہ۔ا۔مذ) سُرمہ۔ کاجل۔
انجن سار (ہ۔صف) سُرگیں۔ سُرمہ لگی۔
انجن ہاری (ہ۔ا۔مث) دیکھئے گوہانجنی۔ کہانجنی (۲) ایک قسم کی مکھی جسے کمہاری یا بلنا بھی کہتے ہیں۔
اِنجن (Engine)(انگ۔ا۔مذ) مشین۔ بھاپ، تیل یا بجلی سے چلنے والی کل۔
اِنجیر (نُونِ غُنّہ)(ف۔ا۔مذ) ایک مشہور پیڑ اور اس کا میٹھا پھل جو گولر کے برابر ہوتا ہے۔
اِنجیل (نُونِ غُنّہ)(یو۔ا۔مث)(۱) مژدہ۔ خوش خبری (۲) کتبِ سماوی میں سے ایک کتاب جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی۔ جمع: اناجیل۔
انجینئر (Engineer)(انگ۔ا۔مذ) تعمیرات یا مشینوں کا کام جاننے والا۔
اِنچ (Inch)(انگ۔ا۔مذ) فُٹ کا بارھواں حصّہ۔
اِنچارج (Incharge)(انگ۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے اختیار میں کوئی چیز یا انتظام ہو۔
اُنچاس (اُن۔چاس)(ہ۔ا۔عدد) ایک کم پچاس۔ چالیس اور نو۔ ۴۹۔
اُنچاؤ (بضمِ اوّل)(نُونِ غُنّہ)(واوِ مجہول)(ہ۔ا۔مذ) بلندی۔ اُونچائی۔
اُنچائی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے اُونچائی۔
اَنچِت (اَن۔چِت)(ق۔صف)(۱) بے فکرا (۲)(متعلق فعل) اچانک۔ یکایک۔

اُنچھر (اُن۔چھر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جادو کے بول۔ منتر (۲) حرف (۳) بچھو (ق)۔
اُنچھر پڑھ کے مارنا (ہ۔ محاورہ) جادو کرنا۔ منتر پڑھ کر پھونک مارنا۔
اِنحراف (اِن۔حِ۔راف)(ع۔ا۔مذ)(۱) پھر جانا۔ منکر جانا۔ برخلاف ہونا (۲) انکار۔ مخالفت۔ نافرمانی۔
اِنحصار (اِن۔حِ۔صار)(ع۔ا۔مذ) منحصر ہونا۔ گھِرنا۔ محصور ہونا سا۔ موقوف ہونا۔
اِنحطاط (اِن۔حِ۔طاط)(ع۔ا۔مذ) کم ہونا۔ گھٹنا (۲) کمی۔ گھٹاؤ۔ تنزّل۔
اِنحلال (اِن۔حِ۔لال)(ع۔ا۔مذ) کسی مُرکّب شے کے عناصر ترکیبی کا الگ الگ ہونا۔
اِنخلا (اِن۔خِ۔لا)(ع۔ا۔مذ) خالی کرنا۔ خالی ہونا۔
اِندارا (اِن۔دا۔را)(ہ۔ا۔مذ) بہت بڑا اور گہرا کنواں۔
اَنداز (بفتحۂ اوّل۔ نُونِ غُنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) قیاس (۲) طریقہ۔ وضع۔ طور طریق (۳) ادا۔ معشوقانہ لگاوٹ (۴) اعتدال۔ مقدارِ معیّن (۵) نمونہ۔ پیمانہ۔
انداز اُڑانا (اُر۔ محاورہ) کسی کا ڈھنگ سیکھ لینا۔ کسی کی وضع اُڑانا۔ کسی کے طریقے پر چلنا۔ سیکھنا۔ حاصل کرنا۔
اندازپیٹی (اُر۔صف) اپنی خوب صورتی اور چال ڈھال پر اترانے والی عورت۔
اندازِ خسروانہ (ف۔ا۔مذ) شہنشاہوں کے طور طریقے۔
انداز سے باہر ہونا (اُر۔ محاورہ) حد سے بڑھ جانا۔ حیثیت سے نکل جانا۔
انداز ملنا (اُر۔ محاورہ) اٹکل ہو جانا۔ تخمینہ ہو جانا (۲) طرز ملنا۔
انداز نکلنا (اُر۔ محاورہ) شان پائی جانا۔ ڈھنگ نکلنا۔
اَندازہ (بفتحۂ اوّل۔ نُونِ غُنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) اٹکل۔ تخمینہ (۲) نمونہ (۳) مانند (۴) حدِ اعتدال۔ پیمانہ (۵) مقدور۔ اُردو جمع: اندازوں۔ اندازے۔
اندازہ کرنا (اُر۔ محاورہ) تخمینہ کرنا۔ امتحان کرنا۔ جانچنا۔
اَندام (بفتحۂ اوّل۔ نُونِ غُنّہ)(ف۔ا۔مذ) جسم۔ بدن۔ انگ۔
اندامِ نہانی (ف۔ا۔مذ) عورت کی شرم گاہ۔ فرج۔
اَندَر (بفتحۂ اوّل وسوم۔ نُونِ غُنّہ)(ف۔حرفِ جار) بیچ۔ درمیان۔ اندرون۔ بھیتر۔ باہر کی ضد۔
اندرخانے (ف۔اُر۔ متعلق فعل) خفیہ طور پر۔ چُھپے چُھپے۔ چُپ چُپاتے۔
اندر کی سانس اندر باہر کی سانس باہر (اُر۔مثل) دہشت، حادثے، شرم وندامت یا انتہائی حیرت سے سانس رُک جانا۔
اندر وار (ف۔ متعلق فعل) اندر کی طرف۔ اندر کے رُخ۔
اندر والا (اُر۔ا۔مذ)(۱) دل۔ جی۔ مَن (۳) بچہ جو رحمِ مادر میں ہو۔
اِندر (بکسرِ اوّل وفتحِ سوم)(نُونِ غُنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چترائی۔ چالاکی (۲) ہندو دیوتاؤں کا راجا (۳) بہشت کا راجا (۴) مینہ برسانے والا دیوتا (۵) رعد۔ گرج۔ بجلی۔
اِندر جال (ہ۔ا۔مذ) فریب۔ دھوکا۔ طلسم۔ شعبدہ۔ چھل۔
اِندر جَو (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت کا پھل جو جَو کے ہم شکل ہوتا ہے۔
اِندر سبھا (اِندر کا اکھاڑا)(ہ۔ا۔ پہلا مؤنث۔ دوسرا مذکر) پرستان۔ راجا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَنجر پنجر (نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) بدن کے جوڑ۔ ہڈی پسلی۔
انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا (اُر۔ محاورہ) اعضا کا مضمحل ہو جانا۔
اُنجُل (اُن۔جل)(ہ۔ا۔مذ) دُعا کی طرح ملے ہوئے ہاتھ۔ لپ۔
اُنجلی (اُن۔جَ۔لی)(ہ۔ا۔مث) اوک۔ چُلّو (۲) لپ بھر (۳) اناج کی ڈھیری میں سے خیرات کے لئے نکالا ہوا اناج۔
اُنجلی نکالنا (ہ۔ محاورہ) کسان غلّہ تیار کرنے کے بعد فقیروں کو لپ بھر کر جو اناج دیتے ہیں اُسے انجلی نکالنا کہتے ہیں۔
اَنجُم (بفتحہء اوّل۔ نون غنّہ)(ع۔ا۔مذ) نجم کی جمع۔ ستارے۔
انجم شناس (ع۔ف۔صف) ستاروں کے حساب سے پیشین گوئی کرنے والا۔ منجّم۔ نجومی۔
اِنجماد (اِن۔جِ۔ماد)(ع۔ا۔مذ) جمنا۔ ٹھوس ہونا۔
اَنجُمن (اَن۔جُ۔مَن)(ف۔ا۔مث)(۱) مجلس۔ محفل۔ سبھا (۲) کمیٹی۔
انجمن اقوامِ متّحدہ (ع۔ف۔ا۔مث) ایک بین الاقوامی مجلس یا انجمن جو دُوسری جنگِ عظیم کے خاتمے پر قائم کی گئی اور جس کا مقصد دُنیا میں امن و آشتی کو فروغ دینا اور بین الاقوامی تنازعات طے کرانا ہے۔ (United Nations Organization)۔
اَنجن (اَن۔جَن)(ہ۔ا۔مذ) سُرمہ۔ کاجل۔
انجن سار (ہ۔صف) سُرمگیں۔ سُرمہ لگی۔
انجن ہاری (ہ۔ا۔مث) دیکھئے گوہانجنی۔ کہانجنی (۲) ایک قسم کی مکھی جسے کمہاری یا بلنا بھی کہتے ہیں۔
اِنجن (Engine)(انگ۔ا۔مذ) مشین۔ بھاپ، تیل یا بجلی سے چلنے والی کل۔
اِنجیر (نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) ایک مشہور پیڑ اور اس کا میٹھا پھل جو گولر کے برابر ہوتا ہے۔
اِنجیل (نون غنّہ)(یو۔ا۔مث)(۱) مژدہ۔ خوش خبری (۲) کتبِ سماوی میں سے ایک کتاب جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی۔ جمع: اناجیل۔
انجینئر (Engineer)(انگ۔ا۔مذ) تعمیرات یا مشینوں کا کام جاننے والا۔
اِنچ (Inch)(انگ۔ا۔مذ) فُٹ کا بارھواں حصّہ۔
اِنچارج (Incharge)(انگ۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے اختیار میں کوئی چیز یا اِنتظام ہو۔
اُنچاس (اُن۔چاس)(ہ۔ا۔عدد) ایک کم پچاس۔ چالیس اور نو۔ ۴۹۔
اُنچاؤ (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(واؤ مجہول)(ہ۔ا۔مذ) بلندی۔ اُونچائی۔
اُنچائی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے اُونچائی۔
اَنچِت (اَن۔چِت)(ق۔صف)(۱) بے فکرا (۲)(متعلق فعل) اچانک۔ یکایک۔

اَنچھر (اَن۔چھر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جادو کے بول۔ منتر (۲) حرف (۳) بچھو (ق)۔
اَنچھر پڑھ کے مارنا (ہ۔ محاورہ) جادو کرنا۔ منتر پڑھ کر پھونک مارنا۔
اِنحراف (اِن۔حِ۔راف)(ع۔ا۔مذ)(۱) پھر جانا۔ مُکر جانا۔ برخلاف ہونا (۲) انکار۔ مخالفت۔ نافرمانی۔
اِنحصار (اِن۔حِ۔صار)(ع۔ا۔مذ) منحصر ہونا۔ گِھرنا۔ محصور ہونا۔ سمانا۔ موقوف ہونا۔
اِنحطاط (اِن۔حِ۔طاط)(ع۔ا۔مذ) کم ہونا۔ گھٹنا (۲) کمی۔ گھٹاؤ۔ تنزّل۔
اِنحلال (اِن۔حِ۔لال)(ع۔ا۔مذ) کسی مُرکّب شے کے عناصرِ ترکیبی کا الگ الگ ہونا۔
اِنخلا (اِن۔خِ۔لا)(ع۔ا۔مذ) خالی کرنا۔ خالی ہونا۔
اِندارا (اِن۔دا۔را)(ہ۔ا۔مذ) بہت بڑا اور گہرا کنواں۔
اَنداز (بفتحہء اوّل۔ نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) قیاس (۲) طریقہ۔ وضع۔ طور طریق (۳) ادا۔ معشوقانہ لگاوٹ (۴) اعتدال۔ مقدارِ معیّن (۵) نمونہ۔ پیمانہ۔
انداز اُڑانا (اُر۔ محاورہ) کسی کا ڈھنگ سیکھ لینا۔ کسی کی وضع اُڑانا۔ کسی کے طریقے پر چلنا۔ سیکھنا۔ حاصل کرنا۔
انداز بیگی (اُر۔صف) اپنی خوب صورتی اور چال ڈھال پر اِترانے والی عورت۔
اندازِ خسروانہ (ف۔ا۔مذ) شہنشاہوں کے طور طریقے۔
انداز سے باہر ہونا (اُر۔ محاورہ) حد سے بڑھ جانا۔ حیثیت سے نکل جانا۔
انداز ملنا (اُر۔ محاورہ) اٹکل ہو جانا۔ تخمینہ ہو جانا (۲) طرز ملنا۔
انداز نکلنا (اُر۔ محاورہ) شان پائی جانا۔ ڈھنگ نکلنا۔
اَندازہ (بفتحہء اوّل۔ نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) اٹکل۔ تخمینہ (۲) نمونہ (۳) مانند (۴) حدِّ اعتدال۔ پیمانہ (۵) مقدور۔ اُردو جمع: اندازوں۔ اندازے۔
اندازہ کرنا (اُر۔ محاورہ) تخمینہ کرنا۔ امتحان کرنا۔ جانچنا۔
اَندام (بفتحہء اوّل۔ نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) جسم۔ بدن۔ انگ۔
اندامِ نہانی (ف۔ا۔مذ) عورت کی شرم گاہ۔ فرج۔
اَندر (بفتحہء اوّل و سوم۔ نون غنّہ)(ف۔ حرف جار) بیچ۔ درمیان۔ اندرون۔ بھیتر۔ باہر کی ضد۔
اندر خانے (ف۔اُر۔ متعلق فعل) خُفیہ طور پر۔ چھپکے چھپکے۔ چپ چپاتے۔
اندر کی سانس اندر باہر کی سانس باہر (اُر۔ مثل) دہشت، حادثے، شرم وندامت یا انتہائی حیرت سے سانس رُک جانا۔
اندر وار (ف۔ متعلق فعل) اندر کی طرف۔ اندر کے رُخ۔
اندر والا (اُر۔ا۔مذ)(۱) دل۔ جی۔ مَن (۳) بچہ جو رحمِ مادر میں ہو۔
اِندر (بکسرِ اوّل و فتح سوم)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چترائی۔ چالاکی (۲) ہندو دیوتاؤں کا راجا (۳) بہشت کا راجا (۴) مینہ برسانے والا دیوتا (۵) رعد۔ گرج۔ بجلی۔
اِندر جال (ہ۔ا۔مذ) فریب۔ دھوکا۔ طلسم۔ شعبدہ۔ چھل۔
اندر جَو (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت کا پھل جو جَو کے ہم شکل ہوتا ہے۔
اندر سبھا (اندر کا اکھاڑا) (ہ۔ا۔ پہلا مؤنث۔ دوسرا مذکر) پرستان۔ راجا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اندھا گھوڑا (اَر-ا-مذ) سادھو فقیر لوگ جُوتے کو کہتے ہیں۔
اندھا کیا سکائی کو' آپ کو کہ بھائی کو؟ (اَر-مثل) خود غرض کو اپنا کام ہی مقدم ہوتا ہے۔ وہ دُوسرے کی ضرورت کا خیال نہیں رکھتا۔
اندھا مُلّا ٹوٹی مسجد (اَر-مثل) ناقص کو ناقص ہی چیز ملتی ہے۔
اندھا ہونا (اَر-محاورہ) (۱) نابینا ہونا (۲) گمراہ ہونا (۳) نشے یا جوشِ جوانی میں بدمست ہونا (۴) مغرور ہونا (۵) دیکھ کر نہ چلنا۔ بے دیکھے بھالے کام کرنا۔
اندھ کار (ہ-ا-مذ) اَندھ کے تحت دیکھئے۔
اَنّدھوں (ہ-صف) اندھا کی جمع۔
اندھوں میں کانا راجا (اَر-مثل) بے وقوفوں میں ذرا عقل رکھنے والا لائق سمجھا جاتا ہے۔
اَنّدھی (ہ-صف-مث) اندھا کی تانیث۔
اندھی آنت (اَر-ا-مث) زائد آنت جو بڑی آنت کے اُوپر لگی ہوتی ہے (Appendix)۔ نیز دیکھئے اِلتہابِ زائدہ۔
اندھی پیسے کتا کھائے (اَر-مثل) بدسلیقگی اور پھوہڑپن کے موقع پر کہتے ہیں۔
اندھی سرکار (اَر-ا-مث) ایسی حکومت جس کا اِنتظام اچھا نہ ہو (۲) نا انصاف حاکم۔
اَنّدھے (ہ-صف) (۱) اندھا کی جمع (۲) اندھا کی مُغیرہ شکل۔
اندھے حافظ کانے راجا (اَر-مثل) مذاق سے اندھے مسلمان کو حافظ اور کانے کو راجا کہتے ہیں۔
اندھے کو اندھا راستہ کیوں کر بتائے؟ (اَر-مثل) جو خود گمراہ ہو وہ اوروں کی کیا رہبری کر سکتا ہے۔
اندھے کو رات دن برابر ہے (اَر-مثل) نافہم اور جاہل اچھے بُرے میں تمیز نہیں کر سکتا۔
اندھے کی جورُو کا اللہ بیلی (اَر-مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص اپنی چیز کی اچھی طرح حفاظت نہ کر سکے۔
اندھے کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھے گا (اَر-مثل) معذور کا کوئی جُرم قابلِ سزا و ملامت نہیں۔ مجبور شخص کی غلطی جُرم نہیں ہے (۲) بچوّں کا ایک کھیل۔
اندھے کی (لکڑی) لاٹھی (اَر-ا-مث) (۱) سہارا۔ آسرا (۲) اکلوتا لڑکا۔ بُڑھاپے کا سہارا۔
اندھے کے آگے روئیے اپنے بھی نین کھوئیے (اَر-مثل) نااہل کو نصیحت کرنا مفت کی دردِ سری ہے۔
اندھے کے ہاتھ بٹیر لگنا (اَر-مثل) کسی شخص کو اُس کی حیثیت یا لیاقت سے بڑھ کر کوئی چیز مل جانا۔
اندھے گھوڑے پر سوار کرادے (اَر-فقیروں کا کلمہ) جُوتا پہنادے۔
اَنّدھیار (اَنّدھ-یار) (ہ-ا-مذ) اندھیرا۔ تاریکی۔
اَنّدھیارا (اَنّدھ-یا-را) (ہ-ا-مذ) (۱) اندھیرا (۲) دُھندلاپن۔ دُھند۔
اَنّدھیاری (اَنّدھ-یا-ری) (ہ-ا-مث) دیکھئے اندھیری نمبرا۔
اندھیاری کوٹھڑی۔ دیکھئے اندھیری کوٹھڑی۔
اندھیاری گئی کہ چور (ہ-مثل) ہر وقت حفاظت اور احتیاط کرنی چاہئے۔

اَنّدھیر (بفتحہ اوّل۔ نُون غُنہ۔ یائے مجہول) (ہ-ا-مذ) (۱) سیاہی۔ تاریکی (۲) ظلم و ستم۔ غضب۔ آفت (۳) بے انصافی۔ بدنظمی (۴) دغا۔ فریب۔ بے ایمانی۔
اندھیر چھانا (اَر-محاورہ) اندھیرا ہوجانا۔ سیاہی پھیل جانا (۲) بدنظمی کا دور دورہ ہونا۔
اندھیر ڈھانا (اَر-محاورہ) کمال ظلم کرنا۔
اندھیر کرنا (اَر-محاورہ) بے اِنصافی کرنا۔ ظلم کرنا۔
اندھیر کھاتا (ہ-ا-مذ) (۱) حساب کتاب اور کاروبار میں گڑبڑ (۲) سخت بدمعاملگی (۳) ظلم و ستم۔
اندھیر مچانا (اَر-محاورہ) (۱) ظلم و ستم کرنا۔ آفت برپا کرنا (۲) لُوٹ مچانا (۳) بے اِنصافی کرنا۔
اندھیر نگری چوپٹ راجا' ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا (ہ-مثل) نااِنصاف حاکم' بے پروا حکومت۔ بے قانون بادشاہت' جہاں حاکم کی بے پروائی سے لُوٹ مچی ہو۔
اندھیر ہونا (اَر-محاورہ) (۱) بے حد تاریکی ہونا (۲) ظلم ہونا۔ نااِنصافی ہونا۔
اَنّدھیرا (اَنّدھے-را) (ہ-ا-مذ) اُجالے کی ضد۔ تاریکی۔ سیاہی۔
اندھیرا جُھک آنا (اَر-محاورہ) تاریکی بڑھ جانا۔
اندھیرا چھانا (اَر-محاورہ) تاریکی ہو جانا۔
اندھیرا کرنا (اَر-محاورہ) روشنی کو روکنا۔ چراغ گُل کرنا۔
اندھیرا گھپ (اَر-ا-مذ) نہایت تاریکی۔ ایسا اندھیرا جس میں کچھ نہ سُوجھے۔
اَنّدھیری (اَنّدھے-ری) (ہ-ا-مث) (۱) تاریکی۔ سیاہی (۲) چمڑے یا کپڑے کا پردہ جو شریر گھوڑے کی آنکھوں پر باندھ دیتے ہیں (۳) (ہ-صف) تاریک۔ سیاہ۔
اندھیری (جُھکنا) چھانا (اَر-محاورہ) (۱) تاریکی چھانا (۲) کالی گھٹا کے سبب اندھیرا ہو جانا۔
اندھیری دینا (اَر-محاورہ) (۱) گھوڑے کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا (۲) کسی شخص کی آنکھوں کو ڈھک کر اُس کی گت بنانا۔ کمبل اُڑھانا (۳) دھوکا دینا۔
اندھیری ڈالنا (اَر-محاورہ) گھوڑے کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا۔
اندھیری رات (اَر-ا-مث) تاریک رات۔
اندھیری کوٹھڑی (اَر-ا-مث) (۱) تاریک کوٹھڑی (۲) جسم کا اندرونی حصہ۔ پیٹ۔ کوکھ۔
اَنّدھیرے (ہ-ا-مذ) (بیائے مجہول) اندھیرا کی بدلی ہوئی صورت۔
اندھیرے اُجالے (اَر-متعلق فعل) اویر سویر۔ موقع بے موقع۔ وقت بے وقت۔
اندھیرے گھر کا اُجالا (چراغ) (اَر-ا-مذ) (۱) اکلوتا بیٹا (۲) نہایت پیارا جس سے گھر کی رونق ہو۔
اندھیرے مُنہ (اَر-متعلق فعل) بہت سویرے۔ تڑکے ہی۔ علی الصّباح۔
اَنّدیش (نُون غُنہ) (ف-صف فاعلی) اندیشیدن مصدر سے صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سوچنے یا فکر کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے دُور اندیش۔
اَنّدیشہ (اَنّدے-شہ) (ف-ا-مذ) (۱) فکر۔ سوچ۔ تردُّد (۲) خوف۔ کھٹکا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اندیشہ کرنا (اَر۔ محاورہ) فکر کرنا۔ سوچنا (۲) ڈرنا۔
اندیشہ ناک (اندیش ناک) (ف۔ صف) پُر خطر۔ خوفناک۔
اَنڈا (مہ۔ اِ۔ مذ) بیضہ۔ مادہ پرند یا جانور کے جسم سے نکلا ہوا اور سخت چھلکے سے ڈھکا ہوا سیال مادہ جس سے بچہ بنتا ہے۔ جمع: انڈوں۔ انڈے۔
انڈا بٹھانا (اَر۔ محاورہ) مُرغی کے نیچے سینے کی غرض سے انڈا رکھنا۔
انڈا کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) انڈا پھوٹنا۔ انڈے کا تڑکنا جو بچہ نکلنے کی علامت ہے۔
اَنڈر (Under) (انگ۔ تابع فعل) (۱) نیچے۔ تحت۔ زیر (۲) (صف) ماتحت۔ نائب۔
انڈر آرم (Under Arm) (انگ۔ صف) (کرکٹ) گیند جو ہاتھ نچا کر کے پھینکی جائے (۲) (ٹینس) اسٹروک جو ہاتھ نچا کر کے مارا جائے۔
انڈر سیکرٹری (Under Secretary) (انگ۔ اِ۔ مذ) نائب معتمد۔
انڈر گراؤنڈ (Underground) (انگ۔ صف) (۱) زیرِ زمین۔ زمین دوز۔ (۲) روپوش۔ چھپا ہوا۔
انڈر ویئر (Underwear) (انگ۔ اِ۔ مذ) زیر جامہ۔ پتلون وغیرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔
اِنڈنٹ (Indent) (انگ۔ اِ۔ مذ) سرکاری تحریر جس میں سامانِ رسد کا مطالبہ ہو۔
اَنڈوائی (انڈیائی) (مہ۔ صف) مادہ پرند جو انڈے دینے والی ہو۔
اَنڈوں (مہ۔ اِ۔ مذ) انڈا کی جمع۔
انڈوں پر ہے (اَر۔ محاورہ) انڈے سیتی ہے۔ انڈے دے رہی ہے۔
اَنڈے (مہ۔ اِ۔ مذ) انڈا کی جمع (۲) انڈا کی مُغیرہ صورت۔
انڈے اُڑانا (اَر۔ محاورہ) جھوٹ بولنا۔
انڈے بُول میں بچے کھجور میں (اَر۔ مثل) کوئی چیز کہیں اور کوئی کہیں ہونا۔ بد اِنتظامی۔
انڈے بچے (اَر۔ اِ۔ مذ) لڑکے بالے۔ آل اولاد۔
انڈے سینا (مہ۔ مع) بچے نکالنے کے لئے پرندوں کا انڈوں پر بیٹھ کر اُنہیں گرمی پہنچانا۔
انڈے سیوے فاختہ اور کوّے بچے کھائیں (اَر۔ مثل) محنت کوئی کرے مزے کوئی اُڑائے۔
انڈے سیوے کوئی بچے لیوے کوئی (اَر۔ مثل) دیکھئے انڈے سیوے فاختہ۔
انڈے کا ستارہ (اَر۔ اِ۔ مذ) گھی میں تلا ہوا خالی انڈا۔
انڈے کا شہزادہ (اَر۔ اِ۔ مذ) وہ شخص جو کبھی گھر سے باہر نہ نکلا ہو۔ ناتجربہ کار۔ ناواقف۔ بھولا بھالا۔
انڈے لڑانا (اَر۔ محاورہ) ایک قسم کا جُوا جو انڈوں کو لڑا کر کھیلا جاتا ہے۔
انڈے ہوں گے تو بچے بھی ہو رہیں گے (اَر۔ مثل) درخت سلامت ہے تو پھلوں کی کیا کمی۔
اِنڈیا (India) (لاط۔ اِ۔ مذ) ہندوستان۔ بھارت۔ (لاطینی زبان کا یہ لفظ یونانی لفظ "اندوس" (لاط: اِنڈس) سے ماخوذ ہے)۔
اَنڈیانا (انڈیانا) (مہ۔ مع) (۱) انڈے دینے کے قریب ہونا (۲) بیل یا بھینسے کے خصیوں کو ملنا تاکہ وہ تیز چلے۔
اِنڈیکس (Index) (انگ۔ اِ۔ مذ) فہرست۔ اِشاریہ۔
اَنڈیلنا (انڈیل۔ نا) (نون مخفیہ۔ یائے مجہول) (مہ۔ مع) اوندھانا۔ کوٹنا۔ لنڈھانا۔ ڈالنا۔
اِنڈین (Indian) (انگ۔ صف) انڈیا کا۔ انڈیا سے منسوب۔
اِنڈین پینل کوڈ (Indian Penal Code) (انگ۔ اِ۔ مذ) تعزیراتِ ہند۔ ہندوستان کا قانونِ فوجداری۔
اِنڈین سِول سروس (Indian Civil Service) (انگ۔ اِ۔ مث) ہندوستان کی اعلیٰ ملکی ملازمت جس کا مخفف آئی۔ سی۔ ایس ہے۔ انگریزی دور میں اِس منصب کے لئے مقابلے کا اِمتحان پاس کرنا پڑتا تھا۔
اِنڈین نیشنل کانگرس (Indian National Congress) (انگ۔ اِ۔ مث) ہندوستان کی سیاسی جماعت جس کا آغاز لارڈ ڈفرن کے عہد میں ۱۸۸۰ء میں ہوا۔
اَنرتھ (اَن۔ رَتھ) (س۔ صف) بے معنی۔ مہمل۔ غیرواجب۔ بیجا۔ نامناسب۔ خلافِ دستور۔
اِنزال (اِن۔ زال) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) اُترنا۔ اُتارنا (۲) منی نکلنا۔ جھڑنا۔
اِنزال ہونا (اَر۔ محاورہ) جھڑنا۔ منی نکلنا۔
اِنزِجار (اِن۔ زِ۔ جار) (ع۔ اِ۔ مذ) ہٹ جانا۔ پلٹ جانا۔
اَنس (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (مہ۔ اِ۔ مذ) (۱) توانائی۔ طاقت (۲) حصہ۔ درجہ۔ بھاگ (۳) منی۔ تخم۔ بیج۔
انس نکلنا (مہ۔ محاورہ) جان نکلنا۔ طاقت زائل ہونا۔ ناتواں ہونا۔
اِنس (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مذ) اِنسان۔ آدمی۔ جمع: اُناس۔
اِنس وجان (ع۔ اِ۔ مذ) انسان اور جن۔
اُنس (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مذ) محبت۔ پیار۔ اِختلاط۔ رغبت۔ میل جول۔
اَنساب (اَن۔ ساب) (ع۔ اِ۔ مذ) نَسب کی جمع۔ نسلیں۔ خاندان۔ شجرے۔
اِنسان (اِن۔ سان) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) آدمی۔ بشر (۲) اُنس و محبت رکھنے والا۔ اخلاق سے آراستہ (۳) آنکھ کی پتلی۔ جمع: اُناس۔ اُردو جمع: اِنسان۔ اِنسانوں۔
انسان بنانا (اَر۔ محاورہ) اچھی تربیت دینا۔ آدمی بنانا۔ مہذب بنانا۔
انسان بننا (اَر۔ محاورہ) آدمیت سیکھنا۔ مہذب بننا۔
انسان دوستی (ع۔ ف۔ اِ۔ مث) بنی نوعِ انسان سے محبت۔
انسان کیا پکھیرو ہے (اَر۔ مثل) بہت سیر و سیاحت کرنے والا۔
انسان میں کچھ نہیں (اَر۔ مقولہ) آدمی کی زندگی کا کوئی اِعتبار نہیں۔
انسان ہی تو ہیں (اَر۔ مقولہ) آدمی سے خطا ہو ہی جاتی ہے۔
اِنسانی (اِن۔ سا۔ نی) (ع۔ صف) منسوب بہ اِنسان۔ اِنسان سے متعلق۔
اِنسانیت (اِن۔ سا۔ نی۔ یَت) (ع۔ اِ۔ مث) آدمیت۔ بشریت۔ تمیز۔ تہذیب۔ شعور۔ عقل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِنسانیت (برتنا) سے پیش آنا (اُر۔ محاورہ) مُروّت کا برتاؤ کرنا۔ اَخلاق و تہذیب سے بات چیت کرنا۔

اِنسائیکلوپیڈیا (Encyclopaedia) (انگ۔ ا۔ مث و مذ) قاموس۔ قاموسُ العلوم۔ دائرۃُ المعارف۔ وہ کتاب جس میں جملہ علوم و فنون کے متعلق معلومات درج ہوں۔ مخزنُ العلوم۔

اَنسَب (اَن۔ سَب) (ع۔ ا۔ تفضیل) زیادہ مناسب۔ بہت ٹھیک۔

اِنسپکٹر (Inspector) (انگ۔ ا۔ مذ) مُعاینہ کرنے والا۔ مُعاینہ کار۔ دیکھ بھال کرنے والا۔ اُردو جمع: اِنسپکٹر۔ انسپکٹروں۔

انسپکٹر جنرل (Inspector General) (انگ۔ ا۔ مذ) مُعاینہ کرنے والا بڑا افسر۔ اعلیٰ نگران۔

اُنسٹھ (اُن۔ سَٹھ) (ھ۔ ا۔ عدد) ایک کم ساٹھ۔ پچاس اور نو۔ (۵۹)۔

اِنسٹی ٹیوٹ (Institute) (انگ۔ ا۔ مذ) ادارہ۔ محکمہ۔

اِنسٹی ٹیوشن (Institution) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) علمی مجلس۔ اِدارہ (۲) کسی اِدارے کی عمارت۔

اِنسِداد (اِن۔ سِ۔ داد) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بند کر دینا (۲) روک تھام۔ بندش۔ روکنے کا بندوبست۔

اُنسِیَت (اُن۔ سِی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) محبت۔ مہر۔ لگاؤ۔

اِنشا (اِن۔ شا) (ع۔ ا۔ مث) (۱) عبارت لکھنا۔ بات پیدا کرنا (۲) عبارت۔ تحریر۔

انشا پرداز (ع ف۔ صف) مضمون نگار۔ ادیب۔ منشی۔ نثّار۔ نثر لکھنے والا۔

انشا پردازی (ع ف۔ ا۔ مث) (۱) عبارت نویسی۔ مضمون نگاری۔ عبارت آرائی (۲) خط یا عبارت لکھنے کا ڈھنگ۔ مضمون لکھنے کا طریقہ۔

اِن شاءَ اللہ تعالیٰ (ع۔ فقرہ) اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا۔

اِنشائیَہ (اِن۔ شا۔ ای۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مذ) اِنشا سے منسوب (۲) نحو کی اِصطلاح میں وہ جملہ جس میں سچ جھوٹ کا اِحتمال نہ ہو (۳) نیم سنجیدہ ہلکا پھلکا مضمون (Essay)۔

اِنشِراح (اِن۔ شِ۔ راح) (ع۔ ا۔ مذ) کھلنا۔ کشادہ ہونا۔ واضح ہونا۔

اِنشِقاق (اِن۔ شِ۔ قاق) (ع۔ ا۔ مذ) شق ہونا۔ تڑقنا۔ ٹوٹ کر الگ ہونا۔

اِنشورنس (Insurance) (انگ۔ ا۔ مث) بیمہ۔

اَنصار (اَن۔ صار) (ع۔ ا۔ مذ) ناصر کی جمع (۱) مددگار (۲) مدینے کے وہ باشندے جنہوں نے سردارِ دوعالم ﷺ کی مدد کی تھی۔

اَنصاری (اَن۔ صا۔ ری) (ع۔ صف) جماعتِ انصار کا فرد۔ انصار سے منسوب۔

اِنصاف (اِن۔ صاف) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دو ٹکڑے کرنا (۲) فیصلہ کرنا (۳) عدل۔ داد۔ نیائے۔

انصاف چاہنا (اُر۔ محاورہ) دادرسی چاہنا۔ فریاد کرنا۔ اِستغاثہ کرنا۔

انصاف (چکانا) کرنا (اُر۔ محاورہ) دادرسی کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا۔

انصاف سے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) حق پر نظر رکھنا۔

انصاف کا خون کرنا (اُر۔ محاورہ) انصاف نہ کرنا۔ بے انصافی کرنا۔

انصاف کرنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا چکانا۔ حق کے مطابق فیصلہ کرنا۔

اِنصِراف (اِن۔ صِ۔ راف) (ع۔ ا۔ مذ) پھر آنا۔ لوٹ آنا۔

اِنصِرام (اِن۔ صِ۔ رام) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پورا ہونا (۲) اِنتظام کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۳) بندوبست۔ اِنتظام۔

اِنضِباط (اِن۔ ضِ۔ باط) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پوختگی۔ مضبوطی (۲) ضابطہ۔ ڈھنگ (۳) نظم و ضبط۔

اِنضباطِ اوقات (ع۔ ا۔ مذ) وقت کی پابندی۔ وقت کا تعیّن (۲) نظامُ الاوقات ٹائم ٹیبل۔

اِنضباطی (اِن۔ ضِ۔ با۔ طی) (ع۔ صف) اِنضباط سے منسوب۔ نظم و نسق کے متعلق۔ تادیبی۔ (Disciplinary)۔

اِنضِمام (اِن۔ ضِ۔ مام) (ع۔ ا۔ مذ) ملنا۔ پیوست ہونا۔ شمولیت۔ اِتّصال۔

اِنطِباع (اِن۔ طِ۔ باع) (ع۔ ا۔ مذ) چھپنا۔ طبع ہونا۔ نقش ہونا۔

اِنطاق (اِن۔ طاق) (ع۔ ا۔ مذ) بات کرنا۔ بات۔

اِنطِباق (اِن۔ طِ۔ باق) (ع۔ ا۔ مذ) جُڑنا۔ باہم ملنا۔ مُنطبق ہونا۔

اِنطِفا (اِن۔ طِ۔ فا) (ع۔ ا۔ مذ) بُجھ جانا۔ افسردہ ہونا۔

اَنظار (اَن۔ ظار) (ع۔ ا۔ مث) نظر کی جمع۔

اِنعام (اِن۔ عام) (ع۔ ا۔ مذ) تحفہ۔ خلعت۔ بخشش۔ بدلہ۔ اجر۔ معاوضہ۔ کارگزاری کا صِلہ۔ جمع: اِنعامات۔ اُردو جمع: اِنعام۔ اِنعاموں۔

اِنعام و اِکرام (ع۔ ا۔ مذ) خلعت۔ عزّت۔ عطیات وغیرہ۔

اِنعِدام (اِن۔ عِ۔ دام) (ع۔ ا۔ مذ) نیست و نابود ہونا۔ ناپید ہونا۔ ختم ہونا۔

اِنعِطاف (اِن۔ عِ۔ طاف) (ع۔ ا۔ مذ) لوٹنا۔ پھرنا۔ جھکنا۔ مَیلان۔

اِنعِقاد (اِن۔ عِ۔ قاد) (ع۔ ا۔ مذ) منعقد ہونا۔ بندھنا (۲) اِجتماع۔ عقد۔ قیام۔

اِنعِکاس (اِن۔ عِ۔ کاس) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) عکس جھلکنا (۲) سایہ۔ عکس۔

اَنف (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) ناک۔ بینی۔

اَنفار (اَن۔ فار) (ع۔ ا۔ مذ) نفر کی جمع۔ لوگ۔

اِنفارمیشن (اِنفرمیشن) (Information) (انگ۔ ا۔ مث) اِطلاع۔ خبر (۲) مخبری (۳) رپٹ۔

اَنفاس (اَن۔ فاس) (ع۔ ا۔ مذ) نفس کی جمع۔ سانسیں۔ دَم۔

اِنفاق (اِن۔ فاق) (ع۔ ا۔ مذ) خرچ کرنا۔

اِنفاق بالعفو (بل۔ عَفو) (ع۔ ا۔ مذ) جائز ضرورت سے زیادہ مال خدا کی راہ میں خرچ کرنا۔

اِنفِراد (اِن۔ فِ۔ راد) (ع۔ ا۔ مذ) اکیلا ہونا۔ تنہا ہونا۔

اِنفِرادی (اِن۔ فِ۔ را۔ دی) (ع۔ صف) شخصی۔ ذاتی۔ کسی شخص کی ذات سے مخصوص۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِنفرادِیّت (اِن۔فِ۔را۔دِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) خودی۔ انانیت (۲) ذاتی خصوصیت۔ فرد کا الگ وجود (۳) (عمرانیات) ایک نظریہ جس کی رُو سے افراد کو فکر و عمل کی آزادی ہونی چاہیے۔

اِنفرا ریڈ شُعاعیں (انگ۔اُر۔ا۔مث) شُعاعوں کی ایک خاص قسم جن کا طول موج بہت زیادہ ہوتا ہے۔ انہیں اِنسانی آنکھ نہیں دیکھ سکتی۔ یہ شُعاعیں دُور کے فاصلوں سے تصویریں لینے اور مختلف امراض کے علاج کے لئے اِستعمال کی جاتی ہیں۔(Infra Red Rays)۔

اِنْفراغ (اِن۔فِ۔راغ) (ع۔ا۔مذ) فراغت پانا۔ فرصت ملنا۔ کام ختم ہونا۔

اِنْفِراق (اِن۔فِ۔راق) (ع۔ا۔مذ) پھٹا ہونا۔ شگاف ہونا۔

اَنْفُس (اَن۔فُس) (ع۔ا۔مذ) نَفس کی جمع۔ نُفوس۔ رُوحیں۔ بہت سے لوگ۔

اِنْفِساخ (اِن۔فِ۔ساخ) (ع۔ا۔مذ) فسخ ہونا۔ ٹوٹ جانا۔ خاتمہ۔

اِنفساخِ مُعاہدہ (ع۔ا۔مذ) معاہدے کا ٹوٹنا۔

اِنْفِصال (اِن۔فِ۔صال) (ع۔ا۔مذ) (۱) جُدا ہونا (۲) فیصلہ ہونا۔ طے پانا۔

اِنْفِعال (اِن۔فِ۔عال) (ع۔ا۔مذ) (۱) اثر قبول کرنا۔ متاثر ہونا (۲) شرمندہ ہونا۔

اِنْفِعالی (ع۔صف) اثر پزیرانہ۔ مجہولی (Passive)۔

اِنْفِعالِیّت (اِن۔فِ۔عا۔لی۔یَت) (ع۔ا۔مث) مجہولیت۔ فاعل کا اثر قبول کرنے کی کیفیت۔ فعالیّت کی ضِد۔ (Passivity)۔

اِنْفِکاک (اِن۔فِ۔کاک) (ع۔ا۔مذ) الگ ہونا۔ جُدا ہونا۔

اِنفکاکِ رہن (ع۔ا۔مذ) عدالتی اِصطلاح میں زرِ رہن ادا کر کے رہن کی ہوئی چیز واپس لینا۔

انفلوئنزا (Influenza) (انگ۔ا۔مذ) وبائی زکام۔ فلو۔

اِنفینٹری (Infantry) (انگ۔ا۔مث) پیادہ فوج۔ پیدل پلٹن۔

اِنْقِباض (اِن۔قِ۔باض) (ع۔ا۔مذ) (۱) سکڑنا۔ بھِچنا۔ رُکنا (۲) گرفتگی۔ بستگی۔ قبض۔

اِنْقِراض (اِن۔قِ۔راض) (ع۔ا۔مذ) (۱) مدت پوری ہونا (۲) کٹا ہوا ہونا۔ قطع ہونا۔

اِنْقِسام (اِن۔قِ۔سام) (ع۔ا۔مذ) حِصّہ حِصّہ ہونا۔ منقسم ہونا۔ بٹوارا۔

اِنْقِضا (اِن۔قِ۔ضا) (ع۔ا۔مذ) مدت پوری ہونا۔ گزرنا (۲) تکمیل۔ اِختتام۔

اِنْقِطاع (اِن۔قِ۔طاع) (ع۔ا۔مذ) بُریدہ ہونا۔ کٹ جانا۔

اِنْقِلاب (اِن۔قِ۔لاب) (ع۔ا۔مذ) (۱) تغیرُ و تبدُّل۔ گردش۔ دَور (۲) زمانے کا چکر کھانا۔ نیرنگ زمانہ (۳) بُنیادی تبدیلی۔ حکومت کی تبدیلی جو عوامی طاقت کے ذریعے عمل میں لائی گئی ہو۔ (Revolution)۔ جمع : اِنقلابات۔ اُردو جمع : اِنقلاب۔ اِنقلابوں۔

اِنقلابِ آسماں (انقلابِ دَہر۔ انقلابِ زمانہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) آسمان کا چکر۔ زمانے کی گردش۔ وقت کی کایا پلٹ۔

اِنْقِلابی (اِن۔قِ۔لا۔بی) (ع۔ صف) (۱) اِنقلاب سے منسوب (۲) اِنقلاب برپا کرنے والا۔ تبدیلی لانے والا۔ تغیرُ و تبدُّل کرنے والا۔

اِنْقِیاد (اِن۔قِ۔یاد) (ع۔ا۔مذ) (۱) تابع ہونا۔ مُطیع ہونا۔ رام ہونا (۲) فرماں برداری۔

اَنک (بفتحۂ اوّل) (نُون غُنّہ) (س۔ا۔مذ) (۱) نشان (۲) حرف۔ تحریر (۳) گنتی کے اعداد (۴) حِصّہ۔ قسمت (۵) کاجل کی بندی جو بچّے کے ماتھے پر لگائی جائے۔ داغ۔ دھبّا (۶) ایک سے نو تک گنتی (۷) ناٹک کا ایک پارٹ (۸) گود (۹) پاپ۔ دُکھ (۱۰) بار۔ دفعہ۔ مرتبہ (۱۱) صورت۔ رُوپ۔

اِنکار (اِن۔کار) (ع۔ا۔مذ) (۱) نہ ماننا۔ منظور نہ کرنا (۲) اِنحراف۔ مُخالفت۔

اَنکڑی (اَنک۔ڑی) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) ٹک۔ مُڑے ہوئے سرے کی لوہے کی سلاخ (۲) ہل کی لکڑی جس میں پھال لگایا جاتا ہے (۳) ٹانگے کے پہیے کے جوڑوں پر لگی ہوئی لوہے کی کیل۔ جمع : انکڑیاں۔ انکڑیوں۔

انکڑی دار (اُر۔صف) جس میں انکڑی لگی ہو۔ جس میں اٹکانے کے لئے ٹک لگا ہو۔

اِنْکِسار (اِن۔کِ۔سار) (ع۔ا۔مذ) عاجزی۔ فروتنی۔ خاکساری۔

اِنْکِشاف (اِن۔کِ۔شاف) (ع۔ا۔مذ) کھولنا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ جمع : اِنکشافات۔

اَن کلیمڈ (Unclaimed) (انگ۔صف) جس مال کا کوئی دعوے وار نہ ہو۔ لاوارث مال۔

اِنکم ٹیکس (Incometax) (انگ۔ا۔مذ) آمدنی پر سرکاری محصُول۔

اَنکنا (اَنک۔نا) (نُون غُنّہ) (ہ۔مص) چھنا۔ تخمینہ ہونا۔ قیمت لگنا۔

اَنکھڑی (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) آنکھ کی تصغیر۔ جمع : انکھڑیاں۔ انکھڑیوں۔

اَنکھوا (اَنکھ۔وا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آنکڑا۔ نوک۔ بیج سے پھوٹ کر نکلی ہوئی ٹیڑھی نوک جس سے پہلی پتیاں نکلتی ہیں۔ کلّا۔ کونپل۔ پھنگی (۲) آٹے کا شگوفہ جسے گھی اور شکر کے قوام سے تیار کرتے ہیں۔ جمع : انکھوؤں۔ انکھوے۔

اَنکھیا (اَنکھ۔یا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) لوہے کا ایک ٹھپّا یا قلم جس سے برتن پر ہتھوڑی سے ٹھونک کر نقاشی کا کام کرتے ہیں (۲) آنکھ کی تصغیر۔

اَنکھیارا (اَنکھ۔یا۔را) (ہ۔ا۔مذ) آنکھوں والا۔

اَنکھیاں (اَنکھ۔یاں) (ہ۔ا۔مث) (۱) انکھیا کی جمع۔ آنکھیں (۲) کھجور کی شکل کا میٹھا پکوان جسے گھی میں تل کر اور شیرے میں ڈال کر تیار کرتے ہیں۔

اَنگ (بفتحۂ اوّل) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) بدن۔ تن۔ جسم (۲) بند۔ عضو۔ جوڑ۔

انگ بِدّیا (وِدّیا) (ہ۔ا۔مث) علمُ الاجسام۔ علم تشریحِ بدن علم طب۔ ڈاکٹری۔

انگ توڑنا (ہ۔ محاورہ) انگڑائی لینا۔

انگ سَنگ (ہ۔ا۔مذ) میل جول۔ مُلاقات۔

انگ رکھا (اَنگرکھا) (اَنگ۔رَ۔کھا) (اَنگر۔کھا) (ہ۔ا۔مذ) ایک لمبا مردانہ لباس جس کے دو حِصّے ہوتے ہیں: چولی اور دامن۔ جمع: انگرکھوں۔ انگرکھے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

انگ لگنا (ہ۔ محاورہ) (۱) بغل گیر ہونا۔ بدن سے بدن ملنا۔ چھاتی سے لگنا (۲) غذا کا جزوِ بدن ہونا۔

انگ لگّو (ہ۔ صف) جو بچہ ہر وقت ماں کی گود میں رہے۔

اَنگا (بفتحِ اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) انگرکھا۔ جامہ۔ پیراہن۔ کھلا لباس یا لبادہ۔

اَنگا (بفتحِ اوّل) (نون غنہ) (ت۔ا۔مث) دایہ۔ کھلائی۔ دودھ پلانے والی۔

اَنگار (بفتحِ اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) چنگاری۔ آگ۔ انگارا۔

اَنگارا (بفتحِ اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آگ کا دہکتا ہوا ٹکڑا۔ جلتا ہوا بڑا کوئلا (۲) (صف) نہایت سُرخ۔ جمع: انگاروں۔ انگارے۔

انگارا بننا (ار۔ محاورہ) انتہائی سختی کی وجہ سے رنگ کا سُرخ ہونا (۲) غصے سے لال پیلا ہونا۔

انگاروں (ہ۔ا۔مذ) انگارا کی جمع۔

انگاروں پر پیر رکھنا (ار۔ محاورہ) جان بوجھ کر نقصان کی طرف جانا۔

انگاروں پر لِٹانا (ار۔ محاورہ) تڑپانا۔ بہت دُکھ دینا۔ اذیت دینا۔

انگاروں پر لوٹنا (ار۔ محاورہ) حسد میں جلنا۔ بیتاب و بے قرار رہنا۔ تڑپنا۔

انگارے (ہ۔ا۔مذ) (۱) انگارا کی جمع (۲) انگارا کی مغیرہ صورت۔

انگارے اُگلنا (ار۔ محاورہ) سخت باتیں منہ سے نکالنا۔

انگارے برسنا (ار۔ محاورہ) سخت گرمی پڑنا۔ لو چلنا (۲) خُدا کا غضب نازل ہونا۔

انگارے پھانکنا (ار۔ محاورہ) کوئی ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ بہت بُرا ہو۔

اَنگبین (انگ۔بین) (نون غنہ) (ف۔ا۔مذ) شہد۔ عسل۔

اَنگرکھا (ہ۔ا۔مذ) انگ کے تحت دیکھیے۔

اَنگریز (انگ۔ریز) (ار۔ا۔مذ) اِنگلستان کا باشندہ۔ جمع: انگریز۔ انگریزوں۔

اَنگریزی (انگ۔رے۔زی) (ار۔ا۔مث) (۱) انگریزوں کی زبان (۲) (صف) انگلستان سے متعلق۔

انگریزی راج، تن کو کپڑا نہ پیٹ کو اناج (ار۔ مثل) انگریزوں کے دورِ حکومت میں لوگ کپڑے اور روٹی سے محروم تھے۔

اَنگڑانا (نون غنہ) (ہ۔مص) انگڑائی لینا۔ بدن توڑنا۔ بستر پر کروٹیں بدلنا۔

اَنگڑائی (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) جسم کے بالائی حصے کا تناؤ۔ بازو اُٹھا کر، جسم کو اکڑا کر سُستی دُور کرنے کا عمل۔ جمع: انگڑائیاں۔ انگڑائیوں۔

انگڑائی توڑنا (ار۔ محاورہ) سُستی اُتارنا۔ انگڑائی لینا۔

انگڑائی لینا (ار۔ محاورہ) بازو اُٹھا کر، جسم اکڑا کر، جمائی لینا۔

اَنگڑ کھنگڑ (ہ۔ا۔مذ) پُرانا اسباب۔ فضول سامان۔ کاٹھ کباڑ۔

اَنگُشت (بفتحِ اوّل و ضمِ سوم و سکونِ چہارم و پنجم۔ نون غنہ) (ف۔ا۔مث) اُنگلی۔

انگشت بدنداں ہونا (ار۔ محاورہ) دانتوں میں اُنگلی دینا۔ حیرت، تعجب، افسوس یا حسرت کا اظہار کرنا۔

انگشت بہ لب (بلب) ہونا (ار۔ محاورہ) خاموش رہنے کا اشارہ کرنا۔

انگشت ششم (ف۔ا۔مث) وہ زائد اُنگلی جو بعض لوگوں کی چھنگلیا میں ہوتی ہے۔

انگشتِ شہادت (ف۔ا۔مث) سیدھے ہاتھ کی انگوٹھے کے پاس والی اُنگلی جسے نمازی التحیات میں کلمہ شہادت پڑھتے وقت اُٹھاتے ہیں۔ شاہدہ۔

انگشت کر (ف۔ا۔مذ) انگوٹھا۔

انگشت نما (ف۔صف) بدنام جس کی طرف اُنگلی اُٹھائی جائے۔ رُسوائے زمانہ۔

انگشت نمائی (ف۔ا۔مث) بدنامی۔ رُسوائی۔

انگشت نمائی کرنا (ار۔ محاورہ) رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ عیب نکالنا۔

اَنگشتانہ (انگش۔تا۔نہ) (نون غنہ) (ف۔ا۔مذ) دھات کی بنی ہوئی ٹوپی جسے کپڑا سیتے وقت اُنگلی میں پہن لیتے ہیں۔

اَنگشتری (انگش۔ت۔ری) (نون غنہ) (ف۔ا۔مث) انگوٹھی۔

اُنگل (بضمِ اوّل و بفتحِ سوم) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) اُنگلی کی موٹائی کے برابر۔

اُنگلانا (انگ۔لا۔نا) (ہ۔مص) اُنگلی کرنا۔ دق کرنا۔ اُکسانا۔

اِنگلستان (اِنگل۔اِستان) (ف۔ا۔مذ) اِنگل (انگلش) لوگوں کا مُلک۔ انگریزوں کا وطن۔ نیز دیکھیے برِطان۔

انگلش (English) (انگ۔صف) (۱) انگلستان سے منسوب (۲) (ا۔مث) انگریزی زبان۔

اُنگلی (انگ۔لی) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) انگشت۔ ہاتھ اور پاؤں کے وہ مخروطی حصے جن میں ناخن ہوتے ہیں۔ جمع: اُنگلیاں۔ اُنگلیوں۔

اُنگلی پکڑانا (ار۔ محاورہ) چھوٹے بچوں کو چلنا سکھانا۔ سہارا دینا۔

اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑنا (ار۔ محاورہ) ذرا منہ لگانے پر سر چڑھنا۔

اُنگلی پکڑنا (ار۔ محاورہ) سہارا لینا۔

اُنگلی (چٹکانا) چٹخانا (ار۔ محاورہ) اُنگلیوں کی سُستی دُور کرنا۔

اُنگلی دکھانا (ار۔ محاورہ) دھمکانا۔ ڈرانا۔

اُنگلی (دھرنا) رکھنا (ار۔ محاورہ) اِعتراض کرنا۔ عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

اُنگلی لگانا (ار۔ محاورہ) چھونا۔ چھیڑ خانی کرنا۔ چھیڑنا۔

اُنگلیاں (ہ۔ا۔مث) اُنگلی کی جمع۔

اُنگلیاں اُٹھانا (ار۔ محاورہ) اشارہ کرنا۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔

اُنگلیاں اُٹھنا (ار۔ محاورہ) رُسوا ہونا۔ بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا۔ مطعون ہونا۔

اُنگلیاں توڑنا (ار۔ محاورہ) اُنگلیوں کو اس طرح مروڑنا کہ چٹ چٹ کی آواز نکلے۔

اُنگلیاں (چٹکانا) مٹکانا (ار۔ محاورہ) ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر اُنگلیاں نچانا۔ عورتوں کا غمزے یا لڑائی سے اُنگلیاں نچانا۔

اُنگلیاں دانتوں میں دبانا (ار۔ محاورہ) حیرت کا اظہار کرنا۔ حیران ہونا۔

اُنگلیاں کاٹنا (ار۔ محاورہ) حیران ہونا۔

اُنگلیاں کانوں میں دینا (ار۔ محاورہ) بیزاری کا اظہار کرنا۔

اُنگلیاں نچانا۔ دیکھیے اُنگلیاں چٹکانا۔

اُنگلیوں (ہ۔ا۔مث) اُنگلی کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُنگلیوں پر نچانا (ا۔ محاورہ) بہت تنگ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

اُنگلیوں پر گِننا (ا۔ محاورہ) تھوڑی تعداد میں ہونا۔

اَنگلیٹ (اَنگلیٹھ) (اَنگ۔لیٹ) (اَنگ۔لیٹھ) (ہ۔ا۔مث) جثّہ۔ ڈیل ڈول۔ وضع قطع۔ اُٹھان۔ جسم کی بناوٹ۔ قدوقامت۔

اَنگنائی (اَنگ۔نا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) آنگن۔ صحن۔ گھر کے اندر کھلی جگہ۔

اَنگنِیا (اَنگن۔یا) (ہ۔ا۔مث) آنگن کی تصغیر۔ چھوٹا آنگن۔

اَنگوٹھا (اَنگو۔ٹھا) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) ہاتھ اور پیر کی پہلی اور سب سے موٹی اُنگلی۔ انگشت نر۔ جمع: انگوٹھوں۔ انگوٹھے۔

انگوٹھا چُومنا (ا۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ عقیدت و محبت کا اِظہار کرنا۔

انگوٹھا دکھانا (ا۔ محاورہ) چھیڑنا۔ اِنکار کرنا۔ چڑانا۔ صاف جواب دینا۔ بددیانتی کرنا۔ خیانت کرنا۔ کسی کی چیز لے کر واپس نہ دینا۔

انگوٹھا نچانا (ا۔ محاورہ) انگوٹھا دکھا کر چڑانا۔

انگوٹھی (انگو۔ٹھی) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) انگشتری۔ خاتم۔ اُنگلیوں میں پہننے کا ایک زیور۔ جمع: انگوٹھیاں۔ انگوٹھیوں۔

انگوچھا (انگو۔چھا) (نون غنّہ) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بدن پونچھنے کا کپڑا۔ بڑا رومال۔ تولیا۔ جمع: انگوچھوں۔ انگوچھے۔

اَنگور (بفتحہ اوّل) (نون غنّہ) (واو معروف) (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک شیریں میوہ جس کا اصل وطن ایشیا ہے۔ تاک۔ عنب۔ داکھ (۲) زخم کا کھرنڈ۔ پپڑی۔ اُردو جمع: انگور۔ انگوروں۔

انگور (بندھنا) بھرنا (ا۔ محاورہ) گھاؤ بھر کر کھرنڈ جمنا۔

انگور پھٹ جانا (ا۔ محاورہ) بھرے ہوئے زخم کا تڑق جانا۔ زخم کھل جانا۔

انگور (تڑکنا) تڑقنا (ا۔ محاورہ) بھرے ہوئے زخم پر بندھی ہوئی جھلی یا گوشت کا الگ ہو جانا۔

انگور شفا (ف۔ا۔مث) ایک بوٹی جس کی جڑ اور پتیاں دے اور درد کو دُور کرتی ہیں۔

انگور کھٹے ہیں (ا۔ مثل) میسّر نہیں اِس لئے خراب ہیں۔ کسی چیز کے حاصل نہ ہونے پر اُس میں عیب نکالنا۔

انگور کی ٹٹیاں (ا۔ا۔مث) بانس کی ٹٹیاں جن پر انگور کی بیلیں چڑھاتے ہیں۔

انگوری (انگو۔ری) (ا۔صف) (۱) انگور کا یا کی (۲) انگوری رنگ کا یا رنگ کی۔

انگوری باغ (ا۔ا۔مذ) وہ باغ جس میں انگور کی بیلیں ہوں۔

انگوری بیل (ا۔ا۔مث) کپڑے پر کڑھی یا بنی ہوئی بیل جو انگور کے مشابہ ہوتی ہے۔

اَنگول (ق۔ا۔مذ) ایسا غسل جس میں سر پر پانی نہ ڈالا جائے۔

انگیا (انگ۔یا) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) عورتوں کا ایک پہناوا جس سے صرف چھاتیاں ڈھکی رہتی ہیں۔ سینہ بند۔ محرم۔ جمع: انگیاں۔ انگیوں۔

انگیا کا بنگلا (ا۔ا۔مذ) انگیا کی کٹوریوں پر گوکھرو ٹانکنے سے جو چھ پھانکیں بن جاتی ہیں۔

انگیا کا تھرا (ا۔ا۔مذ) وہ بٹا ہوا سوت کا ڈورا جو انگیا کی کمر اور کنٹھی میں گوٹ کے اندر ہوتا ہے۔

انگیا کا گھاٹ (ا۔ا۔مذ) انگیا کا گلا اور گریبان۔ انگیا کی بناوٹ۔ کتر بیونت۔

انگیا کی چڑیا (ا۔ا۔مث) انگیا کی وہ سیون جو دونوں کٹوریوں کے بیچ میں ہوتی ہے۔

انگیا کی خواصی (ا۔ا۔مث) انگیا میں بغل کے برابر ایک دھجی سی جسے گھاٹی بھی کہتے ہیں۔

انگیا کی دیوار یا دیواریں (ا۔ا۔مث) انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کا حِصّہ۔

انگیا کی (کٹوری) کٹوریاں (ا۔ا۔مث) انگیا کا وہ حِصّہ جو چھاتیوں کے اُوپر رہتا ہے۔

انگیا کے پان (ا۔ا۔مذ) انگیا کی کٹوریوں میں کپڑے کے دو ٹکڑے ہوتے ہیں۔ چھوٹے کو پان اور بڑے کو دیوار کہتے ہیں۔

انگیا کے پنکھے (انک۔ا۔مذ) انگیا کی چوڑی گوٹ جو انگیا کی آستینوں میں لگاتے ہیں۔

اَنگیٹھی (اَنگی۔ٹھی) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) آگ رکھنے کا برتن۔ جمع: انگیٹھیاں۔ انگیٹھیوں۔

اَنگیخت (بفتحہ اوّل و سکونِ پنجم و ششم) (نون غنّہ) (یائے مجہول) (ف۔ا۔مث) اِشتعال۔ تحریک۔ انگیختن کا حاصل مصدر۔

اَنگیز (بفتحہ اوّل۔ نون غنّہ۔ یائے مجہول) (ف۔صف) انگیختن مصدر کا صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بھڑکانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے فتنہ انگیز۔

اَنگیزنا (اَنگیز۔نا) (ا۔مص) سہنا۔ برداشت کرنا۔ گوارا کرنا۔ سہارنا۔

اَنُمان (اَنو۔مان) (س۔ا۔مذ) گمان۔ اندازہ۔ قیاس۔ نتیجہ۔

اَنمناہٹ (اَن۔منا۔ہٹ) (ق۔ا۔مث) ناسازی۔ علالت۔ بیماری۔

اَنَنّاس (اَ۔نن۔ناس) (پ۔ا۔مذ) ایک مشہور پھل جو لمبوترا، شیریں، تھوڑا تُرش اور خوشبودار ہوتا ہے۔

اَنَنت (اَ۔نَنت) (ہ۔صف) اَن اَنت کا مخفف (۱) جس کا اخیر نہ ہو (۲) بے حد۔ بہت زیادہ (۳) طاقت ور (۴) آسمان (۵) شیش ناگ (۶) ایک گہنا جو بازو میں پہنا جاتا ہے۔

اننت چودس (ہ۔ا۔مث) بھادوں کی چودھویں تاریخ جس دن وِشنوجی کا تیوہار منایا جاتا ہے۔

اَنَند (اَ۔نند) (ہ۔صف) دیکھئے آنند مع مرکبات۔

اَنوار (اَن۔وار) (ع۔ا۔مذ) نور کی جمع۔

اَنواسنا (اَن۔واس۔نا) (ہ۔مص) کورے برتن کو کھنگال کر پہلی بار کام میں لانا۔

اَنواسی (اَن۔وا۔سی) (ہ۔صف) کنواری کی ضد۔ بیاہی ہوئی۔ کھنگالی ہوئی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَنْواع (اَن۔واع)(ع۔ا۔مذ) نوع کی جمع۔

اَنُوپ (اَ۔نُوپ)(ہ۔صف) بے مثال۔ بے نظیر۔ یکتا۔ لاثانی۔ (اَ حرفِ نفی)۔

اَنُوپان (اَ۔نو۔پان)(ہ۔ا۔مذ) طریقۂ اِستعمال (۲) وہ چیز جو دوا کے ساتھ اس غرض سے دی جاتی ہے کہ وہ حلق سے اُتر جائے۔

اَن وَٹ (اَن۔وَٹ)(ہ۔ا۔مث) (۱) پیر کے انگوٹھے میں پہننے کا ایک گھنگرو دار چھلا (۲) چھب۔ انداز۔ ناز۔ نخرہ۔

اَنُوٹھا (اَ۔نو۔ٹھا) (اَ۔نُو۔ٹھا) (ہ۔صف) (۱) انوکھا۔ خوب صورت۔ اچھا۔ بڑھیا (۲) کھانے کی چیز جس میں سے کسی نے کھایا نہ ہو۔

اَنُوٹھی (ہ۔صف) انوٹھا کی تانیث۔

انوٹھی بات (ہ۔ا۔مث) انوکھی بات۔ نئی بات۔ نادر بات۔

اَنْوَر (اَن۔وَر)(ع۔ا۔تفضیل) بہت روشن۔ نہایت نورانی۔ زیادہ چمکیلا۔

اَنوکھا (اَ۔نو۔کھا)(اَ۔نو۔کھا)(ہ۔صف) نرالا۔ نادر۔ انوٹھا۔ عجیب وغریب۔

انوکھاپن (ہ۔ا۔مذ) نرالاپن۔

اَنْہار (اَن۔ہار)(ع۔ا۔مث) نہر کی جمع۔

اَنْہتّر (اَن۔ہت۔تر)(ہ۔صف) ایک کم ستر۔ اڑسٹھ کے بعد کا عدد (۶۹)۔

اِنْہِدام (اِن۔ہِ۔دام)(ع۔ا۔مذ) ڈھانا۔ گرانا۔ مسمار کرنا۔ برباد کرنا۔

اِنْہِزام (اِن۔ہِ۔زام)(ع۔ا۔مذ) تتر بتر ہونا۔ شکست کھانا۔

اِنْہِضام (اِن۔ہِ۔ضام)(ع۔ا۔مذ) ہضم ہونا۔

اِنْہماک (اِن۔ہِ۔ماک)(ع۔ا۔مذ) مصروفیت۔ محویت۔ اِنتہائی مشغولیت۔

اَنْھوریاں (اَ۔نھو۔ر۔یاں)(ہ۔ا۔مث) گرمی دانے۔

اِنھوں (بکسرِ اوّل)(ہ) اِشارہ قریب جمع۔

اُنھوں (بضمِ اوّل)(ہ) اِشارہ بعید جمع۔

اِنھیں (بکسرِ اوّل)(ہ۔اِشارۂ قریب جمع) اِن کو۔

اُنھیں (بضمِ اوّل)(ہ دُور کا اِشارہ جمع) اُن کو۔

اَنّی (اَن۔نی)(ہ۔ا۔مث) (۱) نیزے کی نوک۔ برچھی کی نوک (۲) جوتے کی نوک (۳) مُرغ کا خار۔ جمع: انیاں۔ انیوں۔

انّی کا ہاتھ (اَر۔ا۔مذ) پھکیتوں (پٹے بازوں) کی اِصطلاح میں سامنے کی چوٹ۔

انّی کی چوٹ (ضرب)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے انّی کا ہاتھ۔

اَنیائے (اَن۔نیا۔اے)(ہ۔ا۔مذ) "اَن" (س۔حرفِ نفی) کے تحت دیکھئے۔

اَنِیتی (اَ۔نی۔تی)(س۔ا۔مث) (۱) شرارت۔ بُرائی۔ بدی (۲) بے اِنصافی۔ ظلم۔

اَنِیس (اَ۔نیس)(ع۔صف) اُنس رکھنے والا۔ محبت کرنے والا۔ دوست۔ ہمدم۔

اُنِّیس (اُن۔نیس)(ہ۔ا۔عدد) ایک کم بیس۔ اٹھارہ کے بعد کا عدد (۱۹)۔

اُنّیس بیس (اَر۔روزمرّہ) تھوڑا سا۔ معمولی سا (فرق)۔

اُنّیس بیس کا فرق (اَر۔روزمرّہ) معمولی سا فرق۔ تھوڑا سا فرق۔

اُنّیس بیس ہونا (اَر۔محاورہ) جھگڑا ہونا۔

اُنّیسواں (اُن۔نیس۔واں)(ہ۔عددِ ترتیبی) گنتی میں اُنّیس کی جگہ پر آنے والا۔ اٹھارھواں کے بعد۔

اَنیسُون (اَ۔نی۔سُون)(ہ۔ا۔مث) ایک دوا کا نام۔

اُنّیسوِیں (بیائے معروف)(ہ۔عددِ ترتیبی) اُنّیسواں کی تانیث۔

اُنّیسویں (بیائے مجہول)(ہ۔عددِ ترتیبی) اُنّیسواں کی مُغیّرہ صورت۔

اَنِیق (اَ۔نِیق)(ع۔صف) خوش آیند۔ خوب۔ عجیب۔ نادر۔

اَنِیقَہ (اَ۔نی۔قہ)(ع۔صف) انیق کی تانیث۔

اَنیک (اَ۔نیک)(بیائے مجہول)(س۔صف) ایک سے زیادہ۔ متعدد۔

اَنیلا (اَ۔نے۔لا)(ہ۔صف۔مذ) ناتجربہ کار۔ نادان۔ بھولا۔ ناواقف۔ خام۔

انیلاپن (ہ۔ا۔مذ) نادانی۔ بھولاپن۔ ناتجربہ کاری۔ ناواقفیت۔

اَنیما (Anema)۔ دیکھئے حُقنہ۔

اَنیلی (اَ۔نے۔لی)(ہ۔صف) اَنیلا کی تانیث۔ بھولی بھالی (عورت)۔

اَنیمیا (Anaemia) (انگ۔ا۔مذ) ایک بیماری جو خون میں سُرخ خلیوں کی کمی سے لاحق ہوتی ہے اور جس میں جسم پیلا پڑ جاتا ہے۔

ا۔و

او (ہ۔حرفِ ندا) اے۔ ارے۔ اپنے سے چھوٹے اور کم رُتبہ شخص کو بُلانے کے لئے کہتے ہیں۔

اَواخِر (اَ۔وا۔خِر)(ع۔ا۔مذ) آخر کی جمع۔

اَوارجہ (اَ۔وار۔جہ)(اَ۔وا۔رِ۔جہ)(ف۔ا۔مذ) روزنامچہ۔ حساب کی کتاب۔ بہی۔ رسید بک۔

اَوازہ توازہ (اَ۔وا۔زہ۔ت۔وا۔زہ)(اَر۔ا۔مذ) طعن وتشنیع۔ بولی ٹھولی۔

اَواسِط (اَ۔وا۔سِط)(ع۔ا۔مذ) اوسط کی جمع۔

اَوامِر (اَ۔وا۔مِر)(ع۔ا۔مذ) اَمر کی جمع۔

اَوائِل (اَ۔وا۔اِل)(ع۔ا۔مذ)(۱) اوّل کی جمع۔ اِبتدا۔ آغاز۔ پہلے حصے (۲)(اَر۔ا۔مذ) چرخے کی مال۔

اَوائلِ عُمر (ع۔ا۔مذ) ابتدائے عُمر۔ بچپن۔ لڑکپن۔ بالپن۔ کم سِنی۔

اَوائی (اَ۔وا۔ئی)(ہ۔ا۔مث) (۱) آمد (۲) کسی کے آنے کی خبر (۳) جھوٹی خبر۔ ہوائی۔

اوائی (اڑانا) اُڑنا (اَر۔محاورہ) جھوٹی خبر پھیلنا یا پھیلانا۔

اُوب (بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ہ۔ا۔مث) کچھ عرصے تک ایک ہی حالت میں رہنے پر طبیعت کی بے چینی۔ گھبراہٹ۔ اُکتاہٹ۔ بے چینی۔ بیزاری۔

اَوباش (اَو۔باش)(ع۔صف) بوش کی خلاف قیاس جمع۔ لُچّا۔ غنڈا۔ لوفر۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ آوارہ۔ کمینہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُوباشی (او۔با۔شی)(ع۔ا۔مث) بدمعاشی۔ بدچلنی۔ عیاشی۔ زناکاری۔

اوبڑکھابڑ (ہ۔صف) ناہموار۔ پتھریلی اونچی نیچی ناقابلِ گزار زمین یا راستہ۔

اُوبنا (اوب۔نا)(ہ۔مص) اُکتانا۔ گھبرانا۔

اُوبی (او۔بی)(ہ۔ا۔مث) وہ گڑھا جو ہاتھی کے پھنسانے کے لئے جنگل میں خس پوش کیا جاتا ہے۔

اُوپ (بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ہ۔ا۔مث) چمک۔ جلا۔ آب وتاب۔ صیقل۔

اوپچی (اوپ۔چی)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) ہتھیار بند۔ سر سے پاؤں تک ہتھیاروں سے سجا ہوا بانکا سپاہی۔

اُوپر (او۔پر)(ہ۔متعلق فعل وا۔مذ) نیچے کی ضد۔ اونچا۔ بالا (۲) بالاخانہ۔ کوٹھا (۳) باہر (۴) اس سے پہلے (۵) اپنی ذات پر (۶) زیادہ (۷) سہارے۔ برتے پر (۸) ظاہری دکھاوا۔

اوپر اوپر (ار۔متعلق فعل) (۱) بالا بالا۔ چپکے چپکے۔ الگ الگ۔ پوشیدہ (۲) بے اثر۔

اُوپر اُوپر جانا (ار۔محاورہ) بیکار اور بے اثر ہو جانا۔

اوپر تلے (ار۔متعلق فعل) اوپر نیچے۔ پے در پے۔ متواتر۔ لگاتار۔ ایک کے اوپر ایک۔

اوپر تلے کے (ار۔صف) وہ بچے جن کے بیچ میں کوئی بچہ پیدا نہ ہوا ہو۔

اوپر دھرّی (ہ۔ا۔مث) ناحق کا اِلزام۔ مفت کی تہمت۔

اوپر سے (ار۔متعلق فعل) اونچائی سے۔ بلندی سے (۲) اس کے علاوہ۔ ماسوا (۳) رشوت۔ بالائی یافت۔

اوپر سے دینا (ار۔محاورہ) طمانچہ یا تھپڑ مارنا۔

اوپر کی سوجھنا (ار۔محاورہ) دُور کی سوجھنا۔

اوپر کے دَم (آنا) بھرنا (ار۔محاورہ) اُلٹی سانسیں چلنا۔ آخری سانسیں لینا۔ نزع کی حالت ہونا۔

اوپر وار (ار۔متعلق فعل) اوپر کی طرف۔

اوپر والا (ار۔ا۔مذ) (۱) خدا (۲) نیا چاند۔ ماہِ نو (۳) نوکر چاکر۔ کارکن۔ پیش خدمت (۴) اجنبی۔ غیر (۵) اوپر کے کام کا نوکر۔

اوپر والے (ار۔ا۔مذ) (۱) غیر۔ دوسرے (۲) حکام (۳) کوٹھے پر رہنے والے۔

اُوپر والیاں (ار۔ا۔مث) (۱) پریاں۔ چڑیلیں (۲) چیلیں (۳) پیش خدمت عورتیں۔ ماما۔ اصیلیں۔

اُوپر ہی اُوپر (ار۔متعلق فعل) بالا بالا۔ الگ ہی الگ۔ پوشیدہ۔ چھپاؤ۔

اُوپر ہی اُوپر ملنا (ار۔محاورہ) بغیر کسی کو خبر ہوئے ملتے رہنا۔ چپکے چپکے الگ ہی الگ ملاقات کرنا۔

اُوپرا (اوپ۔را)(ار۔صف) دکھاوے کا۔ ظاہری (۲) اجنبی۔

اُوپری (اوپ۔ری)(ہ۔صف) (۱) اوپر کا (۲) باہر کا۔ باہری (۳) نمائشی۔ دکھاوٹی (۳) اجنبی۔ غیر (۴) ناموزوں۔

اُوپری دل سے (ار۔متعلق فعل) ظاہرا طور سے۔ دکھاوے کو۔

اوپیرا (Opera)(انگ۔ا۔مذ) دیکھئے آپرا جو صحیح ہے۔

اُوت (بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ہ۔صف) (۱) وہ شخص جو جوان ہو کر بن بیاہا مرجائے (۲) لاولد (۳) نامراد۔ ناکام (۴) بے وقوف۔ احمق۔ نادان (۵) پلید ارواح (۶) منحوس۔

اُوت کسر ماری جانا (ہ۔محاورہ) نفع یا نقصان ہونا۔

اُوت نہ پوتا (ہ۔صف۔مذ) بن بیاہا اور بے اولاد۔ ایک قسم کا کوسنا بھی ہے جیسے اُوت نپوتا جائے۔

اُوت نہ پوتی (ہ۔صف۔مث) وہ عورت جو کنواری اور بے اولاد ہو۔

اَوتاد (او۔تاد)(ع۔ا۔مذ) وتد کی جمع۔ میخیں (۲) اولیاء اللہ کا ایک خاص درجہ۔

اَوتار (او۔تار)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق خدا کا کسی انسان کے جسم میں داخل ہو کر مخلوق کی اِصلاح کے لئے دُنیا میں آنا (۲)(صف) نیک۔ فرشتہ خو۔ مقدّس۔ ولی۔ خدا رسیدہ آدمی۔ جمع: اوتار۔ اوتاروں۔

اَوتاولا (ق۔صف) جلد باز۔ بے قرار۔

اوتاولا پن (ق۔ا۔مذ) جلد بازی۔ بے صبری۔

اُوتر پاتر (او۔تر۔پا۔تر)(ہ۔صف) الگ کیا ہوا۔ بیاہا ہوا۔ ادا کیا ہوا۔ بیباق۔

اُوٹ (واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) روک جس سے سامنے کی چیز دکھائی نہ دے۔ پردہ۔ آڑ۔ گھونگھٹ۔ نقاب (۲) پناہ۔ سایہ۔ حمایت (۳) عقب۔ پیچھے۔ پوشیدہ۔ نظر سے غائب (۴) گھات۔ کمین گاہ (۵) گاڑی کے ٹوکنے کی لکڑی۔

اوٹ کرنا (ار۔محاورہ) پردہ کرنا۔ آڑ کرنا۔

اوٹ میں بیٹھنا (ار۔محاورہ) آڑ میں بیٹھنا۔ پس پردہ بیٹھنا۔

اوٹا (او۔ٹا)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) (۱) پردے کی دیوار (۲) کپاس اوٹنے والا آدمی (۳) کپاس اوٹنے کی چرخی۔ پنہاریوں کے بیٹھنے کا چبوترا (۴) سُناروں کا ایک اوزار جس سے وہ بازو بند کے دانوں کی نوکیں بناتے ہیں (۵) وہ پتھر جو دروازے کے آگے دائیں اور بائیں بیٹھنے کے لئے لگا دیتے ہیں۔

اُوٹانا (ہ۔مص) دیکھئے اونٹنا۔

اُوٹ پٹانگ (ار۔صف) مہمل۔ بے معنی۔ بیہودہ۔ بے جوڑ۔

اَوٹن (او۔ٹن)(ہ۔ا۔مث)(۱) اُبال۔ تاؤ (۲) تمباکو کاٹنے کی چھری۔

اُوٹنا (اوٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) بیلنا۔ روئی کو بنولوں سے جدا کرنا۔

اُوٹنا (اوٹ۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے اُوٹنا۔

اُوٹنی (اوٹ۔نی)(ہ۔ا۔مث) کپاس ہوٹنے کی چرخی۔ بیلنی۔

اَوج (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث) اونچائی۔ بلندی (۲) شان۔ رفعت۔ عروج۔

اَوجاع (او۔جاع)(ع۔ا۔مذ) وجع کی جمع۔ درد۔

اُوجڑ (او۔جڑ)(ہ۔صف) اُجڑا ہوا۔ ویران۔ غیر آباد۔

اُوجڑ نگری سُونا دیس (ہ۔مثل) ویران مقام۔ غیر آباد جگہ۔

اَوجھ (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) چوپایوں کا معدہ۔ پیٹ۔ شکم۔ بطن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اوچھ بھرے نہ روگ بڑھے (ہ۔ مثل) کسی قدر بھوک رکھ کر کھانا بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

اُوچھا (او۔ چھا) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) معلّم۔ نجومی۔ رمّال۔ جوتشی (۲) جادوگر۔ ساحر۔ سیانا۔ جھاڑ پھونک کرنے والے برہمنوں کی ایک ذات۔

اُوجھڑ (او۔ جھڑ) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ڈھال کی جھڑپ (۲) صدمہ (۳) ضرب۔ ٹھوکر۔

اوجھڑ (لگانا) مارنا (ہ۔ محاورہ) ڈھال کی جھڑپ لگانا۔ دُشمن کے سر پر ڈھال مارنا۔ دھکا دینا۔ ضرب لگانا۔ صدمہ پہنچانا۔

اُوجھڑی (اوجھ۔ ڑی) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) جانوروں کا معدہ۔ اوجھ۔

اُوجھل (او۔ جھل) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) آڑ۔ پردہ۔ حجاب (۲) (صف) پوشیدہ۔ غائب۔

اُوجھنا (اوجھ۔ نا) (واو مجہول) (ہ۔ مص) اُنڈیلنا۔ ایک برتن سے دُوسرے برتن میں اُلٹانا۔

اوچھا (او۔ چھا) (واو مجہول) (ہ۔ صف۔ مذ) کم ظرف۔ کمینہ۔ احسان جتانے والا (۲) اوچھورا۔ ہلکا (۳) اُتھلا۔ چھوٹا (۴) کم گہرا۔ جمع: اوچھوں۔ اوچھے۔

اوچھا برتن اُبلتا ہے (چھلکتا ہے) (اُر۔ مثل) کم ظرف تھوڑی پونجی پر اترانے لگتا ہے۔

اوچھا پن (ہ۔ ا۔ مذ) چھچھوراپن۔ کم ظرفی۔ کمینگی۔

اوچھا وار (ہ۔ ا۔ مذ) ضرب جو کاری نہ ہو۔ اُچٹتی ہوئی ضرب۔

اوچھا ہاتھ پڑنا (اُر۔ محاورہ) ہلکا ہاتھ پڑنا جس سے چوٹ کم لگے۔

اوچھن پوچھن (او۔ چھن۔ پو۔ چھن) (ہ۔ ا۔ مث) کھانا کھا چکنے کے بعد برتنوں میں سے جو بچا ہوا نکالا جائے۔

اوچھی (ہ۔ صف۔ مث) اوچھا کی تانیث۔

اوچھی بات (اُر۔ ا۔ مث) نازیبا بات۔ ہلکی بات۔ نامناسب بات۔

اوچھی پونجی خصم کو کھائے (اُر۔ مثل) تھوڑے روپے سے بیوپار کرنے میں اصل بھی برباد ہو جاتا ہے۔

اوچھے (ہ۔ صف) (۱) اوچھا کی جمع (۲) اوچھا کی بدلی ہوئی شکل۔

اوچھے کا احسان بُرا ہوتا ہے (اُر۔ مقولہ) کم ظرف کا احسان کبھی نہ لینا چاہئے۔ کمینے سے مدد نہ لینا چاہئے۔

اوچھے کی پیت بالو کی بھیت (اُر۔ مثل) اوچھے کی دوستی ریت کی دیوار ہوتی ہے۔ کم ظرف کی دوستی کا اعتبار نہیں۔

اوچھے کے گھر کا کھانا، جنم جنم کا طعنہ (اُر۔ مثل) کم ظرف احسان کر کے ہمیشہ طعنہ دیا کرتا ہے۔

اوچھے ہتھیاروں پر اُتر آنا (اُر۔ محاورہ) بس نہ چلنے پر نازیبا حرکات پر اُتر آنا۔ کمینگی پر اُتر آنا۔

اُو خویشتن گم است کرا رہبری کند؟ (ف۔ مثل) جو شخص خود بھٹکا ہوا ہے وہ بھلا کس کی رہبری کر سکتا ہے۔

اُودا (اُو۔ دا) (ہ۔ صف) سُرخی لئے ہوئے کالے رنگ کا۔ بینگنی رنگ کا۔

اُوداسا (اُودسا) (اُو۔ دا۔ سا) (اُود۔ سا) (ہ۔ ا۔ مث) بپتا۔ مصیبت۔ تکلیف۔ دُکھ۔ آفت۔

اُوداہٹ (اُو۔ دا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) بینگنی رنگ کا ہونا۔ اُودا پن۔

اُودبلاؤ (اُود۔ ب۔ لاؤ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بلی سے مشابہ ایک جانور جو دریاؤں کے کنارے رہتا اور مچھلی مینڈک کھاتا ہے۔ لدھڑ۔ سگِ آبی (۲) بے وقوف آدمی۔

اُودبلاؤ کی ڈھیری (اُر۔ ا۔ مث) وہ جھگڑا جو کبھی فیصل نہ ہو۔ اُود بلاؤ دوپہر تک دریا سے مچھلیاں پکڑتے رہتے ہیں۔ پھر ان کی ڈھیریاں لگا کر ہر ایک ان میں سے ایک ڈھیری کے سامنے بیٹھ جاتا ہے لیکن یہ خیال کر کے کہ حصّے برابر نہیں لگائے گئے ہیں سب اُٹھ کر لڑنے لگتے ہیں اور مچھلیاں ملا کر پھر ڈھیریاں لگاتے ہیں۔ یہی ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ کوئی شکاری ان کا شور سُن کر آ جاتا ہے اور اُنہیں بھگا کر مچھلیوں پر قبضہ کر لیتا ہے۔

اُودھم (اُو۔ دھم) (ہ۔ ا۔ مذ) شور و شر۔ ہنگامہ۔ فساد۔ بلوہ۔ غلغلہ۔

اُودھم اُٹھانا (جوتنا۔ کرنا۔ مچانا) (اُر۔ محاورہ) ہنگامہ کرنا۔ فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ نہایت شور و غل کرنا۔

اُودھمی (اُو۔ دھ۔ می) (ہ۔ صف) جھگڑالو۔ فسادی۔ شریر۔

اودھو کا لین نہ مادھو کا دین (بیائے مجہول) (ہ۔ مثل) کسی سے کوئی واسطہ نہ رکھنا۔ الگ تھلگ رہنا۔

اَور (ہ۔ کلمۂ عطف) (بروزنِ غور) (۱) دو لفظوں کو ملانے والا لفظ (۲) دُوسرا (۳) مزید۔ زیادہ (۴) پھر۔ مختلف (۵) صرف۔ فقط (۶) یا۔ ورنہ (۷) نیا۔ جدید (۸) علاوہ۔ ماسوا (۹) پر۔ بلکہ (۱۰) غیر (۱۱) خلاف۔ برعکس (۱۲) معلوم۔ مفہوم (۱۳) ہاں۔ یونہی ہے۔

اور ارادے سے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) بُری نیت سے دیکھنا۔

اور اور باتیں (اُر۔ ا۔ مث) عجیب عجیب باتیں۔ کچھ کی کچھ باتیں۔

اور بات ہے (اُر۔ محاورہ) الگ معاملہ ہے۔ دُوسری بات ہے۔

اور بھی سُنا؟ (اُر۔ کلمۂ استفہام) نئی بات سُنی؟ تم نے یہ عجیب بات سُنی ہے؟

اور تماشا دیکھو (اُر۔ روزمرّہ) انوکھی بات سنو۔

اور تو اور (اُر۔ متعلق فعل) حیرت کی بات یہ ہے (۲) اوروں کو جانے دو۔

اور سنو (اُر۔ روزمرّہ) ابھی ٹھہرو۔ یہ تازہ بات ہوئی۔ اے لو۔ دیکھو۔

اور سے اور (ہو جانا) ہونا (اُر۔ محاورہ) حالت پلٹ جانا۔ ترقّی یا تنزّل ہونا۔

اور طرف کی راہ لینا (اُر۔ محاورہ) دُوسرے راستے جانا۔

اور عالم میں ہونا (اُر۔ محاورہ) اور رنگ میں ہونا۔ اور کیفیت میں ہونا۔ آپ میں نہ ہونا۔

اور عالم ہو جانا (اُر۔ محاورہ) دُوسری کیفیت پیدا ہو جانا۔

اور عالم ہونا (اُر۔ محاورہ) دُوسرا رنگ ہونا۔

اور کیا؟ (اُر۔ کلمۂ استفہام) تصدیق اور تحسین کے لئے بولا جاتا ہے۔ بیشک۔ یقیناً۔ کیا خوب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اور کو نصیحت اپنے تئیں فضیحت (اَر۔ مثل) اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اوروں کو نصیحت کرے مگر خود اُس پر عمل نہ کرے۔

اور کے نام انڈے بچے ہمارے نام گُوک (اَر۔ مثل) اوروں سے سلوک کرتے ہو' ہم سے نہیں۔ غیر مزے کریں' اپنے بھُوکوں مریں۔

اور گھر (دیکھنا) تلاش کرنا (اَر۔ محاورہ) دُوسری جگہ ٹھکانا کرنا۔

اور نہیں تو کیا (اَر۔ فقرہ) یہی بات تو ہے۔

اور ہی بات ہے (اَر۔ فقرہ) نرالی کیفیت ہے۔ تعریف کی جگہ کہتے ہیں۔

اَوْر (واو مجہول) (شور کے وزن پر) (ہ۔ا۔مث) (۱) طرف۔ سمت۔ جانب (۲) شروع۔ ابتدا (۳) کنارہ۔ چھور (۴) حمایت۔ جانب داری (۵) منزلی۔ فریق (۶) حد (۷) اِنتہا۔ اَتھاہ۔

اور نہ چھور (ہ۔صف) ابتدا نہ انتہا۔ نہایت وسیع۔ لا محدود۔

اَوْراد (او۔راد) (ع۔ا۔مذ) وِرد کی جمع۔ وظائف۔

اَوْراق (او۔راق) (ع۔ا۔مذ) ورق کی جمع۔ کاغذ کا تاؤ۔ کسی چیز کا پارچہ جیسے چاندی کے ورق۔

اَوْرَس چَوْرَس (ہ۔صف۔مث) مُسَطّح۔ ہموار۔ چوکور۔

اُوْرْما (اور۔ما) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی سلائی۔

اُورما بنانا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) اُورمے کی سلائی کرنا (۲) بہت مارنا۔ مارتے مارتے کچومر نکال دینا۔

اَوْرَنْگ (او۔رنگ) (نُون غُنّہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) شاہی تخت (۲) ایک پھُول کا نام۔

اورنگ زیب (ف۔صف) تخت کو زینت دینے والا۔ مُغلیہ خاندان کے چھٹے بادشاہ مُحی الدّین عالمگیر کا لقب۔

اورنگ زیبی پھوڑا (اَر۔ا۔مذ) مُغلئی پھوڑا۔ ایک قسم کا سخت تکلیف دہ دُنبل جس کا علاج نہایت مشکل ہے۔ کاربنکل۔ دکن میں عرصے تک قیام کے باعث شہنشاہ اورنگ زیب کی فوج میں یہ مرض پھیل گیا تھا۔

اَوْرِیب (او۔ریب) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) ترچھی چال (۲) کپڑے کی ترچھی کاٹ (۳) پیچ۔ اُلجھن (۴) بگاڑ۔ مشکل (۵) جھگڑا۔ کھینچا تانی۔

اوریجنل (Original) (انگ۔صف) (۱) طبع زاد (۲) ابتدائی۔

اَوْرے دھورے (واو مجہول) (ہ۔ تابع فعل) آس پاس۔ ارد گرد۔ اِدھر اُدھر۔

اورینٹل (Oriental) (انگ۔صف) مشرق سے متعلق۔ مشرقی۔

اورینٹلسٹ (Orientalist) (انگ۔صف) علومِ مشرقی کا ماہر۔ مُستشرق (غیر مشرقی)۔

اُوْڑا (او۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) کمی۔ توڑا۔ تنگی۔

اوڑا پڑنا (ہ۔ محاورہ) ناپید ہونا۔ کھویا جانا۔ مِٹنا۔ کمی ہونا۔ قحط پڑنا۔

اَوْڑھانا (واو مجہول) (ہ۔مص) اُڑھانا۔ ڈھانکنا۔ کسی کے بدن پر کپڑا ڈالنا۔

اَوْڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی؟ (اَر۔ مثل) بے غیرتی لاد لی تو اب کس کی پروا ہے۔ بے حیا اور بے شرم کے متعلق کہتے ہیں۔

اوڑھ لینا (ہ۔مص) کپڑا بدن پر ڈال لینا (۲) گوارا کرنا۔ اپنے ذمے لے لینا۔

اَوْڑھنا (اوڑھ۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) کپڑے یا اِسی قسم کی دُوسری چیز کو بدن پر لینا (۲) اپنے سر لینا۔ ذمّے لینا (۳) (ا۔مذ) دوپٹّا۔ چادر۔

اوڑھنا اُتارنا (اَر۔ محاورہ) بے عزّت کرنا۔ ہتک کرنا۔ سر برہنہ کرنا۔ بدن عُریاں کرنا۔

اوڑھنا (اُڑھانا) ڈالنا (اَر۔ محاورہ) رانڈ یا بیوہ کے ساتھ شادی کرنا۔

اوڑھنا بچھانا (اَر۔ محاورہ) ہر وقت اِستعمال کرنا۔

اوڑھنا بچھونا (اَر۔ا۔مذ) لحاف۔ توشک۔ استر بستر۔

اوڑھنا گلے میں ڈالنا (اَر۔ محاورہ) لپٹانا۔ سر ہونا۔ دامن گیر ہونا۔ پلہ پکڑنا۔

اَوْڑھنی (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا دوپٹا۔ جمع: اوڑھنیاں۔ اوڑھنیوں۔

اوڑھنی اوڑھنا (اَر۔ محاورہ) زنانہ لباس پہننا۔ مرد کا عورتوں کی مانند ہو جانا۔

اوڑھنی بدلنا (اَر۔ محاورہ) بہناپا کرنا۔ بہن بنانا۔

اَوْڑھوں کہ بچھاؤں؟ (اَر۔ محاورہ) کسی کام کا نہیں۔ فضول ہے۔ بیکار ہے۔

اوڑھی چادر ہُوئی برابر۔ میں بھی شاہ کی خالہ ہُوں (اَر۔ مثل) تھوڑی حیثیت پر اترانا۔ بڑے آدمی سے خواہ مخواہ کا رشتہ ظاہر کرنا۔

اَوْزار (او۔زار) (ع۔ا۔مذ) وِزر کی جمع۔ آلات۔ ہتھیار۔

اَوْزان (او۔زان) (ع۔ا۔مذ) وزن کی جمع۔

اوزون (Ozone) (انگ۔ا۔مث) زردی مائل نیلے رنگ کی ایک جراثیم کُش گیس جو آکسیجن ہی کی بہتر صورت ہے۔ خالص خشک آکسیجن سے برقی رَو کے ذریعے حاصل کی جاتی ہے (۲) زمین سے تقریباً ۲۰ میل اُوپر بالائی فضا میں اوزون گیس کا علاقہ ہے جو سورج کی بالائے بنفشی شعاعوں (تاب کاری) کو جذب کر لیتا ہے اور زمین اُن کے مہلک اثرات سے محفوظ رہتی ہے۔

اَوْس (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) شبنم۔ (پن) تریل۔

اوس پڑنا (اَر۔ محاورہ) شبنم گرنا (۲) پژمردہ ہونا۔ کُمہلانا۔ بے رونق ہونا۔ بُجھنا۔ ٹھٹھرنا۔ جوش فرو ہونا (۳) شرمندہ ہونا۔ لجانا (۴) رونق نہ رہنا۔ اُداسی برسنا۔

اوس چاٹے پیاس نہیں بُجھتی (اَر۔ مثل) تھوڑی مقدار سے تسکین نہیں ہوتی۔ ذرا سی چیز سے آسودگی نہیں ہوتی۔

اوس کے موتی (اَر۔ا۔مذ) (۱) شبنم کے قطرے (۲) (مجازاً) زائل یا فنا ہونے والی چیز۔

اَوْسان (او۔سان) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہوش و حواس (۲) جُرأت۔ ہمّت۔ حوصلہ۔ (بطور جمع مستعمل ہے)۔

اَوسان آنا (اَر۔ محاورہ) حواس بجا ہونا۔

اَوسان اُڑانا (اَر۔ محاورہ) ہوش اُڑانا۔ بدحواس کر دینا۔

اَوسان اُڑ جانا (اَر۔ محاورہ) اوسان جاتے رہنا۔ اوسان خطا ہو جانا۔ ہوش و حواس بجا نہ رہنا۔ عقل کا چکرا جانا۔ گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔

اَوسان ٹھکانے ہونا (اَر۔ محاورہ) حواس بجا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُوسان جانا (اُر۔ محاورہ) حواس جاتے رہنا۔ اوسان اُڑ جانا۔

اُوسان خطا ہونا (اُر۔ محاورہ) حواس بجا نہ رہنا۔

اُوسان کھو جانا (اُر۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔

اُوسان کھو دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا (۲) گھبرا دینا۔ بدحواس کر دینا۔

اُوسان گم ہونا (اُر۔ محاورہ) حواس جاتے رہنا۔

اُوسان گئی (اُر۔ صف) حواس باختہ عورت۔

اُوسان لے جانا (اُر۔ محاورہ) بدحواس کر دینا۔

اُوسان میں آنا (اوسانوں میں آنا) (اُر۔ محاورہ) ہوش میں آنا۔

اُوسان میں (اوسانوں میں) نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) ہوش میں نہ رہنا۔ ہوش ٹھکانے نہ رہنا۔

اُوِستا (اَ۔وس۔تا) (ف۔ا۔مذ) پارسیوں کی مقدس کتاب جس کی زبان قدیم پہلوی ایرانی سے ملتی جلتی ہے۔

اُوسَر (اُو۔سَر) (ہ۔ا۔مث) گائے یا بھینس جو گابھن ہونے کی عمر کو پہنچ گئی ہو۔

اَوسَر (اَ۔وَ۔سَر) (س۔ا۔مذ) موقع۔ ساں۔ وقت۔

اُوسَر (او۔سَر) (ہ۔صف) بنجر زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہوتا ہو۔

اُوسر کھیت میں کیسر (ہ۔مثل) بدلوگوں میں نیک کا پیدا ہونا۔ کم نصیب اور مفلس کے یہاں صاحبِ اقبال اولاد ہونا۔ بدصورتوں میں خوب صورت۔ نااہلوں میں اہل۔ (کیسر: زعفران)۔

اُوسرا (اوس۔را) (ہ۔ا۔مذ) باری۔ نوبت۔ دور۔

اَوسَط (او۔سَط) (ع۔صف) بیچ کا۔ درمیانی۔ معمولی۔ عام۔ جمع: اَواسِط۔

اُوشا۔ دیکھیے اُشا۔

اَوشَدھ (او۔شدھ) (س۔ا۔مث) دوا۔ جڑی بوٹی۔

اَوشَدھالیہ (او۔شدھ۔آ۔ل۔یَہ) (س۔ا۔مذ) دوا خانہ۔

اَوصاف (او۔صاف) (ع۔ا۔مذ) وصف کی جمع۔ خُوبیاں۔ اچھائیاں۔

اَوصِیا (او۔صِ۔یا) (ع۔ا۔مذ) وصی کی جمع۔ وہ لوگ جنہیں وصیت کی گئی ہو۔

اَوضاع (او۔ضاع) (ع۔ا۔مث) وضع کی جمع۔

اَوطان (او۔طان) (ع۔ا۔مذ) وطن کی جمع۔

اَوقات (او۔قات) (ع۔ا۔مذ) (۱) وقت کی جمع (۲) (اُر۔ا۔مث) حیثیت۔ بساط۔ (ان معنوں میں واحد مستعمل ہے)۔

اَوقات بسری (اُر۔ا۔مث) گزران۔ گزر اوقات۔

اَوقات تلخ ہونا (اُر۔ محاورہ) ناگوار بات پیش آنا۔ زندگی تلخ ہونا۔ بُری طرح زندگی بسر کرنا۔

اَوقات ضائع کرنا (اُر۔ محاورہ) بے کار کاموں میں وقت کھونا۔

اَوقات کیا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) حیثیت کیا ہے؟ حقیقت کیا ہے؟

اَوقات ہونا (اُر۔ محاورہ) بساط ہونا۔ حیثیت ہونا۔

اَوقاف (او۔قاف) (ع۔ا۔مذ) وقف کی جمع (۲) ایک محکمہ جو وقف جائیدادوں کا انتظام کرتا ہے۔ محکمہ اوقاف۔

اَوقاف و رُموز (ع۔ا۔مذ) تحریر میں ٹھہراؤ اور وقفے کی علامات (Punctuations)۔

اُوقِیَہ (او۔قی۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) چالیس درم کا وزن۔ انگریزی اونس کے برابر۔

اُوک (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) چلّو۔

اوک سے پینا (اُر۔ محاورہ) چلّو سے پینا۔

اُوک چُوک (ق۔ا۔مث) بھول چوک (۲) (متعلق فعل) اِتفاق سے۔ کبھی کبھی۔

اُوکنا (اوک۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔

اُوکھ (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) اِیکھ۔ گنّا۔ پونڈا۔ نیشکر۔

اَوکھا (او۔کھا) (ہ۔صف۔مذ) (۱) بے ڈھنگا۔ بونگا (۲) مشکل۔

اوکھا (واو مجہول) (ہ۔صف) گھٹیا۔ کم تر۔ خراب۔ چوکھا کی ضد۔ کھرے کی ضد۔ (۲) بے جا۔ بے موقع۔

اُوکھد (او۔کھد) (ہ۔ا۔مث) دوا۔ علاج معالجہ۔

اُوکھلی (اوکھ۔لی) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے اُکھلی۔

اَوکھی (او۔کھی) (ہ۔صف۔مث) اوکھا کی تانیث۔

اُوکیلنا (او۔کیل۔نا) (ہ۔مص) بٹی ہوئی ڈوری کا بَل کھولنا۔

اُوگرا (اوگ۔را) (ہ۔صف) اُبالا ہوا کھانا۔ بے گھی کا کھانا۔ بے مزہ کھانا۔

اَوگُن (اَ۔وَ۔گُن) (ہ۔ا۔مذ) گُن کی ضد (۱) عیب۔ نقص (۲) بے ہنری (۳) بُرائی (۴) بدتہذیبی (۵) بگاڑ۔ خلل (۶) جرم۔

اَوگُن لگانا (ہ۔ محاورہ) تہمت دھرنا۔ اِلزام لگانا۔

اُوگنا (اوگ۔نا) (ہ۔مص) (۱) غصّے کے وقت سلوک اور اِحسان جتانا (۲) طلوع ہونا (ق)۔

اَوگھٹ (او۔گھٹ) (ہ۔صف) (۱) ٹیڑھا۔ ناہموار (۲) دُشوار۔ ناقابلِ گزر۔

اوگھٹ گھاٹی (ہ۔ا۔مث) دُشوار گزار راستہ۔ جس گھاٹی سے گزرنا محال ہو۔

اَوگھی (او۔گھی) (ہ۔ا۔مث) لمبا چابک۔ ہنٹر۔ وہ لمبی رسّی جسے چکّر دے کر پھٹکارنے سے زور کی آواز نکلتی ہے۔ گھوڑوں کے سدھانے اور پرندوں کے اُڑانے میں کام آتی ہے۔

اَوگی (او۔گی) (ہ۔ا۔مث) کارچوبی جوتے کا پنّا۔ مخملی جوتے کا کامدار پنّا۔

اُول (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) زمین کے اندر پیدا ہونے والی ترکاری۔ آلو، اروی وغیرہ (۲) وہ آدمی جو ضمانت میں دیا جائے (۳) ضمانت۔

اول میں چول دہی میں مُوسل (ہ۔مثل) اُس جگہ کہتے ہیں جب کسی بات کے ذکر میں کوئی اور بات جس کی اُس ذکر سے کچھ مناسبت نہ ہو چھیڑ دی جائے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یا ہوتے ہوئے کام میں کوئی اڑنگا لگ جائے۔

اول میں دینا (ء۔ محاورہ) اپنے بیٹے یا رشتے دار کو بطور ضمانت سپرد کرنا۔

اَوَّل (اَوْ۔وَل) (ع۔صف) (۱) پہلا۔ مُقدم۔ پہلے (۲) بہتر۔ عُمدہ۔ اعلیٰ۔ افضل (۳) آغاز۔ ابتدا۔ شروع۔ جمع: اَوائل۔

اوّل آخر (ع۔ا۔مذ) (۱) ابتدا انتہا (۲) باپ دادا۔ آل اولاد۔

اوّل اوّل (ع۔ تابع فعل) پہلے پہلے۔ ابتدا میں۔

اوّل با آخر نسبتے دارد (ف۔ مقولہ) آغاز اور انجام میں تعلق ہوتا ہے۔ ابتدا سے ہی انجام کا اندازہ ہو جاتا ہے۔

اوّل خویش بعدہٗ درویش (ف۔ مثل) پہلے اپنے اعزّہ و اقربا کے ساتھ سلوک کرنا چاہئے' اس کے بعد غیروں سے (۲) پہلے اپنا پیٹ بھرنا چاہئے اس کے بعد بھکاری کا۔

اوّل دن سے (اَر۔ تابع فعل) ابتدا سے۔ شروع سے۔

اوّل طَعام بعدہٗ کلام (ف۔ مثل) کھانا باتوں پر مقدم رکھنا چاہئے۔ کھانا مقدم ہے۔ کھائے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔

اوّل مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا؟ (اَر۔ مثل) جب ایک دن مرنا ہی ہے تو پھر موت سے خوف کیسا؟

اوّل منزل (اَر۔ا۔مث) قبر سے مُراد ہے۔ گور۔ لحد۔

اوّل منزل پہنچانا (اَر۔ محاورہ) دفن کرنا۔ قبر میں اُتارنا۔

اوّل منزل کر دینا (اَر۔ محاورہ) دفن کر دینا۔

اَوْلا (او۔لا) (واو مجہول۔ بروزن گولا) (ء۔ا۔مذ) (۱) بخارات کے جمے ہوئے قطرے جو بارش کے ساتھ برف کی شکل میں آسمان سے گرتے ہیں (۲) شکریا قند سے بنائے ہوئے لڈو (۳) (صف) نہایت سرد۔ جمع: اولوں۔ اولے۔

اولا ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بہت ٹھنڈا ہو جانا۔

اَوْلا (او۔لا) (ع۔صف) دیکھئے اَولیٰ۔

اَوَّلاً (اَو۔وَ۔لَن) (ع۔ تابع فعل) سب سے پہلے۔

اَوْلاد (او۔لاد) (ع۔ا۔مث) وَلد کی جمع۔ بال بچے۔ بیٹا بیٹی۔ لڑکے بالے۔ (اردو میں بطور واحد مستعمل ہے اور اِس کی جمع اولادوں اور اولادیں ہے)۔

اولادِ آدم (ع۔ امث) آدمؑ کی اولاد۔ انسان۔ آدمی۔

اولادِ اُناث (ع۔ا۔مث) بیٹیاں۔

اولادِ ذُکور (ع۔ا۔مث) بیٹے۔

اولادِ صحیح النَّسَب (او۔لا۔دِ۔صحی۔حن۔نَ۔سَب) (ع۔ف۔ا۔مث) حلال کی اولاد۔

اولاد کی آنچ بُری ہوتی ہے (اَر۔ مثل) اولاد کی مامتا بہت بُری چیز ہے۔ اولاد کی محبت میں آدمی سب کچھ کر بیٹھتا ہے۔

اَوْلاس (ق۔ا۔مذ) شوق۔

اَوْلاسا (ق۔ا۔مذ) دلاسا۔ تسلّی۔

اَوْلالا (ق۔ا۔مذ) ولولہ۔ جوش۔

اَوْلا مَولا (او۔لا۔مو۔لا) (اَر۔صف) بیہودہ۔ اُول جلول۔

اَوْلتی (اول۔تی) (واو مجہول) (ء۔ا۔مث) کھپریل یا چھپّر کا وہ حصّہ جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے۔ جمع: اولتیاں۔ اولتیوں۔

اولتی کا پانی بلینڈی نہیں چڑھتا (اَر۔ مثل) کمینہ شرافت کے مرتبے کو نہیں پہنچ سکتا۔ (بلینڈی: چھت کی کڑی یا شہتیر)۔

اولتی تلے کا بھوت' سترپُرکھوں (پشتوں) کا نام جانے (اَر۔ مثل) گھر کا بھیدی ہی گھر خراب کرتا ہے۔

اولڈٹام (Oldtom) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی انگریزی شراب۔

اُوْل جَلول (اول۔جَ۔لول) (اَر۔صف) بے ہودہ۔ بے ڈھنگا۔ بے قرینہ۔

اُول جلول ہونا (اَر۔ محاورہ) بے عقل ہونا۔ بے سلیقہ ہونا۔

اَوْل فَوْل بکنا (الف اور ف مفتوح) (اَر۔ محاورہ) بے ہودہ باتیں کرنا۔ فحش بکنا۔

اَوْلچا (اول۔چا) (واو مجہول) (ء۔ا۔مذ) کھیت کا پانی اُلیچنے کا برتن۔

اَوْلما (اول۔ما) (ت۔ا۔مذ) (۱) انتڑیوں میں قیمہ بھر کے پکانا (۲) کھال اُتارنا۔ گرم پانی مُردہ جسم پر ڈال کر یا جسم کو گرم پانی میں ڈال کر کھال اُتارنا۔

اولما کرنا (اَر۔ محاورہ) قیمہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اولمپک (Olympic) (انگ۔صف) یونان کے ایک میدان "اولمپیا" سے منسوب جہاں ہر چوتھے سال اہلِ یونان کے ادبی اور ورزشی مقابلے ہوتے تھے۔

اولمپک کھیل (Olympic Games) (اَر۔ا۔مذ) (۱) اہلِ یونان کے ادبی اور ورزشی مقابلے جو ہر چوتھے سال ہوتے تھے (سب سے پہلا مقابلہ ۷۷۶ ق۔م میں ہوا تھا) (۲) زمانہ حال کے بین الاقوامی کھیلوں کے مقابلے جو ہر چوتھے سال ہوتے ہیں۔

اَوْکو (او۔کو) (ء۔صف) (۱) انوکھا۔ عجیب (۲) ناگوار (۳) مشکل (۴) بے چین (۵) اُوپری۔

اَوْکو اَوْکو (ء۔صف) اوپری اوپری۔ اُکھڑا اُکھڑا۔

اُوْلُو (اُو۔لُو) (ع۔صف) ذُو کی جمع۔ مالکان۔ قابضان۔ صاحبان۔

اُولُو الاَبصار (اُو۔لُل۔اَب۔صار) (ع۔صف) صاحب بصیرت' دانا' سمجھ دار لوگ۔

اُولُوالالباب (اُو۔لُل۔اَل۔باب) (ع۔صف) صاحبانِ عقل و خرد و شعور والے۔

اُولُوالاَمر (اُو۔لُل۔اَمر) (ع۔صف) صاحبانِ حکم۔ بااختیار لوگ۔

اُولُوالعزم (اُو۔لُل۔عزم) (ع۔صف) صاحبانِ عزم و ارادہ۔ عالی حوصلہ۔

اُولُو العزمانہ (ع۔ متعلق فعل) اُولوالعزم کی طرح۔

اُولُو العزمی (ع۔ف۔ا۔مث) بلند ہمتی۔ جرأت۔ استقلال۔

اَوْلوں (ء۔ا۔مذ) اولا کی جمع۔

اولوں کا مارا کھیت' باقی کا مارا گاؤں' چِلموں کا مارا چولھا' نہیں پنپتا (اَر۔ مثل) جس کھیت میں اولے پڑ جائیں وہ سرسبز نہیں ہوتا۔ جس گاؤں کی مال گزاری ادا نہیں ہوتی وہ کبھی آباد نہیں ہوتا۔ جس چولھے سے بار بار چلمیں بھری جائیں اُس میں آگ تاؤ نہیں کھاتی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُولوں ماری فاختہ (اُر۔ امث) مُصیبت زدہ، دُکھیاری (عورت)۔

اُولے (ھ۔ امذ) اولا کی جمع۔

اولے پڑنا (اُر۔ محاورہ) ژالہ باری ہونا۔

اولے ٹلے برساتوں جیئے (ھ۔ مثل) آفت دُور ہو جائے تو آرام ہو جاتا ہے۔

اُولیٰ (اُو۔ لی) (ع۔ صف) اُولو کی مجروری شکل۔

اُولی اَجنِحَہ (اَج۔ نِ۔ حَہ) (ع۔ صف) بال و پر والے (کنایتہً) فرشتے۔

اَولٰی (اَو۔ لا) (ع۔ اِ۔ تفضیل مُل) ولی کی تفضیلِ کل۔ اعلیٰ۔ ارفع۔ بہترین۔

اُولٰی (اُو۔ لا) (ع۔ صف) اوّل کی تانیث۔

اَولیا (اَو۔ لِ۔ یا) (ع۔ امذ) ولی کی جمع (۱) (اِصطلاحاً) اہلُ اللہ۔ خُدا رسیدہ لوگ (۲) سیدھا اور بھولا بھالا آدمی۔ (اِن معنوں میں واحد مستعمل ہے)۔

اَولیاءُاللہ (ع۔ امذ) وہ لوگ جنہیں قُربِ خُداوندی حاصل ہے۔ عارفانِ الٰہی۔ اہلُ اللہ۔ اللہ کے ولی۔

اَولیا کے گھر بھوت (اُر۔ مثل) نیکوں کے گھر بد۔ بھلے آدمی کے گھر بد اولاد۔

اَوَّلِیَّت (اَوّ۔ وَ۔ لِی۔ یَت) (ع۔ امث) اوّل ہونا۔ بہتری۔ فوقیت۔ تقدُّم۔

اُولیل (اُولول) (اُو۔ لیل) (اُو۔ لول) (ھ۔ امث) گھوڑے کی اُچھل کود۔

اَوّلِین (اَوّ۔ وَ۔ لین) (ع۔ صف و امذ) پہلا (۲) اگلے لوگ۔ پہلے زمانے والے۔

اُوم (ک۔ ل۔ مذ) (واو مجہول) ہندو تثلیث (برہما، وشنو، شِو) کا مشترکہ مقدس نام۔ یہ تینوں عظیم دیوتا مل کر خدائے واحد (اوم یا ایشور یا پرماتما) کہلاتے ہیں۔

اُون (ھ۔ امذ و مث) پشم۔ جانوروں کی کھال کے بال (۲) سُوف۔

اُونا (اُو۔ نا) (ھ۔ صف) جو پورا نہ بھرا ہو (۲) چھوٹا۔ کم۔ ناقص (۳) (ھ۔ امذ) ایک قسم کی تلوار جو پتلی اور چھوٹی ہوتی ہے۔

اُونا ہو جانا (ھ۔ محاورہ) تلوار کی دھار کا خراب ہو جانا۔

اُونٹ (واو معروف۔ نون غنہ) (ھ۔ امذ) شُتر۔ ایک پالتو جانور جو ریگستانوں میں سواری اور بار برداری کے کام آتا ہے۔ ایشیا اور افریقہ میں پایا جاتا ہے۔
جمع: اُونٹ۔ اُونٹوں۔

اُونٹ بُڈھا ہُوا پر مُوتنا نہ آیا (اُر۔ مثل) اتنا بڑا ہو گیا مگر تمیز نہ آئی۔

اُونٹ برابر ڈیل بڑھایا پاپوش بھر عقل نہ آئی (اُر۔ مثل) اتنا بڑا ڈیل اور عقل ذرا نہیں۔ اُونٹ کے برابر بڑھ گیا مگر تمیز خاک نہ آئی۔

اُونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے (اُر۔ مثل) اُس جگہ کہتے ہیں جہاں کوئی شخص کام کرتے وقت بڑبڑاتا ہے۔

اُونٹ بلیاں لے گئیں ہاں جی ہاں جی کہیے (اُر۔ مثل) خوشامدی کے متعلق کہا جاتا ہے جو کسی کو خوش کرنے کے لئے دن کو رات اور رات کو دن کہنے کو تیار ہو۔

اُونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھم کو (اُونٹ مکے ہی کی طرف بھاگتا ہے) (اُر۔ مثل) ہر ایک اپنی اصل کی طرف رجوع کرتا ہے۔

اُونٹ جب تک پہاڑ کے نیچے نہ آئے اپنے سے اُونچا کسی کو نہیں جانتا (اُر۔ مثل) اپنے سے زبردست کا مقابلہ ہونے پر اپنی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

اُونٹ چڑھے بُوٹنٹ مانگے (اُر۔ مثل) بے موقع، بے محل بات کرنے کی جگہ کہتے ہیں۔

اُونٹ چڑھے کو کتا کاٹے (اُر۔ مثل) نہایت بدنصیبی کے موقع پر کہتے ہیں۔

اُونٹ دیکھیے کس (کَل) کروٹ بیٹھتا ہے (اُر۔ مثل) کسی معاملے کی نسبت کہتے ہیں کہ دیکھا چاہیے کیا نتیجہ نکلے۔

اُونٹ ڈوبیں بھیڑیں تھاہ مانگیں (اُر۔ مثل) اُس جگہ کہتے ہیں جہاں کسی امر میں بڑوں کی حقیقت نہ ہو اور ادنیٰ آدمی اپنی چلانے کی کوشش کرے۔ بڑی مصیبت والے فریاد نہیں کرتے۔ معمولی تکلیف والے چلّاتے ہیں (۲) جہاں بڑے کی حقیقت نہ ہو وہاں چھوٹے اپنی چلاتے ہیں۔

اُونٹ رے اُونٹ تیری کون سی کل سیدھی؟ (اُر۔ مثل) بے ڈھنگے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس کی کوئی بھی بات ٹھکانے کی نہ ہو۔

اُونٹ سستا ہے پٹا مہنگا ہے (اُر۔ مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب معمولی کام کے ساتھ کوئی بڑا اُلجھیڑا ڈال دیا جائے۔

اُونٹ فرشتے کی ذات ہے (اُر۔ مثل) اُونٹ نہایت حلیم، صابر اور قانع جانور ہے۔

اُونٹ کا پاد (اُر۔ امذ) گوزِ شتر۔ بے اثر بات۔ بے فائدہ بات۔

اُونٹ کٹارا (اُر۔ امذ) ریگستانی علاقوں کا ایک خاردار پودا جو پنج کلیان کہلاتا ہے کیونکہ اِس کی جڑیں، تنا، پتے، پھول اور پھل تمام طبّی خواص رکھتے ہیں۔ اونٹ اِسے بڑے شوق سے کھاتا ہے۔

اُونٹ کی پکڑ اور عورت کے مکر سے خُدا بچائے (اُر۔ مقولہ) اُونٹ پکڑ کر نہیں چھوڑتا اور عورت کے مکر اور فریب انسان نہیں جان سکتا۔

اُونٹ کے گلے میں بلی (اُر۔ مثل) (۱) بے میل رشتہ (۲) بیجا شرط۔ کہتے ہیں کہ ایک شخص کا اونٹ گم ہو گیا۔ اس نے قسم کھائی کہ مل گیا تو ٹکے میں فروخت کر دوں گا۔ لیکن اُونٹ مل جانے پر اُسے تشویش ہوئی کہ اِسے ٹکے میں کیسے بیچ دوں۔ اُس نے اُونٹ کے گلے میں ایک بلی باندھ دی اور آواز لگائی کہ اونٹ کو ٹکے میں اور بلی کو ڈیڑھ سو روپے میں بیچتا ہوں مگر ایک دُوسرے سے علیحدہ فروخت نہ ہو گا۔

اُونٹ کے مُنہ میں زیرہ (اُر۔ مثل) بڑے پیٹ والے کو ذرا سی چیز کھانے کو دینا۔

اُونٹ گاؤ (اُر۔ امذ) دیکھیے زرافہ۔

اُونٹ لدے بے گاری (اُر۔ مثل) اونٹ بیگار میں خوب لدتا ہے۔ جب کسی کو کسی کا کام مجبوراً کرنا پڑے تو اُس وقت کہتے ہیں۔

اَوٹانا (اَوں۔ ٹا۔ نا) (ھ۔ مص) (۱) دودھ کو جوش دینا۔ کھولانا (۲) غصّے میں جلانا۔

اَوٹنا (اَونٹ۔ نا) (ھ۔ مص) (۱) کھولنا۔ جوش کھانا (۲) غصّے میں جلنا۔

اُونٹنی (ھ۔ امث) مادہ اُونٹ۔ سانڈنی۔ ناقہ۔ جمع: اُونٹنیاں۔ اُونٹنیوں۔

اُونٹنی (واو مجہول) (ھ۔ امث) بیلن۔ کپاس بیلنے کی مشین۔ نیز دیکھیے اوٹنی۔

اُونچ (واو معروف۔ نون غنہ) (ھ۔ امث) بلندی۔ فراز۔ اُونچائی۔

اُونچ نیچ (اُر۔ امث) اُونچا نیچا۔ اُتار چڑھاؤ (۲) بھلائی بُرائی۔ نیک و بد۔ نفع و نقصان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُونچ نیچ بتانا (**اُونچ نیچ دکھانا۔ اُونچ نیچ سمجھانا**) (ار۔ محاورہ) نیک و بد جتانا۔ نشیب و فراز سمجھانا۔

اُونچ نیچ (سمجھنا) سُوجھنا (ار۔ محاورہ) نیک و بد کی پہچان ہونا۔

اُونچ نیچ ہو جانا (ار۔ محاورہ) خرابی پڑ جانا۔ قباحت واقع ہونا۔

اُونچا (اوں۔ چا) (ہ۔ صف) (۱) بلند۔ بالا (۲) دراز قد (۳) امیر۔ دولت مند (۴) عالی مرتبہ۔ معزز۔

اُونچا بول بولنا (ار۔ محاورہ) تکبّر کرنا۔ مغرور ہونا۔ فخر کرنا۔

اُونچا چڑھنا (ار۔ محاورہ) اُوپر اُٹھنا۔ اعلیٰ درجہ حاصل کرنا۔ ترقی کرنا۔

اُونچا سُر (ار۔ ا۔ مذ) وہ سُر یا تان جو موسیقی میں انترا کہلاتی ہے (۲) بلند آواز۔

اُونچا (سننا) سُنائی دینا (ار۔ محاورہ) کم سُننا۔ بہرا ہونا۔

اُونچا (گھر) گھرانا (ار۔ ا۔ مذ) امیر گھر۔ معزز خاندان۔

اُونچا نیچا (ار۔ صف) ناہموار۔ غیر مسطح۔

اُونچا ہاتھ (ار۔ صف) فیّاض۔ سخی۔ دیالو۔

اُونچا ہاتھ رہنا (ار۔ محاورہ) سب سے بڑھ جانا (۲) ہمیشہ دیتے رہنا۔

اُونچی (اوں۔ چی) (ہ۔ صف) اُونچا کی تانیث۔

اُونچی اسامی (ار۔ ا۔ مث) مال دار آدمی۔

اُونچی دُکان پھیکا پکوان (ار۔ مثل) خوب سجی ہوئی دُکان مگر مال خراب۔ نام مشہور مگر اصل میں ذلیل۔ بطورِ طعن و تشنیع کہتے ہیں۔

اُونچی ناک والا (ار۔ صف) بڑا مغرور۔ شیخی خورا۔

اُونچی ناک ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) معزز ہونا (۲) ہمسروں میں عزت ہونا۔

اُونچے (اوں۔ چے) (ہ۔ صف) (۱) اُونچا کی جمع (۲) اُونچا کی بدلی ہوئی شکل۔

اُونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے گرا نہیں سنبھلتا (ار۔ مثل) کنگال ہو کر آدمی پھر مالدار ہو سکتا ہے مگر بے عزت ہو کر ویسی عزت نہیں پاتا۔ بلندی سے گرا ہوا اُٹھ سکتا ہے مگر نظروں سے گرا ہوا پھر کبھی نظر میں نہیں سما سکتا۔

اُونْدھ (واو مجہول) (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) وہ رسّی جس سے چھپر کو اُوپر کی طرف کھینچ کر باندھتے ہیں۔

اُونْدھا (اوں۔ دھا) (ہ۔ صف) (۱) اُلٹا۔ پٹ (۲) منقلب (۳) ٹیڑھا۔

اوندھا کرنا (ار۔ محاورہ) اُلٹنا۔ منہ کے بَل کر دینا۔ پٹ کرنا (۲) رشوت دے کر ملا لینا (۳) مغلوب کرنا (۴) نشے میں مدہوش کرنا۔

اوندھا ہو جانا (ار۔ محاورہ) (۱) پٹ لیٹ جانا۔ منہ کے بَل پڑ جانا (۲) نشے میں مدہوش ہو جانا۔ بیہوش و بے خبر ہو جانا۔

اُونْدھانا (اوں۔ دھا۔ نا) (ہ۔ مص) اُلٹنا۔ اُلٹ دینا۔ پٹ کر دینا۔ نیچا کرنا۔ لٹکانا۔

اُونْدھی (اوں۔ دھی) (ہ۔ صف) اُوندھا کی تانیث۔

اوندھی پیشانی کا (ار۔ صف) اُلٹی سمجھ کا۔ جو سیدھی بات اُلٹی سمجھے۔

اوندھی (سمجھ) عقل (ار۔ ا۔ مث) بے عقلی۔ حماقت۔

اُوندھی کھوپڑی اُلٹی مَت (ار۔ مثل) احمق کی بے وقوفی کی نسبت کہتے ہیں۔

اُونْدھے (اوں۔ دھے) (ہ۔ صف) (۱) اُوندھا کی جمع (۲) اُوندھا کی بدلی ہوئی شکل۔

اُونْدھے مُنہ دُودھ پینا (ار۔ محاورہ) نہایت نادان اور ناسمجھ ہونا۔

اُونْدھے مُنہ شیطان کا دھکّا (ار۔ بددُعا) اوندھے مُنہ گرے۔ اُوپر سے شیطان کی مار پڑے۔

اُونْدھے مُنہ گرنا (ار۔ محاورہ) (۱) منہ یا پیٹ کے بَل گرنا۔ اُلٹا گرنا (۲) زک اُٹھانا۔ ذلیل ہونا۔ مات کھانا۔ پچھڑنا (۳) بے طرح راغب ہونا۔

اُوْنڑی (اوں۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) مشک کی رسّی۔

اُونس (Ounce) (انگ۔ ا۔ مذ) پونڈ کا سولھواں حصہ۔ ایک وزن۔

اُوْنگنا (نون غنّہ) (ہ۔ مص) گاڑی کے دُھرے یا پہیے میں چکنائی لگانا۔

اُوْنگھ (واو معروف) (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) نیند کی جھپکی۔ غنودگی۔

اُوْنگھتا (اُونگھ۔ تا) (ہ۔ صف) نیند میں جھومتا ہوا۔ اُونگھتا ہوا۔

اُونگھتا جائے موئے کی خبر لائے (ار۔ مثل) ہر چیز کی علامتوں سے اُس کا انجام معلوم ہو جاتا ہے۔ سُست نوکر کی نسبت بولتے ہیں۔

اُوْنگھتے (نون غنّہ) (ہ۔ صف) اُونگھتا کی مغیرہ شکل۔

اُوْنگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ (ار۔ مثل) اُس جگہ بولتے ہیں جہاں کسی کام کے کرنے کو خود جی نہ چاہے اور دُوسرے کے منع کرنے سے باز رہے۔ تھوڑا سا بہانہ ہاتھ لگ جانا۔

اُوْنگھتے کو سوتے جاتے کیا دیر (ار۔ مثل) کسی کام کے کرنے کا ارادہ کر لیا جائے تو اُس کے مکمل ہونے میں کوئی دیر نہیں لگتی۔

اُوْنگھن (اوں۔ گھن) (ہ۔ ا۔ مث) جھپکی۔ اُونگھ۔

اُوْنگھنا (اُونگھ۔ نا) (ہ۔ مص) جھپکی لینا۔ نیند میں جھونکے لینا (۲) غافل ہونا (مجازاً) کام میں سستی کرنا۔

اُوْنہہ (واو معروف) (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کراہنے کی آواز (۲) (کلمۂ نفرت) بلا سے۔ کیا پرواہ ہے۔

اُوْنی (اُو۔ نی) (ہ۔ صف) اُون کا۔ پشمینے کا۔

اُونے پَونے (اُو۔ نے۔ پَو۔ نے) (ہ۔ صف) کم قیمت میں۔

اوور (Over) (انگ۔ حرف جار) (۱) پَر۔ اُوپر (۲) (انگ۔ تابع فعل) اُوپر کا۔ بالائی۔ باہر کا (۳) (انگ۔ ا۔ مذ) (کرکٹ) ایک طرف کے بولر کی گیند پھینکنے کی باری (جس میں چھ گیندیں پھینکی جاتی ہیں) (۴) امپائر کا اعلان کہ باری ختم ہو گئی۔

اوور ایکٹنگ (Overacting) (انگ۔ ا۔ مث) اداکار کا ضرورت سے زیادہ اداکاری دکھانا۔

اوور ٹائم (Over Time) (انگ۔ ا۔ مذ) زائد وقت جس میں کارکن مقررہ وقت سے زیادہ کام کرے۔

اوور کوٹ (Overcoat) (انگ۔ ا۔ مذ) لمبا کوٹ جو سردیوں میں پہنتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اوورسیئر (Over Seer) (انگ۔ ا۔مذ) زمین کی پیائش وغیرہ کا کام کرنے والا۔ عمارتوں کی نگرانی کرنے والا سرکاری عُہدیدار۔

اُوہ (کلمۂ استغنا) کیا پروا ہے۔ کچھ فکر نہیں (۲) (کلمۂ تأسّف) افسوس!

اُوہا (او۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) چولھے کا گول حلقہ جس پر توا یا پتیلی رکھ کر کھانا پکاتے ہیں۔

اَوْہام (او۔ہام) (ع۔ا۔مذ) وہم کی جمع۔

اوہو (آہو) (اُر۔ کلمۂ تعجب) آہا! خوب!

اوہوت (او۔ہوت) (ہ۔ کلمۂ ندا) بازاری لوگ کسی کو پکارنے کے لئے بولتے ہیں۔

اُوہی (اُوئی) (او۔ہی۔او۔ئی) (ہ) عورتوں کا ایک تکیہ کلام جو اکثر ناز نخرے، دہشت، تکلیف یا تعجب کے وقت زبان پر لاتی ہیں۔

اَویر (اَ۔ویر) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) دیر۔ عرصہ۔

اَویر سَویر (اُر۔ متعلق فعل) جلدی یا دیر میں۔ وقت بے وقت۔

ا۔ہ

اَہاہا۔ اُر۔ کلمۂ تعجب و انبساط۔

اَہار (اَ۔ہار) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نشاستہ۔ لئی۔ کلف (۲) کھانا۔ بھوجن۔

اہار کرنا (ہ۔ محاورہ) ناشتا کرنا۔ کھانا۔

اَہارنا (اہار۔نا) (ہ۔مص) (۱) کھانا۔ بھوجن کرنا (۲) کلف دینا۔ مادا چڑھانا۔

اَہالی (اَ۔ہا۔لی) (ع۔ا۔مذ) اہل کی جمع۔ صاحبان۔ کام والے لوگ۔ باشندے۔

اہالی موالی (ع۔ا۔مذ) اعیان و ارکان۔ مصاحبین۔ نوکر چاکر۔

اِہانت (اِ۔ہا۔نت) (ع۔ا۔مث) (۱) توہین کرنا۔ ذلیل کرنا (۲) حقارت۔ ہتک۔ ذلت۔ سبکی۔ بے عزتی۔

اِہْتِدا (اِہ۔تِ۔دا) (ع۔ا۔مذ) راہ راست پانا۔ ہدایت پانا۔

اِہْتِزاز (اِہ۔تِ۔زاز) (ع۔ا۔مذ) (۱) جُھومنا۔ ہلنا (۲) ستارے کا ڈوبتے وقت چمکنا (۳) خوشی۔ خوش حالی۔ خوشی سے وجد کرنا (۴) ہوا کا چلنا۔

اِہْتِمام (اِہ۔تِ۔مام) (ع۔ا۔مذ) اِنتظام۔ بندوبست۔ جمع: اِہتمامات۔

اَہْداف (اہ۔داف) (ع۔ا۔مذ) ہدف کی جمع۔

اَہْرام (اہ۔رام) (ع۔ا۔مذ) ہَرم کی جمع۔ پُرانی چیزیں (۲) فراعنۂ مصر کے مخروطی مقبرے جو کئی ہزار سال قبل تعمیر ہوئے تھے۔ انہیں اہرام مصری بھی کہتے ہیں۔

اَہَر تہَر (اَ۔ہَر۔تَ۔ہَر) (ہ۔ا۔مث) تلاطم۔ گھبراہٹ خصوصاً نزع کی بے چینی۔

اَہُرمَزدا (ف۔ا۔مذ) پارسیوں (آتش پرستوں) کا نیکی کا خدا۔ نیز دیکھئے اَہرمن پارسی 'زرتشت'۔

اَہْرَمَن (اہ۔رَ۔مَن) (ف۔ا۔مذ) آتش پرستوں کا بدی کا خدا۔

اَہْرَن (اہ۔رَن) (ہ۔ا۔مذ) سندان نہائی۔ لوہے کا وہ بٹا جس پر لوہار لوہا کوٹتے اور سُنار سونا چاندی گھڑتے ہیں۔

اَہْل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) صاحب۔ مالک۔ خُداوند (۲) کنبہ۔ خاندان (۳) لائق۔ قابل۔ ہُنرمند (۴) شریف۔ بامُروّت۔ سیر چشم۔ جمع: اَہالی۔ اَہالیان۔

اَہلُ اللہ (اہ۔لُل۔لاہ) (ع۔ا۔مذ) اللہ والے۔ بزرگانِ دین۔ خُدا رسیدہ لوگ۔

اَہلِ باطن (ع۔ا۔مذ) وہ لوگ جن کا دل صاف ہو۔ صاحب کشف و کرامات۔

اَہلِ بیت (ع۔ا۔مذ) گھر کے۔ خاندانی۔ رشتے دار۔ متعلقین۔ کُنبے والے۔ کنبے کے لوگ۔ خصوصاً رسولِ مقبول ﷺ کے کنبے کے لوگ جن سے حضرت محمد ﷺ۔ علیؓ۔ فاطمہؓ۔ حسنؓ اور حسینؓ مُراد ہیں۔

اَہلِ تَسَنُّن (اہ۔لِ۔تَ۔سَن۔نُن) (ع۔ا۔مذ) اہلِ سنت و جماعت۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو چاروں خلفا کو مانتا ہے۔

اَہلِ تَشَیُّع (اہ۔لِ۔تَ۔شَی۔یُع) (ع۔ا۔مذ) شیعہ جو خلفائے راشدینؓ میں سے صرف حضرت علیؓ کو مانتے ہیں۔

اَہلِ حدیث (ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کا ایک غیر مُقلّد فرقہ جو صرف قرآن اور حدیث پر عمل کرنے کا مدّعی ہے۔

اَہلِ حرفہ (ع۔ا۔مذ) پیشہ ور۔ کاریگر۔

اَہلِ خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) گھر کے لوگ (۲) گھر والی۔ بیوی۔ زوجہ۔ گھر کی مالکہ۔

اَہلِ خرابات (ع۔ا۔مذ) شراب خانے کے رِند۔ مجازاً وہ لوگ جن کا ظاہر و باطن ایک جیسا ہو۔

اَہلِ خِرد (اہ۔لِ۔خِ۔رَد) (ع۔ا۔مذ) عقل مند لوگ۔ دانشور۔

اَہلِ دِل (ع۔ا۔مذ) حوصلہ مند۔ بہادر (۲) سخی۔ ہمدرد (لوگ)۔

اَہلِ دُنیا (ع۔ا۔مذ) دُنیا کے لوگ۔ دُنیا دار۔ دُنیا کے بندے۔

اَہلِ دُوَل (اہ۔لِ۔دُ۔وَل) (ع۔ا۔مذ) دولت مند۔ مال دار۔ اُمرا۔ وُزرا۔ حکمران۔

اَہلُ الرّائے (اہ۔لُر۔رائے) دانش مند لوگ۔ عقل مند لوگ۔

اَہلِ رزم (ع۔ف۔ا۔مذ) فوجی لوگ۔ سپاہی۔

اَہلِ روزگار (ع۔ف۔ا۔مذ) زمانے کے لوگ۔

اَہلِ زبان (ع۔ا۔مذ) کسی زبان کے ماہر لوگ جن کی وہ مادری زبان ہو اور اُس پر اُن کو مکمل عبور حاصل ہو۔

اَہلِ سخن (ع۔ف۔ا۔مذ) شاعر۔ اہلِ زبان۔

اَہلِ سُنّت والجماعت (اہ۔لِ۔سُن۔نَت۔وَل۔جَ۔ما۔عت) (ع۔ا۔مذ) سنت کے ماننے والے۔ مسلمانوں کا سُنّی فرقہ۔ نیز دیکھئے اہلِ تسنن۔

اَہلِ سیف (ع۔ا۔مذ) تلوار والے۔ فوجی۔

اَہلِ شر (ع۔ا۔مذ) شریر لوگ۔ فسادی لوگ۔

اَہلِ شرع (ع۔ا۔مذ) متشرّع آدمی۔ شرع پر چلنے والے۔

اَہلِ صفا (ع۔ا۔مذ) صاف باطن لوگ۔ نیک لوگ۔

اَہلِ صُفّہ (ع۔ا۔مذ) دیکھئے اصحاب صُفّہ۔

اَہلِ صنعت (ع۔ا۔مذ) کاریگر۔ دستکار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اہلِ طریقت (ع۔ ا۔ مذ) صُوفی۔ بزرگ۔

اہلِ عرفان (ع۔ ا۔ مذ) عارف لوگ۔ اولیاء اللہ۔

اہلِ عزا (ع۔ ا۔ مذ) ماتم کرنے والے۔

اہلِ علم (ع۔ ا۔ مذ) علم والے لوگ۔ علما۔

اہلِ غرض (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ضرورت والے۔ غرض مند (۲) مطلب کے یار۔ مطلبی۔

اہلِ قبلہ (ع۔ ا۔ مذ) خانۂ کعبہ کی طرف مُنہ کر کے نماز پڑھنے والے۔ مسلمان۔

اہلِ قرآن (ع۔ ا۔ مذ) مسلمانوں کا ایک پاکستانی فرقہ جو صرف قرآن کو مانتا ہے اور حدیث و سنّت کا منکر ہے۔ اِنھیں چکڑالوی کہتے ہیں۔

اہلِ قریہ (ع۔ ا۔ مذ) شہر کے لوگ۔

اہلِ قلم (ع۔ ا۔ مذ) پڑھے لکھے۔ مُنشی۔ مضمون نگار۔

اہل کار (بغیر اِضافت) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) سرکاری ملازم۔ کارندے۔ عملہ۔ عامل۔ محرّر وغیرہ۔

اہلِ کتاب (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کتاب والے (۲) اُن پیغمبروں کے پیرو جن پر آسمانی کتاب اُتری۔

اہلِ محلّہ (ع۔ ا۔ مذ) محلّے والے۔

اہلِ مد (اہلمد) (ع۔ ا۔ مذ) کسی ایک صیغے میں کام کرنے والا جس کے ذمّے مسلوں کی ترتیب اور معمولی کاغذات کی تعمیل ہوتی ہے۔

اہلِ معرفت (ع۔ ا۔ مذ) خُدا پرست۔ پرہیزگار۔ عارف۔

اہلِ نشاط (ع۔ ا۔ مذ) عیش پرست لوگ (۲) ناچنے گانے والے لوگ۔

اہلِ نظر (ع۔ ا۔ مذ) نظر والے (۲) نگاہ میں اثر رکھنے والے (۳) نقّاد۔ جانچنے والے۔ پرکھنے والے (۴) نظرباز۔ حُسن پرست (۵) صاحبِ بصیرت لوگ۔

اہل و عیال (ع۔ ا۔ مذ) بال بچّے۔ عیال و اطفال۔ گھر کے لوگ۔

اہلِ ہُنر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ہُنر مند لوگ۔

اَہلاً وَّ سَہلاً مَرحبا (ع۔ کلمۂ خیر مقدم) مطلب: تو اپنے عزیزوں میں آیا ہے۔ تو نے نرم زمین کی سیر کی اور تیری جگہ فراخ ہے۔ یعنی تیرا آنا مُبارک ہے۔ خوش آمدید۔

اَہلیّت (اہ۔ لی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) لیاقت۔ اِستعداد۔ قابلیّت (۲) سمجھ۔ تمیز۔

اہلیت نہ رکھنا (ار۔ محاورہ) قابلیّت نہ رکھنا۔ صلاحیّت نہ رکھنا۔

اَہلے گہلے (اہ۔ لے۔ گہ۔ لے) (ہ۔ صف) غرور اور ناز و انداز کی چال۔

اَہلے گہلے پھرنا (ار۔ محاورہ) خوش و خرم پھرنا۔ ناز اور نخرے سے پھرنا۔

اَہلیہ (اہ۔ لی۔ یہ) (ع۔ ا۔ مث) جورُو۔ زوجہ۔ گھروالی۔ بیوی۔ خاتونِ خانہ۔

اَہَم (ا۔ ہَم) (ع۔ ا۔ تفضیل) نہایت ضروری (۲) بہت مشکل۔ بہت دُشوار۔

اِہمال (اہ۔ مال) (ع۔ ا۔ مذ) مہمل ہونا (۲) بے پروائی۔ سُستی۔ غفلت۔ تاخیر۔

اَہمّیت (ا۔ ہم۔ می۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) ضرورت۔ وقعت۔ منزلت۔ اُردو میں بسکونِ دوم و بلا تشدیدِ یا مستعمل ہے۔

اَہِنسا (س۔ ا۔ مث) (اَ حرفِ نفی) عدم تشدّد۔ سلامتی۔

اُہو ہو (اُہو ہو ہو) (ار کلمۂ تحسین و اِنبساط) اَہاہا! واہ وا! سُبحان اللہ!

اَہیر (آ۔ ہیر) (بیائے معروف) (ہ۔ ا۔ مذ) گوالا۔ گائے بھینس چرانے اور دودھ بیچنے والا۔ ہندوؤں کی ایک ذات۔

اہیر بھیروں (ہ۔ ا۔ مذ) ایک راگ جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

اَہیرن (اَہیرنی۔ اَہیری) (اَ۔ ہی۔ رَن) (اَ۔ ہیر۔ نی) (اَ۔ ہی۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گوالن (۲) اہیر کی بیوی (۳) اہیر قوم کی عورت۔

ا۔ ء

اِئتلاف (اِ۔ تِ۔ لاف) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) میل ملاپ۔ اِتحاد۔ محبّت (۲) بے تکلفی۔ تعلّق (۳) خط و کتابت۔

اَئمّہ (اَ۔ اِم۔ مہ) (ع۔ ا۔ مذ) امام کی جمع۔

ا۔ ی

اِے (ف۔ حرفِ ندا) (۲) اَے۔ اِے (ہ۔ ار۔ حرفِ ندا)۔

اِے بادِ صبا اِیں ہمہ آوردۂ تُست (ف۔ مثل) (لغوی معنی: اے ہوا یہ سب تیرا ہی لایا ہوا ہے۔ یعنی یہ سارا فساد تمہارا ہی اُٹھایا ہوا ہے۔

اِے روشنیِ طبع تو بَر مَن بَلا شُدی (ف۔ مثل) اے طبیعت کی تیزی تو میرے لئے مُصیبت بن گئی ہے۔ اُس جگہ کہتے ہیں جہاں اپنی ذہانت و لیاقت اپنے لئے مُصیبت یا ضرر کا باعث بن جائے۔

اِے زر تو خدا نہ و لیکن بخدا۔ ستّارُ العُیوبی و قاضیُ الحاجاتی (ف۔ مثل) (۱) اے زر تُو خُدا نہیں ہے لیکن خُدا کی قسم تو عیبوں کو چُھپانے والا اور ضرورتوں کو پورا کرنے والا ہے۔

اِے گُل بتو خورسَندم تو بوئے کسے داری (ف۔ مثل) اے پھول میں تجھ سے خوش ہوں کہ تجھ میں میرے عزیز یا محبوب کی سی خوش بو ہے۔ کسی عزیز سے تعلّق رکھنے (مشابہت رکھنے) والی چیز کو دیکھ کر کہا جاتا ہے۔

اِے لو (ار۔ روزمرّہ) دیکھئے اے واہ۔

اَے واہ (ار۔ کلمۂ طنز۔ عو) کیوں نہ ہو۔ کیا خوب۔

اِے وائے (ف۔ کلمۂ تاسّف) ہائے افسوس!

اِے وقت تو خوش کہ وقتِ ماخوش کر دی (ف۔ مثل) تو بھی خوش رہے کہ تُو نے ہمیں خوش کر دیا۔ کوئی خوش خبری سُنائے تو بطور دُعا کہتے ہیں۔

اَے ہاں (ار۔ روزمرّہ) نفرت یا بیزاری کے موقع پر یا بُھولی ہوئی بات یاد آنے کے وقت عورتیں بولتی ہیں۔

اَے ہے (ار۔ کلمۂ افسوس جس میں کسی قدر تعجب کا بھی لگاؤ ہے) عورتیں بولتی ہیں۔

اَے یہی تو ہے (ار۔ روزمرّہ۔ عو) قریب ہے۔ سامنے ہے۔ بہت نزدیک ہے۔

اَیاز قدرِ خود بِشناس (ف۔ مثل) ایاز اپنی حقیقت پہچان۔ اپنی حیثیت کا خیال کر کے بات کرنی چاہئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اَیاغ (اَ۔یاغ)(ت۔ا۔مذ) پیالہ۔ جام۔ ساغر۔

اَیال (اَ۔یال)(اَر۔ا۔مذ) گھوڑے (یا جانور) کی گردن کے لمبے بال۔

اَیّام (اَی۔یام)(ع۔ا۔مذ)(۱) یوم کی جمع۔ دن (۲) زمانہ (۳) حیض کے دن۔

ایامِ اَسوَد (ع۔ا۔مذ) تاریک دن۔ قمری مہینے کی ۲۷۔۲۸۔۲۹ تاریخیں۔

ایامِ بیض (ع۔ا۔مذ) روشن دن۔ قمری مہینے کی ۱۳۔۱۴۔۱۵ تاریخ۔

ایامِ تشریق (ع۔ا۔مذ) عیدُالاضحیٰ کے تین دن۔

ایام سے ہونا (اُر۔ محاورہ) حیض سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔

ایامِ معلومات (ع۔ا۔مذ) ذی الحجہ کی پہلی تاریخ سے دسویں تک کے دس دن۔

اَیانا (ہ۔ا۔مذ) مُورکھ۔ بے وقوف۔

اَیبک (اَے۔بک)(ت۔ا۔مذ)(۱) غلام (۲) قاصد۔ ہرکارہ (۳) معشوق۔ بُت۔ صنم۔

ایپرن (Apron) (انگ۔ا۔مذ) پیش بند۔ وہ کپڑا جو کام کرتے وقت لباس کی حفاظت کے لئے آگے باندھ لیتے ہیں۔

اَیتام (اَے۔تام)(ع۔صف) یتیم کی جمع۔ (یتامیٰ زیادہ مستعمل ہے)۔

اِیتَر (اِی۔تَر)(ہ۔صف) کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ اوچھا۔

ایتر کے گھر تیتر' باہر باندھوں کہ بھیتر (ہ۔مثل) اُس کم ظرف کی نسبت کہتے ہیں جس کو اپنی حیثیت سے بڑھ کر دولت اور مرتبہ حاصل ہو جائے۔

اِیتلاف (اِے۔تے۔لاف)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے اِئتلاف۔

ایتھر (Ether) (انگ۔ا۔مذ) ایک مائع چیز جو دواؤں میں کام آتی ہے۔ ایک مادّہ جو ماہرین طبیعات کے نزدیک خلا میں بھرا ہوا ہے۔ اثیر۔

ایتھلیٹ (Athlete) (یو۔ا۔مذ) لغوی معنی مُقابلہ کرنے والا۔ (اِصطلاحاً) دوڑنے پھلانگیں لگانے' مختلف اشیا پھینکنے کے مقابلوں میں حصہ لینے والا کھلاڑی۔

ایٹلس (Atlas) (یو۔ا۔مذ)(۱) یونانی دیومالا کا ایک مافوق الفطرت کردار جس نے کرۂ ارض کو کاندھے پر اُٹھا لیا تھا (۲) (ا۔مذ و مث) نقشوں کی کتاب۔

ایٹم (Atom) (انگ۔ا۔مذ)(۱) ذرّہ۔ ریزہ (۲) جوہر۔ مادّے کا وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرّہ جو حکمائے قدیم کی رائے میں تقسیم نہیں کیا جاسکتا تھا اور وہ اسے جُزِ لایتجزیٰ کہتے تھے مگر جدید سائنس نے اُسے توڑ کر عظیم طاقت حاصل کی ہے۔ اُردو جمع: ایٹم۔ ایٹموں۔

ایٹمی (Atomic کا مُوَرّد۔صف) ایٹم سے متعلق۔ ایٹم کا۔ جوہری۔

ایٹمی طاقت (توانائی) (اَر۔ا۔مث) جوہری طاقت۔ وہ طاقت جو ایٹم سے حاصل کی جائے۔ اٹامک انرجی۔

ایٹ ہوم (At-Home) (انگ۔ متعلق فعل) گھر پر۔ مکان میں۔ گھر پر دعوت۔

ایٹی کیٹ (Etiquette) (انگ۔ا۔مذ) آدابِ مجلس۔

ایثار (اِی۔ثار)(ع۔ا۔مذ) اپنے فائدے سے دُوسرے کا فائدہ مقدم جاننا۔ دُوسرے کے نفع کو اپنے نفع پر ترجیح دینا۔

ایجاب (اِی۔جاب)(ع۔ا۔مذ) منظور کرنا۔ قبول کرنا۔

ایجاب و قبول (ع۔ا۔مذ) قبول و منظور۔ نکاح کے وقت دولھا دُلہن کی میاں بیوی بننے کی منظوری۔ دُولھا دُلہن کا ایک دُوسرے کو قبول کرنا۔

اِیجاد (اِی۔جاد)(ع۔ا۔مث و مذ) وجود میں لانا۔ نئی بات پیدا کرنا۔ اختراع۔ جمع: ایجادات۔

ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ (ف۔مقولہ) جب کوئی اپنی بیہودہ ایجاد کی تعریف کرتا ہے تو اُس جگہ طنز سے کہتے ہیں۔

اِیجاز (اِی۔جاز)(ع۔ا۔مذ) چھوٹا کرنا۔ مختصر کرنا۔

ایجنٹ (Agent) (انگ۔ا۔مذ) گماشتہ۔ آڑھتی۔ قائم مقام۔

ایجنڈا (Agenda) (انگ۔ا۔مذ)(کسی جلسے کی) کارروائی۔ کسی انجمن یا جماعت کی وہ گشتی چٹھی جو اُس کے اجلاس سے قبل تمام ارکان کو بھیجی جاتی ہے اور اُس میں وہ اُمور درج ہوتے ہیں جن پر اجلاس میں بحث کی جاتی ہے۔ اُردو جمع: ایجنڈوں۔ ایجنڈے۔

ایجنسی (Agency) (انگ۔ا۔مث) کمیشن۔ آڑھت۔ وہ دُکان جس کی معرفت کسی چیز کی خرید و فروخت ہو۔ اُردو جمع: ایجنسیاں۔ ایجنسیوں۔

ایجوکیشن (Education) (انگ۔ا۔مث) تعلیم۔ ودِّیا۔

ایجی ٹیٹر (Agitator) (انگ۔ا۔مذ) جوش پھیلانے والا۔ ستیہ گرہ کرنے والا۔

ایجی ٹیشن (Agitation) (انگ۔ا۔مذ) ستیہ گرہ۔ شورش۔ تحریک۔

ایچ پیچ (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) چکر۔ مکر و فریب۔

ایچ پیچ نہ جاننا (اُر۔ محاورہ) زمانے کے مکر و فریب سے واقف نہ ہونا۔ سیدھا سادہ ہونا۔

ایڈز (AIDS)۔ Acquired Immune Deficiency Syndrome کا مخفف۔ ایک (تاحال) لاعلاج بیماری جس میں جسم کا مدافعتی نظام ناکارہ ہو جاتا ہے اس میں امراض کا مقابلہ کرنے کی قوت نہیں رہتی اور مریض گھل گھل کر مرجاتا ہے۔

ایڈوانس (Advance) (انگ۔ا۔مذ) زرِ پیشگی۔ پیشگی۔

ایڈووکیٹ (Advocate) (انگ۔ا۔مذ) وکیل۔ ہائی کورٹ میں پیش ہونے والا وکیل۔

ایڈووکیٹ جنرل (انگ۔ا۔مذ) سرکاری وکیل جو صوبائی یا مرکزی حکومت کی جانب سے ہائی کورٹ میں پیش ہو۔

ایڈیٹر (Editor)۔ دیکھئے اِڈیٹر جو انگریزی تلفظ سے قریب تر ہے۔

ایڈیٹوریل (Editorial) (انگ۔مذ) دیکھئے اڈیٹوریل۔

ایڈیشن۔ دیکھئے اڈیشن۔

ایڈیشنل (Additional) (انگ۔صف) اضافہ کیا گیا۔ زائد۔ فالتو۔ الحاقی۔ ضمنی۔

ایڈی کانگ (Aid-De-Camp) (انگ۔ا۔مذ) حاکمِ اعلیٰ کا ماتحت افسر۔ مصاحب۔

ایذا (اِی۔ذا)(ع۔ا۔مث)(۱) دُکھ دینا۔ تکلیف پہنچانا (۲) تکلیف۔ دُکھ۔ اذیّت۔

ایذا دہندہ (رساں) (ف۔صف) تکلیف دینے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ایذا طلبی (ف۔ا۔مث) تکلیف چاہنا۔ تکلیف پسندی۔

ایراپھیری (اے۔را۔پھے۔ری) (اُر۔ا۔مث) ہیرا پھیری۔ بار بار آنا جانا۔

اِیراد (اِی۔راد) (ع۔ا۔مذ) اعتراض۔ عیب جوئی۔

اَیراغَیرا (اے۔را۔غَے۔را) (اُر۔ا۔مذ) (۱) اجنبی (۲) اِدھر اُدھر کا (۳) معمولی حیثیت کا آدمی۔ جمع: اَیرے غَیرے۔

ایرا غیرا نتھو خیرا (اُر۔ا۔مذ) کم حقیقت آدمی۔ ادنیٰ حیثیت والا۔ ہر کوئی۔

اِیران (ف۔ا۔مذ) فارسی لفظ آریانا (بمعنی آریاؤں کی سرزمین) سے ماخوذ۔ جنوب مغربی ایشیا کی ایک اسلامی جمہوریہ جس کا نام ۱۹۳۵ء تک فارس تھا۔

ایران تُوران کرنا (اُر۔محاورہ) زمین و آسمان کے قلابے ملانا۔ فضول یا مبالغے کی گفتگو کرنا۔

اِیرانی (اِی۔را۔نی) (ف۔صف) ایران سے منسوب۔ ایران کا باشندہ۔ ایران کی کوئی شے۔

ایر پھیر (اِیر۔پھیر) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) بار بار مال کی خرید و فروخت (۲) چالاکی۔ فریب۔

ایر پھیر کے تولنا (اُر۔محاورہ) جنس کو کبھی ایک پلڑے میں اور کبھی دُوسرے میں رکھ کر تولنا تاکہ پاسنگ کی کمی زیادتی نہ رہے۔

ایرے پھیرے (اے۔رے۔پھے۔رے) (ہ۔ا۔مذ) بار بار آنا جانا۔

اَیرے غَیرے (اے۔رے۔غَے۔رے) (ہ۔ا۔مذ) اَیرا غَیرا کی جمع۔ اجنبی لوگ۔ معمولی آدمی۔ کم حیثیت لوگ۔

اَیرے غیرے پنچ کلیان (اُر۔ا۔مذ) دیکھیے اَیرا غَیرا۔

ایریا (Area) (انگ۔ا۔مذ) (۱) اراضی۔ زمین (۲) رقبہ۔ علاقہ۔

ایریَل (Aerial) (انگ۔صف) (۱) فضائی۔ ہوائی (۲) (ا۔مذ) وائرلیس، ریڈیو، ٹی وی کا وہ تار جو فضا سے ہوائی لہریں وصول کرتا ہے۔

ایڑ (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) مہمیز۔ ایڑی۔

ایڑ (لگانا) کرنا (اُر۔محاورہ) پاؤں کی ایڑی سے گھوڑے کو دوڑنے کا اشارہ کرنا۔

ایڑ کھانا (اُر۔محاورہ) ایڑی کی چوٹ کھانا۔

ایڑ مارنا (اُر۔محاورہ) ہوتے ہوتے کام میں اڑنگا لگا دینا (۲) اُکسانا۔ اُبھارنا (۳) گھوڑے کو چلانا۔

ایڑی (اے۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) ٹخنے کے نیچے پیر کی گدی کا حصہ۔ جوتے کا پچھلا حصہ۔ جمع: ایڑیاں۔ ایڑیوں۔

ایڑی چوٹی پر سے وارنا (ایڑی چوٹی پر سے قربان کرنا۔ ایڑی چوٹی پر سے نثار کرنا) (اُر۔محاورہ۔عو) حقیر و ذلیل سمجھنا۔ ذرا عزت نہ کرنا۔

ایڑی چوٹی پر سے صدقے کروں (اُر۔محاورہ) ایڑی چوٹی پر سے قربان کروں۔ اپنے سر پاؤں پر سے قربان کروں۔

ایڑی چوٹی کا پسینا (ایک کر دینا) بہا دینا (اُر۔محاورہ) سر کا پسینا پاؤں کے پسینے سے جا ملنا۔ بہت زیادہ کوشش کرنا۔ بے انتہا جدّوجہد کرنا۔

ایڑی چوٹی کا زور لگانا (اُر۔محاورہ) پوری کوشش کرنا۔

ایڑی دیکھنا (اُر۔محاورہ) نظرِ بد دُور کرنے کے لیے کسی عزیز کی ایڑی پر نظر ڈالنا۔

ایڑی سے چوٹی تک (اُر۔تابع فعل) (۱) سر سے پاؤں تک (۲) اوّل سے آخر تک۔

ایڑی کا پسینا سر کو آنا (اُر۔محاورہ) حد سے زیادہ دوڑ دھوپ کرنا۔

ایڑیاں (اُر۔ا۔مث) ایڑی کی جمع۔

ایڑیاں رگڑنا (اُر۔محاورہ) نہایت مصیبت سے زندگی گزارنا (۲) آخری عمر کی بیماریاں جھیلنا (۳) ہٹ کرنا۔ ضد کرنا۔ مچلنا (۴) جان کنی کی اذیت اُٹھانا۔

ایڑیاں رگڑوا کر (اُر۔متعلق فعل) خراب کر کے۔ محنت و مشقت کرا کے۔

ایڑیاں رگڑوانا (اُر۔محاورہ) بہت زیادہ خوشامد کرانا۔ بے حد دوڑ دھوپ کرانا۔

ایڑیاں گھس جانا (اُر۔محاورہ) بہت دوڑ دھوپ کرنا۔ بہت محنت کرنا۔

ایزاد (اِی۔زاد) غلط العوام ہے۔ دیکھیے اِزدیاد۔

ایزد (اے۔زد) (ف۔ا۔مذ) اللہ تعالیٰ۔ خُدائے کریم۔

ایزدی (اے۔زَ۔دی) (ف۔صف) ایزد سے منسوب۔ خُدائی۔

اَیسا (اَے۔سا) (ہ۔صف و تابع فعل) اس قسم کا۔ اس ڈھنگ کا۔ اس طرح کا۔ اس قدر۔

ایسا تیسا (ہ۔صف) معمولی۔ فضول۔ کمینہ۔ نالائق۔ (کلمۂ حقارت)۔

ایسا کیا گیا گُورا ہے (اُر۔محاورہ) بالکل نکما نہیں ہے۔ اِتنا ذلیل و خوار نہیں ہے۔

ایسا گیا گُورا ہے (اُر۔محاورہ) بالکل نکما ہے۔ فضول ہے۔

ایسا مُنہ نہیں (اُر۔محاورہ) اتنی ہمت نہیں۔ اتنا حوصلہ نہیں۔

ایسا نہ ہو (اُر۔کلمۂ دُعا) خُدا نہ کرے۔ خُدا ناخواستہ۔ مبادا۔

ایسا ویسا (اُر۔صف) (۱) بُرا بھلا (۲) ادنیٰ۔ کم قدر۔ کمینہ۔ گھٹیا (۳) بے اعتبار۔ نکما۔ ناکارہ۔ ناچیز (۴) واہیات۔ بیہودہ۔

ایسا ویسا بھاتا نہیں، خوان ملو کا آتا نہیں (اُر۔مثل) جو میسر ہے وہ پسند نہیں، بادشاہی کھانا نصیب نہیں۔ محتاجی میں شاہی مزاج ہیں۔

ایس۔ اے۔ وی Senior Anglo Vernacular کا مخفف۔ (انگ۔ا۔مذ) ایک امتحان جسے دسویں جماعت کے بعد پاس کرنے سے اُمیدوار اسکول میں مدرّس ہو سکتا ہے۔

ایسٹ انڈیا کمپنی (East India Company) (انگ۔ا۔مث) مشرقی ہند کمپنی۔ انگلستان کے تاجروں کی وہ جماعت جو ملکہ الزبتھ اوّل کے زمانے میں بغرضِ تجارت پہلے مشرقی ہند میں آئی پھر رفتہ رفتہ تمام مُلک پر قبضہ کر لیا۔

ایسٹر (Easter) (انگ۔ا۔مذ) عیسائیوں کے اعتقاد میں حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہونے کے بعد دوبارہ جی اُٹھنے کا دن۔ عیسائیوں کا ایک تہوار جو ۲۱ مارچ یا اس کے بعد کے اتوار کو (حضرت عیسیٰؑ کی وفات کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کی یاد میں) منایا جاتا ہے۔

ایسڈ (Acid) (انگ۔ا۔مذ) تیزاب۔ کھٹی چیز۔ کھٹائی۔ ترشی۔

اِیسَر (اِی۔سَر) (ہ۔ا۔مث) مال۔ دولت۔ روپیہ پیسا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ایسر آئیں دِلدّر جائیں (و۔ مثل) دولت آئے ذِلّت دُور ہو۔

ایسر سے بھینٹ نہیں دِلدّر سے بگاڑ (و۔ مثل) مال داروں سے جان پہچان نہیں غریبوں سے دُشمنی ہے۔

ایسوسی ایشن (Association) (انگ۔ ا۔ مث) انجمن۔ سبھا۔ بزم۔ مجلس۔

اَیسی (اَے۔ سی) (و۔ تابع فعل) ایسا کی تانیث۔ اِس قسم کی۔ اِس طرح کی۔ اِس نمونے کی۔ اِس مانند۔

اَیسی تیسی کرنا (اَر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ سخت کلامی کرنا (۲) بہت خراب کام کرنا۔

اَیسی تیسی میں جائے (اَر۔ محاورہ) ہمیں کیا غرض۔ جو ہو سو ہو۔ بھاڑ میں جائے۔

اَیسی کہی کہ چھا گئی (اَر۔ محاورہ) جب کوئی چبھتا ہوا فقرہ کسی پر کسا جائے تو اس جگہ مذاق سے کہتے ہیں۔

اَیسی کہی کہ دھوئے نہ چھوٹے (اَر۔ محاورہ) اتنی سخت بات کہی کہ اُس کا اثر کبھی نہ جائے گا۔

اَیسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہ رہی ہے؟ (اَر۔ مثل) تجھ میں کیا خصوصیت ہے؟ کیا تو ہی بڑا مالدار ہے اور کوئی نہیں؟

اَیسی کیا قاضی کی گدھی چُرائی ہے؟ (اَر۔ مثل) میں نے کیا جرم کیا ہے؟ مجھے کسی کا کیا ڈر ہے۔

اَیسی ویسی (اَر۔ صف) اَیسا ویسا کی تانیث۔ رکی۔ بے حقیقت۔

اَیسی ویسی بات کرنا (اَر۔ محاورہ) نازیبا بات کرنا۔ ناشائستہ حرکت کرنا۔

اَیسی ویسی چیز (اَر۔ ا۔ مث) خراب چیز۔ بے حقیقت چیز۔

اَیسی ویسی ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُصیبت نازل ہونا۔ مرجانا (۲) خلافِ شان بات ہونا۔

اَیسے (اَے۔ سے) (و۔ صف و تابع فعل) ایسا کی جمع یا مُغیرہ صورت۔ اِس ڈھنگ سے۔ اِس طرح سے۔

ایسے پر تو ایسی کاجل ڈال لینے پر کیسی (اَر۔ مثل) بغیر بناؤ سنگار کے تو یہ کیفیت ہے۔ بناؤ سنگار کیا تو کیا حال ہوگا!

ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں (اَر۔ محاورہ) لعن طعن کرتے ہیں۔ بُرا جانتے ہیں۔

ایسے تو میری جیب میں پڑے رہتے ہیں (اَر۔ محاورہ) میں اُن سے زیادہ ہوشیار ہوں۔ میں اُن کے فریب میں نہیں آسکتا۔

ایسے کہاں کے ہیں (اَر۔ محاورہ) ایسے کیا سُرخاب کے پر لگے ہیں۔ کون سی خصوصیت ہے۔

ایسے کیا لعل لگے ہیں؟ (اَر۔ محاورہ) ایسی کون سی عجیب بات ہے۔

ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ (اَر۔ محاورہ) نشان تک باقی نہیں رہا۔ ایسے غائب ہوئے کہ پتا تک نہ لگا۔

ایسے لڑکے بہت کھلائے ہیں (اَر۔ محاورہ) میرے سامنے ایسے لوگوں کی کوئی حقیقت نہیں۔

ایسے میں (اَر۔ تابع فعل) اِس حالت میں۔ ایسے موقع پر۔ اِس دوران میں۔

ایسے ویسے (اَر۔ صف) معمولی۔ کم درجے کے۔

ایسے ہوتے تو بقر عید کے کام آتے (اَر۔ محاورہ) نکمّے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو کسی قابل نہ ہو۔

ایسے ہی (اَر۔ تابع فعل) اسی طرح۔ بغیر کسی وجہ یا سبب کے۔

ایسے ہی بھولے ہیں (اَر۔ کلمۂ طنز) نادان نہیں ہیں۔ بڑے ہوشیار اور چالاک ہیں۔

ایشو (Issue) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) اجرا (۲) شمارہ (اخبار وغیرہ کا) (۳) مُتنازع فیہ مسئلہ۔

اِیشُور (اِیش۔ وَر) (س۔ ا۔ مذ) ارفع و اعلیٰ ہستی۔ خُدا۔ نیز دیکھیے اوم۔

ایشیا (Asia) (لاط۔ یو۔ ا۔ مذ) لُغوی معنی چڑھتے سورج کی سرزمین۔ دُنیا کا سب سے بڑا برّاعظم، جس کے مشرق میں بحرالکاہل، شمال میں بحرِ منجمد شمالی، جنوب میں بحرِ ہند اور مغرب میں بحیرۂ روم ہے۔ برِّصغیر پاک و ہند کے ممالک اسی برّاعظم میں ہیں۔

ایشیائی (Asian کا مُوَرد۔ صف) برّاعظم ایشیا سے نسبت رکھنے والی کوئی شے۔ ایشیا کا باشندہ۔

اِیصال (اِی۔ صال) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پہنچانا۔ ملانا (۲) وصول کرنا۔

ایصالِ ثواب (ع۔ ا۔ مذ) ثواب پہنچانا۔

ایصالِ حرارت (ع۔ ا۔ مذ) علم طبعی میں وہ عمل جس کے ذریعے سے سیّال اشیا میں حرارت ایک جگہ سے دُوسری جگہ پہنچ جاتی ہے۔

ایصالِ مال گزاری (ع۔ ا۔ مذ) مال گزاری وصول کرنا یا داخل کرنا۔

اَیضاً (اَے۔ ضَن) (ع۔ تابع فعل) وہی۔ بشرحِ صدر۔ ویسا ہی۔ اُسی طرح کا۔ بجنسہٖ۔

اِیضاح (اِی۔ ضاح) (ع۔ ا۔ مذ) رُوشن کرنا۔ ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

اِیطا (اِی۔ طا) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) روندنا۔ پامال کرنا (۲) اصطلاحِ عروض میں ایک ہی قافیے کو لفظاً و معناً ایک شعر کے دونوں مصرعوں میں لانا۔

ایطائے جلی (ع۔ ا۔ مذ) شعر کے دونوں مصرعوں کے قافیے کو لفظاً و معناً مکرر لانا۔ جیسے (درد)۔

مدرسہ یا دَیر تھا یا کعبہ یا بُت خانہ تھا
ہم سبھی مہماں تھے واں تُو ہی تو صاحبِ خانہ تھا

ایطائے خفی (ع۔ ا۔ مذ) شعر کے جن قافیوں میں تکرار کی طرف ذہن فوراً منتقل نہ ہو مثلاً (ناسخ)۔

معطّر اُن کے نہانے سے بسکہ آب ہُوا
حبابِ بحر ہر ایک شیشۂ گلاب ہوا

اِیفا (اِی۔ فا) (ع۔ ا۔ مذ) پُورا کرنا۔ وفا کرنا۔ ادا کرنا۔

ایفائے عہد (وعدہ) (ع۔ ا۔ مذ) عہد پُورا کرنا۔ قول و قرار کا پُورا کرنا۔

ایف۔ اے (F.A) (انگ۔ صف) فرسٹ آف آرٹس یا فیکلٹی آف آرٹس کا مُخفف۔ بی۔ اے سے نیچے کا درجہ۔

اِیقان (اِی۔ قان) (ع۔ ا۔ مذ) یقین ہونا۔ یقین۔ ایمان۔

ایک (اَر۔ ا۔ عدد) (۱) واحد۔ اکیلا۔ ایک عدد (۲) دُوسرا (۳) بڑا۔ نہایت (۴) صرف۔ تنہا (۵) مُنتخب۔ یکتا۔ بے نظیر (۶) کوئی۔ یکساں۔ مُتّحد۔ برابر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۷) مُتحقق (۸) سہارا۔ تمام۔ پورا۔

ایک آتا ہے ایک جاتا ہے (اِر۔ محاورہ) آنے جانے والوں کا تانتا بندھا ہے۔

ایک آدھ (اِر۔ صف) اِکّا دُکّا۔ کوئی کوئی۔ خال خال۔

ایک آم کی دو پھانکیں ہیں (اِر۔ مثل) دونوں ایک ہی شکل و صورت کے ہیں۔

ایک آن (اِر۔ ل۔ مذ) ایک لمحہ۔

ایک آن میں (اِر۔ متعلق فعل) دم بھر میں۔ لمحہ بھر میں۔

ایک آنچ کی کسر رہ گئی (اِر۔ محاورہ) تھوڑی کمی رہ گئی۔

ایک آنکھ (اِر۔ ل۔ مذ۔ مو)(۱) ذرا۔ مُطلق۔ بالکل (۲) برابر۔

ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دُوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں (اِر۔ مثل) ایک دفعہ دھوکا کھاکر تجربہ ہوجاتا ہے۔ ایک بار نقصان اُٹھانے کے بعد انسان محتاط ہوجاتا ہے۔

ایک آنکھ سے سب کو دیکھنا (اِر۔ محاورہ) سب کو یکساں سمجھنا۔ اِنصاف پسند ہونا۔

ایک آنکھ میں (اِر۔ تابع فعل) ایک نظر میں۔

ایک آنکھ میں لہر بہر ایک آنکھ میں خدا کا قہر (اِر۔ مثل) تھوڑی دیر میں مہربان تھوڑی دیر میں ناراض۔ ایک عزیز پر مہربانی اور دُوسرے سے ناراضی۔

ایک آنکھ نہ بھانا (اِر۔ محاورہ) ذرا پسند نہ آنا۔ بالکل نہ بھانا۔

ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ (اِر۔ مثل) دونوں سے یکساں محبت ہے۔ دونوں برابر ہیں۔

ایک آوے کے برتن ہیں (اِر۔ مثل) سب ایک ہی جیسے ہیں۔

ایک اکیلا دو کا میلا (اِر۔ مثل) محبت اور اِتفاق میں برکت ہے۔

ایک انار سو بیمار (اِر۔ مثل) ایک چیز کے بہت سے خواہش مند ہونا۔ یک انار صد بیمار۔

ایک انڈا وہ بھی گندہ (اِر۔ مثل) ایک بیٹا وہ بھی نالائق۔ تھوڑی اور خراب چیز۔

ایک انگور سو زنبور (اِر۔ مثل) دیکھیے ایک انار سو بیمار۔

ایک اور ایک گیارہ (اِر۔ مثل) اِتفاق میں برکت ہوتی ہے۔

ایک اور (دس) سو کا فرق (اِر۔ محاورہ) بہت زیادہ فرق۔

ایک ایک (اِر۔ صف و تابع فعل) ہر ایک۔ سب۔ فرداً فرداً۔ باری باری۔

ایک ایک ادا پر لوٹ جانا (واو مجہول) (اِر۔ محاورہ) کسی کی ہر بات کو پسند کرنا۔

ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلتا ہے (اِر۔ مثل) ایک بات پر قائم نہیں رہتا۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ۔

ایک ایک دو دو (اِر۔ تابع فعل) باری باری۔ الگ الگ۔ جدا جدا۔

ایک ایک قدم ایک ایک منزل ہونا (اِر۔ محاورہ) سخت رنج یا تکان سے قدم اُٹھانا۔ ہر قدم پر تکلیف ہونا۔

ایک ایک کا دامن پکڑ کے رونا (اِر۔ محاورہ) ہر ایک کے سامنے اپنا دُکھ بیان کرنا۔ ہر ایک سے مدد چاہنا۔

ایک ایک کا مُنہ (تکنا) دیکھنا (اِر۔ محاورہ) حیرت اور حسرت کے عالم میں ہونا (۲) ہر ایک سے اُمید رکھنا۔ محتاجی کا عالم۔

ایک ایک کرکے (اِر۔ تابع فعل) رفتہ رفتہ۔ ایک ایک کو چُن چُن کر (۲)

سب۔ کُل (۳) فرداً فرداً۔ جدا جدا۔

ایک ایک کی چار چار لگانا (اِر۔ محاورہ) مبالغے کے ساتھ چغلی کھانا۔ ذرا سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔

ایک ایک کے دس دس ہونا (اِر۔ محاورہ) تجارت میں زیادہ منافع ہونا۔

ایک ایک کے دو دو (کرنا) ہونا (اِر۔ محاورہ) تجارت میں دُگنا نفع کمانا۔

ایک ایک گھڑی (بھاری) پہاڑ ہونا (اِر۔ محاورہ) ایک ایک لمحہ مشکل سے گزرنا۔

ایک ایک گھڑی گِننا (اِر۔ محاورہ) وقت شماری کرنا۔ شدید انتظار کا اظہار۔

ایک اینٹ کے لئے مسجد ڈھانا (اِر۔ محاورہ) تھوڑے سے فائدے کے لئے بہت سا نقصان گوارا کرنا (۲) دُنیا کے واسطے دین کھونا۔

ایک بات (اِر۔ ل۔ مث)(۱) کوئی ایک کلام (۲) واحد معاملہ (۳) ٹھیک قیمت (۴) پختہ اور معقول بات۔

ایک بات میں (اِر۔ تابع فعل) ذرا سے اشارے میں۔

ایک بات میں سو مزے دیکھنا (اِر۔ محاورہ) ایک ہی چیز سے طرح طرح کے لطف اُٹھانا۔

ایک بات ہزار مُنہ (اِر۔ مثل) ایک ہی موضوع پر مختلف باتیں [illegible] کہتے ہیں جب کسی امر میں ہر شخص کوئی نئی بات کہے۔

ایک بات ہونا (اِر۔ محاورہ) معمولی بات ہونا۔

ایک بات ہے (اِر۔ محاورہ) اس کی کوئی اصلیت نہیں (۲) [illegible] سہل ہے (۳) ایک خاص ادا ہے (۴) معاملہ واحد ہے (۵) یکساں ہے کچھ فرق نہیں ہے (۶) افواہ ہے۔

ایک (بار) بارگی (اِر۔ متعلق فعل) ایک دفعہ۔ ایک مرتبہ (۲) دفعتہً۔ اچانک۔ ناگہاں۔

ایک بازار بند ہونا (اِر۔ محاورہ) ایک چشم [illegible]

ایک بال کا مول (اِر۔ حل) حسن کی تعریف [illegible] کہتے ہیں کہ وہ ایسا حسین ہے کہ اس کی قیمت [illegible]

ایک بغل ہو جانا (اِر۔ محاورہ) [illegible]

ایک بھی نہ ماننا (اِر۔ محاورہ) کسی بات پر بھی راضی نہ [illegible]

ایک پاپی ناؤ کو لے ڈوبتا ہے (اِر۔ مقولہ) ایک شخص کی بدبختی سے گھر کا گھر بدنام یا برباد ہو جاتا ہے۔

ایک پاؤں پھرتا (اِر۔ محاورہ) برابر پھرتے رہنا۔ [illegible] بہت دوڑ دھوپ کرنا۔

ایک پاؤں رکاب میں رہنا (اِر۔ محاورہ) سفر کے لئے مستعد رہنا۔

ایک پاؤں سے کھڑا رہنا (اِر۔ محاورہ) بڑی مستعدی سے خدمت کے لئے حاضر رہنا۔

ایک پاؤں کہیں ایک کہیں (اِر۔ محاورہ) ایک جگہ قیام نہیں ہے۔

ایک پاؤں اندر (گھر میں) ایک پاؤں باہر (اِر۔ محاورہ) لگاتار اندر باہر آنا جانا۔

ایک پٹا (اِر۔ صف) ایک پاٹ کا جس کی چوڑائی میں جوڑ نہ ہو۔

ایک پر ایک (اِر۔ متعلق فعل) اُوپر تلے۔ لگاتار۔ متواتر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ایک پر ایک گرنا (اَر۔ محاورہ) اُوپر تلے گرنا (۲) بہت ہجوم ہونا۔

ایک پر بیٹھ رہنا (اَر۔ محاورہ) ایک شوہر یا ایک آشنا پر قناعت کرنا۔

ایک پرہیز سو علاج (اَر۔ مثل) پرہیز علاج سے بہتر ہے۔

ایک پل میں (اَر۔ متعلق فعل) ایک لحظے میں۔ بہت جلد۔ فوراً۔

ایک پنتھ دو کاج (اَر۔ مثل) ایک تدبیر میں دو کام انجام پانا۔

ایک پیٹ کے (اَر۔ اِ۔ مذ) حقیقی بھائی بہن۔

ایک پیچا (اَر۔ صف) ایک پیچ کا۔ جس میں ایک ہی پیچ یا اینٹھن ہو (۲) ایک قسم کی پگڑی۔

ایک تارا دیکھ کے ایڑی دیکھنا (اَر۔ محاورہ۔ عو) عورتوں کا خیال ہے کہ ایک تارا دیکھنا نحس ہے۔ اِس لئے ایک تارا دیکھ کر ایڑی دیکھ لیا کرتی ہیں تاکہ نحوست کا اثر کم ہو جائے۔

ایک ترکش کے تیر ہیں (اَر۔ مثل) ایک آوے کے برتن ہیں۔ آرام دینے والا کوئی نہیں۔ سب دُکھ دینے والے ہیں۔

ایک تل بھر (اَر۔ متعلق فعل) بہت ذرا سا۔ خفیف سا۔

ایک تن دُرستی ہزار نعمت (اَر۔ مثل) تندرستی سب نعمتوں سے بہتر ہے۔

ایک تنکا نہیں چھوڑا (اَر۔ محاورہ) سب کچھ اُٹھا کر لے گیا۔

ایک تنکے کا اِحسان نہ لینا (اَر۔ محاورہ) نہایت صابر ہونا۔ کسی کا سہارا نہ ڈھونڈنا۔

ایک تنکے کا بھی اِحسان بھاری ہوتا ہے (اَر۔ مثل) اِحسان کتنا ہی تھوڑا کیوں نہ ہو اِحسان مند پر اُس کا بار بہت ہوتا ہے۔

ایک تنکے کا سہارا بھی بہت ہوتا ہے (اَر۔ مثل) ناداری اور بے کسی میں تھوڑا سا سہارا بھی بہت غنیمت معلوم ہوتا ہے۔

ایک تنکے کا سہارا نہیں (اَر۔ مثل) کسی سے امداد کی توقع نہیں ہے۔

ایک تو (اَر۔ متعلق فعل) اوّل تو۔ پہلے تو۔

ایک تو آپ ' دُوسرے بغل چاپ (اَر۔ محاورہ) اوّل تو خود ہی بے موقع اور بے وقت آئے اور دُوسرے اپنے ساتھ ایک اور کو بھی لگا لائے۔

ایک تو تھا ہی دیوانہ ' اِس پر آئی بہار (اَر۔ مثل) آوارہ کے لئے آوارگی کا سامان بھی مہیا ہو گیا۔

ایک تو چوری ' اُس پر (دُوسرے) سینہ زوری (اَر۔ مثل) قصور کر کے اُلٹا آنکھیں دکھانا۔

ایک تو شیر ' دُوسرے بکتر پہنے (اَر۔ مثل) ایک تو مہیب اور غصہ ور تھے ہی دُوسرے ذی اختیار بھی ہو گئے۔

ایک تو کانی جائی (بیٹی) دُوسرے پُوچھنے والوں نے جان کھائی (اَر۔ مثل) عیب دار کو ایک تو اپنے عیب کا افسوس ہوتا ہے ' دُوسرے لوگ اُس کا ذکر چھیڑ چھیڑ کر اور بھی شرمندہ کرتے ہیں۔

ایک تو کڑوا کریلا ' دُوسرے نیم چڑھا (اَر۔ مثل) ایک تو بُرے تھے ہی دُوسرے اور بھی بُرائی کے اسباب مہیا ہو گئے۔

ایک تو میاں اُونگھتے ' اُس پر کھائی بھنگ (اَر۔ مثل) کاہل آدمی کا کاہلی بڑھانے والے کام کرنا۔

ایک توے کی روٹی ' کیا چھوٹی کیا موٹی (اَر۔ مثل) ایک خاندان کے لوگ ایک ہی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔ حیثیت اور صورت شکل کی کمی بیشی کا لحاظ نہیں کیا جاتا۔

ایک تھیلی کے چٹے بٹے (اَر۔ اِ۔ مذ) سب ایک سے ہیں۔ کوئی نیک نہیں۔

ایک ٹانگ پھرنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ایک پاؤں پھرنا۔

ایک ٹک (اَر۔ متعلق فعل) (۱) لگاتار۔ متواتر۔ بغیر پلک جھپکے۔

ایک ٹکے پر مسجد ڈھانا (اَر۔ مثل) دیکھئے ایک اینٹ کے لئے مسجد ڈھانا۔

ایک ٹنگا (اَر۔ صف) ایک ٹانگ کا۔ لنگڑا۔

ایک ٹھوکر سے آنکھ کی چربی اُتر گئی (اَر۔ محاورہ) ایک ہی صدمے سے عقل ٹھکانے آگئی۔

ایک جان دو تن (ایک جان دو قالب) (اَر۔ مثل) کمال اتحاد۔ اِنتہا کی دوستی۔

ایک جان سو اندیشے (جنجال) (اَر۔ مثل) ایک آدمی سو فکریں یا مصیبتیں۔

ایک جان کرنا (اَر۔ محاورہ) کئی چیزوں کو ملا کر ایک کر دینا۔

ایک جان ہزار اُمید (ایک جان ہزار اَرمان) (اَر۔ مثل) زندگی بھر آدمی کے ساتھ ہزاروں اُمیدیں لگی رہتی ہیں۔

ایک جان ہزار غم (اَر۔ مثل) دیکھئے ایک جان سو اندیشے۔

ایک جان ہونا (اَر۔ محاورہ) کئی چیزوں کا بالکل مل جانا۔

ایک جاننا (اَر۔ محاورہ) برابر جاننا۔ یکساں سمجھنا۔

ایک جان ہے چاہے خدا لے چاہے بندہ (اَر۔ مثل) جب کوئی مشکل کام کرنا ہو اور جان کی پروا نہ کی جائے تو کہتے ہیں۔

ایک جنگل میں دو شیر نہیں رہ سکتے (اَر۔ مثل) دیکھئے ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں۔

ایک جہان کی تکلیف (اَر۔ اِ۔ مث) تمام دُنیا کی مصیبت۔

ایک چال چلنا (اَر۔ محاورہ) یکساں رہنا۔ ایک انداز پر زندگی بسر کرنا۔

ایک چپ ہزار سکھ (اَر۔ محاورہ) خاموش رہنے میں بڑا سکھ ہے۔

ایک چلّو ڈوب مرنے کو بہت ہے (اَر۔ مثل) بے حیائی کی حرکت پر عبرت دلانے کو کہتے ہیں۔

ایک چنا کیا بھاڑ پھوڑے گا (اَر۔ مثل) وہ کام جو بہت سے آدمیوں کے کرنے کا ہو ' اُسے باہمت سے باہمت اِنسان بھی اکیلا نہیں کر سکتا۔

ایک چنے کی دو دالیں ہیں (اَر۔ مثل) دونوں میں کوئی فرق نہیں۔ بالکل ہم شکل ہیں۔

ایک چھوڑ دو دو (اَر۔ مثل) اُس جگہ کہتے ہیں جہاں ایک کی جگہ دو ہوں۔

ایک چھینکے ایک ناک کاٹے (اَر۔ مثل) آدھا کام کوئی کرے اور آدھا کام کوئی اور۔

ایک چیخ زمین ایک چیخ آسمان (اَر۔ مثل) بے انتہا چیخنا چلانا۔

ایک حال پر بسر ہونا (اَر۔ محاورہ) ایک حال میں گزرنا۔ یکساں بسر ہونا۔

ایک حُسن آدمی ہزار حُسن کپڑا ' لاکھ حُسن زیور کروڑ حُسن نخرہ (اَر۔ مثل) کپڑے سے عورت کا حُسن زیادہ ہو جاتا ہے اور زیور اور ناز نخرے سے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اور بھی بڑھ جاتا ہے۔

ایک حمام میں سب ننگے (اَر۔مثل) جتنے ہیں سب کا ایک ہی رنگ ہے۔ کون کس کو بُرا کہے۔ سب کا ایک ہی حال ہے۔

ایک خطا دو خطا تیسری خطا مادر بخطا (اَر۔مثل) دو ایک مرتبہ چُوک ہو جانا مقتضائے بشریّت ہے مگر بار بار کی خطا کمینہ پن اور شرارت کی دلیل ہے۔

ایک دَر بند ہزار دَر کُھلے (اَر۔مثل) ایک ذریعہ ختم ہونے پر خُدا اور بہت سے ذریعے پیدا کر دیتا ہے۔

ایک دَفعہ (اَر۔متعلق فعل) ایک مرتبہ۔ ایک بار۔

ایک دِل یاروں میں، ایک چوکیداروں میں (اَر۔محاورہ) اِدھر بھی خیال لگا ہوا ہے اور اُدھر بھی۔ کام کیوں کر ٹھکانے سے ہو۔

ایک دِل یہ کہتا ہے (اَر۔محاورہ) ایک خیال یہ آتا ہے۔

ایک دَم (اَر۔متعلق فعل) بلا توقّف۔ برابر۔ لگاتار۔ متواتر۔ فوراً۔

ایک دَم آیا نہ آیا (ایک دَم کا بھروسا نہیں) (اَر۔محاورہ) زندگی کا کچھ اِعتبار نہیں۔

ایک دَم ہزار دَم (اَر۔مثل) جاں بلب مریض کے لئے ڈھارس کے طور پر کہتے ہیں۔ یعنی جب تک سانس تب تک آس۔

ایک دِن خُدا کو مُنہ دکھانا ہے (اَر۔مقولہ) آخر مرنے کے بعد خُدا کے سامنے پیش ہونا ہے۔

ایک دن کا مہمان، دو دن کا مہمان، تیسرے دن کا بلائے جان (اَر۔مثل) ایک دو دن مہمان کی تواضع ہو سکتی ہے۔ پھر وہ وبال معلوم ہوتا ہے۔

ایک دن کا مہمان گُلاب کا پھول، دوسرے دن کا مہمان کنول کا پھول، تیسرے دن کا مہمان گیا گھر کیوں بھول؟ (اَر۔مثل) دیکھئے ایک دن کا مہمان۔ دو دن کا مہمان۔

ایک دن کھوٹا پیسا بھی کام آ جاتا ہے (اَر۔مثل) ناقص چیز بھی کبھی کام دے جاتی ہے۔

ایک دو (اَر۔صف) تھوڑے سے۔ چند۔

ایک دَھجی نہیں چھوڑی (اَر۔محاورہ) دیکھئے ایک جھٹکا نہیں چھوڑا۔

ایک ڈوبے تو سب سمجھائیں، سب ڈوبیں تو کون سمجھائے؟ (اَر۔مثل) ایک شخص خطا پر ہو تو اور لوگ سمجھا کر اُس کو راہ پر لا سکتے ہیں مگر جب سب کے سب عقل کے دُشمن ہوں تو اُن کی اِصلاح کیسے ہو۔

ایک (ذات) راس (اَر۔صف) ایک جنس۔ ایک قسم۔

ایک ذات کرنا (اَر۔محاورہ) حل کرنا۔ باہم خوب ملا دینا۔

ایک رسّی میں بندھنا (اَر۔محاورہ) بہت سے آدمیوں کا ایک ہی جُرم میں ماخوذ ہونا (۲) ایک رائے ہونا۔ ہم خیال ہونا۔

ایک رنگ آتا ہے ایک جاتا ہے (اَر۔محاورہ) خوف یا صدمے سے چہرے کا رنگ فق ہے۔ مُنہ پر ہوائیاں اُڑ رہی ہیں۔

ایک رنگ پر نہ ہونا (اَر۔محاورہ) ایک حالت پر نہ رہنا۔ تغیّر ہوتا رہنا۔

ایک زبان (اَر۔صف) مُتّفق۔ ہم زبان۔ ہم آہنگ۔

ایک زبان رکھنا (اَر۔محاورہ) بات کا پکّا ہونا۔ جو کہنا سو کرنا۔ قول و قرار نباہنا۔

ایک زمانہ (اَر۔لـ۔مذ) تمام عالم۔ ساری دُنیا۔

ایک سا (ایک ساں) (اَر۔صف) برابر۔ یکساں۔

ایک ساتھ (اَر۔متعلق فعل) ساتھ ساتھ۔

ایک سال کے تین سو ساٹھ دن ہیں (اَر۔مقولہ) بدلہ لینے کو سال بھر پڑا ہے۔ کبھی نہ کبھی موقع مل ہی جائے گا۔

ایک سانچے کے ڈھلے ہیں (اَر۔محاورہ) سب ایک ہی سے ہیں۔ ہم شکل ہیں۔

ایک سانس میں کچھ، دُوسری سانس میں کچھ (اَر۔محاورہ) ابھی جو کچھ کہا تھا اُس کے خلاف کہنے لگنا۔

ایک سَخنیا (اَر۔صف) وہ شخص جو ایک دام کہے اور اُس میں کمی بیشی نہ کرے۔ بات کا پکّا۔

ایک سر ہزار سودا (اَر۔مثل) ایک جان سو جنجال۔ ایک جان ہزار غم۔ ایک دم کے پیچھے ہزاروں جھگڑے۔

ایک سُورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (اَر۔مثل) دیکھئے ایک چنا کیا بھاڑ پھوڑے گا۔

ایک سی (اَر۔صف) ایک سا کی تانیث۔ یکساں۔ ایک ہی طرح کی۔ ایک جیسی۔

ایک سے ایک (اَر۔متعلق فعل) بہتر سے بہتر۔

ایک سے ایک اعلیٰ سُبحانَ رَبّیَ الاَعلیٰ (اَر۔مثل) اُس جگہ طنز سے کہتے ہیں جہاں بدی اور شرارت میں ایک سے ایک بڑھا ہوا ہو۔

ایک سے ایک بڑھ کے (کر) (اَر۔متعلق فعل) ایک سے ایک شریر (۲) ایک سے ایک شریف۔

ایک سے دن نہ رہنا (اَر۔محاورہ) ایک حالت پر نہ رہنا۔ زمانے کا انقلاب۔

ایک سے دو بھلے (اَر۔مقولہ) ایک سے دو بہتر۔ تنہائی سے کسی کا ساتھ اچھا۔

ایک سے لے ایک کو دے (اَر۔مثل) خُدا کسی کو غریب اور کسی کو امیر بنا دیتا ہے۔

ایک سے ہزار تک (ایک سے لاکھ تک) (اَر۔تابع فعل) بہتات اور کثرت کی جگہ کہتے ہیں۔

ایک سے ہونا (اَر۔محاورہ) ہم شکل ہونا۔ ایک جیسے ہونا۔ ہم رائے ہونا۔

ایک شیر مارتا ہے سو گیدڑ کھاتے ہیں (اَر۔مثل) ہمت والا اپنی کمائی سے بہت سے کمزوروں کی پرورش کرتا ہے۔

ایک صورت سے (اَر۔متعلق فعل) (۱) ایک طرح سے (۲) یکساں حالت سے۔

ایک طرح (ایک طرح پر) (اَر۔متعلق فعل) ایک حالت سے۔ ایک وضع سے۔

ایک طرح پر گزرنا (اَر۔محاورہ) یکساں گزرنا۔ ایک حالت پر بسر ہونا۔

ایک طرح کا (اَر۔متعلق فعل) ایک قسم کا۔ ایک جیسا۔

ایک عالَم (اَر۔لـ۔مذ) سارا جہان۔ تمام دُنیا۔

ایک عالَم ہے (اَر۔محاورہ) عجب بہار ہے۔ طُرفہ کیفیت ہے۔

ایک عُمر (اَر۔متعلق فعل) تمام عُمر۔ عرصہ دراز۔

ایک غریب مارا تھا تو من چربی نکلی تھی (اَر۔مثل) جب کوئی شخص اپنی غریبی کا اِظہار کرے اور وہ دراصل غریب نہ ہو تو اس موقع پر طنز سے کہتے ہیں۔

ایک فرہاد سو تیشے (اَر۔مثل) دیکھئے ایک جان سو اندیشے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ایک قلم (اَر۔ متعلق فعل) یک لخت۔ فوراً۔ بالکل۔ برابر۔ ایک زبان۔

ایک کا مُنہ شکر سے بھرا جاسکتا ہے۔ سو کا مُنہ خاک سے بھی نہیں بھرا جاتا (اَر۔ مثل) ایک شخص کی کار برآری تو ہر طرح ہو سکتی ہے مگر بہت سے لوگوں کی تھوڑی حاجت روائی بھی دُشوار ہوتی ہے۔

ایک کان بہرا ' ایک گونگا کر لینا (اَر۔ محاورہ) بالکل بے خبر ہو جانا۔ مطلق التفات نہ کرنا۔

ایک کانٹے میں تولنا (اَر۔ محاورہ) یکساں وزن کرنا۔

ایک کا ہو رہنا (اَر۔ محاورہ) ایک کے سوا دُوسرے کی طرف مائل نہ ہونا۔

ایک کچی گھڑی (اَر۔ ا۔ مث) لحہ بھر۔ بہت مختصر مدت۔

ایک کرے دس بھریں (اَر۔ محاورہ) ایک شخص خطا کرے اور اُس کا خمیازہ سب کو اُٹھانا پڑے۔

ایک کنارے ہونا (اَر۔ محاورہ) ایک طرف ہو جانا۔ الگ ہو جانا۔

ایک کو ایک کھائے جاتا ہے (اَر۔ مثل) ایک دُوسرے سے حسد کرتا ہے۔ ایک دُوسرے سے جلتا ہے۔

ایک کو پانی ' ایک کو بیچ (اَر۔ مثل) ناانصافی۔ نامنصفی۔ جانبداری۔

ایک کو دے رُتبہ عالی ' ایک کو دے گھر پا جالی (اَر۔ مثل) خُدا کسی کو امیر اور کسی کو غریب بنا دیتا ہے۔

ایک کو سائی ' ایک کو بدھائی (اَر۔ مثل) ہر کسی سے وعدہ۔ ہر ایک سے اِقرار۔ سب کو اُمید پر لگائے رکھنا۔

ایک کھائے ملیدہ ' ایک کھائے بُھس (اَر۔ مثل) اپنا اپنا نصیب ہے۔ کوئی عیش کرے کوئی دُکھ بھرے۔

ایک کہو گے تو دس سُنو گے (اَر۔ محاورہ) تھوڑی سی بدزبانی کر کے بہت کچھ سُننا پڑے گا۔

ایک کھیل ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت معمولی بات ہونا۔

ایک کہے نہ چار سُنے (اَر۔ مثل) نہ کسی کو بُرا کہو نہ خود بُرا سُنو۔

ایک کی ایک سے کہنا (اَر۔ محاورہ) لگائی بجھائی کرنا۔

ایک کی ایک سے نہ بننا (اَر۔ محاورہ) اِتفاق نہ ہونا۔ باہم تکرار ہونا۔

ایک کی (دس دس) سو سو سُنانا (اَر۔ محاورہ) ذرا سی بات پر بہت بُرا بھلا کہنا۔ جو پیغام دیا جائے اُس میں مبالغہ کر کے پہنچانا۔

ایک گال ہنسنا ' ایک گال رونا (اَر۔ محاورہ) گھڑی ہنسنا اور گھڑی رونا۔ متلون مزاج۔

ایک گرو کے بالکے ہیں (اَر۔ مثل) ایک آوے کے برتن ہیں۔ ایک جیسے ہیں۔

ایک گھاٹ اُتارنا (اَر۔ محاورہ) سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا۔ سب سے یکساں برتاؤ کرنا۔

ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں (اَر۔ مثل) سب کے ساتھ یکساں اِنصاف ہے۔

ایک گھر بچے تو سب گھر رچے (اَر۔ مثل) شطرنج اور چوسر وغیرہ کے کھیل میں کسی مشکل چال کے متعلق کہتے ہیں کہ اس گھر پر مہرہ یا گوٹ بچ جائے تو گویا بازی جیت لی۔

ایک گھر کے دو بننا (اَر۔ محاورہ) نااتفاقی ہونا۔ باہمی اِتحاد نہ ہونا۔

ایک لاٹھی سے سب کو ہانکنا (اَر۔ محاورہ) اعلیٰ و ادنیٰ میں تمیز نہ کرنا۔ سب کے ساتھ یکساں برتاؤ کرنا۔

ایک لکڑی کیا جلے اور کیا اُجالا ہو (اَر۔ مثل) تنہا آدمی کیا کر سکتا ہے۔ ایک آدمی کی بساط ہی کیا ہے۔

ایک لوئی کڑاہی (اَر۔ ا۔ مث) وہ کڑاہی جو ایک ہی توے کی بنی ہو اور اُس کے پیندے میں جوڑ نہ ہو۔

ایک ماں باپ کا ہونا (اَر۔ محاورہ) حلالی ہونا۔ دوغلا نہ ہونا۔ غیرت اور غُصّہ دِلانے کے موقع پر کہتے ہیں (۲) حقیقی بہن بھائی ہونا۔

ایک مت (اَر۔ تابع فعل) ایک رائے۔

ایک مچھلی سارے (تالاب) جل کو گندہ کر دیتی ہے (اَر۔ مثل) ایک شخص کی نالائقی سارے خاندان کو بدنام کر دیتی ہے۔

ایک مرغی نو جگہ حلال نہیں ہوتی (اَر۔ مثل) تھوڑی سی چیز بہت سے لوگوں میں نہیں بانٹی جا سکتی۔

ایک مُشت (اَر۔ صف) اکٹھا۔ ایک ہی دفعہ۔ یک مُشت۔

ایک مُنہ ایک زبان ہونا (اَر۔ محاورہ) متفق ہونا۔ ایک ہی بات کہنا۔

ایک مُنہ دو بات (اَر۔ محاورہ) متضاد باتیں کرنا۔

ایک مُنہ میں ہزار باتیں کہہ جانا (اَر۔ محاورہ) لگاتار سینکڑوں باتیں سُنانا۔ بے حساب بُرا بھلا کہنا۔

ایک میان میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں (اَر۔ مثل) ایک ہی چیز کے دو طالب اور خواہش مند کبھی مل کر نہیں رہ سکتے۔

ایک مُنہا (مُوں ہا) (اَر۔ صف) ایک مُنہ کا۔ ایک مُنہ والا۔

ایک مَیں ' ایک میرا بھائی ' تیسرا حجام نائی (اَر۔ مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی شخص بہت سے آدمی ساتھ لائے اور ظاہر یہ کرے کہ بہت کم آدمی ہیں۔

ایک نظر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) ایک بار دیکھنا۔ سرسری طور پر دیکھنا۔

ایک نظر سے دیکھنا (اَر۔ محاورہ) سب سے یکساں برتاؤ کرنا۔

ایک نظر کے گُنہ گار ہیں (اَر۔ محاورہ) صرف ایک بار دیکھا ہے۔

ایک نُور آدمی ہزار نُور کپڑا (اَر۔ مثل) لباس سے آدمی کا حُسن بڑھ جاتا ہے۔

ایک نہ ایک (اَر۔ متعلق فعل) کوئی نہ کوئی۔ تھوڑا بہت۔

ایک نہ چلنا (اَر۔ محاورہ) کوئی تدبیر کارگر نہ ہونا۔ کچھ اثر نہ ہونا۔

ایک نہ (سُننا) ماننا (اَر۔ محاورہ) دھیان نہ دینا۔ توجہ نہ کرنا۔

ایک نہ ' سو سُکھ (اَر۔ محاورہ) ایک اِنکار سے اِنسان کئی آفتوں سے بچ جاتا ہے۔

ایک نیم سو کوڑھی (اَر۔ مثل) دیکھیے ایک انار سو بیمار۔

ایک ہاتھ چھوڑنا (لگانا) (اَر۔ محاورہ) ایک ضرب لگانا۔ ایک تلوار مارنا۔

ایک ہاتھ سے تالی نہیں بجتی (اَر۔ مثل) محبت یا عداوت دونوں طرف سے ہوتی ہے (۲) صرف ایک فریق کی زیادتی سے لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔

ایک ہاتھ کا ہے (اَر۔ محاورہ) ایک ہی ضرب میں کام ختم ہے۔

ایک ہاتھ کی لینی ' ایک ہاتھ کی دینی (اَر۔ مثل) نیکی کی جزا فوراً مل جاتی ہے۔ اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے۔

ایک ہاتھ میں دو ٹکڑے (اَر۔ محاورہ) ایک ضرب میں دو ٹکڑے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ایک ہُنر اور ایک عیب ہر آدمی میں ہوتا ہے (اَر۔ مقولہ) عیب اور ہُنر سے کوئی بشر خالی نہیں۔

ایک ہو جانا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) مُتّفق ہو جانا۔ اتّفاق کر لینا۔ سازش کر لینا۔

ایک ہی ہونا (اَر۔ محاورہ) بے مثل ہونا۔

ایک ہی ہوئی (اَر۔ محاورہ) لاجواب بات کہی۔

ایک ہے (اَر۔ محاورہ) بے مثل ہے۔ فرد ہے۔ اپنا جواب نہیں رکھتا۔ یکتا ہے۔

ایکا (اے۔کا) (ہ۔ا۔مذ) میل۔ اتّفاق۔ اتّحاد۔ یک جہتی (۲) سازباز۔

ایکا ایک (ایکا ایکی) (اَر۔ متعلق فعل) اچانک۔ یکایک۔ یک دَم۔

ایکا ہونا (اَر۔ محاورہ) اتّفاق ہونا۔

ایکادشی (اے۔کا۔دَ۔شی) (ہ۔ا۔مث) ہندی مہینے کے ہر پندرھواڑے کی گیارھویں تاریخ۔

ایکانْت (اے۔کانْت) (نون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) تنہائی۔ علیحدگی۔

ایکٹ (Act) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عمل۔ کارروائی (۲) قانون۔ آئین جو مجلس قانون سازنے منظور کیا ہو (۳) ڈرامے کا ایک حِصّہ۔ باب۔

ایکٹر (Actor) (انگ۔ا۔مذ) اداکار۔ نقّال۔

ایکٹریس (Actress) (انگ۔ا۔مث) اداکار عورت۔

ایکٹنگ (Acting) (انگ۔ا۔مث) اداکاری۔

ایکڑ (انگ Acre کا مورّد۔ا۔مذ) آٹھ کنال یا ۴۸۴۰ مربع گز کا رقبہ یا پیمائش زمین کا برطانوی پیمانہ۔

ایکسپورٹ (Export) (انگ۔ا۔مذ) مال برآمد۔

ایکسچینج (Exchange) (انگ۔ا۔مذ) باہمی تبادلہ۔ مبادلہ۔ ادلا بدلا (۲) ہُنڈی کا لین دین۔

ایکس ریز (X-Rays) (انگ۔ا۔مث) نامعلوم شعاعیں۔ ایک قسم کی خاص شعاعیں جنھیں جرمن سائنس دان رونتجن نے اتفاقیہ طور پر دریافت کیا تھا۔ یہ شعاعیں غیر شفّاف اجسام میں سے گزر جاتی ہیں اور ان کی مدد سے انسانی جسم کے اندرونی اعضا کے فوٹو لئے جاتے ہیں۔

ایکلا (ایک۔لا) (ہ۔صف) اکیلا۔ تنہا۔

ایکونائٹ (Aconite) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا زہر۔

اِیکھ (ہ۔ا۔مث) (یائے معروف) گنّے کی فصل۔

اِیل (Eel) (انگ۔ا۔مث) سانپ کی شکل کی مچھلی۔ دُنیا کے تقریباً تمام سمندروں اور دریاؤں میں پائی جاتی ہے۔

ایل۔ایل۔بی (L.L.B) (انگ۔ا۔مذ) Bachelor of Law کا مخفف۔ وکالت کا اعلیٰ امتحان۔

ایل۔ایل۔ڈی (L.L.D) (انگ۔ا۔مذ) Doctor of Law کا مخفف۔ قانون کی سب سے اعلیٰ ڈگری۔

ایلاسٹک (Elastic) (انگ۔ا۔مذ) لچکیلا فیتہ جو سُوت اور ربڑ کی آمیزش سے تیار کیا جاتا ہے۔

ایلچی (ایل۔چی) (یائے مجہول) (ت۔ا۔مذ) قاصد۔ پیغام بر۔ سفیر۔ جمع: ایلچی۔ ایلچیوں۔

ایلچی کو زوال نہیں (اَر۔ مقولہ) پیام کے نفع و ضرر سے پیام رساں محفوظ رہتا ہے۔

ایلچی گری (ت۔ف۔ا۔مث) سفارت۔ وکالت۔

ایلوا (ایل۔وا) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) گھیکوار کے گودے کا خشک کیا ہوا رس۔ مُصبّر۔

ایلوپیتھی (Allopathy) (انگ۔ا۔مث) علاج بالضد۔ انگریزی طریقِ علاج۔

ایلومینیم (Aluminium) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کی ہلکی دھات۔ بجلی کے تار اور طیّارے وغیرہ بنانے میں کام آتی ہے۔

ایلیا (ایل۔یا) (عب۔ا۔مذ) (۱) یروشلم (۲) الیاس کا عبرانی تلفظ۔

اِیما (اِی۔ما) (ع۔ا۔مذ) اشارہ۔ منشا۔

اِیما لینا (اَر۔ محاورہ) عندیہ یا منشا دریافت کرنا۔

اِیما ہونا (اَر۔ محاورہ) اشارہ ہونا۔ منشا ہونا۔

اِیمان (اِی۔مان) (ع۔ا۔مذ) عقیدہ۔ مذہب۔ دھرم (۲) اللہ اُس کے رسول ﷺ اور اُن کی بتائی ہوئی باتوں پر یقین رکھنا۔

اِیمان اُٹھا کر طاق میں رکھنا (اَر۔ محاورہ) بے ایمان ہو جانا۔

اِیمان بغل میں (دبانا) مار لینا (اَر۔ محاورہ) ہٹ دھرمی کرنا۔ بے ایمانی کی باتیں کرنا۔

اِیمان بیچنا (اَر۔ محاورہ) دُنیا کے لئے دین کھونا۔ ایمان کے خلاف کرنا۔ بے ایمانی کرنا۔

اِیمان پر چھوڑ دینا (اَر۔ محاورہ) بھروسے پر موقوف کرنا۔ اِعتبار پر منحصر کرنا۔

اِیمان پھرنا (اَر۔ محاورہ) نیّت بدل جانا۔ عقیدہ بدل جانا۔

اِیمان پھسلنا (اَر۔ محاورہ) نیّت خراب ہونا۔

اِیمان ٹھکانے نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) دھرم پر قائم نہ ہونا۔ نیّت ٹھیک نہ ہونا۔

اِیمان (جاتا رہنا) جانا (اَر۔ محاورہ) نیّت بگڑ جانا۔ عقیدہ خراب ہونا۔

اِیمان (چور) چوٹا (اَر۔ صف) بے ایمان۔ دغا باز۔

اِیمان دار (ع۔ف۔صف) دین دار۔ صاحبِ ایمان (۲) دیانت دار۔ امین۔ راست باز (۳) سچّا۔ صادق۔ باوفا۔ مُنصِف۔

اِیمان داری (ع۔ف۔ا۔مث) صداقت۔ راست بازی۔ دیانت داری۔

اِیمان داری اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) راست بازی اور دیانتداری کا جاتے رہنا۔

اِیمان ڈانواں ڈول ہونا (اَر۔ محاورہ) نیّت میں فرق آ جانا۔

اِیمان ساتھ جاتا ہے (اَر۔ محاورہ) ایمان ہی عاقبت میں نفع پہنچاتا ہے۔

اِیمان سے بولنا (کہنا) (اَر۔ محاورہ) خدا لگتی کہنا۔ سچ کہنا۔

اِیمان سے پوچھو (اَر۔ محاورہ) حق یہ ہے۔ انصاف تو یہ ہے۔

اِیمان کا سودا ہونا (اَر۔ محاورہ) ایمان داری کا معاملہ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِیمان کانپنا (اَر۔ محاورہ) خُدا کا خوف ہونا۔

اِیمان کھونا (اَر۔ محاورہ) ہٹ دھرمی کرنا۔

اِیمان کی (اَر۔ امث) سچی بات۔

اِیمان کی تو یہ ہے (اَر۔ محاورہ) سچ بات تو یہ ہے۔ حق بات تو یوں ہے۔

اِیمان کی کہنا (اَر۔ محاورہ) سچ بات کہنا۔ خُدا لگتی کہنا۔

اِیمان (لانا) لے آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) یقین کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا (۲) بھروسا کرنا۔ اِعتبار کرنا (۳) خُدا اور مذہب پر یقین لانا۔ مسلمان ہونا۔

اِیمان لگتی کہنا (اَر۔ محاورہ) حق بات کہنا۔ کسی کی طرف داری نہ کرنا۔

اِیمان میں فرق آنا (اَر۔ محاورہ) بدعقیدہ ہونا۔ اِعتقاد ڈگمگانا۔ نیت بگڑنا۔

اِیمان ہونا (اَر۔ محاورہ) یقین ہونا۔ اِعتقاد ہونا۔

اِیمان ہے تو سب کچھ ہے (اَر۔ مقولہ) اِیمان سب سے بڑی دولت ہے۔

ایم۔ او۔ ایل (M.O.L)۔ Master of Oriental Languages کا مخفف۔ مشرقی زبانوں کی اعلیٰ ڈگری۔

ایم۔ اے (M.A)۔ Master of Arts کا مخفف۔ تعلیم کی ایک اعلیٰ ڈگری۔

ایم۔ ایس۔ سی (M.Sc)۔ Master of Science کا مخفف۔

ایم۔ این۔ اے (M.N.A)۔ Member of National Assembly کا مخفف۔ پاکستان کی مرکزی مجلسِ قانون ساز کا رُکن۔

ایمبولینس (Ambulance) (انگ۔ امث) (۱) سفری شفاخانہ (۲) زخمیوں' بیماروں اور مُردوں کو لے جانے والی گاڑی۔

ایم۔ بی۔ بی۔ ایس (M.B.B.S)۔ Bachelor of Medicine Bachelor of Surgery کا مخفف۔ ڈاکٹری کی ڈگری۔

ایم۔ پی (M.P)۔ Member of Parliament کا مخفف۔ پارلیمنٹ کا رُکن۔

ایم۔ ڈی (M.D)۔ Doctor of Medicine کا مخفف۔ ڈاکٹری کی اعلیٰ ڈگری (۲) مینیجنگ ڈائریکٹر کا مخفف۔

ایم۔ پی۔ اے (M.P.A)۔ Member of Provincial Assembly کا مخفف۔ پاکستان کی صوبائی اسمبلی کا رُکن۔

ایم سی سی (M.C.C) (انگ۔ امذ) Marylebone Cricket Club کا مخفف جو ۱۷۸۷ء میں لندن میں قائم کیا گیا۔ اس کا صدر دفتر مڈل سیکس (لندن) کی گراؤنڈ لارڈز میں ہے۔

ایمفی تھیٹر (Amphi Theatre) (انگ۔ امذ) (۱) گول تماشا گاہ (۲) دنگل۔ اکھاڑا (۳) وہ مُدوّر اکھاڑا جو قدیم زمانے میں رومیوں نے شہر روم میں تعمیر کرایا تھا اور جس میں وہ وحشی جانوروں کی لڑائیاں دیکھا کرتے تھے۔

اَیمَن (اَے۔ مَن) (ع۔ صف) (۱) دائیں جانب (۲) مبارک (۳) بے خوف (۴) امن دیا ہوا۔ محفوظ (۵) (ف۔ امث) سرشام گایا جانے والا راگ۔ کہتے ہیں یہ امیر خسرو کا ایجاد کردہ ہے۔

ایمُو (Emu) (انگ۔ امذ) شتر مرغ کی طرح کا ایک پرندہ۔ آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے۔

ایمونیا (Ammonia) (انگ۔ امذ) چُونے اور نوشادر کا مُرکب۔

ایمونیشن (Ammunition) (انگ۔ امذ) گولہ بارُود۔

اَیمہ (اَے۔ مہ) (ت۔ امذ) (۱) معافی۔ جاگیر (۲) وہ زمین یا جاگیر جو علماء و فقہا کو بادشاہ کی طرف سے بطور انعام دی جاتی تھی۔

ایمیچر (Amateur) (انگ۔ صف) (۱) کسی علم یا فن میں شوقیہ دل چسپی رکھنے والا (۲) وہ کھلاڑی جو کسی کھیل کو ذریعہ معاش نہ بنائے۔

اَین (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) دودھ دینے والے جانوروں کا تھن۔ کھیری۔

اَیں (بالفتحہ اوّل) (اَر۔ کلمہ) تعجب' تنبیہ' اِصرار اور مکرّر پوچھنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔

اِیں (بکسر اوّل) (ف۔ اِشارۂ قریب) یہ۔

اِیں خانہ (تمام) ہمہ آفتاب اَست (ف۔ مقولہ) (۱) یہ سارا گھر ہی روشن ہے (۲) گھر کا گھر لائق ہے (۳) (طنزاً) پورا گھر نالائق ہے۔

اِیں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند (ف۔ مثل) کیا کہنا ہے۔ یہ کام تجھی سے ہو سکتا ہے اور مرد ایسا ہی کرتے ہیں۔ کسی اہم کام کے انجام دینے والے سے تحسین و آفرین کے طور پر کہتے ہیں۔

اِیں گُل دیگر شگُفت (ف۔ مثل) (۱) یہ اور گُل کھلا (۲) تماشا دیکھیے۔ کوئی نئی بات واقع ہونے پر کہتے ہیں۔

اِین و آں (ف۔ امذ) (۱) یہ اور وہ (۲) حُجت و دلیل۔ چُون وچرا (۳) ہر کس و ناکس۔

اِین و آں کرنا (اَر۔ محاورہ) دلیلیں چھانٹنا۔ حُجت کرنا۔ بحث کرنا۔

اِیں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دِگر (ف۔ مثل) (۱) محبت میں دُوسرے غموں پر ایک یہ بھی غم ہے (۲) مُصیبت پر مُصیبت آنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

اِیں ہم بچۂ شُتر اَست (ف۔ مثل) (۱) یہ بھی اُونٹ کا بچّہ ہے (۲) یہ بھی اُسی گروہ سے ہے۔ یہ بھی اُسی قبیل کا ہے۔

اِیں ہم بر سرِ اَلَم (عَلَم) (ف۔ مثل) بہت سی مُصیبتوں میں ایک اور بھی سہی۔ ایک چور درزی کو کسی مولوی صاحب نے سمجھایا کہ قیامت میں تیرے چُرائے ہوئے کپڑوں کا جھنڈا بنا کر اُس کے نیچے تجھے کھڑا کیا جائے گا۔ اِس سے تمام میدانِ حشر میں تیری رُسوائی ہو گی۔ درزی بہت ڈرا اور آیندہ کے لئے توبہ کر لی۔ مگر ایک مرتبہ ایک نہایت قیمتی کپڑے پر نیت بدل گئی۔ دیر تک سوچتا رہا آخر یہ کہہ کر کپڑا چُرا لیا کہ ایں ہم بر سرِ علم۔

اِینٹ (یائے معروف) (نُونِ غُنّہ) (ہ۔ امث) (۱) مٹی کے مکعب نُما پکے ہوئے ٹکڑے جن سے دیوار بنائی جاتی ہے۔ خشت (۲) سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ڈلے (۳) تاش کا ایک رنگ جو سُرخ رنگ کا ہوتا ہے اور اُس پر مُربع شکل کا نشان ہوتا ہے۔ جمع: اِینٹوں۔ اِینٹیں۔

اِینٹ اُلٹنا (اَر۔ محاورہ) جب کسی سے عداوت ہوتی ہے تو مسجد میں اِس کا نام لے کر اِینٹ اُلٹی کر کے رکھ دیتے ہیں۔ عورتوں کا خیال ہے کہ اِس عمل سے دُشمن ہلاک ہو جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اینٹ سے اینٹ (بجا دینا) بجانا (اُر۔ محاورہ) مسمار کر دینا۔ ڈھا دینا۔ برباد کرنا۔ گرانا۔

اینٹ سے اینٹ بج جانا (اُر۔ محاورہ) مسمار ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

اینٹ کا گھر مٹی کا در (اُر۔ مثل) بے جوڑ بات۔

اینٹ کا جواب پتھر سے دینا (اُر۔ محاورہ) سخت جوابی کارروائی کرنا۔

اینٹ کا گھر مٹی ہو گیا (اُر۔ محاورہ) کیا کرایا سب خاک میں مل گیا۔ گھر تباہ ہو گیا۔

اینٹا (ایں۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) بڑی اینٹ۔

اینٹھ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم۔ نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) غرور۔ اکڑ۔ تکبّر (۲) بل۔ پیچ۔ مروڑ۔

اینٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) اکڑ جانا۔ ناراض ہو جانا۔

اینٹھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کینہ رکھنا (۲) دبا لینا۔ ہتیا لینا۔

اینٹھ کر چلنا (اُر۔ محاورہ) اکڑ کر چلنا۔ غرور سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔

اینٹھ لینا (اُر۔ محاورہ) چھین لینا۔ زبردستی لے لینا۔

اینٹھا (ایں۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) رسّی بٹنے کا آلہ۔

اینٹھن (ایں۔ٹھن) (ہ۔ا۔مث) پیچ۔ مروڑ۔ کھنچاؤ۔ تشنّج۔

اینٹھنا (اینٹھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بٹنا۔ بل دینا۔ مروڑنا (۲) رُوٹھنا۔ آزردہ ہونا (۳) دھوکا دے کر لینا (۴) اکڑ دکھانا۔ گھمنڈ کرنا۔

اینٹھو (ایں۔ٹھو) (ہ۔صف) اکڑباز۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ ٹرّا۔

اینٹھوانا (اینٹھ۔وا۔نا) (ہ۔مص) اینٹھنا کا متعدی۔ مروڑنے کا کام دُوسرے سے کروانا۔

اینٹی بائیوٹکس (Antibiotics) (انگ۔ا۔مذ) ضدِ حیوی۔ ایک قسم کے کیمیاوی مادّے جو زندہ جانداروں اور جراثیم سے حاصل ہوتے ہیں اور دیگر جراثیم اور بیکٹیریا کے اثرات کو تلف کرتے ہیں۔

اینچ (بیائے مجہول۔ نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کشش (۲) پھیلاؤ۔ دباؤ (۳) ٹیڑھا پن۔

اینچ پینچ (اُر۔ا۔مذ) (۱) اُلجھاؤ (۲) مکر۔ فریب۔

اینچ دینا (اُر۔ محاورہ) سُولی دینا۔ پھانسی چڑھانا۔

اینچا (ایں۔چا) (بیائے مجہول۔ نون غنّہ) (ہ۔صف) کھنچا ہوا۔ تنا ہوا۔

اینچا تانا (اُر۔صف) بھینگا۔

اینچا تانی (اُر۔ا۔مث) کھینچا تانی۔ گھسیٹا گھسیٹی۔ کشاکش۔

اینچن (ایں۔چن) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) کشاکش۔ کھینچا تانی۔

اینچن چھوڑ گھسیٹن میں پڑے (اُر۔ مثل) اُلٹی بلا گلے پڑی۔ ایک آفت سے دُوسری بڑھ کر ثابت ہوئی۔

ایندھن (ایں۔دھن) (ہ۔ا۔مذ) لکڑی، اُپلے وغیرہ۔ جلانے کی چیزیں۔

ایندھن ہو جانا (اُر۔ محاورہ) جلانے کے قابل ہو جانا۔ ناکارہ ہو جانا۔

اینڈ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم۔ نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) اینٹھ۔ غرور۔ ٹھسک (۲) نکمّا۔ ادھورا۔

اینڈ (ہو جانا) ہونا (اُر۔ محاورہ) نکمّا ہو جانا۔ کام کا نہ رہنا۔

اینڈا (ایں۔ڈا) (ہ۔صف) (۱) ٹیڑھا۔ ترچھا (۲) (اُر۔ا۔مذ) تخمینہ۔ اندازہ۔

اینڈا اینڈا پھرنا (اُر۔ محاورہ) اتراتے پھرنا۔

اینڈا بینڈا (اُر۔صف) اُلٹا سیدھا۔ آڑا ترچھا (۲) بے ہودہ۔ ناشائستہ۔

اینڈتے ہوئے پھرنا (اُر۔ محاورہ) اٹھلاتے ہوئے پھرنا۔

اینڈنا (اینڈ۔نا) (ہ۔مص) بل کھانا (۲) انگڑائی لینا (۳) اترانا۔

اینڈوا (اینڈ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) مونج وغیرہ کی بنی ہوئی چھوٹی گول گدّی جسے بوجھ اُٹھاتے وقت سر پر رکھ لیتے ہیں۔

اینڈوی (ہ۔ا۔مث) اینڈوا کی تانیث۔

اینڈی بینڈی (ایں۔ڈی۔بیں۔ڈی) (ہ۔صف) اینڈا بینڈا کی تانیث۔

اینگلو انڈین (Anglo Indian) (انگ۔صف) (۱) ہندوستان میں پیدا ہونے اور رہنے والا انگریز (۲) وہ شخص جس کی ماں انگریز اور باپ ہندوستانی ہو۔

ایوارا (اَے۔وا۔را) (ہ۔ا۔مذ) وہ مکان جو مویشیوں کے لئے جنگلوں میں بناتے ہیں۔

ایوارڈ (Award) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عدالتی فیصلہ (۲) تاوان۔ جرمانہ۔ سزا وغیرہ (جو عدالت سے دلائی جائے) (۳) صلہ۔ انعام۔

ایوان (اَے۔وان) (ف۔ا۔مذ) محل۔ مکان۔ جمع: ایوان ہا۔ اُردو جمع: ایوان۔ ایوانوں۔

ایوانِ تجارت (ف۔ع۔ا۔مذ) انجمنِ تُجّار۔ تجارت پیشہ لوگوں کی انجمن۔ (Chamber of Commerce)۔

ایوب (ع۔ا۔مذ) عبرانی لفظ ایوبھ (بمعنی مُبتلائے آفت) کا مُعرّب۔ ایک مشہور پیغمبر جن کا صبر مشہور ہے۔

ایہام (اِی۔ہام) (ع۔ا۔مذ) شک یا وہم میں ڈالنا (۲) اِصطلاحِ شعر میں وہ صنعت جس میں شاعر اپنے کلام میں ایک ایسا لفظ لائے جس کے دو معنی ہوں۔ ایک اُس مقام کے قریب دُوسرا بعید۔ لیکن شاعر بعید سے مُراد لے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ب

ب (بے) (ع۔ اِ۔ مؤنث) اُردو' فارسی اور عربی کا دُوسرا اور ہندی کا تیئسواں حرف۔ عربی میں اِس کا تلفظ "با" ہے۔ اِسے بائے ابجد اور بائے مؤحدہ یا مؤحدۂ تحتانیہ بھی کہتے ہیں۔ یہ قمری حرف ہے یعنی اِس سے پہلے "ال" ہو تو لام اپنی آواز دیتا ہے۔ جیسے البارِی۔ حسابِ ابجد میں اِس کے دو عدد مقرر ہیں۔ یہ حرف فارسی ترکیبوں میں مندرجہ ذیل معانی دیتا ہے اور ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے (۱) ساتھ جیسے بسر وچشم۔ بایں ریش وفش (۲) طرف جیسے رُوبقبلہ۔ رُوبراہ (۳) آمنے سامنے جیسے روبرو (۴) صلۂ اِتّصال جیسے ماہ بماہ۔ روز بروز۔ دربدر۔ دم بدم (۵) قسم جیسے بخدا۔ بربِّ کعبہ (۶) مَیں جیسے خاکم بدہانم (۷) بعض جگہ یہ حرف زائد ہوتا ہے اور اِسے بائے زائد کہتے ہیں۔ جیسے بجز' بغیر' تابکے وغیرہ۔

عربی ترکیبوں میں یہ حرف ہمیشہ مکسور ہوتا ہے اور اس کے حسبِ ذیل معانی ہوتے ہیں (۱) سے۔ ساتھ جیسے بالارادہ۔ بالواسطہ (۲) قسم جیسے واللہ۔ باللہ (۳) وسیلے سے۔ جیسے بحرمتِ المصطفیٰ ﷺ۔ بعض اوقات مندرجہ ذیل حروف سے بدل جاتا ہے جیسے (پ) بادشاہ' پادشاہ۔ بتاشا' پتاشا۔ (ف) زبان' زفان۔ (و) کب' کد۔ (گ) بھولا۔ بگولا۔ سابودانہ' ساگودانہ۔ (ل) ٹِبا۔ ٹیلا۔ (م) بیب۔ نیبو' لیمو۔ (و) سیب' سیو۔ بابا' باوا۔

بَ (بالفتح) (ف۔ حرفِ جر) (۱) ساتھ۔ مع (۲) لئے۔ واسطے (۳) سے۔ از (۴) قسم (۵) مطابق (۶) میں۔ اندر (۷) پر۔ اُوپر (۸) مقابل۔ (جب تنہا آتی ہے تو اِس کا اِملا "بہ" ہوتا ہے)۔

بآسانی (بَہ۔ آ۔ سا۔ نی) (ف۔ تابع فعل) آسانی سے۔ سہولت سے۔ بغیر دقت کے۔

بآوازِ بلند (بَہ۔ آ۔ وا۔ زِ۔ بُ۔ لند) (ف۔ تابع فعل) اُونچی آواز سے۔

باجرا (بَہ۔ اِج۔ را) (ف۔ ع۔ تابع فعل) (قانون) کسی حکم کے نافذ کرنے سے۔ کسی قانون کے جاری ہونے پر۔

باجلاس (بَہ۔ اِج۔ لاس) (ف۔ ع۔ تابع فعل) اِجلاس میں۔ کچہری میں۔ پیشی میں۔

باستثنا (بَہ۔ اِس۔ تِث۔ نا) (ف۔ ع۔ تابع فعل) چھوڑ کے۔ الگ کر کے۔ جدا کر کے۔

بافراط (بَہ۔ اِف۔ راط) (ف۔ ع۔ تابع فعل) کثرت سے۔ بہت سے۔ وافر۔

بایں (بَہ۔ اِیں) (ف۔ تابع فعل) اِس کے ساتھ۔

بایں ریش وفش (بَہ۔ اِیں۔ ریش۔ او۔ فش) (ف۔ ع۔ مثل) یہ ڈاڑھی' یہ طرّہ اور ایسی حرکتیں۔ شکل مومنوں کی اور کرتوت کافروں کے۔

بایں ہمہ (بَہ۔ اِیں۔ ہَ۔ مَہ) (ف۔ تابع فعل) اِن تمام باتوں کے باوجود۔

بایں ہیئتِ کذائی (بَہ۔ اَ۔ تِ۔ کَ۔ زا۔ اِی) (ف۔ ع۔ تابع فعل) اِس وضع سے۔

بتراضیِ طرفین (بَہ۔ تَ۔ را۔ ضی۔ یِ۔ طَ۔ رَ۔ فین) (ع۔ ف تابع فعل) فریقین کی رضا مندی سے۔

بتنگ (بَہ۔ تنگ) (نون غنّہ) (ف۔ تابع فعل) عاجز۔ مجبور۔ بیزار۔

بتنگ آنا (بتنگ ہونا) (اُر۔ محاورہ) (۱) اَڑ جانا۔ اِصرار کرنا (۲) کوشش کرنا۔

بجِد (بَہ۔ جِد) (ف۔ ع۔ صف) (۱) کوشش کرنے والا (۲) ضد کرنے والا۔ مُصِر۔

بجِد ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) اَڑ جانا۔ اِصرار کرنا (۲) کوشش کرنا۔

بجُز (بَہ۔ جُز) (ف۔ تابع فعل) سوا۔ مگر۔ بغیر۔

بجہت (بَہ۔ جِ۔ ہَت) (ف۔ ع۔ تابع فعل) وجہ سے۔ بسبب۔ بوجہ۔

بچشم (بَہ۔ چشم) (ف۔ متعلق فعل) سر آنکھوں پر۔ بسر وچشم۔

بحدّ (بحدّے کہ) (بَہ۔ حَدّ۔ کہ) (ف۔ ع۔ تابع فعل) اِس حد تک۔ یہاں تک۔

بحساب (ف۔ ع۔ تابع فعل) اِس حساب سے۔

بحضور (بَہ۔ حُ۔ ضور) (ف۔ ع۔ تابع فعل) پیشی میں۔ رُوبرو۔ سامنے۔

بحقّ (بَہ۔ حق) (ف۔ ع۔ تابع فعل) حق میں۔ موافقت میں۔ معاملے میں۔

بحکم (بَہ۔ حُکم) (ف۔ ع۔ تابع فعل) حکم سے۔ اِرشاد سے۔

بخدا (بَہ۔ خُ۔ دا) (ف۔ تابع فعل) خُدا کی قسم۔

بخلاف (بَہ۔ خِ۔ لاف) (ف۔ ع۔ تابع فعل) برعکس۔ خلاف۔

بخوبی (ف۔ تابع فعل) اچھی طرح۔ پوری طرح۔ عمدگی سے۔

بخیر (بَہ۔ خیر) (ف۔ ع۔ تابع فعل) خیریت کے ساتھ۔ اچھی طرح۔

بخیر انجام ہونا (اُر۔ محاورہ) اچھا نتیجہ نکلنا۔

بخیر و عافیت (بَہ۔ خیر۔ او۔ عا۔ فی۔ یَت) (ف۔ ع۔ تابع فعل) خیریت سے۔ اچھی طرح۔

بدرجۂ غایت (ف۔ ع۔ تابع فعل) حد سے زیادہ۔ اِنتہا تک۔

بدرجہا (بَہ۔ دَر۔ جَ۔ ہا) (ف۔ تابع فعل) بہت زیادہ۔ کہیں زیادہ۔

بدست (بَہ۔ دست) (ف۔ تابع فعل) ہاتھ میں۔ بذریعہ۔

بدستور (بَہ۔ دَس۔ تُور) (ف۔ تابع فعل) حسبِ سابق۔ دستور کے مطابق۔ قاعدے کے موافق۔ جوں کا توں۔

بدفعات (بَہ۔ دَ۔ فَ۔ عات) (ف۔ ع۔ تابع فعل) کئی دفعہ۔ بار بار۔ کئی مرتبہ۔

بدقّت (بَہ۔ دِق۔ قت) (ف۔ ع۔ تابع فعل) مشکل سے۔ دشواری سے۔

بدل وجان (ف۔ تابع فعل) دل وجان سے۔ خوشی سے۔

بدولت (بَہ۔ دَو۔ لت) (ف۔ ع۔ متعلق فعل) سبب سے۔ ذریعے سے۔ طفیل سے۔ اِقبال سے (۲) (اِ۔ مث) آسرا۔

بدُون (بَہ۔ دُون) (ف۔ تابع فعل) بغیر۔ بجز۔ سوا۔

بدیں (بَ۔ دِیں) (ف۔ تابع فعل) بایں۔ اِس سے۔

بدیں حال (ف۔ ع۔ تابع فعل) اِس حال میں۔

بدیں سبب (ف۔ ع۔ تابع فعل) اِس سبب سے۔ اِس وجہ سے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بدیں غرض (غ۔ رَض) (ف۔ع۔ تابع فعل) اِس غرض سے۔ اس مقصد کے لئے۔
بدیں نظر (ف۔ع۔ تابع فعل) اِس خیال سے۔ اس پر نظر ڈالتے ہوئے۔
بذاتِ خود (ف۔ع۔ تابع فعل) خود بخود۔ آپ ہی۔ اپنے دم سے۔
براہ (ف۔ متعلق فعل) راستے پر۔ واسطے۔ لئے۔
براہِ کرم۔ دیکھئے ازراہِ کرم۔
بربِّ کعبہ (ف۔ع۔ تابع فعل) کعبہ کے رب کی قسم۔ خُدا کی قسم۔
برنگ (بَہ۔رَنگ) (ف۔ تابع فعل) مثل۔ مانند۔
برُوئے (بَہ۔رُو۔اے) (ف۔ تابع فعل) مُنہ پر۔ سامنے (۲) بمطابق۔ بلحاظ۔
بزور (ف۔ تابع فعل) زور سے۔ طاقت سے۔ زبردستی۔ جبراً۔ حکماً۔
بسبب (ف۔ع۔ تابع فعل) سبب سے۔ وجہ سے۔ اِس کارن۔
بسر و چشم (بَہ۔سَر۔او۔چشم) (ف۔ تابع فعل) سر آنکھوں پر۔ بڑی خوشی سے۔ پوری رضامندی سے۔
بسفر رفتنت مبارک باد' بسلامت روی و باز آئی (ف۔ دُعا) مسافر کو رُخصت کرتے وقت دُعا کے طور پر کہتے ہیں۔ یعنی تمہارا سفر پر جانا مُبارک ہو۔ سلامتی سے جاؤ اور پھر (سلامتی سے) واپس آؤ۔
بشرحِ صدر (بَہ۔شَر۔حِ۔صدر) (ف۔ع۔ تابع فعل) (۱) جو کچھ اُوپر لکھا ہے' وہی یہاں بھی سمجھئے۔ ایضاً (۲) دل یا سینے کی صفائی سے۔ صاف دلی سے۔
بشرطیکہ (بَہ۔شَر۔طے۔کہ) (ف۔ع۔ تابع فعل) اِس شرط پر۔
بشکل (بَہ۔شکل) (ف۔ع۔ تابع فعل) صورت سے۔ اَنداز سے۔
بشمُول (بَہ۔شُ۔مُول) (ف۔ع۔ تابع فعل) شامل کر کے۔ ساتھ سے۔
بصد (بَہ۔صَد) (ف۔ تابع فعل) کثرت کے اظہار کے لئے۔
بصراحت (ف۔ع۔ تابع فعل) وضاحت سے۔ کھلم کھلا۔ صاف طور پر۔
بصُورت (ف۔ع۔ تابع فعل) صورت میں۔ حال میں۔ وجہ سے۔
بصُورتِ دیگر (ف۔ع۔ تابع فعل) اگر کوئی دُوسری صورت پیش آئی۔ اس کے خلاف اگر کوئی اور حالت ظہور پزیر ہوئی۔
بصیغہ (بَہ۔صی۔غہ) (ف۔ع۔ تابع فعل) مد میں۔ ضمن میں۔ سلسلے میں۔
بصیغہ دیوانی (ف۔ع۔ تابع فعل) دیوانی میں۔
بضد (بَہ۔ضِد) (ف۔ع۔ تابع فعل) ہٹ پر۔ ضِد پر۔ مُصِر۔ اَڑا ہوا۔
بضد ہونا (اُر۔ محاورہ) ہٹ کرنا۔ اِصرار کرنا۔ ضِد کرنا۔
بطرز (بَہ۔طرز) (ف۔ع۔ تابع فعل) اَنداز سے۔ طریقے سے۔
بطرف (بَہ۔طَ۔رَف) (ف۔ع۔ تابع فعل) جہت میں۔ سمت میں۔
بطریق (بَہ۔طَ۔ریق) (ف۔ع۔ تابع فعل) طریقے سے۔ اَنداز سے۔
بطور (بَہ۔طور) (ف۔ع۔ تابع فعل) طرز سے۔ طریقے سے۔
بطورِ خود (بَہ۔طو۔رِ۔خُد) (ف۔ع۔ تابع فعل) اپنی طرف سے۔ اپنے طریقے سے۔ آپ ہی آپ۔
بطوعِ خاطر (بَہ۔طو۔عِ۔خا۔طِر) (ف۔ع۔ تابع فعل) رضامندی سے۔ دل کی خوشی سے۔
بطیبِ خاطر (بَہ۔طی۔بِ۔خا۔طِر) (ف۔ع۔ تابع فعل) خوشی خوشی۔ رضا و رغبت سے۔ دل کی رضامندی سے۔
بظاہر (بَہ۔ظا۔ہِر) (ف۔ع۔ متعلق فعل) ظاہر میں۔ دیکھنے میں۔
بعوض (بَہ۔عَ۔وَض) (ف۔ع۔ تابع فعل) بجائے۔ بدلے میں۔
بعونِ خدا (بَہ۔عو۔نِ۔خُ۔دا) (ف۔ع۔ تابع فعل) اللہ تعالیٰ کی مدد سے۔
بغیر (ف۔ع۔ تابع فعل) بدون۔ بجُز۔ بِدُول۔
بقدرِ ضرورت (ف۔ع۔ تابع فعل) ضرورت اور حاجت کے مطابق۔ جتنا کام نکالنے کے لئے ضروری ہو۔
بقول (ف۔ع۔ تابع فعل) کہنے کے مطابق۔ قول کے مطابق۔
بقول شخصے (ف۔ع۔ تابع فعل) کسی کے کہنے کے مطابق۔
بقیدِ حیات (ف۔ع۔ متعلق فعل) زندگی کی قید میں۔ [illegible]
بکار (بَہ۔کار) (ف۔ تابع فعل) کام سے۔ کام کا۔
بلطائفُ الحِیل (بَہ۔لَ۔طا۔اِ۔فُل۔حِ۔یَل) (ف۔ع۔ تابع فعل) حیلے بہانے سے۔ کسی اچھی تدبیر سے (غلطُ العام ہے)۔
بمدارج (بَہ۔مَ۔دا۔رِج) (ف۔ع۔ تابع فعل) درجہ بدرجہ۔
بمراتب (بَہ۔مَ۔را۔تِب) (ف۔ع۔ تابع فعل) مرتبوں کے لحاظ سے۔
بمشکل (بَہ۔مُش۔کِل) (ف۔ع۔ تابع فعل) مشکل سے۔ دشواری کے ساتھ۔
بمرگش بگیر تا بہ تپ راضی شود (ف۔ مقولہ) [illegible] تپ پر راضی ہو جائے۔ زیادہ تکلیف کے مقابلے میں [illegible] کرنے پر تیار ہو جائے۔
بمنزلہ (بَہ۔مَن۔زِ۔لہ) (ف۔ع۔ تابع فعل) [illegible]
بمُوجب (بَہ۔مُو۔جِب) (ف۔ع۔ تابع فعل) [illegible]
بنا راضی (ف۔ع۔ تابع فعل) [illegible]
بنام (ف۔ تابع فعل) نام پر (۲) (صفاتی [illegible]) (مُدّعا علیہ کے نام سے پہلے لکھا جاتا ہے)۔
بنامِ ایزد (ف۔ تابع فعل) (۱) نامِ ایزد [illegible] خُدا کے نام سے۔ بسم اللہ (۲) چشم بد دُور۔ ماشاءاللہ۔
بنفسِ نفیس (بَہ۔نَف۔سے۔نَ۔فیس) (ف۔ع۔ تابع فعل) خود۔ آپ۔
بوجہِ احسن (بَہ۔وَج۔ہِ۔اَح۔سَن) (ف۔ع۔ تابع فعل) اچھے طریقے سے۔ خوش اسلوبی سے۔
بہر (ف۔ تابع فعل) کسی۔ کوئی (تنہا استعمال نہیں ہوتا)۔
بہر تقدیر (ف۔ع۔ تابع فعل) ہر طرح سے۔ ہر حال میں۔
بہر حال (بہر صورت۔ بہر طور۔ بہر کیف) (ف۔ع۔ تابع فعل) ہر حال میں۔ ہر صورت میں۔ ہر طرح پر۔ ہر طریقے سے۔
بہر زمیں کہ رسیدیم آسماں پیداست (بہر کجا کہ رسیدیم آسماں پیداست) (ف۔ مقولہ) جہاں بھی جائیں مُصیبت کا سامنا ہو جاتا ہے۔
بہر عنوان (ف۔ع۔ تابع فعل) ہر طریقے سے۔ ہر طرح سے۔
بہزار (بَہ۔ہَ۔زار) (ف۔ تابع فعل) بہت کثرت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
بہزار دقت (دِق۔قت) (ف۔ع۔ تابع فعل) بڑی مشکل سے۔ بڑی مُصیبت سے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بہم (بَ ـ ہَم) (ف ـ تابع فعل) آپس میں۔ ایک دُوسرے کے ساتھ ساتھ۔
بہم پہنچنا (اُر ـ محاورہ) میسر آنا۔ مہیا ہونا۔ حاصل ہونا۔
بہم کرنا (اُر ـ محاورہ) حاصل کرنا۔ مہیا کرنا۔
بہیئت مجموعی (بَہ ـ ہے ـ اَ ـ تِ ـ مَج ـ مُو ـ عی) (ف ـ تابع فعل) مجموعی شکل سے۔ مکمل طور سے۔
بیک بینی و دوگوش (بَہ ـ یک) (ف ـ تابع فعل) ایک ناک اور دو کانوں سے۔ تن تنہا۔ بغیر کسی ساز و سامان کے۔ بالکل نادار۔ خالی ہاتھ۔
بیک کرشمہ دوکار (بیک گز دو فاختہ) (ف ـ مثل) دوہرا فائدہ۔ ایک تدبیر میں دو کام۔
بہ (بالکسر) (ع ـ حرفِ جر) (۱) مع۔ ساتھ (۲) سے (۳) میں۔ در (۴) قریب (۵) پر (۶) مطابق۔
بِاسْمِہٖ (بِ ـ اِس ـ مِ ـ ہی) (ع ـ آغازِ کلمہ) اُس کے نام سے یعنی اللہ کے نام سے۔ بنامِ خُدا۔
بالآخر (بل ـ آ ـ خِر) (ع ـ تابع فعل) آخرکار۔ آخر میں۔
بالاتفاق (بل ـ اِت ـ تِ ـ فاق) (ع ـ تابع فعل) اِتفاق کے ساتھ۔ متحد ہو کر۔ متفقہ طور پر۔
بالاجماع (بل ـ اِج ـ ماع) (ع ـ تابع فعل) سب کے اِتفاق سے۔ ساری جماعت کی رضا مندی سے۔
بالاجمال (بل ـ اِج ـ مال) (ع ـ تابع فعل) مختصر طور پر۔ اِختصار کے ساتھ۔
بالارادہ (بل ـ اِ ـ را ـ دَہ) (ع ـ تابع فعل) اِرادے سے۔ اِرادۃً۔ قصداً۔
بالاستقلال (بل ـ اِس ـ تِق ـ لال) (ع ـ تابع فعل) مضبوطی سے۔ محکم طور پر۔ اِستقلال سے۔
بالاشتراک (بل ـ اِش ـ تِ ـ راک) (ع ـ تابع فعل) شرکت میں۔ ساجھے میں۔
بالاعلان (بل ـ اِع ـ لان) (ع ـ تابع فعل) اِعلان کے ساتھ۔ علانیہ۔ کھلم کھلا۔
بالالتزام (بل ـ اِل ـ تِ ـ زام) (ع ـ تابع فعل) اِلتزام کے ساتھ۔ ضروری جان کر۔ لازم قرار دے کر۔
بالانفراد (بل ـ اِن ـ فِ ـ راد) (ع ـ تابع فعل) جُدا جُدا۔ الگ الگ۔
بالتحقیق (بت ـ تَح ـ قیق) (ع ـ تابع فعل) بلاشک و شبہ۔ یقینی طور پر۔
بالتخصیص (بت ـ تَخ ـ صیص) (ع ـ تابع فعل) خاص کر۔ خصوصیت سے۔
بالتصریح (بت ـ تَص ـ ریح) (ع ـ تابع فعل) صراحت سے۔ صاف صاف اچھی طرح ظاہر کر کے۔ صراحۃً۔ وضاحۃً۔
بالتفصیل (بت ـ تَف ـ صیل) (ع ـ تابع فعل) تفصیل سے۔ واضح طور پر۔ کھول کر۔
بالجبر (بل ـ جَبر) (ع ـ تابع فعل) زبردستی۔ جبری طور پر۔ جبراً۔
بالجملہ (بل ـ جُم ـ لَہ) (ع ـ تابع فعل) ساری بات کا حاصل یہ ہے۔ حاصلِ کلام۔
بالخاصہ (بل ـ خا ـ صَہ) مزاج کی حالت سے۔ اپنے اثر سے۔
بالخصوص (بل ـ خُ ـ صُوص) (ع ـ تابع فعل) خاص کر۔ خاص طور سے۔
بالخیر (بل ـ خَیر) (ع ـ تابع فعل) خیر سے۔ اچھی طرح۔ اچھے طریقے سے۔

بالذات (بذ ـ ذات) (ع ـ تابع فعل) اپنی ذات سے۔ اپنی حقیقت سے۔ بلاواسطہ۔ بلا شرکتِ غیرے۔
بالرّاس والعین (بر ـ را ـ س ـ وَل ـ عین) (ع ـ تابع فعل) سر آنکھوں پر۔ بسروچشم۔ پوری خوشی اور رضا مندی سے۔
بالضرور (بض ـ ضَ ـ رُور) (ع ـ تابع فعل) یقینی طور پر۔ ضروری۔ یقیناً۔
بالطبع (بط ـ طَ ـ بع) (ع ـ تابع فعل) ذاتی طور پر۔ فطری طور پر۔
بالعشی والابکار (بل ـ عَ ـ شی ـ وَل ـ اِب ـ کار) (ع ـ تابع فعل) صبح و شام۔
بالعکس (بل ـ عَکس) (ع ـ تابع فعل) برعکس۔ بخلاف۔
بالعموم (بل ـ عُ ـ مُوم) (ع ـ تابع فعل) عام طور پر۔ عموماً۔
بالغدوّ والآصال (بل ـ غُدو ـ وِ ـ وَل ـ آصال) (ع ـ تابع فعل) صبح و شام۔
بالفرض (بل ـ فَرض) (ع ـ تابع فعل) فرض کرتے ہوئے۔ مانتے ہوئے۔ تسلیم کر کے۔ قبول کر کے۔
بالفعل (بل ـ فِعل) (ع ـ تابع فعل) اس وقت۔ سردست۔ اب۔ فی الحال۔
بالقابہٖ (بِ ـ اَل ـ قا ـ بِ ـ ہی) (ع ـ تابع فعل) اپنے تمام القاب و اعزازات کے ساتھ۔ جس کے القاب بہت سے ہوں تو اِختصار کے لئے یہ کلمہ بولتے اور لکھتے ہیں۔
بالقصد (بل ـ قَصد) (ع ـ تابع فعل) اِرادے سے۔ قصداً۔ جان بوجھ کر۔
بالقوّہ (بل ـ قُو ـ وَہ) (ع ـ تابع فعل) (۱) قوت اور طاقت سے۔ اَز رُوئے قوت (۲) (منطق کی اِصطلاح) اُس قوت سے جو ابھی وجود میں نہیں آئی لیکن آسکتی ہے۔
بالکل (بل ـ کُل) (ع ـ تابع فعل) سارا۔ سب۔ تمام۔ پوری طرح سے۔ ہوبہو۔
بالکنایہ (بل ـ کِ ـ نا ـ یَہ) (ع ـ تابع فعل) اِشارے سے۔ پوشیدہ طور پر۔ رمز کے طور پر۔
باللہ (بل ـ لاہ) (ع ـ تابع فعل) اللہ کی قسم۔
باللہ العظیم (بل ـ لا ـ ہِل ـ عَ ـ ظیم) (ع ـ تابع فعل) خُدائے بزرگ و برتر کی قسم۔
بالمرّہ (بل ـ مَر ـ رَہ) (ع ـ متعلق فعل) ہمیشہ۔ بالکل۔ ایک ہی دفعہ۔
بالمشافہ (بل ـ مُشا ـ فَہ) (ع ـ تابع فعل) رُوبرو۔ آمنے سامنے۔
بالمضاعف (بل ـ مُ ـ ضا ـ عَف) (ع ـ تابع فعل) (۱) دُگنا۔ دوچند (۲) کئی گُنا۔
بالمقابل (بل ـ مُ ـ قا ـ بِل) (ع ـ تابع فعل) آمنے سامنے۔ روبرو۔ موجودگی میں۔
بالمقطع (بل ـ مُق ـ طَع) (ع ـ تابع فعل) بغیر بھاؤ تاؤ کے۔ چکا کر۔ فیصل کر کے۔ چکتا۔ اکٹھا۔ کُل قیمت۔
بالمواجہہ (بل ـ مُوا ـ جَہ) (ع ـ تابع فعل) آمنے سامنے۔ بالمشافہ۔
بالواسطہ (بل ـ وا ـ سِ ـ طَہ) (ع ـ تابع فعل) وسیلے سے۔ ذریعے سے۔ کسی وساطت سے۔ اِنڈائریکٹ۔
بالواسطہ انتخاب۔ دیکھئے اِنتخاب بالواسطہ۔
بالیقین (بل ـ یَ ـ قین) (ع ـ تابع فعل) یقینی طور پر۔ یقیناً۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بتمامہٖ (ب۔ تما۔ مِ۔ ہی)(ع۔ تابع فعل) بالکل۔ سب۔ تمام۔
بجنسہٖ (ب۔ جنس۔ ہی)(ع۔ تابع فعل) جوں کا توں۔ کل۔ ٹھیک ٹھیک۔ ہو بہو (۲) دراصل۔ ویسا ہی۔ اسی حالت سے۔
بحمد اللہ (بحمدہٖ) (ب۔ حم۔ دِل۔ لاہ) (ب۔ حم۔ دِ۔ ہی) (ع۔ تابع فعل) اللہ کی تعریف کے ساتھ۔ خُدا کے فضل سے۔
بذاتہٖ (ب۔ ذا۔ تِ۔ ہی) (ع۔ تابع فعل) اپنی ذات سے۔ بہ نفسِ نفیس۔ آپ۔ خود۔
بعونِ اللہ (بعونہٖ) (ب۔ عو۔ نِ۔ ہی)(ع۔ تابع فعل) اللہ کی مدد سے۔
بعینہٖ (ب۔ عَے۔ نِ۔ ہی) (ع۔ تابع فعل) ہو بہو۔ ویسا ہی۔ جوں کا توں۔ بالکل وہی۔
بفضلہٖ (بفضلہٖ تعالیٰ) (ب۔ فض۔ لِ۔ ہی۔ تَ۔ عا۔ لا) (ع۔ تابع فعل) خُدائے بزرگ و برتر کے فضل و کرم سے۔

ب۔ ا

با (ف۔ حرفِ ربط) (۱) ہمراہ۔ ساتھ۔ مع (۲) باوجود (۳) صاحب۔ والا (۴) مطابق۔ موافق۔
باآبرُو (با۔ آب۔ رُو) (ف۔ صف) عزّت والا۔ آبرو والا۔ جس کی لوگ عزت کریں۔
باآنکہ (با۔ آں۔ کہ)(ف۔ تابع فعل) باوجود اس کے۔ اِس کے ہوتے ہوئے۔
بااثر (ف۔ صف)(۱) اثر والا۔ تاثیر رکھنے والا (۲) صاحب رسوخ۔
بااِختیار (ف۔ صف) صاحبِ اِقتدار۔ اِختیار رکھنے والا۔ مختار۔
بااِخلاص (ف۔ ع۔ صف) مُخلص۔ سچّا دوست۔ خلوص والا۔
باادب (ف۔ ع۔ تابع فعل) (۱) اَدب سے (۲) (ف۔ ع۔ صف) مؤدّب۔ اَدب کرنے والا۔
بااَدب بانصیب' بے ادب بے نصیب (ف۔ مثل) اَدب کرنے والا خوش نصیب اور گستاخ بد بخت ہوتا ہے۔
باایمان (ف۔ صف)(۱) ایمان والا۔ ایماندار۔ دیندار (۲) سچّا۔ دیانت دار۔
بااِیں۔ دیکھئے بایں۔
بااِیں ہمہ۔ دیکھئے بایں ہمہ۔
باتدبیر (ف۔ ع۔ صف)(۱) سوچ بچار والا۔ مُدبّر۔ منتظم (۲) ہوشیار۔ دانا۔
باتمیز (ف۔ ع۔ صف) تمیزدار۔ شائستہ۔ مُہذّب۔ مؤدّب۔ خوش سلیقہ۔
باحیا (ف۔ ع۔ صف)(۱) حیادار۔ شرم و لحاظ والا (۲) نیک۔
باخبر (ف۔ ع۔ صف) اطلاع یا خبر رکھنے والا۔ واقف۔ ماہر۔ آگاہ۔ عقل مند۔ ہوشیار۔
باخدا (ف۔ صف) خُدا پرست۔ عبادت گزار۔ نیک۔
بادلِ ناخواستہ (خاستہ)(ف۔ تابع فعل) مجبوری سے۔ نہ چاہتے ہوئے بھی۔
باذوق (ف۔ ع۔ صف) صاحب ذوق۔ اچھا ذوق رکھنے والا۔
باشرع (ف۔ ع۔ صف) پابندِ شرع۔ دیندار۔ نیک۔
باشعور (ف۔ ع۔ صف) شعور رکھنے والا۔ عقل مند۔ سلیقہ مند۔ ہوشیار۔

باشوق (ف۔ ع۔ تابع فعل) خوشی کے ساتھ۔ رضا و رغبت سے۔
باضابطہ (ف۔ ع۔ تابع فعل) دستور کے مطابق۔ قاعدے کے ساتھ۔ حسبِ قانون۔
باطہارت (ف۔ ع۔ صف)(۱) پاکی کے ساتھ (۲) وضو کیے ہوئے (۳) غسل کئے ہوئے۔
باعمل (ف۔ ع۔ صف) عمل کرنے والا۔
بافراغت (ف۔ ع۔ تابع فعل) اطمینان سے۔ اچھی طرح۔ تسلی سے۔
باقاعدہ (ف۔ ع۔ تابع فعل) قرینے سے۔ قاعدے اور قانون کے مطابق۔
باقرینہ (ف۔ ع۔ تابع فعل) قاعدے سے۔ قرینے اور ترتیب سے۔ سلیقے کے ساتھ۔
باکمال (ف۔ ع۔ صف) کمال رکھنے والا۔ کامل۔ ماہر۔
بامُراد (ف۔ ع۔ صف) مُراد پانے والا۔ مطلب اور مقصد پانے والا۔ کامیاب۔
بامُروّت (ف۔ ع۔ صف)(۱) ملنسار۔ خوش اخلاق۔ لحاظ کرنے والا (۲) سخی۔ فیّاض۔
بامزہ (ف۔ صف)(۱) مزے دار۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ (۲) دلچسپ۔
بامسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام (ف۔ مثل) ہر ایک سے دوستی۔ کسی سے دُشمنی نہیں۔ صلح کل۔ مرنجاں مرنج۔
بانوا (ف۔ صف)(۱) آواز والا (۲) دولت مند (۳) فقیروں کا ایک گروہ۔
باوجود (ف۔ ع۔ تابع فعل) باوصف۔ اگرچہ۔ کسی چیز کے ہوتے ہوئے۔
باوجودے کہ (ف۔ ع۔ تابع فعل) اس چیز کے ہوتے ہوئے۔ حالانکہ۔
باوضع (ف۔ ع۔ صف)(۱) خوش اخلاق۔ شائستہ (۲) وضع کا پابند (۳) خوش سلیقہ۔ چھبیلا۔
باوُضو (ف۔ ع۔ صف) وُضو کے ساتھ۔ وضو کئے ہوئے۔ پاک۔
باوفا (ف۔ ع۔ صف)(۱) وفادار۔ ساتھ دینے والا (۲) بات کا پورا۔ قول و قرار کا سچّا (۳) خیر خواہ۔ ہمدرد۔ نمک حلال۔
باوقار (ف۔ ع۔ صف) عزّت والا۔ معزّز۔ محترم۔ بلند مرتبہ۔
باہم (ف۔ تابع فعل) آپس میں۔ ایک دُوسرے کے ساتھ۔
باہم دگر (ف۔ تابع فعل) ایک دُوسرے کے ساتھ۔ آپس میں۔
باہمہ و بے ہمہ (ف۔ صف) سب سے ملا ہوا اور سب سے الگ۔ مرنجاں مرنج۔ آزاد۔ شریف (۲) اللہ تعالیٰ کی صفت۔ نیز دیکھئے بے ہمہ و باہمہ۔
باہمی (با۔ ہَ۔ می)(ف۔ صف) ساتھ کا۔ آپس کا۔
باہمیں مرداں بباید ساخت (ف۔ مقولہ) انہی لوگوں کے ساتھ نباہ کرنا چاہیے خواہ اچھے ہوں یا بُرے۔
باب (ع۔ ا۔ مذ)(۱) دروازہ (۲) مقدمہ۔ معاملہ (۳) کتاب کا حصّہ۔ فصل (۴) قسم۔ نوع (۵) بابت۔ متعلق (۶) مطلب۔ مقصد۔ غرض (۷) تذکرہ۔ مضمون۔ بحث (۸) دربار۔ بارگاہ (۹) لائق۔ جمع: ابواب۔
بابِ اجابت (ع۔ ا۔ مذ) دُعا قبول ہونے کا دروازہ۔
بابِ توبہ بند ہونا (ا۔ محاورہ) مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق قیامت کے نزدیک کسی کی توبہ قبول نہ ہوگی اور توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باب عالی (ع-ا-مذ) (۱) اُونچی بارگاہ (۲) عثمانی عہد میں حکومت کے دارالوزرا کا نام۔

باب وا ہونا (اَر-محاورہ) دروازہ کھلنا۔

بابا (ف-ا-مذ) (۱) باپ-والد-پتا (۲) درویش-فقیر-بزرگ (۳) خطاب کا عام لفظ جسے فقیر استعمال کرتے ہیں (۴) محبت سے بچوں کو بھی اس لفظ سے مخاطب کرتے ہیں۔

بابا آدم (اَر-ا-مذ) حضرت آدمؑ-انسان کا مورثِ اعلیٰ۔

بابا آدم کے پوتے ہیں (اَر-مقولہ) انسان ہیں-حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں۔

بابا (باوا) آدم نرالا ہے (اَر-محاورہ) نئی وضع ہے-عام لوگوں کا انداز نہیں۔

باباجان (اَر-ا-مذ) پیار سے چھوٹے اپنے بڑوں کو کہتے ہیں۔

بابالوگ (اَر-ا-مذ) انگریزوں کے ہندوستانی ملازم اُن کے بچوں کو کہتے تھے۔

بابت (با-بَت) (ع-ا-مث) (۱) بارے میں (۲) مد-صیغہ (۳) لئے-واسطے (۴) معاملہ (۵) سبب-نسبت-متعلق (۶) بدلہ-عوض-اُجرت-مزدوری۔

بابر (ہ-ا-مث) ایک قسم کی گھاس جس سے بان بناتے ہیں۔

بابر (با-بَر) (ت-ا-مذ) شیر ببر۔

بابرنگ (باؤبرنگ) (باب-رَنگ) (با-او-ب-رَنگ) (ہ-ا-مث) ایک دوا کا نام-برنج کابلی۔

بابل (با-بُل) (ہ-ا-مذ) (۱) باپ-پتا-پدر-والد (۲) وہ گیت جو لڑکی کی رخصتی کے وقت گاتے ہیں۔

بابن (Bobbin) (انگ-ا-مث) (۱) ڈوری-باریک فیتا جو سپاہیوں کے کوٹوں میں لگایا جاتا ہے (۲) ریل-چرخا-سلائی مشین کا وہ پرزہ جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں۔

بابینیٹ (Bobbinnet) (انگ-ا-مث) ایک نہایت باریک جالی دار کپڑا۔

بابو (ہ-ا-مذ) (۱) بالک-بچہ (۲) انگریزی پڑھا لکھا-جنٹلمین-فیشن پرست (۳) کلرک-منشی۔

بابونہ (با-بُو-نہ) (ف-ا-مذ) ایک بوٹی جس کے پھولوں کا روغن جوڑوں کے درد میں استعمال کیا جاتا ہے۔

بابی (ع-ا-مذ) (۱) ایک مذہبی فرقہ جس کے بانی ایران کے سید علی محمد باب تھے (۲) (صف) بابی فرقے کا پیرو (۳) بابی فرقے سے متعلق۔

باپ (ہ-ا-مذ) (۱) پتا-پدر-والد-ابّا (۲) بُزرگ-جمع: باپ-باپوں۔

باپ بنانا (اَر-محاورہ) (۱) باپ کے برابر سمجھنا-بزرگ ماننا (۲) خوشامد کرنا۔

باپ بنیا پوت نواب (ہ-مثل) باپ کوڑی کوڑی جوڑتا ہے' بیٹا فضول خرچی کرتا ہے۔

باپ مداری' پوت بھنڈاری (ہ-مثل) باپ بھیک مانگ کر جمع کرتا ہے اور بیٹا خزانے لٹاتا ہے (۲) باپ کی حیثیت نہ دیکھ کر بیٹا فضول خرچی کرتا ہے۔

باپ بھلا نہ بھیا سب سے بھلا روپیا (اَر-مثل) انسان کے روپیہ ہی کام آتا ہے-روپے سے سب کام نکل سکتے ہیں۔

باپ پر پوت پتا پر گھوڑا' بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا (ہ-مثل) ہر شخص پر کچھ نہ کچھ خاندانی اثر ضرور ہوتا ہے۔

باپ تک جانا (باپ تک پہنچنا) (اَر-محاورہ) کسی کے باپ کو بُرا بھلا کہنا-بڑوں کو گالی دینا۔

باپ دادا (اَر-ا-مذ) (۱) اُوپر کی پُشت کے لوگ (۲) بڑے بوڑھے۔

باپ دادا سے (اَر-تابع فعل) پُشتوں سے-پیڑھیوں سے۔

باپ دادا کا نام برباد کرنا (اَر-محاورہ) خاندانی عزت کو بٹا لگانا۔

باپ دادا کی ہڈیاں (اَر-ا-مث) خاندانی عزت۔

باپ رے باپ (اَر-کلمہ تعجب) ڈر-خوف یا تعجب کے اظہار کے لئے بولتے ہیں۔

باپ سے بَیر پُوت سے سگائی (ہ-مثل) بڑوں سے دشمنی اور اولاد سے دوستی۔

باپ کا (اَر-صف) (۱) باپ کی ملکیت (۲) موروثی-باپ کی طرف سے ملا ہوا حصہ۔

باپ کا سمجھنا (اَر-محاورہ) اپنی ملکیت سمجھنا-اپنا مال سمجھنا۔

باپ کرے باپ پائے' بیٹا کرے بیٹا پائے (اَر-مثل) ہر شخص اپنے عمل کی جزا پاتا ہے-جو کرے سو بھرے۔

باپ مارے کا بَیر (اَر-ا-مذ) قدیم دشمنی-پُرانی عداوت۔

باپ مرے گا تو بیل بٹیں گے (اَر-مثل) اُس وقت کہا جاتا ہے جب اولاد باپ کے مرنے کا انتظار کر رہی ہو۔ نیز دیکھئے دادا مریں گے تب بیل بٹیں گے۔

باپ مرے تو راج کریں (اَر-مثل) باپ کے مرنے کے بعد اولاد گل چھرّے اُڑانے لگے تو یہ ضرب المثل بولتے ہیں۔

باپ نہ دادا سو پُشت کا حرام زادہ (اَر-مثل) حسب نسب کا پتا نہیں۔ قدری کمینہ ہے-پُرانا پاجی ہے۔

باپ نہ ماری پدڑی' بیٹا تیر انداز (اَر-مثل) باپ تو بُزدل اور نامرد تھا' بیٹا بہادر بنتا ہے (۲) بُزدل باپ کی اولاد کے ڈینگ مارنے پر کہتے ہیں۔

باپو (ہ-ا-مذ) (۱) باپ-پتا-والد (۲) باپ کے برابر کا کوئی آدمی-بُزرگ (۳) بڑی عُمر کا شخص۔

بات (ہ-ا-مث) (۱) آواز-صدا (۲) لفظ-فقرہ-کلمہ-کلام جو انسان کے منہ سے نکلے (۳) کہاوت-ضرب المثل (۴) حال احوال-ماجرا-سرگزشت (۵) قصہ-کہانی-ذکر (۶) چرچا-افواہ (۷) پیام-سندیسا (۸) شادی کا پیغام-سگائی (۹) مضمون عبارت (۱۰) گِلہ-شکوہ (۱۱) الزام (۱۲) ڈھکوسلا (۱۳) حیلہ-بہانہ (۱۴) ضد-ہٹ (۱۵) وجہ-سبب (۱۶) قول-عہد و پیمان (۱۷) ساکھ-اعتبار (۱۸) عزت-احترام (۱۹) پند-نصیحت (۲۰) نکتہ-حکمت (۲۱) دانائی-عقلمندی (۲۲) چٹکلا-لطیفہ (۲۳) کیفیت-لطف (۲۴) وصف-خوبی (۲۵) ہُنر-کمال (۲۶) سوال (۲۷) عندیہ-منشا (۲۸) مفہوم-مافی الضمیر (۲۹) مقصد-مدعا (۳۰) خواہش-ضرورت (۳۱) تدبیر-علاج (۳۲) تجویز-صلاح (۳۳) باب-مقدمہ-معاملہ (۳۴) کام کاج-کاروبار (۳۵) راز-بھید (۳۶) ڈھنگ-طور طریق (۳۷) عادت-سبھاؤ (۳۸) موقع-محل (۳۹) نہایت آسان کام (۴۰) بہت مشکل امر (۴۱) چیز (۴۲) حوصلہ (۴۳) ریت-رسم (۴۴) رائے-سمجھ (۴۵) خیال-دھیان (۴۶) قضیہ-جھگڑا-فساد (۴۷) طنز-طعنہ (۴۸) غیبت-بُرائی (۴۹) قصور-تقصیر (۵۰) تمنّا-آرزو (۵۱)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِختلاط (۵۲) اِخلاص (۵۳) شغل۔ تعلق (۵۴) رمز۔ اِشارہ (۵۵) مول۔ قیمت (۵۶) دلیل۔ وجہ۔ ثبوت (۵۷) مقولہ (۵۸) دعویٰ (۵۹) لہر۔ موج ترنگ (۶۰) آن۔ انداز (۶۱) پھل۔ نتیجہ۔ ثمرہ (۶۲) لہو ولعب۔ گپ شپ۔

جمع: باتوں۔ باتیں۔

بات آپڑنا (اَر۔ محاورہ) اُلجھاؤ پڑ جانا۔ بیچ پڑ جانا۔ اِتفاق پیش آنا۔

بات آزمانا (اَر۔ محاورہ) تجربہ کرنا۔

بات آگے آنا (اَر۔ محاورہ) کہا پُورا ہونا۔

بات آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِلزام آنا۔ بُرائی آنا (۲) شادی کا پیغام آنا (۳) بول چال کر سکنا۔

بات آنچل (پلّو) میں باندھنا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کو یاد رکھنا۔

بات آئینہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بات کا کھل کر سامنے آنا۔

بات آئی گئی ہونا (اَر۔ محاورہ) رفت گزشت ہو جانا۔ بات بُھول جانا۔

بات آئے پر چُوکنا (اَر۔ محاورہ) ذہن میں آئی ہوئی موقع کی بات نہ کہنا۔

بات اِتنی ہے (اَر۔ محاورہ) حقیقت یہ ہے۔ اَصلیت یہ ہے۔

بات اُٹھا رکھنا (اَر۔ محاورہ) کسی معاملے کو ملتوی کر دینا۔

بات اُٹھا نہ رکھنا (اَر۔ محاورہ) کوئی کسر نہ چھوڑنا۔ کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرنا۔

بات اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بات گوارا کرنا۔ تلخ بات برداشت کرنا (۲) آرزو پوری کرنا (۳) حکم بجا لانا (۴) اِعتراض کرنا۔

بات اُڑانا (اَر۔ محاورہ) (۱) افواہ پھیلانا (۲) مطلب کو ٹال دینا (۳) نقل اُتارنا۔

بات اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) بات کو ٹال دینا۔ معاملے کا بُھول میں پڑ جانا۔

بات اِس کان سے سُننا اُس کان سے اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے اِس کان سُن کے اُس کان اُڑا دینا۔

بات اُلٹنا (اَر۔ محاورہ) کہہ کر مُکر جانا۔ بات بدلنا۔ تردید کرنا۔

بات اور ہے (اَر۔ محاورہ) جو سمجھا گیا تھا وہ نہیں۔ کوئی اور بات ہے۔

بات بات پر (اَر۔ تابع فعل) ذرا ذرا سے معاملے میں۔ ہر کام میں۔

بات بات میں (اَر۔ متعلق فعل) (۱) ہر بات میں (۲) ہر بار۔ ہر دفعہ (۳) بالکل۔ سرتاسر۔

بات بات میں چُھری کٹاری (اَر۔ محاورہ) ہر بات پر لڑائی جھگڑے کو تیار۔ ہر معاملے میں کشت وخون پر آمادگی۔ بات بات پر فساد۔

بات بات میں کھنچنا (اَر۔ محاورہ) خواہ مخواہ رُوٹھنا (۲) ہر بات کا بُرا ماننا۔

بات بات میں موتی پرونا (اَر۔ محاورہ) سخن سازی کرنا۔ پیاری پیاری باتیں کرنا۔

بات باندھنا (اَر۔ محاورہ) جُھوٹی بات بنانا۔ کسی کے خلاف جُھوٹا اِلزام لگانا (۲) مُکرنا۔

بات بدلنا (اَر۔ محاورہ) کہہ کر بدل جانا۔ مُکر جانا۔ قول سے پھر جانا۔

بات بدلی ساکھ بدلی (اَر۔ مثل) بات میں فرق آتے ہی اِعتبار میں فرق آ جاتا ہے۔ وعدہ خلافی سے سارا اِعتبار جاتا رہتا ہے۔

بات بڑھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بات کو طول دینا۔ بحث بڑھانا (۲) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا بڑھانا۔ تکرار کرنا (۳) کسی بات کو ترجیح دینا (۴) عزت دینا۔

بات بڑھنا (اَر۔ محاورہ) تکرار ہونا۔ جھگڑا ہونا (۲) عزت ہونا۔

بات بڑی کرنا (اَر۔ محاورہ) بات کو طول دینا (۲) ہاں میں ہاں ملانا۔ بات کاٹنا۔

بات بگاڑنا (اَر۔ محاورہ) کام بگاڑنا (۲) موقع کھونا (۳) عزت میں فرق لانا۔ ساکھ مٹانا۔

بات بگڑنا (اَر۔ محاورہ) کام بگڑنا (۲) ساکھ میں فرق آنا۔ دیوالہ نکلنا۔ برباد ہونا۔ حقیقت بگڑنا۔

بات بنا لینا (اَر۔ محاورہ) کوئی بات دل سے گھڑ لینا۔

بات بنانا (اَر۔ محاورہ) ہیر پھیر کر کے اپنے مطلب کے مطابق بات کہنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) سخن سازی کرنا (۴) بھرم قائم رکھنا (۵) سُدھارنا۔ درست کرنا۔ نیز دیکھئے باتیں بنانا۔

بات بن پڑنا (اَر۔ محاورہ) ساکھ قائم ہونا۔ تدبیر بن پڑنا۔

بات بن جانا (اَر۔ محاورہ) معاملہ دُرست ہو جانا۔

بات بننا (اَر۔ محاورہ) (۱) کامیاب ہونا (۲) عزت پانا۔ بُزرگی ملنا۔ سرداری ملنا۔ آبرو پیدا ہونا (۳) موقع ملنا۔

بات پانا (پا لینا) (اَر۔ محاورہ) (۱) مطلب سمجھ جانا (۲) تاڑ لینا۔ بات کی اصلیت کا معلوم ہو جانا۔

بات پتھر کی لکیر ہونا (اَر۔ محاورہ) بات کو نہ بدلنا۔ قول و قرار پر قائم رہنا۔

بات پچنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بات کا پوشیدہ رکھا جانا (۲) بات کا ضبط کرنا۔ بات ہضم ہونا۔

بات پر (اَر۔ تابع فعل) (۱) بولنے پر۔ محض گفتگو پر (۲) عزت پر۔ نام پر (۳) ضد پر۔ خطا پر۔ حرکت پر۔

بات پر (آنا) آ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) قول پر قائم رہنا۔ ضد کرنا۔ اپنی بات پر اَڑنا۔ بیچ کرنا (۲) آبرو کا پاس کرنا (۳) ارادہ کرنا۔ ہمت کرنا۔

بات پر بات چلنا (اَر۔ محاورہ) ایک بات کے سلسلے میں اسی قسم کا دُوسرا ذکر چل نکلنا۔ ایک واقعے کے بیان میں اُسی قسم کے دُوسرے واقعے کا بیان ہونا۔

بات پر بات یاد آنا (اَر۔ محاورہ) باتیں کرتے ہوئے بھولی ہوئی بات یاد آ جانا۔

بات پر ٹھہرنا (اَر۔ محاورہ) اپنے قول پر قائم رہنا۔ کہے پر ثابت قدم رہنا۔

بات پر جانا (اَر۔ محاورہ) کسی کی بات کا خیال کرنا۔ کسی کے کہے پر اِعتماد کرنا۔

بات پر جان دینا (اَر۔ محاورہ) قول نبھانا۔ ضد پر قائم رہنا۔ اپنا کہا منوانے کے لئے جان قربان کرنا۔

بات پر چلنا (اَر۔ محاورہ) وضع نباہنا۔ لکیر کا فقیر ہونا۔ اپنا طریقہ نہ چھوڑنا۔

بات پر خاک ڈالنا (اَر۔ محاورہ) درگزر کرنا۔ بات کو بُھلا دینا۔

بات پر زبان کٹنا (اَر۔ محاورہ) زبان بندی ہونا۔ بات کرنے کی اجازت نہ ہونا۔

بات پر قائم رہنا (اَر۔ محاورہ) ضد پر اَڑ جانا۔ قول پر اَڑا رہنا (۲) وعدہ پورا کرنا۔

بات پر کان رکھنا (اَر۔ محاورہ) بات کو غور سے سُننا۔

بات پر مٹنا (بات پر مرمٹنا) (اَر۔ محاورہ) نام کے لئے تباہ ہونا (۲) آبرو پر جان دینا۔

بات پکڑنا (اَر۔ محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ نقص نکالنا (۲) کسی شخص کو اُسی کے قول سے قائل کرنا۔

بات پکّی کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی معاملے کو یقینی طور پر طے کرنا۔ منگنی پکی کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بات پلٹنا (اُر۔ محاورہ) کہہ کر مُکر جانا۔ بات بدلنا (۲) کسی سے جو سُنا اُس کو ویسے ہی الفاظ میں جواب دینا۔

بات پلّے باندھنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی بات کا پورا پورا خیال رکھنا۔ نصیحت کو یاد رکھنا۔

بات پُوچھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حال دریافت کرنا (۲) بات دریافت کرنا (۳) خبر لینا (۴) عزّت کرنا۔ خاطر مدارات کرنا۔

بات پُوچھنا' بات کی جڑ پُوچھنا (اُر۔ محاورہ) کرید کرید کر پُوچھنا (۲) بال کی کھال نکالنا۔

بات پُہنچنا (اُر۔ محاورہ) بات معلوم ہونا۔ بات کا کانوں تک پہنچ جانا۔

بات پھوٹنا (اُر۔ محاورہ) بھید کھلنا۔ بات کا پتا لگ جانا۔ اطلاع ملنا۔ راز افشا ہو جانا۔

بات پھیرنا (اُر۔ محاورہ) بات بدلنا۔ کہی ہوئی بات کے خلاف کہنا۔

بات پھیلانا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کو مشہور کرنا۔

بات پھیلنا (اُر۔ محاورہ) بات کا مشہور ہو جانا۔ راز کُھل جانا۔

بات پھینکنا (اُر۔ محاورہ) آوازہ کسنا۔ طعنہ مارنا۔

بات پی جانا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا سُن کر خاموش ہو جانا۔

بات پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خوبی پیدا کرنا (۲) حیلہ بہانہ کرنا (۳) کمال حاصل کرنا (۴) عزّت پیدا کرنا۔

بات پیش نہ جانا (اُر۔ محاورہ) دال نہ گلنا۔ گفتگو یا بحث میں دوسرے کو قائل نہ کر سکنا۔

بات تاڑنا (اُر۔ محاورہ) اندازے سے معاملے کو سمجھ لینا۔ قیاس سے بات کو معلوم کر لینا۔ غور و خوض کر کے بات کا پتا لگا لینا۔

بات تلخ ہونا (اُر۔ محاورہ) بات کا ناگوار ہونا۔ بات کا دل پر گراں گزرنا۔

بات تو یہ ہے (اُر۔ تابع فعل) خُلاصہ یہ ہے۔ مختصر یہ ہے۔ اصل یہ ہے۔ مطلب تو یہ ہے۔

بات تہ کر رکھنا (اُر۔ محاورہ) گفتگو کو ملتوی کر دینا۔

بات تھل کی نہ بیڑے کی (اُر۔ مثل) وعدہ کبھی پورا نہ کیا۔ قول پر کبھی قائم نہیں رہا۔ متلوّن مزاج شخص کے متعلق کہتے ہیں۔

بات تیر لگنا (اُر۔ محاورہ) بات کا بے حد ناگوار معلوم ہونا۔ بات کا سخت بُرا لگنا۔

بات ٹالنا (اُر۔ محاورہ) بات کا جواب نہ دینا۔ دوسرا تذکرہ چھیڑ دینا۔ بات سُن کر چُپ رہنا (۲) تعمیل حکم سے پہلو تہی کرنا۔ سُنی اَن سُنی کرنا۔

بات ٹپکنا (اُر۔ محاورہ) بات ظاہر ہونا۔ کسی بات کا اِشارہ معلوم ہونا۔

بات (ٹلنا) ٹل جانا (اُر۔ محاورہ) معاملہ رفت گزشت ہو جانا۔ رفع دفع ہو جانا۔

بات ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) بات نہ رہنا۔ وعدے کا پورا نہ ہونا۔ معاہدہ منسوخ ہونا۔

بات ٹھاننا (اُر۔ محاورہ) منصوبہ باندھنا۔ کسی کام کا قصد کرنا۔ کسی اِرادے پر جم جانا۔

بات ٹھن جانا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا اِرادہ کر لینا۔ کوئی بات دل میں بیٹھ جانا۔

بات ٹھنڈی پڑنا (اُر۔ محاورہ) معاملے کا دب جانا۔ کسی بات کے متعلق فساد ختم ہونا۔

بات ٹھہرانا (اُر۔ محاورہ) (۱) کوئی تجویز قائم کرنا۔ کسی امر کا طے کر لینا (۲) منگنی کرنا۔

بات ٹھہرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تجویز قرار پانا (۲) نسبت یا منگنی قرار پانا۔

بات جا پڑنا (اُر۔ محاورہ) دورانِ گفتگو کسی اور ذکر کا چھڑ جانا۔

بات جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) اعتبار جاتا رہنا (۲) عزّت میں فرق آنا۔ ساکھ نہ رہنا۔

بات جب ہے (اُر۔ تابع فعل) تعریف تب کی جائے گی۔

بات جمنا (اُر۔ محاورہ) بات ذہن نشین ہونا۔ کسی بات کا اثر پیدا ہونا۔

بات جو چاہے اپنی' پانی مانگ نہ پی (اُر۔ مثل) اگر اپنی عزّت چاہتے ہو تو پانی تک کا احسان نہ اُٹھاؤ۔ کسی کا تھوڑا سا احسان اُٹھانے سے بھی عزّت نہیں رہتی۔

بات جھٹلانا (اُر۔ محاورہ) بات کو غلط سمجھنا۔ بات کی تردید کرنا۔

بات جھنڈے پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) کسی بُری بات کا مشہور کرنا (۲) کسی کی بے عزّتی کر دینا۔

بات جی سے گھڑنا (اُر۔ محاورہ) جھوٹی بات بنانا۔ اپنی طرف سے بات تراش لینا۔

بات جی کو لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بات کا اچھا معلوم ہونا (۲) بات کا ذہن نشین ہونا۔

بات جی میں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بات کا دل پر اثر ہونا (۲) کسی واقعے یا خبر کا قرینِ قیاس معلوم ہونا۔

بات جی میں نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) راز کا ظاہر ہو جانا (۲) پیٹ کا ہلکا ہونا۔

بات چبانا (چبا جانا) (اُر۔ محاورہ) بات ٹال جانا۔ کہتے کہتے رُک جانا۔ کلام کے رُخ کو پلٹ دینا۔

بات چبا چبا کے کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) صاف صاف گفتگو نہ کرنا۔ اصل بات کو چھپانے کی کوشش کرنا (۲) دبا دبا کے بات کہنا (۳) اِترانا۔

بات چٹکیوں میں اُڑانا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کو ہنسی میں ٹالنا۔

بات چلانا (اُر۔ محاورہ) تذکرہ شروع کرنا۔ ذکر چھیڑنا۔

بات چلنا (اُر۔ محاورہ) سلسلۂ گفتگو شروع ہونا۔ تذکرہ ہونا۔

بات چلی جانا (اُر۔ محاورہ) بات کا سلسلہ نہ ٹوٹنا۔ بات کا تسلسل قائم رہنا۔

بات چندرا کے کہنا (اُر۔ محاورہ) اَنجان بن کے بات کہنا۔

بات چھڑنا (اُر۔ محاورہ) گفتگو شروع ہونا۔

بات چھیڑنا (اُر۔ محاورہ) گفتگو کا آغاز کرنا۔ کسی امر کے متعلق بات شروع کرنا۔

بات چیت (اُر۔ اِ۔ مث) بول چال۔ گفتگو۔ گفت و شنید (۲) مول تول (۳) عہد و پیمان۔

بات دبانا (اُر۔ محاورہ) معاملے کو خُفیہ رکھنا۔ ضبط کرنا۔

بات دل پر نقش ہو جانا (دل میں اُتر جانا) (اُر۔ محاورہ) بات کا اثر ہونا۔ بات ذہن نشین ہونا۔

بات دل میں کھب جانا (اُر۔ محاورہ) بات کا دل پر نقش ہو جانا۔

بات دماغ سے نکالنا (اُر۔ محاورہ) نئی بات کہنا (۲) بات کو ذہن سے نکال دینا۔

بات دُور پہنچنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بات کا پھیلنا۔ بات کا مشہور ہو جانا (۲) معاملے کا طول پکڑنا۔

بات دو کوڑی کی ہونا (اُر۔ محاورہ) ساکھ جاتی رہنا۔ بھرم نہ رہنا۔ بے وقعت ہونا۔

بات دُہرانا (اُر۔ محاورہ) ایک بات کو دوبارہ کہنا۔

بات دینی آنا (اُر۔ محاورہ) جواب دہی کا ذمّے دار ہونا (۲) بازپُرس ہونا۔ پوچھ گچھ ہونا (۳) شرط ہار جانا۔

بات ڈالنا (اُر۔ محاورہ) معاملہ پیش کرنا۔ ذکر چھیڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بات ڈبونا (اَر۔ محاورہ) اِعتبار کھونا۔ بات ہلکی کرنا۔ وقار مٹانا۔ کام بگاڑنا۔
بات ڈھال کے کہنا (اَر۔ محاورہ) اِشارے کنائے میں کہنا۔ بات کا سیدھے اور صاف الفاظ میں نہ کہنا۔
بات ڈھالنا (اَر۔ محاورہ) اِلزام لگانا۔ تُہمت لگانا۔
بات ذہن پر چڑھنا (اَر۔ محاورہ) بات کا خیال میں آنا۔ ذہن نشین ہونا۔
بات ذہن میں آنا (اَر۔ محاورہ) بات کا خیال میں آنا۔ بات کا دل پر اثر کرنا۔
بات ذہن میں اُتر جانا (بات ذہن میں بیٹھ جانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) بات کا ذہن نشین ہونا (۲) تدبیر کا دل میں جم جانا۔
بات رفت گزشت ہونا (اَر۔ محاورہ) بات ٹل جانا۔ بات کا بُھول میں پڑنا۔
بات رکھ لینا (اَر۔ محاورہ) کہا مان لینا (۲) عزّت رکھ لینا (۳) وقت پر کام آنا۔ اَڑے وقت کام آنا۔
بات رَو میں نکل جانا (اَر۔ محاورہ) جوش میں آ کر بات کا مُنہ سے نکل جانا۔ بات کا بے اِختیار لب پر آ جانا۔
بات رہ جاتی ہے، وقت نکل جاتا ہے (اَر۔ مثل) ضرورت کی گھڑی نکل جاتی ہے لیکن ضرورت کے وقت کام نہ آنے والا یاد رہ جاتا ہے۔
بات رہ جانا (اَر۔ محاورہ) آبرو رہ جانا۔ عزت رہ جانا (۲) تذکرہ باقی رہ جانا (۳) آرزو پوری ہو جانا (۴) شکوہ رہ جانا۔
بات زبان پر آنا (اَر۔ محاورہ) کسی امر کا تذکرہ ہونا۔
بات زبان پر لانا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کو بیان کرنا۔ بات کہنا۔
بات زبان سے نکلنا (اَر۔ محاورہ) بات ظاہر ہونا۔ بات کہی جانا۔
بات زہر سے بھری ہونا (اَر۔ محاورہ) بات میں شرارت بھری ہونا۔ بات میں فساد کا مادّہ ہونا۔
بات زہر لگنا (بات زہر ہونا) (اَر۔ محاورہ) گفتگو کا بے حد ناپسند ہونا۔ بات کا دل کو بہت بُرا لگنا۔
بات سُبک ہونا (اَر۔ محاورہ) بات ہلکی ہونا۔ ساکھ خراب ہونا۔
بات سمجھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی امر سے واقف کرانا۔ خبردار کرنا (۲) نکتہ بتانا۔ مضمون بتانا۔
بات سرسبز ہونا (اَر۔ محاورہ) بات کا کامیاب ہونا۔ اِلتجا کا قبول ہونا۔ درخواست کا منظور ہونا۔
بات سنوارنا (اَر۔ محاورہ) بات بنانا۔ برہمی کی اِصلاح کرنا۔
بات سہنے کا دماغ ہونا (اَر۔ محاورہ) بات سہنے کی برداشت رکھنا۔ متحمل مزاج ہونا۔
بات سو بات (اَر۔ تابع فعل) جیسا موقع ہوگا۔ دیکھا جائے گا۔ ہر بات موقع پر کی جائے گی۔
بات سُنی اَن سُنی کر دینا (اَر۔ محاورہ) بات سُن کر ٹال دینا۔ توجہ نہ کرنا۔
بات سُوجھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خیال میں نیا مضمون آنا (۲) کسی کے سوال کا جواب سُوجھ جانا۔
بات سوچنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تدبیر سوچنا۔ غور کرنا۔
بات سہنا (اَر۔ محاورہ) کڑوی بات برداشت کرنا۔ سخت بات سُن کر صبر کرنا۔

بات سے بات نکلنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے بات میں سے بات نکلنا۔
بات سے پھرنا (اَر۔ محاورہ) کہہ کے مُکرنا۔ بدعہدی کرنا۔ قول سے پھرنا۔
بات سے نکل جانا (اَر۔ محاورہ) کہی ہوئی بات سے مُکر جانا۔
بات شیر و شکر ہونا (اَر۔ محاورہ) بات خوشگوار ہونا۔ بات کا دل کو پسند آنا۔
بات شیریں ہونا (اَر۔ محاورہ) بات کا خوشگوار ہونا۔ بات کا بہت پسند آنا۔
بات ظاہر ہو جانا (: ذ ث) (اَر۔ محاورہ) راز کُھلنا۔ نتیجہ نکلنا۔
بات کا اور چھور (واو مجہول) (اَر۔ ا۔ مذ) بات کا اصل مطلب۔ بات کا سر پیر۔
بات کا اِیما پانا (اَر۔ محاورہ) مطلب سمجھنا۔ اشارہ سمجھنا۔ کنایہ تاڑ جانا۔
بات کا بتنگڑ بنانا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) ذرا سی بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔ ذرا سی بات کو طول دینا۔ سیدھی بات میں جھگڑا پیدا کرنا۔
بات کا پا جانا (اَر۔ محاورہ) بات کو سمجھ لینا۔ تہ تک پہنچ جانا۔
بات کا پُورا (بات کا پکّا۔ بات کا سچّا) (اَر۔ صف) اپنے کہے کو پُورا کرنے والا۔ صادقُ القول۔ وعدے کا سچّا۔ باوفا۔ راست باز۔
بات کا پہلو (اَر۔ ا۔ مذ) بات کا اندرخ۔ بات کا اشارہ کنایہ۔
بات کاٹنا (اَر۔ محاورہ) گفتگو میں دخل در معقولات کرنا۔
بات کا چُوکا آدمی، ڈال کا چُوکا بندر، پھر سنبھلتا نہیں (اَر۔ مثل) جو شخص موقع پر چُوک جاتا ہے وہ پھر اُس کی تلافی نہیں کر سکتا جس طرح بندر کے ہاتھ سے درخت کی ٹہنی چھوٹ جائے تو وہ گر پڑتا ہے۔
بات کا چھینٹا (اَر۔ ا۔ مذ) اِشارہ کنایہ۔
بات کا ذہن سے اُتر جانا (اَر۔ محاورہ) بات کو بُھول جانا۔ دھیان سے اُتر جانا۔
بات کا رنگ پلٹنا (اَر۔ محاورہ) بات کا بااثر ہونا۔ بات کا میاب ہونا۔
بات کارگر ہونا (اَر۔ محاورہ) نصیحت میں اثر ہونا۔ تدبیر کا بااثر ہونا۔
بات کا سر پیر نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) گفتگو کا بے ترتیب اور بے تکا ہونا۔ بات کا نامکمل ہونا۔ بے تکی اور ناقص گفتگو ہونا۔
بات کا موقع (اَر۔ ا۔ مذ) بات چیت کرنے کی فرصت۔ گفتگو کا محل۔
بات کان پڑنا (اَر۔ محاورہ) اِتفاقاً کوئی بات سُن لینا۔
بات کان تک پہنچنا (اَر۔ محاورہ) بات سُنائی دینا۔ خبر پہنچنا۔
بات کان سے سننا (اَر۔ محاورہ) غور سے سننا۔ کسی بات کی طرف توجہ دینا۔
بات کان میں پڑنا (اَر۔ محاورہ) گوش گزار ہونا۔
بات کان میں (پھونک دینا) ڈال دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) باخبر کر دینا۔ کہہ دینا (۲) کسی کے کان میں آہستہ سے کوئی بات کہنا۔
بات کا (کچّا) ہیٹا (یائے مجہول) (اَر۔ صف) بے اِختیار۔ ناقابلِ اِعتبار۔ جو بات پر قائم نہ رہے۔
بات کتر دینا (اَر۔ محاورہ) بات کاٹنا۔
بات کٹ جانا (اَر۔ محاورہ) بات پوری نہ ہونا۔ بیچ میں کسی کا بول پڑنا (۲) گفتگو کا سلسلہ کٹ جانا۔
بات کرتے پتھر مارتا ہے (اَر۔ محاورہ) سخت بدکلام ہے۔
بات کُرسی نشین ہونا (اَر۔ محاورہ) بات ٹھیک بیٹھ جانا۔ بات کا مان لیا جانا۔
بات کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بولنا۔ گفتگو کرنا۔ متوجّہ ہونا۔ مخاطب ہونا (۲) گِلہ کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بات کرنے میں پُھول جھڑنا (اَر۔ محاورہ) شیریں کلام ہونا۔
بات کُرید کُرید کر پُوچھنا (اَر۔ محاورہ) جرح کرنا۔ بال کی کھال نکالنا۔
بات کڑوی ہونا (لگنا) (اَر۔ محاورہ) بات تلخ ہونا۔ بات ناگوار ہونا۔
بات کو آنچل میں باندھنا (اَر۔ محاورہ) کسی قول کو یاد رکھنا۔ وصیّت یا نصیحت پر عمل کرنا۔ نیز دیکھئے بات پلّے باندھنا۔
بات کو جھیلنا (یائے مجہول) (اَر۔ محاورہ) دیکھئے بات سہنا۔
بات کو چکّر دینا (اَر۔ محاورہ) بات کو پھیر پھار کے کہنا۔ بات کو سیدھی طرح بیان نہ کرنا۔
بات کوڑی کی ہو جانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے "بات دو کوڑی کی ہونا"۔
بات کو طُول دینا (اَر۔ محاورہ) بات کو لمبا کرنا۔ جھگڑا بڑھانا۔
بات کو گرہ میں باندھنا۔ دیکھئے "بات کو آنچل میں باندھنا"
بات کو مُنہ سے لے لینا (چھین لینا) (اَر۔ محاورہ) کوئی بات کرنے لگا ہو تو اُس سے پہلے خود کر دینا۔
بات کھٹائی میں پڑنا (اَر۔ محاورہ) کام میں دیر لگ جانا۔ ملتوی ہو جانا۔ آیندہ پر اُٹھ جانا۔
بات کھٹائی میں ڈالنا (اَر۔ محاورہ) بات لٹکائے رکھنا۔ ملتوی کر دینا (۲) ٹال مٹول کرنا۔
بات کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) بات دل میں چبھنا۔ دل میں خلش ہونا۔ ناپسند ہونا۔
بات کہہ کے گُناہ گار ہونا (اَر۔ محاورہ) کچھ کہہ کر پچھتانا یا شرمندہ ہونا۔
بات کُھلنا (اَر۔ محاورہ) صحیح بات کا پتا لگنا۔ افشائے راز ہونا۔
بات کہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُنہ سے بولنا (۲) ذکر کرنا۔ قصّہ بیان کرنا (۳) نصیحت کرنا۔
بات کہنے کو رہ گئی ہے (اَر۔ محاورہ) شکایت رہ گئی ہے۔ یادگار رہ گئی ہے۔
بات کہنے میں (اَر۔ تابع فعل) جھٹ پٹ۔ بہت جلد۔ لمحہ بھر میں۔
بات کہنے میں آتی ہے (اَر۔ محاورہ) اچھی ہو یا بُری کہنی ہی پڑتی ہے۔
بات کھونا (اَر۔ محاورہ) بے آبرو ہونا۔ عزّت گنوانا۔
بات کہی اور پَرائی ہُوئی (اَر۔ مثل) مُنہ سے نکلی ہوئی بات چُھپائے نہیں چُھپتی۔ بھید ظاہر کر کے اِنسان بے بس ہو جاتا ہے۔
بات کہے کی لاج (اَر۔ محاورہ) قول کی شرم۔ کہے کا نباہ۔
بات کیا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) (۱) واقعہ کیا ہے؟ مطلب کیا ہے؟ (۲) اصل کیا ہے؟ (۳) آسان ہے۔ کوئی مشکل نہیں۔
بات کی بات کو (اَر۔ محاورہ) تھوڑی دیر کے لئے۔ دَم بھر کے لئے۔
بات کی بات میں (اَر۔ محاورہ) آناً فاناً۔ فوراً۔
بات کی بات، لات کی لات (بات کی بات، خُرافات کی خُرافات) (اَر۔ مثل) جب مذاق کے پیرائے میں کوئی ناگوار بات کہی جائے تو اُس وقت یہ مثل بولتے ہیں۔
بات کی پچ (اَر۔ ا۔ مث) بات کا پاس۔
بات کی تاب لانا (اَر۔ محاورہ) بدزبانی کو برداشت کرنا۔ تحمّل کرنا۔
بات کی تہ (اَر۔ ا۔ مث) اصل مطلب۔ بات کی حقیقت۔

بات کی جان (اَر۔ ا۔ مث) اصل بات۔ صحیح معاملہ۔ اصلی واقعہ۔
بات کی زَٹ (رَٹ) لگنا (اَر۔ محاورہ) ایک ہی بات بار بار کہنا۔
بات کی گرہ باندھنا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کو معمول مقرّر کرنا۔ بات کو ایک رَسم بنانا۔
بات کی گرفت ہونا (اَر۔ محاورہ) بات پر اِعتراض ہونا۔ نکتہ چینی ہونا۔
بات کے شاخسانے (اَر۔ ا۔ مذ) بات کے مختلف پہلو۔ بات کے کل پُھندنے۔
بات (گرہ) گانٹھ میں باندھنا (اَر۔ محاورہ) بات کو خوب یاد رکھنا۔ نیز دیکھئے "بات کو گرہ میں باندھنا"۔
بات گوزِ شتر ہونا (اَر۔ محاورہ) بات اُونٹ کا پاد ہونا۔ فضول اور بے کار بات ہونا۔ ناقابلِ سماعت ہونا۔
بات گول کرنا (اَر۔ محاورہ) بات ٹالنا۔ صاف صاف کچھ نہ بتانا۔
بات گھڑنا (اَر۔ محاورہ) جی سے بات بنانا۔ اپنے دل سے بات بنا کے کہنا۔ خلافِ واقعہ کہنا۔ سخن سازی کرنا۔
بات گئی گزری ہونا (اَر۔ محاورہ) معاملہ رفت گزشت ہونا۔ بات بُھلا دینا۔
بات گئی پھر ہاتھ نہیں آتی (اَر۔ مقولہ) ایک مرتبہ اِعتبار جاتا رہے تو پھر نہیں جمتا۔
بات لاکھ کی، کرنی خاک کی (اَر۔ مثل) باتیں بنانے میں اُستاد لیکن عملاً کچھ نہیں۔
بات لانا (اَر۔ محاورہ) نسبت کا پیغام لانا۔
بات لٹکائے رکھنا (اَر۔ محاورہ) معاملے کا فیصلہ نہ کرنا۔ صاف صاف نہ کہنا۔
بات لکھ رکھنا (اَر۔ محاورہ) بات کو یقینی سمجھ کر یاد رکھنا۔ بات کو بُھولنے نہ دینا۔
بات لگانا (اَر۔ محاورہ) چغلی کھانا۔ لگائی بُجھائی کرنا۔ غیبت کرنا۔ کان بھرنا (۲) نسبت یا منگنی ٹھہرانا (۳) اِلزام لگانا۔ تُہمت لگانا۔
بات لگنا (اَر۔ محاورہ) نسبت قرار پانا۔ سگائی ہونا۔
بات لمبی چوڑی ہونا (اَر۔ محاورہ) بات میں طوالت ہونا (۲) معاملے کا بڑھ جانا۔
بات مات کرنا (اَر۔ محاورہ) چال چلنے نہ دینا۔ کسی فریب میں نہ آنا۔ کسی کی تدبیر کو ناکام بنا دینا۔
بات مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) طنز کرنا۔ طعن کرنا (۲) بات کو دبا لینا۔
بات ماننا (اَر۔ محاورہ) نصیحت پر عمل کرنا۔ بات قبول کرنا۔
بات مغز سے نکالنا (اُتارنا) (اَر۔ محاورہ) ذہانت سے کوئی نازک بات پیدا کرنا۔ بہت اچھی تجویز سوچنا۔
بات مقدور سے باہر کرنا (اَر۔ محاورہ) اپنی حقیقت سے بڑھ کر کام کرنا۔
بات مَن میں بسنا (اَر۔ محاورہ) بات دل کو پسند لگنا۔ بات یاد رہنا۔
بات منگوانا (اَر۔ محاورہ) نسبت منگوانا۔ سگائی کا پیغام طلب کرنا۔
بات مُنہ پر آنا (اَر۔ محاورہ) چرچا ہونا۔ تذکرہ ہونا۔
بات مُنہ پر رکھنا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کو جتانا۔ ذکر کرنا۔
بات مُنہ پر کہنا (اَر۔ محاورہ) رُوبرو کہہ دینا۔ کسی سے خوف نہ کھانا۔
بات مُنہ سے نہ نکالنا (اَر۔ محاورہ) شکوہ نہ کرنا۔ عذر نہ کرنا۔ چُپ ہو رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بات مُنہ سے نہ نکلنا (اَر۔ محاورہ) لاجواب ہونا۔ عاجز ہونا۔

بات مُنہ سے نکلی پرائی ہُوئی (اَر۔ مثل) مُنہ سے جو بات نکل جائے وہ مشہور ہو جاتی ہے۔ نیز دیکھئے "بات کہی اور پرائی ہوئی"۔

بات میں (اَر۔ تابع فعل) لمحہ بھر میں۔ فوراً۔ جھٹ۔

بات میں بات ملانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاں میں ہاں ملانا (۲) کسی کی بات میں دخل دینا (۳) کسی بات میں باریکی نکالنا۔

بات میں بات نکالنا (اَر۔ محاورہ) کوئی نئی بات نکالنا۔ باریکی نکالنا (۲) جس قسم کی بات ہو رہی ہو اُس میں کوئی نئی بات نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

بات میں بولنا (اَر۔ محاورہ) کسی کے معاملے میں دخل دینا (۲) بیچ میں بول پڑنا۔

بات میں پیچ نکالنا (اَر۔ محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ اِعتراض کرنا۔

بات میں پہلو نکالنا (اَر۔ محاورہ) بات میں سے کوئی نئی بات نکالنا۔

بات میں پھول جھڑنا (اَر۔ محاورہ) پیاری پیاری باتیں کرنا۔ دل پسند باتیں کرنا۔

بات میں چیپیاں لگانا (اَر۔ محاورہ) صاف صاف نہ کہنا۔ اصلی بات چھپانے کی کوشش کرنا۔

بات میں دخل دینا (اَر۔ محاورہ) کسی کی گفتگو میں بول اُٹھنا۔ دخل در معقولات کرنا۔

بات میں رخنے نکالنا (اَر۔ محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ عیب جوئی کرنا۔ نقص نکالنا۔

بات میں زہر بونا (اَر۔ محاورہ) فساد ڈالنا۔ شرارت کرنا۔

بات میں سے بات نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سلسلۂ گفتگو میں اِسی قسم کی اور باتیں بیان کرنا (۲) کوئی نازک پیرایہ نکالنا۔ ایک بات سے دُوسری بات پیدا کرنا۔ نیز دیکھئے "بات میں بات نکالنا"۔

بات میں فی نکالنا (اَر۔ محاورہ) اِعتراض کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب نکالنا۔

بات میں قند گھولنا (اَر۔ محاورہ) ہنسی مذاق سے باتیں پُر لطف بنانا۔

بات میں فرق آنا (اَر۔ محاورہ) عزّت کم ہو جانا۔ اِعتبار نہ رہنا۔ وضع کے خلاف ہونا۔

بات میں کلام ہونا (اَر۔ محاورہ) شُبہ ہونا۔ اِعتراض ہونا۔

بات میں کھرپنچ نکالنا (اَر۔ محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ اِعتراض کرنا۔ مین میکھ نکالنا۔

بات میں لگانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے باتوں میں لگانا۔

بات میں ہندی کی چندی نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کرید کرید کے پوچھنا (۲) بال کی کھال اُتارنا۔

بات میں ہیٹی ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی بات میں کمی ہونے کی وجہ سے بے عزّت ہونا۔

بات نباہنا (اَر۔ محاورہ) وضع پر قائم رہنا۔ کہے کی لاج رکھنا۔

بات نشتر ہونا (اَر۔ محاورہ) بات ناگوار ہونا۔

بات نظر میں ہونا (اَر۔ محاورہ) معاملہ یاد ہونا۔ دھیان میں ہونا۔

بات نکالنا (اَر۔ محاورہ) تذکرہ کرنا (۲) مضمون پیدا کرنا (۳) تدبیر نکالنا۔

بات نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُنہ سے کوئی کلمہ نکلنا (۲) نتیجہ نکلنا (۳) ادا ظاہر ہونا۔

بات نہ آنا (اَر۔ محاورہ) جواب نہ آنا۔ کچھ کہتے بن نہ پڑنا۔

بات نہ پُوچھنا (اَر۔ محاورہ) خبر نہ لینا۔ بے پروائی کرنا۔ خاطر تواضع نہ کرنا۔ مُنہ نہ لگانا۔ گھاس تک نہ ڈالنا۔

بات نہ سُننا (اَر۔ محاورہ) توجّہ نہ دینا۔ بے پروائی کرنا۔

بات نہ کر آنا (اَر۔ محاورہ) بھولے پن، سیدھے پن یا خوف کی وجہ سے بات کرتے بن نہ پڑنا۔

بات نہ کرنا (اَر۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ خاطر میں نہ لانا۔

بات نہیں، بتنگڑ ہے (اَر۔ محاورہ) معمولی بات نہیں۔ فساد کی بات ہے۔ سخت جھگڑے کی بات ہے۔

بات نیچی پڑنا (اَر۔ محاورہ) آبرو جاتی رہنا۔ بے وقعت ہونا۔

بات وزنی ہونا (اَر۔ محاورہ) بات دُرست ہونا۔

بات ہاتھ آنا (لگنا) (اَر۔ محاورہ) نتیجہ حاصل ہونا۔ مقصد پا لینا۔ مُراد مل جانا۔

بات ہلکی ہونا (اَر۔ محاورہ) دُوسروں کی نظر میں بے وقعت ہونا۔ قدر گھٹنا۔ بات کا پایہ اِعتبار سے گرنا۔

بات ہنس کے ٹال دینا (اَر۔ محاورہ) فضول سمجھ کر بات کا جواب نہ دینا۔

بات ہنسی میں اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) مذاق میں اُڑا دینا۔ حقارت سے ٹال دینا۔

بات ہیٹی ہونا (اَر۔ محاورہ) سُبکی ہونا۔ عزّت میں فرق آنا۔ ساکھ بگڑنا۔

بات ہی کیا ہے (اَر۔ محاورہ) آسان سی بات ہے۔ کچھ مشکل نہیں۔

بات یہ ہے (بات تو یہ ہے) (اَر۔ محاورہ) اصل مطلب یہ ہے۔ اصل مقصد یہ ہے۔ خُلاصہ یہ ہے۔

باتُون (باتُونی۔ باتُونیا) (اَر۔ صف) بہت باتیں کرنے والا۔ بکواسی۔ فضول گو۔

باتوں (و۔ اِ۔ مث) بات کی جمع۔

باتوں باتوں میں (اَر۔ تابع فعل) اثنائے کلام میں۔ دورانِ گفتگو میں۔

باتوں باتوں میں کام نکالنا (اَر۔ محاورہ) ترکیب سے کام [illegible] منٹوں میں کام بنا لینا۔

باتوں باتوں میں کہنا (اَر۔ محاورہ) کسی اور تذکرے میں مطلب کی بات کہنا۔

باتوں بوڑھا کرتب خوار (باتوں چکنا کاموں خوار) (اَر۔ مثل) باتیں تو تجربہ کاروں کی سی ہیں لیکن افعال بے وقوفوں کے سے ہیں (۲) باتیں خوب بنانا مگر کام نہ کرنا۔

باتوں سے کلیجا پک جانا (اَر۔ محاورہ) کسی کی تلخ یا بُری باتوں سے دُکھ ہونا۔

باتوں کا تار (اَر۔ اِ۔ مذ) باتوں کا سلسلہ۔

باتوں کا جھاڑ باندھنا (اَر۔ محاورہ) لگاتار بولے جانا۔

باتوں کا دفتر کھولنا (اَر۔ محاورہ) گِلہ شکوہ کرنا۔

باتوں کا دھنی (اَر۔ صف) باتیں کرنے میں اُستاد۔ بہت باتیں بنانے والا۔

باتوں کی کھتوئیاں لینا (اَر۔ محاورہ) باتوں کی ٹوہ لگانا۔

باتوں میں (اَر۔ تابع فعل) بات چیت میں (۲) واہیات اُمور میں۔

باتوں میں آنا (اَر۔ محاورہ) کہنے کا یقین کر لینا۔ فریب کھانا۔ بہکائے میں آنا۔

باتوں میں اُڑانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہنسی میں ٹالنا (۲) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

باتوں میں اُلجھانا (اَر۔ محاورہ) باتوں میں لگانا (۲) دیر کر دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باتوں میں بہلانا (اَر- محاورہ) محض باتوں سے خوش کرنا (۲) جھانسا دینا۔
باتوں میں پھسلانا (اَر- محاورہ) باتوں کے ذریعے بہکانا۔ دَم دینا۔
باتوں میں تاڑ لینا (اَر- محاورہ) باتیں کرتے ہوئے اندازہ لگا لینا کہ کہنے والا کیا کہنا چاہتا ہے۔
باتوں میں ٹالنا (اَر- محاورہ) باتوں میں وقت گزارنا۔
باتوں میں ٹٹولنا (اَر- محاورہ) باتیں کرتے ہوئے کسی کے دلی عندیے کو معلوم کرنا۔
باتوں میں دھر لینا (اَر- محاورہ) لاجواب کرنا۔ قائل کرنا۔
باتوں میں کھل جانا (اَر- محاورہ) بے تکلف ہو جانا۔ دل کی بات کہہ دینا۔
باتوں میں لگانا (اَر- محاورہ) دیکھیے بات میں لگانا۔
باتیں (یائے مجہول)(ھ- ا- مث) بات کی جمع۔
باتیں آنا (اَر- محاورہ) تیز و طرار ہونا۔
باتیں بگھارنا (اَر- محاورہ) (۱) باتیں بنانا۔ سخن سازی کرنا۔ جھوٹ بولنا (۲) خوشامد کرنا (۳) شیخی مارنا (۴) الزام دھرنا۔
باتیں بنانا (اَر- محاورہ) جھوٹ بولنا۔ شیخی بگھارنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ حیلے بہانے کرنا۔
باتیں بجونا (اَر- محاورہ) لگائی بجھائی کرنا۔ چغلی کھانا۔
باتیں چبا چبا کے کرنا (اَر- محاورہ) دیکھیے بات چبا چبا کے کرنا۔
باتیں چھانٹنا (اَر- محاورہ) (۱) باتیں بنانا۔ جھوٹی باتیں کرنا (۲) طعنے دینا۔ طنز آمیز باتیں کرنا۔
باتیں سنانا (اَر- محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ طعنے دینا۔ سخت سست کہنا۔
باتیں سننا (اَر- محاورہ) کسی کی گفتگو سننا۔ دھیان دینا (۲) کڑوی باتوں کو برداشت کرنا۔ بُرا بھلا سہنا۔
باتیں ملانا (اَر- محاورہ) ہاں میں ہاں ملانا۔ جی ہاں جی ہاں کرنا۔
باتیں ہیں (اَر- محاورہ) ڈھکوسلے ہیں۔ دھمکیاں ہیں۔
باتیں ہی باتیں ہیں (اَر- محاورہ) (۱) کہنا ہی کہنا ہے۔ حقیقت کچھ نہیں (۲) صرف باتیں ہی کرنا آتی ہیں۔ نکما ہے (۳) محض دھمکی ہی دھمکی ہے۔
باٹ (ھ- ا- مذ) (۱) وزن تولنے کا بٹا۔ جمع: باٹ۔ باٹوں (۲) (ھ- ا- مث) راستہ۔ راہ۔ طریق۔ سڑک۔ پگڈنڈی۔
باٹ چلے جانیے یا باہ پڑے جانیے (ھ- مثل) کسی کے ساتھ سفر کرنے یا واسطہ پڑنے ہی سے اُس کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔
باٹ دیکھنا (ھ- محاورہ) (۱) بٹے کی جانچ پڑتال کرنا (۲) راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔
باٹ سارُو (ق- صف- و- ا- مذ) راہ رو۔ مسافر۔
باٹ کا آٹا (اَر- ا- مذ) وہ آٹا جو چکی کے گرنڈ میں گرنے سے خود بخود جمع ہو جاتا ہے۔
باٹ کا روڑا (اَر- ا- مذ) (۱) اینٹ کا وہ ٹکڑا جس سے راہ چلنے میں رکاوٹ ہو۔ (۲) (مجازاً) غریب۔ مفلس۔ نادار۔
باٹ مارنا (اَر- محاورہ) راستہ کھوٹا کرنا۔ نقصان پہنچانا۔
باٹی (ھ- ا- مث) روٹی کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں جو انگاروں پر رکھ کر سینک لیتے ہیں۔

باج (ف- ا- مذ) خراج۔ محصول۔ زرِ مال گزاری۔
باج دار (ف- صف) خراج دینے والا۔ محصول دینے والا۔
باج گزار (ف- صف) خراج گزار۔ ریاست کو محصول دینے والا۔ رعیت۔
باج گیر (ف- صف) محصول لینے والا۔ محصّل۔ کلکٹر۔
باجا (ھ- ا- مذ) بجنے کی چیز۔ ساز۔ مزمار۔ جمع: باجوں۔ باجے۔
باجا گاجا (ھ- ا- مذ) گانا بجانا۔ ڈھول ڈھمکا۔ دھوم دھام (گاجا تابع مہمل ہے)۔
باجپئی (باج- پ- ای)(ھ- ا- مذ) برہمنوں کی ایک ذات۔
باجرا (باج- را)(ھ- ا- مذ) (۱) ایک قسم کا غلہ (۲) (مجازاً) ننھی ننھی بوندیں۔ (۳) نہایت باریک کٹی ہوئی چھالیا۔
باجرا برسنا (اَر- محاورہ) پھوار پڑنا۔ ننھی ننھی بوندیں گرنا۔
باجرا سا بکھرنا (اَر- محاورہ) بے کل ہونا۔ بے چین ہونا۔ پریشان ہونا (۲) منتشر ہونا (۳) تھک کر چور ہونا۔
باجرا مُرغ (اَر- ا- مذ) ایک قسم کا سیاہ پرندہ جس کے پروں پر باجرے کے برابر زرد رنگ کی چھیاں ہوتی ہیں۔
باجری (باج- ری)(ھ- ا- مث) چھوٹی قسم کا باجرا۔
باجن (با- جن)(ھ- ا- مذ) ڈھول تاشے وغیرہ۔
باجنا (باج- نا)(ھ- مص) (۱) بجنا (۲) مشہور ہونا (۳) موسوم ہونا۔
باجنتری (با- جن- ت- ری) (ھ- ا- مذ) (۱) گانے بجانے والے (۲) (ا- مث) وہ ٹیکس جو گانے بجانے والوں سے لیا جاتا تھا۔
باجنتری محل (اَر- ا- مذ) وہ مکان جہاں گانے بجانے والے رہتے ہیں۔
باجی (ت- ا- مث) (۱) آپا۔ بڑی بہن (۲) اپنے سے بڑی خاتون۔
باچھ (ھ- ا- مث) (۱) گوشہ لب۔ ہونٹ کا سرا (۲) پتی۔ چندہ۔ لگان۔ محصول (۳) جمعبندی (۴) خراج (۵) تقسیم۔ جمع: باچھوں۔ باچھیں۔
باچھ ڈالنا (ھ- محاورہ) محصول ادا کرنا۔
باچھ کرنا (ھ- محاورہ) چندہ کرنا۔
باچھیں (یائے مجہول)(ھ- ا- مث) باچھ کی جمع۔
باچھیں آنا (باچھیں نکلنا۔ باچھیں پھٹنا)(اَر- محاورہ) ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا۔
باچھیں کھل جانا (اَر- محاورہ) (۱) ہنسنا۔ کھلکھلانا۔ قہقہہ لگانا (۲) نہایت خوش ہونا۔
باچھا (ھ- ا- مذ) بچھڑا۔
باختر (باخ- تر)(ف- ا- مذ) (۱) مشرق۔ مغرب (عموماً مشرق ہی کے معنی میں مستعمل ہے) (۲) کوہِ ہندوکش اور دریائے جیحون کے درمیان کا علاقہ۔
باختری (باخ- ت- ری)(ف- صف) علاقہ باختر سے متعلق۔
باختری اُونٹ (اَر- ا- مذ) باختر کا اُونٹ۔ دو کوہان والا اُونٹ۔
باختہ (باخ- تہ)(ف- صف) فارسی مصدر باختن سے صفت مفعولی بمعنی ہاری

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہارا ہوا۔ مُرکبات میں جیسے حواس باختہ۔

باد (ف۔ ا۔ مث) ہوا (۲) فارسی لاحقہ بمعنی ہو۔ رہے جیسے مُردہ باد۔ زندہ باد۔

بادِ آبستنی (ف۔ ا۔ مث) وہ ہوا جو نباتات کو بارور کرے۔ جس ہوا سے پودوں میں پھل لگتے ہیں۔

باد آور (آوَرد) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ہوا کا لایا ہوا (لائی ہوئی)۔ وہ دولت جو بغیر محنت کے ہاتھ آئے (۲) ایرانی بادشاہ خسرو پرویز کے خزانے کا نام (۳) ایک دوا کا نام۔

بادبان (ف۔ ا۔ مذ) وہ کپڑا جو کشتی کی رفتار تیز کرنے اور اُس کا رُخ موڑنے کے لئے لگاتے ہیں۔

بادبانِ اَخضر (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (کنایۃً) آسمان۔ لفظی معنی سبز بادبان۔

بادبانی جہاز (اُر۔ ا۔ مذ) وہ جہاز جو بادبان کے ذریعے چلتے ہیں۔

بادِ بہار (بادِ بہاری) (ف۔ ا۔ مث) موسم بہار کی ہوا (۲) برات کے ساتھ کی آرائش۔

بادپا (ف۔ صف) ہوا جیسے پاؤں والا۔ تیز چلنے والا۔ تیز رفتار گھوڑا۔

بادِ پیما (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بے ہودہ گو شخص (۲) ہوا کا دباؤ یا وزن ناپنے کا آلہ۔ مقیاسُ الہوا (۳) بہت تیز رفتار گھوڑا (۴) سیاح۔ سیلانی۔

بادِ تُند (ف۔ ا۔ مث) جھکڑ۔ آندھی۔ طوفانِ باد۔

بادخایہ (ف۔ ا۔ مث) ایک بیماری جس سے گھوڑے کے فوطے بڑھ جاتے ہیں۔

بادِ خزاں (ف۔ ا۔ مث) پت جھڑ کی ہوا۔

بادِ خُنک (ف۔ ا۔ مث) ٹھنڈی ہوا۔

بادخواں (ف۔ صف) خوشامدی۔ چاپلوس۔

بادخور (بادخورہ) (ف۔ ا۔ مذ) گنج۔ وہ بیماری جس سے گھوڑے کے بال گر جاتے ہیں۔

بادِ رفتار (ف۔ صف) ہوا کی طرح تیز چلنے والا۔ (مجازاً) نہایت چالاک اور تیز گھوڑا۔

بادِ سُرخ (ف۔ ا۔ مث) ایک بیماری کا نام۔

بادِ سَموم (ف۔ ا۔ مث) بہت گرم ہوا۔ لُو۔

بادسنج (ف۔ صف) بے فائدہ کام کرنے والا۔ بے ہودہ گو۔

بادسَیر (ف۔ صف) (۱) تیز رفتار گھوڑا (۲) مغرور شخص۔

بادِ شِمال (ف۔ ا۔ مث) شمال سے چلنے والی ہوا۔ خوش گوار ہوا۔

بادِ صبا (ف۔ ا۔ مث) (۱) صبح کی ٹھنڈی ہوا جو شمال مشرق کی طرف سے آتی ہے (۲) بہشت کی ہوا (۳) نسیم۔ پُروا۔

بادِ صَرصَر (ف۔ ا۔ مث) تیز و تند ہوا۔

بادِ فَتق (ف۔ ا۔ مث) ایک مرض جس میں خصیے بڑھ جاتے ہیں۔

بادِ فرنگ (ف۔ ا۔ مث) آتشک۔

بادفروش (ف۔ صف) باتونی۔ خوشامدی۔ بادخواں۔

بادکش (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پنکھا۔ لٹکانے والا پنکھا جس کو رسّی سے ہلاتے ہیں (۲) روشندان۔ ہوادان۔

بادگرد (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے گردباد۔

بادِ مُخالِف (ف۔ ا۔ مث) (۱) آگے بڑھنے سے روکنے والی ہوا (۲) بادبانی جہاز کے مخالف چلنے والی ہوا۔

بادِ مُراد (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے بادِ موافق۔

بادِ مُوافق (ف۔ ا۔ مث) وہ ہوا جو بادبانی جہاز یا کشتی کو آگے بڑھائے۔ بادِ مُراد۔

بادمُہرہ (ف۔ ا۔ مذ) سانپ کا مُہرہ جو مار گزیدہ کے لئے تریاق ہے۔

بادنما (ف۔ ا۔ مذ) وہ آلہ جس کے ذریعے ہوا کا رُخ معلوم کرتے ہیں۔

بادِ ہوائی (ف۔ ا۔ مث) (۱) فضول باتیں۔ جھوٹا وعدہ (۲) افواہ۔

بادام (ف۔ ا۔ مذ) ایک خشک میوہ۔ اس کا اصل وطن بحیرۂ روم کا خطّہ ہے۔

باداُمچہ (اُر۔ ا۔ مذ) چاندی، سونے، تانبے یا پیتل کا پترا جسے صندوقوں اور بندوق کے کندوں پر لگاتے ہیں۔

بادامہ (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) بہت سے پیوند لگی گدڑی۔

بادامی (ف۔ صف) (۱) بادام کے رنگ کا۔ ہلکا زرد (۲) (اُر۔ ا۔ مث) چھوٹی سی مخروطی ڈبیا (۳) (اُر۔ ا۔ مذ) خواجہ سرا (۴) ایک قسم کا چاول۔

بادامی آنکھ (اُر۔ ا۔ مث) وہ آنکھ جو بادام سے مُشابہ ہو۔

بادرَنج (باد۔ رَنج) (ع۔ ا۔ مذ) بادرنگ کا مُعرّب۔

بادرَنگ (باد۔ رَنگ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا کھیرا۔ تُرنج۔

بادریسہ (بادریشہ) (باد۔ ری۔ سَہ) (باد۔ ری۔ شہ) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی گول سُوراخ دار لکڑی جسے خیمے کی چوب کے اُوپر رکھا جاتا ہے۔

بادشاہ (بادشہ) (ف۔ اُر۔ ا۔ مذ) (۱) سلطان۔ شاہ۔ راجا۔ تخت کا مالک (۲) مالک۔ حاکم۔ مختار (۳) سردار۔ اُستادِ فن۔ اُردو جمع: بادشاہ۔ بادشاہوں صحیح فارسی لفظ پادشاہ ہے۔

بادشاہ زادہ (ف۔ ا۔ مذ) شہزادہ۔ بادشاہ کا بیٹا۔

بادشاہ زادی (ف۔ ا۔ مث) شہزادی۔ بادشاہ کی بیٹی۔

بادشاہانہ (ف۔ صف) (۱) شاہانہ۔ بادشاہوں سے متعلق (۲) بادشاہوں کے لائق۔

بادشاہت (باد۔ شا۔ ہَت) (ف۔ ا۔ مث) راج۔ سلطنت۔ حکومت۔ اُردو جمع: بادشاہتوں۔ بادشاہتیں۔

بادشاہوں (اُر۔ ا۔ مذ) بادشاہ کی اُردو جمع۔

بادشاہوں اور دریاؤں کا پھیر کس نے پایا ہے (اُر۔ مثل) بادشاہوں کے خیالات کسی بھی وقت بدل سکتے ہیں، جیسے دریاؤں کے رُخ اچانک بدل جاتے ہیں۔

بادشاہوں کی باتیں بادشاہ ہی جانیں (اُر۔ مثل) بڑے لوگوں کی باتیں بڑے لوگ ہی سمجھ سکتے ہیں۔

بادشاہی (ف۔ ا۔ مث) بادشاہت (۲) (ف۔ صف) شاہانہ۔ شاہی۔ بادشاہ کا۔

بادشاہی خرچ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شاہانہ خرچ۔ امیرانہ خرچ (۲) فضول خرچی۔ حیثیت سے بڑھ کر خرچ۔

بادشاہی سَنَد (ف۔ ع۔ ا۔ مث) شاہی فرمان۔ شاہی سرٹیفکیٹ۔

بادَل (با۔ دَل) (ھ۔ ا۔ مذ) اَبر۔ گھٹا۔ جمع: بادل۔ بادلوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بادل آنا (اُر۔ محاورہ) اَبر کا نمودار ہونا۔ آسمان پر گھٹا دکھائی دینا۔

بادل اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) بادل کا آسمان پر نمودار ہونا۔

بادل اُمڈ (اُمنڈ) اُمڈ (اُمنڈ) کے آنا (اُر۔ محاورہ) بہت زور کی گھٹا چھانا۔ بہت زور و شور سے بادل کا آنا۔

بادل اُمنڈنا (اُر۔ محاورہ) بادل گھر کے آنا۔ بہت زور سے گھٹا چھانا۔

بادل برسنا (اُر۔ محاورہ) بارش ہونا۔ مینہ برسنا۔

بادل پھٹنا (اُر۔ محاورہ) اَبر کھلنا۔ مطلع صاف ہونا۔ گھٹا کا ہٹنا۔

بادل جھکنا (اُر۔ محاورہ) بادلوں کا بہت نیچے ہو جانا۔

بادل جھوم کے آنا (اُر۔ محاورہ) زور و شور سے ابر آنا۔

بادل چھانا (اُر۔ محاورہ) آسمان پر بادلوں کا محیط ہونا۔ اَبر گھرنا۔

بادل چھٹنا (اُر۔ محاورہ) بادلوں کا منتشر ہونا۔ آسمان کھل جانا۔

بادل دیکھ کر گھڑے پھوڑنا (اُر۔ مثل) اُمید بر آنے کے آثار دیکھ کر نقصان کر بیٹھنا۔

بادل کڑکنا (گرجنا) (اُر۔ محاورہ) بادلوں سے آواز پیدا ہونا (دراصل جب بجلی چمکتی ہے تو اُس کی حرارت سے ہوا پھیلتی ہے جس سے گرج یا کڑک پیدا ہوتی ہے۔)

بادل کھلنا (اُر۔ محاورہ) آسمان کا بادلوں سے صاف ہو جانا۔

بادل کی طرح گرجنا (اُر۔ محاورہ) غصّے میں آکر شور مچانا۔

بادل گھر آنا (بادل گھرنا) (اُر۔ محاورہ) بادل چھانا۔ آسمان پر بادلوں کا جمع ہونا۔

بادلا (بادلہ) (باد۔لا) (باد۔لہ) (اُر۔ا۔مذ) (۱) سونے چاندی کا تار جس سے گوٹا وغیرہ بناتے ہیں (۲) زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی سونے کے تاروں سے بُنا جاتا ہے۔ زربفت۔

بادلا منڈھے سے نیم نہیں چھپتا (اُر۔ مثل) صورت بدلنے سے سیرت نہیں بدلتی۔

بادمُہرہ (باد۔مُہ۔رہ) (ف۔ا۔مذ) باد کے تحت دیکھیے۔

بادنجان (با۔دِن۔جان) (ع۔ا۔مذ) فارسی بادنگان کا مُعرّب۔ بینگن۔

بادنجانِ فرنگی (ف۔ا۔مذ) ٹماٹر۔

بادہ (با۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) شراب۔ مے۔ خمر۔

بادہ پرست (بادہ پیما۔ بادہ خوار۔ بادہ کش۔ بادہ گسار۔ بادہ نوش) (ف۔صف) شراب پینے والا۔ شرابی۔

بادہ پرستی (بادہ پیمائی۔ بادہ خواری۔ بادہ کشی۔ بادہ گساری۔ بادہ نوشی) (ف۔ا۔مث) شراب خوری۔

بادۂ گل رنگ (با۔دَہ۔اے۔گل۔رَنگ) (ف۔ا۔مث) سُرخ شراب۔

بادھا (با۔دھا) (س۔ا۔مث) (۱) رکاوٹ۔ مخالفت۔ مزاحمت۔ خلل (۲) تعطّل (۳) بُحران (۴) نقصان (۵) دُکھ۔ درد۔

بادھا پڑنا (ہ۔ محاورہ) خلل پڑنا۔ رکاوٹ ہونا۔ کسی معاملے میں تعطّل یا بُحران پیدا ہونا۔

بادی (ف۔صف) (۱) ہوا پیدا کرنے والا (والی)۔ ریحی۔ نفّاخ (۲) سرد۔ ٹھنڈا (۳) (ا۔مث) بُرودت اور ریاح پیدا کرنے والا مادّہ (۴) بائی۔ گٹھیا۔

بادی (ع۔صف) (۱) ظاہر۔ شروع۔ اوّل (۲) شروع کرنے والا۔

بادیُ الرّائے (با۔دِی۔یُر۔رائے) (ع۔ا۔مث) سرسری رائے۔ ابتدائی فکر۔

بادیُ النّظر (با۔دی۔یُن۔نَ۔ظر) (ع۔ تابع فعل) سرسری نظر سے۔ ابتدائی نظر میں۔ دیکھتے ہی (اُردو میں اس کے ساتھ "میں" لگاتے ہیں)۔

بادیان (با۔دِ۔یان) (ف۔ا۔مث) سونف۔

بادیانِ رُومی (ف۔ا۔مث) انیسون۔ ایک دوا کا نام۔

بادِیہ (با۔دِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) صحرا۔ بیابان۔ دشت۔

بادیہ پیما (بادیہ گرد) (ع۔ف۔صف) جنگل میں پھرنے والا۔

بادِیہ (با۔دِ۔یَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) بڑا پیالہ۔ بڑا کٹورا (۲) مشک (ق)۔

باڈی (Body) (انگ۔ا۔مث) (۱) جسم (۲) دھڑ یا ڈھانچا (کسی چیز کا) (۳) جماعت۔ گروہ۔ انجمن۔

باڈی بلڈر (Body Builder) (انگ۔صف) (۱) تن ساز۔ ورزش سے جسم بنانے والا (۲) موٹر وغیرہ کا ڈھانچا بنانے والا۔

باڈی بلڈنگ (Body Building) (انگ۔ا۔مث) (۱) تن سازی۔ جسم بنانے کا عمل یا پیشہ (۲) گاڑیوں کے ڈھانچے بنانے کا عمل یا پیشہ۔

باڈی گارڈ (Body Guard) (انگ۔صف۔و۔ا۔مذ) محافظ (کسی شخص کا)۔

باذِل (با۔ذِل) (ع۔صف) سخی۔ فیاض۔ بخشش کرنے والا۔

بار (ہ۔ا۔مث) (۱) عرصہ۔ دیر (۲) نوبت۔ مرتبہ۔ دفعہ (۳) گھر کے ساتھ بطور تابع (گھربار) بمعنی اہل و عیال (۴) ہفتے کا دن۔ شنبہ۔

بارّ (ع۔صف) (۱) نیکی کرنے والا۔ نیکوکار (۲) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

بار (ف۔ا۔مذ) (۱) بوجھ۔ گرانی۔ وزن۔ اسباب (۲) دخل۔ رسائی (۳) نوبت۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ شمار (۴) اجازت۔ لائسنس (۵) حمل۔ گربھ (۶) قرض۔ ذِمّے داری (۷) ثمر۔ پھل (۸) عدالت۔ جناب۔ دربار (۹) (صف) جلیل۔ بزرگ (۱۰) ناگوار۔ تکلیف دہ (۱۱) باریدن مصدر کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور برسانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے گوہربار (موتی برسانے والا) (۱۲) کار کے ساتھ بطور تابع (کاروبار) (۱۳) کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنے کے لئے (جُوئے بار۔ کُہسار)۔

بار آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پھل آنا (۲) موقع آنا۔ باری آنا۔ (اب اِس جگہ باری مستعمل ہے۔)

بار آور (ف۔صف) (۱) پھل لانے والا۔ پھل دار (۲) حاملہ عورت (۳) نتیجہ خیز۔

بار آور ہونا (اُر۔ محاورہ) پھلنا۔ پھل لانا۔

بارِ الٰہا (بارِ خدایا) (ف۔کلمہ ندا) اے خدائے بزرگ۔

بار بار (اُر۔ تابع فعل) گھڑی گھڑی۔ متواتر۔ لگاتار۔

بار بٹالینا (اُر۔ محاورہ) ذِمّے داری میں شریک ہونا۔

بار بٹائی (اُر۔ا۔مث) غلّے کو گاہنے سے پہلے فصل کے گٹھے باندھ کر تقسیم کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بار بردار (ف۔ صف) بوجھ اُٹھانے والا۔

بار برداری (ف۔ امث) بوجھ اُٹھانا (۲) مزدوری۔ بوجھ ڈھونے کی اُجرت۔ چھکڑے وغیرہ کا کرایہ (۳) بوجھ ڈھونے کے ذرائع (گاڑی۔ چھکڑا۔ چوپائے وغیرہ)۔

بار پانا (اَر۔ محاورہ) رسائی ہونا۔ دخل ہونا۔

بارِ تردید (ف۔ امذ) اِعتراض کو رد کرنے کا ذمّہ۔ جواب دہی کی ذمّے داری۔

بارِ ثبوت (ف۔ امذ) ثابت کرنے کا ذمّہ۔ ثبوت دینے کی ذمّے داری۔

بارِ ثبوت مُنتقل کرنا (اَر۔ محاورہ) ثبوت کی ذمّے داری دُوسرے فریق پر ڈالنا۔

بارِ خاص (ف۔ امذ)(۱) خاص اِجازت (۲) دربارِ خاص۔ نج کا اجلاس۔

بارِ خاطر (ف۔ صف) دِل کا بوجھ۔ ناگوار۔ خلافِ طبع۔ ناپسند۔

بارِ خاطر نہیں یارِ شاطر ہُوں (اَر۔ مثل) چالاک دوست ہوں۔ تکلیف نہیں دوں گا۔

باردار (ف۔ صف)(۱) پھل دار۔ میوہ دار (۲) حاملہ۔ گیابھن (۳) صاحبِ اولاد (۴) خوش قسمت۔ نصیبے والا (۵) مال دار۔ دولت مند (۶) بوجھ سے لدا ہوا۔

باردانہ (ف۔ امذ) کسی چیز کے رکھنے کا برتن (۲) اَسباب رکھنے اور باندھنے کا سامان (۳) فوج کے کھانے پینے کا سامان (۴) سوداگری کے سامان کی بوریاں اور صندوق وغیرہ (۵) باورچی خانے کا سامان۔ انگڑ کھنگڑ۔

بارِ رہن (ف۔ امذ) گروی ہونے کا بوجھ۔ کسی چیز کو گروہ رکھنے کی رقم۔

بارِ عام (ف۔ امذ) عام اجازت۔ دربارِ عام۔

بارکش (کاف مفتوح)(ف۔ صف) بوجھ کھینچنے والا۔ سامان لے جانے والا۔

بارگاہ (ف۔ امث) اِجلاس کی جگہ۔ کچہری۔ عدالت۔ دربار کا مقام۔

بارگیر (ف۔ صف و امذ)(۱) بوجھ اُٹھانے والا جانور۔ لدّو گھوڑا' اُونٹ وغیرہ (۲) وہ سوار جس کا ذاتی گھوڑا نہ ہو (۳) سائیس۔

بار ملنا (اَر۔ محاورہ)(۱) اجازت ملنا (۲) رسائی ہونا۔

باروَر۔ دیکھئے بار آور۔

بارہا (ف۔ تابع فعل)(بار کی جمع) بار بار۔ کئی بار۔ کئی مرتبہ۔ اکثر۔ بہت دفعہ۔

بارِیاب (ف۔ صف) اجازت پانے والا۔ دربار میں پہنچنے والا۔ ملاقات کرنے والا۔

بارِیابی (ف۔ امث) بارگاہ میں حاضری۔ دربار میں داخلہ۔

بار (Bar)(انگ۔ امذ)(۱) وکیلوں کی جماعت (۲) مجرم کا کٹہرا (۳) ہوٹل میں وہ جگہ جہاں شراب تقسیم ہوتی ہے (۴) شراب خانہ۔

بار ایٹ لا (Bar-At-Law)(انگ۔ امذ) بیرسٹر ایٹ لا کا مُخفف۔

بار ایسوسی ایشن (Bar Association)(انگ۔ امث) انجمنِ وکلا۔ وکیلوں کی جماعت۔

بار رُوم (Bar Room)(انگ۔ امذ) وکیلوں کے بیٹھنے کا کمرا (کچہری میں)۔

بارا (ہ۔ امذ)(۱) وہ گیت جو پانی کا چرس کھینچتے وقت گایا جاتا ہے (۲) وہ شخص جو آبپاشی کی غرض سے کنوئیں پر کھڑا ہو کر پانی سے بھرا ہوا چرس پکڑتا ہے (۳) سُناروں کا جنتری میں تار کھینچنے کا فعل (۴) وہ کھانا جو بوڑھے شخص کے مرنے پر دیا جاتا ہے۔

بارات (ہ۔ امث) دیکھئے برات۔

باراں (ف۔ امذ) مینہ۔ بارش۔ برسات کا موسم (صف) برسنے والا۔ برستا ہوا۔

باراں دیدہ (ف۔ صف)(۱) وہ جس پر مینہ پڑ چکا ہو (۲) تجربہ کار۔

بارانِ رحمت (ف۔ ع۔ امذ و مث) بارش جو مخلوق کے لئے فائدہ مند ہو۔

باراں گیر (ف۔ امذ) چھجّا جو بارش یا دھوپ سے بچاؤ کے لئے ہوتا ہے۔

بارانی (ف۔ صف) زمین جس کی سرسبزی بارش پر منحصر ہو (۲)(مث) بارانی زمین۔ چاہی زمین کی ضِد (۳) وہ چغہ یا کوٹ جو بارش کا بچاؤ کرتا ہے۔ برساتی۔

باراہ (ہ۔ امذ) سؤر۔ خنزیر۔ خوک (۲) ہندو دیوتا وشنو کا تیسرا اوتار جو سؤر کے رُوپ میں ہوا تھا (۳) گاؤں کے قریب کی زمین۔

بارتنگ (بار۔ تنگ)(ف۔ امذ) ایک دوا۔

بارجہ (ف۔ امذ)(۱) دریچہ۔ چھوٹا دروازہ۔ جھروکا (۲) برآمدہ۔

بارِد (با۔ رِد)(ع۔ صف) سرد۔ ٹھنڈا۔ جمع: بوارد۔

بارڈر (Border)(انگ۔ امذ)(۱) حد۔ سرحد (۲) حصار (۳) کنارہ۔ حاشیہ۔

بارِز (با۔ رِز)(ع۔ صف) آشکار۔ ظاہر۔

بارِش (با۔ رِش)(ف۔ امث) مینہ۔ برکھا۔ برشگال۔ اُر جمع: بارشوں۔ بارشیں۔

بارش آنا (اَر۔ محاورہ) مینہ برسنے کے قریب ہونا (۲) مینہ برسنا۔

بارش ہونا (اَر۔ محاورہ) مینہ برسنا۔ بادل برسنا۔

بارَک (Barrack)(انگ۔ امث) فوجیوں کے رہنے کے مکانات۔ سپاہیوں کے رہنے کی کوٹھڑیوں کی قطار (صحیح تلفظ بیرک)۔ اُر جمع: بارکوں۔ بارکیں۔

بارک ماسٹر (Barrack Master)(انگ۔ امذ) فوجی مکانات کا محافظ اور مہتمم۔

بارَک (با۔ رَک)(ع۔ دُعا) برکت دے۔

بارکَ اللہ (با۔ رَ۔ کل۔ لاہ)(ع۔ دُعا) اللہ برکت دے۔

بارگی (بار۔ گی)(ف۔ امث) دفعہ۔ عرصہ۔ مرتبہ (مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے یک بارگی۔ فوراً)۔

بارِندہ (با۔ رِن۔ دَہ)(ف۔ صف) باریدن مصدر کا اِسمِ فاعل۔ برسنے والا۔

بارُو (با۔ رُو)(ہ۔ امث) بالو۔ ریت۔

بارُوت (بارُود)(ف۔ امذ و مث) گندھک' شورے اور کوئلے وغیرہ کا مُرکب جو آتشیں اسلحہ اور آتش بازی میں کام آتا ہے۔

بارُود اُڑنا (اَر۔ محاورہ) بارُود کا آگ پکڑنا۔

بارُود خانہ (ف۔ امذ)(۱) بارُود جمع کرنے کا مقام (۲) بارُود بنانے کا مقام۔

بارُود میں آگ لگانا (اَر۔ محاورہ)(۱) بارُود کو جلانا (۲) اِشتعال دِلانا۔

بارَہ (با۔ رَہ)(ف۔ امذ)(۱) معاملہ۔ باب۔ تعلّق (۲) نوبت۔ بار۔ دفعہ۔

بارَہ (با۔ رَہ)(ع۔ اعدد) دس اور دو۔ ۱۲۔

بارہ اَبھرن سولہ سِنگھار (ہ۔ امذ) بارہ ابھرن: سر' پیشانی' کان' ناک' گلا' سینہ' بازُو' ہاتھ' کمر' ہاتھ پاؤں کی اُنگلیوں کے زیور۔ اور سولہ سنگھار یہ ہیں: غسل' تیل لگانا' سر گوندھنا' چٹلن پھیرنا' سر کا زیور پہننا' کوئی ہار پہننا' مہندی لگانا' کمر میں کمربند باندھنا' پان کھانا' پاؤں اور گلے میں زیور پہننا' کاجل لگانا' بندے پہننا' نتھ پہننا وغیرہ۔

بارہ اِمام (اَر۔ ع۔ امذ) مسلمانوں کے فرقہ امامیہ کے بارہ پیشوایانِ دین جو

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنحضرت ﷺ کے اہل بیت سے ہوئے (۱) حضرت علی کرّم اللہ وجہہٗ (۲) امام حسنؑ (۳) امام حسینؑ (۴) امام زین العابدینؒ (۵) امام باقرؒ (۶) امام جعفر صادقؒ (۷) امام موسیٰ کاظمؒ (۸) امام رضاؒ (۹) امام محمد تقیؒ (۱۰) امام محمد نقیؒ (۱۱) امام حسن عسکریؒ (۱۲) آنے والے امام مہدی۔

بارہ باٹ (ہ۔ا۔مذ) (۱) بارہ راستے (۲) (صف) آوارہ۔ منتشر (۳) حیران پریشان (۴) متفرق۔ جدا جدا (۵) ضائع۔ بے کار (۶) مختلف الرّائے (۷) برباد۔ ویران۔ تباہ۔

بارہ باٹ کرنا (ار۔ محاورہ) بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔ منتشر کرنا۔

بارہ باٹ ہونا (ار۔ محاورہ) تتر بتر ہونا۔ بگڑنا۔ اُجڑنا۔ برباد ہونا۔

بارہ بارہ چوبیس کوس (ار۔ تابع فعل) بہت دُور تک (زیادہ فاصلہ بتانے کے لئے مستعمل ہے)۔

بارہ بانی (بارہ بانی کا) (ہ۔صف) (۱) پورا۔ کامل۔ ماہر (۲) بے نقص۔ بے عیب (۳) خالص۔ کھرا۔ تجربہ کار۔

بارہ بچے والی (ار۔ صف) (۱) بہت سے بچوں والی عورت (۲) سُؤر کی مادہ۔

بارہ بُرج (ار۔ ع۔ ا۔ مذ) سورج کی بارہ منزلیں جنہیں سورج ایک سال میں طے کرتا ہے۔ علم نجوم کے اعتبار سے اُن کے یہ نام ہیں (۱) حمل (۲) ثور (۳) جوزا (۴) سرطان (۵) اسد (۶) سنبلہ (۷) میزان (۸) عقرب (۹) قوس (۱۰) جدی (۱۱) دلو (۱۲) حوت۔

بارہ برس بعد گوڑے (گھورے) کے دن بھی پھرتے ہیں (ار۔ مثل) مصیبت اور پریشانی کا زمانہ ہمیشہ نہیں رہتا۔ کچھ عرصے بعد کم درجے کے لوگ بھی بڑے مرتبے پر پہنچ جاتے ہیں۔

بارہ برس تک فقیری اور امیری کی بُو نہیں جاتی (ار۔ مثل) عادت بہت عرصے کے بعد بدلتی ہے۔

بارہ برس دلّی میں رہے پر بھاڑ ہی جھونکا کئے (ار۔ مثل) اچھی جگہ رہ کر بھی کچھ نہ سیکھا۔ اچھے لوگوں کے پاس رہ کر بھی ترقی نہ کی۔

بارہ پتھر (ار۔ ا۔ مذ) (۱) چھاؤنی یا شہر کی وہ حدود جن کو بارہ ستونوں سے گھیرتے ہیں (۲) حدودِ شہر۔ چھاؤنی کی چہار طرفہ حدیں۔

بارہ پتھر باہر کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) چھاؤنی کی حدود سے نکال دینا (۲) شہر بدر کرنا۔

بارہ پنی توپ (ار۔ ا۔ مث) (۱) وہ توپ جس میں بارہ پونڈ کا گولا ہوتا ہے (۲) (مجازاً) بہت موٹا آدمی۔

بارہ ٹوپی (ار۔ ا۔ مث) (۱) یورپ کی بارہ طاقتور قومیں یا حکومتیں (۲) عقل مندوں اور مدبّروں کی مجلس۔

بارہ خانوادے (ار۔ ف۔ ا۔ مذ) فقرا کے بارہ فرقے جو صوفیائے کرام کے نام سے منسوب ہیں (۱) قادریہ منسوب بہ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (۲) نقشبندیہ منسوب بہ خواجہ نقشبندؒ (۳) صفویہ منسوب بہ شیخ صفویؒ (۴) عبدالرّوٴسیہ منسوب بہ شیخ عبدالرّوٴس (۵) نوریہ منسوب بہ شیخ ابوالحسن نوریؒ (۶) شطاریہ منسوب بہ شیخ عبداللہ شطاریؒ (۷) یوسفیہ منسوب بہ شیخ احمد یوسفیؒ (۸) انصاریہ منسوب بہ شیخ عبداللہ انصاریؒ (۹) زاہدیہ منسوب بہ خواجہ بدرالدین زاہدؒ (۱۰) قلندریہ منسوب بہ شیخ محمد قلندرؒ (۱۱) خضرویہ منسوب بہ خواجہ احمد خضرویؒ (۱۲) حُسینیہ منسوب بہ حضرت امام حسینؓ۔

بارہ دری (ار۔ ا۔ مث) (۱) بارہ دروازوں والا مکان جو عموماً باغ میں یا دریا کے کنارے بنایا جاتا ہے (۲) (مجازاً) ہوادار کھلا مکان۔

بارہ سِنگا (ار۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا ہرن جس کے سینگ شاخ در شاخ ہوتے ہیں۔

بارہ کھڑی (ہ۔ ا۔ مث) ہندی میں حروفِ صحیح کو حروفِ علّت سے ملا کر پڑھنا۔

بارہ ماسا (ہ۔ ا۔ مذ) بارہ ٹکڑوں کا ہندی گیت جس میں عورت بارہ مہینوں کے فراق کے مصائب کا ذکر کرتی ہے۔ ماسا: مہینا۔

بارہ ماسی (ہ۔ صف) (۱) ایسا درخت جو سارا سال سرسبز اور بار آور رہے (۲) ایسا قلی جو مستقل خدمت کرے۔

بارہ مسالے (ار۔ ا۔ مذ) زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ پودینہ۔ الائچی۔ مرچ سیاہ۔ مرچ سُرخ۔ نمک۔ دھنیا۔ ہلدی۔ لونگ۔ اجوائن۔ دارچینی۔

بارہ مہینے (ار۔ ا۔ مذ و تابع فعل) (۱) تمام سال (۲) ہمیشہ۔ سدا۔ عمر بھر۔

بارہ مہینے تیس دن (ار۔ تابع فعل) ہر وقت۔ ہر ساعت۔ ہمیشہ۔

بارہ میں تین گئے تو رہے کیا خاک؟ (ار۔ مثل) اگر برسات کے تین مہینوں میں بارش نہ ہوئی تو زمیندار تو تباہ ہو گیا۔

بارہ وفات (ار۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) ربیع الاوّل کا مہینا (۲) ربیع الاوّل کے وہ ابتدائی بارہ دن جن میں رسول مقبول ﷺ بیمار رہے اور وفات پائی۔

بارہ ہاتھ کی زبان ہونا (ار۔ محاورہ) بہت زبان دراز ہونا۔

بارہا (ف۔ تابع فعل) بار کے تحت دیکھئے۔

بارھواں (ار۔ عددِ ترتیبی۔ مذ) گیارہ کے بعد۔ بارہ سے نسبت رکھنے والا۔

بارھویں (یائے مجہول) (ار۔ عددِ ترتیبی۔ مذ) بارھواں کی بدلی ہوئی صورت۔

بارھویں (یائے معروف) (ار۔ عددِ ترتیبی۔ مث) بارھواں کی تانیث۔

باری (ع۔ صف) پیدا کرنے والا۔ خالق۔ اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

باری (ار۔ ا۔ مث) موقع۔ نوبت۔ نمبر۔ وقت۔ دفعہ (۲) چوکی پہرا (۳) (ا۔ مذ) ہندوؤں کی ایک ذات۔

باری باری (ار۔ تابع فعل) اپنے اپنے نمبر پر۔

باری بھرنا (ار۔ محاورہ) اپنے اپنے وقت پر پہرا چوکی دینا۔

باری دار (ار۔ ف۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) (۱) اپنی باری پر کام کرنے والا (۲) چوکی والا۔ دربان۔ چوکیدار۔ محافظ۔ پاسبان۔

باری کا بُخار (باری کی تپ) (ار۔ ا۔ پہلا مذ۔ دوسرا مث) وہ تپ جو ایک دن چھوڑ کر آئے۔

باری سے (ار۔ تابع فعل) ایک دن چھوڑ کر۔ نمبر پر۔

بارے (ف۔ تابع فعل) الغرض۔ آخر کار۔ آخرُالامر۔

باریک (بار۔ ریک) (ف۔ صف) (۱) پتلا۔ مہین۔ نازک (۲) مشکل۔ دقیق (۳) خفیف (۴) لطیف۔

باریک بات (ف۔ ار۔ ا۔ مث) لطیف بات۔ نکتہ۔ نازک بات۔

باریک بین (ف۔ صف) تیز فہم۔ رموز دان۔ باریک باتیں سمجھنے والا۔

باریک بینی (ف۔ ا۔ مث) تیز فہمی۔ رمز دانی۔ بات کی تہ کو سمجھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باریک خیال (ف۔ع۔ا۔مذ) نازک خیال۔ عالی خیال۔

باریک کام (ف۔اُر۔ا۔مذ) دقیق کام۔ نازک اور دیدہ ریزی کا کام۔

باریک میان (ف۔صف) پتلی کمر والا۔

باریک نظر (ف۔ع۔صف) باریک بین۔ بلند نظر۔

باریکہ (با۔ری۔کہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) باریک بالوں کا قلم جس سے مُصوّر باریک خط کھینچتے ہیں (۲) حاشیہ۔ کنارہ (۳) وہ باریک خط جو جدول کے علاوہ کتاب کے صفحات کے کناروں پر ہوتا ہے۔

باریکی (با۔ری۔کی) (ف۔ا۔مث) (۱) پتلا پن (۲) نکتہ۔ دقیقہ (۳) نزاکت۔ لطافت۔ اُردو جمع: باریکیاں۔ باریکیوں۔

باریکی (باریکیاں) نکالنا (چھانٹنا) (اُر۔محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ مُوشگافی کرنا۔ اچھائیوں کی تلاش کرنا۔ نازک باتیں نکالنا۔

باڑا (ہ۔ا۔مذ) اِحاطہ۔ مکان۔ گھر۔ چار دیواری (۲) گورستان۔ خانقاہ (۳) میدان۔ کھیت (۴) تماشاگاہ (۵) خیرات جو ہندو شادی کے موقع پر دیتے ہیں۔

باڑ (باڑھ) (ہ۔ا۔مث) (۱) دھار۔ آب (۲) کنارہ۔ حد۔ حاشیہ (۳) سیلاب طُغیانی (۴) اُٹھان۔ جوش (۵) قطار۔ صف (۶) احاطہ۔ گھیرا۔ چار دیواری۔ خاردار پودوں سے کھیت وغیرہ کی حد بندی (۷) سامنے۔ آگے۔ رُوبرو (۸) ایک دَم بہت سی توپوں یا بندوقوں کی بوچھاڑ (۹) ایک قسم کی مٹھائی۔ اندرسہ۔ جمع: باڑھوں۔ باڑھیں۔

باڑھ اُڑانا (باڑھ جھاڑنا۔ باڑھ چھوڑنا۔ باڑھ مارنا) (اُر۔محاورہ) ایک ساتھ کئی توپیں یا بندوقیں داغنا۔ بندوقوں یا توپوں کا مسلسل چھوڑنا۔

باڑھ باندھنا (اُر۔محاورہ) کھیت وغیرہ کو کانٹوں یا جھاڑیوں سے گھیرنا (۲) کسی چیز کو محفوظ کرنا۔ حد بندی کرنا۔

باڑھ پر آنا (اُر۔محاورہ) زور پر آنا۔ نمو ہونا۔

باڑھ پر چڑھانا (اُر۔محاورہ) (۱) دھار تیز کرنا۔ سان پر رکھنا (۲) اُکسانا۔ کسی کام کے لئے تیار کرنا (۳) دَم میں لانا۔ فریب دینا۔

باڑھ پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) دھار تیز ہونا (۲) آمادہ ہونا (۳) طبیعت کا تیز ہونا (۴) فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔

باڑھ پر رکھنا (اُر۔محاورہ) زد پر رکھنا۔ نشانے پر رکھنا (۲) اِشتعال دلانا (۳) تیز کرنا۔

باڑھ پر ہونا (اُر۔محاورہ) ترقی پر ہونا (۲) سیلاب ہونا (۳) نمو پر ہونا۔

باڑھ پکڑانا (ق۔محاورہ) اُکسانا۔ سکھانا۔ پٹی پڑھانا۔

باڑھ تیز کرنا (اُر۔محاورہ) دھار تیز کرنا۔

باڑھ جاتی رہنا (اُر۔محاورہ) دھار کا کُند ہو جانا۔

باڑھ چڑھانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے باڑھ پر چڑھانا۔

باڑھ داغنا (اُر۔محاورہ) کئی توپوں' بندوقوں یا پٹاخوں کا ایک ساتھ چھوڑنا۔

باڑھ دَردَری ہونا (اُر۔محاورہ) دھار کا کھُردرا ہونا (تلوار یا چھُری وغیرہ کو پتھر پر رگڑا جائے تو پھل پر رگڑ سے لکیریں سی پڑ جاتی ہیں جس سے چھُری وغیرہ کھُردری ہو جاتی ہے اور اِس میں کاٹنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے)۔

باڑھ دینا (اُر۔محاورہ) کسی کام پر آمادہ کرنا۔ اِشتعال دینا۔

باڑھ رکھنا (اُر۔محاورہ) باڑھ چڑھانا۔ دھار تیز کرنا۔

باڑھ روکنا (اُر۔محاورہ) آگے نہ بڑھنے دینا۔ سامنے سے روکنا۔

باڑھ کاٹے' نام ہو تلوار کا (اُر۔مثل) کام کرے کوئی' نام ہو کسی اور کا۔

باڑھ کا ڈورا (اُر۔محاورہ) خطِ شمشیر۔ وہ خفیف نشان جو تلوار کی دھار پر پڑ جاتا ہے۔

باڑھ کر جانا (بکسر ک) (اُر۔محاورہ) دھار کا خراب ہو جانا۔ کُند ہو جانا۔

باڑھ مُڑنا (اُر۔محاورہ) باڑھ کا پھر جانا۔

باڑھیا (باڑھ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) دھار تیز کرنے والا۔ صیقل گر۔

باڑی (ہ۔ا۔مث) (۱) مسکن۔ رہنے کی جگہ (۲) باغیچہ۔ چھوٹا سا چمن (۳) کپاس کا کھیت۔ جمع: باڑیاں۔ باڑیوں۔

باز (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک شکاری پرند۔ شکرا (۲) (ف۔تابع فعل) دوبارہ۔ مکرر۔ پھر۔ پیچھے۔ واپس (۳) (ف۔لاحقہ) مصدر بازیدن کا امر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھیلنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے کبوتر باز۔ پتنگ باز (۴) کھلا ہوا۔

باز آمدم بر سرِ مطلب (ف۔فقرہ) میں پھر اصلی بات کی طرف آتا ہوں۔ درمیان میں اِدھر اُدھر کی باتیں آگئی تھیں۔ اب اصلی معاملہ پھر شروع ہوتا ہے۔

باز آنا (اُر۔محاورہ) (۱) پلٹنا۔ واپس آنا (۲) کسی بات کو چھوڑ دینا (۳) توبہ کرنا۔

بازپُرس (ف۔ا۔مث) پوچھ گچھ۔ تحقیقات۔ محاسبہ۔ مواخذہ۔

بازپس (بازپسیں) (ف۔صف) پیچھے ہٹنے والا۔ واپس ہونے والا۔

بازخواست (ف۔ا۔مث) جواب طلبی۔ مطالبہ۔ واپس مانگنا۔

بازخواہ (ف۔صف) جواب طلب کرنے والا۔ تحقیقات کرنے والا۔

باز دعویٰ (ف۔ع۔ا۔مذ) دعوے سے دست بردار ہونا۔ نالش واپس لینا۔

باز دِہی (ف۔ا۔مث) واپسی۔ واپس دینا۔

باز دِید (ف۔ا۔مث) کوئی ملاقات کے لئے آئے تو اُس کے بعد اُسے خود ملنے جانا۔ جوابی ملاقات۔

باز رکھنا (اُر۔محاورہ) روکنا۔ منع کرنا۔

باز رہنا (اُر۔محاورہ) رُکنا۔ ٹھہرنا۔ عادت چھوڑنا (۲) کھُلا رہنا۔

باز کی آنکھیں سینا (اُر۔محاورہ) شکاری باز کی آنکھیں سی دیتے ہیں یا اُن پر ٹوپی چڑھا دیتے ہیں۔ شکار پر چھوڑنے کے وقت آنکھیں کھول دیتے ہیں۔

بازگشت (ف۔ا۔مث) واپسی۔ مُراجعت۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔ پلٹنا۔ پھرنا۔

بازگیر (ف۔صف) (۱) باز سے شکار کھیلنے والا (۲) مؤرّخ۔

بازگیری (ف۔ا۔مث) واپس لینا۔

بازیاب (ف۔صف) پھر پانے والا۔ دوبارہ حاصل کرنے والا۔

بازیابی (ف۔ا۔مث) پھر پانا۔ دوبارہ حاصل کرنا۔ واپسی۔

بازیافت (ف۔ا۔مث) کھوئی ہوئی چیز کی دست یابی۔ پھر مل جانا۔ پھر پانا۔

بازار (ف۔ا۔مذ) (۱) دُکانوں کا سلسلہ۔ منڈی۔ خرید و فروخت کی جگہ (۲) نرخ۔ بھاؤ (۳) اِعتبار۔ ساکھ (۴) بکری۔ خرید و فروخت۔ اُردو جمع: بازار۔ بازاروں۔

بازار اُتر جانا (اُر۔محاورہ) نرخ گھٹ جانا۔ بھاؤ گر جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بازار اُٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) بازار بند ہو جانا۔

بازار اُس کا جو لے کے دے (اُر۔ مثل) اعتبار اُسی کا ہوتا ہے جو قرض ادا کر دے۔

بازار بٹا (اُر۔ا۔مذ) کٹوتی۔ منہائی۔ ڈسکاؤنٹ۔

بازار بڑھ جانا (بڑھنا) (اُر۔ محاورہ) نرخ چڑھ جانا۔ قیمت کا زیادہ ہو جانا۔

بازار بیٹھک (اُر۔ا۔مث) بازار میں بیٹھنے کا ٹیکس۔ تہ بازاری۔

بازار تیز ہونا (بازار چڑھنا) (اُر۔ محاورہ) گرانی ہونا۔ چیزوں کی قیمتیں بڑھ جانا۔

بازار ٹھنڈا (پڑنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) سرد بازاری ہونا۔ بازار میں بکری نہ ہونا۔

بازار چمکنا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے بازار گرم ہونا۔

بازار خرچ (اُر۔ا۔مذ) جیب خرچ۔

بازار دِکھانا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کو بیچنے کے لئے بازار لے جانا (۲) بیچ ڈالنا۔

بازار دیکھنا (اُر۔ محاورہ) بازار میں سودا لینے جانا۔ بازار میں کسی سودے کی تلاش کرنا۔

بازار سرد ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے بازار ٹھنڈا ہونا۔

بازار کا بھاؤ (اُر۔ا۔مذ) بازار کا مول۔ بازار کا عام نرخ (۲) واجبی قیمت۔

بازار کا چلن (اُر۔ا۔مذ) بازار کا دستور۔ خرید و فروخت کا اخلاقی ضابطہ۔

بازار کی چھینک رانڈ کا رونا (اُر۔ محاورہ) دونوں بے اثر ہوتے ہیں۔ نہ کوئی بازار کی چھینک پر توجّہ دیتا ہے اور نہ بیوہ کے رونے پر۔

بازار کی گالی کس کی؟ جو پھر کے دیکھے اُس کی (بازار کی گالی جس نے سُنی اُس پر پڑی) (اُر۔ مثل) بازار میں جو شخص گالی دینے والے کو دیکھے گا لوگ سمجھیں گے کہ اُسی کو گالی دی گئی ہے (۲) جو کسی عام الزام یا طعن کا جواب دے گا لوگ سمجھیں گے کہ وہی اس طعن یا الزام کا ہدف ہے۔

بازار کی مٹھائی (اُر۔ا۔مث) آسانی سے مل جانے والی چیز (۲) مجازاً کسبی عورت۔

بازار کے بھاؤ پٹنا (اُر۔ محاورہ) خوب پٹنا۔ شارع عام پر مار کھانا۔ لوگوں کے سامنے ذلیل ہونا۔

بازار گرم ہونا (اُر۔ محاورہ) بازار چمکنا۔ خوب خرید و فروخت ہونا۔ زیادہ مانگ ہونا۔

بازار گرنا (اُر۔ محاورہ) بھاؤ کم ہونا۔ نرخ گھٹنا (۲) بے قدری ہونا۔

بازار لگانا (اُر۔ محاورہ) منڈی لگانا (۲) دُکان کھولنا (۳) چیزوں کو پھیلانا (۴) بھیڑ کرنا۔ انبوہ کرنا۔

بازار لگا نہیں گٹھ کترے آن پہنچے (اُر۔ مثل) وقت سے پہلے موقع ڈھونڈنا۔

بازار مندا ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے بازار ٹھنڈا ہونا۔

بازار میں آگ لگنا (اُر۔ محاورہ) غلّہ گراں ہونا۔ چیزوں کا مہنگا ہونا۔

بازار میں سر مُنڈا گھر نہ کہنا (اُر۔ مثل) بات مشہور ہو جائے تو چھپانے کی کوشش بے کار ہے۔

بازار ناپنا (اُر۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔ بغیر کسی مقصد کے بازاروں کے چکر لگانا۔

بازارُو (با۔زا۔رو) (اُر۔ صف) (۱) وہ چیز جو جلدی بک جائے۔ عام بکری کی چیز (۲) نمائشی چیز۔ ہلکی' بودی چیز۔

بازاری (ف۔ صف) (۱) بازار سے نسبت رکھنے والا (۲) عام آدمی۔ معمولی شخص (۳) بازار کا بیٹھنے والا۔ اوباش۔ غیر معتبر (۴) رنڈی۔

بازاری آدمی (اُر۔ا۔مذ) (۱) عام شخص (۲) بداخلاق شخص۔ بے آبرو شخص۔ غیر معتبر آدمی۔

بازاری عورت (اُر۔ا۔مث) کسبی۔ بیسوا۔ رنڈی۔

بازاری قیمت (اُر۔ا۔مث) بازار کا بھاؤ۔ بازار کا مول۔ عام قیمت۔ عام بھاؤ۔

بازاری گپ (اُر۔ا۔مث) افواہ۔ لوگوں کی جھوٹی اُڑائی ہوئی بات۔

بازرگان (بازارگان کا مخفف) (ف۔ا۔مذ) دُکاندار۔ سوداگر۔ لین دین کرنے والا۔

بازِندہ (با۔زِن۔دہ) (ف۔ صف) کھلاڑی۔ کھیلنے والا (۲) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا لوٹن کبوتر۔

بازُو (ف۔ا۔مذ) (۱) کہنی سے شانے تک کا حِصّہ۔ ڈنڈ (۲) پرندوں کے جسم کا وہ حِصّہ جس میں پر ہوتے ہیں (۳) (مجازاً) معاون۔ مددگار (۴) دائیں بائیں کی فوج۔ میمنہ۔ میسرہ (۵) ساتھی۔ دوست (۶) مرثیہ خواں کا جوڑی دار (۷) دروازے کے دونوں طرف کی لکڑیاں۔ جمع: بازو۔ بازوؤں۔

بازو بند (اُر۔ا۔مذ) بازو پر باندھنے کا زیور۔

بازو پھڑکنا (اُر۔ محاورہ) بازو میں یک لخت حرکت پیدا ہونا۔ بازو میں جھٹکا محسوس ہونا (کسی دوست کے ملنے کا شگون)۔

بازو تولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) اُڑنے کے لئے مستعد ہونا (۲) آمادہ ہونا۔

بازو ٹوٹنا (اُر۔ مص مرکب) (۱) بازو کا ٹوٹ جانا (۲) (مجازاً) قوت کا جاتا رہنا (۳) بھائی یا عزیز دوست کا فوت ہو جانا۔

بازو ٹوٹے باز کو باز ہی لقمہ دے (اُر۔ مثل) ہم جنس کو تکلیف پہنچے تو ہم جنس ہی اُس کی مدد کرتا ہے۔

بازو دعویٰ (اُر۔ا۔مذ) وہ دعویٰ جو میکے میں بیٹھی ہوئی عورت کے خاوند کی طرف سے اس کی بازیابی کے لئے کیا جاتا ہے۔

بازو دینا (اُر۔ محاورہ) مدد کرنا۔ مدد دینا۔

بازو رہ جانا (اُر۔ محاورہ) بازو کا تھک جانا' بے کار ہو جانا' شل ہو جانا۔

بازو کی مچھلی (اُر۔ا۔مث) بازو کا گوشت جو کسی قدر اُبھرا ہوا ہوتا ہے۔

بازی (ف۔ا۔مث) کھیل۔ تماشا (۲) فریب۔ دھوکا (۳) کبوتر کا پلٹیاں کھانا (۴) داؤں (۵) شرط کی رقم۔ (۶) تاش۔ گنجفہ۔ شطرنج۔ اُر جمع: بازیاں۔ بازیوں۔

بازی آنا (اُر۔ محاورہ) کھیل سے واقف ہونا (۲) تقسیم میں گنجفے یا تاش کے اچھے پتوں کا ملنا۔

بازی اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) کھیل ختم ہونا۔

بازی اُڑنا (اُر۔ محاورہ) کھیل میں طوالت ہونا۔ کھیل کا لمبا ہو جانا۔

بازی بازی با ریش بابا ہم بازی (ف۔ مثل) باپ کی ڈاڑھی سے کھیلنا۔ جب کوئی چھوٹا بڑے آدمی سے اُلجھے اُس وقت کہتے ہیں۔

بازی بدنا (اُر۔ محاورہ) شرط لگانا۔ داؤ لگانا۔

بازی پانا (بازی جیتنا) (اُر۔ محاورہ) شرط جیتنا۔ کامیاب ہونا۔

بازی دینا (اُر۔ محاورہ) ہرا دینا۔ مات دینا۔

بازی کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نٹوں کا قلابازیاں کھانا (۲) کبوتروں کا پلٹیاں کھانا۔ کسی چیز سے کھیلنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بازی کھانا (اُر۔ محاورہ) مات ہونا۔ شکست کھانا۔ ہارنا (۲) کبوتر کا پلٹیاں کھانا (۳) فریب کھانا (۴) نٹوں کا قلابازیاں کھانا۔

بازی کھیلنا (اُر۔ محاورہ) تاش گنجفہ یا شطرنج کھیلنا۔

بازی گاہ (ف۔ ا۔ مث) کھیلنے کی جگہ۔ کھیل کا میدان۔

بازی گر (ف۔ ا۔ مذ) تماشا دکھانے والا۔ شعبدہ باز۔ نٹ۔

بازی گری (ف۔ ا۔ مث) شعبدہ بازی۔ چالاکی۔ فریب۔

بازی لگانا (اُر۔ محاورہ) شرط بدنا۔

بازی لے جانا (اُر۔ محاورہ) غالب آجانا۔ فتح پانا۔ جیت جانا۔ سبقت لے جانا۔

بازی ہاتھ (آنا) رہنا (اُر۔ محاورہ) کامیاب ہونا۔ جیت جانا۔

بازی (ہارنا) ہرنا (اُر۔ محاورہ) مات کھانا۔ مات ہونا۔ کھیل میں مغلوب ہونا۔

بازیچہ (با۔ زی۔ چہ) (ف۔ ا۔ مذ) کھیل۔ تماشا۔ کھلونا۔

بازیچۂ اَطفال (ف۔ ا۔ مذ) بچّوں کا کھیل۔ غیر اہم بات۔

باس (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بُو (۲) بدبُو (۳) خوش بُو (۴) علامت۔ نشانی۔

باسا (ہ۔ ا۔ مذ) جائے سکونت۔ بسنے کی جگہ۔ رہنے سہنے کا مقام۔

باسا کرنا (ہ۔ محاورہ) بسیرا کرنا۔ آرام کرنا۔ ٹھہرنا۔ بسنا۔ رہنا۔

باس (Boss) (انگ۔ ا۔ مذ) آقا۔ مالک۔ سیٹھ۔ افسر۔

باسٹھ (با۔ سَٹھ) (ہ۔ ا۔ عدد) ساٹھ اور دو۔ (۶۲)۔

باسِط (با۔ سِط) (ع۔ صف) (۱) فراخی دینے والا۔ پھیلانے والا (۲) خدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

باسَک (با۔ سَک) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ سانپ جس پر ہندو زمین کو قائم خیال کرتے ہیں (۲) سانپوں کا بادشاہ۔ شیش ناگ۔

باسکٹ (Basket) (انگ۔ ا۔ مذ) ٹوکری۔ پٹاری۔ چھابا۔

باسَلیِق (با۔ سَ۔ لِیق) (یو۔ ا۔ مث) ایک رگ کا نام جو دل اور جگر سے ہوتی ہوئی ہاتھ میں آتی ہے۔

باسمتی (باس۔ مَ۔ تی) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا عمدہ اور خوش بودار چاول۔

باسَن (با۔ سَن) (ہ۔ ا۔ مذ) برتن۔ ظرف۔ بھانڈا۔

باسنا (باس۔ نا) (ہ۔ ا۔ مث) خوشبو۔ مہک۔ بُو (۲) (ہ۔ مص) خوشبو میں بسانا۔

باسُور (با۔ سُور) (ع۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا مَسّا جو مقعد یا ناک میں ہوتا ہے۔ جمع: بواسیر۔

باسی (ہ۔ صف) (۱) رات کا بچا ہوا کھانا۔ تازہ کی ضِد (۲) مُرجھایا ہوا (۳) ساکن۔ رہنے والا۔ باشندہ۔

باسی بچے نہ کُتّا کھائے (اُر۔ مثل) نہ بچاکر رکھا جائے نہ بے کار کرکے پھینکنا پڑے۔ جتنی آمدنی اتنا ہی خرچ (بے حد افلاس ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں)۔

باسی بھات میں اللہ میاں کا نہوڑا (اُر۔ مثل) ناقص چیز میں احسان جتانا۔

باسی پھولوں میں باس نہیں، پردیسی بلم تیری آس نہیں (اُر۔ مثل) جیسے باسی پھولوں میں خوشبو نہیں رہتی، اسی طرح پردیسی سے محبت کے نباہ کی اُمید نہیں ہوتی۔

باسی تِباسی (ہ۔ صف) دو تین دن کا بچا ہوا کھانا۔

باسی دانتوں (ہ۔ تابع فعل) مُنہ ہاتھ دھونے سے پہلے۔ نہار مُنہ۔

باسی عید (اُر۔ ا۔ مث) عید کا دُوسرا دن۔ کُر۔

باسی کڑھی میں اُبال آنا (اُر۔ مثل) بُڑھاپے میں جوانوں کا سا جوش آنا۔ وقت گزر جانے کے بعد کوئی کام کرنے کا جذبہ پیدا ہونا۔

باسی مُنہ (اُر۔ ا۔ مذ) نہار منہ۔ ناشتانہ کئے ہوئے۔ صبح کچھ کھائے بغیر۔

باشد (با۔ شَد) (ف۔ مضارع) ہو۔ ہوا کرے۔ کچھ بھی ہو۔ پروا نہیں۔

باشِندگان (با۔ شِن۔ دَ۔ گان) (ف۔ ا۔ مذ) باشندہ کی جمع۔

باشِندہ (با۔ شِن۔ دہ) (ف۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) ساکن۔ رہنے والا۔ بسنے والا۔ وہ شخص جو کسی شہر یا ملک کی حدود میں رہتا ہو، کاروبار کرتا ہو، جائیداد کا مالک ہو، یا وہاں کے شہری حقوق رکھتا ہو۔ (بفتح ش بھی صحیح ہے)۔ فارسی جمع: باشندگان۔ اُردو جمع: باشندوں۔ باشندے۔

باشَہ (با۔ شہ) (ف۔ ا۔ مذ) ایک شکاری پرندے کا نام۔

باصِر (با۔ صِر) (ع۔ صف) دیکھنے والا۔ بینائی رکھنے والا۔

باصِرہ (با۔ صِ۔ رَہ) (ع۔ صف) باصر کی تانیث۔ دیکھنے والی۔ بینائی رکھنے والی (۲) (ع۔ ا۔ مث) دیکھنے کی قوت۔ بینائی کی قوت۔

باطِل (ع۔ صف) (۱) جھوٹ۔ بے اصل۔ غلط۔ ناحق (۲) لغو۔ بے ہودہ۔ نکما۔

باطِن (ع۔ ا۔ مذ) پوشیدہ چیز۔ اندرونی حِصّہ۔ اندرون۔ ظاہر کی ضِد (۲) پیٹ۔ شکم (۳) دل۔ ضمیر۔ جمع: بُطون۔

باطِنی (با۔ طِ۔ نی) (ع۔ صف) (۱) پوشیدہ۔ اندرونی۔ ظاہر کی ضِد (۲) فرقہ باطنیہ کا پیرو۔

باطِنِیّہ (با۔ طِ۔ نی۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مذ) اہل تشیّع کے ایک فرقے کا نام جس کا لیڈر حسن بن صباح تھا۔ اِس کے اِعتقاد میں ہر شرعی امر کے ایک ظاہری معنی ہوتے ہیں اور دُوسرے باطنی۔ یہ لوگ اپنے مخالفین کو فریب سے قتل کر دیا کرتے تھے۔ اِن کو حشیشین بھی کہتے ہیں، کیونکہ یہ بھنگ پیا کرتے تھے (۲) (صف) باطن سے منسوب۔ باطنی۔

باعِث (با۔ عِث) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) وجہ۔ سبب۔ عِلّت۔ موجب (۲) حقیقت۔ اصل۔ بنیاد۔

باعث کھلنا (اُر۔ محاورہ) وجہ معلوم ہو جانا۔ سبب ظاہر ہونا۔

باعث ہونا (اُر۔ محاورہ) سبب ہونا (۲) مُصر ہونا۔

باغ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) گل زار۔ پھلواڑی۔ چمن (۲) (مجازاً) آل اولاد۔ بال بچے (۳) دُنیا۔ فارسی جمع: باغہا۔ باغات۔ اُردو جمع: باغ۔ باغوں۔

باغِ اِبراہیمؑ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو ڈال دیا تھا اور وہ خُدا کے حکم سے گلزار بن گئی تھی۔ گلزار ابراہیم۔ گلزارِ خلیل۔

باغ باڑی (اُر۔ ا۔ مث) (۱) پھلواڑی۔ پھولوں کا تختہ (۲) بال بچے۔ اولاد۔

باغ باغ ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت خوش ہونا۔ خوشی سے پھولے نہ سمانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باغ بان (ف-ا-مذ) مالی-باغ کا محافظ-باغ میں پودے وغیرہ لگانے والا۔
باغ بانی (ف-ا-مث)(۱) باغ کی حفاظت (۲) مالی کا عہدہ (۳) وہ فن جس میں درختوں کے متعلق تعلیم دی جاتی ہے۔
باغ پَیرا (ف-صف-وا-مذ) مالی-باغ کو کاٹ چھانٹ کے آراستہ کرنے والا۔
باغ خلیل (ف-ع-ا-مذ) دیکھئے باغ ابراہیم۔
باغ رِضوان (ف-ع-ا-مذ) جنّت-بہشت۔
باغ شدّاد (ف-ا-مذ) وہ جنّت (اِرم) جو شدّاد نے بنائی تھی مگر جس کے دروازے پر قدم رکھتے ہی وہ مرگیا تھا۔
باغ قالی (باغ قالین) (ف-ا-مذ)(۱) وہ بیل بوٹے جو قالین پر بنے ہوتے ہیں (۲)(صف) نمائشی-خیالی۔
باغ قُدس (ف-ع-ا-مذ) بہشت-جنّت۔
باغ لگانا (اُر-محاورہ)(۱) درخت لگانا (۲)(مجازاً) اچھے اچھے رنگین مضامین جمع کرنا (۳) رونق دینا۔
باغ لگا نہیں، منگتوں نے ڈیرے ڈال دیئے (اُر-مثل) فصل پکی نہیں، مانگنے والے پہلے ہی آ دھمکے-کام بنا نہیں فقیر پہلے ہی خیرات لینے کے لئے آگئے۔
باغ والا (اُر-ا-مذ) باغ کا مالک۔
باغ و بہار (ف-صف)(۱) آراستہ-سجا ہوا-بارونق (۲)(مجازاً) ہنس مکھ-ظریف طبع-خوش مزاج۔
باغ وَحش (ف-ع-ا-مذ) چڑیا گھر۔
باغات (ف-ا-مذ) باغ کی جمع، عربی قاعدے سے۔
باغاتی (ف-صف) باغ کا-باغ سے متعلق۔
باغیچہ (باغ-چہ)(ف-ا-مذ) باغ کی تصغیر-چھوٹا سا باغ-چمن۔
باغی (ع-صف-و-ا-مذ)(۱) بغاوت کرنے والا (۲) نافرمان-سرکش (۳) مخالف-منحرف-پھرا ہوا-برگشتہ-اُردو جمع: باغی-باغیوں۔
باغی ہونا (اُر-محاورہ)(۱) پھر جانا-سرکشی اختیار کرنا-بغاوت کرنا۔
باغیچہ-غلط العوام ہے-دیکھئے باغچہ۔
باف (ف-لاحقہ) فارسی مصدر بافتن (بُننا) سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے آخر میں آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بُننے والا کے معنی دیتا ہے جیسے زرباف-پارچہ باف۔
بافت (بسکونِ سوم و چہارم)(ف-ا-مث) بُنائی-بناوٹ (۲) بہت باریک بُنی ہوئی چیز (۳) نسیج-جسم کی باریک رگ-اُردو جمع: بافتوں-بافتیں۔
بافتہ (باف-تہ)(ف-صف) فارسی مصدر بافتن سے اسم مفعول بمعنی بُنا ہوا-مرکبات میں مستعمل ہے جیسے زربافتہ (۲)(ا-مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) ایک قسم کے کبوتروں کا رنگ۔
بافِندگی (با-فن-دَ-گی)(ف-ا-مث)(۱) بُننے کا کام (۲) بُنائی-جولاہے کا پیشہ۔

بافِندہ (با-فن-دہ)(ف-صف-وا-مذ) بُننے والا-کپڑا بُننے والا-جولاہا-جمع: بافندگان۔
باقِر (ع-صف) بہت بڑا عالم-لقب ابوجعفر محمد بن علی ابن الحسینؓ۔
باقر خانی (ف-ا-مث) ایک قسم کی روغنی چپاتی جو مکھن، دودھ اور میدہ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے-اِس کا موجد باقر خان نان بائی تھا۔
باقِلا (با-قِ-لا)(ع-ا-مذ) مٹر اور لوبیا ایسی پھلیاں جو پکا کر کھائی جاتی ہیں۔
باقی (ع-صف) بچا ہوا (۲) واجبُ الادا-واجبُ الوصول (۳) ہمیشہ موجود رہنے والا-خُداوند تعالیٰ کا ایک صفاتی نام-جمع: باقیات۔
باقی آنا (اُر-محاورہ) حساب میں جمع سے خرچ مجرا کرنے کے بعد رقم باقی نکلنا۔
باقی بیباق کرنا (اُر-محاورہ) باقی چکانا-حساب بیباق کرنا-کل رقم ادا کرنا۔
باقی پڑنا (اُر-محاورہ) مال گزاری کا بیباق نہ ہونا-بقایا ذمّے رہنا۔
باقی جمع (ع-اُر-ا-مث) لگان کی رقم جو گزشتہ سالوں کے معاملے میں سے باقی ہو۔
باقی دار (ع-ف-صف) جس پر کوئی مطالبہ باقی ہو۔
باقی دارَد (ع-ف-فقرہ) باقی پھر سہی-ابھی باقی ہے-باقی آئندہ۔
باقی غیر ممکنُ الوصول (ع-اُر-ا-مث) وہ بقایا جس کا وصول کرنا غیر ممکن ہو۔
باقی ماندہ (ع-ف-صف) باقی بچا ہوا-باقی رہا ہوا۔
باقی نام اللہ کا (اُر-مقولہ) خُدا کے سوائے کوئی ہمیشہ زندہ رہنے والا نہیں-اللہ تعالیٰ کے سوا سب کو فنا ہے۔
باقی نکالنا (اُر-محاورہ) حساب میں باقی رقم ظاہر کرنا۔
باقی نکلنا (اُر-محاورہ) مجرائی کے بعد کسی رقم کا واجبُ الادا رہنا۔
باقیات (با-قی-یات)(ع-ا-مث) باقی کی جمع (۲) وہ رقمیں جو وصول نہ ہوئی ہوں (۲) باقی ماندہ چیزیں یا لوگ۔
باقیاتِ حسابِ رواں (ع-ف-ا-مث) چلتے حساب کا بقایا۔
باقیاتُ الصّالحات (باقی-یا-تُص-صا-لِ-حات)(ع-ا-مث)(۱) ایسے نیک کام جن کا ثواب ہمیشہ ملتا رہے-رفاہِ عام کے لئے کوئی کام (۲) صدقۂ جاریہ (۳) نیک اور صالح اولاد۔
باک (ف-ا-مذ) خوف-ڈر-اندیشہ-وحشت۔
باکِرہ (با-کِ-رہ)(ع-صف) دوشیزہ-کنواری لڑکی۔
باکس (Box)(انگ-ا-مذ) بکس-صندوق (۲) تھیٹر وغیرہ میں علیحدہ نشست گاہ (۳) سنتری یا سگنل والے کی کاٹھ کوٹھڑی۔
باکس آفس (Box Office)(انگ-ا-مذ) تھیٹر کا ٹکٹ گھر۔
باکسر (Boxer)(انگ-ا-مذ) مُکّے باز۔
باکسنگ (Boxing)(انگ-ا-مث) مُکّے بازی (کھیل)۔
باکلی (باک-لی)(ہ-ا-مث) گھنگنی-اُبلا ہوا اناج۔
باکھ (ہ-ا-مذ) گائے، بھینس، بکری وغیرہ کے تھنوں کا اُوپر کا حصّہ-ایَن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھیری۔ شیر دان۔

باکھڑی (باکھلی) (باکھ۔ڑی) (باکھ۔لی) (ھ۔ا۔مث) وہ گائے، بھینس، بکری وغیرہ جو صرف پانچ مہینے دودھ دے کر رک جائے۔

باکھل (با۔کھل) (ھ۔ا۔مذ) مویشیوں کا باڑا۔ احاطہ۔

باگ (ھ۔ا۔مث) لگام۔ راس۔ عنان۔ جمع: باگوں۔ باگیں۔

باگ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) باگ ہاتھ میں لینا (۲) (کنایۃً) گھوڑا دوڑانا۔ روانہ ہونا۔ چل پڑنا۔

باگ پکڑائی (اَر۔ا۔مث) رسم۔ جب دُولھا گھوڑے پر سوار ہوتا ہے تو بہنیں باگ پکڑ کر دُولھا بھائی سے کچھ روپے لیتی ہیں جسے نیگ کہا جاتا ہے۔

باگ چھوڑ دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کو اُس کی مرضی پر جانے دینا (۲) (مجازاً) آزاد کر دینا۔ نگرانی اُٹھا لینا۔

باگ ڈال دینا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے باگ چھوڑ دینا۔

باگ ڈور (اَر۔ا۔مث) وہ رسّی جو سائیس گھوڑے کی لگام میں ڈال کر اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔ کسی کام کے کرنے کا اِختیار۔

باگ ڈھیلی (چھوڑنا) کرنا (اَر۔ محاورہ) باگ کو ڈھیلا چھوڑ دینا تاکہ گھوڑا اپنی مرضی کے مطابق چلے (۲) (مجازاً) کسی شخص کو آزاد چھوڑ دینا (۳) تنبیہ نہ کرنا۔ توجُّہ نہ کرنا۔

باگ روکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھوڑا ٹھہرانے کے لئے لگام کھینچنا (۲) (مجازاً) زیادہ باتیں کرنے سے روکنا۔ تنبیہ کرنا۔

باگ سنبھالنا (اَر۔ محاورہ) سوار کا چلنے پر مستعد ہونا۔

باگ کھینچنا (اَر۔ محاورہ) باگ روکنا۔ گھوڑا ٹھہرانا۔

باگ لینا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے باگ اُٹھانا۔

باگ مُڑنا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کا رُخ دُوسری طرف ہو جانا (۲) (مجازاً) توجُّہ کا دُوسری طرف پھرنا (۳) چیچک کا مُرجھانا۔

باگ موڑنا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کا رُخ پھیرنا (۲) گھوڑے کو موڑنا۔ (۳) (مجازاً) توجُّہ دُوسری طرف کرنا۔

باگ ہاتھ سے چھوٹنا (اَر۔ محاورہ) بے قابو ہو جانا۔ بے اِختیار ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ موقع ہاتھ سے جاتا رہنا۔

باگ ہاتھ سے چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) لگام کو ڈھیلا کر دینا (۲) (مجازاً) اِنتظام سے بے پروائی کرنا (۳) تنبیہ موقوف کر دینا۔ نگہبانی ترک کر دینا۔

باگا (ھ۔ا۔مذ) (۱) دُولھا کا جوڑا (۲) پوشاک۔ خلعت (اُردو میں یہ لفظ جوڑے کے ساتھ مستعمل ہے۔ جوڑے باگے)۔

باگڑ (با۔گڑ) (ھ۔ا۔مذ) ہرنوں کا گلّہ۔

باگڑبِلا (باگڑ کا بِلا) (ھ۔ا۔مذ) وہ پُتلا جو جانوروں کو ڈرانے کے لئے کھیتوں میں کھڑا کر دیتے ہیں (عورتیں بچوں کو اِس نام سے ڈراتی ہیں) ایک قسم کا بڑا بِلا۔

باگھ (ھ۔ا۔مذ) شیر۔ چیتا۔ جمع: باگھ۔ باگھوں۔

باگھ بکری (ھ۔ا۔مث) لڑکیوں کا ایک کھیل۔

باگھ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں (ھ۔مثل) چھوٹے بڑے دونوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جاتا ہے (انصاف اور امن و امان کے اظہار کے لئے کہتے ہیں)۔

باگھن (باگھنی) (با۔گھن) (باگھ۔نی) (ھ۔ا۔مث) (۱) چیتے کی مادہ۔ (۲) شیرنی۔

باگھی (ھ۔ا۔مث) وہ گرہ جو کسی زخم یا سوزاک کی وجہ سے جِدّوں پر پڑ جاتی ہے۔

باگیسری (با۔گیس۔ری) (یائے مجہول) (ھ۔ا۔مث) ایک راگنی۔

بال (ف۔ا۔مذ) (۱) پرندے کے بازو (۲) پَر۔

بال و پر (ف۔ا۔مذ) (۱) بازو اور پَر (۲) پَر پُرزے (۳) قابلیت۔ ہمّت۔

بال و پر نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اُڑنے کے قابل ہونا (۲) پَر پُرزے نکالنا۔ شرارت کرنا (۳) مقابلے پر آنا۔

بال و پر نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اُڑنے کے قابل ہونا۔ ہوش سنبھالنا (۲) فتنہ پرور ہونا۔ شریر ہونا۔

بال (ھ۔ا۔مث) جوار، باجرا یا گیہوں وغیرہ کا خوشہ۔ بالی (۲) (ھ۔ا۔مذ) بچہ۔ بالک (۳) مُو۔ رُواں۔ رونگٹا (۴) وہ خط جو ہلکی ضرب سے شیشے یا چینی کے برتن میں پڑ جاتا ہے۔ بہت باریک شگاف یا دراڑ۔ جمع: بال۔ بالوں۔

بال آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شگاف پڑ جانا۔ شیشے یا چینی میں خط پڑنا۔ دراڑ پڑنا (۲) خوشہ نکلنا (۳) بدن پر بال اُگنا۔

بال اُترنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بال گرنا (۲) بال مونڈے جانا۔ مُونڈن ہونا۔

بال بال (اَر۔ متعلق فعل) (۱) ہر ایک بال (۲) ذرا ذرا۔ بالکل (۳) مُو بمُو۔ صاف صاف (۴) تھوڑے فرق سے۔

بال بال بچنا (اَر۔ محاورہ) حادثے کی لپیٹ میں آتے آتے بچنا۔ ذرا آنچ نہ پہنچنا۔

بال بال بندھنا (جکڑنا) (اَر۔ محاورہ) بہت بُری طرح پھنسنا۔ بہت زیادہ مقروض ہونا۔

بال بال دُشمن ہونا (اَر۔ محاورہ) ہرکس و ناکس کا دُشمن ہو جانا۔ تمام زمانے کا دُشمن ہو جانا۔

بال بال موتی پرونا (اَر۔ محاورہ) ہر بال میں موتی پرونا۔ خوب آراستہ و پیراستہ ہونا یا کرنا۔

بال بال گناہ گار ہونا (اَر۔ محاورہ) سرتاپا گناہ گار ہونا۔ بہت زیادہ گنہگار ہونا۔

بال باندھا (اَر۔ صف۔مذ) غلاموں کی مانند (۲) بے عذر فرماں بردار۔ تابع و مطیع۔ مؤنث کے لئے بال باندھی۔

بال باندھا چور (اَر۔ا۔مذ) پورا چور۔ مشّاق چور۔

بال باندھا غلام (اَر۔ا۔مذ) نہایت تابع اور فرماں بردار غلام۔ اشارے پر کام کرنے والا۔ غلام یا نوکر۔

بال باندھی کوڑی اُڑانا (اَر۔ محاورہ) ٹھیک نشانہ لگانا (۲) ایسی اِحتیاط سے کام کرنا کہ خطا نہ ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بال بچّوں والی (اُر۔ صف) (۱) اولاد والی عورت (۲) (مجازاً) چیچک۔

بال بچّے (اُر۔ا۔مذ) بیوی بچے۔ اَہل و عیال۔

بال بُدھ (ہ۔ا۔مث) لڑکپن کی عقل۔ ناتجربہ کاری۔ بچوں کی سی سمجھ۔

بال بِدھوا (وِدھوا) (ہ۔ا۔مث) نو عُمر بیوہ۔ بچپن کی رانڈ۔

بال برابر (اُر۔صف) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ نہایت قلیل (۲) نہ ہونے کے برابر۔ خفیف۔

بال برابر فرق نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ایک جیسا ہونا۔ معمولی سا فرق بھی نہ ہونا۔

بال برابر کمی نہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) ذرا کوتاہی نہ کرنا۔ کوئی کسر اُٹھا نہ رکھنا۔

بال بکھرنا (اُر۔ محاورہ) بالوں کا پریشان ہونا۔

بال بنانا (اُر۔ محاورہ) چوٹی گوندھنا۔ کنگھی کرنا۔ مانگ چوٹی کرنا (۲) حجامت بنانا۔ خط بنانا۔

بال بھر (اُر۔ صف) ذرا سا۔ خفیف۔

بال بھوڑی (نون غنّہ) (اُر۔ا۔مث) گھوڑے کا ایک نقص جس میں بالوں کی ایک خاص شکل بن جاتی ہے۔

بال بیکا نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ذرا صدمہ نہ پہنچنا۔ آنچ نہ آنا۔

بال پکنا (اُر۔ محاورہ) بال سفید ہونا۔ بُڑھاپا آنا (۲) خوشے کا پختہ ہونا۔

بال توڑ (اُر۔ا۔مذ) پھوڑا جو جسم کے بال ٹوٹنے سے ہو جاتا ہے۔

بال جنجال، بال سِنگار (اُر۔ مثل) بال تکلیف کا باعث بھی ہیں اور خوبصورتی کا مُوجب بھی۔

بال جنجال، پلے تو پال، نہیں تو مُونچھوں کو ٹال (اُر۔ مثل) بالوں کو اچھی طرح رکھ سکتے ہو تو رکھو ورنہ مُنڈوا دو۔

بال جھڑنا (اُر۔ محاورہ) بالوں کا خود بخود ٹوٹ کر گرنا۔

بال چھڑ (ہ۔ا۔مذ) ایک خوشبودار گھاس جو بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔ سُنبل الطیب۔

بال خورہ (اُر۔ا۔مذ) ایک مرض کا نام جس میں بدن کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

بال دھوپ میں سفید کرنا (اُر۔ محاورہ) بوڑھا ہو جانے پر بھی ناتجربہ کار رہنا۔

بال ڈالنا (اُر۔ محاورہ) خط ڈالنا۔ نشان ڈالنا۔ دراڑ ڈالنا۔

بال رکھنا (اُر۔ محاورہ) بال بڑھانا۔

بال سے باریک (اُر۔ صف) بہت مہین۔ بہت دُبلا۔ نہایت لاغر۔

بال صفا (اُر۔ا۔مذ) بال اُڑانے والی دوا۔

بال کا کمبل بنانا (بال کی بھیڑ بنانا) (اُر۔ محاورہ) چھوٹی بات کو بڑا کر کے دکھانا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔

بال کترنا (اُر۔ مص مُرکّب) قینچی سے بال کاٹنا۔ (کتروانا متعدی)۔

بال کترنے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا (اُر۔ مثل) بڑے ذخیرے میں سے تھوڑا سا نکال لینے سے کوئی حرج نہیں ہوتا (۲) بڑی مصیبت یا بیماری میں تھوڑا سا افاقہ بھی ہو جائے تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔

بال کمانی (اُر۔ا۔مث) گھڑی کے اندر کی وہ کمانی جو نہایت باریک ہوتی ہے۔ چھوٹا سا اسپرنگ۔

بال کھچڑی ہونا (اُر۔ محاورہ) سیاہ بالوں میں سفید بالوں کا آ جانا۔

بال کھڑے ہونا (اُر۔ محاورہ) رونگٹے کھڑے ہونا۔ خوف آنا۔ ڈر معلوم ہونا۔

بال کی کھال نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت باریکی نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ نقص ڈھونڈنا۔

بال گوپال (ہ۔ا۔مذ) (۱) لڑکے بالے۔ بال بچّے (۲) چیلے چانٹے۔ مُرید۔

بال گُندھوانا (گُندھانا) (اُر۔ محاورہ) بالوں کی چوٹی بنوانا۔

بال گوندھنا (اُر۔ محاورہ) بالوں کی چوٹی بنانا۔

بال لینا (اُر۔ محاورہ) اُسترہ لینا۔ مُوئے زہار کا مُونڈنا۔ پاکی لینا۔

بال مُنڈنا (اُر۔ مص مُرکّب) بالوں کا اُسترے سے صاف کیا جانا۔

بال مُنڈوانا (اُر۔ مص مُرکّب) بالوں کو اُسترے سے صاف کروانا۔

بال مُونڈنا (اُر۔ مص مُرکّب) اُسترے سے بال صاف کرنا۔

بال ہتیا (ہ۔ا۔مث) (۱) بچّوں کا قتل (۲) اسقاطِ حمل۔

بال ہَٹ (ہ۔ا۔مث) بچّوں کی ضِد۔

بال (Ball) (انگ۔ا۔مث) (۱) گیند (۲) اُون یا سُوت کا گولا (۳) گولی (بندوق وغیرہ کی) (۴) مجلسِ رقص۔ ناچ۔

بال بیرنگ (Ball-Bearings) (انگ۔ا۔مذ) وہ دُھرا جس میں رگڑ کم کرنے کے لئے گولیاں ڈال دی جاتی ہیں۔

بال رُوم (Ball Room) (انگ۔ا۔مذ) ناچ گھر۔

بالا (ہ۔ا۔مذ) (۱) بڑی بالی۔ کان میں پہننے کا ایک زیور (۲) ایک کیڑا جو گیہوں وغیرہ کے پودوں میں لگ جاتا ہے (۳) بچّہ (لڑکے کے ساتھ۔ لڑکے بالے) (۴) فریب۔ دھوکا۔

بالا بھولا (ہ۔صف) (۱) معصوم بچّہ۔ وہ لڑکا جو مکر و فریب نہ جانے (۲) سیدھا سادہ۔ بے ریا (۳) سیّد سالار مسعود غازی کا لقب۔

بالا بتانا (دینا) (اُر۔ محاورہ) ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ فریب دینا۔

بالا پن (ہ۔ا۔مذ) بچپن۔

بالا جوبن (ہ۔ا۔مذ) اُٹھتی جوانی۔

بالا (ف۔ا۔مذ) (۱) اُوپر کا حِصّہ۔ چوٹی (۲) قد و قامت (۳) (صف) اُونچا۔ بلند (۴) (تابع فعل) اُوپر۔ اُوپر لکھا ہوا۔ اُوپر گزرا ہوا۔

بالا بالا (ف۔ تابع فعل) اُوپر ہی اُوپر۔ الگ ہی الگ۔ پوشیدہ پوشیدہ۔ بے اِطلاع۔

بالا بالا جانا (اُر۔ محاورہ) خُفیہ طور پر جانا۔ ساتھیوں کو بتائے بغیر افسر کے پاس جانا۔

بالا بَر (اُر۔ا۔مذ) انگرکھے کا بڑھا ہوا دامن۔

بالا بند (ف۔ا۔مذ) سرپیچ (۲) ایک قسم کی پگڑی۔ ایک قسم کا لحاف۔

بالا پوش (ف۔ا۔مذ) غلاف۔ پلنگ پوش (۲) وہ کپڑا جو لحاف یا توشک کے اُوپر ڈالا جاتا ہے (۳) اوورکوٹ۔ سب سے اُوپر پہننے کا چغہ۔

بالا خانہ (ف۔ا۔مذ) مکان کے اُوپر کا کمرا۔ چوبارہ۔ اٹاری۔ طوائف کا کوٹھا۔

بالا تر (ف۔ صف) اُونچے مرتبے والا۔ بہت اُونچا۔

بالا تنگ (ف۔ا۔مذ) گھوڑے کی کاٹھی کے اُوپر کسا جانے والا تنگ۔

بالا دست (ف۔ صف) زبردست۔ بااِختیار۔ اعلیٰ حاکم۔

بالا دستی (ف۔ا۔مث) کسی پر اِختیار ہونا۔ غالب ہونا۔ بلند مرتبہ ہونا۔

بالا و پست (ف۔ا۔مذ) اُونچ نیچ۔ نشیب و فراز۔ آسمان و زمین۔

بالا نشین (ف۔ صف) (۱) صدر نشین۔ میر مجلس (۲) معزّز۔ صاحبِ حیثیت (۳) عُمدہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بالائی (ف۔ صف)(۱) اُوپری۔ اُوپر کی (۲) فاضل۔ فالتو (۳) (ا۔ مث) پکے ہوئے دُودھ پر جمی ہوئی چکنائی۔ ملائی۔

بالائی آمد (**بالائی آمدنی۔ بالائی یافت**) (ف۔ ا۔ مث) تنخواہ کے علاوہ اُوپر کی آمدنی۔ رشوت۔ کمیشن۔

بالائی باتیں (ار۔ ا۔ مث) فضول باتیں۔ اِدھر اُدھر کی باتیں۔

بالائی مزے (ار۔ ا۔ مذ)(۱) چوری چھپے کے لطف (۲) بوسہ بازی۔ مساس۔ بغل گیری۔

بالائے (ف) بالا کی اِضافی شکل۔

بالائے بام (ف۔ تابع فعل) کوٹھے پر۔ چھت پر۔

بالائے طاق (ف۔ تابع فعل) طاق پر۔ علیحدہ۔ الگ (۲) فراموش کیا ہوا۔

بالائے طاق رکھنا (ار۔ محاورہ) بُھلا دینا۔ دھیان نہ دینا۔ خیال نہ رکھنا۔ فراموش کر دینا۔

بالٹی (بال۔ ٹی)(ار۔ ا۔ مث) ٹین، جست یا لوہے کا ڈول۔

بالش (با۔ لِش)(ف۔ ا۔ مذ) تکیہ۔ مسند۔ سرہانا (۲) زیادتی۔ بڑھوتری۔ افزونی۔

بالشت (با۔ لشت)(ف۔ ا۔ مذ) بارہ اُنگل کا پیمانہ۔ کھلے ہاتھ کے انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیا کی نوک تک کا فاصلہ۔ ۹ انچ ۴ گرہ کا فاصلہ۔

بالشتیا (با۔ لش۔ تِ۔ یا)(ار۔ ا۔ مذ) بالشت کے برابر آدمی۔ بونا۔ پست قد۔

بالشوزم (Bolshevism) (بال۔ شو۔ اِزم) (انگ۔ ا۔ مث) رُوسی کیمونسٹوں کی تحریک۔

بالشوک (Bolshevik) (بال۔ شے۔ وِک) (انگ۔ ا۔ مذ) اِنقلاب پسند۔ اِنتہا پسند۔ رُوسی کیمونسٹ پارٹی کا رُکن۔

بالغ (با۔ لغ)(ع۔ صف)(۱) پہنچا ہوا۔ پورا (۲) جوان۔ سیانا۔ اٹھارہ برس سے زیادہ عُمر کا (۳) ہوشیار۔ تجربہ کار۔ جمع: بالغان۔ اُردو جمع: بالغے۔ بالغوں۔

بالغ نظر (ع۔ صف) ذہین۔ سمجھ دار۔ تجربہ کار۔ حقیقت کو جاننے والا۔

بالغہ (با۔ لِ۔ غہ)(ع۔ صف) بالغ کی تانیث۔ جوان عورت۔ پوری عورت۔

بالغہ بالسّن (بِس۔ سِن)(ع۔ صف) عُمر کے لحاظ سے بالغ عورت۔ پندرہ سال کی عورت خواہ جسم کے لحاظ سے چھوٹی ہو۔

بالغہ بالعلامات (بِل۔ علا۔ مات)(ع۔ صف) علامات اور نشانیوں کی رُو سے بالغ عورت۔ وہ لڑکی جس کی عُمر پندرہ سال کی نہ ہوئی ہو مگر علاماتِ بلوغت (حیض وغیرہ) اِس سے پیشتر ہی پائی جاتی ہوں۔

بالک (با۔ لک)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) بچہ۔ بالا (۲) کم عُمر۔ نادان۔ جمع: بالک۔ بالکوں۔

بالک پن (ہ۔ ا۔ مذ) بچپن۔ طفلی۔ طفولیت۔

بالکا (بال۔ کا)(ہ۔ ا۔ مذ) جوگی کا چیلا۔ مُرید۔ شاگرد۔ بچہ۔

بالک جانے ہیا، مانس جانے کیا (ہ۔ مثل) بچہ محبت کو پسند کرتا ہے اور اِنسان کام سے نتیجہ نکالتا ہے۔ بچے سے جو محبت کرتا ہے بچہ اُسے اچھا سمجھتا ہے اور تجربہ کار آدمی کسی کے کام کو دیکھ کر نتیجہ نکالتا یا رائے قائم کرتا ہے۔

بالکنی (Balcony) (انگ۔ ا۔ مث)(۱) شہ نشین۔ بالا خانے کا برآمدہ (۲) نشستوں کی وہ قطار جو شہ نشینوں پر ہو (سینما وغیرہ میں)۔

بال گیر (ف۔ ا۔ مذ) بارگیر کا بگاڑ۔

بالم (با۔ لم)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) خاوند۔ شوہر (۲) عاشق (۳) معشوق۔ محبوب۔

بالم کھیرا (ہ۔ ا۔ مذ) بڑا کھیرا جو اکثر برسات میں ہوتا ہے۔

بالمیکی (بال۔ مِی۔ کی)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) ہندوؤں کا ایک فرقہ جس کے بانی مہارشی سوامی گرو بالمیک تھے۔ اِس فرقے کے لوگ مُورتی پوجا نہیں کرتے اور اپنے مُردوں کو دفن کرتے ہیں (۲)(ہ۔ صف) گرو بالمیک کا پیرو (۳) اچھوت۔ بھنگی۔

بالن (با۔ لن)(ہ۔ ا۔ مذ) ایندھن۔

بالنگو (با۔ لنگو)(نون غنّہ)(ف۔ ا۔ مذ) ایک دوا۔ بادرنگ۔ تخم بالنگا۔

بالو (ہ۔ ا۔ مذ) ریت۔ ریگ (۲) بُھٹے کے وہ ریشے جو ڈاڑھی کی طرح ہوتے ہیں۔

بالو بُرد (ہ۔ ف۔ ا۔ مث) وہ زمین جو دریا کی طغیانی کے باعث ریت میں چھپ گئی ہو۔

بالوشاہی (ار۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مٹھائی۔

بالی (ہ۔ صف)(۱) چھوٹی۔ کم سِن (۲) چھوٹی بچی (۳)(ہ۔ ا۔ مث) گندم وغیرہ کا خوشہ۔ بال (۴) کان میں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ۔ جمع: بالیاں۔ بالیوں۔

بالی عُمریا (ہ۔ ا۔ مث) لڑکپن کی عُمر۔

بالے (ہ۔ ا۔ مذ) بالا کی جمع (۲) بالا کی مغیرہ صورت۔

بالے میاں (ار۔ ا۔ مذ) محمود غزنوی کے بھانجے سیّد مسعود غازی کا لقب۔ آپ بہڑائچ (بھارت) کے مقام پر شہید ہوئے۔ نیز دیکھئے بالا بھولا۔

بالیدگی (با۔ لی۔ دَ۔ گی)(ف۔ ا۔ مث)(۱) افزائش۔ بڑھوتری (۲) رُوئیدگی۔

بالیدہ (با۔ لی۔ دہ)(ف۔ صف) بڑھا ہوا۔ نمودار۔ روئیدہ۔ جوش سے پُر۔

بالین (با۔ لیں)(ف۔ ا۔ مذ۔ مث)(۱) تکیہ (۲) سرہانا (پائینتی کی ضد)۔

بام (ہ۔ ا۔ مث) سانپ کی شکل کی مچھلی۔

بام (ف۔ ا۔ مذ)(۱) چھت کے اُوپر کا حِصّہ۔ بالاخانہ۔ کوٹھا (۲) صبح۔ سویرا۔

بام داد (**بام دادن**)(ف۔ ا۔ مث)(۱) صبح۔ سویرا (۲)(متعلق فعل) صبح سویرے۔ صبح کے وقت۔ سورج نکلنے سے پہلے۔

بامِ گردُوں (ف۔ ا۔ مذ) آسمان کی چھت۔ (مجازاً) آسمان۔

بامِ مسیح (ف۔ ا۔ مذ) چوتھا آسمان۔

بامِ نہم (ف۔ ا۔ مذ) نواں آسمان۔ عرش۔

بام (Balm) (انگ۔ ا۔ مذ)(۱) مرہم (۲) خوشبودار پانی جو بعض درختوں سے نکلتا ہے اور طبّی خواص رکھتا ہے۔

بامن (**باہمن**) (ہ۔ ا۔ مذ)(۱) برہمن (۲) ویدوں کا عالم (۳) وشنو کا پانچواں اوتار۔

بامن منتری، بھاٹ خواص، اُس راجا کا ہوئے ناس (ہ۔ مثل) جس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باوا کا وزیر برہمن اور بھاٹ دوست ہو اُس کی حکومت کا ستیاناس ہو جاتا ہے، باؤ کیونکہ یہ اچھے صلاح کار نہیں ہوتے۔

بانی (با۔م۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھپکلی کی شکل کا ایک خوش رنگ چمکیلا کیڑا (۲) کنول کے پھول کا زرد زیرہ (۳) بامن (برہمن) کی عورت۔ پنڈتانی۔

بان (ف۔ لاحقہ) فارسی اسما کے آخر میں بطور لاحقہ آکر محافظ اور مالک کے معنی دیتا ہے۔ جیسے فیلبان۔ نگہبان۔ باغبان۔ دربان۔

بان (ہ۔ا۔مث) عادت۔ خو۔ خصلت۔ سبھاؤ۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ (۲) (ا۔مذ) دریا کا چڑھاؤ۔ جوار۔ مد۔ جزر اور بھاٹا کی ضد (۳) ہندوؤں میں شادی سے پہلے دولھا دُلہن کی ایک رسم (۴) تیر۔ راکٹ۔ ہوائی (۵) مونج وغیرہ کی رسی جس سے چارپائی بنتے ہیں۔ جمع: بان۔ بانوں۔

بان (ع۔ا۔ نذ) ایک خوشبودار درخت جو عرب میں ہوتا ہے۔ اس کے بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے (۲) بید مشک۔

بانا (ہ۔ا۔مذ) (۱) لباس۔ پوشاک (۲) وضع۔ روپ سروپ (۳) عادت۔ سبھاؤ (۴) وہ تار جن سے جولاہے کپڑا بنتے ہیں۔ تانا کی ضد (۵) ایک قسم کا ہتھیار۔ (۶) پیشہ۔ ہنر۔

بانا باندھنا (ہ۔ محاورہ) مسلح ہونا (۲) تیار ہونا (۳) پکا ارادہ کرنا۔ ٹھان لینا۔ کسی کام میں بے نظیر اور لاثانی ہونے کا دعویٰ کرنا۔

بانات (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کا موٹا گرم اُونی کپڑا۔

بانبی (باں۔بی) (ہ۔ا۔مث) سانپ کا بل۔ سانپ کے رہنے کا سوراخ۔

بانٹ (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) تقسیم۔ حصہ۔ بٹوارا (۲) خارج قسمت۔ حاصل قسمت (۳) دودھ نکالنے کے وقت چوپائے کے آگے رکھنے کا چارہ۔

بانٹ بُونٹ کر (نون غنہ) (ہ۔ تابع فعل) دے دلا کر۔ تقسیم کر کے۔

بانٹنا (بانٹ۔نا) (نون غنہ) (ہ۔مص) تقسیم کرنا۔ حصہ لگانا۔ بخرہ کرنا۔

بانجھ (نون غنہ) (ہ۔صف) (۱) وہ عورت جس کے بچہ پیدا نہ ہو (۲) بنجر زمین۔ کلر۔ شور (۳) (ہ۔ا۔مذ) ایک پہاڑی درخت کا نام جس کے پھل کی گٹھلیاں ہندو بچوں کے گلے میں بیماری سے محفوظ رکھنے کے لئے ڈالتے ہیں۔

بانجھ کیا جانے پرسُوتی کی پیڑ (ہ۔مثل) جو تکلیف کسی نے خود نہ اُٹھائی ہو اُس کو وہ نہیں سمجھ سکتا۔

بانچنا (بانچ۔نا) (نون غنہ) (ہ۔مص) (۱) پڑھنا۔ مطالعہ کرنا (۲) بغور دیکھنا۔

باندا (باں۔دا) (ہ۔ا۔مذ) زرد رنگ کی وہ بیل جو درختوں پر پیدا ہو کر انہیں تباہ کر دیتی ہے۔ آکاس بیل۔

باندھ (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بندھن۔ روک (۲) قید (۳) پشتہ۔ بند۔ ڈیم (۴) ہندی مصدر باندھنا کا صیغہ امر۔

باندھ رکھنا (اَر۔ محاورہ) قید کر کے رکھنا۔ زبردستی روک رکھنا۔

باندھ کیسہ کھا ہریسہ (اَر۔مثل) روپیہ قاضی الحاجات ہے۔ اس سے ہر کام بن جاتا ہے۔

باندھنا (باندھ۔نا) (نون غنہ) (ہ۔مص) (۱) بندش کرنا۔ کسنا (۲) گرہ لگانا (۳) لٹکانا (۴) لپیٹنا۔ تہہ کرنا (۵) مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔ شرط لگانا (۶) الزام لگانا۔ پکڑنا۔ گرفتار کرنا (۷) اٹکھونا۔ باطل کرنا (۸) عقد کرنا۔ نکاح کرنا۔ پابند کرنا (۹) بال گوندھنا (۱۰) لگانا۔ عائد کرنا۔ ذمے ڈالنا (۱۱) جوڑ ملانا (۱۲) لکھنا۔ بیان کرنا (۱۳) جمانا۔ بٹھانا (۱۴) تجویز کرنا (۱۵) گھیرنا۔ احاطہ کرنا (۱۶) تشبیہ دینا۔ مثال دینا۔

باندھنُو (باندھ۔نو) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بندش کی گرہیں جو اکثر رنگریز مختلف رنگوں کے لئے ڈورے سے باندھتے ہیں (۲) تُہمت۔ بہتان۔ الزام (۳) ارادہ۔ قصد (۴) خیال۔ تصوّر۔

باندی (باں۔دی) (ہ۔ا۔مث) لونڈی۔ کنیز۔ چھوکری۔ جمع: باندیاں۔ باندیوں۔

باندی تھی سو بیوی ہوئی اور بیوی تھی سو باندی ہوئی (اَر۔مثل) نوکرانی مالک کے منہ لگ کر رانی بن گئی اور بیوی کی اُس کے سامنے کچھ پیش نہ چلی۔ یہ مثل اُس وقت کہی جاتی ہے جب نوکرانی مالک کی نگاہ میں عزت پا کر گھر والوں سے زیادہ مقرب ہو جائے۔

باندی کے آگے باندی، مینہ گنے نہ آندھی (اَر۔مثل) کمینے دولت مند یا حاکم نوکروں کی قدر نہیں کرتے۔ کمینے لوگوں کی خدمت مصیبت ہے۔

بانڈ (Bond) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے بونڈ۔

بانڈا (باں۔ڈا) (ہ۔صف۔وا۔مذ) (۱) ٹیڑھی ٹانگوں والا (۲) کبڑا (۳) دُم کٹا سانپ۔

بانڈی (باں۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہاتھ کی لکڑی۔ چھڑی۔ سوٹی (۲) ایک قسم کا لباس۔

بانڈی باز (اَر۔صف) (۱) بانڈی سے لڑنے والا۔ لٹھ باز (۲) فسادی۔ جھگڑالو۔

بانڈی چلنا (اَر۔ محاورہ) مار کٹائی ہونا۔ لڑائی ہونا۔ لاٹھی چلنا۔

بانس (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک لمبا اور پتلا گرہ دار درخت جو اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے (۲) اُس کی لکڑی (۳) سوا تین گز کا پیمانہ جس سے کھیتوں کو ناپتے ہیں۔ جمع: بانس۔ بانسوں۔

بانس پر چڑھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا (۲) بہت تعریف کرنا۔ مشہور کرنا۔

بانس پر چڑھنا (اَر۔ محاورہ) رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔

بانس پر چڑھے گُو کھائے (اَر۔مثل) جو شخص بے حیائی اختیار کرلے، وہ مزے میں رہتا ہے۔

بانس واڑی (ہ۔ا۔مث) بانسوں کا جنگل۔

بانسوں (باں۔سوں) (ہ۔ا۔مذ) بانس کی جمع۔

بانسوں اُچھلنا (کُودنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) غصے یا خوشی کی حالت میں اُچھلنا کودنا (۲) خوشی منانا۔

بانسوں پانی ہونا (اَر۔ محاورہ) دریا وغیرہ کا اتھاہ ہونا۔

بانسا (بانسہ) (باں۔سا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی (۲) ریڑھ کی ہڈی (۳) بانس کی قسم کا ایک درخت جس کے پتوں سے سُرخ رنگ نکالتے ہیں (۴) بانس کی نلکی جس کے ذریعے چکّی میں اناج ڈالتے ہیں۔

بانسا پھر جانا (اَر۔ محاورہ) بانسا ٹیڑھا ہو جانا (جو موت کی علامات میں سے ایک علامت سمجھی جاتی ہے)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بانسری (بانسلی) (بانس۔ری) (بانس۔لی) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) نے۔ مُرلی۔ ایک قسم کا مُنہ سے بجانے والا ایک باجا۔ جمع: بانسریاں۔ بانسریوں۔

بانسی (باں۔سی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہلکی قسم کا نرسل جس سے حقے کے نیچے بناتے ہیں (۲) ایک قسم کا پتھر۔

بانک (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) خمیدگی۔ ٹیڑھا پن (۲) خطا۔ جرم۔ شرارت (۳) خنجر۔ کٹار جس کا پھل خمدار ہوتا ہے (۴) ایک دھار دار آلہ جس سے بانس اور گنّا وغیرہ کاٹتے ہیں۔ یہ نعل کی شکل کا ہوتا ہے (۵) کمان۔ دھنک (۶) ایک [illegible] ہندو عورتیں پاؤں میں اور مسلمان بازو میں پہنتی ہیں (۷) ایک قسم کی چھڑی (۸) دریا کا گھماؤ۔ ندی کا موڑ (۹) گاڑی کے پہیے کے بیرونی طرف ایک ٹیڑھی اور لمبی لکڑی جو پہیے کو گاڑی میں روکے رکھتی ہے (۱۰) فنونِ سپہ گری کی ایک ورزش۔ جمع: بانکوں۔ بانکیں۔

بانک بگڑنا (اُ۔ محاورہ) بنا بنایا کام خراب ہونا (۲) رانڈ ہونا۔ بیوہ ہونا۔

بانک پٹا (ہ۔ا۔مذ) لکڑی کے خنجر یا تلوار جن سے محرم کے دنوں میں کھیلتے ہیں۔

بانک کا چھلا (اُ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ٹیڑھا چھلا جو سینگ یا ہڈی وغیرہ سے بناتے ہیں۔

بانکا (باں۔کا) (ہ۔صف) (۱) ٹیڑھا۔ ترچھا (۲) البیلا۔ رنگیلا۔ وضع دار (۳) دلیر۔ بہادر (۴) [illegible] نڈر۔ آزاد۔ جمع: بانکوں۔ بانکے۔

بانکا چھیلا (اُ۔صف) خوش وضع۔ طرح دار۔

بانک پن (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹیڑھا پن۔ خمیدگی (۲) البیلا پن۔ ناز و ادا۔ وضع داری جو خودنمائی کے ساتھ ہو (۳) سرکشی۔ ٹیڑھا پن۔ کج روی۔

بانکڑی (بانک۔ڑی) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی لیس (لیچ) جو کنگھورے کی طرح ہوتی ہے۔

بانکی (باں۔کی) (ہ۔صف) بانکا کی تانیث۔

بانکی ادا (اُ۔ا۔مث) انداز معشوقانہ۔

بانکی چتوَن (اُ۔ا۔مث) نگاہِ شوخ۔ نگاہِ ناز۔ شوخ نظر۔

بانکیا (باں۔کِ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) تانبے یا پیتل کا باجا جو مہنتوں اور سادھوؤں کے آگے بجایا جاتا ہے۔

بانگ (نُون غُنّہ) (ف۔ا۔مث) (۱) آواز۔ صدا (۲) اذان (۳) مرغ کی اذان۔ اُردو جمع: بانگوں۔ بانگیں۔

بانگِ جرس (بانگِ درا) (باں۔گِ۔جَ۔رَس) (دَ۔را) (ف۔ا۔مث) قافلے کے رُخصت ہوتے وقت گھنٹی کی آواز۔

بانگ دینا (اُ۔ محاورہ) (۱) آواز دینا۔ پکارنا (۲) اَذان دینا۔

بانگا (باں۔گا) (ہ۔ا۔مذ) کپاس۔ کپاس کا پودا۔

بانگر (باں۔گر) (ہ۔ا۔مذ) اُونچی ہموار زمین۔ کھادر کی ضد۔

بانگڑو (بانگ۔ڑو) (نُون غُنّہ) (ہ۔صف) بے وقوف۔ اَحمق۔ بے تمیز۔

بانگی (باں۔گی) (اُ۔ا۔مذ) بانگ دینے والا۔ اَذان دینے والا۔ مُؤذّن۔

بانگی (باں۔گی) (ہ۔ا۔مث) نمونہ۔

بانگی دینا (دکھانا) (ہ۔ محاورہ) نمونہ دکھانا۔

بانو (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) بیگم۔ بیوی۔ خاتونِ خانہ۔ معزز عورت۔ شہزادی۔ ملکہ۔

بانوا (بان۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا آبی پرند۔

بانوے (بان۔وے) (ہ۔ا۔عدد) نوّے اور دو۔ (۹۲)۔

بانھ (بانہہ) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) بازو (۲) (کنایۃً) وسیلہ۔ سہارا۔ رفیق۔ مددگار (۳) آستین (۴) حقیقی بھائی (۵) ضامن۔ کفیل (۶) طاقت۔ زور۔ قوت۔

بانھ پکڑنا (اُ۔ محاورہ) (۱) مدد کرنا۔ دستگیری کرنا۔ سہارا دینا (۲) روکنا۔

بانھ ٹوٹنا (اُ۔ محاورہ) (۱) بازو ٹوٹ جانا (۲) پنجہ اُکھڑ جانا (۳) مددگار مر جانا (۴) بھائی کا مر جانا۔

بانھ دینا (اُ۔ محاورہ) کسی کی مدد کرنا۔ سہارا دینا۔

بانھوں (بانہوں) (باں۔ہوں) (ہ۔ا۔مث) بانھ (بانہہ) کی جمع۔

بانھیں (بانہیں) (باں۔ہیں) (ہ۔ا۔مث) بانھ (بانہہ) کی جمع۔

بانھیں چڑھانا (اُ۔ محاورہ) (۱) آستینیں چڑھانا (۲) لڑنے کی تیاری کرنا۔

بانی (ہ۔ا۔مث) (۱) آواز۔ صدا (۲) تقریر۔ وعظ (۳) کپڑا رنگنے کا دھاگا (۴) زرد رنگ کی مٹی جسے کمہار کچے برتنوں پر پھیرتے ہیں (۵) فقیروں کی صدا (۶) اُصول (۷) رُباعی طرز کے ہندی گیت (۸) قول۔ مقولہ (سنسکرت لفظ "وانی" کا ہندی بدل)۔

بانی (ع۔صف) (۱) بنیاد رکھنے والا (۲) شروع کرنے والا۔ موجد۔ فارسی جمع: بانیان۔ اُردو جمع: بانی۔ بانیوں۔

باقیِ بقا (سکم) (ر۔ف۔صف) عالم۔ سالک۔

بانیِ فساد (ع۔صف) فساد کا بانی۔ مُفسد۔ فسادی۔

بانیِ کار (ع۔ف۔صف) (۱) کسی کام کی ابتدا کرنے والا (۲) [illegible] اور ہوشیار۔ فساد کی جڑ۔

بانیِ مبانی (ع۔اُ۔صف۔ا۔مذ) اصل بنانے والا۔ اصل باعث۔ وجہ۔ سبب۔

باؤ (ہ۔ا۔مث) (۱) ہوا (۲) غرور (۳) پاد۔ ریح (۴) آتشک۔

باو آنا (ہ۔ محاورہ) ریح خارج ہونا۔

باو باندھنا (ہ۔ محاورہ) ہوا باندھنا۔ خوشامد کرنا۔

باوبھک (باوبھک) (ہ۔صف) باتونی۔ یاوہ گو۔

باو بتاس (ہ۔ا۔مث) مُصیبت۔ آفت۔ بلا۔ تکلیف۔

باو ڈنڈی پھرنا (ہ۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔

باو سرنا (ہ۔ محاورہ) باو آنا۔ ریح خارج ہونا۔

باو سُول (ہ۔ا۔مذ) ریحی درد۔ باو گولا۔

باوکھبا (ہ۔ا۔مذ) ایک دوا کا نام۔

باو کے گھوڑے پر سوار ہونا (ہ۔ محاورہ) دیکھئے ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا۔

باو گولا (ہ۔ا۔مذ) دردِ قولنج۔ وہ درد جو تلّی میں ہوا بھر جانے سے ہوتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باوا (مـ۔ا۔مذ)(۱) باپ۔ بابا (۲) فقیر (۳) گُرو (۴) سردار۔

باوا آدم (ار۔ع۔ا۔مذ) حضرت آدمؑ۔ نسلِ انسانی کے مورثِ اعلیٰ۔ ابُوالبشر۔

باوا آدم نرالا ہونا (ار۔ محاورہ) نیا انداز ہونا۔ سب سے الگ ڈھنگ ہونا۔ سب سے جدا کام کرنا۔ کسی سے متفق نہ ہونا۔

باوا بھلا نہ بھیا' سب سے بھلا رُوپیا۔ دیکھئے باپ بھلا نہ بھیا۔

باوا کا (ار۔صف) موروثی۔ ذاتی۔ جدّی۔

باؤٹا (باؤ۔ٹا)(مـ۔ا۔مذ)(۱) جھنڈا (۲) ایک قسم کا زیور جسے ہندو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں۔

باوجُود (ف۔ تابع فعل) با کے تحت دیکھئے۔

باور (با۔وَر)(ف۔ا۔مذ) یقین۔ بھروسا۔ اِعتماد۔ اِعتبار۔

باور کرنا (ار۔ محاورہ) یقین کرنا۔ مان لینا۔ اِعتماد کرنا۔

باوَرچن (باوَرچنی) (با۔وَر۔چن)(با۔وَر۔چَ۔نی)(ار۔ا۔مث) باورچی کی تانیث۔ کھانا پکانے والی عورت۔ باورچی کی بیوی۔ جمع: باورچنوں۔ باورچنیں۔

باوَرچی (با۔وَر۔چی)(ف۔ت۔ا۔مذ) کھانا پکانے والا۔ رسوئیا۔ طبّاخ۔ جمع: باورچی۔ باورچیوں۔

باورچی خانہ (ف۔ا۔مذ) مطبخ۔ رسوئی۔ جمع: باورچی خانوں۔ باورچی خانے۔

باورچی گری (ف۔ا۔مث) کھانا پکانے کا فن۔ کھانا پکانے کا پیشہ۔

باؤرا (مـ۔صف) دیکھئے باؤلا۔

باؤلا (باو۔لا)(مـ۔صف) دیوانہ۔ پاگل۔

باولا کُتّا (مـ۔ا۔مذ)(۱) پاگل کُتّا (۲) وہ آدمی جو خواہ مخواہ دُوسروں کو ایذا پہنچائے۔

باؤلی (باو۔لی)(مـ۔صف)(۱) باولا کی تانیث۔ دیوانی (۲)(مـ۔ا۔مث) بڑا اور پکا کنواں جس میں سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں۔ جمع: باولیاں۔ باولیوں۔

باولی کھاٹ کے باولے پائے (باولی رانڈ کے باولے جائے) (مـ۔مثل) سب باپ بیٹے ایک جیسے ہیں۔

باولی ہانڈی (ار۔ا۔مث) مختلف سبزیوں کو ایک ہی ہانڈی میں ایک ساتھ پکانا۔

باؤلے (مـ۔ا۔مذ)(۱) باولا کی جمع (۲) باولا کی مُغیرّہ صورت۔

باولے کُتّے نے کاٹا ہے؟ (ار۔ فقرہ) کیسی باتیں کرتے ہو؟ ہوش کے ناخن لو۔

باوَن (با۔وَن)(مـ۔ا۔عدد) پچاس اور دو۔ (۵۲)۔

باون تولے پاؤ رتّی (ار۔مثل) جیسے کا تیسا۔ بجنسہٖ۔ جُوں کا تُوں۔ ٹھیک۔ دُرست۔ عمدہ۔

باون گزا (ار۔صف)(۱) لمبا۔ طویل۔ دراز قامت (۲) فسادی۔ شریر۔

باہ (ع۔ا۔مث) قوتِ مردی۔ قوتِ جماع۔

باہ (مـ۔ا۔مذ) معاملہ۔ واسطہ۔ تعلّق۔ کام۔ (س: واہ)۔

باہا (مـ۔ا۔مذ)(۱) پانی نکلنے کا راستہ۔ نالی۔ نہر (۲) وہ برتن جس میں گنّے پیلتے وقت رس گرتا ہے۔

باہِر (با۔ہِر)(ع۔صف) روشن۔ واضح۔ صاف صاف (اردو میں ظاہر کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے)۔

باہَر (با۔ہَر)(مـ۔ تابع فعل)(۱) بیرُون۔ اندر کی ضِد۔ کھلے میدان میں۔ کھلی ہوا میں (۲) پردیس میں۔ سفر میں (۳)(صف) علیحدہ۔ جدا۔ خارج۔

باہَر باہَر (ار۔ تابع فعل)(۱) بالا بالا۔ اُوپر ہی اُوپر (۲) دُور دُور۔ الگ الگ۔

باہَر بھیتر (ار۔ تابع فعل) اندر باہر۔

باہَر جانا (ار۔ محاورہ)(۱) سفر کو جانا (۲) پاخانے جانا (۳) احاطے سے نکل جانا۔

باہَر سِدھارنا (ار۔ محاورہ) گھر سے باہر جانا۔ پردیس جانا۔

باہَر کا (ار۔صف)(۱) اَجنبی۔ غیر (۲) دیہاتی۔

باہَر کا اُٹھنے بیٹھنے والا (ار۔صف) مردوں میں نشست و برخاست رکھنے والا۔

باہَر کرنا (ار۔ محاورہ)(۱) نکال دینا۔ خارج کرنا (۲) چھوڑنا۔ قطع تعلّق کرنا۔

باہَر کی پھرنے والی (ار۔صف) پردے سے نکلنے والی۔ گلی بازار میں بے پردہ نکلنے والی عورت۔

باہَر کی ہوا لگنا (ار۔ محاورہ) خارجی اثر قبول کرنا (۲)(کنایۃً) آوارہ ہونا۔

باہر میاں صوبے دار' گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ (باہر میاں ہفت ہزاری' گھر میں بیوی کرموں (فاقوں) ماری) (ار۔مثل) میاں تو نواب بنے پھرتے ہیں اور بیوی نصیبوں کو روتی ہے۔ اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی اپنی حقیقت سے زیادہ ٹھاٹھ کرے۔

باہر نکلنا (ار۔ محاورہ) گھر سے برآمد ہونا۔ باہر کی ہوا کھانا (۲) پردیس جانا۔

باہر والا (ار۔صف)(۱) ہوٹل یا چائے خانے کا ملازم جو باہر چائے وغیرہ لے کر جائے (۲) خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔ حلال خور۔

باہر ہی باہر (ار۔ تابع فعل) دیکھئے باہر باہر۔

باہرا (باہ۔را)(مـ۔ا۔مذ) وہ شخص جو کنوئیں پر کھڑا ہو کر پانی کا ڈول پکڑتا ہے۔

باہم (ف۔ تابع فعل) با کے تحت دیکھئے۔

باہَن (با۔ہَن)(مـ۔ا۔مث)(۱) گاڑی۔ چھکڑا (۲) پہیے کا نشان (۳) جوتی ہوئی زمین جس میں ابھی بیج نہ بکھیرا گیا ہو۔ (س: واہن)۔

باہنا (باہ۔نا)(مـ۔مص)(۱) پھیلانا۔ کھولنا (۲) ہل چلانا۔ تخم ریزی کرنا۔ بونا (۳) محنت کرنا (۴) پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا (۵) کنگھی کرنا (۶) داخل کرنا۔

بائع (با۔اِع)(ع۔صف) بیع کرنے والا۔ بیچنے والا۔ جمع: بائعین۔ بائعان۔

بائن (با۔اِن)(ع۔صف)(۱) جدا کر دینے والا (۲) ایسی طلاق جس کے بعد رجوع نہ ہو سکے۔ رجعی کی ضِد۔

باوَلی (با۔او۔لی)(ف۔ا۔مث)(۱) وہ پرند جس کے ذریعے پرندوں کو شکار کی مشق کرائی جاتی ہے (۲) فریب۔ چال۔ جھانسا (۳) دیکھئے باولی۔

باوَلی بتانا (ار۔ محاورہ)(۱) جھانسا دینا (۲) اِشتعال دینا۔

باوَلی دینا (ار۔ محاورہ) اِشتعال دینا۔ ہمّت بڑھانا۔ شکاری پرند کو کسی دُوسرے پرند پر جھپٹنے کی مشق کرانا۔

بائی (با۔ای)(مـ۔ا۔مث)(۱) رانی۔ بیگم (۲) بہن۔ ہمشیر (۳) گانے والی عورت (۴) ریح۔ گوز (۵) اینٹھن۔ تشنّج (۶) سرسام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بایَب (ہ۔ا۔مذ) شمال مغرب (سمت)۔

بائبل (یو۔ا۔مث) (۱) لغوی معنی کتب (۲) عیسائیوں کی مقدس کتاب جس میں عہد نامہ قدیم کی ۳۹ کتب عہد نامہ جدید کی ۲۷ کتب اور اسفار محرفہ کی ۱۴ متنازعہ کتب شامل ہیں۔

بائے برنگ (ہ۔ا۔مث) دیکھئے بابرنگ۔

بائیس (با۔ایس) (ہ۔ا۔عدد) بیس اور دو۔ (۲۲)۔

بائیسکل (انگ۔ا۔مث) (Bicycle) ایک قسم کی دو پہیا گاڑی جو پاؤں کی حرکت سے چلتی ہے۔ اُردو جمع: بائیسکلوں۔ بائیسکلیں۔

بائیسی (با۔ای۔سی) (ہ۔ا۔مث) بہت بڑی شاہی فوج جو بائیس صوبوں میں سے چنی گئی ہو (۲) بائیس ہزار فوج کی سپہ سالاری۔ بڑی سپہ سالاری۔ بڑی کمان۔

بائیسی ٹوٹنا (ار۔ محاورہ) پورے زور سے حملہ کرنا۔ پوری فوج لے کر یلغار کرنا۔

بائیکاٹ (انگ۔ا۔مذ) (Boycott) قطع تعلق۔ مقاطعہ۔ حقّہ پانی بند۔

بائیکاٹ کرنا (ار۔ محاورہ) قطع تعلق کرنا۔ مقاطعہ کرنا۔ تجارتی یا معاشرتی تعلقات سے خارج کرنا۔

بائیں (با۔ایں) (یائے معروف) (ہ۔صف) بایاں کا مؤنث۔ اُلٹی۔ کھبّی۔

بائیں آنکھ پھڑکنا (ار۔ محاورہ) بائیں آنکھ کے پپوٹے میں خود بخود حرکت ہونا جو بدشگونی سمجھی جاتی ہے۔

بائیں طرف (ار۔ تابع فعل) اُلٹے ہاتھ کی جانب۔

بائیں (با۔ایں) (یائے مجہول) (ہ۔ تابع فعل) (۱) بائیں طرف۔ اُلٹے ہاتھ کی جانب (۲) (ہ۔صف) بایاں۔

بائیں کو (ار۔ تابع فعل) بائیں ہاتھ کی طرف۔

بائیں ہاتھ سے رکھوا لینا (ار۔ محاورہ) زبردستی لے لینا۔

بائیں ہاتھ کا کام (کرتب۔ کھیل) (ار۔ا۔مذ) نہایت آسان کام۔

بایاں (با۔یاں) (ہ۔صف) اُلٹا۔ کھبا۔ چپ (۲) (ار۔ا۔مذ) وہ طبلہ جو بائیں ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔

بایاں بازو (ار۔ا۔مذ) (۱) اُلٹا بازو (۲) (سیاست) انتہا پسند حزب مخالف۔

بایاں بولنا (ار۔ محاورہ) تیتر کا بائیں رُخ بولنا جو کامیابی کا شگون سمجھا جاتا ہے۔

بایاں پاؤں پوجنا (ار۔ محاورہ) کسی کے ہنر یا کمال کا اعتراف کرنا۔ اُستاد ماننا۔

بایاں پاؤں لینا (بایاں پاؤں چومنا) (ار۔ محاورہ) تعظیم کرنا۔ بڑائی ماننا۔ چالاکی کا اعتراف کرنا۔

باید و شاید (با۔ید۔او۔شا۔ید) (ف۔ مضارع) جیسا چاہیے۔ جیسا لائق ہے۔ نہایت مناسب۔ درست۔

ب ۔ ب

بِب (انگ۔ا۔مث) (Bib) وہ چھوٹا سا کپڑا جو ننھے بچوں کے گلے میں باندھ دیا جاتا ہے تاکہ لباس خراب نہ ہو۔

بباؤ (ب۔باؤ) (ہ۔ا۔مذ) بحث۔ تکرار۔ نزاع۔ جھگڑا۔ (س: وواد)۔

بباؤ اُٹھانا (ہ۔ محاورہ) جھگڑا کرنا۔ فساد برپا کرنا۔

بَبَر (ب۔بر) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا شیر جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں۔

بَبَر (ب۔بر) (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو اُونٹ اور گھوڑوں کے بال کاٹتا ہے۔

ببرا (بب۔را) (ہ۔ا۔مذ) نیلے رنگ کا کبوتر جس کے بازوؤں پر کالے رنگ کی چتیاں ہوتی ہیں۔

ببروتا (بب۔رو۔تا) (ہ۔ا۔مذ) اکھڑ شخص۔ اُجڈ۔ بدتمیز آدمی۔

ببری (بب۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) زُلف۔ کاکل۔ پیشانی کے بال جو عورتیں خوبصورتی کے لئے چھوٹے کرکے ماتھے پر ڈالتی ہیں (۲) وہ نیلی کبوتری جس کے بازوؤں پر کالی چتیاں ہوتی ہیں (۳) گھوڑے کی کٹی ہوئی ایال یا کٹی ہوئی دُم۔

ببریاں (ہ۔ا۔مث) ببری کی جمع۔

ببریاں چھوڑنا (ار۔ محاورہ) زلفیں چھوڑنا۔ چوٹی گوندھتے وقت دونوں طرف خوبصورتی کے لئے بال چھوڑنا۔ لٹیں چھوڑنا۔

ببوا (بب۔وا) (ار۔ا۔مذ) مٹی یا پلاسٹک کا پتلا جس سے بچے کھیلتے ہیں (۲) (پیار سے) بچہ۔ لڑکا۔

ببُول (ب۔بول) (ہ۔ا۔مذ) ایک خاردار درخت۔ کیکر۔ مغیلاں۔

ببول کے پیڑ بونا (ار۔ محاورہ) کیکر کے درخت لگانا (۲) مجازاً بُرے کام کرنا۔

ببولا (ب۔بو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے بگولا۔

بِبھاس (ب۔بھاس) (ہ۔ا۔مث) بھیروں ٹھاٹ کی ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

ببّی (ب۔بّی) (ہ۔ا۔مث) ایک خوشبودار بوٹی کا نام (۲) ایک قسم کی مینا۔

بَبّی (بب۔بی) (ہ۔ا۔مث) بوسہ۔ چوما۔ پیار۔

ببیا (بب۔یا) (ہ۔ا۔مث) بی بی کی تصغیر۔ چھوٹی لڑکی (۲) تاش کی بیگم۔

ببیانا (بب۔یا۔نا) (ار۔صف) (۱) زنانہ (۲) وہ چیز جو صرف عورتوں کے لئے مخصوص ہو (۳) وہ چیز جو یورپین عورتوں کے استعمال کے لئے ہو۔

ببیس (ببیسی) (ب۔بیس) (ب۔بے۔سی) (ہ۔ا۔مث) (۱) اِغلام کرانے کی علت (۲) بواسیر۔

ببیسیا (ب۔بے۔سی۔یا) (ہ۔صف) وہ شخص جسے اِغلام کرانے کی علت ہو۔

ب ۔ پ

بَپا (ب۔پا) (ف۔صف) برپا۔ کھڑا۔ قائم۔

بپا کرنا (ار۔ محاورہ) کھڑا کرنا۔ برپا کرنا۔ پیدا کرنا۔

بپا ہونا (ار۔ محاورہ) کھڑا ہونا۔ برپا ہونا۔

بِپت (بپتا) (ب۔پت) (بپ۔تا) (ہ۔ا۔مث) بلا۔ مصیبت۔ آفت۔ تکلیف۔ دُکھ۔

بپت پڑنا (بپتا پڑنا) (ہ۔ محاورہ) (۱) مصیبت آنا (۲) خاوند کا مرجانا۔ رانڈ ہوجانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بپت (بپتا) برابر سکھ نہیں جو تھوڑے دن کی ہو (ہ۔ مثل) تھوڑی مصیبت آسودہ حالی کی قدر کا باعث ہوتی ہے۔

بپتا میں کوئی ساتھی نہیں (ہ۔ مقولہ) مصیبت کے وقت کوئی کام نہیں آتا۔

بپتسما (بپ۔تس۔ما) (انگ (Baptism) کا مؤرّد۔ا۔مذ) اصطباغ۔ عیسائی مذہب کی ایک رسم جس میں بچّے کے پیدا ہونے پر اُس کے سر پر مقدّس پانی کے چھینٹے ڈالے جاتے ہیں اور اُسے عیسائی مان لیا جاتا ہے۔

بپوتی (ب۔پو۔تی) (ہ۔ا۔مث) میراث۔ ورثہ۔

بپھارا (ب۔پھا۔را) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے بھپارا۔

بپھرا (بپھ۔را) (ہ۔صف) بپھرا ہوا۔ غصّے میں بھرا ہوا۔ لڑنے پر آمادہ (۲) بپھرنا مصدر سے ماضی۔

بپھرنا (ب۔پھر۔نا) (ہ۔مص) (۱) ضد کرنا۔ بگڑنا۔ مچلنا (۲) بھڑکنا۔ جھلانا (۳) سخت جوش میں آنا۔ قابو سے باہر ہونا (۴) گھوڑے کا چکنا۔ بدکنا (۵) لڑنے پر آمادہ ہونا (۶) بغاوت کرنا۔

بپھرے (ہ۔صف) بپھرا کی مغیرہ صورت۔

بپھرے رزیل اور بھوکے اشراف سے ڈرنا چاہئے (ا۔مثل) شریف بھوک کی حالت میں اور رزیل غصّے کی حالت میں خطرناک ہوتا ہے۔

ب ۔ ت

بت (بفتح اوّل) (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی مُرغابی (بطاسی کا مُعرب ہے)۔

بت (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) بات کا مخفّف۔

بت بنا (ا۔صف) (۱) جھوٹی باتیں کرنے والا (۲) باتونی۔ چرب زبان۔

بت کہا (ا۔صف) باتونی۔

بت (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) طاقت۔ قوت۔ بوتا۔ بساط۔ قدرت۔ حوصلہ (۲) دولت۔ مال۔ دھن (۳) شان و شوکت۔ دبدبہ (۴) عمر (۵) قدوقامت۔ ڈیل ڈول۔

بت باہر (ہ۔صف) ہمت، طاقت یا بساط سے زیادہ۔

بت (بضم اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چوسر کی کوڑیاں لوھکانے کا تختہ (۲) گھونسا۔

بت (بضم اوّل) (ف۔ا۔مذ) (۱) مورتی۔ مجسمہ۔ (مجازاً) معشوق۔ محبوب (۳) (صف) چپ۔ خاموش۔ گنگ (۴) احمق۔ مورکھ۔ جمع: بتان۔ اُردو جمع: بُت۔ بُتوں۔

بت بن جانا (بنا) (ا۔محاورہ) چپ رہنا۔ خاموش ہو جانا۔

بت بن کر بیٹھنا (ا۔محاورہ) بالکل خاموش رہنا۔ کوئی بات نہ کرنا۔

بتِ بے پیر (ا۔ا۔مذ) بے رحم معشوق۔

بت پرست (ف۔صف) مورتی پوجنے والا۔

بت پرستی (ف۔ا۔مث) بتوں کی پوجا۔ مورتی پوجا۔

بت تراش (بت گر) (ف۔صف) مورتی بنانے والا۔

بت تراشی (بت گری) (ف۔ا۔مث) بُت بنانے کا پیشہ۔ مورتیاں بنانے کا کام۔

بت خانہ (بت کدہ) (ف۔ا۔مذ) شوالا۔ مندر۔ صنم کدہ۔ مورتی پوجا کی جگہ۔

بت خانہ آذر (ف۔ا۔مذ) مجوسیوں کا آتش کدہ۔ پارسیوں کی عبادت گاہ۔

بت شکن (ف۔صف) بُت توڑنے والا۔

بتِ ہرجائی (ف۔ا۔مث) بے وفا معشوق۔ جو کسی ایک کا ہو کے نہ رہے۔

بتّا (بت۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دم۔ فریب۔ جھانسا (۲) حیلہ۔ بہانہ۔ دھوکا (۳) گھونسا۔ مکا۔ جمع: بتّوں۔ بتّے۔

بتّا بتانا (ا۔محاورہ) (۱) دھوکا دینا۔ فریب دینا (۲) ٹالنا۔

بتّا دینا (ا۔محاورہ) (۱) دھوکا دینا۔ جھانسا دینا۔ دغا دینا (۲) بہانہ کرنا۔ ٹالنا۔

بِتّا (بت۔تا) (ہ۔ا۔مذ) ایک ہاتھ کی چوڑائی۔ بالشت۔

بتاس (ب۔تاس) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہوا۔ باد (۲) بتاسا کا مخفّف۔

بتاس پھینی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی مٹھائی۔

بتاسا (بتاشا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حباب۔ بُلبُلا (۲) ایک قسم کی شیرینی جو حباب کی شکل کی ہوتی ہے (۳) آتش بازی کا چھوٹا انار۔ جمع: بتاسوں۔ بتاسے۔

بتاسا سا گھلنا (ا۔محاورہ) غم یا بیماری سے آہستہ آہستہ دُبلا ہونا۔

بتاسے (ہ۔ا۔مذ) (۱) بتاسا کی جمع (۲) بتاسا کی مُغیرہ صورت۔

بتاسے کا قفل (ا۔ا۔مذ) ایک چھوٹا سا گول تالا۔

بتاسے کی طرح بیٹھ جانا (ا۔محاورہ) (۱) بتاشے کی طرح گھل جانا (۲) دفعتہً لاغر اور کمزور ہو جانا۔ بیماری میں گھل جانا۔

بُتان (ف۔ا۔مذ) بُت کی جمع۔

بُتانِ آزر (آزری) (ف۔ا۔مذ) حضرت ابراہیمؑ کے چچا آزر کے بنائے ہوئے بُت جو بہت خوب صورت ہوتے تھے۔

بتانا (ب۔تا۔نا) (ہ۔مص) (۱) کہنا۔ جتانا (۲) دکھانا (۳) ظاہر کرنا۔ کھولنا (۴) اِشارہ کرنا (۵) سمجھانا (۶) پڑھنا (۷) سکھانا۔ پڑھانا۔ تعلیم دینا (۸) ناچنے میں ہاتھ پاؤں، ابرو کے اِشارے کرنا (۹) بیان کرنا (۱۰) نام ظاہر کرنا (۱۱) کام دینا (۱۲) پہچان کرنا (۱۳) (ہ۔ا۔مذ) سونے چاندی وغیرہ کی گھنگرو دار چوڑی (۱۴) وہ لوہے کا کڑا جو مہار کے پاس ہاتھ کا ناپ سمجھنے اور چوڑی چڑھانے کے لئے ہوتا ہے (۱۵) وہ دستار جسے پگڑی کے نیچے اس لئے رکھتے ہیں کہ اُوپر کی طرف گولائی آئے (۱۶) (مجازاً) اِمداد (۱۷) گھوڑے کی نبض۔

بِتانا (ب۔تا۔نا) (ہ۔مص) گزارنا۔ بسر کرنا۔

بُتانا (ب۔تا۔نا) (ہ۔مص) (۱) بُجھ جانا (۲) خاموش ہو جانا (۳) ٹھنڈا ہو جانا۔

بتاؤں (ب۔تا۔ؤں) (ہ۔صیغہ واحد متکلم۔ اِستفہام) کہوں؟ (۲) سمجھاؤں؟ (۳) ماروں؟ (۴) دکھاؤں؟ (۵) (ہ۔ا۔مذ) بینگن۔

بتّر (ب۔تر) (ہ۔ا۔مث) زمین کی وہ حالت جب وہ ہل چلانے کے قابل ہو جائے۔

بتّر (بتّر) (ب۔تر) (بت۔تر) (ف۔صف) "بدتر" کا مخفّف۔ نہایت بُرا۔ بہت نکمّا۔ بہت ناقص۔

بتّرا (بت۔را) (ہ۔صف) کند۔ کھوٹا۔ ہتھیار جس کی دھار بگڑی ہوئی ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بتّرانا (بت۔را۔نا)(ف۔مص) بات چیت کرنا۔ گفتگو کرنا۔

بتّرانا (بت۔را۔نا)(ف۔مص)(۱) عیب نکالنا (۲) اِلزام لگانا (۳) جُھٹلانا۔

بتّرنا (ب۔تَر۔نا)(ف۔مص) بخشش کرنا۔ عطا کرنا۔ دینا۔

بتّسا (بت۔سا)(ف۔امذ) چاول کی ایک قسم۔

بتَک (ب۔تک)(ف۔امث) بط۔ بطخ۔

بتّکا (بت۔کا)(ف۔امذ) نر بطخ۔ بطا۔

بتَکّو (ب۔تک۔کو)(ف۔اسم مُکبّر۔مذ)(۱) مبالغہ۔ ذرا سی بات کو بڑی بات بنانا (۲)(ف۔صف) باتونی۔ بت بنا۔

بتّلانا (بت۔لا۔نا)(ف۔مص) دیکھئے بتانا (بتانا فصیح ہے)۔

بتَنگو (ب۔تنگو)(نُون غُنّہ)(ف۔امذ) بات کا اِسم مُکبّر۔ دیکھئے بتکو نمبرا۔

بتَورا (ب۔تَو۔را)(ف۔امذ) دیکھئے بتورا۔

بتَورَن (بتوکن) (ف۔امذ) دیکھئے بتورن۔

بتَورنا (ب۔تور۔نا)(ف۔مص) دیکھئے بتورنا۔

بتَوری (ب۔تَو۔ری)(ف۔امث) وہ ورم جو پتھر کی مانند سخت ہو۔

بتُول (ب۔تُول)(ع۔صف)(۱) کنواری (۲) حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب۔

بتَولا (ب۔تو۔لا)(ف۔امذ)(۱) دھوکا (۲) ہنسی کی بات (۳)(ف۔صف) دغا باز۔ مکار۔ فریبی (۴) باتونی۔ جمع: بتولوں۔ بتولے۔

بتَولن (ب۔تو۔لن)(ف۔صف)(۱) باتونی عورت (۲) چالاک و دغاباز عورت۔

بتَولے (ب۔تو۔لے)(ف۔امذ)(۱) بتولا کی جمع (۲) بتولا کی مُغیرہ صورت۔

بتولے بنانا (اُر۔محاورہ) سخن سازی کرنا۔ باتیں بنانا۔

بتولے دینا (اُر۔محاورہ) فریب دینا۔ جھانسے دینا۔

بتولے میں آنا (اُر۔محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔

بتھا (ب۔تھا)(ف۔امث) درد۔ دُکھ۔ تکلیف۔

بتھارنا (بتھرانا) (ب۔تھار۔نا)(بتھ۔را۔نا)(ف۔مص) بکھیرنا۔ چھڑکنا۔

بتھرنا (ب۔تھر۔نا)(ف۔مص) بکھرنا۔ تتر بتر ہونا۔

بتّھوا (بتھ۔وا)(ف۔امذ) ایک ساگ جو گیہوں کے ساتھ پیدا ہوتا ہے۔ باتھو۔

بتّی (بت۔تی)(ف۔امث)(۱) فتیلہ (۲) سُوت کی ڈوری جو لیمپ اور چراغ وغیرہ میں جلائی جاتی ہے اور دوا لگا کر زخم میں بھی رکھی جاتی ہے (۳) موم یا چربی کی شمع۔ دیا (۴) پگڑی کا باریک بٹا ہوا پیچ (۵) بانس یا سرکنڈے کی گدی جو چھپّر میں آڑی باندھتے ہیں (۶) لاکھ، اگر، صندل یا بارود وغیرہ کا فتیلہ (۷) حیوانات کا گوشت جو پیٹھ کی ہڈی کے دونوں جانب ہوتا ہے۔ جمع: بتیاں۔ بتیوں۔

بتّی اُکسانا (اُر۔محاورہ) روشنی بڑھانے کے لئے چراغ کی بتّی کو آگے بڑھانا۔

بتّی بٹنا (اُر۔مص)(۱) روئی، کاغذ یا کپڑے کو لپیٹنا (۲) چراغ میں ڈالنے کے لئے روئی کی بتّی بنانا۔

بتّی بنا کر رکھ چھوڑو (اُر۔محاورہ) بے کار ہے۔ مطلب کی نہیں۔ ناراضی کی صورت میں کسی چیز کے متعلق کہا جاتا ہے۔

بتّی بنانا (اُر۔مص) دیکھئے بتّی بٹنا۔

بتّی جلانا (اُر۔مصدر مُرکّب) چراغ جلانا۔ روشنی کرنا۔

بتّی چڑھانا (اُر۔محاورہ)(۱) فانوس یا کنول میں چربی کی بتّی رکھنا (۲) زخم میں دوا کی بتّی بنا کر داخل کرنا (۳) بتّی کو اُوپر کو سرکانا۔

بتّی دکھانا (اُر۔محاورہ)(۱) بندوق، توپ یا گولا چھوڑنا۔

بتّی دینا (اُر۔محاورہ)(۱) آگ لگانا (۲) توپ داغنا (۳) زخم میں دوا کی بتّی رکھنا۔

بتّی (بت۔تی)(ف۔امث)(۱) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکا گول ٹھیکری پاؤں کے انگوٹھے کی گھائی میں رکھ کر پھینکتا ہے اور دُوسرا لڑکا اسی ٹکڑے کو پاؤں کے انگوٹھے کی گھائی میں رکھ کر ایک سانس میں اُٹھا لاتا ہے اور بتّی کہتا جاتا ہے (۲) گول ٹھیکری (۳) دوڑ۔

بتّی بلا دینا (ف۔محاورہ) عاجز کر دینا۔ ہار منوانا۔

بتّی بول جانا (ف۔محاورہ) عاجز ہو جانا۔ بے کار ہو جانا۔

بُتّے (بت۔تے)(ف۔امذ)(۱) بتا کی جمع (۲) بتا کی مُغیرہ صورت۔

بُتّے بازی (اُر۔امث) حیلہ سازی۔ فریب دہی۔

بُتّے میں آنا (اُر۔محاورہ) فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔

بتّیا (بت۔یا)(ف۔امث)(۱) ہرا اور کچا پھل (۲) لمبا بینگن۔

بتّیس (بت۔تیس)(ف۔اعدد) تیس اور دو۔ (۳۲)۔

بتّیس اَبرن (ابھرن) (ف۔امذ) بتّیس زیور۔

بتّیس دانت کی بھاکا خالی نہیں جاتی (ف۔مثل) مظلوم کی آہ یا بددُعا رائیگاں نہیں جاتی۔

بتّیس دانتوں میں زبان (اُر۔محاورہ) چاروں طرف سے دُشمنوں میں گھرا ہوا۔

بتّیس دھار (ف۔امذ) ماں کا دودھ۔

بتّیس دھار ہو کر نکلنا (ف۔محاورہ) بتّیس زخموں کے راستے سے نکلنا۔ پھوٹ پھوٹ کے نکلنا۔ (بددُعا)۔

بتّیس دھاریں دُودھ بخشنا (اُر۔محاورہ) ماں کا اپنا پلایا ہوا دودھ مرتے وقت اولاد کو بخش دینا۔

بتّیسا (بت۔تی۔سا)(ف۔امذ)(۱) ایک قسم کا مقوّی حلوا جو عورتوں کو بچہ جننے کے بعد بتّیس دوائیں ڈال کر دیا جاتا ہے (۲) وہ دوا جو گھوڑی کو بچہ جننے کے بعد بتّیس دوائیں ڈال کر دی جاتی ہے (۳) سوہن حلوے کی قسم کی ایک مٹھائی۔

بتّیسی (بت۔تی۔سی)(ف۔امث) آدمی کے دانتوں کی دونوں لڑیاں۔ کُل دانت۔

بتّیسی بجنا (اُر۔محاورہ) دانت بجنا۔ دانتوں کا آپس میں ایک دوسرے سے ٹکرانا۔

بتّیسی بند ہونا (اُر۔محاورہ) حالتِ غشی میں دانتوں کا جکڑ جانا۔ اُوپر اور نیچے کی لڑی کا مل کر بند ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بتیسی حلق میں ہو گی (اَر۔ محاورہ) اتنی مار پڑے گی کہ دانت ٹوٹ کر حلق میں چلے جائیں گے۔
بتیسی دکھانا (اَر۔ محاورہ) بے ہودہ ہنسنا۔ دانت نکالنا۔ منہ چڑانا (۲) اِنکسار کرنا۔ عاجزی کرنا (۳) لجاجت کرنا۔ خوشامد کرنا۔

ب ـ ٹ

بَٹ (بفتح اوّل) (و) مصدر بٹنا کا صیغہ امر (۲) (ہ۔ ا۔ مذ) ٹکڑا۔ حِصّہ (۳) بَل۔ سلوٹ۔ شکن (۴) تولنے کا وزن۔ بٹا (۵) وہ شکن جو فربہی کے باعث بدن پر نمودار ہو (۶) راہ۔ پگڈنڈی۔ باٹ کا مخفف (۷) وہ سُوجن جو کسی ضرب کی وجہ سے ہو جاتی ہے۔ اوجھڑی کا موٹا گوشت جس میں تار نہیں ہوتے (۸) کشمیریوں کی ایک ذات بَھٹ کا بگاڑ۔ بھٹ بھاٹ کا مخفف ہے۔
بَٹ مار (ہ۔ صف) لٹیرا۔ ڈاکو۔ راہزن۔
بَٹ ماری (ہ۔ ا۔ مث) راہزنی۔ ڈاکا۔
بَٹ موگرا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا بڑا موگرا (۲) ایک خوشبودار پھول کا نام۔
بَٹّا (بٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تولنے کا وزن۔ باٹ (۲) کٹوتی۔ کمی۔ گھاٹا۔ کسر (۳) فرق (۴) کھوٹ۔ خرابی (۵) دھبا۔ عیب (۶) مسالا پیسنے کا پتھر (۷) زیور رکھنے کا ڈبا (۸) گول آئینہ (۹) مداریوں کے گول گول ڈھکنے جن میں گولیاں رکھ کر غائب کرتے ہیں (۱۰) فصد کھولنے والے کا وہ کاٹھ کا گولا جو خون نکالتے وقت ہاتھ میں پھرانے کے لئے دیا جاتا ہے (۱۱) اربابِ نشاط کا انعام (۱۲) پتنگ کی لٹیا (۱۳) کمی جو ایک ملک کے سِکّے کو دُوسرے ملک کے سِکّے میں بدلنے سے کرنی پڑتی ہے۔ جمع: بٹوں۔ بٹے۔
بٹّا آنا (ہ۔ محاورہ) دیکھئے بٹا لگنا۔
بٹّا دینا (ہ۔ محاورہ) کمی پوری کرنا۔
بٹّا دھار (ڈھال) (ہ۔ صف) ہموار۔ برابر۔ سپاٹ۔
بٹّا سٹّا (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی زرہ (۲) سازش (۳) تبادلہ۔ لین دین۔
بٹّا لگانا (ہ۔ محاورہ) (۱) کمی پوری کرنا (۲) کٹوتی کاٹنا (۳) عیب لگانا۔
بٹّا لگنا (ہ۔ محاورہ) کٹوتی لگنا۔ کمی ہونا (۲) عیب لگنا۔ حرف آنا۔ ساکھ بگڑنا۔
بٹالین (Battalion) (انگ۔ ا۔ مث) چار کمپنیوں یا ایک ہزار فوجیوں کی پیدل رجمنٹ۔
بٹانا (بٹ۔ ٹا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تقسیم کرنا۔ بانٹ لینا (۲) ہٹانا۔ دُوسری طرف کرنا (خیال، دھیان)۔
بٹاؤ (ب۔ ٹا۔ او) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) تقسیم۔ حِصّہ۔ بانٹ۔
بٹاؤ (ب۔ ٹا۔ اُو) (واو معروف) (ہ۔ ا۔ مذ) راہ گیر۔ مسافر۔
بٹائی (ب۔ ٹا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) تقسیم۔ پیداوار کی وہ تقسیم جو اجارہ دار اور مالک زمین میں قرار پائے (۲) غلّہ تیار ہو کر تقسیم ہونے کا موسم (۳) کھیت کی پیداوار بانٹنے کی اُجرت (۴) رسّی بٹنے کی اُجرت۔
بٹائی دار (اَر۔ ا۔ مذ) مالک سے فصل کا حِصّہ بانٹنے والا کاشتکار۔ مزارع۔
بٹرنا (ب۔ ٹر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ایک جگہ جمع ہونا (۲) ٹھہر جانا۔

بٹلر (Butler) (بٹ۔ لر) (انگ۔ ا۔ مذ) خانساماں۔ رکابدار۔
بٹلوہی (بٹلوئی) (بٹ۔ لو۔ ہی) (بٹ۔ لو۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) پیتل کا وہ برتن جس میں پانی بھرتے یا دودھ دوہتے ہیں۔
بٹن (Button) (ب۔ ٹن) (انگ۔ ا۔ مذ) بوتام۔ گھنڈی۔ تکمہ۔
بٹنا (بٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تقسیم ہونا۔ حِصّے ہونا (۲) بَل دینا۔ لپیٹنا (۳) ایک طرف سے دُوسری طرف ہونا۔ ہٹنا (خیال۔ دھیان) (۴) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ آلہ جس سے رسّی بٹتے ہیں۔
بٹنا (بٹ۔ نا) (ہ۔ مص) کسی سیال چیز کا برتن میں سے تھوڑا نکلنا یا بہنا۔
بٹنا (بٹ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) اُبٹنا کا مخفف۔ اُبٹن۔ غازہ۔
بٹنگ (ب۔ ٹنگ) (ہ۔ ا۔ مذ) ناشپاتی کی قسم کا ایک کشمیری پھل۔
بٹنی (بٹ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) عورت کی چھاتیوں کا منہ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے۔ پستان کی ڈوڈی۔ نیز دیکھئے بھٹنی۔
بٹوا (بٹ۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) روپے پیسے وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا کیسہ۔
بٹوا سا منہ (اَر۔ ا۔ مذ) چھوٹا سا منہ۔ خوبصورت منہ۔ پیاری شکل۔ غنچہ دہن۔
بٹوا (بٹ۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) بیٹا کی تصغیر۔
بٹوار (بٹ۔ وار) (ہ۔ ا۔ مذ) محصول اکٹھا کرنے والا۔ اگاہی کرنے والا۔
بٹوارا (بٹ۔ وا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) حِصّہ۔ تقسیم۔ بانٹ۔
بٹوارا خانگی (اَر۔ ا۔ مذ) نجی تقسیم۔ آپس کی تقسیم۔
بٹوارا سرکاری (اَر۔ ا۔ مذ) سرکاری طور پر یا عدالتِ مال سے جائیداد وغیرہ کی تقسیم۔
بٹوارا غیر مکمل (اَر۔ ا۔ مذ) مالگذاری ادا کرنے والی جائیداد کی اس طرح تقسیم کہ ہر حِصّے کی مالگذاری الگ الگ نہ ہو۔
بٹوارا مکمل (اَر۔ ا۔ مذ) کسی محال، موضع یا پٹی کی اس طرح تقسیم کہ ہر حِصّے کی مالگذاری الگ الگ ہو۔
بٹوانا (ہ۔ مص) بانٹنا اور بٹنا کا متعدی (۱) تقسیم کرانا (۲) بَل ڈلوانا۔ بٹوانا (رسّی وغیرہ)۔
بٹوائی (بٹ۔ وا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) بٹنے کی اُجرت۔
بٹورا (ب۔ ٹو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) سُوکھے اُپلوں کا ذخیرہ۔ جمع: بٹوروں۔ بٹورے۔
بٹورن (ب۔ ٹو۔ رن) (ہ۔ ا۔ مث) بکھری چیز۔ کوڑا کرکٹ (۲) جمع ہوئی، فراہم کی ہوئی چیز۔
بٹورنا (ب۔ ٹور۔ نا) (ہ۔ مص) جمع کرنا۔ سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا۔
بٹورے (ب۔ ٹو۔ رے) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بٹورا کی جمع (۲) بٹورا کی مغیرہ صورت۔
بٹورے میں سے اُپلے ہی نکلیں گے (اَر۔ مثل) بُروں سے بُرے ہی لچھن ظاہر ہوں گے۔ بُرے بُرے ہی کام کریں گے۔
بٹونا (ب۔ ٹو۔ نا) (واو مجہول) (ہ۔ مص) بکھیرنا۔ چھڑکنا (سیال چیز کا)۔
بٹوہی (بٹوئی) (ب۔ ٹو۔ ہی) (ب۔ ٹو۔ ای) (ہ۔ ا۔ مذ) راہ گیر۔ مسافر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بٹھا (و) بٹھانا مصدر کا صیغہ امر۔

بٹھا دینا (ہ۔ مص) (۱) بیٹھنے پر مجبور کرنا (۲) مدرسے میں داخل کرانا (۳) ہمت پست کرنا (۴) پتلا کر دینا۔ گھٹنی کر دینا (۵) ڈھا دینا۔ مسمار کر دینا (۶) کسی فصل سے دست بردار کرنا (۷) یکساں کرنا۔ برابر کرنا (۸) غرق کر دینا (۹) دھنسا دینا۔ اندر کر دینا (۱۰) دبا کر بھرنا۔ ٹھونسنا (۱۱) جذب کر دینا۔ کھپا دینا۔

بٹھا رکھنا (ہ۔ مص) (۱) کنوارا رکھنا (۲) شادی کے بعد عورت کا سسرال نہ بھیجنا (۳) بے کار رکھنا۔ گھر پر رکھنا۔ انتظار کرانا۔

بٹھانا (ہ۔ مص) (۱) بیٹھنا کا متعدی۔ کھڑا کرنا کی ضد (۲) داخل کرانا (مدرسے میں بچوں کو) (۳) درست کرنا۔ رواں کرنا۔ پختہ کرنا (ہاتھ خوشنویسی میں) (۴) اُتارنا۔ پیوست کرنا۔ اندر تک گھسانا (۵) لگانا۔ ٹھیک جگہ پر لگانا۔ کام پر لگانا (۶) تخت نشین کرنا (۷) مقرر کرنا (۸) جمانا۔ منجمد کرنا (۹) مادہ پرند کو انڈوں پر چھوڑنا (۱۰) پاخانہ کرانا (بچوں کو پاؤں پر بٹھا کر)۔

بٹھک (ب۔ ٹھک) (ہ۔ مذ) دیمک کا گھر۔

بٹھلانا (بٹھ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھیے بٹھانا جو فصیح ہے۔

بٹھور (ب۔ ٹھور) (ہ۔ مث) چولھے کی جلی ہوئی لال مٹی۔

بٹھئی (بٹئی) (بٹھ۔ ئی) (ب۔ ٹئی) (ہ۔ مث) کلابتوں بٹنے کا کام۔ سوت' مونج یا سن بٹنے کا کام۔

بٹی (بٹ۔ ٹی) (ہ۔ مث) (۱) چھوٹا پھل (۲) ناریل کا گولا (۳) شمع (۴) عرق کھینچنے کا بھبکا۔

بٹے (بٹ۔ ٹے) (۱) بٹا کی جمع (۲) بٹا کی مغیرہ شکل۔

بٹے باز (ا۔ صف) چالاک۔ دغا باز۔ بازی گر۔ شعبدہ باز۔

بٹے بازی (ا۔ ا۔ مث) چالاکی۔ دغا بازی۔ شعبدہ بازی۔

بٹے پر خریدنا (ا۔ محاورہ) نفع پر خریدنا۔

بٹے دار روپیہ (ا۔ ا۔ مذ) کھوٹا' ناقص روپیہ جس پر بٹا لگے۔

بٹے کھاتے (ا۔ ا۔ مذ) ناقابل وصول رقم۔

بٹے کھاتے لکھنا (ہ۔ محاورہ) کسی رقم کو ناقابل وصول قرار دینا۔

بٹے کھاتے میں ڈالنا (ہ۔ محاورہ) بٹے کھاتے لکھنا۔

بٹیا (بٹ۔ یا) (ہ۔ مث) (۱) چھوٹا باٹ۔ چھوٹا پتھر۔ سنگ ریزہ (۲) پگڈنڈی۔ تنگ راستہ (۳) ناریل کی گری۔ کھوپرے کا گولا (۴) ریشمی ڈوری جس سے عورتیں بال باندھتی ہیں۔

بٹیا (ب۔ ٹی۔ یا) (ہ۔ مذ) کلابتوں' سوت یا مونج بٹنے والا۔

بٹیا (بٹ۔ یا) (ہ۔ مث) بٹی کی تصغیر۔

بٹیر (ب۔ ٹیر) (ہ۔ مذ و مث) تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔ جمع: بٹیروں۔ بٹیرے۔ (بٹیروں۔ بٹیریں)۔

بٹیر باز (ا۔ صف۔ و۔ مذ) بٹیر پالنے اور لڑانے والا۔

بٹیر بازی (ا۔ ا۔ مث) بٹیریں پالنا اور لڑانا۔

بٹیر کا پتہ جانا (ا۔ محاورہ) دانہ نہ ملنے کی وجہ سے بٹیر کا دُبلا ہو جانا۔

بٹیر لڑانا (ا۔ محاورہ) (۱) پالی میں بٹیروں کو لڑانا (۲) لڑانا۔ جھگڑا پیدا کرنا۔

بٹیہری (ب۔ ٹے۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) ہندوؤں میں بیٹی والوں کی طرف سے دولھا کو نقدی اور کپڑے دینے کی رسم۔

ب ۔ ج

بج (بفتح اوّل) (ہ۔ فعل) بجنا مصدر کا صیغہ امر۔

بجا (ب۔ جا) (ہ۔ فعل) بجنا مصدر کا صیغہ امر و ماضی۔

بجا (ب۔ جا) (ف۔ صف) (۱) درست۔ ٹھیک۔ صحیح۔ مناسب۔ جائز (۲) (تابع فعل) مناسب موقع پر۔ ٹھکانے پر۔

بجا آوری (ف۔ ا۔ مث) تعمیل حکم۔ انجام دہی۔

بجا رہنا (ا۔ محاورہ) درست رہنا۔ ٹھیک رہنا۔ قائم رہنا۔

بجا کرنا (ا۔ محاورہ) ٹھیک کام کرنا۔

بجا کہے جسے عالم' اُسے بجا سمجھو (ا۔ مقولہ) جس بات کو دُنیا ٹھیک کہتی ہو اُسے ٹھیک سمجھنا چاہیے۔

بجا لانا (ا۔ محاورہ) تعمیل حکم کرنا۔ انجام دینا۔ کہنے کے موافق کرنا۔ پورا کرنا۔

بجا ہونا (ا۔ محاورہ) دُرست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔

بجاج (ب۔ جاج) (بَج۔ جاج) (ہ۔ ا۔ مذ) بزاز کا بگاڑ (۲) ہندوؤں کی ایک ذات۔

بجار (ب۔ جار) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سانڈ۔ موٹا تازہ بیل جو گائیوں میں نسل کشی کے لئے چھوڑا جاتا ہے (۲) وہ بیل جو ہندو اپنے کسی مُردے کے نام پر داغ دے کر چھوڑ دیتے ہیں (۳) (کنایۃً) پُرشہوت آدمی (۴) زبردست' زور آور اور خوب تندرست آدمی۔

بجانا (ب۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) باجے کی آواز نکالنا (۲) پرکھنا۔ کھوٹا کھرا دریافت کرنا (سکے کو چٹکی سے اُچھال کر) (۳) خدمت کرنا جیسے نوکری بجانا (۴) مارنا پیٹنا (۵) واختنا۔ سر کرنا۔

بجائے (ب۔ جا۔ اے) (ف۔ تابع فعل) (۱) بعوض۔ بدلے میں (۲) جگہ پر۔ قائم مقام کے طور پر۔

بج بجانا (بَج۔ ب۔ جا۔ نا) کسی چیز کا سڑ کر ایسا خراب ہو جانا کہ اُس میں بُلبُلے اُٹھیں۔ سڑ جانا۔ بُس جانا۔

بجٹ (Budget) (انگ۔ ا۔ مذ) میزانیہ۔ ملکی جمع خرچ کا حساب۔ سالانہ آمدنی اور خرچ کا حساب۔

بجر (بَج۔ بر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پتھر (۲) (ہ۔ صف) بوجھل۔ کڑا۔ کٹھن۔ مشکل (۳) سُست۔ کاہل۔

بجرا (بَج۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی گول اور خوبصورت کشتی۔

بجر بٹو (ب۔ جر۔ بٹ۔ ٹو) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک سیاہ جنگلی پھل (۲) ایک قسم کا کھلونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بجرنگ (بَج۔رَنگ) (ہ۔ا۔مذ) س: وَجرنگ۔ قوی ہیکل۔ ہنومان کا لقب۔

بجرنگ بلی (ہ۔صف) نہایت طاقتور اور زور آور۔ ہنومان کا لقب۔

بجری (بَج۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) سنگ ریزے۔ چھوٹے چھوٹے کنکر پتھر (۲) اولوں کی بھوار۔ چھوٹے چھوٹے اولے۔

بجلی (بَج۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) برق۔ صاعقہ۔ وہ چمک جو بادلوں میں پیدا ہوتی ہے (اسے آسمانی بجلی کہتے ہیں) (۲) وہ توانائی جو آلات سے پیدا کی جاتی ہے اور جس سے بلب وغیرہ جلتے اور مشینیں چلتی ہیں (۳) آم کی گٹھلی کا مغز (۴) عورتوں کے کان کا ایک زیور (۵) (ا۔صف) چالاک۔ پھرتیلا۔ چست۔ تیز۔

بجلی بسنت (ہ۔ا۔مث) بسنت رُت کی بجلی۔ موسم بہار کی کڑک جو اور موسموں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔

بجلی پڑنا (ہ۔ محاورہ) (۱) آم کی کیری میں گٹھلی پڑنا (۲) بجلی گرنا (۳) مُصیبت آنا۔

بجلی ٹوٹے (بجلی گرے، بجلی پڑے) (ا۔ بددُعا) آگ لگ جائے۔ مر جائے۔ تباہ و برباد ہو جائے۔

بجلی کا کڑکا (ا۔ا۔مذ) وہ آواز جو بجلی چمکنے کے بعد سُنائی دیتی ہے۔ بجلی کی گرج۔

بجلی کڑکنا (ا۔ مصدر مُرکّب) بادلوں کا گرجنا۔

بجلی کوندنا (ا۔ مصدر) بجلی چمکنا۔

بجلی کی لپک (ا۔ا۔مث) بجلی کی چمک۔

بجلی کے بالے (ہ۔ا۔مذ) کانوں میں پہننے کے چوڑے حلقے۔

بجلی گرانا (ا۔ محاورہ) آفت ڈھانا۔ صدمہ پہنچانا۔

بجلی گرنا (ا۔ محاورہ) (۱) آسمانی بجلی کے شعلے کا کسی کو جلا دینا (۲) (مجازاً) آفت آنا۔ صدمہ پہنچنا۔

بجلی گھر (ا۔ا۔مذ) وہ عمارت جس میں بجلی پیدا کرنے اور تقسیم کرنے کے آلات نصب ہوتے ہیں۔ (Power House)۔

بجلی مہمان گھر میں نہیں جھنکا (ا۔ مثل) خود غریب ہے اور امیروں کو دعوت دیتا ہے۔

بجنا (بَج۔نا) (ہ۔مص) (۱) باجے سے آواز نکلنا (۲) گھنٹے کا بول کر وقت بتانا (۳) مشہور ہونا (۴) کان میں سائیں سائیں یا بھن بھن ہونا (۵) سردی یا خوف سے دانتوں کا آپس میں ٹکرا کر آواز پیدا کرنا (۶) (ہ۔ا۔مذ) بچّوں کا ایک کھلونا۔

بِجنا (بَج۔نا) (ہ۔ا۔مذ) حیض کی گدی۔ حیض کا لتا۔

بجنتری۔ دیکھئے باجنتری۔

بجّو (بَج۔جُو) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا گوشت خور جانور جو دن بھر بلوں میں رہتا ہے اور رات کو باہر نکلتا ہے۔ اِس کی آنکھیں بہت چھوٹی ہوتی ہیں (مجازاً) چھوٹی آنکھوں والا آدمی۔ چالاک آدمی۔

بجوانا (بَج۔وا۔نا) (ہ۔مص) بجانا کا متعدی۔ بجانے کا حکم دینا۔

بجوٹھا (بِ۔جو۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا زیور جسے ہندو عورتیں بازو بند کی جگہ اِستعمال کرتی ہیں۔

بجورا (بِ۔جو۔را) (ہ۔ا۔مذ) تُرنج۔ گلگل کی قسم کا ایک تُرش پھل۔

بجوڑنا (بِ۔جوڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) خوب پیٹنا (۲) رگڑنا۔

بجوگ (بِ۔جوگ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) منحوس ستاروں کا طالع میں قِران (۲) جُدائی۔ مُصیبت۔ صدمہ۔ حادثہ (۳) بدنصیبی۔

بجوگ پڑنا (ہ۔ محاورہ) (۱) مفارقت ہونا۔ بچھڑنا (۲) مُصیبت پڑنا۔ بپتا پڑنا۔

بجوگی (بِ۔جو۔گی) (ہ۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔ مُصیبت زدہ۔

بُجھا (بُ۔جھا) (ہ۔فعل) (۱) مصدر بُجھانا کا صیغہ امر (۲) بُجھنا مصدر سے ماضی مطلق (ہ۔صف) بُجھا ہوا۔

بُجھا بُجھا (ہ۔صف) (۱) بُجھا ہوا (۲) افسُردہ۔ غمگین۔ ملول۔ اُداس۔

بُجھارت (بُ۔جھا۔رَت) (ہ۔ا۔مث) (۱) پہیلی۔ معمّا۔ چیستان (۲) حساب کا تصفیہ۔ جمع: بُجھارتوں۔ بُجھارتیں۔

بُجھانا (بُ۔جھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آگ پر پانی ڈالنا (۲) خاموش کرنا۔ دور کرنا۔ رفع کرنا (۳) آب دینا۔ آب چڑھانا (۴) چاندی سونے یا اینٹ کو آگ میں لال کر کے پانی میں ڈالنا تا کہ اُس کی رطوبت زائل ہو جائے (۵) پژمردہ کرنا۔ حوصلہ توڑنا (۶) دھیما کرنا۔ ملائم کرنا۔

بُجھاؤ (بُ۔جھا۔او) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) تیزی۔ کاٹ (تلوار وغیرہ کی)۔

بُجھایا پانی (ہ۔ا۔مذ) وہ پانی جس میں سونے یا لوہے کو خوب تپا کر ڈالا گیا ہو۔

بُجھ بُجھوّل (بُجھ۔بُ۔جھَو۔وَل) (ق۔ا۔مث) پہیلی۔ بجھارت۔ چیستان۔

بجھرا (بجھ۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بجھر (۲) جو، گیہوں اور چنا ملا ہوا غلّہ (۳) (صف) ملا ہوا۔ آمیزہ۔

بجھ گاہ (ہ۔ا۔مذ) پرندوں کے ڈرانے کا پتلا۔ کالی ہنڈیا جو پرندوں کو ڈرانے کے لئے کھیتوں میں لکڑی پر لٹکا دیتے ہیں۔ باگڑ بلا۔

بُجھنا (بُجھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا (۲) تپتی ہوئی اینٹ یا لوہے وغیرہ کا پانی میں سرد ہونا (۳) سیری ہونا (۴) افسردہ ہونا۔ مایوس ہونا (۵) دھیما ہونا۔ نرم پڑنا۔

بجھوتا (بِ۔جھو۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حساب فہمی (۲) سالانہ پیداوار کا اوسط۔

بُجھوّل (بُ۔جھَو۔وَل) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے بُجھ بُجھوّل۔

بُجھی (بُ۔جھی) (ہ۔فعل) بُجھا کی تانیث۔

بُجھی آگ (ا۔ا۔مث) آگ جو سرد ہو گئی ہو۔ فساد جو مِٹ گیا ہو۔

بُجھی آواز (ا۔ا۔مث) دھیمی آواز۔ افسردہ آواز۔

بُجھی بُجھی (ہ۔صف) بُجھا بُجھا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بُجھے (بُ۔ جھے) (و۔ فعل) بُجھا کی مغیرہ صورت۔
بُجھے ہوئے تیور (بُجھے تیور) (و۔ا۔مذ) وہ نگاہ جس سے ملال اور افسردگی ظاہر ہو۔
بُجھیرا (بُ۔ جھے۔ را) (و۔ا۔مذ) لکڑی کا آلہ جس پر صراحی رکھتے ہیں۔ گھڑونجی (۲) ڈھکنا۔
بُجھیل (بُ۔ جھیل) (و۔صف) لدا ہوا۔ بھاری۔ بوجھ والا۔
بِجے (بِ۔ جے) (و۔ا۔مذ) اصل سنسکرت وجے۔ فتح۔ جیت۔
بِجیا (بِجْ۔ یا) (اَر۔ا۔مث) باجی کی تصغیر۔
بِجیا (بِجْ۔ یا) (و۔ا۔مث) بھنگ۔ سبزی۔
بِجیلا (بِ۔ جی۔ لا) (و۔صف) (۱) وہ اراضی جس میں بیج کثرت سے پیدا ہو (۲) وہ پھل جس میں بکثرت بیج ہوں۔

ب ۔ چ

بَچ (بفتح اوّل) (و۔ فعل) (۱) بچنا مصدر کا صیغہ امر (۲) (و۔ا۔مث) ایک کڑوی دوا۔
بَچا (بَ۔ چا) (و۔ فعل) بچانا مصدر کا صیغہ امر و ماضی (۲) (صف) باقی ماندہ۔
بچا بچایا (بچا کھچا) (اَر۔صف) باقی ماندہ۔ بچا ہوا۔ بقیّہ۔
بچا جانا (اَر۔ محاورہ) زد سے بچ جانا۔
بچا لانا (اَر۔ محاورہ) چھڑا لانا۔ بری کرانا (۲) پس انداز کرنا۔
بُچّا (بُچْ۔ چا) (و۔صف) جس کے کان نہ ہوں۔ کن کٹا۔ چھوٹے کانوں والا۔
بِچار (بِ۔ چار) (و۔ا۔مذ) (۱) سوچ۔ غور و فکر۔ دھیان (۲) قیاس۔ اندازہ۔ اٹکل (۳) سمجھ۔ عقل۔ تمیز۔ تدبیر (۴) ارادہ۔ (س: وچار)۔
بچار کرنا (بچارنا) (و۔مص) سوچنا۔ فکر کرنا (۲) خیال کرنا۔ غور کرنا (۳) عقل لڑانا (۴) قیاس کرنا۔ اندازہ لگانا۔ جانچنا (۵) شمار کرنا (۶) ستاروں کی چال دیکھنا (۷) ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔
بِچارا (بِ۔ چا۔ را) (اَر۔صف) دیکھئے بے چارہ جس کا یہ بگاڑ ہے۔
بِچالی (بِ۔ چا۔ لی) (و۔ا۔مث) ایک قسم کی گھاس۔ وہ گھاس جو گھوڑوں کے تھان پر بچھائی جاتی ہے۔
بَچانا (بَ۔ چا۔ نا) (و۔مص) (۱) حفاظت کرنا۔ حمایت کرنا (۲) جمع کرنا (۳) بری کرانا (۴) زد سے ہٹانا (۵) چرانا۔ ضبن کرنا (۶) راستہ چھوڑنا (۷) مصیبت سے نجات دلانا۔
بَچاؤ (بَ۔ چا۔ او) (واو مجہول) (و۔ا۔مذ) (۱) حفاظت۔ آسرا۔ آڑ (۲) پناہ۔ سلامتی (۳) نجات۔ خلصی (۴) عذر (۵) بہانہ (۶) حفاظت کی جگہ۔
بچاؤ کرنا (و۔مص مرکب) حفاظت کرنا۔ دفاع کرنا۔

بچپن (بَچْ۔ پَن) (و۔ا۔مذ) (۱) کم عمری۔ صغر سنی۔ طفلی (۲) ناسمجھی۔ عقل کی کمی۔
بچپن کرنا (اَر۔ محاورہ) نادانی کرنا۔
بچپن کی باتیں (اَر۔ا۔مث) ناسمجھی کی باتیں۔ بچوں کی سی باتیں۔
بچپنا (بَچْ۔ پَ۔ نا) (و۔ا۔مذ) دیکھئے بچپن۔
بچت (بَ۔ چت) (و۔ا۔مث) (۱) پس انداز۔ بچا کر رکھی ہوئی چیز (۲) نفع۔ فائدہ (۳) باقی۔ بقیّہ۔
بچتر (بِ۔ چِت۔ تر) (و۔ا۔مذ) مصوّر۔ نقّاش۔
بچ رہنا (اَر۔ محاورہ) باقی رہنا۔ کھانے کی جھوٹن رہ جانا۔
بِچک (بِ۔ چک) (و۔ا۔مث) (۱) خوف۔ ڈر (۲) مایوسی۔
بچکانا (بَچْ۔ کا۔ نا) (اَر۔صف) بچوں کا۔ بچوں کا سا۔ بچوں کے لائق (۲) وہ نامرد لڑکا جسے کسی ہیجڑے نے پالا ہو۔
بچکانا (بِچْ۔ کا۔ نا) (و۔مص) (۱) ڈرانا۔ خوف دلانا (۲) پیچھے ہٹانا (۳) ناامید کرنا (۴) وعدے سے پھر جانا۔
بچکانی (بَچْ۔ کا۔ نی) (اَر۔صف) (۱) بچکانا کی تانیث (۲) (اَر۔ا۔مث) چھوٹی لڑکی (۳) نائکہ کی پالی ہوئی لڑکی۔
بچ کچ (و۔ا۔مذ) اہل و عیال۔ بچے کچے۔
بِچکنا (بِ۔ چک۔ نا) (و۔مص) (۱) ڈرنا (۲) ہٹ جانا (۳) ناامید ہونا۔
بچ کے چلنا (اَر۔ محاورہ) راہ چھوڑ کے چلنا۔ ہٹ کے چلنا۔ احتیاط سے چلنا۔
بچگان (ف۔ا۔مذ) بچہ کی جمع۔
بچگانہ (ف۔صف) بچوں کے متعلق۔ بچکانا۔ طفلانہ۔ بچوں کی طرح۔
بچگی (بَچْ۔ چَ۔ گی) (ف۔ا۔مث) کم سنی۔ نابالغی۔ بچپن۔ طفلی۔
بِچل (بِ۔ چل) (و۔صف) بیچ کا۔ وسطی۔
بچلا (بِچْ۔ لا) (و۔صف) درمیانہ۔ منجھلا۔ بیچ کا۔ بیچل۔
بِچلنا (بِ۔ چل۔ نا) (و۔مص) (۱) پھسلنا (۲) بہکنا۔ غلطی کرنا (۳) گم ہو جانا۔ راستہ بھولنا (۴) مچلنا۔ ضد کرنا (۵) بدکنا۔ بھڑکنا (۶) دیوانہ ہونا۔ جنون ہونا۔
بچن (بَ۔ چن) (و۔ا۔مذ) (۱) قول۔ بات۔ گفتگو۔ کلام (۲) وعدہ۔ عہد۔ پیمان۔ شرط۔ (س: وچن)۔
بچن بندھ (و۔صف) وچن بندھ۔ جس نے کوئی وعدہ یا عہد کیا ہو۔
بچن پال (و۔صف) بات کا پورا۔ قول پر قائم رہنے والا۔
بچن پالنا (و۔ محاورہ) (۱) اپنے قول پر قائم رہنا۔ وعدے پر ثابت قدم رہنا۔
بچن توڑنا (بچن چھوڑنا) (و۔ محاورہ) وعدہ توڑنا۔ قول سے پھر جانا۔
بچن دینا (و۔ محاورہ) عہد و پیمان کرنا۔ زبان دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بچن ڈالنا (ہ۔ محاورہ) سوال کرنا۔ طلب کرنا۔
بچن لینا (ہ۔ محاورہ)(۱) اِقرار لینا۔ وعدہ لینا۔ قول و قرار لینا (۲) قسم لینا۔
بچن ماننا (ہ۔ محاورہ) اطاعت کرنا۔ مان لینا۔
بچن نباہنا (ہ۔ محاورہ) اپنی بات پر قائم رہنا۔ بات کا پاس کرنا۔
بچن ہارنا (ہ۔ محاورہ)(۱) زبان دینا۔ اِقرار کرنا۔ وعدہ کرنا (۲) قول سے پھرنا۔ بات پر قائم نہ رہنا۔
بچنا (بَچ۔نا)(ہ۔مص)(۱) الگ رہنا۔ محفوظ رہنا (۲) باقی رہنا۔ بڑھنا (۳) زندہ رہنا۔ جینا۔ شفا پانا (۴) ہلنا (۵) آرام ہونا۔ اچھا ہونا (۶) پرہیز کرنا۔ بہانہ کرنا (۷) رہائی پانا (۸) خرچ نکال کر فائدہ ہونا۔ جمع ہونا۔ نفع ہونا (۹) جُدا رہنا۔
بچو (بَچ۔چو)(واو مجہول)(اَر۔ا۔مذ) بچہ کی جمع بحالتِ ندا۔
بچو (بَچ۔چو)(واو معروف)(ہ۔ا۔مذ) بچہ کی تصغیر۔ حقارت سے مخالف کو بھی کہتے ہیں۔
بچُورنا (بِ۔چُورنا)(ہ۔مص) مالیدہ کرنا۔ ملنا۔ رگڑنا۔
بچولیا (بِ۔چو۔لِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ثالث۔ پنچ (۲) دلال۔ ضامن۔ فیصلہ کرنے والا۔ نزاع دُور کرنے والا۔
بچوں (بَچ۔چوں)(اَر۔ا۔مذ) بچہ کی اُردو جمع۔
بچوں سے گود بھری رہے (اَر۔کلمہ دُعا) اولاد زندہ رہے۔ کثرت سے اولاد ہو۔
بچوں کا کھیل (اَر۔ا۔مذ)(۱) آسان کام۔ سہل بات (۲) بچوں کے کھیلنے کی چیز (۳) فضول بات۔ بے کار کام۔
بچوں والی (ہ۔ا۔مث) ماں۔ صاحبِ اولاد عورت (۲) چیچک۔ سیتلا۔ خسرہ۔
بچہ کھڑا (بَ۔چونگ۔ڑا)(اَر۔ا۔مذ) بچہ کی تصغیر۔ ننھا بچہ۔
بچہ (بَچ۔چہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) طِفل۔ بال۔ بالک (۲) چھوٹی عُمر کا۔ نادان شخص (۳) فقیروں کا تکیہ کلام (۴) معصوم۔ بے گناہ آدمی۔ فارسی جمع: بچگان۔ اُردو جمع: بچے۔ بچوں۔
بچہ بازی (اَر۔ا۔مث) لونڈے بازی۔ اِغلام۔ لواطت۔
بچہ دان (ف۔ا۔مذ) رحم۔ بچے دانی۔
بچہ دانی (اَر۔ا۔مث) بچہ دان۔
بچہ دینا (اَر۔ محاورہ) مادہ جانور کا بچہ جننا۔
بچہ کش (ک مفتوح)(ف۔صف) وہ عورت جو بہت بچے جنے۔
بچہ کشی (کَ۔شی)(ف۔ا۔مث) بچے پیدا کرنا۔
بچہ کُشی (کُ پر پیش)(ف۔ا۔مث) بال ہتیا۔ بچے کا قتل۔
بچہ مینا (بَچ۔چہ۔اِے۔ی۔نا)(ف۔ا۔مذ)(کنایۃً) شراب۔
بچھا (بِچھ۔چھا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) فاصلہ۔ وقفہ۔ عرصہ۔ فرق۔ مُہلت۔ درمیان۔ بیچ۔
بچھا (ہ۔فعل) مصدر بچھانا کا امر (۲) مصدر بچھنا کی ماضی (۳)(صف) بچھا ہوا۔
بچھا جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) عجز و اِنکسار کرنا۔ جھکنا (۲) بہت تواضع و مدارت کرنا۔
بچھا دینا (بچھانا) (اَر۔ محاورہ) فرش کرنا۔ بستر کرنا۔ پھیلانا۔

بچھ جانا (اَر۔ محاورہ) فرش ہو جانا (۲) مائل ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا (۳) کثرت سے زمین پر گر کر بکھر جانا۔ اِنکسار کے ساتھ جُھک جانا۔
بچھتیا (بِ۔چھت۔یا)(ہ۔ا۔مث) چھپکلی۔
بچھڑا (بَچھ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) گائے کا بچہ۔
بچھڑا کھونٹے کے بل کودتا ہے (اَر۔مثل) ہر شخص اپنے حامی پر گھمنڈ کرتا ہے۔
بچھڑا (ہ۔صف) بچھڑا ہوا۔ دور اُفتادہ۔ جُدا۔ الگ (۲) بچھڑنا مصدر کا ماضی۔مذ۔
بچھڑ جانا (بچھڑنا) (بِ۔چھڑ۔جا۔نا)(بِ۔چھڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) جُدا ہونا (۲) پیچھے رہ جانا (۳) کھو جانا۔
بچھڑی (بَچھ۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) گائے کا مادہ بچہ۔
بچھنا (بِچھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) فرش ہونا (۲) عاجزی کرنا۔ اِنکسار کرنا۔ بہت آؤ بھگت کرنا۔
بچھناک (بِچھ۔ناک) (ہ۔ا۔مذ) ایک زہریلا پودا جس کی جڑ دواؤں میں اِستعمال ہوتی ہے۔
بچھو (بِچھ۔چھو)(ہ۔ا۔مذ) ایک چھوٹا سا جانور جس کی مُڑی ہوئی دُم کے سرے پر زہریلا ڈنک ہوتا ہے۔ کژدُم۔ عقرب۔ (پن) کھنواں (۲) ایک پہاڑی پودا جس کا پتا چھو جانے سے بچھو کے کاٹنے کی طرح جلن ہوتی ہے۔ بچھو بوٹی۔
بچھو کا منتر نہ جانے ' بانبی میں ہاتھ ڈالے (بچھو کا منتر یاد نہیں سانپ کے بل میں ہاتھ ڈالے) (اَر۔مثل) چھوٹا کام تو کر نہیں سکتے ' بڑے کام میں دخل دینے لگے۔
بچھوا (بِچھ۔وا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بچھو (۲) خنجر کی ایک قسم۔ چھوٹا خنجر (۳) ایک زیور جو پاؤں کی اُنگلیوں میں پہنا جاتا ہے (۴) ایک قسم کا تیز اچار۔
بچھوانا (بِچھ۔وا۔نا)(ہ۔مص) بچھنا کا متعدی المتعدی۔ فرش کرانا۔
بچھوڑنا (بچھوڑنا) (بِ۔چھور۔نا)(بِ۔چھوڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) جُدا کرنا (۲) کپاس میں سے بیج نکالنا۔ اُوٹنا۔
بچھونا (بِ۔چھو۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بستر (۲) چٹائی یا فرش جس پر ہندو عورتیں بیٹھ کر ماتم کرتی ہیں (۳) کوئی چیز جو بچھائی جائے۔
بچھونا اُٹھانا (ہ۔ محاورہ) سوگ ختم کرنا۔
بچھونا بچھانا (بچھونا کرنا) (اَر۔ محاورہ) فرش کرنا (۲) مار پیٹ کر فرش پر گرانا۔
بچھوہا (بِ۔چھو۔ہا)(ہ۔ا۔مذ) جُدائی۔ مُفارقت۔ ہجر۔
بچھیا (بَچھ۔یا)(ہ۔ا۔مث) گائے کا مادہ بچہ۔ بچھڑی۔
بچھیا کا باوا (اَر۔ا۔مذ)(۱) بیل (۲)(کنایۃً) نہایت بے وقوف شخص۔
بچھیرا (بَ۔چھے۔را)(ہ۔ا۔مذ) گھوڑے کا نر بچہ۔

بچھیرا پلٹن (اِ۔ امث)(۱) نو عمر بچے (۲) نو عمر بچوں کی فوج۔

بچھیری (بَ۔ چھے۔ ری)(ہ۔ امث) بچھیرا کی تانیث۔ گھوڑے کا مادہ بچہ۔

بچی (بَچ۔ چی)(اِ۔ امث)(۱) چھوٹی لڑکی (۲) وہ بال جو نیچے کے ہونٹ اور ٹھوڑی کے بیچ میں ہوتے ہیں۔ ڈاڑھی کا اِمام۔

بچی (بَچ۔ چی)(ہ۔ صف) بچا کی تانیث۔ کن کٹی عورت۔

بچے (اِ۔ امذ) بچہ کی اُردو جمع (۲) بچہ کی مغیرہ صورت۔

بچے بھرانا (اِ۔ محاورہ) پرندوں کا اپنے بچوں کو چونچ سے دانہ کھلانا۔ چوگا دینا۔

بچے کچے (اِ۔ امذ) بال بچے۔ چھوٹے بڑے بچے۔

بچے نکلوانا (اِ۔ محاورہ) پرندوں کو بچے نکالنے کے لئے انڈوں پر بٹھانا۔

بچے والی (اِ۔ صف) زچہ۔ ماں۔

بچیانا (بَچ۔ یا۔ نا)(ہ۔ مص) گھوڑے کا خوشی سے کان کھڑے کرنا۔

ب ـ ح

بحار (بِ۔ حار)(ع۔ امذ) بحر کی جمع۔ نیز دیکھئے بحور۔

بحال (بَ۔ حال)(ف۔ صف)(۱) برقرار۔ قائم۔ بدستور۔ اصلی حالت پر (۲) سابق حیثیت میں۔ سابق کی طرح (۳) اچھی حالت میں۔ خوش (۴) شفایافتہ (۵) دوبارہ کام پر لگایا ہوا۔

بحال رکھنا (اِ۔ محاورہ) قائم رکھنا۔ بدستور رکھنا۔

بحال کرنا (اِ۔ محاورہ)(۱) دوبارہ اُسی عہدے پر مقرر کرنا (۲) خوش کرنا۔

بحال ہونا (اِ۔ محاورہ)(۱) تندرست ہونا (۲) پھر اُسی عہدے پر مقرر ہونا۔

بحالی (بَ۔ حا۔ لی)(ف۔ امث)(۱) افاقہ۔ طبیعت کی دُرستی (۲) پھر اُسی عہدے پر تقرر (۳) قبضے کی واپسی (۴) فرحت۔ تازگی۔

بحالیات (بَ۔ حا۔ لی۔ یات) بحالی کی اُردو جمع (اِ۔ امذ) پاکستان کا ایک محکمہ جس کے ذمے بے خانماں مہاجرین کو پھر سے بسانا ہے۔

بحث (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ امث)(۱) لفظی تکرار۔ مباحثہ۔ حجت۔ دلیل (۲) جھگڑا۔ سوال وجواب۔ گفتگو۔ مناظرہ (۳) وہ مدلل تقاریر جو وکلا اپنے موکل کی حمایت میں عدالت میں کرتے ہیں۔

بحث آپڑنا (اِ۔ محاورہ) تکرار ہو جانا۔ مقابلہ ہو جانا۔

بحث بڑھنا (اِ۔ محاورہ) بات لمبی ہونا۔

بحث پڑنا (اِ۔ محاورہ) تکرار ہونا۔ حجت ہونا۔

بحث چھڑنا (اِ۔ محاورہ)(۱) تذکرہ ہونا (۲) مناظرہ ہونا۔

بحثِ قانونی (ع۔ ف۔ امث) ایسی بحث جو کسی قانون کی رُو سے کی جائے۔

بحث کرنا (اِ۔ مص مرکب) جھگڑنا۔ تکرار کرنا۔ وکلا کا قانونی موشگافیاں کرنا۔

بحثِ واقعاتی (ع۔ ف۔ امث) ایسی بحث جو واقعاتِ مقدمہ سے متعلق ہو۔

بحثنا (بَحث۔ نا)(اِ۔ مصدر) بحث کرنا۔ تکرار کرنا۔ حجت کرنا۔

بحر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ امذ)(۱) مہاساگر۔ بڑا سمندر (۲)(امث) شعر کا وزن۔

بحر و بر (ع۔ ف۔ امذ)(۱) تری اور خشکی (۲) تمام دُنیا۔

بحران (بُح۔ ران)(ع۔ امذ)(۱) بیماری کے زور کا دن (۲) تعطل۔ اڑچن۔ نازک حالت۔

بحری (بَح۔ ری)(ع۔ صف) بحر سے منسوب۔

بحری بیڑا (اِ۔ امذ) سمندری جہازوں کا قافلہ۔ عام طور پر یہ اصطلاح جنگی جہازوں کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

بحری رَو (ع۔ ف۔ امث) سمندر کی لہر کا وہ باقاعدہ بہاؤ جو مسلسل کسی سمت کو جاری رہتا ہے۔

بحریہ (بَح۔ ری۔ یہ)(ع۔ امث)(۱) جنگی جہازوں کا بیڑا (۲) بحری فوج۔

بحل (بَ۔ حل)(ع۔ امذ)(۱) معافی۔ درگزر (۲)(صف) قابلِ معافی۔

بحور (بُ۔ حور)(ع۔ امذ) بحر کی جمع۔

بحیرہ (بُ۔ حے۔ رہ)(ع۔ امذ) بحر کی تصغیر۔ چھوٹا سمندر۔

ب ـ خ

بخار (بُ۔ خار)(ع۔ امذ)(۱) بھاپ (۲) حرارت۔ تپ (۳) غصہ۔ رنج۔ کدورت۔ غبار۔ جمع بخارات۔ اَبخرہ۔

بخار آنا (اِ۔ محاورہ) تپ چڑھنا۔ بدن گرم ہونا۔ بدن کا درجہ حرارت معمول سے زیادہ ہو جانا۔ (انسان کا طبعی درجہ حرارت ۹۵ اور ۹۹ ڈگری فارن ہائیٹ کے درمیان ہوتا ہے)۔

بخار اُٹھنا (اِ۔ محاورہ) بھاپ اُٹھنا۔

بخار بھرا ہونا (اِ۔ محاورہ) شکوے سے لبریز ہونا (۲) دل میں کدورت ہونا۔

بخار اُترنا (اِ۔ محاورہ) تپ اُتر جانا۔ جسم کا درجہ حرارت نارمل ہو جانا (۲) غصہ ٹھنڈا ہو جانا۔

بخار نکالنا (اِ۔ محاورہ) دل کا غبار نکالنا۔ غصہ اُتارنا (۲) حسرت نکالنا۔

بخارات (بُ۔ خا۔ رات)(ع۔ امذ) بخار کی جمع۔ اَبخرے۔

بخاری (بُہ۔ خا۔ ری)(اِ۔ امث)(۱) باورچی خانہ یا دالان کی کوٹھڑی جو غلے کے لئے بناتے ہیں (۲) چمنی یا انگیٹھی جو دیوار میں بنائی جاتی ہے اور اس کا دھواں چھت پر نکالا جاتا ہے۔

بخاری (بُ۔ خا۔ ری)(ف۔ صف) شہر بخارا سے منسوب (۲) بخارا کا باشندہ (۳) احادیث نبوی ﷺ کی ایک مشہور کتاب جو اپنے مؤلف امام بخاری کے نام سے موسوم ہے۔ صحیح بخاری۔

بخت (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ امذ) حصّہ۔ نصیب۔ بھاگ۔ قسمت۔

بخت آزمائی (ف۔ امث) تقدیر آزمانا۔

بخت آور (بختاور)(ف۔ صف) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بخت آوری (بختاوری)(ف۔ا۔مث) خوش نصیبی۔خوش قسمتی۔
بخت اُڑ گئے بلندی رہ گئی (ار۔مثل)(۱) ریاست یا جاگیر تو جاتی رہی محض نام باقی رہ گیا ہے (۲) گرہ میں پیسا نہیں نواب بنے پھرتے ہیں۔اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو مفلسی میں ڈینگ مارے۔
بخت اُلٹنا (ار۔محاورہ) بخت پھرنا۔قسمت کا ناموافق ہونا۔
بخت برگشتہ (ف۔صف) بدقسمت۔بدنصیب۔
بخت پھرنا (ار۔محاورہ) قسمت خراب ہونا۔
بخت جلا (ف۔ار۔صف) کم بخت۔بدنصیب۔
بخت جواں (ف۔صف) خوش نصیب۔ترقی کرنے والا۔
بخت چمکنا (ار۔محاورہ) طالع کا بیدار ہونا۔نصیب جاگنا۔
بختِ خفتہ (ف۔ا۔مذ)(۱) سویا ہوا نصیب (۲) (بغیر اضافت) جس کا نصیب سو گیا ہو۔
بختِ رسا (ف۔ا۔مذ) بلند نصیبہ (۲) خوش قسمتی۔
بختِ رَمیدہ (ف۔ا۔مذ) بھاگا ہوا نصیب۔بدقسمتی۔خراب قسمت۔
بخت سیدھا ہونا (ار۔محاورہ) قسمت جاگنا۔نصیب کا موافق ہونا۔
بخت کھلنا (ار۔محاورہ) نصیب جاگنا (۲) کنوارے کی شادی ہونا۔
بختِ واژوں (واژگوں)(ف۔ا۔مذ) اوندھی قسمت۔بگڑا ہوا نصیب۔
بخت یار (بختیار)(ف۔صف) خوش نصیب۔نصیبے والا۔
بخت یار رہے (ار۔دُعا) قسمت مددگار ہو۔
بَختوں (بَخ۔توں)(ف۔ا۔مذ) بخت کی جمع۔
بختوں جلی (ار۔صف) بدقسمت' بے اولاد (عورت)(۲) رانڈ۔بال بدھوا۔
بختوں کے بَلیا' پکائی کھیر ہو گیا دلیا (ار۔مثل) بدنصیبی میں اچھا کام بھی خراب ہو جاتا ہے۔(بَلیا: بَلی۔بَلوان)۔
بُختی (بُخ۔تی)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا خراسانی اُونٹ۔
بَخْتے (بَخ۔تے)(ار۔ا۔مذ) بھنے ہوئے چنوں کے دلے ہوئے دانے جن پر چھلکا نہ ہو۔
بَخْرا (بَخرہ)(بَخ۔را)(ف۔ا۔مذ) حِصّہ۔ٹکڑا۔اُردو جمع: بخروں۔بخرے۔
بخرا (بخرے) کرنا (ار۔محاورہ) تقسیم کرنا۔حصے کرنا۔
بَخْش (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔صف) فارسی مصدر بخشودن سے امر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور معاف کرنے والا' بخشنے والا' دینے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً گنج بخش' لکھ بخش' خطا بخش (۲) (ار۔ا۔مذ) عطیہ۔وظیفہ۔کھانے کا پورا حِصّہ جو تقریبات میں بانٹا جاتا ہے۔
بخش دینا (ار۔محاورہ)(۱) بلا معاوضہ دے دینا۔مفت دے دینا (۲) معاف کر دینا۔سزا نہ دینا۔
بَخشائِش (بَخ۔شا۔اِش)(ف۔ا۔مث) گناہ کی معافی۔
بَخشائندہ (ف۔صف) بخشنے والا۔معاف کرنے والا۔
بَخشِش (بَخ۔شِش)(ف۔ا۔مث) اِنعام۔عطیہ۔خیرات (۲) معافی۔
عفو۔درگزر۔
بخشش نامہ (ف۔ا۔مذ) ہبہ نامہ۔وہ دستاویز جس کے ذریعے کوئی جائیداد بلامعاوضہ کسی کو دی جائے۔
بخشنا (ار۔مص) عطا کرنا (۲) گناہ مُعاف کرنا (۳) قرآن شریف پڑھ کر ثواب پہنچانا (۴) عامل یا عالمِ دین کا کسی کو عمل کرنے یا وظیفہ پڑھنے کی اجازت دینا۔
بَخشِندہ (بَخ۔شِن۔دَہ)(ف۔صف) بخشنے والا۔
بخشو (ار۔فعل) مصدر بخشنا کا صیغہ امر۔معاف کرو۔پیچھا چھوڑو۔
بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا (ار۔مثل) مجھے آپ کی عنایت نہیں چاہئے۔میں یوں ہی اچھا ہوں۔اس موقعے پر بولتے ہیں جب مخاطب بھلائی کے پردے میں بُرائی کرنے کا اِرادہ رکھتا ہو۔
بخشوانا (بَخش۔وا۔نا)(ار۔مص) بخشنا کا متعدّی المتعدّی۔معاف کرانا۔
بَخشی (بَخ۔شی)(ف۔ا۔مذ)(۱) فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے اور حساب رکھنے والا عُہدیدار (۲) سپہ سالار (۳) چوکیداروں کی تنخواہ بانٹنے والا۔
بخشی خانہ (ف۔ا۔مذ) فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے کا دفتر۔
بخشی کا دھگڑا (ار۔ا۔مذ) سپہ سالار کا آشنا۔زور آور کا دوست۔رُستم کا سالا۔کوتوال کا یار۔
بخشی گری (ف۔ا۔مث) فوج کی تنخواہ بانٹنے کا عہدہ۔
بَخشیش (بَخ۔شیش)(ار۔ا۔مث) وہ رقم جو بَیرے' چپراسی یا قُلی وغیرہ کو اُس کی خدمت کے صلے میں بطور اِنعام دی جائے۔ٹِپ۔
بُخل (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) لالچ۔حرص (۲) کنجوسی۔
بُخلا (بُ۔خَ۔لا)(ع۔صف) بخیل کی جمع۔
بُخور (بُ۔خُور)(ع۔ا۔مذ) وہ چیزیں جن کے جلانے سے خوشبو نکلتی ہے۔عود۔لوبان وغیرہ۔
بَخیانا (بَخ۔یا۔نا)(ار۔مص) بخیہ کرنا۔سینا۔
بَخیل (بَ۔خِیل)(ع۔صف) کنجوس۔تنگ دل۔جمع: بُخلا۔اُردو جمع: بخیل۔بخیلوں۔
بَخیلی (بَ۔خی۔لی)(ف۔ا۔مث) کنجوسی۔بخیل کی خاصیت۔
بَخیہ (بَخ۔یَہ)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی مضبوط سیون جو پاس پاس ہوتی ہے۔اُردو جمع: بخیوں۔بخیے۔
بخیہ اُدھڑنا (ار۔محاورہ) ٹانکے کھلنا (۲) راز فاش ہونا۔قلعی کھلنا۔عیب ظاہر ہونا (۳)(مجازاً) طاقت ختم ہونا۔
بخیہ (بخیے) اُدھیڑنا (ار۔محاورہ) حقیقت ظاہر کرنا۔قلعی کھولنا۔
بخیہ زن (گر)(ف۔صف) بخیہ کرنے والا۔
بخیہ گری (ف۔ا۔مث) بخیہ کرنا۔بخیہ کرنے کا فن یا پیشہ۔
بَخیے (بَخ۔یے)(ار۔ا۔مذ)(۱) بخیہ کی جمع (۲) بخیہ کی مُغیرّہ شکل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ب۔د

بَد (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مث) وہ پھوڑا جو چڈّوں اور بغل وغیرہ میں نکلتا ہے (۲) (ساہوکاروں کی اِصطلاح) ذِمّہ۔

بِد (بکسر اوّل)(ہ۔ا۔مث) وہ گڑھا جس میں بچے کھیلتے وقت گولی گیند یا روڑے پھینکتے ہیں۔

بَد (بفتح اوّل) (ف۔صف) (۱) بُرا۔ خراب (۲) ناقص۔ نِکمّا (۳) شریر۔ فسادی۔ نیک کی ضِد۔ اُردو جمع: بد۔ بدوں۔

بدآموز (ف۔صف) بُری باتیں سِکھانے والا (۲) جس نے بُری تعلیم پائی ہو۔

بدآئین (ف۔صف) بداطوار۔ وہ شخص جسے کسی اُصول کا پاس نہ ہو۔ خراب اُصولوں والا۔

بد اچھا بدنام بُرا (اُر۔مثل) رُسوا اور بدنام ہونا بدکار ہونے سے بھی زیادہ خراب ہے۔

بد اَختر (ف۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔

بد اَخلاق (ف۔ع۔صف) بداطوار۔ ناشائستہ۔ بُری عادت والا۔

بد اخلاقی (ف۔ا۔مث) بدتمیزی۔ ناشائستگی۔

بد اُسلوب (ف۔ع۔صف)(۱) بے ڈھنگا۔ بدشکل (۲) بدچلن۔ بدکردار۔

بد اَصل (ف۔ع۔صف)(۱) پاجی (۲) بدذات۔ کم اصل۔

بد اَطوار (ف۔ع۔صف) بُرے چال چلن کا۔ بُرے ڈھنگوں کا۔

بد اِعتقاد (ف۔ع۔صف) جس کا عقیدہ خراب ہو۔

بد اَعمال (ف۔ع۔صف) بدچلن۔ بُرے کام کرنے والا۔ بدکردار۔

بد اعمالی (ف۔ا۔مث) بدچلنی۔ بدمعاملگی۔ بدکرداری۔

بد اَفعال (ف۔ع۔صف) بُرے کام کرنے والا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔

بد اَمنی (ف۔ا۔مث) گڑبڑ۔ اِنتشار۔ بغاوت۔ غدر۔ فساد۔

بد اِنتظامی (ف۔ا۔مث) بدعملی۔ اندھیر۔ اِنتظام کی خرابی۔

بد اَنجام (ف۔ع۔صف) جس کا انجام اچھا نہ ہو۔

بد اَندیش (ف۔صف) بُرا چاہنے والا۔ مخالف۔ دُشمن۔

بدباطن (ف۔ع۔صف) کینہ پرور۔ بُرے دل والا۔

بدبخت (ف۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔

بدبَلا (ف۔ع۔صف) نہایت شریر۔ ظالم (۲)(اُر۔مث) چڑیل۔ ڈائن۔

بدبُو (ف۔ا۔مث) سڑاند۔ خراب بُو۔ خوشبو کی ضِد۔

بدبُو آنا (اُر۔محاورہ) کسی شے سے سڑاند آنا۔ ناگوار بُو پھیلنا۔

بدپرہیز (ف۔صف) کھانے پینے میں اِحتیاط نہ کرنے والا۔

بدپرہیزی (ف۔ا۔مث) کھانے پینے میں بے اِحتیاطی۔ بے اِعتدالی۔

بدتر (ف۔صف) زیادہ خراب۔ بہت بُرا۔ (بد کی تفضیلِ بعض)۔

بدترین (ف۔صف) بد کی تفضیلِ کُل۔ سب سے بُرا۔ اِنتہائی خراب۔

بدتمیز (ف۔صف) گستاخ (۲) پھوہڑ۔ بدسلیقہ۔

بدتمیزی (ف۔ا۔مث) بدسلیقگی۔ پھوہڑپن (۲) گستاخی۔

بدتہذیب (ف۔ع۔صف) غیر مہذب۔ بدتمیز۔ اُجڈ۔ گنوار۔

بدجانور (ف۔ا۔مذ) سُوَر۔ خنزیر۔

بدچشم (ف۔صف) حاسِد۔ لالچی۔ وہ شخص جس کی نگاہ دوسروں کی دولت پر ہو۔

بدچلن (ف۔ہ۔صف) بدکار۔ بدوضع۔ بُرے چال چلن والا۔

بدچلنی (ف۔ہ۔ا۔مث) بدکرداری۔ بداعمالی۔ بدکاری۔ بدمعاشی۔

بدحال (ف۔ع۔صف) بُری حالت والا۔ بدبخت۔

بدحالی (ف۔ا۔مث) بُری حالت۔ کم بختی۔

بدحواس (ف۔ع۔صف)(۱) بے ہوش۔ بے حواس (۲) حیران پریشان۔

بدحواسی (ف۔ا۔مث) گھبراہٹ۔ پریشانی۔ اِضطراب۔

بدخبر (ف۔ع۔ا۔مث) بُری اِطلاع۔ موت کی خبر۔

بدخِصال (خصلت) (ف۔ع۔صف) بُری عادت والا۔ بدمزاج۔

بدخط (ف۔ع۔صف) وہ شخص جس کا خط (لکھائی) خراب ہو۔

بدخطی (ف۔ا۔مث) بُری لکھائی۔

بدخُلق (ف۔ع۔صف) بدمزاج۔ اکھڑ۔ بُرے اَخلاق کا۔

بدخُو (ف۔صف) بُری خصلت والا۔ بدخِصال۔ بداَخلاق۔ بدسرشت۔

بدخواب ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) بُرا سپنا دیکھنا (۲) اِحتلام ہونا (۳) نیند اُچٹ جانا۔

بدخوابی (ف۔ا۔مث) ڈراؤنا خواب (۲) اِحتلام (۳) بے چینی۔ نیند نہ آنا۔

بدخواہ (ف۔صف) بُرا چاہنے والا۔ دُشمن۔ بیری۔ مخالف۔

بدخواہی (ف۔ا۔مث) دُشمنی۔ بیر۔ مخالفت۔

بددُعا (ف۔ع۔ا۔مث) بُری دُعا۔ کوسنا۔ کسی کی بُرائی چاہنا۔ شراپ۔

بددُعا (دینا) کرنا (اُر۔محاورہ) کوسنا دینا۔ کوسنا۔

بددُعا لگنا (اُر۔محاورہ) کسی کے کوسنے کا اثر ہونا۔

بددُعا لینا (اُر۔محاورہ) کوسنے کا مستحق ہونا۔

بددل (ف۔صف)(۱) ناخوش۔ ناراض (۲) دل برداشتہ۔

بددلی (ف۔ا۔مث) نااُمیدی (۲) خاموشی۔ ناراضی۔

بددماغ (ف۔ع۔صف)(۱) چڑچڑا۔ تنک چڑھا۔ نازک مزاج (۲) مغرور۔

بددماغی (ف۔ا۔مث)(۱) غرور۔ گھمنڈ (۲) نازک مزاجی۔ چڑچڑاپن۔

بددیانت (ف۔ع۔صف) خیانت کرنے والا۔ دغاباز۔ بے اِیمان۔

بددیانتی (د۔یا۔نَ۔تی)(ف۔ا۔مث) بے اِیمانی۔ خیانت۔ دغابازی۔

بدذات (ف۔ع۔صف) کمینہ۔ کم ذات (۲) شوخ۔ شریر (۳) بدفعلہ۔

بدذاتی (ف۔ا۔مث) شرارت۔ کمینگی۔ پاجی پن۔

بدذاتی پہ آنا (اُر۔محاورہ) شرارت پر آمادہ ہونا۔

بدذائقہ (ف۔ع۔صف) بدمزہ۔ جس کا مزہ خراب ہو۔

بدذوق (ف۔ع۔صف) بدمذاق۔ جس کی پسند اچھی نہ ہو۔ غیر معیاری چیزوں کو پسند کرنے والا۔

بدذہن (ف۔ع۔صف) کُند ذہن۔ کوڑھ مغز۔ غبی۔

بدراہ (ف۔صف) بُرے راستے پر چلنے والا۔ بدچلن۔ بدکار۔ گمراہ۔

بدرکاب (ف۔صف)(۱) وہ گھوڑا جو رکاب میں پاؤں نہ رکھنے دے (۲) شریر۔

بدرَگ (ف۔صف) کمینہ۔ بُری خصلت والا۔ بدسرشت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بدرنگ (ف۔ صف) (۱) خراب رنگ کا (۲) رنگ اُڑا ہوا۔ تاش کا وہ پتا جو بازی کے رنگ کا نہ ہو۔

بدرَو (ف۔ صف) وہ گھوڑا جو سوار کو تنگ کرے (۲) دیکھئے بدررَو۔ (بدرَو بمعنی گندی نالی غلط العوام ہے)۔

بدروز (ف۔ صف) بدبخت۔ مُصیبت زدہ۔

بدروزگار (ف۔ صف) جس کا زمانہ ناموافق ہو۔ بدنصیب۔

بدزبان (ف۔ صف) بدکلام۔ گستاخ۔ گالی گلوچ بکنے والا۔

بدزیب (ف۔ صف) بے ڈول۔ نازیبا۔

بدساعت (ف۔ ع۔ امث) منحوس گھڑی۔

بدسرِشت (سَ۔ رِشت) (ف۔ صف) بدطینت۔ خراب خصلت کا۔

بدسِگال (ف۔ صف) بدخواہ۔ بُرا چاہنے والا۔

بدسِگالی (ف۔ امث) بدخواہی۔ بُرا چاہنا۔

بدسلوکی (ف۔ امث) بُرا برتاؤ۔ بُری طرح پیش آنا۔

بد سے بدنام بُرا (ا۔ مثل) بد ہونے سے بدنام ہونا بُرا ہے۔ نیز دیکھئے بد اچھا بدنام بُرا۔

بدسیرت (ف۔ صف) بُری عادت والا۔

بدشکل (ف۔ صف) بُری صورت والا۔ بدصورت۔

بدشگونی (ف۔ امث) نحوست۔ بدفالی۔

بدصورت (ف۔ ع۔ صف) بھونڈی صورت والا۔ بُری شکل والا۔ بدشکل۔

بدصورتی (ف۔ امث) بُری صورت۔ خراب شکل۔

بدطالع (ف۔ ع۔ صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔

بدطرازی (ف۔ امث) بے ڈھنگا پن۔ مُصیبت۔ بُری روش۔

بدطینت (طی۔ نت) (ف۔ ع۔ صف) بُری عادت والا۔ بدخصلت۔ بدمزاج۔

بدظن (ف۔ ع۔ صف) شکی۔ بدگمان۔

بدعقیدہ (ف۔ ع۔ صف) جس کا عقیدہ ٹھیک نہ ہو۔

بدعمل (ف۔ ع۔ صف) گناہ گار۔ خطار کار۔ بُرے کام کرنے والا۔

بدعملی (ف۔ امث) اندھیر۔ بدنظمی۔ بدانتظامی۔

بدعنوان (ف۔ ع۔ صف) رشوت خور۔ ہیرا پھیری کرنے والا۔ کرپٹ۔

بدعنوانی (ف۔ امث) ہیرا پھیری۔ بددیانتی۔ رشوت خوری۔ کرپشن۔

بدعہد (ف۔ ع۔ صف) بے وفا۔ قول سے پھر جانے والا۔ وعدہ خلاف۔

بدعہدی (ف۔ امث) بے وفائی۔ وعدہ خلافی۔ دغا بازی۔

بدفرجام (ف۔ صف) وہ شخص جس کا انجام بخیر نہ ہو۔

بدفعل (ف۔ ع۔ صف) بدکار۔ اغلام باز۔

بدفعلی (ف۔ امث) بدکاری۔ حرام کاری۔ بدچلنی۔ اغلام۔

بدقسمت (ف۔ ع۔ صف) بدنصیب۔ کم بخت۔ بُری قسمت والا۔

بدقسمتی (ف۔ امث) کم بختی۔ بدنصیبی۔ بُری قسمت۔

بدقطع (ف۔ ع۔ صف) بے ڈھنگا۔ بدصورت۔ بدشکل۔

بدقلعی (ف۔ اُر۔ صف) وہ برتن جس کی قلعی خراب ہو گئی ہو۔

بدقمار (ف۔ صف) دھوکا دے کر روپیہ بٹورنے والا (۲) ہمیشہ ہارنے والا جواری (۳) بدطینت (۴) شریر۔

بدقماش (ف۔ صف) بدچلن۔

بدقدم (ف۔ صف) منحوس۔

بدکار (ف۔ صف) زناکار۔ فاسق۔ بدچلن۔ بدکردار۔

بدکاری (ف۔ ا۔ مث) حرام کاری۔ بدچلنی۔ بدفعلی۔

بدکردار (ف۔ صف) بدچلن۔ بدکار۔

بدکیش (یائے مجہول) (ف۔ صف) بے دین (۲) بدخو۔

بدگمان (ف۔ صف) بُرا گمان رکھنے والا۔ بُرا خیال رکھنے والا۔ بدظن۔ شکی۔

بدگمانی (ف۔ ا۔ مث) بے جا شبہ۔ بدظنی۔ خیال فاسد۔

بدگو (ف۔ صف) گالیاں بکنے والا۔ بُری باتیں کہنے والا۔

بدگوشت (ف۔ ا۔ مذ) وہ زائد گوشت جو کسی فاسد مادّے کی وجہ سے جسم کے کسی حصّے میں پیدا ہو جاتا ہے۔

بدگوہر (گَہر) (ف۔ صف) بدذات۔ بداصل۔ کمینہ۔ شریر گھوڑا۔

بدگوئی (ف۔ ا۔ مث) غیبت۔ چغلی۔ بُرائی۔ جھوٹ۔

بدلحاظ (ف۔ ع۔ صف) بے شرم۔ بے حیا۔ گستاخ۔

بدلحاظی (ف۔ ا۔ مث) بے شرمی۔ گستاخی۔ حفظِ مراتب کا خیال نہ رکھنا۔

بدلگام (ف۔ صف) (۱) وہ گھوڑا جو لگام کے اشارے پر نہ چلے۔ مُنہ زور گھوڑا (۲) (مجازاً) بے ادب۔ مُنہ پھٹ۔ گستاخ۔

بدلگامی (ف۔ ا۔ مث) گستاخی۔ سرکشی (۲) مُنہ زوری۔

بدلہجہ (ف۔ ع۔ صف) بدآواز۔ بدالحان۔ بدزبان۔

بدمآل (ف۔ ع۔ صف) جس کا نتیجہ اچھا نہ ہو۔

بدمزاج (ف۔ ع۔ صف) چڑچڑا۔ تُندخو۔ غصیلا۔

بدمزاجی (ف۔ ا۔ مث) تُرش روئی۔ تندخوئی۔ چڑچڑا پن۔

بدمزگی (مَ۔ زَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) رنجش۔ مخالفت (۲) ذائقے کی خرابی۔

بدمزہ (ف۔ ع۔ صف) بے سواد۔ بدذائقہ۔

بدمزہ ہونا (ا۔ محاورہ) بے ذائقہ ہونا (۲) خفا ہونا۔ تُرش رو ہونا۔

بدمست (ف۔ صف) (۱) مدہوش۔ بے ہوش۔ نشے میں چُور (۲) پُرشہوت (۳) شریر۔

بدمستی (ف۔ ا۔ مث) (۱) مدہوشی (۲) شہوت پرستی (۳) شرارت۔

بدمعاش (ف۔ ع۔ صف) (۱) وہ شخص جس کی روزی بُرے کاموں سے حاصل ہو (۲) حرام خور۔ شریر۔ لُچا۔

بدمعاشی (ف۔ ا۔ مث) شرارت۔ حرام خوری۔ بدذاتی۔ بدچلنی۔

بدمُعاملگی (مُ۔ عا۔ مَ۔ لَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) بے ایمانی۔ لین دین میں ہیرا پھیری (۲) بدعہدی۔

بدمعاملہ (ف۔ ع۔ صف) (۱) لین دین کا کھوٹا۔ بے ایمان۔ بددیانت (۲) بدعہد۔

بدنام (ف۔ صف) رُسوا۔ وہ شخص جس کی شہرت خراب ہو۔

بدنام کنندۂ نکونامے چند (ف۔ مثل) نیک ناموں کو بدنام کرنے والا۔ (بطور انکسار اپنی ذات کے لئے استعمال کرتے ہیں)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بدنامی (ف ـ ا ـ مث) رُسوائی۔ ذِلّت۔ بُری شُہرت۔
بدنامی اُٹھانا (اَر ـ محاورہ) رُسوائی برداشت کرنا۔
بدنامی کا ٹوکرا (داغ ـ ٹیکا ـ دھبّا) (اَر ـ ا ـ مذ) رُسوائی کا اِلزام۔ بدنامی کا سبب۔
بدنسل (ف ـ صف) خراب نسل کا۔ کمینہ۔ بداصل۔
بدنصیب (ف ـ صف) کم بخت۔ بدقسمت۔
بدنصیبی (ف ـ ا ـ مث) بدقسمتی۔ کم بختی۔
بدنظر (بدنگاہ) (ف ـ صف) بُری نظر سے دیکھنے والا۔
بدنظر سے دیکھنا (اَر ـ محاورہ) بُری نگاہ سے یا نفسانی خواہش کے ارادے سے گھورنا (۲) دُشمنی کی نگاہ سے دیکھنا۔
بدنظمی (ف ـ ا ـ مث) گڑبڑ۔ بے اِنتظامی۔ فساد۔
بدنما (ف ـ صف) بھونڈا۔ بدشکل۔ بُرا۔ بھدّا۔
بدنہاد (ف ـ صف) بدسرشت۔ بدخُو۔ بُری عادت والا۔
بدنیّت (ف ـ ع ـ صف) (۱) بُرے ارادے والا (۲) لالچی۔ حریص۔ بُری نیّت والا (۳) حرام کاری کی خواہش رکھنے والا۔
بدنیّتی (ف ـ ا ـ مث) نیّت کی خرابی۔ نیک نیّتی کی ضِد۔
بدوضع (ف ـ صف) (۱) بدچلن۔ بداَطوار (۲) بدصورت۔ بھونڈا۔
بدہضمی (ف ـ ا ـ مث) سُوئے ہضم۔ غذا کا ہضم نہ ہونا۔
بدہیئت (ف ـ ع ـ صف) بدصورت۔ بدشکل۔ مُہیب صورت والا۔
بَدا (بَ ـ دا) (ہ ـ صف) طے شُدہ۔ مقرّر۔ مُعیّن۔ قسمت میں لکھا ہوا۔
بدا بدی (ہ ـ صف و متعلق فعل) (۱) شرطی۔ حکمی (۲) بحث و تکرار سے۔
بدا ہونا (ہ ـ مص مُرکّب) قسمت میں ہونا۔ نصیب میں ہونا (۲) شرطیہ ہونا۔
بِدا (ہ ـ ا ـ مث) وداع کا بگاڑ۔ دُلہن کی رُخصتی۔ روانگی۔ جُدائی۔
بَداہَت (بَ ـ دا ـ ہَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) فی البدیہہ بات کہنا (۲) یقینی۔ صریحی۔
بَداہَتہً (بَ ـ دا ـ ہَ ـ تَن) (ع ـ متعلق فعل) بغیر سوچے سمجھے۔ اِرتجالاً۔
بَدائع (بَ ـ دا ـ اِع) (ع ـ ا ـ مذ) بدیع کی جمع۔ عجائبات۔ نئی چیزیں۔
بَدایوں کے لَلّا (ہ ـ صف) نادان۔ مُورکھ۔ احمق۔ بے وقوف۔ (بدایوں ہندوستان کا ایک شہر ہے)۔
بُدبُدانا (بُد ـ بُ ـ دا ـ نا) (ہ ـ مص) چپکے چپکے کہنا۔ بُڑبُڑانا۔
بَدَخشی (بَ ـ دَخ ـ شی) (ف ـ صف) (۱) بدخشانی۔ شہر بدخشاں سے منسوب (۲) بدخشاں کا باشندہ۔
بَدْر (بفتح اوّل و سکون دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مذ) چودھویں رات کا چاند۔ ماہِ کامل۔
بدرُالدُّجیٰ (بد ـ رُد ـ دُ ـ جا) (ع ـ صف) اندھیری رات کا چاند (۲) آنحضرت ﷺ کا لقب کیونکہ آپ نے جہالت کے اندھیرے کو دُور کیا تھا۔
بدر کے بعد ہلال ہے (اَر ـ مثل) کمال کے بعد زوال ہے۔
بَدَر (بَ ـ دَر) (ف ـ صف) بیرون۔ باہر (۲) (ا ـ مث) غلطی۔ نقص۔ بقایا۔
بدررو (ف ـ ا ـ مث) گندہ پانی باہر نکالنے کا راستہ۔ موری۔ نالی۔
بدر کرنا (اَر ـ محاورہ) نکالنا۔ خارج کرنا (شہر، مُلک کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے)۔

بدرنویس (ف ـ اَر ـ ا ـ مذ) ان رقموں کا لکھنے والا جو حساب میں قابلِ اعتراض ہوں۔
بدرنویسی (ف ـ اَر ـ ا ـ مث) (۱) حساب کی جانچ پڑتال (۲) ملازمینِ دفتر کے جرمانوں کی فہرست (۳) مُطالبے کے وجوہ جن کی بنا پر عُمّال سے مُؤاخذہ کیا جاتا ہے۔
بَدْرَقہ (بَد ـ رَ ـ قَہ) (ف ـ ا ـ مذ) وہ شخص جو راہ میں مسافر کی حفاظت کرے (۲) اِصطلاحِ طِب میں ایسی دوا جو کسی دُوسری دوا کی مُعاون ہو (۳) قافلے کا رہنما۔ نگہبان۔ محافظ (۴) وہ ٹیکس جو زمانہ سابق میں راستے کی حفاظت کیلئے لیا جاتا تھا۔
بُدْر بُدْر (بُ ـ دُر ـ بُ ـ دُر) (ہ ـ تابع فعل) آہستہ آہستہ۔
بُدر بُدر کرنا (ہ ـ محاورہ) آہستہ آہستہ بُرا بھلا کہنا۔
بَدْرَہ (بَد ـ رَہ) (ف ـ ا ـ مذ) چمڑے کی تھیلی۔ بٹوا۔ ہمیانی۔ توڑا۔
بَدْری (بَد ـ ری) (ف ـ ا ـ مث) چھوٹی تھیلی۔
بِدْری (بِد ـ ری) (ہ ـ ا ـ مث) جست کے برتن پر چاندی کا کام (یہ کام دکن کے بیدر شہر سے شروع ہوا۔ اِس لئے بیدری یا بِدری کے نام سے مشہور ہوا۔)
بِدْعَت (بِد ـ عَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) دین میں کوئی نئی بات یا نئی رسم نکالنا۔ نیا دستور۔ نیا رسم و رواج (۲) سختی۔ ظلم (۳) جھگڑا۔ فساد۔ شرارت۔ جمع: بدعات۔ اُردو جمع: بدعتوں۔ بدعتیں۔
بِدْعَتی (بِد ـ عَ ـ تی) (ع ـ صف) (۱) مذہب میں نئی رسم نکالنے والا (۲) بُری رسم نکالنے والا (۳) فساد پھیلانے والا۔
بِدکانا (بِد ـ کا ـ نا) (ہ ـ مص) گھوڑے کو ڈرانا۔ بھڑکانا۔ چونکانا۔
بِدَکنا (بِ ـ دَک ـ نا) (ہ ـ مص) ڈر کر چونکنا۔ بھڑکنا (گھوڑے کا)۔
بَدَل (بَ ـ دَل) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) عِوض۔ مُعاوضہ (۲) اُجرت۔
بدلِ اِشتراک (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) اخبار یا رسالے کی خریداری کا چندہ یا قیمت۔
بدل جانا (اَر ـ محاورہ) (۱) پھر جانا۔ تبدیل ہو جانا (۲) وعدہ خلافی کرنا۔ مُکرنا۔
بدل دینا (اَر ـ محاورہ) (۱) ایک چیز لے کر دُوسری چیز دے دینا (۲) تبدیل کر دینا۔ کچھ کا کچھ کر دینا۔
بدل کرنا (اَر ـ محاورہ) دیکھئے بدلہ اُتارنا۔
بدل لینا (اَر ـ محاورہ) ایک چیز دے کر دُوسری چیز لے لینا۔
بدل نصیب ہونا (اَر ـ محاورہ) گُم شدہ چیز جیسی دُوسری چیز مِل جانا۔
بَدلانا (بَد ـ لا ـ نا) (اَر ـ مص) دیکھئے بدلوانا۔
بَدَلنا (بَ ـ دَل ـ نا) (اَر ـ مص) (۱) جادلہ کرنا (۲) پلٹنا۔ پھرنا (۳) متغیر ہونا (۴) تبدیل کرنا یا ہونا (۵) منتقل ہونا (۶) ایک پہلو سے دُوسرے پہلو ہونا (۷) خیالات کا اور ہو جانا (۸) کسی چیز کے عوض میں دینا (۹) لباس یا شکل و صورت کو مختلف بنا لینا (۱۰) غلط بیانی کرنا (۱۱) مکان تبدیل کرنا۔
بَدَلوانا (بَ ـ دَل ـ وانا) (اَر ـ مص) تبدیل کرانا۔
بَدَلوائی (بَ ـ دَل ـ وا ـ اِی) (ہ ـ ا ـ مث) بٹا۔ تبدیلی سکّے کا مُعاوضہ۔ جادلے کی قیمت۔
بَدلہ (بَدلا) (اَر ـ ا ـ مذ) عوض۔ معاوضہ۔ اَجر۔ صِلہ۔ بخشش۔ اُردو والوں نے عربی بدل سے بنایا ہے۔ جمع: بدلوں۔ بدلے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بدلہ اُتارنا (اَر۔ محاورہ) احسان اُتارنا۔
بدلہ لینا (اَر۔ محاورہ) عوض لینا۔ قصاص لینا۔ انتقام لینا۔
بدلہ مِلنا (اَر۔ محاورہ) کیے کی سزا پانا۔ بُرائی کا عوض بُرائی سے ملنا (۲) عوض ملنا۔
بَدلی (بد۔لی) (اَر۔ ا۔ مث) (۱) تبدیلی۔ منتقلی۔ ایک شخص کے کام پر دُوسرے شخص کا جانا (۲) بادل کی تصغیر۔ بادل کا ٹکڑا۔ جمع: بدلیاں۔ بدلیوں۔
بدلی کی چھاؤں (اَر۔ ا۔ مث) ناپائیدار چیز۔
بدلی ہونا (اَر۔ محاورہ) تبدیل ہونا۔
بَدلے (بد۔لے) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) بدلہ کی جمع (۲) بدلہ کی مغیرہ صورت۔
بَدَن (ب۔دَن) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تن۔ جسم۔ اَندام (۲) شرم گاہ۔ ستر۔ جمع: اَبدان۔
بدن اُتو کرنا (اَر۔ محاورہ) مارتے مارتے جسم پر نیل ڈال دینا۔
بدن بگڑ جانا (اَر۔ محاورہ) کوڑھ ہو جانا۔ جذام ہو جانا۔
بدن پاک کرنا (اَر۔ محاورہ) بدن سے نجاست دھونا۔
بدن پر بوٹی نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت دُبلا ہونا۔
بدن پر نہیں لتّا پان کھائیں اَلبتّہ (اَر۔ مثل) غریبی میں امیرانہ ٹھاٹھ۔
بدن پھل جانا (اَر۔ محاورہ) تمام جسم پر پھوڑے پھنسی یا گرمی دانے نکلنا۔
بدن پھیکا ہونا (اَر۔ محاورہ) پنڈا گرم ہونا۔ بُخار ہونا۔ حرارت ہونا۔
بدن تختہ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) جسم اکڑ جانا۔
بدن توڑنا (اَر۔ محاورہ) انگڑائیاں لینا (۲) ورزش کرنا۔
بدن ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ) اعضا شکنی ہونا۔ بخار سے پہلے جسم میں ہلکا ہلکا درد ہونا۔
بدن جلنا (اَر۔ محاورہ) بہت تیز بخار ہونا۔
بدن چرانا (اَر۔ محاورہ) شرم سے جسم کو سکیڑنا۔
بدن چُور چُور ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت تھک جانا۔
بدن سانچے میں ڈھلنا (اَر۔ محاورہ) بدن کا سڈول ہونا۔ بدن کے ہر عضو کا موزوں اور خوبصورت ہونا۔
بدن سنسنانا (اَر۔ محاورہ) جسم میں سنسنی پیدا ہونا۔ رونگٹے کھڑے ہونا۔
بدن سُوکھ کر کانٹا ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت دُبلا ہونا۔
بدن سے چنگاریاں اُڑنا (اَر۔ محاورہ) سخت گرمی محسوس کرنا۔
بدن کا کپڑا (اَر۔ ا۔ مذ) پہننے کا کپڑا۔ پہنا ہوا کپڑا۔
بدن کو غذا نہ لگنا (اَر۔ محاورہ) کھانے پینے سے بدن میں توانائی نہ آنا۔ غذا کا جزو بدن نہ ہونا۔
بدن گدرانا (اَر۔ محاورہ) جسم کا تروتازہ ہونا۔ موٹا ہونا۔
بدن گھل جانا (اَر۔ محاورہ) بہت لاغر ہو جانا۔
بدن مَلوانا (اَر۔ محاورہ) جسم کی مالش کرانا۔
بدن میں آگ لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت گرمی محسوس ہونا (۲) نہایت غصّہ آنا۔
بدن میں جان نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) کمال ناطاقتی اور ضعف ہونا۔
بدن میں دم نہیں نام زور آور خاں (اَر۔ مثل) کسی کا اُن صفات سے موسوم ہونا جو اُس میں موجود نہ ہوں۔ شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
بَدنا (بد۔نا) (ہ۔ مص) شرط لگانا۔

بَدَنی (ب۔دَ۔نی) (ع۔ صف) جسمانی۔ بدن سے متعلق۔
بَدْو (ب۔دْو) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کسی چیز کا آغاز۔ ابتدا۔ شروع (۲) جنگل۔ صحرا۔
بَدُّو (ب۔دُّو) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بدوی۔ عرب کے خانہ بدوش لوگ۔ (اُردو میں دال پر تشدید کے ساتھ مستعمل ہے)۔
بَدَوی (ب۔دَ۔وی) (ع۔ ا۔ مذ) صحراؤں میں رہنے والا عرب۔ خانہ بدوش عرب (۲) (ع۔ صف) صحرا کا۔ جنگل سے متعلق۔
بِدھ (بکسر اوّل و سکونِ دوم) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) اچھے ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا (۲) جوڑ۔ میزان۔
بدھ کھانا (بدھ ملنا) (ہ۔ محاورہ) میزان دُرست ہونا (۲) اتفاقِ رائے ہونا (۳) بات قرار پا جانا (۴) زائچہ مطابق ہونا (۵) کام بن جانا۔
بدھ ملانا (ہ۔ محاورہ) جنم پتری ملانا (۲) میزان کا مقابلہ کرنا (۳) موافقت پیدا کرنا۔ قیمت لگانا۔
بُدھ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم) (س۔ ا۔ مذ) عقل مند آدمی۔ مرد دانا (۲) سیّارہ عطارد (۳) چہار شنبہ (۴) (ہ۔ ا۔ مث) عقل۔ تجربہ۔
بَدھاوا (ب۔دھا۔وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بیاہ کی مبارک باد (۲) شادی کا گیت۔ شادی بیاہ کا انعام۔ جمع: بدھاووں۔ بدھاوے۔
بَدھائی (ب۔دھا۔ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) خوشی کا گیت۔ شادیانہ (۲) خوشی (۳) مبارک باد (۴) وہ انعام جو بچّہ پیدا ہونے کی خوشی میں ملازمین وغیرہ کو دیتے ہیں۔ جمع: بدھائیاں۔ بدھائیوں۔
بدھائی دینا (ہ۔ محاورہ) مبارک باد دینا۔
بَدھنا (بدھ۔نا) (ہ۔ ا۔ مذ) ٹونٹی والا مٹی کا لوٹا۔
بِدھنا (بدھ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) پھنسنا۔ پیوست ہونا (۲) سُوراخ ہونا۔
بَدھنی (بدھ۔نی) (ہ۔ ا۔ مث) مٹی کی ٹونٹی دار لُٹیا۔ چھوٹا بدھنا۔
بُدھُو (بدھ۔دُھو) (ہ۔ صف) بے وقوف۔ نادان۔ مُورکھ۔ کم عقل۔
بِدھوا (بدھ۔وا) (ہ۔ صف) بیوہ۔ رانڈ۔ س: ودھوا کا ہندی بدل۔
بَدھی (بدھ۔دھی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پھولوں کا ہار (۲) تلوار کا آڑا زخم (۳) چابک یا کوڑے کی مار کا نشان (۴) پٹکا جو گلے میں ڈالتے ہیں (۵) گلے میں پہننے کا ایک زیور (۶) اُسترا تیز کرنے کا چمڑا۔ جمع: بدھیاں۔ بدھیوں۔
بُدھی (بُد۔دھی) (ہ۔ ا۔ مث) دانائی۔ عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ گیان۔
بَدھیا (بدھ۔یا) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) آختہ بیل۔ فوطے نکلا ہوا بیل۔ خصّی بیل (۲) دو شاخہ گنّا (۳) (صف) نامرد۔ ہیجڑا۔
بدھیا بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) چلتے ہوئے بیل کا بیٹھ جانا (۲) نقصان ہونا۔ دیوالہ نکلنا۔ مفلس ہو جانا۔
بدھیا کرنا (اَر۔ محاورہ) آختہ کرنا۔ خصّی کرنا۔ نامرد کرنا۔
بدھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا (اَر۔ مثل) تھوڑی آسائش کے لئے زیادہ نقصان اُٹھانا۔ تھوڑی تفریح کے لئے زیادہ گھاٹے کی پروا نہ کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَدّھیاں (بد۔دھی۔یاں)(ہ۔ا۔مث) بدّھی کی جمع۔
بدّھیاں پڑنا (اَر۔محاورہ) جسم پر کوڑے یا سونٹے کی مار کے نشان پڑنا۔
بدّھیاں ڈالنا (اَر۔محاورہ) مار مار کر جسم پر نشان ڈال دینا۔
بَدی (بَ۔دی)(ف۔ا۔مث)(۱) بُرائی (۲) غیبت۔
بدی پر آنا (اَر۔محاورہ) بُرائی پر آمادہ ہونا۔ دُشمنی پر کمر باندھنا (۲) سرکشی کرنا۔
بدی کرنا (اَر۔محاورہ) بُرائی کرنا۔ دُشمنی کرنا (۲) تکلیف دینا (۳) غیبت کرنا۔
بِدّیا (بِد۔دیا)(ہ۔ا۔مث)(۱) واقفیت۔ علم۔ ہُنر (۲) چالاکی۔ دھوکا۔ چال (۳) علم کی دیوی (۴) جادو۔ ٹونا۔ شعبدہ بازی۔ (س: وِدّیا)۔
بِدیارتھی (ہ۔صف) س: وِدّیارتھی کا بگاڑ۔ طالب علم۔ متعلّم۔ علم کا خواہش مند۔
بِدیس (بِ۔دیس)(یائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) پردیس۔ غیر مُلک (س: ودیش)۔
بِدیسی (بِ۔دے۔سی)(ہ۔صف)(۱) غیر مُلک کا۔ دُوسرے دیس کا (۲) پردیسی۔ مسافر۔ اجنبی۔ (س: ودیشی)۔
بَدِیع (ع۔صف)(۱) بنانے والا۔ مُوجد (۲) نادر (۳) نو ایجاد شے (۴) انوکھا (۵) ایک علم جس میں کلام کی لفظی اور معنوی خوبیاں بیان کی جاتی ہیں۔ جمع: بدائع۔
بَدِیہہ (بَ۔دِیہ)(ع۔صف)(۱) صریح۔ ظاہر (۲) برجستہ (۳) منطق کی اِصطلاح میں وہ بات جس کے لئے دلیل کی ضرورت نہ ہو۔
بدیہہ گوئی (ع۔ف۔ا۔مث) برجستہ کہنا۔ بے غور و فکر کہنا۔ برمحل کہنا۔
بَدِیہی (بَ۔دی۔ہی)(ع۔صف) وہ بات جس میں دلیل کی حاجت نہ ہو۔ ظاہر۔ رُوشن۔ اظہر من الشمس۔
بدیہیات (بَ۔دی۔ہی۔یات)(ع۔ا۔مث) بدیہہ کی جمع۔ وہ باتیں جن میں غور و فکر کی ضرورت نہ پڑے۔ واضح اُمور۔ ظاہر باتیں۔

ب۔ڈ

بَڈارنا (بَ۔ڈار۔نا)(ہ۔مص)(۱) جلا وطن کرنا۔ نکال دینا (۲) چیرنا۔ پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۳) بے ترتیب کرنا۔ خراب کرنا۔
بَڈھا (بَ۔ڈھا)(ہ۔ا۔مذ) لمبا چوڑا گڑھا۔ کھائی۔
بڈھا لگانا (ہ۔مص)(۱) کھدائی یا کسائی کا کام شروع کرنا (۲) نقب لگانا۔
بُڈھا (بُڈھ۔ڈھا)(ہ۔صف۔وا۔مذ) بوڑھا۔ عُمر رسیدہ۔ جمع: بڈّھوں۔ بڈّھے۔
بڈھا پھونس (اَر۔صف۔مذ) بہت بوڑھا۔ سال خوردہ۔ بہت کمزور۔
بڈھا کھڈّا (اَر۔صف۔مذ) بہت بوڑھا۔ جمع: بڈّھے۔ کھڈّے۔
بُڈھرا (بُڈھرٹی) (بُڈھ۔ڑا)(بُڈھ۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔
بُڈّھی (بُڈ۔ڈھی)(ہ۔صف۔مث) بڈّھا کی تانیث۔ بوڑھی عورت۔
بڈّھی گھوڑی لال لگام (اَر۔مثل) بُڑھاپے میں جوانوں کی طرح بناؤ سنگار کرنا۔
بُڈّھے (بُڈ۔ڈھے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بڈّھا کی جمع (۲) بڈّھا کی مغیرہ صورت۔

بڈّھے کی مرے نہ جورُو' بالے کی مرے نہ ماں (ہ۔مثل) بڈّھے کی بیوی اور بچے کی ماں مرنے سے بڑی مُصیبت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ب۔ذ

بَذل (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) اِنعام بخشش۔ جود۔ تحفہ۔ عطیہ۔
بَذلہ (بَذ۔لہ)(ع۔ا۔مذ) لطیفہ۔ چٹکلا۔ خوش طبعی کی بات۔
بذلہ سنج (بذلہ گو) (ع۔ف۔صف) خوش طبع۔ لطیفہ گو۔ دل چسپ باتیں کرنے والا۔
بذلہ سنجی (گوئی) (ف۔ا۔مث) ظرافت۔ خوش طبعی۔ لطیفہ گوئی۔

ب۔ر

بَر (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اِنتخاب۔ پسند۔ چناؤ (۲) منگیتر۔ خاوند۔ شوہر (۳) کپڑے کی چوڑائی۔ عرض (۴) تمنّا۔ مُراد (۵) دُعا۔ آشیرواد۔ برکت۔
بر جوگ (ہ۔صف)(۱) جوان، بیاہنے کے لائق لڑکی (۲) ٹھیک جوڑ۔ دُولھا دُلہن کا دُرست جوڑا۔
بر دِکھوا (دِ۔کھو۔وا)(ہ۔ا۔مذ) شادی سے قبل سُسرال میں منگیتر کی رُونمائی۔
بر مانگنا (ہ۔محاورہ)(۱) مُراد مانگنا (۲) منگنی کے بعد بیٹی والوں کا بیاہ کا تقاضا کرنا (۳) شادی کی خواہش کرنا۔
بَر (بفتحِ اوّل)(ف۔حرف ربط)(۱) اُوپر۔ پَر (۲) باہر۔ بیرون (۳) یاد۔ حِفظ۔ اَز کے ساتھ اَز بَر (۴) بلند۔ غالب (۵) بعض کلمات کے شروع میں زائد بھی ہوتا ہے جیسے برعکس۔ برجستہ وغیرہ (۶)(ف۔ا۔مذ) پھل۔ ثمر (۷) کپڑے کی چوڑائی (۸) چھاتی۔ سینہ (۹)(ف۔لاحقہ) فارسی مصدر بُردَن کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل (بمعنی اُٹھانے والا۔ لے جانے والا) بنا دیتا ہے۔ مثلاً نامہ بَر۔ دل بَر۔
بر آر (ف۔صف فاعلی) پورا کرنے والا۔ لے جانے والا۔
بر آشفتہ (ف۔صف) غُصّے میں بھرا ہوا۔ ناراض۔
بر آمد (ف۔ا۔مث)(۱) باہر آنے کا فعل۔ ظہور۔ طلوع۔ نمود (۲) روانگی۔ باہر جانا (۳) مال کی نکاسی۔ وہ اشیا جو بیرونی ممالک کو بھیجی جائیں۔ ایکسپورٹ (۴) خرچ۔ مصارف (۵) وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آتی ہے۔
بر آمد کرنا (اَر۔محاورہ) کھوج نکالنا۔ ظاہر کرنا (۲) ملکی مال بیرونی ممالک کو بھیجنا (۳) تنخواہ (روپیہ) بنک سے لانا۔
بر آمدگی (بَر۔آ۔مَ۔دَ۔گی)(بَر۔آم۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) وصولی (۲) کھوج۔ سُراغ (۳) نکاسی (۴) چور سے مسروقہ مال کی واپسی۔
بر آمدہ (بَر۔آ۔مَ۔دَہ)(بَر۔آمدہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) مکان کے سامنے بغیر دروازوں کا کمرا (۲) پیش گاہ ایوان (۳) اُوپر کی منزل کا باہر نکلا ہوا کمرا (۴) سائبان۔ غلام گردش۔
بر آنا (اَر۔محاورہ) حاصل ہونا (۲) پورا ہونا (۳) کامیاب ہونا۔
بر آوَرد (ف۔ا۔مث) تخمینے کی فرد۔ بل۔ تنخواہ کا کاغذ۔ گوشوارہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

برآوردہ (ف۔ا۔مث) رقم جو ایک مد سے نکال کر دوسری میں ڈالی جائے۔

برافروختگی (اَف۔روخ۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) طیش۔ خفگی۔ غُصّہ۔

برافروختہ (اَف۔روخ۔تہٗ) (ف۔صف) (۱) آگ پر رکھا ہوا۔ جلتا ہوا (۲) غصّے میں بھرا ہوا۔

برانداز (ف۔ا۔مذ) ڈولی وغیرہ کا پردہ۔ نقاب۔ برقع (۲) پائیدان۔ پاانداز۔ (ف۔صف) برباد کرنے والا۔ پھینکنے والا۔

برانگیختہ (اَنگ۔گیخ۔تہٗ) (ف۔صف) بھڑکایا ہوا۔ مشتعل۔ طیش میں بھرا ہوا۔

برانگیختہ کرنا (اَر۔محاورہ) بھڑکانا۔ غصّہ دلانا۔ اُکسانا۔ آمادہ کرنا۔

برپا (ف۔صف) پاؤں پر قائم۔ برقرار۔ ٹھہرا ہوا۔

برپا کرنا (اَر۔محاورہ) قائم کرنا۔ مچانا۔ اُٹھانا۔ پھیلانا۔

برتر (ف۔صف) زیادہ بلند۔ بہتر۔ (تفضیل بعض)۔

برتری (ف۔ا۔مث) فضیلت۔ عمدگی۔ بڑائی۔ بُزرگی۔ بہتری۔

برجستہ (ف۔صف) بروقت۔ بے ساختہ۔ برمحل۔ بے تکلّف۔ فی البدیہہ۔

برجستگی (جس۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) بے ساختگی۔

برحق (ف۔صف) ٹھیک۔ دُرست۔ صحیح۔ بجا۔

برخاست (ف۔صف) ملازمت سے علیحدہ۔ برطرف (۲) موقوف۔ ختم۔

برخاست کرنا (اَر۔مص) علیحدہ کرنا۔ موقوف کرنا (۲) ختم کرنا۔ ملتوی کرنا۔

برخاستگی (خاس۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) برطرفی۔ موقوفی۔ رُخصت۔

برخلاف (ف۔صف) بخلاف۔ برعکس۔ اُلٹا۔ مخالف (فُصحا بخلاف کو ترجیح دیتے ہیں)۔

برخود غلط (ف۔صف) اپنے متعلق غلط رائے قائم کرنے والا۔ شیخی خورا۔

برخوردار (ف۔صف و۔ا۔مذ) (۱) زندگی کا پھل کھانے والا (۲) اِقبال مند۔ صاحبِ نصیب (۳) بیٹا۔ فرزند۔ بیٹی۔

برخورداری (ف۔ا۔مث) سعادت مندی۔ اولاد جیسی فرمانبرداری (۲) اولاد کی کثرت (۳) (غلط العوام) برخوردار کی تانیث۔ بیٹی۔

بردار (ف۔صف) بلند۔ چوڑا (۲) مصدر برداشتن کا اسمِ فاعل بمعنی رکھنے والا۔ اُٹھانے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔ جیسے علم بردار۔ قلم بردار وغیرہ۔

برداری (ف۔ا۔مث) اُٹھانے کا عمل۔ رکھنے کا عمل۔ اُٹھانا۔ لے جانا۔ مُرکبات میں جیسے بار برداری۔

برداشت (ف۔ا۔مث) (۱) صبر۔ تحمل۔ بُردباری (۲) جانوروں کی نگہبانی (۳) قرض لینا۔ فصل اُٹھانا۔

برداشت خانہ (ف۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں مال و اسباب رکھتے ہیں۔ گودام۔

برداشتہ (ف۔صف) اُٹھایا ہوا (۲) ہٹایا ہوا۔ مُرکبات میں جیسے دل برداشتہ۔

برداشتہ خاطر (برداشتہ دل) (ف۔صف) اُچاٹ۔ بیزار۔ گھبرایا ہوا۔ آزردہ۔

بردوختہ (ف۔صف) سیا ہوا۔ جڑا ہوا۔

بردوش (ف۔تابع فعل) کندھے پر۔

برزبان (ف۔تابع فعل) زبان پر۔ حفظ۔ یاد۔

برزباں تسبیح و در دل گاؤ خر (ف۔مثل) زبان پر اللہ کا نام اور دل میں بیلوں اور گدھوں کا خیال۔ ظاہر میں نیک اور باطن میں بد۔ دل میں کچھ اور زبان پر کچھ۔

برسبیل (ف۔ع۔تابع فعل) بہ طور۔

برسبیلِ تذکرہ (ف۔ع۔تابع فعل) تذکرے کے طور پر۔

برسرِ بازار (ف۔تابع فعل) کھلم کھلا۔ آشکارا۔

برسرِ پرخاش (پیکار۔ جنگ) (ف۔تابع فعل) لڑائی پر آمادہ۔

برسرِ فرزندِ آدم ہرچہ آید بگذرد (ف۔مثل) اِنسان پر جو مصیبت آتی ہے وہ گُزر ہی جاتی ہے۔

برسرِکار (ف۔تابع فعل) کام پر۔ ملازمت میں۔

برسرِکوہ (ف۔تابع فعل) پہاڑ کی چوٹی پر۔

برسرِکیں (ف۔صف) کینگی پر آمادہ۔ فساد یا دُشمنی پر تیار۔ (ک مکسور)۔

برسرِ مطلب (ف۔ع۔تابع فعل) اصل مقصد پر۔

برسرِ موقع (ف۔ع۔تابع فعل) عین موقع پر۔

برطرف (ف۔صف) برخاست۔ موقوف۔ جدا۔ علیحدہ۔ معزول۔

برطرفی (بر۔طَ۔رَ۔فی) (ف۔ا۔مث) موقوفی۔ علیحدگی۔ معزولی۔

برعکس (ف۔تابع فعل) بخلاف۔ اُلٹ۔ خلاف۔ مخالف۔

برعکس نہند نام زنگی کافور (ف۔مثل) اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جس میں وہ صفت نہ پائی جائے جس سے وہ منسوب ہو۔ جیسے کسی زنگی (حبشی) کا نام کافور رکھ دیا جائے۔ (کافور سفید ہوتا ہے)۔

برقرار (ف۔صف) قائم۔ بحال۔ مستقل (۲) صحیح سالم۔ باقی۔ زندہ۔ موجود۔

بر کریماں کارہا دُشوار نیست (ف۔مقولہ) بخشش کرنے والوں کے لئے کوئی کام مشکل نہیں ہے۔

برگزیدہ (بر۔گُ۔زی۔دَہ) (ف۔صف) منتخب۔ چُنا ہوا۔ پسندیدہ۔

برگشتگی (بر۔گش۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) پھرنا۔ انحراف۔ بغاوت۔ رُوگردانی۔

برگشتہ (گش۔تہٗ) (ف۔صف) پھرا ہوا۔ منحرف۔ مخالف (۲) سرکش۔ باغی۔

برگشتہ ایام (برگشتہ اختر۔ برگشتہ طالع) (ف۔صف) بدقسمت۔ بدنصیب۔ قسمت کا پھٹا۔

برلانا (اَر۔محاورہ) پورا کرنا۔ اِنجام کو پہنچانا۔

برمحل (ف۔ع۔تابع فعل) موقع پر۔ اچھے وقت پر۔ برجستہ۔ موزوں۔ مناسب۔

برملا (ف۔متعلق فعل) کھلم کھلا۔ کھلے خزانے۔ علانیہ۔ منہ پر۔

برمن منگر۔ بر کرمِ خویش بنگر (ف۔مثل) میری طرف نہ دیکھ۔ اپنی مہربانی کو دیکھ۔ میرے گناہوں کا خیال نہ کر۔ اپنی بخشش کا خیال کر۔

بروقت (ف۔تابع فعل) عین وقت پر۔ برمحل۔

برومند (ف۔صف) پھل لانے والا۔ فائدہ حاصل کرنے والا (جب کسی دو حرفی لفظ کو مند کے ساتھ لاتے ہیں تو درمیان میں 'و' زیادہ کر دیتے ہیں جیسے تنومند)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

برومندی (ف۔ا۔مث) کامیابی۔

بَرّ (بفتح اوّل و تشدید دوم) (ع۔ا۔مذ) خشکی۔ زمین۔ بحر کی ضد۔

بَرِّاعظم (ف۔ع۔ا۔مذ) خشکی کا وہ بڑا حِصّہ جس میں بہت سے مُلک ہوں۔

بَرِّصغیر (ف۔ع۔ا۔مذ) خشکی کا چھوٹا ٹکڑا جس میں پاکستان اور بھارت آباد ہیں۔ (غلطُ العام ہے۔ ماہرینِ زبان برِّعظیم استعمال کرتے ہیں)۔

بِرّ (بالکسر) (ع۔ا۔مث) نیکی۔ بخشش۔ احسان۔

بُر (بضمِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) عورت کا اندامِ نہانی۔ فرج (۲) کپڑے کے اُوپر کا رُواں۔

بُرا (ب۔را) (ہ۔صف) خراب۔ نکمّا۔ ناقص۔ بدمزہ۔ اچھا کی ضد (۲) نازیبا۔ ناشائستہ (۳) بدذات۔ شریر (۴) دُشمن۔ مخالف۔ جمع: بُروں۔ بُرے۔

بُرا آزار (ا۔ا۔مذ) دِق کا مرض۔ سِل کا مرض۔ ٹی بی۔

بُرا بننا (ا۔محاورہ) ملزم ہونا۔ مخالف بننا۔ دُشمن ہونا۔

بُرا بھلا (ا۔صف) (۱) نیک و بد (۲) نازیبا۔ خلافِ تہذیب (۳) سخت سُست (۳) (ا۔مذ) لعنت ملامت۔ گالی گلوچ۔

بُرا بھلا آنا (ا۔محاورہ) اچھا بُرا جاننا۔

بُرا بھلا کرانا (ا۔محاورہ) زنا کرانا۔ بدفعلی کرانا۔

بُرا بھلا کہنا (ا۔محاورہ) لعنت ملامت کرنا۔ سخت سُست کہنا۔

بُرا بیٹا اور کھوٹا پیسا وقت پر کام آتا ہے (ا۔مثل) وقت پر اپنی بُری اور معمولی چیز بھی کارآمد ثابت ہوتی ہے۔

بُرا چاہنا (ا۔محاورہ) کسی کی بُرائی کی خواہش کرنا۔ حسد کرنا۔

بُرا حال کرنا (ا۔محاورہ) مارنا پیٹنا۔ دِق کرنا۔ ستانا (۲) خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

بُرا دِہاڑا کرنا (ا۔محاورہ) بُرا حال کرنا۔

بُرا زمانہ (ا۔ا۔مذ) پُرآشوب وقت (۲) اِفلاس یا پریشانی کے دن (۳) مُصیبت کا وقت۔

بُرا سا مُنہ بنانا (ا۔محاورہ) چہرہ ایسا بنانا جس سے ظاہر ہو کہ کوئی بات ناگوار ہوئی ہے۔ چہرے سے ناگواری ظاہر ہونا۔

بُرا کام (ا۔ا۔مذ) اَدب اور تہذیب کے خلاف حرکت۔ ناشائستہ فعل۔ اِخلاق کے خلاف کام (۲) حرام کاری۔

بُرا کرنا (ا۔محاورہ) (۱) نقصان پہنچانا (۲) نامناسب فعل کرنا (۳) بدنام کرنا۔

بُرا کہنے والے پر تین حرف (ا۔مثل) بُرا کہنے والے پر لعنت (تین حرف: ل۔ع۔ن۔ یعنی لعن بمعنی پھٹکار)۔

بُرا لگنا (ا۔محاورہ) ناگوار معلوم ہونا۔ گراں گزرنا۔ بدنما معلوم ہونا۔

بُرا ماننا (ا۔محاورہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ آزردہ خاطر ہونا۔ بگڑنا۔

بُرا مانو یا بھلا (ا۔فقرہ) اچھا سمجھو یا بُرا۔ پسند آئے یا نہ آئے۔

بُرا وقت (ا۔ا۔مذ) تکلیف و مُصیبت کا زمانہ۔ غریبی کا وقت۔

بُرا ہو (ا۔دُعائے بد) آفت آئے۔ مُصیبت پڑے۔

بُرا ہونا (ا۔محاورہ) (۱) اچھا نہ ہونا۔ خراب ہونا۔ نقصان ہونا (۲) بدنام ہونا۔

بَرابَر (ب۔را۔بَر) (ف۔صف) لغوی معنی سینہ بسینہ (۱) مساوی۔ ہمسر۔ ہم عُمر۔ ہم پایہ (۲) یکساں۔ مسطح۔ ہموار (۳) پُورا (۴) سیدھا (۵) پہلو میں۔ مقابل۔ آگے (۶) ترتیب وار۔ مسلسل۔ بلاناغہ (۷) ایک ساتھ۔ ایک دم۔ بے روک (۸) نصفا نصفی۔ آدھا (۹) ہر وقت۔ ہمیشہ۔ سدا (۱۰) قریب۔ پاس۔ نزدیک (۱۱) بھرا ہوا۔ لبریز (۱۲) بے باق (۱۳) ہم عُمر (۱۴) ہم رُتبہ۔ ہمسر (۱۵) پے در پے۔ بار بار (۱۶) مدِمقابل۔ حریف۔

برابر آنا (ا۔محاورہ) اِمتحان میں ایک جیسے نمبر لینا (۲) دو کھلاڑیوں کا ایک جیسا رہنا۔ ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا۔

برابر اُترنا (ا۔محاورہ) یکساں ہونا۔ تول میں برابر ہونا۔

برابر (اُٹھ جانا) اُٹھنا (ا۔محاورہ) شطرنج کی بازی کا بغیر ہارے جیتے ختم ہو جانا۔

برابر برابر (ا۔تابع فعل) (۱) پہلو بہ پہلو۔ پاس پاس۔ قریب قریب (۲) آدھا آدھا۔ نصف نصف۔

برابر پیش آنا (ا۔محاورہ) ایک جیسا برتاؤ کرنا۔

برابر چھوٹنا (ا۔محاورہ) کُشتی میں فریقین کا کسی کو ہرا نہ سکنا۔

برابر سرابر (ا۔تابع فعل) (۱) یکساں۔ مساوی (۲) بے باق۔ ("سرابر" تابع مہمل ہے)۔

برابر سمجھنا (ا۔محاورہ) ایک جیسا برتاؤ کرنا۔ یکساں سمجھنا۔

برابر سے نکلنا (ا۔محاورہ) قریب سے نکلنا۔

برابر سے جواب دینا (ا۔محاورہ) ترکی بترکی جواب دینا۔ گستاخی سے جواب دینا۔

برابر کا (ا۔صف) ہم قد (۲) جوڑ کا۔ ہمسر۔ ہم رُتبہ (۳) قریب کا۔ ہم عُمر۔ مقابل کا۔ ٹکّر کا (۴) یکساں۔ مساوی۔

برابر کرنا (ا۔محاورہ) (۱) یکساں کرنا (۲) مطابق کرنا۔ ہم وزن کرنا (۳) بیباق کرنا۔ کمی بیشی دُور کرنا (۴) شکایت رفع کرنا (۵) تباہ و برباد کرنا (۶) گنوانا۔ صَرف کر دینا۔ ختم کر دینا (۷) دُرست کرنا۔ ترتیب دینا (۸) مسلسل کئے جانا۔ بلاناغہ کرنا۔

برابر کی بیٹی (ا۔ا۔مث) جوان لڑکی جو قد میں ماں کے برابر ہو۔

برابر کی ٹکّر (ا۔ا۔مث) ہم مرتبہ۔ ہم پایہ۔ ہمسر۔ مقابلے کا۔ جوڑ کا۔

برابر کی چوٹ (ا۔ا۔مث) برابر کی ٹکّر۔

برابر میں (ا۔تابع فعل) ساتھ ساتھ۔ پاس پاس۔

برابر نکلنا (ا۔محاورہ) ایک جیسا ہونا۔

برابر والا (ا۔صف) ہمسر۔ جوڑ کا۔ مقابل کا (۲) پڑوس کا۔ ساتھ کا۔

برابر ہونا (ا۔محاورہ) ایک سطح پر ہونا (۲) بیباق ہونا (۳) یکساں ہونا۔ ہمسر ہونا (۴) ہم وزن ہونا (۵) ضائع ہونا (۶) آمنے سامنے ہونا (۷) لبریز ہونا۔

بَرابَری (ب۔را۔ب۔ری) (ا۔ا۔مث) (۱) ہم چشمی۔ ہمسری۔ ٹکّر۔ مقابلہ (۲) ہمواری (۳) بے ادبی۔ گستاخی۔

برابری کرنا (ا۔محاورہ) نقل کرنا۔ ہمسری کرنا۔ مقابلہ کرنا (۲) گستاخی کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بُرات (بَ۔رات) (ف۔ا۔مث) (۱) حِصّہ۔ جُزو (۲) فرمان۔ حکم نامہ (۳) قسمت۔ نصیب (۴) وہ تحریر جس کے ذریعے تنخواہ ملے۔

برات عاشقاں بر شاخِ آہو (ف۔مثل) اُمید موہوم۔ اس موقع پر بولتے ہیں جہاں مقصد برآری کا امکان نہ ہو۔

بَرات (بَ۔رات) (ہ۔ا۔مث) (۱) بارات۔ دُولھا کی سواری کا جلوس (۲) انبوہ۔ اژدحام (۳) گنجفہ کی ایک بازی کا نام۔ جمع: براتوں۔ براتیں۔

برات اُترنا (اِر۔محاورہ) براتیوں کا کسی مقام پر ٹھہرنا۔

برات پیچھے دھونسا عید پیچھے ٹر (اِر۔مثل) موقع گزر جانے پر کوئی بات یا کام کرنا۔

برات چڑھنا (اِر۔محاورہ) دُولھا کا جلوس کے ساتھ دُلہن کے گھر جانا۔

بَراتی (بَ۔را۔تی) (ہ۔ا۔مذ) دُولھا کے ہمراہی۔ جمع: براتی۔ براتیوں۔

براتی تو کھاپی کر الگ ہو جاتے ہیں کام دولھا دُلہن سے پڑتا ہے (اِر۔مقولہ) قرض لے کر شادی کرنے کے موقع پر بولتے ہیں کہ براتی تو کھا پی کر علیحدہ ہو جاتے ہیں اور مصیبت دُولھا دُلہن پر آتی ہے۔

بَراث (بَ۔راث) (ہ۔ا۔مث) خوبصورتی۔ شان و شوکت۔

براجمان (بِ۔راج۔مان) (ہ۔صف) (۱) روشن۔ چمکنے والا (۲) عظیم الشان۔ عصائے شاہی (۳) دربار میں بیٹھنے والا (۴) صدرِ مجلس۔

براجمان ہونا (ہ۔محاورہ) رونق افروز ہونا۔ تشریف رکھنا۔

براجنا (بِ۔راج۔نا) (ہ۔مص) رونق افروز ہونا۔ تشریف لانا۔

بَرادَر (بَ۔را۔دَر) (بِ۔را۔دَر) (ف۔ا۔مذ) (۱) بھائی (۲) رشتے دار (۳) ہم مذہب۔ ہم قوم (۴) ہم پیشہ۔ جمع: برادران۔

برادرِ اَخیافی (برادرِ بطنی) (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ بھائی جن کے باپ جُدا جُدا اور ماں ایک ہو۔

برادرِ اعیانی (ف۔ع۔ا۔مذ) سگا بھائی۔ حقیقی بھائی۔ ایک ماں باپ سے۔

برادر پرور (ف۔صف) عزیزوں پر مہربانی کرنے والا۔

برادرِ توام (ف۔ع۔ا۔مذ) جڑواں بھائی۔

برادرِ حقیقی (ف۔ع۔ا۔مذ) سگا بھائی۔ برادر اعیانی۔

برادرِ حقیقی دُشمنِ مادر زاد ہے (اِر۔مثل) اگر سگے بھائیوں میں جھگڑا ہو جائے تو وہ ایک دُوسرے کے جانی دُشمن ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کا لحاظ نہیں کرتے۔

برادر خواندہ (ف۔ا۔مذ) مُنہ بولا بھائی۔

برادرِ رضاعی (ف۔ع۔ا۔مذ) دودھ شریک بھائی۔ کوکہ۔

برادر زادہ (ف۔ا۔مذ) بھائی کا بیٹا۔ بھتیجا۔

برادر زادی (ف۔ا۔مث) بھتیجی۔ بھائی کی لڑکی۔

برادرِ علاتی (ف۔ع۔ا۔مذ) سوتیلا بھائی (۲) وہ بھائی جو ایک باپ سے ہوں مگر مائیں جُدا جُدا ہوں۔

برادرِ نسبتی (ف۔ا۔مذ) (۱) سالا (۲) بہنوئی۔

بَرادَران (ف۔ا۔مذ) برادر کی جمع۔

برادرانِ یوسف (ف۔ا۔مذ) حضرت یوسفؑ کے بھائی۔ بے مُروّت بھائی۔ جو بھائی ہو کر دُشمنی کریں۔

بَرادَرانَہ (بَ۔را۔دَ۔را۔نہ) (بِ۔را۔دَ۔را۔نہ) (ف۔تابع فعل وصف) بھائی کی طرح۔ برادری کا۔ آپس کا۔

بَرادَری (بَ۔را۔دَ۔ری) (بِ۔را۔دَ۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) گوت۔ ذات (۲) یگانگت۔ رشتے داری۔ بھائی بندی۔ بھائی چارہ۔ قرابت داری۔

برادری باہر کرنا (برادری سے باہر کرنا) (اِر۔محاورہ) برادری سے نکال دینا۔ ذات سے خارج کر دینا۔ جتھے سے علیحدہ کر دینا۔

بُرادَہ (بُ۔را۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) لکڑی یا کسی دھات کا چُورا جو آری یا ریتی سے نکلتا ہے (۲) سفوف۔ چُورا۔

براڈکاسٹ (Broadcast) (انگ۔مص) ریڈیو سے نشر کرنا۔

براڈکاسٹنگ (Broadcasting) (انگ۔ا۔مث) ریڈیو پر پروگرام نشر کرنے کا عمل۔

بُراز (بَ۔راز) (ع۔ا۔مذ) فضلہ۔ گندگی۔ غلاظت۔ گُو۔ پاخانہ۔ میلا۔ نجاست۔

بَراعَت (بَ۔را۔عَت) (ع۔ا۔مث) روشنی (۲) فصاحت (۳) فضیلت۔ ہُنر میں کامل ہونا۔

بَراعَتُ الاِستِہلال (بَ۔را۔عَ۔تُل۔اِس۔تِہ۔لال) (ع۔ا۔مث) علم بدیع کی ایک صنعت کا نام جس میں ایسے الفاظ یا جملے شروع میں لاتے ہیں جن سے تمام عبارت کے اصل مضمون کا پتا چلتا ہو۔

بَرّاق (بَر۔راق) (ع۔صف) (۱) چمکدار۔ جگمگاتا ہوا (۲) بجلی کی طرح تیز رفتار (۳) ہوشیار۔ مشاق (۴) تیز ذہن (۵) صاف۔ شفاف۔

بُراق (بُ۔راق) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ بہشتی چوپایہ جس پر رسولِ خدا ﷺ شبِ معراج سوار ہو کر آسمان پر تشریف لے گئے تھے (۲) تصویر جس کا دھڑ گھوڑے کا اور چہرہ آدمی کا سا ہوتا ہے۔

بَراگ (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے بیراگ۔

بَراگی (ہ۔صف) دیکھئے بیراگی۔

بَرّاں (بَر۔راں) (ف۔صف) کاٹ کرنے والا۔ بہت تیز۔

بَرّانا (بَر۔را۔نا) (ہ۔مص) بکنا۔ بھکنا۔ خواب میں بڑبڑانا۔ ہذیان بکنا۔

برانچ (Branch) (انگ۔ا۔مث) (۱) شاخ۔ شعبہ (۲) ڈالی۔

برانڈ (Brand) (انگ۔ا۔مذ) تجارتی مارکہ۔ خاص قسم کا مال۔

بَرانڈہ (بَ۔راں۔ڈَہ) (اِر۔ا۔مذ) انگریزی ورانڈہ (Verandah) کا بگاڑ۔ برآمدہ۔ غلام گردش۔

بَرانڈی (بَ۔راں۔ڈی) (اِر۔ا۔مث) اُوپر پہننے کا موٹا کوٹ۔ بارانی۔ برساتی (۲) (انگ۔ا۔مث) ایک انگریزی شراب (Brandy)۔

بَرّاہَٹ (بَر۔را۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) فضول بکواس (۲) سوتے میں بولنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَراہْمَن (بَ۔راہ۔مَن)(س۔ا۔مذ) دیکھئے برہمن۔

بَراہمہ (بَ۔را۔ہ۔مَہ)(ف۔ا۔مذ) برہمن کی جمع جو فارسی والوں نے بنائی ہے۔

بَراہی (بَ۔را۔ہی)(ہ۔ا۔مث) چھوٹی قسم کا کتا۔ ٹیلکر (۲) ہندوؤں کی ایک دیوی۔ کجلی والی ماتا۔

بَراہیم۔ اِبراہیم کا مخفف۔

بَراہِین (بَ۔را۔ہِین)(ع۔ا۔مذ ومث) بُرہان کی جمع۔ دلائل۔ دلیلیں۔

بَراءت (بَ۔را۔اَت)(ع۔ا۔مث) نجات۔ چھٹکارا۔ بچاؤ۔ پاکیزگی۔

براؤن (Brown)(انگ۔ا۔مذ)(۱) بھورا رنگ (۲)(صف) بھورے رنگ کا۔ خاکی۔ بادامی۔

بُرائی (بُ۔را۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) بدی۔ نقصان۔ خرابی۔ عیب۔ نقص (۳) نحوست (۴) شرارت (۵) غیبت (۶) بدگوئی (۷) اِلزام۔ جھوٹ۔ جمع: بُرائیاں۔ بُرائیوں۔

بُرائی آگے آنا (اُر۔ محاورہ) بُرائی کی سزا ملنا۔ کئے کی سزا بُھگتنا۔

بَرائے (بَ۔را۔اے)(ف۔حرفِ ربط)(۱) واسطے۔ لئے (۲) وسیلے سے۔ برکت سے۔ صدقے میں۔

برائے بیت (ف۔صف) فالتو۔ بھرتی کے الفاظ (شعر کا وزن پورا کرنے کے لئے)۔

برائے خدا (ف۔ تابع فعل) خدا کے لئے۔ فی سبیل اللہ۔

برائے مصلحت (ف۔ تابع فعل) کسی بہتری کے لئے۔ مصلحت کی وجہ سے۔

برائے نام (ف۔صف) صرف نام کے طور پر۔ یونہی۔ فرضی۔ صرف دکھاوے کے لئے۔

بَرایا (بَ۔را۔یا)(ع۔ا۔مث) بریہ کی جمع۔ مخلوق۔ جہان۔ دُنیا۔

بَرباد (بَر۔باد)(ف۔صف) تباہ۔ ویران۔ خراب۔ ضائع۔ تلف۔

برباد کرنا (اُر۔ محاورہ) تباہ کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔ ضائع کرنا۔

برباد ہونا (اُر۔ محاورہ) تباہ ہونا۔ اُجڑنا۔ ضائع ہونا۔

بَربادی (بَر۔با۔دی)(ف۔ا۔مث) تباہی۔ ویرانی۔ جمع: بربادیاں۔ بربادیوں۔

بُربُرانا (بُر۔بُ۔را۔نا)(ہ۔مص) کسی خشک پسی ہوئی چیز کا کسی دُوسری چیز پر چھڑکنا۔ بُرکنا۔

بَربَری (بَر۔بَ۔ری)(ع۔صف)(۱) علاقہ بربر (شمالی افریقہ) سے متعلق (۲) بربر قبیلے سے منسوب (۳)(ا۔مث) اُس علاقے کی بکری۔

بربری خانہ (اُر۔ا۔مذ) بکریوں کے رہنے کی جگہ۔ باڑا۔

بَربَریّت (بَر۔بَ۔ری۔یَت)(ع۔ا۔مث) ظلم۔ وحشی پن۔ خونخواری۔

بَربَط (بَر۔بَط)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا ساز جس کی شکل بط (بطخ) کے سینے کی طرح ہوتی ہے۔

بَرَت (بَرَت)(بَ۔رَت)(ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کا روزہ۔

بَرَت (بَ۔رَت)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی بیماری جو چاول کی کاشت کے باعث ہوتی ہے (۲) کنوئیں سے پانی نکالنے والی رسّی (۳) تسمہ (۴) بدھی۔ کسی چپکیلی چیز سے جسم پر ضرب کا نشان۔

بَرَت (بَ۔رَت)(س۔ا۔مث)(۱) معیشت۔ وجہِ معاش (۲) آمدنی (۳) مال۔ جائیداد (۴) معافی زمین (۵) حق۔ ورثہ۔ اِنعام (۶)(ا۔مذ) نگہبان۔ پرورش کرنے والا۔

بَرتا (بَر۔تا)(ہ۔ا۔مذ) طاقت۔ بَل۔ زور (۲) بھروسا۔ اُمید (۳) حوصلہ۔ ہمت (۴) لیاقت۔ اِستعداد (۵) وُسعت۔ گنجائش (۶) مدد۔ اعانت (۷) کارگزاری۔ عمل۔

بَرتاؤ (برتاوا) (بَر۔تا۔او)(بَر۔تا۔وا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) راہ و رسم۔ میل جول (۲) سلوک۔ طرزِ عمل۔ رَوِش۔

بَرتَش (بَر۔تَش)(ہ۔ا۔مث) وہ زمین جس میں چاول کی فصل کاٹ لینے کے بعد گنا بو دیا جائے۔

بَرتَن (بَر۔تَن)(ہ۔ا۔مذ) ظرف۔ باسن۔ بھانڈا۔

برتن بھانڈے (ہ۔ا۔مذ) ظروف۔ بہت سے برتن۔

برتن سے برتن کھٹک ہی جاتا ہے (اُر۔مثل) گھر والوں میں کسی نہ کسی بات پر تکرار ہو ہی جاتی ہے۔

برتن کھنکنا (کھ۔نک۔نا)(اُر۔ محاورہ) مٹی کے ظرف کی وہ آواز جس سے اُس کی پختگی معلوم ہوتی ہے۔

بَرتنا (بَ۔رَت۔نا)(ہ۔مص)(۱) کام میں لانا۔ اِستعمال کرنا (۲) تجربہ کرنا (۳) خرچ کرنا (۴) نباہنا (۵) برتاؤ کرنا۔

بَرتھ ڈے (Birth Day)(انگ۔ا۔مذ) یومِ پیدائش۔ جنم دن۔ سال گرہ۔

برتھ کنٹرول (Birth Control)(انگ۔ا۔مذ) بچوں کی پیدائش کو قابو میں رکھنا۔ زیادہ بچے نہ ہونے دینا۔ ضبطِ تولید۔

بَرتیا (بَر۔تی۔یا)(ہ۔ا۔مذ) برت رکھنے والا۔ روزہ دار۔

بَرتیتر (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا جنگلی تیتر جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے۔

بِرِج (Bridge)(انگ۔ا۔مذ) پُل۔

بِرَج (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ہ۔ا۔مذ) متھرا کا علاقہ جس میں متھرا، گوکل اور بندرابن شامل ہیں۔ یہ کرشن جی کی پیدائش کا مقام ہے۔

برج بھاشا (برج بھاکا) (ہ۔ا۔مث) برج کی بول چال۔ متھرا اور بندرابن کی زبان۔

بُرج (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) گنبد۔ گمٹ (۲) راس یعنی ستارے کا مقام۔ آسمانی دائرے کا نظری طور پر بارھواں حصّہ۔ جمع: بُروج۔ اُردو جمع: بُرج۔ بُرجوں۔

بُرجِ آبی (ع۔ا۔مذ) تین برجوں سے مُراد ہے: بُرجِ سرطان، بُرجِ عقرب اور بُرجِ حوت۔

بُرجِ آتشی (ع۔ا۔مذ) بُرجِ حمل، بُرجِ اسد اور بُرجِ قوس۔

بُرجِ اسد (ع۔ا۔مذ) آسمان کا وہ حصّہ جس میں چند ستارے مل کر شیر کی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شکل بناتے ہیں۔ (اسد: شیر)۔
بُرجِ بادی (ع۔ف۔ا۔مذ) تین بُرجوں سے مُراد ہے: بُرج جوزا' بُرج میزان اور بُرج دلو۔
بُرجِ ثَور (ع۔ا۔مذ) وہ آسمانی بُرج جس کی شکل بیل کی سی ہے۔
بُرجِ جَدی (ع۔ا۔مذ) بکری کی شکل کا آسمانی بُرج۔
بُرجِ جوزا (ع۔ف۔ا۔مذ) دو جڑواں بچوں کی شکل کا بُرج۔
بُرجِ حمل (ع۔ا۔مذ) آسمان کے برجوں میں سے پہلا بُرج جس کی شکل مینڈھے کی سی ہوتی ہے۔
بُرجِ حوت (ع۔ا۔مذ) مچھلی کی شکل کا بُرج۔
بُرجِ خاکی (ع۔ف۔ا۔مذ) تین بُرجوں سے مُراد ہے۔ ثور' سنبلہ اور جدی۔
بُرجِ دلو (ع۔ا۔مذ) وہ بُرج جس کی شکل گھڑا یا ڈول اُٹھائے ہوئے شخص کی سی ہے۔
بُرجِ سرطان (ع۔ا۔مذ) وہ بُرج جس کی شکل کیکڑے جیسی ہے۔
بُرجِ سنبلہ (ع۔ا۔مذ) وہ بُرج جس کی شکل ایک کنواری لڑکی کی سی ہے جو ہاتھ میں گیہوں کی بالی لئے کھڑی ہے۔
بُرجِ شرف (ع۔ا۔مذ) وہ برج جس میں کسی ستارے کو عروج حاصل ہوتا ہے۔
بُرجِ عقرب (ع۔ا۔مذ) بچھو کی شکل کا بُرج۔
بُرجِ میزان (ع۔ا۔مذ) ترازو کی شکل کا بُرج۔
بُرجی (بُر۔جی) (ار۔ا۔مث) بُرج کی تصغیر۔ چھوٹا بُرج۔ جمع: بُرجیاں۔ بُرجیوں۔
برجیس (بر۔جیس) (ف۔ا۔مذ) ایک ستارے کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے۔ مُشتری۔ قاضیِ فلک۔
برچھ (بِ۔رچھ) (ہ۔ا۔مذ) درخت۔ پیڑ۔ پودا۔
بَرچھا (بر۔چھا) (ہ۔ا۔مذ) بھالا۔ بَلّم۔ نیزہ۔ جمع: برچھوں۔ برچھے۔
برچھک (بر۔چھک) (ہ۔ا۔مذ) بُرج عقرب۔ آسمان کا آٹھواں بُرج۔
بَرچھی (بر۔چھی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا بھالا۔ چھوٹا۔ نیزہ۔ جمع: برچھیاں۔ برچھیوں۔
برچھی اُتر جانا (ار۔محاورہ) برچھی کا کسی چیز کے پار ہونا۔
برچھی تاننا (ار۔محاورہ) برچھی مارنے پر آمادہ ہونا۔ حملہ کرنے کیلئے تیار ہونا۔
برچھی تولنا (ار۔محاورہ) برچھی مارنے کی تیاری کرنا۔
برچھی جگر کے پار ہونا (ار۔محاورہ) برچھی لگنا۔ بے حد صدمہ ہونا۔
برچھی چبھنا (ار۔محاورہ) برچھی لگنا۔ بہت صدمہ ہونا۔
برچھی چلنا (ار۔محاورہ) برچھی سے وار ہونا۔
برچھی سیدھی کرنا (ار۔محاورہ) نیزہ مارنے کو تیار ہونا۔
برچھی لگانا (ار۔محاورہ) (۱) برچھی مارنا (۲) صدمہ پہنچانا۔ بہت تکلیف دینا۔
بَرچھیت (بر۔چھیت) (ہ۔ا۔مذ) نیزہ باز۔ برچھا چلانے والا۔
بَرد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) سردی۔ جاڑے کا موسم۔ ٹھنڈک۔
بَردِ اَطراف (ع۔ا۔مث) موت کی سردی جس میں بیمار کے ہاتھ پاؤں سرد ہونے لگتے ہیں۔
بُرد (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) ایک قسم کی سیاہ دھاری دار چادر یا کملی۔
بُردِ یمانی (ع۔ا۔مث) یمن کی چادر۔
بُرد (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مث) (۱) لے جانے یا اُٹھانے کا عمل (۲) نفع۔ یافت۔ رشوت۔ بالائی آمدنی (۳) شرط (۴) شطرنج کی بازی میں بادشاہ کا اکیلا رہ جانا۔
بُردبار (ف۔صف) برداشت کرنے والا۔ صابر۔ متحمّل۔
بُردباری (ف۔ا۔مث) تحمّل۔ صبر۔ برداشت۔ سہار۔
بُرد مارنا (ار۔محاورہ) بازی جیتنا (۲) رشوت لینا۔ فائدہ حاصل کرنا۔
بَردَہ (بر۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) غُلام۔ داس۔ بندہ۔
بردہ فروش (ف۔صف) غُلاموں کی تجارت کرنے والا۔
بردہ فروشی (ف۔ا۔مث) غُلاموں کی تجارت۔
بَردھائی (بَردھوئی) (بر۔دھا۔ای) (بر۔دھو۔اِی) (ہ۔ا۔مث) وہ بازار جس میں گائے بیل فروخت ہوتے ہیں۔
بَرڈا (بر۔ڈا) (ہ۔ا۔مث) ریتلی اور پتھریلی زمین۔
بَرڈنا (ہ۔مص) کسی چیز کا زیادہ خشک ہو کر یا بوجھ تلے دب کر ٹیڑھا ہو جانا۔ اینٹھنا (۲) غرور کرنا۔
بَرزَخ (بر۔زَخ) (ع۔ا۔مذ و مث) (۱) آڑ۔ پردہ۔ روک (۲) مرنے کے بعد قیامت تک کا زمانہ (۳) دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز (۴) مُصیبت اور آرام کا درمیانی درجہ (۵) وہ عالم جس میں مرنے کے بعد قیامت تک روحیں رہیں گی۔ جمع: براززخ۔
بَرزَن (بر۔زن) (ف۔ا۔مذ) گلی کوچہ۔ بازار۔ سڑک (۲) جنگل۔ صحرا۔
بَرَس (بَ۔رَس) (ہ۔ا۔مذ) سال۔ سنہ۔ بارہ مہینے کی مدت۔ زمین کے سورج کے گرد گھومنے کی مدت جو تقریباً ۳۶۵ دن ہے۔ (س: وَرش کا بگاڑ)۔ جمع: برس۔ برسوں۔
برس کے برس دن (ہ۔ا۔مذ) وہ خوشی یا جشن کا دن جو سال بھر کے بعد آتا ہے۔ سالانہ تہوار کا دن۔
برس گانٹھ (ہ۔ا۔مث) سالگرہ۔ بچے کی پیدائش کے سال یاد رکھنے کے لئے ڈورے میں ہر سال ایک گانٹھ لگانا۔ (وَرش گانٹھ)۔
بَرسا بَرس (ہ۔تابع فعل) سالہا سال۔ ہر سال۔ کئی سال۔
بَرسات (بر۔سات) (ہ۔ا۔مث) بارش کا موسم۔ برکھا رُت۔ جمع: برساتوں۔ برساتیں۔
برسات بَر کے سات (ہ۔مثل) برسات کا لطف جب ہے کہ شوہر پاس ہو۔
برسات کھا جانا (ار۔محاورہ) برسات کا اثر قبول کرنا۔
برسات کی چاندنی (ار۔ا۔مث) ناپائیدار چیز۔
بَرساتی (بر۔سا۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گھوڑوں یا اُونٹوں کی ایک بیماری جو

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

برسات میں ہو جاتی ہے (۲) سائبان (۳) وہ فصل جو برسات کے موسم میں تیار ہو یا بوئی جائے (۴) بارانی۔ بارش سے بچنے کا کوٹ (۵) (صف) برسات سے متعلق۔ جمع: برساتیاں۔ برساتیوں۔

برساتی فصل (اُر۔ اِ۔ مث) وہ غلّہ جو برسات میں تیار ہو یا بویا جائے۔

برساتی کیڑے (اُر۔ اِ۔ مذ) برسات میں پیدا ہونے والے حشرات الارض (۲) (مجازاً) کثرتِ اولاد (۳) میراثی۔ ڈوم۔

بَرسام (بَر۔ سام) (ف۔ اِ۔ مذ) چھاتی کی سُوجن۔ سینے کا درد۔ پھیپھڑوں میں پانی بھر جانا۔

بَرسانا (بَر۔ سا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بارش کرنا (۲) اناج کو ہوا میں اُڑا کر بھوسا علیحدہ کرنا (۳) کثرت سے پھینکنا یا چلانا (تیر)۔

بَرساؤ (بَر۔ سا۔ اُو) (واو معروف) (ہ۔ صف) برسنے والا۔ برسنے کے لائق۔

بَرَسْنا (بَ۔ رَس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) مینہ پڑنا (۲) غُصّہ اُتارنا۔ خفا ہونا (۳) کسی شے کا کثرت سے ہونا۔

بَرسوں (ہ۔ اِ۔ مذ) برس کی جمع۔

برسوں جُھولنا (ہ۔ محاورہ) مدّتوں کسی اُمید میں رہنا۔ مدّتوں کسی تلاش یا کوشش میں رہنا۔

برسوں کا بیمار (مریض) (اُر۔ صف) پُرانا مریض۔

برسوں کا فاصِلہ (اُر۔ اِ۔ مذ) برسوں کی راہ۔ طویل راستہ۔ لمبی مسافت۔

بَرَسویں دن (اُر۔ اِ۔ مذ) ہر سال۔ سال میں ایک بار۔ (یائے مجہول)۔

بَرسی (بَر۔ سی) (ہ۔ اِ۔ مث) مُردے کے سال پورا ہونے کی فاتحہ خوانی۔

بُرسی (بُرُوسی) (بُر۔ سی) (بُ۔ رُو۔ سی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) آگ جلانے کا مٹّی کا برتن (۲) سُنار کی انگیٹھی۔ کٹھالی۔

بَرسے ساون تو پانچ کے ہوں باون (اُر۔ مثل) ساون میں اگر اچھی بارش ہو جائے تو فصل خوب ہوتی ہے۔

بُرَش (بُ۔ رَش) (Brush) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) مُوقلم (۲) کوچی (۳) کپڑے وغیرہ صاف کرنے کا آلہ (۴) دانت صاف کرنے کا آلہ۔ (اُردو میں بضمِ اوّل مستعمل ہے۔)

بُرِش (بُر۔ رِش) (ف۔ اِ۔ مث) تیزی۔ کاٹ۔

بِرِشتہ (بِ۔ رِش۔ تہ) (ف۔ صف) بھونا ہوا۔ بریاں۔

بَرشکال (بَرش۔ کال) (ف۔ اِ۔ مث) برسات۔ بارش۔ برکھا۔ مینہ (فارسی والوں نے اسے ہندی ورش کال سے بنایا ہے)۔

بَرَص (بَ۔ رَص) (ع۔ اِ۔ مذ) سفید کوڑھ۔ پُھل بہری۔

بَرف (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) جما ہوا پانی۔ جمے ہوئے اَبخرے (۲) پالا (۳) (صف) نہایت سفید۔ بہت ٹھنڈا۔

برف باری (ف۔ اِ۔ مث) برف پڑنے کا عمل۔

برف پڑنا (اُر۔ محاورہ) برف برسنا۔ پالا پڑنا۔ نہایت سردی پڑنا۔

برف کا زمانہ (اُر۔ اِ۔ مذ) وہ وقت جب دنیا برف سے ڈھکی ہوئی تھی۔

برف گرنا (اُر۔ مص) برف پڑنا۔ پالا پڑنا۔

برف میں لگانا (اُر۔ محاورہ) برف میں رکھ کر سرد کرنا۔

برف ہونا (اُر۔ محاورہ) نہایت سرد ہونا۔

بَرفاب (بَرف۔ آب) (ف۔ اِ۔ مذ) برف کا پانی۔ ٹھنڈا پانی۔

بَرفانی (ف۔ صف) برف سے متعلق (۲) نہایت سرد۔

بَرفی (بَر۔ فی) (ف۔ اِ۔ مث) ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ اور کھانڈ کے قوام سے تیار ہوتی ہے۔

بَرفیا (بَرف۔ یا) (اُر۔ اِ۔ مذ) برف بیچنے والا۔

بَرفیلا (بَر۔ فی۔ لا) (اُر۔ صف) برفانی۔ نہایت سرد۔ (مونث) برفیلی۔

بَرق (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) آسمانی بجلی۔ صاعِقہ (۲) مصنوعی بجلی (۳) (اُر۔ صف) تیز۔ چالاک۔

برق آسا (ع۔ ف۔ صف) بجلی کی مانند۔ بہت تیز۔

برق انداز (برقنداز) (ع۔ ف۔ صف) بجلی گرانے والا۔ (اِ۔ مذ) بندوقچی۔ سپاہی۔ اردلی۔

برق بن کر گرنا (اُر۔ محاورہ) بجلی کی سی تیزی کے ساتھ ٹوٹ پڑنا۔ تباہ کرنا۔

برق ٹُوٹنا (برق گرنا) (اُر۔ محاورہ) بجلی گرنا۔ مُصیبت نازل ہونا۔ تباہی آنا۔

برقِ خاطِف (ع۔ صف) آنکھوں کو خیرہ کرنے والی بجلی۔

برق خرام (ف۔ صف) بجلی کی طرح تیز رفتار۔

برق دَم (ع۔ ف۔ صف) بجلی کی طرح تیز رفتار (۲) چالاک (۳) تیز دھار والی (تلوار وغیرہ)۔

برق دم ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) مستعد ہونا۔ تیز ہونا (۲) چمکدار ہونا۔

برق رُبا (ع۔ ف۔ صف) بجلی کا کنڈکٹر۔ آسمانی بجلی کو زمین میں اُتارنے والا آلہ۔

برق رُخسار (ع۔ ف۔ صف) حسین۔ خُوب رُو۔ بجلی کی طرح روشن رُخسار والا۔

برق رفتار (ع۔ ف۔ صف) بجلی کی طرح تیز رفتار۔

برق زدہ (ع۔ ف۔ صف) (۱) بجلی کا جلایا ہوا (۲) وہ جس پر بجلی گری ہو۔

برق نگاہ (ع۔ ف۔ صف) شوخ نظر۔

برق نُما (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) ایک آلہ جس کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے کہ جسم پر برقی بار ہے یا نہیں اور اگر ہے تو منفی ہے یا مثبت۔

برق وَش (ع۔ ف۔ صف) بجلی کی طرح شوخ۔ چمکیلا۔ تیز۔

بَرقاب (برق۔ آب) (ف۔ اِ۔ مث) ہائیڈرو الیکٹریسٹی۔ پانی سے پیدا کی جانے والی بجلی۔

بَرقانا (اُر۔ مص) کسی چیز میں بجلی بھرنا یا بجلی کی رَو دوڑانا۔

بُرقع (بُر۔ قع) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) نقاب۔ پردہ (۲) وہ کپڑا جسے عورتیں پردے کے لئے سر سے پاؤں تک اوڑھتی ہیں۔ جمع: بَراقِع۔ اُر جمع: بُرقعوں۔ بُرقعے۔

بُرقع اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بے پردہ کرنا۔ مُنہ سے نقاب ہٹانا (۲) راز فاش کرنا۔

بُرقع اوڑھنا (اُر۔ مص) بُرقع پہننا۔

بُرقع پوش (ع۔ ف۔ صف) بُرقع پہننے والی۔ پردہ دار (عورت)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بُرقع ڈالنا (اَر۔ محاورہ) بُرقع اوڑھنا۔
بُرقع میں چھچھوڑے کھانا (اَر۔ محاورہ) نیک چلنی کے پردے میں بد چلنی کرنا۔
برقنداز (بَر۔قَن۔داز) برق کے تحت دیکھیے۔
بَرقی (بَر۔قی)(ع۔صف) برق سے منسوب۔ بجلی کا۔
برقی اکائی (ع۔اَر۔ا۔مث) وہ مقررہ اکائی جس سے صَرف شدہ بجلی کی مقدار معلوم ہوتی ہے۔
برقی رَو (ع۔ف۔ا۔مث) بجلی کی لہر جو بٹن دبانے سے اجسام میں سے گزرتی ہے۔ کرنٹ۔ (Electric Current)۔
بُرقیہ (بَر۔قی۔یہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) تار۔ ٹیلی گرام (۲) الیکٹرون (Electron)۔
بَرَک (بَ۔رَک)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا اُونی کپڑا جو اُونٹ کے بالوں سے بنایا جاتا ہے۔
بَرَکات (بَ۔رَ۔کات)(ع۔ا۔مث) برکت کی جمع۔
بَرَکت (بَ۔رَ۔کت)(ع۔ا۔مث)(۱) زیادتی۔ بہتات۔ کثرت (۲) نعمت کی زیادتی۔ خوش قسمتی۔ رونق۔ عروج (۳) لوگ تولتے وقت پہلی تول پر ایک کی بجائے برکت کہتے ہیں۔ جمع: برکات۔ اُردو جمع: برکتوں۔ برکتیں۔ (اُردو میں بسکونِ دوم مستعمل ہے)۔
برکت اُٹھنا (اُٹھ جانا۔ جاتی رہنا۔ جانا)(اَر۔ محاورہ) نحوست آنا۔ نکبت آنا۔ رونق نہ رہنا۔
برکت دینا (اَر۔ محاورہ) ترقی دینا۔ کام میں زیادتی کرنا۔ بڑھانا۔
برکت کے دن (اَر۔ا۔مذ) وہ زمانہ جب چیزیں سستی ملتی ہیں۔
برکت ہونا (اَر۔ محاورہ) زیادتی ہونا۔ اضافہ ہونا (۲) تمام ہونا۔
برکت ہے (اَر۔ مقولہ) مقدور نہ ہونا۔ فقیروں کو کچھ نہ دینا ہو تو عورتیں کہتی ہیں۔
بُرکلا (بُر۔ک۔لا)(ہ۔ا۔مذ) گوبر کے چھوٹے اپلوں کا ہار جو ہولی ماتا پر چڑھایا جاتا ہے۔
بُرَکنا (بُ۔رَک۔نا)(ہ۔مص) چھڑکنا۔ بکھیرنا۔ چھینٹا لگانا۔
بَرکھا (بَر۔کھا)(ہ۔ا۔مث) بارش۔ مینہ۔ برسات۔ (س: وَرشا)۔
برکھا رُت (ہ۔ا۔مث) برسات کا موسم۔
بُرکی (بُر۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چٹکی بھر سفوف۔ اتنا سفوف جو انگوٹھے اور اُس کے پاس کی انگلی سے اُٹھایا جا سکے۔
بَرگ (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) پتا۔ وَرَق۔ پات (۲) سامان۔ توشہ۔
برگِ سبز (ف۔ا۔مذ) سبز پتا۔ پان کا پتا۔
برگِ تنبول۔ دیکھیے برگِ سبز۔
برگ ریز (ف۔صف) پتے گرانے والا۔ موسم خزاں۔ پت جھڑ۔
برگِ سبز اَست تحفۂ درویش (ف۔مثل) سبز پتا فقیر کا ہدیہ ہے۔ تحفہ یا پان پیش کرتے وقت انکسار سے کہا جاتا ہے۔
برگ و بار (ف۔ا۔مذ) پتے اور پھل۔
برگ و بار لانا (اَر۔ محاورہ) پروان چڑھنا۔ نتیجہ نکلنا۔
برگ و ساز (ف۔ا۔مذ) ساز و سامان۔ زندگی کا سامان۔
بَرگا (بَر۔گا)(ہ۔ا۔مذ) چھوٹا شہتیر۔ چھوٹی کڑی۔
بَرگد (بَر۔گد)(ہ۔ا۔مذ) ایک بہت گھنا، چوڑا چکلا اور اُونچا درخت جس کی شاخوں سے جڑیں پھوٹ کر زمین سے جا ملتی ہیں۔ اسے بڑ بھی کہتے ہیں۔ (پن) بوہڑ۔
برگد کی بٹا (ڈاڑھی)(ہ۔ا۔مث) برگد کے وہ ریشے جو شاخوں سے لٹک کر زمین تک پہنچتے ہیں۔
بَرلا (ہ۔صف)(۱) خال خال۔ کوئی کوئی (۲) جنوبی۔ ضدی۔
بَرما (بَر۔ما)(ہ۔ا۔مذ) لکڑی میں چھید کرنے کا اوزار۔ سُنبا۔
بَرمانا (بَر۔ما۔نا)(ہ۔مص) برمے سے سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔
بَرمانا (بَر۔ما۔نا)(ہ۔مص)(۱) تابع کرنا۔ مطیع کرنا (۲) دق کرنا۔ ستانا۔ کلپانا۔
بَرم راکِس (برہم راکشش) (بَ۔رَم۔را۔کِس)(برہَم۔راک۔شَش)(س۔ا۔مذ) خبیث رُوح۔ بد رُوح۔
بَرموہی (بَر۔مو۔ہی)(ہ۔صف)(۱) بد شکل۔ ہیبت ناک۔ بدنما (۲) بلی۔
بَرمی (اَر۔صف) ملک برما سے متعلق۔ برما کا باشندہ (۲)(مث) برما کی زبان۔
بَرَن (بَرن)(بَ۔رَن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) رنگ۔ روپ۔ نقشہ۔ حلیہ۔ جسم۔ بدن۔ ذات۔ قوم۔ جنس۔ فرقہ۔ نسل۔ نوع (۴) مذہب۔ پنتھ۔
برن شنکر (ہ۔صف) وہ شخص جس کی ماں اور قوم کی ہو اور باپ کسی اور قوم کا۔ دوغلا۔
برن مالا (ہ۔ا۔مث) حرفوں کا ہار۔ حروفِ تہجی۔ الف۔ ب۔ ت۔
بَرنا (بَر۔نا)(ف۔صف) جوان۔ نوعمر (۲)(ہ۔ا۔مذ) ایک درخت۔
بَرنائی (بَر۔نا۔ای)(ف۔ا۔مث) جوانی۔
بِرنج (بِ۔رِنج)(بِ۔رَنج)(نُونِ غُنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) چاول۔
برنجِ مُشک (ف۔ا۔مذ) ایک دوا کا نام (بالنگو)۔
بِرِنج (بِ۔رِنج)(بِ۔رَنج)(ع۔ا۔مذ) فارسی پرنگ کا معرب۔ پیتل۔ تانبا۔
بِرَنجن (بِ۔رَن۔جَن)(ف۔ا۔مث) سونے یا چاندی کی چوڑی۔
بِرنجی (بِ۔رِن۔جی)(بِ۔رَن۔جی)(ع۔صف)(۱) پیتل کا (۲)(ا۔مذ) چھوٹی کیل۔
بَرَنگا (بَ۔رَنگا)(ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا چھوٹا تختہ جو چھت پاٹنے کے کام آتا ہے۔ برگا۔
بَرَن (بَر۔ن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بیان۔ اظہار (۲) تحریر (۳) تعریف۔
بَرنی (بَر۔نی)(ہ۔ا۔مث) وہ جگہ جہاں پلکیں نکلتی ہیں۔ پپوٹوں کا کنارہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(صف) بَرَن (گنگا اور جمنا کے دو آبہ کا ایک قدیم شہر) سے منسوب۔ اب اس جگہ بلند شہر نام کا شہر آباد ہے۔

بَرْوا (بَر۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خراب قسم کی ریتلی زمین (۲) ایک راگنی کا نام جو سہ پہر کے وقت گائی جاتی ہے۔ کہتے ہیں اِسے سُن کر وحشی جانور رام ہو جاتے ہیں۔

بَرْوا (بَر۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پودا (۲) بچّہ۔ کم عمر کا۔

بُرُوت (بُ۔رُوت) (ف۔ا۔مث) مونچھ۔ مونچھیں۔

بَرُوٹ (بَر۔وٹ) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی گلٹی جو پیٹ میں ریاح جمع ہونے کے باعث نکل آتی ہے۔ پیٹ کا پھوڑا۔

بَرُوٹھا (بَ۔رو۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) ڈیوڑھی۔ اندرونی کوٹھڑی۔

بُرُوج (بُ۔رُوج) (ع۔ا۔مذ) بُرج کی جمع۔

بُرُودَت (بُ۔رُو۔دَت) (ع۔ا۔مث) سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈک۔

بروکر (Broker) (انگ۔ا۔مذ) دلال۔ ایجنٹ۔

بِروگ (بِ۔روگ) (ہ۔ا۔مذ) جدائی۔ فراق۔ ہجر۔

بِروگن (بِ۔رو۔گن) (ہ۔صف) فراق زدہ عورت۔ مہجور عورت۔

بِروگی (بِ۔رو۔گی) (ہ۔ا۔مذ) فراق زدہ مرد۔ مہجور مرد۔

برومند۔ بَر (ف) کے تحت دیکھیے۔

بِرُون (بِ۔رُون) (ف۔ تابع فعل) بیرون کا مخفف۔

بَرّہ (بَر۔رہ) (ف۔ا۔مذ) بھیڑ یا بکری کا چھوٹا بچہ۔ بُزغالہ۔ حلوان۔

بَرّۂ فلک (ف۔ع۔ا۔مذ) بُرج حمل۔ آسمان کا پہلا بُرج۔

بِرَہ (بِ۔رَہ) (ہ۔ا۔مذ) ہجر۔ جدائی۔ فراق۔

بَرْہا (بَر۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) رسّی۔ دھاگا۔ تسمہ (۲) پانی کی نالی (۳) گاؤں کی زمین جو دُور ہو۔ چوپایوں کے چرنے کی زمین۔

بَرْہا (بَر۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے بِرَہ۔

بُرْہان (بُر۔ہان) (ع۔ا۔مث) دلیل جس میں شک و شبہ نہ ہو۔ حُجت۔ جمع: بَراہین۔

بُرہانِ اِنّی (ع۔ا۔مث) دلیل کی ایک قسم جس میں معلول سے عِلّت کی طرف اِستدلال کرتے ہیں۔

بُرہانِ لِمّی (ع۔ا۔مث) دلیل کی ایک قسم جس میں عِلّت سے معلول کی طرف اِستدلال کرتے ہیں۔

بَرِہَسپَت (بَر۔ہَس۔پَت) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک ستارے کا نام۔ مشتری۔ برجیس (۲) جمعرات۔ پنجشنبہ۔

بَرْہَم (بَرْہما) (بَ۔رَہم) (بَ۔رَہ۔ما) (س۔ا۔مذ) (۱) ہندوؤں کے تین بڑے دیوتاؤں میں سے ایک دیوتا۔ خالقِ کائنات۔ مبدءِ عالم۔ تخلیقِ کائنات کے بعد اس کا کام ختم ہو گیا۔ ہندو اُس کی پُوجا نہیں کرتے۔

بَرْہَمچاری (چاریَہ) (بَ۔رَہم۔چا۔ری) (چا۔ریَہ) (س۔ا۔مذ) ویدوں کا عالم۔ پرہیزگار۔ متقی (۲) ویدانتی۔ ایشور کا متلاشی (مجازاً) تارکُ الدُّنیا۔ مُجرّد۔ کنوارا۔

بَرہم چرج (س۔ا۔مذ) عفت۔ پاک دامنی۔

بَرْہَم (بَر۔ہَم) (ف۔صف) رنجیدہ۔ خفا۔ ناراض۔

بَرہم وَرہم (ف۔صف) پریشان۔ تتر بتر۔ اُلٹ پلٹ۔

بَرَہمَن (بَ۔رَہ۔مَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پنڈت۔ عالم (۲) ہندوؤں کی سب سے اُونچی ذات۔

بَرَہمَنی (بَ۔رَہ۔مَ۔نی) (ہ۔ا۔مث) برہمن کی عورت۔ برہمن ذات کی عورت۔

بَرَہمو سَماج (بَ۔رَہ۔مُو۔سَ۔ماج) (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کا ایک روشن خیال فرقہ جس کی بنیاد ۱۸۳۰ء میں راجا رام موہن رائے نے بنگال میں رکھی۔

بَرْہَمی (بَر۔ہَ۔می) (ف۔ا۔مث) (۱) ابتری۔ گڑبڑ۔ خرابی (۲) ناراضی۔ خفگی۔

بِرْہَن (بِر۔ہَن) (ہ۔ا۔مث) مہجور عورت۔ بروگن۔ فرقت زدہ عورت۔

بَرَہنگی (بَ۔رَہ۔نَ۔گی) (ف۔ا۔مث) عریانی۔ ننگا پن۔

بَرَہنَہ (بَ۔رَہ۔نَہ) (ف۔صف) ننگا۔ عریاں۔ کھلا ہوا۔

بِرْہی (بِر۔ہی) (ہ۔ا۔مث) (۱) روٹی جس کے اندر دال، قیمہ یا ساگ وغیرہ بھر کر پکاتے ہیں (۲) ایک قسم کی گھاس جس میں سے لیموں کی خوشبو آتی ہے۔

بَرہیلا (بڑھیلا) (بَر۔ہے۔لا) (بَڑ۔ہے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) جنگلی سُؤر۔

بَرئی (بَ۔رَئی) (ہ۔ا۔مذ) پان بونے اور بیچنے والا۔

بَری (بَ۔ری) (ہ۔ا۔مث) ساچق کا سامان۔ میوہ، پارچہ جات وغیرہ جو دُولھا کی جانب سے دُلہن کے ہاں بھیجے جاتے ہیں۔

بَری (بَ۔ری) (ع۔صف) (۱) آزاد۔ چھوٹا ہوا (۲) بے گناہ۔ بے قصور۔

بَریُّ الذِّمّہ (بَ۔ری۔اُذ۔ذِم۔مَہ) (ع۔صف) ذمّے داری سے محفوظ۔ جواب دہی سے مستثنیٰ۔

بَرّی (بَر۔ری) (ع۔صف) خشکی کا۔ زمین سے متعلق۔ زمینی۔

بِری (بِ۔ری) (ہ۔ا۔مث) ہاتھی کو ہانکنے کا حکم۔ فیلبان بولتے ہیں۔

بُری (بُ۔ری) (ہ۔صف) بُرا کی تانیث۔

بُری آنکھ ڈالنا (اُر۔محاورہ) بُری نظر سے دیکھنا۔ خراب نیت سے دیکھنا۔

بُری بات (اُر۔ا۔مث) نازیبا بات۔ بُرا فعل۔

بُری بھلی جاننا (اُر۔محاورہ) نیک و بد کی تمیز ہونا۔

بُری بھلی کہنا (اُر۔محاورہ) اچھی بُری حالت بیان کرنا۔ ہر قسم کی باتوں کا ذکر کرنا۔

بُری بننا (اُر۔محاورہ) (۱) صدمہ ہونا (۲) ملزم ٹھہرنا۔ قصوروار ٹھہرنا (عورت کا کسی کی نظروں میں)۔

بُری خبر (اُر۔ا۔مث) کسی کی مصیبت یا موت کی خبر۔

بُری زبان (اُر۔ا۔مث) بدزبانی۔ بیہودہ گوئی۔

بُری ساعت (اُر۔ا۔مث) منحوس گھڑی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بُری سُنائی (ار۔ محاورہ) ناگوار بات کی۔ بُری خبر سُنائی (مرضی کے خلاف کسی بات کے سُننے پر بولتے ہیں)۔

بُری صُحبت (ار۔ امث) خراب اور آوارہ لوگوں کی مجلس۔

بُری طرح پیش آنا (ار۔ محاورہ) سختی اور بدتہذیبی کا برتاؤ کرنا۔

بُری گت (ار۔ امث) بُری حالت۔

بُری گھڑی (ار۔ امث) بُری ساعت۔ منحوس گھڑی۔ بُرا وقت۔

بُری لت (ار۔ امث) خراب عادت۔

بُری لگنا (ار۔ محاورہ) ناگوار لگنا۔

بُری مَت (ار۔ امث) بُری عقل۔ ضِدّی طبیعت۔

بُری نظروں سے تکنا (دیکھنا) (ار۔ محاورہ) غُصّے کی نظر سے دیکھنا (۲) بدنیتی سے تکنا۔

بُرے (ب۔ رے) (ہ۔ صف) بُرا کی جمع (۲) بُرا کی مُغیرّہ شکل۔

بُرے حالوں جینا (ار۔ محاورہ) غریبی اور مُصیبت میں دن گزارنا۔

بُرے دل سے (ار۔ تابع فعل) بے پروائی سے۔ ناگواری سے۔ بدنیتی سے۔

بُرے کا انجام بُرا (ا۔ مقولہ) بُرے کام کی سزا ضرور ملتی ہے۔

بُرے کا سر (ار۔ روزمرّہ) غُصّے اور بیزاری کے عالم میں کہتے ہیں فضول بکواس۔

بُرے کی بُرائی میں نہ بھلے کی بھلائی میں (ار۔ مثل) سب سے الگ۔ کسی سے واسطہ نہیں۔

بُرے کی جان کو رونا (ار۔ محاورہ) ظلم وستم پر صبر کرنا (۲) ظالم کی شکایت کرنا۔

بُرے لچھن (ار۔ امذ) بُری عادات۔ بُرے کام۔

بُرے وقت آڑے آنا (ار۔ محاورہ) مُصیبت کے وقت مدد کرنا۔

بُرے وقت سب آنکھ چُراتے ہیں (ار۔ مثل) مُصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا۔

بُرے وقت کا اللہ بیلی (ار۔ مثل) مُصیبت میں اللہ کے سوا کوئی مدد نہیں کرتا۔

بَریار (بَریارا) (بر۔ یار) (بر۔ یا۔ را) (ہ۔ صف) طاقتور (۲) زرخیز (زمین)۔

بِریاں (بر۔ یاں) (ف۔ صف) بھُنا ہوا۔

بِریانی (بر۔ یا۔ نی) (ف۔ امث) ایک قسم کا پُلاؤ جس میں گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے۔

بَرِیت (ب۔ ریت) (ہ۔ امث) چرس کھینچنے کی موٹی رسّی۔

بَرِیّت (ب۔ ری۔ یَت) (ع۔ امث) رہائی۔ نجات۔ آزادی۔ سبک دوشی (۲) بے جُرم ہونا۔ بے قصور ہونا۔

بَریٹھا (ب۔ رے۔ ٹھا) (ہ۔ امذ) دھوبی۔ جمع: بریٹھوں۔ بریٹھے۔

بَریٹھن (ب۔ رے۔ ٹھن) (ہ۔ امث) دھوبن۔

بُرید (بُ۔ رید) (ف۔ امث) فارسی مصدر بُریدن کا اسمِ کیفیت۔ کاٹ۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے مثلاً قطع و بُرید۔

بَرِید (ب۔ رید) (ع۔ امذ) قاصد۔ پیغام بر۔ ایلچی (۲) ہرکارہ (۳) ڈاک۔

بریدِ فلک (ع۔ امذ) دو سیارے قمر و زُحل۔

بَریشم (ب۔ رے۔ شم) (ف۔ امذ) ابریشم۔ ریشم۔

بریک (Brake) (انگ۔ امذ) (۱) گاڑی روکنے کا آلہ۔ ٹرین میں بریک کا ڈبّا۔ گارڈ کا ڈبّا۔

بریکٹ (Bracket) (انگ۔ امذ) (۱) قوسین ( ) ' [ ] ' { } جن میں جملہ معترضہ یا مشکوک عبارت بند کی جاتی ہے۔ خطوطِ وحدانی (۲) دیوارگیری۔ دیوار میں لگانے کی چھوٹی الماری۔ دیوار کھنی یا کُھپڑ دیوار (جو مورتیں وغیرہ رکھنے کے لئے دیوار میں بنا دیتے ہیں)۔

بریگیڈ (Brigade) (انگ۔ امذ) (۱) پیدل فوج کا ایک حصّہ۔ سب ڈویژن (۲) کوئی منظّم جماعت۔

بریگیڈئیر (Brigadier) (انگ۔ امذ) بریگیڈ کا سالارِ اعلیٰ۔

بریل (Braille) (انگ۔ امذ) اندھوں کے لئے اُبھرے ہوئے حروف کا نظامِ طباعت۔ اندھے حروف کو ہاتھ سے چھو کر عبارت پڑھتے ہیں۔

بَرِیں (ب۔ ریں) (ف۔ صف) (۱) اعلیٰ۔ بلند۔ برتر (۲) (ف۔ تابع فعل) بر ایں۔ اِس پر۔

بَریں عقل و دانش بباید گریست (ف۔ مثل) ایسی عقل اور سمجھ پر رونا چاہئے۔

بَریں مُژدہ گر جاں فشانم رواست (ف۔ مثل) اِس خوشخبری پر اگر میں جان بھی قربان کر دوں تو جائز ہے۔

بَریں ہم (ف۔ تابع فعل) اِس کے باوجود۔ اِس پر بھی۔

بَرِیَن (بر۔ ین) (ہ۔ امذ) کُسم کا بیج۔

بَرِیّہ (ب۔ ری۔ یہ) (ع۔ امث) مخلوق۔ خلقِ خُدا۔ جمع: بَرایا۔

ب - ڑ

بَڑ (فتح اوّل) (ہ۔ امذ) ایک درخت برگد۔ (پن) بوہڑ (۲) (ہ۔ امث) بکواس مجنونانہ باتیں (۳) (ہ۔ صف) بڑا کا مخفف۔ مرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے۔

بڑ باگڑ (ہ۔ امذ) ایک قسم کی بڑی چمگادڑ۔

بڑ بولا (ہ۔ صف) بڑا بول بولنے والا۔ شیخی مارنے والا (۲) یاوہ گو۔ زیادہ بولنے والا۔

بڑ بھاگی (ہ۔ صف) بڑے بھاگ والا۔ بڑے نصیبے والا۔ اقبال مند۔

بڑ بھکوا (ہ۔ صف) اَحمق۔ بے وقوف۔

بڑ پن (بڑپنا) (ہ۔ امذ) بُزرگی۔ بڑائی۔ عزّت۔ شان و شوکت۔

بڑ (پیٹا) پیٹو (ہ۔ صف) (۱) بڑے پیٹ والا (۲) بہت کھانے والا (۳) حریص۔ لالچی۔

بڑ تلے کا بھوت (ہ۔ امذ) برگد کے نیچے رہنے والا بھوت۔ ایسا شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے۔

بڑ دَنتا (ہ۔ صف) بڑے دانتوں والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَڑکنا (کَن۔نا)(ہ۔صف) بڑے کان والا۔ (مث کے لئے) بڑکنی۔
بَڑگرُو (ہ۔ا۔مذ) بڑا گرو۔ بڑا اُستاد۔ گرو گھنٹال۔
بَڑ لگانا (ہانکنا۔مارنا)(ار۔محاورہ) مجذوبانہ باتیں کرنا۔
بَڑما (ہ۔ا۔مث) بڑی ماں۔ معزز عورت (۲)(تحقیراً) بوڑھی عورت۔
بَڑ (مُہی) مُونہی (مُوں۔ہی)(ہ۔صف) بڑے منہ والی (۲) سُورنی۔
بَڑ میں آنا (ار۔محاورہ) جوش میں آنا۔ شیخی یا بڑائی جتانا۔
بَڑنکّا (بڑ۔نک۔کا)(ہ۔صف) بڑی ناک والا۔
بَڑا (بَ۔ڑا)(ہ۔صف)(۱) بُزرگ۔ کلاں۔ اعلیٰ۔ برتر (۲) لمبا۔ دراز (۳) بلند۔ اُونچا (۴) معزز۔ امیر۔ دولت مند (۵) زیادہ۔ بہت۔ بیش (۶) بھاری۔ ضخیم (۷) فیاض۔ بلند حوصلہ (۸) عمر میں زیادہ (۹) مرتبے میں زیادہ (۱۰) (ا۔مذ) مونگ اُڑد وغیرہ کی تلی ہوئی ٹکیا جسے دہی میں ڈال کر کھاتے ہیں۔ بھلا۔
جمع: بڑوں۔ بڑے۔
بڑا آدمی (ار۔ا۔مذ) دولت مند۔ امیر۔ ذی عزت آدمی۔
بڑا آزار (ار۔ا۔مذ) تپ دق۔ سِل (۲) بڑی مُصیبت۔ بھاری دُکھ۔ لاعلاج مرض۔
بڑا آیا (ار۔طنزیہ فقرہ) اِس کی حیثیت کیا ہے؟ اِس کا کوئی حق نہیں ہے۔
بڑا اُستاد (ار۔ا۔مذ) بہت چالاک۔ ہوشیار۔ گرو۔
بڑا اندھیر ہے (ار۔محاورہ) بہت ظلم ہے۔ کوئی انصاف نہیں۔
بڑا انچارا (ار۔محاورہ) حقارت سے کہتے ہیں۔
بڑا بوڑھا (ہ۔صف) سرپرست۔ بُزرگ (۲) معمّر۔ بہت زیادہ عُمر کا۔
بڑا بول (ار۔ا۔مذ) شیخی۔ غرور۔ تکبّر۔ ڈینگ۔
بڑا بول آگے (پیش) آنا (ار۔محاورہ) غرور کی سزا ملنا۔ مغرور کا ذلیل ہونا۔
بڑا بول بولنا (ار۔محاورہ) غرور کا کلمہ مُنہ سے نکالنا۔ غرور کرنا۔
بڑا بول، قاضی کا پیادہ۔ ایک نہ ایک دن آئے گا (ار۔مثل) مغرور بہت جلد ذلیل ہوتا ہے۔
بڑا بے پیر ہے (ار۔فقرہ) بہت بے رحم ہے۔ بڑا بے مُروّت ہے۔
بڑا تیر مارا (ار۔محاورہ)(طنزاً) بہت بڑا کام کیا۔ بہت ہمت کی (۲) کوئی اہم کام نہیں کیا۔
بڑا جگر (جگرا)(ار۔ا۔مذ) بڑا حوصلہ۔ بڑی ہمت۔
بڑا چلّا (چلّہ)(ار۔ف۔ا۔مذ) زچّہ کے چالیسویں دن کا غسل۔
بڑا حضرت ہے (ار۔محاورہ) بہت چالاک ہے۔ بہت شریر ہے۔
بڑا داتا (ار۔ا۔مذ) بڑا سخی۔ بہت دینے والا (۲) اللہ میاں۔
بڑا دل (ار۔ا۔مذ) بڑا حوصلہ۔
بڑا دن (ار۔ا۔مذ) دسمبر کی ۲۵ر تاریخ جو حضرت مسیحؑ کی پیدائش کا دن ہے۔ کرسمس۔ عیسائیوں کا تہوار۔
بڑا دیدہ ہے (ار۔محاورہ)(۱) بہت شوخ چشم اور نڈر ہے۔ بے باک اور بے خوف ہے۔
بڑا راستہ پکڑنا (ار۔محاورہ) دُور کا سفر اختیار کرنا (۲) اِنتقال کرنا (۳) سب سے بہتر اور عُمدہ طریق اِختیار کرنا۔
بڑا روگ (ار۔ا۔مذ) دیکھئے بڑا آزار۔

بڑا سُوَر ہے (ار۔محاورہ) بہت بد ذات ہے۔ بہت مُوذی ہے۔
بڑا شُہدا ہے (ار۔محاورہ) بڑا شریر ہے۔ بہت کمینہ اور ذلیل ہے۔
بڑا صاحِب (ار۔ا۔مذ) حاکم اعلیٰ۔ بڑا افسر۔
بڑا کام کرنا (ار۔محاورہ) قابلِ تحسین کام کرنا (۲) اہم کام کرنا۔
بڑا کرنا (ار۔محاورہ)(۱) بڑھانا۔ بلند کرنا۔ کھینچنا۔ تاننا (۲) جوان کرنا۔ پرورش کرنا۔ عزت دینا (۳) تائید کرنا (۵) بُجھانا۔ گُل کرنا (چراغ)۔
بڑا گڑھ توڑا (ار۔محاورہ) بڑے ضِدّی کو قابو میں لائے۔ بڑا کام کیا۔
بڑا کوئی ہے (ار۔محاورہ) چالاک ہے۔ ہوشیار ہے۔ گرو ہے۔ مَنحنی ہے۔ بے ڈھب ہے۔
بڑا گھان مارنا (ار۔محاورہ) بہت بڑی کامیابی حاصل کرنا۔
بڑا گھر (ار۔ا۔مذ) امیر گھرانا (۲) قید خانہ۔
بڑا گھرانا (ار۔ا۔مذ) اعلیٰ خاندان۔ امیر گھرانا۔ معزز گھرانا۔
بڑا نام کرنا (ار۔محاورہ) عزت و شُہرت حاصل کرنا۔
بڑا نکیلا (نَ۔کے۔لا)(ار۔صف) بڑی ناک والا۔ بڑا وضع دار۔
بڑا نوالہ حلق کا دربان (ار۔مثل) مغرور بہت جلد ذلیل ہو گا۔ ایک دن اُس کا کیا اُس کے آگے آئے گا۔
بڑا نوالہ کھائے۔ بڑا بول نہ بولے (ار۔مثل) غذا عُمدہ کھائے مگر شیخی نہ بگھارے۔
بڑا نہان (ار۔ا۔مذ) زچّہ کا غُسل (چالیس دن بعد)۔ بڑا چلّہ۔
بڑا ہی سخت ہے (ار۔محاورہ) بہت بد مزاج ہے (۲) بہت بے رحم ہے (۳) مُوذی ہے (۴) بہت مختی ہے۔
بَڑاپا (بڑاپن)(ہ۔ا۔مذ) بُزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔
بَڑّا جانا (بڑ۔را۔جا۔نا)(ہ۔مص) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ کسی مُصیبت کے سبب چلّا اُٹھنا۔
بَڑانا (بَ۔ڑا۔نا)(ہ۔مص)(۱) داخل کرنا۔ گھسانا (۲) دھکیلنا۔
بَڑّانا (بڑ۔ڑا۔نا)(ہ۔مص)(۱) برّانا۔ سوتے میں بڑبڑ کرنا۔ ہذیان بکنا (۲) بڑ مارنا (۳) غُل مچانا۔
بَڑائی (بَ۔ڑا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) عظمت۔ بُزرگی (۲) عُمر میں بڑا ہونا (۳) وُسعت۔ کشادگی (۴) موٹائی۔ حجم (۵) تعریف۔ مدح (۶) درازی۔ لمبائی (۷) فضیلت۔ برتری (۸) غرور۔ شیخی لاف زنی۔
بڑائی چُھٹائی ہونا (ار۔ا۔مث) فرق ہونا۔ عُمر یا قد میں اِختلاف ہونا۔
بڑائی کرنا (ار۔محاورہ)(۱) تعریف کرنا (۲) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ خودستائی کرنا۔
بَڑبَڑ (ہ۔ا۔مث) جھک جھک۔ بکواس۔ بک بک۔
بَڑبُڑانا (بڑ۔ب۔ڑا۔نا)(بڑ۔ب۔ڑا۔نا)(ہ۔مص) چپکے چپکے بکنا۔ زیرِ لب کچھ کہنا۔ چپکے چپکے پڑھنا۔
بَڑبَڑیا (بڑ۔بڑ۔یا)(ہ۔صف) بڑ ہانکنے والا۔ بکّی۔ جھکّی۔ بیہودہ گو۔
بَڑبَڑیڑی (بڑ۔ب۔ڑے۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) مرے ہوئے بُزرگوں کی فاتحہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جو عورتیں شادی کی تقریب میں کرتی ہیں۔

بُڑ ہَس (بُڑ۔ ہَس) (مـ۔ لـ۔ مث) بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا۔ بوالہوسی (۲) بڑھاپے کی وجہ سے مت ماری جانا (۳) بوڑھے کی بدمزاجی۔

بَڑرا (بَڑ۔ را) (مـ۔ لـ۔ مذ) گیہوں اور چنے کا ملا ہوا اناج۔

بُڑک (بُ۔ ڑک) (مـ۔ لـ۔ مث) ڈبکی۔ غوطہ (۲) جانور کا دانتوں سے کاٹنا۔

بَڑنا (بَڑ۔ نا) (مـ۔ مص) داخل ہونا۔ گھسنا۔ اندر پہنچنا۔ (پن) وَڑنا۔

بَڑولی (بَ۔ ڑو۔ لی) (مـ۔ لـ۔ مث) بڑ کے درخت کا پھل۔

بَڑوں (بَ۔ ڑوں) (مـ۔ لـ۔ مذ) بڑا کی جمع۔

بڑوں کا بڑا ہی بھاگ (ار۔ مثل) بڑوں کی قسمت بھی بڑی ہوتی ہے۔ دولت مندوں ہی کو دولت ملتی ہے۔

بڑوں کی بڑی بات (ار۔ مثل) بڑے مرتبے والوں کی بات بھی بڑی ہوتی ہے (۲) بزرگوں کی بات تجربے کی وجہ سے صحیح ہوتی ہے۔

بَڑونکھا (بَ۔ ڑوں۔ کھا) (مـ۔ لـ۔ مذ) ایک قسم کا بڑا گنا۔

بَڑھ (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم) (مـ۔ فعل) بڑھنا مصدر کا صیغہ امر۔

بڑھ بڑھ کے باتیں بنانا (ار۔ محاورہ) چرب زبانی کرنا۔ بہت باتیں کرنا۔

بڑھ بڑھ کے بولنا (ار۔ محاورہ) فخر کرنا۔ بساط سے بڑھ کر باتیں کرنا۔ لاف گزاف کرنا۔

بڑھ جانا (ار۔ محاورہ) آگے نکل جانا (۲) آگے چلے جانا (۳) عزت، مرتبہ اور دولت میں ترقی ہو جانا (۴) طویل ہو جانا (۵) چراغ یا شمع کا گل ہو جانا (۶) ایک چیز کا دوسری چیز سے زیادہ ہو جانا (۷) اُٹھ جانا۔

بڑھ چڑھ کے (ار۔ صف) بہتر۔ برتر۔ بالا۔ فائق۔ زیادہ۔

بڑھ کے لینا (ار۔ محاورہ) پیشوائی کرنا۔ اِستقبال کرنا۔

بَڑھا (مـ۔ صف) بڑھا ہوا۔ آگے نکلا ہوا۔ (مرکبات میں مستعمل ہے)۔

بڑھا چڑھا (مـ۔ صف) نامی گرامی۔ زیادہ اچھا۔ بالاتر۔

بڑھا چڑھا کر (ار۔ تابع فعل) مبالغے کے ساتھ۔

بڑھا دینا (مـ۔ مص) (۱) آگے کھسکانا (۲) بجھا دینا۔

بُڑھاپا (بُ۔ ڑھا۔ پا) (مـ۔ لـ۔ مذ) پیری۔ کہن سالی۔ پیرانہ سالی۔

بَڑھار (بَ۔ ڑھار) (مـ۔ لـ۔ مث) دُلہن والوں کی طرف سے رُخصتی کی دعوت۔

بَڑھانا (بَ۔ ڑھا۔ نا) (مـ۔ مص) (۱) زیادہ کرنا۔ بڑا کرنا (۲) لمبا کرنا (۳) پھیلانا (۴) کھینچنا (۵) بلند کرنا۔ اونچا کرنا (۶) ترقی دینا (۷) آگے لانا۔ نزدیک کرنا (۸) تعریف میں مبالغہ کرنا (۹) امیر کرنا۔ دولت مند کرنا (۱۰) اُٹھانا۔ اُتارنا (۱۱) چراغ بجھانا (۱۲) کنکوے یا پتنگ کو اونچا کرنا (۱۳) دسترخوان سامنے سے اُٹھانا۔

بَڑھاوا (بَ۔ ڑھا۔ وا) (مـ۔ لـ۔ مذ) (۱) زیادتی۔ حوصلہ۔ ترغیب (۲) جھوٹی تعریف (۳) لوبھ۔ لالچ (۴) خوشامد (۵) دام۔ فریب۔

بڑھاوا دینا (ار۔ محاورہ) جھوٹی ہمت بندھانا۔ لالچ دینا۔ جھوٹی تعریف کر کے کسی کام پر آمادہ کرنا۔

بَڑھاوے (مـ۔ لـ۔ مذ) (۱) بڑھاوا کی جمع (۲) بڑھاوا کی مُغیرہ صورت۔

بڑھاوے میں آنا (ار۔ محاورہ) خوشامد میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔ تعریف پر پھولنا۔

بَڑھاؤ (بَ۔ ڑھا۔ او) (واو مجہول) (مـ۔ لـ۔ مذ) زیادتی۔ ترقی۔

بَڑھتی (بڑھ۔ تی) (مـ۔ صف) (۱) معمول سے زیادہ۔ فاضل۔ فالتو (۲) (مـ۔ لـ۔ مث) زیادتی۔ برکت۔ بچات۔ کثرت۔

بڑھتی کا پہرا (ار۔ لـ۔ مذ) ترقی کے دن۔ بہتری کا زمانہ۔

بَڑھل (مـ۔ لـ۔ مذ) ایک درخت جس کا پھل گول اور زرد ہوتا ہے۔

بَڑھنا (بڑھ۔ نا) (مـ۔ مص) (۱) بلند ہونا۔ اونچا ہونا (۲) حجم اور ضخامت میں زیادہ ہونا (۳) لمبا ہونا۔ دراز ہونا (۴) حد سے گزرنا (۵) زیادہ ہونا۔ بچنا۔ فالتو ہونا (۷) ترقی کرنا (۸) امیر ہونا (۹) آگے بڑھنا (۱۰) نفع ہونا (۱۱) چراغ گل ہونا (۱۲) دکان بند ہونا۔

بَڑھت (بَ۔ ڑھت) (مـ۔ لـ۔ مث) زیادتی۔ اِضافہ۔ افزونی۔

بُڑھوا (بڑھ۔ وا) (مـ۔ صف) بوڑھا۔

بُڑھوا منگل (مـ۔ لـ۔ مذ) بنارس کا ایک میلا جو منگل کو لگتا ہے۔

بَڑھوتری (بَ۔ ڑھوت۔ ری) (مـ۔ لـ۔ مث) (۱) زیادتی۔ بیشی (۲) منافع (۳) ترقی۔ افزونی۔

بَڑھوتی (بَ۔ ڑھو۔ تی) (مـ۔ لـ۔ مث) بڑھاپا۔

بَڑھئی (بَ۔ ڑھئی) (مـ۔ لـ۔ مذ) نجار۔ ترکھان۔ جمع: بڑھئی۔ بڑھیئوں۔

بَڑھیا (بڑھ۔ یا) (مـ۔ صف) اعلیٰ درجے کا۔ اعلیٰ قسم کا۔ بہت عمدہ۔ بیش قیمت۔

بُڑھیا (بڑھ۔ یا) (مـ۔ صف۔ و ا۔ مث) بوڑھی عورت (۲) آک کے ڈوڈے کی رُوئی۔ جمع: بڑھیاں۔ بڑھیوں۔

بڑھیا آفت کی پڑیا (ار۔ لـ۔ مث) فتنہ انگیز بوڑھی عورت۔ کٹنی۔

بڑھیا دیوانی ہوئی پرائے برتن اُٹھانے لگی (ار۔ مثل) بڑھیا کو دیوانگی میں بھی اپنا فائدہ سوجھتا ہے۔ مطلب کی دیوانی ہے۔

بڑھیا کا کاتا (ار۔ لـ۔ مذ) ایک قسم کی لچھے دار مٹھائی۔ کھانڈ کا لچھا۔

بڑھیا مری تو مری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا (ار۔ مثل) ایک بار کا نقصان آیندہ کے خطروں کی تمہید ہے۔ ایک نقصان کے بعد دوسرے نقصان کا خطرہ۔

بُڑھیل (بُ۔ ڑھیل) (مـ۔ صف) بہت بوڑھی عورت۔

بَڑی (بَ۔ ڑی) (مـ۔ صف) بڑا کی تانیث۔ بزرگ (۲) (ار۔ لـ۔ مث) مونگ یا اُڑد کی دال کی ٹکیا جس کا سالن پکاتے ہیں۔ جمع: بڑیاں۔ بڑیوں۔

بڑی آنت (ار۔ لـ۔ مث) وہ آنت جس سے فضلہ خارج ہوتا ہے۔

بڑی اسامی (ار۔ لـ۔ مث) مالدار شخصیت۔ امیر ہستی۔

بڑی اِلائچی (ار۔ لـ۔ مث) سیاہی مائل سُرخ الائچی جو گرم مسالے میں استعمال ہوتی ہے۔

بڑی بات (ار۔ لـ۔ مث) امر محال۔ مشکل بات (۲) عمدہ اور اچھی بات۔

بڑی بڑی باتیں کرنا (ار۔ محاورہ) ڈینگیں مارنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔

بڑی بڑائی ہوئی (ار۔ محاورہ) بہت ہوا تو۔ بہت کوشش ہوئی تو۔ زیادہ سے زیادہ ہوا تو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بڑی بوڑھی (اَ ـ اِ ـ مث) زیادہ عمر کی۔ تجربہ کار عورت۔
بڑی بہو (ہ ـ اِ ـ مث) بڑے بیٹے کی بیوی۔ بڑی دُلہن۔
بڑی بہو کو بلاؤ جو کھیر میں (لون) نمک ڈالے (اَ ـ مثل) باوجود بڑی عمر ہونے کے ناتجربہ کاری پر بولتے ہیں۔
بڑی بی (اَ ـ اِ ـ مث) بوڑھی عورت۔
بڑی بُوجھ کا آدمی (اَ ـ اِ ـ مذ) (طنزاً) مغرور شخص۔
بڑی ٹیڑھی کھیر ہے (اَ ـ محاورہ) بڑا مشکل کام ہے۔
بڑی چیز (اَ ـ صف) قرآن شریف (۲) غیر معمولی (۳) قیمتی (۴) طویل۔ جسیم۔ عریض۔ بھاری۔ لمبی چوڑی (۵) نایاب۔ قابلِ تعریف۔
بڑی چیز اُٹھانا (بڑی چیز پر ہاتھ رکھنا) (اَ ـ محاورہ) (۱) قرآن شریف کی قسم کھانا۔ حلف اُٹھانا (۲) قیمتی چیز لینا یا پسند کرنا (۳) وزنی چیز یا لمبی چوڑی چیز کو پکڑنا (۴) نایاب اور قابلِ تعریف چیز ہاتھ میں لینا (۵) مشکل کام کی ذمے داری لینا (۶) دولت مند اسامی کو قابو میں کرنا۔
بڑی خیر گوری (ہوئی) (اَ ـ فقرہ) اچھا ہوا۔ بہتر ہوا۔ کسی ناگہانی مصیبت سے بچ جانے پر کہا جاتا ہے۔
بڑی دُور کی سُوجھنا (اَ ـ محاورہ) نہایت اچھا خیال آنا۔
بڑی دُون کی لینا (اَ ـ محاورہ) بہت اِترانا۔ شیخی مارنا۔
بڑی دھاک ہے (اَ ـ محاورہ) بڑا رعب ہے۔ بڑی ہیبت ہے۔ بڑی عزت ہے۔
بڑی دیر کے بعد اُونٹ پہاڑ تلے آیا (اَ ـ مثل) بڑی دیر کے بعد سرکش قابو میں آیا۔
بڑی ڈیوڑھی (سرکار) (اَ ـ اِ ـ مث) مال دار آدمی۔ بلند مرتبہ شخص۔ مخیر آدمی۔
بڑی رات آنا (اَ ـ محاورہ) رات کا بہت سا حصہ گزر جانا۔
بڑی فجر (اَ ـ اِ ـ مث) صبح تڑکے۔ صبح سویرے۔
بڑی فجر چولھے (چوکے) پر نظر (اَ ـ محاورہ) صبح سویرے ہی کھانے کا دھیان۔ اس آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے جسے ہر وقت کھانے کی فکر رہتی ہے۔
بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو کھاتی ہے (اَ ـ مقولہ) زبردست زیردست کو تنگ کرتا ہے۔
بڑی ناک والا (اَ ـ صف) عزت والا۔ غیرت والا۔
بڑی نند شیطان کی چھڑی، جب دیکھو تیری کھڑی (اَ ـ مقولہ) دُلہنوں کی اکثر نندوں سے نہیں بنتی۔
بَڑیاں (ہ ـ اِ ـ مث) بڑی (نمبر۲) کی جمع۔
بڑیاں توڑنا (اَ ـ محاورہ) چھاج یا بوری وغیرہ پر بڑیاں بنانا۔ پکوڑیاں بنانا۔
بَڑے (ہ ـ صف) (۱) بڑا کی جمع (۲) بڑا کی مغیرہ صورت (۳) وہی بڑے۔
بڑے آدمی (لوگ) (اَ ـ اِ ـ مذ) عالی خاندان اور ذی حیثیت لوگ۔
بڑے اَبّا (اَ ـ اِ ـ مذ) تایا۔ سسر۔
بڑے باپ کا بیٹا (اَ ـ اِ ـ مذ) عالی خاندان۔ صاحبِ عزت۔ ذی حیثیت۔
بڑے برتن کی کھرچن بھی بہت ہے (اَ ـ مثل) بڑے گھرانے کی معمولی بات بھی بڑی ہوتی ہے۔

بڑے بڑے (اَ ـ صف) معززین۔ نامی گرامی لوگ۔
بڑے بول کا سر نیچا (اَ ـ مثل) غرور کرنے والا ذلیل ہوتا ہے۔ شیخی باز بے عزت ہوتا ہے۔
بڑے دل کا (اَ ـ صف) ہمت والا۔ عالی حوصلہ۔ اُولوالعزم۔
بڑے بے تکے ہو (اَ ـ محاورہ) واہیات بکتے ہو۔
بڑے بے ڈھب ہو (اَ ـ محاورہ) بڑے چالاک اور شرارتی ہو۔
بڑے پاپڑ بیلے ہیں (اَ ـ محاورہ) بڑی تکلیف اُٹھائی ہے (۲) کئی قسم کے کام کئے ہیں۔
بڑے پاک ہو (اَ ـ محاورہ) (طنزاً) بڑے بے شرم ہو۔
بڑے پاؤں پھیلائے (اَ ـ محاورہ) بہت جھگڑا کیا۔
بڑے چلتے پُرزے ہیں (اَ ـ محاورہ) بہت چالاک ہیں۔
بڑے چور کا حصہ نہیں (اَ ـ مثل) زبردست جو چاہے لے لے۔ اس کا حصہ مقرر نہیں ہوتا۔
بڑے حضرت ہیں (اَ ـ محاورہ) (طنزاً) بڑے شریر ہیں۔
بڑے زُہد کا پیسا (اَ ـ اِ ـ مذ) بڑی محنت سے کمایا ہوا روپیہ۔
بڑے صاحب (اَ ـ اِ ـ مذ) بڑے میاں۔ بزرگ (۲) امیر آدمی کا بڑا بیٹا (۳) اعلیٰ افسر (۴) ڈپٹی کمشنر۔
بڑے کڑاہی میں تلے جاتے ہیں (اَ ـ مثل) بڑے آدمیوں کو بہت مصیبت جھیلنا پڑتی ہے۔ معززین کو زیادہ آفتوں کا سامنا رہتا ہے۔
بڑے کی بڑائی نہ چھوٹے کی چھٹائی (اَ ـ مثل) بدلحاظ اور بدتمیز کی نسبت بولتے ہیں۔ نہ بڑے کا ادب نہ چھوٹے کا لحاظ۔
بڑے گھر جانا (اَ ـ محاورہ) (۱) مر جانا (۲) جیل جانا۔
بڑے میاں (اَ ـ اِ ـ مذ) بزرگ۔ معتبر۔ تعظیماً ہر بوڑھے آدمی کو کہتے ہیں۔
بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ (اَ ـ مثل) بڑے تو بدمعاش تھے ہی چھوٹے اُن سے بڑھ کر نکلے۔

ب ـ ز

بُز (بضمِ اوّل) (ف ـ اِ ـ مذ و مث) بکرا۔ بکری۔ گوسفند۔
بُزِ اَخفش (ف ـ اِ ـ مذ) مشہور نحوی اخفش کا بکرا۔ بے سمجھے گردن ہلانے والا۔ بے وقوف۔ ناسمجھ۔
بُزدل (ف ـ صف) ڈرپوک۔ بے ہمت۔ کم حوصلہ۔
بُزدلی (ف ـ اِ ـ مث) ڈرپوک پن۔ نامردی۔ کم ہمتی۔
بُزغالہ (ف ـ اِ ـ مذ و مث) بکری کا بچہ (۲) جنگلی یا پہاڑی بکرا۔
بُزّا (بز ـ زا) (ف ـ اِ ـ مذ) ایک پرندے کا نام۔ سیاہ و سفید بگلا۔
بَزّاز (بز ـ زاز) (ع ـ اِ ـ مذ) کپڑا بیچنے والا۔ پارچہ فروش۔
بَزّازا (بز ـ زا ـ زا) (اَ ـ اِ ـ مذ) کپڑا منڈی۔ کلاتھ مارکیٹ۔
بَزّازی (بز ـ زا ـ زی) (ع ـ ف ـ اِ ـ مث) پارچہ فروشی۔ کپڑا فروخت کرنے کا پیشہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بُزُرجِ مِہر (بُ۔زُرج۔مِہر)(ف۔صف۔و۔مذ) عقل مند۔ دانا۔ نوشیرواں کا عقل مند وزیر۔
بُزُرقطونا (بُ۔زُر۔ق۔طو۔نا)(ف۔ا۔مذ) اسپغول۔
بُزُرگ (بُ۔زُرگ)(ف۔صف)(۱) بڑا (۲) بڑی عمر کا (۳) بالغ۔ سیانا (۴) معزز۔ شریف (۵) عُمر رسیدہ۔ ولی (۶) آباؤ اجداد۔ سرپرست (۷) سنجیدہ۔ سمجھدار (۸)(طنزاً) شریر۔ فارسی جمع: بُزرگان۔ اُردو جمع: بُزرگ۔ بُزرگوں۔
بُزرگ داشت (ف۔ا۔مث) خاطرداری۔ خدمت گزاری۔ مہمانداری۔
بُزرگ زادہ (ف۔صف) شریف زادہ۔ عالی خاندان۔ شریف خاندان کا مرد۔
بُزرگ سال (ف۔ا۔مذ) بوڑھا۔ سن رسیدہ۔
بُزرگ مَنِش (ف۔صف) اچھی عادت والا۔ بُزرگانہ طبیعت رکھنے والا۔
بُزرگوار (بُ۔زُرگ۔وار)(ف۔صف)(۱) بُزرگ کی مانند (۲) بُزرگ۔
بُزرگوں (ار۔ا۔مذ) بُزرگ کی اُردو جمع۔
بُزرگوں کا ٹھیکرا (ار۔محاورہ) موروثی جائیداد۔
بُزُرگانَہ (بُ۔زُر۔گا۔نَہ) (ف۔صف) (۱) بُزرگ سے منسوب (۲) (تابع فعل) بُزرگوں کی طرح۔ بُزرگوں کے لائق۔
بُزُرگی (بُ۔زُر۔گی)(ف۔ا۔مث) بڑائی۔ عزت۔ عظمت۔ شرافت۔
بُزرگی بعقل اَست نہ بسال (ف۔مثل) بُزرگی عقل پر موقوف ہے۔ عمر پر نہیں۔
بُزلَہ (بز۔لہ)(ف۔ا۔مذ) "ز" سے غلط ہے۔ دیکھئے بذلہ۔
بَزم (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ف۔ا۔مث) سبھا۔ محفل۔ مجلس۔ خوشی کا جلسہ۔
بزم آرا (ف۔صف) مجلس آراستہ کرنے والا۔ صاحب مجلس۔ میرِ مجلس۔
بزم افروز (ف۔صف) مجلس کو رونق بخشنے والا۔
بزم سخن (ف۔ا۔مث) شعرخوانی کی محفل۔ مشاعرہ۔
بزم طرب (ف۔ا۔مث) مجلسِ نشاط۔ گانے بجانے کی مجلس۔
بزم عیش (ف۔ا۔مث) راگ رنگ کی مجلس۔
بزم گاہ (ف۔ا۔مث) عیش کی جگہ۔ مجلس کی جگہ۔
بزم گرم ہونا (ار۔محاورہ) محفل خوب جمنا۔
بزم ماتم (ف۔ا۔مث) غم کی مجلس۔
بزم نشاط (ف۔ا۔مث) خوشی کی مجلس۔ مجلسِ رقص و سرود۔
بزم نشین (ف۔صف) میرِ مجلس۔ صاحب مجلس۔
بزَن (بِ۔زن)(ف۔فعل)(۱) فارسی مصدر زدن کا صیغہ اَمر بمعنی مار (۲) (ف۔ا۔مذ) قتلِ عام (۳) فوج کا ایک حصہ۔ قتل کا حکم۔
بزن بولنا (ار۔محاورہ) قتلِ عام کا حکم دینا۔
بزن کرنا (ار۔محاورہ) قتلِ عام کرنا۔
بزنس (Business) (انگ۔ا۔مث)(۱) پیشہ۔ شغل۔ کاروبار (۲) کام۔ فرضِ منصبی۔

ب۔س

بَس (Bus) (انگ۔ا۔مث) چار پہیوں والی موٹر گاڑی جو مسافروں کی نقل و حمل کے کام آتی ہے۔ لاری۔
بَس (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) قابو۔ زور۔ طاقت۔ اِختیار۔ مجال (۲) موقع۔ داؤں (۳) چارہ۔ علاج۔
بس چلنا (ار۔محاورہ) قابو پانا۔ اِختیار ہونا۔ قبضہ ہونا۔ زور چلنا۔
بس کا (کی) (ار۔صف) اِختیار کا (کی)۔ قابو کا (کی)۔
بس کا روگ (ار۔ا۔مذ) اِختیار کی بات۔
بس کی بات (ار۔ا۔مث) قابو کی بات۔ اِختیار کی بات۔
بس میں آنا (پڑنا) (ار۔محاورہ) قابو میں آنا۔ اِختیار میں آنا۔
بس میں کرنا (لانا) (ار۔محاورہ) زیر کرنا۔ مغلوب کرنا۔ قابو میں کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ موہنا۔
بس نہ چلنا (ار۔محاورہ) زور نہ چلنا۔ علاج نہ ہونا۔
بَس (بفتح اوّل)(ف۔متعلق فعل۔و۔صف)(۱) کثرت سے۔ بہت زیادہ (۲) موقوف۔ تمام۔ ختم (۳) القصہ (۴) ٹھہرو۔ رُکو۔ دم لو (۵) صرف۔ فقط (۶) اب (۷) سب۔ تمام۔ کُل (۸) اور نہیں۔ اب نہیں۔
بس بس (ار۔تابع فعل) زیادہ نہیں۔ اِتنا ہی کافی ہے۔
بس دیکھ لیا (ار۔محاورہ) اب آزمانے کی حاجت نہیں۔ خوب آزما لیا۔
بس کرنا (ار۔محاورہ) کھانے سے ہاتھ کھینچ لینا (۲) ختم کرنا (۳) چپ رہنا (۴) ٹھہرنا (۵) اِنکار کرنا۔
بس کرو (ار۔محاورہ) جانے دو۔ ٹھہرو۔ ختم کرو۔
بس کہ (ف۔تابع فعل)(۱) چوں کہ (۲) القصہ۔ غرض۔ حاصلِ کلام۔
بس ہو چکی نماز مُصلا اُٹھایئے (ار۔مثل) مذاقاً اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی کام ختم ہو جائے۔
بِس (بکسر اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) زہر (۲) کھوٹ۔ عیب (۳) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ فساد (۴)(ہ۔صف) شریر۔ فتنہ پرداز۔
بس بونا (ار۔محاورہ) بدی کا بیج بونا۔ فساد کی اِبتدا کرنا۔
بس اُگلنا (ہ۔محاورہ)(۱) زہر تھوکنا (۲) بُرا کہنا (۳) بدلہ لینا۔ جھگڑا کھڑا کرنا (۴) چغلی کھانا۔
بس بھری (ہ۔صف) زہر آلود۔ زہریلی۔
بس کھپرا (ہ۔ا۔مذ)(۱) گرگٹ کی طرح کا ایک زہریلا جانور (۲) ایک پودا جس سے دوا بناتے ہیں۔
بس کی پُڑیا (گانٹھ) (ہ۔ا۔مث) زہرِ قاتل (۲) شریر۔ مُفسد (۳) کینہ ور۔
بس گھولنا (ہ۔محاورہ) زہر پھیلانا۔ فتنہ فساد پھیلانا۔
بَسا (بَ۔سا)(ف۔صف) بہت۔ اکثر۔
بسا اوقات (ف۔تابع فعل) بہت دفعہ۔ اکثر مرتبہ۔
بِسار (بِسارا) (بِ۔سار) (بِ۔سا۔را)(ہ۔ا۔مذ) اُدھار لیا ہوا بیج جو

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فصل کی تیاری پر واپس کیا جائے۔

بِسارْنا (بِ۔سار۔نا) (ق۔مص) بھلانا۔ فراموش کر دینا۔ دل سے نکال دینا۔

بِساط (بِ۔ساط) (ع۔امث) (۱) بستر۔ بچھونا۔ فرش (۲) چوسر اور شطرنج کھیلنے کا کپڑا یا تختہ (۳) مالِ تجارت۔ سرمایہ۔ پونجی (۴) حوصلہ۔ ہمت۔ وُسعت۔ طاقت۔ قدرت۔

بساط خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں بساطی بیٹھتے ہیں۔ بساطیوں کا بازار۔

بساط سے باہر (اَر۔محاورہ) مقدور سے زیادہ۔ طاقت سے زیادہ۔

بساط کیا ہے؟ (اَر۔محاورہ) حقیقت کیا ہے؟ ہستی کیا ہے؟

بِساطی (بِ۔سا۔طی) (ف۔ا۔مذ) خردہ فروش۔ ضرورت کی چھوٹی موٹی چیزیں بیچنے والا۔

بَسالَت (بَ۔سا۔لت) (ع۔ا۔مث) دلیری۔ بہادری۔ جواں مردی۔

بسالٹ (Basalt) (انگ۔ا۔مذ) گہرا سبز یا بادامی آتش انگیز پتھر جس میں بالعموم کھرے پرت ہوتے ہیں۔

بَسان (بَ۔سان) (ف۔صف) مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ طرح۔

بَسانا (بَ۔سا۔نا) (ہ۔مص) آباد کرنا۔ معمور کرنا (۲) معطر کرنا۔

بِسانا (بِ۔سا۔نا) (ہ۔مص) خریدنا۔ حاصل کرنا۔

بِسانْد (بساہنْد) (بِ۔سانْد) (بِ۔ساہند) (ہ۔ا۔مث) بو۔ گوشت یا مچھلی وغیرہ کی بو۔

بِسانْدا (بِ۔ساں۔دا) (ہ۔صف) بدبودار۔ بدمزہ (مؤنث کے لئے بساندی)۔

بِساوَٹ (بِ۔سا۔وٹ) (ہ۔ا۔مث) مہک۔ خوش بو۔

بِساوَری (بِ۔سا۔و۔ری) (ہ۔ا۔مث) لگان جو اُن لوگوں سے لیا جاتا ہے جو گاؤں میں بسنا چاہتے ہیں اور اراضی کے مالک نہیں ہوتے۔

بِساہا (بِ۔سا۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) کُتا جس کے بیس ناخن اور زہریلے دانت ہوتے ہیں۔

بَسائِط (بَ۔سا۔ئط) (ع۔ا۔مذ) بسیط کی جمع۔ وہ مادے جو مُرکّب نہیں۔ عناصرِ اربع۔

بَسباسَہ (بَس۔با۔سَہ) (ع۔ا۔مذ) ایک دوا۔ جاوتری۔ جائفل کا چھلکا۔

بَسْت (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ ومث) اسباب۔ اثاثہ (تنہا مستعمل نہیں۔ چیز بست کہتے ہیں)۔

بَسْت (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) بستہ کا مخفف (۱) بندھا ہوا (۲) بند (۳) جما ہوا۔

بست وکشاد (ف۔مرکبِ عطفی) بند اور کھلا ہوا۔ حل وعقد۔

بِسْت (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔عدد) بیس۔ ۲۰۔

بست دربست کا تعویذ (ف۔اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا نقش جس کی ہر قطار میں بیس خانے ہوتے ہیں اور کُل خانے چار سو ہوتے ہیں۔

بِستار (بِس۔تار) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھیلاؤ۔ کشادگی (۲) بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔

بُستان (بُس۔تان) (ف۔ا۔مذ) بوستان کا مخفف۔ باغ۔

بُستان افروز (ف۔صف) چمن کی رونق بڑھانے والا (۲) (ف۔ا۔مذ) ایک سُرخ پھول۔ کلغا۔

بُستان پیرا (ف۔صف) باغ کو کاٹ چھانٹ کر آراستہ کرنے والا۔

بُستان سَرا (ف۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں باغیچہ ہو۔

بُستانی (بُس۔تا۔نی) (ف۔صف) بُستان سے منسوب۔ باغ کے متعلق۔

بُستَر (بُس۔تَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لباس۔ پوشاک۔ کپڑے (۲) سامان۔ اسباب۔

بِستَر (بِس۔تَر) (ف۔ا۔مذ) بچھونا۔ فرش۔ دری وغیرہ۔ اَر جمع: بستر۔ بستروں۔

بستر اُٹھانا (اَر۔محاورہ) (۱) بچھونا اٹھانا (۲) سکونت ترک کرنا۔

بستر بچھانا (بستر کرنا۔ بستر لگانا) (اَر۔محاورہ) بچھونا بچھانا (۲) قیام کرنا۔

بستر سے پیٹھ لگ جانا (اَر۔محاورہ) صاحبِ فراش ہو جانا۔ بہت بیمار ہونا۔

بِسترا (بِس۔تَ۔را) (اَر۔ا۔مذ) (۱) بچھونا (۲) فقیروں اور درویشوں کا بچھونا۔ دری۔ توشک۔ لحاف وغیرہ۔ جمع: بستروں۔ بسترے۔

بَستگی (بَس۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) قبض۔ بند ہونا (۲) تفریح نہ ہونا۔ طبیعت کا بیزار ہونا۔

بَستم بَستہ (بَس۔تَم۔بَس۔تَہ) (اَر۔ا۔مث۔ع) بولنے کی روک ٹوک۔ بات چیت کی مناہی۔ زبان بندی۔

بَستَنی (بَس۔تَ۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) غلاف۔ پنجرے یا ستار وغیرہ کی پوشش (۲) وہ کپڑا جس میں کوئی چیز باندھ کر رکھیں۔

بَستہ (بَس۔تَہ) (ف۔صف) (۱) بندھا ہوا۔ رُکا ہوا۔ جما ہوا (۲) (ف۔ا۔مذ) جزدان۔ تھیلا۔

بَستی (بَس۔تی) (ہ۔ا۔مث) گاؤں۔ قصبہ۔ آباد جگہ۔ جمع: بستیاں۔ بستیوں۔

بُسَّد (بُ۔سَد) (بُس۔سَد) (ف۔ا۔مذ) مونگا۔ مرجان۔

بَسَر (بَ۔سَر) (ف۔ا۔مث) گزر۔ گزارنا۔

بسر اوقات (ف۔ع۔ا۔مذ) گزر بسر۔ وقت کاٹنا۔ وقت گزارنا۔

بسر کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) گزر کرنا۔ گزارنا (۲) نباہنا۔

بِسَر (بِ۔سَر) (ہ۔ا۔مذ) بھول۔

بسر جانا (ہ۔محاورہ) بھول جانا۔ چوک جانا۔ یاد نہ رہنا۔

بِسرا (بِس۔را) (ہ۔صف) بھولا ہوا۔

بِسرام (بِس۔رام) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آرام۔ سکھ۔ چین (۲) ٹھہراؤ۔ توقّف۔

بسرام کرنا (لینا) (ہ۔محاورہ) ٹھہرنا۔ آرام کرنا۔ مقیم ہونا۔

بِسرانا (بِس۔را۔نا) (ہ۔مص) بھلانا۔ دل سے اُتارنا۔

بَسْط (فتح اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) فراخی۔ کشادگی۔ شرح۔ تفصیل۔ تشریح۔ وضاحت۔

بِسکٹ (بِس۔کٹ) (Biscuit) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کی میٹھی یا نمکین ٹکیا۔

بس کھپرا (بِس۔کھپ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) بِس کے تحت دیکھئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بسم اللہ (بس۔مِل۔لاہ) (ع۔ا۔مث) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مجوء۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں (۲) کتب نشینی کی رسم۔
بسم اللہ اللہ اکبر (ع۔جملہ) جانور کو ذبح کرتے وقت پڑھتے ہیں۔
بسم اللہ اللہ اکبر کر دینا (ع۔اُر۔محاورہ) ذبح کر دینا۔
بسم اللہ کا طغرا (اُر۔ا۔مذ) خوشنویس بسم اللہ کے حروف اس طرح لکھتے ہیں کہ کوئی شکل بن جاتی ہے۔
بسم اللہ کا گنبد (اُر۔ا۔مذ) (۱) جائے پناہ۔ مقامِ اَمن۔ بچاؤ کی جگہ۔ حفاظت کا مقام (۲) ابتدائی منزل۔
بسم اللہ کا مُرغ (اُر۔ا۔مذ) مُرغ کی تصویر جو بسم اللہ کا طغرا لکھ کر بناتے ہیں۔
بسم اللہ کرنا (اُر۔محاورہ) شروع کرنا۔ بُنیاد ڈالنا (۲) کھانا تناول کرنا۔
بسم اللہ کرو (اُر۔محاورہ) (۱) ابتدا کرو۔ شروع کرو (۲) کھانا شروع کرو۔
بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا (رہنا) (اُر۔محاورہ) سلامتی کی جگہ بیٹھنا۔ امن و امان میں رہنا۔ پناہ میں رہنا (۲) ناتجربہ کار ہونا۔
بسم اللہ سے تمت تک (اُر۔محاورہ) شروع سے آخیر تک۔ ابتدا سے انتہا تک۔
بسم اللہ مجریہا و مُرسٰہا (ع۔دُعا) دُعا جو سفر کرتے وقت پڑھی جاتی ہے۔ چلنا اور ٹھہرنا اللہ ہی کے نام سے ہے۔
بسم اللہ ہونا (اُر۔محاورہ) آغاز ہونا۔ شروع ہونا۔ ابتدا ہونا۔
بسم اللہ ہی غلط (اُر۔محاورہ) ابتدا ہی غلط۔ چھوٹتے ہی غلط۔ پہلا ہی کام خراب۔
بسمِل (بس۔مِل) (ف۔صف) بسم اللہ اللہ اکبر کا مخفف جو جانور ذبح کرتے وقت پڑھتے ہیں (۱) گھایل۔ زخمی (۲) تڑپنے والا۔ بیقرار۔
بسنا (بس۔نا) (ہ۔مص) (۱) رہنا۔ گھر بنانا۔ آباد ہونا (۲) ٹھہرنا (۳) رچنا۔ معطر ہونا۔
بسنا (بس۔نا) (ہ۔مص) سڑنا۔ بدبودار ہونا۔ باس دینا۔
بسنت (بَ۔سَنت) (ہ۔مذ و مث) (۱) بہار کا موسم۔ موسم بہار کا ایک تہوار (۲) بسنت کے موسم میں گائے جانے والے گیت (۳) سری راگ کی چوتھی راگنی (۴) چیچک (۵) سرسوں کے کھلے ہوئے زرد رنگ کے پھول۔
بسنت پنچمی (ہ۔ا۔مث) ہندوؤں کا ایک تہوار جو ماگھ شدی کی پانچویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔
بسنت پھولنا (اُر۔محاورہ) سرسوں کے پھولوں کا کھلنا (۲) زردی چھانا۔
بسنت کی خبر نہیں (اُر۔محاورہ) ناتجربہ کار ہے۔ ناواقف ہے۔
بسنتی (بَ۔سَن۔تی) (ہ۔صف) (۱) زرد۔ پیلا۔ زعفرانی (۲) (ہ۔ا۔مث) زرد رنگ (۳) چیچک کی دیوی۔ سیتلا مائی۔
بسنتی پوش (اُر۔صف) زرد لباس پہننے والا۔ زرد پوش۔
بسنی (بس۔نی) (ہ۔ا۔مث) تھیلی۔
بسنی (بس۔نی) (ہ۔صف) آوارہ مرد۔ آوارہ عورت۔
بسوا (بس۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ایک بیگھے کا بیسواں حصہ۔ زمین ناپنے کا ایک پیمانہ۔

بسوا بِسی کی گانٹھ (ہ۔مثل) گاؤں میں زمین کا حصہ فساد کی جڑ ہے۔
بسوادار (ہ۔ا۔مذ) زرعی اراضی کا مالک۔ گاؤں میں حصہ دار۔ دخیل کار۔
بِسوار (بِس۔وار) (ہ۔ا۔مذ) پسا ہوا مسالا۔
بَسواری (بس۔وا۔ری) (ہ۔ا۔مذ) بانسوں کا باغ۔ بانس کا جنگل۔
بِشواس (بِس۔واس) (ہ۔ا۔مذ) اعتماد۔ یقین۔ اعتقاد۔ ایمان (س: وشواس کا بگاڑ)۔
بِسوانسی (بس۔واں۔سی) (ہ۔ا۔مث) بسوے کا بیسواں حصّہ۔
بِسُورنا (بِ۔سُور۔نا) (ہ۔مص) آہستہ آہستہ رونا۔ رونے کی شکل بنانا۔
بَسُولا (بَ۔سُو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) تیشہ۔ لکڑی چھیلنے کا ایک اوزار۔ (پن) تیسہ۔ جمع: بسولوں۔ بسولے۔
بَسُولی (ہ۔ا۔مث) معماروں کا تیشہ۔ اینٹیں گھڑنے کا اوزار۔ جمع: بسولیاں۔ بسولیوں۔
بِسہا (بِس۔ہا) (ہ۔صف) (۱) زہریلا (۲) (ہ۔ا۔مذ) زہریلا جانور (۳) ایک کتا جس کے دانت زہریلے اور بیس ناخن ہوتے ہیں۔ نیز دیکھئے بساہا۔
بِسہری (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی زہریلی گلٹی جو ہاتھ کی انگلیوں میں ہوتی ہے۔
بِسے (بَ۔سے) (ف۔صف) (۱) زیادہ (۲) (متعلق فعل) کثرت سے۔
بِسیار (بس۔یار) (ف۔صف) بہت زیادہ۔ بے انتہا۔
بسیار خور (ف۔صف) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔
بسیار سفر باید تا پختہ شود خامے (ف۔مثل) بہت سفر کرنے سے تجربہ ہوتا ہے۔ تجربے سے آدمی ہوشیار ہوتا ہے۔
بسیار گو (ف۔صف) زیادہ بولنے والا۔ پُرگو۔ بکی۔ جھکی۔
بِسیِت (بِ۔سیت) (ہ۔ا۔مذ) گاؤں کا چودھری۔ مُقدّم۔
بِسیٹ (بَسیٹھ) (بَ۔سیٹ) (بَ۔سیٹھ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قاصد۔ ایلچی۔ وکیل۔ سفیر (۲) گاؤں کا چودھری (۳) دلال۔ گماشتہ۔ ایجنٹ (۴) چغل خور۔
بسیرا (بَ۔سے۔را) (ہ۔ا۔مذ) شب باشی۔ قیام (۲) رات کو ٹھہرنے کی جگہ۔
بسیرا بولنا (ہ۔محاورہ) شام کے وقت چڑیوں کا بولنا۔
بسیرا (کرنا) لینا (ہ۔محاورہ) شب باش ہونا۔ رات کو ٹھہرنا۔ درختوں پر پرندوں کا رات کو ٹھہرنا۔
بسیرے کا وقت (اُر۔ا۔مذ) سرِشام پرندوں کے گھونسلے میں جانے کا وقت۔
بَسِیط (بَ۔سِیط) (ع۔صف) (۱) کشادہ۔ وسیع۔ پھیلا ہوا (۲) غیر مرکب (۳) (ع۔ا۔مث) عروض کی ایک بحر۔ جمع: بَسائط۔
بسیکھ (بِ۔سیکھ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خاصیت (۲) عادت (۳) فرق۔ امتیاز۔
بسیلا (بِ۔سے۔لا) (ہ۔صف) زہریلا۔ زہردار۔
بسیندھ (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) بدبو (سڑی ہوئی، بُسی ہوئی چیز کی)۔
بسیندھا (بِ۔سیں۔دھا) (ہ۔صف) بدبودار۔ سڑا ہوا۔ بُسا ہوا۔

ب۔ش

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بشارت (بِ۔شا۔رَت)(ع۔ا۔مث)(۱) خوش خبری۔ مُژدہ (۲) الہام۔ غیبی آواز۔ القا۔ جمع : بشارات۔ بشائر۔ اُردو جمع : بشارتوں۔ بشارتیں۔
بشارت دینا (ع۔اُ۔ محاورہ) مُژدہ سُنانا (۲) خواب میں بتانا۔
بشاش (بَش۔شاش)(ع۔صف) خوش و خرم۔ مسرور۔ مگن۔ شگفتہ۔ تروتازہ۔
بشاشت (بَش۔شا۔شت)(ع۔ا۔مث)(۱) خوشی۔ مَسرّت (۲) تازگی۔ فرحت (۳) خوش اَخلاقی۔ خندہ رُوئی۔
بشپ (بِ۔شپ)(انگ۔ا۔مذ)(Bishop) بڑا پادری۔ دینِ عیسوی کا مجتہد۔
بشر (بَ۔شَر)(ع۔ا۔مذ) آدمی۔ اِنسان۔ مَنُش۔ واحد و جمع دونوں کے لئے۔
بشرحِ صدر۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بشرطیکہ۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بشرہ (بَش۔رہ)(ع۔ا۔مذ) چہرہ۔ مُکھڑا (۲) حلیہ۔ قیافہ۔
بشریٰ (بُش۔را)(ع۔ا۔مث) خوش خبری۔ بشارت۔
بشری (بَ۔شَ۔ری)(ع۔صف) بشر سے منسوب۔ اِنسانی۔
بشریت (بَ۔شَ۔ری۔یَت)(ع۔ا۔مث) آدمیت۔ اِنسانیت۔
بشقاب (بُش۔قاب)(ت۔ا۔مث) بڑی رکابی۔
بشکل۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بشمول۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بشن (بِ۔شن)(ہ۔ا۔مذ) وشنو کا بگاڑ۔ پروردگار۔ ہندوؤں کا ایک بڑا دیوتا۔
بشن پد (ہ۔ا۔مذ) حمد کا گیت۔ وشنو کی تعریف کا گیت۔
بشنوی (بِش۔نَ۔وی)(ہ۔ا۔مذ) وشنوجی کا ماننے والا۔
بشیر (بَ۔شیر)(ع۔صف)(۱) خوش خبری دینے والا۔ بشارت سُنانے والا۔ نیک بات بتانے والا۔ جمع : بُشَراء (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صفاتی نام۔

ب۔ص

بصارت (بَ۔صا۔رَت)(ع۔ا۔مث) نظر۔ بینائی۔ آنکھ کی روشنی۔
بصائر (بَ۔صا۔اِر)(ع۔ا۔مث) بصیرت کی جمع۔
بصدد۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بصر (بَ۔صَر)(ع۔ا۔مث)(۱) نظر۔ بینائی (۲)(مجازاً) آنکھ۔ جمع : اَبصار۔
بصراحت۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بصل (بَ۔صَل)(ع۔ا۔مذ) پیاز۔
بصورت۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بصیر (بَ۔صیر)(ع۔صف)(۱) بینا۔ دیکھنے والا (۲) دانا۔ ماہر۔ ہوشیار (۳) خُداوند پاک کا ایک صِفاتی نام۔
بصیرت (بَ۔صی۔رَت)(ع۔ا۔مث) بینائی۔ دل کی بینائی۔ عقل مندی۔ دانائی۔ آگاہی۔ رائے۔ خیال۔ جمع : بصائر۔
بصیغہ۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔

ب۔ض

بضاعت (بِ۔ضا۔عَت)(ع۔ا۔مث)(۱) پونجی۔ سرمایہ۔ دھن۔ دولت۔ مالِ تجارت۔ سامان۔ اَسباب (۲) پتی۔ حصّہ۔
بضد۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔

ب۔ط

بط (بفتح اوّل)(ع۔ا۔مث) ایک آبی جانور۔ بطخ۔
بط بادہ (شراب۔صہبا) ۔ (ع۔ف۔ا۔مث) شراب کی صُراحی جو بط کی ہم شکل ہوتی ہے۔
بطِ مے (ع۔ف۔ا۔مث) شراب کی صراحی۔ جو بطخ کی شکل کی ہوتی ہے۔
بطّال (بط۔طال)(ع۔ا۔تفضیل) بہت جھوٹا۔ بہت مکار۔ بہت نکمّا۔
بطالت (بَ۔طا۔لت)(ع۔ا۔مث) نکماپن۔ بے ہودگی۔
بطانہ (بِ۔طا۔نہ)(ع۔ا۔مذ) پگڑی کے نیچے باندھنے کا کپڑا یا ٹوپی۔
بطحا (بط۔حا)(ع۔ا۔مذ) لغوی معنی فراخ اور کشادہ کنکریلی زمین۔ مُراد مکۂ معظمہ۔
بطخ (بَ۔طخ)(بط۔طخ)(ف۔ا۔مث) پالتو بط۔ اُردو جمع : بطخوں۔ بطخیں۔
بطخا (بط۔خا)(اُ۔ا۔مذ) نر بطخ۔ جمع : بطخوں۔ بطخے۔
بطخی (بط۔خی)(ف۔ا۔مث) بارود کی کُپّی (۲)(اُ۔ا۔مث) چھوٹی بطخ۔ بطخیا۔
بطرز۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بطرف۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بطریق (بَ۔طَ۔ریق) ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بطریق (بط۔ریق)(ع۔ا۔مذ)(۱) پادریوں کا سردار (۲) آتش پرستوں کا پیشوا۔
بطک (بَ۔طک)(ف۔ا۔مث) بط کی تصغیر۔ چھوٹی بطخ (۲) شراب کی چھوٹی بوتل۔
بطل (بَ۔طل)(ع۔صف و ا۔مذ) بہادر۔ ہیرو (۲) نامور (۳) غازی۔
بطلان (بط۔لان)(ع۔ا۔مذ) تردید۔ ضائع ہونا۔ باطل ہونا۔ بے اثر کرنا۔
بطن (بفتح اوّل و سکون دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) پیٹ۔ شکم (۲) کسی چیز کا اندرونی حصّہ۔ جمع : بطون۔
بطنِ بطون (ع۔ف۔ا۔مث) بہت گہرائی۔
بطناً بعد بطنٍ (بط۔نن۔بعد۔بط۔نن)(ع۔تابع فعل) نسلاً بعد نسلٍ۔ پشت در پشت۔ خاندانی۔ موروثی۔
بطنی (بط۔نی)(ع۔صف) بطن سے منسوب۔ پیٹ کا۔
بطور۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔
بطوعِ خاطر۔ ب۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بُطُون (بُ۔طون)(ع۔ا۔مذ)(۱) بطن کی جمع (۲) اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے بمعنی راز۔ بھید۔ حال۔ ارادہ۔
بَطِی (بَ۔طی)(ع۔صف) دیر کرنے والا۔ سُست۔
بَطِیُ الحرکت (بَ۔طی۔ئل۔حَ۔رَ۔کت)(ع۔صف) وہ جو آہستہ آہستہ حرکت کرے۔
بَطِیُ الحِس (بَ۔طی۔ئل۔حِس)(ع۔صف) دیر سے محسوس کرنے والا۔
بِطیبِ خاطر۔ بِ۔ف۔ حرف جر کے تحت دیکھیے۔
بِطِّیخ (بِط۔طیخ)(ع۔ا۔مذ) خربوزہ۔
بِطِّیخ اَخضر (ع۔ا۔مذ) تربوز۔

ب۔ع

بَعث (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) اُٹھانا۔ اُبھارنا (۲) مُردے کو زندہ کرنا (۳) قیامت۔
بعث و نشر (ع۔ا۔مذ) روزِ قیامت۔ جس روز انسان قبروں سے اُٹھائے جائیں گے اور پھر پھیلا دیئے جائیں گے۔ (نشر بمعنی بکھیرنا۔ پھیلانا)۔
بِعثت (بِع۔ثت)(ع۔ا۔مث)(۱) رسالت۔ پیغمبر کا بھیجا جانا۔ خصوصاً آنحضرت ﷺ کا (۲) رسالت کا زمانہ۔
بَعد (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ تابع فعل) پیچھے۔ آخر۔
بعد ازاں (ع۔ف۔ تابع فعل) اس کے بعد۔ اس کے پیچھے۔
بعد از خرابیِ بسیار (ع۔ف۔ تابع فعل) بڑی خرابی کے بعد۔ بڑی مشکل سے۔
بعد از مرگ واویلا (ف۔مثل) کسی کام کے ہوچکنے کے بعد شور مچانا۔
بَعدَہٗ (بَع۔دَ۔ہو)(ع۔ تابع فعل) اُس کے بعد۔
بُعد (ضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) دُوری۔ فاصلہ۔ مسافت۔ جمع: اَبعاد۔
بُعدُالمشرقین (بُع۔دُل۔مَش۔رِ۔قین)(ع۔ا۔مذ) پورب پچھم کی دُوری۔ بہت زیادہ فرق۔
بَعض (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔صف) چند۔ متعدد۔ مختلف۔ کوئی۔
بعض اوقات (ع۔ف۔ تابع فعل) کسی وقت۔ کبھی کبھار۔
بَعل (ع۔ا۔مذ) عربوں کا ایک دیوتا (۲) خاوند۔ مالک۔
بَعِید (بَ۔عید)(ع۔صف) دُور۔ فاصلے پر۔ علیحدہ۔
بعید از وہم (خیال۔ قیاس)(ع۔ف۔صف) وہ بات جو خیال میں بھی نہ آسکے۔
بَعِیدُالعقل (بَ۔عی۔دُل۔عَقل)(ع۔صف) سمجھ میں نہ آنے والا۔
بَعِیدُالقیاس (بَ۔عی۔دُل۔قِ۔یاس)(ع۔صف) قیاس کے خلاف۔ سوچ کے خلاف۔
بَعِیر (بَ۔عیر)(ع۔ا۔مذ) اُونٹ۔

ب۔غ

بُغارَہ (بُ۔غا۔رَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) رخنہ۔ شگاف۔ کپڑے یا دیوار کا بڑا چھید (۲) گہرا زخم۔ گھاؤ۔
بَغاوَت (بَ۔غا۔وَت)(ع۔ا۔مث)(۱) سرکشی۔ نافرمانی۔ سرتابی (۲) بلوہ۔ غدر۔ اُردو جمع: بغاوتوں۔ بغاوتیں۔
بُغبُغا (بُغ۔بُ۔غا)(ع۔ا۔مذ) ٹھوڑی کے نیچے کا وہ گوشت جو فربہی کے باعث لٹکا ہوتا ہے۔ نیز دیکھیے غبغب۔
بُغبُغانا (بُغ۔بُ۔غا۔نا)(اُر۔مص)(۱) مست ہونا۔ خاص کر کبوتر یا اُونٹ کا مست ہو کر بولنا (۲) شہوت میں آنا (۳) فخر کرنا۔
بُغچہ (بُغ۔چہ)(ت۔ا۔مذ) بُقچہ۔ گٹھڑی۔ اُردو جمع: بُغچوں۔ بُغچے۔
بُغچی (بُغ۔چی)(اُر۔ا۔مث) بغچہ کی تانیث۔ چھوٹی گٹھڑی۔ پوٹلی۔ اُر جمع: بغچیاں۔ بغچیوں۔
بُغدا (بُغ۔دا)(ف۔ا۔مذ) قصابوں کا قیمہ کوٹنے کا چھرا۔
بُغدی (بُغ۔دی)(ع۔ا۔مذ) اعلیٰ نسل کا بغدادی اُونٹ۔
بُغرا (بُغ۔را)(ف۔ا۔مذ) وہ پھین یا جھاگ جو اُونٹ کے مُنہ سے مستی میں نکلتا ہے۔
بُغض (ضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) نفرت۔ دُشمنی۔ کینہ۔ حسد۔
بُغض لِلّٰہی (بُغ۔ضِ۔لِل۔لَ۔ہی)(ع۔ا۔مذ) خُدا واسطے کا بیر۔ ناحق کی دُشمنی۔
بُغضی (بُغ۔ضی)(ع۔ف۔صف) بغض رکھنے والا۔ کینہ وَر۔
بَغَل (بَ۔غَل)(ف۔ا۔مث)(۱) شانے یا مونڈھے کے نیچے کا حصّہ (۲) پہلو۔ بازو۔ کنارہ۔ طرف۔ جانب۔ کروٹ (۳) برابر۔ ایک طرف۔ اُردو جمع: بغلوں۔ بغلیں۔
بغل بِلائی (اُر۔ا۔مث) بغل کا پھوڑا۔ کنکھرالی (عورتوں کا خیال ہے کہ بغلی پھوڑے کو بلی چاٹ لے تو اچھا ہو جاتا ہے)۔
بغل پروردہ (ف۔صف) گودیوں میں پلا ہوا۔ لاڈلا۔
بغل سُونگھنا (اُر۔محاورہ) ہچکی دُور کرنے کے لئے بغل سُونگھتے ہیں (۲) شرمندہ ہونا۔ پشیمان ہونا۔
بغل کا پھوڑا (اُر۔ا۔مذ) بغل میں نکلنے والا پھوڑا (۲)(اُر۔صف) ایذا پہنچانے والا۔ دُکھ دینے والا۔
بغل کا دُشمن (اُر۔صف) دغاباز یار۔ دوست نما دُشمن۔ آستین کا سانپ۔
بغل گرم کرنا (اُر۔محاورہ) پہلو میں لیٹنا۔ ساتھ سونا۔
بغل گند (اُر۔ا۔مذ) بغل کی بدبو جو ایک بیماری ہے۔
بغل گیر ہونا (اُر۔محاورہ) گلے لگنا۔ ہم آغوش ہونا۔
بغل گیری (ف۔اُر۔ا۔مث) گلے ملنا۔ سینے سے سینہ ملانا (۲) کُشتی کے ایک

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

۔ داؤ کا نام۔

بغل میں ایمان دبانا (اَر۔ محاورہ) ایمان کو بالائے طاق رکھنا۔ بددیانتی کرنا۔

بغل میں بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) پہلو میں بیٹھنا۔

بغل میں پرورش پانا (اَر۔ محاورہ) کسی کی حمایت حاصل ہونا۔

بغل میں چُھری مُنہ میں رام رام (اَر۔ مثل) ظاہر میں دوست۔ باطن میں دُشمن۔

بغل میں دابنا (دبانا) (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کو بغل میں چھپانا (۲) فریب دے کر کسی چیز پر قبضہ کرنا۔

بغل میں سونٹا نام غریب داس (اَر۔ مثل) شکل وصورت سے تو شریف معلوم ہوتا ہے لیکن لڑنے کو ہر وقت تیار۔

بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا (اَر۔ مثل) چیز تو پاس ہے اور دُنیا بھر میں تلاش کی جا رہی ہے۔

بغل میں مُنڈی ڈالنا (ق۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔

بَغلول (بَغ۔لول) (اَر۔ صف) احمق۔ کوڑھ مغز۔

بَغلوں (اَر۔ا۔مث) بغل کی اُردو جمع۔

بَغلی (بَغ۔لی) (ف۔ صف) (۱) پہلو کا۔ کنارے کا (۲) ایک طرف کا (۳) (ا۔مث) مگدر ہلانے کا ایک طریقہ (۴) تیلے دانی جس میں سوئی دھاگا رکھتے ہیں (۵) فقیر کی جھولی (۶) کُشتی کے ایک داؤ کا نام (۷) ڈنڈے کھیلنے کا طریقہ (۸) وہ تکیہ جو بغل میں رکھتے ہیں۔

بغلی تکیہ (اَر۔ا۔مذ) بغل کے نیچے رکھنے کا تکیہ۔

بغلی ڈوبنا (اَر۔ محاورہ) حریف کی بغل میں سے نکل کر اُسے پکڑ لینا۔

بغلی گور (ف۔اُر۔ا۔مث) ایک قسم کی قبر۔ لحد جس میں میّت کے لٹانے کی جگہ درمیان کے بجائے ایک طرف کو ہوتی ہے۔

بغلی گھونسا (اَر۔ا۔مذ) (۱) آستین کا سانپ (۲) دوست نما دُشمن۔

بَغیا (بَغ۔یا) (اَر۔ا۔مث) چھوٹا سا باغ۔ باغیچہ۔

بَغلیں (بَغ۔لیں) (یائے مجہول) (اَر۔ا۔مث) بغل کی اُردو جمع۔

بغلیں بجانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بغل میں ہاتھ رکھ کر بازو کو اُوپر نیچے ہلا کر آواز پیدا کرنا (۲) خوش ہونا۔

بغلیں جھانکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شرمندہ ہونا (۲) جواب نہ بن پڑنا (۳) پریشان ہونا۔

بغلیں سُونگھنا۔ دیکھئے بغل سُونگھنا۔

بغلیں لینا (بنانا) (اَر۔ محاورہ) بغلوں کے بال مُونڈنا۔

ب۔ف

بِفا (بِ۔فا) (ف۔ا۔مث) وہ سفید چھلکے یا خشکی جو اِنسان کے سر سے نکلتی ہے۔

بفر اِسٹیٹ (Buffer State) (انگ۔ا۔مث) فاصل ریاست یا مملکت جو دو (متخاصم) مملکتوں کے درمیان ہو۔

ب۔ق

بَقا (بَ۔قا) (ع۔ا۔مث) قیام (۲) ہمیشگی۔ دوام (۳) پائداری (۴) باقی رہنا۔ زندہ رہنا۔

بقائے اَصلح (ع۔ا۔مث) بہترین چیز کا باقی رہنا۔ حیوانات و نباتات میں طاقتور اور قابل افراد بچ جاتے ہیں اور کمزور اور نکمّے فنا ہو جاتے ہیں۔ (Survival of the Fittest)۔

بقائے باہم (ع۔ف۔ا۔مث) خود بھی زندہ رہنا اور دوسروں کو بھی زندہ رہنے دینا۔ (Co-Existence)۔

بقائے دوام (ع۔ا۔مث) ہمیشہ کی زندگی یا شہرت۔ حیاتِ جاودانی۔

بَقّال (بَق۔قال) (ع۔ا۔مذ) (۱) سبزی فروش۔ ترکاری بیچنے والا (۲) بنیا۔ آٹا دال بیچنے والا۔ اُردو جمع: بقال۔ بقالوں۔

بَقایا (بَ۔قا۔یا) (ع۔ا۔مذ) بقیہ کی جمع۔ واجبُ الادا چیز۔ بچا کھچا۔ جو کچھ خرچ کرنے کے بعد بچ جائے (اُردو میں بطورِ واحد اِستعمال ہوتا ہے اور اس کی جمع بقایاجات ہے۔

بقایا تقاوی (ع۔ف۔ا۔مث) اُس روپے کا بقیہ جو کاشتکاروں کو زراعت کے لئے بطورِ اِمداد دیا جاتا ہے۔

بَق بَق (اَر۔ا۔مث) بک بک۔ بکواس۔

بَق بَق، زَق زَق (اَر۔ا۔مذ) بک بک، جھک جھک۔

بُقچہ (بُق۔چہ) (ف۔ا۔مذ) چھوٹا بستہ (۲) سامان کی گٹھڑی۔ نیز دیکھئے بُغچہ۔

بُقچی (بُق۔چی) (اَر۔ا۔مث) کپڑوں کی چھوٹی گٹھڑی۔ نیز دیکھئے بُغچی۔

بَقَر (بَ۔قَر) (ع۔ا۔مذ) گائے بیل (اسم جنس)۔

بَقَرہ (بَ۔قَ۔رہ) (ع۔ا۔مث) گائے۔

بقرہ عید (ع۔اُر۔ا۔مث) عید قربان۔ عیدُالاضحیٰ۔

بُقعہ (بُق۔عہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) خانقاہ۔ مندر (۲) زمین کا ایسا ٹکڑا جو دوسرے ٹکڑوں سے ممتاز ہو (۳) جگہ۔ گھر۔

بُقعۂ نور (ع۔ا۔مذ) منوّر مقام۔ وہ مکان یا جگہ جہاں بہت زیادہ روشنی ہو۔

بَقل (بَقلہ) (بَقل) (بَق۔لہ) (ع۔ا۔مث) سبزی۔ ترکاری۔ ساگ۔

بَقلۃُ الحَمقاء (بَق۔لَ۔تُل۔حَ۔مَ۔قا) (ع۔ا۔مث) خُرفہ۔ ایک قسم کا ساگ۔

بُقُولات (بُ۔قُو۔لات) (اَر۔ا۔مذ) بقل کی عربی جمع بقول ہے۔ اُردو والوں نے بقولات بنالی ہے۔ سبزیاں۔ ترکاریاں۔

بَقِیّہ (بَ۔قی۔یَہ) (ع۔صف) بچا کھچا۔ بچا ہوا۔ جمع: بقایا۔

بَقیّۃُ السَّلَف (بَ۔قی۔یَ۔تُس۔سَ۔لَف) (ع۔صف) پُرانے لوگوں یا بزرگوں میں سے جو بچ گئے ہوں۔

بقیّۃُ السَّیف (بَ۔قی۔یَ۔تُس۔سَیف) (ع۔صف) وہ لوگ جو قتل ہونے سے بچ جائیں۔ فوج کا وہ حصّہ جو لڑائی کے بعد بچ رہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ب۔ک

بَک (بفتحِ اوّل)(ف۔ا۔مث) بڑ۔بکواس۔بے کار بات۔ فضول گوئی۔یاوہ گوئی۔

بَک بَک (ف۔ا۔مث) بڑبڑ۔بکواس۔بے ہودہ گفتگو۔فضول باتیں۔

بَک بَک جَھک جَھک (ار۔ا۔مث) بکواس۔

بَک بَک کرنا (ار۔محاورہ) بے ہودہ بکنا۔بکواس کرنا۔

بَک بَک کرکے بھیجا پکا دینا (ار۔محاورہ) فضول گوئی سے دماغ پریشان کرنا۔

بَک بَک کے کان کھا جانا (ار۔محاورہ) کانوں کا بکواس سنتے سنتے تھک جانا۔

بَک جَھک کے (ار۔تابع فعل) رو پیٹ کر۔ غم و غصّہ کھا کر۔ واویلا کرکے۔غل غپاڑا مچا کے۔

بَک دینا (ار۔محاورہ)(۱) جو جی میں آئے کہہ دینا (۲) مان لینا۔

بُک (Book) (انگ۔ا۔مذ)(۱) کتاب (۲) بیاض۔لکھنے کی کاپی۔

بُک اِسٹال (Book Stall) (انگ۔ا۔مذ) کتابوں کی عارضی دُکان جو میلوں ٹھیلوں یا کسی خاص جگہ لگائی جائے۔

بُک پوسٹ (Book Post) (انگ۔ا۔مذ) ایسا پلندا جس کی دونوں طرفیں کھلی ہوں اور اُسے بذریعہ ڈاک پیکٹ کے طریق پر بھیجا جائے۔

بُک سیلر (Book Seller) (انگ۔ا۔مذ) کُتب فروش۔

بُک کرنا (ار۔مص مُرکّب) کسی کا پتا لکھ لینا (مال بھیجنے کے لئے)(۲) کسی کے لئے نشست محفوظ کرنا (ریل یا تھیٹر وغیرہ میں)۔

بُکا (بُ۔کا)(ع۔ا۔مث) چیخ پکار۔گریہ و زاری۔فریاد۔دُہائی۔رونا پیٹنا۔

بُکّا (بُک۔کا)(ف۔ا۔مث) مُٹھی۔لپ۔

بِکار (بِ۔کار)(ف۔ا۔مذ)(۱) خرابی۔نقص۔بگاڑ (۲) بیماری۔روگ۔

بِکارا (بِ۔کا۔را)(ف۔ا۔مذ)(۱) راہبر (۲) مخبر (۳) قاصد (۴) بھوت پریت کے سائے والے کا جواب (۵) بچک۔خط۔

بَکارَت (بَ۔کا۔رَت)(ع۔ا۔مث) دوشیزگی۔کنوارپن۔

بَکان (بَکائن) (بَ۔کان۔بَ۔کا۔اِن)(ف۔ا۔مذ) ایک درخت کا نام جس کی پتی نیم کی طرح ہوتی ہے (ہن) دریک۔

بَکاوَل (بَ۔کا۔وَل)(ف۔ا۔مذ) باورچی۔کھانا پکانے والا۔رسوئیا۔

بِکاؤ (بِ۔کا۔اُو)(واو معروف)(ف۔صف) بکری کا۔قابلِ فروخت۔

بَکبَکا (بَک۔بَ۔کا)(ف۔صف) بدمزہ۔بے لذّت۔

بَکتَر (بَک۔تَر)(ف۔ا۔مذ) لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ جو فوجی بوقتِ جنگ پہنتے تھے۔زرہ۔چار آئینہ۔

بکتر بند گاڑی (ار۔ا۔مث) فوجی گاڑی جس پر لوہے کی موٹی چادر منڈھی ہوتی ہے اور اِس پر گولی اثر نہیں کرتی۔

بِکَٹ (بِ۔کَٹ)(ف۔صف)(۱) خوفناک۔ڈراؤنا (۲) مشکل۔کٹھن (۳) انگ Picket کا مہنّد۔فوجی دستہ۔گارد۔

بکٹ پہاڑا (ف۔ا۔مذ) کسروں کا پہاڑا۔جیسے ڈیوڑھا۔ڈھونچا۔سولیا۔پونا۔

بَکٹ (بَ۔کَٹ)(ف۔ا۔مذ) پنجہ۔چنگل (کاف کی تشدید سے بھی مستعمل ہے)۔

بَکٹا (بَک۔ٹا)(بَ۔کَٹ۔ٹا)(ف۔ا۔مذ) وہ مقدار جو چنگل میں آجائے۔

بکٹا بھرنا (بکٹا مارنا) (ار۔محاورہ) چنگل مارنا۔نوچنا۔

بِک جانا (بِک۔جا۔نا)(ار۔محاورہ)(۱) فروخت ہونا۔بکنا (۲) ممنون ہونا۔بے دام غلام بننا۔

بَکر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ار۔ا۔مذ) بکرا کا مخفف۔

بکر قصاب (قصائی) (ار۔ا۔مذ) بھیڑ بکری کا گوشت بیچنے والا قصائی۔

بِکر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) دوشیزگی۔کنوارپن (۲) ہر نیا کام (۳) غیر مستعمل چیز جو کام نہ آئی ہو۔

بکر توڑنا (ار۔محاورہ) اِزالۂ بکارت کرنا۔

بَکرا (بَک۔را)(ف۔ا۔مذ) بکری کا نر۔گوسفند۔جمع: بکروں۔بکرے۔

بَکرم (Buckrum)(انگ۔ا۔مث) کوٹ وغیرہ کی آستینوں میں تہ کے طور پر لگانے والا موٹا کپڑا۔

بِکرمی (ف۔صف) ہندوستانی راجا بکرما (وکرما) جیت سے منسوب۔

بِکرمی سَنہ (سَمبت) (ف۔ار۔ا۔مذ) وہ سنہ جو راجا بکرماجیت سے منسوب ہے۔

بَکری (بَک۔ری)(ف۔ا۔مث)(۱) بکرا کی مادہ۔بزِ مادہ (۲)(مجازاً) غریب مسکین آدمی۔جمع: بکریاں۔بکریوں۔

بکری ناؤ میں خاک اُڑاتی ہے (بی بکری ناؤ میں خاک اُڑاتی ہو؟) (ار۔مثل) وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کو بے وجہ دُکھ دینا یا نقصان پہنچانا مقصود ہو۔

بکری نے دودھ دیا وہ بھی مینگنیوں بھرا (ار۔مثل) جب کوئی بددلی سے کسی کا کام کرے یا خراب چیز دے تو اس موقع پر کہتے ہیں۔اس کرنے سے نہ کرنا اچھا تھا۔ایسا دینا نہ دینے سے بدتر۔

بِکری (بِک۔ری)(ف۔ا۔مث) فروخت۔وہ رقم جو کسی چیز کی فروخت سے حاصل ہو۔

بکری بٹّا (ف۔ا۔مذ) روپیہ جو فروخت سے حاصل ہوا ہو۔

بکری کھاتا (ف۔ا۔مذ) فروخت کا حساب۔

بَکرے (بَک۔رے)(ف۔ا۔مذ)(۱) بکرا کی جمع (۲) بکرا کی مغیّرہ صورت۔

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی (ار۔مثل) بکرے کی ماں لاکھ اُس کی سلامتی کی دُعائیں مانگے، وہ ایک نہ ایک دن ذبح ہو کر رہے گا (۲) مُجرم کو اس کے جرم کی سزا ایک دن ضرور ملے گی۔

بَکس (انگ باکس (Box) کا مورّد۔ا۔مذ)(۱) صندوق۔پیٹی (۲) ڈبّا (نیز دیکھئے باکس)۔

بَکسا (بَک۔سا)(ف۔صف)(۱) کسیلا۔کڑوا۔تلخ (۲)(ا۔مذ) بکس۔صندوق۔

بَکساہَٹ (بَک۔سا۔ہَٹ)(ف۔ا۔مث) کسیلا پن۔کڑوا پن۔

بِگسنا (بِ۔گس۔نا)(ف۔مص)(۱) کلی کھلنا۔کلی چٹکنا (۲) مسکرانا۔خوش ہونا (۳) پژمردہ ہونا۔کمہلانا۔مُرجھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَکسُوا (بَک۔سُ۔وا)(ہ۔ا۔مذ) لوہے کا وہ کانٹا جس کے ساتھ کسی چیز کو اٹکانے یا باندھنے کے لئے حلقہ لگا ہوتا ہے۔ Buckle۔ جمع: بکسوؤں۔ بکسوے۔

بَکسِیلا (بَک۔سے۔لا)(ہ۔صف) کسیلا۔ کڑوا۔

بَکَل (بَکَلا) (بَک۔کَل)(بَک۔لا)(ہ۔ا۔مذ) چھلکا۔ چھال۔ پُوست۔

بَکَل اُتارنا (اُڑانا) (ہ۔محاورہ) درخت کی چھال اُتارنا (۲)(مجازاً) خوب مارنا۔

بُکَل (بُک۔کَل)(ہ۔ا۔مث) ستر پوشی (دوپٹے یا چادر سے)۔

بُکَل مارنا (اُر۔محاورہ) عورتوں کا دوپٹا وغیرہ اوڑھ کر ایک سرا کندھے سے پیٹھ کی طرف ڈال دینا۔

بَکَلانا (بَک۔لا۔نا)(ہ۔مص) واہیات باتیں کرنا۔ فضول بکنا۔

بَکَلَس (بَک۔لَس)(ہ۔ا۔مذ) لوہے کا ایک چھوٹا سا آلہ جس میں کسی چیز کو اٹکانے کے لئے ایک کانٹا سا لگا ہوتا ہے۔ اِسے واسکٹوں، پتلونوں، پیٹیوں اور گھوڑے کے ساز اور زینوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔

بُکم (بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔صف) اَبکم کی جمع۔ گونگے لوگ۔

بَکنا (بَک۔نا)(ہ۔مص) بکواس کرنا۔ بک بک کرنا۔

بِکنا (بِک۔نا)(ہ۔مص) فروخت ہونا (۲) مطیع ہونا۔ غلام بننا۔

بُکنی (بُک۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چُورن۔ سفوف۔ پوڈر۔ بُرادہ (۲)(صف) بوسیدہ۔

بَکواس (بَک۔واس)(ہ۔ا۔مث) بک بک۔ جھک جھک۔ فضول باتیں۔

بَکواسی (بَک۔وا۔سی)(ہ۔صف) بہت بکنے والا۔

بِکوانا (بِک۔وا۔نا)(ہ۔مص) فروخت کرانا۔

بِکوائی (بِک۔وا۔ئی)(ہ۔ا۔مث) بیچنے کی اُجرت۔

بَکوٹنا (بَ۔کوٹ۔نا)(ہ۔مص) ناخن سے نوچنا۔

بَکولا (بَ۔کو۔لا)(ہ۔ا۔مذ) کمبل یا کپڑے کا وہ ٹکڑا جو فقیر اپنے سر پر ڈال لیتے ہیں۔

بَکولی (بَ۔کو۔لی)(ہ۔ا۔مث) ایک سبز کیڑا جو دھان کی فصل کو نقصان پہنچاتا ہے۔

بَکّہ (بَک۔کہ)(ع۔ا۔مذ) مکّہ معظمہ کا پُرانا نام، جو قرآن مجید میں آیا ہے۔

بِکھ (ہ۔ا۔مذ) زہر۔ بِس۔

بَکھار (بَ۔کھار)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مال گودام۔ سامان رکھنے کی جگہ۔ اسٹور (۲) کھتی۔ اناج کا گودام۔

بَکھاری (بَ۔کھا۔ری)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے بکھار۔

بَکھان (بَ۔کھان)(ہ۔ا۔مذ) بُرا بھلا۔ لعنت ملامت۔ فضیحت۔ بُکّا فضیحتا۔

بکھان ڈالنا (اُر۔عو۔محاورہ) ذلیل کرنے کی غرض سے کسی کا پوشیدہ حال بیان کرنا۔

بکھان کرنا (اُر۔محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ پوشیدہ حال بتا دینا۔

بَکھاننا (بَ۔کھان۔نا)(ہ۔مص)(۱) بار بار بیان کرنا (۲) راز کھولنا۔ پوشیدہ بات ظاہر کرنا (۳) بُرا کہنا۔ گالی دینا۔

بَکھر (بَکھ۔کھر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کچی شکر کا میل (۲) ایک قسم کا تِل (۳) مکان۔ احاطہ۔ گائے بھینس باندھنے کی جگہ (۴) روغن دار بیج۔

بکھر پکانا (ہ۔محاورہ) کچی کھانڈ یا شکر کا شیرہ یا قوام کرکے اُس سے میل نکالنا۔ کچی شکر سے نکلا ہوا میل پکانا۔

بِکھرا جانا (بِکھ۔را۔جا۔نا)(ہ۔محاورہ)(۱) منتشر ہو جانا (۲) گرا پڑنا۔ بیٹھے جانا (۳) قابو سے باہر ہونا۔ ہاتھوں سے نکلا جانا۔

بِکھرنا (بِ۔کھر۔نا)(ہ۔مص)(۱) پراگندہ ہونا۔ منتشر ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ پریشان ہونا (۲) خستہ ہونا۔ بُھر بُھرا ہونا (۳) گر پڑنا۔ ضائع ہو جانا (۴) بپھرنا۔ خفے ہونا (۵) بدحال ہونا۔

بَکھری (بَکھ۔ری)(ہ۔ا۔مث) جھونپڑی۔ چھوٹا مکان۔

بَکھل (بَکھ۔کھل)(ہ۔ا۔مذ) مکان۔ احاطہ۔ محلّہ۔ کوچہ۔

بَکھی (بَکھ۔کھی)(ہ۔ا۔مث)(۱) پہلو کی ہڈی کے نیچے کی جگہ (۲) بغل کے نیچے کا گوشت۔

بَکھیر (بَ۔کھیر)(یائے مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) وہ چیز جو بکھیر دی جائے (۲) وہ روپیہ پیسا جو شادی کے موقع پر دُولھا کے سر پر سے نچھاور کیا جاتا ہے۔

بَکھیرنا (بَ۔کھیر۔نا)(یائے مجہول)(ہ۔مص)(۱) پھیلانا۔ گرانا (۲) منتشر کرنا۔

بَکھیڑا (بَ۔کھے۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اُلجھاؤ۔ جنجال۔ کھڑاگ (۲) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ غل شور۔ دنگا۔ فساد۔ ہنگامہ (۳) حُجت۔ تکرار (۴) پھیلاؤ۔ طوالت (۵) حرج۔ روک (۶) دِقت۔ دُشواری (۷) مال۔ اَسباب۔ اگڑ کھنگڑ (۸) کام دھندا (۹) تردُد۔ تشویش۔ پیچ۔ اندیشہ۔ جمع: بکھیڑوں۔ بکھیڑے۔

بکھیڑا چکانا (اُر۔محاورہ) جھگڑا ختم کرنا۔ معاملہ طے کرنا۔ لڑائی بند کرنا۔ اندیشہ دُور کرنا۔

بکھیڑا ڈالنا (اُر۔محاورہ) جھگڑا ڈالنا۔ خرابی ڈالنا۔ کام بڑھانا۔

بَکھیڑے (ہ۔ا۔مذ) بکھیڑا کی جمع (۲) بکھیڑا کی مغیرہ صورت۔

بکھیڑے میں ڈالنا (اُر۔محاورہ) جھگڑے میں ڈالنا۔ عذاب میں پھنسانا۔

بَکھیڑیا (بَ۔کھیڑ۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) جھگڑالو۔ فسادی (۲) کام بڑھانے والا (۳) پاکھنڈی۔ مکّار۔

بَکّی (بَک۔کی)(ہ۔صف) بکواسی۔ بہت باتیں کرنے والا۔

بَکّی (بَک۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) مُٹھی (۳) دوستی۔ آشنائی (۴) بُکل۔ وہ کپڑا جو بغل کے نیچے سے کندھے پر لا کر باندھ دیتے ہیں۔ جمع: بکیاں۔ بکیوں۔

بکّی مارنا (ہ۔محاورہ) دیکھئے بُکل مارنا۔

بَکَیت (بَ۔کیت)(یائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) بانک کا فن جاننے والا (۲) بانکا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بکنیکو (بَ۔کے۔کو) (و۔ا۔مذ) گھاس کی جڑ جس سے رسّی بناتے ہیں۔ مونج۔

بکنیئی (بَ۔کے۔نی) (و۔ا۔مث) وہ بھینس یا گائے جس کا دُودھ گھٹ گیا ہو۔

ب۔گ

بگ (بفتح اوّل) (و۔ا۔مث) باگ کا مخفف۔ لگام۔ عنان۔ راس (مرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے بگ ٹُٹ)۔

بگ ٹُٹ (و۔صف) (۱) باگ ٹوٹی ہوئی۔ باگ چھوٹی ہوئی (۲) سرپٹ۔ بے تحاشا۔ بہت تیز (گھوڑے کی نسبت بولتے ہیں)۔

بگ چُھٹ (و۔صف) وہ گھوڑا جس کی باگ سوار کے ہاتھ سے چھوٹ گئی ہو۔ سرپٹ۔ بگ ٹُٹ۔ بہت تیز۔

بگّا (بگ۔گا) (و۔صف) (۱) بھولا۔ معصوم (۲) بے وقوف (۳) موٹا۔

بگارنا (بَ۔گار۔نا) (و۔مع) پھیلانا۔ منتشر کرنا۔ بکھیرنا۔

بگاڑ (بِ۔گاڑ) (و۔ا۔مذ) (۱) خرابی۔ رنجش۔ بیر۔ دُشمنی۔ خفگی (۲) نقصان۔ ضرر (۳) کھوٹ۔ عیب۔ نقص (۴) خطا۔ قصور۔ جُرم (۵) روگ۔ مرض (۶) نااتفاقی (۷) بغاوت۔ سرکشی (۸) نفاق (۹) جھگڑا۔ ناچاقی۔

بگاڑ بیٹھنا (اُر۔محاورہ) رنجش کرلینا۔ اَن بَن کرلینا۔ خراب کر دینا۔

بگاڑ پڑنا (اُر۔محاورہ) رنجش ہو جانا۔ ملال ہو جانا۔ لڑائی ہونا۔

بگاڑ دینا (اُر۔محاورہ) خراب کر دینا۔

بگاڑ ڈالنا (اُر۔محاورہ) رنجش کرا دینا۔ دُشمنی پیدا کرنا۔

بگاڑ کرنا (اُر۔محاورہ) ناراض کرنا (۲) خرابی پیدا کرنا۔

بگاڑنا (بِ۔گاڑ۔نا) (و۔مع) (۱) خراب کرنا (۲) ناراض کرنا (۳) بدحال کرنا۔ اصلی حالت کو بدل دینا (۴) بدصورت کر دینا (۵) ناپاک کرنا (۶) ناکارہ کرنا (۷) بے جا خرچ کرنا (۸) نُقصان پہنچانا (۹) تباہ کرنا (۱۰) ورغلانا۔ بہکانا (۱۱) عصمت خراب کرنا (۱۲) بدچلن کرنا (۱۳) چھوڑ دینا (۱۴) مٹانا (۱۵) پریشان کرنا (۱۶) تعلقات خراب کرنا (۱۷) جھگڑا کرنا۔

بگاڑو (بِ۔گا۔ڑو) (و۔صف) (۱) بگاڑنے والا (۲) فضول خرچ۔

بگانا (بِ۔گا۔نا) (اُر۔صف) بیگانہ کا بگاڑ۔ اجنبی۔

بگانی (بِ۔گا۔نی) (اُر۔صف) بگانا کی تانیث۔

بگانی کھیتی پر جھینگر ناچے (اُر۔مثل) پرائے مال پر فخر کرنا۔

بگریلی (بگ۔رے۔لی) (و۔ا۔مث) ایک چھوٹا سا پہاڑی پرندہ۔

بگرو (بَ۔گرو) (و۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا سُرخ دانوں کا اناج جس کی روٹی دیر ہضم ہوتی ہے (۲) مکان۔ کوچہ۔ احاطہ۔ بکھر۔

بگڑا (بگ۔ڑا) (و۔صف) دھوکا۔ فریب (۲) جھگڑا۔ فساد۔

بگڑا (بگ۔ڑا) (و۔صف) (۱) خراب۔ بگڑا ہوا۔ ناقص۔ ناکارہ۔ نکمّا (۲) ناراض۔ آزُردہ (۳) بدچلن۔ آوارہ۔

بگڑا بیٹا اور کھوٹا پیسا کبھی نہ کبھی کام آہی جاتا ہے (اُر۔مثل) اپنی چیز کیسی ہی خراب کیوں نہ ہو ضرورت کے وقت کام آجاتی ہے۔ نیز دیکھئے بُرا بیٹا کھوٹا پیسا۔

بگڑا شاعر مرثیہ گو (بگڑا گویا مرثیہ خواں) (اُر۔مثل) ادنیٰ شاعر مرثیہ لکھتا ہے۔ معمولی گویا مرثیہ پڑھتا ہے۔

بگڑا وقت (اُر۔ا۔مذ) مصیبت کا زمانہ۔

بگڑا ہُوا (اُر۔صف) ناراض۔ آزُردہ (۲) بدوضع (۳) آوارہ۔

بگڑ بیٹھنا (اُر۔محاورہ) (۱) ناراض ہو جانا۔ خفا ہو جانا (۲) باغی ہو جانا (۳) جھگڑے پر آمادہ ہونا (۴) لڑ پڑنا۔

بگڑ جانا (بگڑنا) (و۔مع) سنورنا کی ضد۔ خراب ہونا (۲) عصمت کھونا (۳) ضائع ہونا (۴) بدمزہ ہونا (۵) باغی ہونا (۶) نقصان ہونا (۷) خفا ہونا (۸) فرق آنا (۹) بے آسرا ہونا (۱۰) غریب ہونا (۱۱) بدگمان ہونا (۱۲) بھرنا (۱۳) ماہیت بدلنا (۱۴) جلنا (۱۵) ٹوٹ پُھوٹ جانا (۱۶) بے ترتیب ہونا (۱۷) ناپاک ہونا (۱۸) زہریلا ہونا (۱۹) معاملہ خراب ہونا (۲۰) اِمتحان میں پورا نہ اُترنا (۲۱) شریر یا سرکش ہونا (۲۲) بدچلن ہونا (۲۳) لڑائی ہونا (۲۴) دُشمنی ہونا (۲۵) حالت کا غیر ہونا (۲۶) ساکھ میں فرق آنا (۲۷) محبت ترک ہونا (۲۸) مفلس ہونا (۲۹) برباد ہونا۔

بگڑی (بگ۔ڑی) (و۔صف) بگڑا کی تانیث۔

بگڑی بات بنانا (اُر۔محاورہ) خراب معاملہ سُدھارنا۔

بگڑی بات بننا (اُر۔محاورہ) بگڑے معاملے کا دُرست ہونا۔

بگڑی بن جانا (اُر۔محاورہ) خراب حالت کا دُرست ہو جانا۔

بگڑی بنی (اُر۔صف) اچھی بُری۔ نیک و بد۔

بگڑی پر دوست بھی کنارہ کش ہو جاتے ہیں (اُر۔مثل) مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا۔

بگڑی تو بگڑی ہی سہی (اُر۔محاورہ) دُشمنی ہوئی تو ہوتی رہے۔

بگڑی زبان (اُر۔ا۔مث) وہ زبان جو سخت کلامی کی عادی ہو۔

بگڑے (و۔صف) بگڑا کی مغیرہ صورت۔

بگڑے امیر (رئیس) (اُر۔ا۔مذ) فضول خرچی سے تباہ ہو جانے والا دولتمند۔

بگڑے دِل کا (اُر۔محاورہ) (۱) وہ شخص جس کا دل قابو میں نہ ہو۔ دل جلا (۲) نڈر۔ بے باک (۳) ہر ایک سے اُلجھنے والا۔

بگل (بِ۔گل) (انگ۔ا۔مذ) (Bugle) قرنا۔ تُرم۔ نرسنگا۔ (اُردو میں بضم دوم مستعمل ہے)۔

بگلا (بگ۔لا) (و۔ا۔مذ) (۱) ایک سفید آبی پرندہ جو دریا کے کنارے آنکھیں نیم وا کئے مچھلیوں کی تاک میں ایک ٹانگ پر کھڑا رہتا ہے (۲) (صف) نہایت سفید۔ جمع: بگلوں۔ بگلے۔

بگلا بھگت (و۔ا۔مذ) وہ شخص جو ظاہر میں نیک اور باطن میں شریر ہو۔

بگلا مارے پنکھ ہاتھ (و۔مثل) بے سود کام کرنا (چونکہ بگلے میں گوشت بہت کم

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہوتا ہے اس وجہ سے اُس کے مارنے سے سوائے پروں کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا)۔

بگلے (ا۔ مذ)(۱) بگلا کی جمع (۲) بگلا کی مُغیّرہ صورت۔

بگلے کا پَر (اَر۔ اِ۔ مذ) بہت سفید۔

بگولا (بَ۔گو۔لا)(ہ۔ اِ۔ مذ) بھُولا۔ گردباد۔ ہوا کا چکّر۔

بگھار (بَ۔گھار)(ہ۔ اِ۔ مذ)(۱) وہ گھی یا تیل جس میں پیاز وغیرہ تل کر سالن میں ڈالا جاتا ہے۔ (پن) تڑکا۔

بگھار لگانا (اَر۔ محاورہ)(۱) گھی میں پیاز وغیرہ تل کر سالن میں ڈالنا۔ (پن) تڑکا لگانا (۲) شراب پی کر حقے کا دم لگانا۔

بگھارنا (بَ۔گھار۔نا)(ہ۔ مص)(۱) داغ دینا۔ بھونتا۔ تلنا (۲) شراب پی کر حقہ پینا (۳) جامنوں کو تلے اُوپر دو برتنوں میں رکھ کر اور پسا ہوا نمک ڈال کر اس طرح ہلانا کہ پھل پھٹ جائیں اور نمک اُن میں پیوست ہو جائے۔

بگ ہنس (ہ۔ اِ۔ مذ) سیاہی مائل سفید رنگ کا ہنس۔ (بک: بگلا)۔

بگھی (بگھ۔گھی) (اَر۔ اِ۔ مث)(۱) انگ Buggy کا مُوَرّد۔ چار پہیّوں کی گھوڑا گاڑی۔ جمع: بگھیاں۔ بگھیوں۔

بگھیل (بگھیلا) (بَ۔گھیل) (بَ۔گھے۔لا)(ہ۔ اِ۔ مذ)(۱) راجپوتوں کے ایک قبیلے کا نام (۲) شیر کا بچّہ۔

بگیڑی (بَ۔گے۔ری)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) ایک قسم کی چھوٹی سی چڑیا۔

بگیلنا (بَ۔گیل۔نا)(یائے مجہول)(ہ۔ مص)(۱) دھکیلنا (۲) پھینکنا۔

بگینی (بَ۔گے۔نی)(ہ۔ اِ۔ مث) دیکھئے بگینی۔

ب۔ل

بَل (بفتح اوّل)(س۔ اِ۔ مذ)(۱) زور۔ طاقت۔ قوت۔ شکتی (۲)(ہ۔ اِ۔ مذ) پیچ و تاب۔ مروڑ۔ اینٹھ (۳) خم۔ کجی۔ ٹیڑھ (۴) رُخ۔ سَمت (۵) فرق۔ تفاوت۔ دُوری (۶) غرور۔ گھمنڈ (۷) قربانی۔ فدیہ۔ نذر۔ بھینٹ۔ وہ قربانی جو خاص دیوتاؤں کے لئے کی جائے۔ دیوتا کا بھوگ (۸) بُغض۔ کینہ (۹) رَنجش (۱۰) بال کا مخفف۔ بال (بچّہ) کا مخفف۔ جمع: بل۔ بلوں۔

بل آنا (ہ۔ محاورہ) زور آنا۔ طاقت آنا (۲) پیچ پڑنا (۳) خم پڑنا۔ ٹیڑھ ہونا (۴) فرق پڑنا۔ حساب میں میزان کا برابر نہ بیٹھنا (۵) شکن پڑنا۔ سِلوٹ آنا۔

بَل اُترنا (ہ۔ محاورہ) پیچ دُور ہونا۔ غُصّہ دُور ہونا۔

بل بل جانا (ہ۔ محاورہ) صدقے جانا۔ قُربان ہونا۔

بل بوتا (ہ۔ اِ۔ مذ) زور۔ طاقت۔

بل بے (اَر۔ کلمۂ تحسین) آہا۔ واہ وا۔ خوب۔ مرحبا۔

بل پڑنا (پڑ جانا) (ہ۔ محاورہ)(۱) شکن پڑنا۔ خرابی آنا (۲) رَنجش ہونا (۳) مروڑی پڑنا (۴) فرق پڑنا۔

بَلی پر کودنا (اَر۔ محاورہ) بھروسے پر ناز کرنا۔ سہارے پر نازاں ہونا۔

بل تاڑ (ہ۔ اِ۔ مذ) وہ نر تاڑ جس میں پھل کے بجائے بالیں نکلتی ہیں۔

بل توڑ۔ دیکھئے بال توڑ۔

بل دار (اَر۔ صف) مُڑا ہوا۔ پیچیدہ۔ خمیدہ۔ آڑا۔ ترچھا۔

بل دینا (ہ۔ محاورہ)(۱) بٹنا (۲) مروڑنا (۳) اینٹھنا۔

بل ڈالنا (ہ۔ محاورہ) شکن ڈالنا۔ پیچ ڈالنا (۲) فرق ڈالنا۔

بل راشٹر (ہ۔ اِ۔ مث) دیکھئے بال پدھوا (بَل بال بمعنی بچّہ کا مخفف ہے)۔

بل کرنا (ہ۔ محاورہ) اکڑنا۔ زور دکھانا (۲) غرور کرنا (۳) کینہ رکھنا۔

بل کھانا (اَر۔ محاورہ) پیچ و تاب کھانا (۲) ٹیڑھا ہو جانا (۳) اکڑنا۔ اینٹھنا۔

بل کھلنا (اَر۔ محاورہ) پیچ و تاب دُور ہونا۔ خم نکلنا (۲) سیدھا ہونا (۳) غرور دُور ہونا (۴) غصّے کا رفع ہونا۔

بل کی بات (اَر۔ اِ۔ مث) شرارت۔ چالاکی۔ پیچ دار بات۔

بَل گوندھن (ہ۔ اِ۔ مث) شادی کی ایک رسم جس میں دُلہن کے بال گوندھے جاتے ہیں۔

بل نکالنا (اَر۔ محاورہ) کجی دُور کرنا (۲) سزا دینا (۳) دُرست کرنا۔

بل وان (بلوان) (ہ۔ صف) زور آور۔ طاقتور۔ قوی۔ سُورما۔

بل ونت (نُون غُنّہ)(ہ۔ صف) دیکھئے بلوان۔

بل ہونا (ہ۔ محاورہ) قوت ہونا (۲) سہارا ہونا (۳) حساب کتاب میں فرق ہونا۔

بِل (بکسر اوّل)(ہ۔ اِ۔ مذ) سُوراخ۔ چھید۔ حشرات الارض کے رہنے کا سُوراخ۔

بل ڈھونڈنا (اَر۔ محاورہ) چھپنا۔ رُوپوش ہونا۔ چھپنے کی جگہ تلاش کرنا۔

بِل (Bill) (انگ۔ اِ۔ مذ)(۱) فردِ حساب (۲) مسوّدۂ قانون (۳) چھوٹے چھوٹے اِشتہار جو چسپاں کئے جائیں یا بانٹے جائیں (۴) ہُنڈی۔

بل ادا کرنا (اَر۔ محاورہ) فردِ حساب کے بموجب رقم ادا کرنا۔

بل بنانا (اَر۔ محاورہ) فردِ حساب تیار کرنا۔

بل پاس ہونا (اَر۔ محاورہ) حساب کی فرد کا منظور ہونا (۲) کسی مسوّدۂ قانون کا منظور ہو کر قانون بن جانا۔

بَلّا (بَل۔لا)(ہ۔ اِ۔ مذ)(۱) ڈنڈا (۲) کرکٹ وغیرہ کھیلنے کا آلہ۔ جمع: بلّوں۔ بلّے۔

بِلّا (بِل۔لا)(ہ۔ اِ۔ مذ) بلّی کا نر۔ گربہ نر (۲) تمغا (۳) وہ نشان جو فوج اور پولیس کی وردی پر بنا ہوتا ہے۔ بج۔ جمع: بلّوں۔ بلّے۔

بُلّا (بُل۔لا)(ہ۔ اِ۔ مذ) بُلبُلا۔ حباب۔

بَلا (بَ۔لا) (ع۔ اِ۔ مث) سختی۔ زحمت (۲) مُصیبت۔ دُکھ۔ قہر (۳) (اَر۔ اِ۔ مث) چڑیل۔ ڈائن۔ آسیب (۴) قیامت (۵)(اَر۔ صف) ہیبت ناک۔ خوفناک (۶) چُست و چالاک (۷) بہت۔ نہایت۔ اُردو جمع: بلاؤں۔ بلائیں۔

بلا اپنے گلے باندھنا (اَر۔ محاورہ) کوئی مُصیبت اپنے اُوپر لینا۔

بلا پالنا (اَر۔ محاورہ) بکھیڑے کی چیز اپنے ساتھ لگائے رکھنا۔

بلا پڑنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑا پیش آنا۔ مُصیبت آنا۔

بلا پیچھے لگانا (اَر۔ محاورہ) دُکھ مول لینا (۲) اِلزام لگانا۔ دُکھ میں ڈالنا۔ جھگڑے میں پھنسا دینا۔

بلا پیچھے لگنا (اَر۔ محاورہ) روگ لگنا۔ مُصیبت میں مُبتلا ہونا۔

بلا ٹلنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت کا دُور ہونا۔ جھگڑے سے نجات ملنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بلا جانے (اُر۔ محاورہ) کچھ خبر نہیں (بے پروائی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں)۔
بلا جھیلنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت برداشت کرنا۔
بلا چٹ (اُر۔ صف) اناپ شناپ کھانے والا۔
بلا خیز (ف۔ صف) مُصیبت انگیز۔ ہیبت ناک۔
بلا دفع کرنا (رَد کرنا) (اُر۔ محاورہ) مُصیبت ٹالنا۔ تکلیف رفع کرنا۔
بلا سر پڑنا (اُر۔ محاورہ) خواہ مخواہ مُصیبت آنا۔
بلا سر سے ٹالنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت دُور کرنا (۲) بے دلی سے کام کرنا۔
بلا سر لینا (اُر۔ محاورہ) تکلیف یا ذِمّے داری اپنے اُوپر لینا۔
بلا سر منڈھنا (اُر۔ محاورہ) اِلزام لگانا۔ بلا وجہ مُصیبت پڑنا۔
بلا سے (اُر۔ متعلق فعل) کیا پرواہے۔ میری جوتی سے۔
بلا کا (اُر۔ صف۔ مذ) غضب کا۔ بے حد (۲) چالاک (۳) سخت۔
بلا کا آدمی ہے (اُر۔ فقرہ) بڑا ہوشیار ہے (۲) بہت محنتی ہے۔
بلا کا پُتلا (اُر۔ ا۔ مذ) بڑا چالاک۔ بہت پھرتیلا۔
بلا کٹنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا ختم ہونا۔ مُصیبت دُور ہونا۔
بلا کش (ف۔ صف) آفت جھیلنے والا۔ مُصیبت برداشت کرنے والا۔
بلا کی (اُر۔ صف۔ مث) بے حد۔ بے اِنتہا۔ "بلا کا" کی تانیث۔
بلا کی طرح (پیچھے پڑنا) لپٹنا (اُر۔ محاورہ) سر ہو جانا۔ چمٹ جانا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔
بلا کی طرح نازل ہونا (اُر۔ محاورہ) یکایک تکلیف دینے کے لئے آجانا۔
بلا گردان (اُر۔ صف) دُوسرے کی آفت اپنے اُوپر لینے والا۔ قربان ہونے والا۔
بلا گلے پڑنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت آنا۔
بلا لوں (اُر۔ محاورہ) قربان جاؤں۔ صدقے جاؤں۔
بلا لینا (اُر۔ محاورہ) نثار ہونا۔ صدقے جانا (۲) نہایت پیار کرنا۔
بلا مول لینا (اُر۔ محاورہ) آفت یا مُصیبت کو خود اپنے اُوپر لینا۔
بلا نازل ہونا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت آنا۔
بلا نصیب (اُر۔ صف) بدنصیب۔ بدبخت۔
بلا نوش (ع۔ ف۔ صف) بہت کھانے پینے والا۔ پیٹو۔ بہت شراب پینے والا (۲) جو ملے کھا جانے والا۔
بلا (ب۔ لا) (اُر۔ حرفِ نفی) بغیر۔ بول۔ بنا۔ بن (یہ کلمہ اُردو والوں کا بنایا ہوا ہے۔ اکثر فصحا نے اِس سے احتراز کیا ہے)۔
بلا اِجازت (اُر۔ ع۔ صف) اِجازت کے بغیر۔ اِجازت حاصل کئے بنا۔
بلا اِرادہ (اُر۔ ع۔ صف) اِرادے کے بغیر۔ قصد کے بغیر۔
بلا اِشتباہ (اُر۔ ع۔ صف) بے شُبہ۔ شک و شُبہ کے بغیر۔
بلا اِکراہ و اِجبار (اُر۔ ع۔ صف) زبردستی کے بغیر۔ رضا و رغبت سے۔ اپنی خوشی سے۔
بلا اِمتیاز (اُر۔ ع۔ صف) کسی فرق و تمیز کے بغیر۔ اندھا دُھند۔
بلا تامّل (اُر۔ ع۔ صف) بے سوچے سمجھے۔ غور کئے بغیر۔
بلا تردُّد (اُر۔ ع۔ صف) بے تامّل۔ تذبذب کے بغیر۔
بلا تشبیہ (اُر۔ ع۔ صف) بغیر نسبت دیئے۔ جب کوئی ایسی تشبیہ دیتے ہیں جو نامَوزوں ہو تو اُس وقت کہتے ہیں۔
بلا تصرُّف (اُر۔ ع۔ صف) بغیر مداخلت کے۔
بلا تصنُّع (اُر۔ ع۔ صف) بغیر بناوٹ کے۔ ٹھیک ٹھیک۔
بلا تکلُّف (اُر۔ ع۔ صف) بے روک ٹوک (۲) بے ساختہ۔ برجستہ۔
بلا توقُّف (اُر۔ صف) فوراً۔ بہت جلد۔ بغیر دیر کئے۔
بلا حساب (اُر۔ ع۔ صف) بے حساب۔ حساب کئے بغیر۔ بہت زیادہ۔
بلا رَیب (اُر۔ ع۔ صف) بے شک۔ بے شُبہ۔ بالکل صحیح۔ قطعی دُرست۔
بلا سان گُمان (اُر۔ صف) غیر متوقّع۔ جس کا پہلے سے خیال نہ ہو۔
بلا سبب (اُر۔ ع۔ صف) خواہ مخواہ۔ بغیر وجہ کے۔
بلا سمجھے بُوجھے (اُر۔ صف) بغیر توقُّف کے۔ بغیر سوچے سمجھے۔
بلا شُبہ (اُر۔ ع۔ صف) بغیر شُبہ کے۔ بغیر شک کے۔
بلا شرط (اُر۔ ع۔ صف) بغیر کسی قسم کی شرط کے۔ عہد و پیمان کے بغیر۔ یونہی۔
بلا شرکتِ غیرے (اُر۔ ع۔ ف۔ صف) بغیر کسی شرکت کے۔ بغیر ساجھے کے۔
بلا غِلّ و غِش (اُر۔ ع۔ صف) بغیر تردُّد کے۔ بے کھٹکے۔
بلا فصل (اُر۔ ع۔ صف) بغیر رُکنے کے۔ بغیر فاصلے کے۔ لگاتار جاری رہنا۔
بلا کم و کاست (اُر۔ ف۔ صف) بغیر کسی کمی کے۔ پُورا پُورا۔
بلا میعاد (اُر۔ ع۔ صف) میعاد یا زمانہ مقرّر کرنے کے بغیر۔
بلا ناغہ (اُر۔ ف۔ صف) ناغہ کئے بغیر۔ روزانہ۔ مسلسل۔ متواتر۔
بلا واسطہ (اُر۔ ع۔ صف) براہِ راست۔ بغیر کسی ذریعے کے۔ سیدھا۔
بلا واسطہ اِنتخاب (اُر۔ ا۔ مذ) دیکھئے اِنتخابِ بلا واسطہ۔
بلا وجہ (اُر۔ ع۔ صف) بے سبب۔ ناحق۔ خواہ مخواہ۔
بُلا بھیجنا (ہ۔ محاورہ) بُلوانا۔ طلب کرنا۔
بلاٹنگ پیپر (Blotting Paper) (انگ۔ ا۔ مذ) سیاہی چُوس۔ جاذب۔
بِلاد (ب۔ لاد) (ع۔ ا۔ مذ) بلدہ کی جمع۔ شہر۔ قصبے۔
بَلادُر (ب۔ لا۔ دُر) (ف۔ ا۔ مذ) ایک درخت اور اُس کا پھل۔ بھلانواں۔
بَلادت (ب۔ لا۔ دَت) (ع۔ ا۔ مث) کُند ذہنی۔ بے وقوفی۔
بِلاس (ب۔ لاس) (ہ۔ ا۔ مذ) خوشی۔ عیش و عشرت۔ سوانگ۔
بِلاسنا (ب۔ لاس۔ نا) (ہ۔ مص) عیش کرنا۔ رنگ رلیاں منانا۔ سوانگ تماشے کرنا۔
بَلاغ (ب۔ لاغ) (ع۔ ا۔ مذ) اِبلاغ۔ پہنچانا۔
بَلاغت (ب۔ لاغت) (ع۔ ا۔ مث) فصیح کلام۔ حسبِ موقع گفتگو۔ کم سے کم الفاظ میں زیادہ سے زیادہ مطلب بیان کرنا۔
بُلاق (ب۔ لاق) (ت۔ ا۔ مذ) (۱) ناک میں پہننے کا ایک زیور (۲) چشمۂ آب۔ پانی کا سوتا۔ جمع: بُلاق۔ بُلاقوں۔
بلاک (Block) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) لکڑی کا کُندا (۲) چھپائی کے سانچے کا قالب (۳) کسی چیز کا بھاری ٹکڑا (۴) عمارت کا سلسلہ (۵) جماعت۔ گروپ۔
بِلال (ب۔ لال) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تری۔ پانی (۲) دُودھ یا پانی کا اتنا حصہ جس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سے حلق تر ہو جائے۔

بُلا لانا (ہ۔مص) (۱) ساتھ لے آنا۔ ہمراہ لے آنا (۲) راضی کر لینا۔ منالانا۔

بُلا لینا (ہ۔ محاورہ) مدعو کر لینا۔ طلب کرنا۔

بُلانا (بُل۔لا۔نا) (ہ۔مص) تڑپنا۔ زار و قطار رونا۔

بُلانا (بُ۔لا۔نا) (ہ۔مص) طلب کرنا۔ پکارنا۔ آواز دینا۔

بِلانْد (بِ۔لانْد) (نُونِ غنّہ) (ہ۔ا۔مث) بالشت۔

بُلاوا (بُ۔لا۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نیوتا۔ دعوت۔ طلبی۔

بِلاوَل (بِ۔لا۔وَل) (ہ۔ا۔مث) رات کو گائی جانے والی ایک راگنی جس میں ساتوں سُر لگتے ہیں۔

بِلاؤ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) گُربہ نر۔ بلاّ۔ بلی کا نر۔

بلاوز (انگ۔ا۔مذ) (Blouse) عورتوں کی کرتی جو وہ ساڑھی کے نیچے پہنتی ہیں۔

بُلائی نہ چلائی میں دُلہن کی تائی (اُر۔مثل) جب کوئی بن بُلائے آ جائے اور رشتہ جتائے تو عورتیں کہتی ہیں۔

بَلائے (ع۔ف۔ا۔مث) بَلا کی مغیرہ صورت بحالتِ اضافت۔

بلائے آسمانی (ف۔ا۔مث) ناگہانی مصیبت۔ قہرِ خدا۔ وہ مصیبت جو آسمان سے نازل ہو جیسے ژالہ باری وغیرہ۔

بلائے بے درماں (ف۔ا۔مث) لاعلاج مصیبت۔

بلائے جان (ف۔ا۔مث) جی کا جنجال۔

بلائے ناگہانی (ف۔ا۔مث) اچانک آ جانے والی مصیبت۔

بَلائیں (بَ۔لا۔ایں) (یائے مجہول) (اُر۔ا۔مث) بَلا کی جمع۔

بلائیں لینا (اُر۔محاورہ) دُوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔ واری جانا۔ صدقے جانا۔ قربان ہونا۔

بَلب (انگ۔ا۔مذ) (Bulb) قمقمہ۔ برقی قمقمہ۔ اُردو جمع: بلب۔ بلبوں۔

بُلبُل (بُل۔بُل) (ف۔ا۔مذ و مث) ایک نہایت خوش آواز خاکستری رنگ کا پرندہ۔ ہزار داستان۔ عندلیب۔ ایران میں پایا جاتا ہے۔ اُر جمع: بُلبُل۔ بُلبُلوں۔ (بُلبُلوں۔ بُلبُلیں)۔

بُلبُل چشم (ف۔ا۔مذ) ایک کپڑے کا نام جس میں بُلبُل کی سی آنکھیں بنی ہوتی ہیں۔

بُلبُل ہزار داستان (ف۔ا۔مذ و مث) خوش بیان۔ شیریں کلام۔

بُلبُلا (بُل۔بُ۔لا) (اُر۔ا۔مذ) پانی کا بُلا۔ حباب (۲) (مجازاً) ناپائیدار چیز۔

بِلبِلا اُٹھنا (بِل۔بِ۔لا۔اُٹھ۔نا) (ہ۔مص) بے قرار ہو جانا۔ تڑپنا۔

بُلبُلانا (بُل۔بُ۔لا۔نا) (ہ۔مص) اُونٹ کا آواز نکالنا (۲) اُونٹ کے بولنے کی سی آواز پیدا کرنا (۳) مستی میں بکنا (۴) غصّے میں بکنا جھکنا۔

بِلبِلانا (بِل۔بِ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) تڑپنا۔ بے قرار ہونا (۲) بے حد مشتاق ہونا (۳) بے قراری سے رونا۔ گڑگڑانا۔

بُلبُل ٹیمن (بُل۔بُل۔ٹیمن) (انگ Velveteen کا موزوں۔ا۔مث) سُوتی مخمل۔ نقلی مخمل۔

بُل بُل جانا (ہ۔مص) بُل کے تحت دیکھیے۔

بُلبُلی (بُل۔بُ۔لی) (ف۔ا۔صف) (۱) بُلبُل کے رنگ کی شراب (۲) (صف) بُلبُل کے رنگ کی۔

بُلبُوس (بُل۔بُوس) (ع۔ا۔مث) جنگلی پیاز۔ ایک نباتات جو طبّی اعتبار سے پیاز سے زیادہ مفید ہے۔

بُل بُھکوا (بُل۔بُھک۔وا) (ہ۔صف) بوالہوس۔ بڑھاپے میں جوانی کی خواہشات رکھنے والا۔

بُل تار۔ بُل کے تحت دیکھیے۔

بُل توڑ۔ بُل کے تحت دیکھیے۔

بِلْٹانا (بِل۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ضائع کرنا۔ صَرف کرنا (۲) اُلٹ دینا۔

بِلْٹنا (بِ۔لٹ۔نا) (ہ۔مص) ضائع ہونا۔ صَرف ہونا۔ بلٹانا کا فعل لازم۔

بِلٹی (انگ Billet کا موزوں۔ا۔مث) مال کی وہ رسید جو ریلوے والوں سے ملتی ہے۔

بَلَد (بَ۔لَد) (ع۔ا۔مذ) شہر۔ نگر۔ بستی۔ خطّہ۔ جمع: بلاد۔

بَلْدہ (بَل۔دہ) (ع۔ا۔مذ) شہر۔ نگر۔ بستی۔ قصبہ۔ جمع: بلاد۔

بَلدیہ (بَل۔دی۔یہ) (ع۔ا۔مث) محکمہ جو شہر کی صفائی اور انتظام کے لئے ہو۔ میونسپلٹی۔ میونسپل کارپوریشن۔ جمع: بلدیات۔

بُلڈاگ (انگ۔ا۔مذ) (Bulldog) بڑے سر کا خوفناک کتا۔

بَلَسان (بَل۔سان) (ع۔ا۔مذ) مصر کے ایک مشہور درخت کا نام جس کے پتوں سے روغن نکلتا ہے اور بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔

بِلَسْنا (بِ۔لس۔نا) (ہ۔مص) (۱) عیش کرنا۔ لطف اٹھانا (۲) استعمال میں لانا۔ برتنا۔ کام میں لانا۔ کام نکالنا۔

بُلْکُوم (بُل۔کوم) (ع۔ا۔مذ) حلق۔ نرخرہ۔

بُلَغا (بُ۔لَ۔غا) (ع۔ا۔مذ) بلیغ کی جمع۔ عالم و فاضل لوگ۔

بَلْغَم (بَل۔غَم) (ع۔ا۔مذ) انسان کے بدن کی چار خلطوں میں سے ایک خلط۔

بلغم آنا (اُر۔محاورہ) منہ سے بلغم خارج ہونا۔

بَلْغَمی (بَل۔غَ۔می) (ع۔ا۔صف) (۱) بلغم پیدا کرنے والی چیز (۲) وہ جسم جس میں بلغمی خلط زیادہ ہو (۳) موٹا۔ بھس۔ تھسا۔

بِلکانا (بِل۔کا۔نا) (ہ۔مص) (۱) رُلانا (۲) بے چین کرنا۔ بلکنا کا متعدی۔

بِلکنا (بِ۔لک۔نا) (ہ۔مص) (۱) رونا۔ بلبلانا (۲) بے قرار ہونا۔

بَلکہ (بَل۔کہ) (ع۔ف۔حرف عطف و تابع فعل) بلکہ بھی۔ سوا۔ اس سے بڑھ کر (۲) شاید۔

بُل گوندھن (بُل۔گوں۔دھن) (ہ۔ا۔مث) بُل کے تحت دیکھیے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بِلّلا (بِ۔لل۔لا) (و۔صف) (۱) احمق۔ بے ہودہ۔ بے سلیقہ۔ اُول جلول۔

بِلّلی (بِ۔لل۔لی) (و۔صف) بلّلا کی تانیث۔ احمق عورت۔ پگلی عورت۔

بِلّلے (بِ۔لل۔لے) (و۔صف) (۱) بلّلا کی جمع (۲) بلّلا کی مغیرہ صورت۔

بِلّلے پن کی باتیں (و۔ا۔مث) بے وقوفی کی باتیں۔

بَلَم (بَلْما) (بَ۔لَم) (بَل۔ما) (و۔ا۔مذ) (۱) خاوند۔ خصم (۲) عاشق۔

بَلَّم (بَل۔لَم) (و۔ا۔مذ) (۱) بھالا۔ برچھا۔ نیزہ (۲) بڑی لاٹھی۔ وہ سنہری یا رُوپہلی عصا جو امیروں اور بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے ہیں۔ جمع: بَلَم۔ بلموں۔

بلم بردار (و۔ف۔صف) (۱) نیزہ اُٹھانے والا۔ نیزہ باز (۲) وہ شخص جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے سُنہری یا رُوپہلی عصا لے کر چلتا ہے۔ عصا یا نشان لے کر چلنے والا۔

بَلمانا (بَل۔ما۔نا) (و۔مص) (۱) شادی کرانا۔ خاوند بنانا (۲) معشوق بنانا۔ محبوب بنانا۔

بِلَمب (بِ۔لَمب) (و۔ا۔مذ) دیر۔ تاخیر۔ (س: وِلَمب)۔

بِلَمبنا (بِ۔لَمب۔نا) (و۔مص) دیر کرنا۔ توقّف کرنا۔

بَلَمپت (بَ۔لَم۔پت) (و۔مث) مُوسیقی کی ایک دھیمی لے۔

بَلَم ٹیر (بَ۔لَم۔ٹیر) (و۔ا۔مذ) (۱) والنٹیر (Volunteer) کا بگاڑ۔ رضا کار۔ وہ شخص جو اپنی خوشی سے فوج میں بھرتی ہو۔

بَلنا (بَل۔نا) (و۔مص) (۱) جلنا۔ سُلگنا۔ روشن ہونا (۲) بَلنا۔ تَل دینا۔

بُلَند (بُ۔لَند) (بَ۔لَند) (ف۔صف) اُونچا۔ عالی۔ برتر۔ لمبا۔ طویل۔

بلند آشیاں (ف۔صف) وہ جو اپنا مکان اُونچی جگہ پر بنائے۔

بلند آواز (بلند آہنگ) (ف۔صف) اُونچی آواز والا۔

بلند اَختر (ف۔صف) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔

بلند ارادہ (ف۔صف) اُولُوالعزم۔ عالی حوصلہ۔

بلند بالا (بُلند و بالا) (ف۔صف) اُونچے قد کا۔ دراز قد۔

بلند پایہ (ف۔صف) عالی مقام۔ عالی مرتبہ۔

بلند پرواز (ف۔صف) اُونچا اُڑنے والا (۲) عالی خیال۔ گہری فکر والا۔

بلند پروازی (ف۔ا۔مث) عالی خیالی۔ عالی دماغی (۲) خودستائی۔

بلند تر (ف۔صف) بلند کی تفضیلِ بعض۔

بلند ترین (ف۔صف) بلند کی تفضیلِ کُل۔ سب سے اُونچا۔

بلند حوصلہ (ف۔ع۔صف) عالی ہمت۔ جری۔ بہادر۔ بڑا سخی۔ دلاور۔

بلند قامت (ف۔ع۔صف) اُونچے قد والا۔ دراز قد۔ بلند بالا۔

بلند نظر (نگاہ) (ف۔صف) بڑے حوصلے والا۔ عالی ہمت۔ چھوٹی باتوں کا خیال نہ کرنے والا۔

بُلندی (بُ۔لن۔دی) (بَ۔لن۔دی) (ف۔ا۔مث) (۱) اُونچائی۔ بڑائی۔ برتری (۲) درازی۔ لمبائی۔

بلندی و پستی (ف۔ا۔مث) (۱) اُونچائی اور نچائی (مجازاً) آسمان و زمین (۲) نشیب و فراز۔

بِلَنگنا (بِ۔لَنگ۔نا) (و۔مص) (۱) کودنا۔ اُچھل کر پکڑنا (۲) لٹکنا۔

بِلَنگنی (بِ۔لَنگ۔نی) (و۔ا۔مث) دیکھئے الگنی۔

بَلنی (بَل۔نی) (و۔ا۔مث) آنکھوں کی ایک بیماری جس میں پلکیں جھڑ جاتی ہیں (۲) (صف) طاقتور عورت۔

بَلوا (بَل۔وا) (و۔ا۔مذ) (۱) ہنگامہ۔ دنگا۔ فساد۔ سرکشی۔ بغاوت (۲) ہلچل۔ بد انتظامی۔ جمع: بلووں۔ بلوے۔

بلوائے عام (ار۔ا۔مذ) (۱) بہت سے آدمیوں کی سرتابی (۲) عام بد انتظامی۔

بَلوان (س۔صف) بَل کے تحت دیکھئے۔

بَلوانا (بَل۔وا۔نا) (و۔مص) بُلانا کا متعدی۔ طلب کرنا۔ کہلوانا۔

بَلوائی (بَل۔وا۔ای) (و۔ا۔مذ) ہنگامہ کرنے والے۔

بلو بُک (Blue Book) (انگ۔ا۔مث) پارلیمنٹ کی رپورٹیں (۲) خاص نوٹ بُک۔

بِلوٹا (بِ۔لو۔ٹا) (و۔ا۔مذ) بلّی کا بچہ۔ بلونگڑا۔

بلوچ (ف۔صف) بلوچستان کا رہنے والا۔ بلوچی۔

بلوچی (ف۔ا۔مث) بلوچوں کی زبان (۲) (صف) بلوچستان سے منسوب۔

بِلّور (بِل۔لور) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک چمکدار معدنی جوہر (۲) (صف) صاف۔ شفاف۔ چمک دار۔

بِلّوری (بِلّوریں) (بِل۔لو۔ری) (بِل۔لو۔ریں) (ف۔صف) بِلّور کی بنی ہوئی۔

بَلُوط (بَ۔لوط) (بَل۔لوط) (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت۔ سیتا برچھ۔

بُلوغ (بُلوغت) (بُ۔لوغ) (بُ۔لو۔غت) (ع۔ا۔ پہلا مذ۔ دوسرا مث) جوانی۔ شباب۔ کمال۔ حد کو پہنچنا۔

بِلونا (بِ۔لو۔نا) (و۔مص) متھنا۔ پے در پے حرکت دینا (پن) رڑکنا۔

بِلوں بِلوں (بِ۔لوں۔بِ۔لوں) (ار۔ا۔مث) (۱) واویلا۔ ہائے ہائے (۲) عُسرت۔ تنگی۔ کمی۔

بِلوں بِلوں کرنا (ار۔محاورہ) ہائے وائے کرنا۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا (۲) مُصیبت کے مارے چیخ اُٹھنا۔

بَلوَنت (س۔صف) بَل کے تحت دیکھئے۔

بِلونی (بِ۔لو۔نی) (واو مجہول) (و۔ا۔مث) وہ ظرف جس میں دودھ متھتے ہیں۔

بَلہار (بَلہاری) (بَل۔ہار) (بَل۔ہا۔ری) صدقے۔ قربان۔ نثار۔

بَلہاری جانا (و۔محاورہ) واری جانا۔ قربان جانا۔

بِلہرا (بِ۔لہ۔را) (و۔ا۔مذ) پان رکھنے کا لمبا ڈبا۔

بِلہری (بِ۔لہ۔ری) (و۔ا۔مث) بلہرا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَلی (بَ۔لی)(ہ۔صف) طاقتور۔ مضبوط۔ بل وان۔ زور والا۔

بَلّی (بَل۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) لمبا بانس (۲) لکڑی یا بانس کا تھم (۳) ناؤ کھینے کا بانس۔ جمع: بَلّیاں۔ بَلّیوں۔

بَلّی مارنا (ہ۔محاورہ) چپّو چلانا۔ ناؤ کھینا۔ کشتی چلانا۔

بِلّی (بِل۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک چھوٹا سا جانور جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے۔ گربہ (۲) وہ چھوٹی لکڑی جو کواڑوں میں اِس غرض سے لگائی جاتی ہے کہ دونوں پٹ بند کرکے اُس کو چڑھا دیں تو پھر کواڑ ازخود نہ کھلیں۔ جمع: بلّیاں۔ بلّیوں۔

بلّی اُلانگنا (اُر۔محاورہ) بلّی کا سامنے سے گزرنا جو منحوس سمجھا جاتا ہے (۲) آمادۂ فساد ہونا (۳) بے سبب غصّے ہونا۔

بلّی بنا رہنا (اُر۔محاورہ) مسکین صورت بنا رہنا۔

بلّی بھی لڑتی ہے تو پنجہ مُنہ پر دھر لیتی ہے (اُر۔مثل) حیوان بھی لڑنے سے شرماتے ہیں۔

بلّی جب گرتی ہے تو پنجوں کے بَل (اُر۔مثل) ہوشیار آدمی اپنے آرام اور حفاظت کا خیال رکھتا ہے۔

بلّی خدا واسطے چوہا نہیں مارتی (اُر۔مثل) ہر شخص اپنے نفع کے لئے کام کرتا ہے۔

بلّی سے چھیچھڑوں (دُودھ) کی رکھوالی (اُر۔مثل) بد دیانت کو خزانچی بنانا۔ چور کو امین بنانا۔

بلّی کا راستہ کاٹنا (اُر۔محاورہ) بلّی کا کسی کے سامنے سے گزر جانا جسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔

بلّی کا گُو نہ لیپنے کا نہ پوتنے کا (اُر۔مثل) نکمّا آدمی کسی کام کا نہیں۔

بلّی کو چھیچھڑوں کے خواب (اُر۔مثل) دیکھئے بلّی کے خواب میں چھیچھڑے۔

بلّی کھائے گی نہیں تو پھیلائے گی ضرور (اُر۔مثل) بدذات بے فائدہ نقصان پہنچاتا ہے۔

بلّی کی میاؤں سے ڈر لگتا ہے (اُر۔مثل) زور آور کا رُعب ہی کافی ہے۔ ظالم کا خوف بہت ہوتا ہے۔

بلّی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا (اُر۔مثل)(۱) اُس چیز کا مل جانا یا ہو جانا جس کا سان گمان نہ ہو (۲) مُراد پوری ہو جانا۔ کہتے ہیں ایک دن اودھ کے حکمران نواب واجد علی شاہ اپنے محل کے دالان میں تشریف فرما تھے۔ دالان کی محراب میں چھینکا لٹکا ہوا تھا جس میں دُودھ کا برتن رکھا تھا۔ ایک بلّی للچائی ہوئی نظروں سے چھینکے کو تک رہی تھی کہ وہ ٹوٹ کر نیچے گر پڑا۔ واجد علی شاہ نے بے ساختہ کہا "بلّی کے بھاگوں (قسمت سے) چھینکا ٹوٹا"

بلّی کے خواب میں چھیچھڑے (اُر۔مثل) ہر شخص اپنے ہی مطلب کی سوچتا ہے۔

بلّی لوٹن (ہ۔ا۔مذ) بال چھڑ۔ ایک خوشبودار گھاس جس کی خوشبو بلّی کو بہت پسند ہے۔

بلّی نے شیغمہ (شیر) پڑھایا بلّی کو کھانے آیا (اُر۔مثل) شاگرد اُستاد کے مقابلے پر آئے تو کہتے ہیں۔

بَلیٰ (بَ۔لا)(ع۔حرف اقرار) ہاں۔ کیوں نہیں۔

بَلے (بَ۔لے)(ف۔حرف اِقرار) ہاں۔ سچ ہے۔ دُرست ہے۔

بَلیّات (بَ۔لی۔یات)(ع۔ا۔مث) بلیّہ کی جمع۔ بلائیں۔ مُصیبتیں۔

بَلیّاں لینا (ہ۔مص) بلائیں لینا۔ صدقے جانا۔ قربان ہونا۔

بُلیٹن (Bulletin)(انگ۔ا۔مذ) سرکاری اطلاع۔ خبرنامہ (۲) اہم واقعات یا بیماری کی کیفیت کی اطلاع۔

بلیچنگ پوڈر (Bleaching Powder)(انگ۔ا۔مذ) رنگ کاٹ سفوف۔ ایک سفوف جس سے کپڑے وغیرہ کا رنگ اور دھبّے دُور کرتے ہیں۔

بَلید (بَ۔لید)(ع۔صف) کُند ذہن۔ غبی۔ کم عقل۔

بلیڈ (Blade)(انگ۔ا۔مذ)(۱) دھار۔ چاقو وغیرہ کا پھل (۲) لوہے کا وہ تیز دھار آلہ جس سے ڈاڑھی مونڈتے ہیں۔

بلیرڈ (Billiard)(انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھیل جو ہاتھی دانت کی گولیوں سے میز کے اُوپر لمبی چھڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

بلیزر (Blazer)(انگ۔ا۔مذ) ایک خاص کپڑے کا رنگین کوٹ جو کھلاڑیوں اور کالج کے طالب علموں کی وردی میں شامل ہوتا ہے۔

بَلیغ (بَ۔لیغ)(ع۔صف)(۱) پُورا۔ کامل (۲) اِنتہا کو پہنچا ہوا۔ فاضل (۳) حسبِ موقع گفتگو کرنے والا۔ جمع: بُلغا۔

بلیک (Black)(انگ۔صف)(۱) کالا۔ سیاہ (۲) مجرمانہ۔ قابلِ نفرت۔

بلیک مارکیٹ (Black Market)(انگ۔ا۔مث) مقرّرہ قیمت سے زیادہ قیمت پر مال فروخت کرنا۔ چور بازاری۔

بلیک میلر (Blackmailer)(انگ۔ا۔مذ) افشائے راز کی دھمکی دے کر رشوت لینے والا۔

بلیک میل کرنا (اُر۔محاورہ) اَفشائے راز کی دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنا۔

بلیک میلنگ (Blackmailing)(انگ۔ا۔مث) افشائے راز کی دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنے کا عمل۔

بَلیلہ (بَ۔لے۔لہ)(ف۔ا۔مذ) ایک دوا کا نام۔ بہیڑا۔

بَلّیوں (بَل۔لی۔یوں)(ہ۔ا۔مث) بَلّی کی جمع۔

بَلّیوں دل (کلیجا) اُچھلنا (اُر۔محاورہ) سخت ڈر یا گھبراہٹ ہونا۔ بہت دل دھڑکنا۔

بَلینڈا (بَ۔لیں۔ڈا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چھت کی کڑی (۲) چھپّر کی مُنڈیر یا بیچ کا بڑا بانس۔ (مؤنث: بلینڈی)۔

بَلیّہ (بَ۔لی۔یَہ)(ع۔ا۔مث) بلا۔ مُصیبت۔ آفت۔ آزمائش۔ جمع: بلیّات۔

ب۔م

بَم (فتح اوّل)(ف۔ا۔مث) راگ یا باجے کی اُونچی آواز۔ آواز کا چڑھاؤ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بم (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چشمہ۔ پانی کا سوتا (۲) غل۔ شور (۳) نقارہ (۴) گھوڑا گاڑی کا بانس جس میں گھوڑا جوتا جاتا ہے (۵) شِو دیوتا کو بُلانے کی آواز۔
بم بُلانا (ہ۔ محاورہ) خراب کرنا۔ سخت تکلیف دینا۔ نقارے کی طرح بجانا۔
بم بولنا (ہ۔ محاورہ) جے پکارنا۔
بم پُھوٹنا (ہ۔ محاورہ) کنوئیں کی تہ سے پانی کا زور سے نکلنا۔
بم پولیس (اَ۔ا۔مذ) عوام کے لئے پاخانہ (۲) لشکری۔
بم چخ (اَ۔ا۔مث) شور وغل۔
بم چخ مچانا (اَ۔ محاورہ) شور وغل کرنا۔ دُہائی دینا۔
بم مہادیو (ہ۔ نعرہ) اے مہادیو مدد کرو۔ مہادیو کا بول بالا۔ مہادیو کی جے۔
بم (انگ Bomb کا مؤرد۔ا۔مذ) آتش گیر مادّے کا گولا۔ بم کا گولا۔
بمبار (اَ۔ف۔صف) بم برسانے والا ہوائی جہاز۔ (Bomber)۔
بمباری (اَ۔ا۔مث) بم برسانا (خصوصاً ہوائی جہاز سے)۔
بمان (بِ۔مان)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دیوتاؤں کا رتھ۔ تختِ رواں (۲) اُڑن کھٹولا (۳) ہوائی جہاز۔ غبارہ (۴) تابوت۔ بہت سجی ہوئی ارتھی (س: ومان)۔
بَمبا (بم۔با)(اَ۔ا۔مذ) منبع۔ چشمہ۔ نہر۔ نالی۔ نل۔ بڑا پائپ۔
بمبو (بم۔بُو)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بانس (۲) چنڈو پینے کی نلکی (۳) ناؤ اور بجرے کی نلی۔
بمبوکاٹ (اَ۔ا۔مث) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی۔ (انگ Bamboo Cart کا مؤرد)۔
بمپر (Bumper)(انگ۔ا۔مذ) موٹر کا ٹکر روک جو انجن کے آگے لگا ہوتا ہے۔
بمنا (بم۔نا)(ہ۔ا۔مذ) ایک رنگ کا کبوتر۔ سُرخ، سبز، زرد وغیرہ۔
بمنی (بم۔نی)(ہ۔ا۔مث) بمنا کی تانیث۔ ایک رنگ کی کبوتری۔
بمنیا (بم۔نے۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ)(تحقیراً) برہمن کا بیٹا۔

ب۔ن

بن (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جنگل۔ بیلا۔ جہاں کثرت سے درخت ہوں (۲) کپاس کا پودا (۳) کٹائی یا چرائی کی اُجرت۔ جمع: بن۔ بنوں۔
بن باس (ہ۔ا۔مذ) جنگل میں جا کر رہنا سہنا۔ دیس نکالا۔ جلا وطنی۔
بن باس کرنا (ہ۔ محاورہ) آبادی سے نکال دینا۔ جنگل میں رہنے کا حکم دینا۔
بن باسی (ہ۔صف) جنگل میں رہنے والا۔ جنگلی (۲) آبادی سے باہر رہنے والا۔
بن بلاؤ (ہ۔ا۔مذ) جنگلی بلا۔
بن بھانٹا (ہ۔ا۔مذ) جنگلی بینگن۔
بن پرستھ (ہ۔ا۔مذ) سنیاسی۔ سادھو۔ جنگل میں رہنے والا۔
بن کٹیا (ہ۔ا۔مث) ایک خار دار بوٹی۔
بن کریلا (ہ۔ا۔مذ) جنگلی کریلا جو چھوٹا اور بہت کڑوا ہوتا ہے۔
بن کنڈا (ہ۔ا۔مذ) خشک جنگلی اُپلا۔
بن کھنڈ (نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) جنگل۔ صحرا۔
بن مانس (ہ۔ا۔مذ)(۱) جنگلی۔ وحشی انسان (۲) انسانی صورت سے مشابہ بندر۔ گوریلا۔
بن (بفتح اوّل)(ہ۔فعل) بننا مصدر کا صیغہ امر۔
بن آنا (اَر۔ محاورہ) مُراد حاصل ہونا (۲) دُرست ہونا (۳) کارگر ہونا (۴) بس چلنا (۵) قسمت کُھلنا (۶) تدبیر کارگر ہونا۔
بن آئے کا سودا ہے (کی بات ہے) (اَر۔ مثل) بس چلنے کا کام ہے۔ موقع ملنے کی بات ہے۔
بن بنا کر (اَر۔ تابع فعل) تیار ہو کر۔ بن سنور کے۔ سنگار کر کے۔
بن بن کے بگڑ جانا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کا دُرست ہو کے خراب ہو جانا۔
بن پڑنا (اَر۔ محاورہ) موقع ہاتھ آنا (۲) مُراد حاصل ہونا (۳) مجبور ہونا (۴) سمجھ میں آنا (۵) ہو سکنا۔
بن ٹھن کے (بن سنور کے)(اَر۔ تابع فعل) بج سجا کر۔ بن سنور کر۔
بِن (بکسر اوّل)(ع۔ا۔مذ) اِبن کا مخفف۔ بیٹا۔ جمع: اَبناء۔
بِن (بِنا)(ہ۔ حرفِ استثنا) سوا۔ بجز۔ بغیر۔ بدُون۔
بن آئی (ہ۔ محاورہ) ناگہانی موت۔
بن آئی مرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بے موت مرنا (۲) ناحق تباہ ہونا۔ بے گناہ مارا جانا۔
بن بُلائی احمق، لے دوڑی صحنک (اَر۔ مثل) ایک تو بغیر بُلائے آنا اور دُوسرے کھانا ساتھ لے جانے کا سامان کرنا حماقت میں داخل ہے۔
بن بیاہا (ہ۔صف) کنوارا۔
بن بیاہی (ہ۔صف) بن بیاہا کی تانیث۔ کنواری۔
بن جانے کون مانے (ہ۔ مثل) بغیر دیکھے اِعتبار نہیں آتا۔
بن داموں غلام (اَر۔صف)(۱) مُفت کا غلام (۲) نہایت فرماں بردار۔
بن داموں کی لونڈی (اَر۔صف) بے حد مطیع و فرماں بردار عورت۔
بن روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی (اَر۔ مثل) بے طلب کچھ نہیں ملتا۔
بن سیوا میوہ نہیں (اَر۔ مثل) خدمت کئے بغیر کچھ نہیں ملتا۔
بن گھرنی گھر بھوت کا ڈیرا (ہ۔ مثل) بیوی کے بغیر گھر اُجاڑ معلوم ہوتا ہے۔
بن مارے کی توبہ (اَر۔ا۔مث) ناحق کی فریاد۔ بے جا فریاد۔
بن مانگے موتی ملیں مانگے ملے نہ بھیک (اَر۔ مثل) بغیر سوال کئے قیمتی چیز مل جاتی ہے لیکن جس کی طلب ہو وہ مانگنے سے بھی نہیں ملتی۔
بُن (بضم اوّل)(ع۔ا۔مذ) ایک تخم جسے بُھون کر کھاتے ہیں اور چائے کی طرح جوش دے کر پیتے ہیں۔
بُن (بضم اوّل)(ف۔ا۔مث) جڑ۔ بنیاد (۲) سرا۔ نوک۔
بُن گوش (ف۔ا۔مث) کان کی لو کا نچلا حصّہ۔
بُن مو (ف۔ا۔مث) بال کی جڑ۔
بُنا (بُ۔نا)(ہ۔صف)(۱) مُرکّب (۲) تیار۔ بنا ہوا (۳) طے شدہ (۴) مرتب (۵) نقلی۔ جعلی۔ مصنوعی (۶) بے بُنیاد۔ خیالی۔ وہمی۔
بنا بنایا (ہ۔صف) ٹھیک۔ دُرست۔ تیار۔ مکمل۔
بنا بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) وجیہ بنائے ہونا۔ وضع اِختیار کئے ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بنا ٹھنا (اَر۔ صف) سنگار کیے ہوئے۔ بنا سنورا۔ ٹھیک ٹھاک۔ سجا سجایا۔

بنا رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زندہ رہنا۔ سلامت رہنا (۲) موجود رہنا۔ حاضر رہنا (۳) برقرار رہنا۔ خوش و خرم رہنا۔ سرسبز رہنا۔ آباد رہنا (۴) اقبال و دولت کی ترقی ہونا۔

بنا لینا (اَر۔ محاورہ) تیار کر لینا (۲) انتظام کر لینا۔ حاصل کر لینا۔ پیدا کر لینا۔

بنّا (ب۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دولھا۔ نوشہ (۲) پیارا۔ لاڈلا۔

بِنا (بِ۔ نا) (ع۔ ا۔ مث) جڑ۔ بنیاد۔ نیو۔ اصل (۲) باعث۔ سبب (۳) شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔

بنا بریں (ع۔ ف۔ تابع فعل) اس بنیاد پر۔ اس لئے۔ اس وجہ سے۔

بنا پڑنا (اَر۔ محاورہ) ابتدا ہونا۔ آغاز ہونا۔ تعمیر کی بنیاد رکھی جانا۔ بنیاد قائم ہونا۔

بنا ڈالنا (اَر۔ محاورہ) بنیاد رکھنا۔ ڈھنگ ڈالنا (۲) شروع کرنا۔ نیو جمانا۔

بناءً علیہ (ع۔ تابع فعل) اس بنا پر۔ اس وجہ سے۔ اس لئے۔ بنابریں۔

بَنات (بَ۔ نات) (ع۔ ا۔ مث) بنت کی جمع۔ بیٹیاں۔

بَناتُ النَّعش (ب۔ نا۔ تُن۔ نعش) (ع۔ ا۔ مث) نعش کی بیٹیاں۔ وہ سات ستارے جو قطب تارے کے گرد گھومتے ہیں۔ ان میں سے چار ستاروں کی شکل چوکھٹے کی سی ہے۔ اس چوکھٹے کو جنازہ فرض کیا گیا ہے اور اس کے پیچھے تین ستاروں کو تین لڑکیاں۔ سات ستاروں کا جھمکا۔ عقد ثریا۔

بَنادِر (بَ۔ نا۔ دِر) (ع۔ ا۔ مذ) بندر کی جمع (بندر: بندرگاہ)۔

بَنادِیق (بَ۔ نا۔ دِیق) (اَر۔ ا۔ مث) بندوق کی اُردو جمع (عربی قاعدہ سے)۔

بَناس پتی (بناسپتی) (بَ۔ ناس۔ پَ۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نباتات۔ گھاس۔ ساگ (۲) گھاس کی پتی۔ (س: وناس)۔

بُنا گوش (بُ۔ نا۔ گوش) (ف۔ ا۔ مث) کان کی لو۔ کچیا۔

بُنالا (بُ۔ نا۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) گوٹا کناری وغیرہ کا بانا۔

بِنامی (بِ۔ نا۔ مِی) (ہ۔ ا۔ مث) رہن یا بیع کی وہ معاملت جو دُوسرے کے نام سے کی جائے اور اصل شخص کوئی اور ہو۔

بَنان (بَ۔ نان) (ع۔ ا۔ مذ) بنانہ کی جمع۔ اُنگلیوں کے سرے۔

بَنانا (بَ۔ نا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دُرست کرنا۔ تیار کرنا (۲) آراستہ کرنا (۳) تعمیر کرنا (۴) گھڑنا (۵) تصنیف و تالیف کرنا (۶) شکار کو صاف کرنا (۷) ہنسی اُڑانا۔ احمق بنانا (۸) سنوارنا۔ تہذیب سکھانا (۹) اصلاح کرنا (۱۰) ایجاد کرنا (۱۱) دولت مند کرنا (۱۲) حاصل کرنا۔

بَناوَٹ (بَ۔ نا۔ وَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ساخت (۲) تکلف۔ تصنع (۳) دکھاوا۔ نمود و نمائش (۴) سخن سازی (۵) جھوٹ۔ مکر و فریب۔ جعل سازی (۶) وضع۔ شکل (۷) کاریگری۔ صنعت۔

بُناوَٹ (بُ۔ نا۔ وَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) بُننے کی وضع۔ بُنائی۔ بُننے کا کام۔

بَناوَٹی (بَ۔ نا۔ وَ۔ ٹی) (ہ۔ صف) مصنوعی۔ دکھاوے کا۔ ظاہری۔

بَناو (بَ۔ نا۔ او) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سجاوٹ۔ آرائش۔ سنگار (۲) دوستی۔ موافقت (۳) بنانا مصدر سے فعل امر۔ سنوارو۔ دُرست کرو (۴) بگاڑ کی ضد۔

بناؤ سنگار (ہ۔ ا۔ مذ) آرائش۔ آراستگی۔ میک اپ۔

بِنائے (ف۔ ا۔ مث) بِنا (بنیاد) کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اضافت۔

بِنائے دعویٰ (ع۔ ا۔ مث) استغاثے کا باعث۔ دعوے کی وجہ۔

بِنائے مُخاصَمت (ع۔ ا۔ مث) (۱) جھگڑے کی بُنیاد (۲) وہ فعل جس سے نالش کرنے کا جواز پیدا ہو۔

بَنائے نہ بَننا (اَر۔ محاورہ) اِختیار سے باہر ہونا۔ تدبیر کارگر نہ ہونا۔ مجبور ہونا۔

بَنَت (اَر۔ ا۔ مث) کپڑے کی توئی جس میں گھوکھرو اور سلما ستارہ لگا ہوتا ہے۔

بنت کی پچّی (اَر۔ ا۔ مث) شیشے کے ریزے جو بنت میں لگے ہوتے ہیں۔

بِنت (بکسر اوّل) (نون مخفّف) (ع۔ ا۔ مث) لڑکی۔ دُختر۔ بیٹی۔ جمع: بنات۔

بِنتُ البحر (بن۔ تُل۔ بحر) (ع۔ ا۔ مث) ایک افسانوی سمندری مخلوق جس کا اُوپر کا دھڑ انسانی شکل کا اور نچلا مچھلی کی طرح ہوتا ہے۔ جل پری۔

بِنتُ العِنَب (بن۔ تُل۔ عِ۔ نَب) (ع۔ ا۔ مث) لغوی معنی انگور کی بیٹی۔ مُراد انگوری شراب۔

بِنتی (بن۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) معذرت۔ عذر خواہی (۲) عرض۔ التجا (۳) منت سماجت۔

بنٹھا (بن۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) کھانا پکانے کا بڑا برتن (۲) پتیل کا گھڑا۔

بنٹا ڈھار کرنا (ہ۔ محاورہ) (۱) برتن توڑ دینا (۲) برباد کر دینا۔ تہس نہس کر دینا۔

بَنج (فتح اوّل) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خرید و فروخت۔ تجارت۔ لین دین۔ بیوپار۔ سوداگری (۲) رشتہ ناتا (۳) پیشہ۔ کار۔ کسب۔

بنج کریں گے باہمنے اور کریں گے رئیس، بنج کیا تھا جاٹ نے، رہ گئے سو کے تیس (اَر۔ مثل) بنج بیوپار کرنا بنیوں کا کام ہے۔ یعنی ہر شخص کو اپنا پیشہ اختیار کرنا چاہئے۔ دوسروں کی ریس سے نقصان ہوتا ہے۔

بَنجارا (بن۔ جا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) غلّے کا سوداگر۔ چاول کا تاجر (۲) سوداگر۔ بیوپاری (۳) ایک پہاڑی قوم (۴) ایک قسم کے خانہ بدوش ہندو۔

بَنجارَن (بن۔ جا۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مث) بنجارے کی بیوی۔

بَن جانا (ہ۔ محاورہ) (۱) تیار ہونا۔ دُرست ہونا (۲) اثر ہونا (۳) ایجاد ہونا (۴) مکمل ہونا (۵) قائم رہنا۔ سلامت رہنا (۶) کام ہونا (۷) سنور جانا (۸) ترکاری وغیرہ تیار ہونا (۹) تعمیر ہونا۔ چنا جانا (۱۰) امیر ہونا۔ دولت مند ہونا (۱۱) خوش ذائقہ ہونا (۱۲) طے ہونا (۱۳) بیتنا۔ گزرنا (۱۴) آراستہ ہونا (۱۵) موزوں ہونا (۱۶) حاصل ہونا (۱۷) بیوقوف ٹھہرنا (۱۸) بھیس بدلنا۔

بَنجَر (نون مخفّف) (ہ۔ صف۔ و۔ ا۔ مث) غیر مزروعہ زمین (۲) ناقابلِ کاشت زمین۔

بنجر توڑنا (ہ۔ محاورہ) غیر مزروعہ زمین کو قابلِ کاشت بنانا۔

بنجر جدید (ہ۔ ع۔ ا۔ مث) وہ زمین جس میں چار سال تک لگاتار کوئی جنس پیدا نہ ہوا اور میوہ دار درخت بھی نہ ہوں۔

بنجر خارجُ الجمع (ہ۔ ع۔ ا۔ مث) وہ غیر مزروعہ زمین جس کا معاملہ نہ لیا جائے۔

بنجر قدیم (ہ۔ ع۔ ا۔ مث) وہ زمین جو نئے بندوبست تک غیر مزروعہ رہے۔

بنجنا (بج۔ نا) (ہ۔ مص) تجارت کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَنچ (Bench) (انگ۔ ا۔مث) (۱) بیٹھنے کے لئے لمبا سا تختہ جس کے نیچے پائے لگے ہوتے ہیں (۲) منصفین۔ جج صاحبان۔ حکامِ عدالت۔

بَنچنا (بَنچ۔نا) (ہ۔مص) پڑھنے میں آنا۔ پڑھایا جا سکنا۔

بَنْد (بفتح اوّل) (نُون غنّہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) جوڑ۔ عضو (۲) گرہ۔ گانٹھ (۳) روک۔ پشتہ۔ مینڈھ (۴) سہارا۔ بندھن۔ بندش (۵) ڈورا۔ فیتا (۶) قید۔ حبس (۷) داؤں پیچ (۸) ٹیپ کا مصرع یا شعر (۹) (صف) مسدود۔ روکا گیا (۱۰) مقفل (۱۱) رُکا ہوا۔ وہ پانی جو ایک جگہ ٹھہرا ہوا ہو (۱۲) افسردہ۔ پژمردہ (۱۳) گھرا ہوا۔ تنگ (۱۴) خاموش۔ چپ۔

بند باندھنا (اُر۔محاورہ) (۱) گرہ لگانا (۲) پشتہ باندھنا (۳) داؤں لگانا (۴) اِنتظام کرنا۔ تدبیر کرنا (۵) پیش بندی کرنا (۶) منصوبہ گانٹھنا (۷) روک تھام کرنا (۸) تُہمت لگانا۔ بُہتان جوڑنا۔

بند بند (ف۔اُر۔ا۔مذ) (۱) جوڑ جوڑ (۲) گرہ گرہ (۳) (صف) چپ۔ افسردہ۔

بند بند ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) ہر جوڑ میں درد ہونا۔

بند بند جُدا کرنا (اُر۔محاورہ) جوڑ جوڑ الگ کرنا۔ پُرزے اُڑانا۔ ٹکڑے کرنا۔

بند بند جکڑ جانا (اُر۔محاورہ) جوڑ جوڑ میں اینٹھن ہونا۔

بند بند دُکھنا (اُر۔مص مُرکّب) بدن کے ہر جوڑ کا درد کرنا۔

بند بند ڈھیلے کرنا (اُر۔محاورہ) جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ بہت تھکا دینا۔ بہت مارنا۔

بند پانی (اُر۔ا۔مذ) پانی جو رُکا ہوا ہو۔ جاری نہ ہو۔

بند رہنا (اُر۔محاورہ) رُکا رہنا (۲) دبا رہنا (۳) خاموش رہنا (۴) قید رہنا۔

بند سوالات (ف۔ع۔ا۔مذ) سوالات کی وہ فرد جو بغرضِ اِستفسارِ حالاتِ مقدمہ عدالت کسی فریقِ مقدمہ کو بھیجتی ہے۔

بند کرنا (اُر۔مص مُرکّب) روکنا (۲) مقفل کرنا (۳) قید کرنا (۴) خاموش کرنا۔

بند گوبھی (اُر۔ا۔مث) گوبھی کی ایک قسم جس میں صرف پتوں کی گول تھیلی ہوتی ہیں۔ پھول نہیں ہوتا۔

بند لگانا (اُر۔مص مُرکّب) سانپ کے کاٹے کا منتر پڑھنے والے مریض کے جسم پر ایک پٹی باندھ دیتے ہیں کہ زہر آگے نہ بڑھے۔ اِسے بند لگانا کہتے ہیں۔

بند میں گِرہ دینا (بند میں گِرہ لگانا) (اُر۔محاورہ) یادداشت کے لئے انگرکھے کے بند میں گرہ لگانا کہ یاد رہے۔

بند نہ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) خوف نہ کرنا (۲) عاجز نہ ہونا (۳) منکر نہ ہونا۔

بَندوبست (ف۔ا۔مذ) (۱) اِنتظام۔ اِہتمام (۲) ضابطہ۔ قاعدہ (۳) سلیقہ (۴) زمین کی حد بندی اور اِنتظام تحصیلات (۵) ترتیب۔ تدبیر۔ تجویز۔

بندوبست اسامی وار (ف۔اُر۔ا۔مذ) وہ بندوبست جو اسامیوں کی ترتیب سے ہو۔

بندوبستِ اِستمراری (ف۔ع۔ا۔مذ) دائمی بندوبست۔ ہمیشہ کے لئے ایک ہی دفعہ مال گزاری کی تشخیص کر دینا۔

بندوبستِ دیہی (ف۔ا۔مذ) زمین کے کاغذات تیار کرنا۔ مال گزاری کی تشخیص کرنا۔ محصول لگانا۔

بندوبستِ سرسری (ف۔ا۔مذ) عارضی بندوبست۔

بند وکشاد (ف۔ا۔مذ) بند کرنا اور کھولنا۔ حل وعقد۔ اِنتظام۔

بند ہونا (اُر۔مص مُرکّب) رُکنا۔ تھمنا (۲) مسدود ہونا (۳) کسی کام کا چالو نہ ہونا (۴) ختم ہو جانا (۵) جاری نہ رہنا (۶) چپ رہنا (۷) جکڑا جانا (۸) (شطرنج) چال نہ رہنا (۹) آمدورفت نہ رہنا (۱۰) کُند ہو جانا۔ دھار موٹی ہو جانا۔

بند ہیضہ (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ ہیضہ جس میں قے اور دست جاری نہ ہوں۔

بَنْد (انگ۔ بَن Bun کا مُوَرّد۔ ا۔مذ) ایک قسم کا انگریزی کلچہ۔ ڈبل روٹی کی ایک قسم۔

بِنْد (بکسر اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے بِندی۔

بَنْدا (بفتح اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) درختوں پر پھیل جانے والی ایک قسم کی بیل (۲) مکان جو اَناج کے لئے بناتے ہیں۔ اَناج کا گودام۔

بِنْدا (بکسر اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) قشقہ۔ وہ ٹیکا جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔

بُنْدا (بضم اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) کان کا ایک زیور۔ آویزہ۔ گوشوارہ۔

بُندا بڑھانا (اُر۔محاورہ) (۱) بُندا کان سے اُتارنا (۲) منّت بڑھانا (جن عورتوں کے بچے نہیں جیتے وہ بچوں کے کان چھید کر بُندا پہناتی ہیں اور جب بچہ بڑا ہو جاتا ہے تو نیاز دے کر اُتار لیتی ہیں)۔

بِندال (بن۔دال) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی تلخ گھاس جو دوا کے طور پر کام آتی ہے (۲) ایک قسم کا پھل۔

بِندال پھلا (بِندال ڈوڈا) (ہ۔ا۔مذ) بِندال کا پھل۔

بَنْدَر (بفتح اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) اِنسان کے مُشابہ ایک جانور جو درختوں پر رہتا ہے۔ سبزی خور ہے۔ بوزنہ۔ میمون۔ جمع: بندر۔ بندروں۔

بندر بانٹ (ہ۔ا۔مث) ایسی تقسیم جس میں تقسیم کرنے والے کا فائدہ ہو اور جن کی چیز ہے وہ گھاٹے میں رہیں۔

بندر بھپکی (اُر۔ا۔مث) دکھاوے کی دھمکی۔ (گیدڑ بھپکی زیادہ مستعمل ہے)۔

بندر کا (پھوڑا) گھاؤ (اُر۔ا۔مذ) اچھا نہ ہونے والا زخم۔ دُور نہ ہونے والی مصیبت۔

بندر کو ملی ہلدی کی گِرہ، پنساری بن بیٹھا (اُر۔مثل) چھچھورا آدمی ذرا سی چیز پر اِترانے لگتا ہے۔

بندر کیا جانے ادرک کا سواد (اُر۔مثل) ناقدرا اچھی چیز کی قدر نہیں کر سکتا۔

بندر کی دوستی جی کا جنجال (اُر۔مثل) کمینے دوست سے ہمیشہ نقصان پہنچتا ہے۔

بندر کی طرح نچانا (اُر۔محاورہ) نہایت ستانا۔ بے حد تنگ کرنا۔

بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا (اُر۔مثل) نالائقوں کی تعریف کرنا۔ حقیر اور ذلیل شخص کو عزت دینا۔

بَنْدَر (بَنْدَرگاہ) (ف۔ا۔مذ وسث) بحری جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ (سمندر کے کنارے)۔

بَنْدَری (بَنْدَریا) (بند۔ری) (بند۔ریا) (ہ۔ا۔مث) بندر کی مادہ۔ جمع: بندریوں۔ بندریاں۔

بَنْدِش (بن۔دِش) (ف۔ا۔مث) (۱) گرہ۔ بندھن (۲) خیال (۳) سازش (۴) تمہید۔ اُٹھان (۵) داؤں۔ گھات (۶) تدبیر۔ پیش بندی (۷) بناوٹ۔ تکلف (۸) ساخت۔ گھڑت (۹) تُہمت۔ اِلزام (۱۰) ترتیبِ الفاظ۔ عبارت کی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ترکیب۔ الفاظ کا ربط (۱۱) باندھنے کا فعل یا کیفیت۔

بُنْدْکی (بُند۔کی) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بُوند کی تصغیر (۲) چھوٹے چھوٹے نقطے (۳) چھینٹے (۴) بُوندیں۔ جمع: بُندکیاں۔ بُندکیوں۔

بَنْدَگان (ف۔ا۔مذ) بندہ کی جمع۔ غلام۔ خادم۔ ملازم۔

بندگانِ عالی (ف۔ع۔ا۔مذ) ملازمانِ حضور۔ (تعظیماً) حضور۔ خود بدولت۔

بَنْدَگی (ف۔ا۔مث) (۱) عبادت۔ پرستش (۲) آداب۔ تسلیم۔ کورنش (۳) عجز۔ اِنکسار (۴) خدمت۔ نوکری۔ فرماں برداری۔ غلامی۔

بندگی بجا لانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سلام کرنا (۲) تعظیم کرنا۔ جُھکنا (۳) آداب کرنا (۴) حکم کی تعمیل کرنا (۵) فرمانبرداری کرنا۔

بندگی بے چارگی (اَر۔ مثل) فرماں برداری میں اپنا کچھ اِختیار نہیں رہتا۔

بندگی کرنا (اَر۔ محاورہ) سلام کرنا (۲) خُدا کی عبادت کرنا۔

بَنْدْلی (بُند۔لی) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چاول جو روہیل کھنڈ (بھارت) میں ہوتا ہے۔

بِنْدْلی (بِند۔لی) (ہ۔ا۔مث) شیشے کا چھوٹا سا گول ٹکڑا جسے ہندو عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں۔

بندوبست۔ بند کے تحت دیکھیے۔

بَنْدوَر (بُنْدوَڑ) (بفتح اوّل) (نُون غُنّہ) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) باندی کی تصغیر۔ کم مرتبہ لونڈی (۲) وہ لونڈی جسے بیوی بنا لیں۔

بَنْدُوق (بفتح اوّل) (نُون غُنّہ) (واو معروف) (ع۔ا۔مث) وہ لوہے کی نلی جس میں بارود بھر کر چھوڑتے ہیں۔ تفنگ۔ اُر جمع: بنادیق۔ بندوقوں۔ بندوقیں۔

بندوق بھرنا (اَر۔ مص مُرکّب) بندوق میں کارتوس ڈالنا۔

بندوق چھتیانا (اَر۔ محاورہ) بندوق کو چھاتی سے لگا کر شست باندھنا۔ بندوق چھوڑنے پر آمادہ ہونا۔

بندوق چُھوٹنا (اَر۔ محاورہ) بندوق چلنا۔

بندوق سر ہونا (اَر۔ محاورہ) بندوق چلنا۔

بندوق کا پیالہ (اَر۔ا۔مذ) توڑے دار بندوق میں اُوپر کی طرف ایک کٹوری سی بنی ہوتی ہے جس میں تھوڑی سی بارود رکھتے ہیں۔ اس پیالے میں سوراخ ہوتا ہے۔

بندوق لگنا (اَر۔ محاورہ) بندوق کی گولی لگنا۔

بَنْدُوقچی (بندوق۔چی) (اَر۔ا۔مذ) بندوق رکھنے والا۔ بندوق چلانے والا سپاہی۔

بَنْدَہ (بفتح اوّل وسوم۔ نُون غُنّہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) غلام (۲) نوکر۔ ملازم (۳) نیاز مند۔ خاکسار (۴) اِنسان۔ بشر۔ آدمی۔ جمع: بندگان۔ اُر جمع: بندوں۔ بندے۔

بندۂ آزاد (ف۔ا۔مذ) آزاد کیا ہوا غُلام (۲) ایسا شخص جو مذہبی قیُود اور ضروریاتِ زندگی سے بے پروا ہو۔

بندہ بشر (ف۔ا۔مذ) اِنسان۔

بندہ بشر ہے (اَر۔ مثل) سہو اور خطا اِنسان کی فطرت میں ہے۔

بندہ بنا لینا (اَر۔ محاورہ) مطیع کر لینا۔ قابو میں کر لینا۔ غلام کر لینا۔

بندۂ بے دام (ف۔ صف) مُفت کا غلام۔ بہت اِطاعت گزار۔

بندہ پرور (ف۔ صف) (۱) غلام کو پالنے والا۔ بندہ نواز (۲) حضور۔ جناب۔ حضرت۔

بندہ پروری (ف۔ا۔مث) غلام کو پالنے کا عمل۔ اِحسان۔ عنایت۔

بندہ جوڑے پلی پلی، رام لُنڈھائے کُپّا (ہ۔ مثل) بندہ تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتا ہے اور خُدا ایک ہی دفعہ سارا خرچ کرا ڈالتا ہے۔

بندۂ درگاہ (ف۔ا۔مذ) (۱) ملازمِ شاہی (۲) نیاز مند (۳) خادم۔ غلام۔

بندہ زادہ (ف۔ صف) غلام کی اولاد۔ غلام کا بچہ۔ اِنکسار سے اپنے بیٹے کو کہتے ہیں۔

بندۂ زر (ف۔ا۔مذ) روپے کا غلام۔ لالچی۔ حریص۔

بندۂ ناچیز (ف۔ا۔مذ) حقیر و بے وقعت شخص۔

بندہ نواز (ف۔ صف) غلام کو عزّت دینے والا۔ مالک۔ مختار۔ حاکم۔

بندہ نوازی (ف۔ا۔مث) بندہ پروری۔ مہربانی۔ عنایت۔

بَنْدھ (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے بند۔

بَنْدھا (نُون غُنّہ) (ہ۔ صف) (۱) جکڑا ہوا۔ اٹکا ہوا (۲) مُقرّرہ۔

بندھا توڑا (ہ۔ا۔مذ) پوری تھیلی۔

بندھا خرچ (اَر۔ا۔مذ) خرچ جس کی مقدار معیّن ہو۔

بندھا خوب مار کھاتا ہے (اَر۔ مثل) مجبور کو جو چاہو، سزا دو۔ قابو میں آیا ہوا مجبور ہوتا ہے۔

بَنْدھائی (ہ۔ا۔مث) (۱) بندش۔ باندھنے کا عمل (۲) باندھنے کی اُجرت۔

بَنْدھک (بفتح اوّل وسوم) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) رہن۔ گروی (۲) رہن نامہ۔ تمسک۔

بِندھ گیا سو موتی۔ رہ گیا سو پتھر (ہ۔ مثل) جو کچھ بھی ہو گیا غنیمت ہے (۲) جو کچھ ہاتھ آ گیا وہی سب کچھ ہے (۳) اِنسان ہُنر والا ہے تو اِنسان ہے ورنہ حیوان۔

بَنْدھن (بفتح اوّل وسوم) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بندش۔ بیڑی (۲) روک۔ مزاحمت۔ اٹکاؤ (۳) لگاؤ۔ تعلق۔ میل۔ رشتہ۔ ناتا (۴) وظیفہ۔ روزینہ۔ تنخواہ (۵) دستورُالعمل (۶) وہ رسّی یا فیتا جس سے کوئی چیز باندھیں۔

بندھن وار (ہ۔ا۔مذ) پھول پتّیوں کا ہار جو دروازوں پر لٹکاتے ہیں۔

بَنْدھنا (بندھ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) گرہ لگنا (۲) بندش میں آنا۔ پابند ہونا (۳) گرفتار ہونا۔ قید ہونا۔ پکڑا جانا۔ پھنسنا (۴) تقرر ہونا۔ ملازم ہونا۔ مقرّر ہونا (۵) شعر کا ٹھیک اور دُرست ہونا (۶) شادی ہو جانا (۷) ضابطے میں آنا۔ معمول کے مطابق کام کرنا۔

بِنْدھنا (بندھ۔نا) (ہ۔ مص) (بکسر اوّل) (۱) سوراخ ہونا۔ چھدنا۔ پرو دیا جانا۔

بَنْدھو (بفتح اوّل) (واو معروف) (نُون غُنّہ) (س۔ا۔مذ) رشتے دار۔ بھائی بند۔

بَنْدھوا (بندھ۔وا) (ہ۔ صف) بندھا ہوا۔ قیدی۔ اسیر (۲) پابند۔ غلام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَندھوانا (بند ھ۔وا۔نا) (ہ۔مع) (۱) قید کرانا (۲) پکڑوانا (۳) جکڑوانا۔ گرہ لگوانا (۴) باندھنے کا حکم دینا (۵) الزام لگانا۔ مجرم بنانا۔

بَندھی (ہ۔صف) معمولی۔ مقررہ (۲) باندھی ہوئی۔ (باندھا کی تانیث)۔

بندھی آواز (اَر۔ا۔مث) وہ آواز جو گانے والے کے قابو میں ہو اور سُر پر قائم رہے۔

بندھی بات (اَر۔ا۔مث) (۱) ایک بات (۲) ٹھیک (۳) حسبِ دستور۔ معمول کے مطابق (۴) قاعدہ' قانون' ضابطے کے مطابق۔

بندھی چوٹ (اَر۔ا۔مث) وہ انداز جس کی عادت پڑ گئی ہو یا جو برابر ہوتا رہا ہو۔

بندھی کلی (اَر۔ا۔مث) بن کھلی کلی۔ غنچہ۔

بندھی مُٹھی (اَر۔ا۔مث) راز سربستہ (۲) سلوک۔ اتحاد۔ اتفاق۔ ایکا (۳) (اَر۔صف) اکٹھا۔ یک مُشت (۴) چپ چاپ۔ خاموش۔ بے خوف۔ بے کھٹکے۔

بندھی مُٹھی لاکھ برابر (اَر۔مثل) رازداری سے اِعتبار بنا رہتا ہے۔ اِتفاق سے خوب کام چلتا ہے۔ ایک دل آدمی لاکھوں پر فتح یاب ہوتے ہیں۔

بَندی (نون غنہ) (اَر۔ا۔مث) لونڈی۔ باندی۔

بَندی (نون غنہ) (ف۔ا۔مذ) قیدی۔ اسیر۔

بندی خانہ (ف۔ا۔مذ) قیدخانہ۔ جیل خانہ۔ زندان۔

بِندی (ہ۔ا۔مث) (۱) صفر۔ نقطہ (۲) نشان (۳) چھوٹا سا ٹیکا (۴) قشقہ۔ تلک (۵) کانچ کی رنگین ٹکلی جو ہندو عورتیں ماتھے پر چپکاتی ہیں۔

بَندیلا (بن۔دے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کی ایک قوم۔ (مؤنث) بُندیلن۔

بَنڈا (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) دُم کٹا۔

بِنڈا (بکسرِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لکڑیوں کا گٹھا (۲) گھاس پھونس کا گٹھا۔

بنڈل (Bundle) (انگ۔ا۔مذ) پلندا۔ گٹھڑی۔ گٹھر۔

بَنڈی (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) آستینوں کے بغیر چھوٹا سا لباس یا صدری جو عموماً کُرتے کے نیچے پہنتے ہیں۔

بَنڈیری (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) لمبی لکڑی جس پر چھپر رکھتے ہیں۔

بَنڈیلا (بن۔ڈے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) جنگلی سؤر۔

بَنڑا (بَنڑا) (بن۔را) (بن۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بنا۔ دُولھا۔ نوشہ۔ خاوند۔ شوہر (۲) شادی کا گیت۔

بَنڑی (بن۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) بنڑا کی تانیث۔ دُلہن۔ عروس۔

بَنس (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) اولاد۔ نسل۔ خاندان۔ گھرانا۔ کنبہ (۲) بانس کا مخفف۔

بنسلوچن (بنس۔لو۔چن) (ہ۔ا۔مذ) طباشیر۔ ایک دوا کا نام جو بانس کی گرہوں سے نکلتی ہے۔

بنسواڑی (بنس۔وا۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) بانسوں کا جنگل۔

بَنسی (فتح اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بانسری۔ نے۔ مُرلی (۲) مچھلی پکڑنے کی ڈوری اور کانٹا۔

بِنصَر (بن۔صَر) (ع۔ا۔مث) بیچ کی اُنگلی اور چھنگلیا کی درمیانی اُنگلی۔

بَنَفشَہ (بَ۔نَف۔شہ) (ف۔ا۔مذ و مث) ایک خودرو بوٹی جو برفانی پہاڑوں پر یا لبِ دریا پیدا ہوتی ہے اور نزلہ زکام وغیرہ میں استعمال کی جاتی ہے۔

بَنَفشی (بَ۔نَف۔شی) (ف۔صف) بنفشہ کے رنگ کا۔ ارغوانی۔

بَنَفشی شُعاعیں (ف۔ا۔مث) ارغوانی رنگ کی شعاعیں جو ایک خاص آلے کے ذریعے سورج سے اخذ کی جاتی ہیں۔ (Ultra Violet Rays)۔

بَنَفشَئیں (بَ۔نَف۔شیں) (ف۔ا۔مث) دو دواؤں کی مُرکّب دوا جو چوٹ اور درد کے لئے مفید ہے۔

بنک (Bank)۔ دیکھئے بینک۔

بَنکارنا (نون غنہ) (ہ۔مع) (۱) غل مچانا۔ دھاڑنا۔ شور کرنا۔ چیخ کر بولنا۔ (۲) بھوت پریت کے سائے کا سر پر آ کر بولنا (۳) ڈینگ مارنا۔ شیخی مارنا۔

بَنکڑی (بنک۔ڑی) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی بلدار چوڑی۔

بَنکیت (نون غنہ) (ہ۔ مذ) (۱) بانک کے فن کا ماہر (۲) بانکا۔

بَنگ (نون غنہ) (ف۔ا۔مث) بھنگ۔ ایک نشیلی بوٹی۔

بَنگا (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) بانس۔ سونٹا۔ ڈنڈا۔

بنگا ٹھونکنا (ہ۔محاورہ) میخ لگانا (۲) روک دینا۔ بند کر دینا۔ خرابی ڈالنا۔ روڑا اٹکانا۔

بَنگالن (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) بنگال کی عورت۔ جمع: بنگالنوں۔ بنگالنیں۔

بَنگالی (بنگا۔لی) (نون غنہ) (ہ۔صف) (۱) بنگال یا بنگالہ سے منسوب (۲) (ا۔مذ) بنگال کا باشندہ۔ جمع: بنگالی۔ بنگالیوں (۳) (ا۔مث) بنگال کی زبان۔

بُنگاہ (بن۔گاہ) (ف۔ا۔مث) جگہ۔ مکان۔ اسباب رکھنے کی جگہ۔

بَنگڑی (بنگڑی) (نون غنہ) (ہ۔صف) (۱) بانکڑی۔ ٹیڑھی۔ مروڑدار (۲) (ا۔مث) ایک قسم کی بل دار چوڑی۔

بَنگَش (فتح اوّل و سوم) (نون غنہ) (ف۔ا۔مذ) کشمیر کے قریب ایک علاقہ۔ بنگش کا باشندہ۔

بَنگلا (بنگ۔لا) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بنگال کا پان (۲) چھپر کا چوبی دار مکان (۳) کوٹھی۔ (انگریزی لفظ Bungalow اسی کا چربہ ہے)۔

بَنگلیا (بنگل۔یا) (ہ۔ا۔مث) بنگلا کی تصغیر۔ چھوٹا بنگلا۔ چھپر کا چھوٹا سا مکان۔

بَنگی (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) بجنے والا لٹو جس میں چھید ہوتا ہے (ہ۔صف) ٹیڑھی۔

بَننا (بن۔نا) (ہ۔مع) (۱) دُرست ہونا (۲) آراستہ ہونا (۳) تعمیر ہونا (۴) گھڑا جانا (۵) تہذیب سیکھنا (۶) ایجاد ہونا (۷) دولت مند ہونا (۸) حاصل ہونا (۹) خفیف ہونا (۱۰) احمق بننا (۱۱) بناؤ سنگار کرنا۔ بنا ٹھنا (۱۲) اَنجان بننا۔

بُننا (بن۔نا) (ہ۔مع) دھاگوں سے کپڑا تیار کرنا۔ بنیان' موزے' ازاربند وغیرہ تیار کرنا۔

بَن نہ آنا (بن نہ پڑنا) (اَر۔مع) (۱) بندوبست نہ ہو سکنا۔ کام نہ بننا (۲) مجبور ہونا (۳) جواب نہ دے سکنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَنّو (بَن۔نو) (اِ۔ا۔مث) بانو کا مخفف (۱) بیوی۔ بیگم (۲) دُلہن۔ عروس۔ بہو (۳) (صف) چھوٹی۔ لاڈلی۔

بَنْواں (اُپلا) گنڈا (ہ۔ا۔مذ) گائے بھینس کا گوبر جو چراگاہ میں خشک ہو جاتا ہے اور جلانے کے کام آتا ہے۔ (بنواں: بَن کا)۔

بَنْوانا (بَن۔وا۔نا) (ہ۔مص) بننا کا متعدی۔

بُنْوانا (بُن۔وا۔نا) (ہ۔مص) بُننا کا متعدی۔

بَنْوائی (بَن۔وا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) بنوانے کی اُجرت۔

بُنْوائی (بُن۔وا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) بُننے کی اُجرت۔

بَنُوٹ (بَ۔نوٹ) (ہ۔ا۔مث) فنِ سپہ گری کی ایک قسم۔

بِنَولا (بِ۔نو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) کپاس کا بیج۔ پنبہ دانہ۔ جمع: بنولوں۔ بنولے۔

بِنَولی (بِ۔نو۔لی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹے چھوٹے اولے۔

بَنی (بَ۔نی) (ہ۔ا۔مث) دُلہن (۲) خوش اقبالی (۳) موافقت۔ میل جول (۴) (صف) بنی ہوئی۔ تیار۔ طے شدہ۔ موافق۔

بنی بنائی بات (اَر۔ا۔مث) طے شدہ معاملہ۔ سدھرا ہوا معاملہ۔

بنی رہنا (اَر۔محاورہ) قسمت کا موافق رہنا۔

بنی کے سب ساتھی ہیں بگڑی کا کوئی نہیں (اَر۔مثل) خوش اقبالی میں سب یار ہیں۔ بُرے وقت کا کوئی ساتھی نہیں۔

بَنی (بَ۔نی) (ع۔ا۔مذ) بنین کا مخفف۔ بیٹے۔ اولاد۔ نسل۔

بنی آدم (ع۔ا۔مذ) آدم علیہ السلام کی اولاد۔ اِنسان۔

بنی اِسرائیل (ع۔ا۔مذ) اولادِ اسرائیل۔ یہودی قوم (اسرائیل حضرت یعقوبؑ کا لقب ہے)۔

بنی جان (ع۔ا۔مذ) جنّات کی نسل اور قوم۔

بنی عم (ع۔ا۔مذ) چچیرے بھائی۔

بنی نوعِ اِنسان (ع۔ا۔مذ) اِنسان کی اولاد۔

بَنیا (بَن۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بقّال۔ آٹا دال بیچنے والا (۲) (اَر۔صف) کنجوس۔ بخیل۔ چالاک۔ جمع: بنیوں۔ بنیے۔

بنیا اپنا گُڑ بھی چُھپا کر کھاتا ہے (اَر۔مثل) اپنا عیب ظاہر کرنے سے چھپانا بہتر ہے۔ اپنا راز کسی پر ظاہر نہ کرنا چاہیے۔

بنیا بھولتا ہے تو بھی زیادہ بتاتا ہے (اَر۔مثل) بھول چوک میں بھی اپنا ہی مفاد پیشِ نظر رکھتا ہے۔

بنیا جب بولتا ہے تو زیادہ ہی بولتا ہے؟ (اَر۔مثل) ہوشیار آدمی ہر حال میں اپنا مطلب نہیں جانے دیتا۔

بنیا جس کا یار اُس کو دُشمن کیا درکار؟ (اَر۔مثل) قرض دینے والا سب سے بڑا دُشمن ہوتا ہے۔ بنیے کی دوستی عین دُشمنی ہے۔

بَنیے (بَن۔یے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بنیا کی جمع (۲) بنیا کی مغیرہ صورت۔

بنیے سے سیانا سو دیوانہ (اَر۔مثل) لین دین کے معاملے میں بنیے سے بڑھ کر کوئی ہوشیار بنے تو اُسے دیوانہ سمجھو۔

بنیے کا بہکایا اور جوگی کا پھٹکارا خراب ہوتا ہے (اَر۔مثل) دونوں تکلیف اُٹھاتے ہیں اور کبھی نہیں سنبھلتے۔

بنیے کا بیٹا کچھ دیکھ کر ہی گرتا ہے (اَر۔مثل) سیانا آدمی کسی نفع کی خاطر ہی کوئی کام کرتا ہے۔

بنیے کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا مَیلا (اَر۔مثل) کاروباری آدمی شوقینی نہیں کر سکتا۔

بنیے کی سی چال (اَر۔ا۔مث) بنیوں کا سا چلن۔ بہت کفایت شعاری۔

بنیے کی کمائی، مکان یا بیاہ نے کھائی (اَر۔مثل) بنیے کی آمدنی مکان بنوانے یا بیاہ رچانے پر خرچ ہوتی ہے۔

بُنیاد (ف۔ا۔مث) (۱) جڑ۔ نیو (۲) طاقت۔ بساط۔ حوصلہ۔ اَرجمع: بنیادوں۔ بنیادیں۔

بُنیاد (ڈالنا) رکھنا (اَر۔محاورہ) نیو رکھنا (۲) کام شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔

بُنیاد کا پتھر رکھنا (اَر۔محاورہ) اِبتدا کرنا۔

بُنیاد نہ ہونا (اَر۔محاورہ) وجود نہ ہونا۔ اَصلیت نہ ہونا۔ حقیقت نہ ہونا۔

بُنیادی (بُن۔یا۔دی) (ف۔صف) (۱) اصلی۔ حقیقی (۲) اِبتدائی۔

بَنیان (بَن۔یان) (ع۔ا۔مذ) ایک چھوٹا سا لباس جو کُرتے کے نیچے پہنا جاتا ہے تاکہ کُرتا پسینے سے خراب نہ ہو۔ جمع: بنیان۔ بنیانوں۔

بُنیان (بُن۔یان) (ع۔ا۔مث) عمارت۔ نیو۔ بنیاد۔

بَنیائن (بَنَینی) (بَ۔ئے۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بنیے کی بیوی (۲) چھوٹا جنگل۔

بَنَیٹی (بَنَیٹھی) (بَ۔ئے۔ٹی) (بَ۔ئے۔ٹھی) (ہ۔ا۔مث) وہ بانس جس کے دونوں سروں پر کپڑا لپٹا ہوتا ہے اور اُسے آگ لگا کر سر اور بدن کے گرد پھراتے ہیں۔ یہ ایک طرح کی ورزش ہے۔

بنیٹھی پھینکنا (ہلانا) (ہ۔محاورہ) بنیٹی کی ورزش کرنا۔

ب۔و

بُو (بو) (واو معروف و مجہول) (ف۔ا۔مث) (۱) باس۔ مہک۔ خوشبو (۲) بدبو۔ سڑاند (۳) خبر۔ بھنک۔ راز (۴) آن بان۔ شان۔ اثر (۵) شبہ۔ شک۔

بُو آنا (اَر۔محاورہ) مہک آنا۔ خوشبو آنا (۲) بدبو آنا۔ سڑاند آنا۔

بُو باس (اَر۔ا۔مث) جسم یا پھول کی خوشبو (۲) سُراغ۔ کھوج۔ پتا۔ نشان (۳) انداز۔ طور۔ ڈھنگ۔ روش۔

بُو بسنا (اَر۔محاورہ) بُو کا بس جانا۔ بُو کا کسی چیز میں اثر ہو جانا۔

بُو پانا (اَر۔محاورہ) خبر پانا۔ سُن گُن لینا (۲) کتّے کا کسی چیز کی بُو سُونگھ کر پیچھا کرنا۔

بُو پر لگنا (اَر۔محاورہ) ناک میں ہونا۔

بُو پھوٹنا (اَر۔محاورہ) بُو پھیلنا (۲) اِفشائے راز ہونا۔ بھید کھلنا۔

بُودار (اَر۔صف) بدبو دینے والا (۲) شکار کی بُو پر لگا ہوا کتّا۔

بُو دینا (اَر۔محاورہ) (۱) بُو نکالنا (۲) پتا دینا۔ علامت ظاہر کرنا۔

بوستان (بو۔ستان) (بُو۔ستان) (ف۔ا۔مذ) خوشبو کا مقام۔ باغیچہ۔ باغ۔ نیز دیکھیے بستان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بُوسمانا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا (۲) بُو کا اثر ہونا۔

بُونکلنا (اَر۔ محاورہ) بُو کا زائل ہونا (۲) بُو آنا۔

بُوہونا (اَر۔ محاورہ) تھوڑی سی کوئی خاصیت ہونا۔ کچھ اثر ہونا۔

بُو (واو معروف)(ع۔ا۔مذ) ابُو کا مخفف۔ باپ۔

بُوالعجب (ع۔صف) بازی گر۔ شعبدہ باز (۲) انوکھا۔ عجیب۔

بُوالعجبی (ع۔ا۔مث)(۱) انوکھاپن (۲) بازی گری۔ شعبدہ بازی۔

بُوالفضول (ع۔صف) بکواسی۔ وہ شخص جو بیٹھا باتیں بنایا کرے۔

بُوالہوس (ع۔صف) بڑا لالچی۔ بہت حریص۔ اِنسانی خواہشات کا بہت سخت حریص۔

بُوالہوسی (ع۔ا۔مث) بہت زیادہ حرص۔ نفسانی خواہشات پر بہت زیادہ چلنا۔

بُوتراب۔ دیکھئے ابُوتراب۔

بُوجہل۔ دیکھئے ابُوجہل۔

بُوا (بُ۔وا)(ہ۔ا۔مث)(۱) خواہر۔ بہن۔ ہمشیر۔ آپا (۲) باپ کی بہن۔ پھوپھی۔

بُوا بھتّسکو نے سلیقہ کیا۔ میانی پھاڑ گھٹنے پر پیوند دیا (اَر۔مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص اپنے خیال میں عقلمندی کا کام کرے لیکن اصل میں وہ بے وقوفی ہو۔

بُوّاب (بُوّ۔واب)(ع۔ا۔مذ) چوکیدار۔ دربان۔

بُوار (بُ۔وار)(ہ۔ا۔مذ) بونے کا موسم۔

بُواسیر (بَ۔وَ۔سیر)(ع۔ا۔مث) باسُور کی جمع (۱) مُہنسیاں (۲)(اصطلاحاً) مقعد کی پھنسیاں یا مسّے۔ مقعد کی ایک بیماری۔

بُوانا (بُ۔وا۔نا)(ہ۔مص) بونا کا مُتعدّی۔ بیج ڈلوانا۔ کاشت کرانا۔ بوائی کرانا۔

بوائلر (Boiler)(انگ۔ا۔مذ) گرم پانی کا بڑا برتن جو کسی مشین میں لگا ہوتا ہے اور جس میں بھاپ بنتی ہے۔

بُوائی (بُ۔وا۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) بیج بونے کا عمل۔ بجائی (۲) بیج بونے کا موسم۔

بِوائی (بِ۔وا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) وہ شگاف جو سردی یا خشکی کی وجہ سے پاؤں کی ایڑی میں ہو جاتا ہے اور تکلیف دیتا ہے۔

بِوائی پھٹنا (ہ۔مص) ایڑی کے شگاف کا پھٹ جانا۔

بُوبا (بُو۔با)(ہ۔ا۔مذ) پیٹ (تحقیر سے)(۲) مال۔ اَسباب۔ سامان۔

بُوبک (بُو۔بک)(ہ۔صف)(۱) بوڑھا۔ بڈّھا (۲) پیر نابالغ (۳) احمق۔ بے وقوف۔

بوبو (ہ۔ا۔مث)(۱) بہن۔ خواہر۔ ہمشیر (۲) وہ ذی عزت بوڑھی کنیز جس کی گود میں بچّے نے پرورش پائی ہو۔

بوتا (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) درخت کا تنا (۲) نرسلے یا بھٹے کی نال۔

بُوتا (بُو۔تا)(ہ۔ا۔مذ) بَل۔ طاقت۔ زور۔ مقدور۔ حیثیت۔

بوتام (انگ Button کا مُہنّد۔ا۔مذ) بٹن۔ گھنڈی۔ تکمہ۔

بوتل (بو۔تَل)(انگ Bottle کا مُہنّد۔ا۔مث) شیشہ۔ مینا۔ کانچ کا لمبا برتن جس کا اُوپر کا مُنہ یا گردن پتلی ہوتی ہے۔ اِس میں عموماً سیّال چیزیں رکھی جاتی ہیں۔ جمع: بوتلوں۔ بوتلیں۔

بوتل (اُڑانا) چڑھانا (اَر۔ محاورہ) بوتل کی بوتل پی جانا (۲) بوتل کی ساری شراب پی جانا۔

بوتہ (بو۔تہ)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ)(۱) مٹی کا برتن جس میں سونے چاندی کو پگھلایا جاتا ہے (۲) اُونٹ کا بچّہ (۳) چھوٹا درخت (۴) بھدا آدمی (واو معروف سے بھی صحیح ہے)۔

بوتۂ خاک (ف۔ا۔مذ) مٹی کا برتن (۲)(کنایۃً) آدمی کا بدن۔

بُوتھ (Booth)(انگ۔ا۔مذ) کرنچ وغیرہ کا عارضی سائبان۔

بُوتیمار (بُو۔تی۔مار)(ف۔ا۔مذ) بگلا۔

بُوٹ (ہ۔ا۔مذ) کچے سبز چنے۔

بُوٹ پلاؤ (اَر۔ا۔مذ) پلاؤ جس میں کچے چنوں کو چاولوں میں ملا کر پکاتے ہیں۔

بُوٹ (Boot)(انگ۔ا۔مذ) انگریزی جوتا۔ اُردو جمع: بوٹ۔ بوٹوں۔

بُوٹ (Boat)(انگ۔ا۔مث) کشتی۔ ناؤ۔

بوٹ (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) پرندوں کا بے بال و پر بچّہ (۲) بَڈّا (۳) مٹی کا برتن جس میں ہندو گنگا جل لاتے ہیں۔ جمع: بوٹوں۔ بوٹے۔

بوٹا (بو۔ٹا)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گوشت کی بڑی بوٹی (۲) شہتیر کا ٹکڑا۔

بُوٹا (بُو۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چھوٹا درخت۔ پودا (۲) گلکاری۔ جھاڑ۔ پھول پتّی۔ جمع: بُوٹوں۔ بُوٹے۔

بُوٹا سا قد (اَر۔ا۔مذ) چھوٹا اور خوبصورت قد۔ موزوں قد۔

بوٹی (بو۔ٹی)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) گوشت کا ٹکڑا۔ جمع: بوٹیاں۔ بوٹیوں۔

بوٹی بوٹی پھڑکنا (اَر۔ محاورہ) عضو عضو کا حرکت کرنا (۲) شوخ ہونا۔ چنچل اور شریر ہونا۔

بوٹی بوٹی کانپنا (اَر۔ محاورہ) غصّے یا خوف کے باعث جسم کانپنے لگنا۔

بوٹی توڑنا (اَر۔ محاورہ) زور سے چٹکی لینا (۲) نوچنا۔

بوٹی چڑھنا (اَر۔ محاورہ) موٹا ہونا۔ بدن پر گوشت آنا۔

بوٹیاں (بوٹ۔یاں)(ہ۔ا۔مث) بوٹی کی جمع۔

بوٹیاں اُڑانا (اَر۔ محاورہ)(۱) بہت زیادہ مارنا۔ سخت سزا دینا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

بوٹیاں توڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) طعنے دینا۔ تکلیف دینا۔ نوچنا (۲)(تحقیراً) مُفت کی روٹیاں کھانا۔

بوٹیاں کاٹنا (اَر۔ محاورہ) بہت غضبناک ہونا (۲) ٹکڑے کرنا۔

بوٹیاں نوچنا (اَر۔ محاورہ)(۱) رنج دینا۔ ستانا (۲) فکر میں مبتلا ہونا۔

بُوٹی (واو معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) جڑی۔ پودا (۲) دوا (۳) بھنگ (۴) چھوٹا پھول (۵) پھول پتّی جو کاغذ وغیرہ پر بنائی جاتی ہے۔ جمع: بوٹیاں۔ بوٹیوں۔

بُوٹی بنانا (اَر۔ محاورہ) گلکاری کرنا۔ کاغذ یا کپڑے پر پھول پتّیاں بنانا۔

بوجوت (دونوں واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) بونے جوتنے کا کام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بوجھ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) وزن۔ بار۔ حمل۔ بوجھا۔ دباؤ (۲) گٹھڑی (۳) فکر۔ خیال (۴) دقت۔ مشکل۔ جمع: بوجھ۔ بوجھوں۔

بوجھ اُتارنا (اُر۔ محاورہ) چھٹکارا پانا۔ بری الذمہ ہونا (۲) قرض ادا کرنا۔ بیباق کرنا (۳) بے پروائی سے کام کرنا (۴) کسی کے اِحسان کا بدلہ ادا کرنا۔

بوجھ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) بار سر پر رکھنا (۲) ذمّہ لینا (۳) سنبھالنا (۴) برداشت کرنا۔

بوجھ بٹانا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں شریک ہونا۔

بوجھ بٹائی (اُر۔ ا۔مث) کٹے ہوئے اناج کے گٹھے بنا کر بانٹنا۔

بوجھ پڑنا (اُر۔ محاورہ) دباؤ پڑنا۔

بوجھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو ذمے دار ٹھہرانا (۲) دباؤ ڈالنا۔

بوجھ سر پر ہونا (اُر۔ محاورہ) فکر ہونا۔ ذمّے داری ہونا۔ اِحسان ہونا۔

بوجھ سر سے اُتارنا (اُر۔ مص مُرکّب) (۱) سر سے بار اُتارنا (۲) (اُر۔ محاورہ) (۱) اِحسان اُتارنا۔

بوجھ گردن پر رہنا (اُر۔ محاورہ) (۱) اِحسان کا بوجھ رہنا (۲) فکر رہنا۔

بُوجھ (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) فہم۔ سمجھ۔ دانش۔ فراست۔ عقل۔ تمیز۔ اور اک۔

بُوجھ بُجھکّڑ (ہ۔ا۔مذ) (۱) عقل مند۔ ہوشیار (۲) (طنزاً) نادان جو عقلمند بنے۔

بُوجھ بُجھوّل (ب۔ جھَو۔ وَل) (ہ۔ا۔مث) پہیلی۔ معمّا۔ چیستان (۲) پہیلیاں بُوجھنے کا کھیل۔

بُوجھا بُوجھی (ہ۔ا۔مث) لڑکوں کا ایک کھیل۔ کسی بچّے کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر کوئی بچّہ اُس کو ہاتھ سے چُھوتا ہے۔ اگر وہ چُھونے والے کا نام بتا دے تو پھر اُس کی آنکھوں پر پٹی باندھی جاتی ہے۔

بوجھل (بو۔ جھَل) (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) بھاری۔ وزنی (۲) لدا ہوا۔ گراں بار۔

بُوجھنا (بُوجھ۔نا) (ہ۔مص) سمجھنا۔ خیال کرنا (۲) جاننا۔ واقف ہونا (۳) پُوچھنا۔ دریافت کرنا (۴) شمار کرنا۔ حساب لگانا (۵) شگون دیکھنا۔ فال نکالنا (۶) پہیلی بتانا۔ چیستان حل کرنا (۷) سوچنا۔ دھیان کرنا۔

بوجھوں (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بوجھ کی جمع۔

بوجھوں مرنا (اُر۔ محاورہ) سخت ذمّے داری لینا (۲) زیادہ بوجھ اُٹھانا۔

بُوچا (بُو۔ چا) (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کیکر کی چھال کا وہ بُرادہ جو ادھوڑی رنگنے کے بعد رہ جاتا ہے (۲) (ہ۔صف) کن کٹا۔ چھوٹے کانوں والا (۳) بے شرم۔ بے لحاظ۔

بوچا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) تام جھام۔ امیروں کی ایک سواری جسے کہار اُٹھاتے تھے۔

بُوچڑ (بُو۔ چڑ) (واو معروف) (انگ (Butcher) کا مُبتذ۔ا۔مذ) قسّاب۔ قصائی خصوصاً گائے کا گوشت بیچنے والا۔

بوچھار (بوچھاڑ) (بو۔ چھار) (بو۔ چھاڑ) (ہ۔ا۔مث) (۱) مینہ کا کثرت سے اور جھٹکے کے ساتھ پڑنا۔ مینہ کا ہوا کے تھپیڑے سے ترچھا برسنا (۲) کثرت۔ زیادتی۔ بہتات۔ جمع: بوچھاڑوں۔ بوچھاڑیں۔

بوچھاڑ پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا لگاتار ہونا۔ چاروں طرف سے اِعتراض ہونا۔ تیر یا گولیوں وغیرہ کا کثرت سے دغنا۔

بوچھاڑ کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ بُرا بھلا کہنا۔ بہت گالی گلوچ کرنا۔ خوب پھٹکارنا (۲) بکثرت خرچ کرنا (۳) تتر بتر کرنا (۴) برسانا (۵) اِعتراض کرنا (۶) بکھیرنا۔ لُٹانا (۷) باتوں کا تار باندھ دینا۔

بوچھاڑی (بو۔ چھا۔ ڑی) (ہ۔ا۔مث) سائبان جو بوچھاڑ سے بچنے کے لئے مکان کے سامنے ڈالتے ہیں۔

بُوچی (بُو۔ چی) (ہ۔صف) بُوچا کی تانیث (۱) بن کانوں کی۔ کن کٹی (۲) بُچّے کان والی عورت (۳) چھوٹے چھوٹے کانوں والی (۴) بے غیرت' بے شرم' بے حیا عورت۔

بُود (ف۔ا۔مث) (۱) وجود۔ ہستی (۲) قیام۔

بُود و باش (بود و ماند) (ف۔ا۔مث) سکونت۔ قیام۔

بُود و نابُود (ف۔ا۔مث) ہستی و نیستی۔ ہونا نہ ہونا۔ بقا و فنا۔

بُوَد ہم پیشہ باہم پیشہ دُشمن (ف۔ مقولہ) ہم پیشہ لوگوں میں عداوت ہوتی ہے۔

بودا (بو۔ دا) (واو مجہول) (ہ۔صف) کھُردلا۔ بُزدل۔ کم ہمت۔ ڈرپوک (۲) لاغر۔ کمزور۔ دُبلا۔ ناتواں (۳) پھُس پھُسا۔ بے مزہ۔ گلا ہوا۔ فرسودہ۔ پُرانا۔

بوڈلا (بو۔ لا) (واو مجہول) (ہ۔صف) سیدھا سادہ۔ بھولا بھالا۔ احمق۔

بوڈلی (بو۔ لی) (ہ۔صف) بے وقوف عورت۔ بودلا کی تانیث۔

بُودَم بے دال (ف۔ا۔مذ) دال کے بغیر بُودَم یعنی بُوم۔ اُلّو۔

بودھ (س۔ا۔مذ) (واو مجہول) (۱) معرفت۔ علم۔ گیان۔ سمجھ (۲) (س۔صف) بُدھ مذہب کا پیرو۔

بودی (بو۔ دی) (واو مجہول) (ہ۔صف) بودا کی تانیث۔

بودی بات (ہ۔ا۔مث) اوچھی اور ہلکی بات۔ رُتبے سے گری ہوئی بات۔

بُور (ہ۔ا۔مث) خیرات جو شادی کے موقع پر ہندو کرتے ہیں (۲) نچھاور۔ نثار (۳) بھوسی۔ چوکر (۴) خرابی۔ نقص (۵) کوڑا کرکٹ۔ فضول چیز۔

بُور بُور (ہ۔صف) ٹکڑے ٹکڑے۔ پاش پاش۔ ریزے ریزے۔ دھجّی دھجّی۔

بُور بُور کرنا (اُر۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔

بُور کے لڈّو (اُر۔ا۔مذ) (۱) بھوسی میں کھانڈ ملا کر بنائے ہوئے خوبصورت لڈّو (۲) دھوکا۔ چالبازی۔ دغا۔ فریب۔

بُور کے لڈّو کھائے تو پچھتائے اور نہ کھائے تو پچھتائے (اُر۔ مثل) وہ کام جس کے کرنے پر افسوس ہو اور نہ کرنے پر حسرت ہو۔

بَور (ہ۔ا۔مذ) (۱) آم کا پھول (۲) پھندا۔ گھات۔

بور (Bore) (انگ۔صف) بیزار کرنے والا (آدمی یا چیز)۔

بَورا (بَو۔ را) (ہ۔ا۔مذ) باؤلا۔ دیوانہ۔ پاگل۔ سودائی۔ مجنون۔

بَوراپَن (ہ۔ا۔مذ) سودا۔ جنون۔ دیوانگی۔

بورا (بو۔ را) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بڑی بوری۔ بڑا تھیلا۔

بُورا (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سفید شکر۔ کھانڈ (۲) بُرادہ۔ چُورن۔ سفوف۔ پوڈر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَورانا (ہ۔مص) سودائی ہونا۔ دیوانہ ہونا (۲) (ا۔مذ) پاگل۔ دیوانہ۔ بَورا۔

بُورانی (بُو۔را۔نی) (ف۔ا۔مث) تلے ہوئے بینگن اور دہی ملا کر بنایا ہوا سالن۔ بینگن کا رائتہ۔

بَورانی (ہ۔ا۔مث) بَورانا کی تانیث۔ دیوانی۔

بورڈ (Board) (انگ۔ا۔مذ) (۱) لکڑی کا تختہ (۲) کمیٹی۔ مجلس۔ ارکانِ مجلس۔

بورڈ آف ڈائرکٹرز (Board of Directors) (انگ۔ا۔مذ) کسی بینک یا کمپنی کے مالکوں کی کمیٹی۔

بورڈ آف ریوینیو (Board of Revenue) (انگ۔ا۔مذ) محکمہ مال کا ایک اعلیٰ محکمہ۔

بورڈر (Boarder) (انگ۔ا۔مذ) بورڈنگ ہاؤس میں رہنے والا طالب علم۔

بورڈنگ ہاؤس (Boarding House) (انگ۔ا۔مذ) تعلیمی ادارے کا اِقامت خانہ۔ دارُالاقامہ۔

بورژوا (Bourgeoisie) (انگ۔ا۔مذ) آجر، تاجر اور دیگر سماجی قدر و منزلت رکھنے والے صاحبِ جائیداد لوگ۔ سرمایہ دار۔ صنعت کار۔ بینکار۔

بورسٹل اِنسٹی ٹیوٹ (Borstal Institute) (انگ۔ا۔مذ) کم سن مجرموں کا تادیب خانہ (جیل)۔

بُورَق (بُو۔رَق) (بُو۔رق) (ع۔ا۔مذ) سُہاگہ۔ بوریکس۔

بَوری (بَو۔ری) (ہ۔صف) (۱) بَورا کی تانیث۔ باؤلی۔ پگلی۔ دیوانی۔ بَورانی (۲) (ا۔مث) بھنے اور صاف کیے ہوئے جَو۔

بوری (بو۔ری) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا بورا۔ ٹاٹ کا بورا جس میں غلّہ رکھتے ہیں۔

بوریا (بور۔یا) (ف۔ا۔مذ) چٹائی (۲) غریبانہ بستر۔

بوریا باف (ف۔صف) چٹائی بُننے والا۔ چٹائی بنانے والا۔

بوریا باندھنا (سنبھالنا) (اُر۔محاورہ) کوچ کرنا۔ کوچ کی تیاری کرنا۔

بوڑ (بوڑھ) (ہ۔صف) بوڑھی۔ عمر رسیدہ (عورت)۔

بوڑ (بوڑھ) سُہاگن ہو (ہ۔دُعا) خاوند بڑھاپے تک زندہ رہے۔ بڑھاپے تک جوڑی قائم رہے۔ مرتے دم تک رانڈ نہ ہو۔

بوڑنا (بوڑ۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) ڈبونا۔ غوطہ دینا (۲) ڈوبنا۔ غرق ہونا۔

بوڑھا (بُو۔ڑھا) (ہ۔صف۔وا۔مذ) بڈھا۔ مُسِن سال (۲) ضعیف مرد۔ جمع: بوڑھوں۔ بوڑھے۔

بوڑھا بال برابر (ہ۔مثل) بوڑھے بچے کی عقل برابر ہوتی ہے۔

بوڑھا بوبک (ہ۔صف) بڑھاپے میں شوقینی، بج دھج اور جوانی کے انداز (۲) حریص بوڑھا۔

بوڑھا بونگ (ہ۔صف) بے وقوف بڈھا۔ پیرِ فرتوت۔

بوڑھا پھونس (ہ۔صف) بہت بوڑھا۔

بوڑھا چونچلا (ہ۔ا۔مذ) بڑھاپے کا غمزہ۔ بوڑھے کا نخرا۔

بوڑھا چونچلا جنازے کے ساتھ (اُر۔مثل) مرتے دم تک ناز و انداز اور بج دھج سے باز نہ آنا (طنزاً بولا جاتا ہے)۔

بوڑھا چونڈا (ہ۔ا۔مذ) بوڑھی عورت کے سفید بال (۲) بوڑھی عورت۔

بوڑھا کھرانٹ (ہ۔صف) ہوشیار اور تجربہ کار بوڑھا۔

بوڑھا توتا (طوطا) (اُر۔ا۔مذ) بڑی عمر کا بے وقوف آدمی۔

بوڑھا گھاگ (ہ۔صف) جہاں دیدہ بوڑھا۔ کھرانٹ بوڑھا۔

بوڑھی (ہ۔صف) بوڑھا کی تانیث۔ جمع: بوڑھیاں۔ بوڑھیوں۔

بوڑھی ڈھڈو (ہ۔ا۔مث) بڈھی پھونس۔

بوڑھی عید (اُر۔ا۔مث) رمضان المبارک کے تیس روزوں کے بعد آنے والی عید۔

بوڑھی گھوڑی لال لگام (اُر۔مثل) بُڑھاپے میں جوانوں کا سا بناؤ سنگار۔

بوڑھے (ہ۔صف) (۱) بوڑھا کی جمع (۲) بوڑھا کی مغیرہ صورت۔

بوڑھے بارے عقل دُوارے (ہ۔مثل) بوڑھا آدمی در بدر خراب ہوتا ہے۔

بوڑھے (توتے) طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں (اُر۔مثل) عمر رسیدہ لوگ علم حاصل نہیں کر سکتے۔ جس نے جوانی میں کچھ نہیں سیکھا وہ بڑھاپے میں کیا سیکھے گا۔

بوڑھے مُنہ مُہاسے، لوگ چلے تماشے (اُر۔مثل) بُڑھاپے میں جوانوں کی سی باتیں۔

بوڑی (بوڑ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کوڑی کا بیسواں حصہ (۲) زمین کا ایک ناپ۔

بوڑی (بو۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) نیزے کی نوک۔

بوڑیا (بوڑ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) غوطہ زن۔ ڈبکی لگانے والا۔ غوّاص۔

بُوزا (بُوزہ) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی شراب جو چنے، جو اور چاول وغیرہ کے شیرے سے بنتی ہے (۲) ایک آبی پرندہ۔

بوزنَہ (بوزینہ) (بوز۔نہ) (بُو۔زی۔نہ) (ف۔ا۔مذ) بندر۔ میمون۔ اُردو جمع: بوزنوں۔ بوزنے۔

بوس (ف۔لاحقہ) بوسیدن مصدر سے امر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چُومنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے فلک بوس۔ زمیں بوس۔ پابوس۔ (۲) بوسہ کا مخفف۔

بوس و کنار (بو۔سو۔کَ۔نار) (ف۔ا۔مذ) بوسہ بازی۔ چوما چاٹی۔ چومنا اور بغل میں لینا۔ پیار کرنا۔

بوستان (بوس۔تان) (ف۔ا۔مذ) بو کے تحت دیکھیے۔

بوسَہ (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) چومنا۔ چوما چاٹی۔ پیار۔ اُر جمع: بوسوں۔ بوسے۔

بوسہ بازی (ف۔ا۔مث) چوما چاٹی۔ بوسے لینا دینا۔

بوسہ دینا (اُر۔محاورہ) (۱) چومنا (۲) چُھوانا۔ پیار کروانا۔

بوسہ زن (ف۔صف) بوسہ لینے والا۔ چُومنے والا۔

بوسہ گاہ (ف۔ا۔مث) وہ مقام جسے چُوما جائے۔

بوسی (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) چُومنا۔ بوسہ دینے یا لینے کا عمل۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے قدم بوسی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بوسِیدگی (بو۔سی۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) پُرانا پن۔

بوسِیدہ (بو۔سی۔دہ) (ف۔صف) پھٹا پُرانا۔ گلا سڑا۔ ٹوٹا پُھوٹا۔

بوغ بند (ف۔ا۔مذ) بڑا بُقچہ۔ وہ کپڑا جس میں لحاف وغیرہ باندھ کر رکھتے ہیں۔

بوغما (بوغ۔ما) (ف۔ا۔مذ) (۱) گھوڑے کا ایک مرض جس میں اُس کے سارے جسم سے پسینا بہتا ہے (۲) چیچھڑے۔ گودڑ (۳) کوڑا کرکٹ (۴) گلے کا پھوڑا (۵) (صف) فالتو۔ بے کار (۶) الا بلا۔ بدشکل (عورت) (۷) بے اصل۔ بے حقیقت۔

بُوق (ع۔ا۔مث) بگل۔ نفیری۔ نرسنگا۔

بُوقلمُوں (بُو۔قَل۔مُوں) (ع۔صف) رنگا رنگ۔ مختلف رنگوں کا۔

بُوقلمُونی (ع۔ف۔ا۔مث) رنگا رنگی۔ تنوّع۔

بوک (ہ۔ا۔مذ) مست اور جوان بکرا۔

بوکا (بو۔کا) (ہ۔ا۔مذ) چمڑے کا ڈول جس سے کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں۔

بوکھل (بو۔کھل) (ہ۔صف) گھبرایا ہوا۔ بدحواس۔ وحشی۔

بوکھلانا (بو۔کھ۔لا۔نا) (ہ۔مص) گھبرانا۔ بدحواس ہونا۔

بوکھلاہٹ (بو۔کھ۔لا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) گھبراہٹ۔ بدحواسی۔

بوگس (Bogus) (انگ۔صف) مصنوعی۔ بناوٹی۔ غیر حقیقی۔

بوگی (Bogie) (انگ۔ا۔مث) ریل کا پُورا ڈبا۔

بول (ع۔ا۔مذ) پیشاب۔ موت۔

بول خطا ہونا (اَر۔محاورہ) پیشاب نکل جانا۔

بول و براز (ع۔ا۔مذ) پیشاب اور پاخانہ۔

بول (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سخن۔ بات۔ قول۔ کلام (۲) حکم (۳) طعن و تشنیع (۴) گیت کا ٹکڑا۔ بولنا مصدر کا صیغہ امر۔ جمع: بول۔ بولوں۔

بول اُٹھنا (اَر۔محاورہ) (۱) بات کرنے لگنا۔ کہہ دینا (۲) چیخ اُٹھنا۔ پکارنے لگنا (۳) ہار مان جانا۔

بول بالا ہونا (اَر۔محاورہ) بات بڑی ہونا (۲) اقبال یاور ہونا۔ دولت کی ترقی ہونا۔ جاہ و جلال کا بڑھ جانا۔

بول جانا (اَر۔محاورہ) (۱) ختم ہونا۔ تمام ہونا (۲) جواب دے دینا۔ ہار جانا۔ تھک جانا (۳) چلا اُٹھنا (۴) حواس باختہ ہو جانا (۵) پُرانا ہو جانا۔ دَم نہ رہنا (۶) دیوالہ نکل جانا (۷) برداشت نہ رہنا (۸) استقلال نہ رہنا (۹) کوچ کر جانا (۱۰) سخت سُست کہہ دینا۔

بول چال (اَر۔ا۔مث) گفت گو۔ بات چیت۔ گفت و شنید (۲) روزمرّہ بولنے کا طریقہ (۳) اتحاد۔ میل۔ ملاپ (۴) تکرار۔ بحث۔

بول چال ہو جانا (اَر۔محاورہ) (۱) آپس میں بات چیت ہو جانا۔ ملاپ ہو جانا (۲) تکرار ہو جانا۔

بول دھرنا (اَر۔محاورہ) اِلزام دینا۔

بول سُنانا (اَر۔محاورہ) (۱) باتیں سنانا (۲) طعنے دینا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

بول مارنا (اَر۔محاورہ) (۱) طعنے دینا (۲) سُنی اَن سُنی کرنا۔

بولا چالی (بو۔لا۔چا۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بات چیت (۲) لڑائی جھگڑا (۳) میلاپ۔ دوستی۔

بولانا (بَو۔لا۔نا) (ہ۔مص) بدحواس ہو جانا۔ گھبرانا۔ پاگل سا ہونا۔

بولر (Bowler) (انگ۔ا۔مذ) گیند پھینکنے والا (کرکٹ)۔

بولنا (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) بات کرنا (۲) بجنا (۳) پرندوں کا خوش الحانی کرنا۔ چہچہانا (۴) نیلام کی آواز نکالنا۔ (۵) بُلانا۔ پکارنا (۶) جواب دینا (۷) منّت ماننا (۸) قِصّے کا آواز دینا۔

بولنا چالنا (اَر۔محاورہ) غُصّہ کرنا (۲) روکنا۔ ٹوکنا (۳) بے جا بات کہنا (۴) عذر کرنا۔

بولنگ (Bowling) (انگ۔ا۔مث) گیند پھینکنے کا عمل (کرکٹ)۔

بولنگ کریز (Bowling Crease) (انگ۔ا۔مث) وہ لکیر جہاں سے گیند پھینکی جاتی ہے۔ (کرکٹ)۔

بولی (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) گفتگو۔ زبان۔ بھاشا۔ بول (۲) جانوروں کی آواز (۳) کلام (۴) نیلام کی آواز (۵) طعن و تشنیع۔ جمع: بولیاں۔ بولیوں۔

بولی بڑھانا (اَر۔محاورہ) نیلام میں مال کی قیمت بڑھ کر لگانا۔

بولی بڑھنا (اَر۔محاورہ) نیلام میں قیمت کا زیادہ ہونا۔

بولی بولنا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی زبان میں گفتگو کرنا (۲) نیلام گھر میں مال کی قیمت لگانا (۳) پرندوں کا چہچہانا۔

بولی بولنے والا (اَر۔صف) نیلام کرنے والا (۲) کوئی زبان بولنے والا۔

بولی ٹھولی (اَر۔ا۔مث) آوازے توازے۔ طعن و تشنیع (۲) عامیانہ زبان۔

بولی دینا (اَر۔محاورہ) نیلام میں قیمت لگانا۔

بولیاں (ہ۔ا۔مث) بولی کی جمع۔

بولیاں بولنا (اَر۔محاورہ) (۱) اپنی اپنی آوازیں نکالنا۔ قسم قسم کی آوازیں نکالنا۔ اپنی اپنی رائے ظاہر کرنا (۲) طعنے دینا۔ آوازے کسنا۔

بولیاں سُننا (اَر۔محاورہ) طعنے سُننا۔ لعن طعن برداشت کرنا۔

بولیاں مارنا (اَر۔محاورہ) طعنہ زنی کرنا۔

بُوم (ف۔ا۔مذ) اُلّو (۲) جگہ۔ مقام (۳) (مجازاً) (صف) تنہائی پسند۔ منحوس۔ بے وقوف۔

بُوم خصلت (ف۔ع۔صف) ویرانہ پسند۔ منحوس۔

بونا (بَو۔نا) (ہ۔صف) پست قد۔ ٹھنگنا۔ جمع: بونوں۔ بونے۔

بونا (بو۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) تخم ریزی کرنا۔ بیج ڈالنا۔ بوائی کرنا۔

بونا جوتنا (ہ۔مص) کھیت میں بیج ڈالنا اور ہل جوتنا۔

بُوپی (بوں۔پی) (ق۔ا۔مث) ناف۔

بُونٹ (نون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے بُوٹ۔

بُوند (واو معروف) (نون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) قطرہ (۲) نُطفہ (۳) ایک قسم کا سِلک کا کپڑا۔ جمع: بُوندوں۔ بُوندیں۔

بُوند بُوند تالاب بھرتا ہے (اَر۔مثل) تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بُوند بھر (اُر۔ صف) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ بہت کم۔

بُوند پڑنا (بُوند ٹپکنا) (اُر۔ محاورہ) بُوند گرنا۔ قطرہ گرنا۔

بُوند ٹھہرانا (اُر۔ محاورہ) حاملہ ہونا۔ نُطفہ ٹھہرنا۔

بُوند کا چُوکا گھڑے ڈھلکائے (اُر۔ مثل) موقع نکل جانے پر بڑی زحمت اُٹھانا پڑتی ہے۔

بُوندا (بُوں۔ دا) (و۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹی کلی۔ کچّی کلی (۲) پوست کا ڈوڈا (۳) بڑا قطرہ۔

بُوندا باندی (اُر۔ ا۔ مث) تھوڑی تھوڑی بارش۔ ترشح۔

بُونڈی (بُوں۔ دی) (و۔ ا۔ مث) (۱) چھوٹی بُوند۔ چھوٹا قطرہ (۲) ایک مٹھائی کا نام۔ جمع: بُونڈیاں۔ بُونڈیوں۔

بونڈ (Bond) (انگ۔ ا۔ مذ) سُود والے قرضے کا تمسک جو حکومت جاری کرتی ہے اور میعاد گُزر جانے کے بعد قرض مع سُود ادا کر دیا جاتا ہے (۲) معاہدہ۔ دستاویز۔

بونڈری (Boundary) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) حد۔ مینڈھ۔ باڑھ (۲) حد بندی۔

بونڈلا (و۔ ا۔ مذ) گرد باد۔ بگولا۔ چکر کھاتی ہوئی ہوا۔

بُونڈی (بُوں۔ ڈی) (و۔ ا۔ مث) (۱) جوار کی بالی۔ کھلنے کے قریب کلی۔

بونس (Bonus) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) اِنعام جو ملازمین کو اُجرت کے علاوہ دیا جائے (۲) زائد منافع جو کمپنی کے حصے داروں کو ملے (۳) بیمہ کرانے والوں کا منافع۔

بونگا (بوں۔ گا) (و۔ صف) بے وقوف۔ احمق۔ بے موقع اور بے محل بات کرنے والا۔ جمع: بونگوں۔ بونگے۔

بونگا (بوں۔ گا) (واو مجہول) (و۔ ا۔ مذ) (۱) بھس کا مخروطی ڈھیر جس کے چاروں طرف گھاس پھونس باندھ دیا جاتا ہے (۲) کھوکھلا بانس۔

بونگی (بوں۔ گی) (و۔ صف) بونگا کی تانیث۔ بے وقوف عورت۔

بونی (بو۔ نی) (واو مجہول) (و۔ ا۔ مث) بیج بُونے کا موسم۔ کھیت میں بیج بونے کا کام۔

بونی (بو۔ نی) (و۔ صف) بونا کی تانیث۔

بوہلیا (بو۔ ہ۔ لیا) (و۔ صف) آتشک کا بیمار مرد۔

بوہلی (بو۔ ہ۔ لی) (و۔ ا۔ مث) بوہلیا کی تانیث۔ آتشک کے مرض میں مبتلا عورت۔

بوہرا (بوہ۔ را) (واو مجہول) (و۔ ا۔ مذ) (۱) ساہوکار (۲) ایک مسلمان تاجر قوم۔

بوہری (و۔ ا۔ مث) بُھنے ہوئے جَو (۲) بوہرا قوم سے منسوب۔

بوہنی (بوہ۔ نی) (و۔ ا۔ مث) دُکان کھولنے کے بعد پہلی بکری۔

بوہنی کرنا (ہونا) (و۔ محاورہ) دُکان کھلنے کے بعد پہلی بکری ہونا۔

بُوئی (اُر۔ ا۔ مث) (۱) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام (۲) ایک قسم کی گھاس۔

بوئیا (بو۔ اِی۔ یا) (و۔ ا۔ مذ) چھوٹی اور تنگ مُنہ کی ٹوکری۔

بویا نہ جوتا اللہ نے دیا پوتا (اُر۔ مثل) بے مشقت کام بن گیا۔

بویام (بو۔ یام) (و۔ ا۔ مذ) انگریزی وضع کا مرتبان۔ بیام۔

بویسیا (ب۔ و۔ ے۔ س۔ یا) (و۔ ا۔ مذ) (۱) فضول بکنے والا (۲) وہ شخص جسے اِعلام کرانے کی علت ہو۔ جمع: بویسیوں۔ بویسیے۔

ب ۔ ہ

بَہ (بفتح اول) (و۔ فعل) بہنا مصدر کا صیغہ امر۔

بِہ (بکسر اول) (و۔ ا۔ مذ) عورتوں کے کان یا ناک کا وہ چھید جس میں وہ زیور پہنتی ہیں۔

بِہ (بکسر اول) (ف۔ صف) اچھا۔ عمدہ۔ (تفضیل نفسی)۔

بَہا (ب۔ ہا) (ف۔ ا۔ مذ و مث) مول۔ دام۔ قیمت (۲) (و۔ فعل) بہنا مصدر سے ماضی مطلق۔

بہا بہا پھرنا (و۔ مص) (۱) سیال چیز کا کثرت سے بہتے پھرنا (۲) کسی چیز کی کثرت یا زیادتی ہونا۔

بہا بہا ڈولنا (و۔ مص مُرکب) واہی تباہی گھومنا۔ مارا مارا پھرنا۔

بہادُر (ف۔ صف) جواں مرد۔ شجاع۔ سُورما۔ دلیر۔ اُر جمع: بہادُر۔ بہادُروں۔

بہادُرانہ (ب۔ ہا۔ دُ۔ را۔ نہ) (ف۔ تابع فعل) بہادری سے۔ دلیری سے۔

بہادُری (ب۔ ہا۔ دُ۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) جُرأت۔ دلیری۔ شجاعت۔ جواں مردی۔

بہا دینا (اُر۔ محاورہ) گرا دینا۔ اونے پونے بیچ ڈالنا۔

بَہار (ب۔ ہار) (ف۔ ا۔ مث) (۱) پُھول کھلنے کا موسم۔ بسنت رُت۔ موسم ربیع (۲) نارنج کا پُھول (۳) لُطف۔ مزہ۔ رونق (۴) خوشی۔ شباب (۵) سرسبزی۔ شادمانی۔ تروتازگی (۶) سیر۔ تماشا۔ تفریح (۷) آنند۔ سرور (۸) نشے کا چڑھاؤ۔ اُردو جمع: بہاروں۔ بہاریں (۹) ایک راگنی (کافی ٹھاٹھ کی) جس میں چھ سُر لگتے ہیں۔

بہار آنا (اُر۔ محاورہ) موسم بہار آنا (۲) رونق آنا۔ لطف آنا۔

بہار الاپنا (اُر۔ مص مُرکب) بہار کی راگنی گانا۔

بہار پر آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جوان ہونا (۲) پھولوں کا کھلنا۔

بہار لُوٹنا (اُر۔ محاورہ) عیش کرنا۔ مزے اُڑانا (۲) تماشا دیکھنا۔ سیر کرنا (۳) تباہ و برباد کرنا۔ کسی رونق دار جگہ کو بے رونق کرنا۔

بَہاراں (ب۔ ہا۔ راں) (ف۔ ا۔ مذ) موسم بہار (الف نون زائد ہے)۔

بُہارَن (بُ۔ ہا۔ رَن) (و۔ ا۔ مث) جھاڑن۔ گرد جھاڑنے کا کپڑا۔ بُہاری۔

بِہارن (و۔ ا۔ مث) ہندوستانی صوبہ بہار کی عورت۔ بہاری کی تانیث۔

بُہارنا (بُ۔ ہار۔ نا) (و۔ مص) جھاڑو دینا۔ صاف کرنا۔

بُہارُو (بُ۔ ہا۔ رُو) (و۔ ا۔ مذ) جھاڑو کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے۔

بَہاری (ب۔ ہا۔ ری) (ف۔ صف) موسم بہار سے متعلق۔

بُہاری (بُ۔ ہا۔ ری) (و۔ ا۔ مث) جھاڑن۔ جھاڑو۔

بِہاری (بِ۔ ہا۔ ری) (و۔ صف) (۱) ہندوستان کے صوبہ بہار سے منسوب۔ (و۔ ا۔ مذ) بہار کا باشندہ (۲) ایک قسم کا سفید رنگ (۳) ایک قسم کا لیموں (۴)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ایک قسم کا سہرا (۵) کرشن جی کا نام۔

بہاگ (بہ۔ہاگ) (و۔ا۔مذ) بلاول ٹھاٹھ کا ایک راگ جو آدھی رات کے وقت گایا جاتا ہے۔ اِس کا مزاج پُر سکون ہے۔

بہانا (بَ۔ہا۔نا) (و۔مص) (۱) لنڈھانا۔ پانی گرانا (۲) پانی میں بہانا۔ پانی کی رو میں ڈالنا (۳) ضائع کرنا (۴) سستا بیچنا۔ کوڑیوں کے مول بیچنا۔

بہانہ (بَ۔ہا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) حیلہ۔ عُذر۔ ٹال مٹول (۲) دھوکا۔ فریب (۳) ظاہر داری (۴) سبب۔ وجہ۔ وسیلہ (۵) موقع۔ ڈھب۔ اُردو جمع: بہانوں۔ بہانے۔

بہانہ بتانا (اُر۔محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔ ٹالنا۔ لیت و لعل کرنا۔

بہانہ جُو (ف۔صف) بہانہ ڈھونڈنے والا۔ حیلہ گر۔ حیلہ جُو۔ دھوکے باز۔

بہانہ جُوئی (ف۔ا۔مث) حیلے کی تلاش۔

بہانہ چلنا (اُر۔محاورہ) حیلہ کارگر ہونا۔ تدبیر کا اثر ہونا۔

بہانہ خور (ف۔اُر۔صف) مکّار۔ بہانہ بنانے والا۔ فریبی۔

بہانہ ڈھونڈنا (اُر۔محاورہ) موقع تلاش کرنا۔ حیلہ ڈھونڈنا۔ عذر تلاش کرنا۔

بہانہ ساز (ف۔صف) حیلہ کرنے والا۔

بہانہ کرنا (اُر۔محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

بہانہ ملنا (اُر۔محاورہ) حیلہ ہاتھ آنا۔

بہانے (اُر۔ا۔مذ) (۱) بہانہ کی اُردو جمع (۲) بہانہ کی مُغیّرہ صورت۔

بہانے سے (اُر۔تابع فعل) حیلے سے۔ دھوکے سے۔

بہانے موت حیلے رزق (اُر۔مثل) موت کا کوئی سبب ہوتا ہے اور رزق پہنچنے کا کوئی وسیلہ ہوتا ہے۔

بہائم (بَ۔ہا۔ام) (ع۔ا۔مذ) بہیمہ کی جمع۔ چوپائے۔ مویشی۔ حیوان۔

بہاؤ (بَ۔ہا۔او) (واو مجہول) (و۔ا۔مذ) (۱) ڈھلاؤ۔ روانی (۲) چڑھاؤ۔ طغیانی۔

بہائی (بَ۔ہا۔ای) (ف۔صف) مرزا حسین علی نُوری عرف بہاءُاللہ (ایرانی) کے مذہب کا پیرو (۲) اِس مذہب سے متعلق۔

بہائی (بِ۔ہا۔ای) (و۔ا۔مث) (۱) وہ رُوح یا فرشتہ جو بچّوں کو سوتے میں ہنساتا یا رُلاتا ہے (۲) بچّوں کا خواب جس میں وہ ہنستے یا روتے ہیں (۳) ایک گیت جو بچّے کی پیدائش پر گایا جاتا ہے۔

بہبُود (بِہ۔بُود) (ف۔ا۔مث) بہتری۔ نفع۔ فائدہ۔ بھلائی۔

بہت (بَ۔ہُت) (و۔صف) (۱) زیادہ۔ نہایت (۲) (و۔تابع فعل) کثرت سے۔ اِفراط سے۔

بہت اچھا (اُر۔کلمہ ایجاب) (۱) بہتر۔ بالکل۔ مناسب (۲) کیا مضایقہ ہے۔ کیا ڈر ہے۔

بہت بڑی عُمر ہے (اُر۔محاورہ) ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کسی شخص کا ذکر ہو اور وہ آجائے۔

بہت بہت پُوچھنا (اُر۔محاورہ) کسی کو کسی کی مزاج پُرسی کا پیغام دینا۔ بہت مزاج پُرسی کرنا۔

بہت بہت سلام کہنا (اُر۔محاورہ) کسی کو تاکید سے سلام کا پیغام دینا۔

بہت چل نکلنا (اُر۔محاورہ) بہت ہوشیار یا چالاک ہو جانا (۲) غرور کرنا۔ اِترانا (۳) گستاخ ہو جانا۔

بہت خاک چھاننا (اُر۔محاورہ) بہت کوشش کرنا۔ آوارہ گردی کرنا (۲) بہت تلاش کرنا۔

بہت خوب (اُر۔کلمہ ایجاب) دیکھیے بہت اچھا (۲) (کلمہ استعجاب) کیا کہنے ہیں!

بہت دَم دینا (اُر۔محاورہ) بہت فریب کرنا (۲) بہت کوشش کرنا۔

بہت دن چڑھنا (اُر۔محاورہ) آفتاب بلند ہو جانا۔

بہت دن پڑے ہیں (اُر۔محاورہ) بہت وقت ہے۔

بہت دنوں یاد کرنا (اُر۔محاورہ) عرصے تک پچھتانا۔ بہت افسوس کرنا۔

بہت دُور (اُر۔صف) زیادہ فاصلے پر (۲) (مجازاً) بڑا چالاک۔ بہت ہوشیار۔

بہت رات آئی (اُر۔محاورہ) رات کا کافی حصّہ گزر گیا۔

بہت سر پٹکا (اُر۔محاورہ) بڑی کوشش کی۔ بہت سمجھایا۔

بہت قریب زیادہ رقیب (اُر۔مثل) قرابتی کو حسد زیادہ ہوتا ہے۔

بہت قصائیوں میں گائے مُردار (اُر۔مثل) بہت صلاح کاروں سے کام خراب ہوتا ہے۔

بہت کٹ گئی، تھوڑی رہ گئی (اُر۔مثل) تھوڑی سی زندگی رہ گئی ہے۔

بہت کر کے (اُر۔تابع فعل) عموماً۔ اکثر۔ بکثرت۔ باوجود۔

بہت گھول میل ہے (اُر۔محاورہ) بڑا یارانہ ہے۔ بہت میل جول ہے۔

بہت مار میں آدمی توبہ بھول جاتا ہے (اُر۔مثل) جب ہر طرف سے حملہ ہو تو آدمی بدحواس ہو جاتا ہے۔

بہت مار میں رونا نہیں آتا (اُر۔محاورہ) بہت تکلیف میں شکایت نہیں کی جاتی۔

بہت مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں (اُر۔مثل) زیادہ دوستی اور بے تکلفی میں لڑائی ہو جاتی ہے۔ زیادہ میل جول کا نتیجہ خراب ہوتا ہے۔

بہت نکٹوں میں ایک ناک والا نکّو (اُر۔مثل) بہت عیب والوں میں ایک بے عیب عیب والا سمجھا جاتا ہے۔

بہت ننّھا کاتتے ہو (اُر۔مثل) بڑے غور و فکر سے کام لیتے ہو۔

بہت ہو گا (اُر۔محاورہ) زیادہ سے زیادہ یہ ہو گا۔

بہت ہے (اُر۔مقولہ) برکت ہے (۲) کمی نہیں ہے۔

بہتا (بَہ۔تا) (و۔صف) جاری۔ بہتا ہوا۔ تیرتا ہوا۔

بہتا ہُوا جوڑا (اُر۔محاورہ) جلد جلد انڈے دینے والا کبوتروں کا جوڑا۔

بُہتات (بُہ۔تات) (و۔ا۔مث) کثرت۔ زیادتی۔ اِفراط۔ فراوانی۔

بُہتان (بُہ۔تان) (ع۔ا۔مذ) (۱) تہمت۔ افترا۔ الزام (۲) عیب۔ بدنامی۔ کلنک۔ اُردو جمع: بہتان۔ بہتانوں۔

بُہتان اُٹھانا (اُر۔محاورہ) الزام لگانا۔ تہمت لگانا۔

بُہتان باندھنا (جوڑنا۔ دھرنا۔ رکھنا۔ لگانا) (اُر۔محاورہ) الزام لگانا۔

بُہتان لینا (اُر۔محاورہ) الزام لینا۔ ناحق قصوروار ٹھہرنا۔

بہتر (بِہ۔تَر) (ف۔صف) بہ کی تفضیل بعض۔ زیادہ اچھا۔ زیادہ عمدہ (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(کسی بات یا حکم کے جواب میں) بہت خوب۔

بَہَتَّر (بَ۔ ہَت۔ تَر) (ہ۔ صف) (۱) ستر اور دو۔ ۷۲ (۲) کثرت۔ بہت۔

بِہتَری (بِہ۔ تَ۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) (۱) بھلائی۔ نیکی۔ خوبی۔ فائدہ (۲) فضیلت۔ بڑائی۔ بُزرگی۔

بِہتَرِین (بِہ۔ تَ۔ رِین) (ف۔ صف) بِہ کی تفضیلِ کُل۔ سب سے اچھا۔ اعلیٰ۔ افضل۔

بَہتی (بَہ۔ تی) (ہ۔ صف) بہتا کی تانیث۔

بہتی گنگا میں ہاتھ دھونا (اُر۔ محاورہ) اچھے حالات سے فائدہ اُٹھانا۔ کسی کی فیاضی سے فائدہ اُٹھانا۔

بَہُتیرا (بَ۔ ہُ۔ تے۔ را) (ہ۔ صف) زیادہ۔ بہت زیادہ۔ کافی۔

بَہُتیری (بَ۔ ہُ۔ تے۔ ری) (ہ۔ صف) بہتیرا کی تانیث۔

بَہُتیرے (بَ۔ ہُ۔ تے۔ رے) (ہ۔ صف) (۱) بہتیرا کی جمع (۲) بہتیرا کی بدلی ہوئی صورت۔

بہتیرے پاؤں پیٹے (اُر۔ محاورہ) بہت کوشش کی۔

بَہجَت (بَہ۔ جَت) (ع۔ ا۔ مث) تازگی۔ خوشی۔ شادمانی۔ انتہائی مسرّت۔

بِہدانہ (بِہ۔ دا۔ نَہ) (ف۔ ا۔ مذ) بِہی کا بیج۔ ایک مشہور دوا۔

بَہرِ عُنوان۔ بَ (ف) کے تحت دیکھیے۔

بَہرا (بَہ۔ را) (ہ۔ صف) وہ شخص جو سُن نہ سکے۔ جمع: بہروں۔ بہرے۔

بہرا بادل (بہرا بھنڈ) (ہ۔ صف) اُونچا سُننے والا۔ بہت بہرا۔

بہرا بہشتی۔ اندھا دوزخی (اُر۔ مقولہ) بہرا بُرائی بھلائی نہ سُننے کے باعث نیک ہوتا ہے اور اندھے کی نیّت نہ دیکھنے کے سبب ڈانواڈول رہتی ہے۔

بہرا پتھر (اُر۔ صف) وہ شخص جس کی سُننے کی قوت بالکل زائل ہو گئی ہو۔ اِسٹون ڈیف۔

بہرا سو گہرا (اُر۔ مقولہ) بہرا بڑا چالاک ہوتا ہے۔

بَہرام (بَہ۔ رام) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پانچویں آسمان کا ایک ستارہ۔ مرّیخ۔

بَہرُوپ (بَہ۔ رُوپ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دھوکا۔ مکر۔ فریب (۲) سوانگ۔ بھیس۔ جمع: بہروپ۔ بہروپوں۔

بہروپ بدلنا (اُر۔ محاورہ) بھیس بدلنا۔ سوانگ بھرنا۔ نیا رُوپ دکھانا۔

بہروپ بھرنا (اُر۔ محاورہ) نئی وضع اِختیار کرنا۔ سوانگ بھرنا۔

بَہرُوپیا (بَہ۔ رُو۔ پی۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) نقّال۔ سوانگ بنانے والا (۲) مکّار اور فریبی شخص۔ جمع: بہروپیوں۔ بہروپیے۔

بَہرہ (بَہ۔ رَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) نصیب۔ قسمت (۲) حصّہ۔ بھاگ (۳) دلیری۔ حوصلہ۔

بہرہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) حصّے دار ہونا (۲) کچھ ملنا (۳) دسترس رکھنا۔

بہرہ کھلنا (ف۔ اُر۔ محاورہ) نصیب کھلنا۔ قسمت یاور ہونا۔ بھاگ جاگنا۔ حصّہ ملنا۔ دل روشن ہونا۔ بُرا بھلا کہنا۔

بہرہ مند (بہرہ ور۔ بہرہ یاب) (ف۔ صف) صاحبِ قسمت۔ خوش قسمت۔ فائدہ اُٹھانے والا۔

بہرہ مندی (ف۔ ا۔ مث) خوشحالی۔ اِقبال مندی۔ خوشی۔

بَہرِی (بَہ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) ایک شکاری پرندہ (۲) (صف) بہرا کی تانیث۔ وہ عورت جس کی قوتِ سماعت جاتی رہے۔

بُہریا (بُ۔ ہر۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) بہو کی تصغیر۔ بیٹے کی بیوی۔ کسی لے پالک لڑکے کی بیوی۔ لونڈی کے بیٹے کی جورو۔

بہزار دِقّت۔ بَ (ف) کے تحت دیکھیے۔

بِہشت (بِہ۔ ہِشت) (ف۔ ا۔ مذ و مث) (۱) جنّت۔ فردوس۔ باغ (۲) عیش و آرام کا مقام۔ پُر فضا جگہ۔

بہشتِ بریں (ف۔ ا۔ مذ و مث) اعلیٰ درجے کی جنّت۔

بہشتِ شدّاد (ف۔ ا۔ مذ) شدّاد یمن کا ایک بادشاہ تھا جس نے خُدائی کا دعویٰ کیا تھا اور ایک باغ تیار کرایا تھا جسے وہ بہشت کہتا تھا۔ اِس میں اُسے جانا نصیب نہ ہوا۔ نیز دیکھیے اِرم۔

بہشت کا جانور (اُر۔ ا۔ مذ) (مجازاً) مور۔ طاؤس۔

بہشت کا میوہ (اُر۔ ا۔ مذ) (مجازاً) انار۔ انجیر۔

بہشت کی قمری (اُر۔ ا۔ مث) کنچنی۔ ناچنے گانے والی عورت۔

بہشت کی ہوا (ف۔ ا۔ مث) خوشگوار ہوا۔ نسیمِ سحری۔

بہشت میں لات مارنا (ٹھوکر مارنا) (اُر۔ محاورہ) نیکوں کے ساتھ بدی سے پیش آنا (۲) ماں باپ سے بدسلوکی کرنا (۳) خُدا کی نعمتوں کی ناشکری کرنا۔

بِہشتا (بِ۔ ہِش۔ تا) (اُر۔ ا۔ مذ) سقّہ۔ بہشتی۔

بِہشتَن (بِ۔ ہِش۔ تَن) (اُر۔ ا۔ مث) بہشتی کی تانیث۔ پانی پلانے والی عورت۔

بِہشتی (بِ۔ ہِش۔ تی) (ف۔ صف) (۱) بہشت کا رہنے والا (۲) جنّتی۔ بھلا آدمی۔ نیکوکار (۳) (ا۔ مذ) ماشکی۔ پانی بھرنے والا۔ سقّہ۔

بَہَک (بَ۔ ہَک) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گمراہی۔ غلطی۔ لغزش (۲) شراب کے نشے میں بڑبڑاہٹ۔ بدمستی (۳) بہکی بہکی باتیں۔ ایسی باتیں جن کا سر پیر نہ ہو (۴) بہکنا مصدر کا صیغہ امر۔

بہک اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) نشے میں بکنا۔ ترنگ میں آنا (۲) باولی باتیں کرنا۔ بڑبڑانا (۳) غلطی کرنا۔

بہک جانا (اُر۔ محاورہ) گمراہ ہو جانا۔ غلطی کرنا (۲) بدمست ہو جانا (۳) دھوکا کھانا۔

بہک چلنا (اُر۔ محاورہ) اِترانا۔ مغرور ہونا (۲) حد سے تجاوز کرنا (۳) مست ہونا۔

بَہَکا (بَہ۔ کا) (ہ۔ فعل) (۱) بہکانا مصدر کا فعلِ امر (۲) بہکنا مصدر کا فعلِ ماضی (۳) (صف) بے عقل۔ بیوقوف (۴) گم کردہ راہ۔ بھٹکا ہوا۔ بہکا ہوا۔

بہکا بہکا پھرنا (اُر۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔

بہکا لے جانا (اُر۔ محاورہ) کسی کو دھوکا دے کر بھگا لے جانا۔

بَہکانا (بَہ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ورغلانا۔ فریب دینا (۲) اغوا کرنا۔ بھگا لے جانا (۳) غلطی کرانا۔ غلط راستے پر لگانا (۴) جھوٹی اُمید بندھانا (۵) کان بھرنا۔ بدگوئی کرنا (۶) مست کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَہکاوا (بَہ۔کا۔وا)(ہ۔ا۔مذ) دھوکا۔فریب۔جھانسا۔جمع: بہکاووں۔بہکاوے۔

بَہکاوَٹ (بَہ۔کا۔وَٹ)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے بہکاوا۔

بَہکاوے (ہ۔ا۔مذ)(۱) بہکاوا کی جمع (۲) بہکاوا کی مُغیرہ صورت۔

بہکاوے میں آنا (اُر۔محاورہ) فریب میں آنا۔دھوکا کھانا۔

بَہَکْنا (بَ۔ہَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) بھٹکنا (۲) دھوکا کھانا (۳) پھسلنا (۴) نشہ، نیند، ہذیان یا بخار میں بکنا (۵) لڑکھڑانا (۶) نشے میں شور مچانا (۷) اِترانا۔

بَہکنے لگنا (اُر۔محاورہ) اُلٹی سیدھی باتیں کرنا۔بہکی بہکی باتیں کرنا۔

بَہکی (ہ۔فعل) بہکا نمبر۳ کی تانیث۔

بہکی بہکی باتیں کرنا (اُر۔محاورہ) بے سروپا باتیں کرنا۔

بہکی ہوئی آواز (اُر۔ا۔مث) بے سُری آواز۔آواز جو بولنے والے کے قابو میں نہ ہو۔

بَہَل (بَ۔ہَل)(ہ۔ا۔مث) بہلی۔

بَہلا (بَہ۔لا)(ہ۔فعل)(۱) بہلانا مصدر کا صیغہ امر (۲) بہلنا مصدر کا صیغہ ماضی۔

بَہلانا (بَہ۔لا۔نا)(ہ۔مص)(۱) کھیل میں لگانا۔بچّے کو رونے سے باز رکھنا۔دل خوش کرنا (۲) فریب دینا۔دھوکا دینا۔

بَہلاوا (بَہ۔لا۔وا)(ہ۔ا۔مذ) دل خوش کرنے کا مشغلہ۔جمع: بہلاووں۔بہلاوے۔

بَہَلْنا (بَ۔ہَل۔نا)(ہ۔مص) سیر تماشے سے خوش ہونا۔تفریح ہونا۔دل لگنا۔بچّے کا کسی کھیل میں مشغول ہونا۔

بَہلَہ (بَہ۔لَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) نقدی اور کاغذات رکھنے کا بڑا بٹوا (۲) چمڑے کا دستانہ جو شکاری ہاتھ میں پہن کر اُس پر باز وغیرہ بٹھاتے ہیں۔

بَہلی (بَہ۔لی)(ہ۔ا۔مث) یکّے کی مانند بیلوں کی چھوٹی گاڑی۔جمع: بہلیاں۔بہلیوں۔

بَہلیا (بَہ۔لِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) بہل یا بہلی ہانکنے والا۔

بَہَم (بَ۔ہَم)(ف۔تابع فعل) باہم کا مخفف۔اکٹھے۔ایک دُوسرے کے ساتھ۔

بہم آنا (اُر۔محاورہ) حاصل ہونا۔میسّر آنا۔مہیّا ہونا۔دیا جانا۔

بہم پہنچانا (اُر۔محاورہ) مہیّا کرنا۔

بہم پہنچنا (اُر۔محاورہ) حاصل ہونا۔دستیاب ہونا۔

بہم دیگر (ف۔تابع فعل) باہم دیگر۔ایک دُوسرے کے ساتھ۔

بَہْمَن (بَہ۔مَن)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایرانی گیارھواں مہینا (۲) لڈو جانوروں کا موگل (۳)(مث) ایک بوٹی۔

بَہِن (بَ۔ہِن)(بَ۔ہَن)(ہ۔ا۔مث)(۱) ہمشیر۔خواہر۔باجی (۲) سہیلی۔جمع: بہنوں۔بہنیں۔

بہن بھلی نہ بھیّا سب سے بھلا رُوپیّا (ہ۔مثل) روپیہ سب سے بڑی چیز ہے۔

بہن کے گھر بھائی کتّا' ساہرے گھر جنوائی کتّا (ہ۔مثل) بہن کے گھر بھائی اور خسر کے گھر داماد کے پڑ رہنے سے ان کی کوئی عزّت نہیں ہوتی۔

بَہَن (بَ۔ہَن)(ہ۔ا۔مذ) بیج جسے کاشت کار بوتے ہیں۔

بَہنا (بَہ۔نا)(ہ۔مص)(۱) جاری ہونا۔رواں ہونا (۲) پھیل جانا (۳) حمل گرنا۔مولود نکلنا (۴) پگھلنا (۵) برباد ہونا۔خراب ہونا۔غارت ہونا۔پریشان ہونا (۶) تتر بتر ہونا (۷) کثرت سے انڈے دینا (۸)(ا۔مث) بہن کی تصغیر۔

بِہنا (بِہ۔نا)(ہ۔ا۔مذ) دُھنیا۔نداف۔رُوئی پیننے والا۔

بَہناپا (بَہ۔نا۔پا)(ہ۔ا۔مذ) سہیلی پن۔بہن بننا۔بہن کا رشتہ۔

بہناپا (جوڑنا) کرنا (اُر۔محاورہ) سہیلی بننا۔

بَہَنْگَم (بَ۔ہَنْگَم)(ہ۔صف) بے ہنگام کا مخفف۔بے ڈول۔بدقطع۔بدنُما۔

بَہَنْگی (بفتح اول و سکونِ دوم)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث) وہ لکڑی جس کے دونوں طرف رسیّاں لٹکتی ہیں جن پر بوجھ لاد کر کندھے پر اُٹھا کر لے جاتے ہیں۔جمع: بہنگیاں۔بہنگیوں۔

بَہنو! (ہ۔ا۔مث) بہن کی جمع بحالتِ ندا۔

بَہنوئی (بَہ۔نو۔اِی)(ہ۔ا۔مذ) بہن کا خاوند۔دُولھا بھائی۔جمع: بہنوئی۔بہنوئیوں۔

بَہنی (بَہ۔نی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے بوہنی۔

بَہنیلی (بَہ۔نے۔لی)(ہ۔ا۔مث) سہیلی۔مُنہ بولی بہن۔

بَہو (بَہ۔ہُو)(ہ۔ا۔مث)(۱) بیٹے کی جورُو (۲) معزّز جوان سُہاگن۔جمع: بہوؤں۔بہوئیں۔

بہو بیٹی تکنا (اُر۔محاورہ) غیر عورت پر بُری نظر ڈالنا۔

بہو باتوں بڑی کہ کرتب؟ (ہ۔مقولہ) بے ہُنر زبان دراز عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

بہو بیگم نام رکھنا (اُر۔محاورہ) اپنے آپ کو معزّز اور بڑا جتنا۔

بہو جی (ہ۔ا۔مث)(۱) عزّت دار عورت (۲)(طنزاً) وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے۔زنانہ۔

بہو رہی کنواری' ساس رہی واری۔بہو آئی بیاہی' پڑ گئی خواری (اُر۔مثل) منگنی کے بعد بہو کی بڑی خاطر مدارات کی جاتی ہے لیکن بیاہ کے بعد جھگڑے فساد شروع ہو جاتے ہیں۔

بہو لانا (اُر۔محاورہ) بیٹا بیاہنا۔

بَہوار (بَہ۔وار)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے بیوہار۔بیوپار۔

بَہوڑا (بَ۔ہو۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) دُلہن کے ساتھ جو کھانا برات کی واپسی کے وقت بھیجا جاتا ہے۔

بَہی (بَ۔ہی)(ہ۔ا۔مث) وہ رجسٹر جس میں حساب وغیرہ لکھتے ہیں۔روزنامچہ۔

بہی پر (اُتارنا) چڑھانا (ہ۔محاورہ) بہی پر نقل کرنا۔یادداشت میں درج کرنا۔بہی میں لکھنا۔

بہی خسرہ (ہ۔ف۔ا۔مذ) روزنامچہ۔بہی کھاتا۔

بہی دھروڑ (ہ۔ا۔مذ) پڑتال کئے ہوئے حساب کی بہی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بہی کھاتا (ہ۔ا۔مذ) روزنامچہ۔ حساب کی کتاب۔ آمد و خرچ کا حساب۔
بہی (بہ۔ہی) (ف۔ا۔مث) ایک پھل کا نام جو ناشپاتی سے مشابہ ہے اور کابل و کشمیر میں پیدا ہوتا ہے۔
بہی دانہ (ف۔ا۔مذ) بہی کا بیج۔
بہیر (بہ۔ہیر) (ف۔ا۔مث) (۱) فوج کے متعلقین۔ فوج کا سامان (۳) فوج کے بازار کا ملازم (۴) مجمع۔ انبوہ۔
بہیر بھڑکا (بہیر و بھنگا) (ا۔ر۔ا۔مذ) (صحیح بہیر و بنگاہ ہے) فوج کے شاگرد پیشہ اور خیمہ و خرگاہ۔
بہیڑا (بہ۔ہے۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) ہلیلہ۔ ایک قسم کی ہڑ۔
بہیمہ (بہ۔ہی۔مہ) (ع۔ا۔مذ) چوپایہ مویشی۔ جمع: بہائم۔
بہیمی (بہ۔ہی۔می) (ع۔ا۔مث) حیوانیت۔

بھ

بھابَر۔ (بھابڑ) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جس سے رسیاں بٹی جاتی ہیں (۲) ہلکے سیاہ رنگ کی مٹی۔
بھابی (بھابھی) (ہ۔ا۔مث) بھائی کی بیوی۔ بھاوج۔
بھاپ (ہ۔ا۔مث) بخارات جو مرطوب اشیا کو گرم کرنے سے اُٹھتے ہیں (۲) گرم ہوا جو سردیوں میں مُنہ سے نکلتی ہے۔
بھاپ بھرانا (اُر۔محاورہ) پرندوں کا اپنے بچوں کے پیٹ میں مُنہ سے ہوا بھرنا۔
بھات (ہ۔ا۔مذ) اُبلے ہوئے چاول (۲) خشکا (۳) سامان جو بطور امداد بھائی کی طرف سے بہن کے ہاں کسی تقریب میں بھیجا جائے (۴) میٹھے چاول جو ہندو سیتلا ماتا پر چڑھاتے ہیں۔
بھات چھوڑا جاتا ہے ساتھ نہیں چھوڑا جاتا (ہ۔مثل) باوضع لوگ نقصان برداشت کر لیتے ہیں لیکن مروت ترک نہیں کیا کرتے۔
بھات ہو گا تو کوے بہت آ رہیں گے (ہ۔مثل) دولت ہو گی تو خوشامدی بہت مل جائیں گے۔
بھاتی (بھا۔تی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شادی کا بھات لے کر آنے والا (۲) وہ سامان جو ننھیال کے لوگ شادی میں لائیں۔
بھاٹ (ہ۔ا۔مذ) (۱) تعریف کر کے لوگوں کو لبھانے والا۔ خوشامدی (۲) گیت بنانے یا سُنانے والا (۳) وہ برہمن جن کا کام خاندانی شجرے یاد رکھنا اور بیاہ وغیرہ کے موقع پر لوگوں کو سُنانا ہے۔ جمع: بھاٹ۔ بھاٹوں۔
بھاٹ، بھٹیاری، بیسوا، تینوں جات کُجات۔ آتے کا آدر کریں، جاتے نہ پُوچھیں بات (ہ۔مثل) یہ تینوں گروہ مطلب پرست ہوتے ہیں۔ فائدے کی اُمید میں ہر آنے والے کی خاطر تواضع کرتے ہیں مگر جاتے وقت قطعاً پروا نہیں کرتے۔
بھاٹا (ہ۔ا۔مذ) (۱) تنزل۔ اُتار۔ کمی۔ جزر۔ سمندر کا پانی اُترنا (۲) بینگن۔
بھاٹکڑ (ہ۔ا۔مث) (۱) سامان۔ اسباب۔ اثاثہ (۲) پریشانی۔ حیرانی۔

بھاجی (ہ۔ا۔مث) (۱) پکا ہوا ساگ یا ترکاری (۲) وہ کھانا جو کسی تقریب میں برادری کے لوگوں میں تقسیم کیا جائے (۳) حصہ۔ بخرہ۔ کھانے پینے کی چیز کا حصہ۔
بھاجی بٹ جانا (ہ۔محاورہ) کسی چیز کا تقسیم ہو کر ختم ہو جانا (مجازاً) کسی امر کا عام ہو جانا۔ گھر گھر شہرت ہونا۔
بھاجی کی بھاجی کیا دُوسرے کی مُحتاجی (ہ۔مثل) احسان کے بدلے احسان کرنا چاہئے۔ دُوسرے کا احسان اپنے سر پر نہ رکھنا چاہئے۔
بھادوں (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بکرمی سال کا پانچواں مہینا جو نصف اگست سے نصف ستمبر تک رہتا ہے۔
بھادوں سے بچے تو پھر ملیں گے (ہ۔مثل) اگر بھادوں میں زندہ رہے تو پھر ملیں گے (بھادوں میں اکثر وبائیں پھیلتی ہیں)۔
بھادوں کا جھالا (جھلا) (ہ۔ا۔مذ) بھادوں کی بارش جو مقدار میں کم مگر زوردار ہوتی ہے۔
بھادوں کا جھلا ایک سینگ سُوکھا ایک گیلا (ہ۔مثل) بھادوں کی بارش عام نہیں ہوتی۔ تھوڑی سی ایک جگہ تھوڑی سی دُوسری جگہ۔ اِس مثل میں مُبالغہ کیا گیا ہے کہ بھادوں میں بیل کے ایک سینگ پر تو بارش ہوتی ہے دُوسرا خشک (گلا۔ گیلا) رہتا ہے۔
بھادوں میں برکھا ہووے تو کال پچھوکڑ رووے (ہ۔مثل) بھادوں کی بارش فصلوں کے لئے اچھی ہوتی ہے۔ بھادوں کی بارش سے قحط کا خطرہ نہیں رہتا۔
بھادوں کی بھرن (ہ۔ا۔مث) بھادوں کے مہینے کی بارش جس سے تالاب اور کھیت وغیرہ بھر جاتے ہیں۔
بھار (ہ۔ا۔مذ) (۱) بار۔ بوجھ۔ وزن (۲) ناگوار۔ اجیرن۔
بھارَتی (ہ۔صف) بھارت سے متعلق۔ بھارت کا باشندہ (بھارت کا ملک ایک قدیم راجا بھرت کے نام سے موسُوم ہے)۔
بھارگس (بھار۔گس) (ہ۔مف) (۱) بارکش کا بگاڑ۔ چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی گاڑی (۲) وہ تسمہ جو بگھی یا یکے کے ڈنڈوں کو جکڑے رکھتا ہے۔
بھاری (ہ۔صف) (۱) وزنی۔ بوجھل (۲) دُوبھر۔ ناگوار (۳) منحوس۔ وبالِ جان (۴) آسیب زدہ (۵) وہ چیز جس پر بہت سا کلابتونی کام کیا ہوا ہو (۶) بیش قیمت (۷) لمبا (۸) دولت (۹) خوفناک (۱۰) غالب (۱۱) مشکل (۱۲) مضبوط (۱۳) بڑی۔ ضخیم (۱۴) ثقیل۔ دیر ہضم (۱۵) جسیم۔ موٹا۔
بھاری بھرکم (ہ۔صف) موٹا تازہ (۲) عزّت والا (۳) بُردبار۔ سنجیدہ۔ متین۔
بھاری پتھر (ہ۔ا۔مذ) وزنی پتھر (مجازاً) قابو سے باہر۔
بھاری پتھر چُوم کر چھوڑ دینا (اُر۔محاورہ) مشکل سمجھ کر کسی کام سے دست بردار ہو جانا۔
بھاری پن (ہ۔ا۔مذ) بھاری ہونے کی کیفیت۔
بھاری لگنا (اُر۔محاورہ) دوبھر ہونا۔ ناگوار معلوم ہونا۔
بھاری منزل (ہ۔ا۔مث) دُور دراز کا سفر۔ مشکل سفر۔
بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) وزنی ہونا (۲) قیمتی ہونا (۳) سخت مشکل معلوم

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہونا (۴) ناگوار ہونا (۵) غالب آنا۔

بھاڑ (ہ۔ا۔مذ) وہ چولھا جس میں بھڑ بھونجے چنے وغیرہ بھونتے ہیں (۲) بھٹی۔ تنور (۳) حرام کی کمائی۔ جمع: بھاڑ۔ بھاڑوں۔

بھاڑ پڑا بھن رہا ہے (اُر۔ محاورہ) سخت گرمی ہے (۲) تیز بخار ہے۔

بھاڑ جھونکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بھاڑ میں پتے وغیرہ ڈالنا (۲) ذلیل و خوار ہونا (۳) بے ہنر رہنا۔ کوئی فن یا ہنر نہ جاننا۔

بھاڑ سا کھلنا (اُر۔ محاورہ) کثرت سے قتل ہونا۔

بھاڑ سے نکالا بھٹی میں جھونکا (اُر۔ مثل) کم مصیبت سے نکال کے زیادہ مصیبت میں ڈال دیا۔

بھاڑ میں پڑے (بھاڑ میں جائے) (اُر۔ بددعا) چولھے میں جائے۔ آگ لگے۔ ہمارے کس کام کا۔

بھاڑ میں پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان (ہ۔ مثل) دیکھئے بھٹ پڑے وہ سونا۔

بھاڑ میں جھونکنا (بھاڑ میں ڈالنا) (اُر۔ محاورہ) آگ میں ڈالنا (۲) ضائع کرنا (۳) تذکرہ نہ کرنا۔ نام نہ لینا۔

بھاڑا (ہ۔ا۔مذ) کرایہ۔ محصول۔ اُجرت (۲) دودھ دینے والی گائے یا بھینس کا خاص چارا جو دودھ دینے سے پہلے اُنہیں دیا جاتا ہے۔ جمع: بھاڑوں۔ بھاڑے۔

بھاڑو (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) بھڑوا۔ رنڈی کا دلال۔

بھاڑے (ہ۔ا۔مذ) (۱) بھاڑا کی جمع (۲) بھاڑا کی مغیرہ صورت۔

بھاڑے کا ٹٹو (ہ۔صف۔وا۔مذ) (۱) کرائے کا گھوڑا (مجازاً) وہ چیز جس کی ہمیشہ مرمت ہوتی رہے (۲) کام کرنے کے لئے نشے کا محتاج (۳) وہ شخص جو اُجرت پر کام کرے۔ غیر مستقل ملازم۔

بھاشا (بھاکا۔ بھاکھا) (ہ۔ا۔مث) زبان۔ بولی۔ روزمرہ کی گفتگو۔

بھاگ (ہ۔ا۔مذ) (۱) حصہ۔ جز۔ ٹکڑا (۲) قسمت۔ نصیب (۳) ورثہ (۴) محصول (۵) تقسیم (۶) اقبال مندی۔ خوش نصیبی۔ جمع: بھاگ۔ بھاگوں۔ (۷) (ہ۔ فعل) بھاگنا مصدر کا امر۔ چلے جاؤ۔ چل دو۔

بھاگ بھری (ہ۔صف) (۱) خوش نصیب عورت (۲) ہندو عورتوں کے ایک تہوار کا نام۔

بھاگ پھوٹنا (ہ۔ محاورہ) قسمت بگڑنا۔

بھاگ جاگنا (بھاگ کھلنا) (ہ۔ محاورہ) قسمت کا اچھا ہونا۔ عزت پانا۔ اچھے دنوں کا آجانا۔ خوش حال ہونا۔

بھاگ جانا (ہ۔مص مرکب) (۱) فرار ہو جانا۔ چلا جانا (۲) پیٹھ دکھا دینا (۳) ہمت ہار دینا (۴) شکست کھانا (۵) کام چھوڑ دینا (۶) بے وفائی کرنا۔ وعدے پر پورا نہ اُترنا۔

بھاگ لگانا (ہ۔ محاورہ) بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ حصہ مقرر کرنا (۲) دن پھیرنا۔ ترقی دینا۔ عزت دینا۔

بھاگ لگنا (ہ۔ محاورہ) نصیب جاگنا۔ قسمت کھلنا۔ دن پھرنا۔

بھاگ وان (ہ۔صف) (۱) خوش نصیب۔ اقبال مند (۲) دولت مند (۳) سخی۔ فیاض (۴) شریف۔ بھلا مانس (۵) صاحب اولاد۔

بھاگا (ہ۔ فعل) بھاگنا مصدر کا صیغہ ماضی (۲) (صف) بھاگا ہوا۔

بھاگا بھاگ (بھاگم بھاگ۔ بھاگوں بھاگ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھاگنے کی ہلچل (۲) (ہ۔ تابع فعل) تیزی سے۔ جلدی سے۔ جھپٹ کر۔

بھاگتا (ہ۔صف) بھاگتا ہوا۔ دوڑتا ہوا۔

بھاگتے (ہ۔صف) (۱) بھاگتا کی جمع (۲) بھاگتا کی مغیرہ صورت۔

بھاگتے بھوت (چور) کی لنگوٹی ہی سہی (ہ۔ مثل) جاتی ہوئی چیز یا ڈوبتی ہوئی رقم کا جو حصہ بھی مل جائے غنیمت ہے۔

بھاگتے راستہ نہ ملنا (اُر۔ محاورہ) جواب نہ بن پڑنا۔ جواب دینے کے قابل نہ رہنا۔ عاجز اور مغلوب ہو جانا۔

بھاگتے کے آگے، مارتے کے پیچھے (اُر۔ مثل) بزدل اور نامرد شخص کی نسبت بولتے ہیں جو بہادری کی ڈینگ مارے مگر کر کچھ نہ سکے۔

بھاگڑ (بھا۔گڑ) (ہ۔ا۔مث) بھاگ دوڑ۔ بھگدڑ۔ ہل چل۔ افراتفری۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔ اضطراب۔ بے سروسامانی سے بھاگنا۔

بھاگڑ پڑنا (مچنا) (ہ۔ محاورہ) ہلچل مچنا۔ شکست ہونا۔ بد انتظامی ہونا۔

بھاگم بھاگ۔ دیکھئے بھاگا بھاگ۔

بھاگنا (ہ۔مص) (۱) دوڑنا۔ فرار ہونا (۲) پیٹھ دکھانا (۳) پرہیز کرنا۔ بچنا (۴) بے وفائی کرنا۔

بھاگو (بھا۔گو) (واو۔معروف) (ہ۔صف) بھاگ جانے والا۔ بھگوڑا۔ (۲) (واو مجہول) بھاگنا مصدر کا صیغہ امر۔ دوڑو۔ جاؤ۔ دفع ہو۔

بھاگی (ہ۔صف) (۱) خوش قسمت (۲) شریک۔ ساجھی۔ حصے دار۔ (معنی نمبر ۲ میں عموماً بھاگی دار استعمال ہوتا ہے)۔

بھال (ہ۔ا۔مث) (۱) راجپوتوں کی ایک ذات (۲) برچھی کا پھل۔ انی (۳) تیر کی نوک۔ سنگین کی نوک (۴) دیکھ کے ساتھ بطور تابع فعل مستعمل ہے (دیکھ بھال)۔

بھالا (ہ۔ا۔مذ) برچھا۔ نیزہ۔ جمع: بھالوں۔ بھالے۔

بھالنا (بھال۔نا) (ہ۔مص) دیکھنا۔ تلاش کرنا (دیکھنا کے ساتھ بطور تابع مستعمل ہے۔ دیکھنا بھالنا)۔

بھالو (بھا۔لو) (ہ۔ا۔مذ) ریچھ۔ خرس۔ جمع: بھالو۔ بھالوؤں۔

بھان (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا سوانگ یا ڈراما (۲) اداکاری۔ شعبدہ بازی (۳) ریزگاری۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔

بھان متی (ہ۔ا۔مذ) مداری۔ شعبدہ باز۔

بھان متی کا سوانگ (تماشا) (اُر۔ا۔مذ) (۱) تماشا جو بھان متی دکھاتے ہیں (۲) (مجازاً) وہ معاملہ جو سمجھ میں نہ آئے۔ حیرت انگیز بات۔

بھان متی نے کنبہ جوڑا، کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا (اُر۔مثل) بے میل رشتہ جتانا۔ واہی تباہی لوگوں کا مجمع۔ نیز دیکھئے کہیں کی اینٹ کہیں کا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھانا (ف۔ مص)(۱) پسند آنا۔ بھلا لگنا۔ گوارا ہونا (۲) راس آنا۔

بھانپ (نون غنہ)(ف۔ فعل)(۱) بھانپنا مصدر کا صیغۂ امر اور اِسم کیفیت۔

بھانپ لینا (اِ۔ محاورہ) جانچ لینا۔ سمجھ لینا۔ تاڑ لینا۔ پہچان لینا۔

بھانپنا (بھانپ۔نا)(ف۔ مص)(۱) صورت سے جانچ لینا (۲) تاڑنا۔ پہچاننا۔

بھانپُو (بھاں۔پُو)(واو معروف)(ف۔ ا۔ مذ) بھانپنے والا۔ تاڑو۔ تاڑنے والا۔

بھانت (نون غنہ) (ف۔ ا۔ مث)(۱) طرح۔ قسم (۲) انداز۔ طور۔ طریقہ۔ رنگ ڈھنگ۔ وضع قطع۔

بھانت بھانت کا (ف۔ صف) طرح طرح کا۔ مختلف قسموں کا۔ الگ الگ وضع قطع کا۔

بھانت بھانت کی بولیاں بولنا (اِ۔ محاورہ) اپنی اپنی سمجھ کے مطابق باتیں کرنا۔ مختلف آوازیں نکالنا۔

بھانتیا (بھانت۔یا) (ف۔ ا۔ مذ) ایک عمدہ قسم کا کبوتر جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں۔

بھانج (نون غنہ)(ف۔ ا۔ مث) وہ کمی جو روپیہ بُھناتے وقت دینی پڑے (۲) روپے کا کُردہ (۳) بھانجا کا مخفف (مرکبات میں جیسے بھانج بہو (بھانجے کی بیوی)۔ بھانج داماد (بھانجی کا شوہر)۔

بھانجا (بھان۔جا)(ف۔ ا۔ مذ) بہن کا بیٹا۔ ہمشیر زادہ۔ جمع: بھانجوں۔ بھانجے۔

بھانجنا (بھانج۔نا)(ف۔ مص)(۱) رسّی بٹنا۔ بل دینا (۲) فرے کو موڑنا۔ چھپے ہوئے کاغذوں کو تہ کرنا۔

بھانجی (بھان۔جی)(ف۔ ا۔ مث) بہن کی بیٹی۔ خواہر زادی۔ جمع: بھانجیاں۔ بھانجیوں۔

بھانجی (بھاں۔جی) (نون غنہ) (ف۔ ا۔ مث)(۱) روک۔ آڑ (۲) بُرائی (۳) چغلی۔

بھانجی خور (اِ۔ صف) کسی کی بھلائی میں رخنہ ڈالنے والا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا۔ خلل انداز (۲) چغل خور۔

بھانجی مارنا (اِ۔ محاورہ) رخنہ ڈالنا۔ خلل انداز ہونا (۲) چغلی کھانا۔

بھانڈ (نون غنہ) (ف۔ ا۔ مذ)(۱) نقّال۔ مسخرہ (۲) پیٹ کا ہلکا (۳) جھوٹی تعریف کرنے والا (۴) کسی کی بُرائی بیان کرنے والا (۵) راز فاش کرنے والا۔ جمع: بھانڈ۔ بھانڈوں۔

بھانڈ بھکتیے (بھکت۔یے)(اِ۔ ا۔ مذ) نقالوں کا پیشہ کرنے والے۔ گوئیے۔

بھانڈا (بھاں۔ڈا)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) مٹی کا برتن۔ مٹکا (۲) بھید۔ راز۔ پوشیدہ بات۔ جمع: بھانڈوں۔ بھانڈے۔

بھانڈا پھوٹنا (اِ۔ محاورہ) بھید کھل جانا۔ راز افشا ہونا۔

بھانڈا پھوڑ (اِ۔ صف) راز فاش کرنے والا۔ پیٹ کا ہلکا۔ چغل خور۔

بھانڈا پھوڑنا (اِ۔ محاورہ) راز فاش کرنا (۲) عیب کھولنا۔ نقص کا ظاہر کرنا۔

بھانگ (نون غنہ)(ف۔ ا۔ مث) بھنگ۔

بھان متی (بھان۔م۔تی)(ف۔ ا۔ مذ) بھان کے تحت دیکھئے۔

بھاننا (بھان۔نا)(ف۔ مص)(۱) تل دینا (۲) خراد پر چڑھانا (۳) گھمانا۔ پھیرنا (۴) رَٹنا۔ بار بار کہنا (۵) توڑنا۔

بھانور (بھانوری) (بھاں۔وَر)(بھاں۔وَ۔ری)(ف۔ ا۔ مث) بھنور۔ گردش۔ چکر۔

بھانوری پھرنا (ف۔ محاورہ)(۱) گرد پھرنا۔ قربان ہونا (۲) ہندوؤں کی رسم کے مطابق دُولھا دُلہن کا ساتھ ساتھ آگ کے گرد طواف کرنا تاکہ بیاہ مکمل ہو جائے۔

بھانویں (بھاں۔ویں)(ف۔ تابع فعل)(۱) نزدیک۔ حسابوں (۲) اثر۔ خیال۔ توجہ (۳) خواہ۔ چاہے۔

بھاوج (بھا۔وَج)(ف۔ ا۔ مث) بھائی کی بیوی۔ جمع: بھاوجوں۔ بھاوجیں۔

بھاوَ (بھا۔او) (ف۔ ا۔ مذ)(۱) حالت۔ کیفیت۔ رُوپ۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ طور طریق (۲) مول۔ قیمت۔ دام۔ نرخ (۳) شرح (۴) سمجھ۔ مَت (۵) عادت (۶) محبت۔ اُلفت (۷) نخرہ۔ ناز و ادا (۸) عزّت۔ خاطر تواضع۔

بھاوَ اُترنا (اِ۔ محاورہ) نرخ ارزاں ہونا۔ قیمت گھٹنا۔ سستا ہونا۔

بھاوَ بتانا (اِ۔ محاورہ)(۱) حالت ظاہر کرنا (۲) نرخ بتانا (۳) ناچ گانے میں ہاتھوں، آنکھوں یا دُوسرے اعضا کے اِشاروں سے گیت کے مضمون کا نقشہ کھینچنا۔ راگ کے مضمون کی تصویر کھینچنا۔

بھاوَ بگاڑنا (اِ۔ محاورہ) نرخ خراب کرنا۔

بھاوَ بگڑنا (اِ۔ محاورہ) نرخ خراب ہونا۔

بھاوَ بننا (اِ۔ محاورہ) قیمت طے ہونا۔ سودا چکنا۔

بھاوَ بہانا (اِ۔ محاورہ) مول گھٹا کر قدر کم کرنا۔ قیمت کم کر کے چیز کی قدر گرا دینا۔

بھاوَ تاوَ (اِ۔ ا۔ مذ) نرخ۔ قیمت (۲) مول تول۔

بھاوَ تیز ہو جانا (اِ۔ محاورہ) قیمت چڑھ جانا۔ نرخ بڑھنا۔

بھاوَ چڑھنا (اِ۔ محاورہ) قیمت بڑھنا۔ نرخ بڑھنا۔

بھاوَ کاٹنا (اِ۔ محاورہ) نرخ مقرر کرنا۔ نرخ طے کر لینا۔

بھاوَ کرنا (اِ۔ محاورہ) مول چکانا۔ قیمت طے کرنا۔ مول کا فیصلہ کرنا۔

بھاوَ گرنا (اِ۔ محاورہ) بھاوَ گھٹنا۔ قیمت کم ہو جانا۔

بھاوَ نہ جانے راوَ (اِ۔ مثل) بازاری قیمت پر کسی کا زور نہیں چلتا۔

بھاوَ نکلنا (اِ۔ محاورہ) نرخ مقرر ہونا۔

بھائی (بھا۔اِی) (ف۔ ا۔ مذ)(۱) برادر حقیقی (۲) رشتے کا بھائی (۳) رفیق۔ دوست۔ ساتھی۔ جمع: بھائی۔ بھائیوں (۴) آدمی کو خطاب کرنے کا عام طریقہ۔

بھائی بند (اِ۔ ا۔ مذ) ہم قوم۔ ہم مذہب۔ رفیق۔ رشتے دار۔

بھائی بندی (اِ۔ ا۔ مث)(۱) برادری۔ رشتے داری (۲) یگانگت۔

بھائی جیسا دوست نہیں، بھائی جیسا دُشمن نہیں (اِ۔ مثل) بھائی دوستی کرے تو سب سے بڑھ کر کرتا ہے اور دُشمنی پر اُتر آئے تو دُشمنی بھی سب سے بڑھ کر کرتا ہے۔

بھائی چارا (اِ۔ ا۔ مذ) پکی دوستی۔ خوب میل جول (۲) مشترکہ جائیداد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھائی دُور پڑوسی نیڑے (اَر۔ مثل) ہمسایوں کے ساتھ دُور رہنے والے بھائیوں سے زیادہ اچھے تعلقات ہونے چاہئیں۔

بھائیں (یائے مجہول) (ہ۔ صف) خوفناک۔ ہیبت ناک۔ ڈراؤنا۔

بھائیں بھائیں کرنا (ہ۔ محاورہ) بے آبادی کی وجہ سے جگہ کا خوفناک معلوم ہونا۔

بھائیو! (ہ۔ ا۔ مذ) بھائی کی جمع بحالت ندا۔

بھبھاس (بھ۔ بھاس) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک راگ کا نام۔

بھبک (بھپک) (بھ۔ بک) (بھ۔ پک) (ہ۔ ا۔ مث) گرم بھاپ (۲) شعلے کی بھڑک (۳) تیز بدبُو۔ تعفّن۔

بھبک اُٹھنا (ہ۔ محاورہ) نہایت گرم ہو جانا (۲) غصّے ہونا۔

بھبکا (بھپکا) (بھب۔ کا) (بھپ۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) عرق کھینچنے کا ظرف (۲) شعلہ (۳) تعفّن کا جھونکا۔ جمع: بھبکوں۔ بھبکے۔

بھبکنا (بھپکنا) (بھ۔ بک۔ نا) (بھ۔ پک۔ نا) (ہ۔ مص) نہایت گرم ہونا۔ خوب کھولنا (۲) شعلہ اُٹھنا۔ بھڑک اُٹھنا۔ آگ لگنا (۳) غرّانا۔ غصّے ہونا۔

بھبکی (بھپکی) (بھب۔ کی) (بھپ۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) گھُرکی۔ دھمکی۔ جمع: بھبکیاں۔ بھبکیوں۔

بھبکی دینا (ہ۔ محاورہ) غصّے کی شکل بنا کر ڈرانا۔ دھمکانا۔

بھبکی میں آجانا (ہ۔ محاورہ) ڈر جانا۔ دھمکی میں آجانا۔

بھبُوت (بھبھوت) (بھ۔ بُوت) (بھ۔ بھوت) (ہ۔ ا۔ مث) وہ راکھ جو جوگی یا سنیاسی اپنے بدن پر ملتے ہیں۔

بھبوت رمانا (ہ۔ محاورہ) فقیروں کا اپنے جسم پر راکھ ملنا (۲) فقیر ہونا۔ جوگ لینا۔ براگ لینا۔

بھبُوکا (بھ۔ بُو۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) آگ کا شعلہ۔ انگارہ (۲) (ہ۔ صف) گرم۔ دہکتا ہوا (۳) غضب ناک۔ لال پیلا (۴) نہایت سُرخ۔ بہت روشن۔ چمک دار۔

بھبُوکا بننا (ہونا) (ہ۔ محاورہ) غضب ناک ہونا۔ آگ بگولا ہونا۔

بھبُوکے (ہ۔ ا۔ مذ) بھبوکا کی جمع۔

بھبوکے اُٹھنا (ہ۔ محاورہ) شعلے اُٹھنا۔ آگ لگنا (۲) حسد کرنا۔ جلنا۔ کُڑھنا۔

بھپارا (بھ۔ پا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) جوش دی ہوئی دوا (۲) دم۔ فریب۔ جھُوٹ (۳) بھاپ (۴) اُبال (۵) دھُونی۔ جمع: بھپاروں۔ بھپارے۔

بھپارا دینا (ہ۔ محاورہ) (۱) بھاپ دینا (۲) سینک دینا (۳) فریب دینا۔

بھپارے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بھپارا کی جمع (۲) بھپارا کی مغیّرہ صورت۔

بھپارے دینا (ہ۔ محاورہ) جھانسا دینا۔ دم دلاسا دینا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

بھپارے میں آنا (ہ۔ محاورہ) دھوکے میں آنا۔ فریب میں پھنسنا۔

بھپُوری (بھ۔ پُو۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مونگچھی جو بیماروں کی غذا ہے۔

بھتّا (بھت۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) اُبلے ہوئے چاول۔ خشکہ۔ بھات (۲) خوراک۔ سفرخرچ (۳) وہ رقم جو ملازم کو تنخواہ کے علاوہ ملے۔ الاؤنس۔

بھت کھلیا (بھت۔ کھل۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) بھات کی کھلیا۔ چھوٹی ہنڈیا میں لڑکیوں کی پکائی ہوئی چیزیں۔ (بھت: بھات کا مخفف)

بھُتنا (بھُت۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) بھوت کی تصغیر۔ جمع: بھُتنوں۔ بھُتنے۔

بھُتنے (بھُت۔ نے) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بھُتنا کی جمع (۲) بھُتنا کی مغیّرہ صورت۔

بھُتنے کی چڑھی (ہ۔ ا۔ مث) لڑکوں کا ایک کھیل۔

بھُتنی (بھُت۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) بھُتنا کی تانیث۔ دیکھئے بھوتنی۔

بھتّی (بھت۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) کسی کے مرنے پر عزیزوں کے گھر سے آیا ہوا کھانا۔

بھتّی پکاؤں (اَر۔ بد دُعا۔ عو) تو مر جائے۔ تیری موت پر کھانا پکاؤں۔

بھتّی کھانا (اَر۔ محاورہ) کسی کے مرنے پر اُس کے قریبی رشتے دار کے گھر سے آئی ہوئی روٹی کھانا (۲) ماتم کرنا۔

بھتّی کھائے (اَر۔ بد دُعا۔ عو) ماتم کرے۔ روئے۔ پیٹے۔

بھتیج (بھ۔ تیج) (ہ۔ ا۔ مذ) بھتیجا کا مخفف۔ مُرکّبات میں استعمال ہوتا ہے۔

بھتیج بہُو (ہ۔ ا۔ مث) بھتیجے کی بیوی۔

بھتیج داماد (ہ۔ ا۔ مذ) بھتیجی کا خاوند۔ بھائی کی بیٹی کا شوہر۔

بھتیجا (بھ۔ تی۔ جا) (ہ۔ ا۔ مذ) بھائی کا بیٹا۔ برادر زادہ۔ جمع: بھتیجوں۔ بھتیجے۔

بھتیجی (بھ۔ تی۔ جی) (ہ۔ ا۔ مث) بھائی کی بیٹی۔ جمع: بھتیجیاں۔ بھتیجیوں۔

بھَٹ (فتح اوّل) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) غار۔ کھوہ (۲) سانپ کا بِل (۳) برہموں کا ایک فرقہ (۴) چولھا۔ بھٹی۔

بھٹ پڑے (ہ۔ بد دُعا) بھاڑ میں جائے۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔

بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان (ہ۔ مثل) (۱) ایسا سنگار نہیں کرنا چاہئے جس سے تکلیف ہو۔ بھاری بالیاں پہن کر کان توڑ لینے سے کیا فائدہ (۲) وہ دولت کس کام کی جو تکلیف کا مُوجب ہو۔

بھٹ تیتر (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا تیتر جس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے۔

بھَٹّا (ہ۔ ا۔ مذ) اینٹ یا چونا پکانے کی بھٹی۔ پژاوہ۔ جمع: بھٹوں۔ بھٹے۔

بھٹّا لگانا (ہ۔ محاورہ) (۱) چونا یا اینٹ پکانے کا کارخانہ لگانا (۲) بھٹے میں اینٹیں پکانے کے لئے آگ جلانا۔

بھُٹّا (بھُٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) جوار مکّی وغیرہ کی بالی۔ جمع: بھُٹوں۔ بھُٹے۔

بھُٹّا سا اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) ایک ہی ضرب میں کاٹ دینا۔

بھٹّا چارج (بھٹّا چاریہ) (س۔ ا۔ مذ) بہت بڑا عالم (۲) بنگالی برہموں کا ایک خطاب۔

بھٹک (بھ۔ ٹک) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گمراہی۔ سیدھی راہ سے دُوری (۲) کُوٹے ہوئے لوہے کی خاک (۳) (ہ۔ صف) فوراً۔ جلدی۔

بھٹکا پھرنا (اَر۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

بھٹکانا (بھٹ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) دھوکا دینا (۲) گمراہ کرنا۔

بھٹکاؤ (بھٹ۔ کا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذ) وسوسہ۔ تردُّد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھٹکنا (بھٹکتے) پھرنا (ا۔مص) حیران و سرگردان پھرنا۔ آوارہ پھرنا (۲) جستجو کرنا۔ تلاش کرنا (۳) راہ بھول جانا۔

بھٹکنا (بھ۔ٹک۔نا) (ہ۔مص) (۱) گمراہ ہونا۔ راہ بھولنا (۲) آوارہ پھرنا (۳) کسی کو ڈھونڈتے پھرنا (۴) بے چین اور بے قرار ہونا۔

بھٹنا (بھٹ۔نا) (ہ۔مص) کسی چیز پر زنگ یا میل آجانا۔ آلودہ ہونا۔

بھٹنا (بھٹ۔نا) (ہ۔مص) بھڑنا۔ آمنا سامنا ہونا۔ مقابلہ ہونا (۲) کسی پلید چیز سے چھو جانا۔ پلید ہونا۔

بھٹناگر (بھٹ۔نا۔گر) (ہ۔ا۔مذ) کائستھوں کی ایک گوت۔

بھٹنی (بھٹ۔نی) (ہ۔ا۔مث) سرپستان (۲) چھاتی کی سیاہ گھنڈی۔ چوچی۔

بھٹو (بھ۔ٹو) (ہ۔ا۔مذ) بے وقوف۔ احمق۔

بھٹوا (بھٹ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) خشک زمین جو صرف موسم خزاں میں فصل دے۔

بھٹواس (بھٹ۔واس) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا غلّہ۔

بھٹی (ہ۔ا۔مث) مدح سرائی (۲) بھاٹ کا پیشہ (۳) گدائی۔

بھٹی (بھٹ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) لوہاروں کا آتشدان۔ بڑا چولھا۔ دھوبیوں کا آتشدان جس پر کپڑے رکھ کر انہیں بھاپ دیتے ہیں (۳) کارخانہ شراب۔ جمع: بھٹیاں۔ بھٹیوں (۴) (ا۔مذ) راجپوتوں کی ایک گوت۔

بھٹی چڑھانا (ہ۔ محاورہ) (۱) بھٹی گرم کرنا (۲) کپڑوں کو صاف کرنے کے لئے بھٹی پر رکھ کر بھاپ دینا۔

بھٹی دار (ا۔صف) مے فروش۔ بادہ فروش۔ شراب بیچنے والا۔ کلال۔

بھٹیارا (بھٹ۔یا۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) روٹی پکانے والا۔ نان بائی (۲) وہ شخص جو سرائے چلاتا اور مسافروں کی خدمت کرتا ہے۔ جمع: بھٹیاروں۔ بھٹیارے۔

بھٹیارپن (بھٹ۔یار۔پن) (ہ۔ا۔مذ) باورچی گری (۲) کمینہ پن۔

بھٹیار خانہ (ا۔ا۔مذ) سرائے۔

بھٹیارن (بھٹیاری) (بھٹ۔یا۔رن) (بھٹ۔یا۔ری) (ہ۔ا۔مث) بھٹیارے کی بیوی۔ جمع: بھٹیارنوں۔ بھٹیارنیں۔

بھج (بضم اوّل) (س۔ا۔مذ) (۱) مثلث کا ضلع (۲) بازو۔ کہنی سے اُوپر کا حصّہ۔

بھج بند (ہ۔ا۔مذ) ایک زیور کا نام جو بازو پر پہنا جاتا ہے۔ بازو بند۔

بھجالی (بھ۔جا۔لی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی ٹیڑھی چھری۔

بھجاوٹ (بھ۔جا۔وٹ) (ہ۔ا۔مذ) موٹا تختہ جو شہتیروں پر ڈاٹ لگانے اور چھت پاٹنے کے کام آتا ہے۔

بھجن (بھ۔جن) (س۔ا۔مذ) وہ گیت جس میں خدا کی حمد ہو۔ جمع: بھجن۔ بھجنوں۔

بھجن کرنا (ہ۔ محاورہ) خدا کا نام لینا (۲) وظیفہ پڑھنا۔ عبادت کرنا۔

بھجن گانا (ہ۔ محاورہ) خدا کی حمد و ثنا کرنا (۲) خوشی منانا (۳) شکریہ ادا کرنا (۴) گیت گانا۔

بھجنا (بھج۔نا) (ہ۔مص) سراہنا۔ تسبیح پڑھنا۔ جپنا۔ پوجا کرنا۔

بھجنگ (بھ۔جنگ) (ہ۔صف) نہایت کالا (۲) (ا۔مذ) کالا سانپ۔

بھجنگا (بھ۔جنگا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو کوئل سے ملتا جلتا ہے (۲) (صف) نہایت سیاہ۔

بھجنیا (بھ۔جن۔یا) (ہ۔صف) بھجن گانے والا۔

بھجوانا (بھج۔وا۔نا) (ہ۔مص) بھیجنا کا متعدی المتعدی۔ ارسال کرانا۔

بھجیا (بھج۔یا) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھنے ہوئے دانے (۲) بھنے ہوئے دھان جن کے ستو بناتے ہیں (۳) پکا ہوا ساگ (۴) شلغم مولی وغیرہ کے پکے ہوئے پتے۔

بھچ (بضم اوّل) (ہ۔صف) (۱) بہت موٹا۔ کالے رنگ کا (۲) اَن پڑھ۔ گنوار (۳) نوگرفتار۔

بھچا (بھ۔چا) (ہ۔صف) تنگ۔ دبا ہوا۔ بھچا ہوا (۲) پست۔

بھچک (بھ۔چک) (ہ۔صف) ڈرا ہوا۔ سہا ہوا (۲) ہکا بکا۔ حیران۔

بھچک رہ جانا (ہ۔ محاورہ) حیران پریشان ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔ متحیر ہونا۔

بھچکنا (بھ۔چک۔نا) (ہ۔مص) حیران ہونا۔ متحیر ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔

بھچنا (بھچ۔نا) (ہ۔مص) (۱) سٹنا (۲) دبنا۔ بھنچنا (۳) مجبور ہونا (۴) شرمانا۔

بھد (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔صوت) (۱) کسی چیز کے ریت یا نرم چیز پر گرنے کی آواز (۲) (ا۔مث) ذلت۔ بے وقعتی۔ بدنامی۔

بھد بھد (ہ۔ا۔صوت۔مث) موٹے آدمی یا بچے کے چلنے کی آواز (۲) ریت یا خاک پر کسی چیز کے گرنے کی آواز (۳) وہ آواز جو بھرے ہوئے پیٹ کے بجانے سے نکلے۔

بھدّا (بھد۔دا) (ہ۔صف) (۱) بہت موٹا (۲) بدصورت۔ بدشکل (۳) بے وقوف (۴) سست۔ کاہل۔

بھداکا (بھ۔دا۔کا) (ہ۔ا۔صوت۔مذ) گرنے کی آواز۔ دھماکا۔

بھداکا دینا (بھداکا سُنانا) (ہ۔ محاورہ) دے مارنا۔ گرا دینا۔

بھدانا (بھ۔دا۔نا) (ہ۔مص) کسی چیز میں نمک جذب کرانا۔

بھدرا (بھد۔را) (س۔ا۔مذ) (۱) جوتش کی رُو سے منحوس دن۔ چاند کی دوسری، ساتویں اور بارھویں تاریخ (۲) کسی عزیز کی موت پر سر، مونچھ، ڈاڑھی کا مُنڈانا۔ چار اَبرو کا صفایا (۳) (مث) سری کرشن جی کی ایک اِستری کا نام۔

بھدرا کرانا (ہ۔ محاورہ) کریا کرم کے واسطے یا کسی تیرتھ پر سر، ڈاڑھی اور مونچھوں کا منڈوانا۔ چار اَبرو کا صفایا کرانا۔

بھدرا ہونا (ہ۔ محاورہ) چار اَبرو کا صفایا ہونا۔

بھدر بھدر دوڑنا (ہ۔مص مرکب) اِس طرح دوڑنا کہ پاؤں کے زمین پر لگنے سے بھد بھد کی آواز پیدا ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھدرک (بھد۔رک) (س۔ا۔مث) (۱) لطف۔ مزہ۔ خوبی۔ سلیقہ۔ شعور (۲) استقلال۔ استحکام۔ مضبوطی۔ پائیداری۔

بھدرکنا (بھد۔رک۔نا) (ہ۔مص) کشتی میں گرا دینا۔ اکھاڑے میں پچھاڑنا۔

بھدرنا (بھد۔رنا) (ہ۔مص) کسی سفوف کا کسی چیز میں سرایت کر جانا (۲) کسی چیز میں بُو بس جانا۔

بھدوار (بھد۔وار) (ہ۔ا۔مث) وہ زمین جو گنے کی فصل کے لئے تیار کی جائے۔

بھدئی (بھد۔ئی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھادوں کی پیداوار (۲) برسات کا چاول جو بھادوں میں کاٹا جاتا ہے۔

بھدّی (بھد۔دی) (ہ۔صف) بھدّا کی تانیث۔

بھدّی آواز (اُر۔ا۔مث) بھاری اور موٹی آواز۔ بُری آواز جسے سننے کو جی نہ چاہے۔

بھَر (ہ۔صف) (۱) تمام۔ سارا۔ کُل (۲) تھوڑا۔ قدرے (۳) مقدار اور اندازہ (۴) (ہ۔ا۔مث) ہندوؤں کی ایک گوت۔

بھر آنا (اُر۔محاورہ) زخم بھر جانا۔ زخم مندمل ہو جانا۔ انگور بندھنا (۲) رقّت طاری ہونا۔ دل بھر آنا۔ ہمدردی ہونا۔ رحم آنا (۳) پُر ہونا۔ لبریز ہونا۔

بھر پانا (اُر۔محاورہ) (۱) کوڑی کوڑی وصول کرنا (۲) باز آنا (۳) نجات پانا (۴) اپنے کئے پر پچھتانا۔

بھرپائی (ہ۔ا۔مث) پورے داموں کی رسید۔

بھرپُور (ہ۔صف) پورا۔ تمام۔ اچھی طرح۔

بھر پیٹ (اُر۔محاورہ) اچھی طرح۔ پیٹ بھر کے۔

بھر دینا (ہ۔محاورہ) لبریز کر دینا۔ مالا مال کر دینا (۲) نقصان پورا کرنا۔ تاوان ادا کرنا (۳) آسودہ کر دینا (۴) آلودہ کرنا۔ تعیٔز دینا (۵) دے دینا۔ ادا کرنا (۶) آبپاشی کرنا۔ سیراب کرنا۔

بھر لینا (اُر۔محاورہ) پُر کر لینا۔ لبریز کر لینا (۲) وصول کر لینا (۳) آلودہ کر لینا۔

بھرمار (ہ۔صف) کثرت۔ بہتات۔

بھرمار کرنا (ہ۔محاورہ) بہت زیادہ کرنا۔ بکثرت دینا۔ بہ افراط لینا یا دینا۔

بھرا (بھ۔را) (ہ۔صف) (۱) بھرا ہوا (۲) موٹا تازہ (۳) موجود۔ آباد (۴) (ا۔مذ) بوجھ (۵) گولی بارود (۶) (ہ۔فعل) بھرنا مصدر کا ماضی (۷) کسی اسم کے بعد آکر اُسے صفت بنا دیتا ہے جیسے زہر بھرا۔

بھرا بھرا (ہ۔صف) آباد۔ معمور (۲) موٹا تازہ۔ پُر گوشت۔

بھرا بیٹھنا (اُر۔محاورہ) غصّے میں ہونا۔ ناراض ہونا۔ شکوہ شکایت کے لئے تیار ہونا۔ (۲) رونے کے قریب ہونا۔

بھرا پُرا (اُر۔صف) آباد۔ معمور (۲) آسودہ۔ فارغ البال (۳) صاحب اولاد (۴) دولت مند۔ خوش نصیب۔

بھرا جانا (اُر۔محاورہ) (۱) پُر ہو جانا (۲) آلودہ ہو جانا (۳) حاملہ ہو جانا۔

بھرا گھر (اُر۔ا۔مذ) آباد گھر۔ مال اور آدمیوں کی افراط (۲) اسباب خانہ داری سے بھرا ہوا مکان۔

بھرا گھر برباد ہونا (اُر۔محاورہ) گھر کی رونق جاتی رہنا۔ تباہ ہو جانا۔

بھرا وقت (ق۔ا۔مذ) شام۔ جب دونوں وقت ملیں۔

بھرا ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) آزردہ ہونا (۲) کثرت سے موجود ہونا (۳) پُر ہونا۔

بھُرّا (بھر۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ترغیب۔ تحریک۔ تحریص (۲) دھوکا۔ فریب (۳) کبوتروں کے یکبارگی اُڑنے کی آواز۔

بھُرّا دینا (اُر۔محاورہ) دَم دینا۔ جھانسا دینا (۲) کبوتروں کو یکبارگی اُڑانا۔

بھُرّا (بھر۔را) (ہ۔صف) نہایت کالا۔ بھونرا کا مخفف۔

بھُرّاٹا (بھر۔را۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) پرندوں کے اُڑنے کی آواز۔

بھرانا (بھر۔را۔نا) (ہ۔مص) پرندوں کا بچوں کو چوگا دینا۔ کھلانا (۲) چَرا کرانا (۳) چوپائے کو گابھن کرانا (۴) بھرنا کا متعدی۔

بھُرّانا (بھر۔را۔نا) (ہ۔مص) گلا بیٹھ جانا۔ آواز بھاری ہونا۔

بھُرّانا (بھر۔را۔نا) (ہ۔مص) پروں سے اُڑنے کی آواز نکالنا۔

بھراؤ (بھ۔را۔او) (ہ۔ا۔مذ) بھرتی۔ گڑھے وغیرہ بھرنے کی مقدار۔

بھرائی (بھ۔را۔ای) (ہ۔ا۔مث) بھرانے کا فعل (۲) بھروانے کی اُجرت۔

بھُربھُرا (ہ۔صف) (۱) خستہ۔ کُرکُرا (۲) بھُربھُرا ہوا۔ پولا۔ کرارا۔

بھربھرانا (ہ۔مص) (۱) خستہ ہونا (۲) بکھیرنا۔ بکھرنا (۳) ولولہ پیدا کرنا۔ جوش دلانا (۴) دل کا گدگدانا۔ فریفتہ ہونا (۵) سفوف چھڑکنا۔

بھربھراہٹ (بھر۔بھ۔را۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) ورم۔ سُوجن۔ آماس۔

بھُربھُراہٹ (بھر۔بھ۔را۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) خستگی۔ خستہ پن۔

بھربھری (ہ۔ا۔مث) دیکھئے بھربھراہٹ۔

بھُربھُری (بھر۔بھ۔ری) (ہ۔صف) بھُربھُرا کی تانیث۔ خستہ۔

بھربھَنڈ (بھر۔بھنڈ) (ہ۔ا۔مث) گڑبڑ۔ افراتفری۔ سخت گھبراہٹ۔

بھرت (بھ۔رت) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھرتی کی چیز (۲) اسباب (۳) بوجھ ڈھونے کی گاڑی (۴) جگہ (۵) روپئے کا محصول (۶) پوری ادائیگی۔

بھرت بھرنا (ہ۔محاورہ) سوداگری کے مال کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا۔ دساور کو لادنا (۲) کمی پوری کرنا۔

بھرت (بھُرت) (بھ۔رت) (ہ۔ا۔مث) ایک دھات جو جست، تانبے اور سیسے کا مرکب ہوتی ہے۔

بھُرتا (بھر۔تا) (بھر۔تا) (ہ۔ا۔مذ) اُبالے ہوئے پھل، دال، ترکاری وغیرہ جنہیں پیس کر اور بھون بگھار کر سالن کے طور پر تیار کیا جائے۔

بھرتا کر دینا (اُر۔محاورہ) (۱) کسی چیز کو مل کر اُس کا رگ و ریشہ الگ کر دینا (مجازاً) بہت مارنا۔

بھرتی (بھر۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھراؤ۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جائے۔ مٹی یا خس و خاشاک جو کسی گڑھے میں ڈالا جائے (۲) محکمہ جہاں سپاہی وغیرہ نوکر رکھے جاتے ہیں (۳) تکمیل (۴) بے کار اسباب۔ فضول بوجھ۔ فالتو۔ رَدّی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھرتی بھرنا (اَر۔ محاورہ) گوٹ وغیرہ ڈال کر کسی چیز کو بھر دینا (۲) سوداگری کا مال بھرنا۔

بھرتی کا شعر (اَر۔ اِ۔ مذ) جس شعر میں کوئی خاص بات یا خوبی نہ ہو۔ صرف غزل پوری کرنے کے لئے اسے داخل کیا گیا ہو (۲) معمولی شعر۔ بے لطف شعر۔

بھرتی کا مال (اَر۔ اِ۔ مذ) سوداگری کا مال (۲) وہ مال جو قیمتی نہ ہو۔ معمولی مال۔

بھرتی کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی محکمے میں نوکر رکھنا۔

بھَرتیا (بھرت۔ یا) (ہ۔ اِ۔ مذ) کانسی پیتل کے برتن بنانے یا بیچنے والا۔ کسیرا۔ ٹھٹیرا (۲) پیتل یا بھرت کا بنا ہوا برتن۔

بھَرڑی (بھر۔ ڑی) (ہ۔ اِ۔ مذ) وہ اناج جو گاہنے کے بعد بالوں میں رہ جائے (پن) گھنڈیاں۔

بھرِشٹ (بھ۔ رِشٹ) (س۔ صف) (۱) ذلیل (۲) ناپاک۔ پلید۔ نجس۔

بھرشٹ کرنا (ہ۔ محاورہ) بگاڑنا۔ خراب کرنا (۲) گندہ کرنا۔ ناپاک کرنا۔

بھُرکس (بھُر۔ کس) (ہ۔ اِ۔ مذ) ریزہ۔ چورا۔ بھوسی۔

بھرکس نکالنا (اَر۔ محاورہ) مار مار کر ہڈی پسلی توڑ دینا۔ کچومر نکالنا۔

بھَرَم (بھ۔ رَم) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) ساکھ۔ اعتبار۔ ناموری۔ شہرت (۲) شک۔ شبہ۔ گمان (۳) ظاہری شان و شوکت۔

بھرم باندھنا (اَر۔ محاورہ) ساکھ جمانا۔ ہوا باندھنا۔ اعتبار قائم رکھنا۔

بھرم بنا (بنائے) رکھنا (ہ۔ محاورہ) آبرو قائم رکھنا۔ لوگوں کی نظروں میں معزز رہنا۔

بھرم جانا (ہ۔ محاورہ) ساکھ جاتی رہنا۔ اعتبار نہ رہنا۔

بھرم رکھنا (ہ۔ محاورہ) لاج رکھنا۔ اعتبار قائم رکھنا۔ ساکھ خراب نہ کرنا۔

بھرم کرنا (ہ۔ محاورہ) گمان کرنا۔ شک کرنا (۲) بدگمان ہونا۔ بدظن ہونا۔

بھرم کھل جانا (کھلنا) (ہ۔ محاورہ) بھید ظاہر ہونا (۲) اعتبار اُٹھنا۔ ساکھ جاتی رہنا۔ بھروسا نہ رہنا۔

بھرم گنوانا (ہ۔ محاورہ) ساکھ کھونا۔ اعتبار ضائع کرنا۔ شہرت میں بٹا لگانا۔

بھَرمانا (ہ۔ مص) للچانا۔ ترغیب دینا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔ دھوکا دینا۔

بھَرمنا (بھ۔ رم۔ نا) (ہ۔ مص) بھٹکنا۔ ڈانواں ڈول ہونا۔

بھَرَن (بھ۔ رَن) (ہ۔ اِ۔ مث) زور و شور کی بارش۔

بھَرنا (ہ۔ مص) (۱) پُر کرنا۔ لبالب کرنا۔ پُر ہونا (۲) پورا کرنا۔ ختم کرنا (۳) آلودہ کرنا (۴) رنج میں عمر بسر کرنا۔ نباہنا (۵) سمانا (۶) تاوان ادا کرنا (۷) سیر ہونا (۸) برداشت کرنا (۹) موٹا ہونا (۱۰) غضبناک ہونا (۱۱) حاملہ ہونا (۱۲) دام وصول کرنا (۱۳) ٹھکنا (۱۴) بندوق یا توپ وغیرہ میں گولی بارود ڈالنا (۱۵) بہکانا (۱۶) غیبت کرنا۔ چغلی کھانا (۱۷) (کان بھرنا) ناراض کرنا (۱۸) آب پاشی کرنا۔ پانی دینا (۱۹) بجالانا۔ تعمیل کرنا (۲۰) رنگ چڑھانا (۲۱) قرض ادا کرنا۔ زخم پر انگور آنا (۲۲) چلم میں تمباکو ڈالنا اور آگ رکھنا (۲۳) لحاف وغیرہ میں روئی ڈالنا (۲۴) طاری کرنا (۲۵) رونے کے قریب ہونا (۲۶) خسارہ اُٹھانا۔

بھرنا بھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کا خرچ برداشت کرنا۔ کفالت کرنا (۲) مصیبت جھیلنا۔

بھَرنی (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) بانا۔ جو لاہوں کا ایک آلہ۔ نالی (۲) (نجوم) دُوسرا مکھشد یا منزل قمر۔

بھَروانا (ہ۔ مص) بھرنا کا متعدی۔

بھَروتی (بھ۔ رَو۔ تی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) مکمل ادائیگی کی رسید (۲) معاوضہ۔

بھَروٹا (بھ۔ رَو۔ ٹا) (ہ۔ اِ۔ مذ) گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔ سر کا بوجھ۔

بھَروسا (بھ۔ رو۔ سا) (ہ۔ اِ۔ مذ) اعتبار۔ یقین۔ اعتماد (۲) اُمید۔ آسرا۔ توکل۔

بھَرول (بھ۔ رَول) (ہ۔ اِ۔ مذ) بہت پھل والی فصل۔ خوب بھرا پُرا کھیت۔

بھَری (بھ۔ ری) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) ساڑھے گیارہ ماشے کا وزن (۲) ایک قسم کی گھاس (۳) فصل کا اتنا گٹھا جو ایک آدمی اُٹھا سکے (۴) (صف۔ مث) بھرا کی تانیث۔

بھری برسات (اَر۔ اِ۔ مث) برسات کا موسم۔ زور کی بارش۔ بارش کا سماں۔

بھری بھری (اَر۔ صف۔ مث) پُر گوشت اور گول گول (رانیں یا بازو کی مچھلیاں)۔

بھری پُری (اَر۔ صف۔ مث) بھرا پُرا کی تانیث۔

بھری تھالی میں لات مارنا (اَر۔ محاورہ) اپنے آرام کو آپ چھوڑنا۔ لگی نوکری ترک کرنا۔ ناشکری کرنا۔

بھری جوانی مانجھا ڈھیلا (اَر۔ مثل) اُس آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو سستی یا پست ہمتی کا اظہار کرے۔

بھری ڈاڑھی (اَر۔ اِ۔ مث) نہایت گھنی ڈاڑھی۔

بھری رکعت (اَر۔ اِ۔ مث) چار رکعت والی فرض نماز جس کی پہلی دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد دُوسری کوئی سورت پڑھی جاتی ہے۔

بھری گودی خالی ہونا (اَر۔ محاورہ) شیرخوار اولاد کا مرجانا۔

بھری محفل میں (سبھا میں۔ مجلس میں) (اَر۔ متعلق فعل) (۱) سب لوگوں کے سامنے (۲) سارے جلسے میں۔ پوری مجلس میں۔ علی الاعلان۔ علانیہ۔

بھَرے (ہ۔ صف) بھرا کی جمع اور مغیرہ صورت۔

بھرے بیٹھے ہیں (اَر۔ محاورہ) بہت غصّے میں ہیں۔

بھرے کو بھرنا (اَر۔ محاورہ) مالدار کو مزید مالدار بنانا۔

بھَرڑ (بفتح اوّل) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) کسی چیز کے پھٹنے یا بندوق وغیرہ کے چلنے کی آواز (۲) گوز کی آواز (۳) جلتی ہوئی لکڑی کے چٹخنے کی آواز۔

بھڑ بھڑ کرنا (اَر۔ محاورہ) جلتی ہوئی لکڑیوں کا چٹخنا۔

بھِڑ (بکسر اوّل) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) زرد زنبور۔ ایک قسم کا زرد پَردار کیڑا جس کے ڈنک میں زہر ہوتا ہے (پن) کھل۔ دھموڑی۔ جمع: بھڑوں۔ بھڑیں۔

بھڑ (بھڑوں) کا چھتّا (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) بھڑوں کے رہنے کا گھر (۲) (مجاز) مفسد لوگ (۳) لڑاکا شخص جسے چھیڑ کر پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے۔

بھڑ کے چھتّے کو چھیڑنا (بھڑ کے چھتّے میں ہاتھ ڈالنا) (اَر۔ محاورہ)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُفسِد لوگوں کو چھیڑ کر اپنے گلے مُصیبت ڈال لینا۔
بھِڑ (بکسر اوّل)(ہ۔ فعل) بھِڑنا مصدر کا صیغہ امر۔
بھِڑ کے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) مِل کر بیٹھنا۔ قریب قریب بیٹھنا۔ زانو بہ زانو بیٹھنا۔
بھِڑ جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) مقابلے پر ڈٹ جانا (۲) حُجت و تکرار کرنے لگنا (۳) مار دھاڑ کرنا (۴) کواڑ کا بند ہو جانا۔
بھڑ ابھڑ (ہ۔ا۔ صوت)(۱) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز (۲) لگاتار گوز خارج کرنے کی آواز۔
بھڑاس (بھ۔ ڑاس)(ہ۔ا۔مث) دل کا غُبار۔ کینہ۔ کدورت۔ عداوت۔ سخت رنجش۔
بھڑاس نکالنا (اَر۔ محاورہ) رو کر یا بُرا بھلا کہہ کر دل ہلکا کرنا۔
بھڑانا (اَر۔ مص)(۱) ٹکرانا (۲) مقابلہ کرانا (۳) ساجھا کرنا (۴) رشوت دینا۔
بھڑ بھڑانا (بھڑ۔ بھ۔ ڑا۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) آگ کا بھڑکنا۔ بھڑ بھڑ کرنا (۲) طبلہ بجانا۔
بھڑ بھڑیا (بھڑ۔ بھڑیا)(ہ۔ صف)(۱) فضول باتیں کرنے والا (۲) پیٹ کا ہلکا (۳) صاف دل (۴) سیدھا سادہ۔
بھڑ بھونجا (بھڑ۔ بھوں۔ جا)(ہ۔ا۔مذ) بھاڑ جھونکنے والا۔ اناج بھوننے والا۔ جمع: بھڑ بھونجوں۔ بھڑ بھونجے۔
بھڑ بھونجے (ہ۔ا۔مذ)(۱) بھڑ بھونجا کی جمع (۲) بھڑ بھونجا کی مُغیرہ صورت۔
بھڑ بھونجے کی لڑکی کیسر کا تِلک (ہ۔ مثل) غریب آدمی کا امیرانہ ٹھاٹھ کرنا۔
بھڑ بھونجن (بھڑ۔ بھوں۔ جن)(ہ۔ا۔مث) بھڑ بھونجا کا مؤنث۔ اناج بھوننے والی عورت۔ جمع: بھڑ بھونجنوں۔ بھڑ بھونجنیں۔
بھڑ جنگا (بھڑ۔ جنگا)(ہ۔ا۔مذ) غل غپاڑہ۔ شور۔
بھڑک (بھ۔ ڑک)(ہ۔ا۔مث)(۱) چمک دمک۔ سنگار۔ رونق (۲) وحشت۔ جھجک (۳) اِشتعال۔ اُبھار۔
بھڑک اُٹھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) مشتعل ہونا (۲) جلنا (۳) چمک جانا (۴) رونق پانا۔
بھڑک جانا (اَر۔ محاورہ) بُرا مان جانا۔ رنجیدہ ہو جانا۔ مشتعل ہو جانا۔ ڈر کر اُچھل کود کرنا (گھوڑے کا)۔
بھڑک دار (اَر۔ صف)(۱) چمکیلا (۲) بارونق۔ خوبصورت۔
بھڑکانا (ہ۔ مص)(۱) آگ کو تیز کرنا (۲) بہکانا۔ غُصہ دِلانا۔ مشتعل کرنا (۳) ڈرانا۔ چونکانا۔ وحشت دلانا (۴) تمباکو کو جلا کر سوختہ کر دینا۔
بھڑکنا (بھ۔ ڑک۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) جل اُٹھنا۔ آگ کے شعلے اُٹھنا (۲) ڈرنا۔ چونکنا۔ خوف کھانا (۳) غُصے ہونا۔ مشتعل ہونا۔ تیز ہونا (۴) اعصاب کھنچ جانا۔ تشنج ہونا (۵) تمباکو کا جلد جل جانا (۶) گرمی کا بڑھنا (۷) چمک آجانا۔

بھڑکیل (بھڑ۔ کیل)(بکسر اوّل و بیائے مجہول)(ہ۔ صف)(۱) وحشی۔ بھڑکنے والا (۲) ڈرنے والا۔
بھڑکیلا (بھڑ۔ کی۔ لا)(ہ۔ صف) چمکیلا۔ زرق برق۔
بھڑمَل (بھڑ۔ مَل)(اَر۔ صف) بے شرم۔ مسخرہ۔ بھڑوا۔
بھِڑنا (بکسر اوّل)(ہ۔ مص)(۱) پیوستہ ہونا۔ ملنا۔ بالکل نزدیک ہونا (۲) مقابلہ کرنا (۳) ٹکرانا۔
بھڑنگ (بھ۔ ڑنگ)(ہ۔ صف) بکواس کرنے والا۔ واہیات شخص۔
بھڑوا (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دیوث۔ عورتوں کا دلال۔ قُرم ساق۔ بھاڑو (۲) بے غیرت۔ بے شرم۔ بے حیا۔ جمع: بھڑووں۔ بھڑوے۔
بھڑوائی (بھڑ۔ وا۔ ای)(ہ۔ا۔مث)(۱) بھڑواپن (۲) عورتوں کی دلالی (۳) بھڑوے کے کام کی اُجرت۔
بھڑولنا (بھڑول دینا) (بھ۔ ڑول۔ نا)(بھ۔ ڑول۔ دے۔ نا)(ہ۔ مص) راز کھول دینا۔
بھڑوے (ہ۔ا۔مذ)(۱) بھڑوا کی جمع (۲) بھڑوا کی مُغیرہ صورت۔
بھڑوے کو بھی مُنہ پر بھڑوا نہیں کہتے (اَر۔ مثل) کسی بُرے شخص کا عیب اُس کے مُنہ پر اِس طرح نہیں کہنا چاہئے کہ اُسے بُرا لگے۔
بھڑی (بھ۔ ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) لالچ (۲) کبوتروں کو اُڑانے کی آواز۔
بھڑی (بھڑیاں) دینا (ہ۔ محاورہ) کبوتروں کو بھوکا رکھ کر اُڑانا (۲) تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا۔
بھڑیری (بھ۔ ڑے۔ ری)(ہ۔ا۔مث) برتنوں کا اُوپر تلے ڈھیر۔
بھَس (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مث) راکھ۔ خاکستر (۲) خاک (مجازاً) ہیچ۔
بُھس (بضم اوّل)(ہ۔ا۔مذ) چوکر۔ بھوسی۔ اناج کا چھلکا۔ بھوسا۔ پھٹکن۔
بھس اُڑانا (اَر۔ محاورہ) بھوسی اُڑانا (۲) اظہارِ غم کرنا۔ ماتم کرنا۔
بھس بھروانا (اَر۔ محاورہ) کھال کھچوا کر اُس میں بھس بھروانا۔ ایک سزا۔
بھس پر لیپنا (اَر۔ محاورہ) فضول کام کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔
بھس کھا جانا (اَر۔ محاورہ) جب کوئی شخص بے تکی باتیں کرے تو اُس کو کہتے ہیں (۲) بے وقوفی کی باتیں کرنا۔ بے ہودہ باتیں کرنا۔
بھس کے مول ملیدہ (اَر۔ مقولہ) قیمتی چیز کا نہایت سستے داموں فروخت ہونا۔
بھس ملانا (اَر۔ مصدر) اناج میں بھوسا ملانا (۲)(محاورہ) خرابی پیدا کرنا۔
بھس میں چنگاری (چنگی) ڈال جمالو دُور کھڑی (اَر۔ مثل) لڑائی کرا کے تماشا دیکھنا۔
بُھساکو (بھ۔ سا۔ کو)(ہ۔ا۔مذ) ہلکا سا تمباکو جس میں کڑواہٹ نہ ہو۔ بھس کی طرح تمباکو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھسڑ (بھسڑا) (بھس۔ سَڑ)(و۔ صف) نہایت موٹا اور بھدا آدمی۔

بھسڑی (بھس۔ ڑی)(و۔ صف) بہت موٹی عورت۔ بھسڑا کی تانیث۔

بھسکنا (بھ۔ سک۔ نا)(و۔ مص) (۱) بھینس کی طرح کھانا (۲) بدتہذیبی سے چبانا۔

بھسکو (بھ۔ سک۔ کو)(واو معروف)(و۔ صف) بہت کھانے والا مرد۔ پیٹو۔

بھسکو (بھ۔ سک۔ کو) (واو مجہول) بہت کھانے والی۔ پیٹو عورت۔

بھسم (بھ۔ سَم)(و۔ ا۔ مذ) راکھ۔ خاک۔ بھبوت۔

بھسم کر دینا (و۔ محاورہ) راکھ کر دینا۔ جلا دینا (۲) ہضم کر جانا۔

بھسم ہونا (و۔ محاورہ) جل کر راکھ ہونا (۲) ہضم ہو جانا (۳) حسد یا غصے میں جلنا (۴) تباہ و برباد ہو جانا۔

بھسمنت (بھس۔ مَنت)(نونِ غنّہ)(و۔ ا۔ مث)(۱) راکھ۔ بھبوت (۲) وہ چیز جو بھسم ہو گئی ہو۔

بھسنڈ (بھ۔ سنڈ)(و۔ صف)(۱) ایک قسم کا بڑا کوا (۲) موٹا۔ فربہ۔ مُشٹنڈا۔

بھسورا (بھ۔ سَو۔ را)(و۔ ا۔ مذ) مکان میں بھوسا رکھنے کی جگہ۔

بھسوری (بھ۔ سَو۔ ری)(و۔ ا۔ مذ) بھسورا کی تانیث۔

بھشکل (بھش۔ کَل)(و۔ صف) ناپاک۔ غلیظ۔ نجس (۲) پھوہڑ (۳) بدشکل۔

بھق بھق (و۔ ا۔ مث) انجن سے دھواں نکلنے کی آواز (۲) تیز بدبو۔

بھقر بھقر بو آنا (بھ۔ قَر۔ بھ۔ قَر۔ بو۔ آ۔ نا)(اُر۔ محاورہ) تیز بو آنا۔

بھک (بفتحِ اوّل)(و۔ ا۔ مث)(۱) دھماکا (۲) تیل یا گھی میں آگ لگنے کی آواز (۳) تمباکو کے پتوں کا چورا۔

بھک سے اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) بارود یا کسی آگ پکڑنے والی چیز کا دفعتہً جل کر اُڑ جانا۔

بھک (بکسرِ اوّل)(و۔ ا۔ مث) بھیک کا مخفف۔

بھک منگا (و۔ صف۔ و ا۔ مذ) بھیک مانگنے والا۔ ٹکڑ گدا (۲) کنگال۔ غریب (مث کے لئے) بھک منگی۔

بُھک (بضمِ اوّل)(و۔ ا۔ مث) بُھوک کا مخفف۔

بُھک مُوا (و۔ صف۔ مذ) بُھوک کا مارا۔ بہت بُھوکا (۲)(مث) بُھک موئی۔

بُھکا (بُھک۔ کا)(و۔ صف) بُھوکا کا مخفف۔

بُھکا پیر (اُر۔ ا۔ مذ) بہت کھانے والا (۲) لالچی۔

بھکارن (بھ۔ کا۔ رَن)(و۔ ا۔ مث) بھیک مانگنے والی عورت۔ منگتی۔

بھکاری (بھ۔ کا۔ ری)(و۔ ا۔ مذ) فقیر۔ منگتا۔ گداگر۔

بھکت (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ ا۔ مذ) عابد۔ زاہد۔ پرہیزگار۔ نیز دیکھئے بھگت۔

بھکتی (س۔ ا۔ مث) پارسائی۔ زُہد۔ عبادت۔

بُھکرانا (بُھک۔ را۔ نا)(و۔ مص) بدبو دینا۔

بُھکرانڈ (بُھکراہنڈ) (بُھک۔ راند) (بُھک۔ راہنڈ) (و۔ ا۔ مث) گلے سڑے اناج کی بدبو۔ ناگوار بدبو۔

بُھکرانڈا (بُھک۔ راں۔ ڈا)(و۔ صف) بدبودار۔

بھکشا (بھک۔ شا)(س۔ ا۔ مث)(۱) بھیک۔ خیرات (۲) مانگ۔ طلب۔

بھکشو (بھک۔ شو)(س۔ ا۔ مذ) بھیک پر بسر کرنے والا۔ فقیر۔ بدھ مت کا درویش۔

بَھکل (بھک۔ کل)(و۔ ا۔ مث) بند کمرے کی گرم ہوا۔

بُھکنا (بُھک۔ نا)(و۔ مص) (۱) گُھس جانا۔ چُبھنا (کسی نوک دار چیز کا کسی چیز میں)۔

بَھکوا (بھک۔ وا)(و۔ صف) (۱) نادان۔ احمق۔ بیوقوف (۲) بھڑوا (۳) مسخرہ۔

بَھکوسنا (بھ۔ کوس۔ نا)(و۔ مص) جلدی جلدی کھانا۔ نگلنا۔

بَھکوی (بھک۔ وی)(و۔ صف) بھکوا کی تانیث۔ نادان عورت۔ مسخری۔

بَھگا (بھگ۔ گا)(و۔ صف) وہ جانور جو لڑائی میں شکست کھا کر بھاگ جائے۔

بُھگا (بُھگ۔ گا)(و۔ صف)(۱) بیوقوف۔ ناتجربہ کار (۲) چورا۔ بُرادہ (کسی بھنے ہوئے اناج کا)۔ چورن۔ سفوف۔

بَھگا لے جانا (و۔ محاورہ)(۱) اغوا کرنا۔ فریب دے کر لے جانا (۲) تیز چال سے لے جانا۔

بَھگانا (و۔ مص)(۱) دوڑانا (۲) ورغلا کر لے جانا (۳) شکست دینا۔

بَھگت (بھ۔ گت)(و۔ ا۔ مذ)(۱) دیکھئے بھکت (۲) گنڈے تعویذ کرنے والا۔ بھوت پریت اُتارنے والا (۳) سازندہ۔

بھگت باز (و۔ ف۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کا ایک فرقہ جو لڑکوں کو نچاتا اور سوانگ وغیرہ بھر کر تماشا دکھاتا ہے۔ سوانگی۔

بُھگتان (بُھگ۔ تان)(و۔ ا۔ مذ)(۱) بدلہ۔ سزا (۲) قرضے کی بے باقی۔

بُھگتانا (بُھگ۔ تا۔ نا)(و۔ مص)(۱) پورا کرنا۔ ادا کرنا۔ انجام کو پہنچانا (۲) تعمیل کرنا۔ بجالانا (۳) بے باق کرنا (۴) فیصلہ کرنا (۵) تقسیم کرنا (۶) حساب کرنا (۷) جھگڑا چکانا۔

بُھگت لینا (و۔ محاورہ)(۱) برداشت کر لینا (۲) کئے کی سزا پا لینا (۳) سمجھ لینا (۴) بدلہ لینا۔

بُھگتنا (بھ۔ گت۔ نا)(و۔ مص)(۱) ختم ہونا۔ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا (۲) برداشت کرنا۔ سہارنا (۳) بے باق ہونا (۴) بھرنا۔ بھوگنا (۵) فیصلہ ہونا (۶) نباہنا (۷) تاوان دینا (۸) سمجھنا۔

بُھگتی (بُھگ۔ تی)(و۔ ا۔ مث) دیکھئے بھکتی۔

بَھگتی (بَھگتیا) (بھگ۔ تی)(بھ۔ گت۔ یا)(و۔ ا۔ مذ) ناچنے والا۔ بھانڈ۔ رقص کرنے والا۔ رقاص۔

بَھگدڑ (بَھگدڑ) (بھگ۔ دَڑ)(و۔ ا۔ مث) بھاگنے کی اُچھل۔ بھاگڑ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھکر (بھ۔کر)(ہ۔ا۔مذ) گلا سڑا اناج۔ کھیتی کا غلّہ۔

بھکل (بھ۔کل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ بناوٹ۔ تصنّع۔

بھکل بتانا (ہ۔ محاورہ) دھوکا دینا (۲) جھوٹا اِفلاس ظاہر کرنا۔

بھکندر (بھ۔کن۔دَر)(س۔ا۔مذ) نواسیر۔ ایک قسم کا پھوڑا جو مقعد میں یا اُس کے آس پاس ہوتا ہے۔ اورنگ زیبی پھوڑا۔ مغلئی پھوڑا۔

بھکو (بھ۔کو)(واو مجہول)(ہ۔فعل) بھگونا مصدر کا صیغہ امر۔

بھکو بھکو کے لگانا (مارنا) (ا۔ مصدر مرکب)(۱) پانی میں بھگو کر جوتیاں مارنا (۲)(ا۔ محاورہ) لعنت ملامت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

بھگّو (بھگ۔گو)(ہ۔صف) بھگوڑا۔ بھاگ جانے والا۔ بُزدل۔

بھگوان (بھگ۔وان)(ہ۔ا۔مذ) خُداتعالیٰ۔ پرمیشر۔ ایشور۔

بھگوتی (بھگ۔و۔تی)(س۔ا۔مث) بھوانی۔ دُرگا دیوی۔

بھگوڑا (بھ۔گو۔ڑا)(ہ۔صف۔مذ) ڈرپوک۔ بھاگ جانے والا۔ بُزدل۔ نامرد۔ جمع: بھگوڑوں۔ بھگوڑے۔ (مؤنث کے لئے) بھگوڑی۔

بھگونا (بھ۔گو۔نا)(ہ۔مص) تر کرنا۔ گیلا کرنا۔

بھگّی (بھگ۔گی)(ہ۔ا۔مث) ہلچل۔ بھاگڑ۔ بھگدڑ۔

بھگّی پڑنا (ہ۔ محاورہ)(۱) ہلچل ہونا۔ خوف کے مارے بھاگنا (۲) شکست کھانا۔ ہارنا۔

بھگیلا (بھ۔گے۔لا)(ہ۔صف) وہ پرندہ جو لڑائی میں بھاگ گیا ہو۔ بھگوڑا۔

بھلّا (بھل۔لا)(ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کی ایک ذات (۲)(پن) دہی بڑا۔

بھلا (بھ۔لا)(ہ۔صف)(۱) عمدہ۔ خوب۔ اچھا۔ مناسب (۲) نیک۔ پاک (۳) عجیب۔ انوکھا۔ سُہانا۔ دلکش (۴) تندرست۔ بزرگ (۵)(کلمۂ تنبیہ) ٹھہر۔ صبر کر۔ جمع: بھلوں۔ بھلے۔

بھلا آدمی (ا۔صف)(۱) اچھا آدمی۔ نیک آدمی (۲)(طنزاً) شریر۔ چالاک۔ بدچلن۔ بدمعاش۔

بھلا بچّہ (ا۔ دھمکی) سمجھ لوں گا۔ بدلہ لوں گا۔

بھلا بُرا (ا۔صف) نیک و بد۔ اچھا بُرا (۲) لعنت ملامت (ان معنوں میں عموماً بُرا بھلا مستعمل ہے)۔

بھلا جی (بھلا صاحب) (ا۔ طنزاً) کیا مضایقہ ہے۔ کیا ڈر ہے۔

بھلا چاہنا (ا۔مص مرکب) خیر خواہی کرنا۔ بہتری کی خواہش کرنا۔

بھلا چنگا (ا۔صف) تندرست۔ اچھا خاصا۔ صحیح سالم۔

بھلا کرنا (ا۔مص) نیکی کرنا۔ خیرات کرنا (۲) اچھا سلوک کرنا۔

بھلا لگنا (ا۔مص مرکب) اچھا معلوم ہونا۔ زیب دینا۔

بھلا مانس (ہ۔ا۔مذ) بھلا آدمی۔ مُہذّب شخص (۲) ملنسار۔ خوش مزاج (۳) شریف (۴) نیک بخت (۵) سیدھا سادہ۔ صاف دل۔

بھلا ہو (ا۔ دُعا)(۱) بھلائی اور خوشی نصیب ہو (۲)(طنزاً بددُعا) بُرا ہو۔

بھلا ہُوا میری مٹکی پھوٹی۔ میں دہی بیچنے سے چھوٹی (ا۔مثل) تھوڑے نقصان کا غم نہیں۔ روز روز کا جھگڑا تو ختم ہوا۔

بھلا ہونا (ا۔ محاورہ) خوشی حاصل ہونا۔ بھلائی ملنا۔

بُھلانا (بھُ۔لا۔نا)(ہ۔مص) بُھولنا کا متعدی (۱) یاد نہ رکھنا۔ فراموش کرنا (۲) گمراہ کرنا۔ دھوکا دینا۔

بُھلاوا (بھُ۔لا۔وا)(ہ۔ا۔مذ) مُغالطہ۔ فریب۔ دھوکا۔ جمع: بُھلاووں۔ بُھلاوے۔

بِھلاواں (بِھلانوا) (بھ۔لا۔واں)(بھلاں۔وا)(ہ۔ا۔مذ) ایک پھل جس کے رس سے دھوبی کپڑوں پر نشان لگاتے ہیں۔ دواؤں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ بلاذر۔

بُھلاوے (بھُ۔لا۔وے)(ہ۔ا۔مذ) بُھلاوا کی جمع (۲) بُھلاوا کی مُغیرہ شکل۔

بُھلاوے میں رہنا (ا۔ محاورہ) دھوکے میں رہنا۔ مغالطے میں رہنا۔

بِھلاویں کا داغ (ا۔ا۔مذ) نہ مٹنے والا داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔ دائمی بدنامی۔ (بِھلاویں بِھلاواں کی مُغیرہ شکل ہے)۔

بھلائی (بھ۔لا۔ای)(ہ۔ا۔مث) نیکی۔ بہتری (۲) خیر خواہی (۳) نیک نامی (۴) فائدہ (۵) حُسن۔ خوبی۔ عُمدگی۔ احسان۔ سلوک۔ جمع: بھلائیاں۔ بھلائیوں۔

بھلائی رہنا (ا۔ محاورہ) نیکی کی یادگار باقی رہنا۔

بھلائی کرنا (ا۔ محاورہ) اچھا سلوک کرنا۔ نیکی کرنا۔ احسان کرنا۔

بھلائی کی بات (ا۔ا۔مث) نیک بات۔

بھلائی لینا (ا۔ محاورہ) نیکی کرنا۔ ثواب حاصل کرنا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔ دُعا لینا۔

بھل بھل (ہ۔صوت) پانی کے بکثرت گرنے کی آواز۔ دھار باندھ کر خون، پانی یا کسی اور رقیق شے کے گرنے کی آواز۔

بھل بُھل (بضمِ اوّل)(ہ۔ا۔مث) بھوبل۔ جلی ہوئی راکھ۔

بَھلبھلانا (بھل۔بھ۔لا۔نا)(ہ۔مص) بہنا۔ پانی وغیرہ کا بکثرت گرنا۔

بُھلبُھلانا (بھُل۔بھُ۔لا۔نا)(ہ۔مص)(۱) بھوبل یا بھاڑ میں کسی چیز کو بھوننا (۲) نیم برشت کرنا۔ اَدھ بُھنی کرنا۔

بھلسانا (بھل۔سا۔نا)(ہ۔مص)(۱) دُکھ دینا۔ تکلیف پہنچانا (۲) جھلسانا۔ جلانا۔

بھلسنا (بھ۔لس۔نا)(ہ۔مص) جُھلسنا۔ جلنا۔ بُھوبل یا کسی گرم چیز میں بُھننا۔

بھلک بھلک رونا (بھ۔لک)(ہ۔مص) جی کھول کر رونا۔ زار و قطار رونا۔

بُھلکّڑ (بھ۔لک۔کڑ)(ہ۔صف) بُھولنے والا۔ غبی۔ کُند ذہن۔

بھلمنسات (بھلمنساہٹ) (بھل۔مَن۔سات)(ساہٹ)(ہ۔ا۔مث) آدمیت۔ شرافت۔

بھلمنسائی (بھلمنسی) (بھل۔مَن۔سا۔ای)(بھل۔مَن۔سی)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(ہ۔ا۔مث) دیکھیے **بھلمنسات**۔

بھلی (بھ۔لی) (ہ۔صف) بھلا کی تانیث۔ اچھی۔

بھلی چلائی (ار۔محاورہ) (۱) بھلی کہی۔ خوب کہا (۲) بے ضرورت ہے۔ بے فائدہ ہے۔

بھلی کہی (ار۔کلمۂ تعجب) اظہارِ حیرت کے لئے کہتے ہیں (۱) اس معاملے کا کیا ذکر کرتے ہو۔ یہ بات قابلِ توجہ نہیں (۲) سند نہیں (۳) بے مزہ ہے (۴) اچھی ہے۔

بھلے (بھ۔لے) (ہ۔صف) (۱) بھلا کی جمع (۲) بھلا کی مغیرہ صورت۔

بھلے آدمی کو ایک بات' بھلے گھوڑے کو ایک چابک (ار۔مثل) سمجھ دار کو ایک بار کی فہمائش کافی ہے۔

بھلے آئے (ار۔طنزیہ فقرہ) (۱) خوب آئے (۲) بہت دیر سے آئے (۳) وعدہ پورا نہیں کیا۔

بھلے بُرے (ار۔صف) (۱) بھلا بُرا کی جمع۔ اچھے بُرے۔ نیک و بد (۲) خراب آدمی۔ بدمعاش۔ ٹھگ۔

بھلے بُرے میں ایک بالشت کا فرق ہے (ار۔مثل) ظاہر میں تو سب لوگ ایک جیسے ہی ہیں' اچھے یا بُرے کا فرق صرف اعمال سے ہے۔

بھلے دن (ار۔ا۔مذ) اچھا زمانہ۔ اِقبال کا زمانہ۔ خوشحالی کا وقت۔

بھلے دن آنا (ار۔محاورہ) اِقبال کا زمانہ آنا۔ خوشحالی کا وقت آنا۔

بھلے کا زمانہ نہیں (ار۔مثل) (۱) نیکی کرنے کا وقت نہیں (۲) نیکی کا بدلہ بُرائی سے ملتا ہے۔

بھلے کو (ار۔تابع فعل) فائدے کی غرض سے۔

بھلے کی (ار۔صف۔مث) فائدے کی۔

بھلے کے لئے (ار۔تابع فعل) بہتری کے واسطے۔ فائدے کے لئے۔

بھلے مانُس کی سب طرح خرابی ہے (ار۔مثل) شریف آدمی کو ہر حالت میں دشواریاں پیش آتی ہیں۔

بھمباکا (بھم۔با۔کا) (ہ۔ا۔مذ) بڑا سوراخ۔ وہ بڑا چھید جو آر پار ہو۔

بھمبو (بھم۔بو) (واو مجہول) (ہ۔صف) بہت موٹی اور بھدی عورت۔

بھمیا (بھم۔یا) (ہ۔ا۔مذ) پُرانا سانپ۔

بُھنّا (بُھننا) (بھن۔نا) (ہ۔مص) (۱) بریاں ہونا (۲) جلنا۔ تپنا (۳) حسد کرنا۔ بُغض کرنا۔ کینہ رکھنا (۴) روپے وغیرہ کا خُردہ ہونا۔

بُھنّاس (بھن۔ناس) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہاتھی کے باندھنے کا موٹا کھونٹا (۲) موٹا تسمہ (۳) آلۂ تناسُل۔

بھنّانا (بھن۔نا۔نا) (بکسرِ اوّل وبتشدید نون) (ہ۔مص) (۱) سر چکرانا (۲) طیش میں آنا (۳) گھبرانا۔ پریشان ہونا (۴) عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔

بُھنانا (بھ۔نا۔نا) (بضمِ اوّل) (ہ۔مص) (۱) بریاں کرانا (۲) روپیہ تُڑوانا۔

بُھنائی (بُھنوائی) (بھ۔نا۔ای) (بھن۔وا۔ای) (ہ۔ا۔مث) بُھنانے کی اُجرت (۲) بٹہ کٹوتی۔

بھنبوڑنا (بھنبھوڑنا) (بھم۔بوڑ۔نا) (بھم۔بھوڑ۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) درندے کا کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔ پھاڑنا۔ نوچنا۔

بھن بھن (بکسرِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) مکھیوں کے اُڑنے کی آواز۔

بھنبھنا (بھن۔بھ۔نا) (ہ۔ا۔مث) ناک میں بولنے والا۔

بھنبھنانا (بھن۔بھ۔نا۔نا) (ہ۔مص) مکھیوں کا کھانے پینے کی چیزوں پر منڈلانا۔ مکھیوں کے اُڑنے کی آواز نکلنا (۲) ناک میں بولنا۔

بھنبھناہٹ (بھن۔بھ۔نا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) مکھیوں کے اُڑنے کی آواز۔

بُھنبُھیا (بُھن۔بُھن۔یا) (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو ہر جگہ مارا مارا پھرے۔

بُھمبُھوا (بُھم۔بُھ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) بُھوک سے تنگ آکر لوٹ مار کرنے والا (۲) دُوسروں کی چیزیں کھا جانے والا شخص۔

بھنبھیری (بھمبیری) (بھم۔بھی۔ری) (بھم۔بی۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) تتلی کی شکل کا ایک پردار برساتی کیڑا (۲) لٹو کی شکل کا ایک تیز پھرنے والا چھوٹا سا کھلونا (۳) (صف) تیز دوڑنے والا۔ پھرتیلا۔ چست و چالاک۔ چھریرا۔

بھنجن (بھن۔جن) (ہ۔ا۔مث) روپیہ خُردہ کرانے کا بٹا یا کٹوتی۔

بھنڈ (بفتح اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) تباہی۔ بربادی۔

بھنڈ پیرا (بھنڈ قدما) (ہ۔صف) منحوس قدم۔

بھنڈ کرنا (ہ۔محاورہ) خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

بھنڈ (بھنڈا) (بکسر اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سوکھے ہوئے تمباکو کا ڈلا (۲) بنا ہوا تمباکو (۳) ایک قسم کا حقّہ۔

بھنڈا (بھنڈے) بردار (ار۔صف) حقّہ پلانے والا ملازم۔

بھنڈار (بفتح اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) گودام۔ ذخیرہ۔ اِسٹور۔

بھنڈارا (ہ۔ا۔مذ) (۱) عام خیرات۔ فقیروں کا لنگر (۲) کھوپڑی۔ سری (۳) پیٹ۔ شکم۔

بھنڈاری (ہ۔ا۔مذ) (۱) بھنڈار یا گودام کا مالک (۲) خان ساماں (۳) کسی کی طرف سے محتاجوں کو غلّہ تقسیم کرنے والا۔

بھنڈسار (بھنڈسال) (ہ۔ا۔مث) غلّے کا گودام۔ کھتی جس میں غلّہ بغرضِ تجارت بھرا جاتا ہے۔

بھنڈسالی (ہ۔ا۔مذ) سستے وقت میں غلّہ خرید کر مہنگا بیچنے کے لئے ذخیرہ کرنے والا (۲) بُوڑھا غلّہ۔ گلا سڑا غلّہ۔

بھنڈی (بکسر اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) ایک سبز ترکاری کا نام جو لیس سی ہوتی ہے اور اُس پر روئیں ہوتے ہیں۔

بھنڈیلا (بیائے مجہول) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نقال۔ بھانڈ (۲) پکڑ باز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھنک (بھ۔نک) (ہ۔ا۔مث) (۱) دھیمی آواز (۲) اُڑتی ہوئی خبر (۳) مکھیوں کی آواز۔

بھنکار (بھن۔کار) (ہ۔ا۔مث) مکھیوں یا مچھروں کا ہجوم (۲) مکھیوں یا مچھروں کی آواز۔

بھنکانا (بھن۔کا۔نا) (ہ۔مع) کسی چیز کو بے احتیاطی سے رکھنا کہ مکھیاں اُس پر بیٹھیں (۲) بھنکنا کا متعدی۔

بھنکنا (بھ۔نک۔نا) (ہ۔مع) (۱) مکھیوں کا بھنبھنانا (۲) سست بیٹھنا۔ بے کار رہنا (۳) میلا کچیلا رہنا۔ غلیظ رہنا۔

بھَنگ (بفتح اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بنگ۔ ایک قسم کی نشیلی پتی (۲) بربادی۔ تباہی۔ خاتمہ۔

بھنگ تو نہیں کھائی؟ (اُر۔محاورہ) بدحواسی کی باتیں کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

بھنگ رہنا (اُر۔محاورہ) مست رہنا (۲) بدحواس رہنا۔ پریشان رہنا۔

بھنگ کرنا (ہ۔محاورہ) منسوخ کرنا۔ توڑنا۔ مسمار کرنا۔

بھنگ کھانا (اُر۔محاورہ) بدحواس ہونا۔ نشے میں ہونا۔

بھنگ کے بھاڑے میں جانا (اُر۔محاورہ) مفت جانا۔ ضائع ہونا۔

بھنگا (بھن۔گا) (ہ۔ا۔مذ) ایک چھوٹا سا کیڑا۔

بھنگا سا (ہ۔صف) ضعیف۔ لاغر۔ کمزور۔

بھنگڑ (بفتح اوّل و سوم) (نون غنہ) (ہ۔صف) بھنگ پینے والا (۲) گپی۔

بھنگڑ خانہ (اُر۔ا۔مذ) بھنگ پینے کا اڈا۔

بھنگڑا (بھنگ۔ڑا) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بھنگرا۔ ایک گھاس جو دواؤں میں کام آتی ہے (۲) پنجابی دیہاتی رقص۔

بھنگراج (بھنگ۔راج) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرندہ۔

بھنگن (بفتح اوّل و سوم) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھنگ پینے یا بھنگ بیچنے والی (۲) مہترانی۔ جمع: بھنگنوں۔ بھنگنیں۔

بھَنگی (بفتح اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) بھنگ پینے والا (۲) خاکروب۔ مہتر۔ جمع: بھنگی۔ بھنگیوں (۳) (ا۔مث) ایک قسم کا لٹو جس سے بچے کھیلتے ہیں۔

بھنگیا جانا (بھنگیانا) (بھنگ۔یا۔نا) (ہ۔مع) نشے میں ہونا۔ بدحواس ہو جانا۔

بھنگیڑا (بھنگے۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) بھنگ بیچنے والا۔ بھنگ بنانے والا۔

بھنگیڑ خانہ (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے بھنگڑ خانہ۔

بھنگیڑ خانے کی گپ (اُر۔ا۔مث) بے سروپا بات۔ بے بنیاد گپ۔

بھنگیڑن (بھنگے۔ڑن) (ہ۔ا۔مث) بھنگیڑا کی تانیث۔

بھننک (بھ۔ننک) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے بھنک۔

بُھنّنا (بھن۔نا) (ہ۔مع) دیکھئے بُھننا۔

بھنوَر (بفتح اوّل و سوم) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پانی کا چکر۔ گرداب (۲) بلا۔ غم۔ دُکھ۔

بھنور پڑنا (ہ۔مع) پانی کا چکر کھانا۔ گرداب پڑنا۔

بھنور جال (ہ۔ا۔مذ) دُنیا کے جھگڑے بکھیڑے۔

بھنور کلی (ہ۔ا۔مث) لوہے وغیرہ کا حلقہ جو کتے یا بکری وغیرہ کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ کنڈی۔

بھنیج (بھنیجا) (بھ۔نیج) (بھ۔نے۔جا) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بہن کا بیٹا۔ بھانجا۔

بھنیج بہو (ہ۔ا۔مث) بھانجے کی بیوی۔

بھنیج داماد (ہ۔ا۔مذ) بھانجی کا خاوند۔

بَھو (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ (س: بھے)۔

بھو (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) بھومی۔ زمین۔ دھرتی۔

بھوا (بھو۔آ) (ہ۔ا۔مث) باپ کی بہن۔ پھوپھی۔ بوا۔

بھوانی (بھ۔وا۔نی) (س۔ا۔مث) دُرگا۔ پاربتی (شو کی اِستری) (۲) چیچک۔

بھوبل (بھو۔بل) (ہ۔ا۔مث) (۱) گرم راکھ (۲) ریت۔ خاک۔

بھوپالی (بھو۔پا۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک راگنی کا نام (۲) (صف) بھوپال شہر (مدھیہ پردیش۔ بھارت) سے نسبت رکھنے والا۔

بھوت (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بھتنا۔ پریت۔ شیطان۔ خبیث۔ ناپاک رُوح (۲) (اُر۔صف) پیچھا نہ چھوڑنے والا (۳) بدشکل (۴) نشے میں چور۔ جمع: بھوت۔ بھوتوں۔

بھوت اُتارنا (اُر۔محاورہ) خبیث رُوح کو دفع کرنا (۲) غصے سے نجات دلانا۔

بھوت اُترنا (اُر۔محاورہ) خبیث رُوح کا دفع ہونا۔ غصہ دُور ہونا۔

بھوت بن کر چمٹنا (بھوت بن کر لپٹنا) (اُر۔محاورہ) بُری طرح پیچھے پڑنا۔ ہر وقت ساتھ رہنا (۲) کسی بات کے سر ہو جانا۔

بھوت بننا (اُر۔محاورہ) (۱) نشے میں سرشار ہونا (۲) غصے میں آپے سے باہر ہونا (۳) خاک آلود ہونا (۴) کسی بات کے پیچھے پڑ جانا۔

بھوت پریت (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) خبیث رُوحیں۔

بھوت (چڑھنا) سوار ہونا (اُر۔محاورہ) سخت غصہ آنا۔

بھوت کا پکوان (اُر۔ا۔مذ) بھوت کے ذریعے سے ملا ہوا پکوان (۲) مفت کی دولت۔ آسانی سے حاصل کیا ہوا مال۔

بھوتنی (بھوت۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھتنی۔ بھوت کی تانیث۔ چڑیل۔ جمع: بھوتنیاں۔ بھوتنیوں۔

بھوتنی والا (اُر۔صف) چڑیل کا۔ ایک گالی (۲) بدمعاش۔ شریر۔ بے ایمان۔

بھوٹیا (بھوٹ۔یا) (ہ۔صف) (۱) بھوٹان کا رہنے والا (۲) ناٹے قد کا آدمی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھوج (واو مجہول)(س۔ا۔مذ)(۱) کھانا۔ دعوت۔ ضیافت (۲) بُھنا ہوا غلہ (۳) ایک درخت کا نام۔

بھوج پتر (ہ۔ا۔مذ) بھوج درخت کے پتے۔ قدیم زمانے میں انہیں بجائے کاغذ کے اِستعمال کرتے تھے (۲) بھوج کی چھال۔

بھوجائی (بھوجی) (بھو۔جا۔ای) (بھو۔جی) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) بڑے بھائی کی بیوی۔ بھاوج۔

بھوجن (بھو۔جن) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کھانا (۲) ترکاری۔ بُھنی ہوئی ترکاری (۳) بُھونی ہوئی شے۔

بُھوچک (بُھوچکا) (بُھو۔چک) (بُھو۔چک۔کا) (ہ۔صف) بھونچکا۔ بدحواس۔ پریشان۔ حیران۔ متحیر (۲) بُھولا ہوا۔ غلط راستے پر پڑا ہوا (۳) خوف زدہ۔

بھوچکا ہونا (ہ۔محاورہ) حیران و متعجب ہونا۔

بُھوڈل (بُھو۔ڈل) (ہ۔ا۔مذ) ابرک۔

بھور (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) صبح۔ نور کا تڑکا۔ علی الصباح (۲) مار پیٹ۔ خاتمہ (۳) خرچ۔

بھور کر دینا (ہ۔محاورہ) خوب زد و کوب کرنا۔ بہت مارنا۔

بھور ہونا (ا۔محاورہ) صبح ہونا۔ صبح کی سفیدی پھیلنا (۲) بڑھاپا آنا۔ بال سفید ہونا (۳) خاتمہ ہونا۔ مرنا۔

بُھورا (واو معروف) (ہ۔صف) (۱) مٹیالا۔ زردی مائل سیاہ (۲) (ا۔مذ) نیلا کبوتر جس کا کوئی پر سفید نہ ہو (۳) (ا۔مث) گاؤں کی وہ زمین جو بہت دُور ہو۔

بُھوری (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی روٹی جو سرکنڈوں کی گرم راکھ پر پکائی جاتی ہے (۲) (صف) بُھورا کی تانیث۔

بُھوڑ (ہ۔ا۔مث) ریگستان۔ ریتلی زمین۔

بُھوسا (ہ۔ا۔مذ) بُھس۔ اناج کا چھلکا۔

بُھوسی (ہ۔ا۔مث) (۱) بُھوسا کی تانیث۔

بُھوشن (بُھو۔شن) (س۔ا۔مذ) (۱) سجاوٹ۔ آرائش (۲) زیورات۔ جواہرات۔

بُھوک (ہ۔ا۔مث) (۱) کھانے کی خواہش۔ اشتہا (۲) خواہش۔ ضرورت۔ حاجت (۳) کمی۔ کسر۔

بھوک (اُڑنا) بھاگنا (ا۔محاورہ) کھانے کی خواہش جاتی رہنا۔

بُھوک بند ہونا (ا۔محاورہ) بُھوک نہ لگنا (۲) خواہش نہ ہونا۔

بُھوک پیاس (ہ۔ا۔مث) کھانے پینے کی ضرورت (۲) غریبی۔ کنگالی۔ فقر و فاقہ۔ تنگی۔ مفلسی۔

بُھوک جاتی رہنا (ا۔محاورہ) کھانے کی خواہش ختم ہونا۔

بُھوک جنم کی ہُوک (ہ۔مثل) بُھوکا رہنا زندگی کی سب سے بڑی تکلیف ہے۔

بُھوک کو بُھوجن کیا اور نیند کو بچھونا کیا (ہ۔مثل) سخت بُھوک میں اِنسان کو جو کچھ مل جائے کھالیتا ہے اور سخت نیند میں ہر جگہ سو جاتا ہے۔

بُھوک کی جھانجھ (ن۔ط۔ث)(ہ۔ا۔مث) وہ غصہ جو بھوک کی شدت میں آئے۔

بھوک گئے بھوجن ملے، جاڑا گئے قبا۔ جوانی گئے تریا ملے تینوں اَن سجھا (ہ۔مثل) وقت پر چیز نہ ملے تو اُس کا کیا فائدہ۔ جیسے بھوک ختم ہو جانے کے بعد کھانا، سردی نکل جانے کے بعد لباس اور جوانی ختم ہونے کے بعد بیوی کا ملنا کوئی فائدہ نہیں دیتا۔

بُھوک لگی تو گھر کی سُوجھی (ا۔محاورہ) کھیل کود میں مصروف رہنے والے بے پروا کے متعلق کہتے ہیں۔

بُھوک لگنا (ا۔محاورہ) کھانے کی خواہش ہونا۔ اِشتہا ہونا۔

بُھوک مرنا (ا۔محاورہ) بُھوک جاتی رہنا۔

بُھوک میں بھجن بھی نہ ہو (ہ۔مثل) بُھوک لگی ہو تو عبادت بھی نہیں ہو سکتی۔ بُھوک میں کوئی کام نہیں ہوتا۔

بُھوک ہڑتال (ا۔ا۔مث) کوئی مطالبہ منوانے یا کسی غصّے کی وجہ سے کھانا پینا چھوڑ دینا۔ (ہڑتال: دیکھئے ہٹ تال)۔

بُھوک ہونا (ا۔محاورہ) اشتہا ہونا۔ کھانے کی یا کسی چیز کی شدید خواہش ہونا۔

بُھوکا (ہ۔صف) (۱) جسے بُھوک لگی ہو (۲) خواہش مند (۳) محتاج۔ فاقہ کش (۴) نہایت مفلس۔ کنگال۔ جمع: بُھوکوں۔ بُھوکے۔

بُھوکا اُٹھاتا ہے بھوکا سُلاتا نہیں (ا۔مثل) اللہ تعالیٰ سب کو رزق دیتا ہے۔ کوئی بھی بُھوکا نہیں سوتا۔ کچھ نہ کچھ کھانے کو مل ہی جاتا ہے۔

بُھوکا سو رُوکھا (ہ۔مثل) بُھوکا آدمی کسی سے اچھی طرح نہیں ملتا۔

بُھوکا مرتا کیا نہ کرتا (ا۔مثل) مجبوری میں سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

بُھوکا مرنا (ا۔محاورہ) فاقہ کشی کرنا (۲) مشکل سے گُزر بسر ہونا۔

بُھوکا ننگا (ہ۔صف) بہت غریب (مؤنث کے لئے) بُھوکی ننگی۔

بُھوکوں (ہ۔تابع فعل) بُھوک سے (۲) (صف) بُھوکا کی جمع۔

بُھوکوں مرنا۔ دیکھئے بھوکا مرنا۔

بُھوکی (ہ۔صف) بُھوکا کی تانیث۔

بُھوکے (ہ۔صف) (۱) بُھوکا کی جمع (۲) بُھوکا کی مُغیرہ صورت۔

بُھوکے بھجن نہ ہو (ہ۔مثل) دیکھئے بُھوک میں بھجن بھی نہ ہو۔

بھوکے شریف سے، پیٹ بھرے رذیل سے ڈرنا چاہئے (ا۔مثل) فاقہ کش شریف اور آسودہ حال کمینہ نہایت خطرناک ہوتا ہے۔

بھوگ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھوجن۔ کھانا۔ تبرک (۲) دیوتاؤں کا چڑھاوا (۳) خوشی۔ آرام۔ عیش (۴) صحبت۔ جماع۔ ہم بستری (۵) بدلہ۔ نتیجہ۔ عوض۔ سزا۔ جزا (۶) تخلص۔ وہ مختصر نام جو شاعر اپنے کلام میں لاتے ہیں۔

بھوگ بلاس (ہ۔ا۔مذ) عیش و سرور۔ رنگ رلیاں۔ زندگی کے مزے۔ سیر و تماشا۔ کھیل کود۔ راگ۔ رنگ۔ لہو و لعب۔

بھوگ پڑنا (ہ۔محاورہ) گالیاں پڑنا۔ لعنت پڑنا۔ دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا۔

بھوگ (دینا) سُنانا (ہ۔محاورہ) گالیاں دینا۔ ملامت کرنا (۲) تبرک دینا۔

بھوگ کرنا (ہ۔محاورہ) جماع کرنا۔ ہم بستر ہونا۔

بھوگلی (بھوگ۔لی) (ہ۔ا۔مث) ناک کا ایک کھوکھلا زیور۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھوگنا (بھوگ۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص)(۱) مزے اُڑانا۔ عیش کرنا (۲) برداشت کرنا۔ بھگتنا (۳) مجبور ہونا (۴) بدلہ پانا۔ نتیجہ بھگتنا۔ سزا پانا (۵) جرمانہ ادا کرنا۔

بھوگی (بھو۔گی)(واو مجہول)(ہ۔صف۔مذ)(۱) عیاش۔ شہوت پرست (۲) زانی (۳) گرہستی۔

بھول (واو معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) فراموشی۔ سہو۔ نسیان۔ چوک۔ غلطی (۲) قصور (۳) دھوکا۔

بھول بھلیاں (ہ۔ا۔مث) پیچ در پیچ راستے کا مکان (۲) ایسا راستہ جس پر چلتے چلتے انسان چکرا کر راستہ بھول جائے (۳) گورکھ دھندا (۴) وہ کام یا بات جو بار بار سمجھانے سے بھی سمجھ میں نہ آئے۔

بھول پڑنا (ہ۔محاورہ) غلطی ہو جانا۔ یاد سے اُتر جانا۔ دھیان نہ رہنا۔

بھول جانا (ہ۔محاورہ) یاد سے اُتر جانا۔ خیال نہ رہنا۔ فراموش ہو جانا۔

بھول چوک (ہ۔ا۔مث)(۱) فراموشی (۲) غلطی۔ قصور۔

بھول چوک لینی دینی (ہ۔ا۔مث) کمی بیشی کی جائے گی۔ حساب بعد میں اچھی طرح کیا جائے گا اور جو دینا ہوگا وہ دیا جائے گا اور جو لینا ہوگا لیا جائے گا۔

بھول کے نہ کرنا (ا۔محاورہ) کبھی نہ کرنا۔ ہرگز نہ کرنا۔ کسی حال میں نہ کرنا۔

بھول گئے ناچ رنگ' بھول گئے چھکڑی۔ تین چیزیں یاد رہیں: نون' تیل' لکڑی (ہ۔مثل) شادی کے بعد انسان دُنیا کے دھندوں میں سب کچھ بھول جاتا ہے۔

بھولا (بھو۔لا)(واو معروف)(ہ۔صف) وہ جو بھول جائے (۲) غافل۔ بھولنے والا (۳) فراموش۔ گم شدہ۔

بھولا بسرا (بھولا بچوکا)(ہ۔صف) یاد سے اُترا ہوا۔ ذہن سے ہٹا ہوا۔

بھولا بھٹکا (ہ۔صف) راستہ بھولا ہوا۔ راستہ کھویا ہوا۔

بھولا چیتا (چے۔تا)(ہ۔صف)(۱) خراب حافظہ (۲) بھولا ہوا کام یاد آنا۔

بھولا (واو مجہول)(ہ۔صف)(۱) سیدھا۔ چھل کپٹ نہ کرنے والا (۲) ناتجربہ کار۔

بھولا بھالا (ہ۔صف) سیدھا سادہ۔ معصوم (مرد)۔

بھولا پن (بھولپن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سادگی۔ سادہ پن (۲) نادانی۔ سادہ لوحی (۳) ناتجربہ کاری۔

بھولنا (بھول۔نا)(ہ۔مص)(۱) یاد نہ رہنا۔ فراموش کرنا۔ دھیان نہ رکھنا (۲) غلطی کرنا۔ خطا کرنا (۳) بھٹکنا۔ گم ہونا۔ کھو جانا (۴) دھوکا کھانا (۵) غرور کرنا (۶) بے خبر رہنا۔

بھولنا چوکنا (ہ۔محاورہ) ذہن سے ہٹنا۔ سہو ہونا۔ فروگزاشت ہونا۔

بھولی (واو معروف) بھولا کا مونث۔

بھولی بسری باتیں (ہ۔ا۔مث) وہ باتیں جو یاد سے محو ہو گئی ہوں۔ پُرانی اور گزری ہوئی باتیں۔

بھولی (واو مجہول)(ہ۔صف) بھولا کی تانیث۔

بھولی بھالی (ہ۔صف) بھولا بھالا کی تانیث۔ معصوم۔ سیدھی سادی (عورت)۔

بھولے (واو معروف)(ہ۔صف) بھولا کی مغیرہ صورت۔

بھولے بھٹکے (ا۔تابع فعل) کبھی کبھی۔ راستہ بھول کر۔

بھولے سے (ہ۔تابع فعل) سہواً۔ دھوکے سے۔

بھولے سے بھی یاد نہ کرنا (نام نہ لینا) (ا۔محاورہ) ہرگز یاد نہ کرنا۔ فراموش کر دینا۔

بھولے (ہ۔صف)(واو مجہول)(۱) بھولا کی جمع (۲) بھولا کی مغیرہ صورت۔

بھولے بھالے (ہ۔صف) بھولا بھالا کی جمع۔

بھوم (واو معروف)(س۔ا۔مث)(۱) زمین۔ دھرتی (۲) دُنیا۔ سنسار (۳) جگہ۔ مقام (۴) ملک (۵) دیس۔ وطن۔

بھومی (بھو۔می)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے بھوم۔

بھومیا (بھوم۔یا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) زمیندار۔ زمین کا مالک (۲) پُرانا باشندہ (۳) بہت پُرانا سانپ جس کے سر پر بال نکل آئے ہوں۔

بھوں (ہ۔ا۔مث)(۱) اَبرو۔ آنکھ اور ماتھے کے درمیانی بال۔ جمع: بھنووں۔ بھنویں (۲) موٹی اور بھدّی آواز (۳) کتے کی آواز۔

بھوں پر بل پڑنا (ا۔محاورہ) چہرے پر غصّے کے آثار ظاہر ہونا۔ ناپسندیدگی کا اظہار ہونا۔ چیں بہ جبیں ہونا۔

بھوں بھوں کرنا (ا۔محاورہ)(۱) کتے کا بھونکنا (۲) کتے کی آواز کی نقل کرنا (۳) بکواس کرنا۔ بکنا (۳) کرخت اور سخت آواز سے بولنا۔ زور زور سے رونا۔

بھون (ہ۔فعل) بھوننا مصدر کا صیغہ امر۔

بھون بھلس لینا (ہ۔محاورہ) کچا پکا کر کھا لینا۔ بھون کھانا۔

بھون کھانا (ا۔محاورہ)(۱) بھون کر کھا جانا (۲) برتنا۔ دیکھنا بھالنا۔

بھَوَن (بھ۔وَن)(س۔ا۔مذ)(۱) مقام۔ جگہ۔ گھر۔ مسکن (۲) دیوی کا استھان۔

بھونپو (بھوں۔پُو)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا باجا۔ نرسنگھا۔ سنکھ (۲) بھاری اور بھدّی آواز۔

بھونچال (بھوں۔چال)(ہ۔ا۔مذ) زلزلہ۔ بھوکم۔

بھونچکا (بھوں۔چک۔کا)(ہ۔صف) دیکھئے بھوچکا۔

بھونڈو (بھوں۔ڈو)(ہ۔صف)(واو مجہول)(نون غنّہ) سادہ لوح۔ بے وقوف۔ احمق۔

بھونڈا (بھوں۔ڈا)(واو مجہول)(نون غنّہ)(ہ۔صف)(۱) بدصورت۔ بدشکل (۲) بدوضع۔ بے ڈول۔

بھونڈا پن (ہ۔ا۔مذ) بھونڈا پنا۔ بدصورتی۔ بدنمائی (۲) بدتمیزی۔

بھونڈا نخرہ (ہ۔ا۔مذ) بے جا ناز۔ شتر غمزہ۔ بھدّی اور نامعقول ادا۔

بھونڈی (بھوں۔ڈی)(ہ۔صف) بھونڈا کی تانیث۔

بھونڈی باتیں (ہ۔ا۔مث) بدتمیزی کی باتیں۔ واہیات باتیں۔

بھونڈی صورت (ا۔ا۔مث) بُری اور بھدّی صورت۔ ناموزوں شکل۔

بھونرا (بھوں۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا سیاہ پردار کیڑا (۲)(مجازاً) بہت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سیاہ (۳) تہ خانہ۔ قید خانہ۔ جمع: بھونروں۔ بھونرے۔

بھونری (بھوں۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھونرا کی مادہ (۲) گھوڑے یا آدمی کے سر یا جسم کے بالوں کا چکر جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

بھونرے (بھوں۔رے) (ہ۔ا۔مذ) بھونرا کی جمع (۲) بھونرا کی مُغیّرہ صورت۔

بھونرے میں پالنا (اَر۔محاورہ) تہ خانے میں پالنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔

بھونسنا (بھونس۔نا) (نُون غُنّہ) (ہ۔مص) (۱) بھونکنا (۲) بکنا۔ بکواس کرنا۔

بھونکانا (بھوں۔کا۔نا) (ہ۔مص) (۱) کتے کو چھیڑنا کہ وہ بھونکے (۲) (مجازاً) بکواس کرانا (۳) دق کرنا۔ ستانا۔

بھونکڑا (بھونک۔ڑا) (نُون غُنّہ) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) موٹی ناک۔ چوڑی چپٹی ناک (۲) بُرا ٹانکا۔ بے تمیزی کا سینا۔ بے قاعدہ سیون (۳) (مجازاً) بھدا۔

بھونکنا (بھونک۔نا) (نُون غُنّہ) (ہ۔مص) کتے کا چلانا۔ بھوں بھوں کرنا (۲) (مجازاً) بکنا۔ بکواس کرنا (۳) غل مچانا۔ شور کرنا۔ چیخنا۔

بھونکنا (بھونک۔نا) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔مص) (۱) گھونپنا۔ چھیدنا۔ کسی نوک دار آلے کا کسی چیز میں زور سے داخل کرنا (۲) موٹی موٹی سلائی کرنا۔

بھوننا (بھون۔نا) (ہ۔مص) بریاں کرنا۔ تلنا۔ سوختہ کرنا۔ جلانا (۲) تنگ کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ دل جلانا۔

بھونی بھانگ نہ ہونا (ہ۔محاورہ) کچھ بھی نہ ہونا۔ مفلس اور کنگال ہونا۔

بھئی (بھہ۔اِی) (ہ۔ا۔مذ) بھائی کا مخفف (۲) کلمۂ خطاب۔

بھی (ہ۔کلمہ ربط) نیز۔ اور۔ علاوہ۔ زیادہ۔

بھے (فتح اول) (س۔ا۔مذ) ڈر۔ اندیشہ۔

بھیا (بھی۔یا) (ہ۔ا۔مذ) بھائی کی تصغیر۔ جمع: بھیوں۔ بھیے۔

بھیا چارا (اَر۔ا۔مذ) (۱) دیکھئے بھائی چارا (۲) شرکت۔ شاملات۔

بھیا چارا غیر مکمل (اَر۔ا۔مذ) شاملات کی زمین جو تقسیم نہ ہوئی ہو۔

بھیا دُوج (ہ۔ا۔مث) ایک تہوار جس میں ہندو عورتیں بھائیوں کے لئے شیرینی بھیجتی یا لے جاتی ہیں۔

بھیانک (بھہ۔یا۔نک) (ہ۔صف) (۱) ڈراؤنا۔ خوفناک۔ مہیب (۲) سنسان۔ ویران۔ بے رونق۔ (س: بھینکر)۔

بھیت (یائے معروف) (ہ۔ا۔مث) دیوار۔ دیوار کی چوڑائی۔ چار دیواری۔ فصیل۔

بھیتر (بھی۔تر) (ہ۔صف) (۱) پوشیدہ۔ مخفی (۲) اندر۔ درمیان۔

بھیتری (بھیت۔ری) (ہ۔صف) داخلی۔ اندرونی۔ اندر کا۔

بھیتری مار (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ مار جس کا نشان نظر نہ آئے۔ اندرونی چوٹ (۲) دلی صدمہ۔ جگری غم۔

بھیٹ (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) دیکھئے بھینٹ۔

بھیجا (بھے۔جا) (ہ۔ا۔مذ) مغز۔ دماغ۔ گودا (۲) (ہ۔فعل) بھیجنا کا صیغہ ماضی۔

بھیجا پکنا (اَر۔محاورہ) کسی کی بک بک سے دماغ پریشان ہونا۔ دردِ سر ہونا۔

بھیجا کھانا (اَر۔محاورہ) باتیں کر کر کے کسی کا دماغ پریشان کرنا۔ سمع خراشی کرنا۔

بھیجا کھائیں، سر سہلائیں (اَر۔مثل) خوشامد کر کے نقصان پہنچانا۔

بھیجنا (بھیج۔نا) (یائے مجہول) (ہ۔مص) روانہ کرنا۔ چلتا کرنا۔ ارسال کرنا۔

بھیچنا (ہ۔مص) دیکھئے بھینچنا۔

بھید (ی مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پوشیدہ بات۔ دلی بات۔ راز (۲) سُراغ۔ پتا۔ نشان (۳) پہیلی۔ جمع: بھید۔ بھیدوں۔

بھید پانا (اَر۔محاورہ) سُراغ پانا۔ پتا لگانا (۲) چھپی ہوئی بات سمجھ جانا۔

بھید کھولنا (اَر۔محاورہ) (۱) راز ظاہر کرنا۔ دل کی بات بتا دینا (۲) بھرم کھولنا۔

بھید لینا (اَر۔محاورہ) راز معلوم کرنا۔ عندیہ لینا۔ پتا لگانا۔ چھان بین کرنا۔

بھیدی (بھے۔دی) (ہ۔صف) (۱) ہم راز۔ بھید جاننے والا۔ محرمِ راز (۲) کھوجی۔ سُراغ رساں۔ مخبر۔ جاسوس۔

بھیروں (بھے۔روں) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شوجی کا غصے کا رُوپ (۲) چھ راگوں میں سے ایک راگ (۳) (مجازاً) خوفناک۔ مہیب۔

بھیروں چڑھنا (ہ۔محاورہ) دیوانوں کی سی باتیں کرنا۔

بھیروں ناچنا (ہ۔محاورہ) رنگ میں بھنگ پڑنا (۲) اُجاڑ ہونا۔ تباہ و برباد ہو جانا۔ کام بگڑ جانا۔

بھیرویں (بھیر۔ویں) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھیروں کی استری۔ دُرگا (۲) ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

بھیرویں اُڑانا (گانا) (ہ۔محاورہ) بھیرویں الاپنا (۲) خوشی کے گیت گانا۔

بھیرویں ہے تو ہماری بھی واہ (ہ۔مثل) اگر ہماری مرضی کی بات ہو رہی ہے تو ہم بھی تعریف کرتے ہیں۔ بالکل غافل اور انجان کے بارے میں کہتے ہیں۔

بھیڑ (ی معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) انبوہ۔ ہجوم۔ ازدحام (۲) مُصیبت۔ آفت۔

بھیڑ بھاڑ (ہ۔ا۔مث) (۱) کثرت۔ زیادتی۔ بہتات (۲) دُھوم دھام۔

بھیڑ بھڑکا (ہ۔ا۔مذ) بھیڑ بھاڑ۔ ہجوم۔

بھیڑ پڑنا (ہ۔محاورہ) (۱) آفت آنا۔ مصیبت آنا (۲) مُہم پیش آنا (۳) وقت ضائع ہونا۔

بھیڑ چھٹنا (ہ۔محاورہ) ہجوم کا کم ہونا۔ مجمع منتشر ہونا۔

بھیڑ (ی مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) مینڈھے کی مادہ۔ بکری کی قسم کا ایک دودھ پلانے والا جانور جس کے بدن پر اُون ہوتی ہے۔ میش۔ بھیڑی۔ جمع: بھیڑوں۔ بھیڑیں (۲) (مجازاً) سیدھا سادہ مسکین آدمی۔

بھیڑ پر اُون کس نے چھوڑی؟ (اَر۔مثل) غریب کی چیز ہر کوئی لے جاتا ہے۔ غریب کو سب لوٹتے ہیں۔

بھیڑ جہاں جائے گی وہیں مُنڈے گی (مونڈی جائے گی) (اَر۔مثل) (۱) غریب آدمی جہاں بھی جائے گا کم زور ہی رہے گا (۲) امیر اور مالدار آدمی کو ہر جگہ کچھ خرچ ہی کرنا پڑتا ہے۔

بھیڑ چال (اَر۔ا۔مث) بے سوچے سمجھے دیکھا دیکھی کام کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کے پیچھے اندھا دُھند ہو لینا۔

بھیڑ کی لات ٹخنوں تک (اَ۔ مثل) کمزور سے کسی کو تکلیف نہیں پہنچ سکتی۔ کمزور سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا۔

بھیڑنا (ی مجہول) (ہ۔ مص) (۱) پٹ بند کرنا۔ دروازہ بند کرنا مگر قفل نہ لگانا (۲) دے دینا۔ حوالے کرنا۔

بھیڑنی (بھیڑ۔نی) (ی مجہول) (ہ۔ا۔مث) بھیڑیے کی مادہ۔

بھیڑی (بھے۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) بھیڑ۔

بھیڑیا (بھیڑ۔یا) (ی مجہول) (اَ۔ا۔مذ) ایک درندے کا نام جو کتے کی شکل کا ہوتا ہے۔ گرگ۔ جمع: بھیڑیوں۔ بھیڑیے۔

بھیڑیا کھائے نہ کھائے مُنہ لال (اَ۔ مثل) اِلزام ہمیشہ بدنام کے سر آتا ہے خواہ وہ جرم کرے نہ کرے۔

بھیس (ی مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) رنگ رُوپ۔ وضع۔ طور طریقہ (۲) لباس۔ پوشاک۔

بھیس بدلنا (اَ۔ محاورہ) روپ بھرنا۔ سوانگ بھرنا (۲) ہیئت پلٹنا (۳) لباس تبدیل کرنا۔

بھیک (ی معروف) (ہ۔ا۔مث) گدائی۔ خیرات۔ سوال۔ بھکشا۔

بھیک کا ٹکڑا (اَ۔ا۔مذ) (۱) خیرات کا لقمہ۔ مانگے کی روٹی (۲) حرام کا بچہ۔ نطفۂ بے تحقیق۔

بھیک کا ٹھیکرا (اَ۔ا۔مذ) (۱) کشکول۔ کاسۂ گدائی۔ مانگنے کا پیالہ (۲) کمائی کا وسیلہ (۳) کسبِ فن۔

بھیک کے نوالوں کا مزہ پڑنا (اَ۔ محاورہ) مفت خوری کی عادت ہونا۔

بھیک مانگ کر گُڑیا سنوار دینا (اَ۔ محاورہ) کسی نہ کسی طرح مصیبت جھیل کر لڑکی کا جہیز تیار کر لینا۔

بھیک مانگنا (اَ۔ محاورہ) گداگری کرنا (۲) خیرات مانگنا۔ مُفت مانگنا۔

بھیگا (بھی۔گا) (ہ۔ صف) پانی پڑا ہوا۔ گیلا۔ تر۔

بھیگنا (بھیگ۔نا) (ہ۔ مص) گیلا ہونا۔ تر ہونا۔ نم ہونا (۲) رات کا نصف سے زیادہ حصّہ گزرنا (رات بھیگنا) (۳) رات عیش میں کٹنا (۴) آواز میں سوز پیدا ہونا۔

بھیگی (بھی۔گی) (ہ۔ صف) بھیگا کی تانیث۔ گیلی۔ تر۔

بھیگی بلّی (مرغی) (اَ۔ا۔مث) نہایت مسکین۔ غربت کا مارا۔

بھیگی بلّی بتانا (اَ۔ محاورہ) بہانہ کرنا۔ ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ کسی شخص نے رات کے وقت اپنے نوکر سے پوچھا "کیا باہر بارش ہو رہی ہے؟" نوکر بہت کام چور اور کاہل تھا۔ اُس نے لیٹے لیٹے جواب دیا "جی ہاں۔ ہو رہی ہے۔" اُس شخص نے کہا "تجھے کیسے معلوم ہوا؟ تو تو باہر گیا ہی نہیں۔" نوکر بولا "جناب۔ ابھی ایک بھیگی بلّی اِدھر سے گزری تھی۔"

بھیگی رات (اَ۔ا۔مث) آدھی رات گزر جانے کے بعد رات کا باقی حصّہ۔

بھیگی مسیں (ی مجہول) (اَ۔ا۔مث) سبزۂ آغاز۔ مونچھوں کے روئیں کے بال جو شروع میں نکلتے ہیں۔ جوانی کا آغاز۔

بھیل (ی مجہول) (ہ۔ا۔مذ) ہندوستان کی ایک قدیم نسل کے لوگ جو راجپوتانہ کے علاقے میں پائے جاتے ہیں۔

بھیلی (بھے۔لی) (ہ۔ا۔مث) گُڑ کا گول ڈلا جس کا وزن تین چار سیر کا ہوتا ہے۔

بھیم (یائے معروف) (س۔ا۔مذ) (۱) شوجی کا ایک خطاب (۲) پانچ پانڈو راجکماروں میں سے دُوسرے راجکمار کا نام۔ یدھشٹر کا بھائی (۳) (صف) (مجازاً) خوفناک۔ مہیب۔

بھیم پلاسی (ہ۔ا۔مذ) کافی ٹھاٹھ کا ایک راگ جو شام کو گایا جاتا ہے۔

بھیمڑا (بھیم۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) مُنہ۔ مکھڑا۔

بھیمڑا پسارنا (ہ۔ محاورہ) ضدی بچے کا بُری طرح منہ بنا بنا کر زور زور سے رونا۔

بھیں (ہ۔ا۔مث) بھیڑ کے بولنے کی آواز۔

بھینا (بھیں۔نا) (ہ۔ا۔مث) بہن کی تصغیر۔

بھینا (بھی۔نا) (ہ۔ صف) ہلکا۔ سبک۔ لطیف۔

بھینٹ (یائے مجہول) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) قربانی۔ صدقہ (۲) سوغات۔ تحفہ۔ نذرانہ (۳) رشوت (۴) مُٹھ بھیڑ۔ تصادم (۵) مُلاقات۔

بھینٹ بکرا (ہ۔ا۔مذ) نذر یا منّت کا بکرا۔ قربانی کی چیز۔

بھینٹ چڑھانا (ہ۔ محاورہ) قربانی دینا۔ نذر دینا۔

بھینٹ چڑھنا (ہ۔ محاورہ) قربانی کا دیا جانا (۲) قربان ہونا۔

بھینٹ دینا (ہ۔ محاورہ) (۱) قربانی دینا۔ نیاز دینا (۲) رشوت دینا۔

بھینٹ ہونا (ہ۔ مص) (۱) مُلاقات ہونا۔ ملنا۔ بھڑنا۔

بھینٹنا (بھینٹ۔نا) (یائے مجہول) (نون غنہ) (ہ۔ مص) (۱) ملنا۔ چُھوا جانا (۲) نذر دینا۔ تحفہ پیش کرنا۔

بھینچنا (بھینچ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) دبانا۔ سکیڑنا (۲) کچلنا۔ مسلنا (۳) اُنگلیوں یا دانتوں کا زور سے بند کر لینا (۴) مجبور کرنا (۵) زور سے سینے سے لگانا۔

بھینس (فتح اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک سیاہ یا بھورے رنگ کا دودھ دینے والا جانور۔ گاؤمیش۔ بھینسے کی مادہ۔ جمع: بھینسوں۔ بھینسیں۔

بھینس کے آگے بین بجائے بھینس کھڑی پگرائے (اَ۔ مثل) بیوقوف شخص کے سامنے ہُنر دکھانا بے سُود ہے۔ وہ ہُنر کی کوئی قدر نہیں کرے گا۔ احمق کے آگے دانائی کی باتیں فضول ہیں۔

بھینسا (بھیں۔سا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بھینس کا نر۔ جمع: بھینسوں۔ بھینسے۔

بھینسیا (بھیں۔سیا) (ہ۔ صف) بھینس سے متعلق۔

بھینسیا داد (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا اور سخت داد جو فسادِ خون سے ہوتا ہے۔

بھینسیا گوگل (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا گوند جو دواؤں میں ڈالا جاتا ہے۔

بھینسیا لہسن (ہ۔ا۔مذ) ایک بڑا سا سُرخ نشان جو اکثر گال یا گردن وغیرہ کی جلد پر پڑ جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھینگا (بھیں۔گا)(ی مجہول)(و۔صف)(۱) آنکھ دبا کر دیکھنے والا (۲) ایک کے دو دو دیکھنے والا۔ احول۔

بھینگی (بھیں۔گی)(و۔صف) بھینگا کی تانیث۔

بھینی (بھی۔نی)(و۔صف) ہلکی۔ مدھم۔ نرم۔ لطیف۔

بھینی بھینی بُو (اُر۔ا۔مث) پھولوں کی ہلکی ہلکی خوشبو۔ تازہ پھولوں کی میٹھی میٹھی بُو۔ لطیف بُو۔

ب۔ی۔ے

بی (اُر۔ا۔مث)(۱) بی بی کا مخفف (۲) کلمۂ خطاب جو عورتوں سے مُخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں (۳) بیوی۔ بیگم۔ رانی۔

بی بتو (اُر۔کلمۂ خطاب) عورتوں کو خطاب کرنے کا ایک کلمہ۔

بی۔اے Bachelor of Arts- (B.A) کا مخفف (انگ۔صف) دیکھئے بیچلر آف آرٹس۔

بی۔ایس۔سی Bachelor of Science-(BSc) کا مخفف (انگ۔صف) دیکھئے بیچلر آف سائنس۔

بی بی (اُر۔ا۔مث) بیگم۔ خانم۔ خاتون (۲) امیر زادی۔ شریف زادی (۳) گھر والی (۴)(صف) نیک۔ پاک۔ عفیفہ۔ پارسا عورت (۵) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا لقب۔

بی بی خطا کرے 'باندی پکڑی جائے (اُر۔مثل) بڑے کی خطا پر چھوٹے کی کم بختی۔ اپنی خطا کو نوکر یا خادم کے سر تھوپنا۔

بی بی خیلا دو چھلے اِک مَیلا (اُر۔مثل) پھوہڑ کو سلیقے کی کچھ پروا نہیں ہوتی۔ پھوہڑ عورت کو کہتے ہیں۔

بی بی کا دانہ (اُر۔ا۔مذ) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نیاز کا کھانا۔

بی بی کا کونڈا (اُر۔ا۔مذ) جلیبیاں جنہیں کورے کونڈے میں رکھ کر حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نیاز دی جاتی ہے۔

بی بی کا کھانا دانہ کھانے والی (اُر۔ا۔مث) پاک دامن' پارسا عورت جو حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نیاز کا کھانا کھانے کی اہلیت رکھتی ہو۔

بی بی کی پُڑیا (اُر۔ا۔مث) وہ مٹھائی جو حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نیاز کے واسطے پُڑیا میں منگاتے ہیں۔

بی بی کی صحنک (صَح۔نک)(اُر۔ا۔مث) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نیاز کا کھانا جو مٹی کی کوری رکابی میں ڈال کر کھلایا جاتا ہے۔

بی بی کی جھاڑو پھرے (اُر۔بددُعا) مرے۔ تباہ ہو۔ غارت ہو۔ برباد ہو۔

بی بی کی کڑیا (اُر۔ا۔مث)(مجازاً) گلہری۔

بی بی کی نیاز (اُر۔ا۔مث) حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی فاتحہ کا کھانا جو صرف پاکدامن عورتیں کھاتی ہیں۔

بی بی وارے 'باندی کھائے۔ گھر کی بلا گھر میں جائے (اُر۔مثل) دیا نہ دیا برابر ہوا۔ خُدا کی راہ میں دی جانے والی چیز اپنے عزیزوں ہی کو کھلا دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔

بی جی (اُر۔ا۔مث) بیوی جی کا مخفف (۲) زنانہ مزاج رکھنے والا مرد۔

بی دولتی اندر ہی اندر کھولتی (اُر۔مثل) حسد سے اندر ہی اندر جلنے والی عورت کو کہتے ہیں۔

بی دیا سلائی 'صبح کو گئی شام کو آئی (اُر۔مثل) بہت غیر حاضر رہنے والی عورت کی نسبت کہتے ہیں۔

بی شادی (اُر۔ا۔مث) ایک فرضی نام جو عورتوں نے بچوں کو ڈرانے کے لئے تجویز کر رکھا ہے۔

بے (اُر۔حرف ندا و تخاطب) ابے کا مخفف۔ ارے۔ اجی۔

بے (ت۔ا۔مذ) دیکھئے بیگ جس کا یہ مخفف ہے۔

بے (ف۔حرف نفی) بغیر۔ بن۔ سوا۔

بے آب (ف۔صف)(۱) پانی کے بغیر (۲) بے رونق۔

بے آبرو (ف۔صف) بے حیا۔ بے عزّت۔

بے آبروئی (ف۔ا۔مث) بے عزّتی۔ بے حیائی۔

بے آب و رنگ (ف۔صف) بے رونق۔

بے آرام (ف۔صف) بے چین۔ مُضطرب۔ بے کل۔

بے آرامی (ف۔ا۔مث) بے چینی۔ دُکھ۔ تکلیف۔ اِضطراب۔

بے آزار (ف۔صف) بے ضرر۔ جس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔

بے آس (اُر۔صف) مایوس۔ ناامید۔

بے اثر (ف۔صف) جس کا اثر نہ ہو۔ بے کار۔ بے فائدہ۔

بے اجل مارنا (اُر۔محاورہ) قبل از وقت مار دینا۔ بے موت ہلاک کرنا۔

بے اِحتیاط (ف۔ع۔صف) جو احتیاط نہ کرے۔ غیر محتاط۔

بے اِحتیاطی (ف۔ا۔مث) اِحتیاط نہ کرنا۔ بچاؤ نہ کرنا۔

بے اِختیار (ف۔ع۔صف)(۱) بے قابو۔ بے بس۔ مجبور۔ ناچار (۲) خود بخود۔

بے اِختیاری (ف۔ا۔مث) مجبوری۔ بے چارگی۔ کمزوری۔

بے ادب (ف۔ع۔صف) گستاخ۔ شوخ۔ شریر (۲) ناشائستہ۔ غیر مہذب۔

بے ادب بے نصیب 'باادب بانصیب (ف۔مثل) جو بزرگوں کا ادب نہ کرے وہ بد نصیب ہوتا ہے اور جو بزرگوں کا ادب کرے وہ خوش قسمت ہوتا ہے۔

بے ادبی (ف۔ا۔مث) بے عزّتی۔ گستاخی۔ بدتمیزی۔ شوخی۔ شرارت۔

بے اِشتباہ (ف۔ع۔صف) بے شک۔ یقینی۔ جس میں کوئی شبہ نہ ہو۔

بے اصل (ف۔ع۔صف)(۱) بے بنیاد۔ بے ٹھکانے (۲) خلاف۔ غلط۔ بے حقیقت۔ جس میں سچائی نہ ہو۔

بے اِعتبار (ف۔ع۔صف) جس پر اعتبار نہ ہو۔ ناقابل اعتبار۔

بے اِعتدال (ف۔ع۔صف) اِنتہا پسند۔ غیر معتدل۔ بد پرہیز۔

بے اِعتدالی (ف۔ا۔مث)(۱) حد سے بڑھنا۔ بد پرہیزی (۲) ناانصافی۔

بے اِعتنائی (ف۔ع۔ا۔مث) بے پروائی۔ بے توجہی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بے اِمتیاز (ف۔ ع۔ صف)(۱) تمیز کیے بغیر۔ بلا امتیاز (۲) بدتمیز۔ بے اَدب۔
بے اِنتہا (ف۔ ع۔ صف) بے اَندازہ۔ بے حد۔
بے اندازہ (ف۔ صف)(۱) بے حد۔ حد سے زیادہ۔
بے اولاد (ف۔ ع۔ صف) لاوَلد۔ جس کے بال بچہ نہ ہو۔
بے اِیمان (ف۔ ع۔ صف)(۱) بے دِین (۲) بدنیت۔ نا اِنصاف۔ بددیانت (۳) دغا باز۔ فریبی۔ مکّار (۴) جھوٹا۔ دروغ گو۔
بے ایمانی (ف۔ ع۔ مث)(۱) بے دینی۔ بددیانتی۔ بدنیتی (۳) دغا بازی (۴) فریب۔ مکر۔ دروغ (۵) بے اِنصافی۔
بے باق (ف۔ ع۔ صف) کچھ باقی نہ ہونا۔ قرض سے سُبکدوش۔ چکتا۔
بے باق کرنا (اُر۔ مص مُرکب) حساب صاف کرنا (۲) ادا کرنا۔ چکانا۔ نمٹانا (۳) ختم کرنا۔ پورا کرنا (۴) سُبکدوش ہونا یا کرنا (۵) فیصلہ کرنا۔
بے باقی (ف۔ ا۔ مث) حساب صاف ہونا۔
بے باک (ف۔ صف)(۱) بے خوف۔ نِڈر (۲) دلیر۔ بہادر (۳) شوخ۔ مسخرہ (۴) بے اَدب (۵) آوارہ۔ بے پروا۔
بے باکانہ (ف۔ تابع فعل) بے باکی سے۔ شوخی سے۔
بے باکی (ف۔ ا۔ مث) شوخی۔ شرارت (۲) بے حیائی۔
بے بال و پر (ف۔ صف)(۱) جس کے بازو اور پر نہ ہوں۔ بے یار و مددگار۔ جس کا کوئی رفیق نہ ہو۔ تنہا۔ اکیلا۔ بے سہارا (۲) مفلس۔ عاجز۔ مجبور (۳) کمزور۔ ناطاقت۔
بے بدل (ف۔ ع۔ صف) لاثانی۔ بے نظیر۔ جس کی مثال نہ ہو۔
بے برگ (ف۔ صف) پتوں کے بغیر (مجازاً) محتاج۔ بے نوا۔
بے برگ و نوا (ف۔ صف) عاجز۔ بے سر و سامان۔ بیکس۔
بے بس (اُر۔ صف)(۱) ناچار۔ مجبور۔ عاجز (۲) بے قابو۔ بے اِختیار۔
بے بسی (اُر۔ ا۔ مث) بے کسی۔ بے اِختیاری۔ مجبوری۔
بے بصر (ف۔ ع۔ صف) اَندھا۔ نابینا (۲) ناواقف۔
بے بُلائے خدا کے گھر بھی نہیں جاتے (اُر۔ مثل) بے طلب کوئی کہیں نہیں جاتا۔ اپنی بے نیازی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔
بے بہا (ف۔ صف)(۱) بیش قیمت۔ اَنمول۔ بے اَندازہ قیمت والی چیز۔ بہت زیادہ قیمت کی شے (۲) نایاب۔ کم یاب (۳) نفیس۔ عُمدہ۔ عجیب و غریب۔
بے بھاؤ کی پڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بہت مار پڑنا (۲) بہت زیادہ جوتیاں پڑنا۔
بے بہرہ (ف۔ صف) محروم۔ بے نصیب (۲) آوارہ۔ خراب۔ خستہ۔
بے بہرہ پھرنا (اُر۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔ خراب و خستہ پھرنا۔
بے بہرہ ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) بدتمیز ہونا۔ خود مختار و آزاد ہونا (۲) بے خبر ہونا۔
بے پایاں (ف۔ صف) بے حد۔ بے اِنتہا۔ بے اَندازہ۔ بیکراں۔
بے پر (ف۔ صف)(۱) لنڈ مُنڈ۔ پر بُریدہ۔ کٹے پروں والا (۲) بے بس۔ غریب۔ مفلس۔ بے سر و سامان (۳) کمزور۔ ناتواں (۴) مجبور ناچار۔ محتاج۔
بے پردگی (ف۔ ا۔ مث)(۱) بے حجابی (۲) خواتین کی خلوت میں خلل اندازی (۳) افشائے راز۔
بے پردہ (ف۔ صف) پردے کے بغیر۔ بغیر برقع (۲) کھلم کھلا۔

بے پر کی اُڑانا (اُر۔ محاورہ) غلط اور بے معنی بات کہنا۔ گپ اُڑانا۔ بے بُنیاد خبر مشہور کرنا۔
بے پروا (ف۔ صف) غافل۔ بے فکرا۔ مُستغنی۔ بے نیاز۔
بے پروانگی (پ۔ وا۔ ن۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) بے اجازت۔
بے پروائی (ف۔ ا۔ مث) بے فکری۔ آزادی۔ غفلت۔
بے پُوچھے کچھے (اُر۔ تابع فعل) بغیر دریافت کیے۔ بے اجازت۔
بے پیر (ف۔ صف) جس کا کوئی پیر و مرشد نہ ہو (۲) جس کا کوئی اُستاد نہ ہو (۳) بے ایمان۔ لامذہب۔ بد اِعتقاد (۴) بے درد۔ بے رحم (۵) سنگ دِل (۶) بدذات۔ شریر (۷) بے ہُنر۔ بے کمال۔
بے پیرا (اُر۔ صف) دیکھئے بے پیر۔
بے پیندی (پیندے) کا بدھنا (اُر۔ صف)(۱) وہ بدھنا (مٹی کا لوٹا) جس میں پیندا نہ ہو (۲) (مجازاً) ڈھلمل یقین۔ غیر مستقل مزاج۔
بے تاب (ف۔ صف)(۱) بے طاقت۔ ناتواں۔ کمزور (۲) بے چین۔ مُضطرب۔ بے قرار (۳) برداشت نہ کرنے والا۔
بے تابانہ (ف۔ تابع فعل) گھبرا کر (۲) بلا تأمّل۔ فوراً۔ بہت جلد۔
بے تابی (ف۔ ا۔ مث) بے چینی۔ گھبراہٹ (۲) جلدی۔ شتابی۔
بے تاثیر (ف۔ صف)(۱) بے اَثر (۲) بے فیض۔ بے فائدہ۔
بے (تال) تالا (اُر۔ صف) وہ شخص جو گانے میں تال سے باہر ہو جائے۔
بے تأمّل (ف۔ ع۔ صف) بے اندیشہ۔ بے دھڑک۔ فوراً۔
بے تحاشا (ف۔ ع۔ تابع فعل) بے اِطمینانی سے (۲) اَندھا دُھند۔ بے دھڑک۔ مُضطربانہ (۳) بے حد۔ بہت زیادہ۔
بے تدبیر (ف۔ ع۔ صف) بے اَندیشہ۔ بے پروا۔
بے ترتیب (ف۔ ع۔ صف) گڈمڈ۔ بے سلسلہ۔ بے قاعدہ۔
بے تردُّد (ف۔ ع۔ صف)(۱) بغیر فکر اور اَندیشے کے۔ بے کھٹکے (۲) وہ زمین جس میں کاشت نہ کی گئی ہو۔
بے ترکیب (ف۔ ع۔ صف) بے جوڑ۔ علیحدہ۔
بے تصدِیع (ف۔ ع۔ صف) بے محنت۔ بلا تکلّف۔
بے تعلّق (ف۔ ع۔ صف) کنارہ کش۔ علیحدہ۔ لاتعلق۔ دل چسپی نہ لینے والا۔
بے تعویق (ف۔ ع۔ صف) بلا تأمّل۔ بلا توقّف۔
بے تقصیر (ف۔ ع۔ صف)(۱) بے قصور۔ بے خطا۔ بے گناہ۔ بے جُرم (۲) ناحق۔ بے وجہ۔
بے تُکا (اُر۔ صف) ناموزوں۔ بے جوڑ۔ بے موقع۔
بے تکان (اُر۔ صف)(۱) آسانی سے (۲) بے حد (۳) بنا تھکے۔ لگاتار۔
بے تکلّف (ف۔ ع۔ صف)(۱) بناوٹ کے بغیر۔ قدرتی (۲) بے تأمّل۔ بے دھڑک۔ بے ساختہ (۳) بے اَندیشہ (۴) بے حجاب۔ آزادانہ (۵) سیدھا سادہ (۶) رازداں۔ محرمِ راز۔
بے تکلّفی (ف۔ ا۔ مث) بے ساختگی۔ محرمِ راز ہونا۔
بے تُکی (اُر۔ ا۔ مث) بے موقع۔ بے محل۔ بے جوڑ۔ بے ڈھنگی۔ بے تُکا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کی تانیث۔

بے تمیز (ف۔ع۔صف)(۱) بے اَدب۔ بے لحاظ (۲) جاہل۔ غیرمہذب۔ نالائق (۳) پہچان نہ رکھنے والا۔ فرق نہ کرنے والا۔

بے توجُّہ (ف۔ع۔صف) بے فکر۔ بے پروا۔ غافل جس کا دھیان دُوسری طرف ہو۔

بے توفیق (ف۔ع۔صف) کم حوصلہ۔ پست ہمت۔

بے تھانگ چوری نہیں ہوتی (اَر۔مقولہ) سازش کے بغیر چوری نہیں ہوتی۔

بے تھاہ (اَر۔صف)(۱) اَتھاہ۔ نہایت گہرا (۲) بے پایاں۔

بے ٹھکانا (اَر۔صف)(۱) بے موقع۔ بے قرینہ۔ بے جا (۲) بے اصل۔ بے بنیاد (۳) وہ شخص جس کا گھر بار نہ ہو۔

بے ٹھور ٹھکانے (اَر۔صف) آوارہ گرد۔ بے گھر۔

بے ثبات (ف۔ع۔صف) ناپائیدار۔ بودا۔ کمزور۔ متزلزل۔

بے جا (ف۔صف) بے موقع۔ بے وقت۔ بے محل (۲) نامناسب۔ نازیبا۔ فضول۔ ناجائز۔ بے کار (۳) ناحق۔ بلا سبب۔

بے جا بات (اَر۔امث) نامناسب بات۔ بے موقع بات۔

بے جا صَرف کرنا (اَر۔مص) فضول خرچ کرنا۔ بے موقع روپیہ کھانا۔

بے جان (ف۔صف) (۱) مُردہ۔ مَرا ہوا (۲) مُرجھایا ہوا۔ پژمُردہ (۳) نحیف۔ ضعیف۔ کمزور (۴) گلا ہوا۔ بوسیدہ (۵) جمادات۔

بے جانے بُوجھے (اَر۔تابع فعل) بغیر شناسائی اور بغیر واقفیت کے (۲) بے سوچے سمجھے۔

بے جُرم (ف۔ع۔صف) بے گناہ۔ بے خطا۔

بے جگر (ف۔صف) بے پروا۔ بہادُر۔ دلیر۔

بے جگری (ف۔امث) بے پروائی۔ بہادُری۔ دلیری۔

بے جوڑ (اَر۔صف) خراب۔ غیر موزوں۔ نامناسب۔ بے میل۔ نادُرست (۲) جس کے مقابلے کا کوئی نہ ہو۔ لاثانی۔

بے جہت (ف۔ع۔صف و تابع فعل) بے سبب۔ بلا وجہ۔ یُوں ہی۔

بے چارگی (ف۔امث) بے بسی۔ مجبوری۔ غُربت۔ بدنصیبی۔

بے چارہ (ف۔صف)(۱) بے بس۔ مجبور۔ عاجز (۲) غریب۔ مفلس۔ نادار (۳) لاعلاج (۴) بدبخت۔ بدنصیب۔

بے چراغ (ف۔صف) ویران۔ خراب۔ برباد۔ تباہ۔ غیر آباد۔

بے چگوں (ف۔صف) بے مثل۔ وہ جس کی صفات تک عقل کی رسائی نہ ہو۔ (مراد) اللہ تعالیٰ۔

بے چوبہ (ف۔صف) وہ خیمہ جس میں چوب نہیں لگائی جاتی۔ بغیر کھمبے کے شامیانہ (۲)(مجازاً) آسمان۔

بے چُوں (ف۔صف) بے مثل۔ بے نظیر (مجازاً) اللہ تعالیٰ۔

بے چُون وچرا (ف۔صف) کسی عذر کے بغیر۔ بے دلیل۔

بے چھری حلال کرنا (اَر۔محاورہ) بے حد ظلم وستم ڈھانا۔

بے چین (اَر۔صف) بے قرار۔ بے آرام۔ بے کل۔ مُضطرب۔

بے چینی (اَر۔امث) بے قراری۔ بے آرامی۔ پریشانی۔ بے کلی۔

بے حاصل (ف۔ع۔صف) بے فائدہ۔ لاحاصل۔

بے حال (ف۔ع۔صف) خراب۔ خستہ (۲) قریب مرگ (۳) ماندہ۔ ضعیف۔ بیمار (۴) کمزور۔ دُبلا۔ نحیف (۵) مفلس۔

بے حجاب (ف۔ع۔صف)(۱) بے پردہ۔ بے آڑ (۲) بے شرم۔ بے لحاظ (۳) بے تکلّف۔

بے حجابانہ (ف۔تابع فعل) بے تکلّف۔ بے جھجک۔ بے روک ٹوک۔ کُھلے خزانے۔ کُھلے بندوں۔

بے حد (ف۔ع۔صف) بے اِنتہا۔ بے شمار۔ بے حساب۔ بہت زیادہ۔

بے حرکت (ف۔ع۔صف) نہ ہلنے والا۔ ساکن۔ قائم۔

بے حُرمت (ف۔ع۔صف) ذلیل۔ بے عزّت۔

بے حُرمت کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) عزّت اُتارنا۔ ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا (۲) عصمت دری کرنا۔

بے حُرمتی (ف۔امث)(۱) بے عزّتی۔ ذِلت۔ خواری (۲) عصمت دری۔

بے حِس (ف۔ع۔صف) سُن۔ جو حرکت نہ کر سکے (۲) جس کو کسی کا اِحساس نہ ہو (۳) سنگ دل۔

بے حِس و حرکت (ف۔ع۔صف)(۱) غیر مُتحرک۔ بے حرکت۔ ساکن (۲) حیران۔ ششدر۔

بے حساب (ف۔ع۔صف) بے شمار۔ لاتعداد۔ بے اِنتہا۔

بے حِسی (ف۔ع۔امث) حِس نہ ہونا۔ اِحساس نہ ہونا۔ سنگدل ہونا۔

بے حقیقت (ف۔ع۔صف) جس کی کوئی حقیقت نہ ہو (۲) بے وقعت۔ ذلیل۔

بے حِکمت (ف۔ع۔صف) بے عقل۔ نادان۔ اَناڑی۔

بے حکم پتّا نہیں ہلتا (اَر۔مقولہ) خُدا کی مرضی کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا۔

بے حلاوت (ف۔ع۔صف) بے مزہ۔ بے لُطف۔

بے حمیّت (ف۔ع۔صف) بے شرم۔ بے غیرت۔

بے حواس (ف۔ع۔صف) بدحواس۔ بے اوسان۔ بے خود۔ آپے سے باہر۔ پاگل۔ دیوانہ۔

بے حواس ہونا (اَر۔محاورہ) پریشان ہونا۔ حواس کا دُرست نہ رہنا۔ پاگل ہونا۔

بے حوصلہ (ف۔ع۔صف)(۱) بُزدل۔ پست ہمّت (۲) مُردہ دل (۳) بغیر قابلیت کے۔

بے حیا (ف۔ع۔صف) بے شرم۔ بے غیرت (۲) بے اَدب۔ گستاخ۔ بدلحاظ (۳) بدکار۔ بدچلن۔

بے حیا کی رَدّ بلا (اَر۔مثل) بے حیا کو عزّت کی کچھ پروا نہیں ہوتی۔ ہر جگہ جس طرح ہو سکتا ہے کام نکال لیتا ہے۔

بے حیائی (ف۔امث) بے شرمی۔ بے غیرتی۔

بے حیائی کا بُرقع مُنہ پر لینا (بے حیائی کا جامہ پہننا) (اَر۔محاورہ) بے شرمی کا نقاب چہرے پر ڈالنا (۲) بہت ڈھیٹ اور بے حیا ہونا۔

بے خار (ف۔صف) کانٹوں کے بغیر (۲) بے خوف (۳) نوجوان۔ نوخیز۔ وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی نہ نکلی ہو۔

بے خانماں (ف۔صف) بے گھر۔ بے وطن۔ بے ٹھکانے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بے خبر (ف۔ع۔صف) (۱) غافل۔ بے ہوش (۲) ناسمجھ۔ بے وقوف۔ جاہل۔ اَن جان۔ لاعلم۔
بے خبری (خ۔بَ۔رِی) (ف۔ا۔مث) (۱) غفلت۔ بے ہوشی (۲) ناسمجھی۔ جہالت۔
بے خِرد (خِ۔رَد) (ف۔صف) ناسمجھ۔ بے وقوف۔ بے عقل۔
بے خطا (ف۔ع۔صف) بے گناہ۔ بے قصور۔ معصوم۔
بے خطر (ف۔ع۔صف) نڈر۔ بے خوف۔ محفوظ۔ مطمئن۔
بے خلش (ف۔صف) بغیر تشویش۔ بغیر فکر یا اندیشہ۔
بے خواب (ف۔صف) بیدار۔ بے آرام۔ بے نیند کے۔
بے خوابی (ف۔ا۔مث) نیند نہ آنا۔
بے خود (ف۔صف) آپ سے بے خبر۔ از خود رفتہ۔ مدہوش۔ سرشار۔
بے خودی (ف۔ا۔مث) (۱) بے ہوشی۔ از خود رفتگی (۲) سرشاری۔ مستی۔
بے خور و خواب (ف۔صف) (۱) بغیر کھانے اور سونے کے (۲) (مجازاً) بے قرار۔ بے آرام۔ مُصیبت زدہ۔
بے خوف (ف۔صف) بے پروا۔ نڈر۔ دلیر۔
بے خوفی (ف۔ع۔ا۔مث) خوف نہ ہونا۔ دلیری۔ بہادُری۔
بے خیال (ف۔صف) وہ جس کا خیال ایک طرف نہ رہے۔ بے دھیان۔ بے پروا۔
بے داد (ف۔ا۔مث) ظلم و ستم۔ بے اِنصافی (داد بمعنی اِنصاف)۔
بے دادگر (ف۔صف) ظالم۔ نااِنصاف۔
بے دادگری (ف۔ا۔مث) ظلم۔ بے اِنصافی۔
بے داغ (ف۔صف) صاف۔ بے عیب۔ بے گناہ۔ بے قصور۔
بے دال کا بُودم (اُر۔صف) دیکھئے بودم بے دال۔
بے دام (و۔صف) بے قیمت۔ مُفت۔
بے داموں کا غلام (اُر۔ا۔مذ) مُفت کا نوکر۔ فرماں بردار۔
بے دانش (ف۔صف) بے عقل۔ جاہل۔ بے علم۔ بے وقوف۔
بے دانہ (بیدانہ) (ف۔صف) وہ پھل جس میں بیج نہ ہو (۲) ایک قسم کا انار۔ ایک قسم کا انگور۔ ایک قسم کا شہتوت۔
بے دخل (ف۔ع۔صف) خارج۔ محروم۔ غیر قابض۔
بے دخل کرنا (اُر۔محاورہ) خارج کرنا۔ الگ کرنا۔ نکالنا۔
بے دخلی (ف۔ا۔مث) خارج کرنا۔ محرومی۔ اِخراج۔
بے درد (ف۔صف) بے رحم۔ سنگ دل۔ کٹر۔
بے درد قصائی کیا جانے پیڑ پرائی (اُر۔مثل) ظالم دُوسرے کے دُکھ درد کو محسوس نہیں کرتا۔ ظالم کو مظلوم پر رحم نہیں آتا۔
بے دردی (ف۔ا۔مث) ظلم۔ بے رحمی۔ سنگ دلی۔
بے درماں (ف۔صف) جس کا کوئی علاج نہ ہو۔ لاعلاج (۲) نااُمید۔
بے درنگ (ف۔صف) دیر لگائے بغیر۔ فوراً (۲) تیز۔ چالاک۔
بے دریغ (ف۔صف) بغیر رنج اور افسوس کے (۲) بے سوچ بچار۔ بلا توقف۔ بلا تامل (۳) فیاض۔ سخی (۴) (تابع فعل) کثرت سے۔ افراط سے۔

بے دست و پا (ف۔صف) ہاتھ پاؤں کے بغیر۔ کنجا۔ اپاہج۔ کولا۔ لنگڑا (۲) عاجز۔ مجبور۔ لاچار۔
بے دستور (ف۔صف) بے قاعدہ۔ رواج کے خلاف۔ خلافِ قانون۔
بے دِل (ف۔صف) اُداس (۲) افسردہ (۳) دل برداشتہ (۴) بُزدل۔ بہادُر۔
بے دِلی سے (اُر۔متعلق فعل) بادلِ ناخواستہ۔
بے دَم (ف۔صف) بے جان۔ مُردہ۔ کمزور۔ بودا (۲) پُرانا۔ کہنہ۔ بوسیدہ (۳) تھکا ماندہ (۴) سُست۔ کاہل۔
بے دماغ (ف۔ع۔صف) نازک مزاج۔ زُود رنج۔ ناخوش۔
بے دُودھ کا لڑکا رکھنا (اُر۔محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔
بے دوش (و۔صف) بے گناہ۔ بے قصور۔ بے خطا۔
بے دُولھا کی برات (اُر۔ا۔مث) بے معنی جلسہ۔ بے مطلب اِجتماع۔
بے دھڑک (اُر۔صف) (۱) بے خوف۔ بے اندیشہ (۲) بے تکلف۔ بے تامل (۳) دلیر۔ بہادُر۔
بے دہن (ف۔صف) وہ شخص جو بات کہنے پر قادر نہ ہو۔
بے دِید (ف۔صف) بے مُروّت۔ بے لحاظ۔ بے حیا۔
بے دیکھے بھالے (اُر۔صف) بغیر تحقیقات کئے۔ بے سوچ سمجھے۔
بے دِین (ف۔ع۔صف) بے ایمان۔ لامذہب۔
بے ڈَول (اُر۔صف) بے ڈھنگا۔ بدنما۔ بھونڈا۔ ناموزوں۔
بے ڈھب (اُر۔صف) بے طرح (۲) بے موقع (۳) بے قابو (۴) بے ٹھکانا (۵) بہت زیادہ (۶) عجیب۔ انوکھا۔ طُرفہ (۷) چالاک۔ مفتی (۸) ظالم۔ بے رحم (۹) داؤ پیچ میں نہ آنے والا۔ زور آور۔ دلیر (۱۰) کٹھن۔ دُشوار (۱۱) مُہلک۔ خطرناک۔
بے ڈھنگا (اُر۔صف) (۱) بے سلیقہ۔ بے قاعدہ (۲) ناشائستہ۔ ناموزوں۔ بدتہذیب۔ بدنما (۳) بدچلن۔ بداطوار۔ بے راہ۔
بے ڈھنگی (اُر۔صف) بے ڈھنگا کی تانیث۔
بے ڈھنگی بات (اُر۔ا۔مث) وہ بات جو خلافِ دستور ہو۔ بے موقع بات۔
بے ذوق (ف۔ع۔صف) بے مزہ۔ پھیکا۔
بے راہ (ف۔صف) (۱) گمراہ۔ لامذہب (۲) بے اُصول (۳) غلط۔ بے جا (۴) بدچلن۔ بداطوار (۵) ناجائز۔ خلافِ رسم و رواج۔
بے راہ رَو (ف۔صف) غلط راستے پر چلنے والا۔ بدچلن۔
بے راہ روی (ف۔اُ۔مث) بدچلنی۔ آوارگی۔
بے ربط (ف۔ع۔صف) بے تعلق۔ بے واسطہ (۲) بے موقع۔
بے ربطی (ف۔ا۔مث) بے ترتیبی۔ تعلق اور میل نہ ہونا۔
بے رُت (اُر۔صف) بے موسم۔ بے فصل۔
بے رحم (ف۔ع۔صف) ظالم۔ نامہربان۔ سنگ دل۔
بے رُخ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) مُنہ پھیرنا۔ بے مُروّت ہونا (۲) ناراض ہونا۔ خفا ہونا (۳) دھیان نہ کرنا۔
بے رُخی (ف۔ا۔مث) بے مُروّتی۔ بے لحاظی۔ بے توجہی۔
بے رُخی کرنا (اُر۔محاورہ) توجہ نہ کرنا۔ پروا نہ کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بے رنگ (ف۔ صف) اُس چیز کی نسبت کہتے ہیں جس میں کوئی لطف نہ ہو۔ بے لطف۔ پھیکا۔

بے رُوپ (اَر۔ صف) (۱) بدشکل (۲) بد رنگ (۳) ناقص۔ خراب (۴) بے رونق۔ بھدّا۔

بے روزگار (ف۔ صف) جس کا کمائی کا کوئی ذریعہ نہ ہو۔ بے کار۔

بے روزگاری (ف۔ صف) کمائی کا کوئی ذریعہ نہ ہونا۔

بے روک ٹوک (اَر۔ صف و تابع فعل) بے خوف۔ بے خطر۔ بے اندیشہ (۲) اِطمینان سے۔ بغیر روکے جانے کے۔

بے رونق (ف۔ صف) بے لطف۔ سُونا۔ بغیر چہل پہل کے۔

بے روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی (اَر۔ مثل) بغیر کوشش کئے کچھ نہیں ملتا۔

بے ریا (ف۔ ع۔ صف) دکھاوے کے بغیر۔ بلا تصنُّع۔ صاف باطن (۲) اِیمان دار۔ مخلص۔

بے ریش (ف۔ صف) (۱) ڈاڑھی کے بغیر (۲) ناتجربہ کار۔ نادان۔ بے وقوف۔

بے ریشہ (رے۔ شہ) (ف۔ صف) صُوف کے بغیر۔ صاف۔ جس میں رگیں نہ ہوں۔

بے زار (ف۔ صف) (۱) ناخوش۔ ناراض (۲) افسُردہ۔ پریشان۔

بے زاری (ف۔ ا۔ مث) ناخوشی۔ افسُردگی۔ پریشانی۔

بے زبان (ف۔ صف) نہ بولنے والا۔ گونگا (۲) خاموش۔ چپ۔ کم گو (۳) باشرم۔ باحیا (۴) مظلوم۔ مجبور (۵) حیوان۔ جانور۔

بے زر (ف۔ صف) مفلس۔ غریب۔ کنگال۔ تنگ دست۔

بے زر عشق کمیں کمیں (اَر۔ مثل) بغیر زر کے عشق عاشقی نہیں چلتی۔

بے زری (ف۔ ا۔ مث) اِفلاس۔ اِحتیاج۔ محتاجی۔

بے زوال (ف۔ ع۔ صف) قائم پائیدار۔ نہ گھٹنے والا۔ لازوال۔

بے زَہرہ (ف۔ صف) بغیر پِتّے کے۔ بغیر غُصّے کے (۲) قانع۔ صابر۔ نیک مزاج۔

بے ساختگی (ساخ۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) سادگی۔ بناوٹ نہ ہونا۔

بے ساختہ (ف۔ صف) (۱) خود بخود۔ بلا تصنُّع۔ بے اِرادہ۔ برجستہ۔ فی البدیہہ۔ بلا تامّل۔ غور و فکر کئے بغیر (۲) نیچرل۔ قدرتی۔ سادہ۔

بے ساختہ پن (اَر۔ ا۔ مذ) سادہ پن۔ بے تکلُّفی۔ برجستگی۔ بے ساختگی۔

بے ساز (بے ساز و سامان۔ بے سامان) (ف۔ صف) بغیر مال و اَسباب کے۔ بغیر بوریا بستر کے۔ ہتھیاروں کے بغیر۔

بے سامانی (ف۔ ا۔ مث) بے زری۔ مُفلسی۔ اَسباب و آلات کا نہ ہونا۔

بے سبب (ف۔ صف) بے ضرورت۔ بے وجہ۔ بلا نتیجہ۔

بے سَت (ف۔ صف) بے طاقت۔ بے قابو۔

بے سَتر (ف۔ ع۔ صف) بے پردہ۔ ننگا (۲) بے عزّت۔

بے ستون (ف۔ صف) بغیر ستونوں کے۔ بغیر پایوں کے (۲) بے بنیاد۔ ناچیز (۳) اِیران کا ایک پہاڑ جسے فرہاد نے کھود کر شیریں کے لئے نہر نکالی تھی۔

بے سُدھ (اَر۔ صف) بے ہوش۔ بے حِس و حرکت۔

بے سَرا (اَر۔ صف) بغیر سر کے (۲) بغیر سردار کے (۳) خودسر (۴) بدچلن۔ آوارہ۔

بے سُرا (اَر۔ صف) بے تالا۔ سُر تال سے ناواقف۔

بے سُرت (اَر۔ صف) بے ہوش۔ بے وقوف۔ احمق۔

بے سروپا (ف۔ صف) جس کا کوئی سر پیر نہ ہو۔ بے معنی۔ غلط۔ جھوٹ۔ بے بنیاد۔ مہمل (۲) حیران۔ پریشان۔

بے سروسامان (ف۔ صف) بے زر۔ مُفلس۔ بے نوا۔ فقیر۔ کنگال۔

بے سروسامانی (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے بے سامانی۔

بے سُری (اَر۔ صف) بے سُرا کی تانیث۔

بے سلیقہ (ف۔ ع۔ صف) (۱) بے شعور۔ بے تمیز۔ بے ڈھنگا (۲) پھوہڑ۔

بے سُود (ف۔ صف) بے فائدہ۔ رائیگاں۔

بے شائبہ (ف۔ متعلق فعل) بے شک۔ یقیناً۔ بے شُبہ۔

بے شرم (ف۔ صف) بے حیا۔ گستاخ۔ بے اَدب۔

بے شرمی (ف۔ ا۔ مث) بے حیائی۔ گستاخی۔

بے شعور (ف۔ ع۔ صف) بے عقل۔ بے تمیز۔ نادان۔ احمق۔

بے شک (ف۔ ع۔ صف) (۱) بے شبہ (۲) دُرست۔ ٹھیک۔ صحیح (۳) لازمی۔ ضروری۔

بے شمار (ف۔ ع۔ صف) بے حساب۔ شمار سے باہر۔ بکثرت۔ بہت زیادہ۔

بے صبر (ف۔ ع۔ صف) جو صبر نہ کر سکے۔ بے چین۔ بے قرار۔ مُضطرب۔

بے صبری (ف۔ ا۔ مث) بے قراری۔ بے اِطمینانی۔ گھبراہٹ۔

بے صَرفہ (ف۔ ع۔ صف) بے فائدہ۔ بغیر اِحتیاط کے۔

بے ضابطہ (ف۔ ع۔ صف) بے قاعدہ۔ خلاف قانون۔ بے طریقہ۔

بے ضابطگی (ضاب۔ طَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) بے قاعدگی۔

بے ضرورت (ف۔ ع۔ صف) جس کی ضرورت نہ ہو۔

بے طالع (ف۔ ع۔ صف) بدنصیب۔ بد قسمت۔

بے طرح (ف۔ ع۔ صف) (۱) بُری طرح۔ عجیب طور پر (۲) بے حد (۳) خلاف دستور (۴) وہ غزل جو مصرع طرح کے خلاف پڑھی جائے۔

بے طریق (ف۔ ع۔ صف) ناجائز طور پر۔ بے قاعدہ۔

بے طلب (ف۔ ع۔ صف) بغیر مانگے۔ بن بُلائے۔

بے طمع (ف۔ ع۔ صف) بغیر لالچ کے۔ مُستغنی۔

بے طور (ف۔ ع۔ صف) بُری طرح۔

بے عدیل (ف۔ ع۔ صف) بے مثال۔ بے نظیر۔

بے عزّت (ف۔ ع۔ صف) ذلیل۔ خوار۔ بدنام۔ بے آبرو۔

بے عزّتی (ف۔ ا۔ مث) بے آبروئی۔ بے توقیری۔

بے عقل (ف۔ ع۔ صف) ناسمجھ۔ کم فہم۔ نادان۔ بے وقوف۔

بے عِلّت (ف۔ ع۔ صف) بے وجہ۔ بے سبب۔

بے عنوان (ف۔ ع۔ صف) جس کا کوئی عنوان نہ ہو۔ سُرخی کے بغیر (۲) بے قاعدہ۔

بے عُنوانی (ف۔ ع۔ ا۔ مث) بے قاعدگی۔ بے ضابطگی۔ بد اِنتظامی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بے عیب (ف۔ع۔صف) (۱) پاک۔ صاف (۲) عُمدہ۔ اچھا۔ کھرا (۳) بے داغ۔ بے نقص۔

بے عیب ذات خدا کی (اُر۔ مقولہ) خُدا تعالیٰ کی ذات میں کسی قسم کا عیب اور نقص نہیں۔

بے غایت (ف۔ع۔صف) بے حد۔ بے اِنتہا۔

بے غرض (ف۔ع۔صف) خواہش نہ رکھنے والا۔ بے پروا۔ بے طمع۔

بے غرضی (غ۔رَ۔ضی) (ف۔ا۔مث) بے تعلقی۔ کوئی لالچ نہ ہونا۔

بے غِل و غِش (ف۔ع۔صف) (۱) بلا تکلّف۔ بے دریغ۔ اَندھا دُھند۔ بے پروائی سے (۲) بلا محنت و تکلیف (غِل و غِش بمعنی کدورت)۔

بے غم (ف۔ع۔صف) جسے غم نہ ہو۔ خوش۔ مگن۔ بے فکر۔

بے غیرت (ف۔ع۔صف) بے حیا۔ بے شرم۔ بے حمیت۔

بے غیرتی (غے۔رَ۔تی) (ف۔ا۔مث) بے حیائی۔ بے شرمی۔

بے غیرتی پر کمر باندھنا (اُر۔ محاورہ) بے حیائی پر آمادہ ہونا۔ بے شرم بن جانا۔

بے غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں پر رکھنا (بے غیرتی کا جامہ پہننا) (اُر۔ محاورہ) بے غیرت بن جانا۔ بے حیا بن جانا۔

بے فائدہ (ف۔ع۔صف) بے کار۔ فضول۔ ناحق۔ بے وجہ۔ بے ضرورت۔

بے فصل (ف۔ع۔صف) بے وقت۔ موسم کے خلاف (۲) فاصلے کے بغیر۔ مسلسل۔

بے فصل کی بہار (ف۔اُر۔مث) (۱) موسم کے خلاف (۲) بے موسم پھل بیچتے وقت پھیری والے کی صدا۔

بے فکر (ف۔صف) فکر سے بَری۔ بے پروا۔ غور و فکر نہ کرنے والا۔ آزاد۔

بے فکرا (اُر۔صف) دیکھئے بے فکر۔

بے فیض (ف۔ع۔صف) (۱) شوم۔ بخیل۔ کنجوس (۲) وہ شخص جس سے کوئی فائدہ نہ پہنچے۔

بے فیض اگر یوسفِ ثانی ہے تو کیا ہے (اُر۔ مثل) جس شخص سے اپنا مطلب پورا نہ ہو وہ خواہ کچھ ہو بے کار ہے۔

بے قابو (ف۔ع۔صف) (۱) قابو سے باہر۔ اِختیار سے باہر (۲) آزاد۔ خود مختار۔

بے قاعدگی (قا۔عِ۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) خلافِ اُصول ہونا۔ قاعدے کے خلاف ہونا۔

بے قاعدہ (ف۔ع۔صف) اُصول کے خلاف۔ بے ترتیب۔ قاعدے کے خلاف۔

بے قدر (ف۔ع۔صف) بے عزّت۔ کم رُتبہ۔ ناچیز۔ جس کی قدر نہ ہو۔

بے قدرا (اُر۔صف) قدر نہ شناس۔ قدر نہ کرنے والا۔ ناقدردان۔ ناشکرا۔

بے قرار (ف۔ع۔صف) بے صبر۔ بے تاب۔ بے چین۔

بے قرینہ (ف۔ع۔صف) بے موقع۔ بے ٹھکانے۔ پریشان۔ بے ترتیب۔

بے قصد (ف۔ع۔صف) بے ارادہ۔ یوں ہی۔

بے قضا مارا جانا (اُر۔ محاورہ) بے موت مارا جانا۔

بے قصور (ف۔ع۔صف) بے خطا۔ بے گناہ۔ بے جُرم۔

بے قلعی (ف۔ع۔صف) وہ برتن جس پر قلعی نہ کی گئی ہو۔ بدقلعی۔

بے قیاس (ف۔ع۔صف) خیال سے باہر۔ سمجھ سے دُور (۲) بے اِنتہا۔ بہت۔ بے شمار۔

بے قید (ف۔ع۔صف) (۱) آزاد۔ خود مختار (۲) بے روک۔ جو کسی پابندی کو اِختیار نہ کرے (۳) بلا شرط۔

بے کار (ف۔صف) نکمّا۔ ناکارہ (۲) ناقص۔ خراب (۳) بے روزگار (۴) معطّل۔ خالی۔

بے کار سے بیگار بھلی (اُر۔ مثل) بے کار رہنے سے بغیر مُعاوضے کے کام کرنا اچھا ہے۔

بے کار مباش کچھ کیا کر۔ کپڑے ہی اُدھیڑ کر سیا کر (اُر۔ مثل) خالی رہنے سے کپڑوں کا اُدھیڑ کر سینا اچھا ہے۔ آدمی کو کچھ شغل ضرور چاہئے۔

بے کاری (ف۔ا۔مث) بے روزگاری۔ نکمّا پن۔

بے کراں (ف۔صف) (۱) بے کنارہ (۲) بہت زیادہ۔ بے حد۔ نہایت وسیع۔

بے کس (ف۔صف) بے یار و مددگار۔ دوست آشنا کے بغیر۔ تنہا۔ اکیلا۔ محتاج۔ کنگال (۲) مسافر۔ پردیسی (۳) یتیم۔

بے کسی (ف۔ا۔مث) اکیلا پن۔ بے مددگاری۔ عاجزی۔ لاچاری۔

بے کل (اُر۔صف) بے چین۔ بے قرار۔ بے آرام۔ بے تاب۔

بے کلی (اُر۔ا۔مث) (۱) بے چینی۔ بے قراری۔ بے آرامی۔

بے کم و کاست (ف۔صف) بالکل دُرست۔ ٹھیک ٹھیک۔ کمی بیشی کے بغیر۔

بے گماں (ف۔صف) بے شک۔ بے شُبہ۔

بے گناہ (ف۔صف) بے قصور۔ بے خطا۔ بے جُرم۔

بے گناہی (ف۔ا۔مث) بے جُرم ہونا۔ بے قصور ہونا۔

بے گنت (اُر۔صف) اَن گنت۔ بے حساب۔ بے شمار۔

بے گور و کفن (ف۔صف) جسے نہ کفن ملے اور نہ دفن ہو سکے۔

بے گھر (اُر۔صف) بے خانماں۔ جس کا گھر بار نہ ہو۔ بے ٹھکانے۔

بے گھرا (اُر۔صف) (۱) خانہ خراب۔ برباد (۲) آوارہ۔ سرگرداں (۳) بیوی بچے نہ رکھنے والا۔

بے لاگ (اُر۔صف) بے غرض۔ ستھرا۔ پاک (۲) غیر طرف دار۔ بے تعصّب۔ صاف صاف۔

بے لحاظ (ف۔ع۔صف) (۱) بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت (۲) شوخ۔ بے اَدب۔

بے لطف (ف۔ع۔صف) بے مزہ۔ بے لذّت۔ بے ذائقہ۔

بے لگام (ف۔صف) (۱) بغیر لگام کے گھوڑا (۲) سرکش۔ گستاخ۔ منہ پھٹ۔ بے اَدب۔ بدزبان۔

بے لگاؤ (اُر۔صف) (۱) بے جوڑ۔ بے ربط (۲) بے لاگ۔ غیر جانبدار۔

بے لوث (ف۔ع۔صف) خالص۔ بے آمیزش (۲) بے غرض۔ پُرخلوص۔

بے لئے دِیئے (اُر۔صف) بغیر صَرف کرنے کے۔ بغیر خرچ کئے۔ بغیر رشوت دیئے۔

بے (مات) ماتر (ہ۔صف) سوتیلا۔ سوتیلی۔ بغیر ماں کا۔ بغیر ماں کی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بے ماؤمن (ف۔ صف) بے خودی۔ نفسانیت کے بغیر۔ (ماؤمن: ہم اور میں)۔

بے مائگی (ما۔یہ۔گی) (ف۔ مث) مُفلسی۔ دولت (مایہ) کا نہ ہونا۔

بے مایہ (ف۔ صف) بے دولت۔ مُفلس۔ غریب۔ نادار۔

بے مثال (ف۔ ع۔ صف) جس کی مثال نہ ہو۔ لاجواب۔ لاثانی۔

بے مُحابا (ف۔ ع۔ صف) بے خوف۔ بے دھڑک۔ بلا تامّل۔

بے محل (ف۔ ع۔ صف) بے موقع۔ بے جا۔ نامناسب۔

بے مُروّت (ف۔ ع۔ صف) (۱) لحاظ نہ کرنے والا۔ طوطا چشم (۲) نامہربان۔ بے درد۔ ظالم۔

بے مُروّتی (ف۔ ع۔ امث) بدلحاظی۔ طوطا چشمی (۲) بیدردی۔

بے مزگی (م۔ زَ۔ گی) (ف۔ امث) (۱) بے لُطفی (۲) رنجیدگی۔ شکر رنجی (۳) ناسازیِ طبع۔ علالت۔

بے مزہ (ف۔ ع۔ صف) بے لذت۔ بے ذائقہ۔ بے لُطف (۲) علیل۔ بیمار (۳) رنجیدہ۔ ناراض۔ خفا۔

بے مصرف (ف۔ ع۔ صف) بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔ بے کار۔ نکما۔

بے معنی (ف۔ ع۔ صف) مُہمل۔ لغو۔ بے ہُودہ۔ بے سروپا۔

بے مغز (ف۔ صف) خالی۔ کھوکھلا۔ کھوکھلی (۲) لچر پوچ۔

بے مقدور (ف۔ ع۔ صف) غریب۔ مُفلس۔ بے حقیقت۔

بے مقدوری (ف۔ امث) غُربت۔ اِحتیاج۔ بے بسی۔

بے مِنّت (ف۔ ع۔ صف) (۱) بے اِحسان (۲) بے نیاز۔ بے پروا۔ مستغنی (۳) بے محنت۔ بلا کوشش (۴) بلا غور و خوض۔

بے مِلتا (اُر۔ صف) کسی کا اِحسان نہ اُٹھانے والا (۲) (اُر۔ امذ) دو شاخی لکڑی جس میں کپڑا باندھ کر بھنگڑ بھنگ چھانتے ہیں۔

بے موت مرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) قبل اَز وقت مرنا (۲) صدمہ ہونا (۳) تباہ ہونا۔

بے مُوجب (ف۔ ع۔ صف) (۱) بے سبب۔ بلا وجہ (۲) بے موقع (۳) ناحق۔ بیجا۔

بے موسم (ف۔ ع۔ صف) بے رُت۔ بے وقت۔

بے موقع (ف۔ ع۔ صف) (۱) بے محل۔ بے وقت (۲) نامناسب۔ نازیبا۔

بے مُہار (ف۔ صف) بغیر نکیل کے۔ آزاد۔ بے روک۔

بے مہر (ف۔ صف) بے محبت۔ بے رحم۔ بے مُروّت۔

بے مہری (ف۔ امث) بے محبتی۔ بے رُخی۔ بے توجہی۔

بے میل (اُر۔ صف) جو کسی سے مُطابقت نہ رکھتا ہو۔ بے جوڑ۔ بے ربط۔

بے نام (ف۔ صف) گُم نام۔

بے نام و نشان (ف۔ صف) بے پتا۔ بے ٹھکانا۔

بے نصیب (ف۔ ع۔ صف) بدبخت۔ بدنصیب۔ محروم۔

بے نظیر (ف۔ صف) لاثانی۔ بے بدل۔ بے مثال۔ بے مثل۔

بے نُقط (ف۔ صف) وہ لفظ جس پر کوئی نُقطہ نہ ہو۔ غیر منقوط۔

بے نُقط سنانا (اُر۔ محاورہ) بے اِنتہا گالیاں دینا۔ لاتعداد طعنے دینا۔

بے نماز (ف۔ صف) (۱) نماز نہ پڑھنے والا۔ تارکِ نماز (۲) حائضہ۔ اَیّامِ ماہواری سے۔

بے نمک (ف۔ صف) (۱) پھیکا۔ بے مزہ (۲) رنگت میں ملاحت کا نہ ہونا۔ رنگت کا کشش نہ ہونا۔ چہرے کا بے رونق ہونا۔

بے نمک (ف۔ صف) (۱) پھیکا۔ بے مزہ (۲) رنگت میں ملاحت کا نہ ہونا۔ رنگت کا پُرکشش نہ ہونا۔ چہرے کا بے رونق ہونا۔

بے ننگ (ف۔ صف) بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزّت۔

بے ننگ و (نام) ناموس (ف۔ صف) بے شرم۔ بے حیا (۲) بدوضع۔ بدچلن۔

بے نوا (ف۔ صف) بے سامان۔ بے کس (۲) مُسلمان فُقرا کا ایک گروہ جو مذہبی پابندیوں سے آزاد ہے۔

بے نوائی کرنا (اُر۔ محاورہ) بے نوا فقیر کا اَنداز اِختیار کرنا۔

بے نیاز (ف۔ صف) بے پروا۔ بے غرض۔ مستغنی۔ آزاد۔ جو کسی کا محتاج نہ ہو۔

بے نیازی (ف۔ امث) (۱) بے پروائی۔ اِستغنا (۲) آزادی۔ کسی کا محتاج نہ ہونا۔

بے نَیلِ مَرام (ف۔ ع۔ صف) ناکام۔ نامُراد۔ مقصد حاصل کیے بغیر (نَیل بمعنی پہنچنا اور مَرام بمعنی غرض' مطلب)۔

بے وارثا (اُر۔ صف۔ مذ) جس شخص کا کوئی مددگار نہ ہو۔

بے وارثی (اُر۔ صف) بے وارثا کی تانیث۔

بے وارثی ناؤ ڈانواں ڈول (اُر۔ مثل) لاوارث چیز کی فکر کسی کو نہیں ہوتی۔ بغیر مالک کے سب کام خراب ہوتے ہیں۔

بے وجہ (ف۔ ع۔ صف) بغیر کسی سبب کے۔

بے وحدت (ف۔ ع۔ صف) بے شرم۔ بے حیا۔ بے اَدب۔ بدلحاظ۔

بے وطن (ف۔ ع۔ صف) (۱) وطن سے نکالا ہوا (۲) مسافر۔ پردیسی۔

بے وطنی (وَ۔ طَ۔ نی) (ف۔ امث) پردیس۔ اپنے ملک سے باہر ہونا۔

بے وفا (ف۔ ع۔ صف) بدعہد۔ وعدہ پُورا نہ کرنے والا (۲) بے مُروّت۔ نامہربان (۳) ناشکرگزار (۴) جو دوستی کا حق ادا نہ کر سکے۔

بے وفائی (ف۔ امث) (۱) بدعہدی۔ بے مُروّتی (۲) دغابازی۔ نمک حرامی (۳) بدکاری (۳) ناشکرگزاری۔

بے وقار (ف۔ ع۔ صف) بے عزّت۔ بے قدر۔ ذلیل۔ خوار۔ اوچھا۔

بے وقت (ف۔ ع۔ صف) بے موقع۔ بے محل۔ اَویر سویر۔

بے وقت کا الاپ (راگ) (اُر۔ امذ) نامناسب جھگڑا۔ بے موقع بات۔

بے وقت کی راگنی (شہنائی) (اُر۔ امث) بے موقع کام۔ وہ کام جو مناسب وقت پر نہ کیا جائے۔

بے وقت کی سُوجھنا (اُر۔ محاورہ) بے موقع بات کرنا۔ نامناسب جھگڑا۔

بے وقر (ف۔ ع۔ صف) بے عزّت۔ ذلیل۔ کم ظرف۔ فرومایہ۔

بے وقری (ف۔ امث) بے عزّتی۔ ذلّت۔ خواری۔ رُسوائی۔

بے وقعت (ف۔ ع۔ صف) بے عزّت۔ بے اِعتبار۔ بے وزن۔

بے وقوف (ف۔ ع۔ صف) بے عقل۔ احمق۔ نادان۔

بے وقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں؟ (اُر۔ مثل) بیوقوف کی کوئی خاص ظاہری پہچان یا علامت نہیں ہوتی۔

بے وقوفی (ف۔ امث) نادانی۔ حماقت۔ بے عقلی۔ جہالت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بے ہمّت (ف۔ع۔صف) (۱) کم حوصلہ۔ پست ارادے والا (۲) سُست۔ کاہل (۳) بُزدل۔ نامرد۔

بے ہمتا (ف۔صف) بے مثل۔ جس کے برابر کوئی نہ ہو۔ بے نظیر۔

بے ہمہ و با ہمہ (ف۔صف) جو کسی کے ساتھ نہ ہو اور سب کے ساتھ ہو۔ خُداوند پاک (۲) ایسا شخص جو مکروہاتِ دُنیاوی سے الگ رہ کر تمام لوگوں سے میل جول رکھے۔

بے ہُنر (ف۔صف) وہ شخص جسے کوئی کام نہ آتا ہو۔ نکمّا۔ پھوہڑ۔

بے ہنگام (ف۔صف) بے وقت۔ بے موقع۔

بے ہنگم (ف۔صف) بے ڈول۔ غیر موزوں۔ بدزیب۔ بھونڈا۔

بے ہُودگی (ہُو۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) پھوہڑ پن۔ بے ڈھنگا پن۔ نادانی۔ ناشائستگی۔

بے ہُودہ (ف۔صف) (۱) خراب۔ نکمّا (۲) واہیات۔ لغو۔ ناشائستہ (۳) بے فائدہ۔ ناجائز۔

بیہودہ پھرنا (اُر۔محاورہ) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

بیہودہ گو (ف۔صف) فضول بکنے والا۔

بیہودہ گوئی (ف۔ا۔مث) غیر مہذب گفتگو۔ فضول باتیں۔

بے ہوش (ف۔صف) بے خبر۔ بے سُدھ۔ مدہوش۔ بے خود۔ غافل۔

بے ہوشی (ف۔ا۔مث) غفلت۔ مدہوشی۔ بے خودی۔ ناواقفیت۔ بے خبری۔

بے یار و مددگار (ف۔صف) بے سہارا۔ بے کس۔ اکیلا۔ جس کا کوئی ساتھی نہ ہو۔

بَیا (بَ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) چڑیا کی طرح کا ایک پرندہ جو خوبصورت گھونسلا بنانے میں مشہور ہے۔ جمع: بیوں۔ بئے۔

بَیابان (بَ۔یا۔بان) (ف۔ا۔مذ) صحرا۔ ریگستان۔ ویرانہ۔ اُجاڑ جہاں کوسوں تک پانی اور درخت نہ ہوں۔ اُر جمع: بیابان۔ بیابانوں۔

بیاباں نورد (بیاباں نَوَرد) (نَ۔وَرد) (ف۔صف) ویرانوں میں پھرنے والا۔ وہ شخص جس کا کہیں ٹھکانا نہ ہو۔

بیاباں مرگ (ف۔صف) وہ شخص جو ویرانے میں مرے اور کوئی اُس کا پُرسانِ حال نہ ہو۔

بَیابانی (بَ۔یا۔با۔نی) (ف۔صف) صحرا میں پھرنے والا۔ صحرا کا۔ صحرائی۔

بیاپنا (بِ۔یاپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) ستانا۔ بسانا۔ بیٹھنا (۲) سرایت کرنا۔ اثر کرنا (۳) گزارنا۔ کھٹکنا۔

بیاج (بِ۔یاج) (ہ۔ا۔مذ) سُود۔ ربوٰ۔ نفع۔ مُنافع۔ زیادتی۔

بیاج بھرنا (ہ۔مص) بیاج ادا کرنا۔ سود دینا۔

بیاج پر بیاج (ہ۔ا۔مذ) سُود در سُود۔ سودِ مرکب۔ بیشی پر بیشی۔

بیاج خور (ہ۔ف۔صف) (۱) سُود خور (۲) ناجائز مال کھانے والا۔

بیاجو (بِ۔یا۔جُو) (ہ۔ا۔مذ) سُود پر دیا ہوا مال۔ سُودی روپیہ۔

بَیار (**بیال**) (بَ۔یار) (بَ۔یال) (ہ۔ا۔مث) (۱) باد۔ ہوا (۲) آندھی۔ جھکڑ۔

بَیاری (بَ۔یا۔ری) (ہ۔ا۔مث) رات کا کھانا۔

بیاسی (بِ۔یا۔سی) (ہ۔صف) اَسّی اور دو (۸۲)۔ بفتح اوّل بھی صحیح ہے۔

بَیاض (بَ۔یاض) (ع۔ا۔مث) (۱) سفیدی۔ اُجلاپن (۲) یادداشت کی کاپی۔ پاکٹ بُک (۳) وہ کتاب جس میں اشعار لکھتے ہیں۔ جمع: اَبیاض۔ اُردو جمع: بیاضوں۔ بیاضیں۔

بیاکرن (بِ۔یا۔کَ۔رَن) (ہ۔ا۔مث) س: ویاکرن۔ وہ علم جس سے عبارت اور نظم وغیرہ کا صحیح لکھنا اور بولنا آئے۔ گریمر۔ قواعد۔ صَرف و نحو۔

بَیاکل (بَ۔یا۔کل) (ہ۔صف) بے کل۔ مُضطرب۔ بے چین۔ بے قرار۔

بیاکھیان (بِ۔یا۔کھ۔یان) (ہ۔ا۔مث) س: ویاکھیان۔ تشریح۔ توضیح۔

بَیالو (بَ۔یا۔لو) (ہ۔ا۔مذ) رات کا کھانا۔

بیالیس (بِ۔یا۔لیس) (ہ۔صف) چالیس اور دو (۴۲)۔ بفتح اوّل بھی صحیح ہے۔

بَیان (بَ۔یان) (ع۔ا۔مذ) (۱) مقولہ۔ کلام۔ بات۔ گفتگو (۲) وعظ۔ تقریر۔ لیکچر (۳) اظہار۔ شہادت۔ گواہی (۴) رپورٹ۔ خبر۔ اطلاع (۵) ایک علم جس میں تشبیہ' استعارہ' مجاز اور کنایہ وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے جمع: بیانات۔

بیانِ امرِ واقعی (ع۔ف۔ا۔مذ) ٹھیک ٹھیک بات کا اظہار۔

بیان بدلنا (اُر۔محاورہ) اپنے قول' اظہار یا شہادت کو پلٹنا۔ کہے ہوئے کے خلاف کہنا۔

بیانِ تائیدی (ع۔ا۔مذ) کسی کی تائید میں گواہی۔

بیانِ تحریری (ع۔ا۔مذ) وہ تحریر جو مُدعا علیہ عرضیِ دعوےٰ کے جواب میں داخلِ عدالت کرتا ہے (۲) وہ بیان جو لکھا گیا ہو۔

بیانِ تقریری (ع۔ا۔مذ) زبانی بیان۔

بیانِ دعویٰ (ع۔ا۔مذ) ثبوتِ دعویٰ۔ صورتِ حال۔ حقیقتِ حال۔

بیانِ ضمنی (ع۔ا۔مذ) وہ ذکر جو اصل مطلب کے درمیان یونہی آجائے۔

بیان سے باہر ہونا (اُر۔محاورہ) مفصل کیفیت بیان نہ ہو سکنا۔

بیان کرنا (اُر۔مص) ظاہر کرنا۔ گفتگو کرنا۔ کہنا (۲) سرگزشت دُہرانا۔

بیانا (بِ۔یا۔نا) (ہ۔مص) مویشی کا بچّہ دینا۔

بیاہ (بِ۔یاہ) (ہ۔ا۔مذ) س: ووِاہ۔ شادی۔ کتخدائی۔ عقد۔ نکاح۔

بیاہ پیچھے پتّل بھاری (ہ۔مثل) بڑے مصارف کے بعد تھوڑا خرچ بھی ناگوار ہوتا ہے۔

بیاہ رچانا (ہ۔محاورہ) شادی کا سامان کرنا (۲) خوشی منانا۔

بیاہ کا جوڑا (اُر۔ا۔مذ) وہ کپڑے جو نوشہ یا عروس شادی کے موقع پر پہنتے ہیں۔

بیاہ مانگنا (ہ۔محاورہ) شادی کی خواہش کرنا (۲) بالغ ہونا (۳) برات لانے کی تاریخ دریافت کرنا۔ بیاہ کا دن ٹھہرانا۔

بیاہ نہیں کیا' براتیں تو دیکھی ہیں (اُر۔مثل) اگرچہ یہ کام خود نہیں کیا اوروں کو کرتے تو دیکھا ہے۔

بیاہا (بِ۔یا۔ہا) (ہ۔صف) شادی شدہ۔ کتخدا۔

بیاہتا (بِ۔یاہ۔تا) (ہ۔ا۔مث) وہ بیوی جسے شرعی طور پر عقد میں لایا گیا ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

منکوحہ۔
بیاہنا (بیا-ہ-نا)(ف-مص) شادی کرنا۔ کتخدا بننا۔
بیاہی (بیا-ہی)(ف-صف) شادی شدہ عورت۔
بیاہی بیٹی کا رکھنا ہاتھی کا باندھنا ہے (ار-مثل) لڑکی کی شادی کے بعد اسے گھر میں رکھنا ایسا ہے جیسے ہاتھی کا باندھنا۔ یعنی مصارف بہت زیادہ ہوتے ہیں۔
بیاہی لڑکی پڑوسن داخل (ار-مثل) بیاہ ہو جانے پر بیٹی کا تعلق پڑوسن کا سا ہوتا ہے۔
بیاہی نہ برات چڑھی ڈولی میں بیٹھی نہ چوں چوں ہوئی (ار-مثل) جس بات کو دیکھا سنا ہی نہیں اُس کا پتا کیونکر ہو سکتا ہے۔
بیائی (بیا-ای)(ف-امث)(۱) غلّہ تولنے والے کو اُجرت میں دیا ہوا غلّہ (۲) غلّہ تولنے کی اُجرت۔
بے بی (انگ-امذ) (Baby) بچّہ۔
بیپار (بے-پار)(ف-امذ) دیکھئے بیوپار۔
بیپاری (بے-پا-ری)(ف-امذ) دیکھئے بیوپاری۔
بَیت (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع-امث)(۱) گھر۔ حویلی۔ مکان۔ محل۔ جمع: بیوت۔ اَبیات۔
بیتُ الاَقصیٰ (بے-تُل-اَق-صا)(ع-امذ) دُور کا گھر۔ بیتُ المقدس۔
بیتُ الاُمَراء (بے-تُل-اُ-مَ-را)(ع-امذ) وہ مقام جو اُمراء کے طبقے کے لئے مخصوص ہو جہاں وہ مجلسِ مشاورت منعقد کرتے ہیں۔ دارُالاُمراء۔
بیتُ الحرام (بے-تُل-حَ-رام)(ع-امذ) خانہ کعبہ۔
بیتُ الحَزَن (بے-تُل-حَ-زَن)(ع-امذ) غم کدہ۔ مُصیبت کا گھر۔
بیتُ الخَلا (بے-تُل-خَ-لا)(ع-امذ) جائے ضرور۔ پاخانہ۔ ٹٹی۔
بیتُ السَّقَر (بے-تُس-سَ-قَر)(ع-امذ) دوزخ۔ جہنم۔
بیتُ السِّلاح (بے-تُس-سِ-لاح)(ع-امذ) اسلحہ خانہ۔ میگزین۔
بیتُ الشَّرَف (بے-تُش-شَ-رَف)(ع-امذ)(۱) وہ مقام جہاں پہنچ کر بُزرگی اور عزّت حاصل ہو (۲) بُزرگی کا گھر۔ عزّت کا گھر (۳) قصرِ شاہی۔ بادشاہ کا مُلاقاتی مکان (۴) آفتاب کے لئے بُرجِ حمل۔ چاند کے لئے بُرجِ ثور۔ مشتری کو بُرجِ سرطان۔ زہرہ کو حوت۔ عطارد کو سنبلہ۔ مریخ کو جدی اور زحل کو میزان (۵) وہ بُرج جس میں کوئی سیارہ عروج کو پہنچے۔
بیتُ الصَّنَم (بے-تُص-صَ-نَم)(ع-امذ) بُت خانہ۔ شوالہ۔ مورتی کا استھان (۲) محبوب۔
بیتُ العَتیق (بے-تُل-عَ-تیق)(ع-امذ)(۱) پُرانا مکان۔ قدیم گھر (۲) خانہ کعبہ جو عبادتِ الٰہی کے لئے دُنیا میں سب سے پہلا مقام اور مکان ہے جسے حضرت آدم علیہ السلام نے خُدا کی عبادت کے لئے تعمیر کیا تھا۔
بیتُ العَروس (بے-تُل-عَ-روس)(ع-امذ) دُلہن کا کمرا (۲) خانہ کعبہ۔
بیتُ العلوم (بے-تُل-عُ-لوم)(ع-امذ) کالج۔ یونیورسٹی۔

بیتُ العنکبوت (بے-تُل-عَن-کَ-بُوت)(ع-امذ) مکڑی کا گھر۔ مکڑی کا جالا۔
بیتُ العوام (بے-تُل-عَ-وام)(ع-امذ) دارُالعوام۔ ایوانِ زیریں۔ مجلسِ قانون ساز کا وہ ادارہ جس میں عوام کے نمایندے ہوں۔
بیتُ الغزل (بے-تُل-غَ-زَل)(ع-امذ) غزل کا گھر۔ غزل کی روح۔ غزل کی جان۔ غزل کا بہترین شعر۔
بیتُ اللہ (ع-امذ) اللہ کا گھر۔ خانہ کعبہ۔
بیتُ المال (ع-امذ)(۱) مال گھر۔ خزانہ عامرہ۔ سرکاری خزانہ۔ شاہی خزانہ (۲) خیرات فنڈ (۳) ملک کے محاصل کا مرکز (۴) وہ مال جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو' عام لوگوں کا حصّہ ہو اور جس سے ہر مستحق کو مدد دی جائے۔
بیتُ المعمور (بے-تُل-مَع-مور)(ع-امذ) بھرا گھر۔ آباد مکان (۲) (اصطلاحاً) خانہ کعبہ کے عین اُوپر آسمانوں پر خانۂ خُدا جہاں فرشتے کثیر تعداد میں طواف اور عبادت کرتے ہیں۔
بیتُ المقدس (بے-تُل-مُق-دِس)(مُ-قد-دَس)(ع-امذ) پاک گھر۔ مُتبرک مکان (۲) فلسطین کا مشہور شہر جس کا عبرانی نام یروشلم ہے (۳) (مجازاً) یروشلم کی مسجدِ اقصیٰ جو مسلمانوں کا قبلۂ اوّل تھی۔ اِس کی بُنیاد حضرت داؤدؑ نے رکھی اور تکمیل حضرت سلیمانؑ نے کی۔
بَیت (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع-امذ) ایک وزن کے دو مصرعے۔ شعر۔ جمع: اَبیات۔
بیت بازی (ع-ف-امث) شعروں کا مقابلہ کرنا۔ لڑکوں کا ایک مشغلہ جس میں ایک لڑکا شعر پڑھتا ہے اور جواب میں دوسرا لڑکا ایسا شعر پڑھتا ہے جو اُس حرف سے شروع ہوتا ہے جس پر پہلا شعر ختم ہوا تھا۔
بیت بندی (ع-ار-امث) نظم کہنا۔ شعر کہنا۔
بیتال (بے-تال)(ف-امذ) جنس روح۔ بھوت پریت۔ بلا۔ آسیب۔
بیتل (بیتلا) (بے-تَل)(بیت-لا)(ف-صف) بدنصیب۔ کم بخت۔
بیتلا (بیت-لا)(ف-امذ) لاوارث مال۔ چوری کا مال۔
بیتنا (بیت-نا)(ف-مص)(۱) گزرنا۔ بسر ہونا (۲) رفع دفع ہونا (۳) واقع ہونا۔
بیتی (بی-تی)(ف-امث)(۱) گزری ہوئی بات (۲) سرگزشت۔
بیٹ (Bat)(انگ-امذ) بلّا۔ کرکٹ کھیلنے کا آلہ۔
بیٹ (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف-امث)(۱) بیٹال۔ پرندوں کا گُوہ (۲) ایک قسم کا نمک جس میں گندھک ملی ہوتی ہے۔
بیٹا (بے-ٹا)(ف-امذ)(۱) وَلد۔ فرزند۔ پُوت۔ پُتر (۲) بیٹے کی طرح عزیز۔ پیارا۔ جمع: بیٹوں۔ بیٹے۔
بیٹا بنانا (ار-محاورہ) متبنّیٰ کرنا۔ لے پالک بنانا۔
بیٹا بن کر سب کھاتے ہیں باپ بن کر کسی نے نہیں کھایا (ار-مثل) خدمت کر کے اور چھوٹا بن کر ہر کوئی کھاتا ہے۔ زبردستی کوئی کھانے نہیں دیتا۔
بیٹا بیٹی کس کا اچھا (ار-مقولہ) اولاد وہی اچھی جو ماں باپ کا کہنا مانے۔
بیٹا جن کر نیو چلے۔ سونا پہن کر ڈھک چلے (ار-مثل) مال و دولت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اور اولاد پر غرور نہ کرنا چاہیئے۔ (نیو چلے: سر جھکا کر چلے)۔

بیٹری (Battery) (انگ۔ا۔مث) (۱) برقی مورچہ (۲) دھاتوں کا تیزابی سلسلہ (۳) توپ خانہ۔

بیٹھا (بے۔ٹھا) (و۔صف) (۱) بیٹھا ہوا (۲) بیٹھنا مصدر سے ماضی مطلق۔

بیٹھا بنیا کیا کرے۔ اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی دھرے (و۔مثل) بے کار آدمی فضول کام کرنے لگتا ہے۔ نیز دیکھئے ٹھالی بنیا کیا کرے۔

بیٹھا جانا (ار۔محاورہ) سخت بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ (دل، جی کے ساتھ)۔

بیٹھا کا بیٹھا رہ جانا (ار۔محاورہ) فوراً مر جانا (۲) سنّاٹا ہو جانا۔

بیٹھا رہنا (ار۔محاورہ) (۱) اِنتظار کرنا (۲) دیر تک بیٹھنا (۳) بیکار رہنا۔

بیٹھ جانا (و۔محاورہ) (۱) بیٹھنا۔ کھڑا ہونے کی ضد (۲) سوار ہو جانا (۳) پسند آنا (۴) سما جانا (۵) جگہ کر لینا (۶) دُرست ہونا۔ صحیح ہونا (۷) صبر کرنا۔ سہارا لینا (۸) بے کار ہونا۔ موقوف ہونا (۹) دریا میں ڈوب جانا (۱۰) پگھل جانا (۱۱) دیوالہ نکل جانا۔ بگڑنا (۱۲) ہمت ہارنا (۱۳) اِنکار کرنا۔ آمادہ نہ ہونا (۱۴) نرم ہو جانا (۱۵) ٹھکانے لگنا (۱۶) جم جانا۔ تہ نشین ہونا (۱۷) جلوس کرنا (۱۸) گر پڑنا (۱۹) طاقت نہ ہونا۔ کمزور ہونا جیسے وہ دُکھوں سے بیٹھ گیا (۲۰) خانہ نشین ہونا۔ کام کاج چھوڑ دینا (۲۱) کُھل جانا۔ کشتی ہو جانا (۲۲) منجمد ہونا۔ بندھ جانا۔

بیٹھ رہنا (و۔محاورہ) (۱) کوئی کام نہ کرنا (۲) صبر کرنا۔ آس چھوڑ دینا (۳) دیر لگانا۔ سُستی کرنا (۴) ہمت ہارنا (۵) چپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا (۶) دست بردار ہو جانا (۷) ہار جانا۔ شکست کھا جانا (۸) برخاست ہو جانا۔ الگ ہونا (۹) تہہ میں چلے جانا۔

بیٹھک (بے۔ٹھک) (و۔ا۔مث) (۱) نشست (۲) نشست گاہ۔ دیوان خانہ۔ مردانہ مکان (۲) پیندی۔ تلا (۳) بیٹھنے کا طریقہ۔ آسن (۴) ورزش کی ایک قسم (۵) اجلاس۔ میٹنگ۔ جمع: بیٹھکوں۔ بیٹھکیں۔

بیٹھک دینا (ار۔محاورہ) منّت پوری کرنا۔

بیٹھکو (بیٹھ۔کو) (و۔صف) (۱) بہت بیٹھنے والا (۲) وہ کبوتر جو اُڑنے کے فوراً بعد بیٹھ جائے۔

بیٹھن (بے۔ٹھن) (و۔ا۔مذ) (۱) بستہ۔ بندھن (۲) کپڑا جس میں سوداگر سامان باندھ کر رکھتے ہیں (۳) چادر جسے میز پر بچھا کر کپڑوں پر استری کرتے ہیں۔

بیٹھنا (بیٹھ۔نا) (و۔مص) (۱) دیکھئے بیٹھ جانا (۲) لاگت آنا (۳) قائم مقام ہونا (۴) کام بگڑ جانا (۵) وزن کا اُتر جانا (۶) داخل ہونا۔ بھرتی ہونا (۷) مشق ہونا۔ دُرست ہونا (۸) (قمار بازی کی اِصطلاح) جوُا کھیلنا۔ داؤں پر رکھنا (۹) (چاند کے متعلق) دیر کر کے نکلنا (۱۰) (پرندوں کے متعلق) جفتی کھانا۔ انڈے سینا (۱۱) (شطرنج) مہرے کا گھر پر رکھنا (۱۲) تخت نشین ہونا (۱۳) آواز نہ نکلنا۔ آواز کا بھاری ہو جانا۔

بیٹھو بھی (ار۔محاورہ) چپ رہو۔ دخل نہ دو۔ الگ رہو۔

بیٹھواں (بیٹھ۔واں) (و۔صف) بیٹھا ہوا۔ چپٹا۔ جس کی پیندی چپٹی ہو۔

بیٹھی (بے۔ٹھی) (و۔فعل) بیٹھا کی تانیث۔

بیٹھی بُڑھیا منگل گائے (و۔مثل) بڑھاپے کی وجہ سے کوئی کام نہیں کر سکتی۔ بہت خوش ہے۔

بیٹھی روٹی (و۔ا۔مث) وہ روٹی (آمدن) جو گھر بیٹھے ملے۔ وظیفہ۔ پنشن۔

بیٹھے (بے۔ٹھے) (و۔فعل) (۱) بیٹھا کی جمع (۲) بیٹھا کی مُغیرہ شکل۔

بیٹھے بٹھائے (و۔تابع فعل) (۱) خواہ مخواہ (۲) اچانک۔ یک لخت۔

بیٹھے بیٹھے (و۔تابع فعل) (۱) بہت دیر تک بیٹھ کر (۲) یکایک۔ اچانک۔ ناگہاں (۳) بلاوجہ۔ خواہ مخواہ۔ ناحق۔

بیٹھے بیٹھے سُوکھ جانا (ار۔محاورہ) بے حد اِنتظار کرنا۔ اِنتظار کرتے کرتے تھک جانا۔

بیٹھے بیٹھے تو قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے (ار۔مثل) بیکار بیٹھ کر خرچ کرنے سے کتنی ہی جائیداد ہو ختم ہو جاتی ہے۔

بیٹھے بیٹھے کیا سُوجھی (ار۔مقولہ) خواہ مخواہ کیا کرنے لگے؟ کیسی فضول بات کی؟

بیٹھے سے بیگار بھلی (و۔مثل) بے کار رہنے کی بجائے کچھ کرنا بہتر ہے۔

بیٹی (بے۔ٹی) (و۔ا۔مث) (۱) دُختر۔ لڑکی (۲) بیٹے کی دلہن۔ بہو (۳) پیاری لڑکی جو بیٹی کی طرح عزیز ہو۔ جمع: بیٹیاں۔ بیٹیوں۔

بیٹی اور ککڑی کی بیل برابر ہے (ار۔مثل) دونوں بہت جلد بڑھتی ہیں۔

بیٹی دینا (ار۔محاورہ) بیٹی بیاہنا۔ بیٹی کی شادی کرنا (۲) داماد بنانا۔

بیٹی روٹی کرنا (ار۔محاورہ) گالی دینا۔

بیٹی کا باپ (ار۔ا۔مذ) کمزور اور بے بس آدمی۔

بیٹی دھن نمانا ہے۔ آتے بھی رُلائے جاتے بھی رُلائے (و۔مثل) بیٹی کی پیدائش اور شادی پر ماں باپ غمگین ہوتے ہیں۔

بیج (Badge) (انگ۔ا۔مذ) نشان۔ بلا۔ کسی سردار یا اِدارے کا اِمتیازی نشان۔

بیج (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (و۔ا۔مذ) (۱) تخم (۲) اصل۔ بنیاد (۳) نُطفہ۔ جمع: بیج۔ بیجوں۔

بیج بونا (و۔محاورہ) (۱) تخم ریزی کرنا (۲) کسی بات کی بنیاد ڈالنا (۳) باعث ہونا۔ سبب ہونا۔

بیج پڑنا (و۔محاورہ) تخم پاشی ہونا (۲) بنیاد پڑنا (۳) حمل ہونا۔ نُطفہ پڑنا۔

بیج پھوٹنا (و۔محاورہ) بیج سے پودے کا ظاہر ہونا۔ بیج کا اُگنا۔

بیج جمنا (و۔محاورہ) (۱) اُگنا۔ نکلنا۔ پھوٹنا (۲) حمل ٹھہرنا۔ نُطفہ قرار پانا۔

بیج دار (ار۔صف) بہت بیجوں والا۔ جس میں بکثرت بیج ہوں۔

بیج دبانا (و۔محاورہ) گنے کی کاشت کے لئے اُس کے بیج کو چند دن مٹی میں دبا کر رکھنا۔

بیج ڈالنا (و۔محاورہ) تخم ریزی کرنا۔

بیج کھاد (و۔ا۔مذ) وہ غلّہ جو کاشت کاروں کو کاشت اور خوراک کے لئے دیا جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بیچ مارا جانا (ہ۔ محاورہ) بیج ضائع ہو جانا (۲) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ غارت ہونا (۳) کسی چیز کا ناپید ہونا۔
بیج مار دینا (ہ۔ محاورہ) بالکل غارت کر دینا۔ کسی چیز کو بالکل مٹا دینا۔
بیج ناس (کر دینا) کرنا (ہ۔ محاورہ) تباہ کرنا۔ بالکل نابود کرنا۔ جڑ سے اُکھیڑ دینا۔
بیجا (ہ۔ا۔مث) دیکھیے بیجا۔
بیجائی (بی۔جا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) بیجنے کا موسم۔ بیجنے کی اُجرت۔
بیجک (بی۔جک)(ہ۔ا۔مذ) مال کی فرد۔ مال کی فہرست جس میں ہر چیز کا نرخ، قیمت اور میزان درج ہو۔ بیجک زیادہ مستعمل ہے۔
بیجنا (بیج۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پنکھا۔ بادکش (۲)(ہ۔مص) بونا۔
بیجنا ڈھلانا (ہ۔ محاورہ) پنکھا ہلانا۔ بادکش جھلنا۔
بیجو (بی۔جوٗ)(ہ۔صف) بونے کا غلّہ۔ بونے کے لائق اناج۔ بونے کے لائق بیج (۲)(ا۔مذ) ایک جانور۔ بجوٗ۔
بیجھر (بَجھَر۔ بَجھَڑا) (بے۔جھَر) (بے۔جھَڑ) (بے۔جھَ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ۔مث)(۱) جَو، چنے، گیہوں ملے جلے۔ مٹر ملے جَو (۲) موٹا اناج۔ ملی جلی فصل۔
بیجھنا (بیجھ۔نا)(ہ۔مص) سینگوں سے زمین کھودنا۔
بیجھی (بی۔جھی)(ہ۔ا۔مث) نیولا۔
بیچ (Batch) (انگ۔ا۔مذ) جتھا۔
بیچ (بیائے معروف)(ہ۔ تابع فعل) درمیان۔ اندر۔ بھیتر۔ مابین (۲)(ا۔مذ) وسط۔ میانہ۔ قلب۔ ناف (۳) فرق۔ دوری۔ فاصلہ۔ بعد۔ تفاوت (۴) مرکز۔
بیچ اُدھر میں چھوڑ دینا (ہ۔ محاورہ) ادھورا کام کرنا۔
بیچ بچاؤ (ار۔ا۔مذ)(۱) فیصلہ۔ تصفیہ (۲) رفعِ شر۔ لڑائی دور کرنا۔ جھگڑا چکانا (۳) صلح۔ میل ملاپ۔
بیچ چوراہے میں (ار۔تابع فعل) منظرِ عام پر۔ ایسی جگہ جہاں سب دیکھیں۔
بیچ کا (ہ۔صف) منجھلا۔ درمیانی۔ متوسّط۔
بیچ کھیت (ہ۔ تابع فعل)(۱) عین وسط میں (۲) میدان کے بیچ میں۔ موقع پر (۳) علانیہ۔ کھلم کھلا۔ ڈنکے کی چوٹ (۴) ضرور بالضرور۔ لازمی۔
بیچ کی اُنگلی (ار۔ا۔مث) درمیانی اُنگلی۔ بڑی اُنگلی۔
بیچ کی اُنگلی بڑی ہوتی ہے (ار۔مثل) ہر بات میں اِعتدال اچھا ہوتا ہے۔
بیچ کی بات (ار۔ا۔مث) درمیان کا معاملہ۔ باہمی گفتگو۔
بیچ کی راس (ہ۔صف) درمیانی۔ اوسط درجے کی۔ معمولی۔
بیچ کے گھڑے کی (ہ۔صف) نہایت تیز شراب۔
بیچ میں آجانا (ار۔ محاورہ) حائل ہو جانا۔ دوران میں آجانا (۲) منصف بننا۔ فیصلہ کرانا۔
بیچ میں بول اُٹھنا (ار۔ محاورہ) دو شخصوں کی گفتگو میں تیسرے کا دخل دینا یا کچھ کہنا۔
بیچ میں پڑنا (ار۔ محاورہ) ثالث بننا۔ پنچ بننا (۲) ضامن بننا (۳) ذمّہ لینا۔ حمایت کرنا۔ کفیل ہونا۔ وکالت کرنا (۴) راستے میں آنا۔
بیچ میں ڈالنا (ار۔ محاورہ) حَکم مقرّر کرنا۔ ثالث کرنا۔
بیچ میں سان لینا (ار۔ محاورہ) بے وجہ کسی جھگڑے میں کسی کو شریک بنا لینا۔
بیچ میں قدم ہونا (ار۔ محاورہ) واسطہ ہونا۔ حائل ہونا۔
بیچ میں کود پڑنا (ار۔ محاورہ) پرائی بات میں بے سبب دخل دینا۔
بیچ والا (ار۔صف) وہ شخص جو درمیان میں پڑ کر کوئی کام کرا دے۔
بیچ (یائے مجہول)(۱) مصدر بیچنا کا صیغہ امر (۲)(ا۔مذ) بِکری۔
بیچ ڈالنا (ار۔ محاورہ) فروخت کر دینا۔
بیچ کھانا (ار۔ محاورہ) بیچ کر کھا لینا۔ ضائع کر دینا۔ صرف کر دینا۔
بیچا (بے۔چا)(ہ۔ا۔مذ) بیچنے والا۔ بیچنے کا اِرادہ رکھنے والا۔ فروشندہ۔ فروخت کرنے والا۔
بیچا (بی۔چا)(ار۔ا۔مث) ڈراؤنی شکل کا کاغذی چہرہ جسے بچے منہ پر رکھ کر ڈراتے ہیں۔
بیچلر (Bachelor) (انگ۔صف) کنوارا۔ ناکتخدا۔ بن بیاہا۔
بیچلر آف آرٹس (Bachelor of Arts) (انگ۔صف) بی۔اے۔ چودہ جماعتیں پاس۔ گریجوایٹ۔
بیچلر آف سائنس (Bachelor of Science) (انگ۔صف) جس نے سائنس میں بی۔اے کیا ہو۔ بی۔ایس۔سی۔
بیچلر آف کامرس (Bachelor of Commerce) (انگ۔صف) جس نے تجارت میں بی۔اے کیا ہو۔ فاضلِ تجارت۔ بی۔کام۔
بیچنا (بیچ۔نا)(یائے مجہول)(ہ۔مص) فروخت کرنا۔ مول دینا۔ بیع کرنا (۲) ہُنڈی کی پشت پر "بیچا" لکھ دینا۔
بیچو (بے۔چوٗ)(ہ۔ا۔مذ) بیچنے والا۔ فروشندہ۔
بیچوں بیچ (ہ۔صف) وہ وسط جس کے ٹھیک درمیان ہونے میں کوئی شک نہ ہو۔
بیخ (یائے مجہول)(ف۔ا۔مث)(۱) اصل۔ جڑ (۲) بنیاد۔ نیو۔
بیخ کَن (ف۔صف) جڑ کھودنے والا۔ تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا۔
بیخ کَنی (ف۔ا۔مث) جڑ سے اُکھاڑنا۔ بنیاد کھود ڈالنا۔ نیست و نابود کر دینا۔
بیخ و بُن (بیخ و بُنیاد)(ف۔ا۔مث) جڑ اور بنیاد۔ حسب نسب۔
بیخ و بُن سے اُکھڑ جانا (ار۔ محاورہ) بالکل اُکھڑ جانا۔ جڑوں سے اُکھڑنا۔
بَید (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مذ) طبیب۔ (س: وَید)۔
بید (ی مجہول)(ہ۔ا۔مث) ہندوؤں کی مقدس کتاب (س: وید)۔
بید (ی مجہول)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت جس کی شاخیں نہایت لچکدار ہوتی ہیں اور ہر وقت لرزتی رہتی ہیں۔ اس کی لکڑی سے ٹوکریاں اور فرنیچر بنایا جاتا ہے۔
بیدِ اِنجیر (ف۔ا۔مذ) ارنڈ کا درخت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بید باف (ف۔ صف) بید کا کام کرنے والا۔ بید کی ٹوکریاں بنانے والا۔

بید بافی (ف۔ ا۔ مث) بید کا کام کرنا۔ بید کی ٹوکریاں بنانے کا فن۔

بید برگ (ف۔ ا۔ مث) (۱) بید کی پتی (۲) ایک قسم کی برچھی کی انی جو بید کے پتے کی شکل کی ہوتی ہے۔

بید کی طرح کانپنا (اُر۔ محاورہ) خوف کے مارے تھر تھر کانپنا۔ بید کی طرح لرزنا۔

بید مال (ف۔ صف) بید کی لکڑی جس سے اسلحہ وغیرہ کا زنگ چھڑواتے ہیں۔ ہتھیاروں کو صاف کرنے اور رگڑنے کی لکڑی۔ (مال: مصدر مالیدن کا اسم فاعل بمعنی رگڑنا۔ ملنا)۔

بید مجنوں (ف۔ ا۔ مذ) بید کی ایک قسم جس کی شاخیں جھکی رہتی ہیں۔ شاعر اِسے مجنوں سے تشبیہ دیتے ہیں جس کا جسم لیلیٰ کی فرقت میں کمزور ہو کر جھک گیا تھا۔

بید مشک (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا درخت جس کا عرق بطور دوا فرحتِ قلب کے لئے اِستعمال کیا جاتا ہے۔

بیدار (بے۔ دار) (ف۔ صف) خفتہ کی ضد۔ ہوشیار۔ چوکنا۔ جاگتا ہوا۔

بیدار باش (ف۔ کلہ) جاگتے رہو۔ چوکیداروں کی صدا۔

بیدار بخت (ف۔ صف) خوش نصیب۔ اِقبال مند۔

بیدار دل (ف۔ صف) روشن ضمیر (۲) خوش طبع۔ زندہ دل۔

بیدار مغز (ف۔ ع۔ صف) عالی دماغ۔ عقلمند۔ سمجھدار۔

بیداری (بے۔ دا۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) ہوشیاری۔ عقل۔ سمجھ۔ جاگنے کی حالت۔

بیدانت (بے۔ دانت) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) ویاس جی کا وہ شاستر جس میں توحید کی بحث ہے۔ (س: ویدانت)۔

بیدانتی (بے۔ دان۔ تی) (ہ۔ ا۔ مذ) وید کا علم جاننے والا۔ توحید کا مسئلہ سمجھنے والا۔ (س: ویدانتی)۔

بیدانہ (بے۔ دانہ) (ہ۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) 'بے' کے تحت دیکھیے۔

بیدک (بے۔ دک) (ہ۔ ا۔ مذ) طبابت۔ حکمت۔ (س: ویدک)۔

بیدن (بے۔ دَن) (ہ۔ ا۔ مذ) درد۔ دُکھ۔ تکلیف۔

بیدنا (بید۔ نا) (ہ۔ ا۔ مث) دیکھیے بیدن۔

بیدوا (بید۔ وا) (یائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) بیدوں (ویدوں) کا پڑھنے والا۔ ویدوں کا علم جاننے والا۔

بیدھ (ی مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) سُوراخ۔ چھید۔

بیدھا (بے۔ دھا) (ہ۔ صف) وہ شخص جس پر جادو کا اثر ہو۔ وہ شخص جو کسی آفت میں مبتلا ہو۔

بیدھنا (بیدھ۔ نا) (ی مجہول) (ہ۔ مص) چھیدنا۔ سُوراخ کرنا۔

بیدھی (بے۔ دھی) (ہ۔ صف) سُوراخ کرنے والا۔ چھید کرنے والا۔

بیئر (Beer) (انگ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی شراب جو جَو سے بنائی جاتی ہے۔

بَیر (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ ا۔ مذ) دُشمنی۔ عداوت۔ کینہ۔ بغض (س: وَیر)۔

بَیر باندھنا (ہ۔ محاورہ) عداوت پر تُل جانا۔ دُشمنی پر آمادہ ہونا۔ ضِد کرنا۔ مخالفت پر اُترنا۔

بَیر بسانا (ہ۔ محاورہ) دُشمنی مول لینا۔ دُشمنی کرنا۔

بَیر پڑنا (ہ۔ محاورہ) عداوت ہو جانا۔ دُشمنی ہونا۔

بَیر کا رشتہ (اُر۔ ا۔ مذ) نند، بھاوج، دیورانی، جٹھانی۔ ساس، بہو اور سَوت۔ سوتیلوں کا رشتہ۔

بَیر لینا (بَیر نکالنا) (ہ۔ محاورہ) بدلہ لینا۔ اِنتقام لینا۔

بِیر (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ صف) (۱) بہادر۔ دلیر۔ زور آور۔ سُورما (۲) (ا۔ مذ) پہلوان (۳) بھائی۔ برادر۔ (س: وِیر)۔

بیر بر (بیربل) (ہ۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) زور آور۔ پہلوان (۲) راجا مہیش داس کا عرفی نام جو شہنشاہ اکبر کا مشہور درباری تھا۔

بیر (ی مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) بیری کے درخت کا پھل۔ قلمی بیر سبز یا سُرخی مائل سبز اور بیضوی ہوتا ہے۔ جنگلی بیر سُرخ اور گول ہوتا ہے۔ جمع: بیر۔ بیروں۔

بیر کھانسی کا گھر ہیں (اُر۔ مثل) بیر کھانے سے اکثر کھانسی ہو جاتی ہے۔

بِیرا (بی۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) بھائی۔ عزیز۔ خویش۔ بیر یا وِیر کا بگاڑ۔

بَیرا (بے۔ را) (انگ بیئرر (Bearer) کا مؤرّد۔ ا۔ مذ) (۱) خدمت گار (۲) ہوٹل کا ملازم جس کے ذمے گاہکوں کے آگے کھانا پروسنے کی خدمت ہوتی ہے۔

بَیراج (Barrage) (انگ۔ ا۔ مذ) بند۔ پُشتہ۔

بَیرا کھیری (بے۔ را۔ کھے۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) دُشمنی۔

بَیراگ (بے۔ راگ) (ہ۔ ا۔ مذ) نفس کُشی۔ فقیری۔ ترکِ دُنیا۔ خواہشِ نفسانی کو مارنا۔ س: وَیراگ۔

بَیراگ لینا (ہ۔ محاورہ) فقیری اِختیار کرنا۔

بَیراگا (بے۔ را۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھوٹی سی ٹیڑھی لکڑی جس پر بیراگی فقیر ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں۔

بَیراگن (بے۔ را۔ گن) (ہ۔ ا۔ مث) جوگن۔ فقیرنی۔

بَیراگی (بے۔ را۔ گی) (ہ۔ ا۔ مذ) تارکُ الدنیا۔ جوگی۔

بیر بہٹی (بیر بہوٹی) (بیر۔ بہ۔ ٹی) (بیر۔ ب۔ ہو۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک سُرخ رنگ کا کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ اِس کا تیل دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔

بیرسٹر (Barrister) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ وکیل جس نے ولایت سے وکالت کی ڈگری حاصل کی ہو۔

بَیرق (بے۔ رَق) (ف۔ ا۔ مذ) چھوٹا جھنڈا۔ پھریرا۔

بَیرم (بے۔ رَم) (ت۔ ا۔ مذ) (۱) عید۔ جشن (۲) بڑا تیر۔ برما۔ بڑھئی کا اوزار۔

بِیرن (بی۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مذ) بھائی۔ برادر۔ بیر کی تصغیر۔

بَیرن (بے۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مث) دُشمن عورت۔ وہ عورت جس کے دل میں بیر ہو۔

بَیرنگ (بے۔ رَنگ) (انگ Bearing کا مؤرّد۔ صف) وہ مال یا خط وغیرہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جس کا محصول پہلے ادا نہ کیا گیا ہو۔

بیروزا (بے۔رو۔زا)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا مادّہ جو چیڑ کی لکڑی سے نکلتا ہے۔

بَیرومیٹر (Barometer)(انگ۔ا۔مذ) بادپیما۔ مقیاسُ الہوا۔ ہوا کا رُخ اور دباؤ معلوم کرنے کا آلہ۔

بیرُون (بے۔رُون)(ف۔ تابع فعل) باہر۔ اندر کی ضد۔

بیرون جات (ف۔ا۔مذ) شہر سے باہر کی آبادیاں۔ قصبے۔ دیہات۔

بیرون جاتی (ف۔اُر۔ا۔مذ) دیہاتی۔ شہر سے باہر کے لوگ۔

بَیری (بَے۔ری)(ہ۔ا۔مذ) دُشمن۔ بدخواہ۔ مخالف۔ س: وَیری۔

بیری (بے۔ری)(ی مجہول)(ہ۔ا۔مث) بیر کا درخت۔ جمع: بیریاں۔ بیریوں۔

بَیرِیَر (Barrier)(انگ۔ا۔مذ) سَد۔ روک۔ باڑھ۔ جنگلا۔ رُکاوٹ۔

بیڑ (ی معروف)(ہ۔ا۔مذ) احاطہ۔ باڑھ۔ مینڈھ۔

بیڑ بندی کرنا (ہ۔ محاورہ) کھیت کے گرد باڑھ لگانا۔

بیڑا (بے۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ناؤ۔ کشتی۔ بانسوں کا وہ بڑا گٹھڑا جس کے ذریعے سے دریا پار کرتے ہیں (۲) جہازوں یا کشتیوں کی قطار (۳) رسالہ۔ فوج۔ جتھا (۴) ایک قسم کی منّت جس میں بانس کی تیلیوں کی ناؤ بنا کر اس میں چراغ رکھ کر بھادوں کے مہینے میں جمعرات یا جمعے کے دن دریا میں بہا دیتے ہیں۔ جمع: بیڑوں۔ بیڑے۔

بیڑا باندھنا (ہ۔ محاورہ) بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا۔ مجمع اکٹھا کرنا۔

بیڑا پار (کرنا) لگانا (ہ۔ محاورہ) کشتی کو سلامتی کے ساتھ کنارے پر پہنچانا (۲) مصیبت دُور کرنا۔ آڑے آنا۔ مُراد بَر لانا۔

بیڑا پار ہونا (ہ۔ محاورہ)(۱) ناؤ یا جہاز کا سلامتی کے ساتھ منزلِ مقصود پر پہنچنا (۲) مشکل آسان ہونا۔ کامیاب ہونا (۳) خاتمہ ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔

بیڑا ڈوبنا (غرق ہونا) (ار۔ محاورہ) کشتیوں کا ڈوبنا۔ کام بگڑنا۔ تباہ ہونا۔

بِیڑا (بی۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) گلوری۔ کتھا چونا لگا ہوا پان۔ جمع: بیڑوں۔ بیڑے۔

بیڑا اُٹھانا (ہ۔ محاورہ) ذمّہ لینا۔ عہد کرنا۔ عزم بالجزم کرنا (۲) آمادہ ہونا۔ مُستعد ہونا۔ نیز دیکھیے بیڑا ڈالنا۔

بیڑا چھپنا (ہ۔ محاورہ) ہندوؤں میں شادی کی ایک رسم۔ دُلہن کے جسم پر مصری اور پان کے بیڑے رکھ دیتے ہیں جس کو دولہا چُن چُن کر کھاتا ہے۔

بیڑا دینا (ہ۔ محاورہ) ناچنے گانے والیوں کو سائی دینا۔

بیڑا ڈالنا (ہ۔ محاورہ) پُرانے زمانے میں رواج تھا کہ کسی مُہم کے پیش آنے پر لوگوں کو جمع کر کے پان کی گلوریاں سامنے رکھ دی جاتیں۔ جو گلوری اُٹھا لیتا وہی اس مہم کو سر کرنے کا ذمّے دار ہوتا۔

بیڑا کھلانا (ہ۔ محاورہ) پان کھلانا (۲) نسبت پکّی کرنا۔

بیڑنی (بیڑھنی) (بیڑ۔نی)(بیڑھ۔نی)(یائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) گانے والی عورتوں کا ایک فرقہ۔

بیڑوی (بیڑ۔وی)(ی مجہول)(ہ۔ا۔مث) پیٹھی سے بھری ہوئی روٹی۔ کچوری۔ پُوری۔ جمع: بیڑویاں۔ بیڑویوں۔

بیڑھا (بے۔ڑھا)(ہ۔صف) ٹیڑھا (اُردو میں ٹیڑھا کے ساتھ بولتے ہیں)۔

بیڑھی (بے۔ڑھی)(ہ۔صف) بیڑھا کا مؤنث۔ ٹیڑھی۔ ٹیڑھی کے ساتھ مستعمل ہے۔ (ٹیڑھی بیڑھی)۔

بیڑھی روٹی (ہ۔ا۔مث) دال بھری روٹی۔

بِیڑی (بی۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) دیسی سگرٹ جو تمباکو کو ڈھاک کے پتے میں لپیٹ کر بنایا جاتا ہے (۲) بیڑا کی تصغیر۔ پان کی گلوری۔ جمع: بیڑیاں۔ بیڑیوں

بیڑی (بے۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) لوہے کی زنجیر جو مجرموں اور ہاتھی گھوڑے وغیرہ کے پاؤں میں ڈالتے ہیں (۲) چمڑے کا ڈول یا ٹوکرا جس سے کھیتوں کو پانی دیتے ہیں (۳) (کنایۃً) جورُو۔ بچّے۔ بیاہ شادی (۴) پازیب (۵) چاندی کی کڑی جو بچّوں کو منّت کے طور پر پہناتے ہیں (۶) دُنیاوی تعلّقات۔ جمع: بیڑیاں۔ بیڑیوں۔

بیڑی بڑھانا (ہ۔ محاورہ) منّت کی زنجیر یا حلقہ میعادِ مقررہ کے بعد نذر نیاز دلا کر اُتارنا۔

بیڑی پڑنا (ہ۔ محاورہ)(۱) قید ہونا۔ پابند ہونا (۲) بال بچّوں میں گرفتار ہونا۔ شادی ہونا۔

بیڑی سونے کی بھی بُری (ار۔ مثل) قید بُری چیز ہے خواہ اُس میں کیسا ہی آرام ہو۔

بیڑی کٹنا (ہ۔ محاورہ)(۱) زنجیر اُترنا (۲) آزاد ہونا۔ رہا ہونا۔

بیز (یائے مجہول)(ف۔صف) فارسی مصدر بیختن کا صیغۂ امر جو اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور بکھیرنے' پھیلانے' چھاننے والا کے معنی دیتا ہے جیسے عطر بیز۔

بیزار (بے۔زار)(ف۔صف) مُتنفّر۔ ناخوش۔ خفا۔ ناراض۔

بیزاری (بے۔زا۔ری)(ف۔ا۔مث) نفرت۔ خفگی۔ پریشانی۔

بیس (ی مجہول)(ہ۔ا۔مث)(س: ویش) دیکھیے ویش۔

بیس (ی معروف)(ہ۔ا۔عدد) دس اور دس۔ بست (۲۰)۔

بیس باہُو (ہ۔ا۔مذ) بیس بازوؤں والا۔ لنکا کے راجا راون کا لقب۔

بیس بسوے (ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک بیگھ (۲) سارا گاؤں (۳)(ہ۔صف) کُل۔ تمام۔ پُورا (۴)(تابع فعل) غالباً۔ یقیناً۔

بیس راہ لگا دینا (ار۔ محاورہ) مختلف کاموں میں خرچ کر ڈالنا۔

بیس ہنڈیوں کا مزہ چکھنا (ار۔ محاورہ) بہت جگہ نوکری کرنا (۲) بہت عورتوں سے شادی کرنا یا ناجائز تعلّقات رکھنا۔

بِیسا (بی۔سا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کتا جس کے بیس ناخن ہوتے ہیں۔

بَیساکھ (بَے۔ساکھ)(ہ۔ا۔مذ) بکرمی سال کا پہلا مہینا۔ وسط اپریل تا وسط مئی۔

بَیساکھی (بَے۔سا۔کھی)(ہ۔ا۔مث) مشہور ہندوستانی تہوار جو بیساکھ کی پہلی تاریخ کو منایا جاتا ہے۔

بیساندو (بے۔ساں۔ڈو)(ہ۔صف) سُست۔ کاہل۔ نکما۔

بیشُون (ف۔ا۔مذ) "بے" کے تحت دیکھیے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بیسَر (بے۔سَر)(ہ۔ا۔مث) ناک میں پہننے کی چھوٹی نتھ۔نتھنی۔

بیسَن (بے۔سَن)(ہ۔ا۔مذ) چنے کی دال کا آٹا۔

بیسَنی (بے۔سَ۔نی)(ہ۔صف) بیسن والی۔ بیسن کی بنی ہوئی۔

بیسنی روٹی (ہ۔ا۔مث) بیسن کی روٹی۔ چنے کے آٹے کی روغنی اور مسالے دار روٹی۔ مسی روٹی۔

بیسوا (بیس۔وا)(ی مجہول)(ہ۔ا۔مث) گھٹیا درجے کی رنڈی۔ فاحشہ۔ قحبہ۔جمع: بیسواؤں۔بیسوائیں۔

بیسوا سَتی نہ کاگا جتی (ہ۔مثل) رنڈی اور کوا نیک نہیں ہو سکتے۔

بیسواں (بیس۔واں)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کسی کے مرنے کے بیسویں دن مسکینوں کو کھانا کھلانے کی رسم (۲)(صف) ۱۹ کے بعد کا درجہ۔ بیس عدد والا (۳) $\frac{1}{20}$- بیسواں حصہ۔

بیسوں (بی۔سوں)(ہ۔عدد اِستغراقی) بیس کے بیس۔ تمام (۲) بہت سے۔

بیسوں بسوے (ہ۔ا۔مذ)(۱) تمام کا تمام گاؤں (۲)(صف) بیشک۔

بیسوِیں (بیس۔ویں) دیکھئے بیسواں نمبر۲ جس کی یہ تانیث ہے۔

بیسویں (بیس۔ویں) بیسواں کی بدلی ہوئی صورت۔

بیسی (بی۔سی)(ہ۔ا۔مث)(۱) بیس کوڑی (۲) غلّہ ناپنے کا ایک پیمانہ (۳) زمین ناپنے کا ایک پیمانہ (۴)(ہ۔صف) بیس سال کی۔

بیسی کھیسی' ساٹھا پاٹھا (ہ۔مثل) عورت بیس سال کی عمر میں کمزور ہو جاتی ہے اور مرد ساٹھ سال کی عمر تک جوان رہتا ہے۔

بیش (ی مجہول)(ف۔صف) زیادہ۔افزوں۔بہت۔

بیش از بیش (ف۔صف) زیادہ سے زیادہ۔غایت درجہ۔

بیش باد (ف۔دُعا) زیادہ ہو۔ اللہ زیادہ کرے۔ بڑھتی دولت اور بڑھائے۔

بیش بہا (ف۔صف) بھاری قیمت کا۔قیمتی۔بہت بڑھیا۔

بیش تر (ف۔صف) اکثر۔زیادہ تر (۲) بارہا۔ (بیش کی تفضیلِ بعض)۔

بیش قرار (ف۔صف) معقول۔ زیادہ۔کافی۔

بیش قیمت (ف۔صف) بہت قیمت والا۔قیمتی۔ بیش بہا (۲) نفیس۔عمدہ۔

بیش وکم (ف۔صف) کم یا زیادہ۔ کچھ نہ کچھ۔ تھوڑا بہت۔ نیز دیکھئے کم و بیش جو زیادہ مستعمل ہے۔

بیشَہ (بے۔شہ)(ف۔ا۔مذ) جنگل۔ وہ جنگل جس میں شیر رہتا ہے۔

بیشی (بے۔شی)(ف۔ا۔مث) زیادتی۔افزونی۔ بڑھوتری۔

بَیض (فتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) دستخط یا نشان جو حکام فرمانوں پر کرتے ہیں۔

بَیضا (بَے۔ضا)(ع۔صف) روشن۔سفید۔

بَیضاوی (بَے۔ضا۔وی)(ف۔صف)(۱) شہر بیضا کا رہنے والا۔ آفتابی۔ شمسی (۲)(ا۔مذ) ایک مفسّرِ قرآن کا لقب جن کا نام عبداللہ بن عمر تھا (۳)(ا۔مث) ان کی تفسیر۔ تفسیر بیضاوی (۴) آفتابی دائرہ۔

بَیضوی (بَے۔ضَ۔وی)(ع۔صف) انڈے کی مانند۔انڈے کی طرح گول۔

بَیضہ (بَے۔ضہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) انڈا (۲) فوطہ۔خصیہ۔اُردو جمع: بیضوں۔بیضے۔

بیضہ نوَروز (ف۔ا۔مذ) ایرانی مہینے فروردین کی پہلی تاریخ جو مارچ کی بارھویں تاریخ ہوتی ہے۔پارسی اس دن جشن مناتے ہیں اور بچے بازی لگا کر انڈوں سے کھیلتے ہیں۔

بَیطار (بَے۔طار)(ع۔ا۔مذ) سلوتری۔ڈنگر ڈاکٹر۔

بَیع (فتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث) بکری۔فروخت۔

بیع بالوفا (بل۔وَ۔فا)(ع۔ا۔مث)(۱) وہ سودا جس میں میعادِ مقررہ پر روپیہ ادا نہ کرنے سے چیز فروخت کر دی جاتی ہے۔

بیع سُلطانی (ع۔ا۔مث) وہ فروخت جو بادشاہ کے حکم سے ہو۔

بیع شرطی (ع۔ا۔مث) وہ بکری جو کسی شرط کے پورا ہونے پر موقوف ہو۔ کچی بیع۔

بیع قطعی (ع۔ا۔مث) پکی بکری۔ مکمل بیع۔ فروختِ کامل۔

بیع کرنا (اُر۔مص مُرکّب) فروخت کرنا۔ بیچنا۔

بیع میعادی (ع۔ا۔مث) مشروط فروخت۔

بیع ناجائز (ع۔ا۔مث) خلافِ قانون فروخت۔وہ فروخت جس کا اِختیار نہ ہو۔

بیع ناقص (ع۔ا۔مث) نامکمل بیع۔ وہ بیع جس میں کوئی قانونی نقص ہو۔

بیع نامہ (ع۔ا۔مذ) قبالہ۔کسی چیز کی فروخت کی دستاویز۔

بیع نمائشی (ع۔ف۔ا۔مث) دکھاوے کی فروخت۔ فرضی بیع۔

بیع وشریٰ (بَیع۔او۔شِ۔را)(ع۔ا۔مث) خرید و فروخت۔لینا اور بیچنا۔

بَیعانَہ (بَے۔عا۔نہ)(ف۔ا۔مذ) سائی۔ وہ رقم جو کسی سودے کو پکا کر کے ساری قیمت ادا کرنے سے پہلے بیچنے والے کو دی جائے اور حساب بیباق کرتے وقت وضع کر لی جائے۔

بَیعت (بَے۔عت)(ع۔ا۔مث)(۱) خلیفہ' امیر یا پیر کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر اطاعت کا عہد کرنا (۲) مُرید بننا۔

بَیعت کرنا (اُر۔مص) کسی پیر کا مُرید ہونا۔

بَیعت لینا (اُر۔محاورہ) اطاعت اور فرماں برداری کا عہد لینا۔

بیکا (بی۔کا)(ہ۔صف)(۱) ٹیڑھا (۲) زخمی۔

بی۔کام (Bachelor of Commerce کا مخفف)(انگ۔صف) وہ شخص جس نے کامرس میں بی۔اے کیا ہو۔فاضلِ تجارت۔

بیکر (Baker)(انگ۔ا۔مذ) نانبائی۔ بسکٹ اور ڈبل روٹی بنانے والا۔

بیکری (Bakery)(انگ۔ا۔مث) ڈبل روٹی' بسکٹ وغیرہ بنانے کا تنور یا کارخانہ۔

بیکُنٹھ (بے۔کُنٹھ)(ہ۔ا۔مذ) بہشت۔جنت۔

بیکنٹھ باشی (ہ۔صف) مرحوم۔مغفور۔جنت آشیاں۔

بیگ (ی مجہول)(ت۔ا۔مذ) صاحب۔امیر۔سردار۔مغلوں کا خطاب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بیگ (Bag) (انگ۔ا۔مذ) تھیلا۔ بورا۔

بیگار (بے۔گار) (ف۔ا۔مث) اُجرت کے بغیر کام لینا۔ جبراً کسی کو کام کے لئے پکڑنا۔ وہ کام جو بغیر مزدوری دیئے کسی سے لیا جائے۔

بیگار ٹالنا (اُر۔ محاورہ) بے دلی اور بے توجّہی سے کوئی کام کرنا۔

بیگار کے لئے پکڑا جانا (اُر۔ محاورہ) بغیر اُجرت کام کرنے کے لئے کسی کو مجبور کیا جانا۔

بیگاری (بے۔گا۔ری) (اُر۔صف) (۱) بے گار میں کام کرنے والا (۲) بے دلی سے کام کرنے والا۔

بیگانگی (بے۔گا۔ن۔گی) (ف۔ا۔مث) غیریت۔ اُجنبیت۔ بے تعلّقی۔

بیگانہ (بے۔گا۔نہ) (ف۔صف) (۱) غیر۔ پرایا۔ اُجنبی (۲) خود رَو۔ اُر جمع: بیگانوں۔ بیگانے۔

بیگانہ خُو (ف۔صف) جس کی سرشت میں میل جول نہ ہو۔ اکھڑ۔ غیر مانوس۔

بیگانہ سر پنسیری کی جگہ (بیگانہ سر کدُو کے برابر) (اُر۔مثل) جب کوئی دُوسرے کے سر کی قسم کھاتا ہے تو کہتے ہیں یعنی اِس قسم کا اِعتبار نہیں۔

بیگانہ وار (بیگانہ وَش) (ف۔صف) اُجنبی کی طرح۔ غیروں کی مانند۔

بیگانی (بے۔گا۔نی) (اُر۔صف) بیگانہ کی تانیث۔

بیگانی کھیتی پر جھینگر ناچ (اُر۔مثل) دُوسرے کے بھروسے یا حقیقت پر غرور کرنا۔

بیگانے (اُر۔صف) (۱) بیگانہ کی جمع (۲) بیگانہ کی مُغیرہ صورت۔

بیگانے بردے آزاد کرنا (اُر۔ محاورہ) پرائے غُلام آزاد کر کے ثواب کمانا۔ دُوسرے کے مال پر فیّاضی کرنا۔

بیگم (بے۔گم) (ت۔ا۔مث) بیگ کی بیوی۔ خاتون۔ بانو۔ جمع: بیگمات۔

بیگمی (بے۔گ۔می) (اُر۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کے نہایت عُمدہ اور نفیس چاول (۲) ایک قسم کا کافوری عُمدہ پان۔

بیگھہ (بی۔گھہ) (ہ۔ا۔مذ) زمین کا ایک ناپ۔ چار کنال یا ۸۰ مرلے۔

بَیل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گائے کا نر (۲) (صف) بیوقوف۔ احمق۔ گاوَدی۔ جمع: بَیل۔ بَیلوں۔

بیل نہ کودا کودی گون۔ یہ تماشا دیکھے کون (اُر۔مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی اُمید کے خلاف کام کرے یا دخل درمعقولات دے۔ جس کو کودنا یا شکایت کرنا چاہئے وہ چپ رہے اور جس کو شکایت نہ کرنا چاہئے وہ اُلٹی شکایت کرنے لگے۔

بیل سرکاری یاروں کی ٹھِکاری (اُر۔مثل) کسی کے مال کو کوئی اور استعمال کرے۔ جب کوئی چیز کسی کو مُفت مل جائے تو اُس وقت کہتے ہیں۔

بیل (ی مجہول) (ہ۔ا۔مث) وہ پودا جس کی شاخیں زمین پر پھیلتی ہیں یا کسی سہارے سے اُوپر چڑھتی ہیں (۲) فیتہ یا زری کا کنارہ جو دوپٹوں وغیرہ میں لگاتے ہیں (۳) وہ گل بوٹے جو کپڑوں پر کاڑھتے ہیں (۴) نثار۔ تصدّق۔ نچھاور۔ صدقہ (۵) وہ اِنعام جو اربابِ نشاط کو دیا جائے۔ (پن) ویل (۶) ناؤ کھینے کا بانس۔ چپّو (۷) ایک درخت اور اُس کے پھل کا نام (۸) آل و عیال۔ نسل۔ جمع: بیلوں۔ بیلیں۔

بیل بٹّا (ہ۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو دُولھا دُلہن کے سر پر سے نچھاور کر کے اَربابِ نشاط کو دیا جائے۔

بیل بڑھنا (ہ۔ محاورہ) درخت یا پودے وغیرہ کی بیل کا پھیلنا (۲) بال بچّے زیادہ ہونا (۳) قد بڑھنا۔

بیل بُوٹے (ہ۔ا۔مذ) نقش و نگار۔

بیل دار (اُر۔صف) وہ چیز جس میں بیل یا لیس لگی ہو۔

بیل منڈھے چڑھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شادی کا وقت آنا (۲) مُراد کو پہنچنا۔

بیل (ی مجہول) (ف۔ا۔مذ) زمین کھودنے کا اوزار۔ بیلچہ۔

بیلدار (ف۔ا۔مذ) وہ شخص جس کا پیشہ زمین کھودنا ہو۔ محکمہ نہر کے کارندے جو گڑھے وغیرہ بھرتے ہیں۔

بیلا (بے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) بڑا کٹورا (۲) ایک قسم کا باجا جو سارنگی کی طرح ہوتا ہے (۲) وہ جنگل جو دریا کے کنارے ہو (۳) وہ نقدی جو بیاہ شادیوں کے موقع پر بطور خیرات تقسیم کی جائے (۵) چنبیلی کی قسم کا پودا (۶) دوآبہ (۷) جزیرہ۔

بیلا بٹنا (ہ۔مص) خیرات تقسیم ہونا۔ نقدی بٹنا۔

بیلٹ (Ballot) (انگ۔ا۔مذ) قرعہ اندازی۔ پوشیدہ رائے دہندگی۔

بیلٹ بکس (Ballot Box) (انگ۔ا۔مذ) ووٹ کی پرچیاں جمع کرنے کا صندوق۔

بیلچہ (بیل۔چہ) (ی مجہول) (ف۔ا۔مذ) چھوٹی کدال۔ چھوٹا پھاوڑا۔

بیلک (بے۔لک) (ف۔ا۔مذ) تیر کی اَنی (۲) بیلچہ۔

بیلن (بے۔لن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لکڑی کا وہ گول اوزار جس سے روٹی یا پُوری کو بڑھاتے ہیں (۲) پتھر کا وہ گول ڈھول نما اوزار جس سے سڑک ہموار کرتے ہیں یا چونا وغیرہ پیستے ہیں۔

بیلنا (بیل۔نا) (ہ۔مص) (۱) بیلن سے روٹی وغیرہ پھیلانا (۲) رُوئی سے بنولے وغیرہ علیحدہ کرنا (۳) (ا۔مذ) رُوئی سے بنولے علیحدہ کرنے کا آلہ۔ بڑا بیلن (۴) گنّے کا رس نکالنے کا کولھو۔

بیلنس (Balance) (انگ۔ا۔مذ) باقی۔ فاضلات۔ بچت۔

بیلنس شیٹ (Balance Sheet) (انگ۔ا۔مث) چٹھا۔ واصل باقی۔ روشن باقی۔

بیلون (Balloon) (انگ۔ا۔مذ) غُبارہ۔

بیلی (بے۔لی) (ہ۔ا۔مذ) نگہبان۔ محافظ۔ مددگار۔ ساتھی۔

بیم (ی معروف) (ف۔ا۔مذ) خوف۔ خطر۔ اندیشہ۔ ڈر۔

بیما (بی۔ما) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے بیمہ۔

بیمار (بی۔مار) (ف۔صف) مریض۔ روگی۔ علیل۔ اُردو جمع: بیمار۔ بیماروں۔

بیمار پُرسی (ف۔ا۔مث) عیادت۔ بیمار کا حال پُوچھنا۔ بیمار کی خبر لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بیمار پڑنا (اُر۔مص) علیل ہو جانا۔ روگ لگنا۔
بیمار خانہ (ف۔ا۔مذ) بیماروں کے رہنے اور علاج کرانے کی جگہ۔ شفاخانہ۔
بیمار دار (ف۔صف) بیمار کی خدمت کرنے والا۔ تیمار دار۔
بیمارداری (ف۔ا۔مث) تیمارداری۔ بیمار کی خدمت۔
بیمارستان (بی۔مار۔اِستان) (ف۔ا۔مذ) ہسپتال۔ شفاخانہ۔
بیماری (بی۔ما۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) روگ۔ مرض۔ علالت (۲) عادت۔ عِلّت۔ لت۔ اُردو جمع: بیماریاں۔ بیماریوں۔
بیماری سے اُٹھنا (اُر۔محاورہ) بیماری سے صحت پانا۔
بیمہ (بی۔مہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ٹھیکا۔ ضمانت۔ ایک مقام سے دُوسرے مقام پر مال پہنچانے کی ذمّے داری (۲) مقررہ مدّت یا مرجانے پر معیّنہ رقم دینے کی ذمّے داری۔ انشورنس۔
بَیں (بفتح اوّل) (ہ۔صف) بایاں کا مخفف یا مغیرہ صورت۔
بَیں ہتھا (ہ۔صف) کھبا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
بَیں ہتھی (ہ۔صف) بَیں ہتھا کی تانیث۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والی۔
بَین (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مذ) مُردے کی خوبیاں بیان کرکے رونا اور رُلانا۔ نوحہ۔
بَین (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) درمیان۔ بیچ (۲) فاصلہ۔ فرق۔
بینَ الاقوامی (ع۔اُر۔صف) مختلف اقوام کے درمیان۔ مختلف اقوام کا۔ (International)۔ (عرب بَینَ المِلَل کہتے ہیں)۔
بینَ السُّطور (ع۔ا۔مذ) سطروں کے بیچ کا فاصلہ۔ سطروں کے درمیان۔
بَین بَین (ع۔صف) (۱) متوسط۔ درمیانی۔ بیچ کا (۲) ملا جُلا۔
بِین (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر دیدن کا صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور دیکھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے تماش بین۔
بِین (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مث) مُنہ سے بجانے کا ایک ساز جسے سپیرے بجاتے ہیں (۲) ستار کی قسم کا ایک ساز جس کے دونوں طرف تونبے ہوتے ہیں۔ (س: وینا)۔
بَیِّن (بَیْ۔یِن) (ع۔صف) ظاہر۔ صاف۔ آشکار۔
بینا (بے۔نا) (ہ۔ا۔مذ) مٹھائی جو تقریبات میں تقسیم کی جاتی ہے۔
بینا (بی۔نا) (ہ۔ا۔مذ) جھومر کی قسم کا ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔
بینا (بی۔نا) (ف۔صف) (۱) دیکھنے والا (۲) مبصر۔ دانا۔ عقلمند۔
بیّنات (بَیْ۔یِ۔نات) (ع۔صف) (۱) بیّنہ کی جمع۔ روشن دلائل (۲) گواہان صادق (۳) ایک قسم کی اَبجد کا حساب۔
بینائی (بی۔نا۔ای) (ف۔ا۔مث) (۱) بصارت۔ آنکھ کی روشنی (۲) دانائی۔ ہوشیاری۔
بینتی (بین۔تی) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے بنتی۔

بینٹ (بے۔نٹ) (اُر۔ا۔مث) بندوق کی کرچ۔ سنگین۔ انگریزی لفظ Bayonet کا بگاڑ۔
بینجنی (بیں۔جَ۔نی) (پہلا نون غنہ) (اُر۔صف) اُودا۔ سیاہی مائل سُرخ۔ بینگن کے رنگ کا۔
بینچ (Bench) (انگ۔ا۔مذ) دیکھیے بنچ۔
بیندھنا (بیندھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) سُوراخ کرنا۔ چھید کرنا (۲) طعنے دینا۔
بینڈ (Band) (انگ۔ا۔مذ) (۱) گروہ۔ منڈلی خصوصاً باجے والوں کی (۲) بینڈ باجا۔
بینڈ ماسٹر (Bandmaster) (انگ۔ا۔مذ) باجے والوں کا افسر۔
بینڈ (ہ۔ا۔مث) سرکنڈوں یا ترسول کا مُٹھا۔
بینڈا (بیں۔ڈا) (ی مجہول) (ہ۔صف) (۱) ترچھا۔ آڑا۔ ٹیڑھا (۲) سخت۔ مشکل۔ بے ڈھب (۳) ناشائستہ۔ اُجڈ۔ اکھڑ (۴) (ا۔مذ) وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے ترچھی لگائی جاتی ہے تاکہ دروازہ کھل نہ سکے۔
بینڈا (بیں۔ڈا) (ی معروف) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک کیڑا جو برسات میں درختوں پر ٹیں ٹیں کرتا ہے۔
بینڈی (بیں۔ڈی) (ی مجہول) (ہ۔صف) بینڈا کی تانیث۔ ٹیڑھی۔ ترچھی۔
بینڈی چال (ہ۔ا۔مث) ٹیڑھی چال۔ ترچھی چال۔ بُری وضع۔
بینڈی سُنانا (اُر۔محاورہ) سخت جواب دینا۔
بینڈی کھوپڑی (ہ۔صف) کم فہم۔ جاہل۔ اکھڑ۔
بینڈی (بیں۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بالوں کا جوڑا (۲) بالوں کی گُتھی۔
بینڈیا (بینڈ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) تیسرا یا پانچواں بیل جو جوت کے آگے سہارا دینے کے لئے جوڑا جاتا ہے۔
بینش (بی۔نش) (ف۔ا۔مث) (۱) نظر۔ نگاہ۔ دیکھنے کی طاقت (۲) دانائی۔
بینک (Bank) (انگ۔ا۔مذ) لین دین کی کوٹھی۔ ساہوکارہ۔
بینک ریٹ (Bank Rate) (انگ۔ا۔مذ) شرح سُود۔ بٹّہ۔
بینک کار (اُر۔ا۔مذ) صرّاف۔ مہاجن۔ ساہوکار (۲) بینک کا منتظم۔ انگریزی بینکر سے اُردو بنایا گیا ہے۔
بینک کریڈٹ (Bank Credit) (انگ۔ا۔مذ) قرض ساکھ۔ بینک سے وہ سمجھوتا جس کی رو سے ضمانت دینے پر قرض لیا جا سکے۔
بینک نوٹ (Bank Note) (انگ۔ا۔مذ) بینک کا کاغذی سِکّہ۔ نوٹ۔
بینکر (Banker) (انگ۔ا۔مذ) دیکھیے بینک کار۔
بینگ (یائے مجہول) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) مینڈک۔
بینگن (بیں۔گن) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی ترکاری جو اُودے رنگ کی گول یا لمبوتری ہوتی ہے۔ بتاؤں۔ بادنجان۔ جمع: بینگن۔ بینگنوں۔
بینٹنا (بین۔ٹا) (ی معروف) (ہ۔مص) چننا۔ علیحدہ کرنا۔ چھانٹنا۔
بینندہ (بی۔نن۔دہ) (ف۔صف) (۱) دیکھنے والا (۲) دانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بَیِّنَہ (بَیْ۔یِ۔نَہ) (ع۔ا۔مث) روشن دلیل۔ گواہ۔ جمع: بیّنات۔

بینی (بِی۔نی) (اَر۔ا۔مث) (۱) وہ لمبی لکڑی جو کواڑ میں اس لئے لگاتے ہیں کہ بند کرتے وقت بیچ میں جھری نہ رہے اور مل کر دونوں کواڑ ایک ہو جائیں (۲) کتاب کی جلد کا وہ حصّہ جو آگے کو بڑھا ہوتا ہے اور کتاب بند کرنے پر اُوپر آجاتا ہے۔

بینی (بِی۔نی) (ف۔ا۔مث) دیکھنا۔ دیکھنے کا عمل۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے باریک بینی۔

بینی (بِی۔نی) (ف۔ا۔مث) ناک۔

بینی بُریدہ (ف۔صف) ناک کٹا۔ نکٹا۔

بینی پاک (ف۔ا۔مذ) ناک صاف کرنے کا رومال۔

بینی کوہ (ف۔ا۔مث) پہاڑ کی چوٹی۔ قلّۂ کوہ۔

بیوپار (ہ۔ا۔مذ) تجارت۔ لین دین۔ سوداگری۔ جمع: بیوپار۔ بیوپاروں۔ نیز دیکھئے بیوہار۔

بیوپاری (ہ۔ا۔مذ) تاجر۔ سوداگر۔ بنجارا۔ جمع: بیوپاری۔ بیوپاریوں۔

بُیُوت (بُ۔یُوت) (ع۔ا۔مث) بیت کی جمع۔ مکانات۔

بُیُوتات (بُ۔یُو۔تات) (ع۔ا۔مث) بیوت کی جمع اور بیت کی جمع الجمع (۲) شاہی محل جس میں بیگمات رہتی ہیں۔

بیورا (بیو۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خبر۔ پیغام (۲) حال احوال (۳) خوشخبری (۴) بھید۔ پتا۔ نشان (۵) تفصیل۔ وضاحت (۶) تخمینہ۔ جمع: بیوروں۔ بیورے۔

بیورا کرنا (ہ۔مص) (۱) اِطلاع دینا۔ خبر کرنا (۲) تخمینہ کرنا۔

بیورے وار (ہ۔صف) تفصیل وار۔ مفصّل۔

بیورو (Bureau) (بیو۔رو) (انگ۔ا۔مذ) سرکاری محکمہ۔ دفتر۔

بیوروکریٹ (Bureaucrate) (انگ۔ا۔مذ) سرکاری افسر۔

بیوروکریسی (Bureaucracy) (انگ۔ا۔مث) نوکرشاہی۔ افسر شاہی۔

بیوَستھا (بے۔وَس۔تھا) (ہ۔ا۔مث) فتویٰ۔ مذہبی حکم۔ شاستر کے بموجب فیصلہ۔ س: ویوستھا۔

بیوگ (بِ۔یوگ) (ہ۔ا۔مذ) جدائی۔ مفارقت۔ مجبوری۔ فراق۔

بیوگی (بے۔وَ۔گی) (ف۔ا۔مث) بیوہ ہو جانا۔ بیوہ ہونے کی حالت۔ رنڈاپا۔

بیونت (بِ۔یونت) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کاٹ۔ تراش۔ قطع وبرید (۲) اندازہ۔ ناپ (۳) حساب۔ پرت۔ تقسیم (۴) موقع۔ ڈھب (۵) کفایت شعاری کا طریقہ۔

بیونت پھیلنا (ہ۔ محاورہ) پرت کھلنا۔ حساب ٹھیک ٹھیک بیٹھ جانا۔

بیونتنا (بِ۔یونت۔نا) (پہلا نون غنّہ) (ہ۔مص) تراشنا۔ کاٹنا۔ قطع کرنا۔ کپڑے کی قطع وبرید کرنا۔

بیونگا (بِ۔یوں۔گا) (ہ۔ا۔مذ) چمڑا گھرچنے اور صاف کرنے کا اوزار۔

بیوہ (بے۔وَہ) (ف۔ا۔مث) رانڈ۔ وِدھوا۔ جس عورت کا خصم مرگیا ہو۔ جمع: بیوگان۔ اُردو جمع: بیواؤں۔ بیوائیں۔

بیوہ قابض (اَر۔ا۔مث) وہ بیوہ جو اپنے خاوند کی جائیداد پر قابض ہو۔

بیوہار (بیو۔ہار) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بیوپار۔ تجارت۔ بنج۔ سوداگری۔ لین دین (۲) کام کاج۔ پیشہ (۳) معاملہ۔ واسطہ۔ تعلّق (۴) قاعدہ۔ دستور۔ طریقہ۔ ڈھنگ (۵) خط وکتابت۔ نامہ وپیام (۶) بیاہ۔ شادی۔ نسبت۔ مناکحت۔

بیوہار کی بات (ہ۔ا۔مث) معاملے کی بات۔ کاروباری بات۔ دستور کی بات۔ اُصول کی بات۔ قاعدے کی بات۔

بیوی (بی۔وی) (اَر۔ا۔مث) زوجہ۔ پتنی۔ اِستری۔ جمع: بیویوں۔ بیویاں۔

بیوی بیوی عید آئی۔ چل دُور۔ تجھے اپنی دال دَلیا سے کام (اَر۔مثل) دُنیا کے عیش وعشرت سے غریبوں کو کیا سروکار۔

بیوی جی بیوی جی چاول گل گئے۔ دُرکُتیا مُردار وے دن ٹل گئے (اَر۔مثل) عورتیں اُس عورت کے متعلق کہتی ہیں جو خوشحالی نصیب ہونے پر اپنا پہلا غریبی کا زمانہ بھول جاتی ہے۔

بیوی کا دانہ کھانے والا (اَر۔ا۔مذ) جورو کی روٹیوں پر پڑنے والا۔ جورو کی کمائی کھانے والا۔ سُسرال میں پڑا رہنے والا۔

بیوی کا غلام (اَر۔ا۔مذ) زن مُرید۔ عورت کے اشاروں پر چلنے والا۔

بیوی کو باندی کہو ہنس دے۔ باندی کو باندی کہو جل مرے (اَر۔مثل) شریف کو کمینہ کہو تو وہ ہنس دیتا ہے۔ کمینے کو کمینہ کہو تو ناراض ہو جاتا ہے۔

بیوی نیک بخت، دمڑی کی دال تین وقت (اَر۔مثل) نیک عورت کفایت شعاری کرتی ہے۔

بیوی وارے باندی کھائے۔ گھر کی بلا باہر نہ جائے (اَر۔مثل) دیکھئے بی بی وارے۔

بیہ (ی مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سُوراخ (۲) کان یا ناک کا سُوراخ۔

بیہڑ (بے۔ہَڑ) (ہ۔صف۔وا۔مث) (۱) ناہموار زمین (۲) بنجر زمین (۳) جنگل۔ چراگاہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پ

پ (پے)(ف۔ا۔مونث) اُردو اور فارسی کا تیسرا اور ہندی کا اِکتیسواں حرف۔ فارسی میں اِس کا تلفُّظ پا ہے۔ عربی زبان میں یہ حرف نہیں ہے۔ عرب اِسے بائے فارسی کہتے ہیں اور اِسے "ب" یا "ف" سے بدل لیتے ہیں۔ اَبجد کے حساب میں اِس کے دو عدد مقرّر ہیں۔ بعض ہندی اَلفاظ کے بعد آئے تو اِسم کیفیت کے معنی دیتا ہے جیسے ملاپ۔ فارسی میں یہ کئی حرفوں سے بدل جاتا ہے۔ جیسے تب' تپ۔ سفید' سپید۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف عِلت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

پ۔ا

پا (ہ۔فعل) پانا مصدر سے اَمر کا صیغہ (۲)(ہ۔ا۔مذ) پاؤ کا مخفف۔ مُرکّبات میں جیسے آدھ پا (۳)(ہ۔لاحقہ) مُرکّبات میں بطور لاحقہ آکر اِسم کیفیت کے معنی دیتا ہے مثلاً مُٹاپا۔ بُڑھاپا۔

پا (ف۔ا۔مذ)(۱) پائے۔ پاؤں۔ قدم۔ پَیر (۲) پائیداری۔ قدرت۔ قوت۔ مضبوطی اِستقلال۔ ٹھہراؤ (۳) بیخ۔ بُنیاد۔ شرط (۴)(ف۔لاحقہ) فارسی مصدر پائیدن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ٹھہرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے دیرپا۔ دیر تک ٹھہرنے یا قائم رہنے والا۔

پا اَفراز (ف۔ا۔مث) جوتی۔ پاپوش۔

پا اَفتادہ (ف۔صف) بے کس۔ بے سہارا۔ عاجز۔

پا اَفشار (ف۔ا۔مث) کھڑاؤں۔ نعلین۔

پا انداز (ف۔ا۔مذ) لوہے' ٹاٹ' ربڑ یا مونج کا ٹکڑا جو دروازے کے آگے جُوتے صاف کرنے کے لئے رکھ دیتے ہیں۔

پابجولاں (پا۔بَہ۔جَو۔لاں)(ف۔صف)(۱) پاؤں میں بیڑی۔ پاؤں میں زنجیر۔ پابہ زنجیر (۲) مقیّد۔ محبوس (۳) مجبور۔ محتاج (۴) ملازم۔ نوکر۔ خدمت گار (۵) بیاہا ہوا۔

پابدامن (پا۔بَہ۔دا۔مَن)(ف۔صف) دامن میں پاؤں سمیٹے ہوئے۔ گوشہ نشین۔ جس نے چلنا پھرنا چھوڑ دیا ہو۔

پابدستِ دِگرے دست بدستِ دِگرے (ف۔ تابع فعل)(۱) پاؤں ایک کے ہاتھ میں اور ہاتھ دُوسرے کے ہاتھ میں (۲) کشاں کشاں (۳) جبر سے (۴) دُوسروں کے سہارے سے۔

پابرکاب (پا۔بَہ۔رَ۔کاب)(ف۔صف) رکاب میں پاؤں ڈالے ہوئے۔ جانے پر آمادہ۔ چلنے پر مُستعد۔

پابرنجن (پا۔بَہ۔رَنجن)(ف۔ا۔مث) پاؤں کا ایک زیور۔ پازیب۔

پابرہنہ (بَ۔رَہ۔نَہ)(ف۔صف) ننگے پاؤں۔

پابزنجیر (پا۔بَہ۔زنجیر)(ف۔صف) جس کے پاؤں میں زنجیر پڑی ہوئی ہو۔ مقیّد۔ پابند۔ نیز دیکھئے پابجولاں۔

پابست (پابستہ)(ف۔صف) مستحکم۔ مضبوط (۲) گرفتار۔ مقیّد۔

پابگِل (پا۔بَہ۔گِل)(ف۔صف) کیچڑ میں پاؤں۔ جس کے پاؤں زمین میں دھنسے ہوئے ہوں (۱) قیدی۔ بے بس (۲) حیران۔

پابند (پائے بَند)(ف۔صف)(۱) عادی۔ خُوگر (۲) نوکر۔ ملازم۔ محکوم۔ ماتحت۔ مُطیع (۳) گرفتار۔ قیدی (۴) قائم۔ ٹھہرا ہوا۔ مستقل۔ مضبوط (۵) (ف۔ا۔مذ) بیڑی۔ زنجیر (۶) وہ رسّی جس سے گھوڑے کے پچھلے پاؤں باندھتے ہیں۔

پابند کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) مقیّد کرنا (۲) روکنا (۳) نوکر رکھنا (۴) شادی کرنا (۵) کسی کام کا ذمّے دار بنانا۔

پابندی (ف۔ا۔مث)(۱) روک تھام (۲) بندش۔ مناہی (۳) ملازمت۔ غلامی۔ فرماں برداری (۴) قید۔ گرفتاری (۵) اِستقلال۔ قیام۔ اِستحکام (۶) بیڑی۔ جَولاں (۷) لحاظ۔ خیال (۸) عادت۔ اُر جمع: پابندیاں۔ پابندیوں۔

پابوس (ف۔صف)(۱) قدم چُومنے والا (۲) پاؤں پڑنے والا۔ قدم بوس۔ (۳) جُھکنے والا۔ خوشامدی۔

پابوسی (ف۔ا۔مث)(۱) پاؤں چُومنا۔ قدم لینا۔ قدم بوس ہونا (۲) جُھکنا۔ (۳) بڑوں کی ملاقات (۴) خاطر تواضع۔ تعظیم۔

پاپوش (ف۔ا۔مث) جُوتا۔ پیزار۔ کفش۔ جمع: پاپوشوں۔ پاپوشیں۔ (تحقیر اور بیزاری کے اِظہار کے لئے بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے مثلاً میری پاپوش سے)۔

پاپوش بھی نہ مارنا (اُر۔محاورہ) جُوتا بھی نہ مارنا۔ نہایت بے وقعت سمجھنا۔

پاپوش پر مارنا (اُر۔محاورہ) ذلیل اور حقیر سمجھنا۔ بے عزّت جاننا (۲) ذلیل کرنا (۳) ٹھکرانا (۴) خاطر میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا۔

پاپوش جانے (اُر۔کلمہ حقارت) کچھ خبر نہیں۔ پتا نہیں۔

پاپوش سے (پاپوش کی نوک سے) (اُر۔متعلق فعل) بلا سے۔ جُوتی سے۔ کچھ پروا نہیں۔

پاپوش کاری (ف۔ا۔مث) جُوتیاں پڑنا۔ جوتیوں کی مار۔

پاپوش کے برابر نہ سمجھنا (اُر۔محاورہ)(۱) ذرا بھی خاطر میں نہ لانا (۲) نہایت حقیر اور ذلیل سمجھنا۔

پاپوش کی گرد سمجھنا (اُر۔محاورہ) حقیر جاننا۔ کوئی اہمیت نہ دینا۔

پاپوش کی نوک پر مارنا (اُر۔محاورہ) پاپوش پر مارنا۔ پروا نہ کرنا۔ ذلیل جاننا۔

پاپوش مارنا (اُر۔محاورہ)(۱) جُوتی مارنا (۲) بے توجہی کرنا۔ بے پروائی کرنا۔

پاپیادہ (ف۔صف) پیدل۔ سواری کے بغیر۔ پاؤں پاؤں۔

پاتابہ (پائے تابہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) تلا۔ چمڑا جو پاؤں کے نیچے جُوتے کے اندر ڈالا جاتا ہے (۲) کپڑے کا جُوتا جو موزے کے اُوپر پاؤں میں پہنتے ہیں جس سے موزہ محفوظ رہتا ہے (۳) موزہ۔ جُراب۔

پاتُراب (پائے تُراب)(ف۔ا۔مذ)(۱) مقام بدلنا۔ جگہ تبدیل کرنا (۲) نیک شگون کے لئے گھر سے نکل کر قیام کرنا اور پھر سفر کرنا۔

پاجامہ (پائے جامہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) پتلون کی مانند سیدھی کاٹ اور چھوٹے گھیر والا ایک لباس جو جسم کے نچلے حصّے میں پہنا جاتا ہے۔ شلوار کی طرح اِس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میں بھی نیفہ ہوتا ہے جس میں ازار بند ڈالا جاتا ہے۔ اُر جمع: پاجاموں۔ پاجامے۔

پاجامے (اُر۔ اِ۔ مذ) (۱) پاجامہ کی جمع (۲) پاجامہ کی مُغیّرہ صورت۔

پاجامے سے باہر (ہو جانا) نکل پڑنا (اُر۔ محاورہ) آپے سے باہر ہو جانا۔ حد سے زیادہ غُصّہ کرنا۔ بہت خفا ہونا۔

پاجامے میں ڈال کر پہن لینا (اُر۔ محاورہ) بد لحاظ ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا۔ اَدب لحاظ نہ کرنا۔

پاچراغ (ف۔ صف) ایک پاؤں پر کھڑا۔

پاچک (ف۔ اِ۔ مذ) اوپلا۔ اُپلا۔ کنڈا۔ ارنا۔

پاخانہ (ف۔ اِ۔ مذ) جائے ضرور۔ بیت الخلاء۔ ٹٹی۔ کھڈی۔ سنڈاس۔ اُردو جمع: پاخانوں۔ پاخانے (۲) براز۔ گوہ۔ گندگی۔ فُضلہ۔

پاخانہ پھرنا (اُر۔ محاورہ) ہگنا۔ رفع حاجت کرنا۔ ٹٹی کرنا۔

پاخانہ خطا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بے اختیار گوہ کا باہر نکل پڑنا (۲) سخت خوف زدہ ہونا۔

پاخانہ لگنا (اُر۔ محاورہ) رفع حاجت کی خواہش ہونا۔ ٹٹی آنا۔

پاخانے میں لوٹا نہ رکھواؤں (اُر۔ محاورہ) بہت حقیر سمجھنے کی جگہ بولا جاتا ہے۔

پادراز (ف۔ صف) پاؤں پھیلائے ہوئے۔ آرام میں۔ مزے میں۔

پادر رکاب۔ دیکھئے پا بر رکاب۔

پادر گِل۔ دیکھئے پابگِل۔

پادر ہوا (ف۔ صف) ہوا میں پاؤں۔ بے بنیاد۔ خیالی۔ وہمی۔

پاروب (ف۔ اِ۔ مذ) وہ لکڑی جس سے گھوڑوں کے نیچے سے گھاس اور لید صاف کی جاتی ہے۔

پازیب (پائے زیب) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) پاؤں کی زینت (۲) ایک زیور جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے۔ خلخال۔ چھاگل۔ گوجری۔

پاشکستہ (ف۔ صف) چلنے پھرنے سے معذور۔ بے بس۔ مجبور۔

پاشویہ (ف۔ اِ۔ مذ) پاؤں دھونا۔ پاؤں کو گرم پانی میں ڈال کر بیٹھنا۔

پاکوب (پائے کوب) (ف۔ صف) پاؤں پٹخنے والا۔ ناچنے والا۔ رقاص۔

پاکوبی (ف۔ اِ۔ مث) پاؤں مارنا۔ پاؤں پٹخنا۔

پامال (ف۔ صف) روندا ہوا۔ پاؤں سے مَسلا ہوا۔ پاؤں سے رگڑا ہوا (۲) برباد۔ تباہ۔ خراب۔ خستہ۔ شکستہ حال۔

پامال کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) روندنا (۲) تباہ کرنا۔ خاک میں ملانا۔ ویران کرنا۔

پامالی (ف۔ اِ۔ مث) (۱) پاؤں سے روندنا (۲) تباہ و برباد کرنا (۳) مُصیبت۔ تکلیف۔ تباہی۔ بربادی۔

پامرد (ف۔ صف) ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔ باہمت۔

پامردی (ف۔ اِ۔ مث) (۱) استقلال۔ ثابت قدمی۔ مضبوطی (۲) ہمت۔ بہادری (۳) طاقت۔ زور۔

پاموز (ف۔ صف) کبوتر، مرغ اور دُوسرے پرند جن کے پاؤں کو پروں نے موزوں کی طرح ڈھک رکھا ہو۔

پاورق (ف۔ اِ۔ مذ) کتاب میں حاشیے کے نیچے اگلے صفحے کا پہلا لفظ۔

پایاب (ف۔ صف) پانی میں پاپیادہ چلنے کا راستہ۔ کم گہرا۔ اُتھلا۔

پایابی (ف۔ اِ۔ مث) کم گہرائی۔ اُتھلا پن۔ اِتنی گہرائی جس میں آدمی پاؤں سے چل کر دریا کو عبور کر سکے۔

پاپ (س۔ اِ۔ مذ) (۱) گُناہ۔ جُرم۔ قصور (۲) دُکھ۔ عذاب۔ آفت (۳) بُرائی۔ عیب۔ نقص۔ خرابی (۴) ظلم۔ جبر۔ جمع: پاپ۔ پاپوں۔

پاپ اُبھرے پر اُبھرے (ہ۔ مثل) بُرا کام پوشیدہ نہیں رہتا۔

پاپ بسانا (ہ۔ محاورہ) عذاب مول لینا۔ جنجال میں پڑنا۔ بُرا کام کرنا۔

پاپ رُوپ (ہ۔ صف) (۱) بدشکل۔ بدصورت (۲) ظالم۔ جابر۔ بے رحم (۳) پاپی۔ گُناہ گار۔

پاپ روگ (ہ۔ اِ۔ مذ) بدکاری سے پیدا ہونے والا مرض۔ آتشک۔

پاپ کا گھڑا (بیڑا) بھر کر ڈوبتا ہے (ہ۔ مثل) ظالم کو ایک دن ضرور سزا ملتی ہے۔

پاپ کاٹنا (ہ۔ محاورہ) (۱) جھگڑا چکانا۔ قضیہ طے کرنا (۲) جُدا کرنا (۳) قرضہ ادا کرنا۔ نجات دینا (۴) قصور معاف کرنا۔ خطا بخشنا (۵) تکلیف سے بچانا۔

پاپ کٹنا (ہ۔ محاورہ) جھگڑا طے ہونا۔ قضیہ پاک ہونا۔ عذاب دُور ہونا۔ مُصیبت ٹلنا۔

پاپ کرنا (ہ۔ مص) جُرم کرنا۔ گُناہ کرنا۔ بُرا کام کرنا۔

پاپ کمانا (ہ۔ محاورہ) بُرا کام کرنا۔ گُناہ کرنا۔ زنا کرنا۔

پاپ کی پوٹ (ہ۔ اِ۔ مث) سراپا گناہ۔ مجسّم گناہ۔ گُناہ کی گٹھڑی۔

پاپ کی ناؤ آج نہیں تو کل' کل نہیں تو پرسوں ڈوبے گی (ہ۔ مثل) گُناہ گار کو سزا ضرور ملتی ہے۔ ظالم کو اپنے کرتوتوں کا خمیازہ ایک نہ ایک دن بھگتنا پڑتا ہے۔

پاپ لگنا (ہ۔ محاورہ) عذاب پلّے بندھنا۔ دِقّت پیش آنا۔ روگ لگنا۔

پاپا (Papa) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) باپ۔ پدر۔ والد۔ ابّا۔ بابا (۲) پوپ۔ کیتھولک عیسائیوں کا بڑا پادری۔

پاپائیت (ف۔ اِ۔ مث) پاپا یا پوپ کا منصب۔ پاپا کا اختیار۔

پاپا (ہ۔ اِ۔ مذ) چاول کا کیڑا۔ گھن۔

پاپاخ (پاپاخ) (ت۔ اِ۔ مث) سیاہ دُنبے کی کھال کی لمبی ٹوپی۔

پاپڑ (پاپَڑ) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) اُردو' مونگ' چنے وغیرہ کے آٹے کی نہایت پتلی اور ہلکی مسالے دار چپاتی جو گھی میں تلی جاتی ہے۔ پاپڑی (۳) (صف) نہایت خشک (۴) باریک۔ پتلا۔ نہایت کمزور۔

پاپڑ بیلنا (ہ۔ مص) (۱) بیلن سے بیل کر پاپڑ بنانا (۲) (محاورہ) مُصیبت برداشت کرنا (۲) تنگی اور مفلسی میں دن گزارنا۔ رنج و مُصیبت میں عُمر کاٹنا (۳) ہیر پھیر کرنا۔

پاپڑا (پاپ۔ ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) ایک پودا۔ گارڈینا (۲) ایک قسم کا کیلے کا درخت (۳) ڈھاک کے درخت کا پھل (۴) شاہترا۔

پاپڑا کھار (پاپڑ کھار) (ہ۔ اِ۔ مذ) وہ نمک جو پاپڑ میں ڈالتے ہیں۔

پاپلین (Poplin) (انگ۔ اِ۔ مث) ایک قسم کا کپڑا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پاپن (پاپنی) (پا۔پَن)(پاپ۔نی)(ہ۔صف) پاپی کی تانیث۔

پاپی (پا۔پی)(ہ۔صف)(۱) پاپ کرنے والا۔ گناہ گار۔ قصور والا۔ مُجرم (۲) ظالم (۳) بدکار۔ بدچلن (۴) بے رحم۔ کٹھور۔

پاپی کنواں (ہ۔ا۔مذ) وہ کنواں جس میں ہر سال کوئی نہ کوئی ڈوبتا ہو۔

پاپی کی ناؤ بھر کر ڈوبے (پاپی کی ناؤ ڈوبی پر ڈوبی) (ہ۔مثل) بُرائی کا نتیجہ ضرور بُرا ہوتا ہے۔

پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے (ہ۔مثل) گناہ گار کو اُس کے عروج کے وقت گناہ کی سزا ملتی ہے۔ گناہ گار کو نہایت سخت سزا ملتی ہے۔

پاپی کے من میں پاپ ہی بسے (ہ۔مثل) شریر آدمی ہر وقت شرارتیں ہی سوچتا رہتا ہے۔ گناہ گار ہر وقت گناہ کی سوچتا ہے۔

پات (ہ۔ا۔مذ)(۱) پتّہ۔ برگ (۲) کان میں پہننے کا زیور۔

پات تیرتے ہیں۔ پتھر ڈوبتے ہیں (ہ۔مثل) غریب اور ادنیٰ درجے کے لوگ مزے میں رہتے ہیں۔ بڑے لوگ دُکھ اُٹھاتے ہیں۔

پاتال (س۔ا۔مث)(۱) ہندو دیومالا کے مطابق زمین کے سات طبقوں میں سے سب سے نیچے کا طبق جہاں ناگ رہتے ہیں۔ تحت الثریٰ۔ اَسفل السافلین (۲) دوزخ۔ نرک (۳) غار۔ گڑھا۔

پاتال جنتر (ہ۔ا۔مذ) آگ پر رکھ کر کسی شے سے تیل نکالنے کا طریقہ۔ کل حکمت۔

پاتال کی خبر لانا (اُر۔محاورہ)(۱) بات کی تہ تک پہنچنا (۲) دُور کی خبر لانا۔

پاتر (پا۔تَر)(س۔ا۔مث) کسبی۔ رنڈی۔ بیسوا۔ قحبہ (۲)(صف) دُبلا پتلا۔ ناتواں۔

پاترتا (پا۔تَر۔تا)(س۔ا۔مث) پاک دامن، عصمت مآب عورت۔

پاترتا کو گزی نہیں، بیسوا اوڑھے خاصا (ہ۔مثل) نیک تکلیف میں رہتے ہیں اور بُرے مزے اُڑاتے ہیں۔

پاتک (پا۔تَک)(س۔ا۔مذ) کسی گھر میں موت واقع ہونے سے اُس گھر والوں کو ایک خاص مدّت تک ناپاک سمجھنا (۲) عیب۔ گناہ۔ خطا۔

پاتن (پا۔تَن)(ہ۔ا۔مث)(۱) پاپوش۔ جوتی (۲) خزاں۔ پت جھڑ (۳) زوال۔ گراؤ۔

پاتھر (پا۔تھر)(ہ۔ا۔مذ) پتھر۔ سنگ۔ حجر۔

پاتھنا (پاتھ۔نا)(ہ۔مص) تھاپنا۔ اُپلے تھوپنا (۲) اینٹیں بنانا۔

پاتی (ہ۔ا۔مث)(۱) چٹھی۔ خط۔ رُقعہ (۲) پیغام۔ سندیسا (۳) پتا۔ کھوج۔

پاٹ (Pot) (انگ۔ا۔مذ) برتن۔ ظرف (۲) پاخانے کا طشت۔

پاٹ (ہ۔ا۔مذ)(۱) عرض۔ چوڑائی (۲) چکی کا پاٹ یا پتھر (۳) تخت۔ مسند۔ گدی (۴) پٹڑا۔ وہ پتھر جس پر کپڑے دھوئے جاتے ہیں (۵) کولھو، بیلن کی لمبی لکڑی جس پر بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے (۶) لکڑی کا لٹھا جو کنوئیں کی من پر رکھا جاتا ہے (۷) ریشم (۸) تخت۔ چوکی۔ تختہ (۹) الاپ۔ اُونچا سُر۔ تان (۱۰) کپڑے کی ایک طرف یا کنارہ (۱۱) ریشمی کپڑے کے کونے (۱۲) دریا کی چوڑائی (۱۳) اَناج کی بوری۔

پاٹ دار آواز (اُر۔ا۔مث) بلند آواز۔ دُور تک جانے والی آواز۔

پاٹ دینا (اُر۔محاورہ) ڈھیر کر دینا۔ کثرت سے کوئی چیز ڈال دینا (۲) کسی کو مال و زر دے کر دولت مند بنا دینا (۳) بھر دینا۔ پُر کر دینا (۴) چھت ڈالنا۔

پاٹ رانی (ہ۔ا۔مث) بڑی رانی۔ وہ رانی جس کی اولاد گدی کی وارث ہو۔

پاٹا (ہ۔ا۔مذ) تختہ۔ پٹڑا۔ دھوبی کا پٹڑا۔

پاٹنا (پاٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) ڈھانپنا۔ چھت ڈالنا (۲) پوشیدہ کرنا۔ چھپانا (۳) ڈھیر کرنا (۴) مالا مال کرنا (۵) بکثرت دینا (۶) سینچنا۔ سیراب کرنا (۷) کڑیاں رکھنا۔ تختے پھیلانا۔ چھپر ڈالنا (۸) گڑھے کو بھرنا۔

پاٹھ (س۔ا۔مذ)(۱) سبق۔ درس (۲) ورد۔ وظیفہ۔ پُوجا۔ عبادت۔ دُعا۔

پاٹھ سالا (پاٹھ شالا) (س۔ا۔مث) مدرسہ۔ مکتب۔ اسکول۔

پاٹھا (ہ۔ا۔مذ)(۱) جوان (۲) پہلوان (۳) ہاتھی کا نر بچہ۔

پاٹھک (پاٹھی) (پا۔ٹھک)(پا۔ٹھی)(س۔ا۔مذ)(۱) اُستاد۔ مُعلّم (۲) واعظ۔ اُپدیشک (۳) برہمنوں کا ایک فرقہ جو رزمیہ نظمیں اور پُران پڑھتا ہے۔

پاٹی (ہ۔ا۔مث)(۱) چارپائی کے بازو (۲) تختی (۳) ایک قسم کی چٹائی (۴) (بالوں کے درمیان) مانگ۔ (پن) چیر (۵) ایک مٹھائی۔

پا جانا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) حاصل کر لینا (۲) وصول کر لینا (۳) بات سمجھ لینا (۴) بھگتنا۔

پاجی (ف۔صف) کمینہ۔ ذلیل۔ شریر۔ بدمعاش۔

پاجی بطواف کعبہ حاجی نمی شود (ف۔مثل) کمینہ آدمی کعبے کا طواف کر کے حاجی نہیں بن جاتا۔ رذیل آدمی کسی صورت شریف نہیں بن سکتا۔

پاجی پرست (ف۔صف) سِفلہ پرور۔ کمینوں کا مددگار۔ رذیلوں کا حامی۔ بدمعاشوں کا ساتھی۔ پاجیوں کی خوشامد کرنے والا۔

پاجی پنا (پاجی پن) (اُر۔ا۔مذ)(۱) کمینگی۔ سفلہ پن۔ رذالت (۲) شرارت۔ بدمعاشی۔ شہدپن۔

پاجی مزاج (ف۔ع۔صف) سِفلہ مزاج۔ کم ظرف۔ اوچھا۔ کمینہ۔

پاجیانہ (ف۔صف) رذیلوں کی طرح۔

پاچک (پاچن) (پا۔چک)(پا۔چن)(س۔صف)(۱) ہاضم۔ ہضم کرنے والا (۲) چُورن (۳)(ا۔مذ) رسوئیا۔ باورچی۔

پاچھنا (پاچھ۔نا)(ہ۔مص) پچھنے لگانا۔ فصد کھولنا۔ چیرا لگانا (۲) پوست کے ڈوڈے کو گود کر دودھ کی شکل میں افیون حاصل کرنا۔

پاچھی (ہ۔ا۔مث) دولتّی۔ چوپائے کی دونوں ٹانگوں کی لات۔

پاچھی کرنا (ہ۔مص مُرکّب) پچھلے پاؤں سے مارنا (۲) پوست کے ڈوڈے کو گودنا۔

پاچھے (پاچھیں) (پا۔چھے)(پا۔چھیں)(ہ۔ا۔مذ) پیچھے۔

پاد (ہ۔ا۔مذ) گوز۔ ہوا جو پاخانے کے مقام سے باآواز بلند خارج ہوتی ہے۔ (س۔ا۔مذ)(۲) پاؤں۔ درخت کی جڑ۔ دامنِ کوہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پاد اُڑانا (چھوڑنا۔ مارنا) (اُر۔ محاورہ) گوز اُڑانا۔ ریاح خارج کرنا۔ پادنا۔

پاد بند ہونا (اُر۔ محاورہ) گوز نہ آنا (۲) خوف غالب آنا۔ ڈرنا۔ گھبرانا۔

پادا پُونی (پا۔دا۔پُو۔نی) (ہ۔صف) ناتواں۔ نازک۔ کم زور۔ نحیف۔

پاداش (ف۔ا۔مث) نتیجہ۔ سزا۔ بدلہ۔ عوض۔ مکافات۔ صلہ۔ معاوضہ۔

پادامی (ف۔ا۔مذ) شکاری جو چڑیوں کو جال سے پکڑتا ہے۔ چڑی مار۔

پادری (پر۔ا۔مذ) عیسائی مذہب کا پیشوا۔ اسقف۔ عیسائی مُبلغ۔ بشپ۔

پادشاہ (پادشہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے بادشاہ۔

پادنا (اُر۔مص) (سُوقیانہ) (۱) گوز مارنا۔ باآواز بلند ریح خارج کرنا (۲) گھبرانا۔ ہمت ہارنا۔ پیٹھ دکھانا۔

پار (ف۔صف) گزرا ہوا۔ پچھلا۔

پارسال (اُر۔ا۔مذ) پچھلا سال۔ گزرا ہوا سال۔

پار (س۔ا۔مذ) (۱) دریا کا دُوسرا کنارہ (۲) دُوسری طرف (۳) آخری حد۔ کسی چیز کا اختتام (۴) گہرائی۔ عُمق۔ تہ (۵) (ق) غیر۔ بیگانہ۔

پار اُتارنا (ہ۔مص مُرکب) کنارے لگانا۔ دُوسرے کنارے پر پہنچانا۔ عبور کرانا (۲) (محاورہ) خاتمے پر پہنچانا۔ انجام کو پہنچانا۔ ختم کرنا (۳) مار ڈالنا۔

پار اُترنا (ہ۔مص مُرکب) دریا عبور کرنا۔ دُوسرے کنارے پر پہنچنا (۲) (محاورہ) پار ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ تمام ہونا (۳) نجات ہونا۔ چھٹکارا پانا (۴) ادا کرنا۔ بے باق ہونا (۵) کامیاب ہونا۔ مطلب پانا (۶) مرنا۔ خاتمہ بالخیر ہونا۔

پار اُتروں تو بکری دُوں (اُر۔مثل) جھوٹے وعدے۔ کام نکل جانے کے بعد وعدہ پورا نہ کرنا۔

پار کرنا (ہ۔مص مُرکب) دریا کے دُوسرے کنارے پر پہنچنا (۲) (محاورہ) سوراخ کرنا (۳) باہر نکالنا۔ حد سے پرے کرنا (۴) بازی جیتنا (۵) گزارنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ ختم کرنا۔ مار ڈالنا (۶) چوری کرنا۔

پار لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دُوسرے کنارے پر پہنچانا (۲) خاتمہ بالخیر کرنا۔ نجات دینا۔ مشکل حل کرنا۔

پار لنگھانا۔ دیکھئے پار اُتارنا۔

پار نکلنا (ہ۔مص مُرکب) آر پار ہونا۔ ایک طرف سے گھس کر دُوسری طرف نکل جانا۔

پار لے جانا (اُر۔مص مُرکب) پار اُتارنا (۲) (محاورہ) جیتنا۔ سبقت لے جانا۔

پار ہو جانا (ہونا) (ہ۔مص مُرکب) (۱) دریا عبور کرنا (۲) (محاورہ) کسی چیز میں سے گزرنا (۳) توڑ کر نکل جانا (۴) کام ہو جانا۔ مُراد پا جانا (۵) ختم ہو جانا (۶) بچ جانا (۷) چلا جانا۔ بھاگ جانا۔

پارا (ہ۔ا۔مذ) (۱) سیماب۔ ایک رقیق اور ہر وقت متحرک رہنے والی دھات جو سفید اور بھاری ہوتی ہے (۲) (صف) بے قرار۔ بے چین۔

پارا اُڑانا (اُر۔ محاورہ) گرمی پہنچا کر پارے کو گیس بنا دینا۔

پارا بھرا ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت وزنی ہونا۔ بہت بھاری ہونا۔

پارا پلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بھاری کرنا۔ بوجھل کرنا (۲) کسی چیز میں پارے کو جذب کر دینا۔

پارا پینا (اُر۔ محاورہ) بھاری ہونا۔ وزنی ہونا۔

پارا مارنا (اُر۔ محاورہ) پارے کو کُشتہ کرنا۔

پارار (پا۔رار) (ف۔ا۔مذ) تیسرا برس۔ تیورس۔

پاربتی۔ دیکھئے پاروتی۔

پارٹ (Part) (انگ۔ا۔مذ) (۱) حِصّہ۔ جُزو۔ ٹکڑا (۲) حِصّے کا کام۔ مقررہ خدمت (۳) ایکٹر کا کام۔

پارٹنر (Partner) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ساتھی۔ رفیق (۲) شریک۔ ساجھی۔

پارٹی (Party) (انگ۔ا۔مث) (۱) جماعت۔ جتھہ (۲) دعوت۔ جلسہ (۳) فریق (۴) شریک۔

پارٹی پالیٹکس (Party Politics) (انگ۔ا۔مث) جمہوری ممالک میں قومی حکومتیں پارٹی کی اکثریت کے اُصول پر چل رہی ہیں۔ جس پارٹی کو اکثریت حاصل ہو وہی حکومت کی تشکیل کرتی ہے۔ اسے پارٹی پالیٹکس یا جماعتی سیاست کہتے ہیں۔

پارچہ (پار۔چہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کپڑا۔ لتّا (۲) لباس۔ پوشاک۔ بستر (۳) ٹکڑا۔ پارہ (۴) قاش۔ پھانک (۵) گھاٹ۔ پنگھٹ (۶) ایک ریشمی کپڑا (۷) گوشت کا ٹکڑا (۸) بچان (شکاری کا)۔

پارچہ باف (ف۔صف) کپڑا بُننے والا۔ جولاہا۔

پارچہ بافی (ف۔ا۔مث) کپڑا بُننا۔ جولاہے کا کام۔

پارچہ فروش (ف۔صف۔ہ۔ا۔مذ) کپڑا بیچنے والا۔

پارس (بسکونِ سوم و چہارم) (ف۔ا۔مذ) ملکِ ایران۔ فارس۔ ہوشنگ بادشاہ کے بیٹے کا نام جس کے نام سے یہ ملک منسوب ہوا۔

پارس (پا۔رَس) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک پتھر جس کی نسبت مشہور ہے کہ لوہے کو سونا بنا دیتا ہے۔ اکسیر (۲) (صف) نفیس۔ عمدہ (۳) فیاض۔ داتا۔ سخی۔ غنی۔

پارس پیپل (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت۔

پارس ناتھ (ہ۔ا۔مذ) (۱) (ناتھ بمعنی مالک) پارس کا مالک (۲) جین مت کا تیسرا پیشوا اور اُس کی مورتی۔

پارس ناتھ سے چکّی بھلی جو آٹا دیوے پیس۔ گودھ کر سے مرغی بھلی جو انڈے دیوے بیس (ہ۔مثل) بلند مرتبہ بے فیض آدمی سے وہ شخص اچھا جس سے لوگوں کو فائدہ پہنچے خواہ وہ کم درجے ہی کا ہو۔

پارسا (پار۔سا) (ف۔صف) (۱) متقی۔ پرہیزگار۔ نیک۔ پاک۔ صالح۔

پارسال۔ پار (ف) کے تحت دیکھئے۔

پارسائی (پار۔سا۔ای) (ف۔ا۔مث) نیکی۔ پاکی (۲) عفت۔ زہد۔ پرہیزگاری۔

پارسل (Parcel) (انگ۔ا۔مذ) ڈھیر۔ حِصّہ۔ تُودہ۔ پلندا۔ وہ چیز جس پر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر ڈاک یا ریل وغیرہ کے ذریعے بھیجتے ہیں۔

پارسی (پار۔سی) (ف۔صف) مذہب زردشت کا پیرو۔ گبر۔ آتش پرست۔ مجوسی (۲) پارس یا فارس کا باشندہ (۳) فارس کی بنی ہوئی یا فارس کی کوئی شے (۴) (ا۔مث) فارسی زبان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پارک (Park) (انگ۔ ا۔ مذ) گھرا ہوا سبزہ زار جو شہریوں کی سیر و تفریح کے لئے ہو (۲) وسیع باغ۔

پارکھ (پارکھی) (پا۔ رَکھ) (پار۔ کھی) (ہ۔ صف) پرکھنے والا۔ جوہر شناس۔ نقاد۔ ناقد۔

پارلیمان (پار۔ لی۔ مان) (انگریزی پارلیمنٹ (Parliament) کا مؤرّد۔ ا۔ مث) کسی آزاد ملک کی سب سے بڑی مجلس قانون ساز جس کے ارکان کو آزادانہ رائے شماری کے ذریعے عوام منتخب کرتے ہیں۔

پارلیمانی (پار۔ لی۔ ما۔ نی) (Parliamentary کا مؤرّد۔ صف) (۱) پارلیمان سے متعلق۔ پارلیمان کا وضع کردہ یا منظور کردہ (۲) پارلیمان کے شایانِ شان (زبان، الفاظ وغیرہ)۔

پارلیمانی حکومت (اَر۔ ا۔ مث) وہ جمہوری نظامِ حکومت جس میں حکومت پارلیمان کے سامنے 'بالخصوص ایوانِ زیریں (دارالعوام یا قومی اسمبلی کے سامنے) جواب دہ ہوتی ہے۔ (Parliamentary Government)۔

پارلیمنٹ (Parliament) (انگ۔ ا۔ مث) دیکھئے پارلیمان۔

پارلیمنٹری (Parliamentary)۔ دیکھئے پارلیمانی۔

پارنا (پار۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چراغ کے دھوئیں سے کاجل بنانا (۲) مکمل کرنا۔

پاروتی (پار۔ وَ۔ تی) (س۔ ا۔ مث) ہندی دیومالا کی ایک دیوی درگا جو برف پوش پہاڑوں کے راجا ہماوت کی بیٹی اور مہادیو شوجی کی استری ہے۔

پارہ (پا۔ رَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پارچہ۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ جزو (۲) پرچہ۔ پُرزہ (۳) قاش۔ پھانک (۴) پیوند۔ جوڑ (۵) پتھر کی چھوٹی سی دیوار۔

پارہ پارہ کرنا (اَر۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں اُڑانا۔ پرخچے اُڑانا۔

پارۂ جگر (ف۔ ا۔ مذ) جگر کا ٹکڑا (۲) بہت عزیز۔ کلیجے کا ٹکڑا۔

پارہ دوز (ف۔ صف۔ وا۔ مذ) (۱) ٹکڑوں کو جوڑنے والا۔ کترنوں کو سینے والا۔ پیوند لگانے والا (۲) درزی (۳) موچی (۴) خیمے کی مرمت کرنے والا۔

پاری (پا۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) گُڑ کی بڑی بھیلی۔ گُڑ کا بڑا گول ٹکڑا۔

پارے (ہ۔ ا۔ مذ) پارا کی مغیرہ صورت۔

پارے کا پیالہ (اَر۔ ا۔ مذ) وہ پیالہ جو پارے کو بوٹیوں کے ذریعے منجمد کر کے پیالے کی شکل کا بنا لیتے ہیں۔

پارے کا قائم النار ہونا (اَر۔ محاورہ) جڑی بوٹیوں کے ملنے سے پارے میں یہ خاصیت پیدا ہو جانا کہ وہ آگ پر نہ اُڑے بلکہ کشتہ ہو جائے۔

پارے کا کافور (اَر۔ ا۔ مذ) دیکھئے پارے کا کشتہ۔

پارے کا کشتہ (اَر۔ ا۔ مذ) وہ راکھ جو پارے کو قائم النار کر کے آگ دے کر بنائی جاتی ہے۔

پارے کی دیوار (اَر۔ ا۔ مث) گارے یا چُونے کے بغیر اینٹوں یا پتھروں کی چُنی ہوئی دیوار۔

پارینہ (پا۔ ری۔ نہ) (ف۔ صف) پُرانا۔

پاڑ (پاڑھ) (ہ۔ ا۔ مث) مچان (۲) وہ مچان یا لکڑی یا بانس کی بنائی ہوئی اُونچی نشست جس پر بیٹھ کر معمار بلندی پر کام کرتے ہیں (پَن) گو (۳) پھانسی کا تختہ (۴) پہاڑ (۵) لکڑی کا جال جو کنوئیں پر ڈالتے ہیں۔

پاڑ آنا (ق۔ محاورہ) مُصیبت آنا۔

پاڑ پڑنا (ق۔ ہ۔ محاورہ) صدمہ اُٹھانا۔ مُصیبت جھیلنا۔

پاڑا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کھیت (۲) کھیت کی حد (۳) وہ مکانات جو گاؤں سے کچھ فاصلے پر ہوں۔

پاڑنا (ہ۔ مص) (۱) نیچے گرانا (۲) قتل کرنا۔

پاڑھا (پا۔ ڑھا) (ہ۔ ا۔ مذ) چیتل۔ ایک قسم کا ہرن۔

پاژند (پا۔ ژند) (نُون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مذ) پارسیوں کی مذہبی کتاب۔ ژند کی تفسیر۔

پاس (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پہر۔ وقت۔ تین گھنٹے کا وقت (۲) خیال۔ لحاظ۔ اَدب۔ خاطر (۳) جانب داری۔ طرف داری (۴) پہرا چوکی۔

پاسِ آبرو (ف۔ ا۔ مذ) عزّت کا لحاظ۔ حُرمت کا خیال۔

پاسِ ادب (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) اَدب کا خیال۔ اَدب کا لحاظ۔

پاسِ انفاس (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) ہر سانس کے ساتھ اللہ کا لفظ جاری ہونا۔

پاس بان (پاسبان) (ف۔ ا۔ مذ) رکھوالا۔ نگہبان۔ پہرے دار۔ چوکیدار۔

پاس بانی (پاسبانی) (ف۔ ا۔ مذ) رکھوالی۔ نگہبانی۔ چوکیداری۔

پاسِ خاطر (ف۔ ا۔ مذ) لحاظ۔ رعایت۔ مُروّت۔

پاس داری (ف۔ ا۔ مث) (۱) لحاظ۔ مُروّت۔ خیال۔ اَدب (۲) جانبداری۔ طرف داری۔ حمایت (۳) نگہبانی۔ رکھوالی۔ دیکھ بھال۔

پاسِ شرع (ف۔ ا۔ مذ) شرع کا لحاظ۔ شرعی حکم کی تعمیل۔

پاس کرنا (اَر۔ مص) لحاظ کرنا۔ اَدب کرنا۔ رعایت کرنا۔

پاسِ نمک (ف۔ ا۔ مذ) کھانا کھانے کا لحاظ۔ ملازم رہنے کا لحاظ۔

پاس (Pass) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) اجازت کا پروانہ۔ راہداری کا ٹکٹ۔ اجازت نامہ۔ منظوری کی چٹھی (۲) کامیابی۔

پاس بُک (Pass Book) (انگ۔ ا۔ مث) بہی۔ حساب کی کتاب۔ بینک سے لین دین کی کتاب۔

پاس پورٹ (پاسپورٹ) (Passport) (انگ۔ ا۔ مذ) پروانۂ راہداری (بیرونِ ملک جانے کے لئے)۔ اُردو جمع: پاسپورٹ۔ پاسپورٹوں۔

پاس کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) منظور کرنا۔ پسند کرنا (۲) کامیاب کرنا یا ہونا (۳) ترقی کرنا۔

پاس ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) کامیاب ہونا۔ اِمتحان میں پُورا اُترنا۔

پاس (ہ۔ متعلق فعل) (۱) قریب۔ نزدیک (۲) قابو میں۔ قبضے میں۔ تصرّف میں۔ ملکیت میں۔

پاس آ لگنا (اَر۔ محاورہ) قریب آنا۔

پاس آنا (اَر۔ محاورہ) نزدیک آنا۔ قریب آنا (۲) ہم بستر ہونا۔

پاس بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) قریب بیٹھنا (۲) تعلیم حاصل کرنا۔ تربیت پانا۔

پاس پاس (اَر۔ تابع فعل) (۱) قریب قریب۔ نزدیک نزدیک (۲) گرداگرد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چاروں طرف (۳) بھوکر۔ بل کر۔

پاس پڑوس (ار۔ ا۔ مذ)(۱) اِردگرد۔ قرب وجوار۔ آس پاس (۲) ہم سائگی۔

پاس پھٹکنے نہ دینا (ار۔ محاورہ) نزدیک بھی نہ آنے یا جانے دینا۔

پاس جانا (ار۔ مص)(۱) قریب جانا (۲)(محاورہ) ہم بستر ہونا۔ جماع کرنا۔

پاس رہے جانئے یا باٹ چلے جانئے (ہ۔ مثل) ساتھ رہنے یا سفر کرنے سے ہی کسی کی نیکی بدی کا پتا چلتا ہے۔ نیز دیکھئے باٹ چلے جانئے یا باہا پڑے جانئے۔

پاس کوڑی نہ بازار لیکھا (ہ۔ مثل) قلاش۔ نادار۔ کنگال۔

پاس نہ کھڑے ہونا (ار۔ محاورہ) متنفر ہونا۔ دُور رہنا۔ پرہیز کرنا۔

پاسا (پانسا) (پا۔ سا)(پاں۔ سا)(س۔ ا۔ مذ)(۱) قُرعہ۔ کعب (۲) پہلو۔ طرف (۳) چوسَر کی بازی میں وہ شش پہلو ٹکڑا جسے باری باری کھلاڑی پھینکتے ہیں (۴) اعلیٰ درجے کا سونا۔

پاسا اُلٹا پڑنا (ار۔ محاورہ) بازی ہار جانا (۲) مطلب حاصل نہ ہونا۔

پاسا پڑنا (ار۔ محاورہ) داؤں لگنا۔ جیت ہونا (۲) کامیاب ہونا۔ فتح پانا۔ مرضی کے مطابق ہونا (۳) بخت رسا ہونا۔ اِقبال یاور ہونا۔

پاسا پلٹنا (پاسا اُلٹنا) (ار۔ محاورہ)(۱) پاسا خواہش کے خلاف پڑنا۔ ہار ہونا (۲) شکست ہوتے ہوتے فتح ہونا (۳) مفلس سے اِقبال مند ہونا۔

پاسا پھینکنا (ار۔ مص مُرکب) قُرعہ ڈالنا (۲)(ار۔ محاورہ) قسمت آزمانا۔

پاستان (پاس۔ تان)(ف۔ ا۔ مذ) پُرانا۔ قدیم۔ گزرا ہوا۔

پاسخ (پا۔ سَخ)(بضم سوم)(ف۔ ا۔ مذ) جواب۔

پاسنا (پاس۔ نا)(ہ۔ مص) جانور کا دودھ اُتارنا۔ دودھ کا تھن میں آنا۔

پاسنجر (پسنجر) (Passenger)(انگ۔ ا۔ مذ) مسافر۔ سواری۔

پاسنجر ٹرین (پسنجر ٹرین) (انگ۔ ا۔ مث) مسافر گاڑی۔ وہ ریل گاڑی جو عام طور پر ہر اسٹیشن پر رُکے۔

پاسنگ (پا۔ سَنگ)(نون غنہ)(ف۔ صف)(۱) مجوی۔ تھوڑا سا۔ نہایت خفیف۔ بہت کم۔ ذرا سا۔ ہیچ۔ کچھ نہیں (۲) برابر ہمسر (۳)(ف۔ ا۔ مذ) تل۔ فرق۔ کمی۔ ترازو کے پلڑوں کا فرق (۴) ترازو کے پلڑوں کی کمی بیشی کو پورا کرنے کی غرض سے جو وزن ترازو کی ڈنڈی میں باندھا جاتا ہے یا کم وزن پلڑے میں ڈالا جاتا ہے۔

پاسنگ بھی نہیں (ار۔ محاورہ)(۱) کچھ بھی نہیں۔ ہیچ ہے (۲) بہت تھوڑا ہے (۳) برابر نہیں۔

پاسی (ہ۔ ا۔ مث)(۱) جالی۔ گھاس یا بھوسا باندھنے کی رسّی کی جالی (۲) پھندا۔ گانٹھ۔ گرہ (۳) پچھاڑی (۴) ایک قوم جو تاڑی بیچتی ہے (۵) چڑی مار۔ بھیلیا۔

پاسی (ف۔ صف) نگہبان۔ پاسبان۔

پاش (ف۔ لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر پاشیدن کا اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھڑکنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے آب پاش، گُلاب پاش (۳)(ا۔ مذ) ٹکڑا۔ جزو۔

پاش پاش (ف۔ صف) ریزہ ریزہ۔ چور چور۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔ پُرزے پُرزے۔

پاش پاش کرنا (ار۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ چور چور کرنا۔

پاشا (ت۔ ا۔ مذ) حاکم۔ گورنر۔ نواب۔ سردار۔ تُرکی سرداروں کا خطاب۔

پاشنہ (پاش۔ نَہ)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) ایڑی (۲) عقب۔ پیچھے (۳) گھوڑے کی ایک چال۔

پاشنہ کوب (ف۔ صف) پیچھے دوڑنے والا۔ تعاقب کرنے والا۔

پاشی (ف۔ ا۔ مث) فارسی مصدر پاشیدن کا اِسم کیفیت۔ چھڑکنا۔ مُرکبات میں آتا ہے جیسے نمک پاشی۔

پاک (س۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی مٹھائی۔

پاک (ف۔ صف)(۱) صاف۔ نرمل۔ غیر آلود۔ نتھرا ہوا (۲) بے گناہ۔ معصوم (۳) بے لگاؤ۔ الگ تھلگ (۴) محفوظ۔ بَری۔ مامون (۵) جائز۔ حلال (۶) پوتر (۷) نیک۔ شریف (۸) بے شرم۔ ڈھیٹ (۹) آزاد۔ بے باک (۱۰) بے باق۔ فارغ (۱۱) پاکستان کا مخفف۔

پاک باز (ف۔ صف)(۱) صاف دل۔ صاف طبیعت۔ سچا۔ صاف گو (۲) صاحبِ عصمت۔ مجرد۔ آزاد (۴) نیک نیت۔ نیک نظر۔ نیک باطن (۵) عاشق صادق (۶) بے تعلق۔ بے لاگ (۷) بھنگڑوں کی اِصطلاح میں بھنگ چھاننے کی صافی۔

پاک بیں (ف۔ صف) پاک نظر سے دیکھنے والا۔

پاک بینی (ف۔ ا۔ مث) پاک نظر سے دیکھنا۔

پاک داماں (پاک دامن) (ف۔ صف) عفیف۔ باعصمت۔ پارسا۔

پاک دامنی (پاک دامانی) (ف۔ ا۔ مث) عِفت۔ عصمت۔ پارسائی۔

پاک ذات (ف۔ صف) ہر عیب سے مبرا۔ اللہ تعالیٰ کی تعریف۔

پاک رہ بے باک رہ (ار۔ مقولہ) اِیمان دار اور دیانتدار اِنسان کو کوئی ڈر نہیں ہوتا۔

پاک زاد (ف۔ صف)(۱) نیک طینت۔ نیک اصل (۲) خالص نسل کا۔ جو دوغلا نہ ہو۔

پاک زادہ (ف۔ صف و ا۔ مذ) دھوبی۔ کپڑے دھونے والا۔

پاک صاف (ف۔ صف)(۱) بہت ستھرا (۲) بے تعلق۔ بے لوث (۳) نیک نیت (۴) اچھوتا۔ غیر مستعمل (۵) خالص۔ بے میل۔ پوتر۔

پاک کرنا (ار۔ مص) مطہر کرنا۔ پوتر کرنا (۲) جائز کرنا۔ مباح کرنا۔ دُرست کرنا (۳) آلائش صاف کرنا۔ خرابی دُور کرنا (۴) مُوئے زہار مونڈنا (۵) چھکنا (۶) کوڑا کرکٹ دُور کرنا۔

پاک محبت (ار۔ ا۔ مث) بے غرض پیار۔ بے مطلب کی محبت۔ وہ محبت جس میں جنسی رشتہ نہ ہو۔

پاک نظر (پاک نگاہ) (ف۔ صف) پاک بین (۲) نیک نیت۔ جس کی نیت نیک اور صاف ہو۔

پاک نہاد (نیک سرشت) (ف۔ صف) نیک مزاج۔ نیک طینت۔ نیک نیت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پاک ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) صاف ہونا۔ نجاست دُور ہونا۔ میل دُور ہونا (۲) تمام ہونا۔ حساب ختم ہو جانا۔

پاکٹ (Pocket) (انگ۔ اِ۔ مث) جیب۔ خریطہ۔ کیسہ۔

پاکٹ بُک (Pocket Book) (انگ۔ اِ۔ مث) جیب میں رکھنے کی نوٹ بُک۔

پاکستان (پاک۔ اِستان) (ف۔ اِ۔ مذ) پاک مقام۔ پاک وطن۔ نیز دیکھئے ستان۔

پاکستانی (ف۔ صف) پاکستان سے متعلق۔ پاکستان کی کوئی چیز یا باشندہ۔

پاکنا (پاک۔ نا) (ہ۔ مص) شربت میں اُبالنا۔

پاکھ (ہ۔ اِ۔ مذ) پندرھواڑہ۔ قمری مہینے کا نصف حِصّہ۔

پاکھا (پا۔ کھا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) بازو۔ پہلو (۲) جانب۔ طرف (۳) بازو کی دیوار (۴) سایہ (۵) چھپّر جو دیوار پر جُھکا ہوا ہو۔ اُسارا (۶) ڈیوڑھی (۸) چھوٹا مکان۔

پاکھر (پا۔ کھر) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) چار آئینہ۔ آہنی پوشاک جو لڑائی کے وقت ہاتھی اور گھوڑوں کو پہناتے ہیں (۲) ترپال۔ ٹاٹ کی جُھول (۳) ایک درخت جس کی چھال تِلّی کے مرض میں مُفید ہے۔

پاکھنڈ (پا۔ کھنڈ) (نون غنّہ) (س۔ اِ۔ مذ) (۱) خرابی۔ نُقص۔ مذہب میں نئی ایجاد کرنا۔ بدعت (۲) دغا۔ فریب۔ چھل۔ کپٹ (۳) بناوٹ۔ دکھاوا۔ تصنّع (۴) بدمعاشی۔ بدذاتی۔ شرارت۔

پاکھنڈ پھیلانا (ہ۔ محاورہ) بدعت پھیلانا۔ مکر کا جال بچھانا۔ فریب دینا۔

پاکھنڈی (پا۔ کھن۔ ڈی) (ہ۔ صف) بدعتی۔ مُنافق۔ ریاکار۔ کپٹی۔ گندم نما جو فروش۔ فریبی۔ شریر۔ جھگڑالو۔

پاکی (پا۔ کی) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) صفائی۔ سُتھرائی۔ طہارت (۲) پرہیزگاری۔ تقویٰ۔ عِفّت۔ عصمت۔ نیکی (۳) اُسترہ۔

پاکی لینا (اَر۔ محاورہ) ناف کے نیچے کے بال صاف کرنا۔

پاکیزگی (پا۔ کی۔ زَ۔ گی) (ف۔ اِ۔ مث) صفائی۔ سُتھرائی۔ طہارت۔

پاکیزہ (پا۔ کی۔ زہ) (ف۔ صف) (۱) شُدھ۔ پوتر۔ صاف۔ سُتھرا۔ طاہر (۲) بے نُقص۔ بے عیب (۳) عُمدہ۔ خوب۔ خوش اسلوب (۴) بے گُناہ۔

پاکیزہ صورت (ف۔ ع۔ صف) حسین۔ خوب صورت۔ گورا چِٹّا۔

پاگ (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) دوپٹا۔ پگڑی۔ لُنگی۔ دستار (۲) پگ۔ پاؤں۔ قدم (۳) مٹھائی۔ شیرہ۔ شربت کا قوام جس سے ریوڑیاں بناتے ہیں۔

پاگ جوڑنا (ہ۔ محاورہ) پاؤں جوڑنا۔ جُھولے میں آمنے سامنے بیٹھ کر ایک خاص طریقے سے جُھولے کی رسّی میں پاؤں اُلجھانا۔

پاگر (پا۔ گر) (ہ۔ اِ۔ مث) جگالی۔ گائے بھینسوں کا چارا کھانے کے بعد آرام سے بیٹھنا اور چارے کو معدے میں سے نکال کر مُنہ میں لانا اور چبا کے باریک کرنا۔

پاگرانا (پا۔ گُ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھئے پگرانا۔

پاگل (پا۔ گل) (ہ۔ صف۔ وا۔ مذ) (س: پاگل) (۱) باؤلا۔ دیوانہ۔ سِڑی۔ خبطی (۲) بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ۔ نادان۔ کودن (۳) پریشان۔ مُضطر۔ متوحّش۔ حیران۔ سرگرداں۔ جمع: پاگل۔ پاگلوں۔

پاگل بنانا (اَر۔ محاورہ) اِتنا تنگ کرنا کہ دوسرا پریشان ہو جائے۔

پاگل پن (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) دیوانگی۔ خبط۔ جنون (۲) بے وقوفی۔ حماقت۔ نادانی۔

پاگل خانہ (ہ۔ ف۔ اِ۔ مذ) وہ عمارت جہاں پاگل رکھے جاتے ہیں (بغرضِ علاج)۔

پاگل کرنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے پاگل بنانا۔

پاگل ہو جانا (ہونا) (اَر۔ مص مُرکّب) ہوش و حواس کھو دینا۔ سودائی ہو جانا (۲) (محاورہ) مت ماری جانا (۳) مغلوب الغضب ہو جانا۔

پاگلوں (پاگ۔ لوں) (ہ۔ اِ۔ مذ) پاگل کی جمع۔

پاگلوں کے سر کیا سینگ ہوتے ہیں؟ (اَر۔ مثل) پاگلوں کی کوئی خاص نشانی نہیں۔ وہ باتوں اور حرکتوں سے پہچانے جاتے ہیں۔

پاگنا (ہ۔ مص) غلاف چڑھانا۔ لپیٹنا۔ لتھیڑنا۔ کسی چیز پر کھانڈ کا شیرہ چڑھانا۔

پال (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) چھوٹا خیمہ (۲) بادبان (۳) پُشتہ۔ بند۔ (۴) گھاس پھوس وغیرہ جس میں کچے پھل پکانے کے لئے رکھتے ہیں (۵) (اِ۔ مذ) سایہ۔ پناہ۔ اَمان (۶) سرکاری زمین (۷) مینڈھ (۸) کبوتروں کی کُھتی (۹) (ہ۔ فعل) مصدر پالنا کا صیغہ اَمر۔

پال ڈالنا (اَر۔ مص مُرکّب) گدرائے ہوئے پھل کو پُھونس میں دبانا (۲) (محاورہ) عرصے تک رکھ چھوڑنا۔

پال کا (اَر۔ صف) پال میں رکھ کر پکایا ہوا پھل۔

پال لینا (اَر۔ مص مُرکّب) پرورش کرنا۔

پالا (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کُہر۔ برف (۲) نہایت سردی (۳) گروہ۔ جماعت (۴) بازی۔ جیت۔ فتح (۵) تعلّق۔ واسطہ۔ سروکار (۶) اکھاڑا۔ دنگل (۷) صدر مقام۔ ہیڈ کوارٹر (۸) جھڑبیری کے سُوکھے پتّے (۹) تُودۂ خاک جو کبڈّی میں حدِّ فاصل ہوتا ہے (۱۰) (صف) پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔

پالا پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام پڑنا (۲) تعلّق ہونا۔ واسطہ ہونا۔ سروکار ہونا۔ سابقہ ہونا (۳) ملاقات ہونا۔ جان پہچان ہونا (۴) کُہر پڑنا۔ برف گرنا (۵) بے حد سردی ہونا۔ بہت جاڑا پڑنا۔ ٹھر ہونا۔

پالا پوسا (اَر۔ فعل) پرورش کیا (۲) (صف) پرورش کیا ہوا۔ پالا ہوا۔

پالا جیتنا (اَر۔ مص مُرکّب) بازی جیتنا۔ شکست دینا۔

پالا چھوڑ کے بھاگ جانا (اَر۔ محاورہ) مقابلے سے بھاگ جانا۔ مقابلے سے گریز کرنا۔

پالا چُھونا (اَر۔ محاورہ) کبڈّی میں درمیانی لکیر ہی سے لوٹ آنا (۲) کوئی کام بہت جلد کرنا۔

پالا گرم ہونا (اَر۔ محاورہ) محفل میں رونق ہونا۔ مجلس جمنا۔ چہل پہل ہونا۔

پالا گرنا (اَر۔ مص مُرکّب) کُہر پڑنا۔ برف باری ہونا۔ بہت ٹھر ہونا۔

پالا مار جانا (اَر۔ محاورہ) کُہرے کا کسی سبز چیز کو خشک کر دینا یا ٹھٹھرا دینا۔

پالا مار لینا (اَر۔ محاورہ) بازی جیت لینا۔ میدان مار لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پالاگن (پا۔لا۔گن)(س۔ا۔مث)(۱) قدم بوسی۔ پاؤں پڑنا۔ پاؤں پر گرنا (۲) سلام آداب۔ تسلیم۔ نمستے (۳) اپنے سے بڑے کو سلام کرنا جس میں اپنے عجز و انکسار اور خاکساری کا اظہار ہو۔

پالان (پا۔لان)(ف۔ا۔مذ)(۱) گدی۔ وہ گدا یا کپڑا جو گدھے یا اُونٹ کی پیٹھ کے بچاؤ کے لئے اُس کی پُشت پر ڈالتے ہیں (۲) خوگیر۔

پالتو (پال۔تو)(ہ۔صف) پالا ہوا۔ گھر میں پرورش کیا ہوا۔ سدھایا ہوا۔

پالتی (پالتھی) (پال۔تی)(پال۔تھی)(ہ۔ا۔مث) آلتی پالتی۔ پاؤں کو موڑ کر اور گھٹنوں کو آگے کر کے چوتڑوں کے بَل بیٹھنے کا عمل۔ چار زانو۔

پالتی مار کر بیٹھنا (اُر۔محاورہ) چار زانو بیٹھنا۔

پالٹ (ہ۔ا۔مث) پٹے بازی میں وہ ضرب جو پاؤں پر لگائی جائے۔

پالٹ مارنا (اُر۔محاورہ) پالٹ کا ہاتھ مارنا۔

پالسی (پا۔لِ۔سی)(Policy)(انگ۔ا۔مث)(۱) مصلحت۔ تدبیر۔ چال (۲) دُور اندیشی۔ حکمتِ عملی۔ عقل مندی (۳) اُصولِ سیاسی۔

پالش (Polish)(انگ۔ا۔مذومث)(۱) روغن جو کسی چیز کو چمکانے کے لئے پھیرا جاتا ہے (۲) جلا۔ چمک (۳) صیقل۔ صفائی (۴) ریگ مال۔

پالک (پا۔لک)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا ساگ۔ اسفاناخ۔ اس کا اصل وطن ایشیا ہے لیکن اب تقریباً تمام دُنیا میں کاشت کیا جاتا ہے (۲)(ہ۔صف) پالنے والا۔ سرپرست (۳) پالا ہوا۔ پروردہ۔ پرورش کیا ہوا۔

پالک جوہی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی گھاس۔

پالکڑا (پا۔لک۔ڑا)(ہ۔ق۔صف) پالا ہوا۔ متبنّٰی۔

پالکڑی (پا۔لک۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) لکڑی کے دو ٹکڑے جو پلنگ کے پایوں کے نیچے اس غرض سے رکھتے ہیں کہ سرہانا اُونچا ہو جائے۔

پالکی (پال۔کی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں۔ پینس۔ فنس۔ محافہ۔ ڈولی۔ جمع: پالکیاں۔ پالکیوں۔

پالکی نشین (اُر۔صف)(۱) پالکی میں بیٹھنے والا (۲) امیر۔ حاکم۔

پالن (پا۔لن)(س۔ا۔مذ)(۱) پرورش۔ تربیت۔ تعلیم (۲) دیکھ بھال۔ حفاظت۔

پالن ہار (ہ۔صف) پالنے والا۔ دیکھ بھال کرنے والا۔ پرورش کرنے والا۔

پالنا (پال۔نا)(ہ۔مص)(۱) پرورش کرنا۔ تربیت کرنا (۲) ناز و نعم سے رکھنا۔ (۳)(ہ۔ا۔مذ) پنگوڑا۔ گہوارہ۔ جھولا۔

پالنا پوسنا (ہ۔مص) پرورش کرنا۔ تربیت کرنا۔

پالو (پا۔لو)(ہ۔صف)(۱) گھر کا پالا ہوا جانور۔ پالتو (۲) جڑ کا مقابل۔ نرکل اور گنے کا ابتدائی حصّہ جو پتلا ہوتا ہے (۳) لکڑی۔ شہتیر۔

پالودہ (پا۔لو۔دہ)(ف۔ا۔مذ) فالودہ (۲) چاولوں کی پیچ۔

پالہنگ (پا۔لَ۔ہنگ)(ف۔ا۔مث) باگ ڈور۔ وہ رسّی جو گھوڑے کی لگام میں لگاتے ہیں۔

پالی (ہ۔ا۔مث)(۱) شمال مشرقی ہندوستان کی قدیم زبان۔ بدھ مذہب کی مقدس کتابوں کی زبان (۲) سرپوش (۳) ڈھکنا۔ چپنی (۴) پرندوں کی لڑائی کی مقررہ جگہ (۵) پرندوں کی لڑائی۔

پالی باہر ہونا (اُر۔محاورہ) بٹیر وغیرہ کا ہار کر بھاگ جانا (۲) مقابلے سے ہٹ جانا (۳) ہار مان لینا۔

پالی مارنا (اُر۔محاورہ) فتح پانا۔ لڑائی جیت لینا۔

پالیز (پا۔لیز)(ف۔ا۔مذ) سبزہ زار۔ ہریالی (۲) خربوزہ یا ککڑی کا کھیت۔ فالیز۔

پام (ہ۔ا۔مث) ریشم یا سُوت کا گوٹا۔ گوٹے کی کناری۔

پام (Palm)(انگ۔ا۔مذ)(۱) ناریل، کھجور وغیرہ کے درخت جن کے پتے چوڑے، لمبے اور بے شاخ ہوتے ہیں (۲) ہتھیلی۔ کفِ دست۔

پامسٹ (Palmist)(انگ۔ا۔مذ) دیکھئے دست شناس۔

پامسٹری (Palmistry)(انگ۔ا۔مث) دیکھئے دست شناسی۔

پان (ہ۔ا۔مذ)(۱) برگِ تنبول۔ ایک قسم کی بیل کا پتّا جس پر کتھا چونا لگا کر چھالیا کے ساتھ چباتے ہیں (۲) پان کی شکل کا جُوتے میں ایڑی کی طرف لگا ہوا چمڑے کا ٹکڑا (۳) لنگوٹ کے اُوپر باندھنے کا چمڑا (۴) تاش کا پتّا جس پر پان کی شکل بنی ہو (۵) لیئ۔ کلف (۶) پان کی مانند نقش و نگار جو کپڑوں یا کسی دُوسری چیز پر بنے ہوتے ہیں (۷) پانچ کا مخفف ۔جمع: پان۔ پانوں۔

پان اُٹھانا (اُر۔محاورہ) بیڑا اُٹھانا۔ کسی ذمّے داری کو قبول کرنا۔

پان بنانا (لگانا) (اُر۔محاورہ)(۱) پان پر چُونا کتھا لگانا۔ گلوری بنانا۔ بیڑا بنانا (۲) مانڈی دینا (۳) پُھول کاڑھنا (۴) پان کی شکل کے نقش بنانا۔

پان پتّا (اُر۔ا۔مذ)(۱) پان اور دیگر اشیائے خانہ داری (۲) بیوی کی خبرگیری۔

پان پھول (اُر۔ا۔مذ) بُرائی بھلائی (۲) اچھا بُرا نتیجہ (۳)(صف) نازک اندام۔ نازک بدن۔

پان چیرنا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) پان کو پھاڑنا۔ پان کے ٹکڑے کرنا (۲)(محاورہ) بے کار رہنا (۳) بے فائدہ کام کرنا۔

پان دان (پاندان) (اُر۔ف۔ا۔مذ) پان رکھنے کا ڈبّا یا پٹاری۔ دھات کا برتن جس میں چُونا کتھا ڈلی الائچی وغیرہ رکھے جاتے ہیں۔

پان دینا (اُر۔محاورہ)(۱) پان کھلانا (۲) محبت کرنا۔ پیار کرنا (۳) عزت کرنا۔ خاطر داری کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۴) رُخصت کرنا۔ جانے کی اجازت دینا (۵) سگائی منظور کرنا۔ منگنی کرنا۔

پانسو (پان۔سَو)(ہ۔ا۔عدد) پانچ سیکڑے۔ پنج صد۔ پانچ سو۔ ۵۰۰۔

پان سے پتلا چاند سے چکلا (اُر۔مثل) نہایت نازک اور خوبصورت۔

پان صد (ہ۔ف۔ا۔عدد) پانچ سو۔

پانصدی (اُر۔ف۔ا۔مذ) مُغلوں کے عہد کا ایک منصب جس میں منصب دار کو اتنی جاگیر ملتی تھی کہ وہ پانچ سو سپاہیوں کا خرچ برداشت کر سکتا تھا۔

پان کا بیڑا (اُر۔ا۔مذ) پان کی گلوری۔

پان کا لاکھا (اُر۔ا۔مذ) پان کی تحریر۔ پان کا رنگ جو ہونٹوں پر جمایا جائے۔

پان کھلانا (اُر۔محاورہ) منگنی کی رسم ادا کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پان کھلائی (اِ۔ مث)(۱) وہ حق جو بھاوجوں کو پان کھلانے کے عوض گھر چڑھی کے وقت دیا جاتا ہے (۲) منگنی (۳) پان کھلانے کی اُجرت (۴) پان کھلانے کا نیگ۔

پان لگانا۔ دیکھیے پان بنانا۔

پان مرجھانا (اِ۔ محاورہ) پان کا خشک ہو جانا۔ مُرجھانا۔

پان (Pan)(انگ) ایک سابقہ بمعنی ہمہ' سب' کُل (صحیح تلفظ پَین)۔

پان اسلامک (Pan-Islamic)(انگ۔ صف) ہمہ اسلامی۔ کُل اہلِ اسلام کا۔

پان افریکن (Pan-African)(انگ۔ صف) ہمہ افریقی۔ کُل اہلِ افریقہ کا۔

پان اینگلیکن (Pan-Anglican) (انگ۔ صف) ہمہ انگلیکی۔ کلیسائے انگلستان کی کُل شاخوں کا۔

پانا (ہ۔ مص)(۱) وصول کرنا۔ حاصل کرنا (۲) کسی چیز کا مِل جانا (۳) پتا لگنا۔ کھوج ملنا۔ معلوم ہونا۔ دریافت ہونا (۴) پہچاننا۔ تاڑنا۔ بھانپنا۔ جاننا (۵) واپس لینا (۶) بھوگنا۔ بھرنا۔ اُٹھانا۔ برداشت کرنا۔ سہنا۔ بھگتنا۔

پانپ (نون غنہ)(ہ۔ ق۔ اِ۔ مذ)(۱) پاپ (۲) سخت تکلیف۔ دُکھ۔

پانت (نون غنہ)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) قطار (۲) سپاہیوں کی لائن۔

پانتھ (نون غنہ)(س۔ اِ۔ مذ)(۱) مسافر۔ سیاح۔

پانجر (پاں۔ جَر)(ہ۔ اِ۔ مذ)(۱) پنجر۔ ڈھانچ (۲) پسلی۔ پہلو۔

پانجنا (پانج۔ نا)(ہ۔ مص) رانجنا۔ ٹانکا لگانا (دھات کے برتن میں)۔

پانچ (نون غنہ)(ہ۔ اِ۔ عدد)(۱) چار اور ایک۔ پنج۔ ۵ (۲)(صف) چلتا ہوا۔ چالاک۔ تجربہ کار۔ شریر۔ شوخ۔

پانچ اِندری (ہ۔ اِ۔ مث) حواسِ خمسہ۔ لامسہ' شامہ' سامعہ' باصرہ' ذائقہ۔

پانچ پنچ مل کیجے کاج' ہارے جیتے نہ آوے لاج (ہ۔ مثل) جو کام صلاح مشورے سے کیا جائے اُس میں ناکامی بھی ہو تو ذلت نہیں ہوتی۔

پانچ جُوتیاں اور ٹھئے کا پانی (اِ۔ مثل) جب کوئی شخص بہت زیادہ مانگتا ہے تو حقارت سے کہتے ہیں۔

پانچ ککّے (کک۔ کے)(ہ۔ اِ۔ مذ) سکھ مت کے پانچ امتیازی نشان جن کے نام کا پہلا حرف ککا (ک) ہے: کیس (سر کے بال اور ڈاڑھی موچھیں)' کرپان' کچھا (جانگیہ)' کنگھا' کڑا۔

پانچ میر چودہ خانوادے (اِ۔ مقولہ) فقیری کی بنیاد یہی ہے۔ پانچ میروں میں حضرت علیؓ' حضرت حسنؓ' حضرت حسینؓ' حضرت حسن بصریؒ اور کمیلؒ ابن زیاد شامل ہیں۔ اسی طرح فقیروں کے چودہ سلسلے ہیں۔

پانچ ہاتھ کی زبان (اِ۔ مث) زبان درازی۔ گستاخی۔ (صف) گستاخ۔

پانچواں (پانچ۔ واں)(ہ۔ عددِ کسری)(۱) پانچواں حصہ۔ $\frac{1}{5}$ (۲)(عددِ ترتیبی) چار کے بعد کا درجہ۔

پانچواں آفتاب آنا (اِ۔ محاورہ) نیک ساعت آنا۔ شبھ گھڑی آنا۔

پانچواں کالم (اِ۔ مذ) وہ لوگ جو دورانِ جنگ اپنے وطن سے غداری کریں اور خفیہ طور پر دشمن کی مدد کریں۔ (انگ: ففتھ کالم)۔

پانچوں (پاں۔ چوں)(ہ۔ صف) سب پانچ۔ پانچ کے پانچ۔

پانچوں اُنگلیاں برابر (یکساں) نہیں ہوتیں (اِ۔ مثل)(۱) ہر اُنگلی میں فرق ہے (۲) سب آدمی یکساں نہیں۔ ہر آدمی کا مزاج جُدا ہے۔ سب انسانوں کی طبیعتیں الگ الگ ہیں۔

پانچوں اُنگلیاں' پانچوں چراغ (اِ۔ مثل) بہت لائق ہے۔ بے عیب ہے۔

پانچوں اُنگلیاں گھی میں (اور سر کڑاہی میں) (اِ۔ مثل) سب کچھ قابو میں ہے۔ مختارِ کُل ہیں (۲) بڑے عیش میں ہیں۔ مزے کرتے ہیں (۳) کھانے پینے کی افراط ہے۔

پانچوں پانڈے' چھٹے نارائن (ہ۔ مثل)(۱) پانچ پانڈو اور چھٹے کرشن جی۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کسی کے اتفاقیہ آجانے پر بہت خوشی ہو (۲) مشورے میں برکت ہوتی ہے۔ (کرشن جی پانڈوؤں کے صلاح کار تھے)۔

پانچوں تر ہیں (اِ۔ مثل) کام خوب بن رہا ہے۔ مطلب حاصل ہے۔

پانچوں حواس ٹھکانے لگنا (اِ۔ محاورہ) بدحواس ہو جانا۔

پانچوں سواروں میں نام لکھوانا (اِ۔ مثل) خواہ مخواہ ناموروں کے زمرے میں اپنے آپ کو شامل کرنا۔ لہو لگا کر شہیدوں میں شامل ہونا۔ کم رُتبہ آدمی کا اپنے آپ کو معزز آدمیوں کے ساتھ شمار کرنا۔

پانچوں عیب شرعی (اِ۔ اِ۔ مذ) چوری' زنا' جھوٹ' جُوا' شراب۔

پانچوں کپڑے (اِ۔ اِ۔ مذ) انگرکھا' پگڑی' پاجامہ' دوپٹا' رومال۔

پانچوں گھی میں سر کڑاہی میں۔ دیکھیے پانچوں اُنگلیاں گھی میں۔

پانچوں ہتھیار (اِ۔ اِ۔ مذ) ڈھال' تلوار' برچھی' تیر' کمان۔

پانچویں (پانچ۔ ویں)(یائے مجہول)(ہ۔ عددِ ترتیبی) پانچواں کی مغیرہ شکل (پانچویں دن یعنی چار دن بعد)۔

پانچویں (پانچ۔ ویں)(یائے معروف)(ہ۔ عددِ ترتیبی) پانچواں کی تانیث (چار کے بعد کی کوئی چیز)۔

پانڈ (نون غنہ)(ہ۔ صف) وہ عورت جس کے پستان بہت چھوٹے ہوں یا اُن میں دودھ نہ ہو۔

پانڈا (پاں۔ ڈا)(س۔ اِ۔ مذ) مندر میں پُوجا کرنے والا برہمن (۲) برہمنوں کا ایک فرقہ (۳) عالم۔ فاضل۔ اُستاد۔

پانڈا (Panda)(انگ۔ اِ۔ مذ) ریچھ کی شکل کا ایک چھوٹا سا خوبصورت پستانیہ (ممَل) اِس کی سفید اُونی کھال جس پر سیاہ داغ ہوتے ہیں بہت قیمتی ہوتی ہے۔ چین اور تبت کے پہاڑوں میں پایا جاتا ہے اور بانس کی کونپلیں کھاتا ہے۔

پانڈو (پاں۔ ڈو)(واو معروف)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) وہ زمین جو ریت اور چکنی مٹی سے مرکب ہو (۲) بارانی زمین۔

پانڈو (پاں۔ ڈو)(واو مجہول)(س۔ اِ۔ مذ) راجا پانڈو کی اولاد۔ پانچ پانڈو بھائی: یدھشٹر۔ ارجن۔ بھیم۔ نکل۔ سہدیو جو مہابھارت کی جنگ میں شریک ہوئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پانڈی (پاں-ڈی)(ہ-صف) قلی۔ حمال۔ بوجھ اُٹھانے والا۔

پانڈے (پاں-ڈے)(ہ-ا-مذ)(۱) پنڈت۔ برہمن۔ اُستاد۔ مُعلّم (۲) برہمنوں کا ایک خطاب۔

پانڈے جی پچھتاؤ گے' پھر وُہی چنے کی کھاؤ گے (ہ-مثل)(۱) کہنا نہ مانو گے تو آخر کو پچھتاؤ گے۔

پانڈے جی دونوں سے گئے۔ حلوا ملا نہ مانڈے (ہ-مثل) کچھ فائدہ نہ ہوا۔ کچھ نہ ملا۔ نہ اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے۔

پانڑی (پان-ڑی)(ہ-ا-مث) خوشبودار پتوں والی ایک بیل۔

پانزدہ (پانز-دَہ) (ف-ا-عدد) پندرہ۔ ۱۵۔

پانزدہم (پانز-دَ-ہُم)(ف-صف) پندرھواں۔

پانس (نون غنّہ)(ہ-ا-مذ) کھاد۔ میلا جو کھیتوں میں بطور کھاد ڈالتے ہیں۔

پانس دینا (پانسنا)(ہ-مص) کھیت میں کھاد ڈالنا۔

پانسا (پاں-سا)(ہ-ا-مذ) دیکھئے پاسا۔

پانسو (پان-سَو) پان (ہ) کے تحت دیکھئے۔

پانسُو (پان-سُو)(ہ-ا-مذ) پسلی۔ پنجر۔ ڈھانچا۔

پانسی (پان-سی) دیکھئے پاسی۔

پانصد (پان-صَد) پان (ہ) کے تحت دیکھئے۔

پانو۔(ہ-ا-مذ) دیکھئے پاؤں۔

پانہ (پا-نہ)(ہ-ا-مذ)(۱) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو بڑھئی لکڑی چیرتے وقت درز میں رکھتا ہے۔ پھانا۔ فانہ (۲) وہ آلہ جسے موچی جوتے کو قالب پر چڑھاتے وقت ایڑی میں ٹھونک دیتا ہے۔

پانی (ہ-ا-مذ)(۱) آکسیجن اور ہائیڈروجن گیس کا بے رنگ' بے مزہ' بے مہک اور سیال مُرکّب (H_2O) جسے گرم کرو تو بھاپ اور ٹھنڈا کرو تو برف بن جاتا ہے۔ کوئی جاندار اِس کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ آب۔ ماہ۔ جل (۲) بارش (۳) پسینا (۴) دھات۔ منی۔ نُطفہ (۵) شراب (۶) شرم۔ حیا (۷) آنسو۔ اشک (۸) رطوبت۔ میل (۹) جُرأت۔ ہمت (۱۰)(صف) رقیق۔ پتلا (۱۱) ٹھنڈا (۱۲) پھیکا (۱۳) نرم۔ ملائم۔ ڈھیلا (۱۴) کم زور۔ نڈھال۔

پانی آنا (ا‌ر-محاورہ)(۱) مینہ برسنا۔ بارش ہونا (۲) گھٹا اُٹھنا۔ بادل آنا (۳) موتیا بند ہو جانا (۴) آنسو بہنا (۵) زخم سے رطوبت خارج ہونا۔

پانی اُتارنا (ا‌ر-محاورہ)(۱) پانی نیچے لانا (۲) پانی ایک مکان سے دُوسرے مکان کی طرف بہانا (۳) پانی گھٹانا۔ پانی کم کرنا (۴) پانی کو دُولھا دُلہن کے سر پر وارنا۔

پانی اُتر آنا (ا‌ر-محاورہ) موتیا بند ہو جانا۔

پانی اُترنا (ا‌ر-محاورہ)(۱) بارش ہونا۔ مینہ برسنا (۲) موتیا بند کا عارضہ لاحق ہونا (۳) پانی کا دریا یا جھیل میں کم ہو جانا۔

پانی باندھنا (ا‌ر-محاورہ)(۱) پانی کے سامنے روک لگانا۔ بند باندھنا (۲) تالاب کھودنا (۳) پانی کو ٹھہرانا' روکنا (۴) ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔

پانی بُجھانا (ا‌ر-محاورہ) کسی دھات یا اینٹ کو خوب گرم کر کے پانی میں ڈال دینا۔

پانی برسنا (ا‌ر-محاورہ) مینہ برسنا۔ بارش ہونا۔

پانی بہانا (ا‌ر-محاورہ) کسی کے مرجانے پر گھر کے کواڑوں پر پانی ڈالنا (۲) رونا۔

پانی بھرنا (ا‌ر-محاورہ)(۱) کنوئیں' تالاب یا جھیل سے برتن میں پانی لانا (۲) برتن کو پانی سے پُر کرنا (۳) عاجزی وانکسار کرنا (۴) غلام ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔

پانی پانی کرنا (ا‌ر-محاورہ) بہت شرمندہ کرنا (۲) پگھلانا۔ پتلا کرنا (۳) بار بار پانی مانگنا۔

پانی پانی ہونا (ا‌ر-محاورہ) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا (۲) پسینے پسینے ہونا (۳) تر ہونا۔ بھیگنا (۴) پتلا ہونا۔ پگھلنا۔ نرم ہونا (۵) بہت زیادہ پانی برسنا۔

پانی پر بُنیاد ہونا (ا‌ر-محاورہ) بودا اور کچا ہونا۔ غیر مستقل اور بے قیام ہونا۔ ناپائیدار ہونا۔

پانی پڑنا (ا‌ر-محاورہ) بارش ہونا (۲) پھوڑے یا چھالے کا پک جانا۔

پانی پھر جانا (ا‌ر-محاورہ) بے وقعت ہو جانا (۲) خراب ہو جانا۔ نُقصان ہونا۔ ضائع ہونا۔ محنت کا رائیگاں جانا۔

پانی پھرنا (ہ-مص)(۱) زیورات پر سونے چاندی کا پانی چڑھنا (۲) برتن پر قلعی ہونا۔

پانی پُھونکنا (ا‌ر-محاورہ)(۱) پانی دَم کرنا (۲) حُقّے کا زائد پانی پُھونک کر نکالنا۔

پانی پھیر دینا (ا‌ر-محاورہ)(۱) محنت برباد کرنا۔ محنت رائیگاں کرنا (۲) اِحسان بُھول جانا (۳) کام خراب کر دینا۔ کام بگاڑ دینا۔

پانی پھیرنا (ا‌ر-محاورہ) ملمّع کرنا۔ جلا کرنا۔ صیقل کرنا۔

پانی پیمانہ پر آتا ہے (ا‌ر-مثل) راز چھپائے نہیں چھپتا۔

پانی پی پی کر دُعا دینا (ا‌ر-محاورہ) بہت زیادہ دُعا دینا۔ ہر وقت اور ہر دَم دُعا دینا۔

پانی پی پی کر کوسنا (ا‌ر-محاورہ) بے اِنتہا بد دُعا دینا۔ بہت کوسنا۔

پانی پی کر ذات پُوچھنا (ا‌ر-محاورہ) بے موقع اور بے وقت اَفسوس کرنا۔ کام کر کے پچھتانا۔

پانی پیجئے چھان کے' گُرو کیجئے پہچان کے (ہ-مثل) ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔

پانی پینا (ا‌ر-مص مُرکّب) پانی حلق سے نیچے اُتارنا۔ پیاس بُجھانا (۲)(محاورہ) کسی چیز کا پانی جذب کرنا۔

پانی تارا ہونا (ا‌ر-محاورہ) کنوئیں کی گہرائی میں پانی کا تارا سا چمکنا۔

پانی توڑنا (ا‌ر-محاورہ)(۱) پانی گھٹانا (۲) پانی کاٹ لینا (۳) بند یا نہر سے پانی چھوڑنا۔

پانی ٹپکانا (ا‌ر-مص مُرکّب) کسی چیز یا حلق میں قطرہ قطرہ پانی ڈالنا (۲) دہی کو لٹکا کر پانی نکالنا۔

پانی ٹپکنا (ا‌ر-مص مُرکّب) پانی کا اُوپر سے تھوڑا تھوڑا گرنا۔

پانی چُرانا (ا‌ر-محاورہ)(۱) زخم کا پانی جذب کرنا (۲) اپنے کھیت میں ناجائز طور پر پانی لے جانا (۳) بلا اِجازت پانی لے لینا (۴) حاملہ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پانی چوانا (اَر۔ محاورہ) مُنہ میں تھوڑا تھوڑا پانی ٹپکانا۔

پانی چھاجوں برسنا (اَر۔ محاورہ) تیز بارش ہونا۔

پانی چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پانی جاری کرنا۔ نہر یا بند سے پانی چھوڑنا (۲) گوشت یا ترکاری میں سے پکتے وقت پانی نکلنا۔

پانی دکھانا (اَر۔ محاورہ) جانور کو پانی پلانا۔

پانی دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) آب پاشی کرنا۔ کھیت میں پانی ڈالنا۔ سیراب کرنا۔ سینچنا (۲) کسی کو پانی عنایت کرنا۔ پانی پلانا۔

پانی ڈالنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) کسی چیز میں پانی بھرنا (۲) کسی چیز پر پانی گرانا۔

پانی ڈھل جانا (ڈھلنا) (اَر۔ محاورہ) آب و تاب جاتی رہنا۔ رونق نہ رہنا (۲) جوانی کے دن گزر جانا۔

پانی سر سے (اُونچا ہونا) گزر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی بات کی اِنتہا ہو جانا (۲) معاملے کا طول پکڑ جانا۔

پانی سمونا (اَر۔ مص مُرکّب) گرم پانی میں ٹھنڈا پانی ملا کر مُعتدل کرنا۔

پانی سو نیزے چڑھنا (اَر۔ محاورہ) حد سے گزر جانا (۲) ناحق بدنام ہونا۔

پانی سے پتلا (اَر۔ صف) (۱) نہایت رقیق۔ بہت پتلا (۲) ذلیل۔ بے عزّت (۳) بہت آسان (۴) کم زور۔ دُبلا۔ پتلا۔

پانی سے پہلے پُل باندھنا (اَر۔ محاورہ) طوفان آنے سے پہلے ٹانڈ تیار کرنا۔ مرنے سے پہلے واویلا کرنا (۲) خواہ مخواہ فکر کرنا۔

پانی قدِ آدم ہونا (اَر۔ محاورہ) اِتنا پانی ہونا کہ اُس میں آدمی ڈوب جائے۔

پانی کا بتاشا (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) بُلبُلا۔ حباب (۲) (صف) بے حقیقت۔ بے اصل۔ فانی۔ جلد ختم ہو جانے والا۔

پانی کا بُلبُلا (اَر۔ اِ۔ مذ) دیکھیے پانی کا بتاشا۔

پانی کاٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کے کھیت کا پانی اپنے کھیت میں لے جانا (۲) تیرتے وقت پانی کو ہاتھوں سے ہٹانا۔

پانی کر دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) نہایت آسان کر دینا۔ ہر شخص کے سمجھ لینے کے لائق کر دینا (۲) غُصّے کو ٹھنڈا کر دینا (۳) شرمندہ کر دینا (۴) پتلا کر دینا (۵) پگھلانا۔

پانی کی چادر (اَر۔ اِ۔ مث) پانی کی چوڑی دھار جو اُوپر سے گرتی ہے۔

پانی کی لکیر (اَر۔ صف) فانی۔ ناپائیدار۔

پانی کی لہریں گِننا (اَر۔ محاورہ) فضول کام کرنا۔ ناممکن کام کرنا۔

پانی کے کچے گھڑے بھروانا (اَر۔ محاورہ) مشکل کام کرانا۔

پانی کے مول (اَر۔ صف) نہایت اَرزاں۔ بہت سستا۔ مُفت۔

پانی لینا (اَر۔ محاورہ) آب دست لینا۔ طہارت کرنا۔ اِستنجا کرنا (۲) پانی پینا۔

پانی مرنا (اَر۔ محاورہ) بُنیاد میں پانی کا سرایت کرنا یا جذب ہونا (۲) خرابی کا ظاہر ہونا۔ عیب معلوم ہونا (۳) نیچ ہونا۔ کم اصل ہونا (۴) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔

پانی میں آگ لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) چغلی کھانا (۲) دوستوں میں لڑائی کرانا (۳) کدورت پیدا کرنا (۴) فتنہ و فساد برپا کرنا (۵) شعبدہ بازی کرنا (۶) ناممکن بات کر دکھانا۔

پانی میں گرہ باندھنا (دینا۔ لگانا) (اَر۔ محاورہ) ناپائیدار کام کرنا (۲) جلدی ہونا (۳) بِٹ جانا۔

پانی میں مچھلی نو نو ٹکڑے حصّہ (اَر۔ مثل) چیز ابھی ملی نہیں اس کی تقسیم کے متعلق جھگڑے پہلے ہی شروع ہو گئے۔

پانی نکلنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) پانی خارج ہونا۔ پانی جاری ہونا (۲) (محاورہ) اِنزال ہونا۔

پانی نہ پچنا (اَر۔ محاورہ) پیٹ کا ہلکا ہونا۔ بھید کھول دینا۔

پانی نہ مانگنا (اَر۔ محاورہ) یکایک مر جانا۔ اچانک دَم نکل جانا۔

پانی ہارنا (اَر۔ محاورہ) مُرغ یا بٹیر کا ہارنا (جب لڑتے لڑتے کسی مُرغ کو کوئی عارضہ لاحق ہو اور اُسے اُٹھا کر پانی یا پھونک سے تازہ دَم کریں تو اِس ایک بار کے اُٹھا لینے کو ایک پانی ہارنا کہتے ہیں۔ مُرغ باز فتح و شکست کے لئے پانی کی تعداد مُقرّر کر لیتے ہیں)۔

پانی ہو جانا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سخت چیز کا رقیق ہونا (۲) دُشوار کام کا آسان ہونا۔ شرم سے پسینے پسینے ہونا (۴) نرم پڑ جانا۔

پاور (Power) (انگ۔ اِ۔ مث) طاقت۔

پاور پالیٹکس (Power Politics) (انگ۔ اِ۔ مث) اِقتدار کی خاطر قوی طاقت کی توسیع اور اِستحکام کی حکمتِ عملی۔

پاہ (ف۔ اِ۔ مث) (۱) تین سال سے بوئی ہوئی زمین (۲) ایک پتھر جسے پھٹکری اور لونگ کے ساتھ گھس کر آنکھوں کے لئے لیپ تیار کرتے ہیں۔

پاہُن (پاہُنا) (پا۔ ہُن) (پا۔ ہُ۔ نا) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) مہمان (۲) وہ گیت جو ڈومنیاں دُلہن کی رُخصتی کے وقت گاتی ہیں۔ بابل۔

پاہی (پا۔ ہی) (ف۔ اِ۔ مذ) وہ کاشت کار جو اُس گاؤں میں نہ رہے جس میں کاشت کرتا ہو۔

پاہی کاشت (پائی کاشت) (ف۔ اِ۔ مث) وہ کاشت جو دُوسرے گاؤں کا کاشت کار کرے (۲) پاہی۔

پائپ (Pipe) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) ٹونٹی۔ سُوراخ۔ نَے (۲) نَلی۔ نَل۔ نال (۳) جیبی حقّہ۔ ولایتی حقّہ۔

پائریا (پائیوریا) (Pyorrhoea) (انگ۔ اِ۔ مذ) دانتوں کی ایک بیماری۔ سیلانِ صدیدی۔

پائلٹ (Pilot) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) ہوا باز۔ طیّارہ باز (۲) ماہرِ جہاز رانی (۳) کسی بڑے حاکم کے آگے موٹر سائیکل پر چلنے والا۔

پائندہ (پا۔ اِن۔ دَہ) دیکھیے 'پایندہ' جو صحیح ہے۔

پاؤ (پا۔ او) (ف۔ عدد کسری) رُبع۔ چوتھائی۔ چوتھا حصّہ۔ $\frac{1}{4}$۔

پاؤ آنا (اَر۔ محاورہ) پُرانے آنہ کا چوتھائی حصّہ۔ ایک پیسا۔

پاؤ روٹی (اَر۔ اِ۔ مث) نان پاؤ۔ ڈبل روٹی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پاؤ سیر چاول چوبارے رسوئی (اَر۔ مثل) تھوڑی سی حیثیت میں بڑا کروفر۔ جو شخص شیخی بگھارے اُس کے بارے میں بولتے ہیں۔
پاؤلا (اَر۔ ا۔ مذ) چونی۔ روپیہ کا چوتھا حِصّہ۔ چار آنے کا سِکّہ۔
پاؤلی (اَر۔ ا۔ مث) پاولا کی تانیث چونی۔ چار آنے کا سِکّہ۔
پاؤں (پا۔ اُوں) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ٹنگ۔ چرن۔ پا۔ پَیر۔ قدم (۲) جڑ۔ بنیاد (۳) دخل۔ قبضہ (۴) اِستحکام۔ اِستقلال (۵) انجام۔ جمع: پاؤں۔ پاؤوں۔
پاؤں آگے بڑھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) آگے بڑھنا۔ قدم بڑھانا (۲) حد سے تجاوز ہونا۔
پاؤں آگے نہ پڑنا (اَر۔ محاورہ) آگے بڑھنے کی ہمت نہ ہونا۔
پاؤں اُتر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں موچ آجانا۔ پاؤں مُڑ جانا۔
پاؤں اُٹھا کے جانا (اَر۔ محاورہ) تیز جانا۔ جھٹ پٹ جانا۔ تیزی سے جانا۔
پاؤں اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) قدم بڑھانا (۲) جھگڑے سے الگ ہو جانا (۳) تیز چلنا۔
پاؤں اُٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بھاگ پڑنا (۲) نکل بھاگنا۔ پاؤں اُکھڑ جانا۔
پاؤں اَڑانا (اَر۔ مص مُرکّب) پاؤں بیچ میں ڈالنا (۲) (محاورہ) دخل دینا۔ بیچ میں پڑنا۔ مزاحم ہونا۔
پاؤں اُڑانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پہلوانی کی اِصطلاح میں مقابل کی ضرب سے پاؤں بچانا (۲) پاؤں کاٹنا۔
پاؤں اُکھاڑ دینا (اُکھاڑنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) بھگا دینا۔ شکست دینا (۲) ارادے سے باز رکھنا (۳) جگہ سے ہٹا دینا۔
پاؤں اُکھڑ جانا (اَر۔ محاورہ) ہٹ جانا۔ بھاگ نکلنا (۲) شکست تسلیم کرنا۔ ہار مان جانا (۳) ہمت ہارنا۔ حوصلہ ہار جانا (۴) قدم نہ جمنا۔
پاؤں اُلٹا پڑنا (اَر۔ محاورہ) آگے جانے کو جی نہ چاہنا۔ آگے جاتے ہوئے ڈرنا۔
پاؤں اُلجھنا (اَر۔ محاورہ) کسی معاملے میں گرفتار ہو جانا۔
پاؤں باندھ رکھنا (اَر۔ محاورہ) روک رکھنا۔ جانے نہ دینا۔
پاؤں باہر نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) حد سے بڑھنا (۲) حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔ رُتبے سے زیادہ بات کرنا (۳) گھمنڈ کرنا (۴) بدچلن ہونا (۵) گھر سے باہر جانا۔
پاؤں بہکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں بھٹکنا۔ پاؤں پھسلنا۔ پاؤں ڈگمگانا (۲) اِستقلال میں فرق آنا (۳) نیت بدلنا۔ ایمان میں فرق آنا۔
پاؤں بڑھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) تیز چلنا۔ جلدی جلدی چلنا (۲) آگے چلنا (۳) دخل بڑھانا۔ قبضہ کرنا (۴) اپنی حد سے بڑھنا۔
پاؤں بھاری کرنا (اَر۔ محاورہ) آمدورفت موقوف کرنا (۲) نہ آنے کا عہد کرنا۔
پاؤں بھاری ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) حاملہ ہونا۔ پیٹ سے ہونا (۲) ہمت پست ہو جانا (۳) رُک رُک کر چلنا۔
پاؤں بھٹکنا (اَر۔ محاورہ) پاؤں کا لڑکھڑانا (۲) لغزش کرنا۔
پاؤں بھر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں بھُھو جانا۔ پاؤں گندہ ہو جانا (۲) پاؤں سو جانا۔
پاؤں بیچ میں ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذمّے داری ہونا (۲) دخل ہونا۔ مداخلت ہونا (۳) شراکت ہونا۔
پاؤں پاؤں (اَر۔ متعلق فعل) پیروں سے چلتے ہوئے۔ پیدل۔

پاؤں پاؤں چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اپنے پاؤں سے چلنا۔ پیادہ پا چلنا (۲) بچے کا بغیر سہارے کے چلنا۔
پاؤں پر پاؤں رکھ کر بیٹھنا (سونا) (اَر۔ محاورہ) بے فکری سے بسر کرنا۔ چین سے رہنا۔ پروا نہ کرنا۔
پاؤں پر پاؤں رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نقشِ قدم پر چلنا۔ پیچھے پیچھے چلنا (۲) پیروی کرنا۔ تقلید کرنا (۳) پاؤں کو پاؤں سے دبانا۔
پاؤں پر ڈالنا (اَر۔ محاورہ) قصور معاف کرنے کے لئے کسی کو قدموں پر جھکانا (۲) قربان کرنا۔
پاؤں پر سر جھکانا (اَر۔ محاورہ) عاجزی کرنا۔ خوشامد کرنا (۲) پاؤں پر گرنا۔
پاؤں پر سر رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں پر گرنا (۲) عجز و اِنکسار کرنا (۳) خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا (۴) معافی مانگنا۔
پاؤں پر سنیچر سوار ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) آوارہ گرد ہونا۔ مارے مارے پھرنا۔
پاؤں پر کھڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) برسرِ روزگار ہونا۔ خود کفیل ہونا۔
پاؤں پر گرنا (اَر۔ محاورہ) عجز و اِنکسار کرنا۔ خوشامد کرنا۔ تعظیم سے پیش آنا۔
پاؤں پر لوٹنا (دوسرا واو مجہول) (اَر۔ محاورہ) عاجزی کرنا۔
پاؤں پڑنا (اَر۔ محاورہ) پاؤں پر سَر رکھنا۔ نہایت عاجزی کرنا۔
پاؤں پسارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں پھیلانا۔ ٹانگیں لمبی کرنا (۲) ضِد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ مچل جانا (۳) اِنتقال کرنا (۴) آرام کرنا۔ لیٹنا۔
پاؤں پکڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں چھونا (۲) پناہ چاہنا۔ مدد چاہنا۔ معافی مانگنا (۳) نہایت منت سماجت کرنا (۴) تعظیم کرنا۔
پاؤں پُوجنا (اَر۔ محاورہ) بہت عزّت کرنا (طنزاً) قائل کرنا۔
پاؤں پھٹنا (اَر۔ مص مُرکّب) پاؤں پر زخم ہو جانا۔ پاؤں میں بوائی نکل آنا۔
پاؤں پھسلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لغزش ہونا (۲) لالچ آنا۔ جی چاہنا۔
پاؤں پھنسنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز میں پاؤں اٹک جانا (۲) کسی معاملے میں پھنس جانا۔
پاؤں پھولنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں سُوج جانا (۲) کم زور ہو جانا۔ طاقت نہ رہنا (۳) ہمت ہارنا۔ حوصلہ نہ پڑنا (۴) تکان ہونا۔ تھکنا۔
پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا (اَر۔ محاورہ) بہت اِحتیاط کرنا (۲) پرہیز کرنا۔ احتراز کرنا۔ بچنا۔ ڈرنا۔
پاؤں پھیرنے جانا (اَر۔ محاورہ) زچگی یا شادی کے بعد عورت کا چند روز کے لئے میکے جانا۔
پاؤں پھیلا کر سونا (اَر۔ محاورہ) (۱) لمبے پاؤں کر کے سونا (۲) گھوڑے بیچ کر سونا۔ بے فکر ہو جانا۔
پاؤں پھیلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں دراز کرنا (۲) مچلنا۔ ضد کرنا (۳) لالچ کرنا۔
پاؤں پھیلائے پڑے رہنا (اَر۔ محاورہ) سُست ہو جانا۔ کاہل ہو جانا۔ مجہول ہو جانا۔
پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا (اَر۔ محاورہ) ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا۔ نہایت دُکھ اور مصیبت سے مرنا۔ بہت تکلیف سے مرنا۔
پاؤں پیٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تکلیف کے باعث پاؤں دے دے مارنا (۲) تختی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

۔ نفسے جان دینا۔ ایڑیاں رگڑنا (۳) کوشش کرنا (۴) ذلیل و خوار ہونا۔

پاؤں پیچھے ہٹنا (اَ۔ محاورہ) (۱) بھاگنے کے آثار ظاہر ہونا (۲) ثابت قدمی میں فرق آنا۔

پاؤں تلے چیونٹی کی مثال (اَ۔ مثل) نہایت ادنیٰ۔ بہت کم زور۔ بے حد ضعیف۔ بے بس۔

پاؤں تلے سے زمین نکل جانا (سرک جانا) (اَ۔ محاورہ) (۱) ہوش اُڑ جانا۔ بھونچکا ہو جانا۔ اَوسان جاتے رہنا۔ حواس باقی نہ رہنا (۲) لرزنا۔ کانپنا۔ ڈگمگانا (۳) نہایت ڈرنا۔

پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا (اَ۔ محاورہ) دیکھئے پاؤں تلے سے زمین نکل جانا۔

پاؤں تلے مَلنا (اَ۔ محاورہ) (۱) پاؤں سے روندنا (۲) تکلیف دینا (۳) تباہ و برباد کرنا۔

پاؤں توڑ کر بیٹھنا (اَ۔ محاورہ) (۱) مایوس ہونا۔ نااُمید ہونا (۲) کوشش کرتے کرتے تھک جانا۔ ہمّت ہارنا (۳) صبر کرنا۔ بھروسا کرنا (۴) گوشہ نشین ہو جانا (۵) سُست ہو جانا۔ محنت نہ کرنا۔

پاؤں توڑنا (اَ۔ محاورہ) (۱) فضول آنا جانا۔ بے کار آمد و رفت رکھنا (۲) حیران کرنا۔ تھکانا۔ پریشان کرنا (۳) بڑی دوڑ دھوپ کرنا۔ بے حد کوشش کرنا۔

پاؤں تھرتھرانا (اَ۔ محاورہ) (۱) پاؤں لڑکھڑانا (۲) کسی کام کے اِرتکاب سے خائف ہونا۔

پاؤں تھکنا (اَ۔ محاورہ) (۱) چلتے چلتے پاؤں کا تھک جانا (۲) عاجز ہونا۔

پاؤں ٹِکانا (اَ۔ محاورہ) (۱) ٹھہرنا۔ قیام کرنا (۲) دَم لینا۔ سانس لینا (۳) پاؤں دھرنا (۴) قبضہ کرنا۔ قابو میں لانا (۵) ٹھکانا بنانا۔

پاؤں ٹِکنا (اَ۔ محاورہ) پاؤں ٹِکانا کا لازم۔

پاؤں جمانا (اَ۔ محاورہ) (۱) مضبوطی سے پاؤں رکھنا (۲) کسی بات پر قائم رہنا (۳) قبضہ کرنا۔ میدان میں ڈٹے رہنا (۳) ہمّت کرنا۔ اِستقلال کرنا (۴) سہارا ڈھونڈنا (۵) تعلق پیدا کرنا۔

پاؤں جمنا (اَ۔ محاورہ) پاؤں جمانا کا لازم (۱) بات پر قائم رہنا (۲) میدانِ جنگ میں ڈٹے رہنا (۳) اَثر ہونا۔ رسُوخ ہونا۔

پاؤں جھنجنانا (اَ۔ محاورہ) پاؤں کا سُن ہونا۔ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔

پاؤں چپّی کرنا (اَ۔ محاورہ) ٹانگیں دابنا۔ مٹھیاں بھرنا۔

پاؤں چلنا (اَ۔ محاورہ) (۱) بچّے کا اپنے قدموں سے چلنا (۲) پیدل چلنا (۳) لاتیں پڑنا۔

پاؤں چُومنا (اَ۔ محاورہ) (۱) پاؤں کو بوسہ دینا (۲) تعظیم کرنا۔

پاؤں چھٹنا (چھوٹنا) (اَ۔ محاورہ) (۱) حیض کا کثرت سے جاری ہونا (۲) فراغت پانا۔ بریُ الذّمہ ہونا (۳) بے تعلق ہونا (۴) پابندی نہ رہنا (۵) آوارہ ہونا۔

پاؤں چھلنی ہونا (اَ۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں آبلے پھُوٹنے سے سوراخ ہو جانا (۲) بہت زیادہ چلنا۔

پاؤں چھُونا (اَ۔ مص مُرکب) کسی بُزرگ یا اُستاد کے پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ عجز و انکسار یا عقیدت و محبت کا اِظہار۔

پاؤں دابنا (دبانا) (اَ۔ محاورہ) پاؤں چپّی کرنا۔ مٹھیاں بھرنا۔

پاؤں درمیان سے نکال لینا (اَ۔ محاورہ) تعلق نہ رکھنا۔ ذمّے داری ہٹا لینا۔

پاؤں دَوڑی (اَ۔ ا۔ مث) دوڑ دھوپ۔ ہمّت۔ محنت۔ کوشش۔

پاؤں دھرنا (اَ۔ مص مُرکب) (۱) قدم رکھنا (۲) (محاورہ) بیچ میں پڑنا۔ دخل دینا (۲) شروع کرنا۔

پاؤں دھرنے کو جگہ ملنا (اَ۔ محاورہ) آسرا ملنا۔ سہارا ملنا۔

پاؤں دھو دھو کر پینا (اَ۔ محاورہ) (۱) تعظیم و تکریم کرنا۔ بہت عزّت کرنا (۲) بے حد خوشامد کرنا (۳) اُمید رکھنا۔ تمنّا کرنا۔ بہت پیار کرنا (۴) بہت خلوص سے پیش آنا (۵) حکم ماننا (۶) بہت خدمت کرنا۔

پاؤں ڈالنا (اَ۔ محاورہ) آغاز کرنا۔ شروع کرنا (۲) کسی کام میں دخل دینا۔

پاؤں ڈگمگانا (اَ۔ محاورہ) پاؤں کا لغزش کرنا۔ ہمّت ہارنا۔

پاؤں رکاب میں ہونا (اَ۔ محاورہ) چلنے کو تیّار ہونا۔ مستعد ہونا۔

پاؤں رگڑنا (اَ۔ مص مُرکب) (۱) پاؤں مَلنا (۲) (محاورہ) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں ہونا (۳) نزع کی حالت میں ہونا (۴) خوشامد کرنا۔ منّت کرنا۔

پاؤں رہ جانا (اَ۔ محاورہ) (۱) تھک جانا۔ ہار جانا (۲) عاجز ہونا۔ پاؤں شل ہو جانا۔ ٹانگیں ناکارہ ہو جانا۔

پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا (اَ۔ محاورہ) لڑکھڑانا۔ کانپنا۔ ڈگمگانا (۲) بے چین ہونا (۳) سفر میں رہنا (۴) نہایت مصروف ہونا (۵) مغرور ہونا۔

پاؤں زمین پر نہ رکھنا (اَ۔ محاورہ) بہت اِترانا۔ ناز کرنا۔

پاؤں سر پر رکھ کر بھاگنا (اَ۔ محاورہ) بے تحاشا بھاگنا۔ بدحواس ہو کر بھاگنا۔

پاؤں سَرکنا (اَ۔ محاورہ) اِستقلال میں فرق آنا۔ قدم ہٹنا۔

پاؤں سکیڑنا (اَ۔ مص مُرکب) (۱) پاؤں سمیٹ لینا' ہٹا لینا (۲) (محاورہ) کنارہ کشی کرنا۔ قطع تعلق کرنا۔

پاؤں (سما جانا) سمانا (اَ۔ محاورہ) اپنے قدموں پر کھڑے ہو جانا۔ اپنے پاؤں سے چلنا۔

پاؤں سمیٹنا۔ دیکھئے پاؤں سکیڑنا۔

پاؤں سنسنانا (اَ۔ محاورہ) ضعف اور سُستی سے پاؤں میں سُوئیاں سی چبھنا۔

پاؤں سُن ہو جانا (اَ۔ محاورہ) پاؤں میں دورانِ خون رُک جانا۔ پاؤں کا بے حِس و حرکت ہو جانا۔

پاؤں سے لگی سر میں بُجھی (اَ۔ مثل) (۱) بہت غصّہ آیا۔ تن بدن جل گیا۔

پاؤں شل ہو جانا (اَ۔ محاورہ) بہت تھک جانا۔

پاؤں کاٹھ میں دینا (اَ۔ محاورہ) قید کرنا۔ بیڑی ڈالنا۔

پاؤں کٹ جانا (اَ۔ مص مُرکب) (۱) پاؤں قلم ہونا (۲) (محاورہ) آمد و رفت بند ہونا (۳) دُنیا سے اُٹھ جانا۔

پاؤں کو بوسہ دینا (اَ۔ محاورہ) بہت عزّت و تکریم کرنا۔ عقیدت کا اِظہار کرنا۔

پاؤں کھل جانا (اَ۔ محاورہ) چلنے کی طاقت آ جانا۔ آمد و رفت میں جھجک نہ رہنا۔

پاؤں کھینچ لینا (اَ۔ محاورہ) ذمّے داری سے علیحدہ ہو جانا (۲) علیحدگی اختیار کرنا۔

پاؤں کہیں سے کہیں (کہیں کا کہیں) پڑنا (اَ۔ محاورہ) نشہ' اِضطراب' گھبراہٹ یا بہت تھکاوٹ سے پاؤں اِدھر اُدھر پڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پاؤں کی آہٹ (اِ۔ مث) چلنے کی آواز۔ چاپ۔
پاؤں کی بیڑی (اِ۔ مث) (۱) بیوی (۲) زنجیر۔ قید۔ جیل (۳) روک۔ مزاحمت (۴) بال بچے۔ بن بیاہی بیٹی۔
پاؤں کی جوتی (اِ۔ مث) (۱) پاپوش۔ جوتا (۲) جورو۔ بیوی (۳) خادم۔ غلام (۴) خوشامدی۔ جی حضوری (۵) نالائق (۶) ذلیل۔ حقیر۔ بے عزت۔
پاؤں کی جوتی سر کو لگنا (اِ۔ محاورہ) (۱) کمینے کا مُنہ لگنا۔ رذیل کا سر چڑھنا (۲) کمین اور نیچ شخص کو شریف کے برابر درجہ ملنا۔
پاؤں کی خاک ہونا (اِ۔ محاورہ) بہت بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا۔
پاؤں گاڑنا (اِ۔ محاورہ) قدم جمانا۔ قائم رہنا۔ جگہ نہ چھوڑنا۔
پاؤں گردش میں ہونا (اِ۔ محاورہ) مارے مارے پھرنا (۲) کوئی کام نہ بننا (۳) بدنصیب ہونا۔
پاؤں گن گن کر رکھنا (اِ۔ محاورہ) (۱) ٹھہر ٹھہر کر چلنا (۲) نخرے سے چلنا۔ (۳) احتیاط سے چلنا۔
پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں (اِ۔ مقولہ) (۱) مرنے کو تیار ہیں۔ قریب مرگ ہیں (۲) بہت بیمار ہیں (۳) بہت بوڑھے ہیں۔
پاؤں گھِسنا (اِ۔ محاورہ) (۱) زیادہ دوڑ دُھوپ سے پاؤں کا تھکنا (۲) بے فائدہ دوڑ دھوپ کرنا۔
پاؤں گہنانا (اِ۔ محاورہ) زمانہ حمل میں گہن لگنے سے بچّے کے کسی عضو کا ناقص رہ جانا۔
پاؤں لڑکھڑانا (اِ۔ محاورہ) پاؤں ڈگمگانا۔ پاؤں میں لغزش ہونا (۲) ثابت قدم نہ رہنا۔
پاؤں لگانا (اِ۔ مص مُرکّب) کسی چیز کو پاؤں سے چُھونا (۲) ٹھوکر مارنا (۳) (محاورہ) بے عزتی کرنا۔
پاؤں لینا (اِ۔ محاورہ) قدم لینا۔ آداب بجا لانا۔ عاجزی کرنا۔
پاؤں مُرید (اِ۔ صف) غُلام۔ تابع۔ مُطیع۔ مُعتقِد۔ فرماں بردار۔
پاؤں میں بیڑی پڑنا (اِ۔ محاورہ) (۱) شادی ہونا (۲) منگنی ہونا (۳) قید ہونا۔
پاؤں میں جوتی نہ سر پہ ٹوپی (اِ۔ مثل) (۱) بہت زیادہ غریبی اور مُفلسی کی حالت (۲) پریشان۔ مُصیبت زدہ۔
پاؤں میں چکّر ہونا (اِ۔ محاورہ) پاؤں میں گردش ہونا۔ مارے مارے پھرنا۔
پاؤں میں سر دینا (اِ۔ محاورہ) نہایت عاجزی کرنا۔ بے حد خوشامد کرنا۔
پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے؟ (اِ۔ اِستفہام) کیا عذر ہے؟ کون سی مجبوری ہے؟ اِنکار کی کیا وجہ ہے؟ نہ جانے یا نہ آنے کا کیا سبب ہے؟
پاؤں میں مہندی لگنا (اِ۔ محاورہ) بے جا عذر ہونا۔ بہانہ ہونا۔ حیلہ ہونا۔ سبب ہونا۔ عذر لنگ ہونا۔
پاؤں نکالنا (اِ۔ محاورہ) (۱) باہر قدم رکھنا (۲) حد سے تجاوز کرنا (۳) سرکشی کرنا۔ تمرّد کرنا۔ باغی ہونا۔
پاؤں نہ دُھلوانا (اِ۔ محاورہ) اپنی خدمت اور غُلامی کے قابل نہ سمجھنا۔ بہت کراہت اور حقارت سے دیکھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
پاؤں نہ رکھنا (اِ۔ مص مُرکّب) قدم نہ رکھنا (۲) (محاورہ) غرور کرنا۔

پاؤں نہ ہونا (اِ۔ محاورہ) مقابلے کی طاقت نہ ہونا۔ مقابلے کی تاب نہ لانا۔
پاؤنڈ (Pound) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) ایک انگریزی سکّہ جو بیس شلنگ کا ہوتا ہے۔ پونڈ (۲) ایک انگریزی وزن جو آدھ کلو یا ۴۰ تولے کے برابر ہوتا ہے۔
پائی (پا۔ اِی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) پُرانے آنہ کا بارھواں حِصّہ۔ پُرانے پیسے کا تیسرا حِصّہ۔ اب متروک ہے۔
پائے (اِ۔ اِ۔ مذ) پایہ نمبرا کی اُردو جمع (۲) پایہ کی مُغیّرہ صورت۔
پائے (ف۔ اِ۔ مذ) پاؤں پگ۔ قدم۔ پا۔
پائے بند (ف۔ صف) دیکھئے پابند۔
پائے بوسی (ف۔ اِ۔ مث) دیکھئے پابوسی۔
پائے تخت (ف۔ صف) دیکھئے پایہ تخت۔
پائے محراب (ف۔ اِ۔ مذ) دیکھئے پامحراب۔
پائے ثبات (ف۔ اِ۔ مذ) اِستقلال۔ ثابت قدمی۔
پائے ثبات میں لغزش آنا (اِ۔ محاورہ) مضبوط اِرادے کا ڈانواں ڈول ہو جانا۔
پائے جامہ (ف۔ اِ۔ مذ) دیکھئے پاجامہ۔
پائے خانہ (ف۔ اِ۔ مذ) دیکھئے پاخانہ۔
پائے در گِل (ف۔ صف) دیکھئے پاگِل۔
پائے دار (پائیدار) (ف۔ صف) مضبوط۔ پختہ۔ پکّا۔ دیرپا۔ مستحکم۔
پائے داری (پائیداری) (ف۔ اِ۔ مث) اِستحکام۔ مضبوطی۔ پختگی۔
پائے دان (پائدان) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) کفش۔ جوتی (۲) جوتی اُتارنے کی جگہ (۳) گھوارہ (۴) گاڑی کی وہ جگہ جس پر پاؤں رکھ کر سوار ہوتے ہیں۔
پائے رفتن نہ جائے ماندن (ف۔ مقولہ) دیکھئے نہ پائے رفتن۔
پائے کاشت (ف۔ اِ۔ مث) دیکھئے پاہی کاشت۔
پائے گاہ (پائگہ) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) مرتبہ (۲) طویلہ۔ اصطبل (۳) کچہری۔ اجلاس (۴) چھوٹی ریاست۔
پائے گدا لنگ نیست۔ مُلکِ خدا تنگ نیست (ف۔ مثل) بھکاری کے پاؤں میں لنگ نہیں ہے اور خُدا کا مُلک تنگ نہیں ہے۔ جہاں چاہے جا سکتا ہے (۲) باہمّت آدمی ہر جگہ قسمت آزما سکتا ہے۔
پائے مال ۔ دیکھئے پامال۔
پائل (ہ۔ صف) ایسا بچّہ جس کی ولادت پاؤں کی طرف سے ہو۔
پائیں (پا۔ اِیں) (یائے معروف) (ف۔ اِ۔ مذ) نیچے۔ پائینتی۔ سرہانے کی ضد۔
پائیں باغ (ف۔ اِ۔ مذ) قلعے کے نیچے کا باغ۔ باغ زیرِ محل۔ مکان کے پیچھے کا باغ۔
پائینت (پا۔ اینت) (ہ۔ اِ۔ مث) اُردو ائن۔ پائینتی۔ پاؤں کی طرف کا پلنگ کا حِصّہ۔
پائینتی (پا۔ اِیں۔ تی) (ہ۔ اِ۔ مث) پلنگ یا چارپائی کا پاؤں کی طرف کا حِصّہ۔
پائینچا (پا۔ اِیں۔ چا) (اِ۔ اِ۔ مذ) پانچہ۔ پاجامے یا شلوار وغیرہ کا وہ حِصّہ جو ٹخنے سے نیچے اور پاؤں کے گٹّے سے اُوپر ہوتا ہے۔ جمع: پائینچوں۔ پائینچے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پائینچا بھاری کرنا (اُر۔ محاورہ) گوشہ نشین ہونا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا۔ ایک جگہ بیٹھ جانا۔ خانہ نشینی کرنا۔

پائینچا (پائینچے) سے باہر نکلی پڑتی ہے (اُر۔ محاورہ) غصّے میں آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے۔

پائیوریا۔ دیکھئے پائیریا۔

پایاں (پا۔یاں)(ف۔ا۔مذ) آخر۔ انجام۔

پایک (پا۔یک)(ف۔ا۔مذ) پیک کا بگاڑ۔ پیام بر۔ ایلچی۔ سفیر۔ ہرکارہ۔ چٹھی رساں (۲) پیادہ۔ پیدل۔

پائل (پا۔ئل)(ہ۔ا۔مث)(۱) پازیب۔ ایک گھونگرو دار زیور جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے (۲) تیز چلنے والی ہتھنی (۳)(صف) پائل۔ پاؤں کی طرف سے پیدا ہونے والا بچہ۔

پائندہ (پا۔یَن۔دہ)(ف۔صف) اُستوار۔ قائم۔

پائندہ باد (ف۔ کلمۂ دُعا) اُستوار رہے۔ قائم رہے۔

پایہ (پا۔یَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) پاؤں۔ قدم۔ میز' کرسی' پلنگ وغیرہ کا پیر۔ چوپائے کا پاؤں (۲) زینہ۔ قدمچہ (۳) درجہ۔ رُتبہ۔ منصب۔ عزّت۔ اُردو جمع: پایوں۔ پائے۔

پایہ بہ پایہ (ف۔ تابع فعل) درجہ بہ درجہ۔

پایہ بلند ہونا (اُر۔ محاورہ) مرتبہ بڑھنا۔

پایہ تخت (ف۔ا۔مذ) راج دھانی۔ دارالحکومت۔ حکومت کا صدر مقام۔

پایۂ ثبوت کو پہنچنا (اُر۔ مص مرکب) ثابت ہونا۔

پایہ شناس (ف۔صف) رُتبہ شناس۔ رُتبے کو پہچاننے والا۔

پایہ شناسی (ف۔ا۔مث) مرتبہ شناسی۔ مرتبے کو پہچاننا۔

پایۂ عرش ہلانا (اُر۔ محاورہ) عرش تک فریاد کا اثر پہنچنا۔ خُدا سے منّت وزاری کرنا۔

پایہ پر کھینچنا (اُر۔ محاورہ) تیغے یا بندوق کے گھوڑے کو اُس کی حد تک کھینچنا۔

پ۔ب

پبلشر (Publisher) (انگ۔ا۔مذ) کتاب یا اخبار کا شائع کرنے والا۔

پبلک (Public) (انگ۔ا۔مث) عوام۔ جنتا۔ عام انسان۔

پبلک پراسیکیوٹر (Public Prosecutor) (انگ۔ا۔مذ) سرکاری وکیل۔ گورنمنٹ کی طرف سے کسی مقدمے کی پیروی کرنے والا۔

پبلک سروس (Public Service) (انگ۔ا۔مث) (۱) سرکاری ملازمت (۲) عام لوگوں کی خدمت۔

پبلک سروس کمیشن (Public Service Commission) (انگ۔ا۔مذ) وہ بورڈ جو سرکاری عہدے داروں کا انتخاب کرتا ہے۔

پبلک ورکس (Public Works) (انگ۔ا۔مذ) اُمورِ عامّہ۔ تعمیرات کا محکمہ۔

پبّی (پ۔بّ۔ای)(ہ۔ا۔مث) ایک خوش آواز پرندہ جسے بئی اور پوئی بھی کہتے ہیں۔

پپایانا (پپ۔یا۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے پپیانا۔

پ۔پ

پپرمنٹ (Peppermint) (انگ۔ا۔مذ) پودینے کا ست۔

پپڑ (پپ۔پڑ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دیوار کی کہگل کا وہ حصّہ جو پھول کر علیحدہ ہو جاتا ہے (۲) پاپڑ۔

پپڑا (پپ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پاپڑ۔ ایک پودا (۲) اُوپر کا چھلکا۔ چھال۔

پپڑانا (پپڑا جانا) (پپ۔ڑا۔نا)(پپ۔ڑا۔جا۔نا)(اُر۔مص) بالائی حصّہ خشک ہو جانا۔ پپڑی بندھ جانا۔ کھرنڈ بندھ جانا۔ پپڑی جمنا۔

پپڑی (پپ۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) خشکی۔ کھرنڈ۔ اُوپر کی خشک پرت۔ سُوکھا پوست (۲) چھوٹا پاپڑ (۳) حلوا سوہن کی ایک قسم۔

پپڑی آنا (اُر۔ محاورہ) تہ جمنا۔ اُوپر کا حصّہ خشک ہو کر پرت کی شکل ہو جانا۔

پپڑی بندھنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے پپڑانا۔

پپڑی جمانا (اُر۔ محاورہ) تہ جمانا (۲) حق قائم کرنا۔

پپڑی جم جانا (اُر۔ محاورہ) کتھے وغیرہ کا جمنا (۲) تہ جمنا۔ پرت جمنا (۳) ملائی جمنا۔

پپڑیا کتھا (پ۔پڑ۔یا۔کتھ۔تھا)(ہ۔ا۔مذ) سفید اور ہلکے رنگ کا کتھا۔

پپڑیلا (پپ۔ڑی۔لا)(ہ۔صف) پرت والا۔ چھلکے والا۔ پپڑی والا۔

پپلا (پپ۔لا)(ہ۔صف) دیکھئے پوپلا۔

پپلی (پپ۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) لمبی مرچ (۲) ایک قسم کی بوٹی۔

پپنی (پپ۔نی)(ہ۔ا۔مث) پلک۔ مژہ۔

پپوٹا (پ۔پو۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ) آنکھ کا غلاف۔ آنکھ کا ڈھکن۔ جمع: پپوٹوں۔ پپوٹے۔

پپوٹا اُبھرنا (اُر۔ محاورہ) پپوٹے کا پھول جانا۔

پپوٹا بھاری ہونا (اُر۔ محاورہ) پپوٹے پر ورم ہونا۔

پپوٹن (ہ۔ا۔مث) ایک پودے کا نام جس کے پتے بطور دوا استعمال ہوتے ہیں۔

پپولنا (پ۔پول۔نا)(ہ۔مص) چیز کو مُنہ میں پھرانا۔ بے دانت لگائے رس چوسنا۔ پپلانا۔

پپیا (پ۔پِی۔یا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) آم کی گری نکالی ہوئی گٹھلی جس کی سیٹی بناتے ہیں (۲) پتوں سے بنائی ہوئی سیٹی (۳) نہایت تیز آواز۔

پپیتا (پ۔پی۔تا)(ہ۔ا۔مذ) استوائی علاقوں کا پھل اور اُس کا درخت جس میں شاخیں نہیں ہوتیں البتہ بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں۔ ارنڈ خربوزہ۔ جمع: پپیتوں۔ پپیتے۔

پپیانا (پپ۔یا۔نا)(ہ۔مص) پیپ پڑ جانا۔ زخم یا پھوڑے پھنسی کا پک جانا۔

پپیہا (پ۔پی۔ہا)(ہ۔ا۔مذ) زرد رنگ کا ایک خوش آواز پہاڑی پرندہ جو پی پی کی صدا لگاتا ہے (۲) باجا۔ سیٹی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پ۔ت

پَت (بالفتح)(ہ۔ا۔مث)(۱) عزّت۔ آبرو (۲) ساکھ۔ اعتبار (۳) شوہر۔ پتی۔ خاوند (۴) لاج۔ شرم (۵) پات کا مخفف۔ برگ۔ پتّا (۶) چاشنی۔ قوام۔

پت اُتارنا (اُر۔محاورہ) (۱) چاشنی پکانا۔ قوام کرنا (۲) پتے توڑنا (۳) بے عزّت کرنا (۴) ساکھ بگاڑنا۔

پت جھڑ (ہ۔ا۔مذ) خریف۔ خزاں۔ پتوں کے جھڑنے کا موسم۔

پت رکھنا (ہ۔محاورہ) آبرو رکھنا۔ ساکھ رکھنا۔

پت گنوانا (ہ۔محاورہ) آبرو کھونا۔ بے عزّت ہونا۔ ساکھ گنوانا۔

پِت (بکسرِ اوّل)(س۔ا۔مث) صفرا۔ تلخہ۔ زہرہ۔ چار خلطوں میں سے ایک خِلط۔ زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتّے کے اندر رہتا ہے اور روغنی اشیا کے ہضم میں معاون ہے۔

پت اُچھلنا (ہ۔محاورہ) صفرا کی خرابی سے جسم پر سُرخ دانے نکل آنا۔

پت ڈالنا (ہ۔محاورہ) زرد رنگ کی قے کرنا۔ قے میں صفرا نکلنا۔

پُت (بضمِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) پوت کا مخفف۔ پتر۔ بیٹا۔

پِتا (پ۔تا)(س۔ا۔مذ) باپ۔ والد۔ پدر۔

پَتا (پ۔تا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) نشان۔ علامت۔ سُراغ (۲) مقام۔ ٹھکانا (۳) اِشارہ (۴) سرنامہ (۵) مکتوب الیہ کا پورا نام اور جائے سکونت۔ جمع: پتے۔ پتوں۔

پتا بتانا (دینا) (اُر۔محاورہ) ٹھکانا بتانا۔ سُراغ بتانا۔

پتا پوچھنا (اُر۔مص مُرکّب) ٹھکانا دریافت کرنا۔ سُراغ لگانا۔

پتا چلنا (اُر۔محاورہ) نشان ملنا۔ سُراغ ملنا۔

پتا دینا (اُر۔محاورہ) ٹھکانا بتانا۔ نشان بتانا۔

پتا لگانا (اُر۔محاورہ) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ سُراغ لگانا۔

پتا لگنا (اُر۔محاورہ) دیکھیے پتا چلنا۔

پتا ملنا (اُر۔محاورہ) دیکھیے پتا چلنا۔

پتا نکالنا (اُر۔محاورہ) سُراغ چلانا۔ نشان معلوم کر لینا۔

پتا نہ ہونا (اُر۔محاورہ) معلوم نہ ہونا (۲) غائب ہونا۔

پتّا (پت۔تا)(ہ۔ا۔مذ) پودے کا وہ حصّہ جو سانس لیتا اور پودے کی خوراک بناتا ہے۔ برگ۔ پات۔ پتر (۲) ورق۔ کارڈ جیسے تاش کا پتّا (۳) کان کا ایک زیور جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے۔ جمع: پتے۔ پتوں۔

پتّا بھی بے حکمِ خدا نہیں ہلتا (اُر۔مثل) کوئی کام بغیر خُدا کی مرضی کے نہیں ہوتا۔

پتّا توڑ کر بھاگنا (اُر۔محاورہ) نہایت تیز دوڑنا۔ پیچھے مُڑ کر نہ دیکھنا۔

پتّا کھڑکا بندہ سرکا (سٹکا) (اُر۔مثل) ذرا سی آہٹ پر رفوچکر ہو جانا۔ کمال عیّار اور چالاک آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔

پتّا کھڑکنا (اُر۔محاورہ)(۱) پتّے کی آواز ہونا۔ آہٹ ہونا (۲) اندیشہ ہونا۔ خوف ہونا۔

پتّا لگنا (اُر۔محاورہ) پھلوں میں داغ لگنا۔

پتّا نہ ہلنا (اُر۔محاورہ) ہوا بند ہونا (۲) حبس ہونا۔

پتّا ہلانا (اُر۔محاورہ) خفیف حرکت دینا۔

پتّا (ہو جانا) ہونا (اُر۔محاورہ) تیزی سے بھاگنا۔ غائب ہو جانا۔

پِتّا (پت۔تا)(ہ۔ا۔مذ) جگر کے نیچے ایک چھوٹی تھیلی جس میں پت (صفرا) ہوتی ہے (۱) مرارہ۔ زہرہ۔ خلط صفرا کا مقام (۲) حوصلہ۔ ہمّت (۳) غصّہ۔ جوش۔ حرارت (۴) شرم۔ لاج۔ حیا (۵) خواہشِ نفسانی۔ جمع: پتّے۔ پتّوں۔

پتّا پانی ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) غصّہ فرو ہونا (۲) جوش دب جانا۔ برداشت ہونا۔

پتّا لگانا (اُر۔محاورہ) کسی کام میں جی لگانا۔

پتّا مارنا (اُر۔محاورہ)(۱) غصّہ روکنا۔ جوش کو قابو میں کرنا (۲) دل پر جبر کرنا۔ سختی برداشت کرنا (۳) ہمّت کرنا (۵) دل لگانا۔ محنت کرنا۔

پتّا مرنا (اُر۔محاورہ)(۱) غصّہ دھیما ہونا (۲) مزاج نرم ہو جانا (۳) صفرا کی کمی ہو جانا (۴) ہمّت نہ رہنا۔ حوصلہ کم ہو جانا۔

پتّا نکالنا (اُر۔محاورہ)(۱) جان نکال لینا (۲) تنگ کرنا (۳) بہت مارنا۔

پتال (پ۔تال) دیکھیے پاتال۔

پِتانا (پت۔تا۔نا)(ہ۔مص) (۱) حیران ہونا (۲) شرمندہ ہونا (۳) حواس باختہ ہونا۔

پتاور (پ۔تا۔ور)(ہ۔ا۔مذ) چھپّر بنانے کا پھوس۔

پُتائی (پ۔تا۔ای)(ہ۔ا۔مث)(۱) پوتنا (۲) پوتنے کی مزدوری۔ پلستر یا لپائی کرنے کی اُجرت۔

پَتّر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ)(۱) برگ۔ پتّا (۲) پان (۳) پنّا۔ دستاویز۔ رُقعہ۔ پرچہ۔ خط (۴) طبق۔ تختہ (۵) سونے چاندی اور لوہے کے پتلے ٹکڑے۔ جمع: پتّر۔ پتّروں۔

پُتّر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ) بیٹا۔ پوت۔ جمع: پُتّر۔ پُتّروں۔

پَترا (پت۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) تقویم۔ جنتری (۲) ورق۔ صفحہ (۳) دھات کا ٹکڑا۔ جمع: پتروں۔ پترے۔

پتّرائی (پت۔را۔ای)(س۔ا۔مث) تین پشت سے باپ کی طرف سے رشتے داری۔

پٹرول (اُر۔ا۔مذ)(انگ Patrol کا مؤرّد) رات کو گشت کرنے والی گارڈ۔

پَتری (پت۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) چٹھی۔ خط (۲) خطِ تقدیر۔ زائچہ۔ جنم کنڈلی (۳) دھات کا چھوٹا ٹکڑا۔ جمع: پتریاں۔ پتریوں۔

پُتری (پت۔ری)(ہ۔ا۔مث) بیٹی۔ دُختر۔ جمع: پُتریاں۔ پُتریوں۔

پَترے (پت۔رے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پترا کی جمع (۲) پترا کی مُغیّرہ شکل۔

پترے کھولنا (ہ۔محاورہ) راز ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا۔ عیب کھولنا۔

پتریا (پ۔تر۔یا)(ہ۔ا۔مث) رنڈی۔ فاحشہ عورت۔ بیسوا۔ کنچنی۔

پتریا کا ڈیرا جیسے ٹھگوں کا گھیرا (ہ۔مثل) رنڈی کے گھر جا کر آدمی لُٹ جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پٹکی (پَ-ٹ-کی) (ہ-ا-مث) ایک چھوٹا برتن۔ پتیلی۔

پَتَل (پت-تَل)(ہ-ا-مث)(۱) پتوں کی بنائی ہوئی تھالی جس میں ہندو کھانا کھلاتے ہیں (۲) ایک آدمی کی خوراک۔ جمع: پتلیں۔ پتلوں۔

پتل پروسنا (ہ-محاورہ) پتوں کی تھالی میں کھانے کی چیزیں چننا۔

پتل پھاڑی اور چل دیئے (ہ-مثل) مطلب نکالا اور چل دیئے۔

پَتلا (پت-لا)(ہ-صف)(۱) رقیق۔ بہنے والا (۲) باریک۔ ہلکا (۳) لاغر۔ دُبلا (۴) کم زور (۵) نرم۔ نازک۔

پتلا حال کرنا (اُر-محاورہ) تنگ کرنا۔ ستانا (۲) بُرا حال کرنا۔

پتلا حال ہونا (اُر-محاورہ)(۱) بُرا حال ہونا (۲) قریب مرگ ہونا۔ سخت بیمار ہونا (۳) نہایت کم زور ہونا (۴) لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا (۵) مُفلس اور کنگال ہونا۔

پُتلا (پت-لا)(ہ-ا-مذ)(۱) تصویر۔ پیکر۔ بُت۔ صنم۔ مُورتی۔ مُجسمہ (۲) جسم۔ قالب۔ ڈھانچا (۳) تلوار کا قبضہ۔ جمع: پُتلوں۔ پُتلے۔

پُتلا گاڑنا (اُر-محاورہ) ماش کے آٹے یا کسی اور چیز کا پُتلا بنا کر تسخیر کے لئے زمین میں دفن کرنا۔

پتلانا (پت-لا-نا)(ہ-مص) پیتل کا کساؤ آنا۔ کسیا جانا۔ کھانے میں پیتل کے برتن کا زہریلا اثر آ جانا۔ کھانے میں دھات کے برتن کے زہریلے مادّے کا سرایت کر جانا۔

پتلون (Pantaloon کا مؤرّد-ا-مث) پینٹ۔ انگریزی طرز کا پاجامہ۔

پتلون ڈھیلی ہونا (اُر-محاورہ) گھبرانا۔ پریشان ہونا (۲) ہمت ہار دینا۔

پَتلی (پت-لی)(بفتح اوّل)(ہ-صف) باریک۔ مہین۔ پتلا کی تانیث۔

پتلی آواز (اُر-صف) باریک آواز۔

پتلی دال کھانے والا (اُر-صف) کم زور۔ بودا۔ کم ہمت۔

پتلی کمر (اُر-ا-مث) باریک اور نازک کمر۔

پُتلی (پت-لی)(بضم اوّل)(ہ-ا-مث)(۱) پُتلا کی تانیث (۲) گُڑیا (۳) مٹی یا کاٹھ کی بنی ہوئی مُورت۔ تار یا ڈورے کے ذریعے سے ناچنے والی گُڑیا (۴) آنکھ کا گول سیاہ حصّہ (۵) گھوڑے کے تلوے کا اُبھار (۶) مشین۔ کل (۷) نہایت خوبصورت' حسین (عورت)۔ جمع: پُتلیاں۔ پُتلیوں۔

پُتلی پھیر لینا (اُر-محاورہ) بے وفائی کرنا۔ بے مُروّتی کرنا۔

پُتلی گھر (اُر-ا-مذ) کپڑے کا کارخانہ۔

پُتلیاں (پت-لی-یاں)(ہ-ا-مث) پُتلی کی جمع۔

پُتلیاں پھر جانا (اُلٹ جانا۔ بدل جانا) (اُر-محاورہ) پُتلیاں اُوپر کو چڑھ جانا (۲) مرنے کے قریب ہو جانا۔

پُتلیاں نچانا (اُر-محاورہ)(۱) کٹھ پتلیوں کا تماشا کرنا (۲) آنکھیں مٹکانا۔

پُتلیوں (پت-لی-یوں)(ہ-ا-مث) پُتلی کی جمع۔

پُتلیوں کا تماشا (اُر-ا-مذ) کٹھ پتلیوں کا کھیل۔

پُتلیوں میں گھر کرنا (اُر-محاورہ) بہت عزیز ہونا۔

پَتَّن (پت-تَن)(ہ-ا-مذ) شہر۔ قصبہ۔ نیز دیکھئے پٹن۔

پِتنا (پت-نا)(ہ-مص) سفیدی ہونا۔ پوچا پھرنا۔ پچارا پھرنا۔ قلعی ہونا۔

پَتَنگ (پَ-تنگ)(نون غنّہ)(ہ-ا-مذ و مث)(۱) کنکوا۔ گڈی (۲) پروانہ پتنگا (۳) ایک لکڑی جس سے سُرخ رنگ نکالا جاتا ہے۔ جمع: پتنگوں۔ پتنگیں۔ (پتنگ۔ پتنگوں)۔

پتنگ بازی (اُر-ا-مث) پتنگ کا کھیل۔ گڈی اُڑانے کا شوق۔ کنکوے اُڑانا۔

پتنگ جُھری (اُر-صف) حرّافہ۔ لگائی بُجھائی کرنے والی عورت۔

پتنگ ڈھا دینا (اُر-محاورہ) بڑھے ہوئے کنکوے کو گرا دینا۔

پتنگ کٹ جانا (اُر-مص مُرکّب)(۱) کنکوے کی ڈور کٹ جانا (۲)(محاورہ) کہیں سے نکالا جانا۔

پَتَنگا (پَ-تنگا)(نون غنّہ)(ہ-ا-مذ)(۱) پروانہ جو شمع کے گرد چکر لگاتا ہے (۲) چنگاری۔ شرارہ۔ آگ کا ذرہ۔ جمع: پتنگے۔ پتنگوں۔

پَتنگے (پ-تنگے)(ہ-ا-مذ)(۱) پتنگا کی جمع (۲) پتنگا کی مُغیّرہ صورت

پتنگے لگنا (اُر-محاورہ)(۱) مرچیں لگنا۔ ناراض ہونا۔ ناگوار گُزرنا (۲) حسد ہونا۔

پَتنی (پت-نی)(س-ا-مث) بیوی۔ جمع: پتنیاں۔ پتنیوں۔

پَتوار (پَتوال) (پت-وار)(پت-وال)(ہ-ا-مث)(۱) کشتی کا دُنبالہ۔ سُکان۔ کشتی کا رُخ موڑنے کی لکڑی۔ جمع: پتواریں۔ پتواروں۔

پَتواس (پت-واس)(ہ-ا-مث) کبوتروں کے بیٹھنے کی چھتری۔ پرندوں کے بیٹھنے کا اڈّا۔

پَتوہ (پَتوہُو) (پَ-توہ)(پَ-تو-ہُو)(ہ-ا-مث) بہُو۔ بیٹے کی بیوی۔

پَتھ (بفتح اوّل)(س-ا-مذ) رستہ۔ سڑک۔ راہ۔ شاہ راہ۔

پَتھر (پت-تھر)(ہ-ا-مذ)(۱) چٹان کا ٹکڑا۔ سنگ۔ حجر (۲) ژالہ۔ اولا (۳) ہیرا' پنّا' لال' زمرّد یاقوت وغیرہ (۴) چکّی (۵)(صف) بھاری۔ بوجھل۔ (۶) نہایت۔ بہت زیادہ (۷) کٹھن۔ مشکل (۸) بے رحم۔ ظالم (۹) کند ذہن۔ بے وقوف۔ غبی (۱۰) ثقیل۔ دیر سے ہضم ہونے والی چیز۔ جمع: پتھر۔ پتھروں۔

پتھر اُدھیڑنا (اُر-محاورہ) پتھر اُکھیڑنا۔

پتھر برسانا (اُر-محاورہ) بہت پتھر گرانا۔ پتھروں کی بارش کرنا۔

پتھر برسنا (اُر-محاورہ) پتھر پڑنا۔ پتھر گرنا (۲) اولے پڑنا۔ ژالہ باری ہونا۔

پتھر بن جانا (اُر-محاورہ)(۱) خاموش ہو جانا (۲) گونگا بننا (۳) سنگ دل ہو جانا (۴) رحم نہ کرنا۔

پتھر پانی ہونا (اُر-محاورہ) ظالم کو ترس آ جانا (۲) مُصیبت دُور جانا۔

پتھر پر لگانا (اُر-محاورہ) کسی دھار والی چیز کو پتھر پر رگڑ کر تیز کرنا۔

پتھر پر جونک نہیں لگتی (اُر-مثل) دیکھئے پتھر کو جونک نہیں لگتی۔

پتھر پڑنا (اُر-محاورہ)(۱) پتھر برسنا۔ پتھر گرنا (۲) ژالہ باری ہونا۔ اولے پڑنا۔ (۳) دُکھ میں گرفتار ہونا (۴) قحط پڑنا (۵) عقل و فہم اور سوچ بچار کا جاتے رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پتھر پڑیں (سمجھ پر) (اَر۔ بدُعا)(۱) تم نہیں سمجھتے۔ بے وقوف ہو (۲) ایسی سمجھ پر لعنت (۳) بہت بُرا کام کیا۔
پتھر پسیجنا (پتھر پگھلنا) (اَر۔ محاورہ)(۱) پتھر میں نرمی آنا (۲) ملائم ہونا۔ پگھلنا۔ نرم ہونا۔ سخت دل کا نرم ہونا۔ بخیل آدمی کا کچھ دینے پر آمادہ ہونا۔
پتھر پھوڑ (اَر۔ اِ۔ مذ)(۱) سنگ تراش۔ پتھر پھوڑنے والا (۲) کھٹ بڑھئی۔ ہُدہُد۔
پتھر تلے ہاتھ دینا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت میں پھنسنا۔
پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا (اَر۔ محاورہ) فارغ ہونا۔ آزاد ہونا۔ مُصیبت یا غم سے نجات پانا۔
پتھر تلے کا ہاتھ (اَر۔ اِ۔ مذ) مجبوری۔ ناچاری۔ بے اِختیاری۔
پتھر چٹّا (ہ۔ اِ۔ مذ)(۱) ایک قسم کا سانپ جو پتھر چاٹتا ہے (۲) گھاس کی ایک قسم۔
پتھر چٹانا (اَر۔ محاورہ) دھار تیز کرنا۔ پتھر پر رگڑنا۔ پتھر پر گھسنا۔
پتھر چلنا (اَر۔ محاورہ) پتھروں کی بوچھاڑ ہونا۔
پتھر چھاتی پر دھرنا (دھر لینا) (اَر۔ محاورہ) صبر کرنا (۲) برداشت کرنا۔ سہارنا۔
پتھر ڈھونا (اَر۔ محاورہ) (۱) سخت محنت کرنا۔ نہایت دشوار کام کرنا (۲) فضول کام کرنا۔
پتھر سا پھینک مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) سختی سے جواب دینا۔ کرخت گفتگو کرنا (۲) گستاخی سے بولنا۔
پتھر سے چکّی بھلی جو پیس کھائے سنسار (ہ۔ مثل) بُت پرستی پر طنز ہے۔
پتھر سے سر (پھوڑنا) مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بے وقوف کو سمجھانا (۲) بہرے سے گفتگو کرنا۔
پتھر کا جگر (دل۔ کلیجا) (اَر۔ صف) بے رحم۔ سنگ دل۔
پتھر کا جگر پانی ہونا (اَر۔ محاورہ) سنگدل کو ترس آنا۔
پتھر کا جواب پتھر (اَر۔ مقولہ) سخت بات کا سخت جواب۔
پتھر کا کلیجا کر لینا (اَر۔ محاورہ) دل کو سخت کر لینا۔
پتھر کلا (ہ۔ اِ۔ مذ) توڑے دار بندوق۔ چقماق کے ذریعے سے چلنے والی بندوق۔
پتھر کو پانی (موم) کر دینا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) سنگ دل کو نرم کر دینا۔ بے رحم کو متاثر کرنا۔
پتھر کو جونک نہیں لگتی (اَر۔ مثل) دیکھیے پتھر میں جونک نہیں لگتی۔
پتھر کھینچ مارنا (اَر۔ محاورہ) ایسی بات کہنا جو سُننے والے کو ناگوار گزرے۔
پتھر کی تصویر بننا (اَر۔ محاورہ) خاموش ہو جانا۔ سکتے میں آ جانا۔
پتھر کی چھاتی (اَر۔ اِ۔ مث)(۱) حوصلہ مندی۔ ہمّت۔ بہادری۔
پتھر کی چھاتی کر لینا (اَر۔ محاورہ) اِنتہائی ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔
پتھر کی لکیر (اَر۔ صف)(۱) نہ مٹنے والی چیز (۲) نقش کالحجر (۳) مضبوط اور مستحکم۔
پتھر کے نیچے ہاتھ ہونا (اَر۔ محاورہ) سخت مُصیبت میں ہونا۔
پتھر کو ڈھکانا (اَر۔ مص) پتھر کو دھکیل کر آگے بڑھانا (۲)(محاورہ) ثقیل اور بھدّے اَلفاظ اِستعمال کرنا۔
پتھر مارنا (اَر۔ مص مُرکّب) سنگسار کرنا (۲)(محاورہ) سخت کلامی کرنا۔

پتھر مارے موت نہیں (اَر۔ مثل) نہایت سخت جان ہے۔ بہت ڈھیٹ یا بے حیا ہے۔ اِنتہائی بے شرم ہے۔
پتھر میں جونک نہیں لگتی (اَر۔ مثل)(۱) کنجوس یا سنگدل کو رحم نہیں آتا۔ بخیل پیسا خرچ نہیں کرتا (۲) بُروں پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔
پتھر نچوڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) ظالم سے رحم کی اُمید کرنا۔ کنجوس سے سخاوت چاہنا۔ بد سے نیکی کا خیال رکھنا (۲) بے سُود اور بے کار کام کرنا۔
پتھر نہیں پگھلتے (اَر۔ محاورہ) سنگ دل میں رحم، بخیل میں سخاوت، جفا کار میں وفا، پتھر میں نرمی ہونا ناممکن ہے۔
پتھر ہونا (ہو جانا) (اَر۔ محاورہ) مشکل ہونا۔ سخت ہونا (۲) بھاری ہونا (۳) منجمد ہونا (۴) ایک جگہ پڑے رہنا۔ بے حس و حرکت ہونا (۵) بہرا ہونا (۶) اندھا ہونا (۷) بے کار ہونا (۸) بے رحم ہونا (۹) بُت بن جانا۔ خاموش ہو جانا۔
پَتھرا جانا (پَتھرانا) (پَتھ۔ را۔ جا۔ نا)(پَتھ۔ را۔ نا)(اَر۔ مص لازم) پتھر ہو جانا۔ سخت ہو جانا (۲)(محاورہ) آنکھ کا نور جاتے رہنا۔ موت کے آثار نمایاں ہونا۔
پَتھرا دینا (اَر۔ مص مُرکّب) پتھر بنا دینا۔ بہت سخت کر دینا۔
پَتھراؤ (پَتھ۔ را۔ او)(ہ۔ اِ۔ مذ)(۱) سنگ باری۔ پتھروں کی بوچھاڑ۔
پَتھروٹا (پَتھ۔ رو۔ ٹا)(ہ۔ اِ۔ مذ) پتھر کی تصغیر۔ پتھر کا ٹکڑا۔ بٹّا۔ کونڈی۔ سِل۔ پتھر کا پیالہ۔
پَتھری (پَتھ۔ ری)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) سنگ ریزہ۔ سنگِ مثانہ۔ سنگ گُردہ۔ اُسترہ وغیرہ تیز کرنے کا آلہ (۴) سنگ دان۔ پرندوں کا معدہ۔ جمع: پتھریاں۔ پتھریوں۔
پَتھریلا (پَتھ۔ ری۔ لا)(ہ۔ صف) پتھر ملا ہوا۔ پتھر کا۔
پَتھریلی (پَتھ۔ ری۔ لی)(ہ۔ صف) پتھریلا کی تانیث۔ پتھر کی۔ پتھر ملی ہوئی چیز یا زمین۔
پَتھنا (پَتھ۔ نا)(ہ۔ مص) تھوپنا۔ گوبر کے اُپلے بنانا (۲) زد و کوب کرنا۔
پَتھواری (پَتھ۔ وا۔ ری)(ہ۔ اِ۔ مث) وہ جگہ جہاں اُپلے پاتھے جاتے ہیں۔
پَتھیر (پَ۔ تھیر)(یائے مجہول)(ہ۔ اِ۔ مث) اینٹیں بنانے کی جگہ۔ پتھار۔
پَتھیرا (پَ۔ تھے۔ را)(ہ۔ اِ۔ مذ) اُپلے تھاپنے والا۔ پاتھنے والا (۲) اینٹیں بنانے والا۔
پُتھی (پوتھی) (پُتھ۔ تھی)(پو۔ تھی)(ہ۔ اِ۔ مث) پیاز کی آنڈی یا گٹھی۔
پَتّی (پَت۔ تی)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) چھوٹا پتّا۔ کونپل۔ بوٹی کے پتّے (۲) سبزی۔ بھنگ۔ بوٹی (۳) چندہ۔ شرکت۔ ساجھا (۴) پترا۔ ٹکڑا۔ جمع: پتّیاں۔ پتّیوں۔
پتّی دار (اَر۔ صف) شریک۔ ساجھی۔ حصّے دار۔
پِتّی (پِت۔ تی)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) پِت کا فساد۔ پِت کی خرابی۔ صفرا کا بگاڑ (۲)

جلد کی ایک بیماری جو فسادِ خون سے پیدا ہوتی ہے۔

پِت اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) پت کے فساد کا بدن پر ظاہر ہونا۔ صفرا کے بگاڑ کا جسم پر نمایاں ہونا۔ نیز دیکھئے پت اُچھلنا۔

پَتی (پَ۔تی) (س۔ا۔مذ) شوہر۔ خاوند۔ سوامی (۲) مالک۔ آقا۔

پَتی بَرتا (وَرتا) (ہ۔ا۔مث) خاوند کی اطاعت۔ پاک دامنی۔

پَتّے (پَ۔تے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پتا کی جمع (۲) پتا کی مغیرہ صورت۔

پتے کی بات (اُر۔ا۔مث) راز کی بات۔ کام کی بات۔

پتے کی سُنانا (کہنا) (اُر۔ محاورہ) راز کی بات کہنا (۲) چُبھتی ہوئی بات کہنا۔

پَتّے (پت۔تے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پتا کی جمع (۲) پتا کی مغیرہ صورت۔

پتے باز (اُر۔صف) عیّار۔ مکّار۔ دھوکے باز۔ دغاباز۔

پتے بازی (اُر۔ا۔مث) دھوکے بازی۔ دغابازی۔ چالاکی۔ عیّاری۔ مکّاری۔

پِتّے (پت۔تے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پتا کی جمع (۲) پتا کی مغیرہ صورت۔

پِتّے ماری کا کام (اُر۔ا۔مذ) محنت طلب کام۔ بہت سخت کام۔ صبر آزما کام۔

پَتیانا (پت۔یا۔نا) (اُر۔مص) (۱) اعتبار کرنا۔ یقین کرنا (۲) خاطر میں لانا۔ دھیان دینا۔

پَتیل (پَ۔تیل) (بیائے معروف) (ہ۔صف) باریک۔ پتلا۔ کم زور۔ مہین۔

پَتیل (پَ۔تیل) (بیائے معروف) (ف۔ا۔مذ) چراغ کی بتی۔

پتیل سوز (ف۔ا۔مذ) شمع دان۔ چراغ دان۔

پَتیلا (پَ۔تی۔لا) (ہ۔ا۔مذ) دیگچہ۔ بڑی دیگچی۔

پَتیلی (پَ۔تی۔لی) (ہ۔ا۔مث) دیگچی۔ دھات کی ہنڈیا۔

پ۔ٹ

پَٹ (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کواڑ۔ تختہ (۲) ران۔ زانو (۳) نقاب۔ اوٹ۔ بُرقع (۴) کسی چیز کے گرنے کی آواز (۵) کپڑے کا عرض۔ چوڑائی۔ پاٹ (۶) سکّے کا دوسرا رُخ (۷) سنگھاسن۔ تخت۔ جمع: پَٹ۔ پٹوں (۸) (صف) اوندھا۔ برگشتہ (۹) (تابع فعل) فوراً۔ جلد۔

پَٹ بھیڑنا (یائے مجہول) (ہ۔مص) کواڑ بند کرنا۔ دروازہ بند کرنا۔

پَٹ پَٹ (ہ۔ا۔مث) (۱) متواتر گرنے کی آواز (۲) جھجک (۳) پیٹنے کی آواز۔

پَٹ پَٹ بولنا (اُر۔ محاورہ) تڑاق پڑاق بولنا۔ بے جھجک باتیں کرنا۔

پَٹ پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خلاف ہونا۔ غیر موثر ہونا (۲) بے سُود ہونا۔ تدبیر یا کسی حربے کا بے اثر ہونا (۳) ہار جانا۔ ناکام ہو جانا۔

پَٹ رانی (ہ۔ا۔مث) مہارانی جس کا بیٹا تخت کا وارث ہوتا ہے۔

پَٹ کرنا (اُر۔ محاورہ) اوندھا کرنا (۲) اُلٹ دینا۔

پَٹ کھولنا (ہ۔مص) (۱) دروازہ کھولنا (۲) گھونگٹ اُٹھانا۔ نقاب ہٹانا۔ پردہ ہٹانا۔

پُٹ (ہ۔ا۔مذ) پیٹ کا مخفف۔

پُٹ بھرا (ہ۔صف) دیکھئے پیٹ بھرا۔

پُٹ پُچھنا (ہ۔صف) آخری اولاد۔

پَٹّا (پَ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) پھری گدکے کا کھیل۔ لکڑی کا تماشا۔ سپہ گری کا فن۔

پٹا (پٹے) باز (ہ۔ف۔صف) (۱) پٹے کا کھلاڑی۔ لکڑی کھیلنے والا (۲) کھلونے کا نٹ جو ہلانے سے پٹا کھیلتا ہے (۳) آتش بازی۔

پَٹّا (پٹ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گلوبند۔ طوق۔ چوپائے کے گلے میں پہنانے کا چمڑے وغیرہ کا قلادہ (۲) وہ تحریر جس کے ذریعے جائیدادِ غیر منقولہ لگان یا کرائے پر دی یا لی جائے۔ اجارہ نامہ۔ مالک زمین کی طرف سے زمین کو کام میں لانے کا اجازت نامہ (۳) مرد کے سر کے دونوں طرف کے لمبے بال۔ کاکل۔ پٹے (۴) تختہ۔ پٹڑا۔ پٹڑی (۵) اوگی۔ چمکی۔ بانات۔ مخمل وغیرہ کی جوتی کے پتے جن پر کام بنا ہو (۶) دوپٹا۔ ایک عرض کا اوڑھنا (۷) پٹکا۔ پھینٹا۔ لنگی۔ کمر میں باندھنے کا کپڑا۔ چپراس پیٹی (۸) دستور۔ نیگ۔ انعام۔ رواج۔ حق الخدمت جو دُلہن کے کمینوں اور خادموں کو بیٹے والے کی طرف سے رُخصت کے وقت دیا جاتا ہے (۹) کرایہ یا محصول وصول کرنے کا دستورُ العمل۔ جمع: پٹوں۔ پٹے۔

پٹا اُتارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چپراس لے لینا۔ پیٹی اُتار لینا۔ برخاست کرنا۔ موقوف کرنا (۲) گلو بند کھول لینا (۳) جانور کو آزاد کر دینا (۴) نکال دینا۔ ملکیت سے خارج کر دینا (۵) ملازمت سے علیحدہ ہونا۔ آزاد ہونا۔

پٹا پھیرنا (اُر۔ محاورہ) ہندوؤں کی ایک رسم جو پھیروں کے وقت ہوتی ہے۔ دُولھا کا پٹڑا دُلہن کے نیچے اور دُلہن کا پٹڑا دُولھا کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔

پٹا تُڑوانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بے زار ہونا۔ تنگ ہونا۔ عاجز آنا (۲) بھاگنے کا ارادہ کرنا۔ آزادی چاہنا (۳) زنجیر یا رسا توڑنا۔

پٹا (پٹے) دار (اُر۔صف) پٹا لینے والا۔

پٹا لکھوا لینا (اُر۔ محاورہ) قول و قرار کر لینا۔ معاہدہ کر لینا۔

پٹا میعادی (اُر۔ا۔مذ) وہ پٹا جو محدود مدت کے لئے دیا جائے۔

پَٹاپَٹ (پَ۔ٹا۔پَٹ) (ہ۔ا۔صوت۔مث) (۱) بوندوں یا پھلوں وغیرہ کے مسلسل گرنے کی آواز (۲) جوتیں مارنے کی آواز۔ لگاتار پٹنے کی آواز۔

پٹاپٹ بولنا (اُر۔ محاورہ) متواتر بولنا۔ لگاتار بولنا۔

پَٹاپٹی (پَ۔ٹا۔پَ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) ایک دھاری دار کپڑا۔

پٹاپٹی کا پردہ (اُر۔ا۔مذ) وہ پردہ جس میں قسم قسم کے پھول بوٹے بنے ہوں۔ چوب کاری کا پردہ۔ مینا کاری کا پردہ۔

پٹاپٹی کی گوٹ (اُر۔ا۔مث) رنگا رنگ پھول پتیوں سے کاڑھا ہوا کنارہ۔ رنگ برنگی بیلوں سے تیار کیا ہوا حاشیہ۔

پَٹاپَر (پَ۔ٹا۔پَر) (ہ۔ا۔مذ) ککو کی طرح کا ایک پھل۔ رس بھری۔

پٹاپڑنا (پَ۔ٹا۔پڑ۔نا) (اُر۔ محاورہ) کثرت سے ہونا۔ بہت ہونا۔

پَٹاخ (پَ۔ٹاخ) (اُر۔ا۔صوت۔مث) پٹاخے، بندوق یا تھپڑ کی آواز۔

پٹاخ سے بولنا (اُر۔ محاورہ) جُرأت بولنا۔ فوراً جواب دینا۔ تیزی سے بولنا۔

پٹاخا (پَ۔ٹا۔خا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پڑاخا (آتش بازی کی ایک قسم) (۲) بندوق کی ٹوپی (۳) (صف) شوخ۔ چنچل۔ چالاک (۴) تڑاق پڑاق بولنے والا۔ خوش آواز (۵) نمکین۔ خوب صورت۔ جمع: پٹاخوں۔ پٹاخے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پٹارا (پ۔ٹا۔را)(ہ۔ا۔مذ) بید، لکڑی یا بانس کا بنا ہوا بکس۔

پٹارا توڑنا (اَر۔محاورہ) چوری کرنا۔

پٹاری (ہ۔ا۔مث) بید یا بانس کی بنی ہوئی صندوقچی (۲) میوہ رکھنے کی ٹوکری (۳) ایک کیڑا جو چاولوں میں پیدا ہوتا ہے۔ جمع: پٹاریاں۔ پٹاریوں۔

پٹاری کا خرچ (اَر۔ا۔مذ)(۱) پاندان کا خرچ۔ پان چھالیہ کا صرفہ (۲) حرام کاری کی اُجرت۔

پٹاری میں بند رکھنے کے قابل (اَر۔صف)(طنزاً) عجیب و غریب چیز۔

پٹاش (Potash) (انگ۔ا۔مذ) ایک آتش گیر مادّہ جو آتش بازی میں اِستعمال ہوتا ہے۔

پٹاک (پٹاق) (پ۔ٹاک)(پ۔ٹاق)(ہ۔ا۔صوت۔مذ) پٹ پٹ۔ بھد بھد۔ پھل گرنے کی آواز۔ بندوق وغیرہ چلنے کی آواز۔

پٹاکا (پ۔ٹا۔کا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے پٹاخا۔

پٹانا (پ۔ٹا۔نا)(ہ۔مص)(۱) وصول کرنا (۲) آب پاشی کرنا (۳) چھت ڈلوانا (۴) سودا کرنا۔ لین دین کرنا (۵) ورغلانا۔ راغب کرنا۔

پٹاؤ (پ۔ٹا۔او)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پوشش۔ چھت۔ کڑی۔ تختہ (۲) آب پاشی۔

پٹ بندھک (پٹ۔بن۔دَھک)(ہ۔ا۔مث) کفالت و اصالت جس میں سے سُود اور اصل دونوں مقررہ میعاد میں ادا کئے جاتے ہیں۔

پٹ بیجنا (ہ۔ا۔مذ) جگنو۔

پٹخارنا (اَر۔مص)(۱) پھٹکارنا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) پیٹنا۔ دھمکانا۔

پٹخنا (پ۔ٹخ۔نا)(اَر۔مص)(۱) پٹکنا۔ زمین پر دے مارنا۔ پچھاڑنا (۲) پچکنا۔

پٹخنی (پٹ۔خ۔نی)(ہ۔ا۔مث) کشتی میں حریف کو زمین پر دے مارنا۔ گرانا۔ جمع: پٹخنیاں۔ پٹخنیوں۔

پٹخنی دینا (اَر۔محاورہ) زمین پر دے مارنا۔

پٹخنیاں (پٹ۔خن۔یاں)(اَر۔ا۔مث) پٹخنی کی جمع۔

پٹخنیاں دینا (اَر۔محاورہ) بار بار زمین پر دے مارنا۔

پٹخنیاں کھانا (اَر۔محاورہ) پچھاڑیں کھانا۔ گر گر پڑنا۔ تڑپنا۔ لوٹنا۔

پٹر پٹر (پ۔ٹر۔پ۔ٹر)(ہ۔تابع فعل) تڑاق پڑاق۔ بے روک ٹوک۔ (۲) آنکھ ملا کر۔ آنکھیں پھاڑ کر۔

پٹر پٹر باتیں کرنا (اَر۔محاورہ) بہت باتیں کرنا۔ تڑاق پڑاق باتیں کرنا۔

پٹرا (پٹڑا) (پٹ۔را)(پٹ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) تختہ۔ چوکی (۲) دھوبیوں کا کپڑے دھونے کا تختہ۔ لکڑی یا پتھر کی سِل (۳) پٹیلا۔ لکڑی کا ایک لمبا تختہ جو زمین ہموار کرنے کے لئے کھیت میں پھیرتے ہیں (پن) سُہاگہ۔

پٹرا (پٹڑا) پھیرنا (اَر۔محاورہ) سُہاگہ پھیرنا۔

پٹرا (پٹڑا) کر دینا (اَر۔محاورہ) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔

پٹرولیم (Petroleum) (انگ۔ا۔مذ) گاڑھے سیاہ رنگ کا قدرتی تیل جو تقریباً ۶۰ مختلف ہائیڈرو کاربنز کا مُرکّب ہوتا ہے۔ تیل صاف کرنے کے کارخانوں میں صاف کر کے قابل اِستعمال بنایا جاتا ہے۔

پٹری (پٹڑی) (پٹ۔ری)(پٹ۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) تختی۔ چھوٹا تختہ۔ لوح (۲) نہر کا کنارہ۔ سڑک کا کنارہ۔ حاشیہ۔ بینڈ (۳) باغ کی چھوٹی روش (۴) ران (۵) کھپریل کا کھپرا جس پر ٹلیاں جمائی جاتی ہیں۔ جمع: پٹریاں۔ پٹریوں۔

پٹری جمانا (اَر۔محاورہ)(۱) آلتی پالتی مارنا (۲) گھوڑے پر ران جما کر بیٹھنا۔

پٹس (پٹ۔ٹس)(ہ۔ا۔مث) پیٹنا۔ رونا۔ ماتم۔ کہرام۔ زد و کوب۔

پٹ سن (پٹ۔سَن)(ہ۔ا۔مذ) ایک پودا جس کے ریشوں سے بوریاں وغیرہ بنتی ہیں۔ اِسے سنہری ریشہ بھی کہتے ہیں۔

پٹکا (ہ۔ا۔مذ)(۱) پیٹی۔ کمربند۔ کمر سے باندھنے کا دوپٹا (۲) مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹی۔ جمع: پٹکوں۔ پٹکے۔

پٹکا باندھنا (اَر۔محاورہ)(۱) کمر باندھنا (۲) کسی کام کے لئے مستعد ہونا۔

پٹکا پکڑنا (اَر۔محاورہ) دامن پکڑنا۔ روکنا۔ مُزاحم ہونا۔ تعرّض کرنا۔

پٹکار (پٹ۔کار)(ہ۔ا۔مث) چابک یا رَسّی جو گھوڑے کو چلانے اور پرندوں کو کھیت سے اُڑانے کے کام آتی ہے۔

پٹکن (پٹ۔کن)(ہ۔ا۔مث)(۱) بے چینی۔ بے کلی (۲) دھکا (۳) گرنا (۴) سُوجن کا کم ہونا۔

پٹکنا (پ۔ٹک۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے پٹخنا جو زیادہ مستعمل ہے۔

پٹکنی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے پٹخنی۔

پٹکی (پٹ۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) مرگِ ناگہانی۔ آفت۔ مصیبت (۲) بیسن یا آٹا جو شوربا گاڑھا کرنے کے لئے سالن میں ڈالتے ہیں۔

پٹکی پڑنا (اَر۔محاورہ) خُدا کا غضب نازل ہونا۔ آفت آنا۔ صدمہ پہنچنا (۲) گوندھتے وقت آٹے میں دانے پڑ جانا۔

پٹکی پڑے (اَر۔بددُعا) غارت ہو۔ غضب نازل ہو۔ (عو)۔

پٹکی ڈالنا (اَر۔محاورہ) اندھا کر دینا۔ آنکھیں بند کر دینا۔

پٹل (پ۔ٹل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چھت۔ چھپر (۲) ڈھکنا۔ دوپٹا۔ نقاب (۳) آنکھ کی جھلی (۴) تعداد۔ مقدار (۵) گروہ۔ بھیڑ (۶) ٹوکری (۷) کتاب۔ منتر۔ اشلوک (۱۰) ماتھے پر صندل کا ٹیکا۔

پٹلا (پٹ۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پُشتارہ جس میں چیزیں باندھتے ہیں۔ پوٹلا۔ بُقچہ۔

پٹم (پ۔ٹم)(ہ۔صف) بند۔ مُندا ہوا۔

پٹم ہونا (اَر۔محاورہ) اَندھا ہونا۔ چوپٹ ہونا (کام)۔

پٹن (پٹ۔ٹن)(س۔ا۔مذ) گھاٹ۔ دریا کو عبور کرنے کی جگہ (۲) پتن (۳) آبادی۔ بستی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پٹن (پٹ۔ ٹن) (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) پٹس۔ ماتم۔ کہرام۔ رونا پیٹنا (۲) مار کٹائی۔

پٹنا (پٹ جانا) (پٹ۔ نا) (اُر۔مص) (۱) وصول ہونا۔ حاصل ہونا (۲) قیمت چکنا۔ سودا بننا (۳) پوشش ہونا۔ چھایا جانا۔ کڑی تختے سے دُرست ہونا (۴) آب پاشی ہونا (۵) بھرنا۔ لبالب ہونا۔ بکثرت ہونا۔

پٹنا (پٹ۔ نا) (بکسر اوّل) (اُر۔مص) (۱) مار کھانا (۲) (ا۔مذ) ماتم۔ کہرام (۳) رنج۔ غم (۴) مصیبت (۵) سیاپا۔ بین۔

پٹنی (پٹونی) (پٹ۔ نی) (پ۔ ٹو۔ نی) (ہ۔ا۔مذ) ملاح۔ مانجھی۔ کھویا۔

پٹو (پٹ۔ ٹو) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا اُونی کپڑا۔ ہاتھ کا کاتا اور بُنا ہوا اُونی کپڑا۔

پٹو (پٹ۔ ٹو) (بکسر اوّل) (اُر۔صف) (۱) پٹنے والا۔ مار کھانے والا۔ ذلیل (۲) ہار جانے والا۔ بھاگ جانے والا۔

پٹوا (پٹ۔ وا) (ہ۔ا۔مذ) بٹوے اور زیور وغیرہ میں ڈورے ڈالنے والا۔

پٹوار (پٹ۔ وار) (ہ۔ا۔مث) (۱) پٹواری کا کام یا منصب (۲) پٹواری کا علاقہ۔

پٹواری (پٹ۔ وا۔ ری) (ہ۔ا۔مذ) گاؤں کے رقبے کی پیائش اور پیداوار، لگان اور مال گزاری کی جانچ پڑتال کرنے والا سرکاری کارندہ۔

پٹوانا (پٹ۔ وا۔ نا) (اُر۔مص) (۱) وصول کرانا۔ دلوانا (۲) سودا کرانا۔ معاملہ کرانا۔ طے کرانا (۳) چھت ڈلوانا (۴) آب پاشی کرانا (۵) بھرانا۔ پُر کرانا۔

پٹوانا (پٹ۔ وا۔ نا) (ہ۔مص) (۱) مار کھلوانا۔ ضرب لگوانا (۲) جھک جھک کرانا (۳) ماتم کرانا۔

پٹوتن (پ۔ ٹو۔ تن) (ہ۔ا۔مث) چھت پاٹنے کے تختے۔

پٹوّر (پ۔ ٹو۔ ور) (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) ماتم۔ کہرام۔

پٹولا (پ۔ ٹو۔ لا) (ہ۔ا۔مذ) ریشم کا کیڑا۔

پٹولی (پ۔ ٹو۔ لی) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے پٹول۔

پٹونی (پ۔ ٹو۔ نی) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے پٹنی۔

پٹھ (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) نوجوان بکری جس نے بچہ نہ دیا ہو (۲) جوان مرغی۔

پٹھ (بضم اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) جانور کی دُم کے اُوپر کا حصّہ۔ پیٹھ اور دُم کا درمیانی حصّہ۔

پٹھا (پٹھ۔ ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پہلوان کا شاگرد (۲) بدن کے وہ ریشے جن کے ذریعے جسمانی اعضا سکڑتے اور پھیلتے ہیں (۳) نوجوان۔ نوخیز (۴) جتکا۔ شاخ۔ ٹہنی (۵) کتاب کے دونوں طرف جو موٹا کاغذ حفاظت کے لئے لگاتے ہیں (۶) چوڑی چوڑی جو باریک چوڑیوں کے درمیان پہنی جاتی ہے (۷) اطلس یا ساٹن وغیرہ کی چوڑی گوٹ جو دوپٹوں اور لنگیوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے (۸) گھاس کا پتا (۹) کاکل۔ مَردوں کے سر کے دونوں طرف کے بال جنہیں وہ کانوں تک یا گردن تک لٹکاتے ہیں۔ اِن معنوں میں جمع مستعمل ہے۔ نیز دیکھئے پٹا نمبر ۳۔ جمع: پٹھوں۔ پٹھے۔

پٹھا (پٹھ۔ ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) جانور کے چوتڑ کا بالائی حصّہ۔

پٹھان (پ۔ ٹھان) (اُر۔ا۔مذ) (۱) افغان (۲) پاکستان کی مغربی سرحد کے علاقوں میں رہنے والے مسلمان (۳) (صف) بہادر۔ دلیر۔ لڑاکا۔ جنگ جُو۔

پٹھان کا پُوت گھڑی میں اَولیا گھڑی میں بُھوت (اُر۔مثل) پٹھان کے مزاج کا کوئی پتا نہیں چلتا۔ ذرا سی بات میں ناراض ہو جاتا ہے اور ذرا سی بات میں خوش۔

پٹھانا (پٹھاؤنا) (پ۔ ٹھا۔ نا) (پ۔ ٹھا۔ او۔ نا) (ہ۔مص) بھیجنا۔ روانہ کرنا۔ اِرسال کرنا۔

پٹھانی (پ۔ ٹھا۔ نی) (اُر۔ا۔مث) پٹھان کی تانیث۔

پٹھ مِلا (پٹھ۔ مل۔ لا) (ہ۔ا۔مث) لباس کی کمر۔ کپڑے کا وہ حصّہ جو پہننے کی حالت میں پیٹھ سے مِلا رہے۔

پٹھو (پٹھ۔ ٹھو) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دُم چھلا۔ ہر وقت ساتھ لگا رہنے والا (۲) رفیق۔ مددگار (۳) وہ غیر موجود کھلاڑی جسے بچّے کھیلتے وقت فرض کر لیتے ہیں۔ مثلاً ایک گروہ میں چار لڑکے ہوں اور دوسرے میں تین تو تین والے گروہ کا ایک لڑکا اپنے پیٹ میں ایک پٹھو فرض کر لیتا ہے اور اپنی باری کے بعد اپنے پٹھو کی باری لیتا ہے۔

پٹھوال (پٹھ۔ وال) (ہ۔ا۔مذ) ساتھی۔ رفیق۔ مددگار۔ پُشت پناہ۔ چور کا محافظ جو مکان کے باہر کھڑا رہتا ہے۔

پٹھور (پٹھورا) (پ۔ ٹھور) (ہ۔ا۔مذ) جانوروں کا نوجوان نر بچّہ۔

پٹھوری (ہ۔ا۔مث) پٹھورا کی تانیث۔

پٹھی (پٹ۔ ٹھی) دیکھئے پیٹھی۔

پٹھے (پٹھ۔ ٹھے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پٹھا کی جمع (۲) پٹھا کی مغیّرہ شکل (۳) مرد کے سر کے دونوں طرف کے بال۔ پٹے۔

پٹھے چھوڑنا (رکھنا) (اُر۔محاورہ) سر کے بالوں کو کانوں کے اُوپر یا گردن تک بڑھانا۔

پٹھّے (پٹ۔ ٹھے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پٹھا کی جمع (۲) پٹھا کی مغیّرہ صورت۔

پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا (اُر۔محاورہ) (۱) بدکنا۔ وحشت کرنا۔ گھوڑے کا سوار کو پیٹھ پر بیٹھنے نہ دینا (۲) پاس تک نہ پھٹکنے دینا (۳) راضی نہ ہونا۔

پٹھیا (پٹھ۔ یا) (ہ۔ا۔مث) (۱) بکری، گائے، بھینس وغیرہ کا مادین جوان بچّہ (۲) نوعمر لڑکی۔

پٹی (پٹ۔ ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) دھجّی۔ کپڑے کا لمبا اور پتلا ٹکڑا (۲) حصّہ۔ جُزو۔ ٹکڑا (۳) سربند۔ بندھن (۴) گاؤں کا چھوٹا حصّہ (پتی)۔ قطعۂ زمین (۵) پگڑی کی بندش کی قسم (۶) شیرینی کی لمبی قاشیں۔ گزک کی لمبی چپٹی چوکور قاشیں (۷) بازو۔ بلّی جو چارپائی کے دو جانب لگی ہوتی ہے (۸) صف۔ قطار (۹) لمبی دوڑ (۱۰) ماتھے پر گوند وغیرہ سے جمائے ہوئے بال (۱۱) تختی۔ لوح

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۱۲) سبق۔ باب (۱۳) دھوکا۔ فریب۔ بدظنی۔ مخالفت۔ غیبت (۱۴) لنگوٹ (۱۵) حاشیہ۔ کنارہ۔ روش۔ پٹڑی (۱۶) جانب (۱۷) گرم کپڑے کا لمبا اور چوڑا ٹکڑا جو فوجی اور پولیس کے سپاہی پنڈلیوں پر لپیٹتے ہیں (۱۸) وہ کپڑا جو بچّے اور زچّہ کے سر پر بعد وضعِ حمل باندھتے ہیں (۱۹) کاغذ کی وہ رنگین دھجّی جو کنکوّے میں آڑی ڈالی جاتی ہے۔ جمع: پٹّیاں۔ پٹّیوں۔

پٹّی باندھنا (اَر۔ محاورہ) بندھن باندھنا۔ زخم یا آنکھ وغیرہ پر کپڑے کی دھجّی باندھنا۔

پٹّی ہٹانا (اَر۔ محاورہ) پانی یا تیل سے بالوں کی تہ ماتھے پر جمانا۔ بال ہٹانا۔

پٹّی پڑھانا (اَر۔ محاورہ) بہکانا۔ ورغلانا۔

پٹّی پڑھنا (اَر۔ محاورہ) بہکاوے میں آجانا۔

پٹّی تلے کا (اَر۔ صف) بے وقعت۔ کم رُتبہ۔ حقیر۔ ذلیل۔

پٹّی دار (اَر۔ صف) حصّے دار۔ شریک۔ حق دار۔ ساجھی (۲) پٹّی کا مالک۔ گاؤں کا شریک (۳) پتنگ جس میں آڑی دھجّیاں ہوتی ہیں۔

پٹّی دار گولا (اَر۔ ا۔ مذ) وہ گولا جو خاص طریقے سے (پتنگ کی ڈور) لپیٹنے سے بنتا ہے۔

پٹّی داری (اَر۔ ا۔ مث) حصّے داری۔ شرکت۔ پٹّی داری۔ ساجھا۔

پٹّی داری مُطلق (اَر۔ ا۔ مث) شاملاتی۔ بھائی چارا۔

پٹّی داری نامکمل (اَر۔ ا۔ مث) وہ پٹّی داری جس میں کچھ اراضی تقسیم شدہ ہو اور کچھ مشترک۔

پٹّی دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) بہکانا۔ ورغلانا (۲) گھوڑے کو لمبا اور سیدھا دوڑانا۔

پٹّی سے پٹّی ملانا (اَر۔ محاورہ) بہت قریب ہونا۔

پٹّی سے لگ کے رونا (اَر۔ محاورہ) پلنگ کی پٹّی کے پاس بیٹھ کر رونا۔

پٹّی نکالنا (اَر۔ محاورہ) سر کے بالوں کی آرائش کرنا۔

پٹّی وار (ہ۔ صف) حِصّہ رسد کے مطابق۔ پٹّی وار۔ حصّے وار۔

پَٹّے (پٹ۔ ٹے) (ہ۔ ا۔ مذ) پٹّا کی جمع۔ نیز دیکھیے پَٹّے۔

پَٹّے (پَ۔ ٹے) دیکھیے پٹّا جس کی یہ مُغیّرہ صورت ہے۔

پٹّے باز (اَر۔ صف) پٹّا کھیلنے والا۔

پٹّے بازی (اَر۔ ا۔ مث) پٹّے کا کھیل۔

پٹّے کے ہاتھ دکھانا (نکالنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھوں کو پٹّے کی طرح حرکت دینا (۲) گیدڑ بھبکیاں دینا۔ نمائشی دھاک بٹھانا۔

پٹّیاں (پٹ۔ ٹی۔ یاں) (ہ۔ ا۔ مث) پٹّی کی جمع۔

پٹّیاں جمانا (اَر۔ محاورہ) عورتوں کا بالوں کو ماتھے کے دونوں طرف تیل وغیرہ سے چپکانا۔

پَٹّیت (پَ۔ ٹیت) (ہ۔ صف) (۱) پٹّا کھیلنے والا پٹّے کا کھلاڑی (۲) بے وقوف (۳) سیاہ، سُرخ، زرد، نیلا کبوتر جس کے گلے میں سفید دھاری ہو (۴) دُشمن (۵) (ا۔ مذ) ٹھیکیدار (۶) گاؤں کی کسی پٹّی کا مالک۔

پَٹّیتی (پَ۔ ٹے۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پٹّے کے فن میں مہارت (۲) دُشمنی۔ عداوت (۳) وہ عداوت جو پڑوس میں رہنے سے ہو۔

پَٹّیر (پٹّیرا) (پَ۔ ٹیر) (پَ۔ ٹے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کی گھاس جو ہاتھیوں کو دی جاتی ہے اور اس سے گتّا اور چٹائیاں بھی بنتی ہیں (۲) ایرا۔

پٹیشن (Petition) (انگ۔ ا۔ مث) عرضی دعویٰ۔ درخواست۔

پَٹیل (پَ۔ ٹیل) (ہ۔ ا۔ مذ) گاؤں کا سردار۔ مُقدّم۔ چودھری۔ مُکھیا (۲) مرہٹوں کی ایک ذات (۳) پٹّے بازی (۴) حکومت۔

پَٹیلا (پَ۔ ٹے۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کی گھاس جس کی چٹائی بنتی ہے۔ (۲) بیڑا۔ بانسوں کو باندھ کر سطحِ آب پر بنا ہوا چبوترا جو کشتی کا کام دیتا ہے (۳) کھیت میں پھیرنے کا تختہ۔ سُہاگہ (۴) سِل۔ چٹان۔ جمع: پٹیلوں۔ پٹیلے۔

پَٹیلنا (پَ۔ ٹیل۔ نا) (یائے مجہول) (ہ۔ مص) (۱) بازی جیتنا (۲) حاصل کرنا۔ کمانا (۳) ٹھونکنا۔ پیٹنا۔ مارنا (۴) شکست دینا۔ نیچا دکھانا۔

پَٹیلوں (پَ۔ ٹی۔ لوں) (ہ۔ ا۔ مث) تیتر کی آواز۔

پَٹیلی (پَ۔ ٹی۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔

پَٹیلی (پَ۔ ٹے۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) گاؤں کی نمبرداری۔

پِٹیلی (پِ۔ ٹے۔ لی) (بکسرِ اوّل) (ہ۔ صف) پٹنے والی۔ مار کھانے والی۔

پَٹیما (پَ۔ ٹی۔ ما) (ہ۔ ا۔ مذ) تختہ جسے کپڑا چھاپنے کے لئے بچھایا جاتا ہے۔

پُٹین (پُ۔ ٹین) (اَر۔ ا۔ مذ) لکڑی کی درزوں اور چھیدوں کو بند کرنے کا مسالا۔ شیشوں کو کواڑوں میں چپکانے کا مسالا۔ لگدی (۲) انگریزی حلوا یا فرنی۔ انگریزی لفظ پُڈنگ کا بگاڑ۔

پ۔ج

پُجا (پُ۔ جا) (ہ۔ صف) بھرا۔ آباد۔

پُجاپا (پُ۔ جا۔ پا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پُوجنے کا سامان۔ چڑھاوے کی چیزیں (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ مُصیبت۔

پجاپا پھیلانا (ہ۔ محاورہ) بکھیڑا پھیلانا۔ بے ترتیبی سے چیزیں پھیلانا۔

پُجاری (پُ۔ جا۔ ری) (ہ۔ صف۔ وا۔ مذ) (۱) پُوجنے والا۔ عبادت کرنے والا (۲) مُجاور (۳) بتوں کی پُوجا کرانے والا۔ جمع: پُجاری۔ پُجاریوں۔

پُجانا (پُ۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تکمیل کرنا (۲) بھرنا۔ پورا کرنا۔

پَجاوا (پَ۔ جا۔ وا) (اَر۔ ا۔ مذ) پزاوہ کا بگاڑ۔ اینٹوں کا بھٹّا۔ آوا۔

پُجنا (پُج۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پرستش کیا جانا۔ پُوجا جانا (۲) مانا جانا۔

پُجوانا (پُج۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) پُوجنا کا متعدّی المتعدّی۔ عبادت کرانا۔ بندگی کرانا۔ پرستش کرانا۔

پَجوڑا (پَ۔ جو۔ ڑا) (ہ۔ صف) نہایت پاجی۔ بہت کمینہ۔ سخت نالائق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پچوڑی (پ۔جو۔ڑی) (ہ۔صف) پاجی عورت پچوڑا کی تانیث۔

پ۔چ

پَچ (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) طرف داری۔ جانب داری۔ حمایت۔ رعایت (۲) تعصب۔ ضِد (۳) کوشش (۴) پانچ کا مُخفف۔ مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے پچ دھات۔ پچ درہ وغیرہ (۵) (ہ۔فعل) پچنا کا اَمر۔

پچ پر ہونا (اَر۔محاورہ) طرف داری کرنا۔ جانب داری کرنا۔

پچ پکوانی (ہ۔ا۔مث) پانچ مٹھائیاں جو ہندو دعوت میں دیتے ہیں۔

پچ پہلو (اَر۔صف) مُخمس۔ وہ شکل جس کے پانچ پہلو ہوں۔

پچ درہ (اَر۔صف) پانچ دروازوں کا مکان۔

پچ دھات (ہ۔صف) پانچ دھاتوں کا مُرکب جس سے گھنٹے بنتے ہیں۔

پچ رنگ (پچ رنگا) (ہ۔صف) پانچ رنگ کا۔

پچ کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) طرف داری کرنا۔ رعایت کرنا (۲) تعصّب کرنا (۳) اپنے مُنہ سے نکلی ہوئی بات پر اَڑے رہنا۔

پچ کلیان (ہ۔صف) وہ جانور جس کے چاروں پیر اور ماتھا سفید ہو۔ خصوصاً گھوڑا (۲) دوغلا۔

پچ گنا (ہ۔صف) پانچ سے ضرب دیا ہوا۔ پانچ حصے زیادہ۔

پچ لڑا (ہ۔ا۔مذ) پانچ لڑیوں کا ہار۔

پچ لڑی (ہ۔ا۔مث) پچلڑا کی تانیث۔ پانچ لڑیوں والی۔

پچ لونا (ہ۔صف) (۱) پانچ نمکوں سے بنا ہوا چُورن (۲) پانچ ذائقوں کا۔

پچ محلا (پچ منزلہ) (اَر۔صف) پانچ منزلوں کا مکان۔

پچ میل (ہ۔صف) پانچ چیزوں کا مُرکب۔

پچوترا (پ۔چوَت۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پانچ فی صد رقم جو مالِ تجارت میں سے نکالی جاتی ہے (۲) نمبرداروں کی فیس جو وہ مال گزاری وصول کرنے کے بعد سرکار سے لیتے ہیں۔

پچ ہتھا (ہ۔صف) (۱) پانچ ہاتھ کے قد کا (۲) لمبے قد کا (۳) پورا آدمی۔

پچا بیٹھنا (اَر۔محاورہ) پچانا۔ ہضم کر جانا۔ غصب کرنا۔ مار لینا۔

پُچارا (پُ۔چا۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پوتا پھیرنے کی کوچی۔ پوتنے کا برش (۲) ہلکا رنگ۔ سفیدی وغیرہ کی پتلی تہ (۳) دھوکا۔ فریب۔ جمع: پچاروں۔ پچارے۔

پُچارا پھیرنا (اَر۔محاورہ) (۱) کوچی پھیرنا۔ رنگائی کرنا۔ سفیدی کرنا۔ پوتنا (۲) صفائی کرنا (۳) بہکانا۔ ترغیب دینا۔

پُچارا دینا (اَر۔محاورہ) (۱) دیکھیے پچارا پھیرنا (۲) روغنِ قاز ملنا۔ خوشامد کرنا۔

پُچارے (ہ۔ا۔مذ) (۱) پچارا کی جمع (۲) پچارا کی مُغیرہ صورت۔

پُچارے میں آنا (اَر۔محاورہ) فریب میں آنا۔ دھوکا کھانا۔

پَچاس (پَ۔چاس) (ہ۔ا۔عدد) پانچ دھائی۔ پنجاہ۔ چالیس اور دس۔ ۵۰۔

پَچاسا (پَ۔چا۔سا) (اَر۔ا۔مذ) (۱) پچاس روپے کا وزن (۲) پچاس تولے کے اَندازے کا کانٹا (۳) پچاس کی تعداد۔ پچاس کی رقم۔

پَچاشواں (پَ۔چاس۔واں) (اَر۔صف) اگر ایک کو پچاس حصّوں میں تقسیم کیا جائے تو ان حصّوں میں سے ایک۔ $\frac{1}{50}$۔ ترتیب میں اُنچاس کے بعد کا درجہ۔

پَچاسوں (پَ۔چا۔سوں) (ہ۔صف) (۱) پچاس کے پچاس (۲) بہت۔ بکثرت۔ زیادہ۔

پَچاشوِیں (پچاس۔ویں) (بیائے معروف) (ہ۔ا۔عدد و ترتیبی) پچاسواں کی تانیث۔ اُنچاس کے بعد کی کوئی چیز مثلاً پچاسویں سالگرہ۔

پَچاشویں (پچاس۔ویں) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔عدد و ترتیبی) پچاسواں کی بدلی ہوئی شکل۔

پَچاسی (پَ۔چا۔سی) (ہ۔ا۔عدد) پانچ اُوپر اَسّی۔ اَسّی اور پانچ۔ (۸۵)۔

پَچانا (پَ۔چا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ہضم کرنا (۲) برداشت کرنا (۳) کسی کا مال مار لینا۔

پَچانوے (پَ۔چان۔وے) (ہ۔ا۔عدد) نوّے اور پانچ۔ ۹۵۔

پَچاؤ (پَ۔چا۔او) (ہ۔ا۔مذ) ہاضمے کی طاقت (۲) برداشت۔ سہارا۔

پچ پچ (بکسرِ اوّل) (اَر۔ا۔صوت۔مث) پان کی پیک تھوکنے کی آواز۔

پَچ پَچ (بفتحِ اوّل) (اَر۔ا۔صوت۔مث) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

پُچ پُچ (بضمِ اوّل) (اَر۔ا۔مث) پیار کی آواز جس سے جانور کو بُلاتے یا اُس کے غصّے کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔

پچ پچا (پچ۔پ۔چا) (اَر۔صف) اَدھ پکا کھانا جس کا پانی خشک نہ ہوا ہو۔

پچپچانا (پچ۔پ۔چا۔نا) (اَر۔مص) رطوبت سے بھرا ہونا۔

پچپچاہٹ (پچ۔پ۔چا۔ہَٹ) (اَر۔ا۔مث) پچپچانے کی کیفیت۔

پچپن (پچ۔پَن) (ہ۔ا۔عدد) پانچ اُوپر پچاس۔ پنجاہ و پنج۔ ۵۵۔

پچتانا (پَچ۔تا۔نا) دیکھیے پچھتانا۔

پچتاوا (پَچ۔تا۔وا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے پچھتاوا۔

پچّر (پَچ۔چَر) (ہ۔ا۔مث) (۱) روک۔ مُزاحمت۔ تعرّض (۲) میخ۔ کھونٹی۔ لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا جو لکڑی چیرتے وقت درز کھلی رکھنے کیلئے لگایا جاتا ہے۔ فانہ۔ پھانا۔

پچّر اَڑانا (اَر۔محاورہ) (۱) کھونٹی گاڑنا (۲) (کنایۃً) روک ٹوک کرنا (۳) لکڑی کی درز میں لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا پھنسانا۔ پھانا ٹھونکنا۔

پچّر پڑنا (اَر۔محاورہ) ناگہانی آفت پڑنا۔

پچّر ٹھونکنا (اَر۔مص مُرکب) (۱) پھانا ٹھونکنا (۲) (محاورہ) تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا (۲) مزاحمت کرنا۔ روک ٹوک کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پچڑ مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رخنہ ڈالنا (۲) بھانجی مارنا۔ کام بگاڑنا۔ چغلی کھانا۔

پچک (پ۔ چک) (و۔ ا۔ مث) مرغی کے انڈے کا نچلا حصّہ۔

پچکار (پچ۔ کار) (و۔ ا۔ مث) (۱) چمکار۔ پیار (۲) تھپکی۔

پچکارنا (پچ۔ کار۔ نا) (و۔ مص) (۱) چمکارنا۔ پیار کرنا (۲) تسلی دینا۔ دلاسا دینا۔ تھپکنا۔ تھپکی دینا۔

پچکاری (پچ۔ کا۔ ری) (و۔ ا۔ مث) (۱) چمکاری (۲) پچکار (۳) پیار کی آواز۔

پچکاری دینا (اُر۔ محاورہ) جانور یا انسان کے بچّے کو پیار کرنے کے لئے بلانا۔

پچکاری (و۔ ا۔ مث) (۱) ایک چھوٹا سا شیشے یا دھات کا بغیر والو کا آلہ جس سے دوا یا پانی کی دھار خارج کی جاتی ہے یا رنگ چھڑکا جاتا ہے (۲) منہ سے پانی کی پیک دھار باندھ کر پھینکنا (۳) حقنہ۔ جمع: پچکاریاں۔ پچکاریوں۔

پچکاری مارنا (اُر۔ محاورہ) منہ سے پان کی پیک کی دھار چھوڑنا (۲) کسی پر پچکاری سے رنگ ڈالنا۔

پچکانا (پچ۔ کا۔ نا) (و۔ مص) دبانا۔ بھینچنا۔

پچک جانا (پ۔ چک۔ جا۔ نا) (و۔ محاورہ) دھات کے برتن میں گڑھا پڑ جانا (۲) مغلوب ہو جانا۔ دب جانا۔

پچکنا (پ۔ چک۔ نا) (و۔ مص) دبنا۔ بھچنا۔ سکڑنا۔ دھنسنا۔ نیز دیکھیے پچک جانا۔

پچنا (پچ۔ نا) (و۔ مص) (۱) ہضم ہونا۔ گلنا (۲) ضبط ہونا۔ برداشت ہونا (۳) جانب داری کرنا۔ پچ کرنا (۴) بہت کوشش کرنا (۵) مال واپس نہ ہونا۔

پچنا (پچ۔ نا) (بکسر اوّل) (و۔ مص) دبنا۔ کچلا جانا۔

پچوترا (پ۔ چوت۔ را) (و۔ ا۔ مذ) پچ کے تحت دیکھیے۔

پچونی (پ۔ چو۔ نی) (و۔ ا۔ مث) معدہ۔

پچھاڑ (پ۔ چھاڑ) (و۔ ا۔ مث) (۱) پٹخنی۔ پیٹھ کے بل زمین پر گرنا (۲) بے ہوش ہو کر گرنا۔ جمع: پچھاڑیں۔

پچھاڑنا (پ۔ چھاڑ۔ نا) (و۔ مص) (۱) پٹخنی دینا۔ پٹخنا۔ گرانا۔ دے مارنا (۲) چت کرنا۔ ہرانا۔ عاجز کرنا (۳) بے حال کر دینا۔ تھکانا (۴) قتل کرنا۔ فتح پانا۔ جیتنا۔

پچھاڑی (پ۔ چھا۔ ڑی) (و۔ متعلق فعل) (۱) پیچھے۔ عقب میں (۲) (و۔ ا۔ مث) پچھلا حصّہ۔ اگاڑی کی ضد (۳) چوپاؤں کے پچھلے پاؤں میں باندھنے کی رسّی۔ پیکھڑا۔ لگا۔

پچھاڑی باندھنا (اُر۔ محاورہ) جانور کے پچھلے پاؤں میں رسّی باندھنا۔

پچھاڑیں (بیائے مجہول) (و۔ ا۔ مث) پچھاڑ کی جمع۔

پچھاڑیں کھانا (اُر۔ محاورہ) زمین پر لوٹنا۔ تڑپنا۔ شدید رنج و غم کا اظہار۔

پچھان (پ۔ چھان) (و۔ ا۔ مذ) پچھم۔ مغرب۔

پچھاوا (پچھایا) (پ۔ چھا۔ وا) (پ۔ چھا۔ یا) انگیا کا وہ حصّہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے۔

پچھتانا (پچھ۔ تا۔ نا) (و۔ مص) پشیمان ہونا۔ بعد کو افسوس کرنا۔

پچھتاوا (پچھ۔ تا۔ وا) (و۔ ا۔ مذ) حسرت۔ پشیمانی۔ افسوس۔

پچھتّر (پ۔ چھت۔ تر) (و۔ ا۔ عدد) پانچ اوپر ستّر۔ ۷۵۔

پچھڑنا (پ۔ چھڑ۔ نا) (و۔ مص) (۱) چت ہونا (۲) بیمار ہونا۔ علیل ہونا (۳) شکست کھانا۔ ہار جانا (۴) برابری نہ کر سکنا۔

پچھڑنا (پ۔ چھڑ۔ نا) (بکسر اوّل) (و۔ مص) پیچھے رہ جانا۔

پچھلا (پچھ۔ لا) (و۔ صف) (۱) پیچھے کا۔ اخیر کا (۲) پڑھا ہوا۔ آموختہ (۳) گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ جمع: پچھلوں۔ پچھلے۔

پچھلا پہر (پہرا) (و۔ ا۔ مذ) رات کا آخری حصّہ۔

پچھلا کھانا (و۔ ا۔ مذ) وہ کھانا جو رمضان میں سحر کے وقت کھاتے ہیں۔ سحری۔

پچھلاّ (پ۔ چھل۔ لا) (و۔ ا۔ مذ) دُم گزا۔ لمبا کاغذ جو پتنگ کے ایک سرے پر باندھ دیتے ہیں۔

پچھل پائی (پ۔ چھل۔ پا۔ ای) (و۔ ا۔ مث) (۱) جس کے پاؤں کا رُخ آگے کے بجائے پیچھے کو ہو (۲) ڈائن۔ چڑیل۔ جادوگرنی۔

پچھ لگو (پچھ۔ لگ۔ گو) (و۔ ا۔ مذ) ساتھ ساتھ چلنے والا۔ پیچھے چلنے والا۔ طفیلی۔ مقلد۔

پچھلّن (پچھ۔ لن) (اُر۔ ق۔ ا۔ مذ) دوسرا۔ آخری (بچّہ)۔

پچھلی (پچھ۔ لی) (و۔ صف) پچھلا کی تانیث۔ آخری۔ آخر کی۔

پچھلی ٹکیا (اُر۔ ا۔ مث) آخری روٹی۔ تمام روٹیاں پکنے کے بعد کی پکی ہوئی روٹی۔

پچھلی رات (اُر۔ ا۔ مث) آخر شب۔ آدھی رات کے بعد کا وقت۔ پچھلا پہر۔

پچھلی روٹی (ٹکیا) کھائے، پچھلی مت آئے (اُر۔ مثل) اخیری روٹی کھانے والا بے وقوف ہوتا ہے۔

پچھلی مت (اُر۔ ا۔ مث) اُلٹی مت۔

پچھلے (پچھ۔ لے) (و۔ صف) (۱) پچھلا کی جمع (۲) پچھلا کی مغیرہ صورت (۳) بزرگ۔ آباؤ اجداد۔

پچھلے پاؤں پھرنا (اُر۔ محاورہ) اُلٹے قدموں لوٹ جانا۔ فوراً واپس ہو جانا۔

پچھلے پہر (اُر۔ متعلق فعل) رات کے آخری حصّے میں۔

پچھلے دن (اُر۔ متعلق فعل) گزشتہ روز۔

پچھلے دنوں (اُر۔ تابع فعل) گزشتہ زمانے میں۔

پچھم (پچھ۔ چھم) (و۔ ا۔ مذ) مغرب۔ وہ سمت جدھر سورج ڈوبتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پچھم جاؤ کہ دکھن۔ وُہی کرم کے لکھن (و۔مثل) روزی کی تلاش میں جو چاہو کرو اور جہاں چاہو جاؤ' جو قسمت میں ہوگا وہی ملے گا۔

پچھمی (پچھ۔چھ۔می)(و۔صف) مغرب کی۔ پچھم کی۔ مغربی۔

پچھنا (پچھ۔نا)(و۔ا۔مذ)(۱) اُسترہ۔ نشتر جس سے بدن پر چر کے دے کر سینگی لگائی جاتی ہے۔ جمع: پچھنوں۔ پچھنے۔

پچھنے (پچھ۔نے)(و۔ا۔مذ) پچھنا کی جمع۔

پچھنے دینا (لگانا) (اَر۔محاورہ)(۱) فصد کھولنا۔ اُسترے سے چر کے دے کر فاسد خون نکالنا (۲) طعنے دینا۔

پچھوا (پچھ۔وا)(و۔ا۔مذ) پچھم کی ہوا (۲) انگیا کی پیٹھ۔

پچھوا چلے کھیتی پھلے (و۔مثل) پچھم کی ہوا گرم ہوتی ہے لہٰذا کھیتی جلدی پکتی ہے۔

پچھواڑ (پچھ۔واڑ)(و۔ا۔مث) بارش جو ہوا کے زور سے مکان میں آئے۔

پچھواڑ (پچھواڑا) (پچھ۔واڑ)(پچھ۔وا۔ڑا)(و۔ا۔مذ) مکان کا پچھلا حصّہ۔ گھر کی پُشت۔ مکان کی پیٹھ۔

پچھوانا (پچھ۔وا۔نا) (و۔مص) کسی دوسرے کے ذریعے سے پُوچھنا۔ دریافت کرانا۔

پچھوائی (پچھ۔وا۔ئی)(و۔صف) پچھوا ہوا۔

پچھوت (پ۔چھوت)(و۔صف)(۱) پچھائی۔ آخری۔ پچھلی۔ اخیر کی پیداوار جو فصل اخیر میں پیدا ہو یا اخیر میں بوئی جائے۔

پچھورا (پ۔چھو۔را)(و۔ا۔مذ) وہ کپڑا جسے کبھی کمر سے باندھتے ہیں۔ کبھی سر پر ڈال لیتے ہیں۔

پچھوری (پ۔چھو۔ری)(و۔ا۔مث) چھوٹی چادر یا بڑا رُومال جس سے سر ڈھانپتے ہیں۔

پچھوڑ (پچھوڑن) (پ۔چھوڑ)(پ۔چھو۔ڑن)(و۔ا۔مث) وہ کوڑا کرکٹ جو غلّہ صاف کرنے پر نکلتا ہے۔

پچھوڑنا (پ۔چھوڑ۔نا)(و۔مص) چھاج سے غلّہ صاف کرنا۔

پچھویا (پچھ۔وَیَ۔یا)(و۔صف) دریافت کرنے والا۔ خبر لینے والا۔ مددگار۔

پچھیا (پچھیاؤ) (پچھ۔یا)(پچھ۔یا۔او)(و۔ا۔مث) پچھم کی ہوا۔

پچھیت (پَچ۔چھیت)(و۔ا۔مث) مکان کے پیچھے کی دیوار۔ پچھواڑا۔

پچھیت (پچھیتی) (پ۔چھیت)(پ۔چھے۔تی)(و۔صف) آخری۔ پچھلا۔ پچھلی۔

پچھیتی کھیتی (و۔ا۔مث) فصل جو دیر سے بوئی جائے اور دیر سے پکے۔

پچّی (پَچ۔چی)(و۔ا۔مث)(۱) پچر (۲) جوڑ۔ پیوند۔ چپکی (۳)(صف) جڑا ہوا۔ چسپاں (۴) مضبوط۔ پختہ (۵) ہم آواز۔

پچّی کاری (اَر۔ا۔مث) رنگ دار شیشے یا سنگِ مرمر وغیرہ کے ٹکڑوں کو باہم پیوست کر کے ڈیزائن بنانا (۲) چُونے اور اینٹ کا مضبوط کام۔ جڑاؤ کام۔

پچّی کاری کرنا (اَر۔مص مُرکّب) اینٹ اور چُونے کا مضبوط کام کرنا (۲) نقاشی کا کام کرنا۔ مُرصّع کرنا۔

پچّی کرنا (اَر۔مص مُرکّب) پیوست کرنا۔ مضبوط کرنا۔ پھنسا دینا۔

پچّی (پَچ۔چی)(و۔صف) کُچلا ہوا۔ دبا ہوا۔ کسی چیز کا چوٹ سے چوڑا ہو جانا۔

پچیت (پ۔چیت)(و۔ا۔مذ)(۱) پہلوان۔ داؤں پیچ جاننے والا (۲) ہُنرمند (۳) تجربہ کار۔ ہوشیار (۴) چالاک۔ دغا باز۔ چال باز (۵) آٹھوں گانٹھ کمیت۔ چوکس۔

پچیتی (پ۔چے۔تی)(و۔ا۔مث)(۱) داؤں پیچ۔ چالاکی۔ چال بازی (۲) پہلوانی۔

پچیس (پَچ۔چیس)(و۔ا۔عدد) پانچ اُوپر بیس۔ بست و پنج۔ ۲۵۔

پچیسواں (پَچ۔چیس۔واں)(اَر۔عددِ ترتیبی) ایک کا پچیسواں حصّہ۔ $\frac{1}{25}$ ۔ (۲) چوبیس کے بعد کا درجہ۔

پچیسوں (پَچ۔چی۔سوں)(و۔ا۔عددِ استغراقی) پچیس کے پچیس پُورے پچیس۔

پچیسویں (پَچ۔چیس۔ویں)(بیائے معروف)(و۔ا۔عددِ ترتیبی) پچیسواں کی تانیث۔ چوبیس کے بعد کی تاریخ یا کوئی چیز۔

پچیسویں (پَچ۔چیس۔ویں)(بیائے مجہول)(و۔ا۔عددِ ترتیبی) پچیسواں کی تبدیل شدہ شکل۔ (پچیسویں دن)۔

پچیسی (پَچ۔چی۔سی)(و۔ا۔مث) چوسَر۔ ایک کھیل جو سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔ اس کی بساط کے چار حصّے ہوتے ہیں اور ہر حصّے میں نو خانے ہوتے ہیں۔

پ۔خ

پَخ (بفتحِ اوّل)(اَر۔ا۔مث)(۱) روک۔ پابندی۔ اٹکاؤ (۲) جھگڑا۔ خرابی (۳) بک بک۔ غُل۔ شور (۴) فالتو چیز۔ بیکار کی علّت۔

پخ پھیلانا (اَر۔محاورہ) جھگڑا کرنا۔ شور و شر کرنا۔ فساد کرانا۔

پخ کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) جھگڑا کرنا۔ شور و شر کرنا (۲) خرابی ڈالنا (۳) واہیات بکنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پخ لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) روک لگانا۔ رُکاوٹ ڈالنا (۲) تکرار بے جا کرنا (۳) شرط لگانا۔ قید لگانا۔

پخ مچانا (اُر۔ محاورہ) (۱) شور کرنا۔ بم چخ کرنا (۲) بے ہودہ بکنا۔ مذاق کرنا۔

پخ نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) عیب نکالنا۔ نقص ظاہر کرنا (۲) اعتراض کرنا۔ تجسس نکالنا۔

پخال (پ۔خال) (اُر۔ا۔مث) دیکھئے پکھال۔

پُخت (بضم اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ف۔ا۔مث) پکنے کا فعل۔ پکانے کا عمل۔

پُخت وپُز (ف۔ا۔مذ) ٹھیک ٹھاک (۲) ذرپکی۔ پختگی (۳) وعدہ۔ قول و قرار (۴) بات چیت (۵) کھانا پکانا۔

پُختریاں (پخ۔تر۔یاں) (اُر۔ا۔مث) (۱) چپاتیاں (۲) مُفت کی روٹی۔

پُختگی (پخ۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) مضبوطی۔ پکاپن۔ پھل وغیرہ کا پک جانا (۲) بلوغت کو پہنچنا (۳) تجربہ کاری۔

پُختو (پخ۔تو) دیکھئے پشتو۔

پُختون (پخ۔تون) (ف۔ا۔مذ) پختو یا پشتو بولنے والا۔ پٹھان۔

پُختہ (پخ۔تہ) (ف۔صف) (۱) مضبوط۔ پائیدار (۲) تجربہ کار۔ ہوشیار (۳) بالغ (۴) عمر رسیدہ (۵) مکمل (۶) طے۔ قطع نجت (۷) بریاں۔ پکا ہوا۔ سینکا ہوا (۸) مستقل۔

پُختہ بات (اُر۔ا۔مث) ٹھیک بات۔ طے شدہ امر۔

پُختہ رائے (ف۔صف) مضبوط رائے والا۔ پختہ مغز۔ دانا۔ ہوشیار (۲) (ف۔ا۔مث) پکی رائے۔ مضبوط رائے۔

پُختہ کار (ف۔صف) تجربہ کار۔ ہوشیار۔ ہنرمند۔

پُختہ کرنا (ف۔اُر۔مص مُرکب) (۱) مضبوط کرنا۔ پائیدار کرنا (۲) تجربے میں لانا۔ امتحان کرنا (۳) طے کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا (۴) تجربہ کار بنانا۔ ہوشیار کرنا (۵) پورا کرنا (۶) خامی دُور کرنا (۷) پکانا۔

پُختہ مزاج (ف۔ع۔صف) مستقل مزاج۔ مضبوط ارادے کا۔

پُختہ مزاجی (ف۔ع۔ا۔مث) مستقل مزاجی۔ اِستقلال۔ مضبوطی۔

پُختہ مغز (ف۔ع۔صف) عقل مند۔ ہوشیار۔

پخنا (پخ۔نا) (اُر۔صف) (۱) بے ہودہ۔ کمینہ (۲) بے تمیز۔ نامعقول (۳) یاوہ گو (۴) ڈرپوک۔

پخنی (پخ۔نی) (اُر۔صف) پخنا کی تانیث۔ بے ہودہ غُل مچانے والی' کمینی' رذیل (عورت)۔

پخیا (پخ۔یا) (اُر۔صف) جھگڑالو۔ فسادی۔ بے ہودہ۔ کمینہ۔

پ۔د

پد (بفتح اوّل) (س۔ا۔مذ) (۱) پاؤں۔ پگ۔ قدم۔ چرن (۲) فقرہ۔ مصرع۔ گیت (۳) کھوج۔ نشان (۴) درجہ۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔ عزّت۔ عُہدہ (۶) جگہ۔ مقام (۷) ضلع (۸) چوتھا حصہ (۹) ویدوں کا رسم الخط جس میں ہر حرف علیحدہ علیحدہ لکھا جاتا ہے۔

پدا (پد۔دا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک چھوٹا سا پرندہ۔ پُھدکی (۲) غُلیل میں غُلّہ رکھ کر چلانے کی جگہ (۳) (صف) بے حقیقت (۴) کم طاقت۔ بونا۔ جمع: پدّوں۔ پدّے۔

پدارتھ (پ۔دا۔رتھ) (س۔ا۔مذ) (۱) شے۔ چیز۔ مادّہ (۲) عُمدہ کھانا۔ لذیذ چیز (۳) برکت۔ نیکی (۴) نادر و عجیب چیز۔

پدانا (پ۔دا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پادنا کا متعدّی (۲) تھکانا۔ ہرانا۔ تنگ کرنا۔ عاجز کرنا۔

پدر (پ۔دَر) (پِ۔دَر) (بکسر اوّل و نیز بفتح اوّل) (ف۔ا۔مذ) باپ۔ والد۔ پتا۔ ابّا۔ جمع: پدران۔

پدر سوختہ (ف۔صف) ایک گالی۔

پدر کُش (ف۔صف) باپ کو قتل کرنے والا۔ والد کا قاتل۔

پدر کُشی (ف۔ا۔مث) باپ کا قتل۔

پدرِ مجازی (پدرِ خواندہ) (ف۔ا۔مذ) حقیقی بنانے والا۔ مُنہ بولا باپ۔

پدرم سلطان بود (ف۔مثل) میرا باپ بادشاہ تھا۔ اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کم حقیقت آدمی اپنے باپ دادا کے متعلق شیخی بگھارے۔

پدر نتواند پسر تمام کند (ف۔مثل) باپ نے جو کام نہ کیا وہ بیٹے نے پورا کر دیا۔

پدرانہ (پ۔دَ۔را۔نہ) (ف۔صف) باپ کی طرح۔ باپ سے منسوب۔ باپ جیسا۔

پدرُود (پد۔رُود) (ف۔ا۔مذ) (۱) رُخصت۔ اجازت (۲) الوداع۔ سلام۔

پدری (پِ۔دَ۔ری) (ف۔صف) باپ کی۔ والد کی۔ پتا کی۔ باپ سے ورثے میں ملی ہوئی۔

پدڑی (پد۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک ننھی چڑیا۔ پدّی۔ پُھدکی (۲) (صف) بے حقیقت۔ بہت کم زور۔ ناچیز۔

پدک (پ۔دَک) (ہ۔ق۔ا۔مذ) (۱) قدم (۲) حقیقت۔ مرتبہ۔ عُہدہ (۳) ایک قسم کا زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔

پدم (پ۔دَم) (س۔ا۔مذ) (۱) گول چکّر دار نشان جو آدمی کی اُنگلیوں پر ہوتا ہے (۲) نیلوفر۔ کنول (۳) ہاتھی کی کھال کے نشان (۴) علم ہندسہ میں سو نیل کا ایک پدم ہوتا ہے (۵) ایک قسم کا سانپ (۶) گھوڑے کے اگلے پاؤں پر ایک خاص نشان جو مبارک سمجھا جاتا ہے۔

پدما (س۔ا۔مث) (۱) لغوی معنی پدم (کنول) (۲) کنول کے رنگ کی دولت کی دیوی لکشمی۔

پدمنی (پد۔م۔نی) (س۔ا۔مث) (۱) نہایت خوب صورت' نازک اندام عورت۔ عورتوں کی چار قسموں میں اوّل درجے کی قسم۔

پدمنی چماروں میں ہوتی ہے (ہ۔مثل) بعض دفعہ نیچ قوموں میں بھی بہت خوبصورت عورت پیدا ہو جاتی ہے (۲) گدڑی کا لعل۔ نالائقوں میں لائق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پڈنی (پڈ۔نی)(ھ۔ا۔مث) رنڈی۔ کسبی۔ بیسوا۔ نچلے درجے کی طوائف۔
پڈوی (پڈ۔وِی)(ھ۔ا۔مث)(۱) سڑک۔ راہ (۲) جگہ۔ مقام (۳) درجہ۔ مرتبہ (۴) خطاب۔ تخلص۔
پڈوی دینا (ھ۔مص مُرکب) خطاب دینا۔ رُتبہ دینا۔
پدھارنا (پ۔دھار۔نا)(ھ۔مص)(۱) آنا۔ تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ (۲) تشریف لے جانا۔ سدھارنا (۳) بیٹھنا۔ تشریف رکھنا۔ براجنا۔
پدھان (ھ۔ا۔مذ) پردھان کا بگاڑ۔ دیکھئے پردھان۔
پدھت (پ۔دھت)(س۔ا۔مث) طور۔ طریقہ۔ عادت۔ رَسم ورواج۔
پدّی (پد۔دی)(ھ۔ا۔مث) ایک چھوٹی خوش آواز چڑیا۔ پدّا کی مادہ۔
پدّے (پد۔دے)(ھ۔ا۔مذ)(۱) پدّا کی جمع (۲) پدّا کی مُغیّرہ شکل۔
پدّے کی ضامنی (ار۔ا۔مث) ناقابل اِعتبار آدمی کی ضمانت۔
پدید (پدیدار) (پ۔دید)(پ۔دِی۔دار)(ف۔صف) صاف۔ واضح۔ آشکارا۔ کُھلا۔
پدینہ۔ دیکھئے پودینہ۔

پ۔ڈ

پڈنگ (Pudding) (انگ۔ا۔مث) ایک مختلف اقسام کا انگریزی میٹھا کھانا۔ نیز دیکھئے پُڈِن۔

پ۔ذ

پذیر (پ۔ذیر) دیکھئے پزیر (ذ عربی زبان کا حرف ہے۔ یہ فارسی میں نہیں ہے)۔
پذیرا۔ دیکھئے پزیرا۔
پذیرائی۔ دیکھئے پزیرائی۔

پ۔ر

پَر (بفتح اوّل)(ھ۔حرف ربط)(۱) اُوپر کا مخفف (۲) لیکن۔ مگر۔ تاہم۔ ورنہ (۳) کیونکہ (۴) فاصلہ یا وقت ظاہر کرنے کے لئے (۵) وجہ اور سبب ظاہر کرنے کے لئے (۶) علامتِ مفعول کے طور پر (۷)(س۔صف) غیر۔ دُور کا (جیسے پردیس)(۸) گزشتہ (جیسے پَر سال بمعنی پار سال)۔
پَر (بفتح اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) پنکھ (۲) پرندوں کے بدن پر اُگے ہوئے بال۔ پنکھ جن سے پرندے اُڑتے ہیں (۳) تیر کے بازو (۴) (مجازاً) قوت۔ طاقت۔ سہارا۔ اُردو جمع: پَر۔ پَروں۔
پرافشاں (ف۔صف)(۱) پَر جھاڑتا ہوا۔ پر کھولتا ہوا (۲) پریشان۔ بے تاب (۳) پھڑ پھڑاتا ہوا۔
پربال (ف۔ا۔مذ) آنکھ کی ایک بیماری جس میں پلکوں کے اندر سے مُڑے ہوئے بال نکل آتے ہیں اور آنکھ کے ڈھیلے میں چبھتے رہتے ہیں۔

پرباندھنا (ار۔مص مُرکب)(۱) پرند کے پروں کو باندھ دینا (۲)(محاورہ) مجبور کرنا۔ بے بس کرنا۔ عاجز کرنا (۳) طاقت گھٹانا۔ کم زور کرنا۔
پربُریدہ (ف۔صف) کٹے ہوئے پروں والا (۲) بے سہارا۔
پربند (ف۔صف) جس کے پَر بندھے ہوئے ہوں (۲) قیدی۔ بے بس۔
پربند کرنا (ار۔محاورہ)(۱) پَر باندھنا (۲) قید کرنا۔
پرپا (ف۔صف۔وا۔مذ) پاموز۔ مُرغ یا کبوتر جس کے پاؤں پر بال ہوں۔
پرپُرزہ (ف۔ا۔مذ) ساز و سامان۔ اپنے پیشے کے متعلق چیزیں۔ اُر جمع: پرپُرزوں۔ پرپُرزے۔
پرپُرزوں سے دُرست ہونا (ار۔محاورہ)(۱) بناؤ سنگار کرنا (۲) تیار ہونا۔ مسلح ہونا (۳) سامان تیار کرنا (۴) کمی پُوری کرنا (۵) مقابلے پر آمادہ ہونا۔
پرپُرزے جھڑنا (ار۔محاورہ) ضعیف ہونا۔ سکت نہ رہنا۔ قوت زائل ہونا۔
پرپُرزے نکالنا (ار۔محاورہ) ہوش سنبھالنا۔ بالغ ہونا۔ ہوشیار ہونا (۲) شرارت پر آمادہ ہونا (۳) جوبن نکھارنا۔
پرتولنا (ار۔محاورہ) پرندے کا اُڑنے کو تیار ہونا (۲) آمادہ ہونا۔
پرٹوٹنا (ار۔مص مُرکب) پنکھ ٹوٹنا۔ بال و پَر شکستہ ہونا (۲)(محاورہ) قوت کم ہونا۔ سہارا نہ ملنا (۳) حامِی کا مخالف کے ساتھ مل جانا۔
پر جلتے ہیں (ار۔بول چال) کسی کا گزر نہیں۔ باریابی نہیں ہوسکتی۔
پرجلنا (ار۔محاورہ)(۱) طاقت نہ رہنا۔ کس بل جاتا رہنا (۲) خوف ہونا۔ مرعوب ہونا (۳) رسائی نہ ہونا۔ پہنچ نہ ہونا۔
پرجمنا (ار۔محاورہ)(۱) پَر آگنا۔ پَر نکلنا (۲) غرور پیدا ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔
پرجھاڑنا (ار۔محاورہ) پَر گرانا۔ کریز میں آنا (۲) پَروں کو جھٹکنا۔ پَروں کو کھولنا (۳) اُڑنے کا اِرادہ کرنا۔
پردار (ف۔صف) پَروں والا۔ اُڑنے والا۔ پرندہ۔
پرشکستہ (ف۔صف) پَر ٹوٹا ہوا (۲) مُصیبت زدہ۔ بے سہارا۔ بے بس۔
پرقینچ کرنا (ار۔محاورہ)(۱) پَروں کو کاٹنا (۲) بے بس کرنا۔ مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔
پرکا قلم (ار۔ا۔مذ) لکھنے کا قلم جو پَر سے بنایا جاتا ہے۔
پرکا کوّا بنا دینا (ار۔محاورہ) حد سے زیادہ مُبالغہ کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔
پرکاہ (ف۔ا۔مذ) گھاس کا پتّہ (۲)(صف) بہت ہلکا۔ حقیر۔
پرلگا کے اُڑ جانا (ار۔محاورہ) تیزی سے اُڑ جانا (۲) غائب ہو جانا۔
پرلگانا (ار۔محاورہ)(۱) تیز رفتار کر دینا (۲) ترقی دینا۔ شان و شوکت بڑھانا۔
پرلگ جانا (ار۔محاورہ)(۱) اُڑنے کے قابل ہونا (۲) تیز ہو جانا (۳) رونق بڑھانا۔ شان و شوکت زیادہ کرنا (۴) ترقی ہونا۔
پرلگنا (ار۔محاورہ) پرلگانا کا لازم۔
پرلینا (ار۔محاورہ) پَر کاٹنا۔ پَر کترنا۔ پر قینچ کرنا۔
پرمارنا (ار۔مص مُرکب) پَروں سے ضرب لگانا (۲)(محاورہ) اُڑنا۔ پرواز کرنا (۳) پھڑ پھڑانا۔ ہاتھ پاؤں مارنا (۴) کوشش کرنا۔
پرنہ مارنا (ار۔محاورہ) رسائی نہ ہونا۔ پاس نہ جا سکنا۔
پروبال (ف۔ا۔مذ)(۱) پرندے کے پَر (۲)(مجازاً) طاقت۔ بَل۔ قوت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پر و بال نکالنا(اُر۔ محاورہ)(۱) ہوش سنبھالنا۔ شعور پیدا ہونا۔ عقل پیدا ہونا (۲)جوبن نکالنا (۳) شرارت پر آمادہ ہونا۔

پُر (بضم اوّل)(ف۔ صف)(۱) بھرا ہوا۔ لبریز (۲) مکمل۔ بھرپُور۔ باافراط۔

پُر آب (ف۔ صف)(۱) پانی سے بھرا ہوا (۲) آنسوؤں سے بھرا ہوا۔

پُر آبلہ (ف۔ صف) چھالوں سے بھرا ہوا۔

پُر آرزو (ف۔ صف) خواہش مند۔ آرزو رکھنے والا۔

پُر آشوب (ف۔ صف) فِتنہ انگیز۔ فساد سے بھرا ہوا۔

پُر ارمان (ف۔ صف) اُمیدوں سے بھرا ہوا۔

پُر از اِشتیاق (ف۔ صف) شوق سے بھرا ہوا۔

پُر از دُشمناں (ف۔ صف)(۱) دُشمنوں سے بھرا ہوا (۲) جس کے بہت سے دُشمن ہوں۔

پُر از زر و جواہر (ف۔ صف) مال و دولت سے بھرا ہوا۔

پُر از فتنہ و شر (ف۔ صف) شرارتوں اور فسادوں سے بھرا ہوا۔

پُر اشک (ف۔ صف) آبدیدہ۔ آنسوؤں سے بھرا ہوا۔

پُر افشاں (ف۔ صف) اَفشاں سے بھرا ہوا۔

پُر اَلم (ف۔ صف) غمگین۔ دردناک۔ رَنج و غم سے بھرا ہوا۔

پُر باد (ف۔ صف) ہوا سے بھرا ہوا۔ پُھولا ہوا (۲) متورّم (۳) مغرور۔

پُر بار (ف۔ صف) بوجھ سے بھری (لدی) ہوئی۔ حاملہ۔

پُر بَجِد ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت مُستعد ہونا۔

پُر بہار (ف۔ صف) سرسبز۔ پُھولوں سے بھرا ہوا۔

پُر پیچ (ف۔ صف) پیچ دار۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔

پُر تاب (ف۔ صف) روشنی کی چمک اور نُور سے بھرا ہوا۔

پُر تکلُّف (ف۔ صف) بڑے اِہتمام اور محنت سے تیار کیا ہوا۔

پُر جفا (ف۔ صف) ظلم وستم سے بھرا ہوا۔ ظالم۔ سفّاک۔ جفاکار۔

پُر حذر (حَ۔ ذَر)(ف۔ صف) احتیاط سے بھرا ہوا۔ محتاط۔ دُوراندیش۔ چوکس۔

پُر حسرت (ف۔ صف) حسرت سے بھرا ہوا۔ غم زدہ۔

پُر خار (ف۔ صف) کانٹوں سے بھرا ہوا۔ تکلیف دہ۔

پُر خطر (ف۔ صف) خطروں سے بھرا ہوا۔ خطرناک۔

پُر خم (ف۔ صف) ٹیڑھا۔ ترچھا۔

پُر خُمار (ف۔ صف) نشے میں چُور۔ مدہوش۔

پُر درد (ف۔ صف) دَرد سے بھرا ہوا۔

پُر دِل (ف۔ صف) بہادُر۔ شُجاع۔ جری (۲) سخی (۳) ناراض۔

پُر دِلی (ف۔ ا۔ مث)(۱) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری (۲) سخاوت (۳) ناراضی۔

پُر سوز (ف۔ صف) جس میں درد ہو۔

پُر شکم (ف۔ صف) پیٹ بھرا۔ آسودہ۔

پُر شِکوہ (ف۔ صف) عظمت والا۔ عظیمُ الشان۔

پُر غم (ف۔ صف) غم سے بھرا ہوا۔ اندوہناک۔ غمگین۔

پُر فریب (ف۔ صف) دھوکے باز۔ دغا باز۔

پُر فضا (ف۔ ع۔ صف) کشادہ۔ وسیع۔ بارونق۔ خوش منظر۔ سرسبز۔ اچھی آب و ہوا والا۔

پُر فن (ف۔ صف) ہوشیار۔ چالاک۔ فن میں ماہر۔

پُر کار (ف۔ صف) جڑاؤ۔ مُرصّع (۲) دبیز۔ گاڑھا (۳) محکم۔ پائیدار (۴) دانا۔ ہوشیار۔ چالاک۔

پُر کاری (ف۔ ا۔ مث) ہوشیاری۔ چالاکی۔ دانائی (۲) دبازت۔ موٹاپن (۳) مُرصّع کاری۔

پُر کِین (کینہ)(ف۔ صف) دُشمن۔ بداندیش۔ کینہ توز۔ کینہ ور۔

پُر گو (ف۔ صف) بہت باتیں کرنے والا۔ باتونی۔

پُر گوشت (ف۔ صف) گوشت سے بھرا ہوا (بدن)۔

پُر گوئی (ف۔ ا۔ مث) بہت باتیں بنانا۔ بہت بولنا۔

پُر متن (ف۔ صف) وہ چادر یا دوشالہ جس کے حاشیے پر کام بنا ہوا ہو۔

پُر محَن (م۔ حَن)(ف۔ صف) مغموم۔ غمناک۔

پُر مغز (ف۔ صف) عُمدہ مضمون سے بھرا ہوا۔ عالمانہ۔

پُر ملال (ف۔ صف) رنجیدہ۔ رَنج سے بھرا ہوا۔ الم ناک۔

پُر نم (ف۔ صف) گیلا۔ تر۔ آنسوؤں سے بھرا ہوا۔

پُر نمُود (ف۔ صف) ظاہری نمائش والا۔

پُر نُور (ف۔ صف) روشن چمک دار۔ صاحبِ بصیرت (عموماً حضور کے ساتھ)۔

پُر ہَول (ف۔ صف) خوف سے بھرا ہوا۔ ڈراونا۔ خوفناک۔

پُر ہُنر (ف۔ صف) کاری گر۔ ہُنر مند۔ لائق۔

پُرا (پُ۔ را)(ہ۔ ا۔ مذ) بڑی بستی۔ بڑا گاؤں (۲) بھرا کا تابع (بھرا پُرا)۔

پَرا (پَ۔ را)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) صف۔ قطار۔ سلسلہ (۲) ٹولی۔ گروہ۔ غول۔ جمع: پروں۔ پرے۔

پرا باندھنا (اُر۔ محاورہ) قطار بنانا۔ صف بستہ ہونا۔ سلسلہ وار کھڑے ہونا۔

پرا جمانا (اُر۔ محاورہ) صف بنانا۔ قطار قائم کرنا۔

پرابلم (Problem)(انگ۔ ا۔ مذ) قضیہ۔ مسئلہ۔ اَمرِ دُشوار۔

پَراپت (پَ۔ راپت)(بسکونِ چہارم و پنجم)(س۔ ا۔ مذ)(۱) فائدہ۔ نفع (۲) پیدا۔ یافت۔ حاصل (۳) پہنچ۔ رسائی (۴) ترقّی۔ بہتری۔

پراپت کرنا (ہ۔ مص مُرکب) حاصل کرنا۔

پراپرٹی (Property)(انگ۔ ا۔ مث) جائیداد۔ جاگیر۔ اَملاک۔

پراپیگنڈا۔ دیکھیے پروپیگنڈا۔

پَرات (ہ۔ ا۔ مث) طشت۔ لگن۔ بڑا تھال۔ جمع: پراتوں۔ پراتیں۔

پُراتم (پُ۔ را۔ تَم)(ہ۔ صف)(۱) پُرانا۔ قدیم۔ بوڑھا۔ اگلے زمانے کا (۲) تجربہ کار۔ ہوشیار۔

پَراٹھا (ہ۔ ا۔ مذ) گھی میں پکی ہوئی تہ دار روٹی۔ جمع: پراٹھوں۔ پراٹھے۔

پَراچین (پَ۔ را۔ چین)(س۔ صف)(۱) پُرانا (۲) قدیم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پَرادِھِین (پَ۔را۔دِھین) (س۔صف) ماتحت۔ محکوم۔ تابع۔

پرادھین سپنے سُکھ ناہیں (ہ۔مثل) دوسرے کا محکوم ہو کر خواب میں بھی آرام نہیں مل سکتا۔

پَرارتھنا (پَ۔رار تھ۔نا) (س۔ا۔مث) (۱) دُعا۔ عرض۔ التماس۔ التجا (۲) منت سماجت۔ عجز۔ انکسار۔ بنتی۔

پَراسپکٹس (Prospectus) (انگ۔ا۔مذ) وہ رسالہ یا کتابچہ جس میں کسی تعلیمی یا تجارتی ادارے کی خصوصیات اور ضوابط درج ہوں۔

پَرائچت (پَرائچت) (پَ۔راس۔چت) (ہ۔ا۔مذ) گناہوں کا کفارہ۔

پَراکرِت (پَ۔را۔کرت) (س۔ا۔مث) (۱) ہندیورپی زبانوں کے خاندان میں سے ہند ایرانی گروہ کی ایک شاخ جو برصغیر پاک و ہند کی عام بول چال کی زبان تھی اور متعدد شاخوں میں منقسم تھی (۲) عوامی زبان (۳) سنسکرت سے نکلی ہوئی کوئی مقامی بولی۔

پراکسی (Proxy) (انگ۔ا۔مث) مختار نامہ۔ ایک شخص کا دوسرے شخص کو اپنی جگہ ووٹ دینے کا حق دینا یا کوئی کام کرنے کا اختیار دینا۔

پَراگ (پَ۔راگ) (س۔ا۔مذ) پھول کا زیرہ (۲) خوشبودار سفوف جو غسل کے بعد ہندو اُمرا بدن پر ملتے تھے (۳) سورج گرہن۔ چاند گرہن۔

پَراگنّدَگی (پَ۔را۔گنّد۔گی) (ف۔ا۔مث) پریشانی۔ حیرانی۔ انتشار۔ تشویش۔ تردّد۔ تذبذب۔

پَراگنّدہ (پَ۔را۔گنّدہ) (ف۔صف) پریشان۔ حیران۔ متردّد۔ مضطرب۔ مذبذب (۲) منتشر۔ تتر بتر۔

پراگندہ روزی پراگندہ دِل (ف۔مقولہ) بے کار اور مفلس ہمیشہ پریشان رہتا ہے۔ اسے کبھی اطمینان نصیب نہیں ہوتا۔

پَرال (پَ۔رال) (ہ۔ا۔مث) بھس۔ نال۔ پچھالی۔ دھان کے پودوں کی نال۔

پرامپٹر (Prompter) (انگ۔ا۔مذ) (تھیٹر) وہ شخص جو اسٹیج کے پیچھے بیٹھ کر ایکٹروں کے مکالموں کو سنتا ہے اور جہاں کہیں وہ اٹکتے ہیں وہاں لقمہ دیتا ہے۔

پرامیسری نوٹ (Promissory Note) (انگ۔ا۔مذ) ایک تحریری یادداشت جس میں مقروض قرض خواہ کو ایک معین تاریخ پر مقررہ رقم ادا کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔

پَرّاں (پَر۔راں) (ف۔صف) اُڑنے والا۔ اُڑتا ہوا۔

پَران (پَ۔ران) (س۔ا۔مذ) (۱) دم۔ سانس۔ نفس۔ ہوا (۲) رُوح۔ آتما۔ جان۔ ان معنوں میں بطور جمع استعمال ہوتا ہے (پران نکل گئے۔ چھوٹ گئے) (۳) دِل بر جانی۔ دِل دار۔ معشوق۔ پیارا۔ دُلارا۔

پَران پتی (ہ۔ا۔مذ) زندگی کا مالک۔ رُوح۔ دل (۲) خاوند۔

پَران تج دینا (تجنا) (ہ۔محاورہ) (۱) مر جانا (۲) گھبرا جانا۔ ہمت ہارنا۔

پران تیاگ کرنا (تیاگنا) (ہ۔محاورہ) مرنا (۲) خودکشی کرنا۔

پران چھڑانا (ار۔محاورہ) (۱) جان لینا۔ مار ڈالنا۔ رُوح نکالنا (۲) پیچھا چھڑانا

(۳) معشوق سے جدا کرنا۔

پران چھوٹنا (نکلنا) (ہ۔محاورہ) (۱) دم نکلنا۔ موت آنا (۲) ہمت نہ رہنا۔ طاقت نہ رہنا (۳) حواس باختہ ہونا۔ دم بخود ہونا۔

پران چھوڑنا (ہ۔محاورہ) (۱) جی چھوڑنا۔ ہمت ہارنا۔ حوصلہ پست ہونا (۲) مرنا۔ رُوح نکلنا۔

پران لینا (ہ۔محاورہ) (۱) جان لینا۔ دم نکالنا۔ قتل کرنا (۲) ستانا۔ تنگ کرنا۔

پُران (پُ۔ران) (س۔صف) (۱) پُرانا۔ قدیم۔ دیرینہ۔ پُرانے زمانے کا کوئی واقعہ (۲) (س۔ا۔مذ) ہندوؤں کی مذہبی کتابیں جن میں وید کے مسائل کو تمثیلی قصوں اور کہانیوں سے واضح کیا گیا ہے۔ اِن کی تعداد بہت زیادہ ہے مگر اٹھارہ پُران زیادہ مشہور ہیں۔

پُرانا (پُ۔را۔نا) (ہ۔صف) (۱) کہنہ۔ پارینہ۔ دیرینہ (۲) فرسودہ۔ بوسیدہ۔ مستعمل۔ کام میں آیا ہوا (۳) جہاں دیدہ۔ تجربہ کار (۴) عُمر رسیدہ۔ بوڑھا (۵) پُرانے زمانے کا۔

پُرانا پڑنا (ار۔محاورہ) کہنہ ہو جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ عُمر رسیدہ ہو جانا۔

پُرانا ٹھیکرا (ار۔ا۔مذ) بوسیدہ چیز۔ پُرانا مال۔

پُرانا ٹھیکرا اور قلعی کی بھڑک (پُرانی دیگچی پر قلعی کی بھڑک) (ار۔مثل) اُس بوڑھی عورت کی نسبت کہتے ہیں جو جوانوں کی سی وضع اختیار کرے۔

پُرانا گُرگانٹ (ار۔صف) (۱) بہت پُرانا۔ نہایت بوڑھا (۲) بڑا تجربہ کار۔ (۳) بہت چالاک۔

پُرانا دُھرانا (ار۔صف) بوسیدہ۔ دیرینہ۔ کہنہ۔ فرسودہ۔ نکما۔ مستعمل۔ بیکار۔

پُرانا دُکھڑا (ار۔ا۔مذ) پُرانی شکایت۔ پُرانا غم۔

پُرانا گھاگ (ار۔صف) بہت تجربہ کار۔ گرگِ باراں دیدہ۔

پَرانی (پَ۔را۔نی) (ہ۔صف) (۱) ذی رُوح۔ جان دار (۲) (ا۔مذ) اِنسان منش۔ جاندار۔

پُرانی (پُ۔را۔نی) (ہ۔صف) (۱) پُرانا کی تانیث۔ کہن سال۔ دیرینہ۔ ضعیف (۲) بوسیدہ۔ فرسودہ۔ ناکارہ۔ نکمی۔ ناقابل استعمال۔

پُرانی آنکھیں دیکھے ہوئے ہیں (ار۔مثل) تجربہ کار ہیں۔ بڑوں کی صحبت سے فیض حاصل کیا ہے۔

پُرانی کھوپڑی (ار۔ا۔مث) تجربہ کار آدمی۔ ضعیف آدمی۔ بوڑھا آدمی۔

پُرانی لکیر کا فقیر (ار۔صف) پُرانی وضع کا پابند۔ پُرانی رسومات کا مقلد۔

پُرانی لیکھ پر چلنا (ار۔محاورہ) پُرانی رسوم و وضع کا پابند ہونا۔

پُرانی مُلاقات (ار۔ا۔مث) مدت کا میل جول۔ دیرینہ واقفیت۔

پُرانے (ہ۔صف) (۱) پُرانا کی جمع (۲) پُرانا کی مغیرہ صورت۔

پُرانے چاول (ار۔ا۔مذ) (کنایۃً) تجربہ کار و جہاندیدہ شخص۔

پُرانے لوگ (ار۔ا۔مذ) (۱) مُلازمان قدیم۔ پُرانے نوکر (۲) بوڑھے اور دانا لوگ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پُرانے مُردے اُکھیڑنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے گڑے مُردے اُکھاڑنا۔

پراویڈنٹ فنڈ (Provident Fund) (انگ۔ا۔مذ) وہ رقم جو ملازم کی تنخواہ میں سے ہر ماہ ایک خاص شرح کے مطابق وضع کی جاتی ہے اور ملازمت کے خاتمے پر اتنی ہی رقم ملازم رکھنے والے کی طرف سے ملا کر اُسے ادا کر دی جاتی ہے۔

پَراچَہ (پ۔را۔چ) (ف۔صف) (۱) پراچہ۔ بزاز۔ پارچہ فروش۔ کپڑے کا کام کرنے والا (۲) سِلے ہوئے کپڑے بیچنے والا (۳) ایک قوم جو ٹوپیاں وغیرہ بنا کر فروخت کرتی ہے۔

پَرائچت (پرایشچت) (س۔ا۔مذ) دیکھئے پراچت۔

پرائز (Prize) (انگ۔ا۔مذ) انعام۔ صِلہ۔ اَجر۔

پرائمر (Primer) (انگ۔ا۔مث) قاعدہ۔ طالب علموں کی ابتدائی کتاب۔

پرائمری (Primary) (انگ۔صف) (۱) ابتدائی۔ شروع کی۔ پہلی۔ اوّل (۲) اصلی۔

پَرائی (پ۔را۔ای) (ہ۔صف) غیر کی۔ دوسرے کی۔ پرایا کی تانیث۔

پرائی آس چُولھے پاس (اَر۔مثل) دُوسرے کے سہارے نہ رہنا چاہئے۔

پرائی آگ میں کودنا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) دُوسرے کی مُصیبت اپنے سر لینا۔

پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں (اَر۔مثل) دُوسرے کے سہارے کام دُرست نہیں ہوتا۔ غیر شخص کام نہیں آتا۔

پرائی بات (اَر۔ا۔مث) غیر کی بات۔ دُوسرے کا معاملہ۔

پرائی بدشگونی کے لئے اپنی ناک کٹوانا (اَر۔محاورہ) دُوسرے کے تھوڑے نُقصان کے لئے اپنا زیادہ نُقصان کر لینا۔

پرائی کیا پڑی ہے؟ (اَر۔مقولہ) دُوسروں کی کیا فکر ہے؟

پَرائے (ہ۔صف) (۱) پرایا کی جمع (۲) پرایا کی مُغیّرہ صورت۔

پرائے بُردے آزاد کرنا (اَر۔محاورہ) دوسروں کے مال پر فیّاضی کرنا۔

پرائے بس میں (اَر۔متعلق فعل) دُوسرے کے اختیار میں (ہونا کے ساتھ)۔

پرائے دھن پر لچھمی نرائن (ہ۔مثل) دیکھئے پرائے مال پر یا حُسینؑ۔

پرائے سر کی بلا لینا (اَر۔محاورہ) دُوسرے کی مُصیبت اپنے ذمّے لینا۔ دوسرے کی ذمّے داری اپنے سر لینا۔

پرائے شگون کے لئے اپنی ناک کٹانا (اَر۔محاورہ) دُوسروں کے فائدے کے لئے اپنا نُقصان کر لینا۔ نیز دیکھئے پرائی بدشگونی کے لئے۔

پرائے گھر کا ہونا (اَر۔محاورہ) بیٹی کی شادی ہونا۔ لڑکی کا بیاہ کر دینا۔

پرائے مال پر دیدے لال (اَر۔مثل) دُوسرے کی چیز پر بیجا غرور۔

پرائے مال پر یا حُسینؑ (اَر۔مثل) (۱) غیر کے مال پر شیخی بگھارنا یا فیّاضی کرنا (۲) حلوائی کی دکان پر دادا جی کا فاتحہ۔

پرائے ہاتھ پر شکرا پالنا (اَر۔محاورہ) دُوسرے کے بھروسے کوئی کام کرنا۔ دُوسرے کے سہارے زندگی بسر کرنا۔

پرائیویٹ (Private) (انگ۔صف) (۱) نجی۔ خانگی (۲) غیر سرکاری (۳) انفرادی۔ ذاتی۔ شخصی (۴) مخفی۔ خُفیہ۔ راز کا۔ بصیغہ راز۔

پَرایا (پ۔را۔یا) (ہ۔صف) غیر کا۔ اور کا۔ دُوسرے کا (۲) بیگانہ۔ اَجنبی۔ جمع: پرایوں۔ پرائے۔

پرایا دھن (مال) (ہ۔ا۔مذ) کنواری لڑکی۔

پرایا سر دیوار (پنسیری۔ کدّو) برابر (اَر۔مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی دُوسرے کی تکلیف کی پروا نہ کرے۔

پَرب (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (س۔ا۔مذ) (۱) باب۔ مقدمہ۔ فصل (۲) میلا۔ ہجوم۔ بھیڑ (۳) ہیرے کی ایک قسم (۴) جوڑ۔ گانٹھ۔ گرہ۔ عضو۔

پَربَت (پر۔بت) (ہ۔ا۔مذ) پہاڑ۔ کوہ۔ جبل۔ جمع: پربت۔ پربتوں۔

پَربَتی (پر۔ب۔تی) (ہ۔صف) پہاڑی۔ پہاڑ کا رہنے والا۔

پَربَندھ (پر۔بندھ) (س۔ا۔مذ) بندوبست۔ انتظام۔ انصرام۔ دُرستی۔

پَربولی (ہ۔ا۔مث) غیر زبان۔ غیر ملکی زبان (س: پَر بمعنی غیر)۔

پَربھات (پر۔بھات) (س۔ا۔مذ) علی الصباح۔ صبح سویرے۔ تڑکے۔

پَربھاؤ (پر۔بھا۔او) (س۔ا۔مذ) (۱) اثر۔ تاثیر (۲) مزاج۔ خاصیت۔ سرشت۔ عادت۔ حالت (۳) طاقت۔ قوت۔

پَربھو (پر۔بھو) (س۔ا۔مذ) (۱) مالک۔ سوامی۔ ناتھ۔ صاحب (۲) خُدا۔

پَربِین (پر۔بین) (اَر۔ا۔مذ) (۱) ہوشیار۔ چتر۔ عقل مند (۲) ہُنر مند۔ کاری گر۔ کام جاننے والا۔ جگت اُستاد۔

پَرپَرانا (پر۔پ۔را۔نا) (ہ۔مص) چرچرانا۔ بدن میں سنسنی پیدا ہونا۔ ٹیسیں اُٹھنا۔

پَرپَنچ (پر۔پنچ) (ہ۔ا۔مذ) فریب۔ دھوکا۔

پَرپوتا (پر۔پو۔تا) (ہ۔ا۔مذ) پڑپوتا۔ بیٹے کا پوتا۔

پَرپوتی (پر۔پو۔تی) (ہ۔ا۔مث) پڑپوتی۔ بیٹے کی پوتی۔

پَرپُھلا (پر۔پھل۔لا) (ہ۔صف) پھول کی طرح کِھلا ہوا۔ ہشاش بشاش۔

پَرپَیٹھ (پر۔پیٹھ) (ہ۔ا۔مذ) ہُنڈی کا تیسرا پرت یا تیسری نقل۔

پَرت (پ۔رت) (ہ۔ا۔مث) ورق۔ طبق۔ چھلکا۔ تہ۔ پوست۔ پپڑی۔ جمع: پرتوں۔ پرتیں۔

پَرتا (پر۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اوسط (۲) مناسبت۔ نسبت۔

پَرتاب (پرتاپ) (س۔ا۔مذ) (۱) سخت گرمی (۲) زیب و زینت۔ شان و شوکت (۳) حوصلہ۔ عزم (۴) برتری (۵) سخاوت۔ مہربانی۔

پَرتال (پر۔تال) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے پڑتال۔

پُرتگالی (پر۔ت۔گا۔لی) (اَر۔صف) پُرتگال (یورپی ملک) سے متعلق۔ پُرتگال کی کوئی شے۔ پرتگال کا باشندہ (۲) (مونث) پُرتگالی زبان۔

پَرتِگیا (پر۔تِگ۔یا) (س۔ا۔مث) اجازت۔ منظوری (۲) وعدہ۔ عہد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پَرتَل (پَر۔ تَل) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ سامان جو بیل یا گھوڑے پر لادا جائے۔
پرتل کا ٹٹو (ہ۔ ا۔ مذ) لدو ٹٹو۔ مزدور آدمی۔
پَرتَلا (پَر۔ ت۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) پٹی جو تلوار لٹکانے کے لئے کندھے پر ڈالتے ہیں۔ چوڑا تسمہ۔ پٹا۔ بیلٹ۔ کمر پٹکا۔
پَرتَو (پَر۔ تَو) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سایہ۔ عکس۔ پرچھائیں (۲) روشنی۔ کرن۔ چمک۔
پرتوافگن (پرتوفِگن) (ف۔ صف) شعاع ڈالنے والا۔ روشنی ڈالنے والا۔
پَرتَوا (پَر۔ ت۔ وا) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) سایہ۔ عکس (۲) صُحبت کا اثر۔
پَرتھوی (پَر۔ تھ۔ وِی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) زمین۔ دُنیا۔ اَرض۔ بھوی۔ عالم۔
پِرتھی (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے پرتھوی۔
پَرتی (پَر۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) غیر مزروعہ زمین۔ بن جُتی اَراضی۔
پَرتیت (پَر۔ تیت) (س۔ ا۔ مث) یقین۔ بھروسا۔ اِعتماد۔ اِعتبار۔
پَرَج (پَ۔ رَج) (ہ۔ ا۔ مث) ایک راگنی (۲) ڈھال کا دستہ۔ تلوار کا قبضہ۔
پَرجا (پَر۔ جا) (س۔ ا۔ مث) (۱) رعایا۔ رعیت (۲) کرایہ دار۔ پرائی جگہ میں رہنے والا (۳) مخلوق۔ عام لوگ (۴) خاندان۔ کنبہ۔
پَرجاپَت (پرجاپتی) (ہ۔ ا۔ مذ) راجا۔ بادشاہ۔ حاکم۔ سرکار۔ مالک (۲) خالق۔ پیدا کرنے والا (۳) سورج (۴) کوزہ گر۔ کمہار (۵) داماد (۶) باپ۔
پَرجوت (پَر۔ جوت) (ہ۔ ا۔ مذ) مکانات کی زمین کا محصول۔ مقررہ لگان۔ چکوتا۔
پِرِچ (پِ۔ رِچ) (ہ۔ ا۔ مث) پیالی۔ طشتری۔ چھوٹی طشتری۔
پَرچا (پَر۔ چا) (ہ۔ ا۔ مذ) پرکھ۔ شناخت۔ پہچان (۲) ثبوت (۳) اِمتحان (۴) معجزہ۔ اِتمامِ حُجت۔ بُرہانِ قاطع (۵) خوش خبری۔
پرچا دینا (ہ۔ محاورہ) ثبوت دینا۔ کرامت دکھانا۔ بشارت دینا (۲) خوش کرنا۔
پَرچار (س۔ ا۔ مذ) (۱) تبلیغ (۲) اِعلان۔ تشہیر۔
پَرچارَک (پَر۔ چا۔ رَک) (س۔ ا۔ مذ) (۱) مُبلغ۔ پرچار کرنے والا (۲) نقیب۔
پَرچانا (پَر۔ چا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) راضی کرنا (۲) بہلانا۔ پُھسلانا (۳) مانوس کرنا (۴) بس میں لانا۔
پَرچَخ (پَر۔ چَخ) (اَر۔ ا۔ مذ) پُرزہ۔ ٹکڑا۔ نیز دیکھئے پرخچا۔ پرخچے۔
پَرچَک (پَر۔ چَک) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پیار۔ پُچکار۔ تھپکی (۲) تسلی۔ دِلاسا۔ اِطمینان (۳) حمایت۔ سہارا (۴) اِشارہ۔ کنایہ۔
پرچک دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) حمایت کرنا۔ شہ دینا (۲) اِشارہ کرنا (۳) مدد کرنا۔ سہارا دینا (۴) دلیر کرنا۔
پرچک لینا (اَر۔ محاورہ) طرف داری کرنا۔
پَرچَم (پَر۔ چَم) (ف۔ ا۔ مذ) پھریرا۔ کپڑا جو جھنڈے پر باندھا جاتا ہے۔ اُردو جمع: پرچم۔ پرچموں۔
پرچم اُڑانا (اَر۔ محاورہ) پرچم لہرانا۔ جھنڈا لہرانا۔

پَرَچنا (پَ۔ رَچ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) راضی ہونا۔ ہِل جانا۔ مانُوس ہونا۔ مائل ہونا (۲) بہلنا۔ باتوں میں آنا۔
پَرچُول (پَر۔ چُول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ٹٹول۔ کھوج۔ دریافت۔ چھان بین (۲) دھت۔ لت۔ دُھن۔
پَرچُون (پَر۔ چُون) (ہ۔ ا۔ مذ) متفرق سودا۔ آٹا۔ دال۔ نمک۔ تیل وغیرہ۔
پَرچُونی (پَر۔ چُو۔ نی) (ہ۔ ا۔ مذ) آٹا دال بیچنے کا کام۔
پَرچُونیا (پَر۔ چُو۔ نِ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) بنیا۔ مُودی۔ بقال (۲) خردہ فروش۔ چھوٹا موٹا سودا بیچنے والا۔ جمع: پرچونیوں۔ پرچونیے۔
پَرچہ (پَر۔ چہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خط۔ چٹھی۔ رُقعہ۔ تحریر (۲) اَخبار۔ رسالہ (۳) پُرزہ۔ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔ کترن۔ دَھجی (۴) اِمتحانی سوالات کا کاغذ۔ اُردو جمع: پرچے۔ پرچوں۔
پرچۂ اَلماس (ف۔ ا۔ مذ) ہیرے کا ٹکڑا۔
پرچہ چاک کرنا (اَر۔ محاورہ) پولیس میں اِبتدائی رپورٹ کا لکھا جانا۔
پرچہ دینا (اَر۔ محاورہ) مقدمہ درج کرنا۔
پرچہ گزرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خبر پہنچنا۔ اِطلاع ملنا۔ مخبری ہونا (۲) نالش ہونا۔ درخواست لگنا (۳) غیبت کیا جانا۔
پرچہ نویس (ف۔ صف۔ وا۔ مذ) مُخبر۔ جاسُوس۔ خفیہ کارروائی لکھنے والا وقائع نگار۔
پرچہ نویسی (ف۔ ا۔ مث) (۱) مُخبری۔ جاسُوسی (۲) وقائع نگاری۔
پَرچھا (پَر۔ چھا) (ہ۔ ا۔ مذ) سُوت لپیٹنے کی تلی۔ پھرکی۔ گھرنی (۲) بھیڑ یا ہجوم کا کم ہونا (۳) کڑاہی کُڑ چھا۔ دیگ (۴) جھگڑے کا فیصلہ (۵) کمتیعہ۔ حال
پرچھا کرنا (ہ۔ مص) (۱) تلی پر سُوت لپیٹنا۔ پھرکی پر ڈورا چڑھانا (۲) ہجوم میں کمی کرنا (۳) جھگڑا نمٹانا۔ قضیہ چکانا۔
پرچھانواں (پرچھاواں) (پَر۔ چھاں۔ واں) (پَر۔ چھا۔ واں) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سایہ۔ عکس۔ پرتو (۲) عادت۔ رنگ ڈھنگ۔ خُو۔ خصلت۔ سبھاؤ۔
پرچھاواں پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سایہ پڑنا۔ عکس ہونا۔ پرتو پڑنا (۲) رنگ میں رنگا جانا۔ طریق اِختیار کرنا۔ عادت اور سبھاؤ موافق ہو جانا۔
پَرچھائیں (پَر۔ چھا۔ ئیں) (ہ۔ ا۔ مث) عکس۔ سایہ۔ پرتو۔ جمع: پرچھائیاں۔ پرچھائیوں۔
پرچھائیں پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) عکس پڑنا۔ سایہ پڑنا (۲) صُحبت کا اثر ہو جانا۔
پرچھائیں ڈالنا (اَر۔ محاورہ) سایہ ڈالنا۔ اپنے جیسا کرنا۔
پرچھائیں سے بچنا (بھاگنا۔ ڈرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سائے سے خوف کھانا (۲) دُور بھاگنا۔ ڈرنا (۳) بہت ڈرپوک ہونا (۴) نفرت کرنا۔
پرچھائیں نہ پانا (اَر۔ محاورہ) نشان نہ پانا۔ کھوج نہ پانا۔ پتا نہ پانا۔
پَرچھتی (پَر۔ چھَت۔ تی) (پَر۔ چھ۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چھوٹا چھپر۔ چھپر سے الگ چھوٹا چھپر جو چھپر کے اِدھر اُدھر اور منڈیروں وغیرہ پر پانی کے بچاؤ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کے لئے بناتے ہیں (۲) ٹانڈ۔ مچان (۳) دیوار میں لگا ہوا چوڑا تختہ جس پر پرانا سامان وغیرہ رکھتے ہیں۔ جمع: پرچھتیاں۔ پرچھتیوں۔

پَرچھی (پَر۔ چھی) (ہ۔ ا۔ مث) خُرجین۔ سواری پر سامان کا وہ تھیلا جو دونوں طرف لٹکا ہوا ہو۔

پَرچی (پَر۔ چی) (اُر۔ ا۔ مث) (۱) پرچا کی تانیث (۲) وہ کاغذ جس پر انتخاب کے وقت اُمیدوار کا نام لکھ کر صندوق میں ڈالتے ہیں (۳) مقدمے کی تاریخ کا کاغذ (۴) چھوٹا سا پرچہ۔ جمع: پرچیاں۔ پرچیوں۔

پرچی ڈالنا (اُر۔ مص) رائے دینا۔ ووٹ ڈالنا۔

پَرخاش (پَر۔ خاش) (ف۔ ا۔ مث) اَن بَن۔ لڑائی۔ نااتفاقی۔ جھگڑا۔ فساد۔ ٹنٹا (۲) رنج۔ کینہ۔ غبار۔

پرخاش جُو (ف۔ صف) جھگڑے کے لئے تیار رہنے والا۔ فساد پر کمر بستہ۔ (۲) کدورت رکھنے والا۔

پَرَخچا (پَ۔ رَخ۔ چا) (اُر۔ ا۔ مذ) ٹکڑا۔ ریزہ۔ جمع: پرخچوں۔ پرخچے۔

پَرخچے اُڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) پُرزے پُرزے کرنا (۲) بہت مارنا پیٹنا۔

پَرداخت (پَر۔ داخت) (ف۔ ا۔ مث) (۱) پرورش۔ پالن (۲) مدد۔ سہارا (۳) حفاظت۔ نگہبانی۔ دیکھ بھال۔

پَرداختہ (پَر۔ داخ۔ تہ) (ف۔ صف) آراستہ کیا ہوا۔ سنوارا ہوا۔

پَردادا (پَر۔ دا۔ دا) (ہ۔ ا۔ مذ) باپ کا دادا۔ دادا کا باپ۔ (پَر: گزشتہ دَور کا)۔

پَردادی (ہ۔ ا۔ مث) پردادا کی بیوی۔ باپ کی دادی۔ دادی کی ماں۔

پَرداز (پَر۔ داز) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ابتدا۔ شروع۔ تمہید۔ پہل (۲) آراستگی۔ جلا۔ چمک (۳) کشیدہ کاری (۴) مصوری۔ نقاشی۔ ڈرائنگ (۵) تصویر کے نقش و نگار۔ خط و خال۔ نوک پلک (۶) رنگ ڈھنگ۔ چال ڈھال۔ خو۔ خصلت (۷) (لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر پرداختن کا صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے فتنہ پرداز۔

پرداز اُڑانا (ف۔ اُر۔ محاورہ) طرز سیکھنا۔ نقل اُتارنا۔

پرداز ڈالنا (پرداز کرنا) (ف۔ اُر۔ محاورہ) (۱) شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ تمہید ڈالنا۔ پہل کرنا (۲) سنوارنا۔ جلا دینا۔ چمکانا۔ رُوپ نکھارنا (۳) کشیدہ کاڑھنا۔ نقش کاری کرنا (۴) رنگ ڈھنگ پر لانا۔ عادت یا سجاؤ سنبھالنا۔

پَردان (پَر۔ دان) (س۔ ا۔ مذ) (۱) دینا۔ پیش کرنا۔ تحفہ دینا (۲) شادی میں سلامی وغیرہ دینا (۳) سپردگی۔ اطاعت۔

پَردَرشنی (پَر۔ دَر۔ ش۔ نی) (س۔ ا۔ مث) (۱) نمائش (۲) نذر۔ بھینٹ۔

پَردگی (پَر۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) پردے میں رہنے کی حالت۔

پَردَل (ہ۔ ق۔ ا۔ مذ) غیر کی فوج (پَر بمعنی غیر۔ دَل بمعنی گروہ۔ لشکر)۔

پَردوش (پَر۔ دوش) (س۔ ا۔ مذ) (۱) دوش۔ قصور۔ جرم۔ گناہ۔ خطا (۲) کوتاہی۔ کمی (۳) رات کا پہلا حصہ (۴) شام کی دو گھڑی کی روشنی (۵) تیرھویں تاریخ کو جمعہ سوموار کے دن کا بدھ۔

پَردَہ (پَر۔ دَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) اوٹ۔ گھونگھٹ۔ آڑ۔ اوجھل۔ روک۔ حجاب۔ نقاب۔ بُرقع (۲) چق۔ چلمن (۳) دروازے کے آگے چھوٹی سی دیوار۔ مکان کی چاردیواری (۴) کان کے اندر کی جھلّی۔ آنکھ کی پُتلی کی جھلّی۔ پیٹ کی جھلّی۔ باکرہ عورت کے رحم کی جھلّی (۵) انگرکھے کا سینہ (۶) سطح (۷) راز۔ بھید (۸) راگ۔ الاپ۔ آہنگ (۹) طبقہ۔ پرت۔ پٹڑی (۱۰) کولھے اور پسلیوں کا درمیانی گوشت (۱۱) بادبان۔ سُکان۔ پتوار (۱۲) عورت کا مرد کے سامنے نہ آنا۔ اُردو جمع: پردوں۔ پردے۔

پردہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) نقاب اُلٹنا۔ گھونگھٹ اُٹھانا (۲) چلمن یا چق اُٹھانا (۳) راز اَفشا کرنا۔ بھید کھولنا۔ اَصلیت ظاہر کرنا (۴) حجاب دُور کرنا۔ تکلّف نہ کرنا۔

پردۂ بکارت (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) عورت کے رحم کی جھلّی جو بکارت یا کنوارپن کی نشانی ہوتی ہے۔

پردہ پڑنا (پڑ جانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) اوٹ ہونا (۲) حجاب ہونا (۳) نقاب ڈالا جانا (۴) چلمن کرنا (۵) چُھپ جانا (۶) بے وقوف ہو جانا۔

پردہ پوش (ف۔ صف) (۱) بُرائی کو چُھپانے والا (۲) راز دار۔ کسی کے عیب کو ڈھانکنے والا۔

پردہ پوشی (ف۔ ا۔ مث) پردہ داری۔ عیب پوشی (۲) راز داری۔

پردہ پھاڑنا (اُر۔ مص مُرکّب) پردے میں سوراخ کرنا (۲) (محاورہ) بے پردہ ہو جانا (۳) اِزالۂ بکارت کرنا۔

پردہ چاک کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دیکھئے پردہ پھاڑنا (۲) راز کھول دینا۔

پردۂ چشم (ف۔ ا۔ مذ) آنکھ کا پردہ۔

پردہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) چق ڈالنا۔ چلمن گرانا۔

پردۂ خاک (پردۂ دُنیا) (ف۔ ا۔ مذ) سطح زمین۔ روئے زمین۔

پردہ دار (ف۔ صف) پردہ نشین۔ پردہ کرنے والا (والی) (۲) راز دار (۳) واقفِ حال۔ مَحرم (۴) عیبوں کو چُھپانے والا۔

پردہ داری (ف۔ ا۔ مث) عیب پوشی۔ راز داری۔

پردہ در (ف۔ صف) (۱) پردہ پھاڑنے والا (۲) عیب ظاہر کرنے والا۔ راز فاش کرنے والا۔

پردۂ در (پَر۔ دَہ۔ اِے۔ دَر) (ف۔ ا۔ مذ) دروازے کا پردہ یا چلمن۔

پردہ دری (ف۔ ا۔ مث) عیب نمائی۔ اَفشائے راز۔

پردہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) عیب چُھپانا۔ رازداری کرنا (۲) چق کھولنا۔ چلمن ڈالنا۔

پردہ ڈھانکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) عیب چھپانا (۲) دُنیا سے اُٹھ جانا۔ مرنا۔

پردہ (رکھ لینا) رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پردہ کرنا۔ حجاب کرنا۔ چھپنا (۲) راز دار ہونا۔ عیب چھپانا۔

پردہ رہ جانا (اُر۔ محاورہ) ذلّت سے بچنا۔ شرم رہ جانا۔ بات رہ جانا۔

پردۂ ظلمت (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) تاریکی۔ اندھیرا۔

پردۂ عصمت (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) عصمت کا پردہ سے اِستعارہ ہے۔ افعال: پھٹنا۔ پھاڑنا۔ خراب کرنا۔ نیز دیکھئے پردۂ ناموس۔

پردۂ عنکبوت (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) مکڑی کا جالا (۲) آنکھ کا ایک پردہ۔

پردۂ غیب (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) عالم باطن۔ نچلے اور اُوپر کے جہان کا درمیانی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پردہ (۲) جو بات خُدا کی طرف سے یا اِتّفاقاً ہو اُس کے متعلق کہتے ہیں۔

پردہ فاش کرنا (اَر۔ محاورہ) راز اَفشا کرنا۔ عیب کھولنا۔ اَصلیت ظاہر کرنا۔ بھید ظاہر کرنا۔

پردہ کرنا (اَر۔ محاورہ) پردے میں رہنا۔ گھونگٹ نکالنا۔ چُھپنا۔

پردہ کھولنا (اَر۔ محاورہ) بھید کھولنا۔ عیب ظاہر کرنا۔

پردہ گرانا (اَر۔ محاورہ) چلمن چھوڑنا۔ پردہ ڈالنا۔ چق گرانا۔

پردۂ گوش (ف۔ اِ۔ مذ) کان کے اندر کی جھلّی۔ کان کا پردہ۔

پردہ لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پردہ ہونا۔ پردے میں بیٹھنا۔ چھپنے لگنا (۲) بدچلن عورت کا پردہ کرنا۔

پردۂ ناموس (ف۔ اِ۔ مث) عصمت کا پردہ۔ عفت کا پردہ۔

پردہ نشین (ف۔ صف) (۱) پردے میں بیٹھنے والی (۲) پاک دامن، باحیا عورت۔

پردہ ہو جانا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) (۱) آڑ میں آجانا۔ اوٹ میں ہو جانا۔ چُھپ جانا (۲) چہرہ چُھپا لینا۔ پوشیدہ ہو جانا۔ عورت کا غیر مرد کے سامنے نہ آنا۔

پردہ ہے (اَر۔ حرفِ تنبیہ) (۱) اوٹ ہے۔ آڑ ہے (۲) چُھپے ہوئے ہیں۔ پردے میں ہیں (۲) یہاں نہ آنا۔

پَردھان (پَر۔ دھان) (س۔ صف) (۱) ممتاز۔ عظیم۔ اہم۔ اعلٰی۔ عُمدہ ترین (س۔ اِ۔ مذ) صدر۔ گاؤں کا مُکھیا۔

پردے (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) پردہ کی جمع (۲) پردہ کی مُغیّرہ صورت۔

پردے بٹھانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے پردے میں بٹھانا۔

پردے پردے میں (اَر۔ متعلق فعل) (۱) خُفیہ۔ چوری چُھپے (۲) آڑ میں۔ اوٹ میں (۳) بے خبری میں۔

پردے سے لگنا (اَر۔ محاورہ) پردے کے قریب بیٹھنا۔

پردے کی بات (اَر۔ اِ۔ مث) راز کی بات۔ خُفیہ معاملہ۔

پردے کی (بُوبُو) بی بی (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) پردے میں رہنے والی (۲) شریف عورت (۳) (طنزاً) بدچلن عورت۔

پردے کی بی بی، چٹائی کا لہنگا (اَر۔ مثل) جب کوئی غریب عورت پردہ کرتی ہے تو کہتے ہیں۔

پردے کی دیوار (اَر۔ اِ۔ مث) حجاب کی دیوار۔ پردے کی غرض سے دروازے کے سامنے کی دیوار۔

پردے کے لوگو! پردے ہو (اَر۔ کلمۂ ندا) جب کوئی شخص اپنے کوٹھے پر چڑھنا چاہتا ہے تو آس پاس کے لوگوں کو خبردار کرنے کے لئے اس طرح تین بار پکارتا ہے تاکہ کسی پردہ نشین کا سامنا نہ ہو جائے۔

پردے میں بٹھانا (اَر۔ محاورہ) پردہ نشین کرنا۔ باہر جانے کی ممانعت کر دینا۔

پردے میں بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) پردہ نشین ہونا۔ گھر کی چار دیواری سے باہر نہ نکلنا۔

پردے میں پُوچھنا (اَر۔ محاورہ) اِس طرح پُوچھنا کہ مخاطب کو پُوچھنے کا مقصد معلوم نہ ہو سکے۔

پردے میں زردہ لگانا (پردے میں سُوراخ کرنا۔ پردے میں شکار کھیلنا۔ پردے میں گرہ لگانا) (اَر۔ محاورہ) پردے میں بدکاری کرنا۔ پردہ نشین عورت کا حرام کاری کرنا۔

پَردیس (پَر۔ دیس) (ہ۔ اِ۔ مذ) وِدیش۔ بدیس۔ غیر وطن۔ دُوسرا ملک (پَر: غیر۔ دُور)۔ جمع: پردیس۔ پردیسوں۔

پردیس جانا (ہ۔ مص مُرکّب) دُوسرے ملک میں جانا۔

پردیس چھانا (ہ۔ محاورہ) دُوسرے وطن جا رہنا۔ ترکِ وطن کرنا (۲) غیر ملک میں تجارت یا نوکری کرنا۔

پَردیسَن (پَر۔ دے۔ سَن) (ہ۔ اِ۔ مث) غیر وطن کی عورت۔ جمع: پردیسنوں۔ پردیسنیں۔

پَردیسی (پَر۔ دے۔ سی) (ہ۔ اِ۔ مذ) غیر ملک کا۔ بدیسی۔ جمع: پردیسی۔ پردیسیوں۔

پردیسی بلم تیری آس نہیں۔ باسی پھولوں میں باس نہیں (ہ۔ مثل) پردیس میں رہنے والے شوہر سے وفاداری کی اُمید نہیں۔ جیسے باسی پُھولوں میں خوشبو نہیں ہوتی۔

پَرذات (ہ۔ صف) غیر ذات۔ کم اصل۔ کم ذات۔ (پَر بمعنی غیر)۔

پُرزہ (پُر۔ زہ) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) کاغذ کا ٹکڑا (۲) عضو۔ جُزو (۳) پرندوں کے چھوٹے چھوٹے باریک پَر (۴) دوات کا صُوف (۵) ریشمی اور اُونی کپڑے کا رُواں (۶) کسی مشین کا چھوٹا حصّہ۔ اُردو جمع: پُرزوں۔ پُرزے۔

پُرزے (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) پُرزہ کی جمع (۲) پُرزہ کی مُغیّرہ صورت۔

پُرزے اُڑانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں بکھیرنا۔ چیتھڑے اُڑانا (۲) چُور چُور کرنا (۳) پارہ پارہ کرنا (۴) بیکار کر دینا (۵) بوٹیاں کاٹنا (۶) اُدھیڑنا (۷) خُوب مارنا (۸) بہت سزا دینا۔

پُرزے پُرزے کرنا (اَر۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

پُرزے پُرزے ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) چیتھڑے ہونا۔ دھجیاں اُڑنا (۲) پرخچے اُڑنا (۳) ٹکڑے اُڑنا (۴) شکستہ و بیکار ہونا (۵) بوٹیاں اُڑنا (۶) اُدھڑنا۔ جُزو جُزو جدا ہونا۔

پَرس (Purse) (انگ۔ اِ۔ مذ) بٹوا۔ روپیہ پیسہ رکھنے کا چھوٹا سا بیگ۔

پُرس (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ لاحقہ) فارسی مصدر پُرسیدن کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور پُوچھنے والا کے معنی دیتا ہے (۲) پُوچھنے کا عمل۔ اُردو میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے بازپُرس۔ تنہا مستعمل نہیں۔

پُرس (پُرس) (پ۔ رُس) (ہ۔ اِ۔ مذ) س: پُرش کا بگاڑ۔ آدمی۔ مرد۔

پُرسا (پُر۔ سا) (ہ۔ اِ۔ مذ) آدمی کے قد کے برابر کی اُونچائی۔ تقریباً چھ فٹ کا پیمانہ (۲) دیکھئے پُرسہ۔

پَرساد (س۔ اِ۔ مذ) دیوتاؤں کا چڑھاوا۔ نذر و نیاز۔ تبرک۔ پرشاد (۲) کسی بُزرگ کا جُھوٹا کھانا۔

پرساد چڑھانا (ہ۔ محاورہ) دیوتاؤں کو بھینٹ دینا۔ نذر دینا۔

پَرسال (پَر۔ سال) (ف۔ اِ۔ مذ) پار سال۔ گزشتہ سال۔ پچھلے سال۔

پُرسان (پُر۔ سان) (ف۔ صف) (۱) پُوچھنے والا۔ دریافت کرنے والا (۲) مددگار۔ سہارا دینے والا۔ مُعاون (۳) دوست۔ یار۔ رفیق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پُرسانِ حال (ف۔صف) (۱) حال پُوچھنے والا (۲) مددگار۔ اعانت کرنے والا۔

پَرَسْت (پ۔رَسْت) (ف۔لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر پرستیدن کا صیغۂ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پُوجنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے حق پرست۔ بُت پرست۔

پَرَسْتار (پ۔رَس۔تار) (ف۔صف) (۱) پُوجا کرنے والا۔ پُجاری (۲) (ف۔ا۔مذ) نوکر۔ غلام۔ کنیز (۳) شیدائی۔ مُرید۔ اُرجمع: پرستار۔ پرستاروں۔

پرستار زادہ نیاید بکار۔ اگرچہ بُود زادۂ شہریار (ف۔مقولہ) لونڈی کا بچّہ کسی کام نہیں آتا۔ خواہ وہ بادشاہ کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو۔ کمینہ بے فیض ہوتا ہے۔

پَرِسْتان (پَری۔اِستان) (ف۔ا۔مذ) (۱) پریوں کے رہنے کی جگہ۔ پریوں کا ملک (۲) اِندر کا اکھاڑا۔ نیز دیکھئے جِنان۔

پرستان کا عالم (اُر۔ا۔مذ) (۱) پریوں کا سا مُلک۔ پریوں کے دیس کی سی کیفیت۔ پرستان کا سا لطف۔ بعینہٖ پرستان۔

پَرَسْتِش (پ۔رَس۔تِش) (ف۔ا۔مث) (۱) عبادت۔ پُوجا۔ بندگی۔ (۲) اطاعت۔ تعظیم۔ توقیر۔ عزّت۔

پرستش گاہ (کدہ) (ف۔ا۔مث) عبادت کی جگہ۔ مسجد۔ مندر۔ شوالہ۔ معبد۔

پُرسِش (پُر۔سِش) (ف۔ا۔مث) (۱) پُوچھ گچھ۔ تفتیش۔ پُوچھنا۔ اِستفسار (۲) دیکھ بھال (۳) عزّت۔ تعظیم۔ آؤ بھگت۔

پُرسِشِ حال (ف۔ع۔امث) حال پُوچھنا۔ کیفیت دریافت کرنا۔

پُرسَنّ (پُر۔سَنّ) (س۔صف) (۱) خوش۔ شاد۔ مگن (۲) بے فکر۔ بے غم۔ راضی۔ تندرست۔

پُرسَنگ (پُر۔سَنگ) (نُونِ غنّہ) (س۔ا۔مذ) (۱) بُروں کی صُحبت۔ بدمعاشوں سے میل جول (۲) ربط ضبط۔ ہم نشینی۔ واسطہ۔ سابقہ (۳) موقع۔ جگہ۔

پَرسَنَل (Personal) (انگ۔صف) ذاتی۔ نجی۔

پَرسَنَل اسسٹنٹ (Personal Assistant) (انگ۔ا۔مذ) ایک عہدہ دار جو کسی اَفسر کے مددگار یا سیکرٹری کی حیثیت سے کام کرتا ہے۔

پرسنل پراپرٹی (Personal Property) (انگ۔ا۔مث) ذاتی جائیداد۔ اپنی پیدا کی ہوئی جائیداد۔

پرسنل سیکوریٹی (Personal Security) (انگ۔ا۔مث) ذاتی یا شخصی ضمانت۔ وہ ضمانت جس کا دینے والا خود ذمّے دار ہو۔

پَرسُوت (پر۔سُوت) (س۔ا۔مذ) (۱) عورتوں کے اندام نہانی سے سفید پانی کا بہنا (۲) ایامِ زچگی کی ایک بیماری۔

پَرسوں (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) گزشتہ کل سے پہلا دن۔ آیندہ کل کے بعد کا دن۔

پُرسہ (پُر۔سہ) (ف۔ا۔مذ) ماتم پُرسی۔ تعزیت۔ مُردے کے پس ماندگان سے اظہارِ ہمدردی۔

پُرسہ دینا (اُ۔محاورہ) تعزیت کرنا۔ مُردے کے پس ماندگان کو تسلّی دینا۔

پُرسہ لینا (اُر۔محاورہ) مرحوم کے پس ماندگان کا تسلّی و تشفّی کی باتیں سُننا۔

پُرسیاوشاں (پُر۔سِ۔یا۔او۔شاں) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی بُوٹی۔ سنبل۔ بالچھڑ۔

پُرُش (پ۔رُش) (س۔ا۔مذ) (۱) اِنسان۔ آدمی۔ مرد۔ شخص (۲) پرمیشور۔ خُدا۔ پرماتما۔ آتما (۳) خاوند۔ مالک۔ جمع: پُرش۔ پُرشوں۔

پُرش کی مایا اور برچھ کی چھایا (ہ۔مثل) اِنسان کی دولت اور درخت کے سائے کا کوئی اعتبار نہیں۔

پُرشاد (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے پرساد۔

پُرشوتم (پُر۔شو۔تَم) (س۔ا۔مذ) عظیم ترین شخصیت۔ بُزرگ ذات۔

پرشہر (پر۔شہر) (اُر۔ا۔مذ) غیر شہر۔ پردیس۔ (س: پَر بمعنی غیر)۔

پرکاج (پر۔کاج) (ہ۔ا۔مذ) غیر کا کام۔ دُوسرے کا کام۔ (پر: غیر)۔

پَرکار (پر۔کار) (ف۔ا۔مذ) دائرہ کھینچنے کا آلہ۔

پُرکار (ف۔صف) پُر (ف) کے تحت دیکھئے۔

پرکاش (پر۔کاش) (س۔ا۔مذ) (۱) روشنی۔ نُور۔ چمک دمک (۲) شان و شوکت (۳) ظہور۔ رُویت۔ اظہار۔ اِنکشاف (۴) (صف) ظاہر۔ عیاں۔ فاش۔ روشن۔

پرکالا (پر۔کا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) زینہ۔ سیڑھی (۲) چوکھٹ۔ دہلیز۔

پرکالہ (پر۔کا۔لہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ٹکڑا۔ لخت۔ حِصّہ۔ پارہ۔ جزو (۲) چنگاری۔ شُعلہ۔ لپٹ۔ شُعاع۔

پرکالۂ آتش (ف۔صف) نہایت تیز۔ عیّار۔ طرّار۔ چالاک۔ شریر۔

پَرکَما (پر۔کَم۔ما) (س۔ا۔مذ) (۱) طواف۔ گرد اگرد گھومنا (۲) تصدّق۔ نثار۔

پرکما لگانا (ہ۔محاورہ) (۱) طواف کرنا۔ چاروں طرف چکّر لگانا (۲) صدقے ہونا۔ نثار ہونا۔ قُربان ہونا۔

پَرکمی (ہ۔ق۔ا۔مث) مُصیبت۔ غُربت۔

پَرکھ (پ۔رَکھ) (ہ۔ا۔مث) (۱) پہچان۔ شناخت۔ وقوف۔ گیان (۲) معیار۔ کسوٹی۔ جانچ۔ اِمتحان۔ آزمائش۔ آنک۔

پرکھ پرچول (ہ۔ا۔مث) نقد و نظر۔ تنقید۔

پُرکھ (ہ۔ا۔مث) اِنسان۔ آدمی۔ مرد۔ نیز دیکھئے پُرش۔

پُرکھ سا پکھیرو کوئی نہیں (ہ۔مثل) اِنسان ایک جگہ نہیں رہ سکتا۔ پرندوں کی طرح جا بجا پھرتا ہے۔

پَرکھیا (پر۔کھیا) (ہ۔ا۔مذ) پارکھ۔ ناقد۔ نقّاد۔ پرکھنے والا۔ جانچنے والا۔

پُرکھا (پُر۔کھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بُزرگ۔ باپ دادا (۲) نیک لوگ۔ جمع: پُرکھے۔ پُرکھوں۔

پرکھانا (پر۔کھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پرکھنا کا متعدّی۔ جچوانا۔ پرکھوانا۔ کسوٹی پر لگوانا۔ اِمتحان کرانا (۲) شناخت کرانا۔

پَرکھنا (پ۔رَکھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) پہچاننا۔ شناخت کرنا (۲) جانچنا۔ اِمتحان

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کرنا۔ آزمانا (۳) آنکنا۔

پَرکھوانا (پَ۔ رَکھ۔وا۔نا) پرکھنا کا متعدی۔ نیز دیکھئے پرکھانا۔

پَرکھوائی (پَرکھائی) (پَ۔ رَکھ۔وا۔اِی) (پَر۔کھا۔اِی) (ء۔ا۔مث) پرکھنے یا جانچنے کی اُجرت۔

پَرکھے (پَر۔کھے) (ء۔ا۔مذ) پَرکھا کی جمع۔

پَرکھیا (پَ۔رَکھ۔یا) (ء۔ا۔مذ) پرکھنے والا۔ پارکھ۔ پرکھا۔ جانچنے والا (۲) اِمتحان کرنے والا (۳) آنکو (۴) صرّاف۔

پَرگَت مِلنا (پَر۔گت۔مِل۔نا) (ء۔مص) میل ملاپ ہونا۔

پَرگَٹ (پَر۔گٹ) (ء۔صف) ظاہر۔ واضح۔ عیاں۔ صریح۔ آشکارا۔

پَرگَنات (پَرگَنہ جات) (ف۔اُ۔ا۔مذ) پرگنہ کی جمع۔

پَرگَنہ (پَر۔گ۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ضلع کا حصّہ۔ وہ علاقہ جو ایک قانون کے تحت ہو۔ ضلع کا حصّہ جس کا افسر ایک ضلع دار ہو (۲) تعلقہ۔ جاگیر۔ جمع: پرگنات۔ پرگنہ جات۔ اُردو جمع: پرگنوں۔ پرگنے۔

پرگنہ دار (ف۔ا۔مذ) ضلع دار۔ پرگنہ کا افسر۔

پرگنہ وار (ف۔متعلق فعل) پرگنہ کے حساب سے۔

پَرگھٹی (پَر۔گھو۔ٹی) (س۔ا۔مث) لوہے کا سانچا جس میں سونے یا چاندی کو گلا کر ڈالتے ہیں۔ سنار کا سانچا۔

پَرگھرا (پَر۔گھو۔را) (ء۔صف) وہ کبوتر جو دوسرے کے مکان کو پہچانتا ہو۔

پَرگیری (اُ۔ا۔مث) لوہے کی نوک جو تیر پر لگائی جاتی ہے۔ تیر کا پر۔

پَرلا (پَر۔لا) (ء۔صف) اُدھر کا۔ اُس طرف کا۔ سب سے آخر کا۔ اُس پار کا۔ پرلی طرف کا۔ اِنتہائی۔

پَرلوک (پَر۔لوک) (س۔ا۔مذ) عالمِ بالا۔ عُقبیٰ۔ موت کے بعد کی دُنیا۔ دُوسرا جہان۔ (پَر بمعنی دوسرا۔ غیر)۔

پَرلی (پَر۔لی) (ء۔صف) پرلا کی تانیث۔

پَرلے (ء۔صف) پَرلا کی مغیّرہ صورت۔

پرلے درجے کا (اُ۔صف) بے حد۔ اِنتہائی (کمینہ۔ بدمعاش)۔

پرلے سرے کا (اُ۔صف) دیکھئے پرلے درجے کا۔

پَرَم (پَ۔رَم) (س۔صف) اَفضل۔ اعلیٰ۔ اوّل۔ پہلا۔ مکمل ذات۔

پرم آتما (پرماتما) (س۔ا۔مذ) سب سے بڑی آتما۔ اعلیٰ رُوح۔ رُوحِ کائنات۔ بالخصوصیت۔ پرمیشور۔ خُدا۔ برہما، شو، وشنو۔ نیز دیکھئے اوم۔

پَرمِٹ (پَر۔مِٹ) (Permit) (انگ۔ا۔مذ) اجازت نامہ۔ مال درآمد برآمد کرنے یا ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانے یا خرید و فروخت کی تحریری اجازت۔

پَرمَحلّہ (پَر۔مَ۔حل۔لہ) (ء۔ا۔مذ) دُوسرا محلّہ (س: پَر بمعنی دُوسرا۔ غیر)۔

پَرمَل (پَر۔مَل) (ء۔ا۔مذ) (۱) کھیلیں۔ بُھنی ہوئی جوار، مکئی یا باجرا وغیرہ کے دانے (۲) ایک قسم کا خوشبودار چاول۔

پَرمِلو (پَر۔مِ۔لو) (ء۔ا۔مذ) ایک قسم کا اناج۔

پرموُد (پَر۔مود) (س۔ا۔مث) بے حد خوشی۔ اِنتہائی مسرّت۔

پَرمیشَر (پرمیشور) (پَر۔مے۔شَر) (پَر۔میش۔وَر) (س۔ا۔مذ) خُدا تعالیٰ۔ ایشور۔ پرماتما۔ نیز دیکھئے اوم۔

پَرمیو (پَر۔مِ۔یُو) (ء۔ا۔مذ) سوزاک کا مرض۔

پَرَن (پَ۔رَن) (ء۔ا۔مذ) (۱) وعدہ۔ تجویز۔ اِقرار۔ قول (۲) عہد۔ قسم (۳) طبلے کی گت۔

پَرنالا (پَر۔نا۔لا) (ء۔ا۔مذ) کوٹھے یا بالاخانے کی موری۔

پَرنالی (پَر۔نا۔لی) (ء۔ا۔مث) (۱) پرنالا کی تصغیر۔ چھوٹی بدررو۔ چھوٹی نالی (۲) گھوڑے کی فربہی کے سبب ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف گوشت اُبھرنے سے ہڈی پر جو گڑھا سا پڑ جاتا ہے۔

پرنالی پڑنا (اُ۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کی فربہی کے سبب پٹھوں اور سُرینوں کے درمیان گڑھا سا پڑنا (۲) گھوڑے کا فربہ اور تیار ہونا۔

پَرنام (پَر۔نام) (س۔ا۔مذ) آداب۔ تسلیم۔ بندگی۔ سلام۔

پَرنانا (پَر۔نا۔نا) (ء۔ا۔مذ) ماں کا دادا۔ ماموں کا دادا۔ نانا کا باپ۔

پَرنانی (پَر۔نا۔نی) (ء۔ا۔مث) پرنانا کی بیوی۔ ماں کی دادی۔ نانا کی ماں۔

پَرنتُو (پَ۔رَن۔تُو) (ء۔حرفِ اِستدراک) لیکن۔ مگر۔

پرنٹر (Printer) (انگ۔صف) چھاپنے والا۔ طبع کرنے والا۔

پرنٹ میڈیا (Print Media) (انگ۔ا۔مذ) طباعتی و اشاعتی ذرائع اِبلاغ۔ اخبارات، رسائل وغیرہ۔ نیز دیکھئے الیکٹرانک میڈیا۔

پرنٹنگ (Printing) (انگ۔ا۔مث) چھاپنے کا عمل۔ طبع کرنا۔

پرنٹنگ پریس (Printing Press) (انگ۔ا۔مذ) مطبع۔ چھاپہ خانہ۔

پَرَند (پَ۔رَند) (نُونِ خفیفہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے پرندہ۔

پرندِ آبی (ف۔ا۔مذ) وہ پرند جو پانی میں سے مچھلیاں پکڑ کر کھائے۔

پرند ہو جانا (اُ۔ محاورہ) اُڑ جانا۔ بہت جلدی حرکت کرنا۔ تیزی سے بھاگنا۔

پَرَندہ (پَ۔رَن۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) اُڑنے والا جانور۔ پرند۔ پکھیرو (۲) بحری جہاز۔ کشتی۔ فارسی جمع: پرندگان۔ اُردو جمع: پرندے۔ پرندوں۔

پرندہ پر نہیں مار سکتا (اُ۔ محاورہ) کسی کو جانے کی اجازت نہیں۔ بے حد روک ٹوک ہے۔ کوئی جانے نہیں پاتا۔ کسی کا گزر نہیں۔

پرنس (Prince) (انگ۔ا۔مذ) شہزادہ۔ بادشاہ زادہ۔

پرنس آف ویلز (Prince of Wales) (انگ۔ا۔مذ) ویلز (برطانیہ کا ایک علاقہ) کا شہزادہ۔ ولی عہدِ انگلستان کا لقب۔

پرنسپل (Principal) (انگ۔ا۔مذ) کالج کا مدرّسِ اعلیٰ یا افسرِ اعلیٰ۔

پُرنی (ء۔ق۔ا۔مث) نلکی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پَرنیاں (پَر۔نِ۔یاں) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا پھولدار ریشمی کپڑا۔ دیبا۔

پَروا (پَر۔وا) (ف۔ا۔مث) (۱) خواہش۔ رغبت۔ ضرورت (۲) فکر۔ اندیشہ۔ چِنتا (۳) حاجت۔ غرض۔

پَروا (پ۔رِ۔وا) (س۔ا۔مذ) قمری مہینے کے پہلے اور دُوسرے پندرھواڑے کی پہلی تاریخ (۲) چاند کے بڑھنے یا گھٹنے کا پہلا دن۔

پُروا (پُر۔وا) (ہ۔ا۔مث) پُورب کی ہوا۔ بادِ مشرق۔ صَبا۔

پَروار (پَر۔وار) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے پریوار۔

پَرواز (پَر۔واز) (ف۔ا۔مث) اُڑان (۲) فخر۔ ناز۔ اُرجمع: پروازوں۔ پروازیں۔

پروازکناں (ف۔صف) اُڑتا ہوا۔

پَروال (پَر۔وال) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے پربال۔ پَر (ف) کے تحت۔

پَروان (پَر۔وان) (ہ۔صف) (۱) کامیاب۔ مکمل۔ پُورا۔ بالغ (۲) ٹھیک۔ صحیح۔ دُرست۔ معتبر (۳) (ا۔مذ) پھل۔ ثمر (۴) بادبان کا ڈنڈا۔

پروان چڑھانا (اُر۔محاورہ) پال پوس کر بڑا کرنا۔ کامیاب کرانا۔ مُراد کو پہنچانا۔

پروان چڑھنا (اُر۔محاورہ) (۱) کامیاب ہونا۔ مُراد کو پہنچنا۔ تکمیل کو پہنچنا۔ پُورا ہونا۔

پروانجات (پَر۔وا۔نِ۔جات) (ف۔ا۔مذ) پروانہ کی جمع۔ پروانے۔ حُکم نامے۔ اجازت نامے۔ کئی فرمان۔

پَروانگی (پَر۔وا۔نَ۔گی) (ف۔ا۔مث) اجازت۔ حُکم۔ آگیا۔

پَروانہ (پَر۔وا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) پتنگ۔ ایک پردار کیڑا (۲) اجازت نامہ۔ حُکم نامہ (تحریری)۔ پرمٹ۔ پاسپورٹ (۳) وہ جانور جو شیر کے آگے آگے چلتا ہے۔ اُردو جمع: پروانوں۔ پروانے۔

پروانۂ تلاشی (اُر۔ا۔مذ) گھر کی تلاشی کا وارنٹ۔

پروانۂ حاضریِ مَلزوم (ف۔اُر۔ا۔مذ) مَلزوم کو حراست میں رکھنے والے اَفسر کے نام تحریری حُکم کہ مَلزوم کو عدالت کے سامنے پیش کیا جائے تاکہ حراست کی وجوہ پر بحث کی جا سکے۔ (Habeas Corpus)۔

پروانۂ راہ داری (ف۔ا۔مذ) دُوسرے مُلک میں جانے کا اجازت نامہ۔ پاسپورٹ (۲) ایک مقام سے دُوسرے مقام پر جانے کا اجازت نامہ۔

پروانۂ طِلائی (ف۔ا۔مذ) وہ سَند جو حُسنِ خدمت کے عوض دی جاتی ہے اور سونے کے پانی سے لکھی جاتی ہے۔

پروانۂ گرفتاری (ف۔ا۔مذ) گرفتاری کا حُکم نامہ۔ وارنٹ گرفتاری۔

پروانہ وار (ف۔متعلق فعل) پروانہ کی طرح۔

پروانہ ہونا (اُر۔محاورہ) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ جان دینا۔

پَروانے (اُر۔ا۔مذ) پروانہ کی جمع (۲) پروانہ کی مُغیّرہ شکل۔

پَرواہ ۔ ہ سے غلط ہے۔ دیکھئے پَروا۔

پَرواہا (پَر۔وا۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) طباق کی شکل کا بالوں بھرا اَندہ جو پلنگ کے سرہانے کی طرف پایوں کے نیچے رکھتے ہیں۔

پَروائی (پَر۔وا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے پُروا۔

پَرولیا (پَر۔ولیا) (ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

پروبیشن (Probation) (انگ۔ا۔مذ) عارضی ملازم یا اُمیدوار کی اہلیت کی آزمائش۔ کام سیکھنے کا زمانہ۔

پروبیشنر (Probationer) (انگ۔ا۔مذ) کام سیکھنے والا۔ عارضی ملازم۔

پروپرائٹر (Proprietor) (انگ۔ا۔مذ) مالک۔

پروپیگنڈا (Propaganda) (انگ۔ا۔مذ) اِشاعت۔ تبلیغ۔ تشہیر۔ ڈھنڈورا (۲) عام بول چال میں دروغ گوئی یا غلط اَفواہ پھیلانا۔

پَروتا (پ۔رو۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پوتے کا بیٹا (۲) آٹا گھی، ہلدی، پان وغیرہ جو کسی تقریب پر خدمتی کمین کو دیا جاتا ہے۔

پَروتی (پ۔رو۔تی) (ہ۔ا۔مث) پوتے کی بیٹی۔

پروٹسٹ (Protest) (انگ۔ا۔مذ) اِحتجاج۔ اِعتراض۔

پروٹسٹنٹ (Protestant) (انگ۔ا۔مذ) معترض۔ اِحتجاج کرنے والا۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ جو سولہویں صدی عیسوی میں اِحتجاجاً کلیسائے روم سے الگ ہو گیا۔ یہ پوپ کی قیادت کو نہیں مانتا۔

پروٹین (Protein) (انگ۔ا۔مث) بیضیہ۔ لحمیہ۔ حیوانی و نباتاتی خوراک کا ایک اہم جزو۔

پروڈکشن (Production) (انگ۔ا۔مث) پیداوار خصوصاً ادبی، صنعتی و زرعی۔

پروڈیوسر (Producer) (انگ۔صف) پیدا کرنے والا۔ پیش کرنے والا۔

پَروَر (پَر۔وَر) (ف۔لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر پروردن کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پرورش کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے بندہ پرور۔ غریب پرور۔

پَروَردگار (پَر۔وَر۔دِ۔گار) (ف۔صف) پرورش کرنے والا۔ پالنے والا (ف۔ا۔مذ) خُدائے تعالیٰ۔

پروردگارِ عالم (عالمیاں) (ف۔ع۔ا۔مذ) دُنیا اور دُنیا میں رہنے والوں کا پالنے والا۔ خُدا تعالیٰ۔

پَروَردہ (پَر۔وَر۔دَہ) (ف۔صف) (۱) پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا (۲) بسایا ہوا (۳) بامُراد کیا ہوا۔

پَروَرِش (پَر۔وَ۔رِش) (ف۔ا۔مث) (۱) پالن۔ پالنا (۲) تعلیم و تربیت (۳) مہربانی۔ عنایت (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

پَروَرِندہ (پَر۔وَ۔رِن۔دَہ) (ف۔صف) پروردگار۔ پالنے والا۔ پرورش کرنے والا (۲) سرپرست۔ مربّی۔

پَروسا (پ۔رو۔سا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حِصّہ۔ جُزو۔ خوراک (۲) کھانا جو کسی مہمان کے آگے رکھا جائے یا دوست کو بھیجا جائے۔

پَروسنا (پ۔رو۔س۔نا) (ہ۔مص) مہمانوں کے آگے کھانا چننا۔ میزبانی کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پروشیا (پ۔رو۔س۔یا) (ہ۔ا۔مذ) کھانا چکھنے والا۔

پروف (Proof) (انگ۔ا۔مذ) مسوّدہ۔ خاکہ۔ سب سے پہلا چھپا ہوا کاغذ جو بغرضِ اصلاح دکھایا جاتا ہے۔ اُردو جمع: پروف۔ پروفوں۔

پروف ریڈر (Proof Reader) (انگ۔صف۔وا۔مذ) پروف پڑھنے والا۔

پروفیسر (Professor) (انگ۔ا۔مذ) مدرّسِ اعلیٰ۔ کالج کے لڑکوں کو پڑھانے والا اُستاد۔ اُردو جمع: پروفیسر۔ پروفیسروں۔

پروفیشن (Profession) (انگ۔ا۔مذ) پیشہ۔ کام۔

پروگرام (Programme) (انگ۔ا۔مذ) ترتیب۔ سلسلہ۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ لائحہ عمل۔ (صحیح تلفظ: پروگریم)۔

پرول (Parole) (پ۔رول) (انگ۔ا۔مث) (۱) وہ خاص لفظ یا الفاظ جو شناخت کے لئے پہرے دار کو بتائے جاتے ہیں تاکہ کوئی شخص اُسے دھوکا نہ دے سکے (۲) قیدی کو اِس شرط پر باہر جانے کی اجازت دینا کہ وہ مقررہ وقت پر واپس آجائے گا۔

پرولتاری (Proletarian کا مؤرّد۔ا۔مذ) محنت کشوں کا حامی۔

پرولتاریہ (Proletariat کا مؤرّد۔ا۔مذ) (۱) عوام النّاس (۲) مفلس اور غریب لوگ۔ طبقۂ مزدوراں۔

پرونا (پ۔رو۔نا) (ہ۔مص) (۱) سُوراخ دار چیز میں ڈورا ڈالنا (۲) سُوئی میں تاگا ڈالنا۔

پرُونا (پ۔رُو۔نا) (ہ۔ق۔مص) پُورا کرنا۔

پرونوٹ (Pronote) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے پرامیسری نوٹ۔

پروہت (پ۔رو۔ہت) (س۔ا۔مذ) برہمن یا پنڈت جو پُوجا پاٹ' بیاہ شادی اور موت کی رسوم ادا کراتا ہے۔

پرویز (پر۔ویز) (بیائے مجہول) (ف۔صف) (۱) فاتح (۲) خوش نصیب (۳) خوش (۴) قیمتی (۵) نہایت اعلیٰ (۶) مہذب (۷) خسرو ثانی شاہِ ایران کا لقب جو ملکہ شیریں کا شوہر تھا۔

پروین (پر۔وین) (ف۔ا۔مذ) عقدِ ثریّا۔ سات ستاروں کا جُھرمٹ۔ سات سہیلیوں کا جُھمکا۔ بنات النعش۔

پرّہ (پرہ) (پر۔رہ) (پ۔رہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) قطار۔ صف (۲) دامن۔ کنارہ۔ طرف۔ پہلو (۳) چکّی کا اُوپر کا پاٹ (۴) دروازے یا قفل کی جھجر (۵) کنوئیں کی گراری۔

پرہ بینی (ف۔ا۔مذ) ناک کے نتھنوں کا درمیانی پردہ۔

پرہیز (پر۔ہیز) (بیائے مجہول) (ف۔ا۔مذ) (۱) احتیاط۔ حذر۔ اجتناب (۲) تقویٰ (۳) خوف۔ اندیشہ۔ ضرر رساں' ناجائز اور حرام چیزوں سے دُوری۔

پرہیز ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) پرہیز موقوف ہونا۔ ممانعت کا دُور ہونا۔

پرہیز سب سے اچھا نُسخہ ہے (پرہیز علاج سے بہتر ہے) (اُر۔مثل) پرہیز سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ پرہیز سے بہت سی بیماریاں دُور رہتی ہیں۔

پرہیزگار (ف۔صف) صالح۔ عابد (۲) (بُرائیوں سے) بچنے والا (۳) مُتقی۔ ڈرنے والا۔ ناجائز اور حرام چیزوں سے دُور رہنے والا۔ جمع: پرہیزگاراں۔

پرہیزگاری (ف۔ا۔مث) پرہیز کرنا۔ اِحتیاط کرنا۔ بچنا۔ اِجتناب کرنا۔ مُتقی ہونا۔ ڈرنا۔ زُہد۔ تقویٰ۔

پرہیزی (پر۔ہے۔زی) (ف۔صف) وہ جس سے پرہیز کیا جائے۔ وہ جو بیمار کے موافق ہو۔ (مُرکبات میں مستعمل ہے جیسے پرہیزی کھانا۔ بدپرہیزی)۔

پرئی (پ۔ر۔ای) (ہ۔ا۔مث) ایک چھوٹی چڑیا جس کی چونچ اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں۔

پری (پ۔ری) (ف۔ا۔مث) پروں والی افسانوی عورت۔ پرستان کی عورت (۲) (صف) بہت حسین عورت۔ اُردو جمع: پریاں۔ پریوں۔

پری بند (اُر۔ا۔مذ) (۱) عورتوں کا ایک زیور (۲) کُشتی کا ایک داؤ (۳) بچّوں کے پاؤں کا زیور۔

پری پیکر (پری تمثال۔ پری جمال۔ پری چہرہ) (ف۔صف) پری جیسی حسین۔ نہایت خوب صورت۔

پری خانہ (ف۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں حسینوں کا جمگھٹا ہو۔

پری خواں (ف۔ا۔مذ) بُھوت پریت اُتارنے والا۔ حاضرات کا عمل کرنے والا۔

پری دار (ف۔صف) جس پر پری کا سایہ ہو۔ وہ کنواری لڑکی جس پر عمل کیا جائے اور وہ بے ہوش ہو کر غیب کی باتیں سُنائے (۲) جس کے قبضے میں پریاں ہوں۔

پری رُخسار (پری رُو) (ف۔صف) (۱) پری چہرہ۔ شکیل۔ جمیل۔ خوبصورت۔ حسین۔ خوب رُو۔

پری زاد (ف۔صف) (۱) پری کی اولاد۔ پری کی نسل سے (۲) نہایت خوبصورت۔

پری طلعت (ف۔صف) پری جیسے چہرے والا یا والی۔ پری وش۔ نہایت حسین۔

پری کا ٹکڑا (ف۔صف) نہایت حسین۔ بہت خوبصورت۔

پری کا سایہ (اُر۔ا۔مذ) پری کا آسیب۔ پری کا اثر۔

پری وش (ف۔صف) نہایت خوب صورت۔ بہت حسین۔

پُری (پ۔ری) (ف۔ا۔مث) بھرا ہوا ہونا۔ مُرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے خانہ پُری۔

پُری (پ۔ری) (ہ۔ا۔مث) قصبہ۔ آبادی۔ مُرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے مَن پُری۔

پرے (پ۔رے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پرا کی جمع۔ صفیں۔ قطاریں۔ مجمعے۔ جماعتیں (۲) (متعلق فعل) دُوسرے کنارے۔ اُس جانب۔ پرلی طرف (۳) دُور۔ بعید۔

پرے بٹھانا (اُر۔محاورہ) (۱) دُور بٹھانا۔ الگ بٹھانا (۲) حقیر کرنا (۳) ہرا دینا۔

پرے پرے (اُر۔کلمۂ خطاب) (۱) الگ الگ۔ دُور دُور (۲) الگ ہٹ۔ دُور رہ (۳) (اُر۔متعلق فعل) بلا اطلاع۔ بغیر خبر کئے (۴) لاعلمی میں۔

پرے خالی کرنا (اُر۔محاورہ) قتلِ عام کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پرے سے پرا ملانا (اُر۔ محاورہ) ایک ہی قطار میں کھڑے ہونا۔
پرے کے پرے صاف کر دینا (اُر۔ محاورہ) بے اِنتہا اِنسانوں کو قتل کرنا۔
پریاں (اُر۔ا۔مث) پری کی اُردو جمع۔
پریت (پ۔ریت) (بیائے معروف) (س۔ا۔مث) محبت۔ عشق۔
پریت جوڑنا (پریت لگانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) محبت کرنا۔ دوستی کرنا۔ عشق کرنا (۲) میل جول کرنا۔
پریت نہ جانے جات کجات (و۔مثل) محبت میں ذات پات کی پروا نہیں ہوتی۔
پریت (پ۔ریت) (بیائے مجہول) (و۔ا۔مذ) بدرُوح۔ بُھوت۔ آسیب۔ (عموماً بُھوت پریت اِستعمال ہوتا ہے)۔
پریٹ (بیائے مجہول) (اُر۔ا۔مث) انگریزی لفظ پریڈ کا بگاڑ۔ دیکھئے پریڈ۔
پریتا (پ۔ری۔تا) (و۔ا۔مذ) اَیرن۔ چرخی جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں۔
پریتم (پ۔ری۔تم) (و۔ا۔مذ) (۱) پیتم۔ معشوق۔ پیارا۔ دل بَر (۲) خاوند۔
پریڈ (Parade) (انگ۔ا۔مذ) قواعد۔ فوجی تعلیم۔ جنگی تربیت۔ لڑائی کے قاعدے (۲) قطار۔ صف۔
پریدہ (پ۔ری۔دہ) (ف۔صف) اُڑا ہوا۔ غائب۔
پریذیڈنٹ (پریسیڈنٹ) (President) (انگ۔ا۔مذ) (۱) میرِ مجلس۔ صدر۔ چیئرمین۔ سرپنچ (۲) علاقے کا حاکم (۳) کمیٹی کا اعلیٰ اَفسر۔
پریس (Press) (انگ۔ا۔مذ) (۱) دبانے کی مشین۔ چرخی۔ پیچ (۲) مطبع۔ چھاپہ خانہ (۳) اَخبارات۔ فنِ صحافت۔
پریشان (پ۔رے۔شان) (ف۔صف) (۱) حیران۔ سرگرداں۔ آشفتہ۔ مُتحیر۔ مضطرب (۲) منتشر۔ تِتر بِتر۔ پراگندہ۔
پریشان حال (ف۔صف) (۱) مُصیبت زدہ۔ مُفلس (۲) بے روزگار۔
پریشان خاطر (دل) (ف۔صف) ملول۔ رنجیدہ۔ اُداس۔ فکرمند۔ مُتفکر۔
پریشان کرنا (اُر۔مص مُرکب) حیران کرنا۔ ستانا۔ دِق کرنا (۲) فکر میں ڈالنا۔ اندیشے میں ڈالنا۔
پریشانی (پ۔رے۔شا۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) حیرانی۔ تفکر۔ تردُّد (۲) دُکھ۔ مُصیبت۔ بپتا (۳) اضطراب۔ اِنتشار۔ پراگندگی۔
پریکٹس (Practice) (انگ۔ا۔مث) (۱) مشق۔ معمول (۲) مہارت (۳) (وکیل، ڈاکٹر وغیرہ کا) پیشہ۔
پریکٹیشنر (Practitioner) (انگ۔ا۔مذ) پیشہ ور (خصوصاً طبیب)۔
پریکٹیکل (Practical) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عملی تجربات کا اِمتحان (۲) (صف) عملی۔
پریکشا (پ۔ریک۔شا) (س۔ا۔مذ) (۱) تفتیش۔ دریافت۔ اِمتحان (۲) تجربہ (۳) ثبوت (۴) تفریق۔ تمیز۔

پریکھا (پ۔رے۔کھا) (و۔ا۔مذ) (۱) دیکھئے پریکشا (۲) توبہ۔ افسوس۔ ندامت۔ پچھتاوا۔
پریکھا کرنا (و۔مص مُرکب) (۱) شکوہ کرنا (۲) جانچنا۔ تجربہ کرنا۔ آزمانا۔
پریگ (اُر۔ا۔مث) باریک کیل۔ باریک میخ۔
پریم (پ۔ریم) (بیائے مجہول) (س۔ا۔مذ) (۱) پیار۔ محبت۔ اُلفت۔ لاڈ (۲) دوستی۔
پریمی (پ۔رے۔می) (و۔صف) (۱) محبت کرنے والا۔ فریفتہ (۲) دوست آشنا (۳) عاشق۔
پریمیم (Premium) (انگ۔ا۔مذ) (۱) وہ رقم جو بیمہ کرانے والا معینہ اوقات میں بیمہ کمپنی کو ادا کرتا ہے (۲) اِنعام۔ صِلہ۔ بخشش۔ منافع۔
پریوا (پ۔ری۔وا) (و۔ا۔مذ) مہینے کا پہلا دن۔
پریوا (پ۔رے۔وا) (و۔ا۔مذ) ایک قسم کا آبی پرندہ۔
پریوار (پ۔ری۔وار) (س۔ا۔مذ) (۱) خاندان۔ قبیلہ (۲) مُلازمین (۳) متعلقین۔ دوست۔ اَحباب۔ جمع: پریوار۔ پریواروں۔
پریوں (پر۔یوں) (اُر۔ا۔مث) پری کی اُردو جمع۔
پریوں دار (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا کنکوا جس میں پریاں بنی ہوتی ہیں۔
پریوں کا اُتارا (اکھاڑا) (اُر۔ا۔مذ) پری خانہ۔ حسینوں کا مجمع۔ پریوں کے اُترنے کا مقام۔
پریوں کی پُڑیاں (اُر۔ا۔مث) پریوں کی نیاز جس میں چہل بی بی کی فاتحہ دلائی جاتی ہے اور سندور کی پُڑیاں بنا کر ہوا میں اُڑائی جاتی ہیں۔
پریوی کونسل (Privy Council) (انگ۔ا۔مث) اِنگلستان کے بادشاہ کی خاص مجلسِ مشاورت جو قانون کی رُو سے آخری اور قطعی مجلس ہے۔

پ۔ڑ

پڑا (پ۔ڑا) (و۔صف) (۱) گرا ہوا۔ اُفتادہ۔ لیٹا ہوا (۲) بیمار (۳) (و۔فعل) پڑنا کا ماضی مطلق۔
پڑا پانا (اُر۔محاورہ) (۱) مُفت ہاتھ آنا۔ سستا مل جانا (۲) بے محنت و مشقت مل جانا۔ زمین پر پڑا ہوا ملنا۔
پڑا رہنا (اُر۔محاورہ) ایک حالت میں رہنا۔ بے حرکت رہنا۔ سُست رہنا۔
پڑا سڑنا (اُر۔محاورہ) کسی جگہ کس مپرسی کی حالت میں رہنا۔
پڑا ملنا (اُر۔محاورہ) مُفت ملنا۔ کوشش کے بغیر ملنا۔
پڑا ہونا (اُر۔محاورہ) گرا ہونا (۲) آواز بیٹھ جانا (۳) کسی کے ٹکڑوں پر گزارہ کرنا (۴) بے احتیاطی سے رکھا ہونا۔
پُڑا (پُ۔ڑا) (و۔ا۔مذ) (۱) بڑی پُڑیا۔ بڑی پوٹلی (۲) طبلہ، ڈھولک وغیرہ پر چڑھانے کا چمڑا۔
پڑاپڑ (پ۔ڑا۔پڑ) (و۔اصوات) (۱) مینہ برسنے، جوتیاں پڑنے یا تھپڑ پڑنے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کی آواز (۲) تڑاتڑ۔ پَے در پَے (۳) دُلکی میں گھوڑے کے سُم کی آواز۔

پَڑاخا (اَر۔ا۔مذ) پٹاخا۔

پَڑاقا (اَر۔ا۔مذ)(۱) پٹاخا۔ ایک قسم کی آتش بازی (۲) پٹاخے کی آواز۔

پڑاقے کی گوٹ (اَر۔ا۔مث) رنگا رنگ گوٹ۔

پَڑاؤ (پ۔ڑا۔او)(ہ۔ا۔مذ) ٹھہرنے کی جگہ۔ منزل۔ مقام۔ اسٹیشن۔ چوکی۔ سرائے (۲) لشکر یا قافلے کے اُترنے کی جگہ۔ جمع: پڑاؤ۔ پڑاووں۔

پڑاؤ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) قیام کرنا۔ ٹھہر جانا۔ چھاؤنی ڈال دینا۔

پڑاؤ مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) ڈاکا ڈالنا۔ قافلہ لوٹنا (۲) بڑا بھاری کام کرنا (۳) میدان جیت لینا۔

پَڑبال (اَر۔ا۔مذ) دیکھیے پربال 'پَر' کے تحت۔

پَڑپَڑانا (پڑ۔پ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) جُوتوں سے مارنا۔ خوب پیٹنا (۲) زبان میں مرچیں لگنا (۳) ہونٹوں پر پپڑیاں جم جانا۔

پَڑپڑانا (پڑ۔پ۔ڑا۔نا) (اَر۔مص) پڑ پڑ کرنا۔ دستوں کی آواز ہونا (۲) شٹپٹانا (۳) بٹیر وغیرہ کا لڑائی سے گھبرا کر بھاگ نکلنا۔

پَڑَت (پ۔ڑت) (ہ۔ا۔مث) (۱) اوسط۔ تقسیم۔ پھیلاؤ۔ قیمتِ خرید (۲) میزان۔ بازار کا بھاؤ۔ شرح۔

پڑت پھیلانا (ہ۔ محاورہ)(۱) اوسط نکالنا۔ بانٹنا۔ پھیلانا۔ قیمتِ خرید پر ہر چیز کا برابر حساب لگانا۔

پَڑتا (پڑ۔تا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) شرح لگان (۲) حِصّہ رسدی۔

پَڑتال (پڑ۔تال)(ہ۔ا۔مث) جائزہ۔ مقابلہ۔ نظرِثانی۔ جانچ۔

پڑتال کرنا (ہ۔مص) جانچنا۔ دوبارہ گِنتا۔ نظرِثانی کرنا۔ مطابقت کرنا۔

پَڑتالنا (پڑ۔تال۔نا)(ہ۔مص) نظرِثانی کرنا۔ جانچنا۔

پَڑتَل (پڑ۔تل)(ہ۔ا۔مذ) سوار کا سامان جو ایک گھوڑے یا بیل پر لادا جائے۔

پَڑتی (پڑ۔تی)(ہ۔ا۔مث) خالی پڑی ہوئی بنجر زمین۔

پَڑ جانا (پڑ۔جا۔نا)(ہ۔مص مُرکّب)(۱) لیٹ جانا (۲) قیام کرنا۔ ٹھہر جانا (۳) بیمار ہو جانا (۴) زمینِ مزروعہ کا بے کاشت رہ جانا (۵) بازاری عورت کا کسی مرد سے نکاح کیے بغیر اُس کے گھر رہنا (۶) سو جانا (۷) آواز بیٹھ جانا (۸) پھیل جانا (۹) دانہ پیدا ہو جانا۔

پَڑ رہنا (پڑ۔رہ۔نا)(ہ۔مص مُرکّب) لیٹ رہنا۔ سو رہنا۔

پَڑنا (پڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) ہونا جیسے واسطہ پڑنا (۲) ترشّح ہونا' برسنا جیسے مینہ پڑنا۔ پالی پڑنا (۳) گُھورنا۔ بیتنا۔ واقع ہونا (۴) درج ہونا۔ داخل ہونا۔ لکھا جانا (۵) دخل دینا۔ ضمانت دینا۔ بیچ بننا۔ ٹانگ اَڑانا (۶) فکر ہونا۔ سوچ ہونا۔ دھیان ہونا (۷) لیٹنا۔ صاحبِ فراش ہونا۔ آرام کرنا (۸) بسنا۔ رہنا (۹) نوکری کرنا (۱۰) گرفتار ہونا۔ پھنسنا۔ روگ لگنا (۱۱) بویا جانا۔ بکھرنا (۱۲) نازل ہونا۔ قیام کرنا۔ ٹھہرنا (۱۳) لگنا۔ پٹنا (۱۴) مفید ہونا۔ فائدہ مند ہونا (۱۵) بیکار ہونا۔ بے روزگار ہونا (۱۶) آنا۔ ملنا (۱۷) محتاج ہونا (۱۸) اوسط آنا۔ قیمت آنا (۱۹) ہوش آنا جیسے جان میں جان پڑنا (۲۰) ٹکنا (۲۱) حملہ کرنا جیسے جا پڑنا۔

پَڑوا (ہ۔ا۔مذ)(۱) بھینس کا نر بچہ (۲)(ا۔مث) پَرْوا۔ قمری مہینے کی پہلی تاریخ۔

پَڑوس (پ۔ڑوس)(ہ۔ا۔مذ) ہمسائگی۔ قُرب وجوار۔ آس پاس۔ نزدیک۔

پَڑوسَن (پ۔ڑو۔سَن)(ہ۔ا۔مث) ہمسائی۔ جمع: پڑوسنوں۔ پڑوسنیں۔

پَڑوسی (پ۔ڑو۔سی)(ہ۔ا۔مذ) ہمسایہ۔ جمع: پڑوسی۔ پڑوسیوں۔

پڑوسی کا بُرا مت چاہو (اَر۔ مقولہ) ہمسائے کو نقصان نہیں پہنچانا چاہیے۔

پڑوسی کے مینہ برسے گا تو بوچھاڑ یہاں بھی آوے گی (اَر۔مثل) ہمسایوں کو فائدہ ہوگا تو ہمیں بھی کچھ نہ کچھ نفع پہنچ جائے گا۔

پَڑھا (پ۔ڑھا)(ہ۔صف) تعلیم یافتہ۔ پڑھا لکھا۔ خواندہ (۲) پڑھنا کا ماضی (مذ)۔

پڑھا جن (اَر۔صف۔وا۔مذ) (۱) وہ جن جو کسی سیانے کے قابو میں نہ آئے (۲) نہایت چالاک۔ بہت تیز۔ شریر۔

پڑھا دینا (اَر۔محاورہ) علم سکھا دینا۔ درس دینا (۲) ہوشیار کرنا (۳) بدظن کر دینا۔

پڑھا لکھا (اَر۔صف) تعلیم یافتہ۔ خواندہ۔

پڑھا گُنا (اَر۔صف) پڑھا لکھا۔ باعمل تعلیم یافتہ۔ تجربہ کار۔

پَڑھانا (پ۔ڑھا۔نا)(ہ۔مص) پڑھنا کا متعدّی۔ تعلیم دینا۔ سکھانا۔ سبق دینا (۲) برگشتہ کرنا۔

پَڑھائی (پ۔ڑھا۔ای)(ہ۔ا۔مث)(۱) تعلیم (۲) تعلیم دینے کا ڈھنگ۔ طریقۂ تعلیم (۳) اُستاد کی تنخواہ۔

پَڑھ پتھر (ہ۔صف) پڑھ لکھ کر جاہل رہنے والا۔ کُند ذہن۔

پَڑھن (پ۔ڑھن)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی مچھلی (۲) پڑھائی۔

پَڑھنا (پڑھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) سیکھنا۔ تعلیم پانا (۲) مطالعہ کرنا (۳) جادو کرنا۔ منتر پھونکنا (۴) بار بار رٹنا۔ ورد کرنا۔

پَڑھنت (پ۔ڑھنت)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) جادو۔ ٹونا۔ عمل۔ حاضرات۔

پَڑھوانا (پڑھ۔وا۔نا)(ہ۔مص) پڑھنا کا متعدّی المتعدّی۔ تعلیم دلوانا۔

پَڑھو (ہ۔فعل) پڑھانا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

پڑھو تو پڑھو نہیں تو پنجرا خالی کرو (اَر۔مثل) کام کرو یا نوکری چھوڑ دو۔ سُست ملازم سے کہتے ہیں۔

پَڑھی (ہ۔فعل) پڑھا کی تانیث۔

پَڑھی نہ قضا کی (اَر۔مثل) جس شخص نے کبھی نماز پڑھی ہی نہیں وہ قضا کیا کرے گا۔ آدمی کے کام نہ کرنے پر بولتے ہیں۔

پڑھے (ہ۔فعل)(۱) پڑھا کی جمع (۲) پڑھا کی مُغیّرہ صورت۔

پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل (اَر۔مثل) جانتے کچھ بھی نہیں اور فاضل بنتے ہیں۔

پڑھے جن کو شیشے میں اُتارنا (اَر۔ محاورہ) چالاک کو قابو میں کرنا۔

پڑھیں فارسی بیچیں تیل (اَر۔مثل) پڑھا لکھا آدمی ادنیٰ کام کرے تو کہتے ہیں۔

پَڑی (پ۔ڑی)(ہ۔صف) پڑا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پڑی ہوئی آواز (اُر۔ اِ۔ مث) جو گلے سے صاف نہ نکلے۔ بیٹھی ہوئی آواز۔

پڑی ہے (اُر۔ محاورہ) دُھن ہے۔ فکر ہے (۲) باقی ہے۔

پڑے (پ۔ ڑے)(وِ۔ صف)(۱) پڑا کی جمع (۲) پڑا کی مُغیرّہ صورت۔

پڑے پڑے (اُر۔ متعلق فعل)(۱) لیٹے لیٹے (۲) بیکاری میں۔ خراب جگہ پر رکھے ہوئے۔

پڑے جھک مارنے دو (اُر۔ محاورہ) بکنے دو۔ پروا نہیں۔

پڑے جھول رہے ہیں (اُر۔ محاورہ) یکسوئی نہیں۔

پڑے ہونا (اُر۔ محاورہ) بے قدری کی حالت میں ہونا۔

پڑیا (پڑ۔یا)(وِ۔ اِ۔ مث) بھینس کا مادہ بچہ۔ ماڑی۔

پُڑیا (پُڑ۔یا)(وِ۔ اِ۔ مث) کاغذ کی پوٹلی۔ چھوٹا پُڑا۔ جمع: پُڑیاں۔ پُڑیوں۔

پُڑیا کا لٹھا (اُر۔ اِ۔ مذ) ایک عُمدہ اور باریک لٹھا۔

پُڑیاں (پُڑ۔یاں)(وِ۔ اِ۔ مث)(۱) پُڑیا کی جمع (۲) چہل بی بی کی نیاز کی شیرینی (۳) پریوں کی نیاز کی سیندور اور عنبر کی پُڑیاں۔

پڑیل (پڑ۔یل) (وِ۔ صف) وہ شخص جو ہر وقت لیٹا رہے۔ چلنے پھرنے سے معذور۔

پ۔ز

پزاوہ (پ۔زا۔وَہ)(ف۔ اِ۔ مذ) آوا۔ بھٹا، جہاں اینٹیں پکتی ہیں۔

پزاوے (اُر۔ اِ۔ مذ) پزاوہ کی اُردو جمع (۲) پزاوہ کی مُغیرّہ صورت۔

پزاوے کا پزاوہ کھنگر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) سب کا سب خراب ہو جانا۔ ہر ایک کام بگڑ جانا۔

پزیر (پ۔زیر)(ف۔ لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر پزیرفتن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور قبول کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے ترقی پزیر۔

پزیرا (پ۔زی۔را)(ف۔ صف) قبول کیا گیا۔ منظور۔ قبول۔

پزیرائی (پ۔زی۔را۔اِی)(ف۔ اِ۔ مث) مقبولیت۔ منظوری۔

پ۔ژ

پژمردگی (پژ۔مُر۔دَ۔گی)(ف۔ اِ۔ مث) افسردگی۔ کُملاہٹ۔ مُرجھانا کا عمل۔

پژمردہ (پژ۔مُر۔دَہ)(ف۔ اِ۔ مذ) افسردہ۔ مایوس۔ کُملایا ہوا۔ مُرجھایا ہوا۔

پژمردہ خاطر (دل) (ف۔ صف)(۱) افسردہ دل۔ مایوس۔ مُردہ طبیعت (۲) رنجیدہ۔ مغموم۔

پژوہ (پ۔ژوہ)(ف۔ صف) فارسی مصدر پژوہیدن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور تلاش کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے اِنصاف پژوہ۔

پ۔س

پَس (بالفتح)(ف۔ متعلق فعل)(۱) پیچھے۔ بعد۔ بعد ازاں (۲) پھر۔ علاوہ (۳) لہٰذا۔ اِس سبب سے۔ اِس لئے۔ آخرکار۔ انجام کار (۴) بہرحال۔

پس انداز (ف۔ صف)(۱) بچا ہوا (۲) منافع (۳) جمع کیا ہوا۔ اکٹھا کیا ہوا۔

پس پا (پسپا) (پس۔پا)(ف۔ صف) اُلٹے پاؤں۔ پیچھے ہٹا ہوا۔ شکست کھایا ہوا۔

پسپا ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) لوٹنا۔ پلٹنا۔ واپس ہونا۔ ہٹنا (۲) شکست کھانا۔ بھاگ جانا۔

پس پائی (پسپائی) (ف۔ اِ۔ مث) پیچھے ہٹ جانا۔ شکست۔ ہزیمت۔

پس پردہ (ف۔ صف) پردے کے پیچھے۔ چُھپا ہوا۔

پس پُشت (ف۔ صف) پیٹھ کے پیچھے۔ پیچھے کی طرف۔

پس پُشت ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بے پروائی کرنا۔ پروا نہ کرنا۔

پس خوردہ (بغیر اضافت)(ف۔ صف) بچا ہوا کھانا۔ اُلش۔ جُھوٹا کھانا۔

پس رو (ف۔ صف) پیچھے چلنے والا (۲)(ف۔ اِ۔ مذ) نوکر چاکر۔ پیرو۔ مقلد۔

پس غیبت (ف۔ متعلق فعل) پیٹھ پیچھے۔ غیر حاضری میں۔ عدم موجودگی میں۔

پس فردا (ف۔ متعلق فعل) آنے والے کل کے بعد۔ پرسوں۔

پس ماندہ (بغیر اضافت)(ف۔ صف) پیچھے رہا ہوا۔ بچا ہوا (۲)(اِ۔ مذ) وارث (۳) بقایا۔ بچت۔ جمع: پس ماندگان۔

پس مُردن (مرگ) (ف۔ متعلق فعل) مرنے کے بعد۔ بعد از مرگ۔

پس منظر (ف۔ اِ۔ مذ)(بغیر اضافت) کسی منظر، تصویر یا بیان کا وہ حصہ جو ہر پہلو سے اُسے نمایاں کرنے میں مدد دے۔

پس و پیش (ف۔ اِ۔ مذ)(۱) آگا پیچھا (۲) نیک و بد۔ عیب و صواب (۳) اُونچ نیچ۔ نفع نقصان۔ بھلا بُرا (۴) شش و پنج۔ سوچ بچار (۵) دھکڑ پکڑ۔ تشویش۔ اندیشہ (۶) انجام (۷) حیلہ۔ بہانہ۔ لیت و لعل۔

پس و پیش کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) ٹالنا۔ حیلہ کرنا (۲) سوچ بچار کرنا۔ سوچنا۔

پسارا (پ۔سا۔را)(وِ۔ اِ۔ مذ) پھیلاؤ۔ فراخی (۲) آنگن۔ دالان۔

پسارنا (پ۔سار۔نا)(وِ۔ مص)(۱) پھیلانا۔ دراز کرنا۔ لمبا کرنا (۲) کھولنا۔ پھاڑنا۔

پسانا (پ۔سا۔نا)(وِ۔ مص) چاولوں کی پیچ نکالنا۔ کسی کھولتی ہوئی رقیق چیز پر سے میل اُتارنا۔

پسانا (پِ۔سا۔نا)(وِ۔ مص) پِسنا کا متعدی۔ پسوانا۔

پساوَن (پ۔سا۔وَن) (وِ۔ اِ۔ مذ) چاولوں کی پیچ۔ اُبالی ہوئی چیز کا نچوڑا ہوا پانی۔

پساؤ (پ۔سا۔او)(وِ۔ اِ۔ مذ) اُبلی ہوئی چیز کا بچا ہوا پانی۔ سرجوش۔ پیچ۔

پسائی (پِ۔سا۔اِی)(وِ۔ اِ۔ مث) پیسنے کی مزدوری۔ پیسنے کی اُجرت۔

پسپا۔ پس کے تحت دیکھئے۔

پسپائی۔ پس کے تحت دیکھئے۔

پَست (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ صف)(۱) نیچا۔ نشیبی (۲) کمینہ۔ ذلیل۔ رذیل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پست خیال (ف۔ ع۔ صف) رذیل خیال کا آدمی۔ کمینہ۔

پست فطرت (ف۔ ع۔ صف) کمینی طبیعت کا۔ کمینہ۔ سفلہ (۲) کم عقل۔ بے وقوف۔

پست قد (ف۔ صف) کوتاہ قامت۔ ٹھگنا۔ بونا۔ چھوٹے قد کا۔

پست کرنا (اَ۔ محاورہ) (۱) شکست دینا۔ مات دینا (۲) نیچا کرنا (۳) تھکا دینا (ہمت) توڑ دینا۔

پست و بلند (ف۔ صف) اُونچا نیچا۔ نشیب و فراز (۲) زمین و آسمان۔

پست ہمت (ف۔ صف) بُزدل۔ کم حوصلہ۔ ذلیل۔ ہیچ۔

پست ہمتی (ف۔ امث) کم ہمتی۔ بُزدلی۔ کمینگی۔

پست ہونا (اَ۔ محاورہ) (۱) ہارنا۔ شکست کھانا۔ مغلوب ہونا (۲) مجبور ہونا (۳) ذلیل ہونا۔ خوار ہونا (۴) تھکن سے چُور ہونا (۵) پیچھے رہ جانا (۶) بگڑ جانا۔ گرنا۔

پِستان (پِس۔ تان) (ف۔ امذ) عورت کی چھاتی کے دونوں طرف کے گول اُبھار جن میں دودھ ہوتا ہے۔

پستان میں ہڈی (اَ۔ امث) اُمید موہوم۔ ناممکن بات۔

پِستانیہ (پِس۔ تان۔ یَہ) (ف۔ اَ۔ امذ) ریڑھ کی ہڈی والے جانور جن کی مادائیں اپنے بچوں کو دودھ پلاتی ہیں۔ (Mammals)۔

پُستک (پُس۔ تک) (س۔ امث) کتاب۔ پوتھی۔ گرنتھ۔

پِستول ((Pistol) کا مورّد۔ امذ) طمنچہ۔ تمنچہ۔ قرابین۔

پِستہ (پِس۔ تہ) (ف۔ امذ) (۱) سبز رنگ کا ایک گری دار میوہ جس کا اصل وطن ایشیائے کوچک، شام اور فلسطین ہے (۲) چھوٹا اور خوبصورت کتا۔

پِستئی (پِس۔ ت۔ ای) (ف۔ صف) پستے کی رنگت کا۔ سبزی مائل۔

پستی (پَس۔ تی) (ف۔ امث) (۱) نیچائی۔ نیچان۔ نشیب (۲) کمینگی۔ رذالت۔

پَسَر (پَ۔ سَر) (ہ۔ امث) چوپایوں کو رات کے وقت چوری سے دُوسرے کے جنگل یا کھیت میں چرنے کے لئے چھوڑ دینا۔

پِسَر (پِ۔ سَر) (ف۔ امذ) بیٹا۔ فرزند۔ جمع: پسراں۔

پسرِ اَخیافی (ف۔ ع۔ امذ) بیوی کا بیٹا جو پہلے خاوند سے ہو۔ سوتیلا بیٹا۔

پسر خواندہ (ف۔ امذ) متبنٰے گود لیا ہوا لڑکا۔ منہ بولا بیٹا۔

پسر زادہ (بغیر اضافت) (ف۔ امذ) بیٹے کا بیٹا۔ پوتا۔

پسرِ صحیحُ النّسب (پ۔ سَ۔ رِ۔ صحی۔ حُن۔ نَ۔ سَب) (ف۔ صف) حلالی بیٹا۔

پسرِ صُلبی (پ۔ سَ۔ رِ۔ صُل۔ بی) (ف۔ ع۔ امذ) سگا بیٹا۔

پسرِ نوحؑ بابداں بنشست، خاندانِ نبوتش گم شد (ف۔ مثل) حضرت نوحؑ کا بیٹا بُرے آدمیوں کی صحبت میں بیٹھا جس سے اُس کے خاندان سے نبوت جاتی رہی (۲) خراب آدمی کی صحبت اچھے انسان کو بھی خراب کر دیتی ہے۔

پَسَرنا (پَ۔ سَر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پھیلنا (۲) مکر و فریب کرنا (۳) اَڑ جانا (۴) لیٹ جانا۔ ٹانگیں پھیلانا (۵) ٹھہرنا۔ جمنا۔

پَسَر ہَٹّا (پَ۔ سَر۔ ہَٹ۔ ٹا) (ہ۔ امذ) (۱) پنساریوں کا بازار۔ پنساری کی دُکان (۲) بہت زیادہ سامان۔ جمع: پسرہٹوں۔ پسرہٹے۔

پَسلی (پَس۔ لی) (ہ۔ امث) (۱) سینے کی پتلی اور لمبی ہڈی۔ جمع: پسلیاں۔ پسلیوں (۲) طرف۔ پہلو۔

پسلی پھڑکنا (اَ۔ محاورہ) معلوم ہو جانا۔ خود بخود خبر ہو جانا۔

پسلی کا آزار (اَ۔ امذ) بچوں کی ایک بیماری۔ پسلی کا درد۔ پسلی کا مرض۔

پسلی چلنا (اَ۔ محاورہ) نمونیہ وغیرہ کی وجہ سے بچے کی پسلیوں کا پھڑکنا۔

پسلیاں (پَس۔ لی۔ یاں) (ہ۔ امث) پسلی کی جمع۔

پسلیاں نکل آنا (اَ۔ محاورہ) لاغر ہو جانا۔ اِتنا دُبلا ہو جانا کہ پسلیاں دکھائی دینے لگیں۔

پِسنا (پِس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دلا جانا۔ پیسا جانا۔ آٹا ہو جانا۔ ریزہ ریزہ ہونا (۲) کچلا جانا (۳) (محاورہ) مصیبت میں پھنسنا (۴) مغلوب ہونا۔

پسنجر (Passenger)۔ دیکھئے پاسنجر۔

پَسند (پَ۔ سَند) (نون غنہ) (ف۔ امث) اِنتخاب۔ منظوری۔ قبولیت۔

پسند آنا (اَ۔ محاورہ) اچھا لگنا۔ بھانا۔

پسندِ خاطر (ف۔ صف) دل کو اچھا لگنے والا۔ مرضی کے مطابق۔

پسند کرنا (اَ۔ مص مُرکب) چھانٹنا۔ انتخاب کرنا۔ چُننا۔

پَسندا (پَسندہ) (پَ۔ سَن۔ دَہ) (ف۔ امذ) (۱) گوشت کا کٹا ہوا پارچہ (۲) کٹے ہوئے پارچے کا کباب۔

پَسَندرہ (پَ۔ سَند۔ رَہ) (ف۔ امذ) حرامی۔ ناجائز اولاد۔

پَسَندیدگی (پَ۔ سَن۔ دی۔ دَ۔ گی) (ف۔ امث) مرضی۔ پسند۔

پَسَندیدہ (پَ۔ سَن۔ دی۔ دَہ) (ف۔ صف) پسند کیا ہوا۔ من بھاتا۔ حسبِ منشا۔ اِنتخاب کیا ہوا۔ چُنا ہوا۔ منظور۔ مرغوب۔

پَسَنگا (پَسَنگھا) (پَ۔ سنگا) (پَ۔ سنگھا) (ہ۔ امذ) پاسنگ کا بگاڑ۔

پِسنہارا (پِ۔ سَن۔ ہا۔ را) (ہ۔ امذ) آٹا پیسنے والا۔ جمع: پسنہاروں۔ پسنہارے۔

پِسنہاری (پِ۔ سَن۔ ہا۔ ری) (ہ۔ امث) آٹا پیسنے والی عورت۔ جمع: پسنہاریاں۔ پسنہاریوں۔

پِسّو (پِس۔ سو) (ہ۔ امذ) ایک بے پر کا خون چوسنے والا زہریلا کیڑا۔

پسواڑہ (پس۔ وا۔ ڑہ) (ہ۔ امذ) پہلو۔ کروٹ۔ پاسا (۲) پسلیوں کا سلسلہ۔

پسوانا (پس۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) آٹا کرانا۔ چُور چُور کرانا۔ پیسنا کا متعدی۔

پسوائی (پس۔ وا۔ ای) (ہ۔ امث) پیسنے کی اُجرت۔

پَسُوج (پَ۔ سوج) (ہ۔ امث) کچی سلائی جس پر باریک سلائی کرتے ہیں۔ کچی سلائی۔

پَسُوجنا (پَ۔ سوج۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) موٹا موٹا سینا (۲) کچا کرنا۔

پَسہی (پَس۔ ہی) (ہ۔ امث) ایک قسم کا موٹا چاول۔

پَسیجنا (پَ۔ سیج۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پسینا آنا۔ نمی آنا (۲) ملائم ہونا۔ ترس کھانا (۳) دھیان دینا۔ مہربانی کرنا (۴) مظلوم کی فریاد سُننے پر تیار ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پسینیں (پ-سیں)(ف-صف) قدیم۔ آخرکار۔ پچھلا۔

پسینا (پ-سی-نا)(ہ-ا-مذ) عرق۔ نمی۔ تری۔ بُخارات (۲) پانی جو جسم کے مسامات سے نکلتا ہے۔ جمع: پسینوں۔ پسینے۔

پسینا آنا (اُر-محاورہ) جسم کے مسامات سے پانی کا خارج ہونا (۲) شرمندہ ہونا۔

پسینا پونچھنا (اُر-محاورہ) شرمندگی مٹانا (۲) پسینا خشک کرنا۔

پسینا چھوٹنا (اُر-محاورہ) کثرت سے پسینا آنا (۲) شرمانا۔ لاجواب ہونا۔

پسینا نکلنا (اُر-محاورہ) دیکھئے پسینا آنا نمبرا۔

پسینا ہرا ہونا (اُر-محاورہ) پسینا خشک ہونا۔ نمی دُور ہونا۔

پسینے (پ-سی-نے)(ہ-ا-مذ)(۱) پسینا کی جمع (۲) پسینا کی مغیّرہ صورت۔

پسینے پسینے ہونا (ہو جانا) (اُر-محاورہ)(۱) عرق عرق ہونا (۲) پسینے میں ڈوبنا (۳) شدید محنت یا گرمی کے باعث پسینا آنا (۴) شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔

پسینے کی جگہ خون بہانا (اُر-محاورہ) کسی کے لئے جان دینے سے دریغ نہ کرنا۔

پسینے میں شرابور ہونا (اُر-محاورہ) بہت پسینا آنا۔

پسینے میں نہانا (اُر-محاورہ) دیکھئے پسینے میں شرابور ہونا۔

پسیو (پ-سیو)(ہ-ا-مذ)(۱) بھاپ۔ بخارات (۲) پسینا (۳) وہ پانی جو چاولوں کے پک جانے کے قریب نکالا جاتا ہے۔ پیچ۔

پ-ش

پشت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ف-ا-مث)(۱) پیٹھ۔ کمر (۲) پچھاڑی (۳) کمک۔ مدد۔ سہارا (۴) مُعاون (۵) پیڑھی۔ نسل۔ خاندان۔ فارسی جمع: پشتہا۔ اُردو جمع: پشتیں۔ پشتوں۔

پشتا پشت (پشتہا پشت)(ف-متعلق فعل) باپ دادا سے۔ کئی پشتوں سے۔ پیڑھی در پیڑھی۔

پشت بہ پشت (پشت در پشت)(ف-متعلق فعل)(۱) نسل در نسل (۲) ہمیشہ سے (۳) باپ دادا سے۔

پشت بدیوار (بہ-دی-وار)(ف-صف) حیران۔ پریشان۔

پشت پر ہونا (اُر-محاورہ) حمایت پر ہونا۔ امداد پر ہونا۔

پشت پناہ (ف-صف) حامی۔ مُعاون۔ مددگار۔

پشت خار (ف-ا-مذ)(۱) ایک آلہ جس سے پیٹھ کھجلاتے ہیں (۲) کھریرا۔ خرخرا۔ لوہے کا پنجہ جس سے جانوروں کے بدن کی گرد جھاڑتے ہیں۔

پشت دکھانا (اُر-محاورہ) لڑائی سے بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔

پشتارہ (پُش-تا-رہ)(ف-ا-مذ)(۱) بوجھ۔ گٹھا (۲) ڈھیر۔ انبار۔

پشتاوا (پُش-تا-وا)(ہ-ق-ا-مذ) پچھتاوا۔ شرمندگی۔ ندامت۔

پشتک (پُش-تک)(ف-ا-مذ)(۱) ایک کھیل۔ ایک آدمی بیٹھ جاتا ہے اور دوسرا اُس کے اُوپر سے چھلانگ لگاتا ہے (۲) گھوڑے وغیرہ کی دولتی۔

پشتک مارنا (اُر-مص مُرکّب) دولتی مارنا۔ گدھے، گھوڑے اور اُونٹ کا دونوں پچھلے پاؤں اُٹھا کر لات مارنا۔

پشتو (پُش-تو)(پُش-تُو)(ف-ا-مث) پختو۔ ہند آریائی زبانوں کی ایک شاخ۔ پاکستانی صوبہ سرحد، قبائلی علاقوں اور بلوچستان اور افغانستان کے کچھ علاقوں میں بولی جاتی ہے۔

پشتولیا (پُش-تو-لِ-یا)(ہ-ا-مذ) ایک قسم کا باریک کپڑا۔

پشتہ (پُش-تہ)(ف-ا-مذ)(۱) مٹی کا ڈھیر جو مکان کی بیرونی دیوار کی مضبوطی کے لئے اُس کی جڑ میں لگاتے ہیں (۲) وہ چوڑی چکلی دیوار جو سیلاب سے بچاؤ کے لئے دریا کے کنارے بناتے ہیں۔ بند (۳) وہ چمڑا یا کپڑا جس سے کتاب کی پشت کے پیچھے جوڑے جاتے ہیں۔ اُر جمع: پشتوں۔ پشتے۔

پشتہ بندی (ف-ا-مث)(۱) بند باندھنا (۲) دیوار یا دریا کے کنارے کو مضبوط کرنا۔

پشتی (پُش-تی)(ف-ا-مث)(۱) مضبوطی۔ پائداری (۲) مدد۔ سہارا۔ حمایت۔ جانب داری (۳) تکیہ۔ ٹیک (۴) حفاظت۔

پشتی بان (ف-ا-مذ)(۱) سہارا دینے والا۔ ساتھی۔ مددگار (۲) وہ لکڑی جو پیچھے کی جانب پائداری کے لئے کواڑ، تخت، کشتی، جہاز وغیرہ میں لگائی جاتی ہے۔

پشتیں (پُش-تیں)(یائے مجہول)(اُر-ا-مث) پشت کی جمع۔ آباؤ اجداد۔ پیڑھیاں۔

پشتینی (پُش-تے-نی)(ف-صف) موروثی۔ خاندانی۔ قدیم۔

پشٹ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(س-صف) مضبوط۔ پائیدار (۲) زور آور۔ بلوان (۳) مقوّی۔ طاقت بخش۔

پشم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ف-ا-مث)(۱) بال۔ رُواں۔ اُون (۲) جھانٹ۔ مُوئے زہار (۳)(صف) بے حقیقت۔ حقیر۔ ذلیل۔ رذیل۔ بےکار۔

پشم اُکھاڑنا (اُر-محاورہ) کسی قسم کا نقصان پہنچانا۔

پشم اُکھاڑنے سے مُردہ ہلکا نہیں ہو جاتا (اُر-مثل) بڑی تکلیف کے وقت معمولی تسکین سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

پشم برابر جاننا (اُر-محاورہ) بہت حقیر سمجھنا۔

پشم پر مارنا (اُر-محاورہ)(۱) نہایت حقیر جاننا (۲) پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

پشم کندہ نہ ہونا (اُر-محاورہ)(۱) جھانٹ نہ اُکھڑنا (۲) کچھ نہ ہو سکنا (۳) بدلہ لینے سے مجبور ہونا۔

پشم نہ سمجھنا (اُر-محاورہ) کچھ نہ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

پشمینہ (پش-مِی-نہ)(ف-ا-مذ) اُونی کپڑا۔ بالوں کا پارچہ۔

پشنگ (پَ-شَنگ)(نُون غنّہ)(ف-ا-مذ) لوہے کا ایک آلہ جس سے معمار دیواروں میں سوراخ کرتے ہیں (۲) اُونی کپڑا جس کے دونوں سروں پر لکڑیاں لگی ہوتی ہیں۔ اُس میں اینٹیں یا مٹی وغیرہ رکھ کر اُوپر اُٹھاتے ہیں (۳) ظلم۔ جور (۴) تکلیف۔ مُصیبت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پشنگیاں (پَ۔شَنگ۔گی۔آں)(اَ۔ق۔ا۔مث) ایک قسم کا جال۔
پشو (پَ۔شُو)(س۔ا۔مذ)(۱) چوپایہ۔ ڈھور۔ ڈنگر۔ مویشی (۲)(صف) بے وقوف۔ بے تمیز۔ بے عقل (۳) مورکھ۔ بے علم۔ جمع: پشو۔ پشوؤں۔
پشواز (پِش۔واز)(ف۔ا۔مث) سایہ۔ ناچنے والیوں کی پوشاک۔ عورتوں کی ایک گھیر دار پوشاک۔
پِشّہ (پِش۔شہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) مچھر۔ ایک پردار کیڑا (۲) وہ دو گھنڈیاں جو تلوار کے قبضے کے قریب ہوتی ہیں (۳)(صف) بے حقیقت۔ بے اصل۔ حقیر (۴) کمزور۔ ناطاقت۔
پشی (پِش۔شی)(اَ۔ا۔مث) بچے کا پیشاب۔
پشیمان (پَ۔شے۔مان)(ف۔صف)(۱) شرمندہ۔ نادم۔ منفعل (۲) پچتانے والا۔ افسوس کرنے والا۔
پشیمانی (پَ۔شے۔ما۔نی)(ف۔ا۔مث) شرمندگی۔ ندامت۔ افسوس۔

پ ۔ ف

پف (فتح اوّل)(ف۔ا۔مث) پھونک۔ پھونک مارنا۔

پ ۔ ک

پکّا (پک۔کا)(ہ۔صف) آگ پر پکایا ہوا۔ پال کا پکا ہوا (۲) تجربہ کار۔ کارکردہ۔ ہوشیار۔ جہاں دیدہ (۳) مشاق (۴) راسخ۔ مضبوط۔ پختہ۔ مستحکم۔ اپنی بات پر قائم رہنے والا (۵) پورا۔ بالغ۔ مکمل (۶) بے نقص۔ بے ضرر (۷) نڈر۔ بے خوف۔ دیدہ دلیر (۸) مستند۔ وثیقہ جیسے پکا تمسک (۹) اِعلام لگا ہوا جیسے پکا کرایہ نامہ (۱۰) مستعمل (۱۱) جوش دیا ہوا (۱۲) پختہ۔ بُھنا ہوا۔ تلا ہوا (۱۳) قدیم۔ مستقل۔ موروثی (۱۴) وفادار۔ ساتھ دینے والا (۱۵) پھوڑا جس میں پیپ پڑ گئی ہو (۱۶) منقش کاغذ۔ سکوک۔ سکّہ۔ جس پر بادشاہ کی تصویر یا نام یا دونوں چھپے ہوں (۱۷) عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ پختہ کار (۱۸) خرانٹ۔ گھاگ۔ چالاک (۱۹) خوب۔ عمدہ۔
پکا بال (اَ۔ا۔مذ) سفید بال۔ وہ بال جو بڑھاپے کی وجہ سے سفید ہو گیا ہو۔
پکا بول (اَ۔ا۔مذ) مضبوط اِقرار۔
پکا پان (اَ۔صف)(۱) عمر رسیدہ۔ نہایت بوڑھا (۲) پختہ کار۔ تجربہ کار۔
پکا پکایا (اَ۔صف)(۱) بنا بنایا۔ بالکل تیار۔ مکمل (۲) بے محنت۔ بے کوشش۔ مفت۔
پکا پن (اَ۔ا۔مذ) مضبوطی۔ پختگی (۲) چالاکی۔
پکا پھوڑا (اَ۔ا۔مذ)(۱) پیپ بھرا پھوڑا۔ تیار پھوڑا (۲)(صف) دکھیا۔ غم زدہ۔ رونے کو تیار۔
پکا پھوڑا ٹھیس لگی اور پھوٹا (اَ۔مثل) پوچھتے ہی مصیبت زدہ شخص نے اپنا حال بیان کرنا شروع کر دیا۔
پکا پھوڑا ہو رہا ہے (اَ۔محاورہ) بہت بھرا بیٹھا ہے۔ چھیڑنے کی دیر ہے سب حال کہہ دے گا۔
پکا چٹھا (اَ۔ا۔مذ)(۱) پکا روزنامچہ۔ پختہ بہی کا حساب (۲) سالانہ حساب کی فرد۔
پکا دینا (اَ۔محاورہ)(۱) پکا کے تیار کرنا (۲) ستانا۔ تکلیف دینا۔
پکا کرنا (اَ۔محاورہ)(۱) مستعد کرنا۔ کسی کام کے لئے آمادہ کرنا (۲) پختہ کرنا (۳) ذہن نشین کرنا (۴) سبق خوب یاد کرنا۔
پکا گانا (اَ۔ا۔مذ) کلاسیکی گانا جس میں کوئی راگ یا راگنی استعمال کی گئی ہو۔
پکا ہونا (اَ۔محاورہ) معاملے کا طے ہونا۔ کام مضبوط ہو جانا۔ مصمم ارادہ ہونا۔
پکار (پُ۔کار)(ہ۔ا۔مث)(۱) آواز۔ ہانک (۲) فریاد۔ دہائی (۳) شور و غل (۴) تلاش۔ جستجو (۵) اعلان۔ منادی (۶) تقاضا۔ طلبی (۷) فریقین مقدمہ یا گواہان کی طلبی کی صدا۔
پکار اُٹھنا (اَ۔محاورہ)(۱) آواز بلند کرنا (۲) زور سے بول پڑنا۔ بے ارادہ بول پڑنا۔
پکار پڑنا (اَ۔محاورہ)(۱) ضرورت ہونا (۲) تلاش ہونا (۳) طلبی ہونا۔
پکار پکار کر کہنا (اَ۔محاورہ) بلند آواز سے کہنا۔ زور زور سے کہنا۔
پکار دینا (اَ۔محاورہ)(۱) آواز دینا (۲) [illegible] دینا۔ آگاہ کرنا (۳) منادی کرنا۔
پکار کرنا (اَ۔محاورہ) فریاد کرنا (۲) شور و غل مچانا۔
پکار کے (کر) (اَ۔متعلق فعل)(۱) [illegible] (۲) جراحی کے ساتھ۔ غصے کے ساتھ (۳) چلا کے (۴) [illegible]
پکارا (اَ۔ق۔ا۔مذ)(۱) [illegible] (۲) شور و غل۔
پکارنا (پُ۔کار۔نا)(ہ۔مص)(۱) آواز دینا [illegible] (۳) خبر کرنا (۴) یاد کرنا (۵) فریاد کرنا [illegible]
پکانا (پَ۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) پختہ کرنا [illegible] درست کرنا (۳) خامی دور کرنا [illegible] (۵) گھوٹنا۔ رٹنا۔ یاد کرنا (۶) مستقل کرنا (۷) زخم یا [illegible] کو خارج کرنے کے قابل بنانا (۸) تجویز کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔
پکاؤ (پَ۔کاؤ)(ہ۔صف) پکنے والا۔ پکنے کے قریب۔ گدرایا ہوا۔
پکائی (پَ۔کا۔ای)(ہ۔ا۔مث) پکانے کی اُجرت۔ پکوائی۔
پکپن (پک۔پن)(ہ۔ا۔مذ) پکا پن۔ عقل مندی۔ پختگی۔
پکچر (Picture)(انگ۔ا۔مث) تصویر۔ شبیہ۔
پکچر ہاؤس (Picture House)(انگ۔ا۔مذ) تصویر خانہ۔ نگار خانہ۔ سینما گھر۔
پکڑ (پَ۔کڑ)(ہ۔ا۔مث)(۱) گرفت۔ قبضہ (۲) داؤ۔ کشتی (۳) بحث۔ مباحثہ (۴) بیگار کے لئے طلبی (۵) مواخذہ۔ باز پُرس۔ نکتہ چینی (۶) وسیلہ۔ ذریعہ (۷) گرفتاری۔
پکڑ بلانا (اَ۔محاورہ) گرفتار کر لینا۔ زبردستی بلانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پکڑ دھکڑ (دھ۔کڑ) (اُر۔ اِ۔ مث) (۱) گرفتاری۔ دارو گیر (۲) جبر۔ سختی۔ ظلم۔

پکڑ کرنا (لڑنا) (اُر۔ محاورہ) کشتی کرنا۔

پکڑ لانا (اُر۔ محاورہ) (۱) گرفتار کر کے لے آنا۔ قبضے میں لانا۔ قابو میں لانا۔

پکڑ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) گرفتار کر لینا (۲) تھام لینا۔ کسی سے کوئی چیز لے لینا (۳) دوڑنے والے کے برابر پہنچ جانا۔

پکڑا جانا (اُر۔ محاورہ) گرفتار کیا جانا (۲) مورِدِ اِلزام ہونا۔

پکڑانا (ہ۔ مص) ہاتھ میں دینا۔ سپرد کرنا۔

پکڑوانا (اُر۔ مص) پکڑنا کا متعدی (۲) گرفتار کرانا۔ پھنسوانا (۳) کسی کی مدد لینا۔

پکڑنا (پ۔کو۔نا) (ہ۔ مص) (۱) تھامنا۔ لینا (۲) گرفتار کرنا۔ پھانسنا۔ قید کرنا (۳) نکالنا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ پالینا (۴) اِعتراض کرنا۔ ٹوکنا (۵) روکنا۔ ٹھہرانا (۶) شروع کرنا۔ اِبتدا کرنا (۷) برابر میں پہنچنا (۸) گوارا کرنا۔ بسر کرنا (۹) قابو میں کرنا۔ پیچ کرنا (۱۰) گھیرنا۔ محصور کرنا۔

پکش (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (س۔ اِ۔ مذ) (۱) طرف۔ سمت۔ سائڈ (۲) پاکھ۔ پکھواڑا۔ پندرہ دن کا زمانہ (۳) زور۔ طاقت (۴) بازو۔ پر۔

پکشی (پک۔شی) (س۔ صف) (۱) طرف دار۔ حمایتی۔ معاون۔ مددگار (۲) (اِ۔ مذ) پر والا۔ پرند۔ پکھیرو۔

پکنا (پک۔نا) (ہ۔ مص) (۱) پختہ ہونا۔ کھانا تیار ہونا۔ کھانا بننا (۲) مکمل ہونا۔ دُرست ہونا (۳) قابل ہونا۔ تجربہ کار ہونا (۴) بالغ ہونا۔ حد کو پہنچنا (۵) پیپ پڑنا۔ مواد پختہ ہونا (۶) عمر رسیدہ ہونا۔ بال سفید ہونا (۷) چوسَر میں نرد کا سب گھروں کو طے کر کے اپنے گھر آنا (۸) طے ہونا۔ متعین ہونا۔ مقرر ہونا (۹) معاملہ طے ہونا۔

پکنک (Picnic) (پک۔نِک) (انگ۔ اِ۔ مث) گھر سے باہر کسی پُر فضا مقام پر تفریحی کھانا پینا۔

پکوان (پک۔وان) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) تلی ہوئی چیز۔ پکا ہوا کھانا۔ پوری، کچوری، مٹھائی وغیرہ۔ جمع: پکوان۔ پکوانوں۔

پکوانا (پک۔وا۔نا) کھانا تیار کرانا۔ پختہ کرانا۔ پکنا کا متعدی المتعدی۔

پکوائی (پک۔وا۔ئی) (ہ۔ اِ۔ مث) کھانا پکانے کی اُجرت۔

پکوتھا (ہ۔ ق۔ اِ۔ مذ) پر۔ پنکھ۔

پکوڑا (پ۔کو۔ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) بیسن کی گھی یا تیل میں تلی ہوئی بڑی پھلکی (۲) کوئی چیز جو گول اور پھولی ہوئی ہو۔ جمع: پکوڑوں۔ پکوڑے۔

پکوڑا سی ناک (اُر۔ اِ۔ مث) موٹی سی ناک۔

پکوڑے تلنا (اُر۔ مص) بیسن کی پھلکیاں روغن میں تیار کرنا (۲) (محاورہ) بہت گھٹیا شعر کہنا۔ تک بندی کرنا۔

پکوڑی (پ۔کو۔ڑی) (ہ۔ اِ۔ مث) بیسن کی بنی ہوئی گولی۔ چھوٹی پھلکی۔ جمع: پکوڑیاں۔ پکوڑیوں۔

پکھ (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) پاکھ۔ پندرھواڑہ (۲) پنکھ (۳) طاقت۔ بَل۔

پکھال (پ۔کھال) (ہ۔ اِ۔ مث) کھال کا بڑا تھیلا جس میں پانی بھر کر جانور پر لادتے ہیں (۲) بڑا پیٹ۔

پکھال پیٹا (پکھال پیٹو) (اُر۔ صف) بڑے پیٹ والا (۲) زیادہ کھانے والا۔ پیٹو۔

پکھالی (ہ۔ اِ۔ مث) دیکھئے پکھال۔

پکھاوج (پ۔کھا۔وَج) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) مردنگ۔ ایک قسم کی ڈھولک۔

پکھاوجی (پ۔کھا۔وَ۔جی) (ہ۔ اِ۔ مذ) پکھاوج بجانے والا۔

پکھراج (پکھ۔راج) (ہ۔ اِ۔ مذ) ایک قیمتی پتھر جو نارنجی، سفید اور نیلگوں رنگ کا ہوتا ہے۔

پکھروٹا (پکھ۔رَو۔ٹا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) چاندی یا سونے کا ورق (۲) پان کی گلوری جس پر سونے یا چاندی کا ورق لپٹا ہوا ہو۔

پکھوا (پکھ۔وا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) بازو۔ بانہہ (۲) پہلو۔ بغل۔ شانہ۔

پکھوڑا (پ۔کھو۔ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کاندھے کی ہڈی (۲) کاندھا۔

پکھیرو (پ۔کھے۔رُو) (ہ۔ اِ۔ مذ) پرندہ۔ طائر۔

پکی (پک۔کی) (ہ۔ صف) (۱) پکا کی تانیث (۲) (ہ۔ اِ۔ مث) کائستھوں کی ضیافت۔

پکی بات (اُر۔ اِ۔ مث) یقینی بات۔ طے شدہ معاملہ۔

پکی پکائی کھانا (اُر۔ محاورہ) بغیر محنت و مشقت گزر بسر کرنا۔

پکی پیداوار (اُر۔ اِ۔ مث) وہ جنس جو پختہ اترے (۲) وہ نکاسی جو کاشت کاری کے مصارف مجرا دے کر بچی ہو۔

پکی پیسی (اُر۔ صف) پکی پکائی۔ پیس پکا کر تیار کی ہوئی (۲) تجربہ کار عورت۔

پکی تول (اُر۔ اِ۔ مث) صحیح تول۔ پوری تول۔

پکی سِلائی (اُر۔ اِ۔ مث) مضبوط سلائی۔ کچی سلائی کی ضد۔

پکی عُمر (اُر۔ اِ۔ مث) جوان عُمر۔ جوانی۔

پکی کر لینا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کو پختہ کر لینا۔ اِطمینان کر لینا۔

پکی ہونا (اُر۔ محاورہ) بات طے ہونا۔ نسبت پختہ ہو جانا۔ معاملہ یقینی ہونا۔

پکّے (پک۔کے) (ہ۔ صف) (۱) پکا کی جمع (۲) پکا کی مغیرہ صورت۔

پکّے آم کے ٹپکنے کا ڈر (اُر۔ مثل) بوڑھے آدمی کے مرنے کا خطرہ۔

پ۔گ

پگ (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) پاؤں۔ قدم۔ چرن (۲) (ق۔ اِ۔ مذ) رَتی۔ باگ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پگ بِن کٹے نہ پنتھ (ہ۔مثل) بغیر محنت کے کوئی کام نہیں ہوتا۔

پگ بھانا (ق۔محاورہ) قدم رکھنا۔

پگ ڈنڈی (ہ۔ا۔مث) تنگ راستہ۔ وہ راستہ جو کھیتوں کے درمیان لوگوں کے پیدل چلنے سے بن جاتا ہے۔

پگّا (پَگہا) (پَ۔گا) (پَگ۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) پچھاڑی۔ پیکھروا۔ پاؤں میں باندھنے کی رسّی۔ بیل کے گلے کی رسّی۔

پُگانا (پُ۔گا۔نا)(ہ۔مص)(۱) تمام کھلاڑیوں کا کھیل ختم کرنا (۲) وعدہ پُورا کرنا۔

پَگاہ (پَ۔گاہ)(ف۔ا۔مث)(۱) صُبح۔ سَحر۔ فجر۔ تڑکا۔ بھور۔

پگّڑ (پَگ۔گڑ)(اَر۔ا۔مذ) بڑی پگڑی۔ پگڑی کا اِسمِ مُکبّر۔

پگڑی (پَگ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث)(۱) سَر پر باندھنے کا دوپٹّا۔ دستار۔ عمامہ (۲) عزّت۔ آبرو (۳) فرد۔ آدمی (۴) ایک قسم کا محصول۔ ناجائز رقم جو مکان یا دُکان کرائے پر لیتے وقت ادا کی جائے۔ جمع: پگڑیاں۔ پگڑیوں۔

پگڑی اُتارنا (اَر۔محاورہ)(۱) بے عزّتی کرنا۔ آبرو ریزی کرنا (۲) گاہک کو ٹھگنا۔ فریب کرنا۔

پگڑی اُترنا (اَر۔محاورہ)(۱) بے عزّتی ہونا۔ آبرو ریزی ہونا۔ بدنام ہونا (۲) ٹھگا جانا۔

پگڑی اَٹکنا (اَر۔محاورہ) مقابلہ ہونا۔ ہمسری ہونا۔ آمنا سامنا ہونا۔

پگڑی اُچھالنا (اَر۔محاورہ)(۱) عزّت اُتارنا۔ ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا (۲) تمسخر کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔

پگڑی اُچھلنا (اَر۔محاورہ) ذلیل ہونا۔ بے عزّت ہونا (۲) ہنسی اُڑنا۔ توہین ہونا۔

پگڑی باندھنا (اَر۔محاورہ)(۱) سَر پر پگڑی رکھنا۔ دستار باندھنا (۲) سَرفراز کرنا۔ عزّت دینا (۳) جانشین بنانا۔ گدّی پر بٹھانا (۴) کامل اور منتہی گردانا۔ فاضل اور عالم ماننا۔ ہنر کا اُستاد اور فن کا ماہر تسلیم کرنا (۵) سردار بنانا۔ خلیفہ بنانا۔ افسر بنانا (۶) سَر پر سہرا رکھنا۔

پگڑی بدلنا (اَر۔محاورہ)(۱) پگڑی بدل کر بھائی بنانا (۲) دوست بنانا۔

پگڑی دونوں ہاتھوں سے تھامی جاتی ہے (اَر۔مقولہ) عزّت بچانے کے لئے بڑی کوشش کرنی پڑتی ہے۔

پگڑی رکھنا (اَر۔محاورہ) عزّت رکھنا۔ آبرو بچانا (۲) دستار رہن رکھنا (۳) عاجزی کرنا۔

پگڑی سنبھالنا (اَر۔محاورہ) عزّت بچانا۔

پگڑی کی شرم رکھنا (اَر۔محاورہ) آبرو رکھنا۔

پگڑی والا (اَر۔ا۔مذ۔عو)(۱) شوہر (۲) حکیم۔ طبیب۔ ڈاکٹر۔ وید۔ مُعالج (۲) عزّت والا (۳) عمامہ باندھنے والا۔

پگلا (پَگ۔لا)(ہ۔صف)(۱) پاگل کی تصغیر۔ سِڑی۔ سَودائی (۲) خبطی۔ دیوانہ۔

پگلانا (پگھلانا) (پگ۔لا۔نا)(پگھ۔لا۔نا)(ہ۔مص)(۱) تپانا۔ گرم کرنا۔ کسی ٹھوس مادّے کو گرم کر کے سیّال بنانا (۲) گداز کرنا۔ نرم بنانا۔ گلانا (۳) ملائم کرنا (۴) مہربان بنانا (۵) توجّہ دلانا۔ راضی کر لینا۔

پگلنا (پگھلنا) (پِگ۔گل۔نا)(پِ۔گھل۔نا)(ہ۔مص) ٹھوس مادّے کا گرمی سے سیّال ہو جانا (۲) گداز ہونا۔ گھلنا۔ گلنا (۳) نرم ہونا (۴) مہربان ہونا (۵) توجّہ کرنا (۶) راضی ہونا۔ منظور کرنا۔

پگوڈا (Pagoda) (پُر۔ا۔مذ) مخروطی شکل کا بُدھ مندر۔

پگیا (پگ۔یا)(ہ۔ا۔مث) پگڑی کی تصغیر۔ چھوٹی پگڑی۔

پ۔ل

پَل (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پلک جھپکانے کا وقفہ۔ سیکنڈ۔ آن۔ لمحہ۔ دَم (۲) پلنا کا اَمر (۳) ایک تولے کا سولھواں حصّہ۔

پل بھر میں (اَر۔متعلق فعل) ذرا سی دیر میں۔ فوراً۔ پلک جھپکتے۔ آناً فاناً۔ بہت جلد۔

پل کا بھروسا نہیں (اَر۔مثل) جینے کی لمحہ بھر اُمید نہیں۔ پلک جھپکاتے تک کا آسرا نہیں۔ موت کا کچھ ٹھیک نہیں کب آ جائے۔

پل کے پل (پل مارنے میں) (اَر۔متعلق فعل) تھوڑی سی دیر میں۔ لمحہ بھر میں۔ فوراً۔

پل کی پل (اَر۔متعلق فعل) تھوڑی دیر کے لئے۔

پُل (ف۔ا۔مذ) وہ تعمیر جو دریا، ندی، نالے، سڑک یا ریلوے لائن کے اُوپر سے گزرنے کے لئے بنائی جاتی ہے (۲) ایک کوٹھے سے دوسرے کوٹھے تک جانے کا معلق راستہ (۳) بند۔ پشتہ (۴) کثرت۔ بہتات۔ جمع: پُل۔ پلوں۔

پُل باندھنا (اَر۔محاورہ)(۱) پانی یا نشیب کے اُوپر سے گزرنے کے لئے راستہ بنانا (۲) مُبالغہ کرنا۔ ڈھیر لگا دینا۔ بڑھانا۔ چڑھانا۔

پُل صراط (ف۔ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کے عقیدے میں دوزخ کے اُوپر وہ پُل جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ نیک لوگ آسانی سے اُس کے اُوپر سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے اور بُرے آدمی کٹ کر دوزخ میں گر پڑیں گے۔

پلّا (پَل۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دامن۔ آنچل۔ کنارہ (۲) حمایت۔ اعانت۔ مدد۔ سہارا۔ کمک (۳) تھیلا (۴) پلّو۔ پلڑا۔ ترازو (۵) پٹ۔ کواڑ (۶) لپ۔ کولی (۷) فرق۔ فاصلہ۔ تفاوت۔ جمع: پلّوں۔ پلّے۔

پلّا بھاری ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) ایک پلّے کا وزن دُوسرے سے زیادہ ہونا (۲) زیادہ دُور ہونا۔ بہت فاصلہ ہونا (۳) بکثرت حمایتی یا مددگار ہونا۔ طاقتور یا دولت مند ہونا (۴) زیادہ کنبہ ہونا (۵) دوپٹے یا شال وغیرہ کا کنارہ قیمتی ہونا۔ آنچل زیادہ کامدار ہونا (کنایۃً) بہت گناہ گار ہونا۔

پلّا پاک ہو جانا (اَر۔محاورہ)(۱) فیصلہ ہو جانا (۲) قرض ادا ہو جانا۔

پلّا پکڑ لینا (پکڑنا) (اَر۔محاورہ) آسرا لینا۔ دامن پکڑ لینا۔ سہارا لینا۔

پلّا جھکنا (اَر۔محاورہ) وزنی ہونا۔

پلّا چھڑانا (اَر۔محاورہ)(۱) بے باق کرنا۔ ادا کرنا۔ ترکِ تعلّق کرنا۔ جُدا ہونا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) پیچھا چھڑوانا۔ طلاق لینا (۳) روتی ہوئی عورت کو رونے سے باز رکھنا (۴) کنارہ اُتار لینا۔ آنچل اُدھیڑ لینا۔

پلا چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) پیچھا چھوڑنا۔ علیحدہ ہونا۔

پلا لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) آنکھ پر کپڑا رکھ کر رونا۔ منہ ڈھکنا (۲) دامن پکڑنا (۳) پیچھے پڑنا۔ سرہونا (۴) اُمید رکھنا۔ سہارا لینا۔

پلا (پ۔لا) (اَر۔ فعل) (۱) پلنا مصدر کا صیغہ ماضی (۲) (اَر۔ ا۔ مذ) پلی کا اسم مکبر۔ بڑا چمچہ جس سے تیل یا گھی نکالتے ہیں (۳) (صف) پلا ہُوا۔

پلا پلایا (اَر۔ صف) تو مُمر۔ نوجوان (لڑکا)۔

پلا (پِل۔ لا) (اَر۔ ا۔ مذ) کُتّے کا چھوٹا بچّہ۔

پلاٹ (Plot) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) کہانی یا ڈرامے کا خاکہ (۲) قطعہ زمین۔

پلاٹینم (Platinum) (انگ۔ ا۔ مث) ایک سفید رنگ کی قیمتی دھات جو تمام دھاتوں سے زیادہ وزنی ہوتی ہے۔

پلاس (پ۔ لاس) (ف۔ ا۔ مذ) ٹاٹ۔ موٹا کپڑا۔

پلاس (پ۔ لاس) (ہ۔ ا۔ مذ) ڈھاک کا درخت (۲) زنبور۔ ایک قسم کا اوزار۔

پلاس پاپڑا (ہ۔ ا۔ مذ) ڈھاک کا بیج جو دواؤں میں پڑتا ہے۔

پلاستر (Plaster کا مؤرّد۔ ا۔ مذ) اُستر کاری (۲) لیپ۔ ضماد۔ نیز دیکھئے پلستر۔

پلاستر اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) مارتے مارتے کھال اُدھیڑ دینا۔ بہت مارنا۔

پلاشنا (پ۔ لاس۔ نا) (اَر۔ مص) جُوتا تیار ہو جانے کے بعد اُس کو تراش کر ٹھیک کرنا۔

پلانا (پ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کوئی سیّال مادّہ پینے کو دینا۔ نوش کرانا (۲) داخل کرنا۔ جذب کرانا۔ جسم کے اندر پہنچانا۔ کسی چیز میں کوئی مادّہ دوڑانا۔ مارنا جیسے تیر یا گولی پلانا۔ ہدف بنانا۔ نشانہ بنانا (۴) ذہن نشین کرانا (۵) تیل نکلوانا (۶) عرق نکلوانا جیسے کولہو میں سرسوں پلانا۔

پلاؤ (پ۔ لا۔ او) (ف۔ ا۔ مذ) گوشت، مسالے اور گھی میں پکے ہوئے چاول۔

پلاؤ کی رکابی کہیں نہیں گئی (اَر۔ مثل) کچھ کمی نہیں۔ عیش میں کمی نہیں۔

پلائی (پ۔ لا۔ اِی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) انّا۔ دایہ۔ آیا۔ رضاعی ماں (۲) بچّے کو اپنا دودھ پلانے والی نوکرانی۔

پلائی وُڈ (Plywood) (انگ۔ ا۔ مث) وہ پرت دار لکڑی جو پتلے تختوں کو چپکا کر بنائی جاتی ہے۔

پل پڑنا (پِل۔ پَڑ۔ نا) (اَر۔ مص) (۱) دفعتہً حملہ کرنا۔ ہلّا بول دینا (۲) ایک دم مارنے لگنا (۳) دھکیلنا (۴) کام میں بے حد معروف ہونا۔

پلپلا (پِل۔ پ۔ لا) (ہ۔ صف) نرم۔ ملائم۔ لجلجا۔

پلپلا (پُل۔ پ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) کھوکھلا۔ مجوّف۔ اندر سے خالی۔

پلپلانا (پِل۔ پ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) پلپلا کرنا۔ دبا کر نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔

پلپلانا (پُل۔ پ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پوپلانا۔ پوپلوں کی طرح کھانا۔ چوسنا یا چوڑنا۔ دانت لگائے بغیر رس چوسنا (۲) ڈرنا۔

پلپلاہٹ (پِل۔ پ۔ لا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) نرمی۔ ملائمت۔ لجلجا پن۔

پلپلی (پِل۔ پ۔ لی) (ہ۔ صف) پلپلا کی تانیث۔

پلپلی ٹھیکری (اَر۔ ا۔ مث) فرج۔ اندامِ نہانی۔ عورت کی شرمگاہ۔

پلتھی (پَل۔ تھی) (پ۔ لت۔ تھی) (ہ۔ ا۔ مث) چوتڑوں کے بل ٹانگیں اُوپر نیچے رکھ کر بیٹھنے کا طریقہ۔

پلٹ (پ۔ لٹ) (ہ۔ ا۔ مذ) گھماؤ۔ گردش۔ چکّر۔

پلٹ پڑنا (اَر۔ محاورہ) ایک طرف سے دُوسری طرف ہو جانا (۲) کسی پر غصّے کا اظہار کرنا۔ جاتے جاتے لوٹ پڑنا۔

پلٹ جانا (اَر۔ محاورہ) برگشتہ ہو جانا۔ دگرگوں ہو جانا (۲) راہ سے پھر جانا (۳) مُکر جانا (۴) بات بدلنا۔

پلٹ کر نہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) مُتوجّہ نہ ہونا۔ خبر نہ لینا۔

پلٹ (پ۔ لٹ) (اَر) اُلٹ کا تابع مُہمل (اُلٹ پلٹ)۔

پلٹا (پَل۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بدلا۔ حیلہ۔ اِنتقام (۲) کفگیر۔ چمچی۔ روٹی، پُوری وغیرہ پلٹنے کا آلہ (۳) اِنقلاب۔ چکّر (۴) (ہ۔ فعل) پلٹنا کا ماضی۔

پلٹا دینا (اَر۔ محاورہ) اُلٹ پلٹ کرنا۔ ایک طرف سے دُوسری طرف پلٹنا (۲) ہرا دینا۔

پلٹا کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھومنا۔ چکّر لگانا۔ ایک رُخ سے دُوسرے رُخ ہو جانا (۲) بدل جانا (۳) مُکر جانا۔

پلٹس (Poultice) (انگ۔ ا۔ مث) لیپ۔ ضماد۔ لپڑی پھوڑا پکانے کی دوا جو پکا کر لگائی جاتی ہے۔

پلٹن (Platoon کا مؤرّد۔ ا۔ مث) سو جوانوں پر مشتمل پیادہ فوج کا دستہ۔

پلٹنا (پ۔ لٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پلٹا کھانا۔ اُلٹنا۔ پھرنا۔ واپس ہونا (۲) باز آنا (۳) بے وفائی کرنا۔ زبان بدلنا۔

پلٹی (پَل۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) پلٹا کی تانیث۔ قلا بازی۔ جمع: پلٹیاں (۲) پلٹنا مصدر سے صیغہ ماضی واحد۔ مؤنث۔ واپس ہوئی۔ لوٹی۔

پلٹیاں کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) چکّر کھانا (۲) قلا بازیاں کھانا۔

پلڑا (پَل۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پاٹ۔ ترازو کا وہ حصّہ جس پر سامان یا باٹ رکھا جائے (۲) کنارہ۔ گوٹ۔ بیل۔ پلّا۔ جمع: پلڑوں۔ پلڑے۔

پلستر (Plaster کا مؤرّد۔ ا۔ مذ) دیکھئے پلاستر۔

پلستر بگاڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لیپ میں خرابی کرنا۔ ضماد میں نقص ڈالنا۔ مرہم میں عیب پیدا کر دینا (۲) کھال اُدھیڑنا۔ بہت مارنا (۳) کہگل کو اُکھاڑ ڈالنا۔

پلک (پ۔ لک) (ف۔ ا۔ مث) (۱) مژہ۔ بَل۔ آنکھ کے پپوٹوں کے بال (۲) آن۔ لحظہ۔ دقیقہ۔ ثانیہ۔ لمحہ۔ دم۔ اُردو جمع: پلکیں۔ پلکوں۔

پلک پیٹا (اَر۔ صف) (۱) چندھا۔ بار بار آنکھ جھپکانے والا۔

پلک جھپکنا (اَر۔ محاورہ) پلک مارنا۔ آنکھ جھپکنا (۲) آنکھ لگنا۔ نیند آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پلک جھپکنے میں (مارنے میں) (اِ۔ متعلق فعل) ذرا سی دیر میں۔ فوراً۔ بہت جلد۔
پلک دریا (اِ۔ صف) سیر چشم۔ فیاض۔ داتا۔ کریم۔ سخی۔ دریا دل۔
پلک سے پلک نہ لگنا (اِ۔ محاورہ) نیند نہ آنا۔ جاگتے رہنا۔
پلک لگ جانا (اِ۔ محاورہ) تھوڑی دیر کے لئے سو جانا۔ جھپکی آ جانا۔
پلک مارنا (اِ۔ محاورہ) آنکھ جھپکنا (۲) آنکھ مارنا۔ آنکھ سے اِشارہ کرنا۔
پلک نواز (ف۔ صف) (۱) دم کے دم میں مال دار بنانے والا (۲) تھوڑی سی کارگزاری پر بہت کچھ دینے والا۔ خُدا کی صفت۔
پلک نہ پسیجنا (اِ۔ محاورہ) (۱) رحم نہ آنا (۲) آنسو نہ آنا۔ نام کو بھی نہ رونا۔
پلک نہ جھپکنا (اِ۔ محاورہ) نیند نہ آنا۔ بے چینی ہونا۔
پَلکوں (پَل۔ کوں) (اِ۔ ا۔ مث) پلک کی جمع۔
پلکوں سے اُٹھانا (اِ۔ محاورہ) کسی کی دی ہوئی چیز کو عزّت و اِحترام سے اُٹھانا۔
پلکوں سے زمین جھاڑنا (اِ۔ محاورہ) (۱) بہت عزّت کرنا (۲) بے حد اطاعت کرنا (۳) بے اِنتہا محبت کرنا۔
پلکوں سے نمک چُننا (اِ۔ محاورہ) اَز حد مشکل کام کرنا۔
پَلکیں (پَل۔ کیں) (یائے مجہول) (اِ۔ ا۔ مث) پلک کی جمع۔
پلکیں چڑھنا (اِ۔ محاورہ) رنج اور غصّے کو ضبط کرنا۔
پلکیں کترنا (اِ۔ محاورہ) خوبصورت بچّوں کو نظرِ بد سے بچانے کے لئے اُن کی پلکیں کتر کر چھوٹی کرنا۔
پَلکا (پَل۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) اَبلق کبوتر۔ دورنگا کبوتر۔
پلمبر (Plumber) (اَنگ۔ ا۔ مذ) (۱) سیسہ گر (۲) کاریگر جو نلوں وغیرہ کی مرمّت کرتا ہے۔ نل ساز۔
پِلنا (پِل۔ نا۔ بکسرِ اوّل) (ہ۔ مص) (۱) کُچلا جانا۔ دبایا جانا۔ مسلا جانا (۲) کُچل کر عرق نکلنا۔ رس نکلنا (۳) نہایت کوشش کرنا (۴) پِل پڑنا۔ دھکیل دینا۔ حملہ کرنا۔
پَلنا (پَل۔ نا) (ہ۔ مص) بڑھنا۔ پرورش پانا (۲) گرمی سے پلپلا ہو جانا (آم)۔
پُلندا (پ۔ لن۔ دا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پیکٹ۔ بنڈل۔ گٹھڑی۔ گڈی۔
پَلَنگ (پ۔ لنگ) (نون غنّہ) (ف۔ ا۔ مذ) چیتا۔ ایک درندہ جس کے بدن پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں۔
پَلنگ (پ۔ لنگ) (نون غنّہ) (اِ۔ ا۔ مذ) مسہری۔ نواڑ کی چارپائی۔ جمع: پلنگ۔ پلنگوں۔
پلنگ پر بٹھا کر روٹی دینا (اِ۔ محاورہ) بغیر کسی معاوضے یا خدمت کے اچھا سلوک کرنا۔
پلنگ پر بٹھانا (اِ۔ محاورہ) بہت آرام دینا۔ کام نہ لینا۔
پلنگ پوش (اِ۔ ا۔ مذ) بالا پوش۔ پلنگ اور بستر ڈھکنے کا کپڑا۔
پلنگ توڑ (اِ۔ صف) پلنگ پر پڑا رہنے والا۔ بے کار شخص۔ نکھٹو۔

پلنگ تین چور (اِ۔ ا۔ مذ) وہ سات ستارے جو ایک پلنگ اور تین چوروں یا ایک جنازہ اور تین جنازہ اُٹھانے والوں کی صورت میں آسمان پر نظر آتے ہیں۔ بنات النعش۔ سات سہیلیوں کا جُھمکا۔ عقدِ ثریّا۔ پروین۔
پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہونا (اِ۔ محاورہ) بچّہ جن کر فارغ ہونا۔ زچگی سے صحیح سلامت نمٹنا (۲) سخت بیماری سے صحت پانا۔
پلنگ کے بان (باندھ) توڑنا (اِ۔ محاورہ) بیکار پڑے رہنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔
پَلنگڑی (پ۔ لنگ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) پلنگ کی تصغیر۔ چھوٹی چارپائی۔
پَلّو (پَل۔ لو) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دامن۔ آنچل۔ کنارہ۔ حاشیہ (۲) چوڑی گوٹ۔ چوڑا ٹھپّا۔
پلّو دار (اِ۔ صف) وہ لباس جس کے کنارے پر سونے چاندی کی چوڑی گوٹ لگی ہو۔
پَلوانا (پَل۔ وا۔ نا) (بفتح اوّل) (ہ۔ مص) پرورش کرانا۔ پالنا کا متعدی۔
پِلوانا (پِل۔ وا۔ نا) (بکسرِ اوّل) (ہ۔ مص) (۱) پلانا کا متعدی۔ نوش کرانا (۲) پیلنا کا متعدی۔ تیل نکلوانا (۳) رس نکلوانا۔ عرق نکلوانا۔
پلوٹو (Pluto) (اَنگ۔ ا۔ مذ) (۱) یونانی اور رومی علم الاصنام میں عالمِ اَسفل کا دیوتا۔ پلوطان۔ یمراج (۲) ایک سیّارہ جو ۱۹۳۰ء میں دریافت ہوا تھا۔
پَلوٹھا (پلونٹھا) (پ۔ لو۔ ٹھا) (پہ۔ لوں۔ ٹھا) (ہ۔ صف) پہلا بچّہ۔ پلوٹھی کا بچّہ۔ جمع: پلوٹھوں۔ پلوٹھے۔
پَلوٹھی (پ۔ لو۔ ٹھی) (ہ۔ صف) پہلا۔ پہلی۔ شروع کا مثلاً پلوٹھی کا لڑکا۔ پلوٹھی کی لڑکی۔
پَلْوَل (پَل۔ وَل) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک ترکاری جو کھیرے کی طرح ہوتی ہے۔
پلول ملانا (اِ۔ محاورہ) (ہ۔ ا۔ مذ) موافق کر لینا۔ گانٹھنا۔ ساز باز کرنا۔ سازش کرنا۔
پَلّہ (پَل۔ لہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پلڑا (۲) سیڑھی۔ زینہ (۳) رُتبہ۔ درجہ۔
پَلہینڈا (پ۔ لہن۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) گھڑونچی۔ لگن۔ جس پر پانی کے گھڑے رکھتے ہیں۔
پَلہینڈی (پ۔ لہن۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) پانی رکھنے کی گھڑونچی۔
پَلی (پ۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) تیل یا گھی نکالنے کا آلہ۔ ٹیڑھا چمچہ۔ نیز دیکھئے پَلا۔
پلی پلی جوڑنا (اِ۔ محاورہ) تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ کوڑی کوڑی جوڑنا۔
پُلی (پ۔ لی) (اِ۔ ا۔ مث) پُل کی تصغیر۔ چھوٹا پُل۔ پُلیا۔
پلّے (پَل۔ لے) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پلّا کی جمع (۲) پلّا کی مغیّرہ صورت (۳) (متعلق فعل) گرہ میں۔ پاس۔
پلّے (سے) باندھنا (اِ۔ محاورہ) (۱) کسی بات کو یاد رکھنا۔ حرزِ جان بنانا (۲) بیاہنا (۳) ذمّے ڈالنا۔ ذمّے لینا۔
پلّے (سے) بندھنا (اِ۔ محاورہ) (۱) ذمّے پڑنا۔ گلے پڑنا (۲) نکاح میں آنا۔
پلّے پڑنا (اِ۔ محاورہ) (۱) ہاتھ لگنا۔ حاصل ہونا (۲) قابو میں آنا (۳) بیاہا جانا۔
پلّے دار (اِ۔ ف۔ ا۔ مذ) مزدور۔ قلی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پلتے سرے کا (اُر۔ صف) دیکھئے پَرلے سرے کا۔
پلّے ہونا (اُر۔ محاورہ) گرہ میں پیسے ہونا۔ پیسا پاس ہونا۔
پلّیا (پَل۔یا) (اُر۔ ا۔ مث) پُل کی تصغیر۔ چھوٹا پُل۔
پلیتہ (پَ۔لی۔تہ) (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے فتیلہ۔
پلیتھن (پَ۔لے۔تھن) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خشکی۔ سُوکھا آٹا جس کی مدد سے روٹی بڑھائی اور چوڑی کی جاتی ہے (۲) وہ پھوک جو آٹے سے میدہ نکالنے کے بعد باقی رہ جاتا ہے۔
پلیتھن نکالنا (اُر۔ محاورہ) بہت مارنا۔ مار مار کر اَدھ موا کر دینا۔
پلیتھن نکل جانا (نکلنا) (اُر۔ محاورہ) خستہ حال ہو جانا۔ بڑا نقصان ہونا۔
پلیٹ (Plate) (انگ۔ ا۔ مث) رکابی۔ تھالی۔ طشتری (۲) ہموار سطح (۳) شِکن۔ تہ۔ اُردو جمع: پلیٹوں۔ پلیٹیں۔
پلیٹ فارم (Platform) (انگ۔ ا۔ مذ) سطح۔ چبوترا۔ وہ چبوترا جس کے متصل ریل گاڑی کھڑی ہوتی ہے یا جس پر کھڑے ہو کر تقریر کرتے ہیں۔
پلیٹ فارم ٹکٹ (Platform Ticket) (انگ۔ ا۔ مذ) ٹکٹ جو ریل کے پلیٹ فارم پر جانے کے لئے خریدا جائے۔
پلیٹو (Plateau)۔ دیکھئے سطحِ مُرتفع۔
پلیٹنیم (Platinum)۔ دیکھئے پلاٹینم۔
پلید (پَ۔لید) (بیائے معروف) (ف۔ صف) (۱) گندہ۔ ناپاک۔ نجس۔ غلیظ (۲) (اُر۔ ا۔ مذ) بھوت پریت۔
پلیدی (پَ۔لی۔دی) (ف۔ ا۔ مث) ناپاکی۔ غلاظت۔ نجاست۔
پلیڈر (Pleader) (انگ۔ ا۔ مذ) وکیل۔ عدالت میں مدّعی یا مدّعا علیہ کی طرف سے مقدّمے کی پیروی کرنے والا۔
پلیگ (Plague) (انگ۔ ا۔ مث) طاعون۔

پ۔م

پمپ (Pump) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) زمین سے پانی نکالنے کا آلہ۔ نل (۲) ہوا بھرنے کا آلہ (۳) ایک قسم کی جوتی۔
پمپی (پَم۔پی) (اُر۔ ا۔ مث) گرگابی۔ ایک قسم کی جوتی۔
پمفلٹ (Pamphlet) (انگ۔ ا۔ مذ) رسالہ۔ چھوٹی کتاب۔ کتابچہ۔
پمّن گیہوں (پَم۔مَن۔گے۔ہوں) (اُر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا لوچ دار اور عُمدہ گندم۔

پ۔ن

پَن (بفتحِ اوّل) (ہ) مصدری علامت جیسے بالپن۔ اُلّو پن وغیرہ۔ بعض صفات کے آخر میں آ کر اُنہیں اسمِ کیفیت بنا دیتا ہے جیسے بچپن۔ لڑکپن۔ کہیں نسبت کے موقع پر مستعمل ہوتا ہے جیسے بھُدّ پن۔ بچپن (۲) پانی کا مخفّف۔ پان کا مخفّف۔ پانچ کا مخفّف۔
پن بٹّا (پن ڈبّا) (ہ۔ ا۔ مذ) پان رکھنے کا ڈبّا۔ خاصدان۔ پان دان۔
پن بھتّا (ہ۔ ا۔ مذ) اُبلے ہوئے چاول۔ پتلے پکے ہوئے چاول۔
پن بھرا (ہ۔ ا۔ مذ) سقّا۔ پانی بھرنے والا۔ (مث: پن بھرن)۔
پن چکّی (ہ۔ ا۔ مث) پانی سے چلنے والی چکّی۔
پن چُورا (پَن۔چو۔را) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک کھلونا جس میں پانی بھرا ہوتا ہے اور پیندے میں سُوراخ ہوتے ہیں۔ جب اُس کا مُنہ بند کر دیتے ہیں تو پیندے سے پانی ٹپکنا بند ہو جاتا ہے لیکن کھولنے پر ٹپکنے لگتا ہے۔
پن ڈُبّا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) غوطہ خور (۲) پانی میں ڈوب کر مرجانے والے کا بھوت۔
پن ڈُبّی (ہ۔ ا۔ مث) پانی کا ایک پرند۔ ایک قسم کی مُرغابی (۲) آبدوز۔
پنسال (پنسالہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پانی کی گہرائی ناپنے کا پیمانہ۔ پانی کی پیمائش کا آلہ (۲) زمین سطح کرنے کا آلہ (۳) سبیل۔ پیاؤ۔
پنسال نویس (ہ۔ ف۔ ا۔ مذ) نہر کی پنسال پر پانی کی کمی بیشی کا حساب رکھنے والا۔
پن سیرا (پَن۔سے۔را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پانچ سیر چاول پکانے کا دیگچہ (۲) پانچ سیر کا باٹ۔
پن سیری (پَن۔سے۔ری) (ہ۔ ا۔ مث) پانچ سیر کا باٹ۔ پانچ سیر کا وزن۔
پن کال (ہ۔ ا۔ مذ) پانی کا قحط۔ خشک سالی (۲) وہ قحط جو بارش کی کثرت کی وجہ سے پڑے۔
پَن کپڑا (ہ۔ مذ) پانی کا بھیگا ہوا کپڑا۔
پن کٹّی (ہ۔ ا۔ مث) ایک آلہ جس میں پوپلے لوگ پان چھالیہ کوٹ کر کھاتے ہیں۔
پن کوّا (ہ۔ ا۔ مذ) سیاہ رنگ کا پرند جو پانی میں ڈوب کر مچھلی پکڑتا ہے۔
پن گھٹ (پنگھٹ) (ہ۔ ا۔ مذ) پانی بھرنے کی جگہ یا گھاٹ۔
پن واڑی (ہ۔ ا۔ مذ) پان بیچنے والا (۲) (مؤنث) پانوں کی بغیہ (باغیچہ)۔
پن ہارا (پنہیارا) (ہ۔ ا۔ مذ) پانی بھرنے والا۔ سقّا۔ (مث) پنہارن۔ پنہاری۔
پِن (Pin) (انگ۔ ا۔ مث) گھنڈی دار سُوئی جس سے کاغذ نتھی کرتے ہیں۔
پُن (بضمِ اوّل) (س۔ ا۔ مذ) (۱) خیرات۔ صدقہ۔ دان۔ عطا (۲) کارِ خیر۔ نیک کام۔
پنّا (پَن۔نا) (س۔ ا۔ مذ) (۱) زمرّد۔ سبز رنگ کا قیمتی پتھر (۲) آم یا اِملی کا گاڑھا شربت (۳) ورق۔ پتّا۔ صفحہ (۴) جُوتے کا بالائی چمڑا (۵) سونے کا ورق۔
پنّا (پَ۔نا) (ہ۔ ا۔ مذ) کپڑے کا عرض۔ چوڑائی۔ پاٹ۔
پنا (پَ۔نا) (ہ) بعض اَلفاظ کے آخر میں آ کر اِسمِ کیفیت کے معنی دیتا ہے جیسے بچپنا۔
پِنّا (پِن۔نا) (ہ۔ ا۔ مذ) دھاگے کا گولا (۲) (ہ۔ مص) کپاس کو دُھننا۔ تُومنا۔
پُنّا (پُن۔نا) (اُر۔ مص) بڑوں کے عیب کھولنا۔ بکھانا۔ بُرا بھلا کہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پناہ (پ-نا)(ف-ا-مث)(۱) اَمن۔ عافیت۔ حفاظت۔ نگرانی (۲) جماعت۔ سہارا۔ اِمداد (۳) سایہ۔ اُردو جمع: پناہوں۔ پناہیں۔

پناہ بخدا (بہ-خُدا)(ف-کلمہ) خُدا کی پناہ۔ اللہ کی امان۔

پناہ دینا (اُر-محاورہ) دُشمنوں سے بچانا۔ سہارا دینا۔

پناہ گاہ (ف-ا-مث) اَمن کا مقام۔ عافیت کی جگہ۔ مامن۔ ملجا۔

پناہ گیر (ف-صف) حفاظت میں آنے والا۔ پناہ میں آنے والا۔ مہاجر۔

پناہ مانگنا (اُر-محاورہ)(۱) اَمن و عافیت طلب کرنا (۲) دُور رہنا (۳) فریاد کرنا۔ داد چاہنا۔

پنبہ (پُم-بہ)(ف-ا-مذ) کپاس۔ روئی۔

پنبہ بگوش (در گوش)(ف-صف)(۱) کان میں روئی ڈالے ہوئے (۲) غافل۔ بے خبر (۳) توجّہ نہ کرنے والا (۴) بنا ہوا بہرا۔

پنبہ دانہ (ف-ا-مذ) بنولا۔ کپاس کا بیج۔

پنبہ دوز (ف-صف) پیوند لگانے والا۔ پُرانے کپڑے سینے والا۔

پنبہ دہن (ف-صف)(۱) خاموش۔ چپ (۲) کم گو۔ کم سخن۔

پنبئی (پُم-بہ-ای)(ف-صف) وہ کپڑا جس میں رُوئی بھری ہوئی ہو۔ رُوئی دار۔

پنبئی راوٹی (اُر-ا-مث)(۱) روئی کا خیمہ۔ روئی کا مکان جس میں مالدار لوگ گرمی کے وقت پانی چھڑکوا کر بیٹھتے تھے (۲) سرد خانہ۔

پنپنا (پ-نپ-نا)(ہ-مص)(۱) سرسبز ہونا۔ تروتازہ ہونا (۲) ترقی کرنا۔ بڑھنا (۳) اِفلاس دُور ہونا۔ کمزوری دُور ہونا (۴) پھلنا پھولنا۔

پنتھ (نُون مخنہ)(ہ-ا-مذ)(۱) فرقہ۔ قوم۔ مِلت۔ مذہب۔ دھرم۔ گروہ (۲) راہ۔ راستہ۔ سڑک۔ باٹ۔ جمع: پنتھ۔ پنتھوں۔

پنتھی (ہ-صف)(۱) پنتھ والا۔ دھرمی۔ مذہبی۔ دیندار (۲) ہم مذہب۔ ایک جماعت کا۔ ہم فرقہ۔

پنتھی پُورنا (ہ-مص) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ چار زانو بیٹھنا۔

پنتی (پَن-تی)(ق-ا-مذ) چراغ۔

پنج (فتح اوّل)(نون مخنہ)(ف-ا-عدد)(۱) پانچ (۲) (چابک سواروں کی اِصطلاح) سات سال کا گھوڑا۔

پنج آب (پنجاب)(ف-ا-مذ) پانچ دریاؤں کی سرزمین۔

پنج آبی (پنجابی)(ف-صف)(۱) پنجاب سے متعلق۔ پنجاب کا باشندہ (۲) (ا-مث) پنجاب کی زبان۔

پنج آیت (ف-ع-ا-مث) پانچ قرآنی سورتیں جو فاتحہ میں پڑھتے ہیں۔ سورۂ فاتحہ اور چاروں قل۔

پنج ارکان (ف-ا-مذ) اسلام کے پانچ بنیادی ارکان (۱) کلمۂ طیبہ (۲) نماز (۳) روزہ (۴) حج (۵) زکوٰۃ۔

پنج تن (ف-ا-مذ) پنج تن پاک۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت فاطمہؓ، حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ۔

پنج روزہ (ف-صف)(۱) پانچ دن کا۔ پانچ روز کا (۲) چند دن۔ تھوڑا عرصہ۔ چند روزہ (۳) ہفتہ بھر کی (ناپائیدار) زندگی جس میں ایک روز دُنیا میں آنے کا ایک دن دُنیا سے جانے کا کم کر کے پانچ روز باقی رہتے ہیں۔

پنج سُورہ (ف-ع-ا-مذ) قرآن مجید کی پانچ سورتوں کا مجموعہ۔

پنج شاخہ (ف-ا-مذ)(۱) لوہے کا پنجہ، جس میں پانچ شاخیں ہوتی ہیں جن پر فیتے چڑھا کر روشن کرتے اور جلوس میں ساتھ لے کے چلتے ہیں۔

پنج شنبہ (ف-ا-مذ) جُمعرات۔

پنج عیب (ف-صف) پانچ عیبوں والا گھوڑا۔ یعنی حشری۔ کری۔ کہنہ لنگ۔ منہ زور۔ شب کور۔

پنج عیب شرعی (ف-ا-مذ) چوری۔ حرام کاری۔ شراب خوری۔ جوا۔ جھوٹ۔

پنج ککّے (پن-ا-مذ) سکھوں کے پانچ مذہبی نشان جو حرف ک سے شروع ہوتے ہیں (۱) کڑا (۲) کیس (۳) کرپان (۴) کنگھا (۵) کچھا۔

پنج کلیان (ف-ہ-ا-مذ) وہ گھوڑا یا مویشی جس کے چاروں پاؤں اور ماتھا سفید ہو۔ اُسے مبارک خیال کیا جاتا ہے۔

پنج گانہ (ف-ا-مث) پانچوں وقت کی نماز۔

پنج گوشہ (ف-صف) پانچ کونے والا۔ پانچ کناروں والا۔

پنج گوشیا (ف-اُر-ا-مث) پانچ گوشوں والی ٹوپی۔

پنج ند (ف-اُر-ا-مذ) پانچ دریاؤں والا۔ پاکستانی پنجاب کا وہ مقام جہاں پانچ دریا ملتے ہیں۔

پنج نوبت (ف-ا-مث) پانچ وقت کی نوبت جو بادشاہوں اور امیروں کے محل پر بجائی جاتی تھی۔

پنج ہزاری (ف-ا-مذ) مُغل سلطنت کا ایک عہدہ۔ پانچ ہزار سپاہی (بوقتِ جنگ) مہیا کرنے والا صوبہ دار۔

پنجارا (ق-ا-مذ) رُوئی دُھنکنے والا۔

پنجاہ (ف-ا-عدد) پچاس۔ ۵۰۔

پنجر (پن-جر)(ہ-ا-مذ)(۱) ڈھانچہ۔ قالب (۲) پسلی۔

پنجرا (پنجرہ)(پنج-را)(پنج-رہ)(ہ-ا-مذ) قفس۔ پرندوں کے رکھنے کا تیلیوں سے بنا ہوا گھر۔ جمع: پنجروں۔ پنجرے۔

پنجری (پنج-ری)(ہ-ا-مث) پنجرہ کی تصغیر۔ چھوٹا پنجرہ۔

پنجڑی (پنج-ڑی)(ہ-ا-مث)(۱) چوسر کے ایک داؤں کا نام۔ اِس میں پانچ کوڑیاں چت ہونے کو پنجڑی کہتے ہیں۔

پنجم (پن-جم)(ف-صف) پانچواں۔

پنجنا (پنج-نا)(ہ-مص) ٹانکا لگانا۔ جوڑ لگانا۔ ٹانکے سے دھات کو جوڑنا۔

پنجو (پن-جو)(ق-صف) نحیف۔ کمزور۔

پنجوانا (پنج-وا-نا)(ہ-مص) ٹنکوانا۔ ٹانکے سے پیوست کرانا۔ جڑوانا۔

پنجوں (اُر-ا-مذ) پنجہ کی اُردو جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پنجوں کے بل چلنا (اُر۔ محاورہ) پیروں کی ایڑیوں کو اُونچا کر کے اُنگلیوں کے بَل چلنا۔ غرور کرنا۔

پنجہ (فتح اوّل وسوم)(نُون غُنّہ)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) پانچ چیزوں کا مُرکّب۔ ہاتھ مع اُنگلیوں کے۔ چنگل۔ پنج شاخہ (۳) لپ۔ مُٹھی (۴) پاخانہ صاف کرنے کی ہڈی یا ٹھیکرا (۵) آدمی کے ہاتھ کی شکل کا چاندی کا نشان جو تعزیوں کے ساتھ بانس میں لگا ہوتا ہے (۶) ہاتھ اور پاؤں کی پانچ اُنگلیاں۔ فارسی جمع: پنجہ ہا۔ اُردو جمع: پنجے۔ پنجوں۔

پنجہ آفتاب (پنجہ خورشید) (ف۔ ا۔ مذ) سُورج کی کرنیں۔

پنجہ پھیرنا (اُر۔ محاورہ) پنجے میں پنجہ ڈال کر مروڑ دینا (۲) مغلوب کرنا۔ قابو پانا۔

پنجہ کرنا (اُر۔ محاورہ) دو آدمیوں کا ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر زور آزمائی کرنا۔

پنجہ کش (ک پر زبر)(ف۔ صف)(۱) پنجہ ڈالنے والا (۲) پنجے سے شکار کرنے والے جانور (۳) لوہے کی سلاخوں میں پنجہ ڈال کر مشق کرنے والا۔

پنجہ مارنا (اُر۔ محاورہ)(۱) ہاتھ مارنا۔ چنگل مارنا۔ جھپٹا مارنا (۲) چھین جھپٹ کرنا۔ لوٹ مار کرنا۔

پنجہ مریمؑ (ف۔ ا۔ مذ) ایک گھاس جس کی بابت مشہور ہے کہ اِس پر حضرت مریمؑ نے حضرت عیسیٰؑ کو جنتے وقت پنجہ مارا تھا تو اُس کی شکل پنجے کی سی ہو گئی۔

پنجہ نگاریں (ف۔ صف) معشوق کا ہاتھ۔ سجا ہوا ہاتھ۔ خوبصورت ہاتھ۔

پنجہ نُما (ف۔ صف) پنجے کی شکل کا۔

پنجے (اُر۔ ا۔ مذ) پنجہ کی اُردو جمع (۲) پنجہ کی مُغیّرہ صورت۔

پنجے جمانا (گاڑنا) (اُر۔ محاورہ) قابض ہو جانا۔ جم کر بیٹھ جانا۔ پاؤں جمانا۔

پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانا (چمٹنا۔ لپٹنا) (اُر۔ محاورہ) سر ہو جانا۔ پیچھے لگ جانا۔ نہایت تنگ کرنا۔ اِصرار کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ کسی کام میں مستعدی سے لگ جانا۔

پنجے سے چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) رہائی پانا۔

پنجی (نُون غُنّہ)(اُر۔ ا۔ مث)(۱) پنج شاخہ (۲) تاش کے پانچ نشانوں والا پتّہ۔

پنجیرا (پَن۔ جے۔ را)(ہ۔ ا۔ مذ) برتن جھالنے والا۔ قلعی گر۔ برتن میں ٹانکا لگانے والا۔

پنجیری (نُون غُنّہ)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) پانچ چیزوں: سُوجی، گھی، سونٹھ، کھانڈ، گوند سے مُرکّب خشک بُھربُھرا حلوا (۲) گوند کھانے جو زچّہ کو کھلائے جاتے ہیں۔

پنچ (س۔ ا۔ مذ)(۱) پانچ کا عدد (۲) پنچایت کرنے والے (۳) ثالث۔ سردار۔ برادری کا چودھری۔ بچولیا۔ دلال۔ جمع: پنچ۔ پنچوں۔

پنچ بلی کہیں تو بلّی ہی سہی (ہ۔ مثل) اکثریت کا فیصلہ ماننا ہی پڑتا ہے۔ جو سب کی رائے ہو اُسی سے اِتفاق کرنا بہتر ہے۔

پنچ پاتر (س۔ ا۔ مذ)(۱) پانچ برتن جو پُوجا کرنے میں کام آتے ہیں (۲) پانچ قسم کے پُھول پتّے وغیرہ جو پُوجا کرنے میں کام آتے ہیں (۳) پانچ دھاتوں سے بنا ہوا برتن جو پُوجا میں برتتے ہیں (۴) پانچ دھاتوں سے بنی ہوئی انگوٹھی۔

پنچ تنتر (س۔ ا۔ مذ) جانوروں کے قصّوں کی مشہور کتاب جو سنسکرت سے فارسی میں انوارِ سُہیلی اور عربی میں کلیلہ ودِمنہ کے نام سے ترجمہ ہوئی۔

پنچ سُلطانی (س۔ ع۔ ا۔ مذ) بادشاہ کی طرف سے مُقرّر کیا ہوا ثالث۔

پنچ فیصلہ (س۔ ع۔ ا۔ مذ) پنچوں کا فیصلہ۔ برادری کا حکم۔

پنچ کہیں بلّی تو بلّی ہی سہی۔ دیکھئے پنچ بلی کہیں تو۔

پنچ مِل خدا' خدا مِل پنچ (اُر۔ مثل) پنچوں کا فیصلہ خُدا کا فیصلہ ہے۔

پنچ (Punch) (انگ۔ ا۔ مذ) چھوٹے قد کا موٹا آدمی۔ ٹھگنا اور کُبڑا آدمی۔ مسخرا (۲) مُکّا۔ گھونسا (۳) سُوراخ کرنے کا آلہ۔

پنچا (فتح اوّل)(نُون غُنّہ)(ہ۔ ا۔ مذ) دستے والی لکڑی جس میں پانچ شاخیں ہوتی ہیں جس سے کسان کٹی ہوئی فصل کو ہلاتے ہیں اور بھوسے سے دانے الگ کرتے ہیں۔

پنچامرت (پَن۔ چا۔ مَرت)(س۔ ا۔ مذ) پانچ چیزوں یعنی دودھ، دہی، کھانڈ، گھی اور شہد سے بنا ہوا شربت جس سے دیوتا کے بُت کو نہلاتے ہیں۔

پنچایت (پَن۔ چا۔ یَت)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) پنچوں کی کمیٹی۔ بھائی بندوں کی مجلس (۲) جھگڑے رفع کرنے کا جلسہ (۳) صلاح مشورہ۔ ثالثی (۴) شوروغُل۔ ہجوم۔ مجمع۔ گروہ۔ جمع: پنچایتوں۔ پنچایتیں۔

پنچایت جوڑنا (ہ۔ محاورہ)(۱) پنچوں کو بُلانا۔ پنچایت کو اکٹھا کرنا (۲) فیصلہ کرانے کے لئے برادری کو جمع کرنا (۳) دعوت کرنا (۴) اکٹھے ہونا (۵) غُل مچانا۔ ہجوم کرنا۔

پنچایت خانگی (اُر۔ ا۔ مث) گھر کی پنچایت جس میں لوگ اپنے طور پر اپنے جھگڑے فیصل کرتے ہیں۔

پنچایت راج (ہ۔ ا۔ مذ) عوام کے چُنے ہوئے نمائندوں کی حکومت۔

پنچایت سرکاری (اُر۔ ا۔ مث) سرکار کی مقرّر کی ہوئی پنچایت۔

پنچایت نامہ (س۔ ف۔ ا۔ مذ) پنچوں کا کیا ہوا تحریری فیصلہ۔ پنچایت کا لکھا ہوا تصفیہ۔

پنچایتی (پَن۔ چا۔ یِ۔ تی)(اُر۔ ا۔ مذ) پنچایت کا مقرّر کیا ہوا (۲) عام۔ سب کا (۳) وقف۔ شرکت کا۔ ساجھے کا (۴) نطفۂ بے تحقیق۔ حرامی۔

پنچایتی سالا (اُر۔ ا۔ مذ) سب کا سالا۔ ایک قسم کی گالی۔

پنچم (پَن۔ چم)(س۔ ا۔ مذ) پانچواں۔ سات سُروں میں سے ایک سُر۔

پنچمی (پَن۔ چ۔ می)(س۔ ا۔ مث) چاند کی پانچویں تاریخ۔

پنچنا (پَنچ۔ نا)(ق۔ مص) اُگنا۔ پیدا ہونا۔

پنچوں (ہ۔ ا۔ مذ) پنچ کی جمع۔

پنچوں شامل مر گئے' جانو گئے برات (ہ۔ مثل) مرگِ انبوہ جشنے دارد۔ بہت سے آدمی اکٹھے مریں تو رنج نہیں ہوتا۔

پنچوں کا پیالہ (اُر۔ ا۔ مذ) حقّہ۔ چلم۔

پنچوں کا کہا سر آنکھوں پر' مگر پرنالا یہیں رہے گا (اُر۔ مثل)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شخص کی نسبت کہتے ہیں جو لاکھ سمجھانے بجھانے پر بھی اپنی ضد پر اڑا رہے۔

پنچوں مِل کیجئے کاج۔ ہارے جیتے آئے نہ لاج (ہ۔ مثل) جو کام پنچوں کی صلاح سے کیا جائے اُس پر ناکامی سے آدمی کو شرمندہ نہیں ہونا پڑتا۔

پچھالا (ہ۔ صف) پیچھے لگنے والا۔ طفیلی۔ نوکر۔ مصاحب۔

پنچھی (نون غنہ)(ہ۔ ا۔ مذ) پرند۔ پکھیرو۔

پند (فتح اوّل)(نون غنہ)(ف۔ ا۔ مث) نصیحت۔ ہدایت۔ اُپدیش۔ بھلی بات۔

پندار (بکسر اوّل)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) خیال۔ غور و فکر (۲) تصوّر (۳) رائے (۴) تکبّر۔ غرور۔

پندرہ (پند۔ رہ)(ہ۔ ا۔ عدد) دس اور پانچ۔ ۱۵۔

پندرواڑہ (پندرھواڑہ) (ہ۔ ا۔ مذ) پندرہ دن۔

پندرھواں (ہ۔ عدد ترتیبی) چودہ کے بعد کا درجہ۔

پندرھویں (بیائے معروف) (ہ۔ عدد ترتیبی) پندرھواں کی تانیث (پندرھویں تاریخ وغیرہ)۔

پندرھویں (بیائے مجہول)(ہ۔ عدد ترتیبی) پندرھواں کی بدلی ہوئی شکل (پندرھویں دن وغیرہ)۔

پنڈ (بکسر اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) پنڈا۔ بدن۔ جسم۔ تن (۲) آبادی۔ بستی۔ گاؤں (۳) آٹے یا چاولوں کا گولا جسے ہندو مُردوں کے نام پر دریا میں بہاتے ہیں یا گائے کو کھلاتے ہیں۔

پنڈ پڑنا (ہ۔ محاورہ)(۱) سر ہونا۔ پیچھے لگنا (۲) ذمّے لگنا۔ حوالے ہونا (۳) سپردگی میں آنا۔ واسطہ پڑنا (۴) حصّے میں آنا۔

پنڈ چھٹنا (ہ۔ محاورہ)(۱) ذمّے داری سے بَری ہونا۔ پیچھا چھٹنا۔ آزادی ملنا (۲) بے تعلق ہونا (۳) الگ ہونا۔ جُدا ہونا۔

پنڈ چھڑانا (اُر۔ محاورہ)(۱) پیچھا چھڑانا۔ بچنا (۲) بچانا۔ نجات دلانا۔

پنڈ روگ (ہ۔ ا۔ مذ)(۱) جسمانی بیماری۔ بدنی عارضہ (۲) کوڑھ۔ برص (۳) تپ دِق۔ کینسر۔

پنڈا (فتح اوّل)(نون غنہ)(س۔ ا۔ مذ) پنڈت۔ برہمن۔ پروہت۔ مذہبی رسوم ادا کرنے والا (۲) برہمنوں کی ایک گوت۔

پنڈا (بکسر اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) گولا۔ مُگدر (۲) جسم۔ بدن۔

پنڈا پھیکا ہونا (اُر۔ محاورہ) بدن گرم ہونا۔ ہلکا ہلکا بخار ہونا۔

پنڈا کورا ہونا (اچھوتا ہونا) (ہ۔ محاورہ) کنوارا ہونا۔ باکرہ ہونا۔

پنڈال (ہ۔ ا۔ مذ) خیمہ۔ شامیانہ۔ عارضی مکان جو جلسے کے لئے بانس بلّی اور کپڑے سے تیار کیا جائے۔ جمع: پنڈال۔ پنڈالوں۔

پنڈالو (پن۔ ڈا۔ لو)(ہ۔ ا۔ مذ) اَروی۔ ایک ترکاری۔

پنڈت (پن۔ ڈت)(س۔ ا۔ مذ)(۱) پڑھا ہوا۔ عالم (۲) مُعلّم۔ ماسٹر (۳) جوتشی۔ منجّم (۴) برہمنوں کا ایک خطاب۔ جمع: پنڈت۔ پنڈتوں۔

پنڈت خانہ (ہ۔ ف۔ ا۔ مذ)(۱) بندی خانہ۔ جیل خانہ (۲) جوا کھیلنے کا اڈّا۔

پنڈت مانی (ہ۔ ا۔ مذ) اپنے آپ کو بہت لائق سمجھنے والا شخص۔

پنڈتانی (پنڈ۔ تا۔ نی)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) پنڈت کی بیوی۔ برہمن عورت (۲) بچّوں کو پڑھانے والی عورت۔ اُستانی۔

پنڈتائی (پنڈ۔ تا۔ ای)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) پنڈت کا کام۔ پُوجا پاٹ۔ بیاہ شادی وغیرہ مراسم کا انجام دینا (۲) پڑھائی لکھائی کرنا۔ مُعلّمی۔

پنڈک (پن۔ ڈک)(س۔ ا۔ مذ) فاختہ۔ قُمری۔

پنڈلی (پنڈ۔ لی)(ہ۔ ا۔ مث) ساق۔ ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان ٹانگ کا حصّہ۔ جمع: پنڈلیاں۔ پنڈلیوں۔

پنڈول (ہ۔ ا۔ مث) وہ سفید مٹّی جو دیواروں پر چُونے کے بجائے پھیرتے ہیں۔

پنڈولم (پنڈلم) (Pendulum)(انگ۔ ا۔ مذ) کلاک یا گھڑی کا لٹکن۔

پنڈی (ہ۔ ا۔ مث)(۱) لُگدی۔ گولی۔ بوندی۔ رسّی یا ڈور کا گولا (۲) قربان گاہ۔ مذبح (۳) شیولنگ۔

پنس (پِ۔ نَس)(اُر۔ ا۔ مث) قفس۔ پالکی۔ ڈولا۔

پنس (Pence)(انگ۔ ا۔ مذ) برطانیہ کا تانبے کا سب سے چھوٹا سکّہ۔ شلنگ کا بارھواں حصّہ۔ پینی۔

پنسارہٹّا (پن۔ سار۔ ہٹ۔ ٹا)(ہ۔ ا۔ مذ) پنساریوں کا بازار۔

پنساری (پن۔ سا۔ ری)(ہ۔ ا۔ مذ) عطّار۔ دوا فروش (۲) نمک مرچ اور مسالے بیچنے والا۔ جمع: پنساری۔ پنساریوں۔

پنسل (Pencil)(انگ۔ ا۔ مث) سُرمہ یا سیسے کی سلاخ جس پر لکڑی کا خول چڑھا ہوتا ہے اور جو لکھنے کے کام آتی ہے۔ اَر جمع: پنسلوں۔ پنسلیں۔

پنسوئی (پن۔ سو۔ اِی)(ہ۔ ا۔ مث) چھوٹی کشتی۔ ڈونگا۔

پنشن (Pension)(انگ۔ ا۔ مث) وظیفہ۔ امداد۔ وہ رقم جو نوکری سے ریٹائر ہونے کے بعد ماہ بماہ ملے۔

پنشنر (Pensioner)(انگ۔ صف) وظیفہ پانے والا۔ پنشن پانے والا۔

پنکچر (Puncture)(انگ۔ ا۔ مذ) سُوراخ۔ چھید۔

پنکھ (فتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) بازو۔ پَر۔ بال (۲) دامن۔ آنچل۔

پنکھ پسارنا (اُر۔ محاورہ)(۱) پَر پھیلانا (۲) اُڑنے کا ارادہ کرنا (۳) لالچ کرنا۔

پنکھا (نون غنہ)(ہ۔ ا۔ مذ) ہوا جھلنے کا آلہ۔ بیجنا۔ جمع: پنکھوں۔ پنکھے۔

پنکھا جھلنا (اُر۔ مص) پنکھا کرنا۔ پنکھا ہلانا۔ بادکش کھینچنا۔

پنکھڑی (پنکھ۔ ڑی)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) پُھول کی پتّی (۲) بازو۔ پنکھ۔ پَر۔

پنکھیا (نون غنہ)(ہ۔ ا۔ مث) پنکھا کی تصغیر۔ چھوٹا پنکھا۔ جمع: پنکھیاں۔ پنکھیوں۔

پنکی (پن۔ کی)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) افیون کے نشے میں اُونگھنے کی حالت۔ پینک

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲)(صف) وہ شخص جو پینک کے نشے میں ہو۔

پِنگ پانگ (Ping Pong) (انگ۔ ا۔ مث) ایک کھیل جو میز پر چھوٹے بلّے اور گیند سے جال لگا کر کھیلتے ہیں۔ ٹیبل ٹینس۔

پَنگا (بفتحِ اوّل)(نُون غنّہ)(و۔ صف) لنگڑا۔ ٹیڑھی ٹانگوں والا۔ لنجا (۲) جتنکا (۳) اُنگلی (۴) مصیبت۔ خرابی۔

پَنگت (پَنگتی) (نُون غنّہ)(س۔ ا۔ مث)(۱) صف۔ قطار (۲) گروہ۔ مجمع۔ جماعت۔ پارٹی۔

پَنگڑا (پنگ۔ ڑا)(ق۔ ا۔ مذ)(۱) اولاد (۲) شیرخوار بچہ۔

پُنگل (نُون غنّہ)(ق۔ ا۔ مث) بالی۔

پِنگل (بکسرِ اوّل)(نُون غنّہ)(س۔ ا۔ مذ)(۱) وہ جس کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوں۔ پنگا۔

پَنگورا (پَنگوڑا۔ پَنگوڑہ) (نُون غنّہ)(و۔ ا۔ مذ) ہنڈولا۔ جھولا۔ گہوارہ۔ پالنا۔

پُنّم (پ۔ نّم)(ق۔ ا۔ مث) نیکی۔ پُن۔

پِنّنا (پن۔ نا)(و۔ مص)(بکسرِ اوّل) رُوئی کو صاف کرنا۔ دُھنا۔

پُنّنا (پن۔ نا)(بضمِ اوّل)(و۔ مص)(۱) ملامت کرنا (۲) بے عزتی کرنا (۳) گالیاں دینا۔

پَنواڑا (پن۔ وا۔ ڑا)(و۔ ا۔ مذ) طویل قصّہ۔ لمبی کہانی۔ داستان۔

پَنواڑن (و۔ ا۔ مث) پَن کے تحت دیکھیے۔

پَنواڑی (پن۔ وا۔ ڑی)(و۔ ا۔ مذ) پن کے تحت دیکھیے۔

پَنواڑیاں (و۔ ق۔ ا۔ مث) پان کے کھیت۔

پِنوانا (پن۔ وا۔ نا)(بکسرِ اوّل)(و۔ مص) رُوئی صاف کرانا۔ دُھنوانا۔ پِنّنا کا متعدی۔

پُنوانا (پن۔ وا۔ نا)(بضمِ اوّل)(و۔ مص) بُرا بھلا کہلوانا۔ لعن طعن کرانا۔ گالیاں دِلوانا۔ پُنّنا کا متعدی۔

پِنہاں (پن۔ ہاں)(ف۔ صف) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔

پِنھانا (پن۔ ہا۔ نا)(و۔ مص) دودھ دوہنے کے لیے تھن پانی سے دھونا۔ تھن نرمانا۔

پَنہی (پن۔ ہی)(و۔ ا۔ مث) جُوتی۔ پاپوش۔ کفش۔

پَنھیارا (پنھ۔ یا۔ را)(و۔ ا۔ مذ) پانی بھرنے والا۔ کہار۔ سقا۔ بہشتی۔

پَنھیاری (پنھ۔ یا۔ ری)(و۔ ا۔ مث) پنھیارا کی تانیث۔ پانی بھرنے والی عورت۔

پَنّی (پن۔ نی)(بفتحِ اوّل)(و۔ ا۔ مث)(۱) چاندی، پیتل، رانگ وغیرہ کے ورق۔ تاؤ۔ تختے۔ کاغذ (۲) ایک قسم کی لمبی گھاس جس کے چھپر بناتے ہیں اور جس کی جڑیں خس کہلاتی ہیں۔

پِنّی (پن۔ نی)(بکسرِ اوّل)(و۔ ا۔ مث) چاول کے آٹے اور گُڑ کا لڈّو (۲) بُھنے ہوئے گیہوں اور گُڑ کا لڈّو۔ چاول کے آٹے اور چینی کی پھنکی۔

پَنیا (پن۔ یا)(و۔ صف)(۱) پانی کا۔ پانی میں رہنے والا۔ پنیالا (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔

پَنیا سانپ (و۔ ا۔ مذ) پانی کا سانپ۔ وہ سانپ جو پانی میں رہتا ہے۔

پَنیا سوت (و۔ ا۔ مذ) پانی کا چشمہ۔ سوتا۔ پانی کا منبع۔ پانی نکلنے کی جگہ۔

پُنیاتما (پُنیہ۔ آت۔ ما)(س۔ صف) سخی۔ فیاض۔ داتا۔ کریم۔

پَنیالا (پن۔ یا۔ لا)(و۔ ا۔ مذ)(۱) ایک میوے کا نام جو عُنابی رنگ کا اور جامن کے برابر ہوتا ہے (۲)(و۔ صف) پانی کا۔ پنیا (۳) پانی کے مزے کا۔ پھیکا۔ بدمزہ۔

پَنیانا (پن۔ یا۔ نا)(و۔ مص) پانی سے تر کرنا۔ پانی میں بھگونا۔

پُنیائی (پن۔ یا۔ ای)(و۔ ا۔ مث) نیکی کا پھل۔ نیک نیتی۔ بھلمنساہٹ اور اُس کا نتیجہ۔

پَنیَر (پن۔ یر)(اَر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا کتا جو شکار کی بُو پر پہنچتا ہے (انگ Spaniel کا بگاڑ)۔

پَنیر (پ۔ نیر)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) دودھ کو پھاڑ کر بنایا ہوا نمکین مادّہ (۲) نچوڑا ہوا دہی۔

پنیر جمانا (اُر۔ محاورہ)(۱) پنیر کی ٹکیاں بنانا (۲) نیو ڈالنا۔ جڑ جمانا۔

پنیر چٹانا (اُر۔ محاورہ)(۱) ہلانا۔ مانوس کرنا۔ راغب کرنا (۲) گانٹھنا۔ قابو کرنا۔

پنیر کے ساتھ خشکہ کھاؤ (اُر۔ مثل) اپنا کام کرو۔ خوش رہو۔ اپنی راہ لو۔

پنیر مایہ (ف۔ ا۔ مذ)(۱) جانور کے بچّے کے پیٹ میں جما ہوا دودھ (۲) مجیسے کی لاگ سے پھاڑا ہوا دودھ۔

پَنیری (پ۔ نی۔ ری)(و۔ ا۔ مث)(۱) زمین کا ٹکڑا جہاں پود لگائی جائے (۲) پودوں کا ذخیرہ (۳) کھٹے کا گودا جو پوست اور دانوں کے درمیان ہوتا ہے۔

پنیری جمانا (اُر۔ محاورہ)(۱) پَود لگانا۔ پَود جمانا (۲) ایک جگہ سے اکھاڑ کر دُوسری جگہ پودے لگانا (۳) اپنا رنگ جمانا۔ اپنے ڈھب پر لانا۔ بنیاد ڈالنا۔

پَنیلا (پ۔ نی۔ لا)(و۔ صف)(۱) پانی کا۔ پانی والا۔ پنیا۔ پنیالا (۲)(و۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا کپڑا۔

پ ۔ و

پَو (بفتحِ اوّل)(و۔ ا۔ مث)(۱) سپیدۂ صبح۔ نُور کا تڑکا۔ سویرا۔ اُشا (۲) نردبازوں کی اِصطلاح میں ایک (۳) پیاؤ۔ سبیل (۴) پاؤ کا مخفف۔

پَو بارہ (اُر۔ ا۔ مث)(۱) پانسے کے داؤ میں ایک پَو کا حاصل یعنی جیت ہی جیت (۲) جیت۔ فتح۔ خوش قسمتی۔

پَو بارہ ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) جیت ہونا۔ داؤ لگنا۔ پانسا پڑنا (۲) پانچوں گھی میں ہونا (۳) اقبال یاور ہونا۔ قسمت جاگنا۔

پَو پھٹنا (اُر۔ محاورہ) صبح صادق ہونا۔ تڑکا ہونا۔

پَوسیرا (و۔ ا۔ مذ) پاؤ سیر کا باٹ۔ پوا۔ بیس تولے کا باٹ۔

پَوسیری (و۔ ا۔ مث)(۱) دیکھیے پوسیرا (۲) پاؤ بھر چیز۔

پَو قدم چال (اُر۔ ا۔ مث) وہ چال جس میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھے جائیں۔

پَوّا (پو۔ وا)(و۔ ا۔ مذ)(۱) سیر کا چوتھائی حصّہ (۲) پوسیرا۔ ۲۰ تولہ یا چار چھٹانک

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کا ہاث (۳) بوتل جس میں پاؤ سیر سیال چیز سما سکے۔

پُوآ (پُو-آ)(ا-مذ) پُوڑا۔ گلگلا۔ پکوڑا۔

پُوّا (پُ-وا)(ا-مذ)(۱) سانپ کا بچہ (۲) ایک قسم کی گھاس۔

پُواج (پَ-واج)(ا-مذ) پاجی کی جمع۔ ادنیٰ اور کمینے لوگ۔

پُو آل (پُو-آل)(واو مجہول)(ا-مث) سُوکھی گھاس پھوس۔ پیال۔

پُوائی (پَ-و-اِی)(ا-مث)(۱) جوتی کا ایک پاؤں (۲) زنجیر۔ سلاسل۔ بیڑی۔

پوپ (Pope)(انگ-ا-مذ) رومن کیتھولک فرقے کا سب سے بڑا پادری۔ پاپائے اعظم۔ لغوی معنی باپ۔

پوپَٹ (پو-پَٹ)(ق-ا-مذ) توتا (طوطا)۔

پوپٹا (پوپ-ٹا)(ا-مذ) مُنکنہ پیشاب کی تھیلی۔ اَندامِ نہانی (۲)(ق-ا-مذ) پپوٹا۔

پوپلا (پوپ-لا)(ا-صف) بے دانت کا۔ جس کے دانت گر گئے ہوں۔ جمع: پوپلوں۔ پوپلے۔

پوپلی (پوپ-لی)(ا-صف) پوپلا کی تانیث۔

پوپلے (پوپ-لے)(۱) پوپلا کی جمع (۲) پوپلا کی مُغیّرہ صورت۔

پوپلے سے ہڈی نہیں چبتی (ا-مثل) کم زور سے سخت کام نہیں ہو سکتا۔

پوپنی (پوپ-نی)(ا-مث) مُنہ سے بجانے کا ایک باجا۔

پوت (پوتھ) (ا-مذ)(واو مجہول)(۱) شیشے یا کانچ کے دانے (۲) نمبر۔ باری۔ نوبت۔

پوت پُورا کرنا (ا-محاورہ) نمٹانا۔ جوں توں کرکے پورا کرنا۔ کمی پوری کرنا۔

پوت کا چھلا نہیں ہے (ا-مثل) زیور کی قسم کی کوئی چیز باقی نہیں ہے۔

پُوت (س-ا-مذ)(واو معروف) بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ پُتر۔ فرزند۔ جمع: پُوت۔ پُوتوں۔

پُوت بیگانے چو میٔے منہ رالوں بھریئے (ا-مثل) دوسرے کی اولاد کو پالنا عبث ہے۔ بیگانی اولاد کی پرورش میں نقصان ہی نقصان ہے۔

پُوت بہو (ا-مث) پوتے کی بیوی۔

پُوت فقیرنی کا چال چلے احدیوں کی (ا-مثل) مُفلسی میں امیرانہ ٹھاٹ۔

پُوت کپوت ہو تو ہو پر ماں کماں کبھی نہیں ہو سکتی (ا-مثل) بیٹا ماں کے ساتھ بُرا برتاؤ کرے تو کرے لیکن ماں بیٹے کے ساتھ ایسا نہیں کر سکتی۔

پُوت کے پاؤں پالنے ہی میں دیکھے جاتے ہیں (ا-مثل) بُرے بھلے آثار بچپن ہی میں معلوم ہو جاتے ہیں۔

پوتا (پو-تا)(واو مجہول)(ا-مذ)(۱) بیٹے کا بیٹا (۲) پچارا۔ کوچی۔ برش (۳) پوتی۔ سفیدی۔ سفید مٹی (۴) لگان۔ مزروعہ زمین کا محصول۔ جمع: پوتوں۔ پوتے۔

پوتا پھیرنا (ا-محاورہ) دیواروں پر سفیدی کرنا (۲) کوچی کرنا۔ پچارا کرنا۔

پَوتر (پَ-وِتر)(س-صف) صاف۔ پاک۔ خالص۔ سُتھرا۔

پوتڑا (پوت-ڑا)(واو مجہول)(ا-مذ) نہالچہ۔ وہ کپڑا جو بچّے کے چوتڑوں پر باندھتے ہیں تاکہ پاخانہ پیشاب سے بستر آلودہ نہ ہو۔ جمع: پوتڑے۔ پوتڑوں۔

پوتڑوں (پوت-ڑوں)(ا-مذ) پوتڑا کی جمع۔

پوتڑوں کے رئیس (امیر۔ نواب) (ا-مذ) خاندانی رئیس۔ امیر ابنِ امیر۔

پوتڑے (پوت-ڑے)(ا-مذ) پوتڑا کی جمع۔

پوتڑے دھونا (ا-مص)(۱) پوتڑے صاف کرنا (۲)(محاورہ) ذلیل کام کرنا۔

پوتنا (پوت-نا)(واو مجہول)(ا-مص)(۱) کوچی پھیرنا۔ پوتا پھیرنا (۲)(ا-مذ) کوچی۔ پوتا۔

پُوتوں(ا-مذ) پُوت کی جمع۔

پُوتوں پھلے (ا-کلمۂ دُعائیہ) کثرت سے بیٹے پیدا ہوں۔

پوتھی (پو-تھی)(واو مجہول)(ا-مث)(۱) کتاب۔ پُستک (۲) لہسن کی گانٹھ۔ پُتھی۔

پوتھیا (پوتھ-یا)(ا-مث) تمباکو کی تھیلی جسے دیہاتی پگڑی میں رکھتے ہیں۔

پوتی (پو-تی)(واو مجہول)(ا-مث) بیٹے کی بیٹی۔ جمع: پوتیاں۔ پوتیوں۔

پوٹ (واو مجہول)(ا-مث)(۱) گٹھڑی۔ بنڈل۔ پشتارہ۔ بوجھ (۲) دو ورقوں کے درمیان سادہ جگہ (۳) چادر جس میں مُردہ لپیٹا جاتا ہے (۴) زیادتی۔ کثرت۔ اِفراط جیسے غم کی پوٹ۔

پوٹ کی چادر (ا-مث) کفن کے اُوپر کی چادر جو مُردے کے ساتھ قبر میں دفن کی جاتی ہے۔

پوٹا (پو-ٹا)(واو مجہول)(ا-مذ) پرندوں کا معدہ (۲) بساط۔ حیثیت (۳) طاقت۔ مجال (۴) پرندوں کا وہ بچہ جس کے پَر نہ نکلے ہوں۔ جمع: پوٹوں۔ پوٹے۔

پوٹا تر ہونا (ا-محاورہ) شکم سیر ہونا۔ بے پروا ہونا۔ بے فکر ہونا۔ مالدار ہونا۔

پوٹاش (Potash)(انگ-ا-مذ) پوٹیشیم، کاربن اور آکسیجن کا مُرکب جو آتش بازی میں اِستعمال ہوتا ہے۔

پوٹلا (پوٹ-لا)(واو مجہول)(ق-ا-مث)(۱) بھیڑ (۲)(ا-مذ) بڑا بنڈل۔ گٹھر۔ جمع: پوٹلوں۔ پوٹلے۔

پوٹلی (پوٹ-لی)(ا-مث) تھیلی۔ چھوٹی سی گٹھڑی۔ جمع: پوٹلیاں۔ پوٹلیوں۔

پوٹی (ا-ق-ا-مذ) سہارا۔ مقابلہ۔

پوٹی دینا (ق-محاورہ) سہارا دینا۔

پُوجا (پُو-جا)(واو معروف)(ا-مث)(۱) عبادت۔ پرستش۔ بندگی (۲) سیوا۔ خدمت۔ ٹہل (۳) نذر۔ نیاز۔ بھینٹ۔ چڑھاوا۔ قربانی۔

پُوجا پاٹ (ا-مث) عبادت۔ پرستش۔

پُوجنا (پُوج-نا)(ا-مص) عبادت کرنا۔ پرستش کرنا (۲) احترام کرنا۔ عزت کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پُوجیہ (پُوج۔یہ)(س۔صف) عزت یا پرستش کے لائق بزرگ۔

پُوجیہ پاد (س۔ا۔مذ)(۱) عزت یا پرستش کے لائق پاؤں (پاد: پد)(۲) وہ بزرگ جس کے پاؤں پرستش کے لائق ہوں۔

پوچ (واو مجہول) (ف۔صف) (۱) لغو۔ بیہودہ۔ مہمل (۲) ذلیل۔ حقیر۔ پاجی۔ کمینہ۔ ہیچ۔

پوچ گو (ف۔صف) فضول گفتگو کرنے والا۔ ہرزہ سرا۔ یاوہ گو۔

پوچ گوئی (ف۔ا۔مث) فضول بکواس۔ ہرزہ سرائی۔ یاوہ گوئی۔

پُوچھ (ہ۔ا۔مث)(واو معروف)(۱) دریافت۔ پُرسش۔ تلاش۔ تفتیش (۲) ضرورت۔ خواہش (۳) عزت۔ آؤ بھگت (۴)(ہ۔فعل) پُوچھنا مصدر کا صیغہ امر۔ دریافت کر۔

پُوچھ گچھ (گ مفتوح)(اُر۔ا۔مث)(۱) اِستفسار۔ تفتیش۔ تحقیق (۲) خاطر داری۔ تواضع۔ عزت۔

پُوچھا (پُو۔چھا)(ہ۔ا۔مث)(۱) اِستخارہ۔ نجومی سے آیندہ حالات کی دریافت (۲)(ہ۔فعل) پُوچھنا مصدر کا ماضی۔ دریافت کیا۔

پُوچھا پاچھی (اُر۔ا۔مث) پُوچھ گچھ (۲) اِستخارہ۔ فال۔ شگون (۳) تحقیق۔

پُوچھا جانا (اُر۔محاورہ) بازپُرس ہونا۔ دریافت کیا جانا۔

پُوچھتے پُوچھتے خدا کا گھر مِل جاتا ہے (پُوچھتے پُوچھتے دِلّی پہنچ جاتے ہیں) (اُر۔مثل) محنت اور جستجو سے اِنسان کامیاب ہو ہی جاتا ہے۔

پُوچھن (پُو۔چھن)(واو معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) فال۔ تعبیر۔ اِستخارہ کا نتیجہ۔ شگون کا پھل (۲) سوال کا جواب (۳)(واو مجہول) جھاڑن (۴) وہ چیز جس سے نجاست صاف کریں۔ صافی۔

پُوچھنا (پُوچھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) تجسّس کرنا۔ تلاش کرنا۔ چھان بین کرنا (۲) دریافت کرنا۔ معلوم کرنا۔ اِستفسار کرنا (۳) جواب چاہنا (۴) آؤ بھگت کرنا۔ عزت کرنا (۵) منشا معلوم کرنا۔ مشورہ کرنا (۶) خبر لینا۔ مریض کا حال معلوم کرنا۔ مدد کرنا (۷) مخاطب ہونا۔ دھیان دینا۔

پُوچھنا پاچھنا (اُر۔محاورہ) دریافت کرنا۔ پُرسش کرنا (پاچھنا تابع مُہمل ہے)۔

پُوچھنا گچھنا (اُر۔محاورہ) دیکھیے پُوچھنا پاچھنا۔ (گچھنا تابع مُہمل ہے)۔

پُوچھو زمین کی تو کہے آسمان کی (اُر۔مثل) سوال کچھ۔ جواب کچھ۔

پُود (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ پودا جو ایک جگہ بو کر دُوسری جگہ لگایا جا سکے (۲) نسل۔ اولاد۔ خاندان۔

پود (جمانا) لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) بُنیاد قائم کرنا۔ مطلب براری کی تدبیر کرنا (۲) پودے کو ایک جگہ سے دُوسری جگہ لگانا (۲) تعلّق قائم کرنا۔

پُود (واو معروف)(ف۔ا۔مث) بانا جسے تانے میں ڈال کر کپڑا بُنتے ہیں۔

پَودا (پَو۔دا)(ہ۔ا۔مذ) (۱) نونہال۔ نیا پیڑ (۲) بچہ۔ نوجوان (۳) تِتلی کی پتّی میں باندھنے کا مُسندنا۔

پودا لگانا (اُر۔محاورہ) چھوٹا پیڑ زمین میں گاڑنا (۲) کسی اُمید پر بچے کی پرورش کرنا (۳) بُنیاد رکھنا۔

پوُدار (پود۔دار)(اُر۔ا۔مذ) فوطہ دار کا مخرّب۔ محصول لینے والا عُہدے دار۔

پُودنا (پُود۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پِدّا۔ ایک چھوٹا سا پرند (۲)(صف) پست قد۔ ٹھگنا۔ بونا (۳) بے حقیقت۔ ذلیل۔ حقیر۔

پُودنا سا (اُر۔صف)(۱) ذرا سا۔ چھوٹا سا (۲) بے حقیقت۔

پُودینہ (پُو۔دی۔نہ)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا تیز خوشبودار پودا (پن) پُودنا۔

پوڈر (Powder)(انگ۔ا۔مذ) پاؤڈر۔ بُرادہ۔ سفوف۔ چُورا (۲) ایک پسا ہوا سفوف جو چہرے کے رنگ کو نکھارتا ہے۔

پور (واو مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) اُنگلی کا جوڑ۔ اُنگلی کے تین حصّوں یا گانٹھوں میں سے ایک (۲) لاٹھی، گنّے، بانس وغیرہ کی دو گرہوں کا درمیانی فاصلہ۔

پور پور (ہ۔ا۔مث)(۱) اُنگلی کی ہر گانٹھ (۲) ہر ایک پور۔ بند بند۔

پُور (واو معروف)(ہ۔ا۔مذ) بستی۔ آبادی۔ دِہ۔ قریہ۔ گاؤں۔ قصبہ (۲) کسی چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑھائی میں ڈالی جائے (۳) چنے وغیرہ کی دال جو کچوریوں میں ڈالی جاتی ہے۔

پُور (واو معروف)(ف۔ا۔مذ) بیٹا۔ لڑکا۔ فرزند۔

پورا (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) گول لکڑی کا ٹکڑا۔ موٹا تازہ بچہ۔ گول مٹول بچہ۔

پُورا (پُو۔را)(واو معروف)(ہ۔صف)(۱) کامل۔ مکمل۔ بالغ (۲) چلتا پُرزہ۔ جہاندیدہ۔ ہوشیار۔ تجربہ کار (۳) ٹھیک۔ دُرست (۴) کُل۔ تمام (۵) پکّا۔ بڑا جیسے پُورا بدمعاش (۶) کافی وافی (۷) لبالب بھرا ہوا۔

پُورا اُترنا (اُر۔محاورہ)(۱) ٹھیک ہونا۔ تول میں پُورا ہونا (۲) آزمائش میں کامیاب ہونا۔

پُورا پڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) کافی ہونا۔ کمی پُوری ہونا (۲) اچھی طرح گزر ہونا۔ فراغت سے بسر ہونا۔

پُورا پُورا (اُر۔صف) کامل۔ مکمل۔

پُورا ڈالنا (اُر۔محاورہ) (۱) اَنجام کو پہنچانا۔ تمام کرنا (۲) نباہنا۔ آخر تک ساتھ دینا۔ گوارا کرنا۔

پُورا کرنا (اُر۔محاورہ) ختم کرنا۔ مکمل کرنا (۲) نقصان بھر دینا (۳) وعدہ وفا کرنا۔

پُورا وار (اُر۔ا۔مذ) بھرپُور وار یا حملہ۔

پُورا ہاتھ پڑنا (اُر۔محاورہ) کاری ضرب لگنا۔

پُورا ہاتھ مارنا (اُر۔محاورہ) پورا وار کرنا۔ ایک ہی وار میں کام تمام کرنا۔

پُورا ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) کافی ہونا (۲) تمام ہونا۔ انجام کو پہنچنا (۳) ٹھیک ہونا (۴) بے کم و کاست ہونا (۵) مکمل ہونا (۶) لبالب ہونا (۷) کامیاب ہونا۔ اُمید بر آنا (۸) عُمرِ طبیعی کو پہنچنا۔ مرجانا۔

پُورب (پُو۔رب)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مشرق۔ سُورج نکلنے کی سمت (۲) دریائے گنگا کا مشرقی علاقہ۔ (س: پُوَرو)۔

پُورب جاؤ یا پچھم، وہی کرم کے لچھن (ہ۔مثل) قسمت ہر جگہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ساتھ رہتی ہے۔ نیز دیکھئے اُتر جاؤ یا دکھن۔

پُوربی (پُور۔بی)(ہ۔صف) پُوریا۔ پُورب کا۔ مشرقی۔ گنگا کے مشرقی علاقے کا رہنے والا (۲) (مؤنث) وہ زبان جو پُورب میں بولی جاتی ہے (۳) ایک راگنی جو شام سے پہلے گائی جاتی ہے (۴) ایک قسم کا تمباکو (۵) چاول کی ایک قسم۔

پُوربی زردا (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا تمباکو جو پُورب میں پیدا ہوتا ہے اور عورتیں کھاتی ہیں۔

پُوربیا (پُورب۔یا)(ہ۔صف) پُورب کا رہنے والا۔ گنگا کے مشرقی علاقے کا باشندہ۔

پورٹ (Port) (انگ۔ا۔مث) بندرگاہ (۲) ایک میٹھی شراب۔

پورٹ ٹرسٹ (Port Trust) (انگ۔ا۔مذ) بندرگاہوں کے اِنتظام کی مجلس۔

پورٹر (Porter) (انگ۔ا۔مذ) مزدور۔ قلی۔

پورٹیبل (Portable) (انگ۔صف) جس کو اُٹھا کر لے جا سکیں۔

پورشن (Portion) (انگ۔ا۔مذ) حصّہ۔ جزو۔ ٹکڑا۔

پُورن ("ر" ساکن۔ "ن" موقوف) (س۔صف) پُورا۔ مکمل۔ بھرپور۔ کامل۔ تمام۔

پُورن سوراجیہ (س۔ا۔مذ) کامل آزادی۔ پُوری حکومت خود اختیاری۔

پُورن ماشی (ہ۔ا۔مث) چاند کے پُورا ہونے کی تاریخ۔ چودھویں رات۔

پُورنا (پُور۔نا)(ہ۔مص)(۱) بُنتا (۲) بھرنا (۳) پھیلانا (۴) روٹی میں چنے یا ماش وغیرہ کی دال ڈالنا۔

پُوروا (پُور۔وا)(ہ۔صف)(۱) پُورب کا۔ مشرقی (۲)(مث) مشرقی مرطوب ہوا جو پانی لاتی ہے۔ بادِ صبا۔ نیز دیکھئے پُروا۔

پوری (پو۔ری)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) گنّے یا بانس وغیرہ کا وہ حصّہ جو دو گرہوں کے بیچ میں ہوتا ہے۔ پور۔

پُوری (پُو۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) تلی ہوئی چھوٹی روٹی (۲) چھوٹی بستی۔ نیز دیکھئے پُری (۳)(صف) پُورا کی تانیث۔ جمع: پُوریاں۔ پُوریوں۔

پُوری نہ پڑنا (اُر۔محاورہ) گزر نہ ہونا۔ کافی نہ ہونا۔ تنگی ہونا۔

پُورے (ہ۔صف)(۱) پُورا کی جمع (۲) پُورا کی مغیرہ صورت۔

پُورے دنوں سے ہونا (اُر۔محاورہ) نو مہینے کا حمل ہونا۔

پُورے دن لگنا (اُر۔محاورہ) حمل کا نواں مہینا شروع ہونا۔

پُوڑا (ہ۔ا۔مذ) کھانڈ اور روے کے قوام کا گلگلا۔ جمع: پوڑوں۔ پوڑے۔

پوز (Pose) (انگ۔ا۔مذ) مصنوعی انداز۔ کوئی انداز جو قصداً اختیار کیا جائے (خصوصاً تصویر کھچوانے کے لئے)۔

پوز (واو معروف اور مجہول)(ف۔ا۔مذ) ہونٹ۔ مُنہ خاص طور پر گھوڑے کا۔

پوزش (پو۔زِش)(واو مجہول)(ف۔ا۔مث) معذرت۔ حیلہ۔ بہانہ۔ معافی چاہنا۔

پوز مال (ف۔ا۔مذ) بال یا سَن کی رسّی جو گھوڑے کے مُنہ میں ڈال کر اُسے قابو میں کرتے ہیں (۲) گوشمالی۔ تنبیہ۔

پُوزی (واو معروف)(ف۔ا۔مث) گھوڑے کا پیش بند۔ مُہری۔ وہ تسمہ جو گھوڑے کے مُنہ کے گرد اگرد رہتا ہے۔

پوزیشن (Position) (انگ۔ا۔مث)(۱) حالت۔ انداز۔ وضع (۲) مورچہ۔ مقام (۳) حیثیت۔ صورتِ حال (۴) عُہدہ۔ مرتبہ۔

پُوس (واو معروف)(ہ۔ا۔مذ) پوہ۔ فصلی سنہ (بکرمی) کا نواں مہینا جو دسمبر کی پندرھویں تاریخ سے جنوری کی پندرھویں تاریخ تک رہتا ہے۔

پوست (واو مجہول)(س ساکن۔ ت موقوف)(ف۔ا۔مذ)(۱) چرم۔ کھال۔ چھلکا۔ جلد (۲) کوکنار۔ خشخاش کا ڈوڈا۔

پوست (اُتارنا) کھینچنا (اُر۔محاورہ) کھال کھینچنا۔ کھال اُتارنا۔

پوست کندہ (ف۔صف)(۱) کھال اُترا ہوا (۲) صاف صاف۔ کھلم کھلا۔ علانیہ۔

پوست کھر (ق۔ا۔مذ) پُشت خار کا بگاڑ۔ دیکھئے پُشت خار۔

پوستی (پوس۔تی)(ف۔ا۔مذ)(۱) سست۔ کاہل۔ آلکسی۔ مجہول (۲) احمق۔ بے وقوف (۳) وہ شخص جو خشخاش کے ڈوڈے گھول کر پیئے (۴) افیونی۔

پوستین (ف۔ا۔مذ و مث) کھال کا کوٹ۔ چمڑے کا چغہ۔

پوسٹ (Post) (انگ۔ا۔مث)(۱) چٹھی۔ خط (۲) عُہدہ (۳) چوکی (۴) لاطینی سابقہ بمعنی مابعد۔ پیچھے۔

پوسٹ آفس (Post Office) (انگ۔ا۔مذ) ڈاک خانہ۔

پوسٹ کارڈ (Post Card) (انگ۔ا۔مذ) ڈاک کا خط۔

پوسٹ مارٹم (Postmartem) (لاط۔ا۔مذ) لغوی معنی بعد از مرگ۔ اِصطلاحی معنی نعش کے ظاہری اعضا کے مُعاینے کے علاوہ اُس کی کھوپڑی، سینہ اور پیٹ شق کر کے موت کا سبب اور مدت معلوم کرنا۔

پوسٹ ماسٹر (Post Master) (انگ۔ا۔مذ) ڈاک خانے کا افسر۔ مہتمم ڈاک خانہ۔

پوسٹ ماسٹر جنرل (Post Master General) (انگ۔ا۔مذ) صوبہ بھر کے ڈاک خانوں کا اعلیٰ افسر۔

پوسٹ مین (Postman) (انگ۔ا۔مذ) چٹھی رساں۔ ڈاک کا ہرکارہ۔ ڈاکیا۔

پوسٹر (Poster) (انگ۔ا۔مذ)(۱) اِشتہار (جو شارع عام پر لگایا جائے) (۲) (رگبی) وہ گیند جو سیدھی گول پوسٹ پر سے گزر جائے۔

پوسٹل آرڈر (Postal Order) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کی ہُنڈی جو ڈاک خانے والے روپیہ لے کر دیتے ہیں اور اس کا روپیہ کسی دُوسرے شہر میں رہنے والا آدمی وہاں کے ڈاک خانے سے رسید دکھا کر حاصل کر سکتا ہے۔

پوسٹل گائیڈ (Postal Guide) (انگ۔ا۔مث) ڈاک کی ہدایات۔ ڈاک خانے کے قواعد کی کتاب۔

پوسٹیج (Postage) (انگ۔ا۔مث) ڈاک کا محصول۔

پوسنا (پوس۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) پرورش کرنا۔ عام طور پر پالنا کے ساتھ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

استعمال ہوتا ہے۔ (پالنا پوستا)۔

پوش (واو مجہول) (اَر۔ کلمہ تنبیہ) فارسی چِش شو کا بگاڑ۔ دُور ہٹو۔ بچو۔ بچ کے (گاڑی بان آواز لگاتے ہیں) (۲) فارسی مصدر پوشیدن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور 'چھپانے والا' 'پہننے والا' کے معنی دیتا ہے جیسے سیاہ پوش۔ سبز پوش۔ پلنگ پوش۔ خطا پوش۔

پوش پوش (اَر۔ کلمہ تنبیہ) گاڑی بانوں کی صدا۔ بچو بچو۔ ہٹو ہٹو۔ ایک جانب ہو۔ کنارے ہو۔ بچ کے۔

پوشاک (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مث) لباس۔ پہناوا۔ پہننے کے کپڑے۔

پوشاک بڑھانا (اَر۔ محاورہ) لباس اُتارنا۔ کپڑے اُتارنا۔

پوشاکی (واو مجہول) (ف۔ صف) (۱) عُمدہ لباس۔ پہننے کے قابل کپڑا (۲) (ق) بانکا۔ چھیلا۔

پوشش (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مث) لباس (۲) غلاف۔ اُوپر منڈھنے کا کپڑا۔

پوشی (ف۔ ا۔ مث) چُھپانا۔ مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے چشم پوشی۔ جُرم پوشی۔

پوشیدگی (پو۔ شی۔ دَ۔ گی) (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مث) خلوت۔ تنہائی۔ گوشہ نشینی۔ پردہ۔ اِخفا۔

پوشیدہ (پو۔ شی۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) چُھپا ہوا۔ نہاں (۲) در پردہ۔ غائب۔ پردے میں۔

پوکر (Poker) (انگ۔ ا۔ مذ) تاش کا ایک کھیل۔

پوکنا (اَر۔ مص) گھوڑے کا پتلی لید کرنا۔

پوکھر (پو۔ کھر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تالاب۔ جوہڑ (۲) (پٹے بازی) ایک ضرب جو مقابل کی کمر پر لگاتے ہیں۔

پُوَل (پ۔ وَل) (ق۔ ا۔ مث) اولاد۔ بچّے۔

پول (Pole) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ (۲) بانس۔ کھمبا (۳) (صف) پولینڈ کا باشندہ۔

پول (واو مجہول) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) کھوکھلا پن۔ جوف۔ خلا (۲) (قصابوں کی اِصطلاح) گوشت۔

پول کُھلنا (اَر۔ محاورہ) حقیقت کا آشکار ہونا۔ عیب کُھل جانا۔

پول کھولنا (اَر۔ محاورہ) پول کُھلنا کا متعدی۔

پولا (پو۔ لا) (واو مجہول) (ہ۔ صف) (۱) خالی۔ جوف دار۔ کھوکھلا (۲) نرم۔ ملائم۔ نازک (۳) ہلکا۔

پُولا (پُو۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) مُٹھا۔ گٹھا۔ گھاس پھونس کا گٹھا۔

پولاد (پُو۔ لاد) (پَو۔ لاد) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) فولاد۔ نہایت عُمدہ لوہا (۲) (صف) سخت۔ مضبوط۔ پکّا۔ مستحکم۔ تیز دیکھئے فولاد۔

پولٹ بیورو (Polit Bureau) (انگ۔ ا۔ مذ) پولیٹیکل بیورو (Political Bureau) کا مخفف (انگ۔ ا۔ مذ) کمیونسٹ پارٹیوں کا مرکزی ادارہ۔

پُولک (پُو۔ لک) (ہ۔ ا۔ مذ) تیر کا چھوٹا پھل (۲) گھاس کا مُٹھا جسے لمبے بانس کے سرے پر باندھ کر مست ہاتھی کو ڈراتے ہیں۔

پولنگ (Polling) (انگ۔ ا۔ مث) رائے دہندگان کا ووٹ ڈالنے کے لئے کسی خاص جگہ جمع ہونا۔ رائے دہندگی۔

پولنگ اِسٹیشن (Polling Station) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ مقام جہاں رائے دہندگان اپنا ووٹ ڈالتے ہیں۔

پولنگ بُوتھ (Polling Booth) (انگ۔ ا۔ مذ) انتخاب میں ووٹ ڈالنے کی جگہ۔

پولو (Polo) (انگ۔ ا۔ مذ و مث) چوگان۔ ایک کھیل جو لکڑی کی گیند اور لمبے ڈنڈے سے گھوڑے پر چڑھ کر کھیلتے ہیں۔

پولی (واو مجہول) (ہ۔ صف) پولا کی تانیث۔ کھوکھلی۔ نرم۔

پُولی (واو معروف) (ہ۔ ا۔ مث) پُولا کی تصغیر۔ چھوٹا مُٹھا یا گٹھا (۲) کہاروں کی قطار۔

پَولی (ہ۔ ا۔ مث) دروازہ۔ دہلیز (۲) چار آنے کا سکّہ۔ چونّی (ق۔ ا۔ مذ) شہد کا چھتا۔

پولیس (Police) (انگ۔ ا۔ مث) وہ محکمہ جو انسدادِ جرائم اور امنِ عامہ قائم رکھنے کا کام کرتا ہے۔ تھانے کے ملازمین۔

پولیس اِسٹیشن (Police Station) (انگ۔ ا۔ مذ) تھانہ۔ پولیس کی چوکی۔

پولیس مین (Police Man) (انگ۔ ا۔ مذ) پولیس کا سپاہی۔ کانسٹیبل۔

پولیٹکل (Political) (انگ۔ صف) سیاسی۔

پولیٹکل ایجنٹ (Political Agent) (انگ۔ ا۔ مذ) سیاسی کارندہ۔ پاکستان کے شمال مغربی علاقوں اور آزاد علاقوں میں حکومت کا نمایندہ۔

پولیٹکل ڈپارٹمنٹ (Political Department) (انگ۔ ا۔ مذ) محکمہ سیاسی۔ وہ محکمہ جس کا تعلق سیاسی اُمور اور تعلقاتِ خارجہ سے ہو۔

پَون (ہ۔ صف) تین چوتھائی۔ $\frac{3}{4}$ ۔

پَوں (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ریح نکلنے کی باریک آواز (۲) عاجز ہونے' چیں بولنے کے وقت مزاحاً کہا جاتا ہے۔

پَوں بولنا (اَر۔ محاورہ) (۱) عاجز ہونا۔ چیں بولنا (۲) دیوالا نکلنا۔ مُفلس ہونا۔

پَوَن (پَ۔ وَن) (س۔ ا۔ مث) (۱) ہوا۔ باد (۲) روح۔ سانس (۳) بدروح۔ جادوگر کا مؤکل۔

پون بٹھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) مؤکل بٹھانا (۲) جادو کرنا۔ سحر کرنا۔

پون پرچھا (ہ۔ ا۔ مث) ہوا کا اِمتحان۔ ہوا کے رُخ کی تحقیق۔

پون چکّی (ہ۔ ا۔ مث) ہوا سے چلنے والی چکّی۔

پون چلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) جادوئی موٹھ مارنا۔ جادو کرنا (۲) ہوا چلانا۔

پون کا پُوت (پَون کُمار) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہنومان کا لقب (۲) مہابیر (۳) ناگ۔ سانپ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پَونا (پَو۔نا) (ص۔ل۔عددِ کسری) (۱) تین چوتھائی۔ چار حصّوں میں سے تین حصّے۔ ۳/۴۔ پون (۲) (ص۔ل۔مذ) تین چوتھائی کا پہاڑا (۳) کھنڈ لکنی۔ ٹوٹا چاول (۴) کفگیر۔

پونا (پو۔نا) (ف۔مص) (۱) تنور گرم کرنا۔ روٹی تیار کرنا (۲) موتیوں یا سُوئی میں دھاگا ڈالنا۔

پُونجی (پُوں۔جی) (ھ۔ل۔مث) (۱) مال۔ دولت۔ سرمایہ۔ راسُ المال۔ اصل زر۔ ملکیت۔ جائداد (۲) حقیقت۔ اصلیت۔ بساط۔ حوصلہ۔

پَونچا (پَوں۔چا) (ھ۔ل۔مذ) ساڑھے پانچ کا پہاڑا۔

پُونچھ (واو معروف) (نُون غنّہ) (ھ۔ل۔مث) (۱) دُم (۲) (صف) دُم چھلا۔ طفیلی۔ چمچہ لگو۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔

پونچھ پانچھ کے (واو مجہول) (نُون غنّہ) (ار۔متعلق فعل) صاف کر کے۔ جھاڑ کے۔

پُونچھڑی (پُونچھ۔ڑی) (ھ۔ل۔مث) پُونچھ کی تصغیر (۱) چھوٹی دُم۔ ہلکی پُونچھ (۲) وہ پانی جو ناؤ میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے (۳) وہ پانی جو رَو کے آنے سے پہلے نالے میں آتا ہے۔

پونچھن (پوں۔چھن) (واو مجہول) (نُون غنّہ) (ھ۔ل۔مث) (۱) پونچھن۔ صافی۔ وہ کپڑا جس سے کوئی چیز صاف کی جائے (۲) بقیّہ۔ بچا کھچا۔ کھرچن۔

پونچھنا (پونچھ۔نا) (واو مجہول) (نُون غنّہ) (ھ۔مص) صاف کرنا۔ مٹی جھاڑنا۔ آلائش پاک کرنا۔

پونڈ (Pound) (انگ۔ل۔مذ) بیس شلنگ کا انگریزی سِکّہ (۲) انگریزی وزن یا باٹ جو سولہ اونس یا آدھ کلو کے برابر ہوتا ہے۔ نیز دیکھیے پاؤنڈ۔

پونڈا (پوں۔ڈا) (ھ۔ل۔مذ) موٹا گنّا۔

پونکا (پوں۔کا) (واو مجہول) (ھ۔ل۔مذ) کیڑا۔ سیب کا کیڑا۔

پونکنا (پونک۔نا) (واو مجہول) (نُون غنّہ) (ھ۔مص) دیکھیے پوکنا۔

پونگا (پوں۔گا) (واو مجہول) (ھ۔صف) (۱) لمبا بانس۔ بانس کی پوری (۲) ایک قسم کا ڈھول (۳) پاؤں کی نلی (۴) (صف) کھوکھلا۔ پولا۔ خالی (۵) بیوقوف۔

پونگی (پوں۔گی) (واو مجہول) (ھ۔ل۔مث) بِین۔ تونبے کا بنا ہوا ایک باجا جسے سپیرے بجاتے ہیں۔

پونگی پھل (ھ۔ل۔مث) چھالیہ۔ سپاری۔

پونگڑیاں (ق۔ل۔مذ) اولاد۔ بال بچّے۔

پُونَو (پُو۔نَو) (ھ۔ل۔مث) پُورن ماشی۔ پورے چاند کی تاریخ۔

پُونی (پُو۔نی) (ھ۔ل۔مث) (۱) رُوئی کی بتّی جو کاتنے کی غرض سے بنائی جاتی ہے (۲) قلیل مقدار۔ ذرا سی۔

پَونے ـ دیکھیے پَون اور پَونا جس کی یہ جمع اور مُغیّرہ صورت ہے۔

پَونیا (پَون۔یا) (ھ۔ل۔مذ) وہ کپڑا جس کا عرض معمولی عرض سے کم ہو۔ وہ کپڑے کا تھان جس کا طول دُوسرے تھانوں سے کم ہو۔

پوہ (ھ۔ل۔مذ) دیکھیے پُوس۔

پوہنا (پوہ۔نا) (واو مجہول) (ھ۔مص) روٹی پکانا۔

پویا (پو۔یہ) (ف۔ل۔مذ) (۱) دوڑ (۲) گھوڑے کی درمیانی رفتار۔ دُلکی چال۔

پ ـ ہ

پِہ (پِہ۔پہ) (بفتح اوّل و بکسر اوّل) (ار۔حرف جار) (۱) پَر کا مخفف۔ لیکن۔ مگر۔ اِلّا (۲) اُوپر۔

پَہاڑ (ھ۔ل۔مذ) زمین کی مرتفع سطح جو پتھریلی اور سخت ہو۔ پربت۔ کوہ۔ جبل (۲) (صف) بھاری۔ مشکل۔ سخت۔ دُشوار (۳) قدآور۔ جمع: پہاڑ۔ پہاڑوں۔

پہاڑ اُٹھانا (ار۔محاورہ) مشکل کام کرنا۔ اہم کام کرنا۔

پہاڑ تلی (ھ۔ل۔مث) دیکھیے پہاڑ کا دامن۔

پہاڑ ٹلنا (ار۔محاورہ) مُصیبت دُور ہونا۔ مشکل رفع ہونا۔

پہاڑ ٹوٹنا (ٹوٹ پڑنا) (ار۔محاورہ) مُصیبت نازل ہونا۔ رنج و غم کی کثرت ہونا۔

پہاڑ ڈھانا (ار۔محاورہ) بہت ظلم کرنا۔ مُصیبت لانا۔

پہاڑ (سی) زندگی (ار۔ل۔مث) طویل اور ناگوار زندگی۔

پہاڑ سا دن (ار۔ل۔مذ) بہت لمبا دن۔ وہ دن جو کسی مُصیبت یا تکلیف کے باعث گزارنا مشکل ہو رہا ہو۔

پہاڑ سی رات (ار۔ل۔مث) لمبی رات۔ وہ رات جو کسی مُصیبت یا تکلیف کے باعث گزارنی مشکل ہو۔

پہاڑ سے ٹکر لینا (ار۔محاورہ) طاقتور سے مقابلہ کرنا۔ زبردست سے زور آزمانا۔

پہاڑ کاٹنا (ار۔محاورہ) مشکل کام کرنا۔ دُشوار کام کرنا۔

پہاڑ کا دامن (ار۔ل۔مذ) پہاڑ کی تلیٹی۔ ترائی۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان۔ دامنِ کوہ۔

پہاڑ کی چوٹی (ار۔ل۔مث) پہاڑ کا سر۔ پہاڑ کی بلندی۔

پہاڑ کی ڈانک (ھ۔ل۔مث) سلسلۂ کوہ۔ پہاڑوں کی لمبی قطار۔

پہاڑ کی گھاٹی (ھ۔ل۔مث) درّۂ کوہ۔ پہاڑوں کا درمیانی راستہ۔

پہاڑ کے آگے رائی (ار۔مثل) بڑی چیز کے مقابلے میں بہت چھوٹی چیز۔

پہاڑ گِرنا (ار۔محاورہ) اچانک مُصیبت آنا۔

پہاڑ گزرنا (ار۔محاورہ) ناگوار ہونا۔ ناپسند ہونا۔ دُشوار گزرنا۔ دوبھر ہونا۔

پہاڑ والی (ھ۔ل۔مث) سیتلا۔ ماتا۔ چیچک (۲) کالکا دیوی جو پہاڑ پر رہتی ہے۔

پہاڑ ہو جانا (ار۔محاورہ) مشکل ہونا۔ کٹھن ہونا۔ دُشوار ہونا۔ دُوبھر ہونا۔

پَہاڑا (پَ۔ہا۔ڑا) (ھ۔ل۔مذ) ضرب کا گُر۔ گِننے کا قاعدہ۔ ذہنی ضرب۔ وہ ضرب دیے ہوئے عدد جو بچّوں کو حفظ کرائے جاتے ہیں۔

پَہاڑَن (پَ۔ہا۔ڑَن) (ھ۔ل۔مث) پہاڑی کی تانیث۔

پَہاڑوا (پَ۔ہاڑ۔وا) (ھ۔ل۔مذ) (۱) آتی پاتی کا کھیل جسے بچّے کھیلتے ہیں (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(صف) پہاڑی۔ کوہی۔ پہاڑیا۔ پہاڑ کا (۳) وہ ہوا جو پہاڑ کی طرف سے آئے۔ شمالی ہوا (۵) شمالی۔ اُتری۔

پہاڑی (پہ۔ ہا۔ ڑی) (و۔ ا۔ مث) پہاڑ کی تصغیر۔ چھوٹا پہاڑ۔ ڈونگری (۲) پہاڑی زبان (۳) ایک راگنی (۴) (صف) پہاڑی علاقے کا رہنے والا۔

پہاڑی کوّا (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) نہایت سیاہ اور بھاری آواز والا کوّا جو پہاڑوں پر ہوتا ہے۔

پہاڑیا (پہ۔ ہاڑ۔ یا) (و۔ صف) دیکھئے پہاڑی نمبر ۴۔

پہاڑیے (پہ۔ ہاڑ۔ یے) (و۔ صف) پہاڑیا کی جمع۔

پہاڑیے میت کس کے' بھات کھایا اور کھسکے (و۔ مثل) پہاڑی لوگ کسی کے دوست نہیں ہوتے۔ کھا پی کر چلتے بنتے ہیں۔ اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص غرض پوری ہوتے ہی چلا جائے۔

پہچان (پہ۔ چان) (و۔ ا۔ مث) (۱) واقفیت۔ شناسائی (۲) تمیز۔ ذرک۔ سمجھ (۳) نشانی۔ علامت۔

پہچاننا (پہ۔ چان۔ نا) (و۔ مص) (۱) جاننا۔ شناخت کرنا (۲) معلوم کرنا۔ سمجھنا۔

پہڈا (پہ۔ ہڑ۔ ڈا) (و۔ ا۔ مذ) طاقچہ۔ دیوار یا کوئیں کی دیوار میں چھید جس میں پاؤں رکھ کر چڑھتے اور اترتے ہیں۔

پہر (پہ۔ ہر) (پہر) (و۔ ا۔ مذ) تین گھنٹے کا وقفہ۔ دن کا چوتھائی حصّہ۔ دن رات کے چوبیس گھنٹوں کا آٹھواں حصّہ۔ جمع: پہر۔ پہروں۔

پہر بجنا (اَر۔ محاورہ) ہر پہر گزرنے پر نوبت یا گھنٹے کا بجنا۔

پہر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) خاموش رہنا۔ چپ بیٹھنا۔

پہر دن چڑھے (اَر۔ متعلق فعل) سورج نکلنے کے کچھ دیر بعد۔

پہر رات گئے (اَر۔ متعلق فعل) رات کا ایک حصّہ گزرنے پر۔

پہرا (پہ۔ را) (و۔ ا۔ مذ) (۱) چوکی۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ دیکھ بھال۔ دربانی (۲) حراست (۳) وقت۔ زمانہ (۴) گارد (۵) گشت۔ جمع: پہروں۔ پہرے۔

پہرا بدلوانا (اَر۔ محاورہ) دوسرے کو چارج دینا۔ ایک چوکیدار کا دوسرے کو اپنی جگہ بٹھانا۔

پہرا بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نگرانی ہونا۔ پہرا لگنا۔ چوکی بیٹھنا۔ دربان مقرر ہونا (۲) حراست میں ہونا۔ مقید ہونا۔

پہرا چوکی بٹھانا (اَر۔ محاورہ) محافظ مقرر کرنا۔

پہرا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) حفاظت کرنا۔ نگرانی کرنا۔ دربانی کرنا۔ حراست میں رکھنا۔ نگاہ میں رکھنا۔

پہراونی (پہ۔ را۔ ؤ۔ نی) (و۔ ا۔ مث) (۱) بیاہ شادی میں رشتے دار عورتوں کو دیئے جانے والے جوڑے (۲) پوشاک پہنانے والی عورت۔

پہروں (پہ۔ روں) (و۔ ا۔ مذ) (۱) پہر کی جمع (۲) (متعلق فعل) دیر تک۔ مدت تک۔

پہرے (و۔ ا۔ مذ) (۱) پہرا کی جمع (۲) پہرا کی مغیرہ صورت۔

پہرے پر کھڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) نگراں ہونا۔ پہرے کی ڈیوٹی پر ہونا۔

پہرے دار (اَر۔ ا۔ مذ) سنتری۔ چوکیدار۔ محافظ۔ دربان۔ رکھوالا۔

پہل (پہ۔ ہَل) (پہ۔ ہِل) (و۔ ا۔ مذ) (۱) ابتدا۔ شروع (۲) روئی کا گالا (۳) کونا۔ گوشہ (۴) جانب۔ رُخ (۵) آلو بونے کے لئے تیار کیا ہوا کھیت یا کیاری۔

پہل رُوپ (و۔ ا۔ مذ) انڈے سے نکلنے کے بعد کیڑے کی اوّلین حالت۔ لاروا۔

پہل کار (اَر۔ ا۔ مذ) پہل کاری کرنے والا۔

پہل کاری (اَر۔ ا۔ مث) نگینے کا مصنوعی کٹاؤ جو سان پر گھس کر بنایا جاتا ہے۔

پہل کرنا (اَر۔ محاورہ) اِبتدا کرنا۔ شروع کرنا۔ آغاز کرنا۔

پہلا (پہ۔ لا) (و۔ صف) (۱) اوّل کا۔ شروع کا۔ اِبتدائی۔ اوّلین (۲) پُرانا۔

پہلا پھل (اَر۔ ا۔ مذ) وہ پھل جو درخت سے سب سے پہلے اترے (۲) پہلوٹھی کا بچہ۔

پہلا پھول (اَر۔ ا۔ مذ) پہلا حمل۔

پہلا وار ہے (اَر۔ مثل) ابھی کیا ہے۔ ایسے بہت سے معاملات پیش آئیں گے۔

پہلو (پہ۔ لو) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کروٹ۔ بغل۔ کوکھ۔ بازو (۲) طرف۔ سمت (۳) نگینے یا الماس کی کٹی ہوئی چمکیلی سطح (۴) گوشہ۔ کنارہ (۵) تکیہ۔ سہارا (۶) چوکھٹ۔ کواڑ (۷) ترکیب۔ نکتہ۔ ڈھب۔ اُردو جمع: پہلو۔ پہلوؤں (۸) (متعلق فعل) رُوبرو۔ سامنے۔ برابر۔ آگے۔

پہلو آباد کرنا (اَر۔ محاورہ) پہلو گرم کرنا۔ معشوق کا پاس بیٹھنا۔

پہلو بچانا (اَر۔ محاورہ) کنارہ کرنا۔ علیحدہ ہو جانا۔ حیلہ نکالنا۔ تدبیر کرنا۔

پہلو بدلنا (اَر۔ محاورہ) کروٹیں لینا (۲) دوسری طرز اختیار کرنا (۳) انداز بدلنا۔

پہلو بسانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پڑوس آباد کرنا۔ ہمسایہ ہونا۔ قریب آکر رہنا (۲) پاس رہنا۔ بغل میں لیٹنا (۳) وصل ہونا (۴) پہلو بہ پہلو بیٹھنا (۵) قبر کے پہلو میں دفن ہونا۔

پہلو بستر سے نہ لگنا (اَر۔ محاورہ) سخت بے چین ہونا۔

پہلو بہ پہلو (ف۔ صف) ساتھ ساتھ۔ برابر۔

پہلو پر (اَر۔ متعلق فعل) رُخ پر (۲) حمایت پر (۳) ایک طرف۔

پہلو پر نہ آنا (اَر۔ محاورہ) کہانہ ماننا۔

پہلو پھیرنا (اَر۔ محاورہ) طریقہ بدلنا۔ روش بدلنا۔

پہلو تہی کرنا (اَر۔ محاورہ) لغوی معنی پہلو خالی کرنا۔ کنارہ کشی کرنا۔ کترانا۔ ٹال مٹول کرنا۔ سہارا نہ دینا۔ اِجتناب کرنا۔

پہلو چلنا (اَر۔ محاورہ) تدبیر کارگر ہونا۔

پہلو داب کر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) قریب ہو کر بیٹھنا۔

پہلو دار (ف۔ صف) (۱) گوشے والی۔ کنارہ دار (۲) تکیے دار۔ سہارے والی جیسے پہلو دار کرسی (۳) دو رُخی۔ رمزی کنایہ کی بات (۴) مشتبہ۔ مبہم۔

پہلو دبا جانا (اَر۔ محاورہ) حال چھپا جانا۔

پہلو ڈھونڈنا (اَر۔ محاورہ) موقع تلاش کرنا۔

پہلو سوچنا (اَر۔ محاورہ) حیلہ سوچنا۔ تدبیر سوچنا۔

پہلو گرم کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آغوش میں بیٹھنا یا بٹھانا (۲) بغل میں لیٹنا یا لٹانا۔

پہلو مارنا (اَر۔ محاورہ) برابری کرنا۔ ہمسری کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پہلو میں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) صحبت میں رہنا۔ پاس رہنا۔ قریب رہنا۔

پہلو نکالنا (اُر۔ محاورہ) تدبیر سوچنا۔ موقع نکالنا۔ ڈھب بنانا۔

پہلو نکلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ڈھب پانا۔ موقع پانا۔ تدبیر نکلنا (۲) بھید معلوم کرنا۔

پہلوان (پَہل۔وان) (ف۔ا۔مذ) (۱) کشتی لڑنے والا۔ کشتی کے فن سے واقف (۲) (صف) بہادر۔ دلیر۔ جنگجو (۳) توانا۔ طاقتور فارسی جمع: پہلوانان۔ اُردو جمع: پہلوان۔ پہلوانوں۔

پہلوانی (پَہل۔وا۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) ورزش۔ کسرت۔ کشتی۔ زور آوری۔ قوت۔ توانائی۔

پہلوٹا (پہلوٹھا)۔ دیکھیے پلوٹھا۔

پہلوٹی (پہلوٹھی)۔ دیکھیے پلوٹھی۔

پہلوی (پَہ۔لَ۔وی) (ف۔ا۔مث) پرانی ساسانی عہد کی فارسی زبان۔

پہلی (پہ۔لی) (و۔صف) ابتدائی۔ سابقہ۔ پہلا کی تانیث۔

پہلی بسم اللہ ہی غلط (اُر۔مثل) شروع ہی سے کام خراب۔ آغاز خراب۔

پہلے (و۔صف) (۱) پہلا کی جمع (۲) پہلا کی مغیرہ صورت۔

پہلے آپ پیچھے باپ (اُر۔مثل) آدمی پہلے اپنا فائدہ سوچتا ہے' بعد میں دُوسروں کا۔

پہلے پہرے سب کوئی جاگے۔ دُوسرے پہرے بھوگی۔ تیسرے پہرے چور جاگے۔ چوتھے پہرے جوگی (و۔مثل) رات کے پہلے پہر میں سب لوگ جاگتے ہیں۔ دوسرے پہر میں شادی شدہ جاگتے ہیں۔ تیسرے پہر میں چور اور چوتھے پہر میں عبادت کرنے والا جاگتا ہے۔

پہلے پہل (اُر۔ متعلق فعل) (۱) اوّل اوّل۔ شروع میں۔ ابتدا میں۔

پہلے گھر میں' پیچھے مسجد میں (اُر۔مثل) گھر سے بچے تو مسجد میں دے۔ اوّل خویش بعد درویش۔

پہلے مارے سو میری (اُر۔مثل) جو پہلے وار کرے عموماً وہی جیتتا ہے۔

پہلے ہی بوسے میں گال کاٹا (اُر۔مثل) ملاقات ہوتے ہی زک دیا۔

پہنا (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) (۱) عرض (۲) کشادگی۔ فراخی (۳) (صف) کشادہ۔

پہن (پ۔ہَن) (ف۔ا۔مذ) (۱) دُودھ جو محبت کے جوش میں ماں کی چھاتیوں میں بھر آئے (۲) (و۔فعل) پہننا مصدر کا صیغہ امر۔

پہنا (پہ۔نا) (ف۔صف) عریض۔ چوڑا۔ کشادہ۔ فراخ۔ بڑے پنے کا۔

پہنانا (پہ۔نا۔نا) (و۔مص) زیب بدن کرانا۔ لباس یا زیور سے آراستہ کرنا۔ پہننا مصدر کا متعدی۔

پہناوا (پہ۔نا۔وا) (و۔ا۔مذ) (۱) لباس۔ پوشاک (۲) زیور۔ گہنا (۳) اوڑھنے پہننے کا رواج اور طریق۔

پہنائی (پہ۔نا۔ای) (ف۔ا۔مث) (۱) چوڑائی۔ پنا۔ عرض۔ فراخی۔ کشادگی۔

پہنچ (پَ۔ہَنچ) (و۔ا۔مث) (۱) رسائی۔ دخل۔ باریابی۔ دسترس (۲) رسید۔ اطلاع۔ خبر۔ وصولی۔ آمد۔

پہنچا (پہ۔ہنچا) (نون غنہ) (و۔ا۔مذ) (۱) کلائی۔ ساعد۔ جمع: پہنچوں۔ پہنچے (۲) پہنچنا مصدر کا صیغہ ماضی۔ آیا۔ ملا۔ وصول ہوا (۳) باریاب ہوا۔

پہنچا ہوا (اُر۔صف) (۱) رسا۔ باریاب (۲) وصول شدہ۔ آیا ہوا (۳) خُدا رسیدہ۔ اللہ والا (۴) آگاہ۔ باخبر (۵) تجربہ کار۔

پہنچانا (پہ۔ہنچا۔نا) (و۔مص) (۱) داخل کرانا۔ باریاب کرانا (۲) بھیجنا۔ لے جا کر دینا۔

پہنچنا (پ۔ہنچ۔نا) (و۔مص) (۱) رسائی پانا۔ باریاب ہونا۔ داخل ہونا (۲) راستہ طے ہونا (۳) ملنا۔ آنا۔ جانا (۴) واقف ہونا۔ خبردار ہونا (۵) سوچنا۔ غور کرنا (۶) تمام کرنا (۷) پختہ کار بننا (۸) خُدا رسیدہ ہونا (۹) سرایت کرنا (۱۰) قابو پانا (۱۱) تعلق کرنا۔

پہنچی (پ۔ہنچی) (و۔ا۔مث) (۱) کلائی (۲) ایک زیور جو کلائی میں پہنا جاتا ہے۔ جمع: پہنچیاں۔ پہنچیوں (۳) پہنچنا کا ماضی (مؤنث) پہنچ گئی۔ وصول ہوگئی۔

پہننا (پ۔ہن۔نا) (و۔مص) (۱) کپڑا بدن پر ڈالنا (۲) گلے' کلائی' پیروں یا انگلیوں کو زیور سے سجانا (۳) کسی چیز کا بدن کے کسی حصے پر استعمال کرنا' جیسے ہار پہننا۔ انگوٹھی پہننا۔

پہنی (پ۔ہن۔نی) (و۔ا۔مث) وہ مخروطی لکڑی جو بڑھئی تختے چیرتے وقت شگاف کھلا رکھنے کے لئے شگاف میں رکھتے ہیں۔

پہیا (پ۔ہیَ۔یا) (و۔ا۔مذ) (۱) حلقہ۔ چکر۔ چرخی (۲) گاڑی کا وہ حصّہ جو زمین پر چلتا ہے۔ جمع: پہیوں۔ پہیے۔

پہیا پھری ناک (اُر۔ا۔مث) بیٹھی ہوئی ناک۔ چپٹی ناک۔

پہیلی (پ۔ہے۔لی) (و۔ا۔مث) بُجھارت۔ چیستان۔ معمّہ۔ جمع: پہیلیاں۔ پہیلیوں۔

پہیلی بُجھوانا (اُر۔مص) (۱) پہیلی کا مطلب پُوچھنا (۲) گول مول بات کرنا۔ ایسی بات کرنا جس کا مطلب واضح نہ ہو۔

پہیلی بُوجھنا (اُر۔مصدر) پہیلی کا حل بتانا۔ چیستان حل کرنا۔

پھ

پھاپا کٹنی (پھاپھا کٹنی) (اُر۔ا۔مث) نہایت عیّار اور چالاک عورت۔ دلالہ۔ جمع: پھاپھا کٹنیاں۔ کٹنیوں۔

پھاٹ (و۔ا۔مث) (۱) حصّہ داروں میں معاملے کی تقسیم۔ لگان یا مال گزاری کی تقسیم۔

پھاٹک (پھا۔ٹک) (و۔ا۔مذ) (۱) بڑا دروازہ (۲) کانجی ہاؤس۔ باڑا۔ احاطہ۔ آوارہ مویشیوں کو بند کرنے کا مکان (۳) عدالت کا کٹہرا جہاں مدّعی اور مدّعا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

علیہ کھڑے کئے جاتے ہیں۔ جمع: پھاٹک۔ پھاٹکوں۔

پھاٹک بندی (اَر۔ اِ۔ مث) قید۔ حراست۔ گرفتاری۔

پھاٹک دار (اَر۔ اِ۔ مذ) دربان۔ ڈیوڑھی بان۔ مُحافظ۔ پہرے دار۔ پاسبان۔

پھاڑ (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) شگاف۔ چاک۔ کھونچ۔ دراڑ (۲) ٹکڑا۔ پھانک (۳) (ہ۔ فعل) پھاڑنا مصدر کا امر۔

پھاڑ کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کاٹ کھانا۔ بھنبھوڑنا۔ چیر ڈالنا (۲) بہت غصّے ہونا۔ ناراض ہونا۔ جھنجھلانا (۳) سخت ناگوار بات کہنا۔

پھاڑ کھانے کو دوڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کاٹنے کو دوڑنا (۲) بہت جھنجھلانا۔ بھڑک اُٹھنا (۳) نہایت بدمزاجی سے پیش آنا۔

پھاڑ کھاؤ (کھا۔ اُو) (اَر۔ صف) (۱) پھاڑ کھانے والا۔ درندہ (۲) غُصیل۔ بدمزاج۔ خونخوار۔ جلّاد۔

پھاڑنا (پھاڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) چیرنا۔ شق کرنا (۲) بھنبھوڑنا۔ کاٹنا (۳) قطع کرنا۔ بیونتنا۔ کترنا (۴) کھولنا۔ پھیلانا، جیسے مُنہ پھاڑنا (۵) الگ کرنا۔ جدا کرنا۔ فرق ڈالنا (۶) دُودھ کا (لاگ لگاکر) پانی نکالنا۔

پھاگ (ہ۔ اِ۔ مذ) پھاگن کا تہوار۔ ہولی (۲) خوشی۔ سرور۔ آنند۔ عیش (۳) بے فکری۔ راگ رنگ۔ ہولی کے کھیل تماشے۔

پھاگ کھیلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہولی منانا۔ خوشی کرنا (۲) مسرور ہونا۔ عیش کرنا۔ لُطف اُٹھانا۔ رنگ رلیاں منانا۔

پھاگن (پھا۔ گُن) (پھا۔ گن) (ہ۔ اِ۔ مذ) ہندی سال کا گیارھواں مہینا۔ وسط فروری سے وسط مارچ تک۔

پھال (پھالا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) زمین جوتنے کا آلہ جو ہل میں لگایا جاتا ہے (۲) پھاہا۔ سپاری (۳) مہادیو (بھگوان شِو) کا لقب۔

پھالی (ہ۔ اِ۔ مث) پھال کی تصغیر۔ نوکدار آلہ جو زمین کھودنے کے لئے ہل میں لگاتے ہیں (۲) (ق۔ اِ۔ مذ) شیرخوار بچے کا تن ڈھانپنے کا کپڑا۔

پھان (ہ۔ اِ۔ مذ) پھندا۔

پھانا (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) وہ لکڑی جو موچی جوتا کشادہ کرنے کے لئے رکھتے ہیں (۲) وہ لکڑی یا لوہے کی بڑی کیل جو آرہ کش یا لکڑ ہارے لکڑی چیرنے پھاڑنے میں درز کشادہ کرنے کے لئے اس میں رکھتے ہیں۔ پچڑ۔ (فارسی فانہ کا بگاڑ ہے)۔

پھانٹ (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مذ) گاؤں کا افسر۔

پھانٹا (پھاں۔ ٹا) (ہ۔ ق۔ اِ۔ مث) شاخ۔

پھانجنا (پھانج۔ نا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ق۔ مص) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ قیمہ قیمہ کرنا۔

پھاند (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) بال یا تانت کا پھندا (۲) دام۔ جال۔ پھندا (۳) چھلانگ۔ قلانچ۔ پھلانگ۔ جست۔ کود۔

پھاند (لگانا) مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دام پھیلانا۔ جال بچھانا۔ پھندا لگانا (۲) فریب کرنا۔ دھوکا دینا (۳) کودنا۔ جست کرنا۔ پھلانگنا۔ زقند لگانا۔

پھاندا (پھاں۔ دا) (ہ۔ ق۔ اِ۔ مذ) پھندا۔ جال۔ کمند۔

پھاندنا (پھاند۔ نا) (اَر۔ مص) کودنا۔ پھلانگنا۔ جست لگانا (۲) پھندا لگانا (۳) نر جانور کا مادہ پر چڑھنا۔

پھاندی (پھاں۔ دی) (ہ۔ اِ۔ مث) کنوں کا گٹھا۔

پھانس (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) لکڑی، بانس یا بان کا ریشہ جو جسم میں چُبھ جاتا ہے (۲) روحانی تکلیف (۳) خلش۔ دُکھ۔ رنج۔ اندیشہ۔ فکر۔ جمع: پھانسوں۔ پھانسیں۔

پھانس چُبھنا (اَر۔ مص) (۱) لکڑی وغیرہ کے ریشے کا بدن میں داخل ہونا (۲) (محاورہ) خلش ہونا۔ بے چین ہونا (۳) پھانسنا مصدر کا صیغہ امر۔

پھانس کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) پھانس چبھنے سے درد ہونا (۲) کسی سے دُشمنی کی وجہ سے بے چینی ہونا۔

پھانس لانا (لینا) (اَر۔ محاورہ) (۱) دھوکا دے کر قابو میں کرنا۔ پھنسا لانا۔ بیچ میں لانا۔

پھانس لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تنکا چُبھ جانا (۲) تکلیف ہونا۔

پھانسا (پھاں۔ سا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) پھندا۔ جال (۲) پاسا۔

پھانسنا (پھانس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گرفتار کرنا (۲) فریب دینا۔ دھوکا کرنا (۳) قابو میں کرنا (۴) مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔ داؤ کرنا (۵) کنوئیں میں ڈول ڈالنا (۶) شریکِ جُرم کرنا (۷) اِلزام لگانا۔

پھانسی (پھاں۔ سی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) کمند۔ پھندا۔ بند (۲) گردن میں رسّی ڈال کر گلا گھونٹنے کا عمل (۳) سزائے موت۔ سُولی۔ جمع: پھانسیاں۔ پھانسیوں۔

پھانسی پانا (اَر۔ محاورہ) سُولی چڑھنا۔ پھانسی کے ذریعے سے ہلاک کیا جانا۔

پھانسی دینا (اَر۔ محاورہ) سُولی دینا۔ گلے میں رسّی کا پھندا ڈال کر ہلاک کرنا۔

پھانسی کھڑی ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) پھانسی کا سامان تیار ہونا۔ پھانسی دینے کے لئے ستون گڑنا (۲) پھانسی کا وقت آنا۔

پھانسی کی ٹِکٹِکی (اَر۔ اِ۔ مث) لکڑی کا وہ ستون جس پر پھانسی کا پھندا لگا ہوتا ہے۔

پھانسی (لگنا) ہونا (اَر۔ محاورہ) سُولی لگنا۔ سزائے موت ہونا۔ پھانسی دیا جانا۔

پھانک (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) قاش ٹکڑا (پھل کا)۔ جمع: پھانکوں۔ پھانکیں۔

پھانکڑ (پھانکڑا) (پھاں۔ کڑ) (پھانک۔ ڑا) (ہ۔ صف) (۱) بانکا۔ ترچھا (۲) طاقتور۔ مضبوط (۳) بہادر۔

پھانکنا (پھانک۔ نا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ مص) (۱) سفوف یا دانے ایک دم مُنہ میں ڈال لینا (۲) جلد کھانا (۳) جلد جلد طے کرنا (۴) زیادہ خرچ کرنا (۵) جلد بولنا (۶) پھوٹ ڈالنا (۷) بھاگنا (ق)۔

پھانکی (پھاں۔ کی) (ہ۔ اِ۔ مث) سفوف یا دانے جو ایک دفعہ پھانکے جائیں۔ چٹکی (۲) پھل کا ٹکڑا۔ پھانک (۳) اِعتراض (۴) جھوٹی دلیل (۵) دھوکا۔ فریب۔

پھاوڑا (پھاو۔ ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) مٹی کھودنے کا آہنی آلہ جس میں پکڑنے کے

لئے بانس لگا ہوتا ہے۔ جمع: پھاوڑے۔ پھاوڑوں۔

پھاوڑا بجانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پھاوڑے سے آواز پیدا کرنا (۵) کھدائی کرنا۔ (۶) ڈھانا۔ گرانا۔

پھاوڑا سے دانت (اَر۔ اِ۔ مذ) بڑے بڑے دانت۔ بدزیب اور مُنہ سے باہر نکلے ہوئے دانت۔

پھاوڑا نہ کدال بڑا کھیت ہمارا (اَر۔ مثل) گرہ میں کچھ نہیں اور شیخیاں بگھارنا (۲) وہ کام ذمے لینا جو ہو نہ سکے۔

پھاوڑی (پھاو۔ ڑی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) چھوٹا پھاوڑا۔ پھاوڑا کی تصغیر (۲) ڈنٹر چلتے وقت ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی (۳) لید ہٹانے کے لئے لکڑی کا تختہ جس کے پیچھے پکڑنے کے لئے بانس لگا ہوتا ہے (۴) ظفر تکیہ۔ جوگیوں کی ٹیڑھی لکڑی۔

پھاہا (پھایا) (ہ۔ اِ۔ مذ) رُوئی یا کپڑا جس پر مرہم رکھ کر زخم پر چپکاتے ہیں۔ جمع: پھاہوں۔ پھاہے۔

پَھب (بفتح اوّل) (ہ۔ اِ۔ مث) زیب۔ زینت (۲) پھب۔ ادا (۳) تناسب۔ موزونی (۴) حُسن۔ خوبصورتی۔

پَھبتا (پھب۔ تا) (ہ۔ صف) موزوں۔ زیبا۔ سجتا۔ مناسب۔ لائق۔

پَھبتی (پھب۔ تی) (ہ۔ اِ۔ مث) مضحکہ خیز تشبیہ جو کسی پر چسپاں ہو جائے اور جس سے کسی کا مذاق اُڑایا جائے۔ ظریفانہ چست فقرہ جو کسی پر پھب جائے۔ جمع: پھبتیاں۔ پھبتیوں۔

پھبتی (پھبتیاں) اُڑانا (اَر۔ محاورہ) ہنسی اُڑانا۔ برمحل مذاق اُڑانا۔

پھبتی سُوجھنا (اَر۔ محاورہ) مناسب ظریفانہ تشبیہ کا خیال میں آنا۔

پھبتی کہنا (اَر۔ محاورہ) ظریفانہ تشبیہ دینا۔

پھبتی ہونا (اَر۔ محاورہ) بے ساختہ فقرہ چست ہونا۔

پھبڈنا (پھپڈنا) (پھ۔ بد۔ نا) (پھ۔ پد۔ نا) (ہ۔ مص) کثرت سے پاس پاس پھنسیاں نکلنا۔

پھبکنا (پھ۔ بک۔ نا) (ہ۔ مص) بڑھنا۔ اُگنا۔ نشوونما پانا (۲) موٹا تازہ ہونا۔

پَھبَن (پھ۔ بن) (ہ۔ اِ۔ مث) زیبائش۔ سجاوٹ۔ آرائش۔ تناسب۔ پھب۔

پَھبنا (پھب۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سجنا۔ زیب دینا۔ بھلا لگنا (۲) ٹھیک ہونا۔

پُھپّا (پُھپّھا) (پُھپ۔ پا) (پُھپ۔ پھا) (ہ۔ اِ۔ مذ) پھوپھی کا خاوند۔ باپ کی بہن کا خاوند۔ پھوپھا۔ جمع: پھپّوں۔ پھپّے۔

پَھپَٹ (پھپ۔ پٹ) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) فریب۔ مکر۔ دغا۔ شور وغل۔ فتنہ وفساد۔

پھپٹ باز (ہ۔ ف۔ صف) مکار۔ فریبی۔ فسادی۔

پھپٹ بازی (ہ۔ ف۔ اِ۔ مث) مکاری۔ چالاکی۔ فتنہ انگیزی۔ عیاری۔

پھپٹ بائی (ہ۔ صف۔ و۔ اِ۔ مث) جھگڑالو عورت۔ مکّار، فسادن عورت۔

پَھپَڑ دَلالے (پھپڑے) (پھ۔ پڑ۔ د۔ لا۔ لے) (پھپ۔ ڑے) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) مکر۔ فریب (۲) جھوٹی خوشامد۔ ظاہری باتیں۔

پَھپّس (پھپ۔ پس) (ہ۔ صف) (۱) پھولا ہوا۔ بھدا۔ موٹا۔ فربہ (۲) وہ چیز جو اندر سے پولی اور خالی ہو۔

پَھپسا (پھپ۔ سا) (ہ۔ صف) (۱) پھولا ہوا۔ پولا۔ اندر سے خالی۔ پھپّس (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔

پَھپکا (پھپ۔ کا) (ہ۔ اِ۔ مذ) آبلہ۔ چھالا۔ پھپھولا۔

پُھپکار (پُھپ۔ کار) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) سانپ کی طرح پھنکارنے کی آواز (۲) اسٹیم انجن کی آواز۔

پُھپکارنا (پُھپ۔ کار۔ نا) (ہ۔ مص) سانپ کی طرح پھنکارنا۔

پھپکنا (پھ۔ پک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جسم کا موٹا تازہ ہونا (۲) پودے کا بڑھنا (۳) کثرت سے پھنسیاں نکلنا۔

پھپولا (پھپھولا) (پھ۔ پو۔ لا) (پھ۔ پھو۔ لا) (ہ۔ اِ۔ مذ) چھالا۔ آبلہ۔ جمع: پھپولے۔ پھپولوں۔

پھپولا پڑنا (ہ۔ محاورہ) چھالا پڑنا۔ آبلہ نمودار ہونا۔

پھپھولے (پھ۔ پھولے) (۱) پھپولا کی جمع (۲) پھپولا کی مغیرہ صورت۔

پھپھولے پُھوٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آبلوں کا پانی نکلنا (۲) دل ٹھنڈا ہونا (۳) دُشمنی نکلنا۔

پھپھولے پھوڑنا (اَر۔ محاورہ) دل کا غصّہ نکالنا۔ جلن نکالنا۔ بدلہ لینا۔

پھپھولے والی (ہ۔ اِ۔ مث) سیتلا۔ چیچک۔

پُھپُھوندنا (پھ۔ پھوند۔ نا) (ہ۔ مص) پھپھوندی لگنا۔

پُھپُھوندی (پھ۔ پھوں۔ دی) (ہ۔ اِ۔ مث) وہ جراثیم جو رطوبت کے باعث کسی چیز پر کائی کی طرح جم جاتے ہیں۔ (پن) اُرلی۔

پُھپھی (پُھپّھی) (پُھپھ۔ پھی) (ہ۔ اِ۔ مث) پُھپّا کی تانیث۔ جمع: پُھپیاں۔ پُھپیوں۔ نیز دیکھئے پھوپی۔

پُھپیا (پُھپ۔ یا) (اَر۔ صف) پھوپھی سے منسوب یا متعلق۔

پُھپیا ساس (ہ۔ اِ۔ مث) خُسر کی بہن۔

پُھپیا (سُسر) سُسرا (ہ۔ اِ۔ مذ) خُسر کی بہن کا خاوند۔

پُھپیرا (پھ۔ پے۔ را) (ہ۔ صف) پھپھی کا (بیٹا)۔

پُھپیری (پھ۔ پے۔ ری) (ہ۔ اِ۔ مث) پھپھی کی (بیٹی)۔

پِھٹ (بکسر اوّل) (ہ۔ اِ۔ مث) لعنت۔ پھٹکار۔ دُھتکار۔ تُف۔

پھٹ پھٹ (ہ۔ کلمۂ نفرین) دُور دُور۔ تھوتھو۔

پھٹ پھٹ کرنا (اَر۔ محاورہ) لعنت ملامت کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

پھٹ پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) غصّے میں آپے سے باہر ہو جانا (۲) کثرت سے ہونا (۳) پھٹ جانا (۴) موٹا ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پھٹا (پَھٹ۔ ٹا)(و۔ اِ۔ مذ) لکڑی کا تختہ۔ بانس کا ٹکڑا جسے لمبائی میں سے پھاڑا گیا ہو۔ جمع: پھٹوں۔ پھٹے۔

پھٹا (پَھ۔ ٹا)(و۔ صف) پھٹا ہوا۔ چاک۔ شق (۲) پھٹنا مصدر کا صیغہ ماضی۔

پھٹا پُرانا (و۔ اِ۔ مذ) اِستعمال شدہ کپڑا۔ کہنہ پوشاک۔ اُترن۔

پھٹا پڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بے قابو ہونا۔ زور میں ہونا (۲) بہت موٹا ہونا۔ شدید درد ہونا۔

پَھٹ پَھٹ (بفتح اوّل)(و۔ اِ۔ مث) پھٹی جوتی کی آواز۔

پھٹپھٹانا (پَھٹ۔ پَھ۔ ٹا۔ نا)(و۔ مص) پرندے کا پَروں کو تیزی سے حرکت دینا۔ کریہہ آواز پیدا کرنا۔

پَھٹ جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) پھٹنا (۲) رنج پہنچنا۔ بیزار ہو جانا (دل)۔ حیرت سے کُھل جانا (آنکھ)۔

پَھٹ سے (اَر۔ متعلق فعل) فوراً۔ بلا تأمّل۔ ایک دم۔

پھٹاکا (اَر۔ اِ۔ مذ) فیصلہ۔ تصفیہ۔

پھٹک (پَھ۔ ٹک)(و۔ اِ۔ مذ)(۱) کچّا ہیرا۔ بلور (۲) جال۔ پنجرا۔

پھٹکا (پَھٹ۔ کا)(و۔ اِ۔ مذ)(۱) لحہ (۲) پنجرا۔

پھٹکا نہ کھانا (اَر۔ محاورہ) فوراً مر جانا۔ جاں بر نہ ہو سکنا۔

پُھٹکا (پُھٹ۔ کا)(و۔ اِ۔ مذ) بتاشے کی شکل کا بسکٹ۔

پھٹکار (پَھٹ۔ کار)(بفتح اوّل)(و۔ اِ۔ مث)(۱) کوڑے کی آواز۔ کپڑے کو میل صاف کرنے کے لئے پتھر پر پے در پے مارنے کی آواز (۲) رسے کا بنا ہوا وہ لمبا کوڑا جس سے گھوڑے کو سدھاتے ہیں۔ تازیانہ۔ بڑا چابک (۳) جھڑکی۔

پھٹکار (پِھٹ۔ کار)(بکسر اوّل)(و۔ اِ۔ مث)(۱) لعنت۔ دُھتکار۔ بددُعا (۲) ذلت (۳) بے رونقی (۴) آمیزش۔ چاشنی۔

پھٹکار برسنا (اَر۔ محاورہ) لعنت برسنا۔ چہرے کا نُور نہ رہنا۔ بے رونقی ہونا۔

پھٹکار لگنا (اَر۔ محاورہ) بددُعا لگنا۔ دُھتکار پڑنا۔

پھٹکارنا (پَھٹ۔ کار۔ نا)(و۔ مص)(۱) پٹخنا۔ کوڑا لگانا۔ چابک مارنا (۲) دُھتکارنا۔ مار کر نکال دینا (۳) کپڑا کھنگالنا۔ کپڑے کو پتھر پر مار کر میل صاف کرنا (۴) حاصل کرنا۔ وصول کرنا (۵) سرزنش کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

پھٹکارنا (پِھٹ۔ کار۔ نا)(بکسر اوّل)(و۔ مص)(۱) لعنت ملامت کرنا (۲) نفرت سے مُنہ پھیر لینا (۳) نامنظور کرنا (۴) بُرا بھلا کہنا۔

پُھٹکر (پُھٹ۔ کر)(و۔ صف) علیحدہ۔ اکیلا۔

پِھٹکری (پِھٹ۔ کَ۔ ری)(بفتح اوّل و بکسر اوّل)(و۔ اِ۔ مث) نمک کے خاندان کا ایک سُرخ یا سفید معدنی مادّہ۔ سلفیٹ آف الومینا۔ ادویہ اور چمڑے کی رنگائی میں اِستعمال ہوتی ہے۔

پُھٹکل (پُھٹ۔ کل)(و۔ صف)(۱) واحد۔ اِکّا دُکّا۔ اکیلا۔ تنہا (۲) علیحدہ۔ جُدا (۳) متفرق۔ مختلف (۴) ٹکڑے۔ ریزگاری۔ ریزہ۔

پھٹکن (پَھٹ۔ کَن)(و۔ اِ۔ مث) اَناج کا کچرا جو پھٹکنے سے نکلتا ہے۔

پھٹکنا (پَھ۔ ٹک۔ نا)(و۔ مص)(۱) جُدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ چھاج سے اَناج صاف کرنا (۲) موجود ہونا۔ حاضر ہونا (۳) جُھولے سے چلا جانا (۴)(و۔ اِ۔ مذ) غلیل کا تسمہ جس میں غُلّہ رکھ کر چھوڑتے ہیں۔

پھٹکنے نہ دینا (اَر۔ محاورہ) پاس نہ آنے دینا۔

پَھٹکی (پَھٹ۔ کی)(و۔ اِ۔ مث) جھاڑ کی ٹوکری مع ڈھکنے کے جس میں چڑی مار چڑیاں پکڑ کر لاتے ہیں۔ بانس کا پنجرہ۔ ایک پٹ کا چھوٹا سا دروازہ۔

پُھٹکی (پُھٹ۔ کی)(و۔ اِ۔ مث)(۱) گانٹھ۔ گرہ۔ گُٹھلی (۲) خون یا پیپ کی جمی ہوئی بُوند۔ دھبّا (۳) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا (۴) کسی محلول مادّے کا غیر محلول ذرّہ۔

پھٹنا (پَھٹ۔ نا)(و۔ مص)(۱) شق ہونا (۲) ٹکڑے ہونا (۳) شگاف ہونا۔ تڑخنا (۴) اَجزا کا جُدا ہونا (۵)(محاورہ) بیزار ہونا۔ نفرت کرنا۔

پَھٹی (پَھ۔ ٹی)(و۔ صف) پھٹا کی تانیث۔

پھٹی آواز (اَر۔ اِ۔ مث) بے سُری آواز۔ بھونڈی آواز۔ آغازِ شباب کی علامت جب آواز میں بھاری پن پیدا ہو جاتا ہے۔

پھٹے (و۔ صف)(۱) پھٹا کی جمع (۲) پھٹا کی مُغیّرہ صورت۔

پھٹے حال (حالوں) (اَر۔ صف) خراب حالت میں۔ سخت مُفلسی اور عُسرت میں۔ پھٹے کپڑوں میں۔

پھٹے میں پاؤں (اَڑانا) دینا (اَر۔ محاورہ) بلاوجہ کسی کام میں دخل دینا (۲) بیچ میں بولنا (۳) خواہ مخواہ کسی کی بلا اپنے سر لینا۔

پھٹے سے مُنہ (پھٹے مُنہ) (اَر۔ کلمۂ نفرین) لعنت ہے۔ تُف ہے۔ تُھو۔ تُھو۔

پُھٹیل (پُھٹ۔ ٹیل)(و۔ صف) اکیلا۔ تنہا۔ فرد۔ جُدا۔ جوڑے میں سے ایک جیسے پھٹیل کبوتر۔ طاق سے منسوب۔

پھچا پھچ (پَھ۔ چا۔ پَچ)(و۔ اِ۔ صوت) دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

پَھدپھدانا (پَھد۔ پَھدا۔ نا)(و۔ مص) جسم پر دانوں یا بالوں کا کثرت سے نکل آنا (۲) درخت میں کثرت سے شاخیں پھوٹنا (۳) اُبلنا۔

پَھدَک (پَھ۔ دَک)(و۔ اِ۔ مذ) جوش۔ اُبال۔

پُھدکنا (پُھ۔ دَک۔ نا)(و۔ مص)(۱) اُچھلنا۔ کودنا۔ پھاندنا (۲) خوش ہونا۔

پُھدکی (پُھد۔ کی)(و۔ اِ۔ مث) ایک چھوٹی سی چڑیا جو پُھدکتی پھرتی ہے۔

پَھدڑا (پَھد۔ ڑا)(و۔ اِ۔ مذ) دیکھئے پَھڈّا جو صحیح ہے۔

پَھدڑا (پَھد۔ ڑا)(و۔ صف)(۱) چپٹا۔ وہ جوتا جس کی ایڑی بیٹھی ہوئی ہو (۲) وہ آدمی جو پاؤں رگڑ کر یا لنگڑا کر چلے۔ وہ شخص جو چلتے وقت آڑے ترچھے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پاؤں رکھے۔

پھڈّی (ہ۔صف) پھڈّا کی تانیث۔

پھر (بالکسر)(اَر۔متعلق فعل)(۱) دوبارہ۔ بعدازاں۔ اس کے بعد اور آگے (۲) تب۔ تو (۳) تاہم۔ اب۔ مگر (۴)(ہ۔فعل) مصدر پھرنا کا اَمر۔ گھوم۔

پھر بھی موچی کے موچی رہے (اَر۔مثل) کچھ ترقی نہیں کی۔ وہی حالت رہی۔

پھر بے گھوڑے یہیں سے (اَر۔مثل) اُس آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو اِدھر بات کہے اور اُدھر مُکر جائے۔

پھر بیٹھنا (اَر۔محاورہ) مکر جانا۔

پھر پھر کے (کر) (اَر۔متعلق فعل) پلٹ پلٹ کر۔ بار بار۔

پھر جانا (اَر۔محاورہ)(۱) لوٹ جانا۔ واپس ہو جانا۔ پلٹ جانا (۲) مُڑنا۔ لچکنا۔ ٹیڑھا ہونا (۳) قائم نہ رہنا۔ بیوفائی کرنا (۴) ہو کر چلا جانا۔ چکر لگا جانا۔ گردش کرنا۔ گھومنا (۵) حالت غیر ہو جانا (۶) باغی ہونا۔ منحرف ہونا۔

پھر سے (اَر۔متعلق فعل) اَز سرِ نو۔ نئے سرے سے۔

پھر کہو (اَر۔کلمۂ تنبیہ) دوبارہ کہو۔ دیکھو تو کیا ہوتا ہے۔

پھر کے نہ دیکھنا (اَر۔محاورہ)(۱) بے پروائی ظاہر کرنا (۲) نخرے کرنا۔

پھر نہ کہنا (اَر۔محاورہ) اِلزام نہ دینا۔ شکوہ نہ کرنا۔

پُھر (بضمِ اوّل)(ہ۔ا۔صوت) چڑیوں کے اُڑنے کی آواز۔

پُھر سے اُڑ جانا (اَر۔محاورہ) جھٹ اُڑ جانا۔ فوراً اُڑ جانا۔ یک دم اُڑ جانا۔

پھِرّا (پِھر۔را)(ہ۔ا۔مذ) وہ لمبا تختہ جو شہتیر چیرنے سے نکلتا ہے۔

پُھرّاٹا (پُھر۔راٹا)(ہ۔ا۔مذ) پرندے کے اُڑنے کی آواز۔ نیز دیکھئے فرّاٹا جو زیادہ مستعمل ہے۔ جمع: پھرّاٹوں۔ پھرّاٹے۔

پھرّاٹا بھرنا (اَر۔محاورہ) تیزی سے اُڑنا (۲) جلدی جلدی پڑھنا (۳) موجیں مارنا۔

پھرارا (پِھ۔را۔را)(ہ۔صف) خشک۔ سُوکھا۔ نیز دیکھئے پھریرا نمبر۲ اور پھریری۔

پھرانا (پِھ۔را۔نا)(ہ۔مص)(۱) گشت کرانا۔ گھمانا۔ چکر دینا۔ سیر کرانا۔ لئے پھرنا (۲) حیران کرنا۔ پھیرے لگوانا (۳) واپس کرانا۔ ناپسند کرنا (۴) بگاڑنا۔ رنجیدہ کرنا۔

پھراؤ (پِھ۔را۔ؤ)(ہ۔صف) وہ مال جس کی واپسی کا اقرار ہو (۲) پھرتا ہوا۔ لوٹتا یا واپس ہوتا ہوا۔

پھرائی (ہ۔ا۔مث) واپسی (۲) لوٹانے کا ہرجانہ۔ واپسی کا معاوضہ۔

پُھر پُھرانا (ہ۔مص) ہلنا جلنا۔ ہوا میں حرکت کرنا۔ اُڑنا۔ جنبش کرنا۔

پُھر پُھری (ہ۔ا۔مث) کپکپاہٹ۔ کپکپی۔ تھرتھری۔ لرزہ۔ پُھریری۔

پُھر پھند (پُھر۔پھند)(نونِ غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) داؤ۔ پیچ (۲) جھگڑا۔ قضیّہ (۳) فریب۔ مکر۔ حیلہ۔ مکاری۔

پُھر پھندی (پُھر۔پھن۔دی)(اَر۔صف) پیچ کرنے والا۔ داؤ چلانے والا۔ جھگڑالو۔ فریبی۔ چالباز۔ مکّار۔

پُھر پھیندوا (پُھر۔پھین۔دوا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے اندرائن۔

پُھرت (پُھ۔رت)(ہ۔ا۔مث)(۱) حرکت۔ گردش۔ جنبش (۲) چلت۔ چکر لینا۔ ناچنا۔ گھوڑے کی گردش۔

پھرتا (پِھر۔تا)(ہ۔ا۔مث)(۱) پھراؤ (۲) پھرت (۳) بٹّا۔ دلالی۔ کمیشن۔

پُھرتی (ہ۔ا۔مث) چالاکی۔ چُستی۔ تیزی۔ جمع: پُھرتیاں۔ پُھرتیوں۔

پُھرتی (دکھانا) کرنا (اَر۔مص) کسی کام میں چُستی دکھانا۔ جلدی کرنا۔ چالاکی کرنا۔

پُھرتیلا (پُھر۔تی۔لا)(ہ۔صف) چُست۔ چالاک۔ تیز۔ جلد کام کرنے والا۔

پُھرتیلی (پُھر۔تی۔لی)(ہ۔صف) پُھرتیلا کی تانیث۔

پھرچا (پھرچھا) (پھر۔چا)(پھر۔چھا)(ہ۔ا۔مذ) فیصلہ۔ آخری حکم۔ تجویز (۲)(صف) صاف۔ نرمل۔ کھرا (۳) پھٹا۔ کھلا۔ جیسے بادل پھرچھا۔

پھرسا (پھر۔سا)(ہ۔ا۔مذ) کدال۔ تیشہ۔

پھرکی (پھر۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) گِرّی۔ ریل (۲) چکّی۔ ایک گھومنے والا کھلونا (۳)(صف) چکر کھانے والی۔ گھومنے والی۔

پھرکی کی طرح پھرنا (اَر۔محاورہ) ایک جگہ یا ایک حال پر قرار نہ ہونا۔

پھرکی ڈنڈ (ہ۔ا۔مذ) وہ بازو جو ورزش کے باعث پھرے ہوئے ہوتے ہیں۔

پھرنا (پھر۔نا)(ہ۔مص)(۱) ٹہلنا۔ گھومنا۔ چہل قدمی کرنا۔ سیر کرنا (۲) گردش میں آنا۔ چکر لگانا (۳) تبدیل ہونا۔ بدل جانا (۴) متوجہ ہونا (۵) پاخانے کی حاجت رفع کرنا (۶) ٹیڑھا ہونا (۷) مُکرنا۔ پلٹنا (۸) چکر آنا۔

پھروانا (ہ۔مص) پھیرنا کا متعدی۔

پھرہرا (پھ۔رہ۔را)(ہ۔صف)(۱) نمی پہنچنے کے بعد خشک ہونے والا (۲)(مذ) جھنڈے کا کپڑا۔ پرچم۔ پھریرا۔

پھرہری (پھ۔رہ۔ری)(ہ۔صف) پھرہرا نمبر۱ کی تانیث۔

پھریا (پھر۔یا)(ہ۔ا۔مث) دیہاتی عورتوں کا دوپٹا (۲) وہ کپڑا جو بچے کے نیچے بچھاتے ہیں۔ نہالچہ۔

پھری (پھ۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) سپر۔ ڈھال (۲) روک۔ بچاؤ۔ حفاظت۔

پھریرا (پھ۔رے۔را)(اَر۔ا۔مذ) پرچم۔ نشان (۲)(صف) تقریباً خشک۔

پھریری (ہ۔صف) پھریرا نمبر۲ کی تانیث۔

پُھریری (پُھ۔رے۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) جُھرجُھری۔ لرزہ۔ کپکپی۔ بدن کے رونگٹے کھڑے ہو کر جسم کی کپکپاہٹ (۲) رُوئی کا پھویا۔ روئی کا پھاہا (۳) جوش۔ اُمنگ۔ لہر۔ موج۔

پُھریری آنا (اَر۔محاورہ) خوف یا سردی کے باعث بدن کانپ جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پَھڑ پھڑیری لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) جوش میں آنا۔ اُمنگ پیدا ہونا۔ موج میں آنا (۲) چوکنا ہونا۔

پَھڑ (بفتح اوّل) (ہ۔ امذ) (۱) قمار خانہ۔ جوا کھیلنے کا اڈا (۲) وہ جگہ جہاں سامان رکھ کر فروخت کرتے ہیں (۳) گاڑی کا بم۔ بمبو۔ بانس (۴) توپ کی گاڑی۔ چبوترا یا تپائی جس پر توپ رکھ کر چلائی جاتی ہے۔

پھڑ باز (اُر۔ صف) جواری۔ قمار باز۔

پھڑ پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) پھڑ پر لگانا۔ بازی لگانا۔ داؤ لگانا۔

پھڑ پھکنا (اُر۔ محاورہ) جوا ہونا۔ قمار بازی ہونا۔

پَھڑ پَھڑانا (پَھڑ۔ پَھ۔ ڑا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تڑپنا۔ لوٹنا۔ بے چین ہونا۔ مُضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ پھڑکنا (۲) پَروں کو پھڑپھڑانا۔

پَھڑ پَھڑاہَٹ (ہ۔ امث) پَر مارنے کی آواز (۲) اِضطراب۔ بے چینی۔

پَھڑ پَھڑیا (ہ۔ صف) چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ جلد باز۔ بہت باتیں بنانے والا۔

پَھڑ ڑا (ق۔ امذ) کنوار کا پَھل۔

پَھڑَک (پَھ۔ ڑک) (ہ۔ امث) (۱) بے قراری۔ اضطراب۔ بے چینی۔ تڑپ (۲) پھڑک۔ تپش (۳) نتھنوں کی حرکت (۴) دھڑکن۔

پھڑک اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) بے قرار ہونا۔ بے تاب ہونا (۲) کوئی اچھی بات دیکھ کر یا سُن کر متاثر ہونا۔

پھڑک پھڑک کر (اُر۔ متعلق فعل) سخت تکلیف اُٹھا کر۔ ہاتھ پاؤں مار کر۔

پھڑک جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) تڑپ جانا۔ بے چین ہو جانا۔ مُضطرب ہو جانا۔ بے قرار ہو جانا (۲) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا (۳) مشتاق ہونا۔

پَھڑکانا (ہ۔ مص) بے چین کرنا۔ بے قرار کرنا۔ مُضطرب کرنا۔ تڑپانا۔

پَھڑکتا ہُوا (اُر۔ صف) برجستہ (۲) پھڑکانے والا (۳) تڑپتا ہوا۔

پَھڑکَن (پَھڑ۔ کَن) (ہ۔ امث) تڑپ۔ بے چینی۔ پھڑک۔

پھڑکن کی اولاد (اُر۔ امث) بڑی تمنا کی اولاد۔ نہایت آرزوؤں سے پالی ہوئی اولاد۔

پَھڑَکنا (پَھ۔ ڑک۔ نا) (ہ۔ مص) بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ مُضطرب ہونا۔ تڑپنا۔ ترسنا (۲) عاشق ہونا۔ آرزو مند ہونا۔ خواہش کرنا۔ چاہنا۔ تمنّا کرنا (۳) دھڑکنا۔ حرکت کرنا۔

پَھڑکی (پَھڑ۔ کی) (ہ۔ امث) (۱) موٹا پردہ (۲) حدِّ فاصل۔

پَھڑوانا (پَھڑ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) پھاڑنا کا متعدی المتعدی۔

پَھڑی (پَھ۔ ڑی) (ہ۔ امث) ایک گز چوڑا ایک گز اونچا ۳۰ گز لمبا پتھروں کا ڈھیر۔

پَھڑیا (پَھڑ۔ یا) (ہ۔ امذ) (۱) پھڑی لگانے والا (۲) خردہ فروش۔ متفرق اشیا بیچنے والا (۳) وہ شخص جس کے مکان میں جوا ہوتا ہو۔

پُھڑیا (پُھڑ۔ یا) (ہ۔ امث) چھوٹا پھوڑا۔ پُھنسی۔

پِھس (ہ۔ حقارت کا کلمہ) (۱) شرم حیف۔ اَفسوس۔ ہیچ (۲) کھیل میں ہارنے والے سے کہتے ہیں۔

پُھس (بضمِ اوّل) (اُر۔ امث) ہلکی اور خفیف آواز۔ کانا پُھوسی (پُھس پُھس)۔

پُھس پُھسا (اُر۔ صف) (۱) لجلجا۔ ملائم۔ نرم (۲) پھیکا۔ بدمزہ۔

پھس پھسا کر بیٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) کچی دیوار کا پانی کے اثر سے بیٹھ جانا۔

پُھس پُھسانا (اُر۔ مص) (۱) سرگوشی کرنا۔ کانا پُھوسی کرنا۔ کان میں باتیں کرنا (۲) چغلی کھانا (۳) بات سُن کر ضبط نہ کرنا۔ جگہ جگہ بیان کرتے پھرنا۔

پُھس پُھساوَٹ (ہَٹ) (اُر۔ امث) سرگوشی۔ کانا پُھوسی۔

پُھساکو (پُھ۔ سا۔ کو) (ہ۔ امذ) خراب تمباکو۔

پَھساوا (پَھ۔ سا۔ وا) (ہ۔ امذ) اُلجھاؤ۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔

پُھس پُھسی (اُر۔ صف) پُھس پُھسا کی تانیث۔

پَھسَڈّی (پَھ۔ سَڈ۔ ڈی) (ہ۔ صف) (۱) آخری (۲) پچھڑا ہوا۔ ہارا ہوا۔ شکست خوردہ۔ پست۔ گھٹا ہوا (۳) ناقص۔ کم درجہ (۴) محروم۔

پُھسَر پُھسَر (پُھ۔ سَر۔ پُھ۔ سَر) (ہ۔ امث) کُھسر پُھسر۔ کانا پُھوسی۔ چپکے چپکے باتیں۔

پَھسکڑا (پَھ۔ سک۔ ڑا) (ہ۔ امذ) آلتی پالتی مار کر بیٹھنے کی حالت۔

پھسکڑا مار کر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) پَھیل کر بیٹھنا۔ بے تکلف ہو کر بیٹھنا۔ چار زانو بیٹھنا۔

پَھسَکنا (پَھ۔ سَک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بیٹھ جانا (۲) پھٹ جانا۔ کُھلنا۔

پُھسَکنا (پُھ۔ سَک۔ نا) (ہ۔ مص) چغلی کھانا۔ بچّے کا آہستہ آہستہ رونا۔

پُھسکی (پُھس۔ کی) (ہ۔ امث) مقعد میں سے ریح نکلنے کی ہلکی سی آواز۔

پِھسلانا (پِھس۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) کھسکانا۔ رپٹانا۔ پھسلنا کا متعدی۔

پُھسلانا (پُھس۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بہلانا (۲) دھوکا دینا۔ فریب کرنا (۳) ورغلانا۔ راغب کرنا۔ متوجہ کرنا (۳) راضی کرنا۔ منانا۔

پُھسلاوا (پُھس۔ لا۔ وا) (ہ۔ امذ) (۱) بہلاوا۔ بہکاوا (۲) دھوکا۔ فریب۔ جھانسا۔

پھسل پڑنا (اُر۔ مص) (۱) گر پڑنا (۲) (محاورہ) فریفتہ ہو جانا۔ مائل ہونا۔

پھسل جانا (اُر۔ مص) (۱) رپٹنا۔ پھسل کر گر پڑنا (۲) (محاورہ) فریفتہ ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پھسلن (پھس۔لن) (ہ۔ا۔مث) رپٹن۔ کھسکن (۲) پاؤں پھسلنے کی جگہ۔

پھسلنا (پھ۔سل۔نا) (ہ۔مص) (۱) لوھکنا۔ لغزش کرنا۔ رپٹنا (۲) بھکنا (۳) راغب ہونا (۴) (صف۔مذ) رپٹواں۔ وہ چیز جس پر سے پھسل جائیں۔

پھسلواں (پھ۔سل۔واں) (ار۔صف) پھسلنے کی جگہ۔ جہاں پھسلن ہو۔

پھسلینڈا (پھس۔لیں۔ڈا) (ق۔ا۔مذ) (۱) ڈھلواں پتھر یا چٹان (۲) بچوں کا ایک کھیل (۳) دریا یا تالاب کے پھسلواں کنارے سے پھسلنا۔

پھسینڈا (پھ۔سیں۔ڈا) (ہ۔صف) (۱) بوُدار۔ بساہندا۔ بُساہوا (۲) نامعقول بات کہنے والا۔ غیر معتبر (مرد)۔

پھسینڈی (پھ۔سیں۔ڈی) (ہ۔صف) پھسینڈا کی تانیث۔

پھش (بالکسر) (ار۔کلمۂ نفرت) چھی۔ تُھف۔ تھو۔ نفرت۔ لعنت۔

پھک (ہ۔ا۔صوت) کسی چیز کے دفعتہً گھسنے اُڑنے یا نکلنے کی آواز۔

پھک دَھک (ار۔متعلق فعل) جھٹ۔ پُھرت۔ فوراً۔ جلدی۔ یک دم۔

پھک وے سی (پھک دینی۔ پھک سے) (ار۔متعلق فعل) جلدی سے۔ ایک دم سے۔ یکایک۔

پھکا (پُھکا) جانا (ار۔محاورہ) آگ، بخار یا عشق کی گرمی سے جلا جانا۔

پھکڑ (پھک۔کڑ) (ہ۔ا۔مذ) ہزلیات۔ گالی گلوچ۔ فحش۔ لچر۔ گپ۔ مغلظات۔

پھکڑ باز (ار۔صف) ہزلیات بکنے والا۔ گالی گلوچ کرنے والا۔ فحش گو۔

پھکڑ بازی (ار۔ا۔مث) فحش اور لچر گفتگو کرنا۔ ہزلیات بکنا۔

پھکڑ لڑنا (ار۔محاورہ) باہم ہزلیات میں گفتگو کرنا۔ گالی گلوچ میں مباحثہ کرنا۔ فحش باتیں کرنا۔

پھکڑ ہونا (ار۔محاورہ) نہایت بے تکلفی ہونا۔ بیہودہ مذاق ہونا۔

پھکڑی (پھک۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بد اخلاقی سے پیش آنے کا فعل (۲) بد تہذیبی (۳) بے عزتی۔

پھکنا (پھک۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مثانہ۔ پیشاب کی تھیلی۔ غبارہ (۲) (مص) جلنا۔ جھلسنا (۳) راکھ ہونا (۴) داغ لگنا (۵) سوکھ جانا (۶) غارت ہونا (۷) حسد کرنا۔ سخت غصہ کرنا۔ نیز دیکھئے پھُکنا۔

پھکنا (پھک۔نا)۔ دیکھئے پھنکنا۔

پھکنی (پھک۔نی) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے پھُکنی۔

پھکوانا (پھک۔وا۔نا) دیکھئے پھنکوانا۔

پُھکوانا (پُھک۔وا۔نا) دیکھئے پُھنکوانا۔

پھکیت (پھ۔کیت) (ہ۔صف) پٹا کھیلنے والا۔ گتکے باز۔ لکڑی سے لڑنے والا۔ گدکا پھری کا فن جاننے والا (۲) چالاک۔

پھکیتی (پھ۔کے۔تی) (ہ۔ا۔مث) پٹے کا کھیل۔ گدکا پھری کا ہنر۔

پھکڑی (پھک۔ڑی) (ق۔ا۔مذ) ایک کھیل۔

پھگوا (پھگ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہولی کا انعام (۲) بسنت۔ ہولی۔

پھل (بالفتح) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ثمر۔ میوہ۔ فروٹ۔ کسی درخت یا پودے کی پیداوار (۲) فال۔ شگون۔ استخارہ (۳) نتیجہ۔ ماحصل۔ نفع (۴) نسل۔ اولاد (۵) دھار۔ نوک۔ انی (۶) اجر۔ عوض (۷) بخشش۔ انعام (۸) پھالا (۹) خارج قسمت۔ حاصل قسمت۔ تقسیم کے سوال کا جواب۔ جمع: پھل۔ پھلوں۔

پھل آنا (ار۔محاورہ) پھل پیدا ہونا۔

پھل اُترنا (ار۔محاورہ) پھل تیار ہونا۔

پھل بجھوّل (ب۔جھو۔ول) (ہ۔ا۔مذ) پُھل بوجھنے کا کھیل۔

پھل پات (ہ۔ا۔مذ) میوہ۔ ترکاری۔ پھل پھلاری۔

پھل پانا (ار۔محاورہ) (۱) صلہ پانا (۲) بھلائی پانا (۳) کیے کی سزا پانا۔

پھل پھلاری (ار۔ا۔مث) ترکاریاں۔ پھل پھول۔ سبزی ترکاری۔ انواع و اقسام کے میوے۔ قسم قسم کی ترکاریاں۔

پھل تاڑ (ہ۔ا۔مذ) تاڑ کا مادہ درخت۔

پھل چلنا (ار۔محاورہ) پھل کا پک کر بازار میں آنا۔

پھل دار (ار۔صف) پھل والا۔ ثمردار۔ میوہ دار۔ پھلا ہوا۔

پھل دینا (ار۔محاورہ) بدلہ دینا۔ صلہ دینا۔

پھل کھانا آسان نہیں (ار۔مثل) کامیابی محنت کے بغیر نہیں ہوتی۔

پھل لانا (ار۔محاورہ) (۱) درخت کا بارور ہونا (۲) نتیجہ نکلنا۔

پھل لگنا (ار۔محاورہ) (۱) درخت میں پھل آنا۔ بار آور ہونا۔

پھل ملنا (ار۔محاورہ) (۱) نتیجہ حاصل کرنا۔ صلہ پانا۔ ثمرہ پانا (۲) کیے کی سزا پانا۔ عوض پانا۔

پُھل (ہ۔ا۔مذ) پُھول کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔

پُھل بہری (ہ۔ا۔مث) دیکھئے برص۔

پُھل پھانک (ہ۔ق۔ا۔مث) پُھول کی پتی۔ برگ گل۔

پُھل جھڑی (ار۔ا۔مث) ایک آتش بازی جس سے پھول جھڑتے ہیں۔ (۲) فتنہ انگیز بات (۳) فتنہ پرور عورت۔

پُھل جھڑی چھوٹنا (ار۔محاورہ) پُھل جھڑی کو آگ لگنا۔ پُھل جھڑی کا چلنا (۲) فتنہ بپا ہونا۔

پُھل جھڑی چھوڑنا (ار۔محاورہ) پُھل جھڑی کو آگ دکھانا (۲) کوئی فتنہ انگیز بات کرنا۔

پُھلروا (پھ۔لر۔وا) (ہ۔صف) پُھول جیسا خوبصورت (۲) ناز و نعمت میں پلا ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پُھل پیرا (ہ۔صف) وہ کبوتر جس کا سر سفید اور رنگین پر ہوں۔

پُھل بچھوی (ہ۔ق۔ا۔مث) پھولوں کی سیج۔

پُھل کاری (ہ۔ا۔مث) (۱) کپڑوں پر بیل بوٹے بنانے کا کام (۲) ایک قسم کا پھول دار کپڑا۔

پُھل نیر (ہ۔ا۔مذ) گلاب کے آنسو یعنی عرق۔

پُھل واڑی (ہ۔ا۔مث) پھولوں کا چھوٹا باغ (۲) بال بچے۔

پُھلا (پُھل۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مکئی کی کھیل (۲) آنکھ کی پھلی۔ ٹینٹ۔ جالا۔ جھلی۔

پھلا (پھ۔لا) (ہ۔فعل) مصدر پھلنا سے ماضی مطلق واحد غائب مذکر۔

پھلا پھولا (پھ۔لا۔پھو۔لا) (ہ۔صف) بھرا پُرا۔ آباد۔ شاد۔ خوش و خرم (۳) سرسبز و شاداب۔ ہرا بھرا (۴) خوش قسمت۔ مالدار۔ بچوں والا۔

پُھلاسرا (پھ۔لاس۔را) (ہ۔ا۔مذ) دھوکا۔ فریب۔ جُل۔ جھانسا۔ دم۔ مکر۔

پُھلانا (پھ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھونک بھرنا (۲) موٹا کرنا (۳) مغرور کرنا۔

پھلانگ (پھ۔لانگ) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) چھلانگ۔ جست۔ قلانچ۔

پھلانگنا (پھ۔لانگ۔نا) (ہ۔مص) چھلانگ مارنا۔ زقند لگانا۔ جست کرنا۔ قلانچ مارنا۔ پھاندنا۔

پُھلاہی (پھ۔لا۔ہی) (ہ۔ا۔مذ) کیکر کی قسم کا ایک درخت جس کی مسواک بنتی ہے۔

پُھلپُھلا (پُھل۔پُھ۔لا) (ہ۔صف) (۱) پھسپھسا۔ پلپلا۔ ملائم۔ نرم (۲) پھولا ہوا۔ پھپس (۳) اوچھا۔ کم ظرف۔

پھلت (پھ۔لت) (ہ۔ا۔مث) (۱) پیداوار (۲) ستاروں کی چال کا اثر۔

پُھلتا (پُھل۔تا) (ہ۔ا۔مذ) گدکا۔

پُھلٹی (پھ۔لٹ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) پُھل ہٹی۔ پھولوں کی دکان۔ پھولوں کا بازار۔

پُھلڑا (پُھل۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) پُھل کی تصغیر (۲) تلوار یا چاقو کا پھل (بلیڈ)۔

پُھلسا (پُھل۔سا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دروازہ۔ پھاٹک (۲) گاؤں کا نکاس (۳) آبادی کا کوئی حصہ۔

پھلک (پھ۔لک) (ہ۔ق۔ا۔مذ) چھالا۔ پھپھولا۔

پُھلکا (پُھل۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چھالا۔ آبلہ۔ پھپھولا (۲) کسی دھاردار آلے کا پھل۔ نوک (۳) دنگل۔ اکھاڑا (۴) نرم زمین۔

پُھلکا (پُھل۔کا) (ا۔صف۔مذ) (۱) ہلکا۔ خفیف (۲) (ا۔ا۔مذ) ہلکی پھولی ہوئی چپاتی۔ جمع: پھلکوں۔ پھلکے۔

پُھلکی (پُھل۔کی) (ہ۔ا۔مث) پُھلکا کی تصغیر (۲) بیسن کی پکوڑی۔

پَھلنا (پَھل۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھل لگنا۔ درخت کا بارور ہونا (۲) مبارک ہونا (۳) پکنا۔ بدن پر بہ کثرت پھوڑے پھنسیاں نکلنا (۴) صاحب اولاد ہونا۔ دولت مند ہونا (۵) خوش قسمت ہونا (۶) منافع ہونا (۷) پروان چڑھنا۔

پھلنا پھولنا (ا۔ر۔محاورہ) (۱) پھل لگنا (۲) نسل بڑھنا (۳) ترقی کرنا۔

پُھلنگ (ہ۔ا۔مث) دیکھئے پُھنگ۔

پُھلوا (پُھل۔وا) (ہ۔ا۔مذ) پُھندنا۔ جھالر۔ گُچھا۔

پُھلوا (پُھل۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پان (۲) ایک دوا۔

پُھلوری (پھ۔لو۔ری) (ہ۔ا۔مث) پکوڑی۔ پُھلکی۔

پَھلی (پھ۔لی) (ہ۔ا۔مث) سبزی وغیرہ کی تھیلی جس میں بیج یا دانے ہوتے ہیں۔ جمع: پھلیاں۔ پھلیوں۔

پھلی لگی نہ پاپڑی، پٹاک بہو آپڑی (ہ۔مثل) بغیر محنت و مشقت کے کوئی کام ہو جانا۔

پُھلّی (ہ۔ق۔ا۔مث) ایک زیور۔ ناک کی کیل۔

پُھلّی (پُھل۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) پُھلا کی تصغیر۔ ایک سفید داغ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے (۲) بچے کا آلہ تناسل (۳) پھول کی شکل کا ایک زیور جو عورتیں ناک میں یا دوسرے زیور میں لگا کر پہنتی ہیں (۴) چائے میں ڈالنے کی ایک خوش بودار دوا۔

پھلیر (پھ۔لیر) (ہ۔صف) سفید رنگ میں سیاہ یا سیاہ میں سفید۔ گُل دار گائے یا بیل۔

پُھلیل (پھ۔لیل) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) خوش بودار تیل۔ پھولوں میں بسائے ہوئے تلوں کا تیل۔

پُھلینڈا (پھ۔لیں۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) بڑی جامن۔

پَھن (بالفتح) (س۔ا۔مذ) سانپ کا پھیلا ہوا سر جو وہ غصے کی حالت میں پھیلاتا ہے۔ جمع: پھن۔ پھنوں۔

پھن مارنا (ہ۔محاورہ) سانپ کا اپنے پھن کو کسی چیز پر مارنا (۲) سانپ کا کاٹنا۔ ڈسنا (۳) سخت کوشش کرنا۔

پھنپھنانا (پَھن۔پھ۔نا۔نا) (ہ۔مص) غصہ کرنا۔ نہایت غضب ناک ہونا (۲) سانپ کا پھنکارنا۔

پھند (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) جھوٹ۔ فریب۔ مکر (۲) پھندا کا مخفف۔ جال۔

پھندا (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) رسی، دھاگے یا تار کا حلقہ۔ گھنڈی (۲) فریب

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) قابو۔ بس (۴) تکلیف۔ مصیبت۔ قید۔

پھندا پڑنا (لگنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) گرہ پڑ جانا۔ اُلجھنا (۲) کھاتے وقت حلق میں خوراک کا پھنس جانا۔ اُتھو لگنا۔

پھندا (دینا) لگانا (اَر۔ محاورہ) گرہ دینا۔ گرہ لگانا (۲) جال بچھانا۔

پھندا کٹنا (اَر۔ محاورہ) مصیبت سے نکلنا۔ قرضے سے نجات پانا۔

پھندانا (ہ۔ مص) کدانا۔ پار کرانا۔ پھاندنا کا متعدی۔

پُھندنا (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) جھبا۔ تاگے یا ریشم کا پھول یا گُچھا جو تسبیح، ٹوپی وغیرہ میں زینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔ پن: پُھندن۔ جمع: پھندنوں۔ پھندنے۔

پھندنا سا (اَر۔ صف) ننھا سا۔ چھوٹے قد کا۔

پھندے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پھندا کی جمع (۲) پھندا کی مُغیّرہ صورت۔

پھندے میں (پڑنا) پھنسنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ بلا میں گرفتار ہونا (۲) قید ہو جانا۔

پھندے میں پھنسانا (اَر۔ محاورہ) جال میں پھانسنا۔ قابو میں لانا۔ فریب دینا۔

پھندے میں لانا (اَر۔ محاورہ) جال میں پھانسنا۔ دھوکا دینا۔

پھندیت (ہ۔ ا۔ مذ) وہ پالتو جانور جو اپنی آواز سے اپنے ہم جنسوں کو جال میں پھنسائے۔

پھنسانا (ہ۔ مص) (نون غنہ) (۱) اُلجھانا۔ لپیٹنا (۲) اٹکانا (۳) جال میں پکڑنا (۴) قابو میں لانا (۵) فریب دینا۔

پھنساؤ (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) اُلجھاؤ۔ اُلجھیڑا۔ بکھیڑا (۲) گرفتاری۔ روک۔

پھنسنا (پھنس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اُلجھنا۔ اٹکنا (۲) گرفتار ہونا۔ پکڑا جانا۔

پُھنسی (پُھن۔ سی) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹا پھوڑا۔ دانہ جو جسم پر نکل آئے۔ جمع: پُھنسیاں۔ پُھنسیوں۔

پھنکا (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔ نیز دیکھئے پھکّی۔

پھنکا (لگانا) مارنا (اَر۔ محاورہ) ایک ہی دفعہ پھانک جانا۔ کسی سوکھی اور پسی ہوئی چیز کو یک بارگی منہ میں ڈال لینا۔

پھنکار (بالضم) (ہ۔ ا۔ مث) سانپ کے سانس چھوڑنے کی آواز۔ دَم۔ پھونک۔

پھنکنا (پھنک۔ نا) (نون غنہ) (ہ۔ مص) (۱) پھکنا۔ گرنا۔ بکھرنا (۲) ضائع ہونا۔ پھینکنا کا لازم۔

پُھنکنا (پُھنک۔ نا) (نون غنہ) (ہ۔ مص) جلنا۔ جُھلسنا۔ نیز دیکھئے پُھکنا۔

پھنکنی (پھنک۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) بانس کی سوراخ دار نلی جس سے آگ پھونکتے ہیں۔ نیز دیکھئے پُھکنی۔ جمع: پھنکنیاں۔ پھنکنیوں۔

پھنکوانا (پھنک۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) پھینکنا کا متعدی المتعدی۔ نیز دیکھئے پھکوانا۔

پُھنکوانا (پُھنک۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) پُھونکنا کا متعدی المتعدی۔ نیز دیکھئے پُھکوانا۔

پھنکی (بفتح اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔ پھنکا کی تانیث (۲) سفوف۔

پُھنگی (پُھن۔ گی) (ہ۔ ا۔ مث) شاخ کا سِرا (۲) ناک کی نوک۔

پُھننگ (پُھ۔ ننگ) (ہ۔ ا۔ مث) درخت کی چوٹی (۲) کوڑے کا سِرا۔

پُھنّو (پُھن۔ نو) (اَر۔ ا۔ مث) ننھے بچوں کا عضو تناسل۔

پھنی (پھ۔ نی) (ہ۔ صف) پھن والا۔ ایک قسم کا سانپ (۲) گوٹا بننے کا آلہ۔

پُھنّی (پُھنیا) (پُھن۔ نی) (پُھن۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پُھندنا (۲) گانٹھ (۳) بچے کا آلۂ تناسل۔

پھنّی (پھن۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) مخروطی لکڑی یا کیل جو لکڑی چیرتے وقت لکڑہارے شگاف میں لگاتے ہیں۔ چھوٹا پھانا یا فانہ۔

پھنیارا (پھن۔ یا۔ را) (ہ۔ ق۔ ا۔ مذ) فوارہ۔

پھو (ہ۔ ا۔ صوت) پُھونکنے کی آواز۔

پھوا پُھو (پُھو۔ وا۔ پُھو) (ہ۔ ا۔ مث) لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں وہ باہم ہاتھ ملا کر حلقے میں چک پھیریاں لیتی ہیں۔

پھوار (پھو۔ وار) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہلکا ہلکا مینہ۔ پھوہار (۲) ایک قسم کا جالی دار باریک کپڑا جس پر چھوٹی چھوٹی بُندکیاں بنی ہوتی ہیں۔

پُھوارا (پُھو۔ وا۔ را) (ہ۔ ا۔ مث) فوارہ۔

پُھوپا (پُھوپھا) (ہ۔ ا۔ مذ) پُھوپھی کا شوہر۔ نیز دیکھئے پُھپّا۔

پُھوپس (پُھو۔ پس) (ہ۔ ا۔ مث) پُھوپیا (پُھپیا) ساس۔

پُھوپی (پُھوپھی) (ہ۔ ا۔ مث) پُھوپا کی بیوی۔ جمع: پُھوپیاں۔ پُھوپیوں۔ نیز دیکھئے پُھپّھی۔

پُھوٹ (واو معروف) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نااتفاقی۔ بگاڑ۔ عداوت (۲) خربوزے کی قسم کا ایک پھل جو پک کر کِھل جاتا ہے۔ جمع: پُھوٹوں۔ پُھوٹیں۔

پُھوٹ آنا (اَر۔ محاورہ) باہر نکل آنا۔ نمودار ہونا (۲) کلا نکلنا۔

پُھوٹ بہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رو پڑنا۔ زار زار رونا (۲) بھید کھول دینا (۳) پھوڑا پُھوٹ کر مواد جاری ہونا۔ سیال مادّے کا بند توڑ کر نکل جانا۔

پُھوٹ پڑنا (اَر۔ محاورہ) نااتفاقی ہونا۔ دُشمنی ہونا۔ جدائی ہونا۔

پُھوٹ پھٹک رہنا (اَر۔ محاورہ) اَن بَن رہنا۔ نااتفاقی اور جھگڑا رہنا۔

پُھوٹ پُھوٹ کر رونا (اَر۔ محاورہ) زار زار رونا۔ بہت آنسو بہانا۔

پُھوٹ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) باہم دُشمنی کرانا۔ جدائی کرانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پھوٹ سا کھِل جانا (اَر۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ شق ہونا۔

پھوٹ کر نکلنا (اَر۔ محاورہ) درخت میں سے شاخ نکلنا۔ بیج میں سے انکھوا نکلنا۔

پھوٹ نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جسم پر پھنسیاں ہو جانا (۲) کسی سیال چیز کا بہہ نکلنا (۳) پھوڑے کا پک کر پھوٹ بہنا (۴) راز کھلنا۔

پھوٹا (واو معروف) (ہ۔ صف) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔

پھوٹا مقدّر (نصیبہ) (اَر۔ا۔مذ) پھوٹی قسمت۔ بُری قسمت۔

پھُوٹانے (ق۔ا۔مذ۔ جمع) بُھنے ہوئے چنے۔

پھُوٹنگ (پھو۔ ٹنگ) (ہ۔ا۔مث) (۱) ریزہ (۲) وہ چیز جو ریزہ ریزہ ہو جائے۔ ٹوٹا۔

پھُوٹَن (پھو۔ ٹَن) (ہ۔ا۔مث) (۱) ناراضی۔ نا اتفاقی (۲) اعضا شکنی۔

پھُوٹنا (پھوٹ۔ نا) (ہ۔مص) (۱) ٹوٹنا۔ تڑکنا (۲) شگفتہ ہونا۔ کھلنا (۳) پھنسیاں نکلنا (۴) ظاہر ہونا (۵) پتے نکلنا (۶) پھٹنا (۷) خبر پھیلنا (۸) زخم کا پھٹ کر آلائش نکلنا (۹) فریقِ مخالف سے مل جانا (۱۰) رنگ نمایاں ہونا (۱۱) روشنی جاتی رہنا (آنکھ کے لئے) (۱۲) کوڑھ ہونا (۱۳) توڑ کر نکل جانا (بعض محلوں میں ٹوٹنا کے معنی بھی دیتا ہے۔ بعض میں ٹوٹنا پھوٹنا دونوں مستعمل ہیں)۔

پھُوٹی (پھو۔ ٹی) (ہ۔ صف) ٹوٹی ہوئی۔ شکستہ۔ پھوٹا کی تصغیر۔

پھُوٹی آنکھ کا تارا (پھُوٹی آنکھ کا دیدہ) (اَر۔ا۔مذ) کئی بیٹوں میں ایک بیٹا جو زندہ رہا ہو۔ نہایت عزیز۔ بہت پیارا۔

پھُوٹی آنکھ (آنکھوں۔ نظروں) نہ بھانا (اَر۔ محاورہ) ذرا بھی گوارا نہ ہونا۔ بُرا لگنا۔ بالکل پسند نہ آنا۔

پھُوٹی تقدیر (قسمت) (اَر۔ا۔مث) دیکھئے پھوٹا مقدّر۔

پھُوٹی کوڑی (اَر۔ا۔مث) نہایت حقیر رقم۔ ادنیٰ رقم۔

پھُوٹی کوڑی پاس نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) کچھ بھی پاس نہ ہونا۔ نہایت غریب ہونا۔

پھُوٹی ہانڈی آواز سے پہچانی جاتی ہے (اَر۔ مثل) عیب یا نقص کا آسانی سے پتا چل جاتا ہے۔

پھُوٹے (ہ۔ صف) (۱) پھوٹا کی جمع (۲) پھوٹا کی مغیّرہ صورت۔

پھُوٹے مُنہ سے (اَر۔ متعلق فعل) بُرے منہ سے۔ بد دلی سے۔

پھُوٹے نصیب (اَر۔ا۔مذ) دیکھئے پھوٹا مقدّر۔ پھوٹی قسمت۔

پھوڑا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دُنبل۔ گومڑ۔ بڑی اور موٹی پھنسی۔ زہریلے مادے کی تھیلی (۲) بہت تکلیف دہ خیال (۳) نالائق اولاد۔ جمع: پھوڑوں۔ پھوڑے۔

پھوڑا پھُوٹنا (اَر۔ محاورہ) پھوڑا پک کر مواد نکلنا۔

پھوڑا نکلنا (اَر۔ محاورہ) دُنبل نکلنا۔ گومڑا ظاہر ہونا۔

پھوڑنا (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) توڑنا۔ ٹکڑے کرنا (۲) زخمی کرنا (آنکھ کے ساتھ) اندھا کرنا (۳) ظاہر کرنا (بھانڈا پھوڑنا)۔

پھُوس (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھُونس۔ وہ لمبی گھاس جس کا چھپّر بناتے ہیں۔ پُرانی گھاس (۲) (صف) بہت ضعیف (۳) جلد جل جانے والا۔

پھُوس کا تاپنا (اَر۔ محاورہ) کمینے سے فائدے کی اُمید رکھنا (۲) فضول کام کرنا۔

پھُوس میں چنگاری ڈالنا (اَر۔ محاورہ) فساد کرانا۔ اِشتعال دلانا۔

پھُوسرا (پھُوسڑا) (پھُوس۔ را) (پھُوس۔ ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ریشم یا کپڑے وغیرہ کا ریشہ (۲) بچہ۔ اولاد۔

پھُوسی (ہ۔ا۔مث) (۱) پھُوس (۲) کوڑا کرکٹ۔

پھوک (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) فضلہ جو کسی چیز کے نچوڑ لینے کے بعد بچے (۲) (صف) خالی۔ کھوکھلا (۳) بد ذائقہ۔ سیٹھا۔

پھوکا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہلکا۔ سبک (۲) جس میں کوئی طاقت نہ ہو۔

پھوکٹ (پھو۔ کٹ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مفت کی چیز۔ بے قیمت چیز (۲) نکمّا یا نالائق شخص۔ مفلس آدمی۔

پھوکٹ کا (اَر۔ صف) مفت کا۔ بے دام۔

پھوکل (پھوکلا) (پھو۔ کل) (پھوک۔ لا) (ہ۔ صف) (۱) خالی (۲) مفلس۔ کھوکھلا۔

پھُول (ہ۔ا۔مذ) (۱) پودے کا وہ حصّہ جس کا تعلق نسل پیدا کرنے سے ہے۔ رنگین پتّیوں کا وہ گچھا جس سے بعد میں پھل یا بیج نکلیں۔ گُل (۲) پتنگا۔ شرارہ (۳) نقش و نگار (۴) ہندو مُردے کی جلی ہوئی ہڈیوں کی راکھ جو گنگا میں بہائی جاتی ہے (۵) ایک قسم کی مُرکب دھات۔ کانسی (۶) حیض کا خون (۷) ہندوؤں کا تیجا۔ مسلمان مُردوں کی تیسرے دن فاتحہ خوانی کی رسم (۸) جسم پر سفید داغ (۹) ساگ کے سوکھے ہوئے پتے (۱۰) شراب دو آتشہ (۱۱) کسی پتلی چیز کے جما کر سکھائے ہوئے ورق (۱۲) نوک۔ دھار (۱۳) (صف) ہلکا۔ سبک۔ جمع: پھُول۔ پھُولوں۔

پھُول آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) درخت میں پھُول لگنا۔ موسم بہار آنا (۲) حیض آنا۔

پھُول اُترنا (اَر۔ محاورہ) درخت سے پھُولوں کا چُنا جانا۔

پھُول پان (ہ۔ا۔مذ) نتیجہ۔ اَنجام کار۔ بُرائی بھلائی (۲) (صف) نازک اندام۔

پھُول پان دینا (اَر۔ محاورہ) خاطر مدارات کرنا۔

پھُول پان کی گدھی (ہ۔ا۔مث) بچّوں کا ایک کھیل۔

پھُول پتّی (اَر۔ا۔مث) بیل بُوٹا۔ نقش و نگار۔

پھُول پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) چنگاری پڑنا۔ آگ لگنا (۲) سفید داغ پڑنا۔

پھُول جھڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پھُولوں کا درخت سے گرنا (۲) خوش کلامی کرنا۔ فصاحت سے بولنا۔ میٹھے بول بولنا (۳) چراغ اور آتش بازی میں سے پھُول نکلنا۔

پھُول جھڑے تو پھَل لگے (اَر۔ مثل) ایک کا نقصان ہوتا ہے تو دُوسرے کو فائدہ ہوتا ہے۔

پھُول چڑھانا (اَر۔ محاورہ) قبر یا مُورت پر پھُول رکھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پُھول چُننا (اُر۔ محاورہ) (۱) پُھول توڑنا (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں تیجے کے دن مُردے کی ہڈیاں چُن کر دریا میں بہاتے ہیں۔

پُھول دار (اُر۔ صف) (۱) پُھولوں والا (والی) (۲) وہ چیز جس پر پُھول پتّیاں بنی ہوں۔

پُھول دان (اُر۔ ا۔ مذ) دیکھئے گُل دان جو زیادہ مستعمل ہے۔

پُھول سُونگھ کے رہنا (اُر۔ محاورہ) بہت کم کھانا۔

پُھول کاڑھنا (اُر۔ محاورہ) کپڑے پر سُوئی تاگے سے پُھول بنانا۔

پُھول کا ہنسنا (اُر۔ محاورہ) پُھول کِھلنا۔ پُھول کا شگفتہ ہونا۔

پُھول کترنا (ک مفتوح) (اُر۔ محاورہ) چراغ کا گُل کترنا (۲) انوکھا کام کرنا۔

پُھول کُملانا (اُر۔ محاورہ) پُھول کا مُرجھانا۔

پُھول کِھلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بند کلی کا پُھول بننا۔ شگفتہ ہونا (۲) بیاہ ہونا۔

پُھول کی جگہ پنکھڑی (اُر۔ مثل) بہت چیز کی بجائے تھوڑی سی۔ بہت نہیں تھوڑی ہی سہی۔

پُھول کی چھڑی نہیں (لگائی) چُھوائی (اُر۔ محاورہ) کبھی نہیں مارا۔ ہاتھ تک نہیں لگایا۔ ناز و نعمت میں رکھا۔

پُھول کے دن (اُر۔ ا۔ مذ) حیض کا زمانہ۔

پُھول گوبھی (اُر۔ ا۔ مث) وہ گوبھی جس میں بڑا پُھول آتا ہے۔ ایک قسم کا کرم کلّا۔

پُھول لانا (اُر۔ محاورہ) درخت میں پُھول لگنا۔ پُھول نمودار ہونا۔

پُھول نہیں پنکھڑی سہی (اُر۔ مثل) جو مل جائے غنیمت ہے۔

پُھول والوں کی سیر (اُر۔ ا۔ مث) دہلی کا مشہور سالانہ میلا جو برسات کے موسم میں حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کے مزار پر پُھول والے منعقد کرتے ہیں۔

پُھول وہی جو مہیش چڑھے (ہ۔ مثل) (۱) پُھول وہی جو کسی مقدّس مقام پر چڑھائے جائیں یا کسی بڑے آدمی کی خدمت میں پیش ہوں (۲) تدبیر وہی ٹھیک ہے جو کام آئے۔ (مہیش ہندوؤں کے مہادیو شوجی کا لقب ہے)۔

پُھول ہونا (اُر۔ محاورہ) فاتحہ اور سوم کی رسُوم کا ادا ہونا۔ تیجا ہونا۔

پُھول (ہ۔ فعل) پُھولنا مصدر کا صیغہ امر۔

پُھول بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہو کر بیٹھنا۔ خفا ہو جانا۔

پُھول پُھول کر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نہایت خوش ہو کر بیٹھنا (۲) مغرور ہونا۔

پُھول جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) سُوجنا۔ ورم ہو جانا (۲) موٹا ہونا (۳) ہوا بھر کر اُبھر جانا (۴) مغرور ہونا۔ اِترانا۔

پُھول کے کُپّا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بہت پُھول جانا۔ بہت موٹا ہو جانا۔

پُھولا (پھو۔ لا) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) آنکھ کی پُھلی۔ سیاہی پر سفید دھبا (۲) پھپھولا (۳) کاجل۔

پُھولا (پُھو۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پرندوں کا ایک مرض جس میں وہ پُھول جاتے ہیں اور پھر کانٹا نکلنے سے مر جاتے ہیں (۲) سفیدی کا نشان جو گھوڑوں کے پُھنوں ٹانگوں یا ران پر ہوتا ہے۔ یہ منحوس سمجھا جاتا ہے (۳) (صف) پُھولا ہوا۔

پُھولا پُھلا رہے (اُر۔ دُعا) سرسبز و شاداب رہے۔ خوش و خرم رہے۔

پُھولا پُھولا پھرنا (اُر۔ محاورہ) خوش خوش پھرنا۔ بے فکری سے گھومنا۔

پُھولا نہ سمانا (اُر۔ محاورہ) نہایت خوش ہونا۔ خوشی کے مارے پُھول جانا۔

پُھولام (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں طرح طرح کے پُھول بنے ہوتے ہیں۔

پُھولنا (پُھول۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سُوجنا۔ بھرا ہونا (۲) اُبھرنا (۳) شگفتہ ہونا۔ (۴) موٹا ہونا (۵) ظاہر ہونا (۶) مغرور ہونا (۷) خوش ہونا (۸) سرسبز ہونا۔

پُھولنا پھلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) درخت کا سرسبز اور بار آور ہونا (۲) انسان کا دولت مند اور صاحب اولاد ہونا۔ بامراد ہونا۔

پُھولو (ہ۔ فعل) پُھولنا کا صیغہ امر۔

پُھولو پھلو (اُر۔ کلمہ دُعا) خوش رہو۔ اقبال بڑھے۔

پُھولوں (ہ۔ ا۔ مذ) پُھول کی جمع۔

پُھولوں کا گہنا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پُھولوں کا بنا ہوا زیور (۲) چیچک۔

پُھولوں کی بدّھی (ہ۔ ا۔ مث) پُھولوں کا لمبا ہار جو دُولھا کو پہنایا جاتا ہے۔

پُھولوں کی چادر (اُر۔ ا۔ مث) پُھولوں کی لڑیاں جو مزار پر چڑھاتے ہیں۔

پُھولوں کی چھڑی (اُر۔ ا۔ مث) وہ چھڑی جس میں پُھولوں کے ہار چوتھی کھیلنے کے لئے لگاتے ہیں۔

پُھولوں کی سیج (اُر۔ ا۔ مث) وہ پلنگ جس پر پُھول بچھائے جائیں۔

پُھولوں میں تُلنا (اُر۔ محاورہ) نہایت نازک بدن ہونا۔ بہت ہلکا ہونا۔

پُھولے پھلے (اُر۔ دُعائیہ کلمہ) سرسبز و شاداب ہو۔ خوش و خرم اور با اولاد ہو۔

پُھوں پھاں (اُر۔ ا۔ مث) (۱) اکڑ۔ شیخی (۲) غُصّہ۔ ناخوشی۔

پُھوں پھاں کرنا (اُر۔ محاورہ) سانپ کی طرح پھنکارنا۔ غُصّہ کرنا۔

پُھونچڑا (پُھونسڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) اُون، لکڑی یا کاغذ کا ریشہ۔ نیز دیکھئے پُھوسڑا۔

پُھونس (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے پُھوس۔

پُھونک (واو معروف) (نُون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) وہ ہوا جو زور سے مُنہ سے نکالی جائے۔ سانس۔ نفس (۲) منتر (۳) رُوح (۴) (صف) ہلکا۔ کھوکھلا۔ جمع: پُھونکوں۔ پُھونکیں (۵) (فعل) مصدر پُھونکنا کا صیغہ امر۔

پُھونک پُھونک کر (پاؤں) قدم رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) احتیاط سے آہستہ آہستہ چلنا (۲) بچ بچ کر کام کرنا۔ ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا۔

پُھونک دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) جلا دینا۔ بھسم کر دینا (۲) بہکا دینا (۳) حُقّے کا پانی نکالنا (۴) مشتہر کر دینا (۵) کچھ کہہ کر مغرور کر دینا (۶) دَم کر دینا (۷)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کان میں کہہ دینا۔ بہکانا۔
پُھونک ڈالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جلا دینا (۲) تباہ کر دینا (۳) دولت اُڑا دینا (۴) منتر پڑھنا۔ دَم کرنا۔
پُھونک سرک جانا (اَر۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ ڈر جانا۔
پُھونک مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زور سے مُنہ سے ہوا نکالنا (۲) بجھانا۔ خاموش کرنا (۳) جادو کرنا (۴) پھونک کر آگ سلگانا۔
پُھونک نکل جانا (اَر۔ محاورہ) دَم نکل جانا۔ سانس نکل جانا۔ ہوا نکل جانا۔
پُھونکنا (پُھونک۔نا) (ہ۔مص) (۱) پُھونک مارنا (۲) جلانا۔ آگ لگانا (۳) بھسم کرنا (۴) دَم کرنا (۵) بہکانا۔ کان بھرنا (۶) شائع کرنا۔ پھیلانا (۷) ستانا (۸) برباد کرنا۔
پھوہا (پھویا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) رُوئی کا وہ ٹکڑا جسے دُودھ یا شربت میں تر کرکے ننھے بچّوں کے مُنہ میں چوستے ہیں (۲) رُوئی کا ٹکڑا۔
پھوہار (ہ۔ا۔مث) مہین مہین بُوندیں۔ نیز دیکھئے پُھوار۔
پُھوہڑ (پُھو۔ہڑ) (ہ۔صف) (۱) سُگھڑ کی ضِد۔ بدسلیقہ۔ بے ہنر (۲) وہ عورت جو اُمورِ خانہ داری کی سمجھ نہ رکھتی ہو (۳) بے وقوف۔
پھوہڑپن (پنا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بدسلیقگی۔ ناشائستگی (۲) بے ہنری (۳) بیوقوفی۔ نادانی۔
پُھوئی (پُھئی) (ہ۔ا۔مث) (۱) پھپھوندی (۲) گھی کا پُھول جو تاؤ دیتے وقت اُوپر آجاتا ہے (۳) باریک بُوند۔ پُھوار۔
پُھوئیاں پُھوئیاں (اَر۔ متعلق فعل) قطرہ قطرہ۔ کم کم۔ تھوڑا تھوڑا۔
پھوئیاں پھوئیاں تالاب بھر جاتا ہے (اَر۔ مثل) تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے۔ قطرہ قطرہ بہم شود دریا۔
پَھیا (پَھ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) مُنافع۔ سُود۔
پھیپھڑا (پھیپھ۔ڑا) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) سانس لینے کا عضو۔ وہ عضو جو پنکھے کی طرح دل کے قریب ہوتا ہے۔ جمع: پھیپھڑوں۔ پھیپھڑے۔
پھیپھڑا جلانا (اَر۔ محاورہ) کسی کی خیر خواہی کرنا۔
پھیپھڑی (پھیپھ۔ڑی) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) ہونٹوں کی خشکی۔ پپڑی جو گرمی کی وجہ سے لبوں پر بندھ جاتی ہے۔
پھیپھڑی بندھ جانا (اَر۔ محاورہ) پیاس سے ہونٹوں کا خشک ہو جانا۔
پھینٹ (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے پھینٹ۔
پھینٹا (پھے۔نٹا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے پھینٹا۔
پھینٹنا (پھینٹ۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے پھینٹنا۔
پھینٹی (پھے۔نٹی) دیکھئے پھینٹی۔
پھیر (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چکر۔ موڑ۔ گھماؤ (۲) فاصلہ (۳) اِنقلاب (۴) راستے کی ٹیڑھ (۵) پیچ۔ فریب (۶) اُلجھاؤ۔ بکھیڑا (۷) فرق (۸) فکر (۹) حلقہ (۱۰) اَندازہ۔ تخمینہ۔
پھیر باندھنا (اَر۔ محاورہ) تار باندھنا (۲) محدود کرنا (۳) پگڑی باندھنا۔
پھیر بدل (اَر۔ا۔مذ) عوض معاوضہ۔ اَدل بدل۔ اِنقلاب۔
پھیر بندھنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کا تسلسل بندھنا۔ متواتر ہونا۔
پھیر پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) چکر پڑنا (۲) فرق ہونا۔
پھیر پھار (اَر۔ا۔مث) (۱) ہیرا پھیری۔ اُلٹ پُلٹ (۲) پیچ۔ چال۔ فریب۔
پھیر دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) واپس کر دینا۔ لوٹا دینا (۲) رُخ موڑنا۔
پھیر کھانا (اَر۔ محاورہ) دُور کی راہ سے جانا (۲) مُصیبت میں پھنسنا (۳) گھاٹا پڑنا۔
پھیر لینا (اَر۔ محاورہ) واپس لے لینا۔ لوٹا لینا۔
پھیر میں آنا (اَر۔ محاورہ) چکر میں آنا۔ گردش میں آنا۔
پھیرا (پھے۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گشت۔ دَورہ (۲) طواف (۳) موڑ۔ گھماؤ (۴) حلقہ۔ دائرہ (۵) گداگر فقیروں کا گشت (۶) آسیب کا خلل (۷) ناشتا جو بچّوں کو تیسرے پہر دیتے ہیں (۸) چُونا ناپنے کا پیمانہ۔ جمع: پھیروں۔ پھیرے۔
پھیرنا (پھیر۔نا) (ہ۔مص) (۱) گھمانا۔ چکر دینا (۲) واپس کرنا (۳) موڑنا۔ رُخ بدلنا (۴) مالا جپنا (تسبیح پھیرنا) (۵) گھوڑے کو آگے یا پیچھے موڑنا (۶) رنگ چڑھانا۔ قلعی کرنا (۷) پلٹنا (۸) دُہرانا (۹) ناراض کرنا (۱۰) گھونا (۱۱) سَیر کرانا (۱۲) زبان بدلنا۔
پھیری (پھے۔ری) (ق۔ا۔مث) گنّے کی پور۔
پھیری (پھے۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) طواف (۲) گشت۔ چکر (۳) گداگروں کا گشت (۴) خردہ فروش کا گشت۔
پھیری پھیرنا (اَر۔ محاورہ) بیچنے جانا (۲) بھیک مانگنے جانا (۳) گشت لگانا۔
پھیری والا (اَر۔ا۔مذ) (۱) وہ شخص جو گلی کوچوں میں پھر کر سودا بیچے۔ بساطی۔ خوانچے والا (۲) وہ فقیر جو معمولاً پھیری لگائے۔
پھیرے (پھے۔رے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھیرا کی جمع (۲) پھیرا کی مُغیّرہ صورت (۳) شادی کی ہندوانہ رَسم جس میں دُولھا دُلہن آگ کے گرد سات پھیرے یا چکر لگاتے ہیں۔
پھیرے ڈالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہندو دُولھا دُلہن کا آگ کے گرد سات دفعہ طواف کرنا (۲) کسی کام کے لئے بار بار جانا۔
پھیکا (پھی۔کا) (ہ۔صف) (۱) بے نمک۔ اَلونا۔ کم شیریں (۲) بدمزہ۔ بے ذائقہ (۳) ہلکا۔ مدھم (۴) اُداس (۵) رُوکھا۔ بد اَخلاق۔
پھیکا پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) رنگ مدھم ہو جانا۔ بے آب ہو جانا (۲) شرمندہ ہو جانا۔
پھیکا پنڈا (اَر۔ا۔مذ) خفیف سا بخار۔
پھیکا غمزہ (اَر۔ا۔مذ) بے لطف نخرہ۔ خشک غمزہ۔
پھیکی (پھی۔کی) (ہ۔صف) پھیکا کی تانیث۔ بے نمک۔ بدمزہ۔
پھیل (ہ۔فعل) مصدر پھیلنا کا صیغہ اَمر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پھیل کر بیٹھنا (اُر۔محاورہ) پھسکڑا مار کر بیٹھنا۔ کھل کر بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا۔

پَھیلا (پھے۔لا)(و۔صف) پھیلا ہوا۔ کشادہ۔ چوڑا۔

پَھیلانا (پھے۔لا۔نا)(و۔مص) پھیلنا کا متعدی (۱) کشادہ کرنا (۲) بچھانا (۳) لمبا کرنا (۴) بکھیرنا (۵) محدود وسیع کرنا (۶) حساب کرنا (۷) مشتہر کرنا۔

پَھیلاوا (پھے۔لا۔وا)(اُر۔ا۔مذ) (۱) چیزوں کو بے ترتیبی سے پھیلانے کا عمل (۲) طوالت۔ درازی۔

پَھیلاوَٹ (پھے۔لا۔وَٹ)(اُر۔ا۔مث) (۱) بانٹ۔ تقسیم (۲) حساب کا عمل (۳) پھیلاؤ۔

پَھیلاوَ (پھے۔لا۔او)(اُر۔ا۔مذ)(۱) چوڑائی۔ وُسعت (۲) درازی۔ طوالت (۳) اَندازہ۔ تخمینہ۔ مقدار۔

پَھیلنا (پَھیل۔نا)(و۔مص)(۱) بچھنا۔ پسرنا (۲) فراخ ہونا (۳) مشہور ہونا (۴) بکھرنا (۵) چھانا (۶) بڑھنا (۷) ضِد کرنا (۸) کثیرالاولاد ہونا (۹) موٹا ہونا (۱۰) حد سے بڑھنا (۱۱) بکثرت ہونا (۱۲) بے تکلف ہونا۔

پَھین (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم)(و۔ا۔مذ)(۱) جھاگ۔ کف (۲) رطوبت جو مُنہ سے نکلے۔

پھینٹ (بیائے مجہول)(نُون غُنّہ)(و۔ا۔مث) پٹی۔ کمربند۔ پٹکا۔ نُون کے بغیر بھی مستعمل ہے۔ دیکھئے پھیٹ۔

پھیٹا (پھیں۔ٹا)(بیائے مجہول)(و۔ا۔مذ) سَر پر باندھنے کا دس بارہ گرہ کا کپڑا۔ (پَن) پَرنا۔

پھینٹنا (پھینٹ۔نا)(بیائے مجہول)(و۔مص) ایک دُوسرے میں حل کرنا۔ ایک جان کرنا (۲) مارنا۔ پیٹنا۔

پھینٹی (پھیں۔ٹی)(و۔ا۔مث) سُوت کی اَنٹی (۲) تھپڑ۔ طمانچہ۔

پھینچنا (پھینچ۔نا)(بیائے معروف)(و۔مص) صابن کے بغیر کپڑا دھونا۔ کھنگالنا۔

پھینک (بیائے مجہول)(نُون غُنّہ)(و۔ا۔مث) بکھیر۔ نچھاور (۲)(و۔فعل) پھینکنا مصدر کا امر۔

پھینک پھانک (اُر۔ا۔مث) بے پروائی سے چیزیں رکھنا (۲) ضائع کرنا۔ (پھانک تابع مُہمل ہے)۔

پھینک دینا (اُر۔محاورہ)(۱) گرا دینا (۲) ضائع کر دینا (۳) اُچھال دینا (۴) بکھیر دینا۔

پھینکنا (پھینک۔نا)(بیائے مجہول)(نُون غُنّہ)(و۔مص)(۱) گرانا (۲) بکھیرنا (۳) پٹخنا۔ دے مارنا (۴) سَرپٹ دوڑانا (۵) اُچھالنا (۶) ضائع کرنا (۷) پتا کھیلنا۔

پھینی (پھے۔نی)(و۔ا۔مث) گھی میں تلے ہوئے میدے کے لچھے جنہیں گرم دودھ میں بھگو کر کھاتے ہیں۔ جمع: پھینیاں۔ پھینیوں۔

پھیہا (پھی۔ہا)(و۔ا۔مذ)(۱) پھاہا (۲) مُرغی کی ایک بیماری جس میں پیٹ کے نیچے ورم ہو جاتا ہے اور وہ انڈا نہیں دیتی۔

پ۔ی

پئے (پَ۔اِے)(ف۔متعلق فعل) لئے۔ واسطے۔

پی (و۔ا۔مذ)(۱) پریتم۔ پیارا۔ شوہر (۲)(و۔فعل) مصدر پینا کا اَمر۔

پی کہاں (و۔ا۔صوت) پپیہے کی آواز۔

پِی (ف۔ا۔مث) چربی۔

پَے (ف۔ا۔مذ) پٹھا (۲) تانت (۳) کھوج (۴) نشان (۵)(صف) پیچھے۔

پے بہ پے (پے در پے۔پیا پَے)(ف۔متعلق فعل) لگاتار۔ متواتر۔

پیا (پ۔یا)(و۔ا۔مذ)(۱) محبوب (۲) شوہر۔

پیا جسے چاہے وہی سہاگن (و۔مثل) دیکھئے جس کو پیا چاہے۔

پَپِیّا (پپیہ)(و۔ا۔مذ) دیکھئے پپیہا۔

پیا بانسا (پ۔یا۔باں۔سا)(و۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا بانس (۲) ایک پودا جس سے سُرخ رنگ نکالتے ہیں۔

پیادَہ (پ۔یا۔دَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) پیدل (۲) شطرنج کا مُہرہ (۳) ہرکارہ۔ چپراسی۔ فارسی جمع: پیادگان۔ اُردو جمع: پیادے۔ پیادوں۔

پیادہ پا (ف۔صف) پیدل۔ جو سوار نہ ہو۔

پیادہ گرد (ف۔صف) پیدل چلنے والا۔

پیادۂ محاصِل (ف۔ا۔مذ)(۱) وہ چپراسی جو مقروض کے مکان پر مقرّر کیا جائے اور اس کے قرض ادا کرنے تک اُسی کے خرچ پر وہاں رہے (۲) وہ سپاہی جو مالیہ وصول کرنے کے لئے مقرّر کیا جائے۔

پیار (پ۔یار)(و۔ا۔مذ)(۱) محبت (۲) لاڈ۔ دُلار (۳) ماتا (۴) بوسہ (۵) دوستی (۶) التفات۔ مہربانی۔

پیار آنا (اُر۔محاورہ) محبت کا جوش مارنا۔ دل کا مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

پیار اِخلاص (و۔ع۔ا۔مذ) ربط ضبط۔ میل جول۔

پیار کا نام (اُر۔ا۔مذ) وہ نام جو پیار سے رکھ لیتے ہیں۔ چُنّو۔ بلّو وغیرہ۔

پیار کرنا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) چُمکارنا۔ بوسہ لینا۔ سر پر ہاتھ پھیرنا (اُس کو پیار کیا)(۲) محبت کرنا۔ عشق کرنا (اُس سے پیار کیا)۔

پیار کی آنکھ (پیار کی نظر) (اُر۔ا۔مث) محبت کی نگاہ۔ محبت کا اَنداز۔

پیار کی باتیں (اُر۔ا۔مث) محبت کی باتیں

پیار نکالنا (اُر۔محاورہ) حسرت نکالنا۔ چاؤ نکالنا۔ اَرمان نکالنا۔

پیارا (پیا۔را)(و۔صف۔و۔ا۔مذ)(۱) لاڈلا۔ چہیتا (۲) دوست (۳) معشوق (۴) عزیز۔ نزدیکی رشتے دار (۵) خوب صورت (۶) قابلِ قدر۔ جمع: پیارے۔ پیاروں۔

پیارا پیارا (اُر۔صف) بہت خوبصورت۔ بہت دِل کش۔

پیارا لگنا (اُر۔محاورہ) بھلا لگنا۔ اچھا لگنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیارا ہونا (اُر۔ محاورہ) عزیز ہونا۔ محبوب ہونا۔
پیاروں (پ۔یا۔روں) (ہ۔ صف۔ وا۔ مذ) پیارا کی جمع۔
پیاروں پیٹی (اُر۔ بدُعا) وہ عورت جس کے عزیز مر گئے ہوں۔
پیاراں آنگا (پ۔یا۔راں۔گا) (ہ۔ا۔مذ) ایک جڑ جو دوا کے طور پر اِستعمال کی جاتی ہے۔
پیاری (پ۔یا۔ری) (ہ۔ صف) عزیزہ۔ محبوبہ۔ لاڈلی۔ پیارا کی تانیث۔
پیاری پیاری باتیں (اُر۔ا۔مث) میٹھی میٹھی باتیں۔ بھولی بھولی باتیں۔
پیارے (پ۔یا۔رے) (ہ۔ صف۔ وا۔ مذ) (۱) پیارا کی جمع (۲) پیارا کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ (۳) عزیز و محبوب کے لئے کلمۂ خطاب۔
پیاز (پ۔یاز) (ف۔ا۔مث) ایک بُودار گانٹھ والی جڑ جس میں تہ بہ تہ چھلکے ہوتے ہیں۔ کھانوں میں اِستعمال کی جاتی ہے۔ بصل۔ اِس کا اصل وطن وسط ایشیا ہے۔
پیازی (پ۔یا۔زی) (ف۔ صف) (۱) پیاز سے منسوب (۲) شربتی۔ گلابی (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا نہایت قیمتی اور خوش رنگ لعل۔
پیاس (پ۔یاس) (ہ۔ا۔مث) (۱) تشنگی۔ پانی پینے کی خواہش (۲) تمنّا۔
پیاس بُجھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) تشنگی فرو کرنا۔ پانی پلا کر تسلی دینا (۲) خواہش پُوری کرنا۔
پیاس بھڑکنا (اُر۔ محاورہ) پیاس کی شدّت ہونا۔
پیاس کا چسکا (اُر۔ محاورہ) بار بار پیاس لگنے کی کیفیت۔
پیاس لگنا (اُر۔ محاورہ) پانی کی خواہش ہونا۔ تشنگی ہونا۔
پیاس مارنا (اُر۔ محاورہ) پانی کی خواہش کو روکنا۔ تشنگی کو برداشت کرنا۔
پیاس مرجانا (اُر۔ محاورہ) (۱) تشنگی اَز خود رفع ہو جانا (۲) خواہش باقی نہ رہنا۔
پیاسا (ہ۔ صف) (۱) تشنہ۔ جسے پانی کی خواہش ہو (۲) مشتاق۔ آرزو مند۔ جمع: پیاسوں۔ پیاسے۔
پیاسا کُوئیں کے پاس جاتا ہے۔ کُنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا (اُر۔ مثل) طالب مطلوب کے پاس جاتا ہے۔ مطلوب طالب کے پاس نہیں آتا۔
پَیال (پ۔یال) (ہ۔ا۔مث) دھان کا سُوکھا ڈنٹھل۔ بُھوس۔ پرال۔
پیال کے پاؤں (اُر۔ صف) ناپائدار۔
پیالہ (پ۔یا۔لہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کٹورا۔ ساغر۔ کاسہ۔ جام (۲) توپ یا بندوق میں بارُود رکھنے کی جگہ (۳) بھیک کا ٹھیکرا۔ کاسۂ گدائی (۴) عُرس۔ فاتحۂ سوم (۵) فقیروں کے ہاں فقیروں کی دعوت (۶) پٹے بازوں کا اکھاڑا۔ (۷) جل ترنگ۔ اُردو جمع: پیالوں۔ پیالے۔
پیالہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) گداگری اِختیار کرنا۔
پیالہ بجنا (اُر۔ محاورہ) ترقّی ہونا (۲) فیشن ہونا (۳) جل ترنگ کے پیالوں کا بجنا۔
پیالہ بھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پیالے کا پُر ہونا (۲) زندگی کے دن پُورے ہونا۔
پیالہ بہنا (اُر۔ محاورہ) اِسقاطِ حمل ہونا۔ حمل گرنا۔
پیالہ پینا (اُر۔ محاورہ) (۱) بھنگ یا شراب پینا (۲) مُرید ہونا۔ آزادوں یا فقیروں کی صحبت میں رہنا۔
پیالہ ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) آزاد فقیروں کی اِصطلاح میں فاتحۂ سوم کی ضیافت ہونا۔ عُرس ہونا (۲) مَرنا (۳) آزادوں کے تکیے میں آزادوں کی دعوت ہونا۔ (۴) پٹے باز کے گھر پٹے بازوں کی دعوت ہونا۔
پیالی (پ۔یا۔لی) (اُر۔ا۔مث) چھوٹا پیالہ۔ جمع: پیالیاں۔ پیالیوں۔
پَیام (پَ۔یام) (ف۔ا۔مذ) پیغام۔ سندیسا۔ کسی کو کسی کے ذریعے کوئی بات کہلوانا (۲) منگنی کا پیغام۔ اُردو جمع: پیام۔ پیاموں۔
پیامِ اَجل (ف۔ع۔ا۔مذ) موت کا پیغام۔ آفتِ ناگہانی۔
پیام بَر (پیام رساں) (ف۔ا۔مذ) قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔
پیام سلام (ف۔ع۔ا۔مذ) (۱) دُوسرے کی معرفت سوال جواب (۲) نسبت کا پیام۔
پَیامی (پ۔یا۔می) (ف۔ا۔مذ) پیام لے جانے والا۔ قاصد۔ پیام بر۔
پیانسٹ (Pianist) (انگ۔ا۔مذ) پیانو بجانے والا۔
پیانو (Piano) (انگ۔ا۔مذ) ہارمونیم کی طرز کا ایک مغربی باجا۔
پیاؤ (پ۔یا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پانی پینے کی جگہ (۲) سبیل۔
پیپ (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مث) مواد۔ ریم۔ سفید مادّہ جو پھوڑوں اور زخموں میں پڑ جاتا ہے۔
پیپ پڑنا (اُر۔ محاورہ) زخم کا پکنا (۲) روحانی اذیّت ہونا۔
پیپا (پی۔پا) (اُر۔ا۔مذ) پُرتگالی "پِپا" سے بنا ہوا۔ لکڑی یا دھات کا بڑا برتن۔ کنستر۔ ڈرم۔ جمع: پیپوں۔ پیپے۔
پیپا بن جانا (ہو جانا) (اُر۔ محاورہ) بہت موٹا ہو جانا۔
پیپر (Paper) (انگ۔ا۔مذ) (۱) کاغذ۔ پرچہ (۲) اَخبار۔ گزٹ۔
پیپر ویٹ (Paper Weight) (انگ۔ا۔مذ) کاغذوں پر رکھنے کا وزن۔ کاغذداب۔ وزنہ۔
پیپرس (Papyrus) (انگ۔ا۔مذ) نرسل کی قسم کا پودا جو پانی میں ہوتا ہے۔ اِس کی چھال سے بنے ہوئے ورق جن پر قدیم مصری لکھا کرتے تھے (۲) کوئی تحریر یا کتاب جو اُن اوراق پر لکھی ہو۔
پیپرمنٹ (Pappermint) (انگ۔ا۔مذ) پودینے کے ست کی گولیاں۔
پیپل (پی۔پَل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک سایہ دار درخت جس کے پتے پان کی طرح چوڑے اور چکنے ہوتے ہیں اور جسے ہندو مقدس سمجھتے ہیں (۲) ایک پھل جو دوا کے طور پر کام آتا ہے (۳) فلفل دراز۔
پیپلا (پیپ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) تلوار کی نوک یا اَنی۔
پیپلا مور (پیپلا مول۔ پیپلا مونڈ) (ہ۔ا۔مث) (۱) پیپل کی جڑ۔ فلفل دراز کی جڑ۔
پیپلی (پیپ۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) پیپل کا پھل (۲) پیپل کا مادہ درخت۔
پیت (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) محبت۔ دوستی۔ عشق۔ پیار۔ اِخلاص

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲)(صف) زرد۔ پیلا۔

پیت کی ریت نرالی (مثل) دوستی کا انداز نرالا ہے۔ محبت کا طریق ہی اور ہے۔

پیت نہ جانے جات کجات (مثل) محبت میں اعلیٰ و ادنیٰ ذات نہیں دیکھی جاتی۔ محبت میں ذات پات کی قید نہیں۔

پَیتابا (پیتاوا) (پے۔تا۔با)(پے۔تا۔وا)(اَ۔ا۔مذ)(۱) دیکھیے پاتابہ۔

پیتام بَر (پی۔تام۔بَر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا (۲) زرد پوش (۳) ریشمی دھوتی (عورتوں کی)۔

پَیتْرا (پیت۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کُشتی کے داؤں کرتے وقت کا ٹھاٹھ (۲) پاؤں کا نشان۔ کھوج۔ سُراغ۔ اَثر۔ جمع: پیتروں۔ پیترے۔

پَیترا بدلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) ٹھاٹھ بدلنا۔ قدم بدلنا (۲) کُشتی کے وقت قاعدے کے موافق پاؤں رکھنا اور اُٹھانا۔ فنِ سپہ گری دکھانا۔

پِیتَس (پی۔تس)(ہ۔ا۔مث) خُسر کے بھائی کی بیوی۔ چچیا ساس۔

پِیتَسرا (پی۔تس۔را)(ہ۔ا۔مذ) خُسر کا بھائی۔

پِیتَل (پی۔تل)(ہ۔ا۔مذ) برنج۔ زرد رنگ کی دھات جو جست اور تانبا ملا کر بنائی جاتی ہے۔

پیتلی (پیت۔لی)(ہ۔صف)(۱) پیتل کا۔ برنجی (۲) زرد۔ پیلا۔

پیتَم (پی۔تم)(ہ۔ا۔مذ) محبوب (۲) نہایت پیارا۔

پیتَمبَر (پی۔تم۔بَر)(ہ۔ا۔مذ) دیکھیے پیتامبر۔

پیٹ (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) چھاتی اور پیڑو کے درمیان کا حصّہ جس میں معدہ اور آنتیں ہوتی ہیں۔ شکم۔ بطن (۲) رحم۔ بچہ دان (۳) حمل (۴) خلا۔ جوف (۵) توپ کا وہ حصّہ جہاں گولا رکھا جاتا ہے (۶) گنجائش۔ سمائی (۷) حوصلہ۔ ظرف (۸) اندرون۔ باطن۔ بھید (۹) دائرے کا اندرونی حصّہ (۱۰) طمع۔ ہوس (۱۱) خوراک۔ جمع: پیٹ۔ پیٹوں۔

پیٹ اُبھرنا (اَر۔ محاورہ) پیٹ پھولنا۔ نفخ ہونا۔ بدہضمی ہونا۔

پیٹ باندھنا (اَر۔ محاورہ) خواہش سے کم کھانا۔ بھوک ضبط کرنا۔

پیٹ بجانا (اَر۔ محاورہ) خوشی منانا۔ خوش ہونا۔

پیٹ بُری بلا ہے (اَر۔ مثل) بھوک بہت بُری چیز ہے۔

پیٹ بڑا ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) توند نکلنا (۲)(محاورہ) ہوس زیادہ ہونا۔

پیٹ بڑھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) خوراک بڑھانا۔ مقدار سے زیادہ کھانے کی عادت ڈالنا (۲) دُوسرے کے حصّے پر دانت رکھنا۔

پیٹ بڑھنا (اَر۔ مص مُرکّب) جلندھر یا اِستقا کے باعث پیٹ بڑھ جانا (۲)(محاورہ) خوراک بڑھنا۔ بھوک زیادہ ہونا۔

پیٹ بولنا (اَر۔ محاورہ) قراقر ہونا۔ ریح کے باعث پیٹ میں سے آواز نکلنا۔

پیٹ بھاری ہونا (اَر۔ محاورہ) گرانیِ شِکم ہونا۔ بدہضمی ہونا۔

پیٹ بھرا (اَر۔ صف)(۱) شِکم سیر (۲) مال دار۔ فارغ البال (۳) خود مختار۔ آزاد۔

پیٹ بھر جانا (اَر۔ مص مُرکّب)(۱) سیر ہو جانا (محاورہ) آکتا جانا (۳) اپھر جانا۔ مغرور ہونا۔

پیٹ بھر (کے) کر (اَر۔ متعلق فعل)(۱) کھانا کھا کر (۲) بخوبی۔ جی بھر کے (۳) از حد۔ بہت۔

پیٹ بھرنا (اَر۔ مص مُرکّب)(۱) سیر ہونا (۲)(محاورہ) گزران کرنا (۳) دولت مند ہونا (۴) اُکتانا۔ طبیعت بھرنا۔

پیٹ بھرے رذالے اور بھوکے بھلے مانس سے ڈریے (اَر۔ مثل) دیکھیے بھوکے شریف سے' پیٹ بھرے رذیل سے ڈریے۔

پیٹ بھرے کی باتیں (اَر۔ا۔مث) دولت مندی کی باتیں۔ متکبرانہ باتیں۔

پیٹ بھرے کے گُن (اَر۔ا۔مذ) مغرورانہ کلام۔ آزادانہ اطوار۔

پیٹ پاپی ہے (اَر۔ مثل) بھوک بہت سے گناہوں کا باعث بنتی ہے۔

پیٹ پالنا (اَر۔ محاورہ)(۱) مشکل سے کما کر کھانا۔ بہ دُشواری گزر اوقات کرنا (۲) پیٹ بھرنا (۳) نفس پرستی کرنا۔

پیٹ پڑی روٹیاں تو سُوجھی باتیں موٹیاں (اَر۔ مثل) پیٹ بھرا ہو تو بہت باتیں آجاتی ہیں (۲) امیر آدمی کی ہر بات عقل کی ہوتی ہے۔

پیٹ پٹاری۔ مُنہ سپاری (اَر۔ مثل) بظاہر دُبلا پتلا مگر بہت کھانے والا۔

پیٹ پر پتھر باندھنا (اَر۔ محاورہ) فاقے کی تکلیف برداشت کرنا۔

پیٹ پُوجا (اَر۔ا۔مث) پیٹ بھرنا۔ کھانا کھانا۔

پیٹ (پکڑے) تھامے پھرنا (اَر۔ محاورہ) پریشان پھرنا۔ آپے میں نہ رہنا۔

پیٹ پونچھن (پیٹ گھرچن) (اَر۔ا۔مث) آخری اولاد۔

پیٹ پھاڑنا (اَر۔ مص مُرکّب) شکم چاک کرنا (۲)(محاورہ) حرص کرنا (۳) نظر لگانا (۴) کام میں جلدی کرنا (۵) حسد کرنا (۶) دل کا بھید ظاہر کرنا (۷) انکار کرنا (۸) لڑنے کو تیار ہونا (۹) حصّہ لینے میں جلدی کرنا۔

پیٹ پھٹنا (اَر۔ مص مُرکّب)(۱) شکم چاک ہونا (۲)(محاورہ) بے صبر ہونا (۳) ہنسی کے مارے بے تاب ہونا (۴) حسد اور رشک کرنا (۵) چاولوں کا پھول کر شق ہونا۔

پیٹ پُھلانا (اَر۔ مص مُرکّب)(۱) پیٹ کو سانس سے اُونچا کرنا (۲)(محاورہ) حاملہ ہونا (۳) کھانے کی آواز پر تیار ہو کر بیٹھنا (۴) بہت لالچ کرنا۔

پیٹ پُھولنا (اَر۔ مص مُرکّب) اَپھر جانا۔ نفخ ہونا (۲)(محاورہ) بے چین ہونا (۳) حمل سے ہونا۔

پیٹ پیٹنا (اَر۔ محاورہ)(۱) پیٹ بجانا (۲) بھوک کے مارے شور مچانا (۳) بے قراری ظاہر کرنا (۴) ہوس کرنا۔

پیٹ پیٹھ سے لگنا (اَر۔ محاورہ) بہت دُبلا ہونا (۲) نہایت بھوکا ہونا۔

پیٹ تو سب کے ساتھ لگا ہُوا ہے (اَر۔ مقولہ) ہر ایک کو کھانے کی ضرورت ہے۔

پیٹ ٹھنڈا رہنا (اَر۔ محاورہ) اولاد کی طرف سے خوش رہنا۔ اولاد کا زندہ رہنا۔

پیٹ جاری ہونا (پیٹ چھوٹنا) (اَر۔ محاورہ) دست آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیٹ جھاڑنی (ق۔ا۔مث) جُلاّب۔

پیٹ چپاتی ہو جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیٹ نہایت ملائم ہو جانا (۲) بھوک سے پیٹ اندر کو دھنس جانا۔

پیٹ چوٹی (اَر۔ صف۔ مث) وہ عورت جس کا حمل ظاہر نہ ہو۔

پیٹ دِکھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِفلاس اور بھوک کی شکایت کرنا (۲) دائی سے حمل کی شناخت کرانا۔

پیٹ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) حمل گرانا۔

پیٹ رکھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) حاملہ کرنا (۲) حاملہ ہونا۔

پیٹ سے پاؤں نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بدراہ ہونا (۲) بڑھ چلنا۔ پُرپُرزے نکالنا۔ چُھپے ہوئے عیب یا ہُنر ظاہر کرنا۔

پیٹ سے ہونا (اَر۔ محاورہ) حمل ہونا۔

پیٹ کا بچّہ (اَر۔ا۔مذ) (۱) اپنی اولاد۔ سگا بچّہ (۲) وہ بچّہ جو ابھی پیدا نہ ہوا ہو۔

پیٹ کا بندہ (اَر۔ا۔مذ) حریص۔ لالچی۔

پیٹ کا پانی نہ ہلنا (اَر۔ محاورہ) سواری میں جُنبش اور تکلیف نہ ہونا۔

پیٹ کا پردہ (اَر۔ا۔مذ) پردۂ شکم۔ آنتوں کی جھلّی۔ اوجھڑی۔

پیٹ کاٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کفایت کرنا (۲) کم کھا کر گزر کرنا (۳) بھوکا مارنا۔

پیٹ کا جلا گاؤں جلائے (اَر۔ مثل) بھوکا آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔

پیٹ کا دھندا (اَر۔ا۔مذ) محنت۔ مزدوری۔ فکرِ معاش۔

پیٹ کا کتّا (اَر۔ صف) نہایت لالچی۔ کھانے پر جان دینے والا۔ بندۂ شکم۔

پیٹ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا۔ تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں (اَر۔ مثل) ظاہر کو سب دیکھتے ہیں' باطن کو کوئی نہیں دیکھتا۔

پیٹ کا گہرا (اَر۔ محاورہ) راز چھپانے والا۔ بھید ظاہر نہ کرنے والا۔

پیٹ کا ہلکا (اَر۔ صف) تنگ ظرف جو بھید کو چھپا نہ سکے۔

پیٹ کی (آگ) آنچ (اَر۔ا۔مث) (۱) ماں کی محبت (۲) اولاد۔ بال بچّے (۳) بھوک۔ اِشتہا۔

پیٹ کی آگ بُجھانا (اَر۔ محاورہ) بھوک دُور کرنا۔ کھانا کھانا۔

پیٹ کی مار دینا (اَر۔ محاورہ) بھوک کی سزا دینا۔ کھانا نہ دینا۔

پیٹ گدرانا (اَر۔ محاورہ) حمل کے آثار ظاہر ہونا۔

پیٹ گرنا (اَر۔ محاورہ) حمل جاتا رہنا۔ اِسقاطِ حمل ہونا۔

پیٹ لگ جانا (اَر۔ محاورہ) بھوک کے مارے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا۔

پیٹ مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کھانے میں کمی کرنا (۲) نفس کُشی کرنا۔

پیٹ مزُورا (ق۔ا۔مذ) مزدُور۔

پیٹ مسوس کر رہ جانا (اَر۔ محاورہ) پیچ و تاب کھانا۔

پیٹ میں آگ لگنا (اَر۔ محاورہ) بھوک سے بیقرار ہونا۔

پیٹ میں آنت نہ مُنہ میں دانت (اَر۔ مثل) نہایت ضعیف۔ بہت بُوڑھا پھُونس۔

پیٹ میں انگارے بھرنا (اَر۔ محاورہ) حرام کا مال کھانا۔

پیٹ میں بات رکھنا (اَر۔ محاورہ) راز چھپانا۔ بھید مخفی رکھنا۔

پیٹ میں بات نہ سمانا (اَر۔ محاورہ) بھید نہ چھپا سکنا۔

پیٹ میں بل پڑنا (اَر۔ محاورہ) ہنسی کے باعث پیٹ میں شکن پڑنا۔ ہنستے ہنستے پیٹ دُہرا ہو جانا۔

پیٹ میں (بیٹھنا) گھسنا (اَر۔ محاورہ) پیٹ میں گھسنا۔ دوست بن کر مطلب نکالنا۔ خوشامد کرنا۔

پیٹ میں پالنا (اَر۔ محاورہ) کوئی بات دِل میں رکھنا۔ فکر ہونا۔

پیٹ میں پاؤں ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت مکّار ہونا۔

پیٹ میں پڑا چارا تو کُودنے لگا بچارا (اَر۔ مثل) (۱) کھا لیا تو طاقت آگئی (۲) روٹی مل گئی تو شرارت کی سُوجھنے لگی۔

پیٹ میں پڑی جب دُور کی سُوجھی۔ بھوک لگی تندُور کی سُوجھی (اَر۔ مثل) پیٹ بھرا ہو تو عجیب عجیب باتیں سُوجھتی ہیں اور بھوکے کو روٹی کی فکر ہوتی ہے۔

پیٹ (میں) پڑے تو عبادت کی سُوجھے (اَر۔ مثل) بھوک میں عبادت بھی نہیں ہو سکتی۔

پیٹ میں چوہوں کا قلابازیاں کھانا (اَر۔ محاورہ) بھوک سے بیقرار ہونا۔

پیٹ میں چوہے دوڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خوف کے باعث اِضطراب و بیقراری کا ہونا (۲) بھوک سے بیقرار ہونا۔

پیٹ میں ڈاڑھی ہونا (اَر۔ محاورہ) کم سِنی میں عقلمندی کی باتیں کرنا۔

پیٹ میں رکھنا (اَر۔ محاورہ) راز مخفی رکھنا۔ بھید ظاہر نہ کرنا۔

پیٹ میں سانس نہ سمانا (اَر۔ محاورہ) سانس بھول جانا۔ تھک جانا (۲) سخت گھبرانا۔

پیٹ میں سے پاؤں نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تو عمروں کا نئے نئے گُن سیکھنا (۲) بدراہی اور بداطواری اِختیار کرنا۔

پیٹ میں کھلبلی (پڑنا) مچنا (اَر۔ محاورہ) گھبراہٹ ہونا۔ اِضطراب ہونا۔ پریشان ہونا۔

پیٹ میں گُن بھرے ہونا (اَر۔ محاورہ) باطن میں شرارت ہونا۔

پیٹ میں گھوڑے دوڑنا (اَر۔ محاورہ) قراقر ہونا۔ پیٹ میں گڑبڑ ہونا۔

پیٹ میں ہَول سمانا (پیٹ میں ہَول اُٹھنا) (اَر۔ محاورہ) پریشان ہونا۔ بہت گھبرانا۔

پیٹ والی (اَر۔ صف) (۱) حاملہ۔ زنِ بارور (۲) کھانے پینے کی ہر چیز پر دل للچانے والی عورت۔

پیٹ ہے یا بے ایمان کی قبر؟ (اَر۔ مثل) بڑے پیٹ والے یا پیٹو کو کہتے ہیں۔

پیٹا (پے۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گولائی۔ محیط۔ دَور (۲) تُکّل یا کنکوے کی ڈور کا جھول (۳) کسی چیز کا وسط (۴) دریا کے بہنے کا راستہ (۵) تفصیلِ حساب جو ایک مد کے اندر لکھی جائے (۶) دریا کا پاٹ (۷) اوجھڑی (۸) کتاب کا متن (۹) فاصلہ۔ دُوری (۱۰) قابو۔ بس (۱۱) (ہ۔ متعلق فعل) تقریباً۔ تخمیناً (۱۲) دوران میں۔

پیٹا چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) کنکوے کی ڈور کو جھول دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پِٹا (پِ۔ٹا)(ہ۔صف)(۱) نامناسب۔بے جا(۲) پیٹنا کی ماضی۔
پِٹا پانی (اَر۔ا۔مذ) زور شور کا مینہ۔
پِٹیت پِٹیت کر (اَر۔حعلق فعل)(۱) بڑی مُشکل سے(۲) مار مار کر۔
پیٹرَن (Patron) (پیٹ۔رَن)(انگ۔صف) مُربّی۔سرپرست۔حامی۔
پَیٹرَن (Pattern) (انگ۔ا۔مذ) ڈیزائن۔شکل۔نمونہ۔
پِٹک پیا (پِ۔ٹک۔پِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) نوحہ۔ماتم۔کہرام۔جھگڑا۔
پیٹنا (پیٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) مارنا۔چوٹ لگانا(۲) ماتم کرنا۔رونا(۳) چوڑا کرنا۔چپٹا کرنا(۴) سخت محنت کرنا(۵) حاصل کرنا(۶) اَندیشہ کرنا(۷) بُرا چاہنا۔کسی کی موت چاہنا(۹) مُہرہ مارنا(۱۰) دُکھڑا رونا۔
پَیٹنٹ (Patent) (انگ۔ا۔مذ) رجسٹری شدہ ایجاد جس کو بنانے اور فروخت کرنے کا حق حکومت کی طرف سے مُوجد کو دیا جاتا ہے۔اس کی جعل سازی یا نقالی قانوناً ممنوع ہے۔
پیٹو (پے۔ٹُو)(ہ۔صف) بہت کھانے والا۔بسیار خور۔
پِٹو (پِ۔ٹُو)(ہ۔صف) ماتم میں سینہ اور سر کو بہت کوٹنے والا۔
پِیٹھ (بیائے معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) پُشت۔سینے کے پیچھے جسم کا پچھلا حصہ (۲) ہر چیز کا بالائی حصہ (۳) مدد۔حمایت۔سہارا۔پناہ۔جمع: پیٹھوں۔پیٹھیں۔
پیٹھ پرکا (اَر۔صف۔مذ) بعد کا۔وہ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہوا ہو۔
پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا (اَر۔محاورہ) شاباش دینا۔ہمت بندھانا۔حوصلہ بڑھانا۔ تعریف کرنا۔
پیٹھ پر ہاتھ رکھنا (اَر۔محاورہ) سرپرستی کرنا۔حمایت کرنا۔
پیٹھ پر ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) مددگار ہونا۔حمایت کرنا(۲) ایک بچے کے بعد دُوسرے بچے کا ہونا۔
پیٹھ پھیرنا (اَر۔محاورہ)(۱) پیٹھ موڑنا۔جانا(۲) مرنا۔اِنتقال کرنا(۳) لڑائی سے بھاگنا(۴) بیزاری یا نفرت کے باعث دُوسری طرف مُنہ کر لینا (۵) دُوسری طرف مُنہ پھیر کر بیٹھنا۔
پیٹھ پیچھا ہے (اَر۔محاورہ) مُنہ دیکھے کی خوشامد نہیں(۲) موجود نہیں۔حاضر نہیں۔
پیٹھ پیچھے (اَر۔حعلق فعل)(۱) غیر حاضری میں (۲) مرنے کے بعد۔
پیٹھ پیچھے بادشاہ کو بھی بُرا کہتے ہیں (اَر۔مثل) لوگ بادشاہ کی غیبت بھی کرتے ہیں۔اگر کوئی پیٹھ پیچھے بُرا کہے تو بُرا نہیں ماننا چاہیے۔
پیٹھ پیچھے ڈال دینا (اَر۔محاورہ) بے پروائی کرنا۔
پیٹھ توڑنا (اَر۔محاورہ) مایوس کرنا۔نااُمید کرنا۔ہمت توڑنا۔
پیٹھ ٹھوکنا (ٹھونکنا) (اَر۔محاورہ) شاباش دینا۔ہمت بندھانا۔دلاسا دینا۔
پیٹھ چارپائی سے لگ جانا (اَر۔محاورہ) بیماری یا کمزوری کے باعث چارپائی سے اُٹھ نہ سکنا۔صاحبِ فراموش ہونا۔
پیٹھ دکھانا (اَر۔محاورہ)(۱) مُنہ موڑنا۔لڑائی سے بھاگ جانا(۲) سفر کو جانا۔
پیٹھ دینا (اَر۔محاورہ)(۱) مُنہ موڑنا۔دغا دینا(۲) لڑائی سے بھاگ جانا(۳) مرجانا۔

پیٹھ سیدھی کرنا (اَر۔محاورہ) ذرا دیر ستانے کے لئے لیٹ جانا۔
پیٹھ کا کچا (اَر۔صف) وہ جانور جس کی پیٹھ کاٹھی کی رگڑ سے جلد زخمی ہو جائے۔
پیٹھ لگنا (اَر۔محاورہ)(۱) پیٹھ میں زخم ہو جانا(۲) کُشتی میں چت ہو جانا۔ پچھڑنا۔
پیٹھ نہ لگنا (اَر۔محاورہ) آرام نہ پانا۔تڑپنا۔بے قرار رہنا۔
پَیٹھ (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) دخل۔رسائی۔گزر۔کسی جگہ چوری چُھپے داخل ہونا(۲) وہ بازار جو آٹھویں دن مقررہ جگہوں پر لگتا ہے۔نیز دیکھئے پینٹھ (۳) نقل۔گم شدہ ہنڈوی کی نقل۔جمع: پیٹھوں۔پیٹھیں۔
پَیٹھ لگنا (اَر۔محاورہ) ہفتہ وار بازار لگنا۔
پیٹھا (پے۔ٹھا)(ہ۔ا۔مذ) گول کدو سے مُشابہ ایک پھل جس کی مٹھائی اور مُربا بناتے ہیں۔جمع: پیٹھوں۔پیٹھے۔
پَیٹھانا (پَے۔ٹھا۔نا)(ہ۔مص) بھیجنا۔رُخصت کرنا۔
پَیٹھنا (پَیٹھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) گھسنا۔چوری چُھپے داخل ہونا(۲) جمنا۔گڑنا۔
پِیٹھی (پی۔ٹھی)(ہ۔ا۔مث) ماش اور مونگ وغیرہ کی پانی میں پسی ہوئی دال جس سے دہی بڑے اور بڑیاں وغیرہ بنتی ہیں۔نیز دیکھئے پٹھی۔
پیٹی (پے۔ٹی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چمڑے وغیرہ کا چوڑا پٹکا جو سپاہی وغیرہ کمر میں باندھتے ہیں۔کمربند(۲) نقدی وغیرہ رکھنے کا صندُوقچہ(۳) کھرچی(۴) وہ ڈورا جو بُلبُل یا بٹے کی کمر میں باندھتے ہیں(۵) بندوق کا سامان رکھنے کا بکس(۶) نیفے کا اَستر(۷) وہ کپڑا جو بچّہ ہونے کے بعد زچّہ کی کمر پر باندھا جاتا ہے۔ جمع: پیٹیاں۔پیٹیوں۔
پیٹی اُترنا (اَر۔محاورہ) سپاہی کا برطرف ہو جانا۔
پیٹی باندھنا (اَر۔محاورہ)(۱) سپاہی کا کمر باندھ کر مستعد ہونا۔کمر کسنا(۲) پالتو پرندے کی کمر میں ڈورا باندھنا۔
پیٹے (پے۔ٹے)(ہ۔ا۔مذ) پیٹا(پے۔ٹا) کی جمع(۲) پیٹا کی مُغیّرہ صورت۔
پیٹے میں آجانا (اَر۔محاورہ) زیر بار ہونا۔
پیٹے میں پڑنا (اَر۔محاورہ) قابو میں ہونا۔بس میں ہونا۔ذِمّے ہونا۔
پیٹے میں ہونا (اَر۔محاورہ) قریب قریب ہونا۔لگ بھگ ہونا۔
پَیجامَہ (پَے۔جا۔مَہ)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے پاجامہ (پا کے تحت)۔
پی جانا (ہ۔مص)(۱) نوش کر لینا(۲) چُپ ہو رہنا۔ٹال جانا۔برداشت کرنا۔
پیچ (بیائے مجہول)(ف۔ا۔مذ)(۱) بَل۔لپیٹ(۲) چوڑی۔پُرزہ۔وہ کیل جس کی چوڑیاں کٹی ہوں۔اِسکرُو(۳) چکر۔پھیرا(۴) خم(۵) مروڑا۔دردِ شکم(۶) رشک و حسد(۷) عُقدہ(۸) ایک قسم کا کھیل(۹) مُشکل۔دِقّت (۱۰) فریب۔دھوکا(۱۱) کُشتی کا داؤ(۱۲) دبانے کی کل(۱۳) پگڑی کی لپیٹ (۱۴) کنکوّے کی ڈور کا دُوسرے کنکوّے کی ڈور سے اُلجھنا۔پیچا۔پتنگوں کی لڑائی(۱۵) گرہ۔پھندا۔اُردو جمع: پیچ۔پیچوں۔
پیچ اُٹھنا (اَر۔محاورہ)(۱) پیٹ میں پیچش سے درد ہونا(۲) کنکوّے سے بڑھنا یا اُڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیچ باندھنا (اُر۔ محاورہ) کشتی کے داؤں کا توڑ کرنا۔ جواب دینا۔

پیچ پانچ کی باتیں (اُر۔ ا۔ مث) چالاکی کی باتیں۔ شرارت کی باتیں۔

پیچ پر پیچ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) رنج پر رنج سہنا۔ مشکل پر مشکل پیش آنا۔

پیچ پر پیچ پڑنا (اُر۔ محاورہ) مشکل پر مشکل پڑنا۔

پیچ پر پیچ کھانا (اُر۔ محاورہ) غصّے سے بیتاب ہونا۔

پیچ پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) کشتی کے داؤں میں دُوسرے کو قابو میں کرنا۔

پیچ پڑنا (اُر۔ محاورہ) اُلجھنا۔ بکھیڑا پڑنا (۲) سخت مشکل پیش آنا (۳) ایک پتنگ کا دُوسرے پتنگ سے اُلجھنا (۴) مزاحمت پیش آنا۔

پیچ چلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دھوکے یا فریب سے کامیاب ہونا (۲) دھوکا دینا۔

پیچ چُھٹنا (اُر۔ محاورہ) پتنگوں کی لڑائی میں ایک کی ڈور کا دُوسرے کی ڈور سے علیحدہ ہونا۔

پیچ چُننا (اُر۔ محاورہ) پگڑی کے پیچوں کو احتیاط سے دُرست کرنا۔

پیچ دار (ف۔ صف) (۱) بل دار (۲) پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق۔

پیچ در پیچ (ف۔ صف) (۱) بل پر بل پڑا ہوا۔ نہایت پیچیدہ (۲) عقدۂ لاینحل۔ نہایت مشکل۔

پیچ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) داؤں کرنا (۲) چال چلنا۔ اُلجھانا (۳) مشکل میں پھنسانا (۴) دُوسرے کے کنکوے پر ڈور ڈالنا (۵) شرارت کرنا۔

پیچ کاٹنا (اُر۔ محاورہ) کنکوے کی ڈور کاٹنا۔

پیچ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کشتی کا داؤں کرنا۔ دھوکا دینا (۲) پتنگ کا پیچ لڑانا۔

پیچ کسنا (اُر۔ محاورہ) پیچ کش سے پیچ کو گھما کر ٹائٹ کرنا۔

پیچ کش (ف۔ اُر۔ مذ) پیچ کو کھولنے اور کسنے کا آلہ۔ اِسکرو ڈرائیور۔

پیچ کھلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بل دُور ہونا۔ پگڑی کا پیچ کھلنا (۲) مشکل حل ہونا (۳) بھید کھلنا۔

پیچ کھیلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) داؤں کرنا (۲) فریب دینا۔

پیچ کی بات (اُر۔ بول چال) ذُومعنی بات۔ ایسی بات جس کے کئی معنی ہوں۔

پیچ لڑانا (اُر۔ محاورہ) کنکوے لڑانا۔ ایک پتنگ کی ڈور کو دُوسرے پتنگ کی ڈور میں اُلجھا کر اُسے کاٹنے کی کوشش کرنا۔

پیچ میں آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُصیبت میں پھنسنا۔ پھیر میں آنا (۲) دھوکے میں پھنسنا (۳) پھندے میں آنا۔ جال میں پھنسنا۔

پیچ و تاب (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بل (۲) غصّہ (۳) بے قراری۔ بے چینی۔ (۴) فکر و اندیشہ۔

پیچ و تاب کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) لپٹنا۔ بل کھانا (۲) اندر ہی اندر غصّے سے گھٹنا۔ حسد سے جلنا (۳) بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔

پیچ و خم (ف۔ ا۔ مذ) چکر۔ بل۔ پھیر۔

پیچ (پیٖچھ) (بیائے معروف) (و۔ ا۔ مث) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی۔ چاولوں کا پساوٗ۔

پیچ پی، ہزار نعمت کھائی (اُر۔ مثل) کھانے کو جو کچھ مل گیا غنیمت ہے۔ اسی پر صبر شکر کرنا چاہیے۔

پیچا (پے۔ چا) (و۔ ا۔ مذ) پتنگ کا پیچ (۲) لپیٹ۔ بل۔ چکر۔ نیز دیکھیے پیچ نمبر۱۴۔

پیچاک (پے۔ چاک) (ف۔ ا۔ مث) (۱) پیچ و خم (۲) طرۂ زُلف (۳) گھونگا۔

پیچاں (پے۔ چاں) (ف۔ صف) بل کھایا ہوا۔ پیچیدہ۔

پیچش (پے۔ چش) (ف۔ ا۔ مث) درد کے ساتھ بار بار پاخانہ آنا۔

پیچک (پے۔ چک) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لپٹے ہوئے سُوت کی ریل (۲) پیچ دار نال کا طمنچہ۔

پیچو (پی۔ چو) (و۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا آڑو۔ زرد آلو۔ کریل کا پکا پھل۔

پیچوان (پیچ۔ وان) (یائے مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا حقّہ جس کی نے لچک دار اور بہت لمبی ہوتی ہے۔

پیچھا (پی۔ چھا) (و۔ ا۔ مذ) (۱) پچھلا حصّہ۔ پشت۔ عقب (۲) پیروی۔ تعاقب۔

پیچھا بھاری ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) پس پشت اِمداد کا موجود ہونا (۲) بعد میں مشکل پیش آنا۔

پیچھا پکڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ستانا۔ ایذا رسانی کے درپے ہونا (۲) ہر وقت ساتھ رہنا۔

پیچھا چُھٹنا (اُر۔ محاورہ) نجات ملنا۔ مخلصی ہونا۔ جان بچنا۔

پیچھا چُھڑانا (اُر۔ محاورہ) نجات حاصل کرنا۔ مخلصی پانا۔ چھٹکارا ہونا۔ جان بچانا۔

پیچھا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تعاقب کرنا (۲) دق کرنا۔ ستانا (۳) درپے ہونا۔

پیچھا نہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) ساتھ نہ چھوڑنا۔ سر ہونا۔ جان کو آنا۔ ہمزاد کی طرح ساتھ رہنا۔ درپے آزار ہونا۔

پیچھے (پی۔ چھے) (و۔ متعلق فعل) (۱) بعد میں۔ عقب میں (۲) غیر حاضری میں (۳) پھر (۴) وجہ سے (۵) ہر ایک۔ فی (۶) پچھلی طرف (۷) اس کے بعد (۸) مرنے کے بعد۔

پیچھے بلا لگنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں پڑنا۔

پیچھے پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) لپٹنا۔ سر ہونا (۲) ستانا۔ دق کرنا (۳) دُشمنی کرنا (۴) بار بار مانگنا۔

پیچھے پھرنا (اُر۔ محاورہ) لوٹنا۔ واپس ہونا۔ مُڑنا۔

پیچھے پیچھے (اُر۔ متعلق فعل) (۱) تھوڑی دیر بعد۔ عنقریب (۲) ساتھ ساتھ۔

پیچھے پیچھے پھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہر وقت ساتھ ساتھ لگے رہنا۔ جہاں کوئی جائے اُس کے ساتھ جانا (۲) خوشامد کرنا۔ تملّق کرنا۔

پیچھے رہ جانا (اُر۔ محاورہ) بچھڑ جانا۔ ساتھ نہ چل سکنا۔

پیچھے ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تعاقب کرانا (۲) پیچھے دوڑانا۔ پیچھے چھوڑنا (۳) تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا۔

پیچھے سے (اُر۔ متعلق فعل) (۱) پُشت سے (۲) بعد ازاں۔ تھوڑی دیر بعد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیچھے لگا دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) مخالف بنا دینا (۲) ساتھ کر دینا۔

پیچھے ہو لینا (اُر۔ محاورہ)(۱) پیروی کرنا (۲) عقب میں چلنا۔

پیچیدَگی (پے۔چی۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) لپیٹ۔ بَل۔ مروڑ (۲) اُلجھیڑا۔ اُلجھاؤ۔ اُردو جمع: پیچیدگیاں۔ پیچیدگیوں۔

پیچیدَہ (پے۔چی۔دَہ) (ف۔ا۔مث) (۱) لپٹا ہوا۔ ملفوف (۲) مُشکل۔ دِقّت طلب۔

پیخال (پی۔خال)(ف۔ا۔مث) بیٹ۔ پرند کا فُضلہ۔

پیخانَہ (پے۔خانَہ)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے پاخانہ (پا کے تحت دیکھئے)۔

پَیدا (پَے۔دا) (ف۔صف) (۱) ظاہر۔ موجود (۲) جنا ہوا۔ زائیدہ (۳) آمدنی۔ کمائی (۴) اِیجاد۔ اِختراع۔

پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) وجود میں لانا۔ ظاہر کرنا (۲) جننا۔

پیداوار (ف۔ا۔مث)(۱) زراعت و صنعت کا حاصل (۲) وہ چیز جو کھیت میں اُگے یا کارخانے میں تیّار ہو۔ فصل۔ زراعت۔ مصنوعات۔

پیداوارِ خودرَو (ف۔ا۔مث) وہ پیداوار جو بوئے جوتے بغیر اُگ آئے۔

پیدا ہونا (اُر۔ محاورہ) پیدا کرنا کا لازم۔

پَیدائش (پَے۔دا۔اِش) (ف۔ا۔مث) (۱) جنم۔ خِلقت۔ پیدا ہونا (۲) اصل۔ اِبتدا۔

پَیدائشی (پَے۔دا۔اِ۔شی)(ف۔ا۔مث) فطری۔ خِلقی۔ ولادت کے وقت سے۔

پے دَر پے (ف۔ متعلق فعل) "پَے" کے تحت دیکھئے۔

پَیدَل (پَے۔دَل)(ہ۔صف)(۱) پیادہ۔ وہ شخص جو سوار نہ ہو (۲) شطرنج کا وہ ادنیٰ مُہرہ جو ایک گھر سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے (۳) پیدل فوج کا سپاہی۔

پیدل اور سوار کا کیا ساتھ (اُر۔مثل) امیر اور غریب کا کیا جوڑ۔

پَیڈ (Pad) (انگ۔ا۔مذ) (۱) سیاہی چُوس۔ جاذب (۲) جاذب رکھنے اور کاغذات رکھ کر لکھنے کا پٹھا یا گتّا (۳) بُوٹ صاف کرنے کی چھوٹی گدّی (۴) کپڑے کی گدّی۔

پیڈ (Paid)(بیائے مجہول)(انگ۔صف) ادا کردہ۔ وہ رقم یا محصول وغیرہ جو ادا کر دیا گیا ہو۔

پَیڈل (Paddle)(انگ۔ا۔مذ) بائیسکل، پیانو اور سینے کی مشین کا وہ نچلا حِصّہ جسے پاؤں سے چلاتے ہیں۔

پِیر (ف۔صف)(بیائے معروف)(۱) عُمر رسیدہ۔ مُعمّر۔ بوڑھا (۲) (اُر۔ا۔مذ) ہادی۔ راہنما۔ مُرشد (۳) ولی۔ بُزرگ (۴) شریروں کا اُستاد (۵) دوشنبہ۔ سوموار۔ فارسی جمع: پیران۔ اُردو جمع: پیر۔ پیروں۔

پیر بھائی (اُر۔مذ) ایک پیر کے مُرید۔

پیر ہِیجڑی (ہِیج۔ڑی)(اُر۔ا۔مذ) ہیجڑوں کا پیر۔

پیر ہیجڑی کی کڑھائی (اُر۔ا۔مث) ہیجڑوں کے پیر ہیجڑی کے فاتحہ کا حلوا جو کسی کو ہیجڑا بناتے وقت یہ لوگ آپس میں تقسیم کرتے ہیں۔

پیرِ تسمہ پا (بہ اِضافت)(ف۔صف) پیچھا نہ چھوڑنے والا۔ ہر وقت گردن پر سوار رہنے والا۔

پیر تو آپ ہی درماندہ شفاعت کس کی کریں (اُر۔مثل) جو خود محتاج ہے وہ دُوسروں کو کیا نفع پہنچائے گا۔

پیرِ خرابات (بہ اِضافت) (ف۔ا۔مذ) (۱) شراب خانے کا مالک (۲) صوفیوں کی اِصطلاح میں مُرشدِ کامل جو شرعی قیود سے آزاد ہو۔

پیر دیدار کا کونڈا (اُر۔ا۔مذ) ایک فرضی ولی کے نام کا کونڈا جسے عورتیں کسی عزیز کے سفر سے واپس آنے کے لئے مانتی ہیں۔

پیرزادہ (ف۔صف)(۱) مُرشد کا بیٹا (۲) وہ شخص جس کے ہاں بُزرگوں سے پیری مُریدی ہوتی چلی آ رہی ہو۔

پیرزال (پیرزَن)(ف۔ا۔مث) بوڑھی عورت۔ بُڑھیا۔

پیر شو بیاموز (ف۔مثل) اِنسان کو چاہئے کہ ساری عُمر سیکھتا رہے۔ بڑھاپے میں بھی سیکھنا ضروری ہے۔

پیرِ طریقت (بہ اِضافت)(ف۔ا۔مذ) صوفیوں کا پیر (مُرشِد)۔

پیرِ فرتوت (بہ اِضافت)(ف۔ا۔مذ) بہت بوڑھا۔

پیرِ فلک (بہ اِضافت)(ف۔ا۔مذ) پُرانا ہونے کی وجہ سے آسمان کو کہتے ہیں۔

پیر کرنا (اُر۔ محاورہ) مُرشِد بنانا۔ ہادی تسلیم کرنا۔

پیرِ کنعان (بہ اِضافت)(ف۔ا۔مذ) کنایۃً حضرت یعقوب علیہ السلام۔

پیر کو نہ فقیر کو، پہلے کانے چور کو (اُر۔مثل) اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی غیر اپنے آپ کو حقداروں پر مقدم رکھنا چاہے۔

پیر کی پیری سے کام، پیر کے فعلوں سے کیا کام (اُر۔مثل) بُزرگ کی بُزرگی سے مطلب ہے۔ اُس کے اَفعال کی تحقیقات بیکار ہے۔

پیر مرد (ف۔صف) بوڑھا آدمی۔ ضعیف۔ عُمر رسیدہ۔

پیرِ مُغاں (بہ اِضافت)(ف۔ا۔مذ)(۱) آتش پرستوں کا پیشوا۔ آتش خانے کا مُجاور (۲) شراب بیچنے والا۔ ساقی۔

پیرِ مَن خس اَست، اِعتقادِ مَن بس اَست (ف۔مقولہ) پیر کچھ نہیں میرا اِعتقاد بڑی چیز ہے۔ اصل چیز عقیدت ہے۔

پیرِ نابالغ (بہ اِضافت)(ف۔ع۔ا۔مذ) وہ بوڑھا جو ناسمجھ بچّوں کی سی باتیں کرے۔ بے وقوف بوڑھا۔

پیر و مُرشِد (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) بُزرگ۔ اُستاد (۲) گُرو (۳) بادشاہ اور رئیس کو تعظیماً اِس لفظ سے خطاب کرتے ہیں۔

پیر ہٹیلے (اُر۔ا۔مذ) عورتوں کے ایک فرضی پیر کا نام۔

پَیر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قدم۔ پاؤں (۲) سُراغ۔ کھوج۔ پاؤں کا نشان (۳) اَناج صاف کرنے کی جگہ (۴) صاف نہ کئے ہوئے غلّے کا ڈھیر (۵) حیض جاری رہنے کی بیماری۔ جمع: پَیر۔ پَیروں۔

پَیر بھاری ہونا (اُر۔ محاورہ) حاملہ ہونا۔

پَیر کا ناخن نہ دکھانا (اُر۔ محاورہ) ذرا بھی سامنے نہ آنا۔

پَیر نکالنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے پاؤں نکالنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیرا (پَے۔را) (ف۔لاحقہ) فارسی مصدر پیراستن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سجانے والا' آراستہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے چمن پیرا۔

پیرا (پِی۔را) (ہ۔صف) زرد۔ پیلا۔

پیراستہ (پَے۔راس۔تہ) (ف۔صف) کی کر کے سنوارا ہوا۔ سجا ہوا۔ آراستہ۔ مُزیّن۔ عموماً آراستہ پیراستہ مستعمل ہے۔

پیراشوٹ (انگ۔ا۔مذ) (Parachute) محافظ چھتری' جس کی مدد سے ہوا باز ہوائی جہاز سے کود کر زمین پر پہنچتا ہے۔

پیرافین (انگ۔ا۔مث) (Paraffin) ایک بے رنگ و بُو چکنی چیز جو پٹرول وغیرہ کو صاف کر کے بنائی جاتی ہے۔

پیراک (پَے۔راک) (ہ۔صف) پانی میں تیرنے والا۔ شناور۔

پیراک ہی ڈوبتا ہے (اَر۔مثل) ہوشیار ہی نُقصان اُٹھاتا ہے۔

پیراکی (پَے۔را۔کی) (ہ۔ا۔مث) تیرنے کا فن۔ تیراکی۔ شناوری۔

پیراگراف (انگ۔ا۔مذ) (Paragraph) عبارت کا وہ ٹکڑا جس میں ایک ہی مضمون ہو۔ (اردو میں صرف پَیرا بھی مستعمل ہے)۔

پیرامَن (پیرامون) (پَے۔رَا۔مَن) (پَے۔را۔مون) (ف۔ا۔مذ) (۱) اِرد گرد۔ اطراف (۲) دائرہ۔ گھماؤ (۳) کپڑے کا دامن۔

پیران (پِی۔ران) (ف۔ا۔مذ) پیر کی جمع۔ بوڑھے۔ بُزرگ۔

پیرانِ پیر (ف۔ا۔مذ) پیروں کے پیر۔ حضرت محیُ الدین عبدالقادر جیلانی کا لقب۔

پیراں نمی پرند مریداں می پرانند (ف۔مثل) پیر تو نہیں اُڑتے۔ مُرید اُنہیں اُڑاتے ہیں۔ پیروں کی کرامتیں مُرید مشہور کرتے ہیں۔ خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں۔

پیرانہ (پِی۔را۔نہ) (ف۔صف) پیر سے منسوب۔ بوڑھوں کی طرح۔

پیرانہ سالی (ف۔ا۔مث) بُڑھاپا۔ پیری۔

پیراہَن (پَے۔را۔ہَن) (ف۔ا۔مذ) کپڑا۔ پوشاک۔ لباس۔ جامہ۔ کرتا۔

پیراہنِ کاغذی (ف۔ا۔مذ) (۱) کاغذ کا لباس جو فریادی پہنتے تھے (۲) ناپائدار چیز۔

پیراہنِ یوسفؑ (ف۔ا۔مذ) حضرت یوسف علیہ السلام کا وہ کرتا جو اُنہوں نے اپنے اندھے باپ حضرت یعقوب علیہ السلام کے لئے بھیجا تھا۔ اُسے جب حضرت یعقوب علیہ السلام کے چہرے پر ڈالا گیا تو اُن کی آنکھیں روشن ہو گئیں۔

پیرا ہُوا (پَے۔را۔ہُو۔آ) (ہ۔صف) ماہر۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔

پیراو (پَے۔را۔او) (ہ۔صف) ڈباؤ پانی۔ تیرنے کے قابل پانی۔

پیرائی (پَے۔را۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) تیرنے کا ڈھنگ یا فن (۲) تیرنا سکھانے کی اُجرت (۳) تیرنے کی جگہ۔

پیرائی (پِی۔را۔اِی) (ہ۔ا۔مث) ڈفالچی۔ ڈھولک مڑھنے اور گانے بجانے والی ایک قوم۔

پیرایہ (پَے۔را۔یَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) زینت۔ زیور (۲) لباس۔ پوشاک (۳) طرز۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔

پیرکوا (پَے۔رَک۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مکھی کے برابر ایک کیڑا جو پانی میں پیدا ہوتا ہے اور کشتی کے نیچے چمٹا رہتا ہے (۲) چھوٹی سی لکڑی جسے مچھلی کے شکاری بنسی کی ڈور میں باندھ دیتے ہیں۔ وہ پانی پر تیرتی رہتی ہے اور مچھلی کے پھنسنے کو بتاتی ہے۔

پیرنا (پَیر۔نا) (ہ۔مص) (۱) دریا وغیرہ میں شناوری کرنا۔ تیرنا۔ بہنا (۲) عبور کرنا (۳) کسی فن میں ماہر ہونا (۴) خنجر' تلوار' چُھری کا آر پار ہو جانا۔

پیرو (پَے۔رَو) (ف۔صف) پیچھے چلنے والا۔ تقلید کرنے والا۔ مقلد۔ مُرید۔ چیلا۔

پیروکار (ف۔صف) کسی معاملے میں کسی کی طرف سے پیروی کرنے والا۔ وکیل۔ جمع: پیروکاراں۔

پیروکار سرکاری (ف۔اَر۔ا۔مذ) سرکاری وکیل۔ وہ وکیل یا پولیس افسر جو سرکار کی طرف سے مقدمات کی پیروی اور کارروائی کی نگرانی کرے۔

پیرُو (انگ۔ا۔مذ) (Peru) (۱) فیل مُرغ۔ شمالی امریکا کا ایک بڑا مُرغ جس کی دُم مور کی دُم کی طرح ہوتی ہے۔

پیروڈی (انگ۔ا۔مث) (Parody) مضحکہ خیز نقل۔ بھونڈی نقل۔ کسی مصنف کی عبارت' نظم یا اُسلوب بیان وغیرہ کی مُضحِک نقل۔

پیروز (پِی۔روز) (ف۔ا۔مذ) (۱) فیروز۔ مُبارک (۲) فتح مند۔ مظفر۔ منصور۔

پیرول (انگ۔ا۔مذ) (Parole) دیکھئے پرول۔

پیروں (پَے۔روں) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پَیر (پاؤں) کی جمع (۲) (متعلق فعل) پاؤں پاؤں۔ پیدل۔

پیروں پڑنا (اَر۔محاورہ) پیروں پر سر رکھنا۔ بہت خوشامد کرنا۔ تعظیم کرنا۔

پیروں پیروں چلنا (اَر۔محاورہ) پیدل چلنا۔ سواری کے بغیر چلنا۔

پیروں میں سر دینا (اَر۔محاورہ) قدموں پر سر رکھنا۔ نہایت عاجزی کرنا۔ بیحد خوشامد کرنا۔

پیروں میں مہندی لگنا (لگی ہونا) (اَر۔محاورہ) عذر لنگ کرنا۔ فضول بہانے کرنا۔

پیروی (پَے۔رَ۔وی) (ف۔ا۔مث) (۱) تقلید۔ کسی کے قدم بقدم چلنا (۲) فرمانبرداری۔ اطاعت (۳) کوشش جیسے مقدمے کی پیروی۔

پیرہن (پَے۔رَ۔ہَن) (ف۔ا۔مذ) پیراہن کا مخفف۔ (دیکھئے پیراہن)۔

پیری (پَے۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) غلّہ جو صاف کرنے کے بعد باقی رہے۔ اناج کا بھوسا ملا ہوا ڈھیر (۳) پازیب۔

پیری (پِی۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) بڑھاپا (۲) مُرید بنانے کا طریقہ (۳) چالاکی۔ اُستادی (۴) حکومت۔ دعویٰ (۵) کرامت۔

پیری بصد عیب چنیں گفتہ اند (ف۔مثل) بڑھاپا سو عیبوں کے برابر ہے۔

پیرے کہ دمِ زِعشق زند بس غنیمت است (ف۔مقولہ)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُس بوڑھے کی نسبت کہتے ہیں جو بُڑھاپے میں جوانی کا دَم بھرے۔

پیریڈ (Period) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مُدّت۔ دَور۔ زمانہ۔ عہد۔ وقت (۲) زمانے کا کوئی حِصّہ (صدی۔ سنہ۔ سال)۔

پیری سکوپ (Periscope) (انگ۔ا۔مذ) ایک آلہ جس کے ذریعے آبدوزوں یا خندقوں میں چُھپے ہوئے فوجی پانی کی سطح یا خندق کے اُوپر کی چیزوں کو دیکھ سکتے ہیں۔

پَیڑ (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ہ۔ا۔مذ)(۱) قدم کا نشان۔ چوری کا کھوج (۲) پاڑ۔ معماروں کی اُونچی نشست جو کڑی تختہ گاڑ کر بناتے ہیں (پن) کو۔

پیڑ (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) درخت۔ شجر۔ رُکھ۔ روکھ۔ جمع: پیڑ۔ پیڑوں۔

پیڑ بوئے ببول کے تو آم کہاں سے ہوں (اُر۔مثل) بُرے کاموں کا نتیجہ کبھی اچھا نہیں ہوتا۔

پیڑ پھل ہی سے پہچانا جاتا ہے (اُر۔مقولہ) انسان کی گفتگو سے پتا چل جاتا ہے کہ وہ اچھا ہے یا بُرا۔

پیڑ گِنتا یا آم کھانا (اُر۔محاورہ) اپنی غرض سے مطلب رکھنا چاہیے۔ کہیں سے ہو اور کسی طرح ہو۔

پیڑ لگانا (اُر۔مص مُرکّب) درخت بونا۔ شجرکاری کرنا۔

پِیڑ (بیائے معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) درد۔ تکلیف (۲) دردِ زہ۔ بچّہ پیدا ہونے کا درد۔

پیڑ پڑنا (ہ۔محاورہ)(۱) درد ہونا (۲) دردِ زہ ہونا۔

پیڑا (پے۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گُندھے ہوئے آٹے کا گولا (۲) ایک قسم کی مٹھائی (۳)(صف) گول۔ تختہ۔ گول مول۔ جمع: پیڑوں۔ پیڑے۔

پِیڑا (پی۔ڑا)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے پِیڑ۔

پیڑنا (پیڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) دبانا (۲) بھینچنا (۳) نچوڑنا (۴) پیلنا۔ عرق نکالنا (۵) اذیت دینا (۶) پُرانے زمانے کی ایک سزا۔

پیڑو (پے۔ڑو)(ہ۔ا۔مذ) انسان کی ناف سے نیچے کا حِصّہ۔

پیڑو کی آنچ (اُر۔ا۔مث) عورت خواہشِ نفسانی کے سبب مَرد سے محبت کرتی ہے۔

پِیڑھا (پی۔ڑھا)(ہ۔ا۔مذ) کُرسی نما کھٹولا۔ بڑی پیڑھی۔

پِیڑھی (پی۔ڑھی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹا پیڑھا جس کے پیچھے ٹیک نہیں ہوتی (۲) خاندان کا سلسلۂ نسل۔ پُشت (۳) قدامت۔ جمع: پیڑھیاں۔ پیڑھیوں۔

پیڑھی پُنّا (ہ۔محاورہ) آباؤ اجداد کو گالیاں دینا۔

پیڑھی در پیڑھی (اُر۔متعلق فعل)(۱) نسلاً بعد نسلٍ۔ باپ دادا سے (۲) موروثی۔ روایتی۔

پَیڑی (پے۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) چڑھنے کی جگہ۔ کوٹھے پر چڑھنے کی جگہ۔

پیڑی (پے۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کا پان (۲) درخت کا تنا (۳) نیل کا درخت جب قلم ہو چکے اور صرف تنا رہ جائے۔

پَیز (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ف۔ا۔مث)(۱) پیزار کا مخفف (۲) ضِد۔ دُشمنی۔ مخالفت۔

پیز پڑ جانا (اُر۔محاورہ) ضِد ہو جانا۔ دُشمنی ہو جانا۔

پَیزار (پے۔زار)(ف۔ا۔مث) جُوتی۔ جُوتا۔ کفش۔ پاپوش۔ نعلین۔

پیزار پر مارنا (اُر۔محاورہ)(۱) حقیر جاننا۔ بے حقیقت سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔

پیزار دکھانا (اُر۔محاورہ)(۱) جُوتا دکھانا (۲) خاطر میں نہ لانا۔ بے پروائی جتانا۔

پیزار سے (اُر۔متعلق فعل) جُوتی سے۔ بلا سے۔ کیا پروا ہے۔

پیزار کی نوک پر (پیزار کی نوک سے) (اُر۔متعلق فعل) پاپوش سے۔ جُوتی سے۔ کیا پروا ہے۔

پِیس (ہ۔ا۔مث)(۱) تاش کھیلنے والوں کی اِصطلاح میں پتّے تقسیم کرنا (۲) محنت۔ مشقت (۳)(ہ۔فعل) پیسنا کا اَمر۔

پیس پاس کے (اُر۔متعلق فعل) پیس کر۔

پیس پاس منہاج مرے۔ کرامت محمد جھنڈے کو (اُر۔مثل) محنت کوئی کرے اور اِس کا صلہ کوئی پائے۔

پیس ڈالنا (اُر۔محاورہ)(۱) چُورا کر دینا (۲) تباہ کر دینا۔ خاک کر دینا۔

پیس لوں تو پیٹوں (اُر۔مثل) پہلے آٹا پیس لوں۔ پھر ماتم کروں گی۔ روزی کی فکر مُردے کے ماتم سے مقدم ہے۔

پیس موئی 'پکا موئی' آئے لونڈے کھا گئے (ہ۔مثل) ہم محنت کرتے کرتے تھک گئے اور فائدہ کسی اور نے اُٹھایا۔

پَیسا (پے۔سا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) روپے کا سُوواں حِصّہ (۲) مال و زر۔ دولت۔ جمع: پیسوں۔ پیسے۔

پیسا اُڑانا (اُر۔محاورہ) روپیہ برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔

پیسا پیسا کمایا (جوڑا) چپنی بھر اُٹھایا (اُر۔مثل) محنت کر کے تھوڑا تھوڑا جمع کیا اور تھوڑے وقت میں کھا دیا۔

پیسا ٹھیکری کر دینا (اُر۔محاورہ) بے دریغ روپیہ صرف کر دینا۔

پیسا جوڑنا (اُر۔محاورہ) روپیہ پیسا جمع کرنا۔ بُخل کرنا۔

پیسا ڈبونا (اُر۔محاورہ) دولت برباد کرنا۔

پیسا ڈوبنا (اُر۔محاورہ) دولت کا برباد ہو جانا۔ قرض وصول نہ ہونا۔

پیسا گانٹھ کا بیٹا پیٹ کا (اُر۔مثل) سگا بیٹا اور اپنی جیب کا پیسا ہی کام آتا ہے۔

پیسا گانٹھ کا اور جورُو ساتھ کی (اُر۔مثل) روپیہ اور بیوی اُس کی ہے جس کے پاس ہو۔

پیسا ہاتھ کا میل ہے (اُر۔مثل) دولت بے حقیقت چیز ہے۔

پیسا لگانا (اُر۔محاورہ) سرمایہ کاری کرنا (۲) پیسا خرچ کرنا۔

پیسٹری (Pastry) (انگ۔ا۔مث) ایک انگریزی مٹھائی۔

پِیسنا (پیس۔نا)(ہ۔مص)(۱) ریزہ ریزہ کرنا۔ سفوف کرنا (۲) رگڑنا۔ گھسنا (۳) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۴) سخت کام کرنا۔

پیسہ دار (پے۔سَن۔دار)(ق۔صف) دولت مند۔

پِیسنی (پیس۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) سخت محنت (۲) ایک دفعہ پیسنے کی مقدار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پَیسَہ (پَے۔سَہ) دیکھیے پَیسا۔

پَیسے (پَے۔سے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پَیسا کی جمع (۲) پیسا کی مُغیّرہ صورت۔

پیسے دھڑی (اُر۔صف)(۱) پیسے کی پانچ سیر (۲) بہت سستی۔

پیسے کا پُوت (مِیت)(اُر۔صف) لالچی۔ حریص۔ زرپرست۔

پیسے کے کام کا نہ ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت نِکمّا ہونا۔ بے حقیقت ہونا۔

پیسے والا (اُر۔صف) دولت مند۔ مال دار۔ امیر۔

پیش (بیائے مجہول)(ف۔متعلق فعل)(۱) آگے۔ سامنے (۲) پہلے۔ قبل۔ آیندہ (۳)(ا۔مذ) ضمّہ۔ وہ علامت جو کسی حرف کے اُوپر نصف واؤ کی آواز کے لئے لکھتے ہیں (ُ)(۴) انگرکھے کی کلی (۵) تسبیح کا وہ دانہ جو سب دانوں کے اُوپر ہوتا ہے (۶) سامنے کا حِصّہ (۷)(صف) معزّز۔ باِعتبار۔

پیش آنا (اُر۔محاورہ)(۱) آگے آنا۔ ظہور میں آنا (۲) برتاؤ کرنا۔

پیش اَز مَرگ واویلا (ف۔مثل) تکلیف سے پہلے ہی شور مچا دینا۔ کسی اَمر کے پیش آنے سے پہلے ہی پریشان ہونا۔

پیش اَزیں (ف۔متعلق فعل) اِس سے پہلے۔ اِس سے آگے۔

پیش اِمام (ف۔ا۔مذ) پیش نماز۔ اِمام۔ نماز پڑھانے والا۔

پیش اندیش۔ دیکھیے پیش بیَن۔

پیش اندیشی۔ دیکھیے پیش بینی۔

پیش بند (ف۔ا۔مذ) زیر بند۔ وہ چمڑا یا نواڑ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن جُھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں۔

پیش بندی (ف۔ا۔مث) دُور اَندیشی۔ پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا۔

پیش بِیں (ف۔صف) دُور اَندیش۔ عاقبت اَندیش۔ کسی معاملے کو پہلے سوچ لینے والا۔

پیش بینی (ف۔ا۔مث) مآل اَندیشی۔ دُور اَندیشی۔

پیش پا اُفتادہ (ف۔صف) پیروں کے آگے پڑا ہوا۔ نہایت معمولی۔ سامنے کی بات۔ فرسُودہ۔

پیش پیش (ف۔متعلق فعل) آگے آگے۔

پیش تر (پیشتر)(ف۔صف) پیش کی تفضیل بعض۔ بہت پہلے۔

پیش (جانا) چلنا (اُر۔محاورہ)(۱) قابو چلنا۔ اَثر ہونا۔ کارگر ہونا (۲) آگے بڑھنا۔

پیش خدمت (بغیر اِضافت)(ف۔ا۔مث)(۱) خدمت گار عورت (۲) بیگمات کی خدمت کرنے والی خادمہ۔

پیشِ خدمت (بہ اِضافت)(ف۔متعلق فعل) خدمت میں۔ جناب میں۔

پیش خیمہ (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) وہ سامان جو فوج کی روانگی سے پہلے اگلی منزل کو بھیجا جاتا ہے (۲) کسی واقعے کی تمہید (۳) ہرکارہ۔ پیادہ۔ ملازم (۴) مُقدمۃُ الجیش۔ ہراوَل۔

پیش دَست (ف۔صف)(۱) آگے کام آنے والا۔ اسسٹنٹ۔ نائب (۲) سبقت کرنے والا۔

پیش دستی (ف۔ا۔مث) پہل۔ سبقت۔

پیش دستی کرنا (اُر۔محاورہ) پہل کرنا۔ سبقت کرنا (۲) حملہ کرنا۔

پیش رفت (ف۔ا۔مث) کسی بات یا معاملے کا آگے بڑھنا۔ کسی اَمر میں ترقی ہونا۔ پراگرس (۲) قابو۔ بس (۳) مؤثر۔ کارگر۔

پیش رَو (ف۔صف) آگے آگے چلنے والا (۲) آگے گزرنے والا۔

پیش قبض (ف۔ا۔مث)(۱) خنجر۔ چُھرا۔ کٹار (۲) کُشتی کے ایک پیچ کا نام۔

پیش قدمی (ف۔ا۔مث)(۱) بڑھ کے کام کرنا۔ پہل (۲) حملہ۔ چڑھائی (۳) دلیری۔ جرأت۔

پیش کار (ف۔ا۔مذ)(۱) منیجر۔ مددگار۔ نائب (۲) نائب سررشتہ دار۔ مِسل خواں۔

پیش کرنا (اُر۔مص مُرکّب) سامنے کرنا۔ حاضر کرنا۔ آگے رکھنا۔

پیش کَش (ف۔ا۔مث)(۱) بھینٹ۔ نذر (۲) ہدیہ۔ تحفہ (۳) محصول۔ خراج۔

پیش گاہ (ف۔ا۔مث)(۱) سامنے۔ رُوبرو۔ حضور (۲) دربار۔ اِجلاس۔

پیش گوئی (پیشین گوئی)(ف۔ا۔مث) کسی بات کی پہلے سے خبر دینا۔ کسی بات کے وقوع پزیر ہونے سے پہلے اُس کے بارے میں بتا دینا۔

پیش لفظ (بے اِضافت)(ف۔ا۔مذ) آغاز کلام۔ کتاب کا دیباچہ۔

پیش نظر (ف۔متعلق فعل) نگاہ کے سامنے۔ رُوبرُو۔

پیش نماز (بغیر اِضافت)(ف۔ا۔مذ) دیکھیے پیش امام۔

پیش نِہاد (ف۔ا۔مذ)(۱) مدِنظر۔ منظورِ خاطر چیز (۲) اِرادہ (۳) رسم۔ رواج۔

پیش و پس (ف۔متعلق فعل) دیکھیے پس و پیش۔

پیشاب (پے۔شاب)(ف۔ا۔مذ) بوَل۔ مُوت۔ قارورہ۔ جسم کا وہ تیزابی فُضلہ جو مائع کی شکل میں پیشاب گاہ کے راستے باہر آتا ہے۔

پیشاب بند ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) مُوت بند ہونا (۲) کسی شخص سے ڈرنا۔

پیشاب بھی نہ کرنا (اُر۔محاورہ) بہت حقیر سمجھنا۔

پیشاب خطا ہونا (اُر۔محاورہ) ڈر سے مُوت نکل جانا۔ بہت خوف کھانا۔

پیشاب سے چراغ جلتا ہے (اُر۔مثل) دھاک بیٹھی ہوئی ہے۔ رُعب جما ہوا ہے۔

پیشاب کرنا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) مُوتنا (۲)(محاورہ) اَز حد حقیر سمجھنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔

پیشاب کی دھار پر مارنا (اُر۔محاورہ) بہت حقیر سمجھنا۔

پیشاب کی راہ بہانا (اُر۔محاورہ)(۱) فضول خرچی کرنا (۲) بد چلنی میں صَرف کرنا۔

پیشاب میں چراغ جلنا (اُر۔محاورہ) رُعب ہونا۔ دھاک بیٹھنا۔

پیشاب (نکلنا) نکل جانا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) مُوت دینا (۲)(محاورہ) ڈرنا۔ خوف سے کانپنا۔

پیشانی (پے۔شا۔نی)(ف۔ا۔مث)(۱) ماتھا۔ جبین (۲) قسمت۔ نصیب (۳) سرنامہ۔ القاب (۴) کاغذ کا بالائی حِصّہ جو عبارت سے اُوپر خالی چھوڑ دیا جائے۔ جمع: پیشانیاں۔ پیشانیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیشانی پر شِکن (بَل) پڑنا (اَر۔ محاورہ) چیں بجبیں ہونا۔ چہرے سے رَنج ظاہر ہونا۔ ملال ہونا۔ غُصّہ آنا۔

پیشانی پر لکھا ہونا (اَر۔ محاورہ) نوشتۂ تقدیر ہونا۔ چہرے سے عیاں ہونا۔

پیشانی رگڑنا (اَر۔ محاورہ) بہت خوشامد کرنا۔ فرماں برداری کرنا۔

پیشانی کا خط (پیشانی کی تحریر) (اَر۔ ا۔ پہلا مذ۔ دُوسرا مث) تقدیر کا لکھا۔ نوشتۂ قسمت۔

پیشگی (پیش۔گی) (ف۔ ا۔ مث) اُجرت جو کام سے پہلے دی جائے۔ چیز لینے سے پہلے اُس کی قیمت کا کچھ حصّہ ادا کرنا۔

پیشوا (پیش۔وا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) راہبر۔ راہنما۔ امام (۲) مرہٹوں کے سردار کا لقب۔ فارسی جمع: پیشوایان۔ اُردو جمع: پیشوا۔ پیشواؤں۔

پیشواز (پیش۔واز) (ف۔ ا۔ مث) دیکھیے پشواز۔

پیشوائی (پیش۔وا۔ای) (ف۔ ا۔ مث) (۱) رہبری۔ رہنمائی (۲) اِستقبال۔

پیشہ (پے۔شہ) (ف۔ ا۔ مذ) ہنر۔ فن۔ کام۔ دَھندا۔ روزگار۔ اُردو جمع: پیشوں۔ پیشے۔

پیشہ کرانا (اَر۔ محاورہ) عورت سے حرام کاری کرانا (۲) عصمت فروشی کرانا۔

پیشہ کرنا (اَر۔ محاورہ) عصمت فروشی کرنا (۲) کسی پیشے سے وابستہ ہونا۔

پیشہ ور (ف۔ صف) (۱) کسی قسم کا کام کرنے والا (۲) تاجر۔ دُکان دار۔ اہلِ حرفہ۔ ہنرور۔

پیشی (پے۔شی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) حضوری (۲) زیرِ غور مقدّمے کی ساعت کی تاریخ۔ اُردو جمع: پیشیاں۔ پیشیوں۔

پیشی کا (مُحرّر) مُنشی (اَر۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو حاکم کے سامنے کاغذات پیش کرے۔ مِسل خواں۔ پیش کار۔

پیشی میں رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کاغذ کا پیشی کے مُحرّر کے پاس تعمیل کے لئے رہنا (۲) حضوری میں رہنا۔

پیشین (پے۔شین) (ف۔ صف) پہلا۔ قدیم زمانے کا۔ اگلا۔

پیشین گوئی۔ دیکھیے پیش گوئی۔

پیغارہ (پے۔غا۔رہ) (ف۔ ا۔ مذ) طعنہ۔ سرزنش۔

پیغام (پے۔غام) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سندیسا۔ زبانی بات۔ پیام (۲) شادی یا نسبت کی درخواست۔ اُردو جمع: پیغام۔ پیغاموں۔ پیغامات۔

پیغام (بھیجنا) دینا (اَر۔ محاورہ) کسی سے کوئی بات دُوسرے کے ذریعے کہنا (۲) شادی کی درخواست کرنا۔

پیغام ڈالنا (اَر۔ محاورہ) شادی یا نسبت کی درخواست کرنا۔

پیغام سلام (ف۔ع۔ ا۔ مذ) سوال وجواب۔ بات چیت۔ پیام سلام۔

پیغاما پیغامی (پے۔غا۔ما۔پے۔غا۔می) (اَر۔ ا۔ مث) اُدھر سے اِدھر اور اِدھر سے اُدھر پیام آنا جانا۔ پیام سلام۔

پیغمبر (پے۔غم۔بر) پیغام بر کا مخفف (ف۔ ا۔ مذ) خُدا کا حُکم لانے والا۔ رسول۔ نبی۔ پیمبر۔ پیشوائے دین۔ فارسی جمع: پیغمبراں۔ اُردو جمع: پیغمبر۔ پیغمبروں۔

پیغمبری (پے۔غم۔بَ۔ری) (ف۔ ا۔ مث) نبوّت۔ رسالت۔ خُدائی پیغام بندوں تک پہنچانے کی خدمت۔

پیغمبری وقت پڑنا (اَر۔ محاورہ) سخت مُصیبت پڑنا۔

پیک (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) قاصد۔ ہرکارہ۔ نامہ بر۔ چٹھی رساں۔

پیک (بیائے معروف) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پان کا رنگین تھوک (۲) کھیت کی تیار فصل (۳) تلوار کی نوک (۴) بوتلوں میں رقیق شے بھرنے کا آلہ۔ قیف۔

پیک دان (ہ۔ف۔ ا۔ مذ) اُگال دان۔ وہ برتن جس میں پان کی پیک تھوکتے ہیں۔

پیکار (پے۔کار) (ف۔ ا۔ مذ) جنگ۔ لڑائی (۲) پھیری والا۔ چل پھر کر سودا بیچنے والا۔

پیکان (پے۔کاں) (ف۔ ا۔ مذ) برچھی یا بھالے وغیرہ کی اَنی۔ نیزے کی نوک۔

پیکانی (پے۔کانی) (ف۔ صف۔ وا۔ مذ) یاقوت یا لعل کی ایک قسم (۲) ایک قسم کی نوشادر (۳) پیکان سے منسوب۔

پیکانی خط (ف۔ ا۔ مذ) اسیریا، فارس اور عراق کا قدیم رسم الخط جس کے حرف تیروں کے سروں کی مانند ہوتے ہیں۔

پیکٹ (Pact) (انگ۔ ا۔ مذ) مُعاہدہ۔ عہد نامہ۔

پیکٹ (Packet) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹا بنڈل۔

پیکر (پے۔کر) (ف۔ ا۔ مذ۔ مث) چہرہ۔ شکل۔ صورت۔ تن۔

پیکر (Packer) (پے۔کر) (انگ۔ ا۔ مذ) اسباب بند کرنے والا۔ سامان پیک کرنے والا۔

پیکڑا (پیکڑی) (پیک۔ڑا) (پیک۔ڑی) (ہ۔ ا۔ پہلا مذ۔ دُوسرا مث) (۱) قیدیوں کے پاؤں کی بیڑی (۲) عورتوں کے پاؤں کا ایک زیور۔

پیکیج (Package) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) پارسل یا بنڈل جس میں ایک یا ایک سے زائد اشیا ہوں (۲) متعدد اشیا یا مدات کی پیش کش جن میں سے ہر شے یا مد کو قبول کرنا لازمی ہوتا ہے۔

پیل (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دھکّا۔ ریلا۔ دھکا کے ساتھ مستعمل ہے۔ دھکا پیل (۲) (ہ۔ فعل) مصدر پیلنا کا اَمر۔

پیل (بیائے معروف) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ہاتھی۔ فیل (۲) شطرنج کا وہ مہرہ جو آڑا چلتا ہے اور آڑا مارتا ہے۔

پیل بان (ف۔ ا۔ مذ) فیل بان۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔

پیل بانی (ف۔ ا۔ مث) مہاوت کا پیشہ۔

پیل بند (ف۔ ا۔ مذ) شطرنج کے پیل کا پیادے کے زور میں ہونا۔

پیل پا (ف۔ ا۔ مذ) پاؤں مُتورّم ہو کر نہایت موٹا ہو جانے کی بیماری۔ فیل پا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیل پایہ (ف۔ ا۔ مذ) تھم۔ کھم۔ ستون۔

پیل پیکر (ف۔ صف) قوی ہیکل۔ بڑے جثے کا (۲) رستم کا لقب۔

پیل مُرغ (ف۔ ا۔ مذ) ترکی۔ فیل مُرغ۔ ایک قسم کا بڑا مُرغ جس کی چونچ پر ہاتھی کی سی سونڈ ہوتی ہے۔

پیلا (پی۔ لا) (ہ۔ صف) (۱) کیسری۔ زرد۔ زعفرانی (۲) (ا۔ مذ) شطرنج کا مُہرہ۔ پیل۔

پیلنا (پیل۔ نا) (بیائے مجہول) (ہ۔ مص) (۱) کولھو میں پیسنا۔ تیل نکالنا (۲) آگے یا پیچھے دھکیلنا (۳) داخل کرنا (۴) ڈنٹر پیلنا۔

پیلو (پی۔ لو) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک درخت جس کی جڑ اور شاخوں کی مسواک بناتے ہیں (۲) ایک راگنی (۳) فیل مُرغ۔ ترکی۔

پیلہ (پی۔ لہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ریشم کا کیڑا (۲) ابریشم کا کویا (۳) شطرنج کا مُہرہ۔

پیلی (پی۔ لی) (ہ۔ صف) (۱) پیلا کی تانیث۔ زرد (۲) (مث) اشرفی۔

پیما (ف۔ لاحقہ) مصدر پیمودن کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ناپنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے حرارت پیما۔ بارش پیما۔

پیمان (پے۔ مان) (ف۔ ا۔ مذ) عہد۔ قسم۔ شرط۔ وعدہ۔ اقرار۔ اُردو جمع: پیمان۔ پیمانوں۔

پیمان شکن (ف۔ صف) عہد توڑنے والا۔ عہد پر قائم نہ رہنے والا۔

پیمانہ (پے۔ مانے) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ناپنے کا آلہ۔ وزن کرنے کا آلہ (۲) پیالہ۔ جام۔ اُردو جمع: پیمانوں۔ پیمانے۔

پیمانہ بھر جانا (پُر ہونا) (اُر۔ محاورہ) موت آجانا۔

پیمانہ چڑھانا (اُر۔ محاورہ) شراب پینا۔

پیمانہ چھلکنا (اُر۔ محاورہ) کسی سیال چیز کا لبریز ہو کر گرنا (۲) کم ظرفی ظاہر ہونا (۳) آنسوؤں کا تار بندھنا۔

پیمانہ کش (گُسار) (ف۔ صف) شراب خور۔

پیمانہ لبریز ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے پیمانہ بھر جانا۔

پیمائش (پے۔ ما۔ اِش) (ف۔ ا۔ مث) ناپ۔ خصوصاً زمین کا ناپ۔

پیمبر (پ۔ یم۔ بَر) (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے پیغمبر۔

پیمک (پے۔ مَک) (ہ۔ ا۔ مث) سنہرا گوٹا جو کلابتوں سے بنایا اور انگرکھوں اور ٹوپیوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔

پیں (بیائے معروف) (ہ۔ ا۔ مث) باریک آواز۔ چیں (۲) باجے یا نفیری کی آواز۔

پیں بولنا (اُر۔ محاورہ) عاجز ہونا۔ تنگ آجانا۔ چیں بولنا۔

پینا (پے۔ نا) (ہ۔ صف) (۱) تیز۔ حُرش (۲) نوکدار (۳) (ا۔ مذ) آنکس۔ آر۔ بیلوں کو ہانکنے کا ڈنڈا۔

پینا (پی۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) نوش کرنا۔ کسی رقیق چیز کو حلق سے نیچے اُتارنا (۲) شراب نوشی کرنا (۳) حقے کا دم لگانا (۴) چوسنا (۵) جھیلنا۔

پینتالیس (پَیں۔ تا۔ لیس) (ہ۔ ا۔ عدد) پانچ اُوپر چالیس۔ ۴۵۔

پینتیس (پَیں۔ تیس) (ہ۔ ا۔ عدد) پانچ اُوپر تیس۔ ۳۵۔

پینٹ (Paint) (بیائے مجہول) (انگ۔ ا۔ مذ) رنگ۔ روغن۔

پینٹر (Painter) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) مصوّر۔ نقاش (۲) رنگ ساز۔

پینٹری (Pantry) (انگ۔ ا۔ مث) کوٹھڑی جس میں کھانے پینے کی چیزیں اور برتن رکھے جاتے ہیں۔

پینٹنگ (Painting) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) مصوّری۔ نقاشی (۲) رنگ سازی۔

پینٹھ (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) آٹھویں روز کا عارضی بازار۔ ہاٹ۔ نیز دیکھئے پینٹھ نمبر ۲۔

پینٹھ ابھی لگی نہیں گٹھ کترے آ موجود ہوئے (اُر۔ مثل) معاملہ ابھی طے نہیں ہوا خود غرض لوگ پہلے ہی آگئے (۲) بستی ابھی بسی نہیں چور اُچکے پہلے ہی آگئے۔

پَینجَن (بفتح اوّل وچہارم) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) پاؤں کا ایک زیور۔

پینجنا (پِنج۔ نا) (بیائے معروف) (ہ۔ مص) رُوئی کو بنولوں سے الگ کرنا۔ رُوئی دُھنکنا۔

پینجنی (پَنج۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کبوتروں کے پاؤں میں ڈالنے کا ایک بجتا ہوا چھلا۔ جھانجر (۲) کمان جیسی لکڑی جسے گاڑی کے پہیے میں لگاتے ہیں تاکہ وہ باہر نہ نکل سکے۔

پینڈا (پیں۔ ڈا) (بیائے مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) تلا۔ برتن کا نچلا حصّہ۔ کسی چیز کا نیچے کا حصّہ۔ جمع: پینڈوں۔ پینڈے۔

پینڈی (پیں۔ ڈی) (بیائے مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) توپ یا بندوق کی کوٹھی (۲) گاجر یا مولی کی جڑ (۳) کسی چیز کا نچلا حصّہ۔

پینڈے (پیں۔ ڈے) (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پینڈا کی جمع (۲) پینڈے کی مُغیرہ صورت۔

پینڈے کا ہلکا (اُر۔ محاورہ) بات کا کچا۔ غیر مستقل مزاج۔ کبھی اِدھر کبھی اُدھر ہونے والا۔

پینڈے کے تَل بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چوتڑوں کے تَل بیٹھنا (۲) ڈوبنا۔ غرق ہونا (۳) تھک جانا۔ دیوالا نکلنا (۴) گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔

پینڈا (پَیں۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) راستہ۔ پگڈنڈی۔ قدم۔ فاصلہ۔

پینڈولم (Pandulum) (انگ۔ ا۔ مذ) دیکھئے پنڈولم۔

پینڈی (پَیں۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) لڈو جو میوے، گھی اور کھانڈ سے بنائے جاتے ہیں۔

پینس (پی۔ نَس) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پالکی۔ ایک قسم کا ڈولا۔ نفس (۲) ناک کی ایک بیماری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پَیْنْسَٹھ (پَیں۔ سَٹھ)(ہ۔ا۔ عدد) پانچ اُوپر ساٹھ۔ ۶۵۔

پِینَک (پی۔ نَک)(ہ۔ا۔مث) اَفیون یا پوست کا نشہ۔ نشے کی اُونگھ۔

پینک میں آنا (اُر۔ محاورہ) نشے میں اُونگھنا۔ اَفیون کا نشہ چڑھنا۔

پینک میں ہونا (اُر۔ محاورہ) بے خبر ہونا (۲) اَفیون یا پوست کے نشے میں ہونا۔

پِینگ (بیائے معروف و مجہول)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) جھولے کا لمبا جھونک (۲) جھولے کی رسّی (۳) ایک قسم کی چڑیا۔

پینگ بڑھانا (اُر۔ محاورہ)(۱) جھولے کا لمبا جھونکا لینا (۲) میل جول بڑھانا۔ بے تکلفی بڑھانا۔

پینگ دینا (اُر۔ محاورہ) جھولے کو جھونکا دینا۔

پینگوئن (Penguin)(انگ۔ا۔مث) ایک بحری پرندہ جو کرۂ اَرض کے جنوبی حصے میں پایا جاتا ہے۔ اُڑ نہیں سکتا۔

پینی (Penny)(انگ۔ا۔مث) برطانیہ کا سب سے چھوٹا تانبے کا سکّہ۔ شلنگ کا بارھواں حصّہ۔

پیو (ہ۔ا۔مذ) پی (۱) پیارا۔ محبوب (۲) باپ۔

پیوڑی (پیو۔ ڑی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی زرد مٹی۔

پَیْوَسْت (پَے۔ وَسْت)(ف۔صف) پیوستہ کا مخفف۔ ملا ہوا۔ جڑا ہوا۔ (۲)(ف۔ا۔مث) جوڑ۔ ملاپ۔

پیوست کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) ملانا۔ چسپاں کرنا (۲) مضبوط کرنا (۳) جذب کر دینا۔

پَیْوَسْتَگان (پَے۔وَس۔تَ۔گان)(ف۔صف و ا۔مذ) اَقربا۔ عزیز و اقارب۔

پَیْوَسْتَگی (پَے۔ وَس۔ تَ۔ گی)(ف۔ا۔مث) ملاپ۔ جوڑ۔ وصل۔

پَیْوَسْتَہ (پَے۔ وَس۔ تَہ)(ف۔صف)(۱) ملا ہوا۔ ملحق۔ متصل (۲) یک جان (۳) ہمیشہ۔ مُدام۔

پیوسی (پیو۔ سی)(ہ۔ا۔مث) گائے بھینس کا گاڑھا دُودھ جو بچّہ جننے کے تین دن بعد تک رہتا ہے۔ کھیس (پن) بولی۔

پَیْوَنْد (پَے۔ وَنْد)(نُون غُنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) بندش۔ بستگی (۲) چیپی۔ جوڑ۔ مناسبت۔ میل (۳) عزیز و اقربا۔ شوہر۔ جورو (۴) ایک ہم جنس درخت کی شاخ کا دُوسرے ہم جنس درخت میں جوڑ یا قلم۔

پیوند دار (اُر۔ صف) جس چیز میں پیوند لگایا گیا ہو۔ پیوند لگا ہوا۔

پیوندِ زمین (ف۔ صف) زمین کا پیوند۔ مر کر زمین میں دفن۔

پیوند لگانا (اُر۔ محاورہ)(۱) جوڑ لگانا۔ گانٹھنا (۲) ایک درخت کی شاخ کا اُسی قسم کے دُوسرے درخت کی شاخ میں قلم لگانا (۳) میل سے میل ملانا۔

پیوند کاری (ف۔ا۔مث) پیوند یا قلم لگانے کا عمل۔

پیوند گانٹھنا (اُر۔ محاورہ) کپڑے میں جوڑ لگانا (۲) ایک درخت کی شاخ کو دُوسرے درخت کی شاخ میں لگانا۔ قلم لگانا۔

پیوند میں پیوند مل جانا (اُر۔ محاورہ) نسل میں نسل مل جانا۔

پَیْوَنْدی (پَے۔ وَنْدی)(ف۔ صف)(۱) پیوند لگایا ہوا۔ قلمی۔ وہ درخت جس میں پیوند لگایا گیا ہو (۲) پیوند والے درخت کا پھل (۳) دوغلا۔ دو رنگا۔

پیوندی مونچھیں (اُر۔ا۔مث) وہ حلقہ نما مونچھیں جنہیں بانکے آدمی اکثر گالوں سے چپکا لیتے ہیں۔

پیویلین (Pavilion)(انگ۔ا۔مذ)(۱) شہ نشین۔ عمارت کا آگے کو نکلا ہوا حصّہ جو نقش و نگار سے آراستہ ہوتا ہے (۲) خوش نما بنگلا خصوصاً وہ جو کرکٹ کے میدان کے پاس کھلاڑیوں کے لئے بنایا جاتا ہے (۳) بڑا چوبی دار خیمہ۔

پِیہ (بکسر اوّل و سکون دوم و سوم)(ف۔ا۔مث) چربی۔

پِیہر (پی۔ہر)(ہ۔ا۔مذ) بیوی کے باپ کا گھر یا خاندان۔

پَیہَم (پَے۔ہَم)(ف۔ متعلق فعل) لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے۔

پیہُو (پی۔ہُو)(ہ۔ا۔مذ) پپیہے کی آواز (۲) پتو۔

پَیئی (پَے۔اِی)(ہ۔ا۔مث) چھوٹا صندوق یا پٹارا۔

پَئی (پَئی)(ہ۔ا۔مث) پاؤ کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے اُدھ پئی۔

پیئے دُودھ اور کھائے مال (اُر۔ مثل) اُس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو عیش و عشرت میں زندگی بسر کرتا ہو۔

پیئے ہوتا (اُر۔ محاورہ) شراب کے نشے میں مدہوش ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ت

ت (تے) (ع ـ ا ـ مث) اُردو فارسی حروفِ تہجی کا چوتھا' عربی کا تیسرا اور ہندی کا سولھواں حرف۔ عربی و فارسی میں اِس کا تلفظ "تا" ہے۔ اِسے تائے قرشت بھی کہتے ہیں۔ شمسی حرف ہے یعنی اِس سے پہلے "ال" ہو تو وہ آواز نہیں دیتا اور اِسے مُشدّد کر دیتا ہے جیسے اَلتّاریخ۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے چار سو عدد مقرّر ہیں۔

ت ـ ا

تِ (ہ ـ صف) اُردو اور ہندی الفاظ کے شروع میں آتی ہے اور تین کے معنی دیتی ہے۔ جیسے تِبارا (تین دفعہ)۔ تِراہا (وہ جگہ جہاں تین راستے ملتے ہیں)۔ تِرنگا (تین رنگوں کا)۔ تِباسی (تین دن کی)۔

تا (ف ـ متعلق فعل و حرفِ ربط) (۱) تک۔ جس وقت تک۔ جب تک۔ جب۔ تاکہ۔ اِس لئے کہ۔ اگر۔

تا اِمکان (ف ـ ع ـ متعلق فعل) مقدور بھر۔ جہاں تک طاقت ہے۔

تا آں کہ (ف ـ متعلق فعل) وہاں تک کہ۔

تا اِیں کہ (ف ـ متعلق فعل) یہاں تک کہ۔

تا بہ اوجِ فلک (ف ـ ع ـ متعلق فعل) (۱) آسمان کی بلندی تک (۲) بہت اُونچا۔

تا بہ (حیات) زیست (ف ـ ع ـ متعلق فعل) جیتے جی۔ جنم بھر۔ زندگی بھر۔ عُمر بھر۔ جب تک زندگی ہے۔

تا بہ دامن (ف ـ متعلق فعل) دامن تک۔

تا بہ کُجا (تا کُجا) (ف ـ متعلق فعل) کب تک۔ کہاں تک۔

تا بکے (تا کے) (تا ـ بَہ ـ کے) (تا ـ کے) (ف ـ متعلق فعل) کب تک۔

تا بہ مقدور (تا مقدور) (ف ـ متعلق فعل) جہاں تک ممکن ہو۔ حتیٰ الامکان۔

تا تریاق از عراق آوردہ شود' مار گزیدہ مُردہ شود (ف ـ مثل) جب تک عراق سے تریاق آئے گا' سانپ کا کاٹا مرجائے گا۔ شدید اِنتظار کا کلمہ۔

تا تو بمن می رسی' من بخدا می رسم (ف ـ مثل) جب تک تو میرے پاس پہنچے گا میں خُدا کے پاس پہنچ جاؤں گا' یعنی مرجاؤں گا۔ شِدّتِ اِنتظار کا اِظہار۔

تا چند (ف ـ متعلق فعل) کب تک۔

تا حال (ف ـ ع ـ متعلق فعل) اِس وقت تک۔ اب تک۔

تا حینِ حیات (ف ـ ع ـ متعلق فعل) زندگی بھر۔ جب تک زندہ ہے۔

تا دَم (حیات) زیست (ف ـ متعلق فعل) تا زندگی۔ عُمر بھر۔ زندگی تک۔

تا کہ (ف ـ حرفِ ربط) کیونکہ۔ اِس لئے کہ۔ اِس واسطے کہ۔

تا مرد سخن نگفتہ باشد۔ عیب و ہُنرش نہفتہ باشد (ف ـ مثل) جب تک آدمی بات نہ کرے' اُس کے عیب و ہُنر چھپے رہتے ہیں۔

تا نباشد چیزکے' مردُم نگویند چیزہا (ف ـ مثل) جب تک کوئی اصلیت نہیں ہوتی' لوگ خواہ مخواہ کچھ بڑھا کر نہیں کہتے۔

تا وقتیکہ (وَقتے کہ) (ف ـ متعلق فعل) اُس وقت تک۔ جب تک۔

تاہم (ف ـ متعلق فعل) پھر بھی۔ اِس پر بھی۔

تاب (ف ـ ا ـ مث) (۱) روشنی۔ نُور۔ چمک (۲) گرمی۔ حرارت (۳) پیچ و خم۔ بَل۔ پیچیدگی (۴) طاقت۔ قدرت۔ مجال (۵) برداشت۔ صبر۔ تحمّل (۶) آب۔ جِلا (۷) (ف ـ لاحقہ فاعلی) مصدر تافتن اور تابیدن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چمکنے والا' بٹنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے شب تاب۔ رَسَن تاب (رسّی بٹنے والا)۔

تاب باقی نہ رہنا (اُر ـ محاورہ) ضبط نہ ہو سکنا (۲) چمک نہ رہنا۔

تاب خانہ (ف ـ ا ـ مذ) گرم کمرا۔

تاب دادہ (ف ـ صف) مروڑا ہوا۔ بَل دیا ہوا۔

تاب دار (ف ـ صف) (۱) تاباں۔ روشن (۲) پیچ دار۔ خمیدہ۔

تاب دان (ف ـ ا ـ مذ) روشن دان۔ روزن۔ کھڑکی۔

تاب دینا (اُر ـ محاورہ) (۱) روشن کرنا (۲) تیز کرنا (۳) مروڑنا۔

تاب رہنا (اُر ـ محاورہ) برداشت کرنا۔ صبر کرنا (عموماً نفی کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے جیسے تاب نہ رہنا)۔

تابِ ضبط نہ رہنا (اُر ـ محاورہ) ضبط کی طاقت نہ رہنا۔

تاب کار (ف ـ اُر ـ صف) گرم تاب۔ شعاع زن جس میں گرم تابی سے برق پیما وغیرہ کو متاثر کرنے کی قوت ہو۔ (Radioactive)۔

تاب کاری (ف ـ اُر ـ ا ـ مث) گرم تابی۔ شعاع زنی۔ (Radioactivity)۔

تاب کِلی (ف ـ ا ـ مذ) چلم کا توا۔

تاب لانا (اُر ـ محاورہ) برداشت کرنا۔ متحمّل ہونا۔

تابِ مُقاومت نہ لانا (اُر ـ محاورہ) مقابلے کی طاقت نہ رکھنا۔

تاب ناک (ف ـ صف) روشن۔ چمکیلا۔

تاب نہ رہنا (اُر ـ محاورہ) برداشت نہ رہنا (۲) چمک کا جاتے رہنا۔ بے رونق ہونا۔

تاب نہ لانا (اُر ـ محاورہ) برداشت نہ کر سکنا۔ گھبرا جانا۔

تاب و تب (ف ـ ا ـ مث) سخت گرمی۔ جلن (۲) بے قراری۔

تاب و تواں (طاقت) (ف ـ ا ـ مث) (۱) مجال۔ قدرت (۲) ظرف۔ حوصلہ۔ صبر۔ تحمّل۔ برداشت۔

تاباں (ف ـ صف) (۱) روشن۔ درخشاں۔ چمک دار۔ نورانی (۲) پیچیدہ۔ خمار۔

تابانی (ف ـ ا ـ مث) روشنی۔ نُور۔ چمک۔

تابڑ توڑ (تا ـ بَڑ ـ توڑ) (اُر ـ متعلق فعل) متواتر۔ لگاتار۔ پیہم۔ اُوپر تلے۔

تابستان (تا ـ بِس ـ تان) (ف ـ ا ـ مذ) گرمی۔ موسم گرما۔

تابستانی (تا ـ بِس ـ تا ـ نی) (ف ـ صف) موسم گرما سے منسوب۔ موسم گرما کا۔

تابِش (تا ـ بِش) (ف ـ ا ـ مث) (۱) حرارت۔ گرمی۔ تپش (۲) چمک۔ دھوپ کی چمک۔ روشنی۔ نُور۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تابشِ آفتاب (ف۔ا۔مث) سورج کی گرمی۔ دھوپ کی چمک۔

تابع (ع۔صف) (۱) ماتحت۔ مطیع۔ فرماں بردار (۲) ملازم۔ نوکر۔ جمع: اَتباع۔ توابع۔

تابع دار (ع۔ف۔صف) لغوی معنی تابع رکھنے والا۔ مطیع و فرماں بردار کے معنوں میں غلط العوام ہے۔

تابع داری (ف۔ا۔مث) (۱) فرمانبرداری۔ اطاعت (غلط العوام ہے)۔

تابع فرمان (ع۔ف۔صف) حکم کا تابع۔ فرمانبردار۔ مطیع۔

تابع فعل (ع۔ا۔مذ) دیکھئے متعلق فعل۔

تابع مرضیِ مالک (ف۔صف) (قانون) وہ کاشت کار جو مالک کی مرضی کے تابع ہو۔ خود کسی اَمر کا مجاز نہ ہو۔

تابع مُہمل (ف۔ا۔مذ) وہ بے معنی لفظ جو بامعنی لفظ کے ساتھ بطور ربط کے بولا جائے جیسے سچ مُچ اور جھوٹ موٹ میں مُچ اور موٹ۔

تابِعی (تا۔بِ۔عی) (ع۔ا۔مذ) مُحدّثین کی اِصطلاح میں وہ مسلمان شخص جس نے اَصحابِ رسول اللہ ﷺ میں سے کسی صحابیؓ کو دیکھا ہو۔ جمع: تابعین۔

تابعین (تا۔بِ۔عین) (ع۔ا۔مذ) تابعی کی جمع۔

تابندگی (تا۔بَن۔دَ۔گی) (نون غُنّہ) (ف۔ا۔مث) روشنی۔ چمک۔

تابندہ (تا۔بندہ) (نون غُنّہ) (ف۔صف) چمکتا ہوا۔ روشن۔ نورانی۔

تابُوت (تا۔بُوت) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ صندوق جس میں مُردے کی نعش رکھتے ہیں (۲) لاش۔ جنازہ (۳) ایک قسم کا تعزیہ (۴) ٹیکس جو مرہٹے مسلمانوں سے تابوت نکالنے پر لیتے تھے۔ اُر جمع: تابوت۔ تابوتوں۔

تابوت اُٹھنا (اُر۔محاورہ) جنازہ اُٹھنا۔

تابہ (تا۔بَہ) (ف۔صف) (۱) پیچیدہ۔ بَل کھایا ہوا (۲) تاباں۔ روشن (۳) (ف۔ا۔مذ) توا جس پر روٹی پکتی ہے (۴) لوہے کا ظرف جسے پانی گرم کرنے کے لئے حمام میں لگاتے ہیں۔

تابیدہ (تا۔بی۔دَہ) (ف۔صف) (۱) پیچیدہ۔ بَل کھایا ہوا (۲) تاباں۔ روشن۔

تاپ (ہ۔ا۔مث) (۱) حرارت۔ گرمی (۲) تپ۔ بُخار۔ سوزش (۳) تکلیف۔ مُصیبت (۴) غُصّہ۔ جوش۔

تاپ تِلّی (ہ۔ا۔مث) ورمِ طحال۔ بُخار کی وجہ سے تلّی کا بڑھ جانا۔

تاپ ٹھنڈ (ہ۔ا۔مث) سردی کا بُخار۔ تپ لرزہ۔

تاپ چڑھنا (اُر۔محاورہ) بُخار ہونا۔

تاپا کرنا (تاپتے رہنا) (اُر۔محاورہ) سینکا کرنا۔ سینکتے رہنا۔

تاپنا (تاپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرمی پہنچانا۔ سینکنا (۲) آگ سے ہاتھ پاؤں سینکنا (۳) دھوپ کھانا۔

تاپیا (تاپ۔یا) (س۔ا۔مذ) ایک معدنی شے۔ ہیراکسیس۔ سلفوریٹ آف آئرن۔

تات (س۔ا۔مذ۔صف) (۱) باپ (۲) معزز۔ مُکرم (۳) بُزرگ۔ بڑا (۴) پیارا۔

تاتا (ہ۔صف) گرم۔ گرما گرم۔ گرم کیا ہوا۔ تتّا۔

تاتھئی (تاتا تھیّا) (ہ۔ا۔مث) ایک کلمہ جس کو ناچنے والے تال پر آنے کے لئے زبان اور ہتھیلی سے ادا کرتے ہیں۔

تاتاری (ف۔صف) منگولوں کے ایک قبیلے تاتا منگول سے منسوب۔ یہ قبیلہ شمال مشرقی گوبی (وسط ایشیا) میں آباد تھا۔

تأثُّر (تَ۔اَث۔ثُر) (ع۔ا۔مذ) اَثر قبول کرنا۔ اَثر ہونا (۲) اَثر۔ تاثیر۔

تاثیر (تا۔ثِیر) (ع۔ا۔مث) (۱) نشان (۲) نتیجہ۔ پھل (۳) اَثر۔ خاصیت۔ گُن۔

تاثیر دکھانا (کرنا) (اُر۔محاورہ) اَثر کرنا۔ خاصیت ظاہر کرنا۔ سرایت کرنا۔

تاج (ع۔ا۔مذ) (۱) شاہی ٹوپی (۲) کلغی۔ پرند کی چوٹی جیسے تاج ہُدہُد (۳) فقیروں کی خاص قسم کی ٹوپی (۴) گنجفے کا ایک رنگ (۵) دیوار کی کنگنی۔ وہ کنگنی دار بُرجی جو کسی دیوار یا مکان کے اوپر بنا دیتے ہیں۔ اُر جمع: تاج۔ تاجوں۔

تاج بخش (ف۔صف۔وا۔مذ) شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ وہ بادشاہ جو اوروں کو بادشاہ بنا دے یا کسی بادشاہ کو شکست دے کر اُسے مفتوحہ سلطنت واپس کر دے۔

تاج بخشی کرنا (اُر۔محاورہ) سلطنت بخشنا۔ بادشاہی دینا۔

تاج پوشی (ف۔ا۔مث) تاج پہننا۔ تخت نشین ہونا۔

تاج خروس (ف۔ا۔مذ) (۱) مُرغ کے سر کی کلغی (۲) ایک قسم کا سُرخ پھول۔

تاج دار (ف۔صف) بادشاہ۔ تاج والا۔ جمع: تاجداران۔

تاج داری (ف۔ا۔مث) سلطنت۔ مُلک۔ حکومت۔

تاج رکھنا (اُر۔محاورہ) بادشاہ بننا۔ تاج پہننا۔

تاج سر سے گرنا (اُر۔محاورہ) بادشاہی جاتی رہنا۔

تاجِ شمع (ف۔ا۔مذ) شمع کا شُعلہ۔

تاجِ فیروز (ف۔ا۔مذ) کیخسرو کا تاج۔

تاج وَر (تاجوَر) (ف۔صف۔وا۔مذ) بادشاہ۔ صاحب تاج۔ جمع: تاجوراں۔

تاج وری (تاجوری) (ف۔ا۔مث) بادشاہی۔ تاج داری۔

تاجِ ہُدہُد (ع۔ف۔ا۔مث) ہُدہُد کی کلغی۔

تاجر (تا۔جر) (ع۔ا۔مذ) سوداگر۔ تجارت کرنے والا۔ بیوپاری۔ جمع: تُجّار۔ تاجران۔ اُردو جمع: تاجر۔ تاجروں۔

تاجری (تا۔ج۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) سوداگری۔ تجارت کا پیشہ۔

تاخت (خ ساکن۔ ت موقوف) (ف۔ا۔مث) (۱) لُوٹ۔ تباہی (۲) حملہ۔ دھاوا۔

تاخت و تاراج کرنا (اُر۔مص مُرکّب) تباہ کرنا۔ لُوٹ لینا۔ تہس نہس کرنا۔

تأخُّر (تَ۔اَخ۔خُر) (ع۔ا۔مذ) (۱) پیچھے ہونا (۲) دیر کرنا (۳) عُمر یا دَرجے میں کم ہونا۔

تاخیر (تا۔خیر) (ع۔ا۔مث) پیچھے چھوڑنا (۲) دیر۔ توقُّف۔ وقفہ۔

تادِیب (تا۔دِیب) (ع۔ا۔مث) (۱) تنبیہ۔ چشم نُمائی (۲) نظم و ضبط۔ اِصلاح (۳) ادب سکھانا (۴) عِلم زبان سکھانا۔

تادیب خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں قیدیوں کی اِصلاح کی جاتی ہے۔

تادیبی (تا۔دی۔بی) (ع۔صف) تنبیہ سے متعلق۔ تادیب سے منسوب۔

تادیبی کارروائی (ع۔ف۔ا۔مث) ایسی کارروائی جس سے نظم و ضبط قائم

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رہے۔ اِنضباطی کارروائی۔

تار (ف۔ا۔مذ)(۱) تاگا۔ دھاگا (۲) دھات کا لمبا ڈورا (۳) تانا بانا (۴) سلسلہ (۵) ریزہ۔ پارہ (۶) قوام کا چیپ (۷) خطوط پرونے کا تار (۸) تار برقی۔ وہ خبر جو تار کے ذریعے آئے۔ ٹیلیگرام (۹) چھلا۔ انگوٹھی۔ زیور کا حصّہ۔ بادلا (۱۰)(صف) تاریک۔ اندھیرا۔ اُرجمع: تار۔ تاروں۔

تار بابو (اُر۔ا۔مذ) وہ اہلکار جو تار کے ذریعے خبر بھیجے اور وصول کرے۔

تار باجا (بولا) راگ بُوجھا۔ دیکھئے تانت باجی 'راگ بُوجھا۔

تارِ باراں (ف۔ا۔مذ) مینہ کے پانی کا سلسلہ۔ مینہ کی جھڑی۔

تار باقی نہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) ایک دھاگا نہ رہنے دینا۔

تار باندھنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کو مسلسل کرنا۔ سلسلہ باندھنا۔

تار بتار ہونا (اُر۔محاورہ) پراگندہ ہونا۔ غیر مُسلسل ہونا (۲) بُرا حال ہونا۔ پتلا حال ہونا (۳) بنا بنایا کام بگڑ جانا۔

تار برقی (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ تار جو بجلی کی قوت سے ایک جگہ سے دُوسری جگہ خبر پہنچائے۔ ٹیلیگراف (۲) وہ خبر جو تار کے ذریعے آئے۔ ٹیلیگرام۔

تار بندی (ف۔ا۔مث) بجلی کے تار نصب کرنے کا عمل۔

تار بندھنا (بندھنا) (اُر۔محاورہ) (۱) کسی کام کا پے در پے ہونا (۲) قوام کا چیپ دار ہونا۔

تار بھیجنا (اُر۔محاورہ) تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا۔

تار تار (ف۔صف)(۱) ٹکڑے ٹکڑے۔ بوسیدہ۔ بہت زیادہ پھٹا ہوا (کپڑا)۔ ریزہ ریزہ (۲) ہر ایک تار (۳) تمام زیور (۴) صاف صاف (۵) (ق۔صف) مفصل۔ کھل کر۔

تار تار بکنا (اُر۔محاورہ) سارا زیور بک جانا۔

تار تار بولنا (اُر۔محاورہ) ہر ایک لفظ جدا جدا بولنا۔

تار تار کرنا (اُر۔محاورہ) کپڑا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔

تار تڑنگا (اُر۔صف) نہایت پتلا۔ دُور دُور بناوٹ کا۔

تار تلا (اُر۔ا۔مذ) پُرانی زری۔ (تار طلا کا بگاڑ)۔

تارِ تنویر (ف۔ع۔ا۔مذ) روشنی کی کرن۔

تار توڑ (اُر۔ا۔مذ) چوبی کام۔ ایک قسم کا سوئی کا کام 'جو کپڑے پر ہوتا ہے۔

تار ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) سلسلہ ٹوٹنا۔ سانس بند ہو جانا (۲) چلتے کام میں ہرج واقع ہونا۔ رخنہ پڑنا۔

تار چڑھانا (اُر۔محاورہ) ستار کے تار کھینچنا۔ تار لگانا۔

تار دبکنا (اُر۔محاورہ) تاروں کو کوٹ کر گوٹے کے لئے چوڑا کرنا۔

تار دیکھنا (اُر۔محاورہ) قوام یا چاشنی کی تیاری کا حال معلوم کرنا۔

تار دینا (اُر۔محاورہ) دیکھئے تار بھیجنا۔

تارِ شعاع (ف۔ع۔ا۔مذ) روشنی کی کرن۔

تارِ عنکبوت (ف۔ع۔ا۔مذ) مکڑی کا جالا۔

تار کش (ف۔صف)(۱) سونے چاندی کے تار کو کھینچ کر لمبا اور باریک کرنے والا (۲) سنہرے روپہلے تاروں والا ایک کپڑا۔

تار کشی (ف۔ا۔مث) تار کھینچنے کا کام یا پیشہ۔

تار کھینچنا (اُر۔محاورہ) تار کو کشیدہ کرنا 'لمبا کرنا۔ تار کو باریک کرنا۔

تار گھر (اُر۔ا۔مذ) ٹیلیگراف آفس۔ وہ جگہ جہاں سے تار کے ذریعے خبر روانہ ہوتی ہے۔ اُر جمع: تار گھر۔ تار گھروں۔

تار لگانا (اُر۔محاورہ) سلسلہ باندھنا (۲) لگاتار کئے چلے جانا (۳) ستون کھڑے کر کے اُس پر بجلی کے تار باندھنا۔

تارِ مسطر (ف۔ا۔مذ) وہ دھاگا جو مسطر میں لکیریں کھینچنے کے لئے لگاتے ہیں۔

تارِ نفس (نَ۔فَس)(ف۔ا۔مذ) سانس کا سلسلہ۔ سانس کا ڈورا۔

تار نکالنا (اُر۔محاورہ) کپڑے میں سے تاگے نکالنا (۲) پتا لگانا۔ سُراغ لگانا (۳) باریک اور لمبی سویاں بٹنا۔

تار نکلنا (اُر۔محاورہ) (۱) کسی کپڑے میں سے کشیدے کے واسطے دھاگے نکالے جانا (۲) پتا لگنا (۳) باریک اور لمبی سویاں بٹ جانا۔

تارِ (نِگہ) نگاہ (ف۔ا۔مذ) نظر۔ نگاہ کا سلسلہ۔

تار نہ ٹوٹے (اُر۔محاورہ) کام نہ رُکے۔ سلسلہ بند نہ ہو۔

تار و پود (ف۔ا۔مذ) تانا بانا۔

تارا (ہ۔ا۔مذ)(۱) ستارہ (۲) آنکھ کی پتلی (۳) نہایت بلند یا دُور کی چیز جو ذرا سی معلوم ہو (۴) ترمرا جو کسی دماغی صدمے کے باعث آنکھ کے سامنے نظر آئے۔ جمع: تاروں۔ تارے۔

تارا اُترنا (اُر۔محاورہ) بچّے پیدا ہونا۔

تارا ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) شہاب ثاقب کا گرنا۔ کسی جرمِ فلکی کا زمینی فضا کی رگڑ سے جل اُٹھنا۔

تارا جھلملانا (اُر۔محاورہ) برسات کے موسم میں ستاروں کا مدّھم سا چمکنا۔

تارا چمکنا (اُر۔محاورہ) (۱) ستارہ روشن ہونا (۲) عروج ہونا۔ ترقی ہونا۔

تارا ڈوبنا (اُر۔محاورہ) (۱) ستارہ غروب ہونا (۲) بدقسمتی ہونا۔ نحوست چھانا (۳) زُہرہ کا غروب ہونا (جوتشیوں کی اِصطلاح)۔

تارا سی آنکھیں ہو جانا (اُر۔محاورہ) آنکھوں کی بیماری جاتی رہنا۔ آشوب دُور ہونا۔

تارا منڈل (ہ۔ا۔مذ)(۱) تاروں کا حلقہ یا منڈل (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔

تارا ہو جانا (اُر۔محاورہ) (۱) نہایت بلند ہو جانا (۲) بہت پیچھے چلے جانا (۳) کسی چیز کا اِس قدر دُور ہو جانا کہ بہت چھوٹی نظر آئے۔

تاراج (ف۔ا۔مذ) لُوٹ کھسوٹ۔ غارت۔ بربادی۔

تاراج گاہ (ف۔ا۔مذ) لُوٹ مار کی جگہ۔

تاراج گر (ف۔صف) غارت گر۔ لُوٹنے والا۔

تارا میرا (ہ۔ا۔مذ) سرسوں سے مشابہ بیج 'جن سے تیل نکالتے ہیں۔

تارپیڈو (Tarpedo)(انگ۔ا۔مذ) سگار کی شکل کا ایک جنگی ہتھیار جو بحری جہاز یا آبدوز سے چلایا جاتا ہے۔

تارپین (انگریزی Turpentine کا مورّد۔ا۔مذ) گندہ بیروزا۔

تارپین کا تیل (اُر۔ا۔مذ) گندے بیروزے کا تیل۔

تارخ (تا۔رَخ)(ق۔ا۔مذ) تالو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تارِک (تا۔رِک)(ع۔صف) تیاگی۔ چھوڑنے والا۔ ترک کرنے والا۔ جمع: تارکین۔
تارکُ الدُّنیا (تا۔رِ۔کُد۔دُنیا) (ع۔صف) وہ شخص جس نے دُنیاوی تعلقات ترک کر دیئے ہوں۔ گوشہ نشین۔
تارِکُ الصَّلوٰۃ (تا۔رِ۔کُص۔صلوٰۃ)(ع۔صف) نماز ترک کرنے والا۔
تارَک (تا۔رَک)(ف۔ا۔مذ)(۱) مانگ (۲) ایک قسم کی ٹوپی (۳) سر کے اُوپر کا حِصّہ (۴) پہاڑ کی چوٹی (۵) لوہے کا خود۔
تارکول (Tarcoal) (انگ۔ا۔مذ) کول تار۔ رال۔ قیر۔ لک کا تیل۔
تاروں (اُر۔ا۔مذ) تار اور تارا کی جمع۔
تاروں کی انجمن (اُر۔ا۔مث) ستاروں کا جمگھٹا۔
تاروں کی چھاؤں (اُر۔ا۔مث)(۱) تاروں کی روشنی (۲) پچھلی رات۔ علی الصباح۔ گجر دم۔ نور کے تڑکے۔
تاروں کی محفل (اُر۔ا۔مث) (۱) تاروں کا جُھنڈ (۲) نورانی محفل (۳) حسینوں کا مجمع۔
تارے (اُر۔ا۔مذ) تارا کی جمع۔
تارے اُتارنا (اُر۔محاورہ)(۱) روشنی کرنا (۲) دیکھئے تارے توڑنا۔
تارے توڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) ایسا کام کرنا جو دُوسروں سے نہ ہو سکے (۲) عیاری کرنا۔ چالاکی کرنا۔
تارے ٹانکنا (اُر۔محاورہ) کپڑے میں سونے چاندی کے ستارے سینا۔
تارے چھٹکنا (کھلنا) (اُر۔محاورہ) تارے چمکنا۔ مطلع صاف ہو کر تاروں کا نکل آنا۔
تارے دکھانا (اُر۔محاورہ) چھٹی کے روز زچہ کو نہلا دُھلا کر' دُلہن بنا کر' اُس کی گود بھر کر چھلنی میں روشنی دکھانا (۲) کبوتر کو رات میں اُڑنے کے لئے چھلنی میں روشنی دکھانا تاکہ وہ تاروں سے مانوس ہو جائے۔
تارے دکھائی دینا (نظر آنا)(اُر۔محاورہ)(۱) دماغ کی کمزوری یا صدمے کے باعث آنکھوں کے سامنے ترمرے ناچنا (۲) چھکے چھوٹ جانا۔ مُصیبت نازل ہونا۔
تارے گِننا (اُر۔محاورہ) اختر شماری کرنا۔ رات بھر جاگنا۔ پریشانی کی حالت میں رات کاٹنا۔
تارِیخ (تا۔رِیخ)(ع۔ا۔مث)(۱) ایک دن رات۔ مہینے کا ایک دن (۲) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۳) وہ کتاب جس میں بادشاہوں اور مشہور آدمیوں کے حالاتِ زندگی درج ہوں۔ کسی ملک یا قوم کے ماضی وحال کا سچا تذکرہ (۴) جیلے ' شعر یا فقرے ' جن کے عدد نکالنے سے مادۂ تاریخ نکل آئے (۵) روایات۔ قصے (۶) مقدمے کی سماعت کا مقررہ دن۔ جمع: تواریخ۔
تاریخِ اِرجاع (ع۔ا۔مث) مقدمہ دائر ہونے یا پہلی درخواست گزارنے کی تاریخ۔
تاریخِ اِسکندری (ف۔ا۔مث) وہ سنہ جو ۳۸۲ قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے۔
تاریخ پڑنا (اُر۔محاورہ) مقدمے کی سماعت کے لئے تاریخ مقرر ہونا۔
تاریخ ٹھہرانا (اُر۔محاورہ) دن مقرر کرنا (خاص طور پر شادی کا)۔
تاریخ ٹھہرنا (اُر۔محاورہ) نسبت' بیاہ یا کسی اور تقریب کا دن مقرر ہونا۔
تاریخ چڑھانا (اُر۔محاورہ) کاغذات پر تاریخ لکھنا۔
تاریخ چسپانی (ع۔ف۔ا۔مث) مقدمات کی پیشی کی تاریخوں کا ترتیب وار بورڈ پر چسپاں کرنا۔
تاریخ دان (ع۔ف۔صف۔وا۔مذ) فنِ تاریخ سے واقف۔ مؤرّخ۔
تاریخ دینا (اُر۔محاورہ) پیشکار عدالت کا کاغذ پر مقدمے کی تاریخ لکھ کر مقدمے والوں کو دینا۔
تاریخ ڈالنا (اُر۔محاورہ) مقدمے کی سماعت کے لئے دن مقرر کرنا۔
تاریخ ظہور بِنائے دعویٰ (ف۔ع۔ا۔مث) دعوے کا سبب قائم ہونے کی تاریخ۔
تاریخ کہنا (اُر۔محاورہ) کسی واقعے کو نظم یا نثر میں بہ حسابِ اَبجد ظاہر کرنا جس سے واقعہ مذکور کا سنِ معلوم ہو سکے۔
تاریخ لکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) دیکھئے تاریخ کہنا (۲) کاغذات پر تاریخ تحریر کرنا (۳) کسی قوم یا ملک کے حالات و واقعات ترتیب وار لکھنا۔
تاریخ مُقرّر کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) مقدمے کی سماعت کے لئے دن مقرر کرنا (۲) شادی وغیرہ کا دن مقرر کرنا۔
تاریخِ مُقرّرہ (ع۔ف۔ا۔مث) وہ دن جو کسی خاص کام کے لئے مقرر کیا جائے۔
تاریخ وار (ف۔متعلق فعل) ہر تاریخ کا۔ تاریخ کے حساب سے سلسلہ وار۔
تاریخی (تا۔ری۔خی) (ع۔ف۔صف) (۱) تاریخ سے منسوب۔ گزشتہ زمانے سے متعلق کوئی چیز یا واقعہ۔ یادگار (۳) خاص۔ نمایاں۔
تاریخی واقعات (ع۔ا۔مذ)(۱) واقعات جو کتاب تاریخ میں آ گئے ہوں۔ اہم واقعات (۲) سچے واقعات۔
تاریک (ف۔صف)(۱) سیاہ۔ کالا۔ مُکدّر (۲) دُھند۔ اندھیرا۔
تاریک چشم (ف۔صف)(۱) کوتاہ نظر (۲) جسے رات کو دکھائی نہ دے۔
تاریک دل (ف۔صف) سیاہ دل۔ بدباطن۔ کینہ پرور۔
تاریک کرنا (اُر۔مص مُرکب) سیاہ کر دینا۔ اندھیرا کر دینا۔
تاریک ہونا (اُر۔مص مُرکب) اندھیرا ہونا۔ کچھ نظر نہ آنا۔
تاریکی (تا۔ری۔کی)(ف۔ا۔مث)(۱) ظلمت۔ سیاہی۔ اندھیرا (۲) دُھندلاپن۔
تاریکی آجانا (تاریکی چھاجانا۔ تاریکی چھانا) (اُر۔محاورہ) اندھیرا ہو جانا۔
تاریکی دُور ہونا (اُر۔محاورہ) اُجالا ہونا۔ روشنی ہونا۔
تاریکی شب (ف۔ا۔مث) رات کا اندھیرا۔
تاڑ (ہ۔ا۔مذ) (۱) کھجور کی قسم کا ایک لمبا درخت جس سے ایک نشہ آور مشروب تاڑی نکالتے ہیں (۲) فراست۔ سمجھ۔
تاڑباز (ہ۔ف۔صف)(۱) زود فہم۔ سمجھ دار (۲) عورتوں کو گھورنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تاڑ بازی (ہ۔ف۔امث) فہم۔ فراست (۲) نظر بازی۔ نظارہ بازی۔
تاڑ (جانا) لینا (اَر۔ محاورہ) بھانپ لینا۔ قیافے سے پہچان لینا۔
تاڑ کا سا قد (اَر۔ صف) بہت لمبا قد۔
تاڑا (ق۔امذ) طاقت۔ زور۔ شِدت (۲) غمزہ۔ نخرہ۔
تاڑا تنگا (ق۔امذ) ناز۔ نخرہ۔
تاڑنا (ہ۔مص) (۱) بھانپ جانا۔ بھانپنا (۲) قیافے یا علامت سے پہچاننا (۳) نکالنا۔ دُھتکارنا (۴) ڈانٹنا۔ پیٹنا۔ مارنا۔
تاڑنی (ہ۔امث) چابک۔
تاڑو (تا۔ڑو) (ہ۔صف) تاڑنے والا۔ بھانپنے والا۔ قیافہ شناس۔
تاڑی (ہ۔امث) (۱) تاڑ کا نشہ آور رس (۲) کٹار کا قبضہ۔
تاز (ف۔امث) (۱) بھاگ دوڑ (۲) حملہ۔ چڑھائی۔ لشکر کشی (۳) (ف۔لاحقہ) فارسی مصدر تاختن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے آخر میں آکر اُسے اِسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور "کُوٹ مار کرنے والا" کے معنی دیتا ہے جیسے تُرک تاز۔
تازگی (تا۔زَ۔گی) (ف۔امث) (۱) سرسبزی۔ طراوت (۲) جدت۔ نیا پن۔ رونق۔
تازہ (تا۔زہ) (ف۔صف) (۱) باسی کی ضِد۔ نیا۔ جدید (۲) ہرا۔ سبز۔ تر۔ سرسبز (۳) ڈال کا ٹوٹا ہوا (پھل) (۴) موٹا۔ فربہ (۵) تندرست (۶) گرما گرم۔ نوبنو (۷) حال کا۔
تازہ بات (اَر۔امث) (۱) نئی بات (۲) عجیب بات۔
تازہ بدن (ف۔امذ) موٹا بدن۔ فربہ جسم۔
تازہ بہ تازہ، نو بہ نو (ف۔صف) (۱) نیا۔ جدید (۲) گرما گرم (۳) ڈال کا ٹوٹا (۴) نیا سُوجھا ہوا۔
تازہ بہار (ف۔امث) تازگی۔ شگفتگی۔
تازہ توانا (ف۔صف) (۱) موٹا تازہ (۲) نوجوان اور مضبوط۔
تازہ خیال (ف۔صف) وہ شخص جسے ہر دفعہ نئی بات سُوجھے۔ نئی بات نکالنے والا۔
تازہ دَم (ف۔صف) مستعد۔ چُست۔ توانا۔ تکان اُترا ہوا۔
تازہ دماغ (ف۔صف) جس کا دماغ تھکا ہوا نہ ہو (۲) عقل مند۔
تازہ دماغی (ف۔امث) دانائی۔ عقل مندی۔
تازہ رُو (ف۔صف) شگفتہ رُو۔ ہشاش بشاش۔ خوش۔
تازہ شِگوفہ (ف۔امذ) (۱) نئی کلی (۲) نئی بات۔ انوکھی بات (۳) نئی شرارت۔
تازہ شِگوفہ (پھولنا) کِھلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نئی بات ہونا۔ انوکھی بات ہونا (۲) بدنامی کی بات ہونا۔
تازہ شِگوفہ چھوڑنا (کِھلانا) (اَر۔ محاورہ) انوکھی بات کہنا (۲) نیا فتنہ اُٹھانا۔
تازہ فِقرہ (ف۔امذ) نئی چال۔ نیا فریب۔
تازہ کار (ف۔صف) (۱) نیا کام کرنے والا۔ مُبتدی (۲) عجیب۔
تازہ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تازگی بخشنا۔ پژمردگی دُور کرنا (۲) یاد دلانا (۳) ہرا کرنا جیسے غم تازہ کرنا (۴) حُقے کا پانی بدلنا (۵) بہلانا۔ خوش کرنا (۶) تھکان اُتارنا۔
تازہ گُل (پھولنا) کِھلنا (اَر۔ محاورہ) نیا حادثہ ہونا۔ نیا معاملہ پیش آنا۔ نیا فتنہ اُٹھنا۔
تازہ مشق (ف۔ع۔صف) نومشق۔ نیا نیا سیکھا ہوا۔ مُبتدی۔
تازہ وارِد (ف۔صف) نووارد۔ حال کا آیا ہوا۔
تازہ و تر (ف۔صف) تر و تازہ۔ ہرا بھرا۔ شاداب و شگفتہ۔
تازہ ولایت (ف۔صف) (۱) نووارد۔ پردیسی (۲) وہ شخص جو دُوسرے کی زبان نہ سمجھے (۳) بے وقوف۔ سادہ لوح۔
تازہ ہونا (اَر۔ محاورہ) تازہ کرنا کا لازم (۱) نیا ہونا (۲) جان پڑنا۔ سرسبز ہونا۔ ہرا ہونا (۳) تکان دُور ہونا (۴) بہلنا۔ خوش ہونا (۵) حُقے کا پانی بدلا جانا۔
تازی (ف۔صف و امث) (۱) عرب (۲) عربی زبان۔ عربی گھوڑا یا شکاری کتا (۴) وہ حروف جو عجمی نہ ہوں (۵) (اَر۔صف) تازہ کی تانیث۔ باسی کی ضِد۔
تازی بات (اَر۔امث) نئی بات۔ نیا معاملہ۔
تازی پر بس نہ چلا، گُرگی کے کان اُمیٹھے (اَر۔مثل) زبردست سے مجبور ہو کر کسی عاجز کو ستانے کے موقع پر بولتے ہیں۔
تازی خانہ (ف۔امذ) کتوں کا طویلہ۔
تازی کُتا (اَر۔امذ) (۱) پتلی کمر کا شکاری کتا (۲) حجازی کتا۔
تازی مارا، گُرگی کانپا (اَر۔مثل) ایک کی سزا سے دُوسرے کو عبرت ہوتی ہے۔
تازی مار کھائے، گُرگی آش پائے (اَر۔مثل) (۱) لیاقت والوں کی تباہی اور نالائقوں کی اِقبال مندی پر بولتے ہیں۔
تازی نژاد (ف۔صف) عربی نسل کا (گھوڑے کی تعریف میں کہا جاتا ہے)۔
تازِیانہ (تا۔زِ۔یا۔نہ) (ف۔امذ) کوڑا۔ چابک۔ چھمچی۔ اُردو جمع: تازیانوں۔ تازیانے۔
تازیانہ کھانا (اَر۔ محاورہ) کوڑے کی مار کھانا۔
تازیانہ ہونا (اَر۔ محاورہ) تنبیہ ہونا (۲) چابک پڑنا۔
تاس (ف۔امذ) بڑا طشت۔ تسلا۔
تاسُّف (تَ۔اَس۔سُف) (ع۔امذ) اَفسوس۔ حسرت۔ پچھتاوا۔ رنج۔ ملال۔
تاسنا (تاس۔نا) (ق۔مص) (شراب) کشید کرنا۔
تاسہ (تا۔سَہ) (ف۔امذ) دیکھیے تاشا۔
تاسیس (تا۔سیس) (ع۔امث) (۱) جڑ۔ بنیاد۔ نیو (۲) علم عروض کی اِصطلاح میں وہ اَلف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرفِ متحرک واسطہ ہو جیسے "خاور" اور "باور" کا اَلف (۳) علم معانی کی اِصطلاح میں ایک ایسا لفظ لانا جو پہلے لفظ سے زائد معنی رکھتا ہو۔ جیسے علیم و حکیم (علیم کے معنی جاننے والا اور حکیم کے معنی جاننے والا اور کرنے والا)۔ جمع: تاسیسات۔
تاش (ہ۔ف۔امذ) (۱) ایک قسم کا ریشمی زری کا کپڑا۔ زربفت۔ بادلہ (۲) ایک قسم کا باون پتوں کا کھیل (۳) تشت۔ جمع: تاش۔ تاشوں۔
تاش پر مُونج کا بخیہ (اَر۔مثل) بے جوڑ بات۔
تاشا (تاشہ) (اَر۔امذ) ایک قسم کا ڈھول جسے گلے میں ڈال کر بجاتے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہیں۔ جمع: تاشوں۔ تاشے۔

تافتان (تاف۔ تان) (ف۔ ا۔ مث) (۱) موٹے کناروں کی نہایت ملائم خمیری روٹی (۲) ہر وہ چیز جو آفتاب یا آگ سے گرم ہو گئی ہو۔

تافتہ (تاف۔ تہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا۔ استبرق (۲) ایک خاص رنگ کا گھوڑا یا کبوتر (۳) (ف۔ صف) روشن۔ منوّر (۴) گرم (۵) بَل دیا ہوا۔ بٹا ہوا۔

تاقی (ف۔ صف) (۱) وہ گھوڑا جس کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں (۲) عیب دار۔ منحوس (۳) ایک قسم کی ٹوپی۔

تاک (ف۔ ا۔ مذ۔ مث) انگور کی بیل۔

تاک (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نگاہ۔ ٹکٹکی (۲) گھات۔ کمین (۳) نشانہ (۴) اِنتظار (۵) نگرانی۔ دیکھ بھال۔

تاک باک (ہ۔ ا۔ مث) عین وقت یا موقع۔

تاک بازی (اُر۔ ا۔ مث) نظر بازی۔

تاک باندھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) برابر دیکھے جانا۔ ٹکٹکی باندھنا (۲) نشانہ باندھنا۔

تاک پر آنا (اُر۔ محاورہ) کسی اُمید یا توقع پر آنا۔

تاک پر مِلنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کا ضرورت کے وقت ملنا۔

تاک جھانک (اُر۔ ا۔ مث) نظر بازی۔ گھورا گھاری۔

تاک رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھات میں لگے رہنا۔ موقع ڈھونڈنا (۲) پہلے سے پہچان رکھنا (۳) جانچ رکھنا (۴) موقع تلاش کر رکھنا۔

تاک کر (اُر۔ متعلق فعل) سیدھ باندھ کر۔ شست باندھ کر (۲) موقع دیکھ کر۔

تاک کر مارنا (اُر۔ محاورہ) شست باندھ کر نشانہ لگانا۔

تاک لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھات لگانا۔ نظر رکھنا (۲) دانت رکھنا (۳) گھورنا (۴) اِنتظار کرنا۔

تاک لگنا (اُر۔ محاورہ) ٹکٹکی بندھنا۔

تاک لینا (اُر۔ محاورہ) خبر لینا (۲) وقت پر پہنچنا۔ وقت پر مہیا کرنا (۳) نگرانی کرنا۔

تاک میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو نظر میں رکھنا۔

تاک میں رہنا (اُر۔ محاورہ) تلاش میں رہنا۔ وقت کا اِنتظار کرنا۔ گھات میں رہنا۔

تاک میں لگنا (اُر۔ محاورہ) تلاش میں ہونا۔ گھات میں ہونا۔

تاک میں ہونا (اُر۔ محاورہ) منتظر رہنا۔ داؤ لگائے رہنا۔

تاکا تاک (ہ۔ ا۔ مث) ایک دُوسرے کی طرف دیکھنا۔ نگاہیں لڑانا۔ نظر بازی۔

تاکنا (تاک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گھورنا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا (۲) دیکھنا (۳) خیال کرنا۔ نگاہ میں رکھنا (۴) جھانکنا۔ چھپ کر دیکھنا (۵) تاڑنا۔ پہچاننا (۶) نشانہ باندھنا (۷) اِنتظار کرنا (۸) پسند کرنا۔ اِنتخاب کرنا (۹) کسی چیز کی خواہش کرنا (۱۰) تلاش کرنا۔

تاکو (تا۔ کو) (واو معروف) (ہ۔ صف) گھات میں رہنے والا (۲) گھورنے والا۔

تاکو لے بھاگو (اُر۔ مثل) موقع پا کر لے بھاگنے والا۔ اُچکّا۔ چور۔ جیب کترا۔ اُٹھائی گیرا۔

تاکید (تا۔ کید) (ع۔ ا۔ مث) (۱) اِصرار۔ ضِد۔ ہٹ (۲) تقاضا۔ کوشش (۳) بار بار کہنا۔ زور دینا۔

تاکیداً (تا۔ کی۔ دَن) (ع۔ متعلق فعل) تاکید سے۔ اِصرار سے۔

تاکیدِ اَکید (ع۔ ا۔ مث) سخت حکم۔ سخت اِصرار۔

تاکیدِ بلیغ (ع۔ ا۔ مث) پوری تاکید۔ سخت تاکید۔

تاکیدِ شدید (ع۔ ا۔ مث) سخت تاکید۔ شدید تاکید۔

تاکید کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) اِصرار سے کہنا۔ زور ڈالنا (۲) تقاضا کرنا (۳) سخت حکم دینا۔

تاکیدی (تا۔ کی۔ دِی) (ع۔ صف) (۱) ضروری۔ سخت (۲) اِصرار کا۔

تاکیدی حکم (ف۔ ا۔ مذ) ضروری حکم۔ سخت حکم۔

تاگا (ہ۔ ا۔ مذ) ڈورا۔ دھاگا۔ سُوت کا تار۔ جمع: تاگوں۔ تاگے۔

تاگا (پرونا) ڈالنا (اُر۔ محاورہ) سینے کے لئے سُوئی میں تاگا پرونا۔

تاگڑی (تاگ۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تاگے کا بٹا ہوا ڈورا (۲) زنجیر کی قسم کا ایک زیور جسے کمر میں باندھتے ہیں (۳) لنگوٹی۔

تاگنا (تاگ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دھاگا ڈالنا (۲) سینا پرونا (۳) کچی سلائی کرنا (۴) تاگے ڈالنا (۵) گوتھنا۔

تاگے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تاگا کی جمع (۲) تاگا کی مُغیّرہ صورت۔

تاگے ڈالنا (اُر۔ مص مُرکّب) رُوئی دار یا دوہرے کپڑے کو اِس غرض سے سینا کہ رُوئی کی تہ جمی رہے یا اَبرا اُستر سے الگ نہ ہو۔

تاگے ڈلوانا (اُر۔ مص مُرکّب) تاگے ڈالنا کا متعدی۔

تال (س۔ ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تالاب (۲) عینک کا شیشہ (۳) (مؤنث) مجیرے کی جوڑی۔ پیتل کی چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو ڈھولک یا طبلے کے ساتھ بجاتے ہیں (۴) گانے بجانے کا وزن (۵) تالی (۶) پہلوانوں کا خم ٹھونکنا۔

تال اُڑنا (اُر۔ محاورہ) تال کا ساز کے مطابق نہ ہونا۔

تال بجا کے مانگے بھیک۔ اُس کا جوگ رہا کے ٹھیک (ہ۔ مثل) جو جوگی (درویش) گھنٹے بجا کر بھیک مانگے اُس کی درویشی (جوگ) کس کام کی! اُن منگتوں پر طنز ہے جو گھنٹے بجا کر بھیک مانگتے ہیں۔

تال بے تال (اُر۔ صف) بے سُرا۔ لَے سے ہٹا ہوا۔

تال بے تال ہونا (اُر۔ محاورہ) بے سُرا ہونا (۲) کسی کام کا اپنے موقع و محل پر نہ ہونا۔

تال (پڑنا) دینا (اُر۔ محاورہ) گانے کا وزن اور سُر قائم رکھنے کے لئے قاعدے سے تالی بجانا۔ سہارا دینا۔

تال ٹھونکنا (اُر۔ محاورہ) خم ٹھونکنا۔

تال سے بے تال ہونا (اُر۔ محاورہ) سُر تال سے اُکھڑ جانا۔ بے موقع تان لینا۔ بے سُرا ہو جانا۔

تال مار کر اُڑنا (اُر۔ محاورہ) پھڑپھڑا کر ہوا میں بلند ہونا۔

تال مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خم ٹھونکنا (۲) (ق۔ محاورہ) خاموش رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تال مکھانا (ہ۔ا۔مذ) کنول گٹے کے بیج جو اَدویہ میں اِستعمال ہوتے ہیں۔

تال میل (ہ۔ا۔مذ) (۱) موافقت۔ موزونیت (۲) راہ و رسم۔ میل جول۔

تال میل کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) موافقت ہونا۔ تجوگ ہونا۔ موزوں ہونا۔ مناسبت ہونا (۲) تال کا سُر کے ساتھ مل جانا۔

تالا (ہ۔ا۔مذ) قفل۔ جندرا۔ جمع: تالوں۔ تالے۔

تالا بگڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) قفل لگ جانا (۲) (مجازاً) گھر اُجڑنا۔

تالا توڑنا (اَر۔ مص مُرکّب) قفل توڑنا۔ قفل توڑنے کا جرم کرنا۔

تالا جڑنا (اَر۔ محاورہ) قفل لگنا۔

تالا کنجی (اَر۔ا۔مث) قفل مع کلید یا چابی (۲) بچّوں کے ایک کھیل کا نام۔

تالا کھلنا (اَر۔ محاورہ) قفل کھلنا۔

تالاب (اَر۔ا۔مذ) پانی کا بڑا حوض۔ تال۔ جمع: تالاب۔ تالابوں۔

تألُّف (تَ۔ اَل۔ لُف) (ع۔ا۔مذ) (۱) باہم محبت کرنا (۲) دوستی۔ اُلفت۔

تألُّم (تَ۔ اَل۔ لُم) (ع۔ا۔مذ) دُکھ پانا۔ تکلیف۔ دُکھ۔ اَلَم۔

تالمود (تال۔ مُود) (عب۔ا۔مث) یہُود کی فقہ کی کتاب۔

تالو (تا۔لو) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مُنہ کے اندر کی چھت (۲) گھوڑے کی ایک بیماری (۳) بچّوں کے سر کا نرم حِصّہ۔ جمع: تالو۔ تالوؤں۔

تالو آنا (اَر۔ محاورہ) تالو میں ورم ہو جانا۔

تالو اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) جب بچّہ پیدا ہوتا ہے تو دائی اُنگلیوں سے اُس کے تالو کو دبا کر دُرست کرتی ہے۔

تالو بگڑنا (اَر۔ محاورہ) آواز کا تالو سے اچھی طرح نہ نکلنا۔

تالو سے زبان نہ لگنا (اَر۔ محاورہ) چپ نہ رہنا۔ برابر باتیں کیے جانا۔ خاموش نہ رہنا۔ بکے جانا۔

تالو لٹکنا (اَر۔ محاورہ) مُنہ کی بیماری کے باعث تالو کا اپنے مقام سے نیچے آجانا۔

تالی (ہ۔ا۔مث) (۱) کنجی۔ چابی (۲) دونوں ہتھیلیوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔ جمع: تالیاں۔ تالیوں۔

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی (اَر۔ مثل) محبت یا لڑائی ایک طرف سے نہیں ہوتی۔

تالی بجانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا (۲) دستک دینا۔

تالی بجنا (پٹنا) (اَر۔ محاورہ) بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔

تالی پیٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہنسی اُڑانا۔ تضحیک کرنا (۲) تالی بجانا۔ شاباش دینا۔ داد دینا۔

تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے (اَر۔ مثل) لڑائی یا محبت دونوں طرف ہی سے ہوتی ہے۔

تالی دینا (اَر۔ محاورہ) ذلیل کرنا۔ مضحکہ اُڑانا۔

تالیاں (ہ۔ا۔مث) تالی کی جمع۔

تالیاں بجانا (اَر۔ محاورہ) (۱) خوشی منانا (۲) ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔

تالیاں دینا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے تالیاں بجانا نمبر ۲۔

تالیف (تا۔لیف) (ع۔ا۔مث) (۱) دو چیزوں کو باہم ملانا یا جمع کرنا (۲) مختلف کتابوں سے مضامین چُن کر نئے پیرائے میں ترتیب دینا (۳) دوستی پیدا کرنا۔ جمع: تالیفات۔

تالیفِ قلوب (ع۔ا۔مث) دل جوئی کرنا۔ دلوں کو ہاتھ میں لینا۔

تالیف کرنا (ع۔ اَر۔ مص مُرکّب) کتاب مرتّب کرنا۔

تالیفی (تا۔لی۔فی) (ع۔صف) (۱) تالیف سے منسوب (۲) ترکیبی (۳) کیمیاوی طریقے سے بنا ہوا۔

تالیفی قابلیت (ع۔ف۔ا۔مث) کسی چیز میں ترکیب پانے کی اِستعداد۔

تالیفی قاعدہ (ع۔ا۔مذ) کسی چیز کو ترکیب دینے کا طریقہ۔

تالیقہ (تا۔لی۔قہ) (اَر۔ا۔مث) دیکھئے تعلیقہ جس کی یہ تخریب ہے۔

تام (ع۔صف) کُل۔ پُورا۔ تمام۔ مکمل۔

تام (ہ۔ا۔مذ) (۱) شام۔ تاریکی (۲) گھبراہٹ (۳) تانبا۔

تام جان (تام جھام۔ تام دان۔ تان جان) (اَر۔ا۔مذ) (۱) ہوادار۔ ایک قسم کی پالکی۔

تام چینی (ہ۔ا۔مث) مینا کاری کیا ہوا تانبا (۲) دھات کی چادر پر چڑھی ہوئی چینی۔

تامرس (تام۔رَس) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تانبا (۲) سونا (۳) کنول (۴) ہمت۔ طاقت۔

تامڑا (تام۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) یاقوت کی قسم کا ایک ادنیٰ جوہر (Garnet) (۲) گنجے کی کھوپڑی (۳) (صف) تانبے کے رنگ کا (۴) تانبے کے رنگ کا کبوتر (۵) صاف مطلع (۶) ایک قسم کا کاغذ۔

تامڑا نکل آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تانبے کے رنگ کا ہو جانا۔ بدرنگ ہو جانا (۲) بال اُڑ کر کھوپڑی صاف ہو جانا۔ گنجا ہو جانا۔

تامل (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک زبان کا نام جو ہندوستان کے صوبہ تامل ناڈو (مدراس) میں بولی جاتی ہے (۲) ایک قوم جو جنوبی ہند میں آباد ہے۔ دراوڑ۔

تأمُّل (تَ۔ اَم۔ مُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) سوچ بچار۔ فکر۔ اَندیشہ (۲) عرصہ۔ وقفہ (۳) صبر و تحمل۔ برداشت (۴) شُبہ۔ شک۔ تذبذب۔

تام لوٹ (تام لیٹ) (اَر۔ا۔مذ) ٹین کا لوٹا جس میں ٹونٹی نہیں ہوتی۔ ڈونگا۔ انگ۔ Tumbler کی تخریب۔

تامّہ (ع۔صف) دیکھئے تام جس کی یہ تانیث ہے۔

تامیسری (تا۔میس۔ری) (ہ۔صف) (۱) تانبا ملا ہوا سونا چاندی (۲) تانبے کے رنگ کا۔ مِسی۔

تامیسُور (تا۔میس۔وَر) (ہ۔ا۔مذ) تانبے کا کُشتہ۔

تامین (تا۔مین) (ع۔ا۔مث) (۱) حفاظت (۲) سرپرستی (۳) بچاؤ۔ غیر مُلکی صنعتوں کے مقابلے میں مُلکی صنعت کی حفاظت۔ (اِصطلاح معاشیات)۔

تامینی (تا۔می۔نی) (ع۔صف) تامین سے متعلق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تامنی تجارت (ع۔ف۔ا۔مث) ایسی ملکی تجارت جس کے تحفّظ کے لئے غیر ملکی اَشیا کی درآمد پر پابندی لگا دی جائے۔

تامنی تدابیر (ع۔ف۔ا۔مث) حفاظتی تدابیر۔

تامنی محصولات (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ محصولات ' جو ملکی تجارت کے تحفّظ کے لئے غیر ملکی اَشیا پر عائد کیے جائیں۔

تان (ہ۔ا۔مث) (۱) الاپ۔ سُر۔ گت۔ تال (۲) پلنگ' پالکی' گاڑی وغیرہ کی آہنی سلاخ (۳) ایک درخت۔ جمع: تانوں۔ تانیں (۴) (ہ۔فعل) مصدر تاننا سے اَمر کا صیغہ۔

تان اُڑا لینا (اَر۔محاورہ) کسی کے گانے کی طرز سیکھ لینا۔

تان اُڑانا (اَر۔محاورہ) (۱) گانے میں سُروں کو خوبصورت انداز سے ادا کرنا (۲) مذاق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ کوئی ایسی بات کہنا جس سے جھگڑے کا اَندیشہ ہو (۳) تنبیہ کرنا۔ سرزنش کرنا۔

تان بھرنا (مارنا) (اَر۔محاورہ) گانے میں بعض سُروں کو مکرّر سہ کرّر ادا کرنا۔

تان پلٹا (ہ۔ا۔مذ) علمِ موسیقی کی اِصطلاح میں مختلف اَنداز سے تان لینا۔

تان پُورا (ہ۔ا۔مذ) مضراب کا ایک ساز۔ طنبورہ۔

تان ترور (اَر۔ا۔مث) طعن و تعریض کی تخریب۔ طعنہ زنی۔ آوازہ توازہ۔ طعن و تشنیع۔

تان توڑنا (اَر۔محاورہ) گیت کا سَم پر لاکر ختم کرنا (۲) طعنہ دینا (۳) ختم کرنا۔

تان کی جان (اَر۔صف) (۱) سُریلی۔ رسیلی (۲) (ا۔مث) مُدّعا۔ مقصد۔

تان کی لینا (اَر۔محاورہ) گانا۔ الاپنا۔

تان کے (اَر۔متعلق فعل) کھینچ کر۔ خوب زور سے جما کے۔

تان لینا (اَر۔محاورہ) (۱) (موسیقی) تان بھرنا (۲) اوڑھ لینا (۳) کھینچ لینا۔ سیدھا کر لینا (۴) طعنہ دینا۔

تان میں ٹکلیں اُڑانا (اَر۔محاورہ) بہت اُونچی تان لینا۔

تان سَین (تان۔سَین) (ہ۔ا۔مذ) عہدِ اکبری کا نامور موسیقار (۲) (مجازاً) بہت بڑا موسیقار۔

تان سین کی قبر میں پسلی پھڑکی (اَر۔مثل) ایسا اچھا گایا کہ مشہورِ عالم موسیقار تان سین کی رُوح خوش ہو گئی۔

تانا (ہ۔ا۔مذ) (۱) سُوت کا تاگا جو کپڑا بُننے میں لمبائی کی طرف ہو (۲) (ہ۔مص) تاؤ دینا۔ تپانا (۳) جانچنا۔ آزمانا (۴) گرم کرنا۔ پگھلانا (۵) (۶) (ق۔ا۔مذ) چھوٹا تنچہ۔ جمع: تانوں۔ تانے۔

تانا بانا (ہ۔ا۔مذ) وہ دھاگے جو کپڑا بُننے میں عرض و طول میں دیئے جاتے ہیں۔ تار و پود۔

تانا بانا اُدھیڑ دینا (اَر۔محاورہ) (۱) کام خراب کر دینا (۲) لاجواب کر دینا۔ (۳) سارا بھید کھول دینا۔

تانا بانا سوت پُرانا (اَر۔مثل) بے فائدہ محنت کرنا۔

تانا بانا کرنا (اَر۔محاورہ) بار بار آنا جانا۔ بے فائدہ چکر لگانا۔ ہیرا پھیری کرنا۔

تانا بھتاری (ہ۔ا۔مث) پریشانی۔ اَبتری۔

تانا تاننا (اَر۔محاورہ) کپڑا بُننے کے لئے لمبائی کے رُخ سُوت کو خاص طریقے سے پھیلانا۔

تاناشاہ (اَر۔ا۔مذ) گول کنڈا (دکن) کے ایک نہایت نازک مزاج' خودسر اور جابر بادشاہ ابوالحسن قُطب شاہ کا لقب۔

تانا شاہ دیوانہ' جس کی چٹھی نہ پروانہ (اَر۔مثل) وہ شخص جو فضول جھگڑوں میں پڑتا پھرے۔

تاناشاہی (اَر۔ا۔مث) خودسری۔ خودرائی۔ آمریت۔ جبر۔

تانبا (تاں۔با) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک سُرخی مائل دھات۔ مس (۲) گوشت کا تِکّا جو شکاری پرندوں کو کھلاتے ہیں۔

تانبا دیکھے چیتنا' مُکھ دیکھے بیوپار (اَر۔مثل) اِنسان نقد روپیہ دیکھنے سے ہوشیار ہو جاتا ہے اور خریدار کا مُنہ اور حیثیت دیکھ کر بیوپار کرتا ہے۔

تانبا سا (ہ۔صف) تانبے کے رنگ کا۔ گُلابی۔ سُرخی مائل۔

تانبا سا آسمان ہو جانا (اَر۔محاورہ) بارش کا نہ ہونا۔ قحط کے آثار نمودار ہونا۔

تانبا کار (ہ۔ف۔ا۔مذ) ٹھٹھیرا۔ کسیرا۔

تانب چون (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) تانبے کا بُرادہ۔

تانبڑا (تانب۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) تامڑا۔ گنجی کھوپڑی (صف) تانبے کے رنگ کا۔

تانبڑی (تانب۔ڑی) (ہ۔صف) تانبڑا کی تانیث۔ تانبے کے رنگ کی۔

تانبے (تاں۔بے) (ہ۔ا۔مذ) تانبا کی مُتغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

تانبے تاثیر (ہ۔ع۔صف) عورتیں اُس چیز کو کہتی ہیں جو کسی کے خرچ اور خوراک کو کافی ہو اور اُس سے کم و بیش نہ ہو۔ بہت کم۔ کم سے کم۔

تانبے کا تار نہیں (اَر۔مقولہ) نہایت مُفلس۔ اَز حد تنگ دست اور قلاش ہے۔

تانبے کا چراغ (اَر۔ا۔مذ) (کنایۃً) پیسا جو فی سبیل اللہ خرچ کیا جائے۔

تانت (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھیڑ بکری یا گائے وغیرہ کی وہ انتڑی جو بٹ کر کمان اور سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں (۲) سارنگی وغیرہ کا تار (۳) جُلاہے کا راچھ (۴) دھاگا۔ تاگا۔ ریشہ۔

تانت باجی' راگ بُوجھا (ہ۔مثل) قرینے یا باتوں ہی سے مطلب یا دل کا حال پہچان لیا جاتا ہے۔

تانت باندھنا (اَر۔محاورہ) بہت باتیں کرنے والے کو چپ کرانا۔

تانت سا (ہ۔صف) تار کی طرح۔ نہایت دُبلا۔ مُنحنی۔

تانتا (تاں۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قطار۔ سلسلہ (۲) مجمع۔ گروہ (۳) نسل۔ خاندان۔ اولاد۔ جمع: تانتوں۔ تانتے۔

تانتا پنواڑا (ہ۔ا۔مذ) طول طویل داستان۔ شیطان کی آنت۔

تانتا لگنا (اَر۔محاورہ) (۱) سلسلہ آمد و رفت شروع ہو جانا۔ سلسلہ جاری ہونا (۲) قطار بندھنا۔

تانتڑی (تانت۔ڑی) (ہ۔صف) (۱) تانت کی تصغیر (۲) نہایت دُبلا پتلا۔ مُنحنی۔

تانتڑی سا (ہ۔صف) تانت سا۔ نہایت دُبلا۔ مُنحنی۔

تانتوا (تانت۔وا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) فتق۔ آنت اُترنے کی بیماری (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پنچے کی زبان کے نیچے کی باریک جھلی۔

تانتی (تاں۔تی)(ہ۔ا۔مث)(۱) سلسلہ۔ قطار (۲) بال بچّے (۳)(مذ) جلاہا۔

تانتیا (تانت۔یا)(ہ۔صف) دُبلا پتلا۔ لمبا اور دُبلا۔

تانٹا (تاں۔ٹا)(ق۔ا۔مذ) چرچا۔

تاندرُکھ (تاند۔رُکھ)(نون غنّہ)(ق۔ا۔مذ) بڑ کا درخت۔

تانس (نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) دھمکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔

تانُس (ت۔اَن۔نُس) (ع۔ا۔مذ) اُنس۔ اَنسیّت۔ اُلفت (۲) تعلّق۔ واقفیت۔

تانسنا (تانس۔نا)(نون غنّہ)(ہ۔مع)(۱) دھمکانا۔ ڈانٹنا (۲) خوراک کم دینا (۳) بدسلوکی کرنا۔

تانگا (تاں۔گا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک چھوٹی سی دو پہیّے کی بیل گاڑی جس میں ایک یا دو آدمی بیٹھ سکتے ہیں (۲) گھوڑا گاڑی جس میں آگے پیچھے چھ سواریاں بیٹھ سکتی ہیں۔ جمع: تانگوں۔ تانگے۔

تانگر (تاں۔گر)(ق۔ا۔مذ) بل۔

تاننا (تان۔نا)(ہ۔مع)(۱) پھیلانا۔ بڑھانا (۲) کسنا۔ جکڑنا۔ جھول دُور کرنا (۳) مقدمہ دائر کرنا (۴) قید کرنا (۵) روانہ کرنا (۶) ہتھیار اُٹھانا (۷) زور سے کھینچنا (۸) لمبے چوڑے کپڑے کو سر پر تان لینا (۹) اکسانا۔

تانی (ہ۔ا۔مث) تنے ہوئے دھاگے جو بُننے کے لئے تیار کئے جاتے ہیں۔

تانیث (تا۔نیث)(ع۔ا۔مث)(۱) تذکیر کا نقیض۔ مؤنث (عورت۔ مادہ) ہونا۔ مؤنث کی علامت لگانا۔

تانیثِ معنوی (ع۔ا۔مث) ایسا اِسم جس میں علامت تانیث نہ ہو لیکن اہل زبان اُسے مؤنث بولتے ہوں جیسے عین (آنکھ) اَرض (زمین)۔

تانے تشنے (اُر۔ا۔مذ) طعن وتشنیع کا محرّب۔ طعنے مہنے۔ اوازے توازے۔

تاوا (ہ۔ا۔مذ)(۱) چکّر۔ گردش (۲) کبوتروں کا مکان کے گرد اُڑنا۔

تاوا دینا (اُر۔محاورہ) کبوتروں کو مکان کے گرد چکّر دلوانا۔

تاوان (ف۔ا۔مذ)(۱) جُرمانہ۔ ڈنڈ (۲) عوض۔ ہرجانہ۔ قصاص۔ کفارہ (۳) وہ رقم جو مفتوح فاتح کو بطور ہرجانہ ادا کرتا ہے (۴) وہ رقم جو اِغوا کرنے والا اُس شخص کے لواحقین سے طلب کرتا ہے جسے اُس نے اِغوا کیا ہے۔

تاوانِ جنگ (ف۔ا۔مذ) وہ رقم جو شکست خوردہ ملک فاتح ملک کو ادا کرتا ہے۔

تاوان (بھرنا) دینا (اُر۔محاورہ) جرمانہ ادا کرنا۔

تاوان نامہ (ف۔ا۔مذ) وہ دستاویز جو ادائے تاوان کے سلسلے میں تحریر کی جائے۔

تاوَل (تا۔وَل)(ہ۔ا۔مث)(اتاول کا مخفف) جلدی۔

تاوَلا (تاو۔لا)(ہ۔صف) مُضطرب۔ جلد باز۔

تاولا سو باولا (ہ۔مثل) جلد باز دیوانہ ہوتا ہے۔

تاویل (تا۔ویل)(ع۔ا۔مث)(۱) شرح۔ بیان (۲) ظاہری مطلب سے کسی بات کو پھیر دینا۔ حیلہ شرعی۔ عذر بیجا۔ بچاؤ کی دلیل۔ جمع: تاویلات۔

تاویل بن (آنا) پڑنا (اُر۔محاورہ) کوئی عذر سُوجھنا۔ بچاؤ کی کوئی صورت نظر آنا۔

تأہُّل (ت۔اَہ۔ہُل)(ع۔ا۔مذ) شادی کرنا۔ صاحب اہل و عیال ہونا۔

تاہری (تاہ۔ری)(ہ۔ا۔مث) ایک پکوان جو چاولوں میں بڑیاں یا آلو اور ہلدی ڈال کر پکایا جاتا ہے۔

تائب (تا۔ءِب)(ع۔صف) توبہ کرنے والا۔ گناہ کی معافی مانگنے والا۔ جمع: تائبین۔

تاؤ (تا۔اُو)(واو معروف)(ہ۔ا۔مذ)(۱) باپ کا بڑا بھائی۔ تایا (۲) بُزرگ۔ بڑا (۳) ہوشیار اور عقل مند شخص (۴) بدمعاش۔

تاؤ (تا۔او)(ہ۔ا۔مذ)(واؤ مجہول)(۱) گرمی۔ حرارت (۲) تیز آنچ (۳) کسی دھات کو آگ میں تپانا (۴) غُصّہ۔ غضب (۵) مروڑ۔ خم۔ پیچ (۶) کاغذ کا تختہ۔

تاؤ آنا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی دھات کا تپانے سے سُرخ ہو جانا (۲) جوش کھانا (۳) چاشنی کا پکنے پر آ جانا (۴) غُصّہ آنا۔

تاؤ بگڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) پکنے میں کسی چیز کا تاؤ خراب ہو جانا (۲)(مجازاً) موقع نکل جانا۔

تاؤ بند (ہ۔ا۔مذ) کیمیاگروں کی اِصطلاح میں وہ دوا جس کے اثر سے چاندی یا سونے کو تاؤ دینے پر بھی کھوٹ ظاہر نہ ہو۔

تاؤ بھاؤ (ہ۔صف) ذرا سا۔ بہت کم۔ کسی قدر۔ خفیف۔

تاؤ بھاؤ کا فرق (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا فرق۔ ذرا سا اِختلاف۔

تاؤ پر تاؤ آنا (اُر۔محاورہ) غُصّے پر غُصّہ آنا۔ بہت غُصّہ آنا۔

تاؤ پر ہونا (اُر۔محاورہ) جوش پر ہونا۔

تاؤ پیچ (اُر۔ا۔مذ) پیچ وتاب۔ غم وغُصّہ۔

تاؤ دیکھیں نہ بھاؤ (اُر۔محاورہ) بغیر سوچے سمجھے کام کرتے ہیں۔

تاؤ دینا (اُر۔محاورہ)(۱) گرم کرنا (۲) غُصّہ دلانا (۳) مونچھوں کو مروڑنا۔

تاؤ کھانا (اُر۔محاورہ)(۱) سُرخ ہو جانا (۲) جوش کھانا (۳) چاشنی یا قوام کا جل جانا (۴) اینٹھنا۔ بَل کھانا (۵) پگھلنا۔ رقیق ہونا (۶) کشتے کا آنچ کھا جانا (۷) غُصّہ آنا۔

تاؤ لگنا (اُر۔محاورہ)(۱) آنچ لگنا۔ خوب گرم ہونا (۲) زیادہ جل جانا۔

تاؤ میں آنا (اُر۔محاورہ) جوش میں آنا۔ غُصّے میں بھرنا۔

تائی (ہ۔ا۔مث) باپ کے بڑے بھائی کی بیوی۔ تایا کی بیوی۔

تائے (ف۔ا۔مذ)(۱) کپڑا (۲) تہ (۳) کاغذ کا تختہ (۴) طاق یعنی جفت کی ضد۔

تائے تشریف (ف۔ا۔مذ) ایک خلعت۔ پورا خلعت۔

تائید (تا۔اِید)(ع۔ا۔مث)(۱) تقویت (۲) حمایت۔ مدد (۳) طرف داری۔ رعایت (۴) اِستحکام دعوئی کی دستاویز۔ جمع: تائیدات۔

تائیدِ ایزدی (ع۔ا۔مث) اللہ تعالیٰ کی مدد۔

تائیدِ ربّانی (یزدانی) (ع۔ا۔مث) خُدا کی مدد۔

تائیدِ غیبی (ع۔ا۔مث) غیب سے مدد۔ خُدا کی مدد۔

تائید کرنا (اُر۔مع) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔ ساتھ دینا۔ حمایت کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تائیدِ کلام (ع۔ امث) سخن پروری۔ بات کی پچ۔ دعوے کی مدد۔
تائیدِ مزید (ع۔ امث) زیادہ مدد۔ کسی بات کی موافقت جو ایک کے بعد دُوسرا کرے۔
تائیدی (تا۔ ای۔ دی) (ع۔ صف) تائید سے متعلق۔ امدادی۔
تائیدی شہادت (ع۔ امث) وہ گواہی جو کسی کے بیان کی تائید کرے۔
تائیرا (تا۔ اے۔ را) (ہ۔ صف) بڑے چچا کا۔ تایا کا۔
تائیں (تا۔ ایں) (ق۔ متعلق فعل) تئیں۔ خاطر۔ لئے۔
تایا (تا۔ یا) (ہ۔ امذ) تاؤ۔ باپ کا بڑا بھائی۔ جمع: تایوں۔ تائے۔
تایا جانا (ار۔ مص) (۱) گرم کیا جانا۔ پگھلایا جانا (۲) آزمایا جانا۔
تائیس (تا۔ یَس) (ہ۔ امث) خُسر کے بڑے بھائی کی بیوی۔
تائیسرا (تا۔ یَس۔ را) (ہ۔ امذ) خُسر کا بڑا بھائی۔

ت۔ب

تَب (بالفتح) (ہ۔ متعلق فعل) (۱) پھر (۲) بعد میں۔ بعد ازاں (۳) اُس وقت (۴) اِس پر۔ اِس حالت میں (۵) اِس لئے۔ اِس سبب سے (۶) تو۔
تب بھی (ہ۔ متعلق فعل) (۱) پھر بھی۔ تاہم۔ اِس پر بھی (۲) اِس کے باوجود۔
تب تک (ہ۔ متعلق فعل) جب تک۔ اُس وقت تک۔
تب تو (ہ۔ متعلق فعل) پھر تو۔
تب سے (ہ۔ متعلق فعل) اُس وقت سے۔
تب کا لیپا گیا سرائے، اب کا لیپا دیکھو آئے (ہ۔ مثل) پُرانی بات کو جانے دیجیے، نئی حالت کو دیکھئے۔
تب لگ جھوٹ نہ بولئے، جب لگ پار بسائے (ہ۔ مثل) جہاں تک ممکن ہو، جھوٹ نہ بولنا چاہیے۔
تب ہی (تبھی) (ہ۔ متعلق فعل) (۱) اُسی وقت۔ اُسی دَم۔ جب ہی۔ فوراً (۲) اِس لئے۔ اِس وجہ سے۔
تب ہی تو (ہ۔ متعلق فعل) اِس لئے۔ اِس وجہ سے۔
تب ہی سے (ہ۔ متعلق فعل) اُس وقت سے۔
تَب (بفتح اوّل) (تاب کا مُخفف) (ف۔ امث) دیکھئے تَپ۔
تب خالہ (ف۔ امذ) دیکھئے تپ خالہ۔
تب دِروں (ف۔ امث) دیکھئے تپ دِروں۔
تب کُہنہ (ف۔ امث) دیکھئے تپ کُہنہ۔
تبادُر (تَ۔ با۔ دُر) (ع۔ امذ) سبقت۔ مُسابقت (۲) بازی لے جانا۔
تبادُل (تَ۔ با۔ دُل) (ع۔ امذ) بدلنا۔ تبدیل کرنا۔ باہمی اَدل بدل۔
تبادُلِ سزا (ع۔ ف۔ امذ) ایک سزا کا دُوسری سزا سے بدل دینا۔
تبادَلہ (تَ۔ با۔ دَ۔ لہ) (ار۔ امذ) عربی تبادُل کی تخریب (۱) بدل۔ عوض۔ مُعاوضہ (۲) ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔ بدلی۔ جمع: تبادلوں۔ تبادلے۔
تبادلۂ خیالات (ع۔ ار۔ امذ) گُفت وشنید۔ کسی بات کے متعلق دو یا زیادہ اَشخاص کا باہم اظہارِ خیال (صحیح مُبادلہ خیالات)۔
تبار (تَ۔ بار) (ف۔ امذ) (۱) خاندان۔ گھرانا (۲) قوم۔ ذات۔ لوگ (۳) نسل۔ اولاد (خویش و تبار' والا تبار مستعمل ہے)۔
تِبارا (تِ۔ با۔ را) (ار۔ صف) (۱) سہ بارہ۔ تیسری دفعہ (۲) (ار۔ امذ) تین دروازوں کا کمرا۔ (نیز دیکھئے "تِ")۔
تبارَک (تَ۔ با۔ رَک) (ع۔ صف) (۱) بڑا۔ عالی۔ بُزرگ (۲) (امث) مسلمانوں کی ایک رسم۔ رجب کے مہینے میں جمعرات یا جُمعہ کو سورۂ تبارک چالیس مرتبہ پڑھ کر مُردوں کو بخشتے ہیں اور میدے کی میٹھی روٹیاں تقسیم کرتے ہیں (۳) قرآن مجید کی ایک سُورت کا نام۔
تبارَکَ الّذی (ع۔ امذ) لُغوی معنی: بُزرگ ہے وہ ذات (۲) کلامِ مجید کا ایک پارہ۔
تبارَکَ اللہ (ع۔ فعل وکلمۂ تعجب) بُزرگ ہے اللہ تعالیٰ (تعجب کے موقع پر کہتے ہیں)۔
تبارک کی روٹی (ار۔ امث) روٹی جو تبارک کے موقع پر تقسیم کی جائے۔
تِباسی (تِ۔ با۔ سی) (ہ۔ صف) تین روز کی رکھی ہوئی۔ (نیز دیکھئے "تِ")۔
تباشیر (تَ۔ با۔ شیر) (ف۔ امث) (۱) ایک نیلے رنگ کی دوا جو بانس کی جڑ سے نکلتی ہے۔ بنسلوچن (۲) (مجازاً) صبح کاذب کی روشنی۔
تباغُض (تَ۔ با۔ غُض) (ع۔ امذ) باہم بُغض رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ دُشمنی۔ عداوت۔
تباکھیر (تَ۔ با۔ کھیر) (ہ۔ امث) سفید تباشیر۔
تباہ (تَ۔ باہ) (ف۔ صف) (۱) برباد۔ ویران۔ اُجڑا ہوا۔ خستہ حال (۲) خراب۔ بُرا۔ شریر۔ بدکار۔
تباہ حال (ف۔ صف) شکستہ حال۔ خستہ حال۔ ذلیل حالت۔
تباہ کاری (ف۔ امث) تباہ کرنا۔ تخریب کاری۔ ار جمع: تباہ کاریاں۔ تباہ کاریوں۔
تباہ کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) برباد کرنا۔ ویران کرنا۔ اُجاڑنا (۲) کھانا۔ ضائع کرنا۔ فضول خرچ کرنا (۳) مفلس بنا دینا (۴) ڈبونا (۵) بگاڑنا (۶) کھونا (کبوتر کو)۔
تباہ ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) برباد ہونا۔ اُجڑنا (۲) لُٹنا۔ غارت ہونا (۳) ضائع ہونا (۴) مُفلس ہونا (۵) ڈوبنا۔ غرق ہونا (۶) ستیاناس ہونا۔ بگڑنا (۷) عاشق ہونا۔ مِٹنا (۸) کنکوا اُکھڑنا (پتنگ بازی کی اصطلاح)۔
تباہی (تَ۔ با۔ ہی) (ف۔ امث) (۱) بربادی۔ خرابی۔ ویرانی (۲) ذلت۔ رُسوائی (۳) مُصیبت۔ بلا (۴) لُوٹ مار۔ غارت۔ ار جمع: تباہیاں۔ تباہیوں۔
تباہی آنا (ار۔ محاورہ) آفت آنا۔ بلا نازل ہونا۔
تباہی زدہ (ف۔ صف) مُصیبت کا مارا۔ دُکھی۔ آفت زدہ۔ خراب وخستہ۔ تباہ حال۔ کم بخت۔
تباہی کا مارا (ار۔ صف) دیکھئے تباہی زدہ۔
تبایُن (تَ۔ با۔ یُن) (ع۔ امذ) (۱) فرق۔ تفاوُت۔ اختلاف (۲) جُدائی (۳) ضِد۔ مُخالفت (۴) نامطابقت۔ ناموافقت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تبحّر (ت۔بَح۔حُر) (ع۔ا۔مذ) کسی علم یا فن میں سمندر کی طرح بے پایاں ہونا۔ کسی چیز میں کمال حاصل ہونا۔

تبحّرِ علمی (ع۔ا۔مذ) نہایت وُسعتِ علمی۔ اِنتہائی علمی استعداد۔

تب خال (تب خالہ) (تَب۔خال) (تَب۔خا۔لہ) (ف۔ا۔مذ) تَب کے تحت دیکھئے۔

تبختُر (ت۔بَخ۔تُر) (ع۔ا۔مذ) (۱) ناز سے چلنا۔ غرور سے چلنا (۲) غرور۔ تکبّر۔ ناز۔ فخر۔ اِترانا۔

تبخیر (تَب۔خیر) (ع۔ا۔مث) (۱) مہک۔ بُو (۲) بھاپ (۳) خفیف سی حرارت۔ وہ بُخارات جو کھانا کھانے کے بعد دماغ کو چڑھتے اور جسم کو گرما دیتے ہیں (۴) کسی مائع کا بُخارات میں تبدیل ہونا۔

تبدُّل (ت۔بَد۔دُل) (ع۔ا۔مذ) بدل۔ تغیّر۔

تبدیل (تَب۔دیل) (ع۔ا۔مث) (۱) ایک جگہ سے دُوسری جگہ کرنا۔ نقل مکان۔ تغیّر کرنا۔ پلٹنا (۲) تغیّر۔ فرق۔ بدل (۳) پلٹ۔ پھیر پھار۔

تبدیلِ آب و ہوا (ع۔ف۔ا۔مث) بحالیِ صحت کے لئے ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔

تبدیل کرنا (ع۔اُ۔مص مُرکّب) (۱) ایک چیز دے کر دُوسری چیز لینا (۲) بدلنا۔ پلٹنا (۳) ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔

تبدیلِ ناجائز (ع۔ا۔مث) دستاویز وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا۔ جعلسازی۔

تبدیل ہونا (اُ۔مص) ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔ بدلنا۔ بدلی ہونا۔

تبدیلِ ہیئت (ع۔ا۔مث) صورت بدلنا۔ بھیس بدلنا۔

تبدیلی (تَب۔دی۔لی) (اُ۔ا۔مث) (۱) بدلی۔ ملازم کا ایک جگہ سے دُوسری جگہ بدلا جانا (۲) نوکری پر ایک سپاہی یا پہریدار کی جگہ دُوسرے کا آنا (۳) ایک حالت سے دُوسری حالت ہونا (۴) تغیّر۔ تبدّل۔ فرق (عربی لفظ تبدیل کا بگاڑ ہے اور غلطُ العام ہے)۔

تبذیر (تَب۔ذیر) (ع۔ا۔مث) فضول خرچی کرنا۔ اِسراف کرنا۔

تبر (تَ۔بَر) (ف۔ا۔مذ) کلہاڑی۔ ایک قسم کا فولادی آلہ جس سے لکڑی چیرتے اور درخت کاٹتے ہیں۔ تکوا (۲) ایک جنگی ہتھیار۔ اُ۔ جمع: تبر۔ تبروں۔

تبرّا (ت۔بَر۔را) (ع۔ا۔مذ) (۱) نفرت۔ بیزاری (۲) لعن طعن (۳) خُلفائے ثلاثہ سے اِظہارِ بیزاری کرنا۔

تبرّا بھیجنا (کرنا) (ع۔اُ۔ محاورہ) نفرت کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالیاں دینا۔

تبرّا (تبرّے) بازی (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) گالیاں دینا۔ لعن طعن کرنا (۲) جھگڑا بازی۔

تبرّائی (ت۔بَر۔را۔ای) (ع۔صف) تبرّا کرنے والا۔ لعن طعن کرنے والا۔ شیعوں کا ایک فرقہ۔

تبرّج (ت۔بَر۔رُج) (ع۔ا۔مذ) بناؤ سنگار کرنا۔ آرائش کرنا۔ اپنے آپ کو سنوارنا۔

تبرّع (ت۔بَر۔رُع) (ع۔ا۔مذ) بخشنا۔ دینا۔ کسی کو ذاتی منفعت کی اُمید کے بغیر دینا۔ خیرات۔ بخشش۔

تبرّک (ت۔بَر۔رُک) (ع۔ا۔مذ) (۱) خیر و برکت والی چیز (۲) بُزرگ کا تحفہ (۳) پرشاد۔ نیاز۔ فاتحہ کی چیز (۴) (صف) تھوڑا سا۔ قلیل۔ جمع: تبرکات۔

تبرّک ہو جانا (اُ۔ محاورہ) کسی چیز کا ذرا ذرا کر کے تقسیم ہو جانا۔

تبرّکاً (ت۔بَر۔رُ۔کن) (ع۔ متعلق فعل) برکت کے ساتھ۔ برکت کے طور پر۔

تبرّکاً و تیمّناً (ت۔یَم۔مُ۔نَن) (ع۔ متعلق فعل) خیر و برکت کے لحاظ سے۔

تبرّکات (ت۔بَر۔رُ۔کات) (ع۔ا۔مذ) تبرّک کی جمع۔ بُزرگانِ دین کی چیزیں جو برکت کے طور پر رکھی جائیں۔ بُزرگوں کے آثار۔

تبرّگوں (ت۔بَر۔گوں) (ہ۔ا۔مذ) گھوڑے کا ایک عیب۔

تبرید (تَب۔رید) (ع۔ا۔مث) (۱) ٹھنڈا کرنا۔ میکانی طریقوں سے کم تر درجہ حرارت پیدا کرنا (Refrigeration)۔ (۲) ٹھنڈائی (۳) ٹھنڈی دوا۔ وہ دوا یا شربت جو مُسہل کے بعد اُس کی حرارت کو دُور کرنے کے لئے دیتے ہیں۔

تبریق (تَب۔ریق) (ع۔ا۔مث) برقانا۔ کسی چیز میں برقی رو دوڑانا۔

تبریک (تَب۔ریک) (ع۔ا۔مث) مبارک باد دینا۔

تبسُّط (ت۔بَس۔سُط) (ع۔ا۔مذ) پھیلاؤ۔ فراخی۔ کشادگی (۲) پھیلانا۔ کھلنا۔

تبسُّم (ت۔بَس۔سُم) (ع۔ا۔مذ) مُسکراہٹ۔ ایسی ہنسی جس میں ہونٹ نہ کھلیں اور آواز بھی نہ نکلے۔

تبسُّم (افشاں) پاش (ف۔ع۔صف) مُسکرانے والا۔

تبسُّمِ برق (ع۔ا۔مذ) بجلی کی چمک۔

تبسُّمِ گُل (ع۔ف۔ا۔مذ) کلی کا کھلنا۔

تبسُّمِ مِینا (ع۔ف۔ا۔مذ) صُراحی سے شراب نکلنے کی آواز۔

تبصرہ (تَب۔صِ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) تنقید۔ ریویو۔ نقد و نظر (۲) توضیح۔ عربی جمع: تبصرات۔ اُردو جمع: تبصرے۔ تبصروں۔

تبع (بفتح اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) پیروی کرنا (۲) پیروی کرنے والا۔ جمع: توابع۔ اتباع۔

تبع تابعین (ع۔ا۔مذ) وہ مسلمان جنہوں نے تابعین کو دیکھا۔

تبعیّت (تَب۔عی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) مُتابعت۔ اِتباع۔ پیروکاری۔ تقلید (۲) نقل (۳) اطاعت۔ فرماں برداری۔

تبغیض (تَب۔غیض) (ع۔ا۔مث) (۱) دُشمنی ڈال دینا۔ بُغض پیدا کرنا (۲) لڑائی کرا دینا۔

تبلق (تَب۔لَق) (اُ۔ا۔مث) تُرکی لفظ طبلق کا بگڑا ہوا۔ کاغذوں کا بنڈل یا مُٹھا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تَبلی (تب-لی) (بالفتح) (اَر-ا-مث) (۱) توشہ دان (۲) وہ چھوٹی سی تھیلی جس میں کارتوس وغیرہ رکھتے ہیں (۳) وہ تختہ جو ستار یا طنبورے کے تونبے پر لگایا جاتا ہے۔ پردہ۔

تِبلی (تِب-لی) (بکسر اوّل) (ہ-ا-مث) ڈور جسے کئی دھاگے بٹ کر بناتے ہیں۔

تبلیغ (تب-لیغ) (ع-ا-مث) (۱) پہنچانا (۲) (مجازاً) احکامِ شریعت پہنچانا۔ خُدا کا حکم پہنچانا (۳) پرچار کرنا۔

تَبَنّی (تَبنِیَت) (تَ-بَن-نی) (تب-نِ-یَت) (ع-ا-مث) متبنّٰی بنانا۔ گود لینا۔ لے پالک بنانا۔

تبویب (تب-ویب) (ع-ا-مث) کتاب کو اَبواب میں تقسیم کرنا۔

تبہ (تَ-بہ) (ف-صف) تباہ کا مخفف۔ خراب۔ اُجاڑ۔ ویران۔ برباد۔

تبہ کار (ف-صف) (۱) بدکار۔ بدچلن (۲) برباد۔ اُجاڑ۔

تبیان (تب-یان) (ع-ا-مث) (۱) ظاہر کرنا۔ آشکارا کرنا (۲) ظہور۔

تبییض (تب-ییض) (ع-ا-مث) مُسوّدے کو صاف کر کے لکھنا۔ فیئر کرنا۔

تبیین (تب-یین) (ع-ا-مث) بیان کرنا۔ تشریح۔ توضیح۔

ت-پ

تپ (س-ا-مث) (۱) تپسیا۔ عبادت۔ ریاضت (۲) سخت گرمی۔

تپ (ف-ا-مث) (۱) گرمی۔ حرارت (۲) بخار (۳) بے چینی۔ اضطراب۔

تپ آنا (اَر-محاورہ) (۱) بُخار آنا (۲) (مجازاً) ڈرنا۔ خوف کھانا۔

تپ اُترنا (اَر-محاورہ) بُخار کا زائل ہو جانا۔

تپِ بلغمیہ (ف-ا-مث) وہ بخار جو بلغم کے تعفّن سے لاحق ہو۔

تپ ٹوٹنا (اَر-محاورہ) بُخار اُتر جانا۔

تپ چڑھنا (اَر-محاورہ) (۱) بُخار چڑھنا۔ بخار سے بدن جلنا (۲) (مجازاً) ڈرنا۔

تپِ چہارم (ف-ا-مث) چوتھیا بُخار۔

تپ خالہ (ف-ا-مذ) وہ چھالا جو ہونٹوں پر بُخار کی گرمی سے پڑ جائے۔

تپِ خِلطی (ف-ع-ا-مث) وہ بُخار جو اخلاط کی عفونت یا اُن کے جوش سے پیدا ہو۔

تپِ دروں (ف-ا-مث) (۱) اَندر کی گرمی (۲) عشق۔

تپِ دق (ف-ا-مث) پُرانا بُخار جو عموماً پھیپھڑوں کے خراب ہونے کی وجہ سے آتا ہے۔ ٹی بی۔

تپ زدہ (ف-صف) جس کو بُخار آتا ہو۔

تپِ زرد (ف-ا-مث) ایک قسم کا بُخار جس کے ہمراہ یرقان ہو جاتا ہے۔ زرد بُخار۔

تپِ سُرخ (ف-ا-مث) ایک قسم کا بُخار جو متعدی ہوتا ہے۔ اس میں گلا متورم ہو جاتا ہے اور دُوسرے تیسرے روز بدن پر دھبے پڑ جاتے ہیں۔ لال بُخار۔

تپِ سوداوی (ف-ا-مث) وہ بُخار جو سودا کی عفونت سے ہوتا ہے۔

تپِ غِب (ف-ا-مث) باری کا بُخار۔ تپِ نوبت۔ میعادی بُخار۔

تپِ کاہی (ف-ا-مث) ایک قسم کا بُخار جو پیٹ میں گرد و غبار اور خاک دھول پہنچنے سے ہو جاتا ہے اور اس میں دمے کی علامات بھی ہوتی ہیں۔ (Hay fever)۔

تپِ کہنہ (ف-ا-مث) پُرانا بُخار۔

تپِ لرزہ (ف-ا-مذ) وہ بُخار جو لرزے کے ساتھ ہو۔ یعنی جس کے چڑھنے سے سردی لگے اور کپکپی آئے۔ ملیریا۔

تپِ (مُحرق) مُحرِقہ (ف-ع-ا-مث) میعادی بُخار۔ وہ بُخار جو ۱۴، ۲۱ یا ۳۰ دن کے بعد اُترے۔ ٹائی فائڈ۔

تپ (کا) مُوت جانا (اَر-محاورہ) بُخار اُتر جانے کے بعد ہونٹوں پر چھالے پڑ جانا۔

تپِ نزلی (ف-ا-مث) نزلے کا بُخار۔

تپِ نزلی وبائی (ف-ا-مث) انفلوئنزا۔

تپِ نوبت (ف-ا-مث) باری کا بُخار۔

تپِ وبائی (ف-ا-مث) وبائی بُخار۔ جنگی بُخار۔ انفلوئنزا۔

تپ ہو جانا (اَر-محاورہ) بُخار آنا۔

تپاس (تَ-پاس) (ہ-ا-مث) (۱) دُھوپ۔ سُورج کی کرنیں (۲) محنت۔ مشقت۔

تپاک (تَ-پاک) (ف-ا-مذ) (۱) گرم جوشی۔ شوق (۲) آؤ بھگت۔ خاطر مدارات (۳) اخلاص۔ التفات (۴) محبت۔ عشق۔ پیار (۵) (طنزاً) بے پروائی (۶) غُصہ (ق)۔

تپاک سے (پیش آنا) مِلنا (اَر-محاورہ) گرمجوشی سے ملنا۔ خوب آؤ بھگت کرنا۔

تپاک ظاہر کرنا (اَر-محاورہ) محبت و دوستی کا اظہار کرنا۔

تپاں (تَ-پاں) (ف-صف) (۱) گرم۔ سوزاں۔ جلتا ہوا (۲) تڑپنے والا۔

تپانا (تَ-پا-نا) (ہ-مص) (۱) گرم کرنا (۲) سونے چاندی کو تاؤ دینا۔

تُپانا (تُ-پا-نا) (ہ-مص) (۱) دفن کرانا (۲) چھپوا دینا۔

تپانچہ (تَ-پاں-چہ) (ف-ا-مذ) (۱) طمانچہ۔ تھپڑ۔ کھلے ہاتھ کی ضرب جو مُنہ پر ماری جائے (۲) موجوں کا تھپیڑا۔ اُردو جمع: تپانچوں۔ تپانچے۔

تپانچہ پڑنا (اَر-محاورہ) تھپڑ لگنا۔

تپانچہ جڑنا (تپانچہ دینا۔ تپانچہ لگانا۔ تپانچہ مارنا) (اَر-محاورہ) تھپڑ مارنا۔

تپانچہ کھانا (اَر-محاورہ) مُنہ پر تھپڑ لگنا۔

تپائی (تِ-پا-ای) (ہ-ا-مث) تین پایوں کی چوکی۔ چھوٹی میز۔ جمع: تپائیاں۔ تپائیوں۔

تپچانا (تَپ-چا-نا) (ہ-مص) کپڑے کے سرے سے سرا ملا کر سینا۔

تپڑ (تَپ-پڑ) (ہ-ا-مذ) ٹاٹ کی گدی جس پر بنیے بیٹھتے ہیں۔

تپڑ اُلٹ دینا (اَر-محاورہ) دیوالہ نکال دینا۔

تپسوی (تَ-پس-وی) (ہ-صف) تپسیا کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تپسیا (تَ۔پس۔یا) (ہ۔ا۔مث) مشقت کی عبادت۔ جسم کو اذیت دینے والی عبادت۔

تپش (تَ۔پش) (ف۔ا۔مث) (۱) گرمی۔ حرارت۔ آفتاب کی تمازت (۲) سوزش۔ جلن (۳) اضطراب۔ بیقراری۔ بے چینی۔

تپک (تَ۔پک) (ہ۔ا۔مث) پھوڑے کا درد۔ ٹیس۔ جلن۔

تپک (تُ۔پک) (ت۔ا۔مث) چھوٹی توپ۔

تپکچی (تُ۔پک۔چی) (ت۔ا۔مذ) ایک افسر جو مالگزاری کے کام پر لگایا جاتا تھا۔

تپکچی (تُ۔پک۔چی) (ت۔ا۔مذ) توپچی۔ گولہ انداز۔ بندوق چلانے والا سپاہی۔

تپکنا (تَ۔پک۔نا) (ہ۔مص) ٹیس پڑنا۔ لپک ہونا۔

تپن (تَ۔پن) (ہ۔ا۔مث) جلن۔

تپنا (تَپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرم ہونا (۲) جلنا۔ دہکنا۔ مشتعل ہونا (۳) دُھونی رمانا۔

تپنچہ (تَ۔پن۔چہ) (ت۔ا۔مذ) پستول۔ طمنچہ۔ جمع: تپنچوں۔ تپنچے۔

تپنچہ باندھنا (اَر۔محاورہ) تپنچہ کمر میں لگانا۔

تپنچہ بھرنا (اَر۔محاورہ) تپنچے میں گولی بارود بھرنا۔ پستول بھرنا۔

تپنچہ چلانا (اَر۔محاورہ) تپنچے کا گھوڑا دبانا۔ تپنچہ سر کرنا۔

تپنچہ (چلنا) چھوٹنا (اَر۔محاورہ) تپنچہ سر ہونا۔

تپنچہ چھوڑنا (اَر۔محاورہ) تپنچہ چلانا۔

تپنچہ (داغنا) سر کرنا (اَر۔محاورہ) تپنچہ چلانا۔

تپوبن (تَ۔پو۔بن) (ہ۔صف) وہ جنگل جس میں جوگی تپ یا ریاضت کرتے ہیں۔ ہردوار کے قریب ایک تیرتھ جہاں جوگی اور سنیاسی تپسیا کرتے ہیں۔

تپیدہ (تَ۔پی۔دہ) (ف۔صف) (۱) گرم کیا ہوا۔ تپایا ہوا (۲) مُضطرب۔ بے چین۔

ت۔ت

تت (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) رُوح۔ جان (۲) لُبِ لُباب۔ ست (۳) سرمایہ۔ پونجی۔ راسُ المال (۴) پھل۔ نتیجہ۔ انجام۔ اخیر (۵) خدائے تعالیٰ کی معرفت (۶) تار والا باجا۔ تت مندرل۔

تت کال (ہ۔متعلق فعل) تُرت۔ جلد۔ فوراً۔

تتا (تَت۔تا) (ہ۔صف) (۱) گرم۔ جلتا ہوا (۲) تیز مزاج۔ تُند (۳) بہادر۔ شجاع (۴) جوشیلا۔ سرگرم۔ پُرجوش۔

تتا تاؤ (ہ۔ا۔مذ) جب تنور گرم کیا جائے تو اُس کی ابتدائی گرمی کو تتا تاؤ کہتے ہیں۔ اُس میں روٹی اچھی طرح نہیں پکتی (۲) (مجازاً) (متعلق فعل) فوراً۔ جلد۔

تتا تاؤلا (ہ۔صف) جلد باز۔ تیز مزاج۔

تتا توا (ہ۔ا۔مذ) (۱) گرم توا (۲) (ہ۔صف) بات بات پر لڑنے والا۔ لڑاکا۔ جھگڑالو۔

تتا کور نوالہ نہ نگلنے کا نہ اُگلنے کا (اَر۔مثل) اُس موقع پر کہتے ہیں جب کچھ بن نہ پڑے۔

تتا ہونا (اَر۔محاورہ) گرم ہونا (۲) غضب ناک ہونا۔ ناراض ہونا۔

تتار (تَ۔تار) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مالش کی دوا۔ لیپ۔ ضماد۔ طلا (۲) گرم پانی کی سینک (۳) گرم پانی سے دھارنا (۴) سوجی ہوئی جگہ پر ٹھنڈا پانی ڈالنا (۵) (ف۔ا۔مذ) تاتار کا مخفف۔

تتارنا (تَ۔تار۔نا) (ہ۔مص) سینکنا۔ گرم کرنا۔

تتالا (تِ۔تا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) تین تال۔ طبلے کی ایک تال۔ نیز دیکھئے "تت"۔

تتالی (تَ۔تا۔لی) (ق۔ا۔مث) مکاری۔ دھوکے بازی۔

تتبع (تَ۔تَب۔بُع) (ع۔ا۔مذ) (۱) تقلید۔ پیروی (۲) نقل۔ ریس۔

تتر بتر (تِت۔تر۔بِت۔تر) (ہ۔صف) الگ الگ۔ جدا جدا۔ مُنتشر۔ پراگندہ۔ بے ترتیب۔ بکھرا ہوا۔ پریشان۔

تتری (تَ۔تَ۔ری) (ف۔صف) دیکھئے تاتاری۔

تتری (تتڑی) (تِت۔ری) (تِت۔ڑی) (ہ۔صف) (۱) ناز نخرے کرنے والی (عورت) (۲) نہایت بخیل (عورت) (۳) تیز مزاج (عورت) (۴) جنم جلی۔ بدقسمت (عورت)۔

تتری نے دیا، جنم جلی نے کھایا۔ نہ جیب جلی نہ سواد آیا (ہ۔مثل) (۱) ایک بدقسمت شخص دُوسرے بدقسمت کی مدد کرے تو کچھ نہیں ہوتا (۲) بہت تھوڑا کھانا دیا جائے تو اُس وقت بھی کہتے ہیں۔

تتق (تُ۔تُق) (ف۔ا۔مذ) پردہ۔ خیمہ۔ سراپردہ۔

تتق گرد (ف۔ا۔مث) اُڑی ہوئی خاک۔ اس قدر خاک کہ کچھ نظر نہ آئے۔

تتق نیلی (ف۔ا۔مذ) آسمان۔

تتک (توتک) (تُ۔تک) (تو۔تک) (ہ۔ا۔مذ) جہاز کا تختہ۔

تتلا (تُت۔لا) دیکھئے توتلا۔

تتلانا (تُت۔لا۔نا) (ہ۔مص) صاف نہ بولنا۔ ٹ ڈ وغیرہ کی جگہ ت د بولنا۔

تتلی (ہ۔ا۔مث) ایک نہایت خوبصورت رنگین پروں والا کیڑا یا پروانہ۔ اِس کی ایک لاکھ کے لگ بھگ قسمیں ہیں۔ جمع: تتلیاں۔ تتلیوں۔

تتمبا (تِ۔تم۔با) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مشکل۔ دِقت (۲) جھگڑا۔ زبانی تکرار (۳) روک۔ ممانعت (۴) سازش۔ جوڑ توڑ۔ داؤں گھات (۵) بغاوت۔ غدر (۶) دنگا فساد۔

تتمہ (تَ۔تم۔مہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) بقیہ۔ بچا ہوا۔ کسی چیز کا آخری حصہ (۲) ضمیمہ۔ کتاب کا وہ زائد حصہ جو آخیر میں لگا دیتے ہیں (۳) خط کا ضمیمہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تتمۂ بیانِ تحریری (ع۔ف۔ا۔مذ) تحریری بیان کا ضمیمہ۔

تتمۂ چالان (ع۔ہ۔ا۔مذ) وہ چالان جو نامکمل چالان کے بعد مقدمے کی تفتیش ختم ہونے پر عدالت میں پیش کیا جائے۔

تتمۂ وصیت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وصیت نامے سے متعلق دستاویز جس میں وصیت نامے کے مطالب کی توضیح یا اس میں اضافہ یا رد و بدل کیا جائے۔

تَتْمِیم (تَت۔مِیم)(ع۔ا۔مث) پورا کرنا۔ مکمل کرنا۔ تکمیل۔

تَتُّو تَھمبُو (تَت۔تُو۔تَھم۔بُو)(ا۔ا۔مث) روک تھام۔ دم دلاسا۔ بیچ بچاؤ۔

تتو تھمبو کر دینا (ا۔محاورہ) بیچ بچاؤ کرا دینا۔ روک تھام کر دینا۔

تِتھ (بکسرِ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) چاند کی تاریخ (۲) دن۔ تاریخ۔

تَتھا (تَت۔تھا)(ہ۔ا۔مث)(۱) طاقت۔ قوت۔ بَل۔ زور (۲) لیاقت۔ قابلیت (۳)(س۔متعلق فعل) اِس طرح سے۔ ایسے۔

تَتھَوڑا (تَ۔تَ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) پانی گرم کرنے کا لوہے کا گھڑا۔

تُتِّی (تُ۔تِ۔اِی)(ہ۔ا۔مث) چھوٹا سا لوٹا جس سے بچے پانی پیتے ہیں۔

تَتّی (تَت۔تی)(ہ۔ا۔مث) چندیا۔ کھوپڑی۔ تری۔ ٹاٹ (۲) تتا کی تانیث۔

تتی پر تین بال، وہ بھی ناچیں تین تال (ہ۔مثل) بے مایگی پر اترانا۔

تتیا (تَ۔تَیَ۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) لال رنگ کی بھڑ (پن) ڈھموں (۲)(صف) تیز۔ چالاک (۳) ذہین۔ ذکی۔

تتیا کا ناچ نچانا (ا۔محاورہ) ستانا۔ تنگ کرنا۔ مزہ چکھانا۔

تتیا مرچ (ا۔ا۔مث) ایک قسم کی چھوٹی سی نہایت تیز مرچ۔

تَتّے (تَت۔تے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) تتا کی جمع (۲) تتا کی مغیرہ صورت۔

تتے توے پر قسم کھانا (ا۔محاورہ) سخت قسم کھانا۔

تتے توے کی بوند (ا۔ا۔مث) بہت سے خرچ میں تھوڑی آمدنی کسی شمار میں نہیں۔

تتے توے کی بوند ہو گئی (ا۔مقولہ) خرچ زیادہ تھا اور آمدنی کم۔ چیز کم تھی۔ بہت جلد ختم ہو گئی۔

ت۔ٹ

تَٹ (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ساحل۔ کنارہ (۲) ڈھال۔ اُتار۔ جھکاؤ (۳) اُفق (۴) کھیت۔

تُٹاپا (تُ۔ٹا۔پا)(ق۔صف)(۱) کمزوری۔ لاچاری۔ بے بسی (۲) مُفلسی۔ اِحتیاج۔

تِٹالا (تِ۔ٹا۔لا)(ق۔ا۔مذ) باجرے کا سرکنڈا۔ ڈنٹھل۔

تَٹّے (تَٹ۔ٹے)(ق۔ا۔مذ) ٹوکرے۔

تُٹّے (تُٹ۔ٹے)(ق۔ا۔مذ) لقمے۔ نوالے۔

ت۔ث

تَثْلِیث (تَث۔لِیث)(ع۔ا۔مث)(۱) تین حصّوں میں تقسیم کرنا (۲) مسیحی مذہب کے مطابق خُدا کی وحدانیت کی تین شاخیں یعنی باپ، بیٹا، رُوح القدس (۳) ہندو مت کے مطابق وحدانیت کی تین شاخیں: برہما، وشنو، شیو (۴) نجومیوں کی اِصطلاح میں تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دیکھنا۔

تَثْنِیَہ (تَث۔نِ۔یَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) دُوگنا۔ دُونا (۲) صیغہ جس میں دو سمجھے جائیں جیسے حَرَمَین۔ فَرِیقَین۔ طَرفَین۔

تَثْوِیب (تَث۔وِیب)(ع۔ا۔مث) فجر کی اذان اور نماز کے درمیان دو مرتبہ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ اور حَیَّ عَلَی الفَلاح کہنا۔

ت۔ج

تَج (بالفتح)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک درخت جس کی چھال خوشبودار ہوتی ہے۔ دار چینی کا درخت (۲) دار چینی (۳) دست برداری۔ کنارہ کشی۔ دست کشی (۴)(ہ۔فعل) تجنا مصدر کا اَمر۔

تج چکنا (ہ۔مص) چھوڑ چکنا۔ دست بردار ہونا۔

تج دینا (تجنا) (ہ۔مص) چھوڑ دینا۔ تیاگنا۔ دست بردار ہونا۔ کنارہ کش ہونا۔ باز رہنا۔

تَجاذُب (تَ۔جا۔ذُب)(ع۔ا۔مذ)(۱) کشش۔ ایک دُوسرے کو جذب کرنا۔ ایک دُوسرے کو کھینچنا۔ کشش ثقل۔(Gravitation)۔

تُجّار (تُج۔جار)(ع۔ا۔مذ) تاجر کی جمع۔

تَجارِب (تَ۔جا۔رِب)(ع۔ا۔مذ) تجربہ کی جمع۔

تِجارَت (تِ۔جا۔رَت)(ع۔ا۔مث) سوداگری۔ بیوپار۔ دُکان داری۔

تِجارَتی (تِ۔جا۔رَ۔تی)(ع۔صف) تجارت سے متعلق۔

تجارتی مارکہ (ا۔ا۔مذ) تجارتی نشان۔(Trade Mark)۔

تَجاسُر (تَ۔جا۔سُر)(ع۔ا۔مذ) دلیری۔ جسارت۔ جرأت۔

تَجاوُز (تَ۔جا۔وُز)(ع۔ا۔مذ)(۱) حد سے بڑھنا یا گزرنا (۲) بے راہ ہو جانا (۳) اپنے اختیار سے بڑھ کر کام کرنا (۴) عدولِ حُکمی۔ خلاف ورزی (۵) فرق (۶) گستاخی (۷) معاف کرنا۔ جمع: تجاوزات۔

تَجاوُزات (ع۔ا۔مذ)(۱) تجاوز کی جمع (۲) غاصبانہ قبضہ (کسی کی جائداد پر)۔ (Encroachment)۔

تَجاہُل (تَ۔جا۔ہُل)(ع۔ا۔مذ)(۱) اَنجان بننا (۲) چشم پوشی (۳) بے پروائی۔

تجاہُلِ عارِفانہ (ع۔ا۔مذ)(۱) جان بُوجھ کر اَنجان بننا (۲) کسی معلوم بات کو نامعلوم کی طرح بیان کر کے اپنی حیرانی و عدمِ واقفیت کا اظہار کرنا۔ اِرادتاً ناواقفیت ظاہر کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تجدُّد (ت۔جد۔دُد) (ع۔ا۔مذ) نیا ہونا۔ جدت۔ نیا پن۔ اختراع۔

تجدید (تج۔دید) (ع۔ا۔مث) (۱) ایجاد۔ اختراع (۲) نیا بنانا۔ نئے سرے سے کام شروع کرنا (۳) کایا پلٹ۔

تجدیدِ بنائے دعوے (ع۔ا۔مث) بنائے دعوے کو نئے سرے سے پیش کرنا۔

تجربہ (تج۔رِ۔بَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) آزمائش۔ امتحان۔ جانچ۔ پرکھ (۲) کام کرنے کا طریقہ۔ واقفیت (۳) سائنس کا عمل۔ سائنس کے اُصول کی آزمائش یا امتحان۔ جمع: تجربات۔ اُردو جمع: تجربوں۔ تجربے۔

تجربہ حاصل کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کو کر کے سیکھنا۔

تجربہ کار (ع۔ف۔صف) واقف کار۔ ہوشیار۔ آزمودہ کار۔ ماہر۔

تجربہ کاری (ع۔ف۔ا۔مث) واقفیت۔ مہارت۔

تجربہ گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) مکان جس میں سائنس کے تجربے کئے جاتے ہیں۔ دارالتجربہ۔ معمل۔

تجرباتی (تج۔رِ۔با۔تی) (ع۔صف) تجربہ سے متعلق۔

تجرباتی نفسیات (ع۔ا۔مث) وہ نفسیات جو تجربے پر مبنی ہو نہ کہ نقل و روایات یا قیاس پر۔

تجرُّد (ت۔جر۔رُد) (ع۔ا۔مذ) (۱) تنہائی۔ خلوت گزینی۔ اکیلا رہنا (۳) شادی نہ کرنا (۴) دُنیا ترک کر دینا۔

تجرید (تج۔رید) (ع۔ا۔مث) (۱) برہنگی۔ عریانی (۲) تنہائی۔ خلوت (۳) ایک چیز کو دُوسری چیز سے جُدا کرنا (۴) علم بیان کی ایک صنعت جس میں زوائد کو دُور کر کے صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں۔

تجریدی (تج۔ری۔دی) (ع۔صف) تجرید سے متعلق۔

تجریدی فن (آرٹ) (ع۔ا۔مذ) سنگ تراشی اور مصوری کا وہ انداز جس میں فن کار اقلیدی اشکال اور علامات کے ذریعے اظہار خیال کرتا ہے۔ (Abstract Art)۔

تجزّی (ت۔جز۔زی) (ع۔ا۔مث) الگ الگ کرنا۔ فرد فرد کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تقسیم کرنا۔

تجزیہ (تج۔زِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کسی چیز کو تقسیم کرنا۔ الگ الگ کرنا۔ کسی مُرکّب کے عناصر ترکیبی جدا جدا کرنا۔ جمع: تجزیات۔

تجزیہ گاہ (ع۔ا۔مث) وہ جگہ جہاں مُرکّبات کے تجزیہ و تحلیل کا کام کیا جائے۔

تجسُّس (ت۔جس۔سُس) (ع۔ا۔مذ) تلاش۔ جستجو۔ کھوج۔ دریافت۔ تحقیقات۔ جمع: تجسُّسات۔

تجسُّس کناں (ع۔ف۔صف) تلاش کرتا ہوا۔

تجسیم (تج۔سیم) (ع۔ا۔مث) مجسم کرنا۔ خُدا کے جسم ہونے کا عقیدہ۔

تجلّا (ت۔جل۔لا) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے تجلّی۔

تجلّی (ت۔جل۔لی) (ع۔ا۔مث) (۱) پردہ ہٹنا۔ ظاہر ہونا (۲) چمک۔ روشنی۔ اُجالا (۳) جلال۔ عظمت (۴) جلوہ (خُدا کا)۔ جمع: تجلّیات۔

تجلّی ریز (ع۔ف۔صف) نُور یا روشنی بکھیرنے والا۔

تجلّی زار (تجلّی کدہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں خوب روشنی ہو۔

تجلّیِ طُور (ع۔ا۔مث) وہ نُور جو حضرت موسیٰؑ کو کوہِ طُور پر نظر آیا تھا۔

تجمُّل (ت۔جم۔مُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) شان و شوکت (۲) عظمت۔ وقار (۳) دُھوم دھام۔ ٹھاٹ باٹ۔

تجمّلِ شاہانہ (ت۔جم۔مُ۔لِ۔شاہانہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) بادشاہی شان و شوکت۔

تجنا (تج۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے تج دینا (تج کے تحت)۔

تجنُّب (ت۔جن۔نُب) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہٹ جانا (۲) اِجتناب کرنا (۳) کنارہ کشی کرنا (۴) پرہیز کرنا۔

تجنیس (تج۔نیس) (ع۔ا۔مث) (۱) ہم جنس ہونا (۲) مشابہت۔ مطابقت (۳) علم بدیع میں دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونا۔

تجنیسِ تام (ع۔ا۔مث) (علم بدیع) اس میں ایک قسم کے الفاظ مختلف معنی میں اِستعمال ہوتے ہیں جیسے آہنگ بمعنی آواز اور آہنگ بمعنی اِرادہ۔

تجنیسِ خطی (ع۔ا۔مث) اس میں الفاظ ہم شکل مگر نقطے مختلف ہوتے ہیں۔ جیسے خام۔ جام۔ رحم۔ زخم۔

تجنیسِ زائد (ع۔ا۔مث) جس کے ایک کلمے میں دُوسرے کلمے سے کوئی حرف زائد ہو۔ جیسے جُود اور وجود۔

تجنیسِ قلب (ع۔ا۔مث) جس میں دو الفاظ حروف کی تعداد اور نوعیت میں ایک جیسے ہوں مگر ترتیب میں مختلف ہوں جیسے رام۔ مار۔ محروم۔ مرحوم۔

تجنیسِ مُرکّب (ع۔ا۔مث) جس میں ایک کلمہ نصف لفظ سے بنے۔ ایک میں ایک مفرد ہو دُوسرے میں مُرکّب جیسے جاتا۔ ایک جگہ مصدر ہو اور دُوسری جگہ جا اور تا سے مُرکّب بمعنی مت جا۔

تجنیسِ ناقص (ع۔ا۔مث) جس میں حروف کی تعداد میں اِختلاف ہو جیسے کوہ۔ شکوہ۔

تجوری (تِ۔جو۔ری) (ہ۔ا۔مث) لوہے کی الماری جس میں زر و مال اور قیمتی چیزیں حفاظت کے لئے رکھی جاتی ہیں۔ جمع: تجوریاں۔ تجوریوں۔

تجوید (تج۔وید) (ع۔ا۔مث) (۱) حروف کو اُن کے مخارج سے ادا کر کے پڑھنا (۲) قرآن شریف کو پڑھنے کا فن۔

تجویز (تج۔ویز) (ع۔ا۔مث) (۱) روا رکھنا (۲) رائے۔ صلاح۔ تدبیر (۳) فیصلہ۔ تصفیہ (۴) اِنتظام۔ بندوبست (۵) غور۔ فکر۔ سوچ بچار (۶) منصوبہ۔ ڈھنگ۔ جتن (۷) دریافت۔ تفتیش (۸) وہ قانونی کارروائی جو فردِ قرارداد

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مجرم کے لکھے جانے کے بعد عمل میں آئے (۹) وہ معاملہ جو کسی مجلس میں پیش کیا جائے تاکہ اُس کی منظوری کے بعد اُس پر عملدرآمد ہو۔ جمع: تجاویز۔ اُردو جمع: تجویزوں۔ تجویزیں۔

تجویزِ آخر (تجویزِ رُوئدادی) (ع۔ ا۔ مث) مقدّمے کا اُس کے واقعات کی رُو سے فیصلہ ہونا۔

تجویزِ اِثباتِ جرم (ع۔ ف۔ ا۔ مث) مجرم کی نسبت فیصلہ کہ کس نے کیا ہے۔

تجویز پاس کرنا (ا۔ مص مُرکّب) تجویز منظور کرنا۔

تجویز پیش کرنا (ا۔ مص مُرکّب) کوئی معاملہ کسی جلسے میں پیش کرنا۔

تجویزِ ثانی (تجویزِ جدید) (ع۔ ا۔ مث) نئے سرے سے پھر مقدمہ سُننا۔

تجویزِ ضمنی (ع۔ ا۔ مث) عارضی فیصلہ۔ درمیانی فیصلہ۔

تجویز طلب (بغیر اضافت) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) جس کا فیصلہ زیرِ غور ہو۔

تجویز کرنا (ع۔ اُ۔ مص مُرکّب) (۱) فیصلہ کرنا (۲) چھانٹنا۔ منتخب کرنا (۳) مقرر کرنا (۴) منصوبہ سوچنا (۵) قرار دینا (۶) معاملہ منظوری کے لئے کسی مجلس میں پیش کرنا۔

تجویز منظور کرنا (ا۔ مص مُرکّب) کسی مجلس میں کوئی معاملہ بحث و مباحثہ کے بعد تسلیم کرنا کہ آئندہ اِس تجویز کے مطابق عمل درآمد ہو۔

تجوِیف (تَج۔ وِیف) (ع۔ ا۔ مث) خالی کرنا۔ کھوکھلا کرنا۔

تُجھ (بضمِ اوّل) (ہ۔ ض واحد حاضر) "تُو" کی بدلی ہوئی حالت۔ (سے۔ پر۔ کو۔ میں۔ تک وغیرہ کے ساتھ تُو کو تُجھ سے بدل دیتے ہیں)۔

تُجھ (بِن) بِنا (ہ۔ متعلق فعل) بغیر تیرے۔

تُجھ سے بچھڑے تو خدا سے بچھڑے (ا۔ مثل) تجھ سے وفا نہ کروں تو کافر ہوں۔

تُجھ سے تو جائے ضرور (پاخانے) میں بھی پانی نہ رکھواؤں (ا۔ مثل) کسی سے نفرت کے اِظہار کے لئے کہتے ہیں کہ ہم تجھ سے پاخانے میں لوٹا رکھوانا بھی پسند نہیں کرتے۔

تُجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو (ا۔ مثل) تُو دُوسروں کے کام میں کیوں ٹانگ اَڑاتا ہے۔ اپنے کام سے کام رکھ۔

تُجھ مُجھ (ہ۔ ا۔ مذ) ہر کوئی۔ اپنا بیگانہ۔ ہرکس و ناکس۔

تُجھی (ث۔ جھی) (ہ۔ ض تخصیصی) تُجھ ہی۔

تُجھے (ث۔ جھے) (ہ۔ ض مفعولی) تُجھ کو۔

تجھے کیا (ا۔ متعلق فعل) تو کیوں دخل دیتا ہے۔

تجھے گہری گور میں تو پوں (ا۔ بددُعا) تو مرجائے۔ دفن ہو جائے۔

تجہیز (تَج۔ ہیز) (ع۔ ا۔ مث) (۱) تیار کرنا۔ مرتب کرنا۔ آراستہ کرنا (۲) مُردے کو دفن کرنے کے لئے تیار کرنا۔

تجہیز و تکفین (ع۔ ا۔ مث) مُردے کے کفن دفن کا اِنتظام۔ مُردے کی آخری رسومات ادا کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔

تجہیل (تَج۔ ہِیل) (ع۔ ا۔ مث) نادان بتانا۔ نادان کہنا۔

ت ۔ چ

تَچا (تَچ۔ چا) (ق۔ ا۔ مذ) لُچّا۔

تچانا (ت۔ چا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) آگ پر رکھنا۔ سینکنا۔ گرم کرنا (۲) بھوننا۔ جھلسنا (۳) پگھلانا۔ تانا۔

تچنا (تَچ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گرم ہونا (۲) پگھلنا۔ تپنا۔

تُچھ (س۔ صف) (۱) خالی۔ کھوکھلا (۲) ادنیٰ۔ ہلکا (۳) حقیر۔ کمینہ۔

ت ۔ ح

تحارُج (ت۔ حا۔ رُج) (ع۔ ا۔ مذ) چند وارثوں میں سے ایک یا دو کا مالِ متروکہ میں سے کچھ لے کر سارے مال سے دست بردار ہو جانا۔

تحارِیر (ت۔ حا۔ ریر) (ع۔ ا۔ مث) تحریر کی جمع۔

تحاشی (تحاشا) (ع۔ ا۔ مذ۔ و۔ مث) (۱) پروا۔ ڈر۔ خوف (۲) اجتناب۔ پرہیز۔

تحائف (ت۔ حا۔ اِف) (ع۔ ا۔ مذ) تحفہ کی جمع ۞ ہدیے۔ نذرانے۔ سوغاتیں (۲) نادر چیزیں۔ عُمدہ اَشیا۔

تحت (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) نیچے کا حصّہ (۲) گہرائی (۳) قبضہ۔ اِختیار۔ قابو (۴) (صف) نیچے۔ تلے۔ زیر۔

تحتُ الارض (تَح۔ تُل۔ اَرض) (ع۔ صف) (۱) زمین کے نیچے (۲) (ا۔ مذ) زمین کے نیچے کا حصّہ۔

تحتُ الثَّریٰ (تَح۔ تُث۔ ثَ۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ۔ پاتال۔

تحتُ الشُّعاع (تَح۔ تُش۔ شُعاع) (ع۔ ا۔ مذ) قمری مہینے کے آخری دو یا تین دن جب چاند سُورج کے قریب ہونے کے باعث باریک ہو کر سُورج کی شعاع کے نیچے آجاتا ہے اور نظر نہیں آتا۔ یہ دن منحوس سمجھے جاتے ہیں۔

تحتُ الشُّعور (تَح۔ تُش۔ شُ۔ عُور) (ع۔ ا۔ مذ) نفس کا وہ طبقہ جس میں نفسی عمل واقع ہوتا ہے اور جو توجہ اور مشاہدہ سے باہر ہے۔

تحتُ اللَّفظ (تَح۔ تُل۔ لفظ) (ع۔ تابع فعل) (۱) حرف بحرف (۲) لفظی ترجمہ (۳) ترنّم کے بغیر شعر پڑھنا۔

تحتِ تصرُّف (تحتِ حکومت۔ تحتِ فرمان) (ع۔ ف۔ صف) (۱) زیرِ حُکم۔ ماتحت (۲) محکومیت۔ فرماں برداری۔

تحت میں آنا (ع۔ اُ۔ محاورہ) ماتحت ہونا۔ زیرِ فرمان ہونا۔

تحت میں لانا (ا۔ محاورہ) فتح کرنا۔ قبضہ کرنا۔ زیرِ فرمان کرنا۔

تحت و تصرُّف میں لانا (ا۔ محاورہ) قبضہ کرنا اور خرچ کرنا۔ صرف کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کام میں لانا۔

تحتانی (تح۔تا۔نی)(ع۔صف)(۱) نیچے والا۔ نیچے والی (۲) وہ حرف جس کے نیچے نقطے ہوں۔

تحجّر (ت۔حج۔جر)(ع۔ا۔مذ)(۱) پتھر کی طرح سخت ہونا (۲) سختی۔ درشتی۔ کرختگی۔ سنگ دلی۔

تحدّی (ت۔حد۔دی) (ع۔ا۔مث) لڑائی کرنا۔ للکارنا۔ مقابلے کی دعوت دینا۔

تحدیث (تح۔دیث)(ع۔ا۔مث)(۱) بات کہنا (۲) خبر کرنا۔

تحدید (تح۔دید) (ع۔ا۔مث) (۱) حد باندھنا۔ محدود کرنا (۲) مجبوری۔ معذوری۔ پابندی۔

تحذیر (تح۔ذیر)(ع۔ا۔مث)(۱) ڈرانا۔ خوف دلانا (۲) ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔

تحرّک (ت۔حر۔رک)(ع۔ا۔مذ) ہلنا۔ حرکت۔ جنبش۔

تحرّی (ت۔حر۔ری)(ع۔ا۔مث)(۱) بہترین کا انتخاب کرنا (۲) قبلہ کی سمت معلوم نہ ہونے پر اپنے خیال سے کسی سمت کو قبلہ جان کر اُدھر منہ کرنا۔

تحریر (تح۔ریر)(ع۔ا۔مث) رقم کرنا۔ لکھنا (۲) عبارت۔ مضمون (۳) خط۔ رقعہ۔ خط وکتابت (۴) دستاویز۔ نوشتہ (۵) ہلکی لکیر یا ہلکا نقش کھینچنا (۶) لکیر۔ خط جو موٹے قلم سے کھینچا جائے (۷) لکھنے کا ڈھنگ۔ مضمون نگاری کا انداز (۸) تصنیف۔ تالیف (۹) آزاد کرنا۔ جمع: تحاریر۔ اُردو جمع: تحریروں۔ تحریریں۔

تحریراً (تح۔ری۔رن)(ع۔متعلق فعل) لکھ کر۔ تحریر کرکے (۲) ازروئے تحریر۔

تحریرِ اجازتی (ع۔ف۔ا۔مث) مقروض اور قرض خواہ کے درمیان اس مطلب کا اقرار نامہ کہ مؤخر الذکر اپنا دعویٰ ملتوی رکھ کر مقدم الذکر کو اس کی رائے کے مطابق کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دے۔

تحریرِ بین السطور (بے۔نُس۔سُ۔طور)(ع۔ف۔ا۔مث) سطروں کے درمیان کی عبارت (۲) وہ مفہوم جو عبارت میں مخفی ہو یعنی بظاہر کچھ اور معنی ہوں اور اصلاً کچھ اور۔

تحریرِ ظہری (ع۔ا۔مث) وہ عبارت جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھی جائے۔

تحریر کرنا (ار۔مص مُرکب) لکھنا۔ رقم کرنا۔ قلم بند کرنا۔

تحریر ہونا (ار۔مص مُرکب) تحریر کرنا کا لازم۔ لکھا جانا۔ قلم بند کیا جانا۔

تحریری (تح۔ری۔ری)(ع۔صف) لکھا ہوا۔ رقم کیا ہوا۔ نوشتہ۔

تحریری (حکم) فرمان (ع۔ا۔مذ) وہ حکم جو لکھ کر دیا جائے۔

تحریص (تح۔ریص)(ع۔ا۔مث)(۱) لالچ دینا۔ حرص دلانا (۲) ترغیب۔ لالچ۔ بہکاوا۔ جمع: تحریصات۔

تحریف (تح۔ریف)(ع۔ا۔مث)(۱) بدل دینا۔ تحریر میں اصل الفاظ بدل کر کچھ اور لکھ دینا (۲) ترجمہ کرنے میں ارادۃً اصل معنی سے مختلف معنی کرنا (۳) قلم کو ٹیڑھا قط لگانا۔ جمع: تحریفات۔

تحریک (تح۔ریک)(ع۔ا۔مث)(۱) حرکت دینا۔ متحرک کرنا۔ ہلانا (۲) جنبش۔ حرکت (۳) سلسلہ جنبانی۔ کسی بات کو شروع کرنا (۴) اشتعال۔ ترغیب (۵) نزلے کی شکایت (۶) ہوا کا چلنا۔ جمع: تحاریک۔ تحریکات۔

تحریکِ اعتماد (ع۔ا۔مث) کسی پارلیمانی ادارے کی طرف سے حکومت کی حکمت عملی کی تائید۔ اعتماد کا ووٹ۔

تحریکِ التوا (ع۔ا۔مث) مجلس قانون ساز کے اجلاس میں کسی اہم مسئلے پر بحث کرنے کے لئے کسی رُکن کی طرف سے یہ تحریک کہ مجلس کی معمول کی کارروائی کو ملتوی کیا جائے۔

تحریم (تح۔ریم)(ع۔ا۔مث)(۱) حرام کرنا۔ ممانعت کرنا (۲) عزت کرنا۔ حُرمت کرنا (۳) نیت باندھ کر پہلی دفعہ نماز میں اللہ اکبر کہنا۔ جمع: تحریمات۔

تحریمہ (تح۔ری۔مہ)(ع۔ا۔مث) نماز میں نیت باندھتے ہوئے پہلی تکبیر (۲) احرام کا لباس پہننا۔

تحزّن (ت۔حز۔زن)(ع۔ا۔مذ) رنجیدگی۔ غمگینی۔

تحسّر (ت۔حس۔سر)(ع۔ا۔مذ) حسرت۔ غم۔ رنج۔ افسوس۔

تحس نحس۔ دیکھئے تہس نہس۔

تحسین (تح۔سین)(ع۔ا۔مث) تعریف کرنا۔ آفرین۔ مرحبا۔

تحسینِ ناشناس (ع۔ف۔ا۔مث) ناواقف کی واہ واہ۔ ایسے شخص کی طرف سے شاباش جسے کچھ واقفیت نہ ہو۔

تحشّم (ت۔حش۔شم)(ع۔ا۔مذ) جاہ وحشم۔ رعب داب۔

تحشیہ (تح۔شِ۔یَہ)(ع۔ا۔مذ) حاشیہ لکھنا۔ حاشیہ چڑھانا۔

تحصّن (ت۔حص۔صن)(ع۔ا۔مذ) قلعہ بند کرنا۔ مستحکم کرنا۔

تحصیل (تح۔صیل)(ع۔ا۔مث)(۱) حاصل کرنا۔ وصول کرنا (۲) جمع کرنا (۳) سیکھنا (۴) خراج۔ محصول۔ مال گزاری (۵) فائدہ (۶) تحصیل دار کا علاقہ (۷) تحصیل دار کی کچہری (۸) تحصیل دار کی کچہری کی عمارت۔ جمع: تحصیلات۔ اُردو جمع: تحصیلوں۔ تحصیلیں۔

تحصیلِ حاصل (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) موجود چیز کی تلاش (۲) بے سُود بات۔ بے فائدہ تگ و دو۔

تحصیل دار (ع۔ف۔ا۔مذ) ضلع کی کسی تحصیل کا حاکم جس کا کام مال گزاری وصول کرنا ہوتا ہے۔ اُر جمع: تحصیل دار۔ تحصیل داروں۔

تحصیل داری (ع۔ف۔ا۔مث) تحصیل دار کا عہدہ یا کام۔

تحصیلِ علم (ع۔ا۔مث) علم حاصل کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تحصیل کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) حاصل کرنا۔ وصول کرنا (۲) جمع کرنا اکٹھا کرنا۔ کمانا۔
تحصیلنا (تَح۔صِیل۔نا) (اَر۔مص) حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔
تحفُّظ (تَ۔حَف۔فُظ) (ع۔ا۔مذ) بچاؤ۔ حفاظت۔ اِحتیاط۔ جمع: تحفظات۔
تحفگی (تُح۔فَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) خوبی۔ عمدگی (۲) فوقیت۔ برتری۔
تحفہ (تُح۔فَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہدیہ۔ سوغات (۲) نذر۔ پیش کش (۳) اِنعام (۴) (صف) انوکھا۔ عجیب (۵) عُمدہ۔ بہتر۔ نفیس۔ جمع: تحائف۔
تحفہ مُختصر (تُح۔فَ۔اے۔مُ۔خ۔تَ۔صَر) (ع۔ا۔مذ) حقیر تُحفہ۔ناچیز تحفہ۔
تحفہ معجون (ع۔ا۔مذ) انوکھا آدمی۔ عجیب شخص (طنزاً)۔ مسخرہ۔
تحقُّق (تَ۔حَق۔قُق) (ع۔ا۔مذ) تصدیق۔ یقین۔ سچائی۔ اُصلیت ثابت کرنا۔
تحقیر (تَح۔قِیر) (ع۔ا۔مث) (۱) حقیر سمجھنا (۲) نفرت۔ حقارت۔ بےقدری۔ ذِلّت۔ بےحُرمتی۔
تحقیر عدالت (ع۔ا۔مث) عدالت میں کوئی ایسی بات کرنا جس سے عدالت کے رُعب و داب میں فرق آئے۔ توہینِ عدالت۔
تحقیق (تَح۔قِیق) (ع۔ا۔مث) (۱) اُصلیت معلوم کرنا۔ کھوج لگانا (۲) دُرستی۔ صحت (۳) دریافت۔ تفتیش۔ جانچ پڑتال (۴) سچائی۔ صداقت۔ اُصلیت (۵) یقین (۶) تصدیق۔ پایۂ ثبوت کو پہنچنا۔ جمع: تحقیقات۔
تحقیق کرنا (اَر۔مص مُرکّب) دریافت کرنا۔ حقیقت معلوم کرنا۔ کھوج لگانا۔
تحقیقات (تَح۔قی۔قات) (ع۔ا۔مث) تحقیق کی جمع لیکن اُردو میں واحد بھی مستعمل ہے (۱) جانچ پڑتال (۲) سُراغ رسانی۔ جھوٹ سچ کا ثبوت۔ قانونی تفتیش۔
تحقیقاتِ ابتدائی (ع۔ا۔مث) بیانات وغیرہ کا تحریر کرنا' یہ دیکھنے کے لئے کہ مقدمے کی سماعت کے لئے ثبوت کافی ہے یا نہیں۔
تحقیقاتِ مقدمہ (ع۔ا۔مث) مقدمے کی تفتیش۔
تحقیقاتِ موقع (ع۔ا۔مث) وہ تفتیش جو مقام وقوع پر ہو۔
تحقیقی (تَح۔قی۔قی) (ع۔صف) یقینی۔ دریافت شدہ۔ سچا۔ ٹھیک۔ دُرست۔
تحکُّم (تَ۔حَک۔کُم) (ع۔ا۔مذ) (۱) حُکم کرنا۔ حکومت کرنا (۲) زبردستی کی حکومت۔ تعدّی (۳) زبردستی۔ جمع: تحکمات۔
تحکم جتانا (اَر۔مص مُرکّب) خواہ مخواہ حکومت جتانا۔ زبردستی کرنا۔ رُعب ڈالنا۔
تحکیم (تَح۔کِیم) (ع۔ا۔مث) (۱) حاکم بنانا (۲) حُکم۔ طاقت۔ قوت (۳) ثالثی۔ پنچایت۔

تحلیل (تَح۔لِیل) (ع۔ا۔مث) (۱) اَجزا کا الگ الگ ہونا (۲) گھل جانا (۳) ہضم ہونا (۴) دُبلا ہونا (۵) ہضم۔ پچاؤ (۶) مرجانا۔ ختم ہو جانا (۷) سڑنا۔ گلنا۔
تحلیلِ نفسی (ع۔ا۔مث) نفسیاتی طبیعات کی ایک شاخ جس کے ذریعے اِنسان کے ذہنی محرکات اور اُن کے متعلق روزمرہ کے اعمال کا مشاہدہ اور تجزیہ کیا جاتا ہے۔ (Psychoanalysis)۔
تحلیل کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) پچانا۔ ہضم کرنا (۲) گھلانا (۳) حل کرنا (۴) ختم کرنا۔ توڑنا۔ برطرف کرنا (اسمبلی وغیرہ)۔
تحمُّل (تَ۔حَم۔مُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) برداشت۔ بُردباری۔ سہار (۲) نرمی۔ حِلم۔ صبر۔
تحمل کا یارانہ ہونا (اَر۔محاورہ) برداشت کی طاقت نہ ہونا۔
تحمید (تَح۔مِید) (ع۔ا۔مث) (۱) تعریف۔ حمد۔ ثنا (۲) اَلحمد پڑھنا۔
تحمید و تقدیس (ع۔ا۔مث) (۱) تعریف کرنا اور پاکیزگی بیان کرنا (۲) حمد اور قُدس کی آیتیں پڑھنا۔
تحوُّل (تَ۔حَو۔وُل) (ع۔ا۔مذ) ایک حال سے دُوسرے حال کی طرف پھر جانا۔ منتقل ہونا۔
تحویل (تَح۔وِیل) (ع۔ا۔مث) (۱) بدلنا۔ نقلِ مکان کرنا۔ حالت بدلنا (۲) تبادلہ۔ بدل۔ تجدید۔ نیا کرنا (۳) سُپردگی۔ حوالگی۔ قبضہ۔ امانت (۴) جمع۔ مال گزاری کا روپیہ (۵) نقدی۔ مال۔ دھن۔ پونجی (۶) ایک قسم کی رقم کو دُوسری قسم کی رقم میں لے جانا جیسے آنے کے روپے یا روپوں کے پیسے (۷) کسی ستارے کا ایک بُرج سے دُوسرے بُرج میں آنا۔ جمع: تحویلات۔
تحویلِ امانتی (ع۔ا۔مث) وہ مال جو امانت کے طور پر رکھوایا جائے۔
تحویلِ تصرف (ع۔ا۔مث) امانت میں خیانت۔
تحویل دار (ع۔ف۔ا۔مذ) خزانچی۔ امین۔ قیم۔ جس کے پاس رقم رہے۔
تحویلِ صعودی (ع۔ا۔مث) چھوٹی رقم کو بڑی رقم میں تبدیل کرنا جیسے پیسوں کو روپوں میں۔
تحویلِ نزولی (ع۔ا۔مث) بڑی رقم کو چھوٹی رقم میں تبدیل کرنا جیسے روپوں کے پیسے بنانا۔
تحویل میں دینا (اَر۔محاورہ) کسی کے سپرد کرنا۔ امانت رکھنا۔
تحویل میں لینا (اَر۔محاورہ) قبضے میں لینا۔
تحیات (تَ۔حی۔یات) (ع۔ا۔مث) تحیت کی جمع۔
تحیت (تحیۃ) (تَ۔حی۔یَت) (تَ۔حی۔یَہ) (ع۔ا۔مث) (۱) سلام کرنا۔ سلام۔ تسلیمات۔ آداب (۲) دُعا۔ برکت۔ جمع: تحیات۔
تحیۃُ المسجد (تَ۔حی۔یَ۔تُل۔مَس۔جِد) (ع۔ا۔مث) مسجد میں جا کر سب سے پہلے دو رکعت نمازِ نفل ادا کرنا۔
تحیۃُ الوضو (تَ۔حی۔یَ۔تُل۔وُ۔ضو) (ع۔ا۔مث) وضو کے بعد دو رکعت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نماز نفل پڑھنا۔

تحیُّر (ت۔حَی۔یُر)(ع۔ا۔مذ)(۱) حیرانی۔ تعجب۔ حیرت۔ اچنبھا (۲) حیران ہونا۔ گھبرانا۔ پریشان ہونا۔

تحیُّز (ت۔حَی۔یُو)(ع۔ا۔مذ)(۱) محدود ہونا (۲) سانپ کا کنڈلی مار کر بیٹھنا۔

ت۔خ

تخاطُب (ت۔خا۔طب)(ع۔ا۔مذ) سامنے ہو کر باتیں کرنا۔ مخاطب ہونا (۲) مخاطبت۔

تخالُف (ت۔خا۔لف)(ع۔ا۔مذ)(۱) باہم مخالف ہونا (۲) مخالفت۔ تنازع۔ خصومت۔ دُشمنی۔ لاگ۔ بَیر۔

تخت (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی چوکی۔ گدی۔ مسند۔ سنگھاسن (۲) بڑی چوکی (۳) دارُالسلطنت۔ پایۂ تخت (۴) سلطنت۔ بادشاہی۔ اُردو جمع: تخت۔ تختوں۔

تخت آبنوسی (ف۔ا۔مذ)(۱) آبنوس کا بنا ہوا تخت (۲)(کنایۃً) رات۔

تخت آراستہ ہونا (اُر۔محاورہ) بادشاہ کے بیٹھنے کے لئے تخت سجایا جانا۔

تخت اُترنا (اُر۔محاورہ) پریوں کا تخت نیچے آنا۔

تخت اُلٹنا (اُر۔محاورہ) اِنقلاب برپا کرنا یا ہونا (۲) مُصیبت آنا۔

تخت بخت (ف۔ا۔مذ) راج۔ سہاگ۔ عیش و آرام۔ خوش نصیبی۔ اِقبال مندی۔ شوہر اور اولاد۔

تخت پر بٹھانا (اُر۔محاورہ) بادشاہ بنانا۔ تخت نشین کرنا۔

تخت پر بیٹھنا (اُر۔محاورہ) تخت نشین ہونا۔ بادشاہ ہونا۔

تخت پوش (ف۔ا۔مذ) تخت پر ڈالنے کی چادر۔ تخت پر بچھانے کا فرش۔

تخت چڑھنا (اُر۔محاورہ)(۱) چارپائی پر چڑھنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔ پلنگ پر لیٹنا (۲) شادی ہونا۔

تخت چھوڑنا (اُر۔محاورہ) بادشاہی ترک کرنا۔ سلطنت چھوڑنا۔

تخت رواں (ف۔ا۔مذ)(۱) ہوا دار۔ وہ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا تھا (۲) اُڑن کھٹولا (۳) وہ کاغذی گُل بوٹوں کا باغ جو برات کے ساتھ بطور آرائش لے جایا جاتا ہے (۴) وہ تخت جس پر شادیوں میں شہنائی بجتی یا طوائفیں ناچتی ہوئی نکلتی تھیں۔ تخت گاڑیوں یا آدمیوں کے مونڈھوں پر ہوتے تھے (۵) لمبے ڈنڈوں والی پالکی جس پر امیر سوار ہوتے تھے۔

تختِ (سُلیمان) سُلیمانی (ف۔ا۔مذ) وہ تخت جس پر حضرت سلیمانؑ بیٹھ کر اُڑا کرتے تھے۔

تخت سے اُتارنا (اُر۔محاورہ)(۱) بادشاہی سے ہٹا دینا (۲) طلاق دے دینا۔ زوجیت سے نکال دینا۔

تختِ طاؤس (ف۔ا۔مذ) شاہجہان بادشاہ کا چھ کروڑ روپے کی لاگت سے بنوایا ہوا تخت' جسے ۱۷۳۹ء میں نادر شاہ ایران لے گیا تھا۔ اس تخت پر ایک مرصع مور پر پھیلائے کھڑا تھا جس کا سایہ بادشاہ کے سر پر ہوتا تھا۔

تختِ عاج (ف۔ا۔مذ)(۱) ہاتھی دانت کا تخت (۲)(کنایۃً) دن (۳) محبوب کی ساق بلوریں۔

تخت کا تختہ ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) بادشاہی کا جاتا رہنا (۲) کچھ نہ رہنا۔

تخت کی رات (اُر۔ا۔مث) بیاہ کی رات۔ شبِ زفاف۔ سہاگ رات۔

تخت کی لال کِسوت (ق۔ا۔مث) شادی کا سُرخ جوڑا جو دُلہن کو نکاح کے روز پہنایا جاتا ہے۔

تخت گاہ (ف۔ا۔مث) دارُالخلافہ۔ دارُالسلطنت۔ وہ جگہ جہاں بادشاہ رہے۔ پایۂ تخت۔

تخت نشین (ف۔صف) تخت پر بیٹھنے والا۔ بادشاہ۔

تخت نشینانِ خاک (ف۔صف)(۱) خاک پر بیٹھنے والے (۲) فُقرا۔

تخت نشینی (ف۔ا۔مث) راج گدی پر بیٹھنا۔ تختِ سلطنت پر بیٹھنا۔

تخت نے پاؤں چُومے (اُر۔محاورہ) تخت پر بیٹھا۔ بادشاہ بنا۔

تخت یا تختہ (اُر۔مثل) کامیابی یا موت۔ شاہی تخت یا میت کے غُسل کا تختہ۔

تختہ (تخ۔تہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) پٹڑا۔ لکڑی کا مسطح ٹکڑا (۲) لوح۔ تختی (۳) کاغذ کا تاؤ (۴) جہاز کی لکڑی کا ہر ٹکڑا۔ جہاز کا فرش (۵) وہ لکڑی کا پٹڑا جس پر پتھر رکھ کر چھاپتے ہیں (۶) چوکی۔ میز۔ بنچ۔ لمبی تپائی (۷) زمین یا باغ کا ٹکڑا (۸) بورڈ۔ اِشتہار لگانے کا لکڑی کا ٹکڑا (۹) چمن۔ کیاری۔ کھیت (۱۰) تابوت۔ ارتھی (۱۱) چبوترا (۱۲) وہ کاغذ یا کپڑا جس پر شطرنج کھیلتے ہیں (۱۳) کلدار پُل۔ پُل تختہ (۱۴) وہ لکڑی کا سیاہ ٹکڑا جس پر بچّوں کو لکھنا سکھاتے ہیں۔ بورڈ (۱۵) وہ لکڑی کا پٹڑا جس پر مُردے کو نہلاتے ہیں (۱۶) دھوبی کا کپڑے دھونے کا پٹڑا۔ اُردو جمع: تختے۔ تختوں۔

تختہ اُلٹنا (اُر۔محاورہ) آباد جگہ کا ویران و برباد ہونا۔ شہر اُجڑنا۔ تباہی ہونا (۲) بادشاہت جاتی رہنا۔

تختۂ اوّل (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) بچّوں کے لکھنے کی تختی (۲) لوحِ محفوظ۔

تختۂ بلور (ف۔ا۔مذ)(استعارۃً) پیٹ۔ شکم۔

تختہ بند (ف۔صف)(۱) محبوس۔ قید کیا ہوا۔ قیدی (۲)(ا۔مذ) قید۔ حبس (۳) وہ لکڑی کا پتلا ٹکڑا اور پٹی جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھتے ہیں۔

تختہ بندی (ف۔ا۔مث)(۱) لکڑی کے تختوں کا فرش یا دیوار (۲) چمن بندی۔ پھولوں کے تختوں کا قرینے سے بنا ہونا۔

تختہ پُل (ف۔ا۔مذ) وہ پُل جو قلعے کی خندق پر بناتے ہیں کہ اسے جب چاہیں کھول لیں اور جب چاہیں بند کر دیں۔ کل دار پُل۔ (Drawbridge)۔

تختہ پھولنا (اُر۔محاورہ) کیاری میں پھولوں کا بکثرت نکلنا۔ کیاری کا پھولوں سے بھرا ہونا۔

تختۂ تابوت (ف۔ا۔مذ) وہ تختہ جس پر مُردے کو لے جاتے ہیں۔ ارتھی۔

تختۂ تابوت پر سُلانا (اُر۔محاورہ) قتل کر دینا۔ مار ڈالنا۔

تختۂ تعلیم (ف۔ع۔ا۔مذ) دیکھئے تختۂ مشق۔

تختۂ خاک (ف۔ا۔مذ) زمین۔

تختۂ سیاہ (ف۔ا۔مذ) بلیک بورڈ۔ لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر چاک سے لکھتے ہیں۔

تختۂ صندل (ف۔ع۔ا۔مذ)(استعارۃً) پیٹ۔ شکم۔ نیز دیکھئے تختۂ بلور۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تختہ لگانا (اَر۔ محاورہ) پھولوں کی کیاری تیار کرنا۔ زمین کے ایک ٹکڑے میں پودے لگانا۔

تختۂ مرگ (میّت) (ف۔ ا۔ مذ) وہ تختہ جس پر مُردے کو نہلاتے ہیں۔

تختۂ مُسَطَّح (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی میز جس پر کاغذ بچھا کر نقشہ کشی کرتے ہیں۔

تختۂ مشق (ف۔ ا۔ مذ) وہ تختی جس پر بچے لکھنے کی مشق کرتے ہیں۔ لوح (۲) وہ چیز جو بار بار اِستعمال میں آئے۔

تختۂ مشق بنانا (اَر۔ محاورہ) کسی مقصد کے لئے کسی کو بار بار اِستعمال کرنا۔

تختۂ نَرد (ف۔ ا۔ مذ) لکڑی کا وہ چوکور ٹکڑا جس پر نردیں رکھ کر کھیلتے ہیں۔ شطرنج کی بساط۔

تختہ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بدن کا سخت ہو جانا۔ اکڑ جانا۔

تَختی (تخ۔ تی) (اَر۔ ا۔ مث) (۱) تخت کی تانیث و تصغیر۔ چھوٹا تختہ (۲) لوح۔ وہ لکڑی کا چھوٹا تختہ جس پر بچے مشق کرتے ہیں (۳) تانبے' چاندی' عقیق یا کسی اور چیز کا وہ منقّش گھڑا ہوا ٹکڑا جو بچّوں کے گلے میں نظرِ بد سے بچنے کے لئے ڈال دیتے ہیں (۴) وہ دھات کا ٹکڑا جس پر کوئی چیز کندہ ہو (۵) رنگین اور پھولدار شیشے کا ٹکڑا (۶) چھاتی۔ سینہ۔ کمر (۷) چیپ۔ جسم کی وضع اور انداز (۸) کبوتر کی چھاتی (۹) مفرد اور مرکب حروف جو خط صاف کرنے کے لئے لکھتے ہیں (۱۰) لوح جس پر کچھ لکھ کر مزار وغیرہ پر لگاتے ہیں۔ جمع: تختیاں۔ تختیوں۔

تختی پر تختی میاں جی کی آئی کم بختی (اَر۔ مثل) تختی پر تختی رکھنا جو میاں جی (اُستاد) کے لئے منحوس سمجھا جاتا ہے۔

تَخدِیع (تخ۔ دیع) (ع۔ ا۔ مث) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دغا دینا۔

تَخرِجَہ (تخ۔ ر۔ جہ) (ع۔ ا۔ مذ) تاریخ گویوں کی اِصطلاح میں کسی مادّۂ تاریخ میں سے اعداد گھٹا کر ٹھیک تاریخ نکالنا۔ مادّۂ تاریخ کی زیادتی کو دُرست کرنا۔

تَخرِیب (تخ۔ ریب) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ویرانی۔ بربادی۔ تباہی۔ خرابی۔ ابتری۔ بیخ کنی (۲) خراب کرنا۔ اُجاڑنا۔ جمع: تخریبات۔

تخریب کار (ع۔ ف۔ صف۔ وا۔ مذ) تخریبی کام کرنے والا۔ عوام میں خوف وہراس پھیلانے والا۔ توڑ پھوڑ کرنے والا۔

تخریب کاری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) تخریبی کام۔ توڑ پھوڑ۔

تَخرِیبی (تخ۔ ری۔ بی) (ع۔ صف) تخریب سے متعلق۔

تَخرِیج (تخ۔ ریج) (ع۔ ا۔ مث) خارج کرنا۔ نکالنا۔

تَخصِیص (تخ۔ صیص) (ع۔ ا۔ مث) خصوصیت۔ گُن۔ سجاؤ (۲) محفوظ کرنا۔ محفوظ کیا جانا (۳) حقِ مخصوص۔

تَخطِیَہ (تخ۔ طِ۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مذ) غلطی پکڑنا۔ کسی کے کام میں نُقص نکالنا۔

تَخفِیف (تخ۔ فیف) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کمی۔ گھٹاؤ (۲) ہلکا کرنا (۳) حروف کے بولنے میں ہلکا یا کم کرنا (۴) مصارف میں کمی (۵) افاقہ۔ آرام (۶) موقوفی۔ برطرفی۔ جمع: تخفیفات۔

تخفیفِ اَسلحہ (ع۔ ا۔ مذ) ہتھیاروں میں کمی کرنا۔

تخفیفِ تصدیع (ع۔ ا۔ مث) ملاقات کے بعد رُخصت ہونے پر یہ کلمہ کہتے ہیں۔ لفظی معنی: تکلیف کم کرنا۔

تخفیفِ جُرم (ع۔ ا۔ مث) جرم کو ہلکا کرنا۔ چھوٹے جرم والی دفعہ عائد کرنا۔

تخفیفِ جمع (ع۔ ا۔ مث) لگان میں کمی۔

تخفیف کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کمی کرنا۔ گھٹانا (۲) نوکروں کو کم کرنا۔ ملازموں کو موقوف کرنا (۳) خرچ میں کمی کرنا۔

تخفیفِ لگان (ع۔ اَر۔ ا۔ مث) تخفیفِ جمع۔ لگان میں کمی (غلط العام ہے)۔

تخفیف میں آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کمی میں آنا۔ برخاستگی میں آنا۔ ملازمت سے ہٹ جانا (۲) ٹوٹ جانا (محکمہ کا)۔

تخفیف میں لانا (اَر۔ محاورہ) ملازموں کی تعداد میں کمی کرنے کے لئے کسی ملازم کو برطرف کرنا۔

تخفیف ہونا (اَر۔ محاورہ) تخفیف کرنا کا لازم۔ کمی ہونا۔ گھٹنا (۲) نوکروں کی تعداد کا کم کیا جانا (۳) خرچ میں کمی ہونا۔

تَخَلخُل (تَ۔ خَل۔ خُل) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کھوکھلا پن (۲) خلخال (پازیب) پہننا (۳) بکھرنا (۴) ٹکڑے ٹکڑے ہونا (۵) فراق۔ جُدائی۔ ہجر۔

تَخَلُّص (تَ۔ خَل۔ لُص) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چھٹکارا۔ بچاؤ (۲) شاعر کا وہ مختصر نام جسے وہ اپنے اشعار میں اِستعمال کرتا ہے۔

تَخَلُّف (تَ۔ خَل۔ لُف) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بدعہدی کرنا (۲) پیچھے رہ جانا (۳) دیر لگانا۔ واپس جانا۔ پھر جانا۔

تَخَلُّل (تَ۔ خَل۔ لُل) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جھگڑا۔ فساد۔ تنازع (۲) نااتفاقی۔ ناموافقت (۳) مزاحمت۔ روک (۴) چھید کرنا۔

تَخلِیص (تخ۔ لیص) (ع۔ ا۔ مث) (۱) بچانا۔ چھڑانا (۲) خلاصی۔ آزادی (۳) قصیدے کا گُریز۔

تَخلِیق (تخ۔ لیق) (ع۔ ا۔ مث) پیدائش۔ پیدا کرنا (۲) طبع زاد فن پارہ۔

تَخلِیل (تخ۔ لیل) (ع۔ ا۔ مث) وضو کے وقت ڈاڑھی میں اُنگلیاں ڈالنا۔ ڈاڑھی میں خلال کرنا۔

تَخلِیَہ (تخ۔ لِ۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خلوت۔ تنہائی۔ علیحدگی (۲) خالی کرنا۔

تُخم (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بیج۔ دانہ (۲) انڈا۔ بیضہ (۳) گٹھلی (۴) اولاد۔ نسل (۵) نُطفہ۔ فارسی جمع: تخمہا۔ اُردو جمع: تخم۔ تخموں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تخمِ بالنگو (ف۔ا۔مذ) تخم ملنگاں۔ تخم ریحان کی قسم کا ایک بیج جو پانی میں بھگونے سے پھول جاتا ہے۔ دواؤں اور ٹھنڈیائی کے لئے شربت میں ملا کر استعمال ہوتا ہے۔

تخم بد (ف۔صف) بداصل۔ بدذات۔ کمینہ۔ حرامی۔

تخم پاشی (ف۔ا۔مث) بیج بونا۔ بیج ڈالنا۔

تخم تاثیر صحبت کا اثر (ا۔ر۔مثل) نطفہ اور صحبت اثر کئے بغیر نہیں رہتے۔

تخم حرام (ف۔ا۔مذ) حرام زادہ۔

تخم ڈالنا (ف۔ا۔ر۔محاورہ) بیج بونا۔ تخم پاشی کرنا۔

تخم ریحان (ف۔ا۔مذ) نیازبو۔ تلسی کے بیج۔

تخم ریز (ف۔صف) بیج بونے والا۔ کاشتکار۔ زراعت کرنے والا۔

تخم ریزی (ف۔ا۔مث) بیج بونا۔ بیج ڈالنا۔

تخم کتان (ف۔ا۔مذ) اَلسی کا بیج۔ اَلسی۔

تخم مرغ (ف۔ا۔مذ) مُرغی کا انڈا۔

تُخَمہ (تخ۔مہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کی قے جو بدہضمی یا غذا کے فساد سے ہوتی ہے (۲) بدہضمی۔ گرانی۔ سوءِ ہضم۔

تخمہ نکلنا (ا۔ر۔محاورہ) کبوتر کے جسم پر پھنسیوں یا مسّوں کا نکلنا۔

تخمی (تخ۔می) (ف۔صف) بیج سے پیدا شدہ درخت یا پھل جو قلمی نہ ہو۔

تخمیر (تخ۔میر) (ع۔ا۔مث) خمیر ہونا۔ خمیر اُٹھانا۔

تخمیناً (تخ۔می۔نن) (ع۔متعلق فعل) اندازے سے۔ قیاس سے۔ اٹکل سے۔

تخمین (تخمینہ) (تخ۔مین) (تخ۔می۔نہ) (ع۔ا۔مذ) اندازہ۔ اٹکل۔ قیاس۔ سرسری حساب (۲) (معاشیات) بازار کے آیندہ حالات اور قیمتوں کے اُتار چڑھاؤ کی پیش بینی۔ (Speculation)۔ جمع: تخمینہ جات۔

تخمینہ لگانا (ع۔ا۔ر۔محاورہ) سرسری طور پر حساب کرنا۔ اندازہ لگانا۔

تخویف (تخ۔ویف) (ع۔ا۔مث) خوف دلانا۔ دھمکی دینا۔ ڈرانا۔

تخویف مجرمانہ (ع۔ف۔ا۔مث) ناجائز دھمکی۔ بدنیتی سے ڈرانا۔

تخییل (تخ۔ییل) (ع۔ا۔مث) خیال۔ تصوّر۔

تخیُّل (ت۔خَیْ۔یُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) قوّتِ متخیلہ۔ وہ قوت جو خیالی صورتیں بنا کر وہم کے سامنے کھڑی کر دیتی ہے (۲) قیاس۔ تصوّر۔ خیال (۳) شبہ۔ شک (۴) خیال کرنا۔ سوچنا۔ تصوّر کرنا۔ جمع: تخیلات۔

تخییلی (تخیُّلی) (تخ۔یی۔لی) (ت۔خَیْ۔یُ۔لی) (ع۔صف) قیاسی۔ خیالی۔ تصوراتی۔

ت۔د

تَد (ق۔متعلق فعل) (۱) تب۔ اس وقت (۲) اس صورت میں۔

تدابیر (ت۔دا۔بیر) (ع۔ا۔مث) تدبیر کی جمع۔

تداخل (ت۔دا۔خل) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک دُوسرے میں داخل ہونا (۲) بار بار کھانے کی وجہ سے بدہضمی ہونا (۳) ظہر کے آخر وقت میں ظہر اور عصر کی نمازیں اکٹھی پڑھنا۔

تدارک (ت۔دا۔رُک) (ع۔ا۔مذ) (۱) گم شدہ چیز کا پانا (۲) تلافی۔ سزا۔ سرزنش (۳) انتظام۔ ناجائز فعل کا انسداد (۴) مرمت۔ دُرستی۔ اصلاح (۵) اُپائے۔ چارہ۔ علاج (۶) تیاری (۷) احتیاط (۸) کسی نقصان کو روکنے یا انصاف حاصل کرنے کے لئے احتیاطی تدابیر و ذرائع اختیار کرنا مثلاً وکیل، گواہ، تمسک، دستاویز وغیرہ (۹) تدبیر۔ بندوبست۔

تدارک باقیات (ع۔ا۔مث) باقیات کا انتظام۔

تدارک خفیف (ع۔ا۔مث) خفیف سزا۔ تھوڑی سزا۔

تدارک کرنا (ا۔ر۔مص مرکب) (۱) سزا دینا۔ تلافی کرنا (۲) تیاری کرنا۔ بندوبست کرنا۔

تدافع (ت۔دا۔فُع) (ع۔ا۔مذ) (۱) دفع کرنا۔ ہٹانا۔ روکنا۔ دُور کرنا (۲) مدافعت۔ روک۔

تداوُل (ت۔دا۔وُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) باری سے کرنا (۲) ایک دُوسرے کو پکڑانا (۳) روایت۔ نقل (۴) رواج۔

تداوی (ت۔دا۔وی) (ع۔ا۔مث) علاج کرنا۔ مُعالجہ۔ دوا دارو۔

تدبُّر (ت۔دَب۔بُر) (ع۔ا۔مذ) انجام پر غور کرنا۔ دُور اندیشی۔ عاقبت اندیشی۔

تدبیر (تد۔بیر) (ع۔ا۔مث) (۱) ابتدا اور انتہا سوچنا۔ انجام پر غور کرنا (۲) علاج۔ چارہ (۳) سوچ بچار (۴) کوشش (۵) تجویز (۶) بندوبست۔ جمع: تدابیر۔ اردو جمع: تدبیروں۔ تدبیریں۔

تدبیر (اُلٹنا) اُلٹی ہونا (ا۔ر۔محاورہ) منصوبہ بگڑ جانا۔ انتظام برعکس ہونا۔ جو سوچا ہو اس کے خلاف ہونا۔

تدبیر بتانا (ا۔ر۔مص مرکب) تجویز بتانا۔ رائے دینا۔ صلاح دینا۔

تدبیر بننا (ا۔ر۔محاورہ) تدبیر کارگر ہونا۔ تدبیر مفید ہونا۔

تدبیر بن نہ (آنا) پڑنا (ا۔ر۔محاورہ) تدبیر کارگر نہ ہونا۔ کچھ نہ سُوجھنا۔

تدبیر پیش جانا (پیش رفت ہونا) (ا۔ر۔محاورہ) تجویز کارگر یا بااثر ہونا۔

تدبیر چلنا (ا۔ر۔محاورہ) تدبیر کا اثر ہونا۔

تدبیر سلطنت (ع۔ا۔مث) کاروبارِ سلطنت۔ حکومت کا بندوبست۔ ملکی نظم و نسق۔

تدبیر سُوجھنا (ا۔ر۔محاورہ) تجویز خیال میں آنا۔

تدبیر سوچنا (ا۔ر۔محاورہ) تجویز نکالنا۔

تدبیر سے قسمت کی بُرائی نہیں جاتی۔ بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جاتی (ار۔ مقولہ) اگر قسمت بُری ہو تو انسان لاکھ تدبیر کرے کچھ نہیں ہوتا۔

تدبیرِ فاسِد (ع۔ ا۔مث) شرارت۔ فریب۔ سازش۔

تدبیر کارگر ہونا (ار۔ محاورہ) تدبیر کا باثر ہونا۔ ترکیب کامیاب ہونا۔

تدبیر کرنا (ار۔ مص مُرکّب) بندوبست کرنا۔ اِنتظام کرنا۔

تدبیر کُند بندہ۔ تقدیر کُند خندہ (ف۔ مثل) بندہ تدبیر کرتا ہے اور تقدیر ہنستی ہے۔ جو تقدیر میں ہے' ضرور ہوگا۔ چاہے کتنا ہی اِنتظام کیا جائے۔

تدبیر گر (ف۔ صف) خوب فکر کرنے یا سوچنے والا۔ تجویز نکالنے والا۔

تدبیر لڑانا (ار۔ محاورہ) (۱) ربط پیدا کرنا (۲) کوشش کرنا۔

تدبیرِ مملکت (ع۔ ا۔مث) کاروبارِ حکومت۔ ملک کا بندوبست۔ نظم ونسق۔

تدبیرِ منزل (ع۔ ا۔مث) خانہ داری۔ گھر کا اِنتظام۔

تَدَرا (تَ۔دَ۔رَا) (ہ۔صف) تین دروں یا دروازوں کا دالان۔ نیز دیکھئے "تِ"۔

تَدَرُّو (تَ۔دَرْو) (ر اور و ساکن) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے تذرّو۔

تدریج (تَد۔ریج) (ع۔ا۔مث) درجہ بدرجہ ہونا۔

تدریجی (تَد۔ری۔جی) (غ۔ صف) درجہ بدرجہ۔ زینہ بہ زینہ۔ رفتہ رفتہ۔

تدریس (تَد۔ریس) (ع۔ا۔مث) (۱) تعلیم۔ پڑھائی (۲) درس دینا۔ تعلیم دینا۔ جمع: تدریسات۔

تدفین (تَد۔فین) (ع۔ا۔مث) (۱) دفن کرنا۔ زمین میں دبانا۔ گاڑنا (۲) گور گڑھا۔ کفن دفن۔

تدقیق (تَد۔قیق) (ع۔ا۔مث) (۱) باریک کرنا (۲) غور وفکر۔ سوچ بچار۔ باریک بینی۔

تدویر (تَد۔ویر) (ع۔ا۔مث) (۱) گول بنانا۔ دائرہ۔ گولائی (۲) قرآن شریف نہ بہت آہستہ نہ بہت جلدی پڑھنا۔

تدوین (تَد۔وین) (ع۔ا۔مث) تالیف کرنا۔ جمع کرنا۔ مُرتّب کرنا۔

تدھارا (تِ۔دھا۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تین دھاروں والا (۲) وہ جگہ جہاں تین دریا ملتے ہوں (۳) تھوہر کی قسم کا ایک پودا جس کی تین شاخیں ہوتی ہیں۔

تدہّر (تَ۔دَہ۔ہُر) (ع۔ا۔مذ) بے دینی۔ اِلحاد۔ خُدا کے وجود کا اِنکار۔

تدہین (تَد۔ہین) (ع۔ا۔مث) تیل لگانا۔ تیل ملنا۔

تدیّن (تَ۔دَیْ۔یُن) (ع۔ا۔مذ) دینداری۔ دیانتداری۔

ت ۔ ذ

تذبذب (تَ۔ذَب۔ذُب) (ع۔ا۔مذ) (۱) شک وشبہ۔ دُبدھا (۲) تردُّد۔ ہچکچاہٹ (۳) بے چینی۔ اضطراب (۴) حیرانی۔

تَذَرُّو (تَ۔ذَرو) (ر اور و ساکن) (ف۔ا۔مذ) چکور کی طرح کا ایک نہایت خوبصورت اور خوش رفتار پرندہ جو ایران کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔

تذکار (تَذ۔کار) (ع۔ا۔مذ) (۱) بیان۔ ذکر (۲) یاد۔ چرچا۔

تذکرہ (تَذ۔کِ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ذکر۔ چرچا۔ بیان (۲) یادداشت۔ یادگار (۳) سرگزشت۔ سوانح عُمری (۴) وہ کتاب جس میں نامور شخصیات کا حال درج ہو۔ اُردو جمع: تذکرے۔ تذکروں۔

تذکرہ چلنا (چھڑنا) (ار۔ محاورہ) ذکر ہونا۔ کسی کے بارے میں بات یا ذکر شروع ہونا۔

تذکرہ کرنا (ار۔ مص مُرکّب) ذکر کرنا۔ کسی کے بارے میں بات کرنا۔

تذکیر (تَذ۔کیر) (ع۔ا۔مث) (۱) مذکر ہونا۔ مرد ہونا۔

تذلّل (تَ۔ذَل۔لُل) (ع۔ا۔مذ) عاجزی کرنا۔ فروتنی کرنا۔ اپنے آپ کو حقیر سمجھنا (۲) عاجزی۔ خوشامد۔

تذلیل (تَذ۔لیل) (ع۔ا۔مث) ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا۔ خوار کرنا۔ بے عزّت کرنا۔ ذلّت۔ بے عزّتی۔

تذہیب (تَذ۔ہیب) (ع۔ا۔مث) طلائی ملمّع کا کام۔ سونے کا پانی چڑھانا۔

ت ۔ ر

تُر (بضمِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) وہ گول لکڑی جس پر جولاہے کپڑا بُن کر لپیٹتے ہیں (۲) وہ بیلن جس پر گوٹا کناری لپیٹتے ہیں۔

تِر (بکسرِ اوّل) (س۔ا۔عدد) دیکھئے تری جس کا یہ مخفف ہے۔

تَر (بفتحِ اوّل) (ف۔صف) (۱) گیلا۔ بھیگا ہوا (۲) تازہ۔ نیا (۳) سبز۔ ہرا۔ رس دار (۴) نرم۔ ملائم (۵) بڑا ہوا (۶) چکنا۔ گھی ٹپکتا ہوا (۷) نِتھرا ہوا (۸) عُمدہ (۹) پُرلطف (۱۰) ڈھیلا۔ کشادہ۔ تفضیل بعض کا لاحقہ جیسے خوش تر۔ برتر۔ بدتر وغیرہ۔

تربتر (تَر۔بَہ۔تَر) (ف۔صف) (۱) بالکل گیلا (۲) پانی ٹپکتا ہوا (۳) گھی ٹپکتا ہوا (۴) پسینا ٹپکتا ہوا۔ شرابور۔ لتھڑا ہوا۔

تر بند (ف۔ا۔مذ) گیلی پٹی۔

تر بندی (ف۔ا۔مث) گیلی پٹی باندھنا۔

ترترانا (ہ۔ محاورہ) گھی میں ڈوبا ہوا ہونا۔

تر ترکاری (ہ۔ا۔مث) ترکاری بھاجی وغیرہ۔

تردامن (ف۔صف) (۱) لتھڑے ہوئے دامن والا (۲) بدکار۔ گناہ گار۔ مُجرم۔

تردامنی (دا۔مَ۔نی) (ف۔ا۔مث) گناہ گاری۔

تردست (ف۔صف) (۱) چالاک۔ چُست (۲) عُمدہ کاریگر۔ اچھا دست کار۔

تردستی (ف۔ا۔مث) (۱) ہوشیاری۔ مہارت (۲) کاریگری۔ صناعی۔

تردماغ (ف۔ صف) (۱) عقل مند۔ ہوشیار (۲) مسرور۔ مست۔

تردماغی (ف۔ع۔ا۔مث) (۱) سُرور۔ فرحت۔ تازگی (۲) عقل۔ شعور۔ دانش مندی۔

تر زبان (ف۔صف) فصیح۔ خوش بیان۔

تر زبانی (ف۔ا۔مث) خوش بیانی۔ فصاحت۔

تر کرنا (ار۔ مص مُرکّب) بھگونا۔ گیلا کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ترقمہ (ترمال۔ ترنوالہ) (اَر۔ صف) عمدہ غذا۔ کھانے کی اچھی چیز۔

تروتازہ (ف۔ صف) (۱) تازہ اُترا ہوا پھل یا ترکاری (۲) بارونق۔ آبدار (۳) سُرخ و سفید (۴) ہرا بھرا۔ سرسبز۔ شاداب۔

تروخشک زمانہ (بہ اضافت) (ف۔ اِ۔ مذ) دُنیا کے نشیب و فراز۔ آرام اور تکلیف۔

ترہونا (اَر۔ مص مُرکب) بھیگنا۔ گیلا ہونا۔

ترا (تَ۔ را) (ہ۔ اِ۔ مذ) سرسوں جیسا ایک بیج جس کا تیل نکالتے ہیں۔

ترا (تِ۔ را) (ہ۔ ض) تیرا کا مخفف۔ نظم میں مستعمل ہے۔

تراب (تُ۔ راب) (ع۔ اِ۔ مث) مٹی۔ زمین۔

ترابی (تُ۔ را۔ بی) (ع۔ صف) مٹی کا۔ مٹی میں لتھڑا ہوا۔

ترات اُٹھنا (ق۔ مص مُرکب) بولنے لگنا۔

تراجم (تَ۔ را۔ جم) (ع۔ اِ۔ مذ) ترجمہ کی جمع۔

ترادُف (تَ۔ را۔ دُف) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) یکے بعد دیگرے۔ ایک کے بعد دُوسرے کا جانا (۲) سلسلہ۔ تسلسل (۳) ہم معنی ہونا۔ مترادف ہونا (۵) سلسلہ وار۔ لگاتار۔ جمع: ترادفات۔

ترارا (تَ۔ را۔ را) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) چھلانگ۔ گھوڑے کی جست (۲) پُھرتی۔ چُستی (۳) شیخی (۴) نشہ۔ سرور۔ جمع: تراروں۔ ترارے۔

ترارا بھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جست لگانا۔ چھلانگ مارنا (۲) سرپٹ جانا۔

ترارا مارنا (اَر۔ محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ گپ مارنا۔

تراز (تَ۔ راز) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) کپڑے کے نقش (۲) زینت و آرائش۔

ترازُو (تَ۔ را۔ زُو) (ف۔ اِ۔ مذ و مث) وزن کرنے کا آلہ۔ کانٹا۔ تکڑی۔

ترازو (ہو جانا) ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) دونوں طرف برابر ہونا (۲) تیر کا بدن میں آر پار ہو کر لٹکا رہنا (۳) دو لشکروں کا تعداد میں اِس طرح برابر ہونا کہ ایک دُوسرے پر غلبہ نہ پا سکے۔

تراسی (تِ۔ راسی) (ہ۔ اِ۔ عدد) تین اُوپر اَسّی۔ بیاسی کے بعد کا عدد۔ ۸۳۔

تراش (تَ۔ راش) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) کتر بیونت۔ کاٹ چھانٹ (۲) کاٹنے کا ڈھنگ (۳) اِختراع۔ اِیجاد (۴) ڈھنگ۔ طرز (۵) بناؤ سنگار۔ آرائش (۶) کسی پھل کی پھانک یا قاش (۷) تاش یا گنجفے کے وہ پتے جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں (۸) (ف۔ صف) مصدر تراشیدن سے صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور تراشنے یا کاٹنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے سنگ تراش۔

تراش خراش (ف۔ اِ۔ مث) (۱) قطع و برید۔ کاٹ چھانٹ (۲) طرز۔ اَنداز (۳) بناؤ سنگار۔ زیب و زینت۔

تراش خراش کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اپنے آپ کو سجانا۔ اچھا لباس پہننا (۲) کاٹنا۔ چھیلنا۔

تراش خراش نکالنا (اَر۔ محاورہ) نئی وضع اِختیار کرنا۔ نیا اَنداز نکالنا۔

تراش ڈالنا (اَر۔ محاورہ) چھیل دینا۔ کتر دینا۔

تراشنا (تَ۔ راش۔ نا) (اَر۔ مص) (۱) کاٹنا۔ چھیلنا۔ چھانٹنا۔ قطع کرنا (۲) قاش اُتارنا (۳) حجامت بنانا (۴) کاٹ کر کوئی صورت بنانا۔ تاش کے پتے کاٹنا۔ تاش یا گنجفے کے پتے تقسیم کرنے کے لئے کھلاڑی کے ہاتھ سے اُٹھانا (۶) بات بنانا۔

تراشہ (تَ۔ را۔ شہ) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) چھیلن۔ کترن (۲) فولادی اوزار جس سے سنگ تراش پتھر تراشتے ہیں (۳) پھانک۔ قاش (۴) اَخبار یا رسالے سے کاٹا ہوا مضمون یا خبر۔ اُردو جمع: تراشوں۔ تراشے۔

تراشی (تَ۔ را۔ شی) (ف۔ اِ۔ مث) چھیلنا۔ کاٹنا۔ مُرکبات میں لاحقے کے طور پر آتا ہے جیسے سنگ تراشی۔

تراشیدہ (تَ۔ را۔ شی۔ دہ) (ف۔ صف) چھیلا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

تراضی (تَ۔ را۔ ضی) (ع۔ اِ۔ مث) راضی ہونا۔ خوش ہونا۔ رضامندی۔

تراضیِ طرفین (تَ۔ را۔ ضی۔ ے۔ طَ۔ رَ۔ فَین) (ع۔ اِ۔ مث) فریقین کا راضی ہونا۔

تراکرنا (تَ۔ را۔ کر۔ نا) (ہ۔ مص) تیرتے رہنا۔

تراکُم (تَ۔ را۔ کُم) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) ڈھیر لگنا۔ اکٹھا ہونا (۲) ڈھیر۔ تودہ۔ اَنبار۔

تراکیب (تَ۔ را۔ کیب) (ع۔ اِ۔ مث) ترکیب کی جمع۔

ترانا (تِ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پیرانا۔ ڈبونا کی ضد (۲) اُبھارنا۔ ڈوبتے کو نکالنا (۳) گناہوں سے بچانا۔

ترانوے (تِ۔ ران۔ وے) (ہ۔ اِ۔ عدد) تین اوپر نوّے۔ بانوے کے بعد کا عدد۔ ۹۳۔

ترانہ (تَ۔ را۔ نہ) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) نغمہ۔ راگ (۲) وہ نغمہ جو کسی قوم یا ملک کے لئے سرکاری طور پر قومی نغمہ قرار دیا گیا ہو (۳) ایک سُر یا لَے (۴) جوانِ رعنا۔ اُردو جمع: ترانوں۔ ترانے۔

ترانہ پرداز (ترانہ ریز۔ ترانہ زن۔ ترانہ ساز۔ ترانہ سنج) (ف۔ صف) (۱) ترانہ گانے والا (۲) گانے والا۔ موسیقار۔

تراؤ (ہ۔ اِ۔ مذ) تیر کر پار اُترنا۔ تیرنا۔

تراوت (تراوٹ) (تَ۔ را۔ وَت) (تَ۔ را۔ وَٹ) (عربی طراوت سے ہندی بنایا ہوا) تازگی۔ ٹھنڈک۔ تری۔

تراوِش (تَ۔ را۔ وِش) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) ٹپکنا۔ بہنا۔ پُھوٹنا (۲) (مجازاً) اِشارے کنائے سے ظاہر ہونا۔ اَندازے سے معلوم ہونا۔ ترشح ہونا۔

تراوش پانا (اَر۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ اَندازے سے معلوم ہونا۔ جھلکنا۔

تراوش کرنا (اَر۔ محاورہ) ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ ہو کر گرنا۔

تراوش ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹپکنا (۲) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا (۳) اَندازے سے معلوم ہونا (۴) برسنا۔

تراویح (تَ۔ را۔ ویح) (ع۔ اِ۔ مث) ترویحہ کی جمع (۱) راحت دینا (۲) نماز کی وہ بیس (یا اہلِ حدیث کے مطابق آٹھ) رکعتیں جو ماہِ رمضان میں نمازِ عشا کے بعد اور وتروں سے پہلے پڑھی جاتی ہیں۔ چونکہ ہر چوتھی رکعت کے بعد تھوڑا آرام کرتے ہیں اِس لئے اِس نام سے موسوم ہوئیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ترّاہ (ت۔راہ)(ہ۔کلمہ ندا) (۱) پناہ دو ارحم کرو! (۲) مدد (۳) دُہائی۔فریاد۔واویلا۔
ترّاہ ترّاہ کرنا (پکارنا۔مچانا) (ہ۔محاورہ) (۱) ہائے ہائے کرنا (۲) توبہ توبہ کرنا (۳) کسی چیز کی کمی کے باعث واویلا کرنا۔
ترّاہ ترّاہ ہونا (اَر۔محاورہ) واویلا مچنا۔توبہ تلّا ہونا۔قحط پڑنا۔پانی وغیرہ کی کمی کے باعث واویلا ہونا۔
ترَاہا (ت۔را۔ہا)(ہ۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں تین راستے آکر ملیں۔(دیکھئے ت)۔
تَرائی (ت۔را۔ای)(ہ۔ا۔مث) (۱) وہ زمین جو کسی دریا یا ندی کے قریب ہو (۲) مرطوب زمین۔دلدلی زمین (۳) وہ علاقہ جو کوہِ ہمالیہ کے دامن میں پہاڑ کے ساتھ ساتھ جمنا سے برہم پُتر تک چلا جاتا ہے۔
تَرَب (ت۔رَب)(ہ۔ا۔مذ) وہ تار جو اصلی تار کی مدد کے لئے سارنگی وغیرہ میں ہوتا ہے۔
تُرب (ت۔رُب)(ترُب)(ف۔ا۔مث) مُولی۔
تِرباچک (تر۔با۔چک)(ہ۔ا۔مث) وہ عہد جس کی تین دفعہ تصدیق کی گئی ہو۔(تر یا تری بمعنی تین)۔
تُربَت (تر۔بَت)(ع۔ا۔مث) (۱) قبر۔گور۔مزار۔فارسی جمع: تُربت ہا۔تربتاں۔اُردو جمع: تُربتیں۔تُربتوں۔
تربت پر پھول چڑھانا (اَر۔محاورہ) بُزرگوں کی قبر پر تعظیماً پھول رکھنا۔
تُربُد (تر۔بُد)(تر۔بَد)(تر۔بِد)(ف۔ا۔مث) ایک پودا جس کی جڑ مُسہل کے طور پر دواؤں میں اِستعمال ہوتی ہے۔تیوڑی۔
تَربُوز (تر۔بوز)(ف۔ا۔مذ) موسم گرما کا ایک بڑا گول پھل جو بیل میں لگتا ہے۔باہر سے سبز اور اَندر سے سُرخ ہوتا ہے۔ہندوانہ۔جمع: تربوز۔تربوزوں۔
تُربَہ (تر۔بَہ)(ع۔ا۔مذ) قبرستان۔گورستان۔مدفن۔
تِربھَر (تر۔بھَر)(ہ۔صف) غصّے میں بھرا ہوا۔سخت ناراض۔
تِربھَنگا (تر۔بھنگا)(ہ۔صف) ترچھا۔جُھکا ہوا۔
تِربھَوَن (تر۔بھَ۔وَن)(س۔ا۔مذ) (۱) تینوں لوک یا عالم: آسمان، زمین اور پاتال (۲) تمام جہان۔(تر یا تری بمعنی تین)۔
تَربیَت (تر۔بی۔یَت)(ع۔ا۔مث) (۱) پالنا پوسنا۔پرورش۔پرداخت (۲) تعلیم دینا۔تہذیب سکھانا۔تعلیم اَخلاق۔
تربیت پذیر (ع۔ف۔صف) تربیت کا اَثر لینے والا۔اِصلاح قبول کرنے والا۔
تربیت کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) تعلیم دینا۔سکھانا (۲) پرورش کرنا۔پالنا۔
تربیت نااہل راچوں گردگاں بر گنبد اَست (ف۔مقولہ) (۱) نالائق کی تربیت کرنا ایسا ہے جیسا کہ گنبد پر اخروٹ (گردگان) پھینکنا جو وہاں نہیں ٹھہر سکتا (۲) کمینے پر تربیت کا کوئی اَثر نہیں ہوتا۔
تِربیدی (تر۔بے۔دی) (ہ۔صف) (۱) تین ویدوں کا جاننے والا (۲) برہمنوں کی ایک قوم۔(س: ترویدی)۔(تر یا تری بمعنی تین)۔
تَربیع (تر۔بیع) (ع۔ا۔مث) (۱) چار میں تقسیم کرنا (۲) مربّع بنانا (۳) ستاروں کی وہ ہیئت جب ایک دُوسرے سے چوتھائی دائرے یا تین بُرجوں یا ۹۰ درجے کے زاویے کا فرق ہو۔
تِربینی (تر۔بے۔نی)(ہ۔ا۔مث) (۱) وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں۔(تر یا تری بمعنی تین۔بینی بمعنی سنگم)۔
ٹُرُپ (ٹ۔رُپ) (انگریزی Troop کا مؤرّد) ساٹھ یا اسّی سواروں کی جماعت (۲) ٹرمپ (Trump) کا مؤرّد۔تاش میں رنگ مقرّر کرکے کھیلنا۔
تِرپال (تر۔پال) (اَر۔ا۔مذ) Tarpaulin کا بگڑا ہوا۔وہ ٹاٹ جس پر رال چڑھائی گئی ہو اور بارش کے موقع پر مال اَسباب کے اُوپر ڈالنے کے کام آئے۔اِس میں پانی سرایت نہیں کرتا۔
تُرپائی (تر۔پا۔ای)(اَر۔ا۔مث) بخیے کے اُوپر کی سیون۔
تُرپائی کرنا (اَر۔مص مُرکّب) بخیے کے اُوپر سلائی کرنا۔
تِرپڑیاں کھانا (ق۔مص) بے قرار ہونا۔
تَرپَن (تر۔پَن) (س۔ا۔مذ) (۱) ہندو دیوتاؤں یا پِتریوں کو پانی دینا (۲) تسلی۔تشفی (۳) خوشی۔رضا (۴) سیری۔آسودگی۔
تِرپَن (ت۔رپ۔پَن)(ہ۔ا۔عدد) دیکھئے ترپن۔
تُرپَن (تر۔پَن) (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کی سلائی جو کپڑے کے کنارے دبانے کے لئے کی جاتی ہے۔
تُرپنا (ٹ۔رپ۔نا) (ہ۔مص) دبا کر سینا۔سیون پر ایک اور سلائی کرنا۔کپڑے کے سرے کو اُلٹا کر سینا۔
ترپولیا (تر۔پو۔لیا)(ہ۔ا۔مذ) (۱) سہ درہ۔تین در کی عمارت (۲) تین برابر بڑے دروازے جو بازار کے شروع میں بنائے جاتے تھے۔(تر: تین)۔
تڑپھڑنا (ق۔مص) بے قرار ہونا۔
ترپھلا (تر۔پھ۔لا)(ہ۔ا۔مذ) (۱) ہڑ، بہیڑا اور آملہ۔اِن تینوں کو تر یا تری (تین) پھلا کہتے ہیں۔نیز دیکھئے تری (۲) تین پھل کا چاقو۔
تُرَت (ٹ۔رَت)(تُرت)(ہ۔تابع فعل) فوراً۔جلد۔ابھی۔اِسی وقت۔
تُرت پھرت (ہ۔ا۔مث) (۱) پُھرتی۔چالاکی۔تیزی۔طراری (۲) (تابع فعل) بہت جلد۔پُھرتی سے۔فوراً۔
تُرت پھرت ہوں بگڑے کام۔جب ہو ویں مُٹھی میں دام (ہ۔مثل) روپیہ پاس ہو تو ہر کام فوراً ہو جاتا ہے۔
تُرت دام مہاپُن (ہ۔مثل) فوراً مزدوری یا قیمت دینا بڑا ثواب کا کام ہے۔
تُرت دان مہا کلیان (ہ۔مثل) فوراً خیرات کرنا نجات کا باعث ہوتا ہے۔
تُرت ماتھا ٹھنکا (ہ۔محاورہ) اسی وقت شک ہوگیا۔
تُرت ہی بوؤ، تُرت ہی کھاؤ۔باسی کھاؤ، اوجھ بڑھاؤ (ہ۔مثل) تازہ پکا کر فوراً ہی کھانا چاہئے۔باسی کھانے سے پیٹ بڑھ جاتا ہے۔
تُرتا تُرت (تر۔تا۔ٹ۔رَت)(ہ۔صف) بہت جلد۔فی الفور۔
تُرتُرا (تُرتُریا) (تر۔ٹ۔را)(تر۔ٹ۔رِی۔یا)(ہ۔صف) (۱) تیز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طرار۔ چُست۔ پھُرتیلا (۲) تیار۔ مُستعد (۳) بہت باتیں بنانے والا۔

تُرتُرانا (ق۔ مص) تُرتُرانا۔

تُرتُری (ق۔ ا۔ مث) تُری۔ بگل (۲) (صف) تُرتُرا کی تانیث۔

تَرتیب (تَر۔ تیب) (ع۔ ا۔ مث) (۱) درجہ بدرجہ رکھنا۔ ٹھکانے سے رکھنا۔ چُننا (۲) سجاوٹ (۳) بندوبست۔ صف بندی (۴) طریقہ۔ ڈھنگ (۵) جنس داری۔ سلسلہ بندی۔ تقسیم (۶) جبر و مقابلہ میں ہر قاعدے کا نام۔

ترتیبِ تہجّی (ع۔ ا۔ مث) حُروفِ تہجّی کا سلسلہ۔

ترتیب دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) سلسلہ وار رکھنا۔ دُرست کرنا۔ ٹھکانے سے رکھنا (۲) مُرتّب کرنا (۳) سجانا۔

ترتیب سے (ع۔ اُر۔ متعلق فعل) قاعدے سے۔ قرینے سے۔ سلسلہ وار۔

ترتیب وار (ع۔ ف۔ تابع فعل) ترتیب سے۔ سلسلہ وار۔ موقع بہ موقع۔ درجہ بدرجہ۔

تَرتِیل (تَر۔ تیل) (ع۔ ا۔ مث) قرآن شریف کے حروف کو مخارج سے ادا کر کے پڑھنا۔

تَرجانا (تَرنا) (ہ۔ مص) (۱) پیرنا۔ تیرنا۔ پانی کے اُوپر آنا (۲) نیک نام ہونا (۳) مالا مال ہونا (۴) ثواب کا مستحق ہونا۔

تَرجگ (ق۔ ا۔ مذ) تر لوک۔ تین عالم۔ (تر یا تری بمعنی تین)۔ نیز دیکھئے تربھون۔

تَرجُمان (تَر۔ جُ۔ مان) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شارح۔ مُفسّر (۲) کسی مقرر کی تقریر کا فی البدیہہ ترجمہ کرنے والا (۳) وہ شخص جو دو مختلف زبانیں بولنے والے افراد کے درمیان رابطے کا کام کرے اور ایک کو دُوسرے کا مفہوم و منشا سمجھائے (۴) وہ شخص جو کسی جماعت یا اِدارے کی نمائندگی کرے۔

تَرجُمانی (تَر۔ جُ۔ ما۔ نی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) شرح۔ تفسیر۔ تعبیر (۲) ترجمان کا کام۔

تَرجَمہ (تَر۔ جَ۔ مہ) (ع۔ ا۔ مذ) ایک زبان سے دُوسری زبان میں بیان کی ہوئی عبارت، گفتگو یا تقریر۔ جمع: تراجم۔

تَرجّی (ت۔ رَج۔ جی) (ع۔ ا۔ مث) ایسی چیز کی اُمید جس کا حاصل ہونا آسان ہو۔

تَرجیح (تَر۔ جیح) (ع۔ ا۔ مث) فوقیت۔ فضیلت۔ برتری۔ جمع: ترجیحات۔

ترجیح بلا مُرَجِّح (م۔ رَج۔ جِح) (ع۔ ا۔ مث) بلاوجہ فوقیت دینا۔ بے سبب ترجیح دینا۔

ترجیح دینا (اُر۔ محاورہ) فضیلت دینا۔ فوقیت دینا۔ دُوسرے سے بہتر سمجھنا۔

ترجیح رکھنا (اُر۔ محاورہ) فضیلت رکھنا۔ اچھا یا بہتر ہونا۔ فوقیت رکھنا۔

تَرجیع (تَر۔ جیع) (ع۔ ا۔ مث) (۱) پھیرنا (۲) بازگشت۔ واپسی۔ رجعت (۳) ستاروں کا اپنی حرکت میں واپس آنا یعنی مغرب سے مشرق کی طرف جانا (۳) مُصیبت کے وقت اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون پڑھنا۔

ترجیع بند (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) اِصطلاحِ شعر میں شاعر کا چند ایسے بند، جو بحر میں موافق اور قافیے میں مختلف ہوں، اِس طرح نظم کرنا کہ ایک ہی بیت ہر بند کے آخر میں آئے اور ہر بند کے آخری شعر کے مضمون سے موافقت کرے۔

ترچھا (تر۔ چھا) (ہ۔ صف) (۱) ٹیڑھا۔ کج۔ آڑا۔ بینڈا۔ اوریب (۲) مخالف۔ منحرف (۳) ناخوش۔ خفا (۴) بے وقوف۔ احمق (۵) بانکا۔ چھیلا (۶) (مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کا اَستر لگایا جاتا ہے۔

ترچھاپن (ہ۔ ا۔ مذ) بانکپن۔ ترچھا ہونا۔

ترچھا جوڑا (اُر۔ ا۔ مذ) وہ جوڑا جو سر کے ایک طرف بندھا ہو۔

ترچھا دیکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ترچھی نظروں سے دیکھنا۔ کن انکھیوں سے دیکھنا (۲) بھینگا ہونا۔

ترچھا کرنا (ہ۔ مص مُرکّب) ٹیڑھا کر دینا۔ ڈھلواں کرنا۔

ترچھا لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ٹیڑھا ہو کر لگنا (۲) آڑا لگنا (۳) ٹیڑھا معلوم ہونا۔

ترچھا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) ٹیڑھا ہونا (۲) ناخوش ہونا۔ غصّے ہونا۔

ترچھی (تر۔ چھی) (ہ۔ صف) ٹیڑھی۔ بانکی۔ ترچھا کی تانیث۔

ترچھی آنکھ (ترچھی نظر۔ ترچھی نگاہ) (اُر۔ ا۔ مث) (۱) قہر کی نظر۔ غصّے کی نگاہ (۲) نگاہِ ناز۔ معشوقانہ نظر۔

تَرَحُّم (ت۔ رَح۔ حُم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) رحم۔ ترس (۲) شفقت۔ مہربانی۔

تَرخنا (ت۔ رَخ۔ نا) (ہ۔ مص) تڑکنا۔ تڑخنا۔ شگاف ہونا۔ پھٹ جانا۔

تَرخِیص (تَر۔ خِیص) (ع۔ ا۔ مث) رُخصت۔ اِجازت۔ جمع: ترخیصات۔

تَرخِیم (تَر۔ خیم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) دُم کاٹنا (۲) اِصطلاحِ نحو میں کسی کلمے کے آخر سے کسی حرف یا جزوِ لفظ کو گرا دینا۔ جیسے مانند سے مان۔

تَرَدُّد (ت۔ رَد۔ دُد) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سوچ۔ فکر۔ اندیشہ (۲) شش و پنج۔ پس و پیش۔ تذبذب (۳) گھبراہٹ۔ پریشانی (۴) اِنکار (۵) محنت۔ مشقت (۶) کاشت کاری۔ جمع: تردُّدات۔

تردُّدِ ناجائز (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خلافِ قانون کاشت۔ ناجائز کاشت۔

تَردِید (تَر۔ دید) (ع۔ ا۔ مث) کسی بات کو رَد کرنا۔ جمع: تردیدات۔

تَرس (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) ڈر۔ خوف۔ دہشت (۲) (ف۔ لاحقہ فاعلی) مصدر ترسیدن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے جس کے معنی "ڈرنے والا" کے ہوتے ہیں۔ مثلاً خُداترس (خُدا سے ڈرنے والا)۔

تَرس (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) رحم۔ دیا (۲) درد۔ خوفِ خُدا۔

ترس آنا (اُر۔ محاورہ) رحم آنا۔

ترس جانا (اُر۔ محاورہ) خواہش مند ہونا۔ کسی چیز کا بھوکا ہونا۔

ترس کھانا (اُر۔ محاورہ) رحم آنا۔

تَرسا (تر۔ سا) (ف۔ صف) (۱) ڈرنے والا۔ خوف کھانے والا (۲) (ا۔ مذ) نصرانی (۳) آتش پرست۔ مجوسی (۴) (ہ۔ فعل) ترسانا کا اَمر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ترسا بچہ (ف۔ا۔مذ) عیسائی کا بیٹا۔ مجوسی کا بیٹا۔ عیسائی نوجوان۔

ترسا ترسا کر دینا (اَر۔ محاورہ) خواہش سے کم دینا۔ شوق دلا کر تھوڑا سا دینا۔

ترسا ترسا کر مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سخت شوق دلا کر نہ دینا۔ للچا للچا کر نہ دینا (۲) بڑی تکلیف سے مارنا۔

ترساں (ف۔صف) خوف زدہ۔ ڈرتا ہوا۔ خائف۔

ترسانا (تر۔سا۔نا) (ہ۔مص) ترسنا کا متعدی (۱) للچانا۔ جھوٹی اُمید دلا کر نااُمید کرنا (۲) خواہش سے کم دینا۔ ضرورت کے موافق نہ دینا۔

ترسٹھ (ہ۔ا۔عدد) دیکھیے تریسٹھ۔

ترسنا (ت۔رَس۔نا) (ہ۔مص) (۱) خواہش مند ہونا (۲) کسی چیز کا بھوکا ہونا (۳) ایسی چیز کی اُمید رکھنا جو ہاتھ نہ آ سکے (۴) اِشتیاق میں رہنا (۵) بےچین ہونا (۶) محتاج ہونا۔ تنگ ہونا۔

ترسول (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے ترشول۔

ترسیل (تر۔سِیل) (ع۔ا۔مث) بھیجنا۔ روانہ کرنا۔

ترش (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ف۔صف) (۱) کھٹا (۲) ناخوش (۳) بدمزاج۔ بددماغ۔

ترش رُو (ف۔صف) (۱) ناخوش (۲) بددماغ۔ چڑچڑا۔ بدمزاج۔ بدخُو۔

ترش روئی (ف۔ا۔مث) بدمزاجی۔ بددماغی۔

ترش مزاج (ف۔صف) بدمزاج۔ بدخُو۔

ترش ہونا (اَر۔ محاورہ) کھٹا ہونا (۲) رنجیدہ ہونا۔ برہم ہونا۔

ترشاوا (اَر۔صف) لیموں نارنگی وغیرہ کی قسم کے ترش پھل یا درخت۔

ترشح (ت۔رَش۔شُح) (ع۔ا۔مذ) (۱) ظاہر۔ آشکارا (۲) تقاطر۔ بوندا باندی۔ جمع: ترشحات۔

ترشح ہونا (اَر۔مص مُرکب) (۱) ٹپکنا (۲) ظاہر ہونا۔ پایا جانا۔

ترشن (تر۔شَن) (ہ۔ا۔مث) چھیلن۔ تراشہ۔

ترشنا (ت۔رَش۔نا) (اَر۔مص) چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا۔ قلم ہونا۔

ترشوانا (ت۔رَش۔وا۔نا) (اَر۔مص) تراشنا کا متعدی المتعدی۔ قلم کرانا۔ کٹوانا۔

ترشول (تِری۔شُول) (س۔ا۔مذ) تین نوکوں والا نیزہ یا بھالا (خصوصاً مہادیو شِو کا)۔

ترشی (تُر۔شی) (ف۔ا۔مث) کھٹاس۔ کھٹائی۔

ترشیح (تر۔شِیح) (ع۔ا۔مث) شاعری کی ایک صنعت۔ ایہام۔

ترصّد (ت۔رَص۔صُد) (ع۔ا۔مذ) (۱) اِنتظار۔ اُمید۔ آس (۲) اُمید رکھنا (۳) گھات لگانا۔

ترصیع (تر۔صِیع) (ع۔ا۔مث) شاعری کی ایک صنعت جس میں دونوں مصرعوں کے تمام الفاظ بالترتیب ہموزن ہوتے ہیں۔ جیسے ؎

نام تیرا ہے زندگی میری
کام میرا ہے بندگی تیری

ترطیب (تر۔طِیب) (ع۔ا۔مث) رطوبت پہنچانا۔ تر کرنا۔ مزاج میں تری پیدا کرنا۔

ترغیب (تر۔غِیب) (ع۔ا۔مث) (۱) رغبت دلانا۔ لالچ دلانا (۲) کسی کام کے کرنے پر آمادہ کرنا (۳) شوق۔ خواہش۔ جمع: ترغیبات۔

ترغیب دینا (اَر۔ محاورہ) لالچ دینا۔ رغبت دلانا۔ شوق دلانا۔

ترفان (تر۔فان) (اَر۔ا۔مذ) ایک تکونی لمبی سی ریتی جس سے بندوق کی نال صاف کی جاتی ہے۔

ترفّع (ت۔رَف۔فُع) (ع۔ا۔مذ) (۱) بلندی چاہنا (۲) غرور۔ تکبّر۔ جمع: ترفّعات۔

ترفُّہ (ت۔رَف۔فُہ) (ع۔ا۔مذ) دولتمندی۔ خوشحالی۔ آسودگی۔

ترقانا (تر۔قا۔نا) (اَر۔مص) توڑنا۔ شق کرنا۔

ترقُّب (ت۔رَق۔قُب) (ع۔ا۔مذ) اُمید۔ توقع۔

ترقنا (ت۔رَق۔نا) (اَر۔مص) پھٹنا۔ شق ہونا۔ بال آنا۔

ترقّی (ت۔رَق۔قی) (ع۔ا۔مث) (۱) آگے بڑھنا (۲) اُونچا ہونا (۳) افزونی۔ اضافہ (۴) بلندی۔ برتری۔ جمع: ترقیات۔ اُردو جمع: ترقیاں۔ ترقیوں۔

ترقیِ اقبال ہو (اَر۔دُعا) اقبال بڑھے! ترقی کرو!

ترقی بخش (ف۔صف) اِضافہ کرنے والا۔ بڑھانے والا۔

ترقی پانا (اَر۔ محاورہ) (۱) عہدہ بڑھنا۔ درجہ بڑھنا (۲) تنخواہ میں اضافہ ہونا (۳) لڑکوں کا اُوپر کی جماعت میں چڑھنا۔

ترقی پزیر (ع۔ف۔صف) بڑھنے والا۔ ترقی قبول کرنے والا۔

ترقی پر ہونا (اَر۔ محاورہ) ترقی کرنا۔

ترقی پسند (ف۔صف) (۱) آگے بڑھنے والا۔ ترقی کا خواہاں۔ جدید معاشی اور سائنسی نظریات کا حامی۔ قدامت پسند اور رجعت پرست کی ضِد (Progressive)۔

ترقی خواہ (ف۔صف) ترقی چاہنے والا۔

ترقی دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) عہدہ یا درجہ بڑھانا (۲) تنخواہ بڑھانا۔

ترقی کرنا (اَر۔مص مُرکب) (۱) مرتبہ زیادہ ہونا۔ آگے بڑھنا (۲) عہدہ بڑھنا (۳) مال و دولت زیادہ ہونا (۴) کسی اَمر میں زیادہ واقفیت حاصل کرنا۔

ترقی یافتہ (ع۔ف۔صف) ترقی پایا ہوا۔

ترقیق (تر۔قِیق) (ع۔ا۔مث) پتلا ہونا۔ ہلکا ہونا۔ پانی کی طرح ہونا۔

ترقیم (تر۔قِیم) (ع۔ا۔مث) (۱) لکھنا۔ تحریر کرنا (۲) تحریر۔

ترک (ت۔رَک) (ہ۔ا۔مث) شہتیر۔ کڑی۔ جمع: ترکوں۔ ترکیں۔

ترک (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (اَر۔ا۔مذ) وہ لفظ جو کتاب کے پہلے صفحے کے آخر اور دُوسرے صفحے کے شروع میں لکھا جاتا ہے تاکہ پڑھنے میں غلطی نہ ہو۔

ترک (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) چھوڑنا۔ درگزر کرنا (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تھول چُوک (۳) دست برداری (۴) وہ عبارت جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیے پر لکھ دی جائے۔
تَرکِ ادب (ع۔ا۔مذ) بے ادبی۔ گستاخی۔ بد تہذیبی۔
تَرکِ اَولیٰ (ع۔ا۔مذ) اُس فعل کا ترک جس کا کرنا افضل ہے۔
تَرکِ حیوانات (ع۔ا۔مذ) اُن چیزوں کا ترک جو حیوانات سے پیدا ہوتی ہیں جیسے گوشت۔ دودھ۔ دہی وغیرہ۔
تَرکِ دُنیا (ع۔ا۔مذ) خلوت گزینی۔ دُنیا چھوڑ دینا۔
تَرکِ عادت (ع۔ا۔مذ) کسی عادت کو چھوڑ دینا۔
تَرک کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) چھوڑ دینا۔ تیاگنا (۲) کسی چیز سے باز آنا۔ قطع تعلق کر لینا۔ الگ ہو جانا۔
تَرکِ لذّات (ع۔ا۔مذ) عیش و عشرت چھوڑ دینا۔ آرام و آسائش کی چیزیں ترک کر دینا۔
تَرک لگانا (اُر۔محاورہ) اجزا کو ترتیب دینا۔
تَرکِ مُوالات (ع۔ا۔مذ) کسی کے ساتھ مل کر کام نہ کرنا (۲) عدم تعاون۔ نان کو آپریشن۔
تَرکِ وطن (ف۔ا۔مذ) ہجرت کرنا۔ اپنا دیس چھوڑ دینا۔ ہجرت۔
تَرک ہونا (اُر۔محاورہ) چھوٹ جانا۔
تُرک (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) (۱) یافث بن نوحؑ کے ایک بیٹے کا نام جس سے تُرکوں کا سلسلہ چلتا ہے (۲) تاتار یا ترکستان کا باشندہ (۳) معشوق (۴) سپاہی۔ بہادر (۵) مسلمان۔ ف جمع: تُرکان۔ اُر جمع: تُرک۔ تُرکوں۔
تُرک بچّہ (ف۔ا۔مذ) تُرک کا لڑکا (۲) حسین نوجوان۔
تُرک تاز (ف۔صف) (۱) سپاہی۔ جنگ جو۔ لشکری (۲) لُٹیرا۔ قزاق۔
تُرک تازی (ف۔ا۔مث) (۱) لُوٹ مار۔ تاخت و تاراج۔ حملہ۔
تُرکِ چین (ترکِ روز۔ ترکِ روزگار۔ ترکِ فلک۔ ترکِ گردوں۔ ترکِ نیم روز) (ف۔ا۔مذ) آفتاب۔ سُورج۔ مریخ۔
تُرک سوار (ف۔صف) مسلمان سپاہی جو گھوڑے پر سوار ہو۔
تَرکاری (تَر۔کا۔ری) (اُر۔ا۔مث) (۱) بھاجی۔ ساگ پات۔ سبزی (۲) پھل (۳) (ہندو) گوشت۔ ماس۔ جمع: ترکاریاں۔ ترکاریوں۔
ترکاری بنانا (اُر۔محاورہ) (۱) سبزی کو پکانے کے لئے تیار کرنا (۲) سبزی پکانا۔
ترکاری چڑھانا (اُر۔محاورہ) ترکاری کو بنا کر چولھے پر رکھنا۔
تُرکان (تُر۔کان) (ف۔ا۔مذ) تُرک کی جمع۔ تُرک قوم کے لوگ۔
ترکانِ چرخ (ف۔ا۔مذ) سات اَجرامِ فلکی: زہرہ۔ مشتری۔ زحل۔ عطارد۔ مریخ۔ شمس۔ قمر۔
تُرکانہ (تُر۔کا۔نہ) (ف۔صف) تُرک کی طرح۔ ترکی۔
تُرکانی (تُر۔کا۔نی) (ف۔ا۔مث) ایک ڈھیلا ڈھالا کپڑا، جو تُرک عورتیں پہنتی ہیں۔
ترکُٹا (تر۔کُ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) تین (تر) کوٹی ہوئی چیزیں: سونٹھ، پیپل (پپلی) اور کالی مرچ کا سفوف جو بید لوگ ہاضمے کے لئے بناتے ہیں۔

ترکُٹی (تر۔کُ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) تکلا۔ سلائی۔
ترکس (ق۔صف) ٹیڑھا۔ آڑا۔
تُرکش (تُر۔کَش) (ف۔ا۔مذ) تیر رکھنے کا خول۔ تیر دان (تیر کش کا مخفف) فارسی جمع: ترکش ہا۔ اُردو جمع: ترکش۔ ترکشوں۔
تُرکمان (تُرک۔مان) (ف۔ا۔مذ) تُرکوں کی ایک قوم۔
تُرکم تُرکا (تُر۔کم۔تُر۔کا) (اُر۔ا۔مث) اَن بن۔ ملنا جُلنا موقوف کر دینا۔
تُرکن (تُر۔کن) (اُر۔ا۔مث) (۱) تُرک کی بیوی (۲) تُرک قوم کی عورت (۳) سپاہی کی جورو (۴) مسلمان عورت۔ جمع: تُرکنوں۔ تُرکنیں۔
تُرکنی (تُر۔کَ۔نی) (ف۔اُر۔ا۔مث) وہ تُرک عورت جو شاہی محل میں چوکی پہرا دیا کرتی تھی۔ قلماقنی (۲) تُرک عورت (۳) مسلمان عورت۔
تَرکہ (تر۔کہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) مُردے کی جائداد۔ وہ جائداد جو اِنسان مرنے کے بعد چھوڑے (۲) ورثہ۔ میراث۔ اُردو جمع: ترکوں۔ ترکے۔
ترکہ بٹنا (اُر۔مص مُرکّب) جائداد وارثوں میں تقسیم ہونا۔
ترکہ بلا وصیّت نامہ (ع۔اُر۔ف۔ا۔مذ) وہ ترکہ جس کے متعلق مُردے نے کوئی وصیت نہ کی ہو۔
ترکۂ پدری (ع۔ف۔ا۔مذ) باپ کا چھوڑا ہوا مال اسباب۔
تُرکی (ف۔صف) (۱) تُرکستان کا باشندہ (۲) تُرکستان کا بنا ہوا (۳) تُرکستان کے متعلق یا تُرک کے متعلق (۴) (ا۔مث) تُرکوں کی بولی (۵) (ا۔مذ) تُرکستان کا گھوڑا (۶) ایشیائے کوچک کے ایک اسلامی ملک کا نام۔
تُرکی بہ تُرکی جواب دینا (اُر۔محاورہ) (۱) جیسا کوئی کہے ویسا ہی جواب دینا (۲) سخت جواب دینا۔
تُرکی پٹے 'تازی (کانپے) کے کان ہوں (اُر۔مثل) ایک کو سزا کا دُوسروں پر اَثر ہونا۔
تُرکی تمام ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) گھمنڈ جاتا رہنا۔ غرور نکلنا (۲) کچھ نہ باقی رہنا (۳) ساری بہادری نکل جانا۔
ترکے (تر۔کے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) ترکہ کی جمع (۲) ترکہ کی مغیرہ صورت۔
ترکے میں آنا (اُر۔محاورہ) ورثے میں ملنا۔
ترکے میں چھوڑنا (اُر۔محاورہ) مرے پیچھے ورثا کے لئے مال و جائداد چھوڑنا۔
ترکیب (تر۔کیب) (ع۔ا۔مث) (۱) کئی چیزوں کو ملا کر ایک چیز بنانا۔ مُرکّب کرنا (۲) بناوٹ۔ ساخت۔ ملاوٹ۔ تناسُب (۳) ڈھنگ۔ طور۔ کسی چیز کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ (۴) تدبیر۔ علاج (۵) اِصطلاحِ نحو میں جملے کے ہر لفظ کے متعلق بتانا کہ وہ کیا ہے۔ جمع: تراکیب۔ اُردو جمع: ترکیبوں۔ ترکیبیں۔
ترکیب بند (ع۔ف۔ا۔مذ) نظم کی ایک قسم جس میں ہر بند کا آخری شعر جداگانہ ہوتا ہے۔
ترکیب دینا (اُر۔محاورہ) (۱) ملانا۔ بنانا (۲) مختلف اجزا کو ملا کر تیار کرنا۔
ترکیب سُوجھنا (اُر۔محاورہ) طریقہ خیال میں آنا۔ تدبیر سُوجھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ترکیب سے چلنا (اُر۔ محاورہ) کفایت شعاری برتنا۔ خاص اُصولوں پر کاربند ہونا۔

ترکیب کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تدبیر کرنا۔ صورت نکالنا (۲) بنانا۔ ملانا۔ مُرتّب کرنا (۳) بندوبست یا اِنتظام کرنا (۴) جُملے کے اَلفاظ کی اقسام اور مُتعلقات بتانا۔

ترکیب نکالنا (اُر۔ محاورہ) طریقہ سوچنا۔ ڈھنگ معلوم کرنا۔

ترکیب نکلنا (اُر۔ محاورہ) طریقہ نکلنا۔ ڈھنگ معلوم ہونا۔

ترکیبی (تر۔ کی۔ بی) (ع۔ ف۔ صف) (۱) مُرتّب۔ بنا ہوا۔ ملا ہوا (۲) بناوٹی۔

ترلوک (تر۔ لوک) (س۔ ا۔ مذ) دیکھئے تربھون۔ ترجگ۔

تُرم (ت۔ رم) (اَر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا باجا۔ بگل۔ ترئی۔ مُنہ سے بجانے کا وہ آلہ جس سے فوج میں قواعد کا حُکم سُنایا جاتا ہے۔ (انگ Trumpet کا مورد)۔

ترم (باز) خاں (اُر۔ ا۔ مذ) شیخی باز شخص۔

تُرمَتی (تر۔ م۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) باز یا شکرے کی ایک قسم۔

ترمرا (تر۔ م۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چکنائی کا دھبا جو پانی یا شوربے پر آ جاتا ہے (۲) وہ تارے جو دماغی صدمے یا کمزوری کے باعث آنکھوں کے سامنے اُڑتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ جمع: ترمرے۔ ترمروں۔

ترمراہٹ (تر۔ م۔ را۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مث) چندھیاپن (۲) تھرتھراہٹ۔

ترمکھ (تر۔ مکھ) (ہ۔ صف) (۱) تین (تر) چہروں والا (۲) تین دریاؤں کا سنگم۔

تُرمُنڈ (ق۔ صف) مکار۔ عیار۔ حیلہ باز۔

ترمیم (تر۔ میم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) اِصلاح۔ دُرستی۔ مرمت۔ سنوار (۲) تغیّر و تبدُّل۔ عربی جمع: ترامیم۔ ترمیمات۔ اُردو جمع: ترمیمیں۔ ترمیموں۔

تُرنت (ت۔ رنت) (نون غنہ) (ہ۔ متعلق فعل) دیکھئے تُرت۔

تُرنج (ت۔ رنج) (نون غنہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چکوترا۔ ایک قسم کا بڑا نیبو (۲) کارچوبی کام کے پان کی شکل جو شال وغیرہ کے کونوں پر بناتے ہیں۔

تُرنجبین (ت۔ رنج۔ بین) (ع۔ ا۔ مث) ایک قسم کی قُدرتی شکر جو اُونٹ کٹارے کے کانٹوں پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے (۲) لیموں کا رس جس میں کھانڈ ملا کر پیتے ہیں۔ (ف ترنگبین کا معرّب)۔

تُرنڈی (ت۔ رن۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کشتی (۲) (ق۔ ا۔ مث) آنت۔

تُرنگ (ت۔ رنگ) (نون غنہ) (ف۔ ا۔ مث) (۱) تیر کے چھوٹنے کی آواز (۲) ساز بجاتے وقت تار کی صدا۔

تَرنگ (ت۔ رنگ) (س۔ ا۔ مث) (۱) لہر۔ موج۔ اُمنگ۔ جوش۔ وجد (۲) نشے کی حرکت (۳) شیخی۔ تعلّی۔ لاف و گزاف۔

ترنگ آنا (اُر۔ محاورہ) جوش پیدا ہونا۔ طبیعت میں لہر اُٹھنا۔

تُرنگ (ت۔ رنگ) (ہ۔ ا۔ مذ) گھوڑا (۲) تیز چلنا۔

تَرَنُّم (ت۔ رن۔ نُم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گانا۔ الاپنا (۲) خُوش الاپ۔

ترنم ریز (ز) (ع۔ ف۔ صف) گانے والا۔

ترنم ریزی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ترنم ریز کا اِسم کیفیت۔ گانا۔ نغمہ سرائی۔

ترنم سرا (ع۔ ف۔ صف) گانے والا۔

ترنم سرائی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ترنم سرا کا اِسم کیفیت۔ گانا۔

تُروَٹ (تر۔ وٹ) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا گانا۔ ترانہ (۲) (متعلق فعل) فوراً۔ جلد۔

تُروَر (تر۔ ور) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے اور پھل اور بیج دواؤں میں اِستعمال ہوتے ہیں۔

تُرویج (تر۔ ویج) (ع۔ ا۔ مث) رواج دینا۔ اشاعت کرنا۔

ترویدی (تر۔ وے۔ دی) (س۔ صف) دیکھئے تربیدی۔

تَروِیَہ (تر۔ وِ۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مذ) ذوالحجہ کی آٹھویں تاریخ۔ اس دن حج شروع ہوتا ہے۔

تُرہ (ت۔ رہ) (تر۔ رہ) (ف۔ ا۔ مذ) ساگ۔ ترکاری۔ سبزی۔

ترہ فروش (ف۔ صف۔ و ا۔ مذ) سبزی یا ترکاری بیچنے والا۔ کنجڑا۔

تُرہی (تُرئی۔ تُری) (ہ۔ ا۔ مث) بگل۔ ترم۔ ایک قسم کی لمبی نفیری۔

تُرئی (ت۔ رئی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک ترکاری کا نام۔ توری۔

تُرئی کا سا پھول (اُر۔ صف) (۱) ترئی کے زرد پھول کی مانند جس کی زردی آنکھوں کو خوش نما معلوم ہوتی ہے (۲) روپے کا اس طرح خرچ ہونا کہ کم معلوم نہ ہو۔

تَری (ت۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) (۱) رطوبت۔ نمی (۲) بحر۔ سمندر۔ دریا۔

تِری (تِ۔ ری) (بکسر اوّل) (س۔ صف) تین۔ سہ۔ "تر" اِس کا مخفف ہے۔ مُرکّبات میں مستعمل ہے جیسے تِری مُورتی۔ تِرپھلا وغیرہ۔

تِری مُورتی (س۔ ا۔ مث) ہندو تثلیث میں برہما، وشنو اور شِو۔ (تینوں کی اکٹھی مُورتی)۔

تِری (تِ۔ ری) (بکسر اوّل) (ہ۔ ض) تیری کا مخفف۔

تِری آواز مکے اور مدینے (اُر۔ مثل) دیکھئے تیری آواز۔

تِریا (تر۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) عورت۔ زن۔ اِستری۔ لُگائی۔ بیوی۔ جورُو۔

تِریا بید (ہ۔ ا۔ مذ) علمِ نسواں۔

تِریا چرتر (چلتر) (ہ۔ ا۔ مذ) عورتوں کے مکر و فریب۔

تِریا راج (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) عورتوں کی حکومت (۲) بیوی کی حکومت۔

تِریا مت میں آنا (اُر۔ محاورہ) عورتوں کی عقل پر چلنا۔

تِریا مت میں جو کر آوے۔ وہ تو اِک دن لاج گنواوے (ہ۔ مثل) جو مرد عورتوں کا کہنا مانے گا وہ ایک دن اپنی عزت گنوائے گا۔

تِریا ہٹ (ہ۔ ا۔ مث) عورت کی ضد۔

تِریاق (ع۔ ا۔ مذ) زہر مُہرہ۔ زہر کی دوا جو زہر کے اثر کو زائل کر دیتی ہے۔

تِریاک (تر۔ یاک) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تریاق۔ زہر کی دوا (۲) اَفیون۔

تِریاکی (ف۔ صف) افیمی۔ افیونی۔

تِریاں (ق۔ ا۔ مث) مچھلیاں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تریانو (ق۔ا۔عدد) ترانوے۔ ۹۳۔

تریٰ بریٰ (ف۔صف) جُداجُدا۔ منتشر۔

ترپّن (ترِپّن) (تَ۔رے۔پَن) (تَ۔رِپ۔پَن) (ف۔ا۔عدد) پچاس اور تین ۵۳۔

تریتا (تَ۔رے۔تا) (س۔ا۔مث) (۱) ہندوؤں کا دُوسرا یُگ یا جُگ جو بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کا بتایا جاتا ہے۔

تریڑا (تَ۔رے۔ڑا) (ف۔ا۔مذ) (۱) دھار باندھ کر پانی ڈالنا (۲) پانی کی دھار جو کسی اُونچی جگہ سے گرے۔

تریڑا دینا (ف۔محاورہ) دھار باندھ کر پانی ڈالنا۔

تریز (تَ۔ریز) (بفتح اوّل و بکسر اوّل) (ف۔ا۔مث) کُرتے کے چوڑے مُنہ کی کلی جو چوبغلے کے نیچے پڑتی ہے۔

تریسٹھ (تِ۔رے۔سَٹھ) (ف۔ا۔عدد) ساٹھ اور تین۔ ۶۳۔

تریل (تَر۔یل) (ف۔ا۔مث) مست ہتھنی جس پر چارا لاد کر لاتے ہیں۔

ترین (تَ۔رین) (ف۔لاحقہ) تفضیل کُل کے آخر میں آتا ہے جیسے بہترین (سب سے اچھا یا اچھی)۔

تریند (تریندا) (تَ۔ریند) (تَ۔رین۔دا) (ف۔ا۔مذ) وہ ہلکی لکڑی جو مچھلی کے شکار کے لئے کانٹے سے کچھ اُوپر لگا دیتے ہیں۔ وہ پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ہے اور شکاری کو کانٹے میں مچھلی کے پھنسنے کا بتاتی ہے۔

ت۔ڑ

تڑ (بفتح اوّل) (ف۔ا۔صوت۔مذ) تھپڑ کی آواز۔ ضرب کی آواز۔ چٹاخ۔

تڑ سے (اُر۔متعلق فعل) بے باکی سے۔ گستاخی سے۔ فوراً۔

تڑا بھڑی (ف۔ا۔مث) (۱) جلدی۔ شتابی (۲) موت کی گرم بازاری (۳) گھبراہٹ۔ بے چینی (۴) افراتفری۔

تڑاپڑ (تَ۔ڑا۔پڑ) (اُر۔تابع فعل) دیکھئے تڑبڑ۔

تڑاتڑ (تَ۔ڑا۔تڑ) (ف۔ا۔صوت۔مث) (۱) متواتر آواز (۲) لگاتار مارنے کی آواز (۳) جوتی یا ہاتھ سے مارنے کی آواز (۴) مینہ کی بڑی بڑی بوندیں پڑنے کی آواز (۵) چٹاخ پٹاخ۔ جلد جلد۔

تڑاتڑ پڑنا (اُر۔محاورہ) لگاتار مار پڑنا۔

تڑاتڑ جواب دینا (اُر۔محاورہ) جلد جلد جواب دینا۔ دُو بدُو ہونا۔

تڑاخا (تڑاکا) (اُر۔ا۔مذ) (۱) ٹوٹنے کی آواز (۲) کسی چیز کا قحط (۳) سخت گرمی (۴) شدید پیاس۔

تڑاق (تڑاک) (تَ۔ڑاق) (اُر۔ا۔مذ) (۱) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) چٹاخ (۳) پٹاخے یا بندوق کی آواز۔

تڑاق (پڑاق) تڑاق (اُر۔ا۔مذ) کوڑے کی آواز۔ ٹوٹنے کی آواز۔ تڑاتڑ۔ سڑاسڑ (۴) (متعلق فعل) منہ درمنہ (۵) نڈر ہو کر۔ بے باکانہ (۶) (صف) شوخ طبع۔ چلبلا۔

تڑاق (تڑاخ) سے جواب دینا (اُر۔محاورہ) بے سوچے سمجھے جواب دینا۔ جو مُنہ میں آئے کہ دینا۔ گستاخی سے جواب دینا۔

تڑاقا (تڑاکا) (اُر۔ا۔مذ) (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) چٹاخا (۳) بندوق چلنے کی آواز (۴) ذائقے کی آواز۔ چٹخارا (۵) حُقّے کا دَم لگانے کی آواز (۶) بجلی کا کڑاکا۔ صاعقہ (۷) گرمی کی شِدّت (۸) پیاس کی شِدّت (۹) کسی چیز کا قحط۔ جمع: تڑاقوں۔ تڑاقے۔

تڑاقا بیتنا (اُر۔محاورہ) فاقہ گُزرنا۔ کچھ نہ کھانا۔

تڑاقا کھا کر گرنا (اُر۔محاورہ) غش کھا کر گرنا۔ صدمے یا فاقے کے باعث بیہوش ہو کر گرنا۔

تڑاقا کھانا (اُر۔محاورہ) کمی ہونا۔ توڑا ہونا (۲) چیخ جانا (۳) بیہوش ہو جانا۔

تڑاقے (اُر۔ا۔مذ) (۱) تڑاقا کی جمع (۲) تڑاقا کی مُغیّرہ صورت۔

تڑاقے بھرنا (اُر۔محاورہ) پرند کا زور سے اُڑنا۔

تڑاقے سے ہونا (اُر۔محاورہ) بناؤ سنگار سے ہونا۔

تڑاقے کا (اُر۔صف) (۱) شِدّت کا۔ زور کا (۲) بھڑکیلا۔ چمکیلا (۳) مزے دار۔ چٹ پٹا۔

تڑاقے کی دھوپ (اُر۔ا۔مث) بہت تیز دھوپ۔

تڑانا (تُ۔ڑا۔نا) (ف۔مع) (۱) علیحدہ کرنا۔ تُڑوانا (۲) توڑ ڈالنا (۳) روپیہ بُھنانا (۴) قیمت میں کمی کرانا۔ نیز دیکھئے تُڑوانا۔

تڑانا (تَو۔ڑا۔نا) (ف۔مع) زخم میں ٹیسیں پڑنا۔ درد سے جسم کا پھٹا پڑنا۔

تڑاوا (تڑایا) (تَ۔ڑا۔وا) (تَ۔ڑا۔یا) (ف۔ا۔مذ) (۱) خوش پوشاکی۔ بانکپن۔ رنگیلا پن (۲) دکھاوا۔ خود پسندی۔ نمائش۔

تڑائی (تُ۔ڑا۔ئی) (ف۔ا۔مث) (۱) پھل وغیرہ توڑنے کی اُجرت (۲) روپیہ خُردہ کرنے کا بٹّا یا معاوضہ۔

تڑپ (تَ۔ڑپ) (ف۔ا۔مث) (۱) بے قراری۔ بے تابی (۲) پُھرتی۔ چالاکی (۳) اُچھل کود (۴) جلدی۔ تیزی (۵) چمک دمک (۶) دل کا دھڑکنا (۷) پرندے کا پھڑپھڑانا (۸) بے حد خواہش۔ تمنّا۔ آرزو (۹) جوش۔ جذبہ (۱۰) وہ چمکدار چیز جو لیمپ کے پیچھے روشنی بڑھانے کو لگا دیتے ہیں (۱۱) (ف۔فعل) تڑپنا کا اَمر۔

تڑپ اُٹھنا (اُر۔محاورہ) بے چین ہو جانا۔ بے قرار ہو جانا۔

تڑپ تڑپ کر (اُر۔متعلق فعل) پھڑک پھڑک کر۔ بے تاب ہو کر۔ بے چین ہو کر۔

تڑپ جانا (اُر۔محاورہ) بیتاب ہو جانا۔ پھڑک جانا۔

تڑپ جھڑپ (اُر۔ا۔مث) (۱) پُھرتی۔ چالاکی۔ شوخی (۲) جوش۔ زور و شور۔

تڑپ کر (اُر۔تابع فعل) (۱) گھبرا کر۔ بے قرار ہو کر۔ بے چین ہو کر (۲) جلدی سے۔ پُھرتی سے۔

تڑپا دینا (ف۔مع مُرکّب) (۱) بے قرار کر دینا (۲) ہنسا ہنسا کر لوٹ پوٹ کر دینا۔

تڑپانا (ف۔مع) (۱) پھڑکانا۔ بے قرار کرنا۔ بے چین کرنا۔ اِضطراب میں ڈالنا (۲) ترسانا (۳) کُدانا (گھوڑے کو)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تڑتڑ (اَ۔امث) (۱) کسی کے جواب میں بغیر توقف کے کچھ کہنا (۲) جلد جلد۔

تڑپڑاہٹ (تَڑ۔پَ۔ڑا۔ہَٹ) (ا۔امث) تڑپنے کا عمل۔

تڑپڑی (تَڑ۔پَ۔ڑی) (ا۔امث) (۱) بے قراری۔ بے چینی (۲) زبان پر مرچ وغیرہ کی تیزی کا اثر۔

تڑپڑیاں (ق۔امث) پیچ و تاب۔

تڑپن (تَڑ۔پَن) (ا۔امث) بے چینی۔ بے کلی۔ تڑپنا کا اِسم کیفیت۔

تڑپنا (تَ۔ڑَپ۔نا) (ف۔مص) (۱) بے قرار ہونا۔ بے کل ہونا۔ بے تاب ہونا (۲) پھڑکنا۔ لوٹنا (۳) جست لگا کر چلا جانا (۴) دھڑکنا (۵) بے حد مشتاق ہونا (۶) پھڑپھڑانا۔

تڑتڑ (تَڑ۔تَڑ) (اَ۔ا صوت) (۱) بندوق یا پٹاخوں کی آواز (۲) خشک تنکی یا کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۳) جلتے ہوئے سرکنڈوں کی آواز (۴) (اَ۔تابع فعل) جلد جلد۔

تڑتڑانا (تَڑ۔تَ۔ڑا۔نا) (ف۔مص) (۱) تڑتڑ کی آواز دینا (۲) پھٹنے کی آواز دینا۔ تڑخنا (۳) متواتر بوندوں کے گرنے کی آواز ہونا (۴) ناراض ہونا۔ غصے ہونا (۵) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا (۶) درد کرنا۔ جلنا۔ تپکنا۔ ٹیس مارنا۔

تڑتڑاہٹ (تَڑ۔تَ۔ڑا۔ہَٹ) (ا۔امث) (۱) بندوق یا پٹاخے کی آواز (۲) غصہ (۳) شیخی (۴) درد۔ جلن۔ ٹیس۔

تڑخ (تَ۔ڑَخ) (اَ۔امث) درز۔ شگاف۔

تڑخ تڑخ نُور برستا ہے (اَ۔مثل) بدصورت کے لئے مذاقاً کہا جاتا ہے۔

تڑخ کر بولنا (اَ۔محاورہ) غصے سے جواب دینا۔

تڑخنا (تڑقنا) (تَ۔ڑَخ۔نا) (تَ۔ڑَق۔نا) (اَ۔مص) (۱) پھٹنا۔ کھل جانا (۲) زخم وغیرہ کا پھٹنا (۳) بگڑ کر بولنا۔

تڑسے۔ تڑ کے تحت دیکھئے۔

تڑکا (ا۔امذ) صبح۔ فجر۔ سویرا۔ علی الصباح (پن) بگھار۔

تڑکا ہونا (اَ۔محاورہ) (۱) فجر ہونا۔ صبح ہونا (۲) دماغی صدمے کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا (۳) بے حد مار کھانا۔ خوب پٹنا (۴) صفایا ہونا۔ دیوالہ نکلنا (۵) ہوش آنا۔ عقل آنا۔

تڑوانا (تڑ۔وا۔نا) (ف۔مص) توڑنا کا متعدی۔

تڑوائی (ا۔امث) دیکھئے تڑوائی۔

تڑی (تَ۔ڑِی) (ا۔امث) (۱) مار پیٹ (۲) فریب۔ دھوکا (۳) نقصان۔ گھاٹا (۴) دھمکی۔ دھونس۔

تڑی دینا (اَ۔محاورہ) (۱) دھمکانا۔ دھونس دینا (۲) دھوکا دینا (۳) احمق بنانا۔

تڑی میں آنا (اَ۔محاورہ) دھوکا کھانا۔ رُعب میں آنا۔

تڑیانا (تڑ۔یا۔نا) (ف۔مص) پر بندیا پر کٹے کبوتر کا دھیرے دھیرے اُڑ جانا۔

تڑی بڑی (تِ۔ڑی۔بِ۔ڑی) (ف۔صف) (۱) تتر بتر۔ منتشر۔ پریشان (۲) گڑبڑ (ق)۔

تریڑا (تَ۔رَے۔ڑا) (ا۔امذ) دیکھئے تریڑا۔

ت۔ز

تزاید (تَ۔زا۔یُد) (ع۔امذ) (۱) بڑھنا (۲) زیادتی۔ بڑھوتری۔ افزونی۔

تزک (ت۔زُک) (ت۔زُک) (ت۔امث) (۱) اِنتظام۔ ترتیب (۲) قاعدہ۔ قانون (۳) لشکر کا ضابطہ۔ مجلس کا ضابطہ (۴) شان و شوکت (۵) روزنامچہ۔

تزک و احتشام (ع۔امذ) شان و شوکت۔

تزکیہ (تز۔کی۔یَہ) (ع۔امذ) پاک کرنا۔ صاف کرنا (۲) پاکی۔ صفائی۔

تزکیۂ نفس (تز۔کی۔یَہ۔اے۔نفس) (ع۔امذ) نفس کو پاک کرنا۔

تزلزل (تَ۔زَل۔زُل) (ع۔امذ) (۱) ہلنا۔ حرکت کرنا (۲) زلزلہ۔ بھونچال (۳) لرزش۔ جنبش (۴) ہلچل۔ گڑبڑ۔

تزلزل (آشکارا ہونا) پڑنا (اَ۔محاورہ) (۱) زلزلہ آنا۔ بھونچال آنا (۲) شور مچنا۔ قیامت برپا ہونا۔ غضب ہونا۔

تزلزلِ بیاناتی (بیانی) (ع۔امذ) بیان میں لغزشیں کھانا۔

تزلزلِ عقائد (ع۔امذ) عقیدے میں فرق آجانا۔

تزوُّج (تَ۔زَو۔وُج) (ع۔امذ) (۱) شادی کرنا۔ بیاہ کرنا (۲) شادی۔

تزویج (تز۔ویج) (ع۔امث) (۱) جوڑا جوڑا کرنا۔ شادی کرنا (۲) نکاح۔ شادی۔

تزویجِ محرمات (ع۔امث) ایسے رشتے داروں سے شادی کرنا جن سے شادی کرنا شرعاً حرام ہے۔

تزویر (تز۔ویر) (ع۔امث) (۱) مکر۔ فریب۔ دھوکا (۲) جھوٹ۔ دروغ۔ جمع: تزویرات۔

تزئین (تز۔ئین) (ع۔امث) (۱) آرائش۔ زیب و زینت۔ سجاوٹ (۲) بناؤ سنگار۔ جمع: تزئینات۔

ت۔س

تِس (بکسر اوّل) (ا۔امث) (۱) پیاس۔ تشنگی (۲) سخت خواہش (۳) (اِسم اِشارہ) یہ۔ اِس۔

تِس پر (ف۔متعلق فعل) اِس پر۔ باوجود اِس کے۔ پھر بھی۔

تُس (بضم اوّل) (ا۔امذ) دیکھئے تُش۔

تُسار (تُ۔سار) (ف۔صف۔و۔امذ) دیکھئے تشار۔

تِسالا (تِ۔سالا) (ف۔صف) تین برس کا (۲) تین برس کے لئے۔ (تِ: تین)۔

تسامُح (تَ۔سا۔مُح) (ع۔امذ) (۱) باہمی مہربانی ' شفقت یا معافی۔ باہمی فیاضی (۲) چشم پوشی (۳) اِس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو (۴) ذو معنی بات کہنا (۵) سہو۔ غلطی۔ جمع: تسامحات۔

تساوی (تَ۔سا۔وی) (ع۔امث) (۱) برابری۔ مساوات۔ ہمسری (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُشابہت۔ مطابقت۔ یکسانیت۔

تَساہُل (تَ۔سا۔ہُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) سُستی۔ غفلت۔ آلکسی (۲) سہل انگاری۔ آسان سمجھنا۔

تَسبِیح (تَس۔بِیح) (ع۔ا۔مث) (۱) خُدا کی پاکی بیان کرنا۔ اللہ اللہ کہنا۔ خُدا کو یاد کرنا۔ سُبحان اللہ کا ورد کرنا (۲) سو دانوں کی مالا۔ سُبحہ (۳) ورد۔ وظیفہ۔ جمع: تسبیحات۔ اُردو جمع: تسبیحوں۔ تسبیحیں۔

تسبیح پڑھتے رہنا (اَر۔محاورہ) ہروقت کسی کی یاد میں رہنا۔ ہروقت خُدا کو یاد کرنا۔

تسبیح (پڑھنا) پھیرنا (اَر۔محاورہ) وظیفہ پڑھنا۔ مالا جپنا۔

تسبیح پھیروں کسی کو گھیروں (اَر۔مثل) سخت ریاکار و مکار کے متعلق کہتے ہیں۔

تسبیح خواں (ع۔ف۔صف) تسبیح پھیرنے والا۔ مالا جپنے والا۔

تسبیح خوانی (ع۔ف۔ا۔مث) وظیفہ پڑھنا۔ مالا جپنا۔

تسبیح سلیمانی (ع۔ف۔ا۔مث) سنگِ سلیمانی کے دانوں کی تسبیح۔ ان دانوں کی سیاہی کے درمیان سفید لکیر ہوتی ہے (۲) سیاہ پتھر کی تسبیح۔

تسبیح فاطمہ (ع۔ا۔مث) وہ وظیفہ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کو ہر فرض نماز کے بعد پڑھنے کے لئے تعلیم فرمایا تھا۔ سُبحان اللہ ۳۳ بار۔ اَلحمدُللہ ۳۳ بار۔ اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ۔

تَسبِیع (تَس۔بِیع) (ع۔ا۔مث) سات حِصّوں میں تقسیم کرنا۔ ہفت پہلو شکل بنانا۔

تَسخِیر (تَس۔خِیر) (ع۔ا۔مث) (۱) فرماں بردار بنانا۔ تابع کرنا (۲) گھیرنا۔ محاصرہ کرنا (۳) قابو میں لانا۔ جن یا پری کو قید کرنا (۴) کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا (۵) رُوحانیت کا ایک عمل۔ حاضرات کا علم۔ جمع: تسخیرات۔

تسخیرِ قلب (ع۔ا۔مث) کسی کے دل کو اپنی طرف مائل کرنا۔

تَسدِید (تَس۔دِید) (ع۔ا۔مث) دُرست کرنا (۲) مستحکم کرنا۔

تَسدِیس (تَس۔دِیس) (ع۔ا۔مث) (۱) چھ بنانا۔ چھ حِصّوں میں تقسیم کرنا (۲) شش پہلو شکل بنانا (۳) دو سیاروں کا مظہر جب ان کا فاصلہ ۶۰ درجے کا ہو۔

تَسطِیر (تَس۔طِیر) (ع۔ا۔مث) سطر بندی کرنا۔ قلم بند کرنا۔ لکھنا۔

تَسکِین (تَس۔کِین) (ع۔ا۔مث) (۱) آرام دینا (۲) تسلّی۔ دلاسا۔ اِطمینان (۳) افاقہ۔ آرام (۴) اِصطلاحِ قواعد میں حرف کو ساکن کرنا۔

تسکین بخش (ع۔ف۔صف) تسلّی دینے والا۔ اِطمینان دلانے والا۔

تسکینِ دل (ع۔ف۔ا۔مث) دل جمعی۔ ڈھارس۔

تَسلا (تَس۔لا) (ہ۔ا۔مذ) پرات۔ تانبے یا پیتل کا طشت۔ جمع: تسلوں۔ تسلے۔

تَسَلسُل (تَ۔سَل۔سُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) سلسلہ۔ زنجیر۔ لڑی (۲) سلسلہ وار ہونا۔

تَسَلُّط (تَ۔سَل۔لُط) (ع۔ا۔مذ) (۱) حکومت۔ غلبہ۔ قابو (۲) قبضہ۔ دخل۔

تسلّط (بٹھانا) جمانا (اَر۔محاورہ) حکومت قائم کرنا۔ قبضہ کرنا۔

تَسَلّی (تَ۔سَل۔لی) (ع۔ا۔مث) دلاسا۔ خاطر جمع۔ تسکین۔ اطمینان۔ اُردو جمع: تسلّیاں۔ تسلّیوں۔

تَسلِیم (تَس۔لِیم) (ع۔ا۔مث) (۱) سلام کرنا (۲) سپُرد کرنا۔ سونپنا (۳) قبول کرنا (۴) بندگی۔ آداب۔ کورنش۔ جمع: تسلیمات۔

تسلیم بجا لانا (اَر۔محاورہ) سلام کرنا۔ آداب عرض کرنا۔

تسلیم عرض ہے (اَر۔محاورہ) سلام کرتا ہوں۔ سلام عرض ہے۔

تسلیم کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) ماننا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا (۲) آداب بجا لانا۔ بندگی کرنا (۳) بڑے کو سلام کرنا۔

تسلیم و رضا (ع۔ا۔مث) اپنے آپ کو خُدا کے حوالے کرنا۔ خُدا کی رضا پر راضی رہنا۔

تَسلِیمات (تَس۔لی۔مات) (ع۔ا۔مث) تسلیم کی جمع۔ اُردو میں مفرد بھی اِستعمال ہوتا ہے۔ آداب۔ بندگی۔ کورنش۔ سلام۔

تَسمَہ (تَس۔مَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) چمڑے کا پتلا، کم چوڑا اور لمبا ٹکڑا (۲) جوتے یا بوٹ کا چمڑے کا فیتہ۔ اُردو جمع: تسموں۔ تسمے۔

تسمہ جمانا (اَر۔محاورہ) تسمے سے مارنا (۲) پٹّی لگانا۔ چِتہ لگانا۔

تسمہ کش (فتح کاف) (ف۔صف) ٹھگ۔ وہ شخص جو لوگوں کو گلا گھونٹ کر مار ڈالے۔

تسمہ کھینچنا (اَر۔محاورہ) تسمے سے گلا گھونٹ کر مارنا۔ پھانسی دینا۔

تسمہ لگا نہ رکھنا (اَر۔محاورہ) (۱) صاف گردن اُڑا دینا (۲) ذرا کسر نہ رکھنا۔

تسمہ لنگوٹا باندھنا (اَر۔محاورہ) (۱) فقیر یا قلندر بن جانا (۲) جوگی کا چیلا ہونا۔

تَسمے (تَس۔مے) (اَر۔ا۔مذ) (۱) تسمہ کی اُردو جمع (۲) تسمہ کی مُغیّرہ صورت۔

تسمے کے واسطے بھینس مارنا (اَر۔محاورہ) تھوڑے فائدے کے واسطے بہت نقصان کرنا۔

تَسمِیَہ (تَس۔مِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) نام رکھنا (۲) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہنا۔

تسمیہ خوانی (ع۔ا۔مث) بچّے کی بسم اللہ کرانے کی تقریب۔

تَسَنُّن (تَ۔سَن۔نُن) (ع۔ا۔مذ) سُنّی ہونا۔ سُنّت کی پیروی کرنا۔

تَسنِیم (تَس۔نِیم) (ع۔ا۔مث) بہشت کی ایک نہر کا نام۔

تَسُو (تَس۔سُو) (ہ۔ا۔مذ) ڈیڑھ اِنچ۔ گز کا چوبیسواں حِصّہ۔

تِسوانسی (تِس۔واں۔سی) (ہ۔ا۔مث) بسوانسی کا بیسواں حِصّہ۔ کچوانسی۔

تَسوِید (تَس۔وِید) (ع۔ا۔مث) (۱) سیاہ کرنا (۲) لکھنا۔ تحریر کرنا (۳) مسوّدہ تحریر کرنا۔ خاکہ تیار کرنا۔ جمع: تسویدات۔

تَسوِیَہ (تَس۔وِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) برابر کرنا۔ سیدھا کرنا۔ ٹھیک کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تَسہِیل (تَس۔ ہِیل)(ع۔ا۔مث)(۱) سہل کرنا۔ آسان کرنا (۲) سہولت۔ آسانی۔ جمع: تسہیلات۔

ت۔ش

تُش (بضمِ اوّل)(س۔ا۔مذ)(۱) اَناج کا چھلکا۔ خشک بھوسا (۳) پھوک (۴) ریشہ۔

تَشابُہ (تَ۔شا۔بُہ)(ع۔ا۔مذ) مُطابقت۔ مُشابہت۔ یکسانی۔ جمع: تشابہات۔

تشابُہ لگنا (اَر۔محاورہ) حافظِ قرآن کا پڑھتے پڑھتے اَلفاظ یکساں ہونے کی صورت میں کچھ کا کچھ پڑھنا۔

تُشار (تُ۔شار)(س۔ا۔مذ) کُہر۔ پالا۔ سردی (۲)(صف) سرد۔ ٹھنڈا۔

تَشاکُل (تَ۔شا۔کُل)(ع۔ا۔مذ) باہمی مشابہت۔ ہم شکل ہونا۔

تَشَبُّہ (تَ۔شَب۔بُہ)(ع۔ا۔مذ) مانند ہونا۔ مثل ہونا۔ جمع: تشبہات۔

تَشبِیب (تَش۔بِیب)(ع۔ا۔مث)(۱) آگ روشن کرنا (۲) جوانی کے زمانے کا ذکر کرنا۔ عاشقانہ مضامین بیان کرنا (۳) قصیدے کی ابتدا میں عاشقانہ مضامین نظم کرنا۔

تَشبِیہ (تَشبِیہَہ) (تَش۔بِیہ)(ع۔ا۔مث) مشابہت۔ تمثیل۔ ایک چیز کو دُوسری چیز کے مانند ٹھہرانا جیسے زید شیر جیسا بہادر ہے۔ جمع: تشبیہات۔

تَشت (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) تسلا۔ پرات۔ بڑا لگن (۲) پاخانے کا برتن۔ پاٹ۔ نیز دیکھیے طشت۔ اُردو جمع: تشت۔ تشتوں۔

تشت اَزبام ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) مشہور ہونا (۲) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا (۳) ظاہر ہونا۔ بھانڈا پھوٹنا۔ (تشت اَزبام: کوٹھے پر سے تشت کا گرنا)۔

تشت چوکی (ف۔ا۔مث) وہ چوکی اور طشت جو امیروں کے زچہ خانے یا پاخانے میں رکھا جاتا ہے۔

تشتِ (زر) زَرّیں (ف۔ا۔مذ)(کنایۃً) آفتاب۔ سورج۔

تَشَتُّت (تَ۔شَت۔تُت)(ع۔ا۔مذ) پراگندگی۔ اِنتشار۔ پریشانی۔ بے اطمینانی۔ اِضطراب۔ گھبراہٹ۔

تَشتری (اَر۔ا۔مث) رکابی۔ پلیٹ۔ نیز دیکھیے طشتری۔ جمع: تشتریاں۔ تشتریوں۔

تشتری لکھنا (اَر۔محاورہ) کسی عامل کا چاندی کی تشتری پر قرآن مجید کی آیات لکھنا جس کو دھو کر پینے سے مریضوں کو فائدہ ہوتا ہے۔

تَشَخُّص (تَ۔شَخ۔خُص)(ع۔ا۔مذ) اِمتیاز۔ ممتاز ہونا۔ جمع: تشخصات۔

تَشخِیص (تَش۔خِیص)(ع۔ا۔مث)(۱) جاننا۔ پہچاننا (۲) ٹھہرانا۔ معیّن کرنا۔ مقرّر کرنا (۳) مرض کا پہچاننا (۴) پہچان۔ شناخت (۵) جانچ۔ تخمینہ۔ جمع: تشخیصات۔

تشخیصِ جمع بندی (ع۔ف۔ا۔مث) مال گزاری کی رقم کا معیّن کرنا۔

تشخیصِ خام (ع۔ف۔ا۔مث) کچا اندازہ۔

تَشَدُّد (تَ۔شَد۔دُد)(ع۔ا۔مذ) سختی۔ زیادتی۔ جبر (۲) زدوکوب کرنا۔

تَشدِید (تَش۔دِید)(ع۔ا۔مث)(۱) ایک جنس کے دو حرفوں کو ایک لکھنا اور دو پڑھنا۔ جیسے تکلّف کا لام (۲) حرفِ مشدّد کی علامت (ّ)۔

تَشَرُّع (تَ۔شَر۔رُع)(ع۔ا۔مذ) شرع کی پابندی۔ شرع کے مطابق کام کرنا۔

تَشرِیح (تَش۔رِیح)(ع۔ا۔مث)(۱) کھول کر بیان کرنا۔ شرح کرنا (۲) تفصیل۔ تفسیر۔ وضاحت (۳) بدن کے اعضا کا علم۔ جسم کی بناوٹ کا بیان۔ جمع: تشریحات۔

تشریح الاعضا۔ دیکھیے علم تشریح الاعضاء۔

تشریح گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) جراحی اور طبابت کی نظری و عملی تعلیم کی جگہ۔

تَشرِیف (تَش۔رِیف)(ع۔ا۔مث)(۱) عزّت کرنا۔ بُزرگ بنانا (۲) بُزرگی۔ شرف۔ عزّت (۳) خلعت۔ جمع: تشریفات۔

تشریف آوری (ف۔ا۔مث)(کسی باعزّت شخص کا) آنا۔

تشریف اَرزانی فرمانا (اَر۔محاورہ) کسی امیر یا بُزرگ کا آنا۔ قدم رنجہ فرمانا۔

تشریف رکھنا (اَر۔محاورہ)(۱)(کسی بُزرگ یا معزّز آدمی کا) بیٹھنا (۲) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔

تشریف لے جانا (اَر۔محاورہ) رُخصت ہونا۔ سِدھارنا۔ جانا۔

تَشرِیفات (تَش۔ری۔فات)(ع۔ا۔مث) تشریف کی جمع۔ عزّتیں۔

تَشرِیق (تَش۔رِیق)(ع۔ا۔مث) عیدِ قربان کے بعد کے تین دن (ایّام کے ساتھ)(۲) مشرق کی طرف جانا۔ مشرق کی طرف مُنہ کرنا (۳) عید کی نماز پڑھنا۔

تَشرِیک (تَش۔رِیک)(ع۔ا۔مث)(۱) شریک بنانا۔ ساجھی بنانا (۲) شرکت۔ حصّہ داری۔

تَشَطُّط (تَ۔شَط۔طُط)(ع۔ا۔مذ) حد سے بڑھ جانا۔ حد سے گزر جانا۔

تَشَفّی (تَ۔شَف۔فی)(ع۔ا۔مث) تسلّی۔ تسکین۔ دل جمعی۔ ڈھارس۔ اطمینان۔ (لُغوی معنی: شفا چاہنا)۔

تَشَکُّک (تَ۔شَک۔کُک)(ع۔ا۔مذ)(۱) شُبہ کرنا (۲) شک۔ شُبہ۔

تَشَکُّل (تَ۔شَک۔کُل)(ع۔ا۔مذ)(۱) شکل پکڑنا (۲) ترتیب اَجزا۔ ہیئت۔ وضع (۳) علمِ ہیئت میں ستاروں کی مخصوص وضع و ترتیب۔

تَشکِیک (تَش۔کِیک)(ع۔ا۔مث)(۱) شک میں ڈالنا۔ شک۔ شُبہ۔

تَشکِیل (تَش۔کِیل)(ع۔ا۔مث) شکل بنانا۔ خاکہ بنانا۔ ساخت۔ بناوٹ۔ جمع: تشکیلات۔

تِشنا (تِش۔نا)(اَر۔ا۔مذ) عربی لفظ تشنیع کا بگاڑ۔ طعنہ۔ جمع: طعنوں۔ تشنے۔

تَشَنُّج (تَ۔شَن۔نُج)(ع۔ا۔مذ)(۱) اینٹھن۔ جکڑ جانا۔ عضلاتِ جسمانی کا کھنچنے لگنا (۲) ایک مرض جس میں اعضائے رئیسہ میں خلل واقع ہو جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ترلقمہ (ترمال۔ ترنوالہ) (اِ۔ مف) عمدہ غذا۔ کھانے کی اچھی چیز۔

تروتازہ (ف۔ صف) (۱) تازہ اترا ہوا پھل یا ترکاری (۲) بارونق۔ آبدار (۳) سُرخ و سفید (۴) ہرا بھرا۔ سرسبز۔ شاداب۔

تروخشکِ زمانہ (بہ اضافت) (ف۔ا۔مذ) دُنیا کے نشیب و فراز۔ آرام اور تکلیف۔

ترہونا (اِ۔ مص مُرکّب) بھیگنا۔ گیلا ہونا۔

تَرا (تَ۔را) (ہ۔ا۔مذ) سرسوں جیسا ایک بیج جس کا تیل نکالتے ہیں۔

تِرا (تِ۔را) (ہ۔ض) تیرا کا مُخفّف۔ نظم میں مستعمل ہے۔

تُراب (تُ۔راب) (ع۔ا۔مث) مٹی۔ زمین۔

تُرابی (تُ۔را۔بی) (ع۔صف) مٹی کا۔ مٹی میں لتھڑا ہوا۔

تراٹ اُٹھنا (ق۔مص مُرکّب) بولنے لگنا۔

تراجم (تَ۔را۔جم) (ع۔ا۔مذ) ترجمہ کی جمع۔

تَرادُف (تَ۔را۔دُف) (ع۔ا۔مذ) (۱) یکے بعد دیگرے۔ ایک کے بعد دُوسرے کا آنا (۲) سلسلہ۔ تسلسل (۳) ہم معنی ہونا۔ مترادف ہونا (۵) سلسلہ وار۔ لگاتار۔ جمع: ترادفات۔

ترارا (تَ۔را۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چھلانگ۔ گھوڑے کی جست (۲) پھرتی۔ چستی (۳) شیخی (۴) نشہ۔ سرور۔ جمع: تراروں۔ ترارے۔

ترارا بھرنا (اِ۔ محاورہ) (۱) جست لگانا۔ چھلانگ مارنا (۲) سرپٹ جانا۔

ترارا مارنا (اِ۔ محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ گپ مارنا۔

تَراز (تَ۔راز) (ف۔ا۔مذ) (۱) کپڑے کے نقش (۲) زینت و آرائش۔

ترازو (تَ۔را۔زو) (ف۔ا۔مذ و مث) وزن کرنے کا آلہ۔ کانٹا۔ تکڑی۔

ترازو (ہو جانا) ہونا (اِ۔ محاورہ) (۱) دونوں طرف برابر ہونا (۲) تیر کا بدن میں آر پار ہو کر لٹکا رہنا (۳) دو لشکروں کا تعداد میں اس طرح برابر ہونا کہ ایک دُوسرے پر غلبہ نہ پا سکے۔

تراسی (تِ۔راسی) (ہ۔ا۔عدد) تین اُوپر اسی۔ بیاسی کے بعد کا عدد۔ ۸۳۔

تراش (تَ۔راش) (ف۔ا۔مث) (۱) کتر بیونت۔ کاٹ چھانٹ (۲) کاٹنے کا ڈھنگ (۳) اختراع۔ ایجاد (۴) ڈھنگ۔ طرز (۵) بناؤ سنگار۔ آرائش (۶) کسی پھل کی پھانک یا قاش (۷) تاش یا گنجفے کے وہ پتے جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں (۸) (ف۔ صف) مصدر تراشیدن سے صیغۂ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور تراشنے یا کاٹنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے سنگ تراش۔

تراش خراش (ف۔ا۔مث) (۱) قطع و برید۔ کاٹ چھانٹ (۲) طرز۔ انداز (۳) بناؤ سنگار۔ زیب و زینت۔

تراش خراش کرنا (اِ۔ محاورہ) (۱) اپنے آپ کو سجانا۔ اچھا لباس پہننا (۲) کاٹنا۔ چھیلنا

تراش خراش نکالنا (اِ۔ محاورہ) نئی وضع اختیار کرنا۔ نیا انداز نکالنا۔

تراش ڈالنا (اِ۔ محاورہ) چھیل دینا۔ کتر دینا۔

تراشنا (تَ۔راش۔نا) (اِ۔مص) (۱) کاٹنا۔ چھیلنا۔ چھانٹنا۔ قطع کرنا (۲) قاش اُتارنا (۳) حجامت بنانا (۴) کاٹ کر کوئی صورت بنانا۔ تاش کے پتے کاٹنا۔ تاش یا گنجفے کے پتے تقسیم کرنے کے لئے کھلاڑی کے ہاتھ سے اُٹھانا (۶) بات بنانا۔

تراشہ (تَ۔را۔شہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) چھیلن۔ کترن (۲) فولادی اوزار جس سے سنگ تراش پتھر تراشتے ہیں (۳) پھانک۔ قاش (۴) اخبار یا رسالے سے کاٹا ہوا مضمون یا خبر۔ اُردو جمع: تراشوں۔ تراشے۔

تراشی (تَ۔را۔شی) (ف۔ا۔مث) چھیلنا۔ کاٹنا۔ مُرکّبات میں لاحقے کے طور پر آتا ہے جیسے سنگ تراشی۔

تراشیدہ (تَ۔را۔شی۔دہ) (ف۔ صف) چھیلا ہوا۔ کاٹا ہوا۔

تراضی (تَ۔را۔ضی) (ع۔ا۔مث) راضی ہونا۔ خوش ہونا۔ رضامندی۔

تراضیِ طرفین (تَ۔را۔ضی۔یے۔طَ۔رَ۔فین) (ع۔ا۔مث) فریقین کا راضی ہونا۔

ترا کرنا (تَ۔را۔کر۔نا) (ہ۔مص) تیرتے رہنا۔

تراکم (تَ۔را۔کُم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ڈھیر لگنا۔ اکٹھا ہونا (۲) ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔

تراکیب (تَ۔را۔کیب) (ع۔ا۔مث) ترکیب کی جمع۔

ترانا (تِ۔را۔نا) (ہ۔مص) (۱) پیرانا۔ ڈبونا کی ضد (۲) اُبھارنا۔ ڈوبتے کو نکالنا (۴) گناہوں سے بچانا۔

ترانوے (تِ۔ران۔وے) (ہ۔ا۔عدد) تین اوپر نوے۔ بانوے کے بعد کا عدد۔ ۹۳۔

ترانہ (تَ۔را۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) نغمہ۔ راگ (۲) وہ نغمہ جو کسی قوم یا ملک کے لئے سرکاری طور پر قومی نغمہ قرار دیا گیا ہو (۳) ایک سُر یا لے (۳) جوانِ رعنا۔ اُردو جمع: ترانوں۔ ترانے۔

ترانہ پرداز (ترانہ ریز۔ ترانہ زن۔ ترانہ ساز۔ ترانہ سنج) (ف۔ صف) (۱) ترانہ گانے والا (۲) گانے والا۔ موسیقار۔

تراوَ (ہ۔ا۔مذ) تیر کر پار اُترنا۔ تیرنا۔

تراوت (تراوٹ) (تَ۔را۔وَت) (تَ۔را۔وَٹ) (عربی طراوت سے ہندی بنایا ہوا) تازگی۔ ٹھنڈک۔ تری۔

تراوِش (تَ۔را۔وِش) (ف۔ا۔مث) (۱) ٹپکنا۔ بہنا۔ پھوٹنا (۲) (مجازاً) اشارے کنائے سے ظاہر ہونا۔ انداز سے معلوم ہونا۔ ترشح ہونا۔

تراوش پانا (اِ۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ انداز سے معلوم ہونا۔ جھلکنا۔

تراوش کرنا (اِ۔ محاورہ) ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ ہو کر گرنا۔

تراوش ہونا (اِ۔ محاورہ) (۱) ٹپکنا (۲) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا (۳) انداز سے معلوم ہونا (۴) برسنا۔

تراویح (تَ۔را۔ویح) (ع۔ا۔مث) ترویحہ کی جمع (۱) راحت دینا (۲) نماز کی وہ بیس (یا اہلِ حدیث کے مطابق آٹھ) رکعتیں جو ماہِ رمضان میں نمازِ عشا کے بعد اور وتروں سے پہلے پڑھی جاتی ہیں۔ چونکہ ہر چوتھی رکعت کے بعد تھوڑا آرام کرتے ہیں اس لئے اس نام سے موسوم ہوئیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تَصرِیح (تَص۔رِیح) (ع۔ا۔مث) (۱) واضح کرنا۔ صاف طور پر بیان کرنا (۲) تشریح۔ شرح۔ تفصیل۔ توضیح۔ جمع: تصریحات۔

تَصرِیف (تَص۔رِیف) (ع۔ا۔مث) (۱) مصدر کی گردان کرنا (۲) پھیرنا۔ بدلنا۔

تَصعِید (تَص۔عِید) (ع۔ا۔مث) (۱) بلند ہونا۔ اُونچی جگہ پر چڑھنا (۲) کسی دوا کو آگ دے کر سرپوش پر منجمد کرنا۔ جوہر حاصل کرنا۔

تَصغِیر (تَص۔غِیر) (ع۔ا۔مث) (۱) چھوٹا کرنا (۲) تخفیف۔ تقلیل۔ چھوٹائی۔

تَصفِیَہ (تَص۔فی۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) صاف کرنا۔ واضح کرنا (۲) صلح صفائی (۳) بے باقی (۴) فیصلہ۔

تصفیہ حساب (تصفی۔یۂ۔حساب) (ع۔ا۔مذ) حساب کی صفائی۔

تصفیہ طلب اُمور (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ اُمور جن کا فیصلہ ابھی کرنا ہو۔

تصفیہ نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) فیصلے کی تحریر۔

تَصلِیب (تَص۔لِیب) (ع۔ا۔مث) صلیب پر چڑھانا۔ سُولی دینا (۲) صلیب کا نشان بنانا۔

تَصمِیم (تَص۔مِیم) (ع۔ا۔مث) (۱) خالص کرنا۔ مصمم کرنا۔ مضبوط کرنا (۲) مضبوطی۔ پختگی۔

تَصَنُّع (تَ۔صَن۔نُع) (ع۔ا۔مذ) (۱) بناوٹ۔ ساخت (۲) دکھاوا۔ تکلف (۳) مکر۔ فریب (۴) تبدیلی۔ تلبیس۔

تَصنِیف (تَص۔نِیف) (ع۔ا۔مث) (۱) کتاب لکھنا۔ مضمون بنانا۔ طبیعت سے کوئی بات نکالنا (۲) طبع زاد تحریر۔ جمع: تصانیف۔ تصنیفات۔

تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں (ف۔ مقولہ) مصنف ہی اپنی کتاب کی خوبیاں اچھی طرح بیان کرسکتا ہے۔

تَصنِیفات (تَص۔نی۔فات) (ع۔ا۔مث) تصنیف کی جمع۔ تصانیف۔

تَصَوُّر (تَ۔صَو۔وُر) (ع۔ا۔مذ) ذہن میں تصویر بنانا (۲) خیال دھیان۔ مُراقبہ۔ سوچ (۳) منطق کی اِصطلاح میں کسی چیز کی صورت کا حکم کے بغیر عقل میں آنا۔ جمع: تصورات۔

تَصَوُّف (تَ۔صَو۔وُف) (ع۔ا۔مذ) (۱) پشمینہ پہننا (۲) صوفیوں کا عقیدہ یا مسلک (۳) علم معرفت (۴) دل سے خواہشوں کو دُور کر کے خُدا کی طرف دھیان لگانا (۵) تزکیۂ نفس کا طریقہ۔

تَصوِیب (تَص۔وِیب) (ع۔ا۔مث) (۱) ٹھیک رکھنا۔ سچا کہنا (۲) منظوری۔ تصدیق۔

تصویب نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) فیصلہ۔ منظوری۔

تَصوِیر (تَص۔وِیر) (ع۔ا۔مث) (۱) صورت بنانا۔ صورت گری (۲) مُورت۔ رُوپ۔ نقشہ۔ بُت۔ شبیہہ۔ نقش۔ فوٹو (۳) (صف) نہایت خوبصورت۔ بہت حسین۔ جمع: تصاویر۔ اُردو جمع: تصویروں۔ تصویریں۔

تصویر آنکھوں (کے تلے) میں پھرنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت کسی کا خیال، تصوُّر یا دھیان رہنا۔

تصویر اُتارنا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے تصویر کھینچنا نمبرا۔

تصویر (بن جانا) ہو جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بُت بن جانا۔ بے حِس و حرکت ہو جانا (۲) حیران ہو جانا (۳) حیرت سے چُپ ہو جانا۔

تصویرِ خیالی (ف۔ا۔مث) کسی کی شکل جو خیال میں دکھائی دے۔

تصویرِ (قالی) قالین (ف۔ا۔مث) (۱) قالین کے نقش و نگار (۲) (صف) (مجازاً) خاموش۔ چپ چاپ۔ بے حس و حرکت۔

تصویر کا اَبر (ف۔ا۔مذ) تصویر کا سایہ۔ تصویر میں سائے کو ظاہر کرنا۔

تصویر کا دُوسرا رُخ (اُر۔ا۔مذ) (۱) تصویر کی دُوسری طرف (۲) کسی چیز یا بات کا دُوسرا پہلو۔

تصویر کھینچ دینا (اُر۔ محاورہ) واقعات بتا دینا۔ اِس طرح بیان کرنا کہ واقعات کا نقشہ سامنے آجائے۔

تصویر کھینچنا (اُر۔ محاورہ) (۱) فوٹو لینا (۲) دیکھیے تصویر کھینچ دینا۔

تصویر کی حالت (ع۔اُر۔صف) نہایت خوبصورت۔ بے حد حسین۔

تصویرِ گِلی (ع۔ف۔ا۔مث) مٹی کی مُورتی۔ مٹی کا بُت۔

تصویر لگانا (اُر۔ محاورہ) تصویر نصب کرنا۔ دیوار پر تصویر لٹکانا۔

تصویر لینا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے تصویر کھینچنا نمبرا۔

تصویرِ نیم رُخ (ع۔ف۔ا۔مث) ایک طرف سے لی ہوئی تصویر۔ وہ تصویر جس میں چہرے کا ایک رُخ آئے۔

تصویر (ہو جانا) ہو کر رہ جانا (اُر۔ محاورہ) تصویر بن جانا۔ حیران ہو جانا۔

ت۔ض

تَضاد (تَ۔ضاد) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک دُوسرے کی ضد ہونا۔ ضد۔ مخالفت (۲) نظم یا نثر کی ایک صنعت جس میں مخالف یا متضاد الفاظ جمع کیے جاتے ہیں۔ جمع: تضادات۔

تَضاعُف (تَ۔ضا۔عُف) (ع۔ا۔مذ) دوگنا ہونا۔ دو چند۔

تَضحِیک (تَض۔حِیک) (ع۔ا۔مث) (۱) ہنسی اُڑانا (۲) ہنسی۔ ٹھٹھا (۳) ذِلت۔ رُسوائی۔ جمع: تضحیکات۔

تَضَرُّع (تَ۔ضَر۔رُع) (ع۔ا۔مذ) رونا۔ گڑگڑانا۔ آہ و زاری (۲) منت سماجت۔ جمع: تضرُّعات۔

تَضعِیف (تَض۔عِیف) (ع۔ا۔مث) (۱) دوگنا کرنا (۲) زیادہ کرنا۔

تَضلِیل (تَض۔لِیل) (ع۔ا۔مذ) گمراہی سے منسوب کرنا۔ گمراہ قرار دینا۔

تَضمِین (تَض۔مِین) (ع۔ا۔مث) (۱) ملانا۔ شامل کرنا (۲) اِصطلاح شاعری میں دُوسرے کے شعر پر مصرع یا بند لگانا۔ جمع: تضمینات۔

تَضیِیع (تَض۔یِیع) (ع۔ا۔مث) ضائع کرنا۔ گنوانا۔

تضییع اوقات (ع۔ا۔مث) وقت گنوانا۔ عمر رائیگاں گزارنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ت۔ط

تَطابُق (تَ۔طا۔بُق)(ع۔ا۔مذ) باہم مُطابقت۔مُشابہت۔یکسانی۔مناسبت۔ موافقت۔میل۔لگاؤ۔

تَطاوُل (تَ۔طا۔وُل)(ع۔ا۔مذ)(۱) دست درازی (۲) ظلم۔جور۔ستم۔ جفا(۳) گھمنڈ۔غرور۔نخوت۔

تَطْبِیق (تَط۔بِیق)(ع۔ا۔مث)(۱) مطابق کرنا۔مقابل کرنا۔برابر کرنا (۲) میل۔مُطابقت۔مُوافقت۔

تَطَوُّع (تَ۔طَوْ۔وُع)(ع۔ا۔مذ) فرض سے زیادہ کام کرنا۔ایسے حُکم کی تعمیل کرنا جس کا کرنا فرض نہ ہو۔مستحب و نوافل کا ادا کرنا۔

تَطْوِیل (تَط۔وِیل)(ع۔ا۔مث)(۱) دراز کرنا۔لمبا کرنا (۲) دیر لگانا (۳) لمبائی۔وُسعت (۴) دیر۔اِلتوا۔

تَطْہِیر (تَط۔ہِیر)(ع۔ا۔مث)(۱)پاک کرنا(۲)تنقیہ۔تزکیہ (۳) پاکی۔طہارت۔

ت۔ظ

تَظاہُر (تَ۔ظا۔ہُر)(ع۔ا۔مذ) باہم پُشتی کرنا۔ایک دُوسرے کی مدد کرنا۔

تَظَلُّم (تَ۔ظَل۔لُم)(ع۔ا۔مذ)(۱) ظلم وستم کی فریاد کرنا (۲) فریاد۔

ت۔ع

تَعارُض (تَ۔عا۔رُض)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک دُوسرے کے مقابل ہونا۔ آپس میں جھگڑنا (۲) برابری کرنا۔

تَعارُف (تَ۔عا۔رُف)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک دُوسرے کو پہچاننا (۲) شناسائی۔واقفیت۔جان پہچان۔

تَعاقُب (تَ۔عا۔قُب)(ع۔ا۔مذ) پیچھے جانا یا دوڑنا۔پیچھا کرنا۔

تَعال (تَ۔عال)(ع۔فعل) صیغۂ امر۔آ جا(۲) بلند ہو۔بُزرگ ہو۔برتر ہو۔

تَعالٰی (تَ۔عا۔لا)(ع۔صف) بلند۔برتر۔عالی (صرف اللہ کے ساتھ)۔

تَعالَی اللہ (کلمۂ تعجب وتحسین)(۱) خُدا بُزرگ و برتر ہے (۲) سُبحان اللہ۔واہ وا۔

تَعاوُن (تَ۔عا۔وُن)(ع۔ا۔مذ)(۱)ایک دُوسرے کی مدد کرنا(۲) باہمی اِمداد۔

تَعَب (تَ۔عَب)(ع۔ا۔مذ)(۱) رنج۔دُکھ (۲) محنت۔مشقت (۳) سختی۔ تکلیف (۴) تھکاوٹ۔تکان۔ماندگی۔

تَعَبُّد (تَ۔عَب۔بُد)(ع۔ا۔مذ)(۱) عبادت کرنا۔بندگی کرنا۔پُوجا کرنا (۲) عبادت۔بندگی۔پُوجا۔پرستش۔

تَعْبِیر (تَع۔بِیر)(ع۔ا۔مث)(۱) بیان کرنا۔عبارت میں لانا (۲) خواب کا نتیجہ یا معنی بیان کرنا (۳) تشریح۔توضیح۔جمع: تعبیرات۔اُرجمع: تعبیروں۔تعبیریں۔

تعبیر بتانا (اُر۔مص مُرکب) خواب کا نتیجہ بتانا۔

تعبیر کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) مُراد لینا۔

تعبیر گو (ع۔ف۔صف) خواب کا نتیجہ بتانے والا۔

تَعْبِیَہ (تَع۔بِ۔یَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) آراستہ کرنا۔سجانا (۲) پچی کاری کرنا۔بجونا (۳) کسی چیز کا کسی چیز میں اِس طرح مِل جانا کہ علیحدہ معلوم نہ ہو۔

تَعَجُّب (تَ۔عَج۔جُب)(ع۔ا۔مذ) اچنبھا۔تحیُّر۔حیرت۔حیرانی۔

تَعْجِیل (تَع۔جِیل)(ع۔ا۔مث) جلدی کرنا۔جلدی۔عجلت۔شتابی۔

تَعْجِیلی (تَع۔جی۔لی)(ع۔ف۔صف) تعجیل سے متعلق۔تیزی سے۔

تعجیلی تار (ع۔اُر۔ا۔مذ) وہ تار جسے عام تاروں کے مقابلے میں جلد بھیجا جائے۔اَرجنٹ تار۔

تعجیلی مُراسلہ (ع۔ا۔مذ) وہ مُراسلہ جو بلا تاخیر فوراً بھیجا جائے۔

تَعْداد (تَع۔داد)(ع۔ا۔مث)(۱) گنتی۔شمار (۲) اَندازہ۔تخمینہ۔مقدار۔

تَعَدُّد (تَ۔عَد۔دُد)(ع۔ا۔مذ)(۱) تعداد میں زیادہ ہونا (۲) بُہتات۔کثرت (۳) ضرب دینا۔بڑھنا۔

تعدُّدِ اِزدِواج (اَزواج) (ع۔ا۔مذ) مرد کا بیک وقت ایک سے زیادہ شادیاں کرنا۔چند زنی۔

تعدُّدِ شوہری (تعدُّدِ شوئی) (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک عورت کا بیک وقت کئی مردوں سے شادی کرنا۔چند شوہری۔

تَعَدّی (تَ۔عَد۔دی)(ع۔ا۔مث)(۱) حد سے بڑھ جانا (۲) ظلم۔ستم۔ جور۔جفا (۳) نااِنصافی۔

تَعْدِیل (تَع۔دِیل)(ع۔ا۔مث) برابر کرنا۔دُرست کرنا۔ٹھیک کرنا۔

تعدیلِ ارکان (ع۔ا۔مث) فقہ میں اَرکانِ نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک طور سے ادا کرنا۔

تَعْدِیَہ (تَع۔دِ۔یَہ)(ع۔ا۔مذ) فعلِ لازم کو متعدّی بنانا۔

تَعَذُّر (تَ۔عَذ۔ذُر)(ع۔ا۔مذ)(۱) عذر کرنا۔حُجت کرنا (۲) عذر۔حُجت۔ معذوری (۳) کسی کام کا دُشوار ہونا۔

تَعْذِیب (تَع۔ذِیب)(ع۔ا۔مث) عذاب دینا۔دُکھ دینا (۲) دُکھ۔عذاب۔سزا۔

تَعْذِیر (تَع۔ذِیر)(ع۔ا۔مث)(۱) عذر پیش کرنا۔معذور رکھنا (۲) عذر۔

تَعَرُّض (تَ۔عَر۔رُض)(ع۔ا۔مذ)(۱) سامنے آنا۔پیش ہونا (۲) روکنا۔ مزاحمت کرنا (۳) مزاحمت۔روک۔

تَعَرُّف (تَ۔عَر۔رُف)(ع۔ا۔مذ)(۱) شناخت کرنا (۲) بتانا۔جتانا۔

تَعْرِیب (تَع۔رِیب)(ع۔ا۔مث) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا۔

تَعْرِیض (تَع۔رِیض)(ع۔ا۔مث)(۱) چھیڑنا۔اِشارے کنائے سے بات کہنا (۲) اِعتراض کرنا۔

تَعْرِیف (تَع۔رِیف)(ع۔ا۔مث)(۱) واقفیت کرانا۔شناسائی کرانا (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

واقفیت۔ شناسائی (۳) ثنا۔ مدح (۴) شرح کرنا۔ کسی چیز کا حلیہ بیان کرنا (۵) پہچان۔ شناخت۔ اُردو جمع: تعریفوں۔ تعریفیں۔

تعریفُ المجہول بالمجہول (تعری فل۔ مجہول۔ بل۔ مجہول) (ع۔ ا۔ مث) کسی نامعلوم بات کو اِس طرح بتانا کہ سمجھ میں نہ آئے۔ کسی نامعلوم چیز سے کسی نامعلوم چیز کی مدد سے واقف کرانا۔

تعریف کرتے مُنہ سُوکھنا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ تعریف کرنا۔

تعریف (تعریفوں) کے پُل باندھنا (اُر۔ محاورہ) بے اِنتہا تعریف کرنا۔

تعریفی (تَع۔ ری۔ فی) (ع۔ صف) قابلِ تعریف۔

تعزُّز (ت۔ عز۔ زُز) (ع۔ ا۔ مذ) عزیز ہونا (۲) عزت۔ اِعزاز۔

تعزِیَت (تَع۔ زی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) ماتم پُرسی۔ مُردے کے پسماندگان سے اِظہارِ ہمدردی۔ پُرسا۔

تعزیت خانہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ماتم پُرسی کرنے کی جگہ۔ ماتم کا گھر۔

تعزیت نامہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ماتم پُرسی کا خط۔

تعزِیر (تَع۔ زیر) (ع۔ ا۔ مث) (۱) سیاست۔ سزا۔ گوش مالی (۲) تنبیہ کرنا۔ سرزنش کرنا۔

تعزِیرات (تَع۔ زی۔ رات) (ع۔ ا۔ مث) تعزیر کی جمع۔ سزائیں۔

تعزیراتِ پاکستان (ع۔ اُر۔ ا۔ مث) دیکھئے مجموعۂ تعزیراتِ پاکستان۔

تعزیراتِ ہند (ع۔ ا۔ مث) دیکھئے مجموعۂ تعزیراتِ ہند۔

تعزِیری (تَع۔ زی۔ ری) (ع۔ صف) تعزیر یا سزا سے متعلق۔

تعزیری کارروائی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ایسی کارروائی جو سزا دینے کے لئے کی جائے۔

تعزِیل (تَع۔ زیل) (ع۔ ا۔ مث) معزول کرنا۔ عُہدے سے ہٹانا۔

تعزِیَہ (تَع۔ زی۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تعزیت۔ ماتم پُرسی (۲) حضرت امام حسینؑ اور اہلِ بیتؓ کی تُربتوں کی نقل جو محرم کے دنوں میں کاغذ اور بانس وغیرہ سے بناتے ہیں۔ اُردو جمع: تعزیوں۔ تعزیے۔

تعزیہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تعزیے کو گلی کوچوں میں گشت کرانا۔ تعزیے کو ٹھنڈا کرنے یا دفن کرنے کے لئے لے جانا۔

تعزیہ ٹھنڈا کرنا (اُر۔ محاورہ) تعزیے کو دفن کرنا یا دریا میں بہانا۔

تعزیہ ٹھنڈا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) تعزیے کا دفن ہونا یا دریا میں بہایا جانا (۲) کسی مشہور آدمی کا مرجانا (۳) دیوالہ نکل جانا۔

تعزیہ دار (ع۔ ف۔ صف) جو شخص تعزیہ بنا کر رکھے یا نکالے۔

تعزیہ داری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) تعزیہ بنانا اور ماتم وغیرہ کا اِنتظام کرنا۔

تعزیہ نکالنا دیکھئے تعزیہ اُٹھانا۔

تعسُّر (ت۔ عس۔ سُر) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مشکل ہونا۔ دُشوار ہونا۔

تعشُّق (ت۔ عش۔ شُق) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چاہ۔ عشق۔ پیار۔ محبت۔ پریم (۲) شوق۔ اِشتیاق۔ تمنا۔ آرزو۔

تعصُّب (ت۔ عص۔ صُب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حمایت۔ طرف داری۔ جانب داری۔ پچ۔ ہٹ (۲) بے جا حمایت۔ جمع: تعصبات۔

تعطُّف (ت۔ عط۔ طُف) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مہربانی کرنا (۲) مہربانی۔ توجّہ۔

تعطُّل (ت۔ عط۔ طُل) (ع۔ ا۔ مذ) بے کار ہونا۔ خالی ہونا (۲) اِلتوا۔

تعطِیل (تَع۔ طیل) (ع۔ ا۔ مث) (۱) خالی کرنا (۲) کام سے فارغ کرنا (۳) چھٹی۔ جمع: تعطیلات۔

تعطیلِ عام (ع۔ ا۔ مث) ایسی چھٹی جو پورے ملک میں ہو۔ عام چھٹی۔

تعظِیم (تَع۔ ظیم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) بڑا جاننا۔ عزت۔ حرمت۔ وقعت۔ توقیر۔ قدر و منزلت۔

تعظیم بجا لانا (اُر۔ محاورہ) (۱) عزت کرنا (۲) آداب بجا لانا۔

تعظیم دینا (اُر۔ محاورہ) کسی کے آنے پر کھڑا ہو جانا۔ اِستقبال کرنا۔ عزت سے بٹھانا (۲) سلامی دینا۔

تعظیم سے پیش آنا (اُر۔ محاورہ) عزت کرنا۔ اَخلاق سے ملنا۔

تعظیم کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) عزت کرنا۔ آداب بجا لانا (۲) سلامی دینا۔

تعظِیماً (تَع۔ ظی۔ مَن) (ع۔ متعلق فعل) عزت کے ساتھ۔ اَز رُوئے تعظیم۔

تعظِیمی (تَع۔ ظی۔ می) (ع۔ صف) تعظیم سے متعلق۔

تعفُّف (ت۔ عف۔ فُف) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پارسائی۔ پرہیزگاری۔ عفت (۲) دین داری۔

تعفُّن (ت۔ عف۔ فُن) (ع۔ ا۔ مذ) سڑاند۔ بدبُو۔ عفونت۔

تعقُّل (ت۔ عق۔ قُل) (ع۔ ا۔ مذ) سمجھنا۔ سوچنا۔ غور کرنا (۲) عقل مندی۔

تعقِیب (تَع۔ قیب) (ع۔ ا۔ مث) (۱) نماز پڑھنے کے بعد وظیفے کے لئے بیٹھنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز کے بعد کرنا۔

تعقِید (تَع۔ قید) (ع۔ ا۔ مث) (۱) مضبوط باندھنا۔ گرہ دینا (۲) پوشیدہ بات کہنا (۳) اِصطلاحِ علمِ معانی میں اَلفاظ کا اپنے صحیح مقام سے آگے پیچھے ہو جانا۔

تعقیدِ لفظی (ع۔ ا۔ مث) لفظوں کو آگے پیچھے کر دینا جس سے معنی سمجھنے میں دِقت ہو۔

تعقیدِ معنوی (ع۔ ا۔ مث) ایسا لفظ اِستعمال کرنا جس سے شاعر کی مُراد کچھ اور ہو مگر محلِ اِستعمال میں کچھ اور معنی دے رہا ہو۔

تعلُّق (ت۔ عل۔ لُق) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) علاقہ۔ لگاؤ۔ مناسبت (۲) رشتہ داری۔ میل (۳) میلان۔ رُجحان (۴) محبت (۵) سروکار۔ واسطہ (۶) ملازمت (۷) جائداد۔ ملکیت (۸) آشنائی۔ جمع: تعلقات۔

تعلُّقِ خاطر (ع۔ ا۔ مذ) دل (خاطر) کا لگاؤ۔ میلانِ طبع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تعلّق دار (ع۔ف۔صف) (۱) رشتے دار (۲) دوست۔ میل جول رکھنے والا۔

تعلّق داری (ع۔ف۔ا۔مث) رشتہ۔ تعلّق۔ دوستی۔ میل جول۔

تعلّق رکھنا (اُر۔محاورہ) (۱) میل جول رکھنا (۲) علاقہ رکھنا۔ سروکار رکھنا۔

تعلّق رہنا (اُر۔محاورہ) (۱) محبت رہنا۔ اُلفت رہنا (۲) دوستی رہنا۔

تعلّق منقطع ہو جانا (اُر۔محاورہ) دوستی جاتی رہنا۔ تعلّق چھوٹ جانا۔

تعلّق ناجائز (ف۔صف) بغیر بیاہ شادی کے مرد و عورت کا جنسی تعلّق۔

تعلّق (ہو جانا) ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) ملازمت ہو جانا۔ نوکر ہو جانا (۲) آشنائی ہو جانا۔ آنکھ لڑ جانا۔

تعلّقات (تَ۔عَل۔لُ۔قات) (ع۔ا۔مذ) تعلّق کی جمع۔ واسطے۔ مراسم۔ عزیز داریاں۔ دوستی۔

تعلّقات اچھے ہونا (اُر۔محاورہ) یارانہ ہونا۔ آپس میں پیار ہونا۔

تعلّقہ (تَ۔عَل۔لُ۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ملکیت۔ جائداد (۲) صوبے کا ایک حصّہ۔ ضلع (۳) زمینداری۔ علاقہ۔ جاگیر۔ اُردو جمع: تعلّقہ جات۔

تعلّقہ دار (ع۔ف۔ا۔مذ) علاقہ دار۔ جاگیردار۔ بڑا زمیندار۔

تعلّقہ داری (ع۔ف۔ا۔مث) زمینداری میں حق اعلیٰ رکھنا۔

تعلّل (تَ۔عَل۔لُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) دل بہلانا (۲) وقت گزارنا (۳) عذر پیش کرنا (۴) عذر۔ بہانہ۔ حیلہ۔

تعلّم (تَ۔عَل۔لُم) (ع۔ا۔مذ) علم پڑھنا۔ سیکھنا۔

تعلّی (تَ۔عَل۔لی) (ع۔ا۔مث) (۱) بلندی۔ ترقّی۔ برتری۔ بزرگی۔ بڑائی (۲) شیخی۔ ڈینگ۔

تعلّی پر آنا (تعلّی کی لینا) (اُر۔محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔

تعلیق (تَع۔لیق) (ع۔ا۔مث) (۱) ایک چیز کو دوسری چیز سے متعلق کرنا (۲) لٹکانا۔ دیر لگانا (۳) ایک قسم کا خط جو خواجہ تاج اصفہانی کی ایجاد ہے (۴) ملتوی کرنا (۵) مشابہت (ق)۔

تعلیق بالمحال (بِل۔مُ۔حال) (ع۔ا۔مث) کسی اَمر کو ناممکن اَمر پر منحصر کرنا۔

تعلیقہ (تَع۔لی۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) مال و اَسباب کی ضبطی۔ مکان کی قرقی (۲) قرق شدہ اَسباب کی فہرست (۳) کتاب کا ضمیمہ (۴) حاشیے پر لکھی گئی تحریر۔ جمع: تعلیقات۔

تعلیل (تَع۔لیل) (ع۔ا۔مذ) (۱) وجہ بیان کرنا (۲) توجّہ دلانا (۳) قواعد میں اعراب یا حروفِ علّت کی تبدیلی کی وجہ بیان کرنا۔

تعلیم (تَع۔لیم) (ع۔ا۔مث) (۱) سکھانا۔ بتانا (۲) تلقین۔ ہدایت۔ تربیت۔

تعلیم دینا (کرنا) (اُر۔محاورہ) سکھانا (۲) لکھنا پڑھنا سکھانا۔

تعلیم (پانا) حاصل کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) علم سیکھنا (۲) ہدایت پانا۔

تعلیم گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) تعلیم پانے کی جگہ (۲) مکتب۔ اسکول۔ کالج وغیرہ۔

تعلیم لینا (اُر۔محاورہ) علم حاصل کرنا۔

تعلیم نِسواں (ع۔ا۔مث) عورتوں کی تعلیم۔

تعلیم یافتہ (ع۔ف۔صف) پڑھا لکھا۔ تربیت یافتہ۔

تعلیمی (تَع۔لی۔می) (ع۔صف) تعلیم کا۔ تعلیم سے متعلق۔

تعمّق (تَ۔عَم۔مُق) (ع۔ا۔مذ) (۱) غور کرنا۔ کسی چیز کی تہ کو پہنچنا (۲) گہرائی۔ باریک بینی۔

تعمیر (تَع۔میر) (ع۔ا۔مث) لُغوی معنی آباد کرنا۔ تخریب کی ضد (۱) مکان بنانا۔ عمارت بنانا (۲) مرمت کرنا (۳) عمارت۔ مکان۔ گھر (۴) بناوٹ۔ ساخت۔ جمع: تعمیرات۔

تعمیری (تَع۔می۔ری) (ع۔صف) (۱) تعمیر سے متعلق (۲) اصلاحی۔ مثبت۔ تخریبی کی ضد۔

تعمیق (تَع۔میق) (ع۔ا۔مث) غور کرنا۔ سوچنا۔ دُور اندیشی سے کام لینا۔

تعمیل (تَع۔میل) (ع۔ا۔مث) (۱) عمل کرنا (۲) حکم بجا لانا (۳) بجا آوری۔ عمل درآمد (۴) فرماں برداری۔

تعمیلِ سمن (ع۔انگ۔ا۔مث) (قانون) سرکاری پروانہ طلبی کی تعمیل۔ (غلط العام)۔

تعمیل کنندہ (ع۔ف۔صف) تعمیل کرنے والا۔ حکم بجا لانے والا۔

تعمیم (تَع۔میم) (ع۔ا۔مث) (۱) عام کرنا۔ ہر ایک کو شامل کرنا (۲) عمومیّت۔ کلّیت۔ جمع: تعمیمات۔

تعمیہ (تَع۔م۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) اندھا کرنا (۲) معمّا کہنا (۳) مادّۂ تاریخ کی کسی حرف، لفظ یا فقرے سے پوری کر دینا۔

تعنّت (تَ۔عَن۔نُت) (ع۔ا۔مذ) عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ بدگوئی۔

تعوّذ (تَ۔عَو۔وُذ) (ع۔ا۔مذ) اَعُوذُ بِاللہ کہنا۔ پناہ لینا۔ جمع: تعوذات۔

تعویذ (تَع۔ویذ) (ع۔ا۔مذ) (۱) پناہ دینا۔ امان۔ بچاؤ (۲) وہ کاغذ یا تختی جس پر اَعداد یا اَسمائے الٰہی کی خانہ پُری کر کے حصولِ مُراد یا حفاظت کے لئے گلے میں ڈالتے یا بازو پر باندھتے ہیں (۳) اینٹوں یا پتھر کا نشان جو قبر کے اُوپر بناتے ہیں (۴) گلے کا ایک زیور۔ اُردو جمع: تعویذ۔ تعویذوں۔

تعویذ بخشنا (اُر۔محاورہ) (۱) تعویذ دینا (۲) تعویذ لکھنے کی اجازت دینا۔

تعویذ بنانا (اُر۔محاورہ) کسی کو ہر وقت پاس رکھنا۔

تعویذ بہانا (اُر۔محاورہ) حصولِ مقصد کے لئے دریا میں تعویذ ڈالنا۔

تعویذ چاٹنا (اُر۔محاورہ) ذہن بڑھنے یا دفعِ مرض کے لئے کوئی نقش یا کلامِ الٰہی کا لکھا ہوا پُرزہ زبان سے چاٹنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تعویذ دھو کے پینا (اُر۔ محاورہ) کاغذ کا یا قبر کا تعویذ برائے دفعِ بیماری دھو کر پیتے ہیں۔

تعویذ عمل میں ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی شخص میں اتنی رُوحانی قوت ہونا کہ اُس کے ہاتھ کا لکھا ہوا تعویذ اثر دکھائے (۲) تعویذ کا عامل ہونا۔

تعویذ کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کاغذ کو تعویذ کی طرح حفاظت سے رکھنا۔

تعویذ گاڑنا (اُر۔ محاورہ) حصولِ مقصد کے لئے تعویذ زمین میں دفن کرنا۔

تعویذ گنڈے کے بھروسے نہ رہنا۔ کچھ کر کا بھی زور لگانا (اُر۔ مقولہ) خود بھی کوشش کرنی چاہیے۔

تعویذِ لحد (ع۔ اِ۔ مذ) تعویذ کی شکل جو قبر کے درمیان بنی ہوتی ہے۔

تعویذ وطومار (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) جادو ٹونا۔ تعویذ گنڈے۔

تعویذی (تَع۔ وی۔ ذی) (ع۔ صف) تعویذ سے متعلق۔ تعویذ کی مانند۔

تعویذی گلوری (ع۔ اُر۔ اِ۔ مث) مربع پان کا بیڑا۔ چوکھونٹا بیڑا۔

تعویذیا (تَع۔ ویذ۔ یا) (اُر۔ صف) ایک قسم کا کبوتر جس کے گلے میں تعویذ کی شکل کے سفید پر ہوتے ہیں۔

تعویق (تَع۔ ویق) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) ڈھیل۔ دیر (۲) ٹال مٹول۔

تعہد (تَ۔ عَہ۔ ہُد) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) وعدہ۔ عہد (۲) عہد نامہ۔ پٹا۔ اِقرار نامہ۔

تعہد دار (ع۔ اُر۔ اِ۔ مذ) اِقرار نامہ رکھنے والا۔ پٹے دار۔

تعیش (تَ۔ عَی۔ یُش) (ع۔ اِ۔ مذ) عیش کا سامان مہیا کرنا۔ عیش و عشرت۔

تعیشات (تَ۔ عَی۔ یُ۔ شات) (ع۔ اِ۔ مذ) تعیش کی جمع (۱) تکلفات (۲) سامانِ عیش و راحت۔

تعین (تَ۔ عَی۔ یُن) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) ٹھہرانا۔ مقرر کرنا۔ معیّن کرنا۔ مخصوص کرنا (۲) تقرری۔ تعیناتی (۳) روک۔ قید۔

تعین دعویٰ (ع۔ اِ۔ مذ) دعوے کا مقرر کرنا۔

تعینات (تَ۔ عَی۔ یُ۔ نات) (اُر۔ صف) مقرر۔ متعین۔ یہ لفظ بظاہر تعیّن کی جمع ہے لیکن دراصل اُردو والوں کا بنایا ہوا ہے اور وہ اس کا تلفظ "عیّنات" کرتے ہیں۔

تعینات کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) مقرر کرنا۔ متعین کرنا۔ ڈیوٹی لگانا۔

تعینات ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) مقرر ہونا۔ ڈیوٹی لگنا۔

تعیناتی (تَ۔ عَی۔ یُ۔ نا۔ تی) (اُر۔ اِ۔ مث) تقرر۔

تعیین (تَع۔ یین) (ع۔ اِ۔ مث) مخصوص کرنا۔ مقرر کرنا۔ تقرر۔

ت۔غ

تغابن (تَ۔ غا۔ بُن) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) خسارہ۔ نقصان (۲) دھوکا دینا۔ غبن کرنا۔

تغادا (تَ۔ غا۔ دا) (ق۔ اِ۔ مذ) تقاضا کا قدیم تلفظ اور اِملا۔

تغار (تغارا) (تَ۔ غار) (تَ۔ غا۔ را) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) مٹی کا کونڈا یا ناند (۲) وہ گڑھا جو گارا بنانے یا چونا بھگونے کے لئے بناتے ہیں۔

تغاری (تَ۔ غا۔ ری) (اُر۔ اِ۔ مث) آٹا گوندھنے کا برتن۔ کونڈا۔ تغار کی تصغیر۔

تغافل (تَ۔ غا۔ فُل) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) جان بُوجھ کر غفلت کرنا (۲) بے التفاتی۔ کم توجہی۔ بے پروائی۔

تغافل پسند (تغافل پیشہ۔ تغافل شعار۔ تغافل شیوہ۔ تغافل کیش) (ع۔ ف۔ صف) غفلت شعار۔ بے پروا۔ غافل (عموماً معشوق کے متعلق استعمال ہوتا ہے)۔

تغافل (پسندی) شعاری (ع۔ ف۔ اِ۔ مث) بے اِلتفاتی پسند کرنا۔ کم توجہی اختیار کرنا۔

تغایر (تَ۔ غا۔ یُر) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) فرق۔ تفاوت۔ مُغایرت۔

تغذیہ (تَغ۔ ذِ۔ یَہ) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) غذا دینا۔ پرورش کرنا (۲) خوراک۔ غذا۔

تغزل (تَ۔ غز۔ زُل) (ع۔ اِ۔ مذ) غزل گوئی۔ شعروں میں عشقیہ مضامین بیان کرنا۔

تغلب (تَ۔ غَل۔ لُب) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) غلبہ کرنا (۲) قبضہ کرنا (۳) غبن۔ خیانت۔

تغلیط (تَغ۔ لیط) (ع۔ اِ۔ مث) غلطی میں ڈالنا۔ غلطی سے منسوب کرنا۔ غلط ٹھہرانا۔

تغما (تغمہ) (تَغ۔ ما) (تَغ۔ مَہ) دیکھئے تمغا جو صحیح ہے۔

تغیر (تَ۔ غَی۔ یُر) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) بدلنا۔ پلٹنا (۲) اِنقلاب۔ ایک حالت سے دُوسری حالت میں جانا۔ جمع: تغیرُات۔

تغیر و تبدل (ع۔ اِ۔ مذ) تبدیلی۔ اِنقلاب۔

تغیرات (تَ۔ غَی۔ یُ۔ رات) (ع۔ اِ۔ مذ) تغیر کی جمع۔

تغیرات ہر سالہ (ع۔ ف۔ اُر۔ اِ۔ مذ) ایک کتاب جو تحصیلدار کے پاس رہتی ہے اور جس میں ہر سال کے تغیرات (مثلاً نمبروں کا داخل خارج وغیرہ) لکھے جاتے ہیں۔

تغییر (تَغ۔ ییر) (ع۔ اِ۔ مث) حالت بدل دینا۔ پلٹ دینا۔ تبدیل کرنا۔

ت۔ف

تف (بفتحِ اوّل) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) بُخارات۔ بھاپ (۲) دُھواں (۳) دُھند۔

تُف (بضمِ اوّل) (ف۔ اِ۔ مث) لعابِ دہن۔ تھوک (۲) کلمۂ نفرین۔ لعنت۔

تف نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) پروا نہ کرنا۔ ادنیٰ توجہ بھی نہ کرنا۔

تف ہے تیری اوقات پر (اُر۔ محاورہ) لعنت ہے تیرے اطوار پر۔

تفاخر (تَ۔ فا۔ خُر) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔ غرور کرنا۔ اپنے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آپ کو بڑا سمجھنا (۲) غرور۔ فخر۔

تَفارِیق (ت۔ فا۔ ریق)(ع۔ ا۔ مث)(۱) تفریق کی جمع۔

تَفاس (ت۔ فاس)(ق۔ ا۔ مث) تلاش۔ تحقیق۔

تَفاسِیر (ت۔ فا۔ سیر)(ع۔ ا۔ مث) تفسیر کی جمع۔

تَفاصِیل (ت۔ فا۔ صیل)(ع۔ ا۔ مذ و مث) تفصیل کی جمع۔ تفصیلات۔

تَفاوُت (ت۔ فا۔ وُت)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) فاصلہ۔ دُوری۔ فرق (۲) جدائی۔

تفاوُت ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا (۲) فرق ہونا۔

تَفاؤُل (ت۔ فا۔ اُل)(ع۔ ا۔ مذ) فال نکالنا۔ شگون لینا۔

تَفتَہ (تف۔ تہ)(فتح اوّل)(ف۔ صف)(۱) بہت گرم (۲) جلا بُھنا (۳) بے قرار۔ مُضطرب (۴) مروڑا ہوا۔ پیچیدہ (۵) عاشق۔

تفتہ جاں (تفتہ جگر۔ تفتہ دِل)(ف۔ صف)(۱) سوختہ جگر۔ دل جلا (۲) آتشِ عشق سے جلا ہوا۔

تَفتِیدَہ (تف۔ تی۔ دہ)(ف۔ صف) وہ چیز جو آفتاب یا آگ سے گرم کی جائے۔

تَفتِیش (تف۔ تیش)(ع۔ ا۔ مث) چھان بین۔ کھوج۔ تحقیقات۔ پُوچھ پاچھ۔

تَفَحُّص (ت۔ فَح۔ حُص)(ع۔ ا۔ مذ) جستجو۔ تلاش۔ ٹوہ۔ ڈھونڈ۔ جمع: تفحصات۔

تَفَرُّج (ت۔ فر۔ رُج)(ع۔ ا۔ مذ) کشائش۔ خوشحالی (۲) سیر۔ تماشا۔ تفریح۔ دل لگی۔

تَفرِقَہ (تف۔ رِ۔ قہ)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) دو چیزوں میں فرق آنا (۲) فرق۔ اِختلاف (۳) جدائی۔ فاصلہ۔ علیحدگی (۴) پُھوٹ۔ نااتفاقی۔ جمع: تفرقات۔

تفرقہ اُٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) کوئی فرق نہ رہنا۔

تفرقہ (انداز) پرواز (ع۔ ف۔ صف) پُھوٹ ڈالنے والا۔

تفرقہ (اندازی) پردازی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پُھوٹ ڈالنے کا فعل۔

تفرقہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) پُھوٹ ڈالنا۔ اَن بَن کرانا۔ فساد کرانا۔

تَفرِیح (تف۔ ریح)(ع۔ ا۔ مث)(۱) غم دُور کرنا (۲) دل لگی۔ خوش طبعی (۳) ہواخوری۔ سیر۔ دل بہلانا (۴) تازگی۔ فرحت۔ جمع: تفریحات۔ اُردو جمع: تفریحوں۔ تفریحیں۔

تفریحِ طبع (بہ اضافت)(ع۔ ا۔ مث) دل بہلاوا۔ خوشی۔ دل لگی۔ مزاح۔

تَفرِیحاً (تف۔ ری۔ حن)(ع۔ متعلق فعل) اَز رُوئے تفریح۔ ہنسی سے۔ مذاقاً۔ دل لگی سے۔

تَفرِیحی (تف۔ ری۔ حی)(ع۔ صف) تفریح سے متعلق۔

تَفرِید (تف۔ رید)(ع۔ ا۔ مث)(۱) اکیلا رہ جانا۔ تنہا رہنا (۲) کسی بات میں فرد یا یکتا ہونا۔ یکتائی۔

تَفرِیس (تف۔ ریس)(ع۔ ا۔ مث) غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنانا۔

تَفرِیط (تف۔ ریط)(ع۔ ا۔ مث)(۱) گھٹانا۔ کمی کرنا (۲) غفلت کرنا۔ کوتاہی کرنا (۳) کمی۔ کوتاہی۔

تفریطِ قدرِ زر (ع۔ ف۔ ا۔ مث) زر کی قدر یعنی قوتِ خرید میں کمی۔ ایسا اُس وقت ہوتا ہے جب اشیا گراں ہو جائیں اور زر کی مقررہ مقدار پہلے سے کم چیزیں خریدے۔ (Depreciation)۔

تَفرِیق (تف۔ ریق)(ع۔ ا۔ مث)(۱) جدا کرنا۔ فرق ڈالنا (۲) جدائی۔ علیحدگی (۳) کسی بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹانا (۴) تمیز۔ اِمتیاز (۵) (قانون) بٹائی۔ بانٹ۔ جمع: تفاریق۔

تفریق نامہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دستاویز جس میں ہر فریق کے حصّے درج ہوں (۲) اقرار نامہ جو ان حصّوں کا فیصلہ کرے جن کا مختلف اشخاص نے دعویٰ کیا ہے۔

تَفسِیدَہ (تف۔ سی۔ دہ)(ف۔ صف) گرم۔ جلا ہوا۔

تَفسِیر (تف۔ سیر)(ع۔ ا۔ مث)(۱) تشریح۔ تفصیل۔ توضیح۔ وضاحت۔ شرح کرنا۔ سمجھانا (۲) اِصطلاحاً قرآن شریف کی شرح۔ جمع: تفاسیر۔ اُردو جمع: تفسیریں۔ تفسیروں۔

تفسیر کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) واضح طور پر بیان کرنا۔ کھول کر بیان کرنا۔

تَفصِیل (تف۔ صیل)(ع۔ ا۔ مث)(۱) جدا جدا کرنا۔ بیان کرنا (۲) تشریح۔ توضیح (۳) فہرست۔ فرد (۴) کیفیت۔ بیان۔ تذکرہ۔ جمع: تفاصیل۔ تفصیلات۔

تفصیل وار (ع۔ ف۔ متعلق فعل) دیکھیے تفصیلاً۔

تَفصِیلاً (تف۔ صی۔ لن)(ع۔ متعلق فعل) مفصّل طور پر۔ وضاحت سے۔

تَفصِیلی (تف۔ صی۔ لی)(ع۔ صف) مُفصّل۔

تَفَضُّل (ت۔ فَض۔ ضُل)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) زیادتی۔ بیشی (۲) برتری۔ بُزرگی۔ فضیلت۔

تَفضِیح (تف۔ ضیح)(ع۔ ا۔ مث) رُسوائی۔ بدنامی۔ فضیحت۔ بے عزّتی۔

تَفضِیل (تف۔ ضیل)(ع۔ ا۔ مث) ترجیح۔ فوقیت۔ فضیلت۔

تفضیلِ بعض (ع۔ ا۔ مث) بعض پر ترجیح دینا۔ صِفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو بعض پر فضیلت دی جائے یا کسی کو کسی سے اچھا یا بُرا ظاہر کیا جائے جیسے بہتر۔ بدتر۔

تفضیلِ کُل (ع۔ ا۔ مث) سب پر فوقیت دینا۔ صِفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو سب پر ترجیح دی جائے۔ جیسے بہترین۔

تفضیلِ نفسی (ع۔ ا۔ مث) ذاتی فضیلت۔ صِفت کی وہ قسم جس میں موصوف کی صرف صِفت بیان کی جائے۔ کسی پر ترجیح نہ دی جائے جیسے بہ (اچھا)۔

تَفَقُّد (ت۔ فَق۔ قُد)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) مہربانی۔ دل جوئی (۲) تلاش۔ جستجو۔

تَفَقُّہ (ت۔ فَق۔ قُہ)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) علم فقہ جاننا (۲) عقلمند ہونا۔

تَفَکُّر (ت۔ فک۔ کُر)(ع۔ ا۔ مذ) سوچ بچار۔ فکر۔ اندیشہ۔ جمع: تفکّرات۔

تَفَکُّہ (ت۔ فک۔ کُہ)(ع۔ ا۔ مذ) پھل کھانا۔ میوہ کھانا (۲) لُطف۔ مزہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تُفَنْگ (ث۔ فَنگ)(نُون غُنّہ)(ف۔ ا۔ مث ومذ)(۱) ایک لمبی نالی جس میں سے پھونک کے ذریعے تیر یا کنکر پھینکتے تھے (۲) توڑے دار بندوق۔

تُفنگ انداز (ف۔ صف)(۱) تفنگ کے استعمال کا ماہر۔ بندوق چلانے والا (۲) وہ فاصلہ جہاں تک تیر' کنکر یا چھرا پہنچے۔

تُفنگ کا پیالہ (ف۔ اُر۔ ا۔ مذ) وہ مقام جہاں بندوق کا گھوڑا گرتا ہے۔

تفنگ کا توتا (ف۔ اُر۔ ا۔ مذ) توڑے دار بندوق کا وہ پُرزہ جس میں فتیلہ رکھ کر بارُود کو آگ دیتے ہیں۔

تُفَنْگچی (ث۔ فَنگ۔ چی)(ف۔ ا۔ مذ) بندوقچی۔ بندوق چلانے والا۔

تَفَنُّن (ت۔ فَن۔ نُن)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) طرح طرح کا ہونا۔ رنگ رنگ کا ہونا (۲) چہل۔ دل لگی۔ خوش طبعی۔ ہنسی مذاق۔

تَفَنُّنِ طبع (ع۔ ا۔ مذ) ہنسی۔ دل لگی۔ تفریحی مشغلہ۔

تَفَوُّق (ت۔ فَو۔ وُق)(ع۔ ا۔ مذ) برتری۔ فوقیت۔ فضیلت۔ بڑائی۔

تَفْوِیض (تَف۔ وِیض)(ع۔ ا۔ مث) سُپردگی۔ حوالگی۔ تحویل۔ جمع: تفویضات۔

تَفَہُّم (ت۔ فَہ۔ ہُم)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) خود سمجھنا (۲) سمجھ۔ عقل۔ فہم۔

تَفْہِیم (تَف۔ ہِیم)(ع۔ ا۔ مث) سمجھانا۔ جمع: تفہیمات۔

ت۔ق

تَقابُل (ت۔ قا۔ بُل)(ع۔ ا۔ مذ) مقابلہ۔ آمنے سامنے کھڑے ہونا۔

تَقارُب (ت۔ قا۔ رُب)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) باہم قریب ہونا۔ پاس پاس ہونا (۲) علمِ عروض کی ایک بحر کا نام جس کا وزن آٹھ بار فعولن ہے۔

تَقارِیب (ت۔ قا۔ رِیب)(ع۔ ا۔ مث) تقریب کی جمع۔

تَقارِیر (ت۔ قا۔ رِیر)(ع۔ ا۔ مث) تقریر کی جمع۔

تَقاضا (ت۔ قا۔ ضا)(ف۔ ا۔ مذ) عربی تقاضی کا مُفرس (۱) طلب۔ تاکید۔ عموماً قرض واپس مانگنے کے متعلق استعمال ہوتا ہے (۲) خواہش۔ ضرورت۔ احتیاج (۳) (قانون) دعوے کا مطالبہ۔ اُردو جمع: تقاضوں۔ تقاضے۔

تقاضا آ پڑنا (اُر۔ محاورہ) وہ چیز دی جانا یا وہ فعل کیا جانا جس کے لئے اِصرار ہو۔

تقاضا اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تقاضے کی برداشت کرنا۔

تقاضا کرنا (اُر۔ مص مُرکب) مطالبہ کرنا۔ طلب کرنا۔

تقاضائے بَشَرِیّت (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) اِنسانی ضرورت یا احتیاج۔

تقاضائے (سِن) عُمر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عُمر کے لحاظ سے۔

تقاضائے وقت (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وقت اور زمانے کے مناسب حال۔

تَقاطُر (ت۔ قا۔ طُر)(ع۔ ا۔ مذ) بُوندا باندی۔ پے در پے قطرے گرنا۔

تَقاطُع (ت۔ قا۔ طُع)(ع۔ ا۔ مذ) منقطع ہونا۔ دو خطوں کا ایک دُوسرے کو کاٹنا۔

تَقاوِی (ت۔ قا۔ وِی)(ع۔ ا۔ مث)(۱) قوت دینا (۲) وہ روپیہ جو سرکار کی طرف سے زراعت کے لئے بطور اِمداد کاشتکاروں کو دیا جاتا ہے۔

تَقاوِیم (ت۔ قا۔ وِیم)(ع۔ ا۔ مذ ومث) تقویم کی جمع۔ جنتریاں۔

تَقَدُّس (ت۔ قَد۔ دُس)(ع۔ ا۔ مذ) پاکیزگی۔ پاکی۔

تقدس مآب (ع۔ صف) پاکیزہ۔ پاک۔ بزرگ (پرہیزگار آدمی کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔

تَقَدُّم (ت۔ قَد۔ دُم)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) آگے بڑھنا۔ پیش قدمی (۲) پہلے ہونا (۳) فوقیت (کسی سے زمانے' سلسلے یا اہمیت میں) مقدم ہونا۔

تَقْدِیر (تَق۔ دِیر)(ع۔ ا۔ مث)(۱) وہ اندازہ جو حق تعالیٰ نے روزِ اول ہر چیز کے لئے مقرّر کر دیا ہے۔ نصیب۔ بخت۔ مُقدر۔ بھاگ۔ قسمت۔ مقسوم۔ اُردو جمع: تقدیروں۔ تقدیریں۔

تقدیر آزمانا (اُر۔ محاورہ) قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔

تقدیر اُلٹنا (تقدیر بگڑنا۔ تقدیر پلٹنا) (اُر۔ محاورہ) مُقدر کا برگشتہ ہونا۔ حالات کا موافق نہ رہنا۔

تقدیر اُونچی جگہ لڑنا (اُر۔ محاورہ) اُمیر گھر میں شادی ہونا۔

تقدیر پر چھوڑنا (چھوڑ دینا) (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی معاملے میں کوشش نہ کرنا۔ راضی بہ رضائے خُدا ہونا۔

تقدیر پھرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) اِقبال نہ رہنا۔ بُرے دن آنا (۲) بااقبال ہونا۔ بھلے دن آنا۔

تقدیر پھوٹ جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) تقدیر کا بگڑ جانا (۲) بُری جگہ شادی ہونا (۳) معاملہ خراب ہو جانا۔ مقدمہ بگڑ جانا۔

تقدیر (جاگنا) چمکنا (اُر۔ محاورہ) وقت کا موافق ہونا۔ بھلے دن آنا۔ بخت یاور ہونا۔

تقدیر سو جانا (اُر۔ محاورہ) قسمت کا ناموافق ہونا۔

تقدیر سے (اُر۔ متعلق فعل) خوش قسمتی سے۔ اِتفاقیہ۔

تقدیر سے زور نہیں چلتا (اُر۔ مقولہ) قسمت میں جو ہے' وہی ہو گا۔ تدبیر سے آدمی قسمت کے لکھے کو نہیں بدل سکتا۔

تقدیر سیدھی ہونا (اُر۔ محاورہ) بخت یاور ہونا۔ بھلے دن آنا۔

تقدیر کا بدا (اُر۔ ا۔ مذ) نصیبوں کا لکھا۔ نوشتہ تقدیر۔

تقدیر کا برگشتہ ہونا (اُر۔ محاورہ) تقدیر کا اُلٹ جانا۔ وقت پھر جانا۔

تقدیر کا تل (اُر۔ ا۔ مذ) قسمت کا پھیر۔ تقدیر کی بُرائی۔

تقدیر کا تل نکل جانا (اُر۔ محاورہ) بدبختی دُور ہونا۔ بُرے دن نکل جانا۔

تقدیر کا پلٹا کھانا (اُر۔ محاورہ) اچھی سے بُری یا بُری سے اچھی حالت ہو جانا۔

تقدیر کا پھیر (اُر۔ ا۔ مذ) قسمت کا چکر۔ بدنصیبی۔

تقدیر کا دامن پکڑنا (اُر۔ محاورہ) کام قسمت پر چھوڑ دینا۔

تقدیر کا دھنی (اُر۔ صف) خوش قسمت۔ صاحب نصیب۔

تقدیر کا سکندر (اُر۔ صف) نہایت خوش قسمت۔

تقدیر کا سو جانا (اُر۔ محاورہ) بدبختی آ جانا۔ حالات کا موافق نہ رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تقدیر کا کھوٹا (اُر۔صف) بدقسمت۔ بدنصیب۔
تقدیر کا کھوٹا کیوں نہ اُٹھائے ٹوٹا (اُر۔مثل) بدنصیب ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے۔
تقدیر کا کھیل (اُر۔ا۔مذ) قسمت کے کرشمے۔ قسمت کی باتیں۔
تقدیر کا لکھا (اُر۔ا۔مذ) نوشتۂ ازلی۔ کرم لیکھ۔ تقدیر کا بدا۔
تقدیر کا لکھا پورا ہونا (اُر۔محاورہ) جو قسمت میں ہو وہ ہو جانا۔
تقدیر کا لکھا یونہی تھا (اُر۔مقولہ) اسی طرح ہونا تھا۔ قسمت میں اسی طرح تھا۔
تقدیر کا منہ پھیر لینا (اُر۔محاورہ) تقدیر اُلٹنا۔ بدبختی آ جانا۔
تقدیر کا موافق ہونا (اُر۔محاورہ) اچھے دن ہونا۔ خوش اقبالی ہونا۔
تقدیر کا ہیٹا (اُر۔صف) تقدیر کا کھوٹا۔ بدنصیب۔ بدبخت۔
تقدیر کو رونا (اُر۔محاورہ) بدقسمتی کا شکوہ کرنا۔
تقدیر کو سونپنا (اُر۔محاورہ) خُدا سے بہتری کی اُمید رکھنا۔ قسمت پر چھوڑ دینا۔
تقدیر کھل جانا (اُر۔محاورہ)(۱) تقدیر چمکنا (۲) شادی ہو جانا۔
تقدیر کھوٹی ہونا (اُر۔محاورہ) قسمت بُری ہونا۔ بدقسمت ہونا۔
تقدیر کی یاوری (اُر۔ا۔مث) نصیبے کی اِمداد۔ خوش قسمتی۔
تقدیر کے آگے تدبیر نہیں چلتی (اُر۔مثل) قسمت خراب ہو تو اُس کا کوئی علاج نہیں۔
تقدیر کے لکھے کو کون میٹے (اُر۔مثل) تقدیر بدل نہیں سکتی۔ جو قسمت میں لکھا ہے، ہو کر رہتا ہے۔
تقدیر کے ہاتھ بات ہے (اُر۔محاورہ) جو ہونا ہے وہ ہو گا۔ معاملہ خدا کے سپرد ہے۔
تقدیر لڑنا (اُر۔محاورہ) قسمت کا سازگار ہونا۔ تقدیر کا موافق ہونا۔
تقدیر موافق ہونا (اُر۔محاورہ) بخت مددگار ہونا۔
تقدیر میں لکھا ہونا (اُر۔محاورہ) قسمت میں ہونا۔
تقدیر والا (اُر۔صف) خوش نصیب۔
تقدیر یاور ہونا (اُر۔محاورہ) قسمت کا مددگار ہونا۔
تقدیر یونہی تھی (اُر۔محاورہ) قسمت میں اسی طرح لکھا تھا۔ نقصان کے موقع پر تسلی کے لئے کہتے ہیں۔
تَقْدِیری (تق۔دی۔ری)(ع۔صف) تقدیر کے متعلق۔ قسمت کا۔
تقدیری (امر) معاملہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ہونی۔ ہونے والی بات۔ وہ بات جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو اور ضرور پوری ہو کر رہے۔
تَقْدِیس (تق۔دیس)(ع۔ا۔مث)(۱) پاکیزگی۔ پاکی۔ تقدُس۔
تقدیس و تحمید (ع۔ا۔مث) خُدا کی پاکی بیان کرنا۔ حمد کرنا۔
تَقْدِیم (تق۔دیم)(ع۔ا۔مث)(۱) پیش کرنا (۲) مُقدم سمجھنا (۳) ترجیح۔ فوقیت (۴) پیش قدمی (۵) آگے بھیجنا (۶) مُقدم ہونا۔
تقدیم و تاخیر (ع۔ا۔مث)(۱) پہلے کو پیچھے اور پیچھے کو پہلے کر دینا (۲) آگے پیچھے کرنا۔

تَقَرُّب (تَ۔قَر۔رُب)(ع۔ا۔مذ) نزدیکی یا قُرب ڈھونڈنا (۲) نزدیکی۔ قُرب۔
تَقَرُّر (تَ۔قَر۔رُر)(ع۔ا۔مذ)(۱) مُقرر کرنا یا ہونا۔ تعیُّن (۲) ملازم ہونا (۳) ملازمت۔ نوکری۔
تَقْرِیب (تق۔ریب)(ع۔ا۔مث)(۱) قریب کرنا۔ نزدیک آنا (۲) باعث۔ سبب۔ وجہ (۳) شادی۔ بیاہ یا اور کوئی رسم جب رشتے دار جمع ہوں (۴) مطلب۔ مقصد (۵) ملاقات کا ذریعہ نکالنا (۶) ذکر۔ تذکرہ (۷) موقع۔ محل (۸) قُربت۔ پہنچ۔ رسائی (۹) قرینہ۔ قیاس۔ جمع: تقریبات۔
تَقْرِیباً (تق۔ری۔بن)(ع۔متعلق فعل) تخمیناً۔ قریب قریب۔ (فُصحا قریباً کو ترجیح دیتے ہیں)۔
تَقْرِیبات (تق۔ری۔بات)(ع۔ا۔مث) تقریب کی جمع۔
تَقْرِیر (تق۔ریر)(ع۔ا۔مث)(۱) بیان۔ ذکر۔ گفتگو۔ بات چیت (۲) بحث و مباحثہ۔ حُجت (۳) وعظ۔ تذکرہ۔ عربی جمع: تقاریر۔ تقریرات۔ اُردو جمع: تقریریں۔ تقریروں۔
تقریر کا شہد و شکر ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت شیریں اور فصیح گفتگو ہونا۔
تقریر کا لچھا بندھ جانا (اُر۔محاورہ) نہایت شستہ اور سلسلہ وار گفتگو ہونا۔
تَقْرِیری (تق۔ری۔ری)(ع۔صف) تحریری کی ضد۔ زبانی۔
تَقْرِیظ (تق۔ریظ)(ع۔ا۔مث) کتاب اور مصنف کی تعریف۔
تَقْسِیم (تق۔سیم)(ع۔ا۔مث)(۱) حِصہ کرنا۔ بانٹنا (۲) بانٹ۔ بٹوارا۔ حساب کا ایک قاعدہ جس میں ایک عدد کو دُوسرے پر تقسیم کرتے ہیں۔
تقسیم بھیاچاری (اُر۔ا۔مث) اُن حصے داروں میں زمین کی تقسیم جو کُل مال گزاری کے ادا کرنے کے ذمے دار ہوں۔
تقسیم مختصر (ع۔ا۔مث) چھوٹی تقسیم۔ لمبی تقسیم کے خلاف۔ اعداد کی تقسیم کا ایک مختصر طریقہ۔
تقسیم مُرکب (ع۔ا۔مذ) وہ تقسیم جس میں مقسوم کوئی رقم یا ناپ ہو۔
تقسیم مکمل (ع۔ا۔مث)(۱) پوری پوری تقسیم (۲) اعداد کی وہ تقسیم جس میں کچھ باقی نہ بچے۔
تقسیم نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تحریر جس میں تقسیم جائداد کی تفصیل لکھی گئی ہو۔
تَقَشُّف (تَ۔قَش۔شُف)(ع۔ا۔مذ)(۱) درویشی۔ فقیری۔ موٹا جھوٹا لباس پہننا۔ سخت زندگی بسر کرنا۔
تَقْشِیر (تق۔شیر)(ع۔ا۔مث)(۱) چھلکا اُتارنا۔ چھیلنا۔ مُقشّر کرنا۔
تَقْصِیر (تق۔صیر)(ع۔ا۔مث)(۱) کوتاہی۔ کمی (۲) خطا۔ قصور (۳) سہو۔ بھول چوک۔ عربی جمع: تقصیرات۔ اُردو جمع: تقصیریں۔ تقصیروں۔
تقصیر وار (ع۔ف۔صف) قصور وار۔ مُجرم۔ گناہ گار۔ مُلزم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تقطیر (تَق۔طیر) (ع۔ا۔مث) (۱) قطرہ قطرہ ٹپکانا (۲) مِلی جُلی مائعات کو علیحدہ کرنے کا عمل۔(Distillation)۔

تقطیع (تَق۔طیع) (ع۔ا۔مث) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) علمِ عروض کی اِصطلاح میں شعر کے اجزا کو بحر کے اوزان پر وزن کرنا (۳) الف۔ب۔ت کے مُرکبات جن سے حرفوں کو ایک دُوسرے سے ملانا سکھاتے ہیں (۴) کاغذ یا کتاب کا سائز۔ جمع: تقطیعات۔

تقلُّب (تَ۔قَل۔لُب) (ع۔ا۔مذ) (۱) پھیرنا۔ اُلٹنا (۲) تبدیلی۔ ترمیم (۳) حیاتیات کی اِصطلاح میں تبدیلِ نوع۔

تقلید (تَق۔لید) (ع۔ا۔مث) پیروی۔ کسی کے قدم بقدم چلنا۔ کسی کی متابعت کرنا۔

تقلیدی (تَق۔لی۔دی) (ع۔صف) (۱) تقلید سے متعلق (۲) نقلی۔ نقل کیا ہوا۔

تقلیل (تَق۔لیل) (ع۔ا۔مث) (۱) کم کرنا۔ تھوڑا کرنا (۲) کمی۔ قلت۔

تقلیلِ قدرِ زر (ع۔ف۔ا۔مث) زر یا سکے کی قیمت گھٹانا۔ (سکے کے پھیلاؤ کو اِعتدال پر لانے کے لئے)۔(Devaluation)۔

تقوا (تَق۔وا) (ق۔ا۔مذ) (۱) سہارا۔ بھروسا۔ ہمت (۲) تسلی۔ اطمینان۔

تقویٰ (تَق۔وا) (ع۔ا۔مذ) خُدا کا خوف۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ اپنے آپ کو گناہ سے بچانا۔

تقویت (تَق۔وِ۔یَت) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) مضبوط کرنا۔ طاقت دینا (۲) طاقت۔ قوت (۳) تسلی۔ تسکین (۴) مدد۔

تقویم (تَق۔ویم) (ع۔ا۔مث) (۱) سیدھا کرنا (۲) قائم کرنا (۳) تخمینہ لگانا (۴) اندازہ (۵) جنتری۔ پترا۔ وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں، ستاروں کے مقامات اور گہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے۔ کیلنڈر۔ جمع: تقاویم۔

تقویمِ پارینہ (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) پُرانی جنتری (۲) بیکار چیز۔ نکمی چیز (۳) (کنایۃً) بوڑھی بیوی۔

تقویمِ پارینہ بکارِ نمی آید (ف۔مثل) پُرانی جنتری کسی کام نہیں آتی۔ فضول چیز کو سنبھال کر رکھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

تقویمی (تَق۔وی۔می) (ع۔صف) جنتری سے متعلق۔

تقی (تَ۔قی) (ع۔صف) خُدا سے ڈرنے والا۔ پرہیزگار۔ پارسا۔

تقیید (تَ۔قی۔ید) (ع۔ا۔مذ) (۱) قید کرنا (۲) تاکید۔ تنبیہ۔ جمع: تقییدات۔

تقیّہ (تَ۔قی۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) خُدا کا ڈر۔ پرہیزگاری (۲) وہ راز جو دل میں ہو مگر کسی کے خوف سے ظاہر نہ کیا جائے (۳) ڈر کی وجہ سے حق پوشی کرنا (۴) شیعہ مسلمانوں کے عقیدے میں ظلم کے ڈر سے عقائد یا حق بات کو چھپانا۔

ت۔ک

تک (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) بڑی ترازو جس کو زمین پر نصب کرتے ہیں (۲) (حرفِ جار) پاس۔ نزدیک (۳) نیز۔ بھی (۴) حد اور فاصلہ ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے جیسے یہاں سے وہاں تک۔

تُک (بضمِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ ومث) (۱) قافیہ۔ سجع (۲) وہ بات جو اپنی طرف سے بنائی جائے۔ زٹل۔

تُک بند (اَر۔صف) تک سے تک ملانے والا (۲) بکواسی۔

تُک بندی (اَر۔ا۔مث) (۱) زٹل قافیے (۲) ایسے شعر جن کا وزن 'ردیف' قافیہ دُرست نہ ہو (۳) بکواس۔

تُک (جوڑنا) ملانا (اَر۔محاورہ) (۱) قافیہ ملانا (۲) گھٹیا شعر کہنا۔

تِکّا (تِکّہ) (تِک۔کا) (تِک۔کہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) گوشت کا ٹکڑا لمبی یا پتلی بوٹی (۲) لوتھڑا (۳) بچہ۔ اُردو جمع: تِکّے۔ تِکّوں۔

تِکّا اُتارنا (اَر۔محاورہ) گوشت کی بوٹیاں سر پر سے وار کر چیلوں کو ڈالنا۔

تِکّا بوٹی کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں اُڑانا (۲) بانٹ لینا۔

تُکّا (اَر۔ا۔مذ) وہ تیر جس میں نوک کی بجائے گھنڈی یا گھمہ ہو (۲) بان۔ ناوک۔

تُکّا چلانا (اَر۔محاورہ) (۱) اٹکل پچو تیر چلانا (۲) کوئی فضول کام کرنا۔

تُکّا سا (اَر۔صف) تیر کی طرح سیدھا۔

تُکّا سا کھڑا رہنا (اَر۔محاورہ) ہر وقت موجود رہنا۔ سر پر کھڑا رہنا۔

تُکّا سی ڈاڑھی (اَر۔ا۔مث) تیر کی طرح ڈاڑھی۔ چکی ڈاڑھی۔

تُکّا سی سیدھی (اَر۔صف) بہت سیدھی۔

تُکّا فضیحتی (اَر۔ا۔مث) تُوتو مَیں مَیں۔ ذلّت و رُسوائی۔ جھگڑا۔ تکرار۔

تکاسُل (تَ۔کا۔سُل) (ع۔ا۔مذ) سُستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی۔

تکا کرنا (اَر۔محاورہ) حسرت سے دیکھنا۔

تکالیف (تَ۔کا۔لیف) (ع۔ا۔مث) تکلیف کی جمع۔

تکان (تَ۔کان) (ف۔ا۔مث) تھکن۔ ماندگی۔ کسل مندی۔ تھکاوٹ۔

تکان اُتارنا (اَر۔محاورہ) تھکاوٹ رفع کرنا (۲) تازہ دم ہونا۔

تکان اُترنا (اَر۔محاورہ) (۱) تھکاوٹ رفع ہونا (۲) سُستی دُور ہونا۔ تکان اُتارنا کا لازم۔

تکان پہنچنا (اَر۔محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ تکلیف پہنچنا۔

تکان ہونا (اَر۔محاورہ) تھک جانا۔ تھکاوٹ ہونا۔ سُستی ہونا۔

تکبّر (تَ۔کَب۔بُر) (ع۔ا۔مذ) (۱) بڑائی کا اظہار (۲) غرور۔ گھمنڈ۔

تکبر عزازیل را خوار کرد۔ بہ زندانِ لعنت گرفتار کرد (ف۔مقولہ) غرور نے شیطان کو ذلیل کیا اور لعنت کے طوق میں گرفتار کیا۔ تکبّر ہرگز نہیں کرنا چاہئے۔

تکبکی (تَک۔بَ۔کی) (ق۔ا۔مث) (۱) جلدی (۲) بے تابی۔ بے چینی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تکبیر (تک۔بیر) (ع۔ا۔مث) اللہ اکبر کہنا۔ اُر جمع: تکبیروں۔ تکبیریں۔

تکبیر اُولیٰ (ع۔ا۔مث) دیکھئے تکبیر تحریمہ۔

تکبیر تحریمہ (ع۔ا۔مث) وہ تکبیر جسے کہہ کر نماز شروع کرتے ہیں۔ اس کے پڑھنے سے سوائے ادائے نماز کے تمام چیزیں حرام ہو جاتی ہیں۔ تکبیر تحریمہ کہنا فرض ہے۔

تک تک (ہ۔ا۔مث) بیلوں کو ہانکنے کی آواز (۲) (بفتح تا۔ہ۔ا۔مث) پاؤں کی چاپ۔

تکتکا (تِک۔ت۔کا) (س۔ا۔مذ) ایک قسم کا کریلا۔

تکثیر (تک۔ثیر) (ع۔ا۔مث) زیادہ کرنا۔ اِفراط۔ کثرت۔

تکثیف (تک۔ثیف) (ع۔ا۔مث) گاڑھا کرنا۔ گاڑھا پن۔ کثافت۔

تکدّر (ت۔کد۔دُر) (ع۔ا۔مذ) (۱) مکدّر ہونا۔ گدلا ہونا (۲) پریشان ہونا (۳) میلاپن (۴) دل کی پریشانی۔

تکدِمہ (تک۔دِ۔مہ) عربی تقدمہ کا بگاڑ (اُر۔ا۔مذ) (۱) وہ روپیہ جو کاری گروں کو پیشگی دیا جائے (۲) حساب کا تخمینہ۔ بجٹ۔ اندازہ۔

تکذیب (تک۔ذیب) (ع۔ا۔مث) جھٹلانا۔ جھوٹ بولنے کا اِلزام لگانا۔

تکرار (تک۔رار) (ع۔ا۔مث) (۱) بار بار کہنا۔ دُہرانا۔ اعادہ (۲) حُجت۔ بحث (۳) جھگڑا لفظی تو تو میں میں۔ زبانی لڑائی۔

تکرار کرنا (اُر۔محاورہ) جھگڑنا۔ اُلجھنا۔ سر ہونا۔ بار بار کہنا۔

تکرار نکالنا (اُر۔محاورہ) جھگڑا پیدا کرنا۔

تکراری (تک۔را۔ری) (اُر۔صف) جھگڑالو۔ لڑاکا۔ فسادی۔ حجتی۔

تکرّر (ت۔کر۔رُر) (ع۔ا۔مذ) دُہرانا۔ بار بار کہنا۔ اعادہ۔ تکرار۔

تکریر (تک۔ریر) (ع۔ا۔مث) دیکھئے تکرّر۔

تکریم (تک۔ریم) (ع۔ا۔مث) (۱) عزّت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ اَدب کرنا (۲) خاطر تواضع۔ آؤ بھگت۔ خاطر مدارات۔

تکڑا (تک۔ڑا) (ہ۔صف) مضبوط۔ قوی۔ موٹا تازہ۔

تِکڑا (تِک۔ڑا) (ہ۔صف) مُثلث۔ تین مصرعوں کا بند۔

تکڑی (تک۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹی ترازو (۲) (صف) تکڑا کی تانیث۔ طاقت ور عورت۔

تُکّس (بضم اوّل و سکون دوم و سوم) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ پتا جس میں پان رکھ کر مخروطی شکل کی پڑیا بنا دیتے ہیں (۲) تارگٹی کی چند گڈیوں کا گٹھا۔

تکسّل (ت۔کس۔سُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) سُست ہونا۔ کاہل ہونا (۲) سُستی۔ کاہلی (۳) بیماری۔ مرض۔ کسل مندی۔

تکسیر (تک۔سیر) (ع۔ا۔مث) (۱) توڑنا (۲) حساب میں حاصل آگے لے جانا (۳) اس طرح تقسیم کرنا کہ کسر آ جائے (۴) اعداد کو تعویذ کے خانوں میں اِس طرح لکھنا کہ مجموعہ ہر طرف برابر ہو۔

تکش (تک۔کش) (ہ۔ا۔مذ) ترکش کا بگاڑ۔ تیروں کے رکھنے کا خانہ۔ تیر دان۔

تکفّل (ت۔کف۔فُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) ذمّے دار ہونا۔ ضامن بننا (۲) ضمانت۔ کفالت۔

تکفیر (تک۔فیر) (ع۔ا۔مث) کفر کا فتویٰ دینا۔ کافر ٹھہرانا۔ کافر کہنا۔ کفر کا اِلزام لگانا۔

تکفیل (تک۔فیل) (ع۔ا۔مث) ضمانت دینا۔ ضامن بننا۔ کفالت کرنا۔ ذمّے دار ہونا۔

تکفین (تک۔فین) (ع۔ا۔مث) کفن دینا۔ کفنانا۔

تُکّل (تک۔کل) (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کا دو کانپوں والا پتنگ۔

تکلا (تک۔لا) (ہ۔ا۔مذ) چرخے کی وہ آہنی سلاخ جس پر کاتتے وقت ککڑی بنتی جاتی ہے (۲) لوہے کی سلاخ جس سے کڑاہی میں سے تلی ہوئی چیز نکالتے ہیں۔ جمع: تکلوں۔ تکلے۔

تِکلّا (ت۔کل۔لا) (ہ۔ا۔مذ) پتنگ کی وہ ڈور جو ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلی پر لپیٹ کر اکٹھی کرتے ہیں۔

تکلُّف (ت۔کل۔لُف) (ع۔ا۔مذ) (۱) تکلیف اُٹھا کر کوئی کام کرنا (۲) تکلیف گوارا کرنا (۳) بناوٹ۔ ظاہرداری۔ نمائش (۴) آرائش۔ آراستگی (۵) غیریت برتنا (۶) حجاب یا لحاظ کی وجہ سے تکلیف اُٹھانا (۷) تامّل۔ ہچکچاہٹ۔

تکلُّف برتنا (اُر۔محاورہ) ظاہرداری برتنا۔ مغایرت کا برتاؤ کرنا۔

تکلُّف برطرف (ع۔ف۔صف) بے تکلُّف۔ بلاتصنُّع۔ صاف صاف۔ کھلے طور پر۔

تکلُّف کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) آراستہ کرنا۔ ٹھاٹ باٹ دکھانا (۲) شرم کرنا۔ حجاب کرنا۔ ہچکچانا۔

تکلُّف نکلنا (اُر۔محاورہ) خوبی نکلنا۔ لطافت نکلنا۔

تکلُّفات (ت۔کل۔لُ۔فات) (ع۔ا۔مذ) (۱) تکلُّف کی جمع۔

تکلُّفاتِ رسمی (ع۔ا۔مذ) ظاہری نمائش۔ ظاہرداری کی باتیں۔

تکلُّفاتِ لایعنی (ع۔ا۔مذ) فضول ٹھاٹ باٹ۔ بیکار ظاہرداریاں۔

تکلُّم (ت۔کل۔لُم) (ع۔ا۔مذ) (۱) بات کرنا۔ بولنا۔ کلام کرنا (۲) گفتگو۔ بات چیت۔

تکلے (تک۔لے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تکلا کی جمع (۲) تکلا کی مغیّرہ صورت۔

تکلے کا بَل (اُر۔ا۔مذ) تکلے کا خم یا ٹیڑھ۔

تکلے کا سا بَل نکل گیا (اُر۔محاورہ) مار کھا کھا کے ٹھیک ہو گیا۔ تکلا جب ٹیڑھا ہو جاتا ہے تو اُسے ضرب لگا کر سیدھا کرتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تکلے کا گھاؤ (اَر۔ا۔مذ) زخم جو تکلے کی نوک سے لگے۔ معمولی زخم۔

تکلِیف (تک۔لیف) (ع۔ا۔مث) (۱) دُکھ۔ رنج۔ درد (۲) مصیبت (۳) تنگی۔ ناداری (۴) دُشواری۔ دِقّت۔ اُردو جمع: تکلیفوں۔ تکلیفیں۔

تکلیف اُٹھانا (**تکلیف برداشت کرنا۔ تکلیف سہارنا**) (اَر۔محاورہ) مصیبت جھیلنا۔ مصیبت سہنا۔

تکلیف دینا (اَر۔محاورہ) (۱) دُکھ دینا (۲) کسی کام کو کہنا۔ کسی بات کی درخواست کرنا۔

تکلیف (فرمانا) کرنا (اَر۔محاورہ) تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ آنا۔

تکلیف مالا یطاق (ع۔صف) ایسی تکلیف جو برداشت نہ کی جا سکے۔

تکمِلَہ (تک۔م۔لہ) (ع۔ا۔مذ) ضمیمہ۔ تتمہ جو اصل مضمون کو مکمل کر دے (۲) تکمیل۔ اِتمام۔

تکمَہ (تک۔مہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) گھنڈی۔ بٹن (۲) کبوتروں کا ایک مرض جس میں آنکھوں میں دانے نکل آتے ہیں۔ اُردو جمع: تکموں۔ تکمے۔

تکمِید (تک۔مید) (ع۔ا۔مذ) ٹکور کرنا۔ گرم دوا سے سینکنا۔

تکمِیل (تک۔میل) (ع۔ا۔مث) (۱) پورا کرنا۔ اَنجام دینا۔ تمام کرنا (۲) تمام۔ اَنجام۔ کمال۔

تکمیل پانا (اَر۔محاورہ) مکمل ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔

تکمیل تمسک (ف۔ا۔مث) تمسک کی قانونی شرائط کا پورا ہو جانا۔

تکمیل رہن (ف۔ا۔مث) رہن کی میعاد کا پورا ہو جانا۔

تکمیل کو پہنچانا (اَر۔محاورہ) مکمل کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔

تکنا (تک۔نا) (ہ۔مص) (۱) دیکھنا (۲) ٹکٹکی باندھنا۔ غور سے دیکھنا (۳) اُمید رکھنا۔ آسرا رکھنا (۴) اِنتظار کرنا (۵) بُری نظر سے دیکھنا (۶) کوئی چیز اُڑانے یا چُرانے کا موقع دیکھنا۔

تکنیک (انگ Technique کا مُوَرَّد۔ا۔مث) (۱) فنون کا نظریہ (۲) ہنر مندی (۳) فنّی طریقِ اظہار۔

تکوا (تک۔وا) (ہ۔ا۔مذ) تکلا۔

تکوری (ت۔کو۔ری) (ق۔ا۔مث) بے مُروّتی۔

تکون (ت۔کون) (ہ۔ا۔مث) تین گوشوں والی شکل۔ مثلث۔ (نیز دیکھیے "تِ")

تکونا (ت۔کو۔نا) (ہ۔صف) تین کونے والا۔ مثلث۔ تکھونٹا۔ (نیز دیکھیے "تِ") مؤنث کے لئے تکونی۔

تکوِین (تک۔وین) (ع۔ا۔مث) پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔

تِکّہ (تک۔کہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھیے تِکّا۔

تکھارنا (ت۔کھار۔نا) (ہ۔مص) (۱) دلیل سے ثابت کرنا (۲) اچھی طرح دریافت کرنا (۳) کسی فعل کو تین دفعہ کرنا (۴) تین مرتبہ ہل چلانا۔

تکھری (تکھڑی) (تکھ۔ری) (تکھ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹی ترازو۔ تکڑی (۲) ترازو کے پلڑے۔

تِکھونٹا (تِکھونٹا) (تِ۔کھن۔ٹا) (تِ۔کھوں۔ٹا) (ہ۔صف) تین کونے والا۔ مثلث۔ تکونا۔ (نیز دیکھیے "تِ")

تکیَہ (تک۔یہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) آرام کی جگہ (۲) سرہانے (سر کے نیچے) رکھنے کی چیز (۳) بھروسا۔ اِعتماد (۴) فقیروں کے رہنے کی جگہ (۵) قبرستان۔ اُردو جمع: تکیے۔ تکیوں۔

تکیہ دار (ف۔صف) وہ فقیر جو تکیے میں رہے۔ قبرستان کا سجادہ نشین۔

تکیہ دھوپ میں رکھنا (اَر۔محاورہ) گردن کے درد کا علاج سمجھا جاتا ہے۔

تکیہ کرنا (اَر۔محاورہ) بھروسا کرنا۔ اِعتماد کرنا (۲) اُمید رکھنا۔ آس رکھنا۔

تکیہ کلام (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو گفتگو کے دوران میں عادت کے طور پر بار بار بولا جائے۔

تکیہ گاہ (ف۔ا۔مث) بھروسے کی جگہ۔

تکیہ لگا کر بیٹھنا (اَر۔محاورہ) تکیہ یا کسی اور چیز سے پیٹھ لگا کر بیٹھنا۔

تکیہ لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) دیوار یا کسی چیز کے سہارے بیٹھنا (۲) بھروسا کرنا۔ آس لگانا۔

تکیہ نشین (ف۔صف) دیکھیے تکیہ دار۔

تکیے (تک۔یے) (اَر۔ا۔مذ) (۱) تکیہ کی جمع (۲) تکیہ کی مُغیّرہ صورت۔

تکیے سے سر نہ اُٹھا سکنا (اَر۔محاورہ) بہت بیمار ہونا۔ بہت کمزور ہونا۔

تکیے کا کتّا (اَر۔ا۔مذ) وہ شخص جو دُوسروں کے ٹکڑوں پر پڑا رہے۔

ت۔گ

تگ (بفتح اوّل) (ف۔ا۔مث) دوڑنا۔ بھاگنا۔ مرکبات میں آتا ہے جیسے تگ و دو۔

تگ و پُو (**تگ و تاز۔ تگ و دَو**) (ف۔ا۔مث) (۱) دوڑ دھوپ۔ کوشش۔ سعی (۲) تلاش۔ جستجو۔

تگ و دَو لگی رہنا (اَر۔محاورہ) دوڑ دھوپ جاری رہنا۔

تَگّا (تگ۔گا) (ت۔ا۔مذ) دایہ کا شوہر۔ انا کا خاوند۔

تِگّا (تگ۔گا) (بکسر اوّل) (ہ۔صف) (۱) ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ کُبڑا۔

تگا پُو (ت۔گا۔پُو) (ف۔ا۔مث) دیکھیے تگ و پُو۔

تگانا (ت۔گا۔نا) (ہ۔مص) (۱) سلوانا۔ تاگا ڈلوانا (۲) رضائی سلوانا۔ نگندے ڈلوانا۔

تگاوَر (ت۔گا۔وَر) (ف۔ا۔مذ) (۱) تیز رو گھوڑا (۲) گھوڑے کی ٹکر۔

تگائی (ت۔گا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) رضائی کی سِلائی (۲) سِلائی کی قیمت۔ تاگے ڈلوانے کی اُجرت۔

تگتگ (تگ۔تگ) (ق۔صف) پریشان۔ بے چین۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تِگڈا (تِگڈّم) (تِ۔گڈ۔ڈا) (تِ۔گڈ۔ڈَم) (ہ۔ا۔مث) تین چیزوں یا آدمیوں کا میل۔

تگرگ (تَ۔گرگ) (ف۔ا۔مذ) اولا۔ ژالہ (۲) ژالہ باری۔

تگڑا (تِگ۔ڑا) (ہ۔صف) دیکھئے تکڑا۔

تگڑی (تِگ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) تاکڑی کا مخفف (۲) تگڑا کی تانیث۔

تگنا (تِگ۔نا) (بفتح اوّل) (ہ۔مص) (۱) سیا جانا (۲) ڈورے ڈالے جانا۔

تگنا (تِگ۔نا) (بکسر اوّل) (ہ۔صف) سہ چند۔ تین گنا۔ (نیز دیکھئے "تِ ")

تگنی (تِگ۔نی) (بکسر اوّل) (ہ۔صف) (۱) تگنا کی تانیث (۲) (ہ۔ا۔مث) ایک سُر۔

تگنی کا ناچ نچانا (اَر۔محاورہ) حیران و پریشان کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔

تگی (تَگ۔گی) (ہ۔ا۔مث) (بفتح اوّل) (۱) بٹے ہوئے دھاگے کا ہر ایک باریک دھاگا (۲) مچھلی پکڑنے کی ڈور۔

تگی (تِگ۔گی) (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) آدمی کی پیٹھ پر چڑھنا۔ چڑھی۔ آدمی پر سواری (۲) تاش یا گنجفے کا وہ پتا جس پر تین نشان ہوں۔

تگیانا (تَگ۔یا۔نا) (ہ۔مص) (۱) تاگے ڈالنا۔ نگندے ڈالنا (۲) ڈور ڈور ڈورے ڈالنا۔

تگیڑنا (تَ۔گیڑ۔نا) (ق۔مص) حملہ کرنا (۲) کھدیڑنا (۳) تعاقب کرنا۔

تگین (تَ۔گین) (ف۔صف) (۱) بہادر۔ شجاع (۲) طاقت ور (۳) آگ (۴) چھوٹا حوض۔

ت۔ل

تَل (بفتح اوّل) (س۔ا۔مذ) (۱) سب سے نیچے کا حصہ۔ نشیب۔ تلا (۲) ہتھیلی (۳) لمحہ۔ ذرا سی دیر (ق)۔

تل پٹ (تلپٹ) (ہ۔صف) (۱) نیچے اوپر۔ اُلٹ پلٹ (۲) تباہ۔ برباد (افعال کرنا۔ ہونا)۔

تل چھٹ (تلچھٹ) (ہ۔ا۔مث) وہ چیز جو مائع کی تہ میں بیٹھ جاتی ہے۔ گاد۔

تل دھار برسنا (اَر۔محاورہ) زور شور سے بارش ہونا۔ موسلا دھار برسنا۔

تل کرنا (اَر۔محاورہ) قمار بازی میں کوڑی غائب کر دینا۔ چھپا لینا۔

تل نظر (اَر۔صف) کنکھیوں سے دیکھنے والا۔ نیچی نظروں سے دیکھنے والا (۲) دورانِ گفتگو آنکھیں چار نہ کرنے والا۔

تَل (بفتح اوّل) (ع۔ا۔مذ) (۱) پہاڑی۔ ٹیلا (۲) ڈھیر۔ تودہ (۳) کھنڈروں کا ڈھیر۔

تِل (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک زرعی جنس جس کے بیج سے تیل نکالا جاتا ہے (۲) خال۔ سیاہ نقطہ۔ کاجل کا نقطہ (۳) آنکھ کی پتلی (۴) وہ نقطہ جہاں سورج کی کرنیں آتشی شیشے میں سے گزر کر جمع ہوتی ہیں (۵) تھوڑی سی چیز
جمع: تِل۔ تِلوں۔

تل اوٹ پہاڑ اوجھل (تل اوجھل پہاڑ اوجھل) (اَر۔مثل) ظاہر میں مشکل حقیقت میں آسان (۲) ذرا سے پردے میں بڑی بات کو چھپانا۔

تل برابر (بھر) (اَر۔صف) ذرہ بھر۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ رائی برابر۔

تل (بنانا) لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) کاجل کی بندی لگانا (۲) بچوں کے ماتھے پر نظر بد سے بچانے کے لئے کاجل کا نشان لگا دینا۔

تل بندھنا (اَر۔محاورہ) آفتاب کی کرنوں کا آتشی شیشے سے نکل کر کسی چیز پر تل کی شکل کا بن کر پڑنا۔

تل بھر (اَر۔صف) ذرا سا۔ تل برابر۔

تل بھر لہو۔ پہاڑ بھر محبت (اَر۔مثل) جب کسی وقت اپنا دور کا رشتے دار دوست سے زیادہ کام آئے تو اُس موقع پر بولتے ہیں۔

تل بُھگا (بُھگ۔گا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو شکر اور تلوں کو کوٹ کر بنائی جاتی ہے۔

تل پیلنا (اَر۔مص) کولھو میں تلوں کا تیل نکالنا۔

تل تل بھر (اَر۔متعلق فعل) (۱) تھوڑا تھوڑا کر کے۔ ذرا ذرا (۲) آہستہ آہستہ۔

تل تل کا (حساب) لیکھا (اَر۔ا۔مذ) رتی رتی کا حساب۔

تل چاٹنا (اَر۔محاورہ) مسلمان عورتوں کی ایک رسم۔ وہ وداع کے وقت دلہن کے ہاتھ میں کالے تل رکھوا کر دولہا سے چٹواتی ہیں تاکہ وہ عمر بھر تابع رہے۔

تل چٹا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا جھینگر۔ لال بیگ۔

تل چاولی (ہ۔ا۔مث) (۱) تل اور چاول ملے ہوئے (۲) سیاہ و سفید بال۔

تل چاولی ڈاڑھی (ہ۔ا۔مث) وہ ڈاڑھی جس میں کالے اور سفید بال ہوں۔

تل چور سو بجر چور (ہ۔مثل) تھوڑی چوری اور بہت چوری ایک برابر ہوتی ہے۔ جو تھوڑی چوری کرتا ہے وہ بہت بھی کرے گا۔

تل چوری (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی مٹھائی (۲) ایک قسم کی ڈور جو دو رنگ کے دھاگے بٹ کر بنائی جاتی ہے۔

تل دھرنے کو جگہ نہ ہونا (اَر۔محاورہ) بہت بھرا ہوا ہونا۔ بالکل جگہ نہ ہونا۔

تل رہے تو تیل نکلے (ہ۔مثل) اصل چیز ہونی چاہئے۔ روپیہ ہو تو سب کام ہو جاتے ہیں۔

تل شکری (اَر۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی مٹھائی جو تل اور شکر سے بناتے ہیں۔ گزک (۲) ایک رسم۔ دلہن کے ہاتھ پر تل اور شکر رکھ دیتے ہیں اور دولہا سات مرتبہ چاٹتا ہے۔

تل کالک (ہ۔ا۔مذ) (۱) بدن کا سیاہ خال۔ مسا (۲) وہ آدمی جس کے بدن پر سیاہ خال یا مسا ہو۔

تل کٹ (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے تل بُھگا۔

تل کی اوٹ اوجھل پہاڑ (اَر۔مثل) ذرا سے پردے میں کسی بڑی بات کا پوشیدہ ہونا (۲) کسی انوکھی چیز کا ظاہر ہونا۔

تُل (بضم اوّل) (ہ۔صف) (۱) برابر۔ یکساں۔ مانند (۲) ہم شکل۔ ہم صورت (۳) (فعل) تُلنا مصدر کا اَمر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تُل بیٹھنا (اُر۔محاورہ) (۱) ایسا سیدھا بیٹھنا کہ کسی طرف جھکاؤ نہ ہو۔ ہم وزن ہو کر بیٹھنا (۲) مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔

تُل پڑنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کے کرنے کے لئے مُستعد ہونا۔

تُل رہنا (اُر۔محاورہ) مقابلے میں کھڑا ہونا۔ سامنے ہونا۔ لڑائی کے لئے مُستعد ہونا۔

تُل کی ترازُو (اُر۔ا۔مث) وہ ترازو جس میں بادشاہ اور راجا تولے جاتے تھے۔

تَلا (تَ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جوتی کا نچلا حِصّہ (۲) تہ۔ پیندا۔ جمع: تلوں۔ تلے۔

تلا دینا (اُر۔محاورہ) ہانڈی یا پتیلی کے نیچے گیلی مٹی چڑھانا تاکہ آگ کے اثر سے محفوظ رہے۔

تلا لگانا (اُر۔محاورہ) جوتی کے نیچے کے حصّے میں چمڑا لگانا۔

تِلا (تِل۔لا) (تِ۔لا) (اُر۔ا۔مذ) طِلا کا بگاڑ۔ گوٹا کناری وغیرہ (۲) پگڑی کے طلائی سرے۔

تِلا دانی (تلے دانی) (اُر۔ا۔مث) سُوئی دھاگا، قینچی وغیرہ رکھنے کی عورتوں کی تھیلی یا تھیلی۔

تُلا (تُ۔لا) (س۔ا۔مذ) (۱) ترازو۔ تکڑی (۲) بُرج میزان (۳) (ہ۔فعل) مصدر تُلنا کا صیغہ ماضی مطلق۔

تُلا بیٹھنا (اُر۔محاورہ) آمادہ ہونا۔

تُلا دان (س۔ا۔مذ) وزن برابر خیرات جس میں ہندو سونا، چاول اور بیش قیمت چیزیں اپنے برابر تول کر دان دیتے ہیں۔

تُلا ہُوا (اُر۔صف) (۱) برابر۔ ہم وزن (۲) جو تولا جائے۔

تُلا ہونا (اُر۔محاورہ) آمادہ ہونا۔

تَلابِلی (تَ۔لا۔بے۔لی) (ہ۔ا۔مث) بے قراری۔ اِضطراب۔

تَلا تا (ق۔صف) (۱) نیچے (۲) مشرق۔

تَلاٹے اُپراٹے (ق۔صف) نیچے اُوپر۔

تُلاحی (تُ۔لا۔حی) (اُر۔ا۔مث) سبزی ترکاری، جسے گھی میں بھون کر کھائیں۔

تَلازُم (تَ۔لا۔زُم) (ع۔ا۔مذ) باہم لازم ہونا۔ ضروری ہونا۔

تَلازُمہ (تَ۔لا۔زُمَہ) (ع۔اُر۔ا۔مذ) مضمون کی رعایت سے اَلفاظ کا اِستعمال۔ رعایتِ لفظی۔ جمع: تلازمات۔

تَلاش (تَ۔لاش) (ت۔ف۔ا۔مث) (۱) سعی۔ کوشش (۲) ڈھونڈ ڈھانڈ۔ جستجو (۳) تحقیقات۔ کھوج۔

تلاشِ (روزگار) معاش (ت۔ف۔ع۔ا۔مث) روزی تلاش کرنا۔ ملازمت وغیرہ ڈھونڈنا۔

تَلاشی (تَ۔لا۔شی) (ت۔اُر۔ا۔مث) (۱) گُم شُدہ چیز کے لئے کپڑوں یا گھر بار کی ٹٹول (۲) قانون کی اِصطلاح میں مالِ مسروقہ کے لئے کسی شخص کے کپڑوں یا مکان کی پڑتال یا دیکھ بھال (۳) (صف) ڈھونڈنے والا۔

تلاشی لینا (اُر۔محاورہ) کسی شخص کے مکان یا کپڑوں کی پڑتال کرنا۔

تَلاطُم (تَ۔لا۔طُم) (ع۔ا۔مذ) (۱) موجوں کا زور۔ پانی کے تھپیڑے (۲) موج۔ لہر (۳) جوش۔ ولولہ۔

تلاطُمِ اَمواج (ع۔ا۔مذ) موجوں کا زور۔ طوفان۔

تَلافی (تَ۔لا۔فی) (ع۔ا۔مث) نُقصان کا عوض۔ پاداش۔ بدلہ۔ تدارُک۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

تلافیِ مافات (ع۔ا۔مث) ضائع شُدہ اَمر کا معاوضہ۔

تَلاقی (تَ۔لا۔قی) (ع۔ا۔مث) ملاقات۔ میل جول۔ باہم ملنا۔

تِلام (تِ۔لام) (ع۔ا۔مذ) تِلم کی جمع۔ خادم۔ ملازم۔

تَلامِذہ (**تَلامیذ**) (تَ۔لا۔مِ۔ذَہ) (تَ۔لا۔میذ) (ع۔ا۔مذ) تلمیذ کی جمع۔

تَلامُلی (تَ۔لا۔مُ۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) اِضطراب۔ بے چینی۔ تِلملاہٹ۔ گھبراہٹ (۲) جلدی۔ شتابی۔

تَلانا (تَ۔لا۔نا) (ہ۔مص) تلنا کا متعدی۔ تلوانا۔

تُلانا (تُ۔لا۔نا) (ہ۔مص) تُلنا کا متعدی۔ تُلوانا۔

تِلاوا (تِ۔لا۔وا) (ہ۔ا۔مذ) طلایہ کا مُحرّب۔ فوج کا وہ دستہ جو رات کو لشکر گاہ یا شہر کی حفاظت کے لئے گشت کرے۔

تُلاوا (تُ۔لا۔وا) (ہ۔ا۔مذ) گاڑی کے دُھرے کے اُوپر کی وہ لکڑی جس پر اُس کا تمام بوجھ تُلا رہتا ہے۔

تِلاوَت (تِ۔لا۔وَت) (ع۔ا۔مث) (۱) پڑھنا۔ مطالعہ کرنا (۲) قرآن شریف پڑھنا۔

تَلاوَ (تَ۔لا۔او) (ہ۔ا۔مذ) تالاب۔ جوہڑ۔

تَلائی (تَ۔لا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا تالاب۔ تلیا۔

تِلائی (تِ۔لا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) تیل ڈالنا (۲) مشعل کو کپی سے تیل پلانا (۳) تلنے کا چھوٹا سا برتن۔ فرائنگ پَین (۴) برات آنے سے پہلے کا وہ دن جس میں دُلہن کے تیل لگایا جاتا ہے۔

تُلائی (تُ۔لا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) تولنے کا کام (۲) تولنے کی اُجرت۔

تَلْبِیس (تَل۔بیس) (ع۔ا۔مث) (۱) لباس پہنانا (۲) فریب۔ مَحل۔ مکر۔ دغا۔ جمع: تلبیسات۔

تلبیسِ سِکّہ (ع۔ا۔مث) جھوٹا سکّہ بنانا۔ جعلی سکّہ گھڑنا یا گڑھنا۔

تلبیسِ شخصی (ع۔ا۔مث) بہروپ۔ بھیس۔ فریب دینے کے لئے کسی شخص کا روپ دھارنا۔

تلبیسِ لباس (ع۔ا۔مث) دھوکا دینے کے لئے سرکاری وردی یا کوئی اور لباس پہننا۔

تَلْبِیَہ (تَل۔بِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) حج میں لبیک کہنا۔

تَلْپَٹ (تَل۔پَٹ) (ہ۔صف) تل (س) کے تحت دیکھئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تَل تَل (ق۔ متعلق فعل) لحہ بہ لحہ۔

تُلتُلی (تُل۔تُ۔لی) (ہ۔ا۔مث) تھوڑی بلندی سے گرنے والے پانی یا خون وغیرہ کی دھار۔ تیز دیکھئے تُلتُلی۔

تُلتُلی چھُٹنا (اُر۔ محاورہ) دھار چلنا۔ پانی یا خون بہنا۔

تِل چَٹّا (اُر۔ا۔مذ) تِل کے تحت دیکھئے۔

تَلچَھٹ (ہ۔ا۔مث) تَل کے تحت دیکھئے۔

تَلچَھنا (ت۔لچھ۔نا) (ہ۔مص) بے چین ہونا۔ تڑپنا۔ بے تاب ہونا۔ مُضطرب ہونا۔

تَلچھو مَلچھو کرنا (تَلچھوں مَلچھوں کرنا) (ہ۔محاورہ) بے تابانہ پھرنا۔ گھبرائے ہوئے پھرنا۔ نچلا نہ بیٹھنا۔ ناچتے پھرنا۔

تلخ (تِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) (۱) کڑوا۔ تیز۔ تُرش (۲) بدمزہ۔ بدذائقہ (۳) ناگوار۔ ناپسندیدہ (۴) ناملائم۔ سخت۔ تُند۔

تلخ اَبرو (ف۔صف) تُرش رُو۔ غصّے والا۔ بد دماغ۔

تلخ بات (ف۔ہ۔ا۔مث) ناگوار بات۔

تلخ بولنا (ف۔ہ۔مص مُرکّب) غصّے سے بولنا۔ ناملائم الفاظ میں گفتگو کرنا۔

تلخ جواب (ف۔ع۔ا۔مذ) سخت جواب۔ ناگوار جواب۔

تلخ رُو (ف۔صف) تلخ اَبرو۔ بدمزاج۔ تُند خو۔

تلخ زبان (ف۔صف) بدزبان۔ وہ شخص جس کی باتیں طنز کی ہوں۔

تلخ عیش (ف۔صف) وہ شخص جس کی زندگی بُرے حالوں گزرے۔

تلخ کام (ف۔صف) (۱) تالو کو کڑوا کرنے والا۔ بدمزہ (۲) ناکام (مجازاً) عاشق۔

تلخ کامی (ف۔ا۔مث) ناکامی۔ نامُرادی۔

تلخ کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) کڑوا کرنا (۲) بدمزہ کرنا۔ ناگوار کرنا۔

تلخ (گو) گفتار (ف۔صف) بدزبان۔

تلخ گوئی (ف۔ا۔مث) بدزبانی۔ سخت کلامی۔

تلخ مزاج (ف۔صف) بدخو۔ تُندخو۔ تیز مزاج۔ تلخ رُو۔ تلخ اَبرو۔

تلخ نگاہ (ف۔صف) جو بُری یا تیز نظروں سے دیکھے۔ تُند نگاہ۔

تلخ و تُرش (ف۔صف) (۱) کڑوا کسیلا (۲) (ف۔ا۔مذ) دُنیا کی محنت و مشقت یا گرم و سرد۔

تلخ ہونا (اُر۔محاورہ) کڑوا ہونا۔ ناخوش ہونا۔ بدمزہ ہونا۔ ناگوار ہونا۔

تلخاب (تلخابہ) (تَل۔خاب) (تَل۔خا۔بَہ) (ف۔ا۔مذ) کڑوا پانی۔

تلخانا (تَل۔خا۔نا) (اُر۔مص) کڑوا کرنا۔ تلخ بنانا۔

تلخہ (تَل۔خَہ) (ف۔ا۔مذ) خِلطِ صفراوی۔ پِت۔

تلخی (تَل۔خی) (ف۔ا۔مث) (۱) کڑواہٹ۔ تُرشی (۲) شِدّت۔ سختی۔ تیزی (۳) مخالفت۔ دُشمنی۔ جمع: تلخیاں۔ تلخیوں۔

تلخیِ مرگ (ف۔ا۔مث) موت کی سختی۔ سَکرات۔

تلخیص (تَل۔خیص) (ع۔ا۔مث) (۱) خُلاصہ کرنا (۲) خُلاصہ (۳) پاک و صاف کرنا (افعال: کرنا۔ ہونا)۔ جمع: تلخیصات۔

تَلَذُّذ (تَ۔لَذ۔ذُذ) (ع۔ا۔مذ) (۱) لذّت حاصل کرنا۔ لُطف اُٹھانا (۲) لذّت۔ مزہ۔ لُطف۔

تِلڑا (تِلڑی) (تِ۔لَ۔ڑا) (تِ۔لَ۔ڑی) (ہ۔ا۔ پہلا مذ، دُوسرا مث) تین لڑی کا گلے کا ہار۔

تُلسی (تُل۔سی) (ہ۔ا۔مث) (س: تُلاسی) ناز بو کی قسم کا ایک خوش بودار پودا جسے ہندو متبرک سمجھتے ہیں۔ اُن کے عقیدے کے مطابق یہ پودا دیوی تُلسی کے بالوں سے پیدا ہوا تھا۔

تُلسی پھول (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا خوشبودار چاول جس میں تُلسی کے پتوں کی سی خوشبو ہوتی ہے۔

تُلسی دانہ (ہ۔ا۔مذ) ہار کی قسم کا گلے کا ایک زیور۔

تُلسی دَل (ہ۔ا۔مذ) تُلسی کا پتّا۔

تُلسی دَل چڑھانا (ہ۔محاورہ) برہمن یا مورتی کے سر پر تُلسی کے پتّے بکھیرنا۔

تُلسی کا پتّا کون چھوٹا کون بڑا (ہ۔مثل) وہاں کہتے ہیں جہاں سب اعلیٰ درجے کے آدمی ہوں۔

تُلسی کا ہیرا (ہ۔ا۔مذ) تُلسی کی لکڑی کا بنا ہوا تسبیح کا دانہ۔

تَلَطُّف (تَ۔لَط۔طُف) (ع۔ا۔مذ) مہربانی۔ عنایت۔ شفقت۔ لُطف۔ کرم۔

تلغراف (تلگراف) (تَل۔غ۔راف) (تَل۔گَ۔راف) (ف۔ا۔مذ) انگریزی ٹیلیگراف کا مفرس۔

تَلَف (تَ۔لَف) (ع۔صف) (۱) برباد۔ تباہ۔ رایگاں (۲) گُم۔ ضائع (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

تَلَفُّظ (تَ۔لَف۔فُظ) (ع۔ا۔مذ) لفظ کا مُنہ سے ادا کرنا۔ لہجہ۔

تلقین (تَل۔قین) (ع۔ا۔مث) (۱) تعلیم دینا۔ سکھلانا (۲) تعلیم و تربیت (۳) نصیحت۔ پند۔ ہدایت (۴) امامیہ مذہب میں مُردے کو قبر میں اُتارنے کے وقت مخصوص آیتیں پڑھنا۔

تَلَک (تَ۔لَک) (ق۔ حرفِ جار) تک۔

تِلَک (تِ۔لَک) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹیکا۔ قشقہ (۲) ماتھے کا ایک زیور (۳) گدی نشینی کی رسم کا ٹیکا (۴) وہ روپیہ جو شادی سے پہلے دُلہن کا باپ دُولہا کے گھر بھیجتا ہے۔

تِلَک چڑھانا (تِلَک دھارنا۔ تِلَک دھارن کرنا) (ہ۔محاورہ) ٹیکا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔

تلک دھاری (ہ۔صف) وہ شخص جو روزانہ تلک لگائے۔

تلک کرنا (ہ۔محاورہ) (۱) تلک لگانا (۲) گدّی پر بٹھانا۔ تخت نشین کرنا (۳) شادی کرنا (۴) رُخصت کرنا۔

تلملکھ (ت۔لکھ) (ق۔صف) بے تاب۔ بے قرار۔ پریشان۔

تُلُلّی (ت۔لل۔لی) (ہ۔ا۔مث) پانی وغیرہ کی دھار۔ تُل مُلی۔

تلمّذ (ت۔لم۔مُذ) (ع۔ا۔مذ) شاگرد ہونا۔ شاگردی۔

تلملانا (تل۔م۔لا۔نا) (ہ۔مص) مضطرب ہونا۔ بے چین ہونا۔ ت اور میم کے زیر سے بھی بولتے ہیں۔

تِلمِلاہٹ (تل۔مِ۔لا۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) گھبراہٹ۔ بے قراری۔ بے چینی۔ تڑپ۔ (عموماً ت اور میم کے زیر سے مستعمل ہے)۔

تلملی (تل۔م۔لی) (ہ۔ا۔مث) تِلملاہٹ (ت اور میم کے زیر سے بھی بولا جاتا ہے)۔

تلمیح (تل۔میح) (ع۔ا۔مث) (۱) اُچٹتی سی نگاہ ڈالنا (۲) نظم یا نثر میں ایسے اَلفاظ اِستعمال کرنا جن سے کسی قصّے کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہو۔ جمع: تلمیحات۔

تلمیذ (تل۔میذ) (ع۔ا۔مذ) شاگرد۔ چیلا۔ مُرید۔ جمع: تلامیذ۔ تلامذہ۔

تلمیذُ الرّحمٰن (تل۔می۔ذُر۔رحمان) (ع۔ا۔مذ) خُدا کا شاگرد۔ (مجازاً) شاعر۔

تُلنا (بضم اوّل) (ہ۔مص) (۱) وزن کیا جانا (۲) (محاورہ) کسی کام پر آمادہ ہونا (۳) فخر کرنا۔

تلنا (بفتح اوّل) (ہ۔مص) گھی یا تیل خوب گرم کرکے اُس میں کوئی چیز ڈال کر پکانا۔

تلنگ (ت۔لنگ) (نون غنّہ) (ہ۔ق۔ا۔مث) رفتار۔ چال۔

تلنگ مارنا (ہ۔محاورہ) گھوڑا مارنا (شطرنج کی تلمیح)۔

تِلنگ (تِ۔لنگ) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) ایک راگنی۔

تلنگا (تِ۔لن۔گا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تلنگانہ کا باشندہ (۲) انگریزی فوج کا باوردی سپاہی (۳) فوج کا سپاہی۔ پولیس کا سپاہی (۴) ایک قسم کا پتنگ (۵) (ہ۔صف) بدتہذیب۔ اُجڈ۔ جمع: تلنگوں۔ تلنگے۔

تلنگنی (تِ۔لنگ۔نی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی مٹھائی جو پتلے شیشے کی طرح کی بنائی جاتی ہے (۲) شاہی محلوں میں پہرا دینے والی سپاہی عورت۔

تلنگی (تِ۔لنگی) (ہ۔صف) (۱) تلنگانہ کا باشندہ (۲) (ا۔مث) تلنگانہ کی زبان۔

تِلوا (تِل۔وا) (ہ۔ا۔مذ) تل کے لڈّو۔

تلوا (تَل۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصّہ۔ پاؤں کے نیچے کا حصّہ۔ کفِ پا۔ جمع: تلووں۔ تلوے۔

تلوا (کھجانا) کھجلانا (ا۔محاورہ) کفِ پا میں خارش ہونا جو سفر کا شگون سمجھا جاتا ہے۔

رخصت اے زنداں جنوں زنجیرِ در کھڑکائے ہے
مُژدہ خارِ دشت پھر تلوا مرا کھجلائے ہے

تلوانہ (ٹِکنا) لگنا (ا۔محاورہ) ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا۔ ایک جگہ نہ ٹھہرنا۔

تلوار (تَل۔وار) (ہ۔ا۔مث) لمبے پھل والا ایک آہنی ہتھیار۔ تیغ۔ سیف۔ شمشیر۔ جمع: تلواریں۔ تلواروں۔

تلوار آزمانا (ا۔محاورہ) تلوار کی کاٹ کا امتحان کرنا۔

تلوار اُٹھانا (ا۔محاورہ) (۱) تلوار ہاتھ میں لینا (۲) لڑائی کے لئے تیار ہونا۔

تلوار اُگلی پڑنا (ا۔محاورہ) (۱) تلوار میان سے نکلی رہنا (۲) ہر وقت لڑائی کے لئے تیار رہنا۔

تلوار باندھنا (ا۔محاورہ) تلوار کمر میں لگانا۔

تلوار بجنا (تلوار برسنا) (ا۔محاورہ) تلوار چلنا۔ تلواروں کے ٹکرانے کی آواز آنا۔ شدّت سے تلوار چلنا۔ سخت جنگ ہونا۔

تلوار بند (ا۔صف) وہ شخص جو تلوار باندھے رہے۔

تلوار بندھنا (ا۔محاورہ) تلوار باندھنا کا لازم۔

تلوار پٹ پڑنا (ا۔محاورہ) (۱) تلوار کا دھار کے رُخ نہ پڑنا (۲) تلوار کا وار خالی جانا۔

تلوار پر ناچنا (ا۔محاورہ) ایک ناچ جس میں دو آدمی تلوار پکڑتے ہیں اور تیسرا اُن کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر کودتا ہے اور تلوار پر بظاہر تلوے رکھ دیتا ہے جو حقیقت میں اُس کو چھوتے نہیں۔ پھر پاؤں کو جنبش دیتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے تلوار پر ناچ رہا ہے۔

تلوار پر ہاتھ (رکھنا) دھرنا (ا۔محاورہ) (۱) تلوار مارنے کے ارادے سے قبضے پر ہاتھ رکھنا (۲) تلوار پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا۔

تلوار پڑنا (ا۔محاورہ) تلوار کا کاٹ کرنا۔

تلوار پکڑنا (ا۔محاورہ) لڑائی کی تیاری کرنا۔ تلوار کا قبضہ ہاتھ میں لینا۔

تلوار پھینک (دینا) پھینکنا (ا۔محاورہ) ہتھیار ڈال دینا۔ جنگ سے باز آنا۔

تلوار تو پٹ پڑی۔ بنچھ (کاٹ) کام کر گیا (ا۔مثل) جو کام بڑے سے نہ ہوا وہ چھوٹے نے کر دیا۔

تلوار تولنا (ا۔محاورہ) (۱) تلوار کو وار کرنے سے پہلے جانچنا تاکہ وار دُرست پڑے (۲) لڑنے کو تیار ہونا۔ تلوار سنبھالنا۔

تلوار تھامنا (ا۔محاورہ) تلوار ہاتھ میں لینا۔

تلوار تیر جانا (ا۔محاورہ) تلوار کا جسم کو کاٹ کر دُوسری طرف نکل جانا۔

تلوار (جڑنا) (ا۔محاورہ) تلوار مارنا۔

تلوار چلنا (ا۔محاورہ) جنگ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ کُشت و خون ہونا۔

تلوار چمکانا (ا۔محاورہ) تلوار میان سے نکال کر ہلانا۔ ننگی تلوار علَم کرنا۔

تلوار چھوڑنا (ا۔محاورہ) تلوار کا وار کرنا۔

تلوار حلق پر پھیرنا (ا۔محاورہ) تلوار سے گلا کاٹنا۔

تلوار حمائل رکھنا (ا۔محاورہ) تلوار گلے میں لٹکانا یا ہر وقت ساتھ رکھنا۔

تلوار درمیان (میں) رکھ کر سونا (ا۔محاورہ) مرد کا اپنے اور عورت کے درمیان تلوار رکھ لینا تاکہ وصل میں روک رہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تلوار دِکھانا (اَر۔ محاورہ) تلوار سے ڈرانا۔ قتل کی دھمکی دینا۔
تلوار زیبِ کمر کرنا (اَر۔ محاورہ) تلوار کمر سے باندھنا۔
تلوار سُونتنا (سُو نتنا) (اَر۔ محاورہ) تلوار کھینچنا۔ تلوار میان سے نکالنا۔
تلوار عرش پر جھولنا (اَر۔ محاورہ) تیغ زنی کی شہرت ہونا۔
تلوار کا آری بننا (اَر۔ محاورہ) بہت دیر تک تلوار چلانے کی وجہ سے تلوار پر دندانے پڑ جانا (۲) (مجازاً) سخت جنگ ہونا۔
تلوار کا بال (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار کی دھار۔
تلوار کا بَل (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار کی کجی۔
تلوار کا پانی (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) تلوار کی کاٹ یا تیزی (۲) تلوار کی آب۔
تلوار کا پانی پلانا (اَر۔ محاورہ) تلوار سے زخمی کرنا۔
تلوار کا پٹھا (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار کی دھار کی مخالف طرف جو چوڑی ہوتی ہے۔
تلوار کا پَھل (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار کا کاٹنے والا حصّہ۔
تلوار کا جوہر (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) تلوار کے وہ نقوش جن سے اُس کی عمدگی ظاہر ہوتی ہے (۲) تلوار کی خوبی۔
تلوار کا چھالا (اَر۔ ا۔ مذ) داغ، جو تلوار میں پڑ جائے۔
تلوار کا دونوں باگوں سے کسنا (اَر۔ محاورہ) تلوار کے دونوں سرے ملانا۔ جس تلوار کا لوہا نہایت عمدہ ہوتا ہے اُس کے دونوں سرے ملانے سے مل جاتے ہیں۔
تلوار کا دھنی (اَر۔ صف) تلوار سے اچھی طرح لڑنے والا۔ بہادُر۔ سُورما۔
تلوار کا ڈورا (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) دھار۔ باڑھ (۲) دھار کا نشان جو خط کی طرح دکھائی دیتا ہے۔
تلوار کا رومال (اَر۔ ا۔ مذ) وہ کپڑا جو تلوار کے قبضے پر سجاوٹ کے لیے باندھتے ہیں۔
تلوار کاری پڑنا (اَر۔ محاورہ) تلوار کا پوری طرح کاٹ کرنا۔
تلوار کا سبزہ (اَر۔ ا۔ مذ) وہ سبزی جو تلوار ہلانے سے اُس کے پھل میں نظر آتی ہے۔
تلوار کا قبضہ (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار کا دستہ۔
تلوار کا قبضہ چومنا (اَر۔ محاورہ) تلوار چلانے والے کا لڑنے سے پہلے قبضے کو بوسہ دینا۔
تلوار کا کسنا (اَر۔ محاورہ) تلوار کا خم ہو کر جھکنا اور پھر سیدھا ہونا۔
تلوار کا کھیت (اَر۔ ا۔ مذ) لڑائی کا میدان۔ میدانِ جنگ۔
تلوار کا کھیت ہرا نہیں (اَر۔ مثل) جس جگہ جنگ ہو چکی ہو وہاں کاشت کاری نہیں ہو سکتی۔
تلوار کا گھاٹ (اَر۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں سے تلوار میں خم شروع ہوتا ہے۔
تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے، (بات) زبان کا نہیں بھرتا (اَر۔ مثل) بد زبانی یا رنج دہ بات کبھی نہیں بھولتی۔
تلوار کا مُنہ (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار کی باڑھ۔
تلوار کا مینہ برسنا (اَر۔ محاورہ) بہت شمشیر زنی ہونا۔
تلوار کا وار (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار کا حملہ۔
تلوار کا ہاتھ (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار کا وار۔ شمشیر کی ضرب۔

تلوار کر جانا (بکسرِ کاف) (اَر۔ محاورہ) تلوار میں دندانے پڑ جانا۔
تلوار کرنا (اَر۔ محاورہ) تلوار سے حملہ کرنا۔ بہادُری دکھانا۔
تلوار (کَسنا) کَسانا (اَر۔ محاورہ) تلوار جُھکا کر جانچنا۔
تلوار کو پتھر چٹانا (اَر۔ محاورہ) تلوار سان پر رکھنا۔ تلوار تیز کرنا۔
تلوار کو خالی دینا (اَر۔ محاورہ) تلوار کے وار سے بچنا۔
تلوار کھینچنا (اَر۔ محاورہ) تلوار سُونتنا۔ میان سے نکالنا۔
تلوار کی آب (اَر۔ ا۔ مث) تلوار کی چمک یا آب داری۔
تلوار کی آنچ (اَر۔ ا۔ مث) تلوار کی چمک، گرمی یا تیزی۔
تلوار کی آنچ بُری ہوتی ہے (اَر۔ مثل) تلوار سے سب ڈرتے ہیں۔
تلوار کی آنچ کے سامنے کوئی بِرلا ہی ٹھہر سکتا ہے (اَر۔ مثل) تلوار کے سامنے کوئی کوئی ہی ٹھہرتا ہے۔
تلوار کی (باڑ) دھار (اَر۔ ا۔ مث) تلوار کا وہ باریک تیز کنارہ جو کاٹتا ہے۔
تلوار کی جھنکار (اَر۔ ا۔ مث) تلواروں کے ٹکرانے کی آواز۔
تلوار کی موت (اَر۔ ا۔ مث) تلوار سے قتل ہونا۔
تلوار کی ناپ (اَر۔ ا۔ مث) تلوار کی لمبائی کا وہ نشان جو نوک سے قبضے تک دونوں طرف ہوتا ہے۔
تلوار کے (تلے) نیچے دم تو لینے دو (اَر۔ مثل) (۱) ذرا انتظار کرو (۲) جو دم بچے وہی غنیمت ہے۔
تلوار کے گھاٹ اُتارنا (اَر۔ محاورہ) مار ڈالنا۔ تلوار سے قتل کر دینا۔
تلوار کے ہاتھ (اَر۔ ا۔ مذ) تلوار چلانے کے طریقے۔ تلوار کے حملے۔
تلوار گر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہادُری جاتی رہنا (۲) نامرد ہو جانا (۳) ہار جانا۔
تلوار گری پڑی جا بکھری (و۔ مثل) حاکم کی بُزدلی سے رعایا باغی ہو جاتی ہے۔ حاکم کی نرمی سے رعایا سرکش ہو جاتی ہے۔ بغیر تلوار کے رعایا قابو میں نہیں آتی۔
تلوار گھسیٹنا (اَر۔ محاورہ) تلوار میان سے نکالنا۔
تلوار لگانا (اَر۔ محاورہ) تلوار مارنا (۲) تلوار کمر میں باندھنا۔
تلوار لیے پھرنا (اَر۔ محاورہ) لڑنے کے لئے تیار رہنا۔
تلوار مارے ایک بار۔ احسان مارے بار بار (اَر۔ مثل) احسان کی مار تلوار سے بڑھ کر ہوتی ہے۔
تلوار مُنہ پر کھانا (اَر۔ محاورہ) تلوار کے وار سے مُنہ نہ پھیرنا۔
تلوار میان (نیام) سے کھینچنا (اَر۔ محاورہ) تلوار سُونتنا۔ لڑنے کو تیار ہونا۔
تلوار میان (نیام) سے نکلی پڑنا (اَر۔ محاورہ) ہر وقت لڑنے کے لئے آمادہ رہنا۔
تلوار میان (نیام) میں کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تلوار کو غلاف میں رکھنا (۲) لڑنے سے باز رہنا۔
تلوار میں بال آ جانا (اَر۔ محاورہ) تلوار میں نقص ہو جانا۔
تلوار میں چھالے پڑنا (اَر۔ محاورہ) تلوار میں داغ پڑنا۔
تلوار میں کاٹ ہونا (اَر۔ محاورہ) تلوار کا اِس قدر تیز ہونا کہ جس چیز پر پڑے اُس کو کاٹ دے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تلواروں (و۔ا۔مث) تلوار کی جمع۔
تلواروں پر رکھ لینا (اُر۔ محاورہ) تلواروں سے حملہ کرنا۔
تلواروں کا لہریں لینے لگنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی میں تلواروں کا چلنا۔
تلواروں کی چھاؤں میں (تلواروں کے سائے میں) (اُر۔ متعلق فعل) (۱) دورانِ جنگ میں (۲) بہادر قوموں میں (۳) تلواروں کی حفاظت میں۔ تلواروں کے اثر میں (۴) کمال حفاظت میں۔
تلواریا (تَلوَریا) (تَل۔وا۔ریا)(تَل۔وَر۔یا)(و۔صف) (۱) تلوار چلانے والا۔ شمشیر زن۔ تیغ زن (۲) بہادُر۔ شجاع۔
تلواریں (و۔ا۔مث) تلوار کی جمع۔
تلواریں نیام میں ہو جانا (اُر۔ محاورہ) صُلح ہو جانا۔
تِلواس (تِل۔واس)(اُر۔ا۔مث)(ف: تِلواسہ) اِضطراب۔ بیقراری۔
تُلوال (تُل۔وال)(و۔صف) قیمتی۔ وزنی۔
تُلوانا (تُل۔وا۔نا) (و۔مص) (۱) تُلنا کا متعدی المتعدی (۲) (ق۔مص) تلوے میں چھالے پڑنا۔
تُلوانا (تُل۔وا۔نا)(و۔مص) تولنا کا متعدی المتعدی۔ وزن کرانا۔
تُلوانسا (تُل۔واں۔سا)(و۔ا۔مذ) تلوے کا زخم۔
تُلوائی (تُل۔وا۔ای)(و۔ا۔مث) تُلائی۔ تولنے کی اُجرت۔
تِلوَٹ (تِل۔وَٹ) (ق۔ا۔مذ) لڈّو کی ایک قسم جو تِل اور گُڑ سے بنائی جاتی ہے۔
تَلوری (تَ۔لو۔ری)(و۔ا۔مث) ایک خوش آواز چڑیا۔
تَلوَریا (تَل۔وَر۔یا)(و۔صف) تیغ زن۔ تلوار چلانے والا۔ بانکا۔ سُورما۔ نیز دیکھئے تلواریا۔
تلوریا وہی بھلا جو رَن میں ہاتھ دکھائے۔ بَیری کے ٹکڑے کرے اور آپ اَکرت بچ جائے (و۔ مثل) تلوریا (تیغ زن) وہ ہے جو لڑائی میں دُشمن کو قتل کرے اور خود بچ جائے۔
تِلوں (تِ۔لوں)(و۔ا۔مذ) تِل کی جمع۔
تِلوں میں تیل نہ کہنا (اُر۔ محاورہ) ظاہر بات کو چُھپانا۔
تِلوں میں تیل نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) محبت نہ ہونا۔ مُروّت نہ ہونا۔
تِلوں میں سے تیل نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کفایت شعاری کرنا (۲) اپنے مال کی زیادہ قیمت لگانا۔
تَلَوُّن (تَ۔لَو۔وُن) (ع۔ا۔مذ) (۱) رنگ بدلنا (۲) ایک حالت یا بات پر قائم نہ رہنا (۳) چنچل پن۔ چھچھورپن۔ اوچھاپن۔
تلوّن مزاج (ع۔صف) غیر مستقل مزاج شخص جو ایک بات پر قائم نہ رہے۔
تلوّن مزاجی (ع۔ا۔مث) غیر مستقل مزاجی۔ بے اِستقلالی۔
تلونڈا (تَ۔لوں۔ڈا)(و۔صف) تیل کی طرف جُھکا ہوا چراغ۔ تلوانسا۔
تَلووں (تَل۔ووں)(و۔ا۔مذ) تلوا کی جمع۔

تلووں تلے (مَلنا) میٹنا (اُر۔ محاورہ) روندنا۔ پامال کرنا۔
تلووں سے آگ لگنا (اُر۔ محاورہ) سخت غُصّہ آنا۔ ناخوش ہونا۔ برافروختہ ہونا۔
تلووں سے آنکھیں مَلنا (اُر۔ محاورہ) نہایت عاجزی کرنا۔ بہت عزّت کرنا۔
تلووں سے لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بے قرار ہونا۔ مُضطرب ہونا (۲) غُصّہ آنا۔
تلووں سے لگنا' سر میں جا بُجھنا (اُر۔ محاورہ) سر سے پاؤں تک غُصّے میں جلنا۔ سخت غُصہ آنا۔ سخت برافروختہ ہونا۔
تلووں سے لگی سر میں سے نکل گئی (اُر۔ محاورہ) سخت غُصّہ آیا۔ نہایت ناخوش ہوا۔
تلووں سے مَلنا (اُر۔ محاورہ) پامال کرنا۔ روندنا۔ خاک میں ملانا۔
تلووں کا کچّا (اُر۔ صف) جلد تھک جانے والا۔ وہ جس کے پاؤں تھوڑا سا چلنے سے زخمی ہو جائیں۔
تَلوے (و۔ا۔مذ) (۱) تلوا کی جمع (۲) تلوا کی مُغیّرہ صورت۔
تلوے تلے آنکھیں مَلنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے تلووں سے آنکھیں ملنا۔
تلوے تلے ہاتھ دھرنا (اُر۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔
تلوے جلنا (اُر۔ محاورہ) تلووں میں سوزش ہونا۔ گرمی سے تلووں میں جلن ہونا۔
تلوے چاٹنا (اُر۔ محاورہ) نہایت خوشامد کرنا۔
تلوے چھلنی ہو جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت چلنے سے تلووں کا زخمی ہو جانا (۲) کسی کام کے لئے نہایت دوڑ دھوپ کرنا۔
تلوے دھو دھو کے پینا (اُر۔ محاورہ) (۱) نہایت اطاعت اور فرماں برداری کرنا (۲) کمال قدر دانی کرنا۔
تلوے سہلانا (اُر۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔
تلوے گرم کرنا (اُر۔ محاورہ) (کنایۃً) رشوت دینا۔ ہتھیلی گرم کرنا۔
تلوے گھس جانا (اُر۔ محاورہ) بہت پھرنا۔ بہت سفر کرنا۔
تلوے ملنا (اُر۔ مص مُرکّب) تلووں پر تیل یا کسی اور چیز کی مالش کرنا۔
تُلوَیّا (تُل۔وَیّ۔یا)(و۔ا۔مذ) تولنے والا۔
تَلیین (تَل۔یین) (ع۔ا۔مذ) (۱) نرم کرنا۔ نرمی (۲) اِصطلاحِ طِب میں قبض دُور کرنا۔ اِجابت ہونا۔
تَلی (تَ۔لی)(و۔ا۔مث) پینِدا۔ پیندی۔ تَلا کی تانیث۔
تِلّی (تِل۔لی)(و۔ا۔مث) پیٹ میں بائیں طرف' معدے کی پشت پر' بیضوی شکل کا ایک بہت بڑا غدود جس کا تعلق دورانِ خون اور نظامِ ہضم سے ہے۔
تِلی (تِ۔لی)(و۔ا۔مث) دیکھئے تِل۔
تُلی (تُ۔لی)(و۔ا۔مث) (۱) تُلا ہے کی کوچی۔ مصوّر کی کوچی۔ ایک سلاخ جسے پگھلی ہوئی دھات میں ڈال کر دیکھتے ہیں کہ اچھی طرح پگھل گئی ہے یا نہیں (۲) (صف) تولی ہوئی۔
تُلی بوٹی تیا شوربا (اُر۔ مثل) خرچ میں روک ٹوک ہونے کے موقع پر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بولتے ہیں۔ بڑی کفایت شعاری۔

تلے (ت۔لے)(و۔صف)(۱) اُوپر کی ضد۔ نیچے۔ زیر۔ تحت۔ زمین پر۔

تلے آنا (و۔مص)(۱) نیچے آنا۔ اُوپر سے اُترنا (۲) ماتحت ہونا (۳) نُقصان اُٹھانا (۴) کسی چیز کے نیچے دب جانا (۵) کسی چیز کے سائے میں آ جانا۔

تلے اُوپر (و۔صف)(۱) تہ و بالا۔ زیر و زبر۔ اُوپر نیچے (۲) پے در پے۔ لگاتار۔ متواتر (۳) ایک کے اُوپر ایک۔ یکے بعد دیگرے۔

تلے اُوپر کے (و۔صف) وہ بچے جو ایک دُوسرے کے بعد پیدا ہوں۔

تلے اُوپر ہونا (اِ۔محاورہ) اُلٹ پلٹ ہونا۔ تہ و بالا ہونا۔

تلے پڑنا (اِ۔محاورہ)(۱) زمین پر لیٹنا (۲) نیچے لیٹنا۔ آگے پڑنا۔

تلے پڑی کا مول کیا (و۔مثل) جو چیز قبضے میں ہو اُس کی قدر نہیں ہوتی۔

تلے تلے دیکھنا (اِ۔محاورہ) نیچی نظروں سے دیکھنا۔ آنکھ بچا کر دیکھنا۔

تلے تیس اُوپر بیس (و۔مثل) تہ و بالا ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تلے دھرتی' اُوپر رام (و۔مثل) قسم کھانے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تلے کا پاٹ (پتھر) بھاری ہے (و۔مثل) بیوی زبردست ہے۔

تلے کا دم تلے رہ گیا' اُوپر کا اُوپر (اِ۔محاورہ) کوئی بُری یا دہشت ناک خبر سُن کر سکتے میں آ جانا۔

تلے کی دُنیا (زمین) اُوپر ہونا (اِ۔محاورہ) اِنقلابِ عظیم ہونا۔

تلے کی زمین اُوپر کر دینا (اِ۔محاورہ) گڑبڑ مچا دینا۔ گھبرا دینا۔

تلے کے دانت تلے' اُوپر کے اُوپر رہ جانا (اِ۔محاورہ) حیرت سے مُنہ کُھلا کا کُھلا رہ جانا۔

تلے کی سانس تلے' اُوپر کی سانس اُوپر رہ جانا (اِ۔محاورہ) حیران رہ جانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

تلے گھیرا اُوپر سہرا (و۔مثل) گھیرا اچھلنے کو کہتے ہیں۔ ایسی شادی پر طنز ہے جس میں لڑکی کو کچھ نہ ملے۔

تلے وانی (ت۔لے۔وا۔نی)(اِ۔امث) تلا کے تحت دیکھئے۔

تلیا (ت۔لی۔یا)(و۔امث) چھوٹا تالاب۔

تلیٹی (ت۔لے۔ٹی)(و۔امث)(۱) کسی چیز کا پیندا یا نچلا حصّہ (۲) نیچے کی زمین (۳) دامنِ کوہ (۴) پکّا فرش (۴) نواحی علاقہ۔ اَطراف (۵) ہندوؤں میں مُردے کے کفن کا وہ کپڑا جو اُس کے نیچے بچھایا جاتا ہے۔

تِلیَر (تِل۔یَر)(و۔امذ) ایک چھوٹا سا ڈرپوک پرندہ۔ اَبلقہ۔ ایشیا' یورپ اور امریکا میں پایا جاتا ہے۔ جمع: تلیر۔ تلیروں۔

تلینچا (ت۔لیں۔چا)(و۔امذ) معماروں کی اِصطلاح میں چھت کی اُونچائی۔

تلینڈو (ت۔لیں۔ڈو)(اِ۔صف) فرماں بردار۔ مطیع۔ مغلوب۔

تلینڈی (ت۔لیں۔ڈی)(و۔امث) ہولی کا تیسرا دن۔

تلیین (تَل۔یِین) دیکھئے تَلیِن۔

ت۔م

تُم (بضمِ اوّل)(و۔ضمیر مخاطب) تُو کی جمع۔ تعظیماً واحد کو بھی کہتے ہیں۔

تم اور چلے گھاؤ میں مرچیں لگانے (اِ۔مثل) ایک تو پہلے ہی تکلیف تھی تم اور تکلیف دینے لگے۔

تم ایسے (جیسے) بہتوں کو میں پڑا پکا ہوں (اِ۔مثل) میں نے تمہارے جیسے بہت دیکھے ہیں۔ تم سے زیادہ چالاک ہوں۔

تم بھی کیا ہو (اِ۔روزمرّہ) عجیب آدمی ہو۔

تم بھی کہو گے کہ ہمیں چرخہ لے دو (اِ۔مثل) بے وقوفی کی بات کرنے پر کہتے ہیں۔

تم پوچھنے والے کون (اِ۔روزمرّہ) دخل در معقولات کرنے والے کو کہتے ہیں۔

تم تو مجھے چھیڑو گے (اِ۔مثل) دُوسرے کو کسی بات کے لئے جو اُس کے خیال میں بھی نہ ہو' اُکسانے کی غرض سے کہتے ہیں۔

تم جانو تمہارا کام جانے (اِ۔روزمرّہ) جو چاہو کرو۔ میں دخل نہیں دینے کا۔

تم ڈال ڈال میں پات پات (اِ۔مثل) میں تم سے زیادہ چالاک ہوں۔

تم رُوٹھے ہم چھوٹے (اِ۔مثل) تم ناراض ہو تو ہمیں بھی پروا نہیں۔

تم سے اللہ کی پناہ (اِ۔مثل) تمہاری شرارتوں سے خُدا محفوظ رکھے!

تم سے بگڑے تو خدا سے بگڑے (اِ۔مثل) تم سے برگشتہ ہونا خُدا کے خلاف ہو جانے کے برابر ہے۔

تم کاٹو میری ناک اور کانی۔ میں نہ چھوڑوں اپنی بانی (اِ۔مثل) ضدی عورت کے متعلق کہتے ہیں یعنی چاہے تم جو سزا دو' میں اپنی عادت سے باز نہ آؤں گی۔ (کانی: کان)۔

تم کس کھیت کی مُولی (کے بتھوے) ہو (اِ۔مثل) تمہاری کیا حیثیت ہے۔ بالکل بے حقیقت اور بے حیثیت ہو۔

تم کو قسم ہے (اِ۔روزمرہ) دُوسرے سے کوئی بات کرانے یا کسی بات سے روکنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تم کہیں اور ہم کہیں (اِ۔مثل) علیحدہ ہو جائیں گے۔ پھر ملنے کا موقع نہیں ملے گا۔

تم کیا ہو؟ (اِ۔روزمرہ) بے حقیقت ہو۔ کچھ بھی نہیں ہو۔

تم نے اُڑائیں ہم نے بھون بھون کھائیں (اِ۔مثل) ہم تم سے زیادہ چالاک ہیں۔ تمہاری چالیں سمجھتے ہیں۔

تم نے کہا اور (میں) ہم نے مان لیا (اِ۔مثل) تمہارا کوئی اعتبار نہیں۔

تم ہمیں بُلاؤ گے تو کیا کھلاؤ گے؟ تم ہمارے گھر آؤ گے تو کیا لاؤ گے؟ (اِ۔مثل) ہر حال میں اپنے ہی فائدے کی سوچنا۔ خود غرض کے متعلق کہتے ہیں۔

تم ہو کس لائق؟ (اِ۔روزمرہ) تمہاری کیا مجال؟ تمہاری حیثیت کیا ہے؟

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تم ہی تم ہو (اُر۔ مقولہ) تمہارا بڑا رسوخ ہے۔ تم سب کچھ ہو۔

تَماثُل (ت۔ما۔ثُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) برابر ہونا (۲) مشابہ ہونا۔ مانند ہونا۔

تَماثِیل (ت۔ما۔ثیل) (ع۔ا۔مذ) تمثال کی جمع (۱) تصویریں۔ مورتیں (۲) فرمانِ شاہی۔

تَماچا (تمانچا) (اُر۔ا۔مذ) طمانچہ۔ تھپڑ۔ جمع: تماچوں۔ تماچے۔

تماچا اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تھپڑ مارنے کا قصد کرنا۔

تَماخُو (ت۔ما۔خو) (اُر۔ا۔مذ) تمباکو کا بگاڑ۔

تَمادی (ت۔ما۔دی) (ع۔ا۔مث) (۱) مدت۔ عرصہ (۲) بہت وقت۔ عرصہ دراز (۳) قانون میں وہ میعاد جس کے گزرنے کے بعد دیوانی نالش کا اختیار نہ رہے۔ حدِ سماعتِ مقدمہ دیوانی۔

تمادی عارض ہونا (ع۔اُر۔ محاورہ) اِتنی مدت گزر جانا کہ دعویٰ دائر کرنے کا حق نہ رہے۔

تَمارُض (ت۔ما۔رُض) (ع۔ا۔مذ) بیماری کا بہانہ کرنا۔ بیمار بننا۔

تَمازَت (ت۔ما۔زت) (اُر۔ا۔مث) گرمی۔ شِدّت کی گرمی۔ (ع: تَموُّز کا مورِد)۔

تمازتِ آفتاب (اُر۔ف۔ا۔مث) (غلطُ العام) سورج کی گرمی۔

تَماش (ت۔ماش) (ف۔ا۔مذ) تماشا کا مخفف۔

تماش بِین (ف۔صف) (۱) تماشا دیکھنے والا۔ تماشائی (۲) رنڈی باز۔ عیاش۔ فارسی جمع: تماش بِیناں۔ اُردو جمع: تماش بِین۔ تماش بِینوں۔

تماش بِینی (ف۔ا۔مث) رنڈی بازی۔ عیاشی۔ بدکاری۔

تَماشا (ت۔ما۔شا) (ف۔ا۔مذ) (۱) عربی تماشی (باہم پیدل چلنا) کا مفرس (۲) سیر۔ تفریح (۳) دید۔ نظارہ (۴) مزہ۔ لطف (۵) کھیل (۶) مجمع۔ ہجوم (۷) ہنگامہ (۸) مذاق۔ ٹھٹھا (۹) عجیب بات (۱۰) نمائش۔ دکھاوا (۱۱) سوانگ۔ ناٹک۔ کرتب۔ لیلا۔ اُردو جمع: تماشوں۔ تماشے۔

تماشا بنانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہنسی اُڑانا۔ مذاق اُڑانا (۲) سوانگ بنانا۔ نقل کرنا۔

تماشا بن جانا (اُر۔ محاورہ) ایسا ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں۔ قابلِ تضحیک ہو جانا۔

تماشا بِین (ف۔صف) دیکھئے تماش بِین۔

تماشا خانم (اُر۔ا۔مث) مسخری عورت۔ انوکھی عورت۔

تماشا خانہ (تماشا کدہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) تماشے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں بیٹھ کر تماشا دیکھیں۔ وہ مقام جہاں تماشا ہو۔ ناچ گھر۔ تھیٹر۔ اکھاڑا (۲) سیر گاہ۔

تماشا دکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) سیر دکھانا (۲) سزا دینا۔

تماشا دیکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سیر دیکھنا۔ لطف دیکھنا (۲) ناٹک دیکھنا (۳) سزا پانا۔ مزہ چکھنا (۴) نظارہ دیکھنا۔

تماشا کرنا (اُر۔ محاورہ) ناٹک کرنا۔ سوانگ بھرنا۔ کرتب دکھانا۔

تماشا کناں (ف۔صف) تماشا کرتا ہوا۔ سیر کرتا ہوا۔

تماشا گاہ (ف۔ا۔مث) تماشے کی جگہ۔ تماشا خانہ۔ تماشا کدہ۔

تماشا گاہِ عالم (ف۔ا۔مث) دُنیا۔

تماشا گر (ف۔صف) (۱) تماشا کرنے والا۔ نٹ۔ مداری۔

تماشا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) عجیب بات ہونا (۲) ناٹک وغیرہ ہونا (۳) مزہ ہونا۔ لطف ہونا (۴) مسخرہ ہونا۔ انوکھا بننا۔

تَماشائی (ت۔ما۔شا۔ای) (ف۔صف) تماشا دیکھنے والا۔

تَماشے (اُر۔ا۔مذ) (۱) تماشا کی جمع (۲) تماشا کی مُغیّرہ صورت۔

تماشے تماشے کے چالے کرنا (ق۔ محاورہ) طرح طرح کی چالیں چلنا۔

تماشے کا (اُر۔صف) عجیب۔ انوکھا۔

تماشے کی بات (اُر۔ا۔مث) عجیب یا انوکھی بات۔

تماشے کی باتیں (اُر۔ا۔مث) بچّے کی ایسی باتیں جن سے جی خوش ہو۔

تَماکُو (ت۔ما۔کو) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے تمباکو۔

تَمام (ت۔مام) (ع۔صف) (۱) کُل۔ سب۔ پُورا (۲) مکمّل۔ ختم۔ تیار (۳) کامل۔ خالص (۴) آخر۔ اخیر۔ خاتمہ۔

تمام تر (ع۔ف۔صف) (۱) مکمّل (۲) مطلق۔ محض۔ بالکل۔

تمام شُد (ع۔ف۔فعل) ختم ہو گیا۔ عموماً کتاب کے خاتمے پر لکھتے ہیں۔

تمام عیار (ع۔صف) خالص۔ بے میل۔ جو کسوٹی پر پورا اُترے۔

تمام کرنا (ع۔اُر۔مص) (۱) ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ مکمّل کرنا (۲) مار ڈالنا۔

تمام و کمال (ع۔ف۔صف و متعلق فعل) (۱) مکمّل۔ کُل۔ سب کا سب۔ پورے طور سے (۲) کھول کے۔ پوست کندہ۔ واضح طور پر۔

تمام ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) پورا ہونا۔ آخر ہونا (۲) مر جانا (۳) خرچ ہو جانا (۴) بجھنا۔ ٹھنڈا ہونا۔

تَمامی (ت۔ما۔می) (ف۔ا۔مث) (۱) تکمیل (۲) کمال (۳) انجام۔ آخر۔ خاتمہ (۴) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ اطلس۔

تِمانا (تِ۔ما۔نا) (ہ۔مص) گیلا کرنا۔ نم دینا۔

تُمانا (تُ۔ما۔نا) (ہ۔مص) رُوئی یا اُون کو صاف کرانا۔ پنجوانا۔ تومنا کا متعدّی۔

تُمائی (تُ۔ما۔ای) (ہ۔ا۔مث) رُوئی صاف کرنے کی مزدوری۔

تَمباکُو (تم۔با۔کو) (اُر۔ا۔مذ) ایک پودا (نکوٹیانا) جس کے پتّوں سے سگرٹ، سگار، بیڑی، نسوار وغیرہ بنتے ہیں، چلم میں بھر کے پیتے اور پان میں ڈال کر کھاتے ہیں۔ اِس میں ایک نشہ آور مادّہ (نکوٹین) پایا جاتا ہے جو تندرستی کے لئے مضر ہے۔ اِس کا اصل وطن امریکا ہے جہاں سے ہسپانوی ملّاح اِسے یورپ میں لائے اور اسے "تباکو" کا نام دیا جو انگریزی میں "ٹوبیکو" ہو گیا۔ تمباکو تباکو کا مورَد ہے۔ تقریباً تمام دُنیا میں کاشت کیا جاتا ہے۔

تُمبالُو (تُم۔با۔لو) (ق۔ا۔مذ) لوٹا۔ بٹلوہی۔

تَمبُو (تم۔بو) (ہ۔ا۔مذ) خیمہ۔ شامیانہ (۲) ایک قسم کی مچھلی۔

تَمبُول (تم۔بول) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے تنبول۔

تَمَّت (تم۔مت) (ع۔فعل) ختم ہوئی۔ پوری ہوئی۔ (کتاب وغیرہ)۔

تَمَتُّع (ت۔مت۔تع) (ع۔ا۔مذ) (۱) فائدہ حاصل کرنا (۲) پھل پانا (۳) اِستعمال کرنا (۴) فائدہ۔ نفع۔ جمع: تمتّعات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تمتعاتِ دُنیاوی (تَ۔مَت۔تُ۔عا۔ت۔ دُن۔یا۔وی) (ع۔ا۔مذ) دُنیا کے فائدے۔

تمتمات (تَم۔تَمات) (ق۔ا۔مذ) ہنگامہ۔ چُہل۔

تمتمانا (تَم۔تَ۔ما۔نا) (ہ۔مص) (۱) دھوپ کی گرمی یا بخار کے باعث چہرہ سُرخ ہو جانا (۲) چمکنا۔ جگمگانا (۳) گرم ہونا۔

تمتماہٹ (تَم۔تَ۔ما۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) گرمی یا بخار کی وجہ سے چہرے کی سُرخی (۲) چمک دمک (۳) گرمی۔ حرارت۔

تمثال (تِم۔ثال) (ع۔ا۔مث) (۱) پیکر۔ صورت (۲) فرمانِ شاہی۔ جمع: تماثیل۔

تمثال گر (ع۔ف۔صف) مصوّر۔ نقّاش۔

تمثّل (تَ۔مَث۔ثُل) (ع۔ا۔مذ) (۱) مشابہ یا مطابق ہونا (۲) مثال دینا۔ ضرب المثل کہنا۔ تشبیہ دینا۔

تمثیل (تَم۔ثیل) (ع۔ا۔مث) (۱) تشبیہ دینا۔ مشابہ کرنا (۲) تشبیہ۔ مثال۔ نظیر (۳) مُشابہت۔ مُطابقت (۴) ڈراما۔ جمع: تمثیلات۔

تمثیلاً (تَم۔ثی۔لَن) (ع۔متعلق فعل) مثال کے طور پر۔ تشبیہ کے طور پر۔

تمثیلچہ (تَم۔ثیل۔چہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) تمثیل کی تصغیر۔ مختصر ڈراما۔ چھوٹا ڈراما۔

تمجید (تَم۔جید) (ع۔ا۔مث) خُدا کی بُزرگی کی تعریف کرنا۔

تمحیص (تَم۔حِیص) (ع۔ا۔مث) کم کرنا۔ پاک کرنا (۲) جانچ (۳) بحث۔

تمدُّد (تَ۔مَد۔دُد) (ع۔ا۔مذ) کشیدگی۔ کھچاؤ۔ رنجش۔

تمدُّن (تَ۔مَد۔دُن) (ع۔ا۔مذ) مل کے رہنے کا طریقہ۔ طرزِ معاشرت۔

تمر (تَ۔مَر) (ع۔ا۔مث) کھجور۔

تمر ہندی (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) املی (۲) املی کا درخت۔

تمرُّد (تَ۔مَر۔رُد) (ع۔ا۔مذ) (۱) سرکشی۔ بغاوت (۲) گستاخی۔ نافرمانی۔

تمرین (تَم۔رین) (ع۔ا۔مث) عادت ڈالنا۔ خوگر کرنا (۲) مشق۔

تمسخُر (تَ۔مَس۔خُر) (ع۔ا۔مذ) مسخرہ پن۔ ہنسی مذاق۔ ٹھٹول۔ کھلّی۔

تمسُّک (تَ۔مَس۔سُک) (ع۔ا۔مذ) (۱) گرفت۔ پکڑ (۲) اقرار نامہ۔ وہ تحریر جو قرض دار قرض خواہ کو لکھ کر دیتا ہے۔

تمسکِ مناطِ دعویٰ (ع۔ا۔مذ) وہ تمسک جس پر دعوے کی بُنیاد ہو۔

تمغا (تَم۔غا) (ت۔ا۔مذ) (۱) شاہی مُہر یا فرمان (۲) نشانِ مُہر (۳) نشان جو جانوروں کی ران پر لگایا جاتا ہے (۴) تجارتی نشان (۵) سند۔ معافی کی سند (۶) معافی یا انعامی زمین (۷) سونے اور چاندی کا بنا ہوا نشان جو انعام کے طور پر دیا جاتا ہے (۸) سِکّہ۔ ٹھپّا (۹) محصول چنگی (۱۰) ڈپلوما۔ نشان جو حاکم، یونیورسٹی یا کالج وغیرہ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ جمع: تمغوں۔ تمغے۔

تمغا بٹھانا (اُر۔محاورہ) سکّہ بٹھانا۔ رُعب جمانا۔

تمکُّن (تَ۔مَک۔کُن) (ع۔ا۔مذ) (۱) جگہ پکڑنا (۲) اختیار ہونا۔ قابو میں رکھنا (۲) طاقت۔ اختیار۔ قابو۔

تمکنت (تَم۔کَ۔نَت) (ع۔ا۔مث) (۱) قدرت۔ اختیار۔ حکومت۔ زور (۲) غرور۔ گھمنڈ (۳) شان و شوکت۔

تمکین (تَم۔کین) (ع۔ا۔مث) (۱) طاقت۔ زور (۲) مرتبہ۔ رُتبہ (۳) وقار۔ عزّت۔

تملُّق (تَ۔مَل۔لُق) (ع۔ا۔مذ) (۱) نرمی۔ مُلائمت (۲) خوشامد۔ چاپلوسی۔ لٹو پتو۔

تملیک (تَم۔لیک) (ع۔ا۔مث) کسی کو کسی چیز کا مالک کر دینا۔

تملیک نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) منقولہ یا غیر منقولہ جائداد کا مالک بنانے کی تحریر۔ جس کے ذریعے کسی کو منقولہ یا غیر منقولہ جائداد کا مالک بنایا گیا ہو۔

تُمن (تُ۔مَن) (ت۔ا۔مذ) (۱) تومان کا مخفف (۲) رسالہ۔ پلٹن (۳) سو سواروں کا دستہ (۴) ایک طلائی سکّہ جو ساڑھے چار روپے کے برابر ہوتا تھا۔

تمن باندھنا (اُر۔محاورہ) فوج جمع کرنا۔

تمن دار (ت۔ف۔صف) رسالدار۔ رسالے کا کمان دار (۲) بلوچستان، بہاول پور اور ملتان کے بعض علاقوں میں ذیلدار کے مرتبے کا ایک افسر (۳) ڈیرہ غازی خاں کے بڑے جاگیردار۔

تمن داری (ت۔ف۔ا۔مث) رسالے کی کمان۔ رسالداری۔

تمنّا (تَ۔مَن۔نا) (ع۔ا۔مث) خواہش۔ آرزو۔ شوق۔ اشتیاق۔ درخواست۔ ارمان۔ اُردو جمع: تمنّاؤں۔ تمنّائیں۔

تمنائے دلی بر آنا (اُر۔محاورہ) دل کی خواہش پوری ہونا۔

تمنچہ (تَ۔مَن۔چہ) (ت۔ا۔مذ) پستول۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔ طمنچہ۔ تپنچہ۔ جمع: تمنچوں۔ تمنچے۔

تموُّج (تَ۔مَو۔وُج) (ع۔ا۔مذ) پانی کا موجیں مارنا۔ لہریں اُٹھنا۔ تلاطم۔

تموجِ ہوا (ع۔ا۔مذ) ہوا کا زور۔

تمُوز (تَ۔مُوز) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک رُومی مہینا جو جولائی یا اساڑھ کے مطابق ہوتا ہے (۲) (مجازاً) گرمی کی شدّت۔

تموُّل (تَ۔مَو۔وُل) (ع۔ا۔مذ) دولت مندی۔ مال داری۔ امارت۔

تمہارا (تُم۔ہا۔را) (ہ۔ضمیر حاضر کی حالتِ اضافی) تم سب کا۔ آپ کا۔

تمہارا سر (تمہارا کلیجا) (اُر۔کلمۂ نفرین) جب کوئی شخص کسی کے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا یا پوچھتا ہے تو اُس کے جواب میں کہا جاتا ہے۔

تمہارا مال سو ہمارا مال، ہمارا مال سوہیں ہیں (اُر۔مثل) خود غرض آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو دُوسروں کا مال تو لے لے اور اپنا مال دینا ہو تو فش کر ٹال دے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تمہاری (تُم۔ہا۔ری) (ۃ۔ ضمیرِ حاضر) تم سب کی۔ آپ کی۔ تمہارا کی تانیث۔
تمہاری ایڑی میں کیا لگا ہے؟ (اُر۔ مقولہ) نظرِ بد سے بچنے کے لئے عورتیں کہتی ہیں۔
تمہاری بات نہ اُٹھائی جائے نہ دھری جائے (اُر۔ مثل) تمہاری بات کا کوئی بھروسا نہیں۔
تمہاری یہ راہ، ہماری وہ راہ (اُر۔ مثل) (۱) ہمارا تمہارا کوئی تعلق نہیں (۲) ہمیں تمہاری کوئی پروا نہیں۔
تمہارے (تُم۔ہا۔رے) (ۃ۔ ضمیرِ حاضر کی حالتِ اضافی) (۱) تمہارا کی جمع (۲) تمہارا کا اِمالہ یا مُغیّرہ صورت۔
تمہارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں (اُر۔ محاورہ) تمہیں کچھ خبر ہی نہیں۔
تمہارے مُنہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا اُدھار (اُر۔ مثل) تمہاری ذرا سی مدد ہمارے لئے بہت ہے۔
تمہارے مُنہ میں خاک (اُر۔ روزمرہ) اُس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو کسی کا بُرا چاہے۔
تمہارے مُنہ میں گھی شکر (اُر۔ مثل) کوئی حسبِ خواہش بات کرے تو کہتے ہیں۔
تمہید (تَم۔ہید) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) کسی مضمون کی اُٹھان۔ کسی بات کا آغاز۔ کسی معاملے کی تقریب۔ کسی مضمون کا عنوان (۲) دیباچہ۔ مقدمہ جمع: تمہیدات۔ اُردو جمع: تمہیدوں۔ تمہیدیں۔
تمہید اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) کسی مضمون یا کسی بات کا عنوان شروع کرنا۔
تمہید کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا پیش کرنا۔ کسی معاملے کی تقریب کرنا۔
تمہیدیں باندھنا (اُر۔ محاورہ) فضول باتیں پیش کرنا۔ بے معنی عذر پیش کرنا۔
تمہیدی (تَم۔ہی۔دی) (ع۔ صف) شروع کا۔ اِبتدائی۔
تمہیں (تُم۔ہیں) (یائے مجہول) (ۃ۔ ضمیرِ حاضر) تُم کو۔
تمہیں (یائے معروف) (ۃ۔ ضمیرِ حاضر) بمعنی تُم۔ تُم ہی۔
تمیز (تَ۔میز) (ع۔ اِ۔ مث) تمیّز کا مخفف (۱) شناخت۔ جانچ۔ پہچان (۲) فرق۔ تفاوت۔ اِمتیاز (۳) عقل۔ ہوش۔ دانش (۴) ادب۔ قاعدہ۔ اہلیّت (۵) عقلِ سلیم (۶) علمِ نحو میں وہ لفظ یا الفاظ جو کسی اِسم یا فقرے سے شک یا ابہام رفع کریں۔
تمیز دار (ع۔ ف۔ صف) ذی شعور۔ لائق۔ ہوشیار۔ باتہذیب۔

ت۔ ن

تن (بفتحِ اوّل) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) جسم۔ بدن۔ جُثّہ۔ پنڈا (۲) شخص۔ آدمی۔ فرد۔
تن آسان (ف۔ صف) آرام طلب۔ تن پرور۔ کاہل۔
تن آسانی (ف۔ اِ۔ مث) آرام طلبی۔ کاہلی۔
تن آور (تناور) (ف۔ صف) موٹا۔ فربہ (۲) مضبوط۔ قوی (۳) عظیم الجُثّہ۔
تن اُجلا من سانولا بگلے کا سا بھیک۔ تو سے تو کاگا بھلا جو اندر باہر ایک (ہ۔ مثل) ریاکاروں پر طنز ہے۔ یعنی ریاکار بگلے سے کوّا اچھا جو اندر باہر دونوں طرف سے کالا ہے۔
تن بدن (ف۔ اِ۔ مذ) سارا بدن۔ تمام بدن۔
تن بدن اولا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بدن ٹھنڈا ہو جانا۔ جسم سرد ہو جانا۔
تن بدن پھونک دینا (اُر۔ محاورہ) جلا دینا۔ جلن پیدا کر دینا۔ بخار کی حالت پیدا کر دینا۔
تن بدن ڈھلک لینا (اُر۔ محاورہ) کپڑے پہن لینا۔ ستر پوشی کرنا۔
تن بدن کا ہوش نہ (رہنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) اپنے آپ سے بے خبر ہونا۔ مدہوش ہونا (۲) دیوانہ ہونا۔
تن بدن کی خبر نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) محو ہو جانا۔ بے خبر ہو جانا۔
تن بدن میں آگ (پھنکنا) لگنا (اُر۔ محاورہ) سخت غصّہ آنا۔
تن بدن میں جان نہیں نام زور آور خاں (اُر۔ مثل) ناموزوں بات۔
تن بہ تقدیر (ف۔ اُر۔ متعلق فعل) اپنے آپ کو تقدیر پر چھوڑنا۔ جب کچھ بن نہ پڑے تو کہتے ہیں۔
تن پتلا ہے خاک کا اِسے دیکھ مت بھول۔ ایک دن ایسا ہوئے گا ملے دُھول میں دُھول (اُر۔ مثل) ہر ایک کو مرنا ہے۔ اِس بات کو کبھی نہیں بھولنا چاہئے۔
تن پرست (ف۔ صف) ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہنے والا۔
تن پرستی (ف۔ اِ۔ مث) ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہنا۔
تن پرور (ف۔ صف) تن کو پالنے والا۔ بسیار خور۔ آرام طلب (۲) خود غرض۔
تن پروری (ف۔ اِ۔ مث) (۱) آرام طلبی۔ عیش پرستی (۲) خود غرضی۔
تن پر نہیں لتّا۔ پتی ملے البتّہ (اُر۔ مثل) مُفلسی میں آرائش کا خیال ہے۔ نیز دیکھئے بدن پر نہیں لتّا، پان کھائیں البتّہ۔
تن پھنکنا (اُر۔ محاورہ) بدن جلنا۔ بخار ہونا۔
تن پیٹ کا مزہ (اُر۔ اِ۔ مذ) اچھا پہننے اور کھانے کا چسکا۔
تن پیٹ کہاں رکھ کر آئیں؟ (اُر۔ مثل) کھانے پینے کا خرچ ضروری ہے۔ کوئی مفت خدمت لے تو کہتے ہیں۔
تن تاجا (تازہ) قلندر راجا (اُر۔ مثل) پیٹ بھرا ہوا ہو تو قلندر بھی راجا ہے۔
تن تکیہ من بسرام۔ جہاں پڑ رہے وہاں آرام (اُر۔ مثل) قانع اور صابر شخص کے لئے ہر جگہ آرام ہے۔
تن تنہا (ف۔ صف) اکیلا۔ تنہا۔
تن دُرست (ف۔ صف) بھلا چنگا۔ صحیح سالم۔ صحت مند۔ جسے کوئی بیماری نہ ہو۔
تن دُرستی (ف۔ اِ۔ مث) صحت۔ سلامتی۔ خیریت۔ طبیعت کی دُرستی۔ آرام۔
تندرستی ہزار نعمت ہے (اُر۔ مقولہ) صحت سے بہتر کوئی چیز نہیں۔
تن دہی (ف۔ اِ۔ مث) (۱) سعی۔ کوشش (۲) محنت۔ جانفشانی۔ جانکشی۔
تن دے من لے (اُر۔ مثل) محنت کر اور کما۔
تن ڈھانکنا (اُر۔ محاورہ) ستر پوشی کرنا۔ جسم ڈھانپنا۔
تن زیب (ف۔ اُر۔ اِ۔ مذ و مث) (۱) ایک قسم کا کپڑا جو نین سکھ سے زیادہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باریک ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی صدری جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں۔
تن سُکھی تو من سُکھی (اَر۔ مثل) بدن کو آرام ہو یعنی صحت اچھی ہو اور کھانا اچھا ملے تو دل بھی خوش رہتا ہے۔
تن سُکھی تو چین ہے۔ نا تو دُکھ دِن رَین ہے (ہ۔ مثل) اگر صحت ہو تو زندگی آرام سے گزرتی ہے ورنہ انسان دن رات تکلیف میں رہتا ہے۔
تن سے لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) فکر ہونا۔ خیال ہونا (۲) دل پر اثر ہونا۔
تن کو کپڑا نہ پیٹ کو روٹی (اَر۔ محاورہ) بہت غریب ہے۔
تن کو لگنا (اَر۔ محاورہ) غذا کا جزوِ بدن ہونا۔
تن کی تپش بجھانا (اَر۔ محاورہ) بھوکے کو کھانا کھلانا۔
تن کی سُدھ نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) ہوش و حواس قائم نہ رہنا۔
تن گھلنا (اَر۔ محاورہ) جسم دُبلا ہونا۔
تن من (ف۔ ہ۔ ا۔ مذ) جسم و جان۔ روح و قالب۔
تن من ایک ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت دوست ہونا۔ بڑا یارانہ ہونا۔
تن من بھر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سیری ہو جانا۔ دل بھر جانا (۲) خوش ہو جانا۔
تن من دھن وارنا (ہ۔ محاورہ) ہر چیز فدا کرنا۔ بدن، جان اور دولت نثار کر دینا۔
تن من سے (اَر۔ متعلق فعل) دل و جان سے۔ پوری کوشش سے۔
تن من کی سُدھ بُدھ نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا (۲) مدہوش ہو جانا۔
تن من مارنا (اَر۔ محاورہ) جسمانی اور نفسانی خواہشوں کو مارنا۔
تن من میں پھولے نہ سمانا (اَر۔ محاورہ) بہت خوشی ہونا۔
تن (من) میں جان آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہوش و حواس دُرست ہونا (۲) فرحت ہونا۔ تازگی ہونا۔
تن و توش (ف۔ ا۔ مذ) بدن اور توانائی۔ قوت۔ طاقت (۲) فربہی۔
تِن (بکسر اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔
تُن (بضم اوّل) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک درخت جس کی لکڑی سُرخ ہوتی ہے اور اُس سے فرنیچر بناتے ہیں (۲) تُن کا پھول جس سے زرد رنگ رنگتے ہیں۔
تنا (تَ۔ نا) (اَر۔ ا۔ مذ) درخت کی جڑ سے اُوپر کی شاخیں نکلنے تک کا حصّہ۔ جمع: تنوں۔ تنے۔ (فارسی تنہ کا مؤرّد) (۲) مصدر تننا کا ماضی۔
تَنّا (تن۔ نا) دیکھیے تننا۔
تناپا (تَ۔ نا۔ پا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) جوانی۔ شباب (۲) جوشِ جوانی۔
تناتنی (تَ۔ نا۔ تَ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) اَن بن۔ کشیدگی۔ رنجش۔
تناخوری (ق۔ ا۔ مث) دیکھیے تنہا خوری۔
تناریری (تَ۔ نا۔ ری۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چند معیّن کلمے جو گویّے گانا سیکھنے میں استعمال کرتے ہیں (۲) جھگڑا (۳) بے وقت کا گانا۔
تناریری (لگا رکھنا) لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بے وقت کا راگ گانا (۲) جھگڑا لگائے رکھنا۔

تَنازُع (تَ۔ نا۔ زُع) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جھگڑا۔ فساد۔ تکرار (۲) رنجش۔ نفاق۔ عداوت۔ بغض۔ جمع: تنازعات۔
تنازع للبقا (ع۔ ا۔ مذ) زندگی کی دوڑ دھوپ۔ کشمکشِ حیات۔
تنازعہ (تَ۔ نا۔ زُع) (اَر۔ ا۔ مذ) تنازع کا بگاڑ۔ غلط العام ہے۔
تَناسُب (تَ۔ نا۔ سُب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) باہم نسبت رکھنا (۲) باہمی تعلق۔ موافقت۔ مطابقت۔ حساب میں دو نسبتوں کا برابر ہونا۔
تناسبِ اعضا (ع۔ ا۔ مذ) اعضا کا اپنے اپنے موقع اور انداز سے ایک دُوسرے کے مناسب ہونا۔
تناسُخ (تَ۔ نا۔ سُخ) (ع۔ ا۔ مذ) آواگون۔ ایک صورت سے دُوسری صورت اختیار کرنا۔ رُوح کا ایک قالب سے دُوسرے قالب میں جانا (ہندو عقیدہ)۔
تناسُل (تَ۔ نا۔ سُل) (ع۔ ا۔ مذ) نسل بڑھانا۔ اولاد پیدا کرنا۔
تناظُر (تَ۔ نا۔ ظُر) (ع۔ ا۔ مذ) باہم دیکھنا۔ منظر۔ حالت (۲) تناسُب۔ نسبت۔ (Perspective)۔
تنافُر (تَ۔ نا۔ فُر) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) نفرت کرنا۔ بھاگنا (۲) علم معانی میں دو ہم مخرج الفاظ کا جمع کرنا یا پہلے لفظ کا آخری حرف اور دُوسرے کا پہلا حرف ایک ہونا جس سے ثقالت پیدا ہوتی ہے۔
تنافُس (تَ۔ نا۔ فُس) (ع۔ ا۔ مذ) سانس لینا (۲) باہم فخر کرنا (۳) کسی چیز کی رغبت کرنا اور اُس کے حصول میں مقابلہ کرنا۔
تناقُض (تَ۔ نا۔ قُض) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ایک دُوسرے کی ضد یا مخالف ہونا۔
تناوَر (تَ۔ نا۔ وَر) (ف۔ صف) تُن کے تحت دیکھیے۔
تناوُل (تَ۔ نا۔ وُل) (ع۔ ا۔ مذ) کھانا کھانا۔
تناول فرمانا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) کھانا نوش فرمانا۔ کھانا۔
تَننا (تَن۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پھیلنا (۲) سیدھا ہونا۔ کھڑا ہونا (۳) ساز کے تار کا آواز دینا (۴) زخم کا پھٹا پڑنا (ورم کی وجہ سے)۔
تناہٹ (تَن۔ نا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) وہ کھنچاؤ جو ورم کی وجہ سے ہوتا ہے۔
تنا ہونا (ہ۔ مص) (۱) کھنچا ہونا (۲) اکڑا ہونا (۳) (محاورہ) ضد پر ہونا۔
تناؤ (تَ۔ ناو) (ہ۔ ا۔ مذ) کھنچاؤ۔ کسی چیز کی کھنچے کی قوت۔
تنبا (تُم۔ با) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا پاجامہ۔ غرارے دار پاجامہ۔
تنباکو (تُم۔ با۔ کو) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھیے تمباکو۔
تنبو (تُم۔ بُو) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھیے تمبو۔
تنبور (تنبورا۔ تنبورہ) (تُم۔ بُور) (تُم۔ بورا) (تُم۔ بورہ) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا باجا جس میں ستار کی طرح تین تار ہوتے ہیں۔
تنبورچی (تُم۔ بور۔ چی) (اَر۔ ا۔ مذ) تنبورہ بجانے والا۔
تنبول (تُم۔ بول) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پان (۲) شادی کی ایک رسم جس میں نیوتے کے طریق پر عزیز و اقارب اور دوست احباب حسبِ مقدور

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نقدی دیتے ہیں۔

تنبول آنا (اَر۔ محاورہ) لگام کی رگڑ سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا۔

تنبول (بانٹنا) دینا (اَر۔ محاورہ) دیہاتی ہندوؤں میں بھانجے یا بھانجی کی شادی کے بعد رُخصت ہوتے وقت بہن کی رشتے دار عورتوں کو نقدی دینا۔

تنبول پینا (اَر۔ محاورہ) پان کا عرق پینا۔

تنبول ڈالنا (اَر۔ محاورہ) شادی کے موقع پر برادری میں روپیہ تقسیم کرنا۔

تنبولن (تَم۔بو۔لَن) (ہ۔ا۔مث) پنواڑن۔ پان بیچنے والی عورت۔

تنبولی (تَم۔بو۔لی) (ہ۔ا۔مذ) پان بیچنے والا۔ پنواڑی۔

تنبُّہ (تَ۔نَب۔بُہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) نصیحت۔ عبرت (۲) دھمکی۔ تنبیہ۔ آگاہی۔ خبرداری۔

تنبیانا (تنبیا جانا) (تَمب۔یا۔نا) (تَمب۔یا۔جا۔نا) (ہ۔مص) (۱) تانبے کا رنگ ہو جانا (۲) تانبے کے برتن میں رکھے ہوئے کھانے میں تانبے کا مزہ آجانا (۳) نمدار ہوا سے گوٹا کناری کا رنگ تانبے کا سا ہو جانا۔

تنبیلا (تَمبی۔لا) (ہ۔صف) (۱) تانبے کے رنگ کا (۲) چہرے کا رنگ جو گرمی سے سُرخی مائل ہو جائے (۳) گندمی (۴) سُرخ رنگ کی گندم۔

تنبیہہ (تَم۔بیہ) (ع۔ا۔مث) (۱) سرزنش۔ جھڑکی۔ فہمائش۔ ملامت (۲) نصیحت۔ پند۔ عبرت (۳) واقفیت۔ خبرداری۔ آگاہی (۴) تاکید۔

تن (پھن) فن (اَر۔صف) غصّے میں بھرا ہوا (۲) اکڑباز۔

تن پھن (فن) ہونا (اَر۔ محاورہ) غضب ناک ہونا۔ بہت غصّے ہونا (۲) بہت اکڑنا۔

تنت (فتحِ اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔صف و متعلق فعل) (۱) ٹھیک۔ صحیح۔ درست (۲) معیّن۔ مقرّر (۳) بروقت۔ برمحل (۴) ہوبہو (۵) (ہ۔ا۔مذ) عین وقت (۶) ضروری حصّہ (۷) روح۔ جوہر (۸) (ہ۔ا۔مث) تانت کا مخفف۔ تار۔ دھاگا۔ ساز کا تار۔

تنت کار (ہ۔صف و ا۔مذ) مطرب۔ گویّا۔ سازندہ۔

تنت کے تنت (ہ۔متعلق فعل) عین وقت پر۔ کم فرصتی میں۔

تنتا توڑی (تنتا۔تو۔ڑی) (اَر۔ا۔مث) کسی کا کسی سے غصّے کے ساتھ علیحدگی چاہنا۔

تنتر (تَن۔تَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک شاستر جس میں شو اور پاربتی کا مکالمہ ہے (۲) منتر۔ جادو۔ ٹونا۔

تنتری (تَن۔تَ۔ری) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قوال۔ گویّا۔ مغنّی (۲) ایک قسم کا باجا جس میں تار لگے ہوتے ہیں۔

تن تن (ہ۔ا۔مث) ستار اور تنبورا وغیرہ کی آواز۔

تنتنا (تَن۔تَ۔نا) (اَر۔ا۔مذ) (۱) شان و شوکت۔ کروفر۔ دبدبہ۔ طمطراق (۲) غصّہ۔ خفگی (۳) غرور۔ تکبّر (عربی طنطنہ)۔

تنتنا پیٹنا (تنتنا توڑنا۔ تنتنا کرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) فخر کرنا (۲) ناک بھوں چڑھانا۔

تنتنانا (تَن۔تَ۔نا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھنپھنانا۔ خفا ہونا۔ غصّہ کرنا (۲) شور و غل ہونا۔ ہُلّڑ ہونا۔ کھڑکنا۔ بجنا (۳) سنسنانا۔

ٹنٹنانا (ٹَن۔ٹَ۔نا۔نا) (ہ۔مص) آواز نکالنا۔ ستار یا سارنگی وغیرہ کے تار چھیڑنا۔

تنتناہٹ (تَن۔تَ۔نا۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) ورم۔ سوجن (۲) سوزش۔ درد۔ تکلیف جو ورم کی وجہ سے ہو۔ چپک۔ جلن۔

ٹنٹناہٹ (ٹَن۔ٹَ۔نا۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) تار بجنے کی آواز۔ ٹن ٹن۔

ٹنٹنی (ٹَن۔ٹَ۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کا تار والا ساز۔ دوتارہ (۲) بچوں کا ایک کھلونا جس میں سارنگی کی مانند تار لگا ہوتا ہے۔

تنتنے (تَن۔تَ۔نے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تنتنا کی جمع (۲) تنتنا کی مغیّرہ صورت۔

تنتنے باز (اَر۔صف) مغرور۔ متکبّر۔ نازک مزاج۔

تنتھا (تَن۔تھا) (ہ۔ا۔مذ) طاقت۔ بَل۔ زور۔ قوت۔

تنتلماری (تَن۔تَل۔ما۔ری) (ق۔صف) جھگڑالو۔ فسادی۔

تن جانا (ہ۔ محاورہ) (۱) کھنچ جانا (۲) ناراض ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔

تنجیم (تَن۔جیم) (ع۔ا۔مث) (۱) ستاروں کے ذریعے پیشین گوئی کرنا۔ ستارہ شناسی۔ علمِ نجوم (۲) ستاروں سے سعد و نحس دریافت کرنا۔

تنخواہ (تَن۔خاہ) (ف۔ا۔مث) (۱) مشاہرہ۔ ماہانہ۔ وظیفہ (۲) روپیہ جو ملازمت کے صلے میں دیا جائے۔ اُردو جمع: تنخواہوں۔ تنخواہیں۔

تنخواہ بٹنا (اَر۔ محاورہ) تنخواہ تقسیم ہونا۔

تنخواہ جاری ہونا (اَر۔ محاورہ) تنخواہ بحال ہونا۔ تنخواہ ملنے لگنا۔

تنخواہ دار (ف۔صف) تنخواہ پانے والا۔ ملازم۔ نوکر۔

تنخواہ ذاتی (ف۔ا۔مث) ایک خاص رقم جو کسی عہدے دار کو علاوہ تنخواہ کے ملے۔

تُند (ضمِ اوّل) (نون غنّہ) (ف۔صف) (۱) تیز (۲) جلد۔ غضب ناک۔ غصیل (۳) سخت۔ شدید۔ پُر زور (۵) تلخ۔ کڑوا۔

تُند خو (ف۔صف) بدمزاج۔ بدخو۔ چڑچڑا۔ جلد ناراض ہونے والا۔

تُند خوئی (ف۔ا۔مث) بدمزاجی۔ تیز مزاجی۔

تُند رفتار (ف۔صف) تیز رفتار۔ تیز قدم۔ تیز چلنے والا۔

تُند زبان (ف۔صف) جلد جلد بولنے والا۔

تُند فہم (ف۔صف) تیز فہم۔

تُند مزاج (ف۔صف) تیز مزاج۔ جلد بھڑک اُٹھنے والا۔

تُند ہونا (اَر۔ محاورہ) تیز ہونا۔ ناراض ہونا۔ غصّے ہونا۔

تُندور (اَر۔ا۔مذ) دیکھیے تنور۔

تُندی (ضمِ اوّل) (نون غنّہ) (ف۔ا۔مث) (۱) تیزی (۲) چڑچڑاپن (۳) سختی۔ غصّہ (۴) بدمزاجی (۵) شہوت۔

تُندیل (ضمِ اوّل) (نون غنّہ) (یائے مجہول) (اَر۔صف) توند والا۔ بڑے پیٹ والا۔

تنڈا (تَن۔ڈا) (ق۔ا۔مذ) ہجوم۔ بھیڑ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تنٹنا (ق۔ مص) لڑنا۔ فساد کرنا۔

تنزُّل (ت۔ نو۔ زُل)(ع۔ ا۔ مذ) نیچے اُترنا۔ زوال۔ گھٹاؤ۔ کمی۔ تخفیف۔ اُتار۔

تنزُّہ (ت۔ نو۔ زُہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خالص ہونا۔ عیب سے پاک ہونا (۲) باعصمت ہونا (۳) سیر۔ تفریح (۴) خوشی۔ فرحت۔

تنزیل (تن۔ زیل) (ع۔ ا۔ مث) (۱) نازل کرنا۔ نیچے اُتارنا (۳) وحی۔ اِلہام (۴) قرآن مجید۔ جمع: تنزیلات۔

تنزیہہ (تن۔ زیہہ)(ع۔ ا۔ مث)(۱) بُری باتوں سے دُور رکھنا۔ عیب سے پاک کرنا۔ صاف کرنا (۲) پاکی۔ صفائی۔

تنسیخ (تن۔ سیخ)(ع۔ ا۔ مث)(۱) منسوخ کرنا۔ باطل کرنا (۲) منسوخی۔

تنصُّر (ت۔ نُص۔ صُر)(ع۔ ا۔ مذ) عیسوی مذہب اِختیار کرنا۔ نصرانی بننا۔

تنصیب (تن۔ صیب)(ع۔ ا۔ مث) جمانا۔ نصب کرنا۔ لگانا۔ مُقرّر کرنا (۲) وہ چیز جو نصب کی گئی ہو۔(Installation)۔ جمع: تنصیبات۔

تنصیف (تن۔ صیف)(ع۔ ا۔ مث) دو برابر حِصّوں میں تقسیم کرنا۔ دو برابر حصّے کرنا۔

تنظیم (تن۔ ظیم)(ع۔ ا۔ مث)(۱) موتی پرونا (۲) دُرستی کرنا۔ اِنتظام کرنا (۳) اِنتظام۔ بندوبست (۴) ترتیب (۵) منظّم جماعت۔ ادارہ۔ اَنجمن (۶) نظم و نسق۔ جمع: تنظیمات۔ اُر جمع: تنظیموں۔ تنظیمیں۔

تنعُّم (ت۔ نَع۔ عُم)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا (۲) عیش۔ آرام۔

تنعیم (تن۔ عیم)(ع۔ ا۔ مث) ناز و نعمت میں پالنا۔ عیش و آرام سے رکھنا۔

تنغُّص (ت۔ نَغ۔ غُص)(ع۔ ا۔ مذ) طبیعت مکدّر ہونا۔

تنفُّر (ت۔ نَف۔ فُر)(ع۔ ا۔ مذ) نفرت۔ بیزاری۔ کراہت۔ گھن۔

تنفُّس (ت۔ نَف۔ فُس)(ع۔ ا۔ مذ) سانس لینا۔ دَم لینا۔

تنفُّسی (ت۔ نَف۔ فُ۔ سی) (ع۔ صف) سانس سے متعلق۔

تنقُّل (ت۔ نُق۔ قُل)(ع۔ ا۔ مذ) تھوڑا تھوڑا کھانا۔

تنقیح (تن۔ قیح)(ع۔ ا۔ مث)(۱) کسی چیز کو زوائد اور عیوب سے پاک کرنا۔ خالص کرنا (۲) تفتیش۔ تحقیق (۳) جھگڑے کا فیصلہ کرنا (۴) قانون میں وہ سوال جو اُمورِ متنازعہ کا فیصلہ کرنے کے لئے بنائے جاتے ہیں۔ جمع: تنقیحات۔

تنقیحِ اُمورِ تصفیہ طلب (ع۔ ف۔ ا۔ مث) فیصلہ طلب اُمور کی صفائی و وضاحت۔

تنقیح طلب (ع۔ صف) جس میں تفتیش کی ضرورت ہو۔

تنقید (ع۔ ا۔ مث)(۱) جانچ۔ پرکھ۔ ایسی جانچ جو اچھے بُرے کھرے کھوٹے میں تمیز کرے (۲) تبصرہ۔ نقد۔ نکتہ چینی۔ اُردو جمع: تنقیدوں۔ تنقیدیں۔

تنقیص (تن۔ قیص)(ع۔ ا۔ مث)(۱) کم کرنا۔ گھٹانا (۲) نقص نکالنا (۳) نُقصان۔ کمی۔

تنقیہ (تن۔ قی۔ یہ)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) صاف کرنا۔ پاک کرنا (۲) مقدمات کا فیصلہ کرنا (۳) اَناج کو بھوسے سے الگ کرنا (۴) آنتوں کو صاف کرنا۔ جلّاب لینا (۵) صفائی۔ فیصلہ۔

تنقیہ دماغ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) دواؤں سے دماغ کو صاف کرنا۔

تُنک (ت۔ نک) (ہ۔ صف) تھوڑا۔ ذرا سا۔ چھوٹا۔

تُنک (ت۔ نک)(ف۔ صف)(۱) تھوڑا۔ چھوٹا۔ ذرا سا (۲) کمزور (۳) اوچھا۔ بے حقیقت (۴) نازک۔ لطیف۔

تُنک ظرف (ف۔ ع۔ صف)(۱) کم ظرف۔ کمینہ۔ کم حوصلہ۔ اوچھا (۲) پیٹ کا ہلکا جسے بات نہ پچے۔

تُنک ظرفی (ف۔ ع۔ ا۔ مث) کم حوصلگی۔ چھچھورا پن۔

تُنک مایہ (ف۔ صف) بے حیثیت۔ تھوڑی پونجی والا۔

تُنک مزاج (ف۔ ع۔ صف) نازک مزاج۔ چڑچڑا۔ زُود رنج۔ تُند خُو۔ تیز مزاج۔

تُنک مزاجی (ف۔ ع۔ ا۔ مث) نازک مزاجی۔ تُند خوئی۔ زود رنجی۔

تِنکا (تِن۔ کا)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) سُوکھی گھاس کا ٹکڑا (۲) کسی چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا (۳)(مجازاً) ذرا سی چیز۔ جمع: تنکے۔ تنکوں۔

تنکا اُتارنا (اُر۔ محاورہ) تھوڑا سا اِحسان کرنا۔

تنکا اُتارنا اور چھپّر رکھ دینا (اُر۔ مثل) تھوڑا سا اِحسان کرنا اور اُس کے عوض بہت کچھ وصول کر لینا۔

تنکا اُتارنے کا اِحسان ماننا (اُر۔ مثل) ذرا سے اِحسان کو بہت ماننا۔

تنکا اِدھر اُدھر ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) ذرا سی بے ترتیبی ہونا (۲) تھوڑا سا نُقصان ہونا۔

تنکا بھی پاس نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) بالکل مُفلس ہو جانا۔ غریب ہو جانا۔ صفایا ہو جانا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔

تنکا بھی نہ توڑ سکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نہایت کمزور ہونا (۲) کاہل ہونا۔ سُست ہو جانا۔

تنکا توڑنا (اُر۔ محاورہ) تھوڑا سا کام کرنا۔

تنکا دانتوں میں (پکڑنا) لینا (اُر۔ محاورہ)(۱) اِطاعت کرنا۔ مغلوب ہونا۔ شکست ماننا (۲) پناہ یا امان مانگنا (۳) گڑگڑانا۔ عاجزی کرنا۔

تنکا سا توڑنا (اُر۔ محاورہ) اِنکار کرنا۔ دو ٹوک جواب دینا۔

تنکا نہ توڑنا (اُر۔ محاورہ) کچھ نہ کرنا۔

تنکا نہ رہنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کچھ پاس نہ رہنا (۲) کنگال ہو جانا۔ مُفلس ہو جانا۔

تنکا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بہت دُبلا ہو جانا۔

تِنکوں (تِن۔ کوں) تنکا کی جمع۔

تنکوں کا کھیل (اُر۔ ا۔ مذ) نکمّا اور فضول کام۔ کچا کام۔

تِنکے (تِن۔ کے)(۱) تنکا کی جمع (۲) تنکا کی مُغیّرہ صورت۔

تنکے اوٹ پہاڑ ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) ادنیٰ چیز کی اوٹ میں بڑی چیز کا ہونا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) مشکل چیز کا ذرا سی تدبیر سے حل ہو جانا۔

تنکے (چُننا) چُننے لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا (۲) پاگل ہو جانا۔

تنکے چُنوانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بدحواس کر دینا (۲) دیوانہ بنا دینا۔

تنکے کا اِحسان (اُر۔ محاورہ) تھوڑا سا اِحسان۔

تنکے کا اِحسان بھی بہت ہوتا ہے (اُر۔ مثل) تھوڑے سے اِحسان کا بوجھ بھی بہت ہوتا ہے۔ تھوڑا سا اِحسان بھی قابلِ شکر گزاری ہے۔

تنکے کا اِحسان ماننا (اُر۔ محاورہ) ذرا سے اِحسان کا بھی شکر گزار ہونا۔

تنکے کا سہارا (اُر۔ اِ۔ مذ) تھوڑی سی مدد۔ ذرا سی امداد۔

تنکے کا سہارا نہیں (اُر۔ محاورہ) آمدنی کا کوئی ذریعہ نہیں۔

تنکے کا پہاڑ کر دکھانا (اُر۔ محاورہ) بات کا بتنگڑ بنانا۔ مُبالغہ کرنا۔

تِنکنا (تِ۔ نک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) خفا ہونا۔ غصّے ہونا (۲) بے قرار ہونا۔

تُنکی (تُن۔ کی) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک قسم کی میٹھی پتلی روٹی۔

تنکیر (تَن۔ کیر) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) اسم نکرہ بنانا۔ بُری حالت کرنا (۲) اَنجان بنانا۔

تنگ (بفتحِ اوّل) (نُون غُنّہ) (ف۔ صف) (۱) سکڑا ہوا۔ بھچا ہوا (۲) چُست۔ پھنسا ہوا (۳) کم۔ تھوڑا (۴) مُحتاج (۵) عاجز۔ ناچار (۶) مشکل (۷) غمگین۔ رنجیدہ (۸) (اِ۔ مذ) زین کسنے کا چوڑا تسمہ (۹) تھیلا۔ بوری (۱۰) گھٹنا۔ گھڑیال (۱۱) درہ (۱۲) مانی کا تصویر خانہ۔

تنگ آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) عاجز آنا۔ مجبور ہونا (۲) بیزار ہونا۔ گھبرا جانا (۳) تھک جانا۔

تنگ بخت (ف۔ صف) (۱) بدبخت (۲) مُفلس۔ نادار۔

تنگ پکڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) زچ کرنا۔ عاجز کر دینا (۲) گھوڑے کی لگام کو کھچا ہوا رکھنا۔

تنگ پوش (ف۔ صف) چُست کپڑے پہننے والا۔

تنگ پوشی (ف۔ اِ۔ مث) چُست کپڑے پہننا۔

تنگ تُرش ہونا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

تنگ ٹوٹنا (اُر۔ مص مُرکّب) گھوڑے کے تنگ کا دو ٹکڑے ہو جانا۔

تنگ چائی (ق۔ اِ۔ مث) تنگی۔ سختی۔

تنگ چشم (ف۔ صف) (۱) کمینہ (۲) لالچی۔ حریص (۳) بخیل۔ کنجوس (۴) کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔

تنگ چشمی (ف۔ اِ۔ مث) (۱) کمینگی (۲) اوچھاپن (۳) کم حوصلگی۔

تنگ حال (ف۔ ع۔ صف) غریب۔ مُفلس۔ محتاج۔ نادار۔ تباہ حال۔

تنگ حال ہونا (اُر۔ محاورہ) غریب ہونا۔ نادار ہونا۔

تنگ حالی (اُر۔ اِ۔ مث) غربت۔ مُفلسی۔ ناداری۔

تنگ حوصلگی (حو۔ صِ۔ لَ۔ گی) (ف۔ اِ۔ مث) دیکھئے تنگ چشمی۔

تنگ حوصلہ (ف۔ ع۔ صف) دیکھئے تنگ چشم۔

تنگ دست (ف۔ صف) مُفلس۔ غریب۔ محتاج۔ نادار۔

تنگ دستی (ف۔ اِ۔ مث) مُفلسی۔ غربت۔ ناداری۔

تنگ دل (ف۔ صف) (۱) کم ظرف۔ کمینہ۔ اوچھا (۲) کنجوس۔ بخیل (۳) کم حوصلہ۔

تنگ دلی (ف۔ اِ۔ مث) (۱) کم ظرفی (۲) بخل (۳) کم حوصلگی۔

تنگ دوزی (ف۔ اِ۔ مث) باریک سِلائی۔

تنگ دہن (ف۔ صف) چھوٹے مُنہ کا۔ غنچہ دہن۔

تنگ روزی (ف۔ صف) مُفلس۔ غریب۔

تنگ رہنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تہی دست ہونا۔ کم آمدنی اور زیادہ خرچ ہونا (۲) پریشان رہنا۔

تنگ زیست (عیش) (ف۔ صف) تنگ دست۔ غریب۔

تنگ طلبی (طَ۔ لَ۔ بی) (ف۔ اِ۔ مث) زور دے کر مانگنا۔ سختی سے تقاضا کرنا۔

تنگ ظرف (ف۔ ع۔ صف) کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔ کمینہ۔

تنگ ظرفی (ف۔ اِ۔ مث) اوچھاپن۔ کمینگی۔ کم ظرفی۔

تنگ فرصت (ف۔ ع۔ صف) کم فرصت۔ بہت مصروف۔

تنگ کرنا (اُر۔ مص) (۱) ستانا۔ دِق کرنا (۲) مجبور کرنا۔ عاجز کرنا (۳) چُست کرنا۔

تنگ کسنا (اُر۔ مص) زین کے تسمے کھینچ کر باندھنا کہ زین اپنی جگہ سے نہ ہلے۔

تنگ گیری (ف۔ اِ۔ مث) ظلم۔ جور۔ ستم۔ زیادتی۔

تنگ معاش (ف۔ صف) تنگ دست۔ کم آمدنی والا۔

تنگ نائے (ف۔ اِ۔ مث) (۱) تنگ راستہ۔ تنگ کوچہ (۲) قبر (۳) آبنائے۔

تنگ و تاریک (ف۔ صف) چھوٹی جگہ جہاں اندھیرا ہو۔

تنگ وَرزی (ف۔ اِ۔ مث) کفایت شعاری۔

تنگ وقت (ف۔ ع۔ اِ۔ مذ) (۱) مشکل کا وقت (۲) ضرورت کا وقت (۳) مُصیبت کا وقت (۴) بہت تھوڑا وقت۔

تنگ وقت پر (ف۔ ع۔ متعلق فعل) تھوڑا سا وقت رہ جانے پر۔ کافی وقت نہ ہونے پر۔

تُنگ (بضمِ اوّل) (نُون غُنّہ) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) چھوٹے مُنہ کا برتن (۲) فوج کا ایک دستہ (۳) تھیلا۔

تِنگا (ق۔ اِ۔ مذ) غمزہ۔ ناز۔

تنگا تنگ (اُر۔ متعلق فعل) بھینچ کر۔ زور سے بغلگیر (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

تنگہ (ف۔ اِ۔ مذ) ٹکا کا مفرس۔ دو پیسے۔

تنگی (بفتحِ اوّل) (نُون غُنّہ) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) کوتاہی۔ کمی۔ قلّت۔ چھوٹا پن (۲) مُفلسی۔ غربت۔ ناداری (۳) مُشکل۔ دُشواری۔ دِقّت (۴) کنجوسی۔ بُخل (۵) کم ظرفی (۶) تھیلا۔ بوری۔

تنگی تُرشی (ف۔ اِ۔ مث) کفایت شعاری۔ تکلیف۔

تنگی تُرشی سے گزارہ ہونا (اُر۔ محاورہ) کفایت شعاری سے زندگی گزارنا۔

تنگی کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تکلیف دینا (۲) سختی کرنا۔ جبر کرنا (۳) کنجوسی کرنا۔

تنگی کے ساتھ فراخی اور فراخی کے ساتھ تنگی لگی ہوئی ہے (اُر۔ مثل) کوئی ہمیشہ امیر یا غریب نہیں رہتا۔ حالت بدلتی رہتی ہے۔

تنگی گئی فراخی آئی (اُر۔ مثل) بُرے دن گئے بھلے دن آئے۔

تنگی و فراخی بدستِ خود (ف۔ مثل) تنگی اور فراخی اپنے ہاتھ ہے۔ (مذاق)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مخلوق کی نسبت کہتے ہیں)۔

تنگی ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) تکلیف ہونا (۲) آمدن کم ہونا۔

تنگیانا (تنگ۔یا۔نا)(اَر۔مص) گھوڑے کا تنگ کسنا (۲) گھوڑا سرپٹ دوڑانا۔

تننا (تَن۔نا)(ہ۔مص)(۱) کھنچنا (۲) سیدھا ہوکر یا اکڑ کر بیٹھنا (۳) پھیلنا۔ دراز ہونا (۴) اینٹھنا۔ گھمنڈ کرنا۔

تنور (تَنُّور) (ت۔نور)(تَن۔نُور)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک گول لمبوترا کچی مٹی کا برتن جسے گڑھے میں لگا کر یا زمین کے اُوپر رکھ کر روٹیاں پکاتے ہیں (۲) ڈبل روٹی، کیک، مٹھائی وغیرہ بنانے کی بھٹی۔ اوون۔ اُر جمع: تنور۔ تنوروں۔

تنور جھونکنا (اَر۔ محاورہ) تنور گرم کرنا۔ تنور میں ایندھن ڈالنا۔

تنور خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) باورچی خانہ۔

تنور سے بچنے کے لئے بھاڑ میں گرے (اَر۔مثل) تھوڑی مصیبت سے بچنے کے لئے بڑی مصیبت میں پڑے۔

تنور کی سُوجھنا (اَر۔ محاورہ) تنور پر جا کر روٹی کھانا۔

تنوُّع (ت۔نَو۔وُع)(ع۔ا۔مذ) قسم قسم کا ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا۔ گونا گونی۔ جمع: تنوُّعات۔

تنومَند (دوسرا نون مفتوح)(ف۔صف) مضبوط بدن۔ قوی جسم۔ ہٹا کٹا۔

تنومندی (ت۔نو۔مَن۔دی)(ف۔ا۔مث)(۱) قوت۔ طاقت (۲) فربہی۔ موٹاپا۔

تنوِیر (تَن۔وِیر)(ع۔ا۔مث) روشنی کرنا۔ نور۔ چمک۔

تنوِین (تَن۔وِین)(ع۔ا۔مث) کسی حرف پر دو زبر، دو زیر یا دو پیش لگا کر نون کی آواز پیدا کرنا۔

تنہ (ت۔نہ)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے تنا۔

تنہا (تَن۔ہا)(ف۔صف)(۱) اکیلا۔ فرد۔ مجرّد (۲) لاثانی۔ بے نظیر (۳) صرف۔ فقط (۴) طاق (۵) الگ۔ جدا۔ علیحدہ۔

تنہا خور (ف۔صف) اکیلا کھانے والا۔ تنہائی پسند۔ مردُم بیزار۔ اکل کھرا۔

تنہا خوری (ف۔ا۔مث) تنہا خور کا اسم کیفیت۔

تنہائی (تَن۔ہا۔ای)(ف۔ا۔مث)(۱) علیحدگی۔ گوشہ نشینی (۲) جدائی۔ مُفارقت۔ اکیلا رہنا۔ اُردو جمع: تنہائیاں۔ تنہائیوں۔

تنی (ت۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ڈوری۔ بند (۲) حصّہ۔ ساجھا۔

تنی رہنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑا رہنا۔ داتا کلکل رہنا۔

تنی میں گانٹھ دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) نسبت کرنا۔ منگنی کرنا۔ سگائی کرنا (۲) یاد رکھنا۔ یادداشت کے لئے بند میں گرہ لگانا۔

تِنّی (تِن۔نی)(بکسر اوّل)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چاول۔

تنیا (تَن۔یا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لنگوٹی۔ کپڑے کی دھجی جو غریب مرد ستر پوشی کے لئے باندھتے ہیں۔

ت۔و

تو (ف۔ضمیر)(واؤ مجہول) تجھ کو۔ تجھے۔ تُو۔

تو کار زمیں را نکو ساختی، کہ با آسماں نیز پرداختی (ف۔مثل) تم نے معمولی کاموں میں کیا کامیابی حاصل کی جو اب بڑے کاموں میں ہاتھ ڈال رہے ہو؟

تو (واؤ مجہول)(ہ۔ حرفِ جزا و ربط)(۱) تب۔ پس (۲) الحاصل۔ حاصلِ کلام (۳) اِس وقت۔ پھر۔ اِس حالت میں۔

تو بات ہے (اَر۔متعلق فعل) تب مزہ ہے۔ تب لطف ہے۔

تو بھی (اَر۔متعلق فعل) باوجودیکہ۔ پھر بھی۔ تاہم۔

تو پھر (اَر۔متعلق فعل) اِس وقت۔ اِس حالت میں۔

تو سہی (اَر۔متعلق فعل)(۱) بالضرور۔ یقینی (۲) بے شک (۳) بھوں گا۔ دیکھ تو۔

تو کیا (اَر۔متعلق فعل) کچھ نہیں۔ کچھ نقصان نہیں۔ کچھ مضایقہ نہیں۔

تو کیا ہوتا (اَر۔متعلق فعل) کچھ نقصان نہ ہوتا۔

تو کیا ہُوا (اَر۔متعلق فعل) کچھ نہیں ہوا۔ کچھ فائدہ نہیں ہوا۔

تُو (ہ۔ضمیر واحد حاضر)(واؤ معروف)(۱) حرفِ خطاب جو اونیٰ یا کم درجے والے کی نسبت بولا جاتا ہے (۲) کبھی پیار اور بے تکلفی سے بولا جاتا ہے (۳) خدائے تعالیٰ کو بھی تُو سے مخاطب کرتے ہیں۔

تُو بھی رانی میں بھی رانی۔ کون بھرے پن گھٹ پر پانی (اَر۔مثل) جب سب سست اور کام چور ہوں یا سب برابری کا دعویٰ کریں تو کہتے ہیں۔

تُوتڑاق (اَر۔ا۔مث) بدزبانی۔ گالی گلوچ۔ زبان درازی۔

تُوتڑاق کرنا (اَر۔ محاورہ) بدزبانی کرنا۔ گالیاں دینا۔ زبان درازی کرنا۔

تُوکار (اَر۔ا۔مث) دیکھئے توتڑاق۔

تُو تو (متعلق فعل)(پہلا واؤ معروف دُوسرا مجہول) خصوصیت یا تاکید کے موقع پر بولتے ہیں۔ جیسے تُو تو یہ کام نہ کر۔

تُو تُو کرنا (اَر۔ محاورہ) تُوتڑاق کرنا۔ بدزبانی کرنا۔

تُو تُو میں میں (اَر۔ا۔مث)(۱) جھگڑا۔ فساد (۲) گالی گلوچ۔ زبان درازی۔

تُو چل میں چل (اَر۔متعلق فعل) ایک ایک کرکے کھسکنے یا آنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تُو دیورانی میں جٹھانی، تیرے آگ نہ میرے پانی (اَر۔مثل) دونوں (دیورانی اور جٹھانی) مُفلس اور کنگال ہیں۔

تُو ڈال ڈال میں پات پات (اَر۔مثل) دیکھئے تم ڈال ڈال۔

تُو کون ہے؟ (۱) اِستفہامیہ (۲) دخل در معقولات کرنے والے کو تنبیہ۔

تو کو نہ مو کو۔ چولہے میں جھونکو (اَر۔مثل) چیز کو ایسا خراب کرنا کہ کسی کے کام کی نہ رہے۔

تُو کہاں اور میں کہاں (اَر۔مثل) تیرا میرا کیا مقابلہ ہے۔

تُو کھول میرا مکنا، میں گھر سنبھالوں اپنا (اَر۔مثل) جب نئی بہو گھر کے کاموں میں دخل دینے لگے تو ساس کہتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تُو کیا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) تیری کچھ ہستی نہیں۔ تیری حقیقت کیا ہے۔

تُو گدھی کُمہار کی (تو کو) تجھے رام سے کو تھ؟ (ہ۔ مثل) تو اپنا کام کر۔ تجھے ایسی باتوں سے کیا تعلق۔ اُسے کہتے ہیں جو باوجود کم لیاقت ہونے کے دُوسرے کے کام میں ٹانگ اڑائے۔

تُو گور کھود موکو۔ میں کاڑ آوں توکو (ہ۔ مثل) تو اگر میرا بُرا چاہے گا تو تیرا ہی بُرا ہو گا۔

تُو مجھ کو میں تُجھ کو (اَر۔ مثل) (۱) تو میرا ساتھ دے گا تو میں تیرا ساتھ دوں گا۔

تُو نہیں تیرا بھائی سہی (اَر۔ محاورہ) (۱) تو نہیں کرتا تو کوئی اور اس کام کو کرے گا (۲) اگر تُو نے یہ کام نہیں کیا تو تیرے کسی بھائی نے کیا ہو گا۔

تُو نے کہی میں نے مانی (اَر۔ مثل) مجھے تمہارا اعتبار نہیں۔

تُو ہو اور دُنیا ہو (اَر۔ کلمہ دُعا) تو ہمیشہ زندہ رہے۔

تُو ہی تُو ہے (اَر۔ فقرہ) تیرے سوا اور کوئی نہیں۔ ہر جگہ تو ہی ہے۔ خُدا کو خطاب کرتے ہیں۔

تُو ہے اور میں ہوں (اَر۔ مثل) (۱) اب اور کوئی نہیں (۲) اب ایسا بدلہ لوں گا کہ تو بھی یاد کرے گا۔

تَوا (ت۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) لوہے کا گول ظرف جس پر روٹی پکاتے ہیں (۲) ٹھیکرے کا گول ٹکڑا جسے چلم میں تمباکو کے اُوپر رکھ کر چلم بھرتے ہیں (۳) لوہے یا شیشے کا گول ٹکڑا جس میں سُوراخ ہوتے ہیں اور جسے کنوئیں کی تہ میں رکھا جاتا ہے (۴) وہ لوہے کا گول ٹکڑا جسے پانی گرم کرنے کے لئے حمام یا سقاوے میں لگاتے ہیں۔ اس کے نیچے آگ جلائی جاتی ہے اور وہ گرم ہو کر پانی کو گرم کرتا ہے (۵) دریا کی تہ (۶) (صف) بے حد سیاہ۔ بہت کالا۔ جمع: توے۔ تووں۔

توا چڑھا اور جی بڑھا (اَر۔ مثل) روٹی پکتے دیکھ کر بھوکے کو تسلی ہو جاتی ہے۔

توا چڑھا بیٹھی مسرانی۔ گھر میں ناج' آگن نہ پانی (ہ۔ مثل) گھر میں نہ اناج ہے نہ آگ اور چُولھے پر توا رکھ دیا ہے۔ ہے تو غریب مگر دکھاوے کو امیرانہ کام کرتی ہے۔

توا چڑھنا (اَر۔ محاورہ) روٹی پکانے کے لئے توے کا چُولھے پر رکھا جانا۔ روٹی پکانے کی تیاری کرنا۔

توا سر پر (باندھنا) رکھ لینا (اَر۔ مثل) سر کی حفاظت کر کے جنگ کے لئے تیار ہونا (۲) اپنے تئیں مضبوط و مستحکم کرنا۔

توا لال ہونا (اَر۔ مص مُرکب) آگ کی تیزی سے توے کا سُرخ ہو جانا۔

توا نہ تغاری تُو کاہے کی بھٹیاری؟ (اَر۔ مثل) پاس کچھ نہ ہو اور ظاہر داری بہت ہو تو کہتے ہیں۔

توا ہنسنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جلتے توے کے نیچے کاجل کے ذرات چمکنے لگتے ہیں اسے عورتیں توے کا ہنسنا کہتی ہیں اور اسے شادی اور رزق کی افزونی کا شگون سمجھتی ہیں (۳) (مذاقاً) کالے آدمی کا پان کھا کر ہنسنا۔

تَوّاب (تَو۔ واب) (ع۔ صف) توبہ قبول کرنے والا۔ خُدا تعالیٰ۔

تَوابِع (ت۔ وا۔ بِع) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) تابع کی جمع۔ پیرو۔ ملازم۔ ماتحت۔

تَواتُر (ت۔ وا۔ تُر) (ع۔ ا۔ مذ) سلسلہ۔ تسلسل (۲) (متعلق فعل) پے در پے۔ لگاتار۔ سلسلہ وار۔

تَوارُث (ت۔ وا۔ رُث) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ورثہ پانا (۲) وراثت۔

تَوارُد (ت۔ وا۔ رُد) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) باہم ایک جگہ اُترنا (۲) دو شخصوں کو ایک ہی مضمون سُوجھنا (۳) ایک ہی بیت یا مصرع دو شاعروں کے ذہن میں آنا۔

تِواری (ت۔ وا۔ ری) (ہ۔ ا۔ مذ) تیواری۔ برہمنوں کا ایک فرقہ جس کو تین وید پڑھنے کی اجازت ہے (۲) اس فرقے کا رُکن۔

تَوارِیخ (ت۔ وا۔ ریخ) (ع۔ ا۔ مث) تاریخ کی جمع۔

تَوازُن (ت۔ وا۔ زُن) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ہم وزن ہونا (۲) موازنہ کرنا (۳) تناسب۔ برابری۔

توازُنِ حسابات (ع۔ ا۔ مذ) فاضلات ادا کر کے جمع اور خرچ کو برابر کرنا۔

توازُنِ داد و ستد (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) لین دین کا مقابلہ۔

توازُنِ درآمد و برآمد (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) درآمد اور برآمد کا اعتدال۔

تَواضُع (ت۔ وا۔ ضُع) (ع۔ ا۔ مث) (۱) خاطر مُدارات۔ آؤ بھگت (۲) مہمان داری۔ مہمان نوازی۔

تواضعِ سمرقندی (ع۔ ا۔ مث) جُھوٹی خاطر تواضع۔ ظاہر داری کی آؤ بھگت۔ دکھاوے کی خاطر مُدارات۔

تواضع کرنا (اَر۔ مص مُرکب) خوش اَخلاقی سے پیش آنا۔ خاطر کرنا۔

تَوافُق (ت۔ وا۔ فُق) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) موافقت۔ مطابقت۔ یک جائی۔ اتفاق۔ میل (۲) علم حساب میں ایسے دو اعداد کا تعلق جن کو تیسرا عدد پورا تقسیم کر سکے۔

تَوالُد (ت۔ وا۔ لُد) (ع۔ ا۔ مذ) اولاد پیدا کرنا۔

توالُد و تناسُل (تَ۔ وا۔ لُ۔ دو۔ تَ۔ نا۔ سُل) (ع۔ ا۔ مذ) اولاد پیدا ہونا اور نسل چلنا۔

تَوالی (ت۔ وا۔ لی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) سلسلہ۔ تسلسل (۲) (متعلق فعل) متواتر۔ لگاتار۔ مسلسل۔

توالیِ اضافات (ع۔ ا۔ مث) تین سے زیادہ اضافتیں جو معیوب سمجھی جاتی ہیں۔

تَوأَم (تَو۔ اَم) (ع۔ ا۔ مذ) جُڑواں۔ ایک ساتھ پیدا شدہ بچے۔

تَواَمان (تَو۔ اَ۔ مان) (ع۔ ا۔ مذ) وہ دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں۔

تُوان (تُ۔ وان) (ف۔ ا۔ مذ) طاقت۔ زور۔ قوت۔ بل۔ قدرت۔ ہمت۔

تُوانا (تُ۔ وا۔ نا) (ف۔ صف) (۱) زور آور۔ طاقت ور (۲) تنومند۔ ہٹا کٹا (اردو میں بفتح اول مستعمل ہے)۔

تُوانائی (تُ۔ وا۔ نا۔ ای) (ف۔ ا۔ مث) طاقت۔ زور۔ قوت۔ انرجی۔

تَوانگر (تَو۔ اَنگر) (ف۔ صف) دولت مند۔ امیر۔ مالدار۔

تَوانگری (تَو۔ اَنگ۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) دولتمندی۔ امارت۔ مالداری۔

توانگری بدل اَست نہ بمال (ف۔ مقولہ) امیری دل (حوصلہ) سے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہوتی ہے، مال سے نہیں۔ نیز دیکھئے بُزرگی بہ عقل اَست نہ بہ سال (عموماً دونوں اکٹھے اِستعمال ہوتے ہیں)۔

توبڑہ (توب۔ رَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ تھیلا جس میں گھوڑے کو دانہ کھلاتے ہیں (۲) (حقارتاً) مُنہ۔

توبڑہ (توبڑا) (توب۔ را) (توب۔ ڑَہ) (اَر۔ ا۔ مذ) دیکھئے توبرہ جس کا یہ مُوَرَّد ہے۔

توبڑہ چڑھائے رکھنا (اَر۔ محاورہ) ہر وقت مُنہ پُھلائے رکھنا۔ ہر وقت چیں بجبیں رہنا۔

توبہ (تَو۔ بَہ) (ع۔ ا۔ مث) (۱) اِستغفار (۲) اَفسوس۔ پچھتاوا۔ ندامت۔ پشیمانی (۳) کسی بُرے کام سے باز رہنے کا عہد (۴) زنہار (۵) عبرت، تأسّف، نفرت، حقارت کے موقع پر بولتے ہیں۔

توبۃ النصوح (تو۔ بَت۔ تُن۔ نَ۔ صُوح) (ع۔ صف) سچّی توبہ۔

توبہ بڑی سپر ہے گنہ گار کے لئے (اَر۔ مثل) توبہ کرنے سے گناہ گار سزا سے بچ جاتا ہے۔

توبہ بُلوا دینا (اَر۔ محاورہ) اِتنا تنگ کرنا کہ دُوسرا پناہ مانگنے لگے۔

توبہ تِلّا (تِل۔ لا) (اَر۔ ا۔ مث) شور۔ فغاں۔ واویلا۔ ہائے وائے۔

توبہ توبہ (ع۔ حرفِ مُدبہ) نفرت، پکّا عہد یا مقامِ عبرت و تأسّف پر بولتے ہیں۔

توبہ توبہ مچا دینا (اَر۔ محاورہ) ایسا ظلم یا گناہ کا کام کرنا کہ ساری دُنیا توبہ توبہ کرے۔

توبہ توڑنا (اَر۔ محاورہ) عہد شِکنی کرنا۔ قول و قسم سے پھرنا۔

توبہ (ٹوٹ جانا) ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ) عہد ٹوٹ جانا۔ قسم ٹوٹ جانا۔

توبہ دھاڑ (کرنا) مچانا (اَر۔ محاورہ) (۱) شور و غل مچانا (۲) پناہ مانگنا (۳) زور شور سے شکوے شکایت کرنا۔

توبہ شِکن (ع۔ ف۔ صف) توبہ توڑنے والا۔

توبہ کا در بند ہو جانا (اَر۔ محاورہ) اِستغفار کرنے کا وقت گُزر جانا۔ مسلمانوں کے عقیدے میں قیامت کے شروع ہونے کے بعد توبہ قبول نہ ہو گی۔

توبہ کا دروازہ کُھلا ہے (اَر۔ مثل) توبہ ہر وقت قبول ہو سکتی ہے۔

توبہ کرانا (اَر۔ محاورہ) (۱) چیں بُلوانا۔ عاجز کرنا (۲) بُری بات چھڑوانا (۳) معافی منگوانا۔

توبہ کرکے کہنا (اَر۔ محاورہ) خُدا سے معافی مانگ کر دعویٰ یا شیخی کی کوئی بات کہنا۔

توبہ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گناہ سے باز آنا (۲) قسم کھانا (۳) فریاد کرنا (۴) کوئی بُری بات چھوڑنے کا عہد کرنا۔

توبہ (کرو) کیجئے (اَر۔ مقولہ) کوئی غرور کا کلمہ کہے یا کسی پر ہنسے یا خلافِ مذہب کوئی بات کرے تو کہتے ہیں۔

توبہ ہی بھلی (اَر۔ مقولہ) عورتیں توبہ کی جگہ بولتی ہیں۔

توبہ ہے (اَر۔ مقولہ) اب نہیں کروں گا۔ باز آتا ہوں۔

توبیخ (تَو۔ بِیخ) (ع۔ ا۔ مث) ملامت۔ جھڑکی۔ سرزنش۔

توپ (واو مجہول) (ت۔ ا۔ مث) (۱) گولا چلانے کا آلہ (۲) بہت موٹا آدمی۔ جمع: توپوں۔ توپیں۔

توپ بھرنا (اَر۔ مص مُرکّب) توپ میں گولا بارود ڈالنا۔

توپ پر رکھنا (اَر۔ محاورہ) کسی شخص کو توپ سے اُڑانے کے لئے توپ کے سامنے کرنا یا توپ کے مُنہ پر باندھ دینا۔

توپ (چلانا) چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) گولا مارنا۔ توپ کی بارود کو آگ لگانا۔

توپ خانہ (ت۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں توپیں رکھی جائیں اور اُن کو چلانے والے اور عملہ رہے۔

توپ داغنا (اَر۔ محاورہ) توپ چلانا۔

توپ دَم (کر دینا) کرنا (اَر۔ محاورہ) توپ کے مُنہ پر باندھ کر اُڑانا۔

توپ سے اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) توپ کے مُنہ پر باندھ کر اُڑا دینا۔

توپ کو بتّی دکھانا (اَر۔ محاورہ) توپ کی بارُود کو آگ لگانا۔

توپ کے مُنہ اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) توپ کے مُنہ پر باندھ کر توپ چلا کر مار ڈالنا۔ توپ دم کر دینا۔

توپ کے مُہرے (اَر۔ متعلق فعل) مُصیبت کے سامنے۔ مُصیبت میں۔

توپ لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) توپ چلانا (۲) توپ کو ایک جگہ نصب کرنا۔

توپ لگنا (اَر۔ محاورہ) توپ کا نصب ہونا۔

توپ مارنا (اَر۔ محاورہ) توپ چلانا۔

توپچی (توپ۔ چی) (ف۔ ا۔ مذ) توپ چلانے والا۔ گولنداز۔

توپنا (توپ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گڑھا بند کرنا (۲) زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا (۳) چھپانا۔ ڈھانپنا۔

تُوت (ہ۔ ا۔ مذ) ایک درخت اور اُس کا پھل۔ شہتوت۔

توتا (تو۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) طوطا۔ مِٹھو۔ ایک خوش رنگ پرندہ جو سکھانے سے کچھ باتیں سیکھ جاتا ہے (۲) طفل۔ بچّہ جو پیاری پیاری باتیں کرے (۳) بھنگ کی لُگدی (۴) توڑے دار بندوق کا گھوڑا۔ نیز دیکھئے طوطا۔ جمع: توتوں۔ توتے۔

توتا پالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کوئی ایسا کام کرنا جس کی وجہ سے کوئی اور کام نہ ہو سکے (۲) کوئی بیماری مول لے لینا (۳) آتشک یا سوزاک کی بیماری لگا لینا۔

توتا چشم (ہ۔ ف۔ صف) بے مُروّت۔ بے وفا۔

توتا چشمی (اَر۔ ا۔ مث) بے مُروّتی۔ بے وفائی۔

توتا سا (بولنا) پڑھنا (اَر۔ محاورہ) بچّوں کے بولنے یا پڑھنے کی تعریف میں کہتے ہیں۔

توتلا (توت۔ لا) (ہ۔ صف) وہ آدمی جو حروف کا صحیح تلفظ نہ کر سکے۔ جیم کو دال اور ڈال کو دال بولنے والا۔ جمع: توتلوں۔ توتلے۔

توتلا پن (اَر۔ ا۔ مذ) تُتلا کر بولنا۔ بچّوں کی طرح حروف کا صحیح تلفظ نہ کر سکنا۔ نُطق کا ایک عارضہ۔

توتلی (توت۔ لی) (اَر۔ صف) توتلا کی تانیث۔

توتو (دونوں واوٗ مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کتّے کو بلانے کی آواز (۲) بولنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باتیں کرنا (۳) (مجازاً) زبان۔

توتی (تو۔تی) (ف۔ا۔مذ) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند۔

توتی بولنا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی ہُنر یا خوبی کی وجہ سے مشہور ہونا۔ شہرۂ آفاق ہونا (۲) دَور دَورہ ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔

توتی کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے (اَر۔مثل) دیکھئے نقار خانے میں توتی کی آواز۔

توتے (ہ۔ا۔مذ) (۱) توتا کی جمع (۲) توتا کی مُغیّرہ صورت۔

توتے اُڑ جانا (اَر۔محاورہ) دیکھئے ہاتھوں کے توتے۔

توتے پڑھانا (اَر۔محاورہ) ایسے شخص کو پڑھانا جو سخت کند ذہن ہو۔

توتے کی سی آنکھیں (بدلنا) پھیرنا (اَر۔محاورہ) بے مُروّت ہو جانا۔ بے وفائی کرنا۔

توتے کی طرح پڑھنا (یاد کرنا) (اَر۔محاورہ) بے سمجھے بوجھے پڑھنا۔

توتیا (توت۔یا) (ہ۔ا۔مذ) نیلا تھوتھا (۲) سُرمہ۔ سُرمے کا پتھر۔

توتیا (تُو۔تو۔یا) (اَر۔ا۔مذ) توطیہ کا بگڑا ہوا۔ اِلزام۔ تُہمت۔ دوش۔ کُھتدا۔

توتیا باندھنا (توتیا طوفان جوڑنا) (اَر۔محاورہ) اِلزام لگانا۔

توثیق (تو۔ثیق) (ع۔ا۔مث) (۱) مضبوطی۔ پختگی (۲) مضبوط کرنا (۳) تصدیق۔

توثیق کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) پکا کرنا۔ مضبوط کرنا (۲) تصدیق کرنا۔

توجانا (تو۔جا۔نا) (ہ۔مص) حیوان کا حمل گر جانا۔

توجّہ (ت۔وَج۔جہ) (ع۔ا۔مث) (۱) کسی کی طرف مُنہ کرنا (۲) رُجحان۔ رَغبت۔ میلان۔ رُجوع (۳) خیال۔ لحاظ (۴) مہربانی۔ عنایت۔

توجّہ باطن (ع۔ا۔مث) دلی توجّہ۔ کسی کی اِصلاحِ نفس کے لئے اُس کے دل پر روحانی اثر ڈالنا۔

توجّہ پھیرنا (اَر۔محاورہ) (۱) متوجّہ ہونا (۲) توجّہ ہٹا لینا۔

توجّہ رہنا (اَر۔محاورہ) (۱) خیال رہنا (۲) مہربانی رہنا۔

توجّہ سے دیکھنا (اَر۔محاورہ) غور سے ملاحظہ کرنا۔

توجّہ کرنا (اَر۔محاورہ) متوجّہ ہونا۔ رُجوع ہونا۔

توجّہ کی نظر ہونا (اَر۔محاورہ) مہربانی کی نگاہ ہونا۔ شفقت ہونا۔

توجّہ مبذول ہونا (اَر۔محاورہ) کسی کی طرف توجّہ کرنا۔ متوجّہ ہونا۔

توجّہ نہ رہنا (اَر۔محاورہ) دھیان ہٹ جانا۔ بے خیالی ہو جانا۔

توجیہہ (تو۔جیہہ) (ع۔ا۔مث) (۱) وجہ بیان کرنا۔ باعث بتانا۔ دلیل لانا (۲) دلیل۔ وجہ (۳) حلیہ۔ کیفیت۔

توجیہہ نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) حلیہ لکھنے والا۔

توحّش (ت۔وَح۔حُش) (ع۔ا۔مذ) (۱) وحشت۔ نفرت (۲) وحشت ہونا۔

توحید (تو۔حید) (ع۔ا۔مث) (۱) ایک ماننا۔ ایک جاننا (۲) خُدا کے ایک ہونے پر یقین کرنا (۳) وحدانیت۔ یکتائی۔

تودہ (تُو۔دہ) (تو۔دہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ڈھیر۔ اَنبار۔ پُشتہ۔ ٹیلا (۲) حد کا مٹی کا نشان یا ڈھیر (۳) ہدف۔ نشانہ (ق)۔ اُردو جمع: تودوں۔ تودے۔

تودہ بندی (ف۔ا۔مث) حد بندی۔

تودۂ خاک (ف۔ا۔مذ) مٹی کا ڈھیر۔

تودۂ طوفان (ف۔ا۔مذ) (۱) بہت جھوٹا اِلزام لگانے والا۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔ فسادی۔

تودیع (تو۔دیع) (ع۔ا۔مث) (۱) وداع کرنا۔ رُخصت کرنا (۲) سُپرد کرنا۔ سونپنا۔

توڈر (ق۔ا۔مذ) ہاتھی کے پاؤں کی زنجیر۔

تور (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) جال کی پوشش جو پالکی یا پینس پر ڈالتے ہیں۔ وہ رسّی جو پالکی کے اِرد گرد پردے کو ہوا سے اُڑنے سے بچانے کے لئے باندھتے ہیں (۲) ایک غلّہ جس کی دال پکاتے ہیں۔ ارہر (۳) تُروئی۔

تورات (ع۔ا۔مث) وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔ توریت۔

تورُّع (ت۔وَر۔رُع) (ع۔ا۔مذ) زُہد۔ پرہیزگاری۔ اِتّقا۔ تقویٰ۔

تُورہ (تو۔رہ) (ت۔ا۔مذ) (۱) قانون۔ طریق۔ رسم و رواج۔ دستور العمل (۲) وہ قانون جو چنگیز خاں نے وضع کیا تھا (۳) حُکمِ شاہی۔

تورہ (تو۔رہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مختلف کھانوں کے خوان جو امیر لوگ تقریبات کے موقع پر بھیجتے ہیں (۲) خوان میں لگے ہوئے قسم قسم کے کھانے (۳) امیر۔ نواب۔ وزیر (۴) غرور۔ گھمنڈ (۵) عزّت۔ رُتبہ۔ حیثیت۔

تورہ بندی (اَر۔ا۔مث) مختلف کھانوں کے خوان بھیجنے کی تقریب۔

تورہ پوش (ہ۔ف۔ا۔مذ) بانس کی تیلیوں کا سرپوش جو تورے کے خوانوں پر رکھتے ہیں۔

تورہ بیچنی (اَر۔صف) مغرور عورت۔ شیخی باز عورت۔

تورہ توڑنا (اَر۔محاورہ) غرور توڑنا۔ گھمنڈ نکالنا۔

تورہ جتانا (اَر۔محاورہ) (۱) فخر کرنا۔ غرور کرنا (۱) اپنی بڑائی دکھانا۔ شیخی مارنا۔

تورہ ڈھانا (اَر۔محاورہ) غرور مٹانا۔

تورہ (لگ جانا) لگنا (اَر۔محاورہ) غرور کرنا۔ اِترانا۔ فخر کرنا۔

تورہ والی (اَر۔صف) مغرور عورت۔

توری (تو۔ری) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی ترکاری۔ تُرئی۔

توریا (تو۔ریا) (ہ۔ا۔مذ) سرسوں کا بیج یا پودا۔

توریت (تَو۔ریت) (عب۔ا۔مث) دیکھئے تورات۔

توڑ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ (۲) علاج۔ چارہ۔ دفعیہ (۳) پانی کے بہاؤ کا زور (۴) شگاف۔ درز (۵) گولی یا گولے کی توڑنے کی قوت (۶) فاصلہ جو تیر یا گولا طے کرے (۷) دہی کا پانی (۸) داؤں پیچ وغیرہ کا جواب یا دفعیہ (۹) چیز کی قیمت کا فیصلہ۔ چکوتا (۱۰) خاتمہ۔

توڑ پر ہونا (اَر۔محاورہ) خاتمے پر ہونا (۲) زور پر ہونا۔

توڑ (پھوڑ) تاڑ (اَر۔ا۔مث) (۱) ٹوٹ پھوٹ (۲) خرابی۔ پامالی (۳) سازش۔ اِغوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھانٹ۔ قطع وبرید (۳) چال بازی۔ مکاری۔ شرارت (۴) دانائی۔ عقل مندی (۵) دو آدمیوں میں نااتفاقی ڈلوا دینے کا طریقہ (۶) تراش خراش۔ نیز دیکھئے جوڑ توڑ جو زیادہ مستعمل ہے۔

توڑ جوڑ چلنا (اَر۔ محاورہ) چال چلنا۔

توڑ جوڑ کا اُستاد (پُورا) ہے (اَر۔ محاورہ) بڑا چلتا پُرزہ ہے۔ بڑا بدمعاش ہے۔ لڑائی جھگڑا کرا دینے میں اُستاد ہے۔

توڑ (دینا) ڈالنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے توڑنا۔

توڑ کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) حساب صاف کرنا (۲) داؤں کا رد کرنا۔

توڑ کی صُراحی (اَر۔ اِ۔ مث) وہ صُراحی جس کی گردن اور پیندا الگ ہو جائے۔

توڑ کے نکل جانا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کے آرپار ہو جانا۔

توڑ لانا (اَر۔ محاورہ) توڑ کر لے آنا۔

توڑ لینا (اَر۔ محاورہ)(۱) الگ کر لینا۔ توڑنا (۲) اپنی طرف کر لینا۔

توڑ مروڑ (اَر۔ اِ۔ مذ) توڑنا مروڑنا۔

توڑا (واو مجہول)(ہ۔ اِ۔ مذ)(۱) کمی۔ قِلّت۔ قحط (۲) نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹا (۳) بندوق داغنے کا فتیلہ (۴) رسّی کا ٹکڑا (۵) ہل کی لمبی لکڑی جس کے دونوں طرف بیل جُتتے ہیں (۶) ناچ میں گت کا سلسلہ توڑ کر کوئی اور حرکت کرنا (۷) اشرفیوں یا رُوپوں کی تھیلی (۸) سونے یا چاندی کی زنجیر جو گلے میں پہنتے ہیں (۹) سونے یا چاندی کی زنجیر جو پگڑی پر لپیٹتے ہیں (۱۰) ریت کا جزیرہ جو دریا یا سمندر میں بن جائے۔ جمع: توڑوں۔ توڑے (۱۱)(فعل) توڑنا مصدر کا ماضی۔

توڑا پڑنا (اَر۔ محاورہ) کمی ہونا۔ قحط ہونا۔

توڑا جانا (اَر۔ محاورہ) کم غذا سے طاقت گھٹانا۔

توڑا ڈالنا (اَر۔ محاورہ) کمی کرنا۔

توڑا لگنا (اَر۔ محاورہ) گھاٹا پڑنا۔ خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا۔

توڑا مروڑی (اَر۔ اِ۔ مث)(۱) ہاتھا پائی۔ چھینا جھپٹی (۲) ملنا۔ دلنا (۳) توڑنا۔ مروڑنا۔

توڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) کمی ہونا۔ قِلّت ہونا۔

توڑنا (واو مجہول) (ہ۔ مص)(۱) ٹکڑے کرنا۔ شکستہ کرنا (۲) جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا (۳) چُور چُور کرنا۔ پاش پاش کرنا (۴) دُور کرنا۔ مٹانا (۵) گرانا۔ ڈھانا۔ منہدم کرنا (۶) بھانجی مارنا (۷) کمزور کرنا (۸) ہل سے جوتنا (۹) ورزش کرنا (۱۰) نفاق ڈالنا۔ لڑائی کرا دینا (۱۱) ازالۂ بکارت کرنا (۱۲) رد کرنا۔ منسوخ کرنا (۱۳) کنوئیں میں سے اِتنا پانی نکالنا کہ ریت آنے لگے (۱۴) پانی بغیر باری کے نکالنا (۱۵) نہر سے پانی لینا (۱۶) قطع تعلق کر لینا (۱۷) پھول وغیرہ چننا۔ اکھاڑنا (۱۸) نقب لگانا (۱۹) (قلعہ) فتح کرنا (۲۰) (مُنہ) کچلنا (۲۱) ایسی بات کہنا کہ مخاطب جواب نہ دے سکے (۲۲) (گواہ) اپنی طرف کر لینا (۲۳) (قفل) شکستہ کر کے کھولنا۔ چوری کر لینا (۲۴) نقصان پہنچانا۔ دیوالہ نکلوا دینا (۲۵) (روپیہ) بھنانا (۲۶) نااُمید کرنا۔ شکستہ دل کرنا (۲۷) حوصلہ کم کر دینا (۲۸) (محکمہ) موقوف کر دینا (۲۹) (روپے) کم کر دینا۔ تنزّل کر دینا۔ تنخواہ میں کمی کر دینا (۳۰) (دانت) ضرب سے توڑ دینا یا نکال دینا (۳۱) (روٹیاں) (قانون۔ رسم وغیرہ) برخلاف اُن کے کام کرنا (۳۴) (اعضا) بہت مارنا (۳۵) (پتھر) سخت مشکل کام کرنا (۳۶) (جان) بہت کام کرنا، محنت کا کام کرنا (۳۷) (ٹانگیں) بہت چلنا۔ بہت کام کرنا (۳۸) بلّی کا کسی پرندے کو زخمی کرنا (۳۹) علم حساب میں بڑی رقم کو چھوٹے اجزا میں کرنا (۴۰) ٹوٹنا مصدر کا متعدی۔

توڑنا پھوڑنا (اَر۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شکستہ کرنا۔

توڑنا جوڑنا (اَر۔ محاورہ) بگاڑنا سنوارنا۔

توڑنا مروڑنا (اَر۔ محاورہ) ہاتھا پائی کرنا۔ چھینا جھپٹی کرنا (۲) کسی شے کو بَل دینا (۳) لوہے کے تار کو بَل دار کرنا۔

توڑوائی (توڑ۔ وا۔ ای) دیکھئے تڑوائی۔

توڑی (واؤ مجہول)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) رائی کا پودا (۲) رائی کا بیج (۳) سرسوں (۴) ایک راگنی کا نام۔

تُوڑی (واؤ معروف)(ہ۔ اِ۔ مث) گیہوں یا جو کا بُھس۔ چارہ۔

تُوزُک۔ دیکھئے تُزُک۔

توزِیع (تو۔ زِیع) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) پراگندہ کرنا۔ بانٹنا (۲) جمع بندی۔ فردلگان (۳) خلیے کا نقشہ۔

توزیع حال (ع۔ اِ۔ مث) ہر مہینے کا حساب جس میں ہر مالک کا زرِ مطالبہ اور تحصیل اور باقی درج ہو۔

توس (انگ (Toast) کا مُوَرّد۔ اِ۔ مذ) ڈبل روٹی کا پتلا سینکا ہوا ٹکڑا۔

توشدان (اَر۔ اِ۔ مذ) دیکھئے توش دان۔

توسُّط (ت۔ وَس۔ سُط)(ع۔ اِ۔ مذ)(۱) اِعتدال۔ میانہ روی (۲) درمیان۔ بیچ (۳) ذریعہ۔ وسیلہ۔

توسُّل (ت۔ وَس۔ سُل)(ع۔ اِ۔ مذ)(۱) وسیلہ ڈھونڈنا۔ کسی کو بیچ میں ڈالنا (۲) ذریعہ۔ سفارش۔ وسیلہ۔

تَوسَن (تو۔ سَن)(ف۔ اِ۔ مذ) گھوڑا۔ اسپ۔

توسن اُڑانا (اَر۔ محاورہ) گھوڑا دوڑانا۔

توسن اُڑنا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کا بہت تیز دوڑنا۔

توسن پھڑکنا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کا ڈر جانا۔

توسن چمکانا (اَر۔ محاورہ) گھوڑا تیز کرنا۔

توسن چمکنا (اَر۔ محاورہ)(۱) گھوڑا تیز ہونا (۲) گھوڑے کا ڈر جانا۔

توسنِ (قلم) کِلک (ف۔ اِ۔ مذ) قلم کو توسن سے اِستعارہ کرتے ہیں۔

توسیع (تو۔ سیع)(ع۔ اِ۔ مث)(۱) فراخ کرنا۔ وسیع کرنا۔ کشادہ کرنا (۲) وسعت۔ کشادگی۔

توش (واو مجہول)(ف۔ اِ۔ مذ)(۱) طاقت۔ قوت (۲) بدن۔ تن (۳) ایک وقت کے کھانے کے لئے کافی خوراک (اردو میں تن و توش کی ترکیب سے اِستعمال ہوتا ہے)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

توش دان (ف۔ا۔مذ) توشہ دان۔ وہ برتن جس میں سفر کی خوراک رکھتے ہیں (۲) کارتوس رکھنے کا چھوٹا سا بکس جو سپاہیوں کی کمر سے بندھا ہوتا ہے۔

توشک (تو۔شک) (ف۔ا۔مث) رُوئی دار بستر۔ گدیلا۔ گدا۔ نہالی۔

توشک خانہ (ف۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں امیروں کی پوشاک اور سامانِ ملبوس رہتا ہے (۲) وہ جگہ جہاں سامانِ خانہ داری رہتا ہے۔

توشہ (تو۔شہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) زادِ راہ۔ وہ کھانا جو مسافر ساتھ لے جائے (۲) وہ کھانا جو مُردے کے ساتھ لے جاتے ہیں اور اُسے دفن کرنے کے بعد فقراء میں تقسیم کر دیتے ہیں (۳) کسی ولی یا بزرگ کی فاتحہ کا کھانا جو عرس کے دن تقسیم کیا جاتا ہے۔ اُردو جمع: توشوں۔ توشے۔

توشہ خانہ (ا۔ا۔مذ) دیکھئے توشک خانہ۔

توشۂ (آخرت) عاقبت (ف۔ع۔ا۔مذ) آخرت کا سامان۔ نیک اعمال۔

توشے (ا۔ا۔مذ) (۱) توشہ کی جمع (۲) توشہ کی مغیرہ صورت۔

توشے کی روٹی (ا۔ا۔مث) کھانا جو لاش کو دفن کرنے پر تقسیم کرتے ہیں۔

توشیح (تو۔شیح) (ع۔ا۔مث) (۱) آرائش کرنا۔ سجانا (۲) علم بیان کی ایک صنعت جس میں شعروں کا پہلا حرف یا مصرعوں کے شروع کا ایک ایک لفظ لینے سے کوئی عبارت بن جائے یا نام نکل آئے۔

توصیف (تو۔صیف) (ع۔ا۔مث) (۱) خوبی بیان کرنا (۲) صفت۔ خوبی۔

توضیح (تو۔ضیح) (ع۔ا۔مث) (۱) واضح کرنا۔ کھول کے بیان کرنا (۲) شرح۔ وضاحت (۳) (قانون) مالگذاری کا نقشہ۔ جمع: توضیحات۔

توضیع (تو۔ضیع) (ع۔ا۔مث) (۱) نیچے رکھنا (۲) افسردہ کرنا۔ غمگین کرنا (۲) پست کرنا۔ عاجز کرنا۔

توطّن (ت۔وط۔طن) (ع۔ا۔مذ) وطن بنانا۔ وطن اختیار کرنا۔

توغّل (ت۔وغ۔غل) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک کام میں لگا رہنا۔ پوری مشق کرنا (۲) دُھن۔ مشق۔

توفان (تو۔فان) (ف۔ا۔مذ) (۱) طوفان (۲) شوروغوغا (۳) اِلزام۔ بُہتان۔ جھگڑا۔

توفانِ شیطان (ف۔ا۔مذ) بہت بڑا جھوٹ۔ بہت بڑا بُہتان۔

توفیر (تو۔فیر) (ع۔ا۔مث) (۱) زیادتی۔ بُہتات (۲) بچت۔

توفیق (تو۔فیق) (ع۔ا۔مث) (۱) برابر کرنا۔ موافق کرنا (۲) خُدا تعالیٰ کا بندے کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا (۳) ہدایت۔ رہنمائی۔ خُدا کی مہربانی (۴) ہمّت۔ طاقت۔ حوصلہ۔

توفیقِ خیر (ع۔ا۔مث) نیک کاموں کی ہمّت۔

توفیق ہونا (ا۔محاورہ) ہمّت ہونا۔ حوصلہ ہونا۔

توقّع (ت۔وق۔قع) (ع۔ا۔مث) اُمید۔ بھروسا۔ آس۔ جمع: توقعات۔

توقّف (ت۔وق۔قف) (ع۔ا۔مذ) دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ تاخیر۔

توقیر (تو۔قیر) (ع۔ا۔مث) عزّت۔ وقعت۔ تعظیم و تکریم۔

توقیع (تو۔قیع) (ع۔ا۔مث) (۱) شاہی دستخط (۲) شاہی مُہر لگا کر دستخط کرنا (۳) شاہی فرمان۔

توقیف (تو۔قیف) (ع۔ا۔مث) (۱) واقف کرنا (۲) روکنا۔ ٹھہرانا (۳) عبارت میں وقفے لگانا۔

توقیفی (تو۔قی۔فی) (ع۔صف) جس میں اوقاف یا وقفے کا التزام کیا گیا ہو (۲) (شرعی اصطلاح) اللہ میاں کی ٹھہرائی ہوئی۔

توکّل (ت۔وک۔کل) (ع۔ا۔مذ) (۱) بھروسا کرنا۔ اپنے کام کو کسی کے حوالے کرنا (۲) اپنے عجز کا اقرار کرنا (۳) بھروسا۔ اعتماد۔

توکّل بخدا (ع۔ف۔ا۔مذ) خُدا پر بھروسا۔

توکّل پر بیٹھنا (ا۔محاورہ) توکّل پر گزارہ کرنا۔ توکّل کرنا (۲) اپنے سب کام خُدا پر چھوڑ دینا (۳) بیکار بیٹھنا۔ خالی بیٹھنا۔

توکّلتُ علی اللہ (ع۔جملہ) میں نے خُدا پر بھروسا کیا۔ اس وقت بولتے ہیں جب سب کچھ چھوڑ کر خُدا پر بھروسا کر کے صبر کر لیتے ہیں۔

توکیل (تو۔کیل) (ع۔ا۔مث) (۱) وکیل کرنا (۲) کسی پر کوئی کام چھوڑ دینا۔

تول (تول) (تَول) (ہ۔ا۔مذ وصف) (۱) وزن۔ جانچ۔ اندازہ (۲) مقرّرہ وزن (۳) ہم سَر۔ برابر (ق)۔

تول کسا ہے (ا۔محاورہ) روپیہ وزن میں پُورا نہیں۔

تول لینا (ا۔محاورہ) (۱) آزما لینا۔ جانچ لینا۔ وزن کر لینا (۲) لیاقت اور قابلیت کی جانچ کرنا۔ اِمتحان کرنا (۳) تلوار کو ہاتھ میں لے کر جانچنا (۴) محبت کی آزمائش کرنا (۵) بات کو اچھی طرح سمجھنا۔

تولا (واوٴ مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بازار میں تولنے کا کام کرنے والا (۲) دیکھئے تولہ۔

تولّا (ت۔ول۔لا) (ع۔ا۔مذ) (۱) محبت کرنا۔ دوست بنانا (۲) محبت۔ اُلفت۔ پیار۔ دوستی (۳) حکومت کرنا۔

تولّائی (ت۔ول۔لا۔ای) (ع۔صف) (۱) محبت کرنے والا (۲) شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرّا نہیں کرتا۔

تولّد (ت۔ول۔لد) (ع۔ا۔مذ) (۱) پیدا ہونا (۲) پیدائش۔ جنم۔

تولنا (تول۔نا) (واوٴ مجہول) (ہ۔مص) (۱) وزن کرنا (۲) جانچنا۔ قابلیت کی جانچ کرنا۔

تولواں (تول۔واں) (ہ۔صف) (۱) بھاری۔ وزنی (۲) جس پر بہت سا طلائی کام کیا گیا ہو (کپڑا)۔

تولہ (تو۔لہ) (ہ۔ا۔مذ) بارہ ماشے کا وزن۔

تولہ بھر (ہ۔صف) (۱) ایک تولہ (۲) ذرا سا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تولہ بھر کی آرسی۔ نانی بولے فارسی (اَر۔مثل) تھوڑا سلوک کر کے بہت احسان جتانے یا شیخی مارنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تولہ ماشہ (ہ۔صف) دیکھئے گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔

تَولیا (تَو۔لِ۔یا) (اَر۔اِ۔مذ) لمبا رومال جس سے ہاتھ پونچھتے یا نہا کر بدن خشک کرتے ہیں۔ (انگ (Towel) کا مؤرّد)۔ جمع: تولیوں۔ تولیے۔

تَولِیَت (تَو۔لِ۔یَت) (۱) حاکم بنانا۔ افسر کرنا (۲) سربراہی۔ نگرانی۔ اِنتظام (۳) دیکھئے اِیجاب۔

تولیت نامہ (ع۔ف۔اِ۔مذ) ولی بنانے کی تحریر۔

تَولِید (تَو۔لِید) (ع۔اِ۔مث) (۱) جنانا (۲) جننا۔ پیدا کرنا۔

تُومار (اَر۔اِ۔مذ) دیکھئے طومار جس کا یہ بگاڑ ہے۔

تُومان (تُو۔مان) (ت۔اِ۔مذ) دیکھئے تُمن۔

تُومڑا (تُوم۔ڑا) (ق۔اِ۔مذ) خول (۲) فقیروں کا برتن جو کدو کو سکھا کر اور اَندر سے خالی کر کے بناتے ہیں۔

تُومڑی (تُوم۔ڑی) (ہ۔اِ۔مث) ایک ساز جو تونبے کا بناتے ہیں (۲) چھوٹا تونبا۔ سُوکھے ہوئے تونبے کا فقیروں کا برتن (۳) سپیروں کی بین (۴) مگرمچھ یا گھڑیاں کی تھوتھنی (۵) چراغ جو تونبی کا بناتے ہیں (۶) ایک قسم کی آتش بازی (۷) ایک قسم کی پیکنی جو چھوٹے کدو سے بناتے ہیں (۸) رسولی۔

تُومنا (تُوم۔نا) (ہ۔مص) (۱) رُواں رواں جدا کرنا۔ روئی صاف کرنا (۲) (اَر۔محاورہ) عیب کھولنا۔ قلعی کھولنا (۳) گڑے مُردے اکھاڑنا (۴) مارنا پیٹنا۔

تُومیا (تُو۔مِیا) (ہ۔اِ۔مذ) بہت باریک اور عُمدہ کتا ہوا سوت۔

تُوں تاں کرنا (اَر۔محاورہ۔عو) تُو تُو مَیں مَیں کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔

تُونا (تُو۔نا) (ہ۔مص) جانور کا حمل گر جانا۔

تُونبا (تُوں۔با) (ہ۔اِ۔مذ) ایک قسم کا تلخ کدو جس کا چھلکا بہت موٹا ہوتا ہے فقیر اُسے سکھا کر کشکول بناتے ہیں۔ جمع: تونبوں۔ تونبے۔

تُونبی (تُوں۔بی) (ہ۔اِ۔مث) (۱) چھوٹا کشکول (۲) چھوٹا کدو۔

تونبی ہاتھ میں لینا (اَر۔محاورہ) فقیر بننا۔ جوگی بننا۔

توند (واوِ مجہول) (نُون غنّہ) (ہ۔اِ۔مث) بڑا پیٹ۔ بڑھا ہوا پیٹ۔ جمع: توندوں۔ توندیں۔

توندالا (توندَل۔ توندُو۔ توندَیل۔ توندَیلا) (ہ۔صف) بڑے پیٹ والا۔ (مؤنث: توندیلی)۔

تَونس (بفتحِ اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔اِ۔مث) (۱) وہ پیاس جو کسی طرح نہ بُجھے (۲) دھوپ کی شِدّت۔

تَونسنا (تَونس۔نا) (ہ۔مص) (۱) آفتاب کی گرمی سے بے تاب یا مضمحل ہونا (۲) سخت پیاس لگنا۔

توَنگر (ت۔وَنگر) (ف۔صف) دیکھئے توانگر۔

توَنگری (ف۔اِ۔مث) دیکھئے توانگری۔

تَوَہُّم (ت۔وَہ۔ہُم) (ع۔اِ۔مذ) وہم۔ وسواس۔ شک۔ گمان۔ وسوسہ۔ جمع: توہمات۔

تَوہِین (تَو۔ہِین) (ع۔اِ۔مث) ہتک۔ بے عزّتی۔ ذِلّت۔ اہانت۔

توہینِ عدالت (ع۔اِ۔مث) عدالت کی ہتک۔ کوئی ایسا لفظ کہہ دینا یا کوئی ایسا کام کرنا جس سے عدالت کی تحقیر ہو۔

تَوئی (تو۔اِی) (تُو۔اِی) (ہ۔اِ۔مث) کپڑے پر بنی ہوئی ایک قسم کی بیل جو دوپٹوں وغیرہ کے کنارے پر لگاتے ہیں۔

تَوِی (ت۔وِی) (ہ۔اِ۔مث) بڑا توا جس پر ایک ہی وقت میں بہت سی روٹیاں پک سکتی ہیں۔

تَوے (ت۔وے) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) توا کی جمع (۲) توا کی مغیّرہ صورت۔

توے کا حُقّہ (اَر۔اِ۔مذ) وہ حقّہ جس کی چلم میں تمباکو پر توا (ٹھیکری) رکھ کر آگ رکھی جاتی ہے۔

توے کی بُوند (اَر۔صف) ناپائیدار چیز۔

توے کی تیری، ہاتھ کی میری (اَر۔مثل) تُو پہلے میں بعد میں۔

ت۔ہ

تَہ (بالفتح) (ف۔اِ۔مث) (۱) نچلا حِصّہ۔ تلی (۲) تھاہ۔ اِنتہا (۳) پیندا۔ تلا (۴) پرت (۵) نکتہ۔ باریکی۔ کنایہ۔ رمز (۶) فرش۔ سطح (۷) تہمت (۸) نہاؤ (۹) باریک اور پتلا ورق (۱۰) (صف) نیچے۔ تلے۔ اُردو جمع: تہوں۔ تہیں۔

تہ بازار (ف۔اِ۔مث) بازار کی زمین۔

تہ بازاری (ف۔اِ۔مث) (۱) وہ کرایہ جو وہ لوگ دیتے ہیں جن کی دُکان نہیں ہوتی اور وہ مال زمین وغیرہ پر رکھ کر بیچتے ہیں۔

تہ بند (ف۔اِ۔مذ) (۱) پاجامے کی جگہ باندھنے کا کپڑا (۲) دھوتی۔ لُنگی۔

تہ بندی (ف۔اِ۔مث) (۱) کتاب کی جُز بندی (۲) وہ رنگ جو کپڑے کو اصلی رنگ سے پہلے دیتے ہیں۔

تہ بہ تہ (ف۔متعلق فعل) (۱) ہر تہ میں (۲) ایک کے نیچے ایک تہ (۳) طبق در طبق (۴) تہ کے اندر تہ۔

تہ پانا (اَر۔محاورہ) اصلی مطلب کو پا لینا۔ حقیقت دریافت کر لینا۔

تہ پوشی (ف۔اِ۔مث) زنانہ پاجامہ جو ساڑھی کے نیچے پہنا جاتا ہے۔

تہ پیچ (ف۔اِ۔مث) پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔ بطانہ۔

تہ (توڑ دینا) توڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) سب کھا جانا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ برتن چاٹ جانا (۲) سب کچھ صاف کر دینا۔ کچھ باقی نہ رکھنا (۳) تھان کی تہیں کھول دینا۔

تہ تیغ کرنا (اَر۔محاورہ) تلوار سے قتل کرنا۔

تہ (ٹوٹ جانا) ٹوٹنا (اَر۔محاورہ) (۱) مُفلس ہو جانا۔ دیوالہ نکل جانا (۲) کپڑے کا تھان کھل جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تہ جمانا (اُر۔ محاورہ)(۱) ایک چیز کے اُوپر دُوسری چیز رکھنا۔ اُوپر تلے رکھنا۔ کھانے پر اور کھانا۔
تہ جمنا (اُر۔ محاورہ) کسی رقیق چیز کے نیچے کے حصّے کا جم جانا۔
تہ خاک (ف۔ صف) زمین کے نیچے۔
تہ خانہ (ف۔ ا۔ مذ)(۱) سرد خانہ (۲) وہ کمرا جو مکان میں سطح زمین کے نیچے بناتے ہیں۔
تہ دار (ف۔ صف)(۱) پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق (۲) ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔
تہ داری (ف۔ ا۔ مث)(۱) گہرائی (۲) دِقّت۔ مشکل۔ پیچیدگی۔
تہِ دام آنا (اُر۔ محاورہ) جال میں پھنسنا۔ پکڑا جانا۔ قابو میں آنا۔
تہ دَرز (اُر۔ صف)(۱) بالکل نیا (۲) نیا کپڑا جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔
تہِ دل سے (اُر۔ متعلق فعل) نہایت خلوص سے۔ سچے دِل سے۔
تہ دلی (ف۔ ا۔ مث) اطمینانِ قلب۔
تہ (دیگ) دیگی (ف۔ ا۔ مث) کُھرچن۔ نیچے کا کھانا جس میں گھی زیادہ ہوتا ہے۔
تہ دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) نیچے اُوپر رکھنا (۲) اصلی رنگ سے پہلے ہلکا رنگ دینا (۳) اَستر لگانا (۴) کچے پھلوں کو پھونس کی تہ میں رکھنا۔
تہ کا (اُر۔ صف)(۱) گہرا (۲) پیچیدہ۔ مشکل۔ دِقّت طلب۔
تہ کا سچا (اُر۔ صف) وہ کبوتر جو گھر نہ بھولے۔
تہ کر رکھو (اُر۔ مقولہ) بے غرضی اور بے پروائی کے موقع پر بولتے ہیں۔ رکھ چھوڑو۔ اب نہیں چاہئے۔
تہ کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) ٹھیک طور سے لپیٹنا (۲) فیصلہ کرنا۔ تصفیہ کرنا۔ طے کرنا (۳) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
تہ کو (پانا) پہنچنا (اُر۔ محاورہ)(۱) اصل مطلب دریافت کر لینا (۲) کسی بات کی حقیقت کو سمجھ جانا۔
تہ کی بات (اُر۔ ا۔ مث) اصل بات۔ گُر کی بات۔
تہ لگانا (اُر۔ محاورہ) کپڑے کو ٹھیک طور سے لپیٹنا (۲) تلے اُوپر رکھنا۔
تہ مارنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا پیاس کی بیماری میں مُبتلا ہونا۔
تہ ملانا (اُر۔ محاورہ) جوڑا لگانا۔ نر کے ساتھ مادہ کو ملانا۔
تہ میں بیٹھ جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) نیچے بیٹھ جانا۔ ڈوب جانا (۲) کسی کے دل میں گھر کرنا۔ بھید لے لینا۔
تہ نال (ف۔ ا۔ مذ)(۱) لوہے کا ٹکڑا جو تلوار کے قبضے کے نیچے ہوتا ہے (۲) نیام کے نیچے کا حِصّہ جس میں تلوار کا پھل پڑا رہتا ہے۔
تہ نامہ (ف۔ ا۔ مذ) اِقرار نامہ۔ عہد نامہ۔
تہ نشان (ف۔ ا۔ مذ) سونے یا جواہرات کا کام جو تلوار کے قبضے پر ہوتا ہے۔
تہ نشین (ف۔ صف)(۱) تہ میں بیٹھنے والا (۲) ذہن میں آ جانے والا۔ دل میں بیٹھ جانے والا (۳) تلچھٹ۔ گاد۔
تہ نکالنا (اُر۔ محاورہ) اصل بات کو پا جانا۔ رمز پہنچاننا۔
تہ نہیں ٹوٹی (اُر۔ محاورہ) کپڑا بالکل نیا ہے۔
تہ و بالا (ف۔ صف) زیر و زبر۔ نیچے اُوپر۔ اُلٹ پلٹ۔
تہا تہی رکھ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) اِحتیاط سے رکھنا۔ اِستعمال میں نہ لانا۔

تھاں (تَ۔ ہاں) (اُر۔ متعلق فعل)(۱) وہاں۔ اُس جگہ۔ اُدھر (۲) تب۔ اُس موقع پر۔
تھانا (تَ۔ ہا۔ نا)(اُر۔ مص) تہ کرنا۔
تہاوُن (تَ۔ ہا۔ وُن)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) نفرت۔ حقارت (۲) غفلت۔ لاپروائی۔ سُستی۔
تہائی (تِ۔ ہا۔ ای)(ہ۔ ا۔ مث) تیسرا حِصّہ۔ $\frac{1}{3}$۔
تہتّر (تِ۔ ہَت۔ تَر)(ہ۔ صف) تین اُوپر ستّر۔ بہتّر کے بعد کا عدد۔ ۷۳۔
تہتّک (تَ۔ ہَت۔ تک)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) پردہ دری (۲) بے عزّتی۔ ہتک۔
تہجُّد (تَ۔ ہَج۔ جُد)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) رات کو جاگنا (۲) نماز جو آدھی رات کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
تہجُّد گزار (ع۔ ف۔ صف)(۱) آدھی رات کے بعد نماز پڑھنے والا (۲) (مجازاً) پرہیزگار۔
تہجّی (تَ۔ ہَج۔ جی)(ع۔ ا۔ مث) ہجے کرنا۔ ہجے۔ ہجا۔
تہدِید (تَہ۔ دِید)(ع۔ ا۔ مث)(۱) تنبیہ۔ سرزنش۔ دھمکی۔ گھُرکی (۲) ڈرانا۔ دھمکانا۔
تہذِیب (تَہ۔ ذِیب)(ع۔ ا۔ مث)(۱) آراستگی۔ صفائی۔ اِصلاح (۲) شائستگی۔ خوش اخلاقی۔ جمع: تہذیبوں۔ تہذیبیں۔
تہذیبُ الأخلاق (ع۔ ا۔ مث) اَخلاق کی دُرستی۔ خوش اَخلاقی۔ اِنسانیت۔
تہذیب یافتہ (ع۔ ف۔ صف) تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ۔ شائستہ۔ مہذّب۔
تِہرا (تِہ۔ را)(ہ۔ صف)(۱) تگنا۔ سہ چند (۲) تین تہ کا (۳) تین لڑکا (۴) تین قسم کا۔ تین طرح کا۔
تِہرانا (تِہ۔ را۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) تیسری دفعہ کہنا (۲) کسی کام کو تیسری دفعہ کرنا (۳) تین تہیں کرنا۔
تَہری (تَہ۔ ری)(اُر۔ ا۔ مث) دیکھئے تاہری۔
تِہری (تِہ۔ ری)(ہ۔ صف) تہرا کا مؤنث۔ تین گُنی۔ تین تہ کی۔
تہرِیج (تَہ۔ رِیج)(ع۔ ا۔ مث) مال گزاری سے متعلق ایک قسم کا کاغذ۔
تہس نہس (تَ۔ہَس۔ نَ۔ ہَس)(ہ۔ صف) تباہ۔ برباد۔ خراب۔ اُجاڑ۔
تہس نہس گئی (ہ۔ صف) خانہ خراب عورت۔ وہ عورت جس کا کہیں ٹھور ٹھکانا نہ ہو۔
تہلُکہ (تَہ۔ لُ۔ کہ) (تَہ۔ لَ۔ کہ) (ع۔ ا۔ مذ)(۱) ہلاکت۔ موت (۲) غارت۔ تباہی (۳) (اُر) شور۔ غوغا۔ کھلبلی۔ آفت۔ کہرام (۴) دہشت۔ خوف۔ (اُردو میں بفتحِ اوّل و دوم و بسکونِ سوم (تَ۔ ہَل۔ کہ) مستعمل ہے)۔
تہلکہ (پڑنا) مچنا (اُر۔ محاورہ) کُہرام مچنا۔ آفت بپا ہونا۔
تہلِیل (تَہ۔ لِیل)(ع۔ ا۔ مث) لا اِلٰہ اِلّا اللہ کہنا۔
تُہمت (تُہ۔ مَت)(ع۔ ا۔ مث) اِلزام۔ بُہتان۔ جھُوٹا اِلزام۔ اُردو جمع:

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تہتیں۔ تہموں۔

تہمت تراشنا (تہمت جوڑنا۔ تہمت دھرنا۔ تہمت دینا۔ تہمت رکھنا۔ تہمت لگانا) (اُر۔ محاورہ) عیب لگانا۔ اِلزام لگانا۔ بُہتان باندھنا۔

تہمت سر لگنا (اُر۔ محاورہ) اِلزام لگنا۔ متہم ہونا۔

تہمت کا گھر (تہمت کی مٹی) (اُر۔ صف) (۱) بدنامی یا عیب کی جگہ (۲) وہ چیز جس میں بدنامی کا اندیشہ ہو (۳) ایسا شخص جس کی ملاقات سے اِلزام لگے (۴) وہ شخص جو ہر ایک پر اِلزام لگائے۔

تہمتن (تَہ۔ہَم۔تَن) (ف۔ا۔مذ) (۱) بڑے بھٹے یا بدن کا آدمی (۲) بہادر۔ دلیر۔ شجاع (۳) رُستم کا لقب۔

تہمتی (تُہ۔مَ۔تی) (ع۔اُر۔صف) (۱) وہ شخص جس پر تہمت لگائی جائے (۲) تہمت لگانے والا۔

تہمد (تَہ۔مَد) (اُر۔ا۔مذ) تہ بند کا بگاڑ۔ دیکھئے تہ بند۔

تہنیت (تَہ۔نِ۔یَت) (ع۔ا۔مث) مبارکباد۔ مبارکباد دینا یا لینا۔

تہنیت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) مبارکباد کا خط۔

تہنید (تَہ۔نید) (ع۔ا۔مث) کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنانا۔

تہوار (تِہ۔وار) (ہ۔ا۔مذ) خوشی کا دن۔ تیوہار۔ جمع: تہوار۔ تہواروں۔

تہوّر (تَ۔ہَوْ۔وُر) (ع۔ا۔مذ) اِنتہائی دلیری۔ اِنتہائی شجاعت۔

تہوّری (تَ۔ہَوْ۔وُ۔ری) (ع۔ا۔مث) بہادری۔ دلیری۔

تہی (تِ۔ہی) (ف۔صف) خالی۔ جس میں کوئی چیز نہ ہو۔

تہی دست (ف۔صف) خالی ہاتھ۔ مفلس۔ غریب۔ کنگال۔

تہی دستانِ قسمت (ف۔صف) بدقسمت لوگ۔

تہی دستانِ قسمت راچہ سود اَز رہبر کامل (ف۔مثل) بدقسمت لوگوں کو کسی سے بھی فیض نہیں پہنچ سکتا۔

تہی دستی (ف۔ا۔مث) مُفلسی۔ ناداری۔ غُربت۔

تہی دماغ (ف۔صف) جاہل۔ بے وقوف۔ کوڑھ مغز۔

تہی گاہ (ف۔ا۔مث) کوکھ۔ سُرین سے اُوپر اور پہلو سے نیچے کا حصّہ۔

تہی مغز (ف۔ع۔صف) احمق۔ بے وقوف۔ سادہ لوح۔

تہیّہ (تَ۔ہی۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) مستعدی۔ آمادگی۔ پختہ ارادہ۔ عزمِ مُصمم (۲) سامان۔ اِنتظام۔

تھ

تھا (ہ۔فعلِ ناقص) ماضی بعید کی علامت۔

تھاپ (ہ۔ا۔مث) (۱) تھپّڑ۔ طمانچہ۔ تھپکی (۲) طبلے کی آواز۔

تھاپ (پڑنا) لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) طبلے پر ہاتھ قاعدے سے پڑنا (۲) طبلہ بجنا۔ راگ رنگ ہونا۔

تھاپ دینا (اُر۔ محاورہ) ناچ گانا موقوف کرنے کے لئے طبلے پر زور سے ہاتھ مارنا۔

تھاپ سہارنا (اُر۔ محاورہ) سختی یا مُصیبت اُٹھانا۔ تکلیف جھیلنا۔

تھاپ مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شیر کا تھپّڑ مارنا (۲) پہلوانوں کا ماتھے پر تھپکی دینا (۳) طبلہ بجانا (۴) گوبر تھاپ کر دیوار پر مارنا۔

تھاپا (تھا۔پا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چوپائے کے پاؤں کا نشان (۲) ہاتھ کا پُورا نشان جو مہندی مَل کر دیوار پر یا سمدھی کی کمر پر شادی کے موقع پر لگاتے ہیں (۳) مکان پر نشان جو چور لگا دیتے ہیں جہاں انہیں چوری کرنی ہو (۴) خنجر کے نیچے کا نشان جو قاتل کے مکان پر لگا دیتے ہیں (۵) نشان۔ مُہر (۶) مٹی کا وہ نشان جو زمیندار کھلیان پر لگا دیتے ہیں تاکہ کوئی چوری کرے تو معلوم ہو جائے۔

تھاپنا (تھاپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) پاتھنا۔ اُپلے بنانا (۲) مورتی کی پُوجا کرنا۔ مورتی نصب کرنا (۳) تھپّڑ مارنا (۴) تھپکی دینا (۵) گوبر سے دیوار کی مرمّت کرنا۔

تھاپی (ہ۔ا۔مث) (۱) تھپکی (۲) تھاپنے کی آواز (۳) کمہار کا اوزار جس سے وہ برتن گھڑتا ہے (۴) معمار کا اوزار جس سے وہ مٹی یا چونا کوٹتا ہے (۵) کرکٹ، ٹینس وغیرہ کا بلّا (۶) چھوٹا اُپلا۔

تھاک (ہ۔ا۔مذ ومث) (۱) حد کی پکی بُرجی (۲) تھکن (ق)۔

تھاک بست (ہ۔ف۔ا۔مذ) حد بندی۔

تھاکا (ق۔ا۔مذ) تھکا ہوا۔

تھال (ہ۔ا۔مذ) (۱) تھالی کا اِسم مکبّر۔ دھات کا بڑا چپٹا یا گول برتن۔ خوان۔ طباق (۲) بعض تقریبوں کا خاص قسم کا کھانا (۳) لڑکیوں کا ایک کھیل۔ جمع: تھال۔ تھالوں۔

تھال کھلائی (ہ۔ا۔مث) چھٹی کے بعد ایک رسم جس میں تھال میں خشکہ اور اس پر گھی، شکر اور میوہ ڈال کر زچہ کو کھلاتے ہیں۔ زچہ کے بعد اور سہاگنیں کھاتی ہیں۔

تھال لگانا (ہ۔ محاورہ) تھال پر کھانا چننا۔

تھالا (ہ۔ا۔مذ) (۱) درختوں کے گرد پانی دینے کا کم گہرا گڑھا۔ تھانولا (۲) وہ گڑھا جس میں درخت لگاتے ہیں (۳) پینڈا۔

تھالی (ہ۔ا۔مث) تھال کی تصغیر (۱) دھات کا چھوٹا، گول، چپٹا برتن جس میں عموماً روٹیاں اور کھانا رکھتے ہیں (۲) تشتری۔ رکابی۔ جمع: تھالیاں۔ تھالیوں۔

تھالی بجانا (اُر۔ محاورہ) (۱) تھالی پر ہاتھ یا کوئی چیز مار کر آواز پیدا کرنا (۲) سانپ کے کاٹے ہوئے کے آگے تھالی کی آواز کے ساتھ منتر پڑھا جانا (۳) بچہ پیدا ہونے پر اس کا ڈر نکالنے کے لئے تھالی سے آواز پیدا کرنا۔

تھالی پر سے بھوکا نہیں اُٹھا جاتا (اُر۔ مثل) کھانا سامنے ہو تو آدمی بغیر سیر ہوئے نہیں اُٹھتا۔

تھالی پھرانا (اُر۔ محاورہ) ماریوں کا ایک کرتب۔

تھالی پھرنا (اُر۔ محاورہ) اتنا ہجوم ہونا کہ تھالی پھینکی جائے تو سروں پر ہی رہے۔ زمین پر نہ گرے۔

تھالی پھوٹی تو پھوٹی جھنکار تو سُنی (اُر۔ مثل) نُقصان ہوا مگر مطلب تو

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حاصل ہو گیا۔ جب کوئی بے غیرت آدمی پردہ فاش ہونے پر خوش ہو تو کہتے ہیں۔

تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے (اَر۔ مثل) بہت ہجوم ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

تھالی کا بینگن (اَر۔ صف) غیر مستقل مزاج شخص۔ رکابی مذہب۔ وہ جو لالچ کے باعث کبھی کسی طرف ہو، کبھی کسی طرف۔ بے پیندے کا بدھنا یا لوٹا۔

تھالی گِری۔ جھنکار سب نے سُنی (اَر۔ مثل) جب کوئی بُری بات ہوتی ہے تو ہر کسی کو خبر ہو جاتی ہے۔

تھام (ق۔ا۔مذ) مقام۔ دھام۔

تھامنا (تھام۔نا)(ف۔ مع)(۱) ہاتھ سے پکڑنا (۲) سہارا دینا۔ آسرا دینا (۳) مدد دینا (۴) روکنا (۵) ٹھہرانا (۶) حفاظت کرنا۔ بچانا۔

تھان (ف۔ا۔مذ)(۱) جگہ۔ موقع۔ مقام (۲) مکان۔ رہنے کی جگہ (۳) گھوڑے، ہاتھی یا مویشی کا طویلہ۔ اصطبل (۴) گھاس جو گھوڑے کے نیچے بچھا دیتے ہیں (۵) کپڑے، ریشم، گوٹے وغیرہ کا معینہ لمبائی کا ٹکڑا (۶) ایک عدد سِکّہ (۷) اکائی۔ ایک عدد۔ جمع: تھان۔ تھانوں۔

تھان پر باندھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) گھوڑے کو اُس کی جگہ پر یا طویلے میں رسے سے باندھنا (۲) کسی شرارت یا بُرے کام سے روکنا۔

تھان کا کُرّا (اَر۔ صف)(۱) تھان پر شرارت کرنے والا گھوڑا (۲)(مجازاً) وہ شخص جو گھر پر بہت شیخی بگھارے۔ گلی کا کتّا۔

تھان کا چھٹا (اَر۔ صف) گھوڑا جو چھوٹ کر گھر آ جائے۔

تھان میں لوٹ لینا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کا تکان اُتارنے کے لئے خاک میں لوٹنا۔

تھانب (نون غنہ)(ق۔ا۔مذ) کھمبا۔ ستون۔ تھم۔

تھانگ (نون غنہ)(ف۔ا۔مث)(۱) ٹھیک جگہ یا گم شدہ چیز کا موقع (۲) چوروں کا ٹھکانا یا کمین گاہ (۳) مالِ مسروقہ کا پتا (۴) کھوج۔ نشان (۵) سازش۔

تھانگ دار (ف۔ف۔صف) وہ شخص جو چوری کا مال فروخت کرنے کا عادی ہو۔ نیز دیکھئے تھانگی۔

تھانگ داری (ف۔ف۔ا۔مث) دیکھئے تھانگی داری۔

تھانگ گیری (ف۔ف۔ا۔مث) چوری کا مال خریدنا۔

تھانگ لگانا (اَر۔ محاورہ)(۱) چوروں کو پناہ دینا (۲) چوری کا سُراغ لگانا۔ چوروں کا پتا لگانا۔

تھانگنا (تھانگ۔نا)(نون غنہ)(ف۔مع) سُراغ لگانا۔

تھانگی (تھانگیا) (تھاں۔گی)(تھانگ۔یا)(ف۔صف)(۱) چوروں کا مددگار (۲) وہ شخص جو چوروں کو پناہ دے (۳) مال مسروقہ لینے والا شخص (۴) وہ شخص جو مال مسروقہ کا پتا چلائے۔ سُراغی۔ کھوجی۔

تھانگی دار (ف۔ف۔ا۔مذ) چوری کا مال خرید کر فروخت کرنے والا۔ تھانگ دار۔

تھانگی داری (ف۔ا۔مث)(۱) چوروں کی مدد کرنا (۲) مال مسروقہ لینا۔ تھانگداری۔

تھانولا (تھاں۔ولا)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے تھالا۔

تھانہ (تھانہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) کوتوالی۔ پولیس چوکی (۲) گاؤں میں زمیندار کا مکان۔ جمع: تھانوں۔ تھانے۔

تھانہ بٹھانا (اَر۔ محاورہ) پہرا اُٹھانا۔ چوکی بٹھانا۔

تھانہ چڑھ آنا (اَر۔ محاورہ) پولیس کا کسی جگہ برائے تفتیش، گرفتاری یا تلاشی جانا۔

تھانے (ف۔ا۔مذ)(۱) تھانہ کی جمع (۲) تھانہ کی مغیّرہ صورت۔

تھانے دار (تھانیدار) (ف۔ف۔صف) تھانے کا اَفسر۔ سب انسپکٹر پولیس۔ کوتوال۔

تھانے داری (تھانیداری) (اَر۔ف۔مث)(۱) تھانیدار کا عہدہ (۲) تھانیدار کا کام۔

تھاہ (ف۔ا۔مث)(۱) پانی کی تہ کی زمین (۲) گہرائی (۳) پتہ۔ ٹھکانا (۴) انتہا۔ انجام۔ آخیر (۵) منشا۔ عندیہ۔ مرضی (۶) گھاٹ۔

تھاہ پانا (اَر۔ محاورہ)(۱) پانی کی گہرائی معلوم کرنا (۲) بات کی تہ تک پہنچنا (۳) باریکی معلوم کرنا۔

تھاہ لانا (اَر۔ محاورہ) گہرائی دریافت کرنا۔

تھاہ لینا (اَر۔ محاورہ)(۱) عندیہ یا منشا معلوم کرنا (۲) بھید لینا۔

تھاہ مانگنا (اَر۔ محاورہ) پوچھنا کہ گہرائی کتنی ہے۔

تھاہ ملنا (اَر۔ محاورہ)(۱) گہرائی معلوم ہونا (۲) منشا معلوم ہونا (۳) کھوج لگنا۔ پتا لگنا۔

تھپّڑ (تھپ۔پڑ)(ف۔ا۔مذ)(۱) تمانچہ۔ دھپ۔ لپّڑ۔ جمع: تھپّڑ۔ تھپّڑوں۔

تھپّڑ دینا (تھپّڑ لگانا۔ تھپّڑ مارنا) (اَر۔ محاورہ) تمانچہ مارنا۔

تھپّڑ کھانا (اَر۔ محاورہ) تمانچہ لگنا۔ مار کھانا۔

تھپڑی (تھپ۔ڑی)(ف۔ا۔مث) تالی۔

تھپڑی بجانا (تھپڑی پیٹنا۔ تھپڑی مارنا) (اَر۔ محاورہ)(۱) تالی بجانا (۲) بے عزت کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔

تھپڑی بجنا (اَر۔ محاورہ) تالی پٹنا۔ بے عزتی ہونا۔ بدنامی ہونا۔

تھپک (تھ۔پک)(ف۔ا۔مث)(۱) تھپکی دینا (۲) تھاپ۔ تھپکی (۳)(فعل) تھپکنا کا اَمر۔

تھپک تھپک (کر) کے رکھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) روک تھام کرنا (۲) دم دلاسے دے کر روکنا۔

تھپک تھپک کے سُلانا (اَر۔ محاورہ) تھپکی دے کر بچّوں کو سُلانا۔

تھپک دو (ف۔ فعل اَمر) تھپکی دے کر سُلا دو۔

تھپکنا (تھ۔پک۔نا)(ف۔مع)(۱) بچّے کی پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی لگانا تاکہ وہ سو جائے (۲) آہستہ آہستہ چوٹ لگانا (۳) پُچکارنا (۴) منانا۔ ٹھنڈا کرنا (۵) ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تھپکی (تھپ۔کی) (ا۔مث) (۱) وہ ضرب جو ہتھیلی سے ماتھے یا پیٹھ پر لگائیں (۲) کشتی کا ایک داؤں۔ جمع: تھپکیاں۔ تھپکیوں۔

تھپکی دینا (اُر۔ محاورہ) حریف کے ہتھیار پر اِس طرح ہاتھ سے ضرب لگانا کہ ہتھیار پٹ پڑے (۲) کسی کے ماتھے یا پیٹھ پر ہتھیلی سے ضرب لگانا (۳) چمکارنا۔

تھپنا (تھپ۔نا) (ف۔مع) (۱) گوبر، گارے وغیرہ کا تھوپا جانا (۲) مٹی کا لیس ہونا (۳) اِلزام لگنا۔ ذمّے پڑنا۔

تھپیڑ (تھپیڑا) (تھ۔پیڑ) (تھ۔پے۔ڑا) (یائے مجہول) (ا۔ پہلا مث دُوسرا مذ) (۱) طمانچہ۔ لپّڑ (۲) تیز ہوا کا جھونکا (۳) موجوں کی ضرب (۴) وہ ظرف جس پر آٹے کا پیڑا بڑھاتے ہیں۔ جمع: تھپیڑوں۔ تھپیڑے۔

تھتکار (تھت۔کار) (ا۔مث) (۱) تھوتھو۔ نفرت (۲) تھوکنے کی آواز۔

تھتکار دینا (اُر۔ محاورہ) دُھتکار دینا۔ نکال دینا۔ نفرت کرنا۔

تھتکارا (تھت۔کا۔را) (ا۔مذ) (۱) تھوکنے کی آواز (۲) بچوں کی ایک بیماری۔ مسان (۳) (صف) تھتکارا ہوا۔ مردُود۔ نالائق۔

تھتکارا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بچوں کو مسان کی بیماری ہو جانا۔

تھتکارنا (تھت۔کار۔نا) (ف۔مع) (۱) تھوتھو کرنا (۲) نفرت ظاہر کرنا (۳) بار بار تھوکنا (۴) جھوٹی قسم یا غلطی کے بعد تھوتھو کرنا۔

تھتکاری (تھت۔کا۔ری) (ا۔مث) (۱) زنجیر۔ بیڑی (۲) چڑیل۔ ڈائن (۳) جوتی۔ پیزار۔

تھتھانا (تھ۔تھا۔نا) (ف۔مع) منہ بنانا۔ خفگی ظاہر کرنا۔

تھتھی (تھتّی) (تھت۔تھی) (تھت۔تی) (ا۔مث) انبار۔ ڈھیر۔ تودہ۔

تھرانا (تھ۔را۔نا) (ف۔مع) (۱) تہ سے اُوپر آ جانا (۲) سوجن کا جاتے رہنا (۳) خاموش یا ساکن ہونا۔

تھرّانا (تھر۔را۔نا) (ف۔مع) (۱) کانپنا۔ لرزنا (۲) بہت خوف کھانا۔ بے حد ڈرنا۔

تھراہنا (تھ۔راہ۔نا) (ف۔مع) قائم رہنا۔ اٹل رہنا۔ بنا رہنا۔

تھر تھر (ف۔صف) کانپتا ہوا۔ لرزاں۔

تھر تھر کانپنا (ف۔مع) سردی، خوف یا بخار سے جسم کا کپکپانا۔

تھر تھر کی (ا۔مث) ایک پرند جو ہر وقت ہوا میں تھرتھراتا رہتا ہے۔

تھر تھر کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جاڑے سے کانپنا (۲) ڈر کر کانپنا۔

تھرتھرانا (تھر۔تھ۔را۔نا) (ف۔مع) (۱) کانپنا۔ لرزنا (۲) خوف کھانا۔ ڈرنا۔

تھرتھرایا (تھر۔تھ۔را۔یا) (ف۔صف) لرزاں۔ کانپتا ہوا۔

تھرتھراہٹ (تھر۔تھ۔را۔ہٹ) (ا۔مث) لرزہ۔ کپکپی۔ لرزش۔ اِرتعاش۔

تھرتھری (تھر۔تھ۔ری) (ا۔مث) (۱) لرزہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ (۲) جاڑے کا بخار۔ لرزہ۔

تھرتھری چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) کپکپانا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔

تھرڈ (Third) (انگ۔ صف) تیسرا۔ سوم۔

تھرڈ کلاس (Third Class) (انگ۔ا۔مث) تیسرا درجہ۔ درجہ سوم۔

تھرکنا (تھ۔رک۔نا) (ف۔مع) (۱) پھڑکنا۔ اعضا کا حرکت کرنا (۲) ناچنا۔ مٹکنا (۳) نخرے سے چلنا (۴) پرند کا اُڑ جانا۔ منڈلانا۔

تھرماس فلاسک (Thermos Flasc) (انگ۔ا۔مث) اِیصالِ حرارت کے اُصول پر بنی ہوئی دوہری بوتل جس میں گرم یا سرد چیز دیر تک اسی حالت میں رہتی ہے۔

تھرما میٹر (Thermometer) (انگ۔ا۔مذ) مقیاسُ الحرارت۔ درجہ حرارت ناپنے کا آلہ۔

تھرنا (تھر۔نا) (ف۔مع) تھرنا۔ میل کچیل کا پانی کی تہ میں بیٹھ جانا۔

تھڑ (بضمِ اوّل) (ف۔صف) تھوڑا کا مخفف۔ (مرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے)۔

تھڑ جانا (تھڑنا) (اُر۔ محاورہ) کم ہونا۔ ناکافی ہونا۔ ختم ہونا۔

تھڑ جیا (تھڑ۔ج۔یا) (اُر۔صف) پست ہمت۔ کم حوصلہ۔

تھڑ دِلا (تھڑ۔دِ۔لا) (اُر۔صف) (۱) تنگ دل۔ کم ظرف (۲) بُزدل۔ ڈرپوک۔ کم حوصلہ۔

تھڑا (تھ۔ڑا) (ا۔مذ) (۱) چبوترا۔ دُکان یا مکان کے آگے کا چبوترا۔ پلیٹ فارم (۲) بیٹھنے کی اُونچی جگہ۔ جمع: تھڑوں۔ تھڑے۔

تھڑم تھڑا کرنا (ف۔مع) لعنت ملامت کرنا۔ تھوتھو کرنا۔

تھڑی (تھڑ۔ڑی) (ا۔مث) (۱) کمی۔ قلت۔ توڑا (۲) لعنت۔ پھٹ (۳) بے عزّتی۔ بے حُرمتی (۴) نفرت سے تھوکنا۔

تھڑی تھڑی ہونا (اُر۔ محاورہ) رُسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔

تھک (بالفتح) (ف۔فعل) تھکنا کا اَمر۔

تھک جانا (اُر۔ محاورہ) تھکنا۔ ماندہ ہو جانا۔ عاجز ہو جانا۔

تھک کر بیٹھ رہنا (اُر۔ محاورہ) جی چھوڑ دینا۔ عاجز ہو کر کام چھوڑ دینا۔

تھک کر چُور ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بے حد مضمحل ہونا۔ تکان سے جوڑ جوڑ دُکھنا۔ بہت تھک جانا۔ اعضا کا شل ہو جانا۔

تھک مٹانا (اُر۔ محاورہ) تھکن دُور کرنا (تھک تھکن کا مخفف ہے)۔

تھُک (بضمِ اوّل) (ا۔مث) تھوک کا مخفف۔

تھُک بند کام کرنا (اُر۔ محاورہ) تھوک سے جوڑ دینا۔ ناپائیدار کام بنانا۔ بودا کام کرنا۔

تھُک تھُک ہونا (اُر۔ محاورہ) بے عزّتی ہونا۔

تھکا (تھ۔کا) (ف۔صف) تھکا ہوا۔ ماندہ۔ عاجز۔ سُست۔

تھکا اُونٹ سرائے کو (تکتا) دیکھتا ہے (اُر۔مثل) مصیبت زدہ شخص کا طالب ہوتا ہے۔ تھکا ہوا آدمی چھٹکارا حاصل کرنے کی خواہش کرتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تھکا بیل (اَ۔ صف)(مجازاً) کام چور۔ مجہول۔ نکمّا۔ سُست۔

تھکا دینا (تھکانا) (ھ۔ مصدر)(۱) ماندہ کر دینا۔ ہرا دینا۔ شل کر دینا (۲) دق کرنا۔ تنگ کرنا (۳) حیران کرنا۔ پریشان کرنا۔

تھکا مارا (اَ۔ صف) محنت اور مشقت کر کے تھکا ہوا۔

تھکا مارنا (اَ۔ محاورہ)(۱) تنگ کرنا۔ دق کرنا (۲) جی چھڑا دینا۔ عاجز کر دینا۔

تھکا ماندہ (تھکا ہارا) (اَ۔ صف) بہت تھکا ہوا۔

تھکّا (تھک۔ کا) (ھ۔ صف)(۱) جما ہوا (۲) کوئی جمی ہوئی چیز (۳) ڈلا۔ ڈھیلا۔ لوندا (۴) ڈھیر۔ اَنبار۔

تھکّا (تھک۔ کا)(ھ۔ا۔مذ) تھوک۔ (مرکبات میں)۔

تھکّا (فضیحت) فضیحتی (تھک۔ کا۔ ف۔ ضی۔ حَ۔ تی)(ھ۔ا۔مث)(۱) لعن طعن۔ گالی گلوچ (۲) بے عزتی۔ بے حرمتی (۳) جھگڑا۔ لڑائی۔ فساد۔

تھکانا (تھو۔ کا۔ نا)(ھ۔ مص) دیکھئے تھکا دینا۔

تھکانا (تھکوانا) (تھو۔ کا۔ نا) (تھک۔ وا۔ نا) (ھ۔ مص) دُوسرے سے تھوک ڈلوانا۔

تھکاوا (تھکاوٹ) (تھو۔ کا۔ وا) (تھو۔ کا۔ وٹ) (ھ۔ا۔ پہلا مذ دُوسرا مث) تھکن۔ ماندگی۔ تکان۔

تھکتھکانا (تھک۔ تھو۔ کا۔ نا) (ھ۔ مص) نظرِ بد سے بچنے کے لئے یا کسی بُری بیماری کا نام لینے پر عورتوں کا تھو تھو کرنا۔

تھکم تھکّا (تھک۔ کم۔ تھک۔ کا)(ھ۔ا۔مذ) باہم تکرار ہونا۔ لڑائی جھگڑا۔

تھکن (تھو۔ کن)(ھ۔ا۔مث) تکان۔ ماندگی۔

تھکن اُتارنا (اَ۔ محاورہ) تکان دُور کرنا۔ سستانا۔

تھکنا (تھک۔ نا)(ھ۔ مص)(۱) اعضا کا شل ہونا۔ محنت سے ماندہ ہونا (۲) عاجز ہونا۔ رہ جانا (۳) مایوس ہونا (۴) کام سے جاتا رہنا۔ بوڑھا ہونا۔ طاقت نہ رہنا (۵) ہمت ہارنا (۶) رُک جانا۔

تھکیا (تھک۔ یا)(ق۔ صف) متحیر۔ حیران۔

تھکیل (تھو۔ کیل)(ھ۔ا۔مث) قابلِ نفرت عورت۔

تھکیل ماری (ھ۔ صف) بے غیرت عورت۔

تھگلا (تھگ۔ لا)(ق۔ا۔مذ) پیوند۔ جوڑ۔

تھگلی (تھگ۔ لی)(ھ۔ا۔مث)(۱) کپڑے کا ٹکڑا (۲) پیوند۔ جوڑ (۳) تھوڑی سی جگہ یا مکان۔ جھونپڑا۔ جمع: تھگلیاں۔ تھگلیوں۔

تھگلی لگانا (اَ۔ محاورہ)(۱) کپڑے میں پیوند لگانا۔ جوڑ لگانا (۲) رسائی حاصل کرنا (۳) دُور دراز مقام کی خبر لانا (۴) نہایت چالاکی یا دغابازی کا کام کرنا۔

تھل (بالفتح)(ھ۔ا۔مذ)(۱) خشک زمین (۲) خشکی (۳) جگہ۔ مقام (۴) شیر کے رہنے کی جگہ (۵) اُونچی زمین (۶) ریگستان (۷) دریائے جہلم اور اٹک کا درمیانی ریگستان (۸) مقیش کے گول پُھول۔ کامدار گول چکتی جسے جہاں چاہیں ٹانک لیں (۹) سُراغ کی اصالت۔

تھل بیڑا (ھ۔ا۔مذ) گھاٹ۔ ناؤ یا جہاز کے ٹھہرنے کی جگہ۔ لنگرگاہ (۲) رہنے کی جگہ۔ مکان۔ گھر (۳) سُراغ۔

تھل بیڑا تباہ ہونا (اَ۔ محاورہ) سارا خاندان تباہ ہونا۔

تھل بیڑا لگانا (اَ۔ محاورہ) ساحلِ مُراد پر پہنچانا۔ ٹھکانے لگانا۔

تھل بیڑا ملنا (اَ۔ محاورہ) سُراغ لگنا۔ پتا لگنا۔ ٹھکانا معلوم ہونا۔

تھل بیڑا نہ لگنا (اَ۔ محاورہ)(۱) سہارا نہ ملنا (۲) سُراغ نہ ملنا۔

تھل بیڑے سے رکھ دینا (اَ۔ محاورہ) ٹھکانے سے رکھ دینا۔

تھل (چڑھ جانا) چڑھنا (اَ۔ محاورہ) ڈھیر یا اَنبار لگ جانا۔

تھل سے بیٹھنا (اَ۔ محاورہ) اطمینان سے بیٹھنا۔ ٹھکانے سے بیٹھنا۔

تھل کترنا (اَ۔ محاورہ) مقیش کے گول گول پُھول بنانا۔

تھلتھل (تھل تھلا) (ھ۔ صف)(۱) ڈھیلا۔ پُھس پُھسا۔ موٹا (۲) نرم۔ پلپلا (۳) ہلنے والا۔ لہریں لینے والا۔

تھلتھل کرنا (تھلتھلانا) (اَ۔ مص)(۱) ہلنا۔ لرزنا (۲) مٹاپے کی وجہ سے جسم کے گوشت کا ہلنا (۳) مٹی، ریت وغیرہ کا زیادہ پانی کی وجہ سے ہلنا۔

تھل تھل (تھل۔ تھل) (ھ۔ حکایت صوت) آہستہ آہستہ گرتا ہوا۔ ٹپکتا ہوا۔ چوتا ہوا۔

تھل تھلی (تھل۔ تھو۔ لی)(ھ۔ صف) تھل تھلا کی تانیث۔

تھلکنا (تھو۔ لک۔ نا)(ھ۔ مص) ہلنا۔ تھلتھلانا۔ لرزنا۔ کانپنا۔

تھلی (تھو۔ لی)(ھ۔ا۔مث) ریگستان کی زمین۔

تھلیا (تھل۔ یا)(ھ۔ا۔مث) چھوٹی تھالی۔ تھالی کی تصغیر۔

تھم (بالفتح)(ھ۔ا۔مذ)(۱) تھم۔ ستون۔ کھمبا (۲) درخت خصوصاً کیلے کے درخت کا تنا (۳) ایک مٹھائی بشکل ستون جو ہندو عورتیں بُھوں پر چڑھاتی ہیں (۴) روک۔ آڑ۔ اٹکاؤ۔ مزاحمت۔ جمع: تھم۔ تھموں (۵)(ھ۔ فعل) تھمنا کا اَمر۔

تھم ہو جانا (اَ۔ محاورہ) پاؤں کا بہت سُوج جانا۔

تھما دینا (تھمانا) (اَ۔ مص) پکڑا دینا۔ حوالے کر دینا۔

تھما رہنا (اَ۔ مص) قائم رہنا۔ رُکا رہنا۔

تھمڑا (تھم۔ ڑا)(ھ۔ صف)(۱) موٹا۔ دبیز (۲) فربہ۔ جسیم (۳) ستون کی شکل کا نشان۔

تھمنا (تھم۔ نا)(ھ۔ مص)(۱) رُکنا۔ ٹھہرنا۔ وقفہ کرنا (۲) چپ ہو جانا۔

تھن (فتح اوّل)(ھ۔ا۔مذ) گائے، بھینس، بکری وغیرہ کے پستان۔ جمع: تھن۔ تھنوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تھن تلے کا دودھ (اَر۔ اِ۔ مذ) تازہ دوہا ہوا دُودھ۔

تھن (کھلا) ٹوٹنا (اَر۔ صف) بچہ جس نے دودھ پینا قبل اَز وقت چھوڑ دیا ہو۔

تھن دار (اَر۔ صف) وہ جانور جس کے تھن ہوں۔

تھَنچنا (تھنچ۔ نا) (ق۔ مص) دھوکا دینا۔

تھنڈ کالا (ق۔ اِ۔ مذ) سردی کا موسم۔

تھنی (تھ۔ نی) (ہ۔ اِ۔ مث) گھوڑوں کی ایک بیماری۔

تھنیلا (تھ۔ نے۔ لا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) سُوجن جو ضرب یا بیماری سے عورتوں کے پستان میں ہو جاتی ہے (۲) سُوجے ہوئے پستان۔

تھو (بالضم) (اَر۔ اِ۔ صوت۔ مث) (۱) تھوکنے کی آواز (۲) تُف۔ لعنت۔

تھو تھو (اَر۔ اِ۔ صوت۔ مث) (۱) بار بار تھوکنے کی آواز (۲) کلمۂ نفرین۔ تُف۔ لعنت (۳) نوج۔ خُدا نہ کرے۔ خدا بچائے۔

تھو تھو تھوڈا (اَر۔ اِ۔ مث) جب کوئی بچہ ہارنے لگتا ہے تو عذر کے طور پر یہ لفظ کہتا ہے۔ یعنی ابھی نہیں پھر کھیلوں گا۔

تھو تھو کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تھوکنا (۲) نفرت سے تھو تھو کی آواز نکالنا (۳) نفرین کرنا (۴) کراہت ظاہر کرنا۔

تھو تھو وبا (اَر۔ اِ۔ مث) عورتیں ہیضے کو وبا کہتی ہیں اور اُس کا ذکر کرنے سے پہلے تھو تھو کہہ دیتی ہیں۔

تھو تھو ہونا (اَر۔ محاورہ) بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔ بے عزتی ہونا۔

تھووا (تھ۔ وا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) گیلی مٹی کا تودہ۔ ڈھیر۔ اَنبار (۲) مٹی کا ڈھیلا (۳) مٹی کی بُرجی جو حدود پر بناتے ہیں۔

تھوبڑ (تھوبڑا) (تھو۔ بڑ) (تھوب۔ ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) جانور کا مُنہ۔ تھوتھنی۔ نیز دیکھئے توبڑا۔ جمع: تھوبڑوں۔ تھوبڑے۔

تھوبڑا چڑھائے رکھنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے توبڑا چڑھائے رکھنا۔

تھوبڑا سُجانا (اَر۔ محاورہ) مُنہ سُجانا۔ رُوٹھنا۔ خفا ہونا۔ بُرا ماننا۔

تھوپ (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کوئی چیز جو دُوسری چیز کے ڈھکنے کے لئے اِستعمال ہو (۲) ٹوپ۔ ٹوپی (۳) مُٹھری کا دستہ (۴) تمانچہ۔ تھاپ (۵) (فعل) تھوپنا مصدر کا اَمر۔

تھوپ تھاپ کر دینا (اَر۔ محاورہ) رفع دفع کر دینا۔ دبا دینا۔ مٹا دینا۔

تھوپ تھاپ کر حوالے کرنا (اَر۔ محاورہ) جلدی جلدی اور خراب طور پر مرمت کر کے یا بنا کر دینا۔

تھوپ دینا (اَر۔ محاورہ) سر منڈھنا۔ اِلزام لگا دینا۔

تھوپنا (تھوپ۔ نا) (واو مجہول) (ہ۔ مص) (۱) ڈھیر لگا دینا۔ اَنبار لگانا۔ اکٹھا کرنا (۲) کسی کے ذِمّے ڈالنا (۳) کسی گاڑھی چیز کی موٹی تہ لگانا (۴) پھوہڑوں کی طرح توے پر روٹی ڈال کر پکانا (۵) کوئی چیز جلدی جلدی اور خراب بنانا (۶) اُپلے تھاپنا (۷) اِلزام لگانا۔

تھوتَر (تھو۔ تَر) (ہ۔ صف) گھن لگا ہوا اَناج۔ کھوکھلا اَناج۔

تھوتْرا (تھوتڑا) (تھوت۔ را) (تھوت۔ ڑا) (ہ۔ صف) (۱) کُند۔ جس کی دھار کاٹ نہ کرے (۲) گھسا ہوا۔ پُرانا (۳) بے دانت (۴) کھوکھلا۔ اندر سے کھایا ہوا۔ گھن لگا ہوا۔

تھوتْلا (تھوت۔ لا) (ہ۔ صف) دیکھئے تھوتھلا۔

تھوتْنی (تھوتھنی) (تھوت۔ نی) (تھوتھ۔ نی) (ہ۔ اِ۔ مث) گھوڑے یا اُونٹ کا مُنہ (۲) (حقارت) اِنسان کا مُنہ۔ جمع: تھوتنیاں۔ تھوتنیوں۔

تھوتھنی (پُھلانا) سُجانا (اَر۔ محاورہ) مُنہ سُجانا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔

تھوتھ (واوٗ مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) گھوڑے اور اُونٹ وغیرہ کی ناک یا مُنہ (۲) سُؤر کا مُنہ (۳) (تحقیراً) آدمی کا مُنہ یا چہرہ (۴) کھوکھلا پن۔ تھوتھا پن (۵) غار۔ گڑھا۔

تھوتھا (واو مجہول) (ہ۔ صف) (۱) کِرم خوردہ۔ گھن لگا ہوا۔ اَندر سے خالی (۲) کُند۔ بلا نوک (۳) بلا دانت (۴) بے معنی۔ لغو۔ بے کار (۵) دُم کٹا سانپ (۶) ایک دوا جسے نیلا تھوتھا بھی کہتے ہیں۔

تھوتھا چنا باجے گھنا (ہ۔ مثل) کمینہ اور نالائق آدمی بہت شیخی مارتا ہے۔

تھوتھڑا (تھوتھ۔ ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) جانور کا مُنہ۔ تھوتھنی۔ تھوبڑا (۲) (تحقیراً) آدمی کا مُنہ۔ چہرہ۔

تھوتھڑا سُجائے رہنا (اَر۔ محاورہ) ہر وقت خفا رہنا۔ مُنہ پُھلائے رہنا۔ تھوبڑا چڑھائے رکھنا۔

تھوتھلا (تھوتھ۔ لا) (ہ۔ صف) کُند۔ جس کی دھار خراب ہو گئی ہو۔

تھوتھلی (تھوتھ۔ لی) (ہ۔ صف) تھوتھلا کی تانیث۔ تلوار، کٹار وغیرہ جس کی دھار خراب ہو گئی ہو۔

تھوتھی (تھو۔ تھی) (ہ۔ صف) (۱) تھوتھا کی تانیث۔ اَندر سے خالی۔ بے مغز (۲) مُہمل۔ بے کار۔ لغو۔

تھوتھی اُڑانا (اَر۔ محاورہ) جُھوٹی خبریں پھیلانا۔

تھوتھی بات (اَر۔ اِ۔ مث) بے معنی اور لغو بات۔

تھوتھے (ہ۔ صف) تھوتھا کی مُغیّرہ صورت (۲) تھوتھا کی جمع۔

تھوتھے پچھوڑنا (ہ۔ محاورہ) (۱) بے فائدہ باتیں کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا (۲) جُھوٹے وعدے کرنا۔

تھوتھے تیروں سے اُڑانا (ہ۔ محاورہ) کُند تیروں سے مارنا۔ نہایت تکلیف سے مارنا۔ سخت سزا دینا۔

تھوٹا تھوٹ رونا (ق۔ مص) زار زار رونا۔

تھوڑنا (تھور۔ نا) (اَر۔ محاورہ) (حقارت سے) نگلنا۔ کھانا۔

تھوڑا (تھو۔ ڑا) (واو مجہول) (ہ۔ صف) (۱) خفیف۔ ناکافی (۲) قدرے۔ قلیل۔ ذرا سا۔

تھوڑا آپ کو بہت غیر کو (اَر۔ مثل) اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنوں کو کم دے اور غیروں کو زیادہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تھوڑا بہت (اَر۔صف) کم و بیش۔ کسی قدر۔ کچھ۔
تھوڑا تھوڑا (اَر۔صف) بہت ذرا سا۔ ذرا ذرا۔ کم کم۔
تھوڑا تھوڑا کر کے (اَر۔متعلق فعل) آہستہ آہستہ۔ رَفتہ رَفتہ۔ ذرا ذرا کر کے۔
تھوڑا تھوڑا ہونا (اَر۔محاورہ) خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔
تھوڑا تھوڑا ہی کر کے بہت ہو جاتا ہے (اَر۔مقولہ) قطرے قطرے سے دریا بن جاتا ہے۔
تھوڑا (جاننا) سمجھنا (اَر۔محاورہ) کم سمجھنا۔ بے وقعت سمجھنا۔
تھوڑا سا (اَر۔صف) ذرا سا۔ نہایت قلیل۔
تھوڑا کرنا (اَر۔مص مُرکّب) کم کرنا۔ گھٹانا۔
تھوڑا کریں غازی میاں ' بہت کریں ڈفالی (اَر۔مثل) جھوٹی تعریفیں کرنے والے کچھ کا کچھ بنا دیتے ہیں۔ خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں۔
تھوڑا کھانا ' بنارس میں رہنا (اَر۔مثل) گھر کی آدھی باہر کی ساری سے بہتر ہے۔ وطن کی تھوڑی پردیس کی بہت سے اچھی ہے۔
تھوڑا کھانا جوانی کی موت (اَر۔مثل) جوان آدمی تھوڑا کھائے تو کمزور ہو جاتا ہے۔ جوانی میں کم خوراک نقصان دہ ہوتی ہے۔
تھوڑا کھانا سکھی رہنا (اَر۔مثل) تھوڑا کھانے سے آدمی تندرست رہتا ہے۔
تھوڑا کھانا عزت سے رہنا (اَر۔مثل) پیٹو شخص کی کوئی عزت نہیں کرتا۔
تھوڑا لکھا بہت جاننا (اَر۔محاورہ) تھوڑے لکھے کو بہت جاننا۔ خط کے آخر میں اس وقت لکھتے ہیں جب کسی آدمی کو کوئی کام کرنے کے لئے تاکید کی جائے۔
تھوڑا ہی (اَر۔متعلق فعل) ہرگز نہیں۔ کبھی نہیں۔ بالکل نہیں۔
تھوڑا ہے (اَر۔متعلق فعل)(۱) کم ہے (۲) (اِستفہامیہ) کم نہیں۔ کافی ہے۔
تھوڑی (تھو۔ڑی)(ہ۔صف) تھوڑا کی تانیث۔ کم۔ ذرا (۲) (کلمہء اِستفہام اِنکاری) بالکل نہیں۔ نہیں۔
تھوڑی آس مدار کی ' بہت آس گلگلوں کی (اَر۔مثل) شاہ مدار (مکھن پور) کے مزار پر شیرینی تقسیم ہوتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پیروں کی قبروں پر چاہے کام ہونے کی اُمید کم ہو مٹھائی ملنے کی اُمید زیادہ ہوتی ہے۔
تھوڑی پونجی کھسموں (خصموں) کھائے (اَر۔مثل) تھوڑے روپے سے بیوپار کرنے میں گھاٹا رہتا ہے۔
تھوڑی سی (اَر۔صف) ذرا سی۔ کسی قدر۔ مختصر۔
تھوڑی سی بچھیا بڑی سی ہتیا (ہ۔مثل)(ہندوؤں میں گائے کو مارنا مہا پاپ سمجھا جاتا ہے)۔ بچھیا تو ذرا سی ماری مگر پاپ بڑا مول لے لیا۔
تھوڑی سی رہ گئی ہے (اَر۔مثل) عُمر کا بڑا حِصّہ گزر چکا ہے۔ تھوڑی عُمر رہ گئی ہے۔
تھوڑے (ہ۔صف) تھوڑا کی مُغیّرہ صورت۔
تھوڑے پانی کا تِلا (تِلتِلا) (اَر۔صف) کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ اوچھا۔
تھوڑے پانی میں اُبھرے پھرتے ہیں (اَر۔مثل) کم ظرف ہیں۔ ذرا سی بات پر اِتراتے ہیں۔

تھوڑے تیزاب سے یہ گلٹ اُتر سکتا ہے (اَر۔مثل) ذرا سی سختی سے اصل بات معلوم ہو سکتی ہے۔
تھوڑے دنوں سے (اَر۔متعلق فعل) چند روز سے۔ کچھ عرصے سے۔
تھوک (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کثرت۔ اِفراط۔ بُہتات۔ پرچون کی ضد (۲) ڈھیر۔ انبار (۳) جماعت۔ جتھا۔ گروہ (۴) اکٹھا۔ یکمشت (۵) نقدی۔ جمع۔ روکڑ (۶) حِصّہ۔ جُزو۔ تقسیم (۷) پٹا۔ سَند۔ قبضہ۔ ملکیت (۸) آبادی کا بڑا حِصّہ جس میں کئی بستیاں ہوں (۹) وہ جگہ جہاں تین سے زیادہ حدود ملیں (۱۰) وہ دھات کا خول جو پینس اور پالکی وغیرہ کے ڈنڈوں پر لگاتے ہیں۔
تھوک باندھنا (اَر۔محاورہ)(۱) جماعت یا پارٹی بنانا (۲) حِصّوں میں تقسیم کرنا (۳) زمین کی حد بندی کرنا۔
تھوک بست (اَر۔ا۔مذ) پیمائش کر کے حد باندھنا۔ حد بندی۔
تھوک بندی (اَر۔ا۔مث) اِقرار نامہ جو گاؤں کے برابر تقسیم کرنے پر لکھا جاتا ہے۔
تھوک دار (ہ۔ف۔صف)(۱) سرکردہ۔ سردار (۲) پٹے دار (۳) اکٹھا مال بیچنے والا سوداگر۔ پرچون فروش کی ضد۔
تھوک فروش (ہ۔ف۔صف) اکٹھا مال بیچنے والا۔ تھوک دار۔
تھوک فروشی (ہ۔ف۔ا۔مث) اکٹھا مال بیچنا۔
تھوک قیمت (اَر۔ا۔مث) اکٹھے مال کی قیمت جو خُردہ مال کی قیمت سے کم ہوتی ہے۔
تھُوک (واو معروف)(ہ۔ا۔مذ) پانی جو مُنہ سے نکلتا ہے۔ لعابِ دہن۔ کف۔ رال۔
تھُوک اُچھالنا (اَر۔محاورہ) ناحق حُجت کرنا۔ بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔
تھُوک بلونا (اَر۔محاورہ) فضول باتیں کرنا۔ بیہودہ بکنا۔
تھُوک تیرے جنم میں (اَر۔مثل) ادنیٰ آدمی کو شدید غُصّے میں اِلزام دینے کے لئے کہتے ہیں۔
تھُوک ڈاڑھی پھٹے مُنہ (اَر۔نفرت کا کلمہ) لعنت ہے۔ نفرین ہے۔ تمہارے مُنہ پر لعنت۔
تھُوک (دینا) ڈالنا (اَر۔محاورہ)(۱) مُنہ سے تھوک زور سے پھینکنا (۲) چھوڑ دینا۔ نفرت سے ترک کرنا۔ عاق کر دینا (۳) معاف کر دینا۔
تھُوک سے تیل بننا (اَر۔محاورہ) تھوڑے خرچ سے بڑا کام نکلنا۔
تھُوک کر چھوڑنا (اَر۔محاورہ) ذلیل کر کے چھوڑنا۔ بے عزت کر کے چھوڑنا۔
تھُوک کے چاٹنا (اَر۔محاورہ) وعدہ کر کے مُکر جانا۔ کوئی چیز دے کر واپس لے لینا۔
تھُوک لگا کر چھوڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا (۳) نُقصان پہنچانا۔
تھُوک لگا کر رکھنا (اَر۔محاورہ)(۱) بڑی حفاظت سے رکھنا (۲) بڑی کنجوسی سے جمع کرنا۔ جوڑ جوڑ کر رکھنا۔
تھُوک لگانا (اَر۔محاورہ)(۱) لعابِ دہن لگانا (۲) نیچا دکھانا۔ ذلیل کرنا (۳) ہرا دینا۔ مات دینا (۴) فریب دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تھوک لگنا (اَر۔ محاورہ) دھوکا کھا جانا۔ فریب میں آ جانا۔
تھوک میٹھا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تھوڑی سی میٹھی چیز کھانا۔ مُنہ میٹھا کرنا (۲) میٹھی میٹھی باتیں بنانا۔ جھوٹی باتیں کرنا۔
تھوک میں پکوڑے (بڑے) تلنا (اَر۔ محاورہ) بے حد کنجوسی کرنا۔ تھوڑے خرچ سے بڑا کام کرنا۔
تھوک میں پکوڑے نہیں تلے جاتے (اَر۔ مثل) کام مُفت میں نہیں ہو سکتا۔
تھوک میں ستّو نہیں سنتے (تھوکوں ستّو نہیں سنتے) (اَر۔ مثل) تھوڑے خرچ سے بڑا کام نہیں ہو سکتا۔
تھوک ہے (اَر۔ کلمۂ نفرین) تُف ہے۔ لعنت ہے۔
تھوکا (واو مجہول) (مـ۔ اـ۔ مذ) حد بندی کا نشان۔ بُرجی۔
تھوکنا (تھوک۔ نا) (مـ۔ مص) (۱) لُعاب دہن پھینکنا۔ تھوک نکالنا (۲) حقارت سے دیکھنا۔ ذلیل سمجھنا (۳) لعنت ملامت کرنا۔
تھوکوں بھی نہیں (اَر۔ مقولہ) مجھے اس سے سخت نفرت ہے۔ میں اُسے دیکھنا بھی نہیں چاہتا۔
تھول (ق۔ صف) گندہ۔ غلیظ۔
تھولی (مـ۔ اـ۔ مث) میٹھا دلیا۔ دلیا۔
تھولے (ق۔ اـ۔ مث) ضربیں۔ چوٹیں۔
تھونی (مـ۔ اـ۔ مث) (۱) کھمبا۔ تھم۔ تھم۔ ستون (۲) وہ لکڑی جو چھپر یا چھت کے نیچے سہارا دینے کے لئے لگاتے ہیں۔
تھوہر (تھو۔ ہر) (مـ۔ اـ۔ مذ) ایک خاردار زہریلا پودا جس کے پتے سبز اور پھول رنگ برنگے ہوتے ہیں۔ زقوم۔ اس کی سو کے قریب اقسام ہیں۔ (بواو مجہول بھی صحیح ہے)۔
تھئی (تھ۔ ئی) (مـ۔ اـ۔ مث) (۱) اُوپر تلے رکھی ہوئی روٹیوں یا پانوں کا ڈھیر (۲) لادی۔ تہ بہ تہ رکھے ہوئے کپڑے۔
تھئی تھئی (مـ۔ اـ۔ مث) (۱) تال۔ سَم۔ تالی۔ آواز جو گویّے نکالتے ہیں (۲) گانا۔ ناچنا۔ ناچتے گانے کی آواز۔ تھاپ کی آواز۔
تھئی تھئی ناچ ہونا (اَر۔ محاورہ) ناچ رنگ ہونا۔
تھیاسفی (Theosophy) (یو۔ اـ۔ مث) لغوی معنی حکمتِ یزدانی۔ ایک نیم فلسفیانہ اور نیم مذہبی مکتبِ فکر جس کے مطابق بنیادی سچائیاں تمام مذاہب میں مشترک ہیں اور مذہبی اختلافات بے حقیقت ہیں۔ نیز ہر شخص بلا واسطہ خُدا کی معرفت رُوحانی وجدان سے حاصل کر سکتا ہے۔
تھیٹر (Theatre) (انگ۔ اـ۔ مذ) (۱) تماشا گاہ (۲) ناچ گھر (۳) ناٹک۔ تماشا۔
تھیٹریکل (Theatrical) (انگ۔ صف) تھیٹر سے متعلق۔
تھیر (ق۔ صف) متواتر۔ مسلسل۔
تھیر (ق۔ صف) سرد۔ ٹھنڈا۔
تھیرنا (ق۔ مص) قائم کرنا۔
تھیلا (تھے۔ لا) (مـ۔ اـ۔ مذ) بڑی تھیلی۔ بورا۔ جمع: تھیلوں۔ تھیلے (۲) (مث) تازہ پانی کی ایک مچھلی۔ ایشیا اور یورپ میں پائی جاتی ہے۔
تھیلا (کر دینا) کرنا (اَر۔ محاورہ) بہت مارنا۔ ہڈیاں پسلیاں توڑ دینا۔
تھیلی (تھے۔ لی) (مـ۔ اـ۔ مث) (۱) چھوٹا تھیلا (۲) توڑا۔ ہزار روپے کی تھیلی۔ جمع: تھیلیاں۔ تھیلیوں۔
تھیلی بردار (اَر۔ صف) روپیوں کی تھیلی اُٹھا کر ساتھ چلنے والا۔
تھیلی کا مُنہ کھول دینا (اَر۔ محاورہ) بہت خرچ کرنا۔ بہت فیّاضی کرنا۔
تھیوا (تھے۔ وا) (مـ۔ اـ۔ مذ) انگوٹھی کا نگینہ۔
تھیوری (Theory) (انگ۔ اـ۔ مث) قیاس۔ خیال۔ اندازہ۔ اُصول۔ نظریہ۔
تھیوسوفی (Theosophy)۔ دیکھئے تھیاسفی۔

ت۔ ء

تئی (ت۔ ای) (مـ۔ اـ۔ مث) چوڑی کڑھائی جس میں جلیبیاں وغیرہ تلتے ہیں۔
تئی کی تیری کھپری کی میری (اَر۔ مثل) انتہائی خود غرضی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ (کھپری: مٹی کا چھوٹا سا ٹھیکرا)۔
تئیں (ت۔ ایں) (ق۔ ضمیر) (۱) آپ کو۔ خود کو (۲) کو۔ لئے۔ واسطے۔

ت۔ ی

تے (ق۔ حرف ربط) سے۔
تیا (تی۔ یا) (مـ۔ اـ۔ مذ) (۱) گنجفے یا تاش کا وہ پتا جس پر تین نشان بنے ہوتے ہیں۔ تکّی (۲) چوسر کا وہ داؤں جسے تین کانے کہتے ہیں (۳) تین کی ضرب۔
تیا پانچا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ حصے بخرے کرنا (۲) جھگڑا چکانا (۳) بیچ ڈالنا۔ دام کھرے کرنا۔
تیار (تَی۔ یار) (مـ۔ صف) (۱) مُستعد۔ آمادہ (۲) پورا۔ مکمل (۳) موٹا تازہ (۴) قابلِ استعمال (۵) پکا ہوا۔ پختہ (۶) پورے زوروں پر۔ جوان (۷) آراستہ۔
تیار کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آمادہ کرنا (۲) درست کرنا۔ لیس کرنا۔ مکمل کرنا (۳) بہم پہنچانا (۴) کھانا پکانا (۵) بلانا۔ سدھانا (۶) موٹا کرنا۔ فربہ کرنا (۷) پہلوان کو کسرت اور خوراک سے طاقت ور اور لڑنے کے قابل بنانا (۸) گاڑی جوتنا (۹) گھوڑے پر زین رکھنا۔
تیار ہونا (اَر۔ محاورہ) تیار کرنا کا لازم۔
تیاری (تَی۔ یا۔ ری) (اَر۔ اـ۔ مث) (۱) آمادگی۔ مستعدی (۲) درستی (۳) آرائش۔ آراستگی (۴) سامان کی درستی (۵) مٹاپا۔ فربہی (۶) انتظام۔
تیاری کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) کہیں جانے کا سامان کرنا۔ لیس ہونا (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کسی کی آؤ بھگت کا اِنتظام کرنا۔ کوئی کام کرنے کے لئے سامان مہیا کرنا۔

تیاگ (تِ۔یاگ)(ہ۔ا۔مذ) چھوڑنا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ کنارہ کشی۔ دست برداری۔

تیاگ پتر (ہ۔ا۔مذ) طلاق نامہ (۲) اِستعفا۔

تیاگ (دینا) کرنا (ہ۔مص مُرکب) چھوڑنا۔ دست بردار ہونا۔ دست کش ہونا۔

تیاگن (تِ۔یا۔گن)(ہ۔ا۔مث) تیاگی کی تانیث۔

تیاگنا (تِ۔یاگ۔نا)(ہ۔مص) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ تیاگ کرنا۔

تیاگی (تِ۔یا۔گی)(ہ۔صف)(۱) چھوڑنے والا۔ ترک کرنے والا (۲) وہ شخص جو مذہبی وجوہ سے دُنیا چھوڑ دے (۳) سادھو۔ جوگی۔

تیپچی (تیپ۔چی)(ا۔ا۔مث) کچی سیون۔ کھڑی سلائی۔

تیپچی بھرنا (ا۔محاورہ) کچی سیون کرنا۔ کھڑی سلائی کرنا۔

تیپچی کا نکاح (ا۔ا۔مذ) کچا نکاح۔ نکاح جس کے بعد جلد طلاق ہو جائے۔

تیتالیس (تَے۔تا۔لیس)(ہ۔ا۔عدد) دیکھئے تینتالیس۔

تیتر (تی۔تر)(ہ۔ا۔مذ) بُھورے یا سیاہی مائل بھورے پروں والا پرندہ جسے شوقین لوگ لڑانے کے لئے پالتے ہیں اور کھانے میں بھی آتا ہے۔ دُراج۔ تیہو۔ جمع: تیتر۔ تیتروں۔

تیتر تو اپنی آئی مرا، تو کیوں مرے بٹیر؟ (ا۔مثل) ایک تو اپنی خطا کی سزا پائے، دُوسرا کیوں رنج سے مرے۔

تیتر کے مُنہ پچھی (ا۔مثل) بعض وقت معمولی آدمیوں کی باتوں پر بڑے بڑے کاموں کا اِنحصار ہوتا ہے (۲) تیتر کی آواز سے چور مال ہاتھ لگنے کا شگون لیتے ہیں اِس لئے قسمت آزمائی کے موقع پر بھی یہ مثل اِستعمال کرتے ہیں۔

تیترا (تیت۔را)(ہ۔صف) تیسرا۔

تیترا بیٹا راج رجائے، تیتری بیٹی بھیک منگائے (ہ۔مثل) ہندوؤں کے خیال کے مطابق تیسرا بیٹا مبارک اور تیسری بیٹی منحوس ہوتی ہے۔

تیتری (تیت۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) تیتر کی تانیث (۲) ایک خوب صورت پروں والا کیڑا۔ بھنبیری (۳) خوش پوشاک، شوقین عورت۔ جمع: تیتریاں۔ تیتریوں۔

تی تی (ہ۔ا۔مث) آواز جس سے مُرغیوں کو بلاتے ہیں۔

تیتیس (تَے۔تیس)(ہ۔ا۔عدد) دیکھئے تینتیس۔

تیتھوری (تَے۔تو۔ری)(ق۔ا۔مذ) ایک پرندے کا نام۔

تیج (بیائے مجہول)(س۔ا۔مذ)(۱) کڑواہٹ۔ تلخی (۲) جوش۔ سرگرمی (۳) کلیجا۔ گردہ۔ حوصلہ (۴) ہمت۔ طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور (۵) گرم جوشی۔ اِشتیاق۔ لگن (۶) غصہ۔ غضب (۷) شان و شوکت۔ جاہ وجلال۔ ٹھاٹھ (۸) رُعب۔ ڈر۔ خوف (۹) ایک درخت۔

تیج پات (ہ۔ا۔مذ) تیج درخت کا خوش بودار پتا جو کھانوں میں ڈالتے ہیں۔

تیج (بیائے معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) مہینے کی تیسری تاریخ (۲) ایک ہندو تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے۔

تیج پڑے کھیت میں بیج (ہ۔مثل) ساون کی تیسری تاریخ کو فصل کی کاشت شروع ہو جاتی ہے۔

تیج تہوار (ہ۔ا۔مذ) کوئی تہوار۔ تیوہار کی شیرینی۔

تیجا (تی۔جا)(ہ۔صف)(۱) تیسرا (۲)(ا۔ا۔مذ) مسلمانوں میں مرنے کے بعد تیسرا دن۔ فاتحہ سوم۔ جمع: تیجوں۔ تیجے۔

تیجنا (تیج۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے تجنا۔

تیر (بیائے مجہول)(ا۔صف) تیرا کا مخفف۔

تیر میر (بیائے مجہول)(ا۔ا۔مث) تیرا میرا۔ بیگانگی۔ غیریت۔ آپا دھاپی۔

تیر (بیائے معروف)(ف۔ا۔مذ)(۱) لکڑی کا پتلا، سیدھا اور لمبا ٹکڑا (۲) ایک قسم کا جنگی ہتھیار جو کمان میں رکھ کر چلایا جاتا ہے۔ خدنگ۔ ناوک۔ بان (۳) اِیرانیوں کا چوتھا مہینا جو ساون کے مطابق ہوتا ہے (۳) تیج کا تیوہار (۴) پتنگ کا گز یا ٹھڈا (۵) شہتیر۔ مستول (۶) عطارد۔ دبیرِ فلک (۷) طعن وتشنیع (۸) ہر شمسی مہینے کا تیرھواں دن۔ اُردو جمع: تیر۔ تیروں۔

تیرِ آہ (ف۔ا۔مذ) ٹھنڈی سانس۔

تیرِ ادا (ف۔ا۔مذ) ناز و انداز جو دل پر اثر کریں۔

تیر اُڑنا (ا۔محاورہ) ہوا میں تیر کا جانا۔

تیر افگن (ف۔صف) تیر چلانے والا۔

تیر افگنی (ف۔ا۔مث) تیر چلانے کا فن۔ تیر مارنا۔

تیر انداز (ف۔صف) تیر چلانے والا۔ تیر افگن۔ تیر چلانے کا ماہر۔ قدر اَنداز۔ کمان دار۔

تیر اندازی (ف۔ا۔مث) تیر چلانا۔ تیر چلانے کا فن۔ ناوک افگنی۔ کمان داری۔

تیرِ باراں (ف۔ا۔مذ)(۱) تیروں کی بارش۔ تیر چلنے کی کثرت (۲) ایک سزا جس میں ملزم کو تیروں سے مروا دیا جاتا تھا۔

تیر برسانا (ا۔محاورہ) بہت سے تیر چلانا۔

تیرِ بلا (ف۔ا۔مذ) سخت مُصیبت لانے والا تیر۔

تیر بن کر کلیجے میں اُترنا (ا۔محاورہ) سخت ایذا اور رنج پہنچنا۔

تیر بہدف (تیر۔بَہ۔دَف)(ف۔صف)(۱) عین نشانے پر۔ ٹھیک جگہ پر۔ بے خطا (۲) سریع التاثیر۔ جلد اثر کرنے والا۔

تیر بہدف ہونا (ا۔محاورہ)(۱) تیر کا نشانے پر لگنا (۲) تدبیر کا اثر ہونا (۳) دُعا کا قبول ہونا (۴) مطلب کا خاطر خواہ پورا ہونا۔

تیر بہک جانا (ا۔محاورہ) تیر کا نشانے پر نہ لگنا۔

تیر (بیٹھ جانا) بیٹھنا (ا۔محاورہ) تیر کا نشانے پر لگنا۔

تیر پار ہونا (ا۔محاورہ) تیر کا نشانہ توڑ کر گزر جانا۔

تیر پرتاب (ف۔ا۔مذ) وہ فاصلہ جو تیر طے کرے۔

تیر پڑنا (ا۔محاورہ) تیر نشانے پر لگنا۔

تیر پیٹھ جانا (ا۔محاورہ۔عو) تیر بیٹھ جانا۔ نشانے پر لگنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تیر پھینکنا (اَر۔ محاورہ) تیر چلانا۔ بان مارنا۔
تیر تاک کر مارنا (اَر۔ محاورہ) نشانہ لے کر مارنا۔
تیر ترازو ہونا (اَر۔ محاورہ) تیر کا نصف اَندر نصف باہر ہونا۔
تیرِ تفنگ (ف۔ا۔مذ) تفنگ کا چھرّ۔
تیر تکّوں پر گُزارہ (گُزران) ہونا (اَر۔ محاورہ) باقاعدہ روزگار نہ ہونا۔ مشکل سے گُزر ہونا۔
تیر جوڑنا (اَر۔ محاورہ) تیر کمان میں چلانے کے لئے لگانا۔
تیر چلانا (تیر چھوڑنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) تیر پھینکنا۔ تیر اَندازی کرنا۔ تیر نشانے پر مارنا (۲) کارِ عظیم کرنا۔
تیر چلنا (تیر چھوٹنا) (اَر۔ محاورہ) تیر کا کمان سے نکلنا۔ تیر اَندازی ہونا۔
تیرِ حکمی (ف۔ا۔مذ) وہ تیر جو نشانہ خطا نہ کرے۔ شرطیہ تیر۔ دعوے کا نشانہ۔
تیرِ خاکی (ف۔ا۔مذ) ایک ہلکا اور چھوٹے سرے کا تیر۔
تیرِ خُدنگ (ف۔ا۔مذ) درخت خُدنگ کا بنا ہوا تیر۔
تیر خوردہ (ف۔صف) تیر لگا ہوا۔ تیر کا زخمی۔
تیر دان (ف۔ا۔مذ) دیکھئے ترکش۔
تیرِ دُعا (ف۔ع۔ا۔مذ) تیر کا دُعا سے اِستعارہ کرتے ہیں۔
تیرِ دُعا ہدفِ مُراد پر پہنچنا (اَر۔ محاورہ) دُعا قبول ہونا۔
تیرِ دو پہلو (ف۔ا۔مذ) وہ تیر جس کے دو پہلو ہوتے ہیں۔
تیر ڈوب جانا (اَر۔ محاورہ) تیر کا نشانے میں گھسنا۔
تیر ڈوب کے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) تیر کا نشانے میں گھس کے رہ جانا یا باہر نہ نکلنا۔
تیر رَس (بغیر اضافت) (ف۔ا۔مذ) وہ فاصلہ جہاں تک تیر جائے۔ تیر کی مار۔
تیر رہا کرنا (اَر۔ محاورہ) تیر چلانا۔ تیر کمان سے چھوڑنا۔
تیر زن (ف۔صف) تیر چلانے والا۔ تیر افگن۔ تیر اَنداز۔
تیر زنی (ف۔ا۔مث) تیر اَندازی۔
تیر سا (اَر۔صف) تیر کی طرح سیدھا۔
تیر سا لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تیر کی طرح چُبھنا (۲) کسی بات کا سخت بُرا لگنا۔
تیرِ سحر (ف۔ع۔ا۔مذ) (۱) صبح کی آہ (۲) بددُعا (۳) صبحِ کاذب کی روشنی۔
تیرِ سہ پہلو (ف۔ا۔مذ) وہ تیر جس کے تین پہلو ہوں۔
تیرِ غم (ف۔ع۔ا۔مذ) غم کا تیر۔ تیر کا غم سے اِستعارہ کرتے ہیں۔
تیرِ فلک (ف۔ع۔ا۔مذ) عطارد۔ بُدھ۔ (سیّارہ)۔
تیرِ قضا (ف۔ع۔ا۔مذ) قضا کا تیر۔ موت۔
تیر کا خطا کرنا (اَر۔ محاورہ) تیر کا نشانے پر نہ لگنا۔ نشانہ چوکنا۔
تیر کا دستہ (ف۔ا۔مذ) بہت سے تیروں کا مجموعہ۔
تیر کمان سے نکلنا (اَر۔ محاورہ) تیر کا چلنا۔
تیر کھانا (اَر۔ محاورہ) تیر کا زخم لگنا۔
تیر کی طرح سیدھا آنا (اَر۔ محاورہ) بالکل سیدھا آنا۔ اِدھر اُدھر نہ جانا۔
تیر کی مار (اَر۔ا۔مث) اِتنا دُور جتنا کہ تیر جائے۔

تیر گر (ف۔صف) تیر بنانے والا۔
تیر گری (ف۔ا۔مث) تیر بنانے کا پیشہ۔
تیر لگانا (اَر۔ محاورہ) تیر چلانا۔
تیر لگنا (اَر۔ محاورہ) تیر کا نشانے پر لگنا۔ نشانہ لگنا۔
تیر مار (بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مذ) سانپ (مار) کا دانت (۲) سانپ۔
تیر مارنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) تیر چلانا (۲) (محاورہ) (طنزاً) بڑا کارنامہ کرنا۔
تیرِ مژگان (ف۔ا۔مذ) مژگاں کا تیر سے اِستعارہ کرتے ہیں۔
تیرِ ناوک (ف۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا تیر (۲) تیر جو نال سے چلایا جائے۔
تیرِ نگاہ (ف۔ا۔مذ) نگاہ کا تیر۔ معشوق کی نگاہ کا تیر سے اِستعارہ کرتے ہیں۔
تیرِ نگاہ کا صید بنانا (اَر۔ محاورہ) عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر لینا۔
تیر نہ کمان 'کا ہے کے پٹھان (اَر۔مثل) خود کچھ نہ ہونا آباؤ اَجداد کے متعلق شیخی مارنا۔
تیر نہ کمان میاں کا اللہ نگہبان (اَر۔مثل) حفاظت کی کوئی صورت نہیں۔ خُدا ہی بچائے تو بچائے۔
تیر نہیں تُکّا ہی سہی (اَر۔مثل) اعلیٰ نہیں تو ادنیٰ ہی سہی۔ اچھی چیز نہیں تو بُری ہی سہی۔
تیرِ ہدف (ف۔صف) نشانے پر بیٹھنے والا تیر۔ کامیاب تیر۔
تیر ہدف پر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) تیر نشانے پر لگنا۔
تیرِ ہوائی (ف۔ا۔مذ) (۱) تیر جو ہوا میں چھوڑا جائے (۲) (صف) بے کار۔ فضول۔ بے فائدہ۔
تیر (ہو جانا) ہونا (اَر۔ محاورہ) غائب ہو جانا۔ گُم ہو جانا۔ بھاگ جانا۔
تیرا (تے۔را) (ض واحد حاضر مذ) (۱) ادنیٰ کے لئے خطاب (۲) اس سے خُدا کو بھی خطاب کرتے ہیں۔
تیرا بُرا نہ ہو (اَر۔بددُعا) عورتیں جب کسی عزیز سے ناراض ہوتی ہیں تو "تیرا بُرا ہو" کی بجائے کہتی ہیں۔
تیرا بیڑا غرق ہو (اَر۔بددُعا) تو تباہ ہو جائے۔
تیرا پانی میں بھروں' میرا بھرے کہار (اَر۔مثل) (۱) شیخی خور خادمہ کہتی ہے (۲) دُنیا میں ایک سے ایک بڑھ کر ہے۔
تیرا دامن میرا ہاتھ (اَر۔مثل) تیرا دامن پکڑوں گا۔ تجھ سے لوں گا۔
تیرا دم رہے (اَر۔دُعا) تو سلامت رہے۔
تیرا ڈھکا رہے' میرا ایکے (اَر۔مثل) اِنتہائی خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔
تیرا ستیاناس ہو جائے (اَر۔کوسنا) تو تباہ ہو۔
تیرا سر کھجلاتا ہے (اَر۔مثل) تیرا مار کھانے کو جی چاہتا ہے۔
تیرا کیا اِجارہ ہے (اَر۔مثل) تو کون ہے؟ تو کیوں بیچ میں بولتا ہے؟
تیرا کیا تیرے آگے آئے (اَر۔بددُعا) جیسا تو نے میرے ساتھ کیا ہے ویسا ہی تیرے ساتھ ہو۔
تیرا مال سو میرا مال۔ میرا مال سو ہیں ہیں (اَر۔مثل) سخت خود غرضی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ جہاں کوئی دُوسرے کی چیز تو اِستعمال کرے مگر اپنی چیز نہ دے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تیرا مُنہ کالا ہو (اَر۔ کوسنا) تجھ پر لعنت ہو۔ تو بدنام ہو۔
تیرا مُنہ ہے (اَر۔ محاورہ) تیری وجہ سے یہ کام کر دیا (۲) تیرا حوصلہ ہے۔
تیرا میرا کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کی بابت جھگڑا کرنا۔ غیریت اور بیگانگی کی باتیں کرنا۔ نیز دیکھئے تیر میر۔
تیرا میرا مُنہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) دُوسروں کا آسرا ڈھونڈنا۔
تیرا نور اُڑ جائے (اَر۔ بددُعا) تیرا مُنہ کالا ہو۔ تو برباد ہو جائے۔
تیرا ہاتھ اور میرا مُنہ (اَر۔ مثل) تو کما اور میں کھاؤں۔
تیرا ہُوا جو میرا تھا برائے خدا ٹک دیکھنے تو دے (اَر۔ مثل) ساس اُس بہو سے کہتی ہے جو خاوند کو لے کر الگ ہو جائے۔
تیرا ہی کام تھا (اَر۔ مثل) تیرے سوا کسی سے نہ ہو سکتا تھا (۲) طنزاً بھی کہتے ہیں۔
تَیراک (ئے۔ راک) (ہ۔ صف) وہ شخص جو تیرنا جانتا ہو۔ شناور۔ پیراک۔ جمع: تیراک۔ تیراکوں۔
تیراک ہی ڈوبتے ہیں (اَر۔ مثل) جو آدمی کسی کام میں مہارت رکھتا ہے اسی میں چوٹ کھاتا ہے۔
تَیراکی (ئے۔ را۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) تیرنے کا فن۔ شناوری۔
تَیرانا (ئے۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) پانی پر چلانا۔ تیرنا کا متعدی۔
تَیراؤ (ئے۔ را۔ اؤ) (ہ۔ صف) اِتنا گہرا پانی کہ اُس میں تیرا جا سکے۔
تیرا ہُوا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی علم یا فن سے مکمل طور پر واقف ہونا۔
تَیرائی (ئے۔ را۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) شناوری۔ تیراکی۔
تَیرتا ہی ڈوبتا ہے (تیرے گا سو ڈوبے گا) (اَر۔ مثل) ہنرمند ہی سے غلطی ہوتی ہے۔ نیز دیکھئے تیراک ہی ڈوبتے ہیں۔
تِیرتھ (بیائے معروف) (س۔ ا۔ مذ) (۱) نہانے کی جگہ (۲) مقدس مقام یا مندر جہاں لوگ یاترا کے لئے جائیں۔ ایسے مقام عموماً مقدس دریاؤں کے کنارے ہوتے ہیں (۳) درشن۔ زیارت۔ یاترا (۴) دریا کا کنارا۔ گھاٹ۔ (۵) برہمنوں کی قوم (۶) سنیاسی فقیروں کا خطاب۔ (اُردو اور ہندی میں "ر" کے زبر کے ساتھ مستعمل ہے)۔
تیرتھ جاترا (یاترا) (ہ۔ ا۔ مث) کسی مُقدس مقام پر جانا۔ زیارت کرنا۔
تیرتھ کرنا (ہ۔ مص مُرکب) یاترا کے لئے جانا۔ زیارت کو جانا۔
تَیر جانا (تیر۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کسی دھار دار آلے کا جسم کے پار ہو جانا (۲) گولی کا جسم کے پار ہو جانا (۳) نگاہ کا ایک سرے سے دُوسرے سرے تک چلا جانا۔
تیرگی (تی۔ رَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) سیاہی۔ تاریکی۔ اندھیرا۔ دُھندلاپن (۲) دل کی کدورت۔ رنجش۔ گدلاپن۔
تیرگی بخت (ف۔ ا۔ مث) قسمت کی سیاہی یا خرابی۔
تیرگی چھانا (اَر۔ محاورہ) اَندھیرا ہونا۔
تیرگی شب (ف۔ ا۔ مث) رات کی تاریکی۔

تیر میر (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) تیر کے تحت دیکھئے۔
تَیرنا (تیر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دریا وغیرہ میں شناوری کرنا۔ پیرنا (۲) چُھری، تلوار وغیرہ کا کسی نرم چیز کے آر پار ہو جانا (۳) ماہر ہونا۔ کامل ہونا۔ واقف ہونا۔
تِیروں (تی۔ روں) (اَر۔ ا۔ مذ) تیر کی جمع۔
تیروں سے چھننا (اَر۔ محاورہ) تیروں سے سخت زخمی ہونا۔ جگہ جگہ سُوراخ ہو جانا۔
تیروں کا مینہ برسانا (اَر۔ محاورہ) بہت تیر چلانا۔
تیرہ (تے۔ رَہ) (ہ۔ ا۔ عدد) تین اُوپر دس۔ بارہ کے بعد کا عدد۔ ۱۳۔
تیرہ تالی (اَر۔ صف) (۱) وہ عورت جو تیرہ تالوں پر ناچ سکے (۲) چالاک۔ عیار۔ پُرفن (عورت)۔
تیرہ تیزی (اَر۔ ا۔ مث) صفر کے مہینے کے پہلے تیرہ دن جن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم سخت علیل ہو گئے تھے۔ عورتیں اِن دنوں کو منحوس سمجھتی ہیں (۲) صفر کا مہینا۔
تِیرہ (تی۔ رَہ) (ف۔ صف) کالا۔ سیاہ۔
تیرہ ابر (ف۔ صف) سیاہ بادل۔
تیرہ بخت (تیرہ روز۔ تیرہ روزگار) (ف۔ صف) بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔
تیرہ بختی (ف۔ ا۔ مث) بدقسمتی۔ بدبختی۔
تیرہ دَرُوں (ف۔ صف) سیاہ دل۔ بے ایمان۔ کافر۔
تیرہ دل (ف۔ صف) سیاہ دل۔ ظالم۔ شریر۔ شقی القلب۔
تیرہ رنگ (ف۔ صف) سیاہ۔ دُھندلا۔ میلا۔
تیرہ (سر) مغز (ف۔ صف) بے وقوف۔ احمق۔
تیرہ و تار (ف۔ صف) بہت تاریک۔ اندھیرا گُھپ۔
تیرھواں (تیرہ۔ واں) (بیائے مجہول) (ہ۔ عدد ترتیبی۔ مذ) تیرہ سے نسبت رکھنے والا۔ بارہ کے بعد کا درجہ۔ تیرھویں نمبر پر۔
تیرھوِیں (تیرہ۔ ویں) (دوسری "ی" معروف) (ہ۔ عدد ترتیبی۔ مث) (۱) تیرھواں کی تانیث (۲) (ہ۔ ا۔ مث) ہندوؤں میں مرنے کے بعد تیرھویں دن کی رسم، جب تیرہ برہمن کھلائے جاتے ہیں اور مُردے کا سوگ ختم کر کے کاروبار شروع کیا جاتا ہے۔
تیرھوِیں صدی (اَر۔ ا۔ مث) سنِ ہجری کی تیرھویں صدی جسے منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ چودھویں صدی کے متعلق بھی یہی خیال ہے۔
تیرھویں (تیرہ۔ ویں) (دونوں "ی" مجہول) (ہ۔ عدد ترتیبی۔ مذ) تیرھواں کی بدلی ہوئی صورت۔
تیری (تے۔ ری) (ہ۔ ض واحد حاضر اضافی) تیرا کی تانیث۔
تیری آواز مکّے اور مدینے (اَر۔ مثل) (۱) تیری بات مقبولِ بارگاہ ہو۔ اللہ تیری بات مبارک کرے (۲) تیری شُہرت دُور دُور تک ہو۔
تیری ایڑی میں گُوہ (اَر۔ ٹوٹکا) عورتیں نظرِبد سے بچانے کے لئے بولتی ہیں۔
تیری بات گدھے کی لات (اَر۔ مثل) تیری بات ناقابلِ اعتبار ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تیری بات گُو سے میٹھی (اَر۔مثل) تیری بات دل پسند ہے۔

تیری باتیں تجھی کو بَن آئیں (اَر۔مثل) تیری چالاکی تجھی کو سازگار ہے۔

تیری دُم کو (میں) رسّا (نمدا) (اَر۔مثل) کسی کو دھمکانے کے لئے کہتے ہیں۔

تیری شامت (آئی ہے) نے دھکّا دیا ہے (اَر۔مثل) تو سزا کا طالب ہورہا ہے۔ تیری مار کھانے کی نیّت ہے۔

تیری قدرت کے قربان (اَر۔کلمۂ تحسین و استعجاب) کوئی عجیب بات دیکھ کر یا سُن کر کہتے ہیں۔

تیری کرنی تیرے آگے۔ میری کرنی میرے آگے (اَر۔مثل) جس کے ساتھ نیکی کی ہو اگر وہ بُرائی کرے تو کہتے ہیں۔ جیسا تُو نے کیا ہے اُس کا تجھے بدلہ ملے۔ جیسا میں نے کیا ہے ویسا مجھے صِلہ ملے۔

تیری گود میں بیٹھوں اور تیری ڈاڑھی نوچوں (اَر۔مثل) ناشکرے کو کہتے ہیں کہ جس سے فائدہ اُٹھائے اُسی کو ذلیل کرے۔

تیرے (تے۔رے) ۔ضمیر مخاطب جمع حاضر۔ مذکر و مؤنث۔

تیرے باپ سے بھی لُوں گا (اَر۔مثل) کبھی نہ چھوڑوں گا۔ وصول کر کے رہوں گا۔

تیرے باپ کا کیا اِجارہ ہے؟ (اَر۔محاورہ) تو کیوں دخل دیتا ہے؟ تو دخل دینے والا کون؟

تیرے بینگن میری چھاچھ (اَر۔مثل) اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو خود تھوڑا دے اور دُوسرے سے زیادہ مانگے۔

تیرے توڑے (کھوئے) تو میں بیر بھی نہ کھاؤں (اَر۔مثل) مجھے تجھ سے بہت نفرت ہے۔

تیرے جوتیری درانتی، چاہے جیسے کاٹ (اَر۔مثل) جو مرضی ہے کر میں دخل نہیں دیتا۔ شدید نفرت کا اظہار کرنا۔

تیرے جیتے کتّا بھی نہ جیے (اَر۔مثل) تیری زندگی سے تو کتّے کی زندگی بھی بہتر ہے۔

تیرے چاروں راہ موکلے ہیں (اَر۔مثل) تیرا کوئی مُزاحم نہیں۔ جہاں چاہے چلا جا۔

تیرے دیا دھرم نہیں من میں۔ مکھڑا کیا دیکھے درپن میں (و۔مثل) جس کے دل میں رحم اور ترس نہیں، وہ انسان نہیں۔

تیرے صدقے میں (اَر۔متعلق فعل) تیرے طفیل۔ تیری وجہ سے۔

تیرے لیکھے (ق۔متعلق فعل) تیرے حسابوں۔

تیرے مُنہ میں خاک (اَر۔روزمرّہ) عورتیں کسی کے مُنہ سے بُری بات یا فالِ بد سُن کر کہتی ہیں۔

تیرے مُنہ میں گھی شکر (اَر۔روزمرّہ) خوشی کی خبر سُن کر کہتے ہیں۔

تیرے میرے صدقے میں اُس کی جورُو پیٹ سے (اَر۔مثل) (۱) بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں (۲) ایسے موقع پر بھی کہا جاتا ہے جب دُوسرے کی محنت سے کسی کو فائدہ پہنچے۔

تیرے نام کا کتّا بھی نہیں پالتا (اَر۔مثل) انتہائی نفرت کا اظہار۔

تیرے ہی تلے تو گنگا بہتی ہے (اَر۔مثل) تو ہی تو بڑا زور آور اور حکومت والا ہے۔

تیز (بیائے مجہول) (ف۔صف) (۱) دھار دار۔ کُند کی ضِد (۲) تلخ۔ چرچرا (۳) زیادہ طاقت والا۔ زیادہ مقدار والا (۴) جلد۔ شتاب (۵) چالاک۔ ہوشیار۔ ذہین (۶) بدمزاج۔ غصیلی (۷) مضبوط۔ قوی (۸) شدید۔ سخت (۹) غالب۔ فوقیت رکھنے والا (۱۰) گرم۔ تتّا (۱۱) سرگرم۔ مُستعد (۱۲) شریر۔ شوخ (۱۳) (نظر کی صفت میں) باریک بیں۔ دُور بیں۔ غائر (۱۴) زخم یا آنکھ میں لگنے والا (۱۵) بہتر۔ بڑھ کر (۱۶) جلا دینے والا۔ زخم ڈالنے والا (۱۷) جوشیلا۔ آتشیں مزاج (۱۸) مہنگا۔ گراں۔

تیز بال (تیز پر۔ تیز پرواز) (ف۔صف) جلد اُڑنے والا۔ تیز رفتار۔

تیزپات (اَر۔ا۔مذ) دیکھئے تیج پات جو صحیح ہے۔

تیز (پروازی) پری (ف۔ا۔مث) تیز اُڑنا۔

تیز چنگال (ف۔صف) تیز پنجے والا۔

تیز دست (ف۔صف) جلد جلد کام کرنے والا۔

تیز دستی (ف۔ا۔مث) جلد جلد ہاتھ چلانا۔ جلدی کام کرنا۔

تیز دستی دکھانا (اَر۔محاورہ) پھرتی دکھانا۔ جلد کام کرنا۔

تیز دم (ف۔صف) جوشیلا۔

تیز دنداں (ف۔صف) (۱) تیز دانتوں والا (۲) (مجازاً) حریص۔ لالچی۔

تیز (رفتار) رو (ف۔صف) (۱) جلد چلنے والا (۲) پھرتیلا۔

تیز (رفتاری) روی (ف۔ا۔مث) جلد چلنا۔ جلدی۔ شتابی۔ عجلت۔

تیز زبان (ف۔صف) (۱) جلدی جلدی گفتگو کرنے والا (۲) مُنہ پھٹ۔

تیز طبع (ف۔صف) ذکی۔ ذہین۔ ہوشیار۔

تیز طبعی (ف۔ا۔مث) ذہانت۔ ذکاوت۔ ہوشیاری۔

تیز فہم (ف۔صف) جلدی سمجھنے والا۔ ذہین۔ ذکی۔

تیز فہمی (ف۔ا۔مث) جلد سمجھنے کی قوّت۔

تیز قدم (ف۔صف) تیز چلنے والا۔

تیز قدمی (ف۔ا۔مث) جلد چلنا۔ تیز چلنا۔

تیز قلم (ف۔صف) زُود نویس۔ جلدی لکھنے والا۔

تیز کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) باڑھ نکالنا۔ دھار نکالنا (۲) زیادہ کرنا۔ بڑھانا (۳) طاقت بڑھانا (۴) غُصّہ دلانا۔

تیز گام (ف۔صف) جلد چلنے والا۔ تیز قدم۔

تیز گامی (ف۔ا۔مث) جلد چلنا۔ تیز قدمی۔

تیز گوش (ف۔صف) جلد سننے والا۔

تیز مزاج (ف۔صف) غصیلی۔ زُود رنج۔ تند خو۔

تیز مزاجی (ف۔ا۔مث) تندی۔ غصیلاپن۔

تیز (نظر) نگاہ (ف۔صف) (۱) جس کو دُور تک نظر آئے (۲) باریک بین۔

تیز و تند (ف۔صف) (۱) بہت تیز (۲) مدہوش کر دینے والی (شراب)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تیز ہوش (ف۔صف) عقل مند۔ صاحبِ لیاقت۔

تیز ہونا (اُر۔مص مُرکب) (۱) دھار نکالی جانا۔ باڑھ رکھی جانا (۲) خفا ہونا۔ غُصّے ہونا (۳) مہنگا ہونا۔ گراں ہونا (۴) گرمی ہونا۔ حِدّت ہونا۔

تیزاب (تے۔زاب) (ف۔ا۔مذ) ایک بہت تیز اور اِنتہائی تُرش سیال مادّہ جو بدن پر لگے تو اُس کو جلا دیتا ہے اور کئی چیزوں کے رنگ کو کاٹ دیتا ہے۔ ایسڈ (ACID)۔ تُرشہ۔

تیزابی (ف۔صف) تیزاب کا۔ تیزاب سے منسوب۔

تیزی (تے۔زی) (ف۔ا۔مث) (۱) تُندی۔ تلخی (۲) گرم مزاجی۔ غضب ناکی (۳) گرمی۔ حِدّت (۴) ضرورت۔ خواہش (۵) مہنگا پن (۶) زخم میں لگنے والی دوا کا اَثر (۷) دھار دار ہونا۔

تیزی کا چاند (اُر۔ا۔مذ۔عو) صفر کے مہینے کا چاند۔

تیزی کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) جلدی کرنا (۲) چالاکی کرنا (۳) شوخی کرنا۔

تیزی ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) جلدی ہونا (۲) غُصّے ہونا (۳) بھاؤ چڑھنا۔

تیس (بیائے معروف) (ہ۔ا۔عدد) دس اور بیس۔ سی۔ ۳۰۔

تیس دن (**تیسوں دن**) (اُر۔صف) ہر روز۔ روز مرّہ۔ آئے دن (۲) ہمیشہ۔ مدام۔ سدا۔ ست۔ دائم۔

تیس مار خاں (اُر۔ا۔مذ) (طنزاً) بہادر آدمی۔

تیس مار خاں بنے پھرتے ہیں (اُر۔مثل) بڑے بہادر بنے پھرتے ہیں۔ بہت اکڑتے ہیں۔ بہت اکڑفوں دکھاتے ہیں۔

تیسا (ئے۔سا) (ہ۔صف) (۱) اِسی طرح کا۔ جیسے کے مُقابل (۲) اسی طرح پر۔ سو (۳) اِس وقت۔ اِس موقع پر۔

تَیَسُّر (ت۔یس۔سُر) (ع۔ا۔مذ) (۱) آسان ہونا (۲) آسانی۔ سہولت۔

تیسرا (تیس۔را) (بیائے معروف) (ہ۔عددِ ترتیبی) (۱) دو کے بعد کا (۲) تین سے نسبت رکھنے والا۔

تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا (اُر۔مثل) دو شخص باتیں کرتے ہوں اور تیسرا آجائے تو بُرا معلوم ہوتا ہے۔

تیسرا اُتار (اُر۔ا۔مذ) (۱) جزءُ الکعب۔ گھن۔ مول (۲) کسی رقم کا تیسرا اُتار۔ وہ عدد جس کو تین دفعہ ضرب دینے سے اصل رقم نکل آئے جیسے آٹھ کا تیسرا اُتار دو ہے۔ دو کو تین دفعہ آپس میں ضرب دو تو آٹھ آجائے گا۔

تیسرا پہر (اُر۔ا۔مذ) دوپہر کے بعد کا پہر۔

تیسرا مجھ کو مارے گا (اُر۔مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی بُزدل شخص حوصلہ دلانے کے باوجود ہمّت ہار بیٹھے۔

تیسری (تیس۔ری) (بیائے معروف) (ہ۔عددِ ترتیبی) (۱) تیسرا کی تانیث (۲) تین دفعہ ہل چلی ہوئی زمین۔

تیسری تاریخ کا چاند (اُر۔ا۔مذ) عورتیں اِسے منحوس سمجھتی ہیں۔

تیسرے (تیس۔رے) (بیائے معروف) (ہ۔صف) (۱) تین کی تعداد ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں (۲) سوم۔

تیسرے دن (فاقے) مُردہ بھی حلال ہے (اُر۔مثل) مسلمانوں میں مُردار حرام ہے مگر تین دن فاقے سے ہونے کے بعد اُس کے کھانے کی اجازت ہے (۲) مجبوری کی حالت میں ناروا بات بھی روا ہے۔

تیسرے فاقے سے (اُر۔محاورہ) تین دن کے فاقے سے۔

تیسواں (تیس۔واں) (ہ۔عددِ ترتیبی۔مذ) اُنتیس (۲۹) کے بعد کا درجہ۔ تیس سے نسبت رکھنے والا۔

تیسوں (تی۔سوں) (ہ۔عددِ اِستغراقی) تیس کے تیس۔ تیس میں سے سب کے سب۔

تیسوں دن (اُر۔متعلق فعل) پورے مہینے۔ آئے دِن۔ روز۔

تیسوں کلام (اُر۔ا۔مذ) قرآن مجید جس کے تیس پارے ہیں۔

تیسوِیں (تیس۔وِیں) ("ی" معروف) (ہ۔عددِ ترتیبی۔مث) تیسواں کی تانیث۔

تیسویں (تیس۔ویں) (دُوسری "ی" مجہول) (ہ۔عددِ ترتیبی۔مذ) تیسواں کی مُغیّرہ شکل۔

تیسی (تی۔سی) (ہ۔ا۔مث) (۱) السی۔ کتان (۲) تیس برس کی (۳) تیس برس کا مجموعہ۔

تیشہ (تے۔شہ) (ف۔ا۔مذ) ایک اوزار جس سے پتھر توڑتے' لکڑی کاٹتے اور اینٹ گھڑتے ہیں۔ بسُولا۔ فارسی جمع: تیشہ ہا۔ اُردو جمع: تیشے۔ تیشوں۔

تیشہ زن (ف۔صف) بسولا چلانے والا۔

تیشہ مارنا (اُر۔محاورہ) بڑھئی کا کام کرنا۔ تیشہ چلانا۔

تیغ (بیائے مجہول) (ف۔ا۔مث) تلوار۔ شمشیر۔ فارسی جمع: تیغاں۔ تیغہا۔ اُردو جمع: تیغ۔ تیغوں۔

تیغ آزمائی (ف۔ا۔مث) تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔

تیغِ اَبرُو (ف۔ا۔مث) ابرو کا اِستعارہ تیغ سے کرتے ہیں۔

تیغِ اَبرُو کا گھایل ہونا (اُر۔محاورہ) عاشق ہونا۔

تیغِ اِنتقام کو نیام سے کھینچنا (اُر۔محاورہ) بدلہ لینے کے لئے تیار ہونا۔

تیغ بُرّاں (ف۔صف) کاٹنے والی تلوار۔

تیغ بردار (ف۔صف) وہ شخص جو ننگی تلوار لے کر سوار کے ساتھ چلے۔

تیغ بکف (بَہ۔کف) (ف۔صف) ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے۔ تلوار چلانے پر آمادہ۔ لڑنے کو تیار۔

تیغِ بے پناہ (ف۔ا۔مث) وہ تلوار جس سے بچنا ناممکن ہو۔

تیغِ بے دریغ (ف۔ا۔مث) تلوار جو فی الفور نکالی جائے۔

تیغ جوہر دار (ف۔ا۔مث) وہ تلوار جس میں جوہر کے سبز نشان ہوں۔

تیغ جہازی (ف۔ا۔مث) بھاری بھرکم تلوار۔

تیغ (دودَستی) دودم (ف۔ا۔مث) وہ تلوار جس کے دونوں طرف دھار ہو۔ دو دھاری تلوار۔

تیغ رواں (ف۔ا۔مث) جلد کاٹنے والی تلوار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تیغ زن (ف۔صف) تلوار چلانے والا۔ شمشیر زن۔

تیغ زنی (ف۔ا۔مث) تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔

تیغ (ساز) گر (ف۔صف) تلوار بنانے والا۔

تیغ ستم (ف۔ا۔مث) ظلم کی تلوار۔

تیغ فلک (ف۔ا۔مث) (۱) مریخ (۲) آسمان (۳) سورج کی کرنیں۔

تیغ قلم (ف۔ا۔مث) قلم کی تیزی کو تلوار سے اِستعارہ کرتے ہیں۔ سپاہی کی تلوار کی طرح اہلِ قلم اپنے مُخالف کو قلم کے ذریعے نُقصان پہنچاتے ہیں۔

تیغ کج را نیام کج باشد (ف۔مثل) ٹیڑھی تلوار کے لئے نیام بھی ٹیڑھی ہوگی۔ جیسے کو تیسا۔ جیسا آدمی ویسا سلوک۔

تیغ کوہ (ف۔ا۔مث) پہاڑ کی چوٹی۔

تیغ کے گلے ملنا (اَر۔محاورہ) تلوار کا مقابلہ کرنا۔

تیغ گلو گیر (ف۔ا۔مث) گلا کاٹنے والی تلوار۔

تیغ لگانا (اَر۔محاورہ) تلوار کا وار کرنا۔

تیغ مُحرّف (ف۔ا۔مث) خم دار تلوار۔

تیغ لپکنا (اَر۔محاورہ) تیغ چلنا۔

تیغ مُہنّد (ف۔ع۔ا۔مث) تیغ ہندی۔ ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار جو تیزی اور عمدگی میں مشہور تھی۔

تیغ ناز (ف۔ا۔مث) ناز و انداز کی تلوار۔ محبوب کے ناز و ادا کو تلوار سے اِستعارہ کرتے ہیں۔

تیغ و کفن باندھ کے جانا (اَر۔محاورہ) لڑنے مرنے کے لئے تیار ہو کر جانا۔

تیغ ہلالی (ف۔ا۔مث) ہلال کی طرح خمیدہ تلوار۔ اِس سے اَبرُو کو تشبیہ دی جاتی ہے۔

تیغا (یے۔غا) (اَر۔ا۔مذ) (۱) کُشتی کا ایک داؤ (۲) محراب یا دروازے کا چُنا جانا (۳) چھوٹی چوڑی تلوار۔

تیغا (کرنا) لگانا (اَر۔محاورہ) بند کر دینا۔ چُن دینا۔ کسی سُوراخ، دروازے یا محراب کو اینٹ پتھروں سے بند کر دینا۔

تیغہ (یے۔غہ) (ف۔ا۔مذ) چھوٹی تلوار۔ تیغ کی تصغیر۔

تیغۂ آبدار (ف۔ا۔مذ) تیز تلوار۔ چمک دار تلوار۔ دھار دار تلوار۔

تیغۂ برق تاب (ف۔ا۔مذ) بجلی کی طرح چمکنے والی تلوار۔

تیقّن (ت۔یَق۔قُن) (ع۔ا۔مذ) (۱) یقین کرنا۔ اِعتبار کرنا (۲) یقین۔ اِعتبار۔

تیکھا (تی۔کھا) (ہ۔صف) (۱) تیز دھار والا۔ نوکدار (۲) ذہین (۳) تیز مزاج۔ غضب ناک۔ جنگ جُو (۴) چمک دار (۵) خوب صورت (۶) شوخ۔ چالاک (۷) بانکا۔ چُست (۸) دل میں کھُبنے والا (۹) گانے میں تیز آواز۔

تیکھاپن (ہ۔ا۔مذ) (۱) شوخی۔ چلبلاہٹ۔ چنچل پن (۲) کج ادائی۔ روکھاپن۔

تیکھی (تی۔کھی) (ہ۔صف) تیکھا کی تانیث۔

تیکھی چتون (ہ۔ا۔مث) ترچھی نظر۔ (معشوق کی) ٹیڑھی نگاہ۔

تیل (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) روغن جو بیجوں سے نکالا جاتا ہے۔ چکنائی (۲) قدرتی روغن جو زمین سے نکلتا ہے اور بطور توانائی اِستعمال ہوتا ہے۔

تیل بان کرنا (ہ۔محاورہ) مائیوں بیٹھنا۔ ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولھا دُلہن کے سَر، ہاتھ اور پاؤں پر تیل اور ہلدی مَلی جاتی ہے۔

تیل پانی پر ڈالنا (اَر۔ٹوٹکا) عوام کا خیال ہے کہ مینہ برستے میں تیل پانی پر ڈالنے سے طوفان رُک جاتا ہے۔

تیل پانی کا گلاس (اَر۔ا۔مذ) وہ گلاس جس میں نیچے پانی اور اُوپر تیل بھر کر روشنی کی جاتی ہے۔ کنول۔

تیل پھل (اَر۔ا۔مذ) وہ ناریل اور تیل وغیرہ جو دُولھا کے ہاں سے دُلہن کے لئے شادی سے چند روز پہلے بھیجا جاتا ہے۔

تیل پیلنا (ہ۔مص مُرکّب) کولھو میں بیج ڈال کر تیل نکالنا۔

تیل تِلوں ہی میں سے نکلتا ہے (اَر۔مثل) ہر ایک چیز کا خرچ اُس کی آمدنی ہی میں سے نکالا جاتا ہے (۲) رعایا پر جو خرچ ہوتا ہے وہ اُسی سے وصول کیا جاتا ہے۔

تیل توا (اَر۔صف) بہت کالا۔ ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی تیل میں ملی ہو۔

تیل جل (چکا) چلا (اَر۔محاورہ) (۱) بوڑھا ہو گیا۔ ضعیفی آگئی (۲) مال خرچ ہو چکا۔

تیل جلے گھی۔ گھی جلے تیل (اَر۔مثل) تیل تیز آگ پر گرم کرنے سے اچھا ہو جاتا ہے اور گھی خراب ہو جاتا ہے۔

تیل چڑھانا (ہ۔محاورہ) مائیوں بٹھاتے وقت ہندوؤں کی ایک رسم جس میں لڑکے اور لڑکی کے سَر، ہاتھ، پاؤں پر مہندی ملی جاتی ہے۔

تیل چڑھنا (ہ۔محاورہ) شادی کی تیاری ہونا۔ تیل چڑھنے کی رسم ہونا۔

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو (اَر۔مثل) ابھی اِنتظار کرو۔ دیکھو کیا ہوتا ہے۔ تعجیل کی بُرائی اور تاخیر کی تعریف میں کہتے ہیں۔

تیل ڈال کمبلی کا ساجھا (اَر۔مثل) ذرا سا کام کر کے ساری چیز کے دعویدار۔ (کمبل بُن کر اُسے چکنانے کے لئے تیل لگاتے ہیں)۔

تیل لگانا (اَر۔محاورہ) تیل ملنا۔ تیل سے چکنا کرنا۔

تیل ماش (ہ۔ا۔مذ) (۱) تیل اور ماش جن سے صدقہ اُتارتے ہیں (۲) تصدّق۔ صدقہ۔

تیل ماش اُتارنا (اَر۔محاورہ) ایک رسم۔ جب کوئی مسافر گھر واپس آئے یا کوئی بیماری سے اُٹھے تو اُس کو تیل میں ماش ڈال کر مُنہ دکھاتے ہیں پھر یہ بھنگی کو دے دیتے ہیں۔

تیل ماش ہونا (اَر۔محاورہ) صدقے ہونا۔ قربان ہونا۔

تیل ملنا (ہ۔مص مُرکّب) تیل کی مالش کرنا۔

تیل ملوانا (ہ۔مص مُرکّب) تیل ملنا کا متعدی۔ تیل کی مالش کرانا۔

تیل میں ہاتھ ڈالنا (اَر۔محاورہ) (۱) اگلے زمانے میں دستور تھا کہ جب کوئی شخص کسی بات سے مُنکر ہوتا تو وہ اپنی سچائی کے ثبوت میں جلتے تیل میں ہاتھ ڈال کر کہتا کہ اگر میں سچا ہوں تو ہاتھ نہ جلے گا اور اگر جھوٹا ہوں تو جل

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جائے گا۔ چونکہ آگ کا کام جلاتا ہے' اِس لئے اکثر چور ڈر کے مارے اِقرار کر لیا کرتے تھے (۲)(مجازاً) سخت قسم کھانا۔

تیل نکالنا (اَر۔ محاورہ)(۱) روغن کشی کرنا۔ بیجوں کو دبا کر تیل حاصل کرنا۔ تیل پیلنا (۲) سخت محنت کرانا۔ بہت کام لینا (۳) ست نکال لینا۔

تیل (نکل جانا) نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بیجوں سے تیل حاصل ہونا (۲) طاقت ضائع ہونا۔ سخت کمزور ہونا (۳) دیوالا نکل جانا۔

تیل نہ مٹھائی' چُولھے دھری کڑھائی (اَر۔ مثل) پاس کچھ نہیں اور شیخی بہت۔

تیل ہو کے بہہ جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) رقیق ہو کر نکل جانا (۲) ضائع ہو جانا۔

تیلاڑی (تیل۔ ڑی)(ھ۔ ا۔ مث) تیل کا برتن۔

تیلن (تے۔ لن)(ھ۔ ا۔ مث) تیلی کی بیوی (۲) تیلی قوم کی عورت۔

تیلنی (تیل۔ نی)(ھ۔ ا۔ مث)(۱) تیلن (۲) تتی (۳) ایک قسم کا کیڑا جو تیل میں پلیا جاتا ہے (۴) ایک قسم کی مکھی۔

تِیلی (تی۔ لی) (ھ۔ ا۔ مث) لکڑی وغیرہ کی باریک تیج یا سلائی (۲) پنجرے کا تار۔ جمع: تیلیاں۔ تیلیوں۔

تیلی (تے۔ لی)(ھ۔ ا۔ مذ)(۱) ایک قوم جو تیل نکالتی اور بیچتی ہے (۲) اِس قوم کا ایک فرد (۳) تیل بیچنے والا (۴)(مجازاً) نہایت گندہ آدمی۔ جمع: تیلی۔ تیلیوں۔

تیلی جوڑے پلی پلی اور رام لنڈھائے کُپا (ھ۔ مثل) دیکھئے بندہ جوڑے پلی پلی۔

تیلی خصم کیا اور پھر بھی رُوکھا ہی کھایا (اَر۔ مثل) بُرا کام بھی کیا اور مُراد پھر بھی نہ ملی۔

تیلی راجا (اَر۔ ا۔ مذ)(۱) فقیروں کا ایک فرقہ جو تیل مانگ کر اپنے کپڑوں اور سر پر ملتا ہے (۲) وہ شخص جو بہت میلے کپڑے پہنے۔

تیلی کا بَیل (اَر۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو رات دن محنت کرتا رہے۔

تیلی کا بَیل کیا جانے جنگل کی سار (اَر۔ مثل) مقید آدمی کو آزادی کی قدر نہیں ہوتی۔

تیلی کا بَیل مرے کمہاری ستی ہو (اَر۔ مثل) کسی کے ساتھ بے فائدہ ہمدردی یا بے جوڑ بات کے موقع پر کہتے ہیں۔

تیلی کا تیل جلے مشعلچی مُفت کُوھے (تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا دل جلے۔ تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا سر دُکھے) (اَر۔ مثل) خرچ کسی کا ہو اور کُوھے کوئی۔

تیلی کے بَیل کو گھر ہی کوس پچاس (اَر۔ مثل) غریب آدمی گھر کا کام ہی کرتے کرتے تھک جاتا ہے۔

تیلی کے تینوں مریں اُوپر سے ٹوٹے لٹھ (اَر۔ مثل) کسی کا نقصان ہو ہمیں کیا۔ لاپروائی جتانے کو کہتے ہیں۔

تیلیا (تیل۔ یا) (ھ۔ صف) (۱) تیل کے رنگ کا (۲) چکنا۔ چکنائی لئے ہوئے (۳) ایک سیاہی مائل رنگ۔

تیلیا بھیس کرنا (اَر۔ محاورہ) نہایت میلے کچیلے کپڑے پہننا۔

تیلیا پانی (اَر۔ ا۔ مذ) کھاری اور تیل ملا ہوا پانی جو پُرانے کنوؤں میں سے نکلتا ہے۔

تیلیا سُرنگ (اَر۔ ا۔ مذ) سیاہی مائل سُرخ رنگ کا گھوڑا۔ کمیت گھوڑا۔

تیلیا سُہاگا (اَر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سہاگا جو دیکھنے میں چکنا ہوتا ہے۔

تیلیا کاکریزی (کاک۔ رے۔ زی)(اَر۔ ا۔ مذ) گہرا اُودا رنگ۔

تیلیا کتھا (اَر۔ ا۔ مذ) کتھا جو اَندر سے سیاہ ہوتا ہے۔

تیلیا کمیت (اَر۔ ا۔ مذ) سیاہی مائل سُرخ گھوڑا۔

تیلیا مسان (ھ۔ ا۔ مذ)(۱) تیلی کی خبیث رُوح (۲) بہت گندہ اور کالا آدمی۔

تیلیا مونگیا (اَر۔ ا۔ مذ) بہت سیاہی مائل سبز رنگ۔

تِیم (ق۔ ا۔ مث) رطوبت۔ طراوت۔

تیمار (تی۔ مار)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) بیمار کی خبر گیری (۲) طبیعت کی ناسازی (۳) علاج مُعالجہ (۴) ہمدردی۔ بیمار پُرسی۔

تیمار دار (ف۔ صف) بیمار کی دیکھ بھال کرنے والا۔

تیمارداری (ف۔ ا۔ مث)(۱) بیمار کی خدمت (۲) علاج مُعالجہ۔

تَیَمُّم (ت۔ یَم۔ مُم)(ع۔ ا۔ مذ) پاک کرنا۔ طہارت کرنا۔ مسلمانوں کو غسل یا وضو کے لئے پانی نہ ملے تو وہ دونوں ہتھیلیاں مع اُنگلیوں کے پاک مٹی یا کسی اور چیز پر جس سے مٹی چمٹی ہو مارتے ہیں اور اُس کے بعد مُنہ اور بازوؤں پر پھیرتے ہیں۔ اسے تیمم کہتے ہیں۔

تَیَمُّن (ت۔ یَم۔ مُن) (ع۔ ا۔ مذ)(۱) برکت (۲) کامیابی۔

تَیَمُّناً و تَبَرُّکاً (ت۔ یَم۔ مُن۔ نَن۔ و۔ ت۔ بَر۔ رُ۔ کن) (ع۔ متعلق فعل) برکت اور تبرّک کے طور پر۔

تیمور (تی۔ مُور)(ت۔ ا۔ مذ)(۱) فولاد (۲) ایک مشہور مُغل فاتح جو چنگیز خان کی نسل سے تھا۔ تیمور لنگ۔

تَین (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ق۔ ا۔ مذ) جتن۔ کوشش۔

تِین (ھ۔ ا۔ عدد) دو اور ایک۔ ۳۔

تین بُلائے تیرہ آئے۔ دے دال میں پانی (اَر۔ مثل) جب مطلوبہ تعداد سے زیادہ آدمی دعوت میں آجائیں تو اُتنے ہی کھانے میں اُنہیں نمٹانا پڑتا ہے (۲) کفایت شعاری کرنا۔

تین بُلائے تیرہ آئے' دیکھو یہاں کی ریت۔ باہر والے کھا گئے اور گھر کے گاویں گیت (اَر۔ مثل) جب کسی دعوت میں مقررہ تعداد سے زیادہ آدمی آجائیں' میزبان کا سارا کھانا ختم ہو جائے اور اُس کے بیوی بچے بھوکے رہیں تو اُس موقع پر کہتے ہیں (۲) بے موقع اور بے مصرف خرچ ہونا۔

تین پانچ کرنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑا کرنا (۲) دغا بازی کرنا۔ دھوکا دینا۔

تین پیڑ بکائن کے میاں باغبان (چلے باغ میں) (اَر۔ مثل) غریب شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔

تین تفرقہ (اَر۔ صف) پریشان۔ پراگندہ۔ منتشر۔ متفرق۔ تتر بتر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تین تلوک نظر آنا (ہ۔ محاورہ) (۱) زمین، آسمان اور پاتال کا دکھائی پڑنا (۲) بے حد پریشان ہونا۔
تین تیرہ (ار۔ صف) تتر بتر۔
تین تیرہ آٹھ اٹھارہ (ار۔ صف) پریشان۔ خراب۔ خستہ۔
تین تیرہ بارہ باٹ (ار۔ صف) ضائع۔ برباد۔ تباہ۔
تین تیرہ کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) پریشان کرنا۔ تتر بتر کرنا (۲) خرچ کرنا۔ اُڑا دینا۔
تین ٹانگ کی گدھی (گھوڑی) نو من کی لادنی (ار۔ مثل) طاقت سے زیادہ کام لینے کے موقع پر کہتے ہیں۔
تین چپاتی نو براتی کھاؤ چُورم چُور (ار۔ مثل) جب کوئی عورت کسی دعوت وغیرہ کے موقع پر کنجوسی کرتی ہے تو عورتیں طعنے کے طور پر کہتی ہیں۔
تین حرف بھیجنا (ار۔ محاورہ) لعن (لعنت) بھیجنا (۲) ترک کرنا۔ چھوڑ دینا۔
تین دن قبر (گور) میں بھی بھاری ہوتے ہیں (ار۔ مثل) مسلمانوں کے اِعتقاد میں قبر میں تین دن تک حساب کتاب ہوتا ہے۔ دُنیا کے معاملات بعدِ مرگ بھی پیچھا نہیں چھوڑتے۔
تین رقمی قانون (ار۔ ا۔ مذ) (علم حساب) اربعہ متناسبہ۔
تین کانے (ار۔ ا۔ مذ) (۱) پانسے کے تین نقطے۔ جب تین نشان ایک ایک کر کے اکٹھے پڑیں۔ یہ سب سے کم شمار ہوتے ہیں (۲) (مجازاً) ناکامی۔ نامرادی۔
تین روزہ زندگی (ار۔ ا۔ مث) اِنسان کی عمر جو بہت مختصر ہے۔
تین گناہ خُدا بھی بخشتا ہے (ار۔ مثل) جب کسی سے معافی مانگنی ہو تو کہتے ہیں۔
تین میں نہ تیرہ میں (ار۔ مثل) (۱) اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو نہایت معمولی حیثیت کا ہو اور جس کی کوئی قدر نہ ہو (۲) نکما آدمی۔
تینتالیس (تین۔ تا۔ لیس) (ہ۔ ا۔ عدد) چالیس اور تین۔ ۴۳۔
تینتیس (تین۔ تیس) (ہ۔ ا۔ عدد) تیس اور تین۔ ۳۳۔
تینترا (تین۔ ت۔ را) (ہ۔ صف) وہ بیٹا جو تین بیٹیوں کے بعد پیدا ہو۔
تینتری (تین۔ ت۔ ری) (ہ۔ صف) وہ بیٹی جو تین بیٹوں کے بعد پیدا ہو۔
تیند (بیائے مجہول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک جنگلی درخت کی لکڑی جو جلنے میں چٹختی ہے۔
تیندو (تیں۔ دو) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک درخت کا پھل۔
تیندوا (تیند۔ وا) (یائے مجہول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) چیتے کی قسم کا ایک درندہ۔ جمع: تیندووں۔ تیندوے۔
تیندول (ق۔ ا۔ مذ) ایک جنگلی پھل کا نام۔
تینوں (تی۔ نوں) (ہ۔ عدد اِستغراقی) تین کے تین۔
تیواری (تے۔ وا۔ ری) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھیے تواری۔
تیور (تے۔ ور) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) نظر۔ چتون (۲) چہرے کا طور یا ڈھنگ (۳) بھوں (۴) بینائی۔ بصارت (۵) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا (کسی صدمے کی وجہ سے)۔ جمع: تیور۔ تیوروں۔
تیور بدل جانا (ار۔ محاورہ) بے مروّت ہو جانا۔ نگاہیں پھر جانا۔
تیور بُرے نظر آنا (ار۔ محاورہ) نگاہ بد ہو جانا۔ دُشمن ہو جانا۔ بُرا اِرادہ معلوم ہونا۔
تیور بگڑنا (ار۔ محاورہ) (۱) پہلی سی نظر نہ رہنا۔ بے مروّت ہو جانا (۲) نگاہوں سے خفگی ظاہر ہونا۔
تیور (پہچاننا) تاڑ جانا (ار۔ محاورہ) قیافے سے مزاج کا حال معلوم ہونا۔
تیور بوُجھنا (ار۔ محاورہ) نظر سے دل کا حال معلوم کرنا۔
تیور پر بَل آنا (ار۔ محاورہ) غُصّے کے آثار ظاہر ہونا۔ چیں بجبیں ہونا۔
تیور جلنا (ار۔ محاورہ) (۱) چکا چوند ہونا۔ روشنی برداشت نہ کر سکنا (۲) بینائی کم ہو جانا۔ بصارت میں فرق آ جانا۔
تیور دیکھنا (ار۔ محاورہ) صورت یا نگاہ سے مزاج کی حالت دیکھنا۔ طبیعت کا رنگ دیکھنا۔
تیور میلے ہونا (ار۔ محاورہ) آنکھوں سے کدورت اور ملال ٹپکنا۔ چہرے یا نگاہ سے ناراضی ظاہر ہونا۔
تیورا کر گرنا (ہ۔ مص مُرکّب) چکرا کر گر پڑنا۔ بے ہوش ہو جانا۔
تیورانا (تیو۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔ غشی کی حالت ہونا۔
تیورس (تیو۔ رَس) (ہ۔ ا۔ مذ) آنے والا یا گزرا ہوا تیسرا برس۔
تیوری (تیو۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) نظر۔ چتون۔ نگاہ۔ پیشانی (۲) ماتھے کی سلوٹ۔ جمع: تیوریوں۔ تیوریاں۔
تیوری (بدلنا) چڑھانا (ار۔ محاورہ) چیں بجبیں ہونا۔ غُصّے ہونا۔ ناک بھوں چڑھانا۔
تیوری چڑھی (ار۔ صف) مغرور عورت۔ بد دماغ عورت۔
تیوری (چڑھنا) میں بَل پڑنا (ار۔ محاورہ) ماتھے پر شکن پڑنا۔ آزردہ ہونا۔
تیوری کا بَل کھلنا (ار۔ محاورہ) رنجش رفع ہونا۔ خفگی دُور ہونا۔
تیون (تی۔ وَن) (ہ۔ ا۔ مذ) چٹنی۔ اچار۔ سالن۔ ترکاری۔
تیون بن نہ روٹی سوہے، گوندھے بن نہ چوٹی سوہے (ہ۔ مثل) سالن کے بغیر روٹی اچھی نہیں لگتی اور چوٹی بغیر گوندھے اچھی نہیں لگتی۔
تیوہار (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھیے تہوار۔
تیوہاری (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تیوہار کا اِنعام۔ عیدی۔ وہ رسد جو تہوار کے موقع پر عزیزوں کو بھیجتے ہیں۔
تیہا (تے۔ ہا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) غُصّہ (۲) تیزی۔ جوش۔ حرارت۔
تیہو (تی۔ ہو) (ف۔ ا۔ مذ) تیتر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔ لوا۔
تیئیس (تے۔ ایس) (ہ۔ ا۔ عدد) تین اُوپر بیس۔ ۲۳۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹ

ٹ (ٹے)(ف۔ا۔مث) اُردو حروفِ تہجی کا پانچواں اور ہندی زبان کا گیارھواں حرف۔ فارسی اور عربی زبانوں میں نہیں ہے۔ عرب و ایرانی اسے تائے ثقیلہ اور تائے ہندی کہتے ہیں۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے اَعداد بھی چار سو ہیں۔ بعض کلمات کے آخر میں آکر مصدری معنی دیتا ہے جیسے سجاوٹ۔ بناوٹ۔

ٹـا

ٹابَر (ٹا۔بَر)(ف۔ا۔مذ)(۱) ٹبر۔ خاندان۔ کنبہ (۲) چھوٹا سا گھر (۳) چھوٹی جھیل (۴) چھوکرا۔ کم عمر لڑکا۔

ٹاپ (ف۔ا۔مث)(۱) گھوڑے کا سُم (۲) گھوڑے کے اگلے پاؤں کی ضرب (۳) گھوڑے کے چلنے یا دوڑنے کی آواز (۴) تھاپ۔ ہاتھ مارنے کی آواز (۵) مچھلیاں پکڑنے کا کھانچا (۶) چارپائی کے پائے کا گردا جو زمین پر ٹکا ہوتا ہے (۷) مُگدر کا نچلا موٹا حصّہ (۸) فرشی حُقّے کا نچلا حِصّہ (۹) ڈھول بجانے کی چوٹ۔

ٹاپ دار (ف۔ف۔صف) آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا۔ موٹے سر کا۔ گرہ دار۔

ٹاپ سہارنا (اَر۔ محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔ مُصیبت جھیلنا۔

ٹاپ مارنا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کا چلنے یا دوڑنے میں زمین پر سُم مار کر آواز پیدا کرنا (۲) بے کار ہونا (۳) چھلانگ مار کر کود جانا۔

ٹاپا (ف۔ا۔مذ)(۱) مُرغیوں کا کھانچا (۲) لکڑی کی جالی دار چوکھٹ' جو بچّوں کے پنگوڑے پر ڈھانکتے ہیں (۳) چوکھٹ دار ڈھکنا (۴) کپڑے کا غلاف (۵) ایک قسم کی کشتی جس پر چوکھٹ دار ڈھکنا ہو (۶) گنّے کا وہ کھیت جس میں گنّے کم ہوں۔

ٹاپا توڑ کر نکل جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) صاف نکل جانا (۲) بچ جانا۔

ٹاپا ٹوہیا (ف۔ا۔مذ) تلاش۔ جُستجو۔

ٹاپا ٹوئی کرنا (اَر۔ محاورہ) ٹٹولنا۔ ٹوہنا۔ ڈھونڈھنا۔ کھوجنا (۲) ٹپکتی چھت کی مرمت کرنا۔

ٹاپتا پھرنا (ف۔مص)(۱) مارا مارا پھرنا (۲) حیران و پریشان پھرنا۔ بھٹکتا پھرنا۔

ٹاپتا رہ جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) کسی چیز کی آرزو یا اِنتظار میں بیٹھا رہنا (۲) کوئی چیز نہ ملنے سے دل مار کر بیٹھ جانا (۳) اَفسوس کرنا۔

ٹاپنا (ٹاپ۔نا)(ف۔مص)(۱) کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا۔ ڈھونڈنا۔ کوشش کرنا (۲) اِنتظار کرنا (۳) بیکار پھرنا (۴) بے چین ہونا (۵) اَفسوس کرنا (۶) کودنا۔ پھاندنا (۷) گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا۔

ٹاپُو (ف۔ا۔مذ) جزیرہ۔ خشکی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف پانی سے گھرا ہو۔

ٹاٹ (ف۔ا۔مذ)(۱) سَن کا بنا ہوا کپڑا۔ بوری کا کپڑا (۲) ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی (۳) بونٹ کا سبز خول جس کے اَندر چنا ہوتا ہے (۴) چٹائی۔

ٹاٹ اُلٹ جانا (اُلٹنا) (اَر۔ محاورہ)(۱) دیوالا نکلنا۔ دیوالیا ہو جانا۔

ٹاٹ باف (ف۔ف۔صف) تار باف کا بگاڑ۔ جوتی پر سونے چاندی کے تار ٹانکنے والا۔ زر دوز۔

ٹاٹ بافی جوتا (ف۔ف۔ا۔مذ) یہ دراصل تار بافی جوتا ہے۔ وہ جوتا جس پر کلابتوں کا کام ہو۔ کامدار جوتا۔

ٹاٹ باہر ہونا (اَر۔ محاورہ) برادری سے خارج ہونا۔

ٹاٹ کا لنگوٹا' نواب سے یاری (اَر۔مثل)(۱) مُفلسی میں امیروں سے دوستی (۲) اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنے والے کے حق میں یہ مثل کہی جاتی ہے۔

ٹاٹ' کاملا' ڈولرا' تینوں جات گلام۔ جت چاہے جت بیٹھ کر محنت کرو بسرام (ف۔مثل) ٹاٹ' کمبل (کاملا) اور دوہی (ڈولرا) یہ تینوں ویسے تو گھٹیا چیزیں ہیں مگر اِن سے آرام بہت ملتا ہے۔

ٹاٹ کا ملی گھر میں کھالے۔ باہر بتاوے شال دوشالے (ف۔مثل) معمولی حیثیت کا آدمی اپنے بارے میں شیخیاں بگھارے تو یہ مثل کہتے ہیں۔

ٹاٹ کی انگیا مُونجھ کی تنی۔ دیکھ میرے دیورا میں کیسی بنی (ف۔مثل) غلط اور بے جا حرکت پر اِترانا۔ (تنی: ڈوری)۔

ٹاٹ میں مُونجھ کا بخیہ (اَر۔مثل) جیسی چیز ویسا اُس کا ساز و سامان۔ موزوں اور مناسب کام۔

ٹاٹا (Tata) (انگ۔ا۔مذ) خُدا حافظ۔ فی امان اللہ۔ (بچّوں کی بولی)۔

ٹاٹری (Tatri) (انگ۔ا۔مث) کریم آف ٹارٹر کا مخفف۔ وہ مسالا جس سے خمیر اُٹھاتے ہیں۔

ٹار (Tar) (انگ۔ا۔مذ) گندہ بروزہ۔ تارکول۔ کول تار۔ سیاہ رنگ کا مادّہ جو پتھر کے کوئلے سے نکالا جاتا ہے۔

ٹارا (ف۔ا۔مذ) وہ کبوتر جو دیر تک اُڑتا رہے۔

ٹارا ٹوک (ف۔صف) وزن میں ٹھیک یا پورا۔

ٹارچ (Torch) (انگ۔ا۔مث)(۱) مشعل۔ فتیلہ (۲) دھات یا پلاسٹک کا لمبوترا خول جس کے اَندر بیٹری سیل ہوتے ہیں اور مُنہ پر بلب لگا ہوتا ہے۔

ٹاس (Toss) (انگ۔ا۔مذ) سِکّے کو اُچھال کر اِس اَمر کا فیصلہ کرنا کہ کون کسی کام کو پہلے شروع کرے۔

ٹافی (Toffee) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی انگریزی مٹھائی۔

ٹاکنا (ٹاک۔نا)(ق۔مص) ٹھہرنا۔ رُکنا۔

ٹاکی (Talkie) (انگ۔ا۔مث)(سنیما) بولتی فلم۔

ٹال (Toll)۔ دیکھئے ٹول۔

ٹال (ف۔ا۔مث)(۱) جلانے کی لکڑی کی دُکان (۲) بانس یا گھاس کا اَنبار یا ڈھیر (۳) اَناج یا بھُس کا ذخیرہ (۴) گائے یا ہاتھی کے گلے کی گھنٹی (۵) ٹالم ٹول۔ بہانہ سازی۔ لیت و لعل۔

ٹال آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) اونے پونے (جن داموں بک سکے اُنہی داموں) بیچ آنا (۲) کسی کو دَم دلاسا دے کر رُخصت کر آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹال بتا اُس کو نہ تُو جس سے کیا اِقرار۔ چاہے ہووے بیری تیرا چاہے ہووے یار (ہ۔مثل) وعدہ جس سے کرو پورا کرو خواہ وہ دُشمن ہو یا دوست۔

ٹال بجا کے مانگے بھیک اُس کا جوگ رہا کب ٹھیک (ہ۔مثل) گھنٹی بجا کے مانگنے والے سادھوؤں پر طنز ہے۔

ٹال ٹپال (ٹال ٹول) (ہ۔ا۔مث) حیلہ۔ بہانہ۔

ٹال جانا (اُر۔ محاورہ) درگزر کرنا۔ طرح دینا۔ نظر انداز کرنا۔

ٹال دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کو بہانہ بنا کر رُخصت کر دینا (۲) کوئی بات سُنی اَن سُنی کر دینا (۳) کوئی کام دانستہ نہ کرنا (۴) بہلا دینا۔

ٹال کر دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کہیں جانے کا اِرادہ چھوڑ دینا (۲) کوئی کام کرنے سے باز رہنا۔

ٹالم ٹول (ٹال مٹول) (ہ۔ا۔مث) بہانہ سازی۔ حیلے حوالے۔ لیت ولعل۔

ٹال مٹول کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دیر لگانا (۲) بہانے کرنا (۳) حیلے حوالے کرنا۔

ٹال مٹول۔ وقت کا چور (اُر۔ مثل) (۱) حیلے حوالے کر کے وقت گنوانے والا (۲) سُست اور کام چور ملازم۔

ٹالا (ہ۔ا۔مذ) حیلہ۔ بہانہ۔ ٹالنے کی ترکیب۔ تاویل۔ جمع: ٹالوں۔ ٹالے۔

ٹالا بالا (ہ۔ا۔مذ) آج کل آج کل کرنا۔ بہانے بنانا۔

ٹالا بالا (ٹالے بالے) بتانا (دینا) (اُر۔ محاورہ) (۱) ٹالنا (۲) دھوکا دینا (۳) حیلے حوالے کرنا (۴) دیر لگانا۔

ٹالنا (ٹال۔نا) (ہ۔مص) (۱) باز رکھنا (۲) ملتوی کرنا (۳) دفع کرنا (۴) اِنکار کرنا (۵) ہٹانا۔ سرکانا (۶) حیلے حوالے کرنا (۷) دیر لگانا۔ ڈھیل دینا (۸) وقت گزارنا (۹) بہکانا۔ فریب کرنا۔ دھوکا دینا۔

ٹالی (ہ۔ا۔مث) چوپایوں کے گلے کی چھوٹی گھنٹی (۲) دلالوں کی اِصطلاح میں نصف روپیہ۔ اٹھنی۔

ٹالے نہ ٹلنا (اُر۔ محاورہ) رُخصت کرنے یا ٹالنے کی اِنتہائی کوشش کے باوجود نہ جانا۔

ٹامس کپ (انگ۔ا۔مذ) (Thomas Cup) بیڈمنٹن کے عالمی مقابلے کے کپ کا نام۔ اِس کی حیثیت وہی ہے جو ٹینس میں ڈیوس کپ کی ہے۔

ٹامک ٹوئیے مارنا (اُر۔مص مرکب) (۱) اٹکل یا اندازے سے کام کرنا (۲) قیاس سے کام کرنا۔

ٹامی (Tommy) (انگ۔ا۔مذ) گورا فوج کا سپاہی۔

ٹامی گن (Tommy Gun) (انگ۔ا۔مث) چھوٹی مشین گن۔

ٹامیرا (ٹام۔ب۔را) (ق۔ا۔مذ) پانی کا برتن۔

ٹانٹ (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) آدمی کی کھوپڑی۔ چندیا۔

ٹانٹ پر ایک بال نہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) جوتے مار مار کر سر گنجا کر دینا۔ (۲) مُفلس کر دینا۔

ٹانٹ پر ایک بال نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُفلس ہو جانا (۲) (کنایۃً) حوادثِ زمانہ کا شکار ہونا (۳) بہت جوتے لگنا۔

ٹانٹ کھجانا (کھجلانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) سر میں کھجلی ہونا (۲) جوتے کھانے کو جی چاہنا (۳) کھانے یا نقصان کا کام کرنا۔

ٹانٹ کے بال اُڑا دینا (اُر۔ محاورہ) جوتے مار مار کر کھوپڑی گنجی کر دینا۔

ٹانٹ گنجی ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) سر پر بال نہ رہنا (۲) بوجھ اُٹھانے یا جوتیاں کھانے سے بال اُتر جانا (۳) فضول خرچی سے مُفلس ہو جانا (۴) بہت زیادہ مصیبتیں جھیلنا۔

ٹانٹھا (ٹانٹھا) (ٹان۔ٹا) (ٹان۔ٹھا) (ہ۔صف) (۱) مضبوط۔ توانا۔ قوی (۲) موٹا۔ مسٹنڈا (۳) سخت۔ کرخت۔ کڑا۔

ٹانٹھا ہونا (ہ۔ محاورہ) مضبوط ہونا۔ طاقتور ہونا۔

ٹانٹھی (ٹانٹھی) (ہ۔صف) ٹانٹھا یا ٹانٹھا کی تانیث۔

ٹانچ (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) جھگڑا۔ تکرار (۲) ضد (۳) دُشمنی (صف) (۴) بدمزاج (۵) ضدی۔ سرکش (۶) گستاخ (۷) دھوکا دے کر مطلب حاصل کرنے والا۔

ٹانچ کرنا (ٹانچ لانا) (ہ۔ محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔

ٹانچ نہ اُٹھائی جانا (ہ۔ محاورہ) جھگڑا برداشت نہ ہونا۔ کسی کی اکڑفوں کو نہ سہارنا۔

ٹانچنا (ٹانچ۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھانسنا۔ دھوکا دینا (۲) وصول کرنا۔ حاصل کرنا (۳) مزے اُڑانا (۴) خراماں خراماں چلنا۔ چکر لگانا (۵) مقابلے پر آنا (۶) کبوتروں کا سینہ اُبھار کر چلنا۔

ٹانڈ (ٹانڈھ) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ و مث) (۱) مچان (۲) چبوترا (۳) دیوار میں لگا ہوا تختہ (۴) کڑا جو بازو پر پہنا جاتا ہے۔

ٹانڈا (ٹان۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قافلہ۔ سوداگروں کا گروہ (۲) بنجارے کا اسباب (۳) تجارت کا مال (۴) گھر کا سامان (۵) کنبہ۔ خاندان (۶) مویشیوں کی قطار۔

ٹانڈا بھانڈا (ہ۔ا۔مذ) اسباب۔ سامان۔

ٹانڈا لادنا (اُر۔ محاورہ) مالِ تجارت لادنا (۲) گھر کا سامان اور بیوی بچوں کو لے کر کہیں چلے جانا (۳) سفر پر روانہ ہونا (۴) مر جانا۔

ٹانڈا لدنا (لد جانا) (اُر۔ محاورہ) ٹانڈا لادنا کا لازم۔

ٹانسِل (Tonsil) (انگ۔ا۔مذ) گوشت کے اُن دو غدودوں میں سے ایک جو حلق کے دونوں طرف لٹکے رہتے ہیں۔ یہ غدود بڑھ جائیں تو تکلیف دیتے ہیں۔

ٹانک (Tonic) (ٹا۔نِک) (انگ۔ا۔مذ) مقوی دوا۔

ٹانک (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جواہرات تولنے کا وزن جو چوبیس (۲۴) رتی کا ہوتا ہے (مث) کمان جانچنے کا وزن جو ۲۴۔۲۵ سیر کا ہوتا ہے۔ اِس وزن کو کمان کے چلّے میں لٹکا کر ایک تیر کی مار تک کھینچ لینے کو ٹانک کہتے ہیں (۳) حصہ۔ پتی (۴) جانچ۔ اندازہ۔ آنک (۵) بخیہ۔ ٹانکا (۶) کیل۔ میخ (۷) لکھنے کا قلم۔

ٹانک رکھنا (ٹانک لینا) (اُر۔ محاورہ) یادداشت کے واسطے لکھ رکھنا۔ نوٹ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کر لینا۔

ٹانکا (ٹاں۔کا) (و۔ا۔مذ) (۱) سیوَن۔ سِلائی۔ سُوئی کے دھاگے کا ایک دفعہ کپڑے کے اَندر گھس کر باہر نکلنا (۲) زخم کا ایک مرتبہ بخیہ (۳) دھات جوڑنے کا مسالا (۴) کپڑے' چمڑے یا دھات کا جوڑ یا پیوند (۵) حوض یا تالاب جس میں برساتی پانی پینے کے لئے اکٹھا کرتے ہیں (۶) پیوند۔ جمع: ٹانکے۔ ٹانکوں۔

ٹانکا بھرنا (پھیرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سینا (۲) پھٹا پُرانا مرمت کرنا (۳) زخم سینا (۴) عیب پوشی کرنا (۵) مُصیبت میں تسلّی دینا۔

ٹانکا ٹوٹنا (اُدھڑ جانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سیوَن اُدھڑنا (۲) سیوَن کا دھاگا ٹوٹ جانا (۳) زخم کی سیوَن کا دھاگا ٹوٹنا۔

ٹانکا جانا (اَر۔ محاورہ) کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیر کرنا۔

ٹانکا جھالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹوٹے ہوئے زیور یا برتن کو ٹانکا لگا کر جوڑ دینا (۲) یارانہ گانٹھ لینا (۳) کپڑا سینا (۴) زخم سینا۔

ٹانکا کاٹ لینا (اَر۔ محاورہ) زیور سے ٹانکے کی قیمت کاٹ کر دام ادا کرنا۔

ٹانکا کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹانکا لگنا (۲) ٹانکا لگنے کی صلاحیت ہونا (۳) زخم سِلوانا۔

ٹانکا کُھلنا (اَر۔ محاورہ) سیوَن کُھل جانا۔ کپڑے یا چمڑے وغیرہ کا اُدھڑ جانا (۲) عیب ظاہر ہونا۔ بھید کُھل جانا۔ راز ظاہر ہو جانا۔

ٹانکا لگانا (اَر۔ محاورہ) کپڑا سینا۔ زخم سینا۔ ٹوٹے ہوئے برتن یا زیور میں ٹانکے سے جوڑ لگانا (۲) دوستی یا میل ملاپ کرانا۔ نسبت کرانا۔ شادی کرانا (۳) پرندکی آنکھیں سی دینا۔

ٹانکا مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) موٹی سلائی کرنا (۲) جلدی جلدی سینا (۳) گھونپنا۔

ٹانکنا (ٹانک۔نا) (ہ۔مص) (۱) سینا (۲) موتی یا بُنت یا لچکا' سُوئی تاگے سے لگانا (۳) زخم سینا (۳) جوتا سینا (۵) باندھنا۔ جوڑنا۔ ٹانکے لگانا (۶) ختمی کرنا (۷) ٹوٹے ہوئے برتن یا زیور کو جوڑنا (۸) لکھنا۔ یادداشت رکھنا (۹) داخل کرنا۔ لگانا۔ دینا (۱۰) کھا جانا (۱۱) آویزاں کرنا (۱۲) بجنا۔ جھنکار ہونا (ق)۔

ٹانکھ (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) زمین دوز تالاب جس میں پانی کا ذخیرہ کیا جائے۔

ٹانکی (ٹاں۔کی) (ہ۔ا۔مث) (۱) خربوزے تربوز کی وہ پھانک جس سے معلوم کیا جائے کہ پھل میٹھا ہے یا نہیں (۲) سنگ تراشوں کا ایک اوزار (چھینی) (۳) سُوراخ۔ چھید (۴) آتشک یا سُوزاک کا زخم (۵) آرے کا دندانہ (۶) لکڑی یا لوہے کا پانی رکھنے کا برتن۔ ٹنکی۔

ٹانکی بجنا (اَر۔ محاورہ) (۱) عمارت کی تعمیر ہونا (۲) سنگ تراشی کا کام ہونا۔

ٹانکی لگانا (اَر۔ محاورہ) چھید کرنا۔ سُوراخ کرنا۔ پھانک تراش کر خربوزے یا تربوز کی اَندرونی کیفیت معلوم کرنا۔

ٹانکے (ٹاں۔کے) (ہ۔ا۔مذ) ٹانکا کی جمع (۲) ٹانکا کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

ٹانکے اُدھڑ جانا (اُدھڑنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سِلائی کے ٹانکے اُدھڑ جانا (۲) تباہ و برباد ہو جانا (۳) بھید کُھل جانا۔ حقیقت آشکار ہو جانا۔

ٹانکے اُدھیڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بخیے کے دھاگے نکال دینا۔ سیوَن کھولنا (۲) راز ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا (۳) تباہ کرنا (۴) عاجز کرنا۔ ہرانا۔

ٹانکے ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ٹانکا ٹوٹنا۔

ٹانکے ڈھیلے ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہمّت ہار دینا۔ سُستی کرنا (۲) عزّت جاتی رہنا (۳) بدحواس ہونا (۴) اِرادے میں ضُعف آ جانا۔

ٹانکے کا کچا (اَر۔صف) (۱) ایسا درزی جس کے ہاتھ کی سِلائی جلد اُدھڑ جائے (۲) وہ زیور جس میں کم زور ٹانکا لگا ہو۔

ٹانکے کُھلنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے ٹانکا کُھلنا۔

ٹانگ (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) جسم کا وہ حِصّہ جو ران کی جڑ سے پاؤں تک ہے (۲) دلالوں کی اِصطلاح میں چوتھائی حِصّہ۔ جمع: ٹانگیں۔ ٹانگوں (۳) ٹانگنا مصدر کا صیغۂ اَمر۔

ٹانگ اُٹھا کر مُوتنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کتّے کی طرح پیشاب کرنا (۲) بدتمیزی اور بے حیائی پر اُتر آنا۔

ٹانگ اُٹھے نہ' چڑھا جائے ہاتھی پر (اَر۔مَثَل) طاقت کا تو یہ عالم ہے کہ ٹانگ اُٹھتی نہیں لیکن ہاتھی پر چڑھا چلا جا رہا ہے۔ اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی طاقت اور بساط سے بڑھ کر کام کرنا چاہتا ہو۔

ٹانگ اَڑا دینا (ٹانگ اَڑانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں پھنسانا (۲) بے ضرورت دخل دینا (۳) درمیان میں مداخلت کرنا (۵) روکنا۔ آگے چلنے نہ دینا۔

ٹانگ اُڑانا (اَر۔ محاورہ) ایک پہلوان کا دُوسرے پہلوان کی ٹانگ اُٹھا کر اُسے چت کرنا۔ (کشتی کا پیچ)۔

ٹانگ برابر (اَر۔صف) چھوٹا سا۔ ذرا سا۔ گستاخ بچّے کے بارے میں کہتے ہیں۔

ٹانگ پسار کے سونا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے بیچ کر سونا۔ بے فکر ہو کر سونا۔

ٹانگ پکڑ کے لائے اور پُونچھ پکڑ کے بہا دیا (اَر۔مَثَل) کوئی عزّت و اِحترام کے ساتھ کہیں لایا گیا ہو' مگر وہاں سے اُسے بے عزّت اور ذلیل کر کے نکالا جائے تو اُس وقت یہ مَثَل بولی جاتی ہے۔

ٹانگ پھنسانا (اَر۔ محاورہ) دخل دینا۔ کسی کام میں شریک یا حِصّے دار ہونا (۲) کسی سے قریبی تعلّق ہونا (۳) مجبور کرنا۔ پابند کرنا۔

ٹانگ پھنسنا (اَر۔ محاورہ) ٹانگ پھنسانا کا لازم۔

ٹانگ تلے (ٹانگ کے نیچے) سے نکل جانا (نکلنا) (اَر۔ محاورہ) ہار مان لینا۔ مغلوب ہو جانا۔ شکست کا اِقرار کر لینا۔

ٹانگ تلے (ٹانگ کے نیچے) سے نکال دینا (نکالنا) (اَر۔ محاورہ) نیچا دکھانا۔ ہرانا۔ عاجز کر دینا (۲) اطاعت کروانا۔

ٹانگ توڑ کے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) جم کے بیٹھنا۔ ایک جگہ بیٹھے رہنا۔ جہاں بیٹھ جانا وہاں سے نہ اُٹھنا۔

ٹانگ توڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اپاہج کر دینا۔ کسی کام کا نہ رہنے دینا (۲) کسی زبان کی معمولی شُدبُد پر وہ زبان لکھنے بولنے یا پڑھنے کی کوشش کرنا۔

ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا (اَر۔ محاورہ) اپنے پاس اِس طرح بٹھانا کہ ہلنے یا سرکنے نہ دینا۔ پہلو میں بٹھانا۔

ٹانگ لگانا (اَر۔ محاورہ) کُشتی میں ٹانگ کا پیچ لگانا۔

ٹانگ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹانگ پکڑنا (۲) کتّے کا کاٹنے کے لئے لپکنا (۳) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹانگ مارنا (اِ۔ محاورہ) کشتی لڑنے میں ٹانگ کا داؤں کرنا۔ ٹانگ لگانا۔

ٹانگا (ٹاں۔ گا) (اِ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی۔ نیز دیکھئے تانگا (۲) ٹانگنا مصدر کا ماضی مطلق۔

ٹانگ دینا (اِ۔ محاورہ) دیکھئے ٹانگنا۔

ٹانگن (ٹاں۔ گن) (و۔ ا۔ مذ) پہاڑی ٹٹو۔

ٹانگنا (ٹانگ۔ نا) (و۔ مص) لٹکانا۔ آویزاں کرنا (۳) پھانسی دینا۔

ٹانگوں (ٹاں۔ گوں) (و۔ ا۔ مث) ٹانگ کی جمع۔

ٹانگوں کا جواب دے دینا (اِ۔ محاورہ) آگے چلنے کی طاقت نہ رہنا۔ اتنی زیادہ تکان ہونا جو قابلِ برداشت نہ ہو۔ تھک جانا۔

ٹانگوں میں منہ ڈال کے چولہے کے آگے نام لینا (اِ۔ محاورہ) عورتیں کسی کو جلد نکالنے کے لئے یہ ٹوٹکا کرتی ہیں۔

ٹانگیں (ٹاں۔ گیں) (و۔ ا۔ مث) ٹانگ کی جمع۔

ٹانگیں توڑنا (اِ۔ محاورہ) بہت زیادہ دوڑ بھاگ کرانا۔ پریشان کرنا (۲) بہت زیادہ دوڑتے پھرنا۔ پریشان ہونا (۳) (مص مُرکّب) ٹانگیں شکستہ کرنا۔

ٹانگیں ٹوٹنا (اِ۔ مص مُرکّب) ٹانگوں کا شکستہ ہو جانا (اِ۔ محاورہ) تھک کر چور ہو جانا۔ چلنے کی طاقت نہ رہنا۔

ٹانگیں رہ جانا (اِ۔ محاورہ) (۱) تھک کر چور ہو جانا (۲) سُوکھے کی بیماری کی وجہ سے ٹانگیں بیکار ہو جانا۔

ٹاور (Tower) (انگ۔ ا۔ مذ) بُرج۔ مینار۔ لاٹھ۔

ٹائپ (Type) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) چھاپے کے ڈھلے ہوئے حروف جو سیسے کے ہوتے ہیں (۲) ٹھپا (۳) وضع۔ نمونہ۔ نقشہ۔ صورت۔

ٹائپ رائٹر (انگ۔ ا۔ مذ) ٹائپ کرنے والی مشین۔

ٹائپسٹ (Typist) (انگ۔ ا۔ مذ) ٹائپ کرنے والا۔

ٹائٹل (Title) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) عنوان (۲) سُرخی (۳) سرِورق۔ سرورق کا مضمون (۴) کتاب وغیرہ کا نام (۵) القاب۔ خطاب۔ منصب۔ عہدہ۔

ٹائر (Tyre) (انگ۔ ا۔ مذ) موٹر یا بائیسکل کے پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ کا خول جس کے اندر ہوا بھری ٹیوب ہوتی ہے۔

ٹائفس (Typhus) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا میعادی بُخار جس میں بدن پر ارغوانی رنگ کے دانے نکلتے ہیں اور عموماً ہذیان بھی ہوتا ہے۔

ٹائل (Tile) (انگ۔ ا۔ مذ) پکی مٹی کی رنگین یا سفید تختی جو عمارت کی تکلّفیں، فرش یا چھت پر لگائی جاتی ہے۔

ٹائم (Time) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) وقت (۲) (بیگاری کی اصطلاح) پُوری مدت۔ پورا وقفہ۔ پوری میعاد۔ میعاد مطلق۔ مدت لازمی۔

ٹائم بم (Time Bomb) (انگ۔ ا۔ مذ) ایسا بم جو مقررہ وقت پر پھٹے۔

ٹائم پیس (Time Piece) (انگ۔ ا۔ مذ) چھوٹا گھنٹا۔

ٹائم ٹیبل (Time Table) (انگ۔ ا۔ مذ) نقشہ تقسیمِ اوقات۔ نظامُ الاوقات۔

ٹائم کیپر (Time-keeper) (انگ۔ ا۔ مذ) وقت کا حساب رکھنے والا (مزدوروں یا ملازموں کا)۔

ٹاؤن (Town) (انگ۔ ا۔ مذ) بلدیہ۔ قصبہ۔ بستی۔ شہر۔

ٹاؤن کمیٹی (Town Committee) (انگ۔ ا۔ مث) چھوٹی میونسپل کمیٹی جو ٹاؤن یا قصبے کی کمیٹی ہوتی تھی۔

ٹاؤن ہال (Town Hall) (انگ۔ ا۔ مذ) شہر کی وہ عمارت جس میں میونسپل کمیٹی کا دفتر ہو (۲) میونسپل کمیٹی کے ممبروں کے جلسہ کرنے کی جگہ۔

ٹائی (Tie) (انگ۔ ا۔ مث) خوشنما ریشمی، اُونی یا سُوتی فیتہ جو مغربی لباس میں قمیص کے کالر کے ساتھ پہنتے ہیں (۲) (کرکٹ) اگر دونوں ٹیموں کی دونوں اننگز کا مجموعہ برابر ہو تو ایسا میچ ٹائی کہلاتا ہے۔

ٹائی فائیڈ (Typhoid) (انگ۔ ا۔ مذ) میعادی بُخار جس سے مریض کی آنتیں اور جگر ماؤف ہو جاتے ہیں۔ بُخار عموماً سات، گیارہ، چودہ، اکیس یا اٹھائیس دن کے بعد اُترتا ہے۔

ٹائیں ٹائیں (اِ۔ ا۔ مث) بکواس (۲) طوطے کی آواز۔

ٹائیں ٹائیں فش (اِ۔ ا۔ مث) بکواس بہت نتیجہ کچھ نہیں۔ خرچ بہت حاصل کچھ نہیں۔

ٹائر (ٹا۔ ئر) (و۔ ا۔ مذ) چھوٹا اور دُبلا گھوڑا۔

ٹائری (ٹا۔ ئی۔ ری) (و۔ ا۔ مث) ٹائر کا مؤنث۔ دُبلی گھوڑی۔

ٹ۔ ب

ٹب (Tub) (انگ۔ ا۔ مذ) ناند۔ بڑا برتن، جو کپڑے دھونے یا نہانے کے کام آتا ہے۔

ٹبّا (ٹب۔ با) (و۔ ا۔ مذ) ٹیلا۔ اُونچی جگہ۔

ٹبّر (ٹب۔ بر) (و۔ ا۔ مذ) (۱) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ اقربا۔ اہل وعیال (۲) مال واسباب (۳) گھر کا خرچ (۴) انتظام کا بار یا ذمے داری۔ جمع ٹبّر۔ ٹبّروں۔

ٹبّر چلنا (اِ۔ محاورہ) کنبے کی پرورش ہونا۔ خاندان کا خرچ پورا ہونا۔

ٹ۔ پ

ٹپ (و۔ ا۔ صوت) (۱) ٹپکنے کی آواز۔ بوندیں گرنے کی آواز (۲) (ا۔ مذ) گاڑی کا سائبان (ہُڈ) جو دھوپ یا بارش روکنے کے لئے ہوتا ہے (۳) خیمے کی دو تہوں میں سے ایک تہ۔

ٹپ ٹپ (و۔ ا۔ صوت) (۱) کسی سیال چیز کے بوند بوند گرنے کی آواز (۲) آنسوؤں کے گرنے کی آواز۔

ٹپ ٹپ آنسو گرنا (اِ۔ محاورہ) آنسوؤں کا تار بندھنا۔ لگاتار رونا۔

ٹپ سے بول اُٹھنا (اِ۔ محاورہ) (۱) بے پوچھے بول اُٹھنا (۲) جھٹ بول اُٹھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹِپ (Tip) (انگ۔ا۔مث)اِنعام یا بخشش جو قُلی' بیرے' چپڑاسی وغیرہ کو دی جاتی ہے۔

ٹپ دینا (اَر۔محاورہ) کسی محنت پیشہ آدمی کو اِنعام دینا۔

ٹَپّا (ٹپ۔پا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) کود۔ پھاند (۲) فاصلہ۔ (بندوق کی گولی کی) زد (۳) دُور دُور کا بخیہ یا ٹیچی (۴) ایک قسم کا گیت (۵) دکنی بولی میں ڈاک خانہ (۶) ایک قسم کا تھک (۷) ضلع یا پرگنے کا حِصّہ (۸) ڈاک یا پالکی لے جانے والوں کی چوکی (۹) مقام۔ مرحلہ۔ پڑاؤ (۱۰) کشتی جو بادبانوں سے چلتی ہے۔

ٹپّا بھرنا (ڈالنا) (اَر۔محاورہ) موٹی سِلائی کرنا۔ دُور دُور بخیہ کرنا۔ کچی سِلائی کرنا (عموماً ٹپے ڈالنا یا ٹپے بھرنا بولتے ہیں)۔

ٹپّا کھانا (اَر۔محاورہ) گولی یا گیند وغیرہ کا کسی چیز سے ٹکرا کر اُچھلنا (۲) کودنا۔

ٹپّا (ٹپّے) گانا (اَر۔مص) ٹپّا راگ گانا (۲)(محاورہ) بے کار بیٹھے رہنا۔ کچھ نہ کرنا۔

ٹپّا مارنا (اَر۔محاورہ)(۱) بے ڈھنگے طریقے سے پڑھنا (۲) کودنا۔ جست لگانا۔

ٹپا ٹپ (ھ۔ا۔صوت)(۱) بُوندوں کی آواز (۲) پانی گرنے کی آواز (۳) پھلوں کے درخت سے گرنے کی متواتر آواز۔

ٹپانا (ٹ۔پا۔نا)(ھ۔مص) کُدانا۔ چھلانگ لگوانا۔

ٹِپانا (ٹ۔پا۔نا)(ھ۔مص) بُوجھ نکالنے کے لئے گنجفے کے پتوں کو بے ترتیب کر دینا (۲) پُھسلانا۔ ورغلانا۔

ٹپ ٹپانا (ٹپ۔ٹ۔پا۔نا)(ھ۔مص) بُوندوں یا قطروں کا لگاتار گرنا۔

ٹپ ٹپری (ٹپ۔ٹ۔ری)(ق۔ا۔مذ) شگوفہ۔

ٹپّر (ٹپ۔پَر)(ھ۔ا۔مذ) چھپّر جو پُرانے چھپّر پر ڈال دیا جاتا ہے۔

ٹِپَس (ٹِپ۔پَس)(ھ۔ا۔مث)(۱) وسیلہ۔ سہارا (۲) بُنیاد۔ بِنا (۳) اِتّفاق۔ میل جول (۴) غرور۔ فخر۔ تکبّر۔

ٹپس لگانا (لڑانا۔جمانا) (اَر۔محاورہ)(۱) تعلّق پیدا کرنا (۲) وسیلہ ڈھونڈنا (۳) مطلب نکالنے کے لئے رسائی حاصل کرنا (۴) بُنیاد ڈالنا۔

ٹپک (ٹ۔پک)(ھ۔ا۔مث)(۱) پانی کے قطرے لگاتار گرنے کی آواز (۲) زخم کی ٹیس یا چمک۔ چَپک۔ دھڑک۔ پھڑک۔

ٹپک پڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) پھسل پڑنا (۲) گرویدہ ہونا۔ فریفتہ ہو جانا (۳) چُونا۔ رِسنا (۴) پھوڑا پُھوٹنا (۵) ظاہر ہو جانا۔ ضبط نہ ہو سکنا (۵) بُوند گر پڑنا (۶) کود پڑنا (۷) یکایک اُوپر سے آ گرنا۔ اچانک آ جانا (۸) اِنزال ہونا (۹) حیض آنا۔

ٹپکا (ٹپ۔کا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) لگاتار بُوندیں گرنا۔ تقاطُر (۲) چھت سے پانی ٹپکنا (۳) پیڑ کا پکا آم یا کوئی اور پھل جو اَزخود گرے (۴) ایسا شخص جو دُوسروں کی باتوں میں دخل دے (۵) (ٹھگوں کی ایک اِصطلاح) پیتل کا کڑا سڑک پر ڈال کر کسی سادہ لوح دیہاتی کو پھانسنے کی کوشش کرنا (۶) اُنگلی سے لگایا ہوا رنگ۔

ٹپکا پڑنا (اَر۔محاورہ) ضبط نہ ہو سکنا۔ نکلا پڑنا (۲) کسی چیز کا کثرت یا زیادتی کی وجہ سے رُک نہ سکنا (۳) مائل ہو جانا۔ گرا پڑنا۔

ٹپکا ٹپکی (ھ۔ا۔مث)(۱) بُوندا باندی۔ ترشح (۲) پھل گرنا یا جھڑنا (۳) وبا کے زمانے میں ایک دو آدمیوں کا روز مرنا (۴) نئے دُکاندار کے پاس اِکّا دُکّا گاہک آنا۔

ٹپکا لگنا (اَر۔محاورہ) چُونا۔ رِسنا۔ قطرے ٹپکنا (۲) آموں کا لگاتار درختوں سے گرنا۔ جھڑی لگنا۔ آنسوؤں کا لگاتار گرنا۔

ٹِپکا (ٹِپ۔کا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) کسی رنگ کا دھبّا جو اُنگلی سے لگایا گیا ہو (۲) آتشی شیشے کا نقطۂ شعاعی (۳) قطرہ۔ بُوند۔

ٹپکانا (ٹپ۔کا۔نا)(ھ۔مص)(۱) گرانا (۲) قطرہ قطرہ بُوند بُوند کر کے پانی ڈالنا یا گرانا (۳) نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔ مقطّر کرنا (۴) گولی مارنا۔

ٹپکاؤ (ٹپ۔کا۔او)(ھ۔ا۔مذ) ٹپکنے کا عمل۔ عرق کشی۔

ٹَپکنا (ٹ۔پک۔نا)(ھ۔مص) (۱) چُونا۔ رِسنا۔ قطرہ قطرہ گرنا۔ چھننا (۲) عرق نکلنا۔ نچڑنا (۳) نظر آنا۔ واضح ہونا (۴) پکے پھل کا اَزخود زمین پر گرنا (۵) پھوڑا پھوٹنا (۶) سپاہیوں کا زخمی ہو کر گرنا (۷) پرندوں کا بلندی سے اُترنا (۸) کسی کی طرف مائل ہونا (۹) فکر کے وقت شعر ہو جانا (۱۰) زخم میں ٹیس اُٹھنا (۱۱) اِنزال ہونا (۱۲) بیچ میں بول اُٹھنا۔

ٹپکی (ٹپ۔کی)(ھ۔ا۔مث) شوخی۔ چلبلا پن۔ چالاکی۔

ٹپکی پڑنا (اَر۔محاورہ) شوخ ہونا۔ چالاک ہونا۔ عورت کا آوارہ ہونا۔

ٹپکے (ٹپ۔کے)(ھ۔ا۔مذ) ٹپکا کی مُغیّرہ صورت۔

ٹپکے کا آم (اَر۔ا۔مذ) وہ آم جو پک کر درخت سے گر پڑے۔

ٹپکے کا ڈر (اَر۔ا۔مذ) اچانک نازل ہونے والی آفت کا ڈر۔

ٹپنا (ٹپ۔نا)(ھ۔مص)(۱) اُچھلنا۔ کودنا (۲) اُچک جانا (۳) پھاند جانا (۴) چھلانگ مارنا۔ اُوپر چڑھنا (۵) پرندوں کا جفتی کرنا (۶) شوخی کرنا (۷) سرپوش سے ڈھانپنا۔

ٹ۔ٹ

ٹٹّا (ٹٹ۔ٹا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) بانس کی کھپچیوں یا سرکنڈوں اور پھوس کی بنی ہوئی بڑی ٹٹّی (۲) ٹٹّی کا پردہ (۳) اوٹ۔ چھپنے کی جگہ۔ آڑ لینے کی جگہ۔

ٹٹّا لگانا (اَر۔محاورہ)(۱) بڑی ٹٹّی باندھنا (۲) بھیڑ لگانا (۳) گھیرا ڈالنا۔

ٹُٹاپا (ٹ۔ٹا۔پا)(ق۔ا۔مذ) مُفلسی۔ غربت۔

ٹُٹ پونجیا (ٹٹ۔پوں۔جیا)(ھ۔صف)(۱) تھوڑی پُونجی یا سرمائے والا (۲) چھوٹا سوداگر۔

ٹِٹ خارنا (ٹِٹ۔خار۔نا)(اَر۔مص) دیکھئے ٹٹکارنا۔

ٹِٹ خاری (ٹِٹ۔خا۔ری)(اَر۔ا۔مث) دیکھئے ٹٹکاری۔

ٹٹّر (ٹٹّرا) (ٹٹ۔ٹر)(ٹٹ۔ٹرا)(ھ۔ا۔مذ) بانس کی ٹٹّی۔ نیز دیکھئے ٹٹّا۔

ٹٹّر (ٹٹّرا) کھول ٹھٹھو آئے (ھ۔مثل)(۱) شیخی بہت مگر حقیقت میں کچھ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نہیں (۲) اس موقع پر بھی بولتے ہیں جب حاکم نا سمجھ ہو اور اُس کے ہاتھوں ظلم کا اندیشہ ہو۔

ٹَرْ وُوں ٹُوں (ٹَ۔ رُوں۔ ٹوں) (ہ۔ ا۔ صوت۔ مذ) (۱) فاختہ اور ٹوٹرو کی آوازیں (۲) (صف) اکیلا۔ تن تنہا۔

ٹروں ٹوں رہ جانا (ا۔ محاورہ) اکیلا رہ جانا۔ کوئی پاس نہ ہونا۔

ٹَرّی (ٹَ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کھوپڑی۔ چندیا (۲) ٹٹی۔ ڈھانچا۔ باڑھ۔

ٹٹری پر بج رہی ہے (ا۔ مثل) کسی کام میں دُشواری پیش آنا۔

ٹٹری گرم کر دینا (چھیت دینا) (ا۔ محاورہ) (۱) بہت مارنا (۲) حیثیت سے زیادہ خرچ کروا دینا۔

ٹٹری گلنا (ا۔ محاورہ) (۱) دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا (۲) روپیہ زیادہ خرچ کرنا۔

ٹٹری گنجی ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) بہت پٹنا (۲) مُفلس ہونا۔

ٹٹری مُونڈنا (ا۔ مص مُرکب) (۱) سر مُونڈنا۔ حجامت کرنا (۲) (محاورہ) دھوکے یا فریب سے خوب لوٹنا۔

ٹَٹّری (ٹَٹ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مذاق۔ ٹھٹھا۔ مزاح (۲) کھوٹ۔ دو رنج کوئی (۳) نقارہ۔ دھونسا۔

ٹٹکارنا (ٹٹ۔ کار۔ نا) (ہ۔ مص) ایڑ لگانا۔ گھوڑے یا گدھے کو چلانے کے لئے مُنہ سے آواز نکالنا۔ نیز دیکھئے ٹٹ خارنا۔

ٹِٹکاری (ٹِٹ۔ کا۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ٹِٹ خاری۔ وہ آواز جو جانوروں کو ہانکتے وقت مُنہ سے نکالتے ہیں (۲) زبانی جمع خرچ (۳) اِشارہ۔ سیٹی۔ آواز۔

ٹِٹکاری پر لگنا (ا۔ محاورہ) (۱) آواز پر لگنا۔ اِشارے یا سیٹی کی آواز پر آنا۔ (۲) مانوس ہونا۔ ہل جانا (۳) مطیع ہونا۔ تابع ہونا۔

ٹَٹُّو (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹے قد کا گھوڑا (۲) زور۔ طاقت۔ جمع: ٹٹو۔ ٹٹوؤں۔

ٹٹو بڑھانا (ا۔ محاورہ) جانا۔ چلے جانا۔

ٹٹو بھڑکنا (ا۔ محاورہ) گھوڑے کا گھوڑی دیکھ کر اُچھلنا کودنا (۲) گھوڑے کا ڈر کر بھاگ جانا۔

ٹٹو پار ہونا (ا۔ محاورہ) کامیابی ہونا۔ مقصد حاصل ہو جانا۔ بیڑا پار ہونا۔

ٹٹو سے (ا۔ متعلق فعل) بلا سے (لاپروائی کا اِظہار)۔

ٹٹو کو کوڑا اور تازی کو اشارہ (ا۔ مثل) ٹٹو کو چلانے کے لئے اُس پر کوڑے برسانے پڑتے ہیں لیکن تازی گھوڑا اِشارے پر چلتا ہے۔ مطلب یہ کہ عقل مند اِشارے پر کام کرتا ہے۔ بے وقوف کو مار کر سمجھانا پڑتا ہے۔

ٹٹوا (ٹٹ۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ٹٹو کی تصغیر (۲) دُبلا کمزور اور حقیر ٹٹو۔

ٹٹوانی (ٹٹ۔ وا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) ٹٹو کی مادہ۔ چھوٹے قد کی گھوڑی۔

ٹٹول (ٹ۔ ٹول) (ہ۔ ا۔ مث) تلاش۔ ڈھونڈ (۲) لمس۔ مس۔ چھونا۔

ٹٹول دیکھنا (ا۔ محاورہ) (۱) ڈھونڈ لینا۔ تلاش کر لینا (۲) آزما لینا۔ اِمتحان کر لینا۔

ٹٹول کرنا (ا۔ محاورہ) چھان بین کرنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔

ٹٹول ہونا (ا۔ محاورہ) تلاش ہونا۔ ڈھنڈیا پڑنا۔

ٹٹولنا (ٹ۔ ٹول۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا۔ بے دیکھے ڈھونڈنا (۲) عندیہ لینا۔ خفیہ خفیہ دریافت کرنا (۳) مالی حیثیت کا اندازہ لگانے کی کوشش کرنا (۴) پرکھنا۔ آزمانا۔

ٹٹولواں (ٹ۔ ٹول۔ واں) (ہ۔ متعلق فعل) اٹکل سے۔ اندازے سے۔

ٹَٹّی (ٹٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بانس یا سرکنڈوں کا بنا ہوا چھپر جو دروازوں یا کھڑکیوں پر لگاتے ہیں یا جن پر بیلیں چڑھاتے ہیں (۲) آڑ۔ پردہ۔ اوٹ۔ حجاب (۳) پاخانہ۔ بیتُ الخلا (۴) شکار کھیلنے کی اوٹ یا آڑ جسے شکاری لوگ ساتھ رکھتے ہیں (۵) بانس کا ٹھاٹر جس پر چراغ رکھ کر روشنی کرتے ہیں (۶) بانس کی پھچیوں کی دیوار، جسے کھڑا کر کے اُس پر آتش بازی رکھتے ہیں (۷) باغ یا چمن کے سرے پر مہندی وغیرہ کا جھاڑ (۸) بیاہ شادی کے موقع پر جو پھول وغیرہ سجا کر لے جاتے ہیں (۹) لمبی ڈاڑھی۔ جمع: ٹٹیاں۔ ٹٹیوں۔

ٹٹی آنا (ا۔ محاورہ) پاخانے جانے کی ضرورت ہونا۔ پاخانہ آنا۔

ٹٹی باندھنا (ا۔ محاورہ) بانس یا سرکنڈوں کی ٹٹی بنا کر کہیں لگانا۔

ٹٹی بندھنا (ا۔ محاورہ) مجمع ہونا۔ لوگوں کا اکٹھا ہو جانا۔

ٹٹی جانا (ا۔ محاورہ) پاخانہ کرنے کے لئے جانا۔

ٹٹی کترنا (ا۔ محاورہ) مہندی کی باڑھ کو تراش کر اس کی سطح برابر کرنا۔

ٹٹی کی آڑ (ا۔ ا۔ مث) ٹٹی کا پردہ، اوٹ یا حجاب۔

ٹٹی کی آڑ (اوٹ یا اوجھل) شکار کرنا (کھیلنا) (ا۔ محاورہ) کسی نیک کام کے پردے میں کوئی بُرا کام یا قابلِ اِعتراض حرکت کرنا۔

ٹٹی کی اوٹ بیٹھنا (ا۔ محاورہ) پردے یا آڑ کے پیچھے بیٹھنا (۲) کمین گاہ میں بیٹھنا (۳) کوئی کام خُفیہ طور پر کرنا۔

ٹٹی لگانا (ا۔ محاورہ) (۱) قنات کھڑی کرنا (۲) پردہ ڈالنا (۳) باڑھ لگانا۔ احاطہ بندی کرنا (۴) بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا۔

ٹٹی میں چھید کرنا (ا۔ محاورہ) کُھل کھیلنا۔ عورت کا بدکار بن جانا۔

ٹٹیا (ٹٹ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) ٹٹی کی تصغیر (تحقیر کے طور پر)۔

ٹٹیری (ٹ۔ ٹی۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک پرند جس کی آواز ٹیری جیسی نکلتی ہے۔ اپریل اور مئی کے مہینوں میں مادہ انڈے دیتی ہے۔ انہی مہینوں میں اُس کی آواز بھی سُنائی دیتی ہے (۲) ایک کھلونا جس کو چکر دینے سے ٹیری جیسی آواز نکلتی ہے (۳) (کنایۃً) لاغر آدمی۔ جمع: ٹٹیریاں۔ ٹٹیریوں۔

ٹٹیری سے آسمان نہیں تھمتا (کہیں ٹٹیری سے آسمان تھمے گا؟) (ا۔ مثل) جب کوئی اپنی طاقت، حیثیت یا بساط سے زیادہ کام کرنے کی کوشش کرے تو اُس کے لئے یہ مثل کہی جاتی ہے۔ مشہور ہے کہ ٹٹیری اپنی ٹانگیں اُوپر اُٹھا کر سوتی ہے تاکہ آسمان گرے تو اُن پر سنبھال لے۔

ٹٹیریا سانپ (ا۔ ا۔ مذ) ایک امریکی سانپ جس کی دُم سخت کھردری اور کھوکھلی ہوتی ہے اور اُس کے ہلنے پر کھڑ کھڑاہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے۔ (Rattlesnake)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹ۔چ

ٹُچّا (ٹُچ۔چا) (ہ۔صف) (۱) اوچھا۔ کم ظرف۔ چھچھورا۔ کم ہمّت (۲) لُچا۔ لفنگا کمینہ۔ بیہودہ۔ پاجی۔

ٹُچّی (ہ۔صف) ٹچّا کا مؤنث۔

ٹ۔خ

ٹخنا سے دِیدے کُھلنا (اُر۔محاورہ) آنکھیں پوری کُھلی ہونا۔

ٹِخ ٹِخ (ہ۔ا۔صوت) وہ آواز جو گھوڑے یا گدھے کو چلانے میں مُنہ سے نکلتی ہے۔ ٹٹ خاری۔ ٹِٹکاری۔

ٹُخر ٹُخر (ٹُ۔خَر۔ٹُ۔خَر) (اُر۔صف) (۱) بوڑھوں کی سی چال۔ مری ہوئی چال۔ سُست روی۔

ٹخنا (ٹَخ۔نا) (اُر۔ا۔مذ) گِٹا۔ پاؤں کی وہ اُبھری ہوئی ہڈی جو پنڈلی یا ٹانگ اور پاؤں کے بیچ کے جوڑ پر ہوتی ہے۔ جمع: ٹخنوں۔ ٹخنے۔

ٹخنوں ٹخنوں پانی (اُر۔ا۔مذ) اِتنا اُتھلا پانی کہ اِس میں صرف ٹخنے ڈوبیں۔

ٹ۔ڈ

ٹِڈّا (ٹِڈ۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پَر دار کیڑا جو گھاس میں یا آک کے درخت پر ہوتا ہے (۲) (مزاحاً) دُبلا پتلا' پست قد آدمی۔ جمع: ٹِڈّوں۔ ٹِڈّے۔

ٹِڈّی (ٹِڈ۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) ٹیٹری۔ ملخ۔ ٹِڈّے کی قسم کا پَر دار کیڑا' جو درختوں اور فصلوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ جمع: ٹِڈّیاں۔ ٹِڈّیوں۔

ٹِڈّی دَل (ہ۔ا۔مذ) اُڑتی ہوئی ٹِڈّیوں کی اِتنی بھاری تعداد جس کا شمار نہ ہو سکے۔ ٹِڈّیوں کا بھاری لشکر (۲) لوگوں کا ہجوم۔ بھیڑ بھاڑ۔

ٹِڈّی کا آنا کال کی نشانی (ہ۔مثل) ٹِڈّی آئے تو سمجھو کہ قحط پڑے گا کیونکہ وہ کھیتوں کو کھا جاتی ہے۔ ہر آفت کے آثار پہلے سے نظر آجاتے ہیں۔

ٹ۔ر

ٹَر (بِفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) زور کی آواز۔ چیخ (۲) مینڈک کی آواز (۳) بکواس۔ بیہودہ بات (۴) ہٹ۔ ضد۔ اکھڑ پن (۵) عید کے دُوسرے دن کا میلا (۶) شیخی۔ خودستائی (۷) خوشی کی آواز (۸) گستاخی۔ ٹرّا پن (۹) (ہ۔ا۔مذ) بڑی قسم کا بِگلا (۱۰) (ہ۔صف) بے وقوف۔ احمق۔ کم ذہن (۱۱) لاپروا۔

ٹر ٹر (ہ۔ا۔مث) بک بک۔ چخ چخ۔ جھک جھک (۲) مینڈک کی آواز۔

ٹر ٹر کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) بک بک کرنا۔ چخ چخ کرنا (۲) گستاخی کرنا۔

ٹر ہانکنا (اُر۔محاورہ) (۱) شیخی مارنا (۲) بیہودہ بکنا۔

ٹرّا (ٹَر۔را) (اُر۔صف) (۱) بک بک کرنے والا (۲) اکھڑ۔ گستاخ (۳) شوخ۔ شریر۔ سرکش۔ ضدی (۴) مغرور۔

ٹرّا پن (اُر۔ا۔مذ) بکواس۔ بک بک۔ اکھڑ پن۔ بدمزاجی۔

ٹُرّا (ٹُر۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دانہ۔ بارود کا دانہ (۲) ایسا اَناج' جو زیادہ خرچ ہوتا ہو جیسے جوار' باجرہ' موٹھ (۳) گھنگرو کے اندر کا دانہ (۴) چھرّا۔ سنگ ریزہ (۵) چھالیا (۶) پئے ہوئے سگرٹ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔

ٹرافی (Trophy) (انگ۔ا۔مث) فتح کا نشان۔ کھیل یا مُباحثے کے مقابلے میں جیتا ہوا بڑا کپ۔ اُردو جمع: ٹرافیاں۔ ٹرافیوں۔

ٹرالی (Trolley) (انگ۔ا۔مث) (۱) ٹھیلا۔ پھیری والوں کا ٹھیلا (۲) وہ پھرکی جس سے بجلی کے تار لگا کر ٹرام وغیرہ چلاتے ہیں (۳) وہ گاڑی جو ریل کی پٹڑی کا معاینہ کرنے کے لئے پٹڑی پر چلاتے ہیں (۴) وہ پہیے دار میز جس پر چائے اور پھل وغیرہ رکھے جاتے ہیں۔ اُردو جمع: ٹرالیاں۔ ٹرالیوں۔

ٹرام (Tram) (انگ۔ا۔مث) بجلی یا تیل سے چلنے والی گاڑی جو بڑے شہروں میں لوہے کی پٹڑی پر چلتی ہے۔ اُردو جمع: ٹراموں۔ ٹرامیں۔

ٹرّانا (ٹَر۔را۔نا) (ہ۔مص) (۱) بک بک کرنا۔ ٹر ٹر کرنا (۲) غُل مچانا (۳) گستاخی کرنا (۴) مینڈک کا آواز نکالنا۔

ٹرانس پورٹ (Transport) (انگ۔ا۔مث) سواری اور بار برداری۔ نقل و حمل۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ سامان یا مسافروں کو لے جانا (۲) نقل و حمل کا ذریعہ۔ موٹر کار' بحری جہاز' ہوائی جہاز' ریل گاڑی وغیرہ۔

ٹرانس فارمر (Transformer) (انگ۔ا۔مذ) برقی رَو کی طاقت کو گھٹانے بڑھانے والی مشین۔

ٹرانس میٹر (Transmiter) (انگ۔ا۔مذ) وہ آلہ جس کے ذریعے ریڈیو کے پیغام وغیرہ نشر کئے جاتے ہیں۔

ٹراؤٹ (Trout) (انگ۔ا۔مث) ایک خوش ذائقہ مچھلی جو سامن سے ملتی جلتی لیکن اُس سے چھوٹی ہوتی ہے۔

ٹرائی سکل (Tricycle) (انگ۔ا۔مث) تین پہیوں کی گاڑی۔

ٹرائکا (Troika) (انگ۔ا۔مث) ایک رُوسی گاڑی جس میں تین گھوڑے' پہلو بہ پہلو' جوتے جاتے ہیں (۲) تِکڈم۔ تین افراد یا جماعتوں کا اِتحاد یا گٹھ جوڑ۔

ٹربائن (Turbine) (انگ۔ا۔مث) پہیا یا چرخ جو پانی' بجلی یا بھاپ سے چلتا ہے۔ چرخاب۔

ٹَرِبنگا (ٹِربنگا) (ٹَر۔بنگا) (ٹِر۔بنگا) (ہ۔صف۔مذ) ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ کج۔

ٹرِپ (Trip) (انگ۔ا۔مث) سفر۔ سیر و سیاحت۔

ٹرپھس (ٹَر۔پھس) (ہ۔ا۔مث) (۱) شرارت (۲) اکھڑ پن (۳) بدمزاجی۔

ٹرخانا (ٹَر۔خا۔نا) (اُر۔مص) (۱) ٹالنا۔ بے دلی سے کام کرنا (۲) بہانہ کرنا۔ بالا بتانا۔ نیز دیکھئے ٹرکانا۔

ٹرخل (ٹَر۔خل) (اُر۔ا۔مث) (۱) ذلیل اور بے ہودہ عورت (۲) بے وقوف عورت (۳) بدکار' فاحشہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹُرخو (ٹُ۔خو) (واؤ مجہول) (اَر۔صف) (۱) بوڑھی (عورت) (۲) ناپائدار (۳) پوچ (۴) تھوڑی سی چیز۔

ٹرسٹ (Trust) (ٹ۔رَسٹ) (انگ۔ا۔مذ) (۱) جائیداد جو زیرِ تولیت ہو (۲) کئی تجارتی کمپنیوں کا مشترکہ کاروبار۔ وقف۔

ٹرسٹی (Trustee) (ٹ۔رَس۔ٹی) (انگ۔ا۔مذ) جس کے سپرد کسی وقف ادارے کا انتظام ہو۔ متولی۔

ٹرف (Turf) (انگ۔ا۔مذ) گھاس کا میدان۔ وہ میدان جہاں گھاس لگائی گئی ہو۔

ٹرک (Truck) (ٹ۔رَک) (انگ۔ا۔مذ) مال ڈھونے کی لاری یا موٹر۔

ٹرکانا (ٹر۔کا۔نا) (ف۔مص) ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ ترخانا۔

ٹرکش باتھ (Turkish Bath) (ٹر۔کِش۔باتھ) (انگ۔ا۔مذ) گرم بھاپ کا غسل مع جسمانی مالش۔

ٹرکی (Turkey) (انگ۔ا۔مذ) مرغی اور کبوتر وغیرہ کے خاندان کا سب سے بڑا پرندہ جس کی چونچ سے پیٹ تک گوشت کا لوتھڑا لٹکا ہوتا ہے۔ وسطی امریکا میں پایا جاتا ہے۔ زیادہ دُور تک نہیں اُڑ سکتا۔

ٹرم (Term) (انگ۔ا۔مث) تعلیمی سال کے تین تین ماہ کے چار حصّوں میں سے ایک حصّہ (۲) ایک مقررہ مُدّت۔

ٹرمپ کارڈ (Trumpcard) (انگ۔ا۔مذ) تُرپ۔ تُرپ کا پتّہ۔

ٹرمی نس (ٹرمی نل) (Terminal) (Terminus) (انگ۔ا۔مذ) آخری منزل (۲) ریلوے یا بس کا آخری اسٹیشن۔

ٹرن (Turn) (انگ۔ا۔مذ) کھیل کی باری۔ باری۔

ٹرنک (Trunk) (ٹ۔رَنک) (انگ۔ا۔مذ) لوہے کا بکس جس میں کپڑے یا دُوسرا سامان رکھیں (۲) ٹرنک لائن خصوصاً وہ لائن جو ایک شہر سے دُوسرے شہر تک جاتی ہو۔

ٹرنک کال (Trunk Call) (انگ۔ا۔مث) ٹیلیفون پر کسی دُوسرے شہر یا ملک کو بھیجا جانے والا پیغام۔ بیرونجات کو ٹیلیفون کرنا۔

ٹرّو (ٹر۔رو) (ف۔ا۔مذ) (۱) مینڈک (۲) ایک کھلونا جسے گھمایا جائے تو اُس میں سے مینڈک کی آواز نکلتی ہے (۳) (صف) ٹرٹر کرنے والا۔

ٹرے (Tray) (ٹ۔رے) (انگ۔ا۔مث) سامان کی کشتی۔ سینی۔ خوانچہ۔ طباق۔

ٹریانا (ٹر۔یا۔نا) (ف۔مص) پر بندھے ہوئے کبوتر کا اُڑ جانا۔

ٹریجڈی (Tragedy) (ٹ۔ری۔جِ۔ڈی) (انگ۔ا۔مث) (۱) الیہ نظم یا نثر (۲) ایسا ڈراما جس کا انجام اَلم ناک ہو (۳) رقت انگیز واقعہ یا ڈراما وغیرہ (۴) مُصیبت۔ آفت۔

ٹریڈ (Trade) (انگ۔ا۔مث) تجارت۔ کاروبار۔ لین دین۔

ٹریڈ مارک (Trade Mark) (انگ۔ا۔مذ) رجسٹری شدہ تجارتی نشان جو موجد اپنی مصنوعات کے لئے مقرر کرتا ہے (۲) کاروباری خصوصیت۔

ٹریڈ یونین (Trade Union) (انگ۔ا۔مث) کسی صنعتی یا کاروباری ادارے سے متعلق کارکنان کی انجمن جو وہ اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے قائم کریں۔

ٹریس (Trace) (انگ۔ا۔مذ) چربہ۔ خاکہ (۲) کھوج۔ نشان۔

ٹریسنگ (Tracing) (ٹ۔ری۔سِنگ) (انگ۔ا۔مث) چربہ اُتارنا (۲) چربہ اُتارنے کا فن۔

ٹریفک (Traffic) (انگ۔ا۔مذ ومث) آمد و رفت۔ آدمیوں اور گاڑیوں وغیرہ کا سڑکوں پر سے گزرنا۔

ٹریکٹر (Tractor) (انگ۔ا۔مذ) زمین جوتنے کی مشین۔

ٹریلر (Trailer) (انگ۔ا۔مذ) آنے والی فلم کے منتخب حصّے جو بطور اشتہار یا تعارف دکھائے جائیں۔ نمونہ (۲) پہیوں والا چھکڑا جو کسی گاڑی کے پیچھے لگا دیتے ہیں۔

ٹرین (Train) (انگ۔ا۔مث) ریل گاڑی۔

ٹریننگ (Training) (انگ۔ا۔مث) سکھلائی۔ تربیت۔

ٹریننگ اسکول (Training School) (انگ۔ا۔مذ) وہ اسکول جس میں کسی پیشے یا حرفت کی تربیت دی جائے۔

ٹرینڈ (Trained) (انگ۔صف) تربیت یافتہ۔ سدھایا ہوا۔ مشاق۔

ٹ۔ڑ

ٹڑمُونہا (ٹڑمُنہا) (ٹڑ۔مُوں۔ہا) (ٹڑ۔مُنہا) (ف۔صف) ٹیڑھے مُنہ والا۔ جس کا مُنہ ٹیڑھا ہو۔

ٹڑمُونہی (ٹڑمُنہی) (ف۔صف) ٹڑمُونہا کی تانیث۔

ٹ۔س

ٹسر (ٹ۔سَر) (ف۔ا۔مث) (۱) کچا ریشم۔ ایک قسم کا ادنیٰ درجے کا ریشم (۲) اس ریشم کا کپڑا۔

ٹسر ٹسر رونا (ٹ۔سَر۔ٹ۔سَر۔رو۔نا) (اَر۔محاورہ) پُھوٹ پُھوٹ کر رونا۔ زار و قطار رونا۔ بسُورنا۔ ٹھنکنا۔

ٹسر مسر (ٹ۔سَر۔مَ۔سَر) (ف۔ا۔مث) ڈھیل۔ توقف۔ پس و پیش۔

ٹس سے مس نہ ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) جنبش نہ کرنا (۲) اپنی بات پر اڑے رہنا (۳) کسی کام یا معاملے میں جو رویّہ اختیار کر لیا اُسے کسی طرح ترک نہ کرنا (۴) اثر نہ لینا (۵) کسی چیز کا تیز آنچ پر بھی نہ پگھلنا۔

ٹسک (ٹ۔سَک) (ف۔ا۔مث) (۱) ٹیس۔ تپک۔ درد۔ کسک۔ چسک (۲) ہُوک۔

ٹسکا (ٹس۔کا) (ف۔ا۔مذ) بچوں کی کھانسی۔

ٹسکا لگنا (اَر۔محاورہ) ایسی کھانسی ہونا جس میں گلے سے کھر کھر کی آواز نکلتی ہے۔

ٹسکانا (ٹس۔کا۔نا) (ف۔مص) (۱) درد، ٹیس یا تپک پیدا کرنا (۲) ہلانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حرکت میں لانا۔ چلانا (۳) تکلیف کے مارے بیقرار کر دینا۔

ٹَسکنا (ٹَ۔سَک۔نا) (ہ۔مص) (۱) ہلنا جلنا (۲) نرم پڑنا۔ گداز ہونا (۳) چاول کا گل جانا (۴) درد محسوس ہونا (۵) متاثر ہونا۔

ٹُسکنا (ٹُ۔سَک۔نا) (ہ۔مص) چپکے چپکے رونا۔ ٹسوے بہانا (بچوں کا) بسورنا۔

ٹَسَن (ٹَ۔سَن) (ہ۔ا۔مث) (۱) کسی چیز کا بہت زیادہ تن جانے یا کس جانے سے پھٹنا یا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (۲) تکرار۔ جھگڑا۔ بے ایمانی۔ فرق۔ بگاڑ۔ (۳) دراڑ۔

ٹسن کرنا (لانا) (اُر۔محاورہ) (۱) جھگڑا کرنا۔ جھگڑنا۔ تکرار کرنا (۲) شرارت کرنا۔ بدمعاشی کرنا۔ بے ایمانی کرنا۔

ٹَسنا (ٹَس۔نا) (ہ۔مص) (۱) بھر کر پھٹ جانا (۲) زیادہ دباؤ یا کھچاؤ سے کپڑے کا پھٹ جانا۔

ٹِسوے (ٹِس۔وے) (اُر۔ا۔مذ) جھوٹ موٹ کے آنسو۔

ٹسوے بہانا (اُر۔محاورہ) جھوٹ موٹ کا رونا۔ بلاوجہ آنسو بہانا۔ دکھاوے کا رونا۔

ٹ۔ش

ٹِشو پیپر (انگ۔ا۔مذ) (Tissue Paper) باریک کاغذ جو تصویر وغیرہ پر حفاظت کے لئے لگا دیتے ہیں۔ منہ ہاتھ بھی صاف کرتے ہیں۔

ٹ۔ف

ٹِفن (انگ۔ا۔مذ) (Tiffin) دوپہر کا کھانا۔

ٹفن کیریئر (انگ۔ا۔مذ) (Tiffin Carrier) ناشتے دان۔ ٹفن لے جانے کا ڈبا۔

ٹ۔ک

ٹَک (بفتح اوّل) (ق۔ا۔مث) (۱) مزاج۔ طبیعت۔ خاصیت۔ سیرت (۲) نظر۔ تاکنے کا عمل۔ ٹکٹکی۔

ٹِک (بکسر اوّل) (انگ۔ا۔مث) (۱) گھڑی کی آواز (۲) گھڑی کی آواز جیسی آواز۔

ٹِک ٹِک کرنا (اُر۔مص) چلتی ہوئی گھڑی کا آواز دینا۔ گھڑی کی آواز ہونا۔

ٹُک (بضم اوّل) (ہ۔صف اور متعلق فعل) (۱) ذرا۔ کچھ۔ تھوڑا سا (۲) تھوڑی دیر کے لئے۔ ذرا سی دیر کے لئے۔

ٹک ٹک دیدم۔ دم نہ کشیدم (اُر۔ف۔مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص حیرت یا کسی اور وجہ سے تکتا رہ جائے اور جس کام پر اُسے اعتراض کرنا چاہئے وہ اُس کی آنکھوں کے سامنے ہو جائے۔

ٹک ٹک کر کے من بھر کھاوے۔ سنک بیگماں نام بتاوے (ہ۔مثل) کوئی پیٹو عورت کھاتے میں نخرے کرے تو اُس وقت یہ مثل کہتے ہیں۔

ٹک جیا تو کیا جیا (ٹک جئے تو کیا جئے) (ہ۔مثل) ذرا سی راحت میں کیا مزہ۔ تھوڑے دن جینے میں کیا لطف۔

ٹک جئے امر ہوئے (ہ۔محاورہ) جو آدمی تھوڑے عرصے زندہ رہتا ہے وہ بُرائیاں کم کرتا ہے۔ چنانچہ اپنی نیکیوں کی وجہ سے غیر فانی (امر) ہو جاتا ہے۔ لوگ اُسے عرصے تک یاد کرتے ہیں۔

ٹک سا (ہ۔صف) ذرا سا۔ رَتی بھر۔

ٹَکا (ٹَ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دو پیسے کا سکّہ۔ اُدھنا (۲) روپیہ۔ نقدی۔ دولت۔ مال و زر (۳) بنگلہ دیش کا سکّہ۔ جمع: ٹکوں۔ ٹکے۔

ٹکا بھر (ہ۔صف) دو پیسے بھر۔ مقدار میں دو پیسے کے برابر وزن رکھنے والا یا والی (۲) ذرا سا۔ کسی قدر۔

ٹکا پاس نہ ہونا (اُر۔محاورہ) مفلس ہونا۔ کنگال ہونا۔ ننگا بھوکا ہونا۔

ٹکا روٹی اب لے' چاہے تب (اُر۔مثل) جو کہہ دیا ہے اُس سے زیادہ نہیں دیا جا سکتا۔

ٹکا سا جواب دینا (اُر۔محاورہ) (۱) صاف اِنکار کر دینا (۲) فوراً اِنکار کر دینا (۳) گستاخانہ جواب دینا۔ شوخی سے جواب دینا۔

ٹکا سا دم (ٹکا سی جان) (اُر۔ا۔پہلا مذ۔ دُوسرا مث) یکہ و تنہا۔

ٹکا کرائی اور گنڈا دوائی (ہ۔مثل) کسی چیز کی قیمتِ خرید سے اس پر زیادہ خرچ کرنا۔

ٹکا گانٹھ میں ہونا (ہ۔محاورہ) روپیہ پاس ہونا۔ مالدار ہونا۔

ٹِکا رہنا (اُر۔محاورہ) اپنی جگہ نہ چھوڑنا (۲) سہارے سے کھڑا رہنا (۳) کسی جگہ ٹھہرا رہنا۔

ٹِکانا (ٹِ۔کا۔نا) (ہ۔مص) (۱) کسی چیز کو کسی دُوسری چیز کے سہارے کھڑا کرنا یا رکھنا (۲) سہارا لینا (۳) مکان یا ہوٹل وغیرہ میں ٹھہرانا (۴) مارنا (۵) بوجھ اُتارنا۔

ٹِکانی (ٹِ۔کا۔نی) (ہ۔ا۔مث) وہ لکڑی جو گاڑی میں اِس لئے لگاتے ہیں کہ پھتری کے ڈنڈوں کی جھونک سنبھالے۔

ٹِکاؤ (ٹِ۔کا۔او) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قیام (۲) سکونت (۳) ٹھہراؤ (۴) پائداری۔

ٹِکاؤ (ٹِ۔کا۔ؤ) (واؤ معروف) (ہ۔صف) پائدار۔ مضبوط۔ دیرپا۔

ٹِکائی (ٹِ۔کا۔ای) (ہ۔ا۔مث) ٹکنے' قیام کرنے' رُکنے یا ٹھہرنے کا کرایہ۔

ٹکٹ (انگ۔ا۔مذ) (Ticket) (۱) کاغذ کا وہ مستطیل ٹکڑا جو کسی چیز کے دام یا کرایہ لے کر بطور رسید دیا جائے اور جسے دکھا کر کہیں داخل ہوا جا سکے یا بس یا ریل گاڑی میں سوار ہوا جا سکے (۲) ڈاک کا اسٹامپ (۴) پاس۔ پاسپورٹ۔ لیبل۔ چِٹ (۵) سوداگری کے مال کا پرچہ جس پر کارخانے کا نام لکھا ہوتا ہے (۶) الیکشن میں بطور اُمیدوار کھڑے ہونے کے لئے پارٹی کی طرف سے اجازت نامہ۔ اُردو جمع: ٹکٹ۔ ٹکٹوں۔

ٹکٹ کٹانا (کٹنا) (اُر۔محاورہ) (۱) چلا جانا (۲) برخاست ہونا۔

ٹِکٹِکی (ٹِک۔ٹِ۔کی) (ہ۔ا۔مث) (۱) لکڑی یا لوہے کا ایک ڈھانچا جس کے ساتھ مجرموں کے ہاتھ پاؤں باندھ کر کوڑے مارتے ہیں۔ وہ تین لکڑیاں جن

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سے مُلزم کو باندھ کر سزائے تازیانہ دیتے ہیں (۲) چپکلی (۳) تاک۔ نظر۔ نظارہ۔

ٹِکٹکی باندھنا (لگانا) (اَر۔ محاورہ) کسی کی طرف برابر دیکھے جانا۔ گھورتے رہنا۔ تکے جانا۔ پلک جھپکائے بغیر دیکھے جانا۔ آنکھیں لڑانا۔

ٹِکٹکی پر کھڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) مُرغوں کی لڑائی میں کوئی بہادر مُرغ دُشمن کی ضرب سے مر جاتا ہے مگر میدان سے نہیں ہٹتا تو اُس وقت زمین میں تین لکڑیاں گاڑ کر اُس مُرغ کی لاش اُن لکڑیوں پر رکھ دیتے ہیں اور زندہ مُرغ کو لاش پر لا کھڑا کرتے ہیں۔ اگر وہ لات مار کر لاش کو ٹکٹکی سے نیچے گرا دے تو قطعی طور پر فاتح مان لیا جاتا ہے۔ اگر بھاگ نکلے تو بازی ہار جاتا ہے۔

ٹِکٹکی سے باندھنا (اَر۔ محاورہ) تپائی یا لکڑی کے ساتھ باندھ کر مارنا۔ کوڑے لگانا۔

ٹکٹکی لگنا (اَر۔ محاورہ) نظر جمنا۔ نظر لڑنا۔ غور سے دیکھنا۔

ٹِک جانا (اَر۔ محاورہ) رُکنا۔ ٹھہر جانا (۲) کسی جگہ عارضی قیام کرنا (۳) صبر کرنا۔

ٹکّر (ٹک۔ کَر) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) تصادُم۔ دو چیزوں کا آپس میں ٹکرا جانا (۲) دھکا۔ ٹھوکر۔ ٹھیس۔ صدمہ (۳) پیشانی پر پیشانی مارنا (۴) نقصان۔ گھاٹا (۵) ہمسر۔ برابر (۶) مقابلہ۔ مٹھ بھیڑ (۷) برابری۔ مُشابہت۔ جمع: ٹکریں۔ ٹکروں۔

ٹکر اُٹھانا (ٹکر جھیلنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) چوٹ سہنا۔ مار برداشت کرنا۔ سختیاں اُٹھانا (۲) نقصان یا مُصیبت برداشت کرنا (۳) زبردست سے مقابلہ کرنا (۴) ڈراوے میں نہ آنا۔

ٹکر کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) لڑ جانا۔ ٹکرا جانا (۲) مُٹھ بھیڑ ہو جانا (۳) لڑکھڑانا (۴) کسی سے مقابلہ کرنا (۵) چوٹ کھانا۔ مقابلے کا ہونا۔ ہم پلّہ ہونا۔

ٹکر لڑنا (اَر۔ محاورہ) سر سے سر ٹکرا جانا۔

ٹکر لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیشانی پر پیشانی مارنا (۲) در، دیوار یا ستون وغیرہ پر پیشانی مارنا (۳) سر سے ضرب لگانا۔ صدمہ پہنچانا۔

ٹکر لگنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز سے ٹکرا جانا (۲) صدمہ یا تکلیف پہنچنا (۳) نقصان ہو جانا۔

ٹکر لینا (اَر۔ محاورہ) مقابلہ کرنا۔ ہمسری کرنا (۲) کُشتی میں پہلوانوں کا سر ٹکرانا (۳) ہاتھیوں کا ایک دُوسرے کے ٹکر مارنا (۴) صدمہ سہنا۔

ٹکر مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر مارنا۔ اپنے سر سے دُوسرے کے سر پر ضرب لگانا۔ ٹکر لگانا (۲) مقابلہ کرنا۔

ٹکرا جانا (ہ ۔ محاورہ) (۱) مقابلہ ہو جانا (۲) اِتفاقاً مِل جانا (۳) دو چیزوں کا آپس میں ٹکر کھانا۔

ٹکرا دینا (ہ۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کو کسی دُوسری چیز پر مارنا یا اُس سے بھڑوانا (۲) دو آدمیوں کو ایک دُوسرے سے لڑا دینا۔

ٹکرانا (ٹک۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ایک کی دُوسرے سے ٹکر ہو جانا (۲) دو چیزوں کا آپس میں ٹکر کھانا (۳) ٹکر لگنا (۴) لڑ جانا۔ بھڑ جانا (۵) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا (۶) حیران و سرگردان پھرنا۔

ٹکر ٹکر (اَر۔ متعلق فعل) دیکھئے ٹکٹو ٹکٹو۔

ٹکریں (ٹک۔ کَ۔ ریں) (ہ۔ اِ۔ مث) ٹکر کی جمع۔

ٹکریں مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر پٹخنا۔ کسی چیز سے سر ٹکرانا (۲) دکھاوے کی نماز پڑھنا۔ بے دلی سے سجدے کرنا (۳) بے فائدہ کوشش کرنا۔

ٹِکّڑ (ٹِک۔ کڑ) (ہ۔ اِ۔ مذ) موٹی اور بہت سخت روٹی۔

ٹُکڑ (ٹُ۔ کڑ) (ہ۔ اِ۔ مذ) ٹکڑا کا مُخفف ۔ روٹی کا ٹکڑا۔

ٹکڑ خور (اَر۔ صف) (۱) دُوسروں کا بچا کھچا کھا کر گُزارہ کرنے والا (۲) طفیلی (۳) دُوسروں کا محتاج۔

ٹکڑ گدا (اَر۔ اِ۔ مذ) وہ فقیر جو گھر گھر مانگ کر روٹیوں کے ٹکڑے اکٹھے کرے۔

ٹکڑا (ٹک۔ ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) حِصّہ (۲) پھانک (۳) پُرزہ۔ جُزو (۵) ریزہ (۶) روٹی (۷) نوالہ۔ لقمہ (۸) پارچہ (۹) تقسیم۔ کسر (۱۰) پارہ (۱۱) قطعہ (۱۲) روزی (۱۳) پیراگراف (۱۴) شِق۔ جمع: ٹکڑے۔ ٹکڑوں۔

ٹکڑا توڑنا (اَر۔ محاورہ) روٹی کھانا۔

ٹکڑا ٹیڑا (ہ۔ اِ۔ مذ) روٹی کا ٹکڑا (ٹیڑا تابع مہمل ہے)۔

ٹکڑا چکھ لینا (اَر۔ محاورہ) تھوڑا سا کھا لینا۔ شریکِ طعام ہو جانا۔

ٹکڑا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) فقیر کو روٹی کا ٹکڑا دینا (۲) کسی کو رزق دینا۔ روٹی دینا (۳) وظیفہ دینا۔ روزی دینا۔

ٹکڑا سا توڑ کر ہاتھ پر دھر دینا (رکھ دینا) (اَر۔ محاورہ) صاف جواب دینا۔ کچھ لگی لپٹی نہ رکھنا۔ دو ٹوک جواب دینا۔

ٹکڑا مانگنا (اَر۔ محاورہ) بھیک مانگنا۔ گداگری کرنا۔

ٹکڑا میسّر نہ آنا (اَر۔ محاورہ) روٹی نہ ملنا۔ بھوکوں مرنا۔

ٹکڑا نہ توڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بالکل نہ کھانا۔ لقمہ نہ اُٹھانا (۲) شرکت یا سہارے کے بغیر قدم نہ اُٹھانا۔

ٹکڑ ٹکڑ (ٹُ۔ کُڑ۔ ٹُ۔ کُڑ) (اَر۔ متعلق فعل) حیرت سے۔ تعجب سے۔ حسرت سے۔

ٹکڑ ٹکڑ دیدم۔ دم نہ کشیدم۔ دیکھئے ٹک ٹک دیدم۔

ٹکڑ ٹکڑ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) حیرت سے دیکھنا۔ حسرت یا شوق سے دیکھنا۔

ٹکڑوں (ٹک۔ ڑوں) (ہ۔ اِ۔ مذ) ٹکڑا کی جمع۔

ٹکڑوں پر پڑنا (اَر۔ محاورہ) مُفت کی روٹیاں کھانا۔ دُوسروں کی کمائی پر گُزر کرنا۔ پرائی روٹی پر پڑا ہونا۔

ٹکڑوں پر پلا ہُوا (اَر۔ صف) بچپن سے کسی غیر کے گھر پلا ہوا۔ غلام۔ نوکر۔

ٹکڑی (ٹک۔ ڑی) (ہ۔ اِ۔ مث) شیشے کا ٹکڑا (۲) پرندوں کا جھنڈ یا غول (۳) جماعت۔ جتھا (۴) فوج کا دستہ (۵) کپڑے کا تھان (۶) جواریوں کا مجمع (۷) پُورن ماشی کا میلا۔

ٹکڑی دار (ہ۔ ف۔ صف) ٹکڑی کا افسر یا سردار۔

ٹکڑے (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) ٹکڑا کی جمع (۲) ٹکڑا کی مُغیّرہ صورت۔

ٹکڑے اُڑانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پھاڑ کر دھجی دھجی کر دینا (۲) کھال اُدھیڑ دینا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) اعضائے جسمانی کو پارہ پارہ کر ڈالنا۔
ٹکڑے اُڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دھجی دھجی ہونا (۲) پارہ پارہ ہونا (۳) کھال اُدھڑنا۔ زبان کٹنا (۴) پاش پاش ہونا۔
ٹکڑے پکانا (اُر۔ محاورہ) سوکھی روٹی' نان پاؤ (ڈبل روٹی) یا شیرمال کے ٹکڑے دودھ' گھی' شکر میں پکانا۔
ٹکڑے توڑنا (اُر۔ محاورہ) مُفت کی روٹیاں کھانا۔ پرائی کمائی پر گزارہ کرنا۔ طفیلی ہونا۔
ٹکڑے ٹکڑے کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پُرزے پُرزے کرنا (۲) پارہ پارہ کرنا۔
ٹکڑے کرنا (اُر۔ محاورہ) حصّے کرنا۔ تقسیم کرنا۔ بانٹنا (۲) توڑنا (۳) پُرزے پُرزے کرنا۔
ٹکڑے کے کارن مارے مارے پھرنا (اُر۔ محاورہ) روٹی کھانے' پیٹ بھرنے یا روزگار ڈھونڈنے کے لئے جا بجا پھرنا (۲) بھیک مانگ مانگ کر گزارہ کرنا۔
ٹکڑے لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) حصّے جوڑنا (۲) کسی قصّے یا داستان میں اپنی طرف سے اضافے کرنا۔
ٹکڑے دے دے بچھڑا پالا' سینگ لگے جب مارن آیا (ہ۔ مثل) بچھڑے کو روٹی کے ٹکڑے کھلا کھلا کر بڑا کیا' مگر جب اس کے سینگ نکلے تو مارنے لگا۔ احسان فراموش انسان کی نسبت کہا جاتا ہے یا اُس موقع پر کہتے ہیں جب کسی کو نیکی کے بدلے بُرائی ملے۔
ٹکڑے کھائے دن بہلائے۔ کپڑے پاٹے گھر کو آئے (ہ۔ مثل) یہ مثل نکمّے اور نکھٹّو آدمی پر کہی جاتی ہے جو کمانے کے ارادے سے گھر سے نکلے مگر مانگ تانگ کر وقت گزارتا رہے اور جب تن کے کپڑے پھٹنے لگیں تو گھر واپس آ جائے۔
ٹکڑے مانگ کھانا۔ پُونجی گانٹھ باندھنا (ہ۔ مثل) عقل مند کنجوس کے بارے میں کہتے ہیں کہ اپنا خرچ دُوسروں سے مانگ تانگ کر پورا کر لیتا ہے اور جو کچھ اُس کے پاس ہو اُسے چُھپا کر رکھتا ہے۔
ٹِکس (ٹ۔ کس) (اُر۔ ا۔ مذ) لفظ ٹیکس (Tax) کی بگڑی ہوئی شکل۔
ٹکسال (ٹک۔ سال) (ہ۔ ا۔ مث) وہ جگہ جہاں سِکّے ڈھالے جاتے ہیں۔ دارالضرب۔ جمع: ٹکسالوں۔ ٹکسالیں۔
ٹکسال باہر (اُر۔ صف) (۱) وہ سِکّہ جو ٹکسال میں تیار نہ ہوا ہو۔ جعلی سِکّہ (۲) وہ الفاظ جو مُستند یا مروّج نہ ہوں' متروک ہوں' غیر معتبر ہوں (۳) وہ محاورات جو اہلِ زبان نہ بولتے ہوں (۴) وہ شخص جو کسی فن میں کسی اُستاد کامل کا شاگرد نہ ہو (۵) وہ شخص جو اَن پڑھ اور بد تمیز ہو۔
ٹکسال چڑھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) روپے کا ٹکسال میں بننا یا پرکھا جانا (۲) کسی علم یا فن میں کمال حاصل کرنا۔ اُستاد مانا جانا (۳) بے حیائی میں مشّاق ہو جانا۔ بدنامی کی آخری حد پر جا پہنچنا۔
ٹکسال کا کھوٹا (ٹکسال کا کھوٹا) (اُر۔ صف) (۱) وہ روپیہ' جو ٹکسال میں ڈھ[illegible] کر [illegible] (۲) جو ابتدا سے خراب ہوا ہو۔ شریر۔ بدمعاش۔

ٹکسال میں دھکّا لگ جانا (اُر۔ محاورہ) بہت خرچ ہو جانا۔
ٹکسال والی (اُر۔ صف) وہ طوائف جس کے ہاں دولت بہت ہو۔
ٹکسالی (ٹک۔ سالی) (ف۔ ا۔ مذ) ٹکسال کا داروغہ۔ منٹ ماسٹر (Mint Master) (۲) (صف) جس پر ٹکسال کی ضرب لگی ہو۔ کھرا۔ دُرست۔ آزمودہ۔ جانچا ہوا (۳) رائج۔ مانا ہوا (۴) فصیح۔ مستند۔
ٹکسالی آدمی (اُر۔ ا۔ مذ) ایماندار۔ کھرا (طنزاً) بدمعاش۔ چالاک۔ مکّار۔ بے حیا۔
ٹکسالی بات (اُر۔ ا۔ مث) کھری' پکّی' جچی تُلی بات۔
ٹکسالی روپیہ (اُر۔ ا۔ مذ) وہ روپیہ جو ٹکسال میں بنا ہو۔ کھرا روپیہ۔
ٹکسالی (بولی) زبان (اُر۔ ا۔ مث) اہلِ زبان کی تسلیم کی ہوئی' فصیح اور مُستند زبان۔
ٹِکلی (ٹِک۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ماتھے کا ایک زیور۔ ٹیکا (۲) دھات کا چھوٹا سا گول ٹکڑا۔ چھوٹی سی روٹی۔
ٹک ٹک کرنا (ق۔ مص) گھورنا۔ نظر جما کے دیکھنا۔
ٹکنا (ٹک۔ نا) (بفتح اوّل) (ہ۔ مص) (۱) ٹانکا جانا۔ سیا جانا۔ جڑا جانا۔ پرویا جانا (۲) گوٹا موتی منقّش وغیرہ لگنا (۳) تندرستی اور تندرستی سوہن کا تیز ہونا۔
ٹِکنا (ٹِک۔ نا) (بکسرِ اوّل) (ہ۔ مص) (۱) ٹھہرنا۔ رُکنا۔ وقتی طور پر قیام کرنا (۲) سہارے سے کھڑا ہونا (۳) تہ نشین ہونا۔
ٹکوا (ٹک۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک اوزار جس سے چارہ کاٹتے ہیں۔
ٹکوانا (ٹک۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) ٹانکنا کا متعدی المتعدی۔
ٹکور (ٹ۔ کور) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بھوسی یا ریت کی گرم پوٹلی سے چوٹ کو سینکنے کا عمل (۲) پُلٹس (۳) چوٹ۔ دھکّا۔ ٹھیس۔ ہلکی ضرب (۴) نقارے کی آواز۔
ٹکور کرنا (ہ۔ مص مُرکب) چوٹ کو سینکنا۔
ٹکورا (ٹ۔ کو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) چھوٹا کچا آم۔ کیری (۲) چھوٹی کلہاڑی (۳) نقارہ۔
ٹکورنا (ٹ۔ کور۔ نا) (ہ۔ مص) سینکنا۔ پوٹلی یا گرم کپڑے سے چوٹ کو حرارت پہنچانا۔
ٹکہائی (ٹکھیائی) (ٹک۔ ہا۔ ئی) (ٹکھ۔ یا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) ادنیٰ درجے کی کسبی۔ گھٹیا قسم کی رنڈی۔
ٹِکّی (ٹِک۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ٹکیا۔ چھوٹی سی روٹی (۲) تھوڑی آمدنی۔ محدود ذریعہ معاش (۳) پنچ۔ رسوخ۔ اثر۔
ٹِکّی لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ننھی سی روٹی تنور میں لگانا (۲) وہ تھوڑا کام کئے جانا جس سے تھوڑی سی آمدنی ہوتی رہے (۳) کسی حق کی وجہ سے کچھ حاصل کرنا۔
ٹِکّی لگنا (اُر۔ محاورہ) فائدہ حاصل ہونا۔ کامیاب ہونا۔
ٹکے (ٹ۔ کے) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ٹکا کی جمع (۲) ٹکا کی مغیرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔
ٹکے سیر مہنگا۔ پانچ روپے سستا (اُر۔ مثل) مُفلسی میں جو چیز ٹکے کی بھی مہنگی معلوم ہوتی ہے' امیری میں وہ پانچ رُوپے کی بھی سستی معلوم ہوتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹکے ٹکے بکنا (اِ۔ محاورہ) بہت سستا ہونا۔
ٹکے دھڑی کر دینا (لگانا) (اِ۔ محاورہ) بہت سستا بیچنا۔
ٹکے سیدھے کرنا (اِ۔ محاورہ) کام پورا کیے بغیر اُجرت لے لینا (۲) رقم حاصل کرنا۔
ٹکے کا آدمی (ٹکے ٹکے کے آدمی) (اِ۔ صف) کم حیثیت آدمی۔ ادنیٰ لوگ۔
ٹکے کی بُڑھیا ٹکا سر مُنڈائی (اِ۔ مثل) کم فائدے کے لئے بہت خرچ کرنا۔
ٹکے کی اَوقات (اِ۔ امث) مُفلسی۔ ذلت۔
ٹِکیا (ٹِک۔یا) (ہ۔ امث) (۱) چھوٹی روٹی (۲) قُرص۔ چکتی (۳) تمباکو کی گولی جو چلم میں رکھ کر پی جاتی ہے (۴) کھری۔ ٹکڑی (۵) پیشانی کے اُوپر کا حِصّہ (۶) دواؤں کی گولی (۷) انگریزی مٹھائی کی گولی (۸) کٹے ہوئے کوئلوں کی ٹکیا جسے چلم میں تمباکو کے اُوپر رکھتے ہیں۔ جمع: ٹکیاں۔ ٹکیوں۔
ٹکیا چوٹی (اِ۔ امث) بددیانت مُلازمہ۔
ٹکیت (ٹکیتا) (ٹ۔کیت) (ٹ۔کے۔تا) (ہ۔ صف) مال دار۔ دولت مند جس کے پاس ٹکا (روپیہ پیسا) ہو۔
ٹکیتا (ٹ۔کی۔تا) (ہ۔ امذ) ایک قسم کا ٹیکس جو چُرائی پر لیا جاتا تھا۔

ٹ۔گ

ٹگٹ (ٹ۔گٹ) (ق۔ امذ) ورق۔
ٹگرا (ٹگ۔را) (ہ۔ صف) بھینگا۔ احول۔
ٹگھرانا (ٹگھ۔را۔نا) (ہ۔ مص) مُتحرک کرنا۔ اِدھر اُدھر چلانا پھرانا (۲) بہانا۔ لڑھکانا (۳) تیل ملنا۔
ٹِگھلانا (ٹِگھ۔لا۔نا) (ق۔ مص) پگھلانا۔ پتلا کرنا۔
ٹِگھلنا (ٹِ۔گھل۔نا) (ق۔ مص) گلنا۔ پگھلنا۔

ٹ۔ل

ٹَل (بالفتح) (ہ۔ فعل) ٹلنا کا صیغۂ اَمر۔
ٹل جانا (ہ۔ محاورہ) (۱) جگہ سے ہٹنا (۲) کسی کام سے باز رہنا (۳) اِدھر اُدھر ہو جانا (۴) چشم پوشی کرنا (۵) آہستہ آہستہ کھسک جانا۔ نیز دیکھئے ٹلنا۔
ٹَلّا (ٹل۔لا) (اِ۔ امذ) (۱) دھکّا (۲) گھسا (۳) رگڑا۔ جماع کے وقت کا دھکّا یا گھسا۔ (سُوقیانہ زبان)۔
ٹلانا (ٹ۔لا۔نا) (ہ۔ مص) ٹلنا کا متعدی (۱) جگہ سے ہٹانا (۲) کسی کام سے روکنا (۳) غائب کرانا (۴) دیر کرنا۔ ڈھیل دینا (۵) بہکانا۔
ٹلپ (ٹ۔لپ) (ق۔ امذ) پُرزہ۔ ٹکڑا۔ حِصّہ۔ ذرہ۔
ٹِلٹِلانا (ٹِل۔ٹِ۔لا۔نا) (ہ۔ مص) آواز کے ساتھ دست آنا (۲) لڑکھڑانا۔
(۳) ترسانا۔ للچانا۔
ٹِل ٹِل کرنا (ہ۔ مص مُرکّب) بدزبانی کرنا۔ گستاخی کرنا۔ بک بک کرنا۔
ٹِل ٹِلی چلنا (ہ۔ محاورہ) بار بار دست آنا۔
ٹُلکنا (ٹُ۔لک۔نا) (ہ۔ مص) (۱) آہستہ آہستہ چلنا۔ کج کج چلنا (۲) بوڑھوں کی طرح لڑھکتے ہوئے چلنا (۳) پھل کا درخت سے گرنا (۴) گور جانا۔ مر جانا (۵) ٹہلنا۔
ٹِلّم (ٹِل۔لم) (اِ۔ صف) (۱) فضول۔ مُہمل (۲) بے کار۔
ٹَلنا (ٹَل۔نا) (ہ۔ مص) (۱) جگہ سے ہلنا (۲) کسی کام سے باز رہنا (۳) ہٹ جانا (۴) حیلے بہانے سے اِدھر اُدھر ہو جانا (۵) کسی خاص وجہ سے موقع پر موجود نہ رہنا (۶) گورنا۔ پیتنا۔
ٹَلوا (ٹَل۔وا) (ہ۔ امذ) تال کا مالک یا چوکیدار۔
ٹِلوا (ٹِل۔وا) (ہ۔ امذ) (۱) ٹیڑھی اور گرہ دار لکڑی (۲) اُسترا (۳) خوشامدی آدمی (۵) چھوٹے قد کا ہیچ پوچ سا آدمی۔
ٹِلّی لِلّی (ٹ۔لی۔ل۔لی) (ہ۔ امث) ہاتھ کی درمیانی اُنگلی ہلا کر دُوسرے کو چڑانے کے لئے چلّا چلّا کر بولتے ہیں۔ ٹلی للی للی للی۔
ٹَلّے (ٹَل۔لے) (اِ۔ امذ) (۱) ٹلّا کی جمع (۲) ٹلّا کی بدلی ہوئی شکل۔
ٹلّے نویسی (اِ۔ امث) (۱) ٹلّے لکھنا (۲) بے فائدہ کام (سُوقیانہ زبان)۔
ٹلّے نویسی کرنا (اِ۔ محاورہ) بیکار پھرنا (۲) بے فائدہ کام کرنا (۳) بے فائدہ خوشامد کرنا۔ (سُوقیانہ زبان)۔
ٹِلیا (ٹ۔لی۔یا) (ق۔ امث) (۱) چوزہ۔ مُرغی کا بچہ۔ چھوٹی مُرغی (۲) (طنزاً) موٹی نوجوان عورت۔
ٹِلّیں (ٹِل۔لیں) (اِ۔ امث) گپیں۔ بے بُنیاد باتیں۔
ٹِلّیں مارنا (اِ۔ محاورہ) (۱) گپیں ہانکنا (۲) فضول باتیں کرنا۔

ٹ۔م

ٹِمٹا (ٹِم۔ٹا) (ہ۔ صف) (۱) بونا۔ ٹھنگنا (۲) دُبلا پتلا آدمی۔
ٹِمٹا بِھٹا (ہ۔ صف) کمینے۔ رذیل۔ ایرے غیرے۔
ٹِماٹر (ٹ۔ما۔ٹر) (انگ Tomato کا مؤرّد۔ امذ) ایک سُرخ رنگ کی گُودے والی سبزی جس کا اصل وطن جنوبی امریکا ہے۔ وہاں سے اسپین کے ملاح اسے یورپ میں لائے۔ جنوبی امریکا کے لوگ اسے ٹوماٹل کہتے ہیں۔ ہسپانوی ملاحوں نے اِسے تومیت کہا اور انگریزوں نے ٹومیٹو۔ جمع: ٹماٹر۔ ٹماٹروں۔
ٹمپریچر (Temperature) (انگ۔ امذ) درجۂ حرارت۔
ٹِماخ (ٹِماک) (ٹ۔ماخ) (ٹ۔ماک) (ہ۔ امث) (۱) عورتوں کا بناؤ سنگار۔ ٹیپ ٹاپ (۲) شان و شوکت (۳) نمود و نمائش۔
ٹمبر (Timber) (ٹم۔بر) (انگ۔ امث) عمارتی لکڑی۔
ٹمبر مرچنٹ (Timber Merchant) (انگ۔ امذ) عمارتی لکڑی بیچنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹھمپا (ٹھم۔پا) (ق۔ا۔مذ) ٹاپا۔

ٹم ٹم (ٹم۔ٹم) (اَر۔ا۔مث) دو پہیوں کی انگریزی گاڑی جس پر ٹپ وغیرہ نہیں ہوتا (انگریزی لفظ Tendem کا مبدّل)۔

ٹم ٹم (ٹم۔ٹم) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہلکی ہلکی بارش۔ پُھوار (۲) ہلکی سی آواز۔

ٹم ٹمانا (ٹم۔ٹ۔ما۔نا) (ہ۔مص) (۱) ہلکی ہلکی روشنی دینا۔ جھلملانا (۲) مرنے کے قریب ہونا (۳) چراغ بجھنے کو ہونا (۴) ذرا ذرا آنکھیں کھولنا۔

ٹم ٹماہٹ (ٹم۔ٹ۔ما۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) ہلکی روشنی۔ جھلملاہٹ۔

ٹمکی (ٹم۔کی) (ہ۔ا۔مث) ایک چھوٹا سا نقارہ (۲) ڈھنڈورا۔

ٹمکی پیٹنا (ہ۔محاورہ) ڈھنڈورا پیٹنا۔

ٹمنا (ٹم۔نا) (اَر۔مص) (۱) ساتھ لگنا۔ الگ نہ ہونا (۲) (ق۔مص) چھیڑنا۔

ٹ۔ن

ٹن (بالفتح) (ہ۔ا۔مث) گھنٹے یا دھات کے کسی برتن کی آواز۔ جھن کار (۲) غرور۔ گھمنڈ (۳) شیخی۔ نمود و نمائش۔

ٹن ٹن (ہ۔ا۔مث) گھنٹے یا دھات کے برتن سے بار بار نکلنے کی آواز۔

ٹن ٹن کرنا (اَر۔مص) گھنٹا یا دھات کا برتن بجانا۔

ٹن (Ton) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ۲۸ من کا ایک وزن۔ ۲۲۴۰ پونڈ وزنی سامان تولنے کا پیمانہ (۲) جہاز کی اَندرونی وسعت اور بار برداری کی گنجائش کا پیمانہ۔

ٹِن (Tin) (بکسر اوّل) (انگ۔ا۔مذ) ٹین۔ سفید رنگ کی ملائم دھات جس سے ڈبے برتن وغیرہ بنتے ہیں (۲) رانگ۔ قلعی۔

ٹُنا (ٹُن۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ پتلی سی لکڑی یا تنکا جو ترکاری یا پھل کے بالائی حصے یا پیندے میں لگا ہوتا ہے (۲) گھنڈی۔ عورت کی چھاتی کی گھنڈی۔ سرپستان (۳) بٹن۔

ٹنانا (ٹ۔نا۔نا) (ہ۔مص) تاننا۔ تننا۔ کھینچنا۔ کسنا۔ بڑھانا۔ پھیلانا۔

ٹنٹا (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی۔ تکرار۔ جمع: ٹنٹوں۔ ٹنٹے۔

ٹنٹا مت کر جب تلک سن ٹنٹے ہووے کام۔ ٹنٹا بِس کی بیل ہے یا کا مت لے نام (ہ۔مثل) فساد اور جھگڑا نہ کرنا ہی اچھا۔ جھگڑا زہر (بِس) کی بیل ہے۔ اس کا تو نام ہی نہ لے۔

ٹُنٹا (بضم اوّل) (نون غنہ) (ہ۔صف) ہاتھ کٹا آدمی۔ ٹُنڈا۔

ٹن ٹن (ٹن۔ٹن) (ہ۔ا۔مث) ساز دُرست کرتے وقت تاروں کی آواز۔

ٹُنکنا (ٹُن۔ک۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بٹن (۲) سرپستان (۳) پھل یا ترکاری کے پیندے میں لگا ہوا جھنکا۔ نیز دیکھئے ٹُنا۔

ٹُنچ (بضم اوّل) (نون غنہ) (ہ۔صف) (۱) بہت تھوڑا (۲) بہت چھوٹا (۳) حقیر (۴) کم ظرف۔

ٹنچ بکھروانا (ٹنچ لڑانا) (ہ۔محاورہ) (۱) جوئے میں بہت تھوڑی رقم لگانا۔ تھوڑی رقم سے کھیلنا (۲) آہستہ آہستہ جیتنا (۳) تھوڑے سرمائے سے بڑا کام کرنا (۴) تھوڑا لگا کر زیادہ کمانے کی کوشش کرنا۔

ٹنچ (بفتح اوّل) (نون غنہ) (ہ۔صف) (۱) مُستعد۔ تیار۔ آمادہ (۲) سنگدل۔ بخیل (۳) چالاک۔

ٹنچ بنا ہونا (ہ۔محاورہ) مُستعد ہونا۔ تیار ہونا۔ کمربستہ ہونا۔

ٹنچ رہنا (ہ۔محاورہ) مُستعد رہنا۔ لیس رہنا۔ تیار رہنا۔

ٹَنچَن (ٹن۔چَن) (اَر۔صف) تیّار۔ آمادہ۔ ہوشیار۔ انگ Attention کا بگاڑ۔

ٹِنڈ (بکسر اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) لوٹا۔ بدھنا۔ وہ برتن جو رہٹ میں پانی نکالنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔

ٹُنڈ (بضم اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ ہاتھ جسے کاٹ دیا گیا ہو (۲) درخت کا ایسا تنا جس پر شاخیں نہ ہوں (۳) بازو کا وہ حصّہ جو ہاتھ کٹ جانے کے بعد باقی رہ جائے (۵) کٹی ہوئی دُم۔

ٹُنڈ مُنڈ (اَر۔صف) درخت کا تنا جس میں شاخیں نہ ہوں۔

ٹِنڈا (بکسر اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) سبز رنگ کی ایک گول ترکاری جو ٹماٹر کے برابر ہوتی ہے۔

ٹُنڈا (بضم اوّل) (نون غنہ) (ہ۔صف) (۱) لُنجا۔ وہ آدمی جس کے ہاتھ نہ ہوں یا جس کا ایک ہی ہاتھ ہو۔ جمع: ٹنڈوں۔ ٹنڈے۔

ٹنڈر (Tender) (انگ۔ا۔مذ) ٹھیکے کی درخواست جس میں نرخ کی تفصیل دی گئی ہو۔

ٹُنڈوار (ٹنڈ۔وار) (ہ۔ا۔مث) وہ لکڑیاں جو کمرے کی دیواروں میں لگاتے تھے اور اُن میں چادر باندھی جاتی تھی تاکہ چھت سے جو مٹی گرے وہ کمرے کے فرش پر نہ پڑے۔

ٹُنڈی (بضم اوّل) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) ناف (پن) دھنّی (۲) بازو (۳) (صف) وہ عورت جس کا ایک ہاتھ ہو۔ ٹنڈا کی تانیث۔

ٹُنڈیاں (ٹنڈ۔یاں) (ہ۔ا۔مث) اِنسان کے دونوں بازو۔

ٹُنڈیاں باندھنا (ٹنڈیاں کسنا) (ہ۔محاورہ) ہاتھوں یا بازوؤں کو جکڑنا (۲) گرفتار کرلینا (۳) مُجرم کے ہاتھ اُس کی پُشت کے پیچھے باندھنا۔ مُشکیں کسنا۔

ٹُنڈیاں کھچنا (ہ۔محاورہ) پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔

ٹُنڈیانا (ٹنڈ۔یا۔نا) (ہ۔مص) ٹنڈیاں باندھنا۔ ہاتھ پیچھے باندھنا۔ مُشکیں کسنا۔

ٹَنڈیرا (ٹَنڈے۔را) (ہ۔ا۔مذ) ساز و سامان۔ اَسباب۔ وہ اَسباب یا چیزیں جو کسی کی ملکیت ہوں۔ (حقارت و اِستہزا سے)۔

ٹنڈیل (ہ۔ا۔مذ) قلیوں یا خلاصیوں کا افسر (۲) میگزین کا داروغہ۔

ٹَنک (ٹ۔نک) (ہ۔ا۔مث) (۱) سخت یا ناگوار آواز (۲) دھات یا چینی کے برتنوں کی جھنکار (۳) درد کی ٹیک۔ چوٹ کی کسک۔ ٹیس (۴) ہمت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دلیری۔ جوش۔

ٹنکار (بفتح اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) کمان کی تانت کی آواز (۲) ٹلیل کی آواز (۳) جھنکار۔

ٹنکارنا (ٹنکار۔نا) (ہ۔مص) (۱) کمان کی تانت کھینچ کر آواز نکالنا (۲) چینی یا مٹی کے برتن کو بجا کر دیکھنا کہ ٹوٹا ہوا تو نہیں ہے۔

ٹنکانا (ٹنکا۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے ٹنکوانا۔

ٹنکائی (ٹنکا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ٹانکنے کی اُجرت یا مزدوری (۲) ٹانکنے کا عمل یا کام۔

ٹنکچر (ٹنک۔چر) (انگ۔ا۔مذ) (Tincture) ایک جراثیم کش دوا جو زخموں پر لگائی جاتی ہے۔

ٹنکنا (ٹنک۔نا) (نون غنّہ) (ہ۔مص) دیکھیے ٹکنا۔

ٹنکی (نون غنّہ) (انگریزی Tank کا بگاڑ۔ا۔مث) اِنجن کا وہ حِصّہ جس میں تیل بھرا جاتا ہے (۲) پانی ذخیرہ کرنے کا بڑا ظرف۔ جمع: ٹنکیاں۔ ٹنکیوں۔

ٹنک (بفتح اوّل) (نون غنّہ) (س۔ا۔مذ) سہاگا۔ ایک معدن۔

ٹنک (بفتح اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) ٹانک کا مخفف۔

ٹنگا (ہ۔صف) پیروں والا۔ جس کے پیر ہوں۔ مرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے: "ایک ٹنگا" ایک ٹانگ کا۔ "دو ٹنگا" دو ٹانگ کا (۲) (مث) ایک قسم کی گھاس۔

ٹنگا (بضم اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) پونچھ۔ چھوٹی یا مختصر دُم۔

ٹنگار (بضم اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) پھل توڑنا (۲) تھوڑا تھوڑا کھانا (۳) ٹھونگنا۔

ٹنگارنا (ٹنگار۔نا) (ہ۔مص) چونچ مارنا۔ پوری طرح نہ کھانا۔ تھوڑا تھوڑا کھانا۔

ٹنگاری (ٹنگا۔ری) (ہ۔ا۔مث) چھوٹی کلہاڑی۔

ٹنگانا (ٹنگا۔نا) (ہ۔مص) ٹنگوانا۔ لٹکوانا۔ آویزاں کروانا۔ پھانسی چڑھوانا۔ ٹانگنا کا متعدی۔

ٹنگڑی (ٹنگ۔ڑی) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) ٹانگ کی تصغیر۔ چھوٹی ٹانگ۔

ٹنگڑی پر اُڑانا (ار۔محاورہ) اڑنگا لگانا یا مارنا۔ ٹانگ کے داؤں سے گرانا۔ ٹانگ مار کر گرا دینا۔

ٹنگنا (ٹنگ۔نا) (بفتح اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔مص) (۱) ٹانگنا کا لازم۔ لٹکنا۔ لٹکایا جانا (۲) پھانسی پر چڑھنا۔

ٹنگنا (ٹنگ۔نا) (بکسر اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جس کے منہ کے پاس نوکیلے کانٹے ہوتے ہیں۔

ٹنگنی (ٹنگ۔نی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا پودا۔

ٹنکوانا (ٹنک۔وا۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے ٹنکانا۔

ٹنہایا (ٹن۔ہا۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (اصل ٹونا ہایا) ٹونا کرنے والا۔ جادوگر۔

ٹنہائی (ٹنہیا) (ٹن۔ہا۔اِی) (ٹن۔ہی۔یا) (ہ۔ا۔مث) اصل ٹونا ہائی۔ ٹونا ہینا۔ جادوگرنی۔ ٹونا کرنے والی۔

ٹ۔و

ٹوا (ٹ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ٹٹولنے کا فعل۔ ٹٹول۔ تلاش۔

ٹوا ٹوئی (ہ۔ا۔مث) ٹٹول۔ تلاش۔

ٹوبا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لمبی سلائی۔ لمبا ٹانکا (۲) غوطہ خور جو کنوئیں میں اُتر کر چیز نکالے۔

ٹوبری (ٹوب۔ری) (ق۔ا۔مذ) (۱) پھولوں کا گملا (۲) ایک قسم کی آتش بازی۔

ٹوپ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بڑی ٹوپی (۲) انگریزی ٹوپی (ہیٹ) (۳) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنتے ہیں (خود) (۴) غلاف۔ پوشش۔ کور (۵) انگشتانہ۔ جمع: ٹوپے۔ ٹوپوں۔

ٹوپا (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹانکا۔ سیون (۲) روئی دار ٹوپی۔ کنٹوپ (۳) اناج ناپنے کا ایک پیمانہ۔ جمع: ٹوپوں۔ ٹوپے۔

ٹوپا بھرنا (ار۔محاورہ) ٹانکا لگانا۔ ٹانکا بھرنا۔ سینا۔

ٹوپن (ق۔ا۔مذ) ٹوپ۔ منہ بند کرنے کی چیز۔

ٹوپنا (ٹوپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) مٹی ڈال کر چھپانا۔ دفن کرنا (۲) درخت یا درخت کی شاخ زمین میں لگانا (۳) ہاتھ سے بیج بونا (۴) لٹکانا۔ آویزاں کرنا (۵) کچی سلائی کرنا (۶) ٹھونسنا۔

ٹوپی (ٹو۔پی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سر کی پوشاک۔ کلاہ۔ تاج (۲) بندوق کا پٹاخا جس پر گھوڑا لگنے سے آگ پیدا ہوتی ہے (۳) شکاری جانور کے منہ پر چڑھانے کی تھیلی (۴) پھل کے اوپر کا خول (۵) دوربین کے منہ کا ڈھکنا (۶) حشفہ۔ ذکر کا سر (۷) حقّے پر رکھنے کا برتن (۸) کسی چیز کا بالائی حصہ۔ جمع: ٹوپیاں۔ ٹوپیوں۔

ٹوپی اُتارنا (ار۔محاورہ) ٹوپی سر سے جدا کرنا (۲) کسی کی بے عزتی کرنا۔

ٹوپی اُچھالنا (ار۔محاورہ) (۱) خوشی ظاہر کرنا (۲) اظہارِ مسرت کرنا (۳) ہرے ہرے پکارنا (۴) پگڑی اُچھالنا۔ بے عزتی کرنا۔

ٹوپی اوڑھنا (ار۔مص) سر پر ٹوپی رکھنا۔ ٹوپی پہننا۔

ٹوپی بدل بھائی (ار۔ا۔مذ) ایسا دوست جس سے بہت گہرا تعلق ہو۔

ٹوپی بدلنا (ار۔محاورہ) آپس میں ٹوپی کا تبادلہ کر کے بھائی بنانا۔ بھائی چارہ قائم کرنا۔

ٹوپی پر ہاتھ ڈالنا (ار۔محاورہ) بے عزتی کرنا۔ توہین کرنا۔ پگڑی اُتارنا۔

ٹوپی پہننا۔ دیکھیے ٹوپی اوڑھنا۔

ٹوپی چڑھانا (ار۔محاورہ) شکاری پرندوں کے سروں پر ٹوپی چڑھانا تاکہ اُن کی آنکھیں بند رہیں۔

ٹوپی دار بندوق (ار۔ا۔مث) وہ بندوق جس میں بارود ڈال کر اور ٹوپی چڑھا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کر چلاتے تھے۔

ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیے (اَر۔مثل) مشورے کے بغیر کوئی کام نہیں کرنا چاہیے۔ اگر اس کام کے لئے آدمی نہ ملے تو اپنی ٹوپی ہی سے صلاح مشورہ کرنا چاہیے۔

ٹوپی والا (اَر۔ا۔مذ) (۱) معشوق (۲) احمد شاہ اَبدالی اور نادر شاہ کی فوجوں کے سپاہی جو سُرخ ٹوپی پہنتے تھے (۳) قزل باش (۴) فرنگی۔

ٹوتھ برش (انگ۔ا۔مذ) (Tooth Brush) دانت صاف کرنے کا برش۔

ٹوٹ (واوٴ معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) شکستگی۔ پھوٹ (۲) وہ عبارت یا فقرہ جو رہ گیا ہو اور بعد میں حاشیے پر درج کر دیا گیا ہو (۳) دوستوں میں پھوٹ یا ناراضی (۴) ہرج۔ نقصان (۵) کمی۔ فرق۔ ناکامی۔

ٹوٹ پڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) دفعتہً حملہ کرنا۔ اچانک حملہ کرنا (۲) کسی کام میں ہمہ تن مشغول ہونا (۳) ہجوم کرنا۔ پل پڑنا۔ انتہائی شوق ظاہر کرنا (۴) گر پڑنا۔

ٹوٹ پھوٹ (اَر۔ا۔مث) شکستگی۔ ٹکڑے۔ ریزے۔ چُورا۔ ریزگی۔

ٹوٹ پھوٹ ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) چیزوں کی تیاری یا لدائی میں کچھ چیزیں ٹوٹ جانا (۲) اَسباب وغیرہ رکھنے اُٹھانے میں کچھ ٹوٹ جانا۔

ٹوٹ ٹوٹ کر (کے) (اَر۔متعلق فعل) (۱) شِدّت سے۔ کثرت سے (۲) تیزی سے۔ بہت جلد (۳) بڑی کوشش سے۔ سخت محنت سے (۴) کسی فریق سے کٹ کر۔

ٹوٹ ٹوٹ کر (کے) برسنا (اَر۔محاورہ) شِدّت سے مینہ برسنا۔ موسلا دھار بارش ہونا۔

ٹوٹ جانا (اَر۔محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ شکستہ ہو جانا (۲) بیماری کی وجہ سے ڈھال ہو جانا (۳) مُفلس ہو جانا (۴) راستے میں ہمراہیوں سے الگ ہو جانا (۵) علیحدہ ہو جانا (۶) جوڑوں میں درد محسوس کرنا (۷) کنویں میں پانی نہ رہنا۔

ٹوٹ رہنا (اَر۔محاورہ) کام کر کر کے تھک جانا (۲) ہڈیوں میں درد ہونا (۳) جدائی میں گھلنا (۴) غریب ہو جانا۔

ٹوٹ کر (کے) (اَر۔متعلق فعل) دیکھئے ٹوٹ ٹوٹ کر۔

ٹوٹ کر (کے) آنا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی کی رفاقت چھوڑ کر آنا (۲) بے حد شوق کے ساتھ آنا۔

ٹوٹ کر (کے) دل آنا (اَر۔محاورہ) بُری طرح عاشق ہونا۔

ٹوٹ کر (کے) گرنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے ٹوٹ پڑنا۔

ٹوٹ نہ دکھ دے بالکے، سب سے مل کر چال۔ ٹوٹا ڈھوبر دیت ہیں کام گلی میں ڈال (ہ۔مثل) دُوسروں سے الگ تھلک رہنے (ٹوٹنے) اور لڑنے جھگڑنے میں نقصان ہے۔ سب سے مل کر چل (چال)۔ ٹوٹا برتن (ڈھوبر) گاؤں کی گلی (کام گلی) میں پھینک دیتے ہیں۔ مطلب یہ کہ لڑاکا اور اکل کھرے آدمی سے کوئی نہیں ملتا۔

ٹوٹا (واو معروف) (ہ۔صف) (۱) ٹوٹا ہوا۔ پھوٹا ہوا (۲) ناقص۔ جو مرمّت چاہتا ہو (۳) تھکا ماندہ۔ خستہ حال (۴) مُفلس۔ بے زر۔

ٹوٹا باسن کسیرے کے سر (اَر۔مثل) جس چیز میں کوئی نقص ہو وہ دُکان دار کو واپس کر دی جاتی ہے۔

ٹوٹا پھوٹا (اَر۔صف) جو ٹوٹ پھوٹ گیا ہو۔ شکستہ جس میں کوئی خرابی، عیب یا نقص ہو (۲) معمولی درجے کا (۳) نامکمل۔

ٹوٹا تیلی کمر میں اَدّھے کی (اَر۔مثل) مُفلس (ٹوٹا) تیلی صرف ایک اَدّھا (تیل کی آدھی بوتل) لئے ہوئے ہے۔ ظاہر ہے کیا بیچے گا اور کتنا نفع کمائے گا۔ (غربت پر طنز)۔

ٹوٹا مت رہ ٹول سوں، راہ پھیر کے بیچ۔ ایک اکیلے منکھ کو سوجھے اُونچ نہ نیچ (ہ۔مثل) راستے (راہ پھیر) میں دُوسروں سے الگ (ٹوٹا) نہ رہ۔ لڑائی (ٹول) اکیلا نہ لڑ۔ جو آدمی (مَنکھ) اکیلا ہو اُسے صحیح تدبیر (اونچ نیچ) نہیں سُوجھا کرتی۔ مطلب یہ کہ اکیلا آدمی بے یار و مددگار ہونے کی وجہ سے راستے میں لُٹ جاتا ہے اور لڑائی میں ہار جاتا ہے۔

ٹوٹا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نُقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ (۲) بانس کا ٹکڑا (۳) سگرٹ یا موم بتی کا بچا ہوا ٹکڑا (۴) کارتوس۔ پٹاخا (۵) کمی۔ توڑا۔ تجارت میں نُقصان (۶) ہرجانہ۔ تاوان (۷) ایک قسم کی آتش بازی (۸) غریبی۔ مُفلسی (۹) چاول کا چورا۔ جمع: ٹوٹوں۔ ٹوٹے۔

ٹوٹا اُٹھانا (سہنا) (اَر۔محاورہ) خسارہ اُٹھانا۔ نُقصان اُٹھانا۔

ٹوٹا بھر دینا (ٹوٹا دینا) (اَر۔محاورہ) خسارہ پورا کر دینا۔ نُقصان پورا کرنا۔ تاوان بھرنا۔ معاوضہ دینا۔

ٹوٹا پڑنا (ٹوٹا ہونا) (اَر۔محاورہ) (۱) کمی ہونا (۲) نُقصان ہونا۔

ٹوٹا ٹالے نہ ٹلے جب تک مٹے نہ لیکھ۔ سادھ کہیں دے بالکے لاکھ جتن کر دیکھ (ہ۔مثل) جب تک قسمت کا لکھا (لیکھ) نہ مٹے اُس وقت تک نُقصان نہیں ٹل سکتا (ٹالے نہ ٹلے) خواہ کتنی ہی کوشش (جتن) کی جائے۔ مطلب یہ کہ جب تک تقدیر یاور نہ ہو نُقصان ہو کر رہتا ہے۔ اِنسانی کوشش اُسے روکنے کے معاملے میں بے بس ہے۔

ٹوٹا، ٹامک، ٹوٹرو چھپانے رہیں نہ مول۔ یوں پرگٹ ہوں جگت میں جوں لشکر کی دُھول (ہ۔مثل) نُقصان (ٹوٹا) ڈھول (ٹامک) اور فاختہ (ٹوٹرو) چھپائے نہیں چھپتے۔ یہ تینوں اِس طرح ظاہر (پرگٹ) ہو جاتے ہیں جیسے (جوں) فوج کی گرد جو اُڑتی ہوئی صاف دکھائی دیتی ہے۔

ٹوٹا کر دے مُنہ کو کالا۔ ٹوٹے والا جگت کا سالا (ہ۔مثل) نُقصان یا گھاٹا انسان کو رُسوا اور ذلیل کر دیتا ہے۔

ٹوٹرو (ٹوٹ۔رو) (پہلا واو مجہول، دُوسرا معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا پرندہ جو قد میں فاختہ سے چھوٹا اور جسم میں اُس سے دُبلا ہوتا ہے (۲) بھنگ کا پھوک۔

ٹوٹرو سا (ہ۔صف) اکیلا۔ تنہا۔ چھڑی جان یا چھڑا دم۔

ٹوٹرو سا دم (اَر۔ا۔مذ) اکیلا دم۔ تنہا۔ یکہ و تنہا۔

ٹوٹکا (ٹوٹ۔کا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) جادُو۔ ٹونا۔ طِلسم۔ سحر۔ وہ ٹکا جو بعض عورتیں کسی بلا کو ٹالنے یا کسی کو اپنے اُوپر مائل کرنے کے لئے کرتی ہیں۔ جمع: ٹوٹکے۔ ٹوٹکوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹوٹکا کرنا (اُر۔ محاورہ) جادو کرنا۔ ٹونا کرنا۔ جتن کرنا۔

ٹوٹکا کرنے آنا (اُر۔ محاورہ) کھڑے کھڑے کو آنا۔ آنے کے بعد فوراً ہی واپس چلا جانا۔ تھوڑی دیر رُکنا یا ٹھہرنا۔

ٹوٹکا ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) جادو ہونا (۲) ٹونا ہونا (۳) کسی کام کا توقُّع سے زیادہ جلد ہو جانا۔

ٹوٹکے (ہ۔ا۔مذ)(۱) ٹوٹکا کی جمع (۲) ٹوٹکا کی مُغیّرہ صورت۔

ٹوٹکے ہائی (ہ۔صف) وہ عورت جو بچّوں اور بال بچّے والی عورت پر جادو ٹونا کرتی پھرے۔

ٹوٹل (Total) (انگ۔ا۔مذ) مجموعہ۔ تمام۔ کُل۔ سب۔ میزان۔

ٹوٹن (ٹُو۔ٹن) (ہ۔ا۔مث) (۱) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حِصّہ (۲) چُورا۔ ٹکڑے (۳) اَن بن کے بعد میل جول کی بندش۔ نیز دیکھئے ٹُوٹ۔

ٹوٹن (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) مُرغ بازی کے لئے تیار کئے ہوئے مُرغ کی چونچ۔

ٹوٹنا (ٹُوٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پُھوٹنا۔ شکستہ ہونا (۲) ہل کر حملہ کرنا (۳) زور شور سے مائل ہونا (۴) علیحدہ ہونا۔ الگ ہونا۔ کٹ جانا۔ رشتہ و تعلّق نہ رہنا۔ اُکھڑ جانا (۵) کم ہو جانا۔ نکل آنا (۶) پُھوٹنا (پانی کا نہر وغیرہ سے باہر نکل جانا) (۷) توڑا پڑنا۔ قلّت ہونا (۸) کمزور ہو جانا (۹) تنگ دست ہو جانا (۱۰) اَعضا شکنی ہونا (۱۱) پھل اُترنا (۱۲) مر جانا (۱۳) رقم بقایا میں پڑنا (۱۴) واقع ہونا۔ نازل ہونا (۱۵) تباہ و برباد ہونا (۱۶) پھنسنا (۱۷) زیر بار ہونا (۱۸) (روزہ یا وضو) کا فاسد ہو جانا (۱۹) گولہ کا مخالف سے مل جانا۔

ٹوٹنا پُھوٹنا (اُر۔ محاورہ) سالم نہ رہنا۔ شکستہ ہونا۔

ٹوٹی (ٹُو۔ٹی) (ہ۔صف) ٹوٹا کی تانیث۔

ٹوٹی بانہہ گل جندڑی (گلے پڑنا) (ہ۔مثل) جب بانہہ ٹوٹتی ہے تو گلے میں رُومال یا پٹّی (گل جندڑی) ڈال کر بانہہ اُس میں ڈالتے ہیں (۱) غریب یا لپاہج آدمی کو پالنے کا بوجھ اُس کے بھائی بند پر ہی پڑتا ہے (۲) کوئی بُری چیز اپنے ساتھ وابستہ ہو جائے تو اُسے چھوڑنا ناممکن ہو جاتا ہے۔

ٹوٹی کی بوٹی نہیں (ہ۔مثل) موت (ٹوٹی) کا کوئی علاج (بوٹی) نہیں۔

ٹوڈر (ق۔ا۔مذ) حلقہ۔

ٹوڈی (Toady) (ٹو۔ڈی) (انگ۔ا۔مذ) چاپلوس۔ ذلیل۔ خوشامدی۔ چمچہ۔ کاسہ لیس۔ جی حضوری۔ حاکموں کی ہاں میں ہاں ملانے والا۔

ٹوڈی بچّہ (اُر۔ا۔مذ) حاکموں کا جی حضوری۔ حکومت پرست۔ خوشامدی۔

ٹور (Tour) (انگ۔ا۔مذ)(۱) سیر و سیاحت (۲) دورہ۔

ٹورا (ٹو۔را)(ہ۔صف) ٹھنگنا۔ بونا (۲) بدوضع۔ بدہیئت۔ بے ہنگم (ا۔مذ) پرند کا وہ بچّہ جو پورا دانہ نہ ملنے کے باعث کمزور اور دُبلا پتلا ہو (۳) بٹیرے سے چھوٹا پرندہ۔

ٹورا (ٹو۔را)(ہ۔ا۔مذ)(واو مجہول) جھانجن۔ پاؤں کا ایک زیور۔ توڑا۔

ٹورنامنٹ (Tournament) (انگ۔ا۔مذ) کھیلوں کا سالانہ مقابلہ۔

ٹوری (Tory) (انگ۔ا۔مذ)(۱) برطانیہ کی قدامت پرست جماعت یا فرد (۲)

(ہ۔ا۔مث) ٹورا (ٹھنگنا) کی تانیث۔

ٹوڑا (ٹو۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا وہ ٹکڑا جو چھجّے میں لگاتے ہیں۔

ٹوڑی (ٹو۔ڑی)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) ایک راگنی جسے بودکا اور ٹوڈی بھی کہتے ہیں۔ صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

ٹُوسا (ٹُو۔سا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) آک کا پھل۔ ڈوڈا (۲) تُس۔ پُھوسڑا۔ ریشہ۔

ٹوسٹ (Toast)(انگ۔ا۔مذ)(۱) ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا۔ توس (۲) جامِ صحت

ٹوک (واو مجہول)(ہ۔اِمث)(۱) نظر گزر۔ ہونس (۲) پُوچھ گچھ۔ سوال جواب (۳) روک۔ ممانعت۔ مزاحمت۔ تعرُّض۔

ٹوک ٹاک (ٹوکا ٹاکی) (اُر۔ا۔مث) روک ٹوک۔ مزاحمت۔ پُوچھ گچھ۔

ٹوک دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) ٹوکنا۔ روک ٹوک کرنا (۲) غلطی جتا دینا (۳) آنے جانے سے روک دینا (۴) ہوتے ہوئے کام میں خلل اَنداز ہونا۔

ٹوک لگنا (ٹوک میں آنا) (اُر۔ محاورہ) نظر لگنا۔ حسد کیا جانا۔ ہونسا ہونا۔

ٹُوک (واو معروف)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ٹکڑا۔ حِصّہ۔ پارچہ (۲) ذرّہ۔ ریزہ۔

ٹُوک ٹُوک کرنا (ہ۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

ٹُوکا (ٹُو۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چھوٹا سا ٹکڑا (۲) ڈھول کی ایک ضرب (۳) نظرِ بد (ق)۔

ٹوکا ہونا (اُر۔ محاورہ) نظر لگنا۔

ٹوکا (ٹو۔کا) (واو مجہول) (انگ۔ا۔مذ) ایک آلہ جس سے چارا کاٹتے ہیں۔ گنڈاسا۔

ٹوکرا (ٹوک۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بانس یا جھاؤ کا بنا ہوا چھابا یا کھانچا (۲) کشتی۔ ڈونگا (۳) چوپی کی ہاری ہوئی بازی (۴) بوجھ۔ بار۔ جمع: ٹوکرے۔ ٹوکروں۔

ٹوکرا دینا (اُر۔ محاورہ) چوپی کے کھیل میں مخالف کو ہرا دینا۔

ٹوکرا سر پہ ہونا (اُر۔ محاورہ) سر پر بوجھ ہونا۔ ذمّے داری ہونا۔

ٹوکروں (ہ۔ا۔مذ) ٹوکرا کی جمع۔

ٹوکروں اُترنا (اُر۔ محاورہ) درخت سے پھل بکثرت حاصل ہونا۔ پھل بہت زیادہ مقدار میں گرنا۔

ٹوکری (ٹوک۔ری) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا ٹوکرا۔ جھلّی۔ چھابڑی۔ جمع: ٹوکریاں۔ ٹوکریوں۔

ٹوکری ڈھونا (اُر۔ محاورہ) محنت مزدوری کرنا۔ قُلی کا کام کرنا۔

ٹوکم ٹاک (ٹو۔کم۔ٹاک)(اُر۔صف) بالکل ٹھیک۔ وزن میں پورا۔

ٹوکم ٹوکا (اُر۔ا۔مذ) لڑائی جھگڑے کی بات (۲) بار بار روکنا۔

ٹوکن (Token) (انگ۔ا۔مذ) لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جس پر نمبر لگے ہوتے ہیں۔ شناخت یا حاضری کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔

ٹوکنا (ٹوک۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) روکنا۔ کوئی بات یا کام نہ کرنے دینا (۲) پُوچھنا۔ سوال جواب کرنا۔ پُوچھ گچھ کرنا (۳) ایک پہلوان کا دُوسرے پہلوان کو (کُشتی کے لئے) للکارنا (۴) پیچھے سے آواز دے کر روکنا (۵) ثبوت طلب کرنا۔ چیک کرنا۔ بندش لگانا۔ مزاحم ہونا (۶) معترض ہونا۔ وجہ معلوم

کرنا (۷) غلطی بتانا (۸) اِنعام دینا (۹) حسد کرنا۔ نظر لگانا (۱۰) قرض دار سے تقاضا کرنا (و۔ا۔مذ) پانی بھرنے کا بڑا سا پتیلا۔ کلسا۔

ٹوکنی (ٹوک۔نی) (و۔ا۔مث) پانی یا دودھ رکھنے کی کلسی۔ ٹوکنا کی تانیث۔

ٹوکی (ٹو۔کی) (و۔ا۔مث) انگیا کی کٹوریوں کا اُوپر کا ٹکڑا۔

ٹول (واو مجہول) (و۔ا۔مذ) (۱) نطفہ۔ منی (۲) بچہ۔ لڑکا۔ اولاد (۳) دھکا۔ تھپڑ۔ ضرب۔ صدمہ (۴) گروپ۔ گروہ۔ بھیڑ۔ مجمع (۵) چھوٹا گاؤں۔

ٹول مارنا (اُر۔ محاورہ) ایک چیز کو دُوسری چیز پر دے مارنا۔

ٹول (Tool) (انگ۔ا۔مذ) اوزار۔ میکانکی آلہ۔

ٹول (اُر۔ا۔مذ) کھیس کی طرح کا کپڑا۔ انگ Twill کا بگاڑ۔

ٹول (ٹال) (Toll) (انگ۔ا۔مذ) سڑک کا محصول۔ چنگی۔

ٹولا (واو مجہول) (اُر۔ا۔مذ) شہر کا ایک حصہ (۲) محلہ۔ کوچہ (۳) چیزوں کا سیٹ (۴) گروہ۔ مجمع (۵) چیزوں کا مجموعہ (۶) نیل۔ مار کا نشان۔ جمع: ٹولوں۔ ٹولے۔

ٹولا پڑنا (اُر۔ محاورہ) جسم پر مار سے بدھی پڑنا۔ نیل پڑنا۔ نشان پڑنا۔

ٹولی (واو مجہول) (و۔ا۔مث) (۱) گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ پرا۔ ٹکڑی۔ طائفہ (۲) پتھر کی سِل۔ بھاری پتھر۔ جمع: ٹولیاں۔ ٹولیوں۔

ٹوم (واو معروف) (و۔ا۔مث وصف) (۱) گہنا پاتا۔ زیور (۲) خوبصورت عورت (۳) مال دار عورت۔ سونے کی چڑیا (۴) چالاک۔ چلتا پرزہ۔ عیّار (۵) انتڑیاں (۶) کبوتروں کے بیٹھنے کی چھتری (۷) نوچی۔ نوجوان طوائف (۸) نیا پودا۔

ٹوم بنا تِیَر ہے ایسی، بن پانی کے کھیتی جیسی (و۔مثل) زیور (ٹوم) کے بغیر عورت (تِیَر) ایسی ہوتی ہے جیسے پانی کے بغیر کھیتی۔

ٹوم تِیَر کی پت بڑھاوے۔ ٹوم تجھے دھن ونت کہاوے (و۔مثل) عورت (تِیَر) کی عزت (پت) گہنے پاتے (ٹوم) سے ہوتی ہے۔ گہنے پاتے کی وجہ سے اِنسان دولت مند (دھن ونت) کہلاتا ہے۔

ٹوم ٹام (و۔ا۔مث) (۱) گہنا پاتا (۲) کم قیمت چیز یا کوئی ہلکا زیور (۳) اکّا دُکّا۔ کوئی کوئی۔

ٹوم چھلا (و۔ا۔مذ) ادنیٰ قسم کا زیور۔

ٹوم دینا (ٹومنا) (اُر۔ محاورہ) کبوتروں کو چھتری پر سے اُبھارنا (۲) کچوکا دینا۔ کہنی مارنا (۳) اُڑس دینا۔ اُڑسنا۔

ٹوم کپڑے جس گھر پاویں۔ ایک چھوڑ دس تِیَر آویں (و۔مثل) جس گھر میں گہنا پاتا اور کپڑا لتا موجود ہو وہاں ایک چھوڑ دس عورتیں بیاہ کر لائی جا سکتی ہیں (مطلب) امیر آدمی جتنی شادیاں چاہے کر سکتا ہے۔

ٹومنا (ٹوم۔نا) (واو معروف) (و۔مص) دیکھئے ٹوم دینا

ٹومنی (ٹوم۔نی) (ق۔ا۔مث) کچوکا۔ ضرب۔ ٹھوکر۔

ٹوں (و۔ا۔مث) ٹوں۔ ریاح خارج ہونے کی آواز۔

ٹونا (ٹو۔نا) (واو مجہول) (و۔ا۔مذ) (۱) جادُو۔ منتر (۲) ایک قسم کا گیت جو شادی کی تقریب میں ڈومنیاں گاتی ہیں۔ جمع: ٹونوں۔ ٹونے۔

ٹونا ہائی۔ ٹونہائی۔ دیکھئے ٹُنہائی۔

ٹونٹ (واو مجہول) (نون غنہ) (و۔ا۔مث) پرندے کی چونچ۔

ٹونٹا (ٹوں۔ٹا) (واو مجہول) (و۔ا۔مذ) (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) ایک قسم کی آتش بازی (نیز دیکھئے ٹوٹا) (۳) (صف) جس کا ہاتھ کٹا ہوا ہو۔ (نیز دیکھئے ٹنٹا اور ٹُنڈا)۔

ٹونٹی (ٹوں۔ٹی) (و۔ا۔مث) (۱) لوٹے یا بدھنے کا نلی دار منہ جس سے پانی باہر نکلتا ہے۔ جمع: ٹونٹیاں۔ ٹونٹیوں۔

ٹونڈی (ٹوں۔ڈی) (و۔ا۔مث) (۱) دیکھئے ٹُنڈی (۲) گاجر مولی کی نوک۔

ٹونگا ٹانگی (ٹوں۔گا۔ٹاں۔گی) (و۔ا۔مث) تھوڑا تھوڑا کھانے کا عمل۔

ٹونگنا (ٹونگ۔نا) (واو معروف) (پہلا نون غنہ) (و۔مص) ایک ایک دانہ اُٹھا کے کھانا۔ تھوڑا تھوڑا کھانا۔

ٹونے (واو مجہول) (و۔ا۔مذ) (۱) ٹونا کی جمع (۲) ٹونا کی مغیّرہ صورت بحالت اِمالہ۔

ٹونے باز (و۔ف۔صف) جادُوگر۔ ساحر۔

ٹونے ٹوٹکے (و۔ا۔مذ) تعویذ گنڈے۔ جھاڑ پھونک۔

ٹونے سلونے (و۔ا۔مذ) شادی بیاہ کے گیت۔

ٹوہ (واو مجہول) (و۔ا۔مث) (۱) تلاش۔ جستجو۔ کھوج۔ ڈھونڈ (۲) ٹٹول۔ دیکھ بھال۔ نگرانی۔

ٹوہ بوہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) خبر رکھنا۔

ٹوہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حال معلوم کرتے رہنا (۲) خبرگیری کرتے رہنا (۳) تلاش میں رہنا۔

ٹوہ لگانا (اُر۔ محاورہ) کھوج لگانا۔ پتا لگانا۔ سُراغ لگانا۔

ٹوہ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کا عندیہ معلوم کرنا (۲) کسی معاملے کا گہرا راز معلوم کرنا (۳) پتا لگانا۔

ٹوہ میں رہنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تلاش میں رہنا (۲) عیب ڈھونڈنے کے درپے رہنا۔

ٹوہا ٹاہی (و۔ا۔مث) (۱) تلاش۔ ٹٹول (۲) چھان بین (۳) دیکھ بھال۔

ٹوہنا (ٹوہ۔نا) (و۔مص) (۱) تلاش کرنا (۲) کھوج لگانا۔ پتا چلانا (۳) عندیہ معلوم کرنا (۴) ٹٹولنا۔

ٹوہیا (ٹو۔ہی۔یا) (و۔ا۔مذ) تلاش کرنے والا۔ کھوجی۔ جاسوس۔

ٹوئی (ٹو۔ئی) (و۔ا۔مث) (۱) قلم (۲) جوار باجرے کی پوری۔ نیزے کی پوری۔

ٹویاں (و۔صف) دیکھئے ٹُمیاں۔

ٹویڈ (Tweed) (ٹ۔ویڈ) (انگ۔ا۔مذ) کھردرا موٹا اُونی کپڑا۔

ٹ۔ ھ

ٹہل (ٹ۔ہل) (و۔ا۔مث) (۱) چہل قدمی (۲) ملازمت (۳) خدمت بندگی (۴) محنت۔ مشقت۔

ٹہل جانا (و۔ محاورہ) (۱) چلا جانا (۲) ٹل جانا۔ بھاگ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹہل کرنا (ف۔ محاورہ) خدمت کرنا۔ سیوا کرنا۔ آرام پہنچانا۔

ٹہل کرو فقیر کی جو دیوے تمہیں اَسیس۔ رَین دِنا راضی رہو جگ میں بسوا بیس (ف۔ مثل) فقیروں کی خدمت کرو۔ وہ تمہیں دُعائیں (اسیس) دیں گے۔ ان دُعاؤں کی برکت سے تم رات دن (رین دنا) خوش رہو گے۔ دُنیا میں قطعی طور پر (بسوا بیس) خوش رہنے کا یہی طریقہ ہے۔ مطلب یہ کہ غریبوں کو دینے دلانے سے اِنسان کو دلی سکون ملتا ہے۔

ٹہل نہ ٹکوری لاؤ مجوری موری (ف۔ مثل) خدمت تو کچھ بھی نہیں کی (ٹہل نہ ٹکوری) معاوضہ مانگنے کو تیار ہیں۔

ٹہلانا (مَد۔لا۔نا) (ف۔ مص) (۱) ٹہلنا کا متعدی۔ پھرانا۔ چہل قدمی کرانا (۲) گھوڑوں کو پھیرا دینا (۳) ٹالنا۔ ہٹانا (۴) غائب کرنا (۵) موقوف کرنا۔

ٹہلنا (ٹ۔ہَل۔نا) (ف۔ مص) (۱) آہستہ آہستہ پھرنا۔ چہل قدمی کرنا۔ گشت کرنا۔ پھیری کرنا (۲) رُخصت ہونا۔ ٹلنا۔ جدا ہونا (۳) مرجانا۔

ٹہلنی (ٹ۔ہَل۔نی) (ف۔امث) داسی۔ مُلازمہ۔ خادمہ۔

ٹہلوا (ٹ۔ہَل۔وا) (ف۔امذ) خدمت گار۔ سیوک۔ مُلازم۔ نوکر۔

ٹہنا (مَد۔نا) (ف۔امذ) (۱) درخت کی موٹی اور بڑی شاخ۔ گدّا۔

ٹہنی (ٹہہ۔نی) (ف۔امث) درخت کی شاخ۔ ڈالی۔ ٹہنا کا مؤنث۔

ٹہوکا (ٹ۔ہو۔کا) (ف۔امذ) (۱) ہلکا سا دھکّا (۲) ضرب (۳) کہنی مارنا (۴) ہلانا۔ ہوشیار کرنا۔ جمع: ٹہوکوں۔ ٹہوکے۔

ٹہوکا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ یا پاؤں سے ہلکا سا دھکّا دینا (۲) خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔ ہوشیار کرنا۔

ٹہوں (ٹ۔ہُوں) (ف۔امث) نومولود کے رونے کی آواز۔

ٹھ

ٹھا (ف۔ا۔صوت۔مث) (۱) زور کی آواز۔ پٹاخے کی آواز (۲) جگہ۔ مقام (۳) (موسیقی کی اِصطلاح) مدھم آواز۔ درمیانے درجے کی آواز۔

ٹھاٹ (ٹھاٹھ) (ف۔امذ) (۱) فیشن۔ ڈھنگ۔ ناز و ادا۔ طور طریقہ (۲) شان و شوکت۔ کروفر۔ آن بان۔ رُعب داب۔ جاہ و حشم۔ جاہ و جلال (۳) سجاوٹ۔ آرائش (۴) تجملات۔ اِفراط (۵) ہجوم۔ جلوس۔ ہنگامہ۔ دُھوم دھام (۶) تکلّفات۔ مال و متاع۔ لوازمِ زندگی۔ فرنیچر۔ سامانِ آسائش وغیرہ (۷) اِسکیم۔ پلان۔ منصوبہ۔ بندوبست۔ تجویز۔ تدبیر (۸) تراش۔ وضع۔ سانچا۔ فریم (۹) ٹھاٹر۔ بانس کا چوکھٹا جس پر چھپّر رکھتے ہیں۔ پنجر۔ ڈھانچا (۱۰) پٹا بازوں کا پینترا (کھڑے ہونے، چوٹ لگانے یا بچنے کا انداز) (۱۱) کبوتر کا خوشی میں پر پھڑپھڑانا (۱۲) مُرغ کی چال ڈھال جب وہ مقابل سے بھڑنے کے لئے قدم اُٹھاتا ہے (۱۳) آرام و آسائش (۱۴) ستار نواز کا ستار کی کھونٹیاں کسنا (۱۵) راگ کا خاص انداز۔ جمع: ٹھاٹ۔ ٹھاٹوں۔

ٹھاٹ باٹ (ف۔امذ) شان و شوکت۔ آن بان۔

ٹھاٹ باندھنا (ف۔ محاورہ) (۱) ٹٹی باندھنا۔ چھپّر کے لئے چوکھٹا باندھنا (۲) پٹا بازوں کا قاعدے سے کھڑا ہونا (۳) گانے والے کا راگ کو قاعدوں کے مطابق قائم کر لینا۔

ٹھاٹ بدلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پینترا بدلنا۔ نئے انداز سے کھڑا ہونا (۲) نئی طرز سے آرائش کرنا (۳) نئی طرز اِختیار کرنا۔ انداز بدلنا (۴) لباس تبدیل کرنا (۵) شان و شوکت کے اِظہار کا نیا پیرایہ اِختیار کرنا۔

ٹھاٹ پڑا رہ جانا (اَر۔ محاورہ) سامان اور مال اَسباب اِس دُنیا میں رہ جانا۔

ٹھاٹ پھیلانا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز یا کام کو صحیح طریق پر چلانے کی تدبیریں کرنا۔

ٹھاٹ سے آنا (اَر۔ محاورہ) شان سے آنا۔ اِہتمام سے آنا۔

ٹھاٹ سے پھرنا (اَر۔ محاورہ) ناز و انداز سے چلنا۔ تمکنت سے قدم اُٹھانا۔ شان و شوکت دکھانا۔

ٹھاٹ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سجاوٹ یا آرائش کرنا (۲) کبوتر کا خوشی میں پر مارنا (۳) لڑائی کے وقت مُرغ کا اکڑ اکڑ کر چلنا (۴) شان و شوکت سے زندگی بسر کرنا۔

ٹھاٹ مار کر (کے) اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) پرندکا پر جھاڑ کر اُڑنے کے لئے اُٹھنا۔

ٹھاٹ مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پرندے کا اُڑنے سے پہلے پر تولنا (۲) مُرغوں کا بال و پر ہلانا (۳) کبوتر کا جفتی کر کے اُٹھنا (۴) مزے اُڑانا۔

ٹھاٹا (ف۔امذ) (۱) بیل کا کوہان (۲) وہ کپڑا جو چور ڈاکو اور قاتل وغیرہ اِس لئے مُنہ پر باندھتے ہیں کہ پہچانے نہ جائیں۔ ڈھاٹا (۳) وہ کپڑا جو ڈاڑھی کی مانگ نکال کر اُسے دائیں بائیں کلّوں پر جمانے کے لئے باندھتے ہیں۔ جمع: ٹھاٹوں۔ ٹھاٹے۔

ٹھاٹر (ف۔امذ) (۱) بانس کا ڈھانچا۔ ٹٹّی (۲) کبوتروں اور مُرغوں کا دڑبا (۳) روشنیوں کی ٹٹّی جو تقریبات پر کھڑی کی جاتی ہے۔ جمع: ٹھاٹر۔ ٹھاٹروں۔

ٹھاٹر بندی (ف۔امث) روشنیوں کی ٹٹّی یا ٹھاٹر باندھنا۔

ٹھاٹر کھول ٹھکٹھو آیا (اَر۔ مثل) نکمّے اور کمائی نہ کرنے والے شوہر کے گھر آنے پر بطور طنز یہ مثل کہتے ہیں۔

ٹھاٹھیں مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پانی کا اُونچی اُونچی پُرشور موجیں مارنا (۲) (کنایۃً) بہت ہجوم ہونا۔

ٹھاڈا (ٹھارا) (ف۔مف) (۱) طاقت ور۔ مضبوط۔ توانا۔ قوی ہیکل۔ زور آور (۲) سیدھا کھڑا ہوا۔ عمودی۔ ایک جگہ قائم۔ گڑا ہوا۔

ٹھاڈا مارے اور (آگے رکھ لے) رونے نہ دے (ف۔ مثل) زبردست زیادتی کرنے کے بعد فریاد بھی نہیں کرنے دیتا۔ غالب مغلوب کے ساتھ جو سلوک چاہے کرے۔

ٹھاڈے (ف۔مف) (۱) ٹھاڈا کی جمع (۲) ٹھاڈا کی مُغیّرہ صورت۔

ٹھاڈے کی جورو سب کی دادی۔ غریب کی جورو سب کی بھابی (ف۔ مثل) زبردست آدمی کی بیوی کی سب عزّت کرتے ہیں مگر غریب کی بیوی سے بے تکلّفی کا برتاؤ کرتے ہیں۔

ٹھار (ف۔امذ) (۱) برف۔ پالا (۲) اِرادہ۔ قصد (۳) جگہ۔ ٹھکانا۔

ٹھاری (ف۔امث) وہ لکڑی جو لکڑی پھینکنے والے ایک دوسرے کے سر پر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مارتے ہیں۔

ٹھاکر (ٹھا۔کر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دیوتا۔ پرماتما (۲) مالک۔ آقا (۳) بڑا زمیندار (۴) ہندوؤں کے جنگ جو فرقے راجپوت کا فرد (۵) نائی۔ حجام (۶) عزّت و احترام کا لفظ جیسے حضرت۔ جناب۔ صاحب۔ مسٹر وغیرہ۔ جمع: ٹھاکر۔ ٹھاکروں۔

ٹھاکر پتھر' مالا لکڑ' گنگا جمنا پانی۔ جب تک من میں سانچ نہ آئے چاروں وید کہانی (ہ۔مثل) جب تک دل میں سچائی (سانچ) نہ ہو اُس وقت تک بھگوان کی مورت پتھر کے برابر ہے اور تسبیح (مالا) لکڑی کے دانے ہیں جو ایک ڈوری میں پرو دیے گئے ہیں اور گنگا جمنا جنھیں مقدس سمجھا جاتا ہے' محض دو دریا ہیں یہاں تک کہ چاروں وید جو آسمانی صحیفے مانے جاتے ہیں وہ بھی قصے کہانی سے زیادہ نہیں۔ مطلب یہ کہ جب تک دل میں ایمان نہ ہو اُس وقت تک مذہبی باتیں بے اثر ہوتی ہیں۔

ٹھاکر دُوارہ (ہ۔ا۔مذ) مندر۔ پُوجا کرنے کی جگہ۔

ٹھاکر سیوا (ہ۔ا۔مث) (۱) دیوتا کی خدمت (۲) دیوتا کی پُوجا (۳) وہ جاگیر جو مندر کے لئے وقف کر دی گئی ہو۔

ٹھاکرانی (ٹھاکرائن) (ٹھا۔کَ۔را۔نی) (ٹھا۔کَ۔را۔ئن) (ہ۔ا۔مث) (۱) ٹھاکر کی بیوی۔

ٹھال (ہ۔ا۔مث) (۱) بے کاری۔ بیروزگاری (۲) فرصت۔ چُھٹی۔ فراغت۔

ٹھالا (ہ۔صف) (۱) بے کار (۲) جسے فراغت اور فرصت ہو۔

ٹھالا پھرنا (اَر۔محاورہ) آوارہ پھرنا۔ بے کار پھرنا۔

ٹھالی (ٹھا۔لی) (ہ۔صف) (۱) خالی (۲) بے کار۔ بے روزگار (۳) جسے کام سے فراغت ہو۔ جو چُھٹی پر ہو (۴) چھوٹی شاخ۔

ٹھالی بنیا تولے باٹ (ہ۔مثل) انسان بے کاری کی حالت میں فضول اور غیر ضروری کام کرتا ہے (بنیا خالی بیٹھے بیٹھے اپنے بٹے ہی تولنا شروع کر دیتا ہے)۔

ٹھالی بنیا کیا کرے۔ اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی دھرے (ہ۔مثل) ٹھالی (خالی) بنیا ایک کوٹھی کے دھان دُوسری کوٹھی میں رکھنے لگتا ہے۔ مطلب یہ کہ آدمی بے کاری کی حالت میں فضول کام کرتا ہے۔

ٹھام (ق۔ا۔مذ) مقام۔

ٹھاں (اَر۔ا۔صوت۔مث) بندوق چلنے کی آواز۔ گولی چلنے کی آواز۔

ٹھاں ٹھاں (ٹھائیں ٹھائیں) (اَر۔ا۔مث) بندوق کے فیروں کی لگاتار آوازیں۔

ٹھانس (ق۔ا۔مث) کھانسی۔

ٹھانسا (ٹھاں۔سا) (ہ۔ا۔مذ) بندوق کی ڈاٹ یا وہ چیتھڑا جو اُس کے اندر بھرا جاتا ہے۔

ٹھانسنا (ٹھانس۔نا) (ہ۔مص) (۱) ٹھونسنا۔ خوب دبا کے بھرنا۔ کھچا کھچ بھرنا (۲) گھسیڑنا۔ داخل کرنا (۳) مضبوط یا پختہ کرنا (۴) گھوڑے کی لگام کھینچنا (ق)۔

ٹھان لینا (ہ۔محاورہ) پکّا ارادہ کر لینا۔ عہد کر لینا۔

ٹھاننا (ٹھان۔نا) (ہ۔مص) پکّا ارادہ کرنا۔ نیّت کر لینا۔ منصوبہ باندھنا۔

ٹھاؤں (ق۔ا۔مث) جگہ۔ ٹھکانا۔ استھان۔ ٹھام۔

ٹھپ (بالفتح) (اَر۔صف) ختم۔ بند۔ مندا۔

ٹھپ ہو جانا (ہونا) (اَر۔محاورہ) ختم ہو جانا۔ بند ہو جانا۔

ٹھپّا (ٹھپ۔پا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دھات کا بنا ہوا چھاپا۔ نقش کرنے' چھاپنے یا نشان لگانے کا آلہ (۲) سکّہ۔ نقش (۳) مُہر۔ اُبھرا ہوا نقش۔ ڈائی (۴) سانچا۔ قالب (۵) وہ نشان یا نقش جو ٹھپّے سے لگے یا چھپے (۶) ایسا نشان جو ہاتھ یا پنجے سے کسی چیز پر لگ جائے (۷) چوڑا گوٹا یا لیس۔ جمع: ٹھپّوں۔ ٹھپّے۔

ٹھپّا لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) نقش لگانا (۲) چھاپنا (۳) نشان لگانا۔

ٹھٹ (ٹھٹھ) (ہ۔ا۔مذ) بھیڑ۔ ازدحام۔ جمگھٹ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ مجمع۔

ٹھٹ کے ٹھٹ (ہ۔ا۔مذ) گروہ کے گروہ۔ زبردست بھیڑ۔ زبردست ہجوم۔ جم غفیر۔

ٹھٹّا (ٹھٹھا) (ٹھٹ۔ٹا) (ٹھٹھ۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہنسی مذاق۔ چُہل (۲) قہقہہ۔ آواز سے ہنسنا (۳) آسان کام۔ جمع: ٹھٹّھے۔ ٹھٹّھوں۔

ٹھٹّا اُڑانا (اَر۔محاورہ) (۱) ہنسی اُڑانا (۲) کسی پر اس طرح ہنسنا جیسے اُسے ذلیل کرنا ہے۔ تضحیک کرنا۔

ٹھٹّا کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) ہنسی اُڑانا۔ مذاق کرنا۔ ہنسنا۔ چُہل کرنا۔ آوازہ کسنا (۲) آسان سمجھنا۔ کوئی اہمیت نہ دینا۔

ٹھٹّا لگانا (ٹھٹّا مارنا) (اَر۔محاورہ) (۱) کھل کھلا کر ہنسنا۔ قہقہہ مارنا۔

ٹھٹّر (ٹھٹھر) (ٹھٹ۔ٹر) (ٹھٹھ۔ٹھر) (ہ۔ا۔مذ) چھپّر کی چھت کا بانسوں کا چوکھٹا۔ نیز دیکھئے ٹھاٹ اور ٹھاٹر۔

ٹھٹرا (ٹھٹھرا) (ٹھٹ۔را) (ہ۔صف) ٹھٹھرا ہوا۔ سردی سے اکڑا ہوا۔

ٹھٹرا (ٹھٹھرا) (ٹھٹ۔را) (ٹھٹھ۔را) (ہ۔ا۔مذ) باڑہ۔

ٹھٹر جانا (ہ۔مص) دیکھئے ٹھٹھرنا۔

ٹھٹرانا (ٹھٹھرانا) (ٹھٹ۔رانا) (ٹھٹھ۔رانا) (ہ۔مص) ٹھٹھرنا کا متعدی۔

ٹھٹراہٹ (ٹھٹھراہٹ) (ٹھٹ۔را۔ہٹ) (ٹھٹھ۔را۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) کپکپی۔ شدت کی ٹھنڈ۔ سردی سے سُن ہو جانا۔

ٹھٹرنا (ٹھٹھرنا) (ٹھٹ۔ر۔نا) (ٹھٹھ۔ر۔نا) (ہ۔مص) (۱) سردی سے اکڑنا۔ ٹھنڈ سے اینٹھنا۔ سخت سردی لگنا (۲) سردی کی وجہ سے کپکپانا۔ لرزنا (۳) سردی کے مارے بے حِس ہو جانا (۴) سردی کے باعث پودے کا بڑھنے سے رُک جانا۔ قوّتِ نامیہ کا ختم ہو جانا۔ سکڑنا۔ مرجھانا۔

ٹھٹری (ٹھٹھری) (ٹھٹ۔ری) (ٹھٹھ۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) مکان کی چھت کے لئے بانس کا ڈھانچا (۲) چٹائی کے پردے کا فریم یا ڈھانچا (۳) پنجوڑ ڈھانچ (۴) دبلا پتلا آدمی (۵) ارتھی۔ جنازہ (صف) ٹھٹرا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹھٹک (ٹھَٹھک) (ٹھ۔ٹک) (ٹھ۔ٹھک) (ا۔ مث) تھم جانے' رُک کر کھڑے ہو جانے' اچانک رُک جانے' حیران کھڑے رہ جانے کی حالت یا کیفیت۔

ٹھٹک ٹھٹک کے (اُر۔ متعلق فعل) رُک رُک کے۔ بے دلی سے۔ نیم دلی سے۔ ہچکچاہٹ کے ساتھ۔

ٹھٹک جانا (ف۔ مص مرکب) دیکھیے ٹھٹکنا۔

ٹھٹکنا (ٹھَٹھکنا) (ٹھ۔ٹک۔نا) (ٹھ۔ٹھک۔نا) (ف۔ مص) (۱) اچانک رُکنا (۲) حیران ہو کر ٹھہر جانا۔ تعجب' ڈر یا شش و پنج کی وجہ سے چلتے چلتے ٹھہر جانا۔ تامّل کرنا۔ تردُّد کرنا (۳) ہچکچانا۔ پیچھے ہٹنا۔

ٹھٹھنا (ٹھٹھ۔نا) (ق۔ مص) ٹھاٹھ جمانا۔ رنگ جمانا۔ نقشہ جمانا۔

ٹھٹول (ٹھَٹھول) (ٹھ۔ٹول) (ٹھ۔ٹھول) (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ہنسی مذاق۔ چھیڑ خانی۔ خوش طبعی (۲) (صف) خوش طبع۔ ظریف۔ ٹھٹھے باز۔ مسخرہ۔

ٹھٹھول پن (ف۔ ا۔ مذ) ہنسی مذاق۔

ٹھٹولی (ٹھَٹھولی) (ٹھ۔ٹو۔لی) (ٹھ۔ٹھو۔لی) (ف۔ ا۔ مث) خوش طبعی۔ ظرافت۔ چھیڑ چھاڑ۔ جمع: ٹھٹھولیاں۔ ٹھٹھولیوں۔

ٹھٹھولی کرنا (ٹھٹھولیاں کرنا) (ف۔ محاورہ) مذاق کرنا۔ تمسخر کرنا۔ چُہلیں کرنا۔

ٹھٹھولیا (ٹھ۔ٹھو۔لی۔یا) (ف۔ صف) ظریف۔ خوش طبع۔ مسخرہ۔

ٹھٹیرا (ٹھَٹھیرا) (ٹھ۔ٹے۔را) (ٹھ۔ٹھے۔را) (ف۔ ا۔ مذ) پیتل' تانبے وغیرہ کے برتن بنانے یا بیچنے والا (۲) جوار باجرے کا ڈنٹھل۔ جمع: ٹھٹھیرے۔ ٹھٹھیروں۔

ٹھٹھیرا بازار (ف۔ ا۔ مذ) وہ بازار جس میں ٹھٹھیروں کی دُکانیں ہوں۔

ٹھٹیرے (ٹھَٹھیرے) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ٹھٹھیرا کی جمع (۲) ٹھٹھیرا کی مغیرہ صورت۔

ٹھٹھیرے بدلائی (اُر۔ مثل) برابر کی ٹکر۔ دو ایسے آدمیوں کے درمیان معاملہ یا تکرار جو ہم پیشہ' ہم پلّہ اور ذہانت میں برابر ہوں۔

ٹھٹھیرے مارنا (ف۔ محاورہ) جوار یا باجرے کے ڈنٹھل سے مارنا۔ عام خیال ہے کہ منگل کے دن بچے کو باجرے یا جوار کے ڈنٹھل سے مارنا اُسے دُبلا کر دیتا ہے۔

ٹھٹیری (ٹھ۔ٹے۔ری) (ف۔ ا۔ مث) ٹھٹھیرے کی بیوی (۲) کسیرن۔

ٹھُٹھ (ٹھُٹھنی) (ق۔ صف) باتونی۔

ٹھڈّا (ٹھڈ۔ڈا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پتنگ یا کنکوے کی بیچ کی موٹی تیلی یا کھپچی (۲) کمر کی ہڈی۔ پیٹھ کی ہڈی۔ ریڑھ کی ہڈی۔ جمع: ٹھڈّوں۔ ٹھڈّے۔

ٹھڈّا ٹوٹی (اُر۔ صف۔ مث) (۱) جس کا ٹھڈّا ٹوٹ گیا ہو (۲) وہ عورت جس کی کمر جُھک گئی ہو۔ کمر ٹوٹی۔ کُبڑی۔

ٹھُڈّی (ٹھُڈ۔ڈی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) اِنسان کے چہرے کا سب سے نچلا حصّہ۔ ٹھوڑی۔ زنخ دان۔ ذقن (۲) بُھنے ہوئے اَناج کا ایسا دانہ جو خستہ ہونے یا کِھلنے سے رہ گیا ہو۔ جمع: ٹھڈّیاں۔ ٹھڈّیوں۔

ٹھُڈّی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) سوچ میں پڑا ہونا۔ فکرمند یا غمگین ہونا۔

ٹھُڈّی پکڑنا (ٹھُڈّی میں ہاتھ دینا) (اُر۔ محاورہ) (۱) خوشامد کرنا۔ منّت سماجت کرنا (۲) غُصّہ ٹھنڈا کرنا۔ ناراضی دُور کرنا۔

ٹھُڈّی کے نیچے ہاتھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) حیران ہونا۔ شش و پنج میں پڑنا۔

ٹھَر (ف۔ ا۔ مث) سخت سردی۔ پالا۔ اِنتہائی ٹھنڈ۔

ٹھَرّا (ٹھر۔را) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) گھٹیا دیسی شراب (۲) انگیا یا محرم کے بند (۳) کچّی اینٹ۔ خراب اینٹ (۴) دیہاتی جُوتا (۵) سُوت کی رسّی۔

ٹھِرنا (بکسر اوّل) (ف۔ مص) سردی لگنا۔ سردی کا اثر ہو جانا۔

ٹھَس (بفتح اوّل) (ف۔ صف) (۱) کُند ذہن۔ کودن (۲) سُست جو اپنی جگہ سے نہ ہلے (۳) ٹھوس۔ بھاری (۴) کھوٹا روپیہ جس میں جھنکار نہ ہو (۵) ضِدّی۔ ہٹیلا (۶) جو ٹھونس ٹھونس کر بھرا گیا ہو (۷) پتنگ کے وہ کنّے جو برابر نہ ہوں (۸) (ا۔ مث) بندوق جیسی آواز جو مُنہ سے نکالی جائے۔

ٹھَسّا (ٹھس۔سا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) گھمنڈ۔ غرور۔ تکبّر (۲) خاص اَنداز۔ نخرہ (۳) ٹھپّا۔ سانچا۔ چھاپا (۴) شان و شوکت۔ ٹھاٹ باٹ۔ جمع: ٹھسّوں۔ ٹھسّے۔

ٹھسّا ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سکّہ بنانا (۲) نقش ڈالنا۔ مُہر لگانا۔

ٹھَسا ٹھَس (ف۔ صف) کھچا کھچ۔ بہت بھرا ہوا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا۔

ٹھُسا دینا (ٹھُسانا) (ٹھ۔سا۔دے۔نا) (ٹھ۔سا۔نا) (ف۔ مص) اصل میں ٹھونسا دینا اور ٹھونسانا ہے لیکن واو اور نون حذف کر دیتے ہیں۔ زیادہ کِھلا دینا۔ اِتنا کِھلا دینا کہ ہضم نہ ہو سکے۔

ٹھَسَک (ٹھ۔سک) (ف۔ ا۔ مث) (۱) کھانسی کی آواز۔ خشک کھانسی (۲) ضرب (۳) شان و شوکت۔ دھوم دھام (۴) ناز و اَنداز۔ خوش خرامی (۵) تکبّر۔ غرور (۶) زکام کی وجہ سے گلے میں خراش۔

ٹھَسکا (ٹھس۔کا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کھانسی کی آواز (۲) تھوڑی تھوڑی کھانسی۔

ٹھَسَکنا (ٹھ۔سک۔نا) (ف۔ مص) مٹّی کے برتن کا دُوسرے برتن سے ٹکرانے کی وجہ سے تھوڑا سا ٹوٹ جانا (۲) گرا دینا۔ مار دینا۔

ٹھُسَکنا (ٹھ۔سک۔نا) (ف۔ مص) (۱) بچّوں کا بے آواز رونا (۲) ہولے ہولے رونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹھسکی (ٹھس۔کی)(ف۔ا۔مث) دیکھیے ٹھسکی۔

ٹھسنا (ٹھس۔نا)(ف۔مص) کسی چیز کا کسی چیز کے اندر بمشکل سمانا۔

ٹھسنا (ٹھس۔نا)(ف۔مص) پانی کا کسی جگہ جمع ہو جانا۔

ٹھسوانا (ٹھس۔وانا)(ف۔مص) ٹھسنا کا متعدی۔

ٹھسے (ٹھس۔سے) (۱) ٹھسا کی جمع (۲) ٹھسا کی مغیرہ صورت۔

ٹھسے سے چلنا (اُر۔محاورہ) ناز سے چلنا۔ اِترا کر چلنا۔ اِٹھلا کر چلنا۔

ٹھکانا (ٹھ۔کا۔نا)(ف۔ا۔مذ)(۱) مکان۔ گھر۔ مقام (۲) اتا پتا۔ نشان (۳) بھروسا۔ اِعتبار (۴) حد۔ اِنتہا۔ جمع: ٹھکانوں۔ ٹھکانے۔

ٹھکانا کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) گھر بسانا۔ شادی کرنا (۲) ٹھہرنا۔ قیام کرنا (۳) اِنتظام کرنا۔

ٹھکانا ہونا (ف۔محاورہ) ٹھکانا کرنا کا لازم۔

ٹھکانے (ف۔ا۔مذ)(۱) ٹھکانا کی جمع (۲) ٹھکانا کی مغیرہ صورت۔

ٹھکانے سے بیٹھنا (اُر۔محاورہ)(۱) اِطمینان سے بیٹھنا (۲) اَدب سے بیٹھنا (۳) مستقل قیام کرنا۔

ٹھکانے سے رکھنا (اُر۔محاورہ) مناسب جگہ رکھنا۔ سلیقے سے رکھنا۔

ٹھکانے سے لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) صحیح جگہ رکھ دینا (۲) صحیح مصرف میں لانا۔

ٹھکانے کی بات (اُر۔ا۔مث) معقول و مناسب بات۔

ٹھکانے لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) شادی کر دینا۔ کام سے لگا دینا (۲) اَنجام کو پہنچانا۔ پورا کرنا (۳) مار ڈالنا (۴) خرچ کر دینا۔

ٹھکانے لگنا (اُر۔محاورہ) ٹھکانے لگانا کا لازم۔

ٹھکرا (ٹھک۔را) ٹھیکرا کا مخفف۔ دیکھیے ٹھیکرا۔

ٹھکرانا (ٹھک۔رانا)(۱) ٹھوکر مارنا (۲) حقیر سمجھ کر چھوڑ دینا۔ نہ لینا۔

ٹھکرانی (ٹھکرائن) (ٹھک۔را۔نی) (ٹھک۔را۔اِن) (ف۔ا۔مث) ٹھاکر کی تانیث۔

ٹھکری (ٹھک۔ری)(ف۔ا۔مث) چھوٹا ٹھکرا یا ٹھیکرا۔

ٹھکنا (ٹھک۔نا)(ف۔مص)(۱) ٹھونکا جانا۔ گڑنا۔ اَندر گھسنا (۲) مار کھانا۔ سزا پانا۔

ٹھکوانا (ٹھک۔وانا)(ف۔مص) ٹھکنا کا متعدی۔

ٹھگ (ف۔ا۔مذ وصف) ٹھگنے والا۔ فریبی۔ دغا باز۔ لٹیرا۔ لٹیروں کا ایک گروہ جو ہندوستان میں انگریزوں کے اِبتدائی عہدِ حکومت میں مسافروں کو لوٹ کر اُنہیں قتل کر دیتا تھا۔

ٹھگ بدیا (ودیا) (ف۔ا۔مث) مکاری، عیاری اور لوٹ مار کا علم۔

ٹھگ ٹھگ کی بھاکا جانے (ف۔مثل) چور اور مکار کی زبان کو چور اور مکار ہی سمجھ سکتا ہے۔

ٹھگ لینا (اُر۔محاورہ) دھوکے سے لے لینا۔

ٹھگا جانا (اُر۔محاورہ) کم قیمت چیز کی زیادہ قیمت دینا (۲) دھوکا کھانا۔

ٹھگائی (ٹھ۔گا۔اِی)(ف۔ا۔مث) دھوکا۔ فریب (۲) قزاقی۔ راہ زنی۔

ٹھگنا (ٹھگ۔نا)(ف۔مص) لوٹنا۔ دھوکے سے کچھ لے لینا۔

ٹھگنی (ٹھگ۔نی)(ف۔ا۔مث) ٹھگ کی تانیث۔

ٹھگی (ٹھ۔گی)(ف۔ا۔مث) ٹھگوں کا کام یا پیشہ (۲) پولیس کا وہ محکمہ جو ٹھگوں کو پکڑتا تھا۔

ٹھگیا (ٹھگ۔یا)(ف۔ا۔مذ) دیکھیے ٹھگ۔

ٹھلیا (ٹھل۔یا)(ف۔ا۔مث) پانی بھرنے یا رکھنے کا مٹی کا چھوٹا برتن۔ چھوٹا گھڑا۔ گگری۔

ٹھمری (ٹھم۔ری)(ف۔ا۔مث)(۱) ایک گیت جو دو بول کا ہوتا ہے (۲) افواہ۔ گپ۔ جھوٹی بات (۳) ہندی شاعری کی ایک بحر۔

ٹھمری اُڑانا (اُر۔محاورہ)(۱) ٹھمری گانا (۲) گپ مارنا۔ چٹکلا چھوڑنا۔

ٹھمک (ٹھ۔مک)(ف۔ا۔مث)(۱) ناز و اَنداز کی چال۔ مستانہ چال (۲) ناچنے کی چال۔

ٹھمک ٹھمک کر (اُر۔متعلق فعل) مٹک مٹک کر۔ ناز و اَنداز سے۔ نخرے سے۔

ٹھمک چال (ف۔ا۔مث)(۱) معشوقانہ اَنداز رفتار۔ خرامِ ناز (۲) بن بن کر قدم اُٹھانا۔

ٹھمکا (ٹھم۔کا)(ف۔ا۔مذ)(۱) جسم کو مٹکانے کا عمل۔ ناچ کا ایک اَنداز (۲) (صف) پست قد۔ ٹھگنا۔

ٹھمکا لگانا (اُر۔محاورہ) ناچتے وقت کمر لچکانا۔ چوتڑ مٹکانا۔

ٹھمکانا (ٹھم۔کا۔نا)(ف۔مص)(۱) مٹکانا (۲) ناز و اَنداز سے چلانا (۳) باوقار اَنداز سے قدم اُٹھوانا (۴) جھٹکا دینا (پتنگ کو) (۵) اڑ لگانا۔

ٹھمکنا (ٹھ۔مک۔نا)(ف۔مص) مٹکنا۔ ناز و اَنداز سے چلنا (۲) بن بن کر چلنا۔

ٹھمکی (ٹھم۔کی)(ف۔ا۔مث)(۱) ہلکا سا جھٹکا۔ پتنگ کو ہوا میں کھڑا رکھنے کے لئے آہستہ جھٹکا (۲) ٹھمکا کی تانیث۔ جمع: ٹھمکیاں۔ ٹھمکیوں۔

ٹھمکی دینا (ٹھمکی لگانا) (اُر۔محاورہ) پتنگ کو جھٹکے دے دے کر کھڑا رکھنا۔

ٹھن (بالفتح)(ف۔ا۔صوت۔مث) گھنٹے کی آواز۔

ٹھن ٹھن (ٹھنا ٹھن) (ف۔ا۔صوت۔مث)(۱) بار بار آنے والی آواز (۲) لگاتار شور و غل (۳) گھنٹے کی لگاتار آواز (۴) ہتھوڑے یا دھات کے بنے ہوئے کسی ہتھیار کی آواز (۵) جھنکار (۶) دھات کا سکہ کھنکنے کی آواز۔

ٹھن ٹھنانا (ف۔مص)(۱) ٹھن ٹھن کرنا (۲) گھنٹا یا گھنٹی بجانا (۳) مزے اُڑانا۔ دندنانا۔ آنند کے تار بجانا (۴) کھنکنا۔ بجنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹھن ٹھن گوپال (وـ صف) بیوقوف۔ احمق۔ ناسمجھ۔ نادان۔

ٹھناک (ٹھناکا) (مـ اـ مذ) وہ آواز جو کسی سخت چیز کے کسی بجنے والی چیز سے ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔

ٹُھنٹھ (بضم اوّل)(نون غنّہ)(مـ اـ مذ)(۱) ایسا درخت جو سُوکھ چکا ہو۔ درخت کی کٹی یا سُوکھی ہوئی شاخ (۲) کٹا ہوا ہاتھ۔

ٹھنڈ (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(مـ اـ مث) سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈک۔ گرمی نہ ہونا۔

ٹھنڈ پڑنا (اَر۔ محاورہ) سردی ہونا۔ خنکی ہونا (۲) بے چینی یا تکلیف جاتی رہنا (۳) جلن دُور ہونا (نیز دیکھیے ٹھنڈک پڑنا)۔

ٹھنڈا (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(وـ صف)(۱) سرد۔ خنک۔ برف میں لگا ہوا (۲) دھیما۔ غیر جذباتی۔ جو گرمی نہ کھائے۔ بُردبار۔ حلیم (۳) چپ رہنے والا۔ کم گو (۴) نامرد۔ کم شہوت (۵) کاہل۔ سُست (۶) مُردہ۔ بے جان (۷) (کاروباری) مندا (۸) جسے غصہ نہ آئے (۹) کٹھور۔ سنگ دل۔ نامعقول (۱۰) مطمئن (۱۱) بُجھا ہوا (چراغ) (۱۲) ساکن۔ ساکت۔ خاموش (۱۳) جو بدسلوکی اور بدکلامی کو پی جائے۔

ٹھنڈا پڑنا (ٹھنڈا پڑ جانا) (اَر۔ محاورہ)(۱) سرد ہونا (۲)(کاروبار) مندا ہونا (۳) غصہ دھیما ہونا۔

ٹھنڈا رکھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) خوش رکھنا (۲) غصے یا رنج کی نوبت نہ آنے دینا (۳) راحت دینا۔

ٹھنڈا رہنا (اَر۔ محاورہ) خوش رہنا۔ رنج و غم سے دُور رہنا۔

ٹھنڈا سانس (اَر۔ اـ مذ) آہِ سرد۔ ایسا سانس جو کسی غم یا فکر کی وجہ سے بھرا جائے۔

ٹھنڈا کر کے کھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) سوچ سمجھ کر کام کرنا (۲) آہستگی سے کام کرنا۔

ٹھنڈا کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) سرد کرنا (۲) چراغ یا آگ وغیرہ بُجھانا (۳) غصہ دھیما کرنا (۴) مار ڈالنا (۵) دلاسا دینا (۶) ڈبونا (۷) دُشمن کو نُقصان پہنچا کر خوشی حاصل کرنا (دل ٹھنڈا کرنا) (۸) پیاس بُجھانا (۹) تعزیے کو دفن کرنا۔ علم کا پنجہ اور پٹکا اُتار لینا (۱۰) توڑنا۔ شکستہ کرنا۔

ٹھنڈا کھائے گرم سے نہائے سائے میں سوئے۔ اُس کا بیری پچھوائے روئے (وـ مثل) ٹھنڈی خوراک کھانے گرم پانی سے نہانے اور سائے میں سونے سے اِنسان کی تندرستی بنی رہتی ہے چنانچہ اس کے دُشمنوں کو خوش ہونے کا موقع نہیں ملتا۔

...ڈا گرم نہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) کسی معاملے کے تمام پہلوؤں پر نظر نہ ... تجربہ کار آدمی کے بارے میں کہتے ہیں۔

... گرم ... کو کاٹتا ہے (اَر۔ مثل) دھیمے مزاج کا آدمی تیز مزاج ... آدمی ... کر لیتا ہے۔

... مذ) ایسا ملمع یا جھول جو آگ کے بغیر تیزاب کی لاگ ... جاتا ہے۔

ٹھنڈا ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) سکون ہونا۔ خوش ہونا (۲) سرد ہونا (۳) نرم پڑنا۔ غصہ تھوک دینا (۴) مرجانا (۵) بُجھ جانا (۶) اَفسردہ ہونا (۷) دفن ہونا (۸) ٹوٹنا (۹) گرنا (۱۰) مندا ہونا (بازار)(۱۱) دلی مقصد حاصل ہونا (۱۲) (کھانے کی) گرمی ختم ہو جانا (۱۳) ستانا۔ تازہ دم ہونا (۱۴) جوش کم ہونا (۱۵)(کپڑا) جل جانا۔

ٹھنڈائی (اَر۔ اـ مث) تبرید۔ وہ دَوا جو گرمی کے اثر کو دُور کرنے کے لئے پی جائے (۲) بھنگ۔ بوٹی۔

ٹھنڈک (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(مـ اـ مث)(۱) سردی۔ خنکی (۲) فرحت۔ تازگی۔ تسلی۔ خوشی۔

ٹھنڈک پڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) جلن دُور ہونا (۲) کسی فتنے کا دُور ہونا۔

ٹھنڈی (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(مـ اـ مث)(۱) چیچک (۲)(صف) ٹھنڈا کی تانیث۔ سرد۔ خنک (۳) بے رونق۔

ٹھنڈی آگ (اَر۔ اـ مث) برف۔ اولا۔ یخ۔

ٹھنڈی آگ سے جلانا (اَر۔ محاورہ) دغا سے مارنا۔ دھوکا دینا۔

ٹھنڈی ڈھلنا (ٹھنڈیاں ڈھلنا) (اَر۔ محاورہ) چیچک کے دانوں کا مُرجھانا۔

ٹھنڈی کڑاہی (اَر۔ اـ مث) وہ حلوا جو پکوان ختم ہونے کے بعد بچے ہوئے گھی میں بنایا جاتا ہے۔

ٹھنڈی گرمیاں (اَر۔ اـ مث) دکھاوے کی محبت۔ اُوپری محبت۔ ظاہری چاؤ۔

ٹھنڈی مار (اَر۔ اـ مث) اَندرونی ضرب۔ میٹھی مار (۲) وہ ضرب جس کا نشان نہ ہو۔ رُوحانی یا ذہنی اذیت۔

ٹھنڈی مٹی (اَر۔ صف)(۱) بے حِس۔ متحمل مزاج۔ نہ بھڑکنے والا (۲) طبعی رفتار سے نہ بڑھنے والا جسم (۳) ایسا لڑکا جو دیر سے بالغ ہو (۴) زنانہ۔ زنخا۔ ہیجڑا۔ نامرد۔

ٹھنڈی نکلنا (اَر۔ محاورہ) چیچک نکلنا۔

ٹھنڈے (نون غنّہ)(وـ صف) ٹھنڈا کی مغیّرہ صورت۔

ٹھنڈے پہرے (اَر۔ اـ مذ) صبح سویرے۔ صبح ہی صبح۔

ٹھنڈے چھینٹوں (اَر۔ تابع فعل)(۱) خوشی خوشی۔ آرام سے (۲) بغیر لڑے جھگڑے۔

ٹھنڈے ٹھنڈے (اَر۔ متعلق فعل) آرام سے۔ پُرامن طریقے سے۔ خیریت سے (۲) صبح صبح یا شام پڑے۔

ٹھنڈے ٹھنڈے جانا (چلنا۔ سِدھارنا) (اَر۔ محاورہ)(۱) صبح سویرے روانہ ہو جانا (۲) آرام سے جانا (۳) دفع ہونا۔

ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) جان سلامت لے کر بچ نکلنا (۲) رُخصت ہونا۔ دفع ہونا۔ ٹلنا۔

ٹھنڈے دل سے (اَر۔ متعلق فعل) صبر و سکون سے۔ غصے کے بغیر۔

ٹھنڈے سانس بھرنا (اَر۔ محاورہ) سرد آہیں بھرنا۔ غم یا رنج کی حالت میں سرد آہیں کھینچنا۔

ٹھنڈے لوہے بھی کہیں پیٹنے سے ڈھیلے پڑتے ہیں (اَر۔ مثل)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اصلاح اُس وقت ہونی چاہئے جب اِصلاح کا موقع و محل ہو۔ وقت گزر جانے کے بعد اِصلاح کی کوشش ایسی ہے جیسے ٹھنڈے لوہے کو کوٹ کر نرم کرنا جو ناممکن ہے۔

ٹھُنسانا (ٹھُنْسوانا) (نُونِ غُنّہ) (ہ۔مع) دیکھئے ٹھُسانا۔ ٹھُسوانا۔

ٹھَنَک (ٹھ۔نک) (ہ۔ا۔صوت۔مث) ٹھن ٹھن کی آواز۔

ٹھُنک ٹھُنک (ٹھُ۔نک۔ٹھُ۔نک) (ہ۔ا۔مث) بچّے کی آہستہ آہستہ رونے کی آواز۔

ٹھَنْکار (ٹھن۔کار) (ہ۔ا۔مث) ٹھناک۔ ٹھناکا۔ ٹھن ٹھن کی آواز۔ طبلے کی آواز۔

ٹھَنْکانا (ٹھن۔کا۔نا) (ہ۔مع) ٹھن کی آواز پیدا کرنا۔ ضرب لگانا۔

ٹھُنْکانا (ٹھُنَکانا) (ٹھن۔کا۔نا) (ٹھُن۔کا۔نا) (ہ۔مع) (۱) بچّے کو رُلانا (۲) ضِد کرانا۔

ٹھَنَکنا (ٹھ۔نک۔نا) (ہ۔مع) ٹھن ٹھن کی آواز پیدا ہونا۔

ٹھُنَکنا (ٹھُ۔نک۔نا) (ٹھُ۔نک۔نا) (ہ۔مص) (۱) بچّے کا آہستہ آہستہ رونا (۲) نخرہ جتانے کے طور پر رونا یا ضِد کرنا (۳) بچّوں کی طرح رونا اور مچلنا۔

ٹھِنگنا (ٹھنگ۔نا) (ہ۔صف۔مذ) چھوٹے قد کا۔ بونا۔ ناٹا۔ پست قد۔

ٹھِنگنی (ٹھنگ۔نی) (ہ۔صف۔مث) چھوٹے قد کی عورت۔ پست قد عورت۔

ٹھُنگیر (بضمِ اوّل) (نُونِ غُنّہ) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) کسی خشک چیز کو دانہ دانہ کر کے کھانے کا شغل (جیسے چلغوزہ، چنا، ریوڑی وغیرہ)۔

ٹھُنگیرنا (ٹھنگیر۔نا) (یائے مجہول) (ہ۔مع) ایک ایک کر کے کھانا (ٹھنگانہ لگانا)۔

ٹھَنْنا (ٹھن۔نا) (ہ۔مع) (۱) لڑائی ہونا۔ اَن بَن ہونا (۲) قرار پانا۔ مقرّر ہونا (۳) دل میں پختہ ارادہ ہونا۔

ٹھو (واو مجہول) (ہنگ۔صف) عدد۔ نمبر (جیسے ایک ٹھو۔ دو ٹھو)۔

ٹھوٹ (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) احمق۔ بے وقوف (۲) جاہل۔ ناواقف۔

ٹھور (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مث) (۱) ٹھکانا۔ موقع۔ جگہ۔ مکان (۲) مقررہ جگہ۔ اڈّا۔ مسکن (۳) پتا۔ نشان۔ سُراغ۔ کھوج۔

ٹھور بے ٹھور (ہ۔صف) موقع بے موقع۔ جا بے جا۔ مناسب نامناسب مقام۔

ٹھور ٹھکانا (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ جگہ جہاں سکونت ہو (۲) رہنے کی جگہ۔

ٹھور ٹھور پھرنا (اُر۔محاورہ) دربدر پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔

ٹھور رکھنا (اُر۔محاورہ) جہاں پانا وہیں مار دینا۔ بچ کر نہ جانے دینا۔ جان سے مار دینا۔

ٹھور رہنا (اُر۔محاورہ) (۱) کسی جگہ رہنا۔ چپ کھڑے رہنا (۲) چپ یا مُردہ پڑا ہونا (۳) قتل ہونا۔ مارا جانا۔ مار گرایا جانا۔

ٹھوڑی (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) ذقن۔ زنخداں۔ چہرے کا نچلا حصّہ (ہونٹوں کے نیچے)۔ نیز دیکھئے ٹھُڈی۔

ٹھوڑی پر ہاتھ (دھر) رکھ کر بیٹھنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے ٹھُڈی پر ہاتھ۔

ٹھوڑی پکڑنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے ٹھُڈی پکڑنا۔

ٹھوڑی تارا (اُر۔ا۔مذ) ٹھوڑی کا تِل۔

ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ دے کر بیٹھنا (اُر۔محاورہ) رنجیدہ ہونا۔ ملول ہونا۔

ٹھوڑی میں ہاتھ دینا (اُر۔محاورہ) (۱) دیکھئے ٹھُڈی میں ہاتھ دینا۔

ٹھوس (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) ایسی مادّی چیزیں جو سخت ہوں اور آسانی سے ٹوٹ نہ سکیں جیسے لوہا، سونا، پتھر، لکڑی وغیرہ (Solid) (۲) بھرا ہوا جس میں خالی جگہ نہ ہو۔ پُر (۳) بھاری۔ بوجھل۔

ٹھوس ٹھاس۔ دیکھئے ٹھُونس ٹھانس۔

ٹھوسا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھینگا۔ جمع: ٹھوسے۔ ٹھوسوں۔

ٹھوسا بھی نہ دینا (اُر۔محاورہ) کچھ بھی نہ دینا۔

ٹھوسا دکھلانا (اُر۔محاورہ) ہاتھ کا انگوٹھا انکار کے طور پر ہلا کر دکھانا۔ ٹھینگا دکھانا (۲) ضِد یا ہٹ کرنا۔

ٹھُوسنا (ٹھوس۔نا) دیکھئے ٹھُونسنا۔

ٹھوسے (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹھوسا کی جمع (۲) ٹھوسا کی مغیرہ شکل۔

ٹھوسے پر مارنا (اُر۔محاورہ) (۱) اہمیت نہ دینا (۲) عزّت نہ کرنا۔ جُوتی پر مارنا۔

ٹھوسے سے (اُر۔متعلق فعل) جُوتی سے۔ بلا سے۔ (بے پروائی کا اِظہار)۔

ٹھوک (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) ضرب۔ صدمہ۔ ٹھوکر۔

ٹھوک بجا کے (اُر۔متعلق فعل) (۱) اچھی طرح دیکھ بھال کے۔ کھرا کھوٹا، ٹوٹا پھوٹا دیکھ کے (۲) علانیہ۔ کھلم کھلا (۳) برتن کو اُنگلی سے بجا کے دیکھنا۔

ٹھوک بجا کے لینا (اُر۔محاورہ) (۱) کھرا کھوٹا، ٹوٹا پھوٹا دیکھ کے خریدنا۔ پرکھنے کے بعد لینا (۲) علانیہ خریدنا۔ کھلم کھلا لینا۔

ٹھوکا (ٹھو۔کا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے ٹھُوکا (۲) ٹھوکنا کا ماضی۔

ٹھوکر (ٹھو۔کر) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) راستے میں پاؤں کو لگنے والی ضرب (۲) پاؤں سے لگائی جانے والی ضرب (۳) وہ ضرب جو پاؤں سے کسی کے دانستہ ماریں (۴) گھوڑے کا پاؤں کسی روک سے ٹکرانا (۵) لات (۶) ضرر۔ گھاٹا۔ نقصان (۷) راستے کی خرابی (۸) جوہریوں کی زبان میں جُوتی (جیسے پاؤں کی ٹھوکر تک لگا دی) (۹) معشوق کا ناز سے قدم مارنا (۱۰) ناچنے والی کا فرش پر پاؤں مارنا (۱۱) بہلی جس میں تابوت رکھتے ہیں (۱۲) چوٹ۔ صدمہ (۱۳) پشتہ یا دیوار جو دریا کے پانی کو آگے بڑھنے سے روکے (۱۴) ریل کے انجن کے آگے لگا ہوا آہنی چھاج (۱۵) ریل گاڑی کے دونوں سروں پر لوہے کے دو آلے جن کی وجہ سے ٹکر کے وقت ڈبوں کو نقصان نہیں پہنچتا (۱۶) ریلوے لائن کے آخری سرے کا پشتہ (۱۷) خرابی۔ تباہی (۱۸) نہر میں پانی کی روک۔ جمع: ٹھوکروں۔ ٹھوکریں۔

ٹھوکر اُٹھانا (اُر۔محاورہ) نقصان برداشت کرنا (۲) صدمہ اُٹھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹھوکر پر ٹھوکر اُٹھانا (ٹھوکر پر ٹھوکر لگنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) لگاتار صدمے اُٹھانا (۲) نقصان پر نقصان ہونا۔ ایک تکلیف کے بعد دُوسری تکلیف اُٹھانا۔

ٹھوکر پر مارنا (اَر۔ محاورہ) حقیر اور ذلیل سمجھنا۔

ٹھوکر کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں کسی سخت چیز کی ٹکر لگنا (۲) اُلجھ کر گرنا (۳) صدمہ اُٹھانا۔ نقصان اُٹھانا (۴) دھوکا کھانا (۵) سبق ملنا۔

ٹھوکر کھاوے بُدھ پاوے (و۔ مثل) نقصان اُٹھا کر عقل آتی ہے۔

ٹھوکر لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) لات مارنا۔ پاؤں سے ضرب لگانا (۲) حقیر سمجھنا۔ بے حقیقت گردانا (۳) ایڑ لگانا۔

ٹھوکر لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں ٹھوکر سے چوٹ آنا (۲) صدمہ پہنچنا (۳) نقصان اُٹھانا۔

ٹھوکر لگی پہاڑ کی گھر کی توڑیں سِل (اَر۔ مثل) زبردست سے نقصان اُٹھانے کے بعد کوئی کمزوروں کو تنگ کرے تو یہ مثل کہتے ہیں۔

ٹھوکر لگی ہونا (اَر۔ محاورہ) مصیبت یا نقصان کا پہلے سے تجربہ ہونا۔

ٹھوکر لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا (۲) غلطی کرنا۔ بُھول ہونا (۳) اُلجھ کر گرنا۔

ٹھوکر مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لات مارنا۔ ٹھکرانا (۲) حقیر سمجھنا (۳) ترک کر دینا (۴) قبول نہ کرنا۔

ٹھوکروں (و۔ امث) ٹھوکر کی جمع۔

ٹھوکروں (پر) میں پڑا رہنا (اَر۔ محاورہ) بے عزتی اور ذلت کی حالت میں رہنا۔

ٹھوکریں (و۔ امث) ٹھوکر کی جمع۔

ٹھوکریں دینا (اَر۔ محاورہ) ایذا دینا۔ تکلیف دینا۔

ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا (اَر۔ محاورہ) نقصان اُٹھا کر ہوش میں آنا۔ کچھ کھو کر تجربہ حاصل کرنا۔

ٹھوکریں کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بھٹکنا۔ مارا مارا پھرنا (۲) لاتیں کھانا (۳) روندن میں آنا (۴) دربدر پھرنا (۵) سختیاں اُٹھانا (۶) باتیں سُننا (۷) ذلیل و رُسوا ہونا (۸) کثرت سے نقصان اُٹھانا (۹) غلطی پر غلطی کرنا۔

ٹھوکریں کھلانا (کھلوانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) ذلیل کروانا (۲) دربدر پھرانا۔

ٹھوکنا (ٹھوک۔نا) (واو مجہول) (و۔ مص) (۱) مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ لاتیں اور مُکے مارنا (۲) گاڑنا (۳) کوٹنا (۴) سزا دینا (۵) پیٹھ تھپ تھپانا۔ شاباشی دینا۔ ہمت افزائی کرنا (۶) (دروازہ) کھٹکھٹانا (۷) دعویٰ کرنا۔ مقدمہ دائر کرنا (۸) پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا (۹) (طبلہ) بجانا (۱۰) (قفل) لگانا یا جڑنا (۱۱) (ڈنڈا) گھسیڑنا۔

ٹھولا (ٹھو۔لا) (واو مجہول) (و۔ امذ) (۱) وہ پیالہ جو پرندے کے پنجرے کے اندر رکھتے ہیں (۲) اُنگلی کے جوڑ کا بیرونی رُخ۔ جمع: ٹھولوں۔ ٹھولے۔

ٹھولا مارنا (و۔ محاورہ) اُنگلی کے جوڑ کے بیرونی رُخ کو کسی چیز پر مارنا یا کھٹکھٹانا۔

ٹھونٹھ (و۔ امذ) دیکھئے ٹُھنٹھ۔

ٹھونٹھا (ٹھوں۔ ٹھا) (و۔ صف) دیکھئے ٹُھنڈا / (و۔ امذ) (۱) ڈنڈا (۲) لمبی خشک لکڑی (۳) حُقے کی سیدھی نے۔

ٹھونس ٹھانس (نون غنہ) (و۔ امث) کسی چیز کو زبردستی کسی ایسی چیز میں ڈالنا یا بھرنا جس میں گنجائش کم ہو۔

ٹھونسنا (ٹھونس۔نا) (نون غنہ) (و۔ مص) (۱) دبا کر بھرنا (۲) زور لگا کر بھرنا (۳) گھسیڑنا (۴) ندیدوں یا بھوکوں کی طرح کھانا (۵) زبردستی کھلانا۔

ٹھونکنا (ٹھونک۔نا) (و۔ مص) دیکھئے ٹھوکنا۔

ٹھونگ (واو مجہول۔ نون غنہ) (و۔ امث) (۱) چونچ۔ منقار (۲) بیچ کی اُنگلی دوہری کرنے کا فعل۔ جمع: ٹھونگوں۔ ٹھونگیں۔

ٹھونگ (ٹھونگیں) مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بیچ کی اُنگلی دوہری کر کے مارنا۔ چونچ مارنا۔

ٹھونگا (ٹھوں۔ گا) (واو مجہول) (و۔ امذ) دیکھئے ٹھونگ۔

ٹھونگنا (ٹھونگ۔نا) (و۔ مص) دیکھئے ٹھنگیرنا۔

ٹھہاکا (ٹھہ۔ہا۔کا) (و۔ امذ) قہقہہ۔ ہنسی (۲) دھماکا۔

ٹھہاکے کی ملاقات (و۔ ع۔ امث) گرم جوشی کی ملاقات۔

ٹھہرانا (ٹھہ۔را۔نا) (و۔ مص) (۱) روکنا۔ تھامنا (۲) طے کرنا۔ مقرر کرنا۔ اندازہ لگانا (۳) کسی جگہ یا کسی مکان میں اُتارنا (۴) منصوبہ باندھنا (۵) جمانا۔ منجمد کرنا۔ (پارہ) قائم کرنا (۶) سگائی کروانا (۷) نرخ مقرر کرنا۔ بھاؤ تاؤ کرنا۔

ٹھہراؤ (ٹھہ۔را۔او) (و۔ امذ) (۱) مقام۔ ٹھکانا۔ قیام (۲) سکون۔ جوش کم ہونا (۳) وقفہ (۴) تجویز یا قرارداد۔

ٹھہر ٹھہر کے (و۔ متعلق فعل) رُک رُک کر، پُھونک پُھونک کر قدم رکھتے ہوئے۔ احتیاط کے ساتھ۔ رُک رُک کے۔

ٹھہرنا (ٹھہ۔ہر۔نا) (و۔ مص) (۱) رُکنا۔ تھم جانا۔ عارضی قیام کرنا (۲) (پارہ) جمنا یا قائم ہونا (۳) مقیم ہونا۔ مہمان ہونا (۴) (نسبت) قرار پانا (۵) (بھاؤ یا قیمت) طے ہونا (۶) دیر کرنا (۷) (نطفہ) قرار پانا۔ حمل ہونا (۸) تہ نشین ہونا (۹) (دل کا) اضطراب کم ہونا (۱۰) ثابت قدم رہنا (۱۱) کام کرتے کرتے رُک جانا (۱۲) خرچ نہ ہونا (۱۳) گواہ کا بیان پر جمے رہنا (۱۴) نوبت آنا (۱۵) (طبیعت) بحال ہونا (۱۶) دیرپا ہونا۔ دیر تک چلنا (۱۷) صبر کرنا (۱۸) (چراغ وغیرہ) جلتے رہنا (۱۹) ہونا (۲۰) سمجھا جانا۔

ٹھیا (ٹھی۔یا) (و۔ امذ) اڈا۔ جگہ۔ مقام۔ گدی۔ تھڑا (۲) تودہ۔ ڈھیر (۳) مٹی کا ڈھیلا۔

ٹھیپ (بیائے معروف) (و۔ امث) فقیروں کا آگ رکھنے کا ٹھیکرا (۲) شمع دان۔ چراغ۔

ٹھیٹ (ٹھیٹھ) (بیائے مجہول) (و۔ صف) (۱) خالص۔ اصلی۔ خاص الخاص (۲) روزمرہ کی بولی یا زبان۔

ٹھی ٹھی (و۔ امث) بیہودہ پن سے ہنسنے کی آواز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹھَیس (بیائے مجہول) (ا۔مث) (۱) ہلکی سی رگڑ (۲) ٹھوکر۔ ضرب۔ صدمہ۔ چوٹ۔ جمع: ٹھیسوں۔ ٹھیسیں۔

ٹھیس لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رگڑ لگنا (۲) ہلکا سا صدمہ پہنچنا (۳) ٹھوکر لگنا۔ اَذیت ہونا۔

ٹھیس لگے بُدھ بڑھے (ہ۔مثل) نُقصان اُٹھانے یا مصیبتیں جھیلنے سے عقل بڑھتی ہے۔ نیز دیکھئے ٹھوکر کھاوے بُدھ پاوے۔

ٹھِیک (بیائے معروف) (ہ۔صف) (۱) صحیح۔ دُرست۔ سچ۔ قطعی۔ بجا۔ منصفانہ (۲) چُست۔ موزوں۔ فِٹ۔ برابر (۳) ہُو بہُو۔ جُوں کا تُوں۔ بعینہٖ (۴) پورا پورا۔ رتّی بھر کم نہیں (۵) مرضی کے مطابق۔ حسبِ دل خواہ (۶) باون تولے پاؤ رتّی۔ مُسلّمہ۔ طے شُدہ (۷) قابلِ اِعتماد (۸) معقول۔ مُناسب (۹) باقاعدہ۔ حسبِ قاعدہ (۱۰) مُناسب شکل میں (۱۱) خوش نما (۱۲) سیدھا۔ مستقیم (۱۳) پُورا۔ مکمل (۱۴) (ہ۔ا۔مذ) پتا۔ نشان (۱۵) ٹھور ٹھکانا۔ مکان۔ اَڈّا (۱۶) صحیح میزان (۱۷) یقینی عِلم۔ یقین (۱۸) وقت۔ خبر (۱۹) اِعتبار۔ بھروسا (۲۰) (ہ۔ا۔مث) فقیروں کا آگ جلانے کا برتن (۲۱) (متعلق فعل) عین موقعے پر۔ عین نشانے پر۔

ٹھیک آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) عین موقعے پر آنا (۲) (کپڑے کا بدن پر) موزوں یا فِٹ ہونا (۳) (سوال کا) جواب دُرست ہونا (۴) صحیح راستے پر آنا (۵) صحیح جگہ پر آ پہنچنا۔

ٹھیک بنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سزا دینا۔ تنبیہ کرنا (۲) دُرست کرنا (۳) راہ پر لانا۔ اِصلاح کرنا۔ کسی قابل بنانا۔

ٹھیک ٹھاک (اَر۔صف) ہر طرح سے دُرست۔ بالکل صحیح۔ موزوں۔ مُناسب۔

ٹھیک ٹھور (اَر۔ا۔مذ) (۱) مُناسب جگہ (۲) وہ جگہ جہاں کوئی چیز مُناسب طور سے رکھی جانی چاہئے۔

ٹھیک ٹھیک (اَر۔صف) (۱) ہُو بہُو (۲) بالکل سچ۔ بے کم و کاست (۳) ٹھیک کام کرنے کی تاکید (۴) (ندا) ٹھیک ہے! ٹھیک ہے!!

ٹھیک دوپہر (اَر۔صف) دن کا وہ وقت جب سورج سر پر ہو۔

ٹھیک رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نیک چلن رہنا (۲) کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرتے رہنا (۳) اچھی حالت میں رہنا۔ اپنے مرتبے سے نہ گرنا (۴) خراب نہ ہونا۔

ٹھیک کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) صحیح کرنا۔ دُرست کرنا (۲) موزوں بنانا (۳) تصحیح کرنا (۴) سزا دینا (۵) ہوش ٹھکانے لانا۔ فیصلہ کرنا۔ یقین کرنا۔

ٹھیک نہیں ٹھیکے کا کام۔ ٹھیکا دے کرمت کھو دام (اَر۔مثل) ٹھیکے پر کام کروانا مفید نہیں ہوتا۔

ٹھیک ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) دُرست ہونا (۲) جسم پر لباس فِٹ ہونا (۳) سزا مِل جانا۔ مرمّت ہو جانا۔ ہوش ٹھکانے آجانا۔ آدمی بن جانا۔

ٹھَیک (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) اڑواڑ۔ ٹیک۔ ڈاٹ (۲) چینڈا۔ چینڈی۔ تلا۔ جُوتے کا تلا۔ ایڑی (۳) پچڑ (۴) غلّے کا ڈھیر (۵) وہ چیز جس سے لکڑی یا آتش بازی کے اَنار یا پھولوں کے گملوں کے پیندوں کے سُوراخ بند کرتے ہیں (۶) تلوار کی تہ نال (۷) گاڑیوں کا اَڑَل۔

ٹھیک نکل جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) چینڈا یا چینڈی نکل جانا یا ٹوٹ جانا (۲) گھبرا جانا۔

ٹھیکا (ٹھے۔کا) (ہ۔ا۔مذ) ۔ ذِمّے لیا ہوا کام۔ اِجارہ۔ کنٹریکٹ ۔ کرایہ۔ بھاڑا ۔ اِجازت۔ لائسنس ۔ پٹا۔ سرخط۔ کرایہ نامہ ۔ گروی۔ گرو زمین ۔ تھکنے کے بعد آرام ۔ طبلے یا ڈھولک کی تھاپ سے راگ کا ساتھ دینا ۔ ٹھہرنے کی جگہ ۔ کاگ۔ جمع: ٹھیکے۔ ٹھیکوں۔

ٹھیکا بجانا (ٹھیکا لگانا) (اَر۔ محاورہ) طبلہ یا ڈھولک اِس اَنداز سے بجانا کہ گانے والے کو سہارا ملے۔

ٹھیکا بندی (ہ۔ا۔مث) کھیت پٹے پر لینا۔

ٹھیکا بھرنا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کا اُچھلتا کودنا۔

ٹھیکا بھینٹ (ہ۔ا۔مذ) وہ نذرانہ جو ٹھیکا لینے پر دیا جاتا ہے۔

ٹھیکا پٹا (ہ۔ا۔مذ) پٹے پر کھیت لینے کا اِقرار نامہ۔

ٹھیکا حین حیات (اَر۔ا۔مذ) ایسا پٹا جو زندگی بھر کے لئے ہو۔

ٹھیکا دینا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز یا زمین کو پٹے یا اجارے پر دینا۔

ٹھیکا لے اُس کام کا جو تجھ سے ہووے ٹھیک (ہ۔مثل) اِنسان کو اُسی کام کی ذِمّے داری لینی چاہئے جسے اچھی طرح کرسکتا ہو۔

ٹھیکا لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) اجارہ لینا (۲) لائسنس لینا۔ اجازت لینا (۳) ذِمّہ لینا (۴) کسی اور کو کسی کام میں دخل نہ دینے دینا۔ کسی چیز پر تنہا اپنا حق جتانا (۵) زبردستی قبضہ کرنا۔

ٹھیکا مُستاجری (اَر۔ا۔مذ) کرائے پر لیا ہوا ٹھیکا۔

ٹھِیکرا (ٹھیک۔را) (یائے معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مٹّی کے برتن کا ٹکڑا (۲) (حقارت سے) مٹّی کے برتن بھانڈے یا پُرانے ٹوٹے پھوٹے برتن باسن (۳) (اِنکسار یا تحقیر سے) مکان یا جائیداد (۴) روزی کا وسیلہ۔ اوزار (۵) گھٹیا زیورات (۶) بندوق کے گھوڑے کا اُوپری حِصّہ۔ جمع: ٹھیکرے۔ ٹھیکروں۔

ٹھیکرا پھوڑنا (اَر۔ محاورہ) تُہمت لگانا۔ اِلزام دینا۔ بُہتان لگانا۔

ٹھِیکری (ٹھیک۔ری) (یائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) ٹھیکرا کی تانیث۔ ٹھیکرے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (۲) مٹّی کا توا (۳) مقامِ زیرِ ناف (عورت کا)۔ جمع: ٹھیکریاں۔ ٹھیکریوں۔

ٹھیکری (ٹھیکریاں) چھٹنا (اَر۔ محاورہ) پاگل ہو جانا۔

ٹھیکری کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) روپے کو بے دردی سے خرچ کرنا (۲) جائیداد برباد کرنا۔

ٹھِیکرے (ٹھیک۔رے) (ہ۔ا۔مذ) ٹھیکرا کی جمع (۲) ٹھیکرا کی مُغیّرہ شکل۔

ٹھیکرے بکوانا (اَر۔ محاورہ) گھر کا سامان بکوانا یا نیلام کرانا۔

ٹھیکرے (ٹھیکری) کی مانگ (مانگی) (اَر۔مثل) ایسا رشتہ جو بچّے کی پیدائش کے وقت ہو جائے (کسی بچّے کا رشتہ منظور ہو تو اُس کے پیدا ہونے پر دائی کے ٹھیکرے میں نقدی ڈال دیتے ہیں۔ اِس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس بچّے کی منگنی ہمارے بچّے سے ہوگئی)۔

ٹھیکرے میں دیا ساتھ کھانے لگا (اَر۔مثل) (۱) کمینہ تھوڑی سی رعایت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سے سرجُڑ جاتا ہے (۲) جس انسان کو تھوڑا سا سہارا دو وہ برابری کرنے لگتا ہے۔

ٹھیکرے میں ڈالنا (اَر۔محاورہ) ایک رسم ہے کہ جب زچہ بچّہ جن کر فارغ ہوتی ہے تو جس ٹھیکرے میں بچّے کی آنول نال وغیرہ ڈالی جاتی ہے اُس میں دائی کے حق کے طور پر کنبے، رشتے کی عورتیں تھوڑی بہت نقدی ڈالتی ہیں۔ اگر نو مولود سے کسی بچّے کی نسبت ٹھہر گئی ہو تو اُس کے نام سے بھی کچھ نقدی ڈالی جاتی ہے۔

ٹھیکم ٹھیک (ٹھیکوں ٹھیک) (ٹھی۔کم۔ٹھیک) (ٹھی۔کوں۔ٹھیک) (ہ۔صف) (۱) ہُوبہُو۔ بعینہٖ (۲) موزوں۔ مُناسب۔

ٹھیکی (ٹھے۔کی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ٹھیک کا مؤنث۔ سہارا (۲) بوجھ اُتار کر آرام لینا (۳) غلّہ رکھنے کی جگہ (۴) بوجھ اُٹھانے والے دم لینے کے لئے بوجھ سر سے اُتار کر جس چیز کے سہارے رکھیں۔ جمع: ٹھیکیاں۔ ٹھیکیوں۔

ٹھیکی لگانا (لینا) (اَر۔محاورہ) (۱) بوجھ سر سے اُتار کر دم لینا (۲) ڈھیر لگانا۔

ٹھیکیاں لینا (اَر۔محاورہ) دم لینے کے لئے بیٹھ جانا۔ دم لے کر چلنا۔

ٹھیکے (ٹھے۔کے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹھیکا کی جمع (۲) ٹھیکا کی مغیّرہ صورت۔

ٹھیکے دار (ٹھیکیدار) (اَر۔ف۔ا۔مذ) وہ شخص جو ٹھیکا لے۔ اجارہ دار۔ مُستاجر۔

ٹھیکے کا (اَر۔صف) (۱) کرائے پر لیا ہوا (۲) بے پروائی یا بے توجّہی سے کیا ہوا (کام)۔

ٹھیکے کا کام پھیکا (اَر۔مثل) جو کام ٹھیکے پر کرایا جائے وہ اچھا نہیں ہوتا۔

ٹھیکیں (ٹھے۔کیں) (ہ۔ا۔مث) بالوں کی قلمیں۔ رُخساروں کے وہ بال جو مونچھوں سے مل جاتے ہیں۔

ٹھیلا (ٹھے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دو پہیوں پر ایک تختہ رکھ کر بنائی ہوئی گاڑی (۲) ہاتھوں سے دھکیلی جانے والی گاڑی۔ جمع: ٹھیلوں۔ ٹھیلے۔

ٹھیلنا (ٹھیل۔نا) (ہ۔مص) (۱) دھکیلنا۔ ریلا دینا (۲) ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹانا (۳) کہنی مارنا (۴) مسخروں جیسی حرکتیں کرنا (۵) زور کرنا۔ ٹکرانا۔

ٹھیں ٹھیں (ہ۔ا۔مث) بیہودہ ہنسی کی آواز۔

ٹھینٹی (ٹھینٹھی) (ٹھیں۔ٹی) (ٹھیں۔ٹھی) (ہ۔ا۔مث) کان کا میل (۲) کاک۔ ڈاٹ۔

ٹھینگا (ٹھیں۔گا) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہاتھ کا انگوٹھا۔ ٹھونسا (۲) لاٹھی۔ سونٹا۔ جمع: ٹھینگوں۔ ٹھینگے۔

ٹھینگا باجنا (اَر۔محاورہ) ہنسی اُڑنا۔ جگ ہنسائی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔ لڑائی دنگا ہونا۔ فساد ہونا۔ نیز دیکھئے "جس کا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے"۔

ٹھینگا دکھانا (اَر۔محاورہ) (۱) انگوٹھا دکھانا (۲) خاطر میں نہ لانا (۳) چڑانا۔ چھیڑنا۔

ٹھینگے (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹھینگا کی جمع (۲) ٹھینگا کی مغیّرہ شکل بحالتِ اِمالہ۔

ٹھینگے سے (اَر۔متعلق فعل) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔

ٹھینگو (ٹھیں۔گو) (ق۔صف) پست قد۔ بونا۔

ٹ۔ء

ٹئیاں (ٹ۔ء۔یاں) (ہ۔صف) (۱) ننھا مُنّا۔ چھوٹا سا۔ بونا۔ ٹھنگنا (۲) (اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا طوطا۔

ٹ۔ی

ٹی (Tea) (انگ۔ا۔مث) چائے۔

ٹی پارٹی (Tea Party) (انگ۔ا۔مث) چائے کی پارٹی۔

ٹی اے (انگ Travelling Allowance کا مُخفف۔ا۔مذ) سفر خرچ۔

ٹی بی (انگ Tuberculosis کا مُخفف۔ا۔مث) تپِ دِق۔

ٹی ٹی (انگ Travelling Ticket Examiner کا مُخفف۔ا۔مذ) ریل گاڑی میں ٹکٹوں کا معاینہ کرنے والا۔

ٹی وی (انگ Television کا مُخفف۔ا۔مذ) ٹیلے وژن۔ وہ ریڈیو جس میں آواز کے ساتھ تصویر بھی نظر آتی ہے۔

ٹِیّاں (ٹِی۔یاں) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی چھوٹی کوڑی۔

ٹیبا (ٹی۔با) (ہ۔ا۔مذ) ٹِبّا۔ ٹیلا۔ تودہ۔

ٹیبا (ٹے۔با) (ہ۔ا۔مذ) لمبا ٹانکا بھرنا۔ تیپچی۔

ٹیبل (Table) (انگ۔ا۔مث) میز۔

ٹیبل ٹینس (Table Tennis) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا گیند بلّے کا کھیل جو میز پر کھیلا جاتا ہے۔

ٹیبلو (Tableau) (انگ۔ا۔مذ) کسی واقعے یا کہانی کی خاموش اداکاری۔

ٹیپ (Tape) (بیائے مجہول) (انگ۔ا۔مذ) سُوت یا پلاسٹک وغیرہ کی باریک پٹی یا فیتہ۔

ٹیپ ریکارڈر (Tape Recorder) (انگ۔ا۔مذ) ایک مشین جس میں آواز بھری جاتی ہے۔ آلۂ صدابندی۔

ٹیپ (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) دباؤ (۲) اُونچا سُر۔ اُونچی سے اُونچی الاپ (۳) چیک۔ تمسک۔ ہُنڈی۔ اِقرار نامہ (۴) یادداشت کے طور پر لکھ لینا (۵) مُسدّس کا تیسرا شعر۔ مخمّس یا مثلّث وغیرہ کا آخری شعر۔ بند۔ گرہ (۶) ماتھے کا زیور (۷) فوج کا دستہ (۸) گنجفے میں ایک پتّے کو دو پتّوں سے مارنا (۹) چپت (۱۰) پکّی عمارت کی اینٹوں کی درزوں کو چونے یا سیمنٹ سے بھرنے کا عمل (۱۱) جنم پتری یا زائچہ (۱۲) (صف) عُمدہ۔ اعلیٰ۔ مُنتخب۔

ٹیپ بھرنا (ٹیپ کرنا) (اَر۔محاورہ) پکّی عمارت میں جو درزیں اینٹوں کے درمیان رہ جاتی ہیں اُن کو چونے یا سیمنٹ سے پُر کرنا۔

ٹیپ ٹاپ (اَر۔ا۔مث) (۱) آرائش۔ زیبائش۔ سنگار (۲) خودنمائی (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طمطراق۔ اکڑفوں۔ شان و شوکت۔

ٹیپ ٹاپ کی پگڑی باندھی، وہ بھی جورُو کا صدقہ (اَر۔ مَثل) پرائے بَل بوتے پر شان جتانا۔

ٹیپ بجنا (ٹیپ مارنا) (اَر۔ محاورہ) چپت یا دُھول مارنا۔

ٹیپ کا بند (اَر۔ اِ۔ مذ) مسدّس، مخمس یا مثمن کی آخری بیت (۲) اصل مطلب۔ وہ بات جس کے لئے تمہید باندھی گئی ہو۔

ٹیپ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) نقل کرلینا (۲) گیند میں ایک پتے کو دو پتوں سے مارنا۔

ٹیپنا (ٹیپ۔نا) (بیائے معروف) (ہ۔ مص) (۱) دبانا۔ بھینچنا (۲) لکھ لینا۔ یادداشت میں درج کرلینا (۳) الاپنا (۴) گیند میں دو پتوں سے ایک پتا جیتنا (۵) رُوپیہ وصول کرنا۔ رُوپیہ جیب میں رکھنا۔

ٹیٹک مجھا (ٹی۔ ٹک۔ مَن۔ جھا) (ہ۔ اِ۔ مذ) ٹیٹک بہ معنی ٹوٹا ہوا۔ مجھا بمعنی بڑی چارپائی۔ ٹوٹی ہوئی چارپائی (مراد) جھمیلا۔ اُلجھاؤ۔ وقضیہ۔

ٹیٹک مجھے میں پڑنا (ہ۔ محاورہ) مجھے میں پڑنا۔ اُلجھاؤ میں پڑنا۔

ٹیٹو (ٹے۔ ٹو) (Tattoo) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) وہ نیلا یا سُرخ نشان جو بدن کے کسی حصے پر گُدوا دیا جاتا ہے (۲) حاضری کے لئے بگل یا ڈھول بجنا (۳) طبل۔ نقارہ (۴) پولیس یا فوج کے کرتب۔

ٹیٹوا (ٹیٹ۔ وا) (بیائے مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) گلا۔ نرخرا۔ حلق (۲) سانپ کا سَر۔ جمع: ٹیٹووں ٹیٹوے۔

ٹیٹوا دبانا (اَر۔ محاورہ) (۱) گلا گھونٹنا۔ گلا دبانا (۲) سخت تقاضا کرنا (۳) کڑی گرفت کرنا۔ ایسی غلطی پکڑنا جس سے اِنکار نہ کیا جاسکے۔ اِس طرح پکڑ لینا کہ چھُڑوایا نہ جاسکے۔

ٹیچر (Teacher) (انگ۔ اِ۔ مذ) اُستاد۔ مدرّس۔ معلّم۔ سکھانے والا۔ اَر جمع: ٹیچر۔ ٹیچروں۔

ٹیچنا (ٹیچ۔نا) (بیائے معروف) (اَر۔ مص) (۱) پرندوں کا چہچہانا (۲) تیتر کا بولنا یا تیتر کی طرح آواز نکالنا۔

ٹیڑ (بیائے معروف) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) ترچھی کاٹ (۲) ترچھا کٹا ہوا کپڑا۔

ٹیر (بیائے مجہول) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) آواز۔ پکار۔ ہانک (۲) چیخ۔ چلانا (۳) (صف) گُورا ہوا۔ گزشتہ۔

ٹیرا (ٹی۔ را) (ق۔ اِ۔ مذ) پردہ (۲) (صف) بھینگا۔

ٹیرف (Tariff) (انگ۔ اِ۔ مذ) حکومت کی طرف سے مختلف درآمدی اشیا پر عائد کردہ محاصل کی فہرست یا گوشوارہ۔

ٹیرنا (ٹیر۔ نا) (بیائے مجہول) (ہ۔ مص) (۱) آواز دینا۔ آواز لگانا۔ پکارنا۔ بُلانا (۲) چیخنا (۳) گانا بجانا۔ سُر نکالنا۔ ساز چھیڑنا۔

ٹیڑوا (ٹیڑ۔ وا) (بیائے معروف) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) فوارہ (۲) حقے کی وہ نے جس پر چلم رکھتے ہیں۔

ٹیڑھ (بیائے مجہول۔ ڑہ ساکن) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) ٹیڑھا پن۔ غلط روی۔ کج روی (۲) کج۔ خم۔ خمیدہ (۳) اکڑ۔ غرور۔ تکبر (۴) شرارت۔ سرکشی۔

ٹیڑھ کی چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اُلٹا راستہ اِختیار کرنا۔ بُرا چلن رکھنا (۲) سب کے خلاف جانا (۳) سیدھے مُنہ بات نہ کرنا۔

ٹیڑھ کی لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) شرارت کرنا۔ سرکشی کرنا۔ اکڑنا (۲) بدسلوکی کرنا۔

ٹیڑھ نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کجی یا خم دُور کرنا (۲) سزا کے ذریعے سرکشی ختم کرنا۔

ٹیڑھا (ٹے۔ ڑھا) (ہ۔ صف) (۱) جو سیدھا نہ ہو۔ ترچھا۔ جھکا ہوا۔ خم دار۔ کج۔ خمیدہ (۲) پھرا ہوا۔ برگشتہ (۳) بدمزاج۔ فصیل (۴) خفا۔ ناراض (۵) اکھڑ۔ اُجڈ۔ جاہل (۶) فسادی۔ بدخو۔

ٹیڑھا بانکا (اَر۔ صف) (۱) اکھڑ۔ سپاہی وضع کا (۲) طرح دار۔ چھیل چھبیلا۔ شریر۔

ٹیڑھا بیڑھا (ٹیڑھا میڑھا۔ ٹیڑھا ترچھا) (اَر۔ صف) (۱) کج۔ خم دار (۲) بَل کھایا ہوا (۳) بگڑا ہوا۔

ٹیڑھا پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سیدھا نہ کرنا۔ ٹیڑھا ہو جانا (۲) برگشتہ ہو جانا۔

ٹیڑھا پن۔ دیکھئے ٹیڑھ۔

ٹیڑھا جانا (ٹیڑھا چلنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سیدھا نہ چلنا۔ ترچھا چلنا (۲) غلط راستہ اِختیار کرنا (۳) بات کا غلط مطلب نکالنا۔

ٹیڑھا جواب (اَر۔ اِ۔ مذ) ایسا جواب جس سے ناراضی یا بدظنی ٹپکے۔ تلخ جواب۔

ٹیڑھا رہنا (اَر۔ محاورہ) ناراض رہنا۔ بگڑے رہنا۔ مخالف بنے رہنا۔

ٹیڑھا سمجھنا (اَر۔ محاورہ) غلط فہمی میں پڑ جانا۔ غلط سمجھنا۔ اُلٹا مطلب نکالنا۔

ٹیڑھا سوال (اَر۔ اِ۔ مذ) مشکل سوال۔ ایسا سوال جس کا جواب دینا آسان نہ ہو۔

ٹیڑھا وقت (اَر۔ اِ۔ مذ) بُرا وقت۔ مُصیبت اور پریشانی کا زمانہ۔

ٹیڑھا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) خمیدہ ہونا۔ جھکا ہوا یا ترچھا ہونا (۲) خفا ہونا۔ بگڑنا۔ اکڑنا۔ اینٹھنا۔

ٹیڑھی (ٹے۔ ڑھی) (ہ۔ صف) ٹیڑھا کا مؤنث۔

ٹیڑھی آنکھ (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) دُشمنی کی نظر۔ غصے یا خفگی کی نظر (۲) ترچھی نظر (۳) بھینگی آنکھ۔

ٹیڑھی آنکھ (سے) دیکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دُشمنی، مخالفت یا بغض و حسد کے جذبے سے دیکھنا (۲) بگڑ کر دیکھنا۔ خفگی سے دیکھنا۔

ٹیڑھی آنکھیں کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ناراض ہونا (۲) بے مُروّتی دکھانا (۳) کسی معاملے میں عدم رضا مندی ظاہر کرنا۔

ٹیڑھی اُنگلی بغیر گھی نہیں نکلتا (اَر۔ محاورہ) اِس دُنیا میں سیدھی طرح کام نہیں نکلتا۔ نرمی سے یا اُصولوں اور قاعدوں کے مطابق چلنے سے کامیابی نہیں ہوتی۔

ٹیڑھی باتیں (اَر۔ اِ۔ مث) اکھڑی اکھڑی باتیں۔ ایسی گفتگو جس سے ناراضی یا خفگی ظاہر ہو۔

ٹیڑھی ٹوپی (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) بانکپن کی نشانی (۲) تکبر کا اِظہار (۳) سر پر آڑی رکھی ہوئی ٹوپی جو غرور کی نشانی ہے۔

ٹیڑھی (ترچھی) سُنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بُرا بھلا کہنا (۲) مخالفانہ جواب دینا (۳) گستاخی یا سختی سے جواب دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹیڑھی چال چلنا (اَر۔ محاورہ) سب کے خلاف چلنا۔ بُری رَسم اِختیار کرنا۔
ٹیڑھی سیدھی (اَر۔ صف) کڑوی اور میٹھی باتیں۔ کڑی اور نرم باتیں۔
ٹیڑھی کھیر (اَر۔ ا۔ مث)(۱) مشکل کام۔ جو کام ہو نہ سکے۔ کسی آدمی نے ایک اَندھے سے پوچھا "کھیر کھاؤ گے؟" اَندھا پوچھنے لگا "کھیر کیسی ہوتی ہے؟" آدمی نے بتایا "سفید سفید سی۔" اَندھے نے پوچھا "کیسی سفید؟" آدمی نے جواب دیا "ایسی جیسے بگلا ہوتا ہے" اور اپنا ہاتھ ٹیڑھا کر کے بگلے کے ڈھانچے جیسا بنا کر دکھایا۔ اَندھا ہاتھ کو ٹٹولتا رہا۔ پھر بولا "نہیں بھئی۔ یہ تو ٹیڑھی کھیر ہے۔ ہم سے نہیں کھائی جائے گی۔"
ٹیڑھی نگاہ (اَر۔ ا۔ مث) قہر کی نگاہ۔ خفگی کی نگاہ (۲) ترچھی نظر۔
ٹیڑھے (ہ۔ صف)(۱) ٹیڑھا کی جمع (۲) ٹیڑھا کی مغیرہ شکل۔
ٹیڑھے بانکے (ہ۔ صف) ٹیڑھا بانکا کی جمع۔
ٹیڑھے تار کا جُوتا (اَر۔ ا۔ مذ) وہ جُوتا جس میں سونے چاندی کے خمیدہ تار لگے ہوں۔
ٹیڑھے توے کی روٹی (اَر۔ ا۔ مث) بہت مشکل کام۔ بہت کٹھن معاملہ۔
ٹیڑھے کو گھن بھی نہیں لگتا (اَر۔ مثل) شریر لوگوں کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔
ٹیڑی (ٹی۔ ڑی)(ہ۔ ا۔ مث) ٹڈی۔
ٹیس (بیائے معروف)(ہ۔ ا۔ مث) وہ درد جو زخم یا پھوڑے میں ہوتا ہے۔ چبک۔ جمع: ٹیسوں۔ ٹیسیں۔
ٹیس اُٹھنا (ٹیس مارنا) (اَر۔ محاورہ) درد کرنا۔ میٹھا میٹھا درد ہونا۔ چپکنا۔
ٹیسٹ (Test) (انگ۔ ا۔ مذ) اِمتحان۔ جانچ۔ معیار۔ آزمائش۔
ٹیسٹ میچ (Test Match) (انگ۔ ا۔ مذ) دو ملکوں کی نمائندہ ٹیموں (کرکٹ۔ ہاکی) کے درمیان کھیلے جانے والے میچ۔
ٹیسُو (ٹے۔ سُو)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) ڈھاک کا زرد پھول (۲) ایک خیالی سُورما کا مٹی کا سَر جسے دسہرے کے دنوں میں لکڑیوں پر چڑھا کر ہندو بچے اُس کا گیت گاتے پھرتے ہیں اور خاص دسہرے کے دن توڑ پھوڑ کر ختم کر دیتے ہیں (۳) ٹیسو کا گیت۔
ٹیک (بیائے مجہول)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) سہارا۔ پشتی (۲) کھمبا۔ تھم۔ ستون (۳) وعدہ۔ قول و قرار (۴) (پوربی بولی) عہد۔ اِرادہ (۵) عزّت۔ آبرو۔ بھرم (۶) ٹیپ کا مصرع گیت یا گانے کا وہ ٹکڑا جو بار بار گایا جائے۔
ٹیک دھرنا (اَر۔ محاورہ) کوئی کام کرنے پر تلے ہونا۔ پکّا اِرادہ کر لینا۔
ٹیک رہنا (اَر۔ محاورہ) بات رہنا۔ بھرم رہنا۔ ساکھ قائم رہنا۔ اِعتبار رہنا۔
ٹیک لگانا (اَر۔ محاورہ) سہارا لینا۔ کسی چیز سے لگ کر یا اُس کے سہارے کھڑا ہونا یا بیٹھنا۔
ٹیک (Teak) (بیائے معروف)(ملیالم۔ ا۔ مث) جنوب مشرقی ایشیا کی ایک قیمتی اور پائیدار لکڑی۔
ٹیکا (ٹی۔ کا)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) بِندی۔ قشقہ۔ تلک۔ صندل یا سیندور وغیرہ کا وہ گول، لمبا یا کسی اور شکل کا نشان جو ہندو عبادت، سفر، منگنی، تخت نشینی یا بچوں کو نظرِ بد سے بچانے کے لئے اور ہندو عورتیں سُہاگ کی نشانی کے طور پر ماتھے پر لگاتی ہیں (۲) گدی پر بٹھانے کی رسم (۳) سرداری کا نشان (۴) دھبا۔ داغ (۵) ماتھے کا ایک زیور (۶) ہندوؤں میں شادی بیاہ کے موقع کی ایک خاص رسم (۷) مٹھائی جو اُس موقع پر ٹیکا لگانے کے بعد تقسیم کی جاتی ہے (۸) شادی کے موقع پر تحفہ (۹) خُسر کی جانب سے داماد کو شادی کے موقع پر تحفہ (۱۰) شرح۔ تفسیر (۱۱) گھوڑے کے ماتھے کا زیور (۱۲) خاص بات۔ خصوصیت (۱۳) بازو یا جسم کے کسی اور حصّے میں پچکاری کے ذریعے دوا داخل کرنے کا عمل۔ جمع: ٹیکوں۔ ٹیکے۔
ٹیکا بھیجنا (اَر۔ محاورہ) نسبت یا منگنی کے وقت مٹھائی وغیرہ بھیجنا۔ سگائی کرنا۔
ٹیکا لگانا (اَر۔ محاورہ)(۱) ٹیکا ماتھے پر پہننا (۲) ماتھے پر بندی لگانا (۳) بیمار کے جسم میں سُوئی کے ذریعے دوا پہنچانا (۴) دھبا یا داغ لگانا۔
ٹیکَر (ٹیکرا) (ٹی۔ کر)(ٹیک۔ را)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) ٹیلا (۲) تودہ۔ ڈھیر۔ اَنبار (۳) پہاڑی کی ڈھلواں سطح۔
ٹیکس (Tax) (انگ۔ ا۔ مذ)(۱) محصول (۲) لگان۔ اُر جمع: ٹیکس۔ ٹیکسوں۔
ٹیکس بالواسطہ (بِل۔ وا۔ سِ۔ طہ)(انگ۔ ع۔ ا۔ مذ) ایسا ٹیکس جو براہِ راست وصول نہ کیا جائے۔ (Indirect Tax)۔
ٹیکس متزائد (انگ۔ ع۔ ا۔ مذ) ایسا ٹیکس جس میں اضافہ ہوتا رہے۔ (Progressive Tax)۔
ٹیکس متناسب (انگ۔ ع۔ ا۔ مذ) ایسا ٹیکس جو مقدار وغیرہ کے مطابق لگایا جائے یا وصول کیا جائے۔ (Proportionate Tax)۔
ٹیکسٹ بُک (Text Book) (انگ۔ ا۔ مث) درسی کتاب۔ نصاب کی کتاب۔
ٹیکسٹ بُک بورڈ (Text Book Board) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ ادارہ جو درسی کتابیں تیار کراتا اور چھاپتا ہے۔
ٹیکسٹ بُک کمیٹی (Text Book Committee) (انگ۔ ا۔ مث) وہ کمیٹی یا جماعت جو درسی کتابیں منظور کرتی ہے۔
ٹیکسٹائل (Textile) (انگ۔ صف) کپڑا بُننے سے متعلق۔
ٹیکسٹائل مِل (Textile Mill) (انگ۔ ا۔ مث) کپڑے کا کارخانہ۔ کپڑا بُننے والی مِل۔
ٹیکسی (Taxi) (انگ۔ ا۔ مث) کرائے کی موٹر گاڑی۔
ٹیکَن (ٹے۔ کن)(ہ۔ ا۔ مث) جس چیز کی ٹیک لگائی جائے۔ جس کے سہارے کھڑا ہوا جائے یا بیٹھا جائے۔ اڑواڑ۔ سہارا۔
ٹیکنا (ٹیک۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) سہارا لینا (۲) جوئے میں داؤں پر لگانا۔
ٹیکنالوجی (Technology) (انگ۔ ا۔ مث)(۱) صنعتی فنون کا علم (۲) فنون کے اِرتقا کا مطالعہ۔
ٹیکنیک (Technique) (ٹیک۔ نیک) (انگ۔ ا۔ مث)(۱) فنون کا نظریہ (۲) طرز ادا (۳) ہُنرمندی۔ فنی طریق اِظہار۔ نیز دیکھئے تکنیک جو تکنیک کا موزوں ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹیک نی شین (Technician) (ٹیک۔نی۔شی۔اَن) (انگ۔ا۔مذ) ہُنرمند۔ مستری۔ کسی فن کا ماہر۔

ٹیکنیکل (Technical) (ٹیک۔نی۔کل) (انگ۔صف) کسی خاص فن، صنعت یا علم کے متعلق۔ صنعت و حرفت کا۔

ٹیکنی کلر (Technicolour) (ٹیک۔نی۔ک۔لر) (انگ۔ا۔مذ) رنگین فلم سازی جس میں مختلف رنگ الگ الگ مگر بہ یک وقت نظر آتے ہیں۔

ٹیگ (Tag) (انگ۔ا۔مذ) گھنڈیوں دار ڈورا جو دفتری فائلوں یا اُن کے اندر رکھے گئے کاغذات میں پرویا جاتا ہے۔

ٹیلا (ہ۔ا۔مذ) مٹی کا بڑا تودہ۔ چھوٹی پہاڑی۔ ٹبّا۔ ٹیکرا۔ جمع: ٹیلوں۔ ٹیلے۔

ٹیلے (Tele)۔ یونانی سابقہ بمعنی دُور۔ فاصلے پر۔

ٹیلے پرنٹر (Teleprinter) (انگ۔ا۔مذ) برقی مشین جس کے ذریعے پیغامات ٹائپ شدہ وصول ہوتے ہیں۔

ٹیلے پیتھی (Telepathy) (انگ۔ا۔مث) رُوحانی رَابطہ۔ اِشراق۔

ٹیلے فون (Telephone) (انگ۔ا۔مذ) دُور کی آواز۔ ایک برقی آلہ جس کے ذریعے دُور دراز فاصلے تک گفتگو کر سکتے ہیں۔

ٹیلے کاسٹ (Telecast) (انگ۔ا۔مذ) ٹیلے وژن سے پروگرام نشر کرنا۔

ٹیلے گراف (Telegraph) (انگ۔ا۔مذ) تار برقی۔ تار برقی کے ذریعے اطلاع یا خبر بھیجنے کا ساز و سامان۔

ٹیلے گرام (Telegram) (انگ۔ا۔مذ) برقیہ۔ تار کی خبر۔ خبر یا پیغام جو بذریعہ تار برقی بھیجا گیا ہو۔

ٹیلے وژن (Television) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ریڈیو جس میں گانے یا بولنے کی آواز کے ساتھ صورت بھی دکھائی دیتی ہے۔

ٹیم (Team) (انگ۔ا۔مث) (۱) مِل کر کام کرنے والوں کی جماعت (۲) مِل کر کھیلنے والوں کی جماعت یا ٹولی۔ اُردو جمع: ٹیموں۔ ٹیمیں۔

ٹیم ورک (Team Work) (انگ۔ا۔مذ) وہ کام جو مِل کر کیا جائے۔ متفقہ کوشش۔ اِتحادِ عمل۔

ٹیم (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) چراغ کی بتّی کا وہ حصّہ جو جل کر سیاہ ہو گیا ہو۔ بتّی کا گُل۔

ٹیم ٹام (ہ۔ا۔مث) ٹیپ ٹاپ۔ نمود و نمائش۔ سج دھج۔ زینت۔

ٹیمی (ٹی۔می) (ہ۔ا۔مث) چنگاری۔ پرکالہ۔ آتش۔

ٹین۔ دیکھئے ٹِن۔

ٹیں (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مث) طوطے کی آواز جب وہ چیخے۔

ٹیں ٹیں (اَر۔ا۔مث) (۱) طوطے کا بار بار چیخنا (۲) بکواس۔ بیہودہ گفتگو۔

ٹیں ٹیں کرنا (اَر۔محاورہ) لگاتار بکے جانا۔ مہمل باتیں کیے جانا۔

ٹیں ہو جانا (اَر۔محاورہ) مر جانا۔

ٹینٹ (Tent) (انگ۔ا۔مذ) خیمہ۔ ڈیرا۔ شامیانہ۔ چھولداری۔

ٹینٹ (بیائے مجہول) (نون خفیّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کی پھلی (۳) بیرونی چھلکا یا پھلی (۴) کپاس کا ڈوڈا۔ رُوئی کا پھل۔

ٹینٹ آنکھ میں 'مُنہ کُھردیلا۔ کہے پیا مورا چھیل چھبیلا (ہ۔مثل) آنکھ میں پُھلی ہے' مُنہ کھردُرا (کھردیلا) ہے مگر اُس کی عورت اُس کے بارے میں کہتی ہے کہ میرا خاوند بڑا بانکا اور طرح دار مرد ہے۔ مطلب یہ کہ اپنی چیز چاہے کتنی بُری ہو' اچھی ہی معلوم ہوتی ہے۔

ٹینٹا (ٹیں۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کریل کا پھل (۲) پھلجھڑی (۳) وہ بات جو سوچے سمجھے بغیر مُنہ سے نکال دی جائے۔

ٹینٹوا (ٹینٹ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے ٹیٹوا۔

ٹینٹی (ٹیں۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کریل کا پھل (۲) فضول گفتگو۔

ٹینس (Tennis) (انگ۔ا۔مث) ایک کھیل جو جال لگا کر ربڑ کی گیند اور تانت کے بلوں سے کھیلا جاتا ہے۔ اِسے لان ٹینس کہتے ہیں۔

ٹینک (Tank) (انگ۔ا۔مذ) تالاب ۔ حوض۔ انجن کا وہ حصّہ جس میں پانی بھرتے ہیں ۔ آہن پوش جنگی گاڑی جس میں توپیں لگی ہوتی ہیں۔

ٹینکر (Tanker) (انگ۔ا۔مذ) تیل لانے لے جانے والا جہاز۔ وہ موٹر گاڑی جس میں تیل کے لئے بڑی سی ٹنکی لگی ہوتی ہے۔

ٹینکی (اَر۔ا۔مث) دیکھئے ٹنکی۔

ٹینن (Tannin) (انگ۔ا۔مذ) چائے کا ایک جزو جو بُھوک کم کرتا اور قبض کا سبب بنتا ہے۔

ٹینی (ٹے۔نی) (ہ۔صف) (۱) پست قد۔ بونا (ا۔مذ و مث) چھوٹے قد کا مُرغا۔

ٹیو (ق۔ا۔مث) (۱) ترنگ (۲) عادت (۳) رسم (۴) ترکیب۔ ڈھنگ۔ طریقہ (۵) کرتب (۶) فریب۔

ٹیوا (ٹے۔وا) (ق۔ا۔مذ) (۱) مزہ۔ چسکا (۲) زائچہ۔ جنم پتری (۳) عادت۔ رنگ ڈھنگ۔

ٹیوب (Tube) (انگ۔ا۔مث) (۱) نلکی (۲) نال یا نالی۔

ٹیوب ویل (Tubewell) (انگ۔ا۔مذ) نل کنواں جس سے زمین کے اندر سے پانی نکالتے ہیں۔

ٹیوٹر (Tutor) (انگ۔ا۔مذ) گھر پر پڑھانے والا۔ پرائیویٹ ٹیچر۔ اتالیق۔

ٹیوشن (Tuition) (انگ۔ا۔مث) گھر پر پڑھائی۔ اسکول کی باقاعدہ پڑھائی کے علاوہ پڑھائی۔

ٹیوکی (ہ۔ا۔مث) (۱) ٹیک (۲) چھپّر کا تھم یا ستون۔

ٹیہلا (ٹیہ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تہوار۔ تقریب (۲) شادی بیاہ کی ہر ایک رَسم (۳) نیگ۔

ٹیہلا پھیرنا (ٹیہلا پھیلانا) (ہ۔محاورہ) شادی رچانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ث

ث (ثے)(ع۔ا۔ مؤنث) اُردو کا چھٹا' فارسی کا پانچواں اور عربی زبان کا چوتھا حرف۔ عربی و فارسی میں اِسے ثا اور ثائے مثلثہ کہتے ہیں۔ دیگر زبانوں میں نہیں پایا جاتا۔ شمسی حرف ہے۔ اگر اِس سے پہلے "ال" آئے تو لام آواز نہیں دیتا' بلکہ اِس کو مشدّد کر دیتا ہے جیسے اَلثّاقِب۔ حساب اَبجد میں اس کے ۵۰۰ عدد ہیں۔

ث۔ا

ثابت (ثا۔بت)(ع۔صف)(۱) پورا۔ سارا۔ جو ٹوٹا ہوا نہ ہو۔ جس کے سب اعضا یا ٹکڑے یکجا ہوں (۲) قائم۔ برقرار۔ مستقل (۳) مضبوط۔ پائیدار (۴) مانا ہوا۔ تصدیق شدہ (۵) یقینی۔ جس کی تحقیق کی جا چکی ہو (۶) سچا۔ صحیح۔ ٹھیک۔ دُرست (۷) بے حرکت۔ سیارہ کی ضد (۸) عاملوں نے سال کے مہینوں کو جن تین قسموں ثابت' منقلب' ذوجسدین میں تقسیم کیا ہے اُن میں سے پہلی قسم کے مہینے۔ جمع: ثوابت۔

ثابت رہنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بات سے نہ پھرنا (۲) قائم رہنا۔ جمے رہنا۔ ہمت کرنا۔

ثابت شدہ (ع۔صف) جسے ثابت کیا جا چکا ہو۔ جس کا ثبوت مل چکا ہو۔ یقینی۔ مصدقہ۔ مستند۔

ثابت قدم (ع۔صف)(۱) مستقل مزاج۔ ارادے کا مضبوط۔ عہد کا پکّا۔ بات سے نہ پھرنے والا (۲) باحوصلہ (۳) مضبوط۔ قائم۔ مستقل۔

ثابت قدم کو سب جگہ ٹھاؤں (اُر۔ مثل) مستقل مزاج اور حوصلہ مند آدمی جہاں جاتا ہے اپنے لئے جگہ بنا لیتا ہے۔

ثابت قدمی (ع۔ا۔مث) مستقل مزاجی۔ اِستقلال۔

ثابت کرنا (اُر۔ محاورہ) پایۂ ثبوت کو پہنچانا۔ تحقیق کرنا۔

ثابت مہینے (ع۔ اُر۔ا۔مذ) مکھر' پھاگن' جیٹھ' بھادوں۔ اِن مہینوں کو عامل لوگ عمل پڑھنے کے لئے موافق اور سازگار مہینے خیال کرتے ہیں۔

ثابت نہیں کان بالیوں کا اَرمان (اُر۔ مثل) قابلیت کچھ بھی نہیں' بڑے کام کرنے کا شوق۔ جب کوئی چھوٹی حیثیت کا آدمی بڑے عہدے یا منصب کی خواہش کرتا ہے تو یہ مثل کہتے ہیں۔

ثابت ہو جانا (ہونا) (اُر۔مص مُرکب)(۱) تحقیق ہو جانا۔ ثبوت مل جانا (۲) پورا ہو جانا (۳) ٹوٹی ہوئی چیز جُڑ جانا۔

ثابُوتی (ثا۔بُو۔تی)(ق۔ا۔مث) ثبات۔

ثاقِب (ثا۔قِب)(ع۔صف) چمکیلا۔ روشن۔ چمک دار۔ درخشاں۔

ثالِث (ثا۔لِث)(ع۔ا۔مذ)(۱) پنچ۔ بچ بچاؤ کرنے والا۔ منصف (۲)(صف) تیسرا۔ اُردو جمع: ثالث۔ ثالثوں۔

ثالث بالخیر (بِل۔خیر)(ع۔صف) ایسا پنچ جو کسی کی طرف داری یا رو رعایت نہ کرے۔ غیر جانبدار منصف۔

ثالث ثلاثہ (ع۔ا۔مذ)(۱) تین میں کا تیسرا (عیسائیوں کا عقیدہ ہے کہ خُدا' روح القدس اور مسیح تینوں معبود ہیں)۔

ثالث حصری (ع۔ا۔مذ) ایسا ثالث جس کو فریقین نے معاملے کے فیصلے کا پورا اِختیار دے دیا ہو۔

ثالث نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ)(قانونی اِصطلاح) پنچ کا لکھا ہوا فیصلہ۔ وہ کاغذ جس میں فریقین کسی شخص کو اپنا ثالث ماننے کا اقرار کریں۔

ثالِثی (ثا۔لِ۔ثی)(ع۔ا۔مث)(۱) پنچایت (۲) کسی معاملے کا فیصلہ کرنے کی کارروائی۔ ثالث کا فعل۔

ثانوی (ع۔صف) ثانی سے منسوب۔ دُوسرے درجے والا۔ دوم۔ سیکنڈری۔ (Secondary)۔

ثانوی تعلیم (ع۔ا۔مث) وُسطانی درجے کے اُوپر کی تعلیم۔ ہائی اسکول کی تعلیم۔ (Secondary Education)۔

ثانوی مدارس (ع۔ا۔مذ) ہائی اسکول۔

ثانی (ع۔صف)(۱) دُوسرا (۲) مانند۔ نظیر۔ مقابل۔ جوڑ۔ ہم پلّہ۔ ہم سر۔

ثانیاً (ثا۔نی۔یَن)(ع۔متعلق فعل) دوبارہ۔ مکرّر۔

ثانی الحال (ثا۔نِی۔ئل۔حال)(ع۔متعلق فعل) دُوسرے وقت۔ پھر۔ دُوسری دفعہ۔ بعد ازاں۔

ثانیہ (ع۔ا۔مذ)(۱) پَل۔ سیکنڈ۔ دقیقہ (۲)(صف) ثانی کی تانیث۔ دوسری۔

ث۔ب

ثبات (ثَ۔بات)(ع۔ا۔مذ)(۱) قیام۔ قرار (۲) پائیداری۔ مضبوطی (۳) ثابت قدمی (۴) ارادہ۔ قصد۔

ثباتِ رائے (ع۔ا۔مذ) رائے کی مضبوطی۔ اِستحکامِ رائے۔

ثبت (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) نقش (۲) تحریر۔ نوشتہ۔

ثبت کرنا (اُر۔مص مُرکب)(۱) دستخط کرنا (۲) درج کرنا۔ لکھنا۔ تحریر کرنا (۳) مُہر لگانا۔

ثبوت (ثُ۔بُوت)(ع۔ا۔مذ)(۱) دلیل۔ سچائی (۲) گواہی دلوا کر ثابت کرنا۔ شہادت۔ گواہی (۳) دوام۔ قیام (۴) مضبوطی۔ پائیداری۔ اُردو جمع: ثبوت۔ ثبوتوں۔

ثبوتِ اِستحقاق (ع۔ا۔مذ) حق دار ہونے کا ثبوت۔

ثبوتِ بدیہی (بادیُ النظر)(ع۔ا۔مذ) ایسا ثبوت جو ظاہر میں صحیح معلوم ہو۔

ثبوتِ تردیدی (ع۔ا۔مذ) ایسا ثبوت جو گواہی کو جھٹلانے کے لئے پیش کیا جائے۔

ثبوتِ ضمنی (ع۔ا۔مذ) وہ ثبوت جو دُوسرے کسی ثبوت کے ضمن میں آ جائے۔

ثبوتِ قانونی (ع۔ا۔مذ) قانون کے مطابق دعوے کی تصدیق کی شہادت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ثبوتِ لسانی (ع۔ا۔مذ) زبانی ثبوت۔
ثبوتِ مسل (ع۔اُر۔ا۔مذ) جو ثبوت مقدمہ کی مندرجہ کارروائی سے دیا جائے۔

ث۔ر

ثَروت (ثَر۔وَت) (ع۔ا۔مث) مال و دولت کی فراوانی۔ تونگری۔ دولت مندی (۲) اختیار۔ حکومت۔ رسُوخ۔
ثَریٰ (ثَ۔را) (ع۔ا۔مذ) (۱) زمین کے نیچے کی مٹی (۲) گیلی مٹی۔
ثُریّا (ثُ۔رَیْ۔یا) (ع۔ا۔مذ) وہ سات ستارے جو پاس پاس رہتے ہیں۔ پروین۔ سات سہیلیوں کا جُھمکا۔ عقدِ ثریا۔
ثُریّا جاہ (ع۔صف) بلند پایہ۔ عالی مرتبہ۔

ث۔ع

ثُعبان (ثُع۔بان) (ع۔ا۔مذ) اژدھا۔ بڑا سانپ۔
ثُعلَبِ مِصری (ثُع۔لَب۔مِص۔ری) (ع۔ا۔مذ) ایک درخت کی جڑ جو لومڑ (ثعلب) کے خصیے کے مشابہ ہے اور اطبا نے اِسے مغلظ و ممسک لکھا ہے۔

ث۔ق

ثِقات (ثِ۔قات) (ع۔ا۔مذ) ثِقہ کی جمع۔ معتبر لوگ۔
ثَقافت (ثَ۔قا۔فَت) (ع۔ا۔مث) (۱) عقل مند ہونا۔ نیک ہونا (۲) کسی طبقے کی تہذیب۔ تمدّن۔ کلچر۔
ثَقالت (ثَ۔قا۔لَت) (ع۔ا۔مث) بوجھل ہونا۔ گرانی۔ بھاری پن۔
ثِقاہت (ثِ۔قا۔ہَت) (ع۔ا۔مث) متانت۔ سنجیدگی۔ قابلِ اِعتبار ہونا۔
ثِقل (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) گرانی۔ بوجھ۔ جمع: اَثقال۔
ثِقلِ سَماعت (ع۔ا۔مذ) اُونچا سننے کی بیماری۔
ثَقَلَین (ثَ۔قَ۔لَین) (ع۔ا۔مذ) دونوں جہان۔ اِنسان اور جن۔
ثِقہ (ثِ۔قَہ) (ع۔صف) معتبر۔ معتمد (آدمی)۔ جمع: ثِقات۔
ثِقہ بدمعاش (ع۔ف۔ا۔مذ) جو شخص نیک انسانوں جیسی وضع قطع بنا کر بدمعاشی کرے۔
ثَقیف (ثَ۔قیف) (ع۔صف) عقل مند اور چالاک آدمی (۲) بہت کھٹا سرکہ۔
ثَقیل (ثَ۔قیل) (ع۔صف) (۱) بھاری۔ بوجھل (۲) دیر ہضم۔

ث۔ل

ثَلاثہ (ثَ۔لا۔ثَہ) (ع۔صف) تین۔
ثُلاثی (ثُ۔لا۔ثی) (ع۔صف) سہ حرفی کلمہ۔ تین حرفوں سے مُرکّب۔
ثُلث (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) تیسرا حصّہ۔ ایک تہائی۔ ایک عربی خط جو تین خطوں سے مل کر بنا ہے۔ خواجہ یاقوت مستعصمی اس کے مُوجد تھے۔

ث۔م

ثُمَّ (ثُم۔مَ) (ع۔حرفِ عطف) بعد۔ پیچھے۔ پھر۔
ثِمار (ثِ۔مار) (ع۔ا۔مذ) ثمر کی جمع۔ پھل۔ میوے۔ نیز دیکھئے اَثمار۔
ثَمانیہ (ثَ۔ما۔نِ۔یَہ) (ع۔ا۔عدد) آٹھ۔
ثَمَر (ثَ۔مَر) (ع۔ا۔مذ) (۱) پھل۔ میوہ (۲) پیداوار۔ فائدہ۔ حاصل۔ آمد (۳) نتیجہ (۴) بدلہ۔ عوض۔ جمع: ثِمار۔ اَثمار۔
ثمرِ اُمید (ثمرِ مُراد) (ع۔ا۔مذ) جس چیز کی آرزو ہو۔ جس کی خواہش ہو۔
ثمرِ بہشت (ع۔ا۔مذ) آم کی ایک قسم۔
ثمر پانا (اُر۔محاورہ) کوشش کا پھل ملنا۔ کامیابی حاصل کرنا۔
ثمرور (ثمردار) (ع۔ف۔صف) پھل دار۔ بار وَر۔
ثَمَرہ (ثَ۔مَ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) حاصل۔ فائدہ (۲) بدلہ۔ عِوض۔ جمع: ثَمرات۔
ثَمَن (ثَ۔مَن) (ع۔ا۔مذ) قیمت۔ قدر۔ مول۔ جمع: اَثمان۔
ثُمن (ثُمُن) (ثُ۔مُن) (ع۔عددِ کسری) آٹھواں حصّہ۔
ثَمین (ثَ۔مین) (ع۔صف) (۱) قیمتی (۲) ہشت پہلو۔

ث۔ن

ثَنا (ثَ۔نا) (ع۔ا۔مث) تعریف۔ ستائش۔ مدح۔ حمد و نعت۔ توصیف۔ جمع: اَثنیہ۔ فارسی جمع: ثناہا۔
ثنا خواں (ثناگر۔ ثناگستر۔ ثناگو) (ع۔ف۔صف) تعریف کرنے والا۔ مدّاح۔
ثنا خوانی (ع۔ا۔مث) مدح کرنا۔ تعریف کرنا۔
ثَنَوِیّت (ثَ۔نَ۔وِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) دُوئی۔ دو ہونا (۲) دو خُدا ہونے کا عقیدہ۔ (Dualism)۔
ثَنِیّہ (ثَ۔نی۔یَہ) (ع۔ا۔مث) (۱) جوان گائے یا بیل (۲) آگے کے دانت۔

ث۔و

ثَواب (ثَ۔واب) (ع۔ا۔مذ) (۱) نیک کام کا بدلہ جو دُوسری دُنیا میں ملے گا۔ اِنعام۔ اُجرت۔ جزا (۲) بھلائی۔ نیکی۔ جمع: ثَوابات۔ اُردو جمع: ثواب۔ ثوابوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ثواب بخشنا (اَر۔ محاورہ) اپنا کمایا ہوا ثواب دُوسرے کو دے دینا۔

ثواب پہنچانا (اَر۔ محاورہ) ثواب بخشنا۔

ثواب حاصل کرنا (کمانا) (اَر۔ محاورہ) نیک کام کرنا۔ ایسا کام کرنا جس سے ثواب ملے۔

ثواب لوٹنا (اَر۔ محاورہ) ثواب حاصل کرنا۔ کام کا اچھا اجر پانا۔

ثواب نہ عذاب کمر ٹوٹی مُفت میں (اَر۔ مثل) جب کوئی بے فائدہ کام کرے تو یہ مثل کہتے ہیں۔

ثوابت (ثَ۔وا۔بت) (ع۔ ا۔ مذ) ثابت کی جمع۔ ستارے۔

ثوب (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) کپڑا۔ لباس۔ پوشاک۔ جمع: ثیاب۔

ثور (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بیل (۲) آسمان کا دُوسرا بُرج جو گائے کی شکل کا ہے (۳) مکہ معظمہ کے ایک پہاڑ کا نام نیز دیکھئے غارِ ثور۔

ث۔ی

ثیاب (ثِ۔یاب) (ع۔ ا۔ مذ) ثوب کی جمع۔

ثیّب (ثَیْ۔یِب) (ع۔ صف) وہ عورت یا مرد جو کنوارا نہ ہو۔

ثیّبہ (ثَیْ۔یِ۔بہ) (ع۔ صف) وہ عورت جو کنواری نہ ہو۔

ثیوبت (ثُ۔یُو۔بَت) (ع۔ ا۔ مث) رنڈاپا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ج

ج (جیم) (ع ۔ ا ۔ مذ و مث) اُردو کا ساتواں' فارسی کا چھٹا' عربی کا پانچواں اور ہندی کا آٹھواں حرف۔ اسے جیم تازی بھی کہتے ہیں۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرفِ علّت کے ساتھ مِل کر آواز دیتا ہے۔ حسابِ اَبجد میں اس کے تین عدد گنے جاتے ہیں۔ اِس حرف کی تذکیر و تانیث میں اختلاف ہے۔ عربی کے قمری حروف میں شامل ہے۔ اگر اِس سے پہلے "اَل" آئے گا تو لام اپنی آواز دے گا جیسے الجمل۔ الجزیرہ۔ بعض اُردو کلمات کے آخر میں آکر اُن کو حاصل مصدر یا اسم کیفیت بنا دیتا ہے جیسے گرج۔ اَنج۔

ج ۔ ا

جا (ف ۔ ا ۔ مث) جائے کا مخفف (۱) جگہ۔ مقام۔ ٹھکانا (۲) موقع (۳) گنجائش۔

جا بجا (ف ۔ متعلق فعل) ہر جگہ۔ جگہ جگہ۔ ہر کہیں۔ ہر مقام پر۔

جا بجا کہنا (اَر ۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ بدنام کرنا۔

جا بے جا (ف ۔ متعلق فعل) (۱) موقع بے موقع۔ دُرست نادُرست (۲) بُرا بھلا۔

جا سے (اَر ۔ صف) (۱) بچی بات (۲) موقع کی بات (۳) مناسب۔ بر محل۔

جا ضرور (ف ۔ ا ۔ مذ) جائے ضرور۔ پاخانہ۔ ٹٹی۔ بیتُ الخلا۔

جا ضرور بند ہونا (اَر ۔ محاورہ) قبض ہونا۔

جا ضرور خطا ہونا (جا ضرور نکل جانا) (اَر ۔ محاورہ) (۱) بے اختیار پاخانہ نکل جانا (۲) ڈر کے مارے پاخانہ نکل جانا۔

جاگزیں (ف ۔ صف) ٹھہرنے والا۔ جگہ پکڑنے والا۔

جا ضرور میں پانی نہ رکھواؤں (اَر ۔ مثل) شدید نفرت کا اظہار۔

جانشین (ف ۔ صف) (۱) قائم مقام (۲) نائبِ سلطنت (۳) گدی نشین۔ ولی عہد۔

جانشینی (ف ۔ ا ۔ مث) جانشین ہونے کا فعل۔ نیابت۔ ولی عہدی۔ قائم مقامی۔

جانماز (ف ۔ ا ۔ مذ و مث) نماز پڑھنے کا فرش۔ مصلّٰی۔

جا (ہ) جانا مصدر سے صیغہ امر۔

جا اُترنا (اَر ۔ محاورہ) ٹھہرنا۔ فروکش ہونا۔

جا بھڑنا (اَر ۔ محاورہ) لڑ پڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ ٹکر لینا۔

جا پڑنا (اَر ۔ محاورہ) اچانک کہیں چلے جانا (۲) حملہ آور ہونا۔

جا پھنسنا (اَر ۔ محاورہ) قابو میں آجانا۔ دھوکے میں آنا۔

جا جا (اَر ۔ محاورہ) دُور ہو۔ چلا جا۔ بیزاری اور نفرت کا اظہار۔

جا ٹھہرنا (اَر ۔ محاورہ) قیام کرنا۔

جا چکا (جا چکے) (اَر ۔ محاورہ) کبھی نہیں جائے گا (جائیں گے)۔

جا چکنا (اَر ۔ محاورہ) چلا جانا۔ روانہ ہو جانا (۲) کبھی نہ جانا (طنزاً)۔

جا بھی (اَر) بیزاری' ناپسندیدگی یا شکایت کا کلمہ۔

جا دبوچنا (اَر ۔ محاورہ) (۱) پکڑ لینا (۲) ناجائز فائدہ اُٹھانے کی نیت سے گھیرنا۔

جا دھمکنا (اَر ۔ محاورہ) اچانک کسی جگہ پہنچ جانا۔

جا رہنا (اَر ۔ محاورہ) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔

جا گھسنا (اَر ۔ محاورہ) زبردستی داخل ہو جانا۔

جا لینا (اَر ۔ محاورہ) (۱) تیز تیز چل کر ساتھ مِل جانا (۲) پکڑ لینا۔

جا مِلنا (اَر ۔ محاورہ) پیچھے سے آکر مِل جانا۔

جا نکلنا (اَر ۔ محاورہ) اتفاقاً جا پہنچنا۔

جاب (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) مویشی کے مُنہ پر باندھنے کا چھینکا (۲) میووں پر ڈالنے کا جال (۳) (مونث) ایک قسم کی گھاس۔

جاب (ق ۔ ا ۔ مذ) جواب۔

جاب (Job) (انگ ۔ ا ۔ مث) مُلازمت۔ فرضِ منصبی۔ اسامی۔

جاب ورک (Job Work) (انگ ۔ ا ۔ مذ) پُھٹکل کام۔ متفرق کام جس کی اُجرت فوراً دے دی جائے۔

جابر (جا ۔ بر) (ع ۔ صف) جبر کرنے والا۔ ظالم۔ خود سر۔

جابوں (ق ۔ ا ۔ مذ) جواب کی جمع۔

جاپ (ہ ۔ ا ۔ مث) وظیفہ۔ وِرد۔ پاٹھ۔ نیز دیکھئے جپ۔

جاپ کے بدلتے پاپ (ہ ۔ مثل) یہ سمجھ کر گناہ کرنا کہ عبادت کی وجہ سے معاف ہو جائیں گے۔

جاپا (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) بچہ جننا (۲) بچے کی پیدائش یا زچگی (۳) اولاد۔

جاپانی (اَر ۔ صف) جاپان سے نسبت رکھنے والا۔ جاپان کا باشندہ یا کوئی چیز (۲) (مونث) جاپانی زبان۔

جات (جاتی) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) ذات (۲) قوم۔ فرقہ۔ قبیلہ۔ جماعت (۳) نسل۔ جمع: جاتیاں۔ جاتیوں۔

جات پات (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) حسب نسب۔ ذات پات (۲) نسل (۳) برادری۔

جات پات پوچھے نہ کوئے' ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے (ہ ۔ مثل) خُدا کے ہاں ذات پات کی کوئی پُرسش نہیں۔ جو خُدا کی عبادت کرے' وہ خُدا کو پیارا ہوتا ہے۔

جاتا رہنا (ہ ۔ محاورہ) (۱) کھو جانا۔ گم ہو جانا (۲) پھیرے کرنا (۳) بالکل دُور ہو جانا (۴) رفع ہو جانا (۵) مر جانا۔

جاترا (جات ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مث) دیکھئے یاترا۔

جاتری (جات ۔ ری) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دیکھئے یاتری۔

جاتک (جا ۔ تک) (ہ ۔ ا ۔ مذ) بچے کی پیدائش کی ایک رسم (۲) پیدائش۔ ولادت (۳) جنم پتری (۴) فقیر۔ سادھو۔

جاتی (ہ ۔ ا ۔ مث) دیکھئے جات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ٹٹیں (۲) اُس موقع پر بھی بولتے ہیں جب حاکم ناسمجھ ہو اور اُس کے ہاتھوں ظلم کا اندیشہ ہو۔

ٹُٹڑوں ٹُوں (مث۔ ڑوں۔ ٹوں) (و۔ا۔ صوت۔ مذ) (۱) فاختہ اور ٹوٹرو کی آوازیں (۲) (صف) اکیلا۔ تن تنہا۔

ٹُٹڑوں ٹُوں رہ جانا (ار۔ محاورہ) اکیلا رہ جانا۔ کوئی پاس نہ ہونا۔

ٹٹڑی (مث۔ ری) (و۔ا۔ مث) (۱) کھوپڑی۔ چندیا (۲) ٹٹی۔ ڈھانچا۔ باڑھ۔

ٹٹڑی پر بج رہی ہے (ار۔ مثل) کسی کام میں دُشواری پیش آنا۔

ٹٹڑی گرم کر دینا (چھیت دینا) (ار۔ محاورہ) (۱) بہت مارنا (۲) حیثیت سے زیادہ خرچ کروا دینا۔

ٹٹڑی گلنا (ار۔ محاورہ) (۱) دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا (۲) روپیہ زیادہ خرچ کرنا۔

ٹٹڑی گنجی ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) بہت پٹنا (۲) مُفلس ہونا۔

ٹٹڑی مُونڈنا (ار۔ مص مُرکب) (۱) سر مُونڈنا۔ حجامت کرنا (۲) (محاورہ) دھوکے یا فریب سے خوب لُوٹنا۔

ٹَٹَری (مث۔ ٹ۔ ری) (و۔ا۔ مث) (۱) مذاق۔ ٹھٹھا۔ مزاح (۲) جھوٹ۔ دورنگ گوئی (۳) ٹھٹارہ۔ دھونسا۔

ٹِٹکارنا (ٹٹ۔ کار۔ نا) (و۔ مص) ایڑ لگانا۔ گھوڑے یا گدھے کو چلانے کے لئے مُنہ سے آواز نکالنا۔ نیز دیکھئے ٹٹ خارنا۔

ٹِٹکاری (ٹٹ۔ کا۔ ری) (و۔ا۔ مث) (۱) ٹٹ خاری۔ وہ آواز جو جانوروں کو ہانکتے وقت مُنہ سے نکالتے ہیں (۲) زبانی جمع خرچ (۳) اِشارہ۔ سیٹی۔ آواز۔

ٹِٹکاری پر لگنا (ار۔ محاورہ) (۱) آواز پر لگنا۔ اِشارے یا سیٹی کی آواز پر آنا۔ (۲) مانوس ہونا۔ ہل جانا (۳) مطیع ہونا۔ تابع ہونا۔

ٹٹّو (و۔ا۔ مذ) (۱) چھوٹے قد کا گھوڑا (۲) زور۔ طاقت۔ جمع: ٹٹّو۔ ٹٹّوؤں۔

ٹٹّو بڑھانا (ار۔ محاورہ) جانا۔ چلے جانا۔

ٹٹّو بھڑکنا (ار۔ محاورہ) گھوڑے کا گھوڑی دیکھ کر اُچھلنا کُودنا (۲) گھوڑے کا ڈر کر بھاگ جانا۔

ٹٹّو پار ہونا (ار۔ محاورہ) کامیابی ہونا۔ مقصد حاصل ہو جانا۔ بیڑا پار ہونا۔

ٹٹّو سے (ار۔ متعلق فعل) بلا سے (لاپروائی کا اِظہار)۔

ٹٹّو کو کوڑا اور تازی کو اشارہ (ار۔ مثل) ٹٹّو کو چلانے کے لئے اُس پر کوڑے برسانے پڑتے ہیں لیکن تازی گھوڑا اِشارے پر چلتا ہے۔ مطلب یہ کہ عقل مند اِشارے پر کام کرتا ہے۔ بے وقوف کو مار کر سمجھانا پڑتا ہے۔

ٹٹوا (مث۔ وا) (و۔ا۔ مذ) (۱) ٹٹّو کی تصغیر (۲) دُبلا کمزور اور حقیر ٹٹّو۔

ٹٹوانی (مث۔ وا۔ نی) (و۔ا۔ مث) ٹٹّو کی مادہ۔ چھوٹے قد کی گھوڑی۔

ٹٹول (ٹ۔ ٹول) (و۔ا۔ مث) تلاش۔ ڈھونڈ (۲) لمس۔ مس۔ چھونا۔

ٹٹول دیکھنا (ار۔ محاورہ) (۱) ڈھونڈ لینا۔ تلاش کر لینا (۲) آزما لینا۔ اِمتحان کر لینا۔

ٹٹول کرنا (ار۔ محاورہ) چھان بین کرنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔

ٹٹول ہونا (ار۔ محاورہ) تلاش ہونا۔ ڈھنڈیا پڑنا۔

ٹُٹولنا (ٹ۔ ٹول۔ نا) (و۔ مص) (۱) ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا۔ بے دیکھے ڈھونڈنا (۲) عندیہ لینا۔ خُفیہ خُفیہ دریافت کرنا (۳) مالی حیثیت کا اندازہ لگانے کی کوشش کرنا (۴) پرکھنا۔ آزمانا۔

ٹٹولواں (ٹ۔ ٹول۔ واں) (و۔ متعلق فعل) اٹکل سے۔ اندازے سے۔

ٹٹّی (مث۔ ٹی) (و۔ا۔ مث) (۱) بانس یا سرکنڈوں کا بنا ہوا چھپر جو دروازوں یا کھڑکیوں پر لگاتے ہیں یا جن پر بیلیں چڑھاتے ہیں (۲) آڑ۔ پردہ۔ اوٹ۔ حجاب (۳) پاخانہ۔ بیتُ الخلا (۴) شکار کھیلنے کی اوٹ یا آڑ جسے شکاری لوگ ساتھ رکھتے ہیں (۵) بانس کا ٹھاٹھ جس پر چراغ رکھ کر روشنی کرتے ہیں (۶) بانس کی پھچیوں کی دیوار' جسے کھڑا کر کے اس پر آتش بازی رکھتے ہیں (۷) باغ یا چمن کے سرے پر مہندی وغیرہ کا جھاڑ (۸) بیاہ شادی کے موقع پر جو پھول وغیرہ سجا کر لے جاتے ہیں (۹) لمبی ڈاڑھی۔ جمع: ٹٹیاں۔ ٹٹیوں۔

ٹٹّی آنا (ار۔ محاورہ) پاخانے جانے کی ضرورت ہونا۔ پاخانہ آنا۔

ٹٹّی باندھنا (ار۔ محاورہ) بانس یا سرکنڈوں کی ٹٹّی بنا کر کہیں لگانا۔

ٹٹّی بندھنا (ار۔ محاورہ) مجمع ہونا۔ لوگوں کا اکٹھا ہو جانا۔

ٹٹّی جانا (ار۔ محاورہ) پاخانہ کرنے کے لئے جانا۔

ٹٹّی کترنا (ار۔ محاورہ) مہندی کی باڑھ کو تراش کر اس کی سطح برابر کرنا۔

ٹٹّی کی آڑ (ار۔ا۔ مث) ٹٹّی کا پردہ' اوٹ یا حجاب۔

ٹٹّی کی آڑ (اوٹ یا اوجھل) شکار کرنا (کھیلنا) (ار۔ محاورہ) کسی نیک کام کے پردے میں کوئی بُرا کام یا قابلِ اعتراض حرکت کرنا۔

ٹٹّی کی اوٹ بیٹھنا (ار۔ محاورہ) پردے یا آڑ کے پیچھے بیٹھنا (۲) کمین گاہ میں بیٹھنا (۳) کوئی کام خُفیہ طور پر کرنا۔

ٹٹّی لگانا (ار۔ محاورہ) (۱) قنات کھڑی کرنا (۲) پردہ ڈالنا (۳) باڑھ لگانا۔ احاطہ بندی کرنا (۴) بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا۔

ٹٹّی میں چھید کرنا (ار۔ محاورہ) کھل کھیلنا۔ عورت کا بدکار بن جانا۔

ٹٹیا (مث۔ یا) (و۔ا۔ مث) ٹٹّی کی تصغیر (تحقیر کے طور پر)۔

ٹٹیری (ٹ۔ ٹی۔ ری) (و۔ا۔ مث) (۱) ایک پرند جس کی آواز ٹیڑی جیسی نکلتی ہے۔ اپریل اور مئی کے مہینوں میں مادہ انڈے دیتی ہے۔ انہی مہینوں میں اُس کی آواز بھی سُنائی دیتی ہے (۲) ایک کھلونا جس کو چکّر دینے سے ٹیڑی جیسی آواز نکلتی ہے (۳) (کنایۃً) لاغر آدمی۔ جمع: ٹٹیریاں۔ ٹٹیریوں۔

ٹٹیری سے آسمان نہیں تھمتا (کہیں ٹٹیری سے آسمان تھمے گا؟) (ار۔ مثل) جب کوئی اپنی طاقت' حیثیت یا بساط سے زیادہ کام کرنے کی کوشش کرے تو اُس کے لئے یہ مثل کہی جاتی ہے۔ مشہور ہے کہ ٹٹیری اپنی ٹانگیں اُوپر اُٹھا کر سوتی ہے تاکہ آسمان گرے تو اُن پر سنبھال لے۔

ٹٹیریا سانپ (ار۔ا۔ مذ) ایک امریکی سانپ جس کی دُم سخت کھردری اور کھوکھلی ہوتی ہے اور اُس کے ہلنے پر کھڑکھڑاہٹ کی آواز پیدا ہوتی ہے۔ (Rattlesnake)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جار (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) پڑوسی۔ ہم سایہ (۲) لفظ کے آخری حرف پر زیر یا کسرہ دینے والا۔

جار و مجرُور (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) کھینچنے والا اور وہ جو کھنچے (۲) وہ حرف جو زیر یا کسرہ دے اور وہ حرف جس پر زیر یا کسرہ دیا جائے۔

جارِ مُلحق (ع ۔ ا ۔ مذ) وہ ہم سایہ جس کی جائیداد یا مکان حقِ شفعہ کی ہوئی جائیداد کے متصل ہو۔

جار (Jar) (انگ ۔ ا ۔ مذ) مٹی یا شیشے کا مرتبان۔

جارجٹ (Georgette) (انگ ۔ ا ۔ مذ) باریک ریشمی کپڑا جس کے دوپٹے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

جارِح (جا ۔ رِح) (ع ۔ صف) نشتر لگانے والا۔ زخمی کرنے والا (۲) حملے میں پہل کرنے والا۔

جارِحانہ (جا ۔ رِ ۔ حانہ) (ع ۔ صف) (۱) جس سے زخم لگے یا نقصان پہنچے (۲) شِدت کا۔

جارِحہ (جا ۔ رِ ۔ حہ) (ع ۔ صف ۔ وا ۔ مث) (۱) زخم لگانے والی چیز (۲) شکاری جانور (۳) انسانی عضو جیسے ہاتھ پاؤں وغیرہ۔ جمع: جوارح۔

جارحیّت (جا ۔ رِحی ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) دُوسرے مُلک پر بلا وجہ حملہ۔ ناجائز چڑھائی (۲) حملے میں پہل۔

جارُوب (جا ۔ رُوب) (ف ۔ ا ۔ مث) جھاڑو۔ بہاری۔

جاروب کش (ف ۔ صف ۔ وا ۔ مذ) جھاڑو دینے والا۔ خاکروب۔ بھنگی۔ مہتر۔

جاروب کشی (ف ۔ ا ۔ مث) جھاڑو دینا۔ خاکروب کا کام۔ جھاڑو دینے کا پیشہ۔

جاری (ع ۔ صف) (۱) رواں۔ بہتا ہوا (۲) بڑھتا ہوا (۳) رائج الوقت۔ مُروّجہ (۴) لگاتار۔ مُسلسل۔ برابر۔ صادر۔ مستعمل۔

جاری شُدہ (ع ۔ ف ۔ صف) (۱) جاری کیا ہوا (۲) نافذ۔ رائج۔

جارِیہ (جا ۔ رِ ۔ یہ) (ع ۔ ا ۔ مث) (۱) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ داسی (۲) کشتی (۳) آبِ رواں (۴) (صف) جاری کی تانیث۔

جاڑا (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈ (۲) سردی کا موسم (۳) بُخار۔ تپ لرزہ۔ جمع: جاڑوں۔ جاڑے۔

جاڑا پڑنا (اَر ۔ محاورہ) سردی پڑنا۔ سردی کا زور ہونا۔

جاڑا چڑھنا (اَر ۔ محاورہ) کپکپی لگنا۔ سردی کے ساتھ بُخار چڑھنا۔

جاڑا رُوئی سے جاتا ہے یا دُوئی سے (اَر ۔ مثل) جاڑے میں آدمی اُسی حالت میں گرم رہتا ہے جب لحاف اوڑھے یا بیوی کے ساتھ سوئے۔

جاڑا کھانا (اَر ۔ محاورہ) سردی برداشت کرنا۔

جاڑا لگنا (اَر ۔ محاورہ) ٹھنڈ معلوم ہونا۔ ٹھنڈ لگنا۔

جاڑا ماہ نہ پوہ۔ جاڑا ہوا کا ہو (اَر ۔ مثل) جاڑے کے لئے ماگھ پوس (جو سردی کے مہینے ہیں) کی قید نہیں بلکہ اَصل جاڑا اُس وقت پڑتا ہے جب سردیوں میں ہوا تیز چلنے لگے۔

جاڑے (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) جاڑا کی جمع (۲) جاڑا کی مُغیّرہ صورت۔

جاڑے کی چاندنی (اَر ۔ ا ۔ مث) بے فائدہ چیز۔

جاز (Jazz) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک طرح کا نغمہ اور ناچ۔

جازَم (جا ۔ زَم) (ف ۔ ا ۔ مث) دیکھئے جاجَم۔

جازِم (جا ۔ زِم) (ع ۔ صف) جزم دینے والا۔ متحرک حرف کو ساکن کرنے والا۔

جاسُوس (جا ۔ سُوس) (ع ۔ ا ۔ مذ) مُخبر۔ راز جُو۔ سُراغ رساں۔ وہ شخص جو ایک مُلک کا سرکاری راز دُوسرے مُلک میں پہنچائے۔ جمع: جاسوس۔ جاسوسوں۔

جاسُوسی (ع ۔ ا ۔ مث) مُخبری۔ بھید معلوم کرنا۔ راز جوئی۔

جاکٹ (جا ۔ کٹ) (انگریزی Jacket کا مُوَرّد ۔ ا ۔ مث) چھوٹا کوٹ۔ کُرتی۔ نیمہ آستین۔

جاکڑ (جا ۔ کڑ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) کوئی چیز جو اِس شرط پر خریدی جائے کہ پسند آئی تو رکھی جائے گی ورنہ واپس کردی جائے گی (۲) واپسی کی شرط پر خریدی ہوئی چیز۔

جاکڑ بہی (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ بہی جس میں واپسی کی شرط والی بکری کی یادداشتیں لکھی جائیں۔

جاکو (ق ۔ متعلق فعل) جس کو۔

جاکو راکھے سائیاں مار نہ ساکے کوئے (ہ ۔ مثل) دیکھئے جس کو راکھے سائیاں۔

جاکھن (جا ۔ کھن) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ لکڑی جس پر کنوئیں کی بنیاد رکھتے ہیں۔ کنوئیں کا چاک۔

جاکی (Jockey) (انگ ۔ ا ۔ مذ) پیشہ ور چابک سوار۔ گھڑ دوڑ میں گھوڑے پر سوار ہونے والا۔

جاگ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) جاگنا۔ شب بیداری۔ رت جگا (۲) بے خوابی (۳) ہوشیاری (۴) بھاٹ قوم کا لقب (۵) وہ آلہ جس سے ٹائم پیس میں الارم بجتا ہے (۶) جاگنا مصدر کا صیغۂ امر۔

جاگ اُٹھنا (جاگ پڑنا۔ جاگ جانا) (اَر ۔ محاورہ) سوتے سے اُٹھ جانا۔ بیدار ہو جانا۔ چونک پڑنا۔ چونک اُٹھنا۔

جاگت (جا ۔ گت) (ہ ۔ ا ۔ مث) بیداری۔ ہوشیاری (۲) پہرا دینا۔ حفاظت رکھنا۔ چوکسی۔

جاگتا (جاگ ۔ تا) (ہ ۔ صف) جاگتا ہوا۔ بیدار (۲) ہوشیار۔ سیانا۔ بیدار مغز۔ چوکس۔

جاگتا جادو (اَر ۔ ا ۔ مذ) ایسا جادو جو پورا اثر دکھائے۔

جاگتے (جاگ ۔ تے) (ہ ۔ صف) (۱) جاگتا کی جمع (۲) جاگتا کی مُغیّرہ صورت۔

جاگتے رہنا (اَر ۔ محاورہ) بیدار رہنا۔ نہ سونا۔

جاگتے کو جگانا اُس کو چھیڑنا ہے (اَر ۔ مثل) دانا کو عقل سکھانا حماقت ہے۔

جاگتے کی کٹیا۔ سوتے کا کٹڑوا (اَر ۔ مثل) ہوشیار آدمی فائدہ اُٹھاتا ہے۔ غافل نُقصان میں رہتا ہے۔

جاگرتی (جا ۔ گر ۔ تی) (س ۔ ا ۔ مث) جاگت۔ بیداری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جاگنا (جاگ۔نا)(ہ۔مص)(۱) بیدار ہونا۔ سوتے سے اُٹھنا (۲) ہوشیار ہو جانا۔ متنبہ ہو جانا (۳) روشن ہونا۔ موثر ہونا (۴) تازہ ہو جانا۔

جاگو (واو معروف)(ہ۔صف)(۱) شب بیدار (۲) ہوشیار۔ بیدار مغز (۳) جو جگانے سے فوراً جاگ جائے (۲)(واو مجہول) جاگنا مصدر کا صیغہء امر۔

جاگی (ہ۔ا۔مث) بندوق کا فتیلہ۔

جاگیر (جا۔گیر)(ف۔ا۔مث) وہ زمین جو حکومت کی طرف سے خدمات کے صلے میں دی جائے۔ اُر جمع: جاگیروں۔ جاگیریں۔

جاگیردار (ف۔ا۔مذ) وہ شخص جسے حکومت کی طرف سے جاگیر ملے۔ جاگیر کا مالک۔ تعلقہ دار۔ اُر جمع: جاگیردار۔ جاگیرداروں۔ مؤنث کے لئے جاگیردارنی۔

جاگیردارانہ (ف۔صف) جاگیرداری سے متعلق۔

جاگیرداری (ف۔ا۔مث) جاگیردار کا منصب۔

جاگیر دوام (ف۔ا۔مث) وہ جاگیر جو نسلاً بعد نسلٍ خاندان میں رہے۔

جاگے گا سو پاوے گا۔ سووے گا سو کھووے گا (اُر۔مثل) ہوشیار اور بیدار مغز آدمی کامیاب اور غافل ناکام رہے گا۔

جال (ہ۔ف۔ا۔مذ)(۱) پھندا۔ دام (۲) سوراخ دار چیز (۳) جالی کا کام جو دروازوں کھڑکیوں یا روشن دانوں میں ہو (۴) پیلو کا درخت (۵) باریک کپڑوں پر جال کی شکل کے بیل بوٹے (۶) جالی دار کھڑکی (۷) پرتلا۔ پٹی۔ پٹکا (۸) جادو۔ طلسم۔ جمع: جال۔ جالوں۔

جال بچھانا (جال ڈالنا) (اُر۔محاورہ) گرفتار کرنے کی تدبیر کرنا (۲) کسی کو پھانسنے کے لئے فریب کرنا۔

جال پھینکنا (اُر۔محاورہ)(۱) مچھلیاں پکڑنے کے لئے پانی میں جال ڈالنا (۲) کسی کو پھانسنے کے لئے جال چلنا۔

جال دار (اُر۔صف) پھندے دار۔ حلقوں والا۔ جس میں جالی ہو (۲) ململ، نین سکھ یا کوئی نفیس کپڑا جس پر جالی کی شکل میں بیل بوٹے بنے ہوئے ہوں۔

جال لکڑی (ہ۔ا۔مذ) ایک پودا۔ لجی لوٹن۔

جال لگانا (اُر۔محاورہ) جانور یا پرندے کو پکڑنے کے لئے جال بچھانا۔

جال مارنا (اُر۔محاورہ)(۱) جال سے جانور یا پرندے کو پکڑنا (۲) کسی کو فریب دینا۔

جال میں آنا (اُر۔محاورہ) دھوکا کھانا (۲) پکڑا جانا۔ جال میں پھنسنا۔

جال میں پھنسانا (پھانسنا) (اُر۔محاورہ)(۱) شکار کو جال میں گرفتار کرنا (۲) فریب دینا۔

جال میں پھنسنا (اُر۔محاورہ)(۱) گرفتار ہونا (۲) دھوکے میں آنا۔

جالا (ہ۔ا۔مذ)(۱) باریک جھلی یا تار جو مکڑی تنتی ہے۔ تار عنکبوت (۲) گھاس پات یا ترکاریاں باندھنے کا جال (۳) آنکھ کی بیماری جس میں پتلی پر سفید جھلی آجاتی ہے (۴) پانی پر جمی ہوئی پپڑی۔ جمع: جالوں۔ جالے۔

جالا پڑنا (اُر۔محاورہ) آنکھ پر جھلی یا پردہ پڑنا۔

جالا (جالے) لینا (اُر۔محاورہ)(۱) آنکھ کا جالا کھرانا (۲) دیواروں پر سے مکڑی کے جالے صاف کرنا (۳) مارے مارے پھرنا۔

جالنا (جال۔نا)(ق۔مص) جلانا۔

جالی (جا۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) خانہ دار کپڑا یا ایسی چیز جس میں سوراخ ہوں۔ حلقہ دار چیز (۲) کشیدہ (۳) لوہے کے باریک تاروں کا بنا ہوا جال جو دروازوں اور کھڑکیوں میں لگایا جاتا ہے (۴) جھلی (۵) بنا ہوا کپڑا جو عورتیں بالوں پر ڈالتی ہیں (۶) چھینکا (۷) پردہ جو آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پیدا ہو جاتا ہے (۸) پتھر یا لکڑی وغیرہ کا تختہ جس میں سوراخ ہوتے ہیں (۹) سوراخ دار توا جو چولہوں یا انگیٹھیوں میں راکھ گرنے کے لئے لگاتے ہیں (۱۰) لٹو کا ڈورا (۱۱) سخت ریشے جو کدو میں پکنے کے بعد پڑتے ہیں (۱۲) سن یا بان کا جال جس میں گھسیارے گھاس باندھتے ہیں۔ جمع: جالیاں۔ جالیوں۔

جالی پڑنا (اُر۔محاورہ) آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پہلے ریشہ پیدا ہو جانا۔

جالی کاڑھنا (جالی نکالنا) (اُر۔محاورہ) جالی کا کام کرنا۔ جالی کے کپڑے میں بیل بوٹے کاڑھنا۔

جالی لوٹ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا باریک انگریزی کپڑا۔ بابی نٹ (Bobbinet) کا مؤرد۔ نیز دیکھئے بابن لیٹ۔

جام (ف۔ا۔مذ)(۱) پیالہ۔ گلاس۔ ساغر۔ پیمانہ۔ شراب پینے کا برتن (۲) آئینہ (۳) اُمرود (ق)۔

جام اُڑانا (اُر۔محاورہ) شراب نوشی کرنا۔

جام پر جام چڑھانا (اُر۔محاورہ) لگاتار شراب پینا۔ بکثرت شراب پینا۔

جام پیما (ف۔صف) پیالہ ناپنے والا یعنی شرابی۔

جام جم (جام جمشید) (ف۔ا۔مذ) وہ روایتی پیالہ جس میں ایران کا بادشاہ جمشید آیندہ کے حالات کا عکس دیکھ لیتا تھا۔

جام جہاں نما (ف۔ا۔مذ) دیکھئے جام جم۔

جام چڑھانا (اُر۔محاورہ) شراب پینا۔ شراب کا پیالہ حلق میں اُنڈیلنا۔

جام چلنا (اُر۔محاورہ) شراب کا دور چلنا۔

جام سفال (ف۔ا۔مذ) مٹی کا پیالہ۔

جام صحت پینا (اُر۔مص مرکب) دوستوں، حاکموں یا مشاہیر کی صحت و سلامتی اور کامیابی کے لئے محفل میں شراب پینا (مغربی تہذیب کا ایجاد کردہ ہے)۔

جام لبریز ہونا (اُر۔محاورہ) پیالہ بھر جانا۔ قریب مرگ ہونا۔

جام (Jam)(انگ۔ا۔مذ)(۱) مُربا (۲) راب۔ صحیح تلفظ جَیم۔

جام (ہ۔ا۔مذ)(۱) بیٹا۔ فرزند (۲) بیج۔ تخم۔

جام پھل (ہ۔ا۔مذ) ایک پھل جو سیب کے برابر ہوتا ہے اور دواؤں میں کام آتا ہے۔

جام خانہ (ق۔ا۔مذ) بڑا قالین۔

جامد (جا۔مِد)(ع۔صف)(۱) جما ہوا (۲) ٹھوس (۳) بے حس و حرکت (۴) وہ اِسم جس سے نہ تو کوئی لفظ نکلے اور نہ وہ کسی لفظ سے نکلا ہو۔

جامدار (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے جامہ دار۔

جامدانی (جام۔دانی)(ف۔ا۔مث) جامہ دانی کا مُخفف (۱) کڑھا ہوا پھول

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وار کپڑا (۲) کپڑوں کی پیٹی (۳) چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں (۴) شیشے یا ابرک یا کاغذ کی چھوٹی سی صندوقچی جس میں بچے محرم کے دنوں میں گوٹا بھر کر رکھتے ہیں۔

جامع (جا۔ مِع) (ع۔ صف) (۱) جمع کرنے والا۔ تکمیل کرنے والا (۲) مکمل۔ ہمہ گیر۔ پُورا۔

جامعُ العلوم (ع۔ صف) اِنسائیکلوپیڈیا۔ مخزنُ العلوم۔ وہ کتاب جس میں تمام علمی وفنی معلومات درج ہوں۔

جامعُ الکمالات (ع۔ صف) (۱) جس میں تمام خوبیاں جمع ہوں (۲) جو تمام علوم وفنون کا ماہر ہو۔

جامع مسجد (ع۔ ا۔ مث) وہ بڑی مسجد جس میں نمازِ جمعہ ہوتی ہے۔

جامع و مانع (ع۔ صف) اکمل۔ کامل ترین۔ مکمل ترین۔

جامِعَہ (جا۔ مِ۔ عَہ) (ع۔ ا۔ مث) دارُالعلوم۔ یونیورسٹی۔ جمع: جوامع۔ جامعات۔

جامِعِیَّت (جا۔ مِ۔ عِی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) ہمہ گیری۔ جس میں سب کچھ آگیا ہو۔ کاملیت۔

جامَگی (جا۔ مَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مذ) بندوق کا توڑا۔

جامُن (جا۔ مُن) (ہ۔ ا۔ مث) اُودے رنگ کا ایک چھوٹا سا گول کسیلا پھل اور اُس کا درخت۔ جمع: جامنوں۔ جامنیں (۲) وہ دہی یا چھاچھ جسے دہی جمانے کے لئے اِستعمال کرتے ہیں۔ (پن) جاگ۔

جامَہ (جا۔ مَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پوشاک۔ لباس۔ پیراہن (۲) ایک گھیر دار چوغہ نما لباس جو دورِ قدیم میں اہلِ دربار پہنا کرتے تھے۔

جامۂ اِحرام (ع۔ ا۔ مذ) وہ لباس جس کو حاجی حج سے پہلے خاص مقام پر پہن لیتے ہیں۔

جامہ پوش (ف۔ صف) لباس پہنے ہوئے۔ لباس پہننے والا۔

جامہ تلاشی (ف۔ ار۔ ا۔ مث) لباس کی تلاشی۔

جامہ خانہ (ف۔ ا۔ مذ) کپڑے رکھنے کی اَلماری یا صندوق (۲) وہ مقام جہاں لباس رکھے جاتے ہیں۔ وارڈ روب۔

جامہ دار (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لباس وغیرہ کا منتظم۔ داروغہ لباس۔

جامہ زیب (ف۔ صف) وہ مرد یا عورت جس کے جسم پر ہر وضع کا لباس بھلا معلوم ہو۔

جامہ ندارم دامن از کجا آرم (ف۔ مثل) لباس ہی نہیں ہے۔ دامن کہاں سے لاؤں۔ اصل چیز ہی نہیں ہے۔ فروعات کا کیا ذکر۔

جامہ وار (اَر۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی پھول دار چھینٹ (۲) پھول دار پشمینے کی چادر۔

جامی (ف۔ صف) خراسان کے شہر جام سے منسوب۔ اِس شہر کا باشندہ یا اِس سے متعلق کوئی چیز۔

جامے (اَر۔ ا۔ مذ) جامہ کی متغیرہ صورت۔

جامے سے باہر ہو جانا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) (۱) خوشی یا غصّے میں آپے سے باہر ہو جانا (۲) بہت اِترانا۔ بہت فخر کرنا۔

جامے سے نکلا پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت زیادہ اِترانا۔ جب اِنسان اپنے قابو میں نہ رہے تو اُس وقت بولتے ہیں۔

جامے سے نکل جانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے جامے سے باہر ہو جانا۔

جامے میں پھولا نہ سمانا (اَر۔ محاورہ) اِتنا خوش ہونا کہ آپے سے باہر ہو جانا۔

جامے میں رہنا (اَر۔ محاورہ) اپنے حواس میں رہنا۔ اپنی اوقات میں رہنا۔

جان (ف۔ ا۔ مث) (۱) رُوح۔ آتما (۲) زندگی۔ حیات۔ جیون (۳) طاقت۔ قوت (۴) ہمت۔ حوصلہ۔ تاب و تواں (۵) جوہر۔ لُبِّ لُباب۔ مغز (۶) نہایت عزیز چیز (۷) پیارا بیٹا (۸) معشوق (۹) خوبی۔ خوبصورتی (۱۰) زیب و آرائش (۱۱) پیار کا کلمہ (۱۲) بچہ۔ اُردو جمع: جانوں۔ جانیں۔

جان آڑنا (اَر۔ محاورہ) جان کی پروانہ کرنا۔

جان آجانا (آنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) طاقت آنا (۲) پنپنا (۳) تازگی پانا (۴) تسکین یا تسلی پانا (۵) خوشی حاصل ہونا۔

جان آزاری (ف۔ ا۔ مث) دُکھ دینا۔ ستانا۔

جان آفرین (ف۔ صف) جان پیدا کرنے والا۔ جان ڈالنے والا۔ خُدا۔

جان آنکھوں میں آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مرنے کے قریب ہونا (۲) شدید اِنتظار ہونا۔

جان اٹکنا (اَر۔ محاورہ) دَم نکلتے نکلتے رُک جانا۔ نزع کی حالت۔

جان اڑی ہونا (اَر۔ محاورہ) پریشان ہونا۔ بدحواس ہونا۔ اِضطراب ہونا۔

جان اُلجھنا (اَر۔ محاورہ) مصیبت میں پھنس جانا۔ آفت میں پڑ جانا۔

جان باختہ (ف۔ صف) جسے جان کا ڈر نہ ہو۔ جان پر کھیلا ہوا۔

جاں باز (ف۔ صف) (۱) جان پر کھیل جانے والا۔ جان ہار (۲) غیر معمولی حوصلے کا اِنسان (۳) بیباک۔ دلیر۔ شجاع۔

جاں بازی (ف۔ ا۔ مث) (۱) جان پر کھیلنا۔ دلیری۔ شجاعت۔ جاں نثاری (۲) غیر معمولی حوصلہ۔

جان بچانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیچھا چھڑانا (۲) کسی کو مرنے سے بچانا۔

جان بچی اور (سو) لاکھوں پائے (اَر۔ مثل) (۱) زندہ سلامت رہنا ہی بڑی نعمت ہے (۲) مصیبت سے پیچھا چھوٹا۔ عذاب سے نجات ملی۔

جاں بحق (تسلیم) ہونا (اَر۔ محاورہ) مر جانا۔ فوت ہو جانا۔

جاں بخش (ف۔ صف) تازگی دینے والا یا والی۔ جس سے جسم میں جان پڑ جائے۔

جاں بخشی (ف۔ ا۔ مث) (۱) معافی (۲) قتل یا پھانسی کے مستحق کو چھوڑ دینا۔

جاں بر (ف۔ صف) محفوظ۔ زندہ سلامت۔ صحیح سلامت۔

جاں بر ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) مرتے مرتے بچ جانا (۲) محفوظ رہنا۔

جاں بلب (برلَب) (ف۔ صف) مرنے کے قریب۔ قریب مرگ۔

جاں بلب ہونا (اَر۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ نزع کی حالت ہونا۔

جان بھاری ہونا (اَر۔ محاورہ) زندگی سے تنگ آنا۔ مصیبتوں سے گھبرا جانا۔

جان بیچنا (اَر۔ محاورہ) طمع کی وجہ سے وہ کام کرنا جس میں جان جانے کا خطرہ ہو۔

جان بے کل ہونا (اَر۔ محاورہ) بے چینی یا اضطراب ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔

جان پانا (اَر۔ محاورہ) تازگی آجانا۔ نئی زندگی یا حوصلہ پیدا ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جان پر آبننا (اُر۔ محاورہ) (۱) سخت مُصیبت ہونا (۲) اِتنی سخت تکلیف ہونا جس سے مر جانے کا اندیشہ ہو۔

جان پر آسمان (فلک) ٹُوٹنا (اُر۔ محاورہ) بڑی سخت مُصیبت آنا۔ آفت نازل ہونا۔

جان پر بن جانا (جان پر بننا) (اُر۔ محاورہ) (۱) جان خطرے میں ہونا۔ مُصیبت میں پھنس جانا (۲) سخت تکلیف میں مبتلا ہو جانا۔

جان پر جوکھم آنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں پھنسنا۔

جان پر صبر (اُر۔ بدُعا) عورتیں کسی کو بدُعا دینے کے موقع پر کہتی ہیں یعنی صبر کا اثر اُس کی جان پر پڑے۔

جان پر کھیل جانا (کھیلنا) (اُر۔ محاورہ) ایسا کام کرنا جس میں جان جانے کا خطرہ ہو (۲) مقصد حاصل کرنے کے لئے مرنے پر آمادہ ہونا۔

جان پر نوبت آنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے جان پر بن جانا۔

جان پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) زندگی پیدا ہونا۔ زندگی کے آثار نظر آنا (۲) طاقت آ جانا (۳) کام کی رفتار تیز ہو جانا (۴) اَنڈے یا بچے میں رُوح پڑنا (۵) ہرا ہونا (۶) فرحت محسوس ہونا (۷) بیماری میں افاقہ ہونا (۸) آسُودہ حال ہو جانا (۹) رونق آ جانا (۱۰) خوش ہونا۔

جان پڑی ہونا (اُر۔ محاورہ) (کسی شخص، چیز یا معاملے میں کسی کی) فکر لگی رہنا۔ (کسی کی طرف) خیال لگا ہونا۔ (کسی کا) ہر وقت دھیان آنا۔

جان پہ گُزرنا (اُر۔ محاورہ) تکلیف یا اَذیت میں ہونا۔ جان پر بننا۔

جان پھڑکنا (اُر۔ محاورہ) بیتابی محسوس کرنا۔ گھبرانا۔

جان پھنسانا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں مبتلا کرنا۔ مشکل میں پھنسانا۔

جان پھنسنا (اُر۔ محاورہ) جان پھنسانا کا لازم۔

جان پیاری ہونا (اُر۔ محاورہ) مرنے کو جی نہ چاہنا۔ زندگی عزیز ہونا۔

جاں تراش (ف۔ صف) کم زور کرنے والا۔ (ق)۔

جان تصدُّق کرنا (اُر۔ محاورہ) دُوسرے پر اپنی جان قربان کر دینا۔

جان توڑ کر (اُر۔ متعلق فعل) نہایت محنت سے۔ بہت کوشش سے۔

جان توڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نزع کی حالت میں ہونا (۲) سخت کوشش کرنا۔

جان جانا (اُر۔ محاورہ) مر جانا۔ وفات پانا۔

جانِ جاں (جانِ جاناں) (ف۔ صف) بہت عزیز۔ پیارا (۲) معشوق۔

جان جائے پر آن نہ جائے (اُر۔ مثل) عزّت میں کسی حالت میں فرق نہیں آنا چاہئے۔ آبرو ہر قیمت پر قائم رہنی چاہئے۔

جان جائے کہ رہے (اُر۔ متعلق فعل) کتنا ہی نُقصان کیوں نہ اُٹھانا پڑے۔ کتنی ہی مُصیبت کیوں نہ آئے۔ کسی مقصد، کام یا نظریہ کو کسی حالت میں نہ چھوڑنے کا اٹل ارادہ۔

جان جلانا (اُر۔ محاورہ) جی جلانا۔ دلی اذیت دینا یا سہنا۔

جان جلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنج ہونا (۲) غُصہ آنا۔

جان جوکھوں (جان جوکھم) (اُر۔ امث) (۱) خطرہ (۲) اَندیشہ۔ خوف۔ ڈر (۳) مُصیبت۔ آفت۔

جان جوکھم (جوکھوں) میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) ایسا کام کرنا جس سے جان کو خطرہ ہو۔

جانِ جہاں (ف۔ امث) دُنیا کی جان (مُراد) محبوب۔ معشوق۔

جان چُرانا (اُر۔ محاورہ) کام سے بچنا۔ ٹالنا۔ پہلوتہی کرنا۔ محنت سے گریز کرنا۔

جان چلی جانا (اُر۔ محاورہ) بے چینی گھبراہٹ یا اضطراب ہونا۔

جان چُھپانا (اُر۔ محاورہ) بہانے کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ پیچھے پھرنا۔

جان چُھڑانا (اُر۔ محاورہ) پیچھا چُھڑوانا۔ گرفت سے بچ نکلنا۔ نجات پانا۔

جان چھڑکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ دل و جان سے پیار کرنا (۲) اِنتہائی شفقت و محبت کرنا۔

جان چُھوٹنا (اُر۔ محاورہ) نجات ملنا۔ کسی تکلیف دہ اَمر یا پابندی سے آزاد ہو جانا۔

جان چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) پیچھا چھوڑنا۔ واسطہ ختم کرنا۔

جان حاضر ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہر طرح اِمداد کے لئے تیار ہونا (۲) بڑی سے بڑی قربانی پر آمادہ ہونا۔

جاں دادہ (ف۔ صف) جس نے جان دیدی ہو۔ قربان۔ فریفتہ۔ عاشق۔

جان دار (ف۔ صف) (۱) ذی رُوح۔ حیوان۔ جان رکھنے والا (۲) طاقتور۔ قوی۔ مضبوط (۳) باہمت۔ حوصلے والا (۴) چست چالاک۔ تیز۔ پھرتیلا (۵) دولت مند۔ مال دار۔ صاحبِ حیثیت۔

جان دُوبھر ہونا (اُر۔ محاورہ) زندگی وبال معلوم ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔ موت چاہنا۔ زندگی اَجیرن ہونا۔

جان دُھک دُھکی میں اٹکنا (اُر۔ محاورہ) سخت بے چینی، بے قراری یا گھبراہٹ ہونا۔

جان دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) مر جانا (۲) دُوسرے کے لئے مر جانا (۳) اَزحد محبت کرنا (۴) زندگی بخشنا (۵) کنجوسی کرنا۔

جان ڈالنا (اُر۔ محاورہ) رُوح ڈالنا۔ زندگی دینا (۲) تازہ دَم کرنا (۳) ترقی دینا۔

جان رکھنا (اُر۔ محاورہ) طاقت ور ہونا۔ قوی ہونا۔

جان رہتے ہونا (اُر۔ محاورہ) تھوڑی سی جان باقی ہونا۔

جان رہنا (اُر۔ محاورہ) زندگی برقرار رہنا۔

جان رہے یا نہ رہے (اُر۔ متعلق فعل) دیکھئے "جان جائے کہ رہے"۔

جاں سپار (ف۔ صف) اپنی جان دُوسرے کو سونپنے والا۔ جاں نثار۔

جاں سپاری (ف۔ امث) جان قربان کرنا۔

جاں سپَر کرنا (اُر۔ محاورہ) دُوسرے کو بچانے کے لئے اپنی جان کو ڈھال بنا دینا۔ دُوسرے پر قربان ہو جانا۔

جاں سِتاں (ف۔ صف) جان لینے والا۔ معشوق۔

جاں سِتانی (ف۔ امث) جان لینا۔ ظُلم و ستم۔

جان سَن سے ہو جانا (اُر۔ محاورہ) ڈر جانا۔ سہم جانا۔

جاں سوختہ (ف۔ صف) جان جلا ہوا۔ عاشق۔

جاں سوز (ف۔ صف) جان جلانے والا۔ اِیذا دینے والا۔ تکلیف دہ۔

جاں سوزی (ف۔ امث) جان جلانا۔ دل جلانا۔ تکلیف دینا یا اُٹھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جان سُوکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خوف معلوم ہونا (۲) ڈر لگنا۔ دَم خشک ہونا۔ ناگوار گزرنا۔

جان سُولی پر ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی بات کا اَندیشہ ہونا (۲) خطرے میں ہونا (۳) اِنتظار میں ہونا (۴) تکلیف' بے چینی یا اِضطراب میں ہونا۔

جان سے بیزار ہونا (تنگ ہونا) (اَر۔ محاورہ) جان سے تنگ آنا (ہونا) جان دوبھر ہونا۔

جان سے جانا (اَر۔ محاورہ) مر جانا۔ فوت ہونا۔

جان سے دُور (اَر۔ متعلق فعل) کسی مرے ہوئے شخص سے اپنے زندہ عزیزوں کو نسبت دیتے ہوئے کہتے ہیں۔

جان سے زیادہ عزیز رکھنا (اَر۔ محاورہ) بہت پیارا سمجھنا۔

جان سے گزرنا (گزر جانا) (اَر۔ محاورہ) مر جانا۔ فنا ہو جانا۔

جان سے مار ڈالنا (اَر۔ محاورہ) قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔

جان سے مایوس ہونا (اَر۔ محاورہ) جینے کی اُمید نہ رہنا۔

جان سے ہاتھ اُٹھانا (ہاتھ دھو بیٹھنا۔ دھونا) (اَر۔ محاورہ) (۱) مرنے پر آمادہ ہونا (۲) زندگی سے مایوس ہو جانا۔

جانِ شیریں (ف۔ صف) پیاری جان۔ زندگی۔

جانِ عالم (ف۔ صف) (۱) دُنیا کی جان۔ بہت عزیز۔ بہت پیارا (۲) نواب واجد علی شاہ بادشاہ اودھ کا لقب۔

جان عذاب میں آنا (عذاب میں پڑنا۔ پھنسنا۔ ہونا) (اَر۔ محاورہ) سخت مصیبت میں پڑ جانا۔

جان عذاب میں ڈالنا (اَر۔ محاورہ) جان مصیبت میں پھنسانا۔

جان غش ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی پر فریفتہ ہونا۔

جاں فرسا (ف۔ صف) جان کو دُکھ دینے والا۔ خوفناک۔ ڈراؤنا۔

جاں فزا (ف۔ صف) فرحت انگیز۔ دل خوش کرنے والا۔

جاں فِشاں (ف۔ صف) جان چھڑکنے والا۔ دُوسرے کے لئے جان دینے والا۔ سرگرم۔ پُرشوق۔

جاں فِشانی (ف۔ ا۔ مث) (۱) جان دینا (۲) محنت۔ کوشش (۳) سرگرمی۔ شوق۔

جان قربان کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) کسی کی خاطر جان دینا (۲) (محاورہ) صدقے جانا۔ واری جانا۔ شِدّت سے چاہنا۔

جان کا بیری (جان کا دُشمن۔ جان کا لاگو) (اَر۔ صف) سخت دُشمن۔ جانی دُشمن۔ اِیسا شخص جو جان کے درپے رہے۔

جان کا پیوند (جان کا ٹکڑا) (اَر۔ صف) جو اپنی جان جتنا عزیز ہو۔ آرامِ دل۔ معشوق۔ جگر پارہ۔

جان کا جنجال (اَر۔ صف) دُوبھر۔ تکلیف دہ (۲) (ا۔ مذ) مصیبت۔ تکلیف۔

جان کا خواہاں ہونا (اَر۔ محاورہ) جان کے درپے ہونا۔ قتل کرنے کی فکر میں ہونا۔

جان کا دُشمن (اَر۔ ا۔ مذ) سخت دُشمن۔ دُشمنِ جاں۔

جان کا روگ (جان کا عذاب) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) اِیسا مرض جس میں ہلاکت کا خطرہ ہو۔ وہ بیماری جس نے جینا وبال کر دیا ہو (۲) (صف) جان لیوا۔ خطرناک۔

جان کا صدقہ مال (اَر۔ مثل) جان بچانے کے لئے مال قربان کر دینا چاہئے۔

جان کا کھٹکا (اَر۔ ا۔ مذ) ہلاکت یا قتل کا اَندیشہ۔

جان کا مُنہ نہیں کرتے' روپے کا مُنہ کرتے ہیں (اَر۔ مثل) کنجوس آدمی رُوپیہ بچانے کے لئے اپنی جان کو بھی خطرے میں ڈال دیتے ہیں۔

جان کام آنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی خدمت میں مر جانا۔

جاں کاہ (ف۔ صف) (۱) جان کو گھلانے والا (۲) غم انگیز۔ تکلیف دہ۔

جاں کاہی (ف۔ ا۔ مث) محنت۔ مشقت۔

جان کا لاگو (اَر۔ صف) دیکھئے جان کا بیری۔

جاں کَندنی (جاں کنی) (ک پر زبر) (ف۔ ا۔ مث) نزع کی حالت۔ موت کے لمحات میں سانس اُکھڑنا (۲) عذاب۔ اذیت۔

جان کو آجانا (آنا) (اَر۔ محاورہ) پیچھے پڑ جانا۔ بہت ناراض ہونا۔

جان کو جان نہ سمجھنا (اَر۔ محاورہ) حد سے زیادہ محنت کرنا۔ صحت کی طرف سے بے پروا ہو کر مشقت کرنا۔

جان کو رونا (جان کو کلپنا) (اَر۔ محاورہ) صبر کر بیٹھنا (۲) جس سے تکلیف پہنچی ہے اُسے کوسنا۔

جان کھا جانا (کھانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) ستانا۔ تنگ کرنا (۲) تھکانا۔ قابو پانا (۳) ناک میں دَم کرنا (۴) بہت ستانا۔

جان کھالینا (اَر۔ محاورہ) (۱) ناک میں دَم کر دینا (۲) تنگ کرنا۔ ستانا۔

جان کھپانا (اَر۔ محاورہ) بہت زیادہ محنت کرنا (۲) فکر کرنا۔ تردُّد کرنا۔

جان کھنچنا (اَر۔ محاورہ) جان نکلنا۔ دَم نکلنا۔

جان کھونا (اَر۔ محاورہ) (۱) رَنج کرنا۔ غم کرنا (۲) مر جانا (۳) کسی خاص مقصد کے لئے جان دے دینا (۴) بہت محنت و مشقت کرنا۔

جان کی اَمان (اَر۔ ا۔ مث) (۱) جان بخشی۔ معافی (۲) رہائی (۳) نجات۔

جان کی پڑی ہونا (اَر۔ محاورہ) جان بچانے کی فکر ہونا۔

جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا (اَر۔ مثل) دین کے رہے نہ دُنیا کے۔ دونوں طرف سے نقصان ہوا۔

جان کی خیر (جان کی سلامتی) (اَر۔ ا۔ مث) جان بچی رہنے کی حالت۔

جان کی خیرات مال (اَر۔ مثل) دیکھئے جان کا صدقہ مال۔

جان کی طرح رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت عزیز رکھنا۔ بہت محبت کرنا۔

جان کے برابر رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت زیادہ عزیز رکھنا۔ بہت زیادہ قدر کرنا۔ جان کی طرح رکھنا (۲) اپنے سے جدا نہ کرنا۔

جان کے پیچھے پڑنا (اَر۔ محاورہ) جان کے درپے ہونا۔ قتل کرنے کی فکر میں ہونا (۲) بلائے جان ہونا۔

جان کے پیچھے عذاب لگانا (اَر۔ محاورہ) کوئی مصیبت اپنے سر لے لینا۔

جان کے ساتھ جیوڑا (اَر۔ محاورہ) (اَر۔ مثل) وہ مصیبت جو عُمر بھر ساتھ رہے (جیوڑا موٹی رَسّی کو کہتے ہیں) یہ کہاوت بُری بیوی یا بُرے خاوند کے لئے کہی جاتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جان کے لالے پڑنا (اُر۔ محاورہ) جینے کی اُمید نہ رہنا۔

جاں گداز (ف۔ صف) جان کو پگھلانے والا۔ دُکھ دینے والا۔

جاں گدازی (ف۔ اِ۔ مث) جان پگھلنا۔ دُکھی ہونا۔

جاں گزا (ف۔ صف) جان کو گھٹانے والا۔ جان کو تکلیف دینے والا۔

جاں گُسِل (ف۔ صف) دیکھئے جاں گزا۔

جان گنوانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بے فائدہ جان دے دینا (۲) مرنا۔

جان گھلانا (اُر۔ محاورہ) فکر یا غم سے نڈھال ہونا۔ بہت تردُّد کرنا۔

جان گھل جانا (گھلنا) (اُر۔ محاورہ) کمزور ہو جانا۔ صحت تباہ ہو جانا۔

جان لبوں پر آنا (اُر۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ عالمِ نزع میں ہونا۔

جان لڑا دینا (لڑانا) (اُر۔ محاورہ) مرنے کو تیار ہونا (۲) بے حد کوشش کرنا۔

جان لہرانا (اُر۔ محاورہ) مائل ہونا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

جان لینا (اُر۔ محاورہ) ہلاک کرنا۔ قتل کر ڈالنا (۲) تنگ کرنا۔

جان لیوا (اُر۔ صف) جو جان لے لے۔ مُہلک۔ جان کا بیری۔

جان مار کر کام کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت محنت سے کام کرنا۔

جان مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت محنت سے کام کرنا (۲) تکلیف پہنچانا۔ تنگ کرنا۔

جان مارے بنیا پہچان مارے چور (اُر۔ مثل) بنیا دوستوں سے مار کھاتا ہے اور چور جاننے والوں سے۔

جان مارے سے ٹکا پیدا ہوتا ہے (اُر۔ مثل) محنت اور لگن سے کام کیا جائے تو روپیہ حاصل ہوتا ہے۔

جانِ من (ف۔ صف) (۱) میری جان (۲) کسی عزیز یا محبوب شخص کو خطاب کرنا ہو تو یہ ترکیب اِستعمال کرتے ہیں۔

جان میں جان آنا (جان میں جان پڑنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) اِطمینان ہونا۔ تسلی ہونا (۲) حوصلہ ہونا (۳) خوشی حاصل ہونا۔

جان میں جان نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت کمزور ہونا۔

جاں نثار (ف۔ صف) جان قربان کرنے والا۔ وفادار۔ جاں باز۔

جاں نثار کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو بچانے کے لئے اپنی جان قربان کر دینا۔

جاں نثاری (ف۔ اِ۔ مث) جان فِدا کرنا۔ جانبازی۔ جانفشانی۔

جان نکلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دم نکلنا۔ مرنا (۲) گھبرانا (۳) بُزدلی دکھانا۔

جاں نواز (ف۔ صف) (۱) جان پر مہربانی کرنے والا (۲) معشوق۔

جاں نوازی (ف۔ اِ۔ مث) جان پر مہربانی کرنا۔

جان نہ بچنا (اُر۔ محاورہ) موت سے نہ بچ سکنا۔ مر جانا (۲) چھٹکارا نہ ہونا۔

جان نہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) مار ڈالنا (۲) پیچھا نہ چھوڑنا۔

جان نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) کمزور ہونا۔ طاقت نہ ہونا۔ سکت نہ ہونا۔

جان وارنا (اُر۔ محاورہ) جان قربان کرنا۔ جان نثار کرنا۔

جان و دل سے (اُر۔ متعلق فعل) نہایت خوشی سے۔ بہ خوشی (پورے تعاون کا وعدہ)۔

جان وَر (جانور) (ف۔ صف۔ و۔ اِ۔ مذ) جان والا۔ جان دار (۲) حیوان (۳) غیر مہذب۔ بد اخلاق۔ جمع: جانور۔ جانوروں۔

جان و مال کو رونا (اُر۔ محاورہ) جان اور مال کے نقصان کا رنج و ملال کرنا۔

جان ہار (اُر۔ صف) (۱) جان پر کھیلنے والا۔ جان دینے والا (۲) مرنے والا۔

جان ہلکان کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تھکا مارنا۔ بہت زیادہ کام لینا یا کرنا۔ تکلیف دینا۔ تنگ کرنا (۳) مُصیبت جھیلنا۔

جان ہوا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) جان نکلنا (۲) بہت ڈرنا۔

جان ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) زندگی کے آثار پائے جانا (۲) طاقت ہونا (۳) بہت عزیز ہونا (۴) کسی چیز کی فکر ہونا۔

جان ہونٹوں پر آنا۔ دیکھئے جان لبوں پر آنا۔

جان ہے تو جہان ہے (جان ہے تو سب کچھ ہے) (اُر۔ مثل) دُنیا کے سارے مزے اپنے دَم تک ہیں۔

جانّ (ع۔ اِ۔ مذ) جِن۔ جنوں اور پریوں کا جدِ اعلیٰ۔

جان (ہ۔ اِ۔ مث) واقفیت۔ پہچان۔ آگہی۔ دانست۔

جان بُوجھ کر (اُر۔ متعلق فعل) عمداً۔ قصداً۔ دیدہ و دانستہ۔ ارادۃً۔

جان بُوجھ کر کنوئیں میں گرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) واقف ہوتے ہوئے نقصان اُٹھانا (۲) باخبر ہونے کے باوجود خطرے میں پڑنا۔

جان پڑنا (اُر۔ محاورہ) معلوم ہونا۔ دھیان میں آنا۔ ظاہر ہونا۔ نظر آنا۔ محسوس ہونا۔

جان پہچان (اُر۔ اِ۔ مث) واقفیت۔ جاننا۔ شناسائی۔ صاحب سلامت۔

جان جانا (اُر۔ محاورہ) واقف ہونا۔ پہچان جانا۔

جان رکھنا (اُر۔ محاورہ) یاد رکھنا۔ اچھی طرح سمجھ لینا۔ دل میں بٹھالینا۔

جان کار (ہ۔ صف) (۱) واقفیت رکھنے والا۔ ماہر (۲) شناسا۔ جان پہچان کا۔

جان کاری (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) واقفیت۔ مہارت (۲) شناسائی۔

جان کر (جان کے) (اُر۔ متعلق فعل) دانستہ۔ عمداً۔ قصداً۔ جانتے بوجھتے۔

جان کر انجان بننا (اُر۔ محاورہ) واقف ہونے کے باوجود لاعلمی ظاہر کرنا۔ دیدہ و دانستہ اِنکار کرنا۔ تجاہلِ عارفانہ۔

جان کر دیکھے نہیں اُس سے اندھا کون (اُر۔ مثل) دیدہ و دانستہ غلطی کرنے والے سے بڑا احمق کون ہوتا ہے۔

جان کے (اُر۔ متعلق فعل) عمداً۔ جان بوجھ کر۔ قصداً۔

جان لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) معلوم کر لینا۔ واقف ہو جانا (۲) پہچان لینا (۳) تسلیم کر لینا (۴) قائل ہونا (۵) خیال کرنا (۶) تاڑ لینا۔

جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام (اُر۔ مثل) کوئی شخص جان پہچان کے بغیر ہی واقفیت جتانے لگے تو اُس موقع پر یہ مثل کہی جاتی ہے۔ ناحق کا تپاک اور گرم جوشی۔ خواہ مخواہ دوستی جتانا۔

جانا (ہ۔ مص) روانہ ہونا۔ رُخصت ہونا۔ چلنا۔ سدھارنا۔ سرکنا۔ ٹلنا۔

جانا پرائے بس۔ آنا اپنے بس (اُر۔ مثل) اپنی مرضی سے آنا اور دُوسرے کی مرضی (اجازت) سے جانا۔

جانا بُوجھا (ہ۔ صف) جس سے اچھی طرح واقفیت ہو۔ دیکھا بھالا۔ جس کو اچھی طرح جانتے ہوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جاناں (ف۔ ا۔مث)(۱) جان کی جمع۔ زندگیاں (۲)(ا۔مذ) محبوب۔
جانانہ (ف۔ صف) جاناں (محبوب) سے متعلق۔
جانب (جا۔نب) (ع۔ا۔مث) (۱) طرف۔ رُخ۔ سمت (۲) پہلو (۳) فریق۔ دھڑا۔
جانب دار (ع۔ف۔صف) طرف دار۔ حمایتی۔ مددگار۔
جانب دارانہ (ف۔ متعلق فعل) وہ رویہ جس میں ایک فریق کی حمایت کی جائے۔
جانب داری (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) طرف داری۔ حمایت (۲) ایک فریق کی پاسداری یا حمایت۔
جانب سے (ع۔ اُر۔ متعلق فعل) طرف سے۔ بجائے۔ بطور وکیل یا ترجمان۔
جانِب (جا۔نِب)(ق۔ا۔مذ)(۱) جان پہچان (۲) رشتے دار (۳) وہ چیزیں یا لوگ جنھیں کوئی جانتا ہو۔
جانِب کار (ق۔صف) واقف کار۔ جان پہچان کا آدمی۔
جان بُل (انگ۔ا۔مذ) (John Bull) انگریز۔ انگریزوں کا روایتی نام۔
جانبین (جا۔نِ۔بَین)(ع۔ا۔مذ) جانب کا تثنیہ۔ فریقین۔ دونوں طرف کے آدمی۔
جانبین سے (ع۔اُر۔ متعلق فعل) دونوں جانب سے۔ دونوں طرف سے۔ ہر دو جانب سے۔
جانتا (جان۔تا)(و۔ا۔مث)(۱) آل اولاد (۲) ایک قسم کی چکی (۳) واقفیت (۴) مہارت۔ ذہانت (۵)(صف) جاننے والا۔
جانتا چور گاؤں اُجاڑے (و۔ مثل) واقفیت رکھنے والا چور بہت زیادہ نقصان کرتا ہے۔
جانچ (نون غنہ)(و۔ا۔مث)(۱) پرکھ۔ پڑتال۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ شناخت (۲) جانچنا کا اَمر۔
جانچ پرکھ کرنا (و۔ محاورہ) آزمانا۔ آنکنا۔
جانچ پڑتال کرنا (و۔ محاورہ) اندازہ کرنا۔ گنتی کرنا۔
جانچ لینا (اُر۔ مص مُرکّب) تخمینہ کرلینا۔ تاڑ لینا۔
جانچنا (جانچ۔نا)(نون غنہ)(و۔مص)(۱) تخمینہ کرنا (۲) آزمانا۔ پرکھنا (۳) تاڑنا۔ معلوم کرنا۔ پہچاننا (۴) حساب کی پڑتال کرنا (۵) تولنا۔
جان دار (ف۔صف) جان (ف) کے تحت دیکھئے۔
جانگ (جانگھ) (نون غنہ)(و۔ا۔مذ) ران۔ زانو۔
جانگل (جاں۔گل)(و۔ا۔مذ)(۱) تیتر (۲) ایک مچھلی پکڑنے والا پرندہ۔
جانگلو (جانگ۔لو)(نون غنہ)(و۔صف) وحشی۔ غیر مہذب۔ اُجڈ۔ احمق۔ جمع: جانگلو۔ جانگلوؤں۔
جانگلی (جانگ۔لی)(نون غنہ)(و۔صف)(۱) جنگلی۔ وحشی (۲) دیہاتی۔ گنوار (۳)(و۔ا۔مذ) ایک پرندہ۔ ایک درخت کا نام۔
جانگھیا (جانگیا) (جانگھ۔یا)(جانگ۔یا)(نون غنہ)(و۔ا۔مذ) کچھا۔ لنگوٹ۔

جاننا (جان۔نا)(و۔مص)(۱) واقف ہونا۔ پہچاننا۔ آگاہ ہونا۔ آشنا ہونا۔ معلوم کرنا۔ تمیز کرنا۔ سمجھنا (۲) تسلیم کرنا۔ ماننا۔
جاننا بُوجھنا (اُر۔ محاورہ) واقف ہونا۔ پوری معلومات رکھنا۔
جانوا (جان۔وا)(ق۔ا۔مذ) جنیؤ۔ زُنّار۔
جانور (جان۔وَر)(ف۔ا۔مذ) جان (ف) کے تحت دیکھئے۔
جانی (ف۔صف)(۱) جان سے متعلق (۲) پیار کے قابل (۳) اماں‘ ابا‘ جیسے الفاظ کے ساتھ بولا جانے والا محبت کا لفظ۔
جانی دُشمن (ف۔صف) ایسا دُشمن جو جان کے درپے ہو۔
جانے (و۔ متعلق فعل)(۱) گویا۔ فرض کرو۔ یوں سمجھو (۲) خبر نہیں۔ پتا نہیں۔
جانے کرم کی چھینٹ کس وقت آئے (اُر۔مثل) کوئی نہیں جانتا کہ قسمت کب جاگ اُٹھے۔
جانے میری بلا (جُوتی) (اُر۔مثل) مجھے کیا خبر (ناگوار بات یا ناپسندیدہ واقعے کے بارے میں پُوچھنے پر جھنجھلاہٹ کا اظہار)۔
جانے (و۔ فعل) جانا کی بدلی ہوئی شکل۔
جانے دو (اُر۔ محاورہ) (۱) درگزر کرو۔ مُعاف کرو (۲) غُصہ تھوک دو (۳) روکو نہیں۔
جانے دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) جانے سے نہ روکنا (۲) درگزر کرنا (۳) چھوڑ دینا۔
جانے والے کے ہزار رستے۔ ڈھونڈنے والے کا ایک (اُر۔مثل) کسی شخص کے چلے جانے کے بعد اُسے ڈھونڈنا بہت دُشوار ہوتا ہے۔ جانے والے کے سامنے اَن گنت راستے کُھلے ہوتے ہیں۔ جدھر چاہے چلا جائے۔ ڈھونڈنے والا ایک وقت میں ایک ہی راستے پر جا سکتا ہے۔
جاوتری (جا۔وَت۔ری)(و۔ا۔مث) جائفل کا پوست۔
جاوِد۔ جاوِداں۔ جاوِدانہ۔ جاوِدانی (ف) جاوید‘ جاویداں‘ جاویدانہ‘ جاویدانی کے مخففات۔
جاوید (جا۔وید)(بیائے معروف و مجہول)(ف۔صف) ہمیشہ رہنے والا۔ دائمی۔ پایندہ۔
جاویداں۔ جاویدانہ (ف۔ متعلق فعل) دوامی۔ ہمیشہ کے لئے۔
جاویدانی (ف۔ا۔مث) (۱) ہیشگی۔ دوام۔ ابدیت (۲) (ا۔مذ) دوسرا جہان۔ عالم بالا (۳)(صف) دیکھئے جاویداں۔
جاہ (ف۔ا۔مث)(۱) مرتبہ۔ رُتبہ۔ درجہ (۲) منصب۔ عزت۔ قدر و منزلت (۳) بزرگی۔ عظمت۔ شان۔
جاہ و جلال (ف۔ع۔ا۔مذ) رُعب داب۔ دبدبہ۔ شان و شوکت۔
جاہ و حشم (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) شان و شوکت۔ کروفر (۲) لاؤ لشکر۔
جاہ و منزلت (ف۔ع۔ا۔مث) بزرگی۔ شان۔ عظمت۔ وقار۔ رُتبہ۔
جاہ و منصب (ف۔ع۔ا۔مذ) عُہدہ و رُتبہ۔ درجہ و مرتبہ۔
جاہِل (جا۔ہِل) (ع۔صف) (۱) اَن پڑھ۔ ناخواندہ (۲) وحشی۔ اُجڈ۔ بداَخلاق۔ بے ادب۔ گستاخ۔ نادان۔ اناڑی (۳) ناواقف۔ بے خبر۔ انجان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جمع: جُہّال۔ اُردو جمع: جاہل۔ جاہلوں۔

جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو (اَ۔مثل) بے علم فقیر شیطان کا آلۂ کار ہوتا ہے۔

جاہلیّت (جا۔ہِ۔لی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) جہالت (۲) زمانہ قبل اَز اسلام جب لوگ بُت پرستی کرتے تھے۔

جاہی (جا۔ہی) (و۔ا۔مث) دیکھئے جوہی۔

جائپھل (جا۔ءِ۔پَھل) (و۔ا۔مذ) جائفل۔ جوز۔ ایک پھل جو دواؤں اور کھانوں میں اِستعمال ہوتا ہے۔

جائداد (جائیداد) (جا۔ءِ۔داد) (ف۔ا۔مث) (۱) مکان۔ زمین۔ اَراضی (۲) مال۔ اَسباب۔ زیور (۳) کھڑی فصل (۴) پونجی۔ اثاثہ۔ چیز بست جو کسی کی ملکیت میں ہو۔ اُردو جمع: جائیدادوں۔ جائیدادیں۔

جائدادِ آبائی (ف۔ا۔مث) باپ دادا کی جائداد یا جاگیر۔

جائدادِ اراضی (ف۔ا۔مث) زمین یا مکانات جو قبضے میں ہوں۔

جائدادِ اِستمراری (ف۔ا۔مث) جاگیر جو دائمی ہو۔

جائدادِ سکنی (ف۔ا۔مث) رہائشی جائداد۔ مکانات۔

جائدادِ غیر منقولہ (ف۔ا۔مث) وہ جائداد جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ ہٹائی نہ جاسکے۔ جیسے مکان، زمین وغیرہ۔

جائدادِ متعلقہ خاندان (ف۔ا۔مث) وہ جائداد جو سارے خاندان کی ملکیت ہو۔ جدّی جائداد۔

جائدادِ مُستغرقہ (ف۔ا۔مث) وہ جائداد جو رہن وغیرہ میں ڈوب جائے۔

جائدادِ مشفوعہ (ف۔ا۔مث) وہ جائداد جس پر حقِ شفعہ کا عمل کیا جائے۔

جائدادِ مکسوبہ (ف۔ا۔مث) وہ جائداد جو مالک نے اپنی کمائی سے بنائی ہو۔

جائدادِ مکفولہ (ف۔ا۔مث) ایسی جائداد جو رہن یا گروی ہو۔

جائدادِ منقولہ (ف۔ا۔مث) وہ جائداد جسے ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جاسکیں جیسے سامان، روپیہ وغیرہ۔

جائز (جا۔اِز) (ع۔صف) (۱) صحیح۔ دُرست۔ بجا۔ برحق۔ روا (۲) مطابق شرع۔ قانون کی حدود میں۔ مباح۔ حسبِ ضابطہ (۳) (اولاد) سگا۔ صُلبی (۴) مُستند۔ مقبول (۵) قابلِ قبول۔

جائز رکھنا (اَ۔محاورہ) (۱) ماننا۔ صحیح قرار دینا (۲) حلال جاننا۔ مُباح سمجھنا۔

جائز قرار دینا (اَ۔محاورہ) قانوناً جائز ہونے کا فیصلہ دینا۔

جائز ولی (ع۔ا۔مذ) جو شرعاً یا قانوناً سرپرست تسلیم کیا گیا ہو۔

جائزہ (جا۔اِ۔زَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) صلہ۔ اِنعام (۲) جانچ۔ پڑتال۔ مُقابلہ (۳) حاضری۔ گنتی (۴) وہ نشان جو رقومات پر پڑتال کے وقت لگایا جائے۔ دُرستی کا نشان۔ پڑتال کی علامت۔ اُردو جمع: جائزوں۔ جائزے۔

جائزہ دینا (اَ۔محاورہ) حساب کتاب کی جانچ پڑتال کروانا۔

جائزہ لینا (اَ۔محاورہ) (۱) پڑتالنا۔ جانچنا (۲) ذہن میں تولنا (۳) حساب کتاب چیک کرنا (۴) موجودہ سامان یا رقم وغیرہ کا شمار کرنا۔

جائفل (اَ۔ا۔مذ) دیکھئے جائپھل۔

جاؤ (و۔فعل) جانا مصدر سے صیغۂ اَمر (جمع اور تعظیم کے لئے)۔

جاؤ بیٹھو (بھی) (اَ۔محاورہ) دخل نہ دو۔ رہنے دو۔ اپنا کام کرو۔

جاؤ خشکہ کھاؤ (اَ۔مثل) تم اِس چیز کے اہل نہیں ہو۔ تم کو یہ چیز نہیں ملے گی۔

جاؤ دیوتا (پُوت) دکھن۔ وہی کرم کے لکھن (و۔مثل) مقام یا جگہ بدلنے سے تقدیر نہیں بدلتی۔

جائی (و۔ا۔مث) بیٹی۔ لڑکی۔ دُختر۔

جائے (ف۔ا۔مث) (۱) جا۔ جگہ۔ مقام (۲) گنجائش۔ سمائی (۳) موقع محل۔

جائے اُستاد خالی اَست (خالیست) (ف۔مثل) اُستاد پھر بھی اُستاد ہے۔ اُستاد کی ہر وقت ضرورت رہتی ہے۔

جائے اِعتراض (ف۔ع۔ا۔مث) نقص یا عیب نکالنے کی گنجائش۔

جائے اندیشہ (ف۔ا۔مث) (۱) خطرے کا مقام (۲) اَندیشے یا خوف کی وجہ۔

جائے پناہ (ف۔ا۔مث) اَمن کی جگہ۔

جائے تنگ اَست و مرداں بسیار (ف۔مثل) جگہ یا گنجائش کم، آدمی یا حاضرین زیادہ۔

جائے دَم زدن نیست (ف۔محاورہ) شکایت زبان پر لانے کا موقع نہیں۔ اُف کرنے کی گنجائش نہیں۔

جائے سے (جائے سر) (اَ۔صف) مُناسب۔ صحیح مقام پر۔ بجا۔ ٹھیک۔ دُرست۔ واجب۔ ناقابلِ اِعتراض۔

جائے ضرور۔ دیکھئے جا ضرور۔

جائے عامّہ (ف۔ع۔ا۔مث) وہ جگہ جو عوام کی تفریحات اور اُن کے اجتماعات وغیرہ کے لئے مخصوص ہو۔ (Public Place)۔

جائے عذر (ف۔ا۔مث) بہانہ کرنے یا ٹالنے کی گنجائش۔

جائے گُل، گُل باش و جائے خار، خار (ف۔مثل) نرمی کے موقع پر نرمی اور سختی کے موقع پر سختی سے کام لینا چاہئے۔

جائے ماجرا (ف۔ع۔ا۔مث) جس جگہ جرم ہوا ہو۔ جائے وقوعہ۔

جائے مُکافات (ف۔ع۔ا۔مث) (۱) بدلے کی جگہ (۲) بدلے کا موقع محل۔

جائے (و۔فعل) آئے کی ضد۔ چلا (چلی) جائے۔ گزر جائے۔

جائے جان، رہے اِیمان (اَ۔مثل) اِیمان کی حفاظت کے لئے جان بھی جاتی رہے تو پروا نہیں کرنی چاہئے۔

جائے لاکھ۔ رہے ساکھ (اَ۔مثل) کتنا ہی نقصان ہو، آبرو بنی رہے۔

جایا (و۔ا۔مذ) بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔ لڑکا۔ ولد۔ پُوت۔ خلف۔ اِبن۔

جایا (و۔فعل) جانا مصدر کا امدادی فعل جیسے جایا کرو۔ جایا چاہتا ہے۔

جایا چاہنا (اَ۔محاورہ) جانے کے لئے تیار ہونا۔

جایا کرنا (اَ۔محاورہ) عموماً جانا۔ عادتاً جانا۔

ج۔ب

جَب (بفتحِ اوّل) (و۔حرفِ شرط) جس وقت۔ جس صورت میں۔ جوں ہی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دراں حالے کہ۔ ہر گاہ۔

جب آنکھ بند کرلی، پیچھے کچھ ہی ہو (اَر۔مثل) مر جانے کے بعد جو چاہے ہو۔ مُردے کو کچھ پروا نہیں ہوتی۔

جب آنکھیں چار ہوتی ہیں محبّت آ ہی جاتی ہے (اَر۔مثل) آمنے سامنے ہونے سے لحاظ آ ہی جاتا ہے۔

جب آنکھیں ہوئیں چار تو دل میں آیا پیار۔ جب آنکھیں ہوئیں اوٹ تو دل میں آئی کھوٹ (اَر۔مثل) سامنے محبت کا اِظہار اور غیر حاضری میں پروا نہ کرنا بلکہ بُرائی سوچنا۔

جب آئے برس کا چاؤ تو پچھوا گنے نہ پُروا بھاؤ (ہ۔مثل) جب خُدا مہربانی کرتا ہے تو موقع بے موقع نہیں دیکھتا۔

جب اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (اَر۔مثل) جب بے حیائی اِختیار کرلی تو پھر کسی کی کیا پروا۔

جب باڑھ ہی کھیت کو کھائے تو رکھوالی کون کرے (اَر۔مثل) جہاں ستانے والے اپنے ہی ہوں وہاں یہ ضربُ المثل کہی جاتی ہے۔

جب دادا مریں گے تب بیل بٹیں گے (اَر۔مثل) کسی کام کو کسی ایسے کام پر موقوف رکھنا جس کے عمل میں آنے کا بر دست کوئی اِمکان نہ ہو۔

جب بھاگن کو ہوئے لگائی، توڑے کوٹ اور پھاندے کھائی (ہ۔مثل) عورت فرار ہونے کی ٹھان لے تو اُسے بڑی سے بڑی رُکاوٹ بھی نہیں روک سکتی، چاہے وہ مضبوط چار دیواری (کوٹ) ہو یا گہرا گڑھا (کھائی)۔

جب پار اُترے تو جُوں ماردی (اَر۔مثل) مُراد پوری ہو جانے پر مانی ہوئی چیز کے بجائے کوئی معمولی سی چیز خیرات کرنا۔

جب پر جا نہیں تو راجا کہاں (ہ۔مثل) حاکم کو ظلم نہیں کرنا چاہئے۔ رعایا نہ ہوگی تو وہ کس پر حکومت کرے گا۔

جب تب (اَر۔متعلق فعل) کبھی کبھی۔ گاہ گاہ۔

جب تک (جب تلک۔ جب تئیں) (اَر۔متعلق فعل) جس وقت تک۔ تا وقتے کہ۔ ایسے وقت تک۔

جب تک اُونٹ پہاڑ تلے نہیں آتا، سمجھتا ہے مُجھ سے اُونچا کوئی نہیں (اَر۔مثل) جب تک اپنے سے زبردست سے پالا نہ پڑے اِنسان اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھتا ہے۔

جب تک بچہ روتا نہیں، ماں دودھ نہیں دیتی (اَر۔مثل) مانگے بغیر کچھ نہیں ملتا۔

جب تک بہو کنواری تب تک ساس واری۔ بہو آئی گود میں، لاڈ گیا حوض میں (اَر۔مثل) جب تک بیاہ کر نہیں لاتی ساس اپنی ہونے والی بہو کے واری صدقے جاتی ہے، مگر شادی کے بعد سب لاڈ پیار ختم ہو جاتا ہے۔ بہو کی قدر شادی کے بعد نہیں ہوتی۔

جب تک پہیا کو ھکے کر دھکائے جاؤ (اَر۔مثل) جب تک کام چلتا رہے، چلائے جاؤ۔ جب تک مطلب نکلے، نکالے جاؤ۔

جب تک دم ہے تب تک غم ہے (اَر۔مثل) رنج و غم اِنسان کو زندگی بھر رہتا ہے۔ موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں۔

جب تک رکابی میں بھات، تیرا میرا ساتھ (اَر۔مثل) جب دو آدمیوں میں مطلب کی دوستی ہو اس موقع پر یہ مثل کہتے ہیں۔

جب تک سانس، تب تک آس (اَر۔مثل) مرتے دَم تک اِنسان اُمید کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتا۔

جب تو (اَر۔متعلق فعل) اِس لئے۔ اِس وقت۔ تب۔

جب جب (اَر۔متعلق فعل) ہر گاہ۔ جس وقت۔

جب چنے تھے تب دانت نہ تھے۔ جب دانت ہوئے تب چنے نہیں (اَر۔مثل) ایسے موقع پر کہی جاتی ہے جب اِنسان کو یہ ملال ہو کہ چیز موجود تھی تو اُس سے فائدہ اُٹھانے کے ذرائع پاس نہ تھے جب ذرائع میسر آئے تو چیز نہیں۔

جب خُدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کے دیتا ہے (اَر۔مثل) دیکھئے خُدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے۔

جب دانت نہ تھے تب دُودھ دیو، اب دانت بھئے کا (کیا) اَن نہ دیئے (دیوے) (ہ۔مثل) خُدا اِنسان کو ہر حالت میں رزق دیتا ہے۔

جب دانت تھے تب چنے نہ تھے۔ اب چنے ہیں تو دانت نہیں (اَر۔مثل) دیکھئے، دانت تھے تو چنے نہ پائے۔ چنے ملے تو دانت گنوائے۔

جب سے (اَر۔متعلق فعل) جس وقت سے۔

جب سے اُگے بال، تب سے یہی حال (اَر۔مثل) بچپن سے یہی کرتُوت ہیں۔

جب کا (اَر۔صف) (۱) اُس وقت کا (۲) گزشتہ (۳) آخر کا۔ پچھلا۔ آخری۔

جب دو دل راضی تو کیا کرے گا قاضی؟ (اَر۔مثل) دیکھئے، میاں بیوی راضی الخ۔

جب کبھی (اَر۔متعلق فعل) جب موقع ملے۔ جس وقت۔

جب کری آس، تب آئے تیرے پاس (اَر۔مثل) آدمی ضرورت پڑنے پر اُسی کے پاس جاتا ہے جس سے کام بننے کی توقع ہوتی ہے۔

جب کمر میں زور ہوتا ہے تب مدار صاحب بھی بیٹا دیتے ہیں (اَر۔مثل) پیروں فقیروں کی دُعا کا اَثر بھی اُسی حالت میں ہوتا ہے جب خود بھی کوشش کی جائے۔

جب کہ (اَر۔متعلق فعل) جس وقت۔ جب۔

جب کہیں جا کے (اَر۔متعلق فعل) بڑی مشکل سے۔ سخت دُشواری سے۔

جب لگ پیسا گانٹھ میں، تب لگ اُس کے یار۔ سائیں اِس سنسار میں سوارتھ کا بیوپار (ہ۔مثل) جب تک دولت پاس ہو سب دوست بنے رہتے ہیں۔ سب مطلب (سوارتھ) کے یار ہیں۔

جب ناچنے نکلی تو گھونگٹ کیسا (اَر۔مثل) دیکھئے، ناچنے نکلی تو گھونگٹ کیسا۔

جب نہ تب (اَر۔متعلق فعل) (۱) وقتاً فوقتاً۔ وقت بے وقت (۲) اکثر۔ ہمیشہ۔ عموماً (۳) کبھی نہیں (ق)۔

جب ہاتھ میں لیا کاسہ تو روٹیوں کا کیا سانسا؟ (اَر۔مثل) جب بھیک مانگنی شروع کر دی تو روٹیوں کی کیا کمی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جب ہم جانتے (اُر۔ متعلق فعل) لطف تو جب تھا۔

جب ہی (جبھی) (اُر۔ متعلق فعل) اُسی وقت۔ عین اُسی وقت۔ فوراً۔ جوں ہی کہ۔

جب ہی تو (جبھی تو) (اُر۔ متعلق فعل) اسی لئے۔ اس وجہ سے۔ اسی باعث۔

جَبّار (جب۔ بار) (ع۔ا۔ مبالغہ) جابر کی تفضیلِ کُل۔ نہایت جبر کرنے والا۔ ظالم ترین۔ جابر ترین (۲) (ال کے ساتھ کے ساتھ) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

جِبال (ج۔ بال) (ع۔ا۔مذ) جَبَل (پہاڑ) کی جمع۔

جَبر (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ظلم۔ ستم۔ سینہ زوری (۲) سختی (۳) زور۔ طاقت (۴) حساب میں کسروں کا اختصار (۵) معاوضے کے طور پر کچھ زیادہ لینا۔ ڈنڈ۔

جبر اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) سختی جھیلنا۔ دُکھ اُٹھانا۔

جبر سے (اُر۔ متعلق فعل) زبردستی۔ بہ زور۔

جبر کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) ظلم کرنا۔ سختی سے کام لینا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔

جبرِ مجرمانہ (ع۔ا۔مذ) ایسا جبر جو قانوناً جائز نہ ہو۔

جبر و تعدّی (ع۔ا۔مذ) زبردستی۔ جور و جفا۔ ظلم و ستم۔

جبر و مقابلہ (ع۔ا۔مذ) ریاضی کی ایک شاخ جس میں علامات اور حروف کے ذریعے عمل کیا جاتا ہے اور معلومہ مقداروں کے وسیلے سے نامعلوم مقداریں معلوم کی جاتی ہیں۔ الجبرا۔

جبر ہونا (اُر۔ محاورہ) ظلم ہونا۔ سختی ہونا۔

جَبرا (جب۔ را) (اُر۔ صف) زبردست۔ طاقت ور۔ قوی۔

جَبْراً (جب۔ رَن) (ع۔ تابع فعل) زبردستی۔ مجبور کرکے۔ بہ زور۔

جبراً و قہراً (ع۔ متعلق فعل) چار و ناچار۔ مجبوراً۔

جبرائیل (جبرئیل۔ جبریل) (جِب۔ را۔ ئیل) (جِب۔ رَ۔ اِیل۔ جِب۔ ریل) (ع۔ا۔مذ) عبرانی لفظ گبریئل بمعنی "بندۂ خدا" کا معرّب۔ چار مقرّب فرشتوں میں سے ایک فرشتے کا نام جو پیغمبروں کے پاس خدا کی طرف سے وحی لے کر آیا کرتا تھا۔ (جیم کے زبر اور زیر دونوں طرح صحیح ہے)۔

جَبَرُوت (جب۔ رُوت) (ع۔ا۔مث) (۱) قدرت۔ بزرگی۔ عظمت۔ جاہ و جلال۔ اسمائے صفاتِ الٰہی۔

جَبْری (جب۔ ری) (ع۔ متعلق فعل) زبردستی سے۔ مجبوری سے۔

جبریہ (جب۔ ریَہ) (ع۔صف) (۱) مجبور کرکے۔ زبردستی (۲) (ع۔ا۔مذ) اسلام کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ انسان کو اپنے اعمال و افعال پر کوئی اختیار نہیں ہے۔ قدریہ کی ضد۔

جَبڑا (جب۔ ڑا) (ہ۔ا۔مذ) منہ کے اندر کی ہڈی جس میں دانت جُڑے ہوتے ہیں۔

جبڑا توڑنا (اُر۔ محاورہ) ضرب سے منہ توڑ دینا۔

جبڑا چلانا (اُر۔ محاورہ) کوئی چیز کھانا۔ منہ چلانا۔

جبڑی (جب۔ ڑی) (ہ۔ا۔مث) ایک مُہلک بیماری جس میں جبڑے بند ہو جاتے ہیں یا بتیسی جکڑی جاتی ہے۔

جَبَل (جَ۔ بَل) (ع۔ا۔مذ) پہاڑ۔ کوہ۔ جمع: جبال۔

جبل بگردد جِبِلّت نمی گردد (ف۔ مثل) پہاڑ بدل سکتے ہیں مگر انسان کی سرشت یا خصلت کبھی نہیں بدلتی۔

جِبِلّت (جِ۔ بِل۔ لَت) (ع۔ا۔مث) سرشت۔ فطرت۔ اصلی طبیعت۔ خلقت۔

جِبِلّی (جِ۔ بل۔ لی) (ع۔صف) فطری۔ پیدائشی۔ خلقی۔ طبعی۔ حقیقی۔

جُبُن (جُ۔ بُن۔ جُبْن) (ع۔ا۔مذ) (۱) بُزدلی۔ کم ہمتی (۲) وہ سفید مادّہ جو دودھ پھاڑ کر نکالا جائے۔ پنیر۔

جِبُّو (جب۔ بُو) (ہ۔ا۔مث) جیبھ۔ زبان۔

جُبّہ (جُب۔ بہ) (ع۔ا۔مذ) چوغہ۔ ایک قسم کا ڈھیلا کوٹ جس کی آستین کلائی سے اُوپر رہتی ہے۔ عالم لوگ پہنتے ہیں۔ اُردو جمع: جبّوں۔ جبّے۔

جَبھا (جَ۔ بھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دلیری۔ حوصلہ (۲) جبڑا۔

جِبھا (جب۔ بھا) (ہ۔صف) زبان والا۔ مُرکّبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے گل جبھا (یعنی بُری بات منہ سے نکالنے والا)۔

جَبْہہ (جب۔ ہہ) (ع۔ا۔مذ) چہرے کا وہ حصّہ جو ابروؤں کے درمیان ہوتا ہے۔ پیشانی۔ ماتھا۔ جبین۔

جبہہ سا (ع۔ف۔صف) ماتھا رگڑنے والا۔ منّت سماجت کرنے والا۔

جبہہ سائی (ع۔ف۔ا۔مث) ماتھا رگڑنا۔ منّت سماجت کرنا۔ پاؤں پڑنا۔

جَبِین (جَ۔ بِین) (ع۔ا۔مث) پیشانی۔ ماتھا۔

جبین سا (جبین فرسا) (ف۔صف) ماتھا رگڑنے والا۔

جبین سائی (جبین فرسائی) (ف۔ا۔مث) ماتھا رگڑنا۔ عجز۔ انکسار۔ خوشامد۔

ج۔ پ

جَپ (بفتح اوّل) (س۔ا۔مث) (۱) جاپ۔ پُوجا پاٹ۔ پرستش۔ ورد (۲) مالا پھیرنا (۳) وظیفہ (۴) کوئی لفظ یا کلمہ بار بار دُہرانا۔ نیز دیکھئے جاپ۔

جپ تپ (ہ۔ا۔مث) عبادت۔ بندگی۔ پُوجا۔ ریاضت۔ پرستش۔

جپ جی (ہ۔ا۔مث) سِکھوں کی مقدس کتاب گرنتھ صاحب کا پہلا حصّہ جس میں خدا کی حمد ہے۔

جپ کرانا (ہ۔ مص مُرکّب) کسی مطلب مُراد یا بیمار کی تندرستی کے لئے پُوجا پاٹ کرانا یا منتر پڑھوانا۔

جپ کے بدتے پاپ (ہ۔ مثل) پارسائی کی آڑ میں لوگوں کو ٹھگنا۔ نیک بن کر بدی کرنا۔

جپ مال (مالا) (ق۔ا۔مذ و مث) تسبیح۔ سمرن۔

جپا کرنا (ہ۔ مص مُرکّب) رَٹنا۔ بار بار کہنا یا پڑھنا۔ مالا پھیرنا۔

جپسم (Jypsum) (انگ۔ا۔مذ) ایک معدنی مُرکّب جس سے پلاسٹر آف پیرس تیار ہوتا ہے۔ مصنوعی کھاد بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

جپسی (Gypsy) (انگ۔ا۔مذ) خانہ بدوش۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جَپنا (جَپ۔نا)(ہ۔مع) پوجا کرنا۔ تسبیح پڑھنا۔ خدا کو یاد کرنا۔

جَپنی (جَپ۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) مالا۔ تسبیح۔ سمرن (۲) وظیفہ۔ ورد۔

جَپی تَپی (جَ۔پی۔تَ۔پی)(ہ۔ا۔مذ) عابد۔ زاہد۔ پُجاری۔ بھگت۔

ج۔ت

جَت (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مث) قسم۔ نوع۔ طریقہ (۲) ہولی کا ایک گیت (۳) آلہ۔ مشین (۴)(صف) جیسا۔ جتنا۔

جِت (بکسر اوّل)(ہ۔صف) جہاں۔ جس جگہ (۲) فتح کیا ہوا۔ حاصل کیا ہوا۔

جُت (بضم اوّل)(ہ۔صف) جُتا ہوا (۲) بجا ہوا (۳) قابض۔

جِتا (جِت۔تا)(ہ۔صف) جتنا کی مختصر صورت۔ جتنا کا مخفف۔

جُتا (جُ۔تا)(ہ۔ا۔مث) وہ رسّی جو چرس اور اُس کی لکڑی سے بندھی ہوتی ہے۔

جُتاڑا (جُ۔تا۔ڑا)(ق۔ا۔مذ) خاندان۔ گھرانا۔ نسل۔

جَتا ساری (جَت ساری) (ہ۔ا۔مث) وہ گیت جو عورتیں چکی پیستے میں گاتی ہیں۔ (جتا بمعنی چکی)۔

جَتانا (جَتا دینا۔ جتلانا) (بفتح اوّل)(ہ۔مع)(۱) آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ جتانا۔ ہوشیار کرنا (۲) تاکید کرنا (۳) یاد دلانا (۴) اِشارہ کرنا (۵) ہدایت کرنا۔ رہنمائی کرنا (۶) تنبیہ کرنا۔ کان کھولنا۔ فہمائش کرنا (۷) کسی جذبے کا اظہار کرنا۔

جِتانا (جِتوانا) (بکسر اوّل)(ہ۔مع) فتح دلوانا۔ جیت کروانا۔ غلبہ کروانا۔ بازی دلوانا۔ ہار سے بچانا۔

جُتانا (بضم اوّل)(ہ۔مع) جوتنا کا متعدی (۱) زمین میں ہل چلوانا۔ اراضی کو کاشت کروانا (۲) گھوڑے یا بیل وغیرہ کو گاڑی میں لگوانا۔ نیز دیکھیے جُتوانا۔

جُتاؤ (جُ۔تا۔او)(ہ۔صف) قابلِ کاشت۔ بونے جوتنے کے قابل (زمین)۔

جُتائی (جُ۔تا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) کھیت میں ہل چلانا۔ اراضی کی کاشت ہونا۔

جُتمبر (جُت۔بَر)(ق۔ا۔مث) خانہ داری۔

جُتمبری (جُت۔بَ۔ری)(ق۔ا۔مث) خانہ دار عورت۔ گھر گرہستن۔

جُت جانا (محاورہ)(۱) گھوڑے کا گاڑی میں یا مویشی کا ٹھیلے یا ہل میں جوت دیا جانا (۲) کسی کام میں ہمہ تن لگ جانا۔

جُترب (جُت۔رَب)(ق۔ا۔مذ) شیوہ۔ شعار۔

جَتَن (جَ۔تَن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) س: یتن۔ کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ (۲) تدبیر۔ تجویز۔ ترکیب۔ چال (۳) علاج۔ دوا (۴) محنت۔ مشقت (۵) احتیاط۔ خبرداری (۶) تکلیف دِہ کام (۷) ڈھنگ۔ طریقہ (۸) بہانہ۔ مکروفریب (۹) کرتوت (۱۰) دُنیا۔ خلائق (۱۱) استقلال۔

جُتنا (جُت۔نا)(ہ۔مع) گھوڑے بیل وغیرہ کا گاڑی یا ہل میں لگایا جانا (۲) کھیت کا جوتا جانا (۳) کسی کام میں مشغول ہونا (۴) کسی کا کسی کام پر زبردستی لگایا جانا (۵) جا بھڑنا (۶) کوشش کرنا۔

جِتنا (جِت۔نا)(ہ۔ا۔موصول)(۱) جس قدر۔ جو کچھ (۲) سب۔ سارا۔ کُل۔ تمام۔

جتنا اُوپر ہے اُتنا ہی نیچے ہے (اَر۔مثل) شرارت پسند اور مفسد آدمی کے بارے میں کہتے ہیں۔

جتنا اوڑھنا اُتنے ہی پاؤں پھیلانا (اَر۔مثل) اپنی حیثیت اور بساط کے مطابق خرچ کرنا۔ نیز دیکھیے جتنی چادر۔

جتنا بڑا اُتنا کڑا (اَر۔مثل) جتنا عمر میں زیادہ اُتنا ہی زیادہ خراب۔

جتنا پھلے اُتنا جھکے (اَر۔مثل) آدمی کی حیثیت جتنی اُونچی ہو اُسے اُتنا ہی منکسر المزاج ہونا چاہیے۔

جتنا تپے گا اُتنا ہی برسے گا (اَر۔مثل) گرمیوں میں جتنی زیادہ گرمی پڑے گی، برسات میں اُتنی ہی زیادہ بارش ہوگی۔

جتنا چھانو، اُتنا ہی کرکرا (اَر۔مثل) جتنی زیادہ چھان بین کرو گے اُتنے ہی اور عیب کھلیں گے۔

جتنا چھوٹا اُتنا ہی کھوٹا (اَر۔مثل) چھوٹا دُشمن زیادہ نقصان پہنچاتا ہے کم عمر شریر کی بابت کہتے ہیں۔

جتنا سیانا اُتنا دیوانہ (اَر۔مثل) بعض وقت عقل مند آدمی بیوقوفی کی بات کہہ جاتا ہے۔

جتنا قریب اُتنا رقیب (اَر۔مثل) رشتے دار اور آپس والے زیادہ جلتے ہیں۔

جتنا گڑ ڈالو گے اُتنا ہی میٹھا ہوگا (اَر۔مثل) کسی چیز یا کام پر جتنا زیادہ خرچ کیا جائے گا وہ چیز یا کام اُتنا ہی اچھا ہوگا۔

جِتناگی (جِت۔نا۔گی)(ق۔ا۔مث) نگرانی۔ دیکھ بھال۔

جِتنی (جِت۔نی)(ہ۔ا۔موصول) جس قدر۔ جو کچھ۔ جتنا کی تانیث۔

جتنی چادر دیکھو (دیکھیے) اُتنے پاؤں پسارو (پساریے) یا پھیلاؤ (پھیلایئے)۔ دیکھیے جتنا اوڑھنا اُتنے پاؤں پھیلانا۔

جتنی دیگ اُتنی کھرچن (اَر۔مثل) مال و دولت زیادہ ہوتی ہے تو نفع بھی زیادہ ہوتا ہے۔

جَتنی (جَت۔نی)(ہ۔صف)(۱) سرگرم۔ جتن کرنے والا (۲) احتیاط کرنے والا (ہ۔ا۔مث) چرخے کا ڈورا۔

جِتنے (جِت۔نے)(ہ۔ا۔موصول) جتنا کی جمع۔ جو کچھ۔ جس قدر۔

جتنے دم اُتنے غم (اَر۔مثل) جتنی عیالداری ہوگی اُتنے ہی تفکرات بڑھیں گے (۲) جتنی زندگی اُتنی تکلیفیں۔

جتنے کالے میرے باپ کے سالے (اَر۔مثل) کوئی شخص بڑے آدمیوں سے اپنا رشتہ یا تعلق ظاہر کرے تو اُس موقع پر یہ مثل کہتے ہیں۔

جتنے گھنے اُتنے بھلے (اَر۔مثل) تعداد کی زیادتی اچھی ہوتی ہے۔

جتنے مُنہ اُتنی باتیں (اَر۔مثل) ہر شخص اپنی اپنی کہتا ہے۔

جِتوانا (جِت۔وا۔نا)(ہ۔مع) جیتنا مصدر کا متعدی۔ فتح دلوانا۔ کامیاب کرانا۔

جُتوانا (جُت۔وا۔نا)(ہ۔مع) جوتنا کا متعدی۔ کھیت میں ہل چلوانا۔ گاڑی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وغیرہ میں بیل وغیرہ لگوانا۔

جتھا (جَ۔تھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گروہ۔ دھڑا۔ ٹولی۔ جماعت (۲) بھیڑ۔ اژدحام۔ مجمع۔ ٹھٹ (۳) اتفاق۔ اتحاد (۴) طاقت۔ قوت۔ جمع: جتھوں۔ جتھے۔

جتھا باندھنا (اُر۔ محاورہ) جماعت بنانا۔ گروہ بنانا۔ ایکا کرنا۔

جتنے (جت۔تے) (ق) جتنے۔

جتی (جَ۔تی) (ہ۔صف) (۱) مجرد۔ جس نے شادی نہ کی ہو (۲) سنیاسی۔ جوگی۔ زاہد۔ مرتاض۔

جتی ستی (ہ۔صف) نیک۔ پارسا۔ مجرد۔ تارکُ الدنیا۔

جتیانا (جت۔یا۔نا) (ہ۔مص) جوتے مارنا۔

ج۔ٹ

جٹ (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے جاٹ۔

جُٹ (بضم اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جوڑا۔ جفت۔ زوج (۲) دو متحد اور متفق آدمی یا چیزیں (۳) ثانی۔ ہم سر۔

جٹا (جَ۔ٹا) (ہ۔ا۔مث) (۱) گندھے یا جمے ہوئے بال (۲) برگد کی ڈاڑھی (۳) جڑ (۴) ہندو جوگیوں کے سر کے بڑھے ہوئے بال۔ جمع: جٹاؤں۔ جٹائیں۔

جٹا دھاری (جٹا دھر) (ہ۔صف) (۱) وہ شخص جس کے سر پر جٹا ہو (۲) سادھو۔ جوگی (۳) شوجی کا لقب (۴) پُرانا سانپ جس کے سر پر بال ہوں۔

جٹا ماسی (جٹا مانسی) (ہ۔ا۔مث) بال چھڑ۔ سنبل الطیب۔

جُٹا (جُٹ۔ٹا) (ق۔ا۔مذ) بالشت بھر (پیمانہ)۔

جُٹنا (جُٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) جُڑ جانا۔ مل جانا (۲) گتھ جانا۔ بھڑنا (۳) لپٹنا (۴) پیوند ہو جانا۔ سیا جانا (۵) انتظار کرنا (۶) سازش کرنا (۷) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ گرویدہ ہونا۔

جٹھانی (جِ۔ٹھا۔نی) (ہ۔ا۔مث) جیٹھ کی بیوی۔ شوہر کے بڑے بھائی کی بیوی۔ نیز دیکھئے جیٹھانی۔

جٹھانی کا بھینسا اگر دھوں دھوں (اُر۔مثل) جٹھانی کا بیٹا موٹا ہے۔ دُوسرے کی اولاد ہمیشہ حسد کی نظر سے دیکھی جاتی ہے۔

جٹھ دینا (ہ۔مص) جھوٹی باتیں بنانا۔ جُل دینا۔

جٹھی (جَ۔ٹھی) (ق۔ا۔مذ) پہلوان۔

جٹی (جٹ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) جاٹ کی بیوی۔ جاٹنی۔

جُٹی (جُٹ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سُوکھے تمباکو کی گڈی یا بنڈل (۲) روٹیوں کی تھپّی (۳) اُوپر تلے رکھے ہوئے روپے پیسے (۴) (صف) پیوستہ۔ پاس پاس۔

جُٹی بھویں (ہ۔ا۔مث) ابروئے پیوستہ۔ جُڑواں بھویں۔

جٹی (انگ۔ا۔مث) (Getty) (۱) وہ بند یا پُل جو بندرگاہ کی حفاظت کے لئے ستونوں پر سمندر کے اندر تک بنایا جاتا ہے (۲) وہ پُل جس پر جہاز سے اُتر کر

کنارے پر آتے ہیں۔

جٹی بُوٹی (جَ۔ٹی۔بُ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) جڑی بوٹی۔

ج۔ث

جُثّہ (جُث۔ثہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ڈیل ڈول۔ تن۔ قالب۔ جسم۔ پنڈا۔ کایا (۲) کاٹھی۔ ڈھانچا (۳) لاش (۴) جسامت۔ اُر جمع: جُثّوں۔ جُثّے۔

ج۔ج

جج (Judge) (انگ۔ا۔مذ) (۱) منصف۔ قاضی۔ مُفتی۔ حاکم عدالت۔ انصاف کرنے والا (۲) مُعتبر۔ پرکھنے والا۔ اُردو جمع: جج۔ ججوں۔

جج بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) کسی مقدمے کے سلسلے میں جج کا خاص طور سے تقرر ہونا۔

جج کرنا (اُر۔ محاورہ) جانچ کرنا۔ سوچ بچار کے بعد فیصلہ کرنا۔

جج ہونا (اُر۔ محاورہ) جج مقرر ہونا۔ منصب ملنا۔ جج بنایا جانا۔

ججمان (جَج۔مان) (ہ۔ا۔مذ) برہمنوں یا نائیوں کا آقا یا مربی جس کا وہ پیشہ ورانہ کام کرتے آرہے ہوں۔

ججمان چاہے سورگ کو جائے چاہے نرک کو۔ مجھے وہی پوری سے کام (ہ۔مثل) کوئی بنے یا بگڑے اپنے نفع اور فائدے سے کام۔ سنگ دلانہ خود غرضی پر طعن کرنے کے لئے بولتے ہیں۔

ججمانی (جَج۔مانی) (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ رقم جو ججمان برہمنوں اور نائیوں وغیرہ کو دے (۲) ججمان ہونے کی حیثیت (۳) ججمان کی بیوی۔

ججی (جَ۔جی) (اُر۔ا۔مث) (۱) جج کا عہدہ (۲) جج کی کچہری۔

ج۔چ

جچا (جَچ۔چا) (ہ۔ا۔مث) زچہ کا بگاڑ۔

جچا خانہ (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے زچہ خانہ۔

جچا گیریاں (اُر۔ا۔مث) دیکھئے زچہ گیریاں۔

جچا (جَ۔چا) (ہ۔صف) اندازہ کیا ہوا۔ ٹھیک ٹھیک (۲) جچنا مصدر سے صیغہ ماضی مطلق۔

جچا تُلا (جَ۔چا۔تُ۔لا) (ہ۔صف) ٹھیک۔ درست۔ پُورے وزن کا۔ تجربے اور آزمائش کے موافق (۲) (مؤنث کے لئے) جچی تُلی۔

جچائی (ہ۔ا۔مث) امتحان۔ آزمائش۔ جانچ۔ پرکھ (۲) تشخیص۔ اندازہ۔ تخمینہ۔

جچگی (جَچ۔گی) (اُر۔ا۔مث) زچگی کا بگاڑ۔ دیکھئے زچگی۔

جچنا (جَچ۔نا) (ہ۔مص) (۱) جانچا جانا۔ آزمایا جانا۔ امتحان ہونا (۲) قیمت لگنا۔ اٹکنا۔ تُلنا (۳) وقعت ہونا (۴) تخمینہ لگنا۔ نظر پر چڑھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ج۔ح

جُحُود (جُ۔حُود)(ع۔ا۔مذ) جان بوجھ کر اِنکار کرنا۔ تجاہلِ عارفانہ۔

جَحِیم (جَ۔حِیم)(ع۔ا۔مث) (۱) دہکتی ہوئی آگ (۲) دوزخ۔ دوزخ کی آگ۔

ج۔د

جَد (بفتح اوّل)(ق۔ حرفِ شرط) جب۔

جَد نہ تَد (ق۔ حرفِ شرط) جب نہ اب۔ ہر وقت۔

جَدّ (بفتح اوّل و بتشدید دوم)(ع۔ا۔مذ) باپ کا باپ۔ دادا۔ جمع: اَجداد۔

جَدِّ اَعلیٰ (ع۔ا۔مذ) مُورثِ اعلیٰ جس سے کسی خاندان یا قبیلے کی نسل چلے۔

جَدِّ اَمجَد (ع۔ا۔مذ) (۱) پردادا (۲) حضرت آدمؑ۔

جِدّ (بکسر اوّل و بتشدید دوم)(ع۔ا۔مث) کوشش۔ دوڑ دھوپ۔ سعی۔ جانفشانی۔

جِدّ و جُہد (ع۔ا۔مث) (جہد کی جیم پر پیش اور زبر دونوں صحیح ہیں) کوشش۔ دوڑ دھوپ۔ سعی۔ جتن (۲) پیروی۔

جِدّ و کَد (ع۔ا۔مث) محنت مشقت (۲) بحث۔ تکرار۔

جُدا (جُ۔دا)(ف۔صف) (۱) علیحدہ (۲) الگ (۳) تنہا (۴) طرح طرح کا (۵) انوکھا (۶) بچھڑا ہوا۔

جُدا جُدا (ف۔صف) (۱) الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ۔ فرداً فرداً (۲) مختلف۔ متفرق۔ طرح طرح کے (۳) ایک ایک کرکے۔ تفصیل وار۔

جُدا کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) ٹکڑے کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا (۲) پھوٹ ڈالنا۔ نفاق پیدا کرنا۔

جُدا ہونا (اَر۔مص مُرکّب) جُدا کرنا کا لازم۔

جُداگانہ (جُ۔دا۔گا۔نہ)(ف۔صف) الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ۔

جِدال (جِ۔دال)(ع۔ا۔مث) (۱) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ (۲) جھگڑا۔ بحث۔ تکرار۔ قضیہ۔

جَدان (ق۔ متعلق فعل) جب سے۔

جُدائی (جُ۔دا۔ئی)(ف۔ا۔مث) علیحدگی۔ مفارقت۔ تفرقہ۔ فراق۔

جَد باتَد با (جَد۔با۔تَد۔با)(ق۔صف) (۱) ایسا ویسا (۲) فضول۔ بے معنی۔

جَد بَر (ق۔ا۔مذ) اسبابِ زندگی۔ سامانِ معیشت۔

جِدَّت (جِد۔دَت)(ع۔ا۔مث) - نیاپن۔ تازگی۔ نیا ہونا۔

جَد رُود (ق۔ متعلق فعل) جدھر۔

جَدَل (جَ۔دَل)(ع۔ا۔مذ) دیکھیے جدال۔

جَدَلیات (جَ۔دَل۔یات) (ع۔ا۔مث) علم کلام۔ منطقی بحث و مناظرہ۔ فلسفے کی ایک شاخ جس میں مابعد الطبیعی تضادات اور معاشرتی قوتوں کے باہمی تصادم سے بحث کی جاتی ہے۔ (Dialectics)۔

جَدَلیاتی مادِّیّت (ع۔ا۔مث) کارل مارکس اور فریڈرک انگلس کا تخلیق کردہ مکتبِ فکر جس کے مطابق مادّہ ذہن سے اَفضل ہے۔ ذہن اَز خود مادّے کی ترقی یافتہ شکل ہے اور زمان و مکان مادّے کی صورتیں ہیں۔ (Dialectical Materialism)۔

جَدوار (جَد۔وار)(ف۔ا۔مث) نربسی۔ دافع زہر بوٹی۔

جَدوَل (جَد۔وَل)(ع۔ا۔مث) (۱) پانی کی نہر (۲) وہ خط جو صفحے کے چاروں طرف کھینچا جائے (۳) کھیتوں کی کیاریاں (۴) نقشہ۔ فہرست۔ اُردو جمع: جدولوں۔ جدولیں۔

جدول بندی (ع۔ف۔ا۔مث) خانہ دار ترتیب۔ (Tabulation)۔

جدول کش (ع۔ف۔ا۔مذ) کتاب کے صفحات پر لکیریں کھینچنے کا آلہ۔ رُول۔ رُولا۔

جَدوَلی (جَد۔وَ۔لی)(ع۔صف) لکیردار۔ جس پر لکیریں کھینچی گئی ہوں۔

جَدّہ (جَد۔دَہ)(ع۔ا۔مث) جد کی تانیث (۱) دادی (۲) نانی (۳) حجاز کے ایک شہر کا نام جو بندرگاہ بھی ہے۔ شہر کے باہر سمندر کے کنارے ایک قبر ہے جس کے متعلق لوگوں کا خیال ہے کہ یہ حضرت آدمؑ کی زوجہ حوّا کی قبر ہے۔ اِس لئے شہر کا نام جدہ (دادی) رکھا گیا۔

جِدھر (جِ۔دھر)(ہ۔متعلق فعل) جہاں۔ جس جگہ۔ جس طرف۔ جہاں کہیں۔

جدھر رب اُدھر سب (اَر۔مثل) جس پر خدا مہربان ہوتا ہے اس پر سب مہربان ہو جاتے ہیں۔ خدا مہربان تو سب مہربان۔

جدھر مولا اُدھر دَولہ (اَر۔مثل) دیکھیے جدھر رب اُدھر سب۔ (دولہ: دیکھیے دولت)۔

جَدّی (جَد۔دی)(ع۔صف) آبائی۔ موروثی۔

جدّی پُشتی جائداد (ع۔ف۔ا۔مث) وہ جائداد جو بزرگوں سے ترکے میں چلی آرہی ہو۔ موروثی جائداد۔

جَدی (جَ۔دِی)(ع۔ا۔مذ) (۱) زمین کے گرد ایک قیاسی دائرہ جو خطِ استوا کے متوازی اس سے ۲۳½ درجہ جنوب میں ہے اور خطِ جدی کہلاتا ہے (۲) قطبی تارا (۳) آسمان کا ایک بُرج جو بکرے کی شکل کا نظر آتا ہے۔

جَدید (جَ۔دید)(ع۔صف) (۱) نئی۔ نیا۔ تازہ۔ اب کا (۲) عروض میں ایک بحر کا نام۔

جَدیدیّت (جَ۔دی۔دی۔یَت) (ع۔ا۔مث) نیاپن۔ جدید ہونے کی کیفیت۔ (Modernism)۔

ج۔ذ

جُذام (جُ۔ذام)(ع۔ا۔مذ) کوڑھ۔ فسادِ خون کی ایک موذی بیماری۔

جُذامی (جُ۔ذا۔می)(ع۔صف) جو جذام میں مبتلا ہو۔ کوڑھی۔

جَذب (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) (۱) کشش۔ کھچاؤ۔ کھینچنا (۲) چوسنا (۳) وہ حالت جو مجذوب فقیروں کے لئے مخصوص ہے۔

جذب کرنا (ع۔اَر۔مص مُرکّب) چوسنا۔ کھینچنا۔ کشش کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جذبِ مقناطیسی (ع۔ا۔مذ) مقناطیس کی کشش۔
جَذْبات (جَذ۔بات)(ع۔ا۔مذ) جذبہ کی جمع۔
جَذْباتی (جَذ۔با۔تی)(ع۔صف)(۱) جذبات سے متعلق (۲) جذبات پرست (۳) جو جلد غُصّے میں آجائے۔
جَذْبَہ (جَذ۔بَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) دِل کا جوش۔ کشش۔ ولولہ۔ جمع: جذبات۔
جَذْر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) علم ریاضی میں کوئی عدد اُس رقم کا جذر کہلاتا ہے جو اُس کو اُسی کے ساتھ ضرب دینے سے حاصل ہو (۲) مادّہ۔ اصل (۳) بُنیاد۔ بِنا۔ مَبدا۔ اَصلیّت۔
جذرِ اَصم (ع۔ا۔مذ) وہ عدد جس کا جذر نہ نکل سکے۔ (اَصَم: بہرا)۔
جذرُالکعب (ع۔ا۔مذ) کوئی عدد اُس رقم کا جذرُالکعب کہلاتا ہے جو اُس کو اُسی کے ساتھ تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو۔
جذرُالمال (جذ۔رُل۔مال)(ع۔ا۔مذ) وہ عدد اُس رقم کا جذرُالمال کہلاتا ہے جو اُس کو اُسی کے ساتھ چار دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو۔ جیسے ۲x۲x۲x۲=۱۶۔ تو ۲، ۱۶ کا جذرُالمال ہے۔
جذرِ ناطق (ع۔ا۔مذ) کسی رقم کا وہ جذر جو معلوم ہو سکے۔
جذر نکالنا (اَر۔محاورہ) دُوسرے درجے کا اُتار معلوم کرنا۔

ج۔ر

جَرّ (بفتح اوّل و تشدید دوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کھچاؤ (۲) کسرہ۔ زیر (۳) بُنیاد (۴) نچلا حِصّہ۔
جرِ ثقیل (ع۔ا۔مذ) بھاری بوجھ کھینچنے اور اُٹھانے کا آلہ۔
جُرّاب (جُر۔راب)(ف۔ت۔ا۔مث) موزہ۔ عربی جراب کا بگاڑ۔ اُردو جمع: جُرابوں۔ جُرابیں۔
جُرأت (جُر۔اَت)(ع۔ا۔مث)(۱) دلیری۔ دلاوری۔ شُجاعت۔ بے باکی۔ جواں مردی (۲) چالاکی۔ شوخی۔
جرأت دکھانا (اَر۔محاورہ) بہادُری کا کام کرنا۔
جَراثیم (جَ۔را۔ثیم)(ع۔ا۔مذ) جرثُومہ کی جمع۔
جراثیم کُش (ع۔ف۔صف) جراثیم کو ہلاک کرنے والا۔
جَرّاح (جَر۔راح)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ شخص جو زخموں اور پھوڑے پھنسیوں کا علاج کرے۔ زخموں کی چیر پھاڑ کرنے والا۔ سَرجن۔ اُر جمع: جرّاح۔ جرّاحوں۔
جَراحت (جَ۔را۔حت)(ع۔ا۔مث) زخم۔ گھاؤ۔
جَرّاحی (جَر۔را۔حی)(ع۔ا۔مث) جراح کا پیشہ یا کام۔ سرجری۔
جَرّار (جَر۔رار)(ع۔صف)(۱) کھینچنے والا (۲) بہت بھاری یا کثیر (لشکر)(۳) بہادُر۔ دلیر۔ شُجاع۔
جَرائد (جَ۔را۔اِد)(ع۔ا۔مذ) جریدہ کی جمع۔ اَخبارات۔ رسالے۔
جَرائم (جَ۔را۔اِم)(ع۔ا۔مذ) جریمہ کی جمع۔ اُردو میں جُرم کی جمع۔

جرائم پیشہ (ع۔ف۔صف) جو جُرم کرنے کو اپنا پیشہ بنالے۔ عادی مُجرم۔
جَرَت (جَرْت) (جَ۔رَت)(جَ۔رْت)(ق۔صف) جُڑا ہوا۔ جڑاؤ۔
جَرثُومَہ (جَر۔ثُو۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) وہ چھوٹا کیڑا جو خُرد بین کے بغیر نظر نہیں آتا اور مختلف اَمراض پیدا کرتا ہے۔ جمع: جراثیم۔
جَرثُومیات (جَر۔ثُو۔مِ۔یات)(ع۔ا۔مذ) علم جراثیم۔(Bacteriology)۔
جَرثُومیاتی (جَر۔ثُو۔مِ۔یا۔تی) (ع۔صف) علم جراثیم سے متعلق۔(Bacteriological)۔
جَرح (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) زخم۔ گھاؤ۔ چیر (۲) وہ سوالات جو ایک فریق دُوسرے سے حقیقت یا سچائی معلوم کرنے کے لئے کرے۔
جرح کرنا (اَر۔مص) فریقِ مخالف کے وکیل یا گواہ سے سوالات کرنا (۲) بحث کرنا۔ تکرار کرنا۔
جَرَس (جَ۔رَس)(ع۔ا۔مذ)(۱) گھنٹا۔ گھڑیال (۲) وہ گھنٹا جو قافلے کی روانگی کے وقت بجایا جاتا ہے۔
جَرسی (Jersey)(انگ۔ا۔مث)(۱) اُونی بنیان جو ورزشی کھیلوں کے وقت پہنا جاتا ہے (۲) آستینوں کا اُونی بنیان۔
جُرعَہ (جُر۔عَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) گھونٹ۔ اِتنی مقدار جو ایک دفعہ میں پی جائے۔
جُرعہ کَش (نوش) (ف۔صف) گھونٹ گھونٹ کرکے پینے والا۔
جُرعہ کَشی (نوشی) (ف۔ا۔مث) گھونٹ گھونٹ کرکے پینا۔
جَرگَہ (جَر۔گَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) آدمیوں کا مجمع (۲) گروہ۔ جماعت (۳) پنچایت (۴) جانوروں کا گلہ (۵) سرحدی قبائلی علاقے میں وہ جماعت جو سنگین مقدمات یا اہم معاملات کے بارے میں فیصلہ کرتی ہے۔ اُردو جمع: جرگوں۔ جرگے۔
جرگہ آنا (اَر۔محاورہ) پٹھانوں کی جماعت یا گروہ یا وفد کا کسی کام کے لئے کسی اَفسر کے پاس آنا۔
جرگہ بٹھانا (بُلانا) (اَر۔محاورہ) کسی مُقدّمے یا معاملے کے بارے میں فیصلہ طلب کرنے کے لئے جرگہ مُقرر کرنا۔
جرگہ بندی (ف۔ا۔مث) پنچایت قائم کرنا۔ جرگہ بنانا۔
جرگہ بیٹھنا (اَر۔محاورہ) کسی مقدّمے کے فیصلے کے لئے جرگہ اکٹھا ہونا۔
جَرگے (اُر۔ا۔مذ)(۱) جرگہ کی جمع (۲) جرگہ کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔
جرگے جمع ہونا (اَر۔محاورہ) پٹھانوں کے بہت سے گروہوں یا جماعتوں کا کسی اہم معاملے کے سلسلے میں اکٹھا ہونا یا سرجوڑ کر بیٹھنا۔
جرگے میں بھیجنا (اَر۔محاورہ) کوئی مقدّمہ سماعت یا فیصلے کے لئے جرگے کے سپرد کرنا۔
جِرم (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) جسم۔ بدن۔ دھڑ۔ تن۔ جُثّہ۔ جمع: اَجرام (۳) نگینے کا عیب۔
جُرم (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) قصور۔ خطا۔ تقصیر (۲) گناہ۔ خلاف قانون حرکت۔ ... فعل۔ جمع: جُرم و ... اجرام۔ اُردو میں جرائم مستعمل ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جُرمِ خفیف (ع۔ا۔مذ) معمولی جُرم۔ ہلکا جرم جو جرمانہ بھرنے سے مُعاف ہو جاتا ہے۔

جُرمِ سنگین (ع۔ا۔مذ) سخت جرم۔ بڑا جرم۔

جُرم کا اِرتکاب کرنا (اُر۔ محاورہ) قابلِ سزا کام کرنا۔ جرم کر بیٹھنا۔

جُرم کا اِقبال کرنا (اُر۔ محاورہ) قصور تسلیم کرنا۔ اپنے جرم کو مان لینا۔

جُرمِ کبیرہ (ع۔ا۔مذ) بڑا جرم۔ سنگین جرم۔

جُرمِ واجبُ القتل (ع۔ف۔ا۔مذ) جرم جس کی سزا میں مُجرم کو پھانسی دی جائے۔

جُرمانہ (جُر۔ما۔نَا) (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ رُوپیہ جو کسی جرم یا غلطی کی پاداش میں وصول کیا جائے۔ ڈنڈ۔ تاوان۔ مالی سزا۔

جُرمانہ بھرنا (اُر۔ محاورہ) ڈنڈ دے دینا۔ تاوان کی رقم ادا کر دینا۔

جرمن (انگ۔ صف) (German) جرمنی کا باشندہ۔ جرمنی سے منسوب (۲) (مؤنث) جرمن زبان۔

جرمن سِلور (انگ۔ا۔مث) (German silver) ایک مُرکّب دھات جو چاندی کی مانند سفید ہوتی ہے۔

جُرمیات (جُر۔مِی۔یات) (ع۔ا۔مذ) علمِ تفتیشِ جرائم۔ (Criminalogy)۔

جُرنا (ق۔مص) جذب کر لینا۔ خشک ہو جانا۔

جرنل (انگ۔ا۔مذ) (Journal) (۱) روزنامچہ (۲) روزنامہ۔ روزانہ اَخبار۔

جرنلزم (جر۔نل۔اِزم) (انگ۔ا۔مذ) (Journalism) صحافت۔ اَخبار نویسی۔

جرنلسٹ (جر۔نَ۔لِسٹ) (انگ۔ا۔مذ) (Journalist) صحافی۔ اَخبار نویس۔

جرنیل (انگ General کا مؤرّد۔ا۔مذ) فوج کا اعلیٰ عُہدیدار۔ سپہ سالار۔

جرنیلی (جر۔نے۔لی) (اُر۔صف) جرنیل سے منسوب۔ فوجی (۲) بڑی۔ وسیع۔

جرو (جَ۔رُو) (ق۔ا۔مذ) جھرنا۔ سوتا۔

جروا (جُر۔وا) (ہ۔ا۔ مؤنث) جورو کی تصغیر۔ بیوی۔ عورت۔

جروا (جر۔وا) (ق۔صف) کشید کی ہوئی شراب۔

جرونا (جَ۔رُو۔نا) (ق۔مص) ضبط کرنا۔

جرونا (جِ۔رُو۔نا) (ق۔مص) ہضم ہونا۔ پچنا۔

جُرّہ (جُر۔رَہ) (ف۔ا۔مذ) باز۔ ایک شکاری پرندہ۔

جَری (جَ۔رِی) (ع۔صف) نڈر۔ شیر دل۔ بہادر۔ شُجاع۔ دلاور۔

جَرَیان (جَر۔یان) (ع۔ا۔مذ) (۱) بہاؤ۔ بہنے کا عمل (۲) ایک مرض جس میں پیشاب کے ساتھ منی نکلتی ہے۔

جریانِ آب (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک زنانہ مرض۔ سیلانُ الرحم۔ لیکوریا۔

جَرِیب (جَ۔ریب) (ع۔ا۔مث) (۱) زمین ناپنے کا ایک پیمانہ (۲) عصا۔ لاٹھی (۳) گیہوں تولنے کا پیمانہ جو چوبیس سیر کے برابر ہوتا ہے (۴) زمین کا ایک بیگھے کے برابر ناپ (۵) چاندی کے خول والا عصا جو بادشاہوں کے چوب داروں کے پاس ہوتا تھا (۶) ریشم کی وہ ڈوری جس سے بادشاہوں کے جلوس کے ساتھ فاصلہ ناپا کرتے تھے۔

جریب پھینکنا (ڈالنا) (اُر۔ محاورہ) جریب سے زمین کی پیمائش کرنا۔

جریب چلانا (اُر۔ محاورہ) لاٹھی پھینکنا۔ ایک کھیل جس میں جس شخص کی لاٹھی سب سے زیادہ دُور جاتی ہے وہی جیتتا ہے۔

جریب کش (ف۔صف) وہ شخص جو جریب کھینچے۔ پیمائش کرنے والا۔ کھیت ناپنے والا۔

جریب کشی (ف۔ا۔مث) (۱) جریب کش کا پیشہ کام یا عُہدہ (۲) اَراضی کی پیمائش۔

جَرِیح (جَ۔ریح) (ع۔صف) زخمی۔ گھایل۔

جَرِید (جَ۔رید) (ع۔ا۔مذ) کھجور کی صاف ٹہنی (۲) ایک تُرکی کھیل جس میں نیزہ پھینکا جاتا ہے (۳) ایک قسم کا نیزہ۔

جَرِیدہ (جَ۔رِی۔دَہ) (ع۔صف) (۱) اکیلا۔ مُجرّد۔ مفرد۔ تنِ واحد (۲) (ا۔مذ) لکڑی جس پر شمار کے نشان بنے ہوں (۳) حساب کا دفتر (۴) بہی۔ حساب کی کتاب (۵) اَخبار۔ رسالہ۔ جمع: جرائد۔

جَرِیمہ (جَ۔رِی۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) گناہ۔ خطا۔ قصور۔ جُرم۔ جمع: جرائم۔

ج۔ڑ

جڑ (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) درخت کا وہ حصّہ جو زمین کے اَندر ہوتا ہے (۲) بیخ۔ بُن (۳) بُنیاد۔ بِنا۔ اصل۔ جمع: جڑوں۔ جڑیں۔

جڑ اُکھیڑنا (اُر۔ محاورہ) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ملیامیٹ کرنا۔ بیخ کنی کرنا۔

جڑ بُنیاد سے (اُر۔ متعلق فعل) بالکل جڑ سے۔

جڑ پاتال تک پہنچنا (اُر۔ محاورہ) جڑ بہت گہرائی تک اُتر جانا۔ پائدار ہونا۔

جڑ پکڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جم جانا۔ مضبوط ہو جانا (۲) پودے کا زمین میں جم جانا۔

جڑ جمانا (اُر۔ محاورہ) مضبوط کرنا۔ اِستحکام دینا۔ قائم کرنا۔

جڑ جمنا (اُر۔ محاورہ) مضبوط ہونا۔ قائم ہونا۔

جڑ سے بَیر پتّوں سے یاری (اُر۔ مثل) بُزرگوں سے دُشمنی اولاد سے دوستی۔

جڑ سے ناک کاٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پوری ناک کاٹنا (۲) بہت زیادہ ذلیل و خوار کرنا۔

جڑ کاٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) برباد کرنا۔ بُنیاد کھودنا (۲) کسی شخص یا کاروبار کی ترقّی کے بُنیادی ذرائع پر چوٹ لگانا۔

جڑ کاٹے جائیں پانی دیئے جائیں (اُر۔ مثل) اَندر خانے نُقصان کرتے رہیں اور بظاہر ہمدرد بنے رہیں۔

جُڑات (جُ۔ڑات) (ق۔ا۔مث) جُڑنا۔ وصل۔

جُڑاوَٹ (جُ۔ڑا۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) ہیرے جواہرات جڑنے کا کام۔ مرصّع کاری۔

جُڑاوَر (جڑاوَل) (جُ۔ڑا۔وَر) (جُ۔ڑا۔وَل) (ہ۔ا۔مث) جاڑے کے کپڑے۔ گرم کپڑے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جڑاؤ (جَ۔ڑا۔او)(و۔صف) جواہرات جڑا ہوا۔ مُرصّع۔

جڑائی (جَ۔ڑا۔ای)(و۔ا۔مث)(۱) جڑوانے کا کام۔ مرصّع کاری (۲) جڑنے کی مزدوری۔

جڑوپ (جَ۔ڑپ)(ق۔ا۔مث) جھاڑی۔

جڑت (جَ۔ڑت)(ق۔ا۔مث) مرصّع کاری۔

جڑنا (جڑ۔نا)(و۔مص)(۱) ملانا۔ جوڑنا (۲) کسی چیز کو کسی چیز میں بٹھانا (۳) مارنا۔ لگانا۔ جمانا (تھپڑ وغیرہ) (۴) نالش کرنا (۵) غیبت کرنا (۶) شکایت کرنا۔

جڑنا (جڑ۔نا)(و۔مص)(۱) چپکنا۔ چسپاں ہونا (۲) پیوند ہونا (۳) مباشرت کرنا (۴) شامل ہونا۔ شریک ہونا (۵) حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا (۶) جمع ہونا (۷) گاڑی وغیرہ میں جُتنا۔

جڑوات (جڑ۔وات)(ق۔ا۔مث) جڑنا کا عمل۔ وصل ہونا۔

جڑواں (جڑ۔واں)(و۔صف)(۱) دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں۔ توام بچے (۲) دو چیزیں جو آپس میں ملی ہوئی ہوں۔

جڑوانا (بفتح اوّل)(و۔مص) جڑنا کا متعدی۔ جواہرات یا نگینے لگوانا۔ مرصّع کاری کروانا۔

جڑوانا (بضم اوّل) جوڑنا کا متعدی المتعدی۔ ملوانا۔ چپکوانا۔ لگوانا۔ اکٹھا کرانا۔ جمع کرانا۔ شامل کرانا۔ گاڑی وغیرہ میں بیل یا گھوڑا لگوانا۔

جڑوں (جَ۔ڑوں)(و۔ا۔مذ) جڑ کی جمع۔

جڑوں میں پانی دینا (ار۔محاورہ) نقصان پہنچانا۔ تباہی کی سازش کرنا۔

جڑی (جَ۔ڑی)(و۔ا۔مث)(۱) وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو (۲) مرچی کھنڈ کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر زہر مُہرے کا کام دیتی ہے۔

جڑی بوٹی (و۔ا۔مث) کسی درخت کی وہ جڑ، پھول اور پتے وغیرہ جو دوا کے کام آتے ہیں۔

جڑیا (جڑ۔یا)(و۔ا۔مذ)(۱) زیورات میں نگینے وغیرہ جڑنے والا۔ جوہری (۲) آشنا۔ یار (۳) حامی۔ مددگار۔

جڑیٹھا (جڑیلا) (جَ۔ڑی۔ٹھا)(جَ۔ڑی۔لا)(و۔صف) وہ مولی شلغم یا چقندر جس میں جڑیں نکل آئی ہوں۔

ج۔ز

جُز (بضم اوّل)(ع۔ا۔مذ)(جزو کا مخفف)(۱) حصّہ۔ ریزہ۔ پارہ۔ ٹکڑا (۲) سولہ صفحوں کا مجموعہ۔ جمع: اجزا۔

جز بندی (ف۔ا۔مث) کتاب کے اجزا کو جلد بندی کے لئے سینا۔

جزدان (ف۔ا۔مذ) بستہ جس میں کتابیں رکھی جاتی ہیں۔

جزرس (ف۔صف)(۱) بخیل۔ کنجوس (۲) کفایت شعار (۳) ذہین۔ نکتہ رس۔

جزرسی (ف۔ا۔مث)(۱) کنجوسی (۲) کفایت شعاری (۳) ذہانت۔

جز وقتی (ف۔ار۔صف) تھوڑے وقت کے لئے۔ پارٹ ٹائم۔

جُز (بضم اوّل)(ف۔حرف ربط) سوائے۔ علاوہ۔ بغیر۔ بدون۔ بن۔

جزا (جَ۔زا)(ع۔ا۔مث)(۱) نیکی کا بدلہ جو آخرت میں ملے گا۔ ثواب۔ انعام۔ اجر (۲) صرف و نحو میں فقرے کا شرط کے بعد آنے والا حصّہ۔

جزاک اللہ خیرًا (ع۔دعا)(۱) خدا تجھے اس نیکی کا اچھا صلہ دے (۲) شاباش! مرحبا! (۳) (طنزاً) واہ! شاباش! خوب!

جزائر (جَ۔زا۔اِر)(ع۔ا۔مذ) جزیرہ کی جمع۔

جزبز (ف۔صف) خفا۔ ناراض۔ آزردہ۔

جزبز ہونا (ار۔مص مُرکّب)(۱) ناک بھوں چڑھانا۔ آزردہ ہونا (۲) جلنا۔ کُڑھنا۔ ناراض ہونا (۳) بدلہ لینے میں عاجز رہنا۔

جزر (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) سمندر کے پانی کا اُتار۔

جزرومد (ع۔ا۔مذ) جوار بھاٹا۔ چاند کی کشش کے سبب سمندر میں اُتار چڑھاؤ۔

جزع (جَ۔زع)(ع۔ا۔مث) بے صبری۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔

جزع فزع (ع۔ا۔مث) رونا پیٹنا۔ گریہ و زاری۔

جزم (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔صف)(۱) پکّا۔ مصمّم۔ مضبوط۔ اٹل (۲) حرف کو ساکن کرنا (۳) ساکن حرف پر ڈالی جانے والی علامت (ْ)۔

جزو (بضم اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے جز۔

جزو بدن ہونا (ار۔محاورہ) خوراک کا ہضم ہو کر خون میں شامل ہونا۔

جزو عظیم (اعظم) (ع۔ا۔مذ) بڑا حصّہ۔ بنیادی یا اہم حصّہ۔

جزو کُل (ع۔صف) کُل چیز۔ تمام۔ پُورے کا پُورا۔ سب کا سب۔ سرتا سر۔

جزو لایتجزیٰ (جز۔و۔لا۔یَ۔تَ۔جز۔زا)(ع۔ا۔مذ) وہ جز جس کے مزید ٹکڑے یا اجزا نہ ہوسکیں۔ مادّے کا سب سے چھوٹا حصّہ جو آگے تقسیم نہ ہوسکے۔

جزو لاینفک (لا۔یَن۔فک)(ع۔ا۔مذ) وہ حصّہ جو علیحدہ نہ ہوسکے۔ اٹوٹ انگ۔

جزوی (جزئی) (جز۔وی)(جز۔ای)(ع۔صف)(۱) خال خال (۲) کچھ۔ چند (۳) خاص۔ مخصوص (۴)(ا۔مؤنث) بہت تھوڑی سی چیز۔

جزئیات (جزویات) (جز۔ای۔یات)(جز۔وی۔یات)(ع۔ا۔مذ) جزوی کی جمع (۱) فروعات (۲) افراد (۳) حصّے (۴) چھوٹے چھوٹے اُمور۔

جزیرہ (جَ۔زی۔رہ)(ع۔ا۔مذ) خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔ ٹاپو۔ دیپ۔ جمع: جزائر۔

جزیرہ نما (ع۔ف۔ا۔مذ) خشکی کا وہ قطعہ جس کے تین طرف پانی اور چوتھی طرف خشکی ہو۔

جزیہ (جز۔یہ)(ع۔ا۔مذ) وہ ٹیکس جو اسلامی حکومت میں غیر مسلموں سے لیا جاتا تھا۔ بچّے، عورتیں، بوڑھے اور مذہبی پیشوا مستثنیٰ تھے۔

ج۔س

جس (و۔ا۔مذ)(بفتح اوّل)(۱) حُسن۔ وصف۔ خوبی (۲) اثر۔ برکت (۳) شکتی۔ طاقت۔ زور (۴) ناموری۔ شہرت (۵) ساکھ۔ اعتبار (۶) آبرو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عزّت (۷) نیک نامی (۸) ثواب (۹) اِستعداد۔ لیاقت۔
جَس پر مرنا (و۔ محاورہ) نیک نامی، ناموری اور شہرت کی تمنا رکھنا۔
جَس کرنا (و۔ محاورہ) نام پیدا کرنا۔ شہرت حاصل کرنا۔
جَس (فتح اوّل) (و۔ صف) (۱) جیسا۔ جس قسم کا (۲) جیسے۔ جس طرح۔
جَس کیا تَس پایا (و۔ مثل) جیسا تُو نے کام کیا ویسا ہی بدل یا صِلہ مل گیا۔
جِس (بکسر اوّل) (و۔ ضمیر موصولہ) جو۔ وہ۔ اِس۔ جونسا۔
جِس برتن (ہانڈی) میں کھائے اُسی میں چھید کرے (اُر۔ مثل) کمینہ آدمی جس سے فائدہ اُٹھاتا ہے اُسی کے ساتھ بدی کرتا ہے۔
جِس پاس (اُر۔ متعلق فعل) (۱) جس کے قبضے میں۔ جس کے قابو میں۔
جِس پر (اُر۔ متعلق فعل) (۱) تو بھی (۲) پھر بھی (۳) بعد ازاں۔ تو۔ تب۔ پھر۔
جِس پر بھی (اُر۔ متعلق فعل) (۱) باوجودیکہ۔ تو بھی (۲) ساتھ اس کے۔ اس پر بھی۔
جِس تِس (اُر۔ متعلق فعل) ہر ایک۔ یگانہ و بے گانہ۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ بھلا بُرا۔ ہر قسم کا۔
جِس تن لاگے وہی تن جانے (و۔ مثل) جس پر مصیبت پڑی ہو وہی اُس کا حال جانتا ہے۔ دُوسروں کو کیا پتا۔
جِس ٹہنی پر بیٹھے اُسی کو کاٹے (اُر۔ مثل) دیکھئے جس برتن میں کھائے اُسی میں چھید کرے۔
جِس جِس (و۔ متعلق فعل) ہر شخص۔ ہر چیز۔ ہر ایک۔
جِس جِس جگہ (اُر۔ متعلق فعل) جہاں کہیں۔ جہاں بھی۔
جِس درخت کے سائے میں بیٹھے اُسی کی جڑ کاٹے (جس ڈالی پر بیٹھیں اُسی کی جڑ کاٹیں) (اُر۔ مثل) دیکھئے جس برتن میں کھائے۔
جِس دم (اُر۔ متعلق فعل) جب۔ جس وقت۔ جس گھڑی۔ ہر گاہ۔ جب۔
جِس راہ نہیں چلنا اُس کے کوس کیا گِنتا (اُر۔ مثل) جس کام کو کرنا ہی نہیں اُس کے متعلق سوچنا بے فائدہ ہے۔
جِس شہر میں پھول بیچیے وہاں دُھول نہ اُڑائیے (اُر۔ مثل) جس جگہ عزت سے وقت گزارا ہو، بے عزتی کے وقت وہاں سے کنارہ کر جانا چاہئے۔
جِس طرح بیٹھے ہو اُسی طرح چلے آؤ (اُر۔ مثل) فوراً، جلد از جلد آ جاؤ۔
جِس طرح پیٹھ دکھائے جاتے ہو اِسی طرح مُنہ دکھانا (اُر۔ مثل) کوئی عزیز سفر پر جا رہا ہو تو اُس کی واپسی کے بارے میں یہ کہہ کر نیک خواہشات کا اظہار کیا جاتا ہے۔
جِس قدر (اُر۔ متعلق فعل) جتنا (مقدار ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے)۔
جِس کا بنیا یار اُس کو دُشمن کیا درکار (اُر۔ مثل) بنیا دوستی کے پردے میں لوٹتا ہے۔
جِس کا جائے (جاوے) وہی چور کہائے (کہاوے) (اُر۔ مثل) جس کا نقصان ہوا ہو وہی ملزم ٹھہرے۔
جِس کا چکنا دیکھا پھسل پڑے (اُر۔ مثل) جہاں فائدہ دیکھا وہیں پہنچ گئے۔ اِبنُ الوقت کی نسبت کہتے ہیں۔

جِس کا حال دیکھئے، اُس کا اَحوال کیا پُوچھیے (اُر۔ مثل) جس کی ظاہری حالت ہی سے تباہ حالی آشکارا ہو، اُس سے حال چال دریافت کرنے کی کیا ضرورت۔
جِس کا ڈر وہی نہیں گھر (اُر۔ مثل) شوہر گھر میں موجود نہیں۔ بیوی کے لئے کُھلی چھٹی ہے۔
جِس کارن مُونڈ مُنڈایا وُہی دُکھ آگے آیا (و۔ مثل) جس تکلیف کو دُور کرنے کے لئے ذلّت آمیز کام کیا وُہی دُور نہ ہوئی۔
جِس کا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے (اُر۔ مثل) جو کام جانتا ہو وہی کر سکتا ہے۔ اناڑیوں کے کرنے سے جگ ہنسائی کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔
جِس کا کوئی نہیں اُس کا خُدا (اُر۔ مثل) غریبوں کا خدا مددگار ہے۔
جِس کا کھانا اُسی پر غرّانا (اُر۔ مثل) جس سے فائدہ اُٹھانا اُسی پر غصّہ کرنا۔
جِس کا کھائیے اُس کا گائیے (اُر۔ مثل) جس سے فائدہ پہنچے اُس کی خیر خواہی کرنی چاہئے۔
جِس کا مُنہ نہیں دیکھا اُس کے تلوے دیکھے (اُر۔ مثل) جس سے نفرت تھی اُسی کی خوشامد کرنی پڑی۔
جِس کا یار کوتوال اُس کو ڈر کاہے کا (اُر۔ مثل) جس شخص کے اَفسروں سے تعلقات ہوں اُسے کسی بات کا ڈر نہیں ہوتا۔
جِس کر کے (اُر۔ متعلق فعل) جس کی وجہ سے۔ جس کے لئے۔
جِس کو پیا چاہے وُہی سُہاگن (اُر۔ مثل) (۱) جسے خاوند پسند کرے اُسے سُہاگن سمجھنا چاہئے (۲) جسے حاکم پسند کرتے ہیں وہی مزے میں رہتا ہے۔
جِس کو راکھے سائیاں مار نہ سا کے کو۔ بال نہ بیکا کر سکے سب جگ بیری ہو (و۔ مثل) جس کو خُدا سلامت رکھے اُسے کوئی نہیں مار سکتا۔
جس کا اللہ نگہبان ہو اُسے ساری دُنیا کی دُشمنی بھی نقصان نہیں پہنچا سکتی۔
جِس کی آنکھ نہیں اُس کی ساکھ نہیں (اُر۔ مثل) جس کی آنکھ میں مروّت نہیں اُس کا اعتبار نہیں کیا جاسکتا۔
جِس کی تیغ اُس کی دیگ (اُر۔ مثل) مال و دولت اور عیش و نشاط زبردست کے لئے ہے۔
جِس کی جُوتی اُسی کے سر (اُر۔ مثل) جس کی چیز تھی اُس پر خرچ کر دی۔
جِس کی جورُو اندر اُس کا نصیبہ سکندر (اُر۔ مثل) جو عورت گھر گرہستن ہو اُس کے شوہر کا نصیب اچھا ہوتا ہے۔
جِس کی سیرت اچھی نہیں، اُس کی صورت کا کیا دیکھنا (اُر۔ مثل) بدخو یا بُرے انسان سے کیا ملنا جلنا۔
جِس کی فِکر اُس کا ذِکر (اُر۔ مثل) جس شخص یا معاملے کا خیال لگا ہو انسان اُسی کا بار بار ذکر کرتا رہتا ہے۔
جِس کی گود میں بیٹھنا اُسی کی ڈاڑھی کھسوٹنا (اُر۔ مثل) جس سے فائدہ اُٹھانا اُسی کو نقصان پہنچانا۔
جِس کی لاٹھی اُس کی بھینس (اُر۔ مثل) جس کے پاس طاقت ہوتی ہے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وہی قابض ہو جاتا ہے۔ زبردست جو چاہے لے سکتا ہے۔

جس کی نہ پھٹی ہو بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی (اَر۔مثل) جس کی کبھی ایڑی (بوائی) بھی نہ پھٹی ہو اُسے دُوسرے کی تکلیف کا کیا اِحساس ہو گا۔ جس پر کبھی معمولی مُصیبت بھی نہ پڑی ہو وہ دُوسروں کی مُصیبت اور تکلیف کا اندازہ نہیں کر سکتا۔

جس کی یہاں چاہ اُس کی وہاں بھی چاہ (اَر۔مثل) اچھوں کو جلد موت آجاتی ہے۔ خُدا بھی اچھوں ہی کو چاہتا ہے۔

جس کے پاس نہیں پیسا' وہ بھلا مانُس کیسا؟ (اَر۔مثل) عزت مال و دولت سے ہوتی ہے۔

جس کے پیسا نہیں ہے پاس اُس کو میلا لگے اُداس (اَر۔مثل) نادار آدمی کو کچھ اچھا نہیں لگتا۔

جس کے پیچھے میں "بان" وہ بڑا شیطان (اَر۔مثل) اکثر گاڑیبان' فیل بان وغیرہ شرارتی ہوتے ہیں۔

جس کے چار بھیا' ماریں دَھول چھین لیں رُوپیا (اَر۔مثل) جس کے کچھ ساتھی ہوں وہ جو چاہے کرے۔

جس کے دیکھے تپ آوے' وُہی موہے بیاہن آوے (ہ۔مثل) جس کو دیکھنے سے بُخار آتا ہے' وُہی مجھے بیاہنے آتا ہے۔ جس سے نفرت ہے اُسی سے پالا پڑ رہا ہے۔

جس کے سر پر پڑتی ہے' وُہی جانتا ہے (اَر۔مثل) جس پر مُصیبت پڑتی ہے اُسی کو اُس کا اندازہ ہوتا ہے۔

جس کے کارن جوگن بھئی وہ سیاں پردیس (اَر۔مثل) (۱) جس سے محبت ہے اُسے پروا نہیں۔ جس کے لئے مُصیبت اُٹھانی پڑ رہی ہے وہ دُور ہے۔

جس کے ہاتھ ڈوئی اُس کے سب کوئی (اَر۔مثل) جس سے فائدے کی اُمید ہو لوگ اُسی کا ساتھ دیتے ہیں۔

جس گھر بوڑھا نہ بڑا' وہ گھر ڈگمگ ڈگا (ہ۔مثل) جس گھر میں عُمر رسیدہ یا تجربہ کار آدمی نہیں ہوتا وہ تباہ ہو جاتا ہے۔

جس گھر ناری پھوہڑی' اوہ گھر جانو کوڑی (ہ۔مثل) جس گھر میں عورت پھوہڑ (بدسلیقہ) ہو گی وہ گندہ اور غلیظ رہے گا۔

جس گھر میں سمپت نہیں' تا سو بھلا بدیس (ہ۔مثل) جس گھر (دیس۔ وطن) میں خوش حالی نہ ہو اُس سے (تا سو) پردیس اچھا۔

جس مُنہ سے پان کھائیے اُس مُنہ سے کوئلے نہ چبائیے (اَر۔مثل) (۱) اپنی زبان سے جس کو ایک دفعہ اچھا کہہ دو اُسے پھر بُرا نہ کہو۔ جس سے نیکی کرتے رہو اُس سے بدی نہ کرو۔

جس میں چمک نہیں وہ ہیرا نہیں' جس میں دمک نہیں وہ عورت نہیں (اَر۔مثل) چیز اپنی خوبیوں کے بغیر بیکار ہوتی ہے۔

جس نے اپنی اُتار لی اُسے دُوسروں کی اُتارتے کیا ڈر لگتا ہے (اَر۔مثل) مُفسدے اور لُچے جنھوں نے اپنی آبرو کی پروا نہ کی وہ دُوسروں کی عزت کی کیا پروا کریں گے۔

جس نے بھونکنا سکھایا' اُسی کو کاٹنے دَوڑے (اَر۔مثل) اِحسان فراموش اور مُحسن کُش آدمی پر یہ مثل کہی جاتی ہے۔

جس نے بیٹی دی اُس نے رکھا کیا (اَر۔مثل) جس نے بیٹی بیاہ دی تو اُس نے سب کچھ دے دیا۔ غریب سمدھی کے متعلق کہا جاتا ہے۔

جس نے چیرا اُس نے نیرا (وہی نیرے گا) (اَر۔مثل) جس نے پیدا کیا ہے وہی کھانے کو بھی دے گا۔

جس نے دیا اُس نے پایا (اَر۔مثل) جو خُدا کے نام پر دیتا ہے' اُسے اُس کا اجر ملتا ہے۔

جس نے کوڑا دیا وہ گھوڑا بھی دے گا (اَر۔مثل) جس خُدا نے تھوڑا دیا ہے وہ زیادہ بھی دے دے گا۔

جس نے کی بے حیائی' اُس نے کھائی دودھ ملائی (جس نے کی شرم' اُس کے پھوٹے کرم) (اَر۔مثل) بے حیا اِنسان مزے میں رہتا ہے۔ جو شرم کرتا ہے وہ محروم رہ جاتا ہے۔

جس نے لگائی وُہی بُجھائے گا (اَر۔مثل) (۱) جس نے شرارت کی ہے وہی اُس کا اثر دُور کر سکتا ہے (۲) جو تکلیف خُدا نے دی ہے اُسے وہی رفع کر سکتا ہے۔

جس نے نہ دیکھا ہو شیر (باگھ) وہ دیکھے بلائی۔ جس نے نہ دیکھی ہو بہن وہ دیکھے بھائی۔ جس نے نہ دیکھا ہو جم وہ دیکھے جنوائی (ہ۔مثل) بلی شیر کی ہم شکل ہوتی ہے۔ بہن بھائی جیسی اور داماد دوزخ کے دیوتا (جم یا یَم) جیسا ہوتا ہے۔

جس ہانڈی میں کھائیں اُسی میں چھید کریں (اَر۔مثل) دیکھئے جس برتن میں کھائے۔

جسارت (جَ۔سا۔رَت) (ع۔ا۔مث) مردانگی۔ دلیری۔ جُرأت۔ شُجاعت۔ جواں مردی۔ بے باکی۔ دلاوری۔ حوصلہ۔

جسامت (جَ۔سا۔مَت) (ع۔ا۔مث) (۱) جسیم ہونا (۲) موٹاپا۔ مُٹاپا۔ فربہی (۳) عرض' طول اور عُمق (۴) ڈیل ڈول۔

جست (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مذ) ایک سخت نیلگوں دھات۔ جستہ۔ زنک۔

جست (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مث) چھلانگ۔ پھلانگ۔ چوکڑی۔ کود پھاند۔

جست بھرنا (اَر۔محاورہ) چھلانگ مارنا۔ چوکڑی بھرنا۔

جست و خیز (ف۔ا۔مث) اُچھلنا کُودنا۔

جستجو (جُست۔جُو) (ف۔ا۔مث) ڈھونڈ ڈھانڈ۔ تلاش۔ تجسس۔

جستہ جستہ (جَس۔تہ۔جَس۔تہ) (ف۔تابع فعل) کم کم۔ کہیں کہیں سے۔ تھوڑا تھوڑا۔

جسٹس [illegible] (۱) [illegible] عالیہ کا جج (۲) اِنصاف۔ عدل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جَسَد (جَ۔سَد)(ع۔ا۔مذ) بدن۔ تن۔ جسم۔ جمع: اَجساد۔

جِسم (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) بدن۔ تن۔ پنڈا۔ ڈیل۔ جمع: اَجسام۔ اُردو جمع: جسم۔ جسموں۔

جِسمانی (جِس۔ما۔نی)(ع۔صف)(۱) جسم سے متعلق۔ بدنی (۲) مادّی۔

جسمانی سزا (ع۔ف۔ا۔مث) ایسی سزا جس کا اثر جسم پر پڑے۔

جِسمانیّت (جِس۔ما۔نی۔یَت)(ع۔ا۔مث) جسم ہونے کی حالت۔ مادّیت۔

جِسمی (جِس۔مِی)(ع۔صف) جسم کے متعلق۔ بدنی۔ جسمانی۔

جَسُور (جَ۔سُور)(ع۔صف) بہادُر۔ دلیر۔ جرأت مند۔

جِسے (ہ۔ضمیر موصولہ) جس کو۔

جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے۔ دیکھئے جس کو راکھے سائیاں۔

جَسِیلا (جَ۔سے۔لا)(ق۔صف) جَس والا۔ نامور۔ مشہور۔

جَسِیم (جَ۔سِیم)(ع۔صف) تنومند۔ موٹا۔ فربہ۔

ج۔ش

جَشن (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) خوشی کا جلسہ، محفل یا دعوت (۲) خوشی کا دن۔ روزِ عید (۳) مسرت۔ شادمانی (۴) لہر بہر (۵) تہوار۔ اُردو جمع: جشن۔ جشنوں۔

جشن اُڑانا (اُر۔محاورہ) مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔ لطف اُٹھانا۔ (فعل لازم: جشن اُڑنا)۔

جشنِ مُورگ (ف۔ا۔مذ) پارسیوں کا فروردین کے مہینے کا چھٹا دن (۲) نو روز کا دن۔

جشنِ طلائی (ف۔ا۔مذ) وہ جشن جو پچاس سال کے بعد ہو۔ (Golden Jubilee)

جشنِ سیمیں (ف۔ا۔مذ) وہ جشن جو پچیس سال بعد منایا جائے۔ (Silver Jubilee)

جشن کرنا (منانا۔ ہونا)(اُر۔محاورہ) خوشی منانا۔ ناچ رنگ کی محفل رچانا۔

ج۔ع

جَعد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) سر کے بالوں کی لٹ (۲) چوٹی۔ جوڑا (۳) گھنگریالے بال۔

جعدِ مُشکیں (ع۔ف۔ا۔مذ) گھونگریالے سیاہ بال۔ سیاہ چوٹی۔

جَعفری (جَع۔فَ۔ری)(ع۔ا۔مث) ایک زرد پھول۔ گیندا۔ گُلِ اشرفی (۲) خالص سونا (۳) ٹھاٹر۔ ٹٹی۔ لکڑی یا لوہے کا جال (۴) ایک قسم کا نقرہ (۵)(صف) حضرت امام جعفرؑ سے منسوب۔ حضرت امام جعفرؑ کی اولاد (۶)(مجازاً) زرد رنگ۔

جَعل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا (۲) بناوٹ (۳) نقلی چیز کو اصلی ظاہر کرنا (۴) جھوٹ۔ کھوٹ۔

جعل بنانا (کرنا)(اُر۔محاورہ)(۱) جھوٹی دستاویز تیار کرنا (۲) جھوٹے دستخط یا مُہر بنانا (۳) کسی چیز کی نقل کرنا (۴) جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا۔

جعل ساز (ع۔ف۔صف)(۱) دھوکے باز۔ دغاباز (۲) شریر۔ بدمعاش۔

جعل سازی (ع۔ف۔ا۔مث) دھوکے بازی۔

جَعلی (جَع۔لی)(ع۔صف)(۱) نقلی۔ مصنوعی (۲) جھوٹا۔ جھوٹی۔

جَعلیا (جَع۔لیا)(اُر۔صف) جعل ساز۔ فریبی۔

ج۔غ

جُغاوری (ہ۔صف) دیکھئے جگاوری۔

جُغرات (جُغ۔رات)(ف۔ا۔مذ) دہی۔ دوغ۔

جُغرافیائی (جُغ۔را۔ف۔یا۔ای)(ف۔صف) جغرافیہ کے متعلق۔

جُغرافیہ (جُغ۔را۔ف۔یہ)(ع۔ا۔مذ) وہ علم جو سطحِ زمین، اُس کی آبادی، نباتات، حیوانات اور طبعی تقسیم کے حالات بتائے۔

ج۔ف

جَفا (جَ۔فا)(ف۔ا۔مث) ظلم۔ زیادتی۔ تشدّد۔ ناانصافی۔

جفا پیشگی (جوئی۔ شِعاری۔ کاری۔ گستری)(ف۔ا۔مث)(۱) وہ حرکتیں جن سے ظلم، زیادتی اور ناانصافی کی جائے (۲) معشوق کی زیادتیاں۔

جفا پیشہ (جو۔ شِعار۔ کار۔ گستر)(ف۔صف)(۱) ظالم۔ زیادتی کرنے والا۔ انصاف نہ کرنے والا۔ ستانے والا (۲) معشوق۔

جفا جھیلنا (ف۔اُر۔محاورہ) ظلم یا زیادتی برداشت کرنا۔

جفا طلب (ف۔صف) محنت مشقت چاہنے والا۔ مشکل کام۔

جفا کش (ف۔صف)(۱) محنتی۔ جو بے تکان محنت مشقت کرے (۲) سختیاں برداشت کرنے والا۔

جفا کفا (ف۔ا۔مث) ظلم و ستم۔ محنت و مصیبت۔ آفت و سختی (۲) فاقہ کشی۔

جفا کفا اُٹھانا (اُر۔محاورہ)(۱) سختیاں جھیلنا (۲) مصیبتیں اُٹھانا۔ ظلم اور زیادتی اُٹھانا۔

جُفت (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) دو چیزیں۔ جوڑا۔ جوڑ۔ طاق کی ضد (۲) جوتوں کی جوڑی (۳) ہم سر۔ ہم پایہ۔ ثانی (۴) وہ عدد جو دو پر پُورا تقسیم ہو جائے (۵) مجیرا (کیونکہ دو ہوتے ہیں)۔

جفت ساز (ف۔ا۔مذ) موچی۔ جوتے بنانے والا۔

جفت سازی (ف۔ا۔مث)(۱) جوتے بنانے کا پیشہ۔ موچی کا کام (۲) مجیرا بجانا۔

جُفتہ (جُف۔تہ)(ف۔صف)(۱) جُھکا ہوا۔ خمیدہ (۲)(ف۔ا۔مذ) شکن۔ سلوٹ۔ جھری (۳) داغ۔ دھبا (۴) دراڑ۔ شگاف۔ اُر جمع: جفتوں۔ جفتے۔

جُفتی (جُف۔تی)(ف۔ا۔مث)(۱) نر اور مادہ کا ملنا (۲) فغا جو درمیان سے دوہرا ہو جاتا ہے۔ جفتی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھتی کرنا (کھانا) (اُر۔ محاورہ) نَر اور مادہ کا ایک دُوسرے سے مِلنا۔

جُفتے (جُف۔تے) (اُر۔ اِ۔مذ) جفت کی اُردو جمع۔

جُفتے پڑنا (اُر۔ محاورہ) شکنیں پڑنا۔ سلوٹیں پڑنا (۲) تار تار ہونا (۳) نام کو بٹا لگنا۔ سُبکی ہونا (۴) باریک کپڑے کے دُھلنے میں چرسیں پڑ جانا۔

جَفَر (جَ۔فَر) (ع۔اِ۔مذ) ایک عِلم جس سے غیب کا حال بتلایا جاتا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منسوب ہے۔

ج۔ک

جِکّچ (جِ۔کچ) (ق۔ متعلق فعل) جو کچھ۔

جَکڑ بند (جَ۔کڑ۔بند) (ہ۔صف) کسا ہوا۔ مضبوط بندھا ہوا (۲) کھچا ہوا۔ تنا ہوا (۳) (ہ۔اِ۔مؤنث) گرفت۔ پکڑ۔ روک (۴) گٹھیا۔ وجع المفاصل۔ جوڑوں کا درد۔

جَکڑ جانا (ہ۔ محاورہ) (۱) اینٹھنا۔ اکڑ جانا۔ سخت ہو جانا (۲) قریبی تعلق ہونا۔

جَکڑنا (جَ۔کڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) کس کر باندھنا۔ مضبوط باندھنا۔ (۲) ہتھکڑی لگانا (۳) مشکیں باندھنا۔

ج۔گ

جگ (بالفتح) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) دُنیا۔ سنسار۔ عالم۔ جہان (۲) مخلوق۔ لوگ (۳) ہندوؤں کی ایک مذہبی رَسم۔ ہون۔ پُوجا (۴) یگیہ۔ ضیافت۔

جگ اُجال (ہ۔صف) دُنیا کو روشن کرنے والا۔ عالم افروز۔

جگ بیتی (ہ۔اِ۔مث) (۱) دُنیا کی سرگزشت (۲) زمانے کے حالات۔ قِصّہ کہانی۔

جگ جیتنا (ہ۔مص مُرکّب) دُنیا کو فتح کر لینا۔

جگ درشن کا میلا ہے (ہ۔مثل) (۱) یہ دُنیا بس دیکھنے ہی میں خوبصورت معلوم ہوتی ہے (۲) ملتے جُلتے رہنے سے ہی کام بنتے ہیں۔

جگ کی ماں جہان کی خالہ (اُر۔مثل) اُس عورت کے بارے میں طنزاً کہتے ہیں جو گھر گھر پھرتی ہو اور لوگوں کی خوشامد کر کے کام نکالتی ہو۔

جگ میں دیکھت ہی کا ناتا ہے (ہ۔مثل) (۱) دُنیا میں میل جول سے تعلق بڑھتا ہے (۲) دُنیا میں ظاہر داری ہی ظاہر داری ہے۔

جگ ہنسائی (ہ۔اِ۔مث) دُنیا کا ہنسنا۔ عام رُسوائی۔ بدنامی۔

جگ ہنسائی کرنا (جگ ہنسائی ہونا) (ہ۔محاورہ) کوئی ایسی حرکت سرزد ہونا جس پر لوگوں کو ہنسنے یا ذلیل و رُسوا کرنے کا موقع مِل جائے۔

جگ (JUG) (انگ۔اِ۔مذ) قرابہ۔ پانی وغیرہ رکھنے کا دستے والا برتن۔

جُگ (ہ۔اِ۔مذ) س: یُگ (۱) زمانہ۔ عہد۔ دَور۔ قرن۔ مدت۔ عرصہ (۲) پیڑھی۔ پشت (۳) چوسر کے کھیل میں دو نردوں کا ایک خانے میں اکٹھا ہو جانا (۴) وہ ڈورا جو کوتا یا کپڑا بُننے والے تاروں کو ایک دُوسرے سے جُدا رکھنے کے لئے تانے میں ڈالتے ہیں (۵) ایک پیمانہ جو چار ہاتھ کے برابر ہوتا ہے (۶) ہندوؤں کے مطابق دُنیا کے چار زمانوں (ست جگ، ترتیا جگ، دوا پر جگ اور کل جگ) میں سے ایک زمانہ (۷) پانچ ہزار سال کا عرصہ۔

جگ پھوٹنا (ٹوٹنا) (ہ۔محاورہ) (۱) چوسر میں دو گوٹوں یا نردوں کا جُدا ہونا (۲) نا اتفاقی ہونا۔ پھوٹ پڑ جانا۔

جگ پھوڑنا (توڑنا) (ہ۔محاورہ) ایسے حالات پیدا کرنا کہ نا اتفاقی ہو جائے۔

جگ جگ (ہ۔متعلق فعل) ہمیشہ۔ ہمیش۔ مدام۔ سدا۔

جگ جگ جیا کرو۔ دُودھ بتاشے پیا کرو (اُر۔دُعا) بڑی عُمر پانے اور سُکھ سے رہنے کی دُعا۔ زندہ رہو اور خوش رہو۔

جگ جگ جیو (اُر۔کلمہ دُعا) (۱) بڑی عُمر ہو۔ ہمیشہ جیتے رہو۔

جگ ڈالنا (ڈال دینا) (ہ۔محاورہ) (۱) کوٹ بنتے میں دھاگا ڈالنا (۲) مطلب حاصل کرنے کے لئے کوئی تدبیر کرنا۔

جگا جگا کر رکھنا (اُر۔محاورہ) سجا کر رکھنا۔ احتیاط سے رکھنا۔ سنبھال کر رکھنا۔

جگاڈری (جُ۔گا۔ڈ۔ری) (ہ۔صف) (۱) بہت پُرانا انسان یا حیوان۔ گھاگ۔ گرگِ باراں دیدہ (۲) پُرانا اور قد آور (عموماً بندر کے لئے بولتے ہیں)۔

جگالنا (جُ۔گال۔نا) (ہ۔مص) چوپایوں کا اپنے پیٹ میں سے چارہ مُنہ میں لا کر چبانا۔ جگالی کرنا۔

جگالی (جُ۔گا۔لی) (ہ۔اِ۔مث) حیوانات کا اپنے چارے کو معدے میں سے نکال کر مُنہ میں چبانا۔

جگان (جُ۔گان) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) دُھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھڑی یا لادی (۲) مَیلے کپڑے دھونے کا عمل۔ دُھلائی (۳) دُھلائی کا دن۔

جگانا (جَ۔گا۔نا) (ہ۔مص) (۱) نیند سے اُٹھانا (۲) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا (۳) اُکسانا۔ روشن کرنا (۴) پھیکے یا مدھم حروف یا ہلکی لکیر کو روشن کرنا (۵) سونے نہ دینا۔

جگانا (جُ۔گا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ترتیب سے رکھنا (۲) احتیاط سے رکھنا (۳) امداد کے بدلے میں امداد کرنا۔

جگت (جَ۔گت) (س۔اِ۔مذ) جگ۔ دُنیا۔ سنسار۔ جہان۔ عالم۔ زمانہ (۲) اِنسان۔ حیوان۔ مخلوقات (۳) بند۔ پشتہ (۳) (ہ۔اِ۔مث) کنوئیں کی مینڈھ (۴) (صف) چلنے والا۔ متحرک۔

جگت آشنا (ہ۔ف۔صف) لوگوں سے زیادہ میل جول رکھنے والا۔

جگت اُستاد (ہ۔ف۔صف۔و۔اِ۔مذ) (۱) بہت بڑا کاریگر (۲) مانا ہوا اُستاد۔

جگت سالا (ہ۔اِ۔مذ) (۱) رنڈی کا بھائی۔ ایک گالی (۲) ذلیل شخص۔

جگت سیٹھ (ہ۔اِ۔مذ) (۱) بڑا بھاری ساہوکار (۲) بہت زیادہ مالدار۔

جگت سیٹھ کا سالا (ہ۔اِ۔مذ) (۱) بڑے بھاری دولت مند کا رشتے دار (۲) امیر کی بیوی کا بھائی۔ گالی ہے۔

جگت گرو (ہ۔اِ۔مذ) دُنیا کا اُستاد۔ بڑا عالم و فاضل۔

جُگت (جُ۔گت) (ہ۔اِ۔مث) (۱) تدبیر۔ سازش۔ ہتھکنڈا۔ اُستادی۔ چالاکی (۲) منصوبہ۔ بُرک (۳) طرز۔ ڈھنگ۔ انداز (۴) دانائی۔ حکمت (۵) رَسم۔ رواج (۶) ذُومعنی بات۔ لطیفہ۔ چٹکلا۔ تلازمہ۔ طنز۔

جگت باز (ہ۔ف۔صف) (۱) چٹکلے چھوڑنے والا۔ لطیفہ کہنے والا (۲) صاحب

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تدبیر (۳) ایسا شخص جو ذُومعنی زبان بولے۔

جگت بازی (و۔ف۔ا۔مث) لطیفہ گوئی۔ بذلہ سنجی۔ ذُومعنی اَلفاظ بولنا۔

جگت بولنا۔ دیکھئے جگت بازی۔

جگت لڑانا (لگانا) (اَر۔ محاورہ) تدبیر چلانا۔ توڑ جوڑ بٹھانا۔ راہ و رَسم پیدا کرنا۔ تعلق بنانا۔

جگت لڑنا (اَر۔ محاورہ) تلازمہ میں بات چیت کرنا۔ تک مِلانا۔

جگت ملانا (اَر۔ محاورہ) مطلب نکالنا۔

جگتر (جگ۔تر) (ق۔ا۔مذ) جہان۔ دُنیا۔

جگتی (جگتیا) (جگ۔تی) (جگ۔ت۔یا) (و۔ا۔مذ) (۱) جگت باز (۲) چالاک (۳) شرارتی (۴) کفایت شعار۔

جگجگا (جگ۔جَ۔گا) (و۔ا۔مذ) پیتل کا باریک ورق جو سجاوٹ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ پنی۔

جگجگانا (جگ۔جَ۔گا۔نا) (و۔مص) چمکنا۔ جھلکنا۔ ٹمٹمانا۔ جگرگانا۔

جگ جگی (جگ۔جَ۔گی) (و۔ا۔مث) (۱) خوشامد۔ منّت۔ سماجت۔ عاجزی (۲) میل جول۔

جگر (جِ۔گر) (ف۔ا۔مذ) (۱) کلیجا۔ کلیجی۔ ریڑھ کی ہڈی والے جانداروں کا ایک سُرخی مائل بُھورا غدود جو پت یا صفرا بناتا ہے (۲) (کنایۃً) طاقت۔ حوصلہ۔ زور۔ دل (۴) اصل۔ حقیقت۔ جوہر (۵) پیارا۔ معشوق (۶) بیٹا۔ اولاد (۷) قریبی عزیز۔ یار۔ دوست۔

جگر آب ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی بات یا واقعے کا گہرا اثر لینا (۲) سخت صدمہ پہنچنا (۳) ہمت ٹوٹنا (۴) خوفزدہ ہونا۔

جگر اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بیتاب ہونا (۲) خوف کھانا (۳) صدمہ محسوس کرنا۔

جگر اَفگار (جگر فِگار) (ف۔صف) جس کا دل زخمی ہو۔ دُکھی۔ دل شکستہ۔ رنجیدہ خاطر۔

جگر بند (ف۔ا۔مذ) (۱) دل، تلی، پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ۔ مُراد فرزند۔ بیٹا۔ نورِ نظر (۲) عزیز۔ پیارا۔

جگر پارہ (ف۔ا۔مذ) (۱) کلیجے کا ٹکڑا (۲) بیٹا۔ فرزند۔

جگر پاش پاش ہونا (اَر۔ محاورہ) کلیجے کے ٹکڑے اُڑ جانا۔ غم کی شِدّت ہونا۔ کوئی بات بہت بُری لگنا۔

جگر پانا (اَر۔ محاورہ) حوصلہ ہونا۔ ہمّت ہونا۔

جگر پانی ہونا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے جگر آب ہونا۔

جگر پر پتھر رکھ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) صبر کر لینا (۲) جذبات ظاہر نہ کرنا۔ ضبط کرنا۔

جگر پر چُھریاں چلنا (اَر۔ محاورہ) اِنتہائی اَذیت پہنچنا (۲) بہت بے چین ہونا۔

جگر پر ہاتھ رکھنا (اَر۔ محاورہ) بے قراری کی حالت میں کلیجا تھامنا۔

جگر پک جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) برداشت کی حد ہونا۔ بار بار کے صدموں سے قوت برداشت باقی نہ رہنا۔

جگر پھٹنا (اَر۔ محاورہ) صدمے سے دل کے ٹکڑے ہونا۔ بے حد رنج و ملال ہونا۔

جگر پُھکنا (اَر۔ محاورہ) دِل جلنا۔ رَنج کرنا۔ بہت غُصّہ آنا۔

جگر پیٹنا (اَر۔ محاورہ) رَنج کرنا۔ بہت صدمہ ہونا۔

جگر تاب (ف۔صف) کلیجا گرم کرنے والا (۲) عزیز۔ معشوق یا اولاد۔

جگر تشنہ (ف۔صف) بہت پیاسا۔

جگر تفتہ (ف۔صف) جس کا کلیجا جل پکا ہو (۲) جو عشق میں گرفتار ہو (۳) غمگین۔ رنجیدہ۔

جگر تھام کے بیٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) صدمے کے بعد دل کو پکڑ کر بیٹھ جانا۔

جگر تھام کے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) کوئی ایسی بات یا واقعہ سُننے کے لئے خود پر قابو پانا جو بہت زیادہ رَنج دینے یا صدمہ پہنچانے والا ہو۔

جگر ٹکڑے (ٹکڑے ٹکڑے) ہونا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے جگر پاش پاش ہونا۔

جگر جگر، دِگر دِگر (اَر۔ مثل) اپنا اپنا ہی ہے۔ غیر (دیگر) پھر غیر ہوتا ہے۔

جگر جلنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے جگر پُھکنا۔

جگر چاک (ف۔صف) جس کا دل کسی صدمے سے پھٹ چکا ہو۔

جگر چاک ہونا (اَر۔ محاورہ) دِلی اَذیت پہنچنا۔ سخت صدمہ ہونا۔

جگر خراش (ف۔صف) کلیجا چھیلنے والا۔ بہت اَفسوسناک۔ نہایت رنج دِہ۔ (بات یا واقعہ)۔

جگر خوار (ف۔صف) (۱) جگر کھانے والا (۲) ڈائن۔ بلا۔

جگر خون کر دینا (اَر۔ محاورہ) رُوحانی یا دِلی صدمہ پہنچانا۔

جگر خون ہونا (اَر۔ محاورہ) سخت ترین قلبی صدمہ ہونا۔

جگر دو ٹکڑے (دو نیم) ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل پر اَذیت ناک صدمہ پہنچنا۔

جگر دوز (ف۔صف) کلیجا چھلنی کرنے والا۔ دِل پر سخت اثر کرنے والا۔

جگر (دہل جانا) دہلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ڈرنا۔ خوف کھانا (۲) گہرا اثر لینا۔

جگر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) حوصلہ دیکھنا۔

جگر رکھنا (اَر۔ محاورہ) حوصلہ رکھنا۔ ہمت ہونا۔

جگر سوختگی (سوخ۔ت۔گی) (ف۔ا۔مث) دِل جلاپن۔ کلیجا جلنا۔

جگر سوختہ (ف۔صف) جس کا دِل جَلا ہوا ہو۔ دِل جَلا۔

جگر سوز (ف۔صف) دِل جلانے والا۔ غم گسار۔ ہمدرد۔

جگر سوزی (ف۔ا۔مث) کلیجا جلانا۔ ہمدردی۔

جگر سے دھواں اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بے حد صدمہ ہونا (۲) غمگین ہونا۔

جگر شق ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) رنج یا خوف کی شدّت سے کلیجا پھٹ جانا (۲) سخت صدمہ پہنچنا۔

جگر کانپ جانا (اَر۔ محاورہ) خوف طاری ہو جانا۔ ڈر جانا۔

جگر کاوی (ف۔ا۔مث) (۱) سخت اُلجھن (۲) محنت۔ مشقت۔ جانفشانی۔

جگر کباب ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) دل جَل جانا (۲) کسی ناپسندیدہ بات پر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بہت زیادہ غُصّہ آنا (۳) صدمے کی وجہ سے پیچ و تاب کھانا۔

جگر کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) حوصلہ کرنا (۲) مقابلے کے لئے اُٹھ کھڑا ہونا۔

جگر کو پیٹنا (اَر۔ محاورہ) آہ و زاری کرنا۔

جگر کو دیکھنا (اَر۔ محاورہ) دلیری اور حوصلے کی داد دینا۔

جگر کھودنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جگر کاوی کرنا۔ سخت اُلجھن ہونا۔ پریشانی کی حالت میں ہونا۔

جگر کی چوٹ (اَر۔ ا۔ مث) (۱) زبردست صدمہ (۲) اولاد کا غم۔

جگر کے پار ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) بھرپور زخم لگنا (۲) کسی بات سے دِل ٹوٹ جانا۔

جگر گوشہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جگر کا کونا یعنی فرزند۔ بیٹا (۲) عزیز۔ قریب۔

جگر لہُو کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شدید صدمہ پہنچانا (۲) ہمت توڑ دینا۔ حوصلہ پست کرنا۔

جگر لہُو ہونا (اَر۔ محاورہ) جگر لہو کرنا کا لازم۔

جگر مسوس لینا (اَر۔ محاورہ) صدمہ اُٹھاتے وقت بے بس ہو جانا۔

جگر مُنہ کو آنا (اَر۔ محاورہ) ناقابلِ برداشت صدمہ پہنچنا۔ سخت دُکھ ہونا۔

جگر میں چٹکیاں لینا (اَر۔ محاورہ) اَندر ہی اَندر تکلیف دینا۔ در پردہ ایذا دینا۔

جگر ناسُور ہونا (اَر۔ محاورہ) ناقابلِ فراموش صدمہ پہنچنا۔

جگر ہل جانا (اَر۔ محاورہ) خوف یا صدمے سے دِل پر گہرا اثر ہونا۔

جگر ہونا (اَر۔ محاورہ) حوصلہ ہونا۔ ولولہ پایا جانا۔

جگرا (جگ۔ را) (اَر۔ ا۔ مذ) ہمت۔ حوصلہ۔ جُرأت۔ دلیری۔ دل گُردہ۔

جگر جگر کرنا (جَ گَر۔ جَ گَر۔ کرنا) (ہ۔ مص مُرکّب) اِتنا زیادہ چمکنا کہ دیکھنے والوں کی آنکھیں چندھیانے لگیں۔

جگری (جگ۔ ری) (ف۔ صف) (۱) جگر سے تعلق رکھنے والا (۲) اَندرونی (۳) دلی۔ سچّا (۴) سُرخی مائل سیاہ رنگ۔

جگری داغ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لاعلاج مُصیبت یا صدمہ (۲) مُستقل دلی صدمہ (۳) گوہر یا دھات کا عیب (۴) قدرتی داغ دھبّا۔

جگری دوست (ف۔ اَر۔ ا۔ مذ) دلی دوست۔ سچّا دوست۔ ہم راز۔ گہرا یار۔

جگری ہی اَڑے پر آڑے آتا ہے (اَر۔ مثل) مُصیبت کے وقت اپنے ہی مدد کرتے ہیں۔

جگل (جُ گَل) (ہ۔ صف) دو۔ جوڑا۔ جُفت۔

جگل گان (ہ۔ ا۔ مذ) دو گویّوں کا مِل کر گانا۔

جگ مگ (ہ۔ صف) روشن۔ چمکیلا۔

جگ مگ جگ مگ کرنا (اَر۔ محاورہ) بہت تیز روشنی دینا۔ چمکنا۔ دمکنا۔

جگمگانا (جگ۔ مَ۔ گا۔ نا) (ہ۔ مص) روشن کرنا۔ چمکانا (۲) روشن ہونا۔

جگ مگاہٹ (جگ۔ مَ۔ گا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چمک دمک۔ تیز روشنی۔ آب و تاب (۲) رونق۔

جگنا (جگ۔ نا) (ق۔ ا۔ مذ) جگنو۔

جگن ناتھ (جَ گَن۔ ناتھ) (س۔ ا۔ مذ) جگن جگت کی مُبدّل صورت ہے۔ دُنیا کا مالک۔ کرشن جی اور وشنو جی کا ایک نام۔

جگنُو (جگ۔ نو) (ہ۔ ا۔ مذ) بھونرے کی قسم کا ایک اُڑنے والا کیڑا جس کے جسم کے آخری سرے سے رات کے وقت ٹھنڈی روشنی نکلتی ہے۔ جمع: جگنو۔ جگنوؤں۔

جگنوئے کے گھر میں چراغ (اَر۔ مثل) چھوٹی حیثیت کے آدمی کو تھوڑی چیز بھی مل جائے تو اُس کے لئے بہت ہوتی ہے۔

جگنی (جگ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گلے کا ایک زیور (۲) پنجابی زبان کا ایک مشہور گیت۔

جگہ (جَ۔ گہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ٹھکانا۔ مقام (۲) گنجائش۔ وسعت۔ سمائی (۳) خدمت۔ عُہدہ۔ نوکری (۴) علاقہ (۵) موزوں اور مُناسب موقع (۶) بدن کا کوئی حِصّہ (۷) شہر۔ قصبہ۔ گاؤں۔ مکان۔ جھونپڑی (۸) نشست گاہ۔ جمع: جگہوں۔ جگہیں۔ (جگہاؤں۔ جگہائیں)۔

جگہ بنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) گنجائش نکالنا (۲) اپنے لئے موقع پیدا کرنا (۳) مکان بنانا۔

جگہ بھر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) گنجائش نہ رہنا (۲) خالی اسامی یا مُلازمت پر کسی کا مُقرّر ہو جانا۔

جگہ جگہ (اَر۔ متعلق فعل) ہر جگہ۔ جہاں تہاں۔ جا بجا۔

جگہ جگہ ہونا (اَر۔ محاورہ) ہر جگہ ہونا۔ کثرت سے ہونا۔

جگہ چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مقام چھوڑنا (۲) لکھتے لکھتے کاغذ میں خالی جگہ چھوڑ دینا (۳) ہٹنا۔ سرکنا (۴) نوکری یا علاقہ چھوڑنا۔

جگہ خالی کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کا کسی جگہ سے اُٹھ کر چلے جانا (۲) مُلازمت چھوڑ دینا۔

جگہ دِلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) نوکری دِلانا (۲) رہنے کے لئے زمین دلوانا۔

جگہ دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹھہرانا۔ بٹھانا (۲) عُہدہ یا مُلازمت دینا (۳) رہنے کو مکان دینا۔

جگہ رُکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گنجائش نہ رہنا (۲) خالی مُلازمت پر کسی اور کا تقرر ہو جانا۔

جگہ روکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خالی جگہ پر بیٹھ جانا (۲) خالی جگہ پر کسی اور کو نہ بیٹھنے دینا۔

جگہ سر خرچنا (اَر۔ محاورہ) موقع سے خرچ کرنا۔

جگہ سر (سے) ہونا (اَر۔ محاورہ) صحیح مقام یا موقع پر ہونا۔ مُناسب جگہ ہونا۔

جگہ ملنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹھکانا ملنا (۲) نوکری ملنا۔ مُلازمت ملنا۔

جگہ ہونا (اَر۔ محاورہ) گنجائش ہونا۔ موقع ہونا۔

جگہر (جگ۔ ہَر) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بیداری۔ جاگ (۲) بیماری یا تشویش کی وجہ سے جاگنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جِکّی جِکّی (جِ ـ کی ـ جِ ـ کی) (ف ـ ا ـ مث) کلمہ حیرت ۔ کلمہ مسرّت ۔ اِظہار عجز ۔ ہائے ہائے ۔ واہ وا ۔ ارے ارے ۔

ج ـ ل

جَل (بفتح اوّل) (س ـ ا ـ مذ) پانی ۔ آب (۲) (صف) سردی (۳) اوجھل (ق) ۔
جل بانک (نُون مُغنّہ) (ہ ـ ا ـ مذ) فنِ سپہ گری جس میں گہرے پانی کے اندر دُشمن پر قابو پانا ہوتا ہے ۔
جل پان (ہ ـ ا ـ مذ) ناشتا ۔ تھوڑا سا کھانا پینا ۔
جل پان کرنا (ہ ـ محاورہ) تھوڑا سا کھانا ۔ ناشتا کرنا ۔
جل پری (ہ ـ ف ـ ا ـ مث) ایک روایتی یا خیالی مخلوق جس کا چہرہ عورت جیسا اور باقی جسم مچھلی کا سا ہوتا ہے ۔
جل پنچھی (ہ ـ ا ـ مذ) پانی پر اُڑنے والے پرندے جو مچھلیاں کھاتے ہیں ۔ آبی پرندے ۔
جل ترنگ (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) ایک باجا ۔ چینی کے پیالوں میں پانی بھر کر انہیں تیلیوں سے بجاتے ہیں (۲) پانی کی موج یا لہر ۔
جل تُرئی (جل توری) (ہ ـ ا ـ مث) ایک قسم کی مچھلی ۔
جل تھل (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) پانی اور خشکی (۲) وہ زمین جس پر بہت سا پانی ہو (۳) دلدل ۔
جل تھل ایک ہو جانا (اُر ـ محاورہ) اتنا مینہ برسنا کہ ہر طرف پانی ہی پانی دکھائی دے ۔ بارش کی کثرت سے خشکی اور تری کا امتیاز مٹ جانا ۔
جل تھلیا (ہ ـ صف) خشکی اور تری دونوں جگہ رہنے والا جانور ۔ (Amphibian) ۔
جل جوگنی (ہ ـ ا ـ مث) (۱) جونک (۲) چیل ۔
جل کاگ (جل کوّا) (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) آبی کوّا (۲) ماہی گیر ۔ غوطہ خور ۔
جل کر (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) وہ محصول جو مچھلی پکڑنے والوں پر لگایا جائے (۲) دیہات کے تالابوں اور جوہڑوں وغیرہ میں اُگنے والے سنگھاڑوں یا کنول کے پھولوں کا لگان ۔
جل ککّو (ہ ـ ا ـ مذ) پانی کا پرندہ ۔ مُرغابی ۔
جل کی مچھلی جل ہی میں بھلی (ہ ـ مثل) ہر شخص کا گزارہ اپنی ہی قوم میں ہو سکتا ہے ۔ ہر چیز اپنے ماحول ہی میں اچھی معلوم ہوتی ہے یا پھلتی پھولتی ہے ۔
جل مانس (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) پانی کا آدمی (۲) ایک قسم کا بندر ۔
جل میں کھڑی پیاسوں مرے (ہ ـ محاورہ) ایسے شخص پر یہ مثل کہی جاتی ہے جس کو فائدہ اُٹھانے کے تمام ذرائع میسّر ہوں مگر فائدہ نہ اُٹھائے ۔
جَل (بفتح اوّل) (ہ ـ فعل) جلنا مصدر سے اَمر کا صیغہ ۔
جل اُٹھنا (اُر ـ محاورہ) یکایک جلنے لگنا ۔
جل بُجھنا (اُر ـ محاورہ) جل کر خاک ہو جانا ۔
جل بُھن کر بیٹھ رہنا (اُر ـ محاورہ) نا اُمید ہو کر بیٹھ رہنا ۔
جل جانا (اُر ـ محاورہ) آگ لگ جانا (۲) ناراض ہونا ۔ حسد کرنا ۔

جل جوگنی (ہ ـ صف) وہ عورت جو ہر وقت جلی بُھنی رہے ۔ بد مزاج عورت ۔
جل کر راکھ (خاک) ہو جانا (اُر ـ محاورہ) سخت ناراض ہونا ۔ بہت حسد کرنا ۔
جل کر کباب ہونا (اُر ـ محاورہ) ناراض رہنا ۔ ناخوش ہونا ۔
جل ککڑو (اُر ـ صف) (۱) بات بات پر غُصّہ کرنے والا (۲) حسد کرنے والا ۔ (مؤنث: جل ککڑی) ۔
جل مرنا (اُر ـ مص مُرکّب) خود سوزی کرنا ۔
جَلّ (جَل ـ لِ) (ع ـ صف) بڑا ۔ عظیم ۔ بُزرگ ۔
جل تُو جلال تُو ۔ صاحبِ کمال تُو ۔ آئی بلا کو ٹال تُو (اُر ـ دُعا) خُدا سے دُعا کہ بلاؤں سے محفوظ رکھے ۔ یہ ایسے موقع پر وردِ زبان ہوتی ہے جب کوئی ایسی آفت آپڑے جسے ٹالنا نا ممکن ہو ۔
جَلّ جَلالُہٗ (جَ ـ لا ـ لُ ـ ہو) (ع ـ صف) اُس خُدا کی عظمت اور شان بڑی ہے ۔
جَلّ شانُہٗ (ع ـ صف) دیکھئے جَلّ جلالُہٗ ۔
جَلّ و علیٰ (ع ـ صف) خُدائے بُزرگ و برتر ۔
جُل (بضمِ اوّل) (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) دھوکا ۔ دغا ۔ فریب ۔ مکر ۔ چال بازی ۔ دو رُخی بات ۔ جھانسا ۔ دَم ۔ جُھل ۔ بُتّا ۔
جُل باز (ہ ـ ف ـ صف) دھوکا دینے والا ۔ فریبی ۔ دغا باز ۔
جُل دینا (اُر ـ محاورہ) فریب دینا ۔ دھوکا دینا ۔ جھانسا دینا ۔ بُتّا بتانا ۔ دغا کرنا ۔
جُل کھیلنا (اُر ـ محاورہ) دھوکے میں ڈالنا ۔ فریب دینا ۔ ٹھگنا ۔ چھلنا ۔
جُل میں آنا (اُر ـ محاورہ) دھوکا کھانا ۔ جھانسے میں آنا ۔
جُل (ع ـ ا ـ مث) (۱) گھوڑے یا کسی جانور کا کمبل (۲) جُھول (۳) بادبان ۔
جَلا (جَ ـ لا) (ہ ـ فعل) (۱) جلنا مصدر کا صیغہ ماضی (۲) (صف) جلا ہوا (۳) تنگ آیا ہوا (۴) غُصّے کی حالت میں ۔
جلا جلا (جلا بُھنا) (اُر ـ صف) غُصّے میں بھرا ہوا ۔ ناراض ۔ خلافِ توقّع بات یا واقعہ ہونے کے بعد رنجیدہ یا بھنایا ہوا ۔
جلا تن (جلے تن) (اُر ـ صف) (۱) بدمزاج ۔ غصیل ۔ جو ہر بات پر غُصّے میں آجائے (۲) جس کا مزاج صدموں یا مایوسیوں کی وجہ سے چڑچڑا ہو گیا ہو (۳) حاسد ۔ جلنے والا (۴) مردم بیزار ۔ جھلّا ۔
جلا جلا کر مارنا (اُر ـ محاورہ) بہت زیادہ ستانا ۔ اَز حد دِق کرنا ۔
جلا دینا (اُر ـ محاورہ) (۱) آگ لگانا (۲) غُصّہ دِلانا (۳) چھیڑنا ۔ ستانا (۴) چراغ روشن کرنا (۵) رنج دینا ۔
جلا کر خاک کرنا (اُر ـ محاورہ) (۱) اتنا زیادہ جلانا کہ چیز بالکل خاک ہو جائے (۲) تباہ کر دینا ۔ برباد کر دینا (۳) غُصّہ دلا کر یا پیچ و تاب کھانے پر مجبور کر کے مار ڈالنا ۔
جَلا (جَ ـ لا) (ع ـ ا ـ مذ) گھر یا وطن سے نکال دینا ۔ دیس نکالا ۔
جلا وطن (ع ـ صف) جو وطن سے نکالا گیا ہو ۔
جلا وطنی (وَ ـ طَ ـ نی) (ع ـ ا ـ مث) دیس نکالا (۲) ترکِ وطن ۔
جِلا (جِ ـ لا) (ع ـ ا ـ مث) صفائی ۔ روشنی ۔ چمک ۔ صیقل ۔
جلا دینا (جلا کرنا) (اُر ـ محاورہ) چمکانا ۔ اُجالنا ۔ صیقل کرنا ۔ مانجھنا ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جلاکار (ع۔ف۔صف) چمکانے والا۔ اُجالنے والا۔ صیقل گر۔
جلاکاری (ع۔ف۔ا۔مث) زیورات یا برتنوں کو چمکانے کا پیشہ۔ صیقل گری۔
جُلّاب (جل۔لاب) (ع۔ا۔مذ) ایسی دوا جس سے دست آئیں۔ مُسہل۔ دست آور دوا۔
جُلّاب سا لگ جانا (اَر۔ محاورہ) خوف یا تشویش سے دست چھوٹ جانا۔
جُلّاب لینا (اَر۔ محاورہ) مُسہل لینا۔ دستوں کی دوا استعمال کرنا۔
جُلّابی (جل۔لا۔بی) (اَر۔صف) جلاب لینے والا۔ مُسہل لینے والا۔
جَلابی (جَ۔لا۔بی) (ق۔ا۔مث) ایک مٹھائی۔ جلیبی۔
جلاپا (جَ۔لا۔پا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) رنج۔ غم۔ ملال۔ آزردگی۔ سوگ (۲) حسد۔ (سوکن سے) جلن (۳) بیر۔ دُشمنی (۴) کسی کی ترقی یا کامیابی پر پیچ و تاب۔
جلاٹ (جَ۔لاٹ) (ق۔ا۔مث) جلن۔
جلاٹین (Gelatin) (انگ۔ا۔مث) ایک لیس دار مادّہ جو جانوروں کی ہڈی، کھال وغیرہ سے نکلتا ہے۔ سریش ماہی۔
جلاجل (جَ۔لا۔جل) (ع۔ا۔مذ) جُل جل کی جمع۔
جلّاد (جل۔لاد) (ع۔ا۔مذ) (۱) کھال اُدھیڑنے والا۔ پھانسی دینے والا۔ جان لینے والا (۲) (صف) بے رحم۔ بے درد۔ ظالم۔ کٹھور۔ اَر جمع: جلادو۔ جلّادوں۔
جلّاد صفت (ع۔ا۔صف) بے رحم۔ سنگ دِل۔
جلّادِ فلک (ع۔ا۔مذ) سیارہ مریخ، منگل، جس سے نجومیوں کے نزدیک قتل و خون اور جنگ و جدل کا تعلق ہے۔
جلادت (جَ۔لا۔دَت) (ع۔ا۔مث) بہادری۔ شجاعت۔ جوانمردی۔ چستی۔ چالاکی۔ پھرتی۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بَل۔
جلّادنی (جل۔لاد۔نی) (اَر۔ا۔مث) ایسی عورت جو بہت ہی بے رحم اور سنگ دِل ہو۔
جلّادی (جل۔لا۔دی) (ف۔ا۔مث) بے رحمی۔ سنگ دلی۔
جلال (جَ۔لال) (ع۔ا۔مذ) (۱) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی (۲) شان و شوکت (۳) رُعب وداب (۴) طاقت۔ قوت (۵) غصہ۔ طیش (۶) تیزی۔ تندی۔ جوش۔
جلال آجانا (آنا) (اَر۔ محاورہ) غصہ آجانا۔ طیش آجانا (۲) جوش آجانا۔
جلال برسنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دبدبہ یا رُعب ظاہر ہونا (۲) طیش یا غصہ ٹپکنا۔
جلالت (جَ۔لا۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی (۲) شان و شوکت (۳) اختیار (۴) دبدبہ (۵) جوش۔
جلالۃ الملک (ع۔ا۔مذ) ملک کی عظمت اور شان و شوکت۔ بادشاہ کا لقب۔
جلالت مآب (ع۔صف) صاحبِ اختیار۔ بادشاہ کا لقب۔
جلالیہ (ع۔صف۔و۔ا۔مذ) سید جلال الدین بخاریؒ کا پیرو۔
جلالی (جَ۔لا۔لی) (ع۔صف) جلالت سے منسوب (۲) درویشوں کا ایک سلسلہ جو سید جلال الدین بخاریؒ سے شروع ہوا (۳) صاحبِ جلال۔ جلال والا (۴) خوفناک۔ غضب ناک۔ ہیبت ناک (۵) وہ دُعا یا نقش یا تعویذ یا عمل جس سے خُدا کی شانِ قہاری ظاہر ہو۔
جلامیری (جل۔لا۔می۔ری) (اَر۔ا۔مذ) بچوں کا ایک کھیل جسے اُزان جھلا بھی کہتے ہیں۔
جلانا (جَ۔لا۔نا) (بفتح اول) (ہ۔مص) آگ لگانا یا سُلگانا۔ آگ دینا۔ دہکانا۔ چراغ روشن کرنا (۲) غصہ دِلانا۔ جوش میں لانا۔ آگ بگولا کرنا۔ برانگیختہ کرنا (۳) حسد یا دُشمنی کا جذبہ پیدا کرنا (۴) دِق کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔
جِلانا (جِ۔لا۔نا) (بکسر اول) (ہ۔مص) (۱) زندہ کرنا۔ جان ڈالنا (۲) تازگی بخشنا (۳) موت سے بچانا (۴) دھات کاکشتہ کرکے اُسے اصلی حالت پر لے آنا۔
جُلاہا (جُ۔لا۔ہا) (اَر۔ا۔مذ) (۱) جولاہا۔ برِّعظیم پاک و ہند کی ایک مسلمان قوم جو کپڑا بُننے کا کام کرتی ہے (۲) کپڑا بُننے والا۔ پارچہ باف۔ باف ندہ۔ جمع: جُلاہوں۔ جُلاہے۔
جُلاہن (جُلاہی) (ہ۔ا۔مث) جُلاہے کی بیوی (۲) جُلاہا قوم کی عورت۔
جُلاہے (اَر۔ا۔مذ) (۱) جُلاہا کی جمع (۲) جُلاہا کی مُغیرہ صورت۔
جُلاہے کا پٹھان بیگاری (اَر۔مثل) جب کوئی چھوٹا آدمی بڑے آدمی کو کام کرنے کے لئے کہے تو اُس وقت کہتے ہیں۔ ایسا کبھی نہیں ہو سکتا۔
جُلاہے کی مسخری ماں بہن سے (اَر۔مثل) کوئی بے وقوفی کی یا نازیبا بات کہے تو کہتے ہیں۔
جَلاؤ (جَ۔لا۔ؤ) (ہ۔صف) (۱) جلنے کے قابل اچھا ایندھن (۲) چڑچڑا۔ تنک مزاج (۳) جلد ناراض ہو جانے والا۔
جَلب (بفتح اول و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) حاصل کرنا۔ کھینچنا۔ کشش۔ حصول۔
جلبِ زر (ع۔ف۔ا۔مذ) رُوپیہ حاصل کرنا۔
جلبِ منفعت (ع۔ا۔مذ) نفع حاصل کرنا۔
جِلباب (جل۔باب) (ع۔ا۔مث) چادر۔ جمع: جلابیب۔
جلبلانا (جل۔ب۔لا۔نا) (ہ۔مص) طیش میں آنا۔ غصے میں آجانا۔
جلتا (جل۔تا) (ہ۔صف) جلتا ہوا۔ سُلگتا ہوا۔
جلتی (جل۔تی) (ہ۔صف) جلتا کی تانیث۔
جلتی آگ بُجھانا (اَر۔ محاورہ) لڑنے والوں کو سمجھا بجھا کر لڑائی ختم کروانا۔
جلتی آگ پر تیل چھڑکنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑا بڑھانا۔ لڑائی کو ہوا دینا۔
جلتی آگ میں پانی ڈالنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے جلتی آگ بجھانا۔
جلتی آگ میں کودنا (گرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) مصیبت مول لینا (۲) مصیبت میں کسی کا ساتھ دینا۔
جل جانا (ہ۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کا آگ پکڑ لینا (۲) بُرا ماننا۔ ناگوار گزرنا (۳) جل کر راکھ ہو جانا (۴) سردی کی شدت یا پالے سے پودوں وغیرہ کا مرجانا (۵) حسد کرنا۔
جُلجُل (جُل۔جُل) (ع۔ا۔مذ) جھانجھ۔ گھنٹی۔ جمع: جلاجل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جَل جَلا (ہ۔صف) (۱) غصیل (۲) چوچڑا۔ زود رنج (۳) غضب آلود۔ غصّے میں بھرا ہوا۔

جَل جَلاٹ (جَل جَلاہَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) غصیل پَن (۲) چڑچڑاپَن۔ تُنک مزاجی۔

جَلْد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) فوراً۔ تُرت۔ جھٹ پٹ۔ بلا توقف۔

جلد باز (ف۔صف) جلدی کرنے والا۔ بے موقع عجلت کرنے والا۔

جلد بازی (ف۔ا۔مث) (۱) جلدی کرنا (۲) تیزی۔ پھرتی۔ شتابی۔

جلد بازی کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) گھبراہٹ سے کام لینا۔ گھبراہٹ ظاہر کرنا (۲) کام وقت سے پہلے ختم کرنا یا کروانا (۳) کسی کام کے لئے اُس کا مقررہ وقت یا مدّت نہ دینا۔

جلد رَو (ف۔صف) جلد قدم۔ تیز چلنے والا۔ تیز رفتار۔

جِلْد (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) (۱) کھال۔ چمڑا۔ جانداروں کے جسم کا پوست جو اَندرونِ جسم کے اَعضا' رگوں' پٹھوں وغیرہ کو حفاظت سے رکھتا ہے (۲) کتاب کا پٹھا (۳) کتاب کی جز بندی اور سِلائی وغیرہ (۴) کوئی کتاب۔ جمع: جلدوں۔ جلدیں۔

جلد ساز (ف۔صف۔وا۔مذ) کتابوں کی جلد باندھنے والا۔

جلد سازی (ف۔ا۔مث) جلد باندھنے کا پیشہ۔

جِلْدی (جِل۔دی) (ع۔صف) جِلد (کھال) کے متعلق۔

جَلْدی (جَل۔دی) (ف۔ا۔مث) (۱) عُجلت۔ تیزی۔ پُھرتی (۲) (اُر۔متعلق فعل) فوراً (۳) کم سے کم وقت میں (۴) پُھرتی سے۔ تیزی سے۔

جلدی پڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) جلدی ہونا (۲) گھبراہٹ ہونا۔

جلدی پکا سو سڑا (اُر۔مثل) جو کام غیر ضروری جلدی یا تیزی سے کیا جائے اُس کا نتیجہ بُرا نکلتا ہے۔

جلدی کا مارا (اُر۔صف) جو غیر ضروری طور پر جلدی کرے۔ جلد باز۔ جسے بلا وجہ جلدی کرنے کی عادت ہو۔

جلدی کام شیطان کا (اُر۔مثل) کام کرنے کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ اُس میں جلدی نہ کی جائے۔ عُجلت میں کام بگڑ جاتا ہے۔

جلدی مچانا (اُر۔محاورہ) جلدی کی تاکید کرنا یا جلدی کرنے کے لئے شور مچانا۔

جَلْسہ (جَل۔سہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) مجمع۔ جمگھٹا (۲) اجلاس۔ بیٹھک۔ نشست (۳) اَنجمن۔ مجلس (۴) ملاقات (۵) نماز میں سجدہ کر کے پہلی مرتبہ بیٹھنا۔ اُردو جمع: جلسوں۔ جلسے۔

جلسۂ اِستراحت (ع۔ا۔مذ) نماز میں دو سجدوں کے بعد کھڑا ہونے سے پہلے ذرا دیر بیٹھنا۔

جلسۂ خاص (ع۔ا۔مذ) ایسا جلسہ جس میں بلا اجازت شرکت نہ کی جاسکے۔

جلسۂ خطیبی (ع۔ا۔مذ) خطیب کا پہلے اور دُوسرے خطبے کے درمیان بیٹھنا۔

جلسۂ عام (ع۔ا۔مذ) عوام کا مجمع یا جم غفیر جس سے سیاسی یا مذہبی رہنما خطاب کریں۔

جلسۂ عدالت (ع۔ا۔مذ) عدالت کا اِجلاس۔ عدالت کا کارروائی کرنا۔

جلسہ گاہ (ع۔ف۔امث) وہ جگہ جہاں جلسہ کیا جائے۔

جَلْق (جَ۔لق) (ف۔ت۔ا۔مذ) ہاتھ کی مدد سے اِنزال کرنا۔ ہتھرس۔ مُشت زنی۔

جَلَقی (جَ۔لَ۔قی) (ف۔صف) ہاتھ سے منی نکالنے والا۔

جَل مرنا (اُر۔مص مُرکّب) جَل (ہ۔فعل) کے تحت دیکھئے۔

جَلَن (جَ۔لن) (ہ۔ا۔مث) (۱) جلنے کی حالت۔ سوزش (۲) گرمی۔ حدّت (۳) غصّہ۔ رنج و غم (۴) کینہ۔ عداوت۔

جلن پڑنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) سوزش ہونا۔ آگ سی لگی ہونا۔ مرچیں سی لگنا۔

جَلْنا (جَل۔نا) (ہ۔مص) (۱) آگ لگنا (۲) آگ سُلگنا (۳) جُھنا۔ داغ لگنا۔ جُھلسنا (۴) راکھ ہونا (۵) سوزش یا جلن ہونا۔ تپکنا (۶) پودوں وغیرہ کا پالے سے مرجانا (۷) حسد کرنا (۸) ناراض ہونا۔ غصّے ہونا (۹) رنج اُٹھانا۔ دل شکستہ ہونا۔ غم میں گُھلنا (۱۰) مرچ یا کسی اور تیز چیز سے زبان کو تکلیف ہونا (۱۱) جھلملانا۔ روشن ہونا (۱۲) مشتعل ہونا۔

جلنا بلنا (اُر۔محاورہ) جل کر خاک ہو جانا۔ کُڑھنا۔

جلنا بُھننا (اُر۔محاورہ) پیچ و تاب کھانا۔ آزردہ ہونا۔ ناراض ہونا۔

جُلْنا (جُل۔نا) (ہ۔مص) مِلنا کے ساتھ بطور تابع مہمل اِستعمال کیا جاتا ہے۔ مِلنا جُلنا (ملاقات کرنا)۔

جَلَنْدَر (جَلَنْدَھر) (جَ۔لن۔دَر) (جَ۔لن۔دَھر) (ہ۔ا۔مذ) پیٹ میں پانی پڑ جانے کا مرض۔ اِستسقا۔

جِلو (جِ۔لو) (ت۔ا۔مث) (۱) باگ۔ لگام (۲) کوتل گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لئے سجا کر لے جاتے ہیں (۳) زینت۔ طمطراق۔ ماہی مراتب۔ شان و شوکت۔ زیب و زینت۔ آن بان (۴) ہم رکابی۔ معیت۔

جلو خانہ (ف۔ا۔مذ) (۱) صحن۔ آنگن۔ پورچ۔ ڈیوڑھی (۲) وہ میدان جو صدر دروازے کے سامنے ہو اور جہاں سے شاہی جلوس ترتیب دیا جائے۔

جلو دار (ف۔صف۔و۔ا۔مذ) (۱) وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کر چلے (۲) مُصاحب۔ ہمراہی۔ ہم نشین۔ نوکر چاکر۔ خادم۔ حاضر باش۔

جلو ریز (ف۔صف) جو ڈھیلی باگ' ہلکی باگ یا سبک باگ کے ساتھ گھوڑا دوڑائے۔

جَلْوَت (جَل۔وَت) (ع۔ا۔مث) (۱) خلوت کی ضد۔ باہر۔ عام جگہ۔ سب کے سامنے (۲) مجمع۔ بھیڑ۔

جُلوس (جُ۔لوس) (ع۔ا۔مذ) (۱) بہت سے لوگوں کا کسی خاص موقع پر اکٹھے ہو کر بازاروں سے گزرنا (۲) بادشاہوں یا امیروں کی سواری نکلنا (۳) تخت نشینی (۴) ساز و سامان۔ کرّوفر۔ تزک و اِحتشام (۵) بیٹھنا۔ نشست۔ اُردو جمع: جلوس۔ جلوسوں۔

جُلوسی (جُ۔لو۔سی) (ع۔صف) (۱) شاہی تخت نشینی سے متعلق (۲) سامانِ جلوس (۳) وہ مُلازم لوگ جو شاہی جلوس کے ساتھ ہوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جَلْوَہ (جَل۔وَہ) (ع۔ا۔مذ) اپنی نمائش کرنا۔ خود کو دُوسروں کو دکھانا۔ کسی خاص انداز سے سامنے آنا۔ نظارہ کرانا (۲) (ف۔ا۔مذ) تجلّی۔ نور۔ رونق (۳) معشوق کا ناز و انداز سے چلنا (۴) دُولھا دُلہن کا آمنے سامنے بیٹھ کر آئینے میں ایک دُوسرے کی صورت دیکھنا۔ آرسی مصحف کی رَسم۔ اُردو جمع: جلووں۔ جلوے۔

جلوہ آرا ہونا (جلوہ افروز ہونا۔ جلوہ دِکھانا۔ جلوہ فرما ہونا۔ جلوہ گر ہونا۔ جلوہ نُما ہونا) (اَر۔ محاورہ) (۱) خاص بناؤ سنگھار یا سج دھج کے ساتھ سامنے آنا (۲) اپنے کو کسی خاص انداز سے دکھانے کے لئے منظرِ عام پر نمودار ہونا۔

جلوہ آرائی (ع۔ف۔ا۔مث) جلوہ آرا ہونے کی حالت یا کیفیت۔

جلوہٴ طور (ع۔ا۔مذ) اللہ تعالیٰ کی تجلّی جو حضرت موسیٰ نے کوہِ طور پر دیکھی تھی۔

جلوہ کُناں (ع۔ف۔صف) (۱) جو جلوہ دکھا رہا ہو (۲) ظاہر۔ نُورانی۔ منوّر۔

جلوہ گاہ (ع۔ف۔امث) (۱) وہ جگہ جہاں جلوہ دکھایا جائے یا دیکھا جائے (۲) تماشاگاہ (۳) حجلۂ عروسی۔

جلوہ گری (جلوہ نُمائی) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) نمود۔ اظہار (۲) شان و شوکت (۳) ناز نخرے (۴) ظاہر ہونے کی حالت یا کیفیت (۵) اپنے آپ کو دکھانا۔

جَلی (جَ۔لی) (ع۔صف) (۱) روشن۔ واضح۔ ظاہر (۲) موٹا لکھا ہوا۔

جلی قلم (ع۔ا۔مذ) موٹا قلم۔ موٹی نوک یا چوڑے قط والا قلم۔

جلی (ہ۔فعل) جلا (ہ) کی تانیث۔

جلی کٹی (جَ۔لی۔کَ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) طعن و تشنیع۔ ایسی گفتگو جس سے دُشمنی ٹپکے۔

جلی کٹی باتیں (اَر۔ا۔مث) ایسی باتیں جن سے حسد کی بُو آئے۔ دُشمنی کی باتیں۔ غُصّے کی باتیں (۲) طعن و تشنیع۔ طنز۔

جلی کٹی پر آنا (جلی کٹی کرنا۔ جلی کٹی سُنانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) بُرا بھلا کہنا۔ طعنے دینا (۲) دُشمنی ظاہر کرنا (۳) بُرائیاں کرنا۔

جلی کٹی رکھنا (اَر۔ محاورہ) دُشمنی رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ اَن بَن رکھنا۔

جلی کٹی ہونا (اَر۔ محاورہ) آپس میں نوک جھونک ہونا۔ ایک دُوسرے کو طعنے دینا۔

جلے (ہ۔صف) جلا کی مُغیّرہ صورت۔

جلے پاؤں کی بلّی (اَر۔ا۔مث) وہ عورت جسے جگہ جگہ پھرنے کی عادت ہو۔

جلے پر نون (نمک) چھڑکنا (اَر۔ محاورہ) تکلیف میں مُبتلا آدمی کو چڑا کر اور تکلیف پہنچانا۔

جلے (دل کے) پھپھولے پھوڑنا (اَر۔ محاورہ) شکوے شکایت کر کے دل کا غُبار نکالنا (۲) دلی بُغض ظاہر کرنا۔

جلے تن۔ جلا کے تحت دیکھئے۔

جَلْیا (جَل۔یا) (ہ۔ا۔مذ) مچھیرا۔ ماہی گیر۔

جَلَیْبا (جَ۔لے۔با) (اَر۔ا۔مذ) (۱) بڑی جلیبی (۲) شہتوت۔ توت۔

جَلیبی (جَ۔لے۔بی) (ہ۔ا۔مث) ایک مٹھائی جو بَل دار ہوتی ہے۔ جمع: جلیبیاں۔ جلیبیوں۔

جَلِیس (جَ۔لیس) (ع۔صف) ساتھی۔ رفیق۔ ہم نشین۔

جَلِیل (جَ۔لیل) (ع۔صف) بڑا۔ بُزرگ۔ اعلیٰ۔ افضل (۲) اللہ کا صفاتی نام۔

جلیلُ القدر (ع۔صف) بڑی شان والا۔ عالی مرتبہ۔ نہایت معزّز۔

جَلیلَہ (جَ۔لی۔لہ) (ع۔صف) جلیل کا مؤنث۔

ج۔م

جَم (بفتحِ اوّل) (ف۔ا۔مذ) ایران کے ایک قدیم بادشاہ جمشید کا مُخفف (۲) حضرت سلیمانؑ کا نام۔ سکندرِ اعظم کا نام۔

جم جاہ (ف۔صف) جمشید بادشاہ کے مرتبے کا۔ بڑائی۔ بڑے مرتبے والا۔

جَم (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پاتال کا راجا یا دیوتا۔ موت کا فرشتہ۔ ملکُ الموت (۲) موت۔ قضا۔ (س: یَم) (۳) جڑواں۔ توام (۴) (ہ۔فعل) مصدر جمنا کا اَمر۔

جم جنوائی ہو کر بیٹھنا (ہ۔ محاورہ) چمٹ جانا۔ بغیر لئے نہ ٹلنا۔

جم دُوت (ہ۔ا۔مذ) ملکُ الموت۔ موت کا فرشتہ۔ (س: یَم دُوت)۔

جم دھر (ہ۔ا۔مذ) جم (موت) اور دھر (دھار) کا مُرکّب (۱) دھار دار ہتھیار۔ چھُری۔ کٹار۔ خنجر (۲) ایک قسم کا رنگین کنکوا۔ ایک قسم کا بادامی کاغذ۔

جم دِیا (ہ۔ا۔مذ) جم دیوتا کے نام کا چراغ جو دیوالی سے دو دن پہلے جلایا جاتا ہے۔

جم راج (ہ۔ا۔مذ) پاتال کا راجا۔ یَم راج۔

جم کا سندیسا (ہ۔ا۔مذ) موت کا پیغام۔ پیامِ اَجل۔

جم ہو جانا (اَر۔ محاورہ) موت کی طرح نہ ٹلنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

جَمّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) جماعت۔ گروہ۔

جمِّ غفیر (ع۔ا۔مذ) بہت بڑا ہجوم۔ بہت بڑا مجمع۔

جَماد (جَ۔ماد) (ع۔ا۔مذ) (۱) جس چیز میں بڑھنے کی قوت نہ ہو۔ بے جان چیز (۲) پتھر۔

جَمادات (جَ۔ما۔دات) (ع۔ا۔مذ) جماد کی جمع۔ بے جان چیزیں، جیسے دھات، پتھر وغیرہ۔

جُمادَی الآخِرہ (جُمادَی الاُخریٰ) (جُ۔ما۔دَل۔آ۔خِ۔رَہ) (جُ۔ما۔دَل۔اُخ۔را) (ع۔ا۔مذ) اِسلامی سال کا چھٹا مہینا۔

جُمادَی الاُولیٰ (جُ۔ما۔دَل۔اُو۔لا) (ع۔ا۔مذ) اِسلامی سال کا پانچواں مہینا۔

جُمادَی الثّانیہ (جُمادَی الثّانی) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے جُمادَی الآخرہ۔

جِمار (جِ۔مار) (ع۔ا۔مذ) جمرہ کی جمع۔ وہ سنگ ریزے جو حاجی حج کے مناسک ادا کرتے وقت شیطان کو مارتے ہیں۔

جِماع (جِ۔ماع) (ع۔ا۔مذ) مرد کا عورت سے صحبت کرنا۔ ہم بستر ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُباشرت۔ مُجامعت۔

جماعت (جَ۔ما۔عَت) (ع۔ا۔مث) (۱) پارٹی۔ گروہ۔ جتھا۔ ٹولی۔ تنظیم (۲) سوسائٹی۔ سبھا۔ مجلس (۳) سلسلہ۔ زُمرہ۔ پرا (۴) فرقہ۔ فریق (۵) کلاس (۶) نماز کی صف (۷) ہجُوم۔ بھیڑ۔ اَنبوہ۔ اُردو جمع: جماعتوں۔ جماعتیں۔

جماعت سے کرامت ہے (اَر۔مثل) (۱) اِتفاق میں برکت ہے (۲) جتنے رفیق زیادہ ہوں' اُتنا ہی زیادہ رُعب رہتا ہے۔

جماعت کھڑی ہونا (اَر۔محاورہ) نمازیوں کا امام کے پیچھے صف باندھ کر نماز شروع کرنا۔

جماعت میں بیٹھنا (اَر۔محاورہ) اسکول میں تعلیم پانے والے بچّوں کا درجے میں بیٹھ کر پڑھنا۔

جماعتی (ع۔ف۔صف) جماعت سے متعلق۔

جماعتی سیاست (ع۔ف۔مث) دیکھئے پارٹی پالیٹکس۔

جُماگی (جُمعگی) (جُ۔ما۔گی) (جُ۔مَع۔گی) (اَر۔ا۔مث) بچّوں کا جمعہ کے دن کا خرچ (۲) اُستاد کا نذرانہ جو بچّے جمعے کو ادا کرتے تھے۔

جَمال (جَ۔مال) (ع۔ا۔مذ) حُسن۔ جوبن۔ رُوپ۔ خوبصورتی۔

جمال گوٹا (ہ۔ا۔مذ) ایک گرم اور خشک پھل جو دست آور ہوتا ہے۔

جَمالی (جَ۔ما۔لی) (ع۔صف) (۱) شانِ رحمت کی تجلّی (۲) وہ اسم جو جلالی نہ ہو (۳) ایک قسم کا سردا یا خربوزہ (۴) عالموں اور صوفیوں کی اِصطلاح میں نباتات۔

جمالیات (ع۔ا۔مذ) فلسفے کی وہ شاخ جس میں حُسن اور اس کے لوازم سے بحث کی جاتی ہے (۲) حُسن شناسی (۳) فنونِ لطیفہ۔(Aesthetics)۔

جمالیاتی (ع۔صف) جمالیات سے منسوب۔

جمانا (بفتح اوّل) (ہ۔مص) (۱) مائع یا سیّال چیز کو ٹھوس کرنا۔ منجمد کرنا (۲) پیوست کرنا۔ جوڑنا (۳) ڈھنگ سے رکھنا یا لگانا (۴) قائم کرنا (۵) دھرنا۔ رکھنا (۶) اکٹھا کرنا (۷) اَنبار کرنا (۸) شروع کرنا (۹) بُنیاد مضبوط کرنا (۱۰) ٹھانا (۱۱) مارنا (تھپڑ۔ دُھول) (۱۲) گاڑنا (۱۳) رسُوخ پیدا کرنا (۱۴) روا رکھنا (۱۵) آمادہ کرنا (۱۶) ذہن نشین کرنا (۱۷) مشق کرنا (۱۸) ہونٹوں پر مِسّی لگانا۔

جِمانا (جِ۔ما۔نا) (بکسر اوّل) (ہ۔مص) کھانا کھلانا۔ ضیافت کرنا۔

جماوَٹ (جَ۔ما۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) جمنے کی حالت یا عمل۔ اِنجماد (۲) مِسّی کا جمنا۔

جماہنا (جَ۔ماہ۔نا) (ہ۔مص) جماہی لینا۔

جماہی (جمائی) (جَ۔ما۔ہی) (جَ۔ما۔اِی) (ہ۔ا۔مث) جسم میں تناؤ آ کر مُنہ کا کُھل جانا تاکہ زیادہ سے زیادہ آکسیجن جسم کے اندر داخل ہو سکے۔ جمع: جماہیاں۔ جماہیوں۔

جماؤ (جَ۔ما۔او) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جمنے کی خاصیت۔ جمنے کی حالت یا کیفیت۔ اِنجماد (۲) ٹھہراؤ۔ قیام (۳) بھیڑ۔ ہجوم (۴) چپچی۔ پکنے پر آنے کی حالت (۵) لیس۔ چیپ۔

جَماؤُ (جَ۔ما۔اُو) (واو معروف) (ہ۔صف) (۱) جمنے کے قابل (۲) مضبوط۔ پکّا۔ پختہ۔ پائدار۔

جماہیر (جَ۔ما۔ہیر) (ع۔ا۔مذ) جمہور کی جمع۔

جَمبو (جَم۔بُو) (واو معروف) (س۔ا۔مذ و مث) (۱) جامن کا درخت (۲) جامن کا پھل (۳) (ہ۔ا۔مذ) گیدڑ۔

جمبو (واو مجہول) (انگ۔ا۔مذ) (Jumbo) بہت موٹا اور بھدا آدمی یا جانور وغیرہ۔

جمبوری (Jamboree) (انگ۔ا۔مث) جشن۔ رنگ رلیاں (۲) بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کا قومی یا بین الاقوامی اجتماع۔

جَمبیری (جَم۔بے۔ری) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا لیموں۔

جمپ (Jump) (انگ۔ا۔مث) جست۔ چھلانگ۔

جمپر (Jumper) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عورتوں کی ڈھیلی ڈھالی کُرتی (۲) کرچ کی ڈھیلی ڈھالی کُرتی جو ملاح پہنتے ہیں۔

جَم جَم (ہ۔صف) (۱) سدا۔ ہمیشہ۔ لگاتار۔ رت (۲) (دُعا) خُدا مُبارک کرے۔ خُدا ایسا ہی کرے۔ خُدا کرے روز ایسا ہوتا رہے۔

جمخانہ (Gymkhana) (انگ۔ا۔مذ) کھیل اور تفریح کی جگہ۔ کلب۔

جَمرہ (جَم۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کنکری۔ حج کے دوران میں شیطان کو کنکری مارنا (۲) آگ کی چنگاری (۳) آتشک۔

جمشید (جَم۔شید) (بیائے معروف و مجہول) جم یا یم بمعنی پاتال۔ شید بمعنی روشن (ف۔ا۔مذ) ایران کا ایک مشہور بادشاہ۔ کہتے ہیں کہ اُس نے ایک ایسا پیالہ (جامِ جم) بنوایا تھا جس میں ساری دُنیا کے حالات نظر آتے تھے۔

جمع (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔صف و ا۔مذ و مث) (۱) کُل۔ تمام۔ اکٹھا۔ سب۔ سارا۔ جُملہ (۲) میزان۔ چند رقموں کا مجموعہ (۳) اِسم واحد کی جمع (۴) گروہ۔ جماعت (۵) اصل سرمایہ۔ پونجی۔ مال۔ نقدی۔ (۶) لاگت۔ خرچہ (۷) محصولات۔ پیداوار۔ آمدنی (۸) مالگزاری (۹) حساب کتاب کے رجسٹر کا وہ صفحہ جس میں آمدنی کی رقم درج کی جاتی ہے (۱۰) ریاضی کے تین بُنیادی قاعدوں: جمع' تفریق' تقسیم میں سے ایک قاعدہ (۱۱) ڈھیر۔ اَنبار (۱۲) گودام۔ خزانہ (۱۳) شاعری کی ایک صفت جس سے شاعر ہم وصف چیزوں کو یکجا کر دے۔

جمعُ الجمع (ع۔ا۔مث) کسی لفظ کی دُہری جمع جیسے رقم کی جمع رقوم اور رقوم کی جمع رقومات۔

جمع بندی (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) لگان کا حساب کتاب۔ فرد لگان (۲) زمین کی آمدنی یا پیداوار (۳) سرکاری مال گزاری (۴) مال گزاری کا بندوبست۔ تقسیم۔ جمع۔ نکاسی (۵) تخمینہ مال گزاری یا لگان۔

جمع بندی کرنا (اَر۔محاورہ) زمین کی پیداوار یا آمدنی کی سرکاری طور پر تشخیص کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جمع بھرنا (اَر۔ محاورہ) مال گزاری کی رقم سرکاری خزانے میں داخل کرنا۔

جمع بینَ الصلوتین (بَے۔ نُص۔ صَلا۔ تَین) (ع۔ اِ۔ مث) ایامِ حج میں دو نمازوں کو جمع کرنا۔ عرفات میں نمازِ ظہر اور عصر کو جمع کرنا سُنت ہے۔ مُزدلفہ میں مغرب کی نماز کے ساتھ عشاء کی نماز کو جمع کرنا واجب ہے۔

جمع خرچ (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) آمدنی اور اخراجات (۲) آمد و خرچ کا حساب کتاب۔

جمع دار (جمعدار) (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) (۱) مزدوروں سے کام لینے والا (۲) ایک فوجی عُہدہ (۳) پولیس کا ہیڈ کانسٹیبل۔ آبکاری کا کانسٹیبل (۴) بہشتی۔ ماشکی۔ بھنگی۔ خاک روب۔

جمع دارنی (اَر۔ اِ۔ مث) جمعدار کی تانیث۔

جمع داری (اَر۔ اِ۔ مث) جمعدار کا کام یا عُہدہ۔

جمع صدر (ع۔ اِ۔ مذ) وہ مال گزاری جو مالکانِ اراضی سرکار سے براہِ راست مقرر کرلیں۔

جمع ضِدَّین (ع۔ اِ۔ مث) دو ایسی چیزوں کا ایک جگہ جمع ہو جانا جو ایک دُوسرے کی ضِد ہوں۔ اجتماعِ ضدین۔

جمع کرنا (اَر۔ مص مُرکب) (۱) جوڑنا۔ سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا۔ ڈھیر کرنا۔ اگاہی کرنا (۳) ذخیرہ کرنا۔ بھرتی کرنا (۴) رقم جوڑنا۔ میزان کرنا (۵) فردِ حساب میں وصولی درج کرنا۔ بہی پر چڑھانا (۶) لگان کی رقم سرکاری خزانے میں داخل کرنا (۷) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ تحویل میں دینا۔

جمع کُل (ع۔ اِ۔ مث) تمام۔ ساری۔

جمع لگے سرکاری اور مرزا کھیلیں پھاگ (اَر۔ مثل) کوئی شخص بددیانتی کر کے یاروں کے سہارے پرعیش کر رہا ہو تو اُس کے بارے میں یہ مثل کہتے ہیں۔

جمع مُرکب (ع۔ اِ۔ مث) (۱) رقموں کی جمع۔ اوزان و پیمائش کی جمع۔

جمع والا (اَر۔ صف) دولت مند۔ سرمایہ دار۔

جمع ہونا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے جمع کرنا جس کا یہ لازم ہے۔

جُمعرات (جُم۔ عَ۔ رات) (جُم۔ ع۔ رات) (اَر۔ اِ۔ مث) جُمعہ سے ایک دن پہلے کا روز۔ پنجشنبہ۔ جمع: جمعراتوں۔ جمعراتیں۔

جمعراتی سیّد (اَر۔ اِ۔ مذ) وہ شخص جو جمعرات کو پیدا ہونے کے سبب اپنے آپ کو سیّد کہے۔

جُمعَہ (جُم۔ عَہ) (ع۔ اِ۔ مذ) جمعرات کے بعد کا دن۔ یومِ آدینہ۔ ہفتے کا چھٹا دن۔ شکروار۔ اُردو جمع: جُمعوں۔ جُمعے۔

جُمعہ جُمعہ آٹھ دن کی پیدائش (اَر۔ مثل) اُس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی چھوٹی عُمر کا چالاکی یا گستاخی کرے۔

جُمعہ چھوڑ سنیچر نہائے۔ اُس کا سنیچر کبھی نہ جائے (اَر۔ مثل) جو آدمی جُمعے کے مبارک دن کے بجائے ہفتے (سنیچر) کے روز نہائے اُس پر سے نحوست یا بدنصیبی (سنیچر) کا پیچھا کبھی نہیں چھٹتا۔

جُمعے کو نکاح ہفتے کو طلاق (اَر۔ مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی کام شروع ہونے کے بعد بہت جلد جھگڑا یا فساد ہو جائے۔

جَمعیت (جَم۔ عی۔ یَت) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) جماعت۔ مجمع۔ گروہ۔ انبوہ (۲) فوج۔ لشکر۔ سپاہ (۳) اکٹھا ہونا (۴) اطمینان۔ تسکین۔

جمعیت اکٹھا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لشکر جمع کرنا (۲) بہت سے آدمیوں کو اپنے ساتھ ملانا (۳) لوگوں کو جمع کرلینا۔

جمعیتِ خاطر (ع۔ اِ۔ مث) تسلی۔ تشفی۔ دل کا اطمینان۔ بے فکری۔ دل جمعی۔

جمِّ غفیر (جَم۔ مِ۔ غَ۔ فیر) (ع۔ اِ۔ مذ) جَم (ع) کے تحت دیکھیے۔

جَم گھٹ (جَم گھٹا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) انبوہ۔ ہجوم۔ کثیر مجمع۔ بہت بڑا ہجوم۔ اژدحام (۲) ہندوؤں کے تہوار دیوالی کی آخری رات (۳) دیوالی کی رات کو جواریوں کا ہجوم۔ جمع: جمگھٹوں۔ جمگھٹے۔

جَمَل (جَ۔ مَل) (ع۔ اِ۔ مذ) اونٹ۔ شُتر۔ ناقہ۔

جُمَل (جُ۔ مَل) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) جُملہ کی جمع (۲) ابجد کے عددوں کا حساب جس سے تاریخ نکالتے ہیں۔

جُملگی (جُم۔ لَ۔ گی) (ف۔ اِ۔ مث) تمامیت۔ عمومیت۔ پُورا کا پُورا ہونے کی حالت (۲) (صف) سب۔ کُل۔ تمام۔ مجموع۔

جُملَہ (جُم۔ لَہ) (ع۔ صف۔ و۔ اِ۔ مذ) (۱) تمام۔ سب۔ کُل (۲) کلموں کا مجموعہ۔ فقرہ جو مطلب ادا کرے۔ جمع: جُمَل۔ اُردو جمع: جُملوں۔ جُملے۔

جملۂ مُعترضہ (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) وہ زائد فقرہ یا بات جسے ہٹا دینے سے مطلب میں کوئی فرق نہ آئے۔ ابھی بات پوری نہ ہوئی ہو کہ دُوسرا جُملہ درمیان میں بول دیا جائے اور وہ جملہ ایسا ہو کہ نہ بولیں تو بھی کلام میں خلل نہ پڑے۔

جَمَن (جَ۔ مَن) (ہ۔ اِ۔ مذ) وہ مُرشی جس سے دہی جماتے ہیں۔

جَمنا (جَم۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سیال چیز کا ٹھوس بن جانا۔ مُنجمد ہونا۔ بستہ ہونا (۲) قائم ہونا یا ٹھہرنا (۳) چپکنا۔ چسپاں ہونا (۴) جگہ پکڑ لینا (۵) مضبوط ہونا۔ جڑ پکڑنا (۶) اٹل ہونا۔ ڈٹنا۔ اڑنا۔ ایک ہی جگہ کھڑا ہو جانا (۷) قائم ہونا۔ ٹِکنا (۸) ٹھیک آنا (۹) تہ نشین ہونا (۱۰) لگنا۔ پڑنا (۱۱) ذہن نشین ہونا (۱۲) دل پر اثر ہونا (۱۳) مشق ہونا۔ رواں ہونا (۱۴) انبوہ رہنا۔ اژدحام رہنا (۱۵) یقین ہو جانا۔

جمناسٹک (Gymnastic) (انگ۔ اِ۔ مذ) ورزشی کرتب۔

جمنازیم (Gymnasium) (انگ۔ اِ۔ مذ) جمناسٹک گھر۔ ورزش گھر۔ ورزش گاہ۔

جَمُو آ (جَ۔ مو۔ آ) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) ایک قسم کی جامن (۲) ایک درخت جس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے (۳) نیل کا پودا۔

جَموٹ (جَ۔ موٹ) (ہ۔ اِ۔ مث) کنوئیں کی بنیاد (۲) کنوئیں کی بنیاد رکھنے کی رسم۔

جُمُود (جُ۔ مُود) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) جم جانا (۲) کام رُک جانا۔ تعطّل۔ جبری اِلتوا (۳) مادّے کی یہ خاصیت کہ وہ اپنے سکون یا حرکت کی حالت کو خود تبدیل نہیں کرسکتا۔ (Inertia)۔

جموگ دار (ہ۔ ف۔ اِ۔ مذ) قرقی کا پیادہ۔ قرق امین۔ بیلف۔

جَموگا (جَ۔ مو۔ گا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) برگی (۲) بچّوں کی ایک بیماری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جُمْہُور (جُم۔ہُور) (ع۔ا۔مذ) (۱) پبلک۔ عوام۔ آدمیوں کا بہت بڑا گروہ۔ باشندگانِ ملک۔ جمع: جماہیر۔

جُمْہُوری (جُم۔ہُو۔ری) (ع۔صف) جمہور کی (کا)۔ جس کا تعلق جمہور سے ہو۔ عوامی۔

جمہوری ریاست (حکومت) (ع۔ا۔مث) وہ ملک جس میں عوام کے چنے ہوئے نمایندوں کی حکومت ہو۔

جُمْہُورِیّت (جُم۔ہُو۔ری۔یَت) (ع۔ا۔مث) وہ نظامِ حکومت جس میں عوام کے چنے ہوئے نمایندوں کی اکثریت رکھنے والی سیاسی جماعت حکومت چلاتی ہے اور عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے۔ (Democracy)۔ اُر جمع: جمہوریتوں۔ جمہوریتیں۔

جُمْہُورِیَہ (ع۔صف) جمہوری حکومت۔ (Republic)۔

جَمِیْع (جَ۔میع) (ع۔صف) سب۔ تمام۔ کُل۔

جَمِیْل (جَ۔مِیل) (ع۔صف) حسین۔ خوبصورت۔ سُندر۔ شکیل۔

جَمِیْلَہ (جَ۔می۔لَہ) (ع۔صف) جمیل کا مؤنث۔ خوبصورت۔ حسین۔ سُندر (عورت)۔

ج۔ن

جَن (بفتحِ اوّل) (س۔ا۔مذ) اِنسان۔ آدمی۔ بشر۔ فرد۔

جِن (بکسرِ اوّل) (ہ۔ض) (۱) جس کی جمع (۲) واحد کے لئے بطورِ تعظیم اِستعمال ہوتا ہے۔

جن جائی اُنھیں لجائی (ہ۔مثل) جن سے پیدا ہوئی اُن کو شرمندہ کیا۔ ایسی لڑکی کے لئے کہتے ہیں جو ماں باپ کو رُسوا کرے۔

جن ڈھونڈا اُن پایا (ہ۔محاورہ) جس نے محنت کی اُسے کامیابی حاصل ہوئی۔

جن کا بیڑا اُن کا کھیڑا (ہ۔محاورہ) جن کا قبیلہ بڑا ہوگا اُن ہی کا لوگوں پر رُعب ہوگا۔

جن کو چاؤ (لاڈ) گھنیرے، اُن کو دُکھ بُہتیرے (ہ۔مثل) جو لاڈ پیار سے پالے جاتے ہیں اُن کو بہت زیادہ تکلیفیں اُٹھانی پڑتی ہیں۔

جن کے بھاگ اُن کے سُہاگ (ہ۔مثل) (۱) وہی عورتیں سُہاگن رہ کر راحت و آرام سے زندگی بسر کرتی ہیں جن کا مقدر اچھا ہو (۲) آرام خوش نصیبوں ہی کو ملا کرتا ہے۔

جن گلیوں میں پھول بکھیرے اُن میں دُھول کیا بکھیروں (ہ۔مثل) جن لوگوں سے دوستی ہوتی ہے اُن سے لڑنے جھگڑنے کو جی نہیں چاہتا۔

جن مولوں آئی اُن مولوں گئی (ہ۔مثل) مفت کا مال لُٹ جاتا ہے تو کہتے ہیں۔ مفت کا مال تھا یونہی گیا۔

جِنّ (بکسرِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) لغوی معنی چھپی ہوئی مخلوق۔ ایک پوشیدہ مخلوق جو مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق آگ سے پیدا کی گئی ہے (۲) بھوت پریت۔ دیو۔ آسیب (۳) رُوح۔ ہمزاد (۴) غصّہ۔ جلال۔ قہر (۵) (صف) ضِدّی۔ سرکش (۶) مضبوط۔ سخت۔ جفاکش۔ عام انسانوں سے زیادہ کام کرنے والا (۷) ثابت قدم (۸) شہ زور۔ سرکش۔ جمع: جِنّات۔ اُردو جمع: جن۔ جنوں۔

جن اُتار دینا (اُتارنا) (اُر۔محاورہ) (۱) کسی پر جن آیا ہوا ہو تو عمل کے ذریعے اُسے بھگا دینا۔ آسیب دُور کرنا (۲) غصّہ دُور کرنا۔ ٹیڑھے یا سرکش آدمی کو سیدھا کر دینا۔

جن چڑھنا (اُر۔محاورہ) (۱) آسیب کا اثر ہونا (۲) غصّہ چڑھنا۔ طیش آنا (۳) چڑ ہونا۔ ضد ہونا۔ ہٹ پر آجانا۔ پیچ کرنا (۴) سودا ہونا۔ خبط ہونا۔

جن سوار ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) بہت غصّے ہونا (۲) آسیب کا اثر ہونا (۳) دُھن یا خبط ہونا۔

جن شیشے میں اُتارنا (اُر۔محاورہ) (۱) جن کو قابو میں کرنا (۲) ضِدّی یا سرکش آدمی کو قابو میں کر لینا۔

جن کا سایہ (اُر۔ا۔مذ) جن کا اثر۔ آسیب کا اثر۔

جَنا (جَ۔نا) (ہ۔ا۔مذ) س: جَن (۱) آدمی۔ شخص۔ فرد (۲) جننا مصدر کا ماضی (۳) (ہ۔صف) جنا ہوا۔ پیدا شدہ۔ جمع: جنوں۔ جنے۔

جَناب (جَ۔ناب) (ع۔کلمہ خطاب) (۱) حضرت۔ حضور۔ قبلہ۔ آپ۔ صاحب۔ خود بدولت۔ خداوند (۲) (ع۔ا۔مث) درگاہ۔ آستانہ۔ دربار۔

جنابِ عالی (ع۔صف) حضورِ اعلیٰ۔ عالی جناب۔ حضرت سلامت۔

جَنابَت (جَ۔نا۔بت) (ع۔ا۔مث) (۱) ناپاکی۔ نجاست۔ آلودگی (۲) خصوصاً وہ ناپاکی جو مرد عورت کے صحبت کرنے یا اِحتلام سے ہو۔

جَنّات (جَن۔نات) (ع۔ا۔مث) جنّت کی جمع۔ نیز دیکھیے جنان۔

جِنّات (جِن۔نات) (ع۔ا۔مذ) جن کی جمع۔

جِنّاتی (جِن۔نا۔تی) (ع۔صف) جنّات سے منسوب۔

جنّاتی زبان (ع۔ف۔ا۔مث) ایسی زبان جو سمجھ میں نہ آئے۔

جَناح (جَ۔ناح) (ع۔ا۔مذ) بازو۔ پر۔ پنکھ (۲) فوج کا ایک بازو۔

جُناح (جُ۔ناح) (ع۔ا۔مذ) گناہ۔

جِنازہ (ع۔ا۔مذ) (بکسرِ اوّل و بفتحِ اوّل دونوں صحیح ہیں۔ اُردو میں بیشتر بفتحِ اوّل مستعمل ہے) (۱) لاش جسے دفن کرنے کے لئے لے جائیں (۲) میّت کا تابوت۔ اُردو جمع: جنازوں۔ جنازے۔

جنازہ اُٹھنا (اُر۔محاورہ) میّت کو قبرستان لے جانا۔

جنازۂ رواں (ع۔ف۔ا۔مذ) (کنایتہً) گھوڑا۔ گھوڑے کی سواری۔

جنازہ دیکھے (اُر۔قسم) اپنی جان کی قسم۔ یعنی تُو نے ایسا نہ کیا تو میرا مُردہ دیکھے گا۔

جنازہ نکلے (اُر۔بددُعا) مر جائے۔

جِنان (جِ۔نان) (ع۔ا۔مث) جنّت کی جمع۔ نیز دیکھیے جنّات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جَناتا (جَنواتا) (جَ۔نا۔تا) (جَن۔وا۔تا) (ہ۔مص) (۱) جنتا کا متعدی۔ عورت کے پیٹ سے بچّہ باہر نکالنا۔ دائی کا کام کرنا۔

جَناوَر (جَ۔نا۔وَر) (ہ۔مذ) جانور کا بگاڑ۔

جَنائی (جَ۔نا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) بچّہ جنانے کی اُجرت (۲) بچّہ جنانے والی دائی یا قابلہ۔

جَنْب (بفتح اوّل) (نون غنّہ) (ب ساکن) (ع۔ا۔مث) پہلو۔ پسلی۔ طرف (۲) ملک کا ایک حصّہ۔

جُنُب (جُ۔نُب) (ع۔ا۔مذ) وہ آدمی جسے جماع یا احتلام کی وجہ سے غسل کی حاجت ہو۔

جُنْباں (جُن۔باں) (ف۔صف) ہلتا ہوا۔ لرزاں۔

جُنْبِش (جُن۔بِش) (ف۔ا۔مث) حرکت۔ ہلنا جلنا۔

جَنْبَہ (جَن۔بَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) حمایت۔ طرفداری۔ پناہ (۲) طرف۔ پہلو۔

جنبہ داری (ع۔ا۔مث) طرفداری۔ حمایت۔ پناہ۔

جَنَّت (جَن۔نَت) (ع۔ا۔مث) (۱) باغ (۲) بہشت۔ فردوس۔ سورگ۔ جمع: جنان۔ جنّات۔ اُردو جمع: جنّتوں۔ جنّتیں۔

جنّت آشیانی (جنّت مکانی) (ع۔صف) جس کو جنّت میں جگہ دی گئی۔ مرحوم۔

جنّتُ البقیع (ع۔ا۔مث) مدینہ منوّرہ کا ایک قبرستان جس میں اہلِ بیتؓ اور صحابہ کرامؓ دفن ہیں۔

جنّتُ الحمقاء (جَن۔نَ۔تُل۔حَ۔مَ۔قا) (ع۔ا۔مث) خیالی جنّت۔ احمقوں کی جنّت۔ (Fools Paradise)۔

جنّتُ الماویٰ (جَن۔نَ۔تُل۔ما۔وا) (ع۔ا۔مث) آرام کا باغ۔ بہشت۔

جنّتِ شدّاد (ع۔ا۔مث) وہ باغ یا جنّت جو بابل کے بادشاہ شدّاد نے بنوائی تھی۔

جنّتِ عدن (ع۔ا۔مث) وہ باغ جس میں حضرت آدم علیہ السلام کو شجرِ ممنوعہ کا پھل کھانے سے پہلے رکھا گیا تھا۔

جنّت کی کھڑکی کھلنا (اُر۔محاورہ) ٹھنڈی ہوا کے جھونکے آنا۔

جنّت نشاں (ع۔ف۔صف) (۱) آنجہانی (۲) مرحوم (۳) جنّت جیسا دلکش۔

جَنْتا (جَن۔تا) (س۔ا۔مث) عوام۔ جمہور۔ پبلک۔ مجمع۔ بھیڑ۔

جَنْتَر (بفتح اوّل و سوم) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آلہ۔ اوزار۔ آلۂ جرِّ ثقیل (۲) ایک قسم کا باجا (۳) تعویذ۔ گنڈا۔ جادو ٹونا۔ نقش (۳) روغن اور عرق نکالنے کا برتن (۴) رصدگاہ (۵) علمِ نجوم کا کوئی نقشہ (۶) دھوپ گھڑی۔

جنتر منتر (ہ۔ا۔مذ) (۱) بازی گری۔ شعبدہ بازی (۲) مکاری۔ فریب کاری (۳) ٹونا (۴) رصدگاہ۔

جَنْتَری (جَن۔تَ۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) لوہے کی سوراخ دار پلیٹ جس میں سونے چاندی کے تار ڈال کر انہیں لمبا کرتے ہیں (۲) تقویم۔ وہ کتاب جس میں نجومی ستاروں کی گردش کا سالانہ حال تاریخ وار درج کرتے ہیں۔ جمع: جنتریاں۔ جنتریوں۔

جنتری میں کھینچنا (نکالنا) (اُر۔محاورہ) (۱) سونے یا چاندی کے تار کو جنتری میں کھینچ کر لمبا کرنا (۲) کسی آدمی کے کس بل نکال دینا۔

جَنْتُو (جَن۔تو) (س۔ا۔مذ) (۱) جانور۔ حیوان (۲) رینگنے والے جانور۔ کیڑے مکوڑے۔ حشرات الارض۔

جَنَّتی (جَن۔نَ۔تی) (ع۔صف) جنّت سے منسوب۔ بہشت میں رہنے والا۔ جنّت میں جانے والا۔ مرحوم (۲) سیدھا سادہ۔ بھولا بھالا (۳) بہرا۔

جنٹلمین (Gentleman) (انگ۔ا۔مذ) (۱) شریف آدمی۔ باوقار شہری (۲) مغرب زدہ انسان۔

جَنْجال (بفتح اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وبال۔ آفت۔ مصیبت۔ بلا (۲) بکھیڑا۔ پریشانی (۳) مشکل۔ دشواری (۴) حیرانی۔ پریشانی (۵) وہ آدمی یا بات جس سے تکلیف ہو (۶) بوجھ۔ گلے کا ہار (۷) پاؤں کی بیڑی۔

جنجال میں پڑنا (پھنسنا) (اُر۔محاورہ) (۱) مصیبت میں پڑنا (۲) کسی جھگڑے میں اُلجھ جانا۔

جنجال ہو کر چمٹنا (اُر۔محاورہ) بُری طرح پیچھے پڑنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

جنجالی (ہ۔صف) جھگڑالو۔ تنگ کرنے والا۔

جنجر (Ginger) (انگ۔ا۔مث) ادرک۔ سونٹھ۔

جنچنا (جنچ۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے جچنا۔

جُنْد (بضم اوّل) (نون غنّہ) (ع۔ا۔مذ) فوج۔ لشکر۔ جمع: جُنود۔

جنڈا (جنڈرا) (جَن۔ڈا) (جَند۔را) (ہ۔ا۔مذ) گھاس وغیرہ اکٹھی کرنے کا آلہ جس سے آبپاشی کے دوران مٹی اکٹھی کر کے کیاریاں بناتے ہیں (۲) (پن) قفل۔ تالا۔

جِنْدڑی (جِند۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) زندگی۔

جندڑی گنوانا (اُر۔محاورہ) جان کھونا۔ جان نثار کرنا۔

جَنْڈ (بفتح اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک جنگلی درخت جس کی لکڑی جلانے کے کام آتی ہے اور اُس کی پھلیوں کا اچار ڈالا جاتا ہے۔

جنرل (General) (انگ۔ا۔مذ) (۱) سب سے بڑا فوجی افسر۔ فوج کا کمانڈر (۲) (صف) عام (۳) بڑا۔

جنرل پوسٹ آفس (General Post Office) (انگ۔ا۔مذ) بڑا ڈاک خانہ۔ مرکزی ڈاک خانہ۔

جنرل مرچنٹ (General Merchant) (انگ۔ا۔مذ) ایسا سوداگر یا دکاندار جس کے ہاں استعمال کی ہر چیز ملتی ہو۔

جنریٹر (Generator) (انگ۔ا۔مذ) (۱) پیدا کرنے والا (۲) بجلی پیدا کرنے والی مشین۔

جِنْس (بکسر اوّل و سکون سوم) (نون غنّہ) (ع۔ا۔مث) (۱) ذات۔ نوع۔ صنف۔ جماعت (۲) چیز۔ شے (۳) اسباب۔ سودا (۴) سامان۔ اثاثہ یا اشیائے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

منقولہ (۵) پیداوار۔ اُناج۔ غلّہ (۶) نسل (۷) علم قواعد میں تذکیر و تانیث (۸) منطق اور فلسفے میں وہ کلّی جس کے تحت چند انواع ہوں۔ نوع۔ وہ جس کے تحت اَصناف ہوں۔ صنف۔ وہ جس کے تحت افراد ہوں مثلاً حیوان جنس ہے اور اِنسان نوع۔ جیسے ہندی' جاپانی' چینی۔ جمع: اَجناس۔

جنس خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) گودام۔ ڈپو۔

جنس وار (ع۔ف۔صف)(۱) قسم یا نوع کے مطابق۔ قسموں کو سامنے رکھ کر فصلوں کی تقسیم (۲)(مذ) وہ نقشہ جو پٹواری لوگ کاشتہ جنس کی اقسام کے متعلق تحصیل دار کو پیش کرتے ہیں۔

جِنْسی (جِن۔سی)(ع۔صف)(۱) جنس کے متعلق (۲) مرد عورت کے باہمی جسمانی تعلّق کے بارے میں۔

جِنْسیات (جِن۔سی۔یات)(ع۔ا۔مذ) وہ علم جس میں مرد عورت کے جسمانی تعلّق کی شرح کی جاتی ہے۔

جِنْسِیَّت (جِن۔سی۔یَت)(ع۔ا۔مث) یکسانیت۔ ہم جنس ہونا۔ ایک میل ہونا (۲) جنسی خواہش یا جذبہ۔

جنکشن (Junction)(انگ۔ا۔مذ)(۱) ملنے کی جگہ (۲) ایسا ریلوے اسٹیشن جہاں دو سے زیادہ لائنیں آ کر ملتی ہوں۔

جُنْگ (بضمِ اوّل و سکونِ سوم)(نونِ غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک جلد جس میں کئی کتابیں ہوں (۲) کتابوں کا پُشتارہ۔ مُٹھا (۳) بڑی بیاض (۴)(ہ۔ا۔مث) جوش۔ دُھن (۵) بہی کھاتہ۔

جَنْگ (بفتحِ اوّل)(نونِ غنّہ)(ف۔ا۔مث)(۱) دو منظم گروہوں کے درمیان لڑائی جس میں ہتھیاروں کا آزادانہ اِستعمال کیا گیا ہو (۲) لڑائی۔ معرکہ (۳) دُشمنی۔ بَیر۔ کینہ۔ عداوت۔ اُردو جمع: جنگوں۔ جنگیں۔

جنگ آزمودہ (ف۔صف) جس کو جنگ کا تجربہ ہو۔ جو جنگ میں شریک ہو چکا ہو اور لڑائی کے طور طریق سے واقف ہو۔ بہادُر۔ دلیر۔

جنگ آور (ف۔صف) شُجاع۔ دلیر۔ بہادُر۔ لڑاکا۔

جنگ جُو (ف۔صف) لڑاکا۔ لڑائی کے بہانے ڈھونڈنے والا۔ جھگڑالو۔

جنگ جُوئی (ف۔ا۔مث) لڑائی جھگڑے کی عادت (۲) لڑنے کے بہانے ڈھونڈنے کا چسکا۔

جنگ زرگری (ف۔ا۔مث) مصنوعی لڑائی۔ دکھاوے کی لڑائی۔

جنگ سر کرنا (اُر۔محاورہ) لڑائی میں فتح پانا۔

جنگ گاہ (جنگاہ) (ف۔ا۔مث) میدانِ جنگ۔ لڑائی کا میدان۔

جنگ مغلوبہ (ف۔ع۔ا۔مث)(۱) دَست بدست جنگ (۲) شکست کا یقین ہو جانے پر بھی بہادُری سے لڑنا۔

جنگ وجدال (جنگ وجدل) (ف۔ا۔مث)(۱) لڑائی۔ معرکہ۔ مار کٹائی (۲) جھگڑا۔ فساد۔

جَنْگَل (بفتحِ اوّل و سوم)(نونِ غنّہ)(س۔ا۔مذ)(۱) درختوں کی کثرت کا مقام۔ وہ مقام جہاں درختوں کی اِفراط ہو (۲) چراگاہ۔ گیاہستان۔ جمع: جنگل۔ جنگلوں۔

جنگل بُری (ہ۔ف۔ا۔مث) جنگل کی کٹائی۔

جنگل بیابان (اُر۔ا۔مذ) ایسا جنگل جہاں کسی بستی یا آدمی کا نام و نشان نہ ہو۔

جنگل پھرنا (جنگل جانا) (اُر۔محاورہ) پاخانہ کرنے کے لئے جنگل میں جانا۔

جنگل جاٹ نہ چھیڑیئے' ہٹی بیچ کراڑ (کلال)۔ بُھوکا تُرک نہ چھیڑیئے' ہو جائے جی کا جنجال (ہ۔مثل) جنگل میں جاٹ کو' دُکان پر بنیے کو اور بھوکے تُرک کو نہ چھیڑنا چاہئے۔

جنگل کا تیتر (اُر۔صف) ڈرپوک۔ بُزدل۔

جنگل میں منگل ہونا (اُر۔محاورہ) ویرانے میں آبادی اور رونق ہونا۔ ویرانے میں عیش و عشرت کا سامان ہونا یا چہل پہل ہونا۔

جنگل میں مورنا چا کس نے دیکھا (اُر۔مثل) کام ایسی جگہ ہونا چاہئے جہاں سب دیکھیں۔ الگ تھلگ یا پردیس میں رہ کر کام کرنے سے کیا فائدہ۔

جنگل ہو جانا (جنگل ہونا) (اُر۔محاورہ)(۱) بستی یا شہر کا غیر آباد ہو جانا (۲) خودرو درختوں کا بکثرت اُگ آنا۔

جنگلا (جنگ۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لکڑی کی پھچیوں یا لوہے کی سلاخوں کا وہ فریم جو دروازے' باڑھ یا کٹہرے کے طور پر لگاتے ہیں (۲) گوٹے کناری کا حاشیہ جو دوپٹے وغیرہ پر ٹانکتے ہیں (۳) مختلف رنگوں کے بیل بُوٹے (۴) ایک قسم کا پُھول دار کپڑا (۵) اُجاڑ مکان (۶) جنگلی کبوتر (۷) ایک راگنی کا نام۔

جنگلی (جنگ۔لی)(اُر۔صف) جنگل کا۔ صحرائی۔ دشتی۔ جنگل کے متعلق (۲) وحشی۔ غیر مانوس (۳) بدتمیز۔ گنوار۔ غیر مہذب۔ اُجڈ۔

جنگلی بیر (اُر۔ا۔مذ) چھوٹا لال چھلکے کا گول بیر جو جھاڑی میں آتا ہے' جسے جھڑبیری کہتے ہیں۔

جَنْگی (بفتحِ اوّل)(نونِ غنّہ)(ف۔صف)(۱) جنگ کے متعلق (۲) قابلِ جنگ (۳) فوجی (۴) بہادُر (۵) فسادی۔

جنگی بیڑا (ف۔ہ۔ا۔مذ) بحری فوج کے جہاز۔

جنگی لاٹ (ف۔ہ۔ا۔مذ) سپہ سالار۔ کمانڈر انچیف۔

جَنَم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ)(۱) پیدائش۔ پیدا ہونا۔ ولادت (۲) زندگی۔ زیست۔ عُمر (۳) عادت۔ خصلت (۴) اصل۔ بُنیاد۔ نسل (۵) خِلقت۔ آفرینش۔ (ہندی اور اُردو میں بفتحِ دوم مستعمل ہے)۔ جمع: جنم۔ جنموں۔

جنم اِستھان (جنم بھوم) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے جنم بُھومی۔

جنم اشٹمی (ہ۔ا۔مث) بھادوں کی آٹھویں تاریخ۔ اِس دن کرشن جی کے جنم کی خوشی منائی جاتی ہے۔

جنم اندھا (جنم کا اندھا) (اُر۔ا۔مذ) پیدائشی اَندھا۔ مادرزاد اندھا۔

جنم بگاڑنا (اُر۔محاورہ) زنا کرنا۔ بدکاری کرنا (۲) زندگی کو بے لُطف بنا دینا (۳) بے ایمانی کرنا۔

جنم بگڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) بیوہ ہونا (۲) زندگی برباد ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جنم بھومی (ہ۔ا۔مث) پیدائش کی جگہ۔ آبائی وطن۔ جنم بھوم۔

جنم پتر (جنم پترا۔ جنم پتری) (ہ۔ا۔ شروع کے دو مذ۔ تیسرا مث) وہ کاغذ جس پر بچے کی پیدائش کا وقت، دن اور مہینا لکھا جاتا ہے (اس میں پیدائش کے وقت ستاروں کی حالت کا نقشہ بھی بنواتے ہیں۔ اسی سے بچے کی تقدیر کا زائچہ تیار کیا جاتا ہے)۔

جنم پتر سب دیکھتے ہیں۔ کرم پتر کوئی نہیں دیکھتا (ہ۔ مثل) حسب نسب پر زور دینا مگر چال چلن کی چھان بین نہ کرنا۔

جنم پٹا (ہ۔ا۔مذ) عمر بھر کا اقرار نامہ۔

جنم جگ (جنم بھر) (ق۔ متعلق فعل) عمر بھر۔

جنم جلا۔ جنم جلی (ہ۔ صف)(ا) بدنصیب۔ بدقسمت۔ مصیبت زدہ۔

جنم جنم (ہ۔ صف) سدا۔ ہمیشہ۔

جنم داتا (ہ۔ صف۔ و۔ا۔مذ)(ا) پیدا کرنے والا۔ خدا (۲) باپ (۳) آغاز کرنے والا۔ بانی۔

جنم دن (ہ۔ا۔مذ) پیدائش کا دن۔ سالگرہ۔

جنم ڈبونا (ہ۔ محاورہ)(ا) گناہ کر کے اپنی زندگی خراب کر لینا (۲) مذہب بدلنا۔

جنم روگ (ہ۔ا۔مذ) موروثی مرض۔ پیدائشی بیماری۔

جنم روگی (ہ۔ صف) پیدائشی بیمار۔ جو پیدا ہی مریض ہو۔ دائم المرض۔

جنم سُدھر جانا (سُدھرنا) (ا۔ محاورہ) زندگی سدھر جانا۔ حالت اچھی ہو جانا۔

جنم کُنڈلی (ہ۔ا۔مث) زائچہ۔ چھوٹی جنم پتری۔

جنم کے اندھے نام نین سکھ (ا۔ مثل) قابلیت صفر دعویٰ بہت۔

جنم کے ساتھی ہیں کرم کے ساتھی نہیں ہیں (ہ۔ مثل) ایک ہی وقت میں پیدا ہوئے مگر مقدر الگ الگ لائے ہیں۔

جنم کے کم بخت نام بختاور سنگھ (ا۔ مثل) مقدر کے لحاظ سے پیدائشی بدنصیب ہیں مگر نام ایسا ہے جیسے بڑے خوش نصیب ہیں۔

جنم کے منگتے نام داتا رام (ہ۔ مثل) پیدائشی بھک منگے مگر نام ہے 'دینے والے'۔ اصلیت شہرت کے بالکل برعکس ہے۔

جنم گھٹی (ہ۔ا۔مث)(ا) وہ گھٹی جو پیدا ہوتے ہی بچے کو دی جاتی ہے (۲) وہ چیز جس کی کسی کو مدت سے عادت چلی آرہی ہو۔

جنم لینا (ہ۔ محاورہ) پیدا ہونا۔

جنم مرن (ہ۔ا۔مذ) پیدائش اور موت۔

جنم میں تھوکنا (ہ۔ محاورہ)(ا) عیب لگانا، تہمت لگانا (۲) نام دھرنا (۳) لعنت ملامت کرنا۔ لعن طعن کرنا۔

جنمی (جن۔ می)(ہ۔ صف)(ا) پیدائشی۔ قدرتی (۲) زندہ چیز۔ جانور۔

جننا (جن۔ نا)(ہ۔ مص) بچہ پیدا کرنا۔ بچے کو جنم دینا۔

جننا اور مرنا برابر (ہوتا ہے) (ا۔ مثل)(ا) بچہ پیدا ہوتے وقت عورت کو اتنی ہی تکلیف ہوتی ہے جتنی جان نکلتے وقت ہوتی ہے (۲) بچہ جننے میں جان جانے کا ڈر ہوتا ہے۔

جننگ فیکٹری (Ginning Factory) (انگ۔ا۔مث) کپاس سے بنولے الگ کرنے کا کارخانہ۔

جننگ مشین (Ginning Machine) (انگ۔ا۔مث) کپاس سے بنولے الگ کرنے کی مشین۔

جننی (ج۔ ن۔ نی)(س۔ا۔مث) جننے والی۔ ماں۔

جنواسا (جن۔ وا۔ سا)(ہ۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں دُلہن والوں نے دُولھا اور براتیوں کو ٹھہرانے کا انتظام کیا ہو (۲) خاردار جھاڑی۔

جنوانا (جن۔ وا۔ نا)(ہ۔ مص) جننا کا متعدی۔ دیکھئے جنانا۔

جنوائی (جن۔ وا۔ ئی)(ہ۔ا۔مث) دائی کی فیس۔ جنائی۔

جنوائی (جوائی) (جنوا۔ اِی)(ج۔ وا۔ ئی)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ)(ا) بیٹی کا شوہر۔ داماد (۲) دُشمن (۳) ایک گالی۔

جُنوب (جُ۔ نوب)(ع۔ا۔مذ) دکھن۔ دکن (سَمت) (۲) جَنب کی جمع۔

جُنوباً (جُ۔ نُو۔ بَن)(ع۔ متعلق فعل) جنوب کی طرف۔ جنوب کی سَمت۔

جُنوبی (جُ۔ نُو۔ بی)(ع۔ صف) دکھن سے متعلق۔ جنوب کی سَمت۔

جُنود (جُ۔ نُود)(ع۔ا۔مذ) جُند کی جمع (۲) شطرنج کے مُہرے۔

جنوری (January) (انگ۔ا۔مذ) انگریزی سال کا پہلا مہینا جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔ اس کا نام رُومی دیوتا Janus کے نام پر رکھا گیا ہے۔

جُنون (جُ۔ نُون)(ع۔ا۔مذ)(ا) دیوانگی۔ پاگل پن۔ سودا۔ خبط (۲) غصہ۔ طیش (۳) کسی چیز کی دُھن۔

جنون آنا (ا۔ محاورہ) غصہ آنا۔ طیش آنا۔

جنون اُچھلنا (ا۔ محاورہ)(ا) دیوانگی کا دورہ پڑنا۔ خبط سوار ہونا (۲) کسی چیز کی دُھن لگنا۔

جنون چڑھنا (ا۔ محاورہ)(ا) پاگل پن سوار ہونا (۲) غصہ آنا۔ طیش آنا۔

جنونِ دَوری (ع۔ا۔مذ) ایسا جنون جو ہر وقت نہ رہتا ہو، بلکہ کبھی مریض جنون کی حالت میں ہوتا ہو تو کبھی بالکل باحواس۔

جنونِ سگ گزیدگی (ف۔ا۔مذ) ہُڑک۔ ایک مُہلک بیماری جو پاگل کتے کے کاٹنے سے لاحق ہوتی ہے۔ نیز دیکھئے ہائیڈروفوبیا۔

جُنونی (جُ۔ نُو۔ نی)(ع۔ صف)(ا) جس کو جنون ہو۔ دیوانہ۔ پاگل۔ سودائی (۲) غصیل (۳) ظالم۔ سفاک۔

جنھوں (ہ۔ ض) جن کی جمع یا جس کی جمع الجمع (جس کی جمع جن۔ جن کی جمع جنھوں)۔

جنھیں (ہ۔ ض) جن کی مفعولی شکل۔ جن کو۔ جن لوگوں کو۔ جن باتوں کو۔

جَنی (جَ۔ نی)(ہ۔ا۔مث) جَنا کی تانیث (ا) عورت۔ زن (۲) خادمہ۔ لونڈی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بیٹی۔ سہیلی۔ گوئیاں۔

جُنی (جُ۔نی)(ق۔ا۔مث) پیاری۔

جِنی (جِن۔نی)(ع۔صف) جِن سے متعلق (۲) جِن۔

جَنے (جَ۔نے)(ہ)(۱) لفظ "جانے" کا مخفف۔ گویا۔ جیسے۔ فرض کرو (۲) خبر نہیں۔ معلوم نہیں۔ خُدا جانے (۳) جنا (بمعنی فرد) کی جمع۔ کئی افراد۔

جَنے کوئی، گوند کھانے کھائے کوئی (ار۔مثل) مُصیبت کوئی اُٹھائے اور فائدہ کوئی حاصل کرے۔ (بچہ پیدا ہونے کے بعد زچّہ کو طاقت کے لئے گوند کھانے کھلاتے ہیں لیکن زچّہ کے ساتھ اُوپر والے بھی کھاتے ہیں، حالانکہ انہوں نے بچہ جَننے کی تکلیف نہیں اُٹھائی۔

جنیا (جَن۔ای۔آ)(ہ۔ا۔مذ) جانی کی تصغیر۔ جانِ من۔ میری جان۔

جَنین (جَ۔نین)(ع۔ا۔مذ) کچّا بچہ۔ وہ بچہ جو رحمِ مادر میں ہو۔ ادھورا بچہ۔ مُضغہ (لوتھڑا)۔ جمع: اَجِنّہ۔

جنیو (جَ۔نیو)(ہ۔ا۔مذ)(۱) وہ بٹا ہوا دھاگا جسے ہندو لوگ بدھی کی طرح گلے میں ڈالے رہتے ہیں (۲) جواہرات میں پڑا ہوا بال (خط یا لکیر)۔

جنیو کا ہاتھ (ہ۔ا۔مذ) پٹے یا تلوار کا وہ ہاتھ جو مُقابل کے سینے پر آڑا یا ترچھا مارا جاتا ہے۔

ج۔و

جَو (بالفتح)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایک غلّہ جو زردی مائل سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ شعیر (۲)(صف) ذرا سا۔ قلیل (۳) اِنچ کا تیسرا حِصّہ۔

جَو بھر (ار۔صف) ذرا سا۔ کچھ ہی۔ قدرے۔ قلیل۔

جَو جَو (ار۔صف) ذرا ذرا سا۔ رتّی رتّی۔ کم سے کم مقدار۔

جَو جَو حساب لینا (ار۔محاورہ) حساب لینے میں چھوٹی سے چھوٹی رقم کے بارے میں بھی دریافت کرنا۔ اِنتہائی سختی سے حساب لینا۔

جَوکوب (ف۔صف) کُوٹا ہوا جَو۔ موٹا موٹا یا ذرا ذرا کُٹا ہوا جَو (۲) جَو کے برابر ٹکڑوں میں کٹا ہوا۔

جَوّ (بفتح جیم و تشدید واو)(ع۔ا۔مذ)(۱) فضا (۲) خلا۔

جُو (جُو۔جو)(واو معروف و مجہول)(ف۔ا۔مث)(۱) ندی۔ نالا۔ سوتا۔ نہر (۲) فارسی مصدر جُستن کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور تلاش کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جنگ جُو۔ (بالعموم بواو معروف مستعمل ہے)۔

جو (واو مجہول)(ہ۔حرفِ صِلہ) جو شخص۔ جو چیز۔ جو بات (۲)(اِسم ظرف) جس قدر (۳)(حرفِ شرط) اگر۔ بشرطیکہ (۴)(صف و تابع فعل) اچانک۔ ناگاہ۔ جو کوئی۔ جو کچھ۔ جس سبب سے۔ جس بنا پر۔

جو آگ کھائے گا انگارے ہگے گا (ار۔مثل) جو بُرے کام کرے گا اُسے اُن کا نتیجہ بُھگتنا پڑے گا۔

جو اپنے کام نہ آئے، چولہے میں جائے (ار۔مثل) بے فیض آدمی کسی کام کا نہیں ہوتا۔

جو بامن کی پوتھی میں، سو یاروں کی زبان پر (ہ۔مثل) جو بات پنڈت نے اپنی کتاب میں لکھی ہے (یعنی راز میں ہے) وہ ہم سمجھ گئے ہیں۔ اپنی عقل کی رسائی جتانا کہ ہم تمہارے دل کا راز جانتے ہیں۔

جو بندھ گیا سو موتی (ار۔مثل) جو اِنسان تکلیفیں اور مصیبتیں اُٹھا کر کچھ سیکھ لیتا ہے وہی کام کا آدمی بنتا ہے۔

جو بولے سو گنڈا کھولے (ار۔مثل) جو تجویز پیش کرے وہی اُس پر عمل بھی کر کے دکھائے۔

جو بوؤ گے وہی کاٹو گے (ار۔مثل) جیسا کرو گے ویسا ہی اُس کا پھل ملے گا۔

جو بہت قریب، وہ زیادہ رقیب (ار۔مثل) اپنے رشتے دار اور دوست اوروں سے زیادہ حسد کرتے ہیں۔

جو پھل چکھا نہیں وہی میٹھا (ار۔مثل) اَن دیکھی چیز کی قدر طوعاً و کرہاً ہوتی ہے۔

جو پہلے مارے سو میری (ار۔مثل) جو موقع ملتے ہی فائدہ اُٹھا لے وہی کامیاب رہے گا (۲) لڑائی میں جو چھوٹتے ہی مار بیٹھے گا وہ جیت جائے گا۔

جو جاگے گا، سو پائے گا (ار۔مثل) جو ہوشیار اور چوکنّا رہے گا وہ فائدہ اُٹھائے گا۔

جو جو (ہ۔کلمۂ تخصیص) بہت سی چیزوں میں سے چند چیزیں (جو پسند، مطلوب یا درکار ہوں)۔

جو جو کچھ (ہ۔متعلق فعل) جتنی قسم کے۔ جیسے جیسے۔

جو جو مرغی موٹی وہ وہ دُم چھوٹی (ار۔مثل) جس قدر دولت بڑھتی ہے اُسی قدر بُخل بڑھتا ہے۔

جو چڑھے گا سو (ڈھئے گا) گرے گا (ار۔مثل) جو ترقی کرتا ہے وہ نُقصان بھی اُٹھاتا ہے۔

جو خال اپنی حد سے بڑھا سو مَسّا ہوا (ار۔مثل) جو چیز اپنی حد سے بڑھ جائے خواہ کتنی ہی خوبصورت ہو، بدنما معلوم ہوتی ہے۔

جو دِل میں ہے وہی زبان (مُنہ) پر ہے (ار۔مثل) ظاہر باطن یکساں ہے۔ صاف باطن ہے۔

جو دم ہے غنیمت ہے (ار۔مثل) زندگی جیسے یا جس رنگ میں گزر رہی ہے، غنیمت ہے۔

جو دوڑ کر چلا وہی گرا (ار۔مثل) جو شخص کسی کام میں ضرورت سے زیادہ تیزی یا جلد بازی دکھاتا ہے وہ نُقصان اُٹھاتا ہے۔

جو دھرتی پہ آیا، اُسے دھرتی نے کھایا (ار۔مثل) جو دُنیا میں پیدا ہوا ہے وہ مرے گا ضرور۔ دُنیا فانی ہے۔

جو راہ بتائے وہی آگے چلے (ار۔مثل) صلاح مشورہ بھی دے اور پھر اُس کام کو کرے بھی۔

جو ساون میں بِرکھا ہوئے، کھوج کال کا بالکل کھوئے (ہ۔مثل) ساون کے مہینے میں بارش (برکھا) ہو جائے تو قحط سالی ناممکن ہو جاتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جو سحری کھائے' وہی روزہ رکھے (اُر۔مثل) جو فائدہ اٹھائے اُسی کو تکلیف بھی برداشت کرنی چاہئے۔

جو سر اُٹھا کے چلے گا وہی ٹھوکر کھائے گا (اُر۔مثل) جو غرور کرے گا وہ ذلیل ہوگا۔

جو سوئے گا وہ روئے گا (اُر۔مثل) غافل شخص بالآخر پچھتاتا ہے۔

جو کچھ (ہ۔متعلق فعل) جس قدر۔ جتنا۔ جہاں تک۔

جو کرے سو بھرے (اُر۔مثل)(۱) جس نے نقصان کیا وہی ہرجانہ دے (۲) جو بُرا کرتا ہے وہی سزا پاتا ہے۔

جو کسی کے لئے کنواں کھودتا ہے' اُس کے لئے کھائی تیار ہے (اُر۔مثل) جو کوئی کسی کو نقصان پہنچانے کی سوچتا ہے قدرت اُس کو نقصان پہنچاتی ہے۔ چاہ کن را چاہ در پیش۔

جو کل ہونا ہے آج ہو جائے (اُر۔مثل) (۱) جلدی ہونا۔ عجلت یا گھبراہٹ ہونا (۲) کام جلد ختم کرنے کی تاکید۔

جو کوئی (ہ۔متعلق فعل) ہر ایک۔ ہر کوئی۔

جو کوئی کلپائے' وہ کیسے کل پائے (ہ۔مثل) جو اوروں کو ستاتا ہے وہ خود بھی چین نہیں پاتا۔

جو کہ (ہ۔حرف شرط)(۱) چونکہ۔ اگرچہ (۲) کلمۂ وضاحت یا تفصیل۔

جو کہو سو پھبتی ہے (اُر۔مثل) جتنا بُرا کہو ٹھیک ہے۔

جو گدھے جیتیں سنگرام' تو کاہے تازی خرچیں دام (اُر۔مثل) اگر عربی گھوڑوں کی بجائے گدھوں سے لڑائی (سنگرام) جیتی جا سکے تو عربی گھوڑوں پر کیوں زیادہ خرچ کیا جائے۔

جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں (اُر۔مثل) شیخی بگھارنے والے نکمے ہوتے ہیں۔

جو گُڑ دیئے سے مرے' اُسے زہر کیوں دیا جائے (اُر۔مثل) جو کام نرمی سے نکل سکتا ہو اُس میں سختی نہیں کرنی چاہئے (۲) جو شخص اچھے سلوک سے رام ہو رہا ہو اُس کے ساتھ بدسلوکی نہیں کرنی چاہئے۔

جو ماں سے زیادہ چاہے وہ پھاپھا کٹنی کہلائے (اُر۔مثل) دیکھئے ماں سے سوا چاہے۔

جو من میں بسے' سو سپنے دِسے (اُر۔مثل) جو شخص یا چیز دل سے پسند ہو وہ خواب میں بھی دکھائی دیتی ہے۔

جو نہ بھائے آپ کو' وہ بڑی بہو کے باپ کو (اُر۔مثل) جو چیز یا کام اپنے لئے پسند نہ کرنا وہ اوروں کے لئے تجویز کرنا۔

جو وعدے سے پھرا سو خدا سے پھرا (اُر۔مثل) وعدہ پورا نہ کرنا ایسا ہی ہے جیسے خُدا سے باغی ہونا۔

جو ہانڈی میں سو ڈوئی میں (اُر۔مثل)(۱) جو دِل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے (۲) اَصلیت ظاہر ہو کر رہتی ہے۔

جو ہو سو ہو (اُر۔مقولہ)(۱) جو کچھ پیش آئے برداشت کریں گے (۲) کچھ ہی کیوں نہ ہو (۳) ہم اپنی سی کر چکے اب جو نتیجہ نکلے۔

جَوا (جَ۔وا)(ہ۔اِ۔مذ)(۱) لہسن کی پوتھی کا ہر ایک جزو یا پھانک (۲) ایک قسم کا کام جو کار چوب یا کشیدے پر کاڑھا جاتا ہے۔

جُوا (جُو۔آ) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) وہ لکڑی جو ہل یا گاڑی کھینچنے والے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے (۲) قمار بازی۔ شرط لگانا۔ داؤں لگانا۔

جُوا چور (اُر۔صف) وہ جواری جو اپنا داؤں جیت کر کھسک جائے۔

جُوا ڈال دینا (اُر۔محاورہ)(۱) ہمت ہار دینا (۲) تھک جانا۔

جُوا کھیلنا (اُر۔محاورہ) قمار بازی کرنا۔ داؤں لگانا۔ پانسا لگانا۔

جُوا ہارنا (اُر۔محاورہ) (۱) جُوا گردن سے اُتار پھینکنا (۲) جُوا گردن پر رکھے رکھے تھک جانا (۳) قمار بازی میں شکست کھانا۔ ہارنا۔

جَواب (جَ۔واب)(ع۔اِ۔مذ)(۱) سوال کی ضِد۔ جو کچھ لکھ کر یا زبانی پُوچھا جائے اُس کے بارے میں بتائی گئی بات۔ اُتر (۲) جوڑا۔ جفت (۳) (ریاضی کی اِصطلاح میں) سوال کا حل (۴) مُقابل۔ ہم سر۔ جوڑ کا ثانی (۵) (سلام کیا جائے تو اُس کے جواب میں) سلام (۶) پیغام ملنے پر پلٹ کر پیغام بھیجنا (۷) (قانونی اِصطلاح میں) تردید (۸) نامنظوری (۹) بدلہ۔ عوض (۱۰) موقوفی۔ برطرفی۔ معزولی (۱۱) رشتہ واپس کرنا۔ جمع: جوابات۔ اُردو جمع: جواب۔ جوابوں۔

جوابُ الجواب (جوا۔بُل۔جواب)(ع۔اِ۔مذ) جواب کا جواب۔ ایسا جواب جس سے موصولہ جواب رد ہو۔

جوابِ باصواب (ع۔ف۔اِ۔مذ) مُناسب یا معقول جواب۔

جواب پانا (ملنا) (اُر۔محاورہ)(۱) مُلازمت سے علیحدہ ہونا (۲) سزا ملنا (۳) بدلہ ملنا (۴) سوال کا جواب ملنا۔ خط کا جواب آنا (۵) اِنکار ہونا۔ نامنظور ہونا۔

جواب پڑھنا (اُر۔محاورہ) مرثیہ خوانوں یا سوزخوانوں کا پہلے مصرع کو دُہرانا۔

جواب تک نہ دینا (اُر۔محاورہ) (۱) بات تک نہ کرنا (۲) چپ سادھ لینا۔ ناراض ہونا۔

جوابِ تلخ (ع۔ف۔اِ۔مذ) کڑوا جواب۔ ناگوار جواب۔ سخت جواب۔

جوابِ جاہلاں باشد خموشی (ف۔مثل) جاہلوں کی باتوں کے جواب میں خاموش رہنا چاہئے۔

جوابِ دعویٰ (ع۔اِ۔مذ) دعوے کا قانونی جواب۔ مدّعا علیہ کی جانب سے تحریری جواب۔

جواب دِہ (ع۔ف۔صف) (۱) ذِمّے دار۔ بازپُرس کے قابل (۲) مدّعا علیہ (جس پر مقدمہ دائر کیا گیا ہو)۔

جواب دِہی (ع۔ف۔اِ۔مث) (۱) ذِمّے داری (۲) عدالت میں مدّعا علیہ کی طرف سے پیروی۔

جواب دِہی سے بری کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) ذِمّے دار قرار نہ دینا (۲) مقدمے کی پیروی کی پابندی ہٹا دینا۔

جواب دہی کرنا (اُر۔محاورہ) مواخذہ کرنا۔ بازپُرس کرنا۔

جواب دے جانا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا بے کار یا بے مصرف ہو جانا (۲) کسی آدمی کا کام کرنے سے اِنکار کر جانا (۳) عاجز ہو جانا۔

جواب دے دینا (اُر۔محاورہ)(۱) موقوف کر دینا (۲) چھوڑ دینا (۳) قطعی اِنکار کر دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جو سحری کھائے' وہی روزہ رکھے (اُر۔مثل) جو فائدہ اُٹھائے اُسی کو تکلیف بھی برداشت کرنی چاہیے۔

جو سر اُٹھا کے چلے گا وہی ٹھوکر کھائے گا (اُر۔مثل) جو غرور کرے گا وہ ذلیل ہوگا۔

جو سوئے گا وہ روئے گا (اُر۔مثل) غافل شخص بالآخر پچھتاتا ہے۔

جو کچھ (مُتعلق فعل) جس قدر۔ جتنا۔ جہاں تک۔

جو کرے سو بھرے (اُر۔مثل) (۱) جس نے نقصان کیا وہی ہرجانہ دے (۲) جو بُرا کرتا ہے وہی سزا پاتا ہے۔

جو کسی کے لئے کنواں کھودتا ہے' اُس کے لئے کھائی تیار ہے (اُر۔مثل) جو کوئی کسی کو نقصان پہنچانے کی سوچتا ہے قدرت اُس کو نقصان پہنچاتی ہے۔ چاہ کن را چاہ در پیش۔

جو کل ہونا ہے آج ہو جائے (اُر۔مثل) (۱) جلدی ہونا۔ عجلت یا گھبراہٹ ہونا (۲) کام جلد ختم کرنے کی تاکید۔

جو کوئی (مُتعلق فعل) ہر ایک۔ ہر کوئی۔

جو کوئی کلپائے' وہ کیسے کل پائے (مثل) جو اوروں کو ستاتا ہے وہ خود بھی چین نہیں پاتا۔

جو کہ (حرفِ شرط) (۱) چونکہ۔ اگرچہ (۲) کلمۂ وضاحت یا تفصیل۔

جو کہو سو پھبتی ہے (اُر۔مثل) جتنا بُرا کہو ٹھیک ہے۔

جو گدھے جیتیں سنگرام' تو کاہے تازی خرچیں دام (اُر۔مثل) اگر عربی گھوڑوں کی بجائے گدھوں سے لڑائی (سنگرام) جیتی جا سکے تو عربی گھوڑوں پر کیوں زیادہ خرچ کیا جائے۔

جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں (اُر۔مثل) شیخی بگھارنے والے نکمّے ہوتے ہیں۔

جو گُڑ دیئے سے مرے' اُسے زہر کیوں دیا جائے (اُر۔مثل) جو کام نرمی سے نکل سکتا ہو اُس میں سختی نہیں کرنی چاہئے (۲) جو شخص اچھے سلوک سے رام ہو رہا ہو اُس کے ساتھ بدسلوکی نہیں کرنی چاہئے۔

جو ماں سے زیادہ چاہے وہ پھاپھا کٹنی کہلائے (اُر۔مثل) دیکھئے ماں سے سوا چاہے۔

جو من میں بسے' سو سپنے دسے (اُر۔مثل) جو شخص یا چیز دل سے پسند ہو وہ خواب میں بھی دکھائی دیتی ہے۔

جو نہ بھائے آپ کو' وہ بڑی بہو کے باپ کو (اُر۔مثل) جو چیز یا کام اپنے لئے پسند نہ کرنا وہ اوروں کے لئے تجویز کرنا۔

جو وعدے سے پھرا سو خدا سے پھرا (اُر۔مثل) وعدہ پورا نہ کرنا ایسا ہی ہے جیسے خُدا سے باغی ہونا۔

جو ہانڈی میں ہے سو ڈوئی میں (اُر۔مثل) (۱) جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر [illegible]

جو ہو سو ہو (اُر۔مقولہ) (۱) جو کچھ پیش آئے برداشت کریں گے (۲) کچھ ہی کیوں نہ ہو (۳) ہم اپنی سی کر چکے اب جو نتیجہ نکلے۔

جُوا (جَ۔وا) (مذ) (۱) لہسن کی پوتھی کا ہر ایک جُزو یا پھانک (۲) ایک قسم کا کام جو کار چوب یا کشیدے پر کاڑھا جاتا ہے۔

جُوا (جُو۔آ) (مذ) (۱) وہ لکڑی جو ہل یا گاڑی کھینچنے والے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے (۲) قمار بازی۔ شرط لگانا۔ داؤں لگانا۔

جُوا چور (اُر۔صف) وہ جواری جو اپنا داؤں جیت کر کھسک جائے۔

جُوا ڈال دینا (اُر۔محاورہ) (۱) ہمّت ہار دینا (۲) تھک جانا۔

جُوا کھیلنا (اُر۔محاورہ) قمار بازی کرنا۔ داؤں لگانا۔ پانسا لگانا۔

جُوا ہارنا (اُر۔محاورہ) (۱) جُوا گردن سے اُتار پھینکنا (۲) جُوا گردن پر رکھے تھک جانا (۳) قمار بازی میں شکست کھانا۔ ہارنا۔

جواب (جَ۔واب) (ع۔مذ) (۱) سوال کی ضِد۔ جو کچھ لکھ کر یا زبانی پُوچھا جائے اُس کے بارے میں بتائی گئی بات۔ اُتر (۲) جوڑا۔ جُفت (۳) (ریاضی کی اِصطلاح میں) سوال کا حل (۴) مُقابل۔ ہم سر۔ جوڑ کا ثانی (۵) (سلام کیا جائے تو اُس کے جواب میں) سلام (۶) پیغام ملنے پر پلٹ کر پیغام بھیجنا (۷) (قانونی اِصطلاح میں) تردید (۸) نامنظوری (۹) بدلہ۔ عوض (۱۰) موقوفی۔ برطرفی۔ معزولی (۱۱) رشتہ واپس کرنا۔ جمع: جوابات۔ اُردو جمع: جواب۔ جوابوں۔

جوابُ الجواب (جَوا۔بُل۔جواب) (ع۔مذ) جواب کا جواب۔ ایسا جواب جس سے موصولہ جواب رد ہو۔

جوابِ باصواب (ع۔ف۔مذ) مُناسب یا معقول جواب۔

جواب پانا (ملنا) (اُر۔محاورہ) (۱) مُلازمت سے علیحدہ ہونا (۲) سزا ملنا (۳) بدلہ ملنا (۴) سوال کا جواب ملنا۔ خط کا جواب آنا (۵) اِنکار ہونا۔ نامنظور ہونا۔

جواب پڑھنا (اُر۔محاورہ) مرثیہ خوانوں یا سوزخوانوں کا پہلے مصرع کو دُہرانا۔

جواب تک نہ دینا (اُر۔محاورہ) (۱) بات تک نہ کرنا (۲) چپ سادھ لینا۔ ناراض ہونا۔

جوابِ تلخ (ع۔ف۔مذ) کڑوا جواب۔ ناگوار جواب۔ سخت جواب۔

جوابِ جاہلاں باشد خموشی (ف۔مثل) جاہلوں کی باتوں کے جواب میں خاموش رہنا چاہئے۔

جوابِ دعویٰ (ع۔مذ) دعوے کا قانونی جواب۔ مُدّعا علیہ کی جانب سے تحریری جواب۔

جواب دِہ (ع۔ف۔صف) (۱) ذِمّے دار۔ باز پُرس کے قابل (۲) مُدّعا علیہ (جس پر مقدمہ دائر کیا گیا ہو)۔

جواب دِہی (ع۔ف۔مث) (۱) ذِمّے داری (۲) عدالت میں مُدّعا علیہ کی طرف سے پیروی۔

جواب دِہی سے بری کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) ذِمّے دار قرار نہ دینا (۲) مقدمے کی پیروی کی پابندی ہٹا دینا۔

جواب دہی کرنا (اُر۔محاورہ) مواخذہ کرنا۔ باز پُرس کرنا۔

جواب دے جانا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا بےکار یا بےمصرف ہو جانا (۲) کسی آدمی کا کام کرنے سے اِنکار کر جانا (۳) عاجز ہو جانا۔

جواب دے دینا (اُر۔محاورہ) (۱) موقوف کر دینا (۲) چھوڑ دینا (۳) قطعی اِنکار کر دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جُوانا (ف۔ صف) جوان۔ مُرکبات میں جیسے جوانا مرگ بمعنی جواں مرگ۔

جِوانا (ق۔ مص) زندہ کرنا۔ جلانا۔

جَوانِب (جَ۔وا۔نِب) (ع۔ ا۔ مذ) جانب کی جمع۔

جَوانی (جَ۔وا۔نی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) جوان ہونے کا زمانہ۔ شباب (۲) بلوغت۔ اُردو جمع: جوانیاں۔ جوانیوں۔

جوانی اُبھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جوان ہونے کی علامتیں ظاہر ہونا۔ جوانی شروع ہونا (۲) قد نکالنا۔ بدن گدرانا۔

جوانی اُتر جانا (اُترنا) (اُر۔ محاورہ) جوانی ختم ہو جانا۔

جوانی اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) جوان ہونا۔ شباب کا آغاز ہونا۔

جوانی پھٹ پڑنا (پھٹی پڑنا) (اُر۔ محاورہ) جوانی کا زوروں پر ہونا۔

جوانی چڑھنا (اُر۔ محاورہ) بلوغت کی عُمر کو پہنچنا۔ شباب کا زوروں پر ہونا۔

جوانی خاک کرنا (اُر۔ محاورہ) جوانی قربان کر دینا۔

جوانی دِوانی (دیوانی) (اُر۔ مقولہ) جوانی کے زمانے میں اِنسان کو نشیب و فراز نہیں سُوجھتا۔

جوانی ڈھل جانا (ڈھلنا) (اُر۔ محاورہ) دیکھیے جوانی اُترنا۔

جوانی کا پھل (اُر۔ اِ۔ مذ) عیش و آرام۔ جوانی کے مزے۔

جوانی کا پھل پائے (جوانی کا سُکھ دیکھے) (اُر۔ دُعا) جوانی میں عیش کرے۔ آرام سے زندگی گزارے۔

جوانی کا عالم (اُر۔ اِ۔ مذ) (۱) جوانی کی حالت (۲) جوانی کا زمانہ۔ شباب کا زمانہ۔

جوانی کی اُمنگ (ترنگ) (اُر۔ اِ۔ مث) جوانی کا جوش یا ولولہ۔

جوانی کی باتیں (اُر۔ اِ۔ مث) (۱) وہ کارنامے جو کسی نے جوانی کے زمانے میں دکھائے ہوں (۲) جوانی کے واقعات یا قصے۔

جوانی کی نیند (اُر۔ اِ۔ مث) گہری نیند۔ بے خبری کی نیند۔

جوانی میں گدھی پر بھی جوبن ہوتا ہے (اُر۔ مثل) بدصورت مرد و عورت بھی جوانی میں بھلے معلوم ہوتے ہیں۔ شباب میں بدشکل کی بھی شکل اچھی معلوم ہوتی ہے۔

جوانی میں مانجھا ڈھیلا (اُر۔ محاورہ) جوانی میں سُستی اور کاہلی۔

جَواہِر (جَ۔وا۔ہِر) (ع۔ ا۔ مذ) جوہر کی جمع۔ (اُردو میں واحد بھی بولا جاتا ہے)۔ قیمتی پتھر۔ الماس۔ یاقوت۔ لعل۔ ہیرا وغیرہ۔

جواہر جڑنا (اُر۔ مص مُرکب) (۱) کسی زیور یا کسی چیز میں جواہرات بڑی خوبصورتی سے لگانا (۲) بہت خوبصورتی سے لکھنا۔

جواہر خانہ (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) وہ جگہ جہاں جواہرات رکھے جاتے ہیں۔

جواہر میں تولنا (اُر۔ محاورہ) قدر کرنا۔ وقعت کرنا۔

جواہر نگار (ع۔ ف۔ صف) مرصّع۔ جڑاؤ (۲) خوشخط لکھنے والا۔

جَواہِرات (جَ۔وا۔ہِ۔رات) (ع۔ اِ۔ مذ) جوہر کی جمعُ الجمع (صرف اُردو میں مستعمل ہے)۔

جواہڑ (ج۔وا۔ہَڑ) (ہ۔ ا۔ مث) سیاہ چھوٹی ہڑ (ہرڑ)۔ ہلیلۂ سیاہ۔

جوبلی (Jubilee) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) سالگرہ (۲) جشنِ مسرّت (۳) پچیس، پچاس، ساٹھ یا پچھتر سال بعد منائی جانے والی یادگاری تقریب یا جشن۔

جوبَن (جو۔بَن) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خوبصورتی۔ حُسن (۲) چڑھتی جوانی۔ عنفوانِ شباب (۳) بلوغت (۴) طراوت۔ شادابی۔ سرسبزی (۵) رونق۔ بہار (۶) کیفیت۔ حالت (۷) عورت کا سینہ۔ پستان۔

جوبن اُبھرنا (اُٹھنا۔ اُمگنا۔ اُمنڈنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) جوانی کا آغاز ہونا (۲) رونق ہونا۔ بہار ہونا (۳) لڑکی کی چھاتیوں کا اُبھرنا یا گدرانا۔

جوبن برسنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رونق ہونا (۲) خوبصورتی ظاہر ہونا۔

جوبن پر آنا (جوبن پر ہونا) (اُر۔ محاورہ) (۱) پُررونق ہونا (۲) حُسن کا زیادہ سے زیادہ دلکشی اِختیار کرنا (۳) کھلنا۔ بہار پر آنا۔ شگفتہ ہونا۔ سرسبز ہونا (۴) جوانی کا آغاز ہونا۔

جوبن پھٹا پڑنا (پھٹ پڑنا) (اُر۔ محاورہ) جوانی یا خوبصورتی کا بہت دلکش بن جانا۔ حُسن میں نہایت اضافہ ہونا۔

جوبن تھا جب روپ تھا، گاہک تھے سب کوئی۔ جوبن رتن گنوا کے، بات نہ پوچھے کوئی (ہ۔ مثل) جن دنوں جوانی (جوبن) اور حُسن (روپ) تھا سب چاہتے تھے۔ جوانی اور حُسن نہ رہا تو کوئی مُنہ نہیں لگاتا۔ لوگوں کی فطرت کی رمز بیان کی ہے کہ رونق پر منڈلاتے ہیں۔ بے رونقی سے دُور رہتے ہیں۔

جوبن ٹپکنا (اُر۔ محاورہ) جوانی یا حُسن کا نمایاں ہونا۔ جوانی ظاہر ہونا۔

جوبن چمکانا (اُر۔ محاورہ) (۱) جوبن دِکھانا (۲) جوبن کا اُبھار دِکھانا۔

جوبن دکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) حُسن کی بہار دِکھانا۔ اینٹھ اینٹھ کر چلنا (۲) سینہ تان کر چلنا۔

جوبن ڈھلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جوانی ڈھلنا۔ حُسن پر زوال آنا (۲) عورت کی چھاتیاں لٹک جانا (۳) رونق نہ رہنا۔

جوبن کا ماتا (جوبن کی ماتی) (اُر۔ صف) جوانی کے نشے میں۔ جوانی میں مست۔

جوبن لُٹنا (اُر۔ محاورہ) بہار لُٹنا۔ رونق ختم ہونا۔

جوبن نکلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رونق پر آنا (۲) بہار پر آنا (۳) بلوغت کو پہنچنا (۴) جوانی یا حُسن کا دلکش شکل اِختیار کرنا۔

جُوت (واو معروف) (ہ۔ ا۔ مذ) جُوتا کا مخفف۔

جوت (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) روشنی۔ اُجالا۔ نُور (۲) آنکھ کی روشنی۔ نظر۔ بصارت (۳) رونق (۴) چمک دمک (۵) شُعلہ۔ لَو (۶) چراغ۔ دیا۔ لیمپ۔ بتّی (۷) دھن۔ زر۔ مال (۸) رُوح۔ جان۔

جوت بتّی کرنا (جوت چڑھانا) (ہ۔ محاورہ) مندر میں دیا جلانا۔ دیوتا کے آگے چراغ جلانا۔

جوت پڑنا (ہ۔ محاورہ) عکس پڑنا۔ روشنی پڑنا۔

جوت جگانا (ہ۔ محاورہ) (۱) چراغ روشن کرنا (۲) کسی نیک کام یا اِصلاحی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تحریک کا آغاز کرنا (۳) مؤکلوں کا حاضر ہونا۔

جوت (واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) وہ تسمہ جس سے گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتا جاتا ہے (۲) ہل کے بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جُوا دبا رہتا ہے (۳) آبپاشی کے ٹوکرے کی رسّی کے پاس والا تسمہ (۴) ترازو کے پلڑوں کا تسمہ (۵) جہاز کے رسّے (۶) ہل یا گاڑی میں بیلوں کو جوتنا (۷) زراعت۔کھیتی باڑی (۸) کاشت شدہ زمین (۹) لگان جو کاشتکار دیتا ہو (۱۰) دُکان کا سامان (۱۱) جوتنا کا اَمر۔

جوت جمع (اَر۔ا۔مث) لگان۔ وہ روپیہ جو کاشت کار ادا کرے۔

جوت دار (ف۔ف۔ا۔مذ) ہل چلانے والا کاشت کار۔ مزارع۔

جوت دینا (اَر۔محاورہ)(۱) بیلوں کو گاڑی یا ہل میں لگا دینا (۲) گھوڑے کو گاڑی میں لگا دینا (۳) کام میں لگانا (۴) کاشت کرنا (۵) ڈھب پر لانا۔

جوتا (جو۔تا)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ)(۱) مزارع۔ کاشت کار۔ ہل جوتنے والا۔ اسامی۔ کسان (۲) حدِّ فاصل۔ دیوار کی کوئی جانب (۳) گردن کے پاس کے پنکھے۔

جُوتا (جُو۔تا)(واو معروف)(ف۔ا۔مذ)(۱) پاؤں میں پہننے کی چیز جو چمڑے یا کپڑے اور ربڑ وغیرہ کی ہوتی ہے۔ پاپوش۔ کفش۔ پیزار (۲)(مجازاً) نقصان۔ ٹوٹا۔ گھاٹا (۳) اِحسان۔ سلوک۔ جمع: جُوتوں۔ جُوتے۔

جُوتا اُٹھانا (اُٹھالینا) (اَر۔محاورہ)(۱) مارنے کے اِرادے سے جُوتا ہاتھ میں سنبھالنا۔ گستاخی کرنا (۲) جُوتا چرانا۔

جُوتا اُچھلنا (چلنا) (اَر۔محاورہ)(۱) جُوتوں سے لڑنا (۲) دنگا فساد ہونا۔

جُوتا برسانا (اَر۔محاورہ) تڑاتڑ جُوتے مارے جانا (۲) جُوتوں کی لگاتار مار پڑنا۔

جُوتا (جُوتے) پڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) جُوتوں کی مار پڑنا (۲) گھاٹا یا نقصان ہونا (۳) مُنہ توڑ جواب پانا (۴) نہلے پر دہلا پڑنا۔

جُوتا جاتی (اَر۔ا۔مث) ایک دُوسرے کو جُوتیوں سے مارنا۔

جُوتا چلنا (اَر۔محاورہ) جُوتم پیزار ہونا (۲) کسی جُوتے کا کافی عرصے تک نہ ٹوٹنا۔

جُوتا چھپانا (اَر۔محاورہ) شادی کی تقریب میں دُلہن کی رُخصتی کے موقع پر سالیوں کا نوشہ کے جُوتے چُھپانے کی رَسم جس میں نیگ (نقدی) لے کر جُوتا دیا جاتا ہے۔

جُوتا دینا (اَر۔محاورہ) پہننے کے لئے جُوتا پیش کرنا (۲) جُوتا مارنا (۳) بے عزتی کرنا۔

جُوتا سر پر ٹوٹنا (اَر۔محاورہ) بہت زیادہ مار پڑنا۔

جُوتا لگنا (اَر۔محاورہ) نقصان ہونا۔

جُوتا مارنا (اَر۔محاورہ)(۱) جُوتے سے مارنا (۲) لعنت ملامت کرنا (۳) اِحسان کر کے شرمندہ کرنا۔

جُوتاؤ (جُو۔تا۔اُو)(ف۔صف) دیکھئے جُتاؤ۔

جُوتائی (ف۔ا۔مث) دیکھئے جُتائی۔

جوتر (ف۔ا۔مذ) ساز کا وہ تسمہ جو گاڑی میں لگایا جاتا ہے۔

جَوتری (جَ۔وَت۔رِی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے جاوتری۔

جوتش (جو۔تش)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے علم نجوم۔

جوتشی (جو۔ت۔شی)(ہ۔ا۔مذ) نجومی۔ جمع: جوتشی۔ جوتشیوں۔

جُوتم پیزار (جُوتم جُوتا) (ف۔ا۔مذ) فریقین کا ایک دُوسرے کو جُوتیوں سے مارنا پیٹنا۔

جوتنا (جوت۔نا)(واو مجہول)(ف۔مص)(۱) بیلوں کو ہل یا گاڑی میں لگانا (۲) گھوڑے کو گاڑی میں جوڑنا (۳) مصروف کرنا۔ کام میں لگانا (۴) ہل چلانا (۵) اپنے ڈھب پر لے آنا۔

جوتی (واو مجہول)(۱) جوت۔ روشنی (۲) ترازو کی رسّی یا وہ رسّی جس میں ترازو کے پلّے اور ڈنڈی بندھی ہوتی ہے (۲) وہ رسّی جو بیل کی گردن میں جوئے کو روکنے کے واسطے باندھی جاتی ہے۔ (ہ۔ا۔مث)۔

جُوتی (واو معروف)(ف۔ا۔مث) جُوتا کا مؤنث۔ جمع: جُوتیاں۔ جُوتیوں۔

جُوتی پر جُوتی چڑھنا (اَر۔محاورہ) ایک جُوتی پر دُوسری جُوتی رکھی جانا جس سے سفر کا شگون لیتے ہیں۔

جُوتی پر رکھ کر روٹی دینا (اَر۔محاورہ) حقارت سے روٹی دینا۔ ذلیل کر کے روٹی کھلانا۔

جُوتی پر کاجل پاڑنا (اَر۔محاورہ) جاہل خاندانوں میں شادی کے موقع پر عورتیں یہ ٹوٹکا کرتی ہیں کہ دُلہن کی جُوتی پر کاجل پاڑ کر دُولہا کی آنکھوں میں لگاتی ہیں تاکہ وہ بیوی کے ساتھ لگا رہے۔

جُوتی پر مارنا (اَر۔محاورہ) ذلیل سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔

جُوتی خورا (اَر۔صف) وہ شخص جو مار پیٹ سے راضی رہے۔

جُوتی (کی نوک) سے (اَر۔متعلق فعل) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔

جُوتی کاری (اَر۔ا۔مث) مار پیٹ۔ جُوتیوں سے مارنا۔

جُوتی کو غرض پڑی ہے (اَر۔محاورہ) لاتعلقی یا بیزاری کا اِظہار۔

جُوتی کی نوک پر مارنا (اَر۔محاورہ)(۱) ٹھکرانا (۲) ذلیل سمجھنا۔ حقیر جاننا (۳) خاطر میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا (۴) نفرت کا اِظہار۔

جُوتی کے برابر نہ سمجھنا (اَر۔محاورہ) ذرا بھی خاطر میں نہ لانا۔

جُوتے (ف۔ا۔مذ)(۱) جُوتا کی جمع (۲) جُوتا کی مُغیّرہ صورت۔

جُوتے اُٹھانا (اَر۔محاورہ) اِطاعت کرنا۔

جُوتے سے خبر لینا (اَر۔محاورہ) جُوتوں سے مارنا۔ کفش کاری کرنا۔

جُوتے کاری (اَر۔ا۔مث) دیکھئے جُوتی کاری۔

جُوتے کا یار (اَر۔صف) جس سے ڈانٹ ڈپٹ کر کام لیا جائے۔

جُوتیاں (ف۔ا۔مث) جُوتی کی جمع۔

جُوتیاں اُٹھانا (اَر۔محاورہ)(۱) کسی بُزرگ یا اُستاد کی خدمت کرنا (۲) ذلیل کام کرنا۔

جُوتیاں بغل میں (دبانا) مارنا (اَر۔محاورہ)(۱) بھاگ جانا۔ کھسک جانا (۲) دبک کر نکل جانا۔

جُوتیاں توڑنا (اَر۔محاورہ) دوڑ دھوپ کرنا۔ کوشش کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جُوتیاں چٹخاتے پھرنا (اَر۔ محاورہ) آوارہ پھرنا (۲) مارے مارے پھرنا۔ خاک چھاننا (۳) ذلیل و رُسوا ہوتے پھرنا۔

جُوتیاں سر پر رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) عقیدت کا اِظہار کرنا (۲) اِحترام کرنا (۳) خوشامد کرنا۔

جُوتیاں سیدھی کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بُزرگوں کی خدمت کرنا (۲) تعظیم بجالانا۔

جُوتیاں سی گانٹھنا (اَر۔ محاورہ) بہت بُری سلائی کرنا۔ موٹا موٹا سی دینا۔

جُوتیاں کیا سونپیں' خان ساماں بن گئے (اَر۔ مثل) اونیٰ سے اِلتفات سے مغرور ہوگئے۔

جُوتیاں کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) جُوتیوں سے پِٹنا (۲) طعنے سہنا۔ بُرا بھلا سُننا۔ ذلیل و خوار ہونا۔

جُوتیاں گانٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جُوتیوں کی مرمت کرنا (۲) ذِلّت کا کام کرنا۔

جُوتیاں مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) طعنے دینا۔ ذلیل کرنا (۲) جُوتیوں کی مار مارنا۔

جُوتیوں (ہ۔ اِ۔ مث) جُوتی کی جمع۔

جُوتیوں سمیت آنکھوں میں (گھسنا) بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ناقابلِ اِنکار بات کا ڈھٹائی سے اِنکار کئے جانا (۲) سچی بات کو جُھٹلائے جانا (۳) آنکھوں میں دُھول جھونکنا۔

جُوتیوں سے لگا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُطیع ہونا۔ فرماں بردار ہونا (۲) ہر وقت ساتھ رہنا۔

جُوتیوں کا صدقہ (اَر۔ اِ۔ مذ) جُوتیوں کے طُفیل۔ ممنونیت کا اِظہار۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کسی کا اِحسان ماننے کا اِظہار کیا جائے۔

جُوتیوں میں بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سب سے خراب جگہ ملنا (۲) محفل میں گھٹیا سمجھا جانا۔

جُوتیوں میں دال بٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آپس میں پُھوٹ پڑنا (۲) لڑائی جھگڑا ہونا۔

جُوتیوں میں ڈال دینا (اَر۔ محاورہ) ذلیل کرنا۔ حقیر کرنا۔ بے عزّت کرنا۔ قدر گھٹانا۔

جُوٹ (Jute) (واو معروف) (اَنگ۔ اِ۔ مذ) پٹ سَن۔

جوٹ (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) جوڑا۔ جُفت (۲) برابر کا۔ ہم سَر (۳) ساتھی۔ رفیق (۴) ہم شکل (۵) بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوتی جاتی ہے۔

جوٹ باندھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہم عُمر یا ہم قد سے جوڑ لگانا (۲) جوڑا بنانا۔ مِلانا۔

جُوٹھ (ہ۔ اِ۔ مذ) دیکھئے جُوٹھا۔

جُوٹھا (ہ۔ صف) پس خوردہ۔ مستعمل۔ بچا ہوا کھانا یا مشروب۔ نیز دیکھئے جُھوٹ نمبر ۴ اور جُھوٹا نمبر ۶'۷۔

جُوٹھن (ہ۔ اِ۔ مث) دیکھئے جُوٹھا۔

جُوتیا (جُو۔ تِ۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) مددگار (۲) رہٹ ہانکنے والا۔

جُوجو (اَر۔ اِ۔ مذ) ایک فرضی نام جس سے بچّوں کو ڈراتے ہیں۔ ہوّا۔ بِجّا۔

جُوجھنا (جُوجھ۔ نا) (واو معروف) (ہ۔ مص) (۱) لڑنا۔ جنگ کرنا (۲) قتل ہونا۔

جُود (واو معروف) (ع۔ اِ۔ مذ۔ مث) بخشش۔ سخاوت۔ فراخ دلی۔ کرم۔ دَیا۔

جُود و سخا (ع۔ اِ۔ مث) بخشش۔ سخاوت۔

جُودَت (جو۔ دَت) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) عقل کی تیزی۔ ذکاوت۔ ذہانت (۲) لیاقت۔ گُن۔

جودھا (جو۔ دھا) (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) بہادُر (۲) شُجاع۔ سُورما۔

جُوڈیشل (Judicial) (جُو۔ ڈی۔ شَل) (اَنگ۔ صف) عدالتی۔ متعلق بہ عدالت۔ عدالت کا۔ فوجداری۔

جُوڈیشل اِختیارات (اَنگ۔ ع۔ اِ۔ مذ) دیوانی و فوجداری اِختیارات۔

جُوڈیشل کارروائی (اَنگ۔ ف۔ اِ۔ مث) دیوانی و فوجداری مقدمات کی کارروائی۔

جَور (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مذ) ظُلم۔ ستم۔ سختی۔ زبردستی۔ بے رحمی۔ جفا۔

جورِ اُستاد بہ زِمہرِ پدر (ف۔ مثل) اُستاد کی سختی باپ کے پیار سے اچھی ہے کیونکہ اِس سے بچّے سیکھتا ہے۔

جورُو (جو۔ رُو۔ پہلا واو مجہول۔ دُوسرا معروف) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) بیوی۔ گھر والی۔ رفیقۂ حیات۔ زوجہ۔ اِستری۔ جمع: جورُوؤں۔ جورُوئیں۔

جورُو ٹٹولے پھینٹ اور ماں ٹٹولے پیٹ (اَر۔ مثل) بیوی کو شوہر کی گانٹھ کی فکر ہوتی ہے جب کہ ماں کو یہ فکر ہوتی ہے کہ میرا بیٹا بُھوکا تو نہیں ہے۔ بیوی کی محبت غرض کی ہوتی ہے اور ماں کی بے غرض۔

جورُو چِکنی میاں مزدور (اَر۔ مثل) میاں غریب ہے مگر بیوی بنی ٹھنی رہتی ہے۔

جورُو خصم کی لڑائی' دُودھ کی سی ملائی (اَر۔ مثل) میاں بیوی کی لڑائی یا شکر رنجی بھی مزہ دیتی ہے۔

جورُو کا بھائی (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) سالا (۲) ایک گالی۔

جورُو کا غلام (جورُو کا مزدور۔ جورُو کا مُرید) (اَر۔ صف) وہ شخص جو بیوی کا ہر کہنا مانے۔ زن مُرید۔

جورُو نہ جاتا اللہ میاں سے ناتا (اَر۔ مثل) ایسا شخص جس نے شادی نہ کی ہو۔ جس کا آگے پیچھے کوئی نہ ہو۔

جوڑ (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) دو۔ جُفت (۲) برابر کا۔ ہم پلّہ۔ مُقابل (۳) ساتھی (۴) ہم شکل (۵) گِرہ۔ گانٹھ (۶) ستاروں کا میل۔ قِران (۷) میزان۔ کُل تعداد۔ (عِلم حساب) جمع کا قاعدہ (۸) فریب۔ چَھل۔ جعل سازی (۹) مُجمت۔ بُہتان (۱۰) مُثبت (منفی کی ضِد) (۱۱) ہم رنگ اور ہم سلسلہ برتن (۱۲) مرثیہ خوانوں کی جماعت (۱۳) ایک قسم کی جھلّی (۱۴) ملاوٹ۔ آمیزش (۱۵) مَن گھڑت واقعہ (۱۶) ایک قسم کے جھلّے (۱۷) دو ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ پیوند۔ سلائی۔ ٹانکا۔ جھال (۱۸) پور۔ پوری۔ عضو (۱۹) اَعضا کے ملنے کی جگہ۔ جسم کا وہ حِصّہ جہاں دو یا زیادہ ہڈّیاں آپس میں ملتی ہیں (۲۰) ایک دیہاتی میلا (۲۱) پہلوان کا مُقابل۔ جمع: جوڑ۔ جوڑوں۔

جوڑ باندھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کُشتی کے لئے دو برابر کے پہلوان مقرّر کرنا (۲) کسی کام پر دو دو آدمی مقرّر کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جوڑ بٹھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) چُول بٹھانا۔ جوڑ ملانا (۲) ٹوٹی ہوئی ہڈی کو اُس کی جگہ پر بٹھانا (۳) (حساب) میزان دُرست کرنا۔

جوڑ بند (اُر۔ا۔مذ) بندھن۔ بندش (۲) عضو۔

جوڑ توڑ (اُر۔ا۔مذ) (۱) سازباز۔ داؤں پیچ۔ سازش (۲) بُہتان۔ بے بُنیاد بات (۳) ترکیب۔ تدبیر۔ نیز دیکھئے توڑ جوڑ۔

جوڑ توڑ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سازباز کرنا (۲) تدبیر کرنا۔ جوابی کارروائی کرنا (۳) فریب کرنا (۴) کسی خاص مقصد سے کوئی سازش کرنا۔

جوڑ جوڑ (ہ۔ا۔مذ) ہر ایک جوڑ۔ ہر ایک عضو۔ بند بند۔ تمام بدن۔

جوڑ جوڑ (میں) شرارت بھری ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ شریر ہونا۔

جوڑ جوڑ کے مر جانا (اُر۔ محاورہ) کنجوسی سے رُوپیہ جمع کرنا مگر اُس سے فائدہ اُٹھائے بغیر مر جانا۔

جوڑ چلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چالیں چلنا (۲) تدبیر کارگر ہونا۔

جوڑ دار (ہ۔ف۔صف) جُڑا ہوا یا پیوند لگا ہوا۔ جس میں جوڑ ہو۔

جوڑ کا (ہ۔صف) برابر کا۔ مقابلے کا۔

جوڑ کا توڑ (اُر۔ا۔مذ) (۱) ایک جیسی دو چیزیں (۲) سازش کو توڑنے کی تدبیر۔

جوڑ کو جوڑ ملنا (اُر۔ محاورہ) جیسے کو تیسا ملنا۔

جوڑ گانٹھنا (اُر۔ محاورہ) چالاکی سے کام لینا۔

جوڑ گرتی (ق۔صف) ہم سر۔ ہم مرتبہ۔ برابر کا۔

جوڑ گرتیاں (ق۔صف) بہت سے ساتھی۔

جوڑ لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) پیوند لگانا۔ جوڑنا۔ ٹانکا جانا (۲) ٹوٹل کرنا۔ میزان لگانا (۳) جوڑا لگانا۔ جوڑ باندھنا۔

جوڑ ملانا (اُر۔ محاورہ) ہم سر کرنا۔ برابر کا کرنا (۲) ٹھیک ملانا۔

جوڑ ملنا (اُر۔ محاورہ) برابر کا ہونا (۲) پیوند مل جانا (۳) ٹھیک ملنا۔

جوڑا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک سی دو چیزیں۔ جُفت (۲) پرندوں میں نر اور مادہ (۳) (اِنسانوں میں) میاں بیوی (۴) ساتھی۔ رفیق۔ دوست (۵) مُقابل کا آدمی (۶) پوری پوشاک (۷) دونوں جوتے (۸) وہ پوشاک جو دُولھا یا دُلہن کو بھیجی جاتی ہے (۹) علم کیمیا کی اِصطلاح میں کھوٹ ملی ہوئی دھات (۱۰) (صف) دُوسرا۔ ثانی۔ جمع: جوڑوں۔ جوڑے۔

جوڑا بڑھانا (اُر۔ محاورہ) پوشاک اُتار کر رکھنا۔

جوڑا بنانا (اُر۔ محاورہ) (۱) پوشاک تیار کرنا۔ جوتیاں یا چوڑیاں بنانا (۲) کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا۔

جوڑا لگانا (اُر۔ محاورہ) نر اور مادہ کو مِلانا۔

جُوڑا (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سر کے بالوں کی وہ گانٹھ جو عورتیں اور سادھو وغیرہ گُدّی پر دے لیتے ہیں (۲) پرند کی کلغی (۳) بٹی ہوئی رسّی جو برتنوں کے نیچے گھیرے کی شکل میں رکھی جاتی ہے۔ جمع: جُوڑوں۔ جُوڑے۔

جُوڑا باندھنا (اُر۔ محاورہ) بالوں کو اکٹھا کر کے سر کے پیچھے گرہ دے لینا۔

جُوڑا کھولنا (اُر۔ محاورہ) بالوں کی گرہ جو گُدّی پر باندھی گئی ہو' کھول دینا۔

جوڑنا (واو مجہول) (ہ۔مص) مِلانا۔ گانٹھنا۔ پیوند لگانا۔ سینا۔ چپکانا (۲) جمع کرنا (۳) میزان دینا (۴) شمار کرنا۔ حساب لگانا (۵) پس انداز کرنا (۶) تصنیف کرنا۔ شعر کہنا (۷) جوتنا۔ ساز ڈالنا (۸) آگ یا دیا جلانا (۹) یارانہ گانٹھنا (۱۰) گرہ لگانا (۱۱) جتھا بنانا۔ گروہ بندی کرنا (۱۲) شامل کرنا (۱۳) لگانا۔ دھرنا (۱۴) ٹوٹی ہوئی ہڈی باندھنا (۱۵) دلاسا دینا۔

جوڑی (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) برابر کے دو شخص یا چیزیں (۲) دو گھوڑوں کی گاڑی۔ وہ مجیرے جو طبلے کے ساتھ بجائے جاتے ہیں (۳) طبلے کی جوڑی۔ جمع: جوڑیاں۔ جوڑیوں۔

جوڑی بنی رہے (اُر۔ دُعا) دونوں اکٹھے رہو۔ جدا نہ ہو۔

جوڑی دار (اُر۔ف۔ا۔مذ) (۱) دوست (۲) دو ایسے آدمی جو کسی کام کو مل کر کرتے ہوں۔

جوڑی والا (اُر۔ا۔مذ) طوائفوں کے مُجرے میں طبلہ بجانے والا۔

جوڑی ہانکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دو گھوڑوں یا بیلوں کی گاڑی چلانا (۲) (مزاحاً) دو بیویوں کا خاوند ہونا۔

جوڑی ہلانا (اُر۔ محاورہ) مُگدر ہلانا۔

جَوز (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) اخروٹ (۲) ناریل (۳) سخت چھلکے والا پھل۔

جَوزا (بفتح اوّل) (ع۔ا۔مذ) تیسرا آسمانی بُرج جو دو جُڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے۔

جُوس (Juice) (انگ۔ا۔مذ) رَس۔ عرق۔ افشرُہ۔

جُوسی (ق۔ا۔مذ) جوتشی۔

جوش (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) (۱) اُبال۔ کھدبداہٹ (۲) ہیجان۔ جذبات کا بے قابو ہونا (۳) ولولہ۔ لہر۔ موج (۴) حرارت۔ تیزی (۵) زیادتی۔ کثرت۔ زور (۶) مستی۔ شہوت (۷) غُصّہ (۸) تعصّب (۹) سرگرمی۔ شوق (۱۰) طغیانی۔

جوش آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) اُبال آنا (۲) غُصّہ آنا (۳) لہر آنا یا اُٹھنا۔ ولولہ پیدا ہونا۔

جوشِ جنوں (ف۔ا۔مذ) دیوانگی کا زور۔

جوشِ جوانی (ف۔ا۔مذ) جوانی کا ولولہ یا زور۔

جوشِ خون (ف۔ا۔مذ) (۱) باپ' ماں' بھائی' بہن یا رشتے داروں کی محبت (۲) خون کی زیادتی۔

جوشِ دہن (ف۔ا۔مذ) مُنہ آنا۔ مُنہ کے اندر چھالے پڑنا۔

جوش دینا (اُر۔ محاورہ) اُبال دینا۔ کھولانا۔ اوٹانا۔

جوش (کھانا) مارنا (اُر۔ محاورہ) اُبلنا۔ کھولنا (۲) سخت غُصّہ آنا۔

جوش میں آنا (اُر۔ محاورہ) چڑھاؤ یا طغیانی پر آنا ـ غُصّے میں آنا۔ بھڑکنا ـ مستعدی دکھانا ـ ولولہ یا شوق پیدا ہونا۔ سرگرم ہونا۔

جوش میں لانا (اُر۔ محاورہ) (۱) غُصّہ دلانا' بھڑکانا۔ اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

جوش و خروش (ف۔ا۔مذ) (۱) ہیجان۔ غُصّہ (۲) بہت زیادہ غُصّہ (۳) غُل۔ شور۔

جوشاندہ (جو۔شاں۔دہ) (ف۔ا۔مذ) ایک مُرکّب جوش دی ہوئی دوا جو نزلہ دُور کرنے کے لئے دی جاتی ہے۔ کاڑھا۔

جوشِش (جو۔شِش) (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) دیکھئے جوش۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جوشن (جو۔ شن) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) زرہ۔ بکتر (۲) بازو کا ایک زیور (۳) ایک دُعا۔

جوشنین (جوش۔ نین) (ع۔ ا۔ مذ) دو دُعائیں: جوشنِ کبیر و جوشنِ صغیر جو آفاتِ ارضی و سماوی سے بچنے کے لئے پڑھی جاتی ہیں۔

جوشی (ہ۔ ا۔ مذ) جوتشی۔ برہموں کی ایک نچلی ذات۔

جوُع (واو معروف) (ع۔ ا۔ مث) بھوک۔ گرسنگی۔

جوعُ الارض (جو۔ عل۔ اَرض) (ع۔ ا۔ مث) زمین کی ہوس۔ زیادہ سے زیادہ ملک اپنے قبضے میں رکھنے کی ہوس۔

جوعُ البقر (جو۔ عل۔ بَ۔ قَر) (ع۔ ا۔ مث) گائے جیسی بھوک۔ ایک بیماری جس میں بہت زیادہ بھوک لگتی ہے اور کھانے کے باوجود بھوک محسوس ہوتی ہے۔

جوعُ الکلب (جو۔ عل۔ کلب) کتّے جیسی بھوک۔ زیادہ کھانے کی بیماری۔ پیٹو پن۔ (ع۔ ا۔ مث)

جوف (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پیٹ۔ شکم (۲) اندرونی خلا۔ کھوکھلا پن (۳) برچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر لگے (۴) غار۔ گڑھا۔

جوق (جَوق) (ع۔ ت۔ ا۔ مذ و مث) (۱) (آدمیوں کا) گروہ۔ انبوہ۔ بھیڑ (۲) (پرندوں کا) پرا۔ جھنڈ۔ جھلو۔ غول۔

جوق جوق (جوق در جوق) (ع۔ ف۔ متعلق فعل) گروہ کے گروہ۔ پرے کے پرے۔

جوکر (Joker) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) مسخرہ۔ ہنسوڑ۔ دل لگی باز (۲) تاش کا پتّا جو زائد ہوتا ہے۔

جوکھ (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پرکھ۔ جانچ۔ اَنداز (سونا یا چاندی) کسوٹی پر لگا کر دیکھنا (۲) تول۔ وزن۔

جوکھم (جو۔ کھم) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) مشکل کام (۲) خطرہ۔ اندیشہ۔ ڈر (۳) نقصان۔ گھاٹا۔

جوکھم میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) خطرے میں پڑنا۔ مصیبت میں پڑنا۔

جوکھنا (جوکھ۔ نا) (ہ۔ مص) تولنا۔ وزن کرنا (۲) جانچنا۔ آزما کر دیکھنا۔ کسنا۔

جوکھوں (جو۔ کھوں) (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے جوکھم۔

جوکھوں اُٹھانا (ہ۔ محاورہ) نقصان برداشت کرنا۔

جوکھوں کا کام (ہ۔ ا۔ مذ) نقصان یا خطرے کا کام (۲) دلیری کا کام۔

جوکھوں میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے جوکھم میں۔

جوکھوں میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) آفت میں پھنسانا۔ نقصان کے کام میں اُلجھانا۔

جوگ (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) س: یوگ۔ صحیح وقت۔ نیک ساعت (۲) چاند کی منزلیں (جو ۲۷ ہیں) (۳) ستاروں کا ملاپ۔ قِران (۴) تعلق۔ جوڑ۔ پیوستگی۔ ملانا (۵) کندھے پر جُوا ڈالنا۔ جوتنا (۶) ساتھ لگنا۔ اتحاد (۷) طریقہ۔ ذریعہ (۸) موزوں ہونا۔ مناسبت رکھنا (۹) شرح۔ پھل (۱۰) کمان میں تیر جوڑنا (۱۱) ست (۱۲) دائرے کے اُن بہت سے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا جو منطقۃ البروج سے ناپے جاتے ہیں (۱۳) ریاضت (۱۴) کفارہ (۱۵) (ریاضی میں) میزان (۱۶) وہ شخص جس کے نام کی ہنڈی کی جائے (۱۷) دوا (۱۸) یک سوئی (۱۹) (صف) قابل۔ لائق (۲۰) مناسب۔ موافق (۲۱) (متعلق فعل) وجہ سے۔ ذریعے سے۔

جوگ آسن (ہ۔ ا۔ مذ) جوگ کے لئے بیٹھنے کا طریقہ یا ریاضت۔

جوگ اَبیاس (اَبھیاس) (ہ۔ ا۔ مذ) جوگیوں کا طریقہ۔

جوگ سادھنا (ہ۔ محاورہ) (۱) جوگی بننا (۲) حبسِ دم کی مشق کرنا (۳) ایک چیز پر خیال جمانے کی کوشش کرنا۔

جوگ لینا (ہ۔ محاورہ) جوگی بننا۔ فقیری لینا۔ ترکِ دُنیا کرنا۔

جوگا (جو۔ گا) (ہ۔ صف) (۱) لائق۔ قابل (۲) موافق۔ مناسب۔ موزوں (۳) برمحل۔ بروقت (۴) (ا۔ مذ) افیون کا فضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے۔

جوگن (جو۔ گن) (ہ۔ ا۔ مث) وہ عورت جو ترکِ دُنیا کر کے فقیری اختیار کرلے۔ جوگی کی تانیث۔ جمع: جوگنوں۔ جوگنیں۔

جوگنی (جوگ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بھوتنی (۲) ہندوؤں کی دُرگا دیوی کی ۶۴ سکھیاں (۳) جوگ (یوگ) جاننے والی عورت (۴) جادوگرنی۔ ساحرہ۔

جوگی (جو۔ گی) (ہ۔ ا۔ مذ) س: یوگی (۱) جوگ کرنے والا۔ ہندو فقیر (۲) پُجاری (۳) جادوگر۔ شعبدہ باز (۴) ہندوؤں کی ایک نیچ ذات جو اپنے مُردوں کو دفن کرتی ہے۔ جمع: جوگی۔ جوگیوں۔

جوگی جگت جانے نہیں کپڑے رنگے تو کیا ہوا (ہ۔ مثل) جوگ کی باتیں (جگت) جانتے نہیں صرف کپڑے جوگیا رنگ لئے ہیں۔ اصلیت کچھ نہیں۔ ظاہری وضع سے کیا ہوگا۔

جوگی جوگی لڑیں کھپروں کا نقصان (ہ۔ مثل) بڑے آدمی لڑیں تو چھوٹوں کا نقصان ہوتا ہے۔

جوگی کا لڑکا کھیلے گا تو سانپ سے (ہ۔ مثل) ہر کوئی اپنی تربیت کے مطابق کام کرتا ہے۔

جوگی کس کے میت (ہ۔ مثل) جن لوگوں کا کوئی ٹھکانا نہ ہو یا جن کو کسی سے تعلق یا وابستگی نہ ہو وہ کسی کے دوست نہیں بنتے۔

جوگی کی پیت کیا (ہ۔ مقولہ) جوگی کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔

جوگیا (جو۔ گیا) (ہ۔ صف) (۱) گیروا رنگ (۲) بھیروں ٹھاٹ کی ایک راگنی (۳) ایک قسم کا کبوتر (۴) ایک قسم کی قمری۔

جوُل (ق۔ ا۔ مث) قطار۔

جولاں (جو۔ لاں) (ف۔ ا۔ مث) بیڑی یا زنجیر جو مُجرم کے پاؤں میں ڈالتے ہیں۔

جولان (جو۔ لان) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کود پھاند (۲) گھوڑے کی دوڑ۔ گھوڑے کا چکر لگانا (۳) کاوا دینا (۴) گھوڑے کو کدانا۔ چکر دینا (۵) حرکت۔ گردش۔

جولان گاہ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) گھوڑوں کا میدان (۲) گھوڑا پا چکر دینے کی جگہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جَولانی (جَو۔لا۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) گھوڑے کی دوڑ (۲) طبیعت کی روانی۔ تیز فہمی (۳) رفتار کی تیزی۔ پُھرتی۔ چُستی۔ اُردو جمع: جولانیاں۔ جولانیوں۔

جَولانیوں (اَر۔ا۔مث) جولانی کی اُردو جمع۔

جولانیوں پر آنا (اَر۔ محاورہ) تیزی یا جوش میں آنا۔ ترنگ میں آنا۔

جولانیوں پر رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اُچھل کود میں معروف رہنا (۲) جوش میں بھرے رہنا۔

جُولاہا (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے جُلاہا۔

جُولائی (July) (انگ۔ا۔مذ) یورپی سال کا ساتواں مہینا۔ اس کے ۳۱ دن ہوتے ہیں۔ روم کے بادشاہ جولیس سیزر سے منسوب ہے۔

جُون (June) (انگ۔ا۔مذ) یورپی سال کا چھٹا مہینا۔ اس میں ۳۰ دن ہوتے ہیں۔ رومی دیوی جونو (Juno) سے منسوب ہے۔

جُون (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) وضع۔ صورت۔ بھیس (۲) جنم۔ پیدائش۔ ولادت (۳) زمانہ۔ وقت۔ عرصہ۔

جُون (بدلنا) پلٹنا (ہ۔ محاورہ) (۱) ظاہری شکل تبدیل کرنا (۲) ہندوؤں کے عقیدے میں اِنسان کا ایک قالب سے دُوسرے قالب میں جانا (۳) صورت بدلنا۔ حالت بدلنا (۴) غیر معمولی طور پر موٹا یا دُبلا ہو جانا (۵) غیر معمولی ترقی یا تنزّل کرنا۔

جُون پوری کرنا (ہ۔ محاورہ) دن پورے کرنا۔ زندگی گُزارنا۔

جُوں (واو معروف) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) وہ کیڑا جو بالوں یا کپڑوں میں گندگی کے باعث پیدا ہو جاتا ہے اور خون چوستا ہے۔ جمع: جوؤں۔ جوئیں۔

جُوں کی چال (اَر۔ا۔مث) نہایت آہستہ اور سُست چال۔

جُوں (واو معروف) (نون غنّہ) (ہ۔ف۔ حرفِ تشبیہ) جیسے۔ مانند۔ مثل۔

جُوں تُوں (اَر۔ متعلق فعل) (۱) جس طرح بھی ہو سکا یا ہو سکے۔ کسی نہ کسی طرح۔ بہر صورت (۲) نہایت مشکل سے۔ بہ ہزار دِقت۔

جُوں تُوں کر کے (اَر۔ متعلق فعل) (۱) کسی نہ کسی طرح سے (۲) بڑی مشکل سے۔

جُوں جُوں (اَر۔ متعلق فعل) (۱) جس قدر۔ جہاں تک۔ جب تک (۲) جیسے جیسے۔

جُوں جُوں چڑیا موٹی اُتنی چونچ چھوٹی (اَر۔ مثل) چھوٹے دل کا آدمی جتنا امیر ہوتا ہے اتنا ہی زیادہ بخیل بن جاتا ہے۔

جُوں جُوں کملی بھیگے تُوں تُوں بھاری ہو (اَر۔ مثل) زمانے کے نشیب و فراز اِنسان کو تجربہ کار بنا دیتے ہیں۔

جُوں کا تُوں (جُوں کی تُوں) (اَر۔ متعلق فعل) ویسے کا ویسا ہی۔ جیسا پہلے تھا ویسا ہی۔ سابقہ یا اصلی حالت پر (۲) پُورا۔ تمام۔ کامل۔

جُوں کا تُوں رکھنا (اَر۔مص) جس حالت میں ہو اُسی حالت میں رکھنا۔ اِحتیاط سے 'حفاظت سے' سنبھال کر رکھنا۔

جُوں ہی (جونہی) (ہ۔ متعلق فعل) جیسے ہی۔ جس وقت۔ اِسی وقت۔ فوراً۔ معاً۔

جُونا (جُوناں) (جو۔نا) (جو۔ناں) (ہ۔ا۔مث) (۱) دعوت۔ ضیافت (۲) شادی بیاہ (۳) زمین جو بیجنے کے لئے تیار ہو۔

جُونا (جُو۔نا) (ہ۔ا۔مذ) گھاس یا بان کا مُٹھا جو برتن مانجھنے کے کام آتا ہے (۲) لکڑیوں یا گھاس کا گٹھا باندھنے کے کام آنے والی گھاس کی رسّی (۳) (صف) پُرانا (۴) لاغر۔ دُبلا پتلا۔

جونا (واو مجہول) (ق۔مص) ڈھونڈنا۔

جون پور کا قاضی (اَر۔ تلمیح) ایک تلمیح جو کسی شخص کی کم عقلی کے اظہار کے لئے اِستعمال ہوتی ہے۔

جَون سا (جَون۔سا) (ہ۔ض) جو۔ جو کوئی۔ جو شخص۔

جونک (واو مجہول) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) پانی کا وہ چار پانچ اِنچ لمبا کیڑا جسے فاسد خون نکالنے کے لئے آدمی کے جسم پر لگاتے ہیں (۲) کوئی ایسا شخص جو کسی کے لئے باعثِ تباہی بن جائے۔ جمع: جونکوں۔ جونکیں۔

جونک ماٹی میں رہے تو بھی لہو پیتی ہے (ہ۔ مثل) بُرا آدمی کبھی بُرائی سے باز نہیں رہتا۔

جونک ہو کے (لپٹنا) چمٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جونک کی طرح چمٹنا۔ اس طرح چمٹنا کہ چُھڑانا مشکل ہو جائے (۲) کسی کے پیچھے پڑ جانا۔

جونکیں (ہ۔ا۔مث) جونک کی جمع۔

جونکیں لگوانا (اَر۔ محاورہ) جسم سے جونکیں چمٹا کر فاسد خون خارج کرنا۔

جونی (جو۔نی) (ہ۔ا۔مث) ترازو کے پلڑوں کی رسّی۔

جونیئر (Junior) (انگ۔صف) (۱) چھوٹا۔ چھوٹی (۲) ادنیٰ (۳) عُہدے یا مرتبے میں دُوسروں سے کم۔

جوہر (جَو۔ہر) (ع۔ا۔مذ) (۱) ف گوہر کا مُعرّب۔ قیمتی پتھر (۲) خلاصہ۔ لُبِّ لباب۔ عطر۔ سَت (۳) وہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو۔ عرض کی ضد۔ اسم (۴) تلوار یا فولاد کے نقوش جن سے اُن کی خوبی یا عُمدگی ظاہر ہوتی ہے (۵) خاصیت۔ خوبی۔ گُن (۶) ہُنر۔ کمال۔ لیاقت۔ اِستعداد (۷) بھید۔ راز۔ اصل حقیقت (۸) چالاکی۔ چترائی (۹) آئینے کی آب و تاب (۱۰) نفیس لکڑی کی رگیں۔ جمع: جواہر۔ جواہرات (۱۱) (ہ۔ا۔مذ) خودکشی (۱۲) لڑتے لڑتے مارے جانا۔ راجپوت جب دُشمن سے مغلوب ہونے لگتے تھے تو بیوی بچوں کو ہلاک یا نذرِ آتش کر کے خود بھی ہلاک ہو جاتے تھے۔

جوہر اُڑانا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کی خوبی کی نقل کرنا (۲) آگ پر رکھ کر کسی دوا کا سَت نکالنا۔

جوہر دار (ع۔ف۔صف) (۱) جس میں کوئی خاص خوبی ہو (۲) وہ تلوار جس میں خاص قسم کے نقوش ہوں جو اصیل ہونے کا ثبوت دیں۔

جوہر دکھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہُنر لیاقت یا فضیلت ظاہر کرنا (۲) شرافت کا مظاہرہ کرنا (۳) چالاکی یا عیّاری سے کام لینا۔ کسی کا اپنا عیب یا مخصوص بُرائی ظاہر کرنا۔

جوہرِ فرد (ع۔ا۔مذ) (۱) مادّے کا سب سے چھوٹا ٹکڑا (۲) بے نظیر موتی۔ وہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جوہر جس کا ثانی نہ ہو۔

جوہر کرنا (ہـ۔ محاورہ) راجپوتوں کا جنگ میں اپنی بیوی بچّوں کو ہلاک کر کے دُشمن سے لڑتے ہوئے جان دے دینا۔

جوہر کھلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خوبیاں، ہُنر یا قابلیت ظاہر ہونا (۲) اصلیت یا بھلائی بُرائی معلوم ہونا (۳) (طنزاً) نالائقی ظاہر ہونا۔

جوہرِ لطیف (ع۔ا۔مذ) (۱) پاکیزہ جوہر (۲) ایسا نفیس مادّہ جو انسانی آنکھ کو نظر نہ آسکے (۳) عقل۔

جوہر نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ست نکالنا (۲) عیب و ہنر ظاہر کرنا۔

جَوہری (جَو۔ہَ۔ری) (ف۔ا۔مذ) (۱) جواہرات کا سوداگر (۲) کسی چیز کی خوبی یا عیب کو پرکھنے والا (۳) (صف) جوہر سے متعلق۔ ایٹمی۔ ایٹم کا۔

جوہری توانائی (ع۔ف۔ا۔مث) دیکھئے ایٹمی طاقت۔

جَوہَڑ (جو۔ہڑ) (ہـ۔ا۔مذ) بارانی تالاب۔ کچّا تالاب جس میں بارش کا پانی جمع ہو جاتا ہے۔ جمع: جوہڑ۔ جوہڑوں۔

جوہڑ میں منہ دھو آؤ (اَر۔مثل) تمہاری یہ خواہش یا مُراد پوری نہ ہوگی۔

جُوہی (جُوئی) (ہـ۔ا۔مث) (۱) چنبیلی جیسے خوشبودار پھول جو اُس سے ذرا چھوٹے ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) ایک قسم کا کیڑا جو کھیتی کو نقصان پہنچاتا ہے۔

جوئندہ (ف۔صف) دیکھئے جوینده۔

جوئی (واو مجہول و معروف) (ف۔ا۔مث) تلاش کرنا۔ مُرکّبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے مُہم جوئی۔

جُوئے (ہـ۔ا۔مذ) (۱) جُوا (قمار) کی مغیّرہ صورت (۲) جُوا کی جمع۔

جُوئے باز (اَر۔صف) جواری۔ جُوا کھیلنے والا۔ قمار باز۔

جُوئے بازی (اَر۔ا۔مث) جُوا کھیلنا۔ قمار بازی۔

جُوئے (جُو۔اے) (ف۔ا۔مث) جُو۔ نہر (بالعموم بواو معروف مستعمل ہے)۔

جُوئے بار (جُوئبار) (ف۔ا۔مث) (۱) ایسی جگہ جہاں بہت سی نہریں ہوں (۲) ایسی بڑی نہر جس میں بہت سی نہریں آکر مل جاتی ہوں۔

جُوئے شیر (ف۔ا۔مث) وہ نہر جو فرہاد (کوہکن) نے اپنی محبوبہ شیریں کے لئے پہاڑ میں کھودی تھی۔ اِس کے ذریعے بکریوں کا دودھ شیریں کے محل کے ایک حوض میں پہنچتا تھا۔

جُوئے شیر لانا (اَر۔ محاورہ) مشکل یا ناممکن کام سرانجام دینا۔

جُوئیں (جُو۔ایں) (ہـ۔ا۔مث) جُوں کی جمع۔

جُوئیں پڑنا (اَر۔ محاورہ) سر کے بالوں یا کپڑوں میں جوئیں پیدا ہو جانا۔

جُوئیں دکھانا (اَر۔ محاورہ) کسی سے سر کی جوئیں نکلوانا۔

جُوئیں دیکھنا (اَر۔ محاورہ) کسی کے سر کی جوئیں نکالنا۔

جُوئیں نکالنا (اَر۔مص) دیکھئے جوئیں دیکھنا۔

جُوئیں نکلوانا (اَر۔مص مُرکّب) دیکھئے جوئیں دکھانا۔

جُویا (جُویاں) (واو مجہول) (ف۔صف) ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔

جُوِیں (جَ۔وِیں) (ف۔صف) جَو کی (روٹی وغیرہ)۔

جُویندہ (جو۔یَن۔دہ) (واو مجہول) (ف۔صف) تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔

جوینده یابنده (ف۔مثل) جو ڈھونڈتا ہے وہ پا لیتا ہے۔

ج ۔ ہ

جِہات (جِ۔ہات) (ع۔ا۔مذ۔مث) جہت کی جمع۔ سمتیں۔ طرفیں۔

جِہاد (جِ۔ہاد) (ع۔ا۔مذ) (۱) کوشش۔ جدّوجہد (۲) دین کی حمایت کے لئے ہتھیار اُٹھانا اور جانی و مالی قربانی سے دریغ نہ کرنا۔

جہادِ اصغر (ع۔ا۔مذ) کافروں کے خلاف ہتھیار اُٹھانا۔

جہادِ اکبر (ع۔ا۔مذ) نفس کو مارنا۔ ریاضت۔ (تصوّف کی اِصطلاح)۔

جہاد بالسّیف (بِس۔سَیف) (ع۔ا۔مذ) حق کی حمایت میں ہتھیاروں سے جنگ کرنا۔

جہاد بالقلم (بِل۔قَ۔لَم) (ع۔ا۔مذ) حق کی حمایت میں قلم اُٹھانا۔ باطل کے خلاف مضامین لکھنا۔

جَہاز (جَ۔ہاز) (ف۔ا۔مذ) (۱) بہت بڑی کشتی۔ اَسبابِ تجارت لادنے اور اِنسانوں کے سفر کرنے کی بہت بڑی ناؤ۔ اردو جمع: جہاز۔ جہازوں (۲) (اَر۔صف) بہت بڑا۔ بہت وسیع۔ فراخ۔ کشادہ۔

جہازراں (ف۔صف۔و۔ا۔مذ) جہاز چلانے والا۔ مَلّاح۔

جہاز رانی (ف۔ا۔مث) جہاز چلانا۔ جہاز چلانے کا پیشہ۔

جہاز کا جہاز (اَر۔صف) بہت بڑا۔ وسیع۔ فراخ۔ کشادہ۔

جہاز کا کوّا (اَر۔ا۔مذ) وہ کوّا جو سمندر میں کہیں بیٹھنے کی جگہ نہ ملنے کی وجہ سے جہاز کے گرد منڈلاتا رہتا ہے (۲) ایسا شخص جسے ایک جگہ کے سوا اور کہیں ٹھکانا نہ ملے (۳) ایک آلہ جو کوّے جیسا بدنما ہوتا ہے۔

جہاز کا لنگر انداز ہونا (اَر۔مص مُرکّب) جہاز کا رُکنا یا ٹھہرنا۔

جَہازی (جَ۔ہا۔زی) (ف۔ا۔مذ) جو لوگ جہاز چلانے کے ذمّے دار ہوں۔ وہ لوگ جو جہاز میں بیٹھے ہوں (۲) (صف) بڑا۔ لمبا چوڑا۔

جُہّال (جُہ۔ہال) (ع۔ا۔مذ) جاہل کی جمع۔

جَہالت (جَ۔ہا۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) بے علمی۔ نادانی۔ ناواقفیت (۲) بے وقوفی۔ حماقت (۳) بے رحمی۔ سنگ دلی۔ کٹھور پن۔

جَہاں (ہـ۔ظرف) (۱) جس جگہ۔ جس مقام پر (۲) جس وقت۔ جس گھڑی۔

جہاں اور درخت (رُوکھ) نہیں وہاں اَرنڈ ہی پر دھان ہے (اَر۔مثل) جہاں بڑے نہیں ہوتے وہاں چھوٹے ہی بڑے سمجھے جاتے ہیں۔

جہاں بہو کا پیٹا وہیں سُسر کی کھاٹ (ہـ۔مثل) بے حیائی کے موقع پر بولتے ہیں۔ (پیٹا: پیٹ)۔

جہاں پھول وہاں کانٹا (اَر۔مثل) جہاں آرام وہاں تکلیف بھی ہوتی ہے۔ جہاں فائدہ ہو وہاں نقصان بھی ہوتا ہے۔

جہاں تک (ہـ۔متعلق فعل) جب تک۔ جس حد تک۔ جتنا مقدور ہو۔

جہاں تک (بنے) ہو سکے (ہـ۔متعلق فعل) جب تک یا جس حد تک ممکن

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہو۔ اپنے مقدور بھر۔ جہاں تک یا جب تک اپنے حالات ساتھ دیں۔

جہاں تمہارا پسینا گرے وہاں خون گرائیں (اُر۔ مقولہ) وفاداری اور جاں نثاری کا اظہار کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

جہاں جہاں (و۔ متعلق فعل) ہر جگہ۔ ہر کہیں۔ جگہ جگہ۔ اِدھر اُدھر۔

جہاں جائے بھوکا، وہاں پڑے سُوکھا (و۔ مثل) بدقسمت آدمی جہاں کہیں بھی چلا جائے پریشان اور محروم رہتا ہے۔

جہاں ججمان وہاں پروہت (و۔ مثل) جہاں سردار وہاں خدمت گار۔

جہاں جہاں (و۔ متعلق فعل) جا بجا۔ جگہ جگہ۔ جس جس جگہ۔

جہاں چار برتن (باسن) ہوتے ہیں کھٹکتے (کھنکتے) بھی ہیں (اُر۔ مثل) جہاں چند آدمی ہوتے ہیں وہاں تکرار ہو ہی جاتی ہے۔

جہاں دولھا وہاں برات (اُر۔ مثل) بڑا آدمی یا مرکزی شخصیت رکھنے والا جس جگہ قیام کرے اُس کے متعلقین بھی وہیں ڈیرا جماتے ہیں۔

جہاں دیکھے توا پرات وہیں گاوے ساری رات (و۔ مثل) مطلبی آدمی جہاں فائدہ دیکھتا ہے وہیں بیٹھا رہتا ہے۔

جہاں دیکھی روٹی وہاں مُنڈائی چوٹی (و۔ مثل) فائدہ ہوتے دیکھ کر ذِلت یا بے عزتی برداشت کر لینا۔

جہاں ستیاناس وہاں سوا ستیاناس (اُر۔ مثل) جب بربادی ہو ہی گئی ہے تو اِس کا کیا رونا کہ تھوڑی ہوئی یا بہت۔

جہاں سُوئی نہ جائے وہاں مُوسل گھسیڑنا (اُر۔ مثل) ایسا جھوٹ بولنا جو وہم و گمان میں نہ آ سکے۔

جہاں سینگ سمائیں چلے جاؤ (اُر۔ فقرہ) جہاں پناہ ملے چلے جاؤ۔ دُور ہو جاؤ۔

جہاں کا پیوے پانی تہاں کی بولے بولی (و۔ مثل) احسان کرنے والے کی حمایت کرنی چاہئے۔

جہاں کا مُردہ تہاں کی گور (جہاں کا مُردہ وہیں گڑتا ہے) (اُر۔ مثل) جہاں کا جھگڑا ہوتا ہے وہیں طے ہوتا ہے۔

جہاں کہیں (و۔ متعلق فعل) جس جگہ۔ جس مقام پر۔

جہاں کی تہاں (و۔ متعلق فعل) (۱) کہیں کی کہیں۔ بے جگہ (۲) اُسی جگہ۔ وہیں اپنے خاص مقام پر۔

جہاں گُڑ ہو گا وہاں مکھیاں بھی آئیں گی (اُر۔ مثل) (۱) جہاں کھانے کو ملے گا وہاں کھانے والے ضرور آئیں گے (۲) اپنی مرغوب چیز پر بھی ٹوٹ کر گرتے ہیں (۳) کابل کے شاگرد بہت۔

جہاں گُل (ہو گا) ہے وہاں خار بھی (ہو گا) ہے (اُر۔ مثل) راحت کے ساتھ تکلیف اور خوشی کے ساتھ رنج لگا ہوا ہے۔

جہاں گنج وہاں رنج (اُر۔ مثل) مالدار لوگوں کو دولت کی وجہ سے تکلیف پہنچتی ہے۔

جہاں مرغا نہ ہو گا وہاں صبح نہ ہو گی؟ (جہاں مُلّا نہیں ہو گا وہاں سویرا نہ ہو گا؟) (اُر۔ مثل) کسی کے نہ ہونے سے دُنیا کے کام بند نہیں ہو جاتے۔

جہاں نشیب (ہوتا ہے) ہو گا وہیں پانی (مرتا ہے) مرے گا (اُر۔ مثل) جہاں نقص ہوتا ہے وہیں اِعتراض ہوتا ہے۔

جہاں ننانوے گھڑے دودھ کے ہوں گے وہاں ایک گھڑا پانی کا کیا جانا جائے گا (اُر۔ مثل) امیروں اور مالداروں میں غریبوں کی کیا پُرسش۔

جَہان (جَ۔ ہان) (ف۔ ا۔ مذ) دُنیا۔ عالم۔ سنسار۔ اُردو جمع: جہان۔ جہانوں۔

جہاں آرا (ف۔ صف) دُنیا کو آراستہ کرنے والا۔

جہاں آفریں (ف۔ صف) جہان کو پیدا کرنے والا۔ خدا تعالیٰ۔

جہان آنکھوں میں اندھیر ہونا (اُر۔ محاورہ) کچھ سُجھائی نہ دینا۔ سخت گھبراہٹ اور پریشانی ہونا۔

جہاں بان (ف۔ صف) (۱) دُنیا کی حفاظت کرنے والا (۲) دُنیا کا حکمران۔

جہاں بانی (ف۔ ا۔ مث) (۱) بادشاہت (۲) نگہداشت۔

جہاں بیں (ف۔ صف) دُنیا دیکھنے والا۔ تجربہ کار۔

جہاں پناہ (ف۔ صف) جس کی پناہ میں دُنیا ہو۔ بادشاہ۔ حاکمِ وقت۔

جہاں تاب (ف۔ صف) دُنیا کو روشن کرنے والا۔ (مجازاً) سورج۔

جہان تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) مُصیبتوں کا ہجوم ہونا۔ دُنیا میں رہنا مشکل ہونا۔

جہاں دار (ف۔ صف) دُنیا کا مالک۔ بادشاہ۔ حاکمِ وقت۔

جہاں داری (ف۔ ا۔ مث) بادشاہت۔ حکومت۔ اِنتظامِ سلطنت۔

جہاں دِیدہ (ف۔ صف) جہان دیکھا ہوا۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔

جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ (ف۔ مثل) تجربہ کار آدمی دُوسروں کو بے وقوف بنانے کے لئے بہت جھوٹ بولا کرتے ہیں۔

جہاں سوز (ف۔ صف) دُنیا کو جلانے والا۔

جہاں سے اُٹھ جانا (گُزر جانا) (اُر۔ محاورہ) مر جانا۔

جہاں سے ہاتھ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) گوشہ نشینی اِختیار کر لینا۔ تارکُ الدُّنیا ہو جانا۔

جہان سیاہ ہونا (اُر۔ محاورہ) رنج و غم کی شدّت ہونا۔ مصیبتوں کی زیادتی سے دُنیا سے بیزاری۔

جہاں گرد (گشت۔ نَورد) (ف۔ صف) دُنیا میں پھرنے والا۔ ملک ملک گھومنے والا۔ سیاح۔

جہاں گیر (ف۔ صف) دُنیا کو فتح کرنے والا۔

جہاں گیری (ف۔ ا۔ مث) حکومت۔ سلطنت (۲) ہاتھوں میں پہننے کا ایک جڑاؤ زیور (۳) لاکھ یا کانچ کی چوڑی جو نُور جہاں کی ایجاد بتائی جاتی ہے۔

جہاں نُما (ف۔ صف) (۱) دُنیا دِکھانے والا (۲) آئینہ (۳) اُونچا مینار (۴) اُونچا شاہی خیمہ۔

جہانیاں (ف۔ ا۔ مذ) جہان کے لوگ۔ خُدا کی مخلوق۔

جہانیاں جہاں گشت (ف۔ صف) ساری دُنیا کی سیر کرنے والا (۲) ایک ولی کا لقب۔

جِہَت (جِ۔ ہَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) سَمت۔ طرف۔ جانب (۲) وجہ۔ سبب۔ باعث۔ جمع: جہات۔ اُردو جمع: جہتوں۔ جہتیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جُہْد (جُہْد) (جہد۔ جُہد) (بفتح اوّل و نیز بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔

جہد لِلبقا (لل۔ ب۔ قا) (ع۔ ا۔ مث) زندگی کی کشمکش۔ زندہ رہنے کے لئے کوشش۔

جَہْر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) اُونچی آواز سے پڑھنا۔

جَہْل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جہالت۔ بے علمی۔ بے وقوفی (۲) جاہلانہ ہٹ یا ضِد (۳) تکرار۔

جہل مُرکّب (ع۔ ا۔ مذ) دوہری جہالت۔ جاہل ہونا مگر خود کو عالم فاضل سمجھنا۔

جُہلا (جُ۔ ہَ۔ لا) (ع۔ ا۔ مذ) جاہل کی جمع۔

جَہنّم (جَ۔ ہن۔ نَم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گہرا کنواں (۲) دوزخ۔ آگ کی وہ بھٹی جس میں گناہ گاروں کو ڈالا جائے گا۔

جہنّم کا نمونہ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دوزخ کی مثال (۲) مصیبت کی جگہ۔

جہنّم میں (پڑے) جائے۔ اُر۔ بیزاری و نفرت کا کلمہ۔ نیز بددُعا۔

جہنّم میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) عذاب میں مُبتلا کرنا۔

جہنّم واصل کرنا (اُر۔ محاورہ) دُشمن کو قتل کر دینا۔

جَہنّمی (جَ۔ ہن۔ نَ۔ می) (ع۔ صف) دوزخ میں جانے والا۔ دوزخی۔

جَہول (جَ۔ ہول) (ع۔ ا۔ مُبالغہ) سخت جاہل۔ نادان۔

جَہیر (جَ۔ ہیر) (ع۔ صف) بلند آواز (۲) آواز کو بلند کرنے والا (۳) خوبصورت آدمی۔

جَہیز (جَ۔ ہیز) (بیائے مجہول) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) اَسباب۔ سامان (۲) وہ سامان جو بیٹی کی شادی میں ماں باپ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔

جہیز میں آنا (اُر۔ محاورہ) لڑکی کو شادی پر ماں باپ کی طرف سے سامان و اَسباب ملنا۔

جھ

جھاب (جھابا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تیل یا گھی رکھنے کا چمڑے کا برتن (۲) تیل یا گھی ناپنے کا چرمی برتن۔ کپی (۳) چمڑے کا گول خوان جس میں آٹا چھانتے یا رکھتے ہیں (۴) تنگ مُنہ کا دودھ دوہنے کا برتن۔ بل ٹوئی (۵) جھاڑ فانوس (۶) روٹیاں رکھنے کا خوانچہ۔

جھابَر (جھابڑ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دلدلی زمین (۲) جوہڑ (۳) (ا۔ مذ) بڑے چہرے والا شیر (۴) (صف) قوی الجثہ۔

جھابڑ جھلّا (اُر۔ صف۔ مذ) (۱) ڈھیلا ڈھالا۔ بدنما (۲) بدہیئت (آدمی)۔

جھاپا (ہ۔ ا۔ مذ) تنگ مُنہ کی ٹوکری۔

جھاپڑ (اُر۔ ا۔ مذ) طمانچہ۔ تھپّڑ۔

جھاجا (جھاجھا) (ہ۔ ا۔ مذ) گانجا جو بھنگ سے تیار کیا جاتا ہے۔

جھاجھر (جھا۔ جھر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) جھانجھ۔ مجیرا (۲) پاؤں کا ایک زیور جو جھن جھن بولتا ہے۔ جھانجن۔

جھارا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پتلی چھنی ہوئی بھنگ (۲) گیہوں پھٹکنے کا چھاج (۳) ہلکی ہلکی بارش۔ پھوار (۴) مویشی کے پاؤں پر ٹھوکر کرنا۔

جھارنا (جھار۔ نا) (ہ۔ مص) چھاننا۔ پھٹکنا (۲) ٹھوکر کرنا۔

جھاری (ہ۔ ا۔ مث) لمبی گردن کی صُراحی جو ٹونٹی دار بھی ہوتی ہے۔

جھاڑ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بڑی جھاڑی (۲) جھڑبیری کا سوکھا ہوا درخت (۳) فانوس (۴) ایک قسم کی آتش بازی (۵) پنج شاخہ مشعل (۶) باتوں کا سلسلہ (۷) مینہ کی جھڑی۔ جمع: جھاڑ۔ جھاڑوں (۸) (ہ۔ فعل) مصدر جھاڑنا سے اَمر کا صیغہ۔

جھاڑ باقی (اُر۔ ا۔ مث) حساب صاف کر دینا۔ پوری ادائیگی۔ بالکل بے باق۔

جھاڑ باندرا (ق۔ ا۔ مذ) بچّوں کا ایک کھیل جو وہ درختوں پر چڑھ کر کھیلتے ہیں۔

جھاڑ باندھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) لگاتار بولے جانا۔ مسلسل کہے جانا (۲) لگاتار مینہ برسنا۔

جھاڑ بسانا (اُر۔ محاورہ) لڑائی یا جھگڑا مول لینا۔

جھاڑ بُوٹے (اُر۔ ا۔ مذ) بیل بُوٹے۔

جھاڑ پچھوڑ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بڑی توجہ اور سرگرمی سے تلاش کرنا (۲) جانچ پڑتال کرنا۔ آزمانا۔

جھاڑ پونچھ (اُر۔ ا۔ مث) صفائی۔ جھاڑنا پونچھنا۔

جھاڑ پونچھ برابر کرنا (اُر۔ محاورہ) سب کچھ کھا پی جانا۔ سب خرچ کر ڈالنا۔

جھاڑ پہاڑ (اُر۔ ا۔ مذ) بات کا بتنگڑ۔ غیر ضروری بات۔ فضول بات۔

جھاڑ پھونک (اُر۔ ا۔ مث) پڑھ کر پھونکنے 'دَم کرنے یا جادو ٹونا کرنے کا عمل۔

جھاڑ جانا (اُر۔ محاورہ) کھا جانا۔ چٹ کر جانا۔

جھاڑ جھٹک (اُر۔ ا۔ مث) اچھی طرح جھاڑنا۔ پوری طرح صفائی کرنا۔

جھاڑ جھنکاڑ (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) جنگل کے خاردار درخت اور جھاڑیاں۔ گھاس پھوس۔ کوڑا کرکٹ (۲) شکستہ خط۔

جھاڑ دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) صاف کرنا (۲) مارنا (۳) بولنے سے روک دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔

جھاڑ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) غصّہ اُتارنا (۲) فہمائش کرنا۔ پھٹکارنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ لتاڑنا (۳) وصول کر لینا (۴) سارا برتن خالی کر دینا۔

جھاڑ سا (اُر۔ صف) جھاڑ جیسا۔ جھاڑ جھنکاڑ کی مانند۔

جھاڑ کا ازار بند (اُر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا ازار بند جس میں بڑے بڑے پھندنے ہوتے ہیں۔

جھاڑ کا کانٹا (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) جھاڑی کا کانٹا (۲) لڑاکا انسان جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے۔

جھاڑ کھنڈ (ہ۔ ا۔ مذ) جھاڑ دار جنگل۔ ایسا جنگل جو گھنے خاردار درختوں اور جھاڑیوں سے پٹا پڑا ہو۔

جھاڑ کے پَر نکالنا (اُر۔ محاورہ) کثرت سے پَر نکالنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھاڑ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) نفع کما لینا (۲) صفائی کر لینا۔ سب کچھ لے لینا (۳) برتن میں سے چیز کی پوری مقدار نکال لینا۔

جھاڑ ہو کر لپٹنا (اَر۔ محاورہ) پیچھا نہ چھوڑنا۔ چسٹ جانا۔

جھاڑا (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کوڑا کرکٹ (۲) پاخانہ (۳) جامہ تلاشی۔ تفتیش (۴) منتر پڑھ کر پھونکنے کا عمل۔

جھاڑا پھرنا (اَر۔ محاورہ) پاخانہ پھرنا۔ ٹٹی کرنا۔

جھاڑا لینا (اَر۔ محاورہ) تلاشی لینا۔

جھاڑَن (جھا۔ ڑن) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) گرد و غبار جھاڑنے کا کپڑا (۲) جھاڑنے کا عمل (۳) چھلنی (۴) کوڑا کرکٹ۔ جمع: جھاڑنوں۔ جھاڑنیں۔

جھاڑن پونچھن (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) وہ چیز جو صفائی کرنے سے نکلے (۲) (مجازاً) آخری بچہ۔

جھاڑنا (ہ۔ مص) (۱) صاف کرنا۔ جھاڑو دینا۔ پونچھنا (۲) جھٹکنا۔ پھٹکنا (۳) پیڑ پر سے پتے، پھول یا پھل گرانا یا توڑنا (۴) مارنا۔ لگانا (۵) (بندوق) چھوڑنا۔ فائر کرنا (۶) کنگھی کرنا۔ بال صاف کرنا (۷) دَم کرنا۔ پھونکنا (۸) چقماق سے آگ پیدا کرنا (۹) پرندے کا پَر گرانا (۱۰) پھٹکارنا۔ سرزنش کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ لتاڑنا۔ ذلیل کرنا۔

جھاڑنا جھٹکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جھاڑو دینا۔ صفائی کرنا (۲) جو کچھ کسی کے پاس ہو اُس سے لے لینا۔

جھاڑُو (ہ۔ اِ۔ مذ و مث) (۱) تنکوں یا تیلیوں کا بنا ہوا آلہ جس سے کوڑا کرکٹ صاف کرتے ہیں۔ جاروب۔ بہارو (۲) دُم دار ستارہ۔ جمع: جھاڑُو۔ جھاڑووں۔ (جھاڑوؤں۔ جھاڑوئیں)۔

جھاڑو پھرنا (پھر جانا) (اَر۔ محاورہ) کچھ نہ رہنا۔ صفایا ہو جانا۔

جھاڑو (پھیر دینا) پھیرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) صفایا کر دینا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ سب بٹور لینا (۲) برباد کرنا۔

جھاڑو تارا (اَر۔ اِ۔ مذ) دُم دار ستارہ۔ دُنبالہ دار ستارہ۔

جھاڑو دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) صفائی کرنا (۲) صفایا کرنا (۳) سب چٹ کر جانا (۴) اپنی نحوست سے کسی کو تباہ کر دینا۔

جھاڑو مارنا (اَر۔ محاورہ۔ عو) نفرت کا اظہار۔ انتہائی تنفر۔

جھاڑو ہو کر لپٹنا (اَر۔ محاورہ) سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔

جھاڑی (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) چھوٹا اور گھنا خاردار درخت (۲) جھڑبیری۔ جمع: جھاڑیاں۔ جھاڑیوں۔

جھاڑی بوٹی کا بیر (اَر۔ اِ۔ مذ) چھوٹے چھوٹے سُرخ جنگلی بیر۔

جھاسنا (جھاس۔ نا) (ق۔ مص) خواہش کرنا۔

جھاگ (ہ۔ اِ۔ مذ) وہ سفید سفید بُلبلے جو پانی کے زور یا اُبال آنے سے پیدا ہوتے ہیں اور بہت زیادہ غصے اور جوش کی حالت میں آدمی کے منہ سے بھی نکلا کرتے ہیں۔ کف۔ پھین۔ جمع: جھاگ۔ جھاگوں۔

جھاگ لانا (نکلنا) (اَر۔ محاورہ) غصے یا جوش کی حالت میں منہ سے تھوک نکلنا۔

جھال (ہ۔ اِ۔ مث) مرچ وغیرہ کی تیزی۔ جلن (۲) موج۔ ترنگ۔ ہلکورا۔ طلاطم (۳) بڑی اور چوڑی ٹوکری۔ جھل (۴) مینہ یا اولوں کی یکبارگی ہلکی سی بوچھاڑ (۵) (اِ۔ مذ) دھات کا جوڑ۔ ٹانکا (۶) حسد۔ غصہ (۷) (صف) تیز۔ کڑوا۔

جھال آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زد آنا۔ طوفان آنا (۲) دفعۃً مینہ پڑنا یا اولے گرنا۔

جھالا (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) ایسا مینہ جو ایک جگہ برسے مگر قریب کے مقامات پر نہ برسے۔ مقامی بارش (۲) کانوں کا ایک زیور۔

جھالَر (جھا۔ لَر) (ہ۔ اِ۔ مث) حاشیہ۔ کنارہ۔ پلّہ۔ جمع: جھالروں۔ جھالریں۔

جھالردار (ہ۔ ف۔ صف) وہ چیز جس میں جھالر لگی ہو۔

جھالرا (جھال۔ را) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) پکا کنواں (۲) پانی کا بڑا گنڈ (۳) جھرنا۔ چشمہ۔ گول پکی باؤلی۔

جھالنا (جھال۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جھال لگانا۔ ٹانکا لگانا۔ جوڑ لگانا (۲) پانی یا شراب کو برف میں لگا کر ٹھنڈا کرنا (۳) جھیلنا (ق)۔

جھام (ہ۔ اِ۔ مذ) پھاوڑے کی شکل کا ایک آلہ جس سے کنوئیں سے مٹی نکالتے ہیں۔

جھامَر (جھا۔ مَر) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) سوئیاں اور تکلے وغیرہ تیز کرنے کا پتھر (۲) (اِ۔ مث) دلدل (۳) سراب۔

جھانپ (نون غنہ) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) بانس کا ٹوکرا یا خوان (۲) ڈیوڑھی کے آگے کا سائبان (۳) بانس کے چوکھٹے کا پردہ (۴) بانس کا ٹھاٹر جس پر ٹاٹ لگا دیا گیا ہو (۵) بانس کی پھچیوں کا دڑبا (۶) بگھی کا ٹپ (۷) لکڑی کا پتلا چوڑا تختہ جس سے چھت پر پٹاؤ کیا جاتا ہے (۸) (صف) چھپا ہوا۔ پوشیدہ (ق)۔

جھانپل (جھاں۔ پَل) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک سیاہ رنگ کا چالاک پرندہ۔ کال کلچی۔ کوے کے خاندان سے ہے۔

جھانپنا (جھانپ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پردہ ڈالنا۔ چھپانا (۲) بند کرنا۔ دروازہ لگانا (۳) غلاف چڑھانا۔

جھانپو (جھاں۔ پو) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) ایک چڑیا جو اپنی دُم اُٹھاتی اور گراتی رہتی ہے (۲) چھنال، فاحشہ (عورت)۔

جھانٹ (نون غنہ) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) انسانی جسم کے وہ بال جو زیرِ ناف ہوتے ہیں (۲) بے حقیقت چیز (۳) ادنیٰ آدمی۔ جمع: جھانٹوں۔ جھانٹیں۔

جھانٹ اُپاڑے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا (اَر۔ مثل) تھوڑی سی مدد سے کام نہیں بنا کرتا۔ امداد بھرپور ہونی چاہیے۔

جھانٹ برابر (اَر۔ صف) (۱) ذرا سا۔ بہت چھوٹا (۲) بے حقیقت۔ بے وقعت، جس کی کوئی حیثیت نہ ہو۔ ادنیٰ۔

جھانٹ برابر نہ سمجھنا (اَر۔ محاورہ) کچھ بھی وقعت نہ دینا۔

جھانٹ بھی نہ اُکھاڑ سکنا (اَر۔ محاورہ) ذرا سا بھی نقصان نہ پہنچا سکنا۔ کسی قابل نہ ہونا۔

جھانٹ کی جھُلّی (اَر۔ صف) نہایت ادنیٰ۔ بالکل ذرا سا۔ بہت چھوٹا سا۔ بے حقیقت۔

جھانٹیں (جھاں۔ ٹیں) (بیائے مجہول) (ہ۔ اِ۔ مث) جھانٹ کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھانٹیں اُکھاڑنا (اُر۔ محاورہ) کچھ نہ کر سکنے کے موقع پر طنزاً بولتے ہیں۔

جھانٹیں مُونڈنا (اُر۔ مص مُرکب)(۱) اُسترے سے زیرِ ناف کے بال صاف کرنا (۲)(اُر۔ محاورہ) کوئی کام اِتنا تھوڑا کرنا کہ کیا نہ کیا برابر ہو۔

جھانج (جھانجھ) (نُون غُنّہ)(ھ۔ا۔مث)(۱) غُصّہ۔ طیش (۲) تیزی۔ تُندی (۳) بے صبری۔ بے تابی (۴) خواہش۔ شہوت (۵) پاؤں کا ایک زیور (۶)(ا۔مذ) وہ طشتریاں یا تھالیاں جن کے نیچے ڈورا باندھا جاتا ہے اور ڈھول کے ساتھ ساتھ بجائی جاتی ہیں۔ بڑا مجیرا۔

جانجھ لانا (اُر۔ محاورہ) لڑنا۔ غُصّہ دِکھانا۔ تکرار کرنا۔

جھانجن (جھانجھن) (جھاں۔جَن)(جھاں۔جھَن)(ھ۔ا۔مذ) عورتوں کا پاؤں کا ایک زیور جو کھوکھلا ہوتا ہے اور اَندر پڑے ہوئے دانوں کی وجہ سے جھن جھن بولتا ہے۔ جمع: جھانجن۔ جھانجنوں۔

جھانسا (جھاں۔سا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) دھوکا۔ فریب۔ جُل (۲)(ق۔ا۔مذ) اُمید۔ آس۔ جمع: جھانسوں۔ جھانسے۔

جھانسا بتانا (دینا) (اُر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔

جھانسے (جھاں۔سے)(ھ۔ا۔مذ)(۱) جھانسا کی جمع (۲) جھانسا کی مُغیّرہ صورت۔

جھانسے میں آنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے فریب میں آجانا۔

جھانسے باز (اُر۔ صف) دھوکے باز۔ فریبی۔ دغا باز۔

جھانسیا (جھاں۔سِ۔یا)(اُر۔ صف) جھانسا دینے والا۔ فریبی۔ دھوکے باز۔

جھانک (نُون غُنّہ)(ھ۔ا۔مث) چوری چوری دیکھنا۔ دُزدیدہ نظر۔

جھانکا جھانکی (جھانکا جھونکی) (جھاں۔کا۔ جھاں۔کی)(جھوں کی)(ھ۔ا۔مث)(۱) دروازے' کھڑکی یا روزن میں سے دیکھ کر جلدی سے ہٹ جانا۔ تاک جھانک۔

جھانکڑ (جھاں۔کڑ)(ھ۔ا۔مذ)(۱) کانٹے دار درخت یا جھاڑی (۲) درخت کا سوکھا ہوا تنا (۳)(صف) دُبلا۔ کم زور۔

جھانکنا (جھانک۔نا)(ھ۔مص) چُھپ کر دیکھنا (۲) دروازے یا کھڑکی سے مُنہ باہر نکال کر دیکھنا (۳) لحہ بھر کے لئے آنا۔

جھانکی (جھاں۔کی)(ھ۔ا۔مث)(۱) نظارہ۔ سین۔ دید (۲) جھلک۔ لحہ بھر کے لئے دیکھنا یا دکھانا (۳) سوانگ۔ تماشا۔ نمائش۔ کوئی چیز پردے کے اَندر سے جھلکانا (۴) چھید۔ روزن۔ رخنہ۔ سوراخ۔

جھانوان (جھاں۔واں)(ھ۔ا۔مذ) کھردری اینٹ یا پتھر کا ٹکڑا جس سے ہاتھ پاؤں کو رگڑ کر مَیل اُتارتے ہیں۔ جمع: جھانووں۔ جھانویں۔

جھانولی (جھاں۔وَ۔لی)(ھ۔ا۔مث)(۱) آنکھ ذرا ذرا بند کر کے دیکھنا۔ ترچھی نظر۔ آنکھ مارنا (۲) آنکھوں آنکھوں میں بات کرنا۔ غمزہ۔ عشوہ (۳) ناز وادا (۴) جھانسا۔ فریب (۵) گرم ہوا۔ لُو۔

جھانولی باز (اُر۔ صف)(۱) غمزے کرنے والا (۲) چھل کرنے والا۔ چھلیا۔

جھانولی دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) ناز بھری نگاہ ڈالنا۔ غمزہ کرنا (۲) فریب دینا۔

جھاوَ (جھا۔او)(ھ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پودا جو دریا کے کنارے اُگتا ہے اور جس سے ٹوکریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔ (پن) پلچھی۔

جھائیں (جھا۔ایں)(ھ۔ا۔مث)(۱) سایہ۔ پرچھائیں (۲) وہ عکس جو شیشے کو سورج کے سامنے کرنے سے پڑتا ہے (۳) مٹیالا رنگ (۴) آئینے کا داغ جو کسی جگہ سے قلعی اُتر جانے سے پیدا ہوتا ہے (۵) چہرے کا داغ (۶) چاند کے دھبے (۷) سیاہی کے دھبے۔ جمع: جھائیاں۔ جھائیوں۔

جھائیں جھپا (اُر۔ا۔مذ)(۱) جلدی سے جھلک دکھا کر چُھپ جانا (۲) دھوکا۔ فریب۔

جھائیں مائیں (اُر۔ا۔مث) بچّوں کا ایک کھیل جس میں وہ چک پھیری لئے جاتے ہیں اور کوّوں کی طرح کائیں کائیں کرتے ہیں۔

جھائیں جھائیں (بیائے مجہول)(اُر۔ا۔مث) تکرار۔ جھک جھک۔ بے معنی شور و غوغا (جھیں جھیں بھی بولتے ہیں)۔

جھائیاں (اُر۔ا۔مث) جھائیں کی جمع۔

جھائیاں پڑنا (اُر۔ محاورہ) چہرے پر سیاہ دھبے پڑنا۔

جَھبّا (جھب۔با)(ھ۔ا۔مذ)(۱) پُھندنا (۲) گچھا (۳) آویزہ (۴) بڑے بڑے کان (۵) جُبّہ (ق)۔

جَھبرا (جھب۔را)(ھ۔صف) بڑے بڑے بالوں والا (حیوان)(۲) لمبے لمبے بالوں والا۔

جَھپ (ھ۔ متعلق فعل)(۱) فوراً۔ جلد سے جلد (۲)(ھ۔ا۔مذ) اُچھل کود۔ جھپٹ (۳) جھٹکا کھانا۔

جھپ جالیا (ھ۔ا۔مذ) جال ڈال کر مچھلی پکڑنے والا (۲) فریبی۔ جعل ساز۔

جھپ جھپ (جھپا جھپ) (اُر۔ متعلق فعل) جلدی جلدی۔ تیزی سے۔

جھپ سے (اُر۔ متعلق فعل) فوراً۔ چٹکی بجانے میں۔

جھپ کھانا (اُر۔ محاورہ) پتنگ کا پیندی کے بل گر پڑنا۔ کنکوّے کا اُلٹ کر گرنا۔

جَھپاٹا (جھ۔پا۔ٹا)(ھ۔ا۔مذ) جلدی سے کوئی کام کر گزرنا۔

جَھپاک (جھ۔پاک)(اُر۔ا۔مث)(۱) جلدی۔ پُھرتی (۲) چالاکی۔

جھپاک جھپاک (اُر۔ متعلق فعل) جلدی جلدی۔ لپک کر۔

جھپاک سے (اُر۔ متعلق فعل) تُرت۔ جلدی سے۔ جھٹ پٹ۔ فوراً۔

جَھپاکا (جھ۔پا۔کا)(ھ۔ا۔مذ) جلدی جلدی ہاتھ چلانا یا آنا جانا۔

جھپاکا مارنا (اُر۔ محاورہ) کوئی کام بہت جلد کرنا۔

جَھپّان (جھپ۔پان)(ھ۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کی عماری یا پالکی جس کا پہاڑی علاقوں میں رواج ہے (۲) مریض کی کمزوری۔

جَھپّانا (جھپ۔پا۔نا)(ھ۔مص) پتنگ کا اُلٹ جانا۔ پتنگ کا جھپ کھانا۔

جَھپانا (جھ۔پا۔نا)(ھ۔مص) آنکھ جھپکنا۔ اُونگھ لینا۔ تھوڑا سا سونا۔

جَھپّانی (جھپ۔پا۔نی)(ھ۔ا۔مذ) جھپّان اُٹھانے والا۔ کہار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھپٹ (جھ۔پَٹ)(ہ۔ا۔مث)(۱) اچانک' آنا فانا حملہ (۲) چھلانگ۔ زقند (۳) چھیننا۔

جھپٹ جانا (اَر۔ محاورہ) تیز جانا۔ جلدی جانا۔ دوڑ کر جانا۔

جھپٹ کر آنا (اَر۔ محاورہ) آنا فانا حملہ کرنا۔

جھپٹ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) زبردستی لے لینا۔ چھین لینا (۲) کوئی چیز ہتھیانے میں غیر معمولی پھرتی سے کام لینا۔

جھپٹ میں آجانا (اَر۔ محاورہ) بھاگتے ہوئے آدمی' جانور یا گاڑی سے ٹکرا کر گرنا۔ نیز دیکھئے جھپیٹ میں آنا۔

جھپٹا (جھ۔پَٹ۔ٹا)(اَر۔ا۔مذ) کسی پرند یا حیوان کا اچانک کسی چیز پر آگرنا اور اُسے چھین کر لے جانا۔ پنجہ مارنا۔ جمع: جھپٹوں۔ جھپٹے۔

جھپٹا مارنا (اَر۔ محاورہ) کوئی چیز اچانک حملہ کر کے چھین لینا۔ چنگل مارنا۔

جھپٹانا (جھپ۔ٹا۔نا)(ہ۔مص) جلدی سے روانہ کرنا یا دوڑانا (۲) کوئی چیز اُڑا لینا۔

جھپٹنا (جھ۔پَٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) حملہ کرنا (۲) دوڑنا۔ جلد جانا (۳) چھیننا (۴) درمیان ہی سے لے لینا (۵) ہاتھ مارنا۔

جھپک (جھ۔پَک)(ہ۔ا۔مث)(۱) حیا۔ شرم (۲) جھلک (۳) پلکوں کا کھلنا اور بند ہونا۔

جھپک آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ لگ جانا۔

جھپک جانا (اَر۔ محاورہ) نیند کی وجہ سے آنکھیں بند ہو جانا۔

جھپک دکھانا (اَر۔ محاورہ) صورت دکھانا۔ جھلک دکھانا۔

جھپکا (جھپ۔کا)(ق۔ا۔مذ) ہوا کا جھونکا۔

جھپکنا (جھ۔پَک۔نا)(ہ۔مص) آنکھیں بند کرنا اور کھولنا (۲) شرمندہ ہونا۔ جھینپنا (۳) ڈرنا (۴) چھینٹا (۵) آنکھ مارنا (۶) لہرانا۔ جھلانا۔

جھپکی (جھپ۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) اُونگھ۔ غنودگی۔ تھوڑی سی نیند (۲) ذرا سی دیر کے لئے آنا۔ جھلک دکھانا۔

جھپکی لینا (اَر۔ محاورہ) تھوڑی دیر کے لئے سو رہنا۔

جھپیٹ (جھ۔پیٹ)(یائے مجہول)(اَر۔ا۔مث)(۱) جن پری کا سایہ۔ بھوت پریت کا اثر۔ آسیب (۲) دھکا۔ صدمہ (۳) دوڑ۔ تاخت۔ دھاوا۔

جھپیٹ کھانا (اَر۔ محاورہ) دھکا لگنا۔ چوٹ کھانا۔

جھپیٹ میں آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جھپٹ میں آنا۔ کسی دوڑتے ہوئے انسان' حیوان یا گاڑی کی زد میں آنا (۲) دھکا لگنا (۳) بھوت پریت یا جن پری کا سایہ ہونا۔ جادو کیا جانا (۴) کسی کے قابو میں آنا۔ کسی کے زیرِ اثر ہونا۔

جھپیٹا (جھ۔پے۔ٹا)(اَر۔ا۔مذ) جھپیٹ (۲) آسیب کا سایہ۔ جن پری کا اثر۔ جادو کا اثر۔

جھپیٹے (جھ۔پے۔ٹے)(اَر۔ا۔مذ)(۱) جھپیٹا کی جمع (۲) جھپیٹا کی مُغیرہ صورت۔

جھپیٹے میں آنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے جھپیٹ میں آنا نمبر ا (۲) بھوت پریت یا جن پری کا سایہ ہونا۔

جھپیٹے میں لانا (اَر۔ محاورہ)(۱) قابو میں لانا (۲) زد میں لانا۔

جُھٹ (بفتح اوّل)(ہ۔متعلق فعل)(۱) جلدی سے۔ فوراً۔ دفعتہً (۲) عادت۔ لت (۳)(ق) جھگڑا۔

جھٹ پٹ (اَر۔ متعلق فعل) بہت جلد۔ فوراً۔ بلاتوقف۔

جھٹ پٹ کی گھانی' آدھا تیل آدھا پانی (اَر۔ مثل) غیر ضروری جلدی کرنے سے کام بگڑ جاتا ہے۔

جھٹ سے (اَر۔ متعلق فعل) فوراً۔ پھرتی سے۔ جلدی سے۔

جُھٹال دینا (ہ۔ محاورہ)(۱) جھوٹا کر دینا (۲) خوراک جوٹھی یا جُھوٹی کر دینا (۳) تھوڑا سا کھا لینا۔

جُھٹال لینا (ہ۔ محاورہ) چکھ کر جوٹھی کر دینا۔

جُھٹالنا (جھ۔ٹال۔نا)(ہ۔مص)(۱) جُھٹلانا۔ جُھوٹا کرنا۔ بات جُھوٹی کرنا۔ بیان غلط ثابت کرنا (۲) چکھ کے چھوڑ دینا (۳) کھانا جُھوٹا کر دینا۔

جُھٹانا (جھ۔ٹا۔نا)(ق۔مص) جُھٹلانا۔

جُھٹ پُٹا (جھٹ۔پُ۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ) صبح یا شام کی سیاہی۔ دونوں وقت ملنا۔ غروبِ آفتاب کا وقت۔

جُھٹ پُٹا وقت (جُھٹ پُٹے کا وقت) (اَر۔ا۔مذ) صبح یا شام کا وقت جب کسی قدر اندھیرا ہوتا ہے۔

جھٹک (جھ۔ٹک)(ہ۔ا۔مث) ہچکولا۔ جنبش۔ صدمہ۔

جھٹک جانا (اَر۔ محاورہ) دُبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔

جھٹک دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) گرد جھاڑ دینا (۲) جھٹکے سے پرے ہٹا دینا۔

جھٹک لینا (اَر۔ محاورہ) چھین لینا۔ اُچک لینا۔

جھٹکا (جھٹ۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دھکا۔ صدمہ (۲) ٹکر (۳) مصیبت۔ آفت (۴) تلوار کے ایک ہی وار سے جانور کی گردن کاٹنا جو مسلمانوں کے نزدیک حرام ہے (۵) نقصان۔ خسارہ۔ جمع: جھٹکوں۔ جھٹکے۔

جھٹکا اُٹھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) صدمہ اُٹھانا۔ مصیبت اُٹھانا (۲) خسارہ برداشت کرنا۔

جھٹکا پڑنا (اَر۔ محاورہ) دھچکا لگنا۔ صدمہ پہنچنا۔

جھٹکا دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) کسی کو زور سے ہلانا (۲) صدمہ پہنچانا۔

جھٹکا کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) جانور کی گردن کو تلوار کے ایک ہی وار سے قلم کرنا (۲)(ق) چوری کرنا۔

جھٹکا کھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) مصیبت اُٹھانا۔ تکلیف سہنا (۲) جھٹکے کا گوشت کھانا۔

جھٹکے (جھٹ۔کے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جھٹکا کی جمع (۲) جھٹکا کی مُغیرہ صورت۔

جھٹکے کا مال (ہ۔ا۔مذ) چوری کا مال۔

جھٹکنا (جھ۔ٹک۔نا)(ہ۔مص)(۱) جھاڑنا (۲) زور سے ہلانا یا جنبش دینا۔ دھکا دینا (۳) صدمہ پہنچانا (۴) دُبلا ہونا (۵) چھیننا۔ بالا بالا ہتھیانا۔

جُھٹَل (جُھٹ۔ٹَل)(اَر۔صف) جُھوٹ موٹ کا۔ دکھاوے کا۔

جُھٹلانا (جُھٹ۔لا۔نا)(ہ۔مص) جُھوٹا ثابت کرنا۔ جُھٹالنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جُھٹنا (جُھٹ۔نا)(ق۔مص)(۱) دُبلا ہونا (۲) کم ہونا (۳) مناظرہ کرنا۔ بحث کرنا۔

جُھٹیل (جھُ۔ٹیل)(و۔صف)(۱) جھوٹا۔ آگے کا بچا ہوا کھانا (۲) باسی (۳) (ا۔مث) بدکار اور فاحشہ عورت۔

جھجّر (جھج۔جر)(و۔ا۔مذ) پانی رکھنے کا مٹی کا بڑا برتن جو صُراحی کی طرح ہوتا ہے۔

جھجّری (جھج۔ری)(و۔ا۔مث) پانی رکھنے کا مٹی کا چھوٹا برتن۔

جھجک (جھچک) (جھ۔جک)(جھ۔چک)(و۔ا۔مث)(۱) شرم۔ حجاب (۲) خوف۔ وہم (۳) ہچکچاہٹ۔ تامّل۔

جھجک جانا (ا۔محاورہ)(۱) ایک دم چونک پڑنا (۲) ڈر جانا (۳) رُک جانا (۴) وہم کرنا۔

جھجک نکلنا (ا۔محاورہ)(۱) مانوس ہو جانا (۲) حجاب جاتا رہنا۔ بے تکلف ہو جانا (۳) خوف یا وہم نہ رہنا (۴) رُکاوٹ نہ رہنا۔

جھجک ہونا (ا۔محاورہ)(۱) حجاب ہونا۔ شرم ہونا (۲) تکلّف ہونا (۳) رُکنا۔ ہچکچانا۔

جھجکنا (جھچکنا) (جھ۔جک۔نا)(جھ۔چک۔نا)(و۔مص) ڈرنا۔ خوف کرنا (۲) شرم کرنا۔ حیران ہونا (۳) ہچکچانا۔ تامّل کرنا۔

جھجکی (جھج۔کی)(و۔ا۔مث)(۱) خوف۔ ڈر (۲) شرم۔ حجاب۔

جھڈّو (جھڈ۔ڈو)(و۔صف)(۱) بے کار رہنے والا۔ نکما (۲) فضول قسم کا آدمی (۳) بے وقوف (۴) (تحقیر کے طور پر) بوڑھا۔ جھڑوس۔ زن مرید۔

جُھر (و۔ا۔مث)(۱) کپڑا یا کاغذ پھٹنے کی آواز (۲) بچے کسی کو چڑانے کے لئے بھی یہ لفظ بولتے ہیں (ٹلی۔ لٹی جھر)۔

جھر جھر کر ڈالنا (ا۔محاورہ) دھجیاں کر دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔

جُھرّا (جھر۔را)(ق۔ا۔مذ) جھرنا۔

جُھرّاٹا (جھر۔را۔ٹا)(ا۔ا۔مذ) کاغذ یا کپڑے کے پھاڑے جانے کی آواز۔ جھر۔

جھر جھر (و۔ا۔مث)(۱) پانی کے گرنے کی آواز (۲) چھوٹی دھار میں بہنے والا پانی۔

جھر جھرا (جھر۔جھ۔را)(و۔صف)(۱) ایسا کپڑا جس کے تار ایک دُوسرے سے فاصلے پر ہوں (۲) پتلا۔ باریک۔

جھر جھری (و۔صف) جھر جھرا کی تانیث۔

جھر جھری آواز (ا۔ا۔مث) ایسی آواز جو صاف نہ نکلے۔

جُھر جُھری (جُھر۔جھ۔ری)(و۔ا۔مث)(۱) وہ کپکپی جو سردی کے ساتھ بخار چڑھنے سے پہلے معلوم ہو (۲) لرزہ۔ کپکپی۔

جُھرکُٹ (جُھر۔کُٹ)(و۔صف)(۱) مرجھایا ہوا۔ پژمردہ (۲) دُبلا پتلا۔

جُھرکُٹ ہو جانا (ا۔محاورہ) سوکھ کر دُبلا ہو جانا۔ پنجر رہ جانا۔

جُھرمَٹ (جُھر۔مَٹ)(و۔ا۔مذ)(۱) بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ جمگھٹ۔ اژدحام۔ جمِ غفیر (۲) عورتوں کا حلقہ (۳) جلسہ۔ جلسۂ رقص (۴) فوجوں کی صف بندی (۵) بُکّل مارنا (۶) تمام بدن چُھپانا۔ جمع: جُھرمٹ۔ جُھرمٹوں۔

جُھرمٹ مارنا (ا۔محاورہ)(۱) حلقہ باندھ کر یا اکٹھے ہو کر جانا (۲) دوپٹا شال یا چادر سے منہ اور سر ڈھک لینا (۳) تمام بدن ڈھک لینا۔

جَھرنا (جھر۔نا)(و۔ا۔مذ)(۱) پانی کی چادر۔ آبشار۔ ٹپکتے پانی کا چشمہ (۲) ایک قسم کی بڑی چھلنی (۳) حلوائیوں کا سوراخ دار کفگیر۔ جمع: جھرنوں۔ جھرنے۔

جَھرنا (جھر۔نا)(و۔مص)(۱) ٹپکنا۔ رِسنا (۲) بہنا۔ جاری ہونا۔

جُھرنا (جُھر۔نا)(و۔مص) مُرجھانا۔ کسی تکلیف کی وجہ سے کمزور ہو جانا۔

جھروکا (جھروکھا) (جھ۔رو۔کا)(جھ۔رو۔کھا)(و۔ا۔مذ)(۱) کھڑکی۔ دریچہ۔ روشن دان۔ ایسی کھڑکی جو نظارے کی غرض سے رکھی گئی ہو۔ جمع: جھروکوں۔ جھروکے۔

جھری (جھ۔ری)(و۔ا۔مث)(۱) درز۔ شگاف۔ رخنہ (۲) پانی کا وہ گڑھا جس میں اِدھر اُدھر سے رس کر پانی جمع ہو جائے۔ جمع: جھریاں۔ جھریوں۔

جُھرّی (جُھر۔ری)(و۔ا۔مث) وہ شکن یا سلوٹ جو لاغری یا بڑھاپے میں کھال ڈھیلی ہونے سے پڑتی ہے۔ جمع: جُھریاں۔ جُھریوں۔

جُھریاں پڑنا (ا۔محاورہ) لاغری یا بڑھاپے سے کھال کے مُرجھانے کی وجہ سے سلوٹیں پڑنا۔

جُھریانا (جُھر۔یا۔نا)(و۔مص)(۱) کُملانا۔ مُرجھانا (۲) جُھریاں نمودار ہونا۔

جَھڑ (بفتح اوّل)(و۔ا۔مث)(۱) لگاتار بارش۔ جھڑی (۲) قُفل کا کھٹکا (۳) جھاڑی (۴) آنسوؤں کی جھڑی (۵) گالیوں کی بھرمار (۶) مسلسل باتیں (۷) پتے گرنے کا عمل۔

جھڑ بدلی (و۔ا۔مث) وہ بادل جس سے لگاتار مینہ برسے۔ ساون کی بدلی۔

جھڑبیری (و۔ا۔مث) ایک جنگلی جھاڑی جس میں چھوٹے چھوٹے سُرخ بیر لگتے ہیں۔ جمع: جھڑبیریاں۔ جھڑبیریوں۔

جھڑبیری کا کانٹا (ا۔ا۔مذ)(کنایۃً) جھگڑالو۔ ایسا شخص جو گلے پڑ جائے۔

جھڑ پکنا (ا۔محاورہ)(۱) پک کر جُھڑ جانا (۲) بوڑھا ہو کر کام کے قابل نہ رہنا۔

جھڑ کھینچنا (ا۔محاورہ) لگاتار بولے جانا۔ بے تکان بولے جانا۔ خواہ مخواہ بحث کرنا۔

جھڑ لگنا (ا۔محاورہ) لگاتار بارش ہونا۔ جھڑی لگنا۔

جُھڑا (جھ۔ڑا)(و۔صف)(۱) جھڑا ہوا۔ گرا ہوا (۲) کُل۔ تمام۔ بالکل۔

جھڑا جھڑ (و۔صف)(۱) لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے (۲) بکثرت۔

جھڑا جھڑ روپیہ برسنا (ا۔صف) بہت زیادہ آمدنی ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھڑا جھڑ ہاتھ مارنا (اُر۔ محاورہ) لگاتار تھپڑ مارنا۔ تھپڑوں کا تار باندھ دینا۔
جَھڑاکا (ہ۔ا۔مذ) (۱) جلدی۔ پُھرتی۔ تیزی (۲) جھپٹ۔ جھڑپ۔ دو دو ہاتھ۔ ہلکی لڑائی (۳) زور کی بارش۔ جھڑی۔
جَھڑَپ (جھ۔ڑپ) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہلکی سی لڑائی۔ جھپٹ۔ تکرار (۲) تیزی۔ گرمی۔ غُصّہ (۳) شُعلہ۔ لَو۔ جوت (۴) ایک چیز کو دُوسری چیز کا صدمہ پہنچنا۔ جمع: جھڑپوں۔ جھڑپیں۔
جھڑپ کرا دینا (اُر۔ محاورہ) آپس میں لڑا دینا۔
جھڑپ ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) (۱) دو آدمیوں میں تکرار ہونا (۲) دو مُرغوں کا لڑنا۔
جُھڑَپ (جھ۔ڑپ) (ق۔ا۔مث) جُھنڈ۔ جھاڑی۔
جَھڑپانا (جھڑ۔پا۔نا) (ہ۔مص) (۱) دو آدمیوں کو باہم لڑوانا (۲) پرندوں کو لڑانا۔
جَھڑپنا (جھ۔ڑپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) پرندوں کا لڑنا (۲) اِنسانوں کا آپس میں لڑنا جھگڑنا۔
جَھڑتی (ق۔ا۔مث) بدلہ۔ حساب۔ تلاشی۔
جھڑتی دینا (ق۔ محاورہ) (۱) حساب دینا (۲) تلاشی دینا۔
جھڑتی لینا (ق۔ محاورہ) (۱) مواخذہ کرنا (۲) تلاشی لینا۔
جَھڑ جَھڑات (جھڑ۔جھ۔ڑات) (ق۔ا۔مث) ملامت کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
جَھڑ جھڑانا (جھڑ۔جھ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) جھنجھوڑنا (۲) کھڑکھڑانا (۳) ناراض ہونا۔ جھنجھلانا (۴) دھمکانا۔ لتاڑنا۔
جُھڑ جھڑاہٹ (جھڑ۔جھڑا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) جھڑ جھڑانا کا عمل۔ جھنجھلاہٹ۔ تیز مزاجی۔ غُصّہ۔ جوش۔
جَھڑَک (جھ۔ڑک) (ہ۔ا۔مث) (۱) دھمکی۔ خفگی (۲) ڈانٹ ڈپٹ۔
جھڑک دینا (اُر۔ محاورہ) ڈانٹ دینا۔ ملامت کرنا۔
جھڑکا جھڑکی (جھڑ۔کا۔جھڑ۔کی) (ہ۔ا۔مث) ایک دُوسرے سے ناراض ہونا۔ ایک دُوسرے کو جھڑکنا۔
جَھڑکنا (جھ۔ڑک۔نا) (ہ۔مص) گُھرکنا۔ دُھتکارنا۔ ڈانٹنا ڈپٹنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
جِھڑکی (جھڑ۔کی) (ہ۔ا۔مث) گُھرکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ لعنت ملامت۔ جمع: جھڑکیاں۔ جھڑکیوں۔
جھڑکیاں پڑنا (اُر۔ محاورہ) لتاڑا جانا۔ سرزنش ہونا۔
جھڑکیاں کھانا (اُر۔ محاورہ) گُھرکیاں سُننا۔ عتاب سہنا۔ لتاڑ پڑنا۔
جَھڑَن (جھ۔ڑن) (ہ۔ا۔مث) (۱) درخت سے پھل گرنا (۲) پرندے کے پَر جھڑنا (۳) آدمی یا جانور کے بال گرنا (۴) جو کچھ جھاڑنے کے بعد ہاتھ آئے۔ کُوڑا کرکٹ، چھیلن، کترن وغیرہ (۵) نفع۔ فائدہ (۶) کھرچن۔ تل چھٹ (۷) اُوپر کی آمدنی۔ سُود (۸) چراغ کا گُل۔
جَھڑنا (جھڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرنا۔ ٹپکنا (۲) بچت ہونا۔ نفع ہونا (۳) جھاڑو دیا جانا (۴) دَم ہونا۔ منتر پُھونکا جانا (۵) اِنزال ہونا۔
جَھڑوانا (ہ۔مص) جھاڑنا کا متعدی۔ جھڑنا کا متعدیُ المتعدی۔
جَھڑوتا (جھ۔ڑو۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ پھل جو آخر فصل تک درخت پر لگا رہے (۲) (ہ۔صف) بے موسم۔
جَھڑُوس (جھ۔ڑوس) (اُر۔صف) (۱) مکروہ بوڑھا (۲) بے غیرت (۳) دَیُوث۔
جَھڑی (جھ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) لگاتار بارش (۲) آنسوؤں کی قطار۔ جمع: جھڑیاں۔ جھڑیوں۔
جھڑی باندھنا (لگانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) لگاتار رونا (۲) مینہ کا برسے جانا۔
جَھڑَیل (جھڑ۔یَل) (ہ۔صف) پوچ۔ لچر۔ بے ہُودہ۔
جَھک (فتح) (ہ۔ا۔مث) (۱) بکواس۔ بک بک۔ فضول باتیں۔ خبط۔ بَڑ۔ ایسی باتیں جو سمجھ میں نہ آئیں (۲) جنون۔ دیوانگی۔ ہذیان (۳) بیہودگی۔ لغویت (۴) (صف) اُجلا۔ صاف۔ چمکیلا۔ روشن۔
جھک جھک (اُر۔ا۔مث) جھگڑا۔ تکرار۔ بَک بَک۔
جھک کر دینا (اُر۔مص) (۱) خوب چمکا دینا (۲) بہت اُجلا کر دینا (۳) صاف کر دینا۔
جھک مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا (۲) بیوقوفی کرنا (۳) جُھوٹ بولنا۔
جُھکا (جھ۔کا) (ہ۔صف) جُھکا ہوا۔ خمیدہ۔ کج۔ (مؤنث کے لئے) جُھکی۔
جَھکا جَھک (جھ۔کا۔جھک) (ہ۔صف) (۱) صاف۔ اُجلا۔ خوب سفید۔ سُتھرا (۲) روشن۔ چمکیلا۔ دمکتا ہوا۔ چمکدار۔
جَھکانا (جھ۔کا۔نا) (ہ۔مص) (۱) دیکھئے جھنکانا (۲) حیران کرنا۔ ستانا (۳) رُلانا (۴) ٹال مٹول کرنا۔
جُھکانا (جھ۔کا۔نا) (ہ۔مص) (۱) جُھکنا کا متعدی۔ خم کرنا۔ کج کرنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ ترچھا کرنا (۲) شرمندہ کرنا (۳) تول میں پلڑا نیچا کرنا (۴) سرنگوں کرنا۔
جُھکاؤ (جھ۔کا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جھکاوٹ۔ خم (۲) میلان۔ رُجحان۔
جُھکاوَٹ (جھ۔کا۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) خم ہونے کی حالت۔ خمیدگی۔
جُھک پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) متوجہ ہونا (۲) خمیدہ ہونا (۳) اپنی کمتری کا اِقرار کر لینا۔
جُھکتا (جھک۔تا) (ہ۔صف) جُھکتا ہوا۔ نیچا ہوتا ہوا۔
جُھک چلے تو ٹُوٹے کا ہے (ہ۔مثل) جو اِنسان غرور اور اکڑ نہ دکھائے اُسے کوئی نُقصان نہیں پہنچ سکتا۔
جُھک کر ملنا (اُر۔مص مُرکب) عجز و اِنکسار سے ملنا۔ تواضع سے پیش آنا۔
جَھکَّڑ (جھک۔کڑ) (ہ۔ا۔مذ) آندھی۔ تیز ہوا۔ جمع: جھکڑ۔ جھکڑوں۔
جھکڑ چلنا (ہ۔ محاورہ) آندھی آنا۔ گرد و غبار اُڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھکنا (جھک۔نا) (ہ۔مص) (۱) خمیدہ ہونا۔ خم ہونا۔ نیچا ہونا۔ مُڑنا۔ ٹیڑھا ہونا۔ ترچھا ہونا۔ بَل کھانا (۲) منکسرُ المزاج ہونا۔ عاجزی سے ملنا (۳) متوجہ ہونا (۴) مشغول ہونا (۵) خرچ ہونا (۶) گرنا (۷) تعظیم کرنا۔ برتری ماننا (۸) (نیند سے آنکھیں) بوجھل ہونا (۹) سلام کرنا (۱۰) تول میں پلّہ نیچا ہونا (۱۱) آگ میں گرنا۔

جُھکنی (جھک۔نی) (ق۔ا۔مث) غم۔

جھکور (جھ۔کور) (ہ۔ا۔مث) (۱) دہل جانے کی حالت (۲) نقصان (۳) آفت (۴) بارش کا تیز چھینٹا۔

جھکورا (جھ۔کو۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہل چل۔ تھرتھراہٹ (۲) ہوا کا تیز جھونکا (۳) پانی کی لہر جس سے کنارے کی چیزوں میں حرکت آ جائے (۴) بارش کا تیز چھینٹا۔ جمع: جھکوروں۔ جھکورے۔

جھکولا (جھ۔کو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لہر۔ ترنگ۔ حرکت۔ ہلنا جُلنا (۲) ہلکورا (۳) غوطہ۔ ڈُبکی (۴) تلخ تجربہ (۵) جھٹکا۔ جمع: جھکولوں۔ جھکولے۔

جھکولے (ہ۔ا۔مذ) (۱) جھکولا کی جمع (۲) جھکولا کی مغیّرہ صورت۔

جھکولے دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) غوطے دینا (۲) اِدھر اُدھر پھرانا۔

جھکولے کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) غوطے کھانا۔ پانی میں کبھی ڈوبنا کبھی اُبھرنا (۲) زمانے کا گرم و سرد چکھنا۔

جھکولے لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تلخ تجربے ہونا (۲) معمولاتِ زندگی میں فرق آنا۔

جھکولے لینا (اَر۔ محاورہ) غوطے کھانا۔ ڈبکیاں لگانا۔

جھکولنا (جھ۔کول۔نا) (ہ۔مص) (۱) پانی کو اِدھر اُدھر ہٹانا۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔ پانی کو کھنگالنا (۲) پانی میں دوڑنا۔ غوطہ مارنا۔

جھکّی (جھک۔کی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بکواسی۔ زیادہ بولنے والا (۲) ضِدّی۔ اڑیل۔

جھگڑا (جھگ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دنگا۔ فساد (۲) تکرار (۳) حجت۔ بحث (۴) تنازع (۵) بکھیڑا (۶) خلجان۔ کھٹ پٹ۔ جمع: جھگڑوں۔ جھگڑے۔

جھگڑا اُٹھانا (پیدا کرنا) (اَر۔ محاورہ) تنازع شروع کرنا۔ لڑائی کی نیت سے چھیڑ چھاڑ کرنا۔

جھگڑا (پاک کرنا) چکانا (اَر۔ محاورہ) (۱) جھگڑا ختم کرنا (۲) کسی معاملے کا بخیر و خوبی طے ہو جانا (۳) قرضہ ادا کر دینا۔

جھگڑا پاک ہونا (چکنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) فساد مٹ جانا (۲) مر جانا (۳) معاملہ طے ہو جانا۔ تصفیہ یا فیصلہ ہو جانا۔

جھگڑا پڑنا (اَر۔ محاورہ) تنازع ہونا۔ فساد ہونا۔

جھگڑا جانا (اَر۔ محاورہ) نزاع ختم ہونا۔ فساد رفع ہونا۔ جھگڑا پاک ہونا۔

جھگڑا جھوٹا قبضہ سچا (اَر۔ مثل) جو کسی چیز پر قابض ہو اُس کے خلاف جھگڑا کر کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

جھگڑا چھیڑنا (اَر۔ محاورہ) لمبی کہانی یا قصّہ شروع کرنا۔

جھگڑا کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) لڑائی کرنا۔ فساد کرنا۔

جھگڑا کوتاہ کرنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑا چکانا۔ جھگڑا ختم کرنا۔

جھگڑا کھڑا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لڑنے کا موقع پیدا کرنا (۲) جھگڑے کے لئے راستہ نکالنا (۳) دعوے دار بننا۔

جھگڑا مول لینا (اَر۔ محاورہ) جھگڑے میں پڑنا۔ کسی تنازع میں اُلجھ جانا۔

جھگڑا نکالنا (اَر۔ محاورہ) فساد کی بات پیدا کرنا۔

جھگڑا ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) لڑائی ہونا۔ تنازع ہونا۔

جھگڑالن (جھگ۔ڑا۔لن) (ہ۔صف۔مث) جھگڑالو کی تانیث۔ فسادن۔ جھگڑا کرنے والی عورت۔

جھگڑالو (جھگ۔ڑا۔لو) (ہ۔صف۔مذ) (۱) فسادی (۲) حجتی۔ تکرار کرنے والا۔ شریر۔ بدخو۔

جھگڑ بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) لڑائی کرنا۔ لڑ پڑنا۔

جھگڑ پڑنا (ہ۔مص مُرکّب) تکرار کرنا۔ لڑنا۔

جھگڑ جھگڑ کر لینا (ہ۔مص مُرکّب) تکرار کر کے زیادہ لینا۔

جھگڑنا (جھ۔گڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) فساد کرنا (۲) تکرار کرنا (۳) ضِد کرنا۔

جھگڑے (جھگ۔ڑے) (ہ۔ا۔مذ) جھگڑا کی جمع (۲) جھگڑا کی بدلی ہوئی شکل۔

جھگڑے میں پڑنا (اَر۔ محاورہ) دُوسرے کے معاملے میں دخل دینا (۲) جھگڑے میں حصّہ لینا۔

جھگڑے کی باتیں (جڑیں) تین: زن، زر، زمین (اَر۔ مثل) اکثر فساد انہی تین چیزوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔

جُھگّی (ق۔ا۔مث) جامہ۔ پوشاک۔

جُھگّی (جھگ۔گی) (ہ۔ا۔مث) جھونپڑی۔ جمع: جُھگّیاں۔ جُھگّیوں۔

جَھل (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) غصّہ۔ خفگی۔ طیش۔ جوش (۲) حسد۔ بدخواہی (۳) شہوت کی زیادتی (۴) تیز روشنی (۵) آگ کی حرارت۔ تپش (۶) (صف) روشن۔ چمک دار (۷) (ق۔ا۔مث) محبت۔ ہمدردی۔

جھل بُجھانا (مٹانا) (اَر۔ محاورہ) خواہش پوری کرنا۔ شہوت مٹانا۔

جھل ہائی (ہ۔صف) بدمزاج عورت۔ حسد کرنے والی عورت۔ چھنال۔

جَھلّا (جھل۔لا) (ہ۔صف) (۱) غُصیل۔ بدمزاج (۲) اَحمق۔ پاگل (۳) تیز۔ کڑوا (۴) شہوت پرست (۵) نوکرا۔ جھابا۔

جھلّا بُور (جھل۔لا۔بور) (ق۔صف) چمکتا دمکتا (۲) (ا۔مذ) چڑھاؤ۔ طوفان۔

جَھلا جُھل (جھ۔لا۔جھل) (ہ۔صف) چاندی سونے کی چمک دمک (۲) روشنی۔ جگ مگاہٹ۔

جُھلانا (جھ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) جھولنا کا متعدی۔ جھولے میں بٹھا کر جھونٹے دینا (۲) حرکت دینا۔ ہلانا (۳) ٹالنا۔ جھوٹی اُمید دلانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھلانا (جَھل۔لا۔نا)(ف۔مع) غُصّے ہونا۔ جلنا (۲) جلن ہونا۔ ٹیکنا۔ سوزش ہونا (۳) کسی بات کا دیر تک اثر رہنا۔

جَھل جَھل (ف۔ا۔مذ) روشنی۔ چمک دمک۔

جَھل جَھلانا (ف۔مع) (۱) چمکنا۔ دمکنا (۲) سوزش کرنا۔ جلنا (۳) دیر تک صدمہ رہنا۔

جَھل جَھلاہٹ (ف۔ا۔مث) (۱) چمک (۲) وہ کیفیت جو زخم پر نمک وغیرہ چھڑکنے یا تیز مرچ چکھنے سے محسوس ہوتی ہے۔ چرچراہٹ۔ سوزش۔ جلن۔

جھلڑو (جَھل۔ڑو) (بکسر اوّل) (ف۔ا۔مذ) پرندوں کا غول۔ جُھنڈ۔ پرا۔ ٹکڑی۔

جُھلسا (جُھل۔سا) (ف۔ا۔مذ) (۱) شُعلہ۔ آگ (۲) (صف) جُھلسا ہوا۔ جلا ہوا (۳) بدنصیب۔ کم نصیب۔ مُقدر کا کھوٹا۔

جُھلسا دینا (اُر۔محاورہ) جلا دینا۔ آگ میں رکھ دینا۔ نذرِ آتش کر دینا۔

جُھلسنا (جُھ۔لس۔نا)(ف۔مع) (۱) جلنا۔ آگ لگنا۔ پُھنکنا (۲) جلانا۔ آگ لگانا (۳) تھوڑا سا جلنا (۴) رشوت دینا۔ کچھ دے کر راضی کرنا۔ ٹالنا (۵) شادی کرنا (۶) ناراض ہو کر گھر سے نکالنا (۷) غُصّے ہونا۔

جھلک (جھ۔لک) (ف۔ا۔مث) (۱) چمک۔ جلوہ۔ تجلّی (۲) آب و تاب۔ رونق (۳) پرتو۔ عکس (۴) اثر (۵) مُشابہت (۶) دُور سے پانی کی چمک (۷) تھوڑی دیر کے لئے دِکھانا یا نظر آنا۔ جمع: جھلکیاں۔ جھلکیوں۔

جھلک دکھانا (اُر۔محاورہ) دَم بھر کے لئے شکل دِکھانا۔ ایک لمحے کے لئے نظر آنا۔

جھلکا (جَھل۔کا) (ف۔ا۔مذ) عکس۔ جھلک۔ روشنی۔ جلوہ۔ پرتو (۲) (ق۔ا۔مذ) شوق۔

جھلکات (جَھل۔کات) (ق۔ا۔مث) جھلک۔

جھلکار (جَھل۔کار) (ق۔ا۔مث) چمک دمک۔

جھلکنا (جھ۔لک۔نا) (ف۔مع) (۱) کچھ کچھ چمکنا۔ کسی چیز کے اندر سے چمک ظاہر ہونا۔ عکس ظاہر ہونا (۲) جھلملانا۔ چمکنا (۳) جلوہ دِکھانا (۴) ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔

جَھل کھانا (ق۔مع) رشک کرنا۔

جھلکی (جَھل۔کی) (ف۔ا۔مث) ادھوری جھلک۔ ہلکی سی جھلک۔ وہ جلوہ جو پوری طرح نہ دکھایا گیا ہو۔ جمع: جھلکیاں۔ جھلکیوں۔

جھلم (جھ۔لم) (ف۔ا۔مث) زرہ کی طرح کی نقاب جو لڑائی کے وقت مُنہ پر ڈال لیتے تھے۔

جھلمِل (جَھل۔مِل) (ف۔ا۔مث) (۱) ٹمٹماہٹ (۲) پانی پر چراغوں کی روشنی یا سورج کی شُعاعیں پڑنے کی کیفیت (۳) ستاروں کا کم کم چمکنا۔

جھلمِل جھلمِل کرنا (اُر۔محاورہ) ٹمٹمانا۔

جھلملانا (جَھل۔مِ۔لا۔نا) (ف۔مع) چراغ یا ستاروں کا ٹمٹمانا۔ دُھندلانا اور چمکنا۔

جھلملی (جَھل۔مِ۔لی) (ف۔ا۔مث) (۱) جھری دار کواڑ یا کھڑکی (۲) کان کا ایک زیور (۳) دھیمی دھیمی چمک۔ ملگجی چاندنی (۴) چِلمن۔ چق۔ جمع: جھلملیوں۔ جھلملیاں۔

جھلنا (جَھل۔نا) (ف۔مع) (۱) پنکھا کرنا (۲) جھال لگنا۔ ٹانکا یا پیوند لگنا (۳) برف یا شورے میں لگا کر ٹھنڈا کرنا (۴) جھیلا جانا۔ برداشت کیا جانا۔

جھلنگ (جھ۔لنگ) (ق۔صف) سوراخ دار۔

جھلنگا (جھ۔لن۔گا) (اُر۔ا۔مذ) (۱) ٹوٹی ہوئی چارپائی کا جھولا (۲) (صف) لاغر۔ دُبلا۔

جھلوانا (جَھل۔وا۔نا) (ف۔مع) (۱) ہوا کرانا۔ پنکھا کرانا (۲) برتن یا زیور میں ٹانکا یا جوڑ لگوانا۔ جھلنا اور جھالنا کا متعدی۔

جھلوائی (جَھل۔وا۔ای) (ف۔ا۔مث) جھلوانے کی اُجرت۔ زیور یا برتن میں ٹانکا لگوانے کی مزدوری۔

جھلون (جھ۔لون) (ق۔صف) قدرے۔

جھلّی (جَھل۔لی) (ف۔صف) جھلّا کی تانیث۔ غُصیل عورت۔

جھلّی (جِھل۔لی) (بکسر اوّل) (ف۔ا۔مث) (۱) انسان اور حیوان کے گوشت کا باریک پوست جس میں آر پار نظر آتا ہے (۲) پیٹ کے اندر باریک پوست یا چھڑا (۳) آنکھ کا باریک جالا (۴) (صف) باریک۔ پتلا۔ جمع: جھلّیاں۔ جھلّیوں۔

جَھما جَھم (ف۔ا۔مث) (۱) مینہ برسنے کی آواز (۲) گوٹا کناری کے لباس کی چمک دمک (۳) چھم چھم ناچنے کی آواز۔

جُھما دینا (اُر۔محاورہ) وجد میں لانا۔ مست کرنا۔

جَھماکا (جھ۔ما۔کا) (ف۔ا۔مذ) (۱) دھماکا (۲) مُوسلا دھار بارش۔ تریڑا۔ بھاری چھینٹا (۳) چمک۔

جَھم جَھم (ف۔ا۔مذ) (۱) بارش کے لگاتار تریڑے پڑنے کی آواز (۲) گوٹا کناری کے لباس کی چمک دمک۔

جَھم جَھماتا (ف۔صف) چمکتا ہوا۔ جگمگاتا ہوا۔

جَھم جَھمانا (ف۔مع) چمکنا۔ آب و تاب دِکھانا۔ جگمگانا۔

جَھمر جَھمر (جھ۔مر۔جھ۔مر) (ف۔ا۔مث) ہلکی ہلکی بارش۔

جَھمک (جھ۔مک) (ف۔ا۔مث) چمک دمک۔ درخشانی۔

جَھمکا (جَھم۔کا) (ف۔ا۔مذ) حسین عورت کا دیدار۔

جَھمکّا (جھ۔مک۔کا) (ف۔ا۔مذ) اَنبوہ۔ بھیڑ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جُھمکا (جُھم۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) خوشہ۔ گُچھا (۲) وہ سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے نظر آتے ہیں۔ عُقدِ ثریا (۳) کانوں کا ایک زیور۔ جمع : جھمکے۔ جھمکوں۔

جُھمکانا (جُھم۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) چمکانا (۲) شان و شوکت دِکھانا۔

جَھمکڑا (جھ۔مَک۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چمک دمک۔ جھلک۔ جھمک (۲) خوبصورتی۔ جلوہ۔ شان و شوکت۔ کرّوفر۔

جَھمکنا (جھ۔مَک۔نا)(ہ۔مص) چمکنا۔ دمکنا۔ جھلکنا۔

جَھمُورا (جھ۔مُو۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بالوں والا حیوان (۲) وہ بچّہ جو مداریوں کے ساتھ ہوتا ہے۔

جَھمیل (جھ۔میل)(یائے مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) دیر۔ اٹکاؤ (۲) بکھیڑا۔ جھگڑا۔ اُلجھاؤ۔

جَھمیلا (جھ۔مے۔لا)(ہ۔ا۔مذ) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فساد۔ جمع : جھمیلوں۔ جھمیلے۔

جَھمیلیا (جھ۔مے۔لِ۔یا)(ہ۔صف) جھگڑالو۔ جھگڑا کرنے والا۔

جَھن (بالفتح)(ہ۔ا۔صوت۔مث)(۱) دھات کے برتن کھنکنے کی آواز (۲) جھنکار (۳) تلواروں کے ٹکرانے یا گرنے کی آواز۔

جَھنّانا (جھن۔نا۔نا)(ہ۔مص)(ہاتھ یا پاؤں) سُن ہو جانے سے سُوئیاں سی چُبھنے لگنا۔

جَھنجھ (ہ۔ا۔مث) دیکھئے جھنجھ۔

جَھنجَھٹ (جھنجھٹ) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جھگڑا۔ تکرار (۲) قضیہ۔ حُجت (۳) بکھیڑا۔ اُلجھن۔ دِقت۔ وبال۔ جمع : جھنجھٹ۔ جھنجھٹوں۔

جھنجھٹ لانا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔ تکرار شروع کرنا۔

جَھنجَر (نُون غنّہ)(ق۔ا۔مذ)(۱) خنجر (۲) سویرا۔ تڑکا۔

جُھنجلاہَٹ (جُھنج۔لا۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث) غُصّہ۔ خفگی۔ ناراضی۔

جُھنجلانا (جُھنجھلانا)(نُون غنّہ)(ہ۔مص) غُصّے ہونا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ پیچ و تاب کھانا۔

جھنجوٹی (جھنجھوٹی) (جھن۔جو۔ٹی) (جھن۔جھو۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) پہاڑی علاقوں کی ایک راگنی (۲) تکرار۔ جھگڑا (۳) خفگی۔

جَھنجوڑنا (جھنجھوڑنا) (جَھنجھوڑ۔نا) (بفتح اوّل) (نُون غنّہ) (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) کسی کو جگانے کے لئے زور سے ہلانا (۲) تکلیف دینا۔ تنگ کرنا (۳) نوچنا۔ کھسوٹنا (۴) لعنت ملامت کرنا۔

جَھنجوڑی (جَھنجھو۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) جھنجوڑنے کا فعل۔ جمع : جھنجوڑیاں۔ جھنجوڑیوں۔

جَھنجھ ۔ دیکھئے جھانج (جھانجھ)۔

جَھنجھٹیا (جھن۔جھٹ۔یا)(ہ۔صف) جھگڑالو۔ فسادی۔ بکھیڑیا۔

جَھنجھری (جَھنجھ۔ری) (ہ۔ا۔مث) سوراخ دار تولیا آہنی جالی جو انگیٹھی میں راکھ گرنے کے لئے لگاتے ہیں (۲) شبکہ۔ جالی (۳) سوراخ دار دیوار جو کمروں میں ہوا اور روشنی کی غرض سے بناتے ہیں۔

جَھن جَھن (بالفتح)(ہ۔ا۔مث) دھات کے برتن کھڑکنے کی آواز۔

جُھنجُھنا (جُھن۔جُھ۔نا) (ہ۔ا۔مذ) بچّوں کا ایک کھلونا جس میں کنکر پڑے ہوتے ہیں۔ جمع : جھنجھنوں۔ جھنجھنے۔

جَھنجھنانا (جَھن۔جھ۔نا۔نا) (ہ۔مص) بجنا۔ کھڑکنا۔ جھنکار پیدا ہونا۔ سُنسنانا۔ کسی عضو کے سو جانے یا سُن ہو جانے سے سُوئیاں سی چُبھنا۔

جُھنجُھنانا (جُھن۔جُھ۔نا۔نا)(ہ۔مص)(۱) غُصّے ہونا۔ ناراض ہونا (۲) جوش میں آنا۔

جَھنجھناہَٹ (جَھن۔جھ۔نا۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) جھنکار۔ جَھن جَھن ہونا (۲) غُصّہ۔ ناراضی (۳) سنسناہٹ۔ سوزش۔ جلن۔

جُھنجُھناہَٹ (جُھن۔جُھ۔نا۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث)(۱) غُصّہ (۲) جُھنجھلاہٹ۔

جُھنجُھنیاں (جُھن۔جُھن۔یاں)(ہ۔ا۔مث) بیڑیاں۔

جھنجھنیاں پہنانا (اُر۔ محاورہ) پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا۔ قید کرنا۔

جِھنجھی (بکسر اوّل)(نُون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) وہ کوڑی جس میں اُوپر کا حصّہ گِھس جانے کی وجہ سے چھید ہو گیا ہو (۲) وہ عورت جس کی ناک چپٹی یا پھدّی ہو۔

جھنجھی کوڑی نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بالکل مُفلس ہونا۔ قلاش ہونا۔

جِھنجھیا (جِھنجھ۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹا مجیرا (۲) وہ سوراخ دار برتن جس میں ہندو لڑکیاں کنوار کے شروع میں چراغ جلا کر گھر گھر مانگتی پھرتی ہیں۔

جُھنڈ (بضم اوّل)(نُون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) آدمیوں کی بھیڑ۔ حیوانات کا گلّہ (۲) بہت سے درخت جو ایک جگہ اُگے ہوئے ہوں (۳) سر کے بڑے بڑے اور گھنے بال جو کھڑے رہتے ہوں۔ جمع : جُھنڈ۔ جُھنڈوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھنڈ کے جھنڈ (ہ۔ا۔مذ)(۱) بہت سے جھنڈ (۲) غول کے غول۔ ٹھٹ کے ٹھٹ۔ پرے کے پرے۔ ڈھیر کے ڈھیر۔

جھنڈا (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) علم۔ نشان۔ پرچم۔ پھریرا۔ کپڑے کا تکونی یا مستطیل شکل کا ٹکڑا جو بانس وغیرہ کے سرے پر بندھا ہوتا ہے۔ جمع: جھنڈوں۔ جھنڈے۔

جھنڈا اُڑانا (اُر۔محاورہ) جھنڈا اُونچا کرنا۔ جھنڈے کو فضا میں لہرانا۔

جھنڈا کھڑا کرنا (اُر۔محاورہ) لوگوں کو جمع کرنے یا فوج کو ایک جگہ اکٹھا کرنے کے لئے جھنڈا گاڑنا۔ بغاوت، فتح یا خوشی کے موقع پر جھنڈا بلند کرنا۔

جھنڈا گاڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) جھنڈا زمین میں اُتارنا (۲) فتح کرنا۔ قبضہ کرنا۔

جھنڈا گڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) فتح ہونا۔ قبضہ ہونا (۲) شہرت ہونا۔ دُھوم مچ جانا۔

جھنڈا نیچا کرنا (جھنڈا جھکانا) (اُر۔محاورہ) بادشاہِ وقت یا کسی بڑے آدمی کی موت کے موقع پر ماتم کے لئے جھنڈا سرنگوں کر دینا یا جھنڈے کا کپڑا نیچے اُتار دینا۔

جھنڈولا (جھنڈولنا) (بفتح اوّل)(نون غنہ)(واو مجہول)(ہ۔صف) (۱) نوزائیدہ بچہ جس کے سر پر بال ہوں (۲) گھونگھر والے بالوں والا۔

جھنڈی (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) چھوٹا جھنڈا۔ جمع: جھنڈیاں۔ جھنڈیوں۔

جھنڈی دکھانا (اُر۔محاورہ)(۱) لائن کلیئر دینا (۲) اِنکار کرنا۔

جُھنڈی (بضم اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) جھاڑی (۲) گھاس کا گٹھا (۳) درختوں کا چھوٹا جھنڈ (۴) گنّے یا اناج کی جڑ۔ وہ کھونٹی جو پودے کٹ جانے کے بعد زمین میں رہ جاتی ہے (۵) کنڈے میں پڑا ہوا قلابہ۔ وہ کنڈے جن میں حلقے پڑے ہوں۔ چلمن اور پردہ باندھنے کا قلابہ۔

جھنڈے (ہ۔ا۔مذ)(۱) جھنڈا کی جمع (۲) جھنڈا کی مغیرہ شکل۔

جھنڈے پر چڑھانا (اُر۔محاورہ)(۱) مشہور کرنا۔ اہمیت دینا (۲) بدنام کرنا۔

جھنڈے پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔

جھنڈے تلے کا (اُر۔صف) چیدہ۔ پکا ہوا (۲) بہت چالاک (۳) چھٹا ہوا بدمعاش۔ نہایت شریر آدمی۔

جھنک (جھ۔نک)(ہ۔ا۔صوت۔مث) وہ آواز جو گھونگھرو وغیرہ بجنے سے پیدا ہوتی ہے۔

جھنکار (جھن۔کار)(ہ۔ا۔مث)(۱) شیشے یا چینی وغیرہ کے برتن ٹوٹنے کی آواز (۲) دھات کے برتن ٹکرانے کی آواز (۳) تلواریں ٹکرانے کی آواز (۴) پازیب یا جھانجن کی جھن جھن (۵) زنجیر یا گھوڑے کے ساز کی آواز (۶) جھینگر کا بولنا (۷) مور کا کوکنا۔

جھنکاڑ (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) بغیر پتوں کے درخت۔ اُردو میں صرف جھاڑ کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے جیسے جھاڑ جھنکاڑ۔

جھنکارنا (جھن۔کار۔نا)(ہ۔مص)(۱) مور کا کوکنا (۲) جھینگر کا بولنا (۳) میٹھے میٹھے سُروں میں گانا۔

جھنکانا (جھنکوانا) (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔مص) جھانکنا کا متعدی (۲) اِدھر اُدھر گھمانا پھرانا۔ نئے نئے گھر دکھانا (۳) پٹے بازوں کی اِصطلاح میں دھوکا دینا۔

جھنکوائی (جھنک۔وا۔ئی)(ق۔ا۔مث) گھٹیا۔

جھنگار (بکسر اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) چیخ (۲) نوبت کی آواز (۳) چنگھاڑ۔

جھنگارنا (بکسر اوّل)(نون غنہ) چنگھاڑنا۔

جھنواں (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا عمدہ چاول۔

جھوا (جھو۔وا)(ہ۔ا۔مذ) بڑا ٹوکرا۔

جھوپا (جھو۔پا)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) پھلوں یا غلّے کے پُولوں کا ڈھیر۔

جُھوت (واو معروف)(ہ۔ا۔مث) دو مکانوں کی دیواروں کے درمیان کی گلی جس میں دونوں کے پرنالے گرتے ہوں۔

جُھوتڑے (جھوت۔ڑے)(اُر۔ا۔مذ) سَر کے ایسے بال جنہیں بنایا سنوارا نہ گیا ہو۔

جُھوٹ (واو معروف)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جو سچ نہ ہو۔ واقعے کے خلاف۔ حقیقت کے برعکس۔ غلط (۲) دھوکا۔ بہانہ۔ مکر۔ فریب۔ دغا (۳) کھوٹ (۴) پس خوردہ۔ آگے کا بچا ہوا (کھانا)۔ جمع: جُھوٹ۔ جُھوٹوں۔

جُھوٹ برابر پاپ نہیں (ہ۔مثل) جُھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے۔

جُھوٹ بکنا (اُر۔محاورہ) نقصان پہنچانے یا بدنام کرنے کے لئے جُھوٹ بولنا۔

جُھوٹ بنانا (اُر۔محاورہ) بات گھڑنا۔ تہمت تراشنا۔ اِتہام لگانا۔

جُھوٹ بولنا (اُر۔محاورہ) غلط کہنا۔ واقعے کے خلاف بیان کرنا۔

جُھوٹ پکڑنا (اُر۔محاورہ) جُھوٹی بات تاڑ لینا۔ جُھوٹ کی گرفت کر لینا۔

جُھوٹ جاننا (اُر۔محاورہ) سچ نہ سمجھنا۔ اِعتبار نہ کرنا۔ باور نہ کرنا۔

جُھوٹ سچ (ہ۔ا۔مذ) ایسی سچی بات جس میں جُھوٹ شامل ہو۔

جُھوٹ سچ لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) جُھوٹی سچی جڑنا (۲) تہمت لگانا (۳) کان بھرنا (۴) بدی کرنا (۵) بدگمان کرنا۔

جُھوٹ کا پتلا (اُر۔ا۔مذ) ایسا شخص جو بہت زیادہ جُھوٹ بولتا ہو۔ مہا جھوٹا۔

جُھوٹ کا دفتر (اُر۔ا۔مذ)(۱) جُھوٹی باتیں (۲) جھوٹے اِلزامات (۳) جُھوٹے قصّوں کا طویل بیان۔

جُھوٹ کو سچ کر دکھانا (اُر۔محاورہ) جُھوٹی بات کو بیان یا عمل کے ذریعے سچ ثابت کرنا۔

جُھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے (اُر۔مثل) جُھوٹی بات بے بنیاد ہوتی ہے اس لئے جلد ظاہر ہوتی ہے۔

جُھوٹ کے پُل باندھنا (اُر۔محاورہ) جُھوٹ پر جُھوٹ بولنا۔ بہت زیادہ جُھوٹ بولنا۔

جُھوٹ کے دفتر (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے جھوٹ کا دفتر۔

جُھوٹ کی پوٹ (اُر۔صف) ایسا شخص جو بڑی کثرت سے جُھوٹ بولتا ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جُھوٹ کی ناؤ نہیں چلتی (اَر۔مثل) جُھوٹ بولنے والے کامیاب نہیں ہوتے۔
جُھوٹ لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) تُہمت لگانا (۲) غلط بیانی کر کے کان بھرنا (۳) بدگمان کرنا۔ بہکانا۔
جُھوٹ مُوٹ (اَر۔معلق فعل) یوں ہی۔ ہنسی سے۔ مذاق سے۔
جُھوٹ مُوٹ کے (اَر۔صف) جُھوٹے۔ ظاہری۔ دِکھاوے کے۔
جُھوٹ نہ بولے تو پیٹ اپھر جائے (ہ۔مثل) جسے جُھوٹ بولنے کی عادت پڑ جائے وہ جھوٹ بولے بغیر نہیں رہ سکتا۔
جُھوٹا (جُھو۔ٹا) (ہ۔صف۔مذ) (۱) جُھوٹ بولنے والا۔ سچ نہ بولنے والا۔ واقعے کے خلاف بیان کرنے والا (۲) دھوکے باز۔ مکّار۔ فریبی۔ دغاباز (۳) بے اِیمان (۴) کھوٹا۔ جعلی۔ نقلی۔ مصنوعی (۵) بیکار۔ کام نہ دینے والا (۶) کسی کے آگے کی بچی ہوئی خوراک۔ جوُٹھا (۷) برتا ہوا (۸) (ہاتھ کے لئے) بایاں۔ جمع: جُھوٹوں۔ جُھوٹے۔
جُھوٹا بنانا (اَر۔محاورہ) (۱) جُھوٹا قرار دینا (۲) جُھوٹ پکڑ کر دِکھانا۔
جُھوٹا بننا (اَر۔محاورہ) (۱) بات سچ نہ نکلنا (۲) دروغ گو قرار پانا۔
جُھوٹا پڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) وعدہ خلاف ہونا (۲) اِستعمال کے قابل نہ رہنا۔
جُھوٹا ٹھہرنا (اَر۔محاورہ) غلط بیانی ثابت ہو جانا۔
جُھوٹا جوڑا (اَر۔ا۔مذ) جُھوٹے کام کا چوڑیوں کا جوڑا (۲) وہ پوشاک جس پر جُھوٹا گوٹا لگا ہو۔
جُھوٹا چاٹنا (اَر۔محاورہ) کسی کے آگے کی بچی ہوئی چیز چٹ کر جانا۔
جُھوٹا کاغذ (اَر۔ا۔مذ) بناوٹی تحریر۔ جعلی دستاویز۔
جُھوٹا کام (اَر۔ا۔مذ) زری کا وہ کام جو کھرے مسالے سے نہ بنایا گیا ہو۔
جُھوٹا کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) جُھٹلانا (۲) کسی چیز میں سے تھوڑا سا کھالینا۔
جُھوٹا کوئی کھاتا ہے تو میٹھے کے لئے (اَر۔مثل) آدمی کوئی غلط کام نفع کی خاطر کرتا ہے۔
جُھوٹا لَپاٹی (اَر۔ا۔مذ) (۱) سخت جُھوٹ بولنے والا (۲) مکّار۔ دغاباز۔
جُھوٹا مرے نہ شہر پاک ہوئے (اَر۔مثل) جُھوٹے آدمی کی مذمت کرنی ہو تو اُس موقع پر کہتے ہیں۔
جُھوٹا موتی (اَر۔ا۔مذ) مصنوعی موتی۔ موی موتی۔
جُھوٹا ہونا (اَر۔محاورہ) کسی کی بات سچ یا صحیح نہ نکلنا۔
جُھوٹوں (ہ۔ا۔مذ) (۱) جُھوٹا کی جمع (۲) (ہ۔معلق فعل) جُھوٹ مُوٹ۔ یُونہی۔ ظاہرداری کے لئے۔
جُھوٹوں کا بادشاہ (اَر۔ا۔مذ) وہ شخص جو بے تحاشا جُھوٹ بولتا ہو۔
جُھوٹوں نہ پُوچھنا (اَر۔محاورہ) ظاہرداری کے لئے بھی نہ پوچھنا۔ اُوپری دِل سے بھی خاطر مُدارات نہ کرنا۔
جُھوٹوں مُنہ نہ چُھوانا (اَر۔محاورہ) خاطر میں نہ لانا۔ بالکل توجّہ نہ کرنا۔ ذرا بھی حال نہ پوچھنا۔
جُھوٹھ (جُھوٹھا) (ہ۔ا۔مذ) بچی کُھچی خوراک۔ پس خوردہ۔ نیز دیکھئے جوُٹھ۔ جوُٹھا اور جُھوٹا نمبر ۶۔
جُھوٹی (ہ۔صف۔مث) (۱) جُھوٹا کی تانیث (۲) جو سچ نہ ہو (بات وغیرہ)۔
جُھوٹی پچی ہانکنا (اَر۔محاورہ) جُھوٹی باتیں کرنا۔
جُھوٹی مہندی (اَر۔ا۔مث) اِستعمال شدہ مہندی۔ ایک دفعہ کی لگائی ہوئی مہندی۔
جُھوٹے (ہ۔صف۔مذ) (۱) جُھوٹا کی جمع (۲) جُھوٹا کی مُغیّرہ صورت۔
جُھوٹے کا مُنہ کالا سچّے کا بول بالا (اَر۔مثل) جُھوٹے آدمی کی ہر جگہ بے عزّتی اور سچّے کی عزت ہوتی ہے۔
جُھوٹے کو گھر تک پہنچانا (اَر۔محاورہ) جُھوٹے آدمی کو قائل کر دینا۔ کسی کا جُھوٹ ثابت کر دینا۔ کسی کو منوا دینا کہ وہ جُھوٹ بول رہا ہے۔
جُھوٹے کے آگے سچّا رو مرتا ہے (اَر۔مثل) جُھوٹے کے آگے سچّے کی پیش نہیں جاتی۔
جُھوٹے مُنہ (اَر۔معلق فعل) ظاہرداری سے۔ دِکھاوے کے لئے۔
جُھوٹے ہاتھ سے کتّا نہ مارنا (اَر۔مثل) بہت زیادہ کنجوس ہونا۔ پرلے درجے کا بخیل ہونا۔
جُھوجھا (جھو۔جھا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) معدہ (۲) موٹا آدمی۔
جُھوجھرا (جُھوجرا) (جھوج۔را) (واو مجہول) (ہ۔صف) ٹوٹا پھوٹا۔ شکستہ۔
جُھوجھرُو (جُھو۔جھ۔رُو) (ہ۔ا۔مذ) ایک پودا جسے اُونٹ بڑے شوق سے کھاتا ہے۔
جُھوجھری آواز (اَر۔ا۔مث) پھٹی ہوئی آواز۔
جُھور (ق۔ا۔مذ) چھالا جو پھوٹ گیا ہو۔
جُھورا (ہ۔صف) مُرجھایا ہوا۔ خشک۔ پژمُردہ۔
جُھوڑنا (ہ۔مص) مُرجھانا۔ خشک ہونا۔
جھوڑ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) لڑائی جھگڑا (۲) تکرار۔ ردّ و بدل۔
جھوک (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) جُھکاؤ۔ ٹیڑھا پن۔ خمیدگی (۲) دھکّا۔ ہچکولا۔ ریلا۔ لچک (۳) (جُھولے کی) پینگ۔ نشے کی غفلت (۴) ترازو کا ایک پلڑا جُھکنا (۵) تول۔ وزن۔
جھوک دینا (اَر۔محاورہ) خرچ کر دینا (۲) آگ میں ڈال دینا (۳) ہچکولا دینا۔ پینگ بڑھانا۔
جھوک سنبھالنا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی چیز کی لچک کو روکنا۔ ہچکولے کو سہارنا (۲) (ہوا کے) ریلے کو روکنا (۳) نُقصان برداشت کرنا (۴) (کسی شخص کا) خرچ اُٹھانا۔
جھوک کھانا (اَر۔محاورہ) اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۲) گر پڑنا۔
جھوک مارنا (اَر۔محاورہ) تولتے میں ترازو کی ڈنڈی کو چیز کی طرف جُھکانا۔ کم تولنا۔ ڈنڈی مارنا۔
جھوکا (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے جھونکا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھوکا (ق۔ا۔مذ) خوشہ۔

جھوکنا (جھوک۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) ڈالنا۔ پھینکنا۔ تنور یا بھاڑ کو ایندھن ڈال کر گرم کرنا (۲) برباد کرنا۔ فضول خرچ کرنا (۳) بُری جگہ شادی کرنا (۴) ہلاکت میں ڈالنا (۵) نشانہ باندھنا (۶) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔

جھول (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ڈھیلا پن۔ سِلوٹ۔ چُست یا موزوں نہ ہونا۔ پورا تناؤ نہ ہونا (۲) ہاتھی کا جُھومتے ہوئے چلنا۔ سیدھا نہ چلنا (۳) ملمع۔ گِلٹ (۴) ایک دفعہ میں کئی بچّوں کو جننا۔ جمع: جھول۔ جھولوں۔

جھول آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ڈھیلا پڑنا۔ چُست نہ رہنا (۲) بھینس وغیرہ کا بیاہنے کے قریب ہونا۔

جھول بٹھانا (اَر۔ محاورہ) مُرغی کے نیچے بچّے نکالنے کے لئے انڈے رکھنا۔

جھول پڑنا (اَر۔ محاورہ) کپڑے کا جسم پر ٹھیک نہ آنا (۲) کسی چیز کا ڈھیلا پڑ جانا۔

جھول پھیرنا (اَر۔ محاورہ) ملمع کرنا۔ ملمع چڑھانا۔

جھول جھال (اَر۔ا۔مذ) (۱) ڈھیل ڈھال۔ اِلتوا (۲) وقفہ۔

جھول دار (اَر۔ف۔صف) جس میں جھول ہوں۔ جس میں شکنیں یا ڈھیلا پن ہو۔

جھول ڈالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) چُنٹا (۲) شکنیں ڈالنا (۳) ڈھیلا کرنا۔

جھول نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُرغی کا بچّے نکالنا (۲) شِکن یا ڈھیلا پن دُور کرنا۔

جُھول (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہاتھی وغیرہ پر ڈالنے کا کپڑا (۲) ڈھیلی ڈھالی پوشاک۔ جمع: جُھولوں۔ جُھولیں۔

جُھولا (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) درخت یا کسی چیز میں پڑی ہوئی رسّی جس پر بیٹھ کر جُھولیں (۲) جھونکا۔ جکولا (ق)۔ جمع: جُھولوں۔ جُھولے۔

جُھولا جُھلانا (اَر۔مص مُرکّب) کسی کو جُھولے پر بٹھا کر پینگ دینا۔

جُھولا جُھولنا (اَر۔مص مُرکّب) جُھولے میں بیٹھ کر پینگ بڑھانا۔

جُھولا ڈالنا (اَر۔مص مُرکّب) جُھولنے کے لئے رسّی درخت یا کسی چیز میں ڈالنا۔

جھولا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بڑی جھولی۔ بڑی تھیلی یا تھیلا (۲) ڈھیلا پن (۳) فالج۔ رعشہ (۴) ہاتھ کا اشارہ (۵) گرم ہوا یا لُو جس سے پھلوں اور اناج کو نقصان پہنچتا ہے۔ جمع: جھولوں۔ جھولے۔

جھولا مار جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) فالج کا اثر ہونا (۲) جسم کا ڈھیلا پڑ جانا۔

جُھولنا (جُھول۔نا) (واو معروف) (ہ۔مص) (۱) جُھولے میں بیٹھ کر جھونٹے لینا۔ پینگ بڑھانا (۲) (لٹکنے کی حالت میں) جُھومنا۔ ہلنا (۳) اُمیدوار رہنا (۴) (ایک ہی کام میں) پڑا رہنا۔ ترقی رُکی رہنا (۵) (ا۔مذ) ہنڈولا۔

جھولنا (جھول۔نا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تھیلا۔ خُرجی (۲) فقیروں کا تھیلا جس میں وہ روٹی وغیرہ رکھتے ہیں (۳) پہلو کا گوشت۔

جھولی (جھو۔لی) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹی تھیلی (۲) دامن جو کچھ مانگنے کے لئے کسی کے سامنے پھیلایا جائے (۳) وہ کپڑا جس کے چاروں کونے باندھ کر (فقیر وغیرہ) گلے میں ڈال لیتے ہیں۔ جمع: جھولیاں۔ جھولیوں۔

جھولی بھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کوئی چیز جھولی میں ڈالنا (۲) مُراد پوری کرنا۔

جھولی بھری ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) جھولی میں بہت سی چیزیں پڑی ہونا (۲) کامیاب ہونا۔ بامُراد ہونا۔

جھولی چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) بدن ڈھیلا پڑ جانے سے پہلوؤں کا گوشت لٹک جانا۔

جھولی دار (ہ۔ف۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کی ٹوپی (۲) بڑے پیٹ کا جانور۔

جھولی ڈالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بھیک مانگنا۔ فقیری کرنا (۲) نوزائیدہ بچّے کو کسی بُزرگ کی گود میں دینا۔

جُھوم (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حرکت۔ ہلنا (۲) لہرانا (۳) جُھومنا کا اَمر۔

جُھوم جُھوم کر (اَر۔ متعلق فعل) لہرا لہرا کر۔ بل بل کر۔

جُھوما جُھوم (ق۔ا۔مذ) ہاتھا پائی۔ چپقلش۔

جُھومَر (جُھو۔مَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ماتھے کا ایک زیور (۲) ایک قسم کا زنانہ ناچ جو ایک دُوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اور حلقہ بنا کر ناچا جاتا ہے (۳) ایک قسم کا گیت (۴) مجمع۔

جُھومر کا چاند (اَر۔ا۔مذ) سونے یا چاندی کا وہ گول مُرصّع ٹکڑا جو جُھومر میں لگا ہوتا ہے۔

جُھومنا (جُھوم۔نا) (ہ۔مص) (۱) ہلنا۔ جسم اور سَر کو ہلانا' لہرانا (۲) لڑکھڑانا۔ ہاتھی کی طرح چلنا (۳) اُونگھنا (۴) (بادلوں کا) جمع ہونا (۵) مستانہ چال چلنا۔

جھونا (جھو۔نا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چھدرا بنا ہوا کپڑا (۲) عُمدہ قسم کی چھالیا۔

جھونا (جھو۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) چلانا (۲) مارنا (۳) لمبی کہانی بیان کرنا۔ دُکھڑا رونا۔

جھونپڑا (جھونپ۔ڑا) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) چھپّر یا پھُوس کا کچا مکان۔ جمع: جھونپڑوں۔ جھونپڑے۔

جھونپڑوں میں رہنا محلوں کے خواب دیکھنا (اَر۔ مثل) حیثیت نیچی' خیالات اُونچے۔ نیز دیکھئے رہے جھونپڑے میں۔

جھونپڑی (جھونپ۔ڑی) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) جھونپڑا کی تصغیر۔ پھُوس کا چھوٹا سا جھونپڑا۔ جُھگی۔ جمع: جھونپڑیاں۔ جھونپڑیوں۔

جھونٹا (جھوں۔ٹا) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پینگ۔ جُھولے کا آگے پیچھے حرکت کرنا (۲) عورت کے سر کے بال (۳) بھینس کا بچّہ۔ جمع: جھونٹوں۔ جھونٹے۔

جھونٹا لینا (اَر۔ محاورہ) پینگ بڑھانا۔ جُھولے میں بیٹھنے کے بعد پاؤں کا پنجہ زمین پر مار کر جُھولے کو حرکت دینا۔

جھونٹم جھانٹا (جھوں۔ٹم۔جھا۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) عورتوں کا ایک دُوسرے کے بال پکڑ کر کھینچنا۔

جھونٹی کاٹی (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔صف۔مث) مُنڈی کاٹی۔ عورتوں کی گالی۔ جھونٹی: جھونٹا نمبر۲ کی تصغیر۔

جھونٹے (جھوں۔ٹے) (ہ۔ا۔مذ) جھونٹا کی جمع۔

جھونٹے پکڑنا (ہ۔ محاورہ) عورت کے سر کے بال نوچنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جھونٹے کھسوٹنا (ف۔ محاورہ) عورت کے بال پکڑ کر جھٹکے دینا۔

جھونج (جھونجھ) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مث) (۱) خواہش۔ چسکا (۲) کھجلی۔ خارش (۳) گھونسلا۔

جھونج مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کھجلی ہونا (۲) چُل ہونا۔ خواہش کا ستانا۔

جھونجل (جھونجھل) (جھوں۔ جَل) (جھوں۔ جھَل) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مث) خفگی۔ غُصّہ۔ جھنجلاہٹ۔

جھونجل اُتارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) غُصّہ اُتارنا (۲) عداوت نکالنا۔

جھونک (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے جھوک۔

جھونکا (جھوں۔ کا) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ہوا کا ایسا ریلا جس سے دھکّا لگے (۲) نیند کی وجہ سے گرنے لگنا۔ جمع: جھونکوں۔ جھونکے۔

جھونکنا (جھونک۔ نا) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) دیکھئے جھوکنا۔

جھونکے (جھوں۔ کے) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جھونکا کی جمع (۲) جھونکا کی مُغیرہ صورت۔

جھونکے آنا (اُر۔ محاورہ) نیند آنے کی وجہ سے سَر کا بار بار جُھکنا۔

جھونکے چلنا (اُر۔ محاورہ) ہوا کا تیز چلنا۔

جھونکے کھانا (اُر۔ محاورہ) لغزش کرنا۔

جھونکے لینا (اُر۔ محاورہ) ہلنا۔ جنبش کرنا۔

جھونکیا (جھونک۔ یا) (اُر۔ صف) بھٹّی میں ایندھن ڈالنے والا۔

جھیجنا (جھیج۔ نا) (ق۔ مص) دیکھئے جھجنا۔

جھیرا (جھے۔ را) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چشمہ۔ سوتا (۲) وہ غار یا سُوکھا کنواں جس میں کبوتر رہتے ہیں۔

جھیر جھیر (بیائے معروف) (ف۔ صف) ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔ دھجّی دھجّی۔ پُرزے پُرزے۔

جھیل (بیائے معروف) (ف۔ ا۔ مث) (۱) پانی کا وہ چھوٹا قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے گھِرا ہوا ہو اور اُس میں پانی کے سوتے ہوں (۲) دلدل (۳) نیچی زمین جس پر پانی کھڑا ہو (۴) گیت کے وہ بول جو مدھم آواز سے ادا کئے جاتے ہیں۔ جمع: جھیلوں۔ جھیلیں۔

جھیلا (جھے۔ لا) (ق۔ ا۔ مذ) مالا۔

جھیلنا (جھیل۔ نا) (بیائے مجہول) (ف۔ مص) (۱) برداشت کرنا۔ سہارنا (۲) پچانا۔ ہضم کرنا۔

جھیلنی (جھیل۔ نی) (بیائے مجہول) (ف۔ ا۔ مث) ایک زیور جو لڑی دار ہوتا ہے اور سر کے بالوں میں اِس لئے اٹکایا جاتا ہے کہ کانوں کے زیور کو سنبھالے رہے۔

جھیلنی دینا (ہ۔ محاورہ) بچّہ ہوتے وقت زچّہ کو ایک خاص ترکیب سے ہلانا جُلانا۔

جھینپ (بیائے مجہول) (نُون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مث) شرمندگی۔ ندامت۔ شرمساری۔

جھینپ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) شرمندگی محسوس کرنا۔

جھینپ مٹانا (اُر۔ محاورہ) شرمندگی دُور کرنا۔

جھینپنا (جھینپ۔ نا) (بیائے مجہول) (نُون غُنّہ) (ف۔ مص) شرمانا۔ لجانا۔ آنکھ چرانا۔

جھینکنا (جھینک۔ نا) (بیائے معروف) (نُون غُنّہ) (ف۔ مص) (۱) شکایت کرنا (۲) ذکر اذکار رونا۔ مُصیبت کا حال بیان کرنا (۳) رونا دھونا۔ ماتم کرنا (۴) پچھتانا۔

جھینگا (جھیں۔ گا) (بیائے معروف) (نُون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

جھینگر (جھیں۔ گر) (بیائے معروف) (نُون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا کیڑا جو نمی کی وجہ سے کونوں کھدروں میں پیدا ہوتا ہے اور کپڑے وغیرہ کو چاٹ جاتا ہے۔ جمع: جھینگر۔ جھینگروں۔

ج۔ ء

جئی (جَ۔ ای) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ایک اہم زرعی جنس جو مویشیوں کے چارے کے لئے بوئی جاتی ہے (۲) چاول کی پھوٹتی ہوئی پَود۔

ج۔ ی

جی (ف۔ حرفِ ایجاب) (۱) ہاں۔ بلے (۲) جناب۔ صاحب۔ حضرت (۳) درست۔ بجا (کسی نام کے بعد) بطورِ تعظیم یا اظہارِ قربت و محبت (۴) (طنزاً) بیشک ایسا ہی ہے (جب کہنے والے کا خیال یہ ہوتا ہے کہ نہیں ہے)۔

جی حضور (اُر۔ کلمۂ ایجاب) بڑے یا بزرگ آدمی کے بُلانے پر جواب میں کہتے ہیں۔

جی حضوری (اُر۔ صف) خوشامدی۔ کاسہ لیس۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔

جی کہنا (اُر۔ محاورہ) ہر معاملے میں اتفاق رائے کرنا۔ خوشامد کرنا۔

جی کہو جی سنو (اُر۔ مثل) عزّت کرو عزّت کراؤ۔ دُوسروں کی عزّت کرنے سے اپنی عزّت ہوتی ہے۔

جی ہاں (اُر۔ کلمۂ ایجاب) (۱) یہ کلمہ کسی کے جواب میں کہتے ہیں (۲) (طنزاً) ہم اصل حقیقت جانتے ہیں۔

جی (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جان۔ رُوح۔ دَم۔ سانس۔ پران (۲) زندگی۔ عُمر (۳) دل۔ مَن۔ طبیعت (۴) خود۔ آپ۔ شخصیت (۵) جُرأت۔ دلیری۔ حوصلہ۔ مردانگی (۶) جانور۔ حیوان۔ ذی روح (۷) طاقت۔ قوت (۸) محبت۔

جی آجانا (آنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل آجانا۔ عاشق ہونا۔ دل مائل ہونا۔

جی اٹکنا (اُر۔ محاورہ) محبت ہونا۔ دل کا کسی کی محبت میں گرفتار ہونا۔

جی اُٹھا لینا (اُٹھانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) بیزار ہونا (۲) محبت ترک کرنا۔

جی اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) زندہ ہوجانا (۲) بیزار ہونا۔ کسی کام کے لئے دِل نہ چاہنا۔

جی اُچٹ جانا (اُچاٹ ہو جانا) (اُر۔ محاورہ) کسی کام سے بیزار ہو جانا۔ دل نہ لگنا۔ دل برداشتہ ہونا۔

جی اچھا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) طبیعت اچھی ہونا (۲) بیمار کا رُو بہ صحت ہونا۔

جی اُداس ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل گھبرانا (۲) افسردہ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جی اُکتا جانا (اَر۔ محاورہ) دِل بے زار ہو جانا۔ طبیعت نہ لگنا۔ کسی کام سے دِل ہٹ جانا۔ کوئی کام اِتنی مرتبہ کرنا کہ مزید کرنے کو جی نہ چاہے۔

جی اُلٹ جانا (اُلٹنا) (اَ۔لٹ۔نا) (۱) دِل گھبرانا۔ دِل پریشان ہونا (۲) پاگل ہو جانا۔

جی اُمنڈ آنا۔ دیکھئے جی بھر آنا۔

جی اُلجھنا (اَر۔ محاورہ) اُلجھن محسوس کرنا۔ گھبرانا۔ پریشان ہونا۔

جی اندر سے بیٹھا جانا (اَر۔ محاورہ) طبیعت کا گرا جانا۔ دِل گھبرانا۔

جی اُوپر تلے ہونا (اَر۔ محاورہ) متلی ہونا۔ قے آنے کو ہونا (۲) دِل گھبرانا۔

جی باغ باغ ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل خوش ہونا۔ نیز دیکھئے دِل باغ باغ ہونا۔

جی بٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دِل بہلنا (۲) دھیان اور طرف ہو جانا۔

جی بُجھ جانا (اَر۔ محاورہ) افسردہ ہونا۔ ولولہ باقی نہ رہنا۔ کوئی خواہش یا اَرمان دِل میں نہ رہنا۔

جی بچنا (اَر۔ محاورہ) بیماری یا کسی حادثے سے مرتے مرتے بچ جانا۔

جی بحال ہونا (اَر۔ محاورہ) طبیعت ٹھیک ہونا۔ افاقہ ہونا۔

جی بُرا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ناخوش ہونا۔ ناراض ہونا۔ بُرا ماننا (۲) قے کرنا۔ اُگلنا۔

جی بُرا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) طبیعت بگڑنا (۲) رنجیدہ ہونا۔

جی بڑھانا (اَر۔ محاورہ) ہمت افزائی کرنا۔ حوصلہ بڑھانا۔

جی بڑھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جُرأت ہونا (۲) دِل خوش ہونا۔

جی بکھرنا (جی بکھرا جانا۔ جی بکوا جانا) (اَر۔ محاورہ) متلی معلوم ہونا (۲) دِل بیٹھنا۔ غش آنا۔

جی بند ہونا (اَر۔ محاورہ) گھبراہٹ ہونا۔ دِل رُکنا۔

جی بھاری کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا (۲) دِل پر بوجھ ڈالنا (۳) رونا دھونا۔

جی بھٹکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دِل کو کسی چیز کی تلاش یا خواہش ہونا (۲) یکسوئی یا قرار نہ ہونا۔

جی بھر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رونا آنا (۲) ترس آنا۔ رحم آنا۔

جی بھر بھر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بار بار رونے کو جی چاہنا (۲) آنکھوں میں آنسو بھر بھر آنا (۳) بہت زیادہ ترس آنا۔

جی بھر بھرانا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کے لئے دِل للچانا۔ رغبت محسوس کرنا۔

جی بھر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سیر ہو جانا (۲) اُکتا جانا۔

جی بھر کر (اَر۔ متعلق فعل) سیر ہو کر۔ حسبِ خواہش۔ پوری طرح۔

جی بہلنا (اَر۔ محاورہ) دِل لگنا۔ دلچسپی ہونا۔

جی بیٹھا جانا (اَر۔ محاورہ) نڈھال ہونا۔ اُداس ہونا۔ اختلاج ہونا۔

جی بیزار ہونا (اَر۔ محاورہ) زندگی سے تنگ آجانا۔

جی پر بن جانا (اَر۔ محاورہ) سخت تکلیف ہونا۔ صدمہ ہونا۔

جی پر کھیلنا (اَر۔ محاورہ) جان خطرے میں ڈالنا۔ جوکھوں میں پڑنا۔

جی پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جان پڑنا (۲) کیڑے پڑنا (۳) خیال لگا رہنا (۴) تسلی ہونا۔

جی پک جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) برداشت کی حد ہو جانا۔ عاجز آجانا (۲) دُکھی ہونا۔

جی پکڑ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) دِل تھام لینا (۲) کسی چیز کا اپنی طرف متوجہ کر لینا۔

جی پگھلنا (اَر۔ محاورہ) مائل ہونا۔ رحم آجانا۔

جی پھٹ جانا (اَر۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا (۲) نفرت ہو جانا۔ محبت میں فرق آجانا۔

جی (پھر جانا) پھرنا (اَر۔ محاورہ) اُکتا جانا۔ بے زار ہو جانا۔ نفرت کرنے لگنا۔ گھن آنے لگنا۔

جی پھسلنا (اَر۔ محاورہ) دِل آنا۔ طبیعت کا مائل ہو جانا۔ عاشق ہونا۔

جی پھیکا ہونا (اَر۔ محاورہ) بے زار ہونا۔ گرم جوشی کم ہونا۔

جی ترسنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کے لئے دِل چاہنا (۲) جو نہ ملا ہو اُس کی آرزو کرنا۔

جی تلے اُوپر ہونا (اَر۔ محاورہ) گھبراہٹ محسوس کرنا۔ متلی ہونا۔

جی ٹوٹ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بددِل ہو جانا۔ نااُمید ہو جانا۔ حوصلہ پست ہو جانا۔

جی ٹھکانے لگنا (اَر۔ محاورہ) تسلی ہونا۔

جی ٹھنڈا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) خوش ہونا (۲) تسلی ہونا۔ اطمینان ہونا (۳) آرزو یا ہوس پوری ہو جانا (۴) خاطر جمع ہونا۔

جی جان سے فِدا (قربان۔ نثار) ہونا (اَر۔ محاورہ) شیفتگی، پسندیدگی یا محبت کی انتہا ہونا۔

جی جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) جان جانا۔ مر جانا (۲) زندہ ہو جانا۔

جی جانتا ہے (اَر۔ روزمرّہ) (۱) دِل ہی کو معلوم ہے کہ کیا گزری ہے (۲) جو تکلیف یا آرام پہنچا اُس کا دِل پر گہرا اثر ہے۔

جی جائے گھی نہ جائے (اَر۔ مثل) اِتنی زیادہ کنجوسی کہ خرچ بچانے کے لئے جان دینے پر آمادہ ہو۔

جی جلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) دِل جلانا۔ رنجیدہ ہونا (۲) ستانا۔ تنگ کرنا (۳) غصہ دِلانا (۴) ناپسند بات یا حرکت کر کے چڑانا۔

جی جلانے سے ہاتھ جلانا بہتر ہے (اَر۔ مثل) جسم کی تکلیف، رُوح کی تکلیف سے آسان ہوتی ہے۔

جی جلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) غصہ آنا (۲) حسد ہونا (۳) کبیدہ خاطر ہونا۔

جی جی اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) باغ باغ ہو جانا۔ بہت خوش ہونا۔

جی جی نکال لینا (اَر۔ محاورہ) اچھی اچھی چیزیں الگ چھانٹ لینا۔

جی چاہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) للچانا (۲) کسی چیز کی خواہش ہونا۔

جی چاہے (اَر۔ روزمرہ) اگر مرضی ہو۔ اگر پسند ہو۔

جی چرانا (اَر۔ محاورہ) کام سے بچنا۔ حیلے حوالے کرنا۔

جی چلا (اَر۔ صف) (۱) مَن چلا۔ بہادر (۲) سخی۔ باہمت (۳) پاگل۔

جی چلا بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) جُرأت کرنا۔ ہمت کر گزرنا۔

جی چلا جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) دِل کھو بیٹھنا (۲) دِل بیٹھ جانا۔

جی چلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) خواہش کرنا (۲) ہمت کرنا۔ دلیری دکھانا۔ رغبت ظاہر کرنا۔

جی چلنا (اَر۔ محاورہ) خواہش پیدا ہونا۔ رغبت ہونا (۲) گھبرانا (۳) پاگل ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جی چھوانا (اُر۔ محاورہ) (۱) اُکتانے والا رویّہ اختیار کرنا (۲) کسی کو بد دل کرنا۔ ہمّت توڑنا (۳) نااُمید کرنا۔
جی چھوٹ جانا (چھوٹنا) (اُر۔ محاورہ) مایوس ہونا۔ ہمّت ہار دینا۔ بد دل ہو جانا۔ نااُمید ہو جانا۔
جی چھوڑ دینا (چھوڑنا) (اُر۔ محاورہ) نااُمید ہونا۔ ہمّت ہار دینا۔
جی چھیننا (اُر۔ محاورہ) عاشق بنا لینا۔
جی دار (ف۔ صف) (۱) بہادُر۔ مَن چلا (۲) دم خم رکھنے والا۔ ہمّت والا۔
جی داری (اُر۔ امث) (۱) ہمّت۔ حوصلہ۔ جُرأت۔ بہادُری۔ دلیری۔
جی دُکھانا (اُر۔ محاورہ) صدمہ پہنچانا۔
جی دھڑکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) اَندیشہ ہونا۔ خوف ہونا (۲) اِختلاجِ قلب کا دورہ پڑنا۔
جی دھک دھک کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھبراہٹ ہونا (۲) خوف ہونا۔
جی دُھکڑ پکڑ ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کو کرنے سے ہچکچانا۔ تردُّد ہونا۔
جی دہلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ڈرنا۔ خوف کھانا (۲) دل دھڑکنا۔
جی دینا (اُر۔ محاورہ) جان دینا۔ پیار کرنا۔ عشق کرنا۔
جی ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جان ڈالنا۔ زندہ کرنا (۲) ہمّت دلانا۔
جی ڈوبنا (اُر۔ محاورہ) نڈھال ہونا۔ غشی طاری ہونا۔
جی رُکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل گھبرانا (۲) دم رُکنا (۳) آزردہ ہونا۔
جی رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خوش کرنا (۲) دِلاسا دینا (۳) لحاظ یا پاسداری کرنا۔
جی سائیں سائیں کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) غشی کے آثار ظاہر ہونا (۲) دِل کی حالت بگڑنا۔
جی سنسنانا (سَن۔ سَن۔ نا۔ نا) (اُر۔ محاورہ) کمزوری کی وجہ سے نڈھال ہونا۔ دِل بیٹھنا۔ پریشان ہونا۔
جی سے اُتر جانا (اُترنا) (اُر۔ محاورہ) نظروں سے گر جانا۔ قدر نہ ہونا۔ بے وقعت ہو جانا۔
جی سے بیزار ہونا (اُر۔ محاورہ) زندگی سے تنگ ہونا۔
جی سے جانا (اُر۔ محاورہ) مر جانا۔ دم نکل جانا۔ اِنتقال ہو جانا۔
جی سے جی ملنا (اُر۔ محاورہ) دو آدمیوں میں دوستی قائم ہونا۔
جی سے گزر جانا (اُر۔ محاورہ) مر جانا۔ جان دے دینا۔
جی سے گھڑنا (اُر۔ محاورہ) کوئی بات اپنی طرف سے بنا کر کہنا۔ مَن گھڑت بات کہنا۔
جی سینے میں بھٹکنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کی خواہش ہونا۔
جی شاد ہونا (شادمان ہونا) (اُر۔ محاورہ) خوش ہونا۔ مگن ہونا۔ مسرور ہونا۔
جی شگفتہ ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل خوش و خرم ہونا۔ فرحاں و شاداں ہونا۔
جی غش ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی پر فریفتہ ہونا۔
جی کا بخار نکالنا (اُر۔ محاورہ) دل کی بھڑاس نکالنا۔ رونے یا غصّہ کرنے سے دلی رنج دُور کرنا۔
جی کا جنجال (اُر۔ اِ۔ مذ) دل کا روگ۔ وہ کام یا بات جس سے دِل گھبراتا ہو۔
جی کا دُشمن (اُر۔ اِ۔ مذ) جان کا بیری۔
جی کا زیاں (اُر۔ اِ۔ مذ) جان کا نقصان۔
جی کا غبار (اُر۔ اِ۔ مذ) دِل کی کدورت۔ ملال۔ غبارِ خاطر۔
جی کا کہنا (اُر۔ محاورہ) دِل میں خود بخود کوئی بات آنا۔
جی کا مختار ہونا (اُر۔ محاورہ) اپنی مرضی کا مالک ہونا۔ آزاد ہونا۔ کسی کا پابند نہ ہونا۔
جی کانپنا (اُر۔ محاورہ) دِل کا خوف یا اندیشے کی وجہ سے دھڑکنا۔
جی کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہمّت کرنا۔ حوصلہ کرنا (۲) کسی چیز کو جی چاہنا۔
جی کڑا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہمّت کرنا۔
جی کُڑھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنجیدہ کرنا (۲) رنجیدہ ہونا۔ ملول ہونا۔
جی کُڑھنا (اُر۔ محاورہ) غم ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
جی کو بھلی لگنا (اُر۔ محاورہ) اچھی معلوم ہونا۔ پسند آنا۔
جی کو روگ لگنا (اُر۔ محاورہ) کوئی فکر مول لے لینا۔ کسی اُلجھن میں پڑ جانا۔
جی کو لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل پر اثر ہونا (۲) اچھا معلوم ہونا۔ پسند ہونا۔
جی کو مارنا (اُر۔ محاورہ) خواہشات کو ضبط کرنا۔ قناعت کرنا۔
جی کھپانا (اُر۔ محاورہ) (۱) جان کھپانا۔ محنت سے کام کرنا (۲) مر مٹنا۔
جی کھٹا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل بے زار کرنا (۲) متنفّر کر دینا۔
جی کھٹا میٹھا ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل للچانا۔
جی کھٹا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بیزار ہونا (۲) نفرت ہونا (۳) مایوسی ہونا۔
جی کھرا کھوٹا ہونا (اُر۔ محاورہ) نیّت میں فتور آنا۔ بے ایمانی پر اُتر آنا۔
جی کھلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شرم و حجاب دُور ہونا۔ بے باک ہونا۔
جی کھول کر (اُر۔ متعلق فعل) فیّاضی سے۔ بے دریغ۔ اِفراط سے۔ خوب اچھی طرح۔
جی کھول کر خرچ کرنا (اُر۔ محاورہ) اِللّے تللّے سے خرچ کرنا۔ کھلے ہاتھ سے خرچ کرنا۔
جی کھونا (اُر۔ محاورہ) (۱) جان ہلکان کرنا (۲) عاشق ہونا۔
جی کی امان (پانا) مانگنا (اُر۔ محاورہ) جان بخشی چاہنا (شاہی زمانے کے آدابِ گفتگو میں بطور تکیہ کلام اِستعمال ہوتا تھا)۔ نیز دیکھیے جان کی اَمان۔
جی کی جی میں رہنا (اُر۔ محاورہ) دِل کی حسرت نہ نکلنا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔
جی کی لگی (اُر۔ امث) فکر۔ دُھن۔
جی گرا جانا (اُر۔ محاورہ) طبیعت سُست ہونا۔ دِل بیٹھنا۔
جی گنوانا (اُر۔ محاورہ) جان کھو دینا (۲) عاشق ہونا۔
جی گھبرانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل پریشان ہونا (۲) وحشت ہونا (۳) دِل نہ لگنا۔
جی گھٹنا (اُر۔ محاورہ) دِل گھبرانا۔ غشی کی کیفیت طاری ہونا۔ نیز دیکھیے دِل گھٹنا۔
جی لبھانا (اُر۔ محاورہ) دِل موہ لینا۔ اپنے پر فریفتہ کرنا۔
جی لڑا دینا (لڑانا) (اُر۔ محاورہ) پوری توجہ سے کام کرنا۔ جان کھپا دینا۔
جی لرزنا (اُر۔ محاورہ) دِل لرزنا۔ خوف یا اندیشہ ہونا۔ ڈرنا۔
جی لگانا (لگنا) (اُر۔ محاورہ) کسی کام میں دلچسپی لینا (۲) محبت ہو جانا۔
جی لگا ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی طرف خاص طور سے دھیان ہونا۔
جی للچانا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کی خواہش ہونا۔ رغبت ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جی لوٹ جانا (لوٹنا) (اُر۔ محاورہ) نفرت ہوجانا۔ بیزار ہوجانا۔ اُکتانا۔
جی لوٹ جانا (لوٹنا) (واو مجہول) (اُر۔ محاورہ) (۱) کوئی چیز حاصل کرنے کے لئے دِل پھڑکنا (۲) اَزحد اِشتیاق یا آرزو ہونا۔
جی لوٹنا (لوٹ۔نا) (اُر۔ محاورہ) دِل چھین لینا۔ عاشق کر لینا۔
جی لہرانا (اُر۔ محاورہ) جی للچانا۔ دِل میں ترنگ پیدا ہونا۔
جی لے لینا (لینا) (اُر۔ محاورہ) (۱) دُوسرے کے خیالات یا اُس کا عندیہ معلوم کر لینا (۲) دِل کو قابو میں کر لینا (۳) خواہشات کو بھڑکا دینا۔
جی مار (اُر۔ صف) (۱) سنگین جرم، قتل وغیرہ (۲) خواہشات کو مارنے والا (۳) قاتل۔
جی مارنا (اُر۔ محاورہ) خواہشات کو کچل دینا۔
جی متلانا (اُر۔ محاورہ) قے آتی ہوئی معلوم ہونا۔ اِمتلا ہونا۔
جی مرجانا (مرنا) (اُر۔ محاورہ) خواہش یا تمنّا باقی نہ رہنا۔ دِل مُردہ ہو جانا۔
جی مِلمِلانا (اُر۔ محاورہ) اَفسوس ہونا۔ دریغ ہونا۔
جی مِلنا (اُر۔ محاورہ) طبیعتیں مِل جانا۔ ایک دِل ہو جانا۔
جی میں (م۔ متعلق فعل) دِل میں۔ ذہن میں۔
جی میں آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ذہن میں آنا (۲) جی چاہنا۔ کوئی بات خیال میں آنا۔
جی میں اُتارنا (اُر۔ محاورہ) دِل میں بٹھانا۔ ذہن نشین کرنا یا کرانا۔ دِل پر اَثر کرنا۔
جی میں اُترنا (اُر۔ محاورہ) جی میں اُتارنا کا لازم۔
جی میں اَرمان رہنا (اُر۔ محاورہ) حسرت نہ نکلنا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔
جی میں بس رہنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت کسی کا خیال رہنا۔
جی میں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) دِل پر اَثر کرنا۔ دِل میں اُتر جانا۔
جی میں ٹھاننا (اُر۔ محاورہ) قصد کرنا۔ پکّا اِرادہ کرنا۔
جی میں جگہ ہونا (اُر۔ محاورہ) عزّت ہونا۔ وقعت ہونا۔
جی میں جی آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تسلّی ہونا۔ جان میں جان آنا۔ دَم میں دَم آنا۔ بچنے کی اُمید ہونا۔
جی میں جی ڈالنا (اُر۔ محاورہ) یقین دِلانا۔ اپنی بات دُوسرے کے دِل میں اُتارنا۔
جی میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) دِل میں خیال پیدا کرنا۔ بات دِل میں اُتارنا۔
جی میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خُفیہ رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا (۲) عداوت، بُغض یا کینہ رکھنا۔
جی میں کہنا (اُر۔ محاورہ) دِل میں کوئی بات سوچنا یا منصوبہ باندھنا۔
جی میں کھبنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل میں پیوست ہو جانا۔ دِل پر اَثر کرنا (۲) بہت پسند آنا۔
جی میں گھر کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل پر اَثر کرنا۔ دِل میں کھب جانا (۲) دِل موہ لینا۔
جی میں لگنا (اُر۔ محاورہ) ذہن نشین ہونا۔ دِل میں بیٹھنا۔
جی میں مزے لینا (اُر۔ محاورہ) خیال ہی خیال میں لُطف اُٹھانا۔
جی ہنڈھال ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل کا گرا گرا ہونا۔ دِل کا مضمحل ہونا۔ دِل پریشان ہونا۔

جی نکلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دَم نکل جانا۔ مرنا (۲) بے چین ہونا۔ عاشق ہونا۔
جی ہاتھ میں (رکھنا) لینا (اُر۔ محاورہ) خوش رکھنا۔ اَفسردہ نہ ہونے دینا۔
جی ہارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل چھوڑ دینا۔ ہمّت ہارنا (۲) کسی کام سے باز رہنا۔
جی ہٹ جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) نفرت ہو جانا (۲) توجہ ہٹ جانا (۳) محبت نہ رہنا۔
جی ہلنا (اُر۔ محاورہ) خوف یا رحم سے دِل کانپنا۔
جی ہوا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل گھبرانا (۲) جان نکلنا۔
جی ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) خواہش ہونا (۲) زندگی باقی ہونا۔
جی ہونٹوں پر آنا (اُر۔ محاورہ) نزع کی حالت میں ہونا۔
جی ہی جانتا ہو گا (اُر۔ روزمرّہ) دِل ہی میں سمجھتے ہوں گے۔
جی ہی جانتا ہے (اُر۔ روزمرّہ) تم ہمارے ساتھ جو بدسلوکی کر رہے ہو اِس کو ہم خوب جانتے ہیں۔ بیان کرنے سے فائدہ؟
جی ہی جی میں باتیں کرنا (اُر۔ محاورہ) دِل ہی دِل میں خیالات پکانا۔ آپ ہی آپ باتیں کرنا۔
جی ہے تو جہان ہے (اُر۔ روزمرّہ) جان ہے تو جہان ہے۔ زندگی ہے تو سب کچھ ہے۔
جی۔او۔سی (G.O.C) (انگ۔ا۔مذ) جنرل آفیسر کمانڈنگ کا مُخفف۔ فوج کا اعلیٰ اَفسر۔
جی۔پی۔او (G.P.O) (انگ۔ا۔مذ) جنرل پوسٹ آفس کا مُخفف۔ شہر کا سب سے بڑا ڈاک خانہ۔
جَے (بالفتح) (ہ۔ا۔مث) (۱) فتح۔ نُصرت۔ جیت۔ ظفرمندی (۲) ترقی۔ عروج۔ اِقبال (۳) توکّل۔ تسلیم۔ ترکِ علائق (۴) (ندائیہ) شاباش! زندہ باد! ہُرّے! (۵) مسرت۔ شادمانی۔
جے پتر (ہ۔ا۔مذ) فتح نامہ (۲) ڈگری۔
جے جے کار (ہ۔ا۔مث) فتح کے نعرے۔ فتح کی خوشی۔
جے جے ونتی (ہ۔ا۔مث) ایک راگنی جو رات کے وقت گائی جاتی ہے۔
جِیا (جِ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جی کی تصغیر۔ جان۔ زندگی (۲) پیارا۔ محبوب (۳) (مث) دائی۔ کھلائی۔ دُودھ پلانے والی۔
جیالا (جِ۔یا۔لا) (اُر۔صف) جی والا۔ بہادُر۔ دلیر۔ جُرأت مند۔
جَیب (بفتح اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) گریبان۔
جیب (بیائے مجہول) (اُر۔ا۔مث) وہ تھیلی جو کُرتے، کوٹ یا واسکٹ میں لگاتے ہیں۔ کیسہ۔ پاکٹ۔ جمع: جیبوں۔ جیبیں۔
جیبِ خاص (اُر۔ا۔مث) بادشاہ کا ذاتی خرچ۔ خزانے کی وہ رقم جو صرف بادشاہ کے مصرف میں آئے۔
جیب خالی (ہو جانا) ہونا (اُر۔ محاورہ) کچھ پاس نہ رہنا۔ ساری نقدی ختم ہو جانا۔
جیب خرچ (اُر۔ا۔مذ) ایسا خرچ جو مقررہ اخراجات کے علاوہ ہو۔ چھوٹے موٹے اخراجات کی رقم۔ پاکٹ منی۔
جیب کترا (بفتح کاف) (اُر۔ا۔مذ) دُوسروں کی جیبیں کاٹ کر نقدی نکالنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جیب کترنا (بفتح کاف) (ار۔ محاورہ) (۱) کسی کی جیب کاٹ کر رقم نکالنا (۲) ناجائز نفع لینا۔

جیب میں پڑے ہونا (ار۔ محاورہ) قابو میں ہونا۔ کوئی اہمیت نہ رکھنا۔

جیبھ (جِیب) (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) زبان۔ لسان۔ جمع: جیبوں۔ جیبیں۔

جیبھ اُلٹنا (ار۔ محاورہ) بچے کا لفظوں کو صحیح طرح ادا کرنا۔

جیبھ بڑھانا (ار۔ محاورہ) ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا (۲) گالیاں دینا (۳) اپنی حیثیت سے زیادہ عیش و عشرت کرنا۔

جیبھ پکڑنا (ار۔ محاورہ) (۱) خاموش کرانا (۲) بات کاٹنا۔ گفتگو میں خلل انداز ہونا۔

جیبھ جلی سواد نہ آیا (ہ۔ مثل) چیز اتنی تھوڑی اور قلیل تھی کہ پوری طرح مزہ نہ آیا۔ زبان ہی خراب ہوئی۔

جیبھ جنے ایک بار۔ ماں جنے بار بار (ہ۔ مثل) جو بات کہو سوچ سمجھ کر کہو۔ منہ سے نکلی ہوئی بات واپس نہیں آ سکتی۔

جیبھ چاٹنا (ار۔ محاورہ) (۱) زبان چاٹنا (۲) چٹخارے لینا (۳) حرص کرنا (۴) کسی ایسی چیز کی خواہش رکھنا جس کا ملنا ممکن نہ ہو۔

جیبھ چلانا (ار۔ محاورہ) (۱) زبان درازی کرنا (۲) شیخی مارنا۔

جیبھ چلنا (ار۔ محاورہ) (۱) ضرورت سے زیادہ باتیں کرنا (۲) منہ چلنا۔ کھانا۔

جیبھ چلے ستر بلا ٹلے (ار۔ مثل) جو ہر وقت کچھ نہ کچھ کھاتا ہی رہے اُس کے بارے میں طنزاً کہتے ہیں۔

جیبھ چھیلنی (ق۔ا۔مث) زبان صاف کرنے کا آلہ۔

جیبھ داب کے بات (کرنا) کہنا (ار۔ محاورہ) (۱) بات کہتے ہوئے ہچکچانا (۲) پوری بات ظاہر نہ کرنا۔

جیبھ دیوانی اپنے کاموں سیانی (ار۔ مثل) باتیں پاگلوں کی سی مگر اپنے مطلب میں ہوشیار۔ دیوانہ بکار خویش ہشیار۔

جیبھ کاٹنا (ار۔ محاورہ) (۱) کسی کو اشارے سے بات کرنے سے روکنا (۲) حیران ہونا (۳) خوفزدہ ہونا۔

جیبھ کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) گستاخی سے کلام کرنا۔ جواب دینا۔ بڑھ کے بات کہنا (۲) زبان درازی کرنا۔ زبان چلانا (۳) گالیاں دینا۔

جیبھ نکالنا (ار۔ محاورہ) (۱) مذاق کے طور پر زبان منہ کے باہر نکالنا (۲) زبان گدی سے کھینچ لینا (۳) تکان یا پیاس کی شدت سے زبان باہر نکالنا۔

جیبھ کے تلے جیبھ ہونا (ار۔ محاورہ) بات پر قائم نہ رہنا۔ بات کہہ کے مکر جانا۔

جیبی (جے۔بی) (ار۔صف) (۱) جیب کا۔ جیب کے متعلق (۲) چھوٹی۔ چھوٹا۔

جیبی رومال (ار۔ا۔مذ) جیب میں رکھنے کا رومال۔ چھوٹا رومال۔

جیبی کتا (ار۔ا۔مذ) ایک قسم کا بہت چھوٹا کتا۔

جیبی کتاب (ار۔ا۔مث) اتنی چھوٹی کتاب کہ جیب کے اندر آ جائے۔

جیپ (Jeep) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی موٹر گاڑی، جو مضبوط اور طاقتور ہوتی ہے۔ جمع: جیپوں۔ جیپیں۔

جِیت (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) کامیابی (۲) فتح (۳) نفع۔ فائدہ (۴) غلبہ۔ فوقیت۔

جیت جانا۔ دیکھئے جیتنا۔

جیت کی ہوا بھی اچھی (ار۔ مثل) کامیابی خواہ کتنی ہی معمولی ہو اچھی معلوم ہوتی ہے۔

جیت لینا۔ دیکھئے جیتنا۔

جیت ہمّت کے ہاتھ ہے (ار۔ مثل) کامیابی ہمت کرنے سے ہوتی ہے۔

جیت ہونا۔ دیکھئے جیتنا۔

جِیتا (جی۔تا) (ہ۔صف) فتح یاب۔ جس نے بازی جیت لی ہو (۲) جیتا ہوا۔ جسے جیت لیا گیا ہو۔

جیتا سو ہارا، اور ہارا سو مُوا (ار۔ مثل) جو مقدمہ جیت گیا اُسے ہارا ہی سمجھو کیونکہ وہ مقدمہ لڑ لڑ کے تباہ ہو گیا اور جو ہار گیا وہ تو سمجھو مر ہی گیا۔

جِیتا (جی۔تا) (ار۔صف) (۱) زندہ (۲) جاندار (۳) زیادہ۔ بیش۔

جیتا جاگتا (ار۔صف) صحیح سلامت۔ زندہ۔ تندرست۔

جیتا جھوٹ (ار۔ا۔مذ) کھلا جھوٹ۔ صریح غلط بیانی۔ صاف دروغ گوئی۔

جیتا چُنوانا (ار۔ محاورہ) آدمی کو دیوار میں زندہ چنوا دینا۔ ایک سزا جو پرانے وقتوں میں دی جاتی تھی۔

جیتا رہنا (ار۔ محاورہ) (۱) زندہ رہنا۔ سلامت رہنا (۲) لمبی عمر پانا۔

جیتا گاڑنا (ار۔ محاورہ) (۱) زندہ دفن کرنا (۲) سخت ترین تکلیف دینا۔

جیتا لہو (ار۔ا۔مذ) تازہ خون۔ تازہ تازہ لہو۔

جیتا ناخن (ار۔ا۔مذ) ناخن جو ابھی کاٹنے کے لائق نہ ہو۔

جیتا نہ چھوڑنا (ار۔ محاورہ) کسی نہ کسی ترکیب سے ہلاک کر دینا۔

جیتا ہی زمین کا پیوند کر دینا (جیتا ہی زمین میں گاڑ دینا) (ار۔ محاورہ) انتہائی اذیت دینا۔ شدید نقصان پہنچانا۔

جِیتی (جی۔تی) (ہ۔صف) جیتا (فتح یاب) کی تانیث۔

جیتی مانا نہ ہاری مانا (ار۔ محاورہ) کسی طرح بھی کوئی بات نہ ماننا۔

جِیتی (جی۔تی) (ہ۔صف) جیتا (زندہ) کی تانیث۔

جیتی جاگتی (ار۔صف) جیتا جاگتا کی تانیث۔

جیتی مکھی نگلنا (ار۔ محاورہ) جان بوجھ کر مصیبت مول لینا۔

جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی (ار۔ مثل) جان بوجھ کر ایسا کام نہیں کیا جاتا جس سے نقصان ہو۔

جِیتے (جی۔تے) (ہ۔صف) (۱) جیتا (زندہ) کی جمع (۲) جیتا کی مغیرہ صورت۔

جیتے آسا موئے نراسا (ہ۔ مثل) جب تک زندگی ہے امید ہے۔ مر جانے پر کچھ نہیں۔

جیتے پتا کی پوچھی نہ بات۔ مرے پتا کو دودھ اور بھات (ہ۔ مثل) زندگی میں باپ کی خبر نہ لی، مرے پر دودھ اور چاول خیرات کرتے ہیں۔

جیتے تھے تو لیکھوں بھرے، مر گئے تو موتیوں جڑے (ہ۔ مثل)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جب زندہ تھے تو عیب ہی عیب بھرے تھے۔ مرنے کے بعد قابلِ تعریف سمجھے جانے لگے۔

جیتے جی (ہ۔ متعلق فعل) (۱) زندگی میں (۲) عُمر بھر۔ تاحیات۔ تمام عُمر۔ جب تک جیئے۔

جیتے جی جہنّم میں جانا (اَر۔ محاورہ) زندگی ہی میں دوزخ جیسی تکلیف اُٹھانا۔ انتہائی تکلیف میں ہونا۔

جیتے جی کا قبضہ (اَر۔ ا۔ مذ) زندگی بھر کا ٹھیکا یا کرایہ داری۔

جیتے جی کا میلا ہے (اَر۔ مثل) زندگی کی ساری سرگرمیاں زندہ رہنے تک ہی ہیں۔

جیتے جی کا ناتا ہے (اَر۔ مثل) سب رشتے اور تعلّق زندگی تک ہیں۔

جیتے جی مٹّی میں ملنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ساری خواہشات ترک کر دینا (۲) عاجزی اور اِنکسار کو اپنا شعار بنا لینا۔

جیتے جی مر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا (۲) سخت ترین صدمہ یا رنج پہنچنا (۳) کسی کام کا نہ رہنا۔ قدرتی صلاحیتوں سے محروم ہو جانا۔

جیتے چاب چاب، موئے واب داب (ہ۔ مثل) زندگی بھر چنے چبا کر گزارہ کیا اور دبی ہوئی دولت چھوڑ کر چل بسا۔

جیتے رہو (اَر۔ کلمہ دُعا) جب کوئی چھوٹا بُزرگ کو سلام کرے تو وہ یہ کہہ کر اُسے دُعا دیتا ہے۔

جیتے مرتے (اَر۔ متعلق فعل) جوں توں۔ کسی نہ کسی طرح۔

جیتے ہیں نہ مرتے ہیں (اَر۔ مثل) زندگی عذاب ہے۔ جوں توں زندگی کے دن پُورے کر رہے ہیں۔

جیتنا (جیت۔ نا) (ہ۔ مص) فتح کرنا۔ غلبہ پانا۔ کامیاب ہونا۔

جیٹ انجن (انگ۔ ا۔ مذ) (Jet Engine) ایسا اِنجن جو پٹرول اور گیس کے اِختلاط سے چلتا ہے۔ جیٹ اِنجن والے ہوائی جہاز کافی بُلندی پر اُڑ سکتے ہیں اور بہت تیز رفتار ہوتے ہیں۔

جیٹھ (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) شوہر کا بڑا بھائی (۲) ہندی سال کا دُوسرا مہینا جو ۱۵ مئی سے ۱۵ جون تک ہوتا ہے (۳) پہلے پیدا شُدہ (۴) سردار۔ پہلوان۔ جمع: جیٹھ۔ جیٹھوں۔

جیٹھ جِٹھانی دیورا، سب مطلب کے میت۔ مطلب بِن کوئی بھی رکھے نہیں پریت (ہ۔ مثل) دُنیا میں سب اپنی غرض سے اُنسیت اور محبت ظاہر کرتے ہیں۔

جیٹھ جیٹھے، اساڑھ ہیٹے (ہ۔ مثل) فصل اُٹھانے میں جیٹھ کا مہینا اچھا ہوتا ہے۔ اساڑھ اتنا اچھا نہیں ہوتا۔

جیٹھ کے بھروسے پیٹ (ہ۔ مثل) پرائے بھروسے کام کرنا۔

جیٹھا (جے۔ ٹھا) (ہ۔ صف) (۱) جیٹھ کے مہینے کی پیدائش (۲) پہلوٹھی کا بچہ (۳) سب سے اُونچا۔ سب سے بڑا (۴) پیلا رنگا ہوا۔

جیٹھانی (جے۔ ٹھا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) شوہر کے بڑے بھائی (جیٹھ) کی بیوی۔ نیز دیکھئے جِٹھانی۔ جمع: جیٹھانیاں۔ جیٹھانیوں۔

جیجا (جی۔ جا) (ہ۔ ا۔ مذ) بہن کا خاوند۔ بہنوئی۔

جیجا کے مال پر (سالی متوالی) سالے متوالے (ہ۔ مثل) دُوسرے کے مال پر شیخی بگھارنا۔

جیجی (جی۔ جی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بہن۔ ہمشیر۔ خواہر (۲) پستان۔ چھاتی۔

جیِّد (جَیْ۔ یِد) (ع۔ صف) (۱) خالص۔ کھرا (۲) زبردست۔ زور آور۔

جیدھر (جی۔ دھر) (ق۔ متعلق فعل) جدھر کی قدیم شکل۔

جیسا (جے۔ سا) (ہ۔ ا۔ موصول) (۱) جس طرح کا۔ جس صورت کا (۲) جس ڈھنگ کا۔ جس طریقے کا۔

جیسا باپ ویسا بیٹا (اَر۔ مثل) اولاد پر خاندان کا اثر ہوتا ہے۔

جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے (اَر۔ مثل) جیسے کام کرو گے ویسا ہی اُن کا پھل ملے گا۔

جیسا تیسا (ہ۔ متعلق فعل) جس طرح کا ممکن ہو ویسا ہی۔ نہ بھلا نہ بُرا۔

جیسا تیرا لینا دینا ویسا میرا کام کاج (اَر۔ مثل) جیسی مزدوری دو گے ویسا ہی کام ہو گا۔

جیسا چاہئے (ہ۔ متعلق فعل) (۱) پسند کے مطابق (۲) مُناسب۔ موزوں (۳) موقع محل کے مطابق (۴) جیسے ہونا چاہئے۔ بھرپُور۔

جیسا دودھ ویسی بدھ (ہ۔ مثل) عقل (بُدھ) دُودھ (خاندان) کے مطابق ہوتی ہے۔

جیسا دیس ویسا بھیس (ہ۔ مثل) جس ملک میں رہنے کا اِتفاق ہو وہاں کے طور طریقوں کی پابندی کرنی چاہئے۔

جیسا راجا ویسی پرجا (ہ۔ مثل) جیسا حاکم ہوتا ہے ویسی اُس کی رعایا ہوتی ہے۔

جیسا سُوئی چور ویسا بجّر چور (ہ۔ مثل) چوری ہر صُورت میں بُری ہے، خواہ چھوٹی سے چھوٹی چیز کی ہو یا بڑی سے بڑی چیز کی۔ (بجّر جواہرات کو کہتے ہیں)۔

جیسا کا تیسا (ہ۔ صف) دیکھئے جیسے کا تیسا۔

جیسا کرنا ویسا بھرنا (جیسا کرو گے ویسا بھرو گے (پاؤ گے)۔

جیسا کیا ویسا پایا (اَر۔ مثل) اِنسان جیسا کرتا ہے ویسا ہی نتیجہ نکلتا ہے۔ بدی کا بدلہ بد اور نیکی کا نیک۔

جیسا کَن بھر ویسا مَن بھر (ہ۔ مثل) تھوڑی سی چیز دیکھ کر اُس کی پُوری مقدار کی اچھائی بُرائی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ (کَن: ذرّہ)۔

جیسا کہ (ہ۔ حرف ربط) جس طرح کہ۔

جیسا مُنہ ویسا تھپّڑ (اَر۔ مثل) کوئی جیسا کام کرتا ہے ویسا ہی پھل ملتا ہے۔

جیسا مُنہ ویسی بات (اَر۔ مثل) اِنسان اپنی قابلیت اور صلاحیت کے مطابق بات کرتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جَیسی (جَے۔سی) (ہ۔صف) جیسا کی تانیث۔ جس طرح۔ جس طرح کی۔ جس موقع کی۔
جیسی پڑی ویسی سہی (اَر۔مثل) ہر طرح کی تکلیف اور مصیبت برداشت کرنا پڑی۔
جیسی دائی آپ چھنال، ویسے جانے سب سنسار (ہ۔مثل) بُرے آدمی کو دُوسرے لوگ بھی بُرے نظر آتے ہیں۔
جیسی روح ویسے فرشتے (اَر۔مثل) بُرا آدمی اپنے ہی جیسے بُرے لوگ اور بُری چیزیں پسند کرتا ہے۔
جیسی کرنی ویسی بھرنی (ہ۔مثل) جیسا کام کروگے ویسا نتیجہ نکلے گا۔
جیسی کہے ویسی سُنے (اَر۔مثل) اِنسان اچھی بات کا اچھا جواب اور خراب بات کا خراب جواب پاتا ہے۔
جیسی گئی تھیں ویسی آئیں، حق مہر کا بوریا لائیں (اَر۔مثل) شادی ناکام ہوئی۔ مقدر پھوٹا ہے۔
جیسی مائی ویسی جائی (ہ۔مثل) جیسی ماں ویسی بیٹی۔
جیسی نیت ویسی مُراد (اَر۔مثل) بُری نیت سے کیا ہوا کام بگڑ جاتا ہے۔ اچھی نیت سے کیا جائے تو سنورتا ہے۔
جَیش (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔ جمع: جُیُوش۔
جِیغہ (جی۔غہ)(ت۔ا۔مذ) ایک مرصّع زیور جو پگڑی پر باندھا جاتا ہے۔ کلغی۔
جِیفہ (جی۔فہ)(ع۔صف) مُردار۔ سڑا ہوا۔
جی گڑ (جی گھڑ) (ہ۔ا۔مث) پانی رکھنے کا گھڑا۔
جیل (Jail) (انگ۔ا۔مذ) قید خانہ۔ زندان۔ بندی خانہ۔
جیل خانہ (اَر۔ا۔مذ) قید خانہ۔ زندان۔
جِیلانی (جی۔لا۔نی)(ع۔صف) بغداد کے نواحی گاؤں جیلان سے منسوب۔ نیز دیکھئے گیلانی۔
جیلر (Jailer)(انگ۔ا۔مذ) جیل کا داروغہ۔ جیل خانے کا سب سے بڑا افسر۔
جیلی (Jelly) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی غذا جو گوشت اور پھلوں سے تیار کی جاتی ہے۔
جیلی فش (Jelly Fish)(انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی مچھلی جس کا جسم نہایت سفید اور شفاف ہوتا ہے۔
جَیلی (جے۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گھاس اکٹھی کرنے کا تین شاخوں والا آلہ (۲) معدے یا پیٹ کے اُوپر کی چربی دار جھلّی۔
جَین مت (س۔ا۔مذ) ہندوستان کے ایک مذہب کا نام جو پانچویں صدی قبل مسیح میں نکلا تھا۔ یہ ویدوں کو نہیں مانتا اور جانداروں کو مارنے کے خلاف ہے۔
جِینا (جی۔نا)(ہ۔مص) (۱) زندہ رہنا (۲) زندگی گزارنا۔
جَینی (جے۔نی)(س۔صف) جَین مت کا پیرو۔

جِینے (جی۔نے) جینا کی مُغیّرہ شکل۔
جینے دینا (اَر۔محاورہ) زندہ رہنے دینا۔
جینے سے تنگ (آنا) ہونا (اَر۔محاورہ) زندہ رہنے کو جی نہ چاہنا۔ مُصیبتوں کی وجہ سے زندگی سے بیزار ہو جانا۔
جینے کے لالے پڑنا (اَر۔محاورہ) زندگی کی اُمید نہ رہنا۔
جینیئس (جی۔نی۔اَس) (Genius) (انگ۔صف) نابغہ روزگار۔ نہایت ہوشیار اور ذہین۔ اعلیٰ تخلیقی صلاحیتوں کا مالک۔ عبقری۔
جِیو (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ)(۱) زندگی۔ حیات (۲) رُوح (۳) جاندار۔ زندہ (۴) محبوب۔
جیو آتما (س۔ا۔مث) رُوح۔ جان۔
جیوتش (جیو۔تش)(س۔ا۔مذ) دیکھئے جوتش۔
جیودان (س۔ا۔مذ) جان کی قربانی۔
جیوہتیا (س۔ا۔مث) جاندار کا قتل۔
جیو (جی۔او)(اَر۔دُعا)(۱) زندہ باد! جیتے رہو! (۲) خوش رہو!
جیوٹ (جی۔وٹ) (ہ۔صف) (۱) دلیر۔ بہادر۔ جی دار (۲) (ہ۔ا۔مث) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔
جیوٹ کرنا (ہ۔محاورہ) ہمّت کرنا۔ دلیری دکھانا۔
جیوجِتسو (Jugitsue) (جاپانی۔ا۔مذ) ایک قسم کی جاپانی کُشتی جس میں پہلوان اپنے حریف کے نرم و نازک مقامات پر ضرب لگاتا ہے۔
جیوری (Jury) (انگ۔ا۔مث) چیدہ اَشخاص کی وہ جماعت جو مُقدّمے کی سماعت میں عدالت کی اِمداد کرتی ہے۔
جیوڑا (جیو۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دِل۔ جی۔ جان (۲) مرضی۔ خوشی۔ منشا (۳) وہ اَناج جو کمیروں کو دیا جاتا ہے۔
جیوڑا جانا (نکلنا) (ہ۔محاورہ) مر جانا۔
جیوڑا دہل جانا (ہ۔محاورہ) ڈر جانا۔
جیوڑی (جیو۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) رَسّی۔ ڈوری (۲) حشرات الارض۔
جُیُوش (جُ۔یُوش)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے جیش جس کی یہ جمع ہے۔
جیومیٹری (Jeometry) (انگ۔ا۔مث) عِلمِ ریاضی کی ایک شاخ۔ عِلم اقلیدس۔ مساحت۔
جِیُوں (ق۔حرفِ تشبیہ) جُوں۔ مانند۔ مثل۔
جِیون (جی۔وَن)(ہ۔ا۔مذ) زندگی۔ وجود۔ حیات۔
جیون ساتھی (ہ۔صف) رفیقِ حیات۔ رفیقۂ حیات۔
جِیوے (جی۔وے)(ہ۔کلمۂ دُعا) جیے کی قدیم شکل۔ جیتا رہے۔ زندہ رہے۔ زندہ باد۔
جیوے میرا بھائی، گلی گلی بھر جائی (ہ۔مثل) بھائی زندہ رہے۔ بھاوجوں کی کمی نہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چ

چ (چے) (ف۔ا۔مث) اُردو کا آٹھواں' فارسی کا ساتواں اور ہندی کا چھٹا حرف۔ اِسے جیم فارسی بھی کہتے ہیں۔ عربی میں یہ حرف نہیں ہے۔ حروف اَبجد میں یہ جیم سمجھا جاتا ہے اور اِس کے تین عدد ہی شمار کئے جاتے ہیں۔ اِس کی آواز تالو سے نکلتی ہے۔

چ۔ا

چا (ہ۔ا۔مذ) چاؤ اور چاہ کا مُخفف۔

چاب (ہ۔ا۔مث) جب کوئی سفر سے واپس آتا تو اُس کے کُنبے والے دھوئے تل' چاول اور شکر سینیوں میں لگا کر بھیجتے تھے اور اُسے چاب کہا کرتے تھے (۲) چبائی جانے والی چیز (۳) مندر کا چڑھاوا (۴) (ہ۔فعل) مصدر چابنا کا اَمر۔

چابُک (چا۔بُک) (بضم با) (ف۔صف) (۱) تیز۔ پُھرتیلا۔ چُست۔ چالاک۔ ہشیار۔ چوکنّا (۲) (ف۔ا۔مذ) کوڑا۔ تازیانہ۔ ہنٹر۔ چھنی۔

چابُک خرام (ف۔صف) تیز رفتار۔ تیز رو۔

چابُک دست (ف۔صف) وہ آدمی جو ہاتھ کے کام میں چالاک ہو۔ مشّاق۔ ہنر مند۔

چابُک دستی (ف۔ا۔مث) چالاکی۔ ہشیاری۔ کاریگری۔

چابُک سوار (ف۔ا۔مذ) گھوڑا سدھانے والا۔ ماہر اور مشّاق گھڑ سوار۔

چابُک سواری (ف۔ا۔مث) گھوڑا پھیرنے یا سدھانے کا ہُنر یا پیشہ۔

چابُک عِناں (ف۔صف) (۱) تیز رو سوار (۲) تیز گھوڑا۔

چابُکی (چا۔بُ۔کی) (ف۔ا۔مث) چالاکی۔ تیزی۔ پُھرتی۔ چُستی۔

چابنا (چاب۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے چبانا۔

چابی (ہ۔ا۔مث) پُرتگالی چاوی کا مہنّد۔ کُنجی۔ کلید۔ تالی۔

چاپ (ہ۔ا۔مث) پاؤں کی آہٹ یا آواز (۲) کمان۔

چاپ (ف۔ا۔مذ) چھاپا۔ چھاپ۔

چاپَٹ (چا۔پَٹ) (ہ۔ا۔مث) غلّے کے وہ ٹکڑے جو پسنے سے رہ جائیں (۲) بھوسی۔ چوکر۔

چاپچی (چاپ۔چی) (ف۔صف) چھاپنے والا۔ طابع۔ پرنٹر۔

چاپلُوس (چاپ۔لُوس) (ف۔صف) خوشامدی۔

چاپلُوسی (چاپ۔لُو۔سی) (ف۔ا۔مث) خوشامد۔ بے جا تعریف۔

چاتُر (چا۔تُر) (ہ۔صف) (۱) کاری گر۔ ہنر مند (۲) عیّار۔ مکّار۔ چالاک (۳) بہادُر۔ دلیر۔

چاتُر تو بَیری بھلا' مُورکھ بھلا نہ میت (ہ۔مقولہ) دانا دُشمن نادان دوست سے بہتر ہوتا ہے۔

چاٹ (ہ۔ا۔مث) (۱) زبان کا ذائقہ تبدیل کرنے کی غرض سے کسی چٹ پٹی چیز کا اِستعمال (۲) چسکا۔ عادت۔ لپکا (۳) چٹ پٹی چیز (۴) چاٹنا مصدر کا اَمر۔

چاٹ پر لگانا (اَر۔محاورہ) کسی کو کسی چیز کا عادی بنا دینا۔

چاٹ پڑنا (اَر۔محاورہ) چسکا پڑنا۔ لت پڑنا۔ عادت ہونا۔

چاٹ جانا (اَر۔محاورہ) صاف کر دینا۔ سب کھا جانا۔ ختم کر دینا۔

چاٹ دینا (اَر۔محاورہ) لالچ دینا۔

چاٹ لگنا (اَر۔محاورہ) چسکا پڑنا۔ عادت پڑنا۔

چاٹنا (چاٹ۔نا) (ہ۔مص) کسی رقیق چیز کو زبان سے پونچھ کر کھانا۔

چاٹی (ہ۔ا۔مث) دودھ کی ہانڈی۔ مٹّی کا بڑا برتن جس میں دودھ بلوتے ہیں۔

چاٹیا (چاٹ۔یا) (ہ۔صف) (۱) چٹورا (۲) بہت کھانے والا (۳) حریص۔ لالچی۔

چاچا (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے چچا۔

چاچَر (چا۔چَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خوشی کا گانا اور ناچ (۲) خوشی کے گیت (۳) ہولی کے موقع پر ڈنڈے بجانا اور اُس کی آواز کے ساتھ ناچنا اور گانا (۴) ایک میلا جو ہولی کے بعد ہوتا ہے۔

چاچی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے چچی۔

چادَر (چا۔دَر) (ف۔ا۔مث) (۱) مستطیل یا مربّع دبیز کپڑا جو سر کے اُوپر یا دوپٹے کی جگہ لیا جائے (۲) پلنگ پر بچھانے کا کپڑا (۳) شال (۴) چادر کی شکل کی لڑیوں میں گندھے ہوئے پھول جو قبر پر ڈالے جاتے ہیں (۵) کسی دھات کے لمبے چوڑے اور پتلے ٹکڑے یا پترے (۶) پانی کی چوڑی دھار۔ اَر جمع: چادروں۔ چادریں۔

چادر اُتارنا (اَر۔محاورہ) عزّت اُتارنا۔ عورت کو بے پردہ کرنا۔

چادر اُڑھانا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی کے سر پر چادر ڈالنا (۲) بیوہ سے نکاح کرنا۔

چادر بچھانا (اَر۔مص مُرکب) فرش یا پلنگ پر چادر ڈالنا۔

چادر پڑنا (اَر۔محاورہ) چھپ جانا۔ پوشیدہ ہونا۔

چادر تان کر سونا (اَر۔محاورہ) (۱) بے فکر ہو کر سونا (۲) اِطمینان سے زندگی گزارنا۔

چادر تھوڑی پاؤں پھیلائے بہت (اَر۔مثل) آمدنی کم اور خرچ زیادہ۔

چادر جوڑا (اَر۔ا۔مذ) (۱) پشمینے کی دو چادریں (۲) دوہری شال۔

چادر چڑھانا (اَر۔محاورہ) کسی بُزرگ کے مزار پر کپڑے یا پُھولوں کی چادر ڈالنا۔

چادر چھپّول (چھ۔پّو۔وَل) (اَر۔ا۔مذ) بچّوں کا ایک کھیل جس میں دو گروہ بنتے ہیں۔ ایک گروہ کے کسی لڑکے کو چادر میں لپیٹ کر بٹھا دیتے ہیں اور دُوسرے گروہ کے لڑکوں سے اِس کا نام دریافت کرتے ہیں۔ اگر ٹھیک بتا دیا جائے تو بتانے والا لپٹے ہوئے لڑکے کو جورو بنا کر لے جاتا ہے اور اُس کے ساتھی دُوسرے گروہ کے لڑکوں کی چڈھی لیتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چادر چھت (اَ۔ اِ۔ مث)(۱) چھت کا کپڑا (۲) جستی چادر کی چھت۔
چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا (اَ۔ محاورہ) اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرنا۔
چادر ڈالنا (اَ۔ محاورہ) دیکھئے چادر اُڑھانا۔
چادر سے باہر پاؤں پھیلانا (اَ۔ محاورہ) بساط سے بڑھ کر کام کرنا۔
چادر ہلانا (اَ۔ محاورہ)(۱) لڑائی کی حالت میں مغلوب فوج کا چادر ہلا کر اعترافِ شکست کرنا اور پناہ چاہنا (۲) فریاد کرنا (۳) لوگوں کو جمع کرنے کی نشانی۔
چادرا (چا۔ دَ۔ را)(اَ۔ اِ۔ مذ) بڑا اور چوڑا دو پاٹ کا دوپٹا۔ بڑی چادر۔
چار (ہ۔ ف۔ اِ۔ عدد)(۱) تین اور ایک یا دو اور دو (۲) چند (۳) چارہ کا مخفف۔
چار آدمی (اَ۔ اِ۔ مذ) چند آدمی۔ دو چار بھلے مانس۔ پنچ۔
چار آئینہ (ف۔ اِ۔ مذ) ایک قسم کی زرہ بکتر۔
چار ابرو کا صفایا کرنا (اَ۔ محاورہ) سر، بھوؤں، مونچھوں اور ڈاڑھی منڈا دینا۔
چار (اَجساد) اَرکان (اَ۔ اِ۔ مذ)(۱) چار عنصر: مٹی، ہوا، پانی اور آگ (۲) اربعہ عناصر۔
چار اَسباب (اَ۔ اِ۔ مذ) چار علتیں: مادّی، فاعلی، صوری، غائی۔
چار اُنگلیاں اُٹھانا (اَ۔ محاورہ) اِشارے سے سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا۔
چار اُنگلیاں سر پر نہ رکھنا (اَ۔ محاورہ) سلام تک نہ کرنا۔ سلام کے لئے ہاتھ تک نہ اُٹھانا۔
چار باغ (ف۔ اِ۔ مذ) وہ شال یا رُومال جس کے چاروں گوشوں پر چار رنگ کے گل بُوٹے کڑھے ہوتے ہیں (۲) چوکھونٹا باغ۔
چار (بالش) بالِشت (اَ۔ اِ۔ مذ)(۱) امیروں کا گاؤ تکیہ جو چار بالشت لمبا ہوتا تھا (۲) تخت۔ گدی۔ مسند۔ کرسی (۳) عناصر اربعہ۔
چار بانگ (اَ۔ صف)(۱) ہوشیار۔ عقل مند (۲) چست۔ چالاک۔
چار بند (ف۔ اِ۔ مذ)(۱) پُشت کے چاروں جوڑ (۲) پُشت کا دائیں بائیں، نیچے اور اُوپر کا حِصّہ۔
چار بَیتی (چار بَیت) (ف۔ اِ۔ مث) رُباعی۔ شاعری کی ایک صنف جو چار مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔
چار بیسی (اَ۔ اِ۔ عدد) اَسّی۔ ۸۰۔
چار پانچ (اَ۔ صف)(۱) چند (۲)(اَ۔ اِ۔ مذ و مث) جھگڑا۔ حیل و حجت۔ غذر۔
چار پانچ (کرنا) لانا (اَ۔ محاورہ) حیلہ کرنا۔ بدذاتی کرنا۔ شرارت کرنا۔
چار پارچے کا خِلعت (اَ۔ اِ۔ مذ) وہ خلعت جس میں چار قیمتی کپڑے ہوتے ہیں۔
چارپائی (اَ۔ اِ۔ مث)(۱) کھاٹ۔ کھٹیا۔ چھوٹا پلنگ۔ پلنگڑی (۲)(مجازاً) لاش۔ جنازہ۔ جمع: چارپائیاں۔ چارپائیوں۔
چارپائی پر پڑنا (اَ۔ محاورہ) بیمار ہونا۔ صاحب فراش ہونا۔
چارپائی سے پیٹھ لگ جانا (اَ۔ محاورہ)(۱) کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا (۲) بیمار کا بہت کمزور ہو جانا۔
چارپائی کا بولنا (اَ۔ محاورہ) بیٹھنے یا اُٹھنے سے چارپائی سے آواز نکلنا۔
چارپائی کاٹ دینا (اَ۔ محاورہ) بیمار اُٹھنے بیٹھنے سے معذور ہو جائے تو اُس کے پاخانہ کرنے کے لئے چارپائی کے بان کاٹ دینا۔
چارپائی کے بان توڑنا (اَ۔ محاورہ) ہر وقت پلنگ پر لیٹے رہنا۔ کاہل ہو جانا۔ سُست ہونا۔
چارپائی میں کان نکلنا (اَ۔ محاورہ) چارپائی کا سیل یا نمی کے باعث ٹیڑھا ہو جانا۔
چارپائی والا (اَ۔ اِ۔ مذ)(کنایۃً) کھٹمل۔
چارپایہ (ف۔ اَ۔ اِ۔ مذ) چوپایہ۔ چار پاؤں کا جانور۔ ڈھور ڈنگر۔
چار پہر دن (اَ۔ اِ۔ مذ) پورا دن۔
چار پہر رات (اَ۔ اِ۔ مث) پوری رات۔
چار پیسے (اَ۔ اِ۔ مذ) مال و دولت۔
چار پیسے پاس ہونا (اَ۔ محاورہ) امیر ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔
چار پیسے سے خوش (اَ۔ صف) کھاتا پیتا۔ آرام سے زندگی گزارنے والا۔
چار پیسے کے لئے (اَ۔ متعلق فعل) تھوڑے مال کے لئے۔
چار تار (اَ۔ اِ۔ مذ)(۱) چار جوڑے۔ چار کپڑے (۲) چار گہنے۔ چار زیور۔
چار تال (اَ۔ اِ۔ مذ) چوتالا۔ طبلے کی ایک تال یا گت۔
چار تخم (ف۔ اِ۔ مذ) ریحان، اسبغول، بالنگو اور خرفہ کے بیج جو پیچش میں استعمال کئے جاتے ہیں۔
چار تکبیر (ف۔ ع۔ اِ۔ مث) نمازِ جنازہ۔
چار تِگ (ف۔ اِ۔ مذ)(۱) چار قدم (۲)(صف) سرپٹ۔
چار ٹوک (اَ۔ اِ۔ مذ) چار ٹکڑے والا۔ چوکھنڈا۔ چار پھانک۔
چار جامہ (ف۔ اِ۔ مذ)(۱) کپڑے کا زین جس میں لکڑی نہیں ہوتی (۲)(صف) تہ بند باندھے ہوئے اور باقی بدن ننگا۔
چار جائی (اَ۔ اِ۔ مث) فاحشہ۔ بدکار۔
چار چالے (اَ۔ اِ۔ مذ) نئی دُلہن شادی کے بعد چار مرتبہ پہلے مہینے میکے میں مختلف رشتے داروں کے یہاں مہمان ہوتی ہے۔ رشتے دار اُسے ہر پھیرے میں کپڑوں کا جوڑا اور کچھ نقدی دیتے ہیں۔
چار چاند لگانا (اَ۔ محاورہ) عزّت بڑھانا۔ شان و شوکت بڑھانا۔ خوبصورتی بڑھانا۔ آنکھوں پر بٹھانا۔
چار چاند لگنا (اَ۔ محاورہ) شان و شوکت بڑھنا۔ خوبصورتی بڑھنا۔
چار چشم (ف۔ صف)(۱) بے حیا۔ بے مُروّت۔ بے وفا۔ توتا چشم۔ وہ جانور جس کی آنکھوں کے اُوپر کی طرف سیاہ رنگ کے نشان ہوں خصوصاً کتّا۔
چار چلّو خون (لہو) بڑھنا (اَ۔ محاورہ) نہایت خوش ہونا۔
چار چوٹ کی مار (اَ۔ اِ۔ مث) سخت مار۔ شدید ضرب۔ لات، مُکّے، لکڑی اور کوڑے سے مارنا۔
چار چوٹ کی مار دینا (اَ۔ محاورہ) بہت مارنا۔
چار چھینٹوں میں دھو دینا (اَ۔ محاورہ) ذرا سی دیر میں کام کر دینا۔ تھوڑی سی توجّہ سے کام بنا دینا۔
چار حرف بھیجنا (اَ۔ محاورہ) لعنت کرنا (لعنت میں چار حرف ہیں)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چار خانہ (ف۔ا۔مذ)(۱) خانہ دار کپڑا (۲) شطرنج کی بساط میں درمیان کے چار خانے (۳) مویشی کا معدہ۔

چار دانت (اُر۔صف) چار سال کا جوان مویشی یا گھوڑا کیوں کہ اِس عُمر میں سامنے کے چار دانت نکل آتے ہیں۔

چار دانگ (اُر۔ا۔مذ)(۱) چاروں طرف۔کُل۔تمام (۲) دُنیا کی چار طرفیں (۳) دُنیا کا چھٹا حصّہ۔

چار دانے (اُر۔ا۔مذ) تھوڑا سا غلّہ۔

چار دن (اُر۔ا۔مذ) تھوڑے دن۔چند روز۔ذرا سی مدت۔

چار دن کی بادشاہی (اُر۔ا۔مث) چند روزہ حکومت۔چار دن کی بہار۔چند روزہ رونق۔

چار دن کی چاندنی (اُر۔ا۔مث) چند روزہ بہار۔عارضی رونق۔

چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ (اندھیری رات) (اُر۔مثل) چند روزہ عیش ہے پھر وہی تکلیف۔چند روز کی رونق پھر وہی بے رونقی۔

چار دن کی کوتوالی پھر وہی کُھرپا ڈُبی جالی (اُر۔مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کسی نالائق شخص کو عارضی رُتبہ مل جائے۔

چار دیوار (ف۔ا۔مذ) چار دیواری والے احاطے یا مکان کا رقبہ۔

چار دیواری (ف۔ا۔مث) شہر پناہ۔فصیل۔گھیرا۔احاطہ (۲) مکان کی چاروں دیواریں۔

چار روز (اُر۔ا۔مذ) چند روز۔مختصر سی مدت۔

چار روزہ (اُر۔صف) چند دن کی۔

چار زانو بیٹھنا (اُر۔محاورہ) آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

چار سُو (ف۔متعلق فعل) چاروں طرف۔شمال، جنوب، مشرق، مغرب۔ہر طرف۔

چار (چہار) شنبہ (ف۔ا۔مذ) بُدھ۔

چار ضرب (ف۔ا۔مذ)(۱) صوفیہ کا ایک ذکر جس میں دل، جگر، دماغ اور سینے پر اللہ اللہ کے لفظ کی ضرب لگاتے ہیں (۲) چوتالا رقص (۳) بیعت کے وقت قلندروں کا چار ابرو کا صفایا۔

چار عُنصر (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ چار اصل مجز جن سے موجودات کی ظاہری صورت نمودار ہوئی: آگ، پانی، ہوا، مٹی (زمانہ قدیم میں انہی کو اصل اور بُنیادی اجزا مانا جاتا تھا)۔

چار قدم (ف۔ع۔صف) بہت نزدیک۔تھوڑے فاصلے پر۔

چار قدم آگے چلنا (اُر۔محاورہ) غالب رہنا۔بڑھا رہنا۔

چار قُل (ف۔ع۔ا۔مذ) قرآن مجید کے تیسویں پارے کی چار سورتیں جو لفظ قُل سے شروع ہوتی ہیں (۱) سُورہ الکافرون (۲) سُورہ الاخلاص (۳) سُورہ الفلق (۴) سُورہ النّاس۔

چار کانے (اُر۔ا۔مذ)(۱) چوسر بازوں کی اِصطلاح میں ایک داؤ کا نام۔جب تینوں پاسوں میں چار نقطے اِس طرح آتے ہیں کہ ایک پاسے میں دو صفر اور دو پاسوں میں ایک ایک صفر آئے تو اُس کو چار کانے کہتے ہیں۔

چار کانے (آنا) پڑنا (اُر۔محاورہ) داؤں کا حسبِ مُراد نہ پڑنا۔

چار کپڑے زیادہ پھاڑے ہیں (اُر۔مثل)(۱) زیادہ تجربہ حاصل کیا ہے (۲) زیادہ عُمر پائی ہے۔

چار کھونٹ (اُر۔ا۔مث) دیکھئے چار سُو۔

چار کی مرضی (اُر۔ا۔مث) چند آدمیوں کی خوشی۔

چار کے کان آواز پڑنا (اُر۔محاورہ) شُہرہ ہونا۔چرچا ہونا۔

چار کے کاندھے پر (جانا) چڑھنا (اُر۔محاورہ) مرنے کے بعد جنازہ چار آدمیوں کے کاندھوں پر جانا۔

چار (گام) گامہ (ف۔ا۔مذ) تیز رفتار گھوڑا۔

چار گُنا (اُر۔ا۔صفتی) چوگنا۔

چار گوشہ (ف۔صف) چار کونوں والا۔چوکھونٹی چیز (۲) تابوت (۳) تختِ شاہی۔

چار مذہب (ف۔ع۔ا۔مذ) اہلِ سُنّت کے چار مسلک (۱) حنفی (فقہ امام ابو حنیفہؒ کے پیروکار) (۲) حنبلی (فقہ امام احمد بن حنبلؒ کے پیروکار) (۳) شافعی (فقہ امام شافعیؒ کے پیروکار) (۴) مالکی (فقہ امام مالکؒ کے پیروکار)۔

چار مغز (ف۔ع۔ا۔مذ) خربوزہ، کدو، کھیرا اور تربوز کے بیجوں کے مغز۔

چار منزل (ف۔ع۔ا۔مث) شریعت، طریقت، حقیقت، معرفت۔

چار (موج) موجہ (ف۔ا۔مذ) بھنور۔گرداب۔

چار میخ (ف۔ا۔مث) زمانۂ قدیم کی ایک عبرت ناک سزا جس میں ہاتھ پیروں میں چار میخیں ٹھونک دی جاتی تھیں۔سُولی۔

چار میں (اُر۔متعلق فعل) غیروں میں۔لوگوں میں۔

چار میں ہانڈی پکنا (اُر۔محاورہ) راز فاش ہونا۔

چار ہاتھ (اُر۔ا۔مذ)(۱) لمبائی میں چار ہاتھ (۲) قیاسی پیمائش۔

چار ہاتھ اُچھلنا (اُر۔محاورہ) بہت بے چین ہونا۔

چار ہاتھ کی زبان ہونا (اُر۔محاورہ) بہت زبان دراز ہونا۔گستاخ ہونا۔

چار یار (ف۔ا۔مذ) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چار بڑے صحابی۔حضرت ابو بکر صدیقؓ۔حضرت عمر فاروقؓ۔حضرت عثمان غنیؓ۔حضرت علی مرتضیٰؓ۔

چار یاری (ف۔ا۔مث)(۱) چار یار سے منسوب۔چار یاروں کو ماننے والا۔سُنّی (۲) خاص دوستوں کا مجمع (۳) کلّے کا روپیہ جو چوکور ہوتا ہے اور برکت کے لئے روپوں کی تھیلی میں رکھتے ہیں۔

چارا (ہ۔ا۔مذ)(۱) چوپایوں کی سبز خوراک۔گھاس، چری وغیرہ (۲) وہ چیز جو مچھلی کا شکار کرنے کی غرض سے کانٹے میں لگائی جاتی ہے (۳) چھوٹا پودا۔

چارا ڈالنا (اُر۔مص مُرکّب) مویشی کے آگے گھاس وغیرہ ڈالنا۔

چارا لگانا (اُر۔مص مُرکّب) مچھلی پکڑنے کے کانٹے میں کوئی چیز لگانا۔

چارا چُورا (ق۔ا۔مذ)(۱) زیور (۲) اَسباب۔

چارٹ (Chart) (انگ۔ا۔مذ) نقشہ۔خاکہ۔جدول۔اُرجمع: چارٹ۔چارٹوں۔

چارٹر (Charter) (انگ۔ا۔مذ) سند۔پروانہ۔منشور۔فرمان۔

چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ (انگ۔ا۔مذ) سند یافتہ محاسب۔

چارج (Charge) (انگ۔ا۔مذ)(۱) خدمت۔کارِ متعلقہ۔فرض۔سپردگی (۲) اِلزام۔تُہمت۔جُرم (۳) حملہ۔دھاوا۔

چارج شیٹ (Charge Sheet) (انگ۔ا۔مث) فردِ جُرم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چارکول (Charcoal) (انگ۔ ا۔ مذ) لکڑی کا کوئلہ۔

چارُولی (چا۔رُو۔لی) (ق۔ ا۔ مث) مغز۔ گری (اخروٹ وغیرہ کی)۔

چار و ناچار (ف۔ تابع فعل) مجبوراً۔ قہراً۔ زبردستی۔

چاروں (چا۔روں) (ہ۔ عددِ اِستغراقی) چار کے چار۔

چاروں پہر (ہ۔ ا۔ مذ) ہر وقت۔ اکثر اوقات۔

چاروں جگ (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کے مطابق چار زمانے (۱) ست جگ (۲) تریتا جگ (۳) دواپر جگ (۴) کل جگ۔

چاروں چوّل برابر ہونا (اُر۔ محاورہ) چاروں طرف سے ایک جیسا ہونا۔ مربّع ہونا (۲) موٹا تازہ ہونا۔

چاروں چوّلوں سے ٹھیک کر لینا (اُر۔ محاورہ) معاملے کو پورے طور سے دُرست کر لینا۔

چاروں شانے (خانے) چت ہونا (اُر۔ محاورہ) پچھڑ جانا۔ کُشتی میں پیٹھ کے بَل گر جانا۔ شکست کھانا۔

چاروں طرف (اُر۔ متعلق فعل) چار سُو۔ ہر طرف۔

چاروں مَت (ہ۔ ا۔ مث) علم موسیقی کے چار رُکن۔

چاروں ورن (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کی چار ذاتیں: برہمن، چھتری، ویش، شودر۔

چاروں وید (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کی چار مذہبی کتابیں: رگ وید۔ سام وید۔ یجر وید۔ اتھر وید۔

چارہ (چا۔رَہ) (ف۔ ا۔ مذ) علاج۔ تدبیر (۲) مدد (۳) درستی (۴) انجام۔

چارہ پرداز (ف۔ صف) چارہ کرنے والا۔

چارہ پذیر (ف۔ صف) جس کا چارہ ہو سکے۔ قابلِ علاج۔

چارہ جُو (ف۔ صف) علاج یا مدد تلاش کرنے والا۔ فریادی۔ داد خواہ۔

چارہ جوئی (ف۔ ا۔ مث) داد خواہی۔ دعویٰ کرنا۔ نالش کرنا۔

چارہ (ساز) گر (ف۔ صف) مُشکل آسان کرنے والا۔ کام بنانے والا (۲) معالج۔

چارہ (سازی) گری (ف۔ ا۔ مث) (۱) امداد۔ یاری (۲) علاج۔ معالجہ۔

چاڑ (ق۔ ا۔ مذ) (۱) شکوہ (۲) صدمہ (۳) چو (۴) زخم (۵) خواہش (۶) داغ (۷) سہارا (۸) پرواہ۔ پاس۔

چاڑی (ق۔ ا۔ مث) چغلی۔ اِلزام۔

چاڑی خور (ق۔ صف) چغل خور۔

چاشت (ش ساکن۔ ت موقوف) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پہر دن چڑھے کا وقت (۲) صبح کا کھانا۔ حاضری (۳) ایک نماز جو پہر دن چڑھے پڑھتے ہیں۔

چاشت خور (ف۔ صف) مُفت خورا جسے کھانے کی چیزیں بغیر کوشش کے حاصل ہو جائیں۔

چاشنی (چاش۔نی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) مزہ۔ ذائقہ۔ قوام۔ شیرہ (۲) نمونہ (۳) شربت کا تار۔ شربت کے پکنے کا اندازہ (۴) تھوڑی سی ملاوٹ (۵) سونے چاندی کو تھوڑا سا پگھلا کر اُن کی اَصلیت معلوم کرنا (۵) ثبوت (۶) مٹھاس اور کھٹاس ملی ہوئی (۷) ذرا سی شیرینی (۸) آم کے پودے میں جو پہلا پھل نکلتا ہے۔

چاشنی دار (ف۔ صف) کھٹ مٹھا۔ تُرش و شیریں۔

چاشنی گیر (ف۔ صف) بادشاہوں اور امیروں کے وہ مُلازم جو ہر کھانے کو پیش کرنے سے پہلے خود چکھتے ہیں تاکہ زہر کا اندیشہ نہ رہے۔ باورچی خانے کا داروغہ۔ بکاول۔

چاق (ت۔ ف۔ صف) (۱) صحیح۔ تن درست (۲) چالاک۔ چُست۔ پُھرتیلا۔ ہوشیار (۳) تر و تازہ۔

چاق چوبند (ت۔ ف۔ صف) تیز طرار۔ ہوشیار۔ تن درست۔ توانا۔

چاقو (چا۔قُو) (ف۔ ا۔ مذ) کاٹنے کا ایک آلہ جو اپنے دستے میں بند ہو جاتا ہے۔ چکّو۔ چاکو۔ جمع: چاقو۔ چاقوؤں۔

چاک (ف۔ صف) (۱) کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔ دریدہ (۲) دامن یا آستین کا کُھلا ہوا حِصّہ۔

چاک چاک (ف۔ صف) ٹکڑے ٹکڑے۔

چاکِ داماں (دامن) (ف۔ ا۔ مذ) دامن وغیرہ کا کُھلا ہوا حِصّہ۔

چاک دینا (ق۔ محاورہ) پھاڑنا۔ چیرنا۔ ٹکڑے کرنا۔

چاک کا ہنسنا (اُر۔ محاورہ) شگاف کُھلنا۔

چاک کرنا (اُر۔ محاورہ) پھاڑنا۔ چیرنا۔ پُرزے کرنا۔

چاک گریباں (بغیر اضافت) (ف۔ صف) جس کا گریبان پھٹا ہوا ہو۔ مُصیبت زدہ۔

چاک ہونا (اُر۔ محاورہ) پھٹنا۔ چِرنا۔

چاک (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کمہار کا پہیا جسے چکّر دے کر برتن بناتا ہے (۲) چرخے دار کنوئیں کی چرخی (۳) لکڑی کا چکّر جو کنوئیں کی تہ میں رکھتے ہیں (۴) گول کونڈا جس میں مصری یا قند جماتے ہیں (۵) وہ چیز جس سے کھلیان پر چھاپ لگاتے ہیں (۶) چکّی۔ چکّی کا پتھر۔ جمع: چاک۔ چاکوں۔

چاک کی طرح پھرنا (اُر۔ محاورہ) چرخ کی طرح گھومنا۔ چکّر کاٹنا۔

چاک (Chalk) (انگ۔ ا۔ مذ) کھریا مٹی۔ کھریا مٹی کا گول لمبا ٹکڑا جس سے تختۂ سیاہ پر لکھتے ہیں۔

چاکر (چا۔کَر) (ف۔ ا۔ مذ) نوکر۔ خادم۔ مُلازم۔ گھوڑے یا ہاتھی کا خدمت گار۔

چاکری (چاک۔رِی) (ف۔ ا۔ مث) مُلازمت۔ خدمت گاری۔ سیوا۔

چاکری میں آکری کیا (اُر۔ مقولہ) نوکری میں اکڑ نہیں چاہیے۔

چاکسو (چاک۔سُو) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کے سیاہ بیج جنہیں اُبال کر سفوف بناتے ہیں اور آشوبِ چشم کے مریض کی آنکھوں میں ڈالتے ہیں۔

چاکلیٹ (Chocolate) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک انگریزی مٹھائی۔

چاکنا (چاک۔نا) (ق۔ مص) چکھنا۔

چاکو (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھیے چاقو جس کی یہ تخریب ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چاکی (ہ۔ا۔مث)(۱) پٹے بازوں کی اِصطلاح میں وہ ضرب جو حریف کے سر پر گدکا پھرا کر بدن پر خالی جگہ دیکھ کر ماری جاتی ہے (۲) چکّی۔
چاکی پھیری' ہوئی چوُن کی ڈھیری (اُر۔مثل) محنت کرنے کا صِلہ مل کر رہتا ہے۔ چکّی چلانے سے چوُن (آٹا) نکل آتا ہے۔
چاکی کا ہاتھ مارنا (اُر۔محاورہ) بدن پر خالی جگہ دیکھ کر وار کرنا۔
چال (ہ۔ا۔مث)(۱) رفتار۔ حرکت۔ چلنے کا اَنداز (۲) گھوڑے کی رفتار۔ گھوڑے کا قدم (۳) روش۔ رویّہ (۴) طرز۔ طور۔ طریق (۵) عادت۔ سبھاؤ (۶) شطرنج کے مُہرے یا چوپڑ کی نرد کو ایک گھر سے دُوسرے گھر میں لے جانا (۷) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ گھات۔ تجویز (۸) عادت۔ رواج۔ رَسم (۹) ایک بحر یا وزن۔ ایک سُر (۱۰) ایک قسم کی مچھلی۔ جمع: چالوں۔ چالیں۔
چال اُڑانا (اُر۔محاورہ) پیروی کرنا۔ نقل کرنا۔ رنگ اُڑانا۔
چال باز (ف۔صف) چالاک۔ ہوشیار۔ عیّار۔ فریبی۔
چال بازی (ف۔ا۔مث) چالاکی۔ عیّاری۔ شرارت۔ چھل۔ فریب۔
چال بتلانا (بتانا) (اُر۔محاورہ) شطرنج میں مُہرے کو خاص اَنداز سے چلنے کا مشورہ دینا۔
چال پڑنا (اُر۔محاورہ) داؤں چل جانا۔ فریب یا دھوکا کامیاب ہونا۔
چال چلن (اُر۔ا۔مذ) طور طریقہ۔ رنگ ڈھنگ۔ روش۔ رویّہ۔ عادت۔ خصلت۔
چال چلنا (اُر۔محاورہ)(۱) برتاؤ کرنا۔ پیش آنا (۲) فریب دینا۔ جُل دینا (۳) صُورت یا وضع اِختیار کرنا (۴) شطرنج یا چوسر وغیرہ میں مُہرہ چلنا (۵) تدبیر کارگر ہونا۔ چال کامیاب ہونا۔
چال چوُکنا (اُر۔محاورہ) تدبیر غلط ہو جانا۔ سہو ہو جانا۔
چال دکھانا (اُر۔محاورہ)(۱) چلا جانا۔ سِدھارنا (۲) گھوڑے کا رفتار دِکھانا۔
چال ڈھال (اُر۔ا۔مث) رفتار۔ گفتار۔ طرز۔ روش۔ طور طریقہ۔ اَنداز۔
چال ڈھال میں بیس ہونا (اُر۔محاورہ) طرز یا روش میں بہتر ہونا۔
چال سُوجھنا (اُر۔محاورہ) تدبیر یا منصوبہ ذہن میں آنا۔
چال سوچنا (اُر۔محاورہ) شطرنج کا مُہرہ چلنے کے لئے دیر تک غور کرنا۔
چال سیکھنا (اُر۔محاورہ) کسی کی وضع اِختیار کرنا۔ کسی کے چلنے کا طریقہ اِختیار کرنا۔
چال سے نہ چوُکنا (اُر۔محاورہ) دھوکا دینے سے باز نہ آنا۔ شرارت کرنا۔
چال کرنا (اُر۔محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ چالاکی کرنا۔ داؤں کرنا۔
چال میں آنا (اُر۔محاورہ) دھوکے میں آنا۔ فریب میں آنا۔
چال ہونا (اُر۔محاورہ) چال کرنا کا لازم (۲) جوُئے میں اچھی چال پڑنا۔
چالا (ہ۔ا۔مذ)(۱) روانگی (۲) نئی دُلہن کا شادی کے بعد سُسرال سے چار بار میکے جانا (۳) سفر کرنے کی نیک ساعت۔ جمع: چالوں۔ چالے۔
چالا دیکھنا (اُر۔محاورہ) صورت دیکھنا (۲) نجوم کے قاعدے کے مطابق سفر کا وقت مقرّر کرنا۔

چالاک (ف۔صف)(۱) پھُرتیلا (۲) زیرک۔ ہوشیار۔ ذہین (۳) مکّار۔ فریبی (۴) کاری گر۔ ہُنرمند۔
چالاک دست (ف۔صف) ہوشیار۔ ہاتھ کی صفائی دِکھانے والا۔
چالاک دستی (ف۔ا۔مث) چالاکی۔ ہوشیاری۔ ہاتھ کی صفائی۔
چالاکی (ف۔ا۔مث)(۱) چستی۔ پھُرتی۔ تیزی (۲) ہوشیاری۔ ذہانت۔ دانائی (۳) عیّاری۔ مکّاری۔ اُر جمع: چالاکیاں۔ چالاکیوں۔
چالاکی کرنا (اُر۔محاورہ) دھوکا دینا۔ دھوکا دے کر کھسک جانا۔
چالان (ہ۔ا۔مذ)(۱) بیجک۔ بیچی ہوئی اَشیا کی فہرست (۲) مُرسلہ اَشیا کی رسید (۳) رسیدِ زر (۴) پروانۂ راہ داری۔ پاس۔ پاسپورٹ (۵) روانگی۔ اِنتقال (۶) پولیس کا رُودادِ تفتیش یا مُلزم کو مُنصف کے رُوبرو پیش کرنا۔ قانون کی خلاف ورزی پر بازپُرس (۷) ایک محکمے سے دُوسرے محکمے کو منتقلی۔
چالان کرنا (اُر۔محاورہ) پولیس کا قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف پرچہ چاک کرنا۔
چالان ہونا (اُر۔محاورہ) قانون کی خلاف ورزی پر عدالت میں حاضر ہونے کا حُکم ملنا۔
چالو (ہ۔صف) چلنے والا۔ رواں۔ مُروّج۔
چالی (ہ۔ا۔مث)(۱) گھوڑے کا زین (۲) بانس کی تیلیوں کا ٹھاٹھر یا ڈھانچا جو کشتی کی تہ میں لگاتے ہیں (۳) سپاہیوں کی گارد جو کسی کام پر مقرّر کی جائے۔ (۴)(مراٹھی) عمارت کی منزل (۵)(صف) شریر۔ دھوکے باز۔
چالیا (چا۔لِ۔یا)(ہ۔صف) چال باز۔ فریبی۔ شرارت کرنے والا بچّہ۔
چالیس (چا۔لِیس)(ہ۔ا۔عدد) بیس اور بیس۔ ۴۰۔
چالیس سیرا (اُر۔صف)(۱) چالیس سیر کا۔ من بھر کا (۲) بھاری۔ وزنی (۳) من کی پوری تول کا (۴) ٹھیک۔ دُرست۔ خالص۔ بے میل۔
چالیس سیرا اُوت (اُر۔مقولہ) پورا احمق۔ نہایت بے وقوف۔
چالیس سیری بات (اُر۔ا۔مث) جچی تلی بات۔ کھری بات۔
چالیس سیری تول (اُر۔ا۔مث) پوری تول۔ من کی پوری تول۔
چالیس قدم ساتھ آنا (اُر۔محاورہ) کچھ دُور ساتھ جانا۔ عموماً جنازے کے ساتھ کم از کم چالیس قدم جاتے ہیں۔
چالیسا (چالیسیا) (چا۔لی۔سا)(چالی۔سِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چالیس برس کی عُمر کا آدمی (۲) پہلوان جس نے چالیس پہلوانوں کو پچھاڑا ہو (۳) چالیس آدمیوں سے مُقابلہ کرنے یا چالیس آدمیوں کو مار ڈالنے والا بہادُر (۴) ۱۸۴۰ بکرمی کا قحط (۵) ایک چوُرن جس میں چالیس دوائیں اِستعمال کرتے ہیں (۶) چہلم کا فاتحہ۔
چالیسواں (چا۔لیس۔واں)(ہ۔صف)(۱) اُنتالیس کے بعد کا درجہ (۲) چالیس سے نسبت رکھنے والا (۳) چہلم۔ مُردے کے سوا مہینے کی فاتحہ۔
چالیسوں (ہ۔عددِ اِستغراقی) پورے چالیس۔ چالیس کے چالیس۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چالیسویں (یائے معروف)(ہ۔ عددِ ترتیبی) چالیسواں نمبرا۔ ۲ کی تانیث۔

چالیسویں (یائے دوم مجہول)(ہ۔ عددِ ترتیبی) اُنتالیس کے بعد کا۔ چالیس سے متعلق مثلاً چالیسویں روز۔

چالیں (ہ۔ا۔مث) چال کی جمع۔

چالیں بھول جانا (ار۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ سٹّی گُم ہو جانا۔ کچھ نہ سُوجھنا۔

چالیں چلنا (ار۔ محاورہ) دھوکا دینا۔

چام (ہ۔ا۔مذ) چمڑا۔ کھال۔

چام پیارا نہیں کام پیارا ہے (ار۔مثل) کسی کی صورت عزیز نہیں ہوتی۔ کام اور خدمت سے وقعت اور عزت ہوتی ہے۔

چام چڑکھ (ہ۔ا۔مث) چمگادڑ۔

چام کے دام (ار۔ تلمیح)(۱) چمڑے کا روپیہ (۲) وہ چمڑے کا رُوپیہ جو نظام سقّے نے اپنے نہایت مختصر عہدِ حکومت میں سونے کی کیل جڑ کر ہندوستان میں چلایا تھا (۳) کوئی چیز جو سستی خریدی جائے۔

چانپ (نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) بندوق کا وہ پُرزہ جو گُندے اور نال کو باہم جوڑتا ہے (۲) مصنوعی دانتوں کی کمانی (۳) کمان (۴) شکنجہ (۵) انگ Chop کا بگاڑ۔ بکرے وغیرہ کے سینے یا پُشت کے گوشت کے ٹکڑے۔ جمع: چانپوں۔ چانپیں۔

چانپیں چڑھانا (ار۔ محاورہ) قدیم ایام میں ملزموں کو سخت اذیت پہنچانے کی غرض سے اُن کے کانوں پر بندوق کی چانپیں چڑھائی جاتی تھیں۔

چانٹا (چاں۔ ٹا)(ہ۔ا۔مذ) تھپڑ۔ دھول۔ دھپّا۔ تمانچا۔ جمع: چانٹوں۔ چانٹے۔

چانٹا (رسید کرنا) مارنا (ار۔ محاورہ) تھپڑ مارنا۔

چانٹا (کھانا) لگنا (ار۔ محاورہ) تھپڑ پڑنا۔

چانٹی (چاں۔ ٹی)(ہ۔ا۔مث) وہ محصول جو پیشہ وروں سے وصول کیا جائے۔

چاند (نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) قمر۔ ماہ تاب۔ ماہ۔ مہ۔ چندرماں۔ زمین کا طفیلی سیارچہ (۲) ڈھال کا آہنی یا برنجی پھول (۳) ایک زیور جو ہلال نما ہوتا ہے (۴) جانوروں کی پیشانی کا سفید بڑا ٹیکا (۵) تاج (۶) چاند کی شکل جو رُومال پر بناتے ہیں (۷) وہ گول نشان جو چاند ماری کے واسطے لگایا جاتا ہے (۸) مہینے کا آخری دن (۹)(ار۔ا۔مث) کھوپڑی۔ چندیا۔

چاند آسمان چڑھا سب نے دیکھا (ار۔مثل) ظاہر بات چھپ نہیں سکتی۔

چاند بھر (ار۔ تابع فعل) پورا مہینا۔

چاند بھر جانا (ار۔ محاورہ) مہینا ختم ہو جانا۔

چاند پر خاک پڑنا (ار۔ محاورہ) بے عیب، نیک یا خوبصورت آدمی یا چیز میں عیب نکالنا۔ کسی بے عیب کو عیب دار ٹھہرانا۔

چاند پر خاک ڈالے اپنے مُنہ پر پڑے (ار۔مثل) اگر کسی معصوم پر عیب لگاؤ گے تو خود ذلیل ہو گے۔

چاند پر خاک نہیں پڑتی (ار۔مثل) بھلے بُرے نہیں ہو سکتے۔ اچھوں کو عیب نہیں لگ سکتا۔ ہنر چھپائے نہیں چھپتے۔

چاند تارا (ار۔ا۔مذ)(۱) پھول دار ململ۔ ایک قسم کا کپڑا جس پر چاند اور ستارے کی شکل کڑھی ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا کنکوا جس پر چاند ستارے کی شکل بنی ہوتی ہے (۳) ایک قسم کا زیور۔

چاند ٹیکا (ار۔ا۔مذ) پیشانی کا ایک زیور۔

چاند چڑھنا (ار۔ محاورہ)(۱) چاند کا بلند ہونا (۲) مہینا پورا ہونا (۳) پہلے روز کا چاند دِکھائی دینا (۴) ایامِ حیض کا ٹل جانا۔ حیض کا وقت گزر جانا (۵) حمل ٹھہرنے کی علامت ظاہر ہونا (۶) مہینے کی تنخواہ چڑھنا۔

چاند چڑھے کُل عالم دیکھے (ار۔مثل) دیکھئے چاند آسمان چڑھا سب نے دیکھا۔

چاند چُھپنا (ار۔ محاورہ) چاند کا غروب ہو جانا۔

چاند دار (ار۔ا۔مذ) پتنگ یا کنکل جس میں چاند بنا ہوا ہو۔

چاند دیکھنا (ار۔ محاورہ) پہلی رات کا چاند دیکھنا۔

چاند رات (ار۔ا۔مث) وہ رات جس میں ہلال نکلتا ہے۔

چاند سا چہرہ (چاند سا مکھڑا۔ چاند سا مُنہ) (ار۔صف)(۱) چاند سی شکل (۲) نہایت خوبصورت شکل۔

چاند سُورج (ار۔ا۔مذ)(۱) سلمے ستارے کے چاند اور سُورج جو ٹوپیوں پر لگائے جاتے ہیں (۲) ایک زیور جو عورتیں چوٹیوں میں لگاتی ہیں۔

چاند کا ٹکڑا (ار۔صف) نہایت حسین انسان۔ ماہ پارہ۔

چاند کا کھیت کرنا (ار۔ محاورہ) چاندنی چھٹکنا۔

چاند کدھر سے نکلا؟ (ار۔ حیرت کا کلمہ) آج تم کِدھر بُھول پڑے؟ کسی محبوب ہستی کے دیر بعد آنے پر کہتے ہیں۔

چاند کو (گہن) گرہن لگنا (ار۔ محاورہ)(۱) سُورج اور چاند کے درمیان زمین حائل ہو جانے کے باعث چاند کا نُور کم ہونا (۲) اچھی چیز میں عیب پیدا ہو جانا (۳) حُسن میں نقص واقع ہو جانا (۴) خوبصورت کی شادی بدصُورت سے ہو جانا (۵) بہت سی خوبیوں کے باوصف ایک آدھ عیب کا ہونا۔

چاند کھجلانا (ار۔ محاورہ) دھپ یا تھپڑ کھانے کو جی چاہنا۔

چاند گُزرنا (ار۔ محاورہ) مہینا گزرنا۔

چاند گنجی ہونا (ار۔ محاورہ) سر پر بال نہ رہنا۔

چاند (گہن) گرہن (ار۔ا۔مذ) سُورج اور چاند کے درمیان زمین حائل ہونے کی وجہ سے چاند پر سُورج کی روشنی نہ پڑنا۔

چاند گہن چُھٹنا (ار۔ محاورہ) چاند کا زمین کے سائے سے نکل جانا۔ چاند کا گہن صاف ہو جانا۔

چاند گہن میں آنا (ار۔ محاورہ) دیکھئے چاند کو گہن لگنا۔

چاند ماری (ار۔ا۔مث)(۱) بندوق یا تیر چلانے کی مشق (۲) وہ جگہ جہاں یہ مشق کی جاتی ہے (۳) وہ نشانہ جس پر نشانہ بازی کی مشق کی جاتی ہے۔

چاند محاق میں ہونا (ار۔ محاورہ) چاند کا گھٹنا۔ یہ پندرھویں رات سے شروع ہوتا ہے (۲) قمری مہینے کے آخری تین روز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چاند ہونا (اُر۔ محاورہ) پہلی رات کا چاند نظر آنا۔ نیا چاند چڑھنا۔
چاندا (چاں۔دا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پیائش کا وہ خاص مقام جہاں سے حدود بندی ہوتی ہے (۲) چھپر کا پاکھا۔
چاندن (چاں۔دَن)(ہ۔ا۔مذ) چاندنی رات کے پندرہ دن۔
چاندنا (چاننا) (چاند۔نا) (چان۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) روشنی۔ اُجالا (۲) پاکھ۔ سَدی (۳) چاندنی رات کا زمانہ (۴) زیبائش۔ رونق (۵) ایک قسم کا سفید بازو یا سفید پروں والا کبوتر (۶) ایک قسم کا تیتر۔
چاندنا (کر دینا) کرنا (اُر۔ محاورہ) چوری کر کے سب کچھ لے جانا۔ بالکل صفائی کر دینا۔
چاندنا (چاننا) ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) (۱) روشنی کا ظاہر ہونا۔ دن نکل آنا۔ پو پھٹنا (۲) آنکھوں کا چندھیا جانا۔ دماغی کمزوری یا صدمے کے سبب آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنے لگنا (۳) صفایا ہو جانا۔ ایسی چوری ہونا کہ گھر میں کچھ باقی نہ رہے (۴) رونق ہو جانا (۵) کسی مصیبت میں پھنس جانا۔
چاندنی (چاند۔نی)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) چاند کی روشنی (۲) ایک قسم کا سفید پھول (۳) وہ سفید چادر جو دری پر بچھائی جاتی ہے۔
چاندنی آنا (اُر۔ محاورہ) چاند کی روشنی کا کسی جگہ پڑنا۔
چاندنی اُترنا (اُر۔ محاورہ) چاند کا بلندی سے سرک کر پستی کی طرف آنا۔
چاندنی پڑنا (اُر۔ محاورہ) چاند کی روشنی پڑنا۔
چاندنی پھیلنا (اُر۔ محاورہ)(۱) چاندنی بڑھنا (۲) رونق ہونا۔
چاندنی چِٹنا (چِٹکنا۔چِھٹکنا) (اُر۔ محاورہ) چاندنی پھیلنا۔ چاند کی روشنی پھیلنا۔
چاندنی چُھپنا (اُر۔ محاورہ) چاندنی کا اوجھل ہو جانا۔
چاندنی ڈھلنا (اُر۔ محاورہ) چاندنی کا ہلکا ہونا۔ چاند کا زوال پر آنا۔
چاندنی رات (اُر۔ا۔مث) وہ رات جب تقریباً ساری رات چاندنی رہے۔ قمری مہینے کی چودھویں، پندرھویں اور سولھویں رات۔ شبِ ماہ۔ شبِ مہتاب۔
چاندنی صاف ہونا (اُر۔ محاورہ) چاندنی کا نکھرنا۔
چاندنی کا اثر ہونا (اُر۔ محاورہ) چاندنی پڑ جانے سے زخم کا اچھا نہ ہونا۔ زخم کا ہرا رہنا۔
چاندنی کا پھول (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا سفید پھول۔
چاندنی کا کھیت (اُر۔ا۔مذ) چھٹکی ہوئی چاندنی۔
چاندنی کا کھیت کرنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے چاندنی چِٹنا (چھٹکنا)۔
چاندنی کرن (ہ۔ا۔مذ) برہمنوں یا فقیروں کا مانگنے یا قرضہ مُعاف کرانے کی غرض سے اپنے آپ کو زخمی کرنا۔
چاندنی کو سونپنا (اُر۔ محاورہ) چاندنی مرطوب مزاج ہوتی ہے اور زخم کے حق میں مُضر ہے۔ اگر کوئی زخمی یا زچّہ کسی ایسی جگہ ہو جہاں چاندنی پہنچتی ہو اور اُس کو وہاں سے منتقل نہ کیا جا سکتا ہو تو چاندنی کا اثر دُور کرنے کے لئے سات پُولے جلا کر ایک آدمی کو گواہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں "ہم نے اِس زخمی کو تیرے سپرد کیا۔" دُوسرا آدمی کہتا ہے "میں اِس بات کا گواہ ہوا۔" یہ ایک ٹوٹکا تھا جو کسی زمانے میں مُروّج تھا۔
چاندنی کِھلنا (اُر۔ محاورہ) چاندنی پھیلنا۔ چاندنی چِٹکنا۔
چاندنی مار جانا (اُر۔ محاورہ) چاندنی کے اثر سے زخم خراب ہو جانا۔
چاندنی نکلنا (اُر۔ محاورہ) چاندنی کا ظاہر ہونا۔ چاندنی کِھلنا۔
چاندنی نِکھرنا (اُر۔ محاورہ) بارش کے بعد چاندنی کا صاف ہونا۔
چاندوا (چَندوا) (چاند۔وا) (چَند۔وا) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا شامیانہ یا سائبان (۲) کپڑے کی چھت (۳) شیشے کی بندی یا ستارہ جو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں (۴) ٹوپی کا بالائی گول حِصّہ۔
چاندی (چاں۔دی) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) نقرہ۔ سیم۔ ایک سفید دھات جس سے زیورات وغیرہ بنائے جاتے ہیں (۳) کامیابی۔ فائدہ۔ نفع (۴) مال۔ دھن۔ دولت۔
چاندی بنانا (اُر۔ محاورہ)(۱) مہوس یا کیمیاگر کا رانگے یا کسی ہلکی دھات کو چاندی کر دینا (۲) کام درست کرنا (۳) فائدہ کرنا۔
چاندی خانہ (ہ۔ف۔ا۔مذ) وہ مکان جہاں چاندی کے برتن بنتے ہیں۔
چاندی کا پہرا (اُر۔ا۔مذ) اِقبال مندی کا زمانہ۔ نیک ساعت۔
چاندی کا پیرا (اُر۔ا۔مذ) مبارک قدم۔
چاندی کا تار (اُر۔ا۔مذ) چاندی سے بنایا ہوا تار (۲) معمولی زیور۔
چاندی کا جُوتا سر پر (اُر۔ محاورہ) روپیہ دینے سے کام نکلتا ہے۔
چاندی کا وَرق (اُر۔ا۔مذ) چاندی کا کُٹا ہوا نہایت باریک پتر۔
چاندی (کر دینا) کرنا (اُر۔ محاورہ) سفید کر دینا۔ جلا کر راکھ کر دینا۔
چاندی کی بِسات نہیں سونے کی توفیق نہیں (اُر۔مثل) نہ یہ کر سکتے ہیں نہ وہ اِختیار میں ہے۔
چاندی ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) جل کر راکھ ہو جانا (۲) کامیابی ہونا۔ فائدہ ہونا۔
چانڈو (چاں۔ڈُو)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے چنڈو۔
چانس (Chance) (انگ۔ا۔مذ) اِتّفاق۔ موقع۔ اِمکان۔ اِحتمال۔ باری۔
چانسلر (Chancellor) (انگ۔ا۔مذ) یونیورسٹی کا سب سے اعلیٰ عُہدے دار۔
چانک (چانکا) (نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مُہر۔ ٹھپّا (۲) لکڑی کی تھاپی جس پر حروف کندہ ہوتے ہیں اور اِس سے کھلیان پر ٹھپّا لگاتے ہیں۔ نیز دیکھئے چاک۔
چانگلا (چانگ۔لا) (نون غنّہ) (ہ۔صف) (۱) تندرست۔ بھلا چنگا۔ صحت مند۔ مضبوط (۲) چالاک۔ چُست۔ ہوشیار (۳) گھوڑوں کا ایک رنگ۔ چتی دار۔
چاوَل (چا۔وَل)(ہ۔ا۔مذ) سفید غلّہ جسے اُبال کر کھاتے ہیں۔ دُنیا کی کثیر آبادی کی خوراک ہے۔ اِس کا اصل وطن چین ہے لیکن اب کم و بیش ہر ملک میں کاشت کیا جاتا ہے (۲) وہ زیرہ یا گری جو کسی نباتات یا غلّے سے نکالی جائے (۳) ایک رتّی کا آٹھواں حِصّہ۔ جمع: چاول۔ چاولوں۔
چاول چبوانا (اُر۔ محاورہ) مُشتبہ لوگوں کو کچّے چاول کِھلانا اور یہ کہنا کہ جو چور ہوگا اُس کے مُنہ سے خون نکل آئے گا۔ اِس تدبیر سے کچّے چور اِعتراف جُرم کر لیتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چاہ (ف ۔ ا ۔ مذ) کنواں۔ غار۔ گڑھا۔
چاہِ بابل (ف ۔ ا ۔ مذ) بابل (عراق) کا ایک بہت پُرانا کنواں جو بغداد سے جنوب کی طرف تقریباً پچپن میل کے فاصلے پر ہے۔ کہتے ہیں کہ اس میں دو فرشتے 'ہاروت و ماروت' اُلٹے لٹکے ہوئے ہیں۔ دیکھئے ہاروت و ماروت۔
چاہِ بیژن (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ کنواں جس میں شاہنامہ فردوسی کے مطابق افراسیاب نے بیژن کو قید کیا تھا۔
چاہِ خس پوش (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) وہ کنواں جسے چھپانے کے لئے گھاس پھوس سے ڈھک دیا گیا ہو (۲) مکر۔ فریب۔
چاہِ (ذقن) زنخداں (ف ۔ ا ۔ مذ) ٹھوڑی کا گڑھا۔
چاہِ رُستم (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ کنواں جس میں رُستم کو اُس کے بھائی شغاد نے گرا کر ہلاک کیا تھا۔
چاہِ زم زم (ف ۔ ع ۔ ا ۔ مذ) دیوار کعبہ سے ۳۳ گز کے فاصلے پر ۴ گز چوڑا اور ۲۹ گز گہرا کنواں۔ اس جگہ حضرت اسماعیلؑ کے ایڑیاں رگڑنے سے پانی کا چشمہ جاری ہو گیا تھا۔ آپ کی والدہ بی بی ہاجرہ نے اُسے دیکھا تو کہا "زم زم" یعنی ٹھہر جا۔ ٹھہر جا۔
چاہِ غب غب (ف ۔ ا ۔ مذ) رُخساروں کا گڑھا۔
چاہ کَن را چاہ در پیش (ک پر زبر) (ف ۔ مثل) دیکھئے جو کسی کے لئے کنواں کھودتا ہے اُس کے لئے کھائی تیار ہے۔
چاہِ نخشب (ف ۔ ا ۔ مذ) تُرکستان کے شہر نخشب کا وہ کنواں جس میں سے حکیم عطا ابن مقنع نے سیمابی اجزا کی ترکیب سے مصنوعی چاند نکالا تھا جو چار فرسنگ تک روشنی پہنچاتا تھا۔
چاہِ یُوسف (ف ۔ ا ۔ مذ) ملک شام میں طبریہ کے قریب وہ کنواں جس میں حضرت یوسفؑ کے سوتیلے بھائیوں نے اُنہیں پھینکا تھا۔
چاہ (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) خواہش۔ آرزُو (۲) محبت۔ اُلفت۔ عشق۔ دوستی (۳) اشتیاق۔ شوق (۴) مزہ۔ لطف۔ بھوک (۵) ضرورت۔ حاجت (۶) مانگ (۷) چاہنا مصدر کا اَمر۔
چاہا (چہا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک پرندہ۔
چاہت (چا ۔ ہَت) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) خواہش۔ طلب۔ ضرورت (۲) عشق۔ محبت۔ پیار۔ جمع: چاہتوں۔ چاہتیں۔
چاہنا (چاہ ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) محبت کرنا (۲) پسند کرنا۔ قبول کرنا (۳) قصد کرنا۔ ارادہ کرنا (۴) مانگنا۔ درخواست کرنا۔
چاہنے (ہ ۔ ا ۔ مذ) چاہنا کی مُتغیرہ صورت۔
چاہنے لگنا (اَر ۔ محاورہ) محبت کرنے لگنا۔
چاہنے والا (اَر ۔ صف) عاشق۔ پریمی۔ مُحِب۔
چاہو (چا ۔ ہو) (واو مجہول) (ہ ۔ حرفِ تردید) اگر دل چاہے۔ خواہ۔
چاہی (ف ۔ صف) (۱) چاہ سے منسوب (۲) وہ زمین جسے کنوئیں کا پانی سیراب کرتا ہے۔

چاہے (اَر ۔ حرفِ عطف) خواہ۔ اگر دل چاہے۔
چاہے دُنیا اِدھر کی اُدھر ہو جائے (اَر ۔ تاکید) کچھ ہی ہو۔ یہ ہو کر رہے گا۔
چاہیتا (چا ۔ ہی ۔ تا) (ہ ۔ صف) دیکھئے چہیتا۔
چاہیتی (چا ۔ ہی ۔ تی) (ہ ۔ صف) دیکھئے چہیتی۔
چاؤ (چا ۔ او) (ہ ۔ ا ۔ مذ) جوش۔ اَرمان۔ شوق۔ آرزُو (۲) ناز نخرہ۔ لاڈ پیار۔
چاؤ چوچلا (ہ ۔ ا ۔ مذ) ناز نخرہ۔ لاڈ پیار۔
چاؤ چوچلوں سے پالنا (اَر ۔ مثل) لاڈ پیار سے پرورش کرنا۔
چاؤ میں آنا (اَر ۔ محاورہ) کسی سے محبت کے سبب مغرور ہو جانا۔ نخرے کرنا۔ مزے میں آنا۔
چاؤ نکالنا (اَر ۔ محاورہ) اَرمان نکالنا۔ حسرت نکالنا۔ خواہش پوری کرنا۔
چاؤش (چا ۔ اُوش) (ف ۔ ا ۔ مذ) چوب دار۔ عصا بردار۔ نقیب۔
چاؤں چاؤں (چا ۔ اُوں ۔ چا ۔ اُوں) (ہ ۔ ا ۔ مث) چڑیوں کی وحشت کی آواز۔
چاؤں چاؤں کر کے پیچھے پڑنا (اَر ۔ محاورہ) شور مچا کر درپے ہو جانا۔
چائے (چا ۔ اے) (ف ۔ ا ۔ مث) ایک پودا جس کے پتوں کو جوش دے کر پیتے ہیں۔ اس کا اصل وطن چین ہے۔ چینی اسے ٹھا کہتے ہیں۔ نیز دیکھئے تھین۔ کیفین۔
چائے پانی (اَر ۔ ا ۔ مذ) (۱) ہلکا ناشتا (۲) رشوت۔
چائے (دانی) پوچی (اَر ۔ ا ۔ مث) وہ برتن جس میں چائے کا عرق رکھا جاتا ہے۔
چائیں چائیں (چا ۔ ایں ۔ چا ۔ ایں) (ہ ۔ ا ۔ مث) چڑیوں کی آواز۔ بے کار شور۔
چائیں مائیں (چا ۔ ایں ۔ ما ۔ ایں) (ہ ۔ ا ۔ مذ) لڑکوں کا ایک کھیل۔

چ ۔ ب

چبا (چَ ۔ با) (ہ ۔ فعل) چباتا کا اَمر (۲) چبنا کا ماضی مطلق۔
چبا جانا (ہ ۔ مص مُرکب) کھا جانا۔ دانتوں سے کچل ڈالنا۔
چبا چبا کر باتیں کرنا (اَر ۔ محاورہ) تکلف سے باتیں کرنا۔ صاف طور پر نہ بولنا۔
چبا ڈالنا (ہ ۔ مص مُرکب) کاٹ کھانا۔ دانتوں سے پیس ڈالنا۔
چبانا (چَ ۔ با ۔ نا) (ہ ۔ مص) دانتوں سے پیسنا۔ دانتوں سے کچلنا۔
چبڑ چبڑ (چَ ۔ بَڑ ۔ چَ ۔ بَڑ) (اَر ۔ ا ۔ مث) بک بک۔ بکواس۔
چبڑ چبڑ باتیں کرنا (اَر ۔ محاورہ) بے سوچے سمجھے باتیں کرنا۔
چبک (چَ ۔ بَک) (ہ ۔ ا ۔ مث) ٹیس۔ درد۔ پیڑ۔
چبکنا (چَ ۔ بَک ۔ نا) (ہ ۔ مص) ٹیس مارنا۔ زخم کا درد کرنا۔
چبِل (چِ ۔ بَل) (ہ ۔ صف) دیکھئے چبلا۔
چبِلا (چِ ۔ بَل ۔ لا) (ہ ۔ صف) (۱) چھچھورا۔ سفلہ (۲) مسخرہ۔ شرارتی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چبلاپن (ہ-ا-مذ) چھچھورا پن۔ سِفلہ پن۔ مسخرہ پن۔ شرارت۔

چبلانا (چب-لا-نا)(ہ-مص)(۱) دیکھئے چبانا (۲) صاف نہ بولنا۔

چبلی (چ-بَل-ی)(ہ-صف) چبلا کی تانیث۔ شریر۔ مسخری۔

چبنا (چب-نا)(ہ-مص) چبانا مصدر کا لازم۔ چبایا جانا۔

چبنی (چب-نی)(ہ-صف) جو چبائی جائے۔

چبنی ہڈی (ہ-ا-مث) کُرکری ہڈی۔ وہ ہڈی جو بُھر بُھری ہو۔

چبوانا (چب-وا-نا)(ہ-مص) چبانا کا متعدی المتعدی۔

چبوترا (چَ-بُو-تَ-را)(ہ-ا-مذ)(۱) مربع یا مُستطیل اُونچی جگہ جس پر لوگ بیٹھتے ہیں۔ چوترا (۲) کوتوالی۔ تھانہ (۳) منڈی (۴) محصول ادا کرنے کی چنگی (۵) عدالت۔ جمع: چبوتروں۔ چبوترے۔

چبوترا باندھنا (اَر-محاورہ) چبوترا بنانا۔

چبوترا (چڑھانا) چڑھنا (اَر-محاورہ) کوتوالی پہنچانا۔ معاملے کی کوتوالی میں رپورٹ ہونا۔

چبھانا (چُ-بھا-نا)(ہ-مص) دیکھئے چُبھونا۔

چبھتا (چُبھ-تا)(ہ-صف) چُبھتا ہوا۔ چُبھنے والا۔ اثر کرنے والا۔

چبھتی (چُبھ-تی)(ہ-صف) چُبھتا کی تانیث۔

چبھتی ہوئی بات (ہ-ا-مث) ایسی بات جو دُوسرے کے دل کو ناگوار گُزرے (۲) پتے یا بھید کی بات۔

چبھتی ہوئی سُنانا (اَر-محاورہ) کھری کھری سُنانا۔

چبھن (چُ-بھن)(ہ-ا-مث) کھٹک۔ درد۔ کسک۔

چبھنا (چُبھ-نا)(ہ-مص)(۱) کسی نکیلی چیز کا جسم میں داخل ہونا (۲) کھٹکنا۔ درد ہونا (۳) ناگوار گزرنا (۴) دِل کو لگنا۔ دِل پر اثر کرنا۔

چبھونا (چُ-بھو-نا)(ہ-مص) کسی نوک دار شے کا جسم میں داخل کرنا۔ بھونکنا۔ پیوست کرنا۔

چبینا (چَ-بی-نا)(ہ-ا-مذ)(۱) غلّے کے بُھنے ہوئے دانے (۲) کوئی چبائی جانے والی چیز۔

چبینی (چَ-بی-نی)(ہ-ا-مث)(۱) چبینا کی تانیث (۲) بُھنے ہوئے دانے جو مزدور یا غریب کھاتے ہیں (۳) بُھنے ہوئے دانے اور مٹھائی جو ہندو برات کو دیتے ہیں (۴) خشک خوراک جیسے تلی ہوئی دال' شکرپارے' مٹھائی وغیرہ۔

چ-پ

چپ (بالفتح)(ف-صف)(۱) بایاں۔ بائیں طرف۔ اُلٹے ہاتھ کی طرف (۲)(اَر) دو رنگ کا۔ دو رنگا (۳) پاؤں کی آواز۔ چاپ۔

چپ و راست (ف-صف) بایاں اور دایاں۔ دائیں بائیں۔ ہر طرف۔ اِدھر اُدھر۔

چُپ (بالضم)(ہ-ا-مث) خاموشی۔ سکوت۔ نہ بولنا (۲)(صف) خاموش۔ پوشیدہ (۳) فعل اَمر۔ خاموش رہو۔

چپ آدمی اور بندھے پانی سے ڈرنا چاہئے (اَر-مثل) آدمی کی خاموشی اور بند پانی دونوں سے ڈرنا چاہئے۔

چپ آدھی مرضی (اَر-مثل) جواب میں کوئی نہ بولے تو سمجھا جاتا ہے کہ وہ راضی ہے۔ الخاموشی نیم رضا۔

چپ باندھنا (اَر-محاورہ) خاموشی اِختیار کرنا۔ جواب نہ بن پڑنا۔

چپ چاپ (اَر-صف) خاموش (۲)(متعلق فعل) خاموشی سے۔ پوشیدہ طور پر۔

چپ چپاتے (اَر-متعلق فعل) خاموشی سے۔ خفیہ۔

چپ چپ (اَر-صف) خاموش۔ کم گو۔

چپ چھنال (اَر-صف) ظاہر میں نیک باطن میں بدکار (عورت)۔

چپ رہ جانا (چپ سادھنا) (اَر-محاورہ) خاموشی اِختیار کرنا۔

چپ شاہ کا روزہ (اَر-ا-مذ) ایک منت جس میں چپ رہا جاتا ہے۔

چپ کرنا (ہ-مص)(۱) خاموش ہونا۔ بات کرنے سے رُکنا۔ لاجواب ہونا۔

چپ کرانا (ہ-مص) چپ کرنا کا متعدی۔

چپ کی داد خدا دیتا ہے (اَر-مثل) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

چپ لگانا (اَر-محاورہ) سکوت اِختیار کرنا۔

چپ لگ جانا (لگنا) (اَر-محاورہ) اُداسی کے ساتھ خاموش رہنا۔ کسی بات کا جواب نہ دینا۔ بات نہ کرنا۔

چپ ناندھنا (اَر-محاورہ) خاموشی اِختیار کرنا۔ ساکت ہو جانا۔

چپ ہو جانا (ہونا) (اَر-محاورہ) خاموش ہو جانا۔ جواب نہ دے سکنا۔

چپا (چپ-پا)(ہ-ا-مذ)(۱) بالشت بھر جگہ (۲) چار اُنگل کی چوڑائی (۳) چار بالشت۔ جمع: چپّوں۔ چپّے۔

چپا بھر (اَر-صف)(۱) چار اُنگل (۲) چار بالشت۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

چپا چپا زمین چھان ڈالنا (اَر-محاورہ) ہر جگہ تلاش کرنا۔

چپا (چپ-پا)(بکسر اوّل)(ہ-ا-مذ) کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا۔

چپاتی (چَ-پا-تی)(ہ-ا-مث) ہلکی پُھلکی روٹی۔ پُھلکا۔ جمع: چپاتیاں۔ چپاتیوں۔

چپاتی بڑھانا (اَر-محاورہ) چپاتی کو مُٹھی کے زور سے بڑا کرنا۔

چپاتی سا پیٹ (اَر-ا-مذ) نرم اور پیٹھ کے ساتھ لگا ہوا پیٹ۔

چپاڑ (چَ-پاڑ)(ہ-صف) چوسر باز (۲)(مث) چوپال۔

چپانا (چَ-پا-نا)(ہ-مص) شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا (۲) شرمانا۔ جھینپنا۔

چپت (چَ-پَت)(ہ-ا-مذ) طمانچہ۔ تھپڑ۔ چانٹا۔ جمع: چپت۔ چپتوں۔

چپت رسید کرنا (دھرنا۔ لگانا۔ مارنا) (اَر-محاورہ) تھپڑ مارنا۔ طمانچہ مارنا۔

چپت گاہ (اَر-ف-ا-مث) چانٹے کی جگہ۔ جہاں چانٹا مارا جائے۔ ٹانٹ۔ سر۔

چپت لگنا (ہ-محاورہ) تھپڑ لگنا۔ چانٹا لگنا۔

چپٹ (چَ-پَٹ)(ہ-ا-مث) چپٹی کا مخفف۔ صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چپٹ باز (ہ۔ف۔صف) چپٹی کھیلنے والی عورت۔ زن طبق زن۔

چپٹ بازی (ہ۔ف۔ا۔مث) چپٹی کھیلنا۔ طبق زنی۔

چپٹا (چپ۔ٹا) (ہ۔صف) اندر کو بیٹھا ہوا۔ چوڑا۔ چکلا۔ دبا ہوا۔ برابر (۲) وہ شخص جس کی ناک بیٹھی ہوئی ہو۔

چپٹانا (چپ۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) (۱) لپٹا لینا۔ گلے لگا لینا (۲) چپکانا۔

چپٹ جانا (چپٹنا) (چ۔پٹ۔جا۔نا) (چ۔پٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) لپٹ جانا (۲) چپکنا۔ مل جانا۔

چپٹی (چپ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) عورت کا عورت کے ساتھ جنسی فعل۔ طبق زنی (۲) (صف) چپٹا کی تانیث۔ اندر کو بیٹھی ہوئی۔ پچکی ہوئی۔

چپٹی لڑانا (ا۔محاورہ) طبق زنی کرنا۔

چپ چپا (چپ۔چ۔پا) (ہ۔صف) لیس دار۔ چیپ دار۔ چپکنے والا۔

چپ چپانا (چپ۔چ۔پا۔نا) (ہ۔مص) چپکنا۔ لیس دار ہونا۔

چپ چپاہٹ (چپ۔چ۔پا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) چیپ۔ لیس۔

چپچ (چپک) (چپ۔پچ) (چپ۔پک) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی ابابیل (۲) (صف) دُبلا۔ پتلا۔

چپچ سامنے نکل آنا (ا۔محاورہ) دُبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔

چپڑا (چپ۔را) (ہ۔صف) (۱) مُکر جانے والا (۲) (متعلق فعل) زبردستی سے۔ سینہ زوری سے (۳) ناگہاں۔ یکا یک۔

چپڑاس (چپراس) (چپ۔راس) (چپ۔ڑاس) (ہ۔ا۔مث) (۱) چپراسی کی پیٹی یا پٹکا (۲) چوڑی دھجی جو کرتے میں مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے (۳) چوڑی گوٹ (۴) کشتی کا ایک داؤں (۵) قصابوں کی اِصطلاح میں ران کے نیچے کا گوشت۔

چپراس (پہننا) لگانا (ا۔محاورہ) چپراسی کا عُہدہ حاصل ہونا۔

چپراس مارنا (ا۔محاورہ) حریف کی پنڈلی پر پاؤں کی ضرب لگانا۔

چپڑاسی (چپ۔را۔سی) (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو چپراس پہنے۔ اردلی۔ قاصد۔ پیادہ۔ سپاہی۔ جمع: چپراسی۔ چپراسیوں۔

چپڑانا (چپ۔را۔نا) (ہ۔مص) جھلانا۔

چپرنا (چ۔پر۔نا) (ہ۔مص) بھاگ جانا۔ پوشیدہ ہو جانا۔

چپڑا (چپ۔ڑا) (ہ۔ا۔مث) صاف کی ہوئی لاکھ۔ عُمدہ لاکھ۔

چپڑا (چپ۔ڑا) (ہ۔صف) وہ شخص جس کی آنکھوں میں چیپڑ یا کیچڑ بھری رہے (۲) آنکھوں کا میل یا کیچڑ۔

چپڑ چپڑ (چ۔پڑ۔چ۔پڑ) (ہ۔ا۔مث) بدتمیزی سے کھانے کی آواز۔ کتے کے پانی پینے کی آواز۔

چپڑ چپڑ باتیں کرنا (ا۔محاورہ) بے سمجھے بُوجھے گفتگو کرنا۔ بغیر اَدب و لحاظ کے باتیں کرنا۔ بک بک کرنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔

چپڑ چپڑ کھانا (ا۔محاورہ) بدتمیزی سے آواز پیدا کر کے کھانا۔

چپڑ خندی (ا۔ا۔مث) آوارہ گرد عورت۔ بازاری عورت۔

چپڑ غٹو (چ۔پڑ۔غٹ۔ٹو) (ا۔صف) (۱) بے ہوش۔ مدہوش (۲) اسیر۔ گرفتار (۳) گتھم گتھا۔

چپڑ قناتیا (چ۔پڑ۔ق۔نا۔ت۔یا) (ا۔صف) (۱) خوشامدی۔ کمینہ۔ ذلیل (۲) تماش بین۔ رنڈی کے ہاتھ سے مار کھانے والا۔

چپڑنا (چ۔پڑ۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے چپرنا۔

چپڑنا (چُ۔پڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) چرب کرنا۔ گھی لگانا۔ روغن ملنا۔

چپڑی (چپ۔ڑی) (ہ۔صف) چپڑا کی تانیث۔ وہ عورت جس کی آنکھوں میں مَیل بھرا رہے۔ چُندھی۔

چپڑی (چپ۔ڑی) (ہ۔صف) روغن لگی ہوئی۔

چپڑی اور دو دو (ا۔مثل) اچھی چیز اور زیادہ مقدار میں۔

چپڑی روٹی (ا۔ا۔مث) وہ روٹی جس پر گھی لگا ہو۔

چپقلش (چپ۔ق۔لش) (ت۔ا۔مث) (۱) تلوار کی لڑائی (۲) جھگڑا۔ تکرار۔ دنگا۔ فساد (۳) بھیڑ۔ ہجوم (۴) جگہ کی تنگی۔ لام کے زیر اور زبر دونوں مستعمل ہیں۔

چپک (چ۔پک) (بالکسر) (ہ۔ا۔مث) چپ چپاہٹ۔ لیس۔ چیپ۔

چپک جانا (ا۔محاورہ) چسپاں ہو جانا۔ جُڑ جانا (۲) آشنائی ہو جانا۔ روزگار سے لگ جانا۔ نیز دیکھیے چپکنا۔

چپک (چ۔پک) (ہ۔ا۔مث) ٹپک۔ درد۔ ٹیس

چپک ہونا (ا۔محاورہ) پیٹ میں میٹھا میٹھا درد ہونا۔

چپکا (چپ۔کا) (ہ۔صف۔مذ) (۱) چپ۔ خاموش (۲) عیار۔ فریبی۔

چپکانا (چپ۔کا۔نا) (ہ۔مص) (۱) چسپاں کرنا۔ لیس دار چیز سے جوڑنا (۲) نوکری دِلانا۔ کسی کام میں اٹکا دینا (۳) تعلق یا آشنائی پیدا کر دینا۔

چپکن (چپ۔کن) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی قبا جس میں گریبان نہیں ہوتا نہ بغلوں کے نیچے سلائی ہوتی ہے۔ آستین لٹکتی رہتی ہے۔

چپکن (چُنوانا) چُننا (ا۔محاورہ) چپکن کی آستینوں پر شکنیں ڈالنا۔

چپکنا (چ۔پک۔نا) (ہ۔مص) جُڑنا۔ چمٹنا۔ چسپاں ہونا (۲) آشنائی ہونا (۳) روزگار سے لگنا۔

چپکوانا (چ۔پک۔وا۔نا) (ہ۔مص) چپکانا کا متعدی المتعدی۔

چپکی (چپ۔کی) (ہ۔صف) چپکا کی تانیث (۲) (ا۔مث) خاموشی۔ سکوت۔

چپکی سادھنا (ا۔محاورہ) خاموشی اختیار کرنا۔

چپکی لگ جانا (ا۔محاورہ) چپ لگ جانا۔ خاموش رہنا۔ بالکل نہ

چپکے (چپ۔کے) (ہ۔متعلق فعل) آہستہ سے۔ خاموشی سے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چپکے چپکے رونا (اَر۔مص مُرکّب) یوں رونا کہ آواز نہ نکلے۔ آہستہ آہستہ رونا۔
چپکے سے (و۔متعلق فعل) دیکھئے چپکے۔
چپکے سے کہنا (اَر۔مص مُرکّب) آہستہ سے کہنا۔
چپّل (چپلی) (چپ۔پَل) (چپ۔لی) (و۔ا۔مث) ایک قسم کا جوتا۔ سلیپر۔
چپّن (چپ۔پَن) (و۔ا۔مذ) (۱) ہانڈی کا ڈھکنا۔ سرپوش (۲) بیوقوف (۳) رشوت۔ بالائی آمدنی۔ جمع: چپّن۔ چپّنوں۔
چپنا (چپ۔نا) (و۔مص) (۱) دبنا (۲) شرمندہ ہونا (۳) کانپنا۔ ہار ماننا۔
چپنی (چپ۔نی) (و۔ا۔مث) (۱) چپّن کی تصغیر۔ چھوٹا چپّن (۲) گھٹنے کے سامنے کی ہڈی۔ جمع: چپنیاں۔ چپنیوں۔
چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا (اَر۔محاورہ) شرم اور غیرت دلانے کے موقع پر کہتے ہیں۔
چپنی چاٹ کر گُزران کرنا (اَر۔محاورہ) قناعت اور صبر سے گُزارہ کرنا۔
چپّو (چپ۔پُو) (و۔ا۔مذ) کشتی کھینے کا ڈنڈا۔ جمع: چپّو۔ چپّوؤں۔
چپّو (چلانا) مارنا (اَر۔محاورہ) کشتی کھینا۔
چپوٹا (چَ۔پو۔ٹا) (و۔ا۔مذ) (۱) تمانچا۔ تھپڑ۔ دھپ۔ دھول۔
چپوٹی (چَ۔پو۔ٹی) (و۔ا۔مث) (۱) چھوٹی سی ٹوپی۔ گھٹیا ٹوپی (۲) پھٹی ہوئی پُرانی پگڑی۔
چپّی (چپ۔پی) (و۔ا۔مث) اعضا کی مالش۔ ہاتھ پاؤں دبانا۔
چِپّی (چپ۔پی) (بکسرِ اوّل) (و۔ا۔مث) کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔
چُپّی (چپ۔پی) (بضمِ اوّل) (و۔ا۔مث) خاموشی۔
چپیٹ (چَ۔پیٹ) (و۔ا۔مذ) (بیائے مجہول) دھول۔ تمانچا (۲) (ا۔مث) چپیٹ (۳) خفیف چوٹ۔ دھکّا۔ جھڑپ (۴) ناگہانی آفت (۵) نُقصان۔ گھاٹا۔
چپیٹا (چَ۔پے۔ٹا) (و۔ا۔مذ) (۱) تھپڑ۔ دھول (۲) بدروحوں کا اثر (۳) حرامی بچّہ (۴) (صف) حرامی (۵) چھینا ہوا۔ جمع: چپیٹوں۔ چپیٹے۔
چپیکنا (چَ۔پیک۔نا) (بیائے مجہول) (و۔مص) (۱) چپکانا۔ چمٹانا (۲) گلے مڑھنا (۳) روزگار سے لگا دینا۔ نااہلی کے باوجود نوکر کرا دینا۔

چ۔ت

چِت (بکسرِ اوّل) (و۔صف) پُشت کے بَل۔ سینے کے رُخ۔
چت بھی میری پٹ بھی میری (اَر۔مثل) ہر طرح اپنا ہی فائدہ ڈھونڈنا۔
چت پٹ (و۔ا۔مث) ایک قسم کا کھیل جس میں کسی چیز کے چت یا پٹ گرنے پر شرط لگائی جاتی ہے۔
چت پڑنا (اَر۔محاورہ) پیٹھ کے بَل لیٹنا۔
چت کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) پچھاڑنا (۲) پیٹھ کے بَل گرانا۔
چت لیٹنا (اَر۔مص مُرکّب) پیٹھ کے بَل لیٹنا۔
چت ہونا (اَر۔مص مُرکّب) پچھڑنا (۲) مرجانا (۳) نشے میں بے ہوش ہونا (۴) غشی میں ہونا (۵) مات کھانا۔ ہار جانا۔
چِت (بالکسر) (و۔ا۔مث) (۱) نظر۔ چتون (۲) خیال۔ دھیان۔ توجّہ (۳) دل۔ جی (۴) سمجھ۔ عقل۔ تمیز۔ شعور (۵) حافظہ۔ یاد۔
چت بٹانا (و۔محاورہ) توجّہ ہٹانا۔ خیال دُوسری طرف کرنا۔
چت بھنگ ہونا (و۔محاورہ) عقل و ہوش کھو دینا۔ خیال بٹ جانا۔
چت پر چڑھنا (و۔محاورہ) ذہن نشین ہونا۔ خیال میں جمنا۔ دل میں کھبنا۔
چت چور (و۔صف) (۱) دل موہ لینے والا۔ معشوق (۲) کرشن جی کا ایک لقب۔
چت سے اُترنا (و۔محاورہ) بھول جانا۔ دھیان میں نہ رہنا۔ یاد نہ رہنا۔
چت لگانا (و۔محاورہ) (۱) کسی کام میں دل لگانا۔ متوجہ ہونا (۲) خواہش کرنا۔ محبت کرنا۔
چت لگن (و۔صف) خوش کُن۔ دل فریب۔
چت میں بیٹھنا (و۔محاورہ) دل میں اثر کرنا۔ دل میں گھر کرنا۔
چت ہٹانا (و۔محاورہ) دھیان ہٹانا۔ توجہ دُوسری طرف کرنا۔
چِتا (چ۔تا) (س۔ا۔مث) لکڑیوں کا ڈھیر جس پر ہندو مُردے کو جلاتے ہیں۔
چتا پنڈ (بکسرِ اوّل و چہارم) (و۔ا۔مذ) دودھ، روٹی، چاول وغیرہ جو ہندو مُردہ جلاتے وقت بزرگوں کی رُوحوں کو چڑھاتے ہیں (۲) چاول اور دودھ یا آٹے کا پنڈ جسے ہندو توشہ عاقبت خیال کر کے تیجے کے دن دریا میں بہاتے ہیں۔
چتا چننا (و۔محاورہ) مُردہ جلانے کے لئے لکڑیاں ڈھیر کرنا۔
چتا میں بیٹھنا (و۔مص) ہندو بیوہ کا ستی ہونے کے لئے چتا پر چڑھنا۔
چتانا (چ۔تا۔نا) (و۔مص) (۱) جتانا۔ ہوشیار کرنا (۲) نصیحت کرنا (۳) توجہ دلانا (۴) ڈرانا۔
چتاونی (چ۔تا۔او۔نی) (و۔ا۔مث) اِنتباہ۔ تنبیہ۔ وارننگ (۲) یاددہانی۔
چَتّر (ف۔ا۔مذ) (بفتحِ اوّل۔ ت ساکن۔ ر موقوف) چھتر۔ بڑی چھتری (۲) سر کے چھوٹے چھوٹے بال۔
چَتُر (چَ۔تُر) (س۔صف) (۱) چار (۲) چالاک۔ تیز۔ چست (۳) کاری گر۔ ماہر۔ دانا۔ عقل مند (۳) مکّار۔ عیّار۔
چتر بھدرا (و۔ا۔مذ) اِنسان کی زندگی کے چار مقاصد: دھرم (نیکی) کام (خوشی) ارتھ (دولت) مکش (مکتی)۔
چترنگ (چَ۔تُر۔انگ) (و۔ا۔مث) چار رنگ کی فوج۔ وہ فوج جس میں رتھ، ہاتھی، گھڑسوار اور پیادے شامل ہوں (۲) شطرنج (۳) ایک قسم کا گیت۔
چتر ودیا (و۔ا۔مث) چار ویدوں کا علم۔
چتر وید (و۔ا۔مذ) چاروں ویدوں کا مجموعہ۔
چتر ہوتر (و۔ا۔مذ) کرشن جی۔
چتر ہوتری (و۔ا۔مذ) ایک منتر جو نئے چاند یا پورے چاند کے موقع پر پڑھا جاتا ہے۔
چترا (چت۔را) (و۔ا۔مث) (۱) چودھواں یا بارھواں نچھتر (۲) ایک پودے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کا نام (۳) تصویر۔ پینٹنگ (۴) ایک بحر یا وزن (۵) ایک ساز (۶) ارجن کی بیوی اور کرشن جی کی بہن سبھدرا (۷) کرشن جی کی ایک بیٹی (۸) ایک اپسرا (۹) ایک دریا۔ ایک چٹان۔

چترا (چِت۔را) (ہ۔صف) چالاک۔ عقل مند۔

چترائی (چَ۔ت۔را۔اِی) (ہ۔ا۔مث) ہوشیاری۔ دانائی۔ چالاکی۔ تیزی۔ ہُنرمندی۔

چترنی (چِت۔رِ۔نی) (ہ۔ا۔مث) نازک اندام، ذہین و فطین عورت۔ عورت کی چار قسموں میں سے ایک قسم۔

چت کبرا (چِت۔کَب۔را) (ہ۔صف) (۱) دھبے والا۔ داغ دار (۲) سفید و سیاہ رنگ۔ ابلق۔ مؤنث: چت کبری۔

چتلا (چِت۔لا) (ہ۔صف) دیکھیے چت کبرا۔

چِتنا (چِت۔نا) (ہ۔مص) (۱) دیکھنا۔ نظر کرنا۔ نظر ڈالنا (۲) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا (۳) نقش ونگار کرنا۔ تصویر بنانا۔

چِتون (چِت۔وَن) (ہ۔ا۔مث) نظر۔ نگاہ۔ تیوری۔

چتون بنانا (اُر۔محاورہ) تیوری چڑھانا۔ غصّے کی نظر سے دیکھنا۔

چتون پر میل آنا (اُر۔محاورہ) خفا ہونا۔ ناگوار گزرنا۔

چتون پھرنا (اُر۔محاورہ) نگاہ کا غصّے سے بھرا ہونا۔

چتون چڑھانا (اُر۔محاورہ) تیوری چڑھانا۔

چتون کہے دیتی ہے (اُر۔مثل) نگاہ سے معلوم ہوتا ہے۔ نظر سے ظاہر ہے۔

چُتّھا (چُتھ۔تھا) (ہ۔صف) (۱) جو کسی دُوسرے کے مذاق کا مرکز بنا ہو (۲) وہ جسے کوئی زخمی کرے (۳) دُوسروں کا ستایا ہوا یا تختۂ مشق۔

چُتّھا بٹیر (ہ۔ا۔مذ) وہ آدمی جسے ہر ایک پریشان کرے۔

چُتّھا بنانا (ہ۔محاورہ) ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا۔ بُرائی کرنا۔

چِتھاڑ (چِ۔تھاڑ) (ہ۔ا۔مث) رُسوائی۔ خواری۔ ذلّت۔

چِتھاڑنا (چِ۔تھاڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھاڑنا۔ چیرنا۔ چیتھڑے چیتھڑے کرنا (۲) ذلیل کرنا۔ رُسوا کرنا۔

چتھڑا (چیتھڑا) (چِتھ۔ڑا) (چیتھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) دھجی۔ پُرانے کپڑے کا ٹکڑا۔ گودڑ۔ لیرا۔ لیر۔ جمع: چتھڑوں۔ چتھڑے۔

چتھڑے (ہ۔ا۔مذ) (۱) چتھڑا کی جمع (۲) چتھڑا کی مغیرہ صورت۔

چتھڑے اُڑانا (بکھیرنا) (اُر۔محاورہ) لتّے لینا۔ درست کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

چتھڑے کرنا (اُر۔محاورہ) پُرزے پُرزے کرنا۔

چتھڑے لگانا (اُر۔محاورہ) پیوند پر پیوند لگانا۔ گودڑیا فقیر بنا پھرنا۔

چتھڑے لگنا (اُر۔محاورہ) مُفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا۔

چتھڑیا (چِ۔تھڑ۔یا) (ہ۔صف) پھٹے پُرانے کپڑے پہنے ہوئے۔ پھٹے حال۔

چتھڑیا پیر (اُر۔ا۔مذ) (۱) ایک پیر جس پر عورتیں پھٹے پُرانے کپڑے چڑھاتی ہیں (۲) وہ درخت جس پر پیر کے نام پر کپڑے چڑھائے جاتے ہیں (۳) (صف) بہت مُفلس۔

چُتّھل (چُتھ۔تھل) (ہ۔صف) مسخرہ۔ ٹھٹھے باز۔ ٹھٹھولیا۔ ظریف۔

چُتّھل بازی (ہ۔ف۔ا۔مث) ٹھٹھے بازی۔ بیہودہ ہنسی۔ تمسخر۔

چُتّھل پنا دکھانا (اُر۔محاورہ) مزاحاً کچھ کہنا۔ ہنسی اُڑانا۔ ٹھٹھا کرنا۔

چِتّی (چِت۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بُندکی۔ دھبا۔ داغ۔ نشان۔ مُہاسا (۲) سانپ کی ایک قسم جس پر چتیاں پڑی ہوتی ہیں (۳) کوڑی جس پر چتیاں ہوتی ہیں۔ جمع: چتیاں۔ چتیوں۔

چتی پڑنا (اُر۔محاورہ) روٹی کا سِکنا۔ روٹی پر پک جانے کی علامت ظاہر ہونا۔ سُرخ نشان پڑنا۔ لال لال بُندکیاں پڑنا۔

چتی دار (ہ۔ف۔صف) داغ دار۔

چتیرا (چِ۔تے۔را) (ہ۔ا۔مذ) دھات کے برتن کو مل کر صاف کرنے یا اُن پر نقش و نگار بنانے والا۔

چ۔ٹ

چٹ (بالفتح) (ہ۔تابع فعل) (۱) فوراً۔ اسی وقت۔ جھٹ۔ اسی دم۔ اسی گھڑی۔ فی الحال (۲) (ہ۔ا۔مث) آتشک کا زخم۔ رگڑ (۳) کسی سخت چیز کے دفعتہً ٹوٹنے سے آواز پیدا ہونا (۴) لالچ۔ ہوس

چٹ بھسم (ہ۔ا۔مذ) سب کچھ کھا جانا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔

چٹ پٹ (اُر۔تابع فعل) (۱) فی الفور (۲) بہت جلد۔ جھٹ۔ معاً (۳) یکایک۔ یک بیک۔ ناگاہ۔ دفعتہً۔

چٹ پٹ ہو جانا (اُر۔محاورہ) فوراً مر جانا۔ ناگہانی موت واقع ہونا۔

چٹ پٹی (ہ۔ا۔مث) (۱) جلدی۔ تیزی۔ سُرعت (۲) ناگہانی موت (۳) کئی موتیں اُوپر تلے ہو جانا۔

چٹ چٹ (اُر۔ا۔صوت) اُنگلیاں چٹخانے کی آواز (۲) کالا دانہ جلنے کی آواز (۳) چوڑیاں ٹوٹنے کی آواز۔

چٹ چٹ بلائیں لینا (اُر۔محاورہ) دونوں ہاتھوں سے اس طرح بلائیں لینا کہ اُنگلیوں کے چٹخنے سے آواز پیدا ہو۔

چٹ چٹ چوڑیاں ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) متواتر چوڑیاں ٹوٹنا۔ پے در پے آواز سے چوڑیاں ٹوٹنا۔

چٹ سے ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا آواز سے ٹوٹنا۔

چٹ (کر جانا) کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) سب کچھ کھا جانا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) ہضم کر جانا۔ اُڑا لینا۔

چٹ منگنی پٹ بیاہ (اُر۔مثل) کسی کام کو جلد کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چیٹ مری منگنی پٹ مرا بیاہ۔ ٹوٹ گئی ٹنگڑی رہ گیا بیاہ (ار۔مثل) اِنسانی کاموں کی بے ثباتی اور بے اِعتباری ثابت کرنے کو کہتے ہیں۔

چیٹ ہو جانا (ار۔محاورہ) چیٹ کر جانا کا لازم۔

چِٹ (بالکسر)(ہ۔ا۔مث)(۱) کپڑے یا کاغذ کی دھجی۔ کاغذ کا پرچہ۔ مختصر چٹھی یا نوٹ (۲) کاغذ کا مستطیل یا چوکور پرچہ جو دواؤں کی شیشیوں وغیرہ پر چسپاں کیا جاتا ہے (۳) ورزش کرنے والوں کا لنگوٹ (۴) زمین جو مستطیل شکل کی ہو۔ جمع: چٹوں۔ چٹیں۔

چٹ لگانا (ار۔محاورہ) کسی چیز پر کاغذ کا ٹکڑا لگانا۔

چَٹّا (چٹ۔ٹا) (بالفتح) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چیلا۔ شاگرد۔ طالب علم (۲) اِلزام۔ تہمت (۳) ڈھیر۔ اینٹوں کا ڈھیر (۴) کمان کا غلّہ جو کم مشقی سے ہر بار کمان کے قبضے پر پڑے۔

چِٹّا (بالکسر)(ہ۔صف)(۱) سفید۔ گورا۔ اُجلا (۲)(ار۔ا۔مذ) چاندی کا رُوپیہ۔

چَٹاپٹی (چَ۔ٹا۔پَ۔ٹی)(ہ۔ا۔مث)(۱) مارا مار۔ دھڑا دھڑی (۲) موت پر موت (۳) تاش کا ایک کھیل۔

چٹاپٹی پڑنا (ار۔محاورہ) کثرت سے موتیں واقع ہونا۔

چٹاپٹی کی گوٹ (ار۔ا۔مث) مختلف رنگوں کا حاشیہ یا گوٹ۔

چٹاچٹ (چَ۔ٹا۔چٹ)(ہ۔ا۔مث) اُنگلیوں کے پے در پے چٹکنے کی آواز۔

چٹاخ (چٹاک) (چَ۔ٹاخ)(چَ۔ٹاک)(ار۔ا۔مث) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ اُنگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

چٹاخ پٹاخ (ار۔متعلق فعل) تڑاق پڑاق۔ تڑاتڑ (۲)(ار۔صف) چالاک عورت۔

چٹاخا (چٹاکا) (چَ۔ٹا۔کا)(ار۔ا۔مذ)(۱) وہ آواز جو لکڑی کے ٹوٹنے یا بلائیں لینے سے پیدا ہو۔ شِدّت۔ کثرت (۲)(صف) فاحشہ۔ بدکار (عورت)۔

چٹان (چَ۔ٹان)(چٹ۔ٹان)(ہ۔ا۔مث) زمین کا وہ بلند اور ٹھوس حِصّہ جس میں نرم اور سخت چاک' ریت' کوئلا' پتھر وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ جمع: چٹانوں۔ چٹانیں۔

چٹانا (ہ۔مص)(۱) بچے کو اُنگلی سے کوئی چیز کھلانا (۲)(کنایۃً) رشوت دینا۔

چٹائی (ہ۔ا۔مث) بوریا۔ گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش۔ جمع: چٹائیاں۔ چٹائیوں۔

چٹ پُٹ (چٹ۔پُٹ)(ہ۔ا۔مث)(۱) متفرق خرچ۔ چھوٹی چھوٹی چیزوں کا خرچ۔ متفرقات (۲) کم قیمت دوائیں جو تجربہ کار عورتیں بیماروں اور بچّوں کو دیتی ہیں۔

چٹ پُٹ ہو جانا (ار۔محاورہ) خرچ ہو جانا۔ صَرف ہو جانا۔ چھوٹے چھوٹے کاموں میں لگ جانا۔

چٹ پٹا (چٹ۔پ۔ٹا)(ہ۔صف) نمک مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا مزیدار پکوان۔

چٹ پٹی (چٹ۔پ۔ٹی)(ہ۔صف) چٹ پٹا کی تانیث۔

چٹ چٹا (چٹ۔چ۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے چرچٹا۔

چٹ چٹانا (چٹ۔چَ۔ٹا۔نا)(ہ۔مص) چٹخنا۔

چٹخارا (چٹ۔خا۔را)(ار۔ا۔مذ) وہ آواز جو زبان اور تالوے کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینے سے نکلتی ہے۔ جمع: چٹخاروں۔ چٹخارے۔

چٹخارے (ار۔ا۔مذ) چٹخارا کی جمع (۲) چٹخارا کی مُغیّرہ صورت۔

چٹخارے بھرنا (ار۔محاورہ) کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا۔ چٹ پٹی چیز کھا کر زبان چاٹنا۔ ہونٹ چاٹنا۔

چٹخارے کا (ار۔صف) چٹ پٹا۔ تیز نمک مرچ کا۔

چٹخارے لینا (ار۔محاورہ) لطف لینا۔ مزہ لینا۔

چٹخانا (چٹکانا) (چٹ۔خا۔نا)(ار۔مص)(۱) اُنگلیوں کی آواز پے در پے نکالنا (۲) کسی چیز کو پتھر یا دیوار پر مار کر آواز نکالنا (۳) بندوق کو بند کرنے یا کھولنے کی آواز نکالنا (۴) علیحدہ کرنا۔ جُدا کرنا۔ ترک کرنا (۵) توڑنا۔ تڑ قانا۔

چَٹَخ (چٹک) جانا (ار۔محاورہ)(۱) اَن بَن ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ ناراض ہو جانا۔ دوستی جاتی رہنا (۲) جُدا ہو جانا۔ چلا جانا (۳) درز پڑ جانا۔ ٹوٹنا۔

چٹخ کر (بات کرنا) بولنا (ار۔محاورہ) بگڑ کر بات کرنا۔ خفا ہو کر بولنا۔

چٹخنا (چَ۔ٹخ۔نا)(ار۔مص)(۱) کلی کا کھلنا (۲) چلا جانا۔ غائب ہو جانا۔ بھاگ جانا (۳) کالے دانے کو آگ پر ڈالنے سے آواز کا پیدا ہونا (۴) سخت چیز پر گر کر اُچھل کر دُور جا پڑنا (۵) کڑکنا۔ شق ہو جانا۔ پھوٹ جانا۔

چٹخنا (چٹ۔خ۔نا)(ار۔ا۔مذ) چانٹا۔ تھپڑ۔ دَھول۔ دھپ۔

چٹخنی (چٹ۔خ۔نی)(ار۔ا۔مث) دروازے کو بند کرنے کی چیز (۲) پرندے پکڑنے کی خاطر جو چیز پنجرے میں لگائی جاتی ہے۔ جمع: چٹخنیاں۔ چٹخنیوں۔

چٹر پٹر (چَ۔ٹر۔پَ۔ٹر)(ہ۔صف) متفرق۔

چٹک (چَ۔ٹک)(ہ۔ا۔مث)(۱) روشنی۔ چمک دمک۔ بھڑک۔ آرائش (۲) رنگ کی تیزی۔ تیز رنگ (۳) دھوپ کی تیزی (۴) پُھرتی۔ جلدی۔ تیزی (۵) ٹوٹنے کی آواز۔

چٹک دار (ار۔صف) روشن۔ چمک دار۔ چمکیلا۔

چٹک سے (ہ۔متعلق فعل) چُستی سے۔ پُھرتی سے۔

چٹک مٹک (چَ۔ٹک۔مَ۔ٹک)(ار۔ا۔مث)(۱) غرور۔ نخوت (۲) ناز نخرہ۔ کرّوفر۔ نخرے کی چال۔

چٹک مٹک سے بیٹھنا (ار۔محاورہ) بن سنور کے بیٹھنا۔ ناز و انداز سے بیٹھنا۔

چٹک مٹک سے چلنا (ار۔محاورہ) اِترا کر چلنا۔ ناز و انداز سے چلنا۔

چٹکا (چٹ۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چاٹ۔ مزہ۔ چسکا۔ وہ ذائقہ جس کا زبان کو مزہ پڑا ہو (۲) پیاس کی شِدّت (۳) تیز دھوپ۔

چُٹکا (چٹ۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مُٹھی بھر آٹا۔ لپ بھر آٹا۔ چٹکی کی تکبیر۔

چٹکارا (ہ۔ا۔مذ)(۱) دیکھئے چٹخارا (۲) چوپایوں کو ہانکنے کی آواز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چٹکاری (چٹ۔کا۔ری)(ا۔مث) بیلوں کو ہانکنے کی آواز۔ ٹٹکاری۔

چٹکاری بھرنا (اَر۔ محاورہ) زبان کا مزہ لینا۔ مزے مزے سے چٹ چٹ کرنا۔

چٹکانا۔ دیکھیے چٹخانا۔

چٹکلا (چُٹ۔کَ۔لا)(چُٹ۔کُ۔لا)(ا۔مذ)(۱) مذاق۔ لطیفہ۔ دل چسپ فقرہ یا چھوٹی سی بات (۲) تھوڑی سی پُر اثر دوا (۳) عجیب چیز۔ نادر چیز۔ جمع: چٹکلوں۔ چٹکلے۔

چٹکلا چھوڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) لطیفہ کہنا۔ کوئی ہنسی کی بات سُنانا (۲) شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی بات گھڑ کر کہنا (۳) شرارت آمیز چھوٹی سی کہانی سُنانا۔

چٹکنا (چَ۔ٹک۔نا)(ف۔مع)(۱) ٹوٹنا۔ تڑقنا۔ پھٹنا۔ رنگ اُڑنا یا پھیکا پڑنا (۲) ناراض ہو کر بات کرنا۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔ جھنجھلانا (۳) کالے دانے یا کوئلے کا آگ پر آواز دینا (۴) اُنگلیوں کا بلائیں لیتے وقت یا موڑتے وقت آواز دینا (۵) کلی کا کھلنا۔ نیز دیکھیے چٹخنا۔

چٹکنا (چُ۔ٹک۔نا)(ف۔مع)(۱) کاٹنا۔ سانپ کا کاٹنا (۲) پُھول توڑنا۔ ترکاری ساگ وغیرہ کا اُوپر سے توڑنا۔

چٹکنی (چٹ۔کَ۔نی)(ا۔مث) دیکھیے چٹخنی۔

چٹکی (چُٹ۔کی)(ا۔مث)(۱) اُنگلیوں سے پکڑ کر گوشت ملنا۔ نکٹا (۲) مٹھی بھر آٹا۔ مٹھی بھر چیز (۳) گوکھرو۔ گوٹے اور لچکے کو موڑ کر جو کنگرے دار بناتے ہیں اُسے چٹکی کہتے ہیں (۴) بندوق کے پیالے کا سرپوش (۵) کٹار دار گھبدن۔ تخری دار مشروع (۶) پاؤں کا ایک زیور جو اُنگلیوں میں پہنا جاتا ہے (۷) کپڑا چھاپنے کا طریقہ (۸) بیچ کی اُنگلی کو انگوٹھے کے ساتھ ملا کر آواز نکالنا (۹) دوا کا سفوف جو بچوں کو دیتے ہیں (۱۰) قبضہ۔ گرفت (۱۱) کپڑا سینے کے بعد تاننا۔ جمع: چٹکیاں۔ چٹکیوں۔

چٹکی بجاتے میں (اَر۔ تابع فعل) ذرا سی دیر میں۔ آن کی آن میں۔ فوراً۔

چٹکی بجانا (اَر۔ محاورہ) انگوٹھے کو بیچ کی اُنگلی سے ملا کر آواز نکالنا۔

چٹکی بھر (اَر۔ متعلق فعل) جتنا چٹکی میں سما جائے۔ تھوڑا سا۔

چٹکی بھر میں (اَر۔ تابع فعل) فوراً۔ لمحہ بھر میں۔

چٹکی بھرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) انگوٹھے اور اُنگلی سے جسم کا گوشت مسلنا (۲) چبھتی ہوئی بات کہنا۔ طعنہ زنی کرنا۔ سر کو چٹکیوں سے دبانا۔

چٹکی پر اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ جُل دینا۔

چٹکی چٹکی (اَر۔ تابع فعل) تھوڑا تھوڑا۔

چٹکی چڑھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) سکے کو سفوف کی چٹکی ڈال کر پرکھنا (۲) سکے کو انگوٹھے سے اُچھال کر اُس کی آواز سے کھوٹا کھرا پرکھنا۔

چٹکی کاٹنا (اَر۔ محاورہ) چٹکی بھرنا یا لینا۔

چٹکی لگانا (اَر۔ محاورہ)(۱) کپڑے کو اُنگلی یا چٹکی سے پھاڑنا (۲) پتے کے کنارے چٹکی سے مروڑ کر تنکے سے جوڑنا۔ دونا بنانا (۳) چٹکی کے ذریعے جیب سے مال نکال لینا (۴) سکے کا کھوٹا کھرا پرکھنا۔

چٹکی لینا (اَر۔ محاورہ)(۱) چٹکی بھرنا یا کاٹنا (۲) کسی فعل سے باز رکھنے کے لئے کسی کی چٹکی بھرنا۔

چٹکی مارے لہو ٹپکتا ہے (اَر۔ مثل) بدن میں اس قدر خون ہے کہ چٹکی لو تو خون جھلکتا ہے۔ نہایت سُرخ و سفید ہے۔

چٹکی میں (اَر۔ متعلق فعل) فوراً۔ آناً فاناً۔

چٹکیاں (ا۔مث) چٹکی کی جمع۔

چٹکیاں لینا (اَر۔ محاورہ)(۱) چبھتی ہوئی بات کہنا (۲) اُبھارنا۔ خیال پیدا کرنا (۳) ایسا کام کرنا جس سے دُوسروں کو ایذا پہنچے۔

چٹکیلا (چٹ۔کی۔لا)(ا۔صف)(۱) بھڑک دار۔ چمک دار۔ بھڑکیلا۔ شوخ رنگ (۲) خوش ذائقہ۔ چٹ پٹا۔ خوب نمک مرچ پڑا ہوا۔

چٹکیلی (چٹ۔کی۔لی)(ا۔صف) چٹکیلا کی تانیث۔

چٹکیلی دھوپ (ا۔مث) تیز دھوپ۔ چلچلاتی دھوپ۔

چٹکیوں (ا۔مث) چٹکی کی جمع۔

چٹکیوں پر اُڑانا (اَر۔ محاورہ)(۱) حقیر خیال کرنا (۲) روپے کا پرکھنا۔

چٹکیوں میں (اَر۔ تابع فعل) بہت جلد۔ آناً فاناً۔

چٹکیوں میں اُڑانا (اَر۔ محاورہ) خاطر میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا۔ ہنسی میں اُڑانا۔ ذلیل و خوار کرنا۔

چٹکیوں میں کام کرنا (اَر۔ محاورہ) بہت جلد کام کرنا۔

چٹکیوں میں کام ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت جلد کام ہونا۔

چُٹلا (چُٹ۔لا)(ا۔مذ)(۱) سونے چاندی کا گچھا جو عورتیں چوٹی کے پیچھے باندھتی ہیں (۲) مصنوعی بال جو عورتیں جوڑے میں لگا لیتی ہیں (۳) چونڈا۔

چٹنی (چٹ۔نی)(ا۔مث)(۱) چاٹنے کی چیز (۲) چٹ پٹی چیز جس میں دھنیا، انار دانہ، پودینہ، نمک، مرچ وغیرہ ڈال کر پیستے ہیں اور کھانے کے ساتھ کھاتے ہیں۔ جمع: چٹنیاں۔ چٹنیوں۔

چٹنی (کر دینا) کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) کھا جانا۔ نگل جانا (۲) پیس ڈالنا (۳) مار ڈالنا۔

چٹنی ہو جانا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) جلد ختم ہو جانا۔

چٹو (چٹ۔ٹو)(ہن۔ا۔مذ) لکڑی کا ہاون جس میں مسالا وغیرہ ڈال کر لوہے کے دستے سے کوٹتے ہیں۔

چٹوا (چٹ۔وا)(ا۔مذ) بچوں کا ایک کھلونا۔

چٹوانا (چٹ۔وا۔نا)(ف۔مع)(۱) چاٹنا کا متعدی (۲) تلوار اور کھرپے وغیرہ کی دھار نکلوانا یا باڑھ رکھوانا۔

چٹور (چٹورا) (واو مجہول)(ا۔صف)(۱) چٹو۔ کھاؤ اُڑاؤ (۲) لذیذ کھانوں کا شوقین۔ خوراک پر بے تحاشا خرچ کرنے والا۔ جمع: چٹوروں۔ چٹورے۔

چٹورپن (چٹوراپن) (ا۔مذ) چٹوروں کی سی عادت۔ کھانے کا شوق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زبان کا مزہ۔

چٹوری (چَ۔ٹو۔ری)(و۔صف) چٹورا کی تانیث۔

چٹوری زبان دولت کا زیاں (اَر۔مثل) چٹورا اِنسان کبھی دولت مند نہیں ہو سکتا۔

چٹھا (چٹھ۔ٹھا)(بفتحۂ اوّل)(۱) وہ دھبّے جو بدن پر خون کی خرابی کے سبب پڑ جاتے ہیں (۲) نفیس کھانا۔ لذیذ چیز۔ مٹھائیاں۔

چِٹھا (چِٹھ۔ٹھا)(بکسرِ اوّل)(و۔ا۔مذ)(۱) فہرستِ تنخواہ۔ قبض الوصول۔ تنخواہ کی کتاب (۲) چندے یا روزنامچے کی کتاب (۳) تنخواہ یا اُجرت جو روزانہ یا ہر ماہ تقسیم کی جائے (۴) دیہات کی زمینوں کا حساب۔ مال گزاری کا حساب۔ مسوّدہ۔ کچّا حساب (۵) کاغذ کا پلندہ۔

چٹھا بانٹنا (اَر۔محاورہ) تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا۔

چٹھا باندھنا (اَر۔محاورہ)(۱) فہرستِ حساب مرتب کرنا۔ اسباب کی فرد بنانا (۲) اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا یا لگانا۔

چٹھا تیار (مرتب) ہونا (اَر۔محاورہ) سزا کی مسل تیار ہونا۔

چٹھا بٹنا (اَر۔محاورہ) تنخواہ یا مزدوری تقسیم ہونا۔

چٹھی (چِٹھ۔ٹھی)(و۔ا۔مث)(۱) خط۔ پتر۔ نامہ۔ مراسلہ۔ رُقعہ۔ شُقّہ (۲) سرٹیفکیٹ۔ سند۔ کارگزاری و نیک نامی کا پرچہ (۳) چٹ (۴) لاٹری۔ قرعہ (۵) ہُنڈی۔ چیک۔ جمع: چٹھیاں۔ چٹھیوں۔

چٹھی بھیجنا (اَر۔مص مرکب) خط بھیجنا۔

چٹھی پڑنا (اَر۔محاورہ) قرعہ پڑنا۔ لاٹری پڑنا۔

چٹھی ڈالنا (اَر۔محاورہ)(۱) خط کو ڈاک کے بکس میں ڈالنا (۲) خط بھیجنا (۳) قرعہ اندازی یا لاٹری میں شریک ہونا۔

چٹھی راہداری (اَر۔ف۔ا۔مث) راہداری کا پروانہ۔ پاسپورٹ۔

چٹھی رساں (اَر۔ف۔ا۔مذ) ڈاکیا۔

چٹھی کرنا (اَر۔محاورہ) کسی کے نام کی ہُنڈی کرنا۔ ہُنڈی لکھنا۔

چٹھی کیرنا (اَر۔محاورہ) چٹھی ڈالنا۔

چٹھی نویس (اَر۔ف۔صف) خط لکھنے والا۔

چٹھی نہ پروانہ مار کھائیں ملک بیگانہ (اَر۔مثل) حاکم کی بدانتظامی کے سبب بدمعاش لوگوں کو خواہ مخواہ لوٹتے پھرتے ہیں۔

چٹی (چَٹ۔ٹی)(بفتحۂ اوّل وتشدیدِ دوم)(و۔ا۔مث)(۱) ڈنڈ۔ ٹیکس۔ جرمانہ۔ تاوان (۲) نقصان۔ ضرر۔ خسارہ (۳) خرچ۔ صَرف۔

چٹی بھرنا (اَر۔محاورہ)(۱) تاوان دینا۔ ڈنڈ بُھگتنا (۲) نقصان اُٹھانا۔ ضرر اُٹھانا۔ جرمانہ دینا۔

چٹی دھرنا (اَر۔محاورہ) تاوان بھرنا۔

چِٹی (چِٹ۔ٹی)(بکسرِ اوّل)(و۔صف) چِٹّا کی تانیث۔

چٹیا (چُٹ۔یا)(و۔ا۔مث)(۱) چوٹی کی تصغیر (۲) لمبے بال جو ہندو سر منڈانے یا بال کتروانے پر درمیان میں یا ایک طرف چھوڑ دیتے ہیں۔ جمع: چٹیاں۔ چٹیوں۔

چٹیا سے جانا (اَر۔محاورہ) بچپن میں مر جانا۔

چٹیا کو تیل نہیں پکوڑوں کو جی چاہے (اَر۔مثل) ضروری چیزوں کے لئے تو پیسے نہیں، فضول چیزوں کی آرزو کرتے ہیں۔

چٹیانا (چُٹ۔یا۔نا)(و۔مص) کاٹنا۔ ڈسنا۔ زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔

چٹّے (چِٹ۔ٹے)(و۔ا۔مذ) چِٹّا کی جمع۔

چٹّے بٹّے (چَٹ۔ٹے۔بَٹ۔ٹے)(و۔ا۔مذ)(۱) بچّوں کے کھلونے (۲) وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری تماشے میں دکھاتا ہے۔

چٹّے بٹّے لڑانا (اَر۔محاورہ)(۱) مداری کا گولیوں کو غائب کرنا۔ شعبدہ دکھانا (۲) لگائی بُجھائی کرنا۔

چٹّے بٹّے ہونا (اَر۔محاورہ) ایک جیسے ہونا۔

چٹیل (چَٹ۔یل)(و۔صف) وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو۔ صاف میدان۔ کفِ دست۔ ہموار و یکساں میدان۔

چٹیل (چُٹ۔یل)(و۔صف) مجروح۔ چوٹ کھایا ہوا۔

چٹیلا (چُ۔ٹَے۔لا)(و۔صف) دیکھئے چٹیل۔

چٹیلنا (چُ۔ٹیل۔نا)(و۔مص) زخمی کرنا۔ نیز دیکھئے چٹیانا۔

چ۔ج

چجی (چَ۔جی)(و۔ا۔مث) بچّوں کی زبان میں مٹھائی۔ چیز کا بگاڑ۔

چ۔چ

چچا (چَ۔چا)(و۔ا۔مذ) باپ کا چھوٹا بھائی۔ جمع: چچا۔ چچاؤں۔

چچا بنا کر (کر کے) چھوڑنا (اَر۔محاورہ) سزا دے کر یا بدلہ لے کر دم لینا۔

چچا بنانا (اَر۔محاورہ) ٹھیک کرنا۔ سزا دینا۔

چچا چور بھتیجا قاضی (اَر۔مثل) حاکم اور ملزم ایک ہی خاندان کے ہیں۔ سب یکساں ہیں۔

چچا زاد بھائی (اَر۔ا۔مذ) چچیرا بھائی۔ چچا کا بیٹا۔

چچا زاد بہن (اَر۔ا۔مث) چچیری بہن۔ چچا کی بیٹی۔

چچا سام (اَر۔ا۔مذ) ریاست ہائے متحدہ امریکا کا مزاحیہ نام۔ ۱۸۱۲ء کی امریکا برطانیہ جنگ کے دوران میں امریکی فوجی سامان پر U.S کے حروف لکھے ہوتے تھے جنہیں امریکی فوجی Uncle Sam کا بھیجا ہوا سامان کہتے تھے۔

چچڑی (چِچ۔ڑی)(بکسرِ اوّل)(و۔ا۔مث) خون پینے والا کیڑا جو کتے، بکری، گائے بھینس کے جسم سے چمٹا رہتا ہے۔ نیز دیکھئے چیچڑی۔ جمع: چچڑیاں۔ چچڑیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چُچّی ہو کر (چمٹنا) لپٹنا (اَر۔ محاورہ) پیچھا نہ چھوڑنا۔ ہر وقت ساتھ لگے رہنا۔

چُچکارنا (چُچ۔کار۔نا) (ہ۔مص) پچکارنا۔ پیار کرنا۔

چُچکاری (چُچ۔کا۔ری) (ہ۔ا۔مث) پیار کی آواز۔

چَچوڑنا (چَ۔چوڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) چوسنا (۲) بچے کا چھاتیوں کو چوسنا (۳) گوشت یا ہڈی کو چوسنا۔

چَچی (چَ۔چی) (چُچ۔چی) (ہ۔ا۔مث) چچا کی بیوی۔ جمع: چچیاں۔ چچیوں۔

چچیا (چَچ۔یا) (ہ۔صف) چچا سے منسوب۔

چچیا ساس (اَر۔ا۔مث) خاوند یا بیوی کی چچی۔

چچیا سُسر (اَر۔ا۔مذ) خاوند یا بیوی کا چچا۔

چچیرا (چَ۔چے۔را) (ہ۔صف) (۱) چچا کا۔ چچا کے تعلق سے (۲) چچازاد بھائی۔

چچیری (چَ۔چے۔ری) (ہ۔صف) چچازاد بہن۔ چچی سے منسوب۔

چچیرے (چَ۔چے۔رے) (ہ۔صف) وہ رشتے دار جو چچا کی اولاد ہوں۔

چچینڈا (چَ۔چیں۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) ککڑی کی شکل کی ایک نرم و ملائم ترکاری۔

چ۔خ

چخ (بفتحہ اوّل) (ف۔ا۔مث) (۱) زبانی جھگڑا۔ تکرار (۲) دشمنی۔ مخالفت۔

چخ چخ (ف۔ا۔مث) (۱) جھک جھک۔ لفظی تکرار (۲) لڑائی میں بٹیروں کے بولنے کی آواز۔

چخ چخی (ف۔ا۔مث) (۱) دو لکڑیاں جن کو فقیر بجاتے ہیں (۲) دو لکڑیاں یا دو پتھر جنہیں سینہ زنی کے وقت ہاتھوں میں لے کر بجاتے ہیں (۳) ایک قسم کا خنجر۔

چخاچخ (ف۔ا۔مث) تلواروں کی جھنکار۔ چقاچق۔ چخاچخ۔

چخوانا (چَخ۔وا۔نا) (اَر۔مص) چکھنا کا متعدی۔

چخے (چَ۔خے) (اَر۔ کلمۂ نفرت) چل دُور ہو۔ پرے ہٹ۔ باتیں نہ بنا۔

چخیا (چَخ۔یا) (اَر۔صف) تکراری۔ حجتی۔ جھگڑالو۔ بکی۔ چخ چخ کرنے والا۔

چ۔د

چدّر (چِد۔دَر) (اَر۔ا۔مث) چادر کا مخفف۔

چدّریا (چَ۔دَر۔یا) (اَر۔ا۔مث) چادر کی تصغیر۔

چ۔ڈ

چڈّا (چڈّھا) (چڈ۔ڈا) (چڈ۔ڈھا) (بفتحہ اوّل و تشدید دوم) (ہ۔ا۔مذ) ران کے اُوپر کا جوڑ۔ ران۔ جانگھ (۲) مسخرہ آدمی (۳) ایک قسم کا پھوڑا۔

چڈّا مل خیرو (اَر۔ا۔مذ) مسخرہ۔ احمق۔

چڈّھی (چڈّی) (چڈ۔ڈھی) (چڈ۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) پیٹھ کی سواری۔

چڈّھی توڑنا (اَر۔ محاورہ) پشت کی سواری لینا۔ پشت پر چڑھنا۔

چڈّھی چڑھانا (اَر۔ محاورہ) پیٹھ کی سواری دینا۔

چڈّھی چڑھنا (اَر۔ محاورہ) پشت کی سواری لینا۔

چڈّھی دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیٹھ کی سواری دینا۔

چڈّھی لینا (اَر۔ محاورہ) پیٹھ کی سواری لینا۔ پیٹھ پر سوار ہونا۔

چ۔ر

چر (بالفتح) (ہ۔ا۔مث) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز۔ چھر (۲) مقام جہاں دریا میں ریت جم جاتی ہے (۳) بڑا چولہا۔

چرمر (اَر۔ا۔صوت) چلنے میں جوتے کی آواز۔

چر (بالضم) (اَر۔ا۔مث) سوکھے پتوں کے ٹوٹنے کی آواز۔

چرمر ہونا (اَر۔ محاورہ) سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ پھوٹ کر چورا چورا ہو جانا۔ مرجھا کر چھوٹا سا ہو جانا۔ جھریاں پڑ جانا۔

چرا (چِ۔را) (بالکسر) (ف۔ متعلق فعل) کیوں۔ کس لئے۔ کس طرح۔

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی (ف۔ مثل) دانا آدمی ایسا کام کیوں کرے جس سے بعد میں پچھتانا پڑے۔

چرّاٹا (چر۔را۔ٹا) (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) کاغذ یا کپڑا پھٹنے کی آواز۔

چراغ (بفتحہ اوّل و نیز بکسر اوّل) (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ برتن جس میں تیل اور بتی ڈال کر روشن کریں (۲) دیا۔ لیمپ۔ شمع۔ بتی (۳) بیٹا۔ فرزند (۴) راہنما۔ اُردو جمع: چراغ۔ چراغوں۔ فارسی جمع: چراغاں۔ چراغ ہا۔

چراغ آسمان (ف۔ا۔مذ) سورج۔ آفتاب۔

چراغ اُف کر دینا (اَر۔ محاورہ) دیا بجھا دینا۔

چراغ اُکسانا (اَر۔ محاورہ) چراغ کی بتی اُونچی کرنا۔

چراغ بتی کا وقت (اَر۔ا۔مذ) شام کا وقت۔

چراغ بتی ہونا (اَر۔ محاورہ) دیا جلنا۔ روشنی کا سامان ہونا۔

چراغ بجھانا (بڑھانا) (اَر۔ محاورہ) چراغ کی روشنی ختم کر دینا۔

چراغ بجھنا (اَر۔ محاورہ) چراغ بجھانا کا لازم۔

چراغ بڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) چراغ بجھ جانا۔

چراغ بڑھانا (بڑھنا) (اَر۔ محاورہ) دیکھئے چراغ بجھانا اور چراغ بجھنا۔

چراغ پا ہونا (ف۔اَر۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کا الف ہونا یعنی پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو جانا (۲) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔

چراغ تُربت (گور۔ مزار) (ف۔ا۔مذ) چراغ جو قبر پر جلایا جائے۔

چراغ تلے اندھیرا (اَر۔ مثل) حاکم کے قریب ظلم ہونا (۲) غیروں کو فائدہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پہنچانا اور اپنوں کو محروم رکھنا۔

چراغ تہِ (داماں) دامن (ف۔ا۔مذ) (۱) چراغ جو بُجھنے سے بچانے کے لئے دامن کے نیچے کر لیا جائے (۲) (صف) محفوظ۔

چراغ ٹمٹمانا (اَر۔محاورہ) چراغ کا تھوڑی روشنی دینا۔ چراغ کا بُجھنے کے قریب ہونا۔

چراغ ٹھنڈا کرنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے چراغ بُجھانا۔

چراغ جلانا (اَر۔محاورہ) چراغ روشن کرنا۔

چراغ جلنا (اَر۔محاورہ) چراغ جلانا کا لازم۔ چراغ روشن ہونا۔

چراغ جلے (اَر۔حلق فعل) سرِ شام۔ جھٹ پٹے کے وقت۔

چراغِ چرخِ چہارم (ف۔ا۔مذ) آفتاب (۲) حضرت عیسیٰؑ۔

چراغِ چشم (ف۔ا۔مذ) بیٹا۔ فرزند۔

چراغ خاموش کرنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے چراغ بُجھانا۔

چراغ دان (ف۔اَر۔ا۔مذ) شمع دان۔ لکڑی کا ایک پایہ جس پر چراغ رکھ کر جلایا جاتا ہے۔

چراغ (دکھانا) دکھلانا (اَر۔محاورہ) راستے میں روشنی دکھانا۔ چراغ ہمراہ لے کر جانا۔

چراغِ سحر (ف۔ع۔ا۔مذ) صبح کا تارا (۲) (صف) ناپائیدار۔ زوال کے قریب۔

چراغِ سحری (ف۔ا۔مذ) (۱) چراغ جو صبح کو بُجھنے کے قریب ہو (۲) قریب مرگ۔ چند دن کا مہمان۔

چراغ سِدھارنا (بکسر سین) (اَر۔محاورہ) دیا بُجھ جانا۔

چراغ سے پُھول جَھڑنا (اَر۔محاورہ) چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا۔ (خوشی کا شگون لیا جاتا ہے)۔

چراغ سے چراغ جلتا ہے (اَر۔مثل) ایک دُوسرے سے کسبِ فیض کیا جاتا ہے۔ ایک سے دُوسرے کو فائدہ پہنچتا ہے۔

چراغِ عالم افروز (ف۔صف) دیا جو ساری دُنیا کو روشن کرے۔ مُراد سُورج۔

چراغ کا ہنسنا (اَر۔محاورہ) چراغ کی لو سے چنگاریاں نکلنا۔ چراغ سے جلتے تیل کا ٹپکنا۔ نیز دیکھئے چراغ سے پُھول جھڑنا۔

چراغ کو ہاتھ دینا (اَر۔محاورہ) چراغ بُجھانا۔

چراغ گُل پگڑی غائب (اَر۔مثل) آنکھ بچی اور مال دوستوں کا۔ ذرا سی غفلت کی اور مال غائب۔

چراغ گُل کرنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے چراغ بُجھانا (۲) گھر تباہ کرنا۔

چراغ گُل ہونا (اَر۔محاورہ) چراغ بُجھنا (۲) گھر تباہ ہونا۔

چراغ لے کر ڈھونڈنا (اَر۔محاورہ) بہت تلاش کرنا۔ بہت جُستجو کرنا۔

چراغ میں بتّی آنکھ پہ پٹی (چراغ میں بتّی پڑی' لاڈو میری تخت چڑھی) (اَر۔محاورہ) شام ہوتے ہی سونے کی تیاری۔

چراغ میں بتّی پڑنا (اَر۔محاورہ) چراغ جلنا۔ شام ہونا۔

چراغ بڑھ جانا (اَر۔محاورہ) چراغ بُجھ جانا۔

چراغا (چَ۔ا۔غا) (اَر۔ا۔مذ) نذرانہ۔ ایک پیسا (آزادوں اور فقیروں کی اصطلاح)۔

چراغاں (چَ۔را۔غاں) (ف۔ا۔مذ) چراغ کی جمع (۲) بہت روشنی۔ چراغوں کا ٹھاٹھ جلنا۔ بہت سے چراغ جلنا۔

چراغی (چَ۔ا۔غی) (ف۔ا۔مث) (۱) وہ نقدی جو کسی بُزرگ کے مزار پر روشنی کے لئے دی جائے (۲) نذرانہ۔ بھینٹ (۳) رشوت۔

چراغی چڑھانا (اَر۔محاورہ) (۱) بھینٹ چڑھانا۔ فاتحہ دِلاتے وقت کچھ نقدی چراغ کے نیچے رکھ دینا (۲) رشوت دینا۔

چراغی لینا (اَر۔محاورہ) (۱) نذر لینا (۲) رشوت لینا۔

چراگاہ (چراگہ) (چَ۔را۔گاہ) (چَ۔را۔گہ) (ف۔اَر۔ا۔مث) وہ جگہ جہاں جانوروں کو چرایا جاتا ہے۔ گھاس کا میدان۔ اَر جمع: چراگاہوں۔ چراگاہیں۔

چُرانا (چُ۔را۔نا) (ہ۔مص) (۱) چوری کرنا۔ اُڑا لینا (۲) موہ لینا (۳) اِغماض کرنا۔ توجہ نہ کرنا (۴) چُوس لینا۔

چَرانا (چَ۔را۔نا) (بفتحہ اوّل) (ہ۔مص) (۱) جانوروں کو جنگل میں لے جا کر گھاس کھلانا (۲) زیرِ حکم رکھنا (۳) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ بے وقوف بنانا (۴) کسی سے مجبوراً کام کرانا۔

چَرّانا (چَرّ۔را۔نا) (بفتحہ اوّل و تشدیدِ دوم) (ہ۔مص) زخم کا پھٹنا۔ خشک زخم کا درد کرنا۔ دوا خشک ہو جانے سے زخم کا درد کرنا۔

چِرانا (چِ۔را۔نا) (بکسر اوّل) (ہ۔مص) (۱) لکڑی کٹوانا (۲) چاقو سے پھوڑے وغیرہ کو چِرا دلانا۔ نیز دیکھئے چِروانا۔

چرائند (چراہند) (چِ۔رائند) (چِ۔راہند) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) چمڑے، بال یا ہڈی وغیرہ کے جلنے کی بدبُو۔

چرائندہ (چراہندہ) (چِ۔راں۔دہ) (چِ۔راہندہ) (ہ۔صف) (۱) بدبُودار (۲) بدمزاج۔

چرائتا (چِ۔را۔اے۔تا) (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی کڑوی بُوٹیاں جو مصفّیِ خون ہوتی ہیں۔

چراؤ (چِ۔را۔او) (بکسر اوّل) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) درز۔ شگاف۔ چیر۔

چَرائی (چَ۔را۔ای) (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) مویشی چرانے کا عمل (۲) جنگل کا محصول جو چرائی کے لئے دیا جائے (۳) چرانے کی اُجرت۔

چِرائی (چِ۔را۔ای) (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) لکڑی کا کٹنا (۲) لکڑی کٹوانے کی مزدوری۔

چرب (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) (۱) فربہ۔ موٹا۔ لحیم شحیم۔ جسیم۔ جس کے جسم میں بہت چربی ہو (۲) چکنا۔ مُرغن (۳) غالب۔ زیادہ۔ تیز (۴) کثیف۔ گاڑھا۔

چرب دست (ف۔صف) (۱) چالاک۔ ہوشیار (۲) ماہر دست کار۔ کاری گر (۳) چور۔ جیب کترا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چرب زبان (ف۔ صف) چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ شیریں زبان۔ خوشامدی۔
چرب زبانی (ف۔ ا۔ مث) چاپلوسی۔ خوشامد۔ شیریں کلامی۔
چرب غذا (ف۔ ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مث) وہ غذا جس میں چربی یا گھی زیادہ ہو۔
چرب کرنا (ا۔ مص مُرکّب) گھی یا تیل لگانا۔ گھی میں بھوننا۔ چکنا کرنا۔ چکنانا۔
چرب گوشت (ف۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) جس گوشت میں چربی زیادہ ہو۔
چرب ہونا (ا۔ محاورہ) (۱) ہوشیار ہونا (۲) بھن جانا۔ تیز ہو جانا۔
چربانا (چر۔ با۔ نا) (ہ۔ مص) چرب کرنا۔
چربانک (چرباک) (چر۔ بانک) (چر باک) (بفتحہ اوّل) (نون غنہ) (ا۔ صف) چالاک۔ عیّار۔ ہوشیار۔ گستاخ۔ زبان دراز۔
چربانک دیدہ (ا۔ صف) نڈر۔ شوخ چشم۔ ہوشیار۔ دیدہ دلیر۔
چربنا (چرب۔ نا) (ا۔ مص) (۱) بھن جانا (۲) چالاک ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ (۳) مدِ مقابل ہونا (۴) کاری گر ہونا (۵) جیت لینا۔ غلبہ پا لینا۔
چربہ (چر۔ بہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) روغنی کاغذ۔ موم جامہ (۲) خاکہ۔
چربہ اُتارنا (ا۔ محاورہ) (۱) خاکہ اُتارنا۔ ہو بہو نقل کرنا یا اُتارنا۔ کاغذ یا پوست آہو کو چرب کر کے کسی نقش یا تصویر پر رکھ کر اُس کی نقل اُتارنا۔
چربی (چر۔ بی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) وہ سفید چکنا مادّہ جو بدن میں گوشت پر جم جاتا ہے (۲) چکنائی۔ روغن۔ جمع: چربیاں۔ چربیوں۔
چربی اُتارنا (ا۔ محاورہ) گوشت سے چربی علیحدہ کرنا۔
چربی اُترنا (ا۔ محاورہ) دُبلا ہو جانا (۲) گوشت سے چربی علیحدہ ہونا۔
چربی چھائی آنکھن میں تو ناچن لاگی آنگن میں (ا۔ مثل) پیٹ بھر گیا تو کمینے پن پر اتر آئی۔
چربی کی باتیں (ا۔ ا۔ مث) چکنی چپڑی باتیں۔
چربیانا (چر۔ بیا۔ نا) (ا۔ مص) فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔
چرپرا (چر۔ پ۔ را) (ہ۔ صف) تیز۔ تند۔ گرم۔ مسالے دار۔ مرچوں والا۔ چٹ پٹا۔
چرپرانا (چر۔ پ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) تیزی کرنا (۲) مرچیں لگنا۔
چرپراہٹ (چر۔ پ۔ را۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تندی۔ تیزی (۲) مرچیں لگنا (۳) سوزش۔ جلن۔
چرپوز (چر۔ پوز) (ف۔ صف) کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ لچر۔ بے ہودہ (۲) بے قاعدہ۔ بے ترتیب (۳) کم زور۔
چرتر (چَ۔ رتر) (س۔ ا۔ مذ) چھل۔ چال بازی۔ عورتوں کا مکر و فریب۔
چرٹ (چَ۔ رٹ) (انگ۔ ا۔ مذ) سگار۔
چرچ (Church) (انگ۔ ا۔ مذ) گرجا۔ کلیسا۔ عیسائیوں کی عبادت گاہ۔
چرچ آف انگلینڈ (انگ۔ ا۔ مذ) برطانیہ کا کلیسا جو پوپ کے اقتدار کا منکر ہے۔
چرچا (چر۔ چا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تذکرہ۔ شہرت (۲) گفتگو۔ صلاح۔ مشورہ (۳) بحث و مباحثہ۔ جمع: چرچوں۔ چرچے۔
چرچا پھیلنا (ا۔ محاورہ) کسی بات کا مشہور ہونا۔
چرچا کرنا (ا۔ مص مُرکّب) ذکر کرنا۔
چرچا ہونا (ا۔ مص مُرکّب) (۱) تذکرہ ہونا (۲) افواہ اُڑنا۔ شہرت ہونا۔
چرچبینا (چر۔ چَ۔ بی۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) بھنا ہوا غلہ جس کو مزدور کھاتے ہیں۔
چرچٹا (چر۔ چٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک گھاس جس میں جو کی طرح بالیں لگتی ہیں۔ غُربا کی غذا ہے۔
چرچر (بفتحہ اوّل و سوم) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) لکڑی ٹوٹنے کی آواز (۲) نئی جوتی کی آواز (۳) بک بک۔ بکواس۔ گپ۔ گپ شپ۔
چرچر (بکسر اوّل و سوم) (ہ۔ ا۔ مث) تیتر کی آواز۔
چرچرا (چر۔ چَ۔ را) (ہ۔ صف) بہت باتیں کرنے والا۔ گپّی۔
چرچرانا (چر۔ چَ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) لکڑی کا ٹوٹنا۔ چٹخنا۔ چارپائی کا بولنا (۲) تپکنا۔ جلن کرنا۔ سوزش کرنا۔
چرچراٹ (ا۔ ا۔ مث) چرچرانا کا عمل یا فعل۔
چرچراہٹ (چر۔ چَ۔ را۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) چڑچڑا پن۔ تنک مزاجی۔ تُندخوئی۔
چرچنا (چَ۔ رچ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بدن پر خوشبو یا اُبٹنا ملنا (۲) پُوجا کرنا۔
چرچنا (چر۔ چَ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سمجھنا۔ سوچنا۔ خیال کرنا۔ دھیان کرنا (۲) احتیاط سے پڑھنا۔
چرخ (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کنوئیں یا پن چکی کا پہیا (۲) کمہار کا چاک (۳) خراد (۴) آسمان (۵) گردش۔ چکر (۶) گردش کرنے والی چیز (۷) وہ آلہ جس پر ظروف کو چڑھا کر صاف کرتے ہیں (۸) وہ لکڑی جس پر اُونی کپڑے کو چڑھاتے ہیں (۹) ایک سفید رنگ کا باز (۱۰) لگڑ بگڑ (۱۱) کھنچی ہوئی کمان۔
چرخ انداز (ف۔ صف) تیر کمان چلانے والا۔
چرخ بے پیر (ف۔ ا۔ مذ) عاشق اپنی بدنصیبی کا باعث آسمان کو خیال کرتے ہیں اِس لئے آسمان کو تحقیراً بے پیر کہتے ہیں۔
چرخ پُوجا (ہ۔ ا۔ مث) (۱) جب سُورج بُرجِ حمل میں داخل ہوتا ہے تو نیچی ذات کے ہندو گناہوں کی معافی کے لئے ایک خاص رسم ادا کرتے ہیں جو چرخ پوجا کہلاتی ہے۔
چرخ چڑھانا (ا۔ محاورہ) (۱) سان پر چڑھانا۔ سان پر رکھنا (۲) دھات کے برتن کو خراد پر چڑھانا۔
چرخ چڑھنا (ا۔ محاورہ) خراد پر چڑھنا۔
چرخ چلنا (ا۔ محاورہ) کنواں چلنا۔ کنوئیں سے پانی نکلنا۔
چرخ دولابی (ف۔ ا۔ مذ) رہٹ کا پہیا مُراد آسمان۔
چرخ زریں (ف۔ ا۔ مذ) چوتھا آسمان جہاں روایت ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کا قیام ہے اور جس پر سُورج ہے۔
چرخ زن (ف۔ صف) گھومنے والا (۲) وہ آدمی جو چرخ چلائے۔
چرخ سے مہتاب توڑ لانا (ا۔ محاورہ) نہایت چالاکی سے کام کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چرخ فلک (ف۔ع۔ا۔مذ) عرش (۲) ایک پھول کا نام۔
چرخ کبود (ف۔ا۔مذ) نیلا آسمان۔
چرخ کھانا (ا۔محاورہ) (۱) چکر کھانا۔گردش کرنا۔پھرنا (۲) دھات کا پگھل جانا۔تاؤ کھانا (۳) پارے کی طرح قطرے بنانا (۴) آگ میں سونے چاندی کو ڈال کر اِمتحان کرنا۔
چرخ مارنا (ا۔محاورہ) (۱) چکر کھانا (۲) حرکت کرنا (۳) ناچنا۔
چرخ میں آنا (ا۔محاورہ) پھرنا۔گردش کرنا۔
چرخاب (چر۔خاب) (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی پن چکی جس سے بجلی پیدا کی جاتی ہے۔نیز دیکھئے ٹربائن۔(Turbine)۔
چرخ چوں (چر۔رخ۔چوں) (ا۔ا۔صوت۔مث) (۱) پہیے کی آواز (۲) آہستہ آواز۔دھیمی آواز۔
چرخل (چر۔خل) (و۔صف) بوڑھا کھوسٹ۔
چرخہ (چر۔خہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) سوت کاتنے کا آلہ (۲) ایک قسم کا اناج (۳) (صف) بہت پرانی گاڑی (۴) کمزور۔دُبلا۔لاغر۔بوڑھا۔بوڑھی۔اُردو جمع: چرخوں۔چرخے۔
چرخہ پونی (ا۔ا۔مث) (۱) چرخہ اور اِس سے متعلق کاتنے کا سامان (۲) عورتوں کا کام۔
چرخہ پونی کرنا (ا۔محاورہ) چرخہ کات کر گزارہ کرنا۔چرخہ کاتنا۔
چرخہ چلانا (ا۔محاورہ) سوت کاتنا۔
چرخہ سا پھرنا (ا۔محاورہ) آوارہ پھرنا۔بہت گھومنا پھرنا۔
چرخہ کاتنا (ا۔محاورہ) (۱) چرخے پر تاگا بنانا (۲) چرخہ چلانے کا کام کرنا۔
چرخہ ہو جانا (ا۔محاورہ) بہت ضعیف ہو جانا۔نحیف ہو جانا۔
چرخی (چر۔خی) (ف۔ا۔مث) (۱) روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ۔چکر کھانے والی چیز (۲) ایک قسم کی گھومنے والی آتش بازی (۳) چاک۔کنوئیں سے پانی کھینچنے کا پہیا (۴) پھرکی (۵) ڈور یا بادلہ لپیٹنے کا اوزار (۶) ایک چھوٹا پرندہ۔جمع: چرخیاں۔چرخیوں۔
چرخے (ا۔ا۔مذ) (۱) چرخہ کی جمع (۲) چرخہ کی مغیّرہ صورت۔
چرخے کی مال (مال) (ا۔ا۔مث) وہ ڈورا جو چرخے کے پہیے پر ہوتا ہے اور تکلے کو گھماتا ہے۔
چرز (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) ایک صحرائی پرندہ۔
چرس (چ۔رَس) (و۔ا۔مذ) (۱) چمڑے کا بڑا ڈول (۲) ایک نشہ جو بھنگ کے پتوں اور افیون سے تیار کیا جاتا ہے۔اِسے تمباکو کی طرح پیتے ہیں۔
چرس (چ مفتوح۔ر ساکن۔س موقوف) (و۔ا۔مث) (۱) شکن۔بٹ۔جھری۔سلوٹ (۲) حسد۔ دُشمنی۔
چرسا (چر۔سا) (و۔ا۔مذ) (۱) بیل یا بھینسے کا چمڑا (۲) موٹا چمڑا۔ادھوڑی۔
چرسا بھر زمین (و۔ا۔مث) تھوڑی سی زمین۔اتنی زمین جس پر گائے وغیرہ بیٹھ سکے۔

چرسی (چر۔سی) (و۔ا۔مذ) چرس کا نشہ کرنے والا۔جمع: چرسی۔چرسیوں۔
چرسی یار کس کے ' دم لگایا کھسکے (ا۔مثل) مطلبی اور خود غرض لوگ کسی کے یار نہیں ہوتے۔
چرسیا (چر۔سِ۔یا) (و۔صف) دیکھئے چرسی۔
چرغ (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) (۱) لگڑ بگڑ۔لگڑ بھگا (۲) شکرے یا باز کی مانند ایک شکاری پرندہ۔
چرغم چرغم کرنا (ا۔مع مُرکّب) کھسر پھسر کرنا۔کانا پھوسی کے انداز میں باہم صلاح مشورہ کرنا۔(غالباً چرمی گُم کا بگاڑ ہے)۔
چرغہ (چر۔غہ) (ا۔ا۔مذ) کوئلوں پر سینکا ہوا یا تیل میں تلا ہوا مُرغِ مُسلّم۔جمع: چرغوں۔چرغے۔
چرغین (چرغینہ) (چر۔غین) (چر۔غی۔نہ) (ف۔صف) (۱) کمینہ۔سفلہ۔رذیل۔نیچ (۲) بدمعاش۔بدچلن (۳) بھینگا۔
چرغینی (ا۔صف۔مث) چرغینہ کی تانیث۔
چرک (چ مکسور۔ر ساکن۔ک موقوف) (ف۔ا۔مذ) (۱) پاخانہ۔گوہ۔غلاظت (۲) پیپ (۳) زنگ۔
چرک آلود (ف۔صف) غلاظت سے بھرا ہوا۔
چرک دھانس میں رہنا (ا۔محاورہ) ہمیشہ کسی نہ کسی مرض میں مبتلا رہنا۔
چرکا (چر۔کا) (و۔ا۔مذ) (۱) ہلکا سا زخم (۲) نُقصان (۳) گرم لوہے کا داغ۔جمع: چرکوں۔چرکے۔
چرکا (دینا) لگانا (ا۔محاورہ) (۱) ہلکا سا زخم لگانا (۲) داغ دینا (۳) نُقصان پہنچانا (۴) دھوکا دینا۔جُل دینا۔
چرکا کھانا (ا۔محاورہ) (۱) زخم کھانا (۲) نُقصان اُٹھانا۔
چرکٹا (و۔صف۔وا۔مذ) (۱) چارہ کاٹنے والا۔ہاتھی کا چارہ لانے والا۔ہاتھی کا گھسیارا۔فیلبانوں کا پیش خدمت (۲) کمینہ۔رذیل۔جمع: چرکٹوں۔چرکٹے۔
چرکنا (چ۔رَک۔نا) تھوڑا تھوڑا پاخانہ کرنا۔
چرکنا (چُ۔رَک۔نا) (و۔مص) (۱) چہچہانا۔پرندوں کا بولنا (۲) بہت باتیں کرنا۔گپ شپ کرنا۔
چرکین (چر۔کین) (ف۔صف) میلا۔گندہ۔غلیظ۔
چرم (چ مفتوح۔ر ساکن۔م موقوف) (ف۔ا۔مذ) چمڑا۔کھال۔پوست۔
چرمی (چر۔می) (ف۔صف) (۱) چمڑے کا (۲) چمڑے کا بنا ہوا۔
چرمینہ (چر۔می۔نہ) (ف۔صف) کھال کا بنا ہوا۔چرمی۔
چرن (چَ۔رَن) (س۔ا۔مذ) (۱) پاؤں۔قدم (۲) پاپوش۔جوتا (۳) ستون۔تھم (۴) فرقہ۔سلسلہ (۵) چلن۔طریقہ۔عمل۔جمع: چرن۔چرنوں۔
چرن بردار (و۔ف۔صف) (۱) امیروں کی جوتیاں اُٹھانے والا (۲) نیاز مند۔
چرن سیوا (و۔ا۔مث) خدمت۔مُلازمت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چرن سیوک (سے ۔ وَک)(ہ ۔ ا ۔ مذ) خدمت گار۔

چرن لینا (ہ ۔ محاورہ)(۱) پاؤں چھونا (۲) پاؤں پڑنا۔

چرنا (چر ۔ نا)(ہ ۔ مص)(۱) جانوروں کا گھاس کھانا۔ چگنا (۲) پرورش پانا (۳) (ہ ۔ ا ۔ مذ) اُونچا پاجامہ جو نوکروں یا ملزموں کو پہناتے ہیں۔ گھٹنا۔

چرنا (چر ۔ نا)(بکسر اوّل)(ہ ۔ مص)(۱) لکڑی کا دو ٹکڑے ہو جانا (۲) پھٹ جانا۔

چرنا (چر ۔ نا)(ہ ۔ ا ۔ مذ) سُوت کی مانند سفید کیڑا جو بچوں کے پیٹ میں پڑ جاتا ہے۔ جمع: چرنوں۔ چرنے۔

چرند (چرندہ) (چَ ۔ رَن ۔ د)(چَ ۔ رَن ۔ دَہ)(نون غنّہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) چرنے والا جانور۔ چوپایہ۔ مویشی۔ جمع: چرندوں۔ چرندے۔

چرِندم خورِندم (چَ ۔ رِن ۔ دَم ۔ خُ ۔ رِن ۔ دَم)(اَر ۔ ا ۔ مذ) کھانے پینے کا مشغلہ۔

چرندم خورندم کر جانا (اَر ۔ محاورہ) کھا جانا۔ خورد بُرد کرنا۔

چرنوں (ہ ۔ ا ۔ مذ) چرن کی جمع۔

چرنوں سے لگنا (ہ ۔ محاورہ)(۱) خدمت میں رہنا (۲) حفاظت میں رہنا۔

چرنوں میں رہنا (ہونا) (ہ ۔ محاورہ) خدمت میں رہنا۔

چرنی (چر ۔ نی)(ہ ۔ ا ۔ مث) وہ برتن جس میں جانوروں کو چارا دیا جاتا ہے۔

چرنے (بضمِ اوّل)(ہ ۔ ا ۔ مذ)(۱) چرنا کی جمع۔ بچوں کے معدے کے کیڑے جو سُوت کی طرح باریک اور سفید ہوتے ہیں۔

چرنے لگنا (اَر ۔ محاورہ)(۱) مقعد میں کیڑوں کا رینگنا جس سے بچوں کو تکلیف ہوتی ہے (۲) بُرا لگنا۔ ناگوار گزرنا۔

چروا (چَ ۔ رُو ۔ وا)(ہ ۔ ا ۔ مذ) بڑی ہنڈیا۔ دیگچہ۔ دیگ۔

چروانا (چر ۔ وا ۔ نا)(ہ ۔ مص) مویشیوں کو چرنے کے لئے بھیجنا۔

چروانا (چر ۔ وا ۔ نا)(ہ ۔ مص) لکڑیوں کے ٹکڑے کروانا۔

چروانا (چر ۔ وا ۔ نا)(ہ ۔ مص) چوری کرانا۔

چرواہا (چر ۔ وا ۔ ہا)(ہ ۔ ا ۔ مذ) مویشی چرانے والا۔ جمع: چرواہوں۔ چرواہے۔

چرواہی (چر ۔ وا ۔ ہی)(ہ ۔ ا ۔ مث) چرواہا کی تانیث۔

چروائی (چر ۔ وا ۔ ای)(ہ ۔ ا ۔ مث) چرائی۔ مویشی چرانے کی اُجرت۔

چروائی (چر ۔ وا ۔ ای)(ہ ۔ ا ۔ مث) چرائی۔ لکڑی چروانے کی مزدوری۔

چرونجی (چر ۔ رَوں ۔ جی)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) ایک درخت جس میں بیر کی مانند نیلے رنگ کے پھل لگتے ہیں جو دوا سازی میں کام آتے ہیں۔ پھل کو بھی چرونجی کہتے ہیں۔

چرہی (چر ۔ ہی)(ہ ۔ ا ۔ مث) بڑا برتن جس میں چوپاؤں کو چارا کھلاتے ہیں۔ نیز دیکھئے چرنی اور ناند۔

چری (ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) باجرا، مکئی، جوار کے ہرے پودے جو جانوروں کو کتر کر کھلائے جاتے ہیں (۲) وہ زمین جس کی مال گزاری نہ دی جائے۔

چری (چُ ۔ ری)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) شیشے یا لاکھ کی چوڑی (۲) چھوٹا کنواں۔

چری ہارا (ہ ۔ ا ۔ مذ) چوڑیاں بیچنے والا۔

چریتا (چِ ۔ رے ۔ تا)(ہ ۔ ا ۔ مذ) دیکھئے چرائتا۔

چ ۔ ڑ

چڑ (بفتحِ اوّل)(ہ ۔ ا ۔ مث) کھٹنے یا چرنے کی آواز۔ درخت کی شاخ ٹوٹنے کی آواز۔

چڑ (بکسرِ اوّل)(ہ ۔ ا ۔ مث) ناگوار بات۔ کوئی ایسی چیز جس کا سنتا یا دیکھنا بہت ناگوار ہو۔

چڑ نکالنا (اَر ۔ محاورہ) چھیڑ نکالنا۔ غصہ دلانا۔

چڑا (چِ ۔ ڑا)(ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک چھوٹا سا پرندہ۔ چڑیا کا مذکر۔ جمع: چڑوں۔ چڑے۔

چڑانا (چِ ۔ ڑا ۔ نا)(ہ ۔ مص) دِق کرنا۔ غصہ دلانا۔

چڑبڑ (چڑ ۔ بڑ)(ہ ۔ ا ۔ مث) بڑبڑ۔ بکواس۔

چڑبڑ چڑبڑ کرنا (اَر ۔ محاورہ) بڑبڑانا۔ بک بک کرنا۔

چڑچڑ (چڑ ۔ چڑ)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) چٹخنے کی آواز (۲) بک بک۔

چڑچڑا (چڑ ۔ چِ ۔ ڑا)(ہ ۔ صف) تنک مزاج۔ زود رنج۔ بدخُو۔ وہ آدمی جس کا مزاج بیماری یا مفلسی وغیرہ سے بگڑا ہوا ہو۔

چڑچڑاپن (ہ ۔ ا ۔ مذ) بدخوئی۔ بدمزاجی۔

چڑچڑاہٹ (چڑ ۔ چِ ۔ ڑا ۔ ہَٹ)(ہ ۔ ا ۔ مث) دیکھئے چڑچڑاپن۔

چڑنا (چڑ ۔ نا)(ہ ۔ مص) خفا ہونا۔ طیش میں آنا۔

چڑوے (چڑ ۔ وِے)(ہ ۔ ا ۔ مذ) گیلے چاولوں کو بھون کر بنایا ہوا چبینا۔ عام طور پر ریوڑیوں کے ساتھ کھاتے ہیں۔

چڑھ (ہ ۔ ا ۔ مث) دیکھئے چڑ۔

چڑھ (بفتحِ اوّل ۔ ڑھ ساکن)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) اُونچائی۔ بلندی (۲) حملہ (۳) چڑھنا مصدر کا اَمر۔

چڑھ آنا (اَر ۔ محاورہ) چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔

چڑھ بیٹھنا (اَر ۔ محاورہ)(۱) سوار ہو جانا (۲) قابو پانا۔

چڑھ جا بیٹا سولی رام بھلی کرے گا (اَر ۔ مثل) جو دوسروں کو غلط راستے پر چلائے اُس کے متعلق کہتے ہیں۔

چڑھ جانا (اَر ۔ محاورہ)(۱) حملہ کرنا (۲) رُعب جمانا (۳) سوار ہو جانا۔

چڑھ چڑھ کے بولنا (اَر ۔ محاورہ) اُونچا بولنا۔ زور سے بولنا۔

چڑھ دوڑنا (اَر ۔ محاورہ)(۱) فوراً جانا (۲) حملہ کرنا۔

چڑھ مار گولر پکے (اَر ۔ مثل) پورا قابو ہے۔ مطلب حاصل ہے۔

چڑھا (ہ ۔ صف) چڑھا ہوا (۲)(فعل) چڑھنا کی ماضی۔

چڑھا جانا (اَر ۔ محاورہ)(۱) ایک دم سارا پی جانا (۲) گستاخی کرنا۔ آپے سے باہر ہونا۔

چڑھا دینا (اَر ۔ محاورہ)(۱) مغرور کر دینا۔ عزت دینا (۲) لگا دینا (۳) گراں کرنا (۴) سوار کر دینا۔

چڑھا لانا (اَر ۔ محاورہ) فوج لے کر یا بہت سے آدمی لے کر آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چڑھا لینا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے چڑھا جانا نمبرا۔

چڑھانا (چَ۔ڑھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) نیچے سے اُوپر لے جانا (۲) تعریف میں مُبالغہ کرنا (۳) پی جانا (۴) گستاخ کرنا (۵) سوار کرنا (۶) کسی بزرگ کے مزار پر نذر رکھنا (۷) لگانا۔ جوڑنا۔

چڑھاوا (چَ۔ڑھا۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نذر۔ نیاز۔ بھینٹ (۲) بری کا زیور کپڑا۔ جمع: چڑھاووں۔ چڑھاوے۔

چڑھاوے (ہ۔ا۔مذ) (۱) چڑھاوا کی جمع (۲) چڑھاوا کی مُغیّرہ صورت۔

چڑھاوے بڑھاوے دینا (اَر۔ محاورہ) بہت تعریف کرنا۔

چڑھاؤ (چَ۔ڑھا۔اُو) (واو معروف) (ہ۔صف) (۱) چڑھنے کے قابل (۲) کشتی کا کرایہ لینے والا۔

چڑھاؤ (چَ۔ڑھا۔او) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چڑھائی۔ بلندی۔ فراز (۲) قیمت کی زیادتی (۳) عروج (۴) طغیانی (۵) پیشگی (۶) دریا کے اُوپر کی طرف جدھر سے پانی آتا ہے۔ جمع: چڑھاؤ۔ چڑھاؤوں۔

چڑھاؤ اُتار (ہ۔ا۔مذ) فراز اور نشیب۔ مدوجزر (۲) ترقی و تنزُّل (۳) زیر و بم۔

چڑھائی (چَ۔ڑھا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) بلندی (۲) حملہ (۳) روانگی۔ جمع: چڑھائیاں۔ چڑھائیوں۔

چڑھتا (چڑھ۔تا) (ہ۔صف) بڑھتا ہوا۔ ترقی کرتا ہوا۔ جوش پر آتا ہوا۔

چڑھتا بھاؤ (اَر۔ا۔مذ) قیمت کی زیادتی۔ گرانی۔

چڑھتا پٹا (ہ۔ا۔مذ) زمین جس کا لگان بڑھتا جائے۔

چڑھتا جوبن (ہ۔ا۔مذ) بڑھتا ہوا حسن۔

چڑھتا ہونا (اَر۔ محاورہ) ترقی کرنا۔ بہتر ہونا۔ اعلیٰ ہونا۔

چڑھتی (چڑھ۔تی) (ہ۔صف) چڑھتا کی تانیث۔

چڑھتی جوانی (اَر۔ا۔مث) جوانی کی ابتدا۔

چڑھتی کلا' جاگتی جوت (ہ۔دعا) چاند کی طرح چمکو اور روشن رہو۔

چڑھتے (ہ۔صف) (۱) چڑھتا کی جمع (۲) چڑھتا کی مُغیّرہ صورت۔

چڑھتے اُترتے (ہ۔صف) کسی قدر۔ کم و بیش۔ تھوڑے فرق سے۔

چڑھتے چاند (ہ۔ا۔مذ) مہینے کا شروع۔

چڑھنا (چڑھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) نیچے سے اُوپر جانا (۲) سوار ہونا (۳) موزوں ہونا (۴) بڑھنا (۵) حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا (۶) اُبھرنا (۷) ترقی کرنا (۸) گراں ہونا (۹) اُڑنا (۱۰) طغیانی ہونا (۱۱) بہتر ہونا (۱۲) بُخار ہونا (۱۳) ڈھول وغیرہ کسا جانا (۱۴) ہڈی کا جگہ پر آنا (۱۵) سانس پھولنا (۱۶) مہارت ہونا (۱۷) نشہ ہونا (۱۸) قرض بڑھنا (۱۹) سورج کا طلوع ہونا (۲۰) چولھے پر رکھا جانا۔

چڑھواں (چڑھ۔واں) (ہ۔صف۔و۔ا۔مث) کھڑی جوتی۔ مردانہ جوتی۔ کھڑی ایڑی کی جوتی۔

چڑھوانا (چڑھ۔وا۔نا) (ہ۔مص) چڑھانا کا متعدی۔

چڑھی (چَ۔ڑھی) (ہ۔صف) چڑھا کی تانیث۔ بڑھی ہوئی۔ طغیانی پر آئی ہوئی (۲) اُبھری ہوئی (۳) کسی ہوئی (۴) چڑھنا کی ماضی مث۔

چڑھی بارگاہ (اَر۔ا۔مث) بلند مرتبہ۔ عروج۔ انتہائی ترقی۔

چڑھی کھانا (اَر۔ محاورہ) کبوتر کا دُوسرے کے کبوتروں میں بار بار جانا۔

چڑھی گنگا اُترنا (اَر۔ محاورہ) بڑا کام کرنا۔

چڑھی ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) نشہ ہونا (۲) غرور کا نشہ ہونا۔

چڑھیت (چَ۔ڑھیت) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چڑھنے والا (۲) سوار۔

چڑھیتا (چَ۔ڑھے۔تا) (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو دُوسرے کے گھوڑے پر نوکر ہو۔ بارگیر۔

چڑی (چَ۔ڑی) (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔مث) لات۔ اَڑنگا۔

چڑی دینا (مارنا) (ہ۔ محاورہ) اَڑنگا دینا۔ اُچھل کر لات مارنا۔

چڑی (چِ۔ڑی) (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) چڑیا۔ جمع: چڑیاں۔ چڑیوں۔

چڑی مار (اَر۔ا۔مذ) صیاد۔ پرندے پکڑنے والا۔

چڑی مار ٹولا' بھانت بھانت کا پنچھی بولا (اَر۔مثل) اُس مجلس کے متعلق کہتے ہیں جہاں ہر ایک کی رائے مختلف ہو۔

چڑی مار ہمیشہ بھوکے ننگے (اَر۔مثل) ظالم کبھی سرسبز نہیں ہوتے۔

چڑیا (چڑ۔یا) (ہ۔ا۔مث) (۱) چڑے کی مادہ (۲) چوٹلا (۳) ازاربند ڈالنے کی جگہ (۴) انگیا کی کٹوریوں کے درمیان کی سلائی (۵) شٹل کاک۔ بیڈمنٹن کھیلنے کی چیز جو پروں کی بنی ہوتی ہے۔ جمع: چڑیاں۔ چڑیوں۔

چڑیا خانہ (گھر) (اَر۔ا۔مذ) وہ وسیع و عریض محصور جگہ جہاں عوام کی دلچسپی کے لئے طرح طرح کے جانور رکھے جاتے ہیں۔

چڑیاکا (اَر۔صف) احمق۔ مُورکھ۔ بیوقوف۔

چڑیا کے چھنالے میں پکڑے جانا (اَر۔ محاورہ) مفت میں بدنام ہونا۔

چڑیا گھر (اَر۔ا۔مذ) دیکھئے چڑیا خانہ۔

چڑیا نوچن (اَر۔ا۔مث) عذاب۔ تکلیف۔

چڑیل (چڑ۔یل) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق اُس عورت کی روح جو حمل یا نجس حالت میں مرجائے (۲) ڈائن۔ بھوتنی (۳) لڑاکا عورت (۴) گندی عورت (۵) بدصورت عورت۔ جمع: چڑیلیں۔ چڑیلوں۔

چ۔س

چُسانا (چُ۔سا۔نا) (ہ۔مص) دودھ پلانا۔ کسی چیز کا رس زبان یا ہونٹوں سے کھچوانا۔

چسپاں (چَس۔پاں) (ف۔صف) (۱) چپکا ہوا (۲) موزوں۔ ٹھیک۔

چسپاں کرنا (اَر۔مص) لگانا۔ چپکانا۔ موزوں کرنا۔

چسپیدگی (چَس۔پی۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) چپکنا (۲) محبت۔

چسپیدہ (چَس۔پی۔دَہ) (ف۔صف) چپکا ہوا۔ چمٹا ہوا۔

چست (چ مضموم۔ س ساکن۔ ت موقوف) (ف۔صف) (۱) پھرتیلا۔ چالاک۔ تیز۔ ہوشیار (۲) تنگ (۳) موزوں (۴) مضبوط۔ محکم۔

چست و چالاک (ف۔صف) تندرست اور ہوشیار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چَسْتَہ (چَس۔تَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) جما ہوا دودھ۔ شیردان (۲) بڑی آنت کا آخری حِصّہ۔

چُستی (چُس۔تی)(ف۔ا۔مث)(۱) پُھرتی۔ چالاکی (۲) دلیری۔ جُرأت۔

چسٹر (Chester) (انگ۔ا۔مذ) بڑا اور گرم کوٹ جو سردیوں میں اِستعمال کرتے ہیں۔

چَس جانا (چَسْنا) (اُر۔مص) کپڑے کا تنگ ہو کر مَسک جانا۔

چُس جانا (چُس۔جا۔نا)(ہ۔مص)(۱) نُچڑ جانا (۲) دُبلا ہو جانا۔ رَس نکل جانا۔

چُسّر پُسّر (چُسْ۔سَر)(اُر۔ا۔مث) وہ آواز جو ماں کا دودھ پیتے وقت بچّے کے مُنہ سے نکلتی ہے۔

چَسَک (چَ۔سَک)(ہ۔ا۔مث) ہلکا درد۔ ٹیس (۲) گوٹا کناری کی باریک تحریر جو کوٹ کے نیچے ٹانکتے ہیں۔

چَسکا (چَس۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) زبان کا مزہ۔ چاٹ۔ چٹورپن (۲) خواہش۔ شوق (۳) عادت۔ لت۔ جمع: چسکوں۔ چسکے۔

چَسَکنا (چَ۔سَک۔نا)(ہ۔مص) میٹھا میٹھا درد ہونا۔

چُسکی (چُس۔کی)(ہ۔ا۔مث) گھونٹ۔ جُرعہ۔ کش (۲) گُھلی ہوئی افیون جو خلاف وقت پی جائے۔ جمع: چسکیاں۔ چسکیوں۔

چُسکی لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) گھونٹ گھونٹ پینا (۲) افیون پینا۔

چُسنا (ہ۔مص) چوسنا کا لازم۔ چُوسا جانا (۲) نُچڑنا۔ کم زور ہو جانا۔

چُسنی (چُس۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چُوسنی۔ بچّوں کے چُوسنے کا کھلونا۔

چُسوانا (چُس۔وا۔نا)(ہ۔مص) چُسنا کا متعدی المتعدی۔

چ۔ش

چِشْتی (چِش۔تی)(ف۔صف)(۱) خُراسان کے ایک گاؤں چشت کا باشندہ (۲) صوفیہ کا ایک مشہور سلسلہ جو خواجہ معینُ الدین چشتی سے چلتا ہے (۳) اِس سلسلے کا پیرو۔

چَشَک (چَ۔شَک)(ف۔ا۔مث)(۱) زیادتی (۲) خاصے سے بچا ہوا کھانا۔

چَشْم (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث)(۱) آنکھ۔ دیدہ۔ نین۔ عین (۲) آس۔ اُمید۔ جمع: چشماں۔ چشمہا۔

چشمِ آشنا (ف۔صف) شناسا۔ واقف۔

چشمِ بد (ف۔ا۔مث) بُری نظر۔ لگ جانے والی نظر۔

چشمِ بد دُور (ف۔دُعا) نظرِ بد دُور ہو۔ نظر نہ لگے۔

چشم براہ (چشم۔بَہ۔راہ)(ف۔صف) جس کی آنکھیں راستے پر لگی ہوں۔ منتظر۔

چشمِ بُلبُل (ف۔ع۔ا۔مث) ایک قسم کا کپڑا۔

چشم بندک (ف۔ا۔مذ) آنکھ مچولی۔

چشم بوسی (ف۔ا۔مث) آنکھوں کو بوسہ دینا۔ دیدہ بوسی۔

چشمِ بے آب (ف۔صف) بے حیا۔

چشمِ بیمار (ف۔ا۔مث) آنکھ جو نیم وا ہو کر دیکھتی ہو (شرم یا ناز سے) خوبصورت اور مست آنکھ کو اِس سے تشبیہ دی جاتی ہے (۲) نشیلی آنکھ۔ خمار آلود آنکھ۔

چشمِ بینا (ف۔صف) دیکھنے والی آنکھ۔ ہوشیار۔ تیز فہم۔ تیز نظر۔

چشمِ پُر آب (چشمِ پُر نم) (ف۔ا۔مث) روتی ہوئی آنکھ۔ آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔

چشم پوشی (ف۔ا۔مث) دیکھ کر ٹال جانا۔ درگُزر کرنا۔ نظر انداز کرنا۔

چشمِ تر (ف۔ا۔مث) رونے والی آنکھ (۲) (بغیر اِضافت)(صف) پُر نم آنکھوں والا۔ رونے والا۔

چشمِ خون آلود (ف۔ا۔مث) قہر بھری آنکھ۔ سُرخ آنکھ۔

چشم داشت (بغیر اضافت)(ف۔ا۔مث) اُمید۔ آس۔ توقّع۔

چشم دِید (بغیر اِضافت)(ف۔صف) آنکھوں دیکھا۔

چشم زدن (ف۔ا۔مذ) پلک جھپکنا۔

چشم زدن میں (اُر۔متعلق فعل) بہت جلد۔ فوراً۔ پلک جھپکتے میں۔

چشمِ ما روشن۔ دلِ ما شاد (ف۔مثل) بسر و چشم۔ عین راحت ہے۔ آنکھوں کیلئے ٹھنڈک۔ اِظہار خوشنودی۔

چشمِ نم (ف۔صف) دیکھئے چشمِ تر۔

چشم نُمائی (ف۔ا۔مث) تنبیہ۔ جھڑکی۔ سرزنش۔ ملامت۔

چشمِ نیم باز (چشمِ نیم خواب) (ف۔ا۔مث) ادھ کھلی یا شرمیلی آنکھ۔

چشم و ابرو سے جان لینا (اُر۔محاورہ) اِشارے سے پہچان لینا۔

چشم و چراغ (ف۔ا۔مذ) عزیز۔ بڑا پیارا بیٹا۔

چَشْمَک (چَش۔مَک)(ف۔ا۔مث)(۱) چھوٹی آنکھ (۲) آنکھ کا اِشارہ۔ آنکھ مارنا (۳) رنجش۔ مُخالفت۔

چشمک زن (ف۔صف) آنکھ سے اِشارہ کرنے والا۔ طعنہ دینے والا۔

چشمک زنی (ف۔ا۔مث) طعنہ زنی۔ طنز کرنا۔

چَشْمَہ (چَش۔مَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) پانی کا سوتا۔ وہ جگہ جہاں سے پانی پُھوٹ کر نکلے (۲) عینک۔ فارسی جمع: چشمہا۔ اُردو جمع: چشموں۔ چشمے۔

چشمۂ آفتاب (ف۔ا۔مذ) سُورج۔

چشمۂ حیواں (چشمۂ خضر) (ف۔ا۔مذ) آبِ حیات کا روایتی چشمہ۔

چشمہ زار (چشمہ سار) (ف۔ا۔مذ) وہ علاقہ جس میں چشمے بہت ہوں۔

چشمۂ سلسبیل (ف۔ا۔مذ) بہشت کی ایک نہر۔

چَشِیدَہ (چَ۔شی۔دَہ)(ف۔صف) چکھا ہوا (۲) تجربہ کار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چ۔غ

چغا - (ت۔ا۔مذ) چوغا۔ عبا۔ جبہ۔ لبادہ۔ جمع: چغوں۔ چغے۔

چغتائی (چغ۔تا۔ای)(بفتحِ اوّل)(ت۔صف)(۱) چغتا سے منسوب جو چنگیز خان کا بیٹا تھا (۲) چغتا کی اولاد میں سے (۳) مُغلوں کا ایک خاندان۔

چغد (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ف۔ا۔مذ) اُلّو۔ اُلّو کی ایک چھوٹی قسم۔

چغد بول جانا (اُر۔محاورہ) برباد ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔

چغل (چُ۔غَل)(ف۔ا۔مذ)(۱) دیکھئے چغل خور (۲) مُخبر۔ جاسوس (۳) وہ کنکر جسے چلم میں تمباکو کے نیچے رکھتے ہیں۔

چغل خور (ف۔صف) چغلی کھانے والا۔ جمع: چغل خور۔ چغل خوروں۔

چغل خور خدا کا چور (اُر۔مثل) چغل خور کی مذمت کے لئے کہا جاتا ہے۔

چغل خوری (ف۔ا۔مث) کسی کی کوئی ایسی بات کسی دُوسرے کو بتانا جو اُسے اُس شخص کی طرف سے بدگمان کر کے باہمی تعلقات خراب کر دے۔ نیز دیکھئے غیبت۔

چغلی (چغ۔لی)(ف۔ا۔مث) دیکھئے چغل خوری۔ جمع: چغلیاں۔ چغلیوں۔

چغلی کھانا (اُر۔محاورہ) چغل خوری کرنا۔

چ۔ف

چفت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ف۔ا۔مذ) سُست۔ کاہل۔

چفتہ (چف۔تہ)(ف۔ا۔مذ) لکڑی کا بنا ہوا کمرا جس کی چھت لکڑی کے ستونوں پر قائم ہو (۲) پایہ۔ گھونی (۳) منڈپ (۴) جالی (۵) انگور کی ٹٹی۔

چفتی (چف۔تی)(ف۔ا۔مث) وہ چپٹی لکڑی جس سے سیدھی لکیریں کھینچتے ہیں۔ مسطر (۲) خوشامدی۔

چ۔ق

چق (ف۔ا۔مث) چلمن۔ چک۔ بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ۔ اُر جمع: چقوں۔ چقیں۔

چقر (چق۔قر)(ف۔ا۔مذ) چشمہ۔ تالاب۔

چقماق (چق۔مَق) (چق۔ماق) (چق۔مَق) (ت۔ا۔مذ و مث) ہلکے نیلے رنگ کا ایک سخت پتھر جسے رگڑنے سے آگ نکلتی ہے۔

چقماق جھاڑنا (اُر۔محاورہ) چقماق سے آگ نکالنا۔

چقندر (چُ۔قَندَر)(نون غنہ)(ف۔ا۔مذ) ایک ترکاری جو شلجم سے مشابہ اور نہایت سُرخ ہوتی ہے۔ اِس سے شکر بھی بنائی جاتی ہے۔ اُر جمع: چقندر۔ چقندروں۔

چقندر سا (اُر۔صف) بہت سُرخ۔ لال انگارہ۔ موٹا تازہ۔

چقندر سا بن رہا ہے (اُر۔مقولہ) سُرخ و سفید ہو رہا ہے۔ موٹا تازہ ہو رہا ہے۔

چقندر کاشتم زردک بر آید (ف۔مثل) بوئے چقندر نکلیں گاجریں (زردک)۔ بدقسمتی کے اظہار کے طور پر کہتے ہیں۔

چ۔ک

چک (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اَراضی۔ جائیداد غیر منقولہ۔ کاشت۔ قطعہ۔ پٹی۔ قطعہء زمین (۲) زمین کا جھگڑا (۳) پنجاب کی نہری آبادی میں گاؤں جہاں مربع بندی ہوئی ہو (۴) گاؤں کے کھیت جو گاؤں کی زمین سے علیحدہ ہوں (۵) جماؤ (۶) گذریا (۷) آنکھ۔

چک برار (اُر۔ا۔مذ) لگان وصول کرنے والا۔

چک بست (اُر۔ا۔مذ)(۱) چکوں میں تقسیم شدہ ریاست (۲) گاؤں کے کھیت (۳) چک کا مالک۔

چک بندھنا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی چیز کا زیادہ ہونا (۲) پھیر پڑنا۔

چک بندی (اُر۔ا۔مث) اَراضی کی حد بندی۔ پیمائش کی سہولت کے لئے حدبست کے نقشے کے اندر کئی مناسب حصّے کرنا۔

چک ٹکڑا (اُر۔ا۔مذ) زمین کا ایک خاص حِصّہ۔

چک نامہ (اُر۔ف۔ا۔مذ)(۱) ایک دستاویز جس میں اَراضی کا حدود اربعہ اور کھیتوں کی فہرست ہوتی ہے۔

چک (بکسرِ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) دھچکا۔ جھٹکا (۲) چلمن۔ چق (۳) کمر کا درد (۴) قصاب۔ چھوٹا گوشت بیچنے والا۔ جمع: چکوں۔ چکیں۔

چک آنا (اُر۔محاورہ) کمر کے پٹھوں کا اکڑ جانا۔ کمر میں جھٹکا آنا۔

چک (Cheque) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے چیک۔

چکّا (چک۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اینٹوں یا پتھروں کا چبوترا جو ناپ کے لئے بنایا جاتا ہے (۲)(صف) گول چیز (۳) جما ہوا۔ منجمد۔

چکا باندھنا (اُر۔محاورہ) اینٹوں کا چبوترا بنانا۔

چکا دہی (اُر۔ا۔مذ) جما ہوا دہی۔

چکاچک (ف۔ا۔مث) تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز (۲)(صف) تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا۔ چک چک۔

چکاچاندھ (چوندھ) (نون غنہ)(اُر۔ا۔مث) تیز روشنی کے باعث آنکھوں کا جھپکنا۔ خیرگی۔ آنکھ چوندھیانے کی حالت (۲) تعجب۔ حیرت۔ (۳) گھبراہٹ۔

چکا چوندھ ہونا (اُر۔محاورہ) تیز روشنی کے باعث آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا۔

چکّا (چک۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دھوکا۔ فریب (۲) بہانہ۔

چکارا (چ۔کا۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا چھوٹا ہرن (۲) چھوٹی سارنگی یا دوتارا۔

چکاری (چَ۔کا۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) چاکری (۲) چوری کا تابع مُہمل (چوری چکاری)۔

چکاری (چ۔کاری)(بکسرِ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) شکاری چاقو (۲) مُخبر کی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قسم کا ایک کیڑا (۳) فحش۔ ہزل۔

چکاں (چَ۔کاں) (ف۔ صف) گرانے والا۔ ٹپکنے والا۔ اُردو میں مُرکّبات کے آخر میں آتا ہے جیسے خوں چکاں۔

چکّان (چَک۔کان) (ہ۔ صف) گاڑھا۔ جما ہوا (بھنگ یا افیون کے لئے استعمال ہوتا ہے)۔

چکانا (چُ۔کا۔نا) (ہ۔ مص) (۱) قیمت ٹھہرانا۔ بھاؤ کرنا (۲) فیصلہ کرنا۔ حساب بے باق کرنا۔ نمٹانا۔ پورا کرنا۔

چکاوک (چَ۔کا۔وَک) (ف۔ ا۔ مذ) چنڈول۔ چکور۔ سُرخاب۔

چکاؤ (چُ۔کا۔او) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) فیصلہ۔

چکائی (چُ۔کا۔ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چکانے کا کام (۲) فیصلہ (۳) دھوکا۔ فریب (۴) اکساہٹ۔

چکائی دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) دھوکا دینا (۲) فریب دینا (۳) اکسانا۔ آمادہ کرنا۔

چک بچک (چَک۔بَ۔چَک) (ہ۔ صف) تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا۔

چک پھیری (ہ۔ ا۔ مث) چکر باندھ کر دائرے میں گھومنا۔

چکّت (چَ۔کّت) (ہ۔ ا۔ مث) کسی کو دانتوں سے کاٹنا۔

چکّت مارنا (اُر۔ محاورہ) دانتوں سے کاٹ کھانا۔ دانت مارنا۔

چکتا (چَ۔کت۔تا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گول ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا (۲) گول نشان (۳) دانتوں سے کاٹنے کا نشان (۴) سُرخ یا نیلے داغ جو جسم پر پڑ جاتے ہیں۔ جمع: چکتوں۔ چکتے۔

چکتا (چُک۔تا) (ہ۔ صف) (۱) مقررہ۔ فیصل شدہ (۲) مُعیّنہ۔

چکتا کرلینا (کرنا) (اُر۔ محاورہ) چکانا۔ بے باق کرنا۔

چکتی (چَک۔تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چمڑے کا چھوٹا گول ٹکڑا (۲) ٹکیا۔ قرص (۳) دُنبے کی چوڑی دُم۔ جمع: چکتیاں۔ چکتیوں۔

چکٹ (چکٹا) (چِ۔کَٹ) (چِک۔ٹا) (ہ۔ صف) (۱) میلا کچیلا (۲) لیس دار (۳) چکنا (۴) جما ہوا۔

چکٹ جانا (اُر۔ محاورہ) چکناہٹ اور میل سے بھرا ہونا۔

چکٹ لگائے (پھرنا) رہنا (اُر۔ محاورہ) میلا کچیلا رہنا۔

چکٹا (چکٹی) (چُک۔ٹا) (چُک۔ٹی) (ہ۔ ا۔ مذ۔ مث) مُٹھی بھر۔ چٹکی بھر۔

چکٹنا (چِ۔کَٹ۔نا) (اُر۔ مص) دیکھیے چکٹ جانا۔

چک چک (اُر۔ ا۔ مث) (۱) جسم پر تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز (۲) (صف) روغن میں تر بتر۔

چک چک لونڈے (چکھنا) کھانا (اُر۔ محاورہ) گھی میں تر بتر نوالے اُڑانا۔

چک چکا (چَک۔چَ۔کا) (ہ۔ صف) روشن۔ چمک دار۔

چک چکی (چَک۔چَ۔کی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کا خنجر یا چاقو (۲) چٹکی

لکڑیوں کی جوڑی جو فقیر اور جوگی بجاتے ہیں۔

چک چوندھلا (چَک۔چوندھ۔لا) (ہ۔ صف) (۱) روشنی سے چندھایا ہوا (۲) جس کی نظر کمزور ہو۔ نیم اندھا۔ مؤنث کے لئے چک چوندھلی۔

چک چوندھی (چَک۔چوں۔دھی) (ہ۔ ا۔ مث) چکا چوندھ۔

چک چوہی (چَک۔چوہی) (ہ۔ ا۔ مث) چمڑے کا ایک کھلونا۔

چک ڈڑھیا (چَک۔ڈڑھ۔یا) (ہ۔ صف) چکّی ڈاڑھی والا۔ وہ شخص جس کی ڈاڑھی کے بال صرف ٹھوڑی کے نیچے اُگے ہوں۔

چکّر (چَک۔کر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سنسکرت چکّر (بغیر تشدید) کا مہنّد۔ دائرہ۔ حلقہ۔ گھیرا (۲) گاڑی کا پہیا (۳) کمہار کا چاک (۴) ایک گول ہتھیار جو سکھ پگڑی پر باندھتے ہیں (۵) بھنور (۶) بگولا (۷) کولھو (۸) گول سڑک (۹) گردش (۱۰) سر کا گھومنا (۱۱) حیرت۔ جمع: چکّر۔ چکّروں۔

چکّر آنا (اُر۔ محاورہ) سر گھومنا۔ غش آنا۔

چکّر باندھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حلقہ باندھنا (۲) کسی چیز کو اس طرح گھمانا کہ دائرے کی شکل بن جائے۔

چکّر دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) پھرانا (۲) لمبے راستے سے چلانا (۳) حیران کرنا۔ پریشان کرنا (۴) جُل دینا۔ دھوکا دینا (۵) گھوڑے کو پھیرنا۔

چکّر کاٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بار بار آنا جانا۔ پھیرے کرنا (۲) گردش کرنا۔

چکّر کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھومنا (۲) تیورانا (۳) گھبرا جانا (۴) آوارہ پھرنا۔

چکّر لانا (اُر۔ محاورہ) شرارت کرنا۔ فساد اُٹھانا۔

چکّر (لگانا) مارنا (اُر۔ محاورہ) پھرنا۔ گردش کرنا۔ گشت کرنا۔ بار بار آنا جانا۔

چکّر میں (آنا۔ پڑنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں پھنسنا۔ پریشان ہونا۔

چکّر میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں پھنسانا (۲) حیران کرنا (۳) راستہ بُھلانا۔

چکّرا جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھبرا جانا (۲) سر کا چکّر کھانا۔

چکّرا دینا (ہ۔ محاورہ) پریشان کر دینا۔

چکّرانا (چَک۔را۔نا) (ہ۔ مص) (۱) گردش کرنا۔ گھومنا (۲) گھبرانا۔ غش کھانا۔

چکرانہ (چَک۔را۔نہ) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔

چکّر مکّر (چَ۔کر۔مَ۔کر) (ہ۔ ا۔ مذ) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔

چکر مکر لگانا (ہ۔ محاورہ) حیلہ حوالہ کرنا۔

چکّری (چَک۔ری) (ہ۔ ا۔ مث) چرخی۔ گھرنی۔ پھرکی۔

چکّریا (چَ۔کر۔یا) (ہ۔ صف) نوکری پیشہ۔ چاکر باش۔

چکّرو (چَک۔کرو) (ق۔ ا۔ مذ) کیچڑ۔

چکّروی (چَک۔رَوی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی زرد لکڑی جس کی کنگھیاں بنتی ہیں۔

چکّس (چَ۔کَس) (ف۔ ا۔ مذ) پالتو پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی۔ اڈّا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چکسا (چک۔سا)(ق۔ا۔مذ) ایک قسم کا سفوف جو عورتیں بال صاف کرنے کے لئے اِستعمال کرتی ہیں۔

چکش (چَ۔کِش)(ف۔ا۔مث) پانی کا ٹپکنا۔ ٹپکا۔

چکّل (چَک۔کل)(ہ۔ا۔مذ) کسی پودے کو جڑوں سمیت ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دُوسری جگہ لگانا۔

چکّل (چ۔کل)(ق۔ا۔مذ) دباؤ۔

چکلا (چَک۔لا)(ہ۔صف)(۱) گول۔ مُدوّر (۲) چوڑا۔ فراخ (۳)(ہ۔ا۔مذ) وہ گول پتھر جس پر روٹی بیلتے ہیں (۴) علاقہ۔ صوبہ۔ جاگیر (۵) رنڈیوں کے رہنے کا مقام (۶) دانہ دلنے کی چکّی۔ چکّی کا پاٹ۔ جمع: چکلوں۔ چکلے۔

چکلا بندی (اَر۔ا۔مث)(۱) حدبندی (۲) صوبے کو حصّوں میں تقسیم کرنا۔

چکلی (چَک۔لی)(ہ۔صف)(۱) چکلا (چوڑا) کی تانیث۔ چوڑی۔ فراخ (۲)(ا۔مث) چرخی (۳) صندل گھسنے کا چھوٹا پتھر۔

چکلے (چَک۔لے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چکلا کی جمع (۲) چکلا کی مُغیّرہ صورت۔

چکلے دار (اَر۔ف۔ا۔مذ) صُوبے کا حاکم (۲) جاگیردار (۳) طوائفوں کے محلّے کا چودھری۔

چکلے میں بیٹھنا (اَر۔محاورہ) رنڈی کا پیشہ اِختیار کرنا۔

چکما (ہ۔ا۔مذ)(۱) دھوکا (۲) نُقصان (۳) تاش کا ایک کھیل۔ جمع: چکموں۔ چکمے۔

چکما چل جانا (اَر۔محاورہ)(۱) داؤں چل جانا (۲) فریب کی چال کا کامیاب ہونا۔

چکما چلنا (اَر۔محاورہ) داؤں چلنا۔ چال چلنا۔

چکما دینا (اَر۔محاورہ) دھوکا دینا۔

چکما کھانا (اَر۔محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔

چَک ماک (چَک مَک) (ہ۔ا۔مث) چق ماق اور چق مق کا بگڑا ہوا۔

چک مک دیدہ کھائے بلیدہ (اَر۔مثل) بدچلن عورت عیش کرتی ہے۔

چکن (چِ۔کَن)(ف۔ا۔مث)(۱) بیل بُوٹے کا کام۔ کشیدہ کاری یا سوزن کاری (۲) بیل بوٹوں والا کام۔

چکن دوز (کار) (ف۔صف) چکن بنانے والا۔

چکن (دوزی) کاری (ف۔ا۔مث) چکن بنانے کا کام۔

چکنا (چِک۔نا)(ق۔مص) بہنا۔ ٹپکنا۔

چکنا (چِک۔نا)(ہ۔صف)(۱) تیل لگا ہوا۔ روغنی (۲) چربی دار۔ موٹا (۳) بہت صاف۔ پالش کیا ہوا (۴) خوبصورت (۵) بارونق (۶) بے حیا۔ بے غیرت (۷) پھسلواں (مذ) تیل۔ گھی۔ روغن۔

چکنا چپڑا (اَر۔صف)(۱) چرب۔ تیل لگا ہوا (۲) خوش پوش (۳) بناٹھنا۔

چکنا دیکھ پھسل پڑے (اَر۔مثل) دولت دیکھ کر ریجھ گئے۔ خوبصورت دیکھ کر مر مٹے۔

چکنا کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) تیل لگانا (۲) صاف کرنا۔

چکنا گھڑا (اَر۔صف) بے حیا۔ بے غیرت۔ بے شرم۔

چکنا گھڑا' بُوند پڑی پھسل (پڑی) گئی (اَر۔مثل) بے غیرت پر لعنت ملامت کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔

چکنا مُنہ' پیٹ خالی (اَر۔مثل) ظاہری ٹیم ٹام بہت مگر پیٹ خالی۔

چکنا (چُک۔نا)(ہ۔مص)(۱) جھگڑا ختم ہونا (۲) قیمت طے ہونا (۳) حساب بے باق ہونا (۴) صرف ہو جانا (۵) صیغۂ اَمر کے بعد آکر فعل کی تکمیل کے معنی دیتا ہے۔ مثلاً کھا چُکنا۔

چکنا چُور (چَک۔نا۔چُور)(ہ۔صف)(۱) ٹکڑے ٹکڑے۔ پُرزے پُرزے (۲) تھکا ماندہ۔

چکنا چُور کرنا (اَر۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔

چکنانا (چِک۔نا۔نا)(ہ۔مص)(۱) روغن لگانا (۲) میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔

چکناوٹ (چکناہٹ) (چِک۔نا۔وَٹ)(چِک۔نا۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث) چکنا پن۔

چکنائی (چِک۔نا۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) تیل۔ گھی۔ روغن۔ چربی (۲) بے شرمی۔

چکنی (چِک۔نی)(ہ۔صف) چکنا کی تانیث (۱) روغنی (۲) صاف ستھری۔ چمکدار۔

چکنی چپڑی باتیں کرنا (اَر۔محاورہ) خوشامد یا چاپلوسی کی باتیں کرنا۔

چکنی ڈلی (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کی چھالیا جسے دودھ میں پکاتے ہیں۔

چکنی مٹّی (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کی مٹّی جو لیپنے کے کام آتی ہے۔ خالص چکنی مٹّی کو چائنا کلے اور پورسلین کہتے ہیں۔

چکنے (چِک۔نے)(ہ۔صف)(۱) چکنا کی جمع (۲) چکنا کی مُغیّرہ صورت۔

چکنے گھڑے پر بُوند نہیں ٹھہرتی (اَر۔مثل) بے غیرت پر کسی بات کا اثر نہیں ہوتا۔ نیز دیکھئے چکنا گھڑا بُوند پڑی پھسل پڑی۔

چکنے مُنہ کو سب چُومتے ہیں (اَر۔مثل) دولت مند کی سب خوشامد کرتے ہیں۔

چکنیا (چِ۔کَن۔یا)(ہ۔صف) البیلا۔ بانکا۔ چھیلا۔

چکّو (چَک۔کُو)(ہ۔ا۔مذ) چاقو کا بگڑا ہوا۔

چکوا (چَک۔وا)(ہ۔ا۔مذ) سُرخاب۔ جمع: چکووں۔ چکوے۔

چکوا چکوی (ہ۔ا۔مذ) سُرخاب کا جوڑا۔ مشہور ہے کہ چکوا چکوی دن بھر ساتھ رہتے ہیں اور رات کو جُدا ہو کر ندی کے کنارے الگ الگ درختوں پر بیٹھ جاتے ہیں اور صبح تک ایک دُوسرے کو پُکارتے رہتے ہیں۔

چکوتا (چُ۔کو۔تا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) فیصلہ (۲) بے باقی۔ بفتح اوّل بھی صحیح ہے۔

چکوتا (چَ۔کو۔تا)(ہ۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں گھٹنے کے نیچے پھنسیاں نکل آتی ہیں اور تمام ٹانگ پر پھیل جاتی ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چکوترا (چَ۔کو۔تَ۔را)(ہ۔ا۔مذ) لیموں کی قسم کا ایک پھل۔ بڑا نیبو۔ جمع: چکوتروں۔ چکوترے۔

چکوٹ (چَک۔وَٹ)(ق۔صف)(۱) چکنی (۲) فربہ (۳) لذیذ۔ خوش ذائقہ۔ مزیدار۔

چکور (چَ۔کور)(ہ۔ا۔مذ) تیتر کی قسم کا ایک پہاڑی خوشنما و خوش آواز پرند۔ چاندنی رات میں چاند کی طرف جانے کی کوشش کرتا ہے اس لئے اِسے چاند کا عاشق کہتے ہیں۔ جمع: چکور۔ چکوروں۔

چکوَر (چَک۔وَر)(ق۔صف) ممنون۔ شکرگزار۔

چکوری (چَ۔کو۔ری)(ہ۔ا۔مث) چکور کی مادہ۔

چکولیاں (چَ۔کول۔یاں)(ق۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھانا۔

چکھ (بالکسر)(ق۔صف) ذرا۔

چکھا چکھی کرنا (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا چکھ لینا۔

چکھا دینا (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا کھلا دینا۔

چکھانا (چَ۔کھا۔نا)(ہ۔مص)(۱) تھوڑا سا کھلانا۔ ذائقہ دکھانا (۲) سزا دینا (مزہ چکھانا)۔

چکھ (جانا) ڈالنا (ہ۔مص) کھا جانا۔ ہضم کر جانا۔ خورد بُرد کرنا۔

چکھنا (چَکھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) ذرا سا کھانا (۲) ذائقہ یا چاشنی دیکھنا۔ مزہ اُڑانا (۳) سزا پانا۔

چکھوتی (چکھوتیاں) (چَ۔کھو۔تی)(چَ۔کھو۔تِ۔یاں)(ہ۔ا۔مث) لذیذ کھانا۔

چکھوتیاں کرنا (ہ۔محاورہ) بازاری پکوان کھانا۔ چٹور پن کرنا۔

چکھی (چَکھ۔کھی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چاٹ۔ چسکا (۲) کسی کا مال کھانا (۳) بٹیر کو لڑائی سے پہلے تھوڑا سا دانہ کھلانا۔

چکئی (چَ۔کئی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک گول کھلونا جس کو ڈورا ڈال کر پھراتے ہیں (۲) چکوا (سُرخاب) کی مادہ۔

چکی آڑو (اُر۔ا۔مذ) گول آڑو۔

چکی (چَک۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) آٹا پیسنے کا آلہ (۲) گھٹنے کی ہڈی (۳) بندوق کے نیچے لگائی جانے والی لکڑی (۴) لکڑی یا دھات کا گول ٹکڑا۔ جمع: چکیاں۔ چکیوں۔

چکی پھیرنا (چلانا) (ہ۔محاورہ) چکی میں آٹا پیسنا۔

چکی پیس کر گزارہ کرنا (اُر۔محاورہ) نہایت غریب ہونا۔ محنت مزدوری کر کے پیٹ پالنا۔

چکی پیسنا (ہ۔مص مُرکب)(۱) چکی چلانا (۲) مُصیبت بھگتنا (۳) کسی کام کو مُدّت تک کئے جانا۔

چکی ٹلنا (ہ۔محاورہ) چکی کا گھر درا کیا جانا۔ چکی رہانا۔

چکی جھونا (ہ۔محاورہ) آٹا پیسنا (۲) طویل قِصّہ شروع کرنا۔ دُکھڑا رونا۔

چکی رہا (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو چکی کو گھر درا کرتا ہے۔

چکی رہانا (ہ۔محاورہ) چکی کو گھر درا کرنا۔

چکی کا پاٹ (ہ۔ا۔مذ) چکی کا اُوپر کا پتھر۔

چکی نامہ (اُر۔ا۔مذ) وہ گانا جو شادی کے موقع پر اُبٹنا پیستے وقت عورتیں گایا کرتی تھیں۔

چکّی (چَک۔کی)(ہ۔ا۔مث) فریب۔ دغا۔

چکّی دینا (ہ۔محاورہ) دھوکا دینا۔

چکّی ٹکّی (چَک۔کی۔ٹِک۔کی)(ہ۔ا۔مث)(بچوں کی زبان) ختم ہو گئی۔

چکیدہ (چَ۔کی۔دَہ)(ف۔صف) ٹپکا ہوا۔

چ۔گ

چگانا (چُ۔گا۔نا)(ہ۔مص)(۱) پرندوں کو دانہ کھلانا (۲) جانوروں کو چرانے کے لئے باہر لے جانا۔

چگائی (چُ۔گا۔ای)(ہ۔ا۔مث)(۱) چگانے کی اُجرت (۲) چُگنے کا عمل (۳) چُگنے کی چیز۔

چگ ڈڑھیا (چُگ۔ڈڑھ۔یا)(ہ۔صف) چگی داڑھی والا۔ نیز دیکھئے چگدڑھیا۔

چگر (چَ۔گر)(ق۔ا۔مذ) ایک پرندہ۔

چگنا (چُگ۔نا)(ہ۔مص)(۱) پرندوں کا دانہ کھانا (۲) جانوروں کا گھاس چرنا۔

چگّو (چُگ۔گو)(ہ۔ا۔مث) وہ داڑھی جس میں صرف ٹھوڑی کے نیچے بال نکلیں اور وہ لمبے ہوں۔

چگونگی (چَ۔گو۔نَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) کیفیت۔ اصلیت (۲) خاصیت (۳) حقیقت۔

چگونہ (چَ۔گو۔نَہ)(ف۔کلمۂ استفہام) کِس طرح۔ کیسا۔ کیونکر۔

چگّی (چُگ۔گی)(اُر۔صف) ذرا سی۔ چھوٹی سی۔ چٹکی بھر۔

چگّی ڈاڑھی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے چگّو۔

چ۔ل

چل (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) برہمی۔ پراگندگی (۲) اختلاف۔ فرق۔ دھوکا۔ جھوٹ (۳) ڈگمگاہٹ (۴) روانگی۔ رُخصت۔ کُوچ (۵)(صف) چلتا ہوا۔ حرکت کرتا ہوا (۶) بَل کے ساتھ بطور تابع۔ بَل چَل (۷) چلنا کا اَمر (۸)(کلمۂ تنفّر) دفع ہو۔ ہٹ۔ دُور ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چل بسنا (اَر۔ محاورہ) مر جانا۔
چل پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) روانہ ہونا (۲) چلنے لگنا (۳) شروع ہونا (۴) رواج پانا۔
چل پھر (اَر۔ا۔مث) (۱) گردش (۲) آمد و رفت (۳) چالاکی۔
چل جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) مَسک جانا۔ پھٹ جانا (۲) بسر ہو جانا۔ گزر جانا (۳) کام دینا۔ کارگر ہونا۔
چل چخ (چل چخے) (کلمۂ نفرت۔ عو) چل دُور ہٹ۔ دُور ہو۔ چلا جا۔
چل چلاؤ (اَر۔ا۔مذ) (۱) سفر۔ کُوچ (۲) آخری وقت۔
چل دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) رفوچکر ہو جانا۔ بھاگ جانا (۲) فوت ہو جانا۔
چل کھڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) روانہ ہونا۔
چل نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) حد سے بڑھنا (۲) اِترانا۔ گھمنڈ کرنا (۳) گستاخ اور بے اَدب ہو جانا (۴) بڑھ جانا۔ آگے نکل جانا (۵) چل پڑنا۔ روانہ ہو جانا۔
چل نہ سکوں میرا گُدّن نام (اَر۔ مثل) ہمت اور حوصلے سے زیادہ دعویٰ کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔
چل ہوا بن (ہو) (اَر۔ محاورہ) دُور ہو جا۔ چلا جا۔
چِل (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) چیخ پکار۔ شور و غوغا۔
چُل (بضم اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) خارش۔ کھجلی (۲) باہ کی مستی۔ شہوت (۳) بیقراری۔ بےکلی۔ بے چینی۔
چُل اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کھجلی ہونا (۲) شہوت ہونا (۳) چھیڑ چھاڑ کی خواہش ہونا۔
چُل مٹانا (اَر۔ محاورہ) (۱) خارش دُور کرنا (۲) خواہش پوری کرنا۔
چُل ہائی (ہ۔ا۔مث) مست عورت۔ شوخ اور شریر عورت۔
چلا (بفتح اوّل) (ہ۔فعل) (۱) چلنا مصدر کا فعلِ ماضی۔ روانہ ہوا (۲) بعض اَفعال کے شروع میں بطور معاونِ فعل بھی اِستعمال ہوتا ہے جیسے چلا آنا۔ چلا جانا۔
چلا آنا (اَر۔ محاورہ) لگاتار آنا۔
چلا جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) روانہ ہو جانا۔ رُخصت ہو جانا (۲) جاری رہنا۔ بڑھنا۔ کام کرتے رہنا (۳) دیر تک رہنا۔ دیرپا ہونا۔ سلسلہ نہ ٹوٹنا۔
چلا چاہنا (اَر۔ محاورہ) چلنے کے لئے تیار ہونا۔ چلنے کا اِرادہ کرنا۔
چلاچل (اَر۔صف) (۱) ساکن و غیرساکن (۲) اِدھر اُدھر جانا یا حرکت کرنا (۳) بے قیام۔ بے ثبات۔
چلا چلنا (اَر۔ محاورہ) چلتے رہنا۔
چلاچلی (اَر۔ا۔مث) (۱) ہل چل (۲) سفر کی تیاری (۳) موت کی گرم بازاری۔
چلانا (چ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ہانکنا۔ روانہ کرنا (۲) جاری کرنا۔ بہانا (۳) کاروبار جاری کرنا۔ بندوبست کرنا (۴) ہلانا۔ حرکت دینا (۵) پھیلانا (۶) سُود پر دینا (۷) اِستعمال کرنا (۸) نکالنا۔ رُخصت کرنا۔
چِلّانا (چِل۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) چیخنا۔ شور مچانا۔ غُل مچانا (۲) رونا۔ فریاد کرنا (۳) غصہ کرنا۔
چلاؤ (چ۔لا۔اُو) (واو معروف) (ہ۔صف) عارضی قسم کا۔ ناپائیدار۔ فانی۔
چلاو (چ۔لا۔او) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) روانگی۔ حرکت (۲) رسم۔ رواج۔ چلن۔
چلاؤ (چ۔لاؤ) (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) بے گوشت کا پلاؤ۔ نمکین خشکہ۔
چلّاہٹ (چل۔لا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) چیخ پکار۔ فریاد۔ شور۔
چل بل (چل۔بل) (ہ۔ا۔مث) (۱) مُنے کے بچے کی آواز (۲) بچوں کی گھبرائی ہوئی آواز۔
چلبلا (چُل۔ب۔لا) (ہ۔صف) نچلا نہ بیٹھنے والا۔ شوخ۔ چالاک۔
چلبلا پن (چلبلاہٹ) (ہ۔پہلا مذ۔ دُوسرا مث) بیقراری۔ شوخی۔ چنچل پن۔
چلبلاگی (چل۔ب۔لا۔گی) (ق۔ا۔مث) چلبلاہٹ۔
چلبلانا (چل۔ب۔لا۔نا) (اَر۔مص) بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔
چلپاسہ (چل۔پا۔سَہ) (ف۔ا۔مث) چھپکلی۔
چلپرا (چل۔پ۔را) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کے پروں میں تھوڑی سی سفیدی دُوسرے رنگ کے ساتھ ملی ہوتی ہے۔
چلتا (چل۔تا) (ہ۔صف) (۱) چلتا ہوا۔ بہتا ہوا۔ رواں۔ جاری (۲) بھاگتا ہوا (۳) مُروج (۴) چالاک۔ ہوشیار (۵) کارگر۔ پُر اَثر۔
چلتا بننا (چلتا ہونا) (اَر۔ محاورہ) بھاگ جانا۔ چلا جانا۔
چلتا پُرزہ (اَر۔ا۔مذ) بہت چالاک اور مستعد آدمی۔
چلتا زمانہ (سماں) (اَر۔ا۔مذ) بڑھاپے کا زمانہ۔
چلتا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) روانہ کرنا (۲) ہلاک کرنا (۳) کارروائی کے قابل کرنا (۴) کسی کا کام نکال دینا (۵) تیز کرنا۔
چلتا ہوا (اَر۔صف) (۱) کارگر۔ پُراثر۔ کامیاب (۲) چالاک۔ ہوشیار۔
چلت پھرت (چ۔لت۔پھ۔رت) (ہ۔ا۔مث) (۱) حرکت (۲) رفتار۔ گردش (۳) پھرتی۔ چالاکی۔
چلتّر (چ۔لت۔تَر) (ہ۔ا۔مذ) فریب۔ مکر۔ چال۔ چھل۔ چرِتر کا بگاڑ۔
چلتّر بازی (ہ۔ا۔مث) چالاکی۔ فریب۔ دھوکے بازی۔
چلتہ (چل۔تہ) (ف۔ا۔مذ) زرہ بکتر۔ ایک جنگی پوشاک۔
چلتی (چل۔تی) (ہ۔صف) چلتا کی تانیث (۱) چلتی ہوئی۔ بھاگتی ہوئی۔ رواں۔ بہتی ہوئی (۲) کارگر۔ مؤثر۔
چلتی (ڈھلتی) پھرتی چھاؤں (اَر۔ مثل) دُنیا کی دولت ناپائیدار اور چند روزہ جاہ و مراتب سے مُراد ہے جو کبھی اِس کے اور کبھی اُس کے پاس جاتی ہے (۲) جلد ختم یا گزر جانے والی چیز۔
چلتی کا نام گاڑی ہے (اَر۔ مثل) جب تک کام بنا رہے اُس وقت تک نام رہتا ہے (۲) اُلٹی مت۔ اَوندھی عقل (چلنے والی کو گاڑی (گاڑی ہوئی) کہتے ہیں)۔
چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا (اَر۔ محاورہ) ہوتے ہوئے کام کو روکنا۔
چلتی ہوا سے لڑنا (اَر۔ محاورہ) نہایت بدمزاج ہونا۔ خواہ مخواہ لڑائی کرنا۔
چلتی ہوئی بات (اَر۔ا۔مث) وہ بات جو سرسری طور پر کہی جائے۔
چلتے (چل۔تے) (ہ۔صف) (۱) چلتا کی جمع (۲) چلتا کی مغیرہ شکل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چلتے بیل کے آر لگانا (اَر۔ محاورہ) کام کرنے والے کو روکنا۔ ناحق کسی کو تنگ کرنا۔

چلتے پھرتے (اَر۔ متعلق فعل) اِدھر اُدھر پھرتے یا گھومتے ہوئے (۲) بغیر محنت وتردّد کے۔

چلتے پھرتے نظر آؤ (اَر۔ محاورہ) رفوچکر ہو جاؤ۔ چلے جاؤ۔

چلتے چلتے (اَر۔ متعلق فعل) عین جانے کے وقت۔ روانہ ہوتے وقت۔

چلتے چور لنگوٹی لابھ (ہ۔ مثل) بہت سا نقصان ہونے پر جو کچھ بھی مل جائے غنیمت ہے۔

چلتے ہاتھ (اَر۔ تابع فعل) جب تک ہاتھ میں کام کرنے کی طاقت ہے۔ جب تک قابو حاصل ہے۔

چلچل (چل۔ چل)(ہ۔ ا۔ مث) ابرق۔ ابرک۔

چلچلاتا (چل۔ چ۔ لا۔ تا)(ہ۔ صف) سخت گرم۔ جلانے والا۔

چلچلاتی (چل۔ چ۔ لا۔ تی)(ہ۔ صف) چلچلاتا کی تانیث۔ نہایت گرم۔ جلانے والی۔

چلچلاتی دُھوپ (ہ۔ ا۔ مث) سخت تیز دُھوپ۔

چلچلانا (چل۔ چ۔ لا۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) چیل کا بولنا (۲) بے فائدہ شور و غوغا کرنا (۳) سخت گرمی پڑنا (۴) گرم ہونا۔

چلچُلانا (چل۔ چُ۔ لا۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) کھجلی ہونا (۲) جماع کرانے کو دل چاہنا۔

چل چلاؤ (ہ۔ ا۔ مذ) چل کے تحت دیکھیے۔

چلچلی (چل۔ چ۔ لی)(ق۔ ا۔ مث) چیخ۔

چل سَیں (چَل۔ سَیں)(ق) چلیں۔ چلیں گے۔

چلڑ (چلھڑ) (ہ۔ ا۔ مذ) جوں۔

چلغوزہ (چل۔ غو۔ زہ)(ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا خشک میوہ جو مقوی دماغ ہوتا ہے۔ صنوبر کا پھل۔ نیوزا۔

چلک (چ۔ لک)(ہ۔ ا۔ مث) چمک۔ جھلک۔ تابش۔ تاب۔

چلکا (چل۔ کا)(ہ۔ ا۔ مذ) چاندی کا سکہ۔ روپیہ۔

چلکنا (چ۔ لک۔ نا)(ہ۔ مص) چمکنا۔ روشن ہونا۔ دمکنا۔

چُلکنا (چُ۔ لک۔ نا)(ہ۔ مص) خارش ہونا۔ چُل اُٹھنا۔

چلم (چ۔ لم)(ہ۔ ف۔ ا۔ مث) آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حقے پر رکھ کر دَم لگاتے ہیں۔ جمع: چلموں۔ چلمیں۔

چلم بردار (اَر۔ صف) حقہ پلانے والا ملازم۔

چلم بھرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) چلم میں تمباکو اور آگ رکھنا (۲) گھٹیا خدمت کرنا۔

چلم پینا (اَر۔ محاورہ)(۱) حقہ پینا (۲) گانجا یا چرس پینا۔

چلم چٹ (اَر۔ صف) بہت حقہ پینے والا۔

چلمچی (چ۔ لم۔ چی)(ت۔ ا۔ مث) طشت۔ ہاتھ منہ دھونے کا برتن جس کے سرپوش میں چھید ہوتے ہیں۔ جمع: چلمچیاں۔ چلمچیوں۔

چلمَن (چل۔ مَن)(ہ۔ ا۔ مث) چق۔ تیلیوں کا بنا ہوا پردہ۔ جمع: چلمنوں۔ چلمنیں۔

چلمن چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) چلمن ڈالنا۔ چلمن گرانا۔

چلَن (چَ۔ لَن)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) چال۔ رفتار۔ وضع۔ (۲) دستور۔ رسم۔ رواج (۳) عادت۔ برتاؤ (۵) کفایت شعاری۔ کجوری۔

چلن بگڑنا (اَر۔ محاورہ) رفتار ناموزوں ہونا۔ سلامت روی میں فرق آنا۔ عادات و اطوار خراب ہونا۔

چلن چلنا (اَر۔ محاورہ) رفتار اختیار کرنا۔ وضع اختیار کرنا۔

چلن سیکھنا (اَر۔ محاورہ) دُوسرے کی وضع اختیار کرنا۔

چلن سے چلنا (اَر۔ محاورہ) کفایت شعاری سے گزارہ کرنا۔ وضع داری سے گزر بسر کرنا۔

چلن مند (ق۔ صف) سُست رفتار۔

چلن ہار (ہ۔ صف)(۱) مرنے جوگا۔ مرن ہار (۲) مسافر۔ پا در رکاب۔

چلن ہونا (اَر۔ محاورہ) رواج ہونا۔

چلنا (چَل۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) حرکت کرنا۔ ہلنا (۲) روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ رُخصت ہونا (۳) رواج پانا (۴) جاری ہونا۔ بہنا۔ رواں ہونا (۵) نکلنا (۶) پھٹنا۔ مسکنا (۷) نشہ ہونا (۸) مرنا (۹) لڑائی ہونا (۱۰) فریب دینا (۱۱) ترقی کرنا۔ آگے بڑھنا (۱۲) بندوق یا توپ چھُٹنا (۱۳) کارگر ہونا (۱۴) پایا جانا (۱۵) رواں ہونا (۱۶) اثر کرنا (۱۷) شراب کا دور ہونا (۱۸) لباس کا دیر تک کام آنا (۱۹) رسائی ہونا (۲۰) کہنے پر عمل کرنا۔

چلنا پھرنا (اَر۔ محاورہ) ٹہلنا۔ پاؤں پر حرکت کرنا۔

چلَنت (چَ۔ لنت)(نون غنہ)(ق۔ ا۔ مث) چال چلن۔

چلنے (چَل۔ نے)(ہ) چلنا کی مغیرہ شکل۔

چلنے (پھرنے) سے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) بیماری یا حادثے کے سبب ٹانگوں کا جواب دے جانا۔ چلنے کے قابل نہ رہنا۔

چلنے لگنا (اَر۔ محاورہ)(۱) چلنے پھرنے کے قابل ہو جانا (۲)(کاروبار) ترقی کرنا (۳) دیکھیے زبان چلنا۔

چلّو (چُل۔ لو)(ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھ کی پیالے کی سی شکل جس میں پانی یا کوئی اور رقیق چیز لی جا سکے۔ جمع: چلّو۔ چلّوؤں۔

چلّو بھر (اَر۔ صف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

چلّو بھر پانی میں ڈوب مر (اَر۔ محاورہ) غیرت دلانے کا کلمہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چلّو لینا (اُر۔ محاورہ) کُلّی کرنا۔ کھانے کے بعد مُنہ صاف کرنا۔

چلّو میں اُلّو ہونا (اُر۔ محاورہ) ذرا سی نشہ آور چیز پی کر بیہوش ہونا۔

چلّو میں سمندر نہ سمانا (اُر۔ محاورہ) چھوٹے ظرف والے سے بڑا کام نہ ہونا۔ کم حوصلہ آدمی سے بڑا کام نہ ہونا۔

چلّوا (چَل۔ وَا) (ہ۔ا۔مث) ایک چھوٹی اور چمکیلی مچھلی۔

چلّوا (چِل۔ وا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی جوں۔

چلْوانا (چَل۔ وَا۔ نا) (بفتحِ اوّل) (ہ۔مص) چلنا کا متعدی۔

چلوانا (چِل۔ وا۔ نا) (بکسرِ اوّل) (ہ۔مص) چلانا کا متعدی۔

چلّوانس (چِل۔ وانس) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) چلاہٹ (۲) اُمّ الصّبیان کی بیماری میں بچّے کا چیخنا چلّانا۔

چلّونا (چَ۔ لو۔ نا) (ہ۔ا۔مذ) ڈوئی۔ چمچہ۔ کف گیر (۲) چھوٹا دستہ جس سے چرخہ چلاتے ہیں۔

چلّووں (چُل۔ لو۔ اوں) (ہ۔ا۔مذ) چلّو کی جمع۔

چلّووں رونا (اُر۔ محاورہ) زار و قطار رونا۔ بہت رونا۔

چلّووں لہو بڑھنا (اُر۔ محاورہ) اَز حد خوش ہونا۔

چلّووں لہو پینا (اُر۔ محاورہ) بہت ستانا۔ خوب مارنا۔

چلّووں لہو خشک ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ ہونا۔ بہت رَنج ہونا۔

چلوے (چَل۔ وے) (ق۔ا۔مذ) چلویا کی جمع۔ چلنے والے (تیز رفتار)۔

چلویا (چَل۔ وِ۔ یا) (ق۔ا۔مذ) چلنے والا۔

چلّہ (چِل۔ لہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کمان کی تانت (۲) چالیس دن کا عرصہ (۳) چالیس روز کا عمل (۴) وہ جگہ جہاں کسی بُزرگ نے چلّہ کشی کی ہو (۵) زچّہ کا چالیسویں دن نہانا (۶) چالیس دن کا سخت جاڑا جو پوس سے شروع ہوتا ہے۔

چلّہ بیٹھنا (کاٹنا۔ کھینچنا) (اُر۔ محاورہ) چالیس دن کسی گوشے میں بیٹھ کر کوئی عمل کرنا یا وظیفہ پڑھنا۔

چلّہ چڑھانا (اُر۔ محاورہ) تانت کو تان کر کمان کے اُوپر لگانا۔ تیر کو تانت میں رکھنا۔

چلّے (چِل۔ لے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) چلّا کی جمع (۲) چلّا کی مُغیّرہ صورت۔

چلّے کی سردی (ہ۔ا۔مث) سخت سردی۔ پوس ماگھ کی سردی۔

چلّھوا (چِلھ۔ وا) (ہ۔ا۔مث) چیل کے بُلانے کی آواز۔

چلیپا (چَ۔ لی۔ پا) (ف۔ا۔مث) (۱) صلیب۔ دار۔ سُولی (۲) (صف) ٹیڑھا۔ خمیدہ۔

چلیپائی (چَ۔ لی۔ پا۔ ای) (ف۔ صف) چلیپا سے متعلق۔

چ-م

چَم (بالفتح) (ہ۔ا۔مذ) چام کا مُخفّف۔ چمڑا۔ کھال۔ چرم۔

چماچم کرنا (اُر۔مص) خوب چمکنا۔

چمار (چَ۔ مار) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چمڑا بنانے والا (۲) موچی (۳) جوتیاں سینے یا گانٹھنے والا۔ جمع: چمار۔ چماروں۔

چمار چمڑے کا یار (اُر۔ مقولہ) چمار جوتوں سے ہی سیدھا ہوتا ہے۔

چمار چودس (ہ۔ا۔مث) (۱) چماروں کا بڑا تہوار (۲) کم ظرفی کے باعث چندروزہ خوش حالی پر اِترانا۔

چمار کو عرش پر بھی بیگار (اُر۔ مثل) غریب کی ہر جگہ کم بختی ہے۔

چمار کی جورُو اور ٹوٹی جوتی (اُر۔ مثل) نازیبا بات۔ ناموزوں بات۔

چمار کے کوسے سے ڈھور نہیں مرتے (اُر۔ مثل) خواہ مخواہ بدعا دینے سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا۔ نیز دیکھئے کوّے کوسے سے کہیں ڈھور مرتے ہیں۔

چمارَن (چمارنی۔ چماری) (ہ۔ا۔مث) (۱) چمار کی بیوی (۲) چمار برادری کی عورت۔ جمع: چمارنوں۔ چمارنیں۔ (چماریاں۔ چماریوں)۔

چمارے (چَ۔ ما۔ رے) (ق۔ا۔مذ) آئینہ۔

چمالی (چَ۔ ما۔ لی) (ف۔ا۔مذ) شراب پلانے والا۔ ساقی۔

چمال (چَ۔ مال) (ف۔ا۔مذ) ہل ہل کر چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ ناز سے چلنا۔

چمائے (چَ۔ ما۔ اے) (ق۔ا۔مذ) نعلین۔ جوتے۔

چمبرلین (Chamberlain) (انگ۔ا۔مذ) بادشاہ یا امیر کے اُمورِ خانہ داری کا منتظم۔

چُمبک (چُم۔ بَک) (اُر۔ا۔مذ) مقناطیس۔ آہن رُبا۔

چمپا (چَم۔ پا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت جس کا پھول سفیدی مائل زرد رنگ کا اور نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔ (ف: چمپا)۔

چمپا کے دس پھول، چنبیلی کی ایک کلی۔ مورکھ کی ساری رات، چاتر کی ایک گھڑی (ہ۔مثل) تھوڑی اور اچھی چیز گھٹیا مگر بہت سی چیز سے بہتر ہوتی ہے۔

چمپا کلی (اُر۔ا۔مث) گلے کا ایک زیور جس کے دانے چمپا کے پھول سے مشابہ ہوتے ہیں۔

چمپت (چَم۔ پَت) (ہ۔صف) چھپا ہوا۔ غائب۔

چمپت ہونا (اُر۔ محاورہ) رُخصت ہونا۔ جلد چلا جانا۔ ہوا ہو جانا۔

چمپو (چَم۔ پُو) (ہ۔ا۔مث) بڑی کشتی۔

چمپئی (چَم۔ پ۔ ای) (ہ۔صف) چمپا کی سی رنگت کا۔ ہلکے زرد رنگ کا۔

چمپینزی (Chimpanzee) (انگ۔ا۔مذ) بوزنہ۔ وسطی اور جنوبی افریقہ کا لنگور جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے۔

چِمٹا (چِم۔ ٹا) (ہ۔ا۔مذ) دست پناہ۔ آگ پکڑنے کا آلہ۔

چمٹانا (چِم۔ ٹا۔ نا) (ہ۔مص) (۱) چسپاں کرنا۔ چپکانا (۲) پیچھے لگانا (۳) لپٹانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گلے لگانا۔

چمٹنا (چِ۔مَٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) چپکنا۔ چسپاں ہونا (۲) پیچھے پڑنا (۳) لپٹنا۔

چمٹی (چِم۔ٹی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹا چمٹا (۲) چٹکی۔

چمٹی لینا (اُر۔ محاورہ) چٹکی کاٹنا۔

چُمٹی (چُم۔ٹی)(ق۔ا۔مث) چیونٹی (۲) چٹکی۔

چمچ (چَم۔چ)(ہ۔ا۔مث)(۱) بڑی چونچ والی ایک سفید چڑیا (۲)(مذ) چمچہ۔

چم چچڑ (چَم۔چِ۔چڑ)(ہ۔صف) چچڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا۔

چم چم (بنگ۔ا۔مث) ایک بنگالی مٹھائی۔

چمچمانا (چَم۔چَ۔ما۔نا)(اُر۔مص) چمکنا۔ جھلکنا۔

چمچماہٹ (چَم۔چَ۔ما۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث) چمک دمک۔

چمچہ (چَم۔چہ)(ف۔ا۔مذ) چمچ۔ رقیق چیز پینے یا چاول وغیرہ کھانے کا آلہ۔ کفچہ۔ جمع: چمچوں۔ چمچے۔

چمچی (چَم۔چی)(اُر۔ا۔مث) چھوٹا چمچہ۔ کتھا چونا لگانے کا چھوٹا سا آلہ۔ جمع: چمچیاں۔ چمچیوں۔

چمر (چَ۔مَر)(ہ۔ا۔مذ) چمار کا مخفف۔

چمر توحید (ہ۔ع۔ا۔مث) خدا کی وحدت کی گھٹیا دلیلیں۔ بے سمجھے بوجھے ہمہ اوست کا قائل ہونا۔

چمر ڈھینگ (ہ۔ا۔مذ) گِدھ۔ کرگس۔

چمرخ (چَم۔رَخ)(اُر۔ا۔مث)(۱) چمڑے یا مونجھ کی وہ پتلی سی چیز جس کے اندر تکلا پھرتا ہے (۲)(اُر۔صف) دُبلا پتلا۔ کمزور۔

چمرس (چَم۔رَس)(ہ۔ا۔مذ) وہ زخم جو جوتی کی رگڑ سے پڑ جائے۔

چمڑا (چَم۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) کھال۔ پوست۔ جلد۔ جمع: چمڑوں۔ چمڑے (۲) (اُر۔صف) نہ گلنے کے قابل سخت گوشت۔ جمع: چمڑوں۔ چمڑے۔

چمڑا اُتارنا (اُدھیڑنا، چھڑانا، کھینچنا۔ نکالنا) (اُر۔ محاورہ) چمڑا یا کھال بدن سے جدا کرنا۔

چمڑی (چَم۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) چمڑا کی تصغیر۔ جمع: چمڑیاں۔ چمڑیوں۔

چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (اُر۔ مثل) اُس بخیل کی نسبت بولتے ہیں جو پیسا دینے کی جگہ جسمانی سزا بھگتنے کو ترجیح دے۔

چمڑے (ہ۔ا۔مذ)(۱) چمڑا کی جمع (۲) چمڑا کی مُغیّرہ صورت۔

چمڑے کے جہاز چلانا (اُر۔ محاورہ) بھڑوا یا قرمساقی کا پیشہ کرنا۔ کٹناپا کرنا۔

چمڑے کی زبان ہے (اُر۔ مثل) بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔

چمک (ہ۔ا۔مث) روشنی۔ آب و تاب (۲) رونق (۳) خوف (۴) درد۔

چمک اُٹھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) غُصّے ہو جانا۔ جوش میں آ جانا۔ برافروختہ ہونا (۲) درد اُٹھنا (۳) روشن ہو جانا۔

چمک (چاندنی) چاننی (اُر۔ا۔مث) وہ عورت جو اوباش عورتوں کی طرح بنی ٹھنی رہتی ہو۔

چمک دار (ف۔صف) چمکیلا۔ درخشاں۔ جگمگاتا ہوا۔ مُنوّر۔

چمک دمک (ف۔ا۔مث) جھلک۔ آرائش۔ زیب و زینت۔ تابش۔

چُمکار (چُم۔کار)(ہ۔ا۔مث) پیار۔ دلاسا۔

چمکارا (چَم۔کا۔را)(ہ۔ا۔مذ) چمک۔ روشنی (۲)(پن) لشکارا۔

چُمکارنا (چُم۔کار۔نا)(ہ۔مص) پیار کرنا۔ دلاسا دینا۔ تھپکنا۔

چمکانا (چَم۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) آب دینا۔ صیقل کرنا (۲) بھڑکانا۔ برافروختہ کرنا (۳) گھوڑے کی رفتار کو تیز کرنا (۴) رونق بڑھانا۔

چمکنا (چَ۔مَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) روشنی دینا۔ کوندنا (۲) نام پانا۔ رونق پانا (۳) جھلکنا۔ جگمگانا۔ دمکنا (۴) بھڑکنا۔ ڈرنا (۵) عروج پکڑنا۔ بلند ہونا (۶) زور پکڑنا (۷) لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔ جھگڑا ہونا (۸) گرم بازاری ہونا۔ خوب بکری ہونا (۹) گھوڑے کا خوب دوڑنا۔

چمکو (چَ۔مَک۔کو)(واو مجہول)(ہ۔صف)(۱) چھنال۔ فاحشہ۔ بدکار (عورت)(۲) شوخ۔ چنچل (عورت)(۳) لڑاکا۔ جھگڑالو (عورت)۔

چمکوانا (چَ۔مَک۔وا۔نا)(ہ۔مص) چمکانا کا متعدی۔ صیقل کرانا۔ آب دلوانا۔ پالش کرانا۔

چمکول (چَم۔کو۔ول)(ہ۔صف) چمکتا ہوا۔ چمک والا۔ روشن۔

چمکی (چَم۔کی)(اُر۔ا۔مث)(۱) جھوٹا کام۔ جھوٹا مقیش (۲) وہ ستارے جو سلمے وغیرہ میں پرو کر ٹانکے جاتے ہیں۔

چمکی کا دستہ (اُر۔ا۔مذ) خالص ستاروں کی بیل جس میں گوکھرو نہ ہو۔

چمکیلا (چَم۔کی۔لا)(ہ۔صف) چمک دار۔ جگمگاتا ہوا۔

چمگادڑ (چمگیدڑ) (چَم۔گا۔دڑ)(چَم۔گی۔دڑ)(ہ۔ا۔مث) چوہے کی شکل کا دودھ پلانے والا (ممیل) ایک پرند جو دن بھر چھتوں یا درختوں کی شاخوں میں اُلٹا لٹکا رہتا ہے اور رات کو اُڑتا ہے۔ شپّر۔ جمع: چمگادڑوں۔ چمگادڑیں۔

چمگادڑ کے گھر مہمان آئے، ہم بھی لٹکیں تم بھی لٹکو (اُر۔ مثل) جیسا میزبان ہو گا ویسی ہی مہمان کی تواضع ہو گی۔

چمگدل (چَم۔گَ۔دَل)(ق۔ا۔مذ) چمگادڑ۔

چمتل (چملا۔ چملی) (چَم۔تَل)(چَم۔لا)(چَم۔لی)(ہ۔ا۔ پہلے دو مذ۔ تیسرا مث) چھوٹا کاسہ جس میں اکثر فقرا اور غریب لوگ کھانا پانی رکھتے ہیں۔

چمن (چَ۔مَن)(ف۔ا۔مذ)(۱) وہ جگہ جہاں پھولوں کے پودے بوئیں (۲) گلزار۔ پھلواری۔ اُر جمع: چمن۔ چمنوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چمن آرا (چمن بند۔ چمن پیرا۔ چمن طراز) (ف۔ صف) باغبان۔ مالی۔
چمن آرائی (بندی۔ پیرائی۔ طرازی) (ف۔ ا۔ مث) چمن کی آرائش۔ باغبانی۔
چمن زار (چمنستان) (ف۔ ا۔ مذ) پھولوں کا قطعہ۔ پھلواری۔ گلزار۔
چمنی (Chimney) (انگ۔ ا۔ مث) دُھواں باہر نکالنے کے لئے لوہے کا بڑا پائپ یا اینٹوں کا مینار۔ دُود کش (۲) شیشے کا فانوس جو لالٹین اور لیمپ پر لگاتے ہیں۔ اُر جمع: چمنیاں۔ چمنیوں۔
چموٹا (چ۔ مو۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس پر نائی اُسترا صاف کرتے ہیں (۲) وہ چمڑا جس میں نکلا پھرتا ہے (۳) وہ چمڑا جو قیدیوں کی ٹانگ میں ڈالتے ہیں تاکہ وہ بیڑی کی رگڑ سے محفوظ رہے (۴) (صف) بیوقوف۔
چموٹی (چَ۔ مو۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) چموٹا کی تصغیر۔ دیکھئے چموٹا نمبر ۱'۲۔
چموں رانی (چَم۔ مو۔ را۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) بچوں کا ایک کھیل۔

چ۔ن

چنا (چَ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) نخود۔ بونٹ۔ سفید، سیاہ یا بھورے رنگ کا ایک اناج جو فصلِ ربیع میں پکتا ہے اور دُنیا میں بکثرت اِستعمال ہوتا ہے۔ اِس کا اصل وطن ایشیا ہے لیکن اب جنوبی یورپ، امریکا اور افریقہ میں بھی کاشت کیا جاتا ہے۔ جمع: چنوں۔ چنے۔
چنا اور چغل منہ لگا بُرا (اَر۔ مثل) چنے کھانے کی عادت پڑ جائے تو چھوٹتی نہیں اور چغل خور کے ساتھ مہربانی کی جائے تو وہ دُوسروں سے لڑا دیتا ہے۔
چنا بھٹ کو نہیں پھوڑ سکتا (اَر۔ مثل) کمزور زبردست کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔
چنّا (چَن۔ نا) (ق۔ ا۔ مث) چاندنی۔
چنار (چَ۔ نار) (ف۔ ا۔ مذ) ایک بے ثمر درخت جس کی پتیاں اِنسان کے پنجے کے مشابہ ہوتی ہیں۔ اُر جمع: چنار۔ چناروں۔
چنال (چَ۔ نال) (ق۔ ا۔ مث) ایک قسم کی جوتی۔
چنامنا (چُن۔ نا۔ مُن۔ نا) (ہ۔ صف) بچوں کی زبان میں بہت چھوٹا۔
چناں (چُ۔ ناں) (ف۔ حرفِ تشبیہ) مثل۔ اِس طرح کا۔
چناں چنیں (چناں و چنیں) (ف۔ حرفِ تشبیہ) ایسا ویسا۔ اِس طرح کا۔ اُس طرح کا (۲) (ا۔ مث) نکتہ چینی (۳) مین میکھ۔ نقص۔ عیب (۴) بحث بحثی۔ تکرار۔ جھگڑا۔
چناں چنیں کرنا (اَر۔ محاورہ) بحث کرنا۔ تکرار کرنا۔ نقص نکالنا۔
چنانچہ (چُ۔ ناں۔ چہ) (ف۔ متعلق فعل) جیسا کہ۔ مثلاً۔ اِس طرح۔ اِس طور سے۔
چناوٹ (چُ۔ نا۔ وٹ) (ہ۔ ا۔ مث) کپڑے میں چُنٹیں ڈالنا (۲) اینٹ کی چُنائی۔
چناو (چُ۔ نا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذ) اِنتخاب۔ الیکشن۔
چنائی (چُ۔ نا۔ اِی) (ہ۔ ا۔ مث) اینٹ یا پتھر سے دیوار اُٹھانا (۲) عمارت کی ساخت (۳) چُننے کی مزدوری۔
چنبر (چَم۔ بَر) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سرپوش۔ حلقہ۔ گھیرا (۲) چلم کا سرپوش یا ڈھکنا (۳) گردن کی ہنسلی۔
چنبرِ چرخ (ف۔ ا۔ مذ) آسمان کا دَور۔
چنبری (چَم۔ بَ۔ ری) (ف۔ صف) گول۔ دائرہ نُما۔ مدوّر۔
چنبک (چَم۔ بک) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے چُمبک۔
چنبل (چَم۔ بَل) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) بھیک کا پیالہ (۲) حقے کا سرپوش (۳) داد کی قسم کی ایک بیماری۔
چنبلی (چَنب۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا چوڑا پیالہ۔
چنبیلی (چَم۔ بے۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) چمیلی۔ ایک سفید یا زرد رنگ کا خوشبودار پھول۔ یاسمن۔
چنبیلی جاؤ میں آئی۔ لڑکے بالے ساتھ لائی (اَر۔ مثل) منہ لگایا کمینہ سر پر چڑھا۔
چنبیلیا (چَم۔ بے۔ لی۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا بھورے رنگ کا کبوتر۔
چنت (چُن۔ نَت) (اَر۔ ا۔ مث) سلوٹ۔ کپڑے وغیرہ کی شکن۔ جمع: چنٹوں۔ چنٹیں۔
چنتا (بکسر اول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مث) فکر۔ اندیشہ۔ ڈر۔
چنچل (بفتحہ اول و سوم) (نون غنہ) (ہ۔ صف) نچلا نہ بیٹھنے والا۔ شوخ۔
چنچنا (چِن۔ چِ۔ نا) (ہ۔ صف) بدمزاج۔ چڑچڑا۔ بات بات پر بگڑنے والا۔
چنچنانا (چِن۔ چِ۔ نا۔ نا) (ہ۔ مص) ٹھنکنا۔ چیں چیں کرنا۔ بچے کا رونا۔
چن چن (کر) کے (اَر۔ متعلق فعل) اِنتخاب کرکے۔ چھانٹ چھانٹ کر۔
چن چن کے نام رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بات بات پر بُرا کہنا۔ چھانٹ چھانٹ کر عیب نکالنا (۲) ہر بات پر طعنہ دینا۔
چنچنی (چِن۔ چِ۔ نی) (ہ۔ صف) (۱) چنچنا کی تانیث (۲) کھجلی۔
چنچنے (چُن۔ چُ۔ نے) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ کیڑے جو بچوں کے پیٹ میں ہو جاتے ہیں۔ چُرنے۔
چنچنے لگنا (اَر۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔ مرچیں لگنا۔
چند (چ مفتوح۔ نون غنہ۔ د موقوف) (ف۔ صف) (۱) کس قدر۔ کتنے۔ کچھ۔ قلیل۔ محدود۔ تھوڑے۔
چند بار (ف۔ متعلق فعل) کئی بار۔ کئی مرتبہ۔
چند روزہ (ف۔ صف) ناپائیدار۔ بے ثبات۔ فانی۔ عارضی۔
چندا (بفتحہ اول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چاند۔ مہتاب۔ ماہ۔ قمر۔ چندر۔
چندا ماموں (اَر۔ ا۔ مذ) بچے چاند کو کہتے ہیں۔
چنداں (چ مفتوح) (نون غنہ) (ف۔ متعلق فعل) اِس قدر۔ اِتنی۔ ایسی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چندانکہ (چنداں۔کہ)(ف۔ متعلق فعل) جس قدر۔ جتنا۔
چندر (بفتحِ اوّل و سکونِ سوم و چہارم)(نون غنّہ)(س۔ا۔مذ) چاند۔ ماہ۔ مہتاب۔ قمر۔
چندر بنسی (س۔ا۔مذ)(۱) آریاؤں کے ایک مشہور خاندان کا نام جو اپنے آپ کو چاند دیوتا کی اولاد سمجھتا ہے (۲) کورو پانڈو کا خاندان۔
چندر جوت (ہ۔ا۔مث)(۱) چاندنی (۲)(ق) آتش بازی کی ایک قسم۔
چندر کلا (ہ۔ا۔مذ)(۱) چاند کے قُطر کا سولھواں حِصّہ (۲) ایک زیور کا نام جو خاص کر مندروں کی عورتوں کے سر پر بندھتا ہے۔
چندرما (ہ۔ا۔مذ) چاند۔ ماہ۔ مہتاب۔ قمر۔ چندر۔
چندر ہار (ہ۔ا۔مذ) گلے کا ایک زیور۔
چندرا (چند۔را)(نون غنّہ)(ہ۔صف)(۱) وہ شخص جس کی کھوپڑی پر بال نہ ہوں (۲) عقل مند۔ دانا (۳) منحوس۔ بدنصیب۔
چندرانا (چند۔را۔نا)(ہ۔مص)(۱) جھٹلانا (۲) جان بُوجھ کر کوئی بات پُوچھنا۔ تجاہلِ عارفانہ کرنا۔
چندراولی (چند۔را۔و۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) کرشن جی کی ایک گوپی (۲) ایک مشہور ناٹک۔
چندرکی (چند۔ر۔کی)(ق۔ا۔مث) یخنی۔
چُندری (چند۔ری)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) رنگ برنگ کا دوپٹا۔ چنری۔ (پن) یخنی۔ جمع: چندریاں۔ چندریوں۔
چندماری (چند۔ما۔ری)(ہ۔ا۔مث) ایک پرند جس کی چونچ، گردن اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں اور چونچ کے نیچے ایک تھیلی سی ہوتی ہے۔
چندن (بفتحۂ اوّل و سوم)(نون غنّہ)(س۔ا۔مذ) صندل۔ صندل کی لکڑی۔
چندن کی چُٹکی بھلی، گاڑی بھرا نہ کاٹھ (اَر۔مثل) تھوڑی اچھی چیز اُس زیادہ سے بہتر ہے جو خراب ہو۔ ذرا سا صندل گاڑی بھر ایندھن سے بہتر ہے۔
چندنا (چند۔نا)(ق۔ا۔مث) چاندنا۔ چاندنی۔
چندوا (چند۔وا)(ہ۔ا۔مذ) ٹوپی کے اُوپر کا حِصّہ۔ گول ٹوپی کے اُوپر کا گردہ (۲) چھوٹا شامیانہ۔
چندوَتھی (چند۔وَ۔تھی)(ق۔ا۔مث) چِندی۔ چھوٹا ٹکڑا۔
چندہ (بفتحۂ اوّل و سوم)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لے کر کسی کام کے لئے جمع کیا جائے۔
چُندھا (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔صف) وہ شخص جس کی آنکھیں روشنی کی تاب نہ لا سکیں۔ (مث: چُندھی)۔
چُندھیانا (چندھ۔یا۔نا)(ہ۔مص)(۱) تیز روشنی کے باعث آنکھیں جھپکنا (۲) آنکھوں کی کمزوری کے سبب کم نظر آنا (۳) حیرت زدہ ہونا (۴) گھبرا جانا۔
چِندی (بکسر اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) چھوٹا ٹکڑا۔ پُرزہ۔
چندے (نون غنّہ)(ف۔صف)(۱) کچھ دیر (۲) کچھ روز (۳) کچھ عرصہ۔
چندے آفتاب، چندے ماہتاب (ف۔صف) حُسن و جمال میں سُورج اور چاند کی طرح۔
چُندیا (چند۔یا)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) سر۔ کھوپڑی (۲) چھوٹی سی روٹی۔ بچے ہوئے آٹے کی ٹکیا (۳) روٹی بڑھاتے وقت بیچ میں جو ٹکیا سی رہ جاتی ہے۔
چندیا پر ایک بال نہ چھوڑنا (اَر۔محاورہ) لُوٹ کُوٹ کر کھا جانا۔ مفلس کر دینا۔
چندیا کھجانا (اَر۔محاورہ)(۱) سر کھجانا۔ جُوتیاں کھانے کو جی چاہنا۔
چندیا مونڈنا (اَر۔محاورہ)(۱) سر مونڈنا (۲) کوٹ کر کھا جانا (۳) سخت سزا دینا۔
چندیں (ف۔صف) اِتنا۔ اِتنی۔ کِس قدر۔ کِتنے۔
چندیں مدت خُدائی کردی گاؤ و خر نہ شناسی (ف۔مثل) جب کوئی شخص کسی کام میں ماہر بن کر معمولی بات میں تمیز نہ کر سکے اُس وقت کہتے ہیں۔
چنڈال (بفتحۂ اوّل)(نون غنّہ)(س۔صف)(۱) کمینہ۔ ادنیٰ ذات کا (۲) بدنصیب۔ بدبخت (۳) بخیل۔ کنجوس۔ مُمسِک۔ جمع: چنڈال۔ چنڈالوں۔
چنڈال بال (ہ۔ا۔مذ) ایک بڑا بال جو ماتھے پر نکل آتا ہے اور اُسے منحوس سمجھتے ہیں۔
چنڈال چوکڑی (ہ۔ا۔مث) چند مفسدوں کا گروہ جو فتنہ و فساد برپا کرے۔
چنڈالنی (چنڈال۔نی)(ہ۔صف) چنڈال کی تانیث۔
چنڈاول (چنڈا۔وَل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لشکر کا آخری دستہ (۲) سنتری۔ چوکیدار۔ پاسبان۔
چنڈو (چ مفتوح۔ نون غنّہ۔ واو معروف)(ہ۔ا۔مذ) چانڈو۔ ایک قسم کا نشہ جو پانی میں افیون پکا کر حقّے کی طرح پیا جاتا ہے (۲) گیند (ق)۔
چنڈو باز (اَر۔صف)(۱) چنڈو پینے کا عادی (۲) زرد رنگ کا آدمی۔
چنڈو خانہ (اَر۔ا۔مذ) چنڈو پینے کا مقام۔ جمع: چنڈو خانوں۔ چنڈو خانے۔
چنڈول (بفتحۂ اوّل)(نون غنّہ)(واو مجہول)(ق۔ا۔مذ) گیند۔
چنڈول (بفتحۂ اوّل)(نون غنّہ)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک خوش آواز پرندہ (۲) بدصورت اور بے ہنگم آدمی (۳) ایک زنانہ سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں (۴) مٹی کا ایک کھلونا۔
چنری (چُن۔ری)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے چُندری۔
چنک (چ۔نک)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کی بٹیر جو گرمی کے موسم میں نکلتی ہے (۲) کمر کی چک۔ کمر کا جھٹکا۔
چنک (چ۔نک)(ہ۔ا۔مث) سوزش۔ جلن۔
چنگ (چ مفتوح)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) ستار کی قسم کا ایک باجا (۲) کوئی چیز جو ٹیڑھی اور جھکی ہوئی ہو (۳) پنجہ (۴) ایک قسم کا کنکوا جس میں دیا روشن کر کے اُڑاتے ہیں (۵) کاغذ کا لمبا ٹکڑا جو پتنگ میں لگاتے ہیں۔
چنگ نواز (ف۔صف) چنگ بجانے والا۔
چنگا (بفتحۂ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔صف) اچھا۔ تندرست۔ توانا۔
چنگا ہے مگر ننگا (اَر۔مثل) صاحبِ استطاعت تو ہے مگر بہت کنجوس ہے۔
چنگاری (بکسر اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) آگ کا شرارہ۔ آگ کا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پُھول (۲) ایسی بات جو رنجش کا باعث ہو۔ جمع: چنگاریوں۔ چنگاریاں۔

چنگاری جھڑنا (اَ۔ محاورہ) آگ کے پُھول جھڑنا۔

چنگاری (چھوڑنا) ڈالنا (اَ۔ محاورہ) ایسی بات کرنا جس سے لوگوں کو رنج ہو۔ فتنہ انگیزی کرنا۔ لڑائی کرانا۔

چِنگاریاں (ہ۔ا۔مث) چنگاری کی جمع۔

چنگاریاں چھوٹنا (اَ۔ محاورہ) (۱) آگ کے شرارے نکلنا۔ آگ کی لپٹیں اُٹھنا (۲) چہرے پر جلال یا خونخواری برسنا۔

چَنگال (بفتحِ اوّل)(نون غنہ)(ف۔ا۔مذ) درندوں اور شکاری پرندوں کا پنجہ۔

چَنگُل (بفتحِ اوّل وبضمِ سوم)(نون غنہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) آدمی یا جانور کا پنجہ (۲) مُٹھی۔ ہاتھ۔

چنگل مارنا (اَ۔ محاورہ) پنجہ مارنا۔

چنگل میں آجانا (اَ۔ محاورہ) قابو میں آجانا۔ پھنس جانا۔

چِنگنا (چنگ۔نا)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) چوزہ۔ مُرغی کا بچہ۔ چنگا۔

چِنگنا (چ۔نگ۔نا)(ہ۔مص) ناراض ہونا۔

چُنگنا (چنگ۔نا)(ق۔مص) چوسنا۔

چِنگھاڑ (بکسرِ اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) ہاتھی کی آواز (۲) شور وغُل۔

چنگھاڑ مارنا (اَ۔ محاورہ) مہیب آواز نکالنا۔ ہاتھی کا چیخنا۔

چنگھاڑنا (چنگھاڑ۔نا)(ہ۔مص) ہاتھی کا گرجنا۔ دہاڑنا (۲) مور کا بولنا۔

چنگھوٹیاں (چنگھو۔ٹ۔یاں)(اَ۔ا۔مث) بچوں یا نئے سیکھنے والوں کے آڑے ترچھے حروف۔

چِنگی (بکسرِ اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) تھوڑی آگ۔ آگ کا شرارہ۔ چنگاری۔ جمع: چنگیاں۔ چنگیوں۔

چنگی ڈالنا (اَ۔ محاورہ) چنگاری ڈالنا۔ آگ لگانا۔

چُنگی (بضمِ اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) ایک محصول جو میونسپل کمیٹی کی حدود میں مال لانے پر لیا جاتا ہے۔ جمع: چنگیاں۔ چنگیوں۔

چنگیاں (چنگ۔یاں)(ہ۔ا۔مث) چنگی کی جمع۔ چنگاریاں۔

چَنگیر (بفتحِ اوّل)(یائے مجہول)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) پھول رکھنے کا برتن (۲) خوان کا سرپوش (۳) روٹیاں رکھنے کا برتن۔ جمع: چنگیروں۔ چنگیریں۔

چنگیری (چنگے۔ری)(ہ۔ا۔مث) روٹیوں کی ٹوکری۔ ایک قسم کی پھیلی ہوئی پیندی والی ٹوکری۔

چُننا (چُن۔نا)(ہ۔مص)(۱) اِنتخاب کرنا۔ چھانٹنا۔ پسند کرنا (۲) دیوار بنانا۔ ردّا رکھنا (۳) ترتیب دینا۔ سلیقے سے رکھنا (۴) نوچنا (۵) چُگنا۔ دانہ اُٹھانا (۶) کپڑے میں چُنَّٹ ڈالنا۔

چُنِیدہ (چ۔نی۔دہ)(اَ۔صف) ف چیدہ کا بگاڑ۔ منتخب۔ چُنا ہوا۔ اچھے سے اچھا۔

چِنَنگ (چ۔ننگ)(ہ۔ا۔مث) پیشاب کی سوزش۔ پیشاب کرتے وقت کی جلن۔

چُن لینا (بضمِ اوّل)(ہ۔مص مُرکّب) اِنتخاب کرلینا۔

چُنواں (چُن۔واں)(ہ۔صف) چیدہ۔ چُنا ہوا۔

چُنوانا (چُن۔وا۔نا)(ہ۔مص) چُننا کا متعدی۔ بنوانا۔ اکٹھا کرانا۔ تعمیر کروانا۔

چُنوتی (ہ۔ا۔مث) چیلنج۔ دعوتِ مُبارزت۔ مقابلے کے لئے للکارنا۔

چَنوَر (بفتحِ اوّل وسوم)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) مورچھل۔ مگس ران۔ بالوں کا گُچھا جس سے مکھیاں اُڑاتے ہیں۔

چُنّی (چُن۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) سُرخ چھوٹا نگ۔ ریزۂ یاقوت (۲)(پُن) چھوٹا دوپٹا۔ چُنری (۳) لالڑی۔

چُنّی مُنّی (ہ۔صف)(بچوں کی زبان) چھوٹی سی۔

چَنے (چَ۔نے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چنا کی جمع (۲) چنا کی مُغیّرہ صورت۔

چنے چبالو یا شہنائی بجالو (اَ۔مثل) دو کام ایک ساتھ نہیں ہو سکتے۔

چنے سے بُھن رہے ہیں (اَ۔ محاورہ) آدمی چٹ پٹ مر رہے ہیں۔

چُنیا (چُن۔یا)(اَ۔صف) چھوٹی۔ ذرا سی۔

چُنیا بیلچ (اَ۔ا۔مث) ایک قسم کی چھوٹی بیلچ۔

چُنیا بیگم (ہ۔ا۔مث) افیون۔ افیم۔

چُنیا گوند (اَ۔ا۔مذ) ڈھاک کا گوند۔

چُنِیدہ (چُ۔نی۔دہ)(اَ۔صف) دیکھئے چیدہ۔

چُنیں (چُ۔نیں)(ف۔صف) ایسا۔ ایسی بات۔

چ۔و

چو (بالفتح)(ہ۔صف) چار۔ چہار۔ مُرکّبات میں بطور سابقہ اِستعمال ہوتا ہے۔

چوالیس (ہ۔عدد) چار اُوپر چالیس۔ ۴۴۔

چوبارا (ہ۔ا۔مذ) کوٹھا۔ مکان کے اُوپر کا وہ کمرا جس کے چار دروازے ہوں یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوں۔

چوبائی (ہ۔ا۔مث) چَو طرفی ہوا۔ چاروں طرف کی ہوا۔

چوبائی ہوا چلا دو (اَ۔فقرہ) نہایت عقل مندی اور عیاری سے کوئی تعجب انگیز تدبیر کرکے کامیاب ہو جاؤ۔

چوبرسی (ہ۔ا۔مث) مُردے کی ایک رسم جو چار سال بعد ہندوؤں میں ادا کی جاتی ہے۔

چوبغلا (اَ۔ا۔مذ) چوغے یا انگرکھے کی بغل کے نیچے کا حصّہ جس میں چار جوڑ ہوتے ہیں۔

چوبندی (ہ۔ا۔مث)(۱) جانور کے چاروں نعل باندھنا۔ نعل بندی (۲) خراج۔

چوبندی باندھنا (اَ۔ محاورہ) نعل بندی کرنا۔

چوبندی جکڑنا (چوبندی کسنا) (اَ۔ محاورہ) مُجرم کے ہاتھ پاؤں باندھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چو مُکھا کرنا۔

چو بولا (ہ۔ا۔مذ) چار مصرعوں کا ہندی گیت۔

چوبیس (ہ۔ا۔عدد) چار اُوپر بیس۔ ۲۴۔

چوبیسا (اَر۔ا۔مذ) (۱) چوبیس گاؤں کا پرگنہ (۲) ایک قسم کا تعویذ جس کو چوبیس کا نقش کہتے ہیں۔

چوپال (ہ۔ا۔مث) چوپہل کا بگڑا ہوا۔ بیٹھک۔ نشست گاہ۔ گاؤں کا وہ پنچایتی مکان جس میں لوگ مل کر بیٹھتے ہیں یا مسافر ٹھہرتے ہیں۔

چوپالا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ڈولا یا پالکی جس کے چاروں پہلو برابر ہوتے ہیں۔ ہوادار ڈولا۔

چوپائی (چوپئی) (ہ۔ا۔مث) چار مصرعوں کی نظم۔ رُباعی۔

چوپایہ (ہ۔ا۔مذ) چار پاؤں کا مویشی۔ جمع: چوپایوں۔ چوپائے۔

چوپٹ (ہ۔صف) (۱) چاروں دروازے کھلے ہوئے۔ کھلا ہوا۔ فراخ۔ کشادہ (۲) جاہلِ مطلق (۳) ویران۔ برباد (۴) چاروں شانے چت (۵) بُھلایا ہوا۔

چوپٹ کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) اُجاڑنا۔ ویران کرنا۔ لوٹنا۔ غارت کرنا۔ خراب کرنا (۲) پڑھا لکھا بُھلا دینا (۳) چت کر دینا۔

چوپڑ (چَو۔پَڑ) (ہ۔ا۔مث) چوسر۔ نرد بازی۔ تختی (۲) چوسر کی بساط جو چار سرا اور چہار کونہ ہوتی ہے۔ چوسر کا وہ کپڑا جس پر گوٹیں رکھتے ہیں۔

چوپڑ کا بازار (ہ۔ا۔مذ) چار راستوں کا بازار۔ وہ بازار جس کے چار راستے ہوں اور ہر راستے کے دونوں طرف دُکانیں ہوں۔

چوپڑا (ہ۔ا۔مذ) (۱) مربع جگہ جو کوٹھے کے چند زینوں کے بعد بنا دیتے ہیں (۲) مُربع کنواں یا باؤلی۔

چوپن (ق۔ا۔عدد) چوّن۔ ۵۴۔

چوپہرا (ہ۔صف۔و۔متعلق فعل) چار پہر کا۔ چار پہروں میں یا چار پہروں کے لئے۔

چوپہل (ہ۔صف) چار پہلو کا۔

چوپہلا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا مربع ڈولا۔ محافہ جس کو کہار اُٹھاتے ہیں۔

چوپھلا (ہ۔ا۔مذ) چار پھل کا (عموماً چاقو کے لئے اِستعمال ہوتا ہے)۔

چوپھیر (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) چاروں طرف۔ گرداگرد۔

چوپہیا (ہ۔صف) چار پہیوں کا۔ چار پہیوں کی گاڑی۔

چوتارا (ہ۔ا۔مذ) چار تار کا بنا ہوا ایک قسم کا باجا۔

چوتالا (ہ۔ا۔مذ) (۱) چار تال کا۔ چار ضرب کا۔ طبلہ بجانے کا ایک طریق (۲) ایک قسم کا گیان۔

چوترا (ہ۔ا۔مذ) چبوترا۔ مربع یا مُستطیل اُونچی جگہ جس پر لوگ اُٹھتے بیٹھتے ہیں۔

چوتہہ (ہ۔صف) چار تہوں کا۔

چوتہی (چَو۔تَ۔ہی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا سُوتی بستر جس کو چار تہ کر کے بچھاتے ہیں۔

چوحاشیہ (ہ۔ع۔صف) جس کے چاروں طرف حاشیہ ہو۔

چوحدّہ (ہ۔ف۔صف) وہ برجی یا نشان جو چار گاؤں کی زمین ملنے کی جگہ بنایا جاتا ہے۔

چوحدی (ہ۔ف۔ا۔مث) چاروں حدیں۔ چاروں طرف۔

چوخانہ (ہ۔ف۔صف) وہ کپڑا جس میں مربع خانے بنے ہوں۔

چوخانی (اَر۔ا۔مث) کبوتروں کی چار خانوں والی کابک۔

چووانی (ہ۔ف۔ا۔مث) کان کا ایک زیور جس میں چار موتی لگے ہوتے ہیں۔

چودس (دَسا) (ہ۔ا۔مث) چاند کی چودھویں تاریخ۔

چودہ (ہ۔ا۔عدد) چار اُوپر دس۔ ۱۴۔

چودہ خانوادے (اَر۔ا۔مذ) صوفیہ کی چودہ شاخیں جو چار پیروں کے سلسلے سے نکلی ہیں۔

چودہ طبق (ہ۔ع۔ا۔مذ) سات طبقے زمین اور سات طبقے آسمان۔

چودہ طبق روشن ہو جانا (اَر۔محاورہ) عقل بڑھ جانا۔ معلومات زیادہ ہو جانا۔

چودہ معصوم (ہ۔ع۔ا۔مذ) شیعوں کے فرقہ امامیہ کے نزدیک رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، حضرت فاطمہؓ اور بارہ امام۔

چودھواں (ہ۔ا۔عددِ ترتیبی۔مذ) چودہ سے نسبت رکھنے والا۔ چودھویں نمبر کا۔

چودھواں معصوم (اَر۔ا۔مذ) حضرت امام مہدی۔

چودھویں (بیائے معروف) (ہ۔عددِ ترتیبی) چودہ سے نسبت رکھنے والی۔ چودھواں کی تانیث۔

چودھویں رات (ہ۔ا۔مث) چاند کی وہ رات جس میں چاند پورا ہو جاتا ہے۔ شبِ ماہ۔

چودھویں کا چاند (اَر۔ا۔مث) (۱) پُورا چاند۔ بدر۔ ماہِ کامل۔ ماہِ تمام (۲) (صف) نہایت خوبصورت۔

چودھویں (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔عددِ ترتیبی) چودھواں کی مغیّرہ صورت۔

چوہیر (ق۔متعلق فعل) چاروں طرف۔ چاروں اطراف۔

چوراسی (ہ۔ا۔عدد) (۱) چار اُوپر اسّی۔ ۸۴ (۲) ایک قسم کا زیور۔ جھانجھن (۳) گھنگھروؤں کا ہار جو بیلوں کی گردن میں ڈالا جاتا ہے۔

چوراسی بھوگنا (ہ۔محاورہ) ہندوؤں کے عقیدے میں مرنے کے بعد چوراسی لاکھ جونیں بدلنا۔ آواگون کے چکر میں پڑنا۔ کئے کی سزا پانا۔

چوراسیا (ہ۔صف۔و۔ا۔مذ) (۱) چوراسی برس کا (۲) برہمنوں کی ایک قوم۔

چورانوے (ہ۔ا۔عدد) چار اُوپر نوّے۔ ۹۴۔

چوراہا (اَر۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں سے چار راستے نکلتے ہوں۔ جمع: چوراہوں۔ چوراہے۔

چوراہے (اَر۔ا۔مذ) (۱) چوراہا کی جمع (۲) چوراہا کی مغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

چوراہے میں (اَر۔متعلق فعل) سب کے سامنے۔ کھلم کھلا۔ بیچ بازار۔

چورس (ہ۔صف) (۱) ہموار۔ مسطح (۲) مربع چوکور۔

چورسانا (ہ۔مص) ہموار کرنا۔ چوکور کرنا۔ مسطح کرنا۔

چورسائی (ہ۔ا۔مث) ہمواری۔ برابری۔

چورسی (ہ۔ا۔مث) ترکھانوں کا ایک اوزار۔

چورنگ (اَر۔ا۔مذ) (۱) وہ چیز جس پر تلوار چلانے کی مشق کریں (۲) ایک وار میں تلوار سے چار ٹکڑے کرنا۔ تلوار کا وار۔ تلوار کا ہاتھ۔

چورنگ کاٹنا (اَر۔محاورہ) تلوار کے ایک ہاتھ میں چار ٹکڑے کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چوسٹھ (ہ۔ا۔عدد) دیکھئے چونسٹھ۔

چوسَر (ہ۔ا۔مث)(۱) نردبازی۔ پچیسی۔ چار گوشہ بساط جس پر گوٹیں رکھی جاتی ہیں۔

چوسرباز (ہ۔ف۔صف) چوسر کا کھلاڑی۔ نردباز۔

چوکا (ہ۔ا۔مذ) اگلے چار دانتوں کی لڑی (۲) مربع پتھر۔ سنگِ مرمر کی مربع سِل (۳) (ہندو) پکانے اور کھانے کا مقام (۴) چار یکساں چیزیں جو باہم پیوست اور برابر کی ہوں (۵) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس سے مکان کا فرش بناتے ہیں (۶) ایک قسم کا برتن (۷) ایک پیمانہ (۸) (کرکٹ) چار رن۔

چوکا برتن کرنا (ہ۔محاورہ) پکانے کھانے کی جگہ تیار کرنا۔ کھانے پینے کے برتنوں کو مانجھنا۔

چوکندن (کُ۔دَن) (ق۔متعلق فعل) چاروں طرف۔

چوکڑی (ہ۔ا۔مث) (۱) ہرن کی قلانچ۔ زقند۔ چھلانگ (۲) چار گھوڑوں کی بگھی (۳) ایک زیور (۴) حد۔ حدبست (۵) ایک قسم کی چار چیزیں (۶) گلے کا ایک زیور۔ جمع: چوکڑیاں۔ چوکڑیوں۔

چوکڑی بھرنا (ار۔محاورہ) ہرن یا گھوڑے کا قلانچیں مارنا۔

چوکڑی بھول جانا (ار۔محاورہ) سٹ پٹا جانا۔ گھبرا جانا۔ ہوش نہ رہنا۔

چوکس (چو۔کس) (ہ۔صف) چاروں طرف سے خبردار۔ چوکنّا (۲) وہ شخص جو اپنے کام میں ہوشیار ہو (۳) تول میں پورا۔ ٹھیک۔

چوکس رہنا (ار۔محاورہ) خبردار رہنا۔ ہر طرف سے ہوشیار رہنا۔

چوکسی (چو۔کَ۔سی) (ہ۔ا۔مث) ہوشیاری۔ نگہبانی۔ خبرداری۔

چوکنّا (ہ۔صف) چار کانوں والا۔ ہوشیار۔ خبردار۔ باخبر۔

چوکنّا ہونا (ار۔محاورہ) (۱) ہوشیار ہونا (۲) بھڑکنا۔ بدکنا۔ تیز ہونا۔

چوکور (چوکون۔ چوکونا) (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) مربع۔ چوَرس (۲) نہایت موٹا آدمی۔

چوکھٹ (ہ۔ا۔مث) دروازے کی چار لکڑیاں جن میں پَٹ لگائے جاتے ہیں۔ فریم۔ (پن) چوکاٹھ۔ جمع: چوکھٹوں۔ چوکھٹیں۔

چوکھٹ نہ جھانکنا (ار۔محاورہ) کبھی نہ آنا۔ کسی کے گھر نہ جانا۔

چوکھٹا (ار۔مذ) وہ چار لکڑیاں جن میں آئینہ جڑا جاتا ہے (۲) تصویر یا قطعہ وغیرہ کا فریم۔ جمع: چوکھٹوں۔ چوکھٹے۔

چوکھونٹ (ہ۔متعلق فعل) (۱) چاروں طرف (۲) (ا۔مذ) دُنیا۔ عالم۔

چوکھونٹا (ہ۔صف) چار گوشہ۔ چار پہلو۔ مربع۔

چوکھونٹی (ہ۔صف) چوکھونٹا کی تانیث۔

چوگڑا (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ جگہ جہاں چار گاؤں کی حدیں ملیں (۲) چار کنکوّوں کا گچھا یا پیچ۔

چوگڈی (ہ۔ا۔مث) بانس کی پتلی چھڑیوں کا چوگوشہ آلہ جس سے پرندے پکڑتے ہیں۔

چوگرد (ار۔متعلق فعل) چاروں طرف۔

چوگلا (ہ۔صف) چار پنکھڑی کا پھول۔

چوگنا (ہ۔صف) چہار چند۔

چوگوشہ (ار۔صف) چوکور (۲) ایک قسم کا چوکور طشت۔

چوگوشی (چوگوشیا) (ار۔صف) (۱) چار کونوں والی (۲) ایک قسم کی ٹوپی جس کے چار گوشے ہوتے ہیں (۳) تُرکی گھوڑا۔

چو(گھرا) گھڑا (ار۔ا۔مذ) (۱) چار خانوں کا سونے چاندی یا تانبے وغیرہ کا بکس جس میں الائچی وغیرہ رکھتے ہیں (۲) بچوں کے کھیلنے کا ایک بکس (۳) ساچق کی آرائش کی ٹھلیاں جو ایک ایک ٹٹی پر چار چار میووں وغیرہ سے بھری ہوئی دُلہن کے گھر لے جاتے ہیں (۴) لکڑی کے لٹھوں کا بیڑا جس کے چاروں کونوں پر گھڑے باندھ دیتے ہیں تاکہ بیڑا غرق نہ ہو۔

چولڑا (ہ۔ا۔مذ) گلے کا ایک ہار جس میں چار لڑیاں ہوتی ہیں۔

چوماس (چوماسا) (ہ۔ا۔مذ) برسات کے چار مہینے (۲) برسات (۳) ایک گانا جو برسات کے موسم میں گایا جاتا ہے (۴) برسات میں ہَل چلا کر تیار کی ہوئی زمین۔

چومکھ (ہ۔صف) چارچہروں والا۔ وہ چراغ جس کے چاروں طرف بتیاں روشن کی جائیں۔

چومکھ جلانا (ہ۔محاورہ) منت کا چومکھا چراغ جلانا۔ صدقہ یا نیاز کا چراغ جلانا۔

چومکھا (ہ۔صف) (۱) چار مُنہ کا (۲) چار بتّی کا چراغ (۳) پٹے کا وہ ہاتھ جو چاروں طرف اس طرح پھرایا جائے کہ کسی طرف سے حریف قابو نہ پائے (۴) وہ پھکڑباز جو اکیلا چار کو جواب دے۔

چومکھی (ہ۔صف) (۱) چومکھا کی تانیث (۲) ہندوؤں کی ایک دیوی (۳) ایک درخت کا بیج۔

چومکھی لڑنا (ار۔محاورہ) (۱) حریف سے چاروں طرف لڑنا (۲) کئی آدمیوں کی بات کا جواب دینا۔

چومنزلہ (ار۔صف) چار منزل کا مکان۔

چومیخا (ار۔صف) ایک قسم کی سزا جس میں چار میخیں گاڑ کر مُجرم کے ہاتھ پاؤں اُن کے ساتھ باندھ دیئے جاتے تھے۔

چومیخا کرنا (ار۔محاورہ) چت یا اوندھا لٹا کر چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھ دینا۔

چونتیس (چوں۔تیس) (ہ۔ا۔عدد) چار اُوپر تیس۔ ۳۴۔

چونسٹھ (چوں۔سٹھ) (ہ۔ا۔عدد) چار اُوپر ساٹھ۔ ۶۴۔

چوہتّر (چو۔ہت۔تر) (ہ۔ا۔عدد) چار اُوپر ستّر۔ ۷۴۔

چوہٹا (چو۔ہٹ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چوک (۲) وہ بازار جس کے چاروں طرف دُکانیں ہوں۔

چوہرا (ہ۔صف) چار تہوں کا۔

چوہری (ہ۔صف) چوہرا کی تانیث۔

چُو (واو معروف) (ف۔حرفِ شرط) اگر۔ نیز دیکھئے چوں۔

چُوکفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مُسلمانی (ف۔مثل) جس سے فریاد کی جائے اگر وہی زیادتی کرے تو اُس موقع پر کہتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چُوا (چُ۔وا)(و۔ا۔مذ)(۱) خوشبو کی ایک چیز جو مشک، صندل، زعفران اور عنبر ملا کر بناتے ہیں (۲) پانی کی سوت (۳) بھیگی دال کا چھلکا۔

چُوا چندن (و۔ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر۔

چَوا (چَو۔وا)(و۔ا۔مذ)(۱) گنجفہ اور تاش کا وہ ورق جس پر چار نشان ہوں (۲) چار چیزوں کا ڈھیر۔

چوالیس (و۔ا۔عدد) چَو کے تحت دیکھئے۔

چُوانا (چُ۔وا۔نا)(و۔مص) ٹپکانا۔ نچوڑنا۔

چُواؤ (چُ۔وا۔او)(و۔ا۔مذ)(۱) رساؤ۔ ٹپکاؤ۔ چکیدگی (۲) قند یا شکر کا شیرہ۔

چوب (واو مجہول)(ف۔ا۔مث)(۱) لکڑی۔ عمارتی لکڑی (۲) شامیانہ یا ڈیرے کی لکڑی (۳) ڈھول وغیرہ بجانے کی لکڑی (۴) لاٹھی۔ چھڑی۔

چوب چینی (بغیر اضافت)(ف۔ا۔مث) گلِ عباسی کی جڑ۔ ایک خوشبودار دوا۔

چوب دار (ف۔ا۔مذ) نقیب۔ عصا بردار۔ وہ نوکر جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا عصا لے کر امیروں کے آگے آگے چلتا ہے۔

چوب دستی (ف۔ا۔مث) ہاتھ کی لکڑی۔ چھڑی۔

چوبا (چو۔با)(چَو۔با)(و۔ا۔مذ) چار ویدوں کا عالم برہمن (۲) متھرا کے برہمنوں کی ایک گوت جو بہت کھانے میں مشہور ہے۔ جمع: چوبوں۔ چوبے۔

چوبا (واو مجہول)(ف۔ا۔مذ)(۱) میخ۔ کھونٹا۔ کیل (۲) میٹھے چاول جن میں میوہ وغیرہ لگا کر شادی میں بھیجتے ہیں۔ شکرانہ (۳) تورہ جس میں سات ترکاریاں اور مختلف اقسام کے کھانے ہوتے ہیں۔

چوبچہ (چو۔بَچ۔چہ)(اُر۔ا۔مذ) چاہ بچہ کا بگاڑ۔ چھوٹا حوض۔ گندے پانی کا گڑھا۔

چوبی (واو مجہول)(ف۔صف) چوب سے متعلق۔ لکڑی کا بنا ہوا۔

چوبے (و۔ا۔مذ) چوبا کی جمع (۲) چوبا کی مغیرہ صورت۔

چوبیس۔ چَو کے تحت دیکھئے۔

چوبیں (بیائے معروف)(ف۔صف) چوبی۔

چوپ (ق۔ا۔مذ) بندوبست۔

چوپان (چَو۔پان)(ف۔ا۔مذ) چرواہا۔ گڈریا۔ پاسبان۔

چوپانی (چَو۔پا۔نی)(ف۔ا۔مث) چرواہے کا کام۔

چُوتڑ (چُو۔تڑ)(و۔ا۔مذ) کولا۔ پٹھا۔ سُرین۔ جمع: چُوتڑ۔ چوتڑوں۔

چوتڑ بجانا (اُر۔محاورہ) بہت خوش ہونا۔ بغلیں بجانا۔

چوتڑ (پیٹنا) پیٹ لینا (اُر۔محاورہ) نہایت خوش ہونا (۲) افسوس کرنا۔

چوتڑ دکھانا (اُر۔محاورہ) پیٹھ دکھانا۔ بے شرمی سے بھاگنا۔

چوتڑ مٹکانا (اُر۔محاورہ) ناچ میں کولھوں کو ہلانا۔

چُوتڑوں (و۔ا۔مذ) چوتڑ کی جمع۔

چوتڑوں پر پیاز کترنا (اُر۔محاورہ) سامنے دھوکا دینا۔ رُوبرو فریب دینا۔

چوتڑوں پر پیاز کتروانا (اُر۔محاورہ) رُوبرو فریب کھانا۔ چونا لگوانا۔

چوتڑوں پر کھانا (اُر۔محاورہ) بے عزتی سے شکست کھانا۔ بے غیرتی کی مار کھانا۔

چوتڑوں سے سپاری توڑنا (اُر۔محاورہ) انوکھی بات کرنا۔ ناممکن کام کرنا۔

چوتڑوں سے گھاس کاٹنا (اُر۔محاورہ) بے پروائی کرنا۔ دل لگا کر کام نہ کرنا۔ بے دلی سے کام کرنا۔

چوتڑوں کا لہو مرنا (اُر۔محاورہ) جم کر بیٹھنے کی عادت ہو جانا۔

چوتڑوں کے بل بیٹھنا (اُر۔محاورہ) گھبرا کر بیٹھنا۔ حیران و ششدر ہونا۔

چوتڑوں کے بل گرنا (اُر۔محاورہ) اوندھا گرنا۔

چوتھ (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(و۔ا۔مث)(۱) چوتھا حصّہ (۲) ہندی مہینے کی چوتھی تاریخ (۳) آمدنی کا چوتھائی جو مرہٹے بطور خراج وصول کرتے تھے۔

چوتھا (چَو۔تھا)(و۔صف) چہارم۔ تین کے بعد کا درجہ۔

چوتھائی (چَو۔تھا۔ای)(و۔عددِ کسری) چوتھا حصّہ۔

چوتھی (چَو۔تھی)(و۔ا۔مث) بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے (۲)(صف) چوتھا کی تانیث۔

چوتھی کا جوڑا (اُر۔ا۔مذ) وہ بھاری جوڑا جو دُلہن چوتھی کے دن پہنتی ہے۔

چوتھی کھیلنا (اُر۔محاورہ) چوتھی کے روز دُلہن کے گھر جا کر پھولوں کی چھڑیوں، سبزی، ترکاری اور میووں کو ایک دوسرے پر پھینکنا۔

چوتھے (و۔صف) چوتھا کی مغیرہ صورت۔

چوتھے پانچویں (اُر۔متعلق فعل) گاہے گاہے۔ کبھی کبھی۔

چوتھیا (چَو۔تھی۔یا)(و۔ا۔مذ)(۱) چوتھے روز کا بخار (۲) نمبردار۔ زمیندار۔

چوٹ (واو مجہول)(و۔ا۔مث)(۱) ضرب۔ مار (۲) دُکھ۔ تکلیف (۳) حربہ۔ حملہ (۴) طعن۔ تشنیع (۵) عشق و محبت کا صدمہ (۶) خواہش۔ آرزو (۷) جوڑ۔ مقابل (۸) داؤ۔ گھات (۹) نقصان۔ ضرر۔ جمع: چوٹوں۔ چوٹیں۔

چوٹ آنا (اُر۔محاورہ)(۱) ضرب آنا (۲) صدمہ پہنچنا۔ طنز ہونا۔ طعن و تشنیع ہونا۔

چوٹ اُبھرنا (اُر۔محاورہ)(۱) لگی ہوئی ضرب کا ظاہر ہونا (۲) دُکھ کا دوبارہ ظاہر ہونا۔

چوٹ اُٹھانا (اُر۔محاورہ)(۱) ضرب برداشت کرنا (۲) صدمہ سہنا۔

چوٹ بچانا (اُر۔محاورہ) ضرب خالی دینا۔ حریف کی ضرب کو اپنے اُوپر نہ آنے دینا۔

چوٹ پر چوٹ پڑنا (اُر۔محاورہ) صدمے پر صدمہ پہنچنا۔ ضرب پر ضرب لگنا۔

چوٹ پڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) ضرب پہنچنا (۲) صدمہ پہنچنا۔ دھکا لگنا۔

چوٹ پھیٹ (چوٹ چپیٹ)(یائے مجہول)(اُر۔ا۔مث) ضرب۔ زخم۔ صدمہ۔

چوٹ پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) مدِ مقابل بہم پہنچانا۔

چوٹ چلنا (اُر۔محاورہ)(۱) وار چلنا۔ حملہ ہونا (۲) آوازہ کسنا۔ طنز کرنا (۳) دو حریفوں کا لڑنا۔ داؤں کرنا۔

چوٹ خالی جانا (اُر۔محاورہ) وار خالی جانا۔ نشانہ چوکنا۔

چوٹ دُکھنا (اُر۔محاورہ) اُس مقام پر درد ہونا جہاں چوٹ لگی ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چوٹ رُکنا (اَر۔ محاورہ) حملہ رُکنا۔ ضرب رُکنا۔

چوٹ روکنا (اَر۔ محاورہ) مُقابل کی ضرب کو روکنا۔

چوٹ سہنا (اَر۔ محاورہ) ضرب برداشت کرنا۔

چوٹ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ضرب پہنچانا (۲) حریف پر وار کرنا۔ حملہ کرنا (۳) داؤں کرنا۔ دھوکا کرنا (۴) طعنہ دینا۔ طنز کرنا۔

چوٹ کھانا (اَر۔ محاورہ) زخمی ہونا۔ مار کھانا۔ صدمہ اُٹھانا۔ نُقصان اُٹھانا۔

چوٹ لگنا (اَر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ ضرب لگنا۔ رنج پہنچنا۔

چوٹ لگی پہاڑ کی' توڑیں گھر کی سِل (اَر۔ مثل) زبردست حریف پر بس نہ چلے تو بیوی پر غُصّہ نکالنا۔

چوٹالنا (چو۔ٹال۔نا) (ہ۔مص) کوٹنا۔ ضرب لگانا۔

چوٹّا (چوٹا) (چوٹ۔ٹا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) چور کی تصغیر۔ اُٹھائی گیرا۔

چوٹّی (چوٹ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) چوٹّا کی تانیث۔ چور عورت۔

چوٹّی کا (اَر۔صف) دیکھیے چوٹّی والا۔

چوٹّی کتیا جلیبیوں کی رکھوالی (اَر۔مثل) کسی بددیانت کے سپرد امانت کرنا۔

چوٹّی والا (ہ۔صف) بدذات (مرد)۔

چوٹی (چو۔ٹی) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) چونڈا۔ سر کے بال جو مونڈنے سے چھوڑ دیئے جاتے ہیں (۲) عورتوں کے گندھے ہوئے سر کے بال (۳) وہ چند بال جو بچّوں کے سر پر بطور نذر چھوڑ دیتے ہیں (۴) پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ۔ پھُننگ۔ قُلّہ کوہ (۵) وہ پَر جو پرندوں کے سَر پر اُبھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ کلغی (۶) عروج (۷) کلس۔ کنگرہ۔ جمع: چوٹیاں۔ چوٹیوں۔

چوٹی دبنا (اَر۔ محاورہ) مغلوب ہونا۔ مجبور ہونا۔

چوٹی رکھنا (اَر۔ محاورہ) سَر پر مَنّت کے بال رکھنا۔

چوٹی کا (اَر۔صف) اعلیٰ۔ اوّل درجے کا۔ چیدہ۔ چنا ہوا۔

چوٹی کترنا (اَر۔ محاورہ) زیر کرنا۔ عاجز کرنا۔

چوٹی کٹ (ہ۔ا۔مذ) غُلام۔ جو شخص قابو میں ہو۔

چوٹی کرنا (گوندھنا) (اَر۔ محاورہ) بال گوندھنا۔ بال سنوارنا۔

چوٹی کی بات (اَر۔ا۔مث) نہایت عُمدہ بات۔ اعلیٰ درجے کی بات۔

چوٹی والا (اَر۔صف) (۱) کلغی والا۔ مخروطی۔ گاؤدُم (۲) (اَر۔ا۔مذ) بھوت۔ ہمزاد۔ سایہ۔ بَلا۔

چوٹی ہاتھ میں ہونا (اَر۔ محاورہ) قابو ہونا۔ اختیار ہونا۔

چوچ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) عجوبہ (۲) نفاست۔ نزاکت (۳) حُسن و خوبصورتی (۴) وصف۔ گُن (۵) تیزفہمی (۶) شرارت۔ شوخی۔ مکر۔ عیّاری۔ چالاکی (۷) آرزو۔ تمنا۔

چوچی (ہ۔صف) عجیب۔ انوکھا۔

چوچ (واو مجہول) (س۔ا۔مذ) چھال۔ چھلکا۔ کھال۔ چمڑا (۲) میوے کا وہ حصّہ جو کھایا نہ جائے (۳) آدھا کھایا ہوا پھل (۴) تاڑ کا پھل (۵) ناریل (۶)

کیلا (۷) دار چینی۔

چوچک (چو۔چک) (ہ۔ا۔مذ) دار چینی۔

چوچڑ (چو۔چڑ) (ہ۔صف) (۱) بیوقوف (۲) کم دودھ دینے والی گائے۔

چوچلا (چونچلا) (چوچ۔لا) (چونچ۔لا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نخرہ (۲) ناز کی باتیں۔ لاڈ۔ پیار۔

چوچلا (بگھارنا) کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ناز کرنا۔ نخرہ کرنا (۲) محبت جتانا۔

چوچلہائی (ہ۔صف) نخرے چٹی۔ نازک مزاج۔ اترانے والی (عورت)۔

چوچلہایا (ہ۔صف) لاڈلا۔ نخرے باز (مرد)۔

چوچی (چو۔چی) (ہ۔ا۔مث) پستان۔ چھاتی۔ تھن۔

چودہ۔ چو کے تحت دیکھیے۔

چودھ (ہ۔ا۔مث) شاہی زمانے کا ایک عُہدہ۔ چودھری کا عُہدہ۔

چودھر (چودھرات۔ چودھراہٹ۔ چودھرائی) (ہ۔ا۔مث) چودھری کا عُہدہ۔ نمبرداری۔ سرداری۔ چودھری کا حق یا فیس۔

چودھری (چو۔دھ۔ری) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سرغنہ (۲) نمبردار۔ مقدم۔ گاؤں کا سردار۔ میر محلّہ (۳) زمینداروں کا ایک خطاب۔ جمع: چودھری۔ چودھریوں۔

چوڈھل (چو۔ڈھل) (ق۔ا۔مث) چنڈول۔ عماری۔

چور (ہ۔ا۔مذ) (واو مجہول) (۱) دُزد۔ سارق۔ دُوسروں کا مال اُٹھا لے جانے والا (۲) ناسُور۔ زخم کے اندر کا حصّہ جو اچھا ہونے سے رہ جائے (۳) خفیہ درز۔ پوشیدہ سُوراخ (۴) وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد چھُوٹ جائے (۵) بدگمانی۔ بُرائی (۶) اندیشہ۔ خوف خطر (۷) گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں وہ پتّا جسے دُوسرے کھلاڑی سے چھپائے رکھتے ہیں۔ جمع: چور۔ چوروں (۸) (صف) خفیہ۔ پوشیدہ۔

چور اِنعام (اَر۔ا۔مذ) وہ زمین جسے مالگزاری ادا کیے بغیر کاشت کیا جائے۔

چور بازاری (اَر۔ا۔مث) خفیہ طور پر مہنگے داموں بیچنا۔

چور بالو (ہ۔ا۔مث) ریگِ رواں۔ سراب۔

چور بدن (اَر۔ا۔مذ) وہ جسم جس کی موٹائی معلوم نہ ہو۔

چور بن کر آنا (اَر۔ محاورہ) چھُپ کر آنا۔

چور بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) بدگمانی ہونا۔ خوف ہونا۔ اندیشہ ہونا۔

چور پانی (اَر۔ا۔مذ) وہ پانی جو دریا کے کنارے پر یا خشک تہ میں ریت کھود کر نکالا جائے۔

چور پر مور پڑنا (اَر۔ محاورہ) چور کے گھر میں خود ہی چوری ہونا۔ ٹھگ کا ٹھگا جانا۔

چور پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) چوروں کا کسی کے گھر میں اُترنا (۲) ناسُور پڑنا (۳) مہندی لگانے سے کچھ جگہ چھُوٹ جانا۔

چور پہرا (اَر۔ا۔مذ) (۱) خفیہ پہرا۔ پوشیدہ پاسبانی (۲) (ق۔ا۔مذ) ہراول۔

چور پیٹ (اَر۔ا۔مذ) وہ پیٹ جس کا حمل عرصے تک دِکھائی نہ دے۔

چور پیسا (اَر۔ا۔مذ) پیسا جو خاک میں گر کر مشکل سے ملے۔

چور تھانگ (اَر۔ا۔مذ) وہ شخص جو چوری کا مال لیتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چور جانے چور کی سار (اَر۔ مثل) چور کو چور ہی پہچان سکتا ہے۔

چور چُراوے اور گردن ہلاوے (اَر۔ مثل) بُرا کام کر کے مُکر جانے والے کے متعلق بولتے ہیں۔

چور چکار (اَر۔ ا۔ مذ) چور۔ اُچکّا۔ بدمعاش۔ گرہ کٹ۔

چور چوری سے جاتا ہے ہیرا پھیری سے نہیں جاتا (اَر۔ مثل) عادت چھوٹنے پر بھی کچھ نہ کچھ اثر رہ جاتا ہے۔ بُری عادت نہیں جاتی۔

چور خانہ (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) صندوقچے کا پوشیدہ خانہ (۲) پنجرے کے اندر کا خانہ جو دُوسرے خانے میں ہو (۳) خلوت خانہ۔

چور دروازہ (اَر۔ ا۔ مذ) گھر کا وہ راستہ جو عام لوگوں کو معلوم نہ ہو۔

چور دَھج (اَر۔ ا۔ مذ) (تلوار چلانے والوں کی اِصطلاح) حریف کا میدان میں آکر آگے پیچھے ہٹنا اور تلوار اور ڈھال کو اُوپر لے جا کر حریف پر وار کرنا۔

چور راستہ (اَر۔ ا۔ مذ) پوشیدہ راستہ۔

چور زمین (اَر۔ ا۔ مث) دَلدل۔ دھساؤ۔

چور سے کہے چوری کر، ساہ سے کہے تیرا گھر لُٹا (اَر۔ مثل) اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو خود ہی نقصان کرائے اور خود ہی ہمدرد بنے۔

چور کا بھائی گٹھ کترا (ک پر زبر) (اَر۔ مثل) جب کوئی شخص عیب دار کی طرف داری کرتا ہے تو اُس کی نسبت بولتے ہیں۔ بد کا ساتھی بھی بد۔

چور کا جی کتنا (اَر۔ مقولہ) چور ذرا سی بات سے ڈر جاتا ہے۔

چور کا شاہد چراغ (اَر۔ مثل) جب کوئی راز دار کسی کا بھید کھول دے تو اُس موقع پر بولتے ہیں۔

چور کا مال سب کوئی کھائے، چور کی جان اکارت جائے (اَر۔ مثل) چور کے مال میں کئی حِصّے دار ہوتے ہیں مگر سزا میں کوئی حِصّہ دار نہیں ہوتا۔

چور کچہری (اَر۔ ا۔ مث) وہ محکمہ جو بدمعاشوں اور چوروں کی سُراغ رسانی پوشیدہ طور سے کرے۔ خُفیہ پولیس۔

چور کو چور ہی سُوجھتا ہے (اَر۔ مثل) ولی را ولی می شناسد۔ ہر شخص دُوسرے کو اپنا ہی جیسا سمجھتا ہے۔

چور کو گھر تک پہنچانا (اَر۔ محاورہ) معاملے کو اِنتہا تک پہنچانا۔

چور کھڑکی (اَر۔ ا۔ مث) پوشیدہ دریچہ۔

چور کی داڑھی میں تِنکا (اَر۔ ا۔ مث) چور خود اپنے چوکنّا پن سے پہچانا جاتا ہے۔

چور کے پیر کہاں (اَر۔ مثل) چور میں اِستقلال نہیں ہوتا۔ ذرا کھٹکا پا کر بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔

چور کے گھر مور (چور کے گھر میں مور پڑے) (اَر۔ مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی سے کوئی چیز اُڑا لائے اور اُس چیز کو اُس سے کوئی دُوسرا جھپٹ لے۔ نیز دیکھئے چور پر مور پڑنا۔

چور گلی (اَر۔ ا۔ مث) (۱) وہ گلی جو ایک طرف سے بند ہو (۲) پاجامے کی میانی۔

چور محل (اَر۔ ا۔ مذ و مث) (۱) وہ بیوی جو بیاہتا نہ ہو (۲) وہ محل جہاں امیر لوگوں کی داشتائیں رہیں۔

چور منڈلی (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بچّوں کا ایک کھیل جس میں وہ ایک کنکر کو گوبر کے کسی ڈھیر میں چھپا دیتے ہیں جو اُسے ڈھونڈ پائے وہ سارا گوبر لے جاتا ہے۔

چور مُونگ (چور اُڑد) (اَر۔ ا۔ مذ) وہ چھوٹے چھوٹے سخت مُونگ یا اُڑد (ماش) کے دانے جو گلنے سے رہ جاتے ہیں۔

چور ہٹّا (ہ۔ ا۔ مذ) وہ دُکاندار جو چوروں سے مال خریدے۔ چور تھانگ (۲) وہ بازار جہاں چوری کا مال بیچا جاتا ہے۔

چُور (واو معروف) (ہ۔ صف) (۱) ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے (۲) بدمست۔ متوالا۔ سرشار۔

چُور چُور ہو جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کا ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جانا (۲) تھک جانا۔

چُورا (چُو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) بُرادہ۔ ریزہ۔

چُورا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پیسنا (۲) خوب مارنا۔ زدوکوب کرنا۔

چَورانوے۔ چو کے تحت دیکھئے۔

چَورس۔ چو کے تحت دیکھئے۔

چُورما (چُور۔ ما) (ہ۔ ا۔ مذ) ملیدہ۔

چُورن (چُو۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سفوف جو بدہضمی کے لئے بنایا جاتا ہے۔

چُورنا (چُور۔ نا) (اَر۔ مص) روٹی کے ٹکڑے گھی یا کسی رقیق چیز میں ڈبونا۔

چوری (چو۔ ری) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سَرقہ۔ دُزدی۔ دُوسرے کا مال چُھپ کر اُڑا لینا۔ جمع: چوریاں۔ چوریوں۔

چوری اور چترائی (ہ۔ ا۔ مث) ایک تو چوری کرنا دُوسرے حیلہ بازی کرنا۔

چوری اور سینہ زوری (اَر۔ مثل) اپنے قصور پر نادم نہ ہو کر اُلٹا سرکشی کرنا۔

چوری جانا (اَر۔ محاورہ) سَرقہ ہو جانا۔ چُرایا جانا۔

چوری چوری (اَر۔ متعلق فعل) چُھپ کر۔ درپردہ۔ پوشیدہ طور پر۔ چپکے سے۔

چوری چھپے (اَر۔ متعلق فعل) دیکھئے چوری چوری۔

چوری سے (اَر۔ متعلق فعل) دیکھئے چوری چوری۔

چوری کا کپڑا لاٹھیوں (ڈانگوں) کے گز (اَر۔ مثل) چور کو چوری کے مال کی قدر نہیں ہوتی۔ وہ اُسے اونے پونے بیچ ڈالتا ہے۔

چوری کا گُڑ میٹھا ہوتا ہے (اَر۔ مثل) مُفت کا مال پیارا ہوتا ہے۔

چوری کا مال (اَر۔ ا۔ مذ) چُرایا ہوا مال۔ مالِ مسروقہ۔

چوری لگانا (اَر۔ محاورہ) چوری کا اِلزام لگانا۔

چُوری (ہ۔ ا۔ مث) روٹی کے ٹکڑے گھی اور چینی میں مسلے ہوئے۔

چوڑا (چَو۔ ڑا) (ہ۔ صف) فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔ کھلا ڈلا۔

چُوڑا (چُو۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مویشی کے گوبر پیشاب وغیرہ کی کیچڑ (۲) کلائی سے کُہنی تک چوڑیاں۔ لاکھ، کانچ یا سونے چاندی کی چوڑیاں۔

چوڑا کر دینا (اَر۔ محاورہ) گیلا کر دینا۔ بھگو دینا۔

چَوڑان (چَو۔ ڑان) (ہ۔ ا۔ مث) چوڑائی۔ عرض۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چوڑانا (چو۔ڑا۔نا)(ہ۔مع) پھیلانا۔ فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا۔
چوڑاؤ (چو۔ڑا۔او)(ہ۔ا۔مذ) پاٹ۔ پھیلاؤ۔ وُسعت۔
چوڑائی (چو۔ڑا۔ای)(ہ۔ا۔مث) چوڑان۔ عرض۔ فراخی۔ وُسعت۔ کشادگی۔
چوڑھا (چو۔ڑھا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے چوہڑا۔
چوڑھی (چو۔ڑھی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے چوہڑی۔
چوڑی (چو۔ڑی)(ہ۔صف) چوڑا کی تانیث۔
چوڑی (چو۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) لاکھ کانچ یا سونے چاندی کا حلقہ جو عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں (۲) وہ پیچ جو کسی پُرزے میں کٹا ہو۔ جمع: چوڑیاں۔ چوڑیوں۔
چوڑی دار پاجامہ (اُر۔ا۔مذ) وہ تنگ پاجامہ جس کی مہریاں لمبی ہونے کی وجہ سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑ جاتی ہیں۔
چوڑیاں (ہ۔ا۔مث) چوڑی کی جمع۔
چوڑیاں بڑھانا (اُر۔محاورہ) چوڑیاں اُتارنا۔ چوڑیاں اُتار کر رکھنا۔
چوڑیاں پہنانا (اُر۔محاورہ)(۱) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا۔ بیوہ عورت سے شادی کرنا۔
چوڑیاں پہننا (اُر۔محاورہ) ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا (۲) نامردی اختیار کرنا۔
چوڑیاں ٹھنڈی کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) چوڑیاں توڑنا (۲) خاوند کے مر جانے پر عورت کا چوڑیاں توڑ ڈالنا۔
چوزہ (چو۔زہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) مُرغی کا بچہ (۲) نوعمر لڑکا۔ خُرد سال لڑکا۔ جوان لڑکی۔ جمع: چوزوں۔ چوزے۔
چوزہ باز (اُر۔صف۔مث) وہ کسبی جو نوجوانوں سے زیادہ رغبت رکھے۔
چوسا (چو۔سا)(ہ۔ا۔مذ) ریتی۔ سوہن۔
چوسار (چو۔سار)(ق۔صف) ہوشیار۔
چوساراں (چو۔سا۔راں)(ق۔ا۔مذ) چوسار کی جمع۔ ہوشیار لوگ۔
چوساری (چو۔سا۔ری)(ق۔ا۔مث) خبرداری۔ چوکسی۔
چوُس ڈالنا (ہ۔مع)(۱) اِس قدر چوُس لینا کہ بالکل خشک ہو جائے (۲) پوری طرح جذب کر لینا۔
چوسَر (چو۔سَر)(ہ۔ا۔مث) چوَ کے تحت دیکھئے۔
چوسر باز (اُر۔صف) چوَ کے تحت دیکھئے۔
چوسِری (چو۔سِ۔ری)(ق۔ا۔مث) گلے کا ایک زیور۔
چوُسنا (چوُس۔نا)(ہ۔مع)(۱) ہونٹ اور زبان سے کسی چیز کا عرق پینا (۲) جذب کرنا۔ نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔
چوُسنی (چوُس۔نی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے چُسنی۔
چوغہ (چو۔غہ)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے چُغا۔
چوک (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مُربع میدان (۲) بڑا صحن (۳) وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں (۴) سامنے کے چار دانتوں کی لڑیاں (۵) ایک زیور۔ جمع: چوک۔ چوکوں۔

چوُک (واو معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) بھول۔ خطا۔ قصور (۲) ایک قسم کا کھٹا ساگ (۳)(صف) نہایت کھٹا۔
چوُک جانا (اُر۔محاورہ) بھول جانا۔ سہو کرنا۔
چوکا۔ چوَ کے تحت دیکھئے۔
چوُکا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھٹا ساگ۔
چوکر (چوکڑ) (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) بھوسی۔ چوکھر۔
چوکڑی۔ چوَ کے تحت دیکھئے۔
چوکس۔ چوَ کے تحت دیکھئے۔
چوُکنا (چوُک۔نا)(ہ۔مع)(۱) بھولنا۔ غلطی کرنا (۲) نشانے پر نہ بیٹھنا۔ نشانہ نہ لگنا۔
چوکھا (واو مجہول)(ہ۔صف)(۱) خالص۔ کھرا۔ اصل۔ صاف (۲) اچھا۔ خوب (۳) عُمدہ۔ نادر۔ پسندیدہ۔
چوکھاٹ (چو۔کھاٹ)(ہ۔صف) طاقت ور۔
چوکھٹ۔ چوَ کے تحت دیکھئے۔
چوکھے (چو۔کہ۔اے)(ق۔ا۔مذ) چوکیدار۔
چوکی (چو۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹا تخت۔ کرسی (۲) پہرہ۔ پاسبانی (۳) اسٹیشن۔ پڑاؤ (۴) باری (۵) خدمت۔ سیوا۔ نوکری (۶) نیاز۔ نذر۔ فاتحہ (۷) مؤکل۔ جادو ٹونا (۸) قوالوں کا گروہ (۹) گلے کا ایک طلائی زیور (۱۰) چھوٹا تھانہ۔ پولیس پوسٹ (۱۱) محصول وصول کرنے کی جگہ (۱۲) پاخانے کا چھوٹا تخت۔ کموڈ۔ جمع: چوکیاں۔ چوکیوں۔
چوکی بٹھانا (اُر۔محاورہ)(۱) پہرا بٹھانا۔ نگہبانی کرنا (۲) جادو کرنا۔ مؤکل بٹھانا۔
چوکی بھرنا (اُر۔محاورہ)(۱) باری باری پہرا دینا (۲) گھر میں یا کسی قبر پر قوالی کرنا (۳) دیوی دیوتا کے استھان پر بھینٹ چڑھانا (۴) نوچندی جمعرات کو قبرستان میں جا کر دُعا مانگنا۔
چوکی پر جانا (اُر۔محاورہ)(۱) تھانے جانا (۲) پاخانہ میں جانا۔
چوکی پر لوٹا نہ رکھواؤں (اُر۔محاورہ) عورتیں حقارت ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں کہ اس سے کوئی ادنیٰ کام بھی نہ کراؤں۔
چوکی پہرا (اُر۔ا۔مذ) گارڈ۔ پہرا۔ پہرے کی باری۔
چوکی جانا (اُر۔محاورہ) کسبی یا زانی عورت کا خرچی پر جانا۔
چوکی خانہ (اُر۔ا۔مذ) وہ مکان جہاں امیروں کے درباری اور حاضر باش لوگ رہتے ہیں۔
چوکی دار (چوکیدار) (اُر۔ا۔مذ) پاسبان۔ محافظ۔ نگہبان۔
چوکیدارا (چو۔کی۔دا۔را)(ہ۔ا۔مذ) حق پاسبانی۔ چوکیداروں کو تنخواہ دینے کے لئے لوگوں پر عائد کردہ ٹیکس (۲) چوکیداری۔
چوکی داری (چوکیداری) (اُر۔ا۔مث) پاسبانی۔ نگہبانی۔ چوکیدار کا پیشہ۔
چوکی دینا (اُر۔محاورہ)(۱) پہرا دینا۔ حفاظت کرنا (۲) کرسی پر بٹھانا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قوالوں کا کسی درگاہ پر قوالی کرنا۔

چوکی مار (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو محصول دیئے بغیر چوری چُھپے مال لے جائے۔ محصول چور۔

چوکی مارنا (ہ۔ محاورہ) محصول چنگی کی چوری کرنا۔

چوکیا سُہاگا (چوک۔یا۔سُ۔ہا۔گا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا عُمدہ سُہاگا۔

چوگا (چو۔گا)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) پرندوں کی غذا۔ دانہ۔ وہ غذا جو پرندے اپنے بچّوں کو کھلاتے ہیں۔

چوگا دینا (ہ۔ محاورہ) پرندوں کا اپنے بچّوں کو چونچ کے ذریعے دانہ وغیرہ کھلانا۔

چوگان (چو۔گان)(ف۔ا۔مذ)(۱) گیند کا بَلّا۔ ٹیڑھی ڈنڈا۔ نقارے کی لکڑی (۲) گھوڑے پر چڑھ کر گیند کا کھیل۔ پولو۔

چوگان باز (ف۔ صف) چوگان یا پولو کھیلنے والا۔

چوگان بازی (ف۔ا۔مث) چوگان کھیلنا۔ چوگان کا کھیل۔

چوگان گاہ (ف۔ا۔مث) چوگان کھیلنے کا میدان۔ پولو گراؤنڈ۔

چوگانی (چو۔گا۔نی)(ہ۔ا۔مذ) وہ گھوڑا جو چوگان بازی میں خوب دوڑے۔

چوگڑا (چوگ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) خرگوش۔

چُول (واو معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) لکڑی کا وہ سرا جو دُوسری لکڑی میں داخل کیا جائے (۲) لکڑی کا چھید جس میں دُوسری لکڑی لگائی جائے (۳) وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے۔ جمع: چُولوں۔ چُولیں۔

چُول بیٹھ جانا (بیٹھنا) (اُر۔ محاورہ) زائچے کا مطابق ہونا۔ متفق ہونا۔

چُول (ق۔ا۔مذ) چُلّو۔ ایک گھونٹ۔ جُرعہ۔

چولا (چو۔لا)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جسم۔ قالب (۲) ایک قسم کی پوشاک جو دُلہن کو پہناتے ہیں (۳) چولی۔ انگرکھے کا بالائی حصّہ۔

چولا بدلنا (ہ۔ محاورہ) ایک قالب سے دُوسرے قالب میں جانا۔ رُوح کا ایک جسم سے دُوسرے جسم میں حلول کرنا۔ وضع قطع میں فرق آنا۔

چولا چھوڑنا (ہ۔ محاورہ) قالب چھوڑنا۔ مرجانا۔

چَولائی (چَو۔لا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا ساگ۔ اِس کی دو قسمیں ہیں: لال چَولائی اور ہری چَولائی (۲) جنگلی چاول جو بہت باریک ہوتا ہے۔

چُولھا (چُو۔لھا)(ہ۔ا۔مذ) دیگدان۔ آتش دان۔ آگ کی جگہ جس پر ہانڈی پکاتے ہیں۔ جمع: چُولھوں۔ چُولھے۔

چُولھا (پھُونکنا) جھونکنا (اُر۔ محاورہ) (حقارت یا غصّے سے) اپنے ہاتھ سے پکانا۔ آگ جلانا۔ چُولھا گرم کرنا۔

چُولھے (ہ۔ا۔مذ)(۱) چُولھا کی جمع (۲) چُولھا کی مُغیّرہ صورت۔

چُولھے آگ نہ گھڑے پانی (اُر۔ مثل) نہایت اِفلاس۔ کھانے پینے کا کوئی سامان نہ ہونا۔

چُولھے چکّی سبھی کام کچّی (اُر۔ مثل) اُس عورت کی نسبت بولتے ہیں جو بہت سُگھڑ ہو، ہر کام جانتی ہو۔

چُولھے سے نکلا کڑاہی میں گرا (اُر۔ مثل) ایک مصیبت سے چُھوٹا دُوسری میں پڑا۔ نیز دیکھئے آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔

چُولھے کی تیری توے کی میری (اُر۔ مثل) اچھی چیز اپنے لئے بُری دُوسروں کے لئے۔

چُولھے میں (پڑے) جائے (اُر۔ کلمۂ نفرت) آگ لگے۔ خاک میں ملے۔ ہمیں اِس سے سروکار نہیں۔ بلا سے۔

چولی (واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) انگرکھے کا اُوپر کا حصّہ۔ نیچے کے حصّے کو دامن کہتے ہیں (۲) ایک قسم کی کُرتی جو عورتیں پہنتی ہیں۔

چولی دامن کا ساتھ (اُر۔ا۔مذ) لازم و ملزوم۔ وہ دو آدمی یا چیزیں جو ہمیشہ ایک دُوسرے کے ساتھ رہیں۔

چولی مَسکنا (نکل جانا) (اُر۔ محاورہ) چولی کا زور پڑنے سے چاک ہو جانا۔

چولیا (چو۔لِ۔یا)(ق۔ا۔مذ) جانگیا۔

چُولیں (چُو۔لیں)(ہ۔ا۔مث) چُول کی جمع۔

چُولیں ڈھیلی کرنا (اُر۔ محاورہ) مار مار کر بھُرکس نکال دینا۔

چُولیں ڈھیلی ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ)(۱) بہت مار کھانا۔ بہت پِٹنا (۲) تھکن یا تھکان سے بے حال ہو جانا۔

چُوما (چُو۔ما)(ہ۔ا۔مذ) بوسہ۔ پیار۔

چوما چاٹی (اُر۔ا۔مث) بوس و کنار۔ ناز و نیاز۔ اِختلاط۔

چوم چاٹ کے چھوڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) اپنے قابو اور طاقت سے باہر چیز کو بوسہ دے کر اس کے خیال سے باز آنا (۲) کام نکال کے چھوڑنا۔

چومتے ہی گال کاٹا (اُر۔ مثل) ابتدا ہی میں نقصان پہنچایا۔

چُومک (چُو۔مک)(ق۔ا۔مذ) چقماق۔

چُومنا (چوم۔نا)(ہ۔مص)(۱) بوسہ لینا۔ پیار کرنا۔ چُمکارنا (۲) بوسہ دینا۔

چُومنا چاٹنا (اُر۔ محاورہ)(۱) چُوما چاٹی کرنا۔ پیار کرنا (۲) خوشامد درآمد کرنا۔ لَلّو پتّو کرنا (۳) تعظیم کرنا۔

چُوں (واو معروف)(ف۔ حرفِ شرط و تشبیہ)(۱) جب۔ اگر (۲) مانند (۳) کس طرح (۴) کس لئے۔ کیوں۔ نیز دیکھئے چُو۔

چُونکہ (چُوں۔کہ)(ف۔ حرفِ شرط) کیونکہ۔ اِس لئے۔

چون وچرا (ف۔ا۔مث) حیلہ بہانہ۔ اگر مگر۔ بحث و تکرار۔

چُون (واو معروف)(ہ۔ا۔مث) آٹا۔ آرد۔ پسی ہوئی چیز۔

چُون کا (ہ۔ صف) آٹے کا۔ کم زور۔

چون کا حاکم بھی بُرا ہوتا ہے (اُر۔ مثل) ادنیٰ حاکم سے بھی ڈرنا چاہئے۔

چون کر ڈالنا (اُر۔ محاورہ) پیس ڈالنا۔ آٹا کر دینا۔

چون ہو جانا (اُر۔ محاورہ) گل جانا۔ آٹا ہو جانا۔

چُوں (واو معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) خفیف آواز جو کسی چیز سے نکلے۔

چُوں چُوں (ہ۔ا۔مث)(۱) چڑیوں کی آواز (۲) گاڑی کے چلنے کی آواز۔ بچّوں کا ایک کھلونا جو دبانے سے چُوں چُوں کرتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چوں چوں کا مُربّا (اُر۔ اِ۔ مذ) مختلف چیزوں کا مجموعہ۔

چوں نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) اُف نہ کرنا۔ اِنکار نہ کرنا۔ خاموش رہنا۔

چَوَّن (چَو۔ وَن) (ہ۔ اِ۔ عدد) چار اُوپر پچاس۔ ۵۴۔

چونا (واو مجہول) (ق۔ مص) چوانا۔ ٹپکانا۔

چونا (واو مجہول) (ہ۔ مص) (۱) رِسنا۔ ٹپکنا (۲) پھل کا پک کر زمین پر گر پڑنا (۳) حیض کا خون آنا۔

چُونا (واو معروف) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) قلعی۔ سفیدی۔ وہ سفید رنگ کا سفوف جو سفید پتھر یا کھریا کو بھٹی میں جلا کر بنایا جاتا ہے (۲) (صف) تیز۔ مُند (صرف کھٹاس کی تیزی ظاہر کرنے کے لئے)۔

چُونا پھیرنا (اُر۔ محاورہ) قلعی کرنا۔ سفیدی کرنا۔

چُونا چُونا ہونا (اُر۔ محاورہ) کپڑے یا لکڑی کا پُرانا ہو کر پارہ پارہ ہو جانا۔

چُونا گچ (چُو۔ نا۔ گچ) (اُر۔ اِ۔ مذ) ایک قسم کا مضبوط چُونا جسے معمولی چُونے میں ملا کر پلستر کرتے ہیں۔

چُونا لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) پان میں چُونا لگانا (۲) زک دینا۔ دھوکا دینا۔ ذلیل کرنا۔

چَونپ (بفتح اوّل) (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) شوق۔ چاؤ۔ خواہش۔ اُمنگ (۲) بڑھاوا (۳) سونے کی کیل جو دانت میں لگائی جاتی ہے (۴) ضد۔ ہٹ۔

چونپ دینا (ہ۔ محاورہ) بڑھاوا دینا۔ کسی کام پر آمادہ کرنا۔ مُستعد کرنا۔

چونتیس۔ چو کے تحت دیکھئے۔

چونچ (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) منقار۔ پرندوں کا دانہ چُگنے کا عضو (۲) نوک۔ سرا (۳) جیبھ۔ جمع: چونچیں۔ چونچوں۔

چونچ سنبھالو (بند کرو) (اُر۔ محاورہ) زبان روکو۔ بدزبانی نہ کرو۔

چونچ مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ٹھونگ مارنا (۲) بیہودہ بکنا۔

چونچال (چوں۔ چال) (ہ۔ صف) چنچل۔ ہوشیار۔ چالاک۔ مُستعد۔

چونچلا (چونچ۔ لا) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) دیکھئے چوچلا۔

چونچیانا (چوں۔ چِ۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) ٹھونگیں مارنا۔

چوندلا (چوں۔ دَ۔ لا) (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ق۔ صف) بیہودہ گو۔ ناپختہ باتیں کرنے والا۔

چوندھ (بفتح اوّل) (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) چُندھیاہٹ۔ خیرگیِ چشم۔

چوندھر (چوں۔ دھر) (ق۔ تابع فعل) چاروں طرف۔

چوندھیانا (چوندھ۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھئے چُندھیانا۔

چوندھیل (چوں۔ ڈھیل) (ق۔ تابع فعل) چاروں طرف۔

چوندی (چوں۔ دی) (ق۔ اِ۔ مث) دھوکا۔ فریب۔

چوندیاں (ق۔ اِ۔ مث) ترکیبیں۔

چونڈا (چوں۔ ڈا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) سر کے لمبے بالوں کا گچھا جو عورتیں سر پر لا کر باندھ لیتی ہیں (۲) پرندوں کی چھوٹی کلغی (۳) کچا کنواں۔

چونڈا دُھوپ میں سفید نہیں کیا (اُر۔ مثل) ناتجربہ کار نہیں ہوں۔

چونڈھل (چوں۔ ڈھل) (ق۔ اِ۔ مذ) ہوادار کی طرح کی ایک سواری جسے اُٹھانے کے لئے دو بانس لگائے جاتے ہیں۔

چونڑ (چوں۔ ڑ) (ہ۔ اِ۔ مذ) دیکھئے چتری۔

چونری (چوں۔ ری) (ہ۔ اِ۔ مث) مورچھل جس سے مکھیاں اُڑاتے ہیں۔

چونسٹھ۔ چو کے تحت دیکھئے۔

چونک (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و چہارم) (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) وحشت۔ بھڑک۔ جھجک۔ چونکنا کا اَمر۔

چونک اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دفعتہً گھبرا کر جاگ اُٹھنا۔ سوتے سوتے اُچھل پڑنا (۲) چوکنا ہو جانا۔ بدک جانا۔ گھبرا جانا۔

چونک پڑنا (اُر۔ محاورہ) یکایک خواب سے بیدار ہو جانا۔ غفلت سے ہوشیار ہونا۔

چونکنا (چونک۔ نا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ مص) (۱) سوتے سوتے جاگ پڑنا (۲) بھڑکنا (۳) غفلت سے ہوشیار ہونا۔ جاگنا۔ بیدار ہونا (۴) چوکنا ہونا (۵) گھبرانا۔ ہکا بکا ہونا۔ حیرت ہونا۔

چونکیل (چوں۔ کیل) (بیائے مجہول) (ہ۔ صف) (۱) ڈرپوک (۲) جھجکنے والا (۳) ڈرنے یا جھجکنے والا جانور یا آدمی۔

چونگا (چوں۔ گا) (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) خوشامد۔ چاپلوسی (۲) بانس کا نل یا نلی جس میں تیل یا نمک وغیرہ رکھتے ہیں یا خط رکھ کر بھیجتے ہیں (۳) بندوق کی نال (۴) ٹیلیفون کا رسیور۔ جمع: چونگوں۔ چونگے۔

چونگے (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) چونگا کی جمع (۲) چونگا کی مغیرہ شکل۔

چونگے باز (ہ۔ اِ۔ مذ) وہ شخص جو چرب زبانی سے دُوسروں کی چیزیں لے لے۔

چونگلا (چونگ۔ لا) (ہ۔ اِ۔ مذ) دیکھئے چونگا نمبر ۲۔

چونگی۔ دیکھئے چُنگی جو صحیح ہے۔

چَوَنّی (چَ۔ وَن۔ نی) (ہ۔ اِ۔ مث) روپے کا چوتھا حصّہ۔ چار آنے۔ چاندی یا نکل کا وہ سِکّہ جو چوتھائی روپے میں چلے۔ جمع: چونیاں۔ چونیوں۔

چُونی (بضم اوّل) (ہ۔ اِ۔ مث) دال کا بُرادہ۔ وہ موٹا موٹا آٹا جو دال دَلنے میں نکلتا ہے۔

چُونی بھوسی کھا کر گُزر کرنا (اُر۔ محاورہ) نہایت تنگی سے اوقات بسر کرنا۔

چُونی بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ (اُر۔ مثل) ادنیٰ آدمی بھی بڑوں کی برابری کرنے لگا۔ لیاقت سے بڑھ کر دعویٰ کرنے کی جگہ بولتے ہیں۔

چُوہا (بضم اوّل) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) موش۔ نیولے سے ملتا جلتا ایک چھوٹا سا پستانیہ (ممَل)۔ موسا (۲) ناک کا سُوکھا ہوا مَیل۔ جمع: چُوہوں۔ چُوہے۔

چُوہا بِل میں سماتا نہیں دُم سے باندھا چھاج (اُر۔ مثل) اپنی تو گُزر ہوتی نہیں دُوسروں کا بوجھ سر پر اُٹھا لیا۔

چُوہا بلّی کا شکار ہے (اُر۔ مثل) کمزور کو زبردست قابو میں کر لیتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چوہا کنی (ہ۔ا۔مث) ایک گھاس جس کی پتیاں چوہے کے کان کی مانند ہوتی ہیں۔

چوہان (چَو۔ہان)(ہ۔ا۔مذ) سُورج بنسی راجپوتوں کی ایک گوت۔

چوہتر۔ چَو کے تحت دیکھیے۔

چوہدری (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے چودھری۔

چوہڑا (چُوہ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) چوڑھا۔ بھنگی۔ خاکروب۔ مؤنث کیلئے چوہڑی۔

چوہی (ہ۔ا۔مث) دیکھیے چوہیا جو زیادہ مستعمل ہے۔

چوہے (ہ۔ا۔مذ)(۱) چوہا کی جمع (۲) چوہا کی مُغیّرہ صورت۔

چوہے (دَتیاں) دَنتی (ہ۔ا۔مث) ہاتھوں کا ایک زیور جس کی شکل چوہے کے دانتوں کی سی ہوتی ہے۔

چوہے دان (ہ۔ا۔مذ) چوہے پکڑنے کا پنجرا۔

چوہے کا بچہ بھی نہیں (ا۔مثل) بالکل بے اولاد ہے۔

چوہے کا بل ڈھونڈتے پھرو گے (ا۔مثل) امن کی جگہ تلاش کرو گے۔ بھاگنے کا راستہ نہیں ملے گا۔

چوہے کا جنا بل ہی ڈھونڈتا ہے (ا۔مثل) ہر شخص اپنی اصل پر جاتا ہے۔

چوہے کے ہاتھ ہلدی لگی وہ بھی پنساری بن بیٹھا (ا۔مثل) کم ظرف تھوڑی سی پونجی مل جانے پر اترانے لگتا ہے۔

چوہے مار (ہ۔ا۔مذ)(۱) چوہے مارنے والا (۲) ایک پرند جو چوہے کھاتا ہے۔

چوہیا (ہ۔ا۔مث) چوہا کی تانیث۔ جمع: چوہیاں۔ چوہیوں۔

چوہیا سے دانت (ا۔ا۔مذ) چھوٹے چھوٹے دانت۔

چوبیا (چو۔بیا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دریا وغیرہ کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی بھر بھر کر ٹھہر جائے (۲) دال کا چھلکا۔

چ۔ہ

چہ (بکسرِ اوّل)(ف۔حرفِ استفہام) کیا؟

چہ خوش (ف۔کلمۂ طنز) کیا خوب! واہ وا! کیا کہنے ہیں!

چہ خوش چرا نباشد (ف۔کلمۂ طنز) کیوں نہیں۔ اچھے رہے۔ کیا کہنا ہے۔ بے شک اسی قابل ہو۔

چہ داند بوزنہ لذاتِ اَدرک (ف۔مثل) بندر کیا جانے ادرک کا سواد۔ ناقدر شناس اچھی چیز کی قدر نہیں جانتا۔

چہ دلاور است دُزدے کہ بکف چراغ دارد (ف۔مثل) وہ چور کتنا دلیر ہے جو ہاتھ میں چراغ لئے ہو۔ چوری اور سینہ زوری۔

چہ کُند بے نوا ہمیں دارد (ف۔مثل) غریب بیچارہ کیا کرے۔ اُس کے پاس تو یہی (ہمیں) کچھ ہے۔ کسی چیز کو پیش کرتے وقت انکسار کے طور پر کہتے ہیں۔

چہ معنی دارد (ف۔مقولہ) کیا سبب ہے۔ کیا وجہ ہے۔ کیا باعث ہے۔

چہ می گوئیاں (ف۔ا۔مث) قیاس آرائیاں۔ رائے زنی۔ گپ شپ۔

چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک (ف۔مثل) چھوٹے کا بڑے سے کیا مقابلہ۔

چَہ (بفتحِ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) چاہ کا مخفف۔ کنواں۔ گڑھا (۲) نَل کے دونوں سرے۔

چہ بچہ (ف۔ا۔مذ) کنوئیں کے مشابہ چھوٹا گڑھا۔ چھوٹا حوض۔ نیز دیکھیے چوبچہ۔

چہا (چَ۔ہا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چھوٹا آبی پرندہ۔

چہار (چَ۔ہار)(ف۔ا۔عدد) چار۔ ۴۔

چہار چند (ف۔عددِ ضعفی) چوگنا۔

چہاردہ (ف۔ا۔عدد) چودہ۔

چہاردہم (ف۔عددِ ضعفی و ترتیبی) چودھواں۔ چودھویں۔

چہار سُو (ف۔تابع فعل) چاروں طرف۔

چہار شنبہ (ف۔ا۔مذ) بُدھ کا دن۔

چہارُم (چَ۔ہا۔رُم)(ف۔عددِ ترتیبی) چوتھا۔ چوتھائی۔

چہتاپن (چہ۔تا۔پَن)(ق۔ا۔مث)(۱) خواہش۔ محبت (۲) ارادہ۔

چہچہا (چہ۔چَ۔ہا)(ہ۔ا۔مذ) خوش الحانی۔ پرندوں کا خوشی میں آ کر بولنا۔ جمع: چہچہوں۔ چہچہے۔

چہچہا (چہ۔چَ۔ہا)(ہ۔صف) نہایت شوخ اور سُرخ رنگ۔ چمکیلا رنگ۔

چہچہاتا رنگ (ہ۔ا۔مذ) سُرخ شوخ رنگ۔

چہچہانا (چہ۔چَ۔ہا۔نا)(ہ۔مص)(۱) نغمہ سرائی کرنا۔ چہکنا (۲) خوشی میں آ کر بولنا (۳) پرندوں کا گانا۔

چہچہانا (چہ۔چَ۔ہا۔نا)(ہ۔مص) سُرخی ٹپکنا۔ شوخی برسنا۔

چہچہاہٹ (چہ۔چَ۔ہا۔ہٹ)(ہ۔ا۔مث) نغمہ سرائی۔ نوا سنجی۔ پرندوں کا بولنا۔

چہرہ (چہ۔رَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) صورت۔ مکھڑا (۲) سامنے کا رُخ۔ مہرہ (۳) حلیہ۔ خدوخال۔ اُردو جمع: چہروں۔ چہرے۔

چہرہ اُتارنا (ا۔محاورہ) خط و خال کا نقشہ لینا۔ عکس لینا۔

چہرہ اُتر جانا (اُترنا) (ا۔محاورہ) چہرہ بے رونق ہو جانا۔ اُداس ہونا۔

چہرہ بحال ہونا (ا۔محاورہ) بیمار کے چہرے پر صحت کے آثار نمایاں ہونا۔

چہرہ بگاڑنا (ا۔محاورہ) صورت مسخ کر دینا۔ بدصورت بنا دینا۔ ایسا مارنا کہ شکل پہچانی نہ جائے۔

چہرہ بگڑنا (ا۔محاورہ) چہرے کی شکل بگڑ جانا۔

چہرہ بنانا (ا۔محاورہ) مُنہ بنانا۔ مُنہ چڑانا۔

چہرہ بھبھوکا ہونا (ا۔محاورہ) مُنہ سُرخ ہونا۔

چہرہ پرداز (ف۔صف) نقاش۔ مصوّر۔ تصویر کھینچنے والا۔

چہرہ پھیکا پڑنا (ا۔محاورہ) چہرہ بے رونق ہو جانا۔

چہرہ تمتمانا (ا۔محاورہ) چہرے کا گرمی، بخار یا غصّے سے سُرخ ہو جانا۔

چہرہ چمکنا (ا۔محاورہ) چہرے پر رونق یا جلال معلوم ہونا۔

چہرہ زرد ہو جانا (ا۔محاورہ) کمزوری یا بیماری کی وجہ سے مُنہ کا پیلا پڑ جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔

چہرہ شاہی روپیہ (ف۔اُ۔ا۔مذ) سرکاری سکّہ جس پر بادشاہِ وقت کا چہرہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

منقش ہو۔ چہرہ دار روپیہ۔

چہرہ صادر ہونا (اَر۔ محاورہ) نوکری ملنا۔ دفتر میں نام درج ہونا۔

چہرہ کٹنا (اَر۔ محاورہ) نوکری سے برطرف ہونا۔

چہرہ کُشا (ف۔ صف) نقاب اُٹھانے والا۔ تصویر بنانے والا۔

چہرہ کُشائی (ف۔ ا۔ مث) مجسمے سے نقاب ہٹانے کی رَسم (۲) مُنہ کھولنا (۳) نقاشی۔ مصوری۔

چہرہ لکھنا (اَر۔ محاورہ) بھرتی کرنا۔ نئے مُلازم کا حُلیہ لکھنا۔

چہرہ لکھوانا (اَر۔ محاورہ) نوکری کرنا۔ دفتر میں حُلیہ درج کرانا۔

چہرہ مُہرہ (ف۔ ا۔ مذ) شکل صُورت۔ خدوخال۔

چہرہ نویس (ف۔ ا۔ مذ) مُلازموں کا حُلیہ لکھنے والا۔

چہرہ ہونا (اَر۔ محاورہ) رجسٹر میں نام لکھا جانا۔ مُلازم ہونا۔ بھرتی ہونا۔ دفتر یا فوج میں نام لکھا جانا۔

چہرے (چہ۔ رے) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) چہرہ کی اُردو جمع (۲) چہرہ کی مُغیّرہ صورت۔

چہرے پر تلوار کھانا (اَر۔ محاورہ) دلیری سے لڑنا۔ پیٹھ نہ دکھانا۔

چہرے پر مہتاب چھوٹنا (ہوائیاں اُڑنا) (اَر۔ محاورہ) چہرے کا رنگ زرد ہو جانا۔ مُنہ فق ہو جانا۔ گھبرا جانا۔

چہرے کا رنگ اُڑنا (بدلنا) (اَر۔ محاورہ) خوف' رَنج' شرم یا غُصّے کی وجہ سے چہرے کا رنگ بدل جانا۔

چہرے مُہرے سے ٹھیک (دُرست) ہونا (اَر۔ محاورہ) قبول صورت ہونا۔

چَہکا (چہ۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) اینٹوں اور پتھروں وغیرہ کا فرش جو اکثر چھتوں اور صحنوں وغیرہ میں لگایا جاتا ہے (۲) داغ۔ چَرکا (۳) جلن۔ سوزش۔

چہکا (دینا) لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) جلا دینا۔ لوکا لگانا (۲) اینٹوں کا فرش جمانا۔

چہکا لگنا (اَر۔ محاورہ) چہکا لگانا کا لازم۔

چَہکار (چہ۔ کار) (ہ۔ ا۔ مث) چڑیوں کے بولنے کی آواز۔ چہچہاہٹ۔

چَہکارنا (چہ۔ کار۔ نا) (ہ۔ مص) چہکنا۔ چہچہانا۔

چَہکنا (چَ۔ ہک۔ نا) (اَر۔ مص) چہچہانا۔ خوش اِلحانی کرنا۔ نوا سنجی کرنا۔

چُہل (چ مضموم ہ ساکن۔ ل موقوف) (ہ۔ ا۔ مث) ہنسی۔ مذاق۔ خوش طبعی۔ دِل لگی۔ خوش مزاجی۔

چُہل باز (اَر۔ ف۔ صف) ظریف۔ خوش مزاج۔ زندہ دل۔

چِہل (چِ۔ ہَل) (چِ۔ ہِل) (ف۔ ا۔ عدد) چالیس۔ ۴۰۔

چہل اَبدال (ف۔ ا۔ مذ) وہ چالیس نفوسِ زکیّہ جنہیں خُدا نے دُنیا کی دیکھ بھال کے لئے مقرّر کیا ہے (۲) فقیروں کا ایک گروہ جو انگاروں پر لوٹتا ہے۔

چہل تن (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چہل اَبدال (۲) وہ چالیس بُزرگ جنہیں اللہ نے کوہِ طور پر بجلی سے ہلاک کر دیا تھا اور بعد ازاں زندہ کر دیا تھا۔

چہل چراغ (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا برنجی جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں۔

چہل ستون (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی عمارت جس میں چالیس ستون ہوتے ہیں۔

چہل قدمی (ف۔ ا۔ مث) ہوا خوری۔ تفریحِ طبع کے واسطے تھوڑا سا ٹہلنا۔

چہل کاف (ف۔ ا۔ مث) ایک دُعا کا نام جس میں چالیس کاف ہیں۔

چَہلا (چہ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وہ زمین جو پانی اور دلدل سے پُر ہو (۲) (صف) گیلا (۳) (ق۔ ا۔ مذ) چھالا۔

چَہَل پَہَل (چَ۔ ہَل۔ پ۔ ہَل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) رونق۔ آبادی۔ گہما گہمی (۲) خوشی۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔

چہلَم (چہ۔ لَم) (ف۔ عددِ ترتیبی) (۱) چالیسواں۔ چالیسویں۔ چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲) (اَر۔ ا۔ مذ) چالیسویں کی فاتحہ۔ اُر جمع: چہلم۔ چہلموں۔

چہلی (چہ۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) کنوئیں کی چرخی۔

چَہنوڑ (چَ۔ ہَن۔ وڑ) (ق۔ ا۔ مذ) ایک بیماری جس کے سبب بچّہ پیٹ میں نہیں ٹھہرتا۔

چَہیتا (چَ۔ ہی۔ تا) (ہ۔ صف) چاہتا۔ پیارا۔ عزیز۔ محبوب۔ جمع: چہیتوں۔ چہیتے۔

چَہیتی (چَ۔ ہی۔ تی) (ہ۔ صف) چہیتا کی تانیث۔ جمع: چہیتیاں۔ چہیتیوں۔

چَہیر (چہ۔ یَر) (ہ۔ ا۔ مذ) لال کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ۔

چَہیل (چَ۔ ہیل) (بیائے مجہول) (ہ۔ صف) گیلا۔ نمدار۔

چھ

چھ (چھے) (ہ۔ ا۔ عدد) پانچ اور ایک۔ تین کا دُگنا۔ ۶۔

چھ (بوندیا) بُندکیا (ہ۔ ا۔ مذ) ایک زہریلا کیڑا جس کے بدن پر چھ داغ ہوتے ہیں۔

چھ پانچ کرنا (اَر۔ محاورہ) باتیں بنانا۔ شرارت کرنا (۲) حیران ہونا۔ شش و پنج میں ہونا۔

چھ ماہی (اَر۔ ا۔ مث) مُردے کی فاتحہ جو مرنے کے چھ ماہ بعد یا چھٹے مہینے ہوتی ہے۔

چھاپ (ہ۔ ا۔ مث) مُہر۔ ٹھپا۔ نشان۔ علامت۔ اِڈیشن۔

چھاپ لگانا (اَر۔ محاورہ) مُہر لگانا۔ ٹھپا لگانا۔ نقش کرنا۔

چھاپا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مُہر۔ ٹھپا (۲) چھاپنے کا آلہ (۳) شب خُون۔ رات کو غنیم پر اچانک حملہ (۴) نقشہ۔ صُورت۔ تصویر (۵) سانچا ڈھالنے کا ظرف (۶) کھلیان پر ٹھپا لگانے کا آلہ (۷) اَخبار۔ چھپی ہوئی چیز۔ جمع: چھاپوں۔ چھاپے۔

چھاپا مار جنگ (اَر۔ ا۔ مذ) دیکھئے گوریلا جنگ۔

چھاپا مارنا (اَر۔ محاورہ) شب خُون مارنا۔ رات کو غنیم پر حملہ کرنا۔

چھاپنا (ہ۔ مص) طبع کرنا۔ مُہر لگانا۔ نقش کرنا۔ ٹھپا لگانا (۲) شائع کرنا۔ مشہور کرنا۔

چھاپا (چھاپے) خانہ (اَر۔ ا۔ مذ) مطبع۔ پریس۔ وہ جگہ جہاں کتابیں وغیرہ چھپتی ہیں۔

چھاتا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بڑی چھتری (۲) بڑا سینہ۔ چوڑا سینہ (۳) پتنگ کا سینہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جمع: چھاتے۔ چھاتوں۔

چھاتا (بردار) فوج (اُ۔ف۔ا۔مث) پیراشوٹ یا ہوائی چھتری کے ذریعے اُترنے والی فوج۔

چھاتم چھاتا (ہ۔ا۔مذ) (۱) سینے کو سینے سے کوٹنا (۲) ایک پتنگ کا دُوسرے پتنگ سے لڑنا۔

چھاتی (ہ۔ا۔مث) (۱) سینہ۔ صدر۔ پستان (۲) جرأت۔ حوصلہ۔ دل (۳) استقلال۔ مضبوطی (۴) فیاضی۔ سخاوت۔ جمع: چھاتیاں۔ چھاتیوں۔

چھاتی اُبھار کر چلنا (اُ۔ محاورہ) (۱) سینہ تان کر چلنا (۲) اترا کر چلنا۔

چھاتی اُبھر آنا (اُبھرنا) (اُ۔ محاورہ) لڑکی کے پستانوں کا بڑھنا۔ بالغ ہونا۔

چھاتی اُمنڈ آنا (اُمنڈنا) (اُ۔ محاورہ) دل بھر آنا۔ غم و رنج کے باعث رونے کو دل چاہنا۔

چھاتی بھر آنا (اُ۔ محاورہ) (۱) آنسو بھر آنا (۲) چھاتی کا گوشت سے پُر ہونا (۳) رحم آنا۔ ترس آنا (۴) چھاتی میں مادری محبت کے باعث دودھ اُتر آنا۔

چھاتی بھر جانا (اُ۔ محاورہ) گھوڑے کے سینے پر ورم ہو جانا۔

چھاتی بڑھ جانا (اُ۔ محاورہ) خوشی سے حوصلہ بڑھ جانا۔

چھاتی بیٹھ جانا (اُ۔ محاورہ) کھانسی یا زکام سے آواز کا بھاری ہو جانا۔

چھاتی پتھر کر لینا (اُ۔ محاورہ) سنگدل ہو جانا۔

چھاتی پر بال ہونا (اُ۔ محاورہ) شجاعت، رحمدلی اور مروّت کا نشان ہونا۔ عالی حوصلہ ہونا۔ بلند ہمت ہونا۔

چھاتی پر پتھر رکھنا (اُ۔ محاورہ) دل سخت کر لینا۔ صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔

چھاتی پر پھرنا (اُ۔ محاورہ) ہر وقت یاد رہنا۔

چھاتی پر چڑھ کر ڈھائی چُلّو لہو پینا (اُ۔ محاورہ) سخت سزا دینا۔ جان سے مار ڈالنا۔

چھاتی پر چڑھے رہنا (اُ۔ محاورہ) سامنے موجود رہنا۔

چھاتی پر دھر کے لے جانا (اُ۔ محاورہ) مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لے جانا۔

چھاتی پر سانپ (پھرنا) لوٹنا (اُ۔ محاورہ) (۱) سخت افسوس کرنا۔ حسد کرنا۔ نہایت رنج و صدمہ گزرنا۔

چھاتی پر سِل دھرنا (اُ۔ محاورہ) سینے پر بوجھ رکھ دینا (۲) صبر کرنا (۳) سنگدلی اختیار کرنا۔

چھاتی پر کالا پہاڑ ہونا (اُ۔ محاورہ) بہت ناگوار ہونا۔

چھاتی پر مُونگ دَلنا (اُ۔ محاورہ) (۱) کسی کی مرضی کے خلاف کام کر کے اُسے چڑانا (۲) عذاب دینا۔ سزا دینا۔

چھاتی پر ہاتھ رکھنا (اُ۔ محاورہ) دل جوئی کرنا۔ محبت کا اظہار کرنا۔

چھاتی پر ہاتھ دھر کے دیکھو (اُ۔ محاورہ) اپنے دل کی حالت سے دُوسرے کے دل کی حالت کا اندازہ کرو۔

چھاتی پک جانا (اُ۔ محاورہ) (۱) چوچی میں زخم آ جانا (۲) ناک میں دَم آ جانا۔ سخت رنج ہونا۔

چھاتی پکڑ کر رہ جانا (اُ۔ محاورہ) دل مسوس کر رہ جانا۔ دل ہی دل میں غم و افسوس کر کے بیٹھ رہنا۔

چھاتی پہاڑ ہونا (اُ۔ محاورہ) دِل سخت ہونا (۲) حوصلہ ہونا۔ ہمت ہونا۔

چھاتی پھٹنا (پھٹ جانا) (اُ۔ محاورہ) (۱) سینے کا شق ہونا۔ دل پر صدمۂ عظیم گزرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر حسد ہونا۔

چھاتی پھٹی جانا (اُ۔ محاورہ) بے حد صدمہ ہونا۔

چھاتی پیٹنا (اُ۔ محاورہ) (۱) سینہ کوبی کرنا۔ ماتم کرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر حسد کرنا۔

چھاتی تلے رکھنا (اُ۔ محاورہ) پاس رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔ اپنی بغل میں رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔

چھاتی ٹھنڈی کرنا (اُ۔ محاورہ) (۱) دل خوش کرنا (۲) سُکھ دینا۔ تسلی دینا (۳) اَرمان نکالنا (۴) دُشمن کو دُکھ پہنچا کر خوش ہونا۔

چھاتی ٹھونکنا (اُ۔ محاورہ) چھاتی پر ہاتھ مارنا۔ اطمینان دلانا۔ دل مضبوط کرنا۔

چھاتی جلانا (اُ۔ محاورہ) دِق کرنا۔ ستانا۔ بہت تنگ کرنا۔

چھاتی جلنا (اُ۔ محاورہ) (۱) سینے میں سوزش ہونا (۲) غم یا حسد سے دل جلنا۔

چھاتی چڑھنا (اُ۔ محاورہ) پستانوں میں دودھ بڑھ آنا جو بچّے کے مرنے یا دودھ چھڑانے کے بعد ہوتا ہے۔

چھاتی چھلنی ہونا (چھننا۔ چھن جانا۔ چھنّی ہونا) (اُ۔ محاورہ) صدموں کے باعث سینے کا داغ دار ہو جانا۔

چھاتی دَرکنا (اُ۔ محاورہ) سینہ شق ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔

چھاتی دھڑکنا (اُ۔ محاورہ) (۱) دل کا کانپنا۔ دل لرزنا (۲) خوف چھانا (۳) دل دُکھنا۔ دل پر صدمہ گزرنا۔

چھاتی دینا (اُ۔ محاورہ) بچّے کو دودھ پلانا۔

چھاتی سراہنا (اُ۔ محاورہ) (۱) کسی کی بُردباری اور تحمّل کی تعریف کرنا (۲) تحسین و آفرین کرنا۔ شاباش دینا۔

چھاتی سُلگانا (اُ۔ محاورہ) دیکھیے چھاتی جلانا۔

چھاتی سے پتھر ٹلنا (اُ۔ محاورہ) (۱) دل کا بوجھ دُور ہونا (۲) بیٹی کا بیاہا جانا۔

چھاتی سے لگانا (اُ۔ محاورہ) سینے سے چمٹانا۔ پیار کرنا۔ گلے لگانا۔

چھاتی کا اُبھار (اُ۔ا۔مذ) بلوغت کے باعث عورت کی چھاتیوں کا اُوپر کو اُبھرنا۔

چھاتی کا (پتھر) پہاڑ (اُ۔ا۔مذ) (۱) دل کی گرانی۔ بارِ خاطر (۲) بارِ غم (۳) جوان بن بیاہی بیٹی یا رانڈ بیٹی جس کا خرچ ماں باپ کے سر ہو۔

چھاتی کا پھوڑا (اُ۔ا۔مذ) جان کا عذاب۔ وبالِ جان۔

چھاتی کا جَم (یم) (اُ۔ا۔مذ) (۱) جان قبض کرنے والا۔ فرشتۂ موت (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(مف) ناگوار طبع۔ بار خاطر (۳) وہ ناگوار آدمی جو ہر وقت چھاتی پر سوار رہے۔
چھاتی کا سودا ہے (اَر۔مثل) حوصلے کا کام ہے۔
چھاتی کرنا (اَر۔محاورہ) جُراُت دکھانا۔ فیاضی دکھانا۔
چھاتی کوٹنا (اَر۔محاورہ) سینہ کوبی کرنا (۲) کسی کی دولت دیکھ کر حسد کرنا۔
چھاتی کھول کر ملنا (اَر۔محاورہ) فراخدلی سے ملنا۔ بغیر رنجش ملنا۔
چھاتی کے کواڑ (اَر۔اِمذ) سینے کے دونوں پہلو۔
چھاتی کے کواڑ کھولنا (اَر۔محاورہ) (۱) سینہ چاک کرنا (۲) دِل کو کدورت سے پاک کرنا۔
چھاتی گدرانا (اَر۔محاورہ) عورت کے پستانوں کا اُبھرنا۔
چھاتی گز بھر ہو جانا (ہونا) (اَر۔محاورہ) خوش ہو جانا (۲) حوصلہ بڑھ جانا۔
چھاتی مسوسنا (اَر۔محاورہ) (۱) اَفسوس کرنا۔ دِل پکڑ کر رہ جانا۔ صدمہ اُٹھانا (۲) صدمہ دینا۔ دِل دُکھانا۔
چھاتی میں دودھ اتر آنا (اَر۔محاورہ) ماں مدت کے بعد بھی اولاد سے ملے اور وہ اُسے پہچان بھی نہ سکے تو مامتا بتا دیتی ہے کہ یہ تیری اولاد ہے (۲) دودھ پلاتے وقت چھاتیوں میں دودھ اتر آنا۔
چھاتی نکال کر چلنا (اَر۔محاورہ) اکڑ کر چلنا (۲) سینہ اُبھار کر چلنا۔
چھاج (ہ۔اِمذ) (۱) غلہ پھٹکنے کا آلہ (۲) مکھی کے آگے کا وہ حصّہ جس کے نیچے کوچوان کے پاؤں اور اُوپر گھوڑے کی راس رہتی ہے۔ جمع: چھاج۔ چھاجوں۔
چھاج بولے سو بولے چھلنی بھی بولے جس میں بہتر سو چھید (اَر۔مثل) جو خود عیب دار ہے وہ بے عیب کی کیا بُرائی کرے گا۔
چھاج سی ڈاڑھی (اَر۔اِمث) بڑی اور گھنی ڈاڑھی۔
چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اُڑانا (اَر۔محاورہ) اُلٹا کام کرنا (۲) کسی کو رُسوا کرنا (۳) بات کا بتنگڑ بنانا۔
چھاجوں (ہ۔اِمذ) چھاج کی جمع۔
چھاجوں برسنا (اَر۔محاورہ) کثرت سے بارش ہونا۔ موسلا دھار مینہ برسنا۔
چھاجوں پانی پڑ گیا (اَر۔محاورہ) (۱) بہت سا مینہ برس گیا (۲) نہایت شرمندگی اُٹھانا پڑی۔
چھاچھ (ہ۔اِمث) وہ سفید پانی جو دہی کو بلو کر مکھن نکالنے کے بعد باقی رہ جاتا ہے۔ لسّی (۲) وہ تُرش سفید دودھ جو گھی گرم کرنے میں نیچے بیٹھ جاتا ہے۔
چھاڈنا (چھاڈ۔نا) (ہ۔مص) قے کرنا۔ اُلٹی کرنا (۲) ترک کرنا۔
چھار (ہ۔صف) (۱) جلا دینے والا (۲) تیز۔ چرچرا (۳) نمکین۔ تیزابی۔ کڑوا (۴) (ق۔اِمذ) درخت (۵) مٹی کا بڑا ڈھیلا۔
چھارو (ہ۔اِمذ) چھالا۔ آبلہ۔ پھپھولا (۲) ناسُور (۳) تبخالہ۔ منہ کے چھالے۔ منہ آنا۔
چھاری (ہ۔اِمث) سونے چاندی وغیرہ کا ڈلا۔
چھاڑ (ہ۔اِمذ) (۱) دریا کا کنارہ (۲) زمین جو دریا چھوڑے۔ مٹی کا ٹکڑا (۳) درخت (۴) ترک۔ تیاگ (۵) جھاڑی۔
چھاڑ چھٹی (ہ۔اِمث) پروانہ راہداری۔
چھاڑ چھریلا (چھ۔رے۔لا) (ہ۔اِمذ) ایک پودا۔ بالچھڑ۔ سُنبلُ الطّیب۔
چھاڑنا (ہ۔مص) (۱) قے کرنا (۲) ترک کرنا۔ تیاگنا۔ نیز دیکھئے چھاڈنا۔
چھاک (ہ۔اِمث) دودھ دینے کا وقت (۲) دودھ دوہنا (۳) دن کا پہلا کھانا (۴) کھانا جو مزدور لوگ صبح اپنے ساتھ لے جاتے ہیں (۵) بڑے بڑے پراٹھے جو دُلہن کے گھر سے دُولھا کو شادی کے موقع پر بھیجے جاتے ہیں۔
چھاکا (ہ۔صف) بدمست۔ مدہوش۔ نشے میں۔
چھاگل (چھا۔گل) (ہ۔اِمث) چھوٹی سی مشک (۲) مٹی کا وہ برتن جس میں مسافر پانی بھر لیتے ہیں (۳) جھانجن۔ پاؤں کا ایک زیور۔ جمع: چھاگلوں۔ چھاگلیں۔
چھال (ہ۔اِمث) درخت کے اُوپر کا چھلکا جو اُس کے ریشوں اور اندرونی جلد کی حفاظت کرتا ہے۔ جمع: چھالوں۔ چھالیں۔
چھالا (ہ۔اِمذ) (۱) آبلہ۔ پھپھولا (۲) وہ داغ جو تلوار کے لوہے یا شیشے پر ہو جاتا ہے (۳) کھال کے معنوں میں بھی اِستعمال ہوتا ہے جیسے برگ چھالا (۴) نشان جو ہرن کی پیٹھ پر پڑ جاتا ہے۔ جمع: چھالوں۔ چھالے۔
چھالا پھوٹنا (اَر۔محاورہ) آبلے کا پھٹ کر رطوبت بہنا۔
چھالیا (چھا۔لِ۔یا) (ہ۔اِمث) دیکھئے سپاری۔ جمع: چھالیاں۔ چھالیوں۔
چھاں (ہ۔اِمث) (۱) چھاؤں۔ سایہ۔ پرچھائیں (۲) خفیف اَثر۔
چھان (ہ۔اِمث) (۱) تحقیقات۔ چھان بین (۲) چھانن۔ بھوسی۔ چھان بورا (۳) چھاننا مصدر کا صیغہ امر۔
چھان پھان (ق۔اِمث) دیکھئے چھان بین۔
چھان بین (چھان پھٹک) (ہ۔اِمث) تحقیق۔ تفتیش۔ دریافت۔ کھوج۔
چھان ڈالنا (مارنا) (اَر۔محاورہ) (۱) کمال تلاش اور جستجو کرنا۔
چھانا (ہ۔مص) (۱) پاٹنا۔ پھونس یا کھپریل کی پوشش کرنا (۲) اندھیرا کرنا۔ سایہ کرنا (۳) بادلوں کا ہجوم کرنا (۴) غائب ہونا۔ طاری ہونا (۵) گھرنا۔ محیط ہونا۔
چھانپ (ق۔صف) پوشیدہ۔
چھانٹ (نون غنہ) (ہ۔اِمث) (۱) فُضلہ (۲) ریزگی (۳) چھیچھڑے جو گوشت صاف کرنے کے بعد رہ جاتے ہیں (۴) کترن (۵) اِنتخاب (۶) کتر بیونت۔ قطع وبُرید۔
چھانٹن (چھٹّن) (چھاں۔ٹن) (چھٹ۔ٹن) (ہ۔اِمث) وہ چیز جو چھانٹنے سے بچ رہے۔
چھانٹنا (چھانٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) چُننا۔ اِنتخاب کرنا (۲) درخت کی شاخیں کاٹنا (۳) سر کے بال کترنا (۴) مختصر کرنا (۵) گوشت کے ٹکڑے کرنا (۶) چرب زبانی کرنا۔
چھاننا (چھان۔نا) (ہ۔مص) چھلنی سے آٹا نکالنا (۲) صاف کرنا۔ نتھارنا۔ رولنا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) جانچنا۔ پرکھنا (۴) تحقیقات کرنا۔ کھوج لگانا (۵) ڈھونڈنا۔

چھانوا (چھاں۔وا) (ق۔ا۔مذ) چھاں۔ سایہ۔ چھاؤں۔ چھائیں۔

چھاؤنی (چھا۔او۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھاؤں کرنے کی چیز۔ کھپریل (۲) لشکرگاہ۔ شہر کا وہ حِصّہ جہاں فوج رہتی ہے۔ جمع: چھاؤنیاں۔ چھاؤنیوں۔

چھاؤنی چھانا (ڈالنا) (اُر۔محاورہ) (۱) ڈیرہ ڈالنا (۲) مسکن بنانا۔ مقام کرنا۔ کیمپ ڈالنا۔

چھائی (ہ۔ا۔مث) راکھ۔

چھائیں (چھا۔ایں) (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) سایہ۔ چھاؤں (۲) داغ۔ دھبّا (۳) رُوح۔ بھوت۔

چھائیں پھوئیں (اُر۔دُعا) (۱) خُدا بچائے۔ خُدا نہ کرے (۲) (اُر۔ا۔مث) جِن و پری۔ بھوت پریت۔

چھائیں مائیں (اُر۔ا۔مث) بچّوں کا ایک کھیل جو چکّر کھا کر کھیلا جاتا ہے۔

چھائیاں (اُر۔ا۔مث) کلف۔ سیاہ داغ دھبّے جو چہرے پر پڑ جاتے ہیں۔

چھایا (ہ۔ا۔مث) سایہ۔ چھاؤں (۲) سایہ دار جگہ (۳) پرتو۔ عکس (۴) تھوڑی سی مُشابہت۔

چھایا بڑی ملیا ہے (اُر۔مثل) سایہ بہت اچھی چیز ہے۔ اپنا مکان ہونا بہت اچھا ہے۔

چھب (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) آرائش۔ زیب و زینت (۲) ناز و انداز۔ معشوقانہ انداز (۳) خوبصورتی۔ تناسبِ اعضا (۴) جسامت۔

چھب تختی (اُر۔ا۔مث) سینے اور جسم کی خوبصورتی۔ عورت کی چھاتیوں کی خوب صورتی۔

چھب گُدڑی میں اور صورت طباق میں (رکابی میں) (اُر۔مثل) عزت عُمدہ پوشاک سے اور رنگ رُوپ عُمدہ غذا سے۔

چھبڑا (چھب۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹوکرا جس کا پیندا چپٹا ہو (۲) چھابا۔

چھبڑی (چھب۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا ٹوکرا۔ چھابڑی۔

چھبّی (چھب۔بی) (ہ۔ا۔مث) (دلالوں کی اِصطلاح) پیسا۔ فلوس۔

چھبّیس (چھب۔بیس) (ہ۔ا۔عدد) چھ اور بیس (۲۶)۔

چھبیلا (چھ۔بی۔لا) (ہ۔صف) چھب والا۔ چھیلا۔ رنگیلا۔ خوش اندام۔ بانکا۔ خوب صورت (۲) مؤنث کے لئے چھبیلی۔

چھپ (بفتحِ اوّل) (اُر۔ا۔مث) پانی کی آواز۔ پانی پر ہاتھ مارنے یا پانی میں کسی ہلکی اور چپٹی چیز کے گرنے کی آواز۔

چھپ چھپ (اُر۔ا۔مث) پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز۔ پانی کے مُنہ پر ڈالنے کی آواز۔

چُھپا (چُھ۔پا) (ہ۔صف) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ نہاں۔ پنہاں۔ گُپت۔

چُھپا رُستم (اُر۔صف) (۱) وہ شخص جو اپنے ہُنر اور کمال میں پورا ہو مگر لوگوں پر ظاہر نہ ہو۔ کامِل فن (۲) چُپ بدمعاش۔ چُھپا شریر۔

چُھپا رکھنا (اُر۔مص) پوشیدہ رکھنا۔ پنہاں رکھنا۔

چھپاکا (چھ۔پا۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پانی کے مُنہ پر ڈالنے کی آواز (۲) پانی کا بڑا چھینٹا۔ جمع: چھپاکوں۔ چھپاکے۔

چُھپانا (چُھ۔پا۔نا) (چھ۔پا۔نا) (ہ۔مص) پوشیدہ رکھنا۔ مخفی کرنا۔ ڈھانکنا۔

چُھپاؤ (چُھ۔پا۔او) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پوشیدگی۔ پردہ (۲) راز۔ بھید۔

چھپائی (چھ۔پا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھاپا۔ طباعت (۲) چھاپنے کی اُجرت۔

چھپٹی (چھپ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) لکڑی کی چھیلن۔ کھپچی۔ کھپاچ۔

چھپٹی سا (ہ۔صف) دُبلا پتلا۔ لاغر۔ نحیف و نزار۔

چھپّر (چھپ۔پر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھوس کا سائبان (۲) بوجھ (۳) برساتی پانی کا گڑھا جس میں سنگھاڑے اور کنول کے بو دیتے ہیں (۴) لمبی چوڑی ڈاڑھی (۵) کبوتروں کا غول یا جھنڈ۔ جمع: چھپّر۔ چھپّروں۔

چھپّر بند (اُر۔صف) سائبان چھانے والا۔ چھپّر بنانے والا۔

چھپّر پر پھوس نہ ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت مُفلس ہونا۔

چھپّر پر پھوس نہیں ڈیوڑھی پر نقّارہ (اُر۔مثل) مُفلس اور کنگال ہو کر بڑائی دکھانا۔

چھپّر پر رکھنا (دھرنا) (اُر۔محاورہ) طاق میں رکھنا۔ پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

چھپّر پھاڑ کر دینا (اُر۔محاورہ) بے وسیلے رزق پہنچانا۔ اُس جگہ سے دِلانا جہاں سے اُمید نہ ہو۔ گھر بیٹھے دینا۔

چھپّر ٹوٹ پڑنا (اُر۔محاورہ) یکایک مُصیبت آجانا۔

چھپّر رکھنا (اُر۔محاورہ) (۱) بھاری اِحسان کرنا (۲) بوجھ رکھنا (۳) اِلزام رکھنا۔

چھپّر کھٹ (اُر۔ا۔مذ) وہ پلنگ جس کے اُوپر چھتری اور پوشش ہو۔ ڈُلہن کا چھتری دار پلنگ۔ امیروں کے سونے کا پلنگ۔

چھپرا (چھپ۔را) (ہ۔ا۔مذ) چھوٹا چھپّر۔

چھپک (چھ۔پک) (ہ۔ا۔مث) پانی کی آواز۔

چھپکا (چھپ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پانی کا بڑا چھینٹا۔ تریڑا (۲) کبوتر پکڑنے کا چھوٹا سا جال (۳) ایک زیور جو عورتیں بالوں میں باندھ کر ماتھے پر لٹکاتی ہیں (۴) پگھلائی ہوئی رانگ کا چوڑا ٹکڑا (۵) لوہے کا وہ چوڑا پترا جو کُنڈی میں لگا کر بند کر دیا جاتا ہے۔ جمع: چھپکوں۔ چھپکے۔

چھپکلی (چھپ۔کَ۔لی) (چھپ۔کلی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک رینگنے والا جانور جو دیواروں پر رہتا ہے۔ چلپاسہ (۲) دُبلی پتلی عورت۔ (کلی غالباً پنجابی لفظ کِرلی کا بگاڑ ہے)۔ جمع: چھپکلیاں۔ چھپکلیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھپّن (چھپ۔پن)(ہ۔ا۔عدد) چھ اُوپر پچاس۔ (۵۶)۔

چھپنا (چھپ۔نا)(ہ۔مص) طبع ہونا۔ مُہر لگنا (۲) مصدر چھاپنا کا لازم۔

چُھپنا (چُھپ۔نا)(چھپ۔نا)(ہ۔مص)(۱) پنہاں ہونا۔ مخفی ہونا (۲) آنکھ بچانا (۳) پردہ کرنا۔

چُھپواں (چُھپ۔واں)(ہ۔صف) پوشیدہ۔ چُھپے چُھپے۔

چَھت (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) سقف۔ پٹاؤ۔ سائبان (۲) کوٹھا۔ بام (۳) چھاتی کا مخفف۔ جمع: چھتوں۔ چھتیں۔

چھت پاٹنا (ا۔مص مُرکب) چھت پر کڑیاں' تختے اور مٹی وغیرہ ڈالنا۔

چھت ٹپکنا (ا۔محاورہ) چھت چونا۔ چھت سے پانی ٹپکنا۔

چھت گیری (ا۔ا۔مث) وہ کپڑا جو چھت کے نیچے خاک وغیرہ سے بچنے کے لئے لگاتے ہیں۔

چھت لگانا (ا۔محاورہ) چھت کے عرض و طول کے موافق کوئی رنگین یا منقش کپڑا چھت کے نیچے لگانا۔

چَھتّا (چھت۔تا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دُور تک پٹا ہوا راستہ۔ مکھیوں یا بھڑوں وغیرہ کا گھر (۲) گھاس کا پھیلاؤ۔ جمع: چھتوں۔ چھتّے۔

چَھتنارا (چھ۔تا۔را)(ہ۔ا۔مذ) وہ درخت جس میں کثرت سے پتّے اور شاخیں ہوں۔ گھنا درخت۔

چَھتر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ)(۱) بڑا چھاتا۔ نم گیرا (۲) شامیانہ (۳) جائے پناہ (۴) اُستاد۔ گرو۔

چَھترپتی (ہ۔ا۔مذ)(۱) راجا۔ والیِ ریاست (۲) وہ افسر جس کے سر پر چترِ شاہی ہو۔

چَھترانا (چھت۔رانا)(ہ۔مص) بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔

چَھتراؤ (چھت۔را۔او)(ہ۔ا۔مذ) پراگندگی۔ تتر بتر ہونا۔

چَھتری (چھت۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹا چھاتا (۲) کبوتروں کے بیٹھنے کا اڈا (۳) ایک قسم کا گنبددار محل (۴) ڈولی کے اُوپر کا چھتر (۵) سر کے بڑے اور گھنے بال۔ جمع: چھتریاں۔ چھتریوں (۶)(مذ) ہندوؤں کی ایک قوم۔ کشتری۔

چَھتنا (چھت۔نا)(بکسرِ اوّل) پٹنا۔ مار کھانا (۲) ٹوٹنا۔ کٹنا۔ پسنا (۳) ہموار کیا جانا۔

چَھتنا (ہ۔صف) چھاتے کی شکل کا (۲) گھنا۔ ہموار۔ برابر (۳)(مص) چھت ڈالنا۔

چَھتوانا (ہ۔مص) پٹوانا۔ مار کھلوانا۔

چَھتیانا (چھت۔یا۔نا)(ہ۔مص) بندوق سے شست باندھنا۔ بندوق کو چھاتی سے لگا کر نشانہ لینا۔

چَھتیس (چھت۔تیس)(ہ۔ا۔عدد) چھ اُوپر تیس۔ (۳۶)۔

چَھتیسا (چھت۔تی۔سا)(ہ۔صف) مکار۔ عیار۔ چھتیس ہنر جاننے والا۔

چَھتیسی (چھت۔تی۔سی)(ہ۔صف) اوباش (عورت)۔ نہایت چالاک اور ہوشیار (عورت)۔

چُھٹ (بضمِ اوّل)(ہ۔حرفِ استثنا)(۱) بجز۔ سوا (۲)(صف) چھوٹا ہوا۔ علیحدہ (۲) چھوٹا کا مخفف۔

چُھٹ بھیا (ا۔ا۔مذ) ادنیٰ دکاندار۔ نیچ قوم کا آدمی۔

چُھٹ پن (چُھٹ پنا)(ہ۔ا۔مذ) خُردی۔ بچپن۔ لڑکپن۔

چَھٹا (چھ۔ٹا)(ہ۔صف)(۱) چُنا ہوا۔ منتخب (۲)(ہ۔عددِ ترتیبی۔مذ) چھ سے نسبت رکھنے والا۔ ششم۔

چھٹا ہُوا (ا۔محاورہ) منتخب۔ چیدہ (۲) بڑا بدمعاش۔

چُھٹاپا (چھ۔ٹا۔پا)(ہ۔ا۔مذ) چھوٹا پن۔ کم عمری۔

چَھٹانک (چھ۔ٹانک)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) سیر کا سولھواں حصہ۔ پانچ تولہ۔

چھٹانک دھنیا' خیر آبادی کوٹھی (ا۔مثل) ذرا سے سرمائے پر بہت شیخی مارنے والے کے متعلق بولتے ہیں۔

چَھٹاوَن (چھ۔ٹا۔وَن)(ہ۔ا۔مذ) پھٹکن۔ اَناج کی صفائی۔

چُھٹکا (چُھٹ۔کا)(ہ۔صف) چھوٹا۔

چَھٹکا (چھٹ۔کا)(ہ۔ا۔مذ) چنیں کا رنگین و منقش پردہ۔

چُھٹکارا (چُھٹ۔کا۔را)(ہ۔ا۔مذ) رہائی۔ خلاصی (۲) فرصت۔ مُہلت۔

چھٹکاں (چھٹ۔کاں)(ق۔ا۔مث) چھینٹیں۔

چھٹکانا (چھٹ۔کا۔نا)(ہ۔مص) پراگندہ کرنا۔ پھیلانا۔ بکھیرنا۔ منتشر کرنا۔ چھینٹے اُڑانا (۲) اپنی جگہ پر واپس کرنا۔

چَھٹکنا (چھ۔ٹک۔نا)(ہ۔مص)(۱) بکھرنا۔ پھیلنا (۲) تاروں کا کھلنا۔

چُھٹکی (چُھٹ۔کی)(ق۔صف) چھوٹی۔ کم عمر۔ چھٹکا کی تانیث۔

چَھٹنا (چھٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) چھانٹنا مصدر کا لازم۔ صاف ہونا۔ مواد یا ملبہ نکلنا (۲) دُبلا ہونا (۳) چُنا جانا۔ منتخب ہونا (۴) قلم ہونا۔ ترشنا (۵) جدا ہونا (۶)(ہ۔ا۔مذ) اَناج کو بھوسے سے الگ کرنے کا آلہ۔

چُھٹنا (چُھٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) رہا ہونا۔ آزاد ہونا (۲) دست لگنا (۳) برطرف ہونا۔ موقوف ہونا (۴) بچنا۔ باقی رہنا (۵) دغنا۔ سَر ہونا (۶) علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا (۷) چلنا۔ روانہ ہونا۔

چَھٹنکی (چھ۔ٹنکی)(نون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث) پانچ تولے کا باٹ۔

چُھٹوانا (چُھٹ۔وا۔نا)(ہ۔مص) چُھوٹنا اور چُھٹنا کا متعدی (۱) رہا کرانا (۲) جدا کرانا۔ موقوف کرانا۔

چَھٹوتی (چھ۔ٹو۔تی)(ہ۔ا۔مث) رعایت۔ تخفیف۔ کمی۔

چَھٹولا (چھ۔ٹو۔لا)(ہ۔ا۔مذ) وہ لباس جو بچّہ پیدا ہونے کے زمانے میں عورتیں پہنتی ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھٹھ (فتح اوّل)(ہ۔ا۔مث) ہندی مہینے کے ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔

چھٹی (چھ۔ٹی)(ہ۔عددِ ترتیبی۔مث)(۱) چھٹا کی تانیث۔ چھ سے نسبت رکھنے والی (۲)(ہ۔ا۔مث) بچّہ پیدا ہونے کے چھ دن بعد کی رَسم۔

چھٹی حِس (اَ۔ا۔مث) اِنسان کی وہ حِس جو کسی خطرے کے وقت بیدار ہوتی ہے اور اِنسان آنے والے خطرے سے باخبر ہو جاتا ہے۔

چھٹی کا جوڑا (اَ۔ا۔مذ) وہ کپڑے جو چھٹی کے موقع پر زچّہ کو میکے سے بھیجے جاتے ہیں۔

چھٹی کا دُودھ زبان پر آنا (اَ۔محاورہ) سخت مُصیبت پڑنا۔ مُصیبت کے وقت گزشتہ عیش و آرام یاد آنا۔

چھٹی کا دُودھ یاد دِلانا (اَ۔محاورہ) بہت مارنا۔

چھٹی کا دُودھ نکلنا (چھٹی کا کھایا پیا نکلنا) (اَ۔مثل) گزشتہ آرام و راحت کی کسر نکلنا۔

چھٹی کا دُودھ یاد آنا (اَ۔مثل) مُصیبت میں گزشتہ آرام و عیش کا یاد آنا۔

چھٹی کا (راجا) رَجّہ (اَ۔ا۔مذ) پوتڑوں کا امیر۔ خاندانی امیر۔ وہ شخص جس کی چھٹی میں ننھیال سے اِس قدر دولت آئے کہ پشتوں تک کافی ہو (۲) (طنزاً) غریب۔ مُفلس۔

چھٹی کے پوتڑے اب تک نہیں سُوکھے (اَ۔مثل) ابھی تک بچّہ ہے۔ ناتجربہ کار ہے۔

چھٹی نہانا (اَ۔محاورہ) بچّہ ہونے کے چھ روز بعد کا غُسل۔

چھٹی نہ چِلّا، حرام کا پِلّا (اَ۔مثل) اگر کوئی بچّے کی ولادت پر دعوت نہ کرے تو طنزاً کہتے ہیں۔

چھٹی نہ ستوانسا، امیرُالاُمرا کا نواسا (اَ۔مثل) جو معمولی حیثیت کا مگر اپنے آپ کو بڑا سمجھے۔

چُھٹّی (چُھٹ۔ٹی)(ہ۔ا۔مث)(۱) تعطیل۔ رُخصت۔ فرصت۔ اجازت (۲) موقوفی۔ برطرفی۔ جمع: چُھٹّیاں۔ چُھٹّیوں۔

چُھٹّی دینا (اَ۔محاورہ)(۱) رُخصت دینا۔ اِجازت دینا (۲) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا۔

چُھٹّی مِلنا (اَ۔محاورہ)(۱) فراغت پانا۔ رُخصت مِلنا (۲) موقوف ہونا۔ برخاست ہونا۔

چُھٹّی مِلی (اَ۔روزمرّہ) چلو فراغت پائی۔ خُوب چُھوٹے۔

چھٹے چھ ماہے (اَ۔متعلق فعل) گاہے گاہے۔ کبھی کبھی۔ چھٹے چھٹا کی مُغیّرہ صورت ہے۔

چُھٹیا (چُھٹ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا نمک۔

چھجّا (چھج۔جا)(ہ۔ا۔مذ) چھت کے آگے بڑھا ہوا حِصّہ جو بارش سے حفاظت یا دھوپ سے بچاؤ کے لئے ہوتا ہے۔ جمع: چھجّوں۔ چھجّے۔

چھجانا (چھ۔جا۔نا)(ہ۔مص) کم کرنا۔ گھٹانا۔

چِھچّا (چِھچ۔چا)(ق۔صف) اوچھا۔ کمینہ۔ چھچھورا۔

چھچھڑا (چھچھ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے چیچڑا۔

چُھچکارنا (چُھچھ۔کار۔نا)(ہ۔مص)(۱) سیٹی بجا کر کُتّے کو بُلانا (۲) کسی کے پیچھے کُتّا دوڑانا۔

چھچھلا (چھچھ۔لا)(ہ۔صف) کم گہرا پانی یا برتن۔

چھچھلتی ہُوئی (چھ۔چھل۔تی۔ہُو۔ای)(ہ۔صف)(۱) دُوسری چیز کو چھو کر گُزرتی ہوئی (۲) سرسری۔

چھچھلنا (چھ۔چھل۔نا)(ہ۔مص) کسی چیز کا بغیر توقُّف کسی چیز کو چُھوتے گُزر جانا۔

چھچھلی (چھچھ۔لی)(ہ۔صف)(۱) کم گہری طشتری (۲) گول ٹھیکری جسے زور سے پانی پر مارتے ہیں اور جب تک ہاتھ کی قوت کا اَثر باقی رہتا ہے ٹھیکری پانی پر تیرتی چلی جاتی ہے۔

چُھچھلی (چُھچھ۔لی)(ہ۔ا۔مث) بلّی یا کُتّے کا شکار کے ساتھ کھیلنا۔

چُھچھلیاں کِھلانا (ہ۔محاورہ) کسی کو حیران کرنا۔ گھبرا دینا۔

چُھچھو (چُھچھ۔چھو)(ہ۔ا۔مذ)(بچّوں کی زبان میں) پیشاب۔

چھچھورا (چھ۔چھو۔را)(واو مجہول)(ہ۔صف) کم ظرف۔ کمینہ۔ پیٹ کا ہلکا۔ رذیل۔ جمع: چھچھوروں۔ چھچھورے۔ مؤنث: چھچھوری۔

چھچھوراپن (چھچھورپن) (اَ۔ا۔مذ) سفلہ پن۔ کمینہ پن۔

چھچھوندر (چھ۔چھوں۔دَر)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کا چُوہا جس کے جسم سے بدبُو آتی ہے (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) وہ عورت جو اِدھر اُدھر لڑائی کراتی پھرے۔ جمع: چھچھوندروں۔ چھچھوندریں۔

چھچھوندر چھوڑنا (اَ۔محاورہ) آتش بازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا (۲) لڑائی کرانا (۳) بُہتان لگانا۔ جُھوٹ بات مشہور کرنا۔

چھچھوندر چُھو گئی (اَ۔محاورہ) پتنگ کی ڈور کی نسبت کہتے ہیں جب وہ بودی ہو جاتی ہے اور ہر جگہ سے بآسانی ٹوٹ جاتی ہے۔

چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل (اَ۔مثل) کم رُتبہ آدمی کا اچھی چیز اِستعمال کرنا۔

چھچھی (چھچھ۔چھی)(اَ۔ا۔مث) بچّوں کا پیشاب یا پاخانہ۔

چُھدّا (چُھد۔دا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اِلزام۔ تُہمت۔ بُہتان (۲) گِلہ۔ شکوہ (۳) بارِ اِحسان۔ جمع: چُھدّوں۔ چُھدّے۔

چُھدّا اُتارنا (اَ۔محاورہ)(۱) اِحسان اُتارنا (۲) شکوہ مٹانا (۳) جلد آکر چلا جانا۔

چُھدّا دھرنا (رکھنا) (اَ۔محاورہ) اِلزام دینا۔ بُہتان لگانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھدام (ہ۔ا۔مذ) دمڑی۔ پیسے کا چوتھا حصّہ۔ جمع: چھدام۔ چھداموں۔

چھدرا (چھد۔را) (ہ۔صف) جھر جھرا۔ سُوراخ دار (۲) فاصلے فاصلے سے۔ (مث کے لئے: چھدری)۔

چھدرا کر چلنا (ار۔مص مُرکّب) ٹانگیں کھول کر چلنا۔ ٹانگوں کو پھیلا کر چلنا۔

چھدنا (چھد۔نا) (ہ۔مص) (۱) سُوراخ ہونا (۲) چھِدنا۔ زخمی ہونا۔

چھدّے مدّے (چھد۔دے۔مد۔دے) (ہ۔ا۔مذ) پیار کا کلمہ جو ماں صدقے قربان کی جگہ بچّے کو کہتی ہے۔

چھرّا (چھر۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بندوق کی چھوٹی گولی (۲) سنگ ریزے جو کنکرو وغیرہ میں ڈالتے ہیں (۳) طعن و طنز کی بوچھاڑ۔ جمع: چھرّوں۔ چھرّے۔

چھرّا چلنا (ار۔محاورہ) (۱) سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا (۲) گالیوں اور آوازوں ٹوازوں کا متواتر پڑنا (۳) فائر ہونا۔

چھُرا (چھُ۔را) (ہ۔ا۔مذ) بڑا چاقو۔ بڑی چھُری۔ گوشت کاٹنے کا ہتھیار۔ جمع: چھُروں۔ چھُرے۔

چھرنا (چھر۔نا) (ہ۔مص) اناج صاف کرنا۔ چھلکا اُتارنا۔

چھروا (چھر۔وا) (ق۔ا۔مذ) بچّہ۔ چھوکرا۔

چھُری (چھُ۔ری) (ہ۔ا۔مث) لمبا چاقو جو بند نہ ہو سکے۔ چھوٹا چھُرا۔ جمع: چھُریاں۔ چھُریوں۔

چھُری بند بھائی (ار۔ا۔مذ) (۱) قصائی۔ بُوچڑ (۲) ہم قوم۔ ہم پیشہ۔

چھُری بھلی نہ کٹاری (ار۔مثل) نقصان دہ چیز کوئی بھی ہو اچھی نہیں۔

چھُری بھونکنا (ار۔محاورہ) چھُری گھسیڑنا۔ چھُری مارنا۔

چھُری پھیرنا (ار۔محاورہ) (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا۔ جان سے مارنا (۲) سخت آزار پہنچانا۔ رنج دینا۔

چھُری تلے دم لینا (ار۔محاورہ) تکلیف سہارنا۔ مصیبت برداشت کرنا۔

چھُری تیز رہنا (ار۔محاورہ) مارنے کو مستعد رہنا۔

چھُری تیز کرنا (ار۔محاورہ) چھُری کی دھار سان پر لگانا (۲) ظلم کرنا۔

چھُری چلنا (ار۔محاورہ) (۱) چھُریوں سے لڑائی ہونا (۲) اَن بن رہنا (۳) رنج پہنچنا۔ صدمہ پہنچنا۔

چھُری خربوزے پر گرے یا خربوزہ چھُری پر۔ نقصان خربوزے کا ہی ہوگا (ار۔مثل) زبردست کے مقابلے میں نقصان غریب کا ہی ہوتا ہے۔

چھُری کٹاری (ار۔ا۔مث) جانی دشمن (۲) بحث و تکرار (ار۔صف) لڑنے پر آمادہ۔ فساد کے لئے تیار (۳) لڑاکا۔

چھُری کٹاری ہونا (ار۔محاورہ) سخت دشمنی ہونا۔ لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا۔ لڑائی ہونا۔

چھُری مارنا (ار۔مص) چھُری سے زخمی کرنا (۲) (محاورہ) طعن و تشنیع کرنا۔

چھرّیرا (چھریرا) (چھ۔رے۔را) (چھ۔رہ۔را) (ہ۔صف) دُبلا پتلا لمبا۔

چھڑ (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔مث) پتلا اور لمبا بانس۔ جمع: چھڑوں۔ چھڑیں۔

چھڑا (چھ۔ڑا) (ہ۔صف) (۱) تنہا۔ اکیلا۔ مُجرّد (۲) (ا۔مذ) ایک قسم کا پاؤں کا کڑا (۳) کان کا موتیوں کا ایک زیور۔ جمع: چھڑوں۔ چھڑے۔

چھڑانا (چھ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) چھڑنا مصدر کا متعدی۔ اوکھلی میں غلّہ کُوٹنا۔

چھُڑانا (چھُ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) رہا کرانا۔ آزاد کرانا (۲) جُدا کرانا۔ علیحدہ کرانا (۳) ترک کرانا (۴) کھولنا۔

چھُڑائی (چھُ۔ڑا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) رہائی کا جرمانہ (۲) رہائی (۳) وہ نقدی جو چڑی مار کو پرندوں کو چھوڑنے کے لئے دی جائے۔

چھڑکاؤ (چھڑ۔کا۔او) (ہ۔ا۔مذ) زمین پر پانی چھڑکنا۔ آب پاشی۔

چھڑکائی (چھڑ۔کا۔ای) (ہ۔ا۔مث) پانی چھڑکنے کی اُجرت۔

چھڑکنا (چھ۔ڑک۔نا) (ہ۔مص) (۱) تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر زمین تر کرنا (۲) تصدّق کرنا۔

چھڑکوانا (چھ۔ڑک۔وا۔نا) (ہ۔مص) چھڑکنا کا متعدی المتعدی۔

چھڑلا (چھڑ۔لا) (ق۔ا۔مذ) چھاج۔

چھڑنا (چھڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) شروع ہونا۔ آغاز ہونا (۲) بجنا۔

چھڑنا (چھڑ۔نا) (ہ۔مص) غلّہ کُوٹ کر صاف کرنا۔

چھُڑوانا (چھُڑ۔وا۔نا) (ہ۔مص) رہا کرانا۔ جُدا کرانا۔

چھڑی (چھ۔ڑی) (ق۔ا۔مذ) چوبدار۔

چھڑی (چھ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) پتلی لکڑی۔ چھَڑی (۲) وہ جھنڈی جو کسی بُزرگ کے نام کی بنائی جائے (۳) چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی چھڑی (۴) گوکھرو اور چکنی وغیرہ کو سیدھا ٹانکنا۔ جمع: چھڑیاں۔ چھڑیوں (۵) (صف) تنہا۔ اکیلی عورت۔ چھڑا کی تانیث۔

چھڑیوں کا میلا (ار۔ا۔مذ) درگاہوں کا میلا جہاں عقیدت مند اُن بُزرگوں کے نام کی جھنڈیاں (جو چھڑیوں پر لگی ہوتی ہیں) لے کر جاتے ہیں۔

چھڑے (ہ۔صف) (۱) چھڑا کی جمع (۲) چھڑا کی مُغیّرہ صورت۔

چھڑے چھٹانک (ہ۔صف) تنہا۔ اکیلا۔ مُجرّد۔

چھڑیلا (چھ۔ڑے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) ایک خوشبودار دوا۔

چھکّا (چھک۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چھ سے نسبت رکھنے والا (۲) گنجفے یا تاش کا وہ پتّا جس پر چھ نقطے یا علامتیں ہوں (۳) (کرکٹ) بلّے کی وہ ضرب جس میں چھ رن بنیں (۴) پاسے کا چھ نقطے والا داؤ۔ جمع: چھکّوں۔ چھکّے۔

چھکا چھک (چھ۔کا۔چھک) (ہ۔صف) (۱) پورا بھرا ہوا (۲) سیر (۳) مدہوش۔ بدمست۔ نشے میں چُور۔

چھکا دینا (چھ۔کا۔دے۔نا) (ہ۔مص) خوب سیر کر دینا۔ غنی اور بے پروا کر دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھکانا (چھ۔کا۔نا)(ف۔مص) سیر کرنا۔ پیٹ بھرنا۔ بے پروا کرنا۔
چھکائی (چھ۔کا۔اِی)(ف۔امث) آسودگی۔ سیری۔
چھکّو (چھک۔کو)(ف۔امذ) چھچھو۔ لبڑ۔
چھکڑا (چھک۔ڑا)(ف۔امذ)(۱) گنڈ۔ اَسباب لادنے کی بیل گاڑی وغیرہ (۲) وہ چیز جس کے انجر پنجر ڈھیلے ہوں۔ جمع: چھکڑوں۔ چھکڑے۔
چھکڑا ہو جانا (اِر۔محاورہ) تیز نہ چل سکنا۔ نکمّا ہو جانا۔ انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا۔
چھکڑی (چھک۔ڑی)(ف۔امث)(۱) چوسر کا داؤں۔ تینوں پانسوں میں دو دو صفر آنا (۲) وہ چھ گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جُتے ہوں (۳) چھوٹا چھکڑا۔
چھَل (بفتحہ اوّل)(ف۔امث)(۱) دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو۔ دیوار کی چند گری ہوئی اینٹیں (۲)(مذ) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔
چھل بِتّا (چھل بِتّے)(ف۔امذ) فریب۔ دم۔ دھوکا۔ دغا۔
چھل بتّوں میں آ جانا (اِر۔محاورہ) دھوکے میں آ جانا۔
چھل بتّے دینا (اِر۔محاورہ) دھوکا دینا۔
چھل بَل (ف۔امث)(۱) فریب۔ حیلہ (۲) شوخی۔ چالاکی۔
چھل کرنا (اِر۔محاورہ) دھوکا دینا۔ چالاکی کرنا۔ فریب دینا۔
چھلّا (چھل۔لا)(ف۔امذ)(۱) حلقہ۔ کنڈل۔ کڑا (۲) انگشتری۔ سونے یا چاندی کا حلقہ جو اُنگلی میں پہنا جاتا ہے (۳) وہ نشان جو کلابتوں یا ریشم سے گول گول بنائے جاتے ہیں (۴) ایک قسم کا پنجابی گیت (۵) گھر کی وہ دیوار جو ایک طرف سے پختہ اور دُوسری طرف سے کچّی ہو (۶) مجزوں کی تک بندی۔ جمع: چھلّوں۔ چھلّے۔
چھلّا پڑنا (اِر۔محاورہ) پانی کا اُچھو لگ جانا۔
چھلّا چڑھانا (اِر۔محاورہ) اوباش عورتوں کا کسی خاص غرض سے اپنے مقامِ مخصوص میں چھلّا رکھنا۔
چھلّا چھپَول (چھ۔پَو۔ول)(اِر۔امذ) شوخ طبع لوگوں کا ایک کھیل۔ کسی کی مٹھی میں چھلّا چھپا کر اُس کی دونوں مٹھیاں بند کر دیتے ہیں۔ جو شخص چھلّے والی مٹھی پکڑ لیتا یا اُس کی طرف اِشارہ کرتا ہے اُسی کا چھلّا ہو جاتا ہے۔
چھلّا دھو کر اُٹھانا (اِر۔محاورہ) منّت کا چھلّا پاک کر کے رکھنا تاکہ کامیابی پر خیرات کر دیا جائے۔
چِھلّا (چھل۔لا)(بکسر اوّل)(ق۔امذ) چلّہ۔
چھلانگ (چھ۔لانگ)(نون غنّہ)(ف۔امث) جست۔ زقند۔ چوکڑی۔ چھلانگ۔ جمع: چھلانگوں۔ چھلانگیں۔
چھلاؤ (چھ۔لا۔او)(ق۔امذ) شوخی۔ چلبلا پن۔
چھلاوا (چھ۔لا۔وا)(ف۔امذ) چھل یا فریب دینے والا (۲) بھوت۔ آسیب۔ غولِ بیابانی۔ اگیا بیتال (۳) شہابہ (۴) شعبدہ باز۔ طلسم دکھانے والا (۵)(صف) شوخ۔ طرار۔ جمع: چھلاووں۔ چھلاوے۔

چھلاوا سا پھرنا (اِر۔محاورہ) شوخی دکھانا۔ نچلا نہ بیٹھنا۔
چھلاوا کھیلنا (اِر۔محاورہ) چھلاوے کا دوڑا دوڑا پھرنا۔ شہابہ یا اگیا بیتال کا کبھی اِدھر کبھی اُدھر چمکنا۔
چھلاوا ہو جانا (اِر۔محاورہ) غائب ہو جانا۔ چمپت ہو جانا۔ قابو میں نہ آنا۔
چھلبدار (چھ۔لب۔دار)(ف۔امذ) ایک قسم کے ڈوم جو دائرہ بنا کر پیرونی کے گیت گاتے ہیں (۲) سیّد احمد کبیر کے مُرید۔
چھلطا (چھل۔ٹا)(ق۔امذ) چھلکا۔
چُھل چُھل (ف۔امث) زور سے مُوتنے کی آواز۔
چھلچھلانا (چھل۔چھ۔لا۔نا)(ف۔مص)(۱) سرسرانا (۲) پانی کی آواز ہونا (۳) پیشاب کرنے کی آواز (۲) اِترانا۔
چھلکو (چھل۔کو)(ف۔امذ) چھلکا۔
چھلکا (چھل۔کا)(ف۔امذ) پھل، غلّے یا سبزی کا پوست۔ درخت کی چھال۔ جمع: چھلکوں۔ چھلکے۔
چھلکانا (چھل۔کا۔نا)(ف۔مص) بھری ہوئی رقیق چیز کو حرکت دے کر گرانا۔
چھلکتا ہُوا (ف۔صف) لبریز۔ بھرا ہوا۔
چھلکنا (چھ۔لک۔نا)(ف۔مص)(۱) رقیق چیز کا لبالب ہو کر بہنا (۲)(محاورہ) تھوڑی سی جاہ و حشمت پر غرور کرنا۔
چُھلکنا (چھ۔لک۔نا)(ف۔مص) عورت کا مُوتنا (۲) بغیر اِرادہ خوف یا کسی اور وجہ سے مُوت نکل جانا۔
چھلنا (چھل۔نا)(ف۔مص) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲)(مذ) بڑی چھلنی۔
چِھلنا (چھل۔نا)(ف۔مص) پوست اُتر جانا۔ کھال اُدھڑنا۔ رگڑ لگنا۔
چھلنی (چھل۔نی)(ف۔امث) آٹا وغیرہ چھاننے کا آلہ۔ غربال۔ جمع: چھلنیاں۔ چھلنیوں۔
چھلنی کیا بولے جس میں بہتّر سو چھید (اِر۔مثل) جس میں خود نقص ہو وہ دُوسروں میں کیا نقص نکالے گا۔
چھلنی میں ڈال چھاج میں اُڑانا (اِر۔مثل) دیکھئے چھاج میں ڈال۔
چھلنی ہو جانا (اِر۔محاورہ) بہت سے سوراخ ہو جانا۔ چھدنا۔
چھلوری (چھ۔لو۔ری)(چھ۔لو۔ری)(ف۔امث) وہ چھالا جو اُنگلی یا ناخن کے اَندر ہو جاتا ہے۔ جمع: چھلوریوں۔ چھلوریاں۔
چھلّی (چھل۔لی)(ف۔امث)(۱) پوست۔ چھلکا (۲)(پن) مکئی کا بھٹا۔ جمع: چھلّیاں۔ چھلّیوں۔
چُھلّی چُھلّیا (چھ۔لی۔چھ۔لی۔یا)(ف۔امث) لڑکوں کا ایک کھیل۔
چھلّے (چھل۔لے)(ف۔امذ)(۱) چھلّا کی جمع (۲) چھلّا کی مُغیّرہ صورت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھلّے کا گُل (اُر۔ا۔مذ) وہ داغ جو محبت جتانے کے لئے معشوق کا چھلا لال کر کے اپنے جسم پر لگایا جائے۔
چھلیا (چھل۔یا)(ہ۔صف) فریبی۔ دھوکے باز۔
چھما (چھ۔ما)(ہ۔ا۔مث)(۱) قصور کا بخشنا۔ عفو۔ درگزر۔ معافی (۲) مہربانی۔ رحم۔
چھما چھم۔ دیکھئے چھم چھم۔
چھم چھا (چھم۔چھا)(ہ۔ا۔مث) لطیفہ۔ انوکھی بات۔
چھم چھم (ہ۔ا۔مث)(۱) مینہ برسنے کی آواز (۲) گھنگرو کی آواز۔ جھنکار۔
چھم چھمانا (ہ۔مص) چھم چھم کی آواز دینا۔
چھن (بفتحہ اوّل)(اُر۔ا۔صوت۔مذ ومث)(۱) جلتی ہوئی چیز پر پانی پڑنے کی آواز (۲) روپے کی آواز (۳) گھنگرو کی آواز (۴) سنگریزہ۔ کنکر (۵) کنگن۔ وہ زیور جو ہاتھ میں چوڑیوں کے درمیان پہنتے ہیں (۶) ایک قسم کی تک بندی جو دولھا سسرال میں سنا کر انعام لیتا ہے۔
چھن چھن (اُر۔ا۔صوت)(۱) لوہے کی زنجیر کی آواز (۲) روپے کی آواز۔
چِھن (بکسر اوّل)(ہ۔ا۔مث) پل۔ لحہ۔ سیکنڈ۔ ثانیہ۔
چُھن (بضم اوّل)(ہ۔ا۔صوت)(۱) تلنے کی آواز۔ کڑکڑاتے تیل میں کوئی چیز ڈالنے کی آواز (۲) گھنگروں کی آواز۔
چُھن چُھن (بضم اوّل)(ہ۔ا۔صوت۔مث) گھنگرو بجنے کی آواز۔ گھی داغ ہونے کی آواز۔
چھن مُن (چھکن مکن)(اُر۔ا۔صوت۔مث) بگھار دینے یا تلے جانے کی آواز۔
چھنا (چھن۔نا)(ہ۔ا۔مذ) بڑی چھلنی۔ چھلنا۔
چھناک (چھ۔ناک)(اُر۔ا۔مث) گرم چیز پر پانی گرنے کی آواز۔
چھناکا (چھ۔نا۔کا)(ہ۔ا۔مذ) جھنکار۔ روپے کی آواز۔
چھنال (چھ۔نال)(ہ۔صف)(۱) بدکار و فاحشہ عورت۔ زانیہ (۲) شہوت پرست (عورت)(۳) شوخ۔ بے شرم۔ چالاک۔ بدذات (عورت)۔ جمع: چھنالوں۔ چھنالیں۔
چھنال پن (پنا) (ہ۔ا۔مذ) عورت کی اوباشی۔ زنا کاری۔ بدکاری۔ شرارت۔ بے شرمی۔ عیاری۔ مکاری۔
چھنالا (چھ۔نا۔لا)(ہ۔ا۔مذ) عورت کی بدکاری۔
چھنالا کرنا (اُر۔محاورہ) بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔
چھنٹنا (چھنٹ۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے چھٹنا۔
چھنٹیل (چھن۔ٹیل)(ہ۔ا۔مث) باقی بچی ہوئی خراب چیز جس سے اچھا حصہ نکال لیا گیا ہو۔
چھنچھنانا (چھن۔چھ۔نا۔نا)(ہ۔مص) چھن چھن کی آواز نکالنا۔ جھنکارنا۔

چھنچھناہٹ (چھن۔چھ۔نا۔ہٹ)(ہ۔ا۔مث) لوہے کی زنجیر کی آواز۔ روپے اشرفی وغیرہ کی آواز۔
چھند (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مکر۔ فریب۔ چھل۔ دوسرے کی تصنیف کو اپنی تصنیف بتانا (۲) ایک ہندی نظم (۳) بحر۔ وزن۔ عروض۔
چھند بند (ہ۔ا۔مذ) فریب۔ مکر۔ چالاکی۔ عیاری۔
چھند بھتری (ق۔صف) فریبی۔ عشوہ گر۔
چھند چور (ہ۔صف) کسی کی تصنیف چرا کر اپنے نام سے پیش کرنے والا۔
چھند چھوندے (ہ۔ا۔مذ) فریب۔ مکر۔
چھند ماترا (ہ۔ا۔مذ) تقطیع۔ شعر کا وزن۔ بحر۔
چھنڈنا (چھنڈ۔نا)(ق۔مص) قے کرنا۔
چھنرا (چھن۔را)(ہ۔صف) دیکھئے چھنالا۔
چھنکارنا (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔مص) دوا کو آگ پر نیم گرم کرنا۔
چھنک جانا (چھ۔نک)(اُر۔محاورہ) بارود کم ہونے کی وجہ سے آتش بازی کا نہ چلنا۔
چھنکنا (چھ۔نک۔نا)(ہ۔مص) ناک صاف کرنا (۲) جھڑکنا (۳) چھاننا۔
چھنگا (بفتحہ اوّل)(نون غنہ)(ہ۔صف۔مذ) چھ انگلیوں والا آدمی۔
چھنگلی (چھنگلیا) (چھنگ۔لی)(چھنگل۔یا)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) سب سے چھوٹی انگلی۔
چھننا (چھن۔نا)(ہ۔مص) چھلنی میں سے نکلنا۔ چھانا جانا (۲) سوراخ سوراخ ہونا (۳) لڑائی ہونا (۴) تحقیقات ہونا (۵) روشنی کا پتوں وغیرہ میں سے گزر کر آنا۔
چِھننا (چھن۔نا)(ہ۔مص) چھیننا مصدر کا لازم۔
چھنّی (چھن۔نی)(اُر۔ا۔مث) وہ کپڑا جس میں کوئی رقیق چیز چھانی جائے۔
چھنوانا (چھن۔وا۔نا)(ہ۔مص) چھاننا کا متعدی المتعدی۔
چھنوانا (چھن۔وا۔نا)(ہ۔مص) چھیننا کا متعدی المتعدی۔
چھو (واو معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) کچھ پڑھ کر پھونکنے کی آواز (۲) جادو۔ افسوں۔ منتر۔ دم۔ دعا۔
چھو بننا (چھو ہو جانا) (اُر۔محاورہ)(۱) ہوا ہونا۔ رخصت ہونا۔ چلتا بننا۔ چمپت ہونا۔
چھو کرنا (اُر۔محاورہ) دم کرنا۔ پڑھ کر پھونکنا۔
چھو منتر (ہ۔ا۔مذ) جادو۔ ٹونا۔
چھوا چھو (ہ۔ا۔مث) دھوبیوں کے کپڑا دھونے کی آواز۔
چھوارا (چھہارا) (چھ۔وا۔را)(چھ۔ہا۔را)(ہ۔ا۔مذ) سوکھی کھجور۔ جمع: چھواروں۔ چھوارے۔
چھوارا بیر (ہ۔ا۔مذ) سُرخ اور شیریں لمبا بیر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چُھوانا (چُھو۔وا۔نا) (ہ۔مص) کسی چیز کو ہاتھ وغیرہ لگانا۔ مَس کرنا۔

چُھوانا (چُھو۔وا۔نا) (بفتحۂ اوّل) چھپّر ڈلوانا۔

چھوپ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) وہ دوائیں جو گھوڑے کے زخم پر ضماد کی طرح لگائی جائیں یا باندھی جائیں۔

چھوپ چھاپ (ہ۔ا۔مث) دیوار کا رخنہ بند کرنا۔ پلستر۔ کہگل۔

چھوپا (چھو۔پا) (ہ۔ا۔مذ) گیلی مٹی جس سے دیوار کا سوراخ بند کرتے ہیں۔

چھوپنا (چھوپ۔نا) (ہ۔مص) گیلی مٹی سے دیوار وغیرہ کے سوراخوں کا بھرنا۔ کچّی دیوار کی مرمّت کرنا۔

چھوت (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) چُھوا۔ مَس (۲) ناپاک آدمی کا سایہ (۳) ناپاکی۔ پلیدی (۴) بیماری کا اثر کر لگنا۔ متعدی بیماری۔

چھوت کی بیماری (اُر۔ا۔مث) متعدی مرض۔ ایک سے دُوسرے کو لگنے والا مرض۔

چُھوٹ (ہ۔ا۔مث) (۱) رہائی۔ آزادی (۲) فرصت۔ چھٹکارا (۳) کمی۔ تخفیف (۴) پھکّڑ۔ گالی گلوچ (۵) طلاق (۶) مستثنیٰ (۷) وہ مقام جہاں سے کبوتروں کو چھوڑنے کی شرط ہو (۸) انزال۔

چُھوٹ پڑنا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کا کسی چیز پر عکس پڑنا۔

چُھوٹ چھٹاؤ (ہ۔ا۔مذ) علیحدگی۔ جدائی (۲) بیچ بچاؤ۔

چُھوٹ لڑنا (ہ۔محاورہ) (۱) چوب بازی میں ایک شخص کا متعدد لکڑی پھینکنے والوں سے مقابلہ کرنا (۳) باہم کھلی کھلی گالیاں دینا (۴) اس طرح لڑنا کہ حریف کو موقع نہ ملے۔

چُھوٹ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) فرصت ہونا۔ وقت ملنا (۲) پھکّڑ ہونا۔ بے تکلفانہ ہنسی مذاق ہونا (۳) چوب بازی میں بے قید ہو کر پھری گدکوں سے لڑنا۔

چھوٹا (چھو۔ٹا) (ہ۔صف) (۱) کوتاہ۔ تنگ (۲) خُرد۔ عمر میں کم (۳) کم۔ قلیل (۴) کمینہ۔ نیچ۔ ادنیٰ۔ جمع: چھوٹوں۔ چھوٹے۔

چھوٹا استنجا (اُر۔ا۔مذ) (۱) پیشاب کر کے مٹی کے ڈھیلے سے آلۂ تناسل کی تری خشک کرنا (۲) صرف پیشاب کرنے کے بعد عضو کا دھونا۔

چھوٹاپا (ہ۔ا۔مذ) بچپنا۔ چھوٹا ہونے کی حالت۔ چھوٹاپن۔

چھوٹا چلّہ (اُر۔ا۔مذ) دسواں، بیسواں اور مہینے کا غسل جو زچّہ کو دیا جاتا ہے۔

چھوٹا سب سے کھوٹا (اُر۔مثل) چھوٹے قد کا آدمی شریر ہوتا ہے۔ کُلُّ قصیرٍ فِتنَۃٌ۔

چھوٹا کپڑا (اُر۔ا۔مذ) انگیا۔

چھوٹا گھر بڑا سدھیانا (اُر۔مثل) نام بڑا اور حیثیت کچھ نہیں۔

چھوٹا مُنہ بڑی بات (اُر۔مثل) اپنی لیاقت سے زیادہ بات کرنا۔ حوصلے سے زیادہ دعویٰ۔

چُھوٹتے ہی (ہ۔تابع فعل) فوراً۔ اُسی وقت۔

چُھوٹنا (چُھوٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) کھلنا۔ آزاد ہونا۔ رسّی تڑوانا (۲) گھوڑے کا بھتی کرنا (۳) نکلنا (۴) انزال ہونا۔

چھوٹی (ہ۔صف) چھوٹا کی تانیث۔

چھوٹی الائچی (اُر۔ا۔مث) سبز الائچی۔

چھوٹی اُمّت (اُر۔ا۔مث) کمینے لوگ۔ نیچ آدمی۔

چھوٹی بات (اُر۔ا۔مث) خفیف معاملہ۔ گھٹیا بات۔

چھوٹی بوٹ (ق۔ا۔مث) چھوٹی اُنگلی۔

چھوٹی گھونٹی کا (اُر۔صف) (گھوڑے اور آدمی کے لئے مستعمل ہے) پست قد۔ ٹھگنا۔ کم درجہ۔ کم حیثیت۔

چھوٹی گولی کا روپیہ (اُر۔ا۔مذ) شاہی زمانے کا روپیہ جس کی چاندی خالص ہوتی تھی۔

چھوٹے (ہ۔صف) (۱) چھوٹا کی جمع (۲) چھوٹا کی بدلی ہوئی حالت۔

چھوٹے بڑے (اُر۔ا۔مذ) امیر غریب۔ اعلیٰ ادنیٰ۔ بچے بوڑھے۔

چھوٹے دِل کا (اُر۔صف) پست ہمت۔ کم حوصلہ۔

چھوٹے میاں سو چھوٹے میاں، بڑے میاں سُبحان اللہ (اُر۔مثل) سب ایک تھیلی کے چٹے بٹے۔ سب ایک جیسے شریر یا عیار ہیں۔

چُھوچا (ق۔صف) اوچھا۔ کمینہ۔ چھچھورا۔

چھوچھک (چھو۔چھک) (ہ۔ا۔مث) زچہ خانے کی ایک رسم۔ چھٹی۔

چُھوچُھو (اُر۔ا۔مث) دایہ۔ کھلائی۔ وہ عورت جو لڑکیوں کی خدمت کے لئے مقرر ہوتی ہے۔

چُھوچھی (اُر۔ا۔مث) نے یا بانس کا کھوکھلا ٹکڑا۔ ٹیوب۔ نلی (۲) حقّے کی نے (۳) سُوئیاں رکھنے کی نلکی۔

چھور (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) ساحل۔ کنارہ (۲) سرحد (۳) پہلو۔ طرف (۴) چوٹی۔ قلّہ کوہ (۵) وہ کشتی جو دُوسری کشتی کو کھینچ کر لے جائے۔

چھورا (ہ۔ا۔مذ) چھوکرا۔ لڑکا۔ جمع: چھوروں۔ چھورے۔

چھوری (ہ۔ا۔مث) چھورا کی تانیث۔ جمع: چھوریاں۔ چھوریوں۔

چھوڑ (واو مجہول) (ہ) چھوڑنا مصدر کا صیغۂ امر۔

چھوڑ آنا (ہ۔مص) کسی کو کسی مقام پر چھوڑ کر آپ چلے آنا۔

چھوڑنا (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) نجات دینا (۲) بخشنا۔ معاف کرنا (۳) ترک کرنا۔ رد کرنا (۴) رہا کرنا۔ آزاد کرنا (۵) بچانا (۶) استعفا دینا۔ علیحدگی اختیار کرنا (۷) طلاق دینا (۸) دوڑانا (۹) مکان خالی کرنا (۱۰) بچا رکھنا (۱۱) پانی بہانا (۱۲) بندوق یا آتش بازی چلانا (۱۳) گھوڑے کو گھوڑی پر چڑھانا (۱۴) شکاری جانور کو شکار پر جھپٹانا (۱۵) باقی چھوڑنا۔ جمع چھوڑنا (۱۶) ہمت ہارنا۔ بزدلی دکھانا (دل چھوڑنا)۔

چھوڑو بلّی چوہا لنڈورا ہی بھلا (اُر۔مثل) دیکھئے بخشو بی بلّی۔

چھوکرا (چھو۔ک۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لڑکا (۲) کمسن نوکر۔ چیلا (۳) (صف) نادان۔ ناتجربہ کار۔ جمع: چھوکروں۔ چھوکرے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھوکری (چھوک۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) لڑکی۔ چھوری (۲) لونڈی۔ جمع: چھوکریاں۔ چھوکریوں۔

چھولا (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چنا (۲) وہ مزدور جو کنوں کو کاٹتا اور صاف کرتا ہے۔ جمع: چھولوں۔ چھولے۔

چھولداری (چھول۔دا۔ری)(اَر۔ا۔مث) چھوٹا سا (ڈیرا) خیمہ۔

چھولنا (چھول۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) چھیلنا۔ چھلکا اُتارنا۔

چھولنی (چھول۔نی)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) کھرپی۔

چُھونا (واو معروف)(ہ۔مص) مَس کرنا۔ ہاتھ لگانا۔

چُھو نہ جانا (اَر۔محاورہ) بالکل نہ ہونا۔ قریب نہ پھٹکنا۔

چُھونچھا (چُھوں۔چھا)(ہ۔صف) مفلس۔ تہی دست۔ ہر خالی چیز۔

چُھونچھی (چُھوں۔چھی)(ہ۔ا۔مث)(۱) نرکل کی نلی (۲) سوئیوں کی تکلی (۳) سُوا۔ بڑی سوئی (۴) بچوں کے لئے چھوٹا پیالہ (۵) چُھونچھا کی تانیث۔

چھونک (واو مجہول)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) بگھار۔ (پن) تڑکا۔

چھونکن (چھوں۔کن)(ہ۔ا۔مذ) بگھارنے کا آلہ۔

چھونکنا (چھونک۔نا)(واو مجہول)(نون غنہ)(اَر۔مص) بگھارنا۔ گھی داغ کرنا۔

چُھوہارا (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے چُھوارا۔

چُھوئی موئی (چُھو۔اِی۔مو۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک حسّاس پودا جس کے پتے آدمی کے ہاتھ لگانے سے مرجھا جاتے ہیں (۲)(صف) نہایت نازک۔ حسّاس۔

چھہتّر (چھ۔ہت۔تر)(ہ۔ا۔عدد) چھ اُوپر ستّر (۷۶)۔

چھئی (چھ۔ای)(ہ۔ا۔مث) ایک پرندہ کا نام۔

چھی (ہ۔ا۔مث)(حرفِ تنفّر)(۱) تُف۔ تھو تھو۔ بُرا۔ خراب۔ نکمّا۔ گندہ (۲) چھینکنے کی آواز۔

چھی چھی (اَر۔ا۔مث)(۱) بچے کا پاخانہ۔ گُوہ۔ براز (۲) نفرت کا کلمہ۔

چھیاسٹھ (چھ۔یا۔سٹھ)(ہ۔ا۔عدد) چھ اُوپر ساٹھ۔ (۶۶)۔

چھیاسی (چھ۔یا۔سی)(ہ۔ا۔عدد) چھ اُوپر اسّی۔ (۸۶)۔

چھیالیس (چھ۔یا۔لیس)(ہ۔ا۔عدد) چھ اُوپر چالیس۔ (۴۶)۔

چھیانوے (چھ۔یان۔وے)(ہ۔ا۔عدد) چھ اُوپر نوّے۔ (۹۶)۔

چھیپ (بیائے معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) بدن کا سفید داغ۔ چھائیں۔ دھبّا (۲) ایک قسم کا میوہ (۳) مچھلیاں پکڑنے کی چھڑی (۴) زین کا تسمہ۔

چھیپی (چھی۔پی)(ہ۔صف)(۱) کپڑا چھاپنے والا (۲)(ا۔مث) وہ کپڑا بندھی ہوئی چھڑی جس سے کبوتر اُڑاتے ہیں۔

چھیج (بیائے معروف)(ہ۔ا۔مث) کمی۔ نقصان۔ زوال۔ کسی چیز کے بار بار تولنے، سوکھنے یا رگڑنے سے کمی واقع ہونا (۲) پانی کا اُتار۔ جزر (۳) بربادی۔

چھی جانا (ہ۔محاورہ) سُوراخ ہو جانا۔ پھٹنا۔ کان کا سُوراخ زیور کے بوجھ سے بڑا ہو جانا۔

چھیجنا (چھیج۔نا)(ہ۔مص)(۱) کم ہونا۔ گھٹنا (۲) مرنا (۳) ضائع ہونا۔ خراب ہونا (۴) اُترنا۔ مِٹنا۔

چھیچھڑا (چھیچھڑا) (چِھچھ۔ڑا)(چھیچ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) چیچھڑا۔ گوشت کا گلا حصّہ جو کُتّے اور بلّیاں کھاتی ہیں (۲)(صف) نرم۔ لجلجا۔ جمع: چھیچھڑوں۔ چھیچھڑے۔

چھید (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سُوراخ۔ رخنہ (۲) بل۔ گڑھا۔ نقص۔

چھید ڈالنا (اَر۔محاورہ)(۱) سُوراخ کرنا (۲) لعن طعن کی گفتگو کرنا۔ زک پہنچانا۔

چھید کرنا (اَر۔مص مرکّب) دیکھئے چھیدنا۔

چھیدنا (چھید۔نا)(ہ۔مص) سُوراخ کرنا۔

چھیر (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) شیر کا بگاڑ۔ دُودھ۔

چھیڑ (بیائے معروف)(ہ۔ا۔مث) آدمیوں کی کمی۔ ہجوم کی ضد۔ چھدرا پن۔

چھیڑ (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) چُھونا (۲) گدگدی (۳) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ دل لگی (۴) مخالفت۔ فساد (۵) چڑانے کی بات (۶) نشتر زنی (۷) کسی باجے کی حرکت۔

چھیڑ چھاڑ (اَر۔ا۔مث)(۱) ہنسی مذاق (۲) نوک جھونک (۳) فساد کی ابتدا (۴) لڑائی بھڑائی۔

چھیڑ خانی (اَر۔ا۔مث)(۱) دل لگی۔ ٹھٹھا۔ مخول (۲) خواہ مخواہ کا جھگڑا (۳) اِشتعال۔ جمع: چھیڑ خانیاں۔ چھیڑ خانیوں۔

چھیڑ نکالنا (اَر۔محاورہ) طعنہ زنی کرنا۔ تکلیف دہ بات کہنا۔

چھیڑنا (چھیڑ۔نا)(بیائے مجہول)(ہ۔مص)(۱) چُھونا۔ ہاتھ لگانا (۲) گدگدانا (۳) بھڑکانا۔ چڑانا۔ اِشتعال دینا (۴) گھوڑا دوڑانا (۵) مذاق کرنا۔ ٹھٹھا کرنا (۶) ذکر کرنا۔ کوئی بات یاد دلانا (۷) ستانا۔ دق کرنا (۸) جتانا۔ آگاہ کرنا (۹) نشتر لگانا۔ زخم کو چیرا لگانا (۱۰) باجا بجانا (۱۱) ابتدا کرنا (۱۲) گانا۔ الاپنا۔

چھیک (بیائے مجہول)(ق۔ا۔مذ) چھید۔ سُوراخ۔ رخنہ۔

چھیک توت (چھیک۔توت)(ق۔صف)(۱) آوارہ (۲) پریشان حال۔

چَھیل (چَھیلا) (چَھیل)(چھے۔لا)(ہ۔صف) رنگیلا۔ بنا ٹھنا رہنے والا۔ حسین۔ خوبصورت۔ بانکا۔

چَھیل چھبیلا (ہ۔صف)(۱) رنگیلا۔ چھیلا۔ بانکا (۲) خوش پوش۔ خوش وضع۔ خوب صورت۔

چھیلا پھرے گلی گلی، جیب میں نہیں کھیل کی ڈلی (اَر۔مثل) پاس کچھ نہیں، شیخی اور نمود و نمائش بہت۔

چھیلا (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) بکری کا بچّہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھیلَن (چھی۔لن)(ا۔مث) تراشہ جو کوئی چیز چھیلنے سے نکلے۔

چھیلنا (چھیل۔نا)(ف۔مع) پوست اُتارنا۔ کھرچنا۔ چھلکا اُتارنا۔

چھیلی (چھیری) (چھے۔لی)(چھے۔ری)(ا۔مث) بکری کا مادہ بچّہ۔

چھین (یائے معروف)(ق۔ا۔مذ) دیکھئے چھن۔

چھین (بیائے معروف)(ا۔صف) سُوکھا۔ گھسا ہوا۔ دُبلا پتلا (۲) چھیننا مصدر سے صیغہ امر۔

چھیناجھپٹی (چھین جھپٹ) (چھی۔نا۔جھپ۔ٹی)(چھین۔جھ۔پٹ)(ا۔مث) زبردستی چھیننا۔ نوچا کھسوٹی۔ لوٹ کھسوٹ۔

چھینٹ (بیائے معروف)(نون غنّہ)(ا۔مث)(۱) بُوند۔ قطرہ (۲) ایک قسم کا بیل بُوٹے دار کپڑا۔ رنگین چھپا ہوا کپڑا (۳) داغ۔ دھبا۔ جمع: چھینٹوں۔ چھینٹیں۔

چھینٹ نہ پڑنا (اِر۔محاورہ) بالکل اثر نہ ہونا۔

چھینٹا (چھیں۔ٹا)(بیائے معروف)(ا۔مذ) چلّو میں پانی وغیرہ لے کر کسی چیز پر پھونکنے کا عمل (۲) ہلکی بارش۔ خفیف سا مینہ (۳) فریب۔ دھوکا (۴) مدک یا چنڈو کا ایک دم (۵) طعنہ۔ نوکا جھونکی (۶) بیج جو ہاتھ سے بکھیر کر بویا جائے۔ جمع: چھینٹوں۔ چھینٹے۔

چھینٹا پڑنا (اِر۔محاورہ) خفیف سا مینہ برسنا۔ ہلکی سی بارش ہونا۔

چھینٹا دینا (اِر۔محاورہ)(۱) کسی پر چلّو بھر پانی وغیرہ چھڑکنا (۲) چیچک کے مُرجھانے پر سونے کے پانی کا بچے پر چھڑکنا (۳) فریب دینا۔ لالچ دینا۔

چھینٹا مارنا (اِر۔محاورہ)(۱) پانی یا رنگ وغیرہ کا چھینٹا دینا (۲) ٹھنڈا کرنا۔ تسکین دینا۔

چھینٹوں (ا۔مذ) چھینٹا کی جمع۔

چھینٹوں میں آنا (اِر۔محاورہ) دَم میں آنا۔ فقروں میں آنا۔

چھینٹے (ا۔مذ) چھینٹا کی جمع۔

چھینٹے پھینکنا (اِر۔محاورہ) الزام لگانا۔ بُہتان لگانا۔

چھینٹے دینا (اِر۔محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) اِشتعال دینا۔ اُکسانا۔

چھینٹیں (چھیں۔ٹیں)(ا۔مث) چھینٹ کی جمع۔

چھینٹیں اُڑانا (اِر۔محاورہ) لگاتار ہاتھ سے پانی چھینکنا۔ کسی چیز کا پانی میں سے اس طرح گزرنا کہ پانی کے قطرے اُڑیں۔

چھینٹیں اُڑنا (اِر۔محاورہ) چھینٹیں اُڑانا کا لازم۔

چھینک (بیائے معروف)(نون غنّہ)(ا۔مث) کسی چیز کے ناک میں داخل ہونے یا خارش کی وجہ سے ناک کا شدید ردِ عمل۔ جمع: چھینکوں۔ چھینکیں۔

چھینک آنا (اِر۔محاورہ) دیکھئے چھینکنا۔

چھینک مارنا (اِر۔محاورہ) دیکھئے چھینکنا۔

چھینک ہونا (اِر۔محاورہ) بُرا شگون ہونا۔

چھینکتے ہی ناک کٹی (اِر۔مثل) ابتداء ہی خراب ہوگئی۔

چھینکا (چھیں۔کا)(ا۔مذ)(۱) وہ جالی یا ظکن جو کھانا وغیرہ رکھنے کے واسطے چھت میں لٹکا دیتے ہیں (۲) وہ جالی جو چوپایوں کے منہ پر لگا دیتے ہیں۔ جمع: چھینکوں۔ چھینکے۔

چھینکنا (چھینک۔نا)(اِر۔مع) ناک میں خارش وغیرہ کی وجہ سے ہوا کا زور سے ناک سے نکلنا۔

چھینکیں (پہلی یائے معروف۔ دُوسری مجہول)(ا۔مث) چھینک کی جمع۔

چھینکیں لینا (اِر۔محاورہ) ناک میں کوئی دوا (ہلاس) وغیرہ رکھنا تاکہ چھینکیں آئیں۔

چھین لینا (ف۔مع) زبردستی لے لینا۔ جھپٹ لینا۔

چھیننا (چھین۔نا)(ف۔مع) زبردستی لے لینا۔ اُچک لینا۔ جھپٹا مارنا۔

چھینی (چھے۔نی)(ا۔مث)(۱) ٹانکی۔ لکڑی یا پتھر وغیرہ کاٹنے کا اوزار (۲) چکی یا سِل راہنے کا اوزار۔ نہانی۔

چ۔ی

چی (ف۔لاحقہ) اُردو اور فارسی میں اسم کے ساتھ مل کر اسمِ فاعل بناتا ہے جیسے مشعلچی۔ باورچی (۲) تصغیر بناتا ہے جیسے دیگچی۔

چیاں (چ۔یاں)(ا۔مذ) اِملی کا بیج۔ تخم تمر ہندی۔

چیاں سا (چیاں سی) (اِر۔صف) چھوٹا سا۔ چھوٹی سی۔

چیپ (بیائے مجہول)(ا۔مذ)(۱) لیس (۲) لاسا۔ چپکنے والی چیز (۳) زخم کی پیپ (۴) رطوبت جو کچے ہوئے آموں سے نکلتی ہے۔

چیپ دار (ف۔صف) لیس دار۔ چپکتا ہوا۔

چیپ (بیائے معروف)(ا۔مث) ٹکڑا جو دانت، پتھر یا لکڑی سے ٹوٹ کر الگ ہو جائے (۲) چمڑے کی دھجی جو گھوڑے کے زین کے دونوں طرف لگی ہوتی ہے اور اُس کے ساتھ تنگ کسا جاتا ہے۔

چیپڑ (چی۔پڑ)(ا۔مذ) آنکھ کا میل کچیل۔ وہ رطوبت جو آنکھ سے نکلے۔

چیپڑ بہنا (اِر۔محاورہ) آنکھوں کا میل کچیل کا رواں ہونا۔

چیپلین (Chaplain) (چیپ۔لین) (انگ۔ا۔مذ) پادری۔ کسی خاندان کا پادری۔

چیپنا (چیپ۔نا)(بیائے مجہول)(ف۔مع)(۱) چپکانا۔ جوڑنا (۲) سر منڈھنا۔ تھوپنا (۳) نوکر رکھا دینا۔

چیپی (چے۔پی)(ا۔مث) کاغذ کی دھجی جو چپکائی جائے۔ جمع: چیپیاں۔ چیپیوں۔

چیت (ا۔مذ) ہندی سال کا بارھواں مہینا۔ وسط مارچ تا وسط اپریل۔

چیتا (چے۔تا)(ا۔مذ) خیال۔ فہم۔ سمجھ۔ حافظہ۔

چیتا (ا۔مذ) شیر کی قسم کا ایک درندہ جس کی کمر پتلی اور جسم پر چتیاں ہوتی ہیں۔ درندوں میں سب سے تیز رفتار جانور ہے۔ جمع: چیتوں۔ چیتے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چیتل (چی۔تل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کی نیل گائے (۲) ایک قسم کا ابلق موٹا سانپ (۳) (صف) داغ دار۔

چیتنا (چیت۔نا) (بیائے مجہول) (ہ۔مص) (۱) ہوشیار ہونا۔ جاگنا (۲) سمجھ میں آنا۔ یاد کرنا (۳) چراغ کا تیز ہونا۔

چیتنا (بیائے معروف) (اُر۔مص) چھتیاں ڈالنا۔ منقش کرنا۔ تصویر کھینچنا۔

چیتھڑا (چیتھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے چتھڑا۔

چیٹک (چے۔ٹک) (ہ۔ا۔مث) لگن۔ دُھن۔ شوق۔

چیچڑی (چیچ۔ڑی) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) کیڑا جو کتّے، گائے، بھینس وغیرہ کا خون چوستا ہے۔ نیز دیکھیے چچڑی۔ جمع: چیچڑیاں۔ چیچڑیوں۔

چیچک (چے۔چک) (ہ۔ا۔مث) سیتلا۔ ماتا۔ ایک متعدی بیماری جس میں جسم پر دانے نکل آتے ہیں۔

چیچک رُو (ہ۔ف۔صف) وہ شخص جس کے چہرے پر چیچک کے نشان ہوں۔

چیخ (بیائے معروف) (اُر۔ا۔مث) (۱) زور کی آواز۔ چلّاہٹ (۲) درد کی آواز (۳) شور۔ غُل (۴) چنگھاڑ۔ جمع: چیخوں۔ چیخیں۔

چیخ اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چلّا اُٹھنا۔ درد سے چلّانا (۲) یکایک زور کی آواز نکالنا۔

چیخ مارنا (اُر۔ محاورہ) زور کی آواز نکالنا۔

چیخم چاخ (دھاڑ) (اُر۔ا۔مث) شور و غُل۔ ہنگامہ۔

چیخم چاخ مچنا (اُر۔مص) شور مچنا۔ پکار پڑنا۔

چیخم دھاڑ مچانا (اُر۔مص مُرکب) ہنگامہ برپا کرنا۔ دُھوم مچانا۔

چیخنا (چیخ۔نا) (ہ۔مص) (۱) چلّانا۔ شور کرنا (۲) پکارنا۔ فریاد کرنا۔

چیدہ (چی۔دہ) (ف۔صف) چُنا ہوا۔ اِنتخاب کیا ہوا۔

چیدہ چیدہ (ف۔صف) اچھے اچھے۔ عمدہ عمدہ۔ منتخب۔

چیر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مث) (۱) شگاف۔ زخم (۲) دھجّی۔ کپڑے کی پٹی۔ کترن۔

چیر آنا (اُر۔ محاورہ) شگاف ہو جانا۔ زخم آ جانا۔

چیر پھاڑ (ہ۔ا۔مث) عملِ جرّاحی۔

چیئر (Chair) (انگ۔ا۔مث) کرسی۔ کرسیِ صدارت۔

چیئر پرسن (Chairperson) (انگ۔ا۔مذ و مث) صدر۔ میرِ مجلس (مرد یا عورت)۔

چیئرمین (Chairman) (انگ۔ا۔مذ) صدر۔ میرِ مجلس (مرد)۔

چیرا (چی۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شگاف۔ زخم (۲) ایک قسم کی منقش پگڑی (۳) دوشیزگی (۴) نوکر۔ ملازم۔

چیرا اُتارنا (چیرا توڑنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) ازالۂ بکارت کرنا۔ کنوارپن اُتارنا (۲) بے عزّت کرنا۔ عزّت لوٹنا۔

چیرا بند (ہ۔ف۔صف) (۱) باکرہ۔ دوشیزہ۔ کنواری (۲) چیرا باندھنے والا۔ دستار بند۔

چیرا دینا (لگانا) (اُر۔ محاورہ) شگاف دینا۔ زخم لگانا۔ نشتر مارنا۔

چیرنا (چیر۔نا) (ہ۔مص) پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا۔ شگاف دینا۔ شق کرنا۔

چیرُو (چی۔رُو) (اُر۔ا۔مذ) (۱) سُرخ رنگ کا کچا سُوت۔

چیرہ (چی۔رہ) (ف۔صف) زور آور۔ بہادُر۔ غالب۔

چیرہ دست (ف۔صف) غالب۔ زور آور۔ زبردست۔

چیرہ دستی (ف۔ا۔مث) غلبہ۔ طاقت۔ قوّت۔ برتری۔

چیری (چے۔ری) (ہ۔ا۔مث) باندی۔ کنیز۔ ملازمہ (۲) دھجّی۔ کترن۔

چیری لگانا (اُر۔ محاورہ) بھیڑ بکری کے تھنوں پر گوبر لگا کر کپڑے کی دھجّی لپیٹنا تاکہ بچے دودھ نہ پی سکیں۔

چیڑ (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مذ) ایک اُونچا جنگلی درخت۔ دیار یا دیودار کی قسم کا درخت۔

چیز (بیائے معروف) (ف۔ا۔مث) (۱) شے۔ اَسباب۔ جنس (۲) زیور۔ گہنا پاتا (۳) گیت۔ راگ (۴) اصل۔ حقیقت (۵) مٹھائی (۶) امانت۔ جمع: چیزوں۔ چیزیں۔

چیز بست (اُر۔ا۔مث) اَسباب۔ اثاثہ۔

چیزی (چی۔زی) (اُر۔ا۔مث) بچّوں کی زبان میں مٹھائی۔ شیرینی عموماً چیجی بولتے ہیں۔

چیس (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) ٹیس۔ درد۔

چیسا (چی۔سا) (ہ۔صف) جوانِ رعنا۔ گبرو۔

چیستان (چیس۔تان) (ف۔ا۔مث) پہیلی۔ معمّا۔ بُجھارت۔ چیست آں سے بنایا ہوا۔

چیسی (چی۔سی) (ہ۔ا۔مث) چیسا کی تانیث۔

چیف (Chief) (انگ۔صف) (۱) اعلیٰ۔ افضل (۲) خاص۔

چیف جسٹس (Chief Justice) (انگ۔ا۔مذ) عدالتِ عالیہ کا بڑا جج۔

چیف کورٹ (Chief Court) (انگ۔ا۔مذ) عدالتِ عالیہ۔ بڑی عدالت۔

چیک (ق۔ا۔مث) وہ مادّہ جو لکڑی کے جلتے وقت اُس کے آخری سرے پر ظاہر ہوتا ہے۔

چیک (Cheque) (انگ۔ا۔مذ) بینک سے روپیہ نکلوانے کا تحریری حکم۔

چیک (Check) (انگ۔ا۔مذ) چارخانہ کپڑا۔ چارخانہ دار۔

چیکٹ (چکٹ) (چی۔کٹ) (چ۔کٹ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چراغ کی گاد۔ تیل کی گاد۔ وہ مٹی جو تیل کے باعث سیاہ اور چکنی ہو جائے (۲) (صف) کالا۔ سیاہ۔ چکنا۔

چیکٹ اُتروائی (اُر۔ا۔مث) وہ جوڑا جو بھانجی کی شادی میں نکاح کے دُوسرے دن بہن کے میلے کپڑے اُتروا کر بھائی کی طرف سے پہنایا جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چیکڑ (چی-کڑ)(ہ-ا-مث) کیچڑ کا بگاڑ۔

چیل (بیائے معروف) (ہ-ا-مث) ایک سیاہی مائل بھورا شکاری پرندہ۔ جمع: چیلوں۔ چیلیں۔

چیل انڈا چھوڑتی ہے (ار-مثل) ایسی گرمی ہے کہ اُس کی تاب نہ لا کر چیل انڈوں سے اُٹھ جاتی ہے۔ سخت گرمی کے اظہار کے لئے کہتے ہیں۔

چیل جھپٹّا (جھ-پٹ-ٹا)(ار-ا-مذ)(۱) چیل کا جھپٹنا (۲) کسی چیز کا اِس طرح لے جانا جس طرح چیل پنجہ مار کر لے جاتی ہے (۳) لڑکوں کا ایک کھیل (۴) چوہے پکڑنے کا آلہ۔

چیل جھپٹّا کرنا (ار-محاورہ) چھین لینا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔

چیل چلھور (ہ-ا-مث)(۱) چیلوں کے بُلانے کا ایک کلمہ جس سے چیلیں آ کر گوشت لے جاتی ہیں (۲) بچوں کا ایک کھیل جس میں بچے دو گروہ بنا کر اپنی اپنی حد میں کوئلوں سے لکیریں بناتے ہیں۔ مقررہ وقت ختم ہونے پر ہر ایک اپنے گروہ کی لکیریں گنواتا ہے۔ جس کی لکیریں زیادہ ہوں وہ ہارنے والے گروہ کے لڑکوں کے ہاتھوں پر اپنے ہاتھ کی دو انگلیوں سے زائد لکیروں کے مطابق ضرب لگاتا ہے۔

چیل کا پٹھا (ار-ا-مذ)(۱) چیل کا بچہ (۲) اَحمق۔ بیوقوف۔

چیل کا موت (ار-ا-مذ) نایاب چیز۔

چیل کوّوں کو دُوں (ار-محاورہ) بوٹی بوٹی کر کے چیلوں کو دے دوں۔

چیل کی طرح منڈلانا (ار-محاورہ) کسی چیز کی خواہش میں بیتاب پھرنا۔

چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں (ار-مثل) کھانے اُڑانے والے کے پاس روپیہ کہاں۔ فضول خرچ ہمیشہ تہی دست رہتا ہے۔

چیلا (چی-لا)(ہ-ا-مذ)(۱) جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا (۲) ایک قسم کی روٹی۔

چیلا (چے-لا)(ہ-ا-مذ)(۱) غلام (۲) شاگرد (۳) مُرید۔ جمع: چیلوں۔ چیلے۔

چیلا ہونا (ہ-محاورہ) مُرید ہونا۔ شاگرد ہونا۔

چیلک (چی-لک)(ہ-ا-مث) ناپسندیدگی کا نشان جو کسی لفظ یا شعر پر لگایا جائے۔

چیلکا (چیل-کا)(ق-ا-مذ) غلام۔ شاگرد۔ چیلا۔

چیلنج (Challenge) (انگ-ا-مذ)(۱) مقابلے کے لئے بُلانا۔ دعوتِ مبارزت۔ چنوتی (۲) سنتری کی للکار۔

چیلو (چی-لو)(ہ-ا-مذ) زرد آلو۔ ایک پہاڑی میوے کا نام جو آڑو سے مشابہ ہے۔

چیلھڑ (چی-لھڑ)(ہ-ا-مث) ایک قسم کی جوں جو میلے کپڑوں میں پیدا ہوتی ہے۔

چیلی (چے-لی)(ہ-ا-مث) مُریدنی۔ شاگرد عورت۔ چیلا کی تانیث۔

چیلی چاپڑ (ہ-ا-مذ)(۱) شاگرد۔ مُرید۔ معتقد (۲) نوکر چاکر۔

چیمبر (Chamber) (انگ-ا-مذ) کمرا۔ حجرہ۔ ایوان۔ ادارہ۔

چیمبر آف کامرس (Chamber of Commerce) (انگ-ا-مذ) ایوانِ تجارت۔

چیمپیئن (Champion) (انگ-ا-مذ) میرِ میدان۔ کھیل میں سب پر سبقت لے جانے والا۔ ٹورنامنٹ جیتنے والا۔ اوّل آنے والا (۲) حمایتی۔ مددگار۔

چین (ہ-ا-مذ) راحت۔ آرام۔ سُکھ۔ عیش۔ اطمینان۔ قرار۔

چین آنا (ار-محاورہ) قرار آنا۔ آرام آنا۔

چین اُڑانا (ار-محاورہ)(۱) بے قرار کرنا۔ راحت سے محروم کر دینا (۲) چین کرنا۔ مزے اُڑانا۔

چین پانا (ار-محاورہ) قرار آنا۔ آرام پانا۔

چین پڑنا (ار-محاورہ) کل پڑنا۔ اطمینان ہونا۔

چین چمن (ق-ا-مذ) خدمت۔

چین سے (ار-تابع فعل) آرام سے۔ بے فکری سے۔

چین سے کٹنا (گزرنا) (ار-محاورہ) زندگی عیش سے گزرنا۔ راحت اور سکون سے اوقات بسر ہونا۔

چین کرنا (ار-محاورہ) آرام کرنا۔ گل چھرّے اُڑانا۔ عیش کرنا۔

چین لینا (ار-محاورہ) دم لینا۔ ستانا۔ آرام کرنا۔

چین (Chain) (انگ-ا-مث) زنجیر۔

چِین (بیائے معروف)(ف-ا-مث) شِکن۔ بَل۔ سلوٹ۔

چیں بجبیں ہونا (چیں بر ابرو ہونا) (ار-محاورہ) تیوری پر بل ڈالنا۔ ماتھے پر شِکن ڈالنا۔ ناراض ہونا۔

چیں (ہ-ا-مث) چڑیا کی آواز۔

چیں بُلا دینا (ار-محاورہ) ہرا دینا۔ عاجز کر دینا۔

چیں (بول جانا) بولنا (ار-محاورہ) ہار ماننا۔ مات کھانا۔ عاجز آ جانا۔

چیں چپڑ کرنا (ار-محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔

چیں چیں (ار-ا-مث) چوں چوں۔ غُل۔ شور (۲) لفظی تکرار (۳) پرندوں کے چلانے کی آواز۔

چیں چیں کرنا (ار-محاورہ) چوں چوں کرنا۔ غُل مچانا۔ تکرار کرنا۔

چیں ماننا (ار-محاورہ) دیکھئے چیں بولنا۔

چینا (چی-نا)(ہ-ا-مذ) ایک قسم کے چھوٹے غلّے کا نام۔

چینا گوند (ار-ا-مذ) ڈھاک کا گوند۔

چینٹ (چی-نٹ)(ہ-ا-مث) رگڑ۔ خراش۔

چینٹا (چیں-ٹا)(چیں-ٹا)(ہ-ا-مذ) چیونٹا۔

چینٹی (چیں-ٹی)(چیں-ٹی)(ہ-ا-مث) چیونٹی۔

چینچ (بیائے مجہول)(نون غنہ)(ہ-ا-مذ) کبوتروں کو کھلانے کا چھوٹا دانہ۔

چینچلا (چینچ-لا)(ہ-ا-مذ)(۱) پرند کا وہ بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں (۲) اُلجھا ہوا سوت (۳) ٹوٹی ہوئی لکڑی۔

چینڈ (بیائے مجہول)(نون غنہ)(ہ-ا-مث) بدمعاملگی۔ گڑبڑ۔

چینڈ بازی (ار-ا-مث) بدمعاملگی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چینٹدی (چیں-ڈی) (ہ-ا-مث) (۱) چھوٹا سا ٹکڑا (۲) چمڑے کے گول ٹکڑے جو گاڑی کے دُھرے پر چڑھاتے ہیں۔

چینڈکی (چیں-ڈ-کی)(ق-ا-مث) چوٹی جو ہندو مرد (سر پر) رکھتے ہیں۔

چینگنا (چینگ-نا)(نُون غُنّہ)(ہ-مص) آہستہ آہستہ چبانا۔ تھوڑا تھوڑا کھانا۔

چینگی پوٹے (چیں-گی-پو-ٹے)(ہ-ا-مذ)(۱) چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے (۲) بال بچے۔

چینی (چی-نی) (ہ-ا-مث) (۱) سفید شکر۔ کھانڈ (۲) (صف) ایک قسم کا سفید کبوتر جس پر جا بجا سیاہ رنگ کے داغ ہوتے ہیں (۳) سفید مٹی کا برتن (۴) ملک چین کا رہنے والا۔ ملک چین سے منسوب۔

چینی کا بال (اَر-ا-مذ) لکیر جو چینی کے برتن میں پڑ جاتی ہے۔

چیولی (چ-یو-لی)(ہ-ا-مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

چیونٹا (چیوں-ٹا)(اَر-ا-مذ) ایک سیاہ رنگ کا کیڑا۔ جمع: چیونٹوں۔ چیونٹے۔

چیونٹی (چیوں-ٹی) (ہ-ا-مث) سوشل زندگی بسر کرنے والا ایک کیڑا۔ دُنیا میں اِس کی تقریباً پندرہ ہزار انواع پائی جاتی ہیں۔ (پن) کیڑی۔ جمع: چیونٹیاں۔ چیونٹیوں۔

چیونٹی کا پر نکالنا (اَر-محاورہ) زوال کا زمانہ قریب آنا۔ موت کا وقت آنا۔

چیونٹی کو مُوت کا ریلا بہت (اَر-مثل) غریب کے لئے ذرا سی مُصیبت بھی بہت ہوتی ہے۔

چیونٹی کی آواز عرش تک (اَر-مثل) غریب مظلوم کی آہ آسمان تک پہنچتی ہے۔

چیونٹی کے پَر نکلنا (لگنا) (اَر-محاورہ) موت کا وقت آنا۔ رُو بہ زوال ہونا۔ شامت آنا۔

چیونٹیاں (ہ-ا-مث) چیونٹی کی جمع۔

چیونٹیاں لگنا (اَر-محاورہ)(۱) چیونٹیاں چمٹنا (۲) دھوپ کی تیزی کے باعث بدن میں سُوئیاں سی چُبھنا۔

چیونٹیوں (ہ-ا-مث) چیونٹی کی جمع۔

چیونٹیوں بھرا کباب (اَر-ا-مذ)(۱) جھگڑے کی چیز (۲) آل اولاد والا مرد (۳) مُصیبت زدہ آدمی۔

چینچھ (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم)(نُون غُنّہ)(ق-ا-مث) اِنجام۔ اَخیر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ح

ح (ہج) (ع۔اِمث) اُردو کا نواں' فارسی کا آٹھواں اور عربی کا چھٹا حرف۔ اِس کا تلفظ عربی و فارسی میں "حا" ہے۔ اِسے حائے حُطّی' حائے مُہملہ اور حائے غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ ابجد کے حساب میں اِس کے آٹھ عدد مقرر ہیں۔ یہ قمری حرف ہے یعنی اِس سے پہلے ال آئے گا تو لام اپنی آواز دے گا۔ جیسے الحکیم۔

ح۔ا

حاتِم (حا۔تم) (بکسر سوم) (ع۔صف) (۱) سخی۔ فیاض۔ بلند حوصلہ (۲) (ع۔اِمذ) عرب کے قبیلہ طے کا ایک سخی اور بہادر سردار۔

حاتم کی گور (قبر) پر لات مارنا (اُر۔ محاورہ) حاتم کو سخاوت میں مات دینا (۲) بخیل سے اتفاقیہ سخاوت کا کوئی کام ہو جائے تو طنزاً کہا جاتا ہے۔

حاج (ع۔صف۔مذ) دیکھئے حاجی جو زیادہ مستعمل ہے۔

حاجات (ع۔اِمث) حاجت کی جمع۔

حاجِب (حا۔جب) (ع۔اِمذ) (۱) نگہبان۔ ڈیوڑھی کا محافظ۔ پاسبان (۲) چوبدار (۳) پردہ (۴) ابرو۔ بھوں۔ جمع: حواجب۔

حاجت (حا۔جت) (ع۔اِمث) (۱) خواہش۔ ضرورت۔ مطلب (۲) اُمید۔ آرزو۔ التجا (۳) ضرورت کی چیز (۴) پاخانہ۔ جمع: حاجات۔ حوائج۔ اُردو جمع: حاجتوں۔ حاجتیں۔

حاجت بر آنا (اُر۔ مص مرکب) مُراد پوری ہونا۔

حاجت بر آر (ع۔ف۔صف) حاجت پوری کرنے والا۔

حاجت بر آری (ع۔ف۔اِمث) ضروریات پوری کرنا۔

حاجت خواہ (ع۔ف۔صف) سائل۔ فقیر۔ محتاج۔

حاجت رفع کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کا کام نکالنا (۲) ضرورت پوری کرنا (۳) پاخانے جانا۔

حاجت روا (ع۔ف۔صف) ضرورت پوری کرنے والا۔

حاجت روائی (ع۔ف۔اِمث) حاجت پوری کرنا۔ کسی کا کام کر دینا۔

حاجتِ مشاطہ نیست رُوئے دل آرام را (ف۔مثل) خوبصورت کو بناؤ سنگار کی ضرورت نہیں ہوتی۔

حاجت مند (ع۔ف۔صف) محتاج۔ ضرورت والا۔ خواہش مند۔

حاجت ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) ضرورت ہونا (۲) پاخانہ آنا۔

حاجز (ع۔صف) روکنے والا۔ حائل۔ مانع (۲) (اِمذ) پردہ۔ روک۔ آڑ۔

حاجتی (حا۔جَ۔تی) (اُر۔اِمث) (۱) وہ برتن جس میں بیمار چارپائی پر لیٹے لیٹے پیشاب کر لیتے ہیں۔ پلنگ کے پاس رکھا جاتا ہے (۲) (صف) ضرورت مند۔ مُراد چاہنے والا۔

حاجن (اُر۔صف۔مث) حاجی کی تانیث۔ حج کرنے والی عورت۔

حاجّہ (حاج۔جہ) (ع۔صف۔مث) حاجی کی تانیث۔

حاجی (حا۔جی) (ع۔اِمذ) (۱) وہ شخص جس نے مقررہ شرائط کے مطابق کعبۃُ اللہ کا حج کیا ہو۔ جمع: حُجاج۔ اُردو جمع: حاجی۔ حاجیوں۔

حاجیُ الحرمین (ع۔اِمذ) وہ شخص جس نے مکہ میں کعبۃُ اللہ کا حج اور مدینہ منورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک کی زیارت کی ہو۔

حادّ (ع۔صف) (۱) تیز۔ نوکیلا (۲) خفا۔ جوشیلا۔ تیز مزاج۔

حادِث (حا۔دِث) (ع۔صف) (۱) قدیم کی ضد۔ نئی چیز جو پہلے نہ ہو (۲) فانی۔

حادث ہونا (اُر۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ نکلنا۔ واقع ہونا۔

حادِثہ (حا۔دِ۔ثہ) (ع۔اِمذ) واردات۔ واقعہ۔ صدمہ۔ سانحہ۔ ایکسیڈنٹ۔ جمع: حادثات۔ حوادث۔ اُردو جمع: حادثوں۔ حادثے۔

حادّہ (حاد۔دَہ) (ع۔صف) سکڑا ہوا۔ اقلیدس کی اصطلاح میں وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا یعنی نوّے درجے سے کم ہو۔

حاذِق (حا۔ذِق) (ع۔صف) دانا۔ کامل۔ اپنے فن میں ماہر۔ اُستاد۔ تجربہ کار۔ عموماً طبیب کی صفت کے طور پر مستعمل ہے۔

حارّ (ع۔صف۔مذ) (۱) گرمی کرنے والا۔ گرم (۲) تکلیف دہ۔

حارِث (حا۔رِث) (ع۔اِمذ) کاشتکار۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ کسان۔ ہاری۔

حارِج (حا۔رِج) (ع۔صف) روکنے والا۔ مزاحمت کرنے والا۔

حارِز (ق۔اِمذ) انڈوں سے بنا ہوا کھانا۔

حارُونی (حا۔رُو۔نی) (اُر۔صف) عربی حرون کا مُوَرّد۔ سرکش۔ نافرمان۔ شریر۔

حارّہ (حار۔رَہ) (ع۔صف۔مث) حار کی تانیث۔

حاسِد (ع۔صف۔) (۱) حسد کرنے والا۔ بدخواہ۔ دُشمن۔ دُوسرے شخص کے فائدے سے جلنے والا۔ (اُردو میں مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے عربی میں اِس کا مؤنث حاسِدہ ہے)۔ جمع: حُسّود۔ اُر جمع: حاسد۔ حاسدوں۔

حاسّہ (حاس۔سَہ) (ع۔اِمث) محسوس کرنے کی قوت۔ جمع: حواس۔

حاشا (ع) (۱) حرفِ تردید۔ ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں (۲) اِنکار اور لاعلمی کے لئے بطورِ قسم استعمال ہوتا ہے۔

حاشا ثُمّ حاشا (ع۔ حرفِ تردید و انکار) (۱) نہیں اور پھر نہیں (۲) ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔

حاشاللہ (حاشا وکلّا) (ع۔ حرفِ اِنکار) (۱) خدا نہ کرے۔ خدا کی پناہ۔ ہرگز نہیں (۲) ہم نے کبھی ایسا نہیں کیا۔

حاشِیَہ (حا۔شِ۔یَہ) (ع۔اِمذ) (۱) کنارہ۔ گوٹ۔ سنجاف (۲) کتاب یا ورق کے چاروں طرف کا خالی حصّہ (۳) شرح یا یادداشت جو کسی کتاب کے متن سے باہر لکھی جائے۔ فٹ نوٹ۔ جمع: حواشی۔ اُردو جمع: حاشئے۔ حاشیوں۔

حاشیہ آرا (ع۔ف۔صف) حاشیہ چڑھانے والا۔ مُبالغہ کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حاشیہ بردار (ع۔ف۔صف) امیروں کی پوشاک کے کناروں کو اُٹھا کر چلنے والا خادم۔ خوشامدی۔ جھولی چُک۔
حاشیہ بنانا (اُر۔محاورہ) رومال یا چادر کے کنارے پر بیل بُوٹے بنانا۔
حاشیہ چڑھانا (اُر۔محاورہ) (۱) گوٹ لگانا۔ نئے سرے سے سنجاف لگانا (۲) کسی کتاب کی شرح یا تفسیر لکھنا (۳) کسی بات کو بڑھا کر بیان کرنا (۴) نمک مرچ لگا کر بیان کرنا۔
حاشیہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) لکھتے وقت چاروں طرف کاغذ پر خالی جگہ چھوڑنا۔
حاشیہ (حاشیے) کا گواہ (اُر۔ا۔مذ) (۱) وہ گواہ جو کسی دستاویز کے حاشیے پر دستخط کرے (۲) اہم گواہ۔
حاشیہ لکھنا (اُر۔محاورہ) حاشیہ چڑھانا (۲) سبقت لے جانا (۳) اضافہ کرنا۔
حاشیہ لگانا (اُر۔محاورہ) لکھتے وقت چاروں طرف جگہ چھوڑنے کے لئے کاغذ پر سطریں کھینچنا۔
حاشیہ نشین (ع۔ف۔صف) (۱) پاس بیٹھنے والا (۲) مصاحب۔ معزز مُلازم۔
حاشیہ نشینی (اُر۔ا۔مث) حاشیہ نشین کا اسمِ کیفیت۔
حاصِل (حا۔صِل) (ع۔ا۔مذ) (۱) کسی چیز کا بقیہ (۲) آمدنی۔ نقدی۔ بکری (۳) پیداوار۔ نتیجہ۔ پَھل (۴) مطلب۔ خلاصہ (۵) منافع۔ فائدہ۔
حاصل بازار (بازاری) (بغیر اضافت) (ع۔ف۔ا۔مذ) آمدنی جو منڈی یا میلے کی دُکانوں سے بطور محصول وصول ہو۔
حاصلِ تفریق (ع۔ا۔مذ) منہائی کے بعد باقی رہنے والی رقم۔
حاصلِ تقسیم (ع۔ا۔مذ) (۱) خارج قسمت (۲) وہ رقم جو تقسیم کے بعد باقی رہے۔
حاصلِ جمع (ع۔ا۔مذ) میزان۔ وہ رقم جو جمع کرنے سے آئے۔
حاصل خیز (ع۔ف۔صف) زرخیز۔
حاصل دار (ع۔ف۔ا۔مذ) اکٹھا کرنے والا۔ کلکٹر۔ افسر مال۔
حاصل زمین (بغیر اضافت) (ع۔ا۔مث) وہ زمین جس پر مال گُزاری دی جائے (۲) وہ زمین جس سے پیداوار یا آمدن حاصل ہو۔
حاصلِ ضرب (ع۔ا۔مذ) وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو۔
حاصل کرنا (کر لینا) (اُر۔محاورہ) (۱) پانا۔ بہم پہنچانا (۲) کمانا۔ پیدا کرنا (۳) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
حاصل کلام (ع۔متعلق فعل) القصہ۔ الغرض۔ خلاصۂ کلام۔ بات کا نتیجہ۔
حاصل مصدر (بغیر اضافت) (ع۔اُر۔ا۔مذ) قواعد زبان کی اصطلاح میں وہ لفظ جو کسی فعل کی کیفیت 'اثر یا نتیجہ ظاہر کرے۔ عموماً مصدر میں بعد حذف علامت مصدر کچھ تغیر کر کے بناتے ہیں۔ مثلاً جلنا مصدر سے جلن۔
حاصل مطلب (ع۔اُر۔ا۔مذ) نتیجہ۔
حاصل نہ حصول (اُر۔صف) بے فائدہ۔ فضول۔ بے نتیجہ۔
حاصل ہونا (اُر۔مص مرکب) (۱) وصول ہونا (۲) ہاتھ لگنا۔ فائدہ ہونا۔
حاضِر (حا۔ضِر) (ع۔صف) موجود۔ تیار۔ آمادہ۔ جو سامنے ہو۔ جمع: حاضرین۔ حُضّار۔

حاضر آنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے حاضر ہونا۔
حاضر باش (ع۔ف۔صف) خدمت میں حاضر رہنے والا۔ موجود رہنے والا۔
حاضر باشی (ع۔ف۔ا۔مث) موجودگی۔ حاضری۔
حاضر جواب (ع۔ف۔صف) بات سنتے ہی فوراً معقول جواب دینے والا۔ فی البدیہہ جواب دینے والا۔
حاضر جوابی (ع۔ف۔ا۔مث) موزوں جواب دینے کی صلاحیت۔
حاضر رہنا (اُر۔محاورہ) موجود رہنا۔ سامنے کھڑے رہنا۔ پاس رہنا۔
حاضر ضامن (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ شخص جو کسی کو عدالت میں پیش کرنے کی ضمانت دے۔
حاضر ضامنی (ع۔ف۔ا۔مث) کسی شخص کو عدالت میں پیش کر دینے کی ضمانت۔
حاضر کرنا (اُر۔محاورہ) پیش کرنا۔ بُلا کر لانا۔
حاضر میں حُجت نہیں، غیب کی تلاش نہیں (اُر۔مثل) جو موجود ہے اُس کے دینے سے انکار نہیں لیکن کہیں اور سے لا کر دینے کی ذمے داری نہیں۔
حاضر و ناظِر (ع۔صف) موجود اور دیکھنے والا۔ خُدا کی صفت۔
حاضر ہونا (اُر۔محاورہ) موجود ہونا۔ پیش ہو جانا۔ سامنے ہونا۔
حاضِرات (حا۔ضِ۔رات) (ع۔ا۔مث) جن بُھوت وغیرہ جمع کرنے کا جلسہ جو عامل کیا کرتے ہیں۔
حاضرات کرنا (اُر۔محاورہ) بُھوت پریت کو بُلا کر اُن سے پوشیدہ حال معلوم کرنا۔
حاضِراتی (حا۔ضِ۔را۔تی) (اُر۔ا۔مذ) جن 'بُھوت پریت کو بُلانے والا عامل۔
حاضِری (حا۔ضِ۔ری) (ع۔ا۔مث) موجودگی (۲) وہ کھانا یا نقدی جو میت والوں کو اُن کے رشتے دار دیتے ہیں (۳) ناشتا (۴) کباب 'شیر مال' حلوا جس پر شہدائے کربلا خصوصاً حضرت عباسؓ کی فاتحہ دلاتے ہیں (۵) نام کا پُکارا جانا۔ گنتی ہونا (۶) دربار' عدالت یا مدرسے میں حاضر ہونا۔
حاضری اصالتاً (ع۔ا۔مث) عدالت میں مدّعی یا مدّعا علیہ کا خود حاضر ہونا۔
حاضری دینا (اُر۔محاورہ) (۱) میت کے گھر کھانا یا نقدی پہنچانا (۲) ناشتا کرانا (۳) کچہری' دفتر یا مدرسے میں حاضری لکھوانا۔
حاضری (لگانا) لینا (اُر۔محاورہ) موجود اشخاص کے نام کے سامنے اُن کی موجودگی کا نشان لگانا ۔ دفتر یا کچہری میں حاضر باشی لکھوانا۔
حاضری میں کھڑا رہنا (اُر۔محاورہ) خدمت میں ہر وقت موجود رہنا۔ خدمت کے لئے ہر وقت تیار رہنا۔
حاضِرِین (حا۔ضِ۔رین) (ع۔صف۔مذ) (۱) موجود لوگ (۲) حاضر کی جمع۔
حاطِب (ع۔صف) لکڑیاں چُننے والا۔
حاطِبُ اللّیل (حا۔طِ۔بُل۔لیل) (ع۔صف) رات کو لکڑیاں جمع کرنے والا (۲) اچھے بُرے میں تمیز نہ کرنے والا۔
حافِظ (حا۔فِظ) (ع۔صف) نگہبان۔ حفاظت کرنے والا۔ پاسبان (۲) وہ شخص جسے قرآن پاک حفظ ہو (۳) نابینا (کنایتہً) (۴) خُدائے تعالیٰ کا صفاتی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نام۔ جمع: حُفّاظ۔ حافظین۔ اُردو جمع: حافِظ۔ حافظوں۔

حافظِ حقیقی (ع۔ا۔مذ) اصلی نگہبان۔ خدائے تعالیٰ۔

حافظہ (حا۔فِ۔ظہ) (ع۔ا۔مذ) قوتِ یادداشت۔ چیتا۔ یاد رکھنے کی قوت (۲) (نفسیات) گزشتہ تجربے کے احیا کا طریقہ عمل۔ نسیان کی ضد (۳) (ع۔صف۔مث) عورت جس نے قرآن پاک حفظ کیا ہو۔ (حافِظ کی تانیث)۔

حاکِم (حا۔کِم) (ع۔صف۔وا۔مذ) حکومت کرنے والا۔ سردار۔ عامِل۔ ناظم (۲) فرماں روا۔ بادشاہ (۳) آقا۔ مالک (۴) زمیندار۔ نمبردار (۵) حُکم کرنے والا۔ جمع: حُکّام۔ حاکمین۔ اُردو جمع: حاکم۔ حاکموں۔

حاکمِ اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) سب سے بڑا حاکم۔ کسی نظامِ عدلیہ کی سب سے بڑی عدالت یا کسی انتظامی محکمے کا سب سے بڑا حاکم جس کے احکام فیصلہ کن ہوں۔

حاکمِ بااختیار (ع۔ف۔ا۔مذ) پورے اختیار والا حاکم۔ اعلیٰ مجسٹریٹ۔

حاکمِ بالا (ع۔ف۔ا۔مذ) بڑا حاکم۔ اُونچے درجے کا حاکم۔

حاکم چوُن کا بھی بُرا (اُر۔مثل) چھوٹے سے چھوٹے افسر سے بھی ڈرنا چاہیے۔

حاکمِ دیوانی (ع۔ف۔ا۔مذ) لین دین کے مقدمات سُننے والا حاکم۔ سب جج۔

حاکمِ ضلع (ع۔ا۔مذ) ضلع کا سب سے بڑا حاکم۔ ڈپٹی کمشنر۔

حاکم کی اگاڑی اور گھوڑے کی پچھاڑی سے ڈرنا چاہیے (اُر۔مثل) خواہ مخواہ حاکم کے سامنے نہیں آنا چاہیے۔ نہ معلوم کس بات پر بگڑ جائے۔ اسی طرح گھوڑے کے پیچھے کھڑا ہونا بھی خطرے سے خالی نہیں۔ نہ معلوم کب دولتی مار دے۔

حاکم کے تین، شحنہ کے نو (اُر۔مثل) حاکم کے ماتحت اُس سے زیادہ رشوت لیتے ہیں۔

حاکِم فوجداری (ع۔ف۔ا۔مذ) لڑائی جھگڑے اور دنگا فساد کے مقدمات سُننے والا حاکم۔ مجسٹریٹ۔

حاکمانہ (حا۔کِ۔مانہ) (ع۔ف۔صف) حاکم کی طرح (۲) حاکم کا۔

حاکمی (حاکمیّت) (حا۔کِ۔می) (حا۔کِ۔می۔یَت) (اُر۔ا۔مث) حکومت۔ سرداری۔ حکمرانی (۲) قانونی اختیارات۔ قوت۔ طاقت (۳) حاکم کا کام یا عہدہ۔

حال (ع۔ا۔مذ) موجودہ زمانہ (۲) حالت۔ کیفیت (۳) حیثیت۔ اُسلوب۔ طور طریق (۴) وجد۔ بیخودی (۵) ذکر۔ بیان (۶) طاقت۔ سکت۔ دم (۷) اس وقت۔ فی الحال۔ اسی وقت (۸) مجذوب ہونے کی کیفیت۔ جمع: احوال۔ اُردو جمع: حال۔ حالوں۔

حال آبادی (ع۔ف۔ا۔مث) جو زمین ابھی ابھی کھیتی باڑی کے قابل بنائی گئی ہو (۲) جو علاقہ حال ہی میں آباد ہوا ہو۔

حال آنا (حال کھیلنا) (اُر۔محاورہ) قوالی یا نعت سُن کر وجد آنا (۲) گانا سُن کر بےخود ہو جانا۔

حال آں کہ (حالانکہ) (ع۔ف۔متعلق فعل) حالت تو یہ ہے کہ۔ باوجودیکہ۔ یہ حال ہوتے ہوئے بھی۔

حال آئینہ ہونا (اُر۔محاورہ) صحیح حالت معلوم ہو جانا۔

حال ابتر کرنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) بُری حالت کرنا (ہونا)۔

حال بے حال ہونا (اُر۔محاورہ) حالت خراب خستہ ہونا۔

حال پتلا ہونا (اُر۔محاورہ) خراب حالت ہونا۔ مالی حالت خراب ہونا۔ صحت خراب ہونا۔

حال پر رونا آنا (اُر۔محاورہ) کسی کی خراب حالت دیکھ کر افسوس ہونا۔

حال پُرسی (ع۔ف۔ا۔مث) عیادت۔ بیمار پُرسی۔

حال پوچھنا (اُر۔محاورہ) مزاج پُرسی کرنا۔ حقیقت یا سرگزشت دریافت کرنا۔

حال دِگرگوں ہونا (اُر۔محاورہ) حالت خراب ہونا۔

حال روشن ہونا (اُر۔محاورہ) حالت ظاہر ہونا۔

حال سے بے حال ہونا (اُر۔محاورہ) اچھی حالت سے بُری حالت ہو جانا۔ حیثیت بگڑ جانا۔

حال غیر ہونا (اُر۔محاورہ) حالت خراب ہونا۔ مریض کی حالت خطرناک ہونا۔

حال کا نہ قال کا، روٹی چھچہ دال کا (اُر۔مثل) نکما آدمی جو کام نہ کرے بلکہ مُفت پیٹ بھرنا چاہے۔

حال کرنا (اُر۔محاورہ) کسی حالت کو پہنچانا۔

حال کُھل جانا (کُھلنا) (اُر۔محاورہ) اصل حالت ظاہر ہو جانا۔ راز افشا ہو جانا۔ قلعی کُھل جانا۔

حال کھیلنا (اُر۔محاورہ) دیکھیے حال آنا۔

حال گیا احوال گیا، پر دل کا خیال نہ گیا (اُر۔مثل) حالت خراب ہو گئی، سب کچھ تباہ ہوا لیکن جو بات دِل پر نقش ہو گئی وہ نہ مٹ سکی۔

حال میں (اُر۔متعلق فعل) ان دنوں۔ موجودہ زمانے میں۔

حال میں قال، وہی میں مُوسل (اُر۔مثل) بے محل دخل دینے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

حالا (اُر۔متعلق فعل) ابھی۔ اسی وقت (۲) (ا۔مذ) مال گزاری کی قسط۔

حالات (ع۔ا۔مذ) حالت کی جمع۔

حالت (حا۔لَت) (ع۔ا۔مث) (۱) گت۔ درجہ۔ کیفیت (۲) جان۔ طاقت۔ دم (۳) واردات جو انسان پر گزرے۔ جمع: حالات۔

حالت ابتر ہونا (اُر۔محاورہ) حالت خراب ہونا۔

حالتِ اضافی (ع۔ا۔مث) مضاف الیہ ہونے کی حالت۔

حالت بدلنا (اُر۔مص) اچھی سے بُری اور بُری سے اچھی حالت ہونا۔

حالت تباہ ہونا (اُر۔محاورہ) مالی حالت بہت خراب ہونا۔ پریشانی ہونا۔

حالت خراب ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھیے حالت تباہ ہونا۔ حالت غیر ہونا۔

حالت غیر ہونا (اُر۔محاورہ) بُری حالت ہونا (۲) پریشان ہونا (۳) بیمار کی حالت بہت بگڑ جانا۔

حالتِ فاعلی (ع۔ا۔مث) کسی اسم کی وہ حالت جب وہ فاعل کی حیثیت سے کام کرے۔

حالتِ مفعولی (ع۔ا۔مث) کسی اسم کی وہ حالت جب وہ بحیثیتِ مفعول

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کام کرے۔
حالتِ نزع (ع۔ا۔مث) مرتے دَم کی حالت۔ جان کنی کا عالم۔
حالی (ف۔صف)(۱) حال کا۔ وقتی۔ اب (۲) سکّہ رائج الوقت۔
حالی موالی (اُر۔ا۔مذ) ہم نشین۔ ساتھی۔ مُصاحب۔ (صحیح عربی اَہالی موالی)۔
حالِیَہ (حا۔لِ۔یَہ) (ع۔صف) کوئی واقعہ یا مسئلہ جو حال ہی میں پیش آیا ہو (۲) فعل کی ایک قسم۔
حامِد (حا۔مِد)(ع۔صف) حمد کرنے والا۔ تعریف کرنے والا۔
حامِض (حا۔مِض)(ع۔صف) تُرش۔ کھٹا۔
حامِل (حا۔مِل) (ع۔صف۔وا۔مذ) بوجھ اُٹھانے والا۔ کسی چیز کو لے جانے والا۔ مزدور۔ جمع: حاملین۔
حاملِ وحی (ع۔ا۔مذ) وحی پہنچانے والا۔ حضرت جبریل علیہ السلام۔
حامِلَہ (حا۔مِ۔لَہ)(ع۔صف) عورت جس کے پیٹ میں بچّہ ہو۔
حامی (ع۔صف۔مذ) حمایتی۔ مددگار۔ جمع: حوامی۔ اُردو جمع: حامی۔ حامیوں۔
حامی کار (ع۔ف۔صف) کسی کام کی حمایت کرنے والا۔ مددگار۔
حانِث (حا۔نِث)(ع۔صف) قسم توڑنے والا۔ گناہ گار۔
حاوی (حا۔وی) (ع۔صف) گھیرنے والا۔ احاطہ کرنے والا (۲) غالب۔ قابو پانے والا۔ چھایا ہوا (۳) کسی فن میں ماہر۔
حائِضَہ (حا۔اِ۔ضَہ)(ع۔صف) حیض والی عورت۔
حائِک (حا۔اِک)(ع۔ا۔مذ) جولاہا۔ نور باف۔
حائِل (حا۔اِل) (ع۔صف) بیچ میں آنے والا۔ روکنے والا (۲)(ا۔مذ) روک۔ آڑ۔ پردہ۔

ح۔ب

حَب (بفتحہ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مث) گولی۔ قرص۔ دانہ (۲) تُخم۔ بیج۔ جمع: حبوب۔
حُب (بضمِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مث) محبت۔ اُلفت۔ اُنس۔ پیار (۲) دوستی۔ آشنائی (۳) توفیق۔ مرضی (۴) شوق۔ آرزو۔
حُبُّ الوطن (حُب۔بُل۔وَ۔طن)(ع۔ا۔مث) وطن کی محبت۔
حُبُّ الوطنِ مِنَ الایمان (ع۔مقولہ) وطن کی محبت ایمان کا جُزو ہے۔
حُب کا عمل (اُر۔ا۔مذ) موہنی منتر۔ وہ دُعا یا عمل جس سے باہم محبت پیدا ہو۔
حَباب (حَ۔باب)(بفتحہ اوّل)(ع۔ا۔مذ)(۱) پانی کا بُلبلا (۲) ایک زیور جو ہاتھ میں پہنا جاتا ہے (۳) شیشے کے گولے جو آرائش کے لئے مکانوں میں لگاتے ہیں (۴) روشنی کے باریک کنول۔ اُر جمع: حباب۔ حبابوں۔
حباب آسا (ع۔ف۔صف) بُلبلے کی طرح ناپائیدار۔ بُلبلے جیسا فانی۔
حباب سا (ع۔ف۔صف) باریک۔ پتلا۔ ذرا سا۔
حِبالَہ (حِ۔با۔لَہ)(بکسر اوّل)(ع۔ا۔مذ) رسّی۔ جال۔ پھندا۔
حبالۂ عقد (ع۔ف۔ا۔مذ) نکاح کا بندھن۔ شادی۔
حَبَّذا (حَب۔بَ۔ذا)(ع۔کلمۂ تحسین) واہ واہ۔ مرحبا۔ شاباش۔
حَبس (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) قید۔ بند (۲) گھٹن۔ ہوا کا بند ہو جانا۔
حبسُ البول (ع۔ا۔مذ) پیشاب کا بند ہو جانا یا تکلیف سے آنا۔
حبسِ بے جا (ع۔ف۔ا۔مذ) ناجائز قید۔ خلاف قانون گرفتاری۔
حبسِ دم (ع۔ف۔ا۔مذ) سانس روکنا۔ سانس کو قابو میں رکھنا (۲) دمے کا مرض۔
حبسِ دوام (ع۔ا۔مذ) عمر قید۔
حبسِ دوام بعبورِ دریائے شور (ع۔ف۔ا۔مذ) کالے پانی کی سزا۔
حبس ہونا (اُر۔محاورہ) ہوا کا بند ہو جانا۔
حَبسیات (حَبس۔یات)(ع۔اُر۔ا۔مث) قید سے نسبت رکھنے والی اشیا۔ خصوصاً وہ نظمیں جو قید خانے میں کوئی شاعر لکھے۔
حَبَش (حَبشَہ) (حَ۔بَش)(حَ۔بَ۔شَہ)(ع۔ا۔مذ) افریقہ کا ایک ملک۔ ایتھوپیا۔
حَبشَن (حَب۔شَن)(اُر۔ا۔مث) حبشہ کی رہنے والی عورت (۲)(صف) کالی کلوٹی۔
حَبَشی (حَ۔بَ۔شی)(ع۔ا۔مذ) حبش کا رہنے والا (۲)(صف) کالا کلوٹا۔
حبشی حلوا (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا سوہن حلوا جو سیاہ ہوتا ہے۔
حَبل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) رسّی (۲) موٹا دھاگا (۳) رگ۔ جوڑ (۴) اتفاق۔ اِتحاد۔
حَبلُ الشّیطان (حَب۔لُش۔شے۔طان) (ع۔ا۔مث) شیطان کی رسّی (۲)(کنایۃً) عورت۔
حَبلُ المتین (حَب۔لُل۔مَ۔تین)(۱) مضبوط رسّی (۲) پکّا وسیلہ۔
حبلُ المساکین (ع۔ا۔مذ) عشق پیچاں۔ ایک بیل۔
حبلُ الورید (حَب۔لُل۔وَ۔رید)(ع۔ا۔مث) شہ رگ۔
حُبُوب (حُ۔بُوب)(ع۔اسم) حَب کی جمع۔ گولیاں۔ دانے۔
حُبوبات (حُ۔بُو۔بات)(ع۔ا۔مذ) اناج۔ غلّہ۔ جنس (۲) وہ جنس اور دیگر اَشیا جو مُزارع زمیندار کو مُفت نذر کرتا ہے۔
حَبَّہ (حَب۔بَہ)(ع۔ا۔مذ) دانہ۔ غلّہ (۲) ذرا سا (۳) ایک جو کے برابر وزن۔
حبّہ بھر (اُر۔متعلق فعل) بالکل ذرا سا۔ قلیل مقدار۔
حبّہ حبّہ وصول پانا (اُر۔محاورہ) کوڑی کوڑی وصول ہو جانا۔ کچھ بقایا نہ چھوڑنا۔
حَبِیب (حَ۔بیب)(ع۔صف) دوست۔ پیارا۔ معشوق۔ جمع: اَحباب۔ اَحِبّہ۔
حبیبِ خُدا (ع۔ا۔مذ) خُدا کا پیارا۔ (کنایۃً) رسولِ خدا محمد مصطفیٰ ﷺ۔

ح۔ت

حَتّٰی (حَت۔تا)(ع۔حرفِ جار) یہاں تک۔ اس قدر۔ جب تک۔ جہاں تک۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حتّی الاِمْکان (حتی المقدور۔ حتی الوسع) (حت۔ تَل۔ اِم۔ کان) (حت۔ تَل۔ مَق۔ دُور) (حت۔ تَل۔ وَس۔ع) (ع۔ متعلق فعل) بساط بھر۔ جہاں تک ہو سکے۔ جہاں تک ممکن ہو۔

حَتْم (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) پختگی کار۔ قانونی فیصلہ (۲) اِرادہ۔

حَتْمی (حت۔ می)(ع۔صف) مُستقل۔ مضبوط۔ پکّا۔

ح۔ج

حَجّ (بفتحہ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) لغوی معنی زیارت کا اِرادہ کرنا (۲) وقتِ مقررہ پر مکۂ معظّمہ میں بیتُ اللہ کی زیارت کرنا اور عبادت کی خاص شرائط بجا لانا۔ اِسلام کے اَرکانِ خمسہ میں سے ایک اہم رُکن جو ہر صاحبِ اِستطاعت مسلمان مرد و عورت پر زندگی میں ایک بار فرض ہے۔

حجِّ اصغر (حَج۔جِ۔اَص۔غر)(ع۔ا۔مذ) چھوٹا حج جو ایّامِ حج کے علاوہ ادا ہو۔ عُمرہ۔ صوفیوں کی اِصطلاح میں عام حج۔

حجِّ اکبر (ع۔ا۔مذ) بڑا حج۔ وہ حج جو جمعے کے دن ہو (۲) عام حج۔

حج کا حج۔ بنج کا بنج (ار۔مثل) کارِ خیر بھی اور مالی فائدہ بھی۔

حِجاب (ع۔ا۔مذ) پردہ۔ نقاب (۲) حیا۔ شرم۔ لحاظ۔ جمع: حُجُب۔

حجاب آنا (ار۔محاورہ) شرم آنا۔ حیا آنا۔

حجاب اُٹھنا (ار۔محاورہ) پردہ اُٹھنا۔ روک ہٹ جانا (۲) غیرت و شرم نہ ہونا۔

حجاب ٹُوٹنا (ار۔محاورہ) شرم دُور ہونا۔ لاج نہ رہنا۔

حجابِ حاجز (ع۔ا۔مذ) پردۂ شکم۔

حجاب کرنا (ار۔محاورہ) پردہ کرنا۔ چھپنا (۲) لحاظ کرنا۔

حِجابی (حِ۔جا۔بی)(ق۔صف) شرمیلا (۲)(ع۔صف) حجاب سے منسوب۔

حَجّاج (حَج۔جاج)(بفتحہ اوّل)(ع۔ا۔مبالغہ) بہت حج کرنے والا۔

حُجّاج (حُج۔جاج)(ع۔ا۔مذ) حاج کی جمع۔ حاجی لوگ۔

حِجار (حِ۔جار)(ع۔ا۔مذ) حَجر کی جمع۔

حِجاز (ع۔ا۔مذ) عرب کا وہ حِصّہ جس میں مکّہ، مدینہ اور طائف شامل ہیں (۲) مجازاً مرکزِ اِسلام (۳) ایک راگ کا نام۔

حِجازی (حِ۔جا۔زی)(ع۔صف) حجاز سے متعلق۔ حجاز کا باشندہ۔

حَجّام (حَج۔جام)(ع۔ا۔مذ) لغوی معنی پچھنے لگانے والا۔ نائی۔ حجامت کرنے والا۔ باربر۔ اُردو جمع: حجّام۔ حجّاموں۔

حِجامَت (حِ۔جا۔مَت)(بکسرِ اوّل۔ اُردو میں بفتحہ مستعمل ہے)(ع۔ا۔مث) سر مونڈنے کا عمل۔ بال کاٹنے کا عمل۔ ڈاڑھی مونڈنے کا عمل (۲) نائی کا پیشہ (۳) صفائی۔ دُرستی۔ اُردو جمع: حجامتوں۔ حجامتیں۔

حجامت بنانا (کرنا) (ار۔محاورہ)(ع۔ا۔مث) سر مونڈنا۔ بال کاٹنا (۲) لُوٹ لینا۔ ٹھگ لینا۔

حَجّامی (حَج۔جا۔می)(ع۔ا۔مث) سر مونڈنے کا کام۔ نائی کا پیشہ۔

حَجْب (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) چھپاؤ۔ پوشیدگی (۲) ورثہ سے محرومی۔

حُجُب (حُ۔جُب)(ع۔ا۔مذ) حجاب کی جمع۔ پردے۔

حُجَّت (حُج۔جت)(ع۔ا۔مث)(۱) دلیل۔ بُرہان (۲) بحث۔ تکرار۔ جھگڑا۔ اُردو جمع: حجتوں۔ حجتیں۔

حُجّۃُ الاِسْلام (حُج۔جَ۔تُل۔اِس۔لام)(ع۔ا۔مذ) اِسلام کی دلیل۔ حضرت اِمام غزالیؒ کا لقب۔

حُجّت تمام کرنا (ار۔محاورہ) اِعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا۔

حُجّتِ قاطع (ع۔ا۔مث) مضبوط دلیل۔

حُجّت کرنا (ار۔محاورہ) تکرار کرنا۔ بحث کرنا۔

حُجّت لاطائل (ع۔ا۔مث) فضول دلیل۔ فضول جھگڑا۔

حُجّتِ محکم (ع۔ا۔مث) مضبوط دلیل۔

حُجّتِ مُوَجَّہ (مُ۔وَج۔جہ)(ع۔ا۔مث) کافی دلیل۔ قوی سند۔

حُجّت نکالنا (ار۔محاورہ) نئی بات نکالنا۔ اِعتراض کرنا۔

حُجّتی (حُج۔جَ۔تی)(ار۔صف) جھگڑالو۔ لڑاکا۔

حُجّتی لا اُمّتی (ار۔ع۔مثل) مذہب پر اعتراض کرنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ تکرار بُری چیز ہے۔

حَجَر (حَ۔جَر)(ع۔ا۔مذ) پتھر۔ سنگ۔ جمع: حِجار۔

حجرِ اَسْوَد (حَ۔جَ۔رے۔اَس۔وَد)(ع۔ف۔ا۔مذ) خانہ کعبہ کی جنوب مشرقی دیوار میں نصب سیاہ پتھر جس کو حاجی بوسہ دیتے ہیں۔

حجرُ الیہود (حَ۔جَ۔رُل۔یَ۔ہُود)(ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا پتھر جو زخموں کے بھرنے اور ٹھیک ہونے کے لئے بطور دوا اِستعمال کیا جاتا ہے۔

حُجْرہ (حُج۔رہ)(ع۔ا۔مذ) کوٹھڑی۔ مسجد کے متصل چھوٹا کمرا۔ خلوت خانہ۔ جمع: حُجرات۔ اُر جمع: حُجروں۔ حُجرے۔

حَجَری (حَ۔جَ۔ری)(ع۔صف) پتھریلا پتھر کا بنا ہوا۔ سنگین۔

حَجَریات (حَ۔جَ۔ری۔یات)(ع۔ا۔مذ) پتھروں کا علم۔

حَجَلہ (حجلۂ عروسی) (حَ۔جَ۔لہ)(ع۔ف۔ا۔مذ) دُلہن کا چھپرکھٹ۔ پردۂ عروس۔ جمع: حِجال۔

حَجْم (بفتح اوّل وسکون دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) جسامت۔ موٹائی۔ ضخامت۔ وہ جگہ جو کوئی جسم گھیرتا ہے۔

حَجَّن (حَج۔جَن)(ار۔صف۔مث) دیکھئے حاجن اور حاجّہ۔

حَجّہ (حَج۔جہ)(حِج۔جہ)(ع۔ا۔مذ) ایک بار حج کرنا۔ (ح کے زبر اور زیر دونوں طرح صحیح ہے)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حجۃ الوداع (حَج۔جَ۔تُل۔وِ۔داع) (ع۔ا۔مذ) وداعی یا آخری حج (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری حج۔

ح۔د

حدّ (بفتح اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مث) کنارہ۔ اُفق۔ سرحد (۲) اِنتہا (۳) اقلیدس کے مقرّرہ اُصول (۴) روانہ ہونے کی جگہ (۵) احاطہ۔ باڑا (۶) سزا جو شریعتِ اسلامیہ کے مطابق دی جائے (۷) بہت۔ زیادہ۔ جمع: حدود۔ اُردو جمع: حدوں۔ حدیں۔

حدّ باندھنا (اَر۔ محاورہ) حدبندی کرنا۔ سرحد مقرر کرنا۔ حدبست کرنا۔

حدّبست (ع۔ف۔ا۔مث) حدبندی۔

حدِّ بُلوغ (ع۔ا۔مث) بالغ ہونے کی عُمر۔

حدِّ بُلوغ کو پہنچنا (اَر۔ مص مُرکّب) بالغ ہونا۔ سیانا ہو جانا۔

حدّبندی (ع۔ف۔ا۔مث) حدُود کا تقرر۔ حدیں مقرّر کرنا۔

حدّ بھر کرنا (اَر۔ محاورہ) اپنی طاقت کے مطابق کرنا۔

حدّپار (اَر۔ صف) واجبُ القتل۔ جو شخص قانوناً حفاظت کا مستحق نہ ہو۔

حدّ جاری کرنا (اَر۔ مص وضعی) شرعی احکام کے مطابق سزا دینا۔

حدّ ساعت (ع۔ا۔مث) مقدمہ سُننے کا اِختیار۔

حد سے بڑھنا (گُزرنا) (اَر۔ محاورہ) اپنی حد سے باہر قدم رکھنا (۲) گُستاخی کرنا۔

حد سے زیادہ (اَر۔ متعلق فعل) حد سے باہر۔ حد سے سوا۔ بہت زیادہ۔ از حد۔

حدّ شِکنی (ع۔ف۔ا۔مث) مداخلتِ بے جا۔ حد سے بڑھنا۔ ہمسائے کی حد توڑ دینا۔

حدِّ فاصِل (ع۔ا۔مث) وہ حد جو دو چیزوں کے درمیان آ کر اُن کو ایک دُوسرے سے علیحدہ کر دے۔

حدّ کرنا (اَر۔ محاورہ) ایسی بات یا ایسا کام کر گزرنا جس سے زیادہ ممکن نہ ہو۔

حدِّ وصیّت (ع۔ا۔مث) وصیت کی حد جو صرف تہائی مال ہو سکتی ہے۔

حدّ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کی اِنتہا ہو جانا۔

حَداثت (حَ۔دا۔ثت) (ع۔ا۔مث) (۱) نیاپن۔ نوجوانی (۲) شروع۔ آغاز۔

حَدّاد (حد۔داد) (ع۔ا۔مذ) (۱) لوہار (۲) جیل کا داروغہ۔

حَدائق (حَ۔دا۔اِق) (ع۔ا۔مذ) حدیقہ کی جمع۔ باغات۔

حَدَب (حَ۔دَب) (ع۔ا۔مذ) ٹیلا۔ اُونچی زمین (۲) کُبڑاپن۔

حِدّت (حِد۔دَت) (ع۔ا۔مث) (۱) گرمی کی تیزی (۲) تلوار کی تیزی (۳) طبیعت کی تیزی۔ تُندی (۴) زور۔ جوش۔

حَدَث (حَ۔دَث) (ع۔ا۔مذ) وضو ٹوٹ جانا (۲) نئی چیز۔ اِیجاد۔ عجُوبہ (۳) پاخانہ۔ جمع: اَحداث۔ حدوث۔

حَدَقہ (حد۔قہ) (ع۔ا۔مذ) آنکھ کا حلقہ۔ جمع: حدقات۔ اَحداق۔

حُدُوث (حُ۔دُوث) (ع۔ا۔مذ) قدیم کی ضد۔ نیا۔ تازہ (۲) پیدائش۔ وجود میں آنا۔

حُدُود (حُ۔دود) (ع۔ا۔مذ ومث) حد کی جمع۔

حدودِ اَربعہ (ع۔ا۔مذ ومث) (۱) چار سمتیں یعنی مشرق، مغرب، شمال، جنوب (۲) وہ علاقے جو کسی علاقے کے چاروں طرف واقع ہوں۔

حدودِ اَرضی (ع۔ا۔مث) زمین کی حد بندی۔

حدودِ شرعی (ع۔ا۔مث) شرعِ اسلام کے مطابق سزائیں۔

حُدِی (حُ۔دِی) (ع۔ا۔مذ) عرب شُتربانوں کا نغمہ۔

حَدِیث (حَ۔دِیث) (ع۔ا۔مث) لغوی معنی بات۔ نئی چیز۔ بیان۔ ذکر۔ قِصہ۔ کہانی۔ تاریخ (۲) اِصطلاحِ شرع میں حضور رسولِ خُدا ﷺ کے اقوال، احکام اور افعال۔ جمع: احادیث۔ اُردو جمع: حدیثوں۔ حدیثیں۔

حدیثِ حَسَن (ع۔ا۔مث) وہ حدیث جس کے راوی حدیثِ صحیح کے راوی سے درجۂ حفظ و یاد میں کم ہوں۔

حدیث سمجھنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی بات کو صحیح سمجھ لینا۔ خواہ مخواہ کسی کی بات کا یقین کر لینا۔

حدیثِ صحیح (ع۔ا۔مث) معتبر حدیث۔ وہ حدیث جو قرآن اور عقل کے مطابق ہو اور جس کے راوی معتبر ہوں۔

حدیثِ ضعیف (ع۔ا۔مث) وہ حدیث جس کے راوی معتبر نہ ہوں اور جو مشکوک سمجھی جاتی ہو۔

حدیثِ فعلی (ع۔ا۔مث) اُس کام کی حدیث جو پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہو۔

حدیثِ قُدسی (ع۔ا۔مث) جس حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ یہ بات اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے اُسے حدیثِ قُدسی کہتے ہیں۔

حدیثِ قولی (ع۔ا۔مث) اُس کام یا بات کی حدیث جس کے متعلق پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے حُکم دیا ہو۔

حدیث (کرنا) کھینچنا (اَر۔ محاورہ) توبہ کرنا۔ عہد کرنا۔ کسی کام کو ترک کرنا۔

حدیثِ متّصل (ع۔ا۔مث) وہ حدیث جس کی سند میں اوّل سے آخر تک ایک بھی راوی ساقط نہ ہو۔

حدیثِ متواتر (ع۔ا۔مث) وہ حدیث جسے بہت سے لوگ بیان کریں اور جن کے لئے جُھوٹ بولنا اَمرِ محال ہو۔

حدیثِ مُرسَل (ع۔ا۔مث) وہ حدیث جس کا تابعی سے اُوپر کا راوی ساقط ہو۔

حدیثِ مرفوع (ع۔ا۔مث) وہ حدیث جس کی سند رسول کریم ﷺ تک پہنچے۔

حدیثِ مشہور (ع۔ا۔مث) وہ روایتِ صحیح جس کو ہر طبقے میں کم سے کم تین راویوں نے ضرور بیان کیا ہو۔ یہ ضروری نہیں کہ راویوں کا سلسلہ اوّل سے آخر تک یکساں ہو۔

حدیثِ منقطع (ع۔ا۔مث) وہ حدیث جس کی سند میں ایک یا زیادہ راوی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مختلف مقامات سے ساقط ہوں۔

حدیثِ موضوع (ع۔ا۔مث) بنائی ہوئی حدیث جس کی کوئی حقیقت نہ ہو۔

حَدِید (حَ۔دِید) (ع۔ا۔مذ) لوہا۔

حَدِیقَہ (حَ۔دِی۔قَہ) (ع۔ا۔مذ) چار دیواری والا باغ (۲) کھجوروں کا باغ۔ جمع: حدائق۔

ح۔ذ

حَذاقت (حَ۔ذا۔قت) (ع۔ا۔مث) عقل مندی۔ دانائی (۲) چالاکی۔

حَذَر (حَ۔ذَر) (ع۔ا۔مذ) پرہیز۔ اِنکار۔ اِحتیاط (۲) ڈر۔ خطرہ۔

حَذف (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) دُور کرنا۔ الگ کرنا۔ نکالنا۔ عبارت سے کسی لفظ کو ہٹانا یا گرا دینا۔

ح۔ر

حُرّ (بضمِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) آزاد۔ جو کسی کا غلام نہ ہو۔ جمع: احرار۔

حِرا (حِ۔را) (ع۔ا۔مذ) مکّے کے نزدیک ایک پہاڑی جہاں پیغمبر خدا ﷺ عبادت کے لئے تشریف لے جایا کرتے تھے۔ اسی جگہ پہلے پہل آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی۔

حَرارت (حَ۔را۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) گرمی۔ حِدّت (۲) ایک قسم کی توانائی جو کیمیائی طور پر ایندھن جلانے سے، میکانکی طریقے میں رگڑ سے اور برقی طریقے میں مزاحمت سے پیدا ہوتی ہے (۳) جذبہ۔ جوش (۴) غصّہ۔ جلال۔ ہلکا بخار۔ تبخیر۔

حرارتِ دین (دینی) (ع۔ف۔ا۔مث) مذہبی جوش۔ مذہبی غیرت۔

حرارتِ غریبی (ع۔ا۔مث) بیرونی حرارت۔ غیر طبعی حرارت۔

حرارتِ غریزی (ع۔ا۔مث) بدن کی قدرتی گرمی۔ جسم کا اندرونی درجۂ حرارت۔

حرارت ہونا (ار۔محاورہ) ہلکا بخار ہونا۔ جسم کا گرم ہونا۔

حَرارَہ (حَ۔را۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) جوش۔ گرمی۔ غلبۂ شوق۔ غصّہ۔ تیزی۔ تُندی (۲) (سائنس) حرارت کی کمیت ناپنے کی اکائی۔ حرارت کی وہ مقدار جو ایک گرام پانی کو ایک درجہ سینٹی گریڈ تک گرم کر سکے۔ (Calorie)۔

حرارہ دینا (ار۔محاورہ) جُل دینا۔ فریب دینا۔ چال چلنا۔

حرارہ لانا (حرارہ لینا) (ار۔محاورہ) غصّہ دِکھانا۔ گرم ہونا۔ جوش دِکھانا۔

حِراسَت (حِ۔را۔سَت) (ع۔ا۔مث) نگرانی۔ نگہبانی۔ مُحافظت (۲) نظربندی۔ قید۔

حراست میں دینا (ار۔محاورہ) پولیس کے حوالے کر دینا۔ گرفتار کرا دینا۔

حراستِ ناجائز (ف۔ا۔مث) خلافِ قانون گرفتاری یا قید۔

حَرّاف (حَر۔راف) (ع۔صف۔مذ) (۱) مکّار۔ فریبی۔ چالاک (۲) عیّار۔ شوخ دیدہ۔

حَرّافہ (حَر۔را۔فَہ) (ع۔صف۔مث) چالاک اور شوخ عورت۔

حَرام (حَ۔رام) (ع۔صف) حلال کی ضِد (۱) حُرمت والا۔ عظمت والا۔ پاک۔ بڑائی والا (۲) خلافِ شرع۔ ناجائز۔ ناروا۔ غیر مُباح (۳) ناپاک۔ پلید۔ نجس (۴) (ار۔ا۔مذ) بدکاری۔ زنا۔ رشوت۔

حرام چالیس گھر لے ڈوبتا ہے (ار۔مثل) حرام کاری کا اثر دُور دُور تک پہنچتا ہے۔

حرام (خوار) خور (ع۔ف۔صف) مُردار خوار۔ رشوت خور (۲) مُفت خورا (۳) نمک حرام۔ بے وفا۔ بے مُروّت۔

حرام خوری (ع۔ف۔ا۔مث) نمک حرامی۔ بدذاتی۔ بے وفائی۔ مُفت خوری۔ رشوت ستانی۔

حرام زادہ (حرام کا) (ف۔صف) وَلدُالزّنا۔ وہ شخص جو بے نکاحی ماں سے پیدا ہوا ہو (۲) شریر۔ بدذات۔ فسادی۔ فِتنہ پرداز۔

حرام زادی (ع۔ف۔صف) حرام زادہ کی تانیث۔

حرام زادے کی رسّی دراز ہے (ار۔مثل) بدمعاش بہت دیر تک زندہ رہتا ہے۔

حرام زدگی (زَ۔دَ۔گی) (ع۔ف۔ا۔مث) حرام زادہ ہونے کی حالت۔ اُردو میں حرم زدگی مستعمل ہے۔ جمع: حرم زدگیاں۔ حرم زدگیوں۔

حرام کار (ع۔ف۔صف) زانی۔ بدکار۔ بدمعاش۔

حرام کاری (ع۔ف۔ا۔مث) زنا۔ بدکاری۔ بدفعلی۔

حرام کا مال (ار۔ا۔مذ) ناجائز ذرائع سے حاصل شُدہ مال (۲) رشوت یا حرام کی کمائی۔

حرام کر دینا (ار۔محاورہ) تلخ کر دینا۔ بدمزہ یا ناگوار کر دینا۔

حرام کرنا (ار۔محاورہ) زنا کرنا۔ بدکاری کرنا (۲) دیکھئے حرام کر دینا۔

حرام کوٹھے پر پُکارتا ہے (ار۔مثل) بُری بات خود بخود دُور دُور تک مشہور ہو جاتی ہے۔

حرام کھانا (ار۔محاورہ) زنا کی کمائی کھانا (۲) رشوت لینا۔

حرام کی کمائی حرام میں گنوائی (ار۔مثل) حرام کا مال بُرے کاموں میں صرف ہوتا ہے۔

حرام مغز (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ گودا جو ریڑھ کی ہڈی یا پیٹھ کے مُہروں میں ہوتا ہے۔

حرام موت مرنا (ار۔محاورہ) خودکشی کرنا۔ اپنی جان آپ لینا۔

حرام میں بڑا مزہ ہے (ار۔مقولہ) ممنوع کام میں بڑی لذّت ہوتی ہے۔

حرام ہو جانا (ار۔محاورہ) تلخ ہو جانا۔ ناگوار ہونا۔

حرام ہونا (ار۔محاورہ) ناجائز ہونا۔ ممنوع ہونا (۲) تلخ ہونا۔ نفرت اور پرہیز کے قابل ہونا۔

حَرامی (حَ۔را۔می) (ع۔ا۔مذ) (۱) چور۔ شریر۔ بدذات (۲) (ار۔صف) نطفۂ حرام۔ زنا کی اولاد۔ ار جمع: حرامی۔ حرامیوں۔

حَرب (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مث) لڑائی۔ جنگ۔ جمع: حُروب۔

حرب گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) میدانِ جنگ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حِربا (حر۔با)(ع۔ا۔مذ) گِرگٹ۔

حَربہ (حَر۔بَہ)(ع۔ا۔مذ) جنگی ہتھیار (۲) تازیانہ۔ اُر جمع: حربوں۔ حربے۔

حربہ کرنا (اُر۔محاورہ) وار کرنا۔ حملہ کرنا۔

حَربی (حَر۔بی)(ع۔صف)(۱) جنگ کے متعلق (۲) دُشمن (۳) جنگ جُو (۴) دارُالحرب کا باشندہ۔

حَربے وضربے (اُر۔متعلق فعل) ہر وقت۔ گھڑی گھڑی۔ بار بار۔

حَرَج (حَ۔رَج)(ع۔ا۔مذ) تنگی۔ سختی (۲) نُقصان۔ ضرر (۳) تضیع اوقات۔ دیر۔ کمی۔ نیز دیکھئے ہرج۔

حِرز (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) جائے پناہ۔ ملجا (۲) تعویذ۔ جنتر منتر۔ جمع: اَحراز۔

حرزِ جاں بنانا (اُر۔محاورہ) بہت عزیز سمجھنا۔ بے حد اِحتیاط سے رکھنا۔

حِرص (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث) لالچ۔ طمع (۲) خواہش۔ تمنّا۔ رغبت۔ ہوس۔

حرص کرنا (اُر۔محاورہ) لالچ کرنا۔ خواہش کرنا۔ تمنّا رکھنا۔

حرصا حرصی (اُر۔ا۔مث) دیکھا دیکھی۔ اوروں کو دیکھ کر خود بھی وہی کام کرنے لگنا یا اُس چیز کی خواہش کرنا۔

حرصی (حر۔صی)(ف۔ا۔مذ) لالچی۔ طامع۔ حریص۔ لوبھی۔

حرصی ٹٹو (اُر۔ا۔مذ) دوسروں کی دیکھا دیکھی لالچ میں آجانے والا۔

حَرف (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) لُغوی معنی طرف۔ کنارہ۔ پہاڑ کی چوٹی (۲) آواز کو ظاہر کرنے والا نشان۔ حرفِ تہجّی (۳) علم صرف میں وہ کلمہ جس کے معنی دُوسرے لفظ کے ساتھ ملے بغیر پورے سمجھ میں نہ آئیں (۴) بات۔ لفظ۔ سخن (۵) نقص۔ عیب۔ طنز (۶) حیف۔ افسوس۔ جمع: حروف۔ اُردو جمع: حرفے۔ حرفوں۔

حرف آشنا (ع۔ف۔صف) جو تھوڑا بہت پڑھ سکے۔ مبتدی۔ نو آموز۔

حرف آنا (اُر۔محاورہ) (۱) اِلزام لگنا۔ عیب لگنا (۲) تھوڑا سا لکھنا پڑھنا آنا۔

حرف اُٹھانا (اُر۔محاورہ) پڑھنا۔ نقل کرنا (۲) حرف کو اِس طرح چھیلنا کہ نشان باقی نہ رہے۔

حرف اُڑانا (اُر۔محاورہ) حرف کو مٹانا۔

حرف انداز (ع۔ف۔صف) فریبی۔ مکّار۔ چالاک۔

حرفِ اِستثنا (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو ایک چیز کو دُوسری چیز سے جدا کرے۔ مثلاً مگر۔ سوا۔

حرفِ اِستدراک (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو پہلے جُملے کے شبہے کو دُور کرے جیسے لیکن۔ البتہ۔

حرفِ اِستفہام (ع۔ا۔مذ) سوال کے لئے اِستعمال ہونے والا لفظ جیسے کیا۔ کب۔

حرفِ اِضراب (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ لفظ جو کسی چیز کو اعلیٰ سے ادنیٰ اور ادنیٰ سے اعلیٰ ظاہر کرے جیسے بلکہ۔

حرف بٹھانا (دھلانا) (اُر۔محاورہ) چھاپے کے حرف جمانا۔

حرف بحرف (اُر۔متعلق فعل) ایک ایک حرف۔ لفظ بلفظ۔

حرف بنانا (اُر۔محاورہ) حرف کو دُرست کرنا۔ حروف کو قاعدے کے مُطابق کرنا (۲) چھاپے کے پتھر پر حروف دُرست کرنا (۳) حروف کھودنا (۴) حروف بدلنا۔ جعل سازی کرنا۔ تبدیلی کرنا۔

حرف پکڑنا (اُر۔محاورہ) غلطی پکڑنا۔ ٹوکنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

حرف پہچاننا (اُر۔محاورہ) حروف میں تمیز کرنا۔ پڑھ لینا۔ حروفِ تہجّی کو ذہن نشین کرنا۔

حرفِ تاکید (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو کلام پر زور دینے کے لئے آئے جیسے ضرور۔ ہرگز۔

حرفِ تردید (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو کسی بات کو رد کرنے کے لئے آئے۔ جیسے چاہے۔ خواہ۔

حرفِ تشبیہ (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو ایک چیز کو دُوسری چیز کے مانند ظاہر کرے مثلاً ایسا۔ ویسا۔ جیسا۔

حرفِ جار (جر۔ ربط)(ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو کسی فعل کو اِسم سے ملائے جیسے سے۔ پر۔ میں۔ تک۔

حرف چیں (ع۔ف۔صف) نکتہ چین (۲) حرف شناس۔ اَبجد خواں۔

حرف رکھنا (اُر۔محاورہ) اِلزام لگانا۔

حرف زن (ع۔ف۔صف) باتیں کرنے والا۔ بولنے والا۔

حرفِ ساکن (ع۔ا۔مذ) وہ حرف جس پر اِعراب نہ ہو۔

حرفِ شرط (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو کسی کام کو دُوسرے کام پر موقوف کرنے کے لئے لایا جائے جیسے اگر۔ جب۔ ہرچند۔

حرفِ شکایت (ع۔ا۔مذ) شکوہ شکایت کی بات۔

حرفِ شمسی (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ حرف جس سے پہلے "ال" ہو تو ل آواز نہیں دیتا بلکہ اُس حرف کو مُشدّد کر دیتا ہے جیسے اَلشّمس میں ش۔

حرف شناس (ع۔ف۔صف) اَبجد خواں۔ حروفِ تہجّی کو پہچاننے والا۔

حرف شنوا (ع۔ف۔صف) وہ شخص جو وہ سُنے جو اُس سے کہا جائے۔

حرفِ عطف (ع۔ا۔مذ) وہ حرف جو دو کلموں یا جملوں کو باہم ملائے۔ مثلاً اور۔ و۔ پھر۔

حرفِ عِلّت (ع۔ا۔مذ) وہ حرف جو کسی حرفِ صحیح کو متحرک کرے۔ اُردو میں حروفِ عِلّت تین ہیں: ا۔ و۔ ی۔

حرفِ قمری (ع۔ا۔مذ) وہ حرف جس کے پہلے "ال" آئے تو ل آواز دیتا ہے جیسے اَلقمر میں ق۔

حرف گیر (ع۔ف۔صف) نکتہ چین۔ عیب جُو۔

حرف گیری (ع۔ف۔ا۔مث) نکتہ چینی۔ عیب نکالنا۔

حرف لانا (اُر۔محاورہ) اِلزام رکھنا۔ عیب لگانا۔

حرفِ متحرک (ع۔ا۔مذ) وہ حرف جس پر اِعراب ہوں۔

حرفِ مطلب (ع۔ا۔مذ) مطلب کی بات۔

حرفِ مکرّر (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو بھولے سے دوبارہ لکھا گیا ہو۔

حرفِ ندا (ع۔ا۔مذ) وہ لفظ جو بُلانے کے لئے اِستعمال ہو جیسے اے۔ او۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حرفِ ندبہ (ع۔ا۔مذ) وہ حرف جو افسوس کے لئے بولا جائے مثلاً ہائے۔ وائے۔ آہ۔
حرفِ نفی (نہی) (ع۔ا۔مذ) وہ حرف جس میں انکار پایا جائے جیسے نہ۔ نہیں۔
حرف نہ اُٹھ سکنا (اُر۔محاورہ) پڑھ نہ سکنا۔ پڑھا نہ جانا۔
حرف نہ جاننا (اُر۔محاورہ) بالکل اَن پڑھ ہونا۔
حرف و حکایت (ع۔ا۔مذ) گلہ شکوہ۔ بات چیت۔
حِرفت (حِر۔فَت) (ع۔ا۔مث) پیشہ۔ کسب۔ کاریگری (۲) ہنر۔ علم (۳) چالاکی۔ عیاری۔ مکاری۔
حِرفت باز (ع۔ف۔صف) چالاک۔ عیار۔ مکار۔
حِرفتی (حِر۔فَ۔تی) (ع۔ف۔صف) چالاک۔ عیار۔
حِرفہ (حِر۔فہ) (ع۔ا۔مذ) حرفت۔ پیشہ۔ صنعت۔ ہنر۔ کاری گری۔
حُرقت (حُر۔قَت) (ع۔ا۔مث) جلن۔ سوزش (۲) جوش۔ حرارت۔
حَرَکات (حَ۔رَ۔کات) (ع۔ا۔مث) حرکت کی جمع۔
حرکاتِ شنیعہ (ع۔ا۔مث) مذموم افعال۔ بُری حرکتیں۔
حرکات و سکنات (ع۔ا۔مث) (۱) اُٹھنا بیٹھنا۔ چلنا پھرنا (۲) عادات و اطوار۔
حَرَکت (حَ۔رَ۔کت) (ع۔ا۔مث) (۱) جنبش۔ رفتار۔ چال۔ گردش (۲) دھڑکن۔ تڑپ۔ اضطراب (۳) اعراب: زبر۔ زیر۔ پیش (۴) کام۔ کردار۔ فعل (۵) ناپسندیدہ بات۔ بے جا کام۔ گناہ (۶) سفر۔ کوچ۔ آمد و رفت (۷) بدفعلی۔ جمع: حرکات۔ اُردو جمع: حرکتوں۔ حرکتیں۔
حرکت دینا (اُر۔محاورہ) ہلانا۔ جنبش دینا۔ اعراب لگانا۔
حرکت کرنا (اُر۔محاورہ) ہلنا جلنا۔ جنبش کرنا۔ چلنا پھرنا (۲) بُرا کام کرنا۔ خطا کرنا (۳) نقصان کرنا (۴) ہرج کرنا۔
حرکتِ مذبوحی (ع۔ف۔ا۔مث) ذبح ہونے والے جانور کی طرح بے اختیاری کی حرکت۔ بے فائدہ حرکت۔ اضطراری حرکت۔
حرکت میں برکت ہے (اُر۔مثل) کام کرنے میں ہی فائدہ ہوتا ہے۔ کام کرتے رہیں تو خُدا مدد کرتا ہے۔
حَرَکی (حَ۔رَ۔کی) (ع۔صف) حرکت سے منسوب۔
حرکی توانائی (ع۔ف۔ا۔مث) وہ طاقت یا قوت جو کسی شے کے حرکت میں آنے سے پیدا ہو۔
حرکی نظریہ (ع۔ا۔مذ) حرکت کا قانون۔
حَرَم (حَ۔رَم) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ جگہ یا چیز جس کی عزت کی جائے۔ خانہ کعبہ کی چار دیواری یا احاطہ جہاں جاندار کا مارنا حرام ہے (۲) امیروں کا زنان خانہ۔ گھر والی۔ منکوحہ بیوی (۳) وہ کنیز جس سے صحبت کی گئی ہو (۴) باندی۔ لونڈی۔ نیز دیکھئے حریم۔ جمع: اَحرام۔
حرم (خانہ) سرا (ع۔ف۔ا۔مذ) زنان خانہ۔ بیگموں اور حرموں کے رہنے کا مکان۔
حِرمان (حِر۔مان) (بکسر اوّل) (ع۔ا۔مذ) نااُمیدی۔ مایوسی۔ بدقسمتی۔
حرماں نصیب (ع۔ف۔صف) بدقسمت۔ جس کی قسمت میں محرومی ہو۔
حُرمت (حُر۔مَت) (ع۔ا۔مث) عزت۔ آبرو۔ عظمت۔ بڑائی (۲) مذہب کی رُو سے حرام ہونا۔
حرمت اُتارنا (اُر۔محاورہ) آبرو لینا۔ عصمت پر دھبا لگانا۔
حرمت بہا (ع۔ف۔ا۔مذ) ہتکِ عزت کا تاوان۔ ہرجانہ ازالہ حیثیتِ عرفی۔
حرمت جانا (اُر۔محاورہ) عزت اور عفت میں فرق آنا۔ بے عزت ہونا۔
حرمت کا لاگو ہونا (اُر۔محاورہ) عزت و آبرو کے درپے ہونا۔
حرمت لینا (اُر۔محاورہ) عزت بگاڑنا۔ گستاخی کرنا۔ عصمت پر دھبا لگانا۔
حُرمُل (حُر۔مُل) (ع۔ا۔مذ) کالا دانہ۔ اسپند۔ ایک جنگلی پودا۔
حَرَمَین شریفین (حَ۔رَ۔مَین۔شَ۔رِی۔فَین) (ع۔ا۔مذ) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ۔ (حرم کا تثنیہ)۔
حُرُوب (حُ۔رُوب) (ع۔ا۔مث) حرب کی جمع۔
حُرُوف (حُ۔رُوف) (ع۔ا۔مذ) حرف کی جمع۔
حروفِ تہجی (ع۔ا۔مذ) الف۔ ب۔ ت وغیرہ۔ اَبجد۔
حروفِ شمسی۔ دیکھئے حرفِ شمسی۔
حروفِ قمری۔ دیکھئے حرفِ قمری۔
حروفِ متشابہ (ع۔ا۔مذ) وہ حروف جن کی شکل ایک جیسی ہو جیسے ب۔ ت۔ ث۔
حروفِ مُعجمہ (حروفِ منقوطہ) (ع۔ا۔مذ) وہ حروف جن پر ایک یا زیادہ نقطے ہوں جیسے جابر میں ج اور ب۔
حروفِ مُغیّرہ (ع۔ا۔مذ) وہ حروف جو اپنے ساتھ آنے والے الفاظ میں تبدیلی (امالہ) کر دیں۔ "لڑکے نے" میں لڑکا کی جگہ لڑکے ہو گیا۔
حروفِ مُقطّعات (ع۔ا۔مذ) وہ حروف جو قرآن پاک کی بعض سُورتوں کے شروع میں آتے ہیں اور علیحدہ علیحدہ پڑھے جاتے ہیں اور جن کے معنی کسی کو معلوم نہیں۔ جیسے الم۔ حم۔
حروفِ مُہملہ (حروفِ غیر منقوطہ) (ع۔ا۔مذ) حروف جن پر کوئی نقطہ نہ ہو جیسے طمع میں ط۔ م اور ع۔
حروفِ ہجا۔ دیکھئے حروفِ تہجی۔
حَرّہ (حَر۔رَہ) (ع۔ا۔مث) پیاس (۲) پتھریلی زمین۔
حُرّہ (حُر۔رَہ) (ع۔ا۔مث) حُر کی تانیث۔
حُرّیّت (حُر۔رِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) آزادی۔ غُلامی کے بعد آزادی۔
حَرِیر (حَ۔رِیر) (ع۔ا۔مذ) (۱) ریشم (۲) ریشمی کپڑا۔
حَرِیرہ (حَ۔رِی۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) میٹھی اور گاڑھی چیز جو میدے کو کھانڈ میں گھول کر پکائی جاتی ہے۔
حَرِیری (حَ۔رِی۔ری) (ع۔صف) (۱) ریشمی۔ ریشم کا (۲) باریک۔ پتلا۔ مہین۔ جیسے حریری کاغذ (۲) دُبلا پتلا آدمی۔
حَرِیص (حَ۔رِیص) (ع۔صف) لالچی (۲) حاسد (۳) پیٹو (۴) دیکھا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دیکھی کام کرنے والا۔ جرمی۔

حَرِیف (حَ۔ رِیف) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) (۱) ہم پیشہ (۲) دُشمن۔ بدخواہ (۳) چالاک (۴) مُقابلہ کرنے والا۔ جمع: حُرَفا۔ اُ۔ جمع: حریف۔ حریفوں۔

حَرِیق (حَ۔ رِیق) (ع۔ صف) جلی ہوئی چیز۔ سوختہ۔

حَرِیم (حَ۔ رِیم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گھر کی چار دیواری (۲) خانہ کعبہ کی بیرونی دیوار (۳) مکان۔ گھر (۴) حاجی کا خاص لباس۔ نیز دیکھئے حرم۔

حَرِیمَہ (حَ۔ ری۔ مَہ) (ع۔ ا۔ مث) رُکاوٹ۔ ممانعت۔

ح۔ ز

حِزْب (ح مکسور۔ ز ساکن۔ ب موقوف) (ع۔ ا۔ مث) (۱) جتھا۔ گروہ۔ جماعت (۲) وظیفے یا ورد کا حِصّہ (۳) تقسیم۔ جمع: اَحزاب۔

حِزبِ اِختلاف (حزبِ مخالف) (ع۔ ا۔ مث) پارلیمنٹ یا اسمبلی میں حکومت کی مخالف جماعت۔ اپوزیشن۔

حِزبِ اِقتدار (ع۔ ا۔ مث) اسمبلی میں اکثریت رکھنے والی جماعت جو حکومت کا کام سرانجام دیتی ہے۔

حِزبُ الاَحرار (حِز۔ بُل۔ اَح۔ رار) (ع۔ ا۔ مث) آزادوں کی جماعت۔ لبرل پارٹی۔

حِزبُ العُمّال (حِز۔ بُل۔ عُم۔ مال) (ع۔ ا۔ مث) مزدوروں کی جماعت۔ لیبر پارٹی۔

حِزبُ اللہ (حِز۔ بُل۔ لاہ) (ع۔ ا۔ مث) اللہ والوں کی جماعت۔

حِزبُ المُستَبِدِّین (حِز۔ بُل۔ مُس۔ تَ۔ بِد۔ دِین) (ع۔ ا۔ مث) قدامت پسند جماعت۔ کنزرویٹو پارٹی۔

حَزْم (ح مفتوح۔ ز ساکن۔ م موقوف) (ع۔ ا۔ مذ) اِحتیاط۔ دُور اندیشی۔ مستعدی۔ خبرداری۔

حُزنِیَہ (حُز۔ نِ۔ یَہ) (ع۔ صف) دیکھئے المیہ۔

حُزْن (ح مضموم۔ ز ساکن۔ ن موقوف) (ع۔ ا۔ مذ) رَنج۔ ملال۔ غم۔ جمع: اَحزان۔

حَزِین (حَ۔ زِیں) (ع۔ صف) غمگین۔ رنجیدہ۔ ملول۔

ح۔ س

حِس (بکسرِ اوّل و تشدید دوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) محسوس کرنے کی قوت (۲) جنبش۔ حرکت۔ جمع: حِسیات۔

حِسِّ باطنی (ع۔ ا۔ مث) محسوس کرنے کی اندرونی قوت۔

حِسِّ ظاہری (ع۔ ا۔ مث) محسوس کرنے کی بیرونی قوت۔ جیسے باصرہ دیکھنے کی اور سامعہ سننے کی قوت۔

حِسِّ مُشترک (ع۔ ا۔ مث) ایک قوت جو حواسِ خمسہ کے ذریعے محسوس کی ہوئی صورتوں کو قبول کر کے ایک خزانے میں جمع کر دیتی ہے۔ یہ خزانہ خیال ہے۔ عقلِ عامّہ۔

حِساب (حِ۔ ساب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گنتی۔ شمار (۲) علم ریاضی کی ایک شاخ (۳) نرخ۔ بھاؤ۔ قیمت (۴) قاعدہ۔ ڈھنگ۔ طور (۵) لین دین (۶) سمجھ (۷) میزان۔ جوڑ (۸) حالت۔ کیفیت۔ جمع: حِسابات۔ اُردو جمع: حساب۔ حسابوں۔

حساب برابر کرنا (اُر۔ محاورہ) جمع خرچ نکالنا۔ فیصلہ ہونا۔ کام ختم کر دینا۔

حساب بنانا (اُر۔ محاورہ) آمد و خرچ کا حساب تیار کرنا۔ بل بنانا۔

حساب بے باق کرنا (اُر۔ محاورہ) لین دین کا فیصلہ کر دینا۔ اگلا پچھلا سب حساب چکا دینا۔ پورا قرضہ اُتار دینا۔

حساب پُوچھنا (اُر۔ محاورہ) حساب مانگنا۔ آمد و خرچ کا حساب لینا۔ مُحاسبہ کرنا۔ پوچھ گچھ کرنا۔

حساب جوڑنا (اُر۔ محاورہ) جمع کرنا۔ میزان کرنا۔ متفرق رقوم کو ایک جگہ لے آنا۔

حساب جَو جَو، بخشش سَو سَو (اُر۔ مثل) حساب کوڑی کوڑی کا ہونا چاہئے۔ بخشش اور اِنعام جس قدر چاہیں دے دیں۔

حساب جُوں کا تُوں، کُنبہ ڈُوبا کیوں؟ (اُر۔ مثل) تھوڑا علم خطرناک ہوتا ہے۔

حساب دار (ع۔ ف۔ صف) (۱) کسی دُکان یا بینک کا حساب رکھنے والا (۲) وہ شخص جس نے بینک میں اپنا حساب کھولا ہو۔ کھاتے دار۔

حساب دان (ع۔ ف۔ صف) علم حساب کا ماہر۔

حسابِ دوستاں دَر دِل (ف۔ مثل) دوست دِل ہی میں حساب کر لیتے ہیں۔ زبان پر نہیں لاتے۔ جو دے دیا سو دے دیا اور جو ل گیا سو ل گیا۔

حساب دینا (اُر۔ محاورہ) حساب سمجھانا۔ چارج دینا۔ آمد و خرچ بتا دینا۔

حساب رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) آمد و خرچ لکھتے رہنا۔ رجسٹر میں درج کرتے رہنا (۲) آشنائی رکھنا۔

حساب سے (اُر۔ متعلق فعل) خیال سے۔ رائے میں۔ بھاؤ یا شرح سے۔ اندازے سے۔

حساب سے باہر (اُر۔ صف) بے شمار۔ اَن گِنت۔ بے اِنتہا۔

حساب کتاب (ع۔ ا۔ مذ) لین دین۔ ربط ضبط۔ میل ملاپ۔

حساب کتاب میں رہنا (اُر۔ محاورہ) آمدنی سے زیادہ خرچ نہ کرنا۔

حساب کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حساب سمجھنا (۲) بے باق کرنا۔

حساب لڑانا (اُر۔ محاورہ) آشنائی ہونا۔

حساب لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) شمار کرنا (۲) آشنائی کرنا۔ دوستی گانٹھنا (۳) لشکر میں نوکری کرنا (۴) سازش کرنا (۵) حساب کرنا۔

حساب لینا (اُر۔ محاورہ) حساب پوچھنا۔ پڑتال کرنا۔ جائزہ لینا۔

حساب میں جمع کرنا (اُر۔ محاورہ) جس نے ادائیگی کی ہے اُس کے حساب میں لکھ لینا۔ کھاتے میں چڑھانا۔

حساب میں لینا (اُر۔ محاورہ) حساب میں شمار کرنا۔ معاملے کے سب پہلوؤں پر غور کر کے سمجھ لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حساب میں نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) کوئی حیثیت نہ رکھنا۔
حساب نویس (ع۔ف۔صف) حساب رکھنے والا۔ اکاؤنٹنٹ۔
حساب نویسی (ع۔ف۔ا۔مث) حساب کتاب لکھنا۔
حساب ہو جانا (اُر۔ محاورہ) نوکری سے برطرف ہو جانا۔
حساب ہونا (اُر۔ محاورہ) بقایا نکال لینا۔ ازروئے حساب یہ معلوم کرنا کہ کیا لینا دینا ہے (۲) قیامت کے دن اچھے بُرے اعمال کی جانچ ہونا۔
حِسابی (حِ۔سا۔بی) (اُر۔صف) (۱) حساب کے متعلق۔ قاعدے کی بات (۲) حساب داں۔
حُسّاد (حُس۔ساد) (ع۔ا۔مذ) حاسد کی جمع۔
حَسّاس (حَس۔ساس) (ع۔ا۔مُبالغہ) زیادہ محسوس کرنے والا (۲) ہوشیار۔ زیرک۔ ذکی الحس۔
حُسام (حُ۔سام) (ع۔ا۔مث) تلوار۔ شمشیر بُرّاں۔
حَسّان (حس۔سان) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) بہت اچھا۔ بڑا عقل مند (۲) عہدِ رسالت ﷺ کے مشہور شاعر حضرت حسان بن ثابتؓ۔
حَسَب (بفتح اول وسکونِ دوم وسوم) (ع۔متعلق فعل) بموجب۔ مطابق۔ موافق۔
حسبِ اتفاق (ع۔متعلق فعل) اتفاقاً۔ ناگہاں۔ اچانک۔
حسبِ ارشاد (حسبُ الامر۔ حسبُ الحکم) (ع متعلق فعل) کہنے کے مطابق۔ حکم کے بموجب۔
حسبِ توفیق (ع۔متعلق فعل) اپنی حیثیت کے مطابق۔
حسبِ حال (ع۔متعلق فعل) حال کے مطابق۔ موقع کے مناسب۔
حسبِ دستور (ع۔ف۔متعلق فعل) قاعدے کے مطابق۔ رسم و رواج کے مطابق۔
حسبِ دل خواہ (ع۔ف۔متعلق فعل) جیسا کہ دل چاہتا ہے۔ دلی منشا کے مطابق۔
حسبِ ذیل (ع۔متعلق فعل) نیچے دی ہوئی تفصیل کے مطابق۔ نیچے لکھے ہوئے کے مطابق۔
حسبِ ضابطہ (حسبِ قاعدہ) (ع متعلق فعل) قاعدے کے مطابق۔ قانون کی رُو سے۔ جیسا کہ قانون اور قاعدے کا منشا ہے۔
حسبِ فرمائش (ع۔ف۔متعلق فعل) کہنے کے مطابق۔ فرمائش کے مطابق۔
حسبِ مُراد (ع۔ف۔متعلق فعل) آرزو و خواہش کے مطابق۔
حسبِ معمول (ع۔ف۔متعلق فعل) دستور کے مطابق۔ جیسا کہ روزانہ کوئی کرتا ہے۔
حسبِ مقدور (ع۔ف۔متعلق فعل) اپنی بساط اور حیثیت کے مطابق۔
حسبِ موقع (ع۔ف۔متعلق فعل) موقع کے مطابق۔ جیسا موقع ہو۔
حَسَب (حَ۔سَب) (ع۔ا۔مذ) نسل۔ سلسلۂ خاندان (۲) ماں کی طرف کا سلسلہ (۳) مال و جاہ کا شرف (۴) دینی بزرگی۔
حَسَب نَسَب (ع۔ا۔مذ) ماں باپ کا خاندانی سلسلہ۔
حَسَد (حَ۔سَد) (ع۔ا۔مذ) جلن۔ کسی کا زوال چاہنا (۲) عداوت۔ بُغض۔ کینہ۔

حَسرت (حس۔رت) (ع۔ا۔مث) افسوس۔ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس (۲) آرزو۔ اَرمان۔ شوق۔ اُردو جمع: حسرتوں۔ حسرتیں۔
حسرت آلودہ (ع۔ف۔صف) حسرت بھرا۔ غم زدہ۔
حسرت آنا (اُر۔ محاورہ) آرزو ہونا۔ اَفسوس ہونا۔
حسرت آیات (ع۔صف) رنج دِہ۔ افسوس ناک۔
حسرت انگیز (ع۔ف۔صف) جس کو دیکھ کر دِل کے اَرمان اُبھر آئیں (۲) جس کو دیکھ کر افسوس ہو۔
حسرت باقی رہنا (اُر۔ محاورہ) اَرمان پورا نہ ہونا۔ دِل کی دِل ہی میں رہ جانا۔
حسرت برسنا (ٹپکنا) (اُر۔ محاورہ) حسرت ظاہر ہونا۔ اَفسوس کے آثار پائے جانا۔
حسرت بھرا (اُر۔صف) پُر اَرمان۔ پُر شوق۔ (مؤنث کے لئے حسرت بھری)۔
حسرت لے جانا (اُر۔ محاورہ) دِل کی آرزو دِل ہی میں لے کر مر جانا۔ زندگی میں خواہش پوری نہ ہونا۔
حسرت نکالنا (اُر۔ محاورہ) اَرمان پورے کرنا۔ خواہش یا آرزو پوری کرنا۔
حَسَن (حَ۔سَن) (ع۔صف۔و۔ا۔مذ) نیک۔ اچھا۔ خوب صورت (۲) حضرت علیؓ کے بڑے صاحب زادے کا نام۔
حُسن (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) خوبی۔ عُمدگی۔ بھلائی (۲) خوش نمائی۔ دِل رُبائی (۳) خوبصورتی۔ جمال (۴) رونق۔ بہار۔
حُسن آرا (ع۔ف۔صف) حُسن کی شان بڑھانے والی۔
حُسنِ اتفاق (ع۔ا۔مذ) خوش قسمتی۔ اچھا موقع۔
حُسنِ اَخلاق (ع۔ا۔مذ) خوش خُلقی۔ ملنساری۔ تواضع۔
حُسنِ انتظام (ع۔ا۔مذ) انتظام کی خوبی۔ خوش انتظامی۔
حُسنِ بیان (ع۔ا۔مذ) خوش بیانی۔ کسی واقعہ یا منظر کو مؤثر طریق سے بیان کرنے کا وصف۔
حُسنِ تدبیر (ع۔ا۔مذ) خوش تدبیری۔ عُمدہ مشورہ۔
حُسنِ تعلیل (ع۔ا۔مذ) ایک صنعت کا نام۔ شاعر اپنے تخیل سے کوئی ایسی وجہ (علّت) کسی چیز کی یا اَمر کی پیش کرتا ہے جو دراصل اُس کی وجہ نہیں ہوتی۔
حُسنِ خداداد (ع۔ف۔ا۔مذ) قدرتی حُسن۔
حُسنِ خطاب (ع۔ا۔مذ) خوش کلامی۔ خوش بیانی۔ مؤثر تقریر کرنے کی خوبی۔
حُسن خیز (ع۔ف۔صف) حُسن پیدا کرنے والا۔ وہ خطّہ جہاں حسین لوگ پیدا ہوتے ہوں۔
حُسن دان (ع۔ف۔ا۔مذ) چھوٹا پاندان۔ چھوٹی سی پٹاری۔
حُسن ڈھلنا (اُر۔ محاورہ) حُسن کو زوال آنا۔ جوانی کا گزر جانا۔
حُسنِ سلوک (ع۔ا۔مذ) برتاؤ کی اچھائی۔ اچھا رویہ۔ اچھا اَخلاق۔
حُسنِ صبیح (ع۔ا۔مذ) دلکش گورا رنگ۔
حُسنِ طلب (ع۔ا۔مذ) لطیف اشارہ کرکے کوئی شے مانگنا (۲) مانگنے کا اچھا پیرایہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حُسنِ ظن (ع۔ا۔مذ) نیک گمان۔ کسی کے متعلق اچھا خیال۔
حُسنِ گلُوسوز (ع۔ا۔مذ) نہایت اعلیٰ حُسن۔
حُسنِ گندم گُوں (ع۔ف۔ا۔مذ) گیہوں کی سی رنگت والا حُسن۔ سانولا۔
حُسنِ محفل (ع۔اُر۔ا۔مذ) محفل کی رونق (۲) حقّہ۔
حُسنِ مطلع (ع۔ف۔ا۔مذ) غزل یا قصیدے کا دُوسرا مطلع۔
حُسنِ مُطلق (ع۔ا۔مذ) جمالِ خُداوندی۔
حُسنِ ملیح (ع۔ا۔مذ) نمکین حُسن۔ ملاحت والا حُسن۔ گندم گوں حُسن۔
حُسنِ مُعاملہ (ع۔ا۔مذ) اچھا معاملہ۔ لین دین کی صفائی۔
حُسنِ یُوسُف (ع۔ا۔مذ) حد درجے کا حُسن۔ حضرت یُوسُف کا سا حُسن۔
حَسَنات (حَ۔سَ۔نات)(ع۔ا۔مث) حَسَنہ کی جمع۔
حَسَنَہ (حَ۔سَ۔نَہ)(ع۔ا۔مث) نیکی۔ بھلائی۔ جمع: حسنات۔
حَسَنی (حَ۔سَ۔نی)(ع۔صف) امام حسنؓ سے نسبت رکھنے والا۔
حُسنیٰ (حُس۔نا)(ع۔ا۔مث) حُسن کا مؤنث۔
حَسَنَین (حَ۔سَ۔نَین)(ع۔ا۔مذ) امام حسنؓ اور امام حُسینؓ۔ (حُسن کا تثنیہ)۔
حَسُود (حَ۔سُود)(ع۔ا۔مُبالغہ) بڑا بدخواہ۔ بہت حَسد کرنے والا۔
حُسُود (حُ۔سُود)(ع۔ا۔مذ) حاسِد کی جمع۔
حَسِیب (حَ۔سِیب)(ع۔صف) حساب کرنے والا۔ حساب لینے والا۔ خُدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔
حَسِین (ع۔صف) خوبصورت۔ جمیل۔ سُندر۔ اُردو جمع: حسین۔ حسینوں۔
حُسَینؓ (حُ۔سَین)(ع۔ا۔مذ) حُسن کی تصغیر۔ حضرت علیؓ کے چھوٹے صاحب زادے‘ جنہوں نے ۱۰ر محرم الحرام کو میدانِ کربلا میں شہادت پائی۔
حُسینی بند (ع۔ف۔ا۔مذ) چاندی کی بے نگینہ دو انگوٹھیاں یا چھلّے جو روزِ عاشورہ بچوں کی اُنگلیوں میں پہناتے ہیں۔
حَسِینَہ (حَ۔سی۔نَہ)(ع۔صف) حَسِین کی تانیث۔ خوبصورت عورت۔ اُردو جمع: حسینائیں۔ حسیناؤں۔
حُسَینی (حُ۔سَے۔نی)(ع۔صف) حضرت امام حُسینؓ سے منسُوب (۲) اولادِ حُسینؓ۔
حُسینی بُلبُل (اُر۔ا۔مث) ایک خاص قسم کی بُلبُل جس کا جسم سفید اور سر پر سیاہ رنگ کی چوٹی ہوتی ہے۔
حُسینی کا نہرا (اُر۔ا۔مذ) کانی ٹھاٹھ کا ایک راگ جس میں ساتوں سُر لگتے ہیں۔

ح۔ش

حَشر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) ایک مقام پر اجتماع (۱) قیامت۔ روزِ حساب (۲) شور و غل۔ غوغا۔ ہنگامہ۔ فتنہ۔ آفت۔
حشر برپا کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) آفت ڈھانا۔ فساد اُٹھانا۔ اُدھم مچانا (۲) نہایت خفا ہونا۔ جھنجھلانا (۳) بہت رونا پیٹنا۔ کہرام مچانا۔
حشر توڑنا (اُر۔محاورہ) جھنجھلانا (۲) آفت ڈھانا۔
حشر ڈھانا (اُر۔محاورہ) آفت برپا کرنا۔
حشر کا وعدہ (اُر۔ا۔مذ) جس وعدے کی زندگی بھر پورا ہونے کی اُمید نہ ہو۔
حشر مچانا (اُر۔محاورہ) شور و غوغا کرنا۔ شور مچانا۔ کہرام مچانا۔
حشر میں اُٹھنا (اُر۔محاورہ) اسلامی عقیدے کے مطابق قیامت کے دن مُردوں کا زندہ ہوکر اُٹھنا۔
حشر ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) قیامت بپا ہونا۔ شور و غل ہونا (۲) انجام ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
حَشَرات (حَ۔شَ۔رات)(ع۔ا۔مذ) حشرہ کی جمع۔ چھوٹے رینگنے والے کیڑے مکوڑے (۲) ہنگامہ۔ شور و غل۔
حشراتُ الارض (حَ۔شَ۔را۔تُل۔اَرض)(ع۔ا۔مذ) برساتی کیڑے مکوڑے۔ سانپ‘ بچھو وغیرہ۔
حَشَرَہ (حَ۔شَ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) رینگنے والا کیڑا۔ جمع: حشرات۔
حَشری (حَش۔ری)(ف۔صف) ہیبت ناک (۲) شریر گھوڑا۔
حشری باغی (ع۔ا۔مذ) وہ باغی جو اوروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کردے۔
حَشَرِیات (حَ۔شَ۔ری۔آت)(ع۔ا۔مذ) کیڑے مکوڑوں کا علم۔ علم الحشرات۔ (Entomology)۔
حَشفَہ (حَش۔فَہ)(ع۔شَ۔فَہ)(ع۔ا۔مذ) آلہء تناسل کی سپاری۔ سُرذکر۔
حَشَم (حَ۔شَم)(ع۔ا۔مذ) حاشم کی جمع۔ نوکر چاکر۔ خدمت گار۔
حشم و خدم (خَ۔دَم)(ع۔ا۔مذ) نوکر چاکر۔ ملازمان۔
حَشمَت (حَش۔مَت)(بفتحِ اوّل و نیز بکسرِ اوّل)(ع۔ا۔مث)(۱) نوکر چاکر۔ خدمت گاروں کا انبوہ (۲) بُزرگی۔ عظمت۔ مرتبہ (۳) دبدبہ۔ شان و شوکت (۴) ساز و سامان۔ فوج۔ لشکر۔ جلوس۔ سواری۔
حَشو (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) بھرتی۔ اندر بھرنے کی چیز۔ کوڑا کرکٹ (۲) زائد کلام۔ بے ضرورت گفتگو (۳) مصرع کا درمیانی حصّہ۔
حشو و زوائد (ع۔ا۔مذ) بھرتی کی چیزیں۔ فضول چیزیں۔ الم غلم۔ بے ضرورت کلام یا گفتگو۔
حَشِیش (حَ۔شِیش)(ع۔ا۔مث) سُوکھی گھاس (۲) بھنگ۔

ح۔ص

حِصار (حِ۔صار)(ع۔ا۔مذ) احاطہ۔ گھیرا۔ چار دیواری۔ شہرپناہ (۲) قلعہ (۳) وہ دائرہ جو عامل اپنے گرد حفاظت کے لئے کھینچ لیتے ہیں۔
حِصار باندھنا (اُر۔محاورہ) حلقہ باندھنا۔ چاروں طرف سے گھیرا ڈالنا۔ کوئی دُعا یا افسوں پڑھ کر چاروں طرف خط کھینچ کر بلاؤں کو روکنا۔
حِصاری (حِ۔صا۔ری)(ع۔ف۔صف) قلعہ بند۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حَصافَت (حَ۔صا۔فَت)(ع۔ا۔مث) پائیداری۔ مضبوطی (۲) (بکسر اوّل) پاک دامنی۔ عِفّت۔

حَصْر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ منحصر کرنا۔

حِصَص (بکسر اوّل)(ع۔ا۔مذ) حِصّہ کی جمع۔

حِصْن (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) قلعہ۔ جائے پناہ (۲) حراست (۳) ہتھیار (۴) تباہی۔

حِصْنِ حَصِین (ع۔ا۔مذ) مضبوط قلعہ (۲) وظیفوں اور دُعاؤں کی ایک کتاب کا نام۔

حُصُول (حُ۔صُول)(ع۔ا۔مذ) حاصل کرنا۔ تحصیل (۲) فائدہ۔ نفع۔

حصولِ بالجبر (بل۔جبر)(ع۔ا۔مذ) زبردستی لینا۔ چھین لینا۔

حصولِ مَرام (ع۔ا۔مذ) خواہش کا پورا ہونا۔ مُراد پوری ہونا۔ نَیلِ مَرام۔

حِصّہ (حِص۔صَہ)(ع۔ا۔مذ) (۱) ٹکڑا (۲) بانٹ۔ تقسیم (۳) بخرہ۔ بھاگ (۴) کمرا۔ درجہ (۵) جزوِ کتاب (۶) علاقہ۔ صیغہ (۷) کمپنی کا شیئر۔ جمع: حِصَص۔

حِصّہ بخرہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) تقسیم۔ بانٹ (۲) کھانے پینے کی چیزوں کا لین دین (۳) میل ملاپ۔

حِصّہ ٹھہر جانا (اُر۔ محاورہ) باہم تقسیم کا معاہدہ ہو جانا۔ طے ہو جانا کہ اتنا اتنا حِصّہ ہر ایک کو ملے گا۔

حِصّہ (حِصّے) دار (ع۔ف۔ا۔مذ) شریک۔ ساجھی۔

حِصّہ (حِصّے) داری (ع۔ف۔ا۔مث) ساجھا۔ شرکت۔ زمین کی پتّی۔

حِصّہ رَسَد (رَسَدی) (ع۔ف۔ا۔مث) جتنا جتنا حصّے میں آئے۔ تقسیم کے موافق۔ بانٹ کے مطابق۔

حِصّہ لگانا (اُر۔ محاورہ) تقسیم کرنے کے لئے ڈھیریاں لگانا۔

حِصّہ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) بانٹ کے مطابق لینا (۲) شرکت کرنا۔ شریک ہونا۔

حِصّے (حِص۔صے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) حِصّہ کی جمع (۲) حِصّہ کی مُغیّرہ صورت۔

حِصّے کرنا (اُر۔ محاورہ) تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔

حِصّے میں آنا (اُر۔ محاورہ) بانٹ میں آنا۔ از روئے تقسیم کوئی شے ملنا۔

حَصِیر (حَ۔صِیر)(ع۔ا۔مذ) بوریا۔ چٹائی۔ جمع: حصائر۔

حَصِین (حَ۔صِین)(ع۔صف) مضبوط۔ محفوظ۔

ح۔ض

حُضّار (حُض۔ضار)(ع۔ا۔مذ) حاضر کی جمع۔ حاضرین۔ موجود لوگ۔

حَضارَت (حَ۔ضا۔رَت)(ع۔ا۔مث) شہر میں رہنا۔ شہری زندگی۔

حَضَر (ع۔ضَر) (بفتح اوّل و دوم) (ع۔ا۔مذ) ایک جگہ قیام۔ پڑاؤ۔ اقامت۔ سفر کی ضِد۔

حَضْرات (حَض۔رات)(ع۔ا۔مذ) حضرت کی جمع۔

حَضْرَت (حَض۔رَت)(ع۔ا۔مذ) (۱) قُرب۔ نزدیکی۔ درگاہ (۲) جناب۔ حضور۔ قبلہ۔ تعظیم و عزّت کا لقب (۳) (طنزاً) چالاک۔ بدمعاش۔ بدذات۔ چلتا پُرزہ۔ بے ڈھب۔ ذاتِ شریف۔ جمع: حضرات۔

حضرت پسند (ع۔ف۔صف) جو شے بادشاہوں کو پسند آئے۔

حضرت سلامت (ع۔ا۔مذ) حضور۔ عالی جناب (بادشاہوں کے ساتھ کلمۂ تخاطب)۔ (طنزاً) برابر والوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

حضرت فاطمہؓ کی جھاڑو پھرے (اُر۔ بددُعا) تباہ ہو جائے۔ کوئی باقی نہ رہے۔ کچھ نہ رہے۔

حَضَری (حَض۔ری)(ع۔صف) شہری لوگ۔ عرب کے وہ لوگ جو ایک جگہ مستقلاً آباد ہوں۔ بدوی کی ضِد۔

حُضُور (حُ۔ضُور)(ع۔ا۔مذ) موجودگی۔ حاضری۔ حاضر باشی (۲) جناب۔ حضرت۔ قبلہ۔ حُکّام کو اِس لفظ سے مخاطب کرتے ہیں (۳) دربار۔ مجلس۔ اجلاس (۴) روبرو۔ سامنے۔

حضور کا نوکر ہوں، بینگن کا نوکر نہیں (اُر۔ مثل) میں تو حضور کی ہاں میں ہاں ملانا جانتا ہوں۔

حضورِ والا (ع۔ا۔مذ) جنابِ عالی۔ حضورِ اقدس۔

حُضُوری (حُ۔ضُو۔ری) حاضری۔ قُربت۔ نزدیکی۔ بادشاہی۔ دربار۔ اجلاس۔

حَضِیض (حَ۔ضِیض)(ع۔ا۔مذ) پستی۔ گڑھا۔ نشیب۔

ح۔ط

حَطّاب (حط۔طاب)(ع۔ا۔مذ) لکڑہارا۔ لکڑیاں بیچنے والا۔

حَطام (حَ۔طام)(ع۔ا۔مذ) شیر ببر۔

حُطام (حُ۔طام)(ع۔ا۔مذ) کوئی ٹوٹی پھوٹی چیز (۲) کوڑا کرکٹ۔

حَطِب (حَ۔طِب)(ع۔ا۔مذ) لاغر۔ بہت دُبلا۔

حَطَب (حَ۔طَب) (۱) ایندھن (۲) تُہمت۔ الزام۔

حُطَمَہ (حُ۔طَ۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) تیز آگ (۲) دوزخ کا تیسرا طبقہ۔

حَطِیم (حَ۔طِیم) (ع۔ا۔مذ) خانہ کعبہ سے باہر مغرب کی جانب ایک دیوار (۲) پچھلے سال کا پودا۔

ح۔ظ

حَظّ (بفتح اوّل و تشدید دوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) لُطف۔ مزہ (۲) خوشی (۳) لذّت۔ ذائقہ (۴) عیش و نشاط (۵) خوش قسمتی (۶) حِصّہ۔ بخرہ۔ جمع: حُظوظ۔

حظ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) لُطف اُٹھانا۔ لذّت پانا۔ عیش کرنا۔ مزے لوٹنا۔ خوشی کرنا۔

حظِ نفسانی (ع۔ا۔مذ) حیوانی مزہ۔ جماع۔ بدنی خوشی۔

حُظُوظ (حُ۔ظُوظ)(ع۔ا۔مذ) حظ کی جمع۔

حَظِیرہ (حَ۔ظِی۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) احاطہ جو لکڑی یا بانس سے بنایا گیا ہو (۲) قبرستان کی چار دیواری (۳) مقبرے کا گنبد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ح۔ف

حَفّ (بفتحِ اوّل) (ع۔ا۔مذ) گھاس کا خشک ہو جانا (۲) کسی چیز کا بے کار ہو جانا (۳) گھیر ڈالنا (۴) خدمت کرنا۔ مہربانی کرنا (۵) ڈاڑھی مونچھ کے بال نوچنا۔

حفِ نظر (ع مِتعلق فعل) چشم بد دُور۔ ایک تعریفی کلمہ۔

حُفّاظ (حُف۔فاظ) (ع۔ا۔مذ) حافظ کی جمع۔ وہ لوگ جنہیں قرآن شریف زبانی یاد ہو۔

حِفاظت (ح۔فا۔ظت) (ع۔ا۔مث) (۱) نگرانی۔ پاسبانی (۲) بچاؤ۔ سلامتی۔

حِفاظتِ خود اختیاری (ع۔ا۔مث) (۱) اپنے آپ کو بچانا (۲) اپنی جان بچانے کے لئے دُوسرے کو مار دینا یا زخمی کر دینا۔ سیلف ڈیفنس۔

حِفظ (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) اَزبر۔ زبانی یاد کرنا (۲) پاس۔ ادب۔ لحاظ (۳) حفاظت۔

حِفظِ امن (ع۔ا۔مذ) امن قائم رکھنا۔

حِفظ پڑھنا (اُر۔مص مُرکّب) حِفظ کرنا۔ بے دیکھے پڑھنا۔ اَزبر کرنا۔ یاد کرنا۔

حِفظِ جان (ع۔ا۔مذ) جان کی حِفاظت۔ بچاؤ۔

حِفظِ صحت (حِفظانِ صحت) (ع۔ا۔مذ) تندرستی کی محافظت۔ صحت کا بچاؤ۔ صحت کو برقرار رکھنے اور بیماریوں سے بچنے کے قواعد کا علم۔

حِفظ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) یاد کرنا۔ رٹنا۔

حِفظِ مَاتَقَدَّم (حِف۔ظِ۔ما۔ت۔قد۔دم) (ع۔ا۔مذ) وہ بچاؤ جو پہلے سے کر لیا جائے (۲) کسی اَمر کی پیش بندی۔

حِفظِ مراتب (ع۔ا۔مذ) مرتبے کا لحاظ۔ پاسِ ادب۔

حِفظ ہونا (اُر۔محاورہ) زبانی یاد ہونا۔

حَفِیظ (حَ۔فِیظ) (ع۔صف) (۱) محافظ۔ نگہبان (۲) خُدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

ح۔ق

حَقّ (بفتحِ اوّل وتشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) سچائی۔ صِدق (۲) فرض۔ ذِمّے داری (۳) اِنصاف (۴) صِلہ۔ بدلہ۔ مُعاوضہ (۵) مزدوری (۶) اِنعام۔ نیگ (۷) عدل۔ اِنصاف (۸) اصلیّتِ واقعہ (۹) منصب۔ اِختیار (۱۰) ملکیّت (۱۱) (صف) ٹھیک۔ دُرست۔ بجا۔ واجب (۱۲) مباح۔ جائز (۱۳) لائق۔ سزاوار (۱۴) صادق۔ سچّا۔ جمع: حُقوق۔

حقِ آسائش (ع۔ف۔ا۔مذ) آرام و آسائش کا وہ حق جس کی رُو سے کسی کا ہمسایہ اپنی مِلک یا زمین پر کوئی ایسا فعل نہیں کرسکتا جس سے اُسے تکلیف یا نقصان پہنچے۔

حق آشنا (ع۔ف۔صف) خُدا پرست۔ سچّی اور حق بات کہنے والا۔

حق ادا کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) فرض ادا کرنا (۲) نوکری یا خدمت بجا لانا (۳) کسی کام کو ویسا ہی کرنا جیسا کہ کرنا چاہئے تھا۔

حقِ اِرجاعِ نالش (ع۔ف۔ا۔مذ) نالش یا استغاثہ دائر کرنے کا حق۔

حق اللہ پاک ذات اللہ (اُر۔مقولہ) خُدا برحق ہے اور اُس کی ذات پاک ہے۔ یہ جملہ اکثر طوطوں کو یاد کراتے ہیں۔

حقُ التّحصیل (حق۔قُت۔تح۔صِیل) (ع۔ا۔مذ) مال گزاری وصول کرنے کا حق جو نمبردار کو ملتا ہے۔

حقُ السّعی (حقُ المحنت) (حق۔قُس۔سَ۔عی) (حق۔قُل۔مح۔نت) (ع۔ا۔مذ) محنت کا حق۔ محنت کی اُجرت۔

حقُ العِباد (حق۔قُل۔عِ۔باد) (ع۔ا۔مذ) بندوں کا حق۔ اِنسان کا اِنسان پر حق۔

حقُ الیقین (حق۔قُل۔یَ۔قین) (ع۔ا۔مذ) تصوّف کی اِصطلاح۔ اللہ تعالیٰ کو دِل کی آنکھ سے دیکھنا۔ اللہ پر پورا پورا یقین۔

حق بالذّات (حق۔بِذ۔ذات) (ع۔ا۔مذ) خِلقی یا پیدائش حق۔

حق بجانب (حق۔بَہ۔جانِب) (ع۔ف۔صف) سزاوار۔ لائق۔ حق پر۔

حق بحقدار رسید (ف۔مثل) جس کا حق تھا اُسے مِل گیا۔

حق بیں (ع۔ف۔صف) سچّی بات پر نظر رکھنے والا۔ دُوسرے کے حقوق کو پہچاننے والا۔

حق پرست (ع۔ف۔صف) حق بات کرنے والا۔ سچّا آدمی۔

حق پذیر (ع۔ف۔صف) حق یا سچّی بات قبول کرنے والا۔

حق پہنچنا (اُر۔محاورہ) کسی کا حق دار ہونا۔ اپنا حِصّہ مِل جانا۔

حقِ تصنیف (تالیف) (ع۔ا۔مذ) کاپی رائٹ۔ کتاب لکھنے کا معاوضہ۔ وہ رقم جس کے عوض مصنّف کسی کو اپنی کتاب چھاپنے کا حق دے دے۔

حق تعالیٰ (ع۔ا۔مذ) خُدائے بُزرگ و برتر۔ اللہ تعالیٰ۔

حق تلفی (ع۔ف۔ا۔مث) کسی کا حق مار لینا۔ بے اِنصافی۔

حق ٹھہرانا (اُر۔محاورہ) حق کا فیصلہ کرنا۔ کسی بات کو سچّا مان لینا۔

حق ثابت کرنا (اُر۔محاورہ) دعویٰ ثابت کرنا۔ اپنے حق کو منوا لینا۔

حق حق کرنا (اُر۔محاورہ) خُدا کا نام لینا (۲) اِنصاف کرنا۔

حق حلال (ع۔صف) جائز۔ مباح (۲) صحیح۔ دُرست۔

حقِ خود ارادیت (ع۔ف۔اُر۔ا۔مذ) ایک سیاسی نظریہ جس کی رُو سے عوام کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ اپنے ملک میں اپنی پسند کی حکومت کی تشکیل کر سکیں۔ (Self Determination)۔

حق دار (ع۔ف۔صف) مُستحق۔ حق رکھنے والا۔

حق دبانا (اُر۔محاورہ) حق نہ دینا۔ کسی کا حق مار لینا۔

حق ڈباؤ (ق۔صف) دُوسرے کا حق مارنے والا۔

حق رسی (ع۔ف۔ا۔مث) حق کو پہنچنا۔ اِنصاف۔ عدل۔ نیائے۔

حق سِرُّہٗ (ع۔مقولہ) اُس (اللہ) کا بھید یا ذات سچ ہے۔ درویشوں کا نعرہ۔

حقِ شُفعہ (ع۔ا۔مذ) اپنے مکان سے ملے ہوئے مکان یا زمین سے ملی ہوئی زمین خریدنے کا قانونی طور پر حق۔

حق شناس (ع۔ف۔صف) خُدا شناس۔ حق کو پہچاننے والا۔ قدردان۔

حق شناسی (ع۔ا۔مث) (۱) حق پہچاننا (۲) خُدا شناسی (۳) حقِ خدمت سے واقف ہونا۔ قدردانی۔ جوہر شناسی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حق فراموش (ع۔ف۔صف) دُوسرے کا حق بُھول جانے والا۔

حق فروشی (ع۔ف۔ا۔مث) سچائی کا سودا کرنا۔ بے ایمانی۔ رشوت لے کر بے اِنصافی کرنا۔ بددیانتی۔

حق کڑوا ہوتا ہے (اُر۔مثل) سچّی بات بُری لگتی ہے۔

حق گو (ف۔صف) سچ کہنے والا۔

حق گوئی (ع۔ف۔ا۔مث) سچ کہنا۔ اِنصاف کی بات کہنا۔

حق میں (اُر۔متعلق فعل) باب میں۔ نسبت میں۔

حق میں کانٹے بونا (اُر۔محاورہ) کسی کے ساتھ بُرائی کرنا۔ ایسے کام کرنا جس سے کسی کو نقصان ہو۔

حق ناحق (ع۔متعلق فعل) بے سبب۔ خواہ مخواہ۔ یونہی۔

حق ناشناس (ع۔ف۔صف) ناشکر گزار۔

حق ناشناسی (ع۔ف۔ا۔مث) ناشکر گزاری۔

حقِ نمک ادا کرنا (اُر۔محاورہ) نوکر کا آقا سے وفاداری کرنا۔ مالک کی خدمت بجا لانا۔

حق نیوش (ع۔ف۔صف) سچّی بات سُننے والا۔ حق پسند۔

حق ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) صحیح ہونا (۲) حِصّہ ہونا۔ حِصّے دار ہونا۔

حقّا (حَق۔قا) (ف۔قسم) سچ ہے۔ قسم ہے خُدا کی۔

حقّا کہ باعُقوبتِ دوزخ برابر است۔ رفتن بپائے مردیِ ہمسایہ در بہشت (ف۔مثل) خُدا کی قسم ہمسائے کی مدد سے بہشت میں جانا دوزخ میں جانے کے برابر ہے۔ کسی کا اِحسان نہ لینا چاہیے۔

حقارت (حَ۔قا۔رت) (بفتحِ اوّل) (ع۔ا۔مث) ذِلّت۔ سُبکی۔ بے عزّتی۔ خِفّت۔ نفرت۔ (اُردو میں بکسرِ اوّل غلط العام ہے)۔

حقارت کی نظر سے دیکھنا (اُر۔محاورہ) ذلیل سمجھنا۔ کم درجے کا سمجھ کر توجّہ نہ دینا۔

حقّانی (حَق۔قا۔نی) (ف۔صف) حق سے نسبت رکھنے والا۔

حقّانیت (حَق۔قا۔نی۔یت) (ف۔ا۔مث) خُدا کی طرف منسوب ہونا۔ سچائی۔ راستی۔ صداقت۔

حقائق (حَ۔قا۔اِق) (ع۔ا۔مذ) حقیقت کی جمع۔

حُقنہ (حُق۔نہ) (ع۔ا۔مذ) کسی دوا کی بتّی یا پچکاری مقعد میں چڑھانا۔

حُقوق (حُ۔قوق) (ع۔ا۔مذ) حق کی جمع۔

حقوقُ العِباد (ع۔ا۔مذ) بندوں کے حقوق بندوں پر۔

حقوقُ اللہ (ع۔ا۔مذ) خُدا کے حقوق بندوں پر۔

حُقّہ (حُق۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ڈِبّا۔ جواہرات رکھنے کی ڈبیا (۲) تمباکو پینے کا آلہ۔ گڑگڑا۔ اُردو جمع: حُقّوں۔ حُقّے۔

حُقّہ بجانا (اُر۔محاورہ) کثرت سے حُقّہ پینا۔

حُقّہ بُلانا (اُر۔محاورہ) حُقّے میں سے آواز نکالنا۔

حُقّہ بھرنا (اُر۔محاورہ) چلم میں تمباکو جما کر آگ رکھنا۔ حُقّہ تیار کرنا۔

حُقّہ پانی بند کرنا (اُر۔محاورہ) ذات برادری سے خارج کرنا۔

حُقّہ پانی پلانا (اُر۔محاورہ) آؤ بھگت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔

حُقّہ پینا (اُر۔محاورہ) حُقّے کے کش لگانا۔

حُقّہ تازہ کرنا (اُر۔محاورہ) حُقّے کا پانی بدلنا اور نیچے اور نَے کو تر کرنا۔

حُقّے (حُق۔قے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) حُقّہ کی جمع (۲) حُقّہ کی مُغیّرہ شکل۔

حُقّے باز (اُر۔صف) (۱) بہت حُقّہ پینے والا (۲) بازی گر۔ بھان متی۔ مداری۔

حُقّے کا پانی اور سو جوتے (اُر۔مثل) ایک قسم کی سخت سزا۔

حُقّے کی ماری آگ۔ باقی کا مارا گاؤں (اُر۔مثل) جس آگ میں سے بار بار حُقّہ بھرا جائے وہ بُجھ جاتی ہے۔ جس گاؤں کی مال گزاری وقت پر ادا نہ ہو وہ تباہ ہو جاتا ہے۔

حَقّیّت (حَق۔قی۔یت) (ع۔ا۔مث) حق۔ حق داری۔ مِلکیّت۔

حقّیتِ اِظہاری (ع۔ا۔مث) حق یا دعوے کا ثبوت۔

حقّیتِ شِکمی (ع۔ا۔مث) پٹا جو پٹے دار سے لیا جائے۔

حقیر (حَ۔قیر) (ع۔صف) (۱) چھوٹا۔ ادنیٰ (۲) ذلیل و خوار۔ اوچھا۔ بے قدر (۳) خفیف۔ سُبک (۴) دُبلا۔

حقیقت (حَ۔قی۔قت) (ع۔ا۔مث) (۱) اصل۔ جڑ۔ بنیاد (۲) اصلیّت۔ ماہیّت (۳) حالت۔ کیفیّت۔ حال (۴) سچّائی۔ سچ۔ صداقت (۵) ماجرا۔ سرگزشت (۶) مجاز کی ضِد۔ جمع: حقائق۔ اُردو جمع: حقیقتوں۔ حقیقتیں۔

حقیقت کُھل جانا (اُر۔محاورہ) بھید ظاہر ہو جانا۔ اصل حال معلوم ہو جانا۔

حقیقت کیا ہے؟ (اُر۔محاورہ) کوئی حیثیت نہیں۔ ناچیز ہے۔ کوئی اہمیت نہیں۔

حقیقت معلوم کرنا (اُر۔محاورہ) اصل حال یا بھید معلوم کرنا۔

حقیقت میں (اُر۔متعلق فعل) اصل میں۔ واقعی۔ دراصل۔

حقیقتِ نفسُ الامری (حَ۔قی۔قَ۔تِ۔نَف۔سُل۔اَم۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) وہ حقیقت جس کو سب تسلیم کرتے ہوں۔

حقیقت نہ ہونا (اُر۔محاورہ) اصلیّت نہ ہونا۔ بے وقعت ہونا۔

حقیقتاً (حَ۔قی۔قَ۔تَن) (ع۔متعلق فعل) واقعی۔ فی الحقیقت۔

حقیقی (حَ۔قی۔قی) (ف۔صف) اصلی۔ جو بناوٹی نہ ہو۔ بلا آمیزش (۲) کھرا۔ صاف۔ بے ملاوٹ (۳) سگا۔ اپنا جیسے سگا بھائی۔

ح۔ک

حَکّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) مِٹانا۔ کُھرچنا۔ چھیلنا۔ دُور کرنا۔ رگڑ۔ خراش۔

حک و اضافہ (ع۔ا۔مذ) گھٹانا بڑھانا۔ خارج کرنا اور داخل کرنا (عبارت میں)۔

حَکّاک (حَک۔کاک) (ع۔ا۔مذ) مُہر کَن۔ حرف کھودنے والا۔ نگینہ ساز۔ موتی میں چھید کرنے والا۔

حُکّام (حُک۔کام) (ع۔ا۔مذ) حاکم کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حِکایت (ح۔کا۔یَت) (ع۔ا۔مث) کہانی۔ داستان۔ قِصّہ۔ بات۔ جمع: حکایات۔ اُردو جمع: حکایتوں۔ حکایتیں۔

حِکایتاً (ح۔کا۔ی۔تن) (ع۔متعلق فعل) ذکر کے طور پر۔ بر سبیلِ تذکرہ۔

حِکایتی (ح۔کا۔ی۔تی) (اُر۔صف) بات بات پر بحث کرنے والا۔ حجتی۔

حِکایتیں (ح۔کا۔ی۔تیں) (اُر۔ا۔مث) حکایت کی جمع۔

حِکایتیں کرنا (اُر۔محاورہ) خواہ مخواہ کی حجتیں کرنا۔ دلیلیں چھانٹنا۔

حَکَم (ح۔کَم) (ع۔ا۔مذ) ثالث۔ پنچ۔ فیصلہ کرنے والا۔ منصف۔

حِکَم (ح۔کَم) (ع۔ا۔مذ) حکمت کی جمع۔

حُکْم (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) فرمان۔ پروانہ۔ ارشاد۔ ہدایت (۲) شرعی فیصلہ۔ فتویٰ (۳) اجازت۔ پروانگی (۴) تاش کے پتوں میں کالے رنگ کے پان کے نشان (۵) سختی۔ جبر۔ جمع: اَحکام۔

حُکمِ آخر (ع۔ا۔مذ) آخری فیصلہ۔ قطعی فیصلہ۔

حکم اُٹھانا (اُر۔محاورہ) (۱) حکم ماننا۔ فرمان بجا لانا (۲) گنجفے کے کھیل میں سر کا پتّا لینے کے واسطے حکم کا پتّا ڈالنا۔

حکمِ اِمتناعی (ع۔ا۔مذ) عدالت کا وہ حکم جس کے ذریعے کسی فریقِ مقدمہ کو کسی کام کے کرنے یا اُس سے باز رہنے کے لئے کہا گیا ہو۔ (Injunction)۔

حکم انداز (ع۔ف۔صف) وہ تیر اَنداز جس کا نشانہ کبھی نہ چُوکے۔ کہہ کر صحیح نشانہ لگانے والا تیر اَنداز۔

حکم بجا لانا (اُر۔محاورہ) کہنا ماننا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔

حکم بردار (ع۔ف۔صف) بات ماننے والا۔ فرماں بردار۔ نمک حلال۔

حکم بھیجنا (اُر۔محاورہ) سرکاری طور پر اِطّلاع دینا۔ ہدایت کرنا۔

حکم پر چلنا (اُر۔محاورہ) حکم کی تعمیل کرنا۔ ہدایت کے مطابق کام کرنا۔

حکم توڑنا (اُر۔محاورہ) حکم نہ ماننا۔ نافرمانی کرنا۔

حکم جاری کرنا (اُر۔محاورہ) حکم صادر کرنا۔ اشتہار دینا۔ ڈونڈی پٹوانا۔

حکم چلانا (اُر۔محاورہ) حکومت کرنا۔ بیٹھے بیٹھے دُوسروں سے کام لینا اور خود کام نہ کرنا۔ سختی کرنا۔

حکمِ حاکم مرگِ مفاجات (ف۔مقولہ) حاکم اچانک جو حکم چاہے دے دیتا ہے اور وہ موت کی طرح اٹل ہوتا ہے۔

حکم دینا (اُر۔محاورہ) ارشاد فرمانا۔ ہدایت دینا (۲) فتویٰ دینا (۳) فیصلہ کرنا (۴) اشتہار دینا (۵) اجازت دینا۔

حکم ران (ع۔ف۔صف) حکم چلانے والا۔ بادشاہ۔ فرماں روا۔

حکم رانی (ع۔ف۔ا۔مث) فرماں روائی۔ حکومت۔ بادشاہی۔ سلطنت۔

حکمِ شرعی (ع۔ا۔مذ) وہ حکم جو شرعِ اسلامی کے مطابق دیا جائے۔

حکمِ ظہری (ع۔ا۔مذ) وہ حکم جو کسی رپورٹ یا درخواست کی پُشت پر لکھا جائے۔

حکمِ قطعی (ع۔ا۔مذ) آخری فیصلہ۔ حکمِ ناطق۔

حکمِ گشتی (ع۔ا۔مذ) سرکاری مُراسلہ۔ وہ حکم جو مختلف دفتروں کو بھیجا جائے۔ سرکلر۔

حکم لگانا (اُر۔محاورہ) پختہ رائے ظاہر کرنا (۲) قانونی دفعہ لگانا۔

حکمِ مُطلق (ع۔ا۔مذ) حکمِ قطعی (۲) عام حکم۔

حکمِ ناطق (ع۔ا۔مذ) قطعی حکم۔ آخری فیصلہ۔ اٹل فیصلہ۔

حکم نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ حکم جو کسی بااختیار حاکم کی طرف سے لکھا جائے۔ تحریری حکم۔ فرمان۔

حُکَماء (حُ۔کَ۔ما) (ع۔ا۔مذ) حکیم کی جمع۔

حُکماً (حُک۔مَن) (ع۔متعلق فعل) حکم کے مطابق۔ حکم سے۔

حِکمت (حِک۔مَت) (ع۔ا۔مث) دانائی۔ عقل (۲) ہر چیز کی حقیقت دریافت کرنے کا علم (۳) تدبیر۔ ترکیب (۴) علاج مُعالجہ (۵) مطلب۔ غرض۔ جمع: حِکَم۔ اُردو جمع: حکمتوں۔ حکمتیں۔

حکمت آمیز (ع۔ف۔صف) حکمت سے بھرا ہوا۔ عاقلانہ۔ دانش مندانہ۔

حکمتِ الٰہی (ع۔ف۔ا۔مث) اللہ کی مرضی۔

حکمت بہ لُقمان آموختن (ف۔مثل) لُقمان کو حکمت سکھانا۔ دانا کو دانائی سکھانا۔ فضول بات کرنا۔

حکمت چلنا (اُر۔محاورہ) چالاکی کامیاب ہونا۔

حکمتِ چین، حُجّتِ بنگالہ (ف۔مثل) عقل مندی اور دانائی چین سے اور جھگڑا فساد بنگال سے منسوب ہے۔

حکمتِ عملی (ع۔ا۔مث) تدبیر۔ ہوشیاری۔ دور اَندیشی۔ پالیسی۔ مُلکی مصلحت۔

حکمتِ مُدُنی (ع۔ا۔مث) شہری اِنتظام کے قوانین۔ اِنتظامِ شہری۔

حکمت کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) تدبیر کرنا۔ دانائی کرنا (۲) طبابت کرنا۔

حِکمَتی (حِک۔مَ۔تی) (اُر۔صف) (۱) چالاک۔ ہوشیار (۲) فلسفی۔

حُکمی (حُک۔می) (ع۔صف) (۱) یقینی (۲) بے خطا (۳) فرماں بردار (۴) شرطی۔ ضروری (۵) ہمیشہ۔

حُکومَت (حُ۔کو۔مَت) (ع۔ا۔مث) مُلک کا اِنتظام کرنے والا ادارہ۔ سلطنت۔ حکم رانی (۲) سختی۔ جبر (۳) اختیار۔ اُر جمع: حکومتوں۔ حکومتیں۔

حکومتِ آزاد (ع۔ف۔ا۔مث) خود مختار حکومت۔

حکومتِ الٰہیّہ (ع۔ا۔مث) وہ نظامِ حکومت جس میں اللہ کی حاکمیت اور اُس کے نازل کردہ اَحکام و قوانین کی فوقیت کو مِن و عن تسلیم کیا جائے اور انہی کے مطابق قوانین وضع کئے جائیں۔

حکومتِ اُمرائی (ع۔ا۔مث) امیر لوگوں کی حکومت۔

حکومت جتانا (اُر۔محاورہ) سختی کرنا۔ رُعب ڈالنا۔ تعدی دکھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حکومتِ جمہوری (ع-ف-ا-مث) کسی ملک کے بالغ باشندوں کی رائے سے بنی ہوئی حکومت۔ عوام کی منتخبہ حکومت۔

حکومتِ خود اختیاری (ع-ف-ا-مث) وہ حکومت جو خود مختار ہو۔ آزاد حکومت۔

حکومتِ شخصی (ع-ف-ا-مث) ایک شخص کی مطلق العنان حکومت۔

حَکِیْم (حَ-کیم) (ع-ا-مذ) (۱) دانا۔ عقل مند۔ ہوشیار (۲) فلسفی (۳) طبیب۔ عربی جمع: حُکَما۔ اُردو جمع: حکیم۔ حکیموں۔

حَکِیْمِی (حَ-کی-می) (اُر-ا-مث) طبابت۔ حکیم کا پیشہ۔

ح-ل

حَلّ (بفتحۂ اوّل و تشدید دوم) (ع-ا-مذ) کھولنا۔ عُقدہ کشائی۔ انکشاف۔ مشکل کام کو آسان کرنا۔ سلجھاؤ (۲) تحلیل ہونا۔ گھلنا۔ ملنا (۳) حساب کے سوال کا عمل۔

حل پذیر (ع-ف-صف) حل ہو جانے والا۔ تحلیل ہو جانے والا۔

حل پذیری (ع-ف-ا-مث) کسی مادّے کے گھلنے کی صلاحیت۔

حل کاری (ع-ف-ا-مث) مُلمع سازی۔ سونے چاندی کو پگھلا کر پھول پتے بنانا۔

حل کرنا (اُر-محاورہ) سُلجھانا۔ کھولنا۔ آسان کرنا (۲) اجزا علیحدہ کرنا (۳) مِلانا (۴) حساب کا سوال نکالنا۔ معمایا پہیلی بُوجھنا (۵) ملمع کرنا۔

حل و عقد (حَل-و-عَقد) (ع-ا-مذ) کھولنا اور باندھنا۔ انتظام۔ لگانا اور برطرف کرنا۔ اُدھیڑ بُن۔

حَلّاج (حَل-لاج) (ع-ا-مذ) دُھنیا۔ رُوئی دُھننے والا۔

حَلّاف (حَل-لاف) (ع-ا-مبالغہ) قسمیں کھانے کا عادی۔

حَلّاق (حَل-لاق) (ع-ا-مذ) بال مونڈنے والا۔ نائی۔ حجام۔

حَلال (حَ-لال) (ع-صف) حرام کی ضد۔ مُباح۔ جائز۔ دُرست (۲) ذبح کیا ہوا۔ ذبیحہ (۳) شرع کے مطابق۔

حلال خور (ع-ف-صف) جائز روزی کمانے والا (۲) خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔

حلال کا (اُر-صف) وہ بچّہ جو نکاحی ماں باپ سے پیدا ہوا ہو۔

حلال کرنا (اُر-محاورہ) شریعت کے مطابق ذبح کرنا (۲) قتل کرنا (۳) جائز قرار دینا۔

حلال کر کے کھانا (اُر-محاورہ) محنت کر کے کھانا۔ جائز کمائی کرنا۔

حلال میں حرکت ، حرام میں برکت (اُر-مثل) دیانتدار تکلیف اُٹھاتے ہیں۔ بے ایمان مزے اُڑاتے ہیں۔

حَلالہ (حَ-لا-لہ) (ع-ا-مث) تین طلاقیں دی ہوئی عورت کا کسی دُوسرے شخص سے عارضی نکاح کرنا تاکہ اپنے پہلے خاوند سے پھر نکاح کر سکے۔

حَلالی (حَ-لا-لی) (ع-اُر-صف) دیکھیئے حلال کا۔

حَلاوَت (حَ-لا-وَت) (ع-ا-مث) مٹھاس۔ شیرینی۔ پکے پھل کی مٹھاس (۲) لذّت۔ مزہ۔ ذائقہ (۳) راحت۔ آرام۔ سُکھ۔

حِلّت (حِل-لَت) (ع-ا-مث) حلال ہونا۔ روا ہونا۔ مُباح ہونا۔ حُرمت کی ضد۔

حَلْجان (حَل-جان) (اُر-ا-مث) شادی کے بعد گھر کی مالکن کا مہمانوں سے پیسے جمع کر کے اُن کی دعوت کرنا۔

حَلْف (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع-ا-مذ) قسم کھانا۔ قسم۔ عہد۔ پیمان۔ جمع: اَحلاف۔ اُردو جمع: حلف۔ حلفوں۔ (اُردو میں بفتحۂ اوّل و دوم مستعمل ہے۔ لیکن عربی میں حلف (بفتح اوّل و دوم) کے معنی دوخ کے ہیں جو ایک قسم کی گھاس ہے)۔

حلف اُٹھانا (اُر-محاورہ) قسم کھانا۔ قرآن اُٹھانا۔ مذہبی کتاب کی قسم کھانا۔

حلفِ دروغی (ع-ف-ا-مث) جُھوٹی قسم کھانا۔

حلف دینا (اُر-محاورہ) قسم دینا۔ قرآن اُٹھوانا۔

حلفِ منصب (ع-ا-مذ) کسی عُہدے کا چارج لیتے وقت ادائے فرض کا عہد۔ عُہدے کا حلف۔

حلف نامہ (ف-ا-مذ) لکھا ہوا حلفی بیان۔

حَلْفاً (حَل-فَن) (ع-صف) قسمیہ۔ ازروئے قسم۔

حُلَفا (حُ-لَ-فا) (ع-ا-مذ) حلیف کی جمع۔

حَلْفی (حَلْفِیَّہ) (حَل-فی) (حَل-فی-یَہ) (ع-صف) قسمیہ۔

حلفی بیان (حلفیہ بیان) (ف-ا-مذ) قسم کھا کر دیا ہوا بیان۔

حَلْق (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع-ا-مذ) گلا۔ ٹینٹوا (۲) نار۔ گردن (۳) مُنہ۔ زبان۔ اُردو جمع: حلق۔ حلقوں۔

حلق بند کرنا (اُر-محاورہ) خاموش رہنا۔ زبان بندی کرنا۔

حلق پر چھری پھیرنا (اُر-محاورہ) ذبح کرنا۔ حلال کرنا (۲) ظلم کرنا۔ جبر کرنا۔ ستم کرنا (۳) کسی کا حق مار لینا۔ سخت نقصان پہنچانا۔

حلق تک بھرنا (اُر-محاورہ) بہت کھا لینا۔ بھوک سے زیادہ کھانا پینا۔

حلق خشک ہونا (اُر-محاورہ) گلا سوکھ جانا۔ پیاس لگنا (۲) گھبرا جانا۔ ڈر جانا۔

حلق دبانا (اُر-محاورہ) (۱) گلا گھونٹنا (۲) بولنے سے زبردستی روک دینا۔

حلق سے اُترنا (اُر-محاورہ) گلے سے نیچے جانا (۲) گوارا ہونا۔

حلق سے نکلی خلق میں پڑی (اُر-مثل) بات مُنہ سے نکلی اور مشہور ہوئی۔

حلق کا دربان (اُر-ا-مذ) وہ شخص جو کھانے پینے سے روکے۔ وہ شخص جو کھانے پینے کے وقت آموجود ہو (۲) وہ شخص جو بات بات پر ٹوکے۔

حلق کا نہ تالو کا۔ یہ مال میاں لالو کا (اُر-مثل) کھایا نہ پیا یونہی ضائع کر دیا (۲) بدتمیز آدمی کے بدتمیزی سے کھانے کے وقت بھی بولتے ہیں۔

حلق میں پانی چوانا (اُر-محاورہ) حلق میں پانی ٹپکانا۔

حلق میں نوالہ پھنسنا (اٹکنا) (اُر-محاورہ) اچھی چیز کھاتے وقت عزیز یا دوست کا یاد آجانا (۲) گلے سے لقمہ نہ اُترنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حُلْقُوم (حل۔قوم) (بضمِ اوّل۔ اُردو میں بفتحۂ اوّل مستعمل ہے) (ع۔ا۔مذ) گلا۔ ٹینٹوا۔ ناڑ۔ نرخرہ۔ سینے اور گلے کے بیچ کا گڑھا۔
حَلْقَہ (حل۔قہ) (ع۔ا۔مذ) دائرہ۔ گھیرا۔ احاطہ (۲) مجلس۔ جماعت (۳) لوہے یا لکڑی وغیرہ کا گول کُنڈا۔ کڑا (۴) تکمہ۔ گھنڈی کا گھر (۵) علاقہ۔ ضلع۔ اُردو جمع: حلقوں۔ حلقے۔
حلقۂ اِنتخاب (ع۔ا۔مذ) وہ علاقہ جسے پارلیمنٹ 'اسمبلی یا کسی دُوسرے انتخابی ادارے کے انتخاب کے موقع پر ایک وحدت قرار دیا جاتا ہے۔
حلقہ باندھنا (اُر۔محاورہ) گھیرا ڈالنا۔ دائرے میں کھڑا ہونا۔ چاروں طرف سے گھیر لینا۔
حلقہ بگوش (ع۔ف۔صف) غُلام۔ فرماں بردار۔ مطیع۔ پُرانے زمانے میں غلاموں کے کانوں میں کڑا ڈال دیتے تھے۔
حلقہ بگوشی (ع۔ف۔ا۔مث) غُلامی۔ اطاعت۔
حلقہ بندی (ع۔ف۔ا۔مث) چند علاقوں کو کسی مقصد کے تحت یکجا کر دینا۔
حلقۂ در (ع۔ف۔ا۔مذ) دروازے کا کُنڈا۔
حلقہ ڈالنا (اُر۔محاورہ) چاروں طرف سے روک لینا۔ حصار باندھنا۔ گھیرا ڈالنا۔
حَلْقِی (حل۔قی) (ع۔صف) حلق سے منسوب۔ وہ چھ حروف جن کا مخرج حلق ہے۔ ح۔خ۔ع۔غ ہمزہ۔ہ۔
حَلْقے (حل۔قے) (اُر۔ا۔مذ) حلقہ کی جمع (۲) حلقہ کی مُغیّرہ صورت۔
حلقے کا ماتم (اُر۔ا۔مذ) وہ ماتم جو حلقہ باندھ کر کیا جائے۔
حَلْکَم ڈالنا (حل۔کم۔ڈال۔نا) (اُر۔محاورہ) جلدی کرنا۔ ہلچل ڈالنا۔
حُلَل (حُ۔لَل) (ع۔ا۔مذ) حلّہ کی جمع۔
حِلْم (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) بُردباری۔ برداشت (۲) نرمی۔
حَلْوا (حل۔وا) (ع۔ا۔مذ) نرم شیرینی جو سوجی کو گھی میں بھوننے اور پھر چاشنی میں پکانے سے بنتی ہے (۳) نرم چیز (۴) آسان کام۔ اُر جمع: حلووں۔ حلوے۔
حلوا خاتون (ع۔ا۔مث) حلوا خور بیگم (۲) کاٹھ کی پُتلی۔ اختو۔ بختو۔
حلوا خوردن رارُوئے باید (ف۔مثل) عزّت کے لئے لیاقت ضروری ہے۔ اچھی چیز کے لئے اُس کا اہل ہونا بھی ضروری ہے۔
حلوا سمجھنا (اُر۔محاورہ) کسی شخص کو کمزور سمجھنا (۲) کسی کام کو آسان سمجھنا۔
حلوا سوہن (اُر۔ا۔مذ) اصل میں حلوا سوہان ہے۔ ایک قسم کا سخت حلوا جو ٹکیوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ سختی کی وجہ سے یہ نام رکھا گیا۔
حلوا کھائے (اُر۔قسم) ایک سخت قسم۔ ہمیں مُردہ دیکھے۔
حلوا نکل جانا (اُر۔محاورہ) حال پتلا ہو جانا۔ سختیوں سے بدحال ہونا۔
حَلْوان (حل۔وان) (اُر۔ا۔مذ) مُلائم گوشت۔ بکرے یا بیلے کا گوشت۔ بھیڑ یا بکری کا دودھ پیتا بچّہ (۲) رشوت (۳) جہیز (۴) ایک قسم کا کپڑا۔
حَلْوائی (حل۔وا۔اِی) (ع۔ا۔مذ) مٹھائی بنانے اور بیچنے والا۔ اُر جمع: حلوائی۔ حلوائیوں۔

حلوائی کی دُکان اور دادا جی کا فاتحہ (اُر۔مثل) پرائے مال کو اپنا سمجھ کر بیدریغ خرچ کرنا۔ دُوسرے کی دولت پر مزے اُڑانا۔
حلوائے بے دُود (ع۔ف۔ا۔مذ) بغیر دُھوئیں کا حلوا (مُراد) ڈال کا پکا شیریں پھل (۲) (صف) نرم۔ مُلائم۔
حلوائے تر (ع۔ف۔ا۔مذ) شیریں میوہ (۲) وہ مزے دار چیز جو آسانی سے مِل جائے (۳) لبِ معشوق۔
حلوائے مرگ (ع۔ف۔مذ) موت کا حلوا۔ بھتی۔ حاضری۔ کڑوی کھچڑی۔
حلوائے مغزی (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا حلوا جس میں کثرت سے مغزِ بادام اور پستے ڈالے جاتے ہیں۔
حلوائے مِقراضی (ع۔ف۔ا۔مذ) حلوا جس میں میوہ باریک باریک کتر کر ڈالتے ہیں۔
حُلُول (حُ۔لول) (ع۔ا۔مذ) ایک چیز کا دُوسری چیز میں اس طرح داخل ہونا کہ دونوں میں تمیز نہ ہو سکے۔
حَلْوے (حل۔وے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) حلوا کی جمع (۲) حلوا کی مُغیّرہ صورت۔
حلوے مانڈے سے کام رکھنا (اُر۔محاورہ) ہر حال میں اپنا فائدہ ہی پیشِ نظر رکھنا۔ (مانڈا: پوری)۔
حُلّہ (حل۔لہ) (ع۔ا۔مذ) بہشتی لباس۔ جامہ۔ چادر۔ جبّہ۔ پٹکا۔
حَلِیف (حَ۔لیف) (ع۔ا۔مذ) (۱) مددگار۔ رفیق (۲) دو فریق جنہوں نے ایک دُوسرے کی امداد کا معاہدہ کیا ہو۔ جمع: حُلفا۔ اُر جمع: حلیف۔ حلیفوں۔
حَلِیم (حَ۔لیم) (ع۔صف) (۱) بُردبار۔ متحمّل مزاج۔ نرم۔ مُلائم (۲) (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھانا جو اناج' گوشت اور مسالے ڈال کر پکایا جاتا ہے۔
حُلْیَہ (حل۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) سراپا۔ شکل و صورت۔ خط و خال جو شناخت کے لئے لکھے جاتے ہیں۔ عربی میں بکسرِ اوّل ہے۔ اُردو میں بضمِ اوّل مستعمل ہے۔ اُردو جمع: حلیوں۔ حلیے۔
حلیہ بدلنا (اُر۔محاورہ) (۱) لباس وغیرہ دُرست کرنا (۲) دیکھئے حلیہ بگاڑ دینا۔
حلیہ بگاڑ دینا (اُر۔محاورہ) ایسا مارنا کہ صورت بگڑ جائے۔ چہرہ بگاڑ دینا۔ بُری حالت کر دینا۔
حلیہ بگڑنا (اُر۔محاورہ) بُری حالت ہونا۔ دُرگت بننا۔
حلیہ بنانا (اُر۔محاورہ) شکل اختیار کرنا۔ صورت بنانا۔
حلیہ تحریر کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کی شکل و صورت اور خط و خال پہچان کے لئے تحریر کرنا۔

ح۔م

حَمّاد (حَم۔ماد) (ع۔ا۔مُبالغہ) بہت زیادہ حمد یا تعریف کرنے والا۔
حِمار (حِ۔مار) (ع۔ا۔مذ) (۱) گدھا۔ خر (۲) اَحمق۔
حَماسَہ (حَ۔ما۔سَہ) (ع۔ا۔مذ) رزمیہ نظم۔
حَماقَت (حَ۔ما۔قت) (ع۔ا۔مث) بے وقوفی۔ اُر جمع: حماقتوں۔ حماقتیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حَمّال (حَم۔مال)(ع۔ا۔مذ) بوجھ اُٹھانے والا۔ پلّے دار۔ قلی۔ مزدور۔
حَمّالہ (حَم۔ما۔لہ)(ع۔ا۔مث) حمّال کی تانیث (۲) کرین۔
حَمام (حَ۔مام)(ع۔ا۔مذ) ہر وہ پرندہ جس کے گلے میں کنٹھی ہو۔ فاختہ وغیرہ۔ خاص طور پر کبوتر۔
حَمّام (ع۔ا۔مذ) گرمابہ۔ غسل خانہ۔ نہانے کی جگہ۔ جمع: حمام۔ حمّاموں۔
حمّام کی لُنگی (اُر۔ا۔مث) وہ شے جو ہر شخص کے استعمال میں آئے (۲) رنڈی۔ کسبی۔ بازاری عورت۔ بیسوا۔
حمّام میں سب ننگے (اُر۔مثل) ایک ہی بُرائی میں سب مُبتلا۔
حَمّامی (حَم۔ما۔می)(ع۔ا۔مذ) غسل کرانے والا (۲) حجام۔
حَمائل (حَ۔ما۔اِل)(ع۔ا۔مث) گلے میں ڈالنے کی چیز۔ پرتلا تلوار کا (۲) چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف جسے گلے میں لٹکا سکیں (۳) ایک زیور۔
حِمایت (حِ۔ما۔یَت)(ع۔ا۔مث) طرف داری۔ نگہبانی۔ اِمداد۔ سایہ۔ محافظت۔ اُردو جمع: حمایتوں۔ حمایتیں۔
حِمایتی (حِ۔ما۔یَ۔تی)(ع۔صف) طرفدار۔ حامی۔ معاون۔ مددگار۔ اُردو جمع: حمایتی۔ حمایتیوں۔
حمایتی کا ٹٹّو (اُر۔ا۔مذ) دُوسرے کے بل پر کودنے والا۔ کسی کی مدد پر کام کرنے والا۔
حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے (اُر۔مثل) جس کا کوئی مددگار ہو وہ ادنیٰ ہونے کے باوجود بڑوں کا سامنا کر بیٹھتا ہے۔
حَمد (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) خدا کی تعریف۔
حَمرا (حَم۔را)(ع۔صف) سُرخ رنگ کی۔
حَمزہ (حَم۔زہ)(ع۔ا۔مذ) شیر۔ باگھ۔ اسد۔
حُمق (حُ۔مُق)(ع۔ا۔مذ) بے وقوفی۔ نادانی۔
حُمقا (حُ۔مَ۔قا)(ع۔صف) اَحمق کی جمع۔
حَمل (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بوجھ۔ وزن۔ بار (۲) وہ بچّہ جو ماں کے پیٹ میں ہو۔ گربھ۔
حمل اِسقاط (ساقِط) ہونا (اُر۔محاورہ) پیٹ گرنا۔ قبل از وقت بچّے کا رحم سے نکل جانا۔
حمل ٹھہرنا (رہنا۔ ہو جانا) (اُر۔محاورہ) عورت کے رحم میں نطفہ پڑ کر بچّہ بننا۔ پیٹ سے ہونا۔
حمل گرانا (اُر۔محاورہ) اِسقاط کرنا۔ بچّے کو قبل از وقت پیٹ سے نکال دینا۔
حَمَل (حَ۔مَل)(ع۔ا۔مذ) آسمان کا پہلا بُرج جس کی شکل مینڈھے کی سی ہے۔
حَملہ (حَم۔لہ)(ع۔ا۔مذ) چڑھائی۔ یورش۔ ہلّا۔ دھاوا (۲) وار۔ حربہ۔ چوٹ۔
حملہ آور (ع۔ف۔صف) حملہ کرنے والا۔
حُموضت (حُ۔مو۔ضت)(ع۔ا۔مث) کھٹائی۔ ترشی۔ کڑواہٹ۔

حُمُول (حُ۔مُول)(ع۔ا۔مذ) اندامِ نہانی میں رکھنے کی دوا۔
حُمّیٰ (حُم۔ما)(ع۔ا۔مذ) تپ۔ بُخار۔
حَمِیّت (حَ۔مِی۔یَت)(ع۔ا۔مث) غیرت۔ شرم۔ ننگ۔
حَمِید (حَ۔مید)(ع۔صف) بہت تعریف کیا ہوا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔
حُمَیرا (حُ۔مَے۔را)(ع۔صف) سُرخ رنگ کی۔ حمرا کی تصغیر۔
حَمِیم (حَ۔میم)(ع۔صف) گرم پانی (۲) دوست۔ رشتے دار (۳) موسم گرما کا درمیانی حصّہ (۴) گرمیوں کی بارش (۵) وہ گرم پانی جو دوزخیوں کو پلایا جائے گا (۶) وہ شخص جسے بخار ہو۔

ح۔ن

حِنا (حِ۔نا)(ع۔ا۔مث) مہندی۔
حنا بند (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ کاغذ جس میں مہندی کی پُڑیاں باندھتے ہیں (۲) (صف) مہندی لگا ہوا۔
حنا بندی (ع۔ف۔ا۔مث) شادی کی ایک رسم جو ساچق سے ایک دن پہلے عمل میں آتی ہے۔ اسے مہندی بھی کہتے ہیں (۲) مہندی لگانا۔
حنا کا چور (اُر۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں مہندی کا رنگ نہ چڑھے۔ ہاتھ کا وہ سفید حصّہ جہاں مہندی نہ لگی ہو۔
حَنابِلہ (حَ۔نا۔بِ۔لہ)(ع۔ا۔مذ) حنبلی کی جمع۔
حَنّان (حَن۔نان)(ع۔صف) بے حد رحمت والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
حِنائی (حِ۔نا۔اِی)(ف۔صف) گیروا۔ مہندی کے رنگ کا۔
حنائی کاغذ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا کاغذ جس کا رنگ حنا کے پھیکے اور ہلکے رنگ سے ملتا ہے۔
حَنبَلی (حَم۔بَ۔لی)(ع۔ا۔مذ) سُنّی مسلمانوں کا وہ گروہ جو فقہ میں امام حنبلؒ کا پیرو ہے۔ جمع: حنابلہ۔
حَنجَرہ (حَن۔جَ۔رہ)(ع۔ا۔مذ) نرخرہ۔ حلق۔ گلو۔
حَنظَل (حَن۔ظَل)(ع۔ا۔مذ) اندرائن کا پھل جو سخت کڑوا ہوتا ہے۔
حُنَفاء (حُ۔نَ۔فا)(ع۔ا۔مذ) حنیف کی جمع۔ حضرت ابراہیمؑ کے مذہب کے پیرو لوگ۔
حَنَفی (حَ۔نَ۔فی)(ع۔صف) سُنّی مسلمانوں کی وہ جماعت جو فقہ میں امام ابو حنیفہؒ کی پیرو ہے۔ لفظی معنی صادق۔ سچّا۔ جمع: اَحناف۔ حنفیہ۔
حَنُوط (حَ۔نُوط)(ع۔ا۔مذ) چند خوشبودار چیزوں کا ایک مُرکّب جو مُردے کو غسل دینے کے بعد اُس پر ملتے ہیں (۲) وہ دوائیں جنہیں لاش پر لگانے سے وہ مدّتوں گلنے سڑنے سے محفوظ رہتی ہے۔
حَنِیف (حَ۔نیف)(ع۔ا۔مذ) حضرت ابراہیمؑ کے دین کا ماننے والا (۲) پکّا مسلمان (۳) مذہبی عقیدے کا پختہ۔ دین میں سچّا (۴) حضرت ابراہیمؑ کا لقب۔ جمع: حُنفاء۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ح ۔ و

حَوّا (حَو۔وا)(ع۔ا۔مث) باوا آدمؑ کی بیوی کا نام جن کی تخلیق حضرت آدمؑ کی بائیں پسلی سے ہوئی۔ چونکہ وہ زندہ انسان سے تخلیق کی گئیں اس لئے اُن کا نام حوّا رکھا گیا۔

حَواجِب (حَ۔وا۔جِب)(ع۔ا۔مذ) حاجب کی جمع۔

حَوادِث (حَ۔وا۔دِث)(ع۔ا۔مذ) حادثہ کی جمع۔

حَواری (حَ۔وا۔ری) (ع۔ا۔مذ) (۱) حضرت عیسیٰؑ کے اصحاب جو تعداد میں بارہ تھے (۲) وفادار دوست۔ اُردو جمع: حواری۔ حواریوں۔

حَواس (حَ۔واس) (ع۔ا۔مذ) حاسّہ کی جمع (۱) محسوس کرنے کی حِسیں یا قوتیں (۲) ہوش۔ اَوسان۔ عقل۔ سمجھ۔ (اُردو والوں نے اس کی جمع الجمع "حواسوں" بنائی ہے)۔

حواس باختہ (ع۔ف۔صف) بے اوسان۔ گھبرایا ہوا۔ مخبوط الحواس۔ ہکا بکا۔

حواس پر سے صدقہ دینا (اُر۔محاورہ) ہوش دُرست کرنا۔ عقل کی خبر لینا۔ عقل کے ناخن لینا۔

حواس جانا (جاتے رہنا) (اُر۔محاورہ) اوسان نہ رہنا۔ گھبرا جانا۔

حواسِ خمسہ (ع۔ا۔مذ) پانچ حواس: دیکھنے، سُننے، سُونگھنے، چکھنے اور چھونے کی قوتیں۔

حواس میں آکر بات کرو (اُر۔محاورہ) نامعقول بات مت کرو۔

حَواشی (حَ۔وا۔شی) (ع۔ا۔مذ) حاشیہ کی جمع۔ کنارے (۲) مصاحِب۔ ہم نشیں (۳) یادداشتیں جو کتاب کے حاشئے پر لکھی جائیں۔

حَواصِل (حَ۔وا۔صِل) (ع۔ا۔مذ) ایک سفید آبی پرندہ جو مچھلیاں کھاتا ہے۔ پیلیکن (۲) حوصلہ کی جمع۔

حَوالات (حَ۔وا۔لات)(ع۔ا۔مث) حوالت کی جمع۔ وہ اشیا جو قبضے میں دی جائیں۔ امانتیں۔ اوقاف (۲) تحویل۔ قید۔ حراست۔ نگرانی (۳) وہ جگہ جہاں مَلزوم کو تا فیصلۂ مقدمہ نظر بند رکھا جائے۔ اِن معنوں میں واحد مستعمل ہے۔

حَوالاتی (حَ۔وا۔لا۔تی)(اُر۔صف) حوالات میں رہنے والا۔ مَلزوم۔

حوالدار (ف۔ا۔مذ) ہیڈ کانسٹیبل۔ پولیس اور فوج کا ایک عُہدے دار جس کے ماتحت کئی سپاہی ہوں۔

حَوالہ (حَ۔وا۔لہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) سُپردگی۔ تحویل (۲) پتا۔ نشان۔ فارسی جمع: حوالہ جات۔ اُردو جمع: حوالوں۔ حوالے۔

حَوالی (حَ۔وا۔لی)(ع۔ا۔مث) گرد و نواح۔ آس پاس۔

حوالیِ شہر (ع۔ف۔ا۔مذ) شہر کے اِرد گرد کا علاقہ۔

حوالی موالی (ع۔ف۔ا۔مذ) دیکھئے حالی موالی۔

حَوالے (اُر۔ا۔مذ)(۱) حوالہ کی جمع (۲) حوالہ کی مُغیّرہ صورت۔

حوالے کرنا (اُر۔محاورہ) سُپرد کرنا۔

حَوائج (حَ۔وا۔اِج)(ع۔ا۔مذ و مث) حاجت کی جمع۔

حوائجِ ضروری (ضروریہ) (ع۔ا۔مث) ضروری حاجتیں خاص طور پر پاخانہ پیشاب۔

حُوت (ع۔ا۔مذ و مث)(۱) بڑی مچھلی۔ ویل (۲) نظامِ شمسی کا بارھواں بُرج جو مُشتری کا گھر ہے۔

حُور (ع۔ا۔مث) حَوراء کی جمع۔ (اُردو میں واحد مستعمل ہے)۔ خوبصورت عورتیں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی خدمت گار ہوں گی (۲)(صف) بہت خوبصورت (عورت)۔ فارسی جمع: حُوراں۔ اُردو جمع: حوروں۔ حوریں۔

حور کا بچّہ (اُر۔صف) بہت خوبصورت۔ پَری زاد۔

حورِ عین (ع۔ا۔مث) فراخ چشم عورت۔ بڑی بڑی آنکھوں والی عورت۔

حُوراں (ف۔ا۔مث) حُور کی جمع۔

حُورانِ خُلد (ف۔ا۔مث) جنّت کی حُوریں۔

حَوصَلہ (حَو۔صَ۔لہ) (ع۔ا۔مذ) جرأت۔ دلیری۔ ہمّت۔ مقدور (۲) سمائی۔ بُردباری (۳) اَرمان۔ آرزو (۴) جانور کا پوٹا۔ جمع: حواصِل۔

حوصلہ افزا (ع۔ف۔صف) ہمّت دلانے والا۔ حوصلہ بڑھانے والا۔

حوصلہ افزائی (ع۔ف۔ا۔مث) شاباش دینا۔ ہمّت بڑھانا۔

حوصلہ تنگ ہونا (اُر۔محاورہ) پست ہمّت ہونا۔ کمینے خیالات کا ہونا۔

حوصلہ رکھنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کی ہمّت رکھنا۔

حوصلہ مند (ع۔ف۔صف) بلند ہمّت۔ ہمّت والا۔ اُولوالعزم۔

حوصلہ نکالنا (اُر۔محاورہ) ارمان پورے کرنا (۲) خوب خرچ کرنا (۳) ہمّت کرنا۔

حَوصلے (اُر۔ا۔مذ) حوصلہ کی مُغیّرہ صورت۔

حوصلے سے باہر (اُر۔صف) ہمّت سے زیادہ۔

حَوض (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) چھوٹا تالاب۔ پانی جمع کرنے کا پکّا گڑھا (۲) حاشیے کے اندر کی جگہ۔ متن۔ اُردو جمع: حَوض۔ حوضوں۔

حوض بھرے تو فوارہ چھوٹے (اُر۔مثل) آمدنی ہو تو خرچ ہو سکتا ہے۔

حَوضہ (حَو۔ضہ)(ع۔ا۔مذ) ہودہ۔ ہودج۔ ہاتھی کے اُوپر رکھنے کی عماری۔

حَوَنق (حَ۔وَن۔نق)(اُر۔ا۔مذ) دیکھئے ہونق۔

حَویلی (حَ۔وے۔لی)(ف۔ا۔مث) بڑا مکان۔ عالی شان مکان۔ محل سرا۔ اُردو جمع: حویلیاں۔ حویلیوں۔

ح ۔ ی

حَیّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔صف) زندہ رہنے والا۔ خُداتعالیٰ کا ایک نام۔

حَیا (حَ۔یا)(ع۔ا۔مث) شرم۔ حجاب۔ لحاظ۔ غیرت۔

حیا آنکھوں سے دھو ڈالنا (اُر۔محاورہ) دیدہ دلیر ہو جانا۔ بے شرم ہو جانا۔

حیادار (حیامند) (ع۔ف۔صف) غیرت مند۔ لحاظ والا۔ شرمیلا۔

حیا والا اپنی حیا سے ڈرا۔ بے حیا جانے مجھ سے ڈرا (اُر۔مثل) شریف آدمی کا اپنی عزت کی خاطر بدمعاش سے پہلو تہی کرنا اور بدمعاش کا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُسے خوف زدہ جان کر زیادہ سر چڑھنا۔

حَیات (حَ-یات)(ع-ا-مث) زندگی۔ زیست (۲) عُمر۔ جان۔ روح۔

حیاتِ اَبدی (جاودانی) (ع-ا-مث) ہمیشہ کی زندگی۔

حیات بخش (ع-ف-صف) زندگی دینے والا۔

حیات بعدَالممات (ع-ا-مث) موت کے بعد زندگی۔ اسلام کے مطابق سب لوگ قیامت کے دن دوبارہ زندہ کئے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ اُن کے اعمال کے بموجب انہیں جزا و سزا دے گا۔

حیات پیمائی (ع-ف-ا-مث) شماریاتی طریقہ کار کو حیاتیاتی اُمور پر اِستعمال کرنے کا علم۔ (Biometry)۔

حیاتِ تازہ پانا (اُر- محاورہ) نئی زندگی پانا۔ خطرناک بیماری سے اچھا ہونا۔

حیاتِ جاوید (ع-ف-ا-مث) ہمیشہ کی زندگی۔ حیاتِ ابدی۔

حیاتِ مُستعار (ع-ا-مث) مانگے کی زندگی۔ ناقابلِ اِعتبار زندگی۔

حَیاتی (حَ-یا-تی)(ق-ا-مث) زندگی۔ حیات۔ (ع-صف) حیات سے متعلق۔

حَیاتیات (حَ-یات-آت)(ع-ا-مث) سائنس کی وہ شاخ جس میں زندگی کے پہلوؤں سے بحث کی جاتی ہے۔ جانوروں اور پودوں کا علم۔ (Biology)۔

حَیاتین (ع-ف-ا-مث) وہ کیمیاوی اجزا جو اِنسان اور جانوروں کی غذا میں ہوتے ہیں اور جن کی کمی خرابیِ صحت کا باعث ہوتی ہے۔ (Vitamins)۔

حَیثیّت (حَے-ثی-یَت)(ع-ا-مث) بساط۔ قدرت۔ مقدور (۲) آبرو۔ عزت (۳) جائیداد۔ ملکیت۔ آمدنی۔ دولت (۴) رُتبہ۔ درجہ۔ پایہ (۵) اُسلوب۔ وضع۔ طرز۔ ڈھنگ۔

حیثیت بگاڑنا (اُر- محاورہ) بے عزّت کر دینا۔

حیثیت بگڑنا (اُر- محاورہ) غریب ہو جانا۔ بے عزّت ہونا۔

حیثیت رکھنا (اُر- محاورہ) قابلیت ہونا۔ گنجائش رکھنا۔ ملکیت ہونا۔

حیثیت سے بڑھ کر (اُر- متعلق فعل) بساط سے زیادہ۔ مقدور سے باہر۔

حیثیتِ عُرفی (ع-ا-مث) بنی ہوئی عزّت۔ مانی ہوئی حیثیت۔ ساکھ۔ اِعتبار۔

حیثیت ہونا (اُر- محاورہ) لیاقت ہونا۔ بساط ہونا۔

حَیدَر (حَے-دَر)(ع-ا-مذ) شیر۔ حضرت علیؓ کا لقب۔

حیدرِ کرّار (ع-ا-مذ) بار بار حملہ کرنے والا شیر۔ حضرت علیؓ کا لقب۔

حَیدری (حَے-دَ-ری)(ع-صف) حیدر سے منسوب۔ شیعوں کا ایک فرقہ۔

حَیران (حَے-ران)(ع-صف) ہکا بکا۔ حیرت زدہ۔ دنگ۔ متحیر۔ متعجب۔

حَیرانی (حَے-را-نی)(ع-ا-مث) پریشانی۔ حیرت۔ تحیّر۔ اچنبھا۔

حَیرت (ع-ا-مث) اچنبھا۔ تعجب۔ حیرانی۔ اُردو جمع: حیرتوں۔ حیرتیں۔

حیرت آفرین (حیرت انگیز) (ع-ف-صف) حیرت پیدا کرنے والا۔

حیرت افزا (ع-ف-صف) حیرانی بڑھانے والا۔

حیرت زدہ (ع-ف-صف) حیرت کا مارا۔ بھوچکا۔ حیران۔

حَیرتی (حَے-رَ-تی)(ف-صف) حیران۔ حیرت زدہ۔

حیرو غلیفی (ع-ا-مذ) تصویری علامتیں (جانوروں اور پودوں وغیرہ کی) جو قدیم مصر میں حروفِ اَبجد کی ایجاد سے قبل تحریر کے لئے استعمال کی جاتی تھیں۔ (Hieroglyphics)۔

حَیص بَیص (ع-ا-مث) شور و غوغا۔ تکرار۔ لڑائی جھگڑا۔

حَیض (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع-ا-مذ) وہ خون جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔ ماہواری۔

حیض سے پاک ہونا (اُر- محاورہ) عورت کا حیض سے فارغ ہو کر نہانا۔

حیض سے ہونا (اُر- محاورہ) ماہواری آنا۔ حیض کا خون آنا۔

حیض کا لتّا (اُر-ا-مذ) حیض کی گدّی۔ وہ کپڑا جس سے خونِ حیض صاف کریں (۲) ذلیل۔ قابلِ نفرت شخص۔

حِیطَہ (حی-طَہ)(ع-ا-مذ) چار دیواری۔ اِحاطہ۔

حَیف (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع-ا-مذ) دریغ۔ افسوس۔ ہائے (۲) ظلم و ستم۔ جبر۔ تعدّی۔

حَیفی (حَے-فی)(ق-ا-مذ) حیف۔ رنج۔ افسوس۔

حیفی کھانا (ق- محاورہ) تأسف کرنا۔ پشیمان ہونا۔

حِیَل (حِ-یَل)(ع-ا-مذ) حیلہ کی جمع۔

حِیلَہ (حی-لَہ)(ع-ا-مذ) بہانہ۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر (۲) روزگار۔ کام۔ نوکری۔ جمع: حِیَل۔ اُردو جمع: حیلوں۔ حیلے۔

حیلہ باز (حیلہ ساز۔ حیلہ گر۔ حیلہ جُو) (ع-ف-صف) مکّار۔ فریبی۔ دغا باز۔ کام چور۔

حیلہ حوالہ (ع-ا-مذ) ٹال مٹول۔ لیت و لعل۔ ہیرا پھیری۔

حیلہ کرنا (اُر- محاورہ) بہانہ کرنا۔ فریب کرنا (۲) روزگار سے لگنا۔ نوکر ہونا۔ روزی کمانے کے لئے کچھ کرنا۔

حِیلے (حی-لے)(اُر-ا-مذ)(۱) حیلہ کی جمع (۲) حیلہ کی مُغیّرہ صورت۔

حیلے رِزق۔ بہانے موت (اُر- مثل) رزق کوئی نہ کوئی کام کرنے سے ملتا ہے۔ موت کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے۔

حِین (بیائے معروف)(ع-ا-مذ) وقت۔ زمانہ۔ عرصہ۔

حینِ حیات (ع-ا-مث) عُمر بھر۔ تا بہ زندگی۔ جب تک زندہ ہے۔ جیتے جی۔

حَیوان (حَے-وان)(ع-ا-مذ) جاندار۔ ذی رُوح (۲) مویشی۔ چوپایہ (۳) (صف) نادان۔ بے وقوف۔ وحشی۔ جمع: حیوانات۔ اُردو جمع: حیوان۔ حیوانوں۔

حیوانِ سافِل (ع-ا-مذ) ذلیل جانور۔

حیوانِ مُطلق (ع-ا-مذ) جانور (۲)(کنایۃً) بے سلیقہ۔ بدتمیز۔ بالکل گنوار۔

حیوانِ ناطِق (ع-ا-مذ) بولنے والا جانور یعنی اِنسان۔

حَیوانی (حَے-وا-نی)(ع-صف) اِنسانی کی ضد۔ حیوان سے منسوب (۲) نفسانی۔ شہوانی (۳) حیوان سے حاصل ہونے والی چیز۔

حَیوانیات (حَے-وا-نی-آت)(ع-ا-مث) دیکھئے علم حیوانات۔

حَیوانیّت (ع-ا-مث) حیوان کی خاصیت۔ بے حیائی۔ بے وقوفی۔ وحشت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خ

خ (خے) (ع۔ا۔مث) اُردو کا دسواں' فارسی کا نواں اور عربی کا ساتواں حرف۔ عربی و فارسی میں اس کا تلفظ خا ہے۔ اِسے خائے مُعجمہ یا منقوطہ بھی کہا جاتا ہے۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے چھ سو عدد مقرّر ہیں۔ حلقی حرف ہونے کی وجہ سے اس کی آواز حلق سے نکلتی ہے۔ علم نجوم میں یہ سیّارۂ مریخ کی علامت ہے۔ یہ قمری حرف ہے۔ اِس سے پہلے "ال" آئے تو وہ آواز دے گا جیسے اَلخالق۔

خ۔ا

خاتم (خا۔تِم) (بکسرِ سوم) (ع۔صف) ختم کرنے والا۔ اخیر یا انجام کو پہنچانے والا۔

خاتَم (خا۔تَم) (ع۔ا۔مث) (۱) انگوٹھی۔ انگشتری (۲) چھاپ۔ مُہر۔ جمع: خواتِم۔

خاتَمُ الاَنبیاء (خاتَمُ النَّبِیّین) (خا۔ت۔مُل۔اَم۔ب۔یا۔خا۔ت۔مُن۔نَ۔بی۔یِین) (ع۔ا۔مذ) حضرت محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا لقب۔ کیونکہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ آپ پر نبوت ختم ہو چکی ہے۔ آپ نبوت کے اِختتام پر مُہر کی حیثیت رکھتے ہیں۔

خاتم بندی (خاتم کاری) (ع۔ف۔ا۔مث) ہاتھی دانت' ہڈی یا لکڑی پر پُھول پتّی بنانے کا فن۔

خاتَمِ سُلیمان (ع۔ف۔ا۔مث) حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی' جس پر اسمِ اعظم لکھا ہوا تھا اور اِس کے باعث تمام مخلوقات آپ کی مطیع تھی۔

خاتِمہ (خا۔تِ۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) اَنجام۔ عاقبت۔ اخیر۔ نتیجہ (۲) موت۔ رِحلت۔ اِنتقال (۳) وہ عبارت جو اِختتام پر لکھی جائے۔

خاتمہ بالخیر (بِل۔خیر) (ع۔ا۔مذ) (۱) نیک انجام (۲) اخیر وقت ایمان کی سلامتی اور دینداری کے ساتھ گُزرنا (۳) (کنایۃً) موت۔

خاتمہ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) انجام کو پہنچنا۔ تمام ہونا۔ پورا ہونا (۲) فوت ہونا۔ گُزر جانا۔

خاتُون (خا۔تُون) (ت۔ا۔مث) بیوی۔ امیر زادی۔ معزّز عورت۔ بیگم۔ جمع: خواتین (عربی قاعدے سے)۔

خاتونِ جنّت (ف۔ع۔ا۔مث) جنت کی شہزادی۔ حضرت فاطمہ زہراؓ کا لقب۔

خاتونِ عرب (ف۔ع۔ا۔مث) (۱) لقب حضرت فاطمہؓ (۲) کعبہ۔

خاتونِ فلک (ف۔ع۔ا۔مث) آسمان کی شہزادی (۱) چاند (۲) زہرہ۔ ناہید۔

خادِم (خا۔دِم) (ع۔ا۔مذ) خدمت کرنے والا۔ نوکر۔ ملازم۔ اِنکسار کے طور پر اپنے لئے بھی کہا جاتا ہے۔ جمع: خُدّام اور خَدَم۔ فارسی جمع: خادِمان۔ اُردو جمع: خادِم۔ خادِموں۔

خادِمِ درگاہ (ع۔ف۔ا۔مث) کسی درگاہ کی خدمت کرنے والا۔ مُجاوِر۔

خادِمانہ (خا۔دِ۔مانَہ) (ف۔صف) خادم کی مانند۔

خادِمہ (خا۔دِ۔مَہ) (ع۔ا۔مث) مُلازمہ۔ خادم کی تانیث۔ جمع: خادِمات۔

خار (ف۔ا۔مذ) کانٹا۔ پھانس (۲) مُرغ کے پاؤں کا کانٹا جو ٹخنے کے اُوپر ہوتا ہے (۳) حسد۔ جلن (۴) ڈاڑھی کے سخت بال۔

خار بست (خاربند) (ف۔ا۔مذ) کانٹوں کی باڑھ۔

خار پُشت (ف۔ا۔مذ) ساہی۔ سیہی۔ ایک جنگلی جانور جس کے جسم پر لمبے لمبے کانٹے ہوتے ہیں۔

خار خار (ف۔صف) بکثرت۔ بہت۔ رنج یا حسد کے موقع پر آتا ہے۔

خاردار (ف۔صف) کانٹوں والا (۲) وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی نکل آئے۔

خار دینا (اُر۔محاورہ) رنج دینا۔ ستانا۔ تکلیف پہنچانا۔ ایذا دینا۔

خارزار (خارستان) (ف۔ا۔مذ) کانٹوں کا جنگل۔

خارکَش (کَ پر زبر) (ف۔ا۔مذ) لکڑہارا۔

خار کھانا (اُر۔محاورہ) حسد کرنا۔ جلنا۔ دُشمنی کرنا۔

خار گُزرنا (لگنا۔ معلوم ہونا) (اُر۔محاورہ) بُرا لگنا۔ کھٹکنا۔ ناگوار ہونا۔

خارِ ماہی (ف۔ا۔مذ) مچھلی کا کانٹا۔

خارِ مُغیلاں (ف۔ا۔مذ) ببول یا کیکر کا کانٹا۔

خار نکالنا (اُر۔محاورہ) اِنتقام لینا۔

خاروخَس (خاروخاشاک) (ف۔ا۔مذ) کانٹا اور گھاس۔ کوڑا کرکٹ۔ کچرا۔

خار ہونا (اُر۔محاورہ) ناگوار گُزرنا۔ بُرا معلوم ہونا (۲) حسد ہونا۔ جلن ہونا۔

خارا (ف۔ا۔مذ) سخت پتھر۔ نیلا پتھر۔

خارا تراش (ف۔صف) پتھر کاٹنے والا۔ سنگ تراش۔

خارا شِگاف (ف۔صف) پتھر میں شگاف ڈالنے والا۔

خارِج (خا۔رِج) (ع۔صف) بیرون۔ علیحدہ۔ باہر نکلا ہوا۔

خارج آہنگ (ف۔صف) بے سُرا۔

خارج از بحث (ع۔ف۔صف) جس کا بحث سے تعلق نہ ہو۔ بحث سے الگ (۲) جُملہ معترضہ۔ فضول بات۔

خارج از عقل (ع۔ف۔صف) (۱) عقل کے خلاف۔ بعید از عقل (۲) اَحمق۔ گاؤدی۔

خارج قسمت (ع۔ا۔مذ) وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم علیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ حاصلِ تقسیم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خارج کرنا (اُر۔مص مُرکّب) نکالنا۔ باہر کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) مقدّمے کو ناقابلِ سماعت قرار دینا۔

خارج ہونا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) نکلنا۔ باہر ہونا۔ جُدا ہونا (۲) مقدّمے کا ڈسمس ہونا۔

خارِجاً (خا۔رِ۔جن)(ع۔صف) بالا بالا۔ ظاہراً۔ باہر سے۔

خارِجہ (خا۔رِ۔جہ)(ع۔صف) خارج کی تانیث۔ داخلہ کی ضد۔ باہر کا۔ خارج شدہ (۲) کتاب کے صفحے کا آخری لفظ جسے اگلے صفحے پر لے جاتے ہیں (۳) وہ ستارہ جو نشانی کے لئے حاشئے پر بنایا جاتا ہے۔

خارِجی (خا۔رِ۔جی)(ع۔اِ۔مذ)(۱) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو جنگِ صفین کے موقع پر حضرت علیؓ کا اِس وجہ سے مخالف ہوگیا تھا کہ انہوں نے امیرِ معاویہؓ سے لڑنے کے بجائے ثالثی قبول کرلی تھی۔ جمع: خوارج (۲)(صف) بیرونی۔ باہر کا۔ باہر سے متعلق۔

خارِجِیّت (خا۔رِ۔جی۔یت)(ع۔اِ۔مث) ظاہرداری۔ ظاہر پرستی۔ مادّی و ظاہری اُمور پر زور دینے کا مسلک۔

خارچنگ (ف۔اِ۔مذ) دیکھئے خرچنگ۔

خارِش (خارِشت) (خا۔رِش)(خا۔رِشت)(ف۔اِ۔مث) کھجلی۔ کھاج۔ ایک جلدی بیماری جس میں بدن پر پھنسیاں نکل آتی ہیں اور کھجلی ہوتی ہے۔

خارِشی (خارِشتی) (خا۔رِ۔شی)(خا۔رِش۔تی)(ف۔صف) کھجلی والا۔ جسے خارش ہو۔

خارِشی کُتیا مخمل کی جھول (اُر۔مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی بدشکل آدمی عُمدہ لباس پہنے جو اُس پر زیب نہ دے۔

خارِق (خا۔رِق)(ع۔صف)(۱) پھاڑنے والا۔ توڑنے والا (۲) کرامت۔ جمع: خوارق۔

خارقِ عادات (ع۔اِ۔مذ) عادت اور قدرتی قاعدے کو توڑنے والا۔ اَنبیا کے معجزے۔ اولیا کی کرامات۔

خازِن (خا۔زِن)(ع۔اِ۔مذ و صف)(۱) خزانچی (۲) محافظ۔ نگہبان (۳) جمع کرنے والا۔ جمع: خوازِن۔

خاستہ (خاس۔تہ)(ف۔صف) فارسی مصدر خاستن سے اسمِ مفعول۔ اُٹھایا ہوا۔ مُرکّبات کے آخر میں آتا ہے جیسے نوخاستہ۔

خاستائی (خاس۔تا۔اِی)(ف۔صف) کبوتر کا ایک رنگ۔

خاسِر (ع۔صف) گھاٹا کھانے والا۔ نُقصان اُٹھانے والا۔

خاشاک (ف۔اِ۔مذ) کوڑا کرکٹ۔ خس کے ساتھ مستعمل ہے (خس و خاشاک)۔

خاشِع (خا۔شِع)(ع۔صف) عاجزی کرنے والا۔

خاص (ع۔صف) عام کی ضد۔ نج کا۔ ذاتی۔ اپنا (۲) صرف۔ فقط۔ محض (۳) عُمدہ۔ منتخب (۴) ٹھیک ٹھیک (۵) مرغوب۔ پیارا۔ منظورِ نظر۔ چہیتا۔ جمع: خواص۔ فارسی جمع: خاصان۔

خاصُ الخاص (ع۔صف) نہایت چیدہ۔ بہت منظورِ نظر۔ بہت مرغوب و محبوب۔ اعلیٰ درجے کا۔

خاص بازار (ع۔ف۔اِ۔مذ) شاہی بازار۔ وہ بازار جو شاہی محلات کے قریب ہو۔

خاص بردار (ع۔ف۔اِ۔مذ) سپاہی جو بادشاہوں اور نوّابوں کی سواری کے آگے کندھوں پر بندوقیں رکھ کر چلتے تھے۔ بندوقچی (۲) وہ شخص جس کے پاس رئیسوں کا پاندان ہو۔

خاص تحصیل (ع۔اُر۔اِ۔مث)(۱) وہ تحصیل جس میں حاکمِ ضلع کا اجلاس ہوتا ہے (۲) وہ تحصیل جس کی مالگزاری سرکار براہِ راست وصول کرے۔

خاص تراش (ع۔ف۔اِ۔مذ) بادشاہ اور امیروں کی حجامت بنانے والا۔ شاہی حجّام۔

خاص خاص (ع۔صف) ذی عزّت۔ منتخب۔ چیدہ چیدہ۔

خاص دان (ف۔اِ۔مذ) پان کی گلوریاں رکھنے کا برتن۔

خاص کر (اُر۔متعلق فعل) بالخصوص۔ خصوصاً۔ خاص طور پر۔

خاص محال (ع۔ف۔اِ۔مذ) وہ جائیداد جس کا اِنتظام خود حکومت کرے۔

خاص محل (ع۔ف۔اِ۔مذ) بادشاہ کی پہلی بیوی (۲) زنان خانہ۔

خاص نویس (ع۔ف۔اِ۔مذ) ذاتی منشی۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔

خاص و عام (ع۔اِ۔مذ) چھوٹے بڑے۔ امیر و غریب۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ تمام۔ سب لوگ۔

خاصا (اُر۔صف)(۱) خوب۔ اچھا۔ موزوں۔ خوشنما (۲) بُرا نہ بھلا۔ درمیانی۔ متوسط (۳) ایک قسم کا سوتی کپڑا (۴) امیروں کا کھانا (۵) بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا۔

خاصا چُنّنا (اُر۔محاورہ) امیروں کے دسترخوان پر قسم قسم کے کھانے لگانا۔

خاصا رہا (اُر۔محاورہ) خوب رہا (۲)(طنزاً) خراب رہا۔

خاصان (ف۔اِ۔مذ) خاص لوگ۔ خاص کی فارسی جمع۔

خاصگی (خاص۔گی)(ع۔ف۔اِ۔مذ)(۱) بادشاہ اور اُمرا کا مصاحب (۲) رسالدار۔ خزانچی (۳)(مث) مالک کی مدخولہ لونڈی (۵) عُمدہ چیز۔

خاصّہ (خاص۔صَہ)(ع۔اِ۔مذ)(۱) عادت۔ خُو۔ خصلت (۲) صفت۔ خاصیّت۔ خاص وصف جو کسی میں پایا جائے۔

خاصّتہً (خاص۔صَ۔تَن)(ع۔متعلق فعل) خصوصاً۔ خصُوصیّت سے۔

خاصی (اُر۔صف)(۱) خاصا کی تانیث۔ اچھی (۲) بُری نہ بھلی۔ متوسط درجے کی (۳) امیروں کی بندوق۔

خاصی پیاری (اُر۔اِ۔مث)(۱) زنخا۔ زنانہ۔ وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے۔

خاصے (اُر۔صف) خاصا کی مُغیّرہ صورت۔

خاصے کی چیز (اُر۔اِ۔مث) عُمدہ چیز۔ امیروں کی من پسند چیز۔

خاصِیّت (خاص۔صی۔یت)(ع۔ف۔اِ۔مث)(۱) مزاج۔ طبیعت۔ خصلت۔ عادت (۲) تاثیر (۳) وصف۔ صفت۔ گُن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خاضع (خا۔ضع)(ع۔صف) عاجزی کرنے والا۔ منکسر المزاج۔
خاطِر (ع۔ا۔مث)(۱) جو دل میں گزرے۔ دل کی بات (۲) دل۔ من (۳) جگر۔ کلیجا (۴) چت۔ خیال (۵) ارادہ (۶) مرضی۔ پاس۔ لحاظ (۷) تواضع۔ آؤ بھگت (۸) مزاج (۹) واسطے۔ لئے (۱۰) طرفداری۔
خاطر آزاری (ع۔ف۔ا۔مث) صدمہ پہنچانا۔ دل دُکھانا۔
خاطر آزردہ (ع۔ف۔صف) رنجیدہ۔ ناراض۔ ملول۔ کبیدہ خاطر۔
خاطر آشفتہ (ع۔ف۔صف) پریشان۔ گھبرایا ہوا۔
خاطر (پزیر) پسند (ع۔ف۔صف) مناسب۔ دل پسند۔ اچھی۔
خاطر تلے آنا (اُر۔محاورہ) پسندیدہ ہونا۔ باوقعت ہونا۔
خاطر توڑنا (اُر۔محاورہ) دل شکنی کرنا۔ رنج دینا۔
خاطر جمع (ع۔ا۔مث) دل جمعی۔ اطمینان۔ تسکین۔ تسلی۔
خاطر خواہ (ف۔صف) موافقِ طبع۔ حسبِ مرضی۔ حسبِ منشا۔ خواہش کے مطابق۔
خاطر داری (ع۔ف۔ا۔مث) تواضع۔ مدارات۔ مہمان نوازی۔ آؤ بھگت۔
خاطر داشتی (ق۔ا۔مث) خاطر مدارات۔
خاطر سے (اُر۔متعلق فعل) لحاظ سے۔ پاس سے۔
خاطر عاطِر (ع۔ا۔مث) پاکیزہ طبیعت۔
خاطر کرنا (اُر۔محاورہ) آؤ بھگت کرنا۔ مہمان نوازی کرنا (۲) دل جوئی کرنا۔
خاطر مُدارات (ع۔ا۔مث) آؤ بھگت۔ مہمان نوازی۔
خاطر میں آنا (اُر۔محاورہ) خیال میں آنا۔ عزّت ہونا۔
خاطر میں رکھنا (اُر۔محاورہ) دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا۔
خاطر میں گزرنا (اُر۔محاورہ) دل میں خیال گزرنا۔
خاطر میں نہ لانا (اُر۔محاورہ) خیال نہ کرنا۔ عزّت نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔ پروا نہ کرنا۔
خاطر نشان ہونا (اُر۔محاورہ) بات کا دل میں بیٹھ جانا۔
خاطر نشین (ع۔ف۔صف) دل میں اُترنے والی۔ ذہن نشین۔ جو دل میں بیٹھ جائے (۲) پسندیدہ۔ پیارا۔
خاطر ہونا (اُر۔محاورہ) آؤ بھگت ہونا۔ مدارات ہونا۔
خاطِرًا (خا۔طِ۔رَن)(ع۔متعلق فعل) دل سے (۲) کسی کا لحاظ کرتے ہوئے۔ پاس کرتے ہوئے۔
خاطِف (خا۔طِف)(ع۔صف) اُچک لے جانے والا۔ چھین لینے والا۔ بجلی کی صفت۔
خاطی (ع۔صف) گناہ گار۔ خطاکار۔ پاپی۔ مُجرم۔
خافی (ع۔صف) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ خفیہ۔
خاقان (ت۔ا۔مذ) سُلطان۔ بڑا بادشاہ۔ چین اور تُرکستان کے سابق بادشاہوں کا لقب۔
خاقانی (ت۔صف۔وامذ)(۱) شاہی (۲) ایران کے ایک مشہور قصیدہ گو شاعر کا تخلّص۔
خاک (ف۔ا۔مث)(۱) مٹی۔ دھول (۲) زمین۔ دھرتی (۳) کچھ۔ ذرا (۴) کچھ نہیں۔ بالکل نہیں (۵) راکھ۔ بھبھوت (۶) کیونکر۔ کس طرح (۷) خمیر۔ سرشت۔
خاک آلودہ (ف۔صف) مٹی سے بھرا ہوا۔
خاک اُڑانا (اُر۔محاورہ) گرد اُڑانا (۲) بدنام کرنا (۳) آوارہ پھرنا۔
خاک اُڑنا (اُر۔محاورہ) دھول اُڑنا۔ گرد اُڑنا (۲) رُسوا ہونا۔ مٹی پلید ہونا (۳) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ کچھ نہ رہنا (۴) پریشان نظر آنا۔ رونق نہ ہونا۔ ویران ہونا۔
خاک انداز (ف۔ا۔مذ) کوڑا کرکٹ ڈالنے کا برتن (۲) قلعہ یا مکان میں وہ سوراخ جس سے کوڑا کرکٹ باہر پھینکتے ہیں یا دُشمن پر تیر، پتھر برساتے یا بندوق چلاتے ہیں (۳) پھاوڑا۔ بیلچہ (۴) خیمے کا حاشیہ (۵) وہ برتن جس سے چولھے کی راکھ نکالتے ہیں۔
خاک ایسی زندگی پر (اُر۔مثل) جب زندگی بُرے حالوں گزر رہی ہو تو اس موقع پر بولتے ہیں۔ تُف ہے ایسے جینے پر۔
خاک باز (ف۔صف) کھلنڈرا۔ مٹی سے کھیلنے والا۔
خاک بازی (ف۔ا۔مث) مٹی سے کھیلنا۔ ایک دوسرے پر خاک ڈالنا۔
خاک بہ دہن (ف۔متعلق فعل) مُنہ میں خاک۔ مُنہ سے بُری بات نکالنے پر کہتے ہیں۔
خاک برسنا (اُر۔محاورہ) دھول اُڑنا۔ گرد اُڑنا (۲) ویرانی برسنا۔ بے رونقی ہونا۔
خاک بسر (برسر) (ف۔صف) جس کے سر میں خاک پڑی ہو۔ محتاج۔ دربدر۔ پریشان حال۔ خراب و خستہ۔
خاکِ پا (ف۔صف)(۱) پاؤں کے نیچے کی مٹی (۲) نہایت حقیر۔ عاجز۔ مسکین۔
خاک پڑے (اُر۔بددُعا۔عو) مٹ جائے۔ غارت ہو۔
خاک پھانکنا (اُر۔محاورہ)(۱) آوارہ پھرنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) بہتان لگانا۔
خاک تودہ (بغیر اضافت)(ف۔ا۔مذ) نشانہ لگانے کا مٹی کا ڈھیر۔ آماجگاہ۔
خاک جھڑ جانا (اُر۔محاورہ) مار پیٹ کا کوئی اثر نہ ہونا۔
خاک جھونکنا (اُر۔محاورہ) خاک ڈالنا (۲) دھوکا دینا۔
خاک چاٹ کر بات کہنا (اُر۔محاورہ) گڑگڑا کر بولنا۔ عجز و انکسار سے کچھ کہنا۔ دعوے کی بات کو عجز کے ساتھ ظاہر کرنا۔
خاک چاٹنا (اُر۔محاورہ) عجز و انکسار کا اظہار کرنا۔
خاک چھاننا (اُر۔محاورہ) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں پھرنا (۲) تباہ و برباد ہونا (۳) خوب تلاش کرنا۔
خاک چھنوانا (اُر۔محاورہ) خاک چھاننا کا متعدّی۔
خاک دان (ف۔ا۔مذ) مٹی اور کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ (۲) راکھ دان (۳) دُنیا۔
خاک دھول (اُر۔صف)(۱) کچھ نہیں (۲) گھٹیا اور بے کار چیز۔
خاک ڈالنا (اُر۔محاورہ)(۱) رفع دفع کرنا۔ لعنت بھیجنا۔ چھوڑ دینا (۲) (کنایۃً) عیب پوشی کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خاک ڈالے چاند نہیں چُھپتا (ار۔ مثل) بُرائی کرنے سے کسی کی خوبی نہیں چُھپتی۔

خاکِ راہ (ف۔ا۔مث) ذلیل۔ حقیر۔ ہیچ۔

خاک روب (خاکروب) (ف۔ا۔مذ) مہتر۔ بھنگی۔ حلال خور۔

خاک سار (خاکسار) (ف۔صف) مثل خاک۔ فروتن۔ عاجز۔ متکلم اپنے لئے اظہار انکسار و فروتنی کے واسطے استعمال کرتا ہے۔

خاک ساری (خاکساری) (ف۔ا۔مث) فروتنی۔ عجز۔ انکسار۔ عاجزی۔

خاک سیاہ ہو جانا (ار۔ محاورہ) جل کر راکھ ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا۔

خاک سے پاک کر دینا (ار۔ محاورہ) ادنیٰ رُتبے سے اعلیٰ رُتبے پر پہنچانا۔

خاکِ شِفا (ف۔ع۔ا۔مث) (۱) شفا بخشنے اور تندرست کر دینے والی مٹی (۲) کربلا کی خاک۔ مکۂ معظمہ اور مدینہ منورہ کی خاک۔

خاک شو پیش از آں کہ خاک شوی (ف۔ مقولہ) مرنے سے پہلے مر جا۔ مرنے سے پہلے عاجزی اور فروتنی کی عادت ڈالنی چاہئے۔

خاک کا پُتلا (ار۔ا۔مذ) آدمی۔ انسان۔

خاک کا پیوند ہونا (ار۔ محاورہ) دفن ہونا۔ خاک میں ملنا۔ مر جانا۔

خاک کا لے جانا (ار۔ محاورہ) جہاں کی مٹی وہیں دفن ہونا۔

خاک کرنا (کر دینا) (ار۔ محاورہ) (۱) جلا کر راکھ کر دینا (۲) برباد کرنا۔

خاک کے گھر کو لاکھ بنانا (ار۔ محاورہ) غریب کو امیر بنانا۔

خاک کے مول (ار۔ صف) بہت سستا۔ نہایت ارزاں۔

خاک لے ڈالنا (ار۔ محاورہ) اپنے مطلب سے کسی کے پاس بار بار جانا۔

خاک میں ملانا (ار۔ محاورہ) (۱) برباد کرنا (۲) ضائع کرنا۔ رائیگاں کرنا (۳) مار ڈالنا (۴) ذلیل و رُسوا کرنا (۵) زمین کا پیوند کرنا۔ ناپید کرنا۔

خاک میں مِل جائے (ار۔ کوسنا) مر جائے۔ تباہ ہو جائے۔

خاک میں مِلنا (ار۔ محاورہ) تلف ہونا۔ ضائع ہونا (۲) دفن ہونا (۳) پریشان ہونا (۳) برباد ہونا۔

خاک نائے (خاکنائے) (ف۔ار۔ا۔مث) خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو خشکی کے دو بڑے قطعات یا برّاعظموں کو ملائے۔

خاک نہ دُھول بکائن کے پُھول (ار۔ مثل) کام کے نہ کاج کے۔ نکمّے۔ مُفت کے شیخی خورے۔

خاک نشین (ف۔ صف) زمین پر بیٹھنے والا۔ خاکسار۔ منکسرُالمزاج۔ متواضع۔ خلیق۔

خاک نہاد (ف۔ صف) منکسر مزاج۔ خاکسار۔

خاک نہیں (ار۔ متعلق فعل) کچھ نہیں۔

خاک و خون میں ملانا (ار۔ محاورہ) برباد کرنا۔ مٹانا۔ فنا کرنا۔

خاک ہاتھ نہ آنا (ار۔ محاورہ) کچھ نہ ملنا۔

خاک ہو جانا (ہونا) (ار۔ محاورہ) گل کر مٹی ہو جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ کچھ نہ ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔

خاک ہے (ار۔ متعلق فعل) بالکل نہیں۔ کچھ نہیں۔

خاکستر (خا۔کِس۔تَر) (ف۔ا۔مث) راکھ۔ بھبھوت۔

خاکستری (خا۔کِس۔تَ۔ری) (ف۔صف) مٹی کے رنگ کا۔ مٹیالا۔

خاکسی (خاک۔سی) (ف۔ا۔مث) خوب کلاں۔ ایک نہایت باریک تخم جو بخار کی دوا ہے۔

خاکہ (خاکا) (خا۔کہ) (خا۔کا) (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ نقشہ جو صرف حدود کی لکیریں کھینچ کر بنایا جائے (۲) کچّا نقشہ (۳) مختصر حالاتِ زندگی (۴) ڈھانچا۔ چربہ۔ اُردو جمع: خاکوں۔ خاکے۔

خاکہ اُتارنا (ار۔ محاورہ) (۱) کچّا نقشہ کھینچنا۔ کاغذ وغیرہ پر حدود کے نشان ڈالنا (۲) مسوّدہ کرنا (۳) نقل اُتارنا۔

خاکہ اُڑانا (ار۔ محاورہ) (۱) نقل اُتارنا۔ نقشہ کھینچنا (۲) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔ مضحکہ اُڑانا۔

خاکہ کھینچنا (بنانا) (ار۔ محاورہ) کچّا نقشہ بنانا۔ مسوّدہ تیار کرنا۔ زبانی تصویر کشی کرنا۔

خاکہ نگار (ف۔ صف) خاکہ لکھنے والا۔ مختصر حالاتِ زندگی لکھنے والا۔

خاکہ نگاری (ف۔ا۔مث) خاکہ لکھنا۔ مختصر حالاتِ زندگی لکھنا۔

خاکی (ف۔ صف) (۱) خاک کا۔ خاک کی پیدائش۔ مجازاً انسان (۲) مٹیالا۔ خاک کے رنگ کا (۳) (ا۔مذ) فقیروں کا ایک فرقہ جو خاکی شاہ کا پیرو ہے (۴) وہ سپاہی جن کو ۱۸۵۷ء کی جنگ میں انگریزوں نے خاکی وردی دی تھی۔

خاکی انڈا (ار۔ا۔مذ) وہ انڈا جو مُرغی جوڑا کھائے بغیر دے۔ ایسے انڈے سے بچّہ نہیں نکلتا (۲) حرامی۔ حرام کا۔

خاکی انڈوں سے بچّے پیدا نہیں ہوتے (ار۔ مثل) کمینے سے فائدے کی کوئی اُمید نہیں ہوتی۔

خاکی نہاد (ف۔ صف) بہت خلیق۔ نرم دل۔

خاکیاں (خا۔کِ۔یاں) (ف۔ا۔مذ) مُسلمان درویشوں کی ایک برادری

خاگ (ف۔ا۔مذ) انڈا۔ بیضہ۔

خاگینہ (خا۔گی۔نہ) (ف۔ا۔مذ) تلے ہوئے انڈے۔ تلے ہوئے انڈے اور کتری ہوئی پیاز ملا کر قیمے کی طرح پکایا ہوا سالن۔

خال (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ قدرتی سیاہ نقطہ جو چہرے یا جسم پر ہوتا ہے۔ تل (۲) دو رنگا کبوتر۔ سفیدی کے ساتھ اور رنگ ملا ہوا کبوتر (۳) کاجل کا وہ نشان جو نظرِ بد سے بچانے کے لئے خوبصورت یا کم سن بچّوں کے چہرے پر لگا لیتے ہیں (۴) ماموں۔ خالو۔

خال جو بڑھا مستا ہُوا (ار۔ مثل) اپنی حد سے بڑھی ہوئی چیز بدنما ہوتی ہے۔

خال خال (ار۔ متعلق فعل) اِکا دُکا۔ بہت کم۔ کہیں کہیں۔ شاذ و نادر۔ کوئی کوئی۔

خالاتی (خا۔لا۔تی) (ع۔ صف) خالہ سے منسوب۔ خالہ کا۔

خالائی (خا۔لا۔ای) (ق۔ا۔مذ) خالو۔

خالد (خا۔لِد) (ع۔ صف) ہمیشہ (جوان و توانا) رہنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خالِدہ (خا-لِ-دَہ)(ع-صف) خالد کی تانیث۔

خالِص (خا-لِص)(ع-صف) اصل۔ کھرا۔ جس میں میل نہ ہو۔

خالِصاً لِلّٰہ (خالِصًا لِوَجہِ اللّٰہ) (خا-لِ-صَن-لِل-لاہ) (خا-لِ-صَن-لِ-وَج-ہِل-لاہ) (ع-متعلق فعل) بالکل خدا کے لئے۔

خالِصہ (خا-لِ-صَہ)(ع-صف)(۱) خالص کی تانیث (۲) سرکاری زمین جس میں کسی اور کا حق نہ ہو (۳)(ا-مذ) سکھ سردار۔ سکھوں کی فوج۔

خالصے لگنا (ار-محاورہ) ضبط ہونا (۲) ضائع ہونا۔ برباد ہونا۔

خالِع (خا-لِع)(ع-صف) خُلع حاصل کرنے والی (عورت)۔

خالِف (خا-لِف)(ع-صف) پیچھے آنے والا۔ خلاف کرنے والا۔

خالِق (خا-لِق)(ع-صف)(۱) پیدا کرنے والا (۲) خدا کا ایک صفاتی نام۔

خالو (خا-لو)(ار-ا-مذ) خالہ کا خاوند۔ ماں کی بہن کا خاوند۔ جمع: خالو۔ خالوؤں۔

خالہ (خا-لہ)(ع-ا-مث) ماں کی بہن۔ ماسی۔ اُردو جمع: خالائیں۔ خالاؤں۔

خالہ جایا (ار-ا-مذ) خالہ کا بیٹا۔ خالہ زاد بھائی۔ موسیرا۔ (مؤنث کے لئے: خالہ جائی)۔

خالہ جی کا گھر نہیں (ار-محاورہ) آسان کام نہیں۔ ہنسی ٹھٹھا نہیں۔

خالہ چاندنی کا کعبہ (ار-ا-مذ) اس موقع پر بولتے ہیں جب گھر کا گھر نالائق ہو۔

خالہ زاد بھائی (ار-ا-مذ) خالہ کا بیٹا۔ خالہ جایا۔

خالہ زاد بہن (ار-ا-مث) خالہ کی بیٹی۔ خالہ جائی۔

خالہ کا دم اور کواڑ کی جوڑی (ار-مثل) تنہائی کی حالت کو کہتے ہیں۔

خالہ کی خَل بچّی (ار-ا-مث)(طنزاً یا حقارتاً) خالہ کی بیٹی۔ خالہ جائی۔

خالہ کی مہمانی ہاتھ ڈال پچھتائی (ار-مثل) کسی کے معاملے میں دخل دینے کا نتیجہ افسوس ناک ہوتا ہے۔

خالی (ع-صف)(۱) جو بھرا ہوا نہ ہو۔ کھوکھلا۔ تہی (۲) صرف۔ محض (۳) اکیلا۔ تنہا (۴) بے کار۔ نکما (۵) بے روزگار (۶) سُونا (۷) غیر مقبوضہ۔ غیر آباد (۸) فارغ۔ بے مشغلہ (۹)(ع) مسلمانوں کا گیارھواں مہینا۔ ذیقعدہ۔ یہ نام نور جہاں نے رکھا تھا۔ عورتیں اس مہینے کو منحوس سمجھتی ہیں (۱۰) غیر مؤثر۔ بے اثر (۱۱) عاری۔ مبرا۔

خالی بنیا کیا کرے۔ اِس کوٹھی کے دھان اُس کوٹھی میں کرے (ار-مثل) کام کرنے والا بے کار نہیں بیٹھ سکتا۔ خواہ اُسے فضول ہی کام کرنا پڑے۔ نیز دیکھئے ٹھالی بنیا۔

خالی بیٹھنا (ار-محاورہ) بے کار رہنا۔ بے روزگار ہونا۔

خالی پھرنا (ار-محاورہ) کچھ نہ پانا۔ مایوس واپس آنا۔

خالی پیٹ (ار-صف) نہار منہ۔ بھوکا۔ جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔

خالی جانا (ار-محاورہ)(۱) نشانے پر نہ لگنا (۲) بے اثر ہونا۔

خالی خریطی پوری فضیحتی (ار-مثل) جب آدمی کی جیب (خریطی) میں کچھ نہیں ہوتا تو ذلیل ہی رہتا ہے۔ مفلسی بہت بری ہوتی ہے۔

خالی خولی (ار-صف) جس کی حقیقت کچھ نہ ہو۔ (خولی تابع مہمل ہے)۔

خالی دینا (ار-محاورہ) دشمن کے وار سے اپنے آپ کو بچا لینا۔ ٹال جانا۔

خالی سے بیگار بھلی (ار-مثل) بیکار بیٹھنے سے کسی کا کام مفت کرنا اچھا ہے۔

خالی کا چاند (ار-ا-مذ-مو) ماہ ذیقعدہ۔ گیارھواں قمری مہینا۔

خالی کرنا (ار-محاورہ) انڈیلنا۔ نکالنا (۲) بندوق چھوڑنا (۳) مکان کا قبضہ چھوڑنا۔

خالی ہاتھ (ار-صف)(۱) مفلس۔ نادار۔ تہی دست (۲) محروم (۳) بلا ہتھیار (۴) بغیر کوئی چیز لئے۔

خالی ہاتھ منہ کو نہیں جاتا (ار-مثل) بغیر فائدے کے کوئی کام نہیں کیا جاتا۔

خام (ف-صف)(۱) کچا۔ ناپختہ۔ سبز۔ ہرا۔ اَدھ کچرا (۲) بودا۔ کمزور (۳) ناتجربہ کار۔ ناواقف۔ ناآزمودہ کار۔ اناڑی (۴) فضول۔ بے ہودہ (۵) بند (۶) خالص۔ کھرا۔

خام آمدنی (ار-ا-مث) کل آمدنی جس میں سے خرچ وضع نہ کیا گیا ہو۔

خام پارہ (ار-ا-مث)(۱) مکّار عورت (۲) ایک قسم کی چھوٹی توپ۔

خام تحصیل (ار-ا-مث) زمیندار یا ٹھیکیدار کے توسّط کے بغیر سرکاری لگان کی وصولی۔

خام خیالی (ف-ع-ا-مث) غلط گمان۔ غلط خیال۔ جھوٹا خیال۔ وہم۔

خام دست (ف-صف) فضول خرچ (۲) ناتجربہ کار۔ اناڑی۔

خام کار (ف-صف) نادان۔ ناآزمودہ کار۔ ناتجربہ کار۔

خام کرنا (ار-محاورہ) بند کرنا۔ آٹا لگا کر ہانڈی کا منہ بند کرنا۔

خام کو کام سکھا لیتا ہے (ار-مثل) ناواقف آدمی کام کرتے کرتے سیکھ جاتا ہے۔

خامِس (خا-مِس)(ع-عدد ترتیبی) پانچواں۔

خامُش (خا-مُش)(ف-صف) خاموش کا مخفف۔

خامُشی (خا-مُ-شی)(ف-ا-مث) خاموشی کا مخفف۔

خامنا (خام-نا)(ار-مص)(۱) برتن کے منہ کو مٹی یا آٹے سے بند کرنا۔ خام کرنا (۲) مُہر لگانا۔ بند کرنا۔

خاموش (خا-موش)(ف-صف) چپ۔ ساکت (۲) بجھا ہوا (۳) لاتعلق۔

خاموش کرنا (ار-محاورہ)(۱) چپ کرنا۔ بولنے نہ دینا (۲) چراغ بجھانا۔

خاموشی (خا-مو-شی)(ف-ا-مث) سکوت۔ سناٹا۔ کوئی آواز نہ ہونا۔

خاموشی نیم رضا (ار-مقولہ) دیکھئے الخاموشی نیم رضا۔

خامہ (خا-مَہ)(ف-ا-مذ) قلم۔ کلک۔

خامہ آرائی (ف-ا-مث) لکھنا۔ عمدہ عبارت تحریر کرنا۔

خامہ فرسا (ف-صف) لکھنے والا۔

خامہ فرسائی (ف-ا-مث) لکھنا۔ تحریر کرنا۔

خامی (ف-ا-مث) ناپختگی۔ ناتجربہ کاری (۲) نقص۔ کمی۔ اُردو جمع: خامیاں۔ خامیوں۔

خان (ت-ا-مذ)(۱) سردار۔ رئیس۔ ہر امیر و رئیس کا لقب (۲) پٹھانوں کا لقب۔ جمع: خوانین (عربی قاعدے سے)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خان بہادر (ف ـ ا ـ مذ) ایک عزّت کا خطاب جو برطانوی سرکار کی طرف سے دیا جاتا تھا۔

خان خاناں (بغیر اضافت)(ف ـ ا ـ مذ) سرداروں کا سردار۔ امیروں کا امیر (۲) مغلیہ خاندان کے عہد میں سپہ سالار کا لقب۔ اکبر بادشاہ کے اتالیق بیرم خان اور اُس کے بیٹے عبدالرحیم خان کا لقب۔

خانخاناں جن کے کھانے میں بطانہ (اَر ـ مثل) (بطانہ اُس ٹوپی کو کہتے ہیں جو پگڑی کے نیچے ہوتی ہے۔ مُراد ہر چُھپی ہوئی چیز)۔ اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص پوشیدہ طور سے کسی پر احسان کرے۔ (عبدالرحیم خان خاناں پسر بیرم خان جب کسی غریب کو کھانا بھیجتے تو اُس میں پوشیدہ طور پر اشرفیاں رکھ دیتے تھے)۔

خان زادہ (ف ـ صف ـ مذ) خان کا بیٹا۔ شہزادہ۔

خان صاحب (ف ـ ا ـ مذ) انگریزوں کے عہد کا خان بہادر سے چھوٹا خطاب (۲) عزّت کا کلمہ۔

خاندان (خان ـ دان) (ف ـ ا ـ مذ) خانہ دان کا مخفف۔ نسل۔ قبیلہ۔ گھرانا۔ کنبہ۔ اُردو جمع : خاندان۔ خاندانوں۔

خاندانی (ف ـ صف) (۱) خاندان سے منسوب (۲) اچھے گھرانے کا۔ پُرانا رئیس۔ قدیم۔ شریف۔

خاندانی منصوبہ بندی (ف ـ اَر ـ ا ـ مث) خاندان کی وُسعت کو اُس کے وسائل تک محدود رکھنا۔ فیملی پلاننگ۔

خانساماں (اَر ـ ا ـ مذ) خانِ سامان (سامان کا رکھوالا یا سامان کا بندوبست کرنے والا) کا مورّد۔ صاحب لوگوں کا باورچی یا بٹلر۔ جمع : خانساموں۔ خانسامے۔

خانقاہ (ع ـ ا ـ مث) ف : خانہ گاہ کا معرّب۔ درویشوں اور مشائخ کے رہنے کی جگہ۔ صومعہ (۲) کسی درویش یا پیر کا مقبرہ۔ اَر جمع : خانقاہوں۔ خانقاہیں۔

خانگی (خانہ ـ گی)(ف ـ صف) (۱) گھریلو۔ گھر کا (۲) نج کا۔ ذاتی۔ خاص اپنا (۳) (اَر ـ ا ـ مث) وہ خانہ نشین عورت جو گھر بیٹھے پیشہ کرائے (اُردو میں بسکونِ نون)۔

خانگی جھگڑا (اَر ـ ا ـ مذ) خاندانی فساد۔ آپس کا جھگڑا۔ اندرون خانہ ناچاقی۔ آپس کی تکرار۔

خانم (خا ـ نُم)(ف ـ ا ـ مث) اعلیٰ خاندان کی عورتوں کا لقب۔ امیرزادی۔ بیگم۔ بیوی۔ خان کی بیگم۔

خانماں (خان ـ ماں)(ف ـ ا ـ مذ) گھر کا اَسباب۔ مال و متاع۔ اثاث البیت۔

خانماں آوارہ (ف ـ صف) گھر سے نکلا ہوا۔ گھر سے بے گھر۔ بے ٹھکانا۔

خانماں خراب (ف ـ صف) تباہ۔ برباد۔ پریشان۔

خانوادہ (خان ـ وا ـ دہ)(ف ـ ا ـ مذ) (۱) خاندان۔ گھرانا (۲) مشائخ یا درویشوں کا وہ خاندان جس سے انہیں توسُّل ہو۔ فقرا کا سلسلہ۔

خانہ (خا ـ نَہ)(ف ـ ا ـ مذ) (۱) گھر۔ مکان۔ بیت (۲) کبوتروں یا مُرغیوں کا دڑبا (۳) آشیانہ۔ گھونسلا (۴) صندوقچے کے اندر کا حصّہ (۵) شطرنج کی بساط کا ایک حصّہ (۶) پیٹ۔ شکم (۷) انگوٹھی میں وہ جگہ جہاں نگینہ رکھتے ہیں۔ فارسی جمع : خانہ ہا۔ اُردو جمع : خانے۔ خانوں۔

خانہ آباد' دولت زیادہ (اَر ـ کلمہء دُعا) دولت وافر اور گھر بھرا رہے (۲) تم اپنے گھر خوش۔ ہم اپنے گھر خوش۔

خانہ آبادی (ف ـ ا ـ مث) خوشحالی۔ گھر کا بسنا۔ شادی۔

خانہ باغ (ف ـ ا ـ مذ) مکان کی چار دیواری کے اندر کا باغ۔

خانہ بدوش (ف ـ صف) (۱) آوارہ۔ پریشان بے ٹھکانا (۲) وہ آدمی جو گھر کو ساتھ ساتھ لئے پھرے۔ ایک قوم جس کا کوئی مستقل گھر نہیں ہوتا۔ اُٹھاؤ چُولھا۔

خانہ برانداز (ف ـ صف) (۱) گھر بار اُجاڑ دینے والا (۲) محبوب۔

خانہ بربادی (ف ـ ا ـ مث) گھر کی تباہی۔ (کنایۃً) بیوی کا مرجانا۔

خانہ پُری (ف ـ ا ـ مث) نقشہ بھرنا۔ سرکاری مقررہ نقشوں کا پُر کرنا (۲) کسی کام کو فقط رسمی طور پر کرنا۔

خانہ تلاشی (ف ـ ا ـ مث) گھر کی تلاشی۔ کسی قابلِ اعتراض چیز کو ڈھونڈنے کے لئے حکومت کی طرف سے مکان کی تلاشی۔

خانہ جنگی (ف ـ ا ـ مث) گھر کے جھگڑے۔ آپس کی لڑائی۔ ملک کے اندر مختلف گروہوں' جماعتوں یا فرقوں کی لڑائی۔ سول وار۔

خانہء خالی را دیو می گیرد (ف ـ مثل) خالی گھر پر جن بھوت قبضہ کر لیتے ہیں۔

خانہ خانہ (ف ـ متعلق فعل) ایک ایک خانہ۔ ایک ایک گھر۔

خانہء خُدا (ف ـ ا ـ مذ) خُدا کا گھر۔ مسجد۔ معبد۔

خانہ خراب (ف ـ ع ـ صف) (۱) اجڑا ہوا' تباہ و برباد' خستہ حال شخص (۲) آوارہ۔ بد وضع۔

خانہ خرابی (ف ـ ا ـ مث) بربادی۔ تباہی۔

خانہء خمار (ف ـ ا ـ مذ) شراب خانہ۔ مے خانہ۔ خرابات۔

خانہ داری (ف ـ ا ـ مث) گھر کا کام کاج۔ گھر کے معاملات۔

خانہ داماد (ف ـ ا ـ مذ) گھر داماد۔ داماد جو سسرال میں رہتا ہو۔

خانہ زاد (ف ـ صف) مالک کے گھر میں پیدا ہونے والا غُلام۔ لونڈی کا بچّہ (۲) انکسار کا کلمہ۔

خانہء زنجیر (ف ـ ا ـ مذ) زنجیر کا حلقہ (۲) قیدخانہ۔ پاگل خانہ۔

خانہ ساز (ف ـ صف) گھر کا بنا ہوا۔

خانہ شماری (ف ـ ا ـ مث) مکانوں کی گنتی۔

خانہء شیر (ف ـ ا ـ مذ) بُرجِ اسد۔

خانہء عنکبوت (ف ـ ع ـ ا ـ مذ) مکڑی کا جالا۔

خانہء کمان (ف ـ ا ـ مذ) کمان کے دونوں بازو۔

خانہء ملاح در چین است و کشتی در فرنگ (ف ـ مثل) جب کوئی تدبیر سمجھ میں آئے مگر اُس پر عمل کرنا ممکن نہ ہو تو کہتے ہیں۔

خانہ نشین (ف ـ صف) (۱) گھر بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین (۲) معطّل۔ بیکار۔

خانہء ویراں (ف ـ صف) (بے اضافت) خانہ خراب۔ (بااضافت) ویران گھر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خانہ ویرانی (ف۔ا۔مث) گھر کی تباہی بربادی۔
خانے (اُر۔ا۔مذ) خانہ کی اُردو جمع (۲) خانہ کی متغیرہ صورت۔
خانے خانے (اُر۔ا۔صوت) مُرغیوں یا کبوتروں کو ڈربے میں جانے کا حکم۔
خانے دار (اُر۔ا۔صف) وہ چیز جس میں خانے بنے ہوئے ہوں۔
خاوَر (خا۔وَر)(ف۔ا۔مذ)(۱) مشرق۔ مغرب (۲) سُورج۔
خاوَراں (خا۔وَ۔راں)(ف۔ا۔مذ) مشرق اور مغرب۔
خاوَری (خا۔وَ۔ری)(ف۔صف) مشرقی۔ مغربی۔ سورج سے منسوب۔
خاوَند (خا۔وَند)(ف۔ا۔مذ) آقا۔ مالک۔ شوہر (خداوند کا مُخفف)۔
خاوند کرنا (اُر۔محاورہ) عورت کا اپنے آپ شادی کرنا۔
خاوَندی (خا۔وَندی)(ف۔ا۔مث) بندہ نوازی۔ مہربانی۔ عنایت۔
خائب (خا۔اِب)(ع۔صف) محروم۔ نااُمید۔ نادار۔ غریب۔
خائض (خا۔اِض)(ع۔صف) غور کرنے والا۔
خائف (خا۔اِف)(ف۔صف) ڈرنے والا۔ خوف کھانے والا۔
خائن (خا۔اِن)(ع۔صف) خیانت کرنے والا۔ بددیانت۔
خائنہ (خا۔اِنَہ)(ع۔صف) خائن کی تانیث۔
خایہ (خا۔یَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) بیضہ۔ انڈا (۲) خُصیہ۔ فوطہ۔
خایہ بردار (خایہ بوس)(ف۔صف) خوشامدی۔ چاپلوس۔
خایہ غلاماں (ف۔ا۔مذ) انگور کی ایک قسم۔

خ۔ب

خباثت (خَ۔با۔ثت)(ع۔ا۔مث)(۱) ناپاکی۔ گندہ پن (۲) بدباطنی۔ شرارت۔
خبّاز (خب۔باز)(ع۔ا۔مذ) نان بائی۔
خبائث (خَ۔با۔ئث)(ع۔ا۔مث) خبیثہ کی جمع (۲) گندگیاں۔ ناپاکیاں (۳) بُرائیاں۔ بُرے کام۔
خُبث (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) پلیدی۔ گندگی (۲) بدباطنی۔ بُرائی۔ شرارت۔
خُبثُ الحدید (ع۔ا۔مذ) لوہے کا میل۔
خُبثِ باطن (ع۔ا۔مذ) بدباطنی۔ شرارت۔
خَبَر (خَ۔بَر)(ع۔ا۔مث)(۱) اطلاع۔ آگاہی۔ واقفیت (۲) پیغام۔ سندیسا (۳) افواہ (۴) حدیث نبوی (۵) پتا۔ نشان۔ سُراغ (۶) ہوش۔ سدھ بدھ (۷) حال (۸) سناوَنی۔ موت کی اطلاع۔ جمع: اخبار۔ اُر جمع: خبروں۔ خبریں۔
خبر آنا (اُر۔محاورہ) اطلاع آنا۔ موت کی سناوَنی کا آنا۔
خبر اُڑانا (اُر۔محاورہ) جھوٹی بات مشہور کرنا۔ افواہ اُڑانا۔
خبر بھی ہے؟ (اُر۔محاورہ) تم نہیں جانتے۔ الزام دیتے وقت کہتے ہیں۔
خبر پر خبر دینا (اُر۔محاورہ) متواتر اطلاع بھیجنا۔
خبر پڑنا (اُر۔محاورہ) معلوم ہونا۔ اطلاع ہونا۔
خبر پوچھنا (اُر۔محاورہ) حال دریافت کرنا۔ خیر و عافیت دریافت کرنا۔
خبر پہنچانا (اُر۔محاورہ) اطلاع دینا۔ خبر دینا۔
خبر پہنچنا (اُر۔محاورہ) اطلاع ہونا۔ معلوم ہونا۔
خبر پھیلنا (اُر۔محاورہ) کسی واقعے کی اطلاع کا عام ہونا۔
خبردار (ع۔ف۔صف)(۱) خبر رکھنے والا۔ واقف۔ آگاہ (۲) چوکس۔ چوکنا (۳) (تنبیہ کا کلمہ) ہوشیار! احتیاط سے!
خبردار ہونا (اُر۔محاورہ) آگاہ ہونا۔ ہوشیار ہونا۔
خبرداری (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) نگہبانی۔ حفاظت۔ ہوشیاری۔ احتیاط۔
خبر دہندہ (ع۔ف۔صف) اطلاع دینے والا۔ خبر رساں۔ ایلچی۔
خبر دینا (اُر۔محاورہ) اطلاع دینا۔
خبر رساں (ع۔ف۔صف) خبر پہنچانے والا۔
خبر رکھنا (اُر۔محاورہ) واقف ہونا۔ خیال رکھنا۔ آگاہ رہنا۔
خبر گرم ہونا (اُر۔محاورہ) کسی بات کا مشہور ہونا۔ افواہ ہونا۔
خبر گیری (ع۔ف۔ا۔مث) دیکھ بھال۔ خبرداری (۲) دستگیری۔ اعانت۔
خبر لگانا (اُر۔محاورہ) سُراغ لگانا۔ پتا لگانا۔ ٹھکانا معلوم کرنا (۲) اخبار میں خبر چھاپنا۔
خبر لینا (اُر۔محاورہ)(۱) مدد کو آنا۔ دستگیری کرنا (۲) پوچھنا۔ حال دریافت کرنا (۳) مارنا۔ سزا دینا (۴) نگرانی کرنا (۵) لعنت ملامت کرنا (۶) حالت پر غور کرنا۔
خبر ہونا (اُر۔محاورہ) آگاہی ہونا۔ اطلاع ہونا۔ معلوم ہونا۔
خَبط (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) سودا۔ جنون۔ دیوانگی۔ خفقان۔
خبط اُچھلنا (اُر۔محاورہ) سودا ہونا۔ جنون ہونا۔ خفقان ہونا۔
خبط سوار ہونا (اُر۔محاورہ) بے ہودہ خیال دل میں سمانا۔
خبط ہو جانا (ہونا)(اُر۔محاورہ) جنون ہونا۔ غلط دُھن سمانا۔
خَبطی (خب۔طی)(ع۔صف) پاگل۔ سودائی۔ دیوانہ۔ مجنون۔
خَبیث (خَ۔بیث)(ع۔صف)(۱) ناپاک۔ پلید۔ گندہ (۲) بُرا۔ بدباطن۔ شریر (۳) بھوت پریت (۴) سُوَر۔ جمع: خُبثا۔ اُردو جمع: خبیثوں۔
خَبیثہ (خَ۔بی۔ثَہ)(ع۔صف) خبیث کا مؤنث۔
خَبیر (خَ۔بیر)(ع۔صف)(۱) خبر رکھنے والا۔ جاننے والا۔ واقف (۲) خُدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔

خ۔ت

خِتام (خِتامہ)(خِ۔تام)(خِ۔تا۔مَہ)(ع۔ا۔مث) چیز کی لاکھ یا چپڑا۔
خُتّان (خت۔تان)(ع۔ا۔مذ) ختنہ کرنے والا۔
خُتَک (خُتکا)(خُ۔تک)(ختـکا)(ف۔ا۔مذ)(فارسی لفظ کتک کی بگڑی ہوئی صورت)(۱) سونٹا۔ گدکا (۲) بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا (۳) انگوٹھا۔ ٹھینگا (۴) آلۂ تناسل۔
خَتم (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) اخیر۔ انجام۔ انتہا (۲) مُہر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) قرآن شریف ختم کرنے کی رسم (۴) فاتحہ۔ نذر۔ نیاز۔

خَتمُ الاَنبِیاء (خَتمُ المُرسَلین۔ الرُّسُل) (ع۔ ا۔ مذ) دیکھیے خاتم الانبیاء۔

خَتمِ خواجگان (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ایک خاص عمل جس کا ثواب خواجگانِ چشت و نقشبند کو پہنچایا جاتا ہے۔

ختم کرانا (اُر۔ محاورہ) تمام کرانا (۲) فاتحہ دلوانا۔ نیاز دلوانا (۳) قرآن شریف مکمل پڑھوانا (۴) قتل کرانا۔

ختم کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) انجام کو پہنچانا۔ تمام کرنا (۲) قرآن شریف مکمل پڑھنا (۳) فاتحہ پڑھنا (۴) قتل کرنا۔

ختم ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) انجام کو پہنچنا۔ تمام ہونا (۲) فاتحہ ہونا۔ نیاز ہونا (۳) کسی ہُنر یا عیب میں بے مثل ہونا (۴) مرجانا (۶) قرآن پاک پڑھوانا۔

خَتمَہ (خَتَ۔ مَہ) (اُر۔ ا۔ مذ) عبارت میں وقفہ لگانے کی علامت۔

خَتمی (خَت۔ مِی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) دیکھیے ختم نمبر ۱۔ ۲۔ (۲) قرآنِ مجید کی مکمل تلاوت۔

ختمی مرتبت (ع۔ صف) دیکھیے خاتم الانبیاء۔

خُتَن (خُ۔ تَن) (ف۔ ا۔ مذ) ترکستان میں ایک علاقہ جہاں کا مُشک مشہور ہے۔

خَتنَہ (خَت۔ نَہ) (ع۔ ا۔ مذ) مسلمانوں اور یہودیوں کی ایک رسم جس میں بچے کے عضوِ تناسل کا زائد چمڑا کاٹا جاتا ہے۔ یہ ابراہیم علیہ السلام کی سنّت ہے۔

خ۔ج

خَجالَت (خَ۔ جا۔ لَت) (ف۔ ا۔ مث) عربی لفظ خجلت کا بگاڑ۔ شرمندگی۔ ندامت (۲) شرم۔ حیا۔

خجالت کھینچنا (اُر۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔

خُجَستگی (خُ۔ جَس۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) سعادت۔ مُبارک ہونا۔

خُجَستَہ (خُ۔ جَس۔ تَہ) (ف۔ صف) مُبارک۔ فرخندہ۔ مسعود۔

خجستہ اختر (طالع) (ف۔ صف) خوش قسمت۔

خجستہ پے (ف۔ صف) مُبارک قدم۔ خوش نصیب۔

خَجِل (خَ۔ جِل) (ع۔ صف) شرمندہ۔ نادم۔ شرمسار۔

خَجلَت (خَج۔ لَت) (ع۔ ا۔ مث) دیکھیے خجالت۔

خجلت زدہ (ع۔ ف۔ صف) شرمندہ۔

خ۔چ

خَچاخَچ (اُر۔ ا۔ صوت) تلواریں چلنے کی آواز۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

خَچَّر (خَچ۔ چَر) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ دوغلا جانور جو گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہوتا ہے اور بار برداری کے کام آتا ہے۔

خ۔د

خَدّ (بفتحۂ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ ا۔ مذ) گال۔ رُخسار۔ چہرہ۔

خدّوخال (ع۔ ا۔ مذ) چہرہ اور (چہرے کا) تل۔ (مُراد) شکل و صورت۔ چہرہ مُہرہ۔ نیز دیکھیے خط و خال' جسے فُصحا ترجیح دیتے ہیں۔

خُدا (خُ۔ دا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خود آمد کا مُخفف۔ اللہ تعالیٰ (۲) مالک۔ آقا۔ حاکم۔ خُداوند۔ مُرکبات کے آخر میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً ناخُدا۔ کت خُدا۔

خدا اُٹھالے (اُر۔ بدُعا) خُدا مار ڈالے۔ مرجائے۔

خدا امیر کے پڑوس میں قبر بھی نہ بنوائے (اُر۔ مثل) امیر آدمی کی ہمسائیگی غریب کے لئے تکلیف کا باعث ہوتی ہے۔

خدا اِس کا سہرا دکھائے (اُر۔ کلمہ دُعا) بیٹے کی شادی کے لئے دُعا۔

خدا بچھڑتی رات نہ کرے لڑتی رات کرے (اُر۔ مثل) اکٹھے رہیں خواہ لڑتے ہی رہیں۔

خدا بخشے (اُر۔ کلمہ دُعا) خُدا اُس کے گناہوں کو مُعاف کرے۔ دُعائے مغفرت جو کسی مُردے کا ذکر کرتے وقت زبان پر لاتے ہیں۔

خدا بھرے کو بھرتا ہے (اُر۔ مثل) جو دولتمند ہو اُس کو خُدا اور بھی دیتا ہے۔

خدا بھوکا اُٹھاتا ہے بھوکا سُلاتا نہیں (اُر۔ مثل) خُدا ہر ایک کو رزق دیتا ہے۔

خدا پر تکیہ (توکُّل) (اُر۔ متعلق فعل) خُدا پر بھروسا۔ خُدا کا سہارا۔

خدا پر چھوڑ دینا (خدا پر چھوڑنا) (اُر۔ محاورہ) کسی کام کو خُدا کی مرضی پر چھوڑنا۔ توکُّل کرنا۔ خُدا پر بھروسا کرنا۔

خدا پرست (ف۔ صف) خُدا کو پوجنے والا۔ زاہد۔ عابد۔ حق پرست۔

خدا پناہ میں رکھے (اُر۔ کلمہ دُعا) خُدا بچائے۔

خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد (ف۔ مثل) سب برابر نہیں ہوتے۔ پانچوں اُنگلیاں برابر نہیں ہوتیں۔

خدا ترس (ف۔ صف) خُدا سے ڈرنے والا۔ رحم دل۔

خدا ترسی (ف۔ ا۔ مث) خُدا کا خوف۔ رحم دِلی۔

خدا جانے (اُر۔ محاورہ) دیکھیے اللہ جانے۔

خدا جھوٹ نہ بُلوائے (اُر۔ مثل) کوئی غیر معمولی بات کہنے سے پہلے کہتے ہیں کہ سچ کہہ رہا ہوں۔

خدا چاہے (اُر۔ متعلق فعل) اگر خُدا کو منظور ہو۔ اگر اللہ نے چاہا۔ اِن شاءاللہ۔

خدا حافظ (ف۔ ع۔ کلمہ دُعا) کسی کو رخصت کرتے وقت کہتے ہیں۔ اللہ نگہبان۔

خدا خدا کرو (اُر۔ روزمرّہ) اللہ سے ڈرو۔ توبہ کرو۔

خدا خود میرِ ساماں است اربابِ توکُّل را (ف۔ مثل) اللہ توکُّل کرنے والوں کی خود مدد کرتا ہے۔

خدا خدا کرکے (اُر۔ متعلق فعل) مشکل سے۔ بدِقت سے۔ دُشواری سے۔

خدا خدا کرکے کُفر ٹوٹا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے کُفر ٹوٹا خُدا خُدا کرکے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خدا خدا کرنا (اُر۔ محاورہ) خُدا کا نام لینا۔ عبادت کرنا۔ اللہ اللہ کرنا۔

خدا خیر کرے (اُر۔ دُعا) (خطرے کے موقع پر بولتے ہیں) اللہ بچائے۔ اللہ محفوظ رکھے۔

خداداد (ف۔ صف) خُدا کی دی ہوئی۔ من جانب اللہ۔ قدرتی۔ فطرتی۔

خدا دیتا ہے تو چھپّر پھاڑ کے دیتا ہے (اُر۔ مثل) خُدا جب دیتا ہے تو بے سبب بھی دے دیتا ہے۔

خدا دے کھانے کو' بلا جائے کمانے کو (اُر۔ مثل) مُفت میں مل جائے تو کمانے کی کیا ضرورت ہے۔

خدارا (ف۔ متعلق فعل) خُدا کے لئے۔ اللہ کے واسطے۔

خدا رسیدہ (ف۔ صف) (۱) اللہ تک پہنچا ہوا۔ اللہ والا (۲) نیک۔ پرہیزگار۔

خدا رکھے (اُر۔ کلمہ دُعا) کسی زندہ عزیز کا ذکر کرتے وقت یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں۔ یعنی خُدا اُسے زندہ رکھے۔

خدا ساز (ف۔ صف) خُدا کا بنایا ہوا۔

خدا سب کی محنت سُوارت کرتا ہے۔ اکارت نہیں کرتا (اُر۔ مثل) اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اُس کی محنت کا پھل دیتا ہے۔

خدا سلامت رکھے (اُر۔ کلمہ دُعا) خُدا زندہ رکھے۔

خدا سمجھے (اُر۔ کلمہ بددُعا) خُدا سزا دے۔ خُدا بدلہ دے۔

خدا سے پھرنا (اُر۔ محاورہ) خُدا کو نہ ماننا۔ کافر ہونا۔

خدا سے خیر مانگو (اُر۔ کلمہ ندا) بُری بات کی پیش گوئی کی جائے تو اُس وقت کہا جاتا ہے۔

خدا سے ڈرو (اُر۔ کلمہ ندا) توبہ کرو۔ اللہ سے خوف کھاؤ۔

خدا سے کیا پانا (اُر۔ محاورہ) بدی کا بدلہ ملنا۔

خدا سے لڑنا (اُر۔ محاورہ) اللہ کی مرضی سے مقابلہ کرنا۔ ناشکری کرنا۔

خدا سے لو لگانا (اُر۔ محاورہ) اللہ کی یاد کرنا (۲) مرنے کے قریب ہونا۔

خدا شرّے برانگیزد کہ خیرے ما دراں باشد (ف۔ مثل) بعض اوقات ایسے واقعات پیش آتے ہیں کہ بظاہر وہ ضرر رساں نظر آتے ہیں مگر اُن میں بھلائی ہوتی ہے۔

خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے (اُر۔ مثل) خُدا ہر شخص کو اُس کے حوصلے کے مطابق دیتا ہے۔

خدا شناس (ف۔ صف) خُدا کو پہچاننے والا۔ عارف۔ نیک۔ پارسا۔

خدا طلبی (طَ۔لَ۔بی) (ف۔ ا۔ مث) خُدا کو چاہنا۔ خُدا کی تلاش۔

خدا ظالم سے پالا نہ ڈالے (اُر۔ کلمہ دُعا) اللہ ظالم سے بچائے۔

خدا غارت کرے (اُر۔ کلمہ بددُعا) خُدا برباد کرے۔ تباہ کرے۔

خدا فروش (ف۔ صف) مُنافق۔ دھوکے باز۔ خُدا کا نام لے کر دھوکا دینے والا۔

خدا کا دیا سر پر (اُر۔ مثل) جو مُصیبت اللہ کی طرف سے آئے اُسے صبر و شکر سے برداشت کرنا چاہئے۔

خدا کا نام لو (اُر۔ محاورہ) اللہ اللہ کرو (۲) سچ بولو۔ اِنصاف کرو۔

خدا کا غضب (قہر) ٹوٹے (اُر۔ بددُعا) مُصیبت پڑے۔ آفت نازل ہو۔

خدا کا نام لے کر (اُر۔ متعلق فعل) اللہ پر بھروسا کر کے۔ اللہ کا نام لے کر۔

خدا کسی کو کسی کا محتاج نہ کرے (اُر۔ کلمہ دُعا) خُدا کسی سے کوئی کام نہ ڈالے۔

خدا کو سونپنا (اُر۔ محاورہ) اللہ کے حوالے کرنا۔ کسی عزیز کے سفر پر جاتے وقت عورتیں کہتی ہیں۔

خدا کو کیا جواب دو گے؟ (کیا مُنہ دکھاؤ گے؟) (اُر۔ روزمرّہ) خُدا سے ڈرو۔ اِنصاف کرو۔

خدا کو مان (اُر۔ محاورہ) اللہ سے ڈر۔ اِنصاف کر۔

خدا کی باتیں خدا ہی جانے (اُر۔ مثل) خُدا کے بھیدوں کی کسی کو خبر نہیں۔ خُدا کی حکمت خُدا ہی کو معلوم ہے۔

خدا کی پناہ (اُر۔ کلمہ دُعا) خُدا بچائے۔ اللہ اپنی پناہ میں رکھے۔

خدا کی چوری نہیں (نہیں چوری) تو بندے کی کیا چوری (اُر۔ مثل) گستاخ لوگوں کا مقولہ کہ جب گناہ کرتے وقت خُدا کا خوف نہیں تو پھر بندوں سے کیوں شرم کی جائے۔

خدا کی خدائی میں کسے دخل (اُر۔ مقولہ) خُدا کے کاموں میں کوئی دخل نہیں دے سکتا۔ وہ جو چاہے کرے۔

خدا کی دین (اُر۔ ا۔ مث) اللہ کی بخشش۔ عطائے الٰہی۔

خدا کی سَنْوار (نُون غنّہ) (اُر۔ کلمہ دُعا و بددُعا) خُدا تجھے عقل دے (۲) خُدا سمجھے۔ خُدا کی مار۔

خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی (اُر۔ مثل) غیب کی سزا کہہ کر نہیں آتی۔ خُدا ناگہانی سزا دیتا ہے۔

خدا کی مار (کلمہ بددُعا) (۱) غیب کی سزا۔ خُدا کا غضب (۲) خُدا کی لعنت۔ جب کسی سے تکلیف پہنچے تو عورتیں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔

خدا کے گھر سے پھرنا (اُر۔ محاورہ) مرتے مرتے بچنا۔ سخت مہلک بیماری سے نجات پانا۔

خدا کے (لئے) واسطے (اُر۔ متعلق فعل) برائے خُدا۔ خُدا کے نام پر۔

خدا گنجے کو ناخن نہ دے (اُر۔ مثل) خُدا کم حوصلہ اور کمینے کو صاحب اِختیار نہ کرے۔

خدا گواہ ہے (اُر۔ کلمہ قسم) سچ کہتا ہوں۔

خدا لگتی کہنا (اُر۔ محاورہ) حق بات کہنا۔ طرفداری نہ کرنا۔ سچّی بات کہنا۔

خدا مارے یا چھوڑے (اُر۔ متعلق فعل) کچھ بھی ہو۔ ہرچہ بادا باد۔

خدا مالک ہے (اُر۔ مقولہ) خُدا پر بھروسا ہے۔

خدا مست (ف۔ صف) خُدا کی محبت میں محو۔

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے (اُر۔ کلمہ دُعا) خُدا ہر مُصیبت سے بچائے۔

خدا معلوم (اُر۔ متعلق فعل) خُدا جانے۔ مجھے پتا نہیں (کسی معاملے میں لاعلمی کے موقع پر بولتے ہیں)۔

خدا مُنہ نہ دکھائے (اُر۔ کلمہ دُعا) خُدا صورت نہ دکھائے۔

خدا مہربان تو جگ (کُل) مہربان (اُر۔ مقولہ) خُدا کی عنایت ہو تو سب خیر خواہ بن جاتے ہیں۔ جدھر رب اُدھر سب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خدا ناخواستہ (خدا نہ (نا) کردہ) (ف۔ متعلق فعل) کسی اَمر کے واقع نہ ہونے کی خواہش ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ خُدا ایسا نہ کرے۔

خدا واسطے (ار۔ متعلق فعل) بے سبب۔ یونہی۔ ناحق۔ بلاوجہ۔ خواہ مخواہ۔

خدا واسطے کا بیر (ار۔ا۔مذ) ناحق کی دُشمنی۔ بے جا عداوت۔

خدا ہی ہے (ار۔ مقولہ) مشکل ہے۔ شاید ہی ہو۔

خدا یاد آنا (ار۔ محاورہ) سخت مصیبت میں گرفتار ہونا (۲) خُدا کی قدرت نظر آنا۔

خُدّام (خُد۔دام) (ع۔ا۔مذ) خادم کی جمع۔

خُداوَند (خُ۔دا۔وَند) (ف۔ا۔مذ) (نُون غُنّہ) مالک۔ آقا۔ صاحب (خُدا اور وند سے مُرکّب ہے۔ وند نسبت اور تشبیہ کا ہے) (۲) اللہ تعالیٰ۔

خداوند زادہ (ف۔ا۔مذ) مالک کا بیٹا۔ صاحب زادہ۔ رئیس کا بیٹا۔

خداوندگار (ف۔ا۔مذ) مالک۔ آقا۔

خداوندِ مجازی (ف۔ع۔ا۔مذ) (۱) شوہر (۲) حاکم۔ بادشاہ۔

خداوندِ نعمت (ف۔ا۔مذ) امیر۔ رئیس (۲) بڑے لوگوں کو خطاب کرنے کا کلمہ۔

خُداوَندی (ف۔ا۔مث) ملکیت۔ بادشاہت۔ خُدا کی طاقت۔ مہربانی۔

خُدایگان (خُ۔دا۔یَ۔گاں) (ف۔ا۔مذ) بڑا بادشاہ۔ بڑا آدمی۔

خُدائی (خُ۔دا۔اِی) (ف۔صف) (۱) خُدا سے منسوب۔ خدا کا (۲) (ف۔ا۔مث) خُدا کی شان وعظمت (۳) دُنیا۔ جہان۔

خدائی خوار (ف۔صف) (۱) دُنیا بھر میں ذلیل (۲) آوارہ۔ سرگشتہ۔ رُسوا۔

خدائی خوار گدھے سوار (ار۔مثل) آوارہ گرد ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے۔

خدائی رات (ار۔ا۔مث) رت جگا۔ کسی مُراد کے پورا ہونے پر عورتیں رات بھر جاگتی ہیں اور نذر و نیاز کے لئے پکوان پکاتی ہیں۔

خدائی فوج دار (ار۔ا۔مذ) ہر بات میں ٹانگ اڑانے والا آدمی۔ زبردستی لوگوں کی اصلاح کرنے والا۔

خُدائے مجازی (خُ۔دا۔اے۔مَ۔جا۔زی) (ف۔ا۔مذ) (۱) بادشاہِ وقت۔ حاکمِ وقت (۲) خاوند۔ شوہر۔ نیز دیکھئے خداوندِ مجازی۔

خُدایا (ف۔ کلمۂ ندا) اے خُدا!

خُدشہ (خُد۔شہ) (ف۔ا۔مذ) ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ خطرہ۔ جمع: خدشات۔ ار جمع: خدشوں۔ خدشے۔

خَدْع (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔

خُدکا (خُد۔کا) (ار۔ا۔مذ) دیکھئے کھٹکا۔

خَدَم (خَ۔دَم) (ع۔ا۔مذ) خادِم کی جمع۔

خِدمات (خِد۔مات) (ع۔ا۔مث) خدمت کی جمع۔

خِدمَت (خِد۔مَت) (ع۔ا۔مث) (۱) نوکری۔ چاکری۔ ملازمت۔ ٹہل۔ سیوا (۲) سامنے۔ پاس۔ روبرو (۳) کام کاج۔ جمع: خدمات۔

خدمت سے عظمت ہے (ار۔مثل) محنت کے ساتھ کام کرنے سے کامیابی ہوتی ہے۔ کارگزاری سے مرتبہ ملتا ہے۔

خدمت کرنا (ار۔ محاورہ) سیوا کرنا۔ نوکری کرنا۔

خدمت گار (ع۔ف۔ا۔مذ) خدمت کرنے والا۔ نوکر۔ چاکر۔ ٹہلوا۔ سیوک۔

خدمت گاری (ع۔ف۔ا۔مث) نوکری۔ چاکری۔

خدمت گزار (ف۔صف) خدمت کرنے والا۔ کارگزار۔ محنتی۔ نوکر۔

خدمت لینا (ار۔ محاورہ) کام کرانا۔ سیوا کرانا۔

خدمت منصبی (ع۔ف۔ا۔مث) جو کام عُہدے کی وجہ سے کرنا پڑے۔ کارِ متعلقہ۔

خدمت میں حاضر ہونا (ار۔ محاورہ) کسی بُزرگ یا مُعزّز آدمی کے پاس جانا۔

خِدْمَتی (خِد۔مَ۔تی) (ف۔صف) خدمت گار۔ نوکر (۲) کارکُن۔ کارپرداز۔ (ا۔مؤنث) تُحفہ۔ پیشکش۔ نذرانہ جو کسی بڑے آدمی کو دیا جائے۔

خَدَنگ (خَ۔دَنگ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا چھوٹا تیر (۲) ایک مضبوط درخت کا نام جس کی لکڑی سے تیر بناتے ہیں۔

خِدیو (خَ۔دِیو) (خِ۔دِیو) (خُ۔دِیو) (ف۔ا۔مذ) (۱) بادشاہ (۲) اُنیسوی صدی میں مصر کے بادشاہوں کا لقب۔ (بفتحِ اوّل، بکسرِ اوّل، بضمِ اوّل تینوں طرح صحیح ہے)۔

خ۔ذ

خُذ ما صَفا وَدَعْ ما کَدَر (ع۔مثل) جو صاف ہے وہ لے لے اور جو گدلا ہے وہ چھوڑ دے۔ معقول بات اختیار کرو اور بُری بات ترک کر دو۔

خ۔ر

خر (بفتح اوّل) (ف۔ا۔مذ) گدھا (۲) بے وقوف۔

خرِ بے دُم (ف۔ا۔مذ) بیوقوف آدمی۔ احمق انسان۔

خرِ دجال (ع۔ا۔مذ) دجال کا گدھا۔ مشہور ہے کہ دجال گدھے پر سوار ہو کر آئے گا۔

خردماغ (ف۔ع۔صف) (۱) ضدی۔ ہٹیلا (۲) مغرور۔ متکبر۔ بددماغ۔

خردماغی (ف۔ع۔ا۔مث) غرور۔ تکبر۔ اکڑپن۔

خرِ عیسیٰ (ف۔ع۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰ کی سواری کا گدھا۔

خرِ عیسیٰ اگر بمکہ رَوَد۔ چوں بیاید ہنوز خر باشد (ف۔مثل) حضرت عیسیٰ کا گدھا مکہ بھی ہو آئے اُس کی صورت و سیرت نہیں بدلے گی۔ نااہل کی اصلاح نہیں ہو سکتی اگرچہ کتنی ہی اچھی صحبت میں رہے۔

خرکار (ف۔ا۔مذ) گدھے والا۔ گدھے کے ذریعے مزدوری کرنے والا۔

خرمست (ف۔صف) (۱) جوانی کے نشے میں مست (۲) شہوت پرست (۳) بے وقوف۔ احمق۔

خرمستا (ار۔صف) دیکھئے خرمست۔

خرمستی (ار۔ا۔مث) بدمستی۔ شہوت پرستی۔ نفس پرستی (۲) گدھے کی سی کود پھاند۔

خرِنا مُشَخّص (مُ۔شَخ۔خَص) (ف۔ع۔صف) احمق۔ بے ہُودہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خروار (ف۔ا۔مذ)(۱) گدھے کا بوجھ (۲) ڈھیر۔

خراب (خَ۔راب) (ع۔صف) (۱) ویران۔ غیر آباد۔ اُجاڑ (۲) ضائع۔ اکارت (۳) بُرا۔ نکما (۴) مست۔

خراب آباد (ع۔ف۔ا۔مذ) تباہی کی جگہ (۲) دُنیا۔

خراب حال (ع۔صف) پریشان حال۔ بُرے حال والا۔

خراب خستہ (ع۔ف۔صف) تباہ حال۔ خراب حال۔

خرابات (خَ۔را۔بات) (ع۔ا۔مث) خراب کی جمع (۱) شراب خانہ (۲) قمار خانہ۔ فسق و فجور کا اڈا (۳) بُت خانہ۔

خراباتی (خَ۔را۔با۔تی) (ف۔صف) (۱) شراب خوار (۲) جواری۔

خرابہ (خَ۔را۔بہ) (ف۔ا۔مذ) ویران مکان۔ ویرانہ (۲) وہ زمین جس میں کاشت نہ ہوتی ہو (۳) وہ فصل جو خراب ہو گئی ہو۔ جمع: خرابات۔

خرابی (خَ۔را۔بی) (ف۔ا۔مث) (۱) ویرانی۔ تباہی۔ بربادی (۲) بُرائی۔ نقص (۳) بگاڑ (۴) مشکل۔ اُر جمع: خرابیاں۔ خرابیوں۔

خرابی میں پڑنا (اُر۔محاورہ) مصیبت میں مُبتلا ہونا۔ آفت میں پھنسنا۔

خراٹا (خُر۔را۔ٹا) (اُر۔ا۔مذ) خرخر کی وہ آواز جو بلغمی مزاج لوگوں کے حلق سے سوتے وقت نکلتی ہے۔ جمع: خراٹوں۔ خراٹے۔

خراٹے بھرنا (خراٹے لینا) (اُر۔محاورہ) سوتے میں خرخر کی آواز نکالنا۔

خراج (خَ۔راج) (بفتحۂ اوّل۔ اُردو میں بکسرِ اوّل مستعمل ہے) (ع۔ا۔مذ) (۱) زمین کا محصول۔ مالگزاری (۲) وہ رُوپیہ جو چھوٹا بادشاہ بڑے بادشاہ کو دے۔ باج (۳) نعل بندی۔

خراج گزار (ع۔ف۔صف) (۱) خراج دینے والا۔ باج گزار (۲) ماتحت بادشاہ یا رئیس۔

خراج لینا (اُر۔محاورہ) محصول یا باج وصول کرنا۔

خرّاج (خُر۔راج) (اُر۔صف) بہت خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ (غلط العوام)۔

خرّاد (خُر۔راد) (ف۔ا۔مذ) (۱) آلہ جس سے لوہے یا لکڑی کو چھیل کر صاف کرتے اور گول بناتے ہیں۔ (اُردو میں تشدید کے بغیر مستعمل ہے)۔

خراد پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) لکڑی کا خراد پر چڑھ کر ہموار اور درست ہونا (۲) اِنسان کا تعلیم و تربیت پا کر شائستہ ہونا۔ منجھ جانا۔

خراد چڑھنا (اُترنا) (اُر۔محاورہ) (۱) دُرست ہونا۔ سنورنا (۲) تجربہ کار ہونا۔

خرادنا (خَ۔راد۔نا) (اُر۔مص) خراد پر چڑھا کر دُرست کرنا۔

خرّادی (خُر۔را۔دی) (ف۔ا۔مذ) خراد کا کام کرنے والا۔ (اُردو میں بغیر تشدید مستعمل ہے)۔

خرادی مُرادی (اُر۔صف) خود غرض۔ مطلبی۔ اپنی غرض اور اپنے کھانے پینے سے مطلب رکھنے والا۔

خراس (خَ۔راس) (ف۔ا۔مذ) آٹا پیسنے کی بڑی چکی جس کو بیل یا اُونٹ وغیرہ چلاتے ہیں۔

خراش (خَ۔راش) (بکسرِ اوّل بھی صحیح ہے) (ف۔ا۔مث) (۱) چھیلن۔ رگڑ (۲) کھجلی (۳) زخم کی ہلکی سی لکیر (۴) (ف۔لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر خراشیدن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور چھیلنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے دِل خراش۔ سمع خراش۔

خراشی (خَ۔را۔شی) (ف۔ا۔مث) چھیلنا۔ کھرچنا۔ مرکبات میں بطور لاحقہ اِستعمال ہوتا ہے جیسے سمع خراشی۔

خُرافات (خُ۔را۔فات) (ع۔ا۔مث) خُرافت کی جمع۔ بے ہودہ باتیں۔ فضول بکواس۔ یاوہ گوئی۔

خرافات بکنا (اُر۔محاورہ) گالی گلوچ کرنا۔ بے ہودہ باتیں کرنا۔

خُرافت (خُ۔را۔فت) (ع۔مث) واہی تباہی۔ بے ہودہ بات۔

خُرافیات (ع۔ا۔مث) خیالی قصے کہانیاں۔

خِرام (خِ۔رام) (ف۔ا۔مذ) ناز و ادا کی چال۔ مٹک چال۔

خرامِ ناز (ف۔ا۔مذ) نخرے کی چال۔ معشوقانہ چال۔

خِراماں خِراماں (خِ۔را۔ماں۔خِ۔را۔ماں) (ف۔متعلق فعل) آہستہ آہستہ چلتے ہوئے۔ ٹہلتے ہوئے۔ ٹہلتے ٹہلتے۔

خِرامی (خِ۔را۔می) (ف۔ا۔مث) آہستہ چلنے یا ٹہلنے کا عمل۔

خُرانٹ (خُر۔رانٹ) (اُر۔صف) (۱) تجربہ کار (۲) بوڑھا آدمی۔ گُرگ باراں دیدہ۔

خربوزہ (خربُزہ) (خَر۔بو۔زہ) (خَر۔بُ۔زہ) (ف۔ا۔مذ) ایک مشہور شیریں پھل جو بیل میں لگتا ہے۔ کدو کے خاندان سے ہے۔ جمع: خربوزوں۔ خربوزے۔

خربوزہ چُھری پر گرے یا چُھری خربوزے پر، نقصان خربوزے ہی کا ہے (اُر۔مثل) کمزور کی ہر طرح شامت ہے۔

خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے (اُر۔مثل) آدمی کو دیکھ کر آدمی ڈھنگ اختیار کرتا ہے۔ صحبت کا اثر ہوتا ہے۔

خُرجی (خُر۔جی) (اُر۔ا۔مث) جھولا۔ زنبیل۔ وہ تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر ضروری سامان کے لئے باندھ دیتے ہیں۔ فارسی خُرجین کا مؤرّد۔ جمع خُرجیاں۔ خُرجیوں۔

خرچ (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (اُر۔ا۔مذ) عربی خرج کا مؤرّد۔ آمد کی ضد۔ صَرف۔ لاگت (۲) روپیہ۔ زر۔

خرچ اُٹھانا (اُر۔محاورہ) خرچ برداشت کرنا۔

خرچ اخراجات (اُر۔ا۔مذ) روپیہ جو خرچ کیا جائے (۲) مصارف۔

خرچ بالائی (اُر۔ا۔مذ) وہ خرچ جو عام خرچ سے زیادہ ہو۔

خرچ چلانا (اُر۔محاورہ) خرچ برداشت کرنا۔ گُزر بسر کرنا۔

خرچ دینا (اُر۔محاورہ) خرچ کے لئے روپیہ دینا (۲) مزدوری دینا۔ روزینہ دینا۔

خرچ روزمرّہ (اُر۔ا۔مذ) روزانہ خرچ۔ روز کا حساب۔

خرچ گھنا اور پیدا تھوڑی کس پر باندھوں گھوڑا گھوڑی (اُر۔مثل) آمدنی کم ہے اور خرچ زیادہ۔ کیا کروں؟ اُس موقع پر مستعمل ہے جب کوئی نیا خرچ برداشت کرنے کے لئے کہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خرچنا (خ۔رَچ۔نا)(اَر۔مص) خرچ کرنا۔ صَرف کرنا۔ کام میں لانا۔

خرچنگ (نُون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) کیکڑا۔ سرطان۔

خرچہ (خَر۔چَہ) (اَر۔ا۔مذ) مقدمے کا صَرف۔ لاگت۔ خرچ۔ جمع: خرچوں۔ خرچے۔

خرچہ دِلانا (اَر۔محاورہ) ازرُوئے اِنصاف مدّعی یا مدّعا علیہ کو اُس کا صرف جو قانوناً جائز ہے' دلایا جانا۔

خرچی (خَر۔چی)(اَر۔ا۔مث) زنا کی اُجرت۔

خرخر (اَر۔ا۔مث)(۱) بلّی کی آواز جو اکثر خود بخود نکلتی ہے۔

خرخرانا (خَر۔خَ۔را۔نا)(اَر۔مص) زور سے خرّاٹے لینا۔

خرخشہ (خَر۔خَ۔شَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) جھگڑا۔ بکھیڑا (۲) پریشانی۔ خلجان (۳) فضول بحث۔

خرد (بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ف۔صف)(۱) چھوٹا۔ کم عُمر (۲) کم بخت۔

خرد بِین (ف۔ا۔مث) وہ آلہ جو چھوٹی چیز کو بڑا دِکھاتا ہے۔

خرد سال (ف۔اَر۔صف) کم عُمر۔ کم سِن۔

خرد سالی (اَر۔ا۔مث) کم عُمری۔ کم سِنی۔ بچپن۔ لڑکپن۔

خرد و کلاں (ف۔ا۔مذ) چھوٹے اور بڑے۔

خِرد (خِ۔رَد)(ف۔ا۔مث) عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔

خِرد مند (ف۔صف) عقل مند۔ دانا۔ سمجھ دار۔ جمع: خرد منداں۔

خِرد مندی (ف۔ا۔مث) دانائی۔ عقل مندی۔ دانش مندی۔

خرداد (خُر۔داد)(ف۔ا۔مث) ایرانیوں کا تیسرا شمسی مہینا جو ہندی مہینے اساڑھ سے ملتا ہے۔

خردل (خَر۔دَل)(ع۔ا۔مث) رائی۔

خردہ (خُر۔دَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) ٹکڑا۔ ریزہ۔ پارچہ (۲) جھڑن۔ چھٹن (۳) ریزگاری (۴) نکتہ۔ باریکی۔ عیب۔

خردہ بیں (ف۔صف) عیب دیکھنے اور نکالنے والا۔

خردہ بینی (ف۔ا۔مث) عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔

خردہ فروش (ف۔صف) بِساطی۔ پرچون بیچنے والا۔ پرچونیا۔

خردہ فروشی (ف۔ا۔مث) بھٹکل بیچنا۔ خردہ فروش کا اِسمِ کیفیت۔

خردہ کرنا (اَر۔محاورہ) روپیہ بُھنانا۔ روپیہ تُڑوانا (۲) بیچنا۔ فروخت کرنا۔

خردہ گیر (ف۔صف) نکتہ چین۔ عیب جُو۔

خردہ گیری (ف۔ا۔مث) نکتہ چینی۔

خِرس (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ف۔ا۔مذ) ریچھ۔ بھالو۔

خرسند (خُر۔سَند)(ف۔صف) خوش۔ شادمان۔ شاد۔ مسرور۔

خرسندی (ف۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔ سُرور۔

خرطوم (خُر۔طوم)(ع۔ا۔مث) ہاتھی کی سُونڈ۔

خرف (خَ۔رِف)(ع۔صف)(۱) بوڑھا کھوسٹ۔ وہ بوڑھا جو بد حواس ہو گیا ہو (۲) مہمل۔ بے ہُودہ۔

خرفہ (خُر۔فَہ)(ع۔ا۔مذ) ایک بیج جو اکثر ٹھنڈائی میں ڈالتے ہیں۔ سبز خرفہ کا ساگ پکاتے ہیں۔

خرق (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) پھاڑنا۔ جمع: خوارق۔

خرقِ عادت (ع۔ا۔مذ)(۱) قانونِ قدرت کے خلاف انوکھی بات (۲) (کنایۃً) ولی کی کرامت۔ نبی کا معجزہ۔

خرق والتیام (خَر۔قو۔ال۔تِ۔یام)(ع۔ا۔مذ) پھٹ جانا اور پھر مل جانا۔

خِرقہ (خِر۔قَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) پیوند لگا ہوا جُبّہ۔ گدڑی۔ درویشوں کا لباس جو عموماً نیلے یا سیاہ رنگ کا ہوتا ہے۔ اُر جمع: خِرقوں۔ خِرقے۔

خِرقہ پوش (ع۔ف۔صف) گدڑی پہننے والا۔ درویش۔ صُوفی۔

خِرقۂ سالوس (خِر۔قَ۔اے۔سا۔لوس)(ع۔ف۔ا۔مذ) مکّاری کا لباس۔ دھوکے کا بھیس۔

خرگاہ (خرگہ) (خَر۔گاہ)(خَر۔گہ)(ف۔ا۔مذ) بہت بڑا خیمہ۔ سلاطین اور اُمرا کا خیمہ۔

خرگوش (خَر۔گوش)(ف۔ا۔مذ) گدھے کے سے کانوں والا ایک تیز رفتار بلّی کے برابر جانور جس کے کان بہت بڑے ہوتے ہیں۔ اُردو جمع: خرگوش۔ خرگوشوں۔

خُرّم (خُر۔رَم)(ف۔صف)(۱) خوش۔ شادمان (۲) شاداب۔ سرسبز۔

خُرما (خُر۔ما)(ف۔ا۔مذ)(۱) کھجور۔ چھوہارا (۲) کھجور کی شکل کی ایک مٹھائی۔

خِرمن (خِر۔مَن)(ف۔ا۔مذ)(۱) کھلیان۔ انبار۔ غلّے کا وہ ڈھیر جس سے بھوسا الگ نہ کیا گیا ہو (۲) چاند کا ہالہ (۳) وہ روشنی جو آفتاب کے قریب دِکھائی دیتی ہے۔

خرمنِ ہستی (ف۔ا۔مذ) زندگی کا کھلیان۔ زندگی۔ حیات۔ زیست۔

خرمُہرہ (خَر۔مُہ۔رَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) سنکھ۔ ناقوس (۲) کوڑی (۳) گھونگھا۔

خُرّمی (خُر۔رَ۔می)(ف۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔ انبساط۔

خروج (خُ۔رُوج)(ع۔ا۔مذ)(۱) نِکاس۔ برآمد۔ باہر نکلنا (۲) شورش۔ بغاوت۔ فتنہ۔

خروج کرنا (اَر۔محاورہ) بغاوت کرنا۔

خروس (خُ۔رُوس)(ف۔ا۔مذ) مُرغا۔

خروسِ بے ہنگام (ف۔ا۔مذ) بے وقت بانگ دینے والا مُرغ (مجازاً) بکواسی۔

خروش (خُ۔رُوش)(نیز بضمِ اوّل۔ واوِ مجہول)(ف۔ا۔مذ) شور۔ غل۔

خروشاں (خُ۔رو۔شاں)(ف۔صف) شور مچانے والا۔ روتا ہوا۔

خَری (خَ۔ری)(ف۔ا۔مث) بے وقوفی۔ حماقت۔

خرید (خَ۔رید)(ف۔صف) خریدی ہوئی۔ مول لی ہوئی (مؤنث) خریداری۔

خرید لینا (اَر۔محاورہ)(۱) مول لینا (۲) اپنے ذمّے لینا۔

خرید (و) فروخت (ف۔ا۔مث) لین دین۔ بیع و شرا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خَرِیدار (خَ۔ری۔دار)(ف۔صف)(۱) مول لینے والا۔گاہک (۲) طلب گار۔خواہاں۔اُردو جمع: خریدار۔خریداروں۔

خَرِیداری (خَ۔ری۔دا۔ری)(ف۔ا۔مث) گاہکی۔بکری۔

خَرِیدنا (خَ۔رید۔نا)(اُر۔مص) مول لینا۔خرید کرنا۔

خَرِیطَہ (خَ۔ری۔طَہ)(ع۔ا۔مذ) تھیلی۔کیسہ (۲) وہ تھیلی جس میں سرکاری حکم جاتا ہے۔اُردو جمع: خریطوں۔خریطے۔

خَرِیطی (خَ۔ری۔طی)(اُر۔ا۔مث) چھوٹی تھیلی (۲) تیلے دانی۔

خَرِیف (خَ۔ریف)(ع۔ا۔مث)(۱) خزاں (۲) ساونی۔وہ فصل جس میں جوار، مکئی وغیرہ پیدا ہوتی ہے۔اساڑھ سے کاتک تک کا عرصہ۔

خ۔ز

خَزّ (بفتحۂ اوّل وتشدیدِ دوم)(ف۔ا۔مذ) ریشم۔ریشم کا کچا سوت۔

خُزادہ (**خُوزادہ**) (خُ۔زا۔دَہ) (خو۔زا۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) خواجہ زادہ کا مُخفف (۱) صاحب زادہ (۲) سردار زادہ۔سردار۔

خِزاں (بکسرِ اوّل ونیز بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) پت جھڑ۔فصلِ خریف۔وہ موسم جس میں پتے جھڑتے ہیں (۲) بے رونقی۔زوال۔

خزاں آنا (اُر۔محاورہ)(۱) خزاں کا موسم آنا (۲) بے رونق ہونا۔زوال آنا۔حُسن نہ رہنا۔

خزاں دِیدہ (رسیدہ)(ف۔صف) بے رونق۔وِیران۔اُجاڑ۔

خَزانچی (خَ۔زان۔چی)(ف۔ا۔مذ) خزانے کا نگران۔اُر جمع: خزانچی۔خزانچیوں۔

خَزانہ (خَ۔زا۔نَہ) (ع۔اُر۔ا۔مذ) (۱) وہ جگہ جہاں دولت جمع رہے (۲) ذخیرہ۔گودام (۳) روپیہ۔مال و دولت۔نقدی۔جمع: خزائن۔اُردو جمع: خزانوں۔خزانے۔(عربی میں بکسرِ اوّل ہے)۔

خزانۂ عامِرہ (ع۔ف۔ا۔مذ) بھرا ہوا خزانہ۔شاہی خزانہ۔

خَزائن (خَ۔زا۔اِن)(ع۔ا۔مذ) خزانہ کی جمع۔

خَزَف (خَ۔زَف)(ع۔ا۔مث) ٹھیکری۔

خَزِینَہ (خَ۔زی۔نَہ)(ف۔ا۔مذ) خزانہ۔مخزن۔

خ۔س

خَس (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) سوکھی گھاس۔گھاس پھوس۔خاشاک (۲) ایک خاص قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ جو گرمی کے موسم میں ٹٹیاں بنانے کے کام آتی ہے۔

خس خانہ (ف۔ا۔مذ) خس کی ٹٹیوں سے بنا ہوا مکان۔

خس کم جہاں پاک (ف۔مثل) نالائق شخص کے کہیں چلے جانے یا مرنے پر کہتے ہیں یعنی کوڑا اُٹھا تو صفائی ہوگئی۔

خس کی ٹٹّی (اُر۔ا۔مث) خس سے بنا ہوا چھپر یا پردہ۔

خس و خاشاک (ف۔ا۔مذ)(۱) کوڑا کرکٹ (۲) بُرا بھلا۔

خَسارَہ (ع۔ا۔مذ) نُقصان۔گھاٹا۔ٹوٹا۔زیان۔اُر جمع: خساروں۔خسارے۔

خَسارہ اُٹھانا (اُر۔محاورہ) نُقصان برداشت کرنا۔

خَساسَت (خَ۔سا۔سَت)(ع۔ا۔مث)(۱) کمینہ پن۔کمینگی (۲) بخیلی۔کنجوسی۔

خَسانْدہ (خَ۔ساں۔دَہ)(ف۔ا۔مذ) پانی بھگو کر اور نتھار کر پینے کی دوا۔

خِسَّت (خِس۔سَت)(ع۔ا۔مث) دیکھئے خساست۔

خَستَگی (خَس۔تَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) زخمی ہونا (۲) شکستگی۔شکستہ حالی (۳) مُفلسی۔ناداری۔اِفلاس۔تنگ دستی (۴) تھکن۔

خَستہ (خَس۔تَہ)(ف۔صف)(۱) زخمی۔گھائل (۲) خراب۔بدحال (۳) مُفلس۔نادار۔تنگ دست (۴) بُھر بُھرا۔کُرکُرا (۵) خوبانی کی گِری جو بادام کی گِری کے مُشابہ ہوتی ہے۔

خستہ جگر (حال۔خاطِر۔دل۔رواں)(ف۔صف) پریشان۔آزردہ۔دِل شکستہ۔رنجیدہ۔ناخوش۔

خُسُر (خُ۔سُر)(خُ۔سُر)(ف۔ا۔مذ) سُسر۔سُسرا۔خاوند یا بیوی کا باپ۔

خُسرپورہ (ف۔ا۔مذ) سسر کا بیٹا۔جورو کا بھائی۔سالا۔

خُسران (خُس۔ران)(ع۔ا۔مذ) نُقصان۔گھاٹا۔زیان۔

خُسرو (خُس۔رَو)(ف۔ا۔مذ)(۱) شہنشاہ۔بڑا یا مشہور بادشاہ (۲) نوشیرواں کے پوتے پرویز کا لقب۔

خُسروِ انجم (خُس۔رَ۔وے۔اَن۔جُم)(ف۔ع۔ا۔مذ) ستاروں کا بادشاہ۔(کنایۃً) سُورج۔

خُسروانَہ (خُس۔رَ۔وا۔نَہ)(ف۔صف) شاہانہ۔بادشاہی طریقے سے۔

خُسروی (خُس۔رَ۔وِی)(ف۔صف) بادشاہی۔خسرو سے منسوب (۲) (ا۔مث) ایک قسم کی شراب۔

خُسرہ (خُس۔رَہ)(اُر۔ا۔مذ) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست جس میں ہر نمبر کے مُقابل کھیت کا رقبہ، کاشت کار کا نام، قسم زمین اور جنس درج کی جاتی ہے (۲) بچوں کی ایک بیماری جس میں بدن پر دانے نکلتے ہیں۔کھسرا۔

خسرہ آبادی (اُر۔ا۔مذ) گاؤں کے مکانات اور اُن کے مالکوں کی فہرست۔

خَسَک (خَ۔سَک)(ف۔ا۔مذ)(۱) کوڑا کرکٹ۔خس و خاشاک (۲) ایک خاردار جھاڑی (۳) گوکھرو۔لوہے کے کانٹے جو دُشمن کے راستے میں بچھائے جاتے تھے۔

خُسُوف (خُ۔سُوف)(ع۔ا۔مذ) چاند گرہن۔

خَسی (خَ۔سی)(اُر۔ا۔مث) وہ سیون جو انگیا کی کٹوریوں کو انگیا کی آستینوں سے جوڑتی ہے۔

خَسِیر (خَ۔سیر)(ف۔صف) نُقصان اُٹھانے والا۔دیوالیہ۔

خَسِیس (خَ۔سیس)(ع۔صف)(۱) کمینہ (۲) بخیل۔کنجوس۔تنگ دِل۔نالائق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خ۔ش

خِشت (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث) اینٹ۔

خشت اندازی (باری) (ف۔ا۔مث) اینٹیں مارنا۔ روڑے اور پتھر پھینکنا۔

خشت پَز (ف۔ا۔مذ) اینٹیں پکانے والا۔

خشتک (خش۔تک)(ف۔ا۔مث)(۱) چھوٹی اینٹ (۲) چوبغلا۔ میانی۔ چڑیا (۳) گھٹنے کی چپنی۔

خشخاش (خش۔خاش)(ف۔ا۔مث)(۱) پوست کے دانے۔ تخم افیون (۲) چاول کا آٹھواں حصّہ۔

خشخاش کے دانے کے برابر (اُر۔صف) بہت تھوڑا۔ بہت چھوٹا۔ کچھ بھی نہیں۔

خشخاشی (خشخشی) (اُر۔صف) خشخاش سے منسوب۔ خشخاش کی طرح۔

خشخشی ڈاڑھی (اُر۔ا۔مث) باریک مشین سے کٹی ہوئی ڈاڑھی۔

خُشک (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔صف)(۱) سُوکھا۔ جس میں پانی یا نمی نہ ہو (۲) رُوکھا۔ کج اخلاق (۳) روکھا۔ پھیکا۔ بے لطف۔ بے مزہ (۴) صرف۔ محض (۵) بغیر بارش کے (۶) بے سمجھ۔ بے مغز (۷) تشنہ (۸) بلا سالن۔ بلا روٹی۔

خشک دماغ (خشک مغز) (ف۔صف)(۱) بے مُروّت (۲) کوڑھ مغز (۳) دیوانوں کی سی طبیعت والا۔ پاگل۔ دیوانہ۔ مجنون۔ سودائی۔

خشک سالی (ف۔ا۔مث) قحط۔ کال۔ سُوکھا۔ بارش کا نہ ہونا۔

خشک لب (ف۔صف) پیاسا۔

خشک وتر (ف۔صف) سُوکھا اور گیلا۔ بُرا بھلا۔ خوب وزشت۔ مجازاً تمام دُنیا۔

خشک ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) سُوکھنا۔ مرجھانا (۲) بغیر دودھ کے ہونا۔ دودھ بند ہو جانا (۳) بارش نہ ہونا (۴) رُوکھا ہونا۔

خشکہ (خش۔کہ)(ف۔ا۔مذ) چھلکے اُبلے ہوئے چاول۔ سُوکھا آٹا جو روٹی پکانے میں پیڑے پر لگاتے ہیں۔ پلیتھن۔

خشکہ کھاؤ (اُر۔محاورہ) جب کوئی بے جا خواہش کرے تو کہتے ہیں یعنی جاؤ رخصت ہو۔

خشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ (اُر۔مثل) اپنا راستہ لو۔ چلو ہٹو (۲) خود کماؤ خود کھاؤ۔ بے محل بات کا جواب۔

خُشکی (خُش۔کی)(ف۔ا۔مث)(۱) سُوکھا پن۔ نمی نہ ہونا (۲) یبُوست (۳) رُوکھاپن (۴) کال۔ قحط (۵) خشک زمین (۶) وہ میل کچیل جو یبوست سے سر میں پیدا ہو جاتا ہے۔

خشم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) غُصّہ۔ خفگی۔ ناراضی۔ غضب۔ طیش۔ عتاب۔

خشم آلود (خشم ناک۔ خشم گیں) (ف۔صف) غصّے میں بھرا ہوا۔ غضب ناک۔

خُشوع (خُ۔شوع)(ع۔ا۔مذ) عاجزی۔ فروتنی۔ گڑگڑانا۔

خُشونت (خُ۔شو۔نت)(ع۔ا۔مث)(۱) سختی۔ دُرشتی۔ تلخی (۲) دشمنی۔ عداوت (۳) نفرت۔ کراہت (۴) غُصّہ۔

خشیّت (خَ۔شی۔یَت)(ع۔ا۔مث) ڈر۔ خوف۔

خ۔ص

خِصال (خِ۔صال)(ع۔ا۔مث) خصلت کی جمع۔

خصائص (خَ۔صا۔اِص)(ع۔ا۔مذ) خاصیت کی جمع۔

خصائل (خَ۔صا۔ئل)(ع۔ا۔مذ) خصلت کی جمع۔

خَصلت (خَص۔لت)(ع۔ا۔مث) خُو۔ عادت (۲) سیرت۔ مزاج۔

خَصم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) دُشمن۔ مخالف۔ بیری۔ جمع: خُصوم (۲)(ف۔ا۔مذ) مالک۔ آقا (۳)(اُر۔ا۔مذ) خاوند۔ شوہر۔ اُردو جمع: خصم۔ خصموں۔

خصم پیٹی (خصم روئی۔ خصم موئی) (اُر۔ا۔مث)(۱) رانڈ۔ بیوہ (۲) ایک قسم کا کوسنا ہے کہ تو اپنے خاوند کا ماتم کرے۔

خصم جورُو کی لڑائی کسی کو نہ بھائی (اُر۔مثل) میاں بیوی کی لڑائی سب کو ناپسند ہے۔

خصم سے چھوٹے تو یاروں کے جائے (اُر۔مثل) بدچلن عورت کے متعلق کہا جاتا ہے۔

خصم کا کھائیں بھائی کا گائیں (اُر۔مثل) فائدہ کسی سے اُٹھانا اور تعریف کسی اور کی کرنا۔

خصم کرنا (اُر۔محاورہ) عورت کا اپنا بیاہ خود کر لینا۔

خصم کیا بُرا کیا، کر کے چھوڑ دیا اُس سے بھی بُرا کیا (اُر۔مثل) عیب ہر ایک بُرا ہے۔ اِس سے بچنا چاہیے۔

خصم مار کرتی ہوئی (اُر۔مثل) دغا کرنے کے بعد ظاہری افسوس کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

خصموں جلی (اُر۔صف) وہ عورت جس نے خاوند کا سُکھ نہ دیکھا ہو (۲) مصیبت کی ماری۔ شوہر سے نالاں۔

خُصوص (خُ۔صوص)(ع۔ا۔مذ) خاص کام۔ خصوصیت۔ معاملہ۔

خُصوصاً (خُ۔صو۔صَن)(ع متعلق فعل) خاص طور پر۔ خاص کر۔ علی الخصوص۔

خُصوصیّت (خُ۔صو۔صی۔یَت)(ع۔ا۔مث) خاص بات۔ خاص خوبی (۲) ذاتی تعلق۔ جمع: خصوصیات۔

خُصوم (خُ۔صوم)(ع۔ا۔مذ) خصم کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خُصُومات (خُ۔صُو۔مات)(ع۔ا۔مث) خُصُومت کی جمع۔

خُصُومَت (خُ۔صُو۔مَت)(ع۔ا۔مث) عداوت۔ دُشمنی (۲) جھگڑا۔

خَصِی (خَ۔صی)(ع۔صف) وہ جانور جس کے فوطے نکال دیئے گئے ہوں۔ آختہ (۲) نامرد۔ زنخا۔ ہیجڑا۔ مخنث (۳) وہ عورت جس کے پستان نہ ہوں (۴) رُباعی کی ایک قسم جس کے تین مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ (اُردو میں بتشدید ص مستعمل ہے)۔

خصی پرنالا (اُر۔ا۔مذ) وہ پرنالا جو دیوار کے اندر ہو (۲) بازاری عورت کی شرم گاہ۔

خصی کرنا (اُر۔محاورہ) جانور کے فوطوں کو کچل دینا یا نکال دینا (۲) درخت چھانٹنا۔

خَصِیم (خَ۔صِیم)(ع۔صف) جھگڑالو۔ لڑاکا (۲) حریف۔ دُشمن۔

خُصْیَہ (خُص۔یَہ)(ع۔ا۔مذ) فوطہ۔ خایہ۔ بیضہ۔ (پن) مفاً۔ اُردو جمع : خُصیوں۔ خُصیے۔

خُصیہ (خُصیے) بردار (ع۔ف۔صف) خُصیے اُٹھانے والا۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔

خُصیہ برداری (ف۔ا۔مث) خُصیہ بردار کا اِسم کیفیت۔

خُصیوں (اُر۔ا۔مذ) خُصیہ کی جمع۔

خُصیوں میں تانت باندھنا (اُر۔محاورہ) بہت سخت سزا دینا۔ بدلہ لینا۔

خُصیے (اُر۔ا۔مذ)(۱) خُصیہ کی جمع (۲) خُصیہ کی مُغیّرہ صورت۔

خُصیے سہلانا (اُر۔محاورہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

خ ۔ ض

خِضاب (خِ۔ضاب)(ع۔ا۔مذ)(۱) کوئی تیل یا سفوف جو بالوں کو سیاہ کرے۔ سفید بالوں کو سیاہ کرنے کی دوا۔

خضاب (کرنا) لگانا (اُر۔محاورہ) بال سیاہ کرنا۔ وسمہ لگانا۔

خِضر (خِضر)(خِ۔ضر)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک پیغمبر جن کی نسبت مشہور ہے کہ انہوں نے آبِ حیات پیا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ آپ بھولے بھٹکوں کو راستہ دکھاتے ہیں اور خشکی و تری ہر جگہ رہتے ہیں (۲) (کنایۃً) راہ نما۔ راہ بر۔

خضرِ راہ (ع۔ا۔مذ) رہبر۔ رہنما۔

خضر صورت (ع۔صف) سفید اور دراز ریش بُزرگ۔

خضر ملے (اُر۔مقولہ) رہنما مل گیا۔ مراد حاصل ہوئی۔ کام بن گیا۔

خِضْری (خِض۔ری)(ع۔صف) خِضر سے منسوب۔ بڑی عُمر والا۔

خُضُوع (خُ۔ضوع)(ع۔ا۔مذ) عاجزی۔ گڑگڑانا۔

خُضُوع و خُشُوع (ع۔ا۔مذ) عاجزی و فروتنی۔

خَضِیب (خَ۔ضیب)(ع۔ف) خضاب شدہ۔ رنگین۔

خ ۔ ط

خَطّ (ع۔ا۔مذ)(۱) نوشتہ۔ تحریر (۲) لکیر۔ نشان (۳) نامہ۔ مکتوب (۴) نیا سبزہ جو مرد کے چہرے پر آتا ہے (۵) ہاتھ کا لکھا۔ اَندازِ تحریر۔ سوادِ تحریر (۶) حجامت (۷) لکیر۔ لائن۔ جمع : خُطُوط۔ اُردو جمع : خط۔ خطوں۔

خطِ آزادی (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ نوشتہ جو غلام کو آزاد کرتے وقت لکھا جائے۔ آزادی کی سند۔

خط آنا (اُر۔محاورہ) (۱) رُخساروں پر ڈاڑھی مونچھوں کا نمودار ہونا (۲) چٹھی آنا۔

خطِ اِستوا (ع۔ا۔مذ) وہ فرضی لکیر جو زمین کے گرد قطبین کے درمیان تسلیم کی جاتی ہے۔ یہ خط مشرق سے مغرب تک فرض کیا گیا ہے۔ جب سورج اِس خط پر آتا ہے تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔

خطِ اُفق (ع۔ا۔مذ) ایک فرضی دائرہ جو قُطبین میں سے گُزرتا ہے۔

خطِ امان (ع۔ا۔مذ) پروانہ راہداری (۲) حفاظت کا پروانہ۔

خط بڑھ جانا (اُر۔محاورہ) رُخساروں کے بالوں کا معمول سے زیادہ بڑا ہو جانا۔

خط بگڑنا (اُر۔محاورہ) بدخط لکھنے لگنا۔ تحریر کا بگڑنا۔

خط بنانا (اُر۔محاورہ) حجامت بنانا۔ رُخساروں کے بال مُونڈنا (۲) خوشخطی کی مشق کرنا۔ خط درست کرنا۔

خط بنوانا (اُر۔محاورہ) حجامت بنوانا۔ چہرے کے بال مُنڈوانا۔

خطِ بیضوی (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک ایرانی تحریر جس کے دائرے انڈے کی طرح ہوتے ہیں۔

خطِ پرکار (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ خط جو پرکار سے کھینچا جائے۔

خطِ پیشانی (خطِ جبین۔ خطِ سرنوشت)(ع۔ف۔ا۔مذ) تقدیر۔ تقدیر کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔

خطِ تراش (ع۔ف۔ا۔مذ) حجام۔ نائی۔ مُوتراش۔

خطِ تقدیر (ع۔ا۔مذ) تقدیر کا نوشتہ۔ قسمت کا لکھا۔

خطِ تیغ (ع۔ف۔ا۔مذ) تلوار کا زخم۔

خطِ جام (جامِ جم)(ع۔ف۔ا۔مذ) جامِ جمشید کی سات لکیریں (۱) خطِ جَور (۲) خطِ بغداد (۳) خطِ بصرہ (۴) خطِ ازرق (۵) خطِ اشک (۶) خطِ کاشغر (۷) خطِ فرودینہ۔

خطِ جدی (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ خط جو خطِ اِستوا سے ۲۳½ درجے جنوب کی طرف واقع ہے۔ جب آفتاب اُس پر پہنچتا ہے تو شمال کی طرف دن چھوٹا اور رات بڑی ہو جاتی ہے اور وہاں سردی زیادہ پڑنے لگتی ہے۔

خطِ جلی (ع۔ا۔مذ) موٹی تحریر۔ روشن تحریر۔ موٹے حروف۔

خطِ چلیپا (ع۔ف۔ا۔مذ) صلیب نُما خط۔ جمع کے نشان جیسا۔ +

خطِ حِصار (ع۔ا۔مذ) وہ دائرہ جو عامل لوگ اپنے گرد کھینچ لیتے ہیں۔

خطِ خفی (ع۔ا۔مذ) باریک خط۔

خطِ خوانا (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تحریر جو آسانی سے پڑھی جا سکے۔

خط ڈالنا (اُر۔محاورہ)(۱) ڈاک کے ذریعے خط بھیجنا (۲) لکیر کھینچنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خط رکھنا (اُر۔ محاورہ) ڈاڑھی رکھنا۔ ڈاڑھی چھوڑنا۔

خطِ ریحان (گلزار۔ بہار) (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ جلی خط جس کے موٹے حروف میں نقش و نگار بنے ہوتے ہیں۔

خطِ سرطان (ع۔ا۔مذ) وہ خط جو خطِ اِستوا سے $23\frac{1}{2}$ درجہ شمال کی طرف واقع ہے۔ جب آفتاب اُدھر جاتا ہے تو وہاں گرمی اور خطِ جدی کی طرف سردی ہو جاتی ہے۔

خطِ سُرمہ (ع۔ف۔ا۔مذ) سُرمہ کی لکیر جو آنکھوں میں بن جاتی ہے۔

خطِ شعاع (شعاعی) (ع۔ا۔مذ) سورج کی کرنیں۔

خطِ شکستہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا خط جو نستعلیق کے برخلاف گھسیٹ کر لکھا جاتا ہے اور جس کے حرف شکستہ ہوتے ہیں۔

خطِ عمود (خطِ عمودی) (ع۔ا۔مذ) وہ سیدھی لکیر جو دُوسری سیدھی لکیر کے ساتھ زاویہ قائمہ بنائے۔

خطِ غبار (ع۔ف۔ا۔مذ) نستعلیق تحریر کا ایک انداز جس میں جلی حروف کے درمیان باریک باریک نُقطے لگائے جاتے ہیں۔

خطِ غلامی (ع۔ا۔مذ) خطِ بندگی۔ غلامی کا تحریری اِقرارنامہ۔

خط کش (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ لکڑی یا پیمانہ جس سے لکیریں لگاتے ہیں۔ مسطر (۲) کاتب۔ محرر۔

خط کشیدہ (ع۔ف۔صف) وہ الفاظ جن کے اُوپر یا نیچے لکیر کھینچ دی گئی ہو۔

خط کھینچنا (اُر۔ محاورہ) لکیر کھینچنا۔ قلم زد کرنا (۲) نشان کرنے کے لئے لکیر کھینچنا۔

خط کی پیشانی (اُر۔ا۔مث) وہ جگہ جو خط کے اُوپر خالی چھوڑ دی جاتی ہے۔

خطِ مُتارکۂ جنگ (ع۔ف۔ا۔مذ) متحاربین کے درمیان جنگ بندی کی حد۔

خطِ مُتوازی (ع۔ا۔مذ) وہ دو خط جنہیں جہاں تک چاہیں سیدھا کھینچتے چلے جائیں مگر وہ آپس میں نہ ملیں۔

خطِ محوَر (ع۔ا۔مذ) زمین کا وہ فرضی خط جو اُس کے مرکز سے گزر کر محیط کے دونوں طرف پہنچتا ہے اور زمین اُس کے گرد چکر کاٹتی ہے۔

خطِ مُستقیم (ع۔ا۔مذ) سیدھی لکیر۔ دو نقطوں کے درمیان چھوٹے سے چھوٹا خط۔

خطِ منحنی (ع۔ا۔مذ) ٹیڑھی لکیر۔

خطِ میخ (میخی) (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ خط جس میں اہلِ بابل کے خط اور کتبے لکھے جاتے تھے۔ یہ لکڑی کی کیل سے لکھا جاتا تھا۔

خطِ نستعلیق (ع۔ا۔مذ) وہ ایرانی خط جو خطِ نسخ اور تعلیق سے ملا کر نکالا گیا۔ اس میں حروف کے دائرے گول اور خوبصورت ہوتے ہیں۔

خطِ نسخ (ع۔ا۔مذ) ایک عربی خط جس کے دائرے مکمل نہیں ہوتے اور حروف شکستہ ہوتے ہیں۔

خطِ نصفُ النّہار (ع۔ا۔مذ) ایک فرضی خط جو زمین پر سے گزر کر قطبین کو ملاتا ہے۔ خطِ اِستوا پر ان لکیروں کا درمیانی فاصلہ ۶۹ میل کا ہوتا ہے۔

خط نکلنا (اُر۔ محاورہ) رُخساروں پر سبزے کا آغاز ہونا۔

خط و خال (ع۔ا۔مذ) (چہرے کی) لکیریں اور (چہرے کے) تِل۔ (مراد) شکل و صورت۔ چہرہ مُہرہ۔ نیز دیکھئے خدّ و خال۔

خط و کتابت (خط کتابت) (ع۔ا۔مث) مراسلت۔ چٹھیاں جو ایک دُوسرے کو لکھی جاتی ہیں۔

خَطا (خَ۔طا) (ع۔ا۔مث) (۱) قصور۔ گناہ۔ جُرم۔ تقصیر (۲) غلطی۔ سہو۔ بُھول چوک۔ اُردو جمع: خطاؤں۔ خطائیں (۳) چین کا ایک علاقہ (کیتھے) جو مُشک کے لئے مشہور ہے۔

خطا گر راشت آید تاہم خطاشت (ف۔ مقولہ) بے جا کام کرنے سے اگر کوئی فائدہ بھی ہوتا ہو تو نہیں کرنا چاہئے۔

خطاکار (خطاگر۔ خطاوار) (ع۔ف۔صف) قصوروار۔ گناہ گار۔ مُجرم۔

خطا کرے بیوی پکڑی جاوے باندی (اُر۔مثل) امیر قصور کرے غریب کو سزا ملے۔

خطا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بُھول جانا۔ غلطی ہونا۔ قصور ہونا (۲) بے اِرادہ نکل جانا جیسے پیشاب خطا ہونا۔ چُوک جانا جیسے نشانہ خطا ہونا۔

خطائے بُزرگاں گرفتن خطاشت (ف۔مثل) بُزرگوں پر اِعتراض کرنا بے ادبی ہے۔

خِطاب (خِ۔طاب) (ع۔ا۔مذ) گفتگو۔ کلام۔ بات چیت (۲) کسی کی طرف مخاطب ہونا (۳) سرکار کی طرف سے اِعزازی نام (۴) تعریف کے طور پر اچھا نام (۵) (طنزاً) بُرا نام۔ جمع: خطابات۔ اُردو جمع: خِطاب۔ خِطابوں۔

خَطابَت (خَ۔طا۔بَت) (ع۔ا۔مث) خُطبہ پڑھنا۔ وعظ کرنا۔ تقریر کرنا۔ تقریر۔

خَطابی (خَ۔طا۔بی) (ع۔ا۔مث) زبانی بات چیت۔

خطّاط (خط۔طاط) (ع۔ا۔مذ) خوش نویس۔ کاتب۔

خطّاطی (خط۔طا۔طی) (ع۔ا۔مث) خوش نویسی کا فن یا پیشہ۔ کتابت۔

خطائی (ف۔صف) چین کے علاقے خطا (کیتھے) سے منسوب (۲) (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی مٹھائی۔ نیز دیکھئے نان خطائی۔

خطایا (ع۔ا۔مذ) خطیہ کی جمع۔ بہت سے گناہ یا خطائیں۔

خُطبا (خُ۔طَ۔با) (ع۔ا۔مذ) خطیب کی جمع۔

خُطبہ (خط۔بہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ وعظ و نصیحت جو نمازِ جمعہ و عیدین میں سُنائی جائے (۲) تقریر۔ ایڈریس (۳) کتاب کا دیباچہ۔ جمع: خطبات۔

خُطبہ (پڑھنا) دینا (اُر۔ محاورہ) مجمع کے سامنے تقریر کرنا۔ وعظ و نصیحت کی تقریر کرنا (۲) بادشاہ کا نام خطبے میں داخل ہونا۔

خطر (خطرہ) (خَ۔طر) (خط۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) خوف۔ اَندیشہ۔ ڈر (۲) دُشواری۔ آفت۔ جمع: خطرات۔ اُردو جمع: خطروں۔ خطرے۔

خطرہ ٹل جانا (اُر۔ محاورہ) اندیشہ دُور ہو جانا۔

خطرناک (ع۔ف۔صف) خوفناک۔ ڈراونا۔ جس سے نُقصان کا ڈر ہو۔

خطرے (خط۔رے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) خطرہ کی اُردو جمع (۲) خطرہ کی مُغیّرہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صورت۔ بحالت و بال۔

خطرے میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) آفت میں پھنسنا۔ ہلاکت میں پڑنا۔

خطرے میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) جوکھوں میں ڈالنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔ آفت میں پھنسانا۔

خطمی (خط۔ می) (ع۔ ا۔ مث) گلِ خیرو۔ ایک دوا جو شاندہ بنانے کے کام آتی ہے۔

خطوط (خُ۔ طوط) (ع۔ ا۔ مذ) خط کی جمع۔

خطوطِ وحدانی (ہلالی) (ع۔ ا۔ مذ) دو نصف دائرے جن کے اندر کچھ لکھا جائے۔ ہلالین۔ قوسین۔ بریکٹ۔

خِطّہ (خِط۔ طہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) زمین کا نشان زدہ حصّہ۔ قطعہ (۲) ملک۔ سرزمین۔ اُردو جمع: خِطّوں۔ خِطّے۔

خطّی (خط۔ طی) (ع۔ صف) (۱) خط کی طرف منسوب (۲) لکیر کی طرح سیدھا (۳) ایک قسم کا نیزہ۔

خطیب (خَ۔ طیب) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) خطبہ پڑھنے والا۔ وعظ سنانے والا۔ لیکچر دینے والا۔ مقرّر۔ جمع: خُطَبا۔ اُر جمع: خطیب۔ خطیبوں۔

خطیر (خَ۔ طیر) (ع۔ صف) بڑا۔ کثیر۔ بہت۔

خ۔ف

خِفّ (بکسرِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ صف) ہلکا۔

خُفّ (بضمِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ ا۔ مذ) پاؤں کا تلوا۔ موزہ۔ جراب۔

خَفا (خَ۔ فا) (ع۔ ا۔ مث) پوشیدگی۔ راز۔ پوشیدہ ہونا۔

خَفا (خَ۔ فا) (ف۔ صف) (۱) ناراض۔ ناخوش۔ برہم۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

خُفّاش (خُف۔ فاش) (ع۔ ا۔ مذ) چمگادڑ۔

خِفّت (خِف۔ فت) (ع۔ ا۔ مث) سبکی۔ ہلکا پن۔ خجالت۔ شرمساری۔ ندامت۔

خفتان (خف۔ تان) (ع۔ ا۔ مذ و مث) ایک قسم کا کرتا جو زرہ کے اندر پہنا جاتا ہے۔

خُفتہ (خُف۔ تہ) (ف۔ صف) سویا ہوا۔ خوابیدہ۔ جمع: خُفتگان۔

خفتہ بخت (نصیب) (ف۔ صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔

خفتہ را خفتہ کے کند بیدار (ف۔ مثل) سوئے ہوئے کو سویا ہوا کب جگا سکتا ہے۔ غافل غافل کی اِصلاح نہیں کر سکتا۔

خفقان (خَ۔ فَ۔ قان) (خف۔ قان) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دل کا دھڑکنا۔ ایک بیماری جس میں دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے (۲) جنون۔ سودا۔ گھبراہٹ۔ وحشت۔ مالیخولیا۔

خفقانی (خف۔ قا۔ نی) (ع۔ صف) خفقان میں مبتلا۔ مجنون۔ گھبرایا ہوا۔ وحشت زدہ۔

خفگی (خَ۔ فَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) ناراضی۔ غصّہ۔

خَفہ (خَ۔ فہ) (ف۔ صف) گلا گھونٹا ہوا۔ نیز دیکھئے خفا (ناراض) جو اِسی کی ایک شکل ہے۔

خَفی (خَ۔ فی) (ع۔ صف) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ مخفی (۲) باریک۔ مہین۔

خفیف (خَ۔ فیف) (ع۔ صف) (۱) ہلکا۔ سبک (۲) اوچھا۔ کم ظرف (۳) ذلیل۔ رُسوا (۴) کم۔ تھوڑا (۵) شرمندہ۔ نادم (۶) (ا۔ مث) عروض میں ایک بحر جس کے ارکان فاعلاتن مستفعلن فاعلاتن ہیں۔

خفیف ہونا (اُر۔ محاورہ) ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

خفیفہ (خَ۔ فی۔ فہ) (ع۔ صف) چھوٹی۔ خُرد۔ خفیف کی تانیث۔

خُفیہ (خُف۔ یہ) (ع۔ صف) پوشیدہ۔ درپردہ۔ چھپا ہوا۔

خفیہ پولیس (ع۔ ا۔ مذ) محکمۂ سُراغ رسانی جس کا کام جرائم کا پتا لگانا ہے۔ سی۔ آئی۔ ڈی۔

خفیہ راز (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) پوشیدہ خبر۔ راز کی بات۔ (ترکیب غلط ہے)۔

خفیہ کارروائی (ف۔ ا۔ مث) درپردہ کام۔ چھپ کر کام کرنا۔

خفیہ نویس (خفیہ نگار) (ع۔ ف۔ صف) جاسوس۔ مُخبر۔

خ۔ل

خَلا (خَ۔ لا) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خالی جگہ (۲) زمین سے اُوپر کا وہ خطہ جہاں زمین کی کششِ ثقل کا اثر نہیں ہوتا (Space) (۳) خلوت (۴) پاخانہ۔

خلاباز (ع۔ ف۔ صف) خلا میں سفر کرنے والا۔

خَلاص (خَ۔ لاص) (ع۔ ا۔ مذ) رہائی۔ آزادی (۲) (صف) آزاد۔ چھوٹا ہوا (۳) ختم۔

خلاص کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) رہا کرنا۔ آزاد کرنا (۲) ختم کرنا۔

خلاص ہونا (اُر۔ مص) آزاد ہونا (۲) ختم ہونا (۳) بچہ جننا (۴) اِنزال ہونا۔

خُلاصہ (خُ۔ لا۔ صہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کسی چیز کا بہترین حصّہ۔ نچوڑ۔ جوہر (۳) (صف) چیدہ۔ چُنا ہوا۔ پاک۔ صاف (۴) مختصر۔ مُجمل (۵) (اُر۔ ا۔ مذ) لُبِّ لُباب۔ اُردو جمع: خلاصوں۔ خلاصے۔ خلاصہ جات۔

خلاصہ کرنا (اُر۔ محاورہ) واضح کرنا۔ صاف صاف کہنا (۲) مختصر کرنا۔

خلاصۂ کلام (ع۔ ا۔ مذ) مختصر بات۔ حاصل کلام۔

خلاصہ یہ ہے (اُر۔ متعلق فعل) اصل مطلب یہ ہے۔ حاصلِ کلام یہ ہے۔ مختصر یہ کہ۔

خلاصی (خَ۔ لا۔ صی) (ف۔ ا۔ مث) رہائی۔ آزادی۔ چھٹکارا۔ نجات (۲) (ف۔ ا۔ مذ) خیمہ استادہ کرنے والا ملازم (۳) توپ خانے یا جہاز کے کارندے۔ مزدور۔ قلی۔ جمع: نمبر ۲، ۳ خلاصیاں۔

خلاصی پانا (اُر۔ محاورہ) چھٹکارا پانا۔ رہائی ہونا۔ نجات پانا۔

خِلاف (خِ۔ لاف) (ع۔ صف) (۱) اُلٹا۔ مخالف۔ ناسازگار۔ ناموافق (۲) جھوٹ (۳) اختلاف (۴) مخالف۔ دُشمن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خلافِ آئین (ع-ف-صف) ملک کے بنیادی قانون کی کسی دفعہ سے انحراف۔ آئین کے برعکس۔

خلاف بیانی (بغیر اضافت) (ع-ف-ا-مث) جھوٹ۔ دروغ گوئی۔ غلط بیانی۔ دروغ حلفی۔

خلافِ دستور (ع-ف-صف) رواج یا معمول کے برعکس۔

خلافِ شرع (ع-صف) قانون محمدیؐ کے خلاف۔ شریعت کے برعکس۔

خلافِ طبع (مزاج) (ع-صف) طبیعت کے خلاف۔ مزاج کے خلاف۔

خلافِ عقل (ع-صف) خلافِ قیاس۔ بعید از عقل۔ عقل کے خلاف۔

خلافِ قانون ہونا (اُر-محاورہ) حکومت کی طرف سے کسی جماعت' گروہ یا کتاب کو ناجائز قرار دیا جانا۔

خلاف کہنا (اُر-محاورہ) مخالفت کی بات کہنا (۲) طبیعت کے خلاف کہنا۔

خلاف وَرزی (ع-ف-ا-مث) خلاف کام کرنا۔ مخالفت۔

خلافِ وضع (ع-صف) طریقے اور عادت کے برعکس۔

خلافِ وضعِ فطری (ع-صف) فطرت کے برعکس۔ اغلام۔ بدفعلی۔

خلاف ہونا (اُر-محاورہ) مخالفت کرنا۔ دُشمن ہو جانا (۲) برعکس ہونا۔

خِلافت (خِ-لا-فت) (ع-ا-مث) (۱) نیابت۔ جانشینی، نبی یا پیر کی (۲) خلیفہ کا عہدہ یا منصب۔

خلافتِ راشِدہ (ع-ا-مث) ہدایت یافتہ بزرگانِ دین کی خلافت۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ' حضرت عمر فاروقؓ' حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت علیؓ کا دورِ حکومت۔

خِلافتی (خِ-لا-فَ-تی) (ع-صف) (۱) خلافت کے متعلق (۲) تحریکِ خلافت کا رُکن۔

خلّاق (خَل-لاق) (ع-مُبالغہ کا صیغہ) (۱) بہت پیدا کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

خِلال (خِ-لال) (ع-ا-مث-مذ) دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ یا فرق (۲) دانت کریدنے کا آلہ یا تنکا (۳) گنجفے یا تاش کی بازی میں مات۔

خلال دینا (اُر-محاورہ) گنجفے کی بازی میں مدِمقابل کو شکست دے دینا۔

خلال کرنا (اُر-محاورہ) (۱) دانت کریدنا۔

خلائق (خَ-لا-ئق) (ع-ا-مث) خلیقہ کی جمع۔

خَلائی (ع-ف-صف) خلا نمبر ۲ سے متعلق۔

خُلّت (خُل-لت) (ع-ا-مث) بے حد دوستی۔ بے پناہ محبت (۲) سبز خوراک۔

خلجان (خَل-جان) (ع-ا-مذ) (۱) تردّد۔ فکر۔ اندیشہ (۲) اُلجھن۔ خلش۔

خَلخال (خَل-خال) (ع-ا-مث) پازیب۔ پائل۔

خَلخَل (خَلخَلا) (خَل-خَل) (خَل-خَ-لا) (ع-صف) ڈھیلا ڈھالا۔

خُلد (خ مضموم-ل ساکن-د موقوف) (ع-ا-مذ) بہشت۔ جنت۔ فردوس۔ ہمیشہ رہنے والی چیز۔

خُلد آشیاں (ع-صف) بہشت میں سکونت رکھنے والا۔ تعظیماً اعلیٰ مرتبت متوفی لوگوں کے متعلق کہتے ہیں۔

خلدِ بریں (ع-ف-ا-مذ) فردوسِ اعلیٰ۔ جنت کا سب سے اُونچا طبقہ۔

خُلد مکانی (ع-صف) دیکھئے خلد آشیاں۔

خَلِش (خَ-لِش) (ف-ا-مث) (۱) چبھن۔ کھٹک (۲) جھگڑا۔ مناقشہ۔ مخاصمت (۳) رنجش۔ بغض۔

خَلط (خ مفتوح-ل ساکن-ط موقوف) (ع-ا-مذ) آمیزش۔ ملاوٹ۔

خلطِ مَبحث (ع-ا-مذ) گفتگو کے درمیان غیر متعلق بات لے آنا۔

خلط ملط (ع-صف) گڈمڈ۔ درہم برہم۔

خِلط (ع-ا-مث) (خ مکسور-ل ساکن-ط موقوف) (۱) آمیزش۔ ملاوٹ (۲) جسم کی چار خلطیں: صفرا۔ سودا۔ خون۔ بلغم۔

خَلطہ (خَل-طہ) (ف-ا-مذ) لمبا کرتا۔ پیراہن۔ خلیتا۔

خُلطہ (خُل-طہ) (ع-ا-مذ) (۱) میل جول۔ ربط ضبط (۲) حِصّہ داری۔

خُلع (خُ-لع) (ع-ا-مذ) عورت کا مہر معاف کر کے یا معاوضہ ادا کر کے طلاق لے لینا۔

خِلعت (خِل-عت) (بکسرِ اوّل) (ع-ا-مذ ومث) (۱) وہ پوشاک جو بادشاہ یا اُمرا کی طرف سے بطور عزّت افزائی ملے (۲) وہ نشان جو اُستاد اِصلاح دیتے وقت عُمدہ حرف پر لگا دیتے ہیں (۳) تحفہ۔ عطیّہ (۴) تحسین۔ آفرین۔ اُردو جمع: خِلعتوں۔ خِلعتیں۔

خلعتِ فاخرہ (ع-ا-مذ ومث) خِلعت جو باعثِ فخر ہو۔

خَلَف (خَ-لف) (ع-ا-مذ) پیچھے آنے والا (۲) جانشین۔ وارث (۳) نیک لڑکا۔ سعادت مند بیٹا۔

خلفُ الرّشید (خلفُ الصّدیق) (خَ-لَ-فُر-رَ-شِید) (خَ-لَ-فُص-صِد-دِیق) (ع-ا-مذ) فرمانبردار بیٹا۔ سچا جانشین۔

خُلَفا (خُ-لَ-فا) (ع-ا-مذ) خلیفہ کی جمع۔

خلفائے راشِدینؓ (ع-ا-مذ) ہدایت یافتہ خُلفا۔ رسول اللہ ﷺ کے چار خلیفے: حضرت ابوبکرؓ' حضرت عمرؓ' حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ۔

خَلفشار (خَل-فَ-شار) (ع-ا-مذ) گڑبڑ۔ کھلبلی۔

خَلق (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع-ا-مذ) خلقت۔ دُنیا کے لوگ۔ مخلوق۔

خلق کا حلق کس نے بند کیا ہے (اُر-مثل) لوگوں کی باتوں کو کوئی نہیں روک سکتا۔

خُلق (بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع-ا-مذ) خُو۔ عادت۔ خصلت۔ خوش مزاجی۔ ملن ساری۔ جمع: اَخلاق۔

خُلقِ محمّدی (ع-ا-مذ) حضرت محمد سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے اَخلاق۔

خِلقت (خِل-قت) (ع-ا-مث) فطرت۔ پیدائش۔ سرشت۔ ضمیر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خِلقت (خِل۔قت)(ع۔ا۔مث) مخلوق۔ لوگ۔

خِلقی (خِل۔قی)(ع۔صف) پیدائشی۔ قدرتی۔ فطرتی۔

خَلَل (خَ۔لَل)(ع۔ا۔مذ)(۱) رخنہ۔ سوراخ۔ درز (۲) خرابی۔ بگاڑ۔ فتور۔ ضرر۔ نقصان۔

خلل آنا (پڑنا) (اَر۔محاورہ) خرابی پیدا ہونا۔

خلل انداز (ع۔ف۔صف) خلل ڈالنے والا۔ رخنہ ڈالنے والا۔ بے جا مداخلت کرنے والا۔ مزاحم۔

خلل اندازی (ع۔ف۔ا۔مث) خلل ڈالنے کا فعل۔ فتور۔ شرارت۔

خللِ دماغ (ع۔ا۔مذ) دماغ کی خرابی۔ سودا۔ مالیخولیا۔ دیوانگی۔ پاگل پن۔

خُلو (خُ۔لو)(ع۔ا۔مذ) خالی ہونا (۲) خلا۔ جوف۔

خُلوئے معدہ (ع۔ا۔مذ) پیٹ کا خالی ہونا۔

خَلوَت (خَل۔وَت)(ع۔ا۔مث) تنہائی۔ علیحدگی۔ عزلت۔ گوشہ نشینی (۲) خالی جگہ۔ تنہائی کی جگہ (۳) سونے کا کمرا۔ خواب گاہ۔

خلوت پسند (ع۔ف۔صف) تنہائی چاہنے والا۔ گوشہ نشین۔

خلوت خانہ (خلوت کدہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) تنہائی کی جگہ۔ علیحدگی کا مقام۔

خلوت سرا (خلوت گاہ) (ع۔ف۔ا۔مث) دیکھئے خلوت خانہ۔

خلوتِ صحیحہ (ع۔ا۔مث) بیوی خاوند کا ہم بستری کے لئے تنہا ہونا۔ جائز جنسی تعلقات۔

خلوت گزیں (خلوت نشین) (ع۔ف۔صف) تنہائی میں بیٹھنے والا۔ اکیلا رہنے والا۔ گوشہ نشین۔

خلوت و جلوت میں (ع۔اَر۔متعلق فعل) خفیہ اور علانیہ۔

خلوت ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) اکیلا ہونا۔ تنہائی ہونا (۲) ہم صحبت ہونا۔

خَلوَتی (خَل۔وَ۔تی)(ع۔صف)(۱) اکیلا رہنے والا۔ تنہا (۲) گوشہ نشین۔ راہب (۳) راز دار۔ دوست۔

خُلود (خُ۔لود)(ع۔ا۔مذ) ہمیشگی۔ دوام۔

خُلوص (خُ۔لوص)(ع۔ا۔مذ)(۱) پاک صاف ہونا (۲) اخلاص۔ بے ریائی۔ سچی دوستی۔

خلوصِ قلب (ع۔ا۔مذ) دلی اخلاص۔ بے ریائی۔

خلوصِ نیت (ع۔ا۔مذ) نیک نیتی۔ خالص نیت۔

خَلیا (خَل۔یا)(اَر۔ا۔مث) خالہ کی تصغیر۔

خلیا ساس (اَر۔ا۔مث) ساس کی بہن۔

خلیا ساس کن ساسوں میں۔ کودوں کا بھات کن بھاتوں میں (اَر۔مثل) خلیا ساس کوئی رشتہ نہیں اور کودوں (ایک سخت اور گھٹیا غلہ) کا بھات فضول کھانا ہے۔ دُور کے رشتوں کے متعلق کہتے ہیں۔

خَلیتا (خَ۔لی۔تا)(اَر۔ا۔مذ) عربی خریطہ کا بگاڑ (۱) تھیلا۔ تھیلی (۲) لمبا کرتا۔

خَلیتی (خَ۔لی۔تی)(اَر۔ا۔مث) چھوٹی تھیلی۔ کچی جس میں سوئی دھاگا رکھا جاتا ہے۔

خَلیج (خَ۔لیج)(ع۔ا۔مث) سمندر کا وہ حصہ جو خشکی میں دُور تک چلا گیا ہو۔

خلیج (پڑجانا) ہو جانا (اَر۔محاورہ) رنجش ہونا۔ اختلاف پیدا ہونا۔

خلیجی (خَ۔لی۔جی)(ع۔ف۔صف) خلیج سے متعلق۔

خَلیدَہ (خَ۔لی۔دَہ)(ف۔صف) چبھا ہوا۔ سوراخ دار۔

خَلیرا (خَ۔لے۔را)(اَر۔صف) خالہ سے منسوب۔ خالہ کا۔

خلیرا بھائی (اَر۔ا۔مذ) خالہ جایا۔ خالہ زاد بھائی۔

خَلیفہ (خَ۔لی۔فَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) رسول اللہ ﷺ کا قائم مقام (۲) پیر کا جانشین (۳) نائب (۴)(اَر۔ا۔مذ) نائی۔ درزی۔ باورچی۔ جمع: خُلفا۔ اُردو جمع: خلیفوں۔ خلیفے۔

خلیفۃ اللہ (ع۔ا۔مذ) خُدا کا نائب (۲) حضرت آدمؑ کا لقب۔

خلیفۃ المسلمین (خَ۔لی۔فَ۔تُل۔مُس۔لِ۔مین)(ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کا خلیفہ۔

خَلیق (خَ۔لیق)(ع۔صف) اچھے اخلاق والا۔ خوش خُلق۔

خَلیقہ (خَ۔لی۔قَہ)(ع۔ا۔مث) پیدا کی ہوئی چیز۔ مخلوق۔ جمع: خلائق۔

خَلیل (خَ۔لیل)(ع۔ا۔مذ) سچا دوست۔

خلیلُ اللہ (خَ۔لی۔لُل۔لاہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) خُدا کا دوست (۲) حضرت ابراہیمؑ کا لقب۔

خَلیہ (ع۔ا۔مذ) جسم کا مختصر ترین خانہ یا پُرزہ۔ (Cell)۔ اَر جمع: خلیوں۔ خلیے۔

خ۔م

خَم (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مذ) ٹیڑھ۔ کجی۔ جھکاؤ۔ ترچھا پن (۲) بل۔ پیچ (۳) موڑ۔ حلقہ۔ پھیر۔ گھماؤ (۴) اُوپر کا بازو۔

خمِ ابرُو (ف۔ا۔مذ) بھوؤں کی کجی۔ ایک قسم کی خوبصورتی۔

خم ٹھونک کر سامنے آنا (اَر۔محاورہ) بے باک ہو کر مقابلہ کرنا۔

خم ٹھونکنا (اَر۔محاورہ) کشتی کے وقت بازو یا پٹھوں پر اِس طرح ہاتھ مارنا کہ آواز نکلے (۲) لڑنے کے لئے تیار ہونا۔

خمِ چوگاں (ف۔ا۔مذ) لکڑی جس سے چوگان (پولو) کھیلتے ہیں۔

خم دار (ف۔صف) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ کج۔ جھکا ہوا۔

خم دم (ف۔ا۔مذ) دیکھئے دم خم جو زیادہ مستعمل ہے۔

خم دینا (اَر۔محاورہ) ٹیڑھا کرنا۔

خم وچم (ف۔صف) حسین رفتار۔ خرام ناز۔ اِتراہٹ۔ غرور۔

خُم (بضمِ اوّل)(ف۔ا۔مذ) شراب کا مٹکا یا چپا (۲) گنجفہ کے کھیل میں وہ پتے جو تقسیم سے پہلے چھپا لیتے ہیں اور ایک ایک کر کے نکالتے ہیں (۳) خمیر (۴) بڑی ہانڈی (۵) ڈھول (۶) گنبد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خُم اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) خمیر تیار ہونا۔

خُم چڑھانا (اُر۔ محاورہ) دھونے سے پہلے کپڑوں کو اُبالنا (۲) بہت شراب پینا۔ مٹکا بھر پی جانا۔

خُم خانہ (خُم کدہ) (ف۔ ا۔ مذ) شراب خانہ۔ مے خانہ۔

خُمِ عیسیٰؑ (ف۔ ا۔ مذ) حضرت عیسیٰؑ کا ایک معجزہ۔ آپ رنگدار کپڑے ایک مٹکے میں ڈال دیتے تھے جو سفید یا سیاہ ہو جاتے تھے۔

خُم کے خُم اُڑانا (چڑھانا۔ لُنڈھانا) (اُر۔ محاورہ) بہت شراب پینا۔

خُمِ گردُوں (ف۔ ا۔ مذ) آسمان۔

خُمار (خُ۔ مار) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) نشہ۔ سرشاری۔ کیف (۲) نشہ اُترتے وقت جو دردِ سر ہوتا ہے اور ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں۔

خُمار آلود (آلودہ) (ف۔ صف) متوالا۔ مست۔ مخمور۔ مدہوش۔

خُمار شکنی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) خُمار توڑنا۔ نشہ اُترنے کی تکلیف کو روکنے کے لئے پھر تھوڑی سی شراب پینا۔

خَمّار (خَم۔ مار) (ع۔ صف) (۱) مے فروش۔ شراب بیچنے والا (۲) بہت شراب پینے والا۔

خُماری (خُ۔ ما۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) خُمار۔ نشہ۔

خُماسی (خُ۔ ما۔ سی) (ع۔ ا۔ مث) پانچ حرفی لفظ۔ پانچ حرفوں والا۔

خَمر (خ مفتوح۔ م ساکن۔ ر موقوف) (ع۔ ا۔ مث) شراب۔ مے۔

خَمرہ (خَم۔ رہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک مسلمان قوم کا نام جو چٹائی بناتی ہے (۲) مسلمان فقیروں کا ایک فرقہ جو اکثر میلوں تماشوں میں مانگتا پھرتا ہے (۳) مسلمان کہار (۴) ایک چھوٹا سا پرندہ۔

خمریات (خَم۔ ر۔ یات) (ع۔ ا۔ مث) خمر سے متعلق (۲) ایسے اشعار یا شاعری جس میں شراب اور اُس کے لوازمات کا ذکر ہو۔

خَمس (خ مفتوح۔ م ساکن۔ س موقوف) (ع۔ ا۔ عدد) پانچ۔ پنج۔

خُمس (خ مضموم۔ م ساکن۔ س موقوف) (ع۔ عددِ کسری) (۱) پانچواں حصہ۔ پنجم (۲) مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ جو غربا اور لاوارثوں کے لئے وقف کیا جاتا تھا۔

خمسہ (خَم۔ سہ) (ع۔ صف) (۱) پانچ سے نسبت رکھنے والا (۲) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ پانچ مصرعوں کا ہو۔

خمسۂ مُتحیّرہ (ع۔ ا۔ مذ) پانچ سیارے یعنی مشتری' زحل' عطارد' زہرہ اور مریخ جو کبھی سیدھی اور کبھی اُلٹی رفتار سے چلتے ہیں۔

خموش (خَ۔ موش) (ف۔ صف) خاموش کا مخفف۔

خموشاں (خَ۔ مو۔ شاں) (ف۔ صف) خموش کی جمع۔ خاموش لوگ۔ مُردے۔

خموشی (خَ۔ مو۔ شی) (ف۔ ا۔ مث) خاموشی کا مخفف۔

خَمُول (خَ۔ مُول) (ع۔ ا۔ مذ) گم نامی۔

خَمی (خَ۔ می) (ف۔ ا۔ مث) جھکاؤ۔ ٹیڑھا پن۔ کجی۔

خمیازہ (خم۔ یا۔ زہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بدلہ۔ مکافات (۲) انگڑائی۔ بدن تانا (۳) شکنجے میں دے کر اعضا کو کھینچنا (۴) تکلیف (۵) پشیمانی۔ افسوس۔

خمیازہ اُٹھانا (خمیازہ بھرنا۔ خمیازہ کھنچنا۔ خمیازہ کھینچنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) بدلہ ملنا۔ سزا بھگتنا (۲) نقصان اُٹھانا۔ تکلیف پانا (۳) پشیمان ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

خمیازہ لینا (اُر۔ محاورہ) انگڑائی لینا۔

خمیدگی (خَ۔ می۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) ٹیڑھ۔ ٹیڑھا پن۔

خمیدہ (خَ۔ می۔ دہ) (ف۔ صف) جُھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔

خمیر (خَ۔ میر) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گُندھے ہوئے آٹے کو کچھ عرصہ گرم جگہ رکھ کر یا کسی تُرش چیز سے پُھلا لینا (۲) سرشت۔ فطرت۔ مزاج۔ طبیعت۔

خمیر اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) خمیر تیار کرنا۔

خمیر اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) خمیر کا تیار ہونا۔

خمیر بگڑنا (اُر۔ محاورہ) سرشت میں فرق آنا۔ ترکیب میں فرق ہونا۔ شامت آجانا۔

خمیرہ (خَ۔ می۔ رہ) (ع۔ ا۔ مذ) خمیر سے تیار کی ہوئی چیز (۲) مصری یا کھانڈ میں پکائی ہوئی دوا (۳) ایک قسم کا خوشبودار پینے کا تمباکو۔ اُر جمع: خمیروں۔ خمیرے۔

خمیری (خَ۔ می۔ ری) (ع۔ صف) خمیر سے متعلق (۲) (ا۔ مث) وہ روٹی جو خمیر اُٹھا کر پکاتے ہیں۔

خمیس (خَ۔ میس) (ع۔ ا۔ مذ) یومِ خمیس۔ ہفتے کا پانچواں دن۔ جمعرات (۲) پانچواں حصہ۔

خ۔ن

خُن (بضمِ اوّل) (ق۔ ا۔ مذ) خوان۔

خَنا (خَن۔ نا) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) فحش اور بے ہودہ بات (۲) غرور۔ تکبّر (۳) (اُر۔ صف) بے وقوف آدمی۔ بدمزاج یا مسخری عورت (۴) (اُر۔ ا۔ مذ) قصاب۔ بوچڑ۔ قصائی۔

خنّا (خنّے) بھکنا (اُر۔ محاورہ) دماغ بگڑنا۔ اِترانا۔ تکبّر کرنا۔

خُناث (خُ۔ ناث) (ع۔ ا۔ مذ) خُنثیٰ کی جمع۔ ہیجڑے۔

خنازیر (خَ۔ نا۔ زیر) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خنزیر کی جمع: سؤر (۲) ایک مرض جس میں گلے میں گلٹیاں ہو جاتی ہیں۔ کنٹھ مالا۔

خنّاس (خَن۔ ناس) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شیطانِ مردود۔ سرکش دیو (۲) (صف) وسوسہ ڈالنے والا۔ بہکانے والا۔ شریر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خُناق (خ۔ناق) (ع۔ا۔مذ) گلے کی ایک متعدی بیماری جس میں ورم سے گلا بند ہو جاتا ہے اور مریض مر جاتا ہے۔ (Diptheria)۔

خُنثیٰ (خن۔ثا) (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کی مردانہ یا زنانہ دونوں علامات ناقص ہوں۔ ہیجڑا۔ مخنث۔

خنجر (خ مفتوح۔ نون غنہ۔ ج مفتوح) (ف۔ا۔مذ) ایک ہتھیار جو چھرے کی قسم کا ہوتا ہے۔ کٹار۔ اُردو جمع: خنجر۔ خنجروں۔

خنجر اٹھانا (اُر۔ محاورہ) خنجر مارنے کے لئے ہاتھ میں لینا۔

خنجر باندھنا (اُر۔ محاورہ) خنجر کمر سے لٹکانا۔

خنجر بیک (ف۔ا۔مذ) ایک مہلک پھوڑے کا نام جو پیٹھ پر ہوتا ہے۔

خنجر پھیرنا (اُر۔ محاورہ) خنجر چلانا۔ گلے پر خنجر رواں کرنا۔

خنجر تلے ٹک دم لیا تو پھر کیا (اُر۔ مثل) مصیبتوں میں تھوڑا سا آرام ملا تو کونسی بڑی بات ہے۔

خنجر تیز کرنا (اُر۔ محاورہ) قتل کے لئے تیار ہونا۔

خنجر چلانا (اُر۔ محاورہ) خنجر سے ذبح کرنا۔ خنجر سے حملہ کرنا۔

خنجر کا پانی (اُر۔ا۔مذ) خنجر کی آب یا دھار۔

خنجر کھینچنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی کے لئے تیار ہونا۔

خُنجَری (خُج۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) چھوٹی دف۔ ڈفلی (۲) (اُر۔ا۔مث) مشروع یا گلبدن کی دھاریاں۔

خُنخُنانا (خن۔خُ۔نا۔نا) (اُر۔مص) ناک میں بولنا۔ منمنانا۔ غنغنانا۔

خنداں (خ مفتوح۔ نون غنہ) (ف۔صف) (۱) ہنستا ہوا (۲) شگفتہ۔ کھلا ہوا۔

خندق (ف۔ا۔مث) کھائی۔ گڑھا۔ اُر جمع: خندقوں۔ خندقیں۔

خندہ (خ مفتوح۔ نون غنہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ہنسی (۲) شوخ۔ شریر (ق)۔

خندہ آفتاب (ف۔ا۔مذ) آفتاب کا ہنسنا۔ طلوع آفتاب۔

خندہ برق (ف۔ا۔مذ) بجلی کی چمک۔

خندہ پیشانی (ف۔صف) خندہ رُو۔ ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ شگفتہ رُو۔

خندہ دنداں نما (ف۔ا۔مذ) ایسی ہنسی جس میں دانت نظر آئیں۔

خندہ رُو (ف۔صف) ہنس مکھ۔

خندہ رُوئی (ف۔ا۔مث) خوشی۔ شگفتگی۔

خندہ زن (ف۔صف) ہنسنے والا۔

خندہ زنی (ف۔ا۔مث) ہنسی۔ ہنسنا۔

خندہ زخم (ف۔ا۔مذ) زخم کا کھل جانا۔

خندہ زیر (لب) لبی (ف۔ا۔مذ) ہلکی سی مسکراہٹ۔ تبسم۔

خندہ سوگندہ (اُر۔ مثل) جو ہر وقت ہنسے وہ نیک چلن نہیں۔

خندہ صبح (ف۔ا۔مذ) طلوع صبح۔ صبح ہونا۔

خندہ گل (ف۔ا۔مذ) پھول کا کھلنا۔

خندہ مینا (ف۔ا۔مذ) وہ آواز جو شیشے سے شراب انڈیلتے وقت نکلتی ہے۔

خنّدی (بفتح اوّل) (نون غنہ) (اُر۔ا۔مث) (۱) وہ عورت جو مردوں سے ہنسے بولے۔ قحبہ۔ فاحشہ۔ بے حیا۔

خنزیر (خِن۔زیر) (ع۔ا۔مذ) سور۔ جنگلی سور۔ جمع: خنازیر۔

خنصر (خِن۔صَر) (ع۔ا۔مث) سب سے چھوٹی انگلی۔ چھنگلیا۔

خُنُک (خُ۔نک) (ف۔صف) ٹھنڈا۔ سرد۔

خُنکی (خُ۔نَ۔کی) (ف۔ا۔مث) ٹھنڈ۔ سردی۔ ٹھنڈک۔

خِنگ (خ مکسور۔ نون غنہ) (ف۔صف۔وا۔مذ) سفید۔ سبزہ۔ سفید گھوڑا۔ نقرہ گھوڑا۔ تیز گھوڑا۔

خِنگا (خ مکسور۔ نون غنہ) (ف۔صف) (۱) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا (۲) مسخرہ۔

خُنیا (خُن۔یا) (ف۔ا۔مذ) (۱) گانا۔ نغمہ۔ راگ۔ سرود (۲) (اُر۔ا۔مث) ڈومنی۔ میراثن۔

خُنیاگر (ف۔صف) گویا۔ مطرب۔

خ۔و

خُو (واو معروف) (ف۔ا۔مث) عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ (۲) ڈھنگ (۳) طور طریقہ (۴) رسم و رواج۔ چلن۔

خُو بُو (ف۔ا۔مث) عادت۔ خصلت۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق۔

خُو پڑنا (اُر۔ محاورہ) عادت پڑنا۔

خُوگر (ف۔صف) جسے کسی بات کی عادت پڑ گئی ہو۔ (خوگیر کا مخفف)۔

خُوگیر (ف۔صف) خوگر۔ عادی۔

خواب (خاب) (ف۔ا۔مذ) وہ چیزیں یا واقعات جو انسان نیند میں دیکھے رویا۔ سپنا (۲) خیال۔ وہم۔ جمع: خوابہا۔ اُردو جمع: خواب۔ خوابوں (۳) (ا۔مث) نیند۔ بندیا۔ نوم۔

خواب آلودہ (ف۔صف) نیند میں بھرا ہوا۔

خواب آور (ف۔صف) نیند لانے والی۔ سلانے والی (دوا وغیرہ)۔

خوابِ پریشاں (ف۔ا۔مث) بے آرامی کی نیند (۲) (ا۔مذ) ڈراؤنا خواب۔

خواب خرامی (ف۔ا۔مث) دیکھئے مشی فی النوم۔

خوابِ خرگوش (ف۔ا۔مث) خرگوش کی سی نیند۔ غفلت کی گہری نیند۔

خواب دیکھنا (اُر۔ محاورہ) سوتے میں کسی بات کو دیکھنا۔ سپنا دیکھنا۔

خوابِ شیریں (ف۔ا۔مث) میٹھی نیند۔ گہری نیند۔

خوابِ غفلت (ف۔ا۔مث) غفلت کی نیند (۲) گہری نیند۔

خواب کی باتیں (اُر۔ا۔مث) خیالی باتیں۔ بے اصل باتیں۔ موہوم باتیں۔

خواب گاہ (ف۔ا۔مث) سونے کا کمرا۔ خلوت گاہ۔

خوابِ گراں (ف۔ا۔مث) غفلت کی نیند۔ گہری نیند۔

خواب میں (بھی) نہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) کبھی نیند میں بھی نہ آنا۔ کبھی نہ ملنا۔

خوابِ نوشیں (ف۔ا۔مث) میٹھی نیند۔

خواب وخور (ف۔ا۔مذ) سونا اور کھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خواب و خور (تج) حرام ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی تکلیف یا فکر کے باعث نیند نہ آنا اور کھانا پینا بھی چھوٹ جانا۔

خواب و خیال (ف۔ا۔مذ) بے اصل باتیں جو خواب میں نظر آئیں (۲) بھولی ہوئی بات۔

خواب ہو جانا (اُر۔ محاورہ) خیال سے جاتا رہنا۔ وہمی ہو جانا۔ گزرے دنوں کی یاد آنا۔

خواب ہونا (اُر۔ محاورہ) نیند میں بشارت ہونا۔

خوابِیدہ (خا۔بی۔دہ)(ف۔صف) سویا ہوا۔ جمع: خوابیدگان۔

خواتَم (خَ۔وا۔تم)(ع۔ا۔مذ) خاتم (انگوٹھی) کی جمع۔

خواتِین (خَ۔وا۔تِین)(اُر۔ا۔مث) خاتون کی عربی قاعدے سے جمع۔

خواجگان (خاج۔گان)(ف۔ا۔مذ) خواجہ کی جمع۔

خواجہ (خا۔جہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) خداوند۔ صاحب۔ سردار۔ آقا (۲) توران میں سادات کا لقب (۳) کشمیریوں کا لقب (۴) ہیجڑا۔ مخنث۔ جمع: خواجگان۔

خواجہ تاش (ف۔ا۔مذ) ایک آقا کے نوکر۔ ایک مالک کے دو نوکر یا غلام ہوں تو ان میں سے ہر ایک "خواجہ تاش" کہلاتا ہے (۲) خاندان کا سربراہ (۳) ایک اُستاد کے شاگرد۔ ایک پیر کے مُرید (۴) ہم جماعت (۵) طالبِ علم۔

خواجہ سرا (ف۔ا۔مذ) زنان خانے میں کام کرنے والا مخنث (۲) ہیجڑا۔

خواجہ معینُ الدّین کا چاند (خواجہ جی کا مہینا) (اُر۔ا۔مذ) رجب کا مہینا جس میں خواجہ صاحبؒ کا عرس ہوتا ہے۔

خوار (خار)(ف۔صف)(۱) ذلیل۔ رُسوا (۲) آوارہ۔ سرگرداں۔ پریشان۔ خراب خستہ (۳) خوردن مصدر کا اسم فاعل۔ مرکبات میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے اور کھانے والا' پینے والا کے معنی دیتا ہے جیسے غم خوار۔ خوں خوار۔

خواری (خا۔ری)(ف۔ا۔مث) ذِلّت۔ رُسوائی۔ پریشانی۔

خوارِج (خَ۔وا۔رِج)(ع۔ا۔مذ) خارجی کی جمع۔

خوارِق (خَ۔وا۔رِق)(ع۔ا۔مذ) خارق کی جمع۔ خلافِ عادت باتیں۔ معجزے۔ کرامتیں۔

خواست (خاست)(ف۔ا۔مث)(۱) خواہش۔ چاہ (۲) اِلتجا۔ التماس۔

خواست گار (ف۔صف) اُمیدوار۔ سائل۔ مستغیث۔

خواست گاری (ف۔ا۔مث)(۱) درخواست۔ عرض۔ التماس۔ خواہش۔ تمنّا۔ طلب (۲) نسبت کی درخواست۔ شادی کا پیغام۔

خواص (خَ۔واص)(ع۔ا۔مذ)(۱) خاص کی جمع۔ بڑے لوگ۔ اُمرا۔ ہم صحبت۔ جلیس (۲) خاصیت کی جمع۔ اثرات (۳) خاصہ کی جمع ممتاز نوکر۔ اعلیٰ درجے کے خدمت گار (۴)(اُر۔ا۔مث) لونڈی۔ کنیز۔ مُلازمہ (۵) سہیلی۔ مصاحب عورت۔ جمع: خواصوں۔ خواصیں۔

خواصی (خَ۔وا۔صی)(ع۔ا۔مث)(۱) خدمت گاری۔ ملازمت (۲) مصاحبت۔ ہم نشینی (۳) عماری کی پچھلی نشست (۴) انگیا کا وہ جوڑ جو بغل کی طرف ہوتا ہے۔

خواصی میں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے سواری میں بیٹھنا۔

خواصیں (خَ۔وا۔صیں)(اُر۔ا۔مث) خواص کی جمع۔ لونڈیاں۔ خدمت گارنیاں جو امیر عورتوں کے ہمراہ ہوتی ہیں (۲) سہیلیاں۔ ہمجولیاں۔

خوان (خاں)(ف۔ لاحقہ فاعلی) خواندن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور پڑھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے نعت خواں۔

خوان (خان)(ف۔ا۔مذ) دستر خوان۔ سُفرہ (۲) سینی۔ کھانا لانے اور لے جانے والے برتن۔ تھال۔ طشت۔ طباق۔ اُردو جمع: خوان۔ خوانوں۔

خوان بڑا' خوان پوش بڑا۔ کھول کے دیکھو تو آدھا بڑا (خوان پاک۔ خوان پوش پاک۔ کھول کے دیکھو تو خاک ہی خاک) (اُر۔ مثل) ظاہری ٹیپ ٹاپ تو بہت اور اندر کچھ بھی نہیں۔ ظاہر آراستہ باطن خراب۔ بڑا: دہی بڑا (بھلا)۔

خوان پوش (ف۔ا۔مذ) خوان ڈھکنے کا کپڑا۔

خوانِ خاص (ف۔ا۔مذ) بادشاہوں یا امیروں کے غُلام اور لونڈیاں۔

خوانِ کرم (خوانِ یغما) (ف۔ا۔مذ) عام لنگر۔

خوانِ نعمت (ف۔ا۔مذ) لذیذ کھانوں کا خوان۔

خوانچہ (خان۔چہ)(ف۔ا۔مذ) چھوٹا خوان۔ اُردو جمع: خوانچوں۔ خوانچے۔

خوانچہ فروش (ف۔ا۔مذ) پھیری والا۔ گھوم پھر کر چیزیں بیچنے والا۔

خواندگی (خاں۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) لکھنے پڑھنے کی قابلیت۔ حروف شناسی (۲) پڑھائی۔

خواندہ (خاں۔دَہ)(ف۔صف)(۱) پڑھا لکھا۔ حرف شناس (۲) بُلایا ہوا۔ مدعُو۔ جمع: خواندگان۔

خوانی (خا۔نی)(ف۔ا۔مث) پڑھنا۔ دوہرانا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے مرثیہ خوانی۔ نعت خوانی۔ شعر خوانی۔

خوانِین (خَ۔وا۔نِین)(ف۔ا۔مذ) خان کی جمع (عربی طریقے سے)۔

خواہ (خاہ)(ف۔ کلمۂ تردید)(۱) یا۔ چاہے۔ چاہو (۲)(لاحقۂ فاعلی) خواستن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بنا دیتا ہے اور چاہنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے داد خواہ۔ خیر خواہ۔

خواہ نخواہ (خواہ نخواہ۔ خواہی نخواہی) (خاہ مخاہ)(خاہ نخاہ۔ خاہی نخاہی)(ف۔ متعلق فعل) ناچار۔ زبردستی۔ مجبوری سے۔

خواہاں (خا۔ہاں)(ف۔صف) چاہنے والا۔ خواہش مند۔ طالب۔

خواہر (خا۔ہَر)(ف۔ا۔مث) بہن۔ ہمشیر۔ جمع: خواہراں۔

خواہر زادہ (ف۔ا۔مذ) بھانجا۔

خواہرانہ (ف۔صف) بہن کی طرح۔

خواہش (خا۔ہش)(ف۔ا۔مث)(۱) آرزو۔ تمنّا (۲) رغبت۔ شوق (۳) مرضی (۴) مطلب۔ مُراد۔ جمع: خواہشات۔ (عربی قاعدے سے)۔ اُردو جمع: خواہشوں۔ خواہشیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خواہش پوری ہونا (اُر۔ محاورہ) تمنّا بر آنا۔ آرزُو پوری ہونا۔
خواہش مارنا (اُر۔ محاورہ) تمنّا ضبط کرنا۔
خواہش مند (ف۔ صف) آرزُو مند۔ خواہاں۔ طالب۔ شائق۔
خواہِشات (خا۔ ہِ۔ شات)(ف۔ ا۔ مث) خواہش کی جمع۔ عربی طریقے سے۔
خُوب (واو معروف) (ف۔ صف) (۱) اچھا۔ عُمدہ (۲) خوبصورت (۳) نفیس (۴) زیبا۔ پسندیدہ (۵) ہردِل عزیز۔ مرغوب (۶) ہاں (جواب میں کہا جاتا ہے) (۷) عُمدہ کلام کی تعریف کرتے ہوئے بھی کہتے ہیں (۸) طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔
خُوب آؤ بھگت کرنا (اُر۔ محاورہ) بڑی تعظیم و تواضع کرنا۔
خُوب تر (ف۔ صف) زیادہ اچھا۔ خوب کی تفضیلِ بعض۔
خُوب ٹھونک بجالو (اُر۔ محاورہ) اچھی طرح تسلّی کرلو۔
خُوب رُو (خُوب صُورت) (ف۔ صف) حسین۔ شکیل۔ جمیل۔ سُندر۔
خُوب صُورتی (ف۔ ا۔ مث) حُسن۔ جمال۔ سُندرتا۔
خُوب گُزرے گی جو مِل بیٹھیں گے دیوانے دو (اُر۔ مثل) جب دو ہم خیال مل جاتے ہیں تو وقت اچھا گُزر جاتا ہے۔
خُوباں (خُو۔ باں)(ف۔ صف) خوب کی جمع۔ (کنایۃً) معشوق۔
خُوبانی (خُو۔ با۔ نی)(ف۔ ا۔ مث) زرد آلو۔ ایک لذیذ گُٹھلی دار میوہ۔
خُوب کلاں (ف۔ ا۔ مث) ایک قسم کی گھاس جس کا بیج دواؤں میں کام آتا ہے۔ خاکسی۔
خُوبی (ف۔ ا۔ مث)(۱) اچھائی۔ عُمدگی۔ خوبصورتی (۲) ہُنر۔ جوہر۔ گُن (۳) بڑائی۔ شرف۔ ترجیح۔ فوقیت۔ فارسی جمع: خُوبی ہا۔ اُردو جمع: خُوبیاں۔ خُوبیوں۔
خوجہ (خو۔ جہ)(ف۔ ا۔ مذ) خواجہ کا مُخفّف (۱) ہیجڑا۔ مخنث۔ زنانہ (۲) مسلمانوں کی ایک تجارت پیشہ قوم۔
خوخیانا (خو۔ خ۔ یا۔ نا)(اُر۔ مص)(۱) بھبکی دینا۔ چیخنا (۲) خفا ہونا (۳) بندر یا ریچھ کا چیخنا۔
خود (واو مجہول)(ف۔ ا۔ مذ) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔
خُود (خُد)(ف۔ ض) آپ۔ اپنے آپ۔ اپنی ذات۔ ذاتی۔
خود آرا (ف۔ صف) اپنے آپ کو سنوارنے والا (۲) مغرور۔ متکبّر۔
خود آرائی (ف۔ ا۔ مث) اپنے آپ کو بنانا سنوارنا۔ بناؤ سنگار (۲) غرور۔ گھمنڈ۔
خود آہنگی (ف۔ ا۔ مث) اِرادہ۔ قصد (۲) حرص۔ لالچ۔
خود اِختیار (ف۔ صف) آزاد۔ جس کے ہاتھ میں اِختیار ہو۔
خود اِختیاری حکومت (ف۔ ا۔ مث) حکومت جس کا اِختیار عوام کے ہاتھ میں ہو۔ جمہوری حکومت۔
خود اِرادیّت (ف۔ ع۔ ا۔ مث) عمل و اِرادہ کی آزادی۔ اپنے معاملات خود سنبھالنا۔ (Self-determination)۔
خود اِعتمادی (ف۔ ع۔ ا۔ مث) اپنی ذات پر بھروسا۔

خود بخود (ف۔ متعلق فعل) آپ ہی آپ۔ از خود۔ بے کہے۔
خود بِیں (ف۔ صف) خود پرست۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبّر۔ خود پسند۔
خود بینی (ف۔ ا۔ مث) غرور۔ تکبّر۔ فخر۔ گھمنڈ۔
خود پرشت (ف۔ صف) مغرور۔ متکبّر۔
خود پسند (ف۔ صف) اپنے آپ کو بہتر سمجھنے والا۔ اپنی رائے کو ترجیح دینے والا۔
خود پسندی دلیلِ نادانی است (ف۔ مثل) اپنی ہر بات کو اچھا سمجھنا نادانائی کی دلیل ہے۔
خود خُو (ف۔ صف) متلوّن مزاج۔ وہمی (۲) بدتمیز۔
خود دار (ف۔ صف) رکھ رکھاؤ والا (۲) غیور۔ غیرت مند (۳) قانع۔ صابر۔
خود داری (ف۔ ا۔ مث) رکھ رکھاؤ (۲) غیرت۔ عزّتِ نفس۔
خود را فضیحت دیگراں را نصیحت (ف۔ مثل) خود بُرے کام کرنا اور دُوسروں کو نصیحت کرنا۔
خود رائی (ف۔ ا۔ مث) خود سری۔ سرکشی۔ اپنی مرضی کے مطابق کوئی کام کرنا۔
خود رائے (ف۔ صف) اپنی رائے پر چلنے والا۔ کسی کی نہ ماننے والا۔ خود سر۔
خود رَفتگی (رَف۔ تَ۔ گی)(ف۔ ا۔ مث) بیخودی۔ مدہوشی۔ بے خبری۔
خود رَفتہ (ف۔ صف) دیکھئے از خود رفتہ۔
خود رنگ (ف۔ صف) طبعی رنگ والا۔ جس میں قدرتی رنگ ہو۔
خود رَو (ف۔ صف)(۱) اپنے آپ اُگا ہوا۔ جنگلی (۲) بے قاعدہ۔ بدتمیز۔
خود ساختہ (ف۔ صف) اپنا بنایا ہوا۔ اپنا گھڑا ہوا۔
خود سِتا (ف۔ صف) اپنی تعریف آپ کرنے والا۔ اپنے مُنہ میاں مٹھّو بننے والا۔
خود سِتائی (ف۔ ا۔ مث) اپنی تعریف آپ کرنا۔ اپنے مُنہ میاں مٹھّو بننا۔
خود سر (ف۔ صف) خود رائے۔ سرکش۔ ضِدّی۔ ہٹیلا۔ اپنی مرضی کرنے والا۔
خود سری (ف۔ ا۔ مث) خود رائی۔ سرکشی۔ نافرمانی (۲) ضِد۔ ہٹ۔
خود سے (اُر۔ متعلق فعل) اپنے آپ۔ از خود۔ خود بخود۔
خود غرض (غَ۔ رَض) (ف۔ صف) اپنی غرض کا آشنا۔ مطلبی۔ مطلب پرست۔ مطلبیا۔
خود غرضی (غَ۔ رَ۔ ضی)(ف۔ ا۔ مث) مطلب پرستی۔ آپا دھاپی۔ نفسا نفسی۔
خود غلَط، اِنشا غلَط، اِملا غلَط (ف۔ مثل) جو ہر طرح سے غلط ہو، اُس کے متعلق کہتے ہیں۔
خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم (ف۔ مثل) ہم جو سمجھتے تھے وہ خود ایک غلطی تھی۔
خود فراموش (ف۔ صف) اپنے آپ کو بُھولنے والا۔ غافل۔
خود فراموشی (ف۔ ا۔ مث) غفلت۔ اپنے آپ کو بُھولنا۔
خود فروش (ف۔ صف) گھمنڈی۔ شیخی مارنے والا۔ اپنی تعریف آپ کرنے والا۔
خود کار (ف۔ صف) اپنے آپ کام کرنے والی مشین۔ آٹومیٹک۔
خود کاشت (ف۔ صف) وہ زمین جسے مالک خود جوتے بوئے۔
خود کام (ف۔ صف) خود غرض۔ مطلب پرست۔ مطلبی۔
خود کردہ (ف۔ صف) اپنا کیا ہوا۔ اپنا کام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خود کردہ را علاجے نیست (ف۔ مثل) اپنے کئے کا کوئی علاج نہیں۔
خود کُشی (ف۔ ا۔ مث) اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔
خود کفیل (ف۔ ا۔ صف) اپنے وسائل پر گزارہ کرنے والا۔ کسی کی مدد نہ لینے والا۔
خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گِلِ کوزہ (ف۔ مقولہ) خود ہی آب خورہ' خود ہی آبخورہ بنانے والا اور خود ہی آبخورے کی مٹی۔ وہاں کہتے ہیں جہاں ایک ہی آدمی تمام کام یا اِنتظامات کرے۔
خود مختار (ف۔ صف) آزاد۔ با اختیار۔
خود مختاری (ف۔ ا۔ مث) آزادی۔ خود اِختیاری۔
خود نُما (ف۔ صف) (۱) اپنی نمائش کرنے والا (۲) متکبر۔ شیخی خورہ۔ خود پسند۔
خود نُمائی (ف۔ ا۔ مث) (۱) اپنی نمود و نمائش (۲) شیخی۔ خود پسندی۔
خودی (خُ۔ دی) (ف۔ ا۔ مث) اپنا آپ۔ اپنی ذات۔ انانیت۔ غرور۔ تکبر (۲) خود شناسی۔ معرفتِ نفس۔ عزّتِ نفس۔
خودی اور خدائی میں بیر ہے (اُر۔ مثل) خدا غرور کو پسند نہیں کرتا۔
خودی میں نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) اپنے آپ میں نہ رہنا۔
خُور (خُر) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خورشید کا مخفف۔ سورج (۲) گرگٹ (۳) مشرق (۴) ہر شمسی ایرانی مہینے کا گیارھواں دن۔
خور (واو مجہول) (ف۔ صف) خوردن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور کھانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے حلال خور۔ بسیار خور۔ آدم خور (۲) (ا۔ مذ) کھانا۔ خوراک۔
خور و نوش (ف۔ ا۔ مذ) کھانا پینا۔ دانہ پانی۔
خورا (واو مجہول) (اُر۔ صف) خور۔ کھانے والا۔ مُرکبات کے آخر میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے شکر خورا۔
خُوراک (ف۔ ا۔ مث) (۱) کھانے کی چیز۔ کھانا۔ غذا (۲) رسد۔ راشن (۳) دوا کی وہ مقدار جو ایک وقت کھائی یا پلائی جائے۔ ایک مرتبہ کا کھانا (۴) کھانے کے قابل چیز۔
خُوراکی (خُو۔ را۔ کی) (اُر۔ ا۔ مث) کھانے پینے کی چیز (۲) روزینہ۔ وظیفہ۔
خُورد (خُرد) (ف۔ فعل) خوردن مصدر سے ماضی کا صیغہ۔ کھایا۔
خُورد بُرد (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کھانا اُڑانا۔ غبن۔ تغلّب۔ خیانت۔ بددیانتی۔ بے جا تصرّف۔
خورد بُرد کرنا (اُر۔ محاورہ) خیانت کرنا۔ غبن کرنا۔ تغلّب کرنا۔
خوردن برائے زیستن و ذکر کردن است۔ تو معتقد کہ زیستن از بہرِ خوردن است (ف۔ مثل) کھانا زندہ رہنے اور عبادت کرنے کے لئے کھانا چاہئے لیکن تو کھانے کے لئے زندہ رہنے کا خواہش مند ہے جو درست نہیں۔
خُوردنی (خُر۔ دَ۔ نی) (ف۔ صف) کھانے کے قابل۔ کھانے کی چیز۔
خُوردہ (خُر۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) خوردن مصدر کا اسم مفعول۔ کھایا ہوا (۲) (اُر۔ ا۔ مذ) فاتحہ یا نذر نیاز کی شیرینی۔
خوردہ نہ بُردہ ناحق درد گردہ (اُر۔ مثل) کچھ کیا کرایا نہیں مفت کی تکلیف ہوئی۔
خُورسَند (خُر۔ سَند) غلط العوام ہے۔ دیکھئے خُرسند۔
خُورِش (خُ۔ رِش) (ف۔ ا۔ مث) کھانا۔ طعام۔ خوراک۔
خُورشید (خُر۔ شید) (ف۔ ا۔ مذ) سُورج۔ آفتاب۔
خورشیدِ لبِ بام (ف۔ ا۔ مذ) ڈھلتا ہوا سورج۔ (کنایۃً) مرنے کے قریب۔
خورشید لقا (رُو۔ طلعت۔ چہرہ۔ رُخ) (ف۔ صف) حسین و جمیل۔
خُورِندہ (خُ۔ رِندہ) (ف۔ صف) خوردن مصدر کا اِسمِ فاعل۔ کھانے والا۔
خُوش (خُش) (ف۔ صف) (۱) مسرور۔ شاداں۔ شادمان۔ خرّم (۲) چنگا بھلا۔ تن دُرست۔ راضی (۳) تروتازہ۔ شاداب۔ سرسبز (۴) بامُراد (۵) اچھا۔ عُمدہ (۶) خوبصورت۔
خوش آب (خوشاب) (ف۔ صف) آب دار۔ شفاف۔ چمک دار۔ شاداب۔ تازہ۔
خوش آمد (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے خوشامد۔
خوش آمدید (ف۔ کلمۂ اِستقبال) آپ اچھے آئے۔ مرحبا۔
خوش آنا (اُر۔ محاورہ) اچھا لگنا۔ پسند آنا۔ مرغوب ہونا۔
خوش آواز (خوش آہنگ) (ف۔ صف) اچھی آواز والا۔
خوش آیند (آیند) (ف۔ صف) بھلا معلوم ہونے والا۔ خوشگوار۔ خوش کن۔
خوش ادا (ف۔ صف) پسندیدہ طور طریقوں والا (۲) خوش آواز۔
خوش اُسلوب (ف۔ ع۔ صف) خوش وضع۔ اچھے طریقے والا۔
خوش اطوار (ف۔ ع۔ صف) اچھے طور طریقے والا۔ مہذب۔ شائستہ۔ باسلیقہ۔
خوش اِقبال (ف۔ صف) خوش نصیب۔ بختاور۔ اِقبال مند۔
خوش اِلحان (ف۔ صف) اچھی آواز والا۔ سُریلا۔ خوش گلو۔
خوش اِنتظامی (ف۔ ا۔ مث) عُمدہ بندوبست۔
خوش اندام (ف۔ صف) خوبصورت۔ سڈول۔ متناسب الاعضاء۔
خوش اندیش (ف۔ صف) دیکھئے خوش خیال۔
خوش اوقات (ف۔ ع۔ صف) جس کا وقت باعزت طریق سے گزرے۔
خوش باش (ف۔ صف) (۱) خوش رہنے والا۔ بے فکر۔ آزاد (۲) وہ شخص جو مزے کی زندگی بسر کرے۔
خوش بخت (ف۔ صف) اچھی قسمت والا۔ خوش اقبال۔
خوش بو (ف۔ صف) اچھی بُو۔ مہک۔ سگند۔
خوشبودار (ف۔ صف) اچھی بُو والا۔ معطّر۔ مہک والا۔
خوش بیان (ف۔ صف) خوش کلام۔ شیریں گفتار۔ فصیح۔
خوش پوش (ف۔ صف) خوش لباس۔ عُمدہ پوشاک پہننے والا۔
خوش تدبیر (ف۔ صف) اچھی تدبیر والا۔ اچھا منتظم۔ عُمدہ مدبّر۔
خوش تر آں باشد کہ سِرِّ دلبراں۔ گفتہ آید در حدیثِ دیگراں (ف۔ مقولہ) جب کسی عزیز کا کوئی راز بتانا ہو تو اشارے کنائے میں دوسروں کا نام لے کر بتانا چاہئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خوش تقریر (ف۔صف) اچھا بیان کرنے والا۔ خوش گفتار۔
خوش حال (ف۔صف) آسودہ حال۔ کھاتا پیتا۔ تونگر۔ مال دار۔
خوش حالی (ف۔ع۔ا۔مث) آسودگی۔ تونگری۔
خوش خبری (ف۔ا۔مث) اچھی خبر۔ مژدہ۔ بشارت۔ نوید۔
خوش خرام (ف۔صف) اچھی چال والا۔
خوش خرامی (ف۔ا۔مث) اچھی چال۔
خوش خصال (ف۔صف) صاحبِ اَخلاق۔ بامروّت۔ مہذّب۔ سلیقہ مند۔
خوش خط (ف۔ع۔صف) (۱) عُمدہ لکھا ہوا (۲) عُمدہ لکھنے والا۔
خوش خطی (ف۔ع۔ا۔مث) عُمدہ لکھائی۔ خوب صورت کتابت۔
خوش خُلق (ف۔صف) اچھی خصلت والا۔ خلیق۔ خندہ رُو۔
خوش خُلقی (ف۔ع۔ا۔مث) خوش اَخلاقی۔ عُمدہ خصلت۔
خوش خوراک (ف۔صف) عُمدہ اور لذیذ خوراک کھانے والا۔
خوش خیال (ف۔صف) عُمدہ خیالات والا۔ خوش فکر۔ عالی فکر۔
خوش دامن (ف۔ا۔مث) ساس۔
خوش دل (ف۔صف) شاد۔ شادمان۔ بشّاش۔ فرحاں۔
خوش ذائقہ (ف۔صف) لذیذ۔ مزیدار۔
خوش رفتار (ف۔صف) اچھی چال والا۔ خوش خرام۔
خوش رنگ (ف۔صف) پسندیدہ رنگ والا۔ اچھے رنگ والا۔
خوش رُو (ف۔صف) خوبصورت چہرے والا۔ حسین۔
خوش سلیقہ (ف۔صف) اچھے سلیقے والا۔ باتمیز۔ سلیقہ شعار۔
خوش سواد (ف۔صف) جس کے اِردگرد کا علاقہ سرسبز و شاداب ہو۔
خوش سِیَر (ہے۔یَر) (ف۔صف) اچھی عادتوں والا۔ نیک سیرت۔
خوش طالع (ف۔صف) خوش نصیب۔ اچھی تقدیر والا۔
خوش طبع (ف۔صف) خوش دل۔ زندہ دل۔ ظریف۔ بامذاق۔
خوش طبعی (ف۔ا۔مث) ظرافت۔ دل لگی۔ ہنسی مذاق۔
خوش طینت (ف۔ع۔صف) اچھی سرشت والا۔ خوش خُو۔ اچھی عادت والا۔
خوش عقیدہ (ف۔صف) اچھے عقیدے والا۔
خوش عنان (ف۔ع۔صف) باگ کے اِشارے پر چلنے والا گھوڑا۔ فرماں بردار گھوڑا۔
خوش عیار (ف۔صف) خالص۔ بے میل۔ جو کسوٹی پر اچھا رنگ دے (سونا۔ چاندی)۔
خوش غِلاف (ف۔صف) وہ تلوار جو اِشارے پر میان سے نکل آئے (۲) ازار بند کی ڈھیلی عورت۔ بدچلن عورت۔
خوش فِعال (ف۔ع۔صف) اچھا کام کرنے والا۔
خوش فِعلی (ف۔ا۔مث) (۱) چُہل۔ ہنسی مذاق (۲) موزوں کام کرنا۔
خوش فِکر (ف۔ع۔صف) خوش خیال۔ اچھے شعر کہنے والا۔
خوش قامت (قد) (ف۔ع۔صف) موزوں قد کا۔ سڈول۔
خوش قدم (ف۔صف) اچھی چال والا۔ خوش رفتار۔

خوش قسمت (ف۔صف) اچھی قسمت والا۔
خوش کلام (ف۔ع۔صف) شیریں بیان۔ اچھی گفتگو کرنے والا۔
خوش گپیاں (ف۔ا۔مث) ہنسی مذاق کی باتیں۔
خوش گزراں (ف۔صف) مزے سے زندگی بسر کرنے والا۔
خوش گلو (ف۔صف) خوش اِلحان۔ سُریلا۔ اچھی آواز والا۔ خوش نوا۔
خوش گوار (ف۔صف) خوش آیند۔ دل پسند۔ پسندیدہ۔
خوش لباس (ف۔ع۔صف) عُمدہ لباس پہننے والا۔
خوش مذاق (ف۔ع۔صف) بامذاق۔ اچھے ذوق والا۔
خوش مزاج (ف۔ع۔صف) خوش طبع۔ زندہ دل۔ بامذاق۔
خوش مُعاملگی (مُ۔عا۔مَ۔لَ۔گی) (ف۔ا۔مث) خوش مُعاملہ کا اِسمِ کیفیت۔
خوش مُعاملہ (مُ۔عا۔مَ۔لہ) (ف۔ع۔صف) مُعاملے کا کھرا۔ لین دین میں اچھا۔
خوش منظر (ف۔ع۔صف) اچھے منظر والا۔ خوب صورت۔
خوش نصیب (ف۔ع۔صف) خوش قسمت۔
خوش نصیبی (ف۔ا۔مث) خوش قسمتی۔
خوش نُما (ف۔صف) خوبصورت۔ اچھا دِکھائی دینے والا۔ خوش منظر۔
خوش نُود (ف۔صف) خوش۔ راضی۔
خوش نُودی (ف۔ا۔مث) رضا مندی۔ خوشی۔
خوش نویس (ف۔صف۔و۔ا۔مذ) اچھا لکھنے والا (۲) کاتب۔ خوشخط۔
خوش نہاد (ف۔صف) (۱) ہنس مُکھ (۲) نیک طینت۔
خوش و خرّم (ف۔صف) شاداں۔ مسرور۔ دل شاد۔
خوش وقتی (ف۔ا۔مث) خوش نصیبی۔ شادمانی۔ خوشحالی۔
خُوشا (ف۔ مَسرّت کا کلمہ) بہت اچھا۔ خوب۔
خُوشامد (خُ۔شا۔مَد) (ف۔ا۔مث) چاپلوسی۔ جُھوٹی تعریف۔
خوشامد درآمد (ف۔ا۔مث) چاپلوسی۔ خایہ بوسی۔
خوشامد سے آمد ہے (اُر۔مثل) خوشامد سے فائدہ ہوتا ہے۔
خوشامد کا مُنہ کالا (اُر۔مثل) خوشامدی آدمی بے عزّت ہوتا ہے۔
خُوشامدی (خُ۔شا۔مَ۔دی) (ف۔صف) جُھوٹی تعریفیں کرنے والا۔
خوشہ (خو۔شہ) (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) گُچھا۔ اناج کی بالی۔
خوشہ چیں (ف۔صف) (۱) وہ شخص جو کھیت کٹنے کے بعد گرے ہوئے خوشے چُنتا ہے (۲) دُوسروں سے فیض حاصل کرنے والا (۳) دُوسروں کی تخلیق سے فائدہ اُٹھانے والا۔
خوشہ چینی (ف۔ا۔مث) کسی کے خیال یا تخلیق سے اِستفادہ۔
خُوشی (خُ۔شی) (ف۔ا۔مث) (۱) سُرور۔ نشاط۔ شادمانی (۲) مرضی (۳) جشن۔ شادی۔ اُردو جمع: خوشیاں۔ خوشیوں۔
خوشی سے (خوشی خوشی) (اُر۔متعلّق فعل) مرضی سے۔ رضا مندی سے۔
خوشی سے کِھلے جانا (اُر۔محاورہ) بے حد خوش ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خوشی (کرنا) منانا (اُر۔ محاورہ) خوش ہونا۔ تقریب منعقد کرنا۔

خوشی کے مارے باچھیں کھل جانا (اُر۔ مثل) بہت خوش ہونا۔ کھلکھلا کر ہنس پڑنا۔

خَوض (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) غور۔ سوچ۔ فکر۔ بچار۔ تحقیق۔ تجسّس۔ عموماً غور کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔ (غور و خوض)۔

خَوف (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) ڈر۔ دہشت۔ ہراس۔ ہَول۔

خوف کرنا (کھانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) اندیشہ کرنا۔ ڈرنا (۲) رحم کھانا۔ ترس کھانا۔

خوف ناک (ع۔ صف) ڈراؤنا۔ بھیانک۔ خطرناک۔

خُوک (واو معروف) (ف۔ ا۔ مذ) سُؤر۔ خنزیر۔

خُوگر (ف۔ صف) خُو کے تحت دیکھیے۔

خُوگیر (خُو۔ گِیر) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) زین کی بھرتی (۲) گدیلا۔ گدا (۳) گھوڑے کی زین کے نیچے کا کپڑا۔ نمدہ (۴) (صف) عادی۔

خُوگیر کی بھرتی (اُر۔ محاورہ) نکما اسباب (۲) نکمے آدمی (۳) بھرتی کے شعر۔

خول (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھلکا (۲) اُوپر کا غلاف (۳) نیام۔ میان۔ اُردو جمع: خول۔ خولوں۔

خول چڑھانا (اُر۔ محاورہ) غلاف چڑھانا۔ پترے چڑھانا۔

خول دار (ف۔ صف) وہ چیز جس میں بیچ کا حِصّہ خالی ہو۔ کھوکھلا۔

خُولنجان (خو۔ لن۔ جان) (ف۔ ا۔ مذ) پان کی جڑ۔

خُون (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لہو۔ وہ سُرخ رطوبت جو حیوانی جسم میں گردش کر کے اُسے زندہ رکھتی ہے (۲) قتل۔ خوں ریزی (۳) نسل۔ اُر جمع: خون۔ خونوں۔

خون آشام (ف۔ صف) خون پینے والا۔ خونخوار۔

خون آلودہ (ف۔ صف) لہو میں بھرا ہوا۔ لہولہان۔

خون اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) قتل کی شہرت ہونا۔

خون افشاں (ف۔ صف) خون چھڑکنے والا۔ خون بہانے والا۔

خوں بار (ف۔ صف) خون برسانے والا۔

خوں باری (ف۔ ا۔ مث) آنکھوں سے خون کے آنسو بہانا۔

خون بگڑنا (اُر۔ محاورہ) خون کا خراب ہو جانا۔ کوڑھ ہو جانا۔

خوں بہا (ف۔ ا۔ مذ) خون کی قیمت۔ وہ نقدی جو مقتول کے وارث قاتل سے لیں۔ دِیَت۔

خون بہانا (اُر۔ محاورہ) خون گرانا (۲) کشت وخون کرنا۔ قتل کرنا۔

خون پانی ایک کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت سخت مشقت کرنا۔

خون پینا (اُر۔ محاورہ) (۱) خون چوسنا (۲) مارنا۔ قتل کرنا (کنایۃً) ستانا۔ دِق کرنا۔

خون تھوکنا (اُر۔ محاورہ) کسی صدمے یا مرض سے لہو کی قے کرنا (۲) تپ دِق کا مریض ہونا (۳) سخت صدمہ برداشت کرنا۔

خونِ جگر پینا (اُر۔ محاورہ) (۱) غم و غصّہ ضبط کرنا (۲) سخت مصیبت اُٹھانا۔

خون جوش کھانا (اُر۔ محاورہ) بہت غصّہ کرنا۔ غضب ناک ہونا۔

خون چاٹنا (اُر۔ محاورہ) تلوار کو خون آلود کرنا۔

خوں چکاں (ف۔ صف) جس سے خون ٹپکتا ہو۔ خون ٹپکتا ہوا۔

خون خرابا (خون خچّر) (ف۔ ا۔ مذ) کشت و خون۔ خوں ریزی۔

خون خشک ہونا (اُر۔ محاورہ) دم خشک ہونا۔ خوف چھانا۔ سہم جانا۔ ڈر جانا۔ خوف سے دُبلا ہو جانا۔

خوں خوار (ف۔ صف) خون پینے والا۔ ظالم۔ جلّاد۔ ستمگر۔

خوں خواری (خا۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) ظلم و ستم۔ بے رحمی۔

خونِ دل پینا (اُر۔ محاورہ) اندر ہی اندر غم کرنا۔ غصّہ ضبط کرنا۔ پیچ و تاب کھانا۔ نہایت افسوس کرنا۔ نیز دیکھیے خونِ جگر پینا۔

خون دوڑنا (اُر۔ محاورہ) خون کا حرکت کرنا۔ خون رگوں میں پھرنا۔

خون رُلانا (اُر۔ محاورہ) بے اِنتہا رُلانا۔ بہت ستانا۔

خون رونا (اُر۔ محاورہ) اِتنا رونا کہ آنسوؤں کی جگہ خون نکلنے لگے۔

خوں ریز (ف۔ صف) خون بہانے والا۔ قاتل۔ خونی۔

خوں ریزی (ف۔ ا۔ مث) کشت و خون۔ جنگ و جدل۔ قتل و غارت۔

خون سر پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) خون سر پر سوار ہونا۔ کسی کے قتل پر آمادہ ہونا۔ کسی کو مار ڈالنے پر تُل جانا۔

خون سر پر چڑھ کر بولتا ہے (اُر۔ مثل) قتل چھپا نہیں رہتا۔

خون سر پر لینا (اُر۔ محاورہ) قتل کا اِلزام لینا۔

خون سفید ہونا (اُر۔ محاورہ) بے رحم ہونا۔ محبت جاتی رہنا۔

خون سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) قتل پر آمادہ ہونا۔

خون کا پیاسا (ف۔ صف) جان کا لاگو۔ جانی دُشمن۔ تشنۂ خون۔

خون کا جوش (اُر۔ ا۔ مذ) وہ محبت جو خون کے رشتے سے عزیزوں، رشتے داروں میں ہوتی ہے۔

خون کا بدلہ خون (اُر۔ مقولہ) جیسی خطا ویسی سزا۔ قصاص۔

خون کا دریا (اُر۔ ا۔ مذ) بہت خوں ریزی۔

خون کا دورہ (اُر۔ ا۔ مذ) خون کا جسم میں گردش کرنا۔ خون کا چکر۔ دورانِ خون۔

خون کا عوض (اُر۔ ا۔ مذ) قصاص۔ خون کا بدلہ۔

خون کرنا (اُر۔ محاورہ) قتل کرنا۔

خونِ کبوتر (اُر۔ ا۔ مذ) کبوتر کے خون جیسی شراب۔ نہایت سُرخ۔

خون کی بو آنا (اُر۔ محاورہ) کشت و خون کی علامت ظاہر ہونا۔ دُشمنی کی علامت ظاہر ہونا۔

خون کے گھونٹ پینا (اُر۔ محاورہ) غم و غصّہ کو برداشت کرنا۔ بڑے ضبط سے کام لینا۔

خون گردن پر ہونا (اُر۔ محاورہ) قتل کا ذمّے دار ہونا۔ قتل کرنا۔

خون گردن پر سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کی جان لینے کے درپے ہونا۔

خوں گرفتہ (ف۔ صف) اجل رسیدہ۔ قتل کرنے کے قابل۔

خوں گشتہ (ف۔ صف) خون میں ڈوبا ہوا (۲) ناکام۔

خون لگا کے شہیدوں میں داخل ہونا (اُر۔ محاورہ) ادنیٰ عمل سے بڑے درجے کا طالب ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خون لینا (اَر۔ محاورہ) فصد کھولنا۔
خون ملنا (اَر۔ محاورہ) ایک خاندان یا کنبے سے ہونا۔
خون منہ کو لگ جانا (لگنا) (اَر۔ محاورہ) مزہ پڑ جانا۔ چسکا لگ جانا۔
خون میں نہانا (اَر۔ محاورہ) کثرت سے خون نکلنا۔ بہت زخمی ہونا۔
خون ہلکا ہونا (اَر۔ محاورہ) عورتیں اُس بچے کے متعلق کہتی ہیں جس کو بُری نظر لگ جاتی ہو۔
خون ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) قتل ہونا (۲) مجبور ہونا (۳) رنجیدہ ہونا۔
خُونَاب (خُونَابہ) (خُو۔ناب) (خُو۔نا۔بہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) خالص خون (۲) خون کے آنسو (۳) پانی ملا ہوا خون۔
خونابہ فشانی (ف۔ا۔مث) خون کے آنسو برسانا۔ خون رونا۔
خُونی (خُو۔نی) (ف۔صف) وہ جس نے کسی کو مار ڈالا ہو۔ قاتل۔
خُونِیں (خُو۔نیں) (ف۔صف) خون آلود۔ سُرخ۔ لال۔
خُوے (ف۔ا۔مث) خُو۔ عادت۔ طبیعت (۲) خاصیت (۳) طور طریقہ۔ رنگ ڈھنگ۔
خوے بدرا بہانہ بسیار (ف۔مثل) بدذات اپنی بدذاتی کا کوئی نہ کوئی بہانہ تراش لیتا ہے (۲) کام کرنے کی نیت نہ ہو تو بہت سے بہانے بنائے جا سکتے ہیں۔
خُوِید (خُ۔وید) (ف۔ا۔مث) ہرے جو یا گیہوں۔
خُوِیش (خیش) (ف۔صف) (۱) قریب کا۔ رشتے کا۔ اپنا (۲) (ض) خود۔ آپ (۳) (اَر۔ا۔مذ) داماد۔ جوائی۔
خویش و اقارب (ف۔ا۔مذ) قریبی رشتے دار۔
خُویشاوَند (خے۔شا۔وَند) (ق۔ا۔مذ) خویش و اقارب۔

خ۔ہ

خَہ (خَ۔ہے) (ف۔کلمۂ تحسین) واہ وا۔ مرحبا۔ آفرین۔ سُبحان اللہ۔ زہے۔

خ۔ی

خِیاباں (خِ۔یا۔باں) (ف۔ا۔مذ) پھلواڑی۔ کیاری (۲) باغ کے درمیان سے گزرتا ہوا راستہ۔
خِیار (خِ۔یار) (ع۔ا۔مذ) کھیرا۔ ککڑی (۲) خیر کی جمع۔ نیک لوگ۔
خِیارَین (خِ۔یا۔رین) (ع۔ا۔مذ) خیار کا تثنیہ۔ کھیرا اور ککڑی (۲) کھیرے اور ککڑی کے بیج۔
خَیّاط (خَی۔یاط) (ع۔ا۔مذ) کپڑے سینے والا۔ درزی۔
خَیّاطی (خَی۔یا۔طی) (ع۔ا۔مذ) درزی کا پیشہ۔
خَیال (خَ۔یال) (ع۔ا۔مذ) (۱) تصوُّر۔ وہ صورت جو آدمی بیداری میں تصوُّر کرے یا خواب میں دیکھے (۲) فکر۔ اندیشہ (۳) دھیان۔ غور و خوض (۴) سمجھ۔ رائے (۵) منشا۔ ارادہ (۶) توجّہ۔ التفات (۷) وہم۔ گمان (۸) ایک راگ کا نام (۹) مضمون (۱۰) پاس۔ لحاظ۔ جمع: خیالات۔ اُردو جمع: خیال۔ خیالوں۔
خیال آنا (اَر۔ محاورہ) کچھ یاد آنا۔
خیالِ باطِل (ع۔صف) جھوٹا خیال۔
خیال باندھنا (اَر۔ محاورہ) تصوُّر کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ سوچنا۔ کسی بات کا لگاتار خیال کرنا۔
خیال بندی (ع۔ف۔ا۔مث) سلسلۂ خیالات۔ خیالی تصویر۔ سوچ۔
خیال پر چڑھنا (اَر۔ محاورہ) یاد آنا۔ یاد رہنا۔ ذہن نشین ہونا۔
خیال پڑنا (اَر۔ محاورہ) خیال ہونا۔ یاد آنا۔ شبہ گزرنا۔
خیال چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) کسی کا دھیان ترک کرنا۔
خیالِ خام (ف۔ا۔مذ) کچّا خیال۔ بیہودہ خیال۔ وہ خیال جس کے پورا ہونے کی اُمید نہ ہو۔
خیال دوڑانا (اَر۔ محاورہ) کسی کی طرف خیال لے جانا۔
خیال رکھنا (اَر۔ محاورہ) دھیان رکھنا۔ نظر رکھنا۔ توجُّہ رکھنا (۲) یاد رکھنا (۳) لحاظ رکھنا۔ کسی کام کی فکر رکھنا۔
خیال رہنا (اَر۔ محاورہ) دھیان رہنا۔ کسی بات کا یاد رہنا۔
خیال سے اُتر جانا (اَر۔ محاورہ) یاد سے اُتر جانا۔ بھول جانا۔ فراموش کر دینا۔
خیال سے باہر (اَر۔صف) جو سمجھ میں نہ آسکے۔
خیالِ فاسِد (ف۔ا۔مذ) بُرا خیال۔ بے ہودہ خیال۔
خیال کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سوچنا۔ فکر کرنا (۲) قیاس کرنا (۳) لحاظ کرنا (۴) دھیان کرنا۔
خیال میں نہ لانا (اَر۔ محاورہ) (۱) دھیان میں نہ لانا۔ پروا نہ کرنا۔ کچھ نہ سمجھنا (۲) نہ ڈرنا۔
خیال ہٹانا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کی طرف توجّہ نہ کرنا۔
خَیالات (ع۔ا۔مذ) خیال کی جمع۔
خَیالی (خَ۔یا۔لی) (ف۔صف) وہمی۔ قیاسی۔ ظنّی۔ خیال سے متعلق۔
خیالی پُلاؤ پکانا (اَر۔ محاورہ) ایسی باتیں سوچنا جو ممکن نہ ہوں۔
خَیّام (خَی۔یام) (ع۔ا۔مذ) خیمہ بنانے والا۔ خیمہ دوز۔
خِیام (خِ۔یام) (ع۔ا۔مذ) خیمہ کی جمع۔
خِیانَت (خِ۔یا۔نَت) (ع۔ا۔مث) (۱) دغا۔ دھوکا (۲) غبن۔ تغلّب۔ بددیانتی۔ بے ایمانی۔ امانت میں چوری۔
خیانتِ مجرمانہ (ع۔صف) (قانون) وہ خیانت جو سرکاری جرم میں داخل ہو (۲) اُس مال کو دبا لینا جو کسی نے بطور امانت رکھا ہو۔
خَیبَر شِکَن (ع۔ف۔ا۔مذ) حجاز کے قلعہ خیبر کے فاتح حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ۔
خَیر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) نیکی۔ بھلائی۔ اچھائی (۲) برکت (۳) سلامتی۔ تندرستی (۴) (طنزاً) ٹھیک۔ بجا۔ دُرست۔ جمع: خیرات۔
خیرُ الاُمَم (خے۔رُل۔اُ۔مَم) (ع۔ا۔مث) بہترین اُمّت۔ اُمتِ مسلمہ۔
خیرُ الاُمُورِ اَوسَطُہا (ع۔مثل) ہر کام کا اوسط بہتر ہوتا ہے۔ ہر کام میں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اعتدال یا میانہ روی بہتر ہوتی ہے۔

خیرُ الانام (خیرُ البشر) (ئے۔رُل۔اَ۔نام) (ئے۔رُل۔ب۔شر) (ع۔ا۔مذ) مخلوقات میں سب سے بہتر۔ بہترین انسان۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے القاب۔

خیرُ النساء (ئے۔رُن۔نِ۔سا) (ع۔ا۔مث) عورتوں میں سب سے بہتر۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب۔

خیرُ الوریٰ (ئے۔رُل۔وَ۔را) (ع۔ا۔مذ) بہترین مخلوق۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا لقب۔

خیر اندیش (ع۔ف۔صف) بھلائی چاہنے والا۔ خیر خواہ۔ بہی خواہ۔

خیر باد (ف۔کلمۂ رخصت) خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔

خیر باد کہنا (اَر۔محاورہ) (۱) رُخصت کرنا (۲) کسی چیز کو ترک کرنا۔ چھوڑ دینا۔

خیر باشد (اَر۔متعلق فعل) خیر تو ہے؟ کسی کو گھبرایا ہوا دیکھ کر کہتے ہیں۔ تجاہلِ عارفانہ یا شکایت کے موقع پر بھی اِستعمال کرتے ہیں۔

خیر برکت (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) برکت (۲) خوشحالی۔

خیر تو ہے؟ (اَر۔کلمۂ تعجب) دیکھیے خیر باشد۔

خیر جو ہُوا سو ہُوا (اَر۔مقولہ) لِکھا ہوا۔ اب پچھلی باتوں کو چھوڑو۔ صلح کے بعد اگر کوئی فریق شکایت کرے تو کہتے ہیں۔

خیر چاہنا (اَر۔محاورہ) بھلائی یا سلامتی چاہنا۔

خیر خبر (ع۔ا۔مث) (۱) اچھی خبر۔ نیک خبر (۲) خیریت۔ خیر و عافیت۔

خیر خواہ (ع۔ف۔صف) بھلائی چاہنے والا۔ خیر اندیش۔ بہی خواہ۔

خیر خواہی (ع۔ف۔ا۔مث) بھلائی چاہنا۔ بہتری چاہنا۔ خیر اندیشی۔

خیر سگالی (ع۔ف۔ا۔مث) بھلائی سوچنا۔

خیر سَلّا (عربی خیر و صلاح کا بگاڑ۔ا۔مذ) (۱) خیریت۔ خیر و عافیت (۲) مزاج پُرسی۔

خیر سے (اَر۔متعلق فعل) خیر و عافیت سے۔ صحیح سلامت (۲) (طنزاً) ماشاءاللہ۔

خیر سے کٹنا (خیر سے گزرنا) (اَر۔محاورہ) سلامتی سے بسر ہونا۔

خیر گزری (اَر۔محاورہ) آفت سے بچ جانے پر کہا جاتا ہے۔

خیر مانگنا (اَر۔محاورہ) (۱) سلامتی چاہنا۔ بھلائی چاہنا (۲) توبہ کرنا۔ مغفرت چاہنا۔

خیر مَقدم (ع۔ا۔مذ) اِستقبال۔ خوش آمدید۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

خیر منانا (اَر۔محاورہ) بھلائی چاہنا۔ سلامتی چاہنا۔ دُعا کرنا۔

خیر و عافیت (ع۔ا۔مث) خیریت۔ سلامتی۔ تندرستی۔

خیر ہونا (اَر۔محاورہ) خیریت ہونا۔ سلامتی ہونا۔ تن دُرستی ہونا۔ ٹھیک ٹھاک ہونا۔

خیر ہے؟ (خیر تو ہے؟) (اَر۔کلمۂ تعجب) اُس جگہ بولتے ہیں جب کوئی بے محل یا بے وقت کوئی کام کرتا ہے۔

خیرات (ئے۔رات) (ع۔ا۔مث) خیر کی جمع۔ نیکیاں۔ بھلائیاں (۲) (اَر۔ا۔مث) صدقہ۔ دان۔ پُن۔ اِن معنوں میں واحد مستعمل ہے۔

خیرات خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) محتاج خانہ۔ لنگر خانہ۔

خیرات داخل (اَر۔صف) خیرات میں شامل۔ مثلِ خیرات کے۔

خیرات دافعِ آفات ہے (اَر۔مقولہ) صدقہ بلاؤں کو دُور کرتا ہے۔

خیرات دینا (اَر۔محاورہ) خدا کی راہ میں دینا۔ صدقہ دینا۔ دان دینا۔

خیرات کے ٹکڑے اور بازار میں ڈکار (اَر۔مثل) مانگ تانگ کر گزر بسر کرے اور اُس پر شیخیاں مارے۔

خیراتی (ئے۔را۔تی) (ف۔صف) خیرات سے منسوب (۲) مُفت کا۔

خیرگی (خی۔رَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) چکا چوند۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا آ جانے کی کیفیت (۲) بے حیائی۔ شوخ چشمی۔

خیرو (ئے۔رو) (واو معروف و مجہول) (ف۔ا۔مذ) خطمی۔ ایک زرد رنگ کا پھول۔

خیرہ (خی۔رَہ) (ف۔صف) (۱) تاریک (۲) بے حیا۔ شوخ چشم (۳) حیران۔ پریشان۔

خیرہ چشم (ف۔صف) جس کی آنکھ میں چکا چوند ہو۔ چندھیایا ہوا۔ شوخ چشم۔ بے حیا۔ گستاخ۔ حیران۔ پریشان۔

خیرہ سر (نگاہ) (ف۔صف) بے باک۔ سرکش۔ شوخ۔ گستاخ۔ مغرور۔ بے ہودہ۔

خیرہ سری (ف۔ا۔مث) بے باکی۔ سرکشی۔ شوخی۔ گستاخی۔ بے حیائی۔

خَیرِیّت (ئے۔ری۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) نیکی۔ بھلائی (۲) تندرستی۔ سلامتی۔ صحت۔

خیز (بیائے مجہول) (ف۔لاحقہ) فارسی مصدر خاستن کا اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پیدا کرنے والا، اُٹھانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے فتنہ خیز۔ مردُم خیز (۲) (ا۔مذ) اُٹھنا۔ کودنا۔ جست لگانا (۳) اُٹھانا۔ پیدا کرنا (۴) چھلانگ۔

خیزاں (ئے۔زاں) (ف۔صف) اُٹھا ہوا۔ کھڑا۔ نکلتا ہوا۔

خیزش (خیزی) (ئے۔زِش) (ئے۔زی) (ف۔ا۔مث) (۱) اُٹھنا۔ کودنا۔ مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے۔ جیسے فتنہ خیزی (۲) (مجازاً) عضوِ تناسُل کی اِستادگی۔

خیسانْدہ (ئے۔ساں۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) دوا جو بھگو کر پی جائے۔

خَیط (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) دھاگا۔

خیطُ الابیض (ئے۔طُل۔اَب۔یَض) (ع۔ا۔مذ) سفید دھاگا (۲) صبح کا اُجالا۔

خیطُ الاسود (ئے۔طُل۔اَس۔وَد) (ع۔ا۔مذ) سیاہ دھاگا (۲) شام کے بعد کی تاریکی۔

خَیف (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) باپ کی جانب سے سوتیلا بھائی۔

خیفا (ئے۔فا) (ع۔ا۔مث) (۱) نظم یا نثر میں ایک لفظ نُقطہ دار اور دوسرا بغیر نُقطہ کے لانا (۲) وہ گھوڑی جس کی ایک آنکھ نیلی اور ایک سیاہ ہو۔

خَیل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) گروہ۔ جماعت (۲) بہت سے سوار۔ بہت سے گھوڑے (۳) گھوڑوں کا گلّہ۔ جمع: اَخیال۔ خیول۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خیل خیل (ع-ا-مذ) گروہ در گروہ۔ جماعت در جماعت۔

خیل خانہ (ق-ا-مذ) خاندان (۲) ہجوم۔

کھَیلا (کھے-لا)(ار-صف) احمق-بے وقوف (عورت)۔

خیلا بنانا (ار-محاورہ) بے وقوف بنانا۔

خیلا پائنچا (ار-ا-مث) پھوہڑ عورت۔

خیلا پن (پنا)(ار-ا-مذ) بے سلیقگی-بے وقوفی-حماقت-نادانی-پھوہڑ پن۔

خَیلے (خے-لے)(ف-متعلق فعل) بہت زیادہ۔

خِیَم (خِ-یَم)(ع-ا-مذ) خیمہ کی جمع۔

خَیمہ (خے-مَہ)(ع-ا-مذ) تنبو-ڈیرا-خرگاہ-عربی جمع: خیام-خِیَم-اُردو جمع: خیمے-خیموں۔

خیمۂ ازرق (ع-ا-مذ) نیلا خیمہ-آسمان۔

خیمہ اِستادہ ہونا (ار-محاورہ) خیمہ کھڑا ہونا-خیمہ لگانا۔

خیمہ دوز (ع-ف-ا-مذ) تنبو سینے اور بنانے والا-خیام۔

خیمہ دوزی (ع-ف-ا-مث) خیمہ بنانا-خیمہ بنانے کا فن یا پیشہ۔

خیمہ زن (ع-ف-صف) خیمہ لگانے والا۔

خیمہ گاہ (ع-ف-ا-مث) لشکر گاہ-ڈیرا-پڑاؤ-کیمپ۔

خیمے (ار-ا-مذ)(۱) خیمہ کی جمع (۲) خیمہ کی مغیّرہ صورت۔

خیمے ڈال دینا (ار-محاورہ) اُتر پڑنا-چھاؤنی چھانا۔

خُیُول (خُ-یُول)(ع-ا-مذ) خیل کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

د

د (دال)(ع ۔ا ۔مث)(۱)اُردو کا گیارھواں' فارسی کا دسواں' عربی کا آٹھواں اور ہندی کا اٹھارھواں حرف۔ اِسے دالِ مُہملہ اور دالِ اَبجد بھی کہتے ہیں۔ اَبجد کے حساب میں اِس کے چار عدد ہیں۔ اِس کی آواز دانتوں سے نکلتی ہے۔ عربی میں شمسی حرف ہے یعنی اِس سے پہلے "اَل" آئے تو وہ آواز نہیں دیتا بلکہ دال کو مشدّد کر دیتا ہے۔ جیسے اَلدّاخِل۔ تقویم میں بُدھ کے دن کی اور علم نجوم میں عطارد کی علامت ہے۔

د ۔ ا

داب (ہ ۔ا ۔مث)(۱) بوجھ۔ وزن۔ دباؤ (۲) چھاپے کا نشان (۳) مشین سے ایک بار نکلنا یا چھپنا (۴) درخت یا پودے کی ٹہنی جو جڑ پکڑنے کے لئے دبائی جائے۔ جمع: دابوں۔ دابیں (۵)(فعل) مصدر دابنا کا صیغہ اَمر۔

داب بیٹھنا (اَر ۔ محاورہ)(۱) زبردستی قبضہ کرلینا (۲) نیچے دبانا (۳) خیانت کرنا (۴) چڑھ بیٹھنا۔

داب جمنا (اَر ۔ محاورہ) داب کا اپنی صحیح جگہ بیٹھ جانا۔

داب چوک جانا (اَر ۔ محاورہ) چھپائی میں کاغذ کا چھپنے سے رہ جانا۔

داب دینا (اَر ۔ محاورہ)(۱) دفن کر دینا۔ دبا دینا (۲) چھپا دینا۔

داب رکھنا (اَر ۔ محاورہ)(۱) دبانا۔ دبا کر روکنا (۲) دبا کر نیچے رکھنا (۳) نہ دینا (۴) چھپانا (۵) چرانا (۶) ناجائز طور پر قبضے میں رکھنا (۷) روپیہ مار لینا۔

داب لینا (اَر ۔ محاورہ) روپیہ مار لینا۔ غصب کر لینا (۲) دبوچنا (۳) بھینچنا۔ دبانا (۴) مغلوب کرلینا (۵) عاجز کرنا۔ مجبور کرنا۔

داب (ع ۔ا ۔مذ)(۱) آداب۔ طور۔ طریق (۲) رسم و رواج (۳) عادت۔ خُو (۴) شان و شوکت۔ رُعب۔ دھاک (۵) حالت۔ کیفیت۔

داب بٹھانا (اَر ۔ محاورہ)(۱) دباؤ ڈالنا۔ زور ڈالنا (۲) رُعب ڈالنا (۳) مطیع کرنا۔ قابو میں کرنا۔

داب بیٹھنا (بیٹھ جانا) (اَر ۔ محاورہ) رُعب پڑنا۔ سِکّہ بیٹھنا۔

داب جمانا (اَر ۔ محاورہ) رُعب جمانا۔

داب جمنا (اَر ۔ محاورہ) رُعب پڑنا۔ دل میں ڈر بیٹھنا۔

دابِ سلطنت (ع ۔ف ۔ا ۔مذ) طریقِ سلطنت۔ آدابِ حکومت۔

دابِ صحبت (مجلس۔ محفل) (ع ۔ف ۔ا ۔مذ)(۱) تہذیب۔ شائستگی (۲) آداب۔ اخلاق۔ لوگوں میں اُٹھنے بیٹھنے' گفتگو کرنے کے آداب۔

دابا (ہ ۔ا ۔مذ)(۱) بیمار کو لحافوں یا کمبلوں سے ڈھانپنا تاکہ پسینا آجائے (۲) بوجھ (۳) رُعب۔ زبردستی (۴) استحصال بالجبر۔

دابا دینا (اَر ۔ محاورہ) رُعب ڈالنا۔ دھمکانا۔

دابنا (داب ۔ نا)(ہ ۔مص)(۱) کسی شے کو زور سے نیچے بٹھانا (۲) چنّی کرنا۔ بدن دبانا (۳) دفن کرنا۔ گاڑنا (۴) روکنا (۵) بھینچنا (۶) حکومت کرنا (۷) دھمکانا (۸) مغلوب کرنا (۹) مجبور کرنا۔

دابّہ (داب ۔ بہ)(ع ۔ا ۔مذ)(۱) زمین پر چلنے والا جانور (۲) چوپایہ (۳) لدّو جانور۔ جمع: دوابّ۔

داتا (س ۔ صف)(۱) دینے والا۔ سخی۔ فیّاض (۲) رزّاق۔ خُدا۔

داتا پُن کرے کنجوس جھر جھر مرے (ہ ۔ مثل) سخی خیرات کرتا ہے اور بخیل حسد سے مرا جاتا ہے۔

داتا داتا مرگئے اور رہ گئے مکھی چوس۔ لین دین کو کچھ نہیں لڑنے کو موجود (اَر ۔ مثل) سخی مرگئے اور کنجوس رہ گئے۔ دیتے دلاتے کچھ نہیں لڑنے کو تیار رہتے ہیں۔

داتا دان کرے بھنڈاری کا پیٹ پھٹے (ہ ۔ مثل) سخی سخاوت کرتا ہے اور شوم حسد سے جل جل مرتا ہے۔

داتا کا دان غریب کا اشنان (ہ ۔ مثل) سخی کے خیرات کرنے سے غریب کا کام چل جاتا ہے۔

داتا کے دینے کے سو ہاتھ (ہ ۔ مثل) خُدا جب دینے پر آتا ہے تو سو طرح سے دیتا ہے۔

داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے (ہ ۔ مثل)(۱) سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے (۲) سخی کی مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔

داتار (دا ۔ تار)(ہ ۔ا ۔مذ) دیکھئے داتا۔

دانتری (بسکونِ سوم و چہارم)(س ۔ا ۔مذ) ایک اوزار جس سے فصل کاٹنے کا کام لیا جاتا ہے۔ بڑی درانتی۔

داتن (دا ۔ تن) (ہ ۔ا ۔مث) دانتوں کو صاف کرنے کی لکڑی۔ مسواک۔ جمع: داتنوں۔ داتنیں۔

داٹ (ق ۔ا ۔مث)(۱) ہنوم۔ ہجُوم (۲)(صف) گہرا (۳) سخت (۴) مضبوط۔

داٹ پڑنا (ق ۔ محاورہ) مسلّط ہونا۔

داٹن (ق ۔ا ۔مذ) گھنا پن۔

داٹنا (داٹ ۔ نا)(ق ۔مص)(۱) ہجُوم کرنا۔ اکٹھا ہونا (۲) بھرپور ہونا۔

داٹی (ق ۔ا ۔مث) ڈانٹ ڈپٹ۔

داج (ہ ۔ا ۔مذ) جہیز۔

داخِل (دا ۔ خِل)(ع ۔صف دا ۔مذ) خارج کی ضِد (۱) اندر جانے والا۔ گھسنے والا (۲) پہنچنے والا (۳) گھسا ہوا۔ اندر گیا ہوا (۴) شامل۔ ملحق (۵) بڑی زمین میں تھوڑی زمین کی شمولیت (۶) ادائیگی۔ سپردگی۔

داخِلِ حسنات ہونا (اَر ۔ محاورہ) کسی اچھے کام میں شرکت کر کے ثواب حاصل کرنا۔

داخِل خارج (ع ۔ا ۔مذ) سرکاری رجسٹر میں جائیداد کے پہلے مالک کا نام خارج کر کے نئے مالک کے نام کا اندراج۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

داخل دفتر (ع۔ صف) (۱) شامل مسل (۲) نامنظور (۳) التوا میں ڈالنا (۴) مقدمہ یا درخواست کا خارج ہونا۔

داخل کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اندر کرنا۔ گھسیڑنا (۲) شامل کرنا۔ ملانا (۳) سپرد کرنا۔ سونپنا (۴) روپیہ ادا کرنا یا پہنچانا (۵) نام لکھوانا۔ درج کرنا۔ بھرتی کرنا۔ سونپنا (۶) قبضہ دلانا۔ حوالے کرنا۔

داخل کنندہ (ع۔ ف۔ صف) داخل کرنے والا۔

داخل ہونا (اَر۔ محاورہ) داخل کرنا کا لازم۔

داخِلَہ (دا۔ خِ۔ لَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سپردگی۔ حوالگی۔ تفویض (۲) روپے کی رسید۔ مال گزاری کی رسید۔ حصول یا پہنچنے کی رسید (۳) باریابی۔ گزر۔ دخل۔ رسائی۔ پہنچ (۴) داخل کرنے کی فیس۔ اُجرت (۵) مدرسے یا جماعت میں داخل ہونا (۶) (صف) اندرونی۔ خارجہ کی ضد۔

داخلہ بہی (ع۔ ہ۔ ا۔ مث) وہ رجسٹر یا کتاب جس میں داخلہ یا وصولی کی رقوم درج ہوتی ہیں۔

داخِلی (دا۔ خِ۔ لی) (ع۔ صف) (۱) اندرونی۔ اندر سے متعلق (۲) مشمولہ۔ ملحقہ (۳) جبلی۔ قدرتی (۴) کسی مقدس جگہ یا مقبرے میں داخل ہونے کا دن۔

داخلی موضع (ع۔ ا۔ مذ) چھوٹا موضع جو کسی بڑے موضع کا حصہ ہو۔

داخِلیہ (دا۔ خِ۔ لی۔ یہ) (ع۔ ا۔ مث) وہ درس گاہ جس میں بورڈنگ ہاؤس بھی ہو۔

داد (ہ۔ ا۔ مذ) پھنسیوں کے وہ چھتے جو فسادِ خون کے باعث جسم پر ظاہر ہو جاتے ہیں اور اُن میں کھجلی ہوتی ہے۔ دھدر۔

داد (ف۔ ا۔ مث) (۱) عدل۔ انصاف (۲) عطا۔ بخشش (۳) آفرین۔ تحسین۔ واہ وا (۴) فریاد۔ نالش (۵) سزا۔ پاداش۔

داد بخش (گر) (ف۔ صف) عادل۔ منصف۔

داد بخشی (گری) (ف۔ ا۔ مث) عدل و انصاف۔

داد بیداد (ف۔ ا۔ مث) فریاد۔ نالش۔ انصاف کے لئے شور۔ دہائی۔

داد پانا (اَر۔ محاورہ) (۱) انصاف کو پہنچنا (۲) تحسین حاصل کرنا۔

داد چاہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) انصاف چاہنا (۲) تحسین چاہنا۔ آفرین کا خواہاں ہونا۔

دادخواہ (ف۔ صف) انصاف چاہنے والا۔ فریادی۔ مستغیث۔

دادخواہی (ف۔ ا۔ مث) انصاف چاہنا۔ فریاد۔ استغاثہ۔ نالش۔ دعویٰ۔

داد دینا (اَر۔ محاورہ) کسی کے کمال، ہنر یا خوبی کی تعریف کرنا (۲) حق ادا کرنا (۳) انصاف کرنا۔

داد رس (ف۔ صف) (۱) فریاد سننے والا (۲) انصاف کرنے والا۔

داد رسی (ف۔ ا۔ مث) (۱) فریاد رسی۔ چارہ سازی (۲) انصاف۔ حق رسی۔

دادِ سخن (ف۔ ا۔ مث) بات یا شعر کی تعریف۔

دادِ شجاعت دینا (اَر۔ محاورہ) بہادری دکھانا۔ جنگ میں دلیری سے لڑنا۔

دادِ طلب (ف۔ صف) (۱) تعریف کا خواہش مند (۲) فریادی۔ مستغیث۔

دادِ عیش دینا (اَر۔ محاورہ) خوب عیش کرنا۔ عیش و عشرت میں مشغول ہونا۔

داد فرما (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خُدا (۲) منصف بادشاہ۔

داد فریاد (ف۔ ا۔ مث) (۱) نالش۔ استغاثہ (۲) فریاد۔ داویلا۔

داد کو پہنچنا (اَر۔ محاورہ) (۱) فریاد رسی کرنا (۲) انصاف پانا (۳) صلہ پانا۔ ہنر یا کمال کی تعریف حاصل کرنا۔

داد گاہ (ف۔ ا۔ مث) کچہری۔ عدالت۔ انصاف کی جگہ۔

داد گستر (ف۔ صف) (۱) منصف۔ عادل (۲) خُدا تعالیٰ (۳) منصف بادشاہ۔

داد گستری (ف۔ ا۔ مث) انصاف۔ دادرسی۔

داد لینا (اَر۔ محاورہ) تحسین حاصل کرنا۔

داد مانگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) انصاف کا خواہاں ہونا (۲) تعریف کا طلب گار ہونا۔

دادِ نشاط دینا۔ دیکھیے دادِ عیش دینا۔

داد نہ فریاد (اَر۔ متعلق فعل) بڑا اندھیر ہے۔ کسی کی فریاد نہیں سُنی جاتی۔

داد و دِہش (ف۔ ا۔ مث) (۱) عطا۔ بخشش (۲) فیاضی۔ سخاوت۔ خیرات۔

داد و ستد (ف۔ ا۔ مث) (۱) لین دین (۲) باہمی حساب کتاب۔ معاملہ (۳) خرید و فروخت۔

دادا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) باپ کا باپ (۲) گرو۔ اُستاد (۳) بڑا بھائی (۴) بڑی عمر والا۔ بوڑھا۔ جمع: دادوں۔ دادے۔

دادا پردادا کے راج کی باتیں کرنا (اَر۔ مثل) پُرانے زمانے کے حالات کا ذکر کرنا۔

دادا جان پرائے بُردے آزاد کرتے تھے (اَر۔ مثل) شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

دادا کہنے سے بنیا گُڑ دیتا ہے (اَر۔ مثل) خوشامد سے کچھ نہ کچھ مل ہی جاتا ہے۔

دادا مریں گے جب بیل بٹیں گے (اَر۔ مثل) دادا کے مرنے پر جائیداد تقسیم ہوگی۔ یہ ضرب المثل اُس وقت بولی جاتی ہے جب کسی معاملے میں تاخیر ظاہر کرنا مُراد ہو۔

دادُر (دا۔ دُر) (ہ۔ ا۔ مذ) مینڈک۔

دادرا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) طبلے کی ایک تال کا نام۔ ایک قسم کا گیت جو اس تال میں گایا جاتا ہے (۲) ہچکی (۳) حلق۔ تالو۔ حلق کا کوا۔

دادرا بیٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) غش آ جانا۔ ہچکی جکڑ جانا۔

دادَس (دا۔ دَس) (ہ۔ ا۔ مث) ساس کی ساس۔ دَدیا ساس۔

دادَسرا (دا۔ دَس۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) سُسر کا باپ۔

دادی (دا۔ دی) (ہ۔ ا۔ مث) باپ کی والدہ (۲) بوڑھی عورت۔ جمع: دادیاں۔ دادیوں۔

دار (ع۔ ا۔ مذ) خانہ۔ گھر۔ محلّہ۔ سرا۔ جگہ۔ مقام۔ جمع: دیار۔

دارُالابتلا (دا۔ رُل۔ اِب۔ تِ۔ لا) (ع۔ ا۔ مذ) مصیبت کا گھر۔ دُنیا۔

دارُالآخرت (دا۔ رُل۔ آ۔ خِ۔ رَت) (ع۔ ا۔ مذ) دوسرا عالم۔ عاقبت۔ اگلا جہان۔

دارُالادب (دا۔ رُل۔ اَ۔ دَب) (ع۔ ا۔ مذ) تعلیم گاہ۔ درس گاہ۔ یونیورسٹی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دارُالاسلام (دا۔ رُل۔ اِس۔ لام) (ع۔ ا۔ مذ) وہ ملک جس میں اسلامی نظام نافذ ہو۔
دارُالاقامہ (دا۔ رُل۔ اِ۔ قا۔ مَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) رہنے کی جگہ (۲) کالج کا ہوسٹل۔ بورڈنگ ہاؤس۔
دارُالاِمارت (دا۔ رُل۔ اِ۔ ما۔ رَت) (ع۔ ا۔ مذ) پایہ تخت۔ حکومت کا صدر مقام۔
دارُالاَمان (دارُالاَمن) (ع۔ ا۔ مذ) وہ مقام جہاں امن ہو۔
دارُالاُمَراء (دا۔ رُل۔ اُ۔ مَ۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) ایوانِ شُرفا۔ برطانوی پارلیمنٹ کا ایوانِ اعلیٰ جس کے نامزد ممبر خطاب یافتہ شُرفا ہوتے ہیں۔ (House of Lords)۔
دارُالبقا (دا۔ رُل۔ بَ۔ قا) (ع۔ ا۔ مذ) ہمیشہ رہنے کا گھر۔ اگلا جہان۔ آخرت۔
دارُالبوار (دا۔ رُل۔ بَ۔ وار) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ہلاکت کا گھر (۲) دوزخ۔
دارُالجزا (دا۔ رُل۔ جَ۔ زا) (ع۔ ا۔ مذ) جزا ملنے کا مقام۔ اگلا جہان۔
دارُالحرب (دا۔ رُل۔ حَرب) (ع۔ ا۔ مذ) وہ ملک جہاں غیر مسلموں کی حکومت ہو اور مسلمانوں کو مذہبی فرائض ادا کرنے سے روکا جائے۔
دارُالحکومت (دا۔ رُل۔ حُ۔ کو۔ مت) (ع۔ ا۔ مذ) راجدھانی۔ حکومت کا صدر مقام۔ پایہ تخت۔
دارُالخِلافہ (ع۔ ا۔ مذ) مسلمانوں کے خلیفہ کا صدر مقام۔ خلافت کا مرکز یا صدر مقام۔
دارُالسُّرور (دا۔ رُس۔ سُ۔ رُور) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خوشی کا گھر (۲) بہشت۔
دارُالسّلام (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سلامتی کا گھر۔ امن کی جگہ (۲) بہشت۔
دارُالسّلطنت (دا۔ رُس۔ سَل۔ طَ۔ نت) (ع۔ ا۔ مذ) سلطان کے رہنے کا مقام۔ بادشاہ کا پایہ تخت۔
دارُالشّرع (ع۔ ا۔ مذ) عدالت جس میں اسلامی قانون کے مطابق فیصلے ہوتے ہوں۔
دارُالشِّفا (ع۔ ا۔ مذ) ہسپتال۔ شفاخانہ۔
دارُالشّوریٰ (دا۔ رُش۔ شو۔ رَ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دربارِ عام (۲) جلسہ عام کی جگہ (۳) لوگوں کے ایک جگہ بیٹھ کر باہم مشورہ کرنے کی جگہ۔
دارُالصِّحت (دا۔ رُص۔ صِح۔ حت) (ع۔ ا۔ مذ) شفاخانہ۔ صحت گاہ۔
دارُالصّفا (دا۔ رُص۔ صَ۔ فا) (ع۔ ا۔ مذ) صفائی کا گھر (مراد) خانہ کعبہ۔
دارُالضّرب (دا۔ رُض۔ ضَرب) (ع۔ ا۔ مذ) ٹکسال۔
دارُالعُلوم (دا۔ رُل۔ عُ۔ لوم) (ع۔ ا۔ مذ) تعلیم گاہ۔ کالج۔ یونیورسٹی۔
دارُالعمل (دا۔ رُل۔ عَ۔ مَل) (ع۔ ا۔ مذ) عمل کی جگہ (مراد) دُنیا۔
دارُالعوام (ع۔ ا۔ مذ) ایوانِ عوام۔ برطانوی پارلیمنٹ کا ایوانِ زیریں جس کے ممبر عوام منتخب کرتے ہیں۔ (House of Commons)۔
دارُالعِوَض (دا۔ رُل۔ عِ۔ وَض) (ع۔ ا۔ مذ) سزا کی جگہ۔ بدلے کی جگہ۔
دارُالعِیار (دا۔ رُل۔ عِ۔ یار) (ع۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں کھرا کھوٹا روپیہ پرکھا جاتا ہے۔
دارُالفنا (دا۔ رُل۔ فَ۔ نا) (ع۔ ا۔ مذ) موت کا گھر۔ دُنیا۔

دارُالفُنون (دا۔ رُل۔ فُ۔ نُون) (ع۔ ا۔ مذ) کالج۔ یونیورسٹی۔
دارُالقرار (دا۔ رُل۔ قَ۔ رار) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ٹھہرنے کی جگہ (۲) بہشت۔
دارُالقضا (دا۔ رُل۔ قَ۔ ضا) (ع۔ ا۔ مذ) قاضی کی کچہری۔ عدالت۔
دارُالکُتُب (دا۔ رُل۔ کُ۔ تُب) (ع۔ ا۔ مذ) کتاب گھر۔ کتب خانہ۔ لائبریری۔
دارُالمِحَن (دا۔ رُل۔ مِ۔ حَن) (ع۔ ا۔ مذ) رنج و اَلم کا گھر۔ دُنیا۔
دارُالمُطالعہ (دا۔ رُل۔ مُ۔ طا۔ لَ۔ عَہ) (ع۔ ا۔ مذ) مطالعہ کرنے کی جگہ۔ ریڈنگ روم۔
دارُالمکافات (دا۔ رُل۔ مُ۔ کا۔ فات) (ع۔ ا۔ مذ) بدلہ ملنے کا گھر۔ عالمِ آخرت۔
دارُالنَّعیم (دا۔ رُن۔ نَ۔ عیم) (ع۔ ا۔ مذ) نعمتوں کا گھر۔ بہشت۔
دارُالیَتامیٰ (دا۔ رُل۔ یَ۔ تا۔ ما) (ع۔ ا۔ مذ) یتیموں کے رہنے کی جگہ۔ یتیم خانہ۔
دارِ شش دَر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) چھ دروازوں والا گھر (۲) دُنیا جس کے چھ دروازے مشرق مغرب شمال جنوب اُوپر اور نیچے ہیں۔
دار (ف۔ ا۔ مث) (۱) سولی۔ پھانسی۔ صلیب۔ لکڑی کا ڈنڈا (۲) (لاحقہ فاعلی) مصدر داشتن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور رکھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے دل دار۔ آب دار۔
دار باز (ف۔ صف) نٹ۔ بازی گر جو بانس پر چڑھ کر تماشا کرتا ہے۔
داربست (ف۔ ا۔ مث) (۱) لکڑی کی باڑ جس پر بیٹھ کر معمار کام کرتے ہیں (۲) ٹھاٹھر جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں۔
دار پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) سُولی پر چڑھانا۔ پھانسی دینا۔
دار کش (ف۔ صف۔ وا۔ مذ) سُولی پر چڑھانے والا۔ جلّاد۔
دارو گیر (ف۔ ا۔ مث) (۱) پکڑ دھکڑ۔ مواخذہ (۲) لڑائی کا شور (۳) مشکل وقت۔ اَلجھیڑا۔
دارو گیر کی صدا بلند ہونا (اُر۔ محاورہ) لڑائی کا شور ہونا۔
دارا (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بڑا بادشاہ۔ آقا۔ مالک (۲) دیوتا۔
دارائی (دا۔ را۔ ئی) (ف۔ ا۔ مث) رسّی جس سے توپ کھینچتے ہیں۔
دارائی (دا۔ را۔ ای) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کا کپڑا جسے دریائی بھی کہتے ہیں (۲) حکومت (۳) خُدائی۔
دار چینی (دار۔ چی۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) ایک درخت اور اُس کی چھال جو دوا اور مسالے کے طور پر کام آتی ہے۔ اِس کا اصل وطن جزائر شرق الہند ہیں۔
دارِ فلفل (دا۔ رِ۔ فِل۔ فِل) (ع۔ ا۔ مث) فلفلِ دراز۔ لمبی مرچ۔
دارو (دا۔ رُو) (ف۔ ا۔ مث) (۱) دوا (۲) علاج۔ درماں (۳) بارود (۴) شراب۔
دارو درمن (ف۔ ا۔ مذ) علاج معالجہ۔ دوا دارو۔
داروئے بے ہوشی (ف۔ ا۔ مث) بے ہوشی کی دوا۔ وہ دوا جسے سنگھا کر بے ہوش کرتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

داروغگی (داروغائی) (دا۔رو۔غ۔گی)(دا۔رو۔غا۔اِی)(اَر۔ا۔مث) (۱) داروغہ کے عہدے کا کام (۲) محافظت۔ نگہبانی (۳) افسری۔ سرداری (۴) اِنتظامِ حکومت۔

داروغہ (دا۔رو۔غہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) محافظ۔ نگران (۲) کسی جماعت کا سردار۔ ملازموں کا سردار (۳) تھانے دار۔ سب انسپکٹر پولیس۔ جمع: داروغوں۔ داروغے۔

داروغہ آبکاری (ف۔ا۔مذ) مسکرات کا داروغہ۔ نشے والی اَشیا کی نقل و حمل اور خرید و فروخت کی نگرانی کرنے والا اَفسر۔

داروغہ پولیس (ف۔ار۔ا۔مذ) کوتوال یا تھانے دار جسے کسی شہر یا تھانے سے متعلقہ علاقے کا اِنتظام سپرد ہو۔

داروغہ توپ خانہ (ف۔ا۔مذ) توپ خانے کا اَفسر۔ اِسے میرِ آتش بھی کہتے ہیں۔

داروغہ صفائی (ف۔اَر۔ا۔مذ) بھنگیوں کا داروغہ۔ وہ افسر جس کے سپرد صفائی کا اِنتظام ہو۔

دار و مدار (ف۔ا۔مذ)(۱) اِنحصار۔ قرار۔ ٹھہراؤ (۲) فیصلہ۔ بیچ بچاؤ۔

داری (دا۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) لونڈی جو لڑائی میں ہاتھ آئی ہو۔ باندی۔ کنیز (۲) فاحشہ عورت۔ چھنال (۳) فارسی لاحقہ جس کے معنی رکھنا' لینا وغیرہ ہیں جیسے جہاں داری۔ جنبہ داری وغیرہ۔

داری جار (ہ۔ا۔مذ) کنیز بچہ۔ حرام زادہ۔

دارَین (دا۔رَین)(ع۔ا۔مذ) دار کا تثنیہ۔ دونوں جہان۔ دُنیا و عقبیٰ۔

داڑھ (ہ۔ا۔مث) دیکھئے ڈاڑھ۔

داڑھا (دا۔ڑھا)(ہ۔ا۔مذ) بڑی ڈاڑھی۔

داڑھی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے ڈاڑھی۔

داس (ہ۔ا۔مذ)(۱) غلام (۲) نوکر۔ مُلازم (۳) چیلا۔

داسا (ہ۔ا۔مذ)(۱) پتھر یا لکڑی کا چوڑا اور لمبا ٹکڑا۔ سرِدل (۲) لکڑی جو دیوار سے نکلی ہوئی ہو اور چھپّر وغیرہ باندھنے کے کام آئے۔

داستان (داس۔تان) (ف۔ا۔مث) (۱) قِصّہ۔ کہانی۔ حکایت۔ طویل افسانہ (۲) سرگزشت۔ تاریخ (۳) شہرت۔ جمع: داستان ہا۔ اُردو جمع: داستانوں۔ داستانیں۔

داستان چھیڑنا (اَر۔ محاورہ) لمبا قِصّہ شروع کر دینا۔ سرگزشت سُنانا شروع کر دینا۔

داستان گو (ف۔ا۔مذ) قِصّہ خواں۔ وہ شخص جو قِصّہ سنانے کا پیشہ اِختیار کرے۔

داستان میں ٹکڑا لگا دینا (اَر۔ محاورہ) قِصّے میں قِصّہ جوڑ دینا۔

داستانہ (ف۔ا۔مذ) دیکھئے دستانہ۔

داسی (ہ۔ا۔مث)(۱) لونڈی۔ باندی۔ کنیز (۲) مُلازمہ۔

داشت (بسکونِ سوم وچہارم)(ف۔ا۔مث)(۱) خبرگیری۔ نگرانی (۲) رکھ رکھاؤ (۳) تُحفہ (۴) گھوڑے کی مالش (۵) کُمہار کی بھٹّی۔

داشتنی (داش۔ت۔نی)(ف۔صف) رکھنے کے لائق۔

داشتہ (داش۔تہ) (ف۔صف) (۱) رکھا ہوا۔ رکھی ہوئی (۲) خانگی۔ مدخولہ۔ بے نکاحی عورت۔ رکھیل۔ اُردو جمع: داشتائیں۔ داشتاؤں۔

داشتہ آید بکار گرچہ باشد سرمار (ف۔مثل) رکھی ہوئی شے کام آ ہی جاتی ہے چاہے وہ سانپ کا سر ہی کیوں نہ ہو۔

داعی (دا۔عی)(ع۔صف۔مذ)(۱) بُلانے والا۔ دعوت دینے والا (۲) دُعا کرنے والا (۳) وہ شخص جو دُوسروں کے لئے دُعا کرے (۴) مدّعی۔ مستغیث (۵) دُوسروں کو کسی کام کے لئے اُکسانے والا (۶) وجہ۔ موجب۔ بانی (۷) ذریعہ۔ سبب۔ وسیلہ۔

داعیِ اجل کو لبّیک کہنا (اَر۔ محاورہ) مر جانا۔ وفات پانا۔

داعیہ (دا۔عِ۔یہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) خواہش۔ مرضی (۲) اجارہ۔ دعویٰ۔ اِستدعا۔ درخواست۔ نالش۔ اِستغاثہ (۳)(ع۔صف۔مث) داعی کی تانیث۔

داغ (ف۔ا۔مذ)(۱) دھبّا۔ نشان۔ چتّی۔ چھائیں (۲) عیب۔ کلنک کا ٹیکا (۳) رنج۔ غم۔ صدمہ (۴) حسد۔ جلن (۵) نقص۔ عیب۔ جمع: داغ ہا۔ اُردو جمع: داغ۔ داغوں۔

داغ اُبھرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) زخم تازہ ہونا (۲) صدمہ تازہ ہونا۔

داغ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) صدمہ برداشت کرنا۔

داغ بر بالائے داغ (ف۔ متعلق فعل) صدمے پر صدمہ۔

داغ بیل (اَر۔ا۔مث) وہ نشان جو سڑک یا روش کھودنے یا عمارت کی حدود قائم کرنے کے لئے لگاتے ہیں۔

داغ بیل ڈالنا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کی اِبتدا کرنا۔ کسی کام کی بُنیاد رکھنا۔ کسی کام کو ایک خاص طریق پر کرنا۔

داغ پر داغ۔ دیکھئے داغ بر بالائے داغ۔

داغ پڑنا (اَر۔ محاورہ) دھبا پڑنا۔ نشان پڑنا۔

داغ تازہ ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) زخم ہرا ہونا (۲) پُرانا صدمہ یاد آنا۔

داغ جگر (ف۔ا۔مذ)(۱) جگر کا زخم (۲) اولاد کا غم۔

داغ جگر کھانا (اَر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ رنج پہنچنا۔

داغ چھُڑوانا (اَر۔ محاورہ) دھبا مٹانا۔

داغ چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) نشان رہ جانا۔

داغ خاطر (دل) (ف۔ا۔مذ) دل کا داغ۔ غم۔ صدمہ۔

داغ دار (ف۔صف) جس پر داغ ہو (۲) جس پر کوئی اِلزام لگ چکا ہو۔

داغ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) صدمہ اُٹھانا۔

داغ دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا (۲) لوہے کو گرم کرکے جسم پر نشان بنانا (۳) جلانا (۴) نُقصان پہنچانا (۵) توپ' بندوق' پستول کو سر کرنا (۶) چغلی کھانا۔ شکایت کرنا۔

داغ کرنا (اَر۔ محاورہ) گرم کرنا۔ بگھارنا۔ کڑکڑانا (۲) (چپن) تڑکا لگانا۔

داغ کھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) رنج اُٹھانا۔ صدمہ اُٹھانا (۲) حسد کرنا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دھبا لگنا۔ نشان پڑنا (۴) گُل کِھلانا۔

داغ کِھلانا (اَر۔ محاورہ) صدمہ دینا۔

داغ لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) جلانا (۲) نشان لگانا۔ عیب دار کرنا (۳) بدنام کرنا (۴) اِلزام لگانا۔

داغ لگ جانا (لگنا) (اَر۔ محاورہ) داغ لگانا کا لازم۔

داغ لے جانا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کا رَنج مرتے ہوئے ساتھ لے جانا۔

داغ مٹانا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کا نشان دُور کرنا۔

داغ نکلے (اَر۔ بددُعا) پُھوٹ کر نکلے۔ جل کر نکلے۔

داغ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) بگھارا جانا۔ گرم ہونا (۲) نشان ہونا (۳) گرم لوہے کا نشان لگنا (۴) رَنج ہونا۔ صدمہ ہونا۔

داغا جانا (اَر۔ مص) (۱) لوہے سے نشان کیا جانا (۲) توپ یا بندوق کا چلایا جانا۔

داغنا (داغ۔ نا) (اَر۔ مص) (۱) چرکا دینا (۲) گرم لوہے سے نشان ڈالنا (۳) توپ، بندوق یا پستول چھوڑنا (۵) چغلی کھانا۔

داغنی (داغ۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) وہ لوہا یا لوہے کا ٹھپّا جس سے جانوروں کے بدن پر نشان ڈالا جاتا ہے۔

داغی (ف۔ صف) (۱) داغدار۔ دھبّے والا۔ جلایا ہوا (۲) معیوب۔ عیب دار (۳) سزایافتہ۔ قید بُھگتا ہوا (۴) شرمندہ۔

داغی غلام (ف۔ ا۔ مذ) وہ غلام جس کے بدن پر لوہے سے داغا ہوا ملکیتی نشان ہو۔

دافع (دا۔ فع) (ع۔ صف۔ مذ) (۱) دفع کرنے والا۔ دُور کرنے والا۔ ہٹانے والا (۲) باز رکھنے والا۔

دافعُ البَلیّات (دا۔ ف۔ عل۔ ب۔ لی۔ یات) (ع۔ ا۔ مذ) بلاؤں کو دفع کرنے والا (کنایۃً) خُدا تعالیٰ۔

دافِعَہ (دا۔ ف۔ عہ) (ع۔ صف۔ مث) دافع کی تانیث۔ دُور کرنے والی۔ جسم میں سے مضر شے کو نکالنے والی قوت۔

داکھ (ہ۔ ا۔ مث) انگور کی ایک قسم جس کا رنگ سیاہ یا سُرخی مائل سیاہ ہوتا ہے۔

دال (ہ۔ ا۔ مث) دَلا ہوا اناج جو سالن کے طور پر پکایا جاتا ہے جیسے چنے کی دال۔ جمع: دالوں۔ دالیں (۲) کھرنڈ۔ زخم کا انگور (۳) آتشی شیشے کا عکس جس سے آگ لگتی ہے (۴) پرندے کے بچّے کی چونچ کی زردی۔

دال بندھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کھرنڈ بندھنا (۲) شعاعوں کا ایک جگہ اکٹھا ہونا۔

دال چپاتی (اَر۔ ا۔ مث) (۱) دیکھیے دال روٹی (۲) بچّوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔

دال چُھو ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) گتھم گتھا ہونا۔ باہم لپٹنا (۲) دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر گر جانا۔

دال خور (اَر۔ صف) دال کھانے والا۔ بُزدل۔

دال دلیا (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) معمولی خوراک۔ غریبوں کا سا کھانا (۲) ماحضر (۳) رُوکھی سُوکھی روٹی (۴) تھوڑا سا کھانا۔

دال دلیا ہونا (اَر۔ محاورہ) کچھ نہ کچھ کام بن جانا۔

دال روٹی (اَر۔ ا۔ مث) (۱) غریبانہ خوراک (۲) رزق۔ روزی۔

دال روٹی سے (آسودہ) خوش (اَر۔ صف) آسودہ حال۔ خوش حال۔

دال روٹی کر دینا (اَر۔ محاورہ) ہر وقت اِستعمال کر کے بے وقعت کر دینا۔

دال روٹی کھاتے توٹا پڑے تو بھاڑ میں پڑے (اَر۔ مثل) اگر کفایت شعاری کے باوجود گزارہ نہیں ہوتا تو مر جانا بہتر ہے۔

دال گلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دال پک جانا (۲) کامیاب ہونا۔ کام بن جانا (۳) کسی جگہ دخل ہونا (۴) نباہ ہونا۔

دال میں کچھ کالا ہے (اَر۔ مثل) کچھ خرابی ہے۔ شک و شبہ کی بات ہے۔ مشکوک معاملہ ہے۔

دال نہ گلنا (اَر۔ محاورہ) کامیابی نہ ہونا۔

دال (ع۔ ا۔ مث) حرف د۔

دالِ فے عین (اَر۔ کلمۂ نفرت) دفع۔

دالّ (بتشدید لام) (ع۔ صف) (۱) دلالت کرنے والا (۲) راہ دکھانے والا (۳) معنی خیز۔ پُرمعنی (۴) علامت۔ نشان۔

دالان (دا۔ لان) (ف۔ ا۔ مذ) بڑا اور لمبا کمرا جس میں محراب دار دروازے ہوتے ہیں۔ اُردو جمع: دالان۔ دالانوں۔

دالان در دالان (ف۔ ا۔ مذ) دوہرا دالان۔ آگے پیچھے دو برابر کے کمرے۔

دام (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دمڑی۔ چھدام۔ کوڑی (۲) گنڈا۔ پُرانے پیسے کا پچیسواں حصّہ (۳) چار کوڑیاں (۴) قیمت۔ مول۔ نرخ۔ بھاؤ (۵) نقدی۔ رقم۔ دولت۔ روپیہ۔ جمع: دام۔ داموں۔

دام آوے کام (اَر۔ مثل) روپیہ بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔

دام اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) خرچ کرنا (۲) اونے پونے فروخت کرنا۔

دام اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) چیز بک جانا۔ قیمت حاصل ہونا۔

دام بھر پانا (اَر۔ محاورہ) قیمت وصول ہونا۔ روپیہ وصول ہونا۔

دام بھرنا (اَر۔ محاورہ) تاوان دینا۔ قیمت ادا کرنا۔

دام پٹ جانا (اَر۔ محاورہ) قیمت طے ہو جانا۔

دام پھیر لینا (اَر۔ محاورہ) قیمت واپس لے لینا۔

دام چُکانا (اَر۔ محاورہ) بھاؤ ٹھہرانا۔ قیمت طے کرنا۔

دام دام (اَر۔ متعلق فعل) کوڑی کوڑی۔ پیسا پیسا۔ کُل رقم۔

دام دیجیے کام لیجیے (اَر۔ مثل) جو روپیہ خرچ کرتا ہے اُس کا کام ہو جاتا ہے۔

دام دینا (اَر۔ محاورہ) قیمت ادا کرنا۔

دام کرائے کام (اَر۔ مثل) جو روپیہ خرچ کرے اُسی کا کام ہوتا ہے۔

دام کھرے کرنا (اَر۔ محاورہ) نقد قیمت وصول کرنا۔

دام لگانا (اَر۔ محاورہ) قیمت مقرّر کرنا۔

دام (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جال۔ پھندا (۲) گھاس کھانے والے صحرائی چوپائے (۳) روپے کا چالیسواں حصّہ۔ دواؤں کے تولنے کا ایک وزن (۴) دھوکا۔ فریب۔

دام بچھانا (اَر۔ محاورہ) پھندا لگانا۔ جال لگانا۔ کسی کو پھانسنے کی تدبیر کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دامِ بَلا (ف۔ا۔مذ) مُصیبت کا پھندا۔ مُصیبت۔
دامِ بَلا سے رِہائی پانا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت سے چھٹکارا حاصل کرنا۔
دامِ تزویر (ف۔ا۔مذ) مکر کا جال۔ فریب کا پھندا۔
دام میں آنا (اُر۔ محاورہ) فریب کھانا۔ دھوکا کھانا۔
دام میں پھنسانا (اُر۔ محاورہ) دام میں لانا۔ جال میں پھنسانا۔ بس میں کرنا۔
دام و دَد (دا۔مو۔دَد)(ف۔ا۔مذ) چرند اور درند۔
دَامَ (بفتحہ میم) (ع۔ فعل) ہمیشہ رہے۔ دائم رہے۔
دامَ اِقبالُہٗ (دا۔مَ۔اِق۔با۔لُ۔ہو)(ع۔کلمۂ دُعا) اُس کا اقبال ہمیشہ رہے۔
دامَ بَرَکاتُہٗ (دا۔مَ۔بَ۔رَ۔کا۔تُ۔ہو) (ع۔کلمۂ دُعا) اُس کی برکتیں ہمیشہ رہیں۔
دامَ ظِلُّکُم (دا۔مَ۔ظِل۔لُ۔کُم) (ع۔کلمۂ دُعا) آپ (سب) کا سایہ ہمیشہ رہے۔ بُزرگوں کے لئے القاب۔ ("کُم" جمع کے لئے آتا ہے۔ واحد کے لئے تعظیماً مستعمل ہے)۔
دامَ ظِلُّہٗ (دا۔مَ۔ظِل۔لُ۔ہو)(ع۔کلمۂ دُعا) اس کا سایہ ہمیشہ رہے۔
دامَ عِنایَتُہٗ (دامَ لُطفُہٗ) (دا۔مَ۔عِ۔نا۔یَ۔تُ۔ہو) (دا۔مَ۔لُط۔فُ۔ہو)(ع۔کلمۂ دُعا) اس کی عنایات ہمیشہ رہیں۔
دامَ مُلکُہٗ (دا۔مَ۔مُل۔کُ۔ہو)(ع۔کلمۂ دُعا) اس کا ملک ہمیشہ قائم رہے۔
داماد (دا۔ماد)(ف۔ا۔مذ) بیٹی کا شوہر۔ جنوائی۔ اُردو جمع: داماد۔ دامادوں۔
دامادی (ف۔ا۔مث) داماد کا رشتہ یا حق (۲) شادی۔
دامان (دا۔ماں)(ف۔ا۔مذ) دامن۔ آنچل (۲) انگرکھے یا قبا کا وہ حصّہ جو نیچے لٹکتا رہتا ہے (۳) کور۔ کنارہ۔ لب۔ حاشیہ (۴) تلیٹی۔ پہاڑ کے نیچے کی زمین۔
دامن (دا۔مَن)(ف۔ا۔مذ)(۱) دامان (۲) جہاز کا پال (۳) فارسی لاحقہ جو آنچل یا پلّو کے معنوں میں آتا ہے، جیسے پاک دامن۔ تر دامن (۴) فارسی سابقہ جو کنارہ کے معنوں میں آتا ہے جیسے دامنِ کوہ۔ دامنِ صحرا۔ دامنِ دل۔ دامنِ دولت وغیرہ۔ اُردو جمع: دامن۔ دامنوں۔
دامن آلُودہ (ف۔صف) گناہ گار۔ مُجرم۔
دامن اٹکنا (اَٹک جانا) (اُر۔ محاورہ) گرفتار ہو جانا۔ پھنس جانا۔
دامن اُٹھا کر چلنا (اُر۔ محاورہ) آنچل سنبھال کر چلنا۔ دامن سمیٹ کر چلنا۔
دامن افشاں (ف۔صف)(۱) دامن جھٹکتے ہوئے (۲) غرور سے چلتے ہوئے۔ ناز سے چلتے ہوئے (۳) بے تعلّق۔ تارکُ الدُّنیا۔
دامن اُلجھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی چیز میں دامن اٹک جانا (۲) پابند ہو جانا (۳) جھگڑے میں پھنس جانا۔
دامنِ اُمید (ف۔ا۔مذ) اُمید کا دامن۔ خواہش۔ آرزو۔
دامنِ اُمید گوہرِ آرزو سے مالا مال ہونا (اُر۔ محاورہ) آرزو پوری ہونا۔ اُمید بر آنا۔
دامن بچانا (اُر۔ محاورہ)(۱) الگ رہنا۔ علیحدگی اختیار کرنا (۲) بے تعلّق رہنا (۳) سلامت روی اختیار کرنا۔
دامن بدنداں (ف۔صف) دانتوں میں دامن۔ عاجز۔ بے چارہ۔
دامن بندی (ف۔ا۔مث) نکاح۔ شادی۔
دامن بوس (ف۔صف) دامن چومنے والا۔
دامن بھرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) جھولی بھرنا (۲) مُراد حاصل کرنا۔
دامن پاک ہونا (اُر۔ محاورہ) معصوم ہونا۔ بے گناہ ہونا۔
دامن پر دھبّا لگنا (اُر۔ محاورہ) اِلزام لگنا۔
دامن پر فرشتے نماز پڑھتے ہیں (اُر۔ مثل) بہت پاک دامن ہے۔ بہت نیک ہے۔ بہت پارسا ہے۔
دامن پسارنا (پھیلانا) (اُر۔ محاورہ) سوال کے لئے دامن پھیلانا۔ مانگنا۔
دامن پکڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مانگنا (۲) تقاضا کرنا (۳) پناہ میں آنا۔ سہارا لینا (۴) روکنا۔ تعرُّض کرنا۔
دامن پھیلانا (اُر۔ محاورہ) پلّو آگے کرنا (۲) کچھ مانگنا۔
دامن تار تار کرنا (اُر۔ محاورہ) دامن پھاڑنا۔ دامن کی دھجیاں اُڑانا۔
دامن تر۔ دیکھئے تر دامن۔
دامن تلے چھپانا (ڈھانکنا) (اُر۔ محاورہ)(۱) پناہ میں لینا (۲) عیب ڈھانکنا (۳) حفاظت کرنا۔
دامن تھام لینا (اُر۔ محاورہ) روکنا۔
دامنِ تیغ (ف۔ا۔مذ) تلوار کے کنارے کا حصّہ۔
دامن جھاڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) دامن کو جھٹک کر گرد و غبار سے صاف کرنا (۲) کچھ پاس نہ رکھنا۔ خالی ہاتھ ہونا (۳) محاسبے سے پاک ہونا (۴) آزاد ہونا۔ تعلقات ترک کر دینا۔
دامن جھٹک کر چلے جانا (دامن چھڑا کر چلے جانا) (اُر۔ محاورہ) ناراض ہو کر چلے جانا۔ بیزار ہو کر چلے جانا۔
دامن جھٹک کر کھڑا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) نفرت کرنا۔ بیزار ہونا۔
دامن جھٹکنا (اُر۔ محاورہ) الگ ہونا۔ تعلّق ترک کرنا۔
دامن چلنا (اُر۔ محاورہ) دامن پھٹ جانا۔
دامن چُھٹنا (چُھوٹنا) (اُر۔ محاورہ)(۱) آزاد ہونا۔ تعلّق نہ رہنا۔ بری الذّمّہ ہونا (۲) علیحدہ ہونا۔
دامن چُھڑانا (اُر۔ محاورہ) پیچھا چُھڑانا۔ قطع تعلّق کرنا۔
دامن دار (ف۔صف)(۱) چوڑا (۲) دامن والا۔
دامن دراز (ف۔صف) بے وقوف۔ احمق۔
دامنِ دولت (ف۔ا۔مذ) بادشاہ یا امیر کا سہارا یا پناہ۔
دامن دھونا (پاک کرنا) (اُر۔ محاورہ) بدنامی دُور کرنا۔
دامن سمیٹنا (سنبھالنا) (اُر۔ محاورہ)(۱) دامن کو ہاتھ سے اکٹھا کرنا (۲) کنارہ کشی کرنا۔
دامن سے بندھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی کا ہو رہنا (۲) کسی سے شادی ہو جانا۔
دامن سے لگا رہنا (اُر۔ محاورہ)(۱) ہر وقت ساتھ رہنا (۲) کسی سے وابستہ رہنا (۳) کسی کا حاجت مند رہنا۔
دامن سے مُنہ چھپانا (ڈھانکنا) (اُر۔ محاورہ) شرمانا۔ شرمندہ ہونا۔
دامنِ شب (ف۔ا۔مذ) شب کا آخری نصف حصّہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دامنِ صبر (ف ـ ا ـ مذ) صبر کی طاقت۔

دامنِ قیامت (دامنِ محشر) (ف ـ ا ـ مذ) قیامت کا میدان۔

دامن کَشاں (بفتحۂ کاف) (ف ـ صف) (۱) فخریہ انداز سے چلتے ہوئے (۲) ٹھکراتے ہوئے۔ چھوڑتے ہوئے۔

دامنِ کوہ (ف ـ ا ـ مذ) پہاڑ سے ملا ہوا میدان۔ وادی۔ تلیٹی۔

دامن کھینچنا (اَر ـ محاورہ) روکنا۔ مُزاحم ہونا۔ جانے نہ دینا۔

دامن کی ہوا دینا (اَر ـ محاورہ) کسی بے ہوش کو دامن سے پنکھا کرنا۔

دامن گردانا (اَر ـ محاورہ) (۱) دامن اکٹھا کرنا (۲) توجّہ ہٹالینا۔

دامن گیر (ف ـ صف) (۱) دامن پکڑنے والا۔ مدد چاہنے والا (۲) حمایت چاہنے والا (۳) مستغیث۔ مدّعی (۴) مزاحم۔ روکنے والا (۵) چپ کرانے والا۔

دامن گیر ہونا (اَر ـ محاورہ) (۱) مُزاحم ہونا۔ مُعترض ہونا (۲) سر ہونا پیچھا کرنا (۳) گرویدہ ہونا (۴) داد خواہ ہونا۔

دامن گیری (ف ـ ا ـ مث) (۱) حمایت چاہنا۔ مدد چاہنا (۲) دوستی۔ محبت (۳) اِستغاثہ۔ دعویٰ۔

دامن لینا (اَر ـ محاورہ) سہارا لینا۔ پناہ لینا۔

دامنِ محشر (ف ـ ا ـ مذ) قیامت کا میدان۔

دامنِ مریم (ف ـ ا ـ مذ) حضرت مریمؑ کا دامن۔ کنایہ ہے عصمت سے۔

دامنِ مژگاں (ف ـ ا ـ مذ) پلکوں کا آخری حِصّہ۔

دامنِ مقصُود (ف ـ ا ـ مذ) اِرادہ۔ مقصود کا دامن سے اِستعارہ ہے۔

دامن میں چُھپا لینا (اَر ـ محاورہ) پناہ دینا۔ سہارا دینا۔

دامن میں لہُو لگنا (اَر ـ محاورہ) دامن کا خون آلود ہونا (۲) قاتل پر قتل ثابت ہونا۔

دامنِ ناز کو سنبھالنا (اَر ـ محاورہ) زیادہ نخرے کرنا۔ عشوہ گری میں زیادتی کرنا۔

دامن نہ چھوڑنا (اَر ـ محاورہ) ہر وقت ساتھ رہنا۔ ساتھ ساتھ پھرنا۔

دامَنَہ (دا ـ مَ ـ نہ) (ف ـ ا ـ مذ) دیکھئے دامن۔

دامَنی (دا ـ مَ ـ نی) (ف ـ ا ـ مث) (۱) وہ کپڑا جو گھوڑے کے پٹھے پر پڑا رہتا ہے۔ زین پوش (۲) باریک چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں (۳) فارسی لاحقہ جو مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے پاکدامنی۔ تر دامنی (۴) عورت کی پوشاک کا ایک حِصّہ۔ نقاب۔ پٹکہ (۵) ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔

دامِنی (دام ـ نی) (ہ ـ ا ـ مث) بجلی۔ برق۔ صاعقہ۔

دامے درمے قدمے سُخنے (ف ـ مقولہ) روپے پیسے، جان اور زبان ہر طرح سے مدد کرنا۔

دان (ف ـ لاحقہ) کلمۂ ظرف کے طور پر بمعنی گھر، جگہ، مقام، مکان، خانہ اِستعمال ہوتا ہے جیسے پاندان، نمک دان وغیرہ (۲) (لاحقہ فاعلی) دانستن مصدر سے صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور جاننے والا کے معنی دیتا ہے جیسے زبان دان۔ سائنس دان۔

دان (س ـ ا ـ مذ) نذر۔ خیرات (۲) تُحفہ۔ نذرانہ۔ چندہ۔ عطیّہ (۳) جہیز (۴) محصول۔

دان پُن (دان پُنیہ) (ہ ـ ا ـ مذ) فیّاضی۔ داد و دہش۔

دان دہیز (ہ ـ ا ـ مذ) جہیز۔

دان دینا (ہ ـ مص مُرکب) پُن کرنا۔ خیرات کرنا۔

دانا (ف ـ صف) عقل مند۔ ہوشیار۔ دانش مند۔ فارسی جمع : دانایان۔ اُردو جمع : دانا۔ داناؤں۔

دانا بینا (ف ـ صف) جاننے والا اور دیکھنے والا۔ عاقل۔ ہوشیار۔ کار آزمودہ۔

دانا جلد بازی نہیں کرتے (اَر ـ مثل) عقل مند آدمی کسی کام میں جلد بازی سے کام نہیں لیتے۔

دانا دُشمن نادان دوست سے بہتر ہے (اَر ـ مثل) بے وقوف دوست کے ہاتھوں عموماً نقصان پہنچتا ہے۔

داناؤں (اَر ـ صف ـ مذ) دانا کی اُردو جمع۔

داناؤں کی دُور بلا (اَر ـ مثل) عقل مند اِنسان مُصیبت میں نہیں پھنستے۔

دانایان (ف ـ صف) دانا کی جمع۔

دانایانِ فرنگ (ف ـ ا ـ مذ) یورپ کے عقل مند آدمی۔

دانائی (ف ـ ا ـ مث) عقل۔ دانش۔ سمجھ بُوجھ۔

دانائی ٹپکنا (اَر ـ محاورہ) عقل مندی ظاہر ہونا۔ ہوشیاری ظاہر ہونا۔

دانت (نُون غنّہ) (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) دندان۔ اِنسان و حیوان کے مُنہ میں چبانے اور کاٹنے کا عضو (۲) میل۔ رغبت۔ خواہش (۳) قصد۔ اِرادہ (۴) دندانہ۔ دانتا۔ جمع : دانت۔ دانتوں۔

دانت بٹھا دینا (اَر ـ محاورہ) عاجز کر دینا۔ مجبور کر دینا۔

دانت بجانا (اَر ـ محاورہ) دانتوں سے آواز نکالنا۔

دانت بجنا (اَر ـ محاورہ) دانت کڑکڑانا (۲) دانتوں کا باہم ٹکرا کر آواز دینا۔

دانت بنوانا (اَر ـ مص مُرکب) مصنوعی دانت لگوانا۔

دانت بیٹھ جانا (اَر ـ محاورہ) دانتوں کا جکڑ جانا۔ بے ہوش ہو جانا۔

دانت پر میل نہ ہونا (اَر ـ محاورہ) نہایت غریب ہونا۔ فاقے کرنا۔

دانت پیسنا (اَر ـ محاورہ) نہایت غُصّے ہونا۔ غُصّہ دکھانا (۲) اُوپر اور نیچے کے دانتوں کو آپس میں رگڑنا۔

دانت تلے اُنگلی دبانا (اَر ـ محاورہ) (۱) حیران ہونا (۲) تعجب کرنا (۳) افسوس کرنا۔

دانت تلے جیبھ (جیب) دینا (اَر ـ محاورہ) تحمّل کرنا۔ تامّل کرنا۔ صبر کرنا۔

دانت تلے ہونٹ دبانا (اَر ـ محاورہ) غُصّہ کرنا۔

دانت توڑنا (اَر ـ محاورہ) (۱) دانت اُکھارنا۔ دانت کے ٹکڑے کر دینا (۲) عاجز کرنا۔ کسی کام کا نہ رکھنا۔

دانت تھے تو چنے نہ پائے۔ چنے ملے تو دانت گنوائے (اَر ـ مثل) جوانی تو غربت میں گزری۔ بڑھاپے میں حالات سُدھرے تو کیا فائدہ۔

دانت تیز کرنا (اَر ـ محاورہ) (۱) لالچ کرنا (۲) ایذا رسانی کا قصد کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دانت ٹوٹنا (اَر۔مص مُرکب) (۱) دانت گر جانا۔ دانت شکستہ ہو جانا (۲) پوپلا ہو جانا۔

دانت ٹوٹے، کُھر گھسے اور پیٹھ بوجھ نہ لے۔ ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بھس دے (اَر۔مثل) بوڑھے سے کسی فائدے کی توقع نہیں ہوتی اِس لئے کوئی اُسے مُنہ نہیں لگاتا۔

دانت جھڑ جانا (اَر۔محاورہ) دانت ٹوٹ جانا۔ دانت گرنا۔

دانت دکھانا (اَر۔محاورہ) (۱) ڈرانا (۲) عظمت ظاہر کرنا۔ شیخی مارنا۔ اکڑنا (۳) کھسیانی ہنسی ہنسنا۔

دانت دیکھنا (اَر۔محاورہ) عُمر کی شناخت کرنا۔

دانت رکھنا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی چیز کی خواہش کرنا۔ کسی چیز کو لینے کا ارادہ کرنا (۲) بدلہ یا اِنتقام لینے کا ارادہ کرنا۔

دانت سلسلانا (اَر۔محاورہ) دانتوں میں ہلکا سا درد ہونا۔

دانت سے دانت بجنا (اَر۔محاورہ) سردی یا لرزے سے دانتوں کا آپس میں ٹکرا کر آواز دینا۔

دانت سے زبان کاٹنا (اَر۔محاورہ) کوئی بات کہہ کر پچھتانا۔

دانت کاٹی روٹی (اَر۔ا۔مث) بے حد دوستی۔

دانت کٹکٹانا (کچکچانا) (اَر۔محاورہ) (۱) نہایت خفا ہونا (۲) غصّے سے دانت پیسنا۔

دانت کِرکِرے ہونا (کاف کے نیچے زیر) (اَر۔محاورہ) (۱) دانتوں تلے ریت آجانا (۲) عاجز ہونا۔ ہار ماننا۔ زک اُٹھانا۔

دانت کُریدنے کو تِنکا نہ بچنا (اَر۔مثل) گھر میں کچھ نہ رہنا۔ سب کچھ جاتا رہنا۔

دانت کڑکڑانا (اَر۔محاورہ) دیکھئے دانت بجنا۔

دانت کُند ہونا (اَر۔محاورہ) کسی کاٹنے والی شے کے دندانوں کا سخت چیز کو کاٹنے کے قابل نہ رہنا۔

دانت کھٹّے کر دینا (اَر۔محاورہ) عاجز کر دینا۔ ہمّت توڑ دینا۔

دانت کھٹّے ہونا (اَر۔محاورہ) ہمّت ہارنا۔ عاجز ہونا۔

دانت لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) زخم لگانا۔ مُنہ مارنا (۲) لالچ کرنا۔ لاگ لگائے رکھنا۔

دانت مارنا (اَر۔محاورہ) (۱) کاٹنا (۲) بھاجی مارنا۔ کسی شے کو حاصل کر لینا۔ قابو میں کرنا۔

دانت مانجنا (اَر۔مص مُرکب) دانتوں کو منجن سے صاف کرنا۔

دانت نکالنا (اَر۔محاورہ) (۱) شرمندہ ہو کر ہنسنا۔ بدتمیزی سے ہنسنا (۲) بے موقع ہنسنا (۳) جوتی کے پھوسڑے نکل آنا۔ ٹانکے ٹوٹ جانا (۴) منّت ساجت کرنا۔ عجز ظاہر کرنا۔

دانت نکلنا (اَر۔مص مُرکب) بچّے کے دانت نمودار ہونا۔

دانت نکوسنا (اَر۔محاورہ) دانت نکالنا۔ درندے کا غصّے یا عاجزی سے دانت نکالنا۔

دانت نہ لگانا (اَر۔محاورہ) ثابت نگل جانا۔ بغیر چبائے نگل جانا۔

دانت ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی چیز کی بہت خواہش ہونا (۲) صدمہ پہنچانے کا اِرادہ ہونا (۳) تاک میں ہونا۔ عداوت ہونا۔

دانتا (داں۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دندانہ (۲) خار۔ بڑا دانت۔ جمع: دانتوں۔ دانتے۔

دانتا باجے (برسے) گھر پڑے اور کھانڈا باجے (برسے) رن پڑے (ہ۔مثل) زبان درازی سے گھر میں لڑائی رہتی ہے اور تلوار بازی سے جنگ کا خطرہ ہوتا ہے۔

دانتا کِلکِل (ہ۔ا۔مث) (۱) جھگڑا۔ تکرار۔ لڑائی۔ ٹنٹا۔ قضیہ۔ مناقشہ۔ دنگا۔

داتن (داں۔تن) (ہ۔ا۔مث) مسواک۔

دانتو (داں۔ٹو) (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) بڑے بڑے دانتوں والا مرد۔

دانتو (داں۔تو) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) بڑے بڑے دانتوں والی عورت۔

دانتوا (دانت۔وا) (ہ۔ا۔مذ) چھکڑے کے پچھلے حصّے میں اَسباب رکھنے کی جگہ۔

دانتوں (داں۔توں) (ہ۔ا۔مذ) دانت کی جمع۔

دانتوں اُنگلی کاٹنا (اَر۔محاورہ) (۱) ناراض ہونا۔ غصّے ہونا (۲) افسوس کرنا (۳) حیران ہونا۔ متوجہ ہونا۔

دانتوں پر ہونا (اَر۔محاورہ) بچّے کا دانت نکلنے کے قریب ہونا۔

دانتوں پسینا آنا (اَر۔محاورہ) بہت مشکل کام کرنا۔ تھک جانا۔ چیں بول جانا۔

دانتوں تلے اُنگلی دابنا (کاٹنا) (اَر۔محاورہ) متعجب ہونا۔ حیرت زدہ ہونا۔

دانتوں چڑھنا (اَر۔محاورہ) کوسنے سُننا (۲) ٹوک میں آنا (۳) موجبِ رشک ہونا۔

دانتوں سے پکڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) سخت کنجوسی کرنا (۲) حصولِ مطلب کے لئے بے حد کوشش کرنا۔

دانتوں سے زمین پکڑنا (اَر۔محاورہ) اپنی جگہ سے نہ ہلنا۔ زمین کو مضبوط پکڑنا۔

دانتوں سے کوڑی اُٹھانا (اَر۔محاورہ) سخت کنجوسی کرنا۔

دانتوں سے ہاتھ کاٹنا (اَر۔محاورہ) (۱) سخت افسوس کرنا (۲) سخت غصّے میں ہونا۔

دانتوں سے ہونٹ چبانا (اَر۔محاورہ) افسوس کرنا۔ حیران ہونا۔ غصّہ کرنا۔

دانتوں کا چوکا (اَر۔ا۔مذ) نیچے کے اگلے چار دانت جو ایک جیسے ہوتے ہیں۔

دانتوں کے نیچے زبان دبانا (اَر۔محاورہ) (۱) کہتے کہتے زبان روک لینا (۲) حیرت، تعجب اور افسوس ظاہر کرنا۔

دانتوں میں اُنگلی دبانا (اَر۔محاورہ) حیرت، افسوس، گھبراہٹ یا شرم ظاہر کرنا۔

دانتوں میں تِنکا لینا (اَر۔محاورہ) (۱) عاجزی کرنا (۲) امان مانگنا (۳) اطاعت کرنا۔

دانتوں میں زبان کی طرح رہنا (اَر۔محاورہ) دشمنوں میں رہ کر اُن کے شر سے بچے رہنا۔

دانتی (داں۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہنسیی (۲) درانتی۔ ہنسیا (۳) آرے کا دندانہ۔ جمع: دانتیاں۔ دانتیوں۔

دانتی پڑنا (اَر۔محاورہ) دندانے پڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دانتے (داں۔تے)(ہ۔ا۔مذ) دانتا نمبر ایک کی جمع۔ دندانے۔

دانتے پڑ جانا (اُر۔ محاورہ) دندانے پڑ جانا۔ دھار کر جانا۔

دانتیا (داں۔تِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا نمک جو تمباکو کو تیز کرنے کے کام آتا ہے (۲) دانتوں کا منجن۔

دانِست (دا۔نِست)(ف۔ا۔مث)(۱) دانش۔ واقفیت۔ علم۔ شناخت۔ سمجھ۔ اِدراک۔

دانِستہ (دا۔نِس۔تہ)(ف۔صف) جانا ہوا۔ پہچانا ہوا (۲) (متعلق فعل) جان بُوجھ کر۔

دانِش (دا۔نِش)(ف۔ا۔مث) علم۔ عقل۔ دانائی۔ حکمت۔ اِدراک۔

دانش مند (ف۔صف) عالِم۔ فاضل۔ عاقل۔ ہوشیار۔ سمجھ دار۔ زیرک۔

دانش مندانہ (ف۔ متعلق فعل) عقل مندوں کی طرح۔

دانش مندی (ف۔ا۔مث) دانائی۔ عقل مندی۔ فہم و فراست۔ حکمت۔

دانش وَر (ف۔صف) عقل مند۔ اہلِ علم۔ ذہین و فطین۔ انٹلکچول۔

دانش ورانہ (ف۔ متعلق فعل) دانش وروں کی طرح۔

دانش وری (ف۔ا۔مث) عقل مندی۔ دانائی۔ حکمت۔

دانگ (ف۔ا۔مذ)(۱) چھ رتّی کا وزن۔ مثقال یا درم کا چوتھائی حصّہ (۲) طرف، سمت، جانب (۳) کسی شے کا چھٹا حصّہ (۴) حصّہ۔ ٹکڑا (۵) (ہ۔ا۔مث)(۱) پہاڑی چٹان (۲) چوٹی (۳) دریا کا اونچا کنارہ۔

دانوری (داں۔وَ۔ری)(ہ۔ا۔مث) وہ رسّی جس سے غلّہ گاہتے وقت بیل باندھتے ہیں۔

دانہ (دا۔نہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) اناج۔ غلّہ (۲) بیج۔ تخم (۳) گول ٹکڑا (۴) انگور یا آم کا پھل (۵) چھوٹی پھنسی (۶) چھوٹے اور گول کنکر (۷) پانسا۔ چھوٹی چھوٹی کوڑیاں (۸) خشخاش (۹) چنا (۱۰) کسی وغیرہ کا ذرّہ۔ اُردو جمع: دانے۔ دانوں۔

دانہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) پرندوں کا دانہ چُگنا۔

دانہ اُگلنا (اُر۔ محاورہ) پرندے کا پوٹے سے دانہ نکالنا۔

دانہ بچھانا (اُر۔ محاورہ) پرندوں کو پکڑنے کے لئے جال کے نیچے دانہ ڈالنا۔

دانہ بدلنا (اُر۔ محاورہ) پرندوں کا ایک دُوسرے کو منہ سے دانہ نکال کر کھلانا۔

دانہ بدلی (اُر۔ا۔مث) پرندوں کا ایک دُوسرے کو دانہ کھلانا۔

دانہ بدلی کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) پیار کرنا۔ محبت کرنا (۲) بوس و کنار کرنا۔

دانہ بندی (اُر۔ا۔مث) کھڑی کھیتی کی پیداوار جانچنا۔ پیمائش کرنا۔ تخمینہ لگانا۔

دانہ بھرانا (اُر۔ محاورہ) پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں چوگا دینا۔

دانہ پانی (اُر۔ا۔مذ)(۱) آب و دانہ۔ رزق (۲) قسمت۔ نصیب (۳) بود و باش۔ قیام۔

دانہ پانی اُٹھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) رزق ختم ہونا (۲) آمادۂ سفر ہونا۔ سفر پر مجبور ہونا۔

دانہ پانی حرام ہونا (اُر۔ محاورہ) کھانا پینا چُھوٹ جانا۔

دانہ پانی کھینچ لایا ہے (اُر۔ محاورہ) رزق مقدر میں تھا مجبوراً آنا پڑا ہے۔

دانہ پانی کے ہاتھ ہونا (اُر۔ محاورہ) قسمت کے اِختیار میں ہونا۔

دانہ پڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بوئے ہوئے اناج میں بیج پیدا ہونا (۲) آگ سے پک کر کسی چیز کا دانہ دانہ ہو جانا۔

دانہ تک حرام ہونا (اُر۔ محاورہ) کچھ نہ کھانا۔

دانہ جمانا (اُر۔ محاورہ)(۱) جال بچھانا۔ پھندا لگانا۔ دھوکا دینا (۲) بونا۔ بیج ڈالنا۔

دانہ جمنا (اُر۔ محاورہ) بیج پُھوٹ آنا۔

دانہ خور (ف۔صف) دانہ کھانے والا۔ چنے کھانے والا (جانور)۔

دانہ دار (اُر۔صف) دیکھئے دانے دار۔

دانہ دانہ اَست غلّہ در اَنبار (ف۔ مثل) ایک ایک دانہ جمع ہو کر انبار ہو جاتا ہے۔

دانہ دانہ کرنا (اُر۔ محاورہ) دانہ بکھیرنا۔

دانہ دانہ ہونا (اُر۔ محاورہ) دانہ دانہ کرنا کا لازم۔ بکھرنا۔

دانہ دُنکا (اُر۔ا۔مذ) تھوڑا سا دانہ (۲) ایک آدھ دانہ (۳) گرا پڑا دانہ۔

دانہ دینا (اُر۔ محاورہ) دانہ ڈالنا۔ پالتو جانوروں کو دانہ کھلانا۔

دانہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کبوتروں، مرغیوں وغیرہ کو دانہ کھلانا (۲) کسی کو پھنسانے کے لئے کوئی فعل کرنا (۳) دو آدمیوں کو لڑانے کے لئے لگائی بُجھائی کرنا۔

دانہ زو (ف۔صف) سِفلہ۔ کمینہ۔ گھٹیا شخص (۲) مفلوکُ الحال۔ مفلس (۳) کنجوس۔

دانۂ زنجیر (ف۔ا۔مذ) زنجیر کا ایک حلقہ۔ زنجیر کی کڑی۔

دانہ کھاوے نہ پانی پیوے، وہ آدمی کیسے جیوے (اُر۔ مثل) جو شخص کھاتا پیتا نہیں وہ زندہ کیسے رہ سکتا ہے۔

دانہ نہ گھاس، پانی چھ چھ وقت (دانہ نہ گھاس، کھریرا تین تین بار۔ دانہ نہ گھاس، گھوڑے تیری آس) (اُر۔ مثل) دیتا دلاتا کچھ نہیں، مفت میں کام لیتا ہے۔

دانۂ یاقوت (ف۔ا۔مذ) یاقوت کا ریزہ۔

دانی (س۔صف) فیاض۔ سخی (۲)(ف۔ا۔مث) لاحقہ ظرف جیسے سُرمہ دانی۔

دانے (اُر۔ا۔مذ)(۱) دانہ کی جمع (۲) دانہ کی مُغیّرہ صورت۔

دانے پانی کے اِختیار ہے (اُر۔ مثل) قسمت کے بس میں ہے۔ تقدیر کے ہاتھ میں ہے۔

دانے پر لگانا (اُر۔ محاورہ) اجنبی پرند کو دانہ کھلا کر رام کرنا۔

دانے دار (اُر۔صف) وہ چیز جس میں گول گول دانے پیدا ہو جائیں۔

دانے دانے پر مُہر ہونا (اُر۔ مثل)(۱) جو دانہ جس کی قسمت کا ہو اُسی کو ملتا ہے (۲) جو رزق تقدیر میں لکھا ہو وہی ملتا ہے۔

دانے دانے کو محتاج ہونا (اُر۔ محاورہ) بالکل مفلس ہونا۔

دانے کا اُڑ کر پہنچنا (اُر۔ محاورہ) قسمت میں لکھے ہوئے رزق کا ملنا۔

دانے کے ساتھ گُھن پس جانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے گیہوں کے ساتھ گُھن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دانے کو ٹاپے' سواری کو پادے (ار۔مثل) کھانے پینے کو تیار مگر کام سے جی چُرانا۔

دانے مانگنا (ار۔محاورہ) بھیک مانگنا۔

دانے نبڑ جانا (ار۔محاورہ) آب و دانہ ختم ہو جانا۔

دانے نکلنا (ار۔محاورہ) (۱) چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنا (۲) چیچک نکلنا۔

دانے نہ ہونا (ار۔محاورہ) (۱) کھانے پینے کے لئے کچھ نہ ہونا (۲) سخت غریب ہونا۔

دانیال (دان۔یال) (ع۔ا۔مذ) عبرانی لفظ "دانی آل" کا مُعرّب بمعنی خُدا میرا مُنصف ہے۔ یہودیوں کے ایک پیغمبر کا نام جو ایران کے بادشاہ سائرس اعظم کے ہم عصر تھے۔ (۵۴۹۔۵۲۹ ق۔م)۔

داوا (ہ۔ا۔مذ) انا کا خاوند۔

داور (دا۔وَر) (ف۔ا۔مذ) (۱) خُدائے تعالیٰ (۲) عادل بادشاہ۔ حاکم۔ جج (۳) علاج۔ دوا (۴) مخالف۔ مُقابل۔

داورِ محشر (ف۔ا۔مذ) قیامت کے دِن اِنصاف کرنے والا۔ خُدا تعالیٰ۔

داوری (دا۔وَ۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) بادشاہت۔ سلطنت (۲) عدالت۔ اِنصاف (۳) عدالت کا حُکم (۴) مقدمہ۔ جھگڑا۔ دعویٰ۔

داہ (ہ۔ا۔مث) (۱) جلانا۔ مُردے کو جلانا (۲) داغ دینا (۳) آگ۔ اندرونی گرمی۔ جلنے کا اِحساس۔ جلن (۵) حسد۔

داہ دینا (سنسکار کرنا) (ہ۔محاورہ) مُردے کو جلانا۔

داہنا (داہ۔نا) (ہ۔ا۔مذ۔ہ۔صف) سیدھا ہاتھ (۲) دایاں۔ یمین۔ راست۔

داہنا قدم لینا (ار۔محاورہ) چالاکی اور شرارت کا قائل ہونا (۲) تعظیم کرنا۔

داہنا دھوئے بائیں کو اور بایاں دھوئے دائیں کو (ار۔مثل) ایک دُوسرے کی مدد کرنی چاہئے۔

داہنی (داہ۔نی) (ہ۔صف۔وا۔مث) داہنا کی تانیث۔ سیدھی۔ راست۔ دائیں۔

داہنی آنکھ پھڑکنا (ار۔محاورہ) داہنی آنکھ کی رگوں کا حرکت کرنا (مرد کے لئے اچھا اور عورت کے لئے بُرا شگون سمجھا جاتا ہے)۔

داہنے (داہ۔نے) (ہ۔صف) (۱) داہنا کی جمع (۲) داہنا کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

داہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہے (ار۔کلمہ قسم) ایک قسم جو کوئی کام کرنے کے لئے کھائی جاتی ہے۔

داء (ع۔ا۔مث) بیماری۔ مرض۔ روگ۔

دائر (دا۔اِر) (ع۔صف) (۱) چلنے والا (۲) پھرنے والا۔ دورہ کرنے والا (۳) زیرِ تجویز۔ درپیش۔

دائر کرنا (ار۔محاورہ) چلانا۔ سلسلہ شروع کرنا۔ رجوع کرنا۔

دائر و سائر (ع۔صف) گھومنے والا (۲) اپنے حلقۂ اثر پر چھا جانے والا۔ دخیل (۳) نافذ۔ جاری۔

دائرہ (دا۔ءِ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) مدوّر شکل جس کے گھیرے پر ہر نقطہ مرکز سے برابر فاصلے پر ہوتا ہے۔ حلقہ۔ کنڈل۔ چکر۔ دَور۔ محیط (۲) منڈلی۔ مجلس (۳) خانقاہ۔ ڈیرا۔ ٹولا (۴) ڈفلی۔ ایک باجے کا نام جو ایک طرف سے کھلا ہوتا ہے۔ چنگ (۵) حرفوں کی گولائی جیسے ج یا ع کا دائرہ۔ جمع: دوائر۔ اُردو جمع: دائروں۔ دائرے۔

دائرۂ اِختیار (ع۔ا۔مذ) حلقۂ اِختیار۔ وہ علاقہ جس میں کسی کو کسی قسم کا اِختیار حاصل ہو (۲) حدودِ اِختیارات۔

دائرۃُ المعارف (دا۔ءِ۔رَ۔تُل۔مَ۔عا۔رِف) (ع۔ا۔مذ) معلوماتِ عامّہ کی کتاب۔ وہ کتاب جس میں بترتیب حروفِ تہجی مختلف موضوعات یا کسی خاص موضوع کے متعلق تمام معلومات جمع کر دی گئی ہوں۔ مخزن العلوم۔

دائرۂ قطبی (ف۔ا۔مذ) وہ فرضی خط جہاں سے قطبِ شمالی و جنوبی کی حد شروع ہوتی ہے۔

دائرہ کش (ک پر زبر) (ع۔ف۔ا۔آلہ) پرکار۔

دائرہ کھینچنا (ع۔محاورہ) پرکار سے دائرہ بنانا۔

دائرہ وسیع ہونا (ار۔محاورہ) رسوخ زیادہ ہونا۔ بہت سے لوگوں سے ملاقات ہونا۔

دائم (دا۔اِم) (ع۔صف) ہمیشہ۔ نت۔ سدا۔ مدام۔

دائمُ الحبس (دا۔اِ۔مُل۔حَبس) (ع۔صف) عُمر بھر کی قید۔

دائمُ الخمر (دا۔ءِ۔مُل۔خَمر) (ع۔صف) ہر وقت شراب پینے والا۔

دائمُ الصّوم (دا۔ءِ۔مُص۔صَوم) (ع۔صف) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

دائمُ المرض (دا۔ءِ۔مُل۔مَ۔رَض) (ع۔صف) ہمیشہ بیمار رہنے والا۔

دائماً (دا۔اِ۔مَن) (ع۔متعلق فعل) ہمیشہ۔ لگاتار۔

دائمی (دا۔اِ۔می) (ع۔صف) سدا کا۔ ابدی (۲) ثبات والا۔

دائن (دا۔اِن) (ع۔صف) قرض دینے والا۔ قرض خواہ۔

داؤ (داؤں) (دا۔او) (دا۔اوں) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شطرنج' جوئے وغیرہ کی چال (۲) چال بازی۔ فریب (۳) قابو۔ موقع۔ گھات۔ چال (۴) نوبت۔ باری (۵) وہ چیز جو جواری نشان ظاہر کرنے کو رکھ دیتے ہیں (۶) شرط۔ وہ چیز یا رقم جو جیتنے پر لی جاتی ہے (۷) پانسا۔ قرعہ (۸) گورکھوں اور عربوں کا قوس نما چھرا (۹) کشتی کا پیچ۔

داؤ آنا (پڑنا) (ار۔محاورہ) جوئے میں حسبِ مُراد پانسا پڑنا (۲) باری آنا۔ نوبت آنا۔

داؤ بیٹھنا (ار۔محاورہ) گھات لگنا۔ موقع ملنا۔

داؤ پر چڑھانا (ار۔محاورہ) (۱) قابو میں لانا۔ بس میں کرنا (۲) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ پیچ پر چڑھانا۔

داؤ پر رکھنا (ار۔محاورہ) بازی پر لگانا۔ شرط پر رکھنا۔

داؤ پر لگانا (ار۔محاورہ) شرط پر رکھنا۔

داؤ پھینکنا (ار۔محاورہ) پاسا پھینکنا۔ کوڑیاں پھینکنا۔

داؤ پیچ (ار۔ا۔مذ) کُشتی کے بندیا طریقے (۲) بازی کے ڈھنگ۔ چال۔ مکروفریب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

داؤ چلنا (اَر۔ محاورہ) فریب دینا۔ چال چلنا (۲) داؤ کا کارگر ہونا۔

داؤ دینا (اَر۔ محاورہ) فریب دینا۔

داؤ کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دھوکا دینا۔ فریب کرنا (۲) کشتی میں پیچ کرنا۔

داؤ کھا جانا (کھانا) (اَر۔ محاورہ) فریب کھانا۔ دھوکا کھانا۔

داؤ کھیلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) جل دینا۔ دھوکا دینا (۲) گھات لگانا۔

داؤ گھات (ہ۔ا۔مذ) خفیہ تدبیر۔ حیلہ۔ پیچ۔

داؤ گھاؤ (ہ۔ا۔مذ) دھوکا کھانے کا دُکھ (۲) جوئے کی ہار کا رنج (۳) فریب۔ دھوکا۔ چال۔ مکر۔

داؤ لینا (اَر۔ محاورہ)(۱) اپنی باری لینا (۲) موقع پاکر فائدہ اُٹھانا۔

داؤ مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) نفع اُٹھانا (۲) دھوکا دینا۔

داؤُد (دا۔اُود)(ع۔ا۔مذ) عبرانی لفظ داود کا مُعرّب بمعنی محبوب۔ عزیز۔ ایک پیغمبر کا نام جو حضرت سلیمانؑ کے والد تھے اور جن پر کتاب زبور نازل ہوئی تھی۔

داؤدی (دا۔اُو۔دی) (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک زردی مائل سفید پھول۔ گل داودی (۲) سفیدی مائل گیہوں (۳) ایک قسم کی آتش بازی (۴) (صف) حضرت داودؑ سے منسوب۔

داوَنی (دا۔او۔نی)(ق۔ا۔مث) برقع۔ عورت کی چادر۔ اوڑھنی۔

دائی (دا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) دودھ پلانے والی۔ انّا (۲) بچہ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت۔ دایہ۔ قابلہ (۳) آنکھ مچولی کے کھیل میں چور کی آنکھیں بند کرنے والا لڑکا۔ جمع: دائیاں۔ دائیوں۔

دائی پلائی (اَر۔ا۔مث) انّا۔ دودھ پلانے والی۔

دائی جنائی (اَر۔ا۔مث)(۱) جنانے والی عورت (۲) ہوشیار عورت۔

دائی سے پیٹ چھپانا (اَر۔ محاورہ) رازدار اور واقفِ حال سے عیب چھپانا۔

دائی کھلائی (اَر۔ا۔مث) بچوں کو کھلانے والی خادمہ۔

دائی گیری (اَر۔ا۔مث) دیکھئے دایہ گری۔

دائیں (دا۔ایں)(یائے مجہول)(ہ۔ متعلق فعل) سیدھے ہاتھ کی طرف۔ داہنی طرف۔

دائیں بائیں (ہ۔ متعلق فعل)(۱) چپ و راست (۲) اِدھر اُدھر۔

دائیں بائیں دے کر نکل جانا (اَر۔ محاورہ) دھوکا دے کر نکل جانا۔

دائیں بائیں دیکھنا (اَر۔ محاورہ) اِدھر اُدھر دیکھنا۔ ہوشیار ہونا۔

دائیں بائیں کرنا (کر دینا) (اَر۔ محاورہ) چھپا دینا۔ اِدھر اُدھر کر دینا۔

دائیں بائیں کے ہیں (اَر۔ مقولہ) دونوں مساوی درجے کے ہیں۔

دائیں (دا۔ایں)(یائے مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) توپ 'بندوق' پٹاخا چھوٹنے کی آواز۔ دھائیں (۲) بیلوں کو غلہ گاہنے کے لئے ایک ساتھ جوتنا۔

دائیں چلانا (اَر۔ محاورہ) اناج گاہنا۔ کھلیان پر بیلوں کو چلانا۔

دائیں (دا۔ایں)(یائے معروف)(ہ۔ صف) دایاں کی تانیث۔

دایاں (ہ۔ صف) دیکھئے داہنا۔

دایاں بازو (اَر۔ا۔مذ)(سیاست) اعتدال پسند جماعت (۲) سیدھا بازو۔

دایاں پیر ہلاؤں گی تو گھر ہی پیر منگاؤں گی (اَر۔ مثل) محنتی آدمی ہر جگہ کما لیتا ہے۔

دایک (دا۔ یک)(س۔ لاحقہ فاعلی) دینے والا۔ مُعطی۔ مُرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے لابھ دایک 'فائدہ مند'۔

دایہ (دا۔ یَہ)(ف۔ا۔مث) بچے کو پرورش کرنے والی۔ انّا۔ پلائی۔ کھلائی۔ خادمہ۔ ماما۔

دایہ گری (ف۔ا۔مث) دایہ کا پیشہ۔ دایہ کا کام۔

د۔ب

دُبّ (بضمِ اوّل و تشدید دوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) ریچھ (۲) قطبِ شمالی کے قریب ریچھ سے مشابہ چند ستاروں کے مجموعے جن میں سے بڑے کو دُبِّ اکبر اور چھوٹے کو دُبِّ اصغر کہتے ہیں۔

دَب (ہ۔ فعل) دبنا مصدر کا صیغۂ اَمر۔

دب جانا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کے نیچے آجانا۔ مغلوب ہو جانا۔

دب دبا جانا (اَر۔ محاورہ) معاملہ رفت گزشت ہو جانا۔

دب کر (کے) (اَر۔ متعلق فعل) مرعوب ہو کر۔ ڈر کر۔

دب کے چلنا (اَر۔ محاورہ) کترا کے چلنا (۲) رُک کے چلنا۔

دب نکلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) عاجز ہو جانا۔ پست ہو جانا (۲) مغلوب ہو جانا (۳) ڈر جانا۔

دَبا (دَ۔با)(ہ۔ صف)(۱) گڑا ہوا (۲) ڈرا ہوا۔ رُعب میں آیا ہوا۔ قابو میں آیا ہوا (۳) رُکا ہوا (۴) زیر۔

دبا بنیا پورا تولے (اَر۔ مثل) جب کسی پر دباؤ پڑے تو وہ حق ادا کرتا ہے۔

دبا بیٹھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دبوچ لینا (۲) مال مار لینا۔ زبردستی قبضہ کر لینا۔

دبا جانا (اَر۔ محاورہ) چھپا جانا۔ نظروں میں نہ آنے دینا (۲) مغلوب ہو جانا۔

دبا دبایا (اَر۔ صف)(۱) دبا ہوا۔ گڑا ہوا۔ چھپا ہوا (۲) مغلوب۔

دبا دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) گاڑ دینا (۲) فرو کر دینا۔ روک دینا (۳) چھپا دینا۔

دبا رہنا (اَر۔ محاورہ) مغلوب رہنا۔ دبکا رہنا۔ چھپا رہنا۔

دبا کر (اَر۔ متعلق فعل) جبر سے۔ زبردستی سے۔

دبا لینا (اَر۔ محاورہ)(۱) مال مار لینا (۲) دبوچ لینا (۳) مغلوب کر لینا۔

دَبّا (دَب۔با)(ہ۔ا۔مذ)(۱) درخت کی شاخ جس کو مٹی میں دبا دیتے ہیں کہ جڑیں نکال کر نیا پودا بن جائے (۲) گھات۔ تاک (۳) غوطہ۔ ڈُبکی۔

دبّا مارنا (اَر۔ محاورہ) گھات لگانا۔ تاک میں بیٹھنا۔

دَبازت (دَ۔با۔زت)(ع۔ا۔مث)(۱) گندہ پن (۲) موٹا پن۔ موٹائی۔ حجم۔

دُباشی (ق۔ صف) دو بھاشی۔ دو زبانیں جاننے والا۔ ترجمان۔

دَبّاغ (دَب۔باغ)(ع۔ا۔مذ) چمڑا بنانے والا۔ چرم ساز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دباغت (دَ۔با۔غت)(ع۔ا۔مث) چمڑا کمانا۔ چمڑا کمانے کا فن۔ چرم سازی۔

دبانا (ہ۔مص)(۱) گاڑنا۔ چھپانا۔ دفن کرنا (۲) بیج بونا (۳) مغلوب کرنا۔ مال مارنا۔ زبردستی قبضہ کرنا (۴) تنگ کرنا (۵) دباؤ ڈالنا (۶) مجبور کرنا (۷) ٹھونسنا۔ زور سے بھرنا (۸) کمی کرانا (۹) مٹھی چپی کرنا (۱۰) شکست دینا (۱۱) تعاقب کرنا (۱۲) دبوچنا (۱۳) بھینچنا۔

دباؤ (دَ۔با۔او)(واؤ مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بوجھ۔ بار۔ وزن (۲) زور۔ غلبہ (۳) خوف۔ دہشت (۴) رُعب۔ روک۔ پابندی (۵) عزّت۔ حُرمت (۶) اطاعت۔ رضاجوئی (۷) جھکاؤ۔

دباؤ پڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) بوجھ پڑنا۔ رُعب پڑنا (۲) جبر ہونا۔ سختی ہونا۔

دباؤ ڈالنا (اُر۔محاورہ)(۱) بوجھ ڈالنا (۲) دبانا (۳) جبر کرنا۔ سختی کرنا۔

دباؤ کھانا (اُر۔محاورہ) رُعب ماننا۔

دباؤ ماننا (اُر۔محاورہ)(۱) اطاعت کرنا (۲) رُعب ماننا۔

دباؤ ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) بوجھ ہونا۔ زور ہونا (۲) رُعب ہونا۔ اثر ہونا (۳) روک ہونا۔ پابندی ہونا۔

دباؤُ (واؤ معروف)(ہ۔صف) اُلار کی ضد۔ بھاری۔ بوجھل۔

دبائے رکھنا (اُر۔محاورہ) چھپا کر رکھنا۔ ظاہر نہ ہونے دینا۔

دبّے کو سب دباتے ہیں (اُر۔مثل) غریب کو سب ستاتے ہیں۔

دَبدَبہ (دَب۔دَ۔بَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) شور۔ ڈھول وغیرہ کی آواز (۲) رُعب۔ شان و شوکت۔ کرّوفر۔

دبدبہ بٹھانا (اُر۔محاورہ)(۱) رُعب جمانا (۲) خوف زدہ کرنا۔

دبدبہ دکھانا (اُر۔محاورہ) رُعب دکھانا۔

دُبدھا (دُب۔دھا)(ہ۔ا۔مث)(۱) تذبذب۔ شک۔ شبہ۔ پس و پیش (۲) گھبراہٹ۔ پریشانی (۳) وہم۔ وسوسہ۔

دُبدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام (ہ۔مثل) شکّی آدمی ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے۔

دُبُر (دُ۔بُر)(ع۔ا۔مث)(۱) پیٹھ۔ پیچھا۔ پشت (۲) کسی چیز کا پچھلا حصّہ (۳) چوتڑ۔ مقعد۔ گون۔

دُبڑُو گھُسڑُو (ہ۔صف) مخفی (۲) بُزدل۔ ڈرپوک (۳) زبردستی گھُسا ہوا۔

دبستان (دَب۔اِستان)(ف۔ا۔مذ) دبیرستان کا مخفف۔ اسکول۔ مدرسہ۔ مکتب۔ نیز دیکھیے بستان۔

دبستانی (دَب۔اِس۔تا۔نی)(ف۔ا۔مذ)(۱) طالب علم (۲)(صف) اسکول کے متعلق۔

دَبَک (دَ۔بَک)(ہ۔ا۔مث)(۱) ڈانٹ۔ دھمکی (۲) دبکنا مصدر کا امر۔

دبک آنا (دبک بیٹھنا۔ دبک جانا)(اُر۔محاورہ)(۱) پیٹ زمین سے لگا کر بیٹھنا۔ گھات میں بیٹھنا (۲) چھپنا۔ چھپ کر چلے آنا۔

دبک شیر کے منکے میں (اُر۔مثل) موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔

دَبکا (دَب۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چوہے مارنے کا آلہ (۲)(صف) ڈرا ہوا (۳) دبکنا مصدر سے صیغہ ماضی۔

دبکانا (دَب۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا (۲) روکنا (۳) دبانا (۴) دھمکانا۔ ڈرانا (۵) سینے سے لگانا۔

دَبکنا (دَ۔بَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) چھپنا۔ روپوش ہونا (۲) ڈرنا۔ منہ پھیرنا (۳) سونے چاندی کے تاروں کو کوٹ کوٹ کر چوڑا کرنا۔

دَبکَئی (دَب۔کَ۔اِی)(ہ۔ا۔مث) سلمہ بنانے کے لئے تار کوٹنے کا کام۔ تار کوٹنے کا پیشہ۔

دَبکی (دَب۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھپنے کا فعل۔ روپوشی (۲) گھات۔ تاک۔

دبکی لگانا (دبکی مارنا)(اُر۔محاورہ)(۱) کمین گاہ میں بیٹھنا (۲) گھات لگانا۔

دَبکیا (دَب۔کی۔آ)(ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو سلمے کے لئے تار کوٹتا ہے (۲) دبکی۔

دَبکیل (دَبکیلا) (دَب۔کیل)(دَب۔کے۔لا)(ہ۔صف) تاک لگانے والا۔

دَبگر (دَب۔گر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) وہ شخص جو چمڑے کی بوتلیں، ترازو یا پیپے بنائے (۲) ڈھالیں بنانے والا (۳) کپّے بنانے والا۔

دُبلا (دُب۔لا)(ہ۔صف) پتلا۔ لاغر۔ نحیف۔ کمزور۔ ضعیف۔

دُبلاپا (دُبلاپن۔ دُبلاپتا) (اُر۔ا۔مذ)(۱) لاغری۔ کمزوری۔ ضعف۔

دُبلا پتلا (اُر۔صف) چھریرا۔ کم زور۔ لاغر۔

دُبلی (دُب۔لی)(ہ۔ا۔مث) دُبلا کی تانیث۔ پتلی۔ کمزور۔ چھریرے بدن کی۔

دُبلی پتلی (اُر۔صف) دُبلا پتلا کی تانیث۔

دُبلے (دُب۔لے)(ہ۔صف) دُبلا کی مغیرہ صورت۔

دَبنا (دَب۔نا)(ہ۔مص)(۱) بوجھ کے نیچے آنا (۲) دفن ہونا۔ گڑنا (۳) پوشیدہ ہونا۔ زیر ہونا (۴) سکڑنا۔ سمٹنا (۵) جُھکنا۔ بچنا (۶) عجز و انکسار کرنا (۷) پسنا۔ بھنچنا (۸) شرمانا (۹) کسی چیز کے اجزا کا منفصل ہو جانا (۱۰) فرو ہونا۔ رفع ہونا۔

دَبنگ (دَبنگا) (دَ۔بَنگ)(دَ۔بَنگا)(نون غنّہ)(ہ۔صف۔مذ)(۱) ہٹّا کٹّا۔ زبردست (۲) بے رحم (۳) فربہ۔ قوی ہیکل (۴) بے باک (۵) مؤنث کے لئے دبنگی۔

دَبّو (دَب۔بُو)(واؤ معروف)(اُر۔صف) دبنے والا۔

دَبوچنا (دَ۔بوچ۔نا)(ہ۔مص)(۱) پکڑ لینا (۲) قابو میں کر لینا (۳) دبانا۔ بھینچنا (۴) چھپا لینا۔

دَبُو دبُو کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی بات کو چھپا لینا۔ کسی معاملے کو دبا دینا۔

دَبُور (دَ۔بُور)(ع۔ا۔مث) پچھوا ہوا۔ بادِ صبا۔ بادِ نسیم۔

دَبُوس (دَ۔بُوس)(ف۔ا۔مذ) عصا۔ گُرزِ آہنی۔

دَبُوسنا (دَ۔بُوس۔نا)(ہ۔مص) نشیلی چیز پینا۔ مدہوش ہونا۔

دَبُوسہ (دَ۔بُو۔سَہ)(ف۔ا۔مذ) جہاز کا کمرا (۲) اسباب کی کشتی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَبّہ (دَب۔بہ)(ف۔ا۔مذ) چمڑے کا کُپّا یا کُپّی۔ کپّا۔
دَبی (دَ۔بی)(ہ۔صف) دبا کی تانیث۔ گڑی ہوئی۔
دبی آگ اُکھیڑنا (کُریدنا) (اُر۔محاورہ) پُرانے جھگڑے کو تازہ کرنا۔
دبی بلّی چوہوں سے کان کُترواتی ہے (اُر۔کہاوت) دبے ہوئے زبردست پر زیردست بھی حکم چلاتے ہیں۔
دبی دبی ہنسی نکلنا (ہنسنا) (اُر۔محاورہ) پوری طرح کھل کر نہ ہنسنا۔
دبی زبان سے کہنا (اُر۔محاورہ) آہستہ سے کہنا۔ رُکتے رُکتے کہنا۔ ڈرتے ڈرتے کہنا۔
دُبے (دُب۔بے)(ہ۔ا۔مذ) دو وید جاننے والا برہمن۔
دَبے (دَ۔بے)(ہ۔صف) دبا کی مُغیّرہ صورت۔
دبے پاؤں جانا (اُر۔محاورہ) ڈرتے ڈرتے جانا۔ چُھپ کر جانا۔
دبے پر (اُر۔متعلق فعل) عاجز آکر۔ جب اور کچھ نہ ہو سکے۔
دبے پر چیونٹی بھی کاٹتی ہے (کاٹ کھاتی ہے) (اُر۔مثل) تنگ آ کر کمزور بھی حملہ کر دیتا ہے۔
دبے پر سب شیر ہیں (اُر۔مثل) کمزور پر سب حکم چلاتے ہیں۔
دبے رہنا (اُر۔محاورہ) بوجھ کے نیچے رہنا۔ مغلوب رہنا۔
دَبِیر (دَ۔بِیر)(یائے معروف)(ف۔ا۔مذ)(۱) مصنّف۔ مؤلف۔ انشا پرداز (۲) منشی۔ محرّر۔ راقم۔ سیکریٹری (۳) ہنڈیاں تصدیق کرنے والا افسر۔
دبیرُ الملک (دَ۔بِی۔رُل۔مَلک)(ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) سیکرٹری آف اسٹیٹ (۲) شاہی محرّر (۳) عہدِ مُغلیہ کا ایک خطاب۔
دبیرِ فلک (ع۔ف۔ا۔مذ) سیّارہ عطارد۔
دبِیز (دَ۔بِیز)(یائے معروف)(ف۔صف) موٹا۔ گف۔ مضبوط۔
دَبِیل (دَ۔بیل)(یائے مجہول)(ہ۔صف)(۱) ماتحت۔ تابع (۲) کمزور۔ ضعیف۔

د۔پ

دِپانا (ق۔مص) روشن کرنا۔ چراغ جلانا۔
دَپَٹ (دَپ۔پَٹ)(ہ۔ا۔مث)(۱) دوڑ (۲) جھپٹ۔ حملہ (۳) گھُرکی۔
دپٹانا (دَپ۔ٹا۔نا)(ہ۔مص) سرپٹ دوڑانا (۲) حملہ کرانا۔
دپٹنا (دَپ۔پٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) حملہ کرنا۔ ہلاّ کرنا (۲) ڈانٹنا۔ دھمکانا (۳) تیز چلانا۔

د۔ت

دَت (بفتحۂ اوّل)(ہ۔صف)(۱) عطا کیا ہوا۔ ہبہ کیا ہوا (۲)(ہ۔ا۔مذ) دیش قوم کے ہندوؤں کا نام۔
دُت (بضمِ اوّل)(اُر۔کلمۂ تحقیر)(۱) دُور۔ پرے۔ ہٹ (۲) کتّے کو بھگانے کی آواز۔
دُت تیرے کی (اُر۔کلمۂ تحقیر) ہٹ تیرے کی۔

دَترا (دَت۔را)(ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا بڑا پنجہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں۔
دُتکار (ہ۔ا۔مث) لعنت۔ ملامت۔ گھُرکی۔ نیز دیکھئے دُھتکار۔
دُتکارنا (ہ۔مص) جھڑکنا۔ گھُرکنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ نیز دیکھئے دُھتکارنا۔
دَتو (دَت۔تو)(ہ۔ا۔مث) بچّوں کا ایک دُہرا رُوئی والا کپڑا۔
دَتون (دَت۔وَن)(دَ۔تون)(ہ۔ا۔مث) داتن۔ مسواک۔

د۔ث

دِثار (دِ۔ثار)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ کپڑا جو دُوسرے کپڑوں کے اُوپر پہنا جاتا ہے جیسے چغہ۔ چادر (۲) عادت۔ معمول۔ رسم۔
دَثَر (دَ۔ثَر)(ع۔ا۔مذ) کپڑوں کا میل کچیل۔
دَثُور (دَ۔ثُور)(ع۔صف) گمنام آدمی (۲) نیند کا ماتا۔ متوالا۔

د۔ج

دَجاج (دَ۔جاج)(ع۔ا۔مذ) مُرغا۔ مؤنث کے لئے دجاجہ۔
دَجّال (دَج۔جال)(ع۔صف)(۱) جُھوٹا۔ سچّائی کو چُھپانے والا۔ کاذب (۲)(ع۔ا۔مذ) مخالفِ مسیحؑ۔ روایت کے مطابق ایک جُھوٹا شخص جو آخر زمانے میں پیدا ہوگا۔ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق حضرت مسیحؑ اُسے قتل کریں گے۔
دَجَل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) فریب۔ دھوکا۔ جھوٹ (۲)(ق۔صف) اوجھل۔
دُجیٰ (دُ۔جا)(ع۔ا۔مث) تاریکی۔ اندھیرا۔

د۔چ

دَچ (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) مکان۔ جھونپڑا۔
دُچِت (دُ۔چِت)(ہ۔ا۔مذ) دو دِلا۔ مُذبذب۔ شکّی۔
دَچکنا (دَ۔چک۔نا)(ق۔مص) دہشت زدہ ہونا۔ ڈرنا۔
دَچھنا (دَچھ۔نا)(ہ۔ا۔مث) دَکشنا۔ تحفہ۔ عطیہ۔ انعام۔

د۔خ

دُخ (بضمِ اوّل)(ف۔ا۔مث) دُختر کا مخفّف۔ بیٹی (۲) ایک آبی پودا جس کی چٹائیاں بنتی ہیں۔
دُخّ (بضمِ اوّل و تشدیدِ خا)(ع۔ا۔مذ)(۱) دُھواں (۲) شہابِ ثاقب (۳) آتش بازی کی ہوائی۔
دُخان (دُ۔خان)(ع۔ا۔مذ)(۱) دُھواں (۲) بھاپ (۳) تمباکو کا دُھواں۔
دُخانی (دُ۔خا۔نی)(ع۔صف)(۱) دُھوئیں کا۔ دُھوئیں سے متعلق (۲) بھاپ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سے چلنے والا۔
دُخانی جہاز (ع۔ا۔مذ) وہ جہاز جو بھاپ کی طاقت سے چلے۔ اسٹیمر۔
دُخت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ف۔ا۔مث) دُختر کا مخفف۔
دُختِ رَز (دُختِ تاک۔ دُختِ عِنَب) (ف۔ا۔مث) انگور کی بیٹی یعنی انگوری شراب۔
دُختَر (دُخ۔تَر) (ف۔ا۔مث) لڑکی۔ بیٹی۔ جمع: دُختران۔
دُخترِ خانہ (ف۔ا۔مث) کنواری لڑکی۔
دُخترِ رَبیبہ (دُخ۔تَ۔رِ۔رَ۔بی۔بَہ) (ف۔ا۔مث) سوتیلی بیٹی۔ لے پالک بیٹی۔
دُخترِ عم (ف۔ا۔مث) چچا زاد بہن۔ بنتِ عم۔
دُخترِ نیک اختر (ف۔صف) نیک نصیبے والی بیٹی۔
دُخترَک (دُخ۔تَ۔رَک) (ف۔ا۔مث) دُختر کی تصغیر۔
دُختری (دُخ۔تَ۔ری) (ف۔ا۔مث) دوشیزگی۔ کنوارپن (۲) لڑکی کا حصہ۔
دَخل (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) رسائی۔ پہنچ (۲) قبضہ۔ قوت (۳) تعلیمی ترقی۔ اِستعداد۔ سمجھ۔ فہم (۴) امکان (۵) مجال۔ طاقت (۶) اثر۔ تاثیر (۷) مہارت قابلیت۔ واقفیت (۸) اِختیار (۹) مداخلت۔ دست اندازی (۱۰) آمدنی۔ یافت۔ حصول۔ فائدہ۔ نفع۔
دخل انداز (ع۔ف۔صف) دخل دینے والا۔ مداخلت کرنے والا۔
دخلِ بے جا (ع۔ف۔ا۔مذ) بے اجازت کسی کے مکان میں چلے جانا۔ مداخلت ناجائز۔
دخل پانا (اَر۔محاورہ) رسائی ہونا۔ باریابی ہونا (۲) زمین کا قبضہ ملنا۔
دخلِ تام رکھنا (اَر۔محاورہ) مکمل طور پر جاننا۔ پورا ماہر ہونا۔
دخل در معقولات (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی معاملے میں خواہ مخواہ مداخلت۔ بیچ میں بولنا۔
دخل دِہانی (ع۔ف۔ا۔مث) قبضہ دِلانا۔ قابض کرانا۔
دخل دینا (اَر۔محاورہ) (۱) بیچ میں بولنا (۲) دست اندازی کرنا۔ مداخلت کرنا (۳) بیچ میں پڑنا (۴) قبضہ دینا۔
دخل رکھنا (اَر۔محاورہ) ماہر ہونا۔ کامل ہونا۔
دخل فی الحال (ع۔ا۔مذ) موجودہ قبضہ۔
دخل لینا (اَر۔محاورہ) قبضہ لینا۔
دخل نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) قبضے کی سند یا حکم۔ قابض ہونے کا سرکاری حکم۔
دخل و خرچ (ع۔ف۔ا۔مذ) آمدنی اور خرچ۔
دخل یابی (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) قبضہ۔ تصرُّف (۲) رسائی۔ پہنچ۔
دَخمہ (دَخ۔مَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) پارسیوں کا قبرستان (۲) مقبرہ۔ تابوت (۳) وہ گوشت جو اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلتا ہے۔
دُخول (دُ۔خول) (ع۔ا۔مذ) (۱) دخل۔ گزر۔ رسائی (۲) اندر گھسنا۔ داخل ہونا یا کرنا (۳) خلوتِ صحیحہ۔

دَخیل (دَ۔خیل) (یائے معروف) (ع۔صف) (۱) دخل دینے والا۔ مداخلت کرنے والا (۲) باریاب۔ پہنچنے والا (۳) قابض۔ متصرّف (۴) بے تکلف۔ واقف کار (۵) اِصطلاحِ علمِ عروض میں وہ حرف جو الف تاسیس کے بعد نظم میں آئے (۶) غیر زبان کا لفظ۔
دخیل کار (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) کاروبار میں دخل دینے والا۔ سربراہ کار (۲) صلاح کار۔ شریکِ رائے۔ مُصاحِب (۳) کاشت کار جس کا قبضے کا حق ہو۔
دخیل کاری (ع۔ف۔ا۔مث) قبضہ۔ تصرُّف۔
دخیل کرنا (اَر۔مص مُرکّب) قبضہ کرنے کی اجازت دینا۔ قبضہ دِلانا۔
دخیل ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) قبضہ ہونا (۲) مداخلت کرنا (۳) کسی غیر زبان کے لفظ کا مستعمل ہونا (۴) مزاج پر قابو پانا۔

د۔د

دَد (بفتحِ اوّل) (ف۔ا۔مذ) درندہ۔ پھاڑ کھانے والا جانور۔
دد و دام (ف۔ا۔مذ) درند و چرند۔
دَدا (دَ۔دا) (ف۔ا۔مث) ملازمہ جو بچوں کی پرورش کرے۔ کھلائی۔ انّا۔
دَدرا (دَد۔را) (س۔ا۔مذ) داد۔ ایک بیماری۔
دَدوڑا (دَ۔دو۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) آماس یا دانے جو مچھروں کے کاٹنے یا جوش خون کے باعث جلد پر نمایاں ہو جاتے ہیں۔
دُدھار (دُدھاری) (دُ۔دھار) (دُ۔دھا۔ری) (ہ۔صف) دودھ دینے والی۔
دُدّھڑ (دُد۔دھڑ) (ہ۔ا۔مث) (۱) دوطرفہ کارروائی (۲) تذبذب۔
دُدّھی (دُدھ۔دھی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک بوٹی جس کو توڑنے سے دودھ نکلتا ہے (۲) ایک قسم کا سفید اور سرخ پتھر۔ چاک کی پنسل (۳) چوچی۔ چھاتی۔ پستان۔
دَدھیال (دَدھ۔یال) (ہ۔ا۔مث) دادا کا گھر۔ دادا کا خاندان۔ دادا کی اولاد۔
دُدھیل (دُ۔دھیل) (یائے مجہول) (ہ۔صف) دیکھیے دُدھار۔
دُدھیل گائے کی دو لاتیں بھی بھلی (اَر۔مثل) جس سے نفع ہو اُس کی سختی بھی برداشت کی جاتی ہے۔
دَدیا (دَد۔یا) (ہ۔صف) دادا کا۔ دادا سے متعلق۔ دادا کا رشتے دار۔
ددیا خسر (ددیا سُسر۔ ددیا سُسرا) (ہ۔ا۔مذ) بیوی یا شوہر کا دادا۔
ددیا ساس (ہ۔ا۔مث) بیوی یا شوہر کی دادی۔

د۔ڈ

دِڈی (دِ۔ڈی) (ق۔ا۔مذ) چھوٹا دروازہ۔
دُڈی (دُ۔ڈی) (ق۔ا۔مذ) خرگوش کا ڈربا۔

د۔ر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَر (بفتحہ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) شرح۔ نرخ۔ بھاؤ۔

دَر (بالفتح)(ف۔ا۔مذ)(۱) دروازہ۔ پھاٹک۔ چوکھٹ۔ دہلیز (۲) قسم۔ نوع (۳) وادی۔ دامنِ کوہ۔ پہاڑی راستہ (۴) درجہ۔ باری۔

دَربان (ف۔ا۔مذ) پہرے دار۔ چوکیدار۔ اُرجمع: دربان۔ دربانوں۔

دربانی (ف۔ا۔مث) چوکیداری۔

دریچہ (ف۔ا۔مذ) دروازے کے اندر چھوٹا دروازہ۔

دربدر (ف۔صف)(۱) آوارہ (۲) سرگشتہ (۳) ہر ایک کے دروازے پر۔

دربدر پھرنا (دربدر خاک بسر پھرنا)(اُر۔محاورہ) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں ہونا۔ کہیں ٹھکانا نہ ہونا۔

دربند (ف۔ا۔مذ)(۱) دروازے کی کنڈی یا زنجیر (۲) دُشوار گزار پہاڑی درّہ (۳) وہ شاہراہ جس پر ڈاکوؤں کا راج ہو (۴) وہ علاقہ جو سرحد کے قریب ہو اور وہاں فوج رکھی جائے (۵) پُل۔ قلعے کا دروازہ۔

دربند کرنا (اُر۔محاورہ) دروازہ بند کرنا۔

دربندی (ف۔ا۔مث) تلاشی لینے کے لئے دروازہ بند کرنا (۲) کارخانے کو مزدوروں کی مرضی کے بغیر بند کر دینا (۳) قید۔ حراست۔

در پر پڑنا (اُر۔محاورہ) کسی کے پاس پناہ لینا۔

درِ توبہ باز (وا) ہونا (اُر۔محاورہ) توبہ کا دروازہ کھلا ہونا۔ گناہ گار ہر وقت توبہ کر سکتا ہے۔

دردر (ف۔متعلق فعل)(۱) دربدر۔ دروازہ بہ دروازہ (۲) جگہ جگہ۔

دردر پھرنا (اُر۔محاورہ) در بدر پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔

دردر کی ٹھوکریں کھانا (اُر۔محاورہ)(۱) مارا مارا پھرنا (۲) دُنیا بھر میں ذلیل ہونا۔

دردر مانگنا (اُر۔محاورہ) لوگوں کے دروازوں پر بھیک مانگتے پھرنا۔

دردولت (ف۔ا۔مذ)(۱) رئیس کا مکان (۲) دُوسرے کے مکان کو عزت افزائی کے طور پر کہتے ہیں۔

در کا بندہ (اُر۔ا۔مذ) ہر وقت حاضر رہنے والا نوکر۔ غلام۔

در کا کتّا (اُر۔ا۔مذ) کسی کے گھر سے مانگ کر کھانے والا شخص۔ انتہائی عجز کے مقام پر بولتے ہیں۔

در و دیوار پر نظر کرنا (دیکھنا)(اُر۔محاورہ) سخت گھبراہٹ میں ہونا۔ گھبرا کر چاروں طرف دیکھنا۔

در و دیوار سے باتیں کرنا (اُر۔محاورہ) دیوانوں کی طرح خود بخود بکنا۔

در و دیوار کان رکھتے ہیں (اُر۔محاورہ) بھید حاصل کرنے والے تاک میں ہیں۔ کسی کو راز کی بات نہیں بتانی چاہئے۔ نیز دیکھئے دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔

دَر (بفتحہ اوّل)(ف۔حرفِ ربط)(۱) بیچ۔ اندر۔ میں۔ پر۔ اُوپر۔ قریب (۲) دریدن مصدر سے لاحقہ فاعلی بمعنی پھاڑنے والا جیسے صفدر۔

درآمد (ف۔ا۔مث) اندر آنا (۲) اندرونِ ملک آنے والی بیرونی ممالک کی اشیا۔ امپورٹ (Import)۔

درآمد برآمد (ف۔ا۔مث)(۱) آنا جانا۔ آمد ورفت (۲) اندرونِ ملک آنے جانے والی چیزیں۔ (Import Export)۔

درآمد برآمد کے دن (اُر۔ا۔مذ) تبدیلیِ موسم کے ایّام۔ موسم بدلنے کے دن۔

درآمد ہونا (اُر۔ا۔مذ)(۱) آنا۔ پہنچنا۔ داخل ہونا (۲) آمدنی ہونا (۳) باہر سے آنے والی اشیا کا اندرونِ ملک آنا۔

در آنا (اُر۔محاورہ) اندر آنا۔ داخل ہونا۔

در آنجا (ف۔متعلق فعل) اُس جگہ میں۔ وہاں۔

درآں حالیکہ (حالے کہ)(ف۔متعلق فعل) اِس صورت میں۔ حالانکہ۔

در اِجارہ (ف۔ا۔مذ) ٹھیکہ پٹّا۔

دراصل (ف۔متعلق فعل) اصل میں۔ واقعی۔

درانداز (ف۔ا۔مذ)(۱) دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا (۲) بدگو۔ چغل خور (۳) چوری چھپے کسی کے علاقے میں گھس جانے والا۔ گھس پیٹھیا۔

دراندازی (ف۔ا۔مث)(۱) دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینا (۲) بدگوئی۔ چغل خوری (۳) گھس پیٹھ۔

درایں وَلا (ف۔متعلق فعل) اِس اثنا میں۔ اِس دوران میں۔ (ولا: وقت۔ عرصہ)۔

درباب (ف۔متعلق فعل)(۱) نسبت۔ بابت (۲) سبب۔

دربارہ (ف۔متعلق فعل) نسبت۔ بابت۔

دربستہ (ف۔صف) بندھا ہوا۔ جکڑا ہوا۔

درپردہ (ف۔متعلق فعل)(۱) خفیہ طور پر۔ پوشیدہ (۲) غائبانہ۔ پیٹھ پیچھے۔

درپے (ف۔متعلق فعل)(۱) گھات میں (۲) پیچھے (۳) خواہاں۔

درپے آزار (ف۔صف) تکلیف پہنچانے کے خیال میں۔ صدمہ پہنچانے کا خواہاں۔

درپے جان (ف۔صف) کسی کی جان لینے کے لئے اس کے پیچھے لگا ہونا۔

درپے ہونا (اُر۔محاورہ) پیچھا کرنا۔ گھات میں ہونا۔

درپیش (ف۔متعلق فعل) سامنے۔ رُوبرُو۔ آگے (۲) زیرِ بحث۔ زیرِ تجویز۔

درپیش آنا (اُر۔محاورہ) لاحق ہونا۔ واسطہ پڑنا۔

درحالیکہ (حالے کہ)(ف۔متعلق فعل) اِس صورت میں۔ اِس حال میں۔ یہ لحاظ کر کے۔ نیز دیکھئے دراں حالیکہ۔

درحقیقت (ف۔متعلق فعل) حقیقت میں۔ اصل میں۔

دردست (ف۔متعلق فعل)(۱) ہاتھ میں (۲) قبضے میں۔

درعمل کوش ہر چہ خواہی پوش (ف۔مثل) اعمال اچھے ہونا لازم ہے لباس چاہے کیسا ہی ہو۔

درکار (ف۔صف) ضروری۔ مطلوب۔

درکار ہونا (اُر۔محاورہ) مطلوب ہونا۔

درکارِ خیر حاجتِ ہیچ اِستخارہ نیست (ف۔مثل) اچھے کام میں اِستخارہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ نیکی کے کام میں دیر نہیں کرنی چاہئے۔

درکنار (ف۔صف)(۱) علاوہ (۲) جُدا۔ الگ (۳) بغل میں۔

درگرفت (ف۔صف)(۱) قبضے میں (۲) پکڑ میں۔

درگزر (ف۔ا۔مث) معافی۔ چشم پوشی۔

درگزر کرنا (اُر۔مص مُرکّب) چشم پوشی کرنا۔ معاف کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

درگور (ف۔ صف) قبر میں۔ مریض جو کچھ عرصے کا مہمان ہو۔
در لانا (اَر۔ محاورہ)(۱) اندر یا نیچے لانا (۲) شامل کرنا۔
درمیان (ف۔ا۔مذ)(۱) بیچ۔ وسط (۲) (متعلق فعل) بیچ میں۔ وسط میں (۳) سامنے۔خیال میں (۴) دوران میں۔(۵) متعلق۔اندر۔
درمیان آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بیچ میں پڑنا۔ مداخلت کرنا (۲) واقع ہونا۔
درمیان دینا (اَر۔ محاورہ) ضامن دینا۔ بیچ میں ڈالنا۔
درمیان کا (اَر۔ صف) دیکھئے درمیانی۔
درمیان لانا (اَر۔ محاورہ)(۱) بیچ میں لانا۔ گفتگو میں ذکر کرنا۔ پیش کرنا۔
درمیانی (ف۔ صف)(۱) بیچ کا۔ جو بیچ میں آ جائے (۲) معمولی۔ اچھا (۳) اندرونی۔اندر کا (۴) جو اندر ہو (۵) صلح کرانے والا۔
درو بشت (ف۔ا۔مذ) بالکل۔ تمام (۲) بندش۔ کشائی۔ بندھائی۔
دریں (دَر۔اِیں)(ف۔ متعلق فعل) اِس میں۔
دریں اثنا (ف۔ع۔ متعلق فعل) اِسی عرصے میں۔
دریں چہ شک (ف۔ مقولہ) اِس میں کیا شک ہے۔
دریں صورت (ف۔ متعلق فعل) اِس صورت میں۔اِس حالت میں۔
دُر (س۔ صف) خراب۔ بُرا۔ گھٹیا (۲) (ہ۔ نفرت کا کلمہ) دُور کا مخفف۔ دُور ہٹ۔ پرے ہٹ (۳) زیادہ (ق)۔
دُربچن (ہ۔ا۔مذ) (۱) کھوٹی بات۔ بُری بات۔ بدکلامی۔ بدزبانی (۲) (ہ۔ صف) بدلگام۔ مُنہ پھٹ۔ دریدہ دہن۔
دُردُر کرنا (اَر۔ محاورہ) دُھتکارنا۔
دُردُر پھٹ پھٹ کرنا (اَر۔ محاورہ) لعنت ملامت کرنا۔ دُھتکارنا۔
دُردُر ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) دُھتکار پڑنا (۲) نکالا جانا۔
دُرکامی (ہ۔ صف) بدچلن۔ بدکار۔
دُرگت (دُرگتی)(ہ۔ا۔مث) خراب حالت۔ پتلا حال۔
دُرگت بنانا (کرنا)(اَر۔ محاورہ) بُری حالت کرنا۔ مارنا پیٹنا۔ ذلیل کرنا۔
دُرگند (ہ۔ا۔مث) بدبُو۔ عفونت۔
دُرمتی (ہ۔ صف)(۱) کوڑھ مغز (۲) بے وقوف۔ نادان (۳) احمق (۴) بُری سمجھ والا۔
دُرمکھی (ق۔ صف) بُری شکل والا۔ بدصُورت۔
دُرموئے (اَر۔ کلمہ حقارت۔ عو) دُور ہو کم بخت۔
دُرّ (بضمِ اوّل و تشدید دوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) موتی۔ گوہر (۲) کان میں پہننے کا ایک زیور۔
دُرافشاں (ع۔ف۔ صف)(۱) موتی بکھیرنے والا (۲) خوش بیان۔
دُرافشانی (ف۔ا۔مث)(۱) موتی بکھیرنا (۲) خوش بیانی۔
دُربار (ع۔ف۔ صف) موتی برسانے والا۔
دُربچہ (ع۔ف۔ا۔مذ) کان میں پہننے کا موتی۔ گوشوارہ۔
دُرِّ خوش آب (ع۔ف۔ا۔مذ) بہت قیمتی موتی (۲) عُمدہ شعر۔
دُردانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) موتی کا ایک دانہ۔
دُرریز (ع۔ف۔ صف)(۱) موتی بکھیرنے والا (۲) خوش بیان۔

دُرریزی (ع۔ف۔ا۔مث) خوش بیانی۔
دُرِّ شہوار (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) بادشاہوں کے قابل موتی (۲) بہت بڑا موتی۔
دُرِّ ناسُفتہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) بغیر چھدا ہوا موتی۔ اَن بیندھا موتی (۲) کنواری عورت۔ دوشیزہ۔
دُرِّ نایاب (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) بے مثل موتی (۲) فرزند۔
دُرِّ نجف (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا سفید پتھر جو نجف میں پایا جاتا ہے اور جسے اہلِ تشیع متبرک سمجھتے ہیں (۲) (کنایۃً) نجیب، شریف، اصلی نسلی سیّد۔
دُرِّ یتیم (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ موتی جو سیپ میں اکیلا ہو۔ بڑا موتی۔
دُرِّ یکتا (ع۔ف۔ا۔مذ) اکیلا موتی۔ بے مثل موتی۔ بہت قیمتی موتی۔
دِرا (دِ۔را)(دِ۔را)(ف۔ا۔مذ) گھنٹا۔ گھنٹی۔ جرس۔
دُرا (ق۔ا۔مذ) آقا۔ ملک۔
دَرّاج (دَر۔راج)(ع۔ا۔مذ) تیتر۔
دَراڑ (دَ۔راڑ)(ہ۔ا۔مث) شگاف۔ درز۔ رخنہ۔ جمع: دراڑوں۔ دراڑیں۔
دَراز (دَ۔راز)(ف۔ صف)(۱) لمبا۔ طویل (۲) پھیلا ہوا (۳)(اَر۔ا۔مث) میز یا الماری کا لمبا خانہ جسے کھینچ کر نکالا جاتا ہے۔
درازدست (ف۔ صف)(۱) لمبے ہاتھوں والا (۲) ظالم۔ سفاک۔ زبردست۔
درازدستی (ف۔ا۔مث) ظلم وستم۔ بے انصافی۔ زبردستی۔
دراز ریش (ف۔ صف) لمبی ڈاڑھی والا۔
دراز قد (ف۔ صف) لمبے قد والا۔ طویلُ القامت۔
دراز کرنا (اَر۔ مص مُرکب) پھیلانا۔
دراز گوش (ف۔ صف)(۱) لمبے کانوں والا (۲) گدھا (۳) خرگوش۔
دراز ہونا (اَر۔ محاورہ) لیٹنا۔ سونا۔
درازی (دَ۔را۔زی)(ف۔ا۔مث) لمبائی۔ طوالت۔
دَرّاک (ع۔ صف) ذہین۔ ہوشیار۔ سمجھ بوجھ والا۔ بات کی تہ پانے والا۔
دَرّاں (دَر۔راں)(ف۔ صف) پھاڑنے والا۔
دَرّانا (دَر۔را۔نا)(اَر۔ مص)(۱) بے دھڑک چلے آنا (۲) بغیر اجازت کسی کے گھر میں داخل ہونا (۳)(صف) بے دھڑک۔ بے خوف۔ بے خطر۔ بلا اجازت۔
دُرّانا (دُر۔را۔نا)(اَر۔ مص) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
دَرانتی (دَ۔راں۔تی)(ہ۔ا۔مث) گھاس کاٹنے کا اوزار۔ (پن) داتری۔ جمع: درانتیاں۔ درانتیوں۔
درانتی پڑنا (اَر۔ محاورہ) فصلوں کی کٹائی شروع ہونا۔
دُرّانی (ف۔ صف) ایرانی فاتح نادر شاہ کا لقب۔ دراصل "دُرِّ دوراں" تھا۔ کثرتِ استعمال سے دُرّانی بن گیا۔
دَراہم (دَرا۔ہم)(ع۔ا۔مذ) درہم کی جمع۔
دِرایت (دِ۔را۔یت)(ع۔ا۔مث) عقل۔ سمجھ۔ دانش (۲)(حدیث) وہ اُصول جن کا مقصد کسی روایت کو عقلی طور پر پرکھنا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَربار (دَر-بار) (ف-ا-مذ) (۱) بادشاہ کی مجلس جشن (۲) شاہی عدالت یا کچہری (۳) بادشاہوں کی ملاقات (۴) وہ مکان جہاں بادشاہوں کی مجلس ہو (۵) آستانہ۔ بارگاہ۔ محل۔ قصر (۶) حاضری۔ حاضر باشی۔ مجلس جو بڑے افسر سرکاری طور پر منعقد کریں۔ اُردو جمع: دربار۔ درباروں۔

دربار باندھنا (اُر-محاورہ) رشوت دینا۔ رشوت دے کر کام نکالنا۔

دربار برخاست ہونا (اُر-محاورہ) دربار ختم ہونا۔

دربارِ خاص (ف-ع-ا-مذ) وہ دربار جس میں اُمراء و رؤسا حاضر ہوں یا وہ عمارت جس میں اِس قسم کا دربار لگے۔

دربار دار (ف-صف) (۱) بادشاہ یا رئیسوں کی مجلس میں روز جانے والا (۲) خوشامدی۔ چاپلوس۔

دربار داری (ف-ا-مث) (۱) خوشامد (۲) حاضر باشی۔

دربارِ رسالت (ف-ع-ا-مذ) حضور نبی کریم محمد مصطفیٰ ﷺ کی مجلس۔

دربارِ عام (ف-ع-ا-مذ) شاہی مجلس جس میں عام لوگوں کو اپنی فریاد پیش کرنے کی اجازت ہو۔

دربار کرنا (اُر-محاورہ) (۱) بادشاہ کا وزیروں اور امیروں کا سلام لینا (۲) عدالت کرنا۔ اجلاس کرنا (۳) مصاحبت کرنا (۴) حاضر باشی کرنا۔

دربار لگنا (اُر-محاورہ) (۱) مجرائیوں کا مجلس میں اکٹھا ہونا (۲) بھیڑ یا مجمع ہونا۔

دربار مُعاف کرنا (اُر-محاورہ) دربار سے غیر حاضر ہونے کی اجازت دینا۔

دربار موقوف رکھنا (اُر-محاورہ) بادشاہ کا دربار نہ لگانا۔

دَرباری (دَر-با-ری) (ف-ا-مذ) دربار سے نسبت رکھنے والا۔ مصاحب۔ ندیم۔ اُردو جمع: درباری۔ درباریوں۔

درباری سازشیں (ف-اُر-ا-مث) وہ سازشیں جو درباری اُمرا بادشاہ کے خلاف یا ایک دُوسرے کے خلاف کرتے ہیں۔ (Court Intrigues)۔

دَربان (ف-ا-مذ) دَر (ف- بمعنی دروازہ) کے تحت دیکھیے۔

دَربانی (ف-ا-مث) دَر کے تحت دیکھیے۔

دَربند (ف-ا-مذ) دَر (ف- بمعنی دروازہ) کے تحت دیکھیے۔

دربندی (ف-ا-مث) دَر (دروازہ) کے تحت دیکھیے۔

دَرپَن (دَر-پَن) (س-ا-مذ) آئینہ۔ آرسی۔

دَرج (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع-ا-مذ) (۱) تحریر۔ لکھائی (۲) وہ چیز جس پر لکھا جائے (۳) تحریر جس کو لپیٹا جائے۔

درج کرنا (اُر-محاورہ) شاملِ فہرست کرنا۔ رجسٹر پر چڑھانا۔

دُرج (دُ-رج) (ع-ا-مذ) زیور رکھنے کا ڈبّا۔

دَرجات (دَ-رَ-جات) (ع-ا-مذ) درجہ کی جمع۔

دَرجَن (دَر-جَن) (اُر-ا-مذ) (۱) بارہ (۲) بارہ کا مجموعہ۔ ایک جنس کی بارہ چیزیں۔ انگریزی ڈزن (Dozen) کا بگاڑ۔ جمع: درجن۔ درجنوں۔

دُرجَن (ق-صف) بُرا آدمی۔ دُشمن۔

دَرَجہ (دَ-رَ-جہ) (ع-ا-مذ) (۱) سیڑھی (۲) قدم (۳) چھت۔ منزل (۴) چبوترا (۵) کمرہ۔ کوٹھڑی (۶) تماشا گاہ یا ریل کا ایک حِصّہ (۷) قسم۔ نوع (۸) مرتبہ۔ رُتبہ (۹) عُہدہ۔ منصب (۱۰) جماعت۔ زمرہ (۱۱) منٹ۔ دقیقہ (۱۲) کلاس۔ جمع: درجات۔ اُردو جمع: درجے۔ درجوں۔

درجہ اُترنا (اُر-محاورہ) ایک جماعت نیچے ہو جانا (اسکول میں) (۲) مرتبہ گھٹ جانا۔

درجہ بدرجہ (ع-ف-متعلق فعل) رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔ ترتیب وار۔

درجہ برابر ہونا (اُر-محاورہ) ایک جیسی عزّت یا قدر ہونا۔

درجہ بندی (ع-ف-ا-مث) خاص درجہ یا مقام متعین ہونا یا کرنا (۲) چیزوں کو قسم وار کرنا۔

درجہ ٹوٹنا (اُر-محاورہ) تنزّل ہونا۔ عُہدہ گھٹنا۔

درجہ حرارت (ع-ا-مذ) کسی جسم یا ہوا میں گرمی اور سردی کا اندازہ کرنا۔ ٹمپریچر۔

درجہ دینا (اُر-محاورہ) ترقی دینا۔

درجہ گھٹانا (اُر-محاورہ) تنزّل کرنا۔

درجہ ملنا (اُر-محاورہ) مرتبہ حاصل ہونا۔

درجہ وار (ع-ف-متعلق فعل) (۱) سلسلہ وار (۲) رُتبے کے مطابق (۳) درجہ بدرجہ۔

درجہ ہونا (اُر-محاورہ) (۱) عزّت ہونا۔ قدر ہونا (۲) بے عزّتی ہونا۔

دَرَخت (دَ-رَخت) (ف-ا-مذ) پیڑ۔ شجر۔ اُردو جمع: درخت۔ درختوں۔

درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے (اُر-مثل) اِنسان اپنے عمل و کردار سے بھلا یا بُرا ہوتا ہے۔ ہر چیز اُس کے نتیجے سے ظاہر ہوتی ہے۔

درخت بوئے تھے آم کے ہو گئے بَبُول (اُر-مثل) نفع کی اُمید تھی مگر نقصان ہوا۔

دَرَخشاں (دَ-رَخ-شاں) (ف-صف) چمکتا ہوا (۲) تاباں۔ روشن۔

دَرَخشانی (دَ-رَخ-شا-نی) (ف-ا-مث) چمک دمک۔ روشنی۔

دَرَخشَندہ (دَ-رَخ-شَن-دَہ) (ف-صف) چمکتا ہوا۔ تاباں۔ نورانی۔

دَرخواست (دَر-خاست) (ف-ا-مث) (۱) اِلتماس۔ گزارش (۲) عرضی۔ عرض داشت۔ سوال (۳) آرزُو۔ تمنّا۔ جمع: درخواستہا۔ اُردو جمع: درخواستوں۔ درخواستیں۔

درخواست دینا (اُر-محاورہ) (۱) عرضی بھیجنا (۲) نالش کرنا۔

درخواست کُنندہ (گزار) (ف-صف) عرضی بھیجنے والا۔ درخواست کرنے والا۔

دَرخور (دَر-خُر) (ف-صف) لائق۔ قابل۔ سزاوار۔

درخورِ اِعتنا (ف-صف) توجّہ کے قابل۔

دَرد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف-ا-مذ) (۱) تکلیف۔ دُکھ (۲) ٹیس۔ ہُوک۔ کسک (۳) سوز و گداز (۴) رحم۔ ترس۔ ہمدردی (۶) غم۔ رنج۔

درد آشنا (ف-صف) درد سے واقف۔ ہم درد۔

درد آگیں (ف-صف) (۱) درد سے بھرا ہوا (۲) تکلیف دہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دردآلود (ف۔ صف) (۱) غم زدہ (۲) جسے سخت تکلیف ہو (۳) تکلیف دہ۔
درد آمیز (ف۔ صف) رقت انگیز۔ دردناک۔ قابلِ رحم۔
درد آنا (ار۔ محاورہ) (۱) رحم آنا۔ ترس آنا۔
درد اُٹھنا (ار۔ محاورہ) درد محسوس ہونا۔ ٹیس پڑنا۔
درد انگیز (ف۔ صف) درد پیدا کرنے والا۔ درد آمیز۔
درد بٹانا (ار۔ محاورہ) ہمدردی کرنا۔ دُکھ میں شریک ہونا۔
درد پوچھنا (ار۔ محاورہ) ہمدردی کرنا۔ غمگساری کرنا۔
درد جانا (ار۔ محاورہ) درد رفع ہونا۔
درد جاننا (ار۔ محاورہ) کسی کی تکلیف کو محسوس کرنا۔
درد چھینا (ار۔ محاورہ) درد کو کم کرنا یا رفع کرنا۔
درد خوردہ (ف۔ صف) وہ جسے تکلیف ہو۔
دردِ دل (ف۔ ا۔ مذ) دل کا درد۔ رنج و غم۔ دلی صدمہ۔
درد رَس (ف۔ ا۔ مذ) غم زدہ۔ مصیبت زدہ۔
دردِ زہ (ف۔ ا۔ مذ) بچہ پیدا ہونے کا درد۔ جننے کا درد۔
دردِ سر (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سر کا درد (۲) تکلیف (۳) دقت۔ مشکل۔
دردِ سر اُٹھنا (ار۔ محاورہ) (۱) سر کا درد شروع ہونا (۲) تکلیف برداشت ہونا (۳) ذمے داری لینا۔
دردِ سر جانا (ار۔ محاورہ) (۱) جھگڑا مٹ جانا (۲) مصیبت رفع ہو جانا (۳) سر کا درد جاتا رہنا۔
دردِ سر خریدنا (ار۔ محاورہ) کسی جھگڑے میں پڑنا۔
دردِ سر دینا (ار۔ محاورہ) دق کرنا۔ تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔
دردِ سر کرنا (ار۔ محاورہ) مشقت کرنا۔ کسی کام کی انجام دہی کی فکر کرنا۔
دردِ سر مول لینا (ار۔ محاورہ) کوئی کام اپنے ذمے لینا۔
دردِ سری (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے دردِ سر۔
دردِ شکم (ف۔ ا۔ مذ) پیٹ کا درد۔
درد شریک (ف۔ صف) (۱) ہمدرد (۲) غم گسار۔ غم خوار۔
دردِ قولنج (ف۔ ا۔ مذ) پسلی کا درد جو پٹھوں کے سکڑنے سے ہوتا ہے۔
درد کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) تکلیف ہونا (۲) ہمدردی کرنا۔
درد کھانا (ار۔ محاورہ) رحم کھانا۔ ترس کھانا۔ افسوس کرنا۔
درد کے مارے (ار۔ متعلق فعل) درد یا تکلیف کی وجہ سے۔
دردِ گردہ (ف۔ ا۔ مذ) گردے کا درد جو گردے میں پتھری ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے۔
دردگیں (ف۔ صف) تکلیف دہ۔
دردِ لادوا (ف۔ ا۔ مذ) ایسی تکلیف جس کا کوئی علاج نہ ہو۔
درد لگنا (ار۔ محاورہ) درد ہونا۔ بچہ جننے کی تکلیف شروع ہونا۔
درد مند (ف۔ صف) ہمدرد۔ غمگسار۔ غم خوار۔
درد مندی (ف۔ ا۔ مث) ہمدردی۔ غمگساری۔ رحم دلی۔ ترس۔
دردناک (ف۔ صف) (۱) درد بھرا (۲) رنج دہ۔

دردیں لگنا (ار۔ محاورہ۔ لکھنؤ) دردِ زہ ہونا۔ بچہ جننے کی تکلیف میں مبتلا ہونا۔
دُرد (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مث) تلچھٹ۔
دُرد آشام (دُرد کش) (ک پر زبر) (ف۔ صف) (۱) تلچھٹ پینے والا (۲) خوشہ چین (۳) بڑا شرابی۔
دُرد خوار (ف۔ صف) دیکھئے دُرد آشام۔
دَردا (در۔ دا) (ف۔ کلمۂ افسوس) آہ۔ ہائے۔
دَردَرا (در۔ دَ۔ را) (ہ۔ صف) (۱) موٹا موٹا پسا ہوا۔ کٹا یا دَلا ہوا۔ دانے دار (۲) دندانے دار۔
دَرز (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مث) (۱) دراڑ۔ شگاف (۲) چہرے اور کھوپڑی کی ہڈیوں کا جوڑ (۳) سیون۔ کپڑے کی کھونچ جو سلی ہوئی ہو۔
دَرزَن (در۔ زن) (ار۔ ا۔ مث) درزی کی بیوی۔ کپڑا سینے کا کام کرنے والی عورت (۲) (ف۔ ا۔ مث) سُوئی۔ جمع: درزنوں۔ درزنیں۔
دَرزی (در۔ زی) (ف۔ ا۔ مذ) کپڑا سینے کا کام کرنے والا مرد۔
درزی کی سوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں (ار۔ مثل) انسان کو ہر کام کرنا چاہئے چاہے ادنیٰ ہو چاہے اعلیٰ۔
دَرس (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سبق (۲) وعظ۔ نصیحت۔ لیکچر۔ کتھا۔ جمع: دُرُوس۔
درس دینا (ار۔ محاورہ) درس پڑھانا۔ سبق دینا۔
درس کہنا (ار۔ محاورہ) (۱) وعظ کہنا۔ نصیحت کرنا (۲) لیکچر دینا۔ سبق پڑھانا۔
درس و تدریس (ع۔ ا۔ مذ) پڑھنا پڑھانا۔
درس ہونا (ار۔ محاورہ) سبق پڑھایا جانا۔ پڑھائی ہونا۔
دَرَس (دَرَس) (دَ۔ رَس) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) نظارہ (۲) درشن۔ دیدار۔
درس دکھانا (ار۔ محاورہ) دیدار کرانا۔ درشن دینا۔
دُرُست (دُ۔ رُست) (ف۔ صف) ٹھیک۔ بجا۔ صحیح۔ موزوں۔
دُرست آنا (ہونا) (ار۔ محاورہ) (۱) ٹھیک ہونا۔ صحیح ہونا۔ موزوں ہونا۔ مناسب ہونا (۲) عاید ہونا۔
دُرست بنانا (ار۔ محاورہ) ٹھیک بنانا۔ گوش مالی کرنا۔
دُرست پیماں (ف۔ صف) وعدے کا پکّا۔
دُرست رہنا (ار۔ محاورہ) ٹھیک رہنا۔
دُرست فرمانا (ار۔ محاورہ) (تعظیماً) ٹھیک بات کہنا۔ صحیح کہنا۔
دُرست کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) ٹھیک کرنا۔ سیدھا کرنا (۲) سنوارنا۔ سدھارنا (۳) گوش مالی کرنا۔ تادیب کرنا (۴) اِنتقام کرنا (۵) مرمت کرنا۔
دُرست ہو رہنا (ار۔ محاورہ) (۱) آراستہ ہونا۔ بناؤ سنگار کر لینا (۲) تیار ہو جانا۔
دُرست ہونا (ار۔ محاورہ) ٹھیک ہونا (۲) سیدھا ہونا۔ راہِ راست پر آجانا۔
دُرست ہے (ار۔ محاورہ) ٹھیک ہے۔ بجا ہے۔
دُرُستی (دُ۔ رُس۔ تی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) سچائی۔ راست بازی (۲) معقولیت۔ موزونیت۔ صحت۔ تصحیح۔ اِصلاح (۳) مرمت۔ ترتیب۔ ترمیم (۴) گوش مالی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تادیب۔ اُردو جمع: دَرسِتیاں۔ دَرسِتیوں۔

دَرسی (در۔سی)(ع۔صف)(۱) پڑھانے سے متعلق (۲) نصابی۔

دَرسیات (در۔سی۔یات)(ع۔ا۔مث) درسی کی جمع۔ اسکولوں میں پڑھنے پڑھانے سے متعلقہ اشیاء۔ کتابیں۔ نصاب۔

دُرُشت (دُ۔رُشت)(ف۔صف) سخت۔ کرخت۔ کھردرا۔ بھاری۔

دُرشت مزاج (ف۔صف) تند مزاج۔ اکل کھرا۔ جھگڑالو۔

دُرشتی (دُ۔رُش۔تی)(ف۔ا۔مث) سختی۔ بے رحمی۔ بدخلقی۔

دُرشتی سے پیش آنا (اُر۔محاورہ) سختی سے پیش آنا۔ بدخلقی سے ملنا۔

دَرشن (در۔شَن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دیدار۔ نظارہ۔ زیارت۔ ملاقات۔

درشن (پانا) کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) دیدار کرنا (۲) ملاقات ہونا۔ ملنا۔

درشن تھوڑے نام بہت (بڑے) (اُر۔مثل) شہرت تو بہت ہے مگر حقیقت کچھ بھی نہیں۔

درشن دینا (اُر۔محاورہ) صورت دکھانا۔ دیدار کرانا۔ ملنا۔

درشن کے بھاں لوبھی (ہ۔مثل) دیکھنے کو آنکھیں ترستی ہیں۔

دَرشنی (در۔شَ۔نی)(ہ۔صف)(۱) قابلِ دید (۲) خوبصورت۔ حسین۔ جوان (۳) فوراً قابلِ ادائیگی (ہنڈی) (۴) نمائشی۔ دکھاوے کا (۵)(ہ۔ا۔مث) تحفہ۔ نذر۔ بھینٹ۔

درشنی جوان (ہ۔ا۔مذ) خوبصورت مگر بُزدل جوان۔

درشنی ہُنڈی (ہ۔ا۔مث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ ہنڈی دکھاتے ہی مل جائے۔

دِرع (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) پیرہن۔ لباس۔ پوشاک (۲) زرہ جو لڑائی کے وقت پہنتے تھے۔

درع پوش (ع۔ف۔صف) زرہ پوش سپاہی۔

دِرعہ (در۔عہ)(ع۔ا۔مذ) کپڑا یا زمین ناپنے کا آلہ۔ گز۔

دُرَفش (دُ۔رَفش)(دُ۔رَفش)(ف۔ا۔مذ)(۱) جھنڈا۔ پرچم۔ علم۔ پھریرا (۲) رومال جو سر پر لڑائی کے وقت باندھ لیتے تھے (۳) روشنی۔ چمک دمک۔ بجلی۔ کوئی چمکنے والی چیز۔

درفشِ کاویانی (ف۔ا۔مذ) ایران کے بادشاہ ضحاک کے عہد میں ایک ایرانی لوہار "کاوہ" کا وہ انقلابی جھنڈا جو اُس نے ضحاک کے خلاف دوران بغاوت بلند کیا تھا اور جو اُس نے اپنی دھونکنی کے چمڑے سے بنایا تھا (۲) سہ گوشیہ کپڑا جو جھنڈے کے سرے پر لگایا جاتا تھا (۳) ایران کے ساسانی بادشاہوں کا جھنڈا۔

دَرَک (دَ۔رَک)(ع۔ا۔مذ)(۱) عقل۔ سمجھ۔ تمیز۔ واقفیت (۲) دخل۔

درک دینا (اُر۔محاورہ)(۱) دخل دینا۔ بیچ میں بولنا (۲) مزاحمت کرنا (۳) دست اندازی کرنا۔

درک ہونا (اُر۔محاورہ) واقفیت ہونا۔ علم ہونا۔ مہارت ہونا۔

دَرَکات (دَ۔رَ۔کات)(ع۔ا۔مذ) دَرَکہ کی جمع۔

دَرَکنا (دَ۔رَک۔نا)(ہ۔مص) تڑکنا۔ پھٹنا۔ شگاف پڑنا۔

دَرَکہ (در۔کہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) دوزخ کا ایک طبقہ (۲) تلیٹی۔

دَرگاہ (در۔گاہ)(ف۔ا۔مث)(۱) آستانہ۔ چوکھٹ (۲) خانقاہ۔ روضہ۔ مزار (۳) دربارِ شاہی۔ اُردو جمع: درگاہوں۔ درگاہیں۔

دُرگا (دُر۔گا)(س۔ا۔مث)(۱) ہندوؤں کی دیوی بھوانی۔ شوجی کی بیوی (۲) بدصورت عورت۔

دُرگت (دُر۔گت)(ہ۔ا۔مث) دُر (س۔صف) کے تحت دیکھیے۔

درگزر (در۔گُ۔زر)(ف۔ا۔مث) معافی۔ چشم پوشی۔ اغماض۔

درگزر کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) چشم پوشی کرنا (۲) معاف کرنا (۳) بُھلانا۔

درگزرنا (اُر۔مص) معاف کرنا۔ چھوڑنا۔

دِرَم (دِرہَم) (دِ۔رَم)(دِر۔ہَم)(ع۔ا۔مذ)(۱) چاندی کا ایک سکہ جو دو آنے کے برابر ہوتا تھا (۲) ۵ ماشے ۱½ رتی کے برابر وزن (۳) نقدی۔ روپیہ۔

درم خریدہ (ع۔ف۔صف)(۱) قیمت دے کر خریدا ہوا (۲) زر خرید غلام۔

دَرماں (در۔ماں)(ف۔ا۔مذ)(۱) علاج۔ دوا دارو۔ چارہ گری۔

دَرماندگی (در۔ماں۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) مجبوری۔ عاجزی (۲) تکلیف۔ مصیبت۔

دَرماندہ (در۔ماں۔دہ)(ف۔صف)(۱) مصیبت زدہ (۲) بے چارہ (۳) لاعلاج۔

دَرماہہ (ق۔ا۔مث) تنخواہ۔

دُرمُٹ (دُرمُس) (در۔مُٹ)(دُر۔مُس)(ہ۔ا۔مذ) کنکر اور روڑی کوٹنے کا آلہ۔

دَرمَن (در۔مَن)(ف۔ا۔مذ) دیکھیے درماں جس کا یہ مخفف ہے۔

دَرمیان (ف۔ا۔مذ) دَر (ف۔حرفِ ربط) کے تحت دیکھیے۔

دَرمیانی (ف۔صف) دَر (ف۔حرفِ ربط) کے تحت دیکھیے۔

دَرِندگی (دَ۔رِن۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) وحشت۔ ظلم۔ درندہ پن۔

دَرِندہ (دَ۔رِن۔دہ)(ف۔صف)(۱) پھاڑنے والا۔ چیرنے والا۔ خونخوار۔ پھاڑ کھانے والا جانور۔

دَرَنگ (دَ۔رَنگ)(ف۔ا۔مث) دیر۔ توقُّف۔ تاخیر۔ وقفہ۔

دِرَو (دِ۔رَو)(ف۔ا۔مذ) فصل کاٹنا۔

دَروازہ (در۔وا۔زہ)(ف۔ا۔مذ) دَر۔ کسی عمارت میں داخل ہونے کا راستہ۔ پھاٹک۔ اُردو جمع: دروازوں۔ دروازے۔

دروازہ بند کرنا (اُر۔مص مُرکّب) دروازہ بھیڑ دینا۔ دروازے کو کنڈی لگا دینا (۲) سلسلہ ختم کر دینا۔

دروازہ بند ہو جانا (اُر۔مص مُرکّب) دیکھیے دروازہ بند کرنا جس کا یہ لازم ہے (۲)(محاورہ)(۱) وقت ہو جانا (۲) ملاقات کا وقت نہ رہنا (۳) گھر پر نہ ہونا۔

دروازہ بھیڑنا (اُر۔محاورہ) دروازے کے پٹ بند کر دینا لیکن کنڈی نہ لگانا۔

دروازہ تنگ ہونا (اُر۔محاورہ) رزق کم ہونا۔ آمدن کم ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دروازہ تیغا کرنا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے دروازہ چُننا۔
دروازہ ٹھوکنا (اَر۔ محاورہ) دروازے پر ہاتھ مارنا تاکہ وہ کھل جائے۔
دروازہ چُننا (اَر۔ محاورہ) اینٹیں چُن کر دروازے کو بند کر دینا۔
دروازہ زنجیر کرنا (اَر۔ محاورہ) دروازے کی زنجیر لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔
دروازہ کھٹکھٹانا (اَر۔ محاورہ)(۱) دروازے پر کوئی چیز مارنا تاکہ وہ کھولا جائے (۲) مانگنا۔ درخواست کرنا۔
دروازہ کھلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دروازے کی زنجیر اُترنا (۲) آمدنی بڑھ جانا۔
دروازے (اَر۔ ا۔ مذ)(۱) دروازہ کی جمع (۲) دروازہ کی مغیرہ صورت۔
دروازے پر آئی برات۔ سمدھن کو لگی ہگاس (اَر۔ مثل) عین وقت پر گھبراہٹ۔
دروازے پر کھڑا رہنا (اَر۔ محاورہ)(۱) منتظر رہنا (۲) مہربانی کا اُمیدوار ہونا۔
دروازے پر ہاتھی جھومنا (اَر۔ محاورہ) دولت مند ہونا۔
دروازے کی مٹی لے ڈالنا (اَر۔ محاورہ) بار بار آنا۔ سخت تقاضا کرنا۔
دُرُود (دُ۔ رُود) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) صلوات۔ رحمت (۲) تحسین و آفرین۔ شاباش (۳) اِستغفار (۴) تعریف۔ سلام۔ دُعا (۵) تسبیح۔ اِصطلاحاً وہ دُعا اور سلام جو حضور نبی کریم محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم پر پڑھا جائے۔
درود بھیجنا (پڑھنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) صلوٰت پڑھنا (۲) تعریف کرنا۔ تحسین کرنا (۳) کسی خوبصورت شے کو دیکھ کر خُدا کو یاد کرنا (۴) پیغمبر کی تعریف کرنا۔
درود پڑھنے کے قابل (اَر۔ صف)(۱) نہایت نفیس (۲) قابلِ تعریف۔
دَرُوغ (دَ۔ رُوغ)(ف۔ ا۔ مذ) جھوٹ۔ کِذب۔ بُہتان۔
دروغ باف (ف۔ صف) جھوٹا۔ دروغ گو۔
دروغ بافی (ف۔ ا۔ مث) جھوٹ کا تانا بانا بُننا۔ جھوٹی بات بنانا۔
دروغ برگردنِ راوی (ف۔ مثل) جھوٹ کا گُناہ بیان کرنے والے کے سر ہوتا ہے۔
دروغ بیانی (ف۔ ا۔ مث) جھوٹ بولنا۔
دروغ حلفی (ف۔ ا۔ مث) جھوٹی قسم۔ قانون کے خلاف جھوٹ بولنا۔
دروغ کو فروغ نہیں (اَر۔ مثل) جھوٹ میں کامیابی نہیں ہوتی۔
دروغ گو (ف۔ صف) جھوٹا۔ کاذب۔ دروغ باف۔
دروغ گورا حافظہ نہ باشد (ف۔ مثل) جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا۔ جھوٹ بولنے والا اپنے بیان کی خود تردید کر دیتا ہے۔
دروغ گویم بر رُوئے تو (ف۔ مقولہ) تیرے رُوبرو جھوٹ بولتا ہوں۔ جب کوئی واضح طور پر جھوٹ بولے تو اُس وقت کہتے ہیں۔
دروغ گوئی (ف۔ ا۔ مث) جھوٹ بولنا۔ دروغ بافی۔
دروغِ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز (ف۔ مقولہ) جس سچ سے فساد بڑھے اُس سے وہ جھوٹ جس سے فساد مٹے' بہتر ہے۔
دروغہ (ف۔ ا۔ مذ) داروغہ کا مخفف۔

دَرُون (دَ۔ رُون) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) اندرونی حِصّہ (۲) دل۔ باطن (۳) (متعلق فعل) میں۔ بیچ۔ اندر۔ نیز دیکھیے اندرُون۔
درُون بین (ف۔ صف) دل کی یا باطنی کیفیت دیکھنے والا۔
درُون بینی (ف۔ ا۔ مث) داخلی کیفیت یا حالت دیکھنا۔
درُونِ خانہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) گھر کا اندرونی حِصّہ (۲) زنان خانہ (۳) (متعلق فعل) اندر ہی اندر۔ نیز دیکھیے اندرُونِ خانہ۔
دَرُونَہ (دَ۔ رُو۔ نَہ)(ف۔ ا۔ مذ) سینہ۔ دل۔
دَرُونی (دَ۔ رُو۔ نی)(ف۔ صف) اندرونی۔ باطنی۔
دَرْوِیش (دَر۔ ویش)(ف۔ ا۔ مذ) (۱) فقیر۔ صاحبِ معرفت۔ خُدارسیدہ (۲) غریب۔ مفلس۔ مسکین۔ جمع: درویشاں۔ اُردو جمع: درویش۔ درویشوں۔
درویش خصلت (ف۔ صف) سادہ مزاج۔ قلندر۔
درویش صِفت (ف۔ صف) وہ شخص جس میں درویشوں کی سی خوبیاں ہوں۔
درویش صِفت باش' کلاہِ تتری دار (ف۔ مثل) انسان میں اچھی صفتیں ہونی چاہئیں' لباس چاہے کیسا ہی ہو۔ (تتری: تاتاری)۔
درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اُوشت (ف۔ مثل) فقیر جہاں پڑ رہے وہی اُس کا گھر ہے۔
دَرْوِیشانَہ (دَر۔ وے۔ شا۔ نَہ)(ف۔ متعلق فعل) غریبانہ۔ درویشوں کی مانند۔
دَرْوِیشی (دَر۔ وے۔ شی)(ف۔ ا۔ مث) (۱) درویشوں کا طریق (۲) فقیروں کی طرح رہنا (۳) غربت۔ مفلسی (۴) گدائی۔
دَرّہ (دَر۔ رَہ)(ف۔ ا۔ مذ) (۱) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ وادی (۲) گھاٹی۔ اُردو جمع: درّوں۔ درّے۔
دُرّہ (دُر۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چمڑے کا چابک۔ تازیانہ۔ کوڑا۔ اُردو جمع: دُرّوں۔ دُرّے۔
دُرّے پڑنا (اَر۔ محاورہ) کوڑے لگنا۔ شرعی سزا عائد ہونا۔
دُرّے (لگانا) مارنا (اَر۔ محاورہ) کوڑے مارنا۔
دِرہَم (دِر۔ ہَم)(ع۔ ا۔ مذ) دیکھیے دِرَم۔
دَرْہَم (دَر۔ ہَم)(ف۔ صف) گڑبڑ۔ تِتر بتر۔ اُلٹ پلٹ۔ گڈمڈ۔ تہ و بالا۔ خلط ملط۔ عموماً برہم کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔
درہم برہم ہونا (اَر۔ محاورہ) اُلٹ پلٹ ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ گڑبڑ ہونا۔
دَرِی (دَ۔ ری)(ہ۔ ا۔ مث) (۱) شطرنجی (۲) موٹے سوتی کپڑے کا فرش (۲) غار۔ وادی (۳)(ف۔ ا۔ مث) (۱) ایران کی ایک علاقائی زبان (۲) فارسی لاحقہ جو پھاڑنے اور چاک کرنے کے معنوں میں آتا ہے جیسے عصمت دری۔
دُرِی (دُ۔ ری)(ہ۔ ا۔ مث) تاش میں دو کا پتّا۔ دُکّی۔ دو کا پانسا۔
دَرْیا (دَر۔ یا)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) ندی۔ پانی کی بڑی دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر کسی بڑی جھیل' یا سمندر میں مل جائے۔ اُردو جمع: دریا۔ دریاؤں (۲) (صف) وسیع۔ بہت۔
دریا بار (ف۔ صف) بہت برسنے والا (۲) سخی۔ فیّاض۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دریا اُترنا (اَر۔ محاورہ) دریا کا گھٹنا۔ دریا کا پانی کم ہونا۔

دریا اُمڈنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دریا کا جوش میں آنا (۲) کسی چیز کا بہت زور ہونا۔

دریا برار (دریا بر آمد) (ف۔ صف۔ و۔ ا۔ مث) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئے۔

دریا بُرد (ف۔ صف) دریا میں ڈوبا ہوا۔ وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ڈوب گئی ہو اور دریا کا حِصّہ بن گئی ہو۔

دریا بُرد ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) غرق ہونا۔ ڈوبنا (۲) نیست و نابود ہونا۔ مٹ جانا۔

دریا بہانا (اَر۔ محاورہ)(۱) بہت پانی بہانا (۲) خوب آنسو بہانا۔ بہت رونا۔

دریا پار (ف۔ اَر۔ متعلق فعل) دریا کے دُوسرے کنارے پر۔

دریا پر جانا اور پیاسے آ جانا (اَر۔ محاورہ) بدقسمت کے لئے کہا جاتا ہے کہ موقع ملا بھی مگر فائدہ نہ اُٹھایا۔

دریا چڑھنا (اَر۔ محاورہ) دریا کا طغیانی پر آنا۔ سیلاب آنا۔

دریا دِل (ف۔ صف) فیّاض۔ سخی۔ دیالو۔

دریا دِلی (ف۔ ا۔ مث) فیّاضی۔ سخاوت۔

دریا دِلی دکھانا (اَر۔ محاورہ) بہت خرچ کرنا۔ خوب فیّاضی کرنا۔

دریا کا پھیر (اَر۔ ا۔ مذ) دریا کا چکّر۔

دریا کا پھیر کس نے پایا ہے (اَر۔ مثل) دانا آدمی کی بات کسی کی سمجھ میں نہیں آتی۔

دریا کَش (کاف مفتوح)(ف۔ ا۔ صف) بے حد پینے والا شرابی۔

دریا (کو) کوزے میں بند کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی بہت بڑے مضمون کو تھوڑے لفظوں میں بیان کرنا۔

دریا کو ہاتھ سے روکنا (اَر۔ محاورہ) مشکل کام کا اِرادہ کرنا۔

دریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر (اَر۔ مثل) جہاں رہنا وہاں کے زبردست آدمیوں سے مخالفت رکھنا۔

دریائے آہن میں ڈوبا ہونا (اَر۔ محاورہ) سرتاپا مُسلّح ہونا۔

دریائے اشک بہانا (اَر۔ محاورہ) جی بھر کر رونا۔ آنسوؤں کا دریا بہانا۔

دریائے ذخّار (ف۔ صف) موجیں مارتا ہوا دریا۔

دریائے رحمت (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) خُدا تعالیٰ کی مہربانی۔

دریائے شور (ف۔ ا۔ مذ)(۱) کالا پانی (۲) نمکین پانی کا دریا۔

دریائے قیر (ف۔ ا۔ مث)(۱) سخت کالی رات (۲) سیاہی کی دوات۔

دَریاؤ (ق۔ ا۔ مذ) دیکھئے دریا۔

دَرْیافْت (دَر۔ یافت)(ف۔ ا۔ مث) تفتیش۔ تحقیق۔ ٹوہ۔

دریافت طلب اَمر (ف۔ ا۔ مذ) پوچھنے والی بات۔

دریافت کرنا (اَر۔ محاورہ) تحقیق کرنا۔ معلوم کرنا۔ پتا لگانا۔ کھوج لگانا۔ پُوچھنا۔

دریافت کُنندہ (کُ۔ نن۔ دَہ)(ف۔ صف) دریافت کرنے والا۔ پُوچھنے والا۔

دَریائی (دَر۔ یا۔ اِی)(ف۔ صف)(۱) دریا کا۔ دریا سے منسوب (آدمی۔ پری۔ گھوڑا وغیرہ)(۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

دریائی آدمی (اَر۔ ا۔ مذ) جَل مانس۔ آدمی کی صورت کا بحری جانور۔ دریا میں رہنے والا آدمی۔

دَرِیبا (دَ۔ ری۔ بَا)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) پانوں کا بازار (۲) پنواڑیوں کا محلّہ۔

دَرِیْتی (دَ۔ رے۔ تی)(ہ۔ ا۔ مث) باریک پیسنے کی چھوٹی چکّی۔

دَرِیچَہ (دَ۔ ری۔ چہ)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) چھوٹا دروازہ۔ کھڑکی (۲) موکھا۔ اُردو جمع: دریچوں۔ دریچے۔

دَرِیدَگی (دَ۔ ری۔ دَ۔ گی)(ف۔ ا۔ مث)(۱) پھاڑنا (۲) چیر۔ شگاف۔

دَرِیدَہ (دَ۔ ری۔ دَہ)(ف۔ صف)(۱) پھٹا ہوا (۲) چِرا ہوا (۳) شگاف دیا ہوا۔

دریدہ دہن (ف۔ صف) گستاخ۔ بدزبان۔ مُنہ پھٹ۔

دَرِیس (دَ۔ ریس)(یائے مجہول)(اَر۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) انگریزی ڈریسڈ کا مؤرّد (۱) تیار۔ آراستہ۔ باقاعدہ (۲) سیدھا۔ مُسطّح۔ ہموار (۳) ہوشیار۔ کَیل کانٹے سے درست (۴) پوشاک۔ ڈریس۔

دریس کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) پوشاک پہننا (۲) سیدھا کرنا (۳) دُرست کرنا۔ ٹھیک کرنا (۴) ہموار کرنا (۵) زخموں کو صاف کر کے باندھنا۔

دَرِیغ (دَ۔ ریغ)(یائے مجہول)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) اِنکار۔ تأمّل۔ بُخل (۲) نفرت (۳) افسوس۔ رنج۔ غم (۴) آہ۔

دریغ آنا (اَر۔ محاورہ) افسوس کرنا۔ رنج ہونا۔

دریغ رکھنا (کرنا) (اَر۔ محاورہ)(۱) کنجوسی کرنا۔ بُخل کرنا (۲) تأمّل کرنا۔ کوتاہی کرنا (۳) افسوس کرنا۔

دَرِیغا (دَ۔ رے۔ غا)(ف۔ کلمۂ تأسّف) ہائے افسوس!

دَرِیں (دَ۔ ریں)(ف۔ متعلق فعل) دَر (ف۔ حرفِ ربط) کے تحت دیکھئے۔

دَرْیُوزَہ (دَر۔ یُو۔ زَہ)(ف۔ ا۔ مذ) گدائی۔ فقیری۔ بھیک۔

دریوزہ گر (ف۔ ا۔ مذ) بھکاری۔ گداگر۔ فقیر۔ جمع: دریوزہ گراں۔

دریوزہ گری (ف۔ ا۔ مث) گداگری کا پیشہ۔ بھیک مانگنا۔

د۔ڑ

دَڑاڑ (ہ۔ مث) دیکھئے دراڑ۔

دَڑْبا (دَڑ۔ با)(ہ۔ ا۔ مذ) کابُک۔ کبوتروں یا مُرغیوں کا گھر یا خانہ۔ جمع: دڑبوں۔ دڑبے۔

دڑبا کھول دینا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کی آزادی دینا۔ کوئی کام بے روک ٹوک کرنا یا کرنے کی اجازت دینا۔

دَڑْبڑانا (دَڑ۔ بَ۔ ڑا۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) جھوٹا ٹھہرانا (۲) ڈرا کر گھبرا دینا۔ خوف دِلانا۔ دھمکانا۔ جھڑکنا (۳) مغلوب کرنا۔

دَڑْبے (دَڑ۔ بے)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) دڑبا کی جمع (۲) دڑبا کی مُغیّرہ صورت۔

دڑبے دڑبے کرنا (اَر۔ محاورہ) مُرغیوں کو آواز دے کر دڑبے میں بند کرنا۔

دَڑْچَنا (دَڑ۔ چَ۔ نا)(ق۔ مص) دبا دبا کر بھرنا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا۔

دَڑَڑ (دَ۔ ڑَڑ)(ہ۔ صف)(۱) سخت بے وقوف (۲)(ا۔ مذ) نالے یا دریا کا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سیلاب کی حالت میں ہونا (۳) آبشار۔

دَڑَکنا (دَ۔ ڑَک۔نا)(ہ۔مص) ڈکارنا (۲) پھٹ کر جانا۔ بہت کھانا۔

دَڑَنگا (دَ۔ ڑَنگا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لمبا قدم۔ ڈگ (۲) لمبا تانگا۔ جمع: دڑنگوں۔ دڑنگے۔

دڑنگے لگانا (ہ۔محاورہ)(۱) لمبے لمبے ڈگ بھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ اُچھلتے کودتے پھرنا (۲) لمبے لمبے ٹانگے بھرنا۔

دَڑوکنا (دَ۔ ڑوک۔نا)(ہ۔مص) دھاڑنا۔ گرجنا۔ چنگھاڑنا۔

دَڑھ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم)(ہ۔ا۔مث) ڈاڑھی کا مخفف۔

دَڑھیل (دَڑھ۔یل)(ہ۔صف) لمبی ڈاڑھی والا۔

دَڑیڑا (دَ۔ ڑے۔ ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بہاؤ کا زور (۲) زور کا مینہ (۳) سخت حملہ۔

دَڑیلا (دَ۔ ڑے۔لا)(ق۔ا۔مذ) آبشار۔ جھرنا۔

دَڑی مارنا (ق۔مص) چھپ کر بیٹھ رہنا۔

د۔ ز

دَز (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) قلعہ (۲) شہر (۳) محل۔ بالاخانہ۔

دُزد (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) چوری کرنے والا۔ چور۔

دُزدِ حنا (ف۔ا۔مذ) مہندی کا چور۔ وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جاتی ہے۔

دُزدی (دُز۔دی)(ف۔ا۔مث) چوری۔

دُزدِیدَہ (دُز۔دی۔دَہ)(ف۔صف) چرایا ہوا۔ چرائی ہوئی۔

دُزدیدہ نظر (نگاہ) (ف۔ا۔مث) کن انکھیوں سے دیکھنا (۲)(صف) کن انکھیوں سے دیکھنے والا (۳) نظر چرانے والا۔

دُزدیدہ (نظر) نگاہ سے دیکھنا (اُر۔محاورہ) کنکھیوں سے دیکھنا۔

دُزدیدہ نظری (نگاہی) (ف۔ا۔مث) نظر چرانے کا عمل۔

د۔ س

دَس (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔عدد) نو سے اگلا عدد۔ دہ۔ عشر۔ ۱۰۔

دس آنا دس جانا (اُر۔محاورہ) آمدورفت کا سلسلہ جاری رہنا۔

دس اُنگلی دس چراغ (اُر۔مثل) ہر فن میں کامل۔

دس باتیں سُنانا (اُر۔محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔

دس پانچ (دس بیس) (اُر۔صف) چند۔

دس کماتے تھے بیس کھاتے تھے ‘ برسات کے بعد گھر آتے تھے (اُر۔مثل) بہت فضول خرچی کرتے تھے۔

دس کی دو کہنا (اُر۔محاورہ) زیادہ تعداد کو گھٹا کر بیان کرنا۔

دس (جنے) کی لاٹھی ایک (جنے) کا بوجھ (اُر۔مثل) بہت سے آدمی تھوڑا تھوڑا سلوک کریں تو ایک کی ضرورت پوری ہو جاتی ہے۔

دس گز کی زبان (اُر۔ا۔مث) بہت زبان دراز۔

دس گُنا (اُر۔صف) دہ چند۔

دس گھرا (اُر۔ا۔مذ) لڑکیوں کا ایک کھیل جس کے دونوں طرف دس دس گھر ہوتے ہیں۔

دس گھر مانگنا (اُر۔محاورہ) دربدر بھیک مانگنا۔

دس نکٹوں میں ایک ناک والا بھی نکّو ہو جاتا ہے (اُر۔مثل) بہت سے بُروں میں ایک اچھا بھی بُروں میں شمار ہونے لگتا ہے۔ بے عزتوں میں عزت دار بھی بدنام ہو جاتا ہے۔

دِسا (دِ۔سا)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے دِشا۔

دَسا (دَ۔سا)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے دَشا۔

دُسّا (دُسّہ) (دُس۔سا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا اُونی گرم کپڑا۔ ایک قسم کی چادر۔ پشمینہ۔ دُھسّا۔

دَساتیر (دَ۔سا۔تیر)(ع۔ا۔مذ) دستور کی جمع (۲) نقول۔ نمونے۔ آئین۔ قانون (۳) پارسیوں کی مقدس کتابیں (۴) پارسیوں کے پیشوا۔

دِساسُول (دِ۔سا۔سُول)(س۔ا۔مذ) رجالُ الغیب۔ فرضی غائب وجود۔

دِساوَر (دِ۔سا۔وَر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) غیر ممالک (۲) غیر مُلک کی منڈی (۳) سوداگری کا مال جو غیر مُلک سے آئے (۴) وہ جگہ جہاں ہر چیز فروخت کے لئے جمع کریں۔

دساور آنا (اُر۔محاورہ) باہر سے مال آنا۔ غیر ملکی مال آنا۔

دساور بھرنا (اُر۔محاورہ) مال باہر بھیجنا۔

دساور چڑھنا (اُر۔محاورہ)(۱) غیر ممالک سے کسی چیز کی مانگ ہونا (۲) گرانی ہونا۔

دساور کی مانگ ہونا (اُر۔محاورہ) ممالک غیر سے کسی چیز کی مانگ ہونا۔

دِساوَری (دِ۔سا۔وَ۔ری)(ہ۔صف)(۱) بدیسی۔ باہر سے آیا ہوا (۲) غیر ملکی آدمی (۳) ایک قسم کا کبوتر (۴) ایک قسم کا پان۔

دساوری مال (ہ۔ا۔مذ)(۱) باہر جانے والا تجارتی مال (۲) بھرتی کا مال۔

دَسپَنا (دَس۔پَ۔نا) دیکھئے دست پناہ۔

دَست (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) ہاتھ۔ پنجہ (۲) قدرت۔ طاقت۔ قابو۔ غلبہ۔ نُصرت۔ فتح (۳) پتلا پاخانہ۔ اسہال۔ جمع: دست۔ دستوں (۴) عدد۔ تعداد۔ شکاری پرندوں کی گنتی کی اکائی جیسے یک دست جُرہ باز (۶)(صف) تمام۔ بالکل۔ پوری شے۔

دست آزما (ف۔صف) ہاتھ کو آزمانے والا۔ تجربہ کار۔

دست آزمائی (ف۔ا۔مث) مشق۔ تجربہ۔

دست آشنا (ف۔صف) بیچ میں پڑنے والا۔ بچولیا۔

دست آموز (ف۔صف)(۱) ہاتھ پر سکھایا ہوا ‘ ہلایا ہوا۔ پالتو (۲) کام کا۔ آرام کا (۳) کاری گر۔ دست کار۔

دست آنا (اُر۔محاورہ) پتلے پاخانے آنا۔ اسہال ہونا۔

دست آور (ف۔صف) دست لانے والی دوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دست ابرنجن (ف ۔ ا ۔ مذ) کنگن ۔ ہاتھوں میں پہننے کا زیور ۔
دستِ ادب باندھنا (اَر ۔ محاورہ) اَدب سے ہاتھ باندھنا ۔
دستِ افسوس مَلنا (اَر ۔ محاورہ) کفِ افسوس ملنا ۔ پچھتانا ۔ افسوس کرنا ۔
دست اَفشاں (ف ۔ صف) ہاتھوں کو ہلانے یا حرکت دینے والا ۔ ناچنے والا ۔ رقاص ۔
دست اُفگن (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) نوکر (۲) نشانی (۳) (صف) مشغول (۴) کمزور ۔
دست انداز (ف ۔ صف) (۱) کسی کام میں دخل دینے والا ۔ خلل انداز (۲) مُزاحم ۔
دست اندازی (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) دخل ۔ مداخلت (۲) مزاحمت ۔ تعرّض ۔
دست اندازی کرنا (اَر ۔ محاورہ) (۱) ہاتھ ڈالنا ۔ مداخلت کرنا ۔ دخل دینا (۲) مزاحمت کرنا ۔ رُکاوٹ ڈالنا ۔ تعرّض کرنا ۔
دستِ بادپیما (ف ۔ ا ۔ مذ) ہاتھ جو ہوا میں ہلے جیسے شرابی کا ہاتھ ۔
دست باز (ف ۔ صف) (۱) چالاک ۔ ہوشیار ۔ کاریگر (۲) وہ جو سب کچھ خرچ کر دے (۳) شطرنج کا کھلاڑی ۔
دست بدست (بہ دست) (ف ۔ متعلق فعل) ہاتھوں ہاتھ ۔ بہت جلد ۔
دست بدُعا (بہ دُعا) (ف ۔ صف) دُعا کے لئے ہاتھ اُٹھائے ہوئے ۔
دست بُرد (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) غبن ۔ خیانت (۲) لوٹ مار ۔ لوٹ کھسوٹ (۳) تصرّف بے جا ۔
دست بردار (ف ۔ صف) چھوڑنے والا ۔ باز آنے والا ۔
دست برداری (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) علیحدگی ۔ برطرفی (۲) چھوڑ دینا ۔ ترک کرنا ۔ تیاگ دینا ۔
دست بستہ (ف ۔ صف) ہاتھ باندھ کر ۔ ہاتھ جوڑ کر ۔ منت کر کے ۔
دست بقبضہ ہونا (بہ ۔ قبضہ) (اَر ۔ محاورہ) لڑنے کے لئے تیار ہونا ۔
دست بُقچہ (ف ۔ ا ۔ مذ) چھوٹا تھیلا ۔ ہینڈ بیگ ۔
دست بکار دل بیار (ف ۔ مثل) کام کرتے ہوئے بھی محبوب کی یاد دل میں رہتی ہے ۔ اچھی چیز کا خیال کسی وقت دل سے دُور نہیں ہوتا ۔
دست بند (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) موتی اور جواہرات کا گچھا جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں (۲) سونے چاندی کا زیور جو ہاتھ کی پشت پر پہنا جاتا ہے (۳) ایک قسم کے کڑے (۴) ایک ناچ جس میں ہاتھ ہلاتے ہیں ۔
دست بندھک (اَر ۔ صف) رہن ۔ گرو ۔
دست بوس ہونا (اَر ۔ محاورہ) (۱) ہاتھ چومنا (۲) مُلاقات کرنا ۔
دست بیع ہونا (اَر ۔ محاورہ) مُرید ہونا ۔ چیلا بننا ۔
دست پاچہ ہونا (اَر ۔ محاورہ) سٹ پٹانا ۔ گھبرانا ۔
دست پاک (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) رومال (۲) تولیا ۔ انگوچھا ۔
دست پناہ (ف ۔ ا ۔ مذ) چمٹا ۔
دست پروَردہ (ف ۔ صف) ہاتھ کا پلا ہوا ۔ ناز و نعمت کا پلا ہوا ۔
دستِ پیرہن (ف ۔ ا ۔ مذ) آستین ۔
دست پیماں (ف ۔ ا ۔ مذ) مہر معجّل ۔ وہ نقد جنس یا زیور جو شبِ عروسی دُولہا دُلہن کو بطور تحفہ دیتا ہے ۔

دستِ تاسُف ملنا (اَر ۔ محاورہ) افسوس سے ہاتھ ملنا ۔ افسوس کرنا ۔
دستِ تہی (ف ۔ ا ۔ مذ) خالی ہاتھ ۔
دست جامہ (ف ۔ ا ۔ مذ) مکمل خِلعت ۔
دست چالاک (ف ۔ صف) چور ۔ آنکھ بچا کر چُرا لینے والا ۔
دست چالاکی (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) چوری ۔ ہاتھ کی صفائی (۲) داؤں کرنے کی پھرتی (۳) خانہ جنگی (۴) دو شخصوں کی لڑائی ۔
دست چھوٹنا (اَر ۔ محاورہ) دَست آنا ۔ اِسہال لگنا ۔
دست چیر (ف ۔ صف) غالب ۔ زبردست ۔
دست خط (دستخط) (ف ۔ ا ۔ مذ) اپنے ہاتھ کی علامت یا نشانی ۔ اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا نام ۔
دستِ خطر (ف ۔ ا ۔ مذ) پانسے کا ہاتھ جس پر بہت سا مال لگا ہو (۲) اُونچی اور خطرناک جگہ ۔
دست خطی (ف ۔ صف) ہاتھ کا لکھا ہوا ۔ دستخطوں کے ساتھ ۔
دستِ خود دہانِ خود (ف ۔ مثل) اپنا ہاتھ اور اپنا مُنہ ہے ۔ خوب کھاؤ ۔ خود مختار ہوتے ہوئے نہ کھانا اپنا نقصان آپ کرنا ہے ۔
دست دراز ۔ دیکھئے دراز دست ۔
دست درازی ۔ دیکھئے دراز دستی ۔
دستِ دُعا دراز کرنا (اَر ۔ محاورہ) دُعا کے لئے ہاتھ اُٹھانا ۔
دست دہی (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) امداد ۔ مدد (۲) اقرار یا وعدے پر ہاتھ دینا ۔
دستِ راست (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) دایاں ہاتھ (۲) فوج کا دایاں بازو (۳) حامی ۔ مددگار ۔
دست رس (دسترس) (ف ۔ ا ۔ مذ و مث) (۱) پہنچ ۔ رسائی (۲) بساط ۔ حیثیت ۔ طاقت ۔ قدرت ۔ مقدور ۔ قابلیت (۳) مہارت ۔ مشق ۔ چابک دستی (۴) مدد (۵) (متعلق فعل و صف) طاقت میں ۔ پہنچ میں ۔ قابو میں (۶) قابل (۷) ملا ہوا ۔ حاصل ۔
دسترس پہنچنا (چلنا) (اَر ۔ محاورہ) قابو پانا ۔ قابو چلنا ۔
دسترس حاصل ہونا (اَر ۔ محاورہ) مہارت ہونا ۔ مشق ہونا ۔ رسائی ہونا ۔
دستِ رنگیں (ف ۔ ا ۔ مذ) مہندی لگے ہاتھ ۔
دست سلح (ف ۔ ا ۔ مذ) مکمل زرہ ۔
دستِ سوال دراز کرنا (اَر ۔ محاورہ) مانگنے کے لئے ہاتھ بڑھانا ۔ اپنی حاجت کا اظہار کرنا ۔
دست شانہ (ف ۔ ا ۔ مذ) ایک قسم کی کنگھی جس سے ریشم صاف کرتے ہیں ۔
دستِ شِفا (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ ہاتھ جو صحت بخشے ۔ (اچھے طبیب کے لئے کہتے ہیں) ۔
دستِ شِفا پھیرنا (اَر ۔ محاورہ) تندرست کر دینا ۔
دست شناس (ف ۔ صف ۔ وا ۔ مذ) اِنسانی ہاتھ کی بناوٹ اور لکیریں دیکھ کر قسمت کا حال بتانے والا ۔ پامسٹ ۔
دست شناسی (ف ۔ ا ۔ مث) اِنسانی ہاتھ کی لکیروں سے قسمت کا حال

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بتانے کا علم۔ علم فراستُ الید۔ پامسٹری۔

دستِ شفقت (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پیار کا ہاتھ (۲) مہربانی۔ عنایت۔ لطف۔

دستِ طلب (ف۔ ا۔ مذ) مانگنا۔ حاجت۔ ضرورت۔

دستِ طلب دراز کرنا (اُر۔ محاورہ) مانگنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

دستِ غیب (ف۔ ا۔ مذ) وہ آمدنی جو بغیر کسی ظاہری ذریعے کے حاصل ہو (۲) حرام کی کمائی۔

دست فروش (ف۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو چیزیں ہاتھ میں لے کر بازار میں بیچتا پھرے۔ خُردہ فروش۔ بساطی۔ پھیری والا۔

دستِ قدرت (ف۔ ا۔ مذ) طاقت۔ قدرت۔ مقدور۔ اختیار۔ بس۔ قابو۔

دست کار (ف۔ صف) (۱) کاری گر (۲) وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہُنر ہو۔

دست کاری (ف۔ ا۔ مث) (۱) ہنر۔ کاری گری۔ ہاتھ کا کام (۲) عمل جراحی (۳) چابک دستی۔

دست کش (کاف پر زبر) (ف۔ صف) (۱) کسی کام سے ہاتھ کھینچ لینے والا۔ الگ ہو جانے والا (۲) باز رہنے والا۔ تعلّق نہ رکھنے والا۔

دست کشی (ف۔ ا۔ مث) ہاتھ کھینچ لینا۔ تعلّق نہ رکھنا۔

دست کوتاہ کرنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ روک لینا۔

دست گاہ (ف۔ ا۔ مث) (۱) طاقت۔ قدرت (۲) مہارت۔ مشق۔

دست گرداں (ف۔ صف) بغیر تحریر کے قرضہ۔ بغیر کسی لکھت کے اُدھار (۲) بکاؤ مال۔

دست گرفتہ (ف۔ صف) جس کی مدد کی جائے۔

دست گیر (ف۔ صف) ہاتھ پکڑنے والا۔ مددگار۔ حامی۔

دست گیری (ف۔ ا۔ مث) مدد۔ معاونت۔ حمایت۔

دست لگنا (اُر۔ محاورہ) متواتر دست آنا۔ اِسہال ہونا۔

دست مال (ف۔ ا۔ مذ) برتن صاف کرنے کا کپڑا۔ صافی۔ رومال۔

دست نِگر (بغیر اضافت) (ف۔ صف) محتاج۔ حاجت مند۔

دست و بغل ہونا (اُر۔ محاورہ) بغل گیر ہونا۔

دست و پا بھول جانا (اُر۔ محاورہ) ہوش و حواس گم ہو جانا۔

دست و پا شکستہ (ف۔ صف) بے یار و مددگار۔ کمزور۔ ناتواں۔

دست و پا مارنا (اُر۔ محاورہ) جان توڑ کوشش کرنا۔

دست و گریباں ہونا (اُر۔ محاورہ) لڑنا۔ ہاتھا پائی کرنا۔

دست یاب (ف۔ صف) حاصل۔ وصول۔ میسّر۔

دست یاب ہونا (اُر۔ محاورہ) حاصل ہونا۔ وصول ہونا۔ میسّر آنا۔

دست یابی (ف۔ ا۔ مث) حصُول۔ میسّر۔ وصول۔

دست یار (اُر۔ صف) مُعاون۔ مددگار (۲) ہتھیار۔

دست یاری (اُر۔ ا۔ مث) (۱) مدد۔ امداد (۲) بچاؤ۔ حفاظت۔ قوت۔ طاقت۔

دستا (دَس۔ تا) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) رُومال۔ تولیا۔ سِجاف (۲) ایک کپڑا جو پگڑی کے گرد باندھتے ہیں (۳) لوہے کا ایک گول اوزار جو کوٹنے کے کام آتا ہے۔

دستار (دَس۔ تار) (ف۔ ا۔ مث) پگڑی۔ عمامہ۔ پھینٹا۔ چیرا۔

دستار باندھنا (اُر۔ محاورہ) سر پر خوبصورتی سے پگڑی لپیٹنا (۲) جانشین بنانا۔

دستار بدل (ف۔ اُر۔ صف) آپس میں پگڑیاں بدل کر بھائی بننے والے۔ پگڑی بدل بھائی۔

دستار بند (ف۔ صف) پگڑی باندھنے والا۔ چیرا بند۔

دستار بندی (ف۔ ا۔ مث) (۱) مسلمان رؤسا کی ایک رسم جس میں مرنے والے رئیس کے بڑے بیٹے یا وارث کے سر پر پگڑی باندھتے ہیں (۲) دینی مدرسے کے فارغ التحصیل طلبہ کے فضیلت کے طور پر پگڑی باندھنا۔

دستارچہ (ف۔ ا۔ مذ) چھوٹی پگڑی۔ رُومال (۲) کمربند۔

دستارِ فضیلت (ف۔ ع۔ ا۔ مث) وہ پگڑی جو تعلیم کی تکمیل پر باندھی جاتی ہے۔ عمامۂ فضیلت۔

دستار کرنا (اُر۔ محاورہ) پگڑی باندھنا۔

دستار و گفتار اپنی ہی کام آتی ہے (اُر۔ مثل) اپنی پگڑی اور اپنی گفتگو اپنے مطلب کے موافق ہوتی ہے۔

دَستان (دَس۔ تاں) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) نغمہ۔ آواز (۲) ساز کی چابی (۳) دھوکا۔ دغا۔ فریب (۴) رستم کے باپ زال کا لقب۔

دَستانہ (دَس۔ تا۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ہاتھ میں پہننے کا بُنا ہوا یا چمڑے کا غلاف (۲) ایک لوہے کی زرہ جو ہاتھ میں پہنتے تھے (۳) تلوار کا قبضہ۔

دستانہ مارنا (اُر۔ محاورہ) کھنچی ہوئی تلوار کو ہاتھ سے الگ کرنا۔

دستاویز (دست۔ آ۔ ویز) (بیائے مجہول) (ف۔ ا۔ مث) تمسّک۔ قبالہ۔ نوشتہ (۲) کسی امر کا تحریری ثبوت (۳) وہ سند جس سے اپنا حق ثابت کر سکیں۔

دستر (دَس۔ تر) (ق۔ ا۔ مذ) دسترخوان۔

دَسترخوان (دَس۔ تر۔ خان) (ف۔ ا۔ مذ) رُومال یا چادر جس پر کھانا چنتے ہیں۔

دسترخوان بچھانے میں سو عیب۔ نہ بچھانے میں ایک عیب (اُر۔ مثل) اگر لوگوں کو کھانا کھلایا جائے تو سینکڑوں نقص نکالتے ہیں۔ نہ کھلایا جائے تو ایک ہی نقص نکالا جاتا ہے یعنی کنجوسی۔

دسترخوان بڑھانا (اُر۔ محاورہ) کھانے کے بعد دسترخوان اُٹھانا۔

دسترخوان چُننا (اُر۔ محاورہ) دسترخوان پر کھانے کی چیزیں رکھی جانا۔

دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا (اُر۔ محاورہ) جب کھانا چُنا ہوا ہو اور کوئی کھانے پر نہ بیٹھے تو کہتے ہیں۔

دسترخوان کرنا (اُر۔ محاورہ) بزرگانِ دین کی نیاز کرنا۔ فاتحہ کا کھانا کھلانا۔

دسترخوان کی بلّی (اُر۔ ا۔ مث) کام چور۔ جو کام سے تو جی چرائے لیکن کھانے پر آموجود ہو۔

دسترخوان کی مکھی (اُر۔ ا۔ مث) ہر وقت کھانے پر موجود ہونے والا۔ بن بُلایا مہمان۔

دَستک (دَس۔ تک) (ف۔ ا۔ مث) (۱) تالی۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا (۲) کسی چیز پر ہاتھ مارنا کہ آواز نکلے (۳) دستہ (۴) پروانہ راہداری (۵) محصول (۶) مُہری کاغذ جو حاکم کے حُکم سے لکھا جائے (۷) سمن۔ وارنٹ۔ حُکم نامہ (۸) فیس جو سمنوں کی تعمیل کے لئے دی جائے (۹) کمیشن۔ دستوری (۱۰) قُرقی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دستک آنا (اُر۔ محاورہ) قُرقی کا حُکم نامہ آنا۔

دستک باندھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) محصُول لگانا (۲) بے ضرورت خرچ کرنا۔

دستک دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) تالی بجانا (۲) بُلانا (۳) دروازہ کھٹ کھٹانا۔

دستک لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) محصُول لگانا (۲) سَمن دروازے پر چسپاں کرنا۔

دَستکی (دَس۔تَ۔کی) (ف۔ا۔مث) (۱) پاکٹ بُک۔ یادداشت کی چھوٹی کتاب۔ ڈائری (۲) ٹھِکرے بازوں کا دستانہ۔

دَستگی (دَس۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) دستہ دار لوٹا (۲) تلوار کا تسمہ جو دستے سے لٹکا رہتا ہے (۳) وہ چیز جو گرفت کے واسطے لگی ہو۔ دستہ (۴) کپڑا جو تیغے میں مُنہال سے بالشت تک باندھتے ہیں (۵) دستانہ جس پر شکاری پرند کو بٹھاتے ہیں (۶) تھیلا جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔

دَستنبو (دَس۔تَم۔بو) (ف۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا پھل جو خوشبو کے لئے ہاتھ میں رکھتے ہیں (۲) میرزا غالب کا تحریر کردہ مشہور رسالہ۔

دَستوانہ (دَس۔تَ۔وا۔نَہ) (ف۔ا۔مذ) ہاتھ میں پہننے کا زیور۔ کنگن۔

دَستُور (دَس۔تُور) (ف۔ا۔مذ) (۱) طرز۔ روش (۲) رسم و رواج (۳) عادت۔ ڈھنگ (۴) کمیشن۔ دستوری (۵) پارسیوں کا مذہبی پیشوا (۶) بنیادی اُصول جن کے مطابق مُلکی قوانین بنائے جاتے ہیں۔ آئین۔ (Constitution)۔ جمع: دساتیر۔ اُردو جمع: دستور۔ دستوروں۔

دستُورُالعمل (ف۔ع۔ا۔مذ) (۱) قانون۔ قاعدہ (۲) رواج (۳) قانون کی کتاب (۴) سلطنت کا طریقہ یا اُصول۔

دستور باندھنا (اُر۔ محاورہ) قاعدہ مقرر کرنا۔ قانون ٹھہرانا (۲) معمول باندھنا۔

دستور جاری کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) قاعدہ مقرر کرنا (۲) رواج ڈالنا یا نکالنا۔

دستور ہونا (اُر۔ محاورہ) رواج ہونا۔

دَستُوری (دَس۔تُو۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) فیس۔ کمیشن۔ دلالی (۲) اجازت۔ رُخصت (۳) وزارت۔

دستوری حکومت (اُر۔ا۔مث) آئینی حکومت۔ مُلکی آئین یا دستور کے مطابق مُلک کا نظم و نسق چلانے والی حکومت۔

دستوری کا نکال گیا (اُر۔مثل) سزا پائی۔ اپنی سزا کو پہنچ گیا۔

دَستُورِیہ (ع۔ا۔مث) مجلس دستور ساز۔ آئین و قوانین بنانے والی مجلس یا اسمبلی۔

دَستَہ (دَس۔تَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) لکڑی کا ٹکڑا جو کسی اوزار کے ساتھ پکڑنے کے لئے لگا ہو (۲) کوئی چیز جو کسی دُوسری چیز کے ساتھ پکڑنے کے لئے لگی ہو (۳) فوج کا ایک حصّہ (۴) کاغذ کے چوبیس تختوں کا مجموعہ (۵) ۲۴ تیروں کا مُٹھا (۶) ایک قسم کی گھنڈی جو قبا میں لگاتے ہیں (۷) سنجاف (۸) پھولوں کا گچھا (۹) آہنی موسل (۱۰) لوگوں کا گروہ۔ اُر جمع: دستوں۔ دستے۔

دستۂ ریسماں (ف۔ا۔مذ) ریل جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں۔

دستۂ ساعت (ف۔ا۔مذ) گھڑی کے بارہ نشان۔

دستۂ گل (ف۔ا۔مذ) گل دستہ۔

دَستی (دَس۔تی) (ف۔صف) (۱) ہاتھ کے متعلق (۲) ہاتھ کے ذریعے۔ ہاتھ سے (۳) (ا۔مث) مشعل۔ فتیلہ (۴) چھوٹا دستہ۔ چھوٹا قبضہ (۵) کشتی کا ایک داؤں (۶) چھوٹا سا قلمدان جو ہاتھ میں رہے (۷) پیالہ یا مٹی کا گلاس جس کے دو دستے ہوتے ہیں (۸) چھوٹا رُومال (۹) مدد۔ امداد۔

دستی بھیجنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے ہاتھ کچھ بھیجنا۔

دستی پروانہ (ف۔ا۔مذ) پروانہ جو کسی کے ہاتھ بھیجا جائے۔

دستی کرنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ سے ہاتھ ملا کر زور کرنا۔

دَستیاں پھونکنا (اُر۔ محاورہ) مشعلیں جلانا۔

دَسَم (دَ۔سَم) (ہ۔صف) دسواں۔ عشرہ۔

دسمبر (انگ December کا مؤرد۔ا۔مذ) یورپی کیلنڈر کا بارھواں مہینا جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔

دَسمی (دَس۔می) (ہ۔ا۔مث) قمری مہینے کی دسویں تاریخ۔

دِسَن (دِ۔سَن) (ق۔ا۔مذ) دانت۔

دِسنا (دِس۔نا) (ق۔مص) دِکھائی دینا۔

دَسواں (دَس۔واں) (ہ۔عددِ ترتیبی) (۱) نویں کے بعد کا درجہ۔ دس سے متعلق (۲) میّت کے دسویں دن کا فاتحہ۔

دَسوانا (دَس۔وا۔نا) (ہ۔ا۔مذ) دسواں حصّہ جو مال گزاری کے ساتھ جمع کیا جائے۔

دَسوترا (دَ۔سوت۔را) (ہ۔صف) دس فیصد۔

دَسُوٹھ (دَ۔سُوٹھ) (ہ۔ا۔مذ) زچہ کا بچہ پیدا ہونے کے دسویں دن نہانا۔

دَسُوکھا (دَ۔سُو۔کھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پرندوں کا پَر جھاڑنا (۲) اُڑنے کا پَر۔

دَسوں (دَ۔سوں) (ہ۔عددِ استغراقی) پورے یا تمام دس کے دس۔

دسوں اُنگلیاں دسوں چراغ (اُر۔مثل) بہت ہُنرمند۔

دَسویں (دَس۔ویں) (یائے معروف) (ہ۔عددِ ترتیبی) دسواں کی تانیث۔ نویں کے بعد کی۔ دس سے تعلّق رکھنے والی۔

دَسویں (دَس۔ویں) (یائے مجہول) (ہ۔عددِ ترتیبی) نویں کے بعد کا۔ دس سے تعلّق رکھنے والا مثلاً دسویں روز۔

دَسہرا (دَ۔سہ۔را) (ہ۔ا۔مذ) لُغوی معنی دس پاپوں کو دُور کرنے والا (۱) جیٹھ سُدی کا دن۔ ہندو عقیدے کے مطابق جو شخص اِس دن گنگا میں نہاتا ہے اُس کے دس پاپ معاف ہو جاتے ہیں (۲) ہندوؤں کا تیوہار جو اسوج کی دسویں تاریخ کو راجا رام چندر جی کے راون پر فتح پانے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

دَسِیسَہ (دَ۔سی۔سَہ) (ع۔ا۔مذ) سازش۔ مکّاری۔ فریب۔

دسیسہ کار (ع۔ف۔صف) سازش کرنے والا۔ مکّار۔ فریبی۔

د۔ش

دَشا (دَ۔شا) (س۔ا۔مث) (۱) کیفیت۔ حالت۔ گت (۲) عرصۂ حیات۔ عُمر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) قسمت (۴) کپڑے کا کنارہ۔ حاشیہ (۵) دِل۔ جی۔

دِشا (دِ۔شا)(س۔ا۔مث) سَمت۔ طرف۔ جانب۔ جمع: دشاؤں۔ دِشائیں۔

دَشت (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) صحرا۔ بیابان (۲) شطرنج کا تختہ (۳) مُشکِ نافہ۔ جمع: دشت ہا۔

دشت پیما (ف۔صف) صحرا میں پھرنے والا۔ بادیہ گرد۔ صحرانورد۔

دشت پیمائی (ف۔ا۔مث) صحرانوردی۔

دشت سواراں (ف۔ا۔مذ) وہ لوگ جو صحرا میں زندگی بسر کرتے ہیں۔

دشتِ کربلا (ف۔ا۔مذ)(۱) وہ صحرا جہاں امام حسینؓ شہید ہوئے (۲) سخت مُصیبت کی جگہ۔

دشت (گرد) نَورد (ف۔صف) جنگلوں میں پھرنے والا۔ صحرانورد۔

دشت نوردی (ف۔ا۔مث) جنگلوں میں پھرنا۔

دَشتی (دَش۔تی)(ف۔صف) صحرائی۔

دُشٹ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔صف)(۱) خراب (۲) بدچلن (۳) شریر (۴) قصوروار (۵) کھوٹا (۶) بے رحم (۷) ضِدّی۔ کمینہ۔ رذیل۔

دُشمن (دُش۔مَن)(ف۔صف۔وا۔مذ)(۱) بَیری۔ مخالف۔ بدخواہ۔ عدُو (۲) حریف۔ رقیب۔ جمع: دُشمناں۔ اُردو جمع: دُشمن۔ دُشمنوں۔

دُشمن اگر قوی اَست نگہباں قوی تر اَست (ف۔مثل) دُشمن اگر زبردست ہے تو خُدا جو نگہبان ہے اُس سے بھی زبردست ہے۔

دشمنِ ایماں (ف۔ع۔صف) ایمان کا دُشمن جو کسی کے مذہب کو زبردستی بدلوانا چاہے (۲) جو کسی سے بدیانتی کرنا چاہے (۳) معشوق۔

دشمنِ جاں (جانی) (ف۔صف) جان کا دُشمن۔ سخت دُشمن۔

دشمن چہ کُند چو مہرباں باشد دوست (ف۔مقولہ) اگر خُدا مہربان ہو تو دُشمن کچھ نہیں کرسکتا۔

دشمن کو بھی خدا نصیب نہ کرے (اُر۔ کلمۂ دُعا) اِنتہائی مُصیبت کے وقت کہتے ہیں کہ اتنی بڑی مُصیبت میں خُدا دُشمن کو بھی نہ ڈالے۔

دشمن کو کم نہ سمجھے (اُر۔مثل) دُشمن چاہے کتنا ہی حقیر کیوں نہ ہو اُس کی طرف سے لاپروا نہیں ہونا چاہئے۔

دشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمُرد (ف۔مثل) دُشمن کو کبھی کمزور اور حقیر نہ سمجھنا چاہئے۔

دُشمنگی (دُش۔مَ۔نَ۔گی)(ق۔ا۔مث) دُشمنی۔

دُشمنوں (دُش۔مَ۔نوں)(اُر۔ا۔مذ) دُشمن کی جمع۔

دشمنوں کی طبیعت ناساز ہے (اُر۔مثل) خود بیمار ہیں۔

دشمنوں کے کان بہرے (اُر۔متعلق فعل) خُدانخواستہ۔

دُشمنی (دُش۔مَ۔نی)(ف۔ا۔مث) بَیر۔ بدخواہی۔ عداوت۔ مخالفت۔

دُشمنی رکھنا (اُر۔محاورہ) دُشمن ہونا۔ عداوت رکھنا۔ بَیر رکھنا۔

دُشمنی نکالنا (اُر۔محاورہ) دُشمن کو تکلیف دینا۔ بدلہ لینا۔

دُشنام (دُش۔نام)(ف۔ا۔مث) گالی۔ گالی گلوچ۔

دُشنام طرازی (ف۔ا۔مث) گالی گلوچ۔

دَشنَہ (دَش۔نہ)(ف۔ا۔مذ) خنجر۔ کٹاری۔

دُشوار (دُش۔وار)(ف۔صف) مشکل۔ کٹھن۔ دوبھر۔ بھاری۔ سخت۔

دُشوار پسند (ف۔صف) وہ جو مشکل اور دقیق باتوں کو پسند کرے۔

دُشوار گُزار (ف۔صف) وہ راستہ یا جگہ جہاں سے گزرنا مشکل ہو۔

دُشوار ہونا (اُر۔مص مُرکّب) مشکل ہونا۔

دُشواری (دُش۔وا۔ری)(ف۔ا۔مث) دِقت۔ مُشکل۔ سختی۔

دُشواری پڑنا (اُر۔محاورہ) دِقت پڑنا۔ مُشکل پڑنا۔

دِشیا (دِش۔یا)(ق۔ا۔مذ) اچھے دن۔ مُبارک دن۔

د۔ع

دُعا (دُ۔عا)(ع۔ا۔مث)(۱) خُدا سے مانگنا۔ اِلتجا۔ اِلتماس۔ استدعا (۲) دُعا کی عبارت (۳) مناجات۔ مغفرت کی طلب۔ کسی کی بہتری کی خواہش۔ مُراد (۴) اشیرباد۔ جمع: اَدعیہ۔ اُردو جمع: دُعاؤں۔ دُعائیں۔

دُعا اُلٹنا (اُر۔محاورہ) دُعا کا اُلٹا نتیجہ نکلنا۔

دُعا چلنا (اُر۔محاورہ) دُعا کا اثر ہونا۔

دُعا دینا (اُر۔محاورہ) برکت کے اَلفاظ کہنا۔ کسی کی بھلائی چاہنا۔

دُعا سلام کہنا (اُر۔محاورہ) کسی کے ذریعہ دُعائیہ پیغام بھیجنا۔

دُعا قبول ہونا (اُر۔محاورہ) مُراد پوری ہونا۔

دُعا کرنا (اُر۔محاورہ) خُدا سے درخواست کرنا۔ دُعا مانگنا۔

دُعاگو (ع۔ف۔صف)(۱) دُعا کرنے والا (۲) خیرخواہ۔ بہتری چاہنے والا۔

دُعا لگنا (اُر۔محاورہ) دُعا کا اثر ہونا۔

دُعا مانگنا (اُر۔محاورہ) خُدا سے بھلائی کی اِلتجا کرنا۔

دُعا مُستجاب ہونا (اُر۔محاورہ) دُعا قبول ہونا۔

دُعائے حِرزِ جاں (ع۔ف۔ا۔مث) ایک دُعا جو کسی کے سفر پر جاتے وقت پڑھتے ہیں۔

دُعائے خیر (ع۔ف۔ا۔مث) اچھی دُعا۔ فاتحہ۔ ایصالِ ثواب۔

دُعائے دولت (ع۔ا۔مث) کسی کے لئے ترقی اور اِقبال کی دُعا۔

دُعائے عافیت (ع۔ا۔مث) صحت و تندرستی کی دُعا۔

دعائے قنوت (ع۔ا۔مث) دُعا جو نمازِ عشا میں وتروں کی تیسری رکعت میں پڑھتے ہیں۔

دُعائیں (یائے مجہول)(اُر۔ا۔مث) دُعا کی جمع۔

دُعائیں دینا (اُر۔محاورہ) کسی کے حق میں بہت سے کلماتِ خیر کہنا۔

دَعاوِی (دَ۔عا۔وی)(ع۔ا۔مذ) دعویٰ کی جمع۔

دُعائیہ (دُعا۔ای۔یَہ)(ع۔صف) دُعا سے منسوب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَعوَت (ع۔ا۔مث)(۱) کھانے کے واسطے بُلانا (۲) کسی مذہب کی طرف بُلانا (۳) کھانا۔ ضیافت (۴) طلبی۔ جمع: دعوات۔ اُر جمع: دعوتوں۔ دعوتیں۔
دعوت پر بُلانا (اُر۔ محاورہ) کھانے پر بُلانا۔
دعوتِ جنگ (ع۔ف۔ا۔مث) لڑائی کے لئے بُلانا۔ اعلانِ جنگ۔
دعوت دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) کھانے کے لئے بُلانا (۲) تقریر وغیرہ کے لئے بُلانا (۳) کسی مذہب یا مسلک کی طرف بُلانا۔
دعوتِ سمرقند (ع۔ف۔ا۔مث) ایک دن پُرتکلف دعوت دُوسرے دن فاقہ۔
دعوتِ شیراز (ع۔ف۔ا۔مث) سادہ کھانا۔ بے تکلّفی کی دعوت۔
دعوت کرنا (اُر۔ محاورہ) کھانے کے لئے بُلانا۔ ضیافت کرنا۔
دعوت کے لقمے (اُر۔ا۔مذ) دُوسرے کے گھر کا کھانا۔
دعوتِ ولیمہ (ع۔ا۔مث) وہ ضیافت جو مسلمانوں میں نکاح کے دو ایک دن بعد دُولھا کی طرف سے ہوتی ہے۔
دَعوٰی (دَع۔وا)(ع۔ا۔مذ) درخواست۔ خواہش۔ مُطالبہ۔ مانگ۔ استحقاق (۲) استغاثہ۔ جمع: دَعاوی۔ اُردو جمع: دعووں۔ دعوے۔
دعوٰی اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) دعوے کا ثابت ہونا یا جواب دیا جانا۔
دعوٰیِ باطل (ع۔ا۔مذ) جھوٹا دعوٰی۔
دعوٰی باندھنا (اُر۔ محاورہ) دعوٰی کرنا۔ شرطیہ کوئی کام کرنا۔
دعوٰی پیش ہونا (اُر۔ محاورہ) حاکم کے سامنے مطالبہ پیش ہونا۔
دعوٰی جمانا (اُر۔ محاورہ) حق ظاہر کرنا۔ دلیل قائم کرنا۔ ملکیت ظاہر کرنا۔ قبضہ جتانا۔
دعوٰی چلنا (اُر۔ محاورہ) دعوے کا قابلِ سماعت ہونا۔
دعوٰی دار (دعوے دار)(ع۔ف۔صف)(۱) دعوٰی کرنے والا۔ مُدّعی۔ نالشی۔ مُستغیث۔ فریادی۔ دادخواہ (۲) دُشمن۔ رقیب۔
دعوٰی کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُطالبہ کرنا۔ نالش کرنا۔ استغاثہ کرنا۔ درخواست کرنا (۲) اپنے آپ کو کسی شے کا مالک جتانا۔
دعوٰیِ مہر (ع۔ف۔ا۔مذ) عورت کی طرف سے مہر کی رقم کا مطالبہ۔

د۔غ

دَغا (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) دھوکا۔ فریب (۲) مکّاری۔ بے ایمانی۔
دغاباز (ف۔صف) مکّار۔ دھوکے باز۔ فریبی۔ اُردو جمع: دغاباز۔ دغابازوں۔
دغابازی (ف۔ا۔مث) مکّاری۔
دغا پیشہ (ف۔صف) دغاباز۔ مکّار۔ عیّار۔
دغا دینا (اُر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
دغا شِعار (ف۔صف) دھوکا دینے کا عادی۔ فریبی۔ مکّار۔
دَغائی (دَ۔غا۔اِی)(اُر۔ا۔مث) داغ لگانے کی اُجرت۔
دَغدَغا (دَغ۔دَ۔غا)(اُر۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل (۲)(صف) روشن۔ چمکتا ہوا۔
دَغدَغانا (دَغ۔دَ۔غا۔نا)(اُر۔مص)(۱) چمکنا۔ روشن ہونا (۲) سُرخ ہونا۔ دہکنا۔
دَغدَغاہٹ (دَغ۔دَ۔غا۔ہَٹ)(اُر۔ا۔مث)(۱) چمک دمک (۲) سُرخی۔ تمتماہٹ۔
دَغدَغہ (دَغ۔دَ۔غہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) خوف۔ ڈر۔ تشویش۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ کھٹکا (۲) گُدگُدی۔
دَغَل (دَ۔غَل)(ع۔ا۔مذ)(۱) مکر۔ فریب۔ عیب (۲) کھوٹا چاندی کا سِکّہ۔
دَغنا (دَغ۔نا)(اُر۔مص)(۱) سَر ہونا۔ چھوٹنا۔ بندوق یا توپ کا چلنا (۲) داغ دیا جانا (۳) چرکا لگنا۔
دَغوانا (دَغ۔وا۔نا)(ہ۔مص) داغنا کا متعدی۔ کسی چیز کو داغ دلوانا (۲) کسی بندوق یا توپ کو چلوانا یا سَر کرانا۔
دَغیلا (دَ۔غی۔لا)(ہ۔صف)(۱) داغ دار۔ چتّی دار (۲) چوٹ لگا یا گرا ہوا پھل (۳) عیب دار (۴) دھوکے باز۔ مکّار۔

د۔ف

دَف (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مذ) ڈفلی۔ ہاتھ سے بجانے والا ایک ساز جس پر کھال منڈھی ہوتی ہے۔
دف نواز (ف۔صف) ڈفلی بجانے والا۔
دَف (بفتحۂ اوّل)(اُر۔ا۔مذ)(۱) گرمی۔ حرارت (۲) جوش۔ تیزی (۳) غصہ (۴) زیادتی۔ چڑھاؤ۔
دف مرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) جوش کم ہونا۔ تیزی ختم ہونا (۲) غصّہ دُور ہونا۔
دَفاتر (دَ۔فا۔تر)(ع۔ا۔مذ) دفتر کی جمع۔
دِفاع (دِ۔فاع)(ع۔ا۔مذ) روک۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ ڈیفنس۔
دَفالی (دَ۔فا۔لی)(اُر۔ا۔مذ) دف بجانے والا۔ ڈفالی۔ ڈفالچی۔
دَفان (دَ۔فان)(اُر۔ا۔مذ) دفع۔ دُور۔
دفان ہونا (اُر۔ محاورہ) دُور ہونا۔ دفع ہونا۔
دَفائن (دَ۔فا۔اِن)(ع۔ا۔مذ) دفینہ کی جمع۔ خزانے۔
دَفتر (دَف۔تَر)(ف۔ا۔مذ)(۱) کاغذ۔ حساب کتاب کے کاغذ۔ کچہری کے کاغذات (۲) بہت سے کاغذات جو گٹھے میں بندھے ہوں (۳) بہی۔ کاپی۔ رجسٹر (۴) مجموعۂ حساب۔ مجموعۂ اشعار (۵) وہ جگہ جہاں کسی محکمے کے کاغذات یا کتابیں رکھی جائیں (۶) وہ جگہ جہاں لکھنے پڑھنے کا کام ہو (۷) طومار۔ لمبی کہانی۔ لمبا چوڑا خط (۸) محکمہ۔ سررشتہ۔ جمع: دفاتر۔ اُر جمع: دفتر۔ دفتروں۔
دفترِ اعمال (ف۔ع۔ا۔مذ) اعمال نامہ۔ وہ کتاب جس میں اعمال کی تفصیل درج ہو۔
دفتر اُلٹ جانا (اُر۔ محاورہ) سارا مال برباد ہو جانا۔ سخت نقصان ہونا۔
دفتر برہم ہونا (اُر۔ محاورہ) دفتر کے کاغذات کا بے ترتیب ہونا۔
دفترِ بے معنی (اُر۔ا۔مذ) فضول کاغذات۔
دفتر تہ کرنا (اُر۔ محاورہ) دفتر ختم کرنا۔ مختصر کرنا۔
دفتر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) مشہور کرنا۔ شُہرت دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دفتر خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) محافظ خانہ۔ وہ محکمہ جہاں سرکاری کاغذات بحفاظت رکھے جاتے ہیں۔

دفتر دار (ع۔ف۔صف) ناظر مالیہ۔ مُحاسبِ اعلیٰ۔ اکاؤنٹنٹ جنرل۔

دفترِ روزگار (ف۔ا۔مذ) روزگار دِلانے کا ادارہ (Employment Exchange)۔

دفتر کاٹ کر رکھ دینا (اُر۔محاورہ) سب کا سب منسوخ کر دینا۔

دفتر کھلنا (اُر۔محاورہ) ضرورت سے زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان ہونا۔

دفتر کھولنا (اُر۔محاورہ) (۱) دفتر کا کام جاری کرنا (۲) نیا دفتر بنانا (۳) لمبا چوڑا ہوا قِصّہ بیان کرنا۔

دفتر گاؤ خورد ہونا (اُر۔محاورہ) دفتر کا نیست و نابود ہونا۔ کارخانہ درہم برہم ہونا۔

دفترِ موقوفات (ع۔ف۔ا۔مذ) حساب کا کمرا۔ مال گُزاری کا دفتر۔

دفتر نگار (نویس) (ع۔ف۔صف) دفتر کا منشی۔ محرّر۔

دَفتری (دَف۔تَ۔ری) (ف۔ا۔مذ) (۱) دفتر کو درست کرنے والا (۲) جلد بنانے والا (۳) چاندی سونے کے ورقوں کا گٹھا (۴) (صف) دفتر سے متعلق۔

دفتری حکومت۔ دیکھیے نوکر شاہی۔

دَفتی (دَف۔تی) (ف۔ا۔مث) (۱) جلد کے پٹھے (۲) کاغذ رکھنے کے پٹھے (۲) جولاہے کی کنگھی۔ اُر جمع: دفتیاں۔ دفتیوں۔

دَفرقلیہ (دَ۔فَر۔قَل۔یہ) (اُر۔ا۔مذ) خراب پکا ہوا قلیہ۔ وہ قلیہ جس میں بہت سی چیزیں ملا کر پکائی جائیں۔

دَفع (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) دُور کرنا۔ ہٹانا۔ پرے کرنا (۲) رد کرنا۔

دفع الوقتی (دَف۔عُل۔وَق۔تی) (ع۔اُر۔ا۔مث) وقت ٹالنا۔ حیلے حوالے کرنا۔

دفع دخل کرنا (اُر۔محاورہ) اِعتراض کا جواب دینا۔

دفع کرنا (اُر۔محاورہ) دُور کرنا۔ پرے کرنا (۲) زائل کرنا۔ نکالنا۔

دفع ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) دُور ہونا۔ ہٹ جانا (۲) زائل ہونا۔ جاتے رہنا (۳) چلا جانا۔ رُخصت ہونا۔ نکلنا۔

دَفعتہً (دَف۔عَ۔تَن) (ع۔متعلق فعل) (۱) یکایک۔ یکبارگی۔ فوراً (۲) اچانک۔ ناگہاں۔

دَفعہ (دَف۔عہ) (ع۔ا۔مث) (۱) باری۔ نوبت (۲) قانونی شق۔ قانون کا فقرہ یا نمبر (۳) مجموعہ۔ جماعت۔ زُمرہ۔ جمع: دفعات۔

دفعہ دار (دفعدار) (ع۔ف۔ا۔مذ) فوجیوں کے چھوٹے دستے کا سردار۔

دفعہ (عائد کرنا) لگانا (اُر۔محاورہ) کوئی جرم قائم کرنا۔

دَفعیہ (دَف۔عی۔یہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) توڑ۔ روک۔ علاج (۲) دفع کرنے کی تدبیر۔

دَفن (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) زمین میں گاڑنا (۲) (صف) گڑا ہوا۔ زمین میں چھپا ہوا۔

دفن کرنا (اُر۔مص مُرکّب) زمین میں دابنا۔ گاڑنا۔ دفنانا۔ قبر میں رکھنا۔ تجہیز و تکفین کرنا۔

دَفنانا (دَف۔نا۔نا) (اُر۔مص) مُردے کو گاڑنا۔ مُردے کو دفن کرنا۔

دَفِینہ (دَ۔فی۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) دفن کیا ہوا مال۔ گڑا ہوا خزانہ (۲) دفن کی ہوئی شے۔ جمع: دفائن۔ اُردو جمع: دفینوں۔ دفینے۔

د۔ق

دِق (بکسرِ اوّل) (ع۔ا۔مث) ایک متعدی بیماری جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے لگ جاتی ہے۔ ٹی بی (۲) (صف) تنگ۔ ناراض۔ آزردہ۔

دِق کرنا (اُر۔محاورہ) چھیڑنا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔ حیران کرنا۔

دِق ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) تنگ ہونا (۲) دِق کے مَرض میں مبتلا ہونا۔

دَقائق (دَ۔قا۔اِق) (ع۔ا۔مذ) (۱) دقیقہ کی جمع۔ باریکیاں۔ نکتے۔

دِقّت (دِق۔قَت) (ع۔ا۔مث) (۱) باریکی (۲) مشکل۔ دُشواری۔ تکلیف۔ عُسرت۔ تنگی۔ عذاب۔

دِقّت پڑنا (اُر۔محاورہ) مشکل پیش آنا۔ دُشوار ہونا۔

دِقّت پسند (ع۔ف۔صف) مشکل بات کو پسند کرنے والا۔

دِقّت طلب (ع۔ف۔صف) (۱) مشکل۔ دُشوار (۲) قابلِ غور۔ توجّہ طلب۔

دِقّت میں پڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) تکلیف میں ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا (۲) مشکل میں ہونا۔ دِقّت ہونا۔ مشکل ہونا۔

دَقیانوس (دَق۔یا۔نُوس) (ع۔ا۔مذ) فارس یا عرب کا ایک ظالم حکمران جس کے عہد میں اصحابِ کہف ہوئے۔ (مجازاً) فرسودہ روایات کا پیرو۔

دَقیانوسی (دَق۔یا۔نُو۔سی) (ع۔صف) پُرانا۔ قدیم۔ فرسودہ۔ ازکار رفتہ۔

دقیانوسی خیال (ع۔ا۔مذ) پُرانا اور فرسودہ خیال۔

دَقِیق (دَ۔قیق) (ع۔صف) (۱) باریک۔ نازک۔ کومل (۲) مشکل۔ کٹھن۔

دَقِیقہ (دَ۔قی۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کوئی بہت چھوٹی چیز (۲) معمولی بات۔ خفیف معاملہ (۳) لطیف سوال (۴) باریکی (۵) گھنٹے کا ساٹھواں حِصّہ۔ مث۔ جمع: دقائق۔

دقیقہ اُٹھا نہ رکھنا (دقیقہ فروگزاشت نہ کرنا) (اُر۔محاورہ) کسر نہ چھوڑنا۔ سخت کوشش کرنا۔ سب کچھ کہہ دینا۔

دقیقہ رَس (دقیقہ شناس۔ سنج) (ع۔ف۔صف) زُود فہم۔ نکتہ سنج۔ باریک بین۔ تیز طبع۔ ہوشیار۔ زیرک۔

دقیقہ رسی (شناسی۔ سنجی) (ع۔ف۔ا۔مث) زیرکی۔ باریک بینی۔ نکتہ سنجی۔ زُود فہمی۔

د۔ک

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَک (بفتحِ اوّل)(ق ۔ صف) بہت۔

دِک (بکسرِ اوّل)(ق ۔ ا ۔ مث) حد۔ سمت (۲) وُسعت۔ کشادگی۔

دُکّا (دُک ۔ کا)(ہ ۔ ا ۔ مذ)(۱) تاش میں دو کا پتا (۲) اِکّا کا تابع (اِکّا دُکّا)۔

دُکال (ق ۔ ا ۔ مذ) قحط۔

دُکان (دُک ۔ کان)(ع ۔ ا ۔ مث) ہٹی۔ ہاٹ۔ سودا بیچنے کی جگہ۔ بکری کی جگہ۔ فارسی اور اُردو میں بلا تشدید مستعمل ہے۔ جمع: دُکاکین۔ اَدکنہ۔ اُردو جمع: دُکانوں۔ دُکانیں۔

دُکان بڑھانا (اُر ۔ محاورہ) دُکان بند کرنا۔

دُکان جمنا (اُر ۔ محاورہ) دُکان قائم ہونا۔ دُکان چلنا۔

دُکان چلنا (اُر ۔ محاورہ) خوب بکری ہونا۔ گرم بازاری ہونا۔

دُکان دار (ع ۔ ف ۔ صف ۔ و ۔ ا ۔ مذ) دُکان کا مالک۔ تاجر۔

دُکان داری (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مث)(۱) سودا بیچنے کا پیشہ (۲) چرب زبانی (۳) روپیہ بٹورنے کا کاروبار۔

دُکان داری کی باتیں کرنا (اُر ۔ محاورہ) چرب زبانی کرنا۔

دُکان کرنا (اُر ۔ محاورہ) بیچنے کا کام یا پیشہ کرنا۔

دُکان گرم ہونا (اُر ۔ محاورہ) خوب بکری ہونا۔

دُکان لگنا (اُر ۔ محاورہ)(۱) دُکان کھلنا (۲) بکری کے لئے چیزیں رکھی جانا۔

دُکانچہ (دُ ۔ کان ۔ چہ)(ف ۔ ا ۔ مذ) چھوٹی سی دُکان۔

دِکَد (دِ ۔ کد)(ق ۔ ا ۔ مث) وقت کا بگاڑ۔

دَکتَر (دَکتُور) (دَک ۔ تر)(دَک ۔ تُور)(ف ۔ ا ۔ مذ)(۱) ڈاکٹر کا مفرس۔ طبیب۔ حکیم۔ جرّاح (۲) علاّمہ۔ علمی خطاب۔

دُکڑا (دُک ۔ ڑا)(ہ ۔ ا ۔ مذ) پیسے کا چوتھا حصّہ۔ دَمڑی۔ چھدام۔

دُکڑی (دُک ۔ ڑی)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) دو کا پتّہ۔ دُکّی (۲) دو گھوڑوں کی بگھی۔

دَکشِنا (دَک ۔ شِ ۔ نا)(س ۔ ا ۔ مث) نذر یا اِنعام جو برہمن کو دیا جائے۔

دُکھ (بضمِ اوّل)(ہ ۔ ا ۔ مذ)(۱) درد۔ تکلیف۔ رنج۔ عذاب (۲) بیماری۔ مُصیبت۔ ظلم (۳) محنت۔ تنگی۔ جمع: دُکھ۔ دُکھوں۔

دُکھ اُٹھانا (اُر ۔ محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ بیماری بھگتنا۔ ایذا پانا۔

دُکھ بٹانا (اُر ۔ محاورہ) ہمدردی کرنا۔ غم خواری کرنا۔

دُکھ بِسرانا (اُر ۔ مص مُرکّب) رنج بھُلانا۔

دُکھ بھرا (اُر ۔ صف) تکلیف دِہ۔ غم انگیز (۲) غم گین۔ رنجیدہ (۳) (مؤنث) دُکھ بھری۔

دُکھ بھرنا (دُکھ بھگتنا ۔ بھوگنا) (اُر ۔ محاورہ) مُصیبت اُٹھانا۔ تکلیف سہنا۔

دُکھ جھیلنا (اُر ۔ محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ دُکھ برداشت کرنا۔

دُکھ بھریں بی فاختہ کوے انڈے کھائیں (اُر ۔ مثل) مُصیبت کوئی اُٹھائے فائدہ کوئی حاصل کرے۔

دُکھ پر دُکھ بھرنا (اُر ۔ محاورہ) سخت تکلیف اُٹھانا۔ تکلیف پر تکلیف اُٹھانا۔

دُکھ درد (اُر ۔ ا ۔ مذ) آفتیں۔ مُصیبتیں۔ بلائیں۔

دُکھ درد کا شریک (ساتھی) (اُر ۔ صف ۔ مذ) رنج و غم کا ساتھی۔ ہمدرد۔

دُکھ درد میں شریک ہونا (اُر ۔ محاورہ) رنج و غم کا ساتھ دینا۔ دُکھ بٹانا۔

دُکھ دھندا (اُر ۔ ا ۔ مذ) دُنیا کی تکلیفیں اور کام۔

دُکھ دینا (اُر ۔ محاورہ) تکلیف دینا۔

دُکھ رونا (اُر ۔ محاورہ)(۱) گِلہ شکوہ کرنا (۲) دُکھ کا حال بتانا۔

دُکھ ساگر (ہ ۔ ا ۔ مذ) مُصیبت کا سمندر۔ دُنیا۔

دُکھ سُکھ (ہ ۔ ا ۔ مذ) رنج و راحت۔

دُکھ سُکھ بھائی بہن ہیں (اُر ۔ مثل) دُکھ کے ساتھ سُکھ اور سُکھ کے ساتھ دُکھ ضرور ہوتا ہے۔

دُکھ سُکھ سب کے ساتھ لگا ہوا ہے (اُر ۔ مثل) ہر شخص کو تکلیف بھی ہوتی ہے اور سُکھ بھی ملتا ہے۔

دُکھ سہنا (اُر ۔ مص مُرکّب) دُکھ برداشت کرنا۔

دُکھ کا مارا (اُر ۔ صف) مُصیبت زدہ (مرد)۔

دُکھ کی پوٹ (اُر ۔ ا ۔ مث) سرتاپا دُکھ۔ دائمُ المرض۔

دُکھ کی ماری (اُر ۔ صف) مُصیبت زدہ (عورت)۔

دُکھ لگانا (اُر ۔ محاورہ) مُصیبت مول لینا۔ روگ لگانا۔

دُکھ لگنا (اُر ۔ محاورہ)(۱) روگ لگنا (۲) مُصیبت آنا۔

دُکھ ملنا (اُر ۔ محاورہ) تکلیف پہنچنا۔

دُکھ میں سُکھ کی قدر ہوتی ہے (اُر ۔ مثل) جب تک تکلیف نہ ہو آدمی آرام کی قدر نہیں کرتا۔

دُکھال (ق ۔ ا ۔ مث) قحط۔ تنگی۔

دِکھانا (دِ ۔ کھا ۔ نا)(ہ ۔ مص)(۱) آنکھوں کے سامنے کرنا۔ رُوبرُو کرنا۔ پیش کرنا۔ ملاحظہ کرانا (۲) آگاہ کرنا۔

دُکھانا (دُ ۔ کھا ۔ نا)(ہ ۔ مص)(۱) تکلیف دینا۔ ایذا دینا (۲) رنج دینا۔ غم دینا (۳) زخم کو چھیڑنا۔ دَرد کی جگہ کوئی چیز مارنا۔

دِکھاوا (دِکھاوٹ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) نمود و نمائش۔ تکلّف۔ تصنّع۔ بناوٹ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔

دِکھانے کے دانت (اُر ۔ ا ۔ مذ) نمائشی باتیں۔

دِکھاؤ (دِ ۔ کھا ۔ اُو)(ہ ۔ ا ۔ مذ)(۱) دُور کی چیز کا نظر آنا (۲) سامنا ہونا۔

دِکھائی (دِ ۔ کھا ۔ اِی)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) خود نمائی (۲) ظہور۔ درشن (۳) نمائش۔ نمود (۴) معاینہ۔ معاینہ کرنے کی اُجرت۔

دِکھائی پڑنا (دِکھائی دینا) (اُر ۔ محاورہ)(۱) نظر آنا۔ سُجھائی دینا (۲) معلوم ہونا۔ اِحتمال ہونا۔

دُکھت (دُ ۔ کھت)(ہ ۔ صف) دُکھیا۔ مُصیبت کا مارا۔

دُکھتی (دُکھ ۔ تی)(ہ ۔ صف) تکلیف دینے والی۔ دُکھ دینے والی۔

دُکھتی چوٹ کی ٹیس (اُر ۔ ا ۔ مث) پتے کی بات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دُکھتی رگ (اَر۔ا۔مث) کوئی عیب یا کمزوری جس کی گرفت کی جا سکے۔

دُکھتی رگ پر ہاتھ رکھنا (اَر۔محاورہ) کسی کے عیب یا کمزوری پر گرفت کرنا۔

دُکھتی رگ چھیڑنا (دبانا) (اَر۔محاورہ) تکلیف دہ بات کرنا۔ ناگوار بات چھیڑنا۔

دُکھتی کہنا (اَر۔محاورہ) ایسی بات کہنا جو مخاطب کو ناگوار گزرے۔

دُکھڑا (دُکھ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بیماری۔ مرض (۲) رنج و غم کا بیان۔ درد بھرا قصہ (۳) گِلہ شکوہ (۴) محنت و مشقت۔

دُکھڑا پڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) مُصیبت یا بِپتا کا آنا (۲) خاوند کا مَر جانا۔

دُکھڑا پیٹنا (اَر۔محاورہ)(۱) محنت و مشقت کرنا (۲) مُصیبت میں زندگی گزارنا۔

دُکھڑا رونا (اَر۔محاورہ) مُصیبت بیان کرنا۔

دِکھلانا (دِکھ۔لا۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے دِکھانا۔

دَکھن (دَکھ۔کھن)(ہ۔ا۔مذ) جنوب کی سَمت۔

دُکھن (دُکھ۔کھن)(ہ۔ا۔مث) دَرد۔ تکلیف۔

دَکھنا (دَکھ۔نا)(ہ۔ا۔مث) جنوبی ہوا۔

دِکھنا (دِکھ۔نا)(ہ۔مص) دِکھائی دینا۔ نظر آنا۔

دُکھنا (دُکھ۔نا)(ہ۔مص) دَرد کرنا۔ تکلیف ہونا۔

دَکھنی (دَکھ۔کھ۔نی)(ہ۔صف) دکھن سے منسوب (۲) دکھن کا یا دکھن کی (۳) جنوبی ہند میں اُردو زبان کی اِبتدائی صورت۔

دُکھنے آنا (اَر۔محاورہ)(آنکھ کی) تکلیف ہونا۔

دُکھی (دُ۔کھی)(ہ۔صف)(۱) بیمار (۲) مُصیبت زدہ۔ رَنجیدہ۔

دُکھی ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) رَنجیدہ ہونا۔ نہایت تکلیف میں ہونا (۲) مریض ہونا۔ روگی ہونا۔

دُکھیا (دُکھ۔یا)(ہ۔صف) غموں کی ماری (عورت)۔

دُکھیا روَوے سُکھیا سووے (ہ۔مثل) مُصیبت زدہ عورت تکلیف میں اور خوش قسمت مزے میں زندگی گزارتی ہے۔

دُکھیارا (دُکھ۔یا۔را)(ہ۔صف) دیکھئے دُکھی۔ جمع: دُکھیاروں۔ دُکھیارے۔

دُکھیاری (دُکھ۔یا۔ری)(ہ۔صف) دیکھئے دُکھیا۔

دُکّی (دُک۔کی)(ہ۔ا۔مث) تاش یا گنجفے میں دو کا پتّا۔

د۔گ

دُگاڑا (دُ۔گا۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) دو نالی بندوق (۲) بندوق کی دوہری گولی۔ دو گولیاں بھر کر مارنا۔

دُگانا (ہ۔ا۔مث) بہناپا۔

دُگانہ (دُ۔گا۔نہ)(ف۔ا۔مذ) دوگانہ کا مُخفف (۱) جڑواں چیز (۲) دوہری چیز (۳) دو رکعت نماز شکرانہ (۴) وہ عورت جو کسی دُوسری عورت سے چھیڑ لڑاتی ہو۔

دَگدانا (دَگ۔دا۔نا)(ق۔مص) پریشان کرنا۔ شک میں ڈالنا۔

دَگدَگا (دَگ۔دَ۔گا) دیکھئے دغدغا۔

دَگدَگانا (دَگ۔دَ۔گا۔نا) دیکھئے دغدغانا۔

دَگدَگاہٹ (دَگ۔دَ۔گا۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے دغدغاہَٹ۔

دُگدُگی (دُگ۔دُ۔گی)(ہ۔ا۔مث)(۱) حلقوم۔ سینہ اور گلے کے بیچ کا گڑھا۔ حلق۔ گلا (۲) جگنی۔ گلے کا ایک زیور جو سینے سے اُوپر لٹکا رہتا ہے (۳) سینے کی ہڈی۔

دُگدُگی میں دم ہونا (اَر۔محاورہ) گلے میں سانس ہونا۔ سینے میں دَم ہونا۔ مُنکر و بولنا۔ آخیر وقت ہونا۔

دُگدھا (دُگ۔دھا)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے دُبدھا۔

دِگر (دِ۔گر)(ف۔صف)(۱) دیگر۔ دُوسرا (۲) ایک بار اور۔

دگر دگر اَست و جگر جگر (ف۔مثل) غیر اپنوں کے برابر نہیں ہو سکتا۔

دگرگوں (ف۔صف)(۱) اُلٹا۔ سرنگوں (۲) اُلٹ پلٹ۔ تہ و بالا۔ تغیرُّ و تبدُّل۔

دگرگوں ہونا (اَر۔محاورہ) رنگ بدلنا۔ تہ و بالا ہونا۔ اُلٹ پلٹ ہونا۔ تغیرُّ و تبدُّل ہونا۔

دَگڑا (دَگ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) سڑک۔ راستہ۔ شارع عام۔

دَگلا (دَگ۔لا)(ہ۔ا۔مذ) روئی دار انگرکھا۔ لبادہ۔ اوور کوٹ۔

دگلا سب سے اگلا۔ بچھاؤ نرم۔ پہنو گرم۔ گٹھڑی میں بھرم۔ دے دو کرم (اَر۔مثل) دگلے میں یہ سب صفات پائی جاتی ہیں۔

دُگُن (دُ۔گن)(ہ۔ا۔مث)(۱) دُگنی آواز۔ موسیقی میں دُوسرے درجے کی آواز۔ دُون۔

دُگنا (دُگ۔نا)(ہ۔عددِ ضعفی) دوگنا۔ دو چند۔ دوہرا۔ دُونا۔

دُگنی (دُگ۔نی)(ہ۔عددِ ضعفی) دُگنا کی تانیث۔

د۔ل

دَل (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جسامت۔ موٹائی (۲) فوج۔ لشکر۔ انبوہ۔ جماعت۔ پارٹی۔ گروہ (۳) پتّہ۔ شگوفہ (۴) جنگلی چاول (۵) ڈھیر۔ تودہ۔ تعداد (۶) تباہی۔ بربادی۔ جمع: دَل۔ دَلوں (۷) دَلنا مصدر کا اَمر۔

دَل بادَل (اَر۔ا۔مذ)(۱) بہت گہرا اَبر (۲) بہت سی فوج (۳) بڑا خیمہ۔

دَل بندھنا (اَر۔محاورہ)(۱) پھوڑے پھنسی کی جسامت بڑھنا (۲) فوج کا اَنبوہ کرنا۔

دَل دار (ہ۔ف۔صف) موٹا۔ دبیز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِل (بکسرِ اوّل) (ف۔ا۔مذ) (۱) جسم کا ایک اہم اَندرونی عضو جس کا کام رگوں میں خون پہنچانا ہے۔ اِس کی حرکت بند ہو جائے تو اِنسان فوراً مر جاتا ہے۔ قلب۔ ہردے (۲) کسی شے کا باطن (۳) حوصلہ۔ جُرأت۔ دلیری۔ ہمّت (۴) خواہش۔ رغبت۔ ہوس (۵) رُخ۔ عندیہ۔ توجّہ (۶) مرضی۔ خوشی (۷) سخاوت۔ فیّاضی (۸) وسط۔ درمیان۔ مرکز۔ اُردو جمع: دِل۔ دِلوں۔

دِل آب آب ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل نرم ہونا۔

دِل آجانا (اَر۔ محاورہ) محبت ہو جانا۔

دِل آرا (ف۔ صف) دِل کو آراستہ کرنے والا (والی)۔

دِل آرام (ف۔ صف) دِل کو آرام دینے والا (والی)۔

دِل آرائی (ف۔ا۔مث) دِل رُبائی۔ دِل کو لبھانا۔

دِل آزار (ف۔ صف) دِل کو ستانے والا۔ دِل کو دُکھانے والا۔ ظالم۔

دِل آزاری (ف۔ا۔مث) دِل دُکھانا۔ ظلم و ستم۔ ایذا رسانی۔

دِل آزُردہ (بے اِضافت) (ف۔ صف) رَنجیدہ۔ ناخوش۔

دِل آزُردہ ہونا (اَر۔ محاورہ) ناخوش ہونا۔ اَفسردہ ہونا۔

دِل آزمانا (اَر۔ محاورہ) حوصلے کی آزمائش کرنا۔

دِل آگاہ (ف۔ صف) دانا۔ ہوشیار۔ بیدار دِل۔

دِل آنا (آجانا) (اَر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ محبت کرنا۔

دِل آویز (ف۔ صف) دِل لبھانے والا۔ دل کش۔

دِل آویزی (ف۔ا۔مث) دل کشی۔

دِل آہن ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل سخت ہونا۔

دِل آئینہ ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل پر نیک و بد خود بخود ظاہر ہو جانا۔

دِل اٹکنا (اَر۔ محاورہ) عشق ہونا۔ محبت ہونا۔

دِل اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) قطع تعلّق کر لینا۔

دِل اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) دِل اُچٹ جانا۔ جی نہ لگنا۔

دِل اُچاٹ ہونا (اَر۔ محاورہ) جی اُکتانا۔ جی نہ لگنا۔

دِل اُچٹ جانا (اَر۔ محاورہ) گھبرا جانا۔

دِل اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) دِل دھڑکنا۔

دِل اِختیار میں ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل قابو میں ہونا۔

دِل اُداس ہونا (اَر۔ محاورہ) اَفسردہ ہونا۔ غمگین ہونا۔

دِل اُڑا لینا (اَر۔ محاورہ) فریفتہ کر لینا۔

دِل اُڑ چلنا (اَر۔ محاورہ) دِل کا بے قابو ہونا۔

دِل اُفتادہ (بے اِضافت) (ف۔ صف) بددِل۔ شکستہ خاطر۔

دِل افروز (ف۔ صف) دِل کو روشن کرنے والا۔

دِل اَفگار (فگار) (ف۔ صف) زخمی دِل۔ رَنجیدہ۔ غمگین۔

دِل اَفگندیم بسم اللہ مجریہا و مرسٰہا (ف۔ع۔ مقولہ) جب کوئی کام شروع کرتے ہیں تو یہ مصرع پڑھا جاتا ہے یعنی اب تو اِرادہ کر لیا ہے۔ اللہ مالک ہے۔

دِل اُکتانا (اَر۔ محاورہ) دِل اُچاٹ ہو جانا۔ جی بھر جانا۔

دِل اُکھڑ جانا (اَر۔ محاورہ) طبیعت اُچاٹ ہو جانا۔ دِل نہ لگنا۔

دِل اَلٹ پلٹ ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل گھبرانا۔ بے چین ہونا۔

دِل اُلٹنا (اَر۔ محاورہ) دیوانہ ہونا (۲) دِل گھبرانا۔ خفقان ہونا۔

دِل اُلجھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) عاشق ہونا (۲) بیزار ہونا۔ اُکتانا۔

دِل اُلجھنا (اُ۔ لجھ۔ نا) (اَر۔ محاورہ) (۱) بیزار ہونا (۲) عاشق ہونا۔

دِل اُمنڈ آنا (اَر۔ محاورہ) رِقّت طاری ہونا۔ رونے کے قریب ہونا۔

دِل اور ہونا (اَر۔ محاورہ) خیال مختلف ہونا۔

دِل ایک ہونا (اَر۔ محاورہ) ہم خیال ہونا۔

دِل اَینٹھ لینا (اَر۔ محاورہ) فریفتہ کر لینا۔

دِل باختہ (ف۔ صف) دِل ہارا ہوا۔ پریشان۔ گھبرایا ہوا۔ بدحواس۔

دِل باغ باغ ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت خوش ہونا۔

دِل باندھنا (اَر۔ محاورہ) دِل کو مائل کر لینا۔

دِل بٹورنا (اَر۔ محاورہ) ہمّت توڑنا۔ بے دِل کرنا۔

دِل بُجھانا (اَر۔ محاورہ) ہمّت توڑ دینا۔ اَفسردہ کر دینا۔

دِل بُجھنا (اَر۔ محاورہ) اُمنگ جاتی رہنا۔ اَفسردہ ہونا۔

دِل بحال ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) دِل کی کدورت دُور ہونا (۲) دِل کو چین آنا۔

دِل بدست آور کہ حجِ اکبر اَست (ف۔ مثل) کسی کی دِل جوئی کرنا حجِ اکبر کے برابر ہے۔

دِل بَر (ف۔ صف) دِل لے لینے والا۔ محبوب۔ معشوق۔

دِل بُرا کرنا (اَر۔ محاورہ) رَنجیدہ ہونا۔

دِل بُرا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ناراض ہونا۔ جی کھٹا ہونا۔ متلی ہونا۔ قے ہونا۔

دِل برداشتگی (بر۔ داش۔ ت۔ گی) (ف۔ا۔مث) نفرت۔ کراہت۔ تنفّر۔

دِل برداشتہ (ف۔ صف) غمگین۔ آزردہ۔

دِل برِشتہ (ب۔ رِش۔ تہ) (ف۔ صف) جلے ہوئے دِل کا۔ غمگین۔ رَنجیدہ۔

دِل برمانا (اَر۔ محاورہ) فریفتہ کرنا (۲) رَنج دینا۔

دِل بری (ف۔ا۔مث) دِلبر کا اِسمِ کیفیت۔ محبوبیت۔ دِل موہ لینا۔

دِل بڑھانا (اَر۔ محاورہ) حوصلہ دِلانا۔ ہمّت بندھانا۔

دِل بڑھنا (اَر۔ محاورہ) حوصلہ بڑھنا۔ دلیر ہونا۔

دِل بستگی (بس۔ ت۔ گی) (ف۔ا۔مث) دِل لگنا۔ جی بہلنا۔

دِل بکھرنا (اَر۔ محاورہ) اَفسردہ ہونا۔

دِل بلّیوں اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) بہت بے تاب ہونا۔ گھبرانا۔

دِل بند (ف۔ صف) (۱) پیارا۔ محبوب (۲) بیٹا۔

دِل بند ہونا (اَر۔ محاورہ) دَم گھٹنا۔ دِل گھبرانا۔

دِل بودا ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل کمزور ہونا۔ تکلیف نہ اُٹھا سکنا۔

دِل بھاری ہونا (اَر۔ محاورہ) رَنجیدہ ہونا۔ مغموم ہونا۔

دِل بھٹکنا (اَر۔ محاورہ) دِل کا کبھی کسی طرف کبھی کسی طرف مائل ہونا۔

دِل بھچنا (اَر۔ محاورہ) ڈرنا۔ ہچکچانا۔

دِل بھر آنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں میں آنسو آنا۔ رِقّت ہونا۔

دِل بھر بُھرانا (اَر۔ محاورہ) لالچ پیدا ہونا۔ شوق پیدا ہونا۔

دِل بھر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سیر ہو جانا (۲) اُکتا جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِل بھر دینا (اُر۔ محاورہ) دِل پھیر دینا۔ لگائی بُجھائی کر کے نفرت پیدا کر دینا۔
دِل بھر کے (اُر۔ متعلق فعل) جی بھر کے۔ اچھی طرح سیر ہو کر۔
دِل بہلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل کا کسی کام میں مشغول ہونا (۲) پریشانی دُور ہونا۔
دِل بے ایمان ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بددیانتی کرنا (۲) دِل میں بُرا خیال آنا۔
دِل بیٹھا جانا (اُر۔ محاورہ) کمزوری محسوس ہونا۔ اختلاجِ قلب ہونا۔
دِل بیٹھ جانا (بیٹھنا) (اُر۔ محاورہ) ہمت نہ رہنا۔ اَفسردہ ہونا۔
دِل بے چین (بے کل) ہونا (اُر۔ محاورہ) مُضطرب ہونا۔ گھبرانا۔
دِل پارہ پارہ (پاش پاش) ہونا (اُر۔ محاورہ) روحانی صدمہ ہونا۔
دِل پانا (اُر۔ محاورہ) عندیہ معلوم کرنا۔ خوشی پانا۔ حوصلہ ہونا۔
دِل پانی پانی ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل نرم ہونا۔
دِل پتھر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) مُصیبتیں جھیل جھیل کر دِل سخت ہو جانا۔
دِل پر اِختیار ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے دِل اِختیار میں ہونا۔
دِل پر بار ہونا (اُر۔ محاورہ) بُرا یا گراں محسوس ہونا (۲) دِل پر بوجھ معلوم ہونا۔
دِل پر پتھر رکھ لینا (اُر۔ محاورہ) صبر کر لینا۔ دِل سخت کر لینا۔
دِل پر چوٹ لگنا (اُر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ دِل پر اثر ہونا۔
دِل پر چھُریاں چلنا (اُر۔ محاورہ) اَندرونی صدمہ پہنچنا۔
دِل پر سانپ لوٹنا (اُر۔ محاورہ) اَفسوس ہونا۔ پچھتاوا ہونا۔ صدمہ ہونا۔ حسد ہونا۔
دِل پر قُفل لگانا (اُر۔ محاورہ) دِل کے راز کو پوشیدہ رکھنا۔
دِل پر کندہ ہونا (ک پر زبر) (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا دِل پر اَثر ہونا۔ کوئی بات دِل میں بیٹھ جانا۔
دِل پر کھیلنا (اُر۔ محاورہ) جان پر کھیلنا۔ جان جوکھوں میں ڈال کر کوئی کام کرنا۔
دِل پر گھونسا پڑنا (اُر۔ محاورہ) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔
دِل پر مُہر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) دِل ایسا مسخ ہو جانا کہ اُس پر کسی بات کا اثر نہ ہونا۔
دِل پر میل آنا (اُر۔ محاورہ) دِل کو ناگوار گزرنا۔
دِل پر میل نہ لانا (اُر۔ محاورہ) خیال نہ کرنا۔ بُرا نہ ماننا۔
دِل پر نشتر مارنا (اُر۔ محاورہ) چبھتی ہوئی بات کہنا۔ تکلیف دہ بات کہنا۔
دِل پر نقش ہونا (اُر۔ محاورہ) بات کا دِل میں بیٹھ جانا۔
دِل پر ہاتھ رکھ کے دیکھو (اُر۔ محاورہ) اپنی حالت کا اَندازہ کر کے دُوسرے کی نسبت کچھ کہو۔
دِل پر ہاتھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) تسلی دینا۔
دِل پر جانا (اُر۔ محاورہ) دِل بہلانا۔
دِل پریشان ہونا (اُر۔ محاورہ) فکر ہونا۔ رنج ہونا۔
دِل پذیر (ف۔ صف) مرغوب۔ پسندیدہ۔
دِل پذیری (ف۔ ا۔ مث) رغبت۔ پسندیدگی۔
دِل پژمردہ ہونا (اُر۔ محاورہ) اَفسردہ ہونا۔ غمگین ہونا۔
دِل پستا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔
دِل پسند (ف۔ صف) مرغوب۔ پسندیدہ۔
دِل پسندی (ف۔ ا۔ مث) چاہت۔ رغبت۔
دِل پسیجنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رحم آنا (۲) سخاوت پر آمادہ ہونا۔
دِل پکّا کرنا (اُر۔ محاورہ) دِل مضبوط کرنا۔ حوصلہ کرنا۔
دِل پک جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) صدموں سے دِل کو سخت رنج ہونا (۲) طعنے سُن سُن کر دِل کو تکلیف ہونا۔
دِل پکڑا جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ضُعف پڑنا۔ شک پڑنا (۲) اِرادہ ظاہر ہو جانا۔ عندیہ معلوم ہونا۔
دِل پکڑ کر اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) بے قرار ہو کر اُٹھنا۔
دِل پکڑ کر بیٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) صدمے کی وجہ سے بول نہ سکنا یا گھبرا جانا۔
دِل پکڑ لینا (اُر۔ محاورہ) صدمے کی تاب نہ لا سکنا۔
دِل پکڑے پھرنا (اُر۔ محاورہ) بے تاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔
دِل پک کے پھوڑا ہونا (اُر۔ محاورہ) صدموں کی وجہ سے زیادہ برداشت کی طاقت نہ ہونا۔
دِل پگھلنا (اُر۔ محاورہ) رحم آنا۔ ترس آنا۔
دِل پھاڑنا (اُر۔ محاورہ) بیزار کرنا۔ طبیعت کو متنفر کرنا۔
دِل پھٹا جانا (اُر۔ محاورہ) ہمدردی کی وجہ سے صدمہ ہونا۔
دِل پھٹ جانا (پھٹنا) (اُر۔ محاورہ) متنفر ہونا۔ بیزار ہونا۔
دِل پھر جانا (پھرنا) (اُر۔ محاورہ) بیزار ہونا۔ کراہت ہونا۔
دِل پھڑکانا (اُر۔ محاورہ) خوشی سے بے تاب ہو جانا۔
دِل پھسلنا (اُر۔ محاورہ) دِل کا بے اِختیار مائل ہونا۔
دِل پھنسنا (اُر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ مائل ہونا۔
دِل پھُنک جانا (اُر۔ محاورہ) دِل جل جانا۔ دِل میں جلن ہونا۔
دِل پھیر لینا (اُر۔ محاورہ) دِل ہٹا لینا۔ نفرت کرنا۔
دِل پھیکا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) توجّہ ہٹ جانا۔ کسی چیز کا خیال جاتا رہنا۔
دِل تازہ ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل خوش ہونا۔ دِل کو فرحت ہونا۔
دِل تڑپنا (اُر۔ محاورہ) بے تاب ہونا۔ مُضطرب ہونا۔
دِل تفتہ (ف۔ صف) مُصیبت زدہ۔ دِل جلا۔ عاشق۔
دِل تلملانا (اُر۔ محاورہ) دِل کا بے قرار ہونا۔
دِل تلے اُوپر ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل گھبرانا۔ پریشان ہونا۔
دِل تنگ (ف۔ صف) ملول۔ رنجیدہ۔ ناخوش (۲) کنجوس۔ بخیل۔
دِل تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُضطرب ہونا۔ پریشان ہونا (۲) خسیس ہونا۔ بخیل ہونا۔
دِل توڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مایوس کرنا۔ نااُمید کرنا (۲) بے تعلّق ہو جانا۔
دِل تولنا (اُر۔ محاورہ) آزمائش کرنا۔
دِل تونگر ہونا (اُر۔ محاورہ) سخی ہونا۔ غربت کا رنج نہ ہونا۔
دِل تھام لینا (اُر۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ دِل کو قابو میں رکھنا۔
دِل تھرتھرانا (اُر۔ محاورہ) ڈرنا۔ خوف کھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِل تھوڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) ہمّت نہ ہونا۔ ہمّت ٹوٹ جانا۔
دِل ٹٹولنا (اَر۔ محاورہ) مرضی دریافت کرنا۔
دِل ٹکڑے ٹکڑے ہونا (اَر۔ محاورہ) سخت صدمہ ہونا۔
دِل ٹوٹ جانا (اَر۔ محاورہ) مایوس ہو جانا۔
دِل ٹوٹ کر آنا (اَر۔ محاورہ) سخت فریفتہ یا مائل ہونا۔
دِل ٹھکانے ہونا (اَر۔ محاورہ) اِطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔
دِل ٹھکنا (اَر۔ محاورہ) اِطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔
دِل ٹھنڈا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) خوش ہونا (۲) تسلّی ہونا۔ اِطمینان ہونا۔
دِل ٹھہرنا (اَر۔ محاورہ) تسکین ہونا۔ صبر آ جانا۔ دِل جمعی ہونا۔
دِل جانا (اَر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔
دِل جانتا ہے (اَر۔ روزمرّہ) دِل واقف ہے۔ حقیقت معلوم ہے۔
دِل جگر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) حوصلہ یا ہمّت دیکھنا۔
دِل جلا (اَر۔ صف) عاشق۔ فریفتہ۔ غمزدہ۔ دِل سوختہ۔
دِل جلا کر خاک کرنا (اَر۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچانا۔ سخت رَنج دینا۔
دِل جلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سخت رَنج دینا (۲) رَنج اُٹھانا۔
دِل جل کر کباب ہونا (اَر۔ محاورہ) سخت رَنج یا صدمہ ہونا۔
دِل جلنا (اَر۔ محاورہ) رَنج ہونا۔ غم ہونا۔
دِل جمنا (اَر۔ محاورہ) دِل لگنا۔ کسی کام کو توجّہ سے کرنا۔
دِل جمعی (ف۔ اِ۔ مث) تسلّی۔ اطمینان۔ بے فکری۔
دِل جُو (ف۔ صف) پیارا۔ محبوب۔
دِل جوان رہنا (اَر۔ محاورہ) ہر وقت خوش رہنا۔
دِل جوئی (ف۔ اِ۔ مث) تسلّی۔ تسکین۔
دِل جوئی کرنا (اَر۔ محاورہ) تسلّی دینا۔ دلاسا دینا۔
دِل جُھکنا (اَر۔ محاورہ) مائل ہونا۔
دِل جُھمانا (اَر۔ محاورہ) وجد میں آنا۔
دِل جینے سے خفا ہونا (اَر۔ محاورہ) زندگی سے بیزار ہونا۔
دِل چار چار ہاتھ اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) بے تاب ہونا۔ گھبرانا۔
دِل چاک کرنا (اَر۔ محاورہ) صدمہ پہنچانا۔ رَنج دینا۔
دِل چاہتا ہے (اَر۔ محاورہ) دِل میں آرزو ہے۔
دِل چاہئے (اَر۔ محاورہ) حوصلہ درکار ہے۔ ہمّت چاہئے۔
دِل چُرانا (اَر۔ محاورہ) (۱) فریفتہ کر لینا (۲) کام کرنے کو جی نہ چاہنا (۳) کوتاہی کرنا۔
دِل چسپ (ف۔ صف) دِل لُبھانے والا۔ خوشنما۔ خوبصورت۔
دِل چسپی (ف۔ اِ۔ مث) (۱) شوق۔ رغبت۔ چاہت (۲) مزہ۔ خوشی۔ لُطف۔
دِل چلا (اَر۔ صف) دلیر۔ بہادر۔ من چلا۔ جری (۲) صاحبِ ہمّت (۳) سخی۔ فیّاض (۴) پاگل۔ دیوانہ۔
دِل چور (اَر۔ صف) کم ہمّت۔ بُزدل۔
دِل چھان دینا (اَر۔ محاورہ) سخت رَنج پہنچانا۔
دِل چھپانا (اَر۔ محاورہ) پہلو تہی کرنا۔

دِل چھلنی کرنا (اَر۔ محاورہ) سخت رَنج دینا۔
دِل چھوٹا ہونا (اَر۔ محاورہ) پست ہمّت ہونا۔
دِل چُھوٹ جانا (اَر۔ محاورہ) ہمّت ٹوٹ جانا۔ گھبرا جانا۔
دِل چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) ہمّت ہارنا۔
دِل چھیدنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دِل کو زخمی کرنا (۲) عاشق بنا لینا۔
دِل چھین لینا (اَر۔ محاورہ) عاشق بنا لینا۔
دِل چیر کر دکھانا (اَر۔ محاورہ) راز ظاہر کرنا۔
دِل چیر کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) دِل کا حال معلوم کرنا۔
دِل حاضر ہونا (اَر۔ محاورہ) متوجّہ ہونا۔ دِل چسپی لینا۔
دِلِ حزیں (ف۔ اِ۔ مذ) غم زدہ دِل۔ مغموم دِل۔
دِل خاک ہونا (اَر۔ محاورہ) شگفتگی جاتی رہنا۔ آرزو نہ رہنا۔
دِل خالی کرنا (اَر۔ محاورہ) رو دھو کر یا غصّہ نکال کر دِل کا غُبار نکالنا۔
دِل خانۂ خُدا ہے (اَر۔ مقولہ) دِل اللہ کا گھر ہے کیونکہ دِل میں اللہ کی یاد رہتی ہے۔
دِل خراش (ف۔ صف) جانکاہ۔ تکلیف دِہ۔
دِل خستہ (بے اِضافت) (ف۔ صف) رَنجیدہ خاطر۔ مُصیبت زدہ۔
دِل خُنک ہونا (اَر۔ محاورہ) راحت پانا۔ خوش ہونا۔
دِل خواہ (ف۔ صف) مرضی کے موافق۔ پسندیدہ۔
دِل خوش کرنا (اَر۔ محاورہ) راضی کرنا۔ خوش ہونا یا کرنا۔
دِل خوش کُن (ف۔ صف) دِل کو مسرّت اور خوشی بخشنے والا۔
دِل خون کرنا (اَر۔ محاورہ) بے حد محنت و مشقت کرنا۔
دِل خون ہو کے بہ جانا (اَر۔ محاورہ) اُمنگ جاتی رہنا۔ شوق نہ رہنا۔
دِل خون ہونا (اَر۔ محاورہ) سخت رَنجیدہ ہونا۔
دِل دادہ (ف۔ صف) عاشق۔ فریفتہ۔
دِل دار (ف۔ صف) (۱) تسلّی دینے والا (۲) معشوق۔ پیارا۔ محبوب۔
دِل داری (ف۔ اِ۔ مث) (۱) تسلّی۔ تشفّی۔ تسکین (۲) ہمدردی۔ وفاداری۔
دِل داغ دار ہونا (اَر۔ محاورہ) دِل پر بہت صدمے پہنچنا۔ مغموم ہونا۔
دِل دریا (ف۔ صف) فیّاض۔ سخی۔
دِل دریا ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت سخی ہونا۔ نہایت فیّاض ہونا۔
دِل دُکھانا (اَر۔ محاورہ) تکلیف پہنچانا۔
دِل دُکھنا (اَر۔ محاورہ) غم ہونا۔ تکلیف ہونا۔
دِل دوڑنا (اَر۔ محاورہ) بے اِختیار دِل چاہنا۔ بے اِختیار فریفتہ ہونا۔
دِل دوز (ف۔ صف) (۱) دِل پر اثر کرنے والا (۲) پسندیدہ۔ مرغوب۔
دِل دو نیم ہونا (اَر۔ محاورہ) دیکھتے دِل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
دِل دھڑکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دِل کی حرکت تیز ہو جانا (۲) خوف ہونا۔ اِضطراب ہونا۔ وسوسہ پیدا ہونا۔
دِل دھک دھک کرنا (اَر۔ محاورہ) بیماری' ڈر یا اِضطراب سے دِل کی حرکت تیز ہو جانا۔
دِل دُھکڑ پُکڑ کرنا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) خوف کھانا۔ ڈرنا۔ وسوسہ پیدا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دل دھک سے ہو جانا (اَر۔ محاورہ) اچانک صدمہ ہونا۔
دل ڈَل جانا (دہلنا) (اَر۔ محاورہ) خوف کھانا۔ ڈرنا۔
دل دِہی (ف۔ اِ۔ مث) تسلی۔ تشفی۔ دلاسا۔
دل دیکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) حوصلے کی آزمائش کرنا (۲) منشا دریافت کرنا۔
دل دینا (اَر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
دل ڈانواں ڈول ہونا (اَر۔ محاورہ) دل قابو میں نہ ہونا۔
دل ڈوبنا (اَر۔ محاورہ) غشی طاری ہونا۔ کمزوری کی وجہ سے دل گرنا۔
دل ذرا سا ہونا (اَر۔ محاورہ) دل کا نازک ہونا۔ دل میں برداشت کی طاقت نہ ہونا۔
دل رابدل راہیست (ف۔ مقولہ) دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔ ایک طرف محبت ہو تو دوسری طرف بھی ہو جاتی ہے۔
دل رُبا (ف۔ صف) دل لبھانے والا۔ دل بر۔ معشوق۔
دل رُبائی (ف۔ اِ۔ مث) دلبری۔ معشوقیت۔ محبوبیت۔
دل رُچنا (اَر۔ محاورہ) مانوس ہونا۔
دل رفتہ (ف۔ صف) جس کا دل گیا ہوا ہو۔ عاشق۔ فریفتہ۔
دل رُکنا (اَر۔ محاورہ) آزردہ ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
دل رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آرزو پوری کرنا (۲) خوش کرنا۔
دل رُندھنا (اَر۔ محاورہ) غمگین ہونا۔
دل روشن ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) معلوم ہونا۔ واقفیت ہونا (۲) دل کا نورِ عرفان سے منور ہونا۔
دل روندنا (اَر۔ محاورہ) (۱) صدمہ پہنچانا (۲) فریفتہ کرنا۔
دل ریش (ف۔ صف) زخمی دل والا۔ (کنایۃً) عاشقِ نامراد۔
دل زار (ف۔ صف) پریشان دل۔ تکلیف میں مبتلا دل۔
دل زندگی سے بجھ جانا (اَر۔ محاورہ) نااُمید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔
دل زندہ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بہت خوش ہونا۔ فرحت ہونا۔
دل ستاں (ف۔ صف) دل چھین لینے والا۔ دل رُبا۔
دل ستانی (ف۔ اِ۔ مث) دل موہ لینا۔ فریفتہ کر لینا۔
دل سخت کر لینا (اَر۔ محاورہ) بے رحم اور سنگ دل ہو جانا۔
دل سرد ہو جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) متنفر ہو جانا (۲) ولولہ اور جوش جاتا رہنا۔
دل سُلگنا (اَر۔ محاورہ) دل میں جلن ہونا۔ سوز و گداز ہونا۔
دل سنبھالنا (اَر۔ محاورہ) دل کو تسکین دینا۔ ہمت کرنا۔ کسی کام کے لئے تیار ہونا۔
دل سنبھلنا (اَر۔ محاورہ) دل کو قرار یا تسکین ہونا۔
دل سوختہ (ف۔ صف) دل جلا۔ غم زدہ۔ مُصیبت زدہ۔
دل سوز (ف۔ صف) (۱) دل جلانے والا۔ رُلانے والا۔ رقت انگیز۔ درد انگیز (۲) ہمدرد۔ غم خوار (۳) سرگرم۔ پُرجوش۔ مشتاق۔
دل سوزی (ف۔ اِ۔ مث) (۱) ہمدردی۔ غم خواری (۲) اشتیاق۔ سرگرمی (۳) دل کا جلنا۔
دل سے (اَر۔ متعلق فعل) (۱) شوق سے۔ رغبت سے (۲) توجہ سے۔

دل سے اُتارنا (اَر۔ محاورہ) نظروں سے گرانا۔ بے وقعت کرنا۔
دل سے اُتر جانا (اَر۔ محاورہ) بے وقعت ہو جانا (۲) بھول جانا۔
دل سے باتیں کرنا (اَر۔ محاورہ) خود بخود کچھ کہنا۔ سوچتے رہنا۔
دل سے بُھلا دینا (اَر۔ محاورہ) خیال چھوڑ دینا۔ بالکل یاد نہ رکھنا۔
دل سے تنگ آنا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) عاجز آنا۔ دُکھی ہونا۔
دل سے دل اٹکنا (اَر۔ محاورہ) آپس میں محبت ہو جانا۔
دل سے دل مِلنا (اَر۔ محاورہ) دو شخصوں میں بہت محبت ہونا۔ ایک دوسرے کا عاشق ہونا۔
دل سے دُھواں نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آہ نکلنا (۲) بے حد غم ہونا۔
دل سیر ہونا (اَر۔ محاورہ) دل بھر جانا۔
دل سے صاف ہونا (اَر۔ محاورہ) رنج و ملال جاتا رہنا۔
دل سے غُبار نکلنا (اَر۔ محاورہ) ملال نہ رہنا۔ غصّہ اُتر جانا۔
دل سے کانٹا نکلنا (اَر۔ محاورہ) دل کی خلش جاتی رہنا۔
دل سے لگنا (اَر۔ محاورہ) بہت خیال ہونا۔ فکر ہونا۔ دُھن ہونا۔
دل سے مجبور ہونا (اَر۔ محاورہ) دل پر قابو نہ ہونا۔
دل سے مِلنا (اَر۔ محاورہ) خلوص اور محبت سے ملاقات کرنا۔
دل سے نکال دینا (اَر۔ محاورہ) بُھلا دینا۔ دل سے محو کر دینا۔
دل سے نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) ظاہری طور پر ہونا۔ نام کو ہونا۔
دل سیاہ کرنا (اَر۔ محاورہ) بے رحم ہونا۔
دل سینے میں اُلجھنا (اَر۔ محاورہ) دل گھبرانا۔ اضطراب ہونا۔
دل شاد (ف۔ صف) خوش۔ بشاش۔ مسرور۔
دل شکستہ (ف۔ صف) رنجیدہ۔ افسردہ۔ مایوس۔
دل شکن (ف۔ صف) دل توڑنے والا۔ ہمت پست کرنے والا۔ ناراض کرنے والا۔
دل شکنی (ف۔ اِ۔ مث) دل توڑنا۔ ہمت توڑنا۔
دل شگفتہ (ف۔ صف) خوش۔ بشاش۔
دل شیر ہونا (اَر۔ محاورہ) دل مضبوط ہونا۔ حوصلہ ہونا۔
دل صاف ہو جانا (اَر۔ محاورہ) کدورت دُور ہو جانا۔ ملال نہ رہنا۔ صلح ہو جانا۔
دل صد چاک (ف۔ صف) دل جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ہوں۔ سخت زخمی دل۔
دل صفا ہونا (اَر۔ محاورہ) دل صاف ہونا۔
دل غنی ہونا (اَر۔ محاورہ) سخی ہونا۔ دل کا امیر ہونا۔
دل فروش (ف۔ صف) دل بیچنے والا۔ عاشق۔
دل فریب (ف۔ صف) (۱) دل کو لبھانے والا۔ من موہن۔ دل رُبا (۲) خوبصورت۔ حسین۔
دل فریبی (ف۔ اِ۔ مث) خوبصورتی۔ دل رُبائی۔ من موہ لینے کی کیفیت۔
دل فِگار (ف۔ صف) دیکھئے دل افگار۔
دل قابو میں ہونا (اَر۔ محاورہ) دل کا اپنے بس میں ہونا۔
دل قوی کرنا (اَر۔ محاورہ) حوصلہ کرنا۔ دل کو مضبوط کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِل کا آجانا (اُر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔
دِل کا اَرمان نکلنا (اُر۔ محاورہ) آرزُو پوری ہونا۔ حوصلہ نکلنا۔
دِل کا بادشاہ (اُر۔ ا۔ مذ) اپنی مرضی کا مالک۔ آزاد۔ خود مختار۔
دِل کا بُخار (اُر۔ ا۔ مذ) غُصّہ۔ رَنج۔ کدورت۔ ملال۔
دِل کا بودا (اُر۔ صف) کم ہمت۔ بُودِل۔ پست حوصلہ۔
دِل کا ٹکڑا (اُر۔ ا۔ مذ) بہت پیارا۔ لختِ جگر۔
دِل کا حوصلہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) آرزُو پوری ہونا۔
دِل کا خون پینا (اُر۔ محاورہ) غم کھانا۔ رَنج کرنا۔
دِل کا دِل آئینہ ہے (اُر۔ مثل) جیسا کوئی کسی کے متعلق سوچے گا ویسا ہی اُس سے جواب بھی ملے گا۔
دِل کا دو دو ہاتھ اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) بہت بے قرار ہونا۔ مُضطرب ہونا۔
دِل کا دھڑکا (اُر۔ ا۔ مذ) اِختلاجِ قلب۔ خفقان۔
دِل کا سخت (اُر۔ صف) مضبوط دِل والا (۲) بے رحم۔
دِل کا عالم (ف۔ ا۔ مذ) دِل کی حالت۔
دِل کا غُبار (اُر۔ ا۔ مذ) رَنج۔ غُصّہ۔ کدورت۔ ملال۔
دِل کا غُبار نکلنا (اُر۔ محاورہ) کدورت دُور ہونا۔
دِل کا غُبار دُھل جانا (اُر۔ محاورہ) دِل صاف ہو جانا۔ غُصّہ دُور ہو جانا۔
دِل کا کانٹا (اُر۔ ا۔ مذ) دِل کی خلش۔ رَنج۔ ملال۔
دِل کا کچّا (اُر۔ صف) کم ہمت۔ بُودِل۔ بودا۔
دِل کا کچھ اور نقشہ ہونا (اُر۔ محاورہ) مُضطرب ہونا۔ پریشان ہونا۔ گھبرانا۔
دِل کا کرارا (اُر۔ صف) دِل کا پکّا۔ مضبوط دِل والا۔
دِل کا کنول کھلنا (اُر۔ محاورہ) خوش ہونا۔ شگفتہ خاطر ہونا۔
دِل کا کھوٹا (اُر۔ صف) دغاباز۔ فریبی۔
دِل کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ (اُر۔ مثل) رَنج والم کا اُسے ہی پتا ہوتا ہے جو اُس میں مبتلا ہوتا ہے۔
دِل کا لہری (دِل کا موجی) (اُر۔ صف) (۱) آزاد۔ بے پروا (۲) خوش مزاج۔
دِل کانپنا (اُر۔ محاورہ) دِل گھبرانا۔ ڈرنا۔
دِل کباب ہونا (اُر۔ محاورہ) جلنا۔ رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا۔
دِل کبیدہ (ف۔ صف) رنجیدہ۔ غمگین۔
دِل کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) فیّاضی کرنا۔ سخاوت کرنا (۲) بہادری کرنا۔ جُرأت کرنا۔ ہمت کرنا (۳) خواہش کرنا۔
دِل کڑا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل کو سخت کر لینا (۲) جُرأت کرنا (۳) صبر سے برداشت کرنا۔
دِل کُڑھنا (اُر۔ محاورہ) افسوس ہونا۔ غم ہونا۔ جلنا۔
دِل کش (ف۔ صف) (۱) دِل کو کھینچنے والا۔ دِل لُبھانے والا (۲) دِل پسند۔ مرغوب۔ پسندیدہ (۳) خوبصورت۔ خوش نما۔
دِل کُشا (ف۔ صف) (۱) دِل کو خوش کرنے والا۔ دِل شگفتہ کرنے والا (۲) روشن۔ فراخ۔

دِل کُشائی (ف۔ ا۔ مث) خوشی۔ فرحت۔ شگفتگی۔
دِل کشی (ف۔ ا۔ مث) دِل کو کھینچنا۔ دِل کو اپنی طرف متوجّہ کرنا۔
دِل کشیدہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
دِل کُملانا (اُر۔ محاورہ) مغموم ہونا۔ نااُمید ہونا۔ اَفسردہ ہونا۔
دِل کو پامال کرنا (اُر۔ محاورہ) ستم کرنا۔ ظلم کرنا۔
دِل کو پانی کرنا (اُر۔ محاورہ) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔
دِل کو پتھر کرنا (اُر۔ محاورہ) دِل کو سخت کر لینا۔
دِل کو پنکھا (پنکھے) لگنا (اُر۔ محاورہ) بے قرار ہونا۔ بے چین ہونا۔ دِل دھڑکنا۔
دِل کو تاب آنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) اِطمینان ہونا۔ سکون ہونا۔ تسکین ہونا۔
دِل کو تھامنا (اُر۔ محاورہ) صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔
دِل کو چوٹ لگنا (اُر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔
دِل کو خون کرنا (اُر۔ محاورہ) غمگین کرنا۔ سخت رَنج دینا۔ جلانا۔
دِل کو دِل سے راہ ہوتی ہے (اُر۔ مثل) دیکھئے دِل را بدِل راہیست۔
دِل کو سمجھانا (اُر۔ محاورہ) دِل کو تسلّی دینا۔
دِل کو سنبھالنا (اُر۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔
دِل کو قرار ہونا (اُر۔ محاورہ) اِطمینان ہونا۔ صبر ہونا۔ دِلجمعی ہونا۔
دِل کو لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دُھن ہونا (۲) خواہش ہونا (۳) صدمہ ہونا۔
دِل کو لَو لگنا (اُر۔ محاورہ) دُھن لگ جانا۔ ایک ہی طرف توجّہ ہو جانا۔ محبت ہو جانا۔
دِل کو مسوسنا (اُر۔ محاورہ) بیقراری کی حالت میں دِل پر ہاتھ رکھنا۔ صبر کرنا۔
دِل کو نشانہ بنانا (اُر۔ محاورہ) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔
دِل کو ہاتھوں سے مسلنا (اُر۔ محاورہ) سخت رَنج پہنچانا۔ خوب ستانا۔
دِل کو ہو قرار تو سب کو سُوجھیں تیوہار (اُر۔ مثل) جسے کوئی فکر نہ ہو وہی ہر بات میں لُطف اُٹھا سکتا ہے۔
دِل کھٹّا میٹھا ہونا (اُر۔ محاورہ) جی للچانا۔ بہت رغبت ہونا۔
دِل کھٹّا ہونا (اُر۔ محاورہ) بیزار ہونا۔ حوصلہ نہ ہونا۔
دِل کھٹک جانا (اُر۔ محاورہ) شُبہ پڑنا۔ شک پڑنا۔
دِل کھٹکنا (اُر۔ محاورہ) ڈرنا۔ کھٹکا ہونا۔
دِل کھرا کھوٹا ہونا (اُر۔ محاورہ) نیت میں فرق آنا۔ خیالِ فاسد پیدا ہونا۔
دِل کِھلنا (اُر۔ محاورہ) شگفتہ ہو جانا۔ خوش ہونا۔
دِل کُھلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خوش ہونا۔ رَنج دُور ہو جانا (۲) خوف جاتا رہنا (۳) حوصلہ بڑھنا۔ ہمت پیدا ہونا (۴) روشن ضمیر ہو جانا۔
دِل کھول کر (دِل کھول کے) (اُر۔ متعلق فعل) بے دھڑک۔ خاطر خواہ۔
دِل کہے میں نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل کا قابو میں نہ ہونا۔
دِل کھینچ لینا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ کر لینا۔ مائل کر لینا۔
دِل کی (اُر۔ ا۔ مث) رازِ دِل۔ خواہش۔
دِل کی آگ بُجھانا (اُر۔ محاورہ) خواہش پوری کرنا۔ تسکین پانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِل کی اُڑا لینا (اُر۔ محاورہ) دل کا مطلب سمجھ لینا۔
دِل کی بھڑاس (اُر۔ ا۔ مث) رنج۔ غم۔ غصّہ۔
دِل کی بے تابی (اُر۔ ا۔ مث) گھبراہٹ۔ بے چینی۔ بے قراری۔
دِل کی پھانس (اُر۔ ا۔ مث) خلش۔ رنج۔ غم۔ صدمہ۔
دِل کی جلن (اُر۔ ا۔ مث) رنج۔ غم۔
دِل کی حسرت نکلنا (اُر۔ محاورہ) خواہش پوری ہونا۔ مُراد حاصل ہونا۔
دِل کی دِل میں رہنا (اُر۔ محاورہ) خواہش پوری نہ ہونا۔
دِل کی رُکاوٹ (اُر۔ ا۔ مث) آزردگی۔ افسردگی۔
دِل کی صفائی (اُر۔ ا۔ مث) دل کا بُری باتوں سے مُبرّا ہونا۔
دِل کی طرح رکھنا (اُر۔ محاورہ) بہت عزیز رکھنا۔
دِل کی کلی کِھلنا (اُر۔ محاورہ) آرزو پوری ہونا۔
دِل کی کُنجی (اُر۔ ا۔ مث) ہم راز۔ صلاح کار۔ مشیر۔
دِل کی کہنا (اُر۔ ا۔ مث) (۱) صاف بات ظاہر کر دینا (۲) وہ بات جو دُوسرے کے دِل میں ہو بتا دینا۔
دِل کی گانٹھ (دِل کی گرہ) (اُر۔ ا۔ مث) رنج۔ شکوہ۔ شکایت۔
دِل کی گانٹھ کھولنا (اُر۔ محاورہ) عداوت دُور کرنا۔ چھپے ہوئے کینے کو رفع کرنا۔
دِل کی گرہ (گھنڈی) کھلنا (اُر۔ محاورہ) رنجش دُور ہونا۔ عقدہ کشائی ہونا۔ راز ظاہر ہونا۔
دِل کی لگن (دِل کی لاگ) (اُر۔ ا۔ مث) عشق۔ محبت۔ عاشقی۔
دِل کی لگی (اُر۔ ا۔ مث) غم۔ رنج۔ عشق۔ دِل کی چوٹ۔
دِل کی لگی بُجھنا (اُر۔ محاورہ) حسرت نکلنا۔
دِل کے پار ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل پر پورا اثر کرنا۔
دِل کے پُرزے ہونا (دِل کے ٹکڑے ہونا) (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ ہونا۔ بے حد رنج ہونا۔
دِل کے پھپھولے (آبلے) پھوڑنا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہہ کر دل کا غبار نکالنا۔ رنج و غم کے باعث جلی کٹی باتیں کرنا (۲) بدلہ لینا۔ زہر اُگلنا (۳) دردِ دل ظاہر کرنا۔
دِل گداز (ف۔ صف) دِل کو نرم کرنے والا۔
دِل گداز ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل نرم ہونا۔
دِل گُردہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) حوصلہ۔ جُرأت (۲) تاب۔ طاقت (۳) صبر۔ برداشت۔
دِل گرفتگی (کِ۔ رف۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) غم۔ رنج۔
دِل گرفتہ (ف۔ صف) غمگین۔ مغموم۔
دِل گرم (ف۔ صف) (۱) پُرجوش۔ شائق (۲) پُر آرزو (۳) بہادر۔
دِل گرم ہونا (اُر۔ محاورہ) اُمنگ پیدا ہونا۔ جوش پیدا ہونا۔
دِل گرما جانا (اُر۔ محاورہ) اُمنگ پیدا ہونا۔ خواہش پیدا ہونا۔

دِل گرمی (ف۔ ا۔ مث) شوق۔ جوش۔
دِل گمراہ ہونا (اُر۔ محاورہ) نیت میں فرق آنا۔ دل بھٹکنا۔
دِل گواہی دیتا ہے (اُر۔ محاورہ) دل تائید کرتا ہے۔
دِل گھبرانا (اُر۔ مص) (۱) بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا (۲) دل نہ لگنا۔
دِل گیر (ف۔ صف) مغموم۔ غمگین۔
دِل لُبھانا (اُر۔ محاورہ) دل کو مائل کرنا۔ دل کو فریفتہ کرنا۔
دِل لٹو ہونا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔
دِل لرزنا (اُر۔ محاورہ) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
دِل لگا بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ محبت کرنا۔
دِل لگا رہنا (اُر۔ محاورہ) فکر ہونا۔ تشویش ہونا۔
دِل لگا کر (اُر۔ متعلق فعل) توجّہ سے۔
دِل لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) عاشق ہونا (۲) کسی کام کی طرف متوجّہ ہونا۔
دِل لگ جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) جی بہلنا (۲) کسی کام میں مشغول ہو جانا (۳) عشق ہونا۔ محبت ہونا۔
دِل لگی (اُر۔ ا۔ مث) (۱) ہنسی مذاق۔ چُہل (۲) معمولی بات۔ آسان بات (۳) مشغلہ۔ دِل چسپی (۴) عشق۔ محبت۔ لگاؤ۔
دِل لگی باز (اُر۔ صف) ظریف۔ مسخرہ۔
دِل لوٹ پوٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔
دِل لوٹنا (ل پر پیش) (اُر۔ محاورہ) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔
دِل لوٹنا (لوٹ جانا) (ل پر زبر) (اُر۔ محاورہ) متنفّر ہونا۔ بیزار ہونا۔
دِل لہرانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل خوش کرنا (۲) اُمنگ پیدا ہونا۔ دِل خوش ہو جانا۔
دِل لہو ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت رنج ہونا۔ سخت صدمہ گزرنا۔
دِل لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) مائل کر لینا۔ عاشق بنا لینا (۲) منشا دریافت کرنا۔ عندیہ معلوم کرنا۔
دِل مارنا (اُر۔ محاورہ) خواہش کو روکنا۔ ضبط کرنا۔
دِل مٹھی میں لینا (اُر۔ محاورہ) کسی کو قابو میں کرنا۔ گرویدہ کر لینا۔
دِل مٹی ہونا (اُر۔ محاورہ) خواہش نہ رہنا۔
دِل مچلنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کے لئے ضد کرنا۔
دِل مر جانا (اُر۔ محاورہ) دِل میں کوئی خواہش نہ رہنا۔
دِلِ مرحوم (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) عاشق کا دِل۔ نامراد دِل۔
دِل مسلنا (اُر۔ محاورہ) دِل کو ایذا پہنچانا۔ رنج دینا۔
دِل مسوسنا (اُر۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ کُڑھنا۔
دِل مسوس کر رہ جانا (اُر۔ محاورہ) دِل پکڑ کر رہ جانا۔ غم و غصّہ ظاہر نہ کرنا۔ ضبط کرنا۔ اندر ہی اندر کُڑھنا۔
دِل مضبوط رکھنا (اُر۔ محاورہ) پروا نہ کرنا۔ حوصلہ رکھنا۔
دِلِ مُضطر (ف۔ ا۔ مذ) بے چین دِل۔
دِل مُتکدّر ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل میں ملال آجانا۔ دِل صاف نہ رہنا۔
دِل مِلا (اُر۔ ا۔ مذ) بہناپا۔ وہ باہمی رشتہ جو دو سہیلیاں آپس میں جوڑ لیتی ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِل مَلنا (اُر۔ محاورہ) دِل مسوسنا۔ کُڑھنا (۲) رنج پہنچانا۔

دِل مِلنا (اُر۔ محاورہ) دِل کا موافق ہونا۔ یک جان دو قالب ہونا۔

دِل موم ہونا (اُر۔ محاورہ) ترس آنا۔ رحم آنا۔ دِل کا نرم ہونا۔

دِل موہ لینا (اُر۔ محاورہ) کسی کا دِل اپنی طرف مائل کر لینا۔ عاشق بنا لینا۔

دِل میلا کرنا (اُر۔ محاورہ) رنج کرنا۔ مغموم ہونا۔ اُداس ہونا۔

دِل میں آنا (اُر۔ محاورہ) خیال گزرنا۔ ذہن میں آنا۔

دِل میں پاپ لانا (اُر۔ محاورہ) بدگمان ہونا۔ بدظن ہونا۔

دِل میں تو سمجھو (اُر۔ محاورہ) قائل تو ہو۔ شرمندہ تو ہو۔

دِل میں ٹھننا (اُر۔ محاورہ) پکّا اِرادہ ہونا۔ اِرادے پر قائم رہنا۔

دِل میں جگہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) راہ و رسم بڑھانا۔ دوست ہونا (۲) خصوصیت پیدا کرنا۔

دِل میں چُبھنا (اُر۔ محاورہ) اثر کرنا۔ پسند آنا۔

دِل میں چٹکیاں لینا (اُر۔ محاورہ) طعنے دینا۔ دِل دُکھانا۔

دِل میں چوٹ لگنا (اُر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ رنج ہونا۔ نیز دیکھیے دِل پر چوٹ لگنا۔

دِل میں چور بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) بدگمانی ہونا۔ بدظنی ہونا۔

دِل میں چھید ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔

دِل میں داغ پڑنا (اُر۔ محاورہ) صدمہ ہونا۔ رنج ہونا۔

دِل میں دِل ڈالنا (اُر۔ محاورہ) اپنی بات کا دُوسرے کو یقین دِلانا۔

دِل میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) دُوسرے کے ذہن میں ڈالنا (۲) خُدا کی طرف سے اِلہام ہونا۔ اِلقا ہونا۔

دِل میں ڈرنا (اُر۔ محاورہ) اندر ہی اندر خوف کھانا۔

دِل میں راہ کرنا (اُر۔ محاورہ) دوست بنانا۔ رسائی پیدا کرنا۔

دِل میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) پوشیدہ رکھنا۔ ظاہر نہ کرنا۔ کپٹ رکھنا۔

دِل میں زہر بھرا ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل میں کسی کے متعلق دُشمنی یا بدی ہونا۔

دِل میں سمانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہر وقت کسی (کسی کے) خیال میں رہنا (۲) اِرادہ کرنا (۳) کسی بات کا یقین ہونا۔

دِل میں شرمانا (اُر۔ محاورہ) شرمندگی ظاہر نہ ہونے دینا۔

دِل میں غُبار آنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے خلاف کدورت رکھنا۔

دِل میں فرق آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شُبہ ہونا۔ گمان گزرنا۔ اِعتبار اُٹھنا (۲) شکر رنجی ہونا۔

دِل میں کانٹا سا کھٹکنا (اُر۔ محاورہ) ناگوار گزرنا۔ بارِ خاطر ہونا۔

دِل میں کپٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) کینہ ہونا۔ دُشمنی ہونا۔

دِل میں کُڑھنا (اُر۔ محاورہ) رنج کرنا مگر ظاہر نہ ہونے دینا۔

دِل میں کُھبنا (اُر۔ محاورہ) دِل پر اثر کرنا۔

دِل میں کھٹک جانا (اُر۔ محاورہ) شُبہ پڑ جانا۔ اثر کر جانا۔

دِل میں کھوٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) نیّت ٹھیک نہ ہونا۔

دِل میں گرہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) رنج و ملال ہونا۔

دِل میں گڑ جانا (اُر۔ محاورہ) پسند آنا۔ اثر ہونا۔

دِل میں گھاؤ پڑنا (اُر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔

دِل میں گھر کر جانا (اُر۔ محاورہ) دوستی پیدا کرنا۔ محبت کرنا۔

دِل میں گھونسا لگنا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے دِل پر گھونسا پڑنا۔

دِل میں لانا (اُر۔ محاورہ) دِل نشین کرنا۔

دِل میں لڈّو پھوٹنا (اُر۔ محاورہ) بہت خوش ہونا۔

دِل میں لگن لگنا (اُر۔ محاورہ) شوق پیدا ہونا۔

دِل میں لہر آنا (اُر۔ محاورہ) خیال آنا۔ اُمنگ اُٹھنا۔

دِل میں ناسُور پڑنا (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔ بے حد رنج ہونا۔

دِل میں نقش ہونا (اُر۔ محاورہ) نہ بھولنے والا اثر ہونا۔

دِل میں نیّت کرنا (اُر۔ محاورہ) اِرادہ کرنا۔

دِل میں وَسوَسے اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) بُرے بُرے خیالات آنا۔

دِل میں ہُوک اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) رنج و غم کی بات یاد آنا۔

دِل میں ہَول سمانا (اُر۔ محاورہ) خوف زدہ ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔

دِل میں ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) اِرادہ ہونا۔ قصد ہونا (۲) خواہش ہونا۔ تمنّا ہونا (۳) خیال ہونا۔

دِلِ ناصبور (ف۔ ا۔ مذ) بے قرار دِل۔ صبر نہ کرنے والا دِل۔

دِل نشین (ف۔ صف) دِل میں بیٹھنے والا۔ دِل میں اثر کرنے والا۔ دِل پر نقش ہو جانے والا۔

دِل نشین کرنا (اُر۔ محاورہ) دِل میں بٹھانا۔ دِل پر نقش کرنا۔

دِل نواز (ف۔ صف) دِل پر مہربانی کرنے والا۔ دِل کو تسلی دینے والا۔ دوست۔

دِل نوازی (ف۔ ا۔ مث) (۱) تسلی۔ تشفّی (۲) مہربانی۔ عنایت (۳) ناز۔ نخرے۔

دِل نِہاد (ف۔ صف) جس پر دِل مائل ہو۔ جس کی طرف توجّہ ہو۔

دِل وابستہ ہونا (اُر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) مطیع ہونا۔

دِل والا (اُر۔ صف) (۱) سخی۔ فیّاض (۲) بہادُر۔ دلیر۔ جری۔ سُورما۔

دِل و جان (ف۔ صف) پیارا۔ عزیز۔ محبوب۔

دِل و جان سے (اُر۔ متعلق فعل) بڑی خوشی سے۔ شوق سے (۲) بخوبی۔ نہایت۔ بے حد۔

دِل و جگر پر چُھریاں چلنا (اُر۔ محاورہ) سخت تکلیف پہنچنا۔

دِل و دماغ (ف۔ ا۔ مذ) عقل و خرد۔ علم۔

دِل و دماغ نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) عقل نہ ہونا۔

دِل ہاتھ بھر بڑھنا (اُر۔ محاورہ) حوصلہ زیادہ ہونا۔ ہمّت ہونا۔

دِل ہاتھ میں رکھنا (دِل ہاتھ میں لینا) (اُر۔ محاورہ) کسی کو خوش اور راضی رکھنا۔ تسلی دیتے رہنا۔

دِل ہارنا (اُر۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ ہمّت ہار دینا۔

دِل ہِل جانا (اُر۔ محاورہ) خوف یا رحم سے دِل کانپ اُٹھنا۔ صدمہ ہونا۔

دِل ہلکا ہونا (اُر۔ محاورہ) رونے دھونے سے رنج و غم کم ہونا۔

دِل ہوا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔

دِل ہی جانتا ہے (دِل ہی کو معلوم ہے) (اُر۔ محاورہ) بیان نہیں ہو سکتا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِل ہی دِل میں (اَر۔ متعلق فعل) اَندر ہی اَندر۔ چپکے چپکے۔
دُلار (دُ۔لار) (ہ۔ا۔مذ) لاڈ۔ پیار۔ محبت۔
دُلارا (دُ۔لا۔را) (ہ۔صف) پیارا۔ عزیز۔ لاڈلا۔
دُلاری (دُ۔لا۔ری) (ہ۔صف) دُلارا کی تانیث۔
دِلاسا (دِ۔لا۔سا) (ف۔ا۔مذ) تسلّی۔ تشفّی۔ تسکین۔ اَر جمع: دِلاسوں۔ دِلاسے۔
دِلاسا دینا (اَر۔ محاورہ) تسلّی دینا۔ ہمّت بندھانا۔ جی بڑھانا۔
دَلّاک (دَل۔لا۔ک) (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جو حمام میں بدن کی مالش کرتا ہے۔
دَلّال (دَل۔لال) (ع۔ا۔مذ) (۱) سودا کرانے والا۔ آڑھتیا (۲) بھڑوا (۳) وہ شخص جو خریدار اور بیچنے والے کو ملائے۔ اَر جمع: دَلّال۔ دلالوں۔
دَلالت (دَ۔لا۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) علامت۔ نشان (۲) پتا۔ سُراغ (۳) دلیل۔ ثبوت (۴) ہدایت۔ راہ نُمائی (۵) اِطلاق۔ عائد ہونا (۶) دبدبہ۔ رُعب۔ شان۔ عظمت۔
دلالت برسنا (اَر۔ محاورہ) رُعب و داب ہونا۔ شان و شوکت ظاہر ہونا۔
دَلّالہ (دَل۔لا۔لہ) (ع۔ا۔مث) کُٹنی۔ مشاطہ۔ دلّال کی تانیث۔
دَلّالی (دَل۔لا۔لی) (ف۔ا۔مث) (۱) سودا کرانے کی اُجرت (۲) دَلّال کا پیشہ (۳) کٹناپا۔
دِلاوَر (دِل۔آ۔وَر) (ف۔صف) بہادُر۔ شُجاع۔ جمع: دِلاوران۔
دِلاوَری (دِل۔آ۔وَ۔ری) (ف۔ا۔مث) بہادُری۔ شُجاعت۔
دَلائِل (دَ۔لا۔اِل) (ع۔ا۔مث) دلیل کی جمع۔
دُلائی (دُ۔لا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) رضائی۔ رُوئی کی فرد۔ جمع: دُلائیاں۔ دُلائیوں۔
دَلبا (دَل۔با) (ہ۔ا۔مذ) دَنبل۔ بھگوڑا۔ وہ پرند جس کو پٹوا پٹوا کر دُوسرے لڑنے والے پرندوں کو دلیر بناتے ہیں۔
دُلَتّی (دُ۔لت۔تی) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے دولتّی (دو کے تحت)۔
دَلِدَّر (دَ۔لِد۔دَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اِفلاس۔ محتاجی۔ تنگ دستی (۲) نحوست۔ تنگ حالی (۳) نحس چیز۔ منحوس چیز (۴) پلید آدمی۔
دلدّر بھاگنا (اَر۔ محاورہ) افلاس دُور ہونا۔ نحوست ٹلنا۔
دلدّر پار ہونا (دُور ہونا) (اَر۔ محاورہ) تنگ حالی کا خوش حالی سے بدل جانا۔ افلاس یا نحوست کا جاتا رہنا۔
دلدّر نکالنا (اَر۔ محاورہ) گھر کو صاف سُتھرا کرنا۔
دَلِدَّری (دَ۔لِد۔دَ۔ری) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مُفلس (۲) غریب (۳) منحوس (۴) میلا کچیلا آدمی۔
دَلدَل (دَل۔دَل) (ہ۔ا۔مث) ایسی زمین جو سطح تک پانی سے تر ہو مگر اُوپر پانی نمودار نہ ہو۔ جمع: دلدلوں۔ دلدلیں۔
دلدل میں پھنسنا (اَر۔ محاورہ) کیچڑ میں پھنسنا۔ مشکل یا وقت میں پڑنا۔
دُلدُل (دُل۔دُل) (ع۔ا۔مذ) سیاہی مائل خچر جو حاکمِ اسکندریہ مقوقس نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا اور آپ ﷺ نے حضرت علیؓ کو عطا فرمایا (۲) ذوالجناح۔ وہ گھوڑا جو عشرہ محرم میں نکالا جاتا ہے۔
دُلدُل سوار (ف۔ا۔مذ) حضرت علیؓ کا لقب۔
دُلدُل نکالنا (اَر۔ محاورہ) محرم میں گھوڑے کا ماتمی جلوس نکالنا۔
دُلڑا (دُل۔ڑا) (ہ۔صف) دو لڑی والا۔ دوہرا (۲) دُبلا۔
دَلق (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) گدڑی۔ پشمینے کا لباس جو درویش پہنتے ہیں۔
دلق پوش (ع۔ف۔صف) گدڑی پہننے والا۔ فقیر۔ درویش۔
دَلَک (دَ۔لک) (ہ۔ا۔مث) چمک۔ جھلک۔ دمک (۲) کپکپی۔ لرزش۔ جُنبش۔
دَلَکنا (دَ۔لک۔نا) (ہ۔مص) (۱) چمکنا۔ دمکنا (۲) تھرتھرانا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ ہلنا۔
دُلکھنا (دُ۔لکھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بات کاٹنا۔ ٹوکنا۔ اعتراض کرنا (۲) اِنکار کرنا۔ منع کرنا۔
دُلکی (دُل۔کی) (ہ۔ا۔مث) گھوڑے کی ایک چال جس میں ایک وقت میں تین پاؤں اُٹھتے ہیں۔
دُلمہ (دُل۔مہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) سالن (۲) ایک سالن جس میں قیمہ اور پنیر بینگن یا گاجر میں بھر کر پکاتے ہیں۔
دَلنا (دَل۔نا) (ہ۔مص) موٹا موٹا پیسنا۔ دَردَرا کرنا۔ دال کو چکّی میں پیس کر نصف نصف کرنا۔
دَلو (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ڈول (۲) آسمان کا گیارھواں بُرج۔
دِلوانا (دِل۔وا۔نا) (ہ۔مص) دینا مصدر کا متعدّی المتعدی۔ عطا کرانا۔ سپرد کرانا۔
دَلوانا (دَل۔وا۔نا) (ہ۔مص) دَلنا مصدر کا متعدّی۔ موٹا موٹا پسوانا۔ دَردَرا کرانا۔
دَلوائی (دَل۔وا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) دَلوانے کی اُجرت۔
دُلہا (دُل۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے دُولہا۔
دُلہن (دُلھن) (دُل۔ہن) (دُ۔لھن) (ہ۔ا۔مث) عروس۔ وہ عورت جس کی نئی نئی شادی ہوئی ہو۔
دُلھنڈی (دُ۔لھن۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) ہولی کا دُوسرا دن۔
دِلی (دِ۔لی) (ف۔صف) دِل سے متعلق (۲) پکّا۔ جگری۔
دِلّی (دِل۔لی) (ہ۔ا۔مث) ہندوستان کا دارالحکومت۔ دہلی۔
دِلّی دکھانا (اَر۔ محاورہ) بچّے کو کھلاتے وقت بغلوں میں ہاتھ دے کر سر سے اُونچا کر دینا۔
دِلّی دُور ہے (اَر۔ مثل) ابھی منزل مقصود دُور ہے۔ نیز دیکھئے ہنوز دِلّی دُور۔
دِلّی کا روڑا (اَر۔ا۔مذ) بہت چالاک آدمی۔
دِلّی میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا کئے (اَر۔ مثل) لائقوں کی صحبت میں بیٹھ کر بھی نالائق ہی رہے۔
دَلیا (دَل۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دَلا ہوا اناج (۲) موٹا پسا ہوا غلّہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِلیر (دِ۔لیر) (بیائے مجہول) (ف۔صف) (۱) بہادُر۔ شُجاع۔ سُورما (۲) بے خوف۔ نِڈر۔ (اصل میں دِل وَر یا دِل یار تھا)۔

دِلیرانہ (دِ۔لے۔را۔نَہ) (ف۔متعلق فعل) (۱) جواں مردی سے۔ جُرأت سے (۲) بے باکانہ۔

دِلیری (دِ۔لے۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) بہادُری۔ شُجاعت۔ جُرأت (۲) بے باکی۔

دَلیل (دَ۔لیل) (ع۔ا۔مث) (۱) حُجت۔ بحث (۲) وجہ (۳) ثبوت۔ شہادت۔ جمع: دلائل۔ اُردو جمع: دلیلوں۔ دلیلیں۔

دلیل کامِل (ع۔ا۔مث) پُورا ثبوت۔

دلیل لانا (اُر۔محاورہ) ثبوت دینا۔ حُجت پیش کرنا۔

دلیل ناقِص (ع۔ف۔ا۔مث) بودی بات۔ کمزور ثبوت۔

دَلیل (دَ۔لیل) (بیائے مجہول) انگریزی لفظ ڈرِل کا بگاڑ (اُر۔ا۔مث) سزا۔ بیگار۔ سپاہیوں کی سزا جس میں اُن کی کمر پر سامان اور ہتھیار لاد کر اُنہیں دوڑاتے ہیں۔

دلیل بولنا (اُر۔محاورہ) کھڑا رہنے، ٹہلنے یا قواعد کرنے کی سزا ملنا۔

د ـ م

دَم (بفتحۂ اوّل) (ف۔ا۔مذ) (۱) سانس۔ نفَس۔ پُھونک (۲) پَل۔ منٹ۔ لحظہ۔ وقت (۳) زندگی (۴) روح۔ جان (۵) ذات (۶) حُقّے کا کش (۷) بھٹی یا تنور کی ہوا (۸) پانی کا گھونٹ (۹) کھانے کو دھیمی آگ پر رکھنا (۱۰) طاقت۔ قوت۔ زور (۱۱) تلوار کی دھار (۱۲) نیزے کی نوک (۱۳) مضبوطی۔ خوبی (۱۴) پَل (۱۵) خوشی۔ فرحت (۱۶) اُولوالعزمی۔ بلند حوصلگی (۱۷) دھوکا۔ فریب۔ دغا (۱۸) افسوں۔ منتر۔ دُعا جو پڑھ کر پُھونکی جائے (۱۹) غرور۔ تکبّر (۲۰) شیخی (۲۱) گھر۔ خانہ (۲۲) وطن (۲۳) (ع۔ا۔مذ) خون۔ لہو (۲۴) جان۔ روح۔

دمِ آب (بہ اِضافت) (ف۔ا۔مذ) (۱) پانی کا گھونٹ (۲) تھوڑا سا پانی۔

دم آجانا (اُر۔محاورہ) جان آجانا۔ زندگی پیدا ہو جانا۔

دم آخر ہو جانا (اُر۔محاورہ) مرجانا۔

دمِ آخریں (دَ۔مے۔آ۔خ۔ریں) (ف۔ا۔مذ) نزع کا وقت۔ آخری سانس۔

دم آنکھوں میں اٹکنا (اُر۔محاورہ) کچھ زندگی باقی رہنا۔

دم آنکھوں میں ہونا (اُر۔محاورہ) حالتِ نزع میں ہونا۔

دم اٹکا ہونا (اُر۔محاورہ) دم رُکا ہونا۔ ذرا سی سانس باقی رہنا۔

دم اٹک کر رہ جانا (اُر۔محاورہ) سانس کا سینے میں رُک جانا۔

دم اٹکنا (اُر۔محاورہ) (۱) سانس کا سینے میں رُکنا (۲) وقتِ نزع آہستہ آہستہ جان نکلنا۔

دمِ اِختصار (ف۔ع۔ا۔مذ) نزع کا عالم۔

دم اُکھڑ جانا (اُر۔محاورہ) تھکاوٹ کی وجہ سے سانس کا بہت تیز چلنا۔ سانس چڑھ جانا۔

دم اُکھڑنا (اُر۔محاورہ) سانس کا بے قاعدہ چلنا۔

دم اُلٹنا (اُر۔محاورہ) (۱) سانس رُکنا (۲) وقتِ نزع سانس کا بے قاعدہ ہو جانا (۳) دل گھبرانا۔

دم اُلجھنا (اُر۔محاورہ) جی گھبرانا۔ جی اکتانا۔

دم اُوپر کو کھینچنا (اُر۔محاورہ) زور سے سانس لینا۔

دم باز (ف۔صف) (۱) مکّار۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ حیلہ ساز۔ حیلہ گر (۲) حُقّے کا دَم لگانے والا۔

دم بازی (ف۔ا۔مث) دھوکے بازی۔ دغا بازی۔ مکّاری۔

دم باقی نہ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) ہکّا بکّا رہ جانا۔ سانس باقی نہ رہنا (۲) حوصلہ نہ رہنا۔

دم باندھنا (اُر۔محاورہ) (۱) سانس روک لینا (۲) متوجّہ ہونا۔

دم بخود (ف۔صف) چُپ چاپ۔ ساکت وصامت۔

دم بدم (ف۔متعلق فعل) (۱) ہر گھڑی۔ ہر وقت۔ برابر (۲) متواتر۔ پے در پے۔

دم بڑھانا (اُر۔محاورہ) لمبے لمبے سانس لینے کی مشق کرنا۔

دم بڑھ جانا (اُر۔محاورہ) قوت زیادہ ہونا۔

دم بنا رہے (اُر۔کلمۂ دُعا) جیتے رہو۔ سلامت رہو۔

دم بند ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) چُپ ہونا۔ ساکت ہونا۔ خاموش ہونا (۲) سانس رُکنا (۳) تنگ ہونا۔ عاجز ہونا (۴) گھبرانا۔ جی گھبرانا۔

دم بولانا (اُر۔محاورہ) جی گھبرانا۔ وحشت ہونا۔

دم بھر (اُر۔متعلق فعل) ذرا۔ لحظہ بھر۔ تھوڑی دیر کے لئے۔

دم بھر آنا (بھر جانا) (اُر۔محاورہ) سانس پُھول جانا۔

دم بھرانا (اُر۔محاورہ) (۱) کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا (۲) پہلوانوں کا اپنے شاگردوں کو زور کر کے تھکا دینا۔

دم بھرنا (اُر۔محاورہ) (۱) سانس چڑھنا یا پُھولنا (۲) ہر وقت کسی کی تعریف کرنا (۳) محبت کا دعویٰ کرنا (۴) کبوتر کا بولنا (۵) یقین کرنا۔ ایمان لانا۔

دم پُخت (ف۔صف) بھاپ میں پکا ہوا کھانا۔

دم پُخت ہو کر رہ جانا (اُر۔محاورہ) ناراض ہو کر یا غُصّہ ضبط کر کے چُپ ہو رہنا۔

دم پر آنا (اُر۔محاورہ) پکنے کے قریب ہونا۔ (خصوصاً چاول)۔

دم پر بننا (بن جانا) (اُر۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ مُصیبت پڑنا۔

دم پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) دھوکے میں آجانا۔

دم پر چھوڑ دینا (چھوڑنا) (اُر۔محاورہ) کھانے کو دھیمی آنچ پر رکھ دینا۔

دم پر لانا (اُر۔محاورہ) فریب میں پھنسانا۔

دم پسیں (پ۔سیں۔ واپسیں کا مُخفف) (ف۔ا۔مذ) حالتِ نزع۔ آخری دَم۔

دم پھڑکنا (اُر۔محاورہ) (۱) عاشق ہونا (۲) خواہش سے بے تاب ہونا۔

دم پُھولنا (اُر۔محاورہ) سانس چڑھنا۔

دم پُھونکنا (اُر۔محاورہ) بدن میں رُوح ڈالنا۔ جسم میں جان ڈالنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دم تک (اُر۔ متعلق فعل) جیتے جی۔ زندگی میں۔

دم توڑنا (اُر۔ محاورہ) نزع کی حالت میں ہونا۔ جان کنی کی حالت میں ہونا۔ سانس اُکھڑنا۔ (۲) دَم دینا۔ مر جانا۔

دمِ تیغ (بہ اضافت) (ف۔ا۔مذ) تلوار کی کاٹ' تیزی یا دھار۔

دمِ تیغ پر راہ ہونا (اُر۔ محاورہ) موت کا خطرہ ہونا۔

دم ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تیراک کا یا بھاگنے والے کا سانس پھولنا (۲) سانس اُکھڑنا (۳) حالتِ نزع میں ہونا۔

دم ٹھہرنا (اُر۔ محاورہ) سانس کا ٹھکانے سے ہونا۔ سانس کا قرار پکڑنا۔

دم جھانسا دینا (اُر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

دم چُرانا (اُر۔ محاورہ) اپنے تئیں مُردہ ظاہر کرنا۔ دَم روک لینا (۲) پہلو تہی کرنا۔ ٹالنا۔ کسی کام کے کرنے سے کترانا۔

دم چڑھنا (اُر۔ محاورہ) سانس چڑھنا۔ ہانپنا۔

دم چلا جانا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔

دم چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) مر جانا۔

دم خشک ہونا (اُر۔ محاورہ) ڈرنا۔ خوف کھانا۔

دم خفا ہونا (اُر۔ محاورہ) جی گھبرانا۔ سانس رُکنا۔

دم خم (ف۔ا۔مذ) (۱) طاقت۔ قوت۔ اُستواری۔ مضبوطی (۲) تلوار کی دھار اور خمیدگی (۳) اوسان۔ ہوش و حواس۔

دمِ خنجر (بہ اضافت) (ف۔ا۔مذ) خنجر کی دھار۔

دم دار (ف۔ صف) (۱) جاندار۔ مضبوط۔ طاقت ور۔ مدّتوں رہنے اور چلنے والی چیز (۲) باڑھ دار۔ دھار دار۔

دم داعیہ (ف۔ع۔ا۔مذ) دعویٰ۔ حوصلہ۔

دم ورود نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُردہ ہونا (۲) مرنے کے قریب ہونا (۳) طاقت نہ ہونا۔

دم دلاسا (ف۔ا۔مذ) چکنی چپڑی باتیں۔ تسلّی۔ تشفّی۔ خوشامد۔

دم دم کی (اُر۔ متعلق فعل) ہر وقت کی۔ ہر لحظے کی۔

دم دھاگا (اُر۔ا۔مذ) فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔

دم دھاگے بتانا (اُر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ جھانسا دینا۔

دم دُھکدُگی میں ہونا (اُر۔ محاورہ) جان کنی کا عالم ہونا۔ نزع کا وقت ہونا۔

دم دیکھنا (اُر۔ محاورہ) نزع کے وقت سانس دیکھنا۔

دم دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) مر جانا (۲) فریب دینا (۳) فریفتہ ہونا (۴) کھانے کو ہلکی آنچ پر رکھنا (۵) تلوار کو خم کر کے دیکھنا (۶) کسی پچکی ہوئی شے میں ہوا بھرنا (۷) تلوار کو آب دینا (۸) حقّے کی ہوا خارج ہونا۔

دمِ رُخصت (بہ اضافت) (ف۔ع۔ا۔مذ) رُخصت کا وقت۔ ہنگامِ موت۔

دمِ رفتار (بہ اضافت) (ف۔ا۔مذ) چلنے کے وقت۔

دم رُکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سانس رُک رُک کے آنا (۲) ضیقُ النفس (دمے) کا عارضہ ہونا (۳) دل گھبرانا (۴) عاجز ہونا۔ تنگ آنا۔

دم روکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حبسِ دَم کرنا (۲) عاجز کرنا۔

دم رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) طاقت رکھنا (۲) چُپ رہنا (۳) حرکت نہ کرنا۔

دم زدن (ف۔ محاورہ) (۱) دَم مارنا۔ سانس لینا (۲) کچھ کہنا۔

دم زدن میں (ف۔ متعلق فعل) فوراً۔ بہت جلد۔

دم زنی (ف۔ا۔مث) چپ رہنا۔

دم سادھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حبسِ دَم کرنا (۲) چپ رہنا (۳) حرکت نہ کرنا۔

دم ساز (ف۔ صف) (۱) رازدار۔ ہمراز (۲) گوئیے کا ساتھ دینے والا۔ شاملِ آواز (۳) متفق۔ موافق (۴) دوست۔ ہمدم۔ یار۔

دم سازی (ف۔ا۔مث) (۱) دوستی۔ بے تکلفی (۲) اتفاق (۳) میل۔ سُروں کا میل۔

دمِ سحر (بہ اضافت) (ف۔ا۔مذ) صبح کے وقت۔

دمِ سرد (بہ اضافت) (ف۔ا۔مذ) ٹھنڈی سانس۔ آہِ سرد۔

دم سُکھانا (اُر۔ محاورہ) ڈرانا۔ دھمکانا۔

دم سوکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ڈرنا۔ خوف کھانا (۲) کنجوسی کرنا۔

دم سُولی پر ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت پریشان ہونا۔ جان کو خطرہ ہونا۔

دم سینڈنا (ق۔ محاورہ) دَم سادھنا۔ خاموشی اِختیار کرنا۔

دم شماری (ف۔ا۔مث) مرتے وقت کے سانس گننا۔

دمِ صبح (بہ اضافت) (ف۔ع۔ا۔مذ) (۱) صبح کا وقت (۲) پو پھٹنا۔

دم ضیق میں کرنا (اُر۔ محاورہ) تنگ کرنا۔ زِچ کرنا۔

دمِ عیسیٰؑ (بہ اضافت) (ع۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰؑ کی پھونک جس سے مُردہ زندہ ہو جاتا تھا (۲) (صف) صحت بخش۔ جان ڈالنے والا۔

دم غنیمت ہونا (اُر۔ محاورہ) متبرک ہونا۔ قابلِ قدر ہونا۔

دم فنا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) مر جانا (۲) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ رُعب غالب ہونا۔

دم قدم (ف۔ع۔ا۔مذ) (۱) سانس چلنے کی طاقت (۲) زندگی۔ ذات۔ ہستی۔ وجود (۳) سلامتی۔

دم قدم کی برکت (اُر۔ا۔مث) کسی کی ذات کی وجہ سے بہتری ہونا۔

دم قدم کی خیر (اُر۔ا۔مث) جان کی سلامتی۔ فقیروں کی دُعا۔

دم کا دمامہ ہے (اُر۔ مثل) زندگی کے ساتھ دُنیا کی رونق ہے۔

دم کا کیا بھروسا (اُر۔ مثل) زندگی کا کوئی اِعتبار نہیں۔

دم کا مہمان (اُر۔ صف) جلد چلا جانے والا شخص۔ مرنے کے قریب شخص۔

دم کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چاولوں کو ہلکی آنچ پر چھوڑنا (۲) دُعا یا افسوں پڑھ کر پھونکنا (۳) آگ بجھانا۔

دم کش (کاف پر زبر) (ف۔ صف) (۱) گوئیے کی آواز کے ساتھ آواز ملانے والا (۲) دَم کھینچنے والا یا دَم لینے والا (۳) ہانپنے والا۔

دم کشی (ف۔ا۔مث) ضیقُ النفس کی بیماری۔ دَمہ (۲) چُپ رہنا (۳) دَم لینا۔

دم کولے رہنا (دم لے کر بیٹھ جانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) سانس نہ لینا (۲) چپ ہو جانا (۳) ٹال جانا (۴) سُنی اَن سُنی کرنا۔

دم کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دھوکا کھانا (۲) تنگ کرنا (۳) بار بار تقاضا کرنا (۴) کھانے کا ہلکی آنچ پر چھوڑا جانا (۵) خاموش رہنا (۶) صبر کرنا (۷) دَم لینا۔

دم کھٹکے میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) تذبذب میں پڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دم کھنچنا (اَر۔ محاورہ) نزع کے وقت سانس کا اوپر کو چڑھنا۔ دم ٹوٹنا۔ دم اُکھڑنا۔

دم کھینچنا (اَر۔ محاورہ)(۱) چپ رہنا (۲) حقّے کا گھونٹ لینا۔

دم کی روشنی (اَر۔ا۔مث)(کنایۃً) ذات کا فیض۔

دم کے دم میں (اَر۔ متعلق فعل) تھوڑی سی دیر میں۔ فوراً۔

دم کے ساتھ (اَر۔ متعلق فعل) زندگی بھر۔ تاحیات۔

دم کے ساتھ لگا ہونا (اَر۔ محاورہ) ہر وقت ساتھ رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

دم گلے میں اٹکنا (اَر۔ محاورہ) نزع کی حالت میں سانس رُکنا۔

دم گھبرانا (اَر۔ محاورہ)(۱) وحشت ہونا (۲) خفقان ہونا۔ دِل گھبرانا۔

دم گھٹنا (اَر۔ محاورہ)(۱) سانس رُکنا (۲) گھبراہٹ ہونا۔ جی گھبرانا۔

دم گھونٹ گھونٹ کر رکھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) زبردستی رکھنا (۲) تنگی میں رکھنا۔

دم گھونٹ گھونٹ کر مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) جلا جلا کر مارنا (۲) سخت تنگ کرنا۔

دم گھونٹنا (اَر۔ محاورہ) سانس روکنا۔ گلا گھونٹنا۔

دم لبوں پر آجانا (اَر۔ محاورہ) جاں بلب ہونا۔ سخت تکلیف میں ہونا۔

دم لگانا (اَر۔ محاورہ) حقّہ پینا۔ کش لگانا۔ چرس پینا۔

دم لگنا (اَر۔ محاورہ)(۱) حقّے کا دھواں دماغ کو چڑھنا (۲) چرس کے نشے کا اثر ہونا (۳) حقّے کا پیا جانا۔ کش لگنا۔

دم لو (اَر۔ محاورہ) جلدی نہ کرو۔ صبر کرو۔

دم لے لو (اَر۔ محاورہ) آرام کرو۔ سُستا لو۔

دم لینا (اَر۔ محاورہ)(۱) سانس لینا (۲) سُستانا۔ ٹھہرنا (۳) باز رہنا (۴) چپکا ہو رہنا۔

دم لینے کی فرصت نہیں (اَر۔ روزمرّہ) بہت کم فرصت ہے۔

دم مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بولنا (۲) شیخی مارنا۔ دعویٰ کرنا۔

دم مارنے کی بات نہیں (اَر۔ محاورہ) عذر کرنے کا محل نہیں۔

دم مارنے کی جگہ نہیں (اَر۔ محاورہ) کچھ بس نہیں چلتا۔ کچھ کہا نہیں جاتا۔

دم مارنے والا (اَر۔ صف) دخل دینے والا۔ بولنے والا۔ منہ سے بات نکالنے والا۔

دمِ مُردَن (بہ اضافت)(ف۔ا۔مذ) مرنے کے وقت۔ نزع کے وقت۔

دم مست قلندر دھڑ رگڑا (اَر۔ نعرہ) قلندر بھنگ گھوٹتے وقت کہتے ہیں۔

دم میں (اَر۔ متعلق فعل) فوراً۔ فی الفور۔ پل بھر میں۔ لمحہ بھر میں۔ لحظہ بھر میں۔

دم میں آنا (اَر۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔

دم میں دم آنا (اَر۔ محاورہ) اطمینان ہونا۔ جان میں جان آنا۔ زندگی کی اُمید ہونا۔ تسلّی ہونا۔

دم میں دم رہنا (اَر۔ محاورہ) جیتے رہنا۔ زندگی رہنا۔

دم میں دم نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) سکت نہ ہونا۔ قوت نہ ہونا۔

دم میں لانا (اَر۔ محاورہ) فریب دینا۔ بہکانا۔

دم ناک میں کرنا (لانا) (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ناک میں دم کرنا۔

دم ناک میں ہونا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ناک میں دم ہونا۔

دم نکالنا (اَر۔ محاورہ)(۱) جان نکالنا (۲) ڈرا دینا۔

دم نکلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) جان نکلنا (۲) نزع میں ہونا (۳) ڈر جانا۔

دم نہ مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) کچھ نہ بولنا۔ چپ رہنا (۲) مان کر قائل ہو جانا (۳) اُف نہ کرنا۔

دم نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) طاقت نہ ہونا۔ جان نہ ہونا۔

دم نہیں بدن میں، نام زور آور خاں (اَر۔ مثل) دیکھئے برعکس نہند نام زنگی کافور۔

دمِ واپسیں (بہ اضافت)(ف۔ا۔مذ) نزع کا وقت۔ نیز دیکھئے دمِ پسیں۔

دم ہانپنا (اَر۔ محاورہ) دَم چڑھنا۔

دم ہوا ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) جان نکلنا (۲) ڈرنا۔

دم ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) ہمت ہونا (۲) دَم پخت ہونا۔

دم ہونٹوں پر آنا (اَر۔ محاورہ) نزع کا عالم ہونا۔

دم ہی دم میں رکھنا (اَر۔ محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ دھوکے میں رکھنا۔

دم ہے تو کیا غم ہے (اَر۔ مثل) زندگی ہے تو کوئی پروا نہیں۔

دَم (بالفتح)(ع۔ا۔مذ)(۱) خون۔ لہو (۲) جان۔ رُوح۔ زندگی۔

دمُ الاَخوین (دَ۔مُل۔اَخ۔وَین)(ع۔ا۔مذ)(۱) دو بھائیوں کا خون (۲) سُرخ رنگ کا ایک گوند جو اکثر رنگنے اور دوا کے کام آتا ہے۔

دُم (بضمِ اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) پونچھ۔ دُنبالہ (پن) پوچھل (۲) پچھلا حصّہ (۳) انجام (۴) سفید لکیر جو دُم دار ستارے کے پیچھے ہوتی ہے (۵) وہ شخص جو ہر وقت کسی کے ساتھ لگا رہے۔ اُردو جمع: دُموں۔ دُمیں۔

دُم بُریدہ (ف۔ صف) دُم کٹا ہوا۔

دُم پر پاؤں رکھنا (اَر۔ محاورہ) تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔ چھیڑنا۔

دُم جھاڑنا (اَر۔ محاورہ) دُم ہلانا۔

دُم چنور کرنا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کا دُم اُٹھا کر چلنا۔

دُم چھلّا (اَر۔ا۔مذ)(۱) وہ لمبا کاغذ جو کنکوے کے نچلے سرے پر لگاتے ہیں (۲) وہ شخص جو ہر وقت کسی کے ساتھ لگا رہے (۳) چھوٹی دُم۔ پُونچھڑی۔

دُم دار (ف۔ صف) پُونچھ والا۔

دُم دار تارا (اَر۔ا۔مذ) وہ جرمِ فلکی جس کے پیچھے لمبی سی دُم ہوتی ہے اور جو سورج کے گرد ایک خاص مدار میں چکّر لگاتا ہے۔

دُم دبا کر بھاگنا (اَر۔ محاورہ) ڈر کر بھاگ جانا۔

دُم دبانا (اَر۔ محاورہ)(۱) بھاگنا (۲) مغلوب ہونا۔

دُم ریز (ریزی) (ف۔اَر۔صف) آخر موسم یا دُوسری بار پھل دینے والا درخت۔

دُم سُم سے اچھا ہے (اَر۔ مقولہ) موٹا تازہ ہے۔ فربہ ہے۔ اچھی حالت میں ہے۔

دُم علم کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) ہاتھی کا بھاگتے ہوئے دُم کو اونچا کرنا (۲) بچھو کا ڈنک کو اونچا رکھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دُم کے پیچھے پھرنا (اَر۔ محاورہ) ساتھ ساتھ لگا پھرنا۔ پیچھے پیچھے پھرنا۔
دُم گزا (اَر۔ محاورہ) (۱) وہ جگہ جہاں سے دُم نکلی ہو (۲) کپڑے یا کاغذ کی دھجی جو چھوٹی کنکیا (پتنگ) میں لگاتے ہیں (۳) دُم چھلا۔ جو ہر وقت ساتھ رہے۔
دُم لگ گئی (اَر۔ محاورہ) نئی بات پیدا ہو گئی۔
دُم میں گھسنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پناہ لینا (۲) خوشامد میں ہر وقت ساتھ رہنا (۳) بچے کا ماں کے پیچھے پیچھے رہنا۔
دُم میں نمدا باندھنا (اَر۔ محاورہ) مضحکہ اُڑانا۔ مذاق اُڑانا۔
دُم ہلانا (اَر۔ محاورہ) دُم کو حرکت دینا (۲) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
دَما دَم (دَ۔ما۔دَم) (اَر۔ متعلق فعل) پے درپے۔ متواتر۔
دِماغ (دِ۔ماغ) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) جسم کا کنٹرول رُوم۔ اعضائے رئیسہ میں سب سے اہم عضو (۲) سر کا گودا۔ بھیجا۔ مغز (۳) عقل۔ فہم۔ دانائی (۴) برداشت۔ تاب۔ طاقت (۵) اوسان۔ ہوش۔ حواس (۶) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ اُردو جمع: دماغ۔ دماغوں۔
دماغ آسمان پر ہونا (اَر۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔
دماغ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) ناز اُٹھانا۔
دماغ اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) نازبرداری ہونا۔
دماغ اور ہونا (اَر۔ محاورہ) غرور ہونا۔
دماغ بڑھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زیادہ مغرور ہونا (۲) نازک مزاج ہونا۔
دماغ بہکنا (اَر۔ محاورہ) پاگل ہو جانا۔
دماغ پھونک پھونک کے خالی کرنا (اَر۔ محاورہ) بک بک کر کے تھک جانا یا دُوسرے کو تھکا دینا۔
دماغ پریشان کرنا (اَر۔ محاورہ) بک بک کر کے یا شور مچا کر تنگ کرنا (۲) حواس باختہ کرنا۔
دماغ پھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دماغ پریشان ہونا (۲) سڑی ہونا۔ باؤلا ہونا۔
دماغ تر ہونا (اَر۔ محاورہ) دماغ کو تازگی اور آرام پہنچنا۔
دماغ تیز ہونا (اَر۔ محاورہ) دماغی قوت زیادہ ہونا۔
دماغ (کی) جھڑنا (اَر۔ محاورہ) غرور دُور ہونا۔ گھمنڈ نکلنا۔
دماغ چاٹنا (اَر۔ محاورہ) بکواس کرنا۔ بہت بولنا۔
دماغ چٹ (اَر۔ صف) بکواسی۔ بکّی۔ بہت بولنے والا۔
دماغ چڑھنا (اَر۔ محاورہ) دولت کی فراوانی سے مغرور ہونا۔
دماغ چلا (اَر۔ صف) مغرور۔ متکبر۔
دماغ چوتھے (ساتویں) آسمان (فلک) پر ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت مغرور ہونا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔
دماغ چل جانا (اَر۔ محاورہ) پاگل ہو جانا۔ سڑی ہو جانا۔
دماغ دار (ف۔ صف) مغرور۔ متکبر۔ خودپسند۔ گھمنڈی۔
دماغ داری (ف۔ اِ۔ مث) غرور۔ خودپسندی۔ تکبر۔
دماغ دُرست ہونا (اَر۔ محاورہ) غرور و تکبر دُور ہو جانا۔ غصّہ دُور ہونا۔
دماغ رکھنا (اَر۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ اِترانا۔
دماغ روشن (اَر۔ اِ۔ مث) نسوار۔ ہلاس۔
دماغ ساتویں آسمان پر ہونا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے دماغ چوتھے آسمان پر۔
دماغ سوزی (ف۔ اِ۔ مث) دماغی محنت۔
دماغ سے نئی اُترنا (اَر۔ محاورہ) نئی بات سُوجھنا۔
دماغ کا خلل (اَر۔ اِ۔ مذ) جنون۔ سودا۔ پاگل پن۔
دماغ کرنا (اَر۔ محاورہ) غرور کرنا۔ اِترانا۔ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔
دماغ کو چڑھ جانا (اَر۔ محاورہ) تمباکو‘ شراب یا کسی دُوسری نشہ آور شے کے اثر سے سر گھومنے لگنا۔
دماغ کو سردی چڑھ جانا (اَر۔ محاورہ) زکام ہو جانا۔
دماغ کو گرمی چڑھنا (اَر۔ محاورہ) بہت غرور ہونا (۲) سڑی ہونا۔ پاگل ہونا۔
دماغ کھا لینا (اَر۔ محاورہ) زیادہ باتیں کر کے پریشان کرنا۔
دماغ کی گرمی اُتارنا (اَر۔ محاورہ) غرور مٹا دینا۔
دماغ کی لینا (اَر۔ محاورہ) غرور کرنا۔
دماغ کے کیڑے جھاڑنا (اَر۔ محاورہ) سمجھاتے سمجھاتے یا باتیں کرتے کرتے تھک جانا۔
دماغ کوٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کوئی چیز نظر میں نہ سمانا (۲) گھبراہٹ ہونا۔
دماغ مغز سے خالی ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) دماغ کمزور ہونا (۲) بے وقوف ہونا۔
دماغ میں اور بُو ہونا (اَر۔ محاورہ) دماغ میں کوئی اور دُھن سمانا۔
دماغ میں بسنا (اَر۔ محاورہ) ذہن پر دیر تک اثر رہنا۔
دماغ میں خلل ہونا (اَر۔ محاورہ) جنون ہونا۔
دماغ میں ہوا بھرنا (اَر۔ محاورہ) کوئی دُھن سمانا۔
دماغ نکل جانا (اَر۔ محاورہ) غرور و تکبر نکل جانا۔
دماغ نہ ملنا (اَر۔ محاورہ) غرور و تکبر کی وجہ سے کسی طرف متوجہ نہ ہونا۔
دماغ نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) برداشت نہ ہونا۔ گوارا نہ ہونا۔
دماغ ہونا (اَر۔ محاورہ) غرور ہونا۔
دِماغی (ف۔ صف) (۱) دماغ سے نسبت رکھنے والا (۲) مغرور۔ متکبر (۳) خود پسند (۴) نازک مزاج۔ تنک مزاج۔
دَمامہ (دَ۔ما۔مہ) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) نقارہ (۲) شور (۳) رونق۔ چہل پہل۔
دَماں (دَ۔ماں) (ف۔ صف) (۱) تیز چلنے والا (۲) طاقت وَر (۳) خونخوار (۴) ڈراؤنا۔
دَمانا (دَ۔ما۔نا) (ہ۔ مص) (۱) لچک دار ہونا۔ ملائم ہونا (۲) تلوار کو دبا کر یا ٹیڑھا کر کے لچک دیکھنا۔
دَمانک (دَ۔ما۔نک) (ف۔ اِ۔ مث) ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔ قرابین۔
دُمچی (دُم۔چی) (اَر۔ اِ۔ مث) گھوڑے کے ساز کا وہ چمڑا جو دُم کے نیچے رہتا ہے۔ جمع: دُمچیاں۔ دُمچیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَمْدَمَہ (دَم۔دَ۔مَہ)(ف۔ا۔مذ) مصنوعی قلعہ۔ مورچہ۔ دُھس۔ وہ مصنوعی قلعہ جو جنگ کے وقت تھیلوں میں ریت وغیرہ بھر کر بنایا جاتا ہے۔
دمدمہ باندھنا (اَر۔ محاورہ) مورچہ بندی کرنا۔
دَمْدَمے (دَم۔دَ۔مے)(اَر۔ا۔مذ) (۱) دَمدمہ کی جمع (۲) دَمدمہ کی بدلی ہوئی شکل۔
دمدمے میں دم نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) طاقت ختم ہو جانا۔
دَمْرَک (دَم۔رَک)(ھ۔ا۔مذ) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس میں تکلا لگاتے ہیں۔ دمرکا۔ دمکڑا۔
دَمْڑچا (دَ۔مڑ۔چا)(ھ۔ا۔مذ) دمڑی کا پتنگ۔ بہت سستا پتنگ۔
دَمْڑی (دَم۔ڑی)(ھ۔ا۔مث) (۱) چھدام۔ پیسے کا چوتھا حصّہ (۲) چوتھائی حصّہ (۳) زمین کا ایک ناپ۔ کچے پچیس بیگھے۔
دمڑی دمڑی (ھ۔ا۔مث) کوڑی کوڑی۔ کم سے کم (۲) مکمل رقم۔
دمڑی کا (اَر۔صف) بہت کم قیمت کا۔ معمولی۔
دمڑی کا پوستی (اَر۔مثل) کھلونا جس کا سر ہوا سے ہلتا رہتا ہے۔ نکما آدمی۔
دمڑی کی بُڑھیا ٹکا سر مُنڈائی (اَر۔مثل) اصل قیمت کم اور خرچ زیادہ۔ وہ شے جس کے اُوپر قیمت سے زیادہ خرچ بیٹھے۔
دمڑی کی ہانڈی بھی ٹھوک بجا کر لیتے ہیں (اَر۔مثل) ہر کام خوب سوچ بچار کے بعد کرنا چاہیے۔
دمڑی کی ہانڈی گئی، کتے کی ذات پہچانی گئی (اَر۔مثل) تھوڑا سا نقصان تو ہوا مگر تجربہ ہو گیا یا اصلیت معلوم ہو گئی۔
دمڑی کے تین تین (اَر۔مثل) نہایت ارزاں۔ کوڑیوں کے مول۔
دمڑی نہ جائے چاہے چمڑی جائے (اَر۔مثل) تکلیف ہو مگر خرچ نہ ہو۔
دَمْڑے (دَم۔ڑے)(ھ۔ا۔مذ) دام۔ روپے۔
دمڑے خرچنا (اَر۔ محاورہ) مول لینا۔ خریدنا۔
دَمَک (دَ۔مَک)(ھ۔ا۔مث) (۱) چمک۔ درخشانی (۲) سُرخی۔ چہرے یا سونے کی تمتماہٹ (۳) گرمی۔ گرم ہوا (۴) جوش۔ جذبہ۔
دَمْکَلا (دَم۔کَ۔لا)(ھ۔ا۔مذ) (۱) پانی چڑھانے کی کل (۲) پچکاری۔ پمپ (۳) دُخانی کل (۴) آگ بجھانے کا انجن۔
دَمَکْنا (دَ۔مَک۔نا)(ھ۔مص) چمکنا۔ جھلکنا۔
دُمَّل (دُم۔مَل)(ع۔ا۔مذ) دیکھیے دُنبل۔
دَمَن (دَ۔مَن)(ف۔ا۔مذ ومث) ٹیلا۔ مٹی کا بڑا تودہ۔ چھوٹی پہاڑی۔
دَمْنا (دَم۔نا)(ھ۔مص) (۱) چمکنا۔ دمکنا (۲) لوہے کا ملائم ہونا (۳) مُڑ جانا۔ دُہرا ہو جانا۔
دُمُنْہا (دُ۔مُنہ۔ہا)(اَر۔صف) دو مُنہ کا۔ دو مُنہ والا سانپ۔
دَمَوی (دَم۔وی)(ع۔صف) خونی۔ خون کا۔ خون سے متعلق۔
دموی مزاج (ع۔صف) وہ شخص جس میں خون کی خلط بڑھ جائے۔
دَمَہ (دَ۔مَہ)(ف۔ا۔مذ) (۱) دھونکنی۔ دھونکنی کا جوڑا (۲) سانس کا روگ۔ ضیق النفس۔ وہ بیماری جس میں سانس رُک رُک کر آتی ہے۔
دمہ دم کے ساتھ (اَر۔مثل) دمہ کا مرض مرتے دم تک نہیں جاتا۔
دَمّی (دَ۔مّی)(ف۔ا۔مث) چھوٹی سی گڑگڑی۔ ایک قسم کا چھوٹا حقہ۔
دَمِیدَگی (دَ۔می۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) (۱) ہوا کا چلنا۔ پھولوں کا کھلنا۔ پودوں کا پھوٹنا۔ شاخوں کا نکلنا۔ خوشبوؤں کا پھیلنا (۲) خارش۔ مہاسے۔ کوئی چیز جو بدن پر پھوٹے۔
دَمِیدَہ (دَ۔می۔دَہ)(ف۔صف) کھلا ہوا۔ پھوٹا ہوا۔ پھوٹنے والا۔ کھلنے والا۔

د۔ن

دَن (بفتح اوّل)(ھ۔ا۔صوت۔مث) بندوق یا توپ کی آواز۔
دَن سے (اَر۔متعلق فعل) تڑاق سے۔ زور کی آواز کے ساتھ۔
دِن (بکسر اوّل)(ھ۔ا۔مذ) وقت کی پیمائش کی مکمل اکائی۔ سورج نکلنے سے غروب ہونے تک کا عرصہ۔ روز (۲) روشنی کا وقت (۳) صبح۔ تڑکا (۴) زمانہ۔ دَور۔ وقت (۵) ساعت۔ گھڑی (۶) موسم۔ رُت (۷) واقعات (۸) بخت۔ نصیب۔ جمع: دِن۔ دِنوں۔
دن آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رُت آنا (۲) موت کا وقت آنا (۳) حیض آنا (۴) شامت آنا۔ بُرے دن آنا۔
دن بدن (اَر۔متعلق فعل) غلط ہے۔ دیکھیے روز بروز۔
دن بدنا (اَر۔ محاورہ) تاریخ مقرر کرنا۔
دن بھاری (ہونا) رہنا (اَر۔ محاورہ) سختی کے دن آنا۔ تنگ دستی ہونا۔
دن بھر (اَر۔متعلق فعل) تمام دن۔ تمام روز۔
دن بھرنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت کے دن پورے کرنا۔ مُصیبت میں بسر کرنا۔
دن بہڑنا (بَ۔ہُڑ۔نا)(اَر۔ محاورہ) اچھے دن آنا۔ قسمت کھلنا۔
دن پڑا ہے (اَر۔ محاورہ) ابھی بہت وقت باقی ہے۔
دن پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُصیبت آنا۔ بُرا وقت آنا (۲) بیوہ ہونا۔
دن پورے کرنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت کے دن کاٹنا۔ زندگی جوں توں بسر کرنا۔
دن پہاڑ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) دن کاٹنا دُشوار ہو جانا۔
دن پھرنا (اَر۔ محاورہ) اچھے دن آنا۔ خوش حال ہونا۔ مُصیبت کے بعد راحت ہونا۔
دن پھیرنا (اَر۔ محاورہ) بُرے اور منحوس دنوں کو دُور کرنا۔
دن ٹلنا (اَر۔ محاورہ) حیض کا نہ آنا۔ معمول کے دن گزر جانا۔
دن جاتے دیر نہیں لگتی (اَر۔مثل) وقت جلد گزر جاتا ہے۔
دن چڑھانا (اَر۔ محاورہ) دیر کرنا۔ صبح کا وقت گزارنا۔
دن چڑھے (اَر۔متعلق فعل) سورج نکلنے پر۔ آفتاب کے بلند ہو جانے پر۔
دن چھپنا (اَر۔ محاورہ) سورج ڈوبنا۔ شام ہونا۔
دن دکھانا (اَر۔ محاورہ) خوشی کا موقع نصیب کرنا۔
دن دُونا رات چوگنا (دن دُونی رات چوگنی) (اَر۔صف) زیادہ سے زیادہ۔ بہت زیادہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دن دہاڑے (اَر۔ متعلق فعل) دن میں۔ سب کے سامنے۔ کھلے بندوں۔ علانیہ۔

دن دیکھا نہ رات (اَر۔ روزمرّہ) وقت بے وقت کا خیال نہ کیا۔

دن ڈھلنا (اَر۔ محاورہ) سُورج کا زوال شروع ہو جانا۔ دن گھٹنا۔

دن ڈھلے (اَر۔ متعلق فعل) دوپہر کے بعد۔

دن رات (اَر۔ متعلق فعل) شب و روز۔ چوبیس گھنٹے۔ ہر وقت۔

دن رات کا بکھیڑا (اَر۔ا۔مذ) ہر وقت کا جھگڑا۔

دن رہے (اَر۔ متعلق فعل) شام سے کچھ پہلے۔

دن سِدھارنا (اَر۔ محاورہ) زمانہ چلا جانا۔ وقت گزرنا۔

دن سن (اَر۔ا۔مذ) سن و سال۔

دن سے (اَر۔ متعلق فعل) دن چھپنے سے پہلے۔ سرِ شام۔

دن سیدھے ہونا (اَر۔ محاورہ) فارغ البالی ہونا۔ بھلے دن آنا۔

دن صاف گزر جانا (اَر۔ محاورہ) کھانے کو کچھ نہ ملنا۔ فاقہ ہونا۔

دن عید، رات شبِ برات (اَر۔ مثل) رات دن عیش و نشاط۔

دن قرار پانا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کے لئے دن مقرّر ہونا۔ دن ٹھہرنا۔

دن کاٹنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت سے بسر کرنا۔

دن کٹنا (اَر۔ محاورہ) وقت گزرنا۔ مصیبت سے بسر ہونا۔

دن کڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت کا زمانہ ہونا۔

دن کو اُونی اُونی رات کو چرخہ پُونی (اَر۔ مثل) بے موقع کام کرنے کی نسبت کہتے ہیں۔

دن کو تارے دِکھانا (اَر۔ محاورہ) دماغی صدمہ پہنچانا جس سے سر چکرا جائے (۲) خوب مارنا۔

دن کو تارے نظر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سخت مشکل پیش آنا (۲) بہت تیز نظر ہونا۔

دن کو دن رات کو رات نہ جاننا (سمجھنا) (اَر۔ محاورہ) کسی کام میں بہت مشغول ہونا۔ دن رات کام کرنا۔

دن کو رات کہنا (اَر۔ محاورہ) اُلٹی بات کہنا۔

دن کی پُوچھی رات کی کہی (اَر۔ مثل) جب کوئی بے تکی بات جواب میں کہے تو اُس وقت کہتے ہیں۔

دن کے دن (اَر۔ متعلق فعل) اُسی دن۔ جلدی۔

دن گِنتا (اَر۔ محاورہ) اِنتظار کرنا۔

دن گنوانا (اَر۔ محاورہ) وقت ضائع کرنا۔ عمر برباد کرنا۔

دن لگنا (اَر۔ محاورہ) اِترانا۔ گھمنڈ ہونا۔ نخوت و غرور پیدا ہونا۔

دن مان (ہ۔ا۔مذ) مقدارِ یوم۔ دن کا بڑھنا گھٹنا۔ دن کا اَنداز۔

دن مناتا (اَر۔ محاورہ) یادگار کے طور پر تقریب مناتا۔

دن میں سوئے۔ روزی کھوئے (اَر۔ مثل) جو دن کو کام نہ کرے اُس کی زندگی تنگی میں گزرتی ہے۔

دن نکلنا (اَر۔ محاورہ) سُورج نکلنا۔ صُبح ہونا۔

دن ہوا ہونا (اَر۔ محاورہ) اچھا وقت گزر جانا۔ بھلا زمانہ گزر جانا۔

دن ہو گئے (اَر۔ محاورہ) کافی مدّت ہو گئی۔ بہت زمانہ گزر گیا۔

دَنکا (ہ۔صف) موٹا۔ مضبوط۔ لمبا (۲) وہ لکڑی جس سے لڑکے گھریاں کھیلتے ہیں۔

دنا بَکل (ہ۔ا۔مذ) قوی ہیکل۔ مضبوط۔

دُناب (دُن۔ناب) (ہ۔صف) موٹا۔ سُوجا ہوا۔ پھولا ہوا۔ فربہ۔

دَنادَن (دَن۔کا۔دَن) (ہ۔ا۔صوت۔مث) چوٹ۔ ضرب۔ توپ، بندوق یا پٹاخے کی پے در پے آواز۔

دَنانیر (دَ۔نا۔نیر) (ع۔ا۔مذ) دینار کی جمع۔

دَناوَل (ق۔ا۔مذ) نشان۔

دِنائت (دِ۔نا۔ئت) (ع۔ا۔مث) کمینہ پن۔ رذالت۔

دُنبالہ (دُم۔بالہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) دُم۔ پیچھا (۲) آنکھ کا کویا۔ سُرمے کی لمبی لکیر (۳) چوبِ۔ کشتی یا جہاز کا پچھلا حصہ۔ اُر جمع: دُنبالوں۔ دُنبالے۔

دُنبالہ دار (ف۔صف) دُم دار۔ پیچھے دار۔

دُنبل (دُم۔بَل) (ف۔ا۔مذ) پھوڑا۔ دُمل۔

دُنبہ (دُم۔بہ) (ف۔ا۔مذ) چکّی کی وضع کی گول، موٹی اور بھاری دُم والا مینڈھا۔

دَنت (بفتحہ اوّل) (نُون غنّہ) (س۔ا۔مذ) (۱) دانت (۲) ہاتھی کی سُونڈ (۳) جنگلی سُؤر کی تھوتھنی۔

دنت کُریدنی (کھودنی) (ہ۔ا۔مث) خلال۔

دَنتُو (دَن۔تُو) (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے آگے کے دانت بڑے بڑے ہوں۔

دَنتیلا (فتح اوّل۔ نُون غنّہ۔ یائے مجہول) (ہ۔صف) بڑے بڑے دانتوں والا۔

دَند (بفتحہ اوّل) (نُون غنّہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) جولاہے کا راچھ (۲) (ق۔ا۔مذ) دُشمنی۔

دند سارنا (اَر۔ محاورہ) دُشمنی پھیلانا۔

دُند (بضمّ اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جھگڑا۔ قضیہ۔ دنگہ (۲) غُل۔ شور (۳) اَندھیر۔ ظلم۔

دُند مچانا (اَر۔ محاورہ) (۱) شور مچانا (۲) ظلم ڈھانا۔

دَندان (فتح اوّل) (نُون غنّہ) (ف۔ا۔مذ) دانت۔

دندانِ آز تیز کرنا (اَر۔ محاورہ) لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔

دندانِ خرد (ف۔ا۔مذ) عقل ڈاڑھ۔

دندان دراز (ف۔صف) لالچی۔ حریص۔

دندان ساز (ف۔ا۔مذ) (۱) مصنوعی دانت بنانے والا (۲) دانتوں کا ڈاکٹر۔ ڈینٹسٹ۔

دندان سازی (ف۔ا۔مث) مصنوعی دانت بنانے کا عمل یا پیشہ۔

دنداں شِکن جواب دینا (اَر۔ محاورہ) مُنہ توڑ جواب دینا۔

دندانِ شیر (ف۔ا۔مذ) دودھ کے دانت۔

دندانِ گیر (ف۔ا۔مذ) سامنے کے دانت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دمدانِ مصری (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی ولایتی مٹھائی جس کی شاخیں سی ہوتی ہیں۔

دَندانہ (دَن۔دا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) آرے (آری) کا خار (۲) دانت کے مشابہ کوئی چیز۔ اُر جمع: دندانوں۔ دندانے۔

دَندَن (دَن۔دَن) (ق۔ا۔مث) دُشمن۔ دندی کی تانیث۔

دَندَنانا (دَن۔دَ۔نا۔نا) (ہ۔مص) خوشی منانا۔ مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔

دَندی (بفتحہ اوّل) (نون غنّہ) (ق۔ا۔مذ) دُشمن۔

دَنداَرَس (دَن۔دا۔رَس) (ق۔ا۔مذ) مختلف رنگوں میں رنگے ہوئے کپڑے کا نام۔

دَندلنا (دَن۔دَل۔نا) (ق۔مص) مارے مارے پھرنا۔

دَنڈنا (دَنڈ۔نا) (ق۔مص) سزا دینا۔ جرمانہ کرنا۔

دُنکا (دُن۔کا) (ہ۔ا۔مذ) اناج کا دانہ۔ (دانہ کے تابع کے طور پر اِستعمال ہوتا ہے: دانہ دُنکا)۔

دَنگ (بفتحہ اوّل) (نون غنّہ) (ف۔صف) حیران۔ متحیّر۔ متعجب۔ ششدر۔ ہکا بکا۔

دنگ رہ جانا (ہونا) (اُر۔محاورہ) حیران ہونا۔ متحیّر ہونا۔ متعجب ہو جانا۔

دَنگا (بفتحہ اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد۔ بلوہ۔ ہنگامہ۔ شور (۲) شرارت۔ جمع: دنگوں۔ دنگے۔

دَنگل (بفتحہ اوّل وسوم) (نون غنّہ) (ف۔ہ۔ا۔مذ) (۱) کشتی لڑنے کی جگہ۔ اکھاڑا (۲) بھیڑ۔ انبوہ (۳) پہلوان کی جائے نشست۔ جمع: دنگل۔ دنگلوں۔

دنگل باندھنا (دنگل جمانا) (اُر۔محاورہ) (۱) لوگوں کا حلقہ باندھنا (۲) کشتی کے واسطے مجمع کرنا۔

دنگل ٹوٹ جانا (اُر۔محاورہ) مجمع تتر بتر ہو جانا۔

دنگل مارنا (اُر۔محاورہ) کشتی جیتنا۔ فتح پانا۔

دنگل میں اترنا (اُر۔محاورہ) کشتی کے میدان میں آنا۔

دَنگَئی (بفتحہ اوّل وسوم) (نون غنّہ) (اُر۔صف) لڑاکا۔ جنگجو۔ شریر۔

دِنوں (دِ۔نوں) (ہ۔ا۔مذ) دن کی جمع۔

دِنوں سے اتر جانا (اُر۔محاورہ) عمر ڈھل جانا۔ جوانی گزر جانا۔

دِنوں کا پھیر (اُر۔محاورہ) قسمت کا چکر۔ گردشِ زمانہ۔ ایامِ حیض کا گھٹنا بڑھنا۔

دِنوندا (دِ۔نوں۔دا) (ہ۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے۔

دَنی (دَ۔نی) (ع۔صف) کمینہ۔ رذیل۔ سِفلہ۔

دَنیُّ الطّبع (دَ۔نی۔یُط۔طبع) (ع۔صف) کمینی طبیعت کا۔ نہایت رذیل۔

دُنیا (دُن۔یا) (ع۔ا۔مث) (۱) کرۂ ارض۔ عالم۔ جہان (۲) موجودہ زندگی (۳) لوگ (۴) بہت سی چیزیں (۵) دولت۔ جائیداد۔ اُردو جمع: دُنیائیں۔ دُنیاؤں۔

دُنیا آباد ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) لوگوں کا کسی جگہ بسنا (۲) لوگوں کی اچھی حالت ہونا (۳) خوشحال ہونا۔

دُنیا آنکھوں میں اندھیر ہو جانا (اُر۔محاورہ) سخت گھبرا جانا۔ کچھ نہ سُوجھنا۔ نیز دیکھئے آنکھوں میں دُنیا تاریک ہو جانا۔

دُنیا اِدھر کی اُدھر ہو جانا (اُر۔محاورہ) انقلابِ عظیم ہو جانا۔

دُنیا اندھیر ہو جانا (اُر۔محاورہ) غم کے باعث کچھ نہ سُوجھنا۔ سخت گھبراہٹ ہونا۔

دُنیا بہ اُمید قائم (ف۔مقولہ) اِنسان اُمید کے سہارے زندگی بسر کرتا ہے۔

دُنیا بھر کی خاک چھاننا (اُر۔محاورہ) بہت تلاش و جستجو کرنا۔

دُنیا بھر کے (اُر۔متعلق فعل) بہت سے۔ نہایت۔ بے اِنتہا۔

دُنیا بھر کے جتن (اُر۔محاورہ) ہر قسم کی تدبیریں۔

دُنیا پرست (ف۔صف) دُنیادار۔ لالچی۔

دُنیا پر لات مارنا (اُر۔محاورہ) دُنیا کو ترک کر دینا۔ گوشہ نشین ہو جانا۔

دُنیا جہان (ف۔ا۔مذ) تمام عالم۔

دُنیا چھاننا (اُر۔محاورہ) بہت تلاش کرنا۔

دُنیا چھوڑنا (اُر۔محاورہ) فقیر ہو جانا۔ گوشہ نشینی اِختیار کرنا۔

دُنیا دار (ف۔صف) (۱) دُنیا کے دھندوں میں پھنسا ہوا آدمی (۲) ظاہری اَخلاق کا آدمی۔ ملنسار آدمی (۳) چالاک آدمی۔

دُنیا داری (ف۔ا۔مث) (۱) دُنیا کے دھندے۔ تعلّقات (۲) کنبہ۔ بال بچے۔ رشتے داریاں (۳) خانہ داری (۴) ملنساری۔ میل جول۔

دُنیا دیکھنا (اُر۔محاورہ) تجربہ کار ہونا۔

دُنیا ساز (ف۔صف) ظاہرداری برتنے والا۔ دُنیادار۔

دُنیا سازی (ف۔ا۔مث) ظاہرداری کی باتیں۔ بناوٹ۔ نمائش۔

دُنیا سازی کی باتیں (اُر۔ا۔مث) ظاہرداری کی باتیں۔

دُنیا سے اُٹھ جانا (اُر۔محاورہ) مرجانا۔

دُنیا سے اُڑ جانا (اُر۔محاورہ) معدوم ہونا۔ غائب ہونا۔

دُنیا سے الگ ہونا (اُر۔محاورہ) سب سے بے تعلّق ہونا۔ دُنیا چھوڑنا۔

دُنیا سے دل اُٹھانا (اُر۔محاورہ) دُنیا چھوڑ دینا۔

دُنیا سے ہاتھ دھونا (اُر۔محاورہ) دُنیاوی معاملات سے دست بردار ہونا۔

دُنیا غرض کی ہے (اُر۔مقولہ) مطلب نکل جانے کے بعد کوئی کسی کو نہیں پوچھتا۔

دُنیا کا ابھی کیا دیکھا (اُر۔محاورہ) کم عمر ہے۔ ناتجربہ کار ہے۔

دُنیا کا کُتّا (اُر۔ا۔مذ) طالبِ دُنیا۔ لالچی۔ ذلیل۔ دُنیاوی فائدوں کو عاقبت پر ترجیح دینے والا۔

دُنیا کا کہنا (اُر۔محاورہ) سب لوگوں کا کہنا۔

دُنیا کا لہو سفید ہونا (اُر۔محاورہ) لوگوں میں محبت نہ رہنا۔

دُنیا کی ٹھوکریں کھانا (اُر۔محاورہ) مارا مارا پھرنا۔

دُنیا کی ہوا کھانا (اُر۔محاورہ) مزے اُڑانا۔

دُنیا کی ہوا لگنا (اُر۔محاورہ) دُنیا کا اثر ہونا۔ دُنیا کا مزہ پڑنا۔

دُنیا کے عیب (اُر۔ا۔مذ) ہر قسم کی بُری باتیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دُنیا میں نام کرجانا (اُر۔ محاورہ) کوئی بڑا کام کر کے اچھی شہرت حاصل کرنا۔
دُنیا و مافیہا (ما۔فی۔ہا) (ع۔ ا۔ مث) دُنیا اور جو کچھ اُس میں ہے۔
دُنیا و مافیہا کی خبر نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کا ہوش نہ ہونا۔
دُنیائے بے ثبات (ع۔ صف) یہ عالم جو فانی ہے۔
دُنیائے دَنی (دُوں) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) کمینی دُنیا۔
دُنیاوی (دُن۔یا۔وی) (ع۔ صف) دینی کی ضد۔ دُنیا کا۔ دُنیا سے نسبت رکھنے والا۔
دُنیَوی (دُن۔یَ۔وی) (ع۔ صف) دیکھئے دُنیاوی۔

د۔و

دو (ہ۔ف۔ ا۔ عدد) (۱) ایک اور ایک کا مجموعہ (۲) جوڑا۔ جُفت (۳) الگ۔ جدا۔ غیر (۴) چند۔
دوآب (دوآبہ) (ف۔ ا۔ مذ) زمین جو دو دریاؤں کے درمیان ہو۔
دوآتشہ (ف۔ صف) (۱) وہ عرق یا شراب جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کشید کی جائے (۲) تیز و تند۔
دوآتشہ پلانا (اُر۔ محاورہ) اِشتعال دینا۔
دوآشیانہ (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا خیمہ جس میں دو کمرے ہوتے ہیں۔
دوآنسو گرانا (اُر۔ محاورہ) تھوڑا سا رونا۔
دواَسپہ (اَس۔پہ) (ف۔ صف) (۱) دو گھوڑوں کی سواری (۲) دو گھوڑوں کی ڈاک (۳) (متعلق فعل) جلد۔ فوراً۔
دواِک (دوایک) (اُر۔ صف) چند۔ تھوڑے۔ دو تین۔
دو اُنگل کی بچّی (اُر۔ ا۔ مث) چھوٹی سی لڑکی۔
دو اُنگلیاں ماتھے پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) لاپروائی سے سلام کرنا۔
دو بادشاہ در اقلیمے نہ گنجند وَدہ درویش در گلیمے بخسپند (ف۔ مثل) ایک مُلک میں دو بادشاہ نہیں رہ سکتے مگر دس فقیر ایک گدڑی میں سو جاتے ہیں۔
دو باتوں میں (اُر۔ متعلق فعل) چند فقروں میں۔
دوبار (اُر۔ متعلق فعل) دو دفعہ۔
دوبارہ (ف۔ صف) دُوسری مرتبہ۔ دُوسری دفعہ۔ مکرر۔
دوباز (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کنکوا جس کے دو گنڈے رنگ دار ہوں (۲) ایک قسم کا باز (۳) دو رنگے بازو کا کبوتر۔
دوبالا (ف۔ صف) دُگنا۔ دوچند۔ دُونا۔
دوبَر (دوبَرا) (ف۔ صف) دو پاٹ کا۔
دو بلدا (اُر۔ ا۔ مذ) دو بیلوں کا چھکڑا۔
دو بول پڑھانا (اُر۔ محاورہ) نکاح پڑھانا (۲) لڑکی کا سادگی سے نکاح کرنا۔
دو بھیسلی (دو بھیسیا) (اُر۔ صف) (۱) دو رنگی۔ دو رُخی (۲) منافق۔
دو بھیسلی بات (اُر۔ مث) پہلو دار بات۔
دوبیتی (اُر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی نظم۔ رُباعی۔
دوپاٹی (ہ۔ صف) دو عرض کا۔ دو پاٹ کا۔

دوپارہ (ف۔ صف) دو ٹکڑے (۲) ٹکڑے ٹکڑے۔ پھٹا ہوا۔
دوپاڑا (ہ۔ ا۔ مذ) مزدور عورتوں کا کام کرتے ہوئے لہنگا ٹانگوں پر لپیٹ لینا۔
دو پائے پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) فوجیوں کی طرح ڈاڑھی چڑھا لینا (۲) بندوق کے دونوں گھوڑے اِنتہائی حد پر چڑھا لینا۔
دوپائے کا تعویذ (دوپائے کا نقش) (اُر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا مثلث نقش۔
دوپٹا (دو۔پٹ۔ٹا) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) دو پاٹ کی چادر (۲) عورتوں کی اوڑھنی (۳) وہ چادر جو مرد کمر میں باندھتے ہیں۔
دوپٹا اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) عورتوں کا کوسنے یا دُعا دینے کے لئے دونوں ہاتھوں سے دوپٹے کو اُونچا کرنا۔
دوپٹا بدلنا (اُر۔ محاورہ) بہناپا کرنا۔
دوپٹا تان کے سونا (اُر۔ محاورہ) بے فکری سے سونا۔
دوپٹا ڈھلنا (ڈھلکنا) (اُر۔ محاورہ) دوپٹے کا سینے سے سرک جانا۔
دوپٹا گردن میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا۔
دوپٹا ہلانا (اُر۔ محاورہ) پناہ مانگنا۔ ہار ماننا۔ صُلح کا خواہاں ہونا۔
دوپٹیا (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) کبوتر جس کا پیٹ سفید ہو (۲) ایک قسم کا پتنگ جس میں دو رنگ کی پٹیاں ہوں (۳) دوپٹا کی تصغیر۔ اوڑھنی۔ چُنری۔
دوپَرتا (ہ۔ صف) دوہرا۔ دو تہہ کا۔
دوپُشتہ (ف۔ صف) دونوں طرف چھپا ہوا (۲) دورُخہ۔ دو طرفہ۔
دوپُشتہ کرنا (اُر۔ محاورہ) کاغذ کو ایک طرف چھاپ کر دُوسری طرف چھاپنا۔ دورُخہ بنانا۔
دو پلڑی (دوپلی) (اُر۔ ا۔ مث) دو پلڑوں کی چھوٹی ٹوپی۔
دو پلکا (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا کبوتر (۲) ایک قسم کا پتنگ (۳) ایک قسم کا نگینہ۔
دو پنچھی (اُر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی جالی جس کا دوہرا خانہ ہوتا ہے۔ اُس کی کرتیاں بنتی ہیں۔
دوپہر (اُر۔ ا۔ مث) (۱) بارہ بجے دن کا وقت' جب سُورج عین سر پر ہو (۲) ایک پہر کا دوگنا۔
دوپہر آنا (اُر۔ محاورہ) سُورج کا عین سر پر ہونا۔ نصف دن گزر جانا۔
دوپہر بجنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دن کے بارہ بجنا (۲) دوپہر کا گھنٹا بجنا۔
دوپہر ڈھلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) زوال کا وقت ہونا (۲) دن ڈھلنا۔
دوپہر کی چنیل (اُر۔ ا۔ مث) وہ لڑکا جو دوپہر کو مارا مارا پھرے۔
دوپہری (ہ۔ صف۔ مث) دوپہر کی (۲) دوپہر کی نوبت۔
دوپہریا (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) ایک پُھول جو اکثر دوپہر کو کھلتا ہے (۲) بچہ جو دن کے بارہ بجے پیدا ہو (۳) دوپہر کا وقت۔
دو پیازہ (ف۔ ا۔ مذ) سالن جس میں گوشت سے دُگنی پیاز ڈالتے ہیں اور ترکاری نہیں ڈالتے۔
دوتا (ف۔ صف) (۱) دُگنا۔ دُہرا (۲) ٹیڑھا (۳) کُبڑا۔
دوتارا (اُر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی چھوٹی سارنگی جس میں دو تار ہوتے ہیں۔
دوتہی (اُر۔ ا۔ مث) وہ موٹا کپڑا جو بستر کے طور پر دُہرا بچھایا جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دو تین (ہ۔ صف) چند۔
دو ٹوک (اَر۔ صف)(۱) دوپارہ۔ دو ٹکڑے (۲) صاف۔ کھرا (۳) فیصلہ کن۔
دو ٹوک جواب دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) صاف اِنکار کرنا۔ صاف جواب دینا (۲) مختصر جواب دینا۔
دو ٹوک کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) فیصلہ کرنا (۲) قطع تعلّق کر لینا۔
دو ٹوک ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) فیصلہ ہونا (۲) رشتہ یا دوستی ٹوٹنا۔
دو جورو کا خصم چوسر کا پانسا (اَر۔ مثل) دو بیویوں والا ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے۔
دو جہان (ف۔ اِ۔ مذ) دُنیا اور آخرت۔
دو جہان سے جانا (اَر۔ محاورہ) دین و دُنیا سے جانا۔ دین دُنیا برباد ہو جانا۔
دو جہان سے کھونا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کا نہ رکھنا۔ بیکار کر دینا۔
دو جِبھا (جیبا) (ہ۔ صف)(۱) دو زبانوں والا (۲) بد عہد۔ منافق۔
دو جیا (اَر۔ صف۔ و۔ اِ۔ مث) حاملہ عورت۔
دو چار (ہ۔ صف)(۱) چند۔ دو ایک۔ دو تین (۲) آمنے سامنے۔
دو چار ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا (۲) آنکھیں ملنا۔
دو چِت (دوچِتا) (ہ۔ صف)(۱) خیالات کی یکسوئی نہ رکھنے والا۔ متذبذب (۲) پریشان۔ مُضطرب۔
دو چشمی (ف۔ اِ۔ مث)(۱) وہ تصویر جس میں پورے چہرے کا عکس ہوتا ہے (۲) ہائے ہوّز۔ (ھ)۔
دو چُلّو (ہ۔ صف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
دو چُلّو میں (اُلّو ہونا) بہک جانا (اَر۔ محاورہ) تھوڑی سی شراب پی کر بہک جانا۔
دو چند (ف۔ صف) دُگنا۔ دوگنا۔ دُونا۔ دوہرا۔
دو چوبہ (ف۔ صف) دو چوب والا۔ ایسا خیمہ جس میں دو ڈنڈے ہوں۔
دو چھتا (اَر۔ صف۔ و۔ اِ۔ مذ) وہ مکان جس کی اُوپر تلے دو چھتیں ہوں۔
دو حرف (ف۔ صف) مختصر۔ تھوڑی سی تحریر یا تقریر۔
دو حرف بھیجنا (اَر۔ محاورہ) لعنت بھیجنا۔ نفرین کرنا۔
دو حرفی (ف۔ صف) بہت مختصر۔ (تحریر یا تقریر)۔
دو خصمی (اَر۔ صف۔ و۔ اِ۔ مث) وہ عورت جس نے دوسرا بیاہ کیا ہو۔ دو خاوند والی۔
دو دامہ (ف۔ اِ۔ مذ)(۱) ایک قسم کا بیل (۲) ایک بیل دار کپڑا۔
دو دانے کو محتاج ہونا (اَر۔ محاورہ) سخت مفلس ہونا۔
دو دستہ (ف۔ صف) دونوں طرف۔
دو دستہ خلال (ف۔ اِ۔ مث) وہ بازی جس میں دو آدمیوں کو ایک ساتھ شکست دی جائے۔
دو دستی (ف۔ اِ۔ مث)(۱) کُشتی کا ایک پیچ (۲) دو ہاتھ کا تلوار کا وار۔
دو دِل راضی تو کیا کرے گا قاضی (اَر۔ مثل) فریقین کی رضامندی میں حاکم دخل نہیں دے سکتا۔ نیز دیکھیے میاں بیوی راضی۔
دو دِل ملنا (اَر۔ محاورہ) دو شخصوں کا باہم اتحاد کرنا۔ دو طرفہ محبت ہونا۔

دو دِلا (ف۔ صف)(۱) شکّی۔ وہمی (۲) متفکر۔ حیران (۳) متذبذب۔
دو دِن (ف۔ اِ۔ مذ) قلیل عرصہ۔ تھوڑا سا زمانہ۔
دو دِن بہار دس دن پت جھڑ (اَر۔ مثل) عیش کم تکلیف زیادہ۔
دو دِن کا مہمان (ف۔ صف)(۱) عارضی۔ فانی۔ ناپائیدار (۲) مرنے کے قریب۔
دو دِن کی بات (اَر۔ اِ۔ مث) چند روز کا معاملہ۔
دو دِن کی چاندنی (اَر۔ اِ۔ مث)(۱) حُسنِ چند روزہ (۲) عارضی خوبی۔
دو دِن (ہی) میں (اَر۔ متعلق فعل) تھوڑی سی مدّت میں۔
دو دِن نہ پکڑنا (اَر۔ محاورہ) جلد مر جانا۔ جوان مر جانا۔
دو دو باتیں (اَر۔ اِ۔ مث) مختصر سوال و جواب۔ چند باتیں۔
دو دو ہاتھ اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) سخت مضطرب ہونا۔ بہت بے تاب ہونا (کلیجے کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے)۔
دو دو ہاتھ کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) لڑائی کرنا (۲) آزمائش کے لئے تھوڑی سی لڑائی کرنا۔
دو دھارا (ہ۔ صف)(۱) دوہری دھار کا خنجر (۲) وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہو جاتی ہوں (۳) ایک قسم کا تھوہر جس کی دُہری شاخیں ہوتی ہیں۔
دو دھاری (ہ۔ صف) دو دھارا کی تانیث۔
دو دھاری تلوار (اَر۔ اِ۔ مث) وہ سیدھی تلوار جس کے دونوں طرف باڑ ہو۔
دو راہا (اَر۔ اِ۔ مذ) وہ جگہ جہاں دو راستے ملیں یا نکلیں۔
دو رُخا (اَر۔ صف)(۱) دو رُویہ (۲) دو پہلو والا (۳) منافق۔ دو رنگا۔
دو رُخی (اَر۔ صف) دو رُخا کی تانیث۔
دو رَسا (اَر۔ اِ۔ مذ)(۱) دو قسم کا ملا ہوا تمباکو (۲) خمیرہ تمباکو۔
دو رَگا (اَر۔ صف)(۱) دوغلا آدمی (۲) دو نسل کا مُرغ (۳) دو نسل کا گھوڑا۔
دو رنگا (ف۔ صف)(۱) دو رنگ کا (۲) ابلق (۳) منافق (۴) متلوّن مزاج۔
دو رنگی (ف۔ اِ۔ مث) بیگانگی۔ دُوئی۔ مغایرت (۲) مکّاری۔ منافقت۔
دو رُو (ف۔ صف)(۱) دو رُخ کا (۲) منافق (۳) ایک پھول جس کا ایک رُخ سُرخ اور دُوسرا زرد ہوتا ہے۔ گُلِ رعنا۔
دو روز (ف۔ اِ۔ مذ) چند روز۔
دو روز کا مہمان (ف۔ اِ۔ مذ)(۱) تھوڑا قیام کرنے والا شخص (۲) فانی۔
دو روزہ (ف۔ صف) مختصر وقفے کا۔ تھوڑی مدّت کا۔
دو رُویہ (ف۔ صف)(۱) دونوں جانب۔ دونوں طرف (۲) منافقانہ۔
دو زانو (ف۔ متعلق فعل) گھٹنوں کے بَل۔
دو زانو بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) گھٹنوں کے بَل بیٹھنا۔ اَدب سے بیٹھنا۔
دو سار ہونا (اَر۔ محاورہ) تیر یا نیزے کا کسی چیز یا بدن کے پار ہونا۔
دو ساکھی (دوساہی۔ دوساکی) (ہ۔ صف۔ و۔ اِ۔ مث) دو فصلی۔ وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوں۔ وہ زمین جس کے نیچے سخت مٹی اور اُوپر ریت ہو۔
دو سالہ (ف۔ صف)(۱) دو سال کی عُمر کا (۲) وہ زمین جو دو سال بوئی گئی ہو۔
دو سخنہ (ف۔ اِ۔ مذ) ایسے مصرعے (چٹکلے) جن کا جواب ایک ہو۔ امیر خسرو کی ایجاد ہے جیسے ڈوم کیوں نہ گایا۔ گوشت کیوں نہ کھایا۔ جواب: گلا نہ تھا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دوسرا (ف۔ا۔مذ) دونوں جہان۔
دوسری (ہ۔ا۔مث) وہ زمین جس میں دو مرتبہ ہل چلایا گیا ہو۔
دوسر ملوا دینا (اُر۔محاورہ) نکاح کرادینا (۲) صُلح کرادینا۔
دوسُوتی (اُر۔ا۔مث) دو سُوت کا بنا ہوا کپڑا۔ ایک قسم کا موٹا کپڑا جو فرشوں، خیموں وغیرہ کے بنانے میں کام آتا ہے۔
دو سے تین بھلے (اُر۔مثل) مشورے کے لئے جتنے آدمی زیادہ ہوں، اچھے ہوتے ہیں۔
دوسیرا (ہ۔ا۔مذ)(۱) دوسیر کا باٹ (۲) روپے کا دو سیر والا تمباکو۔
دوسیری (ہ۔ا۔مث) دو سیر کا باٹ۔
دو شاخہ (ف۔صف) (۱) دو شاخ والا (۲) دو شاخوں کی لکڑی (۳) دو شاخوں کا درخت (۴) دو شاخوں کا شمع دان (۵) دو شاخوں کی مشعل (۶) بھنگ چھاننے کی لکڑی جس کی دو شاخیں ہوتی ہیں۔
دوشالہ (ف۔ا۔مذ) پشمینے کی دوہری چادر۔ اُردو جمع: دوشالوں۔ دوشالے۔
دوشالے (اُر۔ا۔مذ) (۱) دوشالہ کی جمع (۲) دوشالہ کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔
دوشالے میں لپیٹ کر (لگانا) مارنا (اُر۔محاورہ) ہجوِ ملیح کرنا۔ درپردہ ذلیل کرنا۔
دوشنبہ (ف۔ا۔مذ) پیر کا دن۔ سوموار۔
دوطرفہ (دوطرفی) (ف۔صف) دوُرویہ۔ دونوں طرف۔ دونوں جانب۔
دوعالم (ف۔ع۔ا۔مذ) دونوں جہان۔
دوعالم اُلٹ جانا (اُر۔محاورہ) سخت تباہی ہونا۔ قیامت آجانا۔
دوعالم سے گزر جانا (اُر۔محاورہ) دُنیا اور عقبیٰ کی پروا نہ کرنا۔
دوعالم فراموش ہو جانا (اُر۔محاورہ) محویّت میں سب کچھ بھول جانا۔ دین و دُنیا کا ہوش نہ رہنا۔
دو عملہ (عَ۔مَ۔لہ) (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ چیز یا مکان جو دو آدمیوں کی ملکیّت میں ہو (۲) دو شخصوں کی حکومت۔
دو عملی (عَ۔مَ۔لی) (ف۔ع۔ا۔مث) (۱) دو شخصوں کی حکومت (۲) بدانتظامی (۳) اِختلافِ رائے (۴) متضاد قول و فعل۔
دوغزلہ (ف۔ا۔مذ) ایک بحر اور ایک ہی ردیف و قافیہ کی دو غزلیں۔
دوفُٹا (اُر۔ا۔مذ) ایک پیمانہ جس سے دو فٹ تک ناپا جاتا ہے۔
دو فصلہ (ف۔صف) (۱) یکسوئی نہ رکھنے والا۔ دورنگا (۲) وہ درخت جس میں سال میں دو بار پھل لگے۔
دو فصلی (ف۔صف) (۱) وہ زمین جو سال میں دو بار بوئی جائے (۲) دوغلی، گول مول، دو پہلو کی (بات)۔
دو فصلی باتیں (اُر۔ا۔مث) ایسی باتیں جن کے دو مطلب ہوں۔ ظاہر کچھ اور باطن کچھ ہو۔
دو قدم (ف۔ع۔صف) (۱) تھوڑی دُور۔ چند قدم (۲) قریب۔ نزدیک۔
دو قدم آگے ہونا (اُر۔محاورہ) سبقت لے جانا۔ کسی سے بڑھ جانا۔
دو قدم بڑھ جانا (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا آگے بڑھ جانا۔
دو قدم چلنا (اُر۔محاورہ) تھوڑی دُور چلنا۔
دو قلم کرنا (اُر۔محاورہ) دو ٹکڑے کرنا۔
دوقولی (اُر۔ا۔مث) جھوٹ۔ دو رنگی بات۔
دو کرنا (اُر۔محاورہ) کاٹ دینا۔ دو حصّے کرنا۔ دو ٹکڑے کرنا۔
دوکن (ق۔صف)(۱) دُگنا (۲) دونوں طرف (۳) ہر طرف۔
دو کوڑی کا (اُر۔صف) بے وقعت۔ گھٹیا۔ ذلیل۔
دو کوڑی کو نہ پوچھنا (اُر۔محاورہ) قدر نہ کرنا۔ بالکل خاطر میں نہ لانا۔
دو کوڑی کی آبرو کر دینا (اُر۔محاورہ) ذلیل کر دینا۔ عزّت بگاڑ دینا۔
دو کوڑی کی بات (اُر۔ا۔مث) نہایت گھٹیا بات۔
دو کوڑی کی حیثیت نہ ہونا (اُر۔محاورہ) سخت مُفلس ہونا۔ بے وقعت ہونا۔
دو کوڑی کی عزّت ہو جانا (اُر۔محاورہ) بے عزّتی ہونا۔
دوگاڑا (اُر۔ا۔مذ) دو نالی بندوق۔ وہ بندوق جس میں دو گولیاں بھری جاتی ہیں۔
دوگاڑا مارنا (اُر۔محاورہ) ایک ہی دفعہ دو گولیاں بھر کر چلانا۔
دوگامہ چلنا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کا آہستہ آہستہ چلنا۔
دوگانہ (ف۔صف)(۱) جُڑواں یا دُہری چیز (۲) نماز کی دو رکعتیں۔ نمازِ شکرانہ۔
دوگز زمین (ف۔ا۔مذ) قبر۔
دوگنا (ہ۔صف) دُگنا۔ دُونا۔ دو چند۔ دوہرا۔
دوگنی (ہ۔صف) دوگنا کی تانیث۔
دوگونہ (ف۔صف)(۱) دو قسم کا (۲) دو طرح کا۔
دو گھروں کا چراغ (اُر۔ا۔مذ) دو گھروں کی آبادی اور رونق کا باعث۔ دوھیال اور ننھیال میں ایک ہی لڑکا۔
دو گھڑی (اُر۔ا۔مث) تھوڑی دیر۔
دو گھڑی بجنا (اُر۔محاورہ) رات کے دو بجے کا گھنٹا بجنا۔
دو گھڑی دن رہنا (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا دن باقی رہنا۔
دو گھڑی کا تڑکا (اُر۔ا۔مذ) صُبحِ کاذب۔ پو پھٹنے سے پہلے کا وقت۔
دو گھڑی کی واہ وا (اُر۔ا۔مث) تھوڑی دیر کی تعریف۔
دوگیتی (ف۔ا۔مث) دو جہان۔ دُنیا اور عقبیٰ۔ دوسرا۔
دولتّی (اُر۔ا۔مث) چوپائے خصوصاً گھوڑے یا گدھے کا دونوں پچھلی ٹانگیں اُٹھا کر مارنا۔ جمع: دولتّیاں۔ دولتّیوں۔
دولتّی پھینکنا (جھاڑنا۔ چلانا۔ مارنا) (اُر۔محاورہ) لاتیں مارنا۔ لاتیں چلانا۔
دولخت (ف۔صف) دو ٹکڑے۔ دو پارہ۔ بے جوڑ (مصرعے)۔
دولڑا (اُر۔صف)(۱) دو دھاگوں والا (۲) دو قطاروں والا (۳) دو رنگا۔ لگائی بُجھائی کرنے والا (۴)(اُر۔ا۔مذ) ہار جس کی دو لڑیاں ہوں۔
دومٹ (ہ۔ا۔مث) وہ زمین جس میں مٹی اور ریت ملی ہوئی ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دو مَحَلّہ (عـ۔ اِ)(اَر۔ف۔ا۔مذ) دیکھئے دو منزلہ۔
دو مُلّاؤں میں مُرغی حرام (اَر۔مثل) دو دعویداروں میں کام بگڑ جاتا ہے۔
دو منزلہ (ف۔صف) دو درجے کا (مکان وغیرہ)۔
دو مُنہا (مُوں۔ہا)(اَر۔ا۔مذ) دو مُنہ کا سانپ۔
دو مُنّہ ہنس لینا (اَر۔محاورہ) ذرا ہنس لینا۔ قدرے ہنسنا۔
دو مُنہی (اَر۔صف) دو مُنہا کی تانیث۔
دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا (اَر۔مثل) صحبت دو ہی کی بھلی۔ تیسرے کی شرکت ناگوار ہوتی ہے۔
دو نالی (اَر۔صف) وہ بندوق جس کی دو نالیں ہوں۔
دو نالی چھتیانا (اَر۔محاورہ) (۱) دو نالی بندوق چلانے کے لئے چھاتی پر رکھنا (۲) لڑنے کے لئے تیار ہونا۔
دو نوالے (اَر۔ا۔مذ) تھوڑی سی خوراک۔
دو نیم (ف۔صف) دو ٹکڑے۔ دو پارہ۔
دو وَرَقی (اَر۔ا۔مث)(۱) چھوٹی سی کتاب (۲) فَرج۔
دو وَرَقی کا سبق پڑھنا (اَر۔محاورہ) عیاشی کرنا۔ زنا کرنا۔
دو وقتہ (وقتی) (اَر۔صف) دونوں وقت۔ صبح شام۔
دو ہاتھ اُچھلنا (اَر۔محاورہ) سخت بے تاب ہونا۔ بہت تڑپنا۔
دو ہاتھ چلنا (اَر۔محاورہ) تھوڑی سی لڑائی ہونا۔
دو ہاتھ کا کلیجا ہو جانا (اَر۔محاورہ) حوصلہ بڑھ جانا۔
دو ہاجن (ہ۔صف) وہ عورت جس نے دُوسرا خاوند کیا ہو۔
دو ہاجُو (ہ۔صف) وہ مرد جس نے دُوسری شادی کی ہو۔
دو ہتّڑ (دو ہتھڑ) (اَر۔ا۔مذ) دو ہاتھ جو اپنے یا کسی کے سینے یا مُنہ پر مارے جائیں۔
دو ہتی تالی بجنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے دو ہاتھ سے تالی بجنا۔
دوہر (دو۔ہر)(ہ۔ا۔مث)(۱) دُہری چادر۔ دولائی (۲) دریا کی قدیم تہ (۳) وہ اراضی جس میں دو فصلیں ہوں۔
دو ہی دن میں (اَر۔متعلق فعل) عرصہ قلیل میں۔ کم وقفے میں۔
دُوآ (دُو۔آ)(اَر۔ا۔مذ)(۱) دُوجا۔ دُوسرا (۲) تاش کا وہ پتّا جس میں دو نشان ہوں۔ دُکّی (۳) جُوئے کے ایک داؤ کا نام (۴) دو کا ہندسہ۔
دَوا (دَ۔وا)(ع۔ا۔مث) دوائی۔ درماں۔ علاج مُعالجہ۔ جمع: اَدوِیہ۔ اُردو جمع: دواؤں۔ دوائیں۔
دوا آنا (اَر۔محاورہ) دوا یا علاج معلوم کرنا۔
دوا پذیر (ع۔ف۔صف) دوا کا اثر قبول کرنے والا۔
دوا خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) شفاخانہ (۲) وہ کمرا یا مکان جس میں دوائیں رکھی جاتی ہیں (۳) دوا کی دُکان۔
دوا دارو (درمن) (ع۔ف۔ ۔ا۔مث) علاج مُعالجہ۔ تیمارداری۔
دوا راس آنا (ہونا) (اَر۔محاورہ) دوا کا موافق ہونا۔
دوا کو نہ ملنا (اَر۔محاورہ) کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا۔ ذرا نہ ملنا۔

دوا لگانا (اَر۔محاورہ) دوا کا ضماد کرنا۔ زخم پر دوا ملنا۔
دوا نکلنا (اَر۔محاورہ) تدبیر نکلنا۔ علاج نکلنا۔
دِوا (بکسرِ اوّل)(ق۔ا۔مذ) دِیا۔ چراغ۔
دَوَاب (دَ۔واب)(ع۔ا۔مذ) دابّہ کی جمع۔ چوپائے۔ حیوان۔ مویشی۔
دَواپَر (دَ۔وا۔پَر)(س۔ا۔مذ)(۱) وہ پانسا یا پانسے کا پہلو جس پر دو نشان بنے ہوں (۲) تیسرا جگ جو آٹھ لاکھ ۶۴ ہزار برس کا سمجھا جاتا ہے۔
دَوات (ف۔ا۔مث) سیاہی رکھنے کا ظرف۔ اُر جمع: دواتوں۔ دواتیں۔
دوات آخور (ف۔ا۔مذ) وہ لکڑی جس سے صُوف کو ہلاتے ہیں۔
دوات قلم (ف۔ع۔ا۔مذ) نقد کچھ نہیں۔ صرف ساکھ ہی ہے۔
دَوَا دَشی (دَ۔وا۔دَ۔شی)(ہ۔ا۔مث) ہر پاکھ کی بارھویں تاریخ۔ بڑھتے اور گھٹتے چاند کی بارھویں رات۔
دَوادَوِش (دَ۔وا۔دَ۔وِش)(ف۔ا۔مث) دوڑ دھوپ۔ کوشش۔ سعی۔ مُجاہدہ۔
دَوّار (دَوْ۔وار)(ع۔صف)(۱) گردش کرنے والا۔ پھرنے والا (۲) بدلنے والا۔
دُوار (دُوارا) (دُ۔وار)(دُ۔وا۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دروازہ۔ ڈیوڑھی۔ راستہ (۲) وسیلہ۔ ذریعہ (۳) آستانہ۔ چوکھٹ۔
دُوازدَہ (دُ۔واز۔دَہ)(ف۔ا۔عدد) بارہ۔
دُوازدہ امام (ف۔ا۔مذ) بارہ امام جنھیں اہلِ تشیُّع معصوم مانتے ہیں (۱) حضرت علی مرتضیٰؑ (۲) امام حسنؑ (۳) امام حسینؑ (۴) امام علی زین العابدینؑ (۵) امام محمد باقرؑ (۶) امام جعفر صادقؑ (۷) امام موسیٰ کاظمؑ (۸) امام علی رضا (۹) امام محمد جواد التقیؑ (۱۰) امام علی نقیؑ (۱۱) امام حسن عسکریؑ (۱۲) امام محمد مہدیؑ۔
دُوازدہ مقام (ف۔ا۔مذ) اِصطلاحِ موسیقی میں گانے کے پردے جو بارہ ہوتے ہیں۔
دُوازدَہُم (ف۔عددِ ترتیبی) بارھواں۔ بارھویں۔
دِوال (دِ۔وال)(ہ۔صف) دینے والا۔
دِوال نہ ہونا (اَر۔محاورہ) نادہند ہونا۔ نہ دینا۔
دُوال (دُ۔وال)(ف۔ا۔مذ)(۱) تسمہ۔ رکاب کا تسمہ۔ نقارہ بجانے کا تسمہ (۲) دھوکا۔ دغا (۳) چمکتی ہوئی تلوار (۴) زمرّد۔
دُوال مارنا (اَر۔محاورہ) نقارے پر تسمہ مارنا۔
دِوالا (دِ۔وا۔لا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے دیوالا۔
دِوالی (دِ۔وا۔لی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے دیوالی۔
دُوالی (دُ۔وا۔لی)(اَر۔ا۔مث)(۱) چمڑے کا تسمہ۔ پٹّا (۲) چپڑاس۔ پیٹی۔
دِوالیا (دِ۔وا۔لِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے دیوالیا۔
دِوالیں (دِ۔وا۔لیں)(اَر۔ا۔مث) انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے۔
دَوام (دَ۔وام)(ع۔ا۔مذ) ہمیشگی۔ مُداومت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَوامی (دَ۔وا۔مِی)(ف۔صف) دائمی۔ ہمیشہ کے لئے۔
دوامی بندو بست (ف۔ا۔مذ) زمین کی مال گُزاری کی وہ تشخیص اور اُس سے متعلقہ اِنتظامات جو ہمیشہ کے لئے ایک ہی دفعہ کر دیئے جائیں۔
دوامی پٹا (اَر۔ا۔مذ) ایسا پٹا یا اجارہ جو ہمیشہ کے لئے ہو۔
دَوال (دَ۔وال)(ف۔صف)(۱) دوڑتا ہوا۔ بھاگتا ہوا (رواں کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے)(۲) حیران۔ سرگرداں۔
دِوانہ (دِ۔وا۔نہ)(اَر۔ا۔مذ) دیوانہ کا مخفف۔
دَواوِین (دَ۔وا۔وِین)(ع۔ا۔مذ) دیوان کی جمع۔
دَوائر (دَ۔وا۔اِر)(ع۔ا۔مذ) دائرہ کی جمع۔
دَوائی (اَر۔ا۔مث) دوا کا بگاڑ۔ جمع: دوائیاں۔ دوائیں۔
دُوب (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مث) نرم اور عُمدہ گھاس۔
دُوبَدُو (دُو۔بَہ۔دُو)(ف۔صف) آمنے سامنے۔ مقابل۔ رُوبرُو۔
دوبَدُو ہونا (اَر۔محاورہ) مُقابل ہونا۔ سامنے ہونا۔ رُوبرو ہونا۔
دُوبھر (دُو۔بھر)(ہ۔صف)(۱) دُشوار۔ مُشکل (۲) ناگوار (۳) بوجھل۔
دُوتِن (ق۔ا۔مث) دیکھئے دُوتی۔
دُوتی (دُو۔تی)(س۔ا۔مث)(۱) قاصِدہ (۲) دلّالہ۔ کُٹنی (۳) شرارتی عورت (۴) چغل خور عورت (۵) باز (شکاری پرندہ)۔
دُوج (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مث) قمری ماہ کی دُوسری اور سترھویں تاریخیں۔
دُوجا (دُو۔جا)(ہ۔صف) دُوسرا۔ ثانی۔
دُوجی (ہ۔صف) دُوجا کی تانیث۔
دوخت (بواوِ مجہول و سکونِ سوم و چہارم)(ف۔ا۔مث) سلائی۔ سیون۔
دُود (واو معروف)(ف۔ا۔مذ)(۱) دُھواں (۲) دُھند۔ غُبار (۳) بُخارات۔ بھاپ۔
دُودِ چراغ (ف۔ا۔مذ)(۱) دیئے کی سیاہی (۲) چراغ کا دُھواں۔
دُودکَش (ک پر زبر)(ف۔ا۔مذ) دُھواں نکلنے کا سُوراخ۔ چمنی۔
دُودمان (دُود۔مان)(ف۔ا۔مذ)(۱) بڑا قبیلہ۔ خاندان۔ کنبہ (۲) نسل۔ قوم۔
دُودَہ (دُو۔دَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) قوم۔ قبیلہ (۲) کُنبہ۔ خاندان (۳) چمنی (۴) بڑا لڑکا (۵) گول جھونپڑی (۶) چراغ کی سیاہی۔ کاجل۔
دُودھ (ہ۔ا۔مذ)(۱) شیر۔ لبن۔ وہ سفید سیال چیز جو مادہ کے پستانوں سے نکلتی ہے (۲) درخت یا پودے کا گاڑھا رس (۳)(کنایۃً) خاندان۔ نسل۔ قبیلہ۔
دُودھ اُترنا (اَر۔محاورہ) دُودھ پیدا ہونا۔ دُودھ کا پستان میں آ جانا۔
دُودھ اُدھاری (ہ۔صف) صرف دودھ پر گزارہ کرنے والا۔ وہ شخص جو اناج چھوڑ کر صرف دودھ پر گزارہ کرے۔
دُودھ اُگلنا (اَر۔محاورہ) بچّوں کا منہ سے دُودھ نکالنا۔

دُودھ بچا کر (اَر۔متعلق فعل) دُودھ کا رشتہ چھوڑ کر۔
دُودھ بخشنا (اَر۔محاورہ) دُودھ پلانے کا حق معاف کرنا۔
دُودھ بڑھانا (اَر۔محاورہ) بچّے کا دُودھ چُھڑوانا۔
دُودھ بڑھائی (اَر۔ا۔مث) بچّوں کا دودھ چُھڑوانے کی رسم۔
دُودھ بڑھنا (اَر۔محاورہ)(۱) دُودھ زیادہ ہونا (۲) دُودھ چُھوٹنا۔
دُودھ بھائی (اَر۔ا۔مذ) وہ اشخاص جنھوں نے ایک عورت کا دودھ پیا ہو۔ رضائی بھائی۔ دودھ شریک۔ کوکا۔
دُودھ بھر آنا (اَر۔محاورہ) مامتا سے چھاتیوں میں دودھ اُتر آنا۔ مادری محبت کا جوش میں آنا۔
دُودھ بھری کٹوریاں (اَر۔ا۔مث) دودھ کی بھری ہوئی چھاتیاں۔
دُودھ بہن (اَر۔ا۔مث) وہ لڑکی جس نے کسی بچّے کے ساتھ ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔ رضائی بہن۔
دُودھ پڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) اناج میں رس پیدا ہونا (۲) چیچک کے دانوں میں پیپ پڑنا۔
دُودھ پلانا (اَر۔مص مُرکب) بچّے کو دُودھ چُسانا۔
دُودھ پلائی (اَر۔ا۔مث)(۱) دایہ (۲) وہ نقدی جو دُولھا کو دُلہن کے گھر سے ساچق کے روز آتی ہے یا دُلہن کے رشتے دار دُولھا کو دیتے ہیں۔
دُودھ پُوت (ہ۔ا۔مذ) آل اولاد۔ دھن دولت۔
دُودھ پُوت والی (ہ۔ا۔مث) آل اولاد والی۔ صاحب نصیب۔
دُودھ پھاڑنا (اَر۔محاورہ) اُبلتے دودھ میں کھٹی چیز ڈال کر دودھ سے پانی الگ کر دینا۔
دُودھ پھٹنا (اَر۔محاورہ)(۱) دُودھ کے اجزا الگ الگ ہونا (۲) دودھ کا خراب ہو جانا۔
دُودھ پیتا (اَر۔صف)(۱) شیرخوار (۲) ننھا۔ نادان۔ بے سمجھ۔
دُودھ پیتے روپے (ہ۔ا۔مذ)(۱) روپے مع بیاج (۲) سُود کے روپے۔
دُودھ جاتا رہنا (اَر۔محاورہ) دُودھ کا خشک ہو جانا۔
دُودھ چڑھانا (اَر۔محاورہ) گائے بھینس کا دوہتے وقت تھنوں میں سے دُودھ اُوپر کو چڑھانا۔
دُودھ چڑھنا (اَر۔محاورہ)(۱) دودھ خشک ہونا (۲) چھاتیوں کا دودھ سے تن جانا۔
دُودھ دوہنا (اَر۔محاورہ) گائے بھینس وغیرہ کا دودھ نکالنا۔
دُودھ دیا مینگنیوں بھرا (اَر۔مثل) کام کیا مگر خراب طریقے سے۔
دُودھ ڈالنا (اَر۔محاورہ) بچّے کا دُودھ کی قے کرنا۔
دُودھ سا (اَر۔صف) نہایت سفید۔ دُودھ کی مانند۔
دُودھ کا جلا چھاچھ پُھونک پُھونک کر پیتا ہے (اَر۔مثل) ایک چیز سے ڈرا ہوا اُس کی ہم شکل چیز سے بھی ڈرتا ہے۔
دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی (اَر۔مثل) جھوٹ اور سچ الگ الگ۔ پورا پورا اِنصاف۔
دُودھ کا سا اُبال (اَر۔ا۔مذ) جلد رفع ہو جانے والا جوش یا غصّہ۔
دُودھ کی طرح اُبھان آنا (اَر۔محاورہ) تھوڑی دیر کے لئے غصّہ آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دُودھ کی مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا (دُودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا) (اَ۔ محاورہ) بے دخل کر دینا۔ نکال دینا۔ بے تعلق کر دینا۔

دُودھ کی مکھی کس نے چکھی (اَ۔ مثل) خراب چیز کوئی اِستعمال نہیں کرتا۔

دُودھ کے دانت (اَ۔ اِ۔ مذ) (۱) کچے دانت جو بچے کے شروع میں نکلتے ہیں اور پھر اُن کی جگہ پکے دانت لے لیتے ہیں (۲) شیر خوارگی کا زمانہ۔

دُودھ کے دانت نہ ٹوٹنا (اَ۔ محاورہ) کم عمر ہونا۔

دُودھ ماں (ہ۔ اِ۔ مث) انّا۔ بچے کو دُودھ پلانے والی۔

دُودھ مسہری (اَ۔ اِ۔ مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

دُودھ ملیدہ کھانا (اَ۔ محاورہ) عُمدہ اور نرم غذا کھانا۔

دُودھ مُوت کرنا (اَ۔ محاورہ) بچے کی پرورش اور خدمت کرنا۔

دُودھ نہ بخشنا (اَ۔ محاورہ) دودھ کا حق مُعاف نہ کرنا۔ ماں کا اولاد سے سخت ناراض ہونا۔

دُودھوں کُلّیاں کرو (اَ۔ دُعا) خُدا تمہیں اِتنی دولت دے کہ پانی کے بجائے دودھ سے کُلّیاں کرو۔

دُودھوں نہاؤ پُوتوں پھلو (اَ۔ کلمۂ دُعا) ہمیشہ دولت اور اولاد میں کھیلتی رہو۔

دُودَھنک (نُونِ غُنّہ) (ق۔ اِ۔ مث) چمنی۔ دُھواں نکلنے کا روزن جو گھروں میں بنایا جاتا ہے۔

دُوْدِھی (دُو۔ دِھی) (ہ۔ صف) (۱) دُودھ والی۔ دُودھ دینے والی (۲) جس میں دُودھ یا رَس ہو (۳) چھاتی۔ پستان۔ تھن (۴) ایک بُوٹی۔

دُودھیا (دُو۔ دِھ۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) دُودھ سے بھرا ہوا (۲) دُودھ کا سا رنگ (۳) کچا۔ سبز (۴) (مذ) ایک قسم کا ثمر (۵) (مث) دُودھ میں ملی ہوئی بھنگ۔

دُودَھیل (دُو۔ دَھیل) (ہ۔ صف) دُودھ دینے والی۔

دُودَھیل گائے کی لاتیں بھی بھلی (اَ۔ مثل) جس سے فائدہ ہو اُس کی کڑوی بات بھی سہنی پڑتی ہے۔

دَوْر (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) چکر۔ گردش (۲) رفتار۔ چال (۳) حاشیہ۔ کنارہ (۴) باری۔ نوبت (۵) حلقہ۔ گھیرا (۶) چاروں طرف (۷) شراب کے پیالے کی گردش (۸) اِنقلاب (۹) زمانہ۔ عہد (۱۰) سبق کو بار بار دُہرانا (۱۱) مُحیط۔ پھیلاؤ (۱۲) رسّی کا بَل۔ جمع: اَدوار۔

دور آنا (اَ۔ محاورہ) (۱) باری آنا (۲) شراب کا پیالہ آنا (۳) وقت آنا۔

دَور باندھنا (اَ۔ محاورہ) شراب کا گردش کرنا۔

دور چلنا (اَ۔ محاورہ) شراب کا باری باری ہر ایک کے رُوبرو آنا۔

دَور دَورا (اَ۔ اِ۔ مذ) (۱) حکومت۔ سلطنت (۲) رواج۔ طریقہ۔ طور۔

دور کرنا (اَ۔ محاورہ) دو شخصوں کا باری باری ایک دُوسرے کو قرآن کا سبق سُنانا۔

دَور میں آنا (اَ۔ محاورہ) گردش میں آنا۔

دُوْر (واو معروف) (ف۔ صف) (۱) بعید۔ فاصلے پر (۲) علیحدہ۔ الگ۔ جُدا۔ پرے (۳) دُشوار۔

دُور از حال (ف۔ ع۔ متعلق فعل) اب سے دُور۔ خُدا نہ کرے۔ خُدا محفوظ رکھے۔

دُور از کار (ف۔ صف) (۱) مرضی کے خلاف (۲) مطلب سے دُور۔ بیکار۔

دُور اُفتادہ (ف۔ صف) جو فاصلے پر واقع ہو۔ جو بہت دُور ہو۔

دُور اندیش (ف۔ صف) عقل مند۔ دانا۔

دُور اندیشی (ف۔ اِ۔ مث) عقل مندی۔ دانائی۔

دُور باد (ف۔ متعلق فعل) خُدا نہ کرے۔ اب سے دُور۔

دُور باش (ف۔ کلمۂ ندا) (۱) دُور ہو۔ بادشاہوں کے آگے چوبدار "دُور باش! دُور باش!!" پکارا کرتے تھے (۲) (ف۔ اِ۔ مذ) ایک دو شاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے (۳) میر کارواں (۴) چھڑی۔ لاٹھی۔

دُور بھاگنا (اَ۔ محاورہ) پرہیز کرنا۔ نفرت کرنا۔ دُور رہنا۔

دُور بین (ف۔ صف) (۱) دور اندیش (۲) (ف۔ اِ۔ مث) آلہ جس میں دُور کی چیز بڑی اور نزدیک نظر آتی ہے۔

دُور بینی (ف۔ اِ۔ مث) دُور اندیشی۔

دُور پار (اَ۔ کلمۂ نفرت) (۱) خدا نہ کرے۔ خُدانا خواستہ (۲) (اِ۔ مذ) ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخا۔

دُور پہنچنا (اَ۔ محاورہ) (۱) دُور چلا جانا (۲) بلند پروازی کرنا۔ باریک بات خیال میں آنا (۳) درجہ کمال کو پہنچنا۔ دور اندیشی کرنا (۴) حسب نسب کو گالی دینا (۵) شُہرت ہونا۔

دُور پھینکنا (اَ۔ محاورہ) (۱) فاصلے پر پہنچا دینا (۲) علیحدہ کر دینا۔ نکال دینا۔

دُور تک پہنچنا (چلا جانا) (اَ۔ محاورہ) (۱) بزرگوں کو گالی دینا (۲) فاصلے پر چلا جانا۔

دُور دَبک (اَ۔ اِ۔ مث) ڈانٹ ڈپٹ۔ دُھتکار۔

دُور دراز (ف۔ صف) بہت فاصلے پر۔ کالے کوسوں (۲) بعید از قیاس۔

دُور دشت (ف۔ صف) بہت دُور۔ کالے کوسوں پر۔ دُور جگہ جہاں پہنچنا دُشوار ہو۔

دُور دفان (اَ۔ صف) (۱) دُور۔ غائب (۲) الگ۔ علیحدہ (۳) (کلمۂ نفرت) لعنت۔ دفع ہو۔ پرے ہٹ۔

دُور دُور (اَ۔ متعلق فعل) کافی فاصلے تک۔

دُور دُور پہنچنا (اَ۔ محاورہ) (۱) شُہرت ہونا (۲) دُور کی سوچنا (۳) بلند پروازی کرنا۔

دُور دُور رہنا (اَ۔ محاورہ) کھنچے کھنچے رہنا۔ الگ رہنا۔

دُور رس (ف۔ صف) (۱) دُور تک پہنچنے والا (۲) بلند خیال۔

دُور رَسی (ف۔ اِ۔ مث) (۱) بلند خیالی (۲) دُور تک پہنچنے کی قوت۔

دُور سے ترسانا (اَ۔ محاورہ) دُور سے کوئی چیز دِکھا کر نہ دینا۔

دُور سے تماشا دیکھنا (اَ۔ محاورہ) کسی جھگڑے میں دخل نہ دینا۔ پاس نہ جانا۔

دُور سے معلوم کرنا (اَ۔ محاورہ) بیزاری ظاہر کرنا۔ دُور رہنا۔

دُور سے لینا (اَ۔ محاورہ) پاس آنے سے پہلے ہی لعنت ملامت شروع کر دینا۔

دُور کا (اَ۔ صف) (۱) بعید (۲) ایسا رشتہ جو قریب کا نہ ہو (۳) گہرا۔ عمیق

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۴) بعید از قیاس۔ بعیدُ الفہم۔

دُور کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا (۲) دفع کرنا (۳) منسوخ کرنا۔

دُور کھنچنا (اَر۔ محاورہ) غرور کرنا۔ دُور دُور رہنا۔

دُور کی بات (اَر۔ اِ۔ مث) باریکی۔ نکتہ۔ باریک بات (۲) ناممکن الوقوع یا ناقابلِ عمل بات۔

دُور کی سُنانا (اَر۔ محاورہ) بُزرگوں کو گالیاں دینا۔

دُور کی سُوجھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خیال میں کوئی باریک بات آنا (۲) کوئی نکتہ سُوجھنا۔

دُور کی صاحب سلامت (اَر۔ اِ۔ مث) معمولی واقفیت۔

دُور کی کوڑی لانا (اَر۔ محاورہ) کوئی نئی اور انوکھی بات سُوجھنا۔

دُور کی کہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) معمولی سمجھ سے باہر کی بات کہنا (۲) سمجھ یا عقل کی بات کہنا۔

دُور کی ہانکنا (اَر۔ محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ دُون کی لینا۔

دُور کے ڈھول سُہانے (اَر۔ مثل) دُور کی سُنی ہوئی بات اچھی معلوم ہوتی ہے۔ دیکھنے پر چیز اچھی ثابت نہ ہونا۔ حالانکہ پہلے بہت تعریف سُنی ہو۔

دُور کیوں جاؤ (اَر۔ محاورہ) ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جہاں قریب کی مثال موجود ہو۔

دُور نکل جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) فاصلے پر چلا جانا (۲) موضوع سے ہٹ جانا۔

دُور ہو سامنے سے (اَر۔ کلمہ تحقیر) دفع ہو۔ چل ہٹ یہاں سے۔

دُور ہی سے سلام کرنا (اَر۔ محاورہ) بیزار ہونا۔ پناہ مانگنا۔

دَورا (دَو۔ را) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) بڑا ٹوکرا (۲) بڑا کُونڈا۔

دورا (واو مجہول) (ق۔ صف) دوہرا۔

دَوران (دَو۔ ران) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) گردش۔ چکر۔ دَورہ (۲) وقت۔ زمانہ۔ عُمر (۳) اِنقلاب (۴) ہیر پھیر (۵) قسمت۔ نصیب۔

دَورانِ خون (ف۔ اِ۔ مذ) جسم میں خون کی گردش۔

دَورانِ سر (ف۔ اِ۔ مذ) سَر کا گھومنا۔ سَر کا چکر۔

دَوران میں (اَر۔ متعلق فعل) (اِس) اثنا میں۔ عرصے میں۔

دُوراؤ (ق۔ صف) اُبھارنے والا۔

دوراَئی (ق۔ اِ۔ مث) خُداوندی۔ بادشاہی۔

دَورَہ (دَو۔ رہ) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) چکر۔ گردش (۲) نوبت۔ باری (۳) شراب کا دَور (۴) گشت۔ حکّام کا اپنے اپنے علاقے میں پھر کر حالات کا جائزہ لینا۔ اُردو جمع: دَوروں۔ دَورے۔

دورہ باندھنا (اَر۔ محاورہ) چکر باندھنا۔ حلقہ بنانا۔

دَورہ پڑنا (اَر۔ محاورہ) مرض کا رہ رہ کر عود کر آنا۔ بیماری کی تکلیف کا انتہا کو پہنچنا۔

دورہ تمام کرنا (اَر۔ محاورہ) جس قدر گشت مقرر ہو اس کو پورا کرنا۔

دورہ سپرد کرنا (اَر۔ محاورہ) مقدّمے کا سیشن جج کے سپرد کرنا۔

دورہ سپرد ہونا (اَر۔ محاورہ) مقدّمے کا سیشن جج کے سپرد ہونا۔

دورہ کرنا (اَر۔ محاورہ) حکّام کا اپنے علاقے میں گشت کرنا۔

دَوری (دَو۔ ری) (ع۔ صف) دَور سے منسوب۔

دَوری (دَو۔ ری) (ہ۔ اِ۔ مث) مویشی باندھنے کی رسّی (۲) زمین ناپنے کی رسّی۔

دُوری (دُو۔ ری) (ف۔ اِ۔ مث) بُعد۔ فاصلہ۔ اُردو جمع: دُوریاں۔ دُوریوں۔

دَوڑ (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) بھاگ (۲) پہنچ۔ رسائی (۳) کوشش۔ سعی (۴) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی (۵) وہ سپاہی جو مُلزم کو پکڑنے جائیں۔ جمع: دَوڑوں۔ دَوڑیں (۶) (ہ۔ متعلق فعل) جلدی سے۔ سُرعت سے۔ تیزی سے۔ فوراً۔ شوق سے۔

دوڑ بھیجنا (اَر۔ محاورہ) مُلزم کی گرفتاری کے لئے پولیس کے سپاہیوں کو بھیجنا۔

دوڑ پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جلدی کرنا (۲) کسی مقام پر جلدی جانا یا جلدی سے جمع ہونا۔

دوڑ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بھاگ جانا۔ منتشر ہو جانا (۲) مشتہر ہو جانا (۳) پولیس کا مُلزم کی گرفتاری کے لئے جانا۔

دوڑ کر چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تیز چلنا (۲) بھاگ کر چلنا۔

دوڑ دوڑ آنا (اَر۔ محاورہ) بار بار آنا۔ جلد جلد آنا۔

دوڑ دُھوپ (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) محنت۔ مشقت (۲) کوشش۔ سعی۔

دوڑ کر چلے نہ (اوندھا گرے) گر پڑے (اَر۔ مثل) اس وقت بولتے ہیں جب کوئی آدمی حدِ اعتدال سے بڑھ کر کوئی کام کرے اور کامیاب نہ ہو۔

دوڑ لے کر دوڑنا (اَر۔ محاورہ) مُلزموں کی گرفتاری کے لئے جلد سپاہی لے کر جانا۔

دوڑ مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بے خبری میں حملہ کرنا۔ تاخت و تاراج کرنا (۲) چھاپا مارنا۔ دھاوا کرنا (۳) بہت کوشش یا محنت کرنا (۴) لمبا سفر کرنا۔

دَوڑا (دَو۔ ڑا) (ہ۔ صف۔ و۔ اِ۔ مذ) (۱) دوڑنے والا (۲) سوار۔ ڈاکو (۳) دوڑنا مصدر کا ماضی مطلق۔

دوڑا دوڑی (ہ۔ اِ۔ مث) بھاگم بھاگ۔ تیزی۔ جلدی (۲) مقابلے کی دوڑ۔

دوڑا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت جلدی بھیجنا (۲) بھگا دینا۔

دَوڑاک (دَو۔ ڑاک) (ہ۔ اِ۔ مذ) بہت دوڑنے والا۔

دَوڑانا (دَو۔ ڑا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دوڑنا کا متعدی۔ بھگانا۔ جلدی چلانا (۲) حیران کرنا (۳) محنت کرانا۔ مشقت لینا (۴) روانہ کرنا۔ بھیجنا۔

دَوڑنا (دَوڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بھاگنا۔ جلدی جلدی قدم اُٹھانا (۲) پھیلنا (۳) حملہ کرنا (۴) سرایت کرنا۔ اثر کرنا۔

دوز (واو مجہول) (ف۔ لاحقہ) دوختن مصدر کا صیغہ امر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سینے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خیمہ دوز۔ کفش دوز۔

دوزَخ (دو۔ زخ) (واو مجہول) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) جہنّم۔ نرک (۲) وہ جگہ جہاں گناہ گار قیامت کے بعد رکھے جائیں گے (۳) (کنایۃً) پیٹ۔ شکم۔

دوزخ بھرنا (اَر۔ محاورہ) پیٹ بھرنا۔

دوزخ کا کُندہ (ایندھن) (اَر۔ اِ۔ مذ) بہت گناہ گار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دوزخ کا نمونہ (اَر۔ اِ۔ مذ) بڑی تکلیف کی جگہ۔
دوزخ کی آنچ (اَر۔ اِ۔ مث) آتش جہنم۔ تیز آگ۔
دوزخ کی لگی (اَر۔ محاورہ) پیٹ کی فکر ہوئی۔
دوزخ میں پڑنا (جانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) جہنم میں داخل ہونا (۲) مصیبت میں پڑنا۔
دوزخ میں پڑے (جائے) (اَر۔ بددُعا) بھاڑ میں جائے۔
دوزخ میں ڈالنا (اَر۔ محاورہ) عذابِ جہنم میں گرفتار کرنا۔
دوزخ میں گھر کرنا (اَر۔ محاورہ) گناہ کر کے سزا کا مستحق ہونا۔
دوزَخی (دو۔ زَ۔ خی) (ف۔ صف) (۱) جہنمی۔ گناہ گار (۲) سخت چٹو۔
دوس (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) دیکھئے دوش جس کا یہ بگاڑ ہے (۲) علی الصباح۔
دوست (واو مجہول) (س ساکن) (ت موقوف) (ف۔ صف۔ مذ) (۱) آشنا۔ یار۔ خیر خواہ۔ محبوب۔ جمع: دوستاں۔ اُردو جمع: دوست۔ دوستوں۔
دوست آں باشد کہ گیرد دستِ دوست۔ در پریشاں حالی و در ماندگی (ف۔ مثل) دوست وہ ہوتا ہے جو مصیبت میں کام آئے۔
دوست بنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) یار بنانا (۲) گانٹھنا۔ ملانا (۳) سازش کرنا۔
دوست دار (ف۔ اِ۔ مذ) دوست۔ خیر خواہ۔ ہمراز۔
دوست داری (ف۔ اِ۔ مث) دوستی۔
دوست رکھنا (اَر۔ محاورہ) عزیز سمجھنا۔ پسند کرنا۔
دوست شاد ہوں دشمن پامال ہوں (اَر۔ کلمۂ دُعا) بڑے آدمیوں کو دی جانے والی دُعا۔
دوست کا دُشمن دُشمن، دُشمن کا دُشمن دوست (اَر۔ مقولہ) دوست کے دُشمن کو دُشمن اور دُشمن کے دُشمن کو دوست سمجھنا چاہئے۔
دوست نُما (ف۔ صف) (۱) ظاہر میں دوست (۲) اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنے والا۔
دوست نواز (ف۔ صف) دوست پر مہربانی کرنے والا۔
دوستاں (دوس۔ تاں) (ف۔ صف) دوست کی جمع۔
دوستانہ (دوس۔ تا۔ نہ) (ف۔ اِ۔ مذ) یارانہ۔ دوستی۔ یاری۔ محبت۔ اُلفت۔ اُردو جمع: دوستانوں۔ دوستانے (۲) (صف و متعلق فعل) مہربان۔ دوست کی طرح۔ محبت کے ساتھ۔ آپس داری کے طور پر۔
دوستو! (ف۔ ندا) دوست کی جمع بحالتِ ندا۔
دوستی (دوس۔ تی) (ف۔ اِ۔ مث) یارانہ۔ آشنائی۔ اُلفت۔
دوستی کا دم بھرنا (مارنا) (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنا۔
دوستی کرنا (اَر۔ محاورہ) دوستی پیدا کرنا۔ اُلفت ہونا۔
دوستی ہونا (اَر۔ محاورہ) یارانہ ہونا۔ یاری ہونا۔ محبت ہونا۔
دُوسرا (دُوس۔ را) (ہ۔ عددِ ترتیبی) (۱) پہلے کے بعد کا۔ دوم۔ ثانی (۲) ایک اور۔ اگلا (۳) (صف) برابر کا۔ مقابل کا (۴) غیر۔ اجنبی۔
دُوسری (دُوس۔ ری) (ہ۔ عددِ ترتیبی) دوسرا کی تانیث۔

دُوسری بات (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) اور بات (۲) جماع۔ زنا۔
دُوسری بات نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) قیمت کا کم و بیش نہ ہونا (۲) زیادہ گفتگو نہ ہونا۔
دُوسری صورت پکڑنا (اَر۔ محاورہ) حالات کا بدل جانا۔ مختلف ہو جانا۔
دُوسری ماں (اَر۔ اِ۔ مث) سوتیلی ماں۔
دُوسرے (ہ۔ عددِ ترتیبی) دُوسرا کی جمع۔
دُوسرے تیسرے (اَر۔ متعلق فعل) کبھی کبھی۔
دُوسی (ق۔ اِ۔ مث) داسی۔ لونڈی۔ باندی۔
دوش (واو مجہول) (س۔ اِ۔ مذ) قصور۔ خطا۔ گناہ۔
دوش (واو مجہول) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) کندھا۔ شانہ (۲) گزری ہوئی رات۔ کل رات۔
دوش بدوش (ف۔ متعلق فعل) (۱) کندھے سے کندھا ملا کر (۲) متحد ہو کر۔ اتفاق کے ساتھ۔
دوش پر لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) کندھے پر لینا (۲) کندھے پر سوار کرنا۔
دُوشالہ (دو۔ شا۔ لہ) (ف۔ اِ۔ مذ) "دو" کے تحت دیکھئے (مع مرکبات)۔
دوشیزگی (دو۔ شی۔ زَ۔ گی) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) کنوارپن۔ بکارت (۲) کنواری ہونے کا زمانہ۔
دوشیزہ (دو۔ شی۔ زہ) (ف۔ اِ۔ مث) کنواری۔ باکرہ۔ بن بیاہی۔ کنیا۔ ناکتخدا لڑکی۔ جمع: دوشیزگان۔
دوشینہ (دو۔ شی۔ نہ) (ف۔ صف) پچھلی رات کا۔
دوغ (واو مجہول) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) دہی (۲) چھاچھ (۳) مکھن نکلا ہوا دودھ۔
دوغلا (دوغ۔ لا) (واو مجہول) (اَر۔ صف) (۱) دونسلا۔ وہ شخص جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں (۲) کمینہ۔ کم ذات۔ گھٹیا۔
دوغلی (دوغ۔ لی) (اَر۔ صف) (۱) دوغلا کی تانیث۔ دونسلی۔ وہ عورت جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہ ہوں (۲) کم اصل۔ کمینی۔ کم ذات۔
دوغلی بات (اَر۔ اِ۔ مث) دو رُخی بات۔ بات جو صاف نہ ہو۔
دُوک (واو معروف) (ف۔ اِ۔ مذ) تکلا (۲) (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) دو سالہ بچھڑا جس کے دو دانت نکلے ہوں۔
دُوکال (ق۔ اِ۔ مذ) بُرا وقت۔
دُوکھنا (دُو۔ کھ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) عیب لگانا۔ طعنہ دینا (۲) اِلزام دینا (۳) پوشیدہ عیب کو ظاہر کرنا (۴) بُرا کہنا (۵) بات کاٹنا۔
دُوَل (دُ۔ وَل) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) دولت کی جمع (۲) بہت سی سلطنتیں۔ (دال پر زبر اور پیش دونوں مستعمل ہیں)۔
دُولاب (دُو۔ لاب) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) رہٹ۔ چرخ (۲) ذخیرہ۔ نعمت خانہ (۳) بُھول بُھلیاں (۴) دھوکا۔ دغا۔ فریب۔
دُولا مُولا (اَر۔ صف) بڑی ہمت والا۔ سخی (۲) نیک۔ سیدھا سادہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دُوْلائی (دو۔لا۔ای)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے دُلائی۔

دَوْلَت (دو۔لت)(ع۔ا۔مث)(۱) دھن۔ مال۔ زرِ نقد (۲)(معاشیات) وہ تمام اشیا جو بلاواسطہ یا بالواسطہ اِنسانی ضروریات و اِحتیاجات کو تسکین دے سکیں (۳) اِقبال۔ نصیبہ۔ خوش قسمتی (۴) سلطنت۔ حکومت۔ طاقت (۵) ظفرمندی۔ فتح (۶) خوشی (۷) اولاد۔ جمع: دُوَل۔ اُر جمع: دولتوں۔ دولتیں۔

دولت اُڑانا (اُر۔ محاورہ) روپیہ ضائع کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔

دولت اندھی ہوتی ہے (اُر۔ مثل) دولت اِنسان کی شکل و شباہت دیکھ کر نہیں آتی۔

دولتِ اِیمان (ع۔ا۔مث) اِیمان کی نعمت۔

دولت برسنا (اُر۔ محاورہ) کثرت سے روپیہ ملنا۔

دولت بہانا (اُر۔ محاورہ) بے دریغ روپیہ خرچ کرنا۔

دولتِ بیدار (ع۔ف۔ا۔مث) وہ دولت جس سے فائدہ حاصل کریں (۲)(صف۔ بے اِضافت) خوش قسمت۔

دولت پناہ (ف۔ صف) سلطنت کو محفوظ رکھنے والا۔ یہ لقب بادشاہوں کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔

دولت خانہ (سرا۔کدہ)(ع۔ف۔ا۔مذ) محل۔ قصر۔ مکان۔

دولتِ خداداد (ع۔ف۔ا۔مث) خُدا کا دیا ہوا ملک۔

دولتِ دارَین (دولتِ کونَین)(ف۔ا۔مث) دونوں جہان کی نعمت۔

دولتِ دُنیا (ع۔ف۔ا۔مث) مال و دولت۔ دُنیاوی شان و شوکت۔

دولت ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے (اُر۔ مثل) دولت زوال پزیر شے ہے۔

دولت کھونا (اُر۔ محاورہ) دولت ضائع کرنا۔

دولت کی گنگا بہانا (اُر۔ محاورہ) بے دریغ روپیہ خرچ کرنا۔

دولت گڑی ہونا (اُر۔ محاورہ) دولت کا ذخیرہ ہونا۔

دولت لُٹے کوئلوں پر مُہر (اُر۔ مثل) دیکھئے اشرفیاں لٹیں اور کوئلوں پر مُہر۔

دولت مدار (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) خوشی کا گھر (۲) وہ جگہ یا شخصیت جس پر دولت کا اِنحصار ہو۔

دولت مَند (ف۔ صف)(۱) امیر۔ مالدار (۲) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔

دولت مَندی (ف۔ا۔مث) امیری۔ مالداری۔

دولت مُنڈیر کا کوّا ہے (اُر۔ مثل) دولت کبھی ایک جگہ نہیں رہتی۔

دُوْلھا (دو۔لھا)(ہ۔ا۔مذ) دُلھا۔ دُلہا۔ وہ شخص جس کی نئی نئی شادی ہوئی ہو۔ نوشاہ۔ بنڑا (۲) خاوند۔ شوہر۔ نر۔

دُولھا بنے بیٹھے رہنا (اُر۔ محاورہ) عزّت و وقار کے ساتھ بیٹھے رہنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔

دُولھا بھائی (اُر۔ا۔مذ) بہن کا شوہر۔ بہنوئی۔

دُولھن (دو۔لھن)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے دُلہن۔

دُوُم (دُ۔وُم)(ف۔ عددِ ترتیبی) دُوسرا۔ دیگر۔ ثانی۔

دَوْن (فتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مث) آگ جو جنگل میں لگ جائے (۲) آگ۔ سخت گرمی (۳) پیاس یا گرمی کی شدّت (۴) سوزش۔ جلن۔ جوش۔

دَون لگنا (ہ۔ محاورہ)(۱) سخت گرمی لگنا (۲) عشق کی آگ میں جلنا (۳) کسی چیز کے لئے خواہش یا غم کرنا۔

دُوْن (واو معروف)(ہ۔صف)(۱) دُگنا (۲) اُونچے سُر کی آواز۔ تیز گت (۳) شیخی۔ ڈینگ۔ لاف وگزاف (۴) پہاڑی تلیٹی۔ گھاٹی۔ درّہ۔

دُون پر آنا (اُر۔ محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔

دُون کی (اُڑانا) لینا (اُر۔ محاورہ)(۱) شیخی بگھارنا (۲) خودستائی کرنا۔

دُوْں (واو معروف)(ع۔صف)(۱) حقیر۔ کمینہ۔ ادنیٰ۔ پاجی (۲)(متعلق فعل) غیر۔ بجز۔ سوا۔

دُوں ہمّت (ع۔ صف) کم ہمّت۔ پست ہمّت۔

دَوْنا (دو۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پتّوں کا پیالہ۔ پتّل (۲) نیاز کی چیز جو دونوں میں لائی جاتی ہے۔ جمع: دَونوں۔ دَونے۔

دَونا باندھنا (اُر۔ محاورہ) دَونا بنانا۔ پتّوں کا پیالہ بنانا۔

دَونا چڑھانا (اُر۔ محاورہ) مزار پر پُھول یا شیرینی کا چڑھاوا چڑھانا۔

دَونا دینا (اُر۔ محاورہ) حضرت علیؑ یا حضرت فاطمہؓ کی نیاز دینا۔

دَونا ماننا (اُر۔ محاورہ) نذر ماننا۔ منّت ماننا۔

دُوْنا (دو۔نا)(ہ۔ عددِ ضعفی)(۱) دُگنا۔ دوچند۔ دوبالا (۲) دُہرا۔

دُونا دُوں (ہ۔ عددِ ضعفی) چہار چند۔ چار گنا۔

دَوَنْد (دَ۔وَند)(س۔ا۔مذ) دوج۔ جوڑا ہونا۔ دو مختلف خاصیتوں کی چیزیں جن کا اکٹھا ذکر کیا جائے جیسے گرمی سردی۔ خوشی رنج۔

دَوْنکنا (دونک۔نا)(ہ۔مص) غرانا۔ چنگھاڑنا۔ دہاڑنا۔

دَوْنگڑا (دونگ۔ڑا)(دونگ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) زور کی بارش۔

دونوں (ہ۔ عددِ اِستغراقی) ہر دو۔ دو کے دو۔

دونوں آنکھیں برابر ہیں (اُر۔ مقولہ) دونوں فریقوں میں سے کسی کو ترجیح نہیں دی جاسکتی۔

دونوں پلّے برابر ہونا (اُر۔ محاورہ) دونوں ایک جیسے ہونا۔

دونوں ٹانگوں میں سرکر دینا (اُر۔ محاورہ) سزا دینا۔ ٹھیک بنانا۔

دونوں جہان سے کھونا (اُر۔ محاورہ) کہیں کا نہ رکھنا۔

دونوں جہان میں بھلا ہو (اُر۔ دُعا) دین و دُنیا میں بہتری ہو۔

دونوں جہان میں مُنہ کالا ہو (اُر۔ بددُعا) دُنیا اور عاقبت میں رُسوائی ہو۔

دونوں دین سے گئے پانڈے ' حلوا ملا نہ مانڈے (اُر۔ مثل) جو بہت لالچ کرے اُسے کچھ بھی نہیں ملتا۔

دونوں طرف (اُر۔ا۔مذ)(۱) فریقین (۲) ہر دو جانب۔

دونوں میٹھے (اُر۔ا۔مذ) ہر طرح فائدہ۔

دونوں وقت ملنا (اُر۔ محاورہ) شام ہونا۔ جھٹ پٹا ہونا۔

دونوں ہاتھ سے تالی بجنا (اُر۔ محاورہ) ہر دو فریقین کی مرضی سے جھگڑا یا صلح ہونا۔

دونوں ہاتھوں سے پگڑی تھامنا (اُر۔ محاورہ) بہت کوشش سے عزّت بچانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نہایت تعظیم کرنا (۲) بیزاری ظاہر کرنا۔
دونوں ہاتھوں سے سلام لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) عاجزی ظاہر کرنا (۲) چھیڑ چھاڑ کرنا۔
دونوں ہاتھوں سے کلیجا تھام لینا (اَر۔ محاورہ) صبر کرنا۔ بہت ضبط کرنا۔
دُونی (ہ۔ صف) دیکھئے دُونا جس کی یہ تانیث ہے۔
دوہا (دو۔ہا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) دو مصرعوں کا ہندی شعر۔
دُوہائی (دو۔ہا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) شور و غوغا (۲) چیخ پکار (۳) کسی کو پکار کر مدد کے لئے بُلانا (۴) دادخواہی۔ اِستغاثہ (۵) مُنادی۔ اِعلان (۶) حلف۔ قسم۔
دُوہائی پکارنا (اَر۔ محاورہ) فریاد کرنا۔
دُوہائی پھیرنا (اَر۔ محاورہ) منادی کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔
دُوہائی تہائی مچانا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) امداد کے لئے پکارنا۔ فریاد کرنا۔
دُوہائی دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کا نام لے کر فریاد کرنا (۲) شور کرنا۔ غُل مچانا۔
دُوہائی مانگنا (اَر۔ محاورہ) پناہ مانگنا۔
دُوہائی ہونا (اَر۔ محاورہ) فریاد ہونا۔ دوہائی! دوہائی!! کی آواز ہونا۔
دُوہائی ہے (اَر۔ کلمۂ ندا) فریاد ہے!
دوہتا (دوہ۔تا) (ہ۔ا۔مذ) بیٹی کا بیٹا۔ نواسا۔
دوہتی (دوہ۔تی) (ہ۔ا۔مث) بیٹی کی بیٹی۔ نواسی۔
دوہر (دو۔ہَر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ربیعی زمین کا کھیت (۲) دولائی۔ دوہری چادر۔
دوہرا (دوہ۔را) (ہ۔صف) دیکھئے دُہرا۔
دوہری (دوہ۔ری) (ہ۔صف) دیکھئے دُہری۔
دوہلی (دوہ۔لی) (ہ۔ا۔مث) وہ زمین جس کی مال گزاری معاف کر کے مذہبی اداروں کو دی جائے۔
دوہنا (دوہ۔نا) (بواو معروف و مجہول) (ہ۔مص) تھن سے دودھ نکالنا۔
دوہنی (دو۔ہَ۔نی) (ہ۔ا۔مث) دودھ دوہنے کا برتن۔
دُوئی (دُو۔اِی) (ف۔ا۔مث) (۱) غیریت (۲) جُدائی (۳) اَن بَن۔ جھگڑا (۴) دو سمجھنا۔ شرک۔
دُوئی ڈالنا (اَر۔ محاورہ) لڑائی کرانا۔ جُدائی ڈالنا۔ غیریت پیدا کرنا۔
دُوئی کا پردہ اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) غیریت ہٹنا۔ ایک ہونا۔

د۔ہ

دِہ (بکسرِ اوّل) (ف۔ لاحقہ) دادن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بناتا ہے اور دینے والا کے معنی دیتا ہے جیسے تکلیف دِہ۔
دِہ (بکسرِ اوّل) (ف۔ا۔مذ) گاؤں۔ قریہ۔ جمع: دِہات۔ دیہات۔
دِہ بندی (ف۔ا۔مث) گاؤں کی مکمل فہرست اور مال گزاری کی تفصیل۔
دِہ جمع (ف۔ا۔مث) گاؤں کی مال گزاری۔
دِہ خُدا (ف۔ا۔مذ) گاؤں کا چودھری۔ زمیندار۔
دِہ کدہ (ف۔ا۔مذ) گاؤں کا مکان۔
دِہ (بکسرِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) جسم۔ بدن۔
دِہ دھارنا (ہ۔ محاورہ) صورت اِختیار کرنا (۲) جنم لینا (۳) بیدار ہونا۔
دِہ ڈنڈ (ہ۔ا۔مذ) جسمانی سزا۔
دَہ (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بہت گہرا پانی (۲) گہرائی۔
دَہ (بفتحہ اوّل) (ف۔ا۔عدد) دَس۔ (۱۰)۔
دَہ چند (ف۔ عددِ ضعفی) دَس گُنا۔
دہ در دُنیا ستّر در آخرت (ف۔اَر۔ مقولہ) نیک کام کا بدلہ دُنیا میں دس گُنا اور آخرت میں ستّر گُنا ملتا ہے۔
دَہ در دَہ (ف۔ا۔مذ) دس گز لمبا، دس گز چوڑا اور دس گز گہرا تالاب جس کا پانی شرعاً پاک ہوتا ہے۔
دَہ حواس (ف۔ع۔ا۔مذ) پانچ ظاہری حواس اور پانچ باطنی حواس۔
دَہ سیری (ف۔اَر۔ا۔مث) دس سیر کا باٹ۔
دَہ منی (ف۔اَر۔ا۔مذ) جس میں دس من سما جائیں۔
دَہ یک (دہ یکی) (ف۔ عددِ کسری۔ صف) دسواں حصّہ (۲) دس فیصد۔
دَہا (دَ۔ہا) (اَر۔ا۔مذ) (۱) مہینے کے دس دن۔ عشرہ (۲) محرم کی دسویں تاریخ (۳) دہائی کا ہندسہ۔
دِہات (دِ۔ہات) (ف۔اَر۔ا۔مذ) دِہ کی جمع۔ بہت سے گاؤں۔ نیز دیکھئے دیہات۔
دِہاتی (دِ۔ہا۔تی) (ف۔اَر۔صف) دیکھئے دیہاتی جو زیادہ مستعمل ہے۔
دِہار (دِ۔ہار) (ہ۔ا۔مذ) زمین جس پر بارش کے بعد پانی کھڑا رہے۔ دلدلی زمین۔
دَہاڑ (دَ۔ہاڑ) (ہ۔ا۔مث) (۱) شور۔ غُل (۲) شیر کی آواز۔ جمع: دہاڑوں۔ دہاڑیں۔
دَہاڑیں (ہ۔ا۔مث) دَہاڑ کی جمع۔
دہاڑیں مارنا (اَر۔ محاورہ) زور زور سے رونا۔ چیخنا۔ چلّانا۔
دِہاڑا (دِ۔ہا۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) درجہ۔ گت (۲) بُرا حال۔ دُرگت (۳) دن۔ دوپہر جیسے دن دہاڑے۔
دَہاڑنا (دَ۔ہاڑ۔نا) (ہ۔مص) چیخنا۔ گرجنا۔ شیر کا بولنا۔ نیز دیکھئے دھاڑنا۔
دِہاڑی (دِ۔ہا۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) روزینہ (۲) یومیہ (۳) ایک دن کی مزدوری۔
دَہاکا (دَ۔ہا۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دس کا مجموعہ (۲) دہائی (۳) دس روپے کا نوٹ (۴) نُقصان (۵) صدمہ۔ غم۔ رنج (۶) رُعب۔ خوف۔ ڈر۔ جمع: دہاکوں۔ دہاکے۔
دہاکا بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) صدمہ گزرنا (۲) دہشت بیٹھنا۔ خوف طاری ہونا۔
دہاکے دینا (اَر۔ محاورہ) دھمکی دینا۔ ڈرانا۔ خوف دِلانا (۲) فریب دینا۔
دَہان (دَ۔ہان) (ف۔ا۔مذ) (۱) مُنہ۔ دہن (۲) زخم کا مُنہ (۳) سُوراخ۔
دَہانا (دَ۔ہا۔نا) (ہ۔مص) (۱) مُردہ جلانا۔ چِتا میں رکھنا (۲) ڈسنا۔
دُہانا (دُ۔ہا۔نا) (ہ۔مص) دوہنا کا متعدی۔ گائے بھینس وغیرہ کا دودھ نکلوانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دہانہ (دَ۔ہا۔نہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایسی شے جو منہ کے مشابہ ہو (۲) منہ۔ دہن (۳) سمندر یا جھیل میں دریا کے گرنے کا مقام (۴) موری یا بدرو کا منہ (۵) وادی کا آغاز (۶) لوہے کا ساز جو گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں (۷) جولاہوں کا ایک اوزار۔

دہانہ کھلنا (اُر۔محاورہ)(۱) مشک کا منہ کھلنا (۲) موری کا منہ کھلنا (۳) پیشاب نکلنا۔ پانی نکلنا۔

دہائی (دَ۔ہا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) دس کے عدد کا مرتبہ۔ دس کی وحدت۔

دُہائی (دُ۔ہا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے دوہائی۔

دہچک (دَہ۔چَک)(ق۔ا۔مث) دہشت۔

دَہر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) دُنیا۔ وقت۔ زمانہ (۲) مدت العمر (۳) قسمت۔ نصیب (۴) بدقسمتی۔ مُصیبت۔ خطرہ (۵) طرز۔ طریقہ۔ رسم۔ رواج (۶) تردُّد۔ فکر (۷) چکنی مٹی۔ جمع: دُہُور۔

دُہرا (دُہ۔را)(ہ۔صف)(۱) دوہرا۔ دوچند۔ دُگنا (۲) دوتہ کا (۳) ٹیڑھا۔ خمیدہ (۴) سُپاری کا ٹکڑا (۵) پتنگ بازی کا ایک پیچ۔

دُہرا بدن (اُر۔ا۔مذ) موٹا بدن۔ بھرا جسم۔

دُہرا تہرا (ہ۔عددِ ضعفی) دو چند سہ چند۔ دُگنا تگنا۔

دُہرا ہو جانا (اُر۔محاورہ) جُھک جانا۔ ٹیڑھا ہونا (۲) دُونا ہو جانا۔

دُہرانا (دُہ۔را۔نا)(ہ۔مص)(۱) کسی عبارت کو بار بار پڑھنا۔ دوبارہ کہنا (۲) دوتہہ کرنا (۳) کوئی کام دوبارہ کرنا (۴) کسی بات کی نقل کرنا۔

دُہرائی (دُہ۔را۔اِی)(ہ۔ا۔مث) سبق یا کتاب کو دُوسری بار پڑھ لینا۔ تکرار۔

دُہرم (دُہ۔رَم)(ہ۔ا۔مذ) پتنگ کا دوہرا پیچ۔

دَہری (دَہ۔ری)(ع۔صف)(۱) دَہر سے منسوب (۲) دَہریہ۔

دُہری (دُہ۔ری)(ہ۔صف) دُہرا کی تانیث (۱) دوتہہ کی (۲) دُگنی (۳) موٹی۔

دُہری بات (اُر۔ا۔مث) پہلودار بات۔ ذومعنی بات۔

دَہریّت (دَہ۔ری۔یَت)(ع۔ا۔مث) الحاد۔ کُفر۔ زندقہ۔ خُدا کو نہ ماننا۔

دَہریہ (دَہ۔ری۔یَہ)(ع۔صف) خُدا کو نہ ماننے والا۔ مُلحِد۔ لامذہب۔

دَہِش (دَ۔ہِش)(ع۔ا۔مذ)(۱) حیرت۔ تعجب (۲)(ع۔صف) حیران۔ متحیر۔ متعجب۔ گھبرایا ہوا۔

دِہِش (دِ۔ہِش)(ف۔ا۔مث) بخشش۔ اِنعام۔

دہشت (دَہ۔شَت)(ف۔ا۔مث) ڈر۔ خوف۔ خطرہ۔

دہشت انگیز (ف۔صف) ڈراؤنا۔ خوف ناک۔ بھیانک۔

دہشت پسند (ف۔صف) توڑ پھوڑ اور مار دھاڑ کر کے خوف و ہراس پھیلانے والا۔

دہشت پسندی (ف۔ا۔مث) عوام میں خوف و ہراس پھیلانا۔

دہشت زدہ (ف۔صف) خوف کا مارا۔ ڈرا ہوا۔ سہا ہوا۔

دہشت سمانا (اُر۔محاورہ) دل میں خوف سمانا۔

دہشت کھانا (اُر۔محاورہ)(۱) خوف کھانا۔ ڈرنا (۲) رُعب میں آنا۔

دہشت گرد (ف۔صف) دیکھئے دہشت پسند۔

دہشت گردی (ف۔ا۔مث) دیکھئے دہشت پسندی۔

دہشت لگنا (اُر۔محاورہ) خوف معلوم ہونا۔

دہشت ناک (ف۔صف) بھیانک۔ ڈراؤنا۔ خوف ناک۔

دِہقان (دِہ۔قان)(ف۔ا۔مذ)(۱) دیہات کا باشندہ۔ کسان۔ کاشت کار (۲)(صف) گنوار۔ اُجڈ۔ ناشائستہ۔ جاہل۔ اُردو جمع: دہقان۔ دہقانوں۔

دِہقانی (دِہ۔قا۔نی)(ف۔صف) دیہاتی (۲) گنوار۔ اُجڈ۔

دِہقانیّت (دِہ۔قا۔نی۔یَت)(ف۔ا۔مث) گنوار پَن۔ اُجڈ پن۔

دَہک (دَ۔ہَک)(ہ۔ا۔مث)(۱) سوزش۔ تپش۔ آگ کی روشنی (۲) جوش۔ شوق۔ گرم جوشی۔

دَہکانا (دَہ۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) جلانا۔ بھڑکانا (۲) آگ روشن کرنا۔

دَہکتا (دَ۔ہَک۔تا)(ہ۔صف) دہکتا ہوا۔ جلتا ہوا۔

دَہکتی (دَ۔ہَک۔تی)(ہ۔صف) دہکتا کی تانیث۔

دَہکنا (دَ۔ہَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) جلنا۔ بھڑکنا۔ آگ کا روشن ہونا (۲) بدن کا گرم ہونا (۳) افسوس کرنا۔ پشیمان ہونا۔ تباہ ہونا۔

دَہَل (دَ۔ہَل)(ہ۔ا۔مث)(۱) خوف۔ ڈر۔ گھبراہٹ (۲) زلزل۔

دہل جانا (اُر۔محاورہ) ڈر جانا۔ رُعب کھا جانا۔

دُہل (دُ۔ہَل)(ف۔ا۔مذ) ڈھول۔ نقارہ۔

دُہل زنی ہونا (اُر۔محاورہ) ڈھول بجنا۔

دَہلا (دَہ۔لا)(ہ۔ا۔مذ) تاش کا پتا جس پر دس نشان ہوں۔

دَہلنا (دَ۔ہَل۔نا)(ہ۔مص)(۱) رُعب کھانا۔ ڈرنا (۲) زمین کا جنبش کرنا۔

دِہلوی (دِہ۔لَ۔وی)(اُر۔صف) ہندوستانی دارالحکومت دہلی کا باشندہ۔ دہلی سے متعلق۔

دِہلی (دِہ۔لی)(ہ۔ا۔مث) ہندوستان کا دارالحکومت۔ (۲) دہلیز۔ چوکھٹ۔

دہلی کا کوتوال (اُر۔ا۔مذ)(۱) مغرور آدمی (۲) نازک مزاج آدمی۔

دہلی کے لیوے لے ڈالنا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی کے ہاں بار بار جانا (۲) بے حد تقاضے کرنا۔

دَہلیز (دَہ۔لیز)(ف۔ا۔مث)(۱) چوکھٹ (۲) ڈیوڑھی۔ دروازہ۔ اُردو جمع: دہلیزوں۔ دہلیزیں۔

دہلیز اُلانگنا (اُر۔محاورہ) چوکھٹ کو عبور کرنا۔ دروازے سے باہر قدم رکھنا۔

دہلیز جھانکنا (اُر۔محاورہ) کسی کے پاس کسی کام کے لئے جانا۔

دہلیز چومنا (اُر۔محاورہ) بے حد عزت کرنا۔ قدم بوس ہونا۔

دہلیز کا کتا (اُر۔ا۔مذ)(۱) پالتو کتا۔ گھر کا کتا (۲) مُفت خورا۔

دہلیز گھند لانا (اُر۔محاورہ) منگنی کے بعد لڑکے کے اپنے سسرال جانے کی ایک رسم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دہلیز کی مٹی لے ڈالنا (اَ۔ محاورہ) بہت سے پھیرے کرنا۔ کسی چیز یا کسی کام کے تقاضے کے لئے کسی کے گھر بار بار آنا۔ نیز دیکھئے دہلی کے لیوے لے ڈالنا۔

دہلیز کے بگے سے بَیر نہیں جاتا (اَ۔ مثل) بے وقوفی کی حرکتوں سے دُشمنی نہیں جاتی۔

دہلیز لانگھنا (ناگھنا) (اَ۔ محاورہ) (۱) دیکھئے دہلیز اُلانگنا (۲) ایک گھر سے دُوسرے گھر جانا۔

دہلیز نہ جھانکنا (اَ۔ محاورہ) دروازے تک نہ جانا۔ پردے میں رہنا۔

دَہُم (دَ۔ہُم) (ف۔ عددِ ترتیبی) دسواں۔ دسویں۔

دَہَن (دَ۔ہَن) (ف۔ ا۔ مذ) مُنہ۔ دہان کا مخفف۔

دہن بند (ف۔ ا۔ مذ) نقاب۔ منہ پر باندھنے کا چھینکا۔

دہن بندی (ف۔ ا۔ مث) تقریر کی ممانعت۔ زبان بندی۔

دہن تنگ (ف۔ صف) چھوٹا منہ۔

دہن تیغ (ف۔ ا۔ مذ) تلوار کی دھار۔

دہن دریدہ (ف۔ صف) منہ پھٹ۔ گستاخ۔ بے شرم۔

دہن زخم (ف۔ ا۔ مذ) زخم کا منہ یا سُوراخ۔

دہن زخم کا ہنسنا (اَ۔ محاورہ) زخم کا کھل جانا۔

دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ (ف۔ مثل) کسی شخص کی ایذا دہی سے بچنے کے لئے اُسے کچھ دے دینا اچھا ہوتا ہے۔ کُتے کا منہ روٹی کا ٹکڑا ڈال کر سی دینا چاہئے۔

دہن کھولنا (اَ۔ محاورہ) منہ کھولنا۔ بات کرنا۔

دَہنا (دَہ۔نا) (ہ۔ صف) دیکھئے داہنا جس کا یہ مخفف ہے۔

دِہَند (دِ۔ہَند) (ف۔ صف) دِہندہ کا مخفف۔

دِہَندگان (دِ۔ہَن۔دگان) (ف۔ صف) دِہندہ کی جمع۔

دِہَندہ (دِ۔ہَن۔دَہ) (ف۔ صف) ادا کرنے والا۔ دینے والا۔

دَہنی (دَہ۔نی) (ہ۔ ا۔ مث) دودھ کا برتن۔

دُہنیت (دُہ۔نی۔یت) (ع۔ ا۔ مث) چکنائی۔ چکناہٹ۔ روغن۔ چربی۔

دَہی (دَ۔ہی) (ہ۔ ا۔ مذ) جما ہوا دودھ۔

دہی جمانا (اَ۔ محاورہ) دودھ میں تھوڑی کھٹائی ڈالنا تاکہ وہ جم جائے۔

دہی دہی کرنا (اَ۔ مثل) کسی پوشیدہ بات کو جابجا مشتہر کرتے پھرنا۔

دہی مچھلی (اَ۔ ا۔ مذ) نیک شگون۔

دہی مچھلی کی مٹکی (اَ۔ ا۔ مث) ساچق کے روز مٹکی میں دہی بھر کر اور ساتھ ایک مچھلی لٹکا کر دُولھا کے گھر لے جانے کی رسم۔

دَہے (دَ۔ہے) (اَ۔ ا۔ مذ) (۱) محرم کے پہلے دس دن (۲) تعزیے۔

دُہیا (دُہ۔یا) (ہ۔ ا۔ مذ) دودھ دینے والا جانور۔

دَہیج (دَ۔ہیج) (یائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) دہیز کا بگڑا ہوا لفظ۔

دَہیز (دَ۔ہیز) (یائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) جہیز (۲) لڑکی کو رُخصت کرتے وقت جو سامان دیتے ہیں۔

دُہیلا (دُ۔ہے۔لا) (ق۔ صف) (۱) تختی جھیلنے والا (۲) نیند بھرا۔

دَہیم (دَ۔ہیم) (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے دَیہیم۔

دَہینڈی (دَ۔ہیں۔ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) وہ برتن جس میں دُودھ جمائیں۔ مٹی کی بڑی ہانڈی۔

دَہینگر (دَ۔ہیں۔گر) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ برتن جس میں دہی رکھتے ہیں۔

دھ

دھا (ہ۔ ا۔ مذ) ترانہ۔ سُر۔ آہنگ (۲) چھتائر (۳) (ا۔ مث) دودھ پلانے والی۔

دھا بھائی (ہ۔ ا۔ مذ) دودھ شریک بھائی۔ رضاعی۔

دھابا (دھا۔با) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مٹی کی ہموار چھت (۲) مکان جس کی چھت ہموار ہو اور مٹی کی بنی ہوئی ہو (۳) کچا کوٹھا (۴) باورچی خانہ۔ رسوئی (۵) (ق۔ ا۔ مذ) پہلی نظر۔

دھاپ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وہ فاصلہ جو انسان بغیر ٹھہرے ایک سانس میں طے کر سکے (۲) فاصلہ۔ دُوری (۳) میدان (۴) گھات۔ راستہ۔

دھاپنا (دھاپ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) تسلّی کرنا (۲) سیر ہونا (۳) تھکنا (۴) عاجزی کرنا (۵) بھر جانا۔

دھات (ہ۔ ا۔ مث) (۱) وہ معدنی جوہر جس میں پگھلنے کی خصوصیت ہو جیسے سونا' چاندی۔ ایسے ٹھوس اور سخت عناصر جنھیں کوٹ کر چادریں یا ورق اور کھینچ کر تار بنا سکیں (۲) پیشاب کے ساتھ خارج ہونے والا سفید مادّہ۔ مذی۔ منی (۳) (ق۔ ا۔ مث) طریقہ۔ طور۔ جمع: دھاتوں۔ دھاتیں۔

دھات آنا (اَ۔ محاورہ) پیشاب کے ساتھ منی نکلنا۔

دھاچک (دھا۔چک) (ق۔ ا۔ مذ) اندیشہ۔ دہشت۔ خوف۔

دھار (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کسی گرتی ہوئی سیال چیز کا تار (۲) خط۔ لکیر (۳) تلوار کی باڑھ یا تیزی (۴) دریا کا وسط یا بہاؤ (۵) پہاڑوں کا سلسلہ (۶) دودھ یا شراب جو دیوتا کو چڑھائی جائے (۷) بارش کا چھینٹا (۸) حد۔ جمع: دھاروں۔ دھاریں۔

دھار اُلٹ جانا (اَ۔ محاورہ) باڑھ کند ہو جانا۔

دھار باندھنا (اَ۔ محاورہ) سحر یا افسوں کے زور سے تلوار کی دھار کند کر دینا (۲) پانی یا کسی سیال چیز کو لگاتار گرانا۔

دھار بیٹھ جانا (اَ۔ محاورہ) باڑھ کند ہو جانا۔

دھار پر مارنا (اَ۔ محاورہ) دیکھئے پیشاب کی دھار پر مارنا۔

دھار چڑھانا (اَ۔ محاورہ) دیوتا یا گنگا جمنا پر منّت مان کر دودھ کی دھار ڈالنا۔

دھار چھوٹنا (اَ۔ محاورہ) زور سے دھار نکلنا۔

دھار دار (اَ۔ صف) تیز۔ باڑھ دار۔

دھار دھرنا (رکھنا) (اَ۔ محاورہ) (۱) باڑھ تیز کرنا۔

دھار کرنا (بکسر کاف) (اَ۔ محاورہ) دھار کند ہونا۔ دانتے پڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دھار لگانا (مارنا) (اَر۔ محاورہ) مُوتنا۔ پیشاب کرنا۔

دھار لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُنہ میں دودھ کی دھار لینا (۲) تھنوں سے مُنہ لگا کر دودھ پینا۔

دھار نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دودھ دوہنا۔ دودھ نکالنا (۲) تیز کرنا۔

دھار نہ مارنا (اَر۔ محاورہ) پروا نہ کرنا۔

دھارا (دھا۔را) (س۔ا۔مذ) (۱) چشمہ۔ سوتا۔ بہاؤ۔ منبع۔ آبشار۔ پانی بہنے کی جگہ (۲) دریا کے وسط میں پانی کا بہاؤ (۳) بوچھاڑ۔

دھارمِک (دھار۔مِک) (س۔صف) مذہبی۔

دھارَن (دھا۔رَن) (س۔ا۔مذ) (۱) پکڑ (۲) برداشت (۳) قبضہ (۴) حصول (۵) ذمّہ (۶) بچاؤ (۷) پہناوا (۸) سوچ۔

دھارن کرنا (ہ۔ محاورہ) (۱) اختیار کرنا (۲) قبول کرنا (۳) تولنا۔

دھارنا (دھار۔نا) (ہ۔مص) (۱) اختیار کرنا (۲) رکھنا (۳) کسی عضو پر گرم پانی کی دھار ڈالنا (۴) پرورش کرنا۔ پالنا۔ سنبھالنا۔

دھاروں (ہ۔ا۔مث) دھار کی جمع۔

دھاروں رونا (اَر۔ محاورہ) بہت رونا۔ آنسوؤں کا تار باندھ دینا۔

دھاری (دھا۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) لکیر۔ خط (۲) نالی (۳) چھوٹا پُشتہ (۴) فوج (۵) حد۔ کنارہ (۶) (س۔صف) پکڑنے والا۔

دھاری دار (اَر۔صف) وہ شے جس پر لکیریں یا خط پڑے ہوئے ہوں۔

دھاڑ (ہ۔ا۔مث) (۱) ہجوم۔ انبوہ۔ مجمع۔ چوروں کا جتھا (۲) جلدی (۳) اشد ضرورت (۴) (ق۔ا۔مث) مُشکل۔ مصیبت۔ نیز دیکھئے دہاڑ۔

دھاڑ پڑنا (ہ۔ محاورہ) (۱) چوروں کے گروہ کا حملہ آور ہونا (۲) جلدی ہونا۔

دھاڑ کی دھاڑ (ہ۔ا۔مث) مجمع۔ انبوہ۔ جم غفیر۔

دھاڑ مارنا (ہ۔ محاورہ) (۱) ڈاکا مارنا (۲) دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا۔

دھاڑا (دھا۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ظلم۔ زبردستی (۲) ڈاکا (۳) لوٹ کا مال۔ مالِ غنیمت۔

دھاڑنا (دھاڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) شیر کا گرجنا (۲) دہاڑنا۔ چلّانا۔ غُل مچانا (۳) بچوں کا تیز آواز سے رونا۔ اِن معنوں میں عموماً دہاڑنا اِستعمال ہوتا ہے (۴) دھاوا بولنا۔ حملہ کرنا۔

دھاڑی (دھا۔ڑی) (ہ۔ا۔مذ) نامی چور۔ لٹیرا۔ ڈاکو۔

دھاک (ہ۔ا۔مث) (۱) شُہرت۔ شُہرہ۔ غُلغُلہ۔ دُھوم (۲) ڈر۔ خوف (۳) رُعب داب۔ دبدبہ (۴) شان و شوکت۔

دھاک بندھنا (اَر۔ محاورہ) رُعب ہونا۔ سِکّہ بیٹھنا۔

دھاک بیٹھنا (جمنا) (اَر۔ محاورہ) رُعب قائم ہونا۔

دھاک ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) شُہرہ ہونا (۲) رُعب ہونا۔

دھاگا (دھا۔گا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ڈورا۔ سُوت (۲) دھوکا۔ فریب۔ نیز دیکھئے تاگا۔ جمع: دھاگوں۔ دھاگے۔

دھام (س۔ا۔مذ) (۱) گھر۔ خانہ۔ مکان (۲) بہشت۔

دھامَن (دھا۔مَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا اژدھا (۲) ایک قسم کا بانس جس کی کمان اور غلیل بناتے ہیں (۳) ایک قسم کی عُمدہ گھاس (۴) قاصد۔

دھان (ہ۔ا۔مذ) (۱) چاول کا پودا (۲) چھلکے دار چاول۔ بغیر چھڑے چاول۔

دھان پان (اَر۔صف) نازک اندام۔ دُبلا پتلا۔

دھان گوگا (ہ۔ا۔مذ) دھان کوٹنے کا مُوسل۔

دھاندل (دھاں۔دَل) (ہ۔ا۔مث) (۱) جھگڑا۔ تکرار (۲) بے ایمانی۔ دھوکا۔ فریب۔

دھاندل کرنا (مچانا) (ہ۔ محاورہ) (۱) جھگڑا کرنا (۲) زبردستی کرنا۔ بے ایمانی کرنا۔ بدمعاملگی کرنا۔

دھاندلی (دھاند۔لی) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) دھاندل۔ جھگڑا (۲) بے ایمانی۔ فریب۔ بدمُعاملگی۔

دھاندلی کرنا (اَر۔ محاورہ) بے ایمانی کرنا۔ بدمُعاملگی کرنا۔ زبردستی کوئی چیز چھین لینا۔

دھاندلیا (دھاند۔لیا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دھاندلی کرنے والا۔ دھوکا دینے والا۔

دھانس (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) مرچ یا تمباکو کی تیز بُو جس سے کھانسی آنے لگے (۲) کسی تیز بُو سے گلے میں پیدا ہونے والی خراش (۳) ہلکی کھانسی۔

دھانسنا (دھانس۔نا) (ہ۔مص) گھوڑے یا بَیل کا کھانسنا۔

دھانسی (دھاں۔سی) (ہ۔ا۔مث) گھوڑے وغیرہ کی کھانسی۔

دھانک (دھا۔نک) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تیر انداز۔ کمان دار (۲) تیر کمان سے مسلّح چوکیدار۔

دھانگڑ (دھاں۔گڑ) (ہ۔ا۔مذ) ایک قوم جو کنوئیں اور تالاب کھودتی ہے۔

دھاؤں (ق۔ا۔مذ) (۱) دھاوا (۲) راستہ (۳) عزم۔ ارادہ۔

دھانی (دھا۔نی) (ہ۔صف) (۱) دھان کے رنگ کا (۲) ہلکا سبز (۳) ایک قسم کا چاول (۴) وہ زمین جس میں چاول بوئے جائیں۔

دھاوا (دھا۔وا) (ہ۔ا۔مذ) حملہ۔ چڑھائی۔ یورش۔ جمع: دھاووں۔ دھاوے۔

دھاوا (بول دینا) کرنا (اَر۔ محاورہ) حملہ کر دینا۔ چڑھائی کرنا۔

دھاوا مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دُور تک یورش کرنا۔ حملہ کرنا (۲) لمبا سفر طے کرنا۔

دھاوَت (دھا۔وَت) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شُہدوں کا سردار (۲) چُست و چالاک آدمی۔

دھاوَنا (دھا۔وَ۔نا) (ہ۔مص) (۱) دوڑنا۔ جلدی کرنا (۲) آوارہ پھرنا (۳) حملہ کرنا۔ پیچھا کرنا (۴) پوجا کرنا۔

دھائیں (دھا۔ایں) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔صوت۔مث) توپ کی آواز۔

دھائیں دھائیں (اَر۔ا۔صوت۔مث) توپوں یا بندوقوں کے چھوٹنے کی لگاتار آواز۔

دھائیں دھائیں کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شور مچانا (۲) اپنے مطلب کی بات کہے جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَھبّا (ہ۔ا۔مذ) نشان۔ داغ۔ عیب (۲) تہمت۔ بُہتان۔ جمع: دھبّوں۔ دھبّے۔

دھبّا پڑنا (اَر۔ محاورہ) داغ لگنا۔ نشان پڑنا۔

دھبّا دینا (اَر۔ محاورہ) داغ ظاہر کرنا۔ نمایاں کرنا۔

دھبّا لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) داغ لگنا (۲) عیب لگنا۔ تہمت لگنا (۳) عیب دار ہونا۔

دَھب دَھب (اَر۔ا۔ صوت۔ مث) موٹے آدمی کے قدموں کی آواز۔

دھبڑ دھبانا (دَھب۔ دَھ۔ با۔ نا) (ہ۔ مص) پاؤں سے دَھب دَھب کی آواز نکالنا۔

دھبڑ دھباہٹ (دَھب۔ دَھ۔ با۔ ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) دھب دھب کی آواز۔

دھبڑ دَھبڑ (دَھ۔ بڑ۔ دَھ۔ بڑ) (ہ۔ا۔مث) بھاری بھرکم پاؤں کی آواز۔ دَھب دَھب۔

دَھبیلا (دَھب۔ لا) (ہ۔ا۔مذ) عورتوں کا موٹا اور ڈھیلا ڈھالا تہ بند۔ لہنگا۔ ڈھیلا اور بھدّا پاجامہ۔

دھپ (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) آواز۔ شور۔ دَھب دَھب (۲) بھاری بدن کے گرنے کی آواز (۳) تھپڑ۔ دھول (۴) نقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ۔

دَھپّا (دَھپ۔ پا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تھپڑ۔ چانٹا۔ طمانچہ۔ دھول (۲) دھوکا۔ دغا (۳) فاصلہ۔ دُوری۔ بُعد۔

دَھپاڑ (دَھ۔ پاڑ) (ہ۔ا۔مث) دوڑ۔

دھپانا (دَھ۔ پا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) طمانچہ مارنا (۲) تھپڑ مارنا۔

دَھپنا (دَھپ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بھرنا (۲) دَھپ مارنا (۳) اُکتانا۔ تھکنا۔

دَھت (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) خراب عادت۔ لت۔ عیب۔

دھت پڑنا (اَر۔ محاورہ) بُری عادت پڑنا۔ لت پڑنا۔

دھت تیرے کی (اَر۔ کلمۂ نفرت) دُور ہو جا۔ چلا جا۔

دھت کرنا (اَر۔ محاورہ) دُھتکارنا۔ ذلیل کرنا۔ جھڑکنا۔

دَھت (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔ صوت۔ مث) ہاتھی کو چلانے کی آواز۔

دُھت (بضمِ اوّل) (ہ۔ صف) نشے میں چُور۔ مخمور۔

دَھتّا (دَھت۔ تا) (دَھ۔ تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دُھتکار (۲) اِخراج (۳) ٹال مٹول۔ حیلے حوالے۔

دھتّا بتانا (اَر۔ محاورہ) نکال دینا۔ علیحدہ کرنا (۲) حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

دُھتّا (دُھت۔ تا) (ہ۔ا۔مذ) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔

دُھتّا دینا (اَر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔

دُھتکار (دُھت۔ کار) (ہ۔ا۔مث) لعنت ملامت۔

دُھتکار دینا (اَر۔ محاورہ) ذلیل کرنا۔ نکال دینا۔

دُھتکارنا (دُھت۔ کار۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) نکالنا۔ ذلیل کرنا (۲) لعنت ملامت کرنا۔ گھرکنا۔ جھڑکنا۔

دَھتُورا (دَھ۔ تُو۔ را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک پودا جس کا بیج نشہ آور ہے اور بطور دوا اِستعمال ہوتا ہے (۲) (ق۔ا۔مذ) دغا۔ فریب۔

دَھتُوریا (دَھ۔ تُو۔ ری۔ یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دھتورا کھلا کر لوٹنے والا ٹھگ (۲) دغا باز۔ دھوکے باز۔

دَھتّی (دَھتّیا) (دَھت۔ تی) (دَھت۔ یا) (ہ۔ صف) عادی۔ لتیا۔ جسے کوئی بُری عادت یا لت پڑ جائے۔

دُھتیا (دُھت۔ یا) (ہ۔ا۔مث) چھوٹی دھوتی۔

دَھٹّی (دَھٹ۔ ٹی) (ق۔ا۔مث) جھنڈے کو آراستہ کرنے کا کپڑا۔ پٹکا۔

دَھٹینگر (دَھ۔ ٹیں۔ گر) (ہ۔ صف) (۱) مضبوط۔ تنومند۔ بھاری بدن کا (۲) متکبّر۔ گھمنڈی۔

دَھج (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ ومث) (۱) انداز۔ روش۔ طرز (۲) وضع۔ پوشاک (۳) نشست۔ آسن۔

دھج بدلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) صورت بدلنا۔ طرز بدلنا (۲) پوشاک بدلنا۔

دھج بنانا (اَر۔ محاورہ) کوئی وضع بنانا۔

دھج بھنگ (ہ۔ا۔مذ) نامردی۔ کمزوری۔

دھج پلٹنا (اَر۔ محاورہ) صورت بدلنا۔ طرز بدلنا۔

دھج نکالنا (اَر۔ محاورہ) نئی وضع پیدا کرنا۔

دَھجا (دَھ۔ جا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھریرا۔ جھنڈے کا کپڑا (۲) جھنڈا۔ علم۔

دَھجّی (دَھج۔ جی) (ہ۔ا۔مث) کپڑے یا کاغذ کی کترن۔ پُرزہ۔ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔ جمع: دھجیاں۔ دھجیوں۔

دھجّی ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بہت لاغر ہونا۔ کمزور ہونا۔

دَھجّیاں (دَھج۔ جی۔ آں) (ہ۔ا۔مث) دَھجّی کی جمع۔

دھجّیاں اُڑانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے دھجیاں اُڑنا جس کا یہ متعدی ہے۔

دھجّیاں اُڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ پُرزے پُرزے ہونا (۲) سخت سزا ملنا (۳) ذلیل ہونا۔ رُسوا ہونا۔

دھجّیاں بکھیر دینا (بکھیرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) اُدھیڑ دینا (۲) ذلیل کرنا۔ توہین کرنا (۳) افشائے راز کرنا (۴) منتشر کر دینا۔

دھجّیاں کرنا (اَر۔ محاورہ) دھجیاں اُڑانا۔ ٹکڑے کرنا۔

دھجّیاں لگانا (اَر۔ محاورہ) پھٹے ہوئے کپڑے پہننا۔

دھجّیاں لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نہایت مُفلس ہونا (۲) کپڑے پھٹ جانا۔

دھجّیاں لینا (اَر۔ محاورہ) کپڑوں کو پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) شرمندہ کرنا۔

دھجّیاں ہونا (اَر۔ محاورہ) پُرزے پُرزے ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

دَھجّیر (دَھج۔ جیر) (ہ۔ا۔مث) دھجّی۔ کاغذ یا کپڑے کی لمبی کترن۔

دَھجیلا (دَھ۔ جی۔ لا) (ہ۔ صف) خوش اندام۔ سجیلا۔ جامہ زیب۔

دَھچکا (دَھچ۔ کا) (اَر۔ا۔مذ) (۱) صدمہ۔ دھکّا (۲) جھٹکا۔ ہچکولا (۳) نقصان۔ گھاٹا۔ جمع: دھچکوں۔ دھچکے۔

دھچکا دینا (اَر۔ محاورہ) دھکّا دینا۔ نقصان پہنچانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دھچکا لگنا (اُر۔ محاورہ) صدمہ ہونا۔ نقصان ہونا (۲) ہچکولا لگنا۔ دھکا لگنا۔

دَھچکانا (دَھ۔چ۔کا۔نا)(ق۔مص) ڈرانا۔

دَھدَھک (دَھ۔دَھک)(ھ۔ا۔مث) جلتی ہوئی آگ کا شُعلہ۔

دَھر (بفتحِ اوّل)(ھ۔فعل) مصدر دھرنا کا صیغۂ اَمر جو دُوسرے مصدروں کے ساتھ مِل کر اُن کے معنوں میں زور پیدا کر دیتا ہے جیسے دَھر گھسیٹنا (۲) (ق۔ا۔مث) طرف۔ جانب۔

دھر پکڑ (اُر۔ا۔مث) گرفتاری۔ پکڑ دھکڑ۔

دھر پکڑ کے (اُر۔متعلق فعل) زبردستی۔

دھر پکڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) گرفتار کر لینا۔ جلدی سے پکڑ لینا (۲) پھانس لینا۔

دھر چھوڑنا (اُر۔محاورہ) رکھ لینا۔

دھر دبانا (اُر۔محاورہ) دبوچ لینا۔ مغلوب کر لینا۔

دھر دھر پھولو (اُر۔کلمۂ دُعا) بہت دولت مند ہو۔ بہت امیر ہو۔ خوب دولت بڑھے۔

دھر دھر کے پیسنا (اُر۔محاورہ)(۱) زور سے پیسنا (۲) ظلم کرنا۔

دھر رکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) رکھ چھوڑنا۔ نہ دینا (۲) تھام لینا۔ پکڑ رکھنا۔

دھر رگڑنا (اُر۔محاورہ) بُری طرح رگڑنا۔ خوب ذلیل کرنا۔

دھر کے کسنا (اُر۔محاورہ) قابو میں کرنا۔

دھر کے مروڑنا (اُر۔محاورہ) زور کر کے مروڑنا۔

دھر گھسیٹنا (اُر۔محاورہ) زور سے گھسیٹنا۔

دھر لپکنا (اُر۔محاورہ) سب کام چھوڑ چھاڑ کر بھاگنا۔

دھر لینا (اُر۔محاورہ)(۱) رکھ لینا (۲) خوب خبر لینا (۳) قائل کرنا (۴) متواتر حملہ کرنا (۵) پکڑ لینا۔

دُھر (بضمِ اوّل)(ھ۔ا۔مذ)(۱) اختتام۔ آخیر۔ اِنتہا (۲) سیدھا راستہ جو منزلِ مقصود پر پہنچ جائے (۳) فاصلہ۔ حد (۴) شروع۔ اِبتدا۔

دُھر پنگا (ھ۔ا۔مذ) بے اصل بات۔ جھوٹ بات۔

دُھر درگاہ (اُر۔ا۔مث) منزلِ مقصود۔

دُھر سے (اُر۔متعلق فعل) ابتدا سے۔ شروع سے۔

دُھر سے دُھر تک (اُر۔متعلق فعل) شروع سے آخر تک۔

دُھر کی ٹوٹنا (اُر۔محاورہ)(۱) شروع سے ہی کام خراب ہو جانا (۲) زندگی کا خاتمہ ہو جانا۔

دُھر کی ٹوٹی نہیں جُڑتی (اُر۔مثل) تقدیر ہی خراب ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا۔

دَھرا (دَھ۔را)(ھ۔فعل)(۱) دھرنا مصدر سے ماضی کا صیغہ (۲) (صف) رکھا ہوا۔

دھرا جانا (اُر۔محاورہ) پکڑا جانا۔ مُصیبت میں پھنسنا۔

دھرا ڈھنگا (اُر۔صف) رکھا رکھایا۔ بچا کھچا۔

دھرا رہنا (اُر۔محاورہ)(۱) رکھا رہنا (۲) بیکار ہونا۔

دھرا کیا ہے (اُر۔محاورہ)(۱) کیا خاص بات ہے (۲) کچھ طاقت نہیں (۳) کچھ موجود نہیں۔

دُھرا (دُھ۔را)(ھ۔ا۔مذ)(۱) لوہے کی سلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے (۲) زمین کا محور جس پر زمین گردش کرتی ہے (۳) ڈانڈا۔ جمع: دُھروں۔ دُھرے۔

دُھرّا (دُھر۔را)(ھ۔ا۔مث) دھجی۔ چیتھڑا۔

دُھرپَت (دُھرپد) (دُھر۔پَت)(دُھر۔پد)(ھ۔ا۔مث) کلاسیکی موسیقی کا ایک قدیم اَنداز یا انگ۔

دَھرت (دَھ۔رَت)(ق۔ا۔مث) دھرتی۔ زمین۔

دَھرتا (دَھر۔تا)(س۔ا۔مذ)(۱) مددگار۔ بچانے والا۔ محافظ (۳) مقروض (۴) پکڑنے والا (۵)(ھ۔ا۔مث) بٹائی۔ کٹوتی۔ کمیشن۔

دَھرتَری (دَھر۔ت۔ری)(ق۔ا۔مث)(۱) دھرتی۔ زمین (۲) دُنیا۔

دَھرتی (دَھر۔تی)(ھ۔ا۔مث)(۱) زمین (۲) مٹی۔ اَراضی (۳) دُنیا۔

دھرتی کا پھول (ھ۔ا۔مذ)(۱) مینڈک (۲) کُکُرمُتا کھمبی (۳) نودولت۔

دَھرکار (دَھر۔کار)(ھ۔ا۔مذ) وہ شخص جو نرکل سے چیزیں بناتا ہے۔

دَھرگت (دَھر۔گت)(ق۔ا۔مث) خیر۔ اچھائی۔ بھلائی۔

دَھرم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ)(۱) پکا حکم یا قانون (۲) رسم۔ رواج (۳) مذہب۔ مِلت (۴) اِیمان۔ عقیدہ (۵) دستور۔ قاعدہ (۶) حق۔ اِنصاف (۷) نیکی۔ نیک کام (۸) خصوصیت۔ نشان (۹) ایک خاص رسم (۱۰) بھینٹ۔ (ہندی میں بفتح را مستعمل ہے)۔ جمع: دَھرم۔ دھرموں۔

دھرم آتما (دھرماتما) (ھ۔صف) سخی۔ فیاض۔ نیک۔ فرشتہ خصلت۔

دھرم اُپدیش (ھ۔ا۔مذ)(۱) مذہبی وعظ (۲) اَخلاق و آداب۔

دھرم اُٹھانا (ھ۔محاورہ) قسم کھانا۔

دھرم اَرتھ (ھ۔ا۔مذ) خیراتی روپیہ۔ مالِ وقف۔

دھرم اوتار (ھ۔صف) مقدس۔ پاک۔ پوتر۔

دھرم باپ (ھ۔ا۔مذ) وہ شخص جو متبنّیٰ بنائے۔ منہ بولا باپ۔

دھرم بگاڑنا (ھ۔محاورہ)(۱) اِیمان کھونا (۲) دُوسرے کا اِیمان خراب کرنا (۳) زنا بالجبر کرنا۔

دھرم بیٹا (ھ۔ا۔مذ) متبنّیٰ۔ لے پالک۔ چیلا۔

دھرم بھرشٹ کرنا (ھ۔محاورہ) دین کو بگاڑ دینا۔

دھرم پُتر (ھ۔ا۔مذ) وہ بیٹا جو فریضۂ مذہبی کی ادائیگی کے لئے پیدا کیا جائے۔

دھرم پتنی (ھ۔ا۔مث) دھرم کے بموجب بیاہی ہوئی عورت۔ منکوحہ بیوی۔

دھرم پتی (ھ۔ا۔مذ) دھرم کے بموجب شادی شدہ مرد۔ شوہر۔

دھرم تیاگ دینا (ھ۔محاورہ) دھرم چھوڑ دینا۔

دھرم تیاگی (ھ۔صف)(۱) وہ شخص جو لامذہب ہو جائے (۲) وہ شخص جو اپنا مذہب چھوڑ دے۔

دھرم چاری (ھ۔صف) نیک۔ صالح۔ پارسا۔

دھرم دھکا (ھ۔ا۔مذ) وہ صدمہ جو مذہب کے باعث پہنچے۔ ناحق کا دُکھ۔

دھرم راج (ھ۔ا۔مذ)(۱) عادل اور منصف بادشاہ (۲) وہ حکومت جہاں پورا پورا اِنصاف ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دھرم رکھشا (ہ۔ا۔مث) دھرم یا قانون کی حفاظت کرنا۔

دھرم رکھشک (ہ۔صف) مذہب، انصاف یا قانون کا مُحافظ۔

دھرم ریت (ہ۔ا۔مث) مذہبی رسم۔

دھرم سالا (شالا) (ہ۔ا۔مث) مسافر خانہ۔ خیراتی سرائے۔

دھرم سماج (ہ۔ا۔مذ) مذہبی سوسائٹی۔ مذہبی انجمن۔

دھرم سے (ہ۔متعلق فعل) (۱) ایمان سے (۲) دیانت داری سے (۳) قسم سے۔

دھرم شاستر (ہ۔ا۔مذ) مذہبی قوانین کا مجموعہ۔ منو کی کتاب قوانین۔

دھرم کرنا (ہ۔محاورہ) کوئی فرض ادا کرنا (۲) انصاف کرنا (۳) نیک کام کرنا (۴) خیرات کرنا۔

دھرم کمانا (ہ۔محاورہ) (۱) نیک کام کر کے اگلے جنم کے لئے پُن (ثواب) جمع کرنا (۲) مُکتی (نجات) حاصل کرنا۔

دھرم گرو (ہ۔ا۔مذ) مذہبی اُستاد۔ عالم دین۔

دھرم گیانی (ہ۔ا۔مذ) عالم دین۔ مذہبی علم رکھنے والا۔

دھرم لگتی کہنا (ہ۔محاورہ) ایمان کی کہنا۔

دھرم مول (ہ۔ا۔مذ) اُصول دین۔

دھرم یدھ (ہ۔ا۔مث) مذہبی جنگ۔

دَھرما دَھرمی (دَھر۔ما۔دَھر۔مِی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قسماقسمی (۲) عہد و پیمان۔

دَھرمی (دَھر۔مِی) (ہ۔صف) (۱) قانون کی پابندی کرنے والا (۲) نیک۔ متقی۔ پرہیزگار (۳) مقدس۔ پاک۔ پوتر۔

دَھرن (دَھ۔رَن) (ہ۔ا۔مث) (۱) زمین (۲) بچہ دانی۔ رحم (۳) ناف (۴) شہتیر (۵) آواز کا اُتار چڑھاؤ۔

دھرن ٹلنا (ہ۔محاورہ) ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

دَھرنا (دَھر۔نا) (ہ۔مص) (۱) رکھنا۔ جمانا۔ لگانا۔ قائم کرنا (۲) امانت رکھنا (۳) رہن کرنا۔ ضمانت میں دینا (۴) قبضہ کرنا۔ گرفتار کرنا (۵) حاصل کر لینا (۶) غور سے سُننا۔ کسی کام میں دل لگانا (۷) بُہتان لگانا (۸) نام رکھنا (۹) (ہ۔ا۔مذ) کسی جگہ زبردستی بیٹھ جانا۔

دھرنا (دینا) (دے کر بیٹھنا) (اُر۔محاورہ) جم کر بیٹھنا۔ مضبوط ارادہ کر کے بیٹھنا۔

دَھرن ہار (دَھ۔رَن۔ہار) (ق۔صف) دھرنے والا۔

دَھروانا (دَھر۔وا۔نا) (ہ۔مص) دھرنا کا متعدی۔ رکھوانا۔ پکڑوانا۔

دَھروٹ (دَھ۔روٹ) (ق۔ا۔مث) پُونجی۔

دَھری (دَھ۔ری) (ہ۔فعل) دیکھئے دَھرا جس کی یہ تانیث ہے۔

دُھری (دُھ۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) دُھرا کی تانیث۔ محور (۲) لوہے کی وہ سلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے۔

دَھڑ (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بدن۔ جسم (۲) بدن کا سر کے نیچے کا حصّہ (۳) طرف۔ جانب (۴) ایک قسم کا ڈھول (۵) پہلو۔ چہرہ (۶) جماعت۔ فریق (۷) گرنے کی آواز (۸) تھپڑ کی آواز (۹) (صف) مضبوط۔ پکّا (۱۰) حد سے زیادہ (۱۱) تُند۔ تیز۔

دھڑ توڑ (ہ۔ا۔مذ) کُشتی کا ایک داؤ۔

دھڑ جیو کو لڑانا (ہ۔محاورہ) سوچنا۔ غور کرنا۔ فکر کرنا۔

دھڑ رہ جانا (اُر۔محاورہ) فالج ہو جانا۔ جسم کا حرکت نہ کر سکنا۔

دھڑ کے اندر لینا (اُر۔محاورہ) ہضم کر لینا۔

دھڑ میں پڑنا (اُر۔محاورہ) پیٹ میں جانا۔ کھانا کھانا۔

دَھڑ دَھڑ (ہ۔ا۔صوت۔مث) (۱) سخت شور یا کھڑکھڑاہٹ (۲) دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز (۳) آگ جلنے کی آواز (۴) (متعلق فعل) زور سے۔ تیزی سے۔ شور کے ساتھ (دھڑ سے)۔

دھڑ دھڑ جلنا (ہ۔محاورہ) بہت تیزی سے جلنا۔ اس طرح جلنا کہ شعلوں سے آواز نکلے۔

دھڑ دھڑ کانپنا (ہ۔محاورہ) بہت کانپنا۔ تھرتھرانا۔

دھڑ دھڑ کرنا (ہ۔محاورہ) (۱) زور سے دروازہ کھٹکھٹانا (۲) ڈھول بجانا۔

دھڑ سے (ہ۔متعلق فعل) تیزی سے۔ زور سے۔ آواز یا شور کے ساتھ۔

دھڑ سے گرنا (اُر۔محاورہ) کسی بھاری چیز کا زور سے گرنا۔

دَھڑا (دَھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وزن۔ بوجھ (۲) پانچ سیر کا وزن (۳) پاسنگ۔ برابر کرنے کا وزن (۴) جماعت۔ فریق۔ جمع: دھڑوں۔ دھڑے۔

دھڑا اُٹھانا (اُر۔محاورہ) تولنا۔ وزن کرنا۔

دھڑا باندھنا (اُر۔محاورہ) (۱) پاسنگ سے کسی چیز کا وزن برابر کرنا (۲) گروہ بندی کرنا۔ کسی کی جانب داری کرنا۔

دھڑا بندی (اُر۔ا۔مث) گروہ بندی۔ جانب داری۔

دَھڑا دَھڑ (اُر۔صف) (۱) کسی چیز کے برابر گرنے کی آواز۔ ماتم کی آواز۔ پتھروں اور مکانوں کے گرنے کی آواز (۲) (اُر۔متعلق فعل) پے در پے۔ متواتر۔

دَھڑا دَھڑی (اُر۔ا۔مث) (۱) توپوں، بندوقوں کی آواز۔ دھماکا۔

دھڑا دھڑی کا ماتم (اُر۔ا۔مذ) سخت ماتم جس میں سینہ کوبی بہت ہو۔

دَھڑاکا (دَھ۔ڑا۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) زور کی آواز۔ دھماکا (۲) حملے کا زور۔ لڑائی کا شور (۳) جوش۔ تیزی۔ جمع: دھڑاکوں۔ دھڑاکے۔

دھڑاکے (ہ۔ا۔مذ) (۱) دھڑاکا کی جمع (۲) دھڑاکا کی مُغیرہ صورت۔

دھڑاکے سے (ہ۔متعلق فعل) جلدی سے۔ پُھرتی سے۔ تیزی سے۔

دَھڑام (دَھ۔ڑام) (ہ۔ا۔صوت) بھاری چیز کے زمین یا پانی میں گرنے کی آواز۔

دھڑام سے (ہ۔متعلق فعل) زور سے۔ آواز کے ساتھ۔

دَھڑ دَھڑانا (دَھڑ۔دَھ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) دروازہ کھٹکھٹانا (۲) ڈھول بجانا (۳) کسی چیز پر کوئی چیز مار کر آواز نکالنا (۴) پھڑکنا۔ دھڑکنا۔ پھڑ پھڑانا۔

دَھڑک (دَھ۔ڑک) (ہ۔ا۔مث) (۱) پھڑک۔ بے چینی (۲) خوف۔ ڈر۔

دَھڑکا (دَھڑ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خوف۔ ڈر (۲) دل کی دھڑکن (۳) زور کی آواز۔ دھماکا۔ کڑک (۴) دھکا۔ جمع: دھڑکوں۔ دھڑکے۔

دھڑکا دینا (اُر۔محاورہ) ڈرانا۔ دہلانا۔

دھڑکا رہنا (اُر۔محاورہ) خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دھڑکا لگا رہنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا۔
دَھڑکانا (دھڑ۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) ڈرانا۔ خوف دلانا (۲) رُعب ڈالنا۔
دَھڑکن (دھڑ۔کن)(ہ۔ا۔مث) حرکت (دل کی)۔ ہَول۔ اِختلاج۔ بے چینی۔ بے قراری۔ خوف۔
دَھڑکنا (دھ۔ڑک۔نا)(ہ۔مص)(۱) خوف کھانا۔ ڈرنا۔ دہلنا (۲) بے قرار ہونا (۳) جلنا (۴) غُصّے یا جوش میں ہونا۔
دھڑکوں (ہ۔ا۔مذ) دھڑکا کی جمع۔
دھڑکوں میں جان رہنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت خوف میں مبتلا رہنا۔
دَھڑلّا (دھ۔ڑل۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) شان و شوکت۔ رُعب داب (۲) انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ (۳) زور۔ بہادُری۔
دُھڑلّے (ہ۔ا۔مذ) دھڑلّا کی مُغیّرہ صورت۔
دھڑلّے سے (ہ۔ متعلق فعل) زور سے۔ علانیہ۔ کھُلے بندوں۔
دھڑلّے کا (ہ۔ متعلق فعل) انبوہ کا۔ زور شور کا۔ اِزدحام کا۔
دَھڑی (دھ۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک وزن جو عموماً پانچ سیر کا ہوتا ہے (۲) لکیر۔ مِسّی کی تہہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں (۳) کپڑے کا کنارہ یا جھالر۔
دھڑی اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) مِسّی کی تہہ کا زائل ہو جانا۔
دھڑی بھرنا (اُر۔ محاورہ) تولنا۔
دھڑی جمنا (اُر۔ محاورہ) ہونٹوں پر مِسّی کی تہہ جمنا۔
دھڑی دھڑی کر کے لُوٹنا (اُر۔ محاورہ) سب کچھ لوٹ لینا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔
دَھڑے (دھ۔ڑے)(ہ۔ا۔مذ) دھڑا کی جمع۔
دَھڑے بندی (ہ۔ا۔مث) دیکھیے دھڑا بندی۔
دَھڑیوں (ہ۔ متعلق فعل) بہت۔ کثرت سے۔ افراط سے۔
دُھس (بضمِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دریا کے کنارے یا پہاڑی کی ڈھلان (۲) کوئی ڈھلواں جگہ (۳) قلعہ۔ پُشتہ (۴) ریت کا اُونچا میدان۔
دُھس بنانا (ہ۔ محاورہ) پُشتہ بنانا۔ مٹی چڑھانا۔
دُھسّا (دُھس۔سا)(ہ۔ا۔مذ) موٹی اُون کی چادر۔
دَھسان (دھ۔سان)(ہ۔ا۔مث) دلدل۔ کیچڑ۔ دھنسنے کی جگہ۔
دَھسانا (ہ۔مص)(۱) بھرنا۔ ٹھونسنا۔ گاڑنا (۲) دلدل میں پھنسانا۔
دَھساؤ (دھ۔سا۔او)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دلدل۔ دھسان (۲) نشیبی زمین۔
دَھسک (دھ۔سک)(ہ۔ا۔مث)(۱) خفیف کھانسی (۲) دھسنے کا عمل۔
دھسک جانا (ہ۔ محاورہ) دیوار کا پھٹ جانا۔
دَھسکا (دُھس۔کا)(ہ۔ا۔مذ) کھانسی۔
دُھسکنا (دھ۔سک۔نا)(ہ۔مص)(۱) بیٹھ جانا۔ دَھس جانا۔ گر جانا۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۲) کھانسنا (۳) داخل ہونا۔ گھُسنا۔
دَھسنا (دَھس۔نا)(ہ۔مص) دَھنسنا۔ گھُسنا۔ گھُس جانا۔ دَلدل میں پھنسنا۔

دَھک (بفتحِ اوّل)(ہ۔صف۔و۔ا۔مث)(۱) حیران۔ متحیر (۲) صدمہ۔ خوف۔ ڈر (۳) چھوٹی جوں۔ لیکھ (۴)(ق۔ا۔مث) آگ۔ شُعلہ۔
دھک رہنا (اُر۔ محاورہ) حیران رہنا۔ دنگ رہنا۔
دھک سے رہ جانا (اُر۔ محاورہ) حیران رہ جانا۔ بھونچکا رہ جانا۔
دِھک (بکسرِ اوّل)(س۔ا۔مث)(۱) لعنت۔ پھٹکار (۲) شراپ۔ بددُعا (۳) شرم۔ حیا۔
دِھک کرنا (ہ۔ محاورہ) تنبیہ کرنا۔ لعنت کرنا۔ بددُعا دینا۔
دَھکّا (دَھک۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) صدمہ (۲) ریلا (۳) آفت۔ بلا (۴) حادثہ۔ ٹکر (۵) ضرر۔ ٹوٹا (۶) ہچکولا۔ جمع: دھکّوں۔ دھکّے۔
دھکّا پڑنا (اُر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔ ہچکولا پڑنا۔
دھکّا پیل (اُر۔ا۔مث) دھکّم دھکّا۔ ہجوم میں بہت دھکّے لگنا۔ (بغیر تشدید کاف مستعمل ہے)۔
دھکّا دھکّی (اُر۔ا۔مث) دھکّا پیل۔ ہجوم میں دھکّے لگنا۔
دھکّا دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) ہچکولا دینا۔ دھکیلنا (۲) صدمہ پہنچانا۔
دھکّا شیطان کا (اُر۔ا۔مذ) شیطان کا ورغلانا۔ شیطان کی مار۔
دھکّا لگنا (اُر۔ محاورہ)(۱) نُقصان ہونا۔ صدمہ پہنچنا۔ مُصیبت آنا۔
دِھکّار (دِھک۔کار)(س۔ا۔مذ)(۱) لعنت۔ پھٹکار (۲) شراپ۔ بددُعا (۳) نفرت۔ حقارت۔ ملامت۔ زجر و توبیخ۔
دھکار دینا (ہ۔ محاورہ) پھٹکار ڈالنا (۲) لعنت کرنا۔
دَھک دَھک (بفتحِ دھ)(ہ۔ا۔مث) دِل کی دھڑکن۔ بے چینی۔
دَھک دَھکا (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) اِختلاجِ قلب۔ دِل کی دھڑکن۔
دَھک دَھکی (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مث) سوچ۔ غور و فکر (۲) دِل کی دھڑکن۔
دُھک دُھکانا (دُھک۔دُھ۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) تیز جلنا۔ چمکنا۔ روشن ہونا (۲) دھڑکنا۔ تھرتھرانا (۳) گھبرانا۔ بے چین ہونا۔
دُھک دُھکی (دُھک۔دُھ۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) گلے کے نیچے کا گڑھا (۲) گلے کا ایک زیور۔
دُھک دُھکی میں دم ہونا (اُر۔ محاورہ) نزع کی حالت ہونا۔ دَم توڑنا۔
دُھکُڑ پُکُڑ (دُھ۔کُو۔پُ۔کُو)(ہ۔ا۔مث)(۱) پس و پیش۔ تذبذب۔ اُمید و بیم (۲) بے چینی۔ بے قراری۔
دھکّم دھکّا (دَھک۔کَم۔دَھک۔کا)(ہ۔ا۔مذ) دھکّے پر دھکّا۔ دھکّا پیل۔
دھکّے (دَھک۔کے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دھکّا کی جمع (۲) دھکّا کی بدلی ہوئی شکل۔
دھکّے دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) گردن سے پکڑ کر نکال دینا (۲) ہچکولے دینا۔
دھکّے کھانا (کھاتے پھرنا) (اُر۔ محاورہ) مارا مارا پھرنا۔ بے کار پھرنا۔
دَھکیانا (دَھک۔یا۔نا)(ہ۔مص) دھکّا دینا۔ ریلنا۔
دَھکیل (دھ۔کیل)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) دھکّا۔ صدمہ۔
دَھکیلنا (دھ۔کیل۔نا)(ہ۔مص) دھکّا دینا۔ ریلنا۔ پیلنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَھکیلُو (دَھ۔کے۔لُو)(ھ۔ا۔مذ) دھکّا (۲)(صف) دھکّا دینے والا (۳) یار۔

دَھکیلواں (دَھ۔کیل۔واں)(ھ۔متعلق فعل)(۱) دھکّا دیتے ہوئے (۲) افراط سے۔ بُہتات سے۔

دُھکدُھکی (دُھک۔دُھ۔کی)(ھ۔ا۔مث)(۱) دیکھئے دُھکدُھکی (۲) غور و فکر۔

دَھگڑا (دَھگ۔ڑا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) شوہر۔ خاوند (۲) یار۔ آشنا (۳) زنِ فاحشہ سے ناجائز تعلق رکھنے والا۔ جمع: دھگڑوں۔ دھگڑے۔

دَھگی (دَھ۔گی)(ق۔ا۔مث) آتش زن۔ آگ لگانے والا۔

دُھلانا (دُھ۔لا۔نا)(ھ۔مص)(۱) دھونا (۲) دھونا کا متعدی۔ کپڑے یا کسی شے کو پانی سے صاف کرانا۔ نیز دیکھئے دُھلوانا۔

دُھلنا (دُھل۔نا)(ھ۔مص) دھویا جانا۔ پانی سے کپڑے یا کسی اور شے کا صاف کیا جانا۔

دُھلائی (دُھ۔لا۔اِی)(ھ۔ا۔مث) کپڑے وغیرہ کے دُھلانے کی اُجرت۔

دَھل دَھل (بفتحہ اوّل)(ھ۔صف) زور سے بہنے والا۔

دُھلوانا (دُھل۔وا۔نا)(ھ۔مص) دھونا کا متعدی المتعدی۔ صاف کروانا۔

دُھلوائی (دُھل۔وا۔اِی)(ھ۔ا۔مث) دیکھئے دُھلائی۔

دُھلے دُھلائے (اَر۔صف) دھوئے ہوئے۔ صاف کئے ہوئے۔

دُھلینڈی (دُھ۔لیں۔ڈی)(ھ۔ا۔مث)(۱) چیت کا پہلا دن جب ہندو ایک دُوسرے پر دُھول پھینکتے ہیں (۲) ہولی کا دُوسرا دن۔

دُھم (بضم اوّل)(ق۔ا۔مث) دھوم۔

دَھم (بفتحہ اوّل)(ھ۔ا۔صوت۔مث)(۱) شور۔ زور کی آواز۔ ڈھول کی آواز۔ گرنے یا کودنے کی آواز (۲)(صف) پھونک مارنے والا (۲) پگھلانے والا۔

دَھم دَھم (ھ۔ا۔صوت۔مث)(۱) زور سے زمین پر پاؤں مارنے کی آواز (۲) ڈھول کی آواز۔

دَھم دَھمانا (ھ۔مص)(۱) پاؤں کو کھوکھلی زمین پر مار کر آواز نکالنا (۲) ڈھول بجانا (۳) دروازے پر ہاتھ مارنا۔

دَھم دَھماہٹ (ھ۔ا۔مث) سَر کے اُوپر کوئی آواز۔

دَھم سے (ھ۔متعلق فعل)(۱) زور کی آواز کے ساتھ۔ شور کرتے ہوئے (۲) یکایک۔ فوراً۔

دَھم سے آ موجود ہونا (اَر۔محاورہ) فوراً آ جانا۔

دَھم سے کودنا (اَر۔محاورہ) زور سے یا آواز کے ساتھ کودنا۔

دَھماچوکڑی (دَھ۔ما۔چوک۔ڑی)(ھ۔ا۔مث) شور و غُل۔ ہنگامہ۔ کود پھاند۔

دَھما دَھم (دَھ۔ما۔دَھم)(ھ۔ا۔مث) زور کی متواتر آواز۔

دَھماکا (دَھ۔ما۔کا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) گرنے یا کودنے کی آواز (۲) توپ' پٹاخے یا بم کی آواز (۳) دیوار گرنے کی آواز (۴) زور کا طمانچہ (۵) ایک قسم کی توپ جو ہاتھیوں پر لادی جاتی تھی۔ جمع: دھماکوں۔ دھماکے۔

دَھماکو (ھ۔صف)(۱) دھماکے سے پھٹنے والا (۲) آتش گیر مادّہ۔

دَھمال (دَھ۔مال)(دَھم۔مال)(ھ۔ا۔مث)(۱) اُچھل کود۔ شور و غُل۔ دھماچوکڑی (۲) ایک قسم کا راگ۔ ہولی کے دن کا راگ (۳) قلندروں اور فقیروں کا ایک رقص (۴)(صف) موٹا۔ ہٹا کٹا۔

دَھمالیا (ھ۔صف) دھمال کھیلنے والا۔

دَھمپال (دَھم۔پال)(ق۔صف) بہت موٹا۔

دَھمک (دَھ۔مک)(ھ۔ا۔مث)(۱) آہٹ (۲) پاؤں کی آواز (۳) صدمہ جو سخت آواز سے دماغ کو پہنچے (۴) ہلکا دردِ سَر۔ ٹیس (۵) دھڑکن (۶) گرم ہوا (۷) چمک (۸) دھمکی۔ خوف (۹) زمین کی ناہمواری۔

دَھمکانا (دَھم۔کا۔نا)(ھ۔مص) ڈرانا۔ خوف دِلانا۔ ڈانٹنا۔

دَھمکنا (دَھ۔مک۔نا)(ھ۔مص)(۱) خفیف دردِ سَر ہونا (۲) کوئی چیز کوٹنا (۳) یکایک کہیں پہنچ جانا۔

دَھمکی (ھ۔ا۔مث) خوف۔ ڈر (۲) گھُرکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ جمع: دھمکیاں۔ دھمکیوں۔

دھمکی دینا (اَر۔محاورہ) دیکھئے دھمکانا۔

دھمکی میں آنا (اَر۔محاورہ) ڈر جانا۔ رُعب میں آنا۔

دُھملا (دُھم۔لا)(ھ۔صف) دیکھئے دُھندلا۔

دَھموکا (دَھ۔مو۔کا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) مُکّا۔ گھونسا (۲) ایک قسم کا دَف۔ جمع: دھموکوں۔ دھموکے۔

دَھن (س۔ا۔مذ)(۱) مال۔ دولت۔ جائیداد (۲) قسمت (۳) منطقۃ البروج کا نواں بُرج (۴)(ق۔ا۔مذ) عورت۔ محبوب۔

دھن اَنجن (ھ۔ا۔مذ) وہ سُرمہ جسے آنکھوں میں لگانے سے پوشیدہ خزانے نظر آئیں۔

دھن باو۔ دیکھئے دھنیہ واد۔

دھن بھاگ (ھ۔کلمۂ تحسین) خوش قسمتی۔ خوش نصیبی۔

دھن پال (ھ۔صف)(۱) شہوت پرست (۲) عورتوں کا شیدائی۔

دھن دولت چلتی پھرتی چھاؤں ہے (اَر۔مثل) دولت کا کوئی بھروسا نہیں۔ آج ہے تو کل نہیں۔

دھن وان (ھ۔صف) دولت مند۔ امیر۔ مال دار۔

دُھن (بالضم)(ھ۔ا۔مث)(۱) دھیان۔ خیال (۲) شوق۔ سرگرمی (۳) عادت (۴) خواہش (۵) گانے کی طرز۔ لَے (۶) گھبراہٹ (۷) تیز درد۔

دُھن باندھنا (اَر۔محاورہ) خیال جمانا۔ تصوّر کرنا۔

دُھن سمانا (اَر۔محاورہ) خیال بندھنا۔

دُھن کا پکّا (اَر۔صف) وہ شخص جو کسی خیال یا بات کے پیچھے لگ جائے۔

دُھن لگنا (اَر۔محاورہ) دھیان لگنا۔ دُھن ہونا۔

دُھن ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) شوق ہونا (۲) خیال ہونا۔

دُھنا (دُھ۔نا)(دُھن۔نا)(ھ۔ا۔مذ) رُوئی دُھننے والا۔ دُھنیا۔ ندّاف۔ جمع: دُھنیوں۔ دُھنیے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دَھنا سَری (دَھ۔نا۔سَ۔ری)(ھ۔ا۔مث)(۱)ایک راگنی کا نام (۲)حمپرز یا ضرب (۳) کشتی کا ایک داؤ۔

دَھنا سیٹھ (دَھن۔نا۔سیٹھ)(ھ۔ا۔مذ)(۱)نہایت دولت مند۔بہت امیر (۲) مُفسد۔شریر۔سرکش۔

دُھنّد (بضمِ اوّل)(نُون غُنّہ)(ھ۔ا۔مث) کرۂ ہوائی کی نچلی تہوں میں کثیف آبی قطرات کی موجودگی۔کہر (۲) اندھیرا (۳) ضعفِ بصارت۔

دُھند کا پسارا (ھ۔ا۔مذ) اندھیری جگہ۔دُنیا۔

دُھندکار (ھ۔ا۔مذ) اندھیرا۔

دُھند ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) اندھیرا ہونا (۲) مدہوش ہونا۔

دُھنّد (نُون غُنّہ)(ق۔صف) دُھت۔شراب کے نشے میں چوُر۔

دَھنّدا (بفتحِ اوّل)(نُون غُنّہ)(ھ۔ا۔مذ)(۱) کام۔کاروبار (۲) مصروفیت (۳) پیشہ۔ہُنر۔

دَھنّدلا (دَھنّد۔لا)(ھ۔ا۔مذ) دھوکا۔فریب۔حِیلہ۔

دُھنّدلا (دُھنّد۔لا)(ھ۔صف)(۱) تاریک (۲) ناصاف۔گدلا۔

دُھندلاپَن (ھ۔ا۔مذ)(۱) اندھیرا۔تاریکی (۲) گدلاپن۔

دُھندلا دکھائی دینا (اُر۔محاورہ) صاف نظر نہ آنا۔کم نظر آنا۔

دَھنّدلانا (دَھنّد۔لا۔نا)(ھ۔مص) دھاندلی کرنا۔دھوکا کرنا۔

دُھنّدلانا (دُھنّد۔لا۔نا)(ھ۔مص) صاف دِکھائی نہ دینا (۲) دُھندلا ہونا۔

دُھنّدلاہَٹ (دُھنّد۔لا۔ہَٹ)(ھ۔ا۔مث) تاریکی۔اَندھیرا۔

دُھنّدَلکا (دُھوں۔دَل۔کا)(ھ۔ا۔مذ) علی الصّباح۔نُور کا تڑکا (۲) شام کا وقت۔

دَھنّدھیلا (دَھن۔دِھے۔لا)(ھ۔صف) دھوکے باز۔مکاّر۔

دَھنّسنا (دَھنس۔نا)(ھ۔مص) دیکھئے دَھسنا۔

دَھنک (دَھ۔نک)(ھ۔ا۔مث)(۱) کمان۔قوس (۲) قوسِ قزح (۳) پتلی لیس۔گوٹا (۴) ایک قسم کی اوڑھنی (۵) کشیدے کا کام۔(س: دَھنُش)۔

دھنک دھاری (ھ۔صف) کماندار۔تیر کمان سے مسلح آدمی۔

دَھنکار (دَھن۔کار)(ھ۔ا۔مث) شور۔گرج۔دھماکا۔

دَھنکارنا (دَھن۔کار۔نا)(ھ۔مص)(۱) دہاڑنا۔چنگھاڑنا۔گرجنا (۲) شکار کرنا۔

دُھنکنا (دُھ۔نک۔نا)(ھ۔مص)(۱) رُوئی صاف کرنا (۲) خوب مارنا (۳) مہیب آواز نکالنا۔

دُھنکوانا (دُھ۔نک۔وا۔نا)(ھ۔ا۔مث) دُھنکنا کا متعدّی۔رُوئی صاف کرانا۔

دُھنکوائی (دُھ۔نک۔وا۔ای)(ھ۔ا۔مث) رُوئی دُھنکنے کی اُجرت۔

دُھنکی (دُھن۔کی)(ھ۔ا۔مث) رُوئی دُھنکنے کی کمان۔

دُھنکیا (دُھ۔نک۔یا)(ھ۔ا۔مذ) دُھنیا۔دُھنا۔نداف۔رُوئی دُھنکنے والا۔

دِھنگا (بکسرِ اوّل)(نُون غُنّہ)(ق۔صف) قوی ہیکل۔

دُھنگار (ھ۔ا۔مذ) بگھار۔(پن) تڑکا۔

دُھنگارنا (ھ۔مص) بگھارنا۔تڑکا لگانا۔

دَھنگر (بفتحِ اوّل و سوم)(نُون غُنّہ)(ق۔ا۔مذ) چرواہا۔گھوسی۔

دُھننا (دُھن۔نا)(ھ۔مص) رُوئی صاف کرنا۔دُھنکنا (۲) مارنا پیٹنا (۳) تنبیہ کرنا (۴) ذلیل کرنا (۵) کوشش کرنا۔

دَھنی (دَھ۔نی)(ھ۔صف)(۱) دولت مند۔خوش قسمت (۲) آقا۔مالک۔

دَھنیا (دَھن۔یا)(ھ۔ا۔مذ) ایک خوشبودار پودا جس کے پتے اور بیج سالن میں ڈالے جاتے ہیں۔کشنیز۔اِس کا اصل وطن جنوبی یورپ اور ایشیائے کوچک ہے۔

دُھنیا (دُھن۔یا)(ھ۔ا۔مذ) رُوئی دُھنکنے والا۔دُھنکیا۔نداف۔دُھنا۔جمع: دُھنیے۔دُھنیوں۔

دَھنیس (دَھ۔نیس)(یائے مجہول)(ھ۔ا۔مذ) ایک بڑی چونچ کا پرندہ۔

دَھنیلا (دَھ۔نے۔لا)(ق۔صف) دَھن والا۔

دَھنیہ (دَھن۔یَ)(س۔صف)(۱) دولت لانے والا (۲) نیک۔مُبارک۔اچھا۔خوش نصیب (۳) پرہیزگار (۴)(ھ۔کلمۂ تحسین) شاباش۔مَرحبا۔

دھنیہ کہنا (ھ۔محاورہ) دُعا دینا۔

دھنیہ ماننا (ھ۔محاورہ) شکریہ ادا کرنا۔ممنون ہونا۔

دھنیہ واد (ھ۔ا۔مذ) شکریہ۔

دُھواں (دُھو۔آں)(ھ۔ا۔مذ) دُخان۔دُود۔وہ بخارات جو کسی چیز کے جلنے سے پیدا ہوتے ہیں۔

دُھواں اُٹھنا (اُر۔محاورہ)(۱) دُھواں بلند ہونا۔دُھواں نکلنا (۲) آہ نکلنا۔

دُھواں اُڑنا (اُر۔محاورہ) تباہ ہونا۔برباد ہونا۔

دُھواں بکھیر دینا (اُر۔محاورہ)(۱) شکست دینا (۲) شیرازہ بکھیر دینا۔

دُھواں پھیلنا (اُر۔محاورہ) کسی جگہ کا دھوئیں سے بھر جانا۔

دُھواں چھوڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) اِنجن کا دُھواں نکالنا (۲) حقّہ پی کر مُنہ سے دُھواں نکالنا۔

دُھواں دھار (اُر۔صف)(۱) پُرجوش (۲) نہایت سیاہ۔تیرہ و تار (۳) دھوئیں سے بھرا ہوا۔نہایت غلیظ بادل۔

دُھواں دھار برسنا (اُر۔محاورہ) سخت بارش ہونا۔

دُھواں دھار تقریر (اُر۔ا۔مث) پُرجوش تقریر۔

دُھواں دھار گھٹا (اُر۔ا۔مث) کالی گھٹا۔

دُھواں دھار ہو جانا (اُر۔محاورہ) سخت اندھیرا ہو جانا۔

دُھواں کرنا (اُر۔محاورہ) کوئی چیز جلانا جس سے دُھواں پھیل جائے۔

دُھواں گھٹنا (اُر۔محاورہ) دُھوئیں کا کسی بند مکان میں جمع ہو جانا۔

دُھواں لپک (اُر۔صف)(۱) بہت حقّہ پینے والا۔وہ جو حقّے کی بُو پر دوڑا جائے (۲) حریص۔لالچی۔

دُھواں نکلنا (اُر۔محاورہ) جلنا۔سُلگنا۔دُھواں اُٹھنا۔

دُھواں ہو جانا (اُر۔محاورہ)(۱) بھاپ بن کر اُڑ جانا (۲) رنگ کالا ہو جانا۔

دُھواں ہونا (اُر۔محاورہ) دُھوئیں کا پیدا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دُھوانا (دُھو۔آنا)(ف۔ مص)(۱) کھانے میں دُھوئیں کی بُو آجانا (۲) دُھوئیں کی سیاہی جم جانا۔
دُھوانسا (دُھو۔واں۔سا)(ف۔ صف) جس میں دُھواں اثر کر گیا ہو۔
دھوب (ف۔ا۔مذ)(واو مجہول) دُھلائی۔
دھوبَن (دھو۔بَن) (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) (۱) کپڑے دھونے والی عورت۔ دھوبی کی بیوی (۲) ایک قسم کا پرند۔ جمع: دھوبنوں۔ دھوبنیں۔
دھوبی (واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) کپڑے دھونے والا۔ جمع: دھوبی۔ دھوبیوں۔
دھوبی پاٹ (دھوبی پٹڑا) (ف۔ا۔مذ)(۱) وہ سِل یا لکڑی کا تختہ جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں (۲) کُشتی کا ایک داؤں۔
دھوبی پر بس نہ چلا گدھیا کے کان مروڑے (اینٹھے) (اُر۔مثل) زبردست پر بس نہیں چلتا کمزور کو دباتے ہیں۔
دھوبی کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا (اُر۔مثل) غیروں کا لباس موزوں نہیں ہوتا۔
دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا (اُر۔مثل) جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو (۲) نکما اور بیکار آدمی۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔
دھوبی کے گھر پڑے چور۔ وہ نہ لٹا لٹے اور (اُر۔مثل) دُوسرے کا مال لٹانے والے کو کہتے ہیں۔
دُھوپ (واو معروف)(ف۔ا۔مث)(۱) سُورج کی روشنی (۲) ایک قسم کی خوشبو۔
دُھوپ آنا (اُر۔محاورہ) دھوپ پہنچنا۔ سُورج کا سامنے آجانا۔
دُھوپ اُترنا (اُر۔محاورہ)(۱) دھوپ کا کسی بلند جگہ سے نیچے آنا (۲) دھوپ کی تیزی کم ہونا۔
دُھوپ اُٹھانا (اُر۔مثل)(۱) تکلیف برداشت کرنا (۲) دھوپ میں سفر کرنا۔
دُھوپ اُداس ہونا (اُر۔محاورہ) دھوپ کی تیزی کم ہونا۔
دُھوپ پڑنا (اُر۔محاورہ) گرمی ہونا۔ سخت دھوپ ہونا۔
دُھوپ پھیلنا (اُر۔محاورہ) سُورج کی روشنی پھیلنا۔
دُھوپ ٹلنا (اُر۔محاورہ) دھوپ کا کسی جگہ سے ہٹ جانا۔
دُھوپ جلانا (اُر۔محاورہ) خوشبو جلانا۔
دُھوپ چڑھنا (اُر۔محاورہ)(۱) دِن چڑھنا۔ سورج نکلنا (۲) دھوپ کا کسی بلند مقام پر پہنچ جانا۔
دُھوپ چڑھے (اُر۔متعلق فعل) دِن چڑھے۔
دُھوپ چھاؤں (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں دو رنگ ملے ہوتے ہیں (۲) اندھیرا اُجالا۔
دُھوپ چھپنا (اُر۔محاورہ) شام ہونا۔ بادلوں کا سُورج کو ڈھانپ لینا۔
دُھوپ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) سُورج کے آگے سے ہٹ جانا۔ دھوپ پڑنے دینا۔
دُھوپ دان (اُر۔ا۔مذ) وہ برتن جس میں خوشبودار چیزیں ڈال کر جلاتے ہیں۔
دُھوپ دکھانا (دینا) (اُر۔محاورہ) کسی چیز کو دھوپ میں رکھ کر سُکھانا۔

دُھوپ ڈھل جانا (ڈھلنا) (اُر۔محاورہ) زوالِ آفتاب ہونا۔ سُورج کا مغرب کی طرف چلا جانا۔
دُھوپ سہنا (اُر۔محاورہ) دھوپ میں کام کرنا۔ دھوپ برداشت کرنا۔
دُھوپ کھانا (اُر۔محاورہ)(۱) دھوپ میں بیٹھنا۔ گرمی برداشت کرنا (۲) کسی چیز کو دھوپ لگنا۔
دُھوپ کھلنا (اُر۔محاورہ) دھوپ پھیلنا۔
دُھوپ گھڑی (اُر۔ا۔مث) ایک آلہ جس پر دھوپ پڑے تو مختلف نشانات مختلف اوقات ظاہر کرتے ہیں۔ یہ گھڑی مقامی وقت بتلاتی ہے۔
دُھوپ لگنا (اُر۔محاورہ) دھوپ کا اثر ہونا۔
دُھوپ لینا (اُر۔محاورہ)(۱) دھوپ کھانا (۲) دھوپ کا اثر حاصل کرنا۔
دُھوپ میں بال سفید کرنا (اُر۔محاورہ) بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا۔
دُھوپ نکلنا (اُر۔محاورہ)(۱) سُورج چڑھنا (۲) سُورج کا بادلوں میں سے نکلنا (۳) روشنی پھیلنا۔
دُھوت (ف۔ا۔صوت) کتے کو ہٹانے کی آواز۔ دُور۔ بھاگ۔ ہٹ۔ دھت۔
دھوتَر (دھو۔تَر)(واو مجہول)(ف۔ا۔مث) ایک قسم کا موٹا اور چھدرا کپڑا۔
دُھوتُو (دُھو۔تُو)(ف۔ا۔مذ) بگل۔ ترئی۔ نرسنگھا۔ بگل کی آواز۔
دُھوتُو بیک (اُر۔ا۔مذ) موٹا۔ بھسپھسا آدمی۔
دھوتی (دھو۔تی)(ف۔ا۔مث)(۱) باریک لمبا کپڑا جو کمر میں باندھا جاتا ہے (۲) لنگی۔ جمع: دھوتیاں۔ دھوتیوں۔
دھوتی میں سب ننگے (اُر۔مثل) اندرونی حالت سب کی ایک جیسی ہے۔
دُھور (واو معروف)(ف۔ا۔مث) دُھول (۲) ایک بسوے کا بیسواں حصہ (۲) ایک قسم کی ناقص گھاس۔
دُھورا (دُھو۔را)(ف۔ا۔مذ)(۱) دھوکا۔ دغا (۲) پسی ہوئی دوا جو کسی زخم وغیرہ پر چھڑکی جائے۔ دُھوڑا۔
دھورے (دھو۔رے)(واو مجہول)(ف۔متعلق فعل)(۱) نزدیک۔ قریب۔ سامنے۔ تقریباً۔ قریب قریب۔
دُھوسنا (دُھوس۔نا)(ف۔مص)(۱) ٹھونسنا۔ گھسیڑنا۔ بھرنا (۲) مویشی کا ٹکر مار کر زخمی کرنا۔
دھوک (واو مجہول)(ف۔ا۔مث) کلابتوں بٹنے کی سلائی۔
دھوکا (دھو۔کا)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ)(۱) دَغا۔ فریب۔ مکر (۲) غلط فہمی۔ شُبہ۔ ہچکچاہٹ (۳) پرندوں کو ڈرانے کا پُتلا (۴) سراب (۵) ڈر۔ گھبراہٹ۔ مایوسی (۶) ظاہری صورت (۷) کوئی چیز جو دُور سے صاف نظر نہ آئے۔ جمع: دھوکوں۔ دھوکے۔
دھوکا اُٹھانا (اُر۔محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔
دھوکا دھڑی (اُر۔ا۔مث) دَغا۔ فریب۔
دھوکا دہی (اُر۔ا۔مث) فریب دینا۔
دھوکا دینا (اُر۔محاورہ)(۱) فریب دینا (۲) مغالطہ دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دھوکا کھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) غلطی کرنا۔ چُوکنا (۲) فریب میں آنا۔
دھوکا ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) غلطی ہونا۔ سہو ہونا (۲) شُبہ ہونا۔ شک ہونا۔
دھوکے (ہ۔ا۔مذ)(۱) دھوکا کی جمع (۲) دھوکا کی مُغیّرہ صورت۔
دھوکے باز (اَر۔ صف) دغاباز۔ مکّار۔ فریبی۔
دھوکے بازی (اَر۔ا۔مث) فریب۔ دغا بازی۔
دھوکے کی ٹٹّی (اَر۔ا۔مث)(۱) فریب میں لانے والی یا مُغالطہ دینے والی شے (۲) وہ ٹٹّی جس کی اوٹ میں شکار کھیلتے ہیں۔
دھوکے میں (اَر۔ متعلق فعل)(۱) دھوکا کھا کر (۲) کسی اور کے گُمان سے۔
دھوکے میں آنا (اَر۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔
دھوکے میں رہنا (اَر۔ محاورہ) جُھوٹی اُمید میں رہنا۔ مُغالطہ ہونا۔ جُھوٹے وعدے پر یقین کرنا۔
دَھول (بفتحہِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ و مث)(۱) جوار کا ہرا پٹھا جسے چُوستے ہیں (۲) ایک قسم کا گنّا (۳) دھپ۔ تھپّڑ۔ چانٹا۔
دَھول دھپّا (اَر۔ا۔مذ)(۱) ایک دُوسرے کو تھپّڑ مارنا (۲) چھیڑ چھاڑ۔
دُھول (واو معروف)(ہ۔ا۔مث) خاک۔ گرد۔ راکھ۔ مٹّی۔
دُھول اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) مٹا دینا۔ خاک میں ملا دینا۔
دُھول اُڑانا (اَر۔ محاورہ)(۱) خاک اُڑانا (۲) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا (۳) آوارہ پھرنا۔
دُھول اُڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) خاک اُڑنا (۲) تباہی مچنا۔
دُھول جھاڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) گرد دُور کرنا (۲) پٹائی کرنا۔ مارنا۔
دَھولا (دَھو۔لا)(ہ۔صف) سفید۔ روشن۔ چمکدار۔ کوئی سفید چیز۔
دَھولا پڑنا (ہ۔ محاورہ) رنگ سفید یا زرد ہو جانا۔
دَھولا پن (ہ۔ا۔مذ) سفیدی۔ چمک۔ صفائی۔
دَھولانا (دَھو۔لا۔نا)(ہ۔مص) دَھول مارنا۔ چانٹا رسید کرنا۔
دَھولی (ق۔ا۔مث) شرمندگی (۲) دَھولا کی تانیث۔
دَھولے (ہ۔صف) دَھولا کی جمع (۲) دَھولا کی مُغیّرہ صورت۔
دَھولے آ جانا (ہ۔ محاورہ) سفید بال نکل آنا۔ بوڑھا ہو جانا۔
دَھولیا (دَھول۔یا)(ہ۔صف)(۱) سفید بالوں والا (۲) سفید پوش۔
دُھولیا (دُھول۔یا)(ہ۔صف)(۱) دُھول یا خاک کا بنا ہوا (۲) مٹّی کی بنی ہوئی کوئی شے۔
دُھولیا ٹیا کرنا (ہ۔ محاورہ) کسی معاملے کو دبا لینا یا ملیامیٹ کرنا۔
دُھوم (واو معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) شور و غُل۔ افواہ۔ ہنگامہ (۲) شُہرت۔ غُلغُلہ۔ شان و شوکت (۳) ایک قسم کا چکن کا کام۔
دُھوم اُٹھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دُھوم ہونا (۲) شور مچ جانا۔
دُھوم اُڑنا (اَر۔ محاورہ) شُہرت ہونا۔
دُھوم پڑنا (اَر۔ محاورہ) شُہرت ہونا۔
دُھوم دھام (ہ۔ا۔مث) زور شور۔ شان و شوکت۔
دُھوم دھامی (اَر۔ صف)(۱) بھڑکیلا۔ خوب صورت (۲) بڑی دھوم دھام والا (۳)(متعلق فعل) دھوم دھام سے۔
دُھوم دھڑکّا (اَر۔ا۔مذ) ہنگامہ۔ شور۔ غلغلہ۔
دُھوم ڈالنا (اَر۔ محاورہ) شور مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔
دُھوم مچانا (اَر۔ محاورہ)(۱) شور کرنا۔ غُل کرنا (۲) فریاد کرنا۔
دُھوم مچنا (اَر۔ محاورہ)(۱) شُہرت ہونا (۲) ہنگامہ برپا ہونا۔
دُھوم ہونا (اَر۔ محاورہ) شُہرت ہونا۔
دُھوما (دُھو۔ما)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دُھوئیں کا رنگ۔ سُرخ اور سیاہ ملا ہوا رنگ۔ اُودا رنگ۔ سیاہ رنگ (۲) ایک قسم کا کبوتر۔
دُھونک دَھیّا (دُھو۔نک۔دَھیّ۔یا)(ہ۔ا۔مث) غُل۔ شور۔ واویلا۔
دَھون (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) بیس سیر کا وزن۔ آدھا مَن۔
دَھوں (بفتحہِ اوّل)(ہ۔ا۔صوت۔مث) کھانسنے کی آواز۔
دَھوں دَھوں کرنا (اَر۔ محاورہ) بار بار کھانسنا۔ کھانسی کا عارضہ ہونا۔
دُھوں (واو معروف)(اَر۔ا۔صوت۔مث)(۱) توپ یا بندوق کی آواز۔ پٹاخے یا بم چلنے کی آواز۔ دھماکا (۲) دُھول کی آواز۔
دُھوں دُھوں (اَر۔ا۔صوت۔مث) توپ یا بندوق کی متواتر آواز۔
دھونا (دھو۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) پانی سے صاف کرنا۔
دُھونا (دُھو۔نا)(ہ۔ا۔مذ) رال۔ ایک قسم کا گوند جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے۔
دَھونتال (دَھوں۔تال)(ہ۔صف)(۱) دولت مند (۲) فیّاض۔ داتا (۳) طاقتور۔ بہادر (۴) عیّاش۔ شریر۔
دَھونٹی (دَھوں۔ٹی)(ق۔ا۔مث) چرواہے کی لکڑی۔
دَھونڈھا (دَھوں۔دھا)(ہ۔ا۔مذ) ٹیلا۔ ٹبّا۔ تودہ۔
دَھونس (بفتحہِ اوّل)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) دھمکی۔ ڈراوا (۲) دھوکا۔ فریب۔
دھونس پٹّی (ہ۔ا۔مث) دھوکا۔ جھانسا۔ دم دلاسا۔
دھونس دینا (اَر۔ محاورہ) دھمکی دینا۔
دھونس میں آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) ڈر جانا (۲) فریب میں آنا۔
دَھونسا (دَھوں۔سا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بڑا نقارہ (۲) صدمہ۔
دھونسا کھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) شامت آنا (۲) صدمہ اُٹھانا۔
دَھونسنا (دَھونس۔نا)(نُون غُنّہ)(ہ۔مص)(۱) ٹُھونسنا۔ دبا کر بھرنا (۲) سزا دینا۔ پیٹنا۔ مارنا (۳) سینگ مارنا۔
دَھونسیا (دَھونس۔یا)(ہ۔صف۔و۔ا۔مذ) مکّار۔ فریبی (۲) مال گُزاری وصول کرنے والا۔
دَھونک (دَھونکن) (دَھوں۔کن)(ہ۔ا۔مث)(۱) پیاس کی شِدّت (۲) دَمے کا مرض۔
دَھونکنا (دَھونک۔نا)(نُون غُنّہ)(ہ۔مص) دھونکنی سے پُھونکنا۔ دھونکنی چلانا۔
دَھونکنی (دَھونک۔نی)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث) آگ پُھونکنے کا چمڑے کا مشک کی شکل کا آلہ۔ جمع: دَھونکنیوں۔ دَھونکنیاں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دھونکنی لگنا (اُر۔ محاورہ) سانس پُھولنا۔

دُھونی (دُھو۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) خوشبو جلانا۔ دُھواں اُٹھنے کے لئے کوئی چیز آگ میں ڈالنا (۲) سادھوؤں کا الاؤ۔

دُھونی جگانا (ہ۔ محاورہ) سادھوؤں کا آگ کے الاؤ کے سامنے بیٹھ کر تپسیا کرنا۔

دُھونی رمانا (ہ۔ محاورہ) آگ کا الاؤ جلا کر سادھوؤں کی طرح بیٹھ جانا (۲) کسی جگہ بیٹھ جانا۔

دھونی لینا (اُر۔ محاورہ) ناک میں دُھواں لینا۔

دھووَن (دھو۔وَن) (پہلا واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو اور اُس میں کثافت آ گئی ہو۔

دھوئی (دھو۔ای) (واو مجہول) (ہ۔صف) دُھلی ہوئی۔ پاک کی ہوئی۔

دھوئی دُھلائی آنکھ (اُر۔ا۔مث) بے شرم آنکھ۔

دھوئی ہوئی زبان (اُر۔ا۔مث) پاک کی ہوئی زبان۔ شستہ زبان۔ فصیح زبان۔

دُھوئیں (دُھو۔ئیں) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) دُھواں کی مُغیّرہ صورت۔

دھوئیں اُڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) جلا کر خاک سیاہ کر دینا (۲) ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں اُڑانا۔

دھوئیں بکھیرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تاڑنا۔ دُرگت بنانا (۲) بحث میں شکست دینا۔ نکتہ چینی کرنا۔

دھوئیں پانی کا شریک (اُر۔صف۔و۔ا۔مذ) پڑوسی۔ ہمسایہ۔

دھوئیں کے بادل اُڑانا (اُر۔ محاورہ) حُقّے وغیرہ کا کش لگا کر مُنہ سے دُھواں چھوڑنا (۲) بے سرو پا افواہیں پھیلانا۔

دھویا (دھو۔یا) (واو مجہول) (ہ۔صف) دھویا ہوا۔ پاک صاف۔

دھویا جانا (اُر۔ محاورہ) بے شرم ہونا۔ بے باک ہونا۔

دھویا دھایا (اُر۔صف) صاف ستھرا۔ پاک صاف (۲) بے شرم۔ بے غیرت۔

دھویا دیدہ (اُر۔صف) بے غیرت۔ بے حیا۔

دِھی (ہ۔ا۔مث) (۱) بیٹی۔ دُختر (۲) سمجھ۔ عقل۔

دِھی دھیانی (ہ۔ا۔مث) بیٹی۔ خاندان کی بیٹی۔ محلّے یا گاؤں کی بیٹی۔

دِھی چھوڑ داماد پیارا (اُر۔ مثل) بیٹی کی نسبت داماد کی زیادہ خاطر ملحوظ رکھی جاتی ہے۔

دَھیال (دَیال) (ہ۔ا۔مذ) کالی چڑیا۔ ایک چہچہ کرنے والا پرندہ جو اپنی دُم اُونچی نیچی کرتا رہتا ہے۔ مادہ سیاہی مائل بھوری اور نر کالا ہوتا ہے۔

دِھیان (دِھ۔یان) (ہ۔ا۔مذ) خیال۔ توجّہ۔ فکر۔ سوچ۔ لحاظ۔

دھیان آنا (اُر۔ محاورہ) خیال آنا۔ یاد آنا۔

دھیان بٹنا (اُر۔ محاورہ) دُوسری طرف متوجّہ ہونا۔ خیال کا پراگندہ ہونا۔

دھیان بندھنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا خیال آنا۔

دھیان پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) کسی بُھولی بسری بات کا یاد آ جانا۔

دِھیان بکھر جانا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا میلان ہٹ جانا۔ توجّہ نہ رہنا۔

دِھیان دوڑانا (اُر۔ محاورہ) یاد کرنا۔ یاد کرنے کی کوشش کرنا (۲) ہر پہلو پر نگاہ کرنا۔

دِھیان دھرنا (اُر۔ محاورہ) تصوّر کرنا۔ مُراقبے میں بیٹھنا۔

دِھیان دینا (اُر۔ محاورہ) توجّہ سے کام کرنا۔ خیال کرنا۔

دِھیان رکھنا (اُر۔ محاورہ) خیال رکھنا۔ نگاہ میں رکھنا۔

دِھیان رہنا (اُر۔ محاورہ) خیال رہنا۔ یاد رہنا۔

دِھیان سے (اُر۔ متعلق فعل) (۱) توجّہ سے (۲) سوچتے ہوئے۔

دِھیان سے اُترنا (اُر۔ محاورہ) یاد نہ رہنا۔ بُھول جانا۔

دِھیان کرنا (اُر۔ محاورہ) سوچنا۔ فکر کرنا۔ مُراقبے میں جانا۔ توجّہ کرنا۔

دِھیان لڑانا (اُر۔ محاورہ) غور کرنا۔ فکر کرنا۔ یاد کرنے کی کوشش کرنا۔

دِھیان لگانا (اُر۔ محاورہ) توجّہ کرنا۔ خیال کرنا۔

دِھیان میں آنا (اُر۔ محاورہ) سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا۔ یاد آ جانا۔

دِھیان میں لانا (اُر۔ محاورہ) خاطر میں لانا۔ توجّہ کرنا۔ خیال کرنا۔

دِھیان میں ہونا (اُر۔ محاورہ) یاد ہونا۔

دِھیانی (دِھ۔یا۔نی) (ہ۔صف) خُدا سے لو لگانے والا۔ گیانی (ہ۔ا۔مث) (۱) بیٹی۔ بیٹی یا بہن کی بیٹی۔

دِھیر (بیائے معروف) (ہ۔صف) (۱) صبر۔ تحمّل۔ ثابت قدمی۔ مُستقل مزاجی (۲) دلیری۔ حوصلہ۔

دِھیرا (دِھی۔را) (ہ۔صف) (۱) آہستہ چلنے والا۔ نرم مزاج (۲) وحشی جانور جسے رام کر لیا گیا ہو (۳) وہ شخص جس کا غُصّہ اُتر چکا ہو۔

دِھیرج (دِھی۔رَج) (ہ۔ا۔مذ) حوصلہ۔ تسلّی۔ جُرأت۔ اِستقلال۔ مضبوطی۔

دھیرج بندھانا (اُر۔ محاورہ) حوصلہ افزائی کرنا۔ تسلّی دینا۔

دھیرج کرنا (اُر۔ محاورہ) صبر کرنا۔ ہمّت کرنا۔

دِھیرک (دِھی۔رَک) (ق۔ا۔مث) تسلّی۔ سہارا۔

دِھیری (دِھی۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) آنکھ کی پُتلی (۲) مُستقل مزاجی (۳) (ا۔مذ) پتنگ بازی میں ہارنے والا شخص۔

دِھیری دِھیری پُکارنا (اُر۔ محاورہ) پتنگ بازی میں اپنی فتح کا اِعلان کرنا۔ دِھیری دِھیری کہنا۔

دِھیرے (دِھی۔رے) (ہ۔صف) آہستہ۔

دِھیرے دِھیرے (ہ۔متعلق فعل) آہستہ آہستہ۔

دِھیرے سے (ہ۔متعلق فعل) آہستہ سے۔ دبی آواز سے۔

دھیلا (دِھے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) آدھا پیسا۔

دھیلا دمڑی (ہ۔ا۔مث) قلیل رقم۔

دھیلاؤ (دِھے۔لا۔او) (ق۔صف) ڈھلان۔ نشیب۔

دھیلی (دِھے۔لی) (ہ۔ا۔مث) اُٹھنّی۔

دِھیم (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آہستگی۔ سُستی۔ کاہلی (۲) حِلم۔

بُردباری۔ شرافت۔

دِھیما (دھی۔ما)(ہ۔صف) سُست۔ کاہل (۲) نرم۔ حلیم (۳) آہستہ۔ مدھم۔

دھیما بازار (اَر۔ا۔مذ)(۱) مندا بازار (۲) ایسی منڈی جس کے نرخ آہستہ آہستہ گر یا چڑھ رہے ہوں۔

دھیما پڑ جانا (اَر۔محاورہ) نرم پڑ جانا۔ غصّہ کم ہو جانا۔

دھیما کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) گھٹانا۔ نرم کرنا (۲) غصّہ ٹھنڈا کرنا۔

دِھیمَر (دھی۔مر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ہندو کہاروں کی ایک ذات (۲) ماہی گیر (۳) کالا آدمی۔

دِھینگ دَھوکڑ (ہ۔صف)(۱) موٹا اور سُست (۲) بے فکرا۔ خود رائے۔

دِھینگ دَھوکڑ۔ اللہ میاں کے نوکر (اَر۔مثل) آزاد اور خودسَر کی نسبت بولتے ہیں۔

دِھینگ دَھوکڑی (ہ۔ا۔مث) زبردستی۔ خودسَری۔

دِھینگ (دِھینگا) (دھیں۔گا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) موٹا تازہ آدمی (۲) بدمعاش عورت کا آشنا۔ مشٹنڈا۔

دھینگا دھانگی (ہ۔ا۔مث) دست درازی۔ ہلّو کھلّی۔ ہاتھاپائی۔

دھینگا مُشتی (ہ۔ا۔مث) ہاتھاپائی۔ دست درازی۔ دنگا فساد۔

دِھینْوَر (دھیں۔ور)(ہ۔ا۔مذ) دِھیمر۔ مچھیرا (۲) کہاروں کی ایک ذات۔

دَھیوَت (دھے۔وت)(ہ۔ا۔مذ) سات سُروں میں سے چھٹا سُر۔ دھا۔

د۔ ء

دَئی (د۔ای)(ہ۔ا۔مذ)(۱) خُدا۔ بھگوان (۲) دیوتا۔ پیغمبر۔

دئی مارا (ہ۔صف) اللہ مارا۔ بدقسمت۔

د۔ ی

دَے (بفتح اوّل)(ف۔ا۔مذ) شمسی سال کا دسواں مہینا۔ ماگھ۔

دَیا (دَی۔یا)(ہ۔ا۔مث) دائی کی تصغیر۔

دَیا (بفتحۂ اوّل)(س۔ا۔مث)(۱) بخشش۔ عطا (۲) ہمدردی۔ رحم دلی۔ مہربانی۔

دیا کرنا (ہ۔محاورہ) مہربانی کرنا۔ عطا کرنا۔

دِیا (بکسر اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چراغ۔ جمع: دیئے۔ دیوں (۲) دینا کا ماضی مطلق (۳)(صف) دیا ہوا۔

دیا بتی کرنا (اَر۔محاورہ) چراغ جلانا۔ چراغ روشن کرنا۔

دیا سلائی (اَر۔ا۔مث)(۱) چراغ جلانے کی تیلی جس میں مسالا لگا ہوتا ہے (۲) وہ عورت جو لڑائی کی آگ لگاتی پھرے۔ جمع: دیا سلائیاں۔ سلائیوں۔

دیا کھانا (اَر۔محاورہ) کسی کی امداد پر بسر اوقات کرنا۔ کسی کا محتاج ہونا۔

دیا لیا (اَر۔ا۔مذ) خُدا کی راہ پر دیا ہوا۔ بھلائی۔ نیک سلوک۔

دیا لیا آڑے آنا (اَر۔محاورہ) خیر خیرات کی وجہ سے کسی مصیبت سے بچ جانا۔

دِیار (دِ۔یار)(ع۔ا۔مذ)(۱) دار (گھر) کی جمع (۲) اُردو میں واحد مستعمل ہے۔

دِیارا (دِ۔یا۔را)(ہ۔ا۔مذ) دریا برآمد۔ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آئے۔

دَیاقُوزہ (دَیا۔قو۔زہ)(ف۔ا۔مث)(۱) ایک مُرکّب دوا (۲) خشخاش کا شربت۔

دَیال (دَ۔یال)(ہ۔صف) رحم دل۔ مہربان۔ دیالو۔

دَیال (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے دھیال۔

دَیالو (دَ۔یا۔لو)(ہ۔صف) سخی۔ ہمدرد۔ فیّاض۔

دِیانا (ق۔مص) روشن کرنا۔

دِیانت (دِ۔یا۔نت)(ع۔ا۔مث)(۱) ایمان داری۔ راستی (۲) امانت۔

دیانت دار (ع۔ف۔صف) ایمان دار۔ راست باز۔

دیانت داری (ع۔ف۔ا۔مث) ایمان داری۔ راستی۔

دِیبا (دی۔با)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

دِیباجہ (دِیباچہ) (دی۔با۔جہ' چہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) کتاب کا مقدمہ۔ پیش لفظ۔ تمہید (۲) ایک قسم کی قبا۔

دِیپ (بیائے معروف)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چراغ۔ دیا۔ دیوا۔ روشنی۔ چمک (۲) چھوٹی دیوالی (۳) ایک راگ۔ دیپک۔

دیپ مالا (ہ۔ا۔مث) چراغوں کی قطار۔ چراغاں۔

دِیپَک (دی۔پک)(س۔ا۔مذ)(۱) روشنی۔ چراغ (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) ایک قسم کا راگ۔ کہتے ہیں اِس کی تاثیر سے آگ لگ جاتی ہے۔

دِیپنا (دیپ۔نا)(ق۔مص)(۱) روشن کرنا (۲) چمکنا۔

دِیَت (دِ۔یت)(ع۔ا۔مث) دیکھئے خون بہا۔

دیتا بھولے نہ لیتا (اَر۔مثل) معاملہ صاف اور سیدھا ہے۔

دیے پٹکنا (دے۔پ۔ٹک۔نا)(ہ۔مص) اُوپر سے نیچے گرانا۔

دَیجُور (دی۔جور)(دے۔جور)(ف۔صف)(۱) سیاہ۔ تاریک (۲) اماوس کی رات جس میں چاند نظر نہیں آتا (۳)(ا۔مذ) سیاہ چیز۔ سیاہی۔

دِید (بیائے معروف)(ف۔ا۔مث) نگاہ۔ نظر (۲)(صف) دیکھا ہوا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے چشم دید۔

دید باز (ف۔صف) دیکھنے والا۔ تاک جھانک کرنے والا۔

دید بازی (ف۔ا۔مث) آنکھیں لڑانا۔ تاک جھانک کرنا۔

دیدبان (ف۔ا۔مذ) وہ سُوراخ جس میں سے تاک کر نشانہ لگاتے ہیں۔

دیدبانی (ف۔ا۔مث) محافظت۔ نگہداشت۔

دید خواہ (ف۔صف) ملاقات کا خواہش مند۔

دید نہ شُنید (ف۔صف) دیکھی نہ سُنی۔ عجیب۔ انوکھا۔ نادر۔ نایاب۔

دید و باز دید (ف۔ا۔مث) آمد ورفت رکھنا۔ ایک دُوسرے سے ملنے کے لئے جانا۔

دید و شُنید (ف۔ا۔مث) دیکھنا اور سُننا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دِیدار (دِی۔دار)(ف۔ا۔مذ) جلوہ۔ درشن۔ نظارہ۔ صورت۔ چہرہ۔
دیدار بازی (ف۔ا۔مث) نظر بازی۔ تاک جھانک۔
دیدار پانا (اُر۔محاورہ) محبوب کی صورت دیکھنا۔
دیدار دِکھانا (اُر۔محاورہ) صورت دِکھانا۔
دیدار کا بھوکا ہونا (اُر۔محاورہ) محبوب کی صُورت دیکھنے کے لئے ترس جانا۔
دیدار کرنا (اُر۔محاورہ) محبوب کی صُورت دیکھ پانا۔
دیدار ہونا (اُر۔محاورہ) محبوب سے اِتفاقیہ ملاقات ہو جانا یا اُسے دیکھ پانا۔
دِیدارُو (دِی۔دا۔رُو)(اُر۔صف) شکیل۔ وجیہہ۔ قابلِ دید۔
دِیدَنی (دِی۔دَ۔نی)(ف۔صف)(۱) دیکھنے کے قابل (۲) دیکھا ہوا۔
دِیدوں (دِی۔دوں)(اُر۔ا۔مذ) دیدہ بمعنی آنکھ کی اُردو جمع۔
دیدوں پُھوٹی (اُر۔صف۔مث) اندھی۔
دیدوں سے کاجل چُرانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے آنکھ کا کاجل چُرانا۔
دیدوں کی صفائی (اُر۔ا۔مث) بے شرمی۔ بے حیائی۔
دیدوں میں چربی چھانا (اُر۔محاورہ) اصلیت نظر نہ آنا۔ بُرائی بھلائی نہ سُوجھنا۔
دیدوں میں سرسوں پُھولنا (اُر۔محاورہ) گھبراہٹ میں کچھ نظر نہ آنا۔
دِیدَہ (دِی۔دَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) آنکھ۔ چشم۔ اُردو جمع: دیدوں۔ دیدے (۲) دلیری۔ جُرأت (۳)(صف) دیکھا ہوا۔
دیدہ بڑا ہے (اُر۔محاورہ) بہت ڈھیٹ ہے۔
دیدۂ بِینا (ف۔ا۔مذ) گہرائی تک دیکھنے والی آنکھ۔ نیز دیکھئے چشمِ بینا۔
دیدہ بیٹھ جانا (اُر۔محاورہ) آنکھ کا ضائع ہو جانا۔ بصارت جاتی رہنا۔
دیدہ پھٹا ہونا (اُر۔محاورہ) گستاخ ہونا۔ بے باک ہونا۔
دیدہ پھٹ جانا (اُر۔محاورہ) حیرت سے آنکھیں کھلی رہ جانا۔
دیدہ پھٹی (اُر۔صف) بڑی بڑی اور بے رس آنکھوں والی (۲) نڈر۔ بے خوف۔ گھر گھر پھرنے والی بے حیا (عورت)۔
دیدۂ جوہر (ف۔ا۔مذ) وہ حلقے جو تلوار کی آب میں نظر آتے ہیں۔
دیدہ درائی (ف۔ا۔مث) دلیری۔ بے باکی۔ بے لحاظی۔
دیدۂ دل (ف۔ا۔مذ) دِل کی آنکھ۔ باطنی آنکھ۔
دیدہ دِلیر (ف۔اُر۔صف) بے باک۔ بے حیا۔
دیدہ دلیری (اُر۔ا۔مث) بے باکی۔ بے حیائی۔
دیدہ دَلیل (ف۔صف)(۱) دیدہ دلیر۔ بے حیا۔ نڈر۔ بے باک (۲) دلیر۔
دیدہ دلیلی (دَ۔لی۔لی)(ف۔ا۔مث) دیدہ دلیری۔ بے باکی۔ دلیری۔
دیدہ دھوئی (اُر۔صف۔مث) بے حیا (عورت)۔ بے غیرت (عورت)۔ دیدہ دھویا کی تانیث۔
دیدہ ریزی (ف۔ا۔مث) مینا کاری۔ باریک کام جس میں آنکھوں پر زور ڈالنا پڑے۔
دیدہ لگانا (اُر۔محاورہ) جی لگانا۔ توجّہ سے کام کرنا۔
دیدہ لگنا (اُر۔محاورہ) دیدہ لگانا کا لازم۔
دیدہ نہ ٹِکنا (اُر۔محاورہ) دِل نہ لگنا۔
دیدہ نہ لگنا (اُر۔محاورہ) توجّہ نہ کرنا۔ دِل نہ لگنا۔
دیدہ وا ہونا (اُر۔محاورہ) آنکھ کھلی ہونا۔
دیدہ و دانِستہ (ف۔متعلق فعل) جان بُوجھ کر۔
دیدہ و دِل فرشِ راہ کرنا (اُر۔محاورہ) بہت آؤ بھگت کرنا۔
دیدہ وَر (ف۔صف) دانا۔ ہوش مند۔ صاحبِ نظر۔
دیدہ وری (ف۔ا۔مث) دانائی۔ عقل مندی۔
دیدہ ہوائی ہونا (اُر۔محاورہ) بے باک ہونا۔ چالاک ہونا۔
دِیدے (دِی۔دے)(اُر۔ا۔مذ) دِیدہ بمعنی آنکھ کی اُردو جمع اور مغیرہ شکل۔
دیدے اُلٹ جانا (اُر۔محاورہ) نزع کی کیفیت طاری ہونا۔
دیدے بدلنا (اُر۔محاورہ) بے مُروّتی کرنا۔ بے رُخی اِختیار کرنا۔
دِیدے بھر آنا (اُر۔محاورہ) آنکھوں میں آنسو آنا۔
دیدے پتھرا جانا (پٹم ہونا) (اُر۔محاورہ) اندھا ہو جانا۔
دیدے پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا (اُر۔محاورہ) گھورنا۔ غور سے دیکھنا۔
دیدے پھرانا (اُر۔محاورہ) لحاظ نہ کرنا۔ بے مُروّت ہونا۔
دیدے پھوڑنا (اُر۔محاورہ) دیدہ ریزی کرنا۔ باریک کام محنت سے کرنا۔
دیدے چار ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) دیکھئے چار آنکھیں ہونا (۲) دیکھئے آنکھیں چار ہونا۔
دِیدے چمکانا (اُر۔محاورہ) ناز و ادا سے آنکھوں کو گردش دینا۔ دیدے مٹکانا۔
دیدے دکھانا (اُر۔محاورہ) آنکھیں دِکھانا۔ غُصّے کا اِظہار کرنا۔
دیدے سفید ہونا (اُر۔محاورہ) اَندھا ہو جانا۔
دیدے (دیدوں) کا پانی ڈھل جانا (اُر۔محاورہ) بے حیا ہو جانا۔
دیدے مٹکانا (اُر۔محاورہ) چشم و ابرو کے اشاروں سے باتیں کرنا۔
دِیدے نکالنا (اُر۔محاورہ) خشم گیں نگاہوں سے دیکھنا۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں خفگی کا اِظہار کرنا۔
دیدے نیلے پیلے کرنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے دیدے نکالنا۔
دیدے دھویا (اُر۔صف) بے مُروّت۔ بے لحاظ۔
دے دے پٹکنا (مارنا) (ہ۔مص مُرکّب) کسی چیز کو متواتر گرانا۔
دے ڈالنا (ہ۔مص) دے دینا۔ بخش دینا۔ عطا کرنا۔
دَیر (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) مندر۔ بُت خانہ۔
دَیرِ کُہن (دَیرِ مُکافات) (ف۔ا۔مذ)(کنایتًہ) دُنیا۔
دیر (بیائے مجہول)(ف۔ا۔مث) وقفہ۔ عرصہ۔ مُدّت۔
دیر آشنا (ف۔صف) مُدّت کے بعد بے تکلّف ہونے والا شخص۔
دیر آید دُرست آید (ف۔مقولہ) جو کام آہستہ اور سہولت سے ہو وہ اچھا اور دُرست ہوتا ہے۔
دیرپا (ف۔صف) پائیدار۔ مضبوط۔
دیر تک (اُر۔متعلق فعل) عرصے تک۔
دیر سے (اُر۔متعلق فعل) مُدّت سے۔ عرصے سے۔
دیر سَویر (اُر۔ا۔مث) وقفہ۔ دیر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دیر (کرنا) لگانا (اُر۔ محاورہ) تاخیر کرنا۔ ڈھیل دینا۔

دیر ہونا (اُر۔ محاورہ) وقت زیادہ لگ جانا۔ مقرّرہ وقت سے زیادہ عرصہ ہو جانا۔

دیر میں (اُر۔ متعلق فعل) کچھ مدّت بعد۔

دیر میں دیر ہوتی ہی ہے (اُر۔ مقولہ) دیر کے کاموں میں اکثر اور دیر ہو جاتی ہے۔

ڈیرا (ڈے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خیمہ۔ رہنے کی جگہ۔ مکان (۲) مہمان خانہ مکان سے ملا ہوا چھوٹا مکان جہاں مہمان وغیرہ ٹھہرائے جاتے ہیں۔ ڈیرا۔

دیرانہ (دے۔ را۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) دیر کے بعد عائد ہونے والی فیس۔ لیٹ فیس۔

دِی روز (دِیروز) (ف۔ ا۔ مذ) گزرا ہوا کل۔

دِیروزہ (ف۔ صف) گزرے ہوئے کل سے متعلق۔

دِی شب (دِیشب) (ف۔ ا۔ مث) گزشتہ رات۔

ڈیری (ڈے۔ ری) (اُر۔ ا۔ مث۔ عامیانہ) تاخیر۔ توقّف۔ دیر۔

دیرینہ (دیرین) (دے۔ ری۔ نہ) (دے۔ رین) (ف۔ صف) قدیم۔ پُرانا (۲) بُزرگ۔ بوڑھا۔ تجربہ کار۔

دیژہ (دے۔ ژہ) (ق۔ ا۔ مذ) بڑا پیٹ۔ حمل۔

دیز (ق۔ ا۔ مذ) جہیز۔

دیس (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) س : دیش کا بگاڑ (۱) مُلک۔ وطن۔ جمع: دیس۔ دیسوں (۲) ایک راگ کا نام جو نصف شب کے وقت گایا جاتا ہے۔

دیس اَنتر (ق۔ ا۔ مذ) دیس نکالا۔ جلا وطنی۔

دیس بدیس پھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سیر و سیاحت کرنا (۲) مارا مارا پھرنا۔

دیس بھاشا (ہ۔ ا۔ مث) اپنے وطن کی زبان۔

دیس بھائی (ہ۔ ا۔ مذ) ہم وطن۔ اپنے مُلک کا رہنے والا۔

دیس وال (دیسوال) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے دیس بھائی۔

دیس نکالا (اُر۔ ا۔ مذ) جلا وطنی۔

ڈیسا (ڈے۔ سا) (اُر۔ ا۔ مذ) مسلمانوں میں مُردے کی سال بسال فاتحہ۔ برسی۔

دِیسنا (دیس۔ نا) (ہ۔ مص) دکھائی دینا۔ ظاہر ہونا۔

دیسی (دے۔ سی) (ہ۔ صف) دیس سے متعلق۔ وطنی۔ وطن کی بنی ہوئی۔

دیش (یائے مجہول) (س۔ ا۔ مذ) دیکھئے دیس۔

دیغ (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے دیگ۔

دیکھ (بیائے مجہول) (ہ۔ فعل) (۱) دیکھنا کا امر (۲) کلمۂ تاکید و تنبیہ۔ مخاطب کو کسی اَمر کی طرف متوجہ کرنے' خبردار کرنے اور دھمکانے کے لئے کہتے ہیں۔

دیکھ آنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو کہیں جا کر دیکھنا اور واپس آنا۔

دیکھ بھال (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نگرانی۔ بغور دیکھنا (۲) تلاش (۳) تیمارداری۔

دیکھ بھال کر (اُر۔ متعلق فعل) سوچ سمجھ کر۔ جانچ پڑتال کر کے۔

دیکھ بھال کرنا (اُر۔ محاورہ) نگرانی کرنا۔ نگہداشت کرنا (۲) تلاش کرنا۔

دیکھ بھال لینا (اُر۔ محاورہ) اچھی طرح دیکھ لینا۔ غور کر لینا۔

دیکھ پانا (اُر۔ محاورہ) دیکھ لینا۔ اچانک نظر پڑنا۔

دیکھ داکھ کر (اُر۔ متعلق فعل) (داکھ تابع مُہمل ہے) دیکھ کر۔

دیکھ دیکھ (اُر۔ کلمۂ تنبیہ) کیا کرتا ہے! ہوش میں آ!

دیکھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) پڑھ کر ختم کر دینا۔ پڑھ لینا۔

دیکھ سکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دیکھنے کی طاقت رکھنا (۲) گوارا کرنا۔

دیکھ کر جینا (اُر۔ محاورہ) بہت محبت کرنا۔ کسی کے دیدار کو اپنی زندگی بنا لینا۔

دیکھ کیسا علاج کرتا ہوں (اُر۔ محاورہ) قرار واقعی سزا دینے کی جگہ کہتے ہیں۔

دیکھ لینا (اُر۔ محاورہ) آزمانا۔ دیکھنا۔ سمجھنا۔

دیکھا؟ (دے۔ کھا) (ہ۔ اِستفہام) (۱) دیکھ لیا؟ آزما لیا؟ کسی کو کسی بات سے منع کیا جائے اور وہ اُسے کرے تو بُرا نتیجہ نکلنے پر کہتے ہیں (۲) دیکھنا کی ماضی (۳) (صف) آزمایا ہوا۔

دیکھا آؤ نہ دیکھا تاؤ (اُر۔ محاورہ) دیکھئے آؤ دیکھا نہ تاؤ۔

دیکھا بھالا (اُر۔ صف) آزمودہ۔ جانا پہچانا۔ تجربہ کیا ہوا۔

دیکھا بھالی (اُر۔ ا۔ مث) تلاش۔ جستجو۔ کسی چیز کو غور سے دیکھنا۔

دیکھا جائے گا (اُر۔ محاورہ) (۱) پھر غور کیا جائے گا (۲) بدلہ لیا جائے گا (۳) کوئی پروا نہیں۔

دیکھا چاہیے (اُر۔ محاورہ) (۱) اُمید نہیں۔ دیکھئے۔ شاید۔ دیدہ باید (۲) قابلِ تعریف۔ سراہنے کے قابل۔ قابلِ دید۔

دیکھا دیکھی (اُر۔ متعلق فعل) ایک دُوسرے کی ریس سے کوئی کام کرنے لگنا۔

دیکھا کرنا (اُر۔ محاورہ) لگاتار دیکھنا۔ دیکھنے کی عادت ہونا۔

دیکھا کرے (اُر۔ کلمۂ تمنّا) ہر وقت دیکھتا رہے۔ کسی چیز کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

دیکھا نہ بھالا (اُر۔ صف) دیدہ نہ شُنیدہ۔ جان نہ پہچان۔

دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ (اُر۔ مثل) خواہ مخواہ واقفیت جتانا اور خوشامد کرنا۔ بغیر دیکھے کسی کی تعریف کرنا۔

دیکھا نہ سُنا (اُر۔ صف) (۱) جس کی نسبت کچھ معلوم نہ ہو (۲) لاثانی۔ عجیب۔ بےنظیر۔ انوکھا۔

دیکھا نہیں جاتا (اُر۔ محاورہ) برداشت نہیں ہوتا۔ دیکھ کر رنج ہوتا ہے۔

دیکھا ہوا (اُر۔ صف) آزمایا ہوا (۲) نظر آیا ہوا۔

دیکھا ہے (اُر۔ فعل) دیکھ لیا ہے (۲) (تنبیہ کے طور پر) خبر بھی ہے؟ جانتے بھی ہو؟

دیکھتا کیا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا سوچ رہا ہے؟

دیکھتی آنکھوں جیتی مکھی نہیں نِگلی جاتی (اُر۔ مثل) جان بُوجھ کر نقصان نہیں اُٹھایا جاتا۔

دیکھتے جاؤ (اُر۔ کلمۂ تنبیہ) دیکھو! آگاہ رہو! خیال رکھو!

دیکھتے دیکھتے (اُر۔ متعلق فعل) آنکھوں کے سامنے۔ آن کی آن میں۔ آناً فاناً۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دیکھتے رہ جانا (اُر۔ محاورہ) حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔
دیکھتے کا دیکھتا رہ جانا (اُر۔ محاورہ) ہکا بکا رہ جانا۔ حیران رہ جانا۔
دیکھتے ہی (اُر۔ متعلق فعل) فوراً۔ نظر پڑتے ہی۔
دیکھنا (دیکھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) نظر ڈالنا۔ نگاہ کرنا۔ خیال رکھنا۔ غور کرنا۔ سوچنا۔ سمجھنا (۲) ڈھونڈنا (۳) آزمانا۔ جانچنا (۴) لحاظ کرنا (۵) معاینہ کرنا (۶) خبردار ہونا۔ ہوشیار ہونا (۷) بدلہ لینا۔
دیکھنا بھالنا (اُر۔ محاورہ) غور کر کے دیکھنا (۲) تلاش کرنا۔
دیکھنے (ہ۔فعل) دیکھنا کی مُغیّرہ صورت۔
دیکھنے آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُعاینے کے لئے آنا (۲) عیادت کے لئے آنا۔
دیکھنے کو (اُر۔ متعلق فعل) برائے نام۔ بہت کم۔
دیکھنے کو نہیں (اُر۔ محاورہ) کم یاب ہے۔ نایاب ہے۔
دیکھنے کی (اُر۔ صف) نمائشی۔ مصنوعی۔ بیکار۔
دیکھنے میں آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) معلوم ہونا۔ ظاہر ہونا (۲) تجربہ ہونا۔
دیکھنے والا (اُر۔ صف) (۱) جسے دِکھائی دیتا ہو (۲) فیض یافتہ۔ مُعتقد۔ مُرید۔
دیکھو! (اُر۔ کلمہ تنبیہ) (۱) خبردار رہو! ہوشیار رہو! (۲) دیکھنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔
دیکھیے (اُر۔ متعلق فعل) شاید۔ خُدا جانے۔ واللّٰہ اعلم (۲) دیکھا چاہیے (۳) (فعل) دیکھنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔
دیکھیے اُونٹ کس کروٹ (کل) بیٹھتا ہے (اُر۔ مثل) خُدا جانے نتیجہ کیا ہو۔
دیکھیے شیر کی نظر کھلائے سونے کا نوالہ (اُر۔ مثل) اولاد کے متعلق کہتے ہیں کہ اچھے سے اچھا کھلائیں، مگر اپنے زیرِ اثر اور رعب کے نیچے رکھیں۔
دیکھیے قسمت میں کیا بدا ہے (اُر۔ مثل) اللہ ہی جانے کیا ہوگا۔
دیکھیے یہ بجلی کہاں گرتی ہے (اُر۔ مثل) خُدا جانے یہ مصیبت کس پر پڑتی ہے۔
دیکھیں (یائے مجہول) (اُر۔ متعلق فعل) (۱) خُدا جانے (۲) آزمائیں۔ تجربہ کریں۔
دیگ (یائے مجہول) (ف۔ا۔مث) کھانا پکانے کا بہت بڑا برتن۔ اُردو جمع: دیگوں۔ دیگیں۔
دیگ اُترنا (اُر۔ محاورہ) کھانا تیار ہونا۔
دیگ دان (ف۔ا۔مذ) چولھا۔
دیگ کی کھرچن بھی بہت ہے (اُر۔ مثل) بڑی مقدار میں سے بچا بچایا بھی بہت ہوتا ہے۔
دیگ میں سے ایک ہی چاول دیکھتے ہیں (دیگ میں ایک ہی دانہ ٹٹولتے ہیں) (اُر۔ مثل) ایک سے سب کی جانچ ہو جاتی ہے۔
دیگ گیر (اُر۔ا۔مذ) وہ کپڑا جس سے دیگ اُٹھاتے ہیں۔
دیگچہ (دیگ۔چہ) (ف۔ا۔مذ) دیگ کی تصغیر۔ دیگ سے چھوٹا برتن۔ اُردو جمع: دیگچوں۔ دیگچے۔
دیگچی (دیگ۔چی) (اُر۔ا۔مث) پکانے کا چھوٹا برتن۔ پتیلی۔ جمع: دیگچیاں۔ دیگچیوں۔
دِیگر (دی۔گر) (ف۔عددِ ترتیبی) (۱) دُوسرا۔ دُوسری (۲) اور (۳) باقی۔ اگلا۔ علاوہ۔
دیگر بخود مناز کہ مُحرکی تمام شد (ف۔ مثل) اب اِترانے سے کیا فائدہ۔ وقت گزر چکا ہے۔
دِیمک (دی۔مک) (اُر۔ا۔مث) (ف۔دیوک کا مورّد) (۱) چیونٹی کی شکل کا سفید کیڑا جو لکڑی اور کتابوں وغیرہ کو کھا جاتا ہے۔
دیمک کھایا (خوردہ) (اُر۔صف) (۱) جسے دیمک نے چاٹ لیا ہو (۲) چیچک دار چہرہ۔
دیمک لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز میں دیمک کا داخل ہونا (۲) گھن لگنا (۳) کوئی خرابی شروع ہونا (۴) صحت میں فتور پڑنا۔
دِین (بیائے معروف) (ع۔ا۔مذ) مذہب۔ مسلک۔ دھرم۔ ایمان۔ جمع: اَدیان۔
دین پناہ (ع۔ف۔ صف) دین کا حامی۔ وہ حاکم جو دین کا معاون و محافظ ہو۔
دینِ حنیفی (ع۔ا۔مذ) حضرت ابراہیمؑ کا دین۔ دینِ اسلام۔
دین دار (ع۔ف۔ صف) مذہب کا پابند۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پابندِ شرع۔
دین داری (ع۔ف۔ا۔مث) مذہبی عقائد کی پابندی۔ پرہیزگاری۔
دین دُنیا (ع۔ف۔ا۔مث) دونوں جہان۔ دُنیا اور عاقبت۔
دین دُنیا سے جانا (اُر۔ محاورہ) دونوں جہان کے فائدے سے محروم ہونا (۲) کسی کام کا نہ رہنا۔
دین دُنیا کی خبر نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بالکل لاپروا ہونا۔ بے ہوش ہونا۔
دین دین پکارنا (اُر۔ محاورہ) مذہب کے نام پر اعلانِ جنگ کرنا (۲) دین کا دعویٰ کرنا۔
دین کا جھنڈا (اُر۔ا۔مذ) مذہبی جھنڈا (۲) مذہب کی عظمت۔
دین کا نہ دُنیا کا (اُر۔ صف) کسی کام کا نہیں۔ نکمّا۔
دَین (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) بخشش۔ عطیہ۔ احسان (۲) دینا۔
دَین (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) قرض۔ اُدھار۔ جمع: دُیُون۔
دینا (دے۔نا) (ہ۔مص) (۱) بخشنا۔ عطا کرنا۔ سونپنا (۲) بیچنا (۳) پیش کرنا (۴) جننا۔ بچے نکالنا (۵) ادا کرنا۔ بیباق کرنا (۶) بھرنا۔ تاوان دینا (۷) مارنا (۸) مُقرّر کرنا۔
دینا بھلا نہ باپ کا، بیٹی بھلی نہ ایک (اُر۔ مثل) قرض اور بیٹی ہر حال میں اچھے نہیں ہوتے۔
دینا دِلانا (اُر۔ محاورہ) داد و دہش کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دیناتہ لینا (اُر۔ متعلق فعل) مُفت میں۔ ناحق۔ بے فائدہ۔

دِینار (دی۔نار)(ع۔ا۔مذ) عرب میں سونے کا ایک سِکّہ۔ لاطینی لفظ ڈیناریس کا معرّب (۲) ایک دوا کا نام (۳) ۱½ درہم کے برابر ایک وزن (۴) اسی کی بگڑی ہوئی شکل ڈالر ہے۔ جمع: دنانیر۔

دینارِ سُرخ (ع۔ف۔ا۔مذ) اشرفی۔ سونے کا سِکّہ۔

دِینی (دی۔نی)(ف۔صف) مذہبی۔ دین سے تعلق رکھنے والا' والی۔

دینی باپ (اُر۔ا۔مذ) وہ شخص جسے عیسائی بچّے کو اصطباغ دینے کے وقت مذہبی لحاظ سے باپ بنائیں۔ پادری۔ روحانی باپ۔

دینی بھائی (اُر۔ا۔مذ) ہم مذہب۔ ہم مسلک۔ اپنے مذہب کا۔

دِینیات (دی۔نی۔یات)(ع۔ا۔مث) دین کے متعلق کتابیں۔ مذہب سے تعلق رکھنے والی باتیں۔ مذہبی علوم۔

دیو (ف۔ا۔مذ)(۱) بھوت۔ ایک ڈراؤنا پیکر خیالی (۲) شیطان (۳) قوی ہیکل پہلوان۔ جمع: دیواں۔ اُردو جمع: دیو۔ دیووں۔

دیو بند (ف۔ا۔مذ)(۱) دیوؤں کو قابو میں کرنے والا (۲) دیوؤں کے رہنے کا مقام (۳) کُشتی کا ایک داؤں (۴) مہینے کا سولھواں دن (۵) بھارت کا ایک شہر جہاں مسلمانوں کا ایک مشہور دینی دارُالعلوم ہے۔

دیو بندی (ف۔اُر۔صف) دیوبند (شہر) سے منسوب (۲) دارُالعلوم دیوبند کا فارغ التحصیل (۳) وہابی۔ بریلوی کی ضد۔

دیو پیکر (ف۔صف) دیو کی مانند بھاری بھرکم۔

دیودار (ف۔ا۔مذ) چیڑ کی قسم کا ایک درخت جس کی لکڑی عمارت کے کام آتی ہے۔ جنوبی یورپ' ایشیا اور شمالی افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ (Cedar)۔

دیوزاد (ف۔صف) دیو کا بیٹا۔ بلند قامت پہلوان۔

دیوزدہ (ف۔صف) آسیب زدہ۔ جس پر بھوت کا سایہ ہو۔

دیوسار (ف۔صف) دیو کی مانند۔ قوی ہیکل۔ بلند قامت۔

دیو (س۔ا۔مذ) دیوتا۔ بزرگ۔ مقدّس۔ قابلِ پرستش۔

دیوبانی (وانی) (ہ۔ا۔مث) دیوتاؤں کی زبان۔ مقدس زبان۔ سنسکرت۔

دیوداسی (ہ۔ا۔مث) مندر میں رہنے والی کنواری پجارن۔

دیو مالا (ہ۔ا۔مث) دیوتاؤں کے قصّے کہانیاں۔ علمُ الاصنام۔

دیو ناگری (ہ۔ا۔مث) سنسکرت رسمُ الخط۔

دیوا (دے۔وا)(ہ۔صف) دینے والا۔ معطی۔ سخی۔

دِیوا (دی۔وا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے دیا۔

دِیوار (دی۔وار)(ف۔ا۔مث)(۱) اوٹ۔ پردہ۔ پختہ پردہ۔ مکان یا چہار دیواری کا ایک پہلو (۲) حد۔ رُکاوٹ (۳) انگیا کے پان (۴) (صف) نابینا (۵) حیرت زدہ۔ اُردو جمع: دیواروں۔ دیواریں۔

دیوار اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) اینٹ' پتھر' مٹی وغیرہ سے دیوار کھڑی کرنا۔

دیوار بن جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) دیوار تیار ہو جانا (۲) بے حس و حرکت ہو جانا۔

دیوار بہ دیوار (اُر۔صف) متصل۔ قریب۔ ملا ہوا۔

دیوار بیچ (اُر۔صف) پڑوس۔ بہت قریب۔

دیوار بیٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) دیوار گر جانا۔ دیوار دھنس جانا۔

دیوار چُننا (اُر۔ محاورہ) دیوار بنانا۔

دیوار سے لڑنا (اُر۔ محاورہ) اکیلے بیٹھے شور مچانا۔ تنہائی میں خفا ہونا۔

دیوار قہقہہ (ف۔ا۔مث) ایک روایتی دیوار جس کے متعلق کہتے ہیں کہ جو اُس کے اُوپر چڑھتا ہے' بے اختیار ہنسنے لگتا ہے۔

دیوار کھڑی کرنا (اُر۔ محاورہ) دیوار چننا۔ دیوار تعمیر کرنا۔

دیوار کُھل جانا (اُر۔ محاورہ) دیوار میں آپ ہی آپ شگاف ہو جانا۔

دیوار کھینچنا (اُر۔ محاورہ)(۱) حد بندی کرنا۔ پردہ یا علیحدگی کے لئے دو قطعوں کے درمیان دیوار بنا دینا (۲) حائل ہونا۔ جدا کرنا۔

دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں (اُر۔ مثل) راز کی بات اکیلے میں بھی آہستہ کہنی چاہئے۔ شاید کوئی دیوار کے پاس سُن رہا ہو۔ دیوار ہم گوش دارد کا ترجمہ۔

دیوار گیری (اُر۔ا۔مث) دیوار میں لگانے کا لیمپ (۲) خوشنمائی کے لئے دیوار پر لگانے کا کپڑا۔

دیوار میں چُنا جانا (اُر۔ محاورہ) پُرانے زمانے کی ایک سزا جس میں مجرم کو زندہ دیوار میں چُن دیا جاتا تھا۔

دیوار و در سے برسنا (اُر۔ محاورہ) کوئی کیفیت ہر گوشے سے ظاہر ہونا۔

دیوار ہم گوش دارد (ف۔ مثل) دیکھئے دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔

دِیواریں (اُر۔ا۔مث) دیوار کی جمع۔

دیواریں چاٹنا (اُر۔ محاورہ) بہت مشکل سے گزارہ ہونا۔

دِیوالا (دی۔وا۔لا)(ہ۔ا۔مذ) بیوپاری کا قرض ادا نہ کر سکنے کا اعلان۔

دیوالا پٹنا (نکلنا) (اُر۔ محاورہ) قرض ادا کرنے کے قابل نہ ہونا۔ مُفلس ہو جانا۔ کنگال ہو جانا۔

دیوالا نکالنا (اُر۔ محاورہ) قرض ادا نہ کرنے کا اعلان کر دینا۔

دِیوالی (دی۔وا۔لی)(ہ۔ا۔مث) دوالی۔ دیپاولی۔ دیپ مالا۔ ہندوؤں کا ایک تہوار جو رام چندر جی کے بن باس سے واپس آنے کی خوشی میں کاتک کی پندرہ تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ ہندو اُس دن رات کو چراغاں کرتے' دولت کی دیوی لکشمی کی پُوجا کرتے اور جُوا کھیلتے ہیں۔

دِیوالیا (دی۔وا۔لی۔یا)(ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جس نے دیوالا نکال دیا ہو۔

دِیوان (دی۔وان)(ف۔ا۔مذ)(۱) دربارِ شاہی۔ عدالت (۲) وزیر۔ رُکنِ حکومت۔ محکمۂ مال کا بڑا افسر (۳) دفترِ محاسبہ۔ مقامِ اجلاس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ نشست گاہ (۴) شاعر کے کلام کا مجموعہ۔ جمع: دواوین۔

دیوانِ اعلیٰ (ف۔ع۔ا۔مذ) وزیرِ اعلیٰ۔ وزیرِ اعظم۔

دیوانِ خاص (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) شاہی خلوت خانہ (۲) شاہی دربار جہاں خاص خاص لوگوں کو بُلایا جاتا ہے۔

دیوانِ خالصہ (ف۔ع۔ا۔مذ) مُہرِ سلطانی کا محافظ۔ معتمدُ الدّولہ۔

دیوانِ خانہ (ف۔ا۔مذ) نشست گاہ۔ ڈرائنگ روم۔

دیوانِ عام (ف۔ا۔مذ)(۱) عام دربار (۲) وہ مقام جہاں عام دربار منعقد کیا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جاتا ہے۔

دِیوانگی (دِی۔وا۔نَ۔گی)(ف۔صف) پاگل پن۔ جُنون۔

دِیوانَہ (دِی۔وا۔نَہ)(ف۔صف۔مذ) پاگل۔مجنون۔ باؤلا۔خبطی۔ اُردو جمع: دیوانوں۔ دیوانے۔

دیوانہ باش تا غمِ تو دیگراں خورند (ف۔مثل) دیوانہ ہو جا تاکہ دُوسرے تیری فِکر کریں۔ ایسے بے فِکرے کو کہتے ہیں جس کی فِکر دُوسروں کو کرنی پڑتی ہے۔

دیوانہ بکارِ خویش ہوشیار (ف۔مثل) دیوانہ اپنے مطلب کے لئے ہوشیار ہوتا ہے۔

دیوانہ بنانا (اُر۔محاورہ) پاگل کرنا (۲) کسی کو اپنا عاشق کر لینا۔

دیوانہ پن (اُر۔ا۔مذ) پاگل پن۔ جنون۔

دیوانہ راہُوئے بس است (ف۔مثل) دیوانے کو چھیڑنے کے لئے صرف ہُو کہہ دینا کافی ہے۔

دیوانہ کر دینا (کرنا) (اُر۔محاورہ) دیکھئے دیوانہ بنانا۔

دیوانہ ہوا ہے؟ (اُر۔کلمہ اِستفہام) پاگل ہو گیا ہے؟ مت ماری گئی ہے؟ بے وقوفی کی بات کہنے پر کہتے ہیں۔

دیوانہ ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) پاگل ہو جانا (۲) عاشق ہونا (۳) کسی خبط میں حد سے گزر جانا۔

دِیوانی (دِی۔وا۔نی)(ف۔ا۔مث)(۱) دیوان کا عُہدہ۔وزارت (۲) عدالتِ خفیفہ۔ وہ عدالت جس میں مال و زر' جائیداد اور قرضہ وغیرہ کے مقدّمات کی سماعت ہو (۳)(اُر۔صف۔مث) پاگل عورت۔

دیوانی ہانڈی (اُر۔ا۔مث) وہ ہانڈی جس میں سب سبزیاں ترکاریاں اکٹھی پکائی جائیں۔

دیوانی آدمی کو دیوانہ کر دیتی ہے (اُر۔مثل) دیوانی مقدّمہ اِنسان کو بہت پریشان کرتا ہے' کیونکہ اِس کا فیصلہ ہونے میں بڑا وقت اور روپیہ خرچ ہوتا ہے۔

دِیوانے (اُر۔ا۔مذ)(۱) دیوانہ کی جمع (۲) دیوانہ کی مُغیّرہ صورت۔

دیوانے کی بڑ (اُر۔ا۔مث) مُہمل بات۔ بکواس۔

دیوبندی (ف۔اُر۔صف) "دیو" کے تحت دیکھئے۔

دیوتا (دیو۔تا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بھگوان کا اوتار (۲) معصوم۔ بھلائی کرنے والا (۳) ناگ۔ سانپ۔ جمع: دیوتا۔ دیوتاؤں۔

دِیوَٹ (دِی۔وَٹ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) شمع دان۔ طاق جس پر دیا رکھا جائے (۲) کالا کلوٹا۔

دَیُّوث (دَی۔یُوث)(ع۔صف) بے غیرت۔ بے حمیت۔ بے حیا۔ قُرم ساق۔ بھڑوا۔ بیوی کی بدکاری سے دیدہ و دانستہ چشم پوشی کرنے والا۔

دیووار (ف۔ا۔مذ) دیو کے تحت دیکھئے۔

دیوَر (دِے۔وَر)(ہ۔ا۔مذ) شوہر کا چھوٹا بھائی۔

دیورانی (دیو۔را۔نی) (ہ۔ا۔مث) شوہر کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔ دیور کی بیوی۔

دیوَل (دِے۔وَل)(ہ۔ا۔مذ) چھوٹا مندر۔

دیونی (دیو۔نی)(اُر۔ا۔مث) دیو کی بیوی۔ گراں ڈیل عورت۔

دیوی (دِے۔وِی)(ہ۔ا۔مث) دیوتا کی تانیث۔ دیوتا کی بیوی (۲) پاک باز عورت۔ عزّت دار عورت۔ جمع: دیویاں۔ دیویوں۔

دیہ (بیائے مجہول و سکونِ ہائے ہوز)(ہ۔ا۔مث)(۱) جسم۔ تن۔ بدن (۲) چولا۔ وجود۔

دِیہ (بیائے معروف و سکونِ ہائے ہوز)(ف۔ا۔مذ) دِیہہ۔ گاؤں۔ جمع: دیہات۔

دِیہات (دِی۔ہات)(ف۔ا۔مث) جمع دیہ کی۔ بہت سے گاؤں۔

دیہاتِ خالصہ (ف۔ا۔مذ) سرکاری گاؤں۔

دِیہاتی (دِی۔ہا۔تی)(ف۔صف) دیہات کا رہنے والا (۲) دیہات سے منسوب۔

دیہانت (دِے۔ہانت)(نُون غنّہ)(س۔ا۔مذ) موت۔ مرگ۔ اِنتقال۔

دِیہی (دِی۔ہی)(ف۔صف) گاؤں سے متعلق۔ دیہ سے منسوب۔

دیہی (دِے۔ہی)(ہ۔ا۔مث) جسم۔ تن۔ بدن۔

دَیہیم (دَے۔ہیم)(ف۔ا۔مذ) تاجِ شاہی۔ کلغی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈ

ڈ (ڈال) (ہ۔ ا۔ مث) اُردو کا بارھواں اور ہندی کا تیرھواں حرف۔ اَبجد کے حساب میں اس کے بھی 'د' کی طرح 'چار عدد مقرّر ہیں۔ زبان کی نوک تالو سے لگ کر اس آواز کو ادا کرتی ہے۔ یہ حرف عربی اور فارسی میں نہیں ہے۔ اس لئے اسے دالِ ہندی کہتے ہیں۔

ڈ ـ ا

ڈا (ہ۔ ا۔ مث) ستار کی گت کا ایک توڑا۔

ڈاب (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جس سے بان بٹے جاتے ہیں۔ (۲) کچا ناریل (۳) چمڑے کا کمربند جس میں تلوار لٹکاتے ہیں۔ پرتلا۔

ڈابر (ڈا۔ بَر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چھوٹی جھیل (۲) جوہڑ (۳) تالاب (۴) نشیب جہاں پانی جمع ہو جاتا ہے (۵) ہاتھ دھونے کا برتن۔ سلفچی۔

ڈابک (ڈا۔ بَک) (ہ۔ ا۔ مذ) کنوئیں کا تازہ پانی (۲) خوف۔ ڈر۔

ڈابی (ہ۔ ا۔ مذ) فصل کا دسواں حصّہ جو فصل کاٹنے والے کو دیا جاتا ہے۔

ڈاٹ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سُوراخ بند کرنے کی چیز۔ کاک (۲) محراب۔ محراب دار پختہ دروازہ (۳) میخ۔ کیل (۴) محراب کے درمیان کا پتھر (۵) وہ لکڑی وغیرہ جو پُرانی بندوقوں میں بارود بھرنے کے بعد نال میں ٹھونس دی جاتی تھی تاکہ بارود باہر نہ گرے۔ جمع: ڈاٹوں۔ ڈاٹیں۔

ڈاٹ لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) روکنا۔ بند کرنا (۲) محراب بنانا۔

ڈاٹنا (ڈاٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ڈاٹ لگانا۔ بند کرنا (۲) کسنا۔ خوب بھرنا (۳) گھوڑے کو روکنا۔ لگام کھینچنا۔

ڈار (ہ۔ ا۔ مث) پرندوں کا پرا (۲) جانوروں کا جھنڈ (۳) ہرنوں کی قطار۔ جمع: ڈاروں۔ ڈاریں۔

ڈارلنگ (Darling) (انگ۔ صف) پیارا۔ پیاری۔ محبوب۔

ڈاڑھ (ہ۔ ا۔ مث) جبڑے کے پچھلے موٹے دانت جن سے غذا چبائی جاتی ہے۔ جمع: ڈاڑھوں۔ ڈاڑھیں۔

ڈاڑھ گرم ہونا (گرم کرنا) (اَر۔ محاورہ) کچھ کھانے کو مل جانا۔ رشوت لینا۔

ڈاڑھ نہ لگنا (اَر۔ محاورہ) بغیر چبائے نگل جانا۔

ڈاڑھا (ڈا۔ ڑھا) (ہ۔ ا۔ مذ) ڈاڑھی کا اِسمِ مکبّر۔ لمبی اور بڑی ڈاڑھی (۲) بڑھی ہوئی اینٹیں جو آیندہ بننے والی دیوار کو ساتھ ملانے کے لئے کھلی چھوڑ دی جاتی ہیں (۳) باہر کو نکلا ہوا دانت (۴) زیادتی۔

ڈاڑھی (ڈا۔ ڑھی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ٹھوڑی اور رُخساروں کے بال جو بلوغت کا نشان ہیں۔ ریش (۲) برگد یا پیپل کے درخت کی جٹائیں۔ جمع: ڈاڑھیاں۔ ڈاڑھیوں۔

ڈاڑھی بنانا (اَر۔ محاورہ) ڈاڑھی مُونڈنا۔ شیو کرنا۔

ڈاڑھی بنوانا (اَر۔ محاورہ) ڈاڑھی مُنڈوانا۔ شیو کروانا۔

ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرنا (اَر۔ محاورہ) کسی اہم یا بڑے کام پر تیّار ہونا۔ مستعد ہونا۔ بعض اوقات کسی پختہ اِرادے کا اظہار کرتے ہوئے ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرا جاتا ہے۔

ڈاڑھی پھٹکارنا (اَر۔ محاورہ) ڈاڑھی صاف کرنا۔ ڈاڑھی کے بالوں کو ہاتھ سے جھٹکنا۔

ڈاڑھی پیٹ میں ہونا (اَر۔ محاورہ) کم سنی میں عقل مند ہونا۔ چھوٹی عُمر میں بڑوں جیسی باتیں کرنا۔

ڈاڑھی پیشاب سے مُنڈوانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذِلّت اُٹھانا۔ ذلیل ہونا یا کرنا۔ بے عزّت ہونا یا کرنا۔ بطور شرط بھی آتا ہے۔

ڈاڑھی چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) ڈاڑھی بڑھانا۔ لمبی ڈاڑھی رکھنا۔

ڈاڑھی خدا کا نُور ہے (اَر۔ مقولہ) ڈاڑھی کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

ڈاڑھی دُھوپ میں سفید کرنا (اَر۔ محاورہ) ناتجربہ کار یا کم عقل ہونا۔ نیز دیکھئے دُھوپ میں بال سفید کرنا۔

ڈاڑھی رکھنا (اَر۔ محاورہ) ڈاڑھی مُنڈوانا ترک کر دینا۔ ڈاڑھی چھوڑ دینا۔

ڈاڑھی رنگنا (اَر۔ محاورہ) ڈاڑھی کو مہندی یا خضاب سے سُرخ یا سیاہ کرنا۔

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا (اَر۔ محاورہ) ڈاڑھی نوچنا۔ بے عزّتی کرنا۔

ڈاڑھی کترْوانا (اَر۔ محاورہ) قینچی سے ڈاڑھی کے بال کٹوانا یا چھوٹے کروانا۔

ڈاڑھی مُنڈا (اَر۔ صف) وہ شخص جو ڈاڑھی مُنڈواتا ہو۔ جس نے ڈاڑھی نہ رکھی ہو۔

ڈاڑھی مُنڈوانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ڈاڑھی بنوانا۔

ڈاڑھی مُونڈنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ڈاڑھی بنانا۔

ڈاڑھی نوچنا (اَر۔ محاورہ) بے عزّتی کرنا۔

ڈاڑھیں (ہ۔ ا۔ مث) ڈاڑھ کی جمع۔

ڈاڑھیں مار مار کے رونا (ڈاڑھیں مارنا) (اَر۔ محاورہ) زور زور سے رونا۔ نیز دیکھئے دہاڑیں مارنا۔

ڈاک (ہ۔ ا۔ مث) چٹھی رسانی کا محکمہ۔ (۲) سواری بدلنے کے مقامات (۳) خبر رسانی کا سلسلہ (۴) گھوڑے یا پالکی وغیرہ کی چوکی (۵) لگاتار سلسلہ (۶) لگاتار آنے والی قے یا اُلٹی۔

ڈاک آنا (اَر۔ محاورہ) خطوط آنا۔ متواتر خبر ملنا۔

ڈاک بٹھانا (اَر۔ محاورہ) چوکی بٹھانا۔ قاصد روانہ کرنا۔ ہرکاروں کی آمد و رفت کا جاری رہنا۔ تقاضے پر تقاضے کرنا۔

ڈاک بنگلا (اَر۔ ا۔ مذ) سرکاری افسروں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ سرکاری قیام گاہ۔

ڈاک بولنا (اَر۔ محاورہ) نیلام کی بولی دینا۔

ڈاک چوکی (اَر۔ ا۔ مث) وہ جگہ جہاں ڈاک کے ہرکارے گھوڑا بدلا کرتے تھے۔

ڈاک خانہ (اَر۔ ا۔ مذ) پوسٹ آفس۔ ڈاک گھر جہاں ڈاک کی آمد و رفت کا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

انتظام کیا جاتا ہے۔ جمع: ڈاک خانوں۔ ڈاک خانے۔

ڈاک کا ٹکٹ (اُر۔اِ۔مذ) وہ سرکاری مُہر شدہ کاغذ کا پُرزہ جو ڈاک کا محصول ادا کرنے کے لئے چٹھیوں پر لگایا جاتا ہے۔

ڈاک گاڑی (اُر۔اِ۔مث) وہ گاڑی جس میں ڈاک جاتی ہے۔ میل گاڑی۔ تیز رو گاڑی۔

ڈاک لگنا (اُر۔ محاورہ)(۱) خطوں اور خبروں کا متواتر آنا (۲) بار بار آنا۔

ڈاک محصول (اُر۔اِ۔مذ) ڈاک کے ٹکٹ۔ ڈاک کا خرچ۔

ڈاک والا (اُر۔اِ۔مذ) ڈاکیا۔ پوسٹ مین۔ چٹھی رساں۔ قاصد۔ ہرکارہ۔

ڈاک (Dock) (انگ۔اِ۔مذ) گودی۔ بندر۔

ڈاک یارڈ (Dockyard) (انگ۔اِ۔مذ) بندرگاہ کے قریب کُھلی جگہ جہاں جہاز کھڑے رہتے ہیں اور اُن کی مرمت وغیرہ ہوتی ہے۔

ڈاکا (ڈا۔کا)(ہ۔اِ۔مذ)(۱) ڈاکوؤں کا حملہ۔ قزاقوں کا دھاوا (۲) راہزنی۔ غارت گری۔ لوٹ مار۔ جمع: ڈاکوں۔ ڈاکے۔

ڈاکا پڑنا (اُر۔ محاورہ) ڈاکوؤں کا یکدم حملہ آور ہونا یا ٹوٹ پڑنا۔

ڈاکا ڈالنا (اُر۔ محاورہ) غارت گری کرنا۔ لوٹ کر لے جانا۔

ڈاکا زنی (اُر۔ف۔اِ۔مث) لوٹ مار۔ غارت گری۔

ڈاکٹر (Doctor) (انگ۔اِ۔مذ) ایلوپیتھی کا طبیب (۲) فاضل۔ علاّمہ (۳) تعلیمی اِعزاز۔ اُردو جمع: ڈاکٹر۔ ڈاکٹروں۔

ڈاکٹرنی (ڈاک۔ٹر۔نی)(اُر۔اِ۔مث) علاج کرنے والی ماہر عورت۔

ڈاکٹری (اُر۔صف) ڈاکٹر سے منسوب۔ ایلوپیتھی سے متعلق۔

ڈاکن (ڈا۔کن)(ہ۔صف) زیادہ کھانے والی۔ پیٹو (عورت)۔

ڈاکو (ہ۔اِ۔مذ)(۱) لُٹیرا۔ راہزن۔ غارت گر۔ ڈکیت۔ قزاق۔ قاطع الطریق۔ جمع: ڈاکو۔ ڈاکوؤں۔

ڈاکیا (ڈاک۔یا)(ہ۔اِ۔مذ) ڈاک والا۔ پوسٹ مین۔ چٹھی رساں۔ ہرکارہ۔ جمع: ڈاکیوں۔ ڈاکیے۔

ڈال (ہ۔اِ۔مث)(۱) درخت کی بڑی شاخ (۲) آبپاشی کا ڈول (۳) تلوار کا پھل۔ تیغ بے قبضہ (۴) ڈالنا مصدر کا امر۔

ڈال جانا (اُر۔ محاورہ) گرا جانا۔ پھینک جانا۔

ڈال دینا (اُر۔ محاورہ) گرا دینا۔ پھینک دینا۔ رکھ دینا۔

ڈال رکھنا (اُر۔ محاورہ) رکھ چھوڑنا۔ دیر لگانا۔ ملتوی رکھنا۔

ڈال کا پکا (اُر۔صف) پیڑ کا پکا ہوا پھل۔

ڈال کا ٹوٹا (اُر۔صف) ڈال سے خود بخود گرا ہوا پھل۔ تازہ اور عُمدہ پھل۔

ڈال والا (اُر۔صف۔و۔اِ۔مذ) شاخوں پر رہنے والا یعنی بندر۔ بوزنہ۔

ڈال (ہ۔اِ۔مذ) وہ چھلا جو فقیر اپنے دائیں پاؤں کے انگوٹھے میں پہنتے ہیں۔

ڈالر (Dollar) (انگ۔اِ۔مذ) ریاست ہائے متحدہ امریکا کا سکہ۔ اُردو جمع: ڈالر۔ ڈالروں۔

ڈالفن (Dolphin) (انگ۔اِ۔مث) ویل کی ایک خاص قسم جو ۶ فٹ ۸ انچ تک لمبی ہوتی ہے۔ یہ بھی ویل کی طرح ایک پستانیہ (ممَمل) بحری جانور ہے۔

ڈالنا (ڈال۔نا)(ہ۔مص)(۱) گرانا۔ پھینکنا (۲) رکھنا۔ دھرنا۔ بنیاد رکھنا۔ ڈول وغیرہ ڈالنا (۳) جوڑنا۔ جمع کرنا (۴) جانور کا حمل گرانا (۵) قے کرنا (۶) پرونا (۷) پہننا (۸) اُڑھانا (۹) ڈھانکنا (۱۰) آشنائی سے بیوی بنا کر گھر لے آنا۔ داشتہ بنانا (۱۱) ملانا۔ لگانا۔

ڈالی (ڈا۔لی)(ہ۔اِ۔مث)(۱) درخت کی چھوٹی شاخ۔ ٹہنی (۲) ٹوکری جس میں پُھول یا پھل سجا کر اُمرا کو پیش کئے جاتے ہیں (۳) چمڑے کی پیٹی۔ جمع: ڈالیاں۔ ڈالیوں۔

ڈالی دینا (پیش کرنا) (اُر۔ محاورہ) حاکموں اور امیروں کو نذر دینا۔

ڈامچا (ڈام۔چا)(ہ۔اِ۔مذ) مچان جو کھیتوں کی رکھوالی کے لئے بناتے ہیں۔

ڈامر (ڈا۔مر)(ہ۔اِ۔مذ) رال۔ چیڑ وغیرہ کا گوند۔ تارکول۔

ڈانٹ (نُون غُنہ)(ہ۔اِ۔مث) جھڑکی۔ دھمکی۔ گھُرکی۔ مصدر ڈانٹنا کا صیغہ اَمر۔

ڈانٹ بتانا (ڈانٹ دینا) (اُر۔ محاورہ) گھُرکنا۔ بلند آواز سے روکنا۔ دھمکی دینا۔

ڈانٹ ڈپٹ (اُر۔اِ۔مث) جھڑکی۔ دھمکی۔

ڈانٹنا (ڈانٹ۔نا)(ہ۔مص) جھڑکنا۔ گھُرکنا (۲) روکنا (۳) ڈرانا۔

ڈانڈ (نُون غُنہ)(ہ۔اِ۔مذ) ڈنڈ۔ تاوان (۲) ناؤ کھینے کا بانس (۳) بغیر چمڑے کا گدکا۔

ڈانڈا (ڈاں۔ڈا)(ہ۔اِ۔مذ)(۱) حد۔ سرحد (۲) لکڑی۔ چھڑی۔ نیزے کی لکڑی (۳) چپو۔ ناؤ کھینے کا بانس (۴) ریڑھ کی ہڈی (۵) کھیت کی مینڈھ (۶) ناپنے کا لمبا پیمانہ (۷) ہولی جلانے کی جگہ۔ جمع: ڈانڈوں۔ ڈانڈے۔

ڈانڈا مینڈا (ہ۔اِ۔مذ)(۱) میل ملاپ۔ ربط ضبط (۲) دو ملکوں کی درمیانی سرحد (۳) دو ہمسروں کی باہمی دُشمنی۔ آویزش۔ عداوت۔

ڈانڈی (ڈاں۔ڈی)(ہ۔اِ۔مذ)(۱) ملاح۔ مانجھی۔ کھویّا (۲)(اِ۔مث) ایک قسم کی پہاڑی سواری جس کے دونوں طرف لکڑی اور بیچ میں دری لگی ہوتی ہے (۳) ترازو کی ڈنڈی۔

ڈانس (ڈانسی) (نُون غُنہ)(ہ۔اِ۔مذ) ایک قسم کا بڑا مچھر (۲) ڈنک۔

ڈانس (Dance) (انگ۔اِ۔مذ) رقص۔ ناچ۔

ڈانسر (Dancer) (انگ۔اِ۔مذ و مث) رقاص۔ رقاصہ۔ ناچنے والا یا ناچنے والی۔

ڈانک (نُون غُنہ)(ہ۔اِ۔مث)(۱) ڈنک (۲) سونے یا چاندی کے ورق کا ٹکڑا جو نگینے کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔

ڈانک جڑنا (اُر۔ محاورہ) سونے چاندی کے ورق کو نگینے کے نیچے رکھنا۔

ڈانگ (نُون غُنہ)(ہ۔اِ۔مث) سب سے اُونچی پہاڑی (۲) پہاڑ کی اُونچی چوٹی (۳) لاٹھی۔ ڈنڈا۔ جمع: ڈانگوں۔ ڈانگیں۔

ڈانگر (ڈانگرا) (ڈاں۔گر)(ڈانگ۔را)(ہ۔اِ۔مذ)(۱) ڈنگر۔ مویشی (۲) مُولی وغیرہ کے پُھول کی ٹہنی (۳) ایک قسم کا پودا (۴)(صف) دُبلا پتلا۔ لاغر۔ فاقہ زدہ (جانور)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈانواں ڈول (ڈاں۔واں۔ڈول) (ہ۔صف) آوارہ۔ سرگرداں۔ پریشان۔ ڈگمگاتا ہوا۔ متذبذب۔

ڈانواں ڈول پھرنا (اُر۔محاورہ) آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا۔

ڈاہ (ہ۔ا۔مث) حسد۔ کینہ۔ عداوت۔ دُشمنی۔

ڈائجسٹ (Digest) (انگ۔ا۔مذ) خُلاصہ۔ اِنتخاب۔

ڈائریکٹ (Direct) (انگ۔صف) سیدھا۔ راست۔ بغیر کسی واسطے کے۔ بلاواسطہ (۲) مستقیم۔ بخطِ مستقیم۔

ڈائریکٹ ایکشن (Direct Action) (انگ۔ا۔مذ) راست اِقدام۔ عملی اِحتجاج۔

ڈائریکٹر (Director) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ناظم۔ مہتمم۔ نگران۔ تجارتی کمپنی کی جماعتِ منتظمہ کا رُکن (۲) تھیٹر وغیرہ کا ہدایت کار۔ اُردو جمع: ڈائریکٹر۔ ڈائریکٹروں۔

ڈائریکٹری (Directory) (انگ۔ا۔مث) (۱) دستورُ العمل۔ کوائف نامہ (۲) ایک کتاب جس میں کسی ملک یا ممالک کے خاص پیشہ وروں عُہدیداروں یا فرموں اور کارخانوں کے نام اور پتے درج ہوں (۳) فرانس میں پانچ حاکموں کی اِنقلابی مجلس عاملہ جو ۱۷۹۵ء سے ۱۷۹۹ء تک حکومت کرتی رہی۔

ڈائری (Diary) (انگ۔ا۔مث) روزنامچہ۔ یادداشت لکھنے کی کاپی۔ اُردو جمع: ڈائریاں۔ ڈائریوں۔

ڈائس (Dias) (انگ۔ا۔مذ) چبوترا۔ شہ نشین۔

ڈائل (Dial) (انگ۔ا۔مذ) گھڑی کا چہرہ (۲) ٹیلی فون کا نمبر ملانے کا حلقہ یا چکّر۔

ڈائلاگ (Dialogue) (انگ۔ا۔مذ) مکالمہ۔ گفت گو۔

ڈائمنڈ (Diamond) (انگ۔ا۔مذ) الماس۔ ہیرا۔

ڈائمنڈ جوبلی (Diamond Jubilee) (انگ۔ا۔مث) ساٹھ سالہ جشن۔

ڈائن (ڈا۔اِن) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے ڈاین۔

ڈائنامائٹ (Dynamite) (انگ۔ا۔مذ) بارودی سُرنگ جس سے پہاڑی یا عمارت وغیرہ اُڑائی جاتی ہے۔

ڈائنا (Diana) (انگ۔ا۔مث) پاک دامنی شکار اور چاند کی رومی دیوی۔

ڈائنمو (Dynamo) (انگ۔ا۔مذ) برقی رو پیدا کرنے والی مشین۔

ڈائننگ ہال (Dining Hall) (انگ۔ا۔مذ) کھانا کھانے کا وسیع کمرا۔

ڈاؤ (ق۔ا۔مذ) بایاں ہاتھ۔ بائیں طرف۔

ڈائنوسار (Dinosaur) (یو۔ا۔مذ) لغوی معنی خوف ناک چھپکلی۔ ہاتھی سے دوگنی تگنی جسامت کے ہیبت ناک جانور جو ۲۰۰ ملین سال قبل زمین پر رہتے تھے۔ تقریباً ڈیڑھ دو کروڑ سال تک جانوروں کی یہ نسل زندہ رہی اور پھر بالکل ناپید ہو گئی۔ اُردو جمع: ڈائنوسار۔ ڈائنوساروں۔

ڈایاگرام (Diagram) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ہندسہ۔ شکل (۲) خاکہ۔ نقشہ۔

ڈاین (ڈا۔یَن) (ڈا۔ئِن) جادوگرنی۔ چڑیل جو بچّوں کا کلیجا کھا جاتی ہے۔ جمع: ڈاینوں۔ ڈاینیں۔

ڈاین بھی دس گھر چھوڑ کر کھاتی ہے (اُر۔مثل) بدمعاش سا بدمعاش بھی پڑوسیوں کو نہیں ستاتا۔

ڈاین کو بھی داماد پیارا (اُر۔مثل) بُری اور بدمزاج عورت بھی داماد کی خاطر تواضع کرتی ہے۔

ڈاین کھائے تو مُنہ لال، نہ کھائے تو مُنہ لال (اُر۔مثل) ظالم بہرحال ظالم ہوتا ہے۔

ڈ ۔ ب

ڈَب (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) جیب۔ تہ بند کا اُوپر کا سرا جو کمر میں اُڑس لیتے ہیں (۲) قابو۔ قبضہ۔ طاقت۔ زور۔ حکومت (۳) کُپّے بنانے کا چمڑا (۴) گردن کا پچھلا حصّہ (۵) ڈور۔ دھاگا۔

ڈبّا (ڈب۔با) (ہ۔ا۔مذ) ڈھکنے والا چھوٹا صندوقچہ (۲) پسلی کا عارضہ جو اکثر بچّوں کو ہوتا ہے۔ جمع: ڈبّوں۔ ڈبّے۔

ڈبانا (ق۔مص) ڈبونا۔

ڈباؤ (ڈ۔با۔او) (ہ۔صف) آدمی کے قد سے زیادہ پانی جس میں وہ ڈوب جائے۔

ڈبڈبانا (ڈب۔ڈبا۔نا) (ہ۔مص) آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔

ڈبرا (ڈب۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ڈابر۔ پانی جمع ہونے کی نشیبی جگہ (۲) گڑھا۔

ڈبکا (ڈب۔کا) (ہ۔ا۔مذ) کنوئیں سے نکالا ہوا تازہ پانی (۲) خوف۔ خطرہ۔

ڈبکانا (ڈب۔کا۔نا) (ق۔مص) دبانا۔ زیر کرنا۔

ڈبکی (ڈب۔کی) (ہ۔ا۔مث) غوطہ۔ جمع: ڈبکیاں۔ ڈبکیوں۔

ڈبگر (ڈب۔گر) (ہ۔ا۔مذ) چمڑے کی ترازو بنانے والا (۲) ایک قوم۔

ڈبل (Double) (انگ۔صف) دوچند۔ دوگنا۔ دوہرا۔ موٹا۔ دوپرت کا۔

ڈبل پیسا (اُر۔ا۔مذ) دو پیسے کے برابر تانبے کا بڑا سِکّہ جو انگریزی عہد میں رائج تھا۔ اِسے صرف ڈبل بھی کہتے تھے۔

ڈبل روٹی (اُر۔ا۔مث) نان پاؤ۔ خمیری انگریزی روٹی۔

ڈبل کوچ (اُر۔ا۔مذ) جلد جلد چلنا۔ دُگنی منزل طے کرنا۔

ڈبل مارچ (Double march) (انگ۔ا۔مذ) فوجی قواعد کے مطابق تیز چلنا۔

ڈبنچر (Debenture) (انگ۔ا۔مذ) وہ دستاویز جو کوئی کمپنی روپیہ قرض لیتے وقت دیتی ہے۔ اِس کا اندراج ۲۱ دن کے اندر رجسٹرار کے دفتر میں ہونا ضروری ہے۔

ڈبونا (ڈُ۔بو۔نا) (ہ۔مص) غوطہ دینا۔ پانی میں غرق کرنا (۲) تباہ و برباد کرنا۔

ڈبّی (ڈب۔بی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹی ڈبیا۔ ڈبّا کی تصغیر۔

ڈبیا (ڈب۔یا) (ہ۔ا۔مث) چھوٹی صندوقچی۔ چھوٹا ڈبّا۔ ڈبّی۔ جمع: ڈبیاں۔ ڈبیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈ۔پ

ڈپارٹمنٹ (Department) (انگ۔ا۔مذ) محکمہ۔ سررشتہ۔ شعبہ۔

ڈپازٹ (Deposit) (انگ۔ا۔مذ) جمع کرنا۔

ڈپٹ (ڈ۔پٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) دھمکی (۲) تیز رفتاری (۳) حملہ (۴) گھوڑے کی دوڑ۔

ڈپٹانا (ڈپ۔ٹا۔نا) (ہ۔مع) تیز گھوڑا دوڑانا۔

ڈپٹنا (ڈ۔پٹ۔نا) (ہ۔مع) (۱) دوڑنا (۲) تیز دوڑنا (۳) غصّہ ظاہر کرنا (۴) دھمکانا (۵) حملہ کرنا (۶) ڈانٹنا۔

ڈپٹی (Deputy) (انگ۔ا۔مذ) نائب۔ مددگار۔

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (Deputy Superintendent Police) (انگ۔ا۔مذ) سپرنٹنڈنٹ پولیس کا نائب۔ پولیس کا ایک افسرِ اعلیٰ جو محکمہ پولیس کے ایک سب ڈویژن کا حاکم ہوتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر (Deputy Commissioner) (انگ۔ا۔مذ) کمشنر کا نائب۔ کلکٹر۔

ڈپلوما (Diploma) (انگ۔ا۔مذ) سند۔ جامعہ کی سند۔ اعزازی سند۔

ڈپلومیٹ (Diplomat) (انگ۔ا۔مذ) فنِ سفارت کا ماہر (۲) موقع شناسی سے کام لینے والا۔ زمانہ ساز۔

ڈپلومیسی (Diplomacy) (انگ۔ا۔مث) فنِ سفارت۔ سیاسی حکمتِ عملی۔ سیاسی جوڑ توڑ۔

ڈپو (Dipot) (انگ۔ا۔مذ) گودام۔ ذخیرہ۔ تجارتی کوٹھی۔

ڈپوٗ (ڈپ۔پوٗ) (ہ۔صف و ا۔مذ) (۱) بہت بڑا۔ بہت موٹا (۲) امین۔ گماشتہ (۳) مددگار۔ معاون۔

ڈپوٹیشن (Deputation) (انگ۔ا۔مذ) وفد۔ وہ جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے بھیجی جائے (۲) وہ عہدے دار جو اپنے محکمے سے کسی دوسری جگہ عاریتاً بھیجا جائے۔

ڈ۔ٹ

ڈٹ (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) زور۔ شدّت (۲) ڈٹنا مصدر کا صیغۂ امر۔

ڈٹ جانا (ار۔ محاورہ) جم کر بیٹھ جانا۔ مقابلے پر تیار ہو جانا۔

ڈٹ کر کھانا (ار۔ محاورہ) خوب سیر ہو کر کھانا۔

ڈٹنا (ڈٹ۔نا) (ہ۔مع) ٹھہرنا۔ رُکنا۔ دیر تک ٹھہرے رہنا۔ مقابلے پر جم جانا۔

ڈٹھ بند (ڈٹھ۔بند) (ہ۔ا۔مذ) جادوگر۔ ساحر۔ کرتب دکھانے والا۔

ڈٹھیارا (ڈٹھ۔یا۔را) (ہ۔ا۔مذ) بینا۔ جو دیکھ سکے۔

ڈٹھیاری (ڈٹھ۔یا۔ری) (ہ۔ا۔مث) آنکھوں والی عورت (۲) ایک قسم کی پہیلی۔

ڈٹے رہنا (ار۔ محاورہ) جگہ سے نہ ہلنا۔ جم کر بیٹھ جانا۔

ڈ۔ر

ڈر (بالفتح) (ہ۔ا۔مذ) خوف۔ اندیشہ۔ خطرہ۔

ڈر ٹوٹ جانا (ار۔ محاورہ) جھجک مِٹ جانا۔ خوف دُور ہو جانا۔

ڈر ڈر کے پاؤں رکھنا (ار۔ محاورہ) جھجکتے ہوئے آگے بڑھنا۔

ڈر کے مارے (ار۔ متعلق فعل) خوف کی وجہ سے۔

ڈر لگنا (ار۔ محاورہ) خوف معلوم ہونا۔

ڈر نکل جانا (ار۔ محاورہ) خوف جاتا رہنا۔ بے خوف ہو جانا۔

ڈراپ سین (Dropscene) (انگ۔ا۔مذ) (ڈراما) ایکٹ کے خاتمے کا پردہ (۲) ڈرامے کا خاتمہ یا آخری منزل۔

ڈراپر (Droper) (انگ۔ا۔مذ) شیشے کی نلی جس کے ایک طرف ربڑ کی ٹوپی ہوتی ہے جس سے سیّال چیز قطرہ قطرہ ٹپکاتے ہیں۔

ڈرا سو مرا (ار۔ مثل) ڈرنے والا نقصان اُٹھاتا ہے۔

ڈرافٹ (Draft) (انگ۔ا۔مذ) (۱) خاکہ۔ مسودہ (۲) روپیہ ادا کرنے کی تحریری درخواست جو ایک بینک دوسرے بینک سے کرتا ہے۔ ہُنڈی۔

ڈرافٹسمین (ڈرافسمین) (Draftsman) (انگ۔ا۔مذ) نقشہ نویس۔ خاکہ بنانے والا (۲) مسودہ نویس۔

ڈرالو (ڈ۔را۔لو) (ق۔صف) ڈرپوک۔

ڈراما (Drama) (انگ۔ا۔مذ) سوانگ۔ ناٹک۔ تمثیل۔ نقل۔ نظم یا نثر کا وہ شہ پارہ جو انسانی زندگی کے کسی پہلو کی عکّاسی کرے اور جسے اسٹیج کیا جا سکے۔ اُردو جمع: ڈراموں۔ ڈرامے۔

ڈراما نگار (نویس) (انگ۔ف۔صف فاعلی) ڈراما لکھنے والا۔

ڈرامائی (ار۔صف) (۱) ڈراما سے منسوب (۲) حیرت انگیز۔ خلافِ توقّع۔

ڈرانا (ڈ۔را۔نا) (ہ۔مع) دھمکانا۔ دھمکی دینا۔ خوف زدہ کرنا۔

ڈراوا (ڈ۔را۔وا) (ہ۔ا۔مذ) خوف۔ ڈر۔ دھمکی۔

ڈرائنگ (Drawing) (انگ۔ا۔مث) نقشہ کشی۔ نقشہ۔ خاکہ۔ تصویر جو بے رنگ یا ایک رنگ کی ہو۔

ڈرائنگ رُوم (Drawing Room) (انگ۔ا۔مذ) گول کمرا۔ دیوان خانہ۔ ملاقات کا کمرا۔

ڈرائنگ ماسٹر (Drawing Master) (انگ۔ا۔مذ) نقشہ کشی یا تصویر کشی سکھانے والا اُستاد۔

ڈراؤنا (ڈرا۔او۔نا) (ہ۔صف) خوفناک۔ بھیانک جسے دیکھ کر ڈر آئے۔

ڈراؤنی (ہ۔صف) ڈراؤنا کی تانیث۔

ڈرائی (Dry) (انگ۔صف) سُوکھا۔ خشک۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈرائی کلیننگ (Drycleaning)(انگ۔ا۔مث) خشک شوئی۔ کپڑوں کو پانی کے بغیر کیمیاوی اَدویہ سے صاف کرنا۔

ڈرائیور (Driver) (انگ۔ا۔مذ) گاڑی چلانے والا۔ گاڑی ہانکنے والا۔ گاڑیبان۔ کوچ بان۔ اُردو جمع: ڈرائیور۔ ڈرائیوروں۔

ڈربی (Derby) (انگ۔ا۔مث) اِنگلستان کی سالانہ گھڑ دوڑ جسے لارڈ ڈربی نے ۱۷۸۰ء میں شروع کیا۔

ڈرتے ڈرتے (اَر۔متعلق فعل) جھجکتے ہوئے۔ ڈرتے ہوئے۔ محتاط طریقے سے۔

ڈرپوک (ڈر۔پوک)(ہ۔صف) بُزدل۔ کم ہمت۔ بودا۔

ڈرگ (Drug) (انگ۔ا۔مذ) مُفرد دوا۔

ڈرگسٹ (Druggist) (انگ۔ا۔مذ) دوا فروش۔ دوا ساز۔ عطّار۔

ڈرِل (Drill) (انگ۔ا۔مث) فوجی تربیت۔ قواعد۔

ڈرل ماسٹر (Drill Master)(انگ۔ا۔مذ) قواعد سکھانے والا اُستاد۔

ڈرم (Drum) (انگ۔ا۔مذ)(۱) ڈھول۔ نقارہ۔ تاشہ (۲) کان کا پردہ (۳) بڑا پیپا۔ اُردو جمع: ڈرم۔ ڈرموں۔

ڈرنا (ڈر۔نا)(ہ۔مص) خوف کھانا۔ دھمکی میں آنا۔

ڈریجر (Dredger)(انگ۔ا۔مذ) ایک بحری جہاز جو سمندر وغیرہ میں سے کیچڑ نکالتا ہے۔

ڈریرا (ڈ۔رے۔را)(ہ۔ا۔مذ) مینہ کی بوچھاڑ۔ بہت زور کی بارش۔

ڈریس (Dress) (انگ۔ا۔مذ) لباس۔ پوشاک۔

ڈریسنگ (Dressing) (ڈ۔رے۔سِنگ) (انگ۔ا۔مث) (۱) کپڑے پہننا (۲) مرہم پٹی۔

ڈریسنگ ٹیبل (Dressing Table) (انگ۔ا۔مذ) سنگار میز۔

ڈریسنگ رُوم (Dressing Room) (انگ۔ا۔مذ) کپڑے پہننے کا کمرا۔

ڈریسنگ گون (Dressing Gown) (انگ۔ا۔مذ) ایک ڈھیلا ڈھالا چغہ جو صبح اُٹھ کر یا نہانے کے بعد پہنا جاتا ہے۔

ڈریسی (ڈ۔رے۔سی)(ہ۔ا۔مث) روڑی کو ایک جیسا کر کے بچھانا (۲) نہر کے کناروں پر مٹی کو دُرست طریقے سے جمانا۔ (پ) درسی۔

ڈریں لومڑی سے نام دِلیر خاں (اَر۔مثل) نام کے برعکس کام۔ برعکس نہند نام زنگی کافور۔

ڈ ۔ ڑ

ڈِڑھ (بکسرِ اوّل)(ہ۔صف) ڈیڑھ کا مخفف۔

ڈڑھ پوّا (ہ۔ا۔مذ) ڈیڑھ پاؤ کا باٹ۔

ڈڑھ پئی (ہ۔ا۔مث) ڈڑھ پوّا کی تانیث۔

ڈُڑھ (ہ۔ا۔مث) ڈاڑھی کا مخفف۔

ڈڑھیالا (ڈڑھیل) (ڈڑھ۔یالا) (ڈڑھ۔یَل) (ہ۔صف) لمبی اور گھنی ڈاڑھی والا۔

ڈ ۔ ز

ڈَز (بفتحۂ اوّل)(اَر۔ا۔مث) پستول یا بندوق چلنے کی آواز۔

ڈز کرنا (اَر۔محاورہ) گولی مار دینا (۲) بندوق چلانا۔

ڈ ۔ س

ڈَس (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) ترازو کی ڈوری جس میں پلڑے بندھے ہوتے ہیں (۲) ڈسنا مصدر کا اَمر۔

ڈسا ہُوا (اَر۔صف) سانپ کا کاٹا ہوا۔

ڈسا ہوا پانی نہیں مانگتا (اَر۔مثل) بڑا ظالم ہے۔ جس کا دُشمن ہو جائے اُسے تباہ کر دیتا ہے۔

ڈِسپلن (Discipline) (انگ۔ا۔مذ) اِنضباط۔ ضبط و نظم۔

ڈِسپنسر (Dispenser)(انگ۔ا۔مذ) نسخے کے مطابق دوا بنانے والا۔ دوا ساز۔

ڈِسپنسری (Dispensary) (انگ۔ا۔مذ)(۱) چھوٹا شفاخانہ (۲) دواخانہ۔

ڈِسپیچ (Despatch) (انگ۔ا۔مذ)(۱) روانگی۔ اِرسال (۲) مراسلہ۔ سرکاری رُوبکار۔

ڈسپیچ رجسٹر (Despatch Register) (انگ۔ا۔مذ) وہ رجسٹر جس میں باہر بھیجنے والی چٹھیوں کا اندراج ہو۔

ڈِسٹرکٹ (District) (انگ۔ا۔مذ) ضلع۔

ڈسٹرکٹ بورڈ (کونسل) (انگ۔ا۔ پہلا مذ۔ دُوسرا مث) ضلعی اُمور کا اِنتظام کرنے والی منتخب نمایندوں کی جماعت۔

ڈسٹرکٹ فنڈ (District Fund)(انگ۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو ڈسٹرکٹ بورڈ کے کاموں کے لئے ڈسٹرکٹ بورڈ کی تحویل میں رہتا ہے۔

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (District Magistrate) (انگ۔ا۔مذ) ڈپٹی کمشنر بحیثیت مجسٹریٹ۔

ڈِسٹری بیوٹر (Distributor) (انگ۔ا۔مذ) تقسیم کار۔ وہ شخص یا اِدارہ جو تقسیم کاری کا کام کرے۔

ڈِسٹلری (Distillery) (انگ۔ا۔مث) شراب کا کارخانہ۔ بھٹی۔

ڈِسٹمپر (Distemper) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا روغن جو دیواروں پر چونے کی جگہ پھیرا جاتا ہے۔ چونے کی سفیدی عارضی ہوتی ہے اور ڈس ٹمپر دیرپا۔

ڈِسچارج (Discharge)(انگ۔ا۔مذ)(۱) برطرفی (۲) رہائی (۳) اِخراج۔

ڈِسک (Desk) (انگ۔ا۔مذ) ڈھلواں میز۔

ڈِسکاؤنٹ (Discount) (انگ۔ا۔مذ) کمیشن۔ کٹوتی۔ بٹا۔

ڈِسکس (Discus) (انگ۔ا۔مذ) دھات یا پتھر کا ایک طشت نما بھاری

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قُرص جو قدیم رومی اور یونانی جسمانی کسرت میں اِستعمال کرتے تھے۔ اِس کو ایک ہاتھ سے پھینکا جاتا تھا اور جس کا قُرص دُور جاتا تھا وہ جیت جاتا تھا۔ یہ کھیل جدید اولمپک کھیلوں میں شامل ہے۔

ڈِسمِس (Dismiss) (انگ۔ صف) خارج۔ معزول۔ برطرف۔

ڈَسنا (ڈس۔نا)(ہ۔مص) کسی زہریلے جانور کا کاٹنا۔ سانپ کا کاٹنا۔

ڈ۔ش

ڈِش (Dish) (انگ۔ا۔مث) (۱) رکابی۔ قاب۔ تھالی۔ طشتری (۲) کھانا۔ طعام۔ خاص قسم کا کھانا۔

ڈُشٹ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) دیکھیے دُشٹ۔

ڈ۔ف

ڈَف (ار۔ا۔مذ) دیکھیے دف۔

ڈفالی (ڈفالچی) (ار۔ا۔مذ) دیکھیے دفالی۔

ڈفر (Duffer) (انگ۔ صف) نالائق۔ بے کار۔ بے وقوف۔

ڈفلی (ڈف۔لی)(ار۔ا۔مث) چھوٹا دف۔ جمع: ڈفلیاں۔ ڈفلیوں۔

ڈ۔ک

ڈُک (بضمِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) مُکّا۔ گھونسا۔

ڈکار (ڈ۔کار)(ہ۔ا۔مث) معدے کی وہ ہوا جو مُنہ کے راستے خارج ہو۔ جمع: ڈکاروں۔ ڈکاریں۔

ڈکار جانا (ار۔ محاورہ) کسی کے مال کو ہضم کر جانا۔ خیانت کرنا۔

ڈکار لینا (ار۔ محاورہ) دیکھیے ڈکارنا نمبر ا۔ (ڈکار مارنا خلافِ محاورہ ہے)۔

ڈکار نہ لینا (ار۔ محاورہ) ہضم کر جانا۔ کسی چیز کا پتا نہ لگنے دینا۔

ڈکارنا (ڈ۔کار۔نا)(ہ۔مص)(۱) معدے کی ہوا مُنہ سے خارج کرنا (۲) مال ہضم کر جانا۔ خیانت کرنا (۳) دھاڑنا۔ گرجنا۔ شیر کا بولنا۔

ڈک بِل (Duck Bill) (انگ۔ا۔مذ) ایک انڈے دینے والا پستانیہ (ممَل)۔ آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے۔

ڈِکٹیٹر (Dictator) (انگ۔ا۔مذ) آمر۔ حاکمِ مطلق۔ مطلق العنان حکمران۔ آئینی حدود سے متجاوز اِختیارات کا مالک۔ اُردو جمع: ڈکٹیٹر۔ ڈکٹیٹروں۔

ڈکٹیشن (Dictation) (انگ۔ا۔مث)(۱) ہدایت (۲) اِملا۔

ڈُکرا (ڈک۔را)(ہ۔ا۔مذ) بوڑھا آدمی (۲) زہر۔

ڈکرانا (ڈک۔را۔نا)(ہ۔مص)(۱) گائے کا بولنا (۲) چلّانا۔ فریاد کرنا۔

ڈُکریا (ڈک۔ریا)(ہ۔ا۔مث) بوڑھی عورت۔ ضعیفہ۔

ڈکشنری (Dictionary) (انگ۔ا۔مث) دیکھیے لُغت۔

ڈَکوت (ڈ۔کوت)(ہ۔ا۔مذ) ایک ہندو قوم جس کے افراد باپ کی طرف سے برہمن اور ماں کی طرف سے گوالے ہوتے ہیں (۲) نیچ برہمن۔

ڈکوسنا (ڈ۔کوس۔نا)(ہ۔مص) غٹاغٹ پی جانا (کلمۂ تحقیر)۔

ڈِکی (ڈک۔کی)(ہ۔ا۔مذ) حملہ۔ ہلّا۔ دھاوا۔ یورش۔

ڈِکی (Dicky) (انگ۔ا۔مث)(۱) گھوڑا گاڑی کے پیچھے نوکر کے بیٹھنے کی جگہ (۲) موٹر کار کے پیچھے سامان رکھنے کی جگہ۔

ڈکیت (ڈ۔کیت)(ہ۔ا۔مذ) لٹیرا۔ ڈاکو۔ بٹ مار۔ جمع: ڈکیت۔ ڈکیتوں۔

ڈکیتی (ڈ۔کے۔تی)(ہ۔ا۔مث) قزاقی۔ راہ زنی (۲) پانچ یا پانچ سے زیادہ آدمیوں کا ڈاکا ڈالنا۔ جمع: ڈکیتیاں۔ ڈکیتیوں۔

ڈ۔گ

ڈَگ (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) لمبا قدم۔ (بکسرِ اوّل بھی صحیح ہے)۔

ڈگ بھرنا (ار۔ محاورہ) لمبے قدم اُٹھانا۔ تیز چلنا۔

ڈُگ (بضمِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) مُکّا۔ گھونسا۔

ڈگانا (ڈ۔گا۔نا)(ہ۔مص) جگہ سے ہٹانا۔ گرانا۔ پھسلانا۔

ڈگڈگا کر پانی پینا (ار۔ محاورہ) ایک دَم بہت سا پانی پینا۔ بڑے بڑے گھونٹ لے کر پانی پینا۔

ڈگڈگانا (ڈگ۔ڈ۔گا۔نا)(ہ۔مص) بڑے بڑے گھونٹ لینا۔ ایک سانس میں پی جانا۔

ڈُگڈُگی (ڈگ۔ڈ۔گی)(ہ۔ا۔مث)(۱) بندر نچانے والوں کی ڈفلی۔ ڈمرُو (۲) ڈونڈی۔ ڈھنڈورا۔

ڈگڈگی بجانا (ار۔ محاورہ) ڈھنڈورا پیٹنا۔ تشہیر کرنا۔ ڈفلی بجانا۔

ڈگر (ڈ۔گر)(ہ۔ا۔مث) راستہ۔ راہ۔ سڑک (۲) روش۔ اَنداز۔ طرز۔

ڈگر بتانا (ار۔ محاورہ) راستہ بتانا (۲) ہدایت کرنا۔

ڈگرا (ڈگ۔را)(ہ۔ا۔مذ) ٹوکرا۔ بانس کا بڑا سا چھابا۔

ڈگرنا (ڈ۔گر۔نا)(ہ۔مص) چلا جانا۔ رفوچکر ہونا۔

ڈِگری (Degree) (انگ۔ا۔مث)(۱) کامیابی کی سند (۲) درجہ۔ منزل۔

ڈگری کالج (انگ۔ا۔مذ) وہ کالج جہاں بی۔ اے اور اُس سے اُوپر کی تعلیم دی جاتی ہو۔

ڈگری (ڈگ۔ری) (ار۔ا۔مث) انگریزی Decree کا بگڑا ہوا۔ علم۔ عدالتی فیصلہ۔ جمع: ڈگریاں۔ ڈگریوں۔

ڈگری اجمالی (ار۔ا۔مث) مشترک ڈگری۔

ڈگری اقبالی (ار۔ا۔مث) اِقبال پر دی ہوئی ڈگری۔

ڈگری پانا (ار۔ محاورہ) مقدمہ جیتنا۔ قطعی فیصلہ حاصل کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈگری جاری کرنا (اُر۔ محاورہ) حکم دینا۔ فیصلہ کرنا۔
ڈگری دار (اُر۔ ف۔ صف) وہ شخص جس نے ڈگری حاصل کی ہو یا جس کے حق میں فیصلہ ہوا ہو۔
ڈگمگ (ڈگ۔ مگ) (ہ۔ صف) ہلتا ہوا۔ ڈولتا ہوا۔ لرزاں۔ کانپتا ہوا۔
ڈگمگانا (ڈگ۔ مَ۔ گا۔ نا) (ہ۔ مص) ڈولنا۔ کانپنا۔ ہلنا۔ لرزنا۔ لڑکھڑانا۔
ڈگن (ڈ۔ گن) (ہ۔ ا۔ مذ) مچھلی کے شکار کا ایک آلہ۔
ڈگنا (ڈگ۔ نا) (ہ۔ مص) سرکنا۔ ہٹنا۔ جگہ سے کھسکنا۔ بے جگہ ہونا۔ پھسل کر نیچے گرنا۔
ڈگی (ڈگ۔ گی) (ہ۔ ا۔ مث) اعلان۔ ڈھنڈورا۔
ڈگے ڈگ (ق۔ متعلق فعل) قدم قدم۔ قدم قدم پر۔

ڈ۔ ل

ڈل (بفتحہ اول) (ہ۔ ا۔ مذ) دستہ۔ گروہ (۲) دولت (۳) سوکھا کنواں۔
ڈلا (ڈ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بڑا سا ٹکڑا (۲) بڑے حجم کی چیز (۳) ڈھیلا۔ جمع: ڈلوں۔ ڈلے۔
ڈلّا (ڈل۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا (۲) ٹوکرا جو شادی کے دن دولھا کے ساتھ دُلہن کے ہاں آتا ہے (۳) (مث) کٹنی۔ فریبی عورت۔
ڈلانا (ڈ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) ہلانا۔ جنبش دینا۔ پھرانا (۲) حیران کرنا۔
ڈلاؤ (ڈ۔ لا۔ او) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کوڑا۔ کچرا۔ غلاظت (۲) غلاظت پھینکنے کی جگہ۔ گھورا۔
ڈلک (ڈ۔ لک) (ہ۔ ا۔ مث) چمک دمک۔ آب و تاب۔
ڈلکنا (ڈ۔ لک۔ نا) (ہ۔ مص) چمکنا۔ دمکنا۔ جگمگانا۔
ڈلنا (ڈل۔ نا) (ہ۔ مص) گرنا۔ کسی چیز میں پڑنا۔
ڈلیوری (Delivery) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) وضع حمل (۲) ڈاک کی تقسیم (۳) کسی چیز کی تفویض۔
ڈلی (ڈ۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کسی چیز کا ٹکڑا (۲) کھرما۔ بالو شاہی یا مصری کا ٹکڑا۔ جمع: ڈلیاں۔ ڈلیوں۔
ڈلیا (ڈل۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹی ٹوکری۔ جمع: ڈلیاں۔ ڈلیوں۔

ڈ۔ م

ڈم (Dim) (انگ۔ صف) دُھندلا۔ پھیکا۔ بے نور۔ مدھم۔
ڈمرو (ڈم۔ رو) (ہ۔ ا۔ مذ) ڈگڈگی۔
ڈمی (Dummy) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) جعلی یا مصنوعی چیز۔ جھوٹ موٹ کا پتلا (۲) (تاش) فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ہے اور اُس کا ساتھی اُسے کھیلتا ہے (۳) اخبار یا کتاب کا نمونہ۔ اُردو جمع: ڈمیاں۔ ڈمیوں۔

ڈ۔ ن

ڈنٹھل (ڈن۔ ٹھل) (ہ۔ ا۔ مذ) جڑوں والی سبزی کی وہ شاخ جس پر پھول آتے ہیں (۲) ٹہنی۔ شاخ۔ جمع: ڈنٹھل۔ ڈنٹھلوں۔
ڈنڈ (بفتحہ اول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ڈنٹر۔ بازو (۲) ایک قسم کی ورزش جو پہلوان کرتے ہیں (۳) محصول۔ ٹیکس (۴) جرمانہ۔ تاوان۔ جمع: ڈنڈ۔ ڈنڈوں۔
ڈنڈ بھرنا (اُر۔ محاورہ) جرمانہ دینا۔ تاوان بھرنا۔
ڈنڈ پیل (اُر۔ صف) ڈنڈ پیلنے والا۔ وہ پہلوان جو صرف ڈنڈ پیلنے کی ورزش کرتا ہو۔
ڈنڈ پیلنا (اُر۔ محاورہ) ڈنڈوں کی ورزش کرنا۔
ڈنڈ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) محصول لگانا۔ ٹیکس عائد کرنا (۲) کسی کے ذمے جرمانہ اور تاوان ڈالنا۔
ڈنڈا (بفتحہ اول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہاتھ میں رکھنے کا سونٹا۔ لاٹھی۔ عصا (۲) جھنڈے کی لکڑی (۳) چار دیواری (۴) احاطہ (۵) سیڑھی کی لکڑی جس پر پاؤں رکھ کر چڑھتے ہیں۔ جمع: ڈنڈوں۔ ڈنڈے۔
ڈنڈا ڈولی کرنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے اُوپر اٹھا لینا۔
ڈنڈا کھینچنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دیوار کھینچنا (۲) جدا کرنا (۳) حد مقرر کرنا۔
ڈنڈوت (ڈن۔ ڈوت) (ہ۔ ا۔ مذ) سجدہ۔ جبہ سائی۔ ماتھا ٹیکنا (۲) آداب۔ تسلیم۔ بندگی۔
ڈنڈوکا (بفتحہ اول) (نون غنہ) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) ٹوٹی ہوئی تلوار جس کے پھل کا ذرا سا ٹکڑا دستے میں لگا رہ جائے۔
ڈنڈی (بفتحہ اول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دستہ۔ قبضہ۔ ہتھی (۲) وہ لکڑی جس میں ترازو کے دونوں پلڑے ڈوری سے آویزاں ہوتے ہیں (۳) ہار سنگار کے پھولوں کا سُرخی مائل حصہ (۴) آلۂ تناسل (۵) ایک قسم کی بالی (۶) چھوٹا راستہ۔ پگ ڈنڈی (۷) لکیر۔ دھاری۔ جمع: ڈنڈیاں۔ ڈنڈیوں۔
ڈنڈی مارنا (اُر۔ محاورہ) چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی کو جھکا دینا اور وزن کم تولنا۔
ڈنڈے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ڈنڈا کی جمع (۲) ڈنڈا کی بدلی ہوئی شکل۔
ڈنڈے بجاتے پھرنا (اُر۔ محاورہ) بیکار پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔
ڈنڈیا (ڈنڈ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) بازار کی آمدنی وصول کرنے والا۔
ڈنر (Dinner) (انگ۔ ا۔ مذ) عشائیہ۔ رات کا کھانا۔
ڈنٹر (بفتحہ اول) (نون غنہ) (ر ساکن) (ہ۔ ا۔ مذ) ڈنڈ۔ بازو۔
ڈنک (بفتحہ اول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) خار۔ بھڑ، بچھو وغیرہ کا زہریلا کانٹا۔ نیش (۲) نِب۔ لوہے کا قلم۔
ڈنک مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی زہریلے جانور کا کاٹنا (۲) کسی دُشمن کا آزار پہنچانا۔
ڈنکا (بفتحہ اول) (نون غنہ) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) نقارہ بجانے کی لکڑی (۲) نقارہ (۳) شہرت۔ جمع: ڈنکوں۔ ڈنکے۔
ڈنکا بجنا (اُر۔ محاورہ) دھوم مچنا۔ شہرت ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈنکا ڈالنا (اَر۔ محاورہ) مُرغ لڑانا۔ مُرغ کا دُوسرے مُرغ کو چونچ مارنا۔
ڈنکا ہونا (اَر۔ محاورہ) نقارہ بجنا۔ (بادشاہ کی سواری کے آگے)۔
ڈنکے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ڈنکا کی جمع (۲) ڈنکا کی مُغیّرہ صورت۔
ڈنکے کی چوٹ کہنا (اَر۔ محاورہ) علی الاعلان کہنا۔ کُھلم کُھلا کہنا۔
ڈنگر (مفتوحہ اوّل وسوم) (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) مویشی۔ حیوان۔ چوپائے۔
ڈنگیا (ڈنگ۔یا) (ہ۔ ا۔ مث) پانی نکالنے کا دستے والا برتن (۲) چھوٹی کشتی۔ ڈونگا۔

ڈ ـ و

ڈوا (ڈُوا) (ہ۔ ا۔ مذ) لکڑی کا بڑا چمچہ۔ بڑی ڈوئی۔
ڈوائڈر (Divider) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) قاسم۔ تقسیم کار (۲) (ریاضی) مقسوم علیہ (۳) پرکار۔
ڈوب (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) قلم کو روشنائی سے تر کرنا (۲) نشیب کی زمین جو پانی میں ڈوبی رہتی ہے۔
ڈُوب (واو معروف) (ہ۔ صف) ڈوبنا مصدر کا صیغہ امر۔
ڈوب جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) غرق ہو جانا۔ دریا میں بہ جانا (۲) غائب ہو جانا (۳) روپیہ ضائع ہو جانا (۴) تباہ و برباد ہو جانا (۵) رُسوا ہونا۔ ناکام ہونا۔
ڈوب کر اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) غوطہ کھا کر اُبھرنا۔
ڈوب مَر (اَر۔ کلمہ تحقیر) (۱) دفان ہو۔ مُنہ نہ دکھا (۲) خجالت سے مر جا۔
ڈوب مرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شرم سے ڈوب کر مر جانا (۲) غرق ہونا۔
ڈوبا (ڈو۔با) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) غوطہ۔ ڈبکی (۲) قلم کو روشنائی میں ڈبونا (۳) نشیب کی زمین جو پانی میں ڈوبی رہے۔ جمع: ڈوبوں۔ ڈوبے۔
ڈوبا بھرنا (اَر۔ محاورہ) قلم کو سیاہی میں ڈبونا۔
ڈُوبا (ڈُو۔با) (واو معروف) (ہ۔ صف) ڈوبا ہوا۔ غرق۔ زیرِ آب (۲) ضائع۔ تباہ۔ برباد۔
ڈُوبا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی خیال میں محو ہونا۔ نشے میں چوُر ہونا۔
ڈُوبتا (ڈُوب۔تا) (ہ۔ صف) غرق ہونے والا۔
ڈُوبتی (ڈُوب۔تی) (ہ۔ صف) ڈوبتا کی تانیث۔
ڈُوبتی ناؤ ترانا (اَر۔ محاورہ) بگڑی حالت دُرست کرنا۔
ڈُوبتے (ہ۔ صف) (۱) ڈُوبتا کی جمع (۲) ڈُوبتا کی مُغیّرہ صورت۔
ڈُوبتے کو تنکے کا سہارا (اَر۔ مثل) مُصیبت زدہ ذرا سے سہارے کو غنیمت جانتا ہے۔ مایوس آدمی کو ذرا سی مدد بھی کام دے جاتی ہے۔
ڈُوبنا (ڈُوب۔نا) (ہ۔ مص) (۱) غرق ہونا (۲) دریا بُرد ہونا (۳) چُھپنا۔ غروب ہو جانا (۴) ضائع ہونا۔ روپیہ وصول نہ ہونا (۵) نیست و نابود ہونا (۶) تباہ و برباد ہونا۔ دیوالا نکلنا۔ نقصان ہونا (۷) ذلیل و خوار ہونا (۸) بُرے خاندان سے سابقہ پڑنا (۹) ناکام رہنا (۱۰) کسی خیال میں محو ہونا (۱۱) رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا (۱۲) پسینے میں غرق ہونا۔
ڈُوبی (ڈُو۔بی) (ہ۔ صف) ڈوبا کی تانیث۔

ڈُوبی ہُوئی اَسامی (اَر۔ ا۔ مث) ایسا مقروض جو غربت کی وجہ سے رقم ادا کرنے کے قابل نہ ہو۔
ڈُوبی ہُوئی رقم ہری ہونا (اَر۔ محاورہ) ایسی رقم مل جانا جس کے ملنے کی اُمید نہ ہو۔
ڈوڈا (ڈو۔ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) خول۔ سخت چھلکا جس کے اندر بیج ہوتے ہیں (۲) پوست کپاس وغیرہ کا پھل۔
ڈوڈو (Dodo) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک بھدا سا پرندہ جو جزائر ماریشس میں پایا جاتا تھا۔ اُڑ نہیں سکتا تھا اِس وجہ سے درندے اسے آسانی سے شکار کر لیتے تھے۔ اب ناپید ہے۔
ڈور (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) دھاگا جس سے پتنگ اُڑاتے ہیں۔ سُوت کی باریک رسّی (۲) بٹا ہوا مضبوط دھاگا (۳) (کنایۃً) زبردست۔ غالب۔
ڈور پر لگانا (اَر۔ محاورہ) راہ پر لانا۔ ڈھب پر لانا۔ مانوس کرنا۔ ہلانا۔ سدھانا۔
ڈور کو مانجھا دینا (اَر۔ محاورہ) پِسا ہوا شیشہ چاولوں کی پیچ میں ملا کر دھاگے پر ملنا۔
ڈور سُلجھانا (اَر۔ محاورہ) اُلجھی ہوئی ڈور کے پھندے نکلنا (۲) کسی مُشکل کے حل کی تدبیر سوچنا۔
ڈور ہونا (اَر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ مائل ہونا (۲) غالب ہونا۔
ڈورا (ڈو۔را) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دھاگا (۲) تار (۳) خط۔ لکیر (۴) تلوار کی دھار (۵) ڈنڈی والا کٹورا (۶) وہ ناپ جو ڈورے سے لیتے ہیں (۷) گرم گھی کو پکے ہوئے چاولوں میں ڈالنا (۸) آنکھ کی سُرخ رگیں (۹) کسی کو محبت کی نظر سے دیکھ کر اپنی طرف مائل کرنا (۱۰) سُرمے کی لکیر (۱۱) جال۔ دام۔ فریب۔ جمع: ڈوروں۔ ڈورے۔
ڈورا ڈالنا (اَر۔ مص) دھاگا پرونا۔
ڈوری (ڈو۔ری) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) رسّی۔ دھاگا (۲) پانی بھرنے کی رسّی (۳) چارپائی کی پائنتی (۴) جریب (۵) وہ فیتہ جس سے کاغذ باندھتے ہیں۔ جمع: ڈوریاں۔ ڈوریوں۔
ڈوری ڈھیلی چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی طرف سے غفلت برتنا (۲) بے توجہ ہو جانا۔ نگرانی چھوڑ دینا۔
ڈوری کھینچنا (اَر۔ محاورہ) یاد کرنا۔ طلب کرنا۔ بُلانا۔
ڈورے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ڈورا کی جمع (۲) ڈورا کی مُغیّرہ صورت۔
ڈورے چھوٹنا (اَر۔ محاورہ) خمار یا بیداری سے آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔
ڈورے چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) کاجل یا سُرمے کی لکیر آنکھ کے کوئے سے باہر کھینچنا۔
ڈورے ڈالنا (اَر۔ محاورہ) لحاف میں دھاگے ڈالنا (۲) فریب دے کر محبت کے جال میں پھانسنا (۳) بال گوندھنا (۴) چڑیا یا مینا کا لگاتار چہچہانا۔
ڈوریا (ڈور۔یا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا باریک دھاری دار کپڑا (۲) کتّوں کا محافظ۔ شکاری کتّوں کو سدھانے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈوک (واو مجہول)(اِ۔مث) حیوانات میں پھیپھڑوں کی ایک بیماری (۲) بڑا سا کھرا گڑھا۔

ڈوکرا (ڈوک۔را)(اِ۔صف) بوڑھا۔ضعیف آدمی (مؤنث کے لئے) ڈوکری۔

ڈوکنا (ڈوک۔نا)(ف۔مص) قے کرنا۔ واپس پلٹ دینا (۲) بہت سا پانی یکدم پی جانا (۳) چوسنا۔

ڈول (واو مجہول)(اِ۔مذ) کنوئیں سے پانی نکالنے کا برتن جو لوہے یا چمڑے کا ہوتا ہے۔ جمع: ڈول۔ ڈولوں۔

ڈَوْل (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(اِ۔مذ)(۱) ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ۔ انداز۔ وضع قطع۔ ڈھانچا۔ کسی چیز کا کچا نقشہ (۳) نمونہ۔ شکل و صورت (۴) تخمینہ خاکہ (۵) کھیت کی اُونچی حد۔ باڑھ (۶) جماع۔ مباشرت۔

ڈول پر لانا (اَر۔ محاورہ)(۱) سڈول بنانا (۲) ڈھب پر لانا (۳) کام کے قابل بنانا۔ راہ پر لے آنا۔

ڈول ڈالنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بنیاد قائم کرنا۔ ڈھانچا تیار کرنا (۳) ڈھب نکالنا۔

ڈول سے لگانا (اَر۔ محاورہ) ڈھنگ سے لگانا۔ ترتیب سے کرنا۔

ڈَوْلا (ڈو۔لا)(اِ۔مذ)(۱) کھیت کی باڑھ۔ مینڈھ۔ کھیت کی چار دیواری (۲) خراج کا تخمینہ (۳) ایک قسم کی مچھلی (۴) شانے اور کہنی کا درمیانہ حصّہ۔ جمع: ڈولوں۔ ڈولے۔

ڈولا (ڈو۔لا)(واو مجہول)(اِ۔مذ) زنانی سواری۔ بڑی ڈولی۔ ایک قسم کی گول پالکی۔ سکھپال (۳) جھولا۔ جمع: ڈولوں۔ ڈولے۔

ڈولا اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) کسی عورت کا دُوسری عورت کے شوہر سے آشنائی یا شادی کر لینا (۲) ڈولی میں بیٹھنا۔ طنزاً اور حقارت سے کہتے ہیں۔

ڈولا جانا (اَر۔ محاورہ) دُلہن کی سواری جانا۔

ڈولا دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) کسی بادشاہ یا امیر کی زوجیت میں فخر کے ساتھ بیٹی دینا (۲) غریب آدمی کا کسی امیر سے بیٹی بیاہنا۔

ڈولچی (ڈول۔چی)(اِ۔مث)(۱) ڈول کی تصغیر (۲) پانی کھینچنے کا چھوٹا برتن۔

ڈولن ہار (ق۔صف) ڈولنے والا۔

ڈولنا (ڈول۔نا)(واو مجہول)(ف۔مص)(۱) چلنا پھرنا۔ ٹہلنا (۲) آوارہ پھرنا۔ منڈلانا۔ بھٹکنا (۳) حرکت کرنا (۴)(اِ۔مذ) ڈولا۔ گہوارہ۔ ایک قسم کا برتن۔ گھی ڈالنے کا مٹی کا برتن۔

ڈولنا (ڈول۔نا)(ف۔مص)(۱) گھڑنا (۲) ڈھانچا تیار کرنا۔ خاکہ بنانا۔

ڈولی (ڈو۔لی)(واو مجہول)(اِ۔مث) پردوں والی زنانہ سواری جسے دو یا چار کہار کندھوں پر اُٹھا کر چلتے ہیں۔ محافہ (۲) جہاز کا مستول۔ جمع: ڈولیاں۔ ڈولیوں۔

ڈولی نہ کہار بی بی بیٹھی ہیں تیار (اَر۔ مثل) سامان کچھ نہیں ارادے بڑے بڑے۔

ڈُوم (واو مجہول)(اِ۔مذ)(۱) مغنّی۔ میراثی۔ قوّال (۲) کنجر۔ ایک قوم جس کا پیشہ گانا بجانا ہے۔ جمع: ڈوم۔ ڈوموں۔

ڈوم اور چنا منہ لگا بُرا (اَر۔ مثل) دونوں کا شوق پڑ جائے تو چھوٹتا نہیں۔

ڈوم پنا (اَر۔اِ۔مذ) ڈوم کا پیشہ (۲) ڈوم جیسی حرکات و عادات (۳) بے جا خوشامد اور چاپلوسی۔

ڈومنی (ڈوم۔نی)(واو مجہول)(اِ۔مث)(۱) مغنیہ۔ میراثن۔ ڈوم کی بیوی (۲) ایک قسم کی نیالے رنگ کی چڑیا جسے ڈھڈّو بھی کہتے ہیں۔ جمع: ڈومنیاں۔ ڈومنیوں۔

ڈومنی کا پُوت چپنی بجائے۔ اپنی ذات آپ ہی بتائے (اَر۔ مثل) آدمی کی اصلیت اُس کے قول وفعل سے ظاہر ہو جاتی ہے۔

ڈونڈا (ڈوں۔ڈا)(اِ۔مذ)(۱) مڑے ہوئے سینگوں والا بیل یا گائے (۲) ایک سینگ والا بیل۔

ڈونڈی (ڈوں۔ڈی)(واو مجہول)(اِ۔مث) ڈھنڈورا۔ منادی۔ شُہرت۔

ڈونڈی پیٹنا (اَر۔ محاورہ) کسی پوشیدہ معاملے کو شُہرت دینا (۲) منادی کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ اِعلان کرنا۔

ڈونگا (ڈونگھا) (واو معروف)(نُون غُنّہ)(ف۔صف) عمیق۔ گہرا۔

ڈونگا (ڈوں۔گا)(واو مجہول)(اَر۔اِ۔مذ)(۱) چھوٹی کشتی۔ بجرا۔ چھوٹی ناؤ (۲) پانی بھرنے کا ڈنڈی دار برتن (۳) سالن رکھنے کا برتن۔ جمع: ڈونگوں۔ ڈونگے۔

ڈونگائی (ڈونگھائی) (ڈوں۔گا۔اِی)(اِ۔مث) گہرائی۔ عُمق۔

ڈونگر (ڈوں۔گر)(اِ۔مذ)(۱) اُونچی زمین۔ ٹیلا (۲) پہاڑی علاقہ۔ پہاڑی مُلک۔

ڈونگر پھل (اِ۔مذ) کڑوی گھاس کا پھل جو گھوڑوں کو کھلایا جاتا ہے۔ بندال ڈوڈا۔

ڈونگری (ڈونگ۔ری)(واو مجہول)(اِ۔مث) چھوٹی پہاڑی۔

ڈونگی (ڈوں۔گی)(واو مجہول)(اِ۔مث)(۱) ڈوئی (۲) وہ چھوٹی کشتی جو بڑی کشتی یا جہاز کے ساتھ بندھی رہتی ہے۔

ڈونگی (ڈونگھی) (ڈوں۔گی) ڈونگا کی تانیث۔ گہری۔

ڈوئٹ (Duet)(انگ۔اِ۔مذ) دوگانا۔ وہ گانا جسے دو آدمی مل کر گائیں۔

ڈوئل (Duel)(انگ۔اِ۔مث) جھگڑا نمٹانے کے لئے دو شخصوں کی لڑائی (تلوار، پستول وغیرہ سے)۔

ڈوئی (ڈو۔اِی)(اِ۔مث) لکڑی کا بڑا چمچہ جس سے ہنڈیا پکاتے ہیں۔ کفگیر۔ جمع: ڈوئیاں۔ ڈوئیوں۔

ڈویژن (Division)(انگ۔اِ۔مذ)(۱) فوج کا ایک حصّہ (۲) علاقہ۔ کمشنری (۳) تقسیم۔

ڈویژن بنچ (Division Bench)(انگ۔اِ۔مذ) کم از کم دو ججوں کی عدالت۔

ڈویژنل جج (Divisional Judge)(انگ۔اِ۔مذ) ایک علاقے کا جج۔

ڈ۔ہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈُہْڈَہا (ڈہ۔ڈ۔ہا) (ہ۔صف) (۱) سرسبز۔ تروتازہ۔ سیراب (۲) خوش و خرم (۳) بھڑکیلا۔ چمکدار (۴) چمچماتا ہوا شوخ رنگ۔

ڈُہْڈَہانا (ڈہ۔ڈہا۔نا) (ہ۔مص) (۱) چمکنا (۲) سرسبز ہونا۔ پھولنا پھلنا۔ کھلنا۔

ڈَہَر (ڈ۔ہر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جوہڑ۔ برساتی پانی کا تالاب (۲) نشیب۔ نیچی زمین (۳) جہاز یا کشتی کا پیندا (۴) کسم کا وہ زرد رنگ جو شہاب سے پیشتر نکلتا ہے۔

ڈَہْرا (ڈہ۔را) (ہ۔ا۔مذ) کشتی کی وہ جگہ جہاں تختوں کی درزوں سے پانی آ کر جمع ہو گیا ہو (۲) گڑھا جو پانی کے لئے کھودا جائے (۳) نشیبی زمین۔

ڈَہَکانا (ڈہ۔کا۔نا) (ہ۔مص) ترسانا۔ دھوکا دینا۔

ڈھ

ڈھا (ہ۔ا۔مث) (۱) دریا کی تباہ کاری۔ دریا کا کنارے کی زمین کو بہا لے جانا (۲) زمین کا زیر آب ہونا (۳) ڈھانا مصدر کا امر۔

ڈھا دینا (اُر۔ محاورہ) گرا دینا۔ منہدم کر دینا۔

ڈھابا (ڈھا۔با) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اولتی (۲) جال۔ دام (۳) پرچھتی (۴) ہندوؤں کا مطبخ (۵) مُرغیوں کو بند کرنے کا ٹاپا۔ جمع: ڈھابوں۔ ڈھابے۔

ڈھابلی (ڈھاب۔لی) (ہ۔ا۔مث) کبوتروں یا مُرغیوں کا دڑبا۔ جمع: ڈھابلیاں۔ ڈھابلیوں۔

ڈھاپنا (ڈھاپ۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے ڈھانپنا۔

ڈھاٹا (ڈھا۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) کپڑے کی پٹی جو منہ چھپانے یا ڈاڑھی بٹھانے کے لئے چہرے پر باندھی جائے (۲) کپڑا جو مُردے کے منہ پر باندھا جائے۔

ڈھاٹی (ڈھا۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کپڑے کی پٹی جو لگام کے بجائے گھوڑے کے منہ میں دی جائے (۲) پھانسی۔ پھندا (۳) نکیل (۴) تکلیف۔ ایذا۔

ڈھاٹی (چڑھانا۔ دینا) لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کے منہ میں لگام کی بجائے کپڑا دینا (۲) کسی کا منہ بند کرنا۔ میت کے منہ کو کپڑے سے باندھنا۔

ڈھار (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی بالی (۲) ڈھال (۳) (ا۔مذ) اناج کا ڈھیر۔

ڈھارس (ڈھا۔رس) (ہ۔ا۔مث) (۱) تسلی۔ تشفی (۲) سہارا (۳) اِستقلال۔ صبر (۴) جرأت۔ ہمت۔ آسرا۔

ڈھارس بندھنا (اُر۔ محاورہ) ہمت قائم ہو جانا۔ دل مضبوط ہونا۔

ڈھارس دینا (بندھانا) (اُر۔ محاورہ) دلاسا دینا۔ ہمت بندھانا۔

ڈھاڑی (ڈھا۔ڑی) (ہ۔ا۔مذ) میراثی۔ ڈوم۔ گویّا۔ سازندہ۔

ڈھاک (ہ۔ا۔مذ) پاک و ہند کا ایک خودرو درخت جس کے بڑے بڑے پتے اور سُرخ رنگ کے پھول ہوتے ہیں۔ پلاس۔ چھچھرا۔

ڈھاک پھولنا (اُر۔ محاورہ) ڈھاک میں پھول آنا جس سے تمام جنگل سُرخ نظر آتا ہے۔

ڈھاک کے تین پات (اُر۔ مثل) (۱) سدا ایک حال پر رہنا (۲) ہمیشہ مُفلس نظر آنا (۳) جب کوئی شخص اپنی بات پر اڑا رہے تو اُس وقت بھی کہتے ہیں۔

ڈھال (ہ۔ا۔مث) (۱) نشیب۔ ڈھلان۔ نیچی جگہ (۲) تلوار وغیرہ کا وار روکنے والا گول ہتھیار جو عموماً گینڈے کی کھال سے بنایا جاتا تھا (۳) طور طریقہ۔ وضع (۴) رسم ورواج (۵) ڈھالنا کا امر۔ جمع: ڈھالوں۔ ڈھالیں۔

ڈھال دینا (اُر۔ محاورہ) پلٹ کر وہی اِلزام دینا۔ آوازہ کسنا (۲) کسی دھات کو پگھلا کر سانچے میں ڈالنا (۳) اِنسان یا جانور کو کسی ڈھب پر لے آنا۔

ڈھال کر گالیاں دینا (اُر۔ محاورہ) ظاہری طور پر کسی کو لیکن حقیقت میں کسی اور کو گالیاں دینا۔

ڈھال ہونا (اُر۔ محاورہ) پناہ ہونا۔

ڈھالنا (ڈھال۔نا) (ہ۔مص) (۱) دھات کو پگھلا کر سانچے یا قالب میں ڈالنا (۲) لُٹانا۔ ارزاں بیچنا (۳) اپنی طرف مائل کرنا (۴) شرارت کرنا۔ ضرر پہنچانا (۵) گرانا۔ بکھیرنا (۶) سِکّہ بنانا۔

ڈھالو (ڈھالواں) (ڈھا۔لو) (ڈھال۔واں) (ہ۔صف) ترچھا۔ ڈھلواں۔ ایک طرف کو پستی یا نچان رکھنے والا۔

ڈھانا (ڈھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرانا۔ مسمار کرنا۔ منہدم کرنا (۲) مٹانا۔ برباد کرنا۔ ظلم کرنا۔ آفت برپا کرنا۔

ڈھانپنا (ڈھانپ۔نا) (ہ۔مص) کسی چیز پر کوئی چیز رکھ کر اُسے چھپانا۔ ڈھانکنا (۲) بند کرنا۔ پردہ ڈالنا۔

ڈھانچ (ڈھانچا) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بغیر بنی ہوئی چارپائی۔ کرسی وغیرہ کی چوکھٹ (۲) خاکہ۔ ڈول۔ قالب (۳) ہڈیوں کا پنجر۔

ڈھانکنا (ڈھانک۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے ڈھانپنا۔

ڈھائی (ڈھا۔ای) (ہ۔ا۔عدد) اڑھائی۔ دو اور آدھا۔

ڈھائی اَچھر پریم کے پڑھے سو پنڈت ہو (ہ۔مثل) محبت کے چند حروف ہیں۔ جو ان پر عمل کرے گا وہی عالم و فاضل ہوگا۔

ڈھائی پیڑ بکائن کے میاں باغبان (اُر۔ مثل) کم حیثیت پر شیخی مارنا۔ کم حیثیت ہوتے ہوئے بلند مرتبے کی خواہش کرنا۔

ڈھائی چُلّو لہو پینا (اُر۔ محاورہ) غضب ناک ہونا۔ (اگلے زمانے میں دُشمن کو قتل کرکے اُس کا ڈھائی چُلّو لہو پیتے تھے)۔

ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دولھا بننا (۲) چند روزہ حکومت کرنا۔ عارضی عروج پانا۔

ڈھائی گھڑی کی آنا (اُر۔ محاورہ) ایک دَم موت آنا۔ ڈھائی گھڑی کے اندر مرجانا۔

ڈھائی گھڑی کی آئے (اُر۔ بددُعا) ایک دَم مرجائے۔

ڈھائیں (ڈھا۔ایں) (ہ۔ا۔مذ) بیل چڑھانے کے واسطے لکڑی کی ٹٹی۔

ڈھب (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ۔ روش (۲) موقع۔ صورت (۳) لپکا۔ عادت (۴) قسم۔ طرز۔

ڈھب آنا (اُر۔ محاورہ) طریقہ معلوم ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈھب پر چڑھانا (لانا) لگانا (اُر۔ محاورہ) قابو میں لانا۔ اپنے مطلب کا بنانا۔
ڈھب پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) ہتھے پر چڑھنا۔ قابو میں آنا۔
ڈھب ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) عادت ڈالنا (۲) تربیت دینا (۳) راستہ نکالنا۔ رسائی پیدا کرنا۔
ڈھب ڈھب قلیہ (اُر۔ ا۔ مذ) پتلا اور بدمزہ سالن۔
ڈھب ڈھب کی بات (اُر۔ ا۔ مث) معقول بات۔ موزوں بات۔
ڈھب سے (اُر۔ متعلق فعل) موقع سے۔ قرینے سے۔
ڈھب کا ہونا (اُر۔ محاورہ) مطلب کا ہونا۔
ڈھب لگ جانا (اُر۔ محاورہ) موقع مل جانا۔ فائدہ رہنا۔
ڈھب ہونا (اُر۔ محاورہ) سلیقہ ہونا۔ طریقہ ہونا۔
ڈھبڈبانا (ڈھب۔ ڈ۔ با۔ نا) (ہ۔ مص) تیرنے میں ہاتھ پاؤں مارنا۔
ڈھبری (ڈھب۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) پیچ کے اُوپر کا لوہا جس کو پھیر کر پیچ کو کس دیتے ہیں۔ جمع: ڈھبریاں۔ ڈھبریوں۔
ڈھبّس (ڈھب۔ بس) (ہ۔ صف) بدقطع۔ بدوضع۔
ڈھبوس (ڈھ۔ بوس) (ہ۔ صف) موٹا۔ بھدا۔ بدوضع۔
ڈھبیلا (ڈھ۔ بی۔ لا) (ہ۔ صف) سڈول۔ بجیلا۔ خوش وضع۔
ڈھپ (بالفتح) (ہ۔ ا۔ مذ) دف۔ ڈفلی۔
ڈھپالی (ڈھ۔ پا۔ لی) (ہ۔ ا۔ مذ) دف بجانے والا۔ ڈفالچی۔ دفالی۔
ڈھپڈپانا (ڈھپ۔ ڈ۔ پا۔ نا) (ہ۔ مص) ڈھول پر ہاتھ مارنا۔
ڈھپنا (ڈھپ۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ڈھکنا۔ ڈھکّن (۲) (مص) ڈھانپنا۔
ڈھپّو (ڈھپ۔ پو) (ہ۔ صف) موٹا۔ بے ڈھنگا۔ بھدا۔ ڈھبوس۔
ڈھتارا (ڈھ۔ تا۔ را) (ق۔ صف) دغا باز۔ فریبی۔
ڈھتائی (ڈھ۔ تا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) بے حیائی۔ بے شرمی (۲) ہٹ۔ ضد (۳) گستاخی۔ بے ادبی۔
ڈھٹینگڑا (ڈھ۔ ٹیں۔ گ۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مث) موٹا تازہ۔ مسٹنڈا۔
ڈھچر (ڈھ۔ چر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہڈیوں کا ڈھانچ (۲) نمونہ۔ خاکہ (۳) (صف) بوڑھا۔ نحیف۔ کمزور۔ مریل۔
ڈھڈا (ڈھڈ۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) نشیبی زمین جہاں پانی جمع ہو جائے۔
ڈھڈّو (ڈھڈ۔ ڈو) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بوڑھی عورت۔ بکواسی عورت (۲) مٹیالے رنگ کی ایک چڑیا۔
ڈھڈوکا (ڈھڈّو والا) (ہ۔ صف) احمق۔ بے وقوف (مرد)۔
ڈھڈّھ (ہ۔ ا۔ مث) پرندوں کی دُم کے پَر نکلنے کی جگہ۔
ڈھڈی (ڈھڈّھی) (ڈھڈ۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) مقعد کے اُوپر کی ہڈی (۲) ایک قسم کا کھڈ۔
ڈھرا (ڈھر۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) راستہ۔ وہ راستہ جو رات دن چلتا رہے۔ شارع عام۔

ڈھرّے (ڈھر۔ رے) (ہ۔ ا۔ مذ) ڈھرا کی جمع (۲) ڈھرا کی مغیّرہ صورت۔
ڈھرّے پر چلنا (اُر۔ محاورہ) ایک خاص طریقے یا اُصول پر عمل کرنا۔
ڈھرّے پر لگا دینا (اُر۔ محاورہ) راہ پر لے آنا۔ ٹھیک راستے پر لگا لینا۔
ڈھڑ (بضم اوّل) (ہ۔ ا۔ مذ) کولا۔ پٹھا۔ چوتڑ کے اُوپر کا وہ حصّہ جس پر پہلوان حریف کو چڑھا کر دے مارتے ہیں۔
ڈھسلنا (ڈھ۔ سل۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پھسلنا۔ ڈھلنا (۲) جھکنا۔ مائل ہونا۔
ڈھکّن (ڈھک۔ کن) (ہ۔ ا۔ مذ) سرپوش۔ چپّن۔ برتن کو ڈھانپنے کی مٹی یا دھات کی چیز۔ جمع: ڈھکّن۔ ڈھکّنوں۔
ڈھکنا (ڈھک۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) سَرپوش۔ چپنی۔ ڈھکّن۔ جمع: ڈھکنوں۔ ڈھکنے (۲) (ہ۔ مص) چھپانا۔ ڈھانپنا۔ ڈھانکنا۔ پوشیدہ رکھنا۔
ڈھکنا (بضم اوّل) (ہ۔ مص) مائل ہونا۔ جھکنا۔ گھسنا۔
ڈھکوانا (ہ۔ مص) ڈھکنا کا متعدی۔
ڈھکوس (ڈھ۔ کوس) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پیاس (۲) ڈھکوسنا مصدر کا اَمر۔
ڈھکوسلا (ڈھ۔ کوس۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) فریب۔ دھوکا (۲) بیہودہ اور مہمل بات۔ بہانہ۔
ڈھکوسنا (ڈھ۔ کوس۔ نا) (ہ۔ مص) اندازے سے زیادہ کھانا یا پینا۔
ڈھکھنا (ڈھکھ۔ نا) (ق۔ مص) (۱) دیکھنا (۲) رجوع کرنا (۳) قبول کرنا۔
ڈھکّی (ڈھک۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) وہ جگہ جہاں شکار کی تاک میں چھپ کر بیٹھتے ہیں۔
ڈِھگ (بکسر اوّل) (ق۔ ا۔ مذ) ڈھیر۔ انبار۔
ڈِھگ (بکسر اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) طرف۔ پہلو۔ جانب (ہ۔ متعلق فعل) نزدیک۔ قریب۔ پاس۔
ڈھگّا (ڈھگ۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دُبلا اور پتلی ٹانگوں والا گھوڑا یا بیل (۲) (صف) بے وقوف۔ احمق۔ جمع: ڈھگّوں۔ ڈھگّے۔
ڈھلان (ڈھ۔ لان) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ڈھال۔ نشیب۔ نیچی زمین (۲) میلانِ طبع۔ رُجحان۔ جمع: ڈھلانوں۔ ڈھلانیں۔
ڈھلانا (ڈھ۔ لانا) (ہ۔ مص) دیکھئے ڈھلوانا۔
ڈھلائی (بفتح اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دیکھئے ڈھلوائی (۲) ڈھلنے کا عمل۔
ڈھلائی (بضم اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے ڈھلوائی۔
ڈھلت (ڈھ۔ لت) (ہ۔ ا۔ مث) قالب یا سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز۔
ڈھلتی پھرتی چھاؤں (اُر۔ ا۔ مث) دولت جو زوال پذیر چیز ہے۔ حالات جو کبھی یکساں نہیں رہتے۔
ڈھل جانا (ہ۔ مص) مائل بہ زوال ہونا۔ کم ہونا۔
ڈھلڑ (ڈھل۔ لڑ) (ہ۔ صف) ڈھیلا ڈھالا۔ سُست۔ کاہل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈھلک (ڈھ۔ لک)(ق۔ ا۔ مف) توجہ۔

ڈھلکا (ڈھل۔ کا)(ہ۔ ا۔ مذ) آنکھ سے پانی بہتے رہنے کا مرض۔

ڈھلکانا (ڈھل۔ کا۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) لنڈھانا (۲) لڑھکانا۔ بہانا (۳)(ق۔ مص) رغبت دلانا۔ خواہش پیدا کرنا۔

ڈھل کمرا (ڈھل۔ کم۔ را)(ہ۔ صف) نامرد۔ مخنث۔

ڈھلکنا (ڈھ۔ لک۔ نا)(ہ۔ مص) اُوپر سے نیچے آنا۔ ٹپکنا۔ بہنا۔

ڈھلکنا (ڈھ۔ لک۔ نا)(ہ۔ مص) لڑھکنا۔

ڈھلمل (ڈھل۔ مِل)(ڈھل۔ مَل)(ڈھل۔ مُل)(ہ۔ صف)(۱) ہلتا ہوا (۲) لڑکھڑاتا ہوا (۳) مذبذب۔ (بضم اوّل و سوم زیادہ مستعمل ہے)۔

ڈھلمل یقین (اَر۔ صف)(۱) مذبذب (۲) متلوّن مزاج۔ ضعیفُ الاعتقاد۔ ڈانواں ڈول۔ ایمان کا کچّا۔

ڈھلملانا (ڈھل۔ م۔ لا۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا (۲) ڈانواں ڈول ہونا (۳) پس و پیش کرنا۔ مذبذب ہونا۔

ڈھلنا (ڈھل۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) رواں ہونا۔ بہنا۔ گرنا (۲) گھٹنا اُترنا۔ کم ہونا (۳) جھول جانا (۴) لڑھکنا۔ گزرنا (۵) سانچے یا قالب میں تیار ہونا۔ اُنڈیلا جانا (۶) گل جانا۔ پلپلا ہونا۔

ڈھلنا (ڈھل۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) نیچے کی طرف جانا۔ پھسلنا (۲) مائل ہونا۔ متوجہ ہونا (۳) لادا جانا۔ ڈھونا مصدر کا لازم۔

ڈھلواں (ڈھل۔ واں)(ہ۔ صف) پھسلواں۔ جھکواں۔ ڈھال والا۔

ڈھلوانا (ڈھل۔ وا۔ نا)(ہ۔ مص) سانچے یا قالب میں بنوانا۔

ڈھلوانا (ڈھل۔ وا۔ نا)(ہ۔ مص) ڈھونا مصدر کا متعدی۔ اسباب اُٹھوانا۔ بوجھ ایک جگہ سے دُوسری جگہ منتقل کروانا۔ لدوانا۔

ڈھلوانس (ڈھل۔ وانس)(نون غنّہ)(ہ۔ ا۔ مث) ڈھیلا یا پتھر کے ٹکڑے پھینکنا۔ ڈھیلے پھینک کر مارنا۔

ڈھلوانسی (ڈھل۔ واں۔ سی)(ہ۔ ا۔ مث) گوپیا۔ فلاخن۔

ڈھلوائی (ڈھل۔ وا۔ ئی)(ہ۔ ا۔ مث) بوجھ اُٹھوا کر لے جانے کی مزدوری۔

ڈھلوائی (بفتح اوّل)(ہ۔ ا۔ مث) ڈھالنے یا ڈھلوانے کی اُجرت۔

ڈھلیا (ڈھ۔ لی۔ یا)(ہ۔ ا۔ مذ) ڈھالنے والا۔

ڈھلیت (ڈھ۔ لیت)(ہ۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو ہر وقت ڈھال، تلوار باندھے رہے (۲) گاؤں کا چوکیدار (۳) سانچے میں ڈھالنے والا۔

ڈھمڈھمی (ڈھم۔ ڈھ۔ می)(ہ۔ ا۔ مث) ڈفلی۔ چھوٹا دف۔

ڈھنڈار (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ ا۔ مذ) ویران مکان۔ ڈراونا کھنڈر۔

ڈھنڈنا (ڈھنڈ۔ نا)(ہ۔ مص) تلاش کیا جانا۔

ڈھنڈوانا (ڈھنڈ۔ وا۔ نا)(ہ۔ مص) ڈھونڈنا کا متعدی۔ تلاش کرانا۔

ڈھنڈورا (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(واو مجہول)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) ڈگڈگی۔ ڈھول (۲) منادی۔ جمع: ڈھنڈوروں۔ ڈھنڈورے۔

ڈھنڈورا پیٹنا (اَر۔ محاورہ) منادی کرنا۔ تشہیر کرنا۔ جابجا کہتے پھرنا۔

ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں (اَر۔ مثل) دیکھیے "بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا" جو زیادہ مستعمل ہے۔

ڈھنڈورچی (ڈھنڈور۔ چی)(ہ۔ ا۔ مذ) منادی کرنے والا۔ ڈھنڈورا پیٹنے والا۔

ڈھنڈیا (ڈھنڈ۔ یا)(ہ۔ ا۔ مث) تلاش۔ جستجو۔ (فعل: پڑنا۔ ڈھنڈیا پڑ گئی)۔

ڈھنگ (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) طریقہ۔ طرز۔ طور (۲) روش۔ چال چلن۔ رویّہ (۳) وضع قطع (۴) سیرت۔ عادت (۵) ہنر۔ سلیقہ (۶) انداز۔ جمع: ڈھنگ۔ ڈھنگوں۔

ڈھنگ اُڑانا (اَر۔ محاورہ) رنگ اختیار کرنا۔ نقل کرنا۔

ڈھنگ برتنا (اَر۔ محاورہ) وضع داری نباہنا۔ برابر کا برتاؤ کرنا۔

ڈھنگ بگڑنا (اَر۔ محاورہ) طور طریقے بدلنا۔ حال خراب ہونا۔

ڈھنگ پر لانا (اَر۔ محاورہ) موافق بنانا۔ کسی راستے پر لانا۔

ڈھنگ سیکھنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی روش اختیار کرنا۔

ڈھنگ کی بات (اَر۔ ا۔ مث) موزوں و مناسب بات۔

ڈھنگ ملنا (اَر۔ مص مرکب) یکساں طریقہ ہونا۔ ایک ہی طرح کے انداز ہونا۔

ڈھنگ نرالے ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) عجیب عادات ہونا (۲) انوکھے طریقے ہونا (۳) قابلِ اعتراض چال چلن ہونا۔

ڈھنگ نکالنا (اَر۔ محاورہ) طرز نکالنا۔

ڈھو (واو معروف)(ہ۔ صف) قوی۔ تنومند (۲) کبڑی۔

ڈھوانا (ڈھ۔ وا۔ نا)(ہ۔ مص) ڈھانا مصدر کا متعدی۔ مسمار کرانا۔ گروانا۔ منہدم کرانا۔

ڈھوائی (ڈھ۔ وا۔ ای)(ہ۔ ا۔ مث) ڈھونے کی اُجرت۔ سامان اُٹھانے کا معاوضہ۔

ڈھوبرا (ڈھوب۔ را)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) مٹی کا بڑا پیالہ (۲) پرانا برتن (۳) پرانا اور کچا مکان۔

ڈھوٹا (ڈھو۔ ٹا)(ہ۔ ا۔ مذ) لڑکا۔ بیٹا۔ مضبوط اور موٹا تازہ بچہ۔

ڈھوڑا (ڈھو۔ ڑا)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) ڈھانچا۔ قالب (۲) گھر۔ جھونپڑا (۳) کارخانہ۔ کاروبار (۴) دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔

ڈھوڑا بنائے رکھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) قدیم عزت یا حالت کو بنائے رکھنا (۲) ظاہری حالت دُرست رکھنا۔ ٹیپ ٹاپ رکھنا۔

ڈھور (واو مجہول)(ہ۔ ا۔ مذ) مویشی۔ چوپائے۔ ڈنگر۔ جمع: ڈھور۔ ڈھوروں۔

ڈھور مرے نہ کوا کھائے (اَر۔ مثل) فضول اُمید کی توقع پر کہتے ہیں۔

ڈھورا (ہ۔ ا۔ مذ) ایک کیڑا جو چنے کو لگ جاتا ہے (۲) مٹی کا بند جو کسی نالی کے کنارے بنایا جائے۔

ڈھوسر (ڈھو۔ سَر)(ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کی ایک ذات۔ ویش۔ بنیا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈھوک (ہ۔ا۔مث) ٹال مٹول۔ تذبذب۔

ڈھوکا (ڈھو۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پانچ گنڈوں کا مجموعہ۔ نقدی کی ایک قدیم اکائی (۲) چھپنے کی جگہ۔ غار (۳) دھکا (۴) گھات۔

ڈھوکنا (ڈھوک۔نا) (ہ۔مص) چھپ کر شکار کرنا۔

ڈھول (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) طنبور۔ ایک مشہور ساز۔ طبل۔ مردنگ۔ دُہل۔ جمع: ڈھول۔ ڈھولوں۔

ڈھول ڈھمکا (اَر۔ا۔مذ) دُھوم دھام۔ دُھوم دھڑکا۔ باجا گاجا۔

ڈھول کے اندر پول (اَر۔مثل) اصل میں کچھ نہیں۔ نرا دکھاوا اور رُعب۔

ڈھولا (ڈھو۔لا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کھیت اور زمین کی سرحد دکھانے کا نشان (۲) طاق یا گنبد کا قالب (۳) احمق آدمی۔

ڈھولا بندی (ہ۔ا۔مث) حد بندی۔ کھیت یا زمین کی سرحد کا نشان بنانا۔

ڈھولا (ڈھو۔لا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اُونچے سُروں میں گایا جانے والا ایک پنجابی عشقیہ گیت (۲) عاشق۔ دھوکا دینے والا عاشق (۳) پیارا (۴) محبوب (۵) بچہ۔ لڑکا۔

ڈھولک (ڈھو۔لک) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا ڈھول۔ ڈھولکی۔

ڈھولکی (ڈھول۔کی) (ہ۔ا۔مث) ڈھولک۔ جمع: ڈھولکیاں۔ ڈھولکیوں۔

ڈھولکیا (ڈھول۔کِ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) ڈھول بجانے والا۔

ڈھولنا (ڈھول۔نا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ڈھول کی شکل کا گلے میں پہننے کا ایک زیور (۲) چھوٹی حمائل۔ چھوٹی تقطیع کا قرآن شریف' جو بطور تعویذ گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

ڈھولنا ہاتھوں پر ہونا (اَر۔محاورہ) ہر گھڑی قرآن شریف کی قسم کھانا۔

ڈھولی (ڈھو۔لی) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) پانوں کا مُٹھا جس میں زیادہ سے زیادہ ہزار اور کم سے کم دو سو پان ہوتے ہیں۔ جمع: ڈھولیاں۔ ڈھولیوں۔

ڈھونا (ڈھو۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) بوجھ اُٹھا کر ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانا۔ لادنا۔ اُٹھا کر لے جانا (۲) چوری سے لے جانا۔

ڈھونچا (ڈھوں۔چا) (ہ۔ا۔مذ) ساڑھے چار کا پہاڑا۔

ڈھونڈ (واو معروف) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) تلاش۔ سُراغ۔ جستجو۔ کھوج۔

ڈھونڈ پھرنا (اَر۔محاورہ) تلاش کر کے ناکام آنا۔

ڈھونڈ ڈھانڈ (اَر۔ا۔مث) تلاش۔ جستجو۔ سُراغ۔ کھوج۔

ڈھونڈ ڈھانڈ کر (اَر۔متعلق فعل) (۱) دیکھ بھال کر۔ سُراغ لگا کر۔ تلاش کر کے۔

ڈھونڈ نکالنا (اَر۔محاورہ) سُراغ لگا لینا۔

ڈھونڈنا (ڈھونڈ۔نا) (ہ۔مص) تلاش کرنا۔ کھوج لگانا۔ پتا لگانا۔

ڈھونگ (واو مجہول) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تماشا (۲) فریب۔ ریاکاری۔ بناوٹی باتیں۔ جمع: ڈھونگ۔ ڈھونگوں۔

ڈھونگ رچانا (اَر۔محاورہ) فریب کا جال پھیلانا۔

ڈھونگی (ڈھوں۔گی) (واو مجہول) (ہ۔صف) ڈھونگ رچانے والا۔ مکّار۔

ڈھوہ (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) ٹیلا۔ تودہ (۲) گراں ڈیل آدمی۔ نیز دیکھیے ڈھو۔

ڈھویا (ڈھو۔یا) (ہ۔ا۔مذ) پھل پھول اور موسمی سبزی کی ڈالی۔

ڈھئی (ڈھ۔ای) (ہ۔ا۔مث) ایک جگہ جم کر بیٹھ جانا۔ دھرنا دے کر بیٹھ جانا۔

ڈھئی دینا (اَر۔محاورہ) (۱) جم کر بیٹھنا (۲) ایسا بیٹھنا کہ اُٹھنے کا نام نہ لینا (۳) کسی کے ہاں کھانے کے خیال سے اَڑ بیٹھنا (۴) زبردستی رہ پڑنا۔

ڈھی (ہ۔ا۔مث) دریا کا اُونچا کنارہ (۲) تودہ۔ انبار۔

ڈھے پڑنا (ڈھے جانا) (اَر۔محاورہ) (۱) گر پڑنا۔ مکان کا مسمار ہو جانا (۲) رہ پڑنا۔ اُتر پڑنا۔

ڈھیا (ڈھی۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اڑھائی سیر کا باٹ (۲) گاؤں۔ پاس کا گاؤں۔

ڈھیٹ (ڈھیٹھ) (یائے معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ضدی۔ سرکش۔ اَڑیل (۲) بیباک۔

ڈھیر (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) تودہ۔ انبار (۲) کھلیان (۳) انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ مجمع (۴) قبر (۵) بہتات۔ کثرت۔ اِفراط۔ جمع: ڈھیر۔ ڈھیروں۔

ڈھیر کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) جمع کرنا۔ فراہم کرنا (۲) مار ڈالنا (۳) مٹّی کا تودہ بنانا۔

ڈھیر ہو جانا (اَر۔محاورہ) (۱) تھک جانا (۲) مکان کا ٹوٹ پھوٹ کر گر پڑنا (۳) انبار لگ جانا (۴) مر کر قبر میں جانا (۵) بے جان ہو کر گر پڑنا۔

ڈھیرا (ڈھے۔را) (ہ۔ا۔مذ وصف) (۱) بھینگا۔ اَحول۔ جسے ایک کے دو نظر آئیں (۲) موٹی جوں (۳) سُوت اٹیرنے کا آلہ۔

ڈھیری (ڈھے۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھینگی عورت (۲) چھوٹا سا انبار (۳) گاؤں یا جائیداد میں حصّہ۔ جمع: ڈھیریوں۔ ڈھیریاں۔

ڈھیڑ (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کوّا (۲) ہندوؤں کی ایک نیچ قوم۔ چمار (۳) (صف) اَحمق۔ بے وقوف۔

ڈھیل (یائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) دیر۔ وقفہ۔ تامّل۔ سُستی۔ کاہلی (۲) فرصت۔ مُہلت (۳) بے توجہی۔ لاپروائی (۴) جھول۔

ڈھیل دینا (اَر۔محاورہ) (۱) ڈور دے کر پتنگ کو بڑھانا (۲) بے پروائی برتنا۔ توجّہ نہ دینا (۳) دانستہ چشم پوشی کرنا (۴) مُہلت دینا۔

ڈھیل کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) دیر کرنا۔ تامّل کرنا (۲) وقت گزارنا۔ تضیع اوقات کرنا۔

ڈھیلا (ڈھی۔لا) (ہ۔صف) (۱) سُست۔ کاہل (۲) کُھلا کپڑا (۳) نامرد۔

ڈھیلا پاجامہ (اَر۔محاورہ) کُھلا پاجامہ۔ کُھلے پائینچوں کا پاجامہ۔

ڈھیلا پڑ جانا (ہو جانا) (اَر۔محاورہ) (۱) چست یا تنگ نہ رہنا (۲) نرم پڑ جانا۔ غصّہ کم ہو جانا (۳) شہوت نہ رہنا (۴) سُست یا کمزور ہو جانا۔

ڈھیلا پن (ہ۔ا۔مذ) (۱) سُستی۔ کاہلی (۲) نامردی۔

ڈھیلا پیچ (اَر۔ا۔مذ) وہ گندھے ہوئے بال جو بھوؤں تک ہوں (۲) پگڑی کا وہ پیچ جو بھوؤں پر پڑے (۳) پُرزہ جو کسا ہوا نہ ہو۔

ڈھیلا ڈھالا (اَر۔صف) کُھلا۔ کُشادہ۔ جو تنگ نہ ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈھیلا (ڈھے۔لا) (و۔ا۔مذ) (۱) ڈلا۔ مٹی کا بڑا ٹکڑا۔ کلوخ (۲) آنکھ کے اندر کا گول حِصّہ۔ جمع: ڈھیلوں۔ ڈھیلے۔

ڈھیلا لینا (اَر۔ محاورہ) پیشاب کرنے کے بعد ڈھیلے سے نمی خشک کرنا۔ اِستنجا کرنا۔

ڈھیلی (ڈھی۔لی) (و۔صف) ڈھیلا کی تانیث۔

ڈھیلی چھوڑنا (دینا۔ ڈالنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) مُہلت دینا (۲) خبر نہ لینا (۳) تاخیر کرنا۔ بے توجہی برتنا (۴) آزادی دینا۔

ڈھیلی زَناخ (اَر۔صف۔مث) (۱) سُست اور کاہل عورت (۲) زنانہ عادات کا مرد۔

ڈھیم (یائے مجہول) (و۔ا۔مث) کلوخ۔ مٹی کا بڑا ڈلا۔

ڈھینا (ڈھے۔نا) (و۔مص) (۱) گرنا۔ بِسمار ہونا۔ منہدم ہونا (۲) اینٹ سے اینٹ بجنا (۲) ہارنا۔ دل چھوڑ دینا (۳) دُبلا اور کمزور ہو جانا۔

ڈھینڈا (ڈھیں۔ڈا) (یائے مجہول) (نُون غُنّہ) (و۔ا۔مذ) (۱) توند۔ حمل۔ بڑا پیٹ۔

ڈھینڈا اُبھلانا (اَر۔ محاورہ) حاملہ ہونا۔

ڈھینڈا اُبھولنا (اَر۔ محاورہ) پیٹ رہنا۔ حمل ہونا۔

ڈھینڈس (ڈھیں۔ڈس) (یائے مجہول) (و۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا گول کدو ٹینڈا (۲) خایہ۔ خُصیہ (۳) موٹا آدمی۔

ڈھینکا (ڈھیں۔کا) (یائے مجہول) (و۔ا۔مذ) (۱) کولھو کی لاٹھ (۲) ایک لمبی ٹانگوں والا پرندہ۔ کُلنگ۔

ڈھینکلی (ڈھینک۔لی) (و۔ا۔مث) پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی۔ آب کش (۲) آڑی سلائی۔ کپڑے سینے کا ایک خاص طریقہ (۳) دھان کوٹنے کا آلہ (۴) قلابازی۔ جمع: ڈھینکلیاں۔ ڈھینکلیوں۔

ڈھینکلی کھانا (لگانا) (اَر۔ محاورہ) قلابازی کھانا۔

ڈِھینگ (نُون غُنّہ) (و۔ا۔مذ) لم ڈھینگ کا مخفف۔ ایک لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ۔

ڈِھینگر (ڈھیں۔گر) (و۔صف) (۱) کمزور۔ دُبلا پتلا (۲) (ا۔مث) کانٹے دار سوکھی لکڑی۔

ڈ۔ی

ڈی۔ ایس۔ پی (D.S.P) (انگ۔ا۔مث) ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کا مخفف۔ چھوٹا پولیس کپتان۔

ڈی۔ سی (D.C) (انگ۔ا۔مذ) ڈپٹی کمشنر کا مخفف۔ ضلع کا حاکم۔

ڈیٹونیٹر (Detonator) (انگ۔ا۔مذ) بھک سے اُڑنے والا مادّہ (۲) پٹاخا سگنل جو ریلوے میں اِستعمال ہوتا ہے۔

ڈِیٹھ (یائے معروف) (و۔ا۔مث) نظر۔ نگاہ۔ بینائی۔

ڈیٹھ بند (و۔صف) نظر باندھنے والا۔ جادوگر۔ شُعبدہ باز۔ ساحر۔

ڈیڈ لیٹر آفس (Dead Letter Office) (انگ۔ا۔مذ) ڈاک کا وہ دفتر جہاں لاوارث چٹھیاں بھیج دی جاتی ہیں۔

ڈیڈی (Daddy) (انگ۔ا۔مذ) ابّا۔ باپ۔

ڈیئر (Dear) (انگ۔صف) (۱) پیارا۔ عزیز (۲) قیمتی۔ گراں۔ مہنگا۔

ڈیرا (ڈے۔را) (و۔ا۔مذ) (۱) خیمہ۔ تمبو (۲) عارضی قیام گاہ (۳) گھر۔ مکان۔ جمع: ڈیروں۔ ڈیرے۔

ڈیرا ڈالنا (اَر۔ محاورہ) رہائش کر لینا۔ چھاؤنی چھانا۔ رہ پڑنا۔

ڈیرا کرنا (اَر۔ محاورہ) اُترنا۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔ عارضی قیام کرنا۔

ڈیری (Dairy) (انگ۔ا۔مث) شیرخانہ۔ دودھ، مکھن، پنیر تیار کرنے کا کارخانہ۔

ڈیری فارم (Dairyfarm) (انگ۔ا۔مذ) دودھ دینے والے جانور پالنے کی جگہ۔

ڈیرے (ڈے۔رے) (و۔ا۔مذ) (۱) ڈیرا کی جمع (۲) ڈیرا کی مغیّرہ صورت۔

ڈیرے دار (وال) (اَر۔صف) خوش حال طوائف جس نے اپنے ڈیرے میں متعدّد طوائفیں رکھی ہوں۔

ڈیڑھ (یائے مجہول) (و۔عددِ کسری) ایک پورا اور آدھا۔ $1\frac{1}{2}$

ڈیڑھ اَنگھر پڑھانا (و۔ محاورہ) ترکیبیں بتانا۔ ہوشیار کر دینا۔

ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا۔

ڈیڑھ پاؤ (و۔عددِ کسری) ایک پاؤ اور آدھ پاؤ۔

ڈیڑھ پاؤ چُون چوبارے رسوئی (و۔مثل) ذرا سے کام کے لئے بڑا اہتمام۔

ڈیڑھ چُلّو لہو پینا (اَر۔ محاورہ) قتل کرنا۔

ڈیڑھ گرہ (اَر۔ا۔مث) (۱) ایک اور آدھی گرہ (۲) وہ گرہ جو آسانی سے کھل سکے۔ آسان کام۔

ڈیڑھ گز کی زبان (اَر۔ا۔مث) گستاخی۔ زبان درازی۔ بد زبانی۔

ڈیزائن (Design) (انگ۔ا۔مذ) نقشہ۔ خاکہ۔ نقش و نگار۔ ترکیب۔ ڈول۔ ڈھانچا۔ اُر جمع: ڈیزائن۔ ڈیزائنوں۔

ڈیزائنر (Designer) (انگ۔ا۔مذ) خاکہ تیار کرنے والا۔ نقشہ کش۔

ڈیزل (Diesel) (جرمن۔ا۔مذ) مٹی کا غیر خالص تیل جو پٹرول کی نسبت بہت سستا ہوتا ہے۔ ۱۸۹۰ء میں ایک جرمن انجینئر ڈیزل نے اس تیل سے چلنے والا انجن ایجاد کیا جو اُسی کے نام سے منسوب ہے۔ اس تیل کو بھی ڈیزل کہتے ہیں۔

ڈیسک (Desk) (انگ۔ا۔مذ) اسکول کے بچّوں کی ڈھلواں میز۔

ڈیفنس (Defence) (انگ۔ا۔مذ) دِفاع۔ بچاؤ۔ مدافعت۔ حفاظت۔

ڈیک (Deck) (انگ۔ا۔مث) عرشۂ جہاز۔ تختۂ جہاز۔

ڈیک آنہ (ڈیک۔آ۔نہ) (و۔ا۔مذ) چھ آنہ (دلالوں کی زبان میں)۔

ڈیک رُوبَن (ڈیک۔رُو۔بَن) (و۔ا۔مذ) دلالوں کی زبان میں چھ روپے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈیکلریشن (Declaration)(انگ۔ا۔مذ)(۱) بیان۔ اِقرار (۲) اِعلان (۳) اِقرار نامہ (۴) عرضی دعویٰ (۵) اَخبار یا رسالہ جاری کرنے کا اجازت نامہ۔

ڈیل (یائے معروف)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جسم۔ پنڈا۔ تن۔ کاٹھی۔ قد و قامت۔ جسامت (۲) گٹا۔ گوکھرو۔

ڈیل ڈول (اُر۔ا۔مذ)(۱) قد و قامت۔ تن و توش (۲) جسامت۔

ڈیلا (ڈے۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ڈھیلا (۲) ایک قسم کی گھاس (۳) ناگرموتھا (۴) کریر کا پھل۔

ڈیلٹا (Delta) (انگ۔ا۔مذ) وہ تکونی جگہ جو دریا کے دہانے کے پاس دریا کی سست رفتاری کے باعث بن جاتی ہے۔

ڈیلر (Dealer)(انگ۔ا۔مذ)(۱) تقسیم کرنے والا (۲) بیوپاری۔ کاروباری۔ سوداگر۔ فروشندہ۔

ڈیلی (Daily) (انگ۔صف) (۱) روزانہ۔ روزمرّہ کا (۲) (انگ۔ا۔مذ) روزنامہ۔ روزانہ اخبار۔

ڈیلیا (ڈے۔لِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) ایک بُوٹا جس میں زرد اور سُرخ پھول لگتے ہیں۔

ڈیلی گیٹ (Delegate)(انگ۔ا۔مذ) مختار۔ وکیل۔ نمائندہ۔ مندوب۔

ڈیلی گیشن (Delegation) (انگ۔ا۔مذ) جماعتِ مندوبین۔ نمائندوں کی جماعت۔

ڈیم (Dam) (انگ۔ا۔مذ)(۱) پُشتہ۔ بند۔ روک۔ مینڈھ (۲) پانی جو بند باندھ کر روک دیا جائے۔ اُر جمع: ڈیم۔ ڈیموں۔

ڈیمانسٹریٹر (Demonstrator)(انگ۔ا۔مذ) مثال اور تجربے کے ذریعے عملی تعلیم دینے والا۔

ڈیمرج (Demurrage)(انگ۔ا۔مذ) ریل یا جہاز کی حدود سے وقتِ مقررہ کے بعد مال لے جانے کا محصول۔

ڈیموکریٹ (Democrat) (انگ۔ا۔مذ) جمہوریّت پسند۔ جمہوریّت کا حامی۔

ڈیموکریسی (Democracy)(انگ۔ا۔مث) جمہوریّت۔

ڈیمی (Demy) (انگ۔صف) آدھا۔ نیم۔ نصف۔

ڈیمی آفیشل (Demy Official)(انگ۔ا۔مذ) نیم سرکاری خط۔ اِسے مختصر کر کے ڈی۔او (D-O) بھی کہتے ہیں۔

ڈین (Dean) (انگ۔ا۔مذ)(۱) بڑے گرجا کا افسرِ اعلیٰ۔ بڑا پادری (۲) کالج کا مقیم رفیق جس کے سپرد طلبہ کی نگرانی کی خدمت ہو (۳) یونیورسٹی کے کسی شعبے کا صدر۔

ڈینا (ڈی۔نا)(ہ۔ا۔مذ) وہ ڈنڈا جو مرکھنے بیل کی گردن میں باندھ دیتے ہیں۔

ڈینٹسٹ (Dentist) (انگ۔ا۔مذ) دندان ساز۔ دانتوں کا معالج۔

ڈینٹل ہاسپٹل (Dental Hospital) (انگ۔ا۔مذ) دانتوں کا ہسپتال۔

ڈینگ (یائے معروف)(نونِ غنّہ)(ہ۔ا۔مث) شیخی۔ جمع: ڈینگوں۔ ڈینگیں۔

ڈینگ ہانکنا (کی لینا۔ مارنا) (اُر۔محاورہ) شیخی بگھارنا۔ اترانا۔

ڈینگیا (ڈینگ۔یا)(اُر۔صف۔مذ) شیخی خور۔ بڑبولا۔ لاف زن۔ اِترانے والا۔

ڈیو (Due)(انگ۔صف)(۱) واجبُ الادا (۲) لازم۔ ضروری (۳) دُرست۔

ڈیوٹ (ڈی۔وَٹ)(ہ۔ا۔مذ) پُرانی قسم کا چوبی چراغ دان (۲)(صف) بے وقوف۔ اَحمق۔

ڈیوٹی (Duty) (انگ۔ا۔مث) (۱) فرضِ منصبی۔ کام۔ خدمت (۲) چُنگی کا محصول۔ اُردو جمع: ڈیوٹیاں۔ ڈیوٹیوں۔

ڈیوڑھا (ڈیو۔ڑھا)(ہ۔صف)(۱) ایک اور آدھا۔ یک و نیم (۲) ایک قسم کا سُود جو پچاس فیصد لیا جاتا ہے (۳) ریل کا درمیانہ درجہ۔ اِنٹر کلاس۔

ڈیوڑھا لیکھا برابر ہونا (اُر۔محاورہ) حساب بیباق ہونا۔

ڈیوڑھی (ڈیو۔ڑھی)(ہ۔صف) ڈیوڑھا کی تانیث (۲)(ہ۔ا۔مث) مکان میں داخل ہونے کا کمرا۔ صدر دروازے کے سامنے کا کمرا (۳) دہلیز۔ آستانہ۔ درگاہ (۴) دخل۔ باریابی۔ جمع: ڈیوڑھیاں۔ ڈیوڑھیوں۔

ڈیوڑھی بند ہونا (اُر۔محاورہ) دربارِ شاہی یا کسی اَمیر کے سامنے باریابی نہ پا سکنا۔ ڈیوڑھی پر روک دیا جانا۔

ڈیوڑھی وار (اُر۔صف۔و۔ا۔مذ) دربان۔ پہرے دار۔ حاجب۔

ڈیوڑھی کھلنا (اُر۔محاورہ) باریاب ہونا۔ باریابی کی اجازت ملنا۔ سرکار میں آمدورفت کی اجازت پانا۔

ڈیوس کپ (Devis Cup) (انگ۔ا۔مذ) ٹینس کی ٹرافی جو عالمی مقابلوں میں کامیاب ہونے والی ٹیم کو دی جاتی ہے۔

ڈیوک (Duke)(انگ۔ا۔مذ)(۱) نواب۔ بڑے درجے کا اَمیر۔ رئیسِ اعظم (۲) انگریزی خطاب۔

ڈیہری (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) دلدلی زمین۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ذ

ذ (ذال)(ع۔ا۔مث) اُردو کا تیرھواں' فارسی کا گیارھواں اور عربی کا نواں حرف۔ ہندی اور سنسکرت میں اِستعمال نہیں ہوتا۔ اِسے ذالِ معجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ اِس کی آواز زبان کی نوک سے نکلتی ہے۔ اَبجد کے حساب میں اس کے ۷۰۰ عدد ہیں۔ یہ شمسی حرف ہے۔ اگر اِس سے پہلے "اَل" آئے تو لام آواز نہیں دے گا اور ذ کو مُشدّد کر دے گا جیسے اَلذِّکر (اَذ۔ذِکر)۔

ذ۔ا

ذاب (ع۔صف)(۱) پیاسا (۲) پگھلا ہوا۔

ذابح (ذا۔بِح)(ع۔صف) ذبح کرنے والا۔ قربانی کرنے والا۔

ذاہِر (ذا۔ہِر)(ع۔صف) عالم۔ فاضل۔

ذات (ع۔ا۔مث)(۱) حقیقت۔ اَصلیت۔ ماہیّت۔ مادّہ۔ رُوح۔ جسم۔ بدن (۲) خاندان۔ نسل (۳) دین۔ دھرم (۴) قسم۔ نوع (۵) عزّت۔ آبرُو (۶) حیثیت۔ وقعت (۷) قوم۔ گوت۔ جمع: ذوات۔ اُردو جمع: ذاتوں۔ ذاتیں۔

ذاتُ الجنب (ذا۔تُل۔جَنب)(ع۔ا۔مذ) پسلی کا درد۔ پہلو کا درد۔

ذاتُ الرِّقاع (ذا۔تُر۔رِ۔قاع)(ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا اِستخارہ۔ کاغذ کے چھ یا نو پُرزوں میں سے بعض پر اِفعَل ولا تفعل لِکھ کر جانماز کے نیچے رکھ دیتے ہیں اور بعد نماز ایک پُرزہ اُٹھاتے ہیں۔ اگر اِفعل نکل آئے تو اجازت سمجھتے ہیں۔

ذاتُ الرِّیہ (ذا۔تُر۔رِ۔یَہ)(ع۔ا۔مذ) پھیپھڑوں کا درد۔ نمونیہ کا مرض۔

ذاتُ الصَّدر (ذا۔تُص۔صَدر)(ع۔ا۔مذ) سینے کا درد۔ سینے کا ورم۔

ذاتُ النِّطاقین (ذا۔تُن۔نِ۔طا۔قَین)(ع۔صف۔مث) دو پٹکوں والی۔ حضرت اَسماء بنت ابوبکر صدیقؓ کا لقب۔

ذات باہر (اَر۔صف) ذات سے نکالا ہوا۔

ذات پات (اَر۔ا۔مث) قوم۔ قبیلہ۔ کنبہ (پات تابع مُہمل ہے)۔

ذات پات نہ پُوچھے کوئے۔ ہر کو بھجے سو ہرکا ہوئے (م۔مثل) دیکھئے ہر کو بھجے سو ہرکا ہوئے۔

ذات پر جانا (اَر۔محاورہ) کسی سے ذلیل حرکت کا اُس کے کمینہ ہونے کے باعث سرزد ہونا۔

ذات رات (اَر۔ا۔مث) حسب نسب۔

ذات سے گرا ہوا (اَر۔صف) ذات سے خارج۔ برادری سے نکالا ہوا۔

ذاتِ شریف (اَر۔صف) چالاک۔ مُفسِد۔ شرارتی۔

ذات کی بیٹی ذات میں جاتی ہے (اَر۔مثل) شریف کا پیوند یا رشتہ شریف سے ہوتا ہے۔

ذات میں بٹا لگنا (اَر۔محاورہ) نسل میں عیب پیدا ہونا۔

ذات میں ملنا (اَر۔محاورہ) برادری میں شامل ہونا۔

ذات وَنتا۔ ذات وَنتی (اَر۔صف) اچھی ذات والا۔ اچھی ذات والی۔

ذاتِ ہُمایوں (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) مبارک شخصیت (۲) بادشاہ سلامت۔ بادشاہ کی اپنی شخصیت۔

ذاتی (ع۔اَر۔صف)(۱) اصلی۔ حقیقی (۲) شخصی۔ نجی۔ اپنی۔

ذاتی مُعاملات (اَر۔ع۔ا۔مذ) گھر کے معاملے۔ خانگی اُمور۔

ذاتیات (ذا۔تی۔یات)(ع۔ا۔مث)(۱) عینیّت (۲) شخصیت (۳) کسی ذات سے متعلقہ باتیں۔

ذاکِر (ذا۔کِر)(ع۔صف)(۱) ذکر کرنے والا (۲) وہ شخص جو مجلس میں مصائب اہلِ بیتؑ بیان کرتا ہے۔ جمع: ذاکرین۔ اُردو جمع: ذاکر۔ ذاکروں۔

ذانب (ذا۔نِب)(ع۔صف) پیچھے چلنے والا۔

ذائقہ (ذا۔ءِ۔قہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) مزہ۔ لذّت (۲) لُطف۔ چسکا (۳) چکھنے کی قوت۔ اُردو جمع: ذائقوں۔ ذائقے۔

ذائقہ پڑنا (اَر۔محاورہ) چسکا لگنا۔

ذائقہ چکھنا (اَر۔محاورہ)(۱) مزہ چکھنا (۲) سزا بُھگتنا۔

ذائقہ دار (ذا۔ئِقے دار)(اَر۔صف) مزیدار۔ لذیذ۔

ذائقہ شناس (اَر۔صف) مزہ پہچاننے کا ماہر۔

ذ۔ب

ذَبح (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) شرعی طور پر جانور کو حلال کرنا۔

ذبح کرنا (اَر۔محاورہ) شرعی طور پر حلالی جانور کا گلا کاٹنا (۲) نُقصان پہنچانا۔

ذبح ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) شرعی طور پر حلال ہونا (۲) قتل ہونا۔ نُقصان پہنچنا۔

ذَبِیح (ع۔صف)(ع)(۱) ذبح کیا ہوا (۲) جانور جو قربانی کے لئے منتخب کیا گیا ہو۔

ذَبِیحُ الله (ذَ۔بی۔حُل۔لاہ)(ع۔صف) الله کے راستے میں ذبح کیا ہوا۔ حضرت اِسماعیلؑ کا لقب۔

ذَبِیحَہ (ذَ۔بی۔حَہ)(ع۔ا۔مذ) قربانی کا جانور۔ شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور۔

ذ۔خ

ذَخائر (ذَ۔خا۔اِر)(ع۔ا۔مذ) ذخیرہ کی جمع۔

ذَخیرہ (ذَ۔خی۔رَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) خزانہ (۲) گودام (۳) پُونجی۔ جمع جتھا (۴) وہ جگہ جہاں پودوں کی پنیریاں اکٹھی کی جاتی ہیں۔ جمع: ذخائر۔ اُردو جمع: ذخیروں۔ ذخیرے۔

ذخیرہ اندوز (ع۔ف۔صف) اَجناس وغیرہ کا ذخیرہ کر کے مہنگے داموں بیچنے والا۔

ذخیرہ اندوزی (ع۔ف۔ا۔مث) اَشیا کا ذخیرہ کر لینا تاکہ مانگ زیادہ ہونے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ز پر انہیں مہنگے داموں بیچا جا سکے۔

ذ۔ر

ذَرا (ذَ۔را)(اُر۔صف) عربی ذرّہ کا موزّوں۔ بہت کم۔ بہت تھوڑا۔ نہایت قلیل (۲)(متعلق فعل) تھوڑی دیر کے لئے (۳) بالکل (۴) براہِ مہربانی۔
ذرا خشکہ کھاؤ (اُر۔محاورہ) چلتے پھرتے نظر آؤ۔
ذرا دانتوں تلے زبان دو (اُر۔محاورہ) کچھ تامّل کرو۔
ذرا ذرا (اُر۔متعلق فعل)(۱) تھوڑا تھوڑا (۲) کُل۔ تمام۔
ذرا ذرا کر کے (اُر۔متعلق فعل) تھوڑا تھوڑا کر کے۔
ذرا سا (اُر۔صف) تھوڑا سا۔
ذرا سا مُنہ نکل آنا (اُر۔محاورہ) بیماری، گھبراہٹ یا خوف سے چہرہ اُتر جانا۔
ذرا سی بات ہے (اُر۔محاورہ) بہت آسان کام ہے۔ معمولی کام ہے۔
ذرا ظہور (اُر۔صف) تھوڑا۔ کچھ۔ کسی قدر۔
ذرا عقل کے ناخن لو (اُر۔محاورہ) سوچ سمجھ کر بات کرو۔
ذرا کی ذرا (اُر۔متعلق فعل) تھوڑی دیر کے لئے۔
ذرا کی ذرا میں (اُر۔متعلق فعل) تھوڑی دیر میں۔
ذرا مُنہ دھو رکھو (اُر۔محاورہ) ایسی بات کی اُمید نہ رکھو۔
ذرا مُنہ سنبھالو (اُر۔محاورہ) جب کوئی شخص بد زبانی کرتا ہو تو اُسے بطور دھمکی کے کہتے ہیں۔
ذرا میں (اُر۔متعلق فعل) تھوڑی سی دیر میں۔
ذرا ہوش میں آؤ (اُر۔محاورہ) سوچ سمجھ کر باتیں کرو۔ عقل کے ناخن لو۔
ذَرّات (ذَر۔رات)(ع۔ا۔مذ) ذرّہ کی جمع۔ چھوٹے چھوٹے ریزے۔
ذِراع (ذِ۔راع)(ع۔ا۔مذ)(۱) بازو، درمیانی اُنگلی کے سرے سے کہنی تک (۲) ایک ہاتھ۔ ایک گز (۳) گھوڑے کی اگلی ٹانگ، ٹخنے سے اُوپر (۴) نشان جو اُونٹ کی ٹانگ پر لگاتے ہیں (۵) نیزے کا حِصّہ سرے سے لے کر درمیان تک۔
ذَرائع (ذَ۔را۔ئع)(ع۔ا۔مذ) ذریعہ کی جمع۔
ذَرّہ (ذَر۔رَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) مادّے کا نہایت چھوٹا ٹکڑا۔ ریزہ۔ جمع: ذرّات۔ اُردو جمع: ذرّوں۔ ذرّے۔
ذرّہ (برابر) بھر (اُر۔صف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔
ذرّۂ بے مقدار (ع۔ف۔ا۔مذ) بے وقعت شے۔
ذرّہ پروَر (ع۔ف۔صف) ناچیز کی قدر کرنے والا۔ معمولی آدمی کا خیال کرنے والا۔
ذرّہ پروری (ع۔ف۔ا۔مث) ذرّہ پرور کا اِسم کیفیت۔
ذرّہ ذرّہ (ع۔اُر۔متعلق فعل) تفصیل کے ساتھ۔ سب کچھ۔
ذرّہ صِفت (ذرّہ وَر) (ع۔ف۔صف) ذرّے کی طرح چھوٹا سا۔ بے وقعت۔ ناچیز۔
ذرّہ نواز (ع۔ف۔صف) غریب نواز۔ ناچیز کی قدر کرنے والا۔ ذرّہ پرور۔
ذرّہ نوازی (ع۔ف۔ا۔مث) غریب پر مہربانی کرنا۔ کم حیثیت آدمی کی قدر کرنا۔
ذَری (اُر۔ا۔مث) ذرا کے بجائے اِستعمال ہوتا تھا۔
ذَرّے (ذَر۔رے)(اُر۔ا۔مذ)(۱) ذرّہ کی جمع (۲) ذرّہ کی مُغیّرہ صورت۔
ذرّے کو آفتاب بنانا (اُر۔محاورہ) ناچیز کو اعلیٰ مرتبے پر پہنچانا۔
ذُرِّیّت (ذُر۔ری۔یَت)(ع۔ا۔مث) اولاد۔ نسل۔ تُخم۔ جمع: ذُرّیات۔
ذَرِیعہ (ع۔ا۔مذ)(۱) وسیلہ۔ وساطت۔ واسطہ (۲) طفیل۔ معرفت (۳) موقع۔ پہنچنے کا طریقہ۔ تعلّق۔ سبب۔ وجہ۔ جمع: ذرائع۔ اُردو جمع: ذریعوں۔ ذریعے۔
ذریعہ بنانا (اُر۔محاورہ) وسیلہ پیدا کرنا۔
ذریعہ پیدا ہونا (اُر۔محاورہ) وسیلہ پیدا ہونا۔ طریقہ نکل آنا۔ موقع میسّر ہونا۔
ذریعہ نکالنا (اُر۔محاورہ) وسیلہ پیدا کرنا۔
ذریعہ ہونا (اُر۔محاورہ) ذریعہ بننا۔ وسیلہ ہونا۔
ذریعے (ذَ۔ری۔عے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) ذریعہ کی جمع (۲) ذریعہ کی بدلی ہوئی شکل۔
ذریعے سے (اُر۔متعلق فعل) وسیلے سے۔ وجہ سے۔ معرفت۔

ذ۔ق

ذَقَن (ذَ۔قَن) (ع۔ا۔مذ) ٹھوڑی۔ ٹھُڈی۔ جمع: اَذقان (۲)(اُر۔ا۔مذ) زقند کا بگاڑ۔ جست۔ چھلانگ۔

ذ۔ک

ذَکا (ذَ۔کا)(ع۔ا۔مث) ذکاوت۔ ذہانت۔ دانائی۔ فراست۔ عقل مندی۔
ذَکاوَت (ذَ۔کا۔وَت)(ع۔ا۔مث) ذہن کی تیزی۔ ذہانت۔ تیزیٔ طبع۔ تیز فہمی۔
ذَکَر (ذَ۔کَر)(ع۔ا۔مذ)(۱) نَر۔ مرد (۲) آلۂ تناسُل (۳) فولاد (۴) فولاد کی بنی ہوئی تلوار۔ جمع: ذکور۔
ذِکر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) تذکرہ۔ چرچا۔ بیان (۳) زبان اور دِل سے خُدا کی یاد (۴) قرآنِ پاک کی تلاوت (۵) سُبحان اللہ، اَلحمدُللہ، لا اِلٰہ اِلّا اللہ یا اللہُ اکبر کہہ کر خُدا کی حمد و ثنا کرنا (۶) دُعا۔ نماز (۷) تعریف۔ شُہرت۔ جمع: اَذکار۔
ذِکر آنا (اُر۔محاورہ) کسی کی بابت کچھ گفتگو ہونا۔ تذکرہ ہونا۔
ذِکرُالعَیش نِصفُ العَیش (ع۔مقولہ) عیش و عشرت کے تذکرے سے بھی بہت لُطف حاصل ہوتا ہے۔
ذِکر بالخَیر (ذِکرِ جمیل۔ ذِکرِ خَیر) (ع۔ا۔مذ) کسی کے متعلق اچھی بات کہنا۔ کسی کا تذکرہ جو نیک بات سے کیا جائے۔
ذِکر چلنا (اُر۔محاورہ) تذکرہ ہونا۔ بات چھڑنا۔
ذِکر چھیڑنا (اُر۔محاورہ) بات چیت ہونا۔ کسی بات کی اِبتدا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ذِکرِ حبیب (اَ۔ا۔مذ) معشوق کی باتیں۔ معشوق کا تذکرہ۔
ذِکرِ حق (اَ۔ا۔مذ) زبان و دل سے خُدا کی یاد۔
ذِکر خواں (اَ۔صف) خُدا کا ذکر کرنے والا۔
ذِکر کرنا (اَ۔محاورہ) بیان کرنا۔ تذکرہ کرنا (۲) خُدا کو یاد کرنا۔
ذِکر ہونا (اَ۔محاورہ) تذکرہ ہونا۔
ذُکور (ذُ۔کور) (ع۔ا۔مذ) ذَکر کی جمع۔ بہت سے مرد۔
ذَکی (ذَ۔کی) (ع۔صف) تیز فہم۔ ذہین۔ ہوشیار۔ زیرک۔ زُود فہم۔ جمع: اَذکیا۔
ذَکیر (ذَ۔کیر) (بیائے معروف) (ع۔صف) بہت یاد کرنے والا۔
ذَکِیّہ (ذَ۔کی۔یَہ) (ع۔صف۔مث) تیز فہم عورت۔ ذکی کی تانیث۔

ذ۔ل

ذُلّ (بضمِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) رذالت۔ کمینہ پن۔ ذلالت۔
ذَلالت (ذَ۔لا۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) ذلّت۔ رُسوائی۔ خواری (۲) ہتک۔ توہین (۳) کمینہ پن۔ رذالت (۴) حقارت۔
ذِلّت (ذِل۔لت) (ع۔ا۔مث) رُسوائی۔ توہین۔ بدنامی۔ اُردو جمع: ذلّتوں۔ ذلّتیں۔
ذِلّت اُٹھانا (اَ۔محاورہ) ذلیل و خوار ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
ذِلّت چھانا (اَ۔محاورہ) نحوست برسنا۔ نکبت چھانا۔
ذِلّت دینا (اَ۔محاورہ) شرمندہ کرنا۔ خفیف کرنا۔
ذِلّت ہونا (اَ۔محاورہ) رُسوائی ہونا۔ ہتک ہونا۔ شرمندگی ہونا۔
ذَلیل (ذَ۔لیل) (ع۔صف) (۱) خوار۔ خستہ (۲) رُسوا۔ بدنام (۳) کمینہ۔ رذیل۔ پاجی۔ سِفلہ۔ جمع: اَذِلّہ۔ اُردو جمع: ذلیل۔ ذلیلوں۔
ذلیل کرنا (اَ۔محاورہ) رُسوا کرنا۔ خفیف کرنا۔ شرمندہ کرنا۔
ذلیل ہونا (اَ۔محاورہ) رُسوا ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

ذ۔م

ذَمّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مث) مذمّت۔ ہجو۔ بُرائی۔
ذَمّ کا پہلو نکلنا (اَ۔محاورہ) بُرائی یا مذمّت کی صورت ہونا۔
ذَمائم (ذَ۔ما۔ام) (ع۔ا۔مذ) ذمیمہ کی جمع۔ بُرائیاں۔ خرابیاں۔
ذِمّہ (ذِم۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ضمانت۔ کفالت۔ ضامنی (۲) عہد۔ پیمان (۳) سُپردگی۔ تحویل۔ امانت (۴) جواب دہی۔ مواخذہ۔ بار (۵) فرض۔ نوکری (۶) وفاداری۔ پناہ۔
ذِمّہ (ذِمّے) دار (ذِم۔مے۔دار) (ع۔ف۔اَ۔صف) (۱) ضامن۔ کفیل۔ جوابدہ۔ فرض شناس۔
ذِمّہ (ذِمّے) دارانہ (ذِمّے۔دا۔را۔نہ) (ع۔ف۔اَ۔متعلق فعل) ذِمّے داری کے ساتھ۔

ذِمّہ (ذِمّے) داری (ذِم۔مے۔دا۔ری) (ع۔ف۔اَ۔ا۔مث) ضمانت۔ کفالت۔ فرض شناسی۔ جواب دہی۔
ذِمّہ (ذِمّے) کرنا (اَ۔محاورہ) سُپرد کرنا۔ تحویل میں دینا۔
ذِمّہ لینا (اَ۔محاورہ) ہامی بھرنا۔ تحویل میں لینا۔ ذِمّے دار ہونا۔
ذِمّہ وار۔ دیکھئے ذِمّہ دار۔
ذِمّہ واری۔ دیکھئے ذِمّہ داری۔
ذِمّی (ذِم۔می) (ع۔ا۔مذ) غیر مُسلم جو اِسلامی سلطنت میں رہے اور جزیہ ادا کرے۔ اِس کے عوض اُسے فوجی خدمات سے مستثنٰی کر دیا جاتا تھا۔
ذَمیمَہ (ذَ۔می۔مَہ) (ع۔ا۔مث) بُرائی۔ خرابی۔ جمع: ذمائم۔

ذ۔ن

ذَنب (ذَنب) (بفتحِ اوّل و سکونِ سوم) (نُون غنّہ) (ع۔ا۔مذ) گناہ۔ قصور۔ جُرم۔ بُرا کام۔
ذُنُوب (ذُ۔نوب) (ع۔ا۔مذ) ذَنب کی جمع۔

ذ۔و

ذُو (واو معروف) (ع۔ا۔مذ) مالک۔ آقا۔ والا۔ صاحب۔ جمع: ذوی۔ اُولُو۔
ذُو اَربَعَۃِ الاَضلاع (ذُو۔اَر۔بَ۔عَ۔تِل۔اَض۔لاع) (ع۔ا۔مث) چار پہلوؤں یا چار اَضلاع والی شکل۔
ذُواَضعاف (ع۔ا۔مذ) جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے تو اُسے اُن عددوں کا ذُواَضعاف کہتے ہیں۔
ذُواَضعاف اَقل (ع۔ا۔مذ) سب سے چھوٹا ذُواضعاف۔ وہ عدد جو کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے اور اُس سے کوئی چھوٹا عدد ایسا نہ ہو کہ اُن عددوں پر پورا تقسیم ہوتا ہو۔
ذُوالاحترام (ذُل۔اِح۔تِ۔رام) (ع۔صف) مرتبے والا۔ صاحبِ عزّت۔
ذُوالجلال (ذُل۔جَ۔لال) (ع۔صف) صاحبِ جلال۔ مرتبے والا۔ دبدبے والا۔ خُدائے تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام۔
ذُوالجناح (ذُل۔جَ۔ناح) (ع۔ا۔مذ) پَروں والا۔ حضرت امام حسینؓ کے اُس گھوڑے کا نام جس پر آپ معرکۂ کربلا میں سوار تھے۔
ذُوالحال (ع۔صف) بدمزاج۔ سخت دِل۔
ذُوالحج (ذُوالحجّہ) (ذُل۔حَج) (ذُل۔حِج۔جہ) (ح مکسُور) (ع۔ا۔مذ) قمری سال کا بارہواں مہینا جس میں حجِ بیتُ اللہ اور عیدُالاضحٰی کی تقاریب ہوتی ہیں۔
ذُوالحُلیفہ (ذُل۔حُ۔لی۔فہ) (ع۔ا۔مذ) مدینہ منورہ سے چھ میل کے فاصلے پر ایک مقام جہاں سے اِحرام باندھا جاتا ہے۔
ذُوالفقار (ذُل۔فِ۔قار) (ع۔ا۔مث) مُہروں والی تلوار۔ حضرت علیؓ کی تلوار کا نام۔
ذُوالقُربیٰ (ذُل۔قُر۔با) (ع۔ا۔مذ) رشتے دار۔ نیز دیکھئے ذوی القربیٰ۔
ذُوالقرنین (ذُل۔قر۔نین) (ع۔ا۔مذ) دو گیسوؤں یا دو سینگوں والا۔ ایک

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بادشاہ (غالباً سکندر) کا لقب جس کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے۔

ذُوالقعْدَ (ذُوالقعْدہ) (ذُل۔قَع۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) اسلامی سال کا گیارہواں مہینا۔

ذُوالکِفل (ذُل۔کِ۔فل) (ع۔ا۔مذ) صاحبِ کفل۔ کفل والا۔ ایک پیغمبر جن کا ذکر کلامِ پاک میں آیا ہے۔ بعض علما کے نزدیک اس سے مُراد مہاتما بُدھ ہیں جو کپل وَستو میں پیدا ہوئے تھے۔

ذُوالمِنَن (ذُل۔مِ۔نن) (مَ۔نَن) (ع۔صف) بخشش کرنے والا۔ اِحسان کرنے والا۔ خُدا کی صِفت ہے۔

ذُوالنُّورَین (ذُن۔نُو۔رَین) (ع۔صف) دو نُوروں والا۔ حضرت عثمانؓ کا لقب کیونکہ رسول اللہ ﷺ کی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے اُن کے نکاح میں آئیں۔

ذُوالنُّون (ذُن۔نُون) (ع۔صف) حضرت یونسؑ کا لقب کیونکہ آپ مچھلی کے پیٹ میں رہے تھے۔ نُون بمعنی مچھلی (۲) ایک مسلمان بُزرگ کا نام (ذُوالنُّون مصری)۔

ذُوذنابہ (ع۔ا۔مذ) دُم دار ستارہ۔

ذُوفُنُون (ع۔صف) (۱) وہ جو کئی فن جانتا ہو۔ عالم۔ فاضل (۲) پُرفن۔ عیّار۔ چالاک۔

ذُومعنی (ع۔صف) عموماً "ذُو معنیَین" کے بجائے اِستعمال ہوتا ہے یعنی دو معنوں والا۔ وہ بات جس میں کئی پہلو یا معنی نکلتے ہوں۔

ذُومعنی بات کہنا (اُر۔محاورہ) ایسی بات کہنا جس کے کئی معنی ہوں۔

ذَوات (ذَ۔وات) (ع۔ا۔مذ) جمع ذات کی بمعنی صاحبان، مالکان۔

ذَوق (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) مزہ۔ لُطف (۲) شوق۔ خوشی۔

ذوق رکھنا (اُر۔محاورہ) شوق رکھنا۔

ذوقِ سلیم (ع۔ا۔مذ) صحیح ذوق۔ دُرست ذوق۔

ذوق وشوق (ذوق شوق) (ع۔ا۔مذ) عیش۔ خوشی۔

ذَوِی (ذَ۔وِی) (ع۔ا۔مذ) ذُو کی جمع۔ مالکان۔ صاحبان۔

ذوی الاَرحام (ذَ۔وِل۔اَر۔حام) (ع۔صف) رحموں والے۔ وہ رشتے دار جو باپ کی طرف سے منسوب نہ ہوں۔ وہ رشتے دار جو ماں، بہن، بیوی یا لڑکیوں کی طرف سے منسوب ہوں۔ ذوالفرائض اور عصبہ نہ ہوں۔

ذوی الاِکرام (ذَ۔وِل۔اِک۔رام) (ع۔صف) وہ جن کی عزّت کی جائے۔ معززین۔

ذوی الفرائض (ذَ۔وِل۔فَ۔را۔اِض) (ع۔صف) شرعی وارث جن کے حصے مُقرّر ہیں۔

ذوی القُربیٰ (ع۔صف) قرابت والے لوگ۔ جدّی رشتے دار۔ ذی القربیٰ۔

ذ۔ہ

ذِہانت (ذِ۔ہا۔نت) (ع۔ا۔مث) ذہن کی تیزی۔ فوراً سمجھ جانے کا ملکہ۔

ذَہَب (ذَ۔ہَب) (ع۔ا۔مذ) (۱) سونا۔ طِلا (۲) انڈے کی زردی۔ جمع: اذہاب۔

ذِہن (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم و نیز بفتحہ اوّل و دوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) حافظہ۔ یاد (۲) اِدراک۔ سمجھ کی قوت (۳) زیرکی۔ توانائی۔ سمجھ (۴) قابلیت۔ ذکا۔ جمع: اذہان۔ اُردو جمع: ذہن۔ ذہنوں۔

ذہنِ رسا (ع۔صف) تیز ذہن۔

ذہن سے اُتر جانا (اُر۔محاورہ) بُھول جانا۔ دھیان نہ رہنا۔

ذہن کُند ہونا (اُر۔محاورہ) غبی ہونا۔ بے وقوف ہونا۔

ذہن کُھلنا (اُر۔محاورہ) عقل کا تیز ہونا۔

ذہن لڑانا (اُر۔محاورہ) سوچنا۔ غور کرنا۔

ذہن لڑنا (اُر۔محاورہ) خیال کی رسائی ہونا۔

ذہن مُنتقل ہونا (اُر۔محاورہ) کسی بات کی طرف خیال جانا۔

ذہن میں نہ بیٹھنا (اُر۔محاورہ) کسی بات کا سمجھ میں نہ آنا۔

ذہن نشین (ع۔ف۔صف) سمجھا ہوا۔ یاد رکھا ہوا۔ سمجھ میں آیا ہوا۔

ذہن نشین کرنا (کر دینا) (اُر۔محاورہ) (۱) سمجھا دینا (۲) تشفّی کر دینا۔

ذہن نشین ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) سمجھ میں آنا (۲) یاد ہو جانا (۳) تشفّی ہو جانا۔

ذِہنی (ذِہ۔نی) (ع۔صف) (۱) ذہن کے متعلّق (۲) دماغی۔ عقلی۔

ذِہنیات (ذِہ۔نی۔یات) (ع۔ا۔مث) ذہن سے تعلّق رکھنے والی چیزیں۔

ذِہنیّت (ذِہ۔نی۔یَت) (ع۔ا۔مث) طبیعت کا رُجحان۔ تیزیِ طبع۔ طبیعت کا مَیلان۔ مزاج۔

ذُہُول (ع۔ا۔مذ) بُھول۔ غفلت۔

ذَہِیب (ذَ۔ہیب) (ع۔صف) سُنہرا۔ سونے کا۔

ذَہِین (ذَ۔ہین) (ع۔صف) وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو۔ ذکی۔ ہوشیار۔ تیز فہم۔

ذہین کی دُور بلا (اُر۔مقولہ) عقل مند کو نُقصان نہیں پہنچتا۔

ذ۔ی

ذِی (ع۔ا۔مذ) ذُو کی حالتِ مجروری۔ صاحب۔ مالک۔ والا۔

ذی آبرُو (ع۔ف۔صف) آبرو والا۔ عزّت دار۔

ذی اِختیار (ع۔صف) اِختیار والا۔ حکومت والا۔ حاکم۔

ذی اِستعداد (ع۔صف) (۱) قابل۔ لائق (۲) امیر۔ دولت مند۔

ذی اِقتدار (ع۔صف) حکومت والا۔ اِقتدار والا۔ حاکم۔

ذی جاہ (ع۔ف۔صف) مرتبے والا۔ افسر۔

ذی الحِجّ (ذِل۔حِج) (ع۔ا۔مذ) قمری سال کا بارھواں مہینا۔ نیز دیکھیے ذوالحج۔

ذی القُربیٰ (ذِل۔قُر۔با) (ع۔ا۔مذ) رشتے دار۔ نیز دیکھیے ذوالقربیٰ۔

ذی القعْد (ذِل۔قَعد) (ع۔ا۔مذ) قمری سال کا گیارھواں مہینا۔ ذوالقعد۔

ذی حُرمت (ع۔صف) عزّت دار۔ باعزّت۔

ذی حِس (ع۔صف) جاندار۔ اِحساس رکھنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ذی حشم (ع۔ صف) حشمت والا۔

ذی حیات (ع۔ صف) جاندار۔ زندہ۔

ذی خِرد (ع۔ ف۔ صف) عقل مند۔ دانا۔

ذی رُتبہ (ع۔ ف۔ صف) عُہدے دار۔ صاحبِ منصب۔ اَفسر۔ حاکم۔

ذی رُوح (ع۔ صف) جاندار۔

ذی شان (ع۔ صف) شان و شوکت والا۔

ذی شعور (ع۔ صف) عقل مند۔ دانا۔ ہوشیار۔ سمجھ دار۔

ذی عزّت (ع۔ صف) معزّز۔ صاحبِ وقار۔

ذی قعدہ (ع۔ ا۔ مذ) دیکھئے ذی القعدہ۔

ذی وقار (ع۔ صف) صاحبِ وقار۔ باعزّت۔

ذی ہوش (ع۔ ف۔ صف) ہوشیار۔ ذہین۔ ہوش مند۔

ذیابیطس (ذ۔یا۔بی۔طس)(ع۔ ا۔ مذ) ایک بیماری جس میں پیشاب کے ساتھ شکر آتی ہے۔

ذیل (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) دامن۔ نیچے کا حِصّہ (۲) وہ جو نیچے درج ہو (۳) علاقہ۔ حلقہ (۴) گروہ۔ زُمرہ (۵) واسطہ۔

ذیل دار (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ایک سرکاری عُہدے دار جس کے حلقے میں کئی گاؤں ہوتے ہیں۔

ذیل داری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ذیلدار کا عُہدہ۔

ذیل گھر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ایک مکان جس میں معزّز آدمی' نمبردار' ذیلدار وغیرہ آکر ٹھہرتے ہیں۔

ذیل میں (ا۔ متعلق فعل) تحت میں۔ نیچے۔

ذیل وار (ا۔ متعلق فعل) ذیل کے حساب سے۔

ذَیلی (ذَے۔لی) (ع۔ ف۔ صف) نیچے کی۔ نیچے کا۔ ضمنی۔ ماتحت۔

ذیلی تقسیم (ع۔ ف۔ ا۔ مث)(۱) نیچے کی تقسیم (۲) کمتر درجے کی تقسیم۔ انگریزی میں اسے سب ڈویژن کہتے ہیں۔

ذیلی حاشیہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) پائے ورق پر لکھی ہوئی عبارت Foot Note۔

ذیلی دفعہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) قانونی دفعات کی مزید وضاحت کے لئے چھوٹی ضمنی دفعہ۔(Sub clause)۔

ذیلی طفیلی (ع۔ ف۔ صف) ماتحت۔

ذیلی گرفت (ع۔ ف۔ ا۔ مث) اے۔ سی بجلی کی متبادل برقی رو کی گرفت جس کی لہریں ایک دُوسرے کی معاونت کرتی ہیں۔ انگریزی میں اسے سب سی ڈیری ویلنسی کہتے ہیں۔

ذیلی عنوان (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کسی مضمون کی بغلی سُرخی۔

ذیلی قواعد (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) قوانین کی مزید وضاحت کے لئے چھوٹے بڑے قاعدے۔

ذیلی مُمتحن (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ماتحت مُمتحن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ر

ر (رے)(ع۔ا۔مث) اُردو کا چودھواں' فارسی کا بارھواں' عربی کا دسواں اور ہندی کا ستائیسواں حرف۔ عربی و فارسی میں اِسے را کہتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لئے رائے مُہملہ اور رائے غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے دو سو عدد مقرر ہیں۔ یہ شمسی حرف ہے۔ یعنی اِس سے پہلے "ال" آئے تو لام آواز نہیں دے گا بلکہ ر کو مشدّد کر دے گا جیسے اَلرَّحیم (اَر۔رَحیم)۔ علمِ نجوم میں چاند کی علامت ہے۔ عربی میں ماہِ ربیعُ الاوّل کا اِختصار ہے۔

ر۔ا

را (ف۔حرفِ جر)(۱) کا۔کو (۲) سے لئے۔ اُردو میں اِس کے مُرکّبات قضارا بمعنی اِتفاقاً' ناگہانی اور خُدارا بمعنی خُدا کے لئے مستعمل ہیں۔

راب (ہ۔ا۔مث) شیرہ۔ پتلا گُڑ جو تمباکو میں پڑتا ہے۔

راب نہ رابڑی' لے اُٹھے کھابڑی (ہ۔مثل) کوئی اچھی یا بُری بات نہیں کی اور یونہی تلوار نکال لی۔ خواہ مخواہ ناراض ہو گئے۔

رابڑی (راب۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) شکر مِلا ہوا گاڑھا دودھ۔ ربڑی۔

رابِطَہ (را۔بِ۔طَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) لگاؤ۔ علاقہ۔ واسطہ۔ تعلّق۔ میل جول (۲) قرابت۔ رشتہ۔ جمع: روابِط۔ اُردو جمع: رابطوں۔ رابطے۔

رابِع (را۔بِع)(ع۔عدد ترتیبی) چوتھا۔

رابِعاً (را۔بِ۔عَن)(ع۔متعلق فعل) چوتھی بار۔ چوتھے۔

رابِعَہ (را۔بِ۔عَہ)(ع۔عدد ترتیبی) چوتھی۔ رابع کی تانیث۔

راپٹا (راپ۔ٹا)(اَر۔ا۔مذ) تھپڑ۔ ریپٹا۔

راپڑ (را۔پَڑ)(ہ۔صف) بنجر (زمین)۔

راپی (رانپی) (را۔پی)(راں۔پی)(ہ۔ا۔مث) موچیوں کا ایک اوزار جس سے وہ چمڑا چھیلتے ہیں۔ رَمپی۔ (پن) رَنبی۔ جمع: رَاپیاں۔ رَاپیوں۔

رات (ہ۔ا۔مث) س: راتری (۱) سُورج کے غروب ہونے سے طلوع ہونے تک کا وقت (۲) رَین۔ شب۔ لیل۔ جمع: راتوں۔ راتیں۔

رات آنا (اَر۔محاورہ) رات کا وارد ہونا۔

رات آنکھوں میں کاٹنا (کٹنا) (اَر۔محاورہ) رات آنکھوں میں گزارنا۔ اِنتظار میں ساری رات جاگتے رہنا۔ نیند نہ آنا۔

رات آنکھوں میں گزارنا (گزرنا)۔ دیکھئے رات آنکھوں میں کاٹنا۔

رات اخیر ہونا (اَر۔محاورہ) رات کٹنا۔ رات ختم ہونا۔

رات بس کر (اَر۔متعلق فعل) رات کو قیام کر کے۔

رات بسر کرنا (اَر۔محاورہ) رات کو کہیں قیام کرنا۔

رات بسے کا رستہ (اَر۔ا۔مذ) وہ راستہ جس کو طے کرنے میں رات کو کہیں رہنا پڑے۔ دو پڑاؤ کا راستہ۔

رات بولنا (اَر۔محاورہ) رات کا سنّاٹا ہونا۔ آدھی رات کو ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔

رات بھاری ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) تکلیف اور مُصیبت کی رات کا کاٹے نہ کٹنا (۲) رات کا منحوس اور خطرناک ہونا۔

رات بہت آنا (اَر۔محاورہ) رات کو دیر ہو جانا (۲) بہت رات گزرنا۔

رات بھر (اَر۔متعلق فعل) تمام شب۔ ساری رات۔

رات بھر مییائی اور ایک بچّہ بیائی (اَر۔مثل) محنت تو بہت کی مگر فائدہ نہ ہونے کے برابر ہوا۔

رات بھیگنا (اَر۔محاورہ) رات کو خنکی ہو جانا۔ رات کا سرد ہو جانا (۲) آدھی رات گزرنا۔

رات پڑی ہے (اَر۔محاورہ) بہت رات باقی ہے۔

رات پڑی بُوند۔ نام رکھا محمود (اَر۔مثل) کام مشکل سے شروع ہوا ہے' خوشی ابھی سے شروع کر دی ہے۔

رات پڑے لپاسی' دن کو کھائے (کھوجے) باسی (اَر۔مثل) بہت غریب ہے۔ رات کو بھوکا سوتا ہے۔ دن کو باسی کھاتا ہے۔

رات پکڑنا (اَر۔محاورہ) رات ہو جانا۔ کام کا سلسلہ رات تک پہنچنا۔

رات پہاڑ ہونا (اَر۔محاورہ) تکلیف وغیرہ کی وجہ سے رات لمبی معلوم ہونا۔ رات کاٹے نہ کٹنا۔

رات تو اپنی ہے (اَر۔محاورہ) یہ وقت تو اپنا ہے۔

رات تھوڑی سوانگ بہت (رات تھوڑی کہانی بہت) (اَر۔مثل) (۱) فرصت کم ہے اور کام زیادہ (۲) عُمر کم اور دُنیا کے بکھیڑے بہت۔

رات تھوڑی ہونا (اَر۔محاورہ) صُبح ہونے کے قریب ہونا۔

رات تیر کرنا (یائے مجہول)(اَر۔محاورہ) رات گزارنا۔ رات بسر کرنا۔

رات جانا (اَر۔محاورہ) رات گزرنا۔ رات تمام ہو جانا۔

رات چلنا (اَر۔محاورہ) رات گزرنا۔ رات رُخصت ہونا۔

رات دِن (اَر۔متعلق فعل) ہر وقت۔ شب و روز۔ آٹھوں پہر۔

رات دِن اُس کی تسبیح ہے (اَر۔مثل) ہر وقت اُس کو یاد کرتا ہے۔

رات دِن برابر ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) ۲۱ر مارچ اور ۲۱ر ستمبر کو دِن اور رات کی لمبائی پورے بارہ گھنٹے کی ہوتی ہے (۲) دِن اور رات میں کوئی فرق نہ سمجھنا۔ جو کام دِن کو ہونا چاہئے وہی رات کو بھی کرنا۔

رات دِن پیسا اور چپنی بھر اُٹھایا (اَر۔مثل) محنت بہت فائدہ کم۔

رات دِن شیر کا سامنا ہے (اَر۔مثل) ہر روز نئی مُصیبت ہے۔

رات ڈھلنا (اَر۔محاورہ) رات کا زوال پر آنا۔ آدھی سے زیادہ رات گزر جانا۔

رات رہنا (اَر۔محاورہ)(۱) رات باقی ہونا (۲) رات کو قیام کرنا۔

رات رہے سے (اَر۔متعلق فعل)(۱) ایسے وقت جب تھوڑی رات باقی ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رات کا پیٹ بھاری ہے (اَر۔ مثل) رات سب عیبوں کو چھپا لیتی ہے۔
رات کاٹنا (اَر۔ محاورہ) رات گزارنا۔
رات کاٹے کھانا (اَر۔ محاورہ) رات کو تنہائی میں فرقت کی تکلیف ہونا۔
رات کا کھایا یاد نہیں رہتا (اَر۔ مثل) بہت بُھلکڑ ہے۔
رات کٹ جانا (کٹنا) (اَر۔ محاورہ) رات بسر ہو جانا۔
رات کو مچھر کی ٹانگ پکڑیں' دن کو اُونٹ نہ سُجھائی دے (اَر۔ مثل) اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جسے رات کو زیادہ نظر آتا ہے اور دن میں کم۔
رات کی رات (اَر۔ ا۔ مث) صرف ایک رات۔
رات کی صَبّت حرام (اَر۔ مثل) عورتوں کا خیال ہے کہ رات کو کوئی تجویز کرنا منحوس ہوتا ہے۔
رات گئی بات گئی (اَر۔ مثل) موقع نکل جانے کے بعد کچھ نہیں ہو سکتا۔
رات گئے (اَر۔ متعلق فعل) ایسے وقت جب رات کا بڑا حِصّہ گزر چکا ہو۔
رات ماں کا پیٹ ہے (اَر۔ مثل) رات کو سب آرام پاتے ہیں۔ رات کو عیب چُھپے رہتے ہیں۔
رات نربدا اُتری' صبح اُٹھ کنوئیں سے ڈری (اَر۔ مثل) خواہ مخواہ نخرے بگھارتی ہے۔ دِکھانے کو ڈرتی ہے۔ خطرناک کام کر جائے اور تھوڑے خطرے سے ڈر جائے۔ (نربدا بھارت کی ایک ندی ہے)۔
رات نہ پکڑنا (اَر۔ محاورہ) رات ہونے سے پہلے مر جانا۔
رات والا (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) اُلّو (۲) ہیضہ (۳) چاند۔
راتا (ہ۔ صف) (۱) سُرخ۔ لال۔ قرمزی (۲) سُرخ رنگا ہوا۔
راتا رات (اَر۔ متعلق فعل) دیکھئے راتوں رات۔
راتِب (را۔ تِب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کُتّے' بلّی' ہاتھی کی روزانہ خوراک (۲) گھوڑے کو جو چیز معمولی دانے گھاس کے علاوہ دی جائے (۳) تنخواہ۔ روزینہ۔ پنشن۔ وظیفہ۔ راشن۔ اَر جمع: راتب۔ راتبوں۔
راتب باندھنا (اَر۔ محاورہ) معمول مقرر کر لینا۔
راتب لگانا (اَر۔ محاورہ) راتب مقرر کرنا۔
راتنا (رات۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) رنگنا۔ سُرخ رنگنا (۲) سخت جوش آنا (۳) نہایت شائق ہونا۔ عاشق ہونا۔
راتوں رات (اَر۔ متعلق فعل) رات ہی رات میں۔ ایک رات میں۔
راتوں روئی' ایک ہی مرا (موا) (اَر۔ مثل) محنت بہت کی' فائدہ کم ہوا۔
راتوں کا تا کاتا' سر پر نہیں تاتا (ہ۔ مثل) بہت محنت کرتی ہے پھر بھی گزارہ مشکل سے ہوتا ہے۔
راٹھور (را۔ ٹھور) (س۔ ا۔ مذ) (۱) راجپوتوں کا ایک خاندان یا گوت (۲) (صف) مضبوط۔ پکّا۔ سخت۔ کھردرا۔ (واو مجہول سے بھی صحیح ہے)۔
راج (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) س: راجیہ۔ سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی۔ گورنمنٹ۔ سرکار (۲) اِختیار۔ خود مختاری (۳) معمار۔ عمارت بنانے والا۔ نیز دیکھئے راجیہ۔
راج آ رہا ہے (اَر۔ محاورہ) خوب بے فکری میں گزرتی ہے۔

راج اِستھان (ہ۔ ا۔ مذ) شاہی محل۔ دارُالحکومت۔ راج دھانی۔
راج بنس (ہ۔ ا۔ مذ) راجاؤں کا خاندان۔
راج بنسی (ہ۔ صف) (۱) شاہی خاندان کا آدمی۔ راجا کے خاندان کا (۲) سانپ۔ ناگ۔
راج بہا (راجباہ) (ہ۔ ا۔ مذ) نہر کی چھوٹی شاخ۔ چھوٹی نہر جو کسی نہر یا منبع سے نکالی جائے۔
راج بھنڈار (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بیتُ المال۔ خزانہ شاہی۔ سرکاری مال خانہ۔
راج بھنگ ہونا (ہ۔ محاورہ) سلطنت کا تہ و بالا ہونا۔ سلطنت پر زوال آنا۔ حکومت پامال ہونا۔
راج پاٹ (ہ۔ ا۔ مذ) حکومت۔ بادشاہت۔ سلطنت (۲) عورت کا سُہاگ۔
راج پتی (ہ۔ ا۔ مذ) راجکماروں کا لقب۔ راج کنور۔
راج پتنی (ہ۔ ا۔ مث) ملکہ۔ رانی۔
راج پُوت (س۔ ا۔ مذ) راجا کا بیٹا۔ شہزادہ (۲) چھتری۔ ہندو راجا کی اولاد۔ ایک ذات جو راجگانِ قدیم کی اولاد سے کئی شاخوں اور گوتوں میں ہندو اور مسلمان دونوں میں موجود ہے۔
راج پُوتنی (ہ۔ ا۔ مث) راجپوت کی تانیث۔
راج پُوتی (ہ۔ صف) راجپوت سے منسوب۔
راج پھوڑا (ہ۔ ا۔ مذ) وہ بڑا پھوڑا جو اکثر پیٹھ پر ہوتا ہے اور اِس سے آدمی کم ہی بچتا ہے۔ اِسے مغلئی پھوڑا' ملتانی پھوڑا اور لاہوری پھوڑا بھی کہتے ہیں۔ کاربنکل۔
راج تِلک (ہ۔ ا۔ مذ) بادشاہت کا ٹیکا۔ وہ قشقہ جو راج گدّی یا ولی عہدی ظاہر کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے۔
راج دربار (ہ۔ ا۔ مذ) دربارِ شاہی۔ بارگاہِ خسروی۔
راج دُلارا (ہ۔ ا۔ مذ) شہزادہ۔ راج کمار (۲) لاڈلا۔ ناز و نعمت میں پلا ہوا۔ نازپروردہ۔
راج دُلاری (ہ۔ ا۔ مث) راج دُلارا کی تانیث۔
راج دُوت (ہ۔ ا۔ مذ) راجا کا ایلچی۔ کسی مُلک کا سفیر۔
راج دھانی (ہ۔ ا۔ مث) پایۂ تخت۔ دارُالحکومت۔
راج ڈنڈ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ٹیکس (۲) سرکاری جرمانہ۔ محصول۔
راج رانی (ہ۔ ا۔ مث) (۱) راج پتنی (۲) (تعظیماً) دیوی دُرگا۔ کالکا۔ دیوتا کی اِستری۔
راج رَچنا (ہ۔ محاورہ) حکومت کرنا۔ عیش کرنا۔
راج روگ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تپ دق۔ کوڑھ (۲) عرصے تک زیرِ سماعت رہنے والا مقدمہ (۳) عمارتیں بنوانے کی لت۔
راج سبھا (ہ۔ ا۔ مث) (۱) راجا کا دربار (۲) شاہی مجلس۔ نیز دیکھئے راجیہ سبھا۔
راج سُہاگ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ زمانہ جس میں عورت کا خاوند زندہ ہو۔
راج سُہاگ قائم رہے (ہ۔ کلمۂ دُعا) شادی شدہ عورت کے لئے دُعا۔
راج کرنا (ہ۔ محاورہ) (۱) حکومت کرنا (۲) عیش کی زندگی بسر کرنا۔
راج کُمار (ہ۔ ا۔ مذ) راجا کا بیٹا۔ کنور۔ شہزادہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

راج کُماری (ہ۔ا۔مث) راجا کی بیٹی۔ شہزادی۔

راج کوی (ہ۔ا۔مذ) درباری شاعر۔ مَلکُ الشُّعراء۔ تمام شاعروں سے بلند پایہ شاعر۔

راج گدّی (ہ۔ا۔مث) تختِ شاہی۔ تختِ سلطنت۔

راج گری (راج گیری) (ہ۔ا۔مث) معماری۔

راج گھاٹ (ہ۔ا۔مذ) راجا کے نہانے کا گھاٹ (۲) بہت بڑا گھاٹ۔

راج مزدُور لگانا (اُر۔ محاورہ) تعمیر کا کام شروع کرنا۔

راج نیتک (ہے۔تِک) (ہ۔صف) سیاسی۔

راج نیتی (ہے۔تی) (ہ۔امث) سیاست۔ نظامِ حکومت۔

راج ہَٹ۔ بالک ہَٹ۔ تریا ہَٹ۔ جوگی ہَٹ (ہ۔مثل) راجا، بچّہ، عورت اور فقیر جو دِل میں آئے کرتے ہیں۔ کسی کی نہیں مانتے۔

راج ہنس (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا بط۔ قاز۔

راجا (ہ۔ا۔مذ) (۱) ریاست کا حکمران (۲) آقا۔ مالک (۳) (کنایۃً) فضول خرچ اور لاپروا شخص۔ جمع: راجا۔ راجاؤں (اِس کا اِمالہ کرنا غلط ہے)۔

راجا آگے راج۔ پیچھے چھلنی نہ چھاج (ہ۔مثل) بیوہ عورت کہتی ہے کہ خاوند کی زندگی میں بڑے مزے تھے۔ اُس کی وفات کے بعد کچھ بھی نہیں رہا۔

راجا اِندر کا اکھاڑا (ہ۔ا۔مذ) راجا اِندر کی محفلِ رقص و سرود (۲) خوبصورت عورتوں کا مجمع۔

راجا بُلاوے ٹھاڑے آوے (ہ۔مثل) راجا بُلائے تو جلدی آتا ہے۔ حاکم کی بہت اطاعت کرتا ہے۔

راجا بھئے تو کیا ہُوا، اَنت جاٹ کے جاٹ (ہ۔مثل) دولت ملنے کے باوجود قدیم عادت نہ بدلی۔

راجا جوگی کس کے میت (ہ۔مثل) بادشاہ اور جوگی کسی کے دوست نہیں ہوتے۔

راجا چھوڑے نگری جو بھاوے سو لے (ہ۔مثل) راجا اگر شہر چھوڑ دے تو جس کا دل چاہے قبضہ کر لے۔

راجا راج، پرجا (چَین) سُکھی (ہ۔مثل) حاکم اچھا ہو تو رعیت آرام سے رہتی ہے۔

راجا رکھے رانی کھاوے (ہ۔مثل) کماتا کوئی ہے، اُڑاتا کوئی ہے۔

راجا رُوٹھے گا اپنی نگری لے گا (اُر۔مثل) راجا ناراض ہوگا تو شہر بدر کر دے گا۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کی ناراضی کی پروا نہیں ہوتی۔

راجا کا پرچانا اور سانپ کا کھِلانا برابر ہے (ہ۔مثل) بادشاہوں کی صحبت میں ہر وقت خطرہ ہوتا ہے۔

راجا کا دان، پرجا کا اَشنان (ہ۔مثل) خیرات اپنی حیثیت کے موافق ہونی چاہئے۔ غریب نہا لے تو وہی اُس کی خیرات ہے۔

راجا کا دُوجا، بکری کا تیجا، دونوں خراب (ہ۔مثل) راجا کا دُوسرا بیٹا سلطنت کے لئے جھگڑا کرتا ہے اور بکری کا تیسرا بچّہ بھوکا رہتا ہے کیونکہ بکری کے دو ہی تھن ہوتے ہیں۔

راجا کی بیٹی، قسمت (کرم) کی ہیٹی (ہ۔مثل) امیر کی لڑکی غریب کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں۔

راجا کے گھر کاج، ہمارے گھر ٹھک ٹھکا (ہ۔مثل) بادشاہوں کے اخراجات کا بوجھ رعیت پر پڑتا ہے۔ بادشاہ مزے اُڑائیں غریب بھوکے مریں۔

راجا کے گھر (آئی) گئی عورت رانی کہلائی (ہ۔مثل) جب غریب کی بیٹی امیر کے گھر بیاہی جائے تو کہتے ہیں۔

راجا کے گھر موتیوں کا کال (ہ۔مثل) جس کے پاس کوئی چیز کثرت سے ہو اور وہی نہ ملے تو تعظیماً جھلّاتے ہوئے کہتے ہیں۔

راجا نل پر بپتا پڑی، بُھونی مچھلی جل میں پڑی (ہ۔مثل) بُرے دن آئیں تو ہر کام میں نقصان ہوتا ہے۔

راجا نیاؤ نہ کرے گا، گھر تو جانے دے گا (ہ۔مثل) کوشش کرنی چاہئے۔ فائدہ نہ ہوگا تو نقصان بھی نہ ہوگا۔

راجا ہو کر چوری کرے، نیاؤ کون کرے (ہ۔مثل) حاکم ہی ظلم کرے تو اِنصاف کہاں؟

راجِح (را۔جِح) (ع۔صف) قابلِ ترجیح۔ بہتر۔ غالب۔ فائق۔ پسندیدہ۔

راجرس (را۔جِرس) (راجرس Rogers کا مُبتذ۔ا۔مذ) لوہے کے ایک انگریزی کارخانے کا مالک جس کے چاقو مشہور ہیں۔

راجِع (را۔جِع) (ع۔صف) رجوع کرنے والا۔ پھرنے والا (۲) وہ عورت جو شوہر کے مرنے کے بعد اپنے والدین کے گھر واپس آجائے (۳) وہ اُونٹنی جو حاملہ نہ ہو مگر حاملہ معلوم ہو۔

راجِل (ع۔صف) پیادہ۔ سوار کی ضِد۔

راجوٹ (را۔جوٹ) (ق۔ا۔مذ) حکومت۔ حُکم رانی۔

راجی (ع۔صف) اُمیدوار۔ سائل۔

راجے (را۔جے) (ق۔ا۔مذ) (۱) مزدور (۲) راجا۔

راجیو (را۔جیو) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کی مچھلی (۲) ایک قسم کا ہرن (۳) بگلا (۴) ہاتھی (۵) نیلا کنول (۶) وِشوا ناتھ کا ایک شاگرد (۷) دھاری دار (۸) راجا کے وظیفے پر گزارہ کرنے والا۔

راجیہ (راج۔یہ) (س۔ا۔مذ) حکومت۔ بادشاہت۔ سلطنت (۲) بادشاہی۔ فرماں روائی (۳) اِختیار۔ عملداری (۴) اِنتظامِ سلطنت۔

راجیہ سبھا (ہ۔ا۔مث) ایوانِ بالا۔ مجلسِ اعلیٰ۔ سینٹ۔

راچھ (ہ۔ا۔مذ) جُلاہوں کی دندانے دار کنگھی (۲) آلہ۔ اوزار (۳) بڑھئی اور دیگر پیشہ وروں کے اوزار (۴) لوہے کا ٹکڑا جس کے گرد چکّی پھرتی ہے (۵) درخت یا لکڑی کے اندر کا سخت حِصّہ۔

راچھ رچھندے (ہ۔ا۔مذ) (۱) اوزار۔ آلات (۲) برتن بھانڈے۔

راچھس (را۔چھس) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے راکشس۔

راح (ع۔ا۔مذ و مث) مزے اُڑانا (۲) شراب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

راحت (را۔ حت)(ع۔ا۔مث)(۱) آرام۔ آسائش۔ آسودگی۔ قرار۔ سُکھ۔ اِستراحت (۲) محنت، تکلیف یا بے آرامی کا ختم ہو جانا (۳) محنت سے آزادی (۴) امن۔ چین۔ سکون (۵) خوشی۔ مسرت۔ اُردو جمع: راحتوں۔ راحتیں۔

راحت افزا (ع۔ف۔صف) سُکھ چین بڑھانے والا۔

راحتِ جاں (ع۔ف۔صف)(۱) دِل خوش کرنے والا۔ معشوق، بیوی اور اولاد کے لئے اِستعمال کرتے ہیں (۲) ایک قسم کا چٹ پٹا کھانا۔

راحت رساں (ع۔ف۔صف) آرام پہنچانے والا۔

راحِل (را۔حِل)(ع۔صف) کوچ کرنے والا۔ مسافر۔

راحِلہ (را۔حِ۔لہ)(ع۔ا۔مذ) سواری کا جانور (۲) قافلہ۔ جمع: رواحِل۔

راحِم (را۔حِم)(ع۔صف) رحم کرنے والا۔

راد (راڈھ) (ہ۔ا۔مث) پیپ۔ مواد۔ زخم کی پکی ہوئی آلائش۔

رادِف (را۔دِف)(ع۔صف)(۱) جو بعد میں آئے (۲) اگلے سوار کے پیچھے بیٹھنے والا۔ پچھلا سوار۔

رادھا (را۔دھا)(س۔ا۔مث)(۱) رادھکا۔ کرشن جی کی ایک پیاری گوپی (۲)(مجازاً) قدرت۔ فطرت (۳) کامیابی۔ اِقبال مندی۔

رادھا کو یاد کرو (اُر۔مثل) جاؤ ہوا کھاؤ۔ اپنا کام کرو۔ ہمیں کچھ پروا نہیں۔

راڑ (ہ۔ا۔مث)(۱) شور و غل۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ فساد۔ لڑائی۔ دنگا (۲) بچوں کی ہٹ۔

راڑ مچانا (ہ۔ محاورہ) غُل مچانا۔ شور کرنا (۲) جھگڑا کرنا۔

راڑیا (را۔ڑی۔یا)(ہ۔صف۔مذ)(۱) لڑاکا یا جھگڑالو شخص (۲) ضِدی بچہ۔ ضِدی فقیر۔

راز (ف۔ا۔مذ) بھید۔ خُفیہ بات۔ پوشیدہ بات۔ جمع: رازہا۔ اُر جمع: راز۔ رازوں۔

راز افشا کرنا (اُر۔محاورہ) خُفیہ بات ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا۔

رازجُو (ف۔صف) راز تلاش کرنے والا۔ تفتیش کرنے والا۔

راز دار (ف۔صف) بھید چھپانے والا۔ راز رکھنے والا۔

راز داری (ف۔ا۔مث) بھید چھپانا۔ اِخفائے راز۔

راز داں (ف۔صف) بھید جاننے والا۔ واقف کار۔ دوست۔ محرمِ راز۔

راز سربستہ (رازِ نہفتہ۔ رازِ نہانی)(ف۔ا۔مذ) ایسا راز جو ابھی ظاہر نہ ہوا ہو۔ خُفیہ بھید۔

راز فاش کرنا (روشن کرنا)(اُر۔محاورہ) بھید کھولنا۔ پوشیدہ بات بیان کرنا۔

راز کھولنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے راز فاش کرنا۔

راز و نیاز (ف۔ا۔مذ) عاشق و معشوق کی پوشیدہ باتیں۔ پیار اور اِخلاص۔ رمز و کنایہ۔

راز و نیاز کی باتیں (اُر۔ا۔مث) پیار و اِخلاص کی باتیں۔ عاشق و معشوق کے رموز و کنایات۔

رازِق (را۔زِق)(ع۔صف) رزق دینے والا۔ پروردگار۔ خُدا تعالیٰ کا صِفاتی نام۔

راس (ف۔صف)(۱) راست کا مُخفف۔ دلیاں (۲) دُرست۔ ٹھیک۔ موافق۔ سازگار۔

راس آنا (اُر۔محاورہ) موافق آنا۔ ٹھیک ہونا۔

راس نہ (آنا) ہونا (اُر۔محاورہ) موافق نہ آنا۔ مزاج کے خلاف ہونا۔

راس نہیں (اُر۔محاورہ) نامُبارک ہے۔ ناموافق ہے۔

راس (ع۔ا۔مذ)(۱) سر۔ سردار۔ حاکم۔ سرگروہ (۲) چوٹی۔ اِنتہا (۳) خشکی کا وہ قطعہ جو دُور تک سمندر میں چلا گیا ہو (۴) راہو نیم ستارے کا عربی نام جس کی مدتِ دورہ ہر بُرج میں ۱۸ ماہ قرار دی گئی ہے (۵) بکریوں اور بھیڑوں وغیرہ کی تعداد ظاہر کرنے کے لئے بھی اِستعمال کرتے ہیں (۶)(مث) زاویے کی نوک۔ جمع: رُؤس۔

راسُ الجدی (ع۔ا۔مذ) خطِ جدی کا وہ نقطہ جہاں سُورج ۲۳ر دسمبر کو پہنچتا ہے تو ہمارے ہاں سردی کا موسم شروع ہو جاتا ہے۔

راسُ الرّئیس (ع۔ا۔مذ) رئیسوں کا سردار۔

راسُ السّرطان (ع۔ا۔مذ) خطِ سرطان کا وہ نقطہ جہاں سُورج ۲۱ر جون کو پہنچتا ہے تو ہمارے ہاں گرمی کا موسم شروع ہو جاتا ہے۔

راسُ المال (ع۔ا۔مذ) پُونجی۔ سرمایہ۔ اصل رقم جو کسی تجارت میں لگائی جائے۔

راس و ذنب (ع۔ا۔مذ) راہو۔ کیتو۔ دو ستارے جن کی وجہ سے (عوام کے خیال کے مطابق) سورج اور چاند کو گرہن لگتا ہے۔

راس (ہ۔ا۔مث)(۱) آسمان کے بارہ بُرجوں میں سے ہر ایک بُرج (۲) ڈھیر۔ انبار۔ کھلیان (۳) طالع۔ نصیب۔ قسمت (۴) سُود۔ بیاج (۵) بچے کو گود لینا۔ متبنّیٰ بنانا (۶) کھیل۔ تماشا (۷) باگ۔ ڈور۔ لگام۔ جمع: راسوں۔ راسیں۔

راس اُٹھانا (اُر۔محاورہ) فصل کٹنے کے بعد اناج گھر لے جانا۔

راس بٹھانا (راس لینا) (اُر۔محاورہ) گود لینا۔ متبنّیٰ بنانا۔

راس چکر (ہ۔ا۔مذ) منطقۃُ البرُوج۔ آسمان پر ایک خیالی دائرہ جس میں بارہ بُرج واقع ہیں۔

راس دھاری (ہ۔ا۔مذ) ناچنے والا شخص جو کرشن جی اور اُن کی گوپیوں کی نقل کرتا ہے۔

راس لیلا (ہ۔ا۔مث) کرشن جی اور اُن کی گوپیوں کا کھیل۔

راس ملنا (اُر۔محاورہ)(۱) دو شخصوں کے طالع کا یکساں ہونا (۲) متفق ہونا۔ موافقت ہونا۔

راس نشین (اُر۔ا۔صف) گود لیا ہوا لڑکا۔

راست (بسکونِ سوم و چہارم)(ف۔صف)(۱) سیدھا۔ دلیاں (۲) سچ۔ ٹھیک۔ دُرست (۳) سازگار۔ موافق۔

راست آنا (اُر۔محاورہ) سازگار ہونا۔ موافق ہونا۔ ٹھیک ہونا۔

راست اقدام (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) صحیح اِقدام (۲) براہِ راست کارروائی جو کسی مطالبے کے منوانے کے لئے کی جائے۔ Direct Action۔

راست باز (ف۔صف) سچا۔ ایمان دار۔ دیانت دار۔

راست بازی (ف۔ا۔مث) ایمان داری۔ سچائی۔ دیانت داری۔

راست رَو (ف۔صف)(۱) سیدھا چلنے والا (۲) ایمان دار۔

راست گفتار (راست گو) (ف۔صف) سچ بولنے والا۔ صاف گو۔

راست گفتاری (راست گوئی) (ف۔ا۔مث) سچ بولنا۔ صاف گوئی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

راست مُعاملہ (ف۔ع۔صف) وہ جو لین دین کا کھرا اور ایمان دار ہو۔

راستہ (راس۔تہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) سڑک۔ رستہ۔ راہ (۲) رسم۔ رواج۔ دستور۔ قاعدہ (۳) ڈھنگ۔ طریقہ۔ اُر جمع: راستوں۔ راستے۔ نیز دیکھئے رَستہ۔

راستہ بتانا (اُر۔محاورہ) (۱) راستہ دکھانا۔ رستے پر ڈالنا (۲) ہدایت کرنا (۳) ٹال دینا۔ چلتے حوالے کرنا۔

راستہ بچانا (اُر۔محاورہ) ایک طرف ہو کے نکل جانا۔

راستہ بھٹکنا (اُر۔محاورہ) بے راہ ہو جانا۔ سیدھے راستے پر نہ رہنا۔

راستہ دکھانا (اُر۔محاورہ) راہ بتانا۔ راہنمائی کرنا (۲) اِنتظار کروانا۔

راستہ دیکھنا (اُر۔محاورہ) اِنتظار کرنا۔

راستہ کاٹ کے چلنا (راستہ کترانا) (اُر۔محاورہ) راستہ بچا کر نکل جانا۔

راستہ لینا (اُر۔محاورہ) روانہ ہونا۔ چلے جانا۔

راستہ ناپنا (اُر۔محاورہ) چلے جانا (۲) تھوڑی دیر کے لئے آنا۔

راستی (راس۔تی) (ف۔ا۔مث) سچائی۔ صِدق (۲) ایمان داری۔ دیانت داری (۳) سیدھا ہونا (۴) دُرست ہونے کی حالت۔

راستی پر آنا (اُر۔محاورہ) (۱) سچ بولنا (۲) سیدھے راستے پر آنا۔

راستی پر ہونا (اُر۔محاورہ) سیدھے راستے پر ہونا۔

راستی سے (اُر۔متعلق فعل) (۱) نرمی سے (۲) ایمان داری سے۔ دیانت داری سے (۳) اِنصاف سے۔ سچائی سے۔

راستی کا چلن (اُر۔ا۔مذ) نیک چلنی۔

راستی موجب رضائے خُدا اَست (ف۔مثل) سچائی سے خُدا خوش ہوتا ہے۔

راسِخ (را۔سِخ) (ع۔صف) پکا۔ مضبوط۔ اٹل۔

راسِخ الاعتقاد (را۔سِ۔خُل۔اِعتِقاد) (ع۔صف) پکے اِرادے کا۔ مضبوط ایمان کا۔

راسُو (را۔سُو) (ف۔ا۔مذ) نیولا۔

راسی (را۔سی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اوسط نسل کا گھوڑا (۲) (صف) معمولی۔

راشِد (را۔شِد) (ع۔صف) ہدایت پانے والا۔ ہدایت یافتہ۔ جمع: راشِدین۔

راشَن (Ration) (انگ۔ا۔مذ) (۱) راتب۔ خوراک (۲) مقررہ مقدار جو ایک بار ملے۔

راشَن ڈپو (Ration Depot) (انگ۔ا۔مذ) راشن کی دُکان۔

راشَن کارڈ (Ration Card) (انگ۔ا۔مذ) وہ پروانہ جس پر راشن کی مقدار اور کارڈ والے کا نام اور پتا درج ہوتا ہے۔

راشی (را۔شی) (ع۔صف) رشوت دینے والا (۲) غلط العوام: رشوت لینے والا۔

راضی (را۔ضی) (ع۔صف) (۱) شاد۔ خوش۔ رضا مند (۲) (اُر۔صف) صابر۔ شاکر (۳) تندرست۔

راضی برضا (بہ۔رضا) (ع۔صف) خدا کے حُکم پر راضی۔ خُدا کی مرضی کو تسلیم کرنے والا۔

راضی خوشی (اُر۔صف) (۱) ٹھیک ٹھاک۔ تندرست (۲) (متعلق فعل) رضا مندی سے۔

راضی کرنا (اُر۔محاورہ) رضا مند کرنا۔ منانا۔ خوش کرنا۔

راضی ہونا (اُر۔محاورہ) خوش ہونا۔ رضامند ہونا۔ مان جانا۔

راضی نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) باہمی فیصلے کی وہ تحریر جو سرکار میں فریقین کی رضا مندی سے داخل کی جاتی ہے۔ صلح نامہ۔

راعی (را۔عی) (ع۔ا۔مذ) چرواہا (کنایۃً) بادشاہ۔

راغ (ف۔ا۔مذ) (۱) پہاڑ کے نیچے کا میدان (۲) سبزہ زار (۳) جنگل۔

راغِب (را۔غِب) (ع۔صف) مائل۔ خواہش مند۔

رافَت (را۔فَت) (ع۔ا۔مث) مہربانی۔ رحمت کی شِدت۔

رافِضی (را۔فِ۔ضی) (ع۔ا۔مذ) (۱) چھوڑنے والا۔ ترک کرنے والا۔ وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے (۲) (مراد) وہ پیروانِ زید بن علی بن حسین جنہوں نے آپ کا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔ جمع: روافِض۔

رافِع (را۔فِع) (ع۔صف) (۱) بلند کرنے والا (۲) حرف کو پیش دینے والا۔

راقِب (را۔قِب) (ع۔صف) رقیب (۲) دیکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا۔

راقِم (را۔قِم) (ع۔ا۔مذ) کاتب۔ لکھنے والا۔ نویسندہ۔

راقِمُ الحُرُوف (ع۔ا۔مذ) حرفوں کا لکھنے والا۔ نویسندہ۔

راکِب (را۔کِب) (ع۔ا۔مذ) جانور یا جہاز پر سوار ہونے والا۔ سوار۔

راکٹ (Rocket) (انگ۔ا۔مذ) ہوائی۔ بان۔ مخروطی شکل کا خودکار بم۔

راکَڑ (را۔کَڑ) (ہ۔ا۔مث) کم درجے کی زمین جس میں صرف خریف کی فصل بوئی جاتی ہے۔

راکِد (را۔کِد) (ع۔صف) رُکا ہوا پانی۔ بند پانی۔

راکشس (راک۔شَس) (س۔ا۔مذ) (۱) جنگلوں میں رہنے والا وحشی آدمی۔ ایک وحشی قوم جو جنگلوں میں تپسیا کرنے والے رشیوں کو تنگ کرتی اور آریا راجاؤں کے خلاف چھاپا مار جنگ کرتی تھی (۲) غیر آریائی قومیں۔ سانسی، چنڈال، دراوڑ، بھیل، گونڈ وغیرہ۔ آریا انہیں حقارت سے راکشس (نیچ، کمینہ) کہتے تھے۔ جمع: راکشس۔ راکشسوں۔

راکِع (را۔کِع) (ع۔صف) رکوع کرنے والا۔ عبادت کرنے والا۔

راکھ (ہ۔ا۔مث) خاکستر۔ بھسم۔ بھُوت۔ بُھوبل۔ کسی جلی ہوئی چیز کی خاک۔

راکھ جھاڑنا (اُر۔محاورہ) کوئلوں یا اُپلوں سے راکھ علیحدہ کرنا۔

راکھ سر پر ڈالنا (اُر۔محاورہ) سخت غم کا اظہار کرنا۔

راکھ ہو جانا (اُر۔محاورہ) جل کر خاکستر ہو جانا۔

راکھی (را۔کھی) (ہ۔ا۔مث) ہاتھ رکھشا یعنی محافظت کرنے والا رنگین ڈورا۔ ہندو بہنیں یہ رنگین ڈورا سلونو کے تہوار میں اپنے بھائیوں کی کلائی پر باندھتی ہیں۔ رکھڑی۔ جمع: راکھیاں۔ راکھیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

راگ (ہ۔ا۔مذ)(۱) نغمہ۔ ترانہ۔ لَے۔ سُر (۲) قِصّہ۔ کہانی (۳) جھگڑا۔ فساد (۴) رنگ۔ برن (۵) جوش۔ ولولہ (۶) محبت۔ اُلفت۔ شفقت (۷) رنج و غصّہ (۸) خواہش۔ جمع: راگ۔ راگوں۔

راگ الاپنا (اُر۔ محاورہ) راگ گانا (۲) اپنی ہی کہے جانا۔

راگ دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) دَم دینا۔ دھوکا دینا (۲) بیٹھک دینا۔ کسی کے نام کا گانا کرانا۔

راگ رنگ (اُر۔ا۔مذ) رنگ رلیاں۔ عیش و عشرت۔ کھیل۔ تماشا۔

راگ گانا (اُر۔ محاورہ) گیت گانا (۲) قِصّہ سُنانا۔ سَرگزشت سُنانا (۳) بچّوں کا رونا۔

راگ لانا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا نکالنا۔ ستانا۔ بکھیڑا پھیلانا (۲) کھیلنا (۳) جوش میں آنا۔

راگ مالا (ہ۔ا۔مث) وہ کتاب جس میں راگ کے اُصول اور مختلف راگنیوں کا بیان درج ہو (۲) لمبا قِصّہ۔

راگنی (راگ۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) راگ کی ایک شاخ (۲) راگ کا ہر شعبہ۔ کُل راگوں کی چھتیس راگنیاں ہیں (۳) بدمزاج عورت۔ جمع: راگنیاں۔ راگنیوں۔

راگی (را۔گی)(ہ۔ا۔مذ) کلاسیکی موسیقی کا ماہر گویّا۔

رال (ہ۔ا۔مث) لُعابِ دہن۔ منہ کا چیپ (۲) چیڑ کا گوند۔

رال بہنا (اُر۔ محاورہ) منہ سے لُعاب نکلنا۔

رال ٹپکنا (اُر۔ محاورہ)(۱) منہ سے رطوبت کا نکلنا (۲) مزے کے مارے منہ میں پانی بھر آنا (۳) عاشق ہونا۔

رام (ف۔صف) تابع۔ مُطیع۔ فرماں بردار۔

رام کرنا (اُر۔ محاورہ) تابع کرنا۔ قابو میں لانا۔ راضی کرنا۔

رام (س۔صف)(۱) حسین۔ خوب صورت۔ سُندر (۲)(س۔ا۔مذ)(ہندو مت) تین اہم شخصیات کا نام جو وشنو کے اوتار سمجھے جاتے ہیں یعنی پرسورام، رام چندر جی اور بلرام۔ لیکن عموماً اِس سے ایودھیا کے راجا رام چندر جی مُراد لئے جاتے ہیں۔

رام بھجن (ہ۔ا۔مذ) یادِ خدا۔ مُناجات۔

رام بھجو (ہ۔روزمرّہ) خُدا کا نام لو۔ باز آؤ۔

رام بِنا دُکھ کون ہرے۔ برکھا بن ساگر کون بھرے۔ پچھی بن آدر کون کرے۔ ماتا بن بھوجن کون بھرے (ہ۔مثل) خُدا دُکھ کو دور کرتا ہے۔ بارش سمندر کو بھرتی ہے۔ دولت عزّت کراتی ہے اور ماں کھانے کو دیتی ہے۔

رام پھل (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخی مائل تُرش شریفہ جو رام چندر جی کو بہت مرغوب تھا۔

رام تُرئی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا کدّو۔ گھیا۔

رام جنی (ہ۔ا۔مث) ہندو رنڈی۔ کسبی۔ بیسوا۔

رام جھرو کے بیٹھ کے سب کا مُجرا لیت۔ جیسی جاکی چاکری ویسا اُس کو دیت (ہ۔مثل) خُدا ہر ایک کو اُس کی کوشش کے مطابق دیتا ہے۔

رام چھوڑی اجودھیا من بھاوے سو لے (ہ۔مثل) جو چیز چھوڑ دی اُس سے کچھ مطلب نہیں۔ خواہ اِسے کوئی لے لے۔ نیز دیکھئے راجا چھوڑے نگری۔

رام دانہ (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بیج جس کی مالا بناتے ہیں۔

رام دُہائی (ہ۔ا۔مث)(۱) خُدا کی قسم (۲) خُدا کی پناہ۔

رام راج (ہ۔ا۔مذ) اِنصاف پسند حکومت۔

رام رام (ہ۔ا۔مذ)(۱) ہندوؤں کا باہمی سلام (۲) صاحب سلامت (۳) (کلمۂ تعجب) توبہ توبہ!

رام رام جپنا۔ پرایا مال اپنا (اُر۔مثل) بظاہر پرہیزگاری اور باطن میں بے ایمانی۔

رام رس (ہ۔ا۔مذ)(۱) ذوقِ الٰہی (۲) نمک۔

رام رنگی (ہ۔ا۔مث) شراب۔ شراب کو یہ نام جہانگیر نے دیا تھا۔

رام رولا (ہ۔ا۔مذ)(۱) مذہبی جوش (۲) مُناجات خوانی (۳) غُل۔ شور۔

رام کلی (ہ۔ا۔مث) ایک راگنی کا نام جو صُبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

رام کہانی (ہ۔ا۔مث)(۱) رامائن۔ راجا رام چندر جی کے حالاتِ زندگی (۲) طویل کہانی۔

رام کی مایا (ہ۔ا۔مث) قدرت کے کھیل۔

رام کی مایا، کہیں دُھوپ کہیں چھایا (ہ۔مثل) خُدا کی قدرت ہے۔ کہیں دُھوپ ہے کہیں چھاؤں۔ کہیں دُکھ ہے کہیں سُکھ۔

رام لیلا (ہ۔ا۔مث) دسہرے کا میلا۔ رام چندر جی کی لنکا کے راجا راون پر فتح کی نقل جو ہندو دسہرے کے موقع پر کرتے ہیں۔

رام مِلائی جوڑی۔ ایک اندھا ایک کوڑھی (اُر۔مثل) دونوں ایک جیسے بدمعاش۔

رام نومی (ہ۔ا۔مث) رام چندر جی کا جنم دن۔ ہندوؤں کا وہ تہوار جو چیت کے پچھلے پاکھ کی نویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔

رامانندی (را۔ما۔نن۔دی)(ہ۔ا۔مذ) ہندو فقیروں کا وہ گروہ جو رام کے سوا کسی کو نہیں مانتا۔

رامائن (را۔ما۔ین)(س۔ا۔مث) ایک رزمیہ نظم جس میں رام چندر جی کے حالاتِ زندگی بیان کئے گئے ہیں۔ اِسے پہلے بالمیک جی نے سنسکرت میں اور پھر تلسی داس نے ہندی میں لکھا۔ لغوی معنی رام کی سرگزشت۔

رامش (را۔مش)(ف۔ا۔مث)(۱) آرام۔ آسائش۔ استراحت (۲) خوشی۔ مسرّت (۳) خوشی میں گانا (۴) صلاح۔ مشورہ (۵) سُروں کا میل۔

رامش جان (ف۔ا۔مذ) ایرانی موسیقی کے تیس میں سے آٹھویں سُر کا نام۔

رامش گر (ف۔صف)(۱) گویّا۔ مُطرب (۲) عیّاش۔

رامش گری (ف۔ا۔مث) گانا بجانا۔

رامش و رنگ (ف۔ا۔مذ) ناچ گانا۔ عیش و عشرت۔

ران (ف۔ا۔مث) ٹانگ کا گھٹنے سے اوپر کا حصّہ۔ زانو (۲)(اُر۔ا۔مذ) آسن۔ بیٹھک۔ اُردو جمع: رانوں۔ رانیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ران اُکھڑنا (اُر-محاورہ) گھوڑسوار کی ران کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

ران تلے آنا (اُر-محاورہ) (۱) زانو کے نیچے آنا۔ سواری دینا (۲) قابو میں آنا۔

ران جمانا (اُر-محاورہ) سوار کا ران کو مضبوطی سے جما لینا۔

ران سے ران باندھنا (اُر-مثل) زانو سے زانو باندھ کر بٹھانا۔ گھٹنے سے لگا کر بٹھانا (۲) دُور نہ ہونے دینا۔

رانا (ہ-ا-مذ) (۱) چھوٹا راجا۔ ٹھاکر (۲) راجپوتوں کا ایک خطاب جو راجا کے بیٹے کو دیا جاتا ہے۔

رانبھنا (رانبھ-نا) (ہ-مص) گائے کا چلّانا۔ گائے کا صبح کے وقت بولنا۔

رانپی (راں-پی) (ہ-ا-مث) دیکھیے راپی۔

رانجھا (راں-جھا) (ہ-ا-مذ) عاشق۔ محبوب۔ ہیر کا عاشق۔

رانجھن (راں-جھن) (ہ-ا-مذ) مٹی کا بڑا مٹکا۔

رانڈ (رانڈھ) (نون غنہ) (ہ-ا-مث) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔

رانڈھ کاٹنا (ہ-محاورہ) جھگڑا ختم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔

راندہ (راں-دہ) (ف-صف) نکالا ہوا۔ دُھتکارا ہوا۔ خارج۔ جمع: راندگان۔

راندۂ درگاہ (ف-صف) وہ شخص جو درگاہِ الٰہی یا دربارِ بادشاہی سے نکالا گیا ہو۔ مردُود۔

رانڈھنا (رانڈھ-نا) (نون غنہ) (ہ-مص) پکانا۔ ریندھنا (۲) چرخہ چلانا۔

رانڈ (نون غنہ) (ہ-ا-مث) (۱) بیوہ عورت (۲) (بطور حقارت) عورت۔
جمع: رانڈوں۔ رانڈیں۔

رانڈ اور کھانڈ کا جوبن رات کو (ہ-مثل) عورت اور کھانڈ رات کے وقت اچھی معلوم ہوتی ہیں۔

رانڈ رہے جو رنڈوے رہنے دیں (ہ-مثل) عورتیں بدچلن نہ ہوں اگر مرد اُن کا پیچھا کرنا چھوڑ دیں۔

رانڈ، بھانڈ، سانڈ، بگوے مُرے (ہ-مثل) اِن تینوں کے ساتھ دُشمنی نہیں کرنی چاہیے۔ رانڈ بھاگ جاتی ہے۔ بھانڈ بدنام کرتا ہے۔ سانڈ مارتا ہے۔

رانڈ رونا (ہ-ا-مذ) (۱) عورتوں کا سا رونا۔ بیوہ کی طرح رونا (۲) بے لطف اور بے مزہ کہانی (۳) قِصّۂ غم۔ بپتا۔

رانڈ روے۔ کنواری روے۔ ساتھ لگی ست خصمی روے (اُر-مثل) رانڈ روتی ہے کہ اُس کا خاوند مرگیا۔ کنواری روتی ہے کہ اُس کا باپ مرگیا۔ ست خصمی کیوں روتی ہے؟

رانڈ کا سانڈ (اُر-صف) (۱) وہ شخص جو بیوہ ماں کی کمائی کھا کر پلا ہو۔ نالائق بیٹا (۲) بے پروا۔ نڈر۔ بے باک۔ آوارہ۔

رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا۔ کھاوے بہت چلے تھوڑا (اُر-مثل) خود سَر اور ناز پروردہ آدمی اور سوداگر کا گھوڑا دیکھنے کی چیزیں ہیں۔ کام کی نہیں۔

رانڈ کے چرخے کی طرح چلا ہی جا رہا ہے (اُر-مثل) بہت بک بک کرتا ہے۔ بڑا بکواسی ہے۔

رانڈا (راں-ڈا) (ہ-ا-مذ) (۱) بنجر زمین (۲) وہ شخص جس کی بیوی مرگئی ہو۔ رنڈوا (۳) درخت جو پھل نہ دے۔

رانڈ آگیا سگائی کو۔ آپ کو لائے یا بھائی کو (اُر-مثل) جہاں کوئی کام کرنے والا پہلے اپنے لئے کرے اور پھر دُوسرے کے لئے تو وہاں کہتے ہیں۔

رانگ (نون غنہ) (ہ-ا-مث) ایک نرم دھات۔ قلعی۔ رانگا (۲) ایک قسم کا عُمدہ سیسہ۔

رانگ بھریا (رنگ بھریا) (ہ-ا-مذ) وہ شخص جو رانگ کے زیور اور کھلونے بنا کر بیچتا ہے۔

رانگ ہونا (اُر-محاورہ) (۱) نرم ہونا۔ پگھلنا (۲) غصّہ دُور ہونا۔

رانگ ہیرے کو کاٹتا ہے (اُر-مثل) کبھی ناتواں زبردست پر غالب آ جاتا ہے۔

رانگا (راں-گا) (ہ-ا-مذ) قلعی۔ رانگ۔

رانگھڑ (راں-گھڑ) (ہ-ا-مذ) ایک نومُسلم راجپوت قوم (۲) بھارتی گجرات اور میوات کا درمیانی علاقہ۔

رانوں (اُر-ا-مث) ران کی جمع۔

رانوں پر ہاتھ مارنا (اُر-محاورہ) اَفسوس کرنا۔ ماتم کرنا۔

رانی (ہ-ا-مث) (۱) ملکہ۔ راجا کی بیوی (۲) معزز ہندو عورتوں کا خطاب۔
جمع: رانیاں۔ رانیوں۔

رانی خاں کا سالا (اُر-ا-مذ) (حقارتاً) متکبّر۔ مغرور۔ شیخی باز۔

رانی رُوٹھے گی، اپنا سہاگ لے گی۔ کیا کسی کا بھاگ لے گی (اُر-مثل) رانی ناراض ہوگی تو اپنا ہی نقصان کرے گی۔ کسی کا نصیبہ نہیں چھین سکتی۔ کسی کے روٹھ جانے کی پروا نہ ہونے کے موقع پر یہ مثل کہتے ہیں۔

رانی کو باندی کہا ہنس دی۔ باندی کو باندی کہا رو دی (اُر-مثل) شریف کو کمینہ کہو تو وہ پروا نہیں کرتا، لیکن کمینے کو کمینہ کہو تو اُسے بُرا معلوم ہوتا ہے۔

رانی کو رانا پیارا۔ کانی کا کانا پیارا (اُر-مثل) ہر شخص کو اپنا ہم جنس پیارا ہوتا ہے۔

رانی کو کون کہے آگا ڈھک (اُر-مثل) بڑے آدمیوں کو غلطی کرتے ہوئے دیکھ کر کون ٹوک سکتا ہے۔

رانی کھیت (ہ-ا-مذ) مُرغیوں کی ایک مُہلک بیماری۔

رانی گھن (ہ-ا-مذ) وہ خانگی لڑائی جو مدّت تک گھر میں رہے۔ (بچانا کے ساتھ)۔

رانی گئیں ہاٹ۔ لائیں ریجھ کر چکّی کے پاٹ (اُر-مثل) بڑے آدمی بعض وقت فضول چیزیں خرید لیتے ہیں۔

راوت (را-وت) (ہ-صف) (۱) بہادر۔ شجاع۔ سُورما۔ راجا۔ راؤ (۲) راجپوتوں کی ایک قوم (۳) بھنگیوں کی ایک اعلیٰ ذات جو دُوسروں کا جوٹھا نہیں کھاتی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

راوَل (را۔وَل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سردار۔ افسر۔ زور آور (۲) سپاہی۔ پیادہ۔ نیز دیکھئے راوت (۳) (پن) جوگی (۴) رمال۔ جوتشی۔

راوی (را۔وِی) (ع۔ا۔مذ) (۱) روایت کرنے والا۔ سُن کر کہنے والا۔ قِصّہ گو۔ ناقِل۔ مؤرّخ۔ جمع : رُواۃ۔ فارسی جمع : راوِیان۔ اُر جمع : راوی۔ راویوں۔

راہ (ف۔ا۔مث) (۱) راستہ۔ سڑک۔ طریق۔ گزرگاہ (۲) غرض۔ مطلب (۳) ڈھب۔ وضع (۴) میل جول۔ آشنائی۔ دوستی (۵) خبر۔ آگاہی (۶) موقع محل۔ تدبیر (۷) حیلہ۔ بہانہ (۸) (متعلق فعل) کے لئے۔ طریقے پر۔ اُردو جمع : راہوں۔ راہیں۔

راہ باندھنا (اُر۔ محاورہ) راستہ روکنا۔ داخل نہ ہونے دینا۔ روکنا۔

راہ بتانا (اُر۔ محاورہ) (۱) راستہ دِکھانا۔ ہدایت کرنا۔ طریقہ بتانا (۲) ٹال دینا (۳) نکال دینا۔ موقوف کر دینا (۴) دھوکا دینا۔ دَم دینا (۵) ڈھنگ سکھانا (۶) رُخصت کرنا۔

راہ بَر (ف۔ا۔مذ) ہادی۔ راہ نما۔ پیشوا۔ سردار۔

راہ بری (ف۔ا۔مث) راہ نمائی۔ ہدایت۔ راستہ دِکھانا۔

راہ بند کرنا (اُر۔ محاورہ) راستہ روکنا۔ کوئی طریقہ باقی نہ رہنے دینا۔

راہ بھٹکنا (اُر۔ محاورہ) غلط راستے پر چل نکلنا۔

راہ پانا (اُر۔ محاورہ) موقع پانا۔ گنجائش پانا۔

راہ پر آنا (اُر۔ محاورہ) کہنا ماننا۔ موافق ہو جانا۔ نیک بننا۔ سیدھے راستے پر آ جانا۔

راہ پر لانا (اُر۔ محاورہ) (۱) سیدھا راستہ بتانا۔ ڈھب پر لانا (۲) اِصلاح کرنا۔ نیک بنانا (۳) راضی کرنا۔ یار بنانا۔

راہ پر لگانا (اُر۔ محاورہ) اپنے ڈھب پر لے آنا۔ اپنی مرضی کے مطابق بنا لینا۔

راہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) دُرست راستے پر آ جانا۔ ایک دُوسرے پر اِعتبار کرنا۔

راہ پڑے جانئے یا باہ پڑے جانئے (ہ۔مثل) نئے آدمی کی اَصلیت ہم سفر ہونے یا واسطہ پڑنے سے معلوم ہوتی ہے۔

راہ پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) راستہ نکالنا (۲) دوستی پیدا کرنا (۳) کسی کام میں واقفیت حاصل کرنا۔

راہ پیما (ف۔صف) راہ رَو۔ راستہ چلنے والا۔ مسافر۔

راہ تکنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے راہ دیکھنا۔

راہ چپنی (ہ۔ا۔مث) توشۂ آخرت۔ وہ مٹھائی جو ہندو برہمنوں کو دیتے ہیں تاکہ اُن کی رُوح کو جنّت کے راستے پر چلنے میں آسانی ہو (۲) وہ مٹھائی یا بُھنے ہوئے دانے جو مسافر راہ چلتے کھاتے ہیں۔

راہ چلتا (اُر۔صف۔مذ) راہ گیر۔ مسافر۔ راہ رَو۔

راہ چلتوں کا پَلّا پکڑنا (اُر۔ محاورہ) راہ گیروں کے سر ہونا۔ خواہ مخواہ کسی سے لڑنا۔

راہ چلتے (اُر۔ متعلق فعل) راستہ چلتے ہوئے۔ راستے میں۔

راہ چلنا (اُر۔ محاورہ) راستے پر چلنا (۲) طریقہ یا ڈھنگ اِختیار کرنا۔

راہ چھوڑ کر کُراہ چلنا (اُر۔ محاورہ) راہِ راست سے بھٹکنا۔ گمراہ ہونا۔

راہِ حقیقت (ف۔ع۔ا۔مذ) سچائی کا راستہ۔ دُرست راستہ۔

راہِ خُدا (ف۔ متعلق فعل) لِلّٰہ۔ خُدا کے لئے۔

راہِ خُدا دینا (اُر۔ محاورہ) خیرات کرنا۔

راہ دار (ف۔ا۔مذ) (۱) چوکیدار (۲) سڑک کا رکھوالا (۳) راستے کا محصول لینے والا (۴) ایک قسم کا کپڑا۔

راہ داری (ف۔ا۔مث) راستے پر چلنے کا اِجازت نامہ (۲) پاسپورٹ (۳) راستے کا محصول۔

راہ داری کا پروانہ (اُر۔ا۔مذ) راستے سے گزرنے کا اِجازت نامہ۔

راہ درپیش ہونا (اُر۔ محاورہ) سفر آگے ہونا۔

راہ دِکھانا (دِکھلانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) اِنتظار کرانا (۲) راستہ بتانا۔

راہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) اِنتظار کرنا۔ راستہ دیکھنا۔

راہ دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) آنے جانے کے لئے راستہ چھوڑنا (۲) فال یا اِستخارے کی اِجازت دینا۔

راہِ راست (ف۔ا۔مذ) سیدھا راستہ۔ صراطِ مُستقیم۔

راہ راہ جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) سیدھے راستے جانا (۲) چال چلن نیک رکھنا (۳) متوسط طریقہ اِختیار کرنا۔

راہ رسم (اُر۔ا۔مث) دیکھئے راہ و رسم۔

راہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) تعلّق رکھنا۔ دوستی رکھنا۔ میل جول رکھنا۔

راہ رَو (ف۔ا۔مذ) راہ گیر۔ مسافر۔ راہی۔

راہ روانِ مُلکِ عدم (ف۔ا۔مذ) مرحومین۔ مُردے۔

راہ روِش (ف۔ا۔مث) (۱) چال چلن۔ برتاؤ (۲) ڈھنگ (۳) اَدب آداب (۴) قاعدہ (۵) خصلت۔

راہ روی (ف۔ا۔مث) راہ چلنا۔

راہ رِیت (اُر۔ا۔مث) (۱) رسم و رواج (۲) ضابطہ (۳) معمول۔ طریقہ۔

راہ زَن (ف۔ا۔مذ) لٹیرا۔ ڈاکو۔ بٹ مار۔ قزّاق۔ قاطِعُ الطّریق۔ اُر جمع : راہ زن۔ راہ زنوں۔

راہ زنی (ف۔ا۔مث) قزّاقی۔ ڈکیتی۔ لُوٹ مار۔

راہ سُوجھنا (اُر۔ محاورہ) سمجھ میں آنا۔ تدبیر سُوجھنا۔

راہ سے (اُر۔ متعلق فعل) ڈھنگ سے۔ سیدھی طرح۔ اِنصاف سے۔

راہ سے بے راہ ہونا (اُر۔ محاورہ) سیدھا راستہ چھوڑ کر غلط راستے پر چلنا۔ راستہ تبدیل کرنا۔ بدوضع ہونا۔ اوباش ہونا۔ گمراہ ہونا۔

راہ سے بچھڑنا (اُر۔ محاورہ) آتے آتے راستے میں سے لَوٹ جانا۔ کسی مسلک یا نظریے کو چھوڑ دینا۔

راہ طے کرنا (اُر۔ محاورہ) راستہ چلنا۔

راہِ فرار اِختیار کرنا (اُر۔ محاورہ) بھاگ جانا۔

راہ قطع کرنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے راہ کاٹنا۔

راہ کاٹنا (اُر۔ محاورہ) راستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا (۲) ایک راستہ چھوڑ کر دُوسرے راستے سے جانا (۳) راہ چلنے میں مانع ہونا۔

راہ کترا کر نکل جانا (اُر۔ محاورہ) کسی کو دیکھ کر دُوسرے راستے کی طرف چلے جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

راہ کٹنا (اَر۔ محاورہ) منزل طے ہونا۔ راستہ پورا ہونا۔
راہ کرنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے راہ پیدا کرنا۔
راہ کھلنا (اَر۔ محاورہ) راستہ پیدا ہونا۔ تدبیر نکلنا۔
راہ کھوٹی کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) چلنے میں دیر لگانا (۲) چلتے کام میں روڑا اٹکانا۔ حرج کرنا۔ خلل انداز ہونا۔ کسی کا کام بگاڑنا۔
راہ کی بات (اَر۔ امث) (کنایۃً) واجبی بات۔ معقول بات۔
راہِ گریز اِختیار کرنا (اَر۔ محاورہ) بھاگ جانا۔ فرار ہونا۔
راہ گُور (ف۔ امث۔ مذ) راستہ۔ سڑک۔ شارع (کیوں ترا راہ گزر یاد آیا)۔
راہ گلی میں (اَر۔ متعلق فعل) راستے میں۔
راہ گیر (ف۔ صف۔ ول۔ مذ) راہی۔ راہ رَو۔ مسافر۔ اُر جمع: راہ گیر۔ راہ گیروں۔
راہ لگانا (اَر۔ محاورہ) راہنمائی کرنا۔ ڈھنگ پر لانا۔ اپنے موافق کر لینا (۲) روانہ کرنا۔
راہ لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) روانہ ہونا۔ جانا (۲) کسی کے ڈھنگ پر لگنا (۳) راہ نمائی ہونا۔
راہ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) چل دینا۔ راستہ پکڑنا (۲) اپنا کام کرنا۔
راہ مار (اَر۔ امذ) بٹ مار۔ راہ زن۔ لٹیرا۔ قزاق۔ قاطعُ الطریق۔
راہ مِلنا (اَر۔ محاورہ) کوئی تدبیر نکل آنا۔ راستہ پانا۔
راہ میں آنکھیں بچھانا (اَر۔ محاورہ) نہایت عجز و تواضع سے اِستقبال کرنا۔
راہ میں دِبچھ جانا (بچھا جانا) (اَر۔ محاورہ) بہت تواضع کرنا۔ بڑی عاجزی سے اِستقبال کرنا۔
راہ میں حائل ہونا (اَر۔ محاورہ) راستہ روکنا۔ راستے میں آجانا۔
راہ میں رہ جانا (اَر۔ محاورہ) ساتھ چھوڑ دینا۔ تھک کر پیچھے رہ جانا۔
راہ میں کانٹے بچھانا (اَر۔ محاورہ) راستہ دُشوار گوار کرنا (۲) دُشمنی یا تکلیف کی بات کرنا۔
راہ میں لینا (اَر۔ محاورہ) راستے میں آکر مل جانا۔ پیشوائی کرنا۔
راہ ناپنا (اَر۔ محاورہ) آکر جلد چلے جانا۔ کھڑے کھڑے آنا (۲) مارے مارے پھرنا (۳) بے فائدہ پھرنا۔
راہ نامہ (ف۔ امذ) سڑکوں کا نقشہ یا کتاب۔
راہِ نجات (ف۔ ع۔ امث) (۱) مُکتی کا طریقہ۔ چھٹکارے کا ڈھنگ (۲) بخشش کا ذریعہ۔
راہ نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) راستہ بنانا۔ سڑک نکالنا (۲) تدبیر یا تجویز نکالنا (۳) وسیلہ پیدا کرنا (۴) رسائی حاصل کرنا۔
راہ نُما (ف۔ امذ) ہادی۔ راستہ دکھانے والا۔ راہ بر۔
راہ نُمائی (ف۔ امث) ہدایت۔ راہ بری۔
راہ نَوَرد (نَ۔ وَرد) (ف۔ صف) راستہ چلنے والا۔ تیز چلنے والا (۲) مسافر۔ راہ رَو۔
راہ نَوَردی (نَ۔ وَر۔ دی) (ف۔ امث) سفر۔ مسافت۔ راہ چلنا۔
راہ وار (ف۔ اُر۔ امذ) گھوڑا۔ تیز چلنے والا گھوڑا۔ اچھا گھوڑا۔

راہ وا ہونا (اَر۔ محاورہ) راستہ کھلنا۔
راہ و رَبط (راہ و رسم) (ف۔ امث) واقفیت۔ صاحب سلامت۔ میل جول۔ آمد و رفت۔
راہ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) محبت ہونا۔ دوستی ہونا (۲) معاملہ ہونا (۳) چلنے کو جگہ ہونا۔ راستہ ہونا۔
راہِب (را۔ ہِب) (ع۔ امذ) (۱) عیسائی عابد یا زاہد (۲) تارکُ الدُّنیا۔ جمع: رُہبان۔ اُردو جمع: راہبے۔ راہبوں۔
راہِبَہ (را۔ ہِ۔ بَہ) (ع۔ امث) عیسائی تارکُ الدُّنیا عورت۔ جمع: راہبات۔
راہِن (را۔ ہِن) (ع۔ صف) رہن کرنے والا۔ گروی رکھنے والا شخص۔
راہنا (راہ۔ نا) (ہ۔ مص) چکی کے پاٹوں کو لوہے کے اوزار سے کھرذرا کرنا۔
راہُو (را۔ ہُو) (ہ۔ امذ) (۱) دیو۔ نحوست۔ جن (۲) ایک ستارہ۔ راس۔
راہی (را۔ ہی) (ف۔ امذ) مسافر۔ راہ رَو۔ راہ گیر۔
رائتا (را۔ ءِ۔ تا) (ہ۔ امذ) ایک قسم کی خوراک جو بینگن، کدو وغیرہ کو گرم راکھ میں جھلس کر یا اُبال کر دہی میں ڈال کر بناتے ہیں۔
رائتا بنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بھرتا بنانا (۲) خوب مارنا۔ کچومر نکالنا۔
رائٹرز (Reuters) (انگ۔ امذ) برطانیہ کی مشہور خبر رساں ایجنسی جس کی بنیاد ایک جرمن نژاد انگریز پال جولیس رائٹر نے ۱۸۴۹ء میں رکھی تھی۔
رائج (را۔ اِج) (ع۔ صف) (۱) جاری۔ رواں۔ عام (۲) رسمی۔ دستور کے مطابق۔
رائجُ الوقت (را۔ اِ۔ جُل۔ وَقت) (ع۔ صف) (۱) زمانے کا دستور یا فیشن (۲) سِکہ جو جاری ہو۔
رائج کرنا (اَر۔ مص مُرکب) جاری کرنا۔ رواج دینا۔
رائجَہ (را۔ اِ۔ جَہ) (ع۔ صف) رائج کی تانیث۔
رائحَہ (را۔ اِ۔ حَہ) (ع۔ امذ) خوشبو۔ جمع: رائحات۔ روائح۔
رائِض (ع۔ امذ) چابک سوار۔ گھوڑے کو سدھانے والا۔
رائفل (Rifle) (انگ۔ امث) ایک نالی بندوق جس کے اندرونی حصے میں جھریاں ہوتی ہیں جن سے گولی چکر کھاتی ہوئی نکلتی ہے۔ اُر جمع: رائفلوں۔ رائفلیں۔
رائگان (را۔ اِے۔ گاں) (ف۔ صف) بے کار۔ فضول۔ اکارت۔ ضائع۔ لاحاصل۔ عبث۔
رائلٹی (Royalty) (انگ۔ امث) معاوضہ جو ناشر مصنف کو یا کان کنی کا ٹھیکیدار زمیندار کو دیتا ہے۔
راوَ (ہ۔ امذ) (۱) کنور۔ راجا کا بیٹا (۲) سردار (۳) راجپوت معززین کا لقب۔
راوَ بہادُر (راوَ صاحِب) (اَر۔ امذ) سرکاری خطاب جو انگریزوں کے عہد میں ہندو معززین کو دیا جاتا تھا۔
راوَ چاوَ (ہ۔ امذ) لاڈ پیار۔ اِخلاص۔ ناز نخرہ۔ تُجمل۔ مزاح۔ دل لگی۔
راوَٹی (را۔ اَ۔ ٹی) (ہ۔ امث) (۱) چھوٹا تنبو۔ چھولداری (۲) بالاخانہ۔ چوبارہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

راؤلا (رولا) (ہ۔ا۔مذ) شور و غوغا۔ جھگڑا۔ فساد۔

راؤنڈ (Round) (انگ۔ا۔مذ) (۱) دور۔ پھیرا (۲) چکر۔ دائرہ۔ گھیرا۔ حلقہ (۳) (صف) گول۔ مدوّر۔ بیضوی۔

راؤنڈ اباؤٹ (Round About) (انگ۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں سے گاڑیوں کو چکر کاٹ کر جانا پڑتا ہے۔ چکر چوک۔

رائی (را۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک پودا اور اُس کا بیج جو عموماً مسالوں میں استعمال ہوتا ہے۔ ایک قسم کی سرسوں۔ خردل (۲) ذرا سی مقدار۔

رائی اُتارنا (جلانا) (اُر۔ محاورہ) کسی کو نظرِ بد سے محفوظ رکھنے کے لئے اُس کے سر پر سے رائی اُتار کر جلانا۔

رائی بھر (اُر۔صف) ذرا سا۔ قدرے۔ قلیل۔

رائی سے پربت ہو جانا (اُر۔ محاورہ) نہایت چھوٹے سے بہت بڑا ہو جانا۔

رائی کا پہاڑ (پربت) بنانا (اُر۔ محاورہ) بات کا بتنگڑ بنانا۔ چھوٹی سی بات کو بہت بڑھا دینا۔

رائی کائی (اُر۔ا۔مث) ریزہ۔ چورا۔

رائی نون تیرے ویدوں میں (اُر۔مثل) چشمِ بد دُور۔ جب کوئی کسی کی تعریف کرے تو اُسے نظرِ بد سے بچانے کے لئے کہتے ہیں۔

رائے (را۔اِے) (ع۔ا۔مث) (۱) تجویز (۲) دانائی۔ عقل (۳) خیال (۴) مشورہ (۵) قیاس۔ جمع: آرا۔ اُردو جمع: رایوں۔ رائیں۔

رائے دہندہ (ع۔ف۔صف) رائے دینے والا۔ ووٹر۔ ووٹ دینے والا۔

رائے دہی (ع۔ف۔ا۔مث) رائے دینے کا فعل۔ ہاتھ اُٹھوا کر یا دیگر ذرائع سے کسی فعل' کارروائی' تجویز کے خلاف یا حق میں افراد کی رائے معلوم کرنا۔ (Voting)۔

رائے دینا (اُر۔ محاورہ) صلاح دینا۔ مشورہ دینا۔ تجویز بتانا۔

رائے زنی (ع۔ف۔ا۔مث) کسی اَمر کے بارے میں اظہارِ رائے۔

رائے عامّہ (ع۔ا۔مث) پبلک کی رائے۔ عوام کا خیال۔ (Public Opinion)۔

رائے (را۔اِے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دیکھئے راؤ (۲) راجا (۳) شہزادہ (۴) سردار۔

رائے بہادُر۔ دیکھئے راؤ بہادُر۔

رائے بیل (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی چنبیلی۔

رائے جامن (ہ۔ا۔مث) بڑی اور موٹی جامن۔

رائے رلیاں (ہ۔ا۔مذ) اُدھیراج۔ شہنشاہ۔

رائے رلیاں رائے گھن چکر۔ آدھی روٹی ڈیڑھ پاؤ شکر (اُر۔مثل) (۱) باوجود صاحب مرتبہ ہونے کے عقل ندارد (۲) بے میل کام۔

رائے مینا کی چوڑیاں (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں۔

رایَت (را۔یَت) (ع۔ا۔مذ) جھنڈا۔ عَلَم۔ جمع: رایات۔

ر ۔ ب

رَبّ (بفتحہِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔صف) (۱) پالنے والا۔ پالن ہار۔ پروردگار (۲) مالک۔ آقا۔ صاحِب (۳) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔ جمع: اَرباب۔

رَبُّ الاَرباب (رَب۔بُل۔اَر۔باب) (ع۔صف) تمام پالنے والوں کا پالنے والا۔ اللہ۔

رَبُّ العالَمِین (رَب۔بُل۔عا۔لَ۔مِین) (ع۔ا۔مذ) تمام جہانوں کا پالنے والا۔ اللہ۔

رَبِّ یَسِّر و تَمِّم بالخَیر (ع۔کلمہء دُعا) اے رب آسان کر اور اچھی طرح انجام دے۔ کتاب شروع کرتے وقت بچوں کو یہ دُعا پڑھائی جاتی ہے۔

رُب (بِالضّم) (ع۔ا۔مذ) پکا کر گاڑھا کیا ہوا پھلوں کا رس جو جما لیا جائے۔

رِبا (رِبوٰ) (رِ۔با) (ع۔ا۔مذ) سُود۔ بیاج۔

رُبا (رُ۔با) (ف۔صف) فارسی مصدر ربُودن کا صیغہء اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چھیننے والا کے معنی دیتا ہے جیسے ہوش رُبا۔

رَباب (رَ۔باب) (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی سارنگی (فارسی میں بالضّم ہے)۔

رَبابی (ع۔صف) رباب بجانے والا۔

رَباط (رَ۔باط) (ع۔ا۔مذ) سرائے۔ مسافر خانہ۔

رُباعی (رُ۔با۔عی) (ع۔ا۔مث) وہ چار مصرعے جو اوزانِ مخصوص پر ہوں۔ اِس میں پہلے اور چوتھے مصرعے کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے۔ رُباعی کے چوبیس اوزان ہیں۔ اُردو جمع: رُباعیاں۔ رُباعیوں۔

رُباعی ترانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ رُباعی جس کے چاروں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔

رَبانا (رَ۔با۔نا) (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا چھوٹا دَف یا دائرہ جس میں جھانجھ وغیرہ لگے ہوتے ہیں۔

رَبّانی (رَب۔با۔نی) (ع۔صف) (۱) رَبّ کا۔ رَبّ کی طرف منسوب (۲) عِلمِ اِلٰہی جاننے والا۔

رَبَر (Rubber) (انگ۔ا۔مذ) (کرکٹ) کسی ملک کا دورہ کرنے والی ٹیم علاقائی میچوں کے علاوہ چند ٹیسٹ میچ بھی کھیلتی ہے جن میں دونوں ملکوں کی قومی ٹیمیں حصّہ لیتی ہیں۔ ٹیسٹ میچوں کا یہ سلسلہ ربر کہلاتا ہے۔

رَبُّڈ (رَب۔بُڈ) (ہ۔ا۔مذ) قصّاب۔ بُوچڑ۔ قصائی۔

رَبَڑ (رَ۔بَڑ) (ہ۔ا۔مث) (۱) محنت۔ مشقّت (۲) تھکاوٹ۔ ماندگی (۳) بے فائدہ محنت۔ لاحاصل دوڑ دھوپ۔

رَبَڑ (رَ۔بَڑ) (انگریزی رَبَر (Rubber) کا مؤرّد۔ا۔مذ و مث) دُودھیا مائع جو خاص قسم کے درخت کے تنے سے نکالا جاتا ہے اور جم کر ٹھوس شکل اختیار کر لیتا ہے۔ بہت لچک دار ہوتا ہے۔ کچّی سیاہی اور پنسل کے نشانات مٹانے کے کام آتا ہے۔ نیز سینکڑوں اشیا میں اِستعمال کیا جاتا ہے۔

رَبڑی (رَب۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) رابڑی۔ گاڑھا کیا ہوا دودھ۔

رَبط (بفتحہء اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) لگاؤ۔ تعلّق (۲) میل ملاپ۔ راہ و رسم (۳) نسبت۔ تناسُب۔ محبت۔ دوستی (۴) پیار۔ اخلاص۔ جمع: روابط۔

ربط بڑھانا (اُر۔ محاورہ) تعلّق پیدا کرنا۔ دوستی بڑھانا (۲) مشق بڑھانا۔

ربط ضبط (ع۔ا۔مذ) میل ملاپ۔ آمد و رفت۔ راہ و رسم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ربط ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) آشنائی ہونا۔ دوستی ہونا (۲) عادت ہونا (۳) مشق ہونا۔

رَبْطی (رَب۔ طی) (اُر۔ ا۔ مث) جوڑ۔ تعلّق (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے بے ربطی)۔

رُبع (ع۔ عددِ کسری) (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) () چوتھا۔ چہارم۔ $\frac{1}{4}$۔ چہاریک۔

رُبع دائرہ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شکل جو قوس اور اُن دو نصف قطروں سے محصور ہو جو ایک دُوسرے کو زاویہ قائمہ بنا کر کاٹتے ہوں (۲) کوئی چیز (خصوصاً دھات کا ڈھلواں ٹکڑا) جس کی شکل رُبع دائرہ کی سی ہو۔

رُبع مَسکُون (ع۔ ا۔ مذ) دُنیا کا چوتھا حِصّہ جو خشکی پر ہے اور آباد ہے۔

رِبْقَہ (رِب۔ قَہ) (ع۔ ا۔ مذ) طوق۔

رِبن (Ribbon) (انگ۔ ا۔ مذ) فیتہ۔ پتلی لمبی پٹی۔ دھجی۔

رَبُوبِیّت (رَ۔ بُو۔ بی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) پروردگاری۔

رَبُودَگی (رَ۔ بُو۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) غنودگی یا غفلت جو بیمار کو ہوتی ہے (۲) بے پروائی (۳) لوٹ کھسوٹ۔

رَبْوَہ (رَب۔ وَہ) (ع۔ ا۔ مذ) تودہ۔ اونچی زمین۔ ٹیلا (۲) (مراد) بیتُ المقدس۔

رَبِیب (رَ۔ بیب) (ع۔ ا۔ مذ) سوتیلا بیٹا۔ بیوی کا بیٹا پچھلے خاوند سے۔

رَبِیبَہ (رَ۔ بی۔ بَہ) (ع۔ ا۔ مث) (۱) سوتیلی بیٹی (۲) بیوی کی بیٹی۔

رَبِیع (رَ۔ بیع) (ع۔ ا۔ مث) (۱) موسمِ بہار (۲) ساڑھی۔ وہ فصل جو اکتوبر اور نومبر میں بوئی اور مارچ اور مئی میں کاٹی جاتی ہے۔

ربیعُ الآخر (ربیعُ الاُخریٰ) (رَ۔ بی۔ عُل۔ آ۔ خِر) (رَ۔ بی۔ عُل۔ اُخ۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) عربی سال کا چوتھا مہینا۔

ربیعُ الاوّل (رَ۔ بی۔ عُل۔ اَو۔ وَل) (ع۔ ا۔ مذ) عربی سال کا تیسرا مہینا۔

ربیعُ الثّانی (رَ۔ بی۔ عُث۔ ثا۔ نی) دیکھئے ربیعُ الآخر۔

ر ۔ پ

رَپ (بفتحِ اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) تیز چلنے میں پاؤں کی آواز (۲) قینچی سے کسی شے کے کاٹنے کی آواز۔

رُپا (بضمِ اوّل) (ق۔ ا۔ مث) چاندی۔

رَپَٹ (رَ۔ پَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پھسلن۔ پھسلاہٹ (۲) انگریزی لفظ رپورٹ (Report) کا بگاڑ۔ خبر۔ اِطلاع۔ کسی جُرم یا وقوعہ کی خبر جو پولیس کو دی جائے۔

رِپَٹ (رِ۔ پَٹ) (انگ Rivet کا مورّد۔ ا۔ مث) ٹوپی والی کیل جس کو پیٹ کر جوڑا کر دیا جاتا ہے۔

رَپٹانا (رَپ۔ ٹا۔ نا) (ہ۔ مص) پھسلانا (۲) دوڑانا۔

رَپٹن (رَپ۔ ٹن) (اُر۔ ا۔ مث) پھسلن۔

رَپٹنا (رَ۔ پَٹ۔ نا) (ہ۔ مص) پھسلنا۔ لوھکنا۔ کھسکنا۔

رَپ رَپ (ہ۔ ا۔ مث) ڈُلکی چال۔

رُپلّی (رُ۔ پَل۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) روپے کی تصغیر بالتحقیر۔

رَپورتاژ (انگ Reportage کا مورّد۔ ا۔ مذ) کسی واقعے کو دلچسپ اور افسانوی اَنداز میں لکھنا۔

رِپورٹ (Report) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) باضابطہ بیان۔ رُوداد (۲) اِطلاع۔ خبر۔ رَپٹ (۳) اَخباری بیان۔ اُردو جمع: رپورٹوں۔ رپورٹیں۔

رپورٹر (Reporter) (انگ۔ ا۔ مذ) اِطلاع دینے والا۔ خبر نگار۔ نامہ نگار (اخبار کا)۔ اُردو جمع: رپورٹر۔ رپورٹروں۔

رُپہلا (رُ۔ پَہ۔ لا) دیکھئے رُوپہلا۔

رُپہلی (رُ۔ پَہ۔ لی) (ہ۔ صف) دیکھئے رُوپہلی۔

رُپیّہ (رُپ۔ پَیہ) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے رُوپیہ۔

ر ۔ ت

رَت (بفتحِ اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) رات کا مخفف۔ مرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے۔

رت جگا (اُر۔ ا۔ مذ) شب بیداری۔ خوشی یا عبادت میں رات بھر جاگنا (۲) ایک قسم کی خوشی کی نیاز جو عورتیں دلواتی ہیں (۳) ہندوؤں کی ایک عبادت جو رات بھر جاگنے اور کتھا کے ذریعے سے کی جاتی ہے۔

رُت (بضمِ اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) موسم۔ سماں۔ زمانہ۔ فصل (۲) عورت کے ماہواری ایّام (۳) جانوروں کی جُفتی کا موسم۔ جمع: رُتوں۔ رُتیں۔

رُت آنا (اُر۔ محاورہ) موسم آنا۔ بہار آنا۔ زمانہ آنا۔

رُت بدلنا (پھرنا) (اُر۔ محاورہ) موسم کا تبدیل ہونا۔

رُت کڑی ہونا (اُر۔ محاورہ) موسم خراب ہونا۔

رَتا (رَ۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں وغیرہ کو لگ جاتا ہے۔

رَتالو (رَ۔ تا۔ لو) (ہ۔ ا۔ مذ) اَروی کی مانند ایک قسم کی جڑ۔ (پنجا) آلو کچالو۔

رَتاوا (رَ۔ تا۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) حملہ۔

رِتائی (رِ۔ تا۔ اِی) (ہ۔ ا۔ مث) ریتنے کی اُجرت۔

رُتْبَہ (رُت۔ بَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) عُہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ (۲) عزّت۔ حُرمت (۳) قدر۔ منزلت۔ پایہ۔ اُردو جمع: رُتبوں۔ رُتبے۔

رُتبہ بڑھانا (اُر۔ محاورہ) ترقّی دینا۔ درجہ زیادہ کرنا۔

رُتبہ پانا (اُر۔ محاورہ) عزّت حاصل کرنا۔ مرتبہ حاصل کرنا۔

رُتبہ (رُتبے) دار (ف۔ اُر۔ صف) مرتبے والا۔ صاحبِ حیثیت۔ اعلیٰ عُہدے دار۔

رَتْق و فَتْق (رَت۔ قو۔ فَتْق) (ع۔ ا۔ مذ) باندھنا اور کھولنا۔ بست و کشاد۔ اِنتظام۔ اِنصرام۔ بندوبست۔

رَتَن (رَ۔ تَن) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) جواہرات۔ قیمتی پتھر۔ نگ (۲) آنکھ کی پُتلی (۳) منی۔ دھات۔ نُطفہ (۴) عطر۔ ست۔ نچوڑ۔ خُلاصہ۔ لُبِّ لباب (۵) جوبن۔

رتن پاک (اُر۔ ا۔ مذ) اعلیٰ جواہر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رتن جوت (ہ۔ا۔مذ) ایک پودا جس کے پتے یا لکڑی تیل میں ڈالنے سے تیل سُرخ ہو جاتا ہے (۲) آنکھوں کی ایک دوا۔

رتن دیپ (ہ۔ا۔مذ) چراغ جس میں جواہرات جڑے ہوں اور روشنی دیتے ہوں۔

رتن مالا (ہ۔ا۔مث) (۱) ہیروں کا ہار (۲) ایک قسم کا پھول۔ علم نجوم پر ایک کتاب کا نام۔

رِتنا (رِت۔نا) (ہ۔مص) (۱) ریتی سے رگڑا جانا (۲) خالی ہونا (۳) سارنگی بجنا۔

رَتناوَلی (رَت۔نا۔وَ۔لی) (ہ۔ا۔مث) مُرصّع ہار۔ ہیروں کا ہار۔

رَتنیاں (رَت۔نِ۔یاں) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چاول۔

رَتوا (رَت۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ایک سُرخ پتھر جو بچوں کو بُخار وغیرہ سے بچانے کے لئے گلے میں لٹکاتے ہیں (۲) ایک قسم کا سُرخ کیڑا۔

رِتوانا (رِت۔وا۔نا) (ہ۔مص) ریتنا کا متعدی۔ ریتی سے صاف کرانا۔ کسی سخت چیز کو خاردار آہنی اوزار سے چھلوانا۔

رَتواہی (رَت۔وا۔ہی) (ہ۔ا۔مث) (۱) رات کا حملہ (۲) رات کو آنے والی سہیلی۔

رَتوند (رتوندھا) (رَتوند) (رَ۔توں۔دھا) (ہ۔ا۔مذ) شب کوری۔ آنکھ کی ایک بیماری جس کے سبب رات کو دکھائی نہیں دیتا۔

رَتوندھیا (رَ۔توں۔دھِ۔یا) (ہ۔صف) رتوند کا مریض۔ شب کور۔

رَتھ (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مذ و مث) (۱) ایک قسم کی گاڑی جس کے اُوپر بُرجی بنی ہوتی ہے (۲) دیوتاؤں کی ایک قسم کی عُمدہ گاڑی (۳) قلعہ۔ کوٹ۔ حصار۔ جمع: رَتھ۔ رَتھوں (رَتھوں۔ رَتھیں)۔

رتھ بان (رتھ وان) (ہ۔صف) گاڑی بان۔ رتھ ہانکنے والا۔

رتھ یاترا (ہ۔ا۔مث) (۱) گاڑیوں کی دھوم دھام جو کسی دیوتا کی سواری میں ہو (۲) ہندوؤں کا ایک میلا جو دُوسری اساڑھ کو جگن ناتھ جی کے نام سے ہوا کرتا ہے۔

رَتّی (رَت۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) بھاگ۔ نصیب۔ قسمت۔ تقدیر (۲) گھونگچی۔ چرمٹی۔ ایک وزن جو آٹھ چاول کے برابر ہوتا ہے۔ ماشے کا آٹھواں حصّہ (۳) مقدار قلیل۔ ذرّہ۔

رتّی بھر (اُ۔متعلق فعل) (۱) ذرا سا۔ قدرے۔ قلیل۔

رتّی بھر دھن ساتھ نہ جاوے۔ جب تُو مر کر جیو گنوا وے (ہ۔مثل) مرنے کے وقت ذرا سی دولت بھی ساتھ نہیں جاتی۔

رتّی بھر کی تین چپاتی۔ کھانے والے سات سنگھاتی (ہ۔مثل) اِنتظام تھوڑا اور مہمان بہت۔

رتّی بھر ناتا، گاڑی بھر آشنائی (اُ۔مثل) تھوڑا رشتہ بہت سی دوستی سے اچھا ہوتا ہے۔

رتّی جاگنا (رتّی چمکنا) (ہ۔محاورہ) نصیبہ جاگنا۔ اقبال یاور ہونا۔ قسمت کھلنا۔ پھلنا پھولنا۔

رتّی دے کر مانگے تولہ۔ واکو کون بتاوے بھولا (ہ۔مثل) جو تھوڑا دے کر بہت لے اُسے کون بے وقوف کہہ سکتا ہے۔

رتّی رتّی (ہ۔تابع فعل) (۱) ذرا ذرا۔ ایک ایک حبّہ۔ بالکل۔ تمام۔ سَراسَر۔

رتیوں جوڑے تولوں کھووے۔ واکو لائبھ کہاں سے ہووے (ہ۔مثل) فضول خرچ آدمی کو کبھی فائدہ نہیں ہوتا۔

رِتیلا (رِ۔تی۔لا) (ہ۔صف) دیکھئے ریتلا۔

رِتیلی (رِ۔تی۔لی) (ہ۔صف) دیکھئے ریتلی۔

ر۔ٹ

رَٹ (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مث) تکرار۔ بار بار ایک ہی بات کہے جانا۔

رٹ لگانا (اُ۔محاورہ) بار بار کہے جانا۔ بار بار دُہرانا۔

رٹ لگنا (اُ۔محاورہ) اصرار کرنا۔ ایک بات کو بار بار کہنا۔

رِٹ (Writ) (انگ۔ا۔مث) عدالت کا حکم نامہ۔ اِجرائے پروانہ کی درخواست جو ہائی کورٹ میں دائر کی جاتی ہے۔

ریٹرننگ آفیسر (Returning Officer) (انگ۔ا۔مذ) ناظم انتخابات۔ مہتمم انتخابات۔

رَٹنا (رَٹ۔نا) (ہ۔مص) جپنا۔ بار بار کہنا۔ کسی چیز کو زبانی یاد کرنا۔

رَٹو (رَٹ۔ٹو) (اُ۔صف) رٹنے والا۔ رٹ کر یاد کرنے والا۔

ر۔ث

رِثا (رِ۔ثا) (ع۔ا۔مذ) مرثیہ بالخصوص شُہدائے کربلا کا مرثیہ۔

رِثائی (ع۔صف) رثا سے متعلق۔

ر۔ج

رَج (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) دریا کا ریتا (۲) بالو۔ ریت۔ ریگِ رواں (۳) حیض۔ غلاظت (۴) دَلدَل (۵) پھولوں کا زیرہ۔

رُج (بضمِ اوّل) (س۔ا۔مذ) درد۔ مرض۔ بیماری۔

رَجا (رَ۔جا) (ہ۔صف) (۱) سیر۔ پیٹ بھرا (۲) دولت مند۔ مال دار۔

رجا پُجا (ہ۔صف) (۱) رجا ہوا (۲) بھرا پُرا (۳) آباد (۴) دولت مند۔ دھنی۔

رجا کیا جانے بھوکے کی سار (ہ۔مثل) پیٹ بھرے کو بھوکے کی تکلیف کا احساس نہیں ہوتا۔

رَجا (رَ۔جا) (ع۔ا۔مث) اُمید۔ آس۔ آسرا۔ آرزُو۔ تمنّا۔ خواہش۔

رِجال (رِ۔جال) (ع۔ا۔مذ) رَجُل کی جمع۔ لوگ۔ بہت سے مَرد۔

رِجالُ الغیب (رِ۔جا۔لُل۔غیب) (ع۔ا۔مذ) مردانِ غیب (۲) دساسول۔ ایک غیبی ہستی جو زمین کے گرد پھرتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَجائی (رَ۔جا۔اِی) (ع۔صف) پُراُمید۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنے والا۔ (انگ Optimist)۔

رَجائیّت (رَ۔جا۔اِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) اچھے خیال رکھنا۔ تصویر کا روشن پہلو دیکھنا (۲) آرزُو سے پُر ہونا۔ (Optimism)۔

رَجَب (رَ۔جَب) (ع۔ا۔مذ) اِسلامی سال کا ساتواں مہینا۔

رُجحان (رُج۔حان) (ع۔ا۔مذ) میلان۔ توجُّہ۔ جھکاؤ۔

رُجحانات (رُج۔حا۔نات) (ع۔ا۔مذ) رُجحان کی جمع۔

رَجَز (رَ۔جَز) (ع۔ا۔مث) (۱) جنگ میں پڑھے جانے والے اَشعار (۲) وہ فخریہ اَشعار جن میں سپاہی کی بہادُری کی تعریف ہوتی ہے اور میدانِ جنگ میں پڑھے جاتے ہیں۔

رَجَزِیَہ (رَج۔زِ۔یَہ) (ع۔صف) رَجز سے متعلق۔

رِجس (بکسرِاوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔مذ) گندگی۔ پلیدی۔

رَجسٹر (Register) (انگ۔ا۔مذ) یادداشت کی کتاب۔ حاضری کی کتاب۔ دفتری کتاب۔ اُردو جمع: رجسٹر۔ رجسٹروں۔

رَجسٹرار (Registrar) (انگ۔ا۔مذ) (۱) رجسٹر میں درج کرنے والا (۲) رجسٹری کرنے والا (۳) محافظ دفتر۔

رَجسٹرڈ (Registered) (انگ۔صف) رجسٹری کیا گیا۔ رجسٹر میں درج۔ وہ چیز جس کی قانون کے مطابق رجسٹری ہوئی ہو۔

رَجسٹری (Registry) (انگ۔ا۔مث) (۱) ڈاک کے دفتر میں زائد محصول دے کر خط وغیرہ درج کرانا اور رسید لینا (۲) داخلہ۔ اندراجِ فہرست۔ اُردو جمع: رجسٹریاں۔ رجسٹریوں۔

رَجسٹریشن (Registration) (انگ۔ا۔مث) رجسٹر میں درج کرانا۔

رَجعَت (رَج۔عَت) (ع۔ا۔مث) (۱) واپسی۔ عَود۔ بازگشت۔ اِعادہ (۲) عورت کو طلاق دینے کے بعد پھر اپنی زوجیّت میں لانا (۳) کسی سیّارے کا اپنی معمولی گردش سے پھرنا (۴) (ا۔ا۔مث) جلالی وظیفہ غلط پڑھنے سے پاگل ہو جانا۔

رَجعتِ قَہقَری (رَج۔عَ۔تِ۔قَہ۔قَ۔ری) (ع۔ا۔مث) اُلٹے پاؤں واپس ہونا۔ سابقہ حالت کی طرف لوٹنا۔

رَجُل (رَ۔جُل) (ع۔ا۔مذ) آدمی۔ مرد۔ جمع: رِجال۔

رَجلے تَجلے (ا۔ا۔مذ) کمینے، رذیل لوگ۔

رَجم (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) پتھر مار مار کر ہلاک کرنا۔ سنگ ساری (۲) شہابِ ثاقب۔ جمع: رُجُوم۔

رَجماً بِالغَیب (رَج۔مَن۔بِل۔غَیب) (ع۔ متعلق فعل) بغیر سوچے سمجھے۔ اٹکل سے۔

رَج مان (ق۔ا۔مث) شرم و حیا۔ خودداری۔

رَجمنٹ (Regiment) (انگ۔ا۔مث) پیدل سپاہیوں کا دستہ۔ رجمنٹ میں عام طور پر آٹھ سو سے ایک ہزار تک سپاہی ہوتے ہیں۔ اُردو جمع: رجمنٹوں۔ رجمنٹیں۔

رَجنا (رَج۔نا) (ہ۔مص) سیر ہونا۔ پیٹ بھرنا۔

رَجنی (رَج۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سیاہ رنگ کی چیز (۲) رات (۳) اِلی (۴) نیل کا پودا (۵) لاکھ (۶) دُرگا جی (۷) ایک اپسرا (۸) ایک دریا۔

رَجّو (رَج۔جو) (ہ۔ا۔مث) (۱) رسّی۔ دھاگا۔ ڈور (۲) گانٹھ (۳) مینڈی۔

رَجواڑا (رَج۔وا۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) راجا کا مُلک۔ راجا کی عمل داری۔

رُجُوع (رُ۔جُوع) (ع۔ا۔مذ و مث) (۱) واپس ہونا۔ مُڑنا۔ لوٹنا۔ حائل ہونا۔ (۲) راغب ہونا۔ رغبت۔ مَیل۔ مَیلان (۳) ظاہر ہونا۔ حاضر ہونا (۴) اِلتجا۔ نظرِثانی۔ گزارش یا اپیل عدالت میں (۵) توجُّہ۔

رُجوع کرنا (ا۔مص) (۱) مُڑنا۔ پلٹ جانا (۲) معالجہ کرنے کے لئے حکیم کے پاس جانا (۳) مخاطب ہونا (۴) کسی طرف متوجّہ ہونا (۵) عدالت میں دعوٰی کرنا۔

رُجوع ہونا (ا۔مص مُرکّب) مائل ہونا۔ متوجّہ ہونا۔ پیش ہونا۔

رُجُولَت (رُجُولِیّت) (رُ۔جُو۔لَت) (رُجُو۔لی۔یَت) (ع۔ا۔مث) مردُی۔ باہ۔ قوّتِ تولید۔

رُجُوم (رُ۔جُوم) (ع۔ا۔مذ) رَجم کی جمع۔

رِجھانا (رِ۔جھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ لبھانا (۲) خوش کرنا۔ مسرور کرنا۔

رُجھنا (رُجھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) رُکنا۔ ٹھہرنا۔ بند ہونا (۲) مشغول ہونا۔ تنگ ہونا۔ گھبرانا۔ ستایا جانا۔ چھیڑا جانا۔

رَجیم (رَ۔جِیم) (ع۔صف) (۱) مردُود۔ ہنکایا ہوا۔ نکالا ہوا (۲) پتھر مارا ہوا۔

ر۔چ

رُچ (بضمِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) رغبت۔ چاہ۔ خواہش (۲) بھوک۔ اشتہا۔

رَچانا (رَ۔چا۔نا) (ہ۔مص) (۱) مقرّر کرنا۔ شروع کرنا۔ پھیلانا (۲) خوشی منانا (۳) مہندی سے ہاتھ رنگنا (۴) معطّر کرنا۔ بسانا (خوش بُو)۔

رَچاؤ (رَ۔چا۔او) (ہ۔ا۔مذ) رچنے کا عمل۔

رَچاوٹ (رَ۔چا۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) رنگت کی شوخی۔ اِنتھار رنگ۔

رَچنا (رَچ۔نا) (ہ۔مص) (۱) سرایت کرنا۔ اثر ہونا (۲) مہندی کا رنگ لانا (۳) شروع ہونا۔ پھیلنا۔ سامان مہیّا کرنا (شادی کا) (۴) مجوّ بدن ہونا (۵) کبوتر کا خانے میں جانا (۶) کھانا ہضم ہونا (۷) بندھ مُرتّب ہونا (۸) ایجاد ہونا (۹) کام پر لگنا (۱۰) اِستعمال ہونا (۱۱) متعلّق ہونا (۱۲) واقف ہونا۔ مانوس ہونا (۱۳) گانے میں سَم جانا (۱۴) قسمت میں ہونا (۱۵) محبت کرنا (۱۶) (ہ۔ا۔مث) فطرت (۱۷) شکل۔ صورت۔ بناوٹ (۱۸) نظم۔ گیت۔

رچنا پچنا (ہ۔صف) خوشگوار۔ جزوِ بدن ہونے والا۔

رُچنا (رُچ۔نا) (ہ۔مص) پسند ہونا۔ اچھا لگنا (۲) خواہش ہونا۔ میلان ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَچنی مہندی (ہ۔ا۔مث) وہ مہندی جو رنگ نکھادے۔

رِچّھا (رِچّھیا) (رچ۔چھا)(رچ۔چھ۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) محافظت۔ پناہ (۲) مدد۔ سرپرستی۔ حمایت (۳) امن۔ چین۔ آرام۔ صلح (۴) مہربانی۔ عنایت۔

ر۔ح

رَح (رح)(ع۔ کلمۂ دُعا) رحمتہ اللہ علیہ کا مخفّف۔

رَحْل (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) مسکن۔ منزل (۲) اَسباب (۳) کوچ۔

رِحْل (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) لکڑی کی چیز جس پر قرآن شریف رکھ کر پڑھتے ہیں۔

رِحْلَت (رح۔لت)(ع۔ا۔مث)(۱) کوچ۔ روانگی (۲) موت۔ اِنتقال۔

رَحْم (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کرم۔ مہربانی۔ دیا (۲) بخشش۔ عفو (۳) ترس۔ ہمدردی (۴)(اُر۔ا۔مذ) چاولوں کا کچّا حلوا جو خاص اللہ میاں کی نیاز کے لئے کسی خوشی کی تقریب یا بیاہ کے موقع پر بنایا جاتا ہے۔

رحم دِل (ع۔ف۔صف) مہربان۔ ہمدرد۔ رقیقُ القلب۔

رحم دِلی (ع۔ف۔ا۔مث) مہربانی۔ دردمندی۔ ہمدردی۔

رحم کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) ترس کھانا (۲) گلگلے پکا کر مسجد کا طاق بھرنا۔

رحم کھانا (اُر۔محاورہ) ترس کھانا۔ خوفِ خُدا کرنا۔

رِحْم (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) عورت کا عضوِ مخصوص جو پیڑو کی ہڈیوں کے درمیان مثانے کے پیچھے ہوتا ہے۔ اِسی میں حمل قرار پاتا ہے۔ بچّہ دان۔ جمع: اَرحام۔

رَحْمان (رَحْمٰن) (رح۔مان)(ع۔صف)(۱) مہربانی کرنے والا۔ شفیق۔ رحیم۔ غفور (۲) خُدا تعالیٰ کا اِسمِ صفاتی۔

رَحْمَت (رح۔مت)(ع۔ا۔مث)(۱) کرم۔ مہربانی (۲) درود و سلام۔ صلوٰۃ (۳) کلمۂ تحسین و آفرین۔ شاباش! اُردو جمع: رحمتوں۔ رحمتیں۔

رحمۃُ اللّٰہ عَلَیْہ (ع۔ کلمۂ دُعا) اُس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو۔ مرحوم بزرگانِ دین کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ جمع کی صورت میں علیہم‘ تثنیہ یعنی دو کی صورت میں علیہما اور تانیث میں علیہا۔

رحمتِ حق بہانہ جوید (ف۔مثل) خُدا کی رحمت بہانہ تلاش کرتی ہے۔

رحمتِ خدا کی (اُر۔ کلمۂ تحسین) آفرین ہے! شاباش! آپ کا کیا کہنا!

رَحِیق (رَ۔حیق)(ع۔ا۔مث) خالص شراب۔

رَحِیل (رَ۔حیل)(ع۔ا۔مذ) کوچ۔ کوچ کرنا۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔

رَحِیم (رَ۔حیم)(ع۔صف) مہربانی فرمانے والا۔ مہربان (۲)(مذ) خُدا کا ایک صفاتی نام۔

رَحِیمی (رَ۔حی۔می)(ع۔ف۔ا۔مث) رحیم کا اِسمِ کیفیت۔

ر۔خ

رُخ (بضمِ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) رُخسار۔ مُنہ۔ گال (۲) طرف۔ جانب۔ سَمت (۳) ایک فرضی جانور جو بہت بڑا ہوتا ہے اور جس کا ذکر الف لیلہ میں آتا ہے۔ سیمرغ (۴) ایک تاج جو شاہانِ ایران پہنا کرتے تھے (۵) کنارہ۔ حاشیہ۔ اُفق (۶) شطرنج کا ایک مُہرہ (۷) توجُّہ۔ اِلتفات۔ رُجحان (۸) سامنا۔ آگا۔ اُردو جمع: رُخوں۔ رُخوں۔

رُخ بدلنا (پھیرنا) (اُر۔محاورہ)(۱) مُنہ نہ لگانا۔ کم توجّہی کرنا (۲) سَمت بدلنا (۳) دُوسری طرف ہوجانا (۴) رُکھائی کرنا۔

رُخ دے کر بات نہ کرنا (اُر۔محاورہ) توجُّہ سے بات نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔

رُخ دینا (اُر۔محاورہ) دیکھئے رُخ کرنا۔

رُخ زرد ہوجانا (اُر۔محاورہ) ڈر جانا۔ خوف کھانا۔

رُخ کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) مُنہ کرنا (۲) توجُّہ کرنا (۳) پھرنا۔ لوٹنا۔

رُخام (رُ۔خام)(ع۔ا۔مذ) سنگِ مرمر۔

رَخْت (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) اَسباب۔ اثاثہ (۲) لباس۔ پوشاک۔ جامہ (۳) ساز و سامان (۴)(اُر۔ا۔مذ) جوتی کا چمڑا (۵) ٹھاٹ۔ دھج۔ ہیئت۔

رختِ سفر باندھنا (اُر۔محاورہ) سفر کی تیّاری کرنا (۲) مرنے کی تیّاری کرنا۔

رختِ سلامی (ف۔ع۔ا۔مذ) درباری لباس۔

رختِ عرُوس (ف۔ع۔ا۔مذ) جہیز۔

رختِ عُریانی پھاڑنا (اُر۔محاورہ) بدن کو زخمی کرنا۔

رختِ ہستی (ف۔ا۔مث) عقل۔ سمجھ۔

رُخسار (رُخ۔سار)(ف۔ا۔مذ) گال۔ عذار۔

رُخسارَہ (رُخ۔سا۔رَہ)(ف۔ا۔مذ) رُخسار کا بالائی حصّہ۔

رَخْش (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) لغوی معنی سُرخ اور سفید ملا ہوا رنگ (۲) رُستم کا گھوڑا جو اِس رنگ کا تھا (۳) کرن۔ چمک۔

رَخْشاں (رَخ۔شاں)(ف۔صف) چمکنے والا۔ چمکیلا۔ منوّر۔

رَخْشَنْدگی (رَخ۔شن۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) چمک۔ درخشانی۔

رَخْشَنْدَہ (رَخ۔شن۔دَہ)(ف۔صف) چمکیلا۔ روشن۔

رُخْصَت (رُخ۔صت)(ع۔ا۔مث)(۱) اجازت۔ منظوری۔ رضا (۲)(اُر۔ا۔مث) روانگی۔ کوچ۔ چلنا۔ جانا (۳) وداع۔ جنازہ اُٹھنے کا وقت (۴) چھٹی۔ وقفہ۔ مُہلت۔ فُرصت (۵)(کلمۂ اِستفہام) جائیں؟ اجازت ہے؟ (۶)(صیغۂ اَمر) جایئے۔ اُردو جمع: رُخصتوں۔ رُخصتیں۔

رُخصتِ اِتّفاقی (ع۔ا۔مث) غیر مقررہ رُخصت یا چھُٹی۔ ہنگامی رُخصت۔

رُخصتِ اِستحقاقی (ع۔ا۔مث) وہ چھُٹی جس کا حق ہو۔

رُخصت دینا (اُر۔محاورہ) اجازت دینا۔ چھُٹی دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُخصت طلبی (ع۔ف۔ا۔مث) جانے کی اجازت چاہنا۔ چُھٹی مانگنا۔

رُخصت کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) اجازت دینا۔ روانہ کرنا۔ بھیجنا (۲) موقوف کرنا (۳) ٹالنا۔

رُخصت لینا (اُر۔محاورہ) اجازت لینا۔ چُھٹی لینا۔

رُخصتانہ (رُخ۔صَ۔تا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) وہ نقدی جو چلتے وقت کسی رئیس کے دربار سے عطا ہو۔ اِنعامِ رُخصت۔

رُخصتی (رُخ۔صَ۔تی) (اُر۔ا۔مث) (۱) وداع۔ دُلہن کی روانگی (۲) وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جائے۔ سلامی (۳) (صف) چُھٹی پر۔

رَخنہ (رَخ۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) چھید۔ سُوراخ (۲) روزن۔ شگاف۔ دریچہ۔ کھڑکی (۳) ہڈی کا ٹوٹنا (۴) تلوار کا نشان (۵) نقص۔ عیب (۶) فِتنہ۔ فساد (۷) خلل۔ مُزاحمت۔ اُردو جمع: رخنوں۔ رخنے۔

رخنہ انداز (ف۔صف) مُزاحمت کرنے والا۔ بھانجی مارنے والا۔

رخنہ اندازی (ف۔ا۔مث) بھانجی۔ مزاحمت۔ خلل۔

رخنہ پڑنا (اُر۔محاورہ) خلل پڑنا۔ جھگڑا ہونا۔ عیب نکلنا۔

رخنہ ڈالنا (اُر۔محاورہ) خلل پیدا کرنا۔ روڑے اٹکانا۔ بھانجی مارنا۔

رخنہ (رخنے) نکالنا (اُر۔محاورہ) نقص نکالنا۔ عیب نکالنا (۲) نکتہ چینی کرنا (۳) حیلے حوالے کرنا۔ عذر کرنا۔

ر۔د

رَدّ (بفتحہ اوّل و تشدید دوم) (ع۔ا۔مذ) واپس کرنا۔ موڑنا۔ پھیرنا (۲) اِنکار۔ تردید۔ دلیل توڑنا (۳) قے۔ اُلٹی۔

ردِّ بلا (ع۔ف۔ا۔مذ) مُصیبت کا دُور ہونا۔

ردِّ ثبوت (ع۔ا۔مذ) تردید۔ ثبوت کو توڑنا۔

ردِّ خلق (ع۔ف۔صف) مردود۔

ردِّ دعوت (ع۔ا۔مذ) دعوت نامنظور کرنا۔

ردِّ سلام (ع۔ا۔مذ) سلام کا جواب۔

ردِّ عمل (ع۔ا۔مذ) جوابی عمل۔ اُلٹ کر اثر کرنا۔ ری ایکشن۔

ردّ کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) واپس کرنا۔ پھیرنا (۲) تردید کرنا۔ اعتراض اُٹھانا (۳) ترک کرنا۔ نامنظور کرنا (۴) قے کرنا۔ اُلٹی کرنا۔

ردّ و بدل (ع۔ا۔مذ و مث) (۱) اُلٹ پلٹ (۲) تکرار (۳) واپس کرنا (۴) بدلنا (۵) دفع کرنا (۶) تبدیلی (۷) لڑائی میں حملہ اور اُس کا توڑ۔

ردّ و قدح (ردّ و قَدَح) (ع۔ا۔مث) حُجت۔ بحث۔ تکرار۔

ردّ ہونا (اُر۔محاورہ) منسوخ ہونا۔ دفع ہونا۔ باطل ہونا۔

رِدا (رِ۔دا) (ع۔ا۔مث) چادر۔ اوڑھنی۔

رَدّا (رَدّہ) (رَد۔دا) (ف۔ھ۔ا۔مذ) اینٹوں کی ایک چنائی کے بعد دُوسری چنائی کے لئے اینٹ رکھنا۔ اینٹ پر اینٹ یا مٹّی کی تہ پر تہ جمانا۔ اُردو جمع: ردّوں۔ ردّے۔

ردّا (ردّے) جمانا (رکھنا) (اُر۔محاورہ) (۱) اینٹ پر اینٹ رکھنا۔ مٹّی کی تہ پر تہ جمانا (۲) ایک دفعہ کھا کر دُوسری دفعہ کھانا (۳) پے در پے تہمت لگانا۔

رَدائت (رَ۔دا۔ئت) (ع۔ا۔مث) فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔

رَدْوا کھڈوا (رَد۔وا۔کھد۔وا) (اُر۔ا۔مذ) (۱) برادری سے نکالا ہوا (۲) خراب (۳) کمینہ۔

رَدِی (رَ۔دی) (ع۔صف) خراب۔ ناکارہ۔ نکمّا۔ بگڑا ہوا۔

رَدّی (رَد۔دی) (اُر۔صف) (ع: ردی کا موّرد) (۱) خراب۔ ناقص۔ ناکارہ (اُر۔ا۔مث) خراب کاغذ۔ نکمّا کاغذ۔

ردّی کرنا (اُر۔محاورہ) بیکار کرنا۔

رَدّے (رَد۔دے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) ردّا کی جمع (۲) ردّا کی مُغیرّہ صورت۔

رَدِیف (ع۔ا۔مث) (۱) وہ شخص جو گھوڑے یا اُونٹ وغیرہ پر کسی سوار کے پیچھے بیٹھے (۲) وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ وغیرہ کے مصرعوں یا بیتوں کے آخیر میں قافیے کے پیچھے بار بار آئے (۳) حروفِ تہجّی کی ترتیب (۴) پیچھے کی فوج۔

ردیف چمکنا (اُر۔محاورہ) ردیف کا لطف دینا۔

ردیف وار (ع۔ف۔متعلق فعل) حروفِ تہجّی کی ترتیب سے۔

ر۔ذ

رِذالپن (رِ۔ذال۔پن) (اُر۔ا۔مذ) سِفلہ پن۔ کمینگی۔ پاجی پن۔

رِذالت (رِ۔ذا۔لت) (ع۔ا۔مث) کمینہ پن۔ اوچھا پن۔

رِذالہ (رِ۔ذا۔لہ) (ع۔صف) کمینہ۔ کم ذات (۲) شریر۔ بدذات۔ بدمعاش۔ بے شرم۔ اُردو جمع: رِذالوں۔ رذالے۔

رِذالہ مست ہُوا خدا کو بُھول گیا (اُر۔مثل) رذیل آدمی امیر ہو جائے تو بہت مغرور ہو جاتا ہے۔

رِذالوں (اُر۔ا۔مذ) رذالہ کی جمع۔

رذالوں کی دوستی پانی کی لکیر۔ شریفوں کی دوستی پتھر کی لکیر (اُر۔مثل) کمینوں کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔

رِذالے (اُر۔ا۔مذ) (۱) رذالہ کی جمع (۲) رذالہ کی مُغیرّہ صورت۔

رذالے کا لٹھ (اُر۔صف) مُنہ پھٹ۔ بے شرم۔ بے باک۔ گستاخ۔ بے حیا۔

رذالے کی جورُو کو سدا طلاق (اُر۔مثل) کمینے اور سفلے کو اپنے عہد کا کچھ پاس نہیں ہوتا۔ کمینہ قابلِ اعتبار نہیں ہوتا۔

رذالے کے ناخن ہوئے (اُر۔مثل) کمینہ صاحبِ اختیار ہو گیا۔

رَذِیل (رَ۔ذِیل) (ع۔صف) سِفلہ۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ پاجی۔ اُردو جمع: رذیل۔ رذیلوں۔

رذیل کی دو اشراف کی سو (اُر۔مثل) کمینے کی دو گالیاں بھی اشراف کی سو گالیوں سے بڑھ کر ہوتی ہیں۔

ر۔ر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رِڑیانہ (رِ۔یا۔نہ)(ہ۔مص) گڑگڑانا۔

ر۔ڑ

رَڑک (رَ۔ڑک)(ہ۔ا۔مث) خلش۔ چُبھن۔ کھٹک۔

رِڑکا (رِڑ۔کا)(ہ۔ا۔مذ) جھاڑو (۲) ذرّہ۔ ریزہ۔

رَڑکنا (رَ۔ڑک۔نا)(ہ۔مص) کھٹکنا۔ چُبھنا۔

رِڑکنا (رِ۔ڑک۔نا)(ہ۔مص) بلونا۔ مکھن نکالنا (۲) چیخنا۔ رونا۔

ر۔ز

رَز (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) انگور (۲) انگور کی بیل۔

رَزّاق (رز۔زاق)(ع۔ا۔مبالغہ)(۱) رزق پہنچانے والا۔ روزی رساں (۲) خُدا تعالیٰ کا صفاتی نام۔

رَزّاقی (رز۔زا۔قی)(ع۔ا۔مث) رزق رسانی۔ رزق دینا۔

رِزَرْوْڈ (Reserved)(انگ۔صف) مخصوص۔ محفوظ جسے کوئی دُوسرا اِستعمال میں نہ لا سکے۔

رِزَرویشن (Reservation)(انگ۔ا۔مث) تخصیص۔ خاص کرنے کا عمل۔

رِزْق (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) روزی۔ خوراک۔ کھانا۔ اناج (۲) وظیفہ۔

رِزق اُترنا (اَر۔محاورہ) غیب سے رزق کا بندوبست ہو جانا۔

رِزق اُڑ جانا (اَر۔محاورہ) کھانے کو دانہ پانی میسّر نہ آنا۔

رِزق کا کیڑا (اَر۔ا۔مذ) اناج کھانے والا (کنایۃً) اِنسان۔

رِزق نہ پلّے باندھتے پنچھی اور درویش۔ جن کا تکیہ رَبّ ہے اُن کا رزق ہمیش (اَر۔مثل) جانور اور فقیر رزق پلّے باندھ کر نہیں پھرتے۔ جو خُدا پر بھروسا کرتے ہیں اُنہیں رزق مِل ہی جاتا ہے۔

رِزق ہے نہ موت (اَر۔مثل) بڑا بدقسمت ہے۔

رِزَلْٹ (Result)(انگ۔ا۔مذ) نتیجہ۔ انجام۔ حاصل۔

رَزْم (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث) جنگ۔ معرکہ۔

رزم گاہ (ف۔ا۔مث) میدانِ جنگ۔

رزم و بزم (ف۔ا۔مث) میدانِ جنگ اور محفل۔ لڑائی اور عیش و عشرت کی جگہ۔

رَزْمِیَہ (رز۔م۔یَہ) (ف۔صف) رزم سے نسبت رکھنے والا (۲) (ف۔ا۔مث) جنگی داستان یا نظم۔

ر۔س

رَس (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) شیرہ۔ عرق۔ دُودھ۔ گنّے کا شیرہ (۲) جوہر۔ ست (۳) دھات کا کشتہ (۴) منی۔ نطفہ (۵) آواز کی نرمی۔ آواز کی شیرینی (۶) نشیلا پن (۷) محبت۔ عشق۔ جوش (۸) (رقص کی اِصطلاح) لوچ۔

رس اُترنا (اَر۔محاورہ) گھوڑے کے سُم سے مواد کا پانی نکلنا۔

رس بھری (اَر۔صف)(۱) رس دار۔ شیریں۔ مزے دار۔ خوش ذائقہ (۲) نشیلی۔ خمار آلودہ (۳) (اَر۔ا۔مث) چرپلی جیسا مزہ رکھنے والا ایک پھل۔ تُوت فرنگی (Raspberry)۔

رس بھری باتیں (اَر۔ا۔مث) میٹھی میٹھی باتیں۔

رس ٹپکنا (اَر۔محاورہ) جوشِ جوانی میں بھرنا۔ دودھ ٹپکنا۔

رس چُوس لینا (اَر۔محاورہ) جوہر نکال لینا۔

رس دیجیے مرے تو بِس کیوں دیجیے (ہ۔مثل) جو کام نرمی سے ہو سکتا ہے اُس میں سختی نہیں کرنی چاہیے۔ نیز دیکھیے گُڑ دیئے مرے تو زہر کیوں دیجیے۔

رس کپور (رس کرپور)(ہ۔ا۔مذ) پارے کا جوہر جو پارے، گندھک اور نمک سے بنایا جاتا ہے۔

رس کھائے رسائن بنتی ہے (ہ۔مثل) تکلیف اُٹھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

رس کی باتیں (اَر۔ا۔مث)(۱) عشق و محبت کی باتیں۔ میٹھی باتیں (۲) لگاوٹ کی باتیں۔

رس گھولنا (اَر۔محاورہ) میٹھی اور نرم آواز میں باتیں کرنا یا گانا۔

رس مارے رسائن ہو (ہ۔مثل) پارے کو جلاؤ تو چاندی ہو جاتا ہے۔ تکلیف اُٹھا کر اِنسان ترقی کرتا ہے۔

رس میں بِس ملانا (اَر۔محاورہ) خوشی میں رنج پیدا کرنا۔

رَس (بفتحۂ اوّل)(ف۔لاحقہ) رسیدن مصدر کا صیغۂ امر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پہنچنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے دادرَس۔ دُوررَس۔

رِس (بکسرِ اوّل)(س۔ا۔مث) غضب۔ غصّہ۔ ضِد۔

رَسا (رَ۔سا)(ف۔صف)(۱) پہنچنے والا (۲) بلند ہونے والا۔ دُور جانے والا (۳) کامل۔ مرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے ذہنِ رسا۔

رَسا (رَ۔سا)(ہ۔ا۔مذ) شوربا۔ یخنی۔ عرق۔

رَسّا (رَس۔سا)(ہ۔ا۔مذ) موٹی رسّی۔ ریسماں۔ جمع: رسّوں۔ رسّے۔

رسّا کشی (اَر۔ف۔ا۔مث) کھینچا تانی۔ کشاکش (۲) ایک کھیل۔

رسّا گیر (اَر۔ف۔صف) مویشیوں کا چور۔

رَسال (رَ۔سال)(ہ۔صف)(۱) رس دار۔ رَس سے بھرا ہوا (۲)(ہ۔ا۔مذ) آم (۳) گنّا۔

رَسالا (رَ۔سا۔لا)(س۔ا۔مث) چھاچھ جس میں قند اور گرم مسالا پڑا ہو۔

رِسالت (رِ۔سا۔لت)(ع۔ا۔مث) پیغام بری۔ ایلچی گری۔ سفارت۔

رِسالت پناہ (رِسالت مآب)(ع۔ف۔صف) مُراد پیغمبرِ اعظم و آخر صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم۔

رِسال دار (رِسالدار)(رِ۔سال۔دار)(اَر۔ا۔مذ) ایک رسالے کا افسر۔

رِسالداری (رِ۔سال۔دا۔ری) (اَر۔ا۔مث) رسالے کی افسری۔ رسالدار کا عُہدہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رِسالَہ (رِ۔سا۔لَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) نامہ۔ مکتوب (۲) چھوٹی سی کتاب (۳) مختلف اہلِ قلم کے مضامین کا مجموعہ جو مقررہ وقت پر شائع ہوتا ہے (۴) آٹھ سو یا ہزار گھڑسوار فوج کا دستہ۔ جمع: رَسائل۔ اُردو جمع: رِسالوں۔ رِسالے۔

رَساں (رَ۔ساں)(ف۔اِسمِ حالیہ) پہنچنے والا۔ پہنچانے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے خبر رساں۔ چٹھی رساں۔ ضرر رساں۔

رَسان (رَ۔سان)(اُ۔ا۔مث) آہستگی۔ نرمی۔

رَسانا (رَ۔سا۔نا)(اُ۔مص) جوڑنا۔ ٹانکا لگانا (برتن وغیرہ میں)۔

رُسانا (رُ۔سا۔نا)(ہ۔مص)(۱) غصہ دِلانا (۲) خفا کرنا۔ ناراض کرنا۔

رَسانیا (رَ۔سا۔نِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) کیمیاگر۔

رَساوَل (رَ۔سا۔وَل)(ہ۔ا۔مث) گنّے کے رس کی کھیر۔

رَسائِل (رَ۔سا۔اِل)(ع۔ا۔مذ) رِسالہ کی جمع۔

رَسائی (رَ۔سا۔اِی)(ف۔ا۔مث)(۱) پہنچ۔ دخل۔ گزر (۲) ربط ضبط۔ میل ملاپ (۳) واقفیت۔ شناخت (۴) آہستگی۔ وغیرہ۔

رسائی پانا (اُ۔ محاورہ) باریاب ہونا۔ حاضر ہونے کی اجازت حاصل کرنا۔

رسائی کرنا (اُ۔ محاورہ) مہارت' واقفیت یا رسوخ حاصل کرنا (۲) میل ملاپ کرنا۔

رَسائِن (رَ۔سا۔ئِن)(س۔ا۔مذ) وہ دوا جو پارہ یا کوئی اور دھات مار کر بنائی جائے۔ کیمیا۔ اِکسیر۔

رسائن وِدیا (س۔ا۔مث) علم کیمیا۔

رِسپانڈنٹ (Respondent)(انگ۔ا۔مذ) جواب دِہ۔ اپیلانٹ کا فریق ثانی۔

رُستاخیز (رُستخیز) (رُس۔تا۔خیز) (رُست۔خیز) (ف۔ا۔مث) (۱) قیامت (۲) ہنگامہ۔

رُستگار (رُست۔گار)(ف۔صف) رہائی پانے والا۔ نجات پانے والا۔

رُستگاری (رُست۔گا۔ری)(ف۔ا۔مث) رہائی۔ نجات۔

رُستم (رُس۔تم)(ف۔ا۔مذ)(۱) فارس کا ایک مشہور افسانوی پہلوان جس کی بہادری کی داستانیں فردوسی کے شاہ نامہ میں درج ہیں۔ کہتے ہیں رُستم کو جننے سے پہلے اُس کی ماں کو شدید دردِ زہ ہوا اور جب وہ پیدا ہوگیا تو ماں نے کہا "رستم" یعنی میں نے رہائی پائی (۲)(صف) بہادر۔ شجاع۔ زور آور۔ بلوان۔ سُورما۔

رُستم خاں (رُستم خاں کا بچہ۔ رُستم خاں کا سالا)(اُ۔ا۔مذ) بڑے آدمی کی رشتے داری پر شیخی مارنے والا۔ رانی خاں کا سالا۔

رُستمی (رُس۔تَ۔می)(اُ۔ا۔مث) مردانگی۔ بہادری۔ جرأت۔ شجاعت زور آوری۔

رَستہ (رَس۔تہ)(ف۔ا۔مذ) راستہ کا مخفف۔ اُردو جمع: رستوں۔ رستے۔

رستہ آنا (اُ۔ محاورہ) راستے کا پتا ہونا۔ راستہ معلوم ہونا۔

رستہ بتانا (اُ۔ محاورہ)(۱) رستے پر ڈالنا۔ پتا بتانا (۲) ٹالنا (۳) رُخصت کرنا۔

رستہ بھول کے نکل آنا (اُ۔ محاورہ) جو شخص اتفاقیہ آ جائے تو اُس سے بطور شکوہ کہتے ہیں کہ کیا تم رستہ بھول کے اِدھر آ نکلے؟

رستہ پانا (اُ۔ محاورہ) تدبیر سُوجھنا۔ جانے کے لئے رستہ ملنا۔

رستہ پکڑو (اُ۔ روزمرّہ) راہ لو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ چلتے بنو۔

رستہ پہاڑ ہونا (اُ۔ محاورہ) راستہ دُوبھر ہونا۔ رستہ نہ کٹنا۔

رستہ پھٹنا (اُ۔ محاورہ) ایک راستے سے دُوسرا راستہ نکل آنا۔

رستہ سُوجھنا (اُ۔ محاورہ) تدبیر سُوجھنا۔

رستہ چھوڑنا (اُ۔ محاورہ)(۱) ایک طرف ہو جانا۔ سامنے سے ہٹ جانا تاکہ کوئی گزر جائے (۲) کسی راستے کو ترک کر دینا۔

رستہ گھیرنا (اُ۔ محاورہ) راستہ روک کر کھڑا ہو جانا۔ سدِّراہ ہونا۔

رستہ لینا (اُ۔ محاورہ) چلے جانا۔ راستہ اِختیار کرنا۔

رستہ نکالنا (اُ۔ محاورہ) راہ نکالنا (۲) تدبیر سُوجھنا۔

رَستے (رَس۔تے)(اُ۔ا۔مذ)(۱) رستہ کی جمع (۲) رستہ کی مغیّرہ صورت۔

رستے پر آنا (اُ۔ محاورہ) دُرست ہونا۔ نیک بن جانا۔ سیدھی راہ پر آنا۔

رستے پر ڈالنا (اُ۔ محاورہ) دیکھئے رستے لگانا۔

رستے لگانا (اُ۔ محاورہ)(۱) ٹھیک راہ پر چلانا (۲) کسی مشغلے میں لگا دینا۔

رستے میں (اُ۔ متعلق فعل) راہ میں۔ بیچ میں۔

رَسَد (رَ۔سَد)(ف۔ا۔مث)(۱) حصّہ۔ نصیب۔ بھاگ۔ قسمت (۲) جنس۔ غلّہ (۳) لائق۔ مناسب (۴) ذخیرہ۔ آزوقہ جو لشکر یا قافلے کے ہمراہ ہو (۵) راشن۔ راتب۔ خوراک۔ بھوجن۔ زلہ ربا۔

رسد رسانی (ف۔ا۔مث) غلّہ رسانی۔ غلّہ اور اجناس وغیرہ کسی لشکر یا محکمے میں پہنچانا۔

رسد ملنا (اُ۔ محاورہ) ضروری سامان بہم پہنچنا۔

رَسَدی (رَ۔سَ۔دی)(ف۔صف) حصّے کے مطابق۔

رَس را (رَسرا)(ق۔ا۔مذ) رستا۔

رَسری (رَس۔ری)(ق۔ا۔مث) رَسّی۔

رِسک (Risk)(انگ۔ا۔مذ) خطرہ۔ خوف۔ جوکھوں۔

رُسُل (رُ۔سُل)(ع۔ا۔مذ) رَسُول کی جمع۔

رُسُل و رَسائل (ع۔ا۔مذ) نقل و حمل۔ نقل و حرکت۔ آمد و رفت۔

رَسْم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) نقش۔ نشان۔ تحریر۔ نوشت (۲)(مجازاً) دستور۔ قانون۔ رواج (۳) عادت۔ چال چلن۔ طور طریق (۴) تنخواہ۔ وظیفہ (۵) محنتانہ۔ اُجرت (۶)(منطق) عرضیات کے ساتھ کسی چیز کی تعریف (۷) بچوں کا ایک کھیل۔ جمع: رُسُوم۔ اُردو جمع: رسموں۔ رسمیں۔

رسم اُٹھانا (اُ۔ محاورہ) عادت اور رواج کے خلاف کرنا۔ رسم ترک کر دینا۔

رسم اُٹھ جانا (اُ۔ محاورہ) چلن باقی نہ رہنا۔ طریقہ متروک ہو جانا۔

رسمُ الخط (رَس۔مُل۔خط)(ع۔ا۔مذ) طرزِ تحریر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رسم و رواج (ع۔ا۔مذ) دستور۔ قاعدہ۔ ریت۔

رسم و راہ (ع۔ف۔ا۔مث) میل جول۔ ربط ضبط۔ برتاؤ۔ دستور۔ ڈھنگ۔

رَسْماً (رَس۔مَن)(ع۔متعلق فعل) رَسم کے طور پر۔

رَسْمَسا (رَس۔مَ۔سا)(ہ۔صف) پانی وغیرہ سے تر۔ گیلا۔

رَسْمَسی (رَس۔مَ۔سی)(ہ۔صف) رَسمسا کی تانیث۔

رَسْمی (رَس۔می)(ع۔صف) عام۔ معمولی۔ درمیانی۔ رواجی۔

رَسَن (رَ۔سَن)(ف۔ا۔مث) رَسّی۔

رَسْنا بَسْنا (رَس۔نا۔بس۔نا)(اُر۔محاورہ) پُھولنا پَھلنا۔ رہنا سہنا۔

رِسْنا (رِس۔نا)(ہ۔مص)(۱) ٹپکنا۔ چونا (۲) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔

رُسْوا (رُس۔وا)(ف۔صف) ذلیل۔ خوار۔ بے عزّت۔ بے غیرت۔

رُسْوائی (رُس۔وا۔اِی)(ف۔ا۔مث) بدنامی۔ بے عزّتی۔ ذِلّت۔ اُردو جمع: رُسوائیاں۔ رُسوائیوں۔

رُسُوب (رُ۔سُوب)(ع۔ا۔مذ) وہ چیز جو پانی' شراب اور پیشاب وغیرہ کی تہ میں بیٹھ جائے۔ دُرد۔ تلچھٹ۔ گاد۔

رَسَوت (ہ۔ا۔مث) ایک پودے کا کڑوا رس جس کا لیپ دُکھتی آنکھوں میں یا ماں کی چھاتیوں پر لگایا جاتا ہے کہ بچّہ دودھ پینا چھوڑ دے۔

رُسُوخ (رُ۔سُوخ)(ع۔ا۔مذ)(۱) مضبوطی۔ اُستواری (۲) قیام۔ ثبات۔ اِستقلال (۳) رسائی۔ رَبط ضبط (۴) اِعتماد۔ اِعتبار۔

رَسُول (رَ۔سُول)(ع۔ا۔مذ) خُدا کی طرف سے بھیجا ہوا پیغمبر جو کتاب اِلٰہی لائے (۲) قاصد۔ ایلچی۔ نامہ بَر۔ پیام بَر۔ جمع: رُسُل۔ اُردو جمع: رَسُول۔ رَسُولوں۔

رَسُول شاہی (ع۔ف۔ا۔مذ) آزاد منش فقرا کا ایک فرقہ جس کے بانی رسُول شاہ نامی ایک درویش تھے۔ یہ لوگ چار ابرو کا صفایا کرتے' صرف ایک لنگوٹی باندھتے اور شراب کو حلال سمجھتے ہیں۔

رَسُولی (رَ۔سُو۔لی)(ہ۔ا۔مث) گلٹی۔ وہ غدود جو مواد سے بن جاتا ہے۔

رُسُوم (رُ۔سُوم)(ع۔ا۔مذ و مث) رَسم کی جمع (۱) نشان۔ نقوش (۲) آئین۔ قوانین۔ عادتیں (۳)(اُر۔ا۔مث) اسٹامپ کی فیس۔ کورٹ فیس (۴) کسی حصّہ زمینداری سے واجبُ الوصول محصول (۵) بِکے ہوئے مال پر کمیشن یا دستوری۔

رُسُومِ اعلٰی نمبردار (ع۔ف۔ا۔مث) نمبردار کا کمیشن اور رعایت۔

رُسُومِ عدالت (ع۔ا۔مث)(۱) سرکاری خرچہ (۲) کورٹ فیس (۳) اسٹامپ۔

رُسُومِ مُحتَرِفہ (مُ۔حتَ۔رِ۔فہ)(ع۔ا۔مث) تجارت اور حرفہ کا محصول۔

رَسوئی (رَ۔سو۔اِی)(ہ۔ا۔مث) کھانا۔ طعام۔ بھوجن (۲) چوکا۔ باورچی خانہ۔

رَسوئیا (رَ۔سو۔اِی۔یا)(ہ۔ا۔مذ) باورچی۔ کھانا پکانے والا۔

رَسّی (رَس۔سی)(ہ۔ا۔مث)(۱) رَسَن۔ ریسماں۔ موٹی اور لمبی ڈوری (۲) ایک پیمانہ جو سو فٹ لمبا ہوتا ہے (۳)(کنایۃً) سانپ۔ جمع: رَسّیاں۔ رَسّیوں۔

رَسّی بٹنا (اُر۔محاورہ) مُونجھ یا سَن وغیرہ کو بَل دے کر رَسّی بنانا (۲) حیلے بہانے کرنا۔

رَسّی تُڑوانا (اُر۔محاورہ) بھاگنا۔ سُرعت سے جانے کی کوشش کرنا (۲) آزادی چاہنا۔

رَسّی جل گئی پر بل نہیں گیا (اُر۔مثل)(۱) دَولت اور عزّت جاتی رہی مگر غرور نہ گیا (۲) سزا بھگتنے پر بھی بُری عادت نہ گئی۔

رَسّی دراز ہونا (اُر۔محاورہ) رَسّی کا طویل اور لمبا ہونا (۲) دُور تک پہنچ جانا (۳) مُہلت ملنا (۴) بڑی عُمر ہونا۔

رَسّی ڈھیلی چھوڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) آزادی دے دینا (۲) نگرانی کم کرنا (۳) چشم پوشی کرنا (۴) لگام ڈھیلی کر دینا۔

رَسّی کا سانپ بنانا (اُر۔محاورہ) بے اصل بات کی دھوم مچانا۔ غلط خیال کو فروغ دینا۔

رَسّی کوتاہ ہونا (اُر۔محاورہ)(کنایۃً) عُمر کم ہونا۔

رَسیا (رَس۔یا)(ہ۔صف)(۱) رَس لینے والا۔ مزہ لوٹنے والا (۲) شوقین۔ رنگیلا۔

رَسِید (رَ۔سِید)(ف۔ا۔مث)(۱) پہنچ۔ پہنچنا۔ رسائی (۲) کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی تحریر۔ پہنچنے کا اقرار (۳) پتا۔ خبر۔ سُراغ (۴) گنجفے کی بازی میں کسی کو سَر پہنچنا۔

رسید تک نہ دینا (اُر۔محاورہ) اِقرار نہ کرنا۔ اِقراری نہ ہونا۔ توجّہ نہ کرنا۔

رسید کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) لگانا۔ مارنا۔ جڑنا (۲) دخول کرنا۔ پہنچانا۔

رَسِیدَگی (رَ۔سی۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) پہنچنا۔ کسی چیز کا وصول ہونا (۲) پختگی۔ تکمیل۔

رَسِیدَہ (رَ۔سی۔دَہ)(ف۔صف) پہنچا ہوا (۲) بالغ (۳) خُدا تک پہنچا ہوا (۴) پختگی پر پہنچا ہوا پھل (۵) مُجرّا۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے اجل رسیدہ۔

رسیدہ بُود بلائے ولے بخیر گذشت (ف۔مثل) مُصیبت تو آئی تھی مگر بچ گئے۔ اُس وقت کہتے ہیں جب اِنسان کسی ناگہانی مُصیبت سے بچ جائے۔

رَسِیلا (رَ۔سی۔لا)(ہ۔صف)(۱) رَس بھرا۔ عرق دار (۲) شیریں اور مزے دار۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ (۳) بانکا۔ شیریں ادا۔ رنگیلا۔

رَسِیلی (رَ۔سی۔لی)(ہ۔صف) رسیلا کی تانیث۔

رسیلی آنکھ (اُر۔ا۔مث) چشم مے گوں۔ چشم مخمور۔ نشیلی آنکھ۔ خوش وضع آنکھ۔ چشم مست۔

رِسِیوَر (Receiver) (انگ۔ا۔مذ)(۱) کسی جائیداد کا سرکاری نگران (۲) ٹیلی فون کا وہ حصّہ جس سے آواز سُنتے ہیں۔

ر۔ش

رَش (Rush) (انگ۔ا۔مذ) اِزدحام۔ انبوہِ کثیر۔ بہت بڑا مجمع۔

رِشْتَہ (رِش۔تَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) تاگا۔ ڈورا۔ کاتا ہوا سُوت (۲) قرابت۔ رشتے داری۔ ناتا (۳) سلسلہ۔ تعلّق۔ لگاؤ۔ واسطہ (۴) لڑی۔ لَظم۔ سِلک (۵)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نسل۔ خاندان (۶) ایک بیماری جس میں پاؤں میں سے تاگے کی مانند ایک باریک سا جاندار کیڑا نکلتا رہتا ہے۔ اُردو جمع: رشتوں۔ رشتے۔
رشتۂ اُلفت (ف۔ا۔مذ) دوستی۔ محبت کا تعلّق۔
رشتہ برپا (ف۔ا۔مذ) جس کے پاؤں میں ڈورا بندھا ہو۔ مقیّد۔ پابہ زنجیر۔
رشتہ ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) بے تعلّق ہو جانا۔ تعلّق منقطع ہونا۔
رشتۂ جان (حیات) (ف۔ا۔مذ) سانس لینے کا سِلسِلہ۔
رشتہ جوڑنا (اُر۔ محاورہ) شادی کرنا (۲) نسب کا سِلسِلہ مِلانا۔
رشتۂ حیات منقطع ہونا (اُر۔ محاورہ) مرجانا۔
رشتہ (رشتے) دار (ف۔اُر۔ا۔مذ) قرابت دار۔ متعلّقین۔ بھائی بند۔
رشتہ (رشتے) داری (ف۔اُر۔ا۔مث) قرابت۔ برادری۔
رشتۂ دنداں (ف۔ا۔مذ) دانتوں کی قطار۔
رشتۂ شمع (ف۔ا۔مذ) وہ ڈورا جو شمع کے اَندر ہوتا ہے اور جلایا جاتا ہے۔
رشتۂ عُمر (ف۔ا۔مذ) دھاگا جس میں سال گُزرنے پر ایک گرہ دے دیتے ہیں۔ سال گرہ کا دھاگا۔
رشتہ قطع کرنا (اُر۔ محاورہ) تعلّق توڑ دینا۔ دوستی ختم کر دینا۔
رشتہ کرنا (اُر۔ محاورہ) نسبت کرنا۔ شادی کرنا۔ تعلّق پیدا کرنا۔
رشتۂ مریمؑ (ف۔ا۔مذ) ایک نہایت باریک دھاگا جو کہتے ہیں کہ حضرت مریمؑ نے کاتا تھا۔
رشتہ ناتا (ف۔ا۔مذ) میل جول۔ تعلّق۔ قرابت۔
رَشحات (رَش۔حات) (ع۔ا۔مذ) رَشحہ کی جمع۔
رشحاتِ قلم (ع۔ا۔مذ) تحریر۔ مضمون۔ جو کچھ قلم سے لکھا جائے۔
رَشحَہ (رَش۔حَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹپکن۔ پانی کا ٹپکنا (۲) بوند (۳) رَس (۴) پسینا۔ جمع: رشحات۔
رُشد (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہدایت (۲) ہوش سنبھالنا۔ بالغ ہونا (۳) سچائی۔
رَشک (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) یہ آرزُو کہ جو چیز دُوسرے کو حاصل ہے مجھے بھی مل جائے۔
رشک آنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے برابر ہونے کی خواہش ہونا۔
رشکِ پری (رشکِ حُور۔ رشکِ قمر۔ رشکِ یُوسفؑ) (ف۔صف) ایسا خوبصورت جس کے حُسن و جمال پر پری' حور' چاند اور حضرت یوسفؑ کو بھی رشک آئے۔ نہایت خوب صورت۔
رشک کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی ترقی دیکھ کر اُسی جیسا بننے کی آرزُو کرنا۔
رِشوَت (رِش۔وَت) (ع۔ا۔مث) ناجائز نذرانہ۔ سرکاری ملازم کا پیسے لے کر کسی کا کام کرنا۔
رشوت خوار (خور) (ع۔ف۔صف) رشوت لینے والا۔
رشوت ستانی (ع۔ف۔ا۔مث) رشوت لینے کا فعل۔
رشوت لینا (اُر۔ محاورہ) ناجائز نذرانہ لینا۔

رِشی (رِ۔شی) (س۔ا۔مذ) خُدا پرست۔ سادھو۔ عابد۔ جوگی۔ درویش۔
رَشِید (رَ۔شِید) (ع۔صف) (۱) ہدایت یافتہ۔ سیدھی راہ پانے والا (۲) تعلیم یافتہ۔ تربیت یافتہ (۳) خُدائے تعالیٰ کا صفاتی نام۔

ر۔ص

رَصاص (رَ۔صاص) (ع۔ا۔مذ) قلعی۔ سیسہ۔ ٹین۔ رانگ۔
رَصَد (رَ۔صَد) (ع۔ا۔مذ) مُشاہدہ کرنا۔ مُلاحظہ کرنا۔ دیکھ بھال۔ مُشاہدہ۔
رصد بندی (ع۔ف۔ا۔مث) ستاروں کا مُشاہدہ۔
رصد گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) ایک عمارت جہاں سے طاقتور دُوربین کے ذریعے اجرامِ فلکی و مظاہر کا مُشاہدہ و تجزیہ کیا جاتا ہے۔ (Observatory)۔

ر۔ض

رضؓ (ع۔ دُعائیہ جملہ) رضیَ اللہُ عنہٗ کا اِختصار۔ خُدا اُن سے راضی ہو۔
رِضا (رِ۔ضا) (ع۔ا۔مث) (۱) خوشنودی۔ خوشی۔ مرضی (۲) اجازت۔ مُہلت۔ رُخصت (۳) وہ چھُٹی جس کی تنخواہ نہیں کاٹی جاتی۔
رضا بہ قضا (ف۔مثل) جو خُدا کی مرضی ہے اُس پر راضی ہیں۔ تقدیر پر راضی ہونا۔
رضا پانا (اُر۔ محاورہ) اجازت پانا۔
رضا جُو (ع۔ف۔صف) دُوسرے کی رضا مندی یا خوشنودی چاہنے والا۔ دُوسروں کو خوش کرنے والا۔
رضا کار (ع۔ف۔صف) اپنی مرضی سے اپنے آپ کو خدمتِ خلق و قوم کے لئے پیش کرنے والا۔ والنٹیر۔
رضا کارانہ (ع۔ف۔صف) اپنی مرضی سے۔ بلا جبر و اکراہ۔
رضا مند (ع۔ف۔صف) راضی۔ خوش (۲) منظور کرنے والا۔
رضا مندی (ع۔ف۔ا۔مث) خوشنودی (۲) منظوری۔
رضائے مولیٰ از ہمہ اَولیٰ (ف۔مثل) خُدا کی مرضی سب سے بہتر ہے۔
رَضاعَت (رَ۔ضا۔عَت) (ع۔ا۔مث) بچّوں کو دودھ پلانے کی حالت۔ شیر خوارگی۔ بچّوں کو دودھ پلانا۔ بکسرِ اوّل بھی صحیح ہے۔
رَضاعی (رَ۔ضا۔عی) (ع۔صف) دودھ شریک۔ وہ بچّے جنہوں نے ایک ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔ (بکسرِ اوّل بھی صحیح ہے)۔
رَضائی (رَ۔ضا۔اِئی) (اُر۔ا۔مث) (۱) رنگے ہوئے کپڑے کی رُوئی دار دُلائی (۲) چھوٹا لحاف (۳) گدڑی۔
رِضوان (رِض۔وان) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک فرشتہ جو بہشت کا دربان ہے (۲) بہشت (۳) برکت (۴) رضا مندی۔
رِضوانُ اللہ علیہ۔ دیکھئے رضی اللہ عنہٗ۔
رِضوی (رِضوِیہ) (رِض۔وی) (رِض۔وی۔یَہ) (ع۔صف) امام علی رضا سے نسبت رکھنے والا۔ اُن کی اولاد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَضی (رَ۔ضی) (ع۔صف) پسندیدہ (۲) خوشنود۔

رَضِیَ اللہُ عَنہُ (ع۔کلمہ دُعا) صرف صحابہؓ رسول ﷺ کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔ اللہ اُن سے راضی ہو۔

رَضیع (رَ۔ضیع) (ع۔صف) (۱) دودھ شریک (۲) دودھ پیتا بچہ۔

رَضِینا بِقَضا (ع۔مقولہ) ہم اللہ کے حُکم پر راضی ہوئے۔

رَضِیّہ (رَ۔ضی۔یہ) (ع۔صف) رضی کی تانیث۔

ر۔ط

رَطب (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔صف) تر۔ تازہ۔ نرم۔ گیلا۔

رطبُ اللِّسان (رط۔بُل۔لِ۔سان) (ع۔صف) تر زبان۔ بہت تعریف کرنے والا۔ مدّاح۔

رطب و یابس (ع۔صف) تر و خشک۔ بُرا بھلا۔ نیک و بد۔

رُطَب (رُ۔طب) (ع۔ا۔مذ) تازہ اور تر کھجور۔ جمع: اَرطاب۔

رَطل (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) جامِ شراب (۲) آدھے سیر کا وزن۔ جمع: اَرطال (بکسر اوّل بھی صحیح ہے)۔

رَطُوبَت (رَ۔طو۔بَت) (ع۔ا۔مث) (۱) تری۔ نمی۔ سیل (۲) تھوک (۳) نرمی۔ تازگی۔ جمع: رطوبات۔ اُردو جمع: رطوبتوں۔ رطوبتیں۔

رطوبتِ اَصلیہ (ع۔ا۔مث) وہ تری جو خلقی طور پر عضو بدن میں ہوتی ہے۔

رطوبت پیما (ع۔ف۔ا۔مذ) ہوا میں رطوبت کا اندازہ کرنے والا آلہ۔ (Hygrometre)

ر۔ع

رَعایا (رَ۔عا۔یا) (ع۔ا۔مث) (۱) رعیّت کی جمع۔ محکوم لوگ (۲) اسامی۔ کاشت کار۔ اُردو میں بکسر اوّل اور بطور واحد مستعمل ہے۔

رِعایَت (رِ۔عا۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) پاس۔ نگہبانی۔ لحاظ۔ خیال۔ نگہداشت (۲) مناسبت (۳) طرفداری (۴) مہربانی (۵) توجّہ (۶) کمی۔ تخفیف (۷) رَحم۔ نرمی (۸) ایک قسم کی تحریر جس میں الفاظ' تشبیہات اور اِستعارات پہلے لفظ کی مناسبت سے آتے ہیں۔ جمع: رعایات۔ اُردو جمع: رعایتوں۔ رعایتیں۔

رعایت کرنا (اُر۔محاورہ) طرف داری کرنا (۲) کسی بات کا خیال یا لحاظ رکھنا (۳) قیمت میں کمی کرنا۔ ڈسکاؤنٹ دینا۔

رِعایَتی (رِ۔عا۔یَ۔تی) (ع۔صف) (۱) وہ شخص جس کے ساتھ کچھ لحاظ کیا جائے (۲) سفارشی (۳) رعایت نمبر ۶ سے منسوب۔

رعایتی پٹّا (ع۔اُر۔ا۔مذ) کاشتکاروں کو دی ہوئی رعایتی تحریر جس میں لگان کی تخفیف درج کی جاتی ہے۔

رعایتی رُخصت (ع۔ف۔ا۔مث) ایک قسم کی رُخصت یا چھٹی جس میں تنخواہ نہیں کاٹی جاتی۔

رُعب (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) ڈر۔ خوف۔ ترس۔ دبدبہ۔ شان و شوکت۔ شکوہ۔ دھاک۔ جلال۔

رُعب باندھنا (جمانا۔ جمانا۔ ڈالنا) (اُر۔محاورہ) خوف بٹھانا۔ ہیبت بٹھانا۔ دھاک بٹھانا۔

رُعب بیٹھنا (جمنا۔ چھانا) (اُر۔محاورہ) خوف غالب ہونا۔ وحشت غالب ہونا۔

رُعبِ حُسن (ع۔ا۔مذ) حُسن کی دھاک۔ حُسن کا دبدبہ۔

رُعب داب (ع۔ا۔مذ) دبدبہ۔ شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔

رُعب دار (ع۔ف۔صف) دبدبے والا (۲) خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔

رُعب ماننا (اُر۔محاورہ) خوف میں آجانا۔ ڈر جانا۔

رُعب میں آجانا (اُر۔محاورہ) ڈر جانا۔

رُعب ہونا (اُر۔محاورہ) دبدبہ ہونا۔ ڈر ہونا۔

رَعد (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) بجلی کی کڑک۔ آواز جو اَبر سے پیدا ہوتی ہے۔

رَعشہ (رَع۔شہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) لرزہ۔ تھرتھراہٹ۔ کپکپی (۲) ایک بیماری جس میں خود بخود ہاتھ وغیرہ کانپتے ہیں۔

رعشہ آنا (اُر۔محاورہ) بدن کانپنا۔ رعشے کا مریض ہونا۔

رعشہ بر اَندام (ع۔ف۔صف) رعشے کا مریض۔

رعشہ پڑنا (اُر۔محاورہ) رعشے کی بیماری لاحق ہونا۔

رعشہ دار آواز (ع۔ف۔ا۔مث) وہ آواز جس میں کپکپاہٹ ہو۔ لرزتی ہوئی آواز۔

رَعنا (رَع۔نا) (ع۔صف) ناز و انداز سے چلنے والا۔ خوش خرام (۲) خُوشنما۔ زیبا۔ خوبصورت۔ حسین۔ نازک۔ نرم (۳) چالاک۔ طرّار (۴) ایک خوشنما پھول۔

رعنا زیبا (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا نام۔

رَعنائی (رَع۔نا۔ئی) (ع۔ا۔مث) خود آرائی۔ خوش خرامی۔ خوب صورتی۔ اُردو جمع: رعنائیاں۔ رعنائیوں۔

رَعُونَت (رَ۔عُو۔نَت) (ع۔ا۔مث) (۱) غرور۔ سرکشی۔ گھمنڈ۔ تکبّر (۲) شیخی۔

رَعی بَندہ (رَ۔عی۔بَن۔دہ) (اُر۔ا۔مذ) زمینوں کے زخوں کا نقشہ۔

رَعِیّت (رَ۔عی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) نوکر چاکر (۲) کرایہ دار (۳) مال گزار کاشتکار (۴) وہ لوگ جو کسی بادشاہ کے مُلک میں رہتے ہوں۔ پرجا (۵) وہ شخص جو بغیر کرائے کے کسی مکان میں رہے۔

رَعِیّتی (رَ۔عی۔یَ۔تی) (ع۔صف) (۱) رعیّت کا۔ رعیّت کی ملکیت (۲) زمین جو کاشتکار یا اسامی کو دی جائے (۳) (اُر۔ا۔مث) دخل کاری۔ قبضہ کرایہ داری (۴) اطاعت (۵) زمین جس کی مال گزاری نقدی میں دی جائے (۶) زمین جس پر کاشتکار رہے اور کاشت کرے۔

ر۔غ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَغبت (رَغ۔بت) (ع۔ا۔مث) (۱) خواہش۔ آرزو (۲) رُجحان۔ مَیلان۔ توجّہ (۳) شوق۔ پیار۔ چاؤ۔

رغبت دلانا (اُر۔ محاورہ) خواہش پیدا کرنا۔ اُکسانا۔

رغبت رکھنا (اُر۔ محاورہ) میلان ہونا۔ خواہش کرنا۔

رغبت کی آنکھ سے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) پسند کرنا۔ خواہش کرنا۔

رَغم (بفتحِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) نفرت۔ حقارت۔ تحقیر (۲) مخالفت۔ اِختلاف۔

ر۔ف

رَف (انگ۔صف) (Rough) (۱) کُھردرا۔ ناملائم۔ ناہموار (۲) اِبتدائی حالت میں۔ اَندازے پر مبنی۔ تخمینی (۳) کٹا پھٹا۔ نامرتب۔ بھونڈا۔

رفارمر (انگ۔صف) (Reformer) مُصلح۔

رَفاقت (رَ۔فا۔قَت) (ع۔ا۔مث) (۱) ہمراہی۔ ساتھ (۲) محبت۔ دوستی۔ اِتحاد (۳) وفاداری۔ خیر خواہی (۴) ہمدردی۔ مُعاونت۔ اُردو جمع: رفاقتوں۔ رفاقتیں۔

رفاقت سے منہ موڑنا (اُر۔ محاورہ) ساتھ چھوڑنا۔

رَفاقت کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ساتھ دینا۔ ہمراہ رہنا (۲) وفاداری کرنا۔ خیر خواہی کرنا۔

رِفاہ (رِ۔فاہ) (ع۔ا۔مث) (۱) آرام۔ چَین (۲) وہ کام جس سے لوگوں کو آرام ملے (۳) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری۔

رفاہِ عام (رفاہِ خلائق) (ع۔ا۔مث) عام لوگوں کی بھلائی جس سے عوام کو فائدہ پہنچے۔

رِفاہیت (رِ۔فا۔ہی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) خوشی (۲) بھلائی (۳) بہتری (۴) آرام۔

رَفت (بفتحِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ف۔فعل) رفتن مصدر سے ماضی مطلق۔ گیا (۲) چلنا۔ روانگی۔ اُردو میں زیادہ تر آمدورفت اِستعمال ہوتا ہے (۳) (صف) رفتہ کا مُخفف۔ گیا ہوا۔

رفت گزشت (رَفت۔گُ۔زَشت) (ف۔ا۔مث) گئی گزری۔ رفع دفع۔

رفت گزشت کرنا (اُر۔ محاورہ) رفع دفع کرنا۔ خیال نہ کرنا۔ آیا گیا کرنا۔ جانے دینا۔

رَفتار (رَف۔تار) (ف۔ا۔مث) (۱) چال۔ اسپیڈ (۲) چلن۔ رَوِش۔

رفتار اُڑانا (اُر۔ محاورہ) چال یا وضع کی نقل کرنا۔

رفتار و گفتار (ف۔ا۔مث) چال چلن۔ طور طریقہ۔

رَفتگاں (رَفتَ۔گاں) (ف۔صف) رفتہ کی جمع۔ گئے ہوئے یا مرے ہوئے لوگ۔

رَفتگی (رَف۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) بیخودی (۲) نُقصان۔

رَفتنی (رَف۔تَ۔نی) (ف۔صف) جانے کے قابل۔ جانے پر مجبور (۲) جانے والا۔

رَفتہ (رَف۔تہ) (ف۔صف) (۱) بیخود (۲) گیا ہوا (۳) مرا ہوا (۴) کھویا ہوا۔ جمع: رفتگاں۔

رفتہ رفتہ (ف۔ متعلق فعل) آہستہ آہستہ۔ ہولے ہولے۔ بتدریج۔

رَفرَف (رَف۔رَف) (ع۔ا۔مذ) (۱) لہروں کی تیز حرکت (۲) پَروں کی پھڑپھڑاہٹ (۳) ایک چوڑا طاقچہ جس پر گھر میں قیمتی اَشیا رکھتے ہیں (۴) سبز کپڑا جس کے فرش وغیرہ بنتے ہیں (۵) تکیہ۔ فرش (۶) کوئی فالتو چیز جو لٹکتی رہے (۷) خیمے کے نیچے کا کپڑا (۸) زرہ کے پہلو جو نیچے لٹکے رہیں (۹) کوئی چیز جو خود کے پچھلی طرف لگائی جائے اور لٹکتی رہے (۱۰) حضرت اسرافیل کے رہنے کا مقام (۱۱) ایک درخت جو یمن میں ہوتا ہے (۱۲) ایک قسم کی مچھلی (۱۳) وہ جانور جس پر پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سوار ہو کر معراج کو تشریف لے گئے تھے۔

رِفض (بکسرِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) چھوڑنا (۲) رافضی ہونا (۳) اِختلاف۔ بدعت۔

رَفع (بفتحِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) اُٹھانا۔ بلند کرنا (۲) دُور کرنا۔ ٹالنا۔ چھوڑنا (۳) ضمّہ۔ پیش۔

رفعِ اِحتیاج (حاجت) (ع۔ا۔مذ) پیشاب پاخانہ کرنا۔

رفع دفع (ع۔ا۔مذ) دُور کرنا۔ ہٹانا۔ معاف کرنا۔ باز رہنا۔

رفع یدین (ع۔ا۔مذ) نماز میں تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ اُٹھانا (۲) نماز میں ہر دفعہ تکبیر کہتے ہوئے ہاتھوں کو کانوں تک لے جانا۔ اہلِ حدیث اِسے ضروری سمجھتے ہیں۔

رِفعت (رِف۔عَت) (ع۔ا۔مث) (۱) بلندی۔ اُونچائی (۲) ترقی۔ رُتبے کی بلندی (۳) بزرگی۔ عزّت۔ شان۔

رَفعہ (رَف۔عہ) (ع۔ا۔مذ) ضمّہ۔ پیش (ـُ)۔

رِفق (بکسرِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) نرمی۔ مہربانی۔

رُفقا (رُ۔فَ۔قا) (ع۔ا۔مذ) رفیق کی جمع۔

رَفل (رَ۔فَل) (اُر۔ا۔مث) (۱) رائفل (Rifle) کا بگڑا ہوا (۲) ایک قسم کا باریک کپڑا۔ ایک قسم کی ایک نال کی بندوق جس میں سے گولی چکر کھا کر نکلتی ہے۔

رَفو (رَ۔فو) (ع۔ا۔مذ) پھٹے ہوئے کپڑے کی تاگوں سے مرمت کرنا۔ پھٹی ہوئی جگہ کا بھرنا۔

رفو چکر ہونا (اُر۔ محاورہ) بھاگ جانا۔ چل دینا۔

رفو کرنا (اُر۔ محاورہ) کپڑے کے سوراخ کو تاگوں سے بھرنا۔

رفوکار (رفوگر) (ع۔ف۔ا۔مذ) رفو کرنے والا۔ وہ شخص جو شال دوشالے میں رفو کرتا ہے۔

رفوکاری (رفوگری) (ع۔ف۔ا۔مث) رفو کرنے کا پیشہ۔ رفو کا کام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَفِیْدَہ (رَ۔فی۔دَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) وہ پھونس بھری گول گدی جس پر روٹی رکھ کر تنور میں لگاتے ہیں (۲) گول اور بدوضع پگڑی (۳) گدا جو گھوڑے کی زین کے نیچے رکھتے ہیں۔

رَفیع (رَ۔فیع)(ع۔صف) اُونچا۔ بلند۔

رفیع الدّرجات (رَ۔فی۔عد۔دَ۔رَ۔جات)(ع۔صف) بڑے درجے یا رُتبے والا۔

رفیع الشّان (رَ۔فی۔عُش۔شان)(ع۔صف) بڑی شان یا رُتبے والا۔

رَفیق (رَ۔فیق)(ع۔ا۔مذ)(۱) ساتھی۔ ہم راہی۔ ہم سفر (۲) مددگار۔ معاون (۳) خیرخواہ (۴) مُصاحب۔ ہم نشین (۵) دوست۔ یار (۶) کسی کام میں شریک (۷) مُرید۔ پَیرو۔ عربی جمع: رُفقاء۔ فارسی جمع: رفیقان۔ اُر جمع: رفیق۔ رفیقوں۔

رفیقِ حیات (ف۔ا۔مذ) زندگی بھر کا ساتھی۔ شوہر۔ خاوند۔

رفیقِ کُنجِ تنہائی کتاب اَست (ف۔ مقولہ) تنہائی کی بہترین ساتھی کتاب ہے۔

رَفیقَہ (رَ۔فی۔قہ)(ع۔ا۔مث) رفیق کی تانیث۔

رفیقۂ حیات (ف۔ع۔ا۔مث) بیوی۔ رفیقِ حیات کی تانیث۔

ر۔ق

رِقاب (رِ۔قاب)(ع۔ا۔مذ) رَقَبہ کی جمع۔ بہت سے غلام۔

رَقابَت (رَ۔قا۔بَت)(ع۔ا۔مث)(۱) مخالفت۔ چشمک۔ ہم چشمی۔ ہم سری (۲) ایک معشوق کے کئی عاشق ہونا (۳) محبت میں شرکت۔

رقابت کی آگ (اُر۔ا۔مث) وہ جلن جو رقابت کی وجہ سے ہو۔

رَقّاص (رَق۔قاص)(ع۔ا۔مذ) ناچنے والا شخص (۲) گھنٹے کا لٹکن (۳) گھڑی کا اسپرنگ۔ جمع: رقّاصان۔ اُر جمع: رقّاص۔ رقّاصوں۔

رقّاصِ فلک (ع۔ا۔مذ) زہرہ سیارہ۔

رَقّاصَہ (رَق۔قا۔صَہ)(ع۔ا۔مث) ناچنے والی عورت۔ رقّاص کی تانیث۔

رَقّاصی (رَق۔قاصی)(ع۔ف۔ا۔مث)(۱) ناچنا (۲) ناچنے کا پیشہ یا فن۔

رِقاع (رِ۔قاع)(ع۔ا۔مذ) جمع رُقعہ (۲) ایک قسم کا خط۔

رَقائِم (رَ۔قا۔اِم)(ع۔ا۔مذ) رَقیمہ کی جمع۔

رَقَبَہ (رَ۔قَ۔بَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) گردن (۲) غُلام۔ جمع: رِقاب۔

رَقبَہ (رَق۔بَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) گھری ہوئی زمین۔ احاطہ (۲) گاؤں سے متعلق زمین (۳) (ریاضی) وہ عدد جو عرض اور طول کو ضرب دینے سے حاصل ہو۔ اُردو جمع: رقبوں۔ رقبے۔

رقبہ بندی (ف۔ا۔مث) کسی جائیداد یا ضلع وغیرہ کا رقبہ مقرر کرنا۔

رقبہ قابلِ تشخیص جمع (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ رقبہ جس پر محصول ہو یا ہونے کو ہو۔

رقبہ مُشتہرہ کمیٹی (ف۔اُر۔ا۔مث) (نوٹیفائڈ ایریا کمیٹی) پانچ ہزار سے کم نفوس کی آبادی والے علاقوں میں میونسپل کمیٹی کی طرح کی کمیٹی۔

رقبہ نکالنا (اُر۔ محاورہ) حساب کے طریقے سے کسی زمین یا شکل کا رقبہ دریافت کرنا۔

رِقّت (رِق۔قت)(ع۔ا۔مث)(۱) نرمی۔ پتلا پن (۲) رونا۔ گریہ (۳) حال۔ وجد۔ دل بھر آنا (۴) رحم۔ ترس۔ ہمدردی۔ دردمندی۔ رحم دلی (۵) پتلا پن۔

رِقّت آنا (رقّت ہونا) (اُر۔ محاورہ) دل بھر آنا۔ گریہ کرنا۔ رونا (۲) رحم آنا۔

رِقّت انگیز (ع۔ف۔صف) جس سے رونا یا رحم آئے۔ رقّت طاری کرنے والی بات۔

رِقّتُ الدَّم (رِق۔قَ۔تُد۔دَم)(ع۔ا۔مث) خارش۔ خون کا پتلا پڑ جانا۔

رِقّتِ قلب (ع۔ف۔صف) دل کی نرمی۔ مہربانی۔

رِقّت نہ رُکنا (اُر۔ محاورہ) رونا بند نہ ہونا۔ لگاتار روئے جانا۔

رَقص (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) ناچ۔ مُجرا۔ نرت۔ ڈانس۔

رقصِ بسمل (ف۔ا۔مذ) ذبح کیے ہوئے جانور کا پھڑکنا۔

رقصِ چار پارہ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا ناچ۔

رقص کُناں (ف۔اسمِ حالیہ) ناچتے ہوئے۔

رقص و سرود (ف۔ا۔مذ) ناچ رنگ۔ گانا بجانا۔ راگ رنگ۔

رَقصاں (رَق۔صاں)(ف۔صف) ناچنے والا (۲)(متعلق فعل) حالتِ رقص میں۔

رَقطا (رَق۔طا)(ع۔ا۔مث) ایک صنعتِ تحریر جس میں ایک حرف منقوط اور ایک غیر منقوط ہوتا ہے۔

رُقعَہ (رُق۔عَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ٹکڑا۔ پُرزہ (۲) دھجّی۔ پیوند۔ چیتھڑا (۳) چھوٹا خط۔ چٹھی (۴) وہ چھپا یا لکھا ہوا رنگین خط جو بیاہ شادی یا دیگر کسی خوشی کے موقع پر لوگوں کو بُلانے کے لئے بھیجتے ہیں (۵) وہ کاغذ جو منگنی کے پیغام کے لئے شجرہ اور حسب و نسب لکھ کر دُلہن کے گھر جاتا ہے۔ جمع: رُقعات۔ فارسی جمع: رُقعہ جات۔ اُردو جمع: رُقعوں۔ رُقعے۔

رُقعہ آنا (اُر۔ محاورہ) نسبت کا پیغام آنا (۲) کسی تقریب کے موقع پر بُلاوے کی چٹھی آنا۔

رُقعہ وار (ف۔ا۔مذ) چٹھی لکھنے کا کاغذ۔

رَقَم (رَ۔قَم)(رَ۔قْم)(ع۔ا۔مث)(۱) تحریر۔ خط۔ نوشتہ (۲) عدد۔ ہندسہ (۳) عربی کے عدد جو الفاظ کے اختصار سے بنائے گئے ہیں (۴) کُل تعداد۔ میزان (۵) مال۔ دولت۔ رُوپیہ پیسا۔ قیمتی چیز (۶) جواہر مُرصّع (۷) قسم۔ نوع۔ جنس (۸) ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ (۹) اندراج۔ مد (۱۰) مشترکہ جائیداد کا ایک حصّہ (۱۱) مال گزاری کی شرح (۱۲) چٹھی جو شہزادہ لکھے (۱۳) کشیدہ کار یا دھاری دار کپڑا (۱۴) نشان۔ قیمت کا نشان (۱۵) ناٹک کا ایک ایکٹ (۱۶) حساب۔ جمع: اَرقام۔ رُقوم۔ اُردو جمع: رقموں۔ رقمیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رقمِ اوّل (ع۔ا۔مث) خُدا کا تخت۔ کرسی (۲) کنایۃً نورِ محمّدی۔
رقم پذیر (رقم زدہ) (ع۔ف۔صف) لکھا ہوا۔ تحریر شدہ۔
رقم زن (رقم سنج۔ رقم طراز) (ع۔ف۔صف) لکھنے والا۔ کاتب۔ محرّر۔
رقمِ سائر (رقم سوائے) (ع۔ف۔ا۔مث) متفرق رقم۔ وہ آمدنی جو زمیندار کو لگان کے علاوہ وصول ہوتی ہے۔
رقم کاٹنا (ا۔محاورہ) روپیہ کم کر دینا۔
رقم کرنا (ا۔مص مُرکّب) لکھنا۔ تحریر کرنا۔
رقم ماری جانا (ا۔محاورہ) (۱) روپے کا نقصان ہو جانا (۲) رقم واپس نہ ملنا۔
رقم وار (ع۔ف۔صف) تفصیل وار۔
رقم ہونا (ا۔مص مُرکّب) لکھا جانا۔ تحریر کیا جانا۔
رَقمی (رَق۔مِی) (ع۔صف) نشان کیا ہوا (۲) لکھا ہوا۔
رُقوم (رُ۔قُوم) (ع۔ا۔مث) رقم کی جمع۔
رَقیب (رَ۔قِیب) (ع۔ا۔مذ) نگہبان۔ پاسبان۔ محافظ (۲) ہم پیشہ۔ حریف (۳) ایک معشوق کے عاشقوں میں سے کوئی ایک (۴) خُدا کا ایک صفاتی نام۔ جمع: رُقَبا۔ فارسی جمع: رقیبان۔ اُردو جمع: رقیب۔ رقیبوں۔
رقیق (ر۔قِیق) (ع۔صف) (۱) پتلا (۲) نرم۔ ملائم۔
رقیقُ القلب (ر۔قی۔قُل۔قلب) (ع۔صف) نرم دل۔ رحم دل۔ وہ شخص جس کا دل جلد بھر آئے۔ ترس کھانے والا۔
رَقیقہ (رَ۔قی۔قہ) (ع۔ا۔مث) لونڈی۔ کنیز (۲) (صف) رقیق کی تانیث۔
رَقیم (رَ۔قِیم) (ع۔ا۔مذ) (۱) تحریر۔ کتاب۔ خصوصاً وہ کتاب جس میں اصحابِ کہف کا قِصّہ درج ہو (۲) اصحابِ کہف کا کُتّا (۳) اُن کا گاؤں یا پہاڑ (۴) غار جس میں وہ سوئے تھے۔
رَقیمہ (رَ۔قی۔مہ) (ع۔ا۔مذ) چٹھی۔ رُقعہ۔ خط۔ جمع: رقائم۔

ر۔ک

رِکاب (رِ۔کاب) (ع۔ا۔مث) (۱) وہ آہنی حلقہ جو گھوڑے کے زین میں دونوں طرف لٹکتا رہتا ہے اور سوار اُس پر پاؤں رکھ کر گھوڑے پر چڑھتا ہے (۲) (مذ) بادشاہوں کی سواری کا گھوڑا (۳) بڑی رکابی (۴) تھالی (۵) طباق (۶) وہ لفظ جو ہر مخطوط صفحے کے آخر میں لکھا جاتا ہے تاکہ اگلے صفحے کے ساتھ ربط قائم رہے۔ اُردو جمع: رکابوں۔ رکابیں۔
رکاب دار (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) گھوڑے پر چڑھانے والا نوکر (۲) ماہر باورچی (۳) وہ شخص جو اچار، چٹنیاں، مربّے وغیرہ بنا کر بیچے۔
رکاب دوال (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ چمڑا جس میں رکاب لٹکتی ہے۔
رکابِ سعادت (ع۔ف۔ا۔مذ) بادشاہ کے گھوڑے کے ساتھ دوڑنے والا مُلازم۔
رکاب میں (ا۔متعلق فعل) ہم رکاب۔ ہمراہی۔
رکاب میں پاؤں رہنا (ا۔محاورہ) ہر وقت چلنے کے لئے تیار رہنا۔
رِکابی (رِ۔کا۔بی) (ف۔ا۔مث) (۱) تھالی۔ طشتری (۲) ساقی (۳) تلوار جو گھوڑے کے پہلو میں لٹکتی ہے (۴) ایک قسم کا روپیہ جو لکھنؤ میں رائج تھا (۵) ایک قسم کا تیل جو دمشق سے اُونٹوں پر آتا تھا۔ اُردو جمع: رکابیاں۔ رکابیوں۔
رکابی چہرہ (ا۔ا۔مذ) چوڑا مُنہ۔ گول مُنہ۔
رکابی مذہب (ا۔صف) ہر دیگی چمچہ۔ طفیلی۔ لالچی۔ خوشامدی۔ تھالی کا بینگن۔ بے اُصولا۔
رکابی میں جب تک بھات میرا تیرا ساتھ (ا۔مثل) فائدے کا لالچ ساتھ رکھتا ہے۔ مطلب کا یار ہے۔
رَکاکت (رَ۔کا۔کت) (ع۔ا۔مث) (۱) سُستی۔ کمزوری (۲) بے عزّتی (۳) کمینگی۔
رَکان (رَ۔کان) (ہ۔ا۔مث) (۱) طریقہ (۲) ڈھنگ (۳) لگام۔
رُکاوٹ (رُ۔کا۔وٹ) (ہ۔ا۔مث) اٹکاؤ۔ ٹھہراؤ۔ روک۔ توقّف (۲) تعرّض۔ مزاحمت۔
رُکاو (رُ۔کا۔او) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے رُکاوٹ۔
رَکت (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (س۔ا۔مذ) (۱) لہو۔ خون (۲) سُرخ رنگ (۳) (صف) رنگ دار۔ رنگین (۴) بے حد مشتاق۔ فریفتہ۔
رِکٹس (Rickets) (انگ۔ا۔مذ) دِقُّ الاطفال۔ سُوکھے کی بیماری (بچوں کی)۔
رُک رُک کر (ہ۔متعلق فعل) (۱) گھٹ گھٹ کر (۲) ٹھہر ٹھہر کر (۳) لکنت سے۔ ہکلا کر۔
رکشا (رَک۔شا) (س۔ا۔مث) امان۔ حفاظت۔ پناہ۔ نگہبانی۔ بچاؤ۔
رکشا بندھن (ہ۔ا۔مذ) (۱) راکھی باندھنے کی رسم (۲) تہوار جس میں ہندو لڑکیاں اپنے بھائیوں کے ہاتھوں پر راکھی باندھتی ہیں تاکہ وہ اُن کی حفاظت کریں۔
رِکشا (Rickshaw) (رِک۔شا) (انگ۔ا۔مذ و مث) ہلکی دو یا تین پہیّوں کی چھتری دار چھوٹی گاڑی۔
رَکعت (رَک۔عت) (ع۔ا۔مث) (۱) جُھکاؤ۔ خمیدگی (۲) نماز کا ایک حصّہ، کھڑے ہونے سے لے کر بیٹھنے تک، جس میں ایک رکوع آ جائے۔ جمع: رکعات۔ اُردو جمع: رکعتوں۔ رکعتیں۔
رُکن (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ستون۔ تھم۔ بیل پایہ (۲) ضروری حصّہ (۳) کارندہ۔ سربراہ (۴) کسی جماعت کا ممبر (۵) امیر۔ سردار (۶) (عروض) وہ لفظ جو دو یا تین اجزائے اوتاد سے بنے (۷) باہر کا حصّہ۔ کونا۔ زاویہ۔ جمع: ارکان۔ اُردو جمع: رُکن۔ رُکنوں۔
رُکنُ الدّولہ (رُک۔نُد۔دَو۔لہ) (ع۔ا۔مذ) رُکنِ سلطنت۔ وزیر۔ امیر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُکنِ رَکین (ع۔ف۔ا۔مذ) بڑا رُکن۔ مضبوط رُکن۔

رُکنِ سلطنت (ع۔ا۔مذ) بادشاہ کے امیروں وزیروں میں سے ایک۔

رُکنِ یمانی (ع۔ف۔ا۔مذ) کعبہ شریف کے رُکنوں میں سے ایک رُکن۔ خانہ کعبہ کا جنوب مغربی کونا۔

رُکنا (رُک۔نا)(ہ۔مص)(۱) ٹھہرنا۔ تھمنا (۲) کشیدہ ہونا۔ کھچنا (۳) باز رہنا (۴) ٹھٹکنا۔ اٹکنا (۵) دم لینا۔ توقف کرنا (۶) شش و پنج میں ہونا۔ پس و پیش کرنا (۷) بند ہونا۔ مسدود ہونا (۸) چلنے یا بہنے سے رہ جانا (۹) خفا ہونا۔ ترکِ ملاقات کرنا۔ اعراض کرنا۔

رُکنیّت (رُک۔نی۔یت)(ع۔ا۔مث) رُکن ہونا۔ ممبری۔

رُکوانا (رُک۔وا۔نا)(ہ۔مص) رُکنا کا متعدی۔

رَکُوب (رَ۔کوب)(ع۔ا۔مذ)(۱) سوار (۲) سواری کا اُونٹ۔

رُکُوع (رُ۔کوع)(ع۔ا۔مذ) نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنا (۲) جھکاؤ۔ جھکنا۔

رَکھ (بفتحہ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) جنگل۔ وہ جنگل جس میں سے عوام کو گھاس یا لکڑی کاٹنے کی ممانعت ہو (۲) رکھنا مصدر کا صیغہ اَمر۔

رکھ پت۔ رکھا پت (ہ۔مقولہ) دُوسروں کی عزّت کرا اور اپنی عزّت کروا۔

رکھ چھوڑنا (اَر۔محاورہ) جمع رکھنا (۲) نہ دینا۔ دبا لینا۔

رکھ دینا (اَر۔محاورہ) کسی جگہ کوئی چیز ڈال دینا۔

رکھ رکھاؤ (اَر۔ا۔مذ) تکلّف۔ خاطر داری۔ وضع داری۔

رکھ کے کہنا (اَر۔محاورہ) کسی پر ڈال کر کوئی بات کہنا۔ اشارتاً کوئی بات کہنا۔

رکھ لینا (اَر۔محاورہ)(۱) لے لینا۔ قبول کر لینا۔ بچا لینا (۲) زد پر رکھنا۔ متواتر وار کرنا۔

رُکھ (بضم اوّل)(ہ۔ا۔مذ) رُوکھ کا مخفف۔ درخت۔

رکھا رکھایا (اَر۔صف) رَکھا ہوا (۲) باسی۔

رَکھانا (رَ۔کھا۔نا)(ہ۔مص) حفاظت کرنا۔ چوکیداری کرنا (۲) رکھنا کا متعدی۔

رُکھانی (رُوکھانی) (ہ۔ا۔مث) بڑھئی کا ایک اوزار۔ رَندا۔

رُکھاوَت (رُ۔کھا۔وَت)(ق۔ا۔مث) رُوکھا پن۔ بے مُروّتی۔

رَکھا ہونا (ہ۔مص)(۱) کچھ موجود ہونا (۲) طاقت ہونا (۳) باقی رہنا۔

رَکھاؤ (رَ۔کھا۔او)(ق۔ا۔مث) رکھی ہوئی عورت۔ رکھیل (۲) مُلازمہ۔ لونڈی۔

رُکھائی (رُ۔کھا۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) رُوکھا پن۔ بے اتفاقی۔ بداَخلاقی (۲) بے وفائی۔ بے مُروّتی۔ اعراض (۳) اِنکار۔

رُکھائی کی لینا (اَر۔محاورہ) بدمزاجی ظاہر کرنا۔ بے پروائی کرنا۔

رِکھب (رِ۔کھب)(ہ۔ا۔مذ) ایک سُر کا نام۔

رَکھشنی (رَکھ۔ش۔نی)(ق۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو صدقہ کر کے نوکروں کو دیا جائے۔

رَکھنا (رَکھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) دَھرنا (۲) بچانا۔ حفاظت کرنا (۳) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا (۴) چھوڑنا۔ موقوف کرنا (۵) دفن کرنا (۶) رہن کرنا (۷) داخل کرنا (۸) دبا لینا۔ مار لینا (۹) روکنا۔ ٹھہرانا (۱۰) مقرّر کرنا (۱۱) نصب کرنا۔ کھڑا کرنا (۱۲) لگانا۔ مارنا۔ قرض دار ہونا (۱۳) حوالے کرنا۔ پیش کرنا (۱۴) نذر کرنا۔ بھینٹ چڑھانا (۱۵) ٹالنا۔ آلا بالا بتانا (۱۶) ترقّی نہ ہونے دینا (۱۷) سپرد کرنا (۱۸) شرط پر لگانا (۱۹) برتن میں ڈالنا (۲۰) پرورش کرنا (۲۱) قبول کرنا (۲۲) چُرانا۔ خیانت کرنا (۲۳) مدخولہ بنانا (۲۴) طوائف یا نوکر رکھنا (۲۵) دلداری کرنا۔

رَکھو اِس مقولے پہ دار و مدار کہ نو نقد اچھے نہ تیرہ اُدھار (اَر۔مثل) جو چیز فوراً مل جائے وہ اُس اچھی چیز سے جس کا وعدہ کیا جائے، بہتر ہے۔

رَکھوالا (رَکھ۔وا۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) محافظ۔ نگہبان۔ چوکیدار۔ نگران۔ جمع: رکھوالوں۔ رکھوالے۔

رَکھوالی (رَکھ۔والی)(ہ۔ا۔مث)(۱) محافظت۔ پاسبانی (۲) چوکیدار کی تنخواہ (۳) رکھوالا کی تانیث۔

رَکھوا لینا (رَکھ۔وا۔لے۔نا)(اَر۔محاورہ) واپس لے لینا۔ دَھروا لینا۔

رَکھوانا (رَکھ۔وا۔نا)(ہ۔مص)(۱) رکھنا کا متعدی المتعدی (۲) جمع کرانا۔ دَھرانا (۳) گِرو کرانا (۴) نوکر کرانا۔

رِکھونچا (رِ۔کھوں۔چا)(ہ۔ا۔مذ) وہ ٹکڑے جو مونگ یا ماش کی دھوئی ہوئی دال پیس کر بناتے ہیں۔

رَکِیب (رَ۔کیب)(ع۔ا۔مذ) سوار کے ساتھ جو دُوسرا سوار بیٹھے۔

رَکیبی (رَ۔کے۔بی)(ق۔ا۔مث) رکابی۔

رَکِیک (رَ۔کیک)(ع۔صف)(۱) سست (۲) دُبلا پتلا۔ نازک (۳) ناچیز۔ ادنیٰ۔ گھٹیا۔

رَکِیلا (رَ۔کی۔لا)(اَر۔صف) بدذات (مرد)۔ (مؤنث کے لئے رَکیلی)۔

رَکِین (رَ۔کین)(ع۔صف)(۱) سنجیدہ۔ متین (۲) اُستوار۔ محکم۔ مضبوط۔ (عموماً رُکن کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔ دیکھئے رُکنِ رکین)۔

ر۔گ

رَگ (بفتحہ اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) نَس۔ عِرق۔ نبض۔ جسم کی وہ نلیاں جن میں خون بہتا ہے (۲) پٹھا۔ عصب (۳) پھول یا پتے کا ریشہ (۴) اصل۔ نسل۔ ذات (۵) تار۔ تاگا۔ دھاگا (۶) ضِد۔ ڈھیٹ پن۔ اَر جمع: رگوں۔ رگیں۔

رگِ اَبر (ف۔ا۔مث) بادل کی سیاہ دھاری۔

رگ اُترنا (اَر۔محاورہ)(۱) ضِد اُترنا (۲) غُصّہ جاتا رہنا (۲) آنت کا فوطے میں اُتر جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رگ پانا (اَر۔ محاورہ) اصل بات معلوم کرنا۔

رگ پٹھے سے واقف ہونا (اَر۔ محاورہ) اَصلیّت سے واقف ہونا۔ ذات بنیاد سے واقف ہونا۔

رگ پھڑکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رگ کا حرکت کرنا (۲) ماتھا ٹھنکنا۔ کسی ہونے والے اَمر سے آگاہ ہونا۔

رگ پھولنا (اَر۔ مص مُرکّب) جوشِ خون سے رگ کا موٹا ہو جانا۔

رگِ جاں (ف۔ ا۔ مث) وہ بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا ہے۔ شہ رگ۔

رگِ جاں سے نزدیک ہونا (اَر۔ محاورہ) (خُدا کی تعریف ہے) بہت قریب ہونا۔

رگ چڑھ جانا (اَر۔ محاورہ) کسی رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا (۲) ضِد کرنا (۳) کوئی بُری عادت ہونا۔

رگ چڑھ گئی (اَر۔ محاورہ) غُصّے میں بھرے ہوئے ہیں۔ مانتے نہیں۔

رگِ حمیّت (ف۔ ع۔ ا۔ مث) غیرت یا حمیّت کا جوش۔

رگ دار (ف۔ صف) (۱) ریشے دار (۲) بُری عادت والا (۳) کپڑا جس میں بعض ریشے اُبھرے ہوئے ہوں۔

رگ دبنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ڈرنا (۲) قابو میں ہونا۔

رگ رگ سے واقف ہونا (اَر۔ محاورہ) پوری طرح جاننا۔

رگ رگ میں (اَر۔ متعلق فعل) ہر رگ میں۔ ہر جگہ بدن میں۔

رگ رگ میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی صفت کا کسی میں کامل طور پر ہونا۔

رگ زن (ف۔ ا۔ مذ) فصد کھولنے والا۔

رگِ طنبور (ف۔ ا۔ مث) طنبور کے تار۔

رگ کا مُنہ کھل جانا (اَر۔ محاورہ) فصد کھلوانے پر حد سے زیادہ خون آنا۔

رگ کھڑی ہونا (اَر۔ محاورہ) رگ پر ورم آجانا۔

رگِ گردن (ف۔ ا۔ مث) رگِ جان۔ شاہ رگ۔ (کنایۃً) غرور۔ سرکشی۔

رگ وپے (ف۔ ا۔ مذ) رگ پٹھا۔

رگ وپے سے واقف ہونا (اَر۔ محاورہ) اَصلیّت و فطرت سے واقف ہونا۔

رگ وپے میں دوڑ جانا (اَر۔ محاورہ) اَثر کرنا۔ سرایت کرنا۔

رگ وریشہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) اَصل۔ نسل (۲) خُوبُو (۳) بنیاد (۴) رگ پٹھا۔ گوشت پوست۔

رگ وریشے میں پڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی بُری خصلت کا کسی آدمی میں بہت زیادہ ہونا۔ اصل میں ہونا۔ گھٹّی میں پڑا ہونا۔

رگ وریشے میں شرارت بھری ہونا (اَر۔ محاورہ) بے حد شریر ہونا۔

رَگبی (Rugby) (انگ۔ ا۔ مذ) فٹ بال کی ایک قسم جس میں کھلاڑی ہاتھ بھی استعمال کر سکتے ہیں اور اُس کھلاڑی کو بھی پکڑ سکتے ہیں جو گیند لے جا رہا ہو۔ ہار جیت کا فیصلہ نمبروں سے ہوتا ہے۔

رَگڑ (رَ۔ گڑ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نشان جو دو چیزوں کے ٹکرانے یا آپس میں لگنے سے ہو جاتا ہے۔ گھساؤ (۲) خفیف زخم جس میں گوشت نہ کٹے (۳) (کہاروں کی اِصطلاح) پہلو میں رگڑ لگنے والی کوئی چیز (۴) ڈھول کا جلد جلد بجنا۔ جمع: رگڑوں۔ رگڑیں۔

رگڑ دینا (اَر۔ محاورہ) گھس دینا۔

رگڑ رگڑ کر (اَر۔ متعلق فعل) مَل مَل کے۔ گھس گھس کر۔

رگڑ کھانا (رگڑ لگنا) (اَر۔ محاورہ) گھسا لگنا۔ ٹکرانا۔

رَگڑا (رَگ۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خراش (۲) پیسنا (۳) چمکانا۔ مانجنا (۴) جھگڑا۔ لڑائی (۵) نشان جو دو پتنگوں کے لڑنے سے ڈور پر ہو جاتا ہے۔ جمع: رگڑوں۔ رگڑے۔

رگڑا جھگڑا (اَر۔ ا۔ مذ) فساد۔ بحث۔ لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔

رَگڑنا (رَ۔ گڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گھسنا (۲) پیسنا (۳) گھوٹنا (۴) مانجنا۔ صاف کرنا (۵) چھیلنا۔ رندہ کرنا (۶) ستانا۔ حیران کرنا۔ کھال کھینچنا (۸) حرکت دینا۔

رَگنا (رَگ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) تعلُّق رکھنا (۲) عاشق ہونا۔

رُگنتا (رُ۔ گن۔ تا) (س۔ ا۔ مث) (۱) شکستگی (۲) کجی۔ ٹیڑھ (۳) بیماری۔ روگ۔ مرض۔ ماندگی۔

رَگوں (اَر۔ ا۔ مث) رگ کی جمع۔

رِگ وید (س۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کی چار مذہبی کتابوں میں سے ایک جو سب سے اوّل اور اہم ہے اور مُناجاتوں پر مشتمل ہے۔

رَگھو (رَ۔ گھو) (س۔ صف) (۱) تیز۔ پُھرتیلا۔ تیز رفتار (۲) ہلکا۔ خفیف۔ چھچھورا۔ بے وفا (۳) (مذ) تیز گھوڑا۔ گھڑ دوڑ کا گھوڑا۔

رَگید (رَ۔ گید) (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) پیچھا۔ تعاقب۔

رگید رگا دکر (اَر۔ متعلق فعل) تعاقب کر کے۔ گھیر گھار کر۔ مار پیٹ کر۔

رَگیدنا (رَ۔ گید۔ نا) (بیائے مجہول) (ہ۔ مص) پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا۔ مار بھگانا۔

رَگیل (رَ۔ گیل) (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وہ کبوتر جو دانہ کھا کر اُڑ جاتا ہے (۲) (صف) ہرجائی (۳) فضول چیز۔

رَگیلا (رَ۔ گی۔ لا) (ہ۔ صف۔ مذ) شریر۔ بدذات۔ ضدی (۲) وہ کپڑا جس کا تانا بانا اُبھرا ہوا ہو (۳) موٹی رگوں کا پان (۴) صاف نہ کیا ہوا گوشت۔ ریشے دار گوشت۔

رَگیں (اَر۔ ا۔ مث) رگ کی جمع۔

رَگیں مَر جانا (مَرنا) (اَر۔ محاورہ) رگیں سکڑ جانا جس سے دورانِ خون متاثّر ہوتا ہے (۲) کم زور ہو جانا (۳) نامرد ہو جانا۔

ر۔ل

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَلا (رَ۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) آمیزش۔ ملاوٹ (۲) جھمیلا۔ بکھیڑا (۳) بھول۔ مغالطہ۔

رَلا پڑنا (اُر۔ محاورہ) مُغالطہ پڑنا۔ حساب میں بھول پڑنا۔

رَلا ڈالنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُغالطہ ڈالنا۔ جھگڑا ڈالنا (۲) آمیزش کرنا۔

رَلا مِلا (ہ۔صف) مِلا جُلا۔ خلط ملط۔

رُلا (رُل۔لا)(ہ۔ا۔مذ) زمین جو اِس غرض سے سال دو سال کاشت نہ کی جائے کہ اِس میں طاقت آ جائے۔

رَلانا (رَ۔لا۔نا)(ہ۔مص) ملانا۔ آمیزش کرنا۔ شامل کرنا۔ گڈمڈ کرنا۔

رُلانا (رُ۔لا۔نا)(ہ۔مص) رونا کا متعدی۔ رونے پر مجبور کرنا۔ تنگ کرنا۔ صدمہ پہنچانا۔ دِق کرنا۔

رَل مِل جانا (ہ۔مص مُرکّب) مخلوط ہو جانا (۲) اِتحاد ہونا۔ گھل مِل جانا۔

رَلنا (رَل۔نا)(ہ۔مص)(۱) مِلنا۔ آمیز ہونا (۲) شامل ہونا (۳) سازش ہونا (۴) گڈمڈ ہونا۔

رُلنا (رُل۔نا)(ہ۔مص)(۱) تباہ ہونا (۲) خاک میں ملنا (۳) رندہ پھرنا (۴) بکھرنا (۵) آوارہ ہو جانا (۶) کھو جانا۔

رَلیاں (رَل۔یاں)(ق۔ا۔مث) خوشی (اب رنگ کے ساتھ بطور لاحقہ اِستعمال ہوتا ہے۔ رنگ رلیاں)۔

ر۔م

رَم (بفتحۂ اوّل)(انگ۔ا۔مث) (Rum) گڑ کی شراب۔

رَم (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) ڈر۔ خوف۔ دہشت (۲) وحشت۔ نفرت (۳) گریز۔ بھاگنا (۴) بچنا۔

رم بھول جانا (اُر۔ محاورہ) چوکڑی بھول جانا۔ گھبرا جانا۔ شش و پنج میں پڑ جانا۔

رم خوردہ (رم دیدہ۔ رم زدہ۔ رم کردہ)(ف۔ صفت مفعولی) بھاگا ہوا۔ وحشت زدہ۔

رم کرنا (اُر۔ محاورہ) بھاگ جانا۔ دوڑ جانا۔

رِم (انگریزی ریم (Ream) کا مؤرّد۔ا۔مذ) کاغذوں کے بیس دستوں کا بنڈل۔

رِم (انگ۔ا۔مذ) (Rim) پہیّے کا حلقہ یا گھیرا۔ خاص طور پر سائیکل کا پہیا جس پر ٹائر ٹیوب چڑھاتے ہیں۔

رَما (رَ۔ما)(س۔ا۔مث)(۱) بیوی (۲) معشوق (۳) لکشمی کا ایک نام (۴) خوش نصیبی۔ اِقبال (۵) دولت مندی۔ اِمارت۔ شان و شوکت (۶) کاتک بدی کی گیارھویں تاریخ۔

رَماد (رَ۔ماد)(ف۔ا۔مث) راکھ۔ خاکستر۔

رَمّاز (رَم۔ماز)(ع۔صف۔وا۔مذ) وہ شخص جو اِشاروں کنایوں یا خُفیہ طور پر گفتگو کرے (۲) پہیلیاں کہنے والا شخص۔

رَمّال (رَم۔مال)(ع۔ا۔مذ) عِلم رَمل کا ماہر۔ جوتشی۔ نجومی۔

رَمّالی (رَم۔ما۔لی)(ع۔ف۔ا۔مث) رَمل۔ نجوم۔ جوتش۔

رُمّان (رُم۔مان)(ع۔ا۔مذ) انار۔ ایک پھل۔

رَمانا (رَ۔ما۔نا)(ہ۔مص) پھرانا۔ گھمانا (۲) دِل بہلانا۔ بات چیت میں لگانا (۳)(جوگ) اِختیار کرنا (۴) آگ جلانا (جوگی کا)(دھونی رمانا)(۵) رچانا۔

رُمّانی (رُم۔ما۔نی)(ع۔صف) انار کے رنگ کا۔ انار سے منسوب۔

رَمبا (رَم۔با)(ہ۔ا۔مذ) کھرپا۔

رَمبھانا (رَم۔بھا۔نا)(ہ۔مص) گائے کا بولنا۔ بھینس کا ڈکرانا۔

رَمپا (رَم۔پا)(ہ۔ا۔مذ) چمڑا چھیلنے کا آلہ۔

رَمپی (رَم۔پی)(ہ۔ا۔مث) رمپا کی تصغیر۔ چمڑا تراشنے کا چھوٹا آلہ۔

رَمتا (رَم۔تا)(ہ۔صف) چلتا پھرتا۔ گھومنے والا۔ آوارہ۔

رمتا جوگی (ہ۔ا۔مذ) ایک جگہ نہ ٹکنے والا جوگی (۲) سیاح۔

رِم جھم (ہ۔ا۔صوت۔مث) بارش کی خفیف آواز۔

رِم جھم مینہ برسنا (اُر۔ محاورہ) آہستہ آہستہ مینہ برسنا۔

رَمچیرا (رَم۔چے۔را)(ہ۔ا۔مذ) غلام۔ نوکر۔

رَمَد (رَ۔مَد)(ع۔ا۔مذ) ایک بیماری جس میں آنکھیں سُرخ رہتی ہیں۔

رَمُّو و پھتُّو (رَم۔مُو۔پھَت۔تُو)(ہ۔ا۔مذ) ایرے غیرے نتھو خیرے۔ عام لوگ۔ خلقت۔

رَمز (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) آنکھوں، بھوؤں یا ہونٹوں کا اشارہ۔ غمزہ۔ عشوہ (۲) اِیما۔ اِشارہ (۳) معمّا۔ پہیلی۔ پیچ دار بات (۴) بھید۔ راز (۵) نکتہ۔ باریکی (۶) نوک جھونک (۷) طعنہ مہنا (۸) علامت۔ نشان (۹) بات۔ معاملہ (۱۰) پوشیدہ بات۔ مخفی بات (۱۱) ذومعنی بات۔ پہلو دار بات (۱۲) بات کی جڑ۔ مفہوم۔ مُراد۔ جمع: رُموز۔ اُردو جمع: رمزوں۔ رمزیں۔

رمز آمیز (ف۔صف) رمز ملا ہوا۔ اِشارے کنائے والی (بات)۔

رمز پہچان جانا (اُر۔ محاورہ) اصل منشا معلوم کر لینا۔ بات تاڑ جانا۔

رمز پھینکنا (رمز مارنا) (اُر۔ محاورہ)(۱) اِشارہ کنایہ کرنا (۲) آوازہ کسنا (۳) طعنے دینا۔

رمز شناس (ف۔صف) اِشارہ پہچاننے والا۔

رمز کی باتیں (رمز کی گھاتیں) (اُر۔ا۔مث)(۱) بھید کی باتیں (۲) اِشارے کنائے کی باتیں (۳) طعنے مہنے (۴) نکتے کی باتیں۔

رَمَضان (رَ۔مَ۔ضان)(ع۔ا۔مذ) لغوی معنی: جلانے والا۔ مسلمانوں کا نواں قمری مہینا۔ ماہِ صیام۔ وہ مہینا جس میں اہلِ اِسلام روزے رکھتے ہیں۔

رمضان کے نمازی (اُر۔ا۔مذ) چند روزہ نمازی۔

رمضان کے نمازی محرّم کے سپاہی (اُر۔ا۔مذ) وہ لوگ جو چند روز کوئی اچھا کام کریں۔

رَمَضانی (رَم۔ضا۔نی)(اُر۔صف)(۱) ماہِ رمضان کا (۲) رمضان کے متعلق (۳) روزوں کا یا اُن کے متعلق (۴) جو رمضان میں پیدا ہوا ہو۔

رَمَق (رَ۔مَق)(ع۔ا۔مث)(۱) تھوڑی سی جان۔ رہی سہی جان۔ آخیر سانس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) ذرا سا (۳) چاشنی کا کچھ اثر۔

رَمَل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک علم کا نام جس میں ہندسوں اور خطوط وغیرہ کے ذریعے غیب کی بات دریافت کرتے ہیں۔ نجوم۔ جوتش۔ لغوی معنی قدم نزدیک رکھنا اور شانوں کو ہلانا۔

رَمَل (رَ۔مَل) (ع۔ا۔مث) علمِ عروض کی ایک بحر کا نام جس کا وزن آٹھ دفعہ فاعلان ہے۔

رَمنا (رم۔نا) (ہ۔مص) (۱) بکھرنا۔ گھومنا (۲) سمانا (۳) بھٹکنا (۴) رہ پڑنا (۵) (ہ۔ا۔مذ) مرغزار۔ چراگاہ۔ سبزہ زار (۶) شکارگاہ۔

رُموز (رُ۔موز) (ع۔ا۔مذ) رمز کی جمع۔

رُموزِ عاشقاں عاشق بداند (ف۔مثل) ہم پیشہ اور ہم مشرب ہی بات کو خوب سمجھتے ہیں۔

رُموزِ مملکتِ خویش خسرواں دانند (ف۔مثل) ملک کی بہتری کے راز بادشاہ ہی سمجھتے ہیں۔

رُموزیں (اُر۔ا۔مث) رمز کی اُردو جمع الجمع۔

رُموزیں چھانٹنا (اُر۔محاورہ) نوک جھونک کی باتیں کرنا۔

رَمہ (رَ۔مہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) گلّہ۔ جُھنڈ۔ گروہ (۲) جماعت۔ فوج۔ بھیڑ۔

رَمی (رَ۔می) (ع۔ا۔مذ) کوئی چیز پھینکنا۔

رمی بالغیب (ع۔محاورہ) اٹکل پچّو کوئی بات کہنا۔

رمیِ جمار (ع۔ا۔مذ) کنکریاں پھینکنا (حاجی منٰی میں ایک مقام پر شیطان کو کنکریاں مارتے ہیں۔ اس کو رمی جمار کہتے ہیں)۔

رَمیدگی (رَ۔می۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) بھاگنا (۲) وحشت (۳) تنفر۔

رَمیدہ (رَ۔می۔دَہ) (ف۔صف) (۱) رَم کئے ہوئے۔ بھاگا ہوا (۲) وحشی۔

رَمیم (رَ۔میم) (ع۔صف) گلی ہوئی۔ بوسیدہ۔ کہنہ۔ جمع: رمائم۔

ر۔ن

رَن (بفتحۂ اوّل) (س۔ا۔مذ) (۱) لڑائی۔ جنگ۔ رزم۔ کارزار۔ معرکہ (۲) میدانِ جنگ۔ رزم گاہ۔ میدانِ کارزار۔ مقتل (۳) (ہ۔ا۔مذ) جنگل۔

رن بن (ہ۔ا۔مذ) جنگل۔

رن بھومی (ہ۔ا۔مث) میدانِ جنگ۔

رن پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) (۱) جنگ کے لئے جانا (۲) جنگ کرنا۔ لڑنا۔

رن پڑنا (اُر۔محاورہ) جنگ ہونا۔

رن جیت (رنجیت) (ہ۔صف) فاتح۔ جنگ جیتنے والا۔

رن دھیر (رندھیر) (ہ۔صف) ثابت قدم۔ باحوصلہ۔ مستقل مزاج۔

رن کا کھیت (ہ۔ا۔مذ) میدانِ جنگ۔

رن گڑھ (ہ۔ا۔مذ) لڑائی کا قلعہ۔ وہ جگہ جس کے گرد مورچے بنائے جائیں۔

رن گھن (ہ۔ا۔مذ) قتلِ عام۔

رن مہتاب (اُر۔ا۔مذ) روشنی کا گولا جو میدانِ جنگ میں روشنی کے لئے رات کو چھوڑتے ہیں۔

رن ہلا دینا (اُر۔محاورہ) میدانِ جنگ میں لرزہ پیدا کر دینا۔

رَن (Run) (انگ۔ا۔مذ) (۱) دوڑ۔ جھپٹ (۲) کرکٹ کے کھیل میں ایک وِکٹ سے دُوسری وِکٹ تک کی دوڑ۔

رن آؤٹ (Runout) (انگ۔صف) کھلاڑی کا ایک وکٹ سے دُوسری وکٹ تک دوڑتے ہوئے آؤٹ ہو جانا۔

رَنج (بفتحۂ اوّل) (نُونِ غُنّہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) دُکھ۔ درد۔ تکلیف (۲) غم۔ ملال۔ اندوہ (۳) افسوس۔ پچھتاوا۔

رنج آنا (اُر۔محاورہ) ملال ہونا۔

رنج اُٹھانا (اُر۔محاورہ) صدمہ برداشت کرنا۔

رنج بھولنا (اُر۔محاورہ) صدمہ، ملال یا تکلیف کا دِل سے محو ہونا۔

رنج پہنچانا (اُر۔محاورہ) اذیّت دینا۔ تکلیف پہنچانا۔

رنج دینا (اُر۔محاورہ) آزردہ کرنا۔ ستانا۔ بیزار کرنا۔ تنگ کرنا۔

رنج سہنا (اُر۔محاورہ) رَنج برداشت کرنا۔

رنج سے چُھوٹنا (اُر۔محاورہ) غم و افسوس سے نجات پانا۔

رنج کرنا (اُر۔مص مُرکّب) غم کرنا۔ اَفسوس کرنا۔ کُڑھنا۔

رنج کھینا (رنج کھینچنا۔ رنج لینا) (اُر۔محاورہ) رَنج اُٹھانا۔ صدمہ برداشت کرنا۔

رنج مِٹنا (اُر۔محاورہ) تکلیف دُور ہونا۔

رنج مول لینا (اُر۔محاورہ) اپنے سر کوئی دُکھ لینا۔ خواہ مخواہ تکلیف اُٹھانا۔

رنج و مِحَن (ف۔ع۔ا۔مذ) دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ مُصیبت۔

رَنجِش (بفتحۂ اوّل و کسرِ سوم) (نُونِ غُنّہ) (ف۔ا۔مث) (۱) غم (۲) آزردگی۔ بگاڑ۔ اَن بن۔ ناخوشی۔

رَنجشی (رَنج۔شی) (ق۔ا۔مث) تنگی۔ بُرا وقت۔

رَنجک (بفتحۂ اوّل و سوم) (نُونِ غُنّہ) (ف۔ا۔مث) (۱) بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے لئے رکھی جاتی ہے (۲) تحریک۔ اِغوا (۳) چورن۔ سفوف۔

رنجک اُڑانا (اُر۔محاورہ) (۱) بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا (۲) بتی لگانا۔ فتیلہ دینا (۳) چمکانا (۴) گوز اُڑانا۔ پاد مارنا۔

رنجک پلانا (ڈالنا۔ رکھنا) (اُر۔محاورہ) بندوق یا توپ کے پیالے میں بارود رکھنا۔

رنجک چاٹ جانا (اُر۔محاورہ) (۱) توپ یا بندوق کا نہ چلنا (۲) رنجک کا دھواں دے کر رہ جانا۔

رنجک دان (ف۔ا۔مذ) رنجک رکھنے کا پیالہ۔

رَنجَن (رَن۔جن) (ق۔ا۔مذ) بڑا مٹکا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَنجُور (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(واوِ معروف)(ف۔صف)(اصل میں رَنج وَر تھا۔ جیم کو پیش دے کر واؤ ساکن کر دیا) اَفسردہ۔ مغموم۔ ملول۔

رَنجُوری (ف۔ا۔مث) مُصیبت۔ تکلیف۔ غم۔ دُکھ۔

رَنجَہ (بفتحۂ اوّل و سوم)(نونِ غنّہ)(ف۔صف)(۱) رَنجیدہ۔ مغموم (۲) (ف۔ا۔مذ) رَنج (۳) نزاکت کی چال یا طرز۔ جیسے قدم رنجہ فرمانا۔

رَنجِیدَگی (رَن‌جی۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) رنجش۔ ملال۔

رَنجِیدَہ (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(یائے معروف)(ف۔صف)(۱) خفا۔ ناراض۔ بیزار (۲) اُداس۔ اَفسردہ۔

رنجیدہ خاطِر (ف۔صف) ناخوش۔ دُکھی۔ ناراض۔ اَفسردہ۔ اُداس۔

رَنَد (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) دیوارِ قلعہ یا شہرپناہ کے وہ موکھے یا سُوراخ جو غنیم پر اندر سے بندوقیں چلانے کے لئے چھوڑ دیتے ہیں۔

رِند (بکسرِ اوّل)(ف۔صف)(۱) آزاد۔ بے قید۔ غیر شرعی کام کرنے والا (۲) جس شخص کا ظاہر خراب باطن اچھا ہو (۳) شرابی (۴) صوفی (۵) عیّاش (۶) آوارہ (۷) ہوشیار۔ چالاک۔ جمع: رِندان۔ اُردو جمع: رند۔ رِندوں۔

رِند مذہب (رِند مشرب) (ف۔صف) آزاد۔ اوباش۔

رِندان (ف۔صف) رِند کی جمع۔

رندانِ سیاہ مست (ف۔صف) بدکار لوگ۔

رِندانَہ (رِندا۔نَہ)(ف۔صف) رِند سے نسبت رکھنے والا۔ آزادانہ۔ اوباشانہ۔

رَندنا (رَند۔نا)(نونِ غنّہ)(ہ۔مص) رندے سے چھیلنا یا چھلنا (چھیلا جانا)۔

رُندنا (رُند۔نا)(نونِ غنّہ)(ہ۔مص) پامال ہونا۔ پِسنا۔ کُوٹا جانا۔ کُچلا جانا۔

رَندوانا (نونِ غنّہ)(ہ۔مص) رَندنا کا متعدّی۔ رندہ کرانا۔ رندے سے چھلوانا۔

رُندوانا (بضمِ اوّل)(نونِ غنّہ)(ہ۔مص) رُوندنا کا متعدّی۔ پامال کرانا۔

رَندَہ (بفتحۂ اوّل و سوم)(نونِ غنّہ)(ف۔ا۔مذ) لکڑی چھیلنے اور صاف کرنے کا اوزار۔

رندہ پھیرنا (کرنا) (ار۔ محاورہ) رندے سے لکڑی چھیلنا یا صاف کرنا۔

رِندھنا (رِندھ۔نا)(نونِ غنّہ)(ہ۔مص) پکنا۔ کھانا تیار ہونا۔

رِندی (بکسرِ اوّل)(نونِ غنّہ)(ف۔ا۔مث) رِندوں کا کام۔ مستی۔ بے خودی۔

رَنڈ (بفتح اوّل)(نونِ غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) ارنڈ کا درخت (۲)(مث) رانڈ کا مُخفف۔

رَنڈا (بفتح اوّل)(نونِ غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے رنڈوا۔

رَنڈاپا (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) بیوہ پَن۔ بیوگی۔ بیوہ ہونے کا زمانہ۔

رنڈاپا کاٹنا (کٹنا) (ار۔ محاورہ) بیوگی کا زمانہ بسر ہونا۔

رَنڈوا (رَنڈ۔وَا)(نونِ غنّہ)(ہ۔صف) وہ مَرد جس کی بیوی مرگئی ہو (۲) کام چور۔ سُست۔ کاہل۔

رنڈوا بَیل جی کا جلاپا (ار۔ محاورہ) سُست اور کام چور نوکر سے کوفت ہوتی ہے۔

رَنڈی (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) عورت (۲) کسبی۔ طوائف۔ جمع: رنڈیاں۔ رنڈیوں۔

رنڈی باز (ف۔صف) عیّاش۔ تماش بین (مرد)۔

رنڈی پیسے کی آشنا ہے (رنڈی پیسے ہی کی یار ہے) (ار۔مثل) طوائفیں امیر آدمی کے ساتھ تعلّق پیدا کرتی ہیں۔ غریب ہو جائے تو دُھتا بتاتی ہیں۔

رنڈی تیرا یار مرگیا۔ کہا کون سی گلی کا؟ (ار۔مثل) رنڈیوں کے بہت سے یار ہوتے ہیں۔ ایک کی ہو کر نہیں رہتیں۔

رنڈی کا یار سدا خوار (ار۔مثل) رنڈی کا آشنا ہمیشہ مُفلس رہتا ہے۔

رنڈی کس کی جورُو اور بھڑوا کس کا سالا؟ (ار۔مثل) رنڈیوں اور بھڑووں کا کوئی اِعتبار نہیں۔

رنڈی کی کمائی یا کھائے ڈھاڑی یا کھائے گاڑی (ار۔مثل) رنڈی کی کمائی سازندے اور گاڑی بان کھاتے ہیں۔

رَنڈیوں (ہ۔ا۔مث) رنڈی کی جمع۔

رنڈیوں کی خرچی اور وکیلوں کا خرچہ پیشگی دیا جاتا ہے (ار۔مثل) اگر وہ پہلے نہ لیں تو انہیں بعد میں کوئی نہیں دیتا۔

رَنڈیا (رَنڈ۔یا)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے رانڈ۔

رَنر اَپ (Runnerup)(انگ۔ا۔مذ) کھلاڑی جو آخری مقابلے میں پہنچ کر ہار جائے۔

رَنس (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(ہ۔ا۔مث) کرن۔ شُعاع۔

رَنک (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(س۔صف)(۱) حریص۔ لالچی (۲) کنجوس (۳) کمینہ (۴) غریب (۵) کم بخت (۶) بھوکا (۷) فقیر۔

رَنکُو (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(واوِ معروف)(س۔ا۔مذ) ایک قسم کا ہرن۔

رُنکھا (رُنکّا) (رُ۔نکھ۔کھا)(ہ۔صف)(۱) رونے پر آمادہ۔ آبدیدہ۔ روہانسا (۲) رنجیدہ۔ ناراض (مؤنث کے لئے) رُنکھی۔ رُنکی۔

رَنگ (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) بَرَن۔ رنگت۔ فام (۲) چیزوں کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے وہ سُورج کی بعض کرنوں کو جذب کر لیتی ہیں اور بعض کو منعکس کر دیتی ہیں۔ سورج کی سفید کرن سات رنگوں سے مُرکّب ہوتی ہے: اُودا۔ نیلا۔ آسمانی۔ سبز۔ زرد۔ نارنجی اور سُرخ۔ اصل رنگ صرف تین ہیں: نیلا۔ زرد اور سُرخ۔ دُوسرے سب رنگ اُن کے مُرکّبات ہیں (۳) رنگت۔ رُوپ (۴) اَنداز۔ طرز۔ روش (۵) وہ سفوف یا سیّال چیز جس سے رنگتے ہیں (۶) روغن۔ وارنش (۷) قسم۔ نوع (۸) بہار۔ خوبصورتی۔ رونق (۹) مانند۔ نظیر (۱۰) دستور۔ قاعدہ۔ رسم۔ طریقہ (۱۱) مزہ۔ لطف۔ شغل (۱۲) خمار۔ نشہ (۱۳) طاقت۔ قوت (۱۴) سلوک۔ برتاؤ (۱۵) ہم سر۔ جوڑ (۱۶) مکر۔ حیلہ۔ فریب (۱۷) ہنسی مذاق۔ چُہل (۱۸) کھیل کُود (۱۹) ناچ۔ راگ۔ گانا (۲۰) کیفیت۔ حال۔ حالت (۲۱) خوشی۔ مسرّت۔ خوشحالی (۲۲) تماشا۔ سیر (۲۳) سماں۔ موسم (۲۴) گنجفے کی آٹھوں بازیوں کا نام (۲۵) چوسر کی آٹھوں نردوں کا نام (۲۶) اُس رنگ کی نردیں جو پہلے کھیلی جائیں (۲۷)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تاش کی چاروں بازیوں کا نام (۲۸) ٹرپ۔ ٹرمپ (۲۹) خون۔ لہو۔ اُردو جمع: رنگ۔ رنگوں۔

رنگ آبدار ہونا (اُر۔ محاورہ) چمکیلا ہونا۔

رنگ آشنا (ع۔ف۔ صف) چہرہ دیکھ کر حال معلوم کرنے والا۔

رنگ آمیزی (ف۔ا۔ مث) (۱) رنگ کا کام۔ رنگ سازی (۲) نقاشی۔ مصوری (۳) عبارت آرائی (۴) مبالغہ۔

رنگ آنا (چڑھنا) (اُر۔ محاورہ) رونق آنا۔ پھیکا پن جاتا رہنا۔

رنگ اُترنا (اُر۔ محاورہ) رنگ جاتا رہنا۔

رنگ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) رنگ قبول کرنا۔

رنگ اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگ اُٹھانا کا لازم (۲) چوسَر کی گوٹ کا سب خانے طے کرنے کے بعد کامیابی سے اُٹھنا۔

رنگ اُچھالنا (اُر۔ محاورہ) رنگ پھینکنا۔ رنگ ڈالنا۔

رنگ اُداس ہونا (اُر۔ محاورہ) رنگ کا پھیکا ہونا۔

رنگ اُڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگ زائل کرنا (۲) دُوسرے کو بے رنگ کرنا (۳) طرز اُڑانا۔ طرز سیکھ لینا۔ انداز اُڑانا۔

رنگ اُڑ جانا (اُڑنا) (اُر۔ محاورہ) رنگ جاتا رہنا۔ رنگ پھیکا پڑ جانا (کنایۃً) چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔

رنگ افشانی (ف۔ا۔ مث) رنگ چھڑکنا۔

رنگ اُکھڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بے رونقی ہونا (۲) اثر جاتا رہنا۔

رنگ اندھا (اُر۔ صف) جو رنگوں میں تمیز نہ کر سکے بالخصوص سبز اور سُرخ میں۔ کلر بلائنڈ۔

رنگ اور ہو جانا (اُر۔ محاورہ) رونق آ جانا۔ رنگ بدل جانا۔

رنگ باختہ (ف۔ صف) رنگ اُڑا ہوا۔ زرد۔

رنگ باندھنا (اُر۔ محاورہ) سماں باندھنا۔

رنگ بدل جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) متغیر ہو جانا (۲) روش تبدیل ہو جانا۔ وضع بدل جانا (۳) انقلاب آ جانا۔

رنگ بدلنا (اُر۔ محاورہ) ایک رنگ سے دُوسرا رنگ تبدیل کرنا (۲) طرز بدلنا۔ وضع تبدیل کرنا۔ انقلاب ہونا (۴) حالت بدلنا۔

رنگ برنگ (رنگا رنگ) (ف۔ صف) (۱) مختلف رنگ کا (۲) مختلف اقسام۔ متنوع۔ طرح طرح کے۔

رنگ بگڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگ کا خراب ہونا۔ بے رونقی ہونا۔ بدرنگ ہونا (۲) حالت متغیر ہونا۔ پتلا حال ہونا۔

رنگ بنانا (اُر۔ محاورہ) دھج بنانا۔ حالت بنانا۔ صورت بنانا۔

رنگ بندھنا (اُر۔ محاورہ) سماں بندھنا۔ رنگ باندھنا کا لازم۔

رنگ بھرا (اُر۔ا۔ مذ) وہ شخص جو رانگ کا زیور بناتا ہے۔

رنگ بھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نقاشی کرنا۔ رنگین کرنا (۲) داستان کو دلچسپ بنانا۔

رنگ بھریا (اُر۔ا۔ مذ) مصور۔ نقاش (۲) دیکھئے رنگ بھرا۔

رنگ بھنگ (اُر۔ا۔ مذ) (۱) ہنسی مذاق۔ چہل (۲) مستی۔ شہوت۔

رنگ بھنگ کرنا (اُر۔ محاورہ) مزہ کرکرا کرنا۔ لطف بگاڑنا۔

رنگ بے رنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) حالت خراب ہو جانا۔

رنگ پاشی (ف۔ا۔ مث) (۱) رنگ چھڑکنا (۲) ہولی کی ایک رسم۔

رنگ پتلا ہونا (اُر۔ محاورہ) حال بے حال ہونا۔ بُرا حال ہونا۔

رنگ پختہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ایسا رنگ ہونا کہ دھونے سے نہ چھوٹے۔

رنگ پر آنا (اُر۔ محاورہ) رونق پر آنا۔ بہار پر آنا (۲) زوروں پر ہونا۔ تیز ہونا۔

رنگ پر ہونا (اُر۔ محاورہ) رونق پر ہونا۔ بہار پر ہونا۔

رنگ پریدہ (ف۔ صف) رنگ اُڑا ہوا۔ زرد۔ پیلا۔

رنگ پکا ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے رنگ پختہ ہونا۔

رنگ پکڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگ چڑھنا (۲) بارونق ہونا۔

رنگ پھوٹنا (اُر۔ محاورہ) رنگ کا ایک طرف سے دُوسری طرف ظاہر ہونا۔

رنگ پھیرنا (اُر۔ محاورہ) رنگ کرنا یا لگانا۔ وارنش کرنا۔

رنگ پھیکا پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگ مدھم ہونا (۲) رونق کم ہونا (۳) بے لطف ہونا۔

رنگ پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) رنگینیِ طبیعت یا رنگینیِ مزاج کے اعتبار سے کوئی ڈھنگ اختیار کرنا۔

رنگ پیلا پڑنا (اُر۔ محاورہ) رنگ اُڑ جانا۔ رنگ زرد ہو جانا۔

رنگ ٹپکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگ کا تراوش کرنا کسی خاص حالت میں (۲) خاص حالت ظاہر ہونا۔

رنگ ٹھہرنا (اُر۔ محاورہ) رنگ کا پائیدار ہونا۔ رنگ کا نہ اُترنا۔

رنگ جل جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگ کا سیاہ ہو جانا (۲) آفتاب کی تپش، غم و غصہ یا خون کے سیاہ ہو جانے سے چہرے پر سیاہی چھا جانا۔

رنگ جمانا (اُر۔ محاورہ) اثر ڈالنا۔ رسوخ پیدا کرنا (۲) بنیاد ڈالنا (۳) رونق دینا۔

رنگ جمنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگ آنا۔ رنگ قائم ہونا (۲) اعتبار پیدا ہونا۔ کسی کا کسی جگہ فروغ ہونا (۳) نظروں میں بھلا معلوم ہونا (۴) بنیاد پڑنا۔ رسائی ہونا۔

رنگ چڑھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگنا۔ رنگین کرنا (۲) وارنش کرنا۔ روغن کرنا۔ رونق دار بنانا (۳) مخمور کرنا (۴) سماں باندھنا (۵) اپنا سا بنانا (۶) معرفت یا خُداشناسی کا مزہ پیدا کرنا۔

رنگ چمکنا (اُر۔ محاورہ) رنگ کی آب و تاب بڑھ جانا۔ شہرت زیادہ ہونا۔

رنگ چوکھا آنا (اُر۔ محاورہ) گہرا رنگ آنا۔

رنگ چہچہا ہونا (چہ۔ چَہ۔ ا) (اُر۔ محاورہ) رنگ شوخ ہونا۔

رنگ چھڑکنا (اُر۔ محاورہ) رنگ کے چھینٹے دینا۔

رنگ دار (ف۔ صف) رنگین۔ رنگا ہوا۔

رنگ دکھانا (اُر۔ محاورہ) کیفیت دکھانا۔ لطف دکھانا۔ حالت دکھانا (۲) طرز دکھانا (۳) اثر ظاہر کرنا (۴) جوہر دکھانا۔

رنگ دگرگوں کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خراب کیفیت پیدا کرنا (۲) رنگ بدلنا۔

رنگ دگرگوں ہونا (اُر۔ محاورہ) رنگ دگرگوں کرنا کا لازم۔

رنگ دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) رنگین کرنا (۲) لطف دینا۔ مزہ دینا (۳) بات بنا دینا (۴) جلا کرنا (۵) مالا مال کرنا (۶) مبالغہ کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رنگ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) سیر دیکھنا۔ بہار دیکھنا (۲) اثر دیکھنا (۳) نتیجے پر نظر ڈالنا (۴) حالت یا کیفیت دیکھنا۔

رنگ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) پانی میں گھولا ہوا رنگ کسی پر ڈالنا۔

رنگ ڈھنگ (اَر۔ا۔مذ) چال چلن۔ برتاؤ۔ عادت۔ حالت۔ کیفیت۔

رنگ رچانا (اَر۔ محاورہ) (۱) شادی رچانا۔ کسی خوشی کی تقریب کا سامان مہیا کرنا (۲) رنگین بنانا۔

رنگ رچنا (اَر۔ محاورہ) رنگ کا بخوبی اثر کرنا۔ رنگت بیٹھنا۔

رنگ رس (اَر۔ا۔مذ) عیش و عشرت۔ خوشی۔

رنگ رسیا (اَر۔ محاورہ) رنگیلا۔ عیّاش۔

رنگ رلیاں (ہ۔ا۔مث) ہنسی۔ چہل۔ عیش و نشاط۔ مزہ۔ لطف۔ کھیل۔ تماشا۔

رنگ رنگ سے (اَر۔ متعلق فعل) طرح طرح سے۔ وضع وضع سے۔

رنگ رنگ کا (اَر۔ صف) طرح طرح کا۔ مختلف رنگ کا۔ مختلف وضع کا۔

رنگ رنگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کوئی رنگ چڑھانا (۲) کسی رنگ میں کپڑا رنگین کرنا۔

رنگ رنگیلا (اَر۔ صف) (۱) رنگین مزاج (۲) عیّاش۔

رنگ رُوپ (اَر۔ا۔مذ) (۱) چمک دمک۔ آب و تاب (۲) حلیہ۔ خدوخال۔ چہرہ مہرہ۔

رنگ رُوپ دیکھ کر نہ بھولیئے (اَر۔ مثل) ظاہری صُورت پر نہ جایئے۔

رنگ رُوپ نکالنا (اَر۔ محاورہ) بہار پر آنا۔ چمک دمک ہونا۔

رنگ ریز (اَر۔ا۔مذ) ف: رنگ رز کا بگاڑ۔ کپڑے رنگنے والا۔ نیلاری۔

رنگ ریز ہوتے تو اپنی ڈاڑھی رنگتے (اَر۔ مثل) اگر کسی بات کے قابل ہوتے تو ترقی کرتے۔

رنگ ریزی (اَر۔ا۔مث) رنگ ریز کا کام۔ کپڑے رنگنے کا پیشہ۔

رنگ زرد ہونا (اَر۔ محاورہ) رنگ سفید ہونا۔ مُنہ فق ہونا (۲) شرم یا خوف سے چہرے کی سُرخی کا جاتا رہنا (۳) خون خشک ہو جانا (۴) حیرت زدہ ہونا۔

رنگ ساز (ف۔ صف) (۱) رنگ یا وارنش کرنے والا (۲) مصوّر (۳) رنگ بنانے والا (۴) کیمیاگر۔

رنگ سفید پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) خوف یا ڈر کی وجہ سے چہرے کی رنگت اُڑ جانا۔

رنگ شکستہ (ف۔ا۔مذ) اُڑا ہوا رنگ۔ بے رونقی۔

رنگ شوخ ہونا (اَر۔ محاورہ) رنگ گہرا اور چمکدار ہونا۔

رنگ کا (اَر۔ صف) طرح کا۔ ڈھب کا۔

رنگ کاٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رنگ دُور کرنا۔ کھار یا ترشی سے کسی چیز کا رنگ جدا کرنا (۲) دُوسرے کا جما ہوا اِعتبار اُٹھا دینا۔

رنگ کٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رنگ اُڑنا۔ رنگین کپڑے کی رنگت زائل ہونا (۲) شرم یا خجالت سے رنگ کا متغیّر ہونا (۳) (چوسر بازوں کی اِصطلاح) گوٹ کا مارا جانا۔

رنگ کھلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز یا چہرے پر رنگ کا نمایاں ہونا۔ رنگ نکھرنا (۲) سیاہی مائل رنگ کا سفیدی مائل ہونا۔ (بضم کاف بھی صحیح ہے)۔

رنگ کھیلنا۔ (اَر۔ محاورہ) خوشی کے موقع پر آپس میں ایک دُوسرے پر رنگ پھینکنا۔ ہولی کھیلنا۔

رنگ لانا (اَر۔ محاورہ) (۱) رنگ پکڑنا۔ رنگین ہونا۔ اچھا دکھائی دینا (۲) تکرار کرنا (۳) بُرائی کرنا (۴) تماشا دیکھنا۔ مزہ چکھانا (۵) مختلف وضع سے اپنے تئیں ظاہر کرنا (۶) خُبثِ باطن ظاہر کرنا۔ فساد پر آمادہ ہونا (۷) چوسر میں رنگ کی نردوں کا پہلے گھر میں آ کر اُٹھ جانا۔

رنگ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) رنگنا (۲) کسی کو اپنے ڈھب کا بنا لینا۔

رنگ ماند ہونا (اَر۔ محاورہ) رنگ پھیکا ہونا۔

رنگ متغیّر ہونا (اَر۔ محاورہ) گھبرا جانا۔ چہرے کا رنگ بدل جانا۔

رنگ مٹنا (اَر۔ محاورہ) رُوپ کھونا۔ حُسن جاتا رہنا (۲) اثر یا وقعت جاتی رہنا۔

رنگ مٹی ہونا (اَر۔ محاورہ) آب و تاب نہ رہنا۔ بے رونقی ہونا۔

رنگ محل (ف۔ ع۔ا۔مذ) (۱) عیش و عشرت کا گھر۔ عشرت گاہ۔ وہ مکان جس میں بادشاہ یا اُمرا عیش کریں (۲) سجا ہوا مکان۔

رنگ میں بھنگ (اَر۔ متعلق فعل) خوشی میں بے لطفی۔

رنگ میں ڈوبنا (اَر۔ محاورہ) (۱) رنگ میں شرابور ہونا۔ عیش و نشاط کا جوش ہونا (۲) کسی کی طرز پر ہونا۔

رنگ نکالنا (اَر۔ محاورہ) خوبصورت ہو جانا (۲) طرز نکالنا (۳) کسی چیز سے رنگ پیدا کرنا (۴) صورت اِختیار کرنا۔

رنگ نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز میں رنگ جھلکنا' نمایاں ہونا (۲) نکھرنا۔

رنگ نکھرنا (اَر۔ محاورہ) رنگ صاف ہونا۔

رنگ و بُو (ف۔ا۔مث) کرّوفر۔ شان و شوکت۔ رونق۔

رنگ و روغن (ف۔ا۔مذ) چمک دمک۔ خوبصورتی۔ حُسن (۲) رنگین یا رنگت کسی چیز کی۔

رِنگ (Ring) (انگ۔ا۔مذ) (۱) دائرہ۔ کُنڈلی۔ چکّر (۲) انگوٹھی۔ چھلّا۔ انگشتری۔

رنگ لیڈر (Ringleader) (انگ۔ا۔مذ) سرغنہ۔ باغیوں کا سرگروہ۔

رنگ ماسٹر (Ringmaster) (انگ۔ا۔مذ) سرکس کے اکھاڑے میں جانوروں سے کرتب کرانے والا۔

رَنگا رنگ (اَر۔ صف) دیکھئے رنگ برنگ۔

رَنگانا (اَر۔ مص) رنگ کرانا۔ رنگنا کا متعدی۔ رنگوانا۔

رَنگا ہُوا (اَر۔ صف) رنگ کیا ہوا (۲) (کنایۃً) عارف کامل۔

رَنگا ہُوا سیار (اَر۔ صف) وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔ سیار: گیدڑ۔

رَنگائی (بفتحۂ اوّل) (نُون غنّہ) (اَر۔ا۔مث) رنگنے کی اُجرت۔

رَنگت (بفتحۂ اوّل و سوم) (نُون غنّہ) (اَر۔ا۔مث) (۱) چہرے کا رنگ (۲) کپڑے کا رنگ (۳) رُوپ (۴) حالت۔ کیفیت۔

رنگت غیر ہونا (اَر۔ محاورہ) شرم یا ندامت سے چہرے کا رنگ بدل جانا۔

رَنگترا (رنگ۔ ت۔ را) (ف۔ا۔مذ) ایک تُرشاوا پھل۔ سنگترہ۔ نارنج۔ بڑی نارنگی۔

رِنگ رِنگانا (رنگ۔ رنگا۔ نا) (ہ۔ مص) بچے کا ہر وقت روتا یا ٹھسکنا۔ ٹھنکنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَنگرُوٹ (رَنگ۔رُوٹ) (Recruit کا مورّد۔ا۔مذ) نیا سپاہی۔ نیا بھرتی کیا ہوا۔ نو آموز۔

رَنگَن (بفتحۂ اوّل و سوم)(نُون غُنّہ)(ھ۔ا۔مذ) سبز پتوں کا عرق۔

رَنگنا (رَنگ۔نا) (اَر۔مص) (۱) رَنگ کرنا۔ رَنگ چڑھانا (۲) اپنا سا بنانا۔ ہم رَنگ کرنا (۳) عارف بنانا۔

رَنگوانا۔ دیکھئے رنگانا۔

رَنگوائی۔ دیکھئے رنگائی۔

رَنگوَیا (رَنگ۔وَی۔یا)(ھ۔ا۔مذ) رنگریز۔ رنگ ساز۔

رَنگیلا (رَنگی۔لا)(نُون غُنّہ) (اَر۔صف) (۱) رنگین مزاج (۲) بانکا۔ خوش پوشاک (۳) زندہ دِل (۴) وضع دار (۵) عیّاش۔

رَنگیلی (رَنگی۔لی)(اَر۔صف) رنگیلا کی تانیث۔

رَنگین (بیائے معروف)(نُون غُنّہ) (ف۔صف) (۱) رَنگ کیا ہوا۔ رَنگ دار (۲) رَنگیلا۔ چھبیلا (۳) زندہ دِل۔ خوش طبع (۴) مُزیّن۔ سجا ہوا (۵) رنگ بَرنگ کا (۶) سُرخ (۷) دِل پسند۔ خوش آیند جیسے رنگین غزل۔ رنگین عبارت۔

رنگین ادا (ف۔صف) طرح دار۔ خوش ادا۔ حسین۔

رنگین زبان (سُخن) (ف۔صف)(۱) خوش بیان (۲) شوخ زبان۔

رنگین زبانی (سُخنی) (ف۔ا۔مث) شوخ زبانی۔ خوش بیانی۔

رنگین کمان (ف۔ا۔مث) قوسِ قزح۔ دھنک۔

رنگین مزاج (ف۔صف) خوش طبع۔ ہنس مکھ۔ زندہ دِل (۲) عیّاش۔

رَنگینی (رَنگی۔نی)(ف۔ا۔مث)(۱) رنگین ہونا (۲) بھڑک۔ آرائش۔ نمائش۔ بناؤ سنگار (۳) خوش مزاجی۔ خوش طبعی (۴) بانک پن۔ جمع: رنگینیاں۔ رنگینیوں۔

رنگینیِ سُخن (ف۔ا۔مث) کلام کا رنگین ہونا۔

رَننگ کمنٹری (Running Commentary)(انگ۔ا۔مث) فی البدیہہ آنکھوں دیکھا حال بیان کرنا۔

رَن وے (Runway) (انگ۔ا۔مذ) ہوائی جہاز کے دوڑنے' اُڑنے اور اُترنے کا میدان۔

رُنی (رُ۔نی)(ھ۔ا۔مث) اَمرود۔

ر۔و

رَو (بفتحۂ اوّل) (ھ۔ا۔مث) (۱) پانی کا بہاؤ۔ سیلاب۔ دھار (۲) جوش۔ ولولہ۔ غُصّہ (۳) دُھن۔ خیال (۴) فوج۔ لشکر۔ بھیڑ۔ انبوہ۔

رَو (بفتحِ اوّل)(ف۔لاحقہ) مصدر رفتن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور چلنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے راہ رَو۔ تیز رَو۔

رو (واو مجہول)(ف۔لاحقہ) رُستن یا روئیدن مصدر سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور اُگنے والا کے معنی دیتا ہے۔ جیسے خودرو۔

رُو (واو معروف) (ف۔ا۔مذ) (۱) چہرہ۔ مُکھڑا۔ رُخ۔ صورت۔ شکل (۲) سبب۔ وجہ۔ باعث (۳) بساط۔ سطح۔ تختہ (۴) سامنا۔ آگا (۵) اُمید۔ تمنّا (۶) رعایت۔

رُوبراہ (ف۔صف)(۱) تیّار۔ مستعد۔ کمربستہ (۲) اِصلاح کیا ہوا۔ دُرست۔

رُوبرُو (ف۔صف) مُنہ در مُنہ۔ آمنے سامنے۔ مُقابل۔

رُوبرُو کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) سامنے کرنا۔ مُقابل کرنا (۲) سپرد کرنا (۳) صُورت دِکھانا (۴) پیش کرنا۔

رُوبکار (ف۔ا۔مذ) عدالتی حکم (۲) وہ حکم جو برابر والے افسر کو بھیجا جائے۔

رُوبہ صحّت (ف۔صف) صحت کی طرف مائل۔ تندرست ہونے والا۔

رُوبہ قفا (ف۔صف) سر جھکائے ہوئے۔ (قفا: سر یا گردن کا پچھلا حِصّہ)۔

رُوپاک (ف۔ا۔مذ) رُومال۔

رُوپوش (ف۔صف) چُھپا ہوا۔ مخفی۔ پوشیدہ۔

رُوپوشی (ف۔ا۔مث) مُنہ چُھپانا۔ غائب رہنا۔

رُوداد (ف۔ا۔مث)(۱) کیفیت۔ حالت (۲) عدالت کی کارروائی (۳) وہ تحریر جس میں کارروائی درج ہو (۴) رپورٹ۔ اُر جمع: رودادوں۔ رودادیں۔

رُودادِ مقدمہ (ف۔ا۔مذ) مُقدّمے کی کیفیت۔ عدالت کی کارروائی۔

رُودار (ف۔صف) وجیہہ۔ شکیل۔ خوبصورت۔

رُوداری (ف۔ا۔مث) کسی کی موجودگی کی شرم (۲) وجاہت۔ حُسن (۳) لحاظ۔ پاس۔

رُو در رُو (ف۔متعلق فعل) مُنہ پر۔ علانیہ۔ کسی کے رُوبرُو۔

رُو رعایت (ف۔ا۔مث) پاس۔ لحاظ۔ طرف داری۔

رُوسیاہ (ف۔صف)(۱) کالے مُنہ کا (۲) شرمندہ (۳) ذلیل۔ بے عزّت۔ گُناہ گار۔

رُوسیاہی (ف۔ا۔مث) ذِلّت۔ رُسوائی۔ بدنامی۔

رُوشناس (ف۔صف) جان پہچان والا۔ واقف کار۔

رُوشناسی (ف۔ا۔مث) واقف کاری۔ صاحب سلامت۔ جان پہچان۔

رُوکار (ف۔ا۔مث) سامنے کا حِصّہ (عمارت کا)(۲) لکڑی کا خوشنما کام۔

رُوکَش (ف۔صف) مُقابل۔ حریف۔ ہمسر (۲) مانند۔ مُشابہ (۳) آئینے کا غلاف۔

رُوگرداں (ف۔صف) (۱) مُنہ پھیرنے والا۔ ناراض۔ ناخوش۔ منحرف (۲) بے دماغ۔

رُوگردانی (ف۔ا۔مث) مُنہ پھیرنا۔ نافرمانی۔ سرکشی۔

رُومال (ف۔ا۔مذ) مُنہ کو مَلنے یا پونچھنے والی چیز۔ کپڑے کا ٹکڑا جو مُنہ وغیرہ صاف کرنے کے کام آتا ہے۔ دَست مال (۲) وہ اُونی یا ریشمی کپڑا جو کندھوں پر اوڑھا جاتا ہے (۳) وہ کپڑا جو تلوار کے قبضے میں باندھتے ہیں۔ اُردو جمع :

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُومال۔ رُومالوں۔

رُومال پر رُومال بھگونا (اُ۔ محاورہ) اس قدر رونا کہ کئی رُومال تر ہو جائیں۔

رُومالی (اُ۔ ا۔مث) (۱) اوڑھنی۔ لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹا (۲) میانی کا کپڑا (۳) وہ سہ گوشی کپڑا جو پہلوان بوقت ورزش باندھتے ہیں (۴) گلوبند (۵) وہ رومال جو عورتیں سر سے باندھ لیتی ہیں (۶) ایک قسم کا کبوتر (۷) مُگدر کی ایک ورزش۔ جمع: رُومالیاں۔ رُمالیوں۔

رُومالی سوّیاں (اُ۔ ا۔مث) بہت باریک سویاں جنھیں رومال میں باندھ کر کھولتے پانی میں غوطہ دیں تو پک جائیں۔

رُونُما (ف۔ صف) جو مُنہ دکھائے۔ جو ظاہر ہو۔

رُونُما ہونا (اُ۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ مُنہ دکھانا۔ وقوع پزیر ہونا۔

رُونُمائی (ف۔ ا۔مث) (۱) مُنہ دکھانا (۲) وہ نقدی جو خاوند یا اُس کے رشتے دار دُلہن کو مُنہ دکھانے کی دیتے ہیں۔ مُنہ دکھائی۔ سلامی۔

رُویش بِبیں حالش مپرس (ف۔ مثل) صورت سے حال ظاہر ہے۔ دریافت کرنے کی ضرورت نہیں۔

رَوا (رَ۔ وا) (ہ۔ ا۔مذ) (۱) سُوجی (۲) ریت کا ذرّہ (۳) چاندی یا سونے کے دانے (۴) بارود کا دانہ (۵) چھرّا جو پازیب میں آواز کے لئے ڈالتے ہیں۔

رَوا (رَ۔ وا) (ف۔ صف) (۱) جائز۔ مُباح۔ دُرست۔ ٹھیک (۲) (مُرکّبات میں) پُورا کرنے والا (جیسے حاجت روا)۔ جاری کرنے والا۔ نافذ کرنے والا (جیسے فرماں روا)۔

روادار (ف۔ صف) جائز رکھنے والا۔ گوارا کرنے والا (۲) غیر متعصّب۔

روادار نہ ہونا (اُ۔ محاورہ) خواہاں نہ ہونا۔ تعلّق نہ رکھنا۔ ساتھی نہ ہونا۔

رواداری (ف۔ ا۔مث) کسی بات کو رعایت سے جائز رکھنا۔ بے تعصّبی۔

روا رکھنا (اُ۔ محاورہ) (۱) جائز سمجھنا (۲) منظور کرنا۔ ماننا۔ قبول کرنا۔

رَوابِط (رَ۔ وا۔ بِط) (ع۔ ا۔مذ) رابطہ کی جمع۔

رَواج (رَ۔ واج) (ع۔ ا۔مذ) (۱) عام دستور۔ ریت۔ رسم (۲) ضابطہ۔ قاعدہ۔ معمول۔ (اُردو میں بکسرِ اوّل مستعمل ہے)۔

رَواجی (رَ۔ وا۔ جی) (ع۔ صف) رسمی۔ معمولی۔ رائج۔

رَوارَوی (رَ۔ وا۔ رَ۔ وی) (اُ۔ ا۔مث) ہلچل۔ بھاگم بھاگ۔ جلدی۔ سرسری۔ گھبراہٹ۔ تیزی۔

رُواسا (رُوانسا) (رُ۔ وا۔ سا) (رُ۔ واں۔ سا) (ہ۔ صف) دیکھئے روہانسا۔

رَواسَن (رَ۔ وا۔ سَن) (ہ۔ ا۔مث) ایک درخت جس کے بیج اور پتّے دوا میں کام آتے ہیں۔

رَوافِض (رَ۔ وا۔ فِض) رافضی کی جمع۔

رِواق (رَ۔ واق) (رِ۔ واق) (ع۔ ا۔مذ) (۱) مکان کا چھجا۔ سائبان۔ بالاخانہ۔ دیوان۔ بڑا کمرا۔ گیلری (۲) جامع ازہر (مصر) کے کمرے جہاں طلبا رہتے ہیں۔

رَواقِ بے ستُون (ع۔ ف۔ ا۔مذ) آسمان۔ چرخ۔

رِواقی (ع۔ صف) فلسفۂ افلاطون کا پیرو۔

رِواقیّت (رِ۔ وا۔ قی۔ یَت) (ع۔ ا۔مث) حکمتِ افلاطون۔

رَوال (رَ۔ وال) (ہ۔ صف) رَوے دار۔ دانے دار (۲) (ا۔مذ) روا۔

رَواں (رَ۔ واں) (ف۔ صف) (۱) جاری۔ بہتا ہوا (۲) تیز (۳) منجھا ہوا (۴) معنی یا ہجے کے بغیر کسی کتاب کا سبق پڑھنا (۵) (متعلق فعل) موجودہ۔ فی الحال (۶) (ف۔ ا۔مذ) جان۔ نفسِ ناطقہ۔ رُوح۔

رواں حساب (ف۔ ع۔ ا۔مذ) بینک کا وہ حساب جس میں سے روز روپیہ نکالنے کی کوئی قید یا پابندی نہ ہو۔ (Current Account)۔

رواں دواں (ف۔ صف) بھاگتا ہوا۔ تیزی سے چلتا ہوا۔

رواں دواں پھرنا (اُ۔ محاورہ) مارا مارا پھرنا۔ آوارہ گرد ہونا۔

رواں کرنا (اُ۔ محاورہ) (۱) جاری کرنا (۲) صاف کرنا۔ مشق کرنا (۳) چلانا۔ پھیرنا (۴) تیز کرنا۔ باڑھ رکھنا۔

رواَں (رو۔ آں) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔مذ) (۱) رونگٹا۔ جسم کے باریک بال (۲) چھوٹے چھوٹے ریشے جو پشمینے میں ہوتے ہیں (۳) ترکاری یا پھل کے اُوپر کا باریک خار۔ جمع: رُوؤں۔ رُوئیں۔

رواَں بدلنا (اُ۔ محاورہ) جانور کا پُرانے بال جھاڑ کر نئے بال نکالنا۔

رواَں رواَں کانپنا (اُ۔ محاورہ) نہایت خوف زدہ ہونا۔

رواَں کھڑا ہونا (اُ۔ محاورہ) رونگٹے کھڑے ہونا۔

رواَں مَیلا ہونا (اُ۔ محاورہ) صدمہ یا تکلیف پہنچنا۔

رُوانسا (رُو۔ واں۔ سا) دیکھئے رُواسا۔

رَوانگی (رَ۔ وا۔ نَ۔ گی) (ف۔ ا۔مث) روانہ ہونا۔ ارسال۔ چالان۔

روانگی چِٹھی (ف۔ ا۔مث) راہداری کا پروانہ۔

رَوانہ (رَ۔ وا۔ نَہ) (ف۔ صف) (۱) جانے والا۔ بھیجا ہوا (۲) گیا ہوا۔

روانہ کرنا (اُ۔ مص مُرکّب) بھیجنا۔ رُخصت کرنا۔

روانہ ہونا (اُ۔ مص مُرکّب) سدھارنا۔ رُخصت ہونا۔

رَوانی (رَ۔ وا۔ نی) (ف۔ ا۔مث) بہاؤ۔ تیزی۔ اجرا۔

رَوائح (ع۔ ا۔مذ) رائحہ کی جمع۔

رَوائی (رَ۔ وا۔ ای) (ف۔ ا۔مث) پورا کرنا۔ مُرکّبات میں جیسے حاجت روائی۔

رِوایات (رِ۔ وا۔ یات) (ع۔ ا۔مث) روایت کی جمع۔

رِوایَت (رِ۔ وا۔ یَت) (ع۔ ا۔مث) کسی کی بات کی نقل۔ اظہار۔ بیان۔ ذکر۔ حکایت۔ سرگزشت (۲) تحریری فتویٰ۔ جمع: روایات۔ اُردو جمع: روایتوں۔ روایتیں۔

روب (واو مجہول) (ف۔ لاحقہ) روبیدن مصدر سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور جھاڑنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خاکروب۔

رُوباہ (رُو۔ باہ) (ف۔ ا۔مث) (۱) لومڑی (۲) (کنایۃً) بُزدل۔

رُوباہ بازی (ف۔ ا۔مث) مکر۔ فریب۔ چال۔

رُوباہی (رُو۔ با۔ ہی) (ف۔ ا۔مث) فریب۔ چال۔ مکر۔ چھل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُوبل (Rouble) (روسی۔ا۔مذ) روس کا سِکّہ۔

روبوٹ (Robot) (انگ۔ا۔مذ) ایک مشین جو انسان کا یا انسانی دماغ کا کام انجام دیتی ہے۔

رو بیٹھنا (رو۔بَیٹھ۔نا) (ہ۔مص مُرکّب) (۱) نااُمید و مایوس ہو جانا (۲) کھو بیٹھنا (۳) صبر کرنا۔

رُوبکار۔ رُو کے تحت دیکھئے۔

رُوپ (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) صُورت۔ شکل (۲) ڈھنگ۔ طرز۔ انداز۔ وضع (۳) آب و تاب۔ رونق۔ جلوہ۔ تجلّی (۴) مرغوب اور پسندیدہ آدمی (۵) تصویر (۶) سوانگ (۷) چاندی۔ رُوپا کا مُخفّف (۸) ایک بات سے دُوسری بات کی طرف پلٹا کھانا۔

رُوپ بدلنا (اَر۔ محاورہ) بھیس بدلنا۔ صُورت بدلنا۔ وضع بدلنا۔

رُوپ بگاڑنا (اَر۔ محاورہ) بدصُورت کرنا۔ چہرہ بگاڑنا۔ بے رونق کرنا۔

رُوپ بنانا (بھرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سوانگ بھرنا (۲) نہایت خوبصورت یا حسین بنانا (۳) صورت بدلنا (۴) ہیئت درست کرنا۔

رُوپ درشن (ہ۔ا۔مذ) (۱) چاندی کی کسی چیز کا نظارہ (۲) وہ روپیہ جو دُلہن کو چڑھایا جائے (۳) روپے کا نذرانہ۔

رُوپ دِکھانا (اَر۔ محاورہ) درشن دینا۔ صورت دِکھانا۔

رُوپ دھاری (ہ۔ا۔مذ) (۱) بھیس بدلنے والا۔ شکل بدلنے والا (۲) وہ شخص جس نے بھیس بدلا ہو۔

رُوپ رس (ہ۔ا۔مذ) چاندی کا کشتہ۔

رُوپ وان (رُوپ وَنت) (نُون غُنّہ) (ہ۔صف) خوبصورت۔ حسین۔ ستھرا۔

رُوپ نکالنا (اَر۔ محاورہ) چمکنا۔ نکھرنا۔ آب و تاب ظاہر کرنا۔

رُوپا (رُو۔پا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چاندی۔ سیم۔ نقرہ (۲) چھچھوندر۔

رو پڑنا (ہ۔مص مُرکّب) رونے لگنا۔

رُوپلی (رُ۔پَل۔لی) (ہ۔ا۔مث) (حقارتاً) روپیہ۔

رُوپنا (رُوپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بونا۔ اُگانا (۲) ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دُوسری جگہ لگانا (۳) رکھنا (۴) (ہ۔ا۔مث) منگنی (۵) برات۔

رُوپہلا (رُو۔پَہ۔لا) (ہ۔صف) چاندی کا بنا ہوا۔ چاندی کے رنگ کا۔ نقرئی۔

رُوپہلی (رُو۔پَہ۔لی) (ہ۔صف) رُوپہلا کی تانیث۔

رُوپیا (رُوپیہ) (رُوپ۔یا) (رُوپ۔یَہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پاک و ہند کا ایک سِکّہ جس کے سولہ آنے ہوتے تھے اور جو چاندی کا ہوتا تھا (۲) پاک و ہند کا سِکّہ جس کی قیمت سو پیسے ہے (۳) دولت۔ نقدی۔ چاندی۔ جمع: رُوپے۔ رُوپیوں۔

رُوپیہ بُھنانا (تُڑوانا۔ خُردہ کرانا) (اَر۔ محاورہ) روپے کو پیسوں یا ریزگاری سے بدلنا۔

رُوپیہ پرکھن بار بار۔ آدمی پرکھن ایک بار (اَر۔ مثل) روپے کو ہر بار اور آدمی کو ایک ہی دفعہ آزمانا کافی ہے۔

رُوپیہ پیسا (ہ۔ا۔مذ) دَھن۔ دولت۔ مال و زر۔

رُوپیہ پیسا ہاتھ کا مَیل ہے (اَر۔ مثل) روپیہ پیسا قابلِ قدر چیز نہیں۔

رُوپیہ ٹُوٹا بھیلی پُھوٹی پھر نہیں رہتی (اَر۔ مثل) ٹوٹا ہوا روپیہ جلد خرچ ہو جاتا ہے۔ توڑی ہوئی بھیلی بھی جلد کھالی جاتی ہے۔

رُوپیہ ٹیک لگنا (اَر۔ محاورہ) روپیہ کسی اچھے کام میں صرف ہونا۔

رُوپے (ہ۔ا۔مذ) (۱) روپیہ کی جمع (۲) روپیہ کی مُغیّرہ صورت۔

رُوپے کو رُوپیہ کماتا ہے (اَر۔ محاورہ) روپیہ خرچ کرنے سے اور روپیہ آتا ہے۔

رُوپے کو رُوپیہ نہ سمجھنا (اَر۔ محاورہ) روپے کی قدر نہ جاننا۔

رُوپے کے چار آنے (اَر۔ بول چال) سخت گھاٹا پڑنا۔ رقم کا چوتھائی رہ جانا۔

رُوپے والا (اَر۔ صف) دولت مند۔ مال دار۔ تونگر۔ متموّل۔

رو پیٹ کر (اَر۔ متعلق فعل) صبر کر کے۔

روتا (ہ۔صف) روتا ہوا۔ گریاں۔

روتی (ہ۔صف) روتا کی تانیث۔

روتی پیشانی (صُورت) (اَر۔ا۔مث) ہر وقت ملول اور غمگین رہنے والا۔

روتے (ہ۔صف) (۱) روتا کی جمع (۲) روتا کی مُغیّرہ صورت۔

روتے پھرنا (اَر۔ محاورہ) فریاد کرتے پھرنا۔ کہتے پھرنا۔

روتے پیٹتے (اَر۔ متعلق فعل) آہ و فُغاں کرتے۔ فریاد کرتے۔

روتے کیوں ہو؟ کہا صورت ہی ایسی ہے (اَر۔ مثل) اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو ہر وقت رونی صورت بنائے رہے۔

روتے روتے آنکھیں لال ہونا (اَر۔ محاورہ) اِتنا زیادہ رونا کہ آنکھیں سُرخ ہو جائیں۔

روتے گئے موئے کی خبر لائے (اَر۔ مثل) جس بدشگونی سے گئے تھے ویسی ہی بُری خبر لائے۔

رُوٹ (Route) (انگ۔ا۔مذ) راستہ۔ راہ۔ طریق۔ اَر۔ جمع: رُوٹ۔ رُوٹوں۔

رُوٹ پرمِٹ (انگ۔ا۔مذ) بس، ٹرک وغیرہ کا کسی خاص راستے پر چلنے کا اجازت نامہ۔

روٹ (روٹا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بڑی روٹی۔ موٹی روٹی۔

روٹری کلب (Rotaryclub) (انگ۔ا۔مذ) ایک فلاحی انجمن جس کی شاخیں متعدّد ممالک میں قائم ہیں۔

رُوٹھا (رُو۔ٹھا) (ہ۔صف) خفا۔ ناراض۔ جمع: رُوٹھوں۔ رُوٹھے۔

رُوٹھا رُوٹھی (رُوٹھا رُٹھی) (ہ۔ا۔مث) اَن بَن۔ خفگی۔ رنجیدگی۔ آزردگی۔

رُوٹھنا (رُوٹھ۔نا) (ہ۔مص) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔

رُوٹھے (ہ۔صف) (۱) رُوٹھا کی جمع (۲) رُوٹھا کی مُغیّرہ صورت۔

رُوٹھے بابا ڈاڑھی ہاتھ (اَر۔ مثل) بُوڑھا آدمی ناراض ہو تو اپنی ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُوٹھے کو منایئے، پھٹے کو سِلایئے (اَر۔مَثَل) صلح اور آشتی بہت اچھی چیز ہے۔

رُوٹی (رو۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) نان۔ چپاتی۔ پُھلکا (۲) چہلم کا کھانا (۳) غذا۔ رزق۔ جمع: روٹیاں۔ روٹیوں۔

روٹی اُڑ جانا (اَر۔محاورہ) رزق ناپید ہو جانا۔

روٹی پر روٹی رکھ کر کھانا (اَر۔محاورہ) فارغ البالی میں زندگی گزارنا۔ فراغت و اطمینان سے زندگی بسر کرنا۔

روٹی دال (اَر۔ا۔مث) دیکھیے دال روٹی۔

روٹی دینا (اَر۔محاورہ) برادری کو کسی تقریب پر کھانا کھلانا (۲) کھانا کھلانا۔ پرورش کرنا۔

روٹی ڈالنا (اَر۔محاورہ) روٹی پکانا (۲) جانور کو روٹی دینا۔

روٹی سے لگنا (اَر۔محاورہ) (۱) کاروبار سے لگنا۔ ملازمت ملنا (۲) کہیں سے رزق مقرر ہو جانا۔

روٹی کا مارا (روٹیوں کا مارا) (اَر۔صف) فاقہ زدہ۔ بھوکا۔ کنگال۔

روٹی کپڑا (اَر۔ا۔مذ) نان نفقہ۔ گزارہ۔

روٹی کپڑے سے خبر لینا (اَر۔محاورہ) کھانے کپڑے سے مدد کرنا۔

روٹی کپڑے کو ترسنا (اَر۔محاورہ) نہایت غریب ہونا۔ پریشانی میں بسر کرنا۔

روٹی کرنا (اَر۔محاورہ) برادری کو کھانا کھلانا۔

روٹی کو رونا (اَر۔محاورہ) (۱) بھوکا مرنا (۲) رزق کی تلاش میں پھرنا۔ رزق نہ ملنے سے غم کھانا۔

روٹی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر۔ مُردے کو روتے ہیں بیٹھ کر (اَر۔مَثَل) محتاجی کی مصیبت سب سے بڑھ کر ہے اور بے روزگاری سخت آفت ہے۔

روٹی کو رووے اور چولھے پیچھے سووے (اَر۔مَثَل) روٹی کا مارا اسی کی جستجو میں رہتا ہے۔

روٹی کھایئے شکر سے اور دُنیا لیجیے مکر سے (اَر۔مَثَل) دُنیا میں مکار اور چالاک عیش کرتے ہیں۔

روٹی کی خاک جھاڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) بیجا خوشامد کرنا۔ خدمت کرنا (۲) مزے سے زندگی بسر کرنا۔

روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو (اَر۔مَثَل) جس قدر جلد ممکن ہو سکے واپس آجاؤ۔

روٹیاں (ہ۔ا۔مث) روٹی کی جمع۔

روٹیاں توڑنا (اَر۔محاورہ) مُفت کی روٹیاں کھانا۔

روٹیاں لگنا (اَر۔محاورہ) (۱) تنور میں روٹیاں پکنا (۲) شامت آنا (۳) خرمستیاں کرنا۔

روٹیوں (ہ۔ا۔مث) روٹی کی جمع۔

روٹیوں پر پڑنا (اَر۔محاورہ) طفیلی ہونا۔ دُوسرے کی کمائی کھانا۔

روٹین (Routine) (انگ۔ا۔مث) (۱) معمول کا کام۔ بندھا ہوا کام۔ روز کا کام (۲) دستور۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔

رُوج (رُوژ) (Rouge) (انگ۔ا۔مث) رُخساروں پر لگانے والی سُرخی۔

رُوج (ہ۔ا۔مذ) (۱) نیل گائے (۲) ایک قسم کا کیڑا جو پرندوں کے رُوئیں میں ہوتا ہے۔

رُوجھنا (روجھ۔نا) (ق۔مع) زخم کا مُندمل ہونا۔ بھرنا (۲) تنگ کرنا۔ ستانا۔

رُوجی (رُوجیاں) (رو۔جی) (رُو۔جی۔آں) (ہ۔ا۔مث) رُوج۔ وہ کیڑے جو پرند کے پروں میں پیدا ہوتے ہیں۔

رُوح (واو معروف) (ع۔ا۔مث) جان۔ جیو۔ آتما۔ مذہب کی رُو سے ایک غیر مادّی جوہر جو ادراک بالحواس کو متحرک رکھتا ہے (۲) سَت۔ جوہر (۳) دل (۴) اندرونی خواہش۔ نیت۔ جمع: اَرواح۔ اُردو جمع: رُوحوں۔ رُوحیں۔

روح اٹکنا (اَر۔محاورہ) دَم اٹکنا۔

روح افزا (ع۔ف۔صف) فرحت و تازگی بخشنے والا۔ رُوح کو قوت دینے والا۔

رُوحُ الامین (رُو۔حُل۔اَمِین) (ع۔ا۔مذ) امانت دار رُوح۔ حضرت جبرئیلؑ فرشتہ کا لقب۔

رُوحُ القُدس (رُو۔حُل۔قُدس) (ع۔ا۔مذ) پاک رُوح۔ لقب حضرت جبرئیلؑ۔ نیز وہ پاک رُوح جو بی بی مریمؑ میں پھونکی گئی تھی جس سے حضرت عیسیٰؑ پیدا ہوئے۔

رُوحُ اللہ (رُو۔حُل۔لاہ) (ع۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو باپ کے بغیر پیدا ہوئے تھے۔

روح بھاگنا (اَر۔محاورہ) متنفر ہونا۔ نفرت کرنا۔

روح بھٹکنا (اَر۔محاورہ) (۱) حد درجہ مشتاق ہونا۔ کسی کے دیکھنے یا ملنے کو ترسنا (۲) جان کا جسم سے نکلنے کے بعد دُنیا ہی میں بھٹکتے پھرنا۔

روحِ پُر فتوح (بافتوح) (ع۔ف۔ا۔مث) فتح مند رُوح۔ مبارک رُوح۔

روح پرواز کرنا (اَر۔محاورہ) جان نکلنا۔

روح پڑنا (اَر۔محاورہ) جسم میں جان پڑنا۔

روح پھڑکنا (اَر۔محاورہ) رُوح بے تاب ہونا (۲) کمال خوشی ہونا۔

روح پھونکنا (اَر۔محاورہ) کسی چیز میں جان ڈالنا۔ رونق دینا۔

روح تڑپنا (اَر۔محاورہ) دِل بے قرار ہونا۔

روح تھرّانا (اَر۔محاورہ) رُوح کا کانپنا۔ اِنتہا درجے کا خوف ہونا۔ خوف سے بدن لرزنا۔

رُوحِ رواں (ع۔ف۔امث) (۱) جسم میں دوڑتی ہوئی رُوح۔ زندہ رُوح (۲) اصل چیز۔ وہ چیز یا شخص جس پر کسی اَمر کا دار و مدار ہو۔ نیز دیکھیے رُوح و رواں۔

روح فرسا (ع۔ف۔صف) رُوح تباہ کرنے والا۔ خطرناک۔

روح فنا ہونا (اَر۔محاورہ) سخت خوف زدہ ہونا۔ ڈر کے مارے جان نکلنا۔

روح قالب میں بے چین ہونا (اَر۔محاورہ) رُوح کا گھبرانا (۲) سخت گھبراہٹ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُوح قبض ہونا (اَر۔ محاورہ) بے حد خوف ہونا۔ ڈر کے مارے جان نکلنا۔

رُوح کانپنا (اَر۔ محاورہ) سخت ڈرنا۔

رُوح کھِنچنا (اَر۔ محاورہ) سَت نکالنا۔ جوہر نکالنا۔

رُوح گھبرانا (اَر۔ محاورہ) پریشانی ہونا۔ بے چینی ہونا۔

رُوح لگی رہنا (اَر۔ محاورہ) مشتاق ہونا۔ اِنتظار ہونا۔

رُوح مِلنا (اَر۔ محاورہ) بہت دوستی ہونا۔ دِلی محبت ہونا۔

رُوح نکالنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کا ست نکالنا۔ جوہر نکالنا (۲) جان لینا۔ رُوح قبض کرنا (رُوح نکلنا اِس کا لازم ہے) (۳) مُردے کا چالیسواں کرنا۔

رُوح و رواں (ع۔ ف۔ اصف) رُوح اور رُوح۔ وہ چیز یا شخص جس پر کسی اَمر کا دارومدار ہو۔ (دو ہم معنی الفاظ زور پیدا کرنے کے لئے اِستعمال کئے جاتے ہیں جیسے خوشی و مسرّت۔ رَنج و غم وغیرہ)۔ نیز دیکھئے رُوحِ رواں۔

رُوحانی (رُو۔ حا۔ نی) (ع۔ صف) رُوح سے متعلق۔ پاک۔ صاف۔ مُقدّس۔

رُوحانیّت (رُو۔ حا۔ نی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) رُوح کی قوت یا خاصیت۔

رُوحی فِداک (ع۔ کلمۂ تحسین) میری رُوح تجھ پر فدا ہو۔ خوشی اور پسندیدگی کا اِظہار۔ رسول خُدا صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے لئے کہا جاتا ہے۔

رُوْد (واو معروف) (ف۔ ا۔ مذ و مث) ندی۔ نہر۔ نالا۔

رُودبار (ف۔ ا۔ مث) (۱) وہ مقام جہاں سے بہت سی نہریں جاری ہوں (۲) پانی کا وہ بڑا حصّہ جو عموماً آبنائے سے چوڑا ہوتا ہے اور دو سمندروں کو ملاتا ہے۔ (Channel)۔

رُوداد (رُوئیداد)۔ رُو کے تحت دیکھئے۔

رُودہ (رُو۔ دہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) انتڑی (۲) ساز کی تانت (۳) بیل یا درخت کی شاخ۔

رو دینا (رو۔ دے۔ نا) (ہ۔ مص مُرکّب) (۱) بے اِختیار رونا۔ رونا شروع کرنا (۲) بگڑنا۔ ناراض ہونا۔ غُصّے ہونا (۳) عاجز ہونا۔ ہمّت ہارنا (۴) دب جانا۔ ہار ماننا (۵) مذاق وغیرہ برداشت نہ کرنا۔

روڈ (Road) (انگ۔ ا۔ مث) سڑک۔ شارعِ عام۔

رُوڈا (ہ۔ صف) مُنڈے ہوئے سر والا۔

رو رو دینا (رو۔ رو۔ دے۔ نا) (ہ۔ مص مُرکّب) عاجز آجانا۔ نہایت پریشان ہونا۔

رو رو کے (اَر۔ متعلق فعل) مشکل سے۔

رو رو کے کاٹنا (ہ۔ مص) مُصیبت کے ساتھ گزارنا۔ بمشکل بسر اوقات کرنا۔

روڑا (رو۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) مٹی یا اینٹ کا ٹکڑا۔ سنگ ریزہ (۲) مُزاحم۔ سدِّ راہ۔ روک (۳) جانوروں کی ایک بیماری جو برسات میں ہوتی ہے (۴) کھتریوں کی ایک ذات۔ جمع: روڑوں۔ روڑے۔

روڑا اٹکانا (اَر۔ محاورہ) رُکاوٹ پیدا کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔

روڑی (رو۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) روڑا کی تصغیر۔ پتھر یا چونے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو مکان کی مُنڈیروں، پکے فرشوں اور پکی سڑکوں کے اوپر کنکروں کے نیچے بچھائے یا عمارتوں کی بنیادوں میں کوٹے جاتے ہیں (۲) گُو کی بھیلی۔

رُوز (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) دِن۔ وار۔ یوم۔ نہار۔ تاریخ۔ عہد (۲) مزدوری۔ دن بھر کی اُجرت۔ روزینہ (۳) وقت۔ زمانہ (۴) تاریخ وفات۔ یومِ فاتحہ (۵) (اَر۔ متعلق فعل) روزانہ۔ ہمیشہ۔ ہر روز۔ سدا۔ اُردو جمع: روز۔

روزِ اِستفتاح (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) (۱) خوشی کا دِن (۲) رجب کی ۱۵ ار تاریخ۔

روز افزا (ف۔ ا۔ مذ) (۱) دِن کو بڑھانے والا (۲) پارسیوں کے سال کا چوتھا مہینا۔

روز افزوں (ف۔ صف) آئے دِن زیادہ۔ روزانہ ترقی۔

روزِ اَلَسْت (ف۔ ا۔ مذ) وہ دِن جب کہ خُدا اور اِنسان کے درمیان معاہدہ ہوا تھا۔ نیز دیکھئے اَلَسْتُ۔

روزِ اُمید و بیم (ف۔ ا۔ مذ) قیامت کا دن۔ روزِ محشر۔

روز بازار (ف۔ ا۔ مذ) بازار لگنے کا دن (۲) گرم بازاری۔

روز بٹنا (اَر۔ محاورہ) یومیہ تقسیم ہونا۔ روز کے روز مزدوری کا دیا جانا۔

روزِ بد دکھانا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت و پریشانی میں ڈالنا۔

روز بہ روز (ف۔ متعلق فعل) روز روز۔ آئے دِن۔ ہر روز۔ مسلسل۔ پے در پے۔

روزِ پسیں (ف۔ ا۔ مذ) (۱) عُمر کا آخری دِن (۲) قیامت کا دن۔

روزِ جزا (ف۔ ا۔ مذ) اعمال کا حساب پیش ہونے، بدلہ ملنے اور اِنصاف کا آخری دِن۔ قیامت کا دِن۔

روزِ حساب (روزِ حشر۔ روزِ شُمار۔ روزِ قیامت۔ روزِ داد) (ف۔ ا۔ مذ) اِنصاف کا دِن۔ اعمال کا بدلہ ملنے کا دن۔ قیامت کا دِن۔

روز روز (ف۔ متعلق فعل) آئے دن۔ ہر روز۔ ہمیشہ۔ روز بروز۔

روزِ روشن میں (ف۔ متعلق فعل) عین دن کے وقت۔ دِن دہاڑے۔

روزِ سیاہ (ف۔ ا۔ مذ) مُصیبت کا دن۔ اِدبار و بد اِقبالی کا زمانہ۔

روزِ سیاہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت میں مُبتلا ہونا۔

روز کا قِصّہ (اَر۔ ا۔ مذ) ہر گھڑی کا جھگڑا۔

روز کنواں کھودنا روز پانی پینا (اَر۔ مثل) جتنا کمانا اتنا ہی کھانا۔ روز کمانا روز کھانا۔

روز کی جھک جھک (اَر۔ ا۔ مث) روز کی لڑائی۔ ہر دم کی دانتا کِل کِل۔ ہر وقت کی بک بک۔

روز کی ہونا (اَر۔ محاورہ) آئے دِن ہوتی رہنا۔

روز کے صدمے (اَر۔ ا۔ مذ) لگاتار مصیبتیں۔

روز کے سلامی (اَر۔ ا۔ مذ) روزانہ سلام کو آنے والے۔

روز مرّہ (ف۔ متعلق فعل) (۱) ہر روز۔ ہمیشہ۔ متواتر۔ آئے دن۔ بلاناغہ (۲) (اَر۔ ا۔ مذ) محاورات و الفاظ جو اہلِ زبان عام طور پر استعمال کرتے ہیں۔

روزنامچہ (ف۔ ا۔ مذ) ہر روز کے حساب لکھنے کی کتاب۔ ڈائری۔ کھاتا۔

روزنامچہ نویس (ف۔ ا۔ مذ) دفتر یا تھانے میں روزنامچہ لکھنے والا کلرک یا ہیڈ کانسٹیبل۔

روزنامہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) روزانہ شائع ہونے والا اَخبار (۲) روزنامچہ۔

روزنامہ نویس (ف۔ ا۔ مذ) اخبارات میں روز مضمون لکھنے والا۔ رپورٹر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) حساب کتاب لکھنے والا۔ سیاہہ نویس۔ تھانے میں روزنامچہ لکھنے والا۔

روزِ نخشت (ف۔ا۔مذ) پیدائش کا دِن۔

روز و شب (ف۔ا۔مذ) رات دن (۲) (متعلق فعل) ہمیشہ۔ سدا۔ ہر وقت۔

روزانہ (رو۔زانہ) (ف۔ متعلق فعل) ہر روز۔ ہمیشہ (۲) یومیہ۔ روزینہ۔

روزگار (روز۔گار) (ف۔ا۔مذ) (۱) زمانہ (۲) نوکری۔ پیشہ۔ شغل (۳) کمائی۔ گزارہ (۴) موقع۔ محل (۵) قسمت۔

روزگار اور دُشمن بار بار نہیں ملتے (اُر۔مثل) موقع ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہئے کہ شاید ہی دوبارہ ہاتھ آئے۔

روزگار پیشہ (ف۔صف) نوکری پیشہ۔

روزگار حمام کی لنگی ہے (اُر۔مثل) نوکری ایک کی نہیں ہوتی۔ کبھی کوئی اِس جگہ پر ہوتا ہے کبھی کوئی۔

روزگار سے ہونا (اُر۔ محاورہ) مُلازم ہونا۔

روزگار لگنا (اُر۔ محاورہ) نوکری لگنا۔ نوکر ہونا۔ مزدوری لگنا۔

رَوزَن (رو۔زن) (ف۔ا۔مذ) سُوراخ۔ روشن دان۔ اُرجمع: روزن۔ روزنوں۔

روزہ (رو۔زہ) (ف۔ا۔مذ) برت۔ صوم۔ ایک مذہبی فرض جس میں مسلمان صبح صادق سے لے کر غروبِ آفتاب تک کچھ نہیں کھاتے پیتے (۲) فاقہ (۳) روزے کا دِن (۳) روزوں کا مہینا۔ رمضان۔ اُردو جمع: روزوں۔ روزے۔

روزہ اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) روزے میں جھنجلا کر باتیں کرنا۔

روزہ اِفطار کرنا (اُر۔ محاورہ) روزے کا معینہ وقت گزرنے کے بعد کھانا پینا۔

روزہ بہلانا (اُر۔ محاورہ) روزے کا وقت کسی مشغلے میں گزارنا۔

روزہ ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) کوئی ایسا فعل کرنا جس سے روزہ نہ رہے۔

روزہ توڑنا (اُر۔ محاورہ) روزے کی حالت میں عمداً کچھ کھا پی لینا۔

روزہ دار (ف۔صف) روزہ رکھنے والا۔

روزہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مذہبی فرض کے بموجب مقررہ وقت پر کھانے پینے سے پرہیز کرنا (۲) فاقہ کرنا۔

روزہ کُشائی (ف۔ا۔مث) (۱) افطاری (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب۔

روزہ کھانا (اُر۔ محاورہ) ماہِ رمضان کا روزہ نہ رکھنا۔

روزہ کھولنا۔ دیکھئے روزہ اِفطار کرنا۔

رُوزِی (رو۔زی) (ف۔ا۔مث) رزق۔ حِصّہ۔ نصیب (۲) روزگار۔ ملازمت۔

روزی دِہ (روزی رساں) (ف۔ا۔مذ) روزی دینے والا۔ خُدا۔

روزی کا ٹھیکرا (اُر۔ا۔مذ) بسر اوقات کا ذریعہ۔

روزی کا مارا در در روئے۔ پُوت کا مارا بیٹھ کے روئے (اُر۔مثل) جس کو روزی نہ ملے وہ در در پھرتا ہے۔ جسے بیٹے کے ہاتھ سے تکلیف پہنچے یا جس کا بیٹا مر جائے وہ گھر میں بیٹھ کر روتا ہے۔ روزی کی مار اولاد کی تکلیف سے بھی بُری ہے۔

روزی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر مُردے کو بیٹھ کر (اُر۔مثل) بیکاری کا غم کسی عزیز کے مر جانے سے زیادہ ہوتا ہے۔ نیز دیکھئے روٹی کو روتے ہیں۔

روزی کھلنا (اُر۔ محاورہ) رزق کا کوئی ذریعہ بن جانا۔

رُوزے (اُر۔ا۔مذ) (۱) روزہ کی جمع (۲) روزہ کی مغیرہ صورت۔

روزے بخشوانے گئے تھے نماز گلے پڑی (اُر۔مثل) ایک آفت سے بچنے کی کوشش کی تو دُوسری میں پھنس گئے۔ نیز دیکھئے نماز بخشوانے گئے تو روزے گلے پڑ گئے۔

روزے خور (اُر۔صف) رمضان کے روزے نہ رکھنے والا شخص۔

روزے سے ہونا (اُر۔ محاورہ) روزہ رکھنا۔

رُوزِینہ (رو۔زی۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) روزانہ تنخواہ۔ روز کی مزدوری۔ یومیہ (۲) خوراک جو روزانہ دی جائے (۳) پنشن۔ وظیفہ۔

روزینہ دار (ف۔صف) (۱) پنشن خوار (۲) تنخواہ دار۔ وظیفہ خوار۔

رُوشتا (رُوس۔تا) (ف۔ا۔مذ) (۱) گاؤں (۲) تُرکوں کی چھاؤنی۔

رُوشتائی (رُوس۔تائی) (ف۔ا۔مذ) دہقان۔ دیہات کے رہنے والے۔

روشلی (رَوس۔لی) (ہ۔ا۔مث) ہلکی اور کم فصلی زمین۔

رَوِش (ف۔ا۔مث) (۱) طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ وضع۔ رویّہ (۲) رسم و رواج۔ چلن۔ قانون۔ قاعدہ (۳) باغ کی پٹڑی۔ اُر جمع: رَوِشوں۔ رَوِشیں۔

روش بگڑنا (اُر۔ محاورہ) انداز خراب ہونا۔ وضع بگڑنا۔

روش نکالنا (اُر۔ محاورہ) ڈھنگ اِختیار کرنا (۲) باغ کی پٹڑی بنانا۔

رَوشن (رَو۔شن) (رو۔شن) (واو مجہول) (ف۔صف) چمکتا ہوا۔ تاباں۔ ظاہر۔ آشکارا۔ کُشادہ۔

روشن چوکی (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی۔ برات کے ساتھ چلنے والے سازندوں کی جماعت۔ جمع: روشن چوکیاں۔ چوکیوں۔

روشن جبیں (ف۔صف) روشن پیشانی والا یا والی۔ حسین۔ خوبصورت۔

روشن دان (ف۔ا۔مذ) وہ موکھا جو مکان میں روشنی آنے کے لئے بناتے ہیں۔ روزن۔

روشن دِل (روشن ضمیر) (ف۔صف) عقل مند۔ زود فہم۔ عارف۔ صاحب دل۔ صاحب بصیرت۔

روشن دماغ (ف۔صف) عالی دماغ (۲) (کنایۃً) ناس۔ ہلاس۔ نسوار۔

روشن سواد (ف۔ا۔مذ) خوش نویس۔

روشن ضمیری (ف۔ا۔مث) عقل مندی۔ فراست (۲) دُوسرے کے دل کی بات معلوم کرنا۔

روشن کرنا (اُر۔ محاورہ) آگ یا چراغ جلانا (۲) چمکانا (۳) ظاہر کرنا۔

روشن گُہر (ف۔صف) نیک طینت۔

روشن نگاہ (ف۔صف) بادشاہوں کے سامنے کوئی شخص حاضر ہوتا تھا تو نقیب یہ کلمہ کہتے تھے۔

روشن ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) ظاہر ہو جانا۔ نتیجہ نکل آنا (۲) آگ یا چراغ کا جلنا۔

رَوشنائی (رَوش۔نائی) (ق۔ا۔مث) روشنی۔ چمک۔

رَوشنائی (رَوش۔نا۔ای) (ف۔ا۔مث) (۱) نُور۔ تجلی۔ روشنی۔ اُجالا (۲) لکھنے کی سیاہی۔ اُر جمع: روشنائیاں۔ روشنائیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

روشنائی اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) روشنائی جذب کرنا۔

رَوْشَنک (رَوش۔ نک)(ف۔ا۔مث)(۱) ایک دوا (۲) مشعلچی۔

رَوْشَنی (رَوش۔نی)(روش۔نی)(واو مجہول)(ف۔ا۔مث) نُور۔ چمک۔ اُجالا (۲) بصارت (۳) رونق۔ آبادی (۴) چراغاں۔ اُر جمع: روشنیاں۔ روشنیوں۔

روشنی پڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) چمک پڑنا (۲) پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا۔

روشنی دِکھانا (اَر۔ محاورہ) قابلیت دِکھانا (۲) شمع دِکھانا۔

روشنی ڈالنا (اَر۔ محاورہ) وضاحت کرنا (۲) چمک ڈالنا۔

روشنیِ طبع (ف۔ا۔مث) ذہانت۔ طبّاعی۔

روشنی ہونا (اَر۔ محاورہ) اُجالا ہونا۔ اندھیرا نہ ہونا۔

رَوْضَہ (رَو۔ضَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) باغ۔ مَرغ زار۔ سبزہ زار (۲) وہ مقبرہ جس پر گنبد بنا ہو (۳) لکڑی کا بکس جس کو عورتیں لئے پھرتی ہیں' اُس میں تصویریں دِکھاتی ہیں اور اُس کو حضرت بی بی کا روضہ کہتی ہیں۔ جمع: رِیاض۔ رَوضات۔ اُردو جمع: روضوں۔ روضے۔

روضہ خواں (ع۔ف۔صف) معرکہ کربلا اور مصائب اہل بیت پڑھ کر سُنانے والا۔ ابتدا میں صرف کتاب روضۃ الشُّہدا پڑھی جاتی تھی۔ اِس وجہ سے اِس کے پڑھنے والے کو روضہ خواں کہتے تھے۔

روضۂ رِضواں (ع۔ا۔مذ) بہشت۔ فردوسِ بریں۔

روضۂ طیّبہ (ع۔ا۔مذ) پیغمبر صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کا مقبرہ۔

رَوْغَن (رَو۔غَن) (ف۔ا۔مذ) (۱) تیل۔ گھی۔ چکنائی (۲) چمک دَمک۔ روشنی (۳) لک۔ وارنش۔ اُردو جمع: روغن۔ روغنوں۔

روغن اُڑ جانا (اَر۔ محاورہ) پالش جاتی رہنا۔ آب و تاب کا زائل ہو جانا۔

روغن پانی میں ڈالنا (اَر۔مص) پانی میں تیل ڈالنا (۲) ایک قسم کا ٹوٹکا۔ جب مینہ کی جھڑی لگتی تھی تو اُسے روکنے کے لئے پانی میں تیل ڈالتے تھے۔

روغنِ تلخ (ف۔ا۔مذ) کڑوا تیل۔ سرسوں کا تیل۔

روغن جوش (بغیر اِضافت)(ف۔ا۔مذ) بگھار۔ ایک قسم کا قورمہ جو بگھار کر تیار کیا جاتا ہے۔

روغن چڑھانا (اَر۔ محاورہ) جلا دینا۔ اُجلا کرنا۔ چمکدار کرنا۔

روغن دار (ف۔صف) روغن چڑھا ہوا (۲) وہ سالن جس میں گھی زیادہ ڈالا گیا ہو۔

روغن داغ (اَر۔ا۔مذ)(بغیر اِضافت) ایک قسم کا کرچھا جس میں گھی یا تیل گرم کرتے ہیں۔

روغنِ سیاہ (ف۔ا۔مذ) دیکھئے روغنِ تلخ۔

روغن فروش (ف۔ا۔مذ) تیل بیچنے والا۔

روغنِ زرد (ف۔ا۔مذ) گھی۔ گائے کا گھی۔

روغنِ قاز (ف۔ا۔مذ) راج ہنس کی چربی جو نہایت آبدار اور چکنی ہوتی ہے۔

روغنِ قاز ملنا (اَر۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ چکنی چپڑی باتیں کرنا۔

روغنِ نفت (ف۔ا۔مذ) مٹی کا تیل۔ کروسین آئل۔

رَوْغَنی (رَو۔غَ۔نی)(ف۔صف) گھی یا تیل سے چڑا ہوا (۲) پالش یا وارنش کی ہوئی شے (۳) چکنی۔ چکنا۔

رُوک (واو مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) آڑ (۲) مُمانعت۔ مُزاحمت۔ اَٹکاؤ (۳) احاطہ بندی (۴) بند (۵) مناہی (۶) آسرا۔ ٹیک (۷)(ہ۔ا۔مذ) روکڑا۔ نقد روپیہ (۸) مصدر روکنا کا اَمر۔

روک تھام (اَر۔ا۔مث)(۱) اِنسداد (۲) وہ تدابیر جن سے معاملہ یا بیماری وغیرہ بڑھنے نہ پائے (۳) روک ٹوک۔

روک ٹوک (اَر۔ا۔مث) مُمانعت۔ مُزاحمت۔ پُوچھ گچھ۔

روک روک کے (اَر۔ متعلق فعل) ٹھہرا ٹھہرا کے۔ اِحتیاط سے۔

رُوکَڑ (رو۔کڑ)(ہ۔ا۔مث)(۱) روپیہ پیسا۔ نقدی۔ دھن دولت (۲) نقد روپیہ جو کسی کی تحویل میں ہو۔

روکڑ بِکری (ہ۔ا۔مث) نقد بِکری۔ نقد فروخت۔

روکڑ بہی (ہ۔ا۔مث) وہ کتاب جس میں نقد کا حساب درج ہو۔ کیش بُک۔

روکڑی (روکڑیا) (رو۔کڑیا)(ہ۔ا۔مذ) خزانچی۔ تحویل دار۔

رُونَگ (رُونگھن) (رُو۔نگ)(رُو۔نگھن) (ہ۔ا۔مث) (۱) اُوپر۔ علاوہ (۲) کسی چیز کی وہ مقدار جو اُس کے خریدنے کے بعد بلا قیمت اُوپر سے لے لیں۔ رونگا۔

رُوکنا (روک۔نا)(ہ۔مص)(۱) باز رکھنا۔ کسی فعل سے منع کرنا۔ کسی خیال سے باز رکھنا (۲) راستہ بند کرنا (۳) لگانا۔ ٹھہرانا (۴) بات کاٹنا (۵) پردہ کرنا (۶) اِحاطہ کرنا (۷) بچاؤ کرنا۔ وار بچانا (۸) قبضہ کرنا (۹) دیر میں دینا (۱۰) پھنسانا۔ اُلجھانا (۱۱) بچانا۔ حفاظت کرنا (۱۲) چھیڑنا۔ ہنسی کرنا (۱۳) ساکن کرنا۔ حرکت نہ کرنے دینا (۱۴) نسبت کرنا (۱۵) معاملہ قابو سے نہ جانے دینا۔

روکنا ٹوکنا (ہ۔مص) پُوچھنا۔ منع کرنا۔

رُوکھ (ہ۔ا۔مذ) درخت۔ شجر۔ نیز دیکھئے رُکھ۔

رُوکھا (رُو۔کھا)(ہ۔صف)(۱) خشک۔ سُوکھا (۲) سادہ (۳) بے رس (۴) پھیکا (۵) خشک دماغ (۶) بدخلق (۷) بے رحم۔ سنگ دِل (۸) کھردرا (۹) بلا روغن۔

رُوکھا پن (ہ۔ا۔مذ) کھردرا پن۔ ناہمواری (۲) سختی۔ دُرشتی (۳) خشکی۔

رُوکھا پھیکا (اَر۔صف)(۱) بدمزہ (۲)(کنایۃً) آزردہ۔

رُوکھا جواب (اَر۔ا۔مذ) صاف اِنکار۔

رُوکھا سو بھوکا (اَر۔مَثَل) خوش اَخلاقی کے ساتھ پیش نہ آنے والا بھوکا رہتا ہے (۲) رُوکھی روٹی کھانے والے کا پیٹ نہیں بھرتا۔

رُوکھا سُوکھا (اَر۔ محاورہ) بے سالن کا۔ بُرا بھلا۔ دال دلیا۔

رُوکھا ہونا (اَر۔ محاورہ) کج خُلق ہونا۔ بُرے اخلاق کا ہونا (۲) بغیر سالن کے ہونا۔

رُوکھائی۔ دیکھئے رُکھائی۔

رُونگھن۔ دیکھئے رُونگ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُوکھی (رُو۔کھی)(ہ۔صف) رُوکھا کی تانیث۔

رُوکھی روٹی (اَر۔ا۔مث) وہ روٹی جس کے ساتھ سالن یا کھانے کی کوئی چیز نہ ہو۔

رُوکھی رُوکھی باتیں (اَر۔ا۔مث) وہ باتیں جن سے رنجش ظاہر ہو۔

رُوکھی سُوکھی (اَر۔صف) بُری اور خراب غذا۔

روگ (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دُکھ۔ درد۔ بیماری۔ مرض (۲) وبا۔ مری (۳) وبال۔ جنجال (۴) فتنہ۔ فساد (۵) رد و بدل (۶) عیب۔ بُرائی۔ نقص۔
جمع: روگ۔ روگوں۔

روگ پالنا (اَر۔محاورہ)(۱) جھگڑے میں پڑنا۔ بکھیڑے میں پڑنا (۲) دُشمن کرلینا۔ بُری عادت ڈال لینا (۳) کوئی مرض پیچھے لگا لینا۔

روگ دھوگ (ہ۔ا۔مذ) جھگڑا۔ مصیبتیں۔

روگ راج (ہ۔ا۔مذ) بیماریوں کا سردار۔ بڑا آزار۔ حبِ دق۔

روگ کاٹنا (اَر۔محاورہ) جھگڑا چکانا۔ قضیہ پاک کرنا۔ دُکھ دینے والی چیز دُور کرنا۔

روگ کا گھر (اَر۔ا۔مذ)(۱) دُکھ کی پوٹ (۲) بیماری کا سبب۔ بیماری پیدا کرنے والی چیزیں۔

روگ کا گھر کھانسی اور لڑائی کا گھر ہانسی (اَر۔مثل) کھانسی تمام بیماریوں کی جڑ اور ہنسی دل لگی لڑائی کا سبب ہے۔

روگ لگانا (لگا لینا)۔ دیکھئے روگ پالنا۔

روگ ہے (اَر۔محاورہ) جھگڑا ہے۔ مصیبت ہے۔

روگی (روگیا۔ روگیلا) (رو۔گی)(روگ۔یا۔رو۔گی۔لا)(ہ۔صف) (۱) مریض (۲) دُکھی (۳) دائمُ المرض (۴) کوڑھی۔ جذامی۔

روَل (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) کتری ہوئی چھالیا جو ناقص ہو۔

رول (Role) (انگ۔ا۔مذ) کارِمنصبی۔ مفوضہ کام۔ ایکٹر کا پارٹ۔

رول (Roll) (انگ۔ا۔مذ)(۱) دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی اور مدارج و مناصب کے لئے ملازموں کے نمبروار نام لکھے ہوتے ہیں (۲) ناموں کی فہرست۔

رول نمبر (Roll Number) (انگ۔ا۔مذ) دفتر کے حساب سے جو نمبر ہو۔

رُول (Rule) (انگ۔ا۔مذ) (۱) قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔ دستور (۲) لکیر یا جدول جو کتاب کے حاشئے پر کھینچی جائے۔

رَولا (رو۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) غُل۔ شور۔ غوغا (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ بلوا۔ بغاوت۔

رَولا ڈالنا (رَولا کرنا۔ رَولا مچانا) (اَر۔محاورہ) غُل مچانا۔ ہلچل ڈالنا۔ جھگڑا کرنا۔ بلوا کرنا۔

رُولر (Ruler) (انگ۔ا۔مذ) جدول کش۔ لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا۔

رولن (رو۔لن) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) وہ چیز جو رولنے کے بعد رہ جائے۔ چھنن۔

رولنا (رول۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) پھٹکنا۔ چھاننا۔ چُننا۔

رُولنگ (Ruling) (انگ۔ا۔مذ)(۱) سطروں کا نشان (۲) قانونی نظیر (۳) قطعی رائے یا فیصلہ۔

روَلی (رو۔لی)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی سُرخ اور خشک چیز جس کا ہندو تلک لگاتے ہیں۔ کنکو۔

رُوم (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) رونگٹا۔ رُوآں۔ مُوئے تن۔

رُوم (ع۔ا۔مذ) بازنطینی (عیسائی) مملکت جس کا صدر مقام قسطنطنیہ تھا (۲) ایشیائے کوچک۔

رُوم (Room) (انگ۔ا۔مذ) کمرا۔ حُجرہ۔ کوٹھڑی۔

رُومال۔ "رُو" کے تحت دیکھئے۔

رُومالی۔ "رُو" کے تحت دیکھئے۔

رُومان (انگ رومینس (Romance) کا مؤرّد۔ا۔مذ) ادب کی وہ صنف جس میں حقیقی زندگی سے غیر متعلق واقعات بیان کئے جائیں۔ فرضی داستان۔ حیرت انگیز واقعہ۔ عشق و محبت کی داستان۔

رُومانی (رُو۔ما۔نی)(اَر۔صف)(۱) رُومان سے متعلق (۲) رُومان پسند۔ تخیل پرست۔ خیالی دُنیا میں رہنے والا (۳) عشقیہ۔

رومن (Roman) (انگ۔صف) (۱) سلطنتِ روم سے منسوب (۲) اٹلی کا باشندہ۔

رومن رسمُ الخط (اَر۔ا۔مذ) وہ رسم الخط جس میں یورپی زبانیں لکھی جاتی ہیں۔

رومن کیتھولک (Roman Catholic) (انگ۔صف) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو پاپائے روم (پوپ) کو حضرت عیسیٰؑ کا جانشین مانتا اور اُس کی پیروی کرتا ہے۔

رُومی (رُو۔مِی)(ع۔صف)(۱) رُوم (ایشیائے کوچک) کا باشندہ (۲) رُوم کے متعلق۔

رَونا (رَ۔وَن۔نا)(ہ۔ا۔مذ) وہ ملازم جو عورتوں کا کام کاج کرنے کو دروازے پر رہتا ہے (۲) وہ کاغذ جس پر مال کی تعداد، لانے والے کا نام، چیز کا نام اور محصول درج ہو (۳) پروانۂ راہ داری۔

رَونا (رَو۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گھنگرو یا جھانجھ کے اندر کے دانے جن کی حرکت سے آواز نکلتی ہے (۲) بیاہ کے بعد تیسری مرتبہ بیوی کو گھر میں لانا۔

رونا (واو مجہول)(ہ۔مص)(۱) آنسو بہانا (۲) شکایت کرنا گِلہ کرنا۔ جھینکنا (۳) سوگ کرنا (۴) واویلا کرنا۔ فریاد و فغاں کرنا (۵) افسوس کرنا۔ تلف شدہ چیز کا رَنج کرنا (۶) ذکر پھیلنا۔ افواہ ہونا (۷) پچھتانا (۸) صدمہ اُٹھانا (۹) دُکھ بیان کرنا جیسے دُکھڑا رونا (۱۰) رونے کی شکل بنانا (۱۱) (کنایۃً) بُری طرح پڑھنا۔ بد آوازی سے بولنا۔ کلام کو بگاڑ کر پڑھنا (۱۲)(اَر۔ا۔مذ) شکوہ۔ گِلہ (۱۳) صدمہ (۱۴) گریہ و زاری۔ ماتم۔ نوحہ (۱۵)(صف) وہ بچہ جو بہت روتا ہو۔

رونا آنا (اَر۔محاورہ) دل بھر آنا۔ افسوس ہونا۔

رونا پڑنا (اَر۔محاورہ) ماتم ہونا۔ کہرام مچنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رونا پیٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گریہ و زاری کرنا۔ ماتم کرنا (۲) (اُر۔ اِ۔ مذ) ماتم۔ گریہ و زاری۔ کہرام۔

رونا تو اِسی بات کا ہے (اُر۔ محاورہ) اِسی بات کا تو اندیشہ یا فکر ہے۔

رونا تو عُمر بھر کا ہے (اُر۔ محاورہ) ساری عُمر کی مصیبت ہے۔

رونا دھونا (اُر۔ محاورہ) بہت رونا۔

رونا رُلانا (اُر۔ محاورہ) خود رونا اور دُوسروں کو رُلانا۔

رونا رونا (اُر۔ محاورہ) دُکھڑا بیان کرنا۔ شکوہ کرنا۔

رَوْنْد (نُون غُنّہ) (انگریزی راؤنڈ (Round) کا بگاڑ) (اُر۔ اِ۔ مث) (۱) طلایہ۔ رات کا گشت۔ سپاہیوں یا چوکیداروں کا گشت (۲) وہ لوگ جو حاکم کی طرف سے اہلِ شہر کی نگہبانی کے لئے رات کے وقت گشت کرتے ہیں۔

رَوْنْدن (رَوں۔ دَن) (ف۔ اِ۔ مث) پامالی۔ تلووں کے نیچے کُچلا جانا۔

رَوْنْدنا (رَوند۔ نا) (رُوند۔ نا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ مص) پامال کرنا۔ پاؤں سے کُچلنا۔

رُوں رُوں (ہ۔ اِ۔ مث) سارنگی کی آواز (۲) بچّے کے رونے کی آواز۔

رَوْنَق (رَو۔ نَق) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) چمک۔ زیبائش۔ خوبی (۲) تازگی۔ طراوت (۳) آبادی (۴) چہل پہل (۵) بہار۔ لُطف۔ کیفیت۔ اُردو جمع: رونقوں۔ رونقیں۔

رونق آجانا (اُر۔ محاورہ) آب و تاب پیدا ہو جانا۔

رونق افروز (ع۔ ف۔ صف) رونق بڑھانے والا۔

رونق افروز ہونا (اُر۔ محاورہ) تشریف لانا۔ کسی بڑے آدمی کا آنا۔

رونق افزا (رونق فزا) (ع۔ ف۔ صف) رونق بڑھانے والا۔ جلوہ فرما۔

رونق بازار (ع۔ ف۔ صف) (کنایۃً) مشہور۔ عام۔

رونق بخشنا (اُر۔ محاورہ) رونق دینا۔ تشریف لا کر رونق بڑھانا۔

رونق ہونا (اُر۔ محاورہ) چہل پہل ہونا۔ گہما گہمی ہونا۔ چمک دمک ہونا۔

رونق دار (ع۔ ف۔ صف) (۱) چمکیلا (۲) خوبصورت۔ آراستہ۔

رونق محفل (ع۔ ف۔ صف) (۱) محفل کی بہار (۲) (کنایۃً) حُقّہ۔

رُوْنگ (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مذ) رونگٹا۔ روم۔ رُواں۔

رونگ رونگ میں بسنا (اُر۔ محاورہ) رؤیں رؤیں میں سمانا۔

رُوْنگٹا (رُونگ۔ ٹا) (رُونگ۔ ٹا) (ہ۔ اِ۔ مذ) اُون۔ پشم۔ رُواں۔ رُونگ۔ وہ چھوٹے چھوٹے نرم بال جو اِنسان کے بدن پر ہوتے ہیں۔ جمع: رُونگٹوں۔ رُونگٹے۔

رُونگٹا رُونگٹا دُعا دیتا ہے (اُر۔ محاورہ) شکریہ ادا کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

رُونگٹا مَیلا ہونا (اُر۔ محاورہ) صدمہ پہنچنا۔

رُونگٹے (رُونگ۔ ٹے) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) رونگٹا کی جمع (۲) رونگٹا کی مُغیّرہ صورت۔

رونگٹے کھڑے ہونا (اُر۔ محاورہ) سردی یا خوف کے باعث جسم کے بالوں کا کھڑا ہو جانا (۲) سہمنا۔ ڈرنا۔ کانپنا۔

رُونُما۔ "رُو" کے تحت دیکھئے۔

رُونُمائی۔ "رُو" کے تحت دیکھئے۔

رُوْنی (رو۔ نی) (واو مجہول) (ہ۔ صف) رونا (صف) کی تانیث۔

رونی صُورت (اُر۔ اِ۔ مث) ایسی شکل جس سے رونے کی حالت ظاہر ہو۔ غمگین صورت۔

رُوْنے (ہ) رونا کی مُغیّرہ صورت۔

رونے پر آنا (اُر۔ محاورہ) رونے پر آمادہ ہونا۔

رونے سے روزی نہیں ملتی (اُر۔ مثل) افسوس کرنے سے دولت نہیں ملتی۔

رونے کا تار باندھنا (اُر۔ محاورہ) برابر روئے جانا۔

رونے کو تھی ہی اِتنے میں آگیا بھائی (آگئے بھیّا) (اُر۔ مثل) رونے کو تو پہلے ہی تیار تھی، حمایتی آگیا تو سہارا پا کے زیادہ غُل مچا دیا۔

رونے کی جگہ (اُر۔ اِ۔ مث) رونے کا مقام۔ افسوس کرنے کا مقام۔

رُوْہانسا (رو۔ ہاں۔ سا) (ہ۔ صف) آنکھوں میں آنسو بھر لانے والا۔

رُوْہانسی (رو۔ ہاں۔ سی) (ہ۔ صف) رُوہانسا کا مؤنث۔

رُوْہَت (رُو۔ ہَت) (ہ۔ اِ۔ مث) نرمی۔ تازگی۔ چہرے کی رونق۔

رُوْہَڑ (رو۔ ہَڑ) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) موٹا دھاگا (۲) (صف) بدصورت۔ بھدّا۔

رُوْہُو (رو۔ ہو) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک قسم کی مچھلی۔

رُوْہے (ہ۔ اِ۔ مذ) ککرے۔ آنکھوں کی ایک بیماری۔

رُوْئی (رو۔ اِی) (ہ۔ اِ۔ مث) پنبہ۔ بنولے نکلی ہوئی کپاس (۲) (صف) ملائم۔ نرم۔ گدگدا۔

رُوئی تُومنا (اُر۔ محاورہ) انگلیوں سے روئی کو تار تار کرنا۔

رُوئی دار (ہ۔ ف۔ صف) وہ کپڑے جن کے اندر رُوئی پڑی ہو۔

رُوئی دُوئی (اُر۔ اِ۔ مث) سردی میں دو افراد کا لیٹ کر اور لحاف اوڑھ کر سونا۔

رُوئی دُھننا (رُوئی دُھنکنا) (اُر۔ محاورہ) رُوئی کو تانت سے صاف کرنا۔

رُوئی کا پہل (اُر۔ اِ۔ مذ) دُھنکی ہوئی رُوئی کا ٹکڑا جو ہاتھ سے چوڑا کیا گیا ہو۔

رُوئی کا کبوتر (اُر۔ اِ۔ مذ) لڑکے کھیل میں رُوئی کے ٹکڑے اُڑاتے ہیں اور اُس کو رُوئی کا کبوتر کہتے ہیں۔

رُوئی کا گالا (اُر۔ اِ۔ مذ) (۱) صاف رُوئی کا گولا۔ رُوئی کا بڑا پھویا (۲) نہایت سفید، ملائم اور ہلکی چیز۔

رُوئی کانوں میں دے رکھی ہے (اُر۔ محاورہ) کچھ سُنتا ہی نہیں۔

رُوئی کی طرح تُوم ڈالنا (اُر۔ محاورہ) ایک ایک عیب ظاہر کرنا۔ دھجیاں اُڑا دینا۔

رُوئی کی طرح دُھننا (اُر۔ محاورہ) پُرزے اُڑا دینا۔ خوب مارنا۔ خوب پیٹنا۔

رُوْئے (رُو۔ اِے) (ف۔ اِ۔ مذ) رُو کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اضافت۔

رُوئے تاباں (ف۔ صف) چمکتا ہوا چہرہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُوئے زمین (ف۔ا۔مث) زمین کی سطح۔
رُوئے سخن (ف۔ا۔مذ) بات کا رُخ۔ اِشارہ۔
رُوئے کتابی (ف۔ا۔مذ) قدرے لمبا چہرہ۔ کتابی چہرہ۔
رُوئیداد۔ دیکھئے رُوداد (رُو کے تحت)۔
رُوئیدگی (رو۔اِی۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) اُگنا۔ نباتات کا نمو۔ ہریالی۔
رُوئیدہ (رو۔اِی۔دَہ)(ف۔صف) بڑھا ہوا۔ اُگا ہوا۔ نمو یافتہ۔
روئے بغیر ماں بھی دُودھ نہیں دیتی (اَر۔مثل) بغیر مشقت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ بغیر مانگے کچھ نہیں ملتا۔
روئے دینا (اَر۔مص مُرکّب) رو کر اِظہارِ غم کرنا۔
روئیں (رو۔اِیں)(ہ۔ا۔مذ) رُواں کی جمع۔
روئیں دار (اَر۔صف) جس میں روئیں نکلے ہوئے ہوں۔
رُوئیں (رو۔اِیں)(ف۔ا۔مث)(۱) دھات۔ کانسی (۲)(صف) دھات کا۔ پیتل یا کانسی کا۔
روئیں تن (ف۔صف) دھات کا بنا ہوا۔ قلعی میں ملا ہوا (۲) جس کے جسم پر تیغ و تبر کا اَثر نہ ہو (۳) اسفندیار پسرِ گشتاسپ کا لقب۔
رَوِی (رَ۔وِی)(ع۔ا۔مث)(۱) قافئے کا سب سے پچھلا بار بار آنے والا حرف جیسے آن اور جان کا نُون۔
رُویا (رُو۔یا)(ع۔ا۔مذ) خواب۔ سپنا۔
رُویائے صادِقہ (ع۔ا۔مذ) سچا خواب۔
رُویاں (رُو۔یاں)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے رُواں۔
رُویت (رُو۔یَت)(رو۔یَت)(ع۔ا۔مث) صورت کا نظر آنا۔ دیدار۔ نظارہ۔
رویت ہلال (ع۔ا۔مث) پہلے دن کے چاند کا نظر آنا۔
رَوِیّہ (رَ۔وَی۔یَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) چال چلن (۲) دستور۔ قاعدہ (۳) برتاؤ۔ ڈھنگ۔ معمول۔ روش۔ جمع: روّیوں۔ روّیے۔

ر۔ہ

رَہ (بالفتح)(ف۔ا۔مذ) راہ کا مُخفف۔ مُرکّبات راہ کے تحت دیکھئے۔
رہ نموں (ف۔صف) دیکھئے راہ نُما۔
رہ نموئی (ف۔ا۔مث) دیکھئے راہ نُمائی۔
رِہا (بکسر اوّل)(ف۔صف)(۱) چھوٹا ہوا۔ نجات یافتہ (۲) آزاد کیا گیا۔
رَہاٹ (رَ۔ہاٹ)(ق۔ا۔مذ) راہ۔ مقام۔ طریقہ۔
رَہا سَہا (رَ۔ہا۔سَ۔ہا)(اَر۔صف)(۱) بچا کھچا (۲) رِشتے ناتے کا (۳) حامی۔ مددگار۔
رَہانا (رَہا۔نا)(ہ۔مص) چکی یا سِل کے دانت تیز کرانا۔ چکی یا سِل کو کھردرا کرانا۔
رِہائش (رِ۔ہا۔اِش)(اَر۔ا۔مث)(۱) قیام۔ بود و باش۔ سکونت (۲) گنجائش۔ ضبط۔ برداشت۔
رِہائشی (اَر۔صف)(۱) رہائش رکھنے والا۔ سکونتی (۲) رہائش کے قابل۔ جس میں رہا جا سکے (مکان)۔
رَہاؤ (رَ۔ہا۔او)(ہ۔ا۔مذ) وقفہ (۲) ٹھہراؤ۔ رُکاؤ۔
رَہاؤُ (رَ۔ہا۔اُو)(ہ۔صف) پائیدار۔ مضبوط۔ مستحکم۔
رِہائی (رِ۔ہا۔اِی)(ف۔ا۔مث) نجات۔ فراغت۔ معافی۔ آزادی۔
رُہبان (رُہ۔بان)(ع۔ا۔مذ) راہب کی جمع۔
رُہبانیّت (رُہ۔با۔نی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) ترکِ دُنیا۔ سنیاس۔
رَہَت (رَ۔ہَت)(ہ۔ا۔مذ) قیام۔ رہنا۔ ٹھہرنا۔
رہ پڑنا (ہ۔مص مُرکّب) رہ جانا۔ قیام پزیر ہونا۔ ٹھہرنا۔
رہ تو سہی (رَہ۔تو۔سَ۔ہی)(اَر۔تہدیدی جُملہ) کھڑا رہ۔ صبر کر۔ تھم جا۔ ٹھہر تو جا۔
رہتی دُنیا تک (اَر۔متعلق فعل) جب تک دُنیا قائم ہے۔ ہمیشہ۔
رَہَٹ (رَ۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) وہ چرخ جس کے ذریعے کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں۔ ہنڈولا (۲) تسلسُل۔ سلسلہ۔
رہٹ لگانا (اَر۔محاورہ) بار بار آنا جانا۔ تار باندھنا (۲) کنوئیں پر پانی نکالنے کا ہنڈولا نصب کرنا۔
رَہٹی (رَہ۔ٹی)(ہ۔ا۔مث) چھوٹا رَہٹ (۲) طریقہ۔ معمول۔
رہٹی باندھنا (اَر۔محاورہ) معمول مقرر کرنا۔
رہٹی چلانا (اَر۔محاورہ)(۱) قسط پر دینا۔ ایک رقم باَقساط ادا کرنا (۲) چرخی چلانا۔
رہ جانا (ہ۔مص مُرکّب)(۱) ٹھہر جانا۔ رہ پڑنا (۲) رُک جانا (۳) کسی چیز کا چھوٹ جانا (۴) باقی رہنا (۵) باز رہنا کسی کام سے (۶) ناتمام رہنا (۷) ناکام ہونا (۸) کسی ایک مقام سے دُوسرے مقام کو نہ جا سکنا (۹) خطا کرنا۔ کسی کام میں کمی کرنا (۱۰) ہار جانا (۱۱) عاجز ہونا (۱۲) ہاتھ پاؤں یا دھڑ شل ہو جانا (۱۳) عالمِ حیرت میں اپنے مقام پر بے خود ہو جانا۔
رَہچُولا (رَہ۔چُولا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) خوشامد (۲) خوشامدیوں جیسی بات۔
رہ رہ کر (اَر۔متعلق فعل) ٹھہر ٹھہر کے۔ بار بار۔ گھڑی گھڑی۔
رَہڑو (رَہ۔ڑُو)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بیلوں کا چھکڑا (۲) بچّوں کو کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی۔
رَہَس (رَ۔ہَس)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چُہل۔ خوشی۔ دِل بہلاوا۔ دِل لگی (۲) کرشن جی اور گوپیوں کا ناچ۔
رَہکلا (رَہ۔کَ۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چھوٹی توپ (۲) توپ رکھنے کی گاڑی (۳) بھنور کلی۔
رَہن (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(اُردو میں بکسر اوّل بھی مستعمل ہے) دست بندھک۔ گِرو۔ گروی۔ کفالت۔
رہنِ اراضی (ع۔ا۔مذ) زمین کو گِرو رکھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رہنِ اِتفاقی (ع۔ا۔مذ) وہ گروجس میں فائدہ اُٹھانے کی صُورت ہو۔
رہن در رہن (ع۔ف۔ا۔مذ) گرو در گرو۔ ایک شخص سے کوئی شے رہن لے کر دُوسرے کے پاس رہن کر دینا۔
رہنِ مُتمادی (ع۔ا۔مذ) مُقرّرہ مُدّت تک کا رہن۔
رہنِ مُطلق (ع۔ا۔مذ) بے قید رہن۔
رہن نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) تمسّک۔ وہ تحریر جو کوئی چیز کفالت میں دینے کی بابت اسٹامپ پر لکھ کر دی جائے۔ کفالت نامہ۔
رَہنا (رہ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بسنا۔ ٹِکنا۔ ٹھہرنا۔ قیام کرنا (۲) باقی بچنا۔ چھوٹنا (۳) خوب چلنا۔ پائیدار ہونا (۴) برقرار رہنا (۵) کھڑا رہنا۔ قائم رہنا (۶) سُن ہو جانا۔ شَل ہو جانا (۷) بسر ہونا (۸) گِنا جانا۔ حساب میں آنا (۹) باقی رہنا۔ ذِمّہ ہونا۔
رہنا سہنا (اُر۔محاورہ) گُزر بسر کرنا۔
رَہَن سَہَن (ہ۔ا۔مذ) طریقِ زندگی۔ زندگی بسر کرنے کا طور طریقہ۔ طریقِ بُود و ماند۔
رَہنے دینا (اُر۔محاورہ) (۱) رَکھ چھوڑنا۔ قائم رکھنا (۲) ہاتھ نہ لگانا (۳) جانے دینا۔
رَہوار (رہ۔وار) (ف۔ا۔مذ) دیکھیے راہوار (راہ کے تحت)۔
رَہے تو آپ سے اور نہ رہے تو سگے باپ سے (اُر۔مثل) اگر عورت خاوند کے ساتھ نہ رہنا چاہے تو اِس معاملے میں کسی کی سعی کارگر نہیں ہوتی۔
رَہے جھونپڑوں میں، خواب دیکھے محلوں کا (اُر۔مثل) ادنیٰ کو اعلیٰ چیزوں کا حوصلہ۔ بے مقدوری میں مقدور والوں کی سی ریس کرنا۔ مُفلسی میں امیری کی اُمنگ۔
رَہے محمود کے، انڈے دے مسعود کے (اُر۔مثل) کھائیں کسی کا اور خیر خواہی کریں کسی کی۔
رَہے نام اللہ کا (اُر۔مقولہ) خُدا کے سوا سب فانی ہیں۔ کسی کے مرنے یا کسی چیز یا رُتبے کے زوال کے وقت بولتے ہیں۔
رَہِین (رَ۔ہین) (ع۔صف) (۱) گرو رکھی ہوئی شے۔ مرہون (۲) تابع۔ ماتحت۔
رہینِ منّت (ع۔صف) اِحسان مند۔ شکر گُزار۔ ممنون۔

ر۔ء

رُؤسا (رُو۔اَ۔سا) (ع۔ا۔مذ) رَئیس کی جمع۔
رؤُف (رَ۔اُوف) (ع۔صف) بہت مہربان۔ بہت شفقت کرنے والا۔
رَئی (رَ۔ای) (ہ۔ا۔مث) بلونی۔ متھانی۔ دہی بلونے کا آلہ (۲) آسمان کا گرد و غبار (۳) بُھوسی۔ چوکر۔
رَئیس (رَ۔ایس) (ع۔ا۔مذ) سردار۔ فرماں روا۔ نوّاب۔ راجا (۲) دولت مند۔ مال دار۔ جمع: رُؤسا۔ اُردو جمع: رئیس۔ رئیسوں۔
رئیسِ بااِختیار (ع۔ا۔مذ) وہ رئیس جس کو حکومت سے مالی اور حکومتی اِختیارات ملے ہوں۔
رئیسِ خود مختار (ع۔ا۔مذ) وہ رئیس جو مُلکی اِنتظامات میں کسی کا ماتحت نہ ہو۔
رئیس زادہ (ع۔ف۔ا۔مذ) رئیس کا بیٹا (مؤنث کے لئے: رئیس زادی)۔
رئیسہ (رَ۔ای۔سَہ) (ع۔ا۔مث) رئیس کی تانیث۔

ر۔ی

رِی (رِے) (ہ۔حرفِ ندا و تخاطب) اَری (عورت کو بُلانے یا مخاطب کرنے کا کلمہ) اور اَرے (مرد کو بُلانے یا خطاب کرنے کا کلمہ) کا مُخفّف (۲) لاحقہ برائے تعجب جیسے اُف ری! اُف رے! اللہ رے!
رِیا (بکسرِ اوّل) (ع۔ا۔مث) ظاہر داری۔ زمانہ سازی۔ دِکھاوا۔ تصنّع۔ مکر و فریب۔ دھوکا۔
رِیاکار (ع۔ف۔صف) منافق۔ زمانہ ساز۔ مکّار۔ فریبی۔
رِیاکاری (ع۔ف۔ا۔مث) مکّاری۔ فریب۔ نِفاق۔ زمانہ سازی۔
رِیاح (رِ۔یاح) (ع۔ا۔مث) (۱) ریح کی جمع (۲) معدے کی ہوا۔
رَیاحِین (رَ۔یا۔حِین) (ع۔ا۔مذ) ریحان کی جمع۔
رِیاست (رِ۔یا۔سَت) (ع۔ا۔مث) (۱) سرداری۔ اَفسری۔ اِمارت (۲) راج۔ عملداری۔ حکومت (۳) آزاد علاقہ جو کسی سلطنت یا حکومت کی عملداری میں ہو (۴) دیسی نوابوں اور راجاؤں کا زیرِ اقتدار علاقہ۔ فارسی جمع: ریاست ہا۔ اُردو جمع: ریاستوں۔ ریاستیں۔
ریاست بے سیاست نہیں ہوتی (اُر۔مثل) حکومت کے لئے رُعب اور اِنتظامی قابلیت لازم ہے۔
رِیاض (رِ۔یاض) (ع۔ا۔مذ) روضہ کی جمع۔ بہت سے باغ (۲) محنت۔ مشقت۔ مشق۔ (اِن معنوں میں واحد مستعمل ہے)۔
رِیاضت (رِ۔یا۔ضت) (ع۔ا۔مث) (۱) محنت۔ مشقت۔ سختی (۲) زہد۔ نفس کُشی (۳) کسرت۔ ورزش (۴) مزدوری۔ پیشہ وری۔
ریاضت کَش (ک پر زبر) (ع۔ف۔ا۔مذ) سختی اُٹھانے والا۔ محنتی۔
رِیاضتی (رِ۔یا۔ضَ۔تی) (ف۔صف) (۱) جفاکش۔ محنتی (۲) زاہد۔ بیراگی۔ رشی۔ مُنی۔
رِیاضی (رِ۔یا۔ضی) (ع۔ا۔مث) (۱) اعداد و پیمائش کی خصوصیات کا علم جس میں حساب، الجبرا اور جیومیٹری وغیرہ شامل ہیں (۲) وہ عقلی عُلوم جو وجودِ خارجی میں مادّے کے محتاج ہیں۔
ریاضی دان (ع۔ف۔ا۔مذ) ریاضی جاننے والا۔ ماہرِ علمِ ریاضی۔
رِیاضیاتی (رِ۔یا۔ض۔یا۔تی) (ع۔صف) ریاضی کے متعلق۔
رِیال (بکسرِ اوّل) (ع۔ا۔مذ) سعودی عرب کے ایک سِکّے کا نام۔
رِیائی (رِ۔یا۔ای) (ع۔صف) مکّار۔ ریاکار۔ فریبی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رَیْب (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) شک۔ شُبہ۔

ریپ (Rape) (انگ۔ا۔مذ) زنا بالجبر۔ عصمت دری۔

ریپبلک (Republic) (انگ۔ا۔مث) جمہوریہ۔ جمہوری مملکت۔

ریپلیکا (Replica) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تصویر یا نقش وغیرہ کا مثنیٰ جو مصوّر نے خود بنایا ہو (۲) نقل کی اصل۔ ہُوبہُو نقل۔

ریت (یائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) بالو۔ ریگ۔ ننھے سنگ ریزے۔

ریت آنا (اُر۔محاورہ) پیشاب میں ریت کے ذرات کا آنا۔

ریت کی دیوار کھڑی کرنا (اُر۔محاورہ) ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔

ریت گھڑی (انگ Sand-Glass کا اُردو ترجمہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی گھڑی جو پُرانے زمانے میں بنائی جاتی تھی۔ایک قیف نما برتن میں باریک ریت بھر دیتے تھے اور اُس کے نیچے کا سُوراخ ایسے انداز کا رکھتے تھے کہ اُس میں سے ریت آہستہ آہستہ نیچے کے برتن میں گرتی رہے۔جب قیف کی ساری ریت نیچے گر جاتی تھی تو سمجھا جاتا تھا کہ ایک گھنٹا ہو گیا۔دُوسرے گھنٹے کے اندازے کے لئے پھر وہ ریت قیف میں ڈال دی جاتی تھی۔

رِیت (یائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) قاعدہ۔ قانون (۲) رسم۔ رواج۔ دستور (۳) عام طریق (۴) وضع۔ چلن۔ طور طریق (۵) تدبیر۔ ترکیب (۶) لگان کی شرح (۷) لین دین۔

ریت رسم (ہ۔ا۔مث) عورتوں میں وہ خاص رسمیں جو نکاح کے بعد یا وداع کے وقت دُولھا دُلہن کے ساتھ برتی جاتی ہیں۔

ریتا (رے۔تا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے ریت۔

ریتَل (ریتلا) (رے۔تل) (ریت۔لا) (ہ۔صف) ریت دار۔ ریت والا۔ کرکرا۔ بُھر بھرا۔ نیز دیکھئے ریتیلا۔

ریتلی (ریت۔لی)(ہ۔صف) ریتلا کی تانیث۔ نیز دیکھئے ریتیلی۔

ریتنا (ریت۔نا) (ہ۔مص) ریتی سے گھسنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (۲) صاف کرنا۔ رندہ کرنا۔ جِلا کرنا (۳) رگڑنا (۴) ریگ مال کرنا۔

ریتی (رے۔تی)(ہ۔ا۔مث)(۱) سوہن۔ سوہان۔ ریتنے کا اوزار۔ جمع: ریتیاں۔ ریتیوں (۲) ریتلی زمین۔

ریتیلا (رے۔تی۔لا)(ہ۔صف) دیکھئے ریتل' ریتلا اور ریتیلا۔

ریٹ (Rate) (انگ۔ا۔مذ) نرخ۔ بھاؤ۔ شرح۔

ریٹائرڈ (Retired) (انگ۔صف) (۱) گوشہ نشین۔ خانہ نشین (۲) مدتِ معیّنہ کے بعد ملازمت سے سبکدوش کیا ہوا۔ پنشن یافتہ۔

ریٹائرمنٹ (Retirement) (انگ۔ا۔مث) (۱) گوشہ نشینی۔ کنارہ کشی۔ سبکدوشی۔ (ملازمت وغیرہ سے)۔

رِیٹھا (ری۔ٹھا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت اور اُس کا پھل۔

ریٹیل (Retail) (انگ۔ا۔مذ) خُردہ فروشی۔ پُھٹکل بیچنا۔

رِیجَن (Region) (انگ۔ا۔مذ) علاقہ۔ حلقہ۔

رِیجنل (Regional) (انگ۔صف) عِلاقائی۔

رِیجھ (یائے معروف)(ہ۔ا۔مث)(۱) رَغبت۔ چاہت۔ شوق (۲) عادت۔ خصلت۔ خُو۔

رِیجھنا (ریجھ۔نا)(یائے معروف)(ہ۔مص)(۱) مائل ہونا۔ راغب ہونا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

رِیچھ (یائے معروف) (ہ۔ا۔مذ) بھالو۔ خرس۔ ایک گوشت خور پستانیہ (ممل)۔ جمع: ریچھ۔ ریچھوں۔

ریچھ کا بال بھی بہُت ہے (اُر۔مثل) بُرے آدمی سے جو مل جائے غنیمت ہے۔ (ف) از خرس مُوئے بس است۔

رِیچھنی (ریچھ۔نی)(ہ۔ا۔مث) ریچھ کی مادہ۔ جمع: ریچھنیاں۔ ریچھنیوں۔

رِیح (یائے معروف)(ع۔ا۔مث)(۱) ہوا۔ باد۔ پَون۔ معدے کی ہوا (۲) گٹھیا۔ وجعُ المفاصل۔

رَیحان (رَے۔حان) (ع۔ا۔مذ) ایک خوشبودار پودا۔ نازبو۔ تُلسی (۲) ریحان کے بیج۔ تخمِ ریحان (۳) ایک خوشبودار ہری گھاس۔ گُلِ سُرخ کے سوا سب پُھول (۴) ایک قسم کا عربی خط (۵)(مجازاً) شراب۔

ریخ (یائے مجہول) (اُر۔ا۔مث) (۱) لکیر۔ ریکھا (۲) مِسّی' منجن یا پانوں کے رنگ کا نشان جو دانتوں میں پڑ جاتا ہے۔ جمع: ریخوں۔ ریخیں۔

رِیخ (ف۔ا۔مث)(۱) مُجول۔ بُنیاد۔ جڑ (۲) طاقت (۳) پتلا پاخانہ۔

ریختہ (ریخ۔تہ)(یائے مجہول) (ف۔صف) (۱) پڑا ہوا۔ بکھرا ہوا۔ ملا ہوا۔ پریشان (۲) (ا۔مذ) مِلی جُلی زبان۔ اُردو جو مختلف زبانوں سے مِل کر بنی ہے (۳) اُردو کے اَشعار (۴) مکان بنانے کا مسالا۔ چُونا۔ اینٹ۔ کنکر۔ پتھر وغیرہ (۵) پُختہ عمارت۔

ریختی (ریخ۔تی)(یائے مجہول)(اُر۔ا۔مث) وہ نظم جو عورتوں کی بولی میں کہی جائے۔

ریخیں (اُر۔ا۔مث) ریخ کی جمع۔

ریخیں ڈھیلی ہو جانا (اُر۔محاورہ) خوف کے باعث بدحواس ہو جانا۔

رَیداسی (رَے۔دا۔سی) (ہ۔ا۔مذ) ریداس کو ماننے والا فرقہ۔ اِس فرقے سے متعلق (ریداس چماروں کے فرقے کا بانی تھا اور بڑا گیانی مشہور تھا)۔

ریڈ (Red) (انگ۔صف) سُرخ۔

ریڈ اِنڈین (Red Indian) (انگ۔ا۔مذ) سُرخ ہندی۔ امریکا کے قدیم باشندے۔

ریڈ کراس سوسائٹی (Red Cross Society) () ا نجمن صلیبِ احمر۔ ایک فلاحی جماعت جو جنگ میں زخمیوں کی اور امن میں بیماروں اور محتاجوں کی خدمت کرتی ہے۔ پاکستان میں اِس کا نام ہلالِ احمر ہے۔

ریڈار (Radar) (انگ۔ا۔مذ) شارٹ ریڈیائی لہروں سے فضا میں ہوائی جہاز وغیرہ کی موجودگی کا پتا لگانے کا آلہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رِیڈر (Reader) (انگ۔ا۔مذ) (۱) پڑھنے والا۔ مطالعہ کنندہ (۲) مثل خواں۔ محرّر پیشی جو مقدموں کے کاغذات پڑھ کر حاکم کو سُناتا ہے (۴) درسی کتاب۔ درسیہ (۵) یونیورسٹی کا اُستاد جس کا درجہ لیکچرار سے زیادہ اور پروفیسر سے کم ہوتا ہے۔

رِیڈنگ روم (Reading Room) (انگ۔ا۔مذ) دارُالمطالعہ۔

ریڈی (Ready) (انگ۔صف) (۱) تیّار۔ لیس۔ کمربستہ۔ مستعد (۲) حاضر۔ مہیّا۔ موجود۔ بنا بنایا۔ پہلے سے تیّار۔

ریڈی میڈ (Ready Made) (انگ۔صف) بنی بنائی۔ پہلے سے تیّار (چیز) سِلے سِلائے (کپڑے)۔

ریڈی ایٹر (Radiator) (انگ۔ا۔مذ) (۱) آلۂ حرارت زا۔ گرم تابہ (جس سے کمرے میں حرارت پھیلتی ہے) (۲) گرمی کش۔ حرارت رُبا۔ وہ آلہ جو موٹر کا انجن ٹھنڈا رکھتا ہے۔ (اس میں پانی بھرتے ہیں)۔

ریڈیکل (Radical) (انگ۔صف) آزاد خیال۔ روشن خیال۔

ریڈیم (Radium) (انگ۔ا۔مث) ایک بیش قیمت اور خطرناک حد تک تاب کار دھات جسے ۱۸۹۸ء میں پیئر اور مادام کیوری نے دریافت کیا تھا۔

ریڈیو (Radio) (انگ۔ا۔مذ) لاسلکی۔ بلا تار کے برقی پیغام وصول کرنے والا آلہ۔ نشری آلہ۔

ریڈیو ٹیلیگرام (Radio Telegram) (انگ۔ا۔مذ) لاسلکی پیام۔ بے تار کا پیغام۔

ریڈیو سیٹ (انگ۔ا۔مذ) وہ بکس جس میں ریڈیو کی مشین لگی ہو۔

رِیڑھ (یائے معروف) (ہ۔ا۔مث) پیٹھ کی ہڈی (سر سے چوتڑوں تک) (۲) ریس۔ نقل (۳) دھجّی۔

ریز (ف۔صف) (یائے مجہول) (۱) ریختن مصدر کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بہانے والا، گرانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے اشک ریز (۲) (مؤنث) کسی چیز کا ٹکڑا۔ ذرّہ (۳) پرند کا چہکنا۔

ریز کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) خوشی میں باہم چہچہانا۔ ناز نخرہ کرنا (۲) توتے یا مینا کے بچّوں کا باتیں کرنے سے پہلے چیں چیں کرنا۔

ریزر (Razor) (انگ۔ا۔مذ) اُسترا۔ مُوتراش۔

ریزرو (Reserve) (انگ۔ا۔مذ) (۱) فاضل چیز جو بوقتِ ضرورت کام آئے (۲) شے محفوظ۔ سرمایہ محفوظ۔ قوتِ محفوظ (۳) محفوظ فوج (۴) محفوظ یا زائد کھلاڑی جو بوقتِ ضرورت کسی کی جگہ کھیلے۔

ریزروائر (Reservoir) (انگ۔ا۔مذ) تالاب۔ ذخیرۂ آب۔

ریزروڈ (Reserved) (انگ۔صف) محفوظ۔ مخصوص (نشست وغیرہ)۔

ریزرویشن (Reservation) (انگ۔ا۔مث) (نشست کا) محفوظ کرنا یا کیا جانا۔

ریزِش (رے۔زِش) (ف۔ا۔مث) (۱) ناک سے پانی بہنے کا مرض۔ زکام۔ نزلہ (۲) گرنا۔ جھڑنا۔

ریزگاری (ریز۔گا۔ری) (اَر۔ا۔مث) خُردہ۔ روپے کے حصّے۔

ریزَگی (رے۔زَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) ریزگاری (۲) چُھٹن۔ کترن۔ کھُرچن۔ قصائی کی چھانٹ۔

ریزولیوشن (Resolution) (انگ۔ا۔مذ) قرارداد۔ تجویز۔

ریزَہ (رے۔زہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ذرّہ۔ ٹکڑا (۲) پُرزہ۔ قطعہ۔ پارچہ (۳) کسی جانور کا بچہ (۴) وہ چیز جو دُوسری چیز سے ٹوٹ کر گرے (۵) ریشمی کپڑے کا تھان (۶) نوچی۔ نوعمر لڑکی (۷) خوب صورت صندوق۔

ریزہ چیں (ف۔صف) ٹکڑے چننے والا۔ ٹکڑ گدا۔

ریزہ چینی (ف۔ا۔مث) ٹکڑے چُننا۔

ریزہ ریزہ (ف۔صف) ٹکڑے ٹکڑے۔

ریزہ ریزہ کرنا (اَر۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

ریزۂ قلم (ف۔ا۔مذ) قلم کا تراشہ۔

ریزیڈنٹ (Resident) (انگ۔ا۔مذ) برطانوی راج میں وائسرائے کا ایجنٹ جو ریاستوں میں رہتا تھا۔

ریزیڈنسی (Residency) (انگ۔ا۔مث) وہ جگہ جہاں ریزیڈنٹ رہتا تھا۔

ریس (Race) (انگ۔ا۔مث) (۱) دَوڑ۔ مُسابقت (۲) گھڑ دوڑ۔

ریس کورس (Racecourse) (انگ۔ا۔مذ) دوڑ کا چکر۔ میدان (گھڑ دوڑ کا)۔

رِیس (یائے معروف) (ہ۔ا۔مث) برابری۔ ہم چشمی (۲) رشک (۳) حرص۔ ہَوس۔

ریس بھلی ہوس بُری (اَر۔مثل) رَشک اچھا اور حسد بُری چیز ہے۔

ریستوراں (ف۔اَر۔ا۔مذ) دیکھئے ریسٹورنٹ۔

ریسٹ (Rest) (انگ۔ا۔مذ) اِستراحت۔ آرام۔ نیند۔

ریسٹ ہاؤس (Rest House) (انگ۔ا۔مذ) ڈاک بنگلہ۔ قیام گاہ۔

ریسٹورنٹ (Restaurant) (انگ۔ا۔مذ) ہوٹل۔ طعام خانہ۔

ریسرچ (Research) (انگ۔ا۔مث) تحقیق۔ علمی تحقیق۔

رِیسمان (ریس۔ماں) (ف۔ا۔مث) رسّی۔ ڈوری۔ سُوت۔ دھاگا۔

ریسیور (Receiver) (انگ۔ا۔مذ) (۱) آواز گیر۔ آواز وصول کرنے والا آلہ (۲) ٹیلی فون کا وہ آلہ جس سے آواز سُنائی دیتی ہے (۳) کسی مقروض یا دیوالیے کی جائیداد کا سرکاری نگران۔

رِیش (یائے معروف) (ف۔ا۔مث) ڈاڑھی۔ مرد کے چہرے کے بال۔ خط۔

ریش بابا (ف۔ا۔مذ) انگور کی ایک قسم۔

ریش بچہ (ف۔ا۔مذ) ٹھوڑی کے بال۔

ریش خندہ (ف۔ا۔مذ) مذاق۔ ٹھٹھا۔

ریش قاضی (ف۔ا۔مث) (۱) قاضی جی کی ڈاڑھی (۲) بھنگ چھاننے کا کپڑا۔ بھنگ یا شراب کی صافی۔

ریش گاوٗ (ف۔صف) (۱) بے وقوف۔ اَحمق (۲) لالچی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ریش (یائے مجہول)(ف۔ا۔مذ)(۱) زخم (۲)(صف) زخمی کرنے والا۔ اُردو میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دل ریش۔

ریشائیل (ری۔شا۔ایل) (ا۔صف) بڑی اور لمبی ڈاڑھی والا (۲) (عبرانی۔ا۔مذ) ایک فرشتہ جس نے حضرت آدمؑ کو تعلیم دی تھی۔

ریشگی (ف۔ا۔مث) نمو۔ اُگنا۔ نشوونما۔ پھولنا۔

ریشم (رے۔شم)(ف۔ا۔مذ)(۱) ابریشم کا مخفف۔ ایک باریک 'چمکدار اور ملائم دھاگا جو ریشم کا کیڑا کوئے کی شکل میں بناتا ہے (۲) اُس تار کا کپڑا۔ حریر۔

ریشم کی گانٹھ (ا۔ا۔مث) ریشم کے تار کی گرہ جو بڑی مشکل سے کھلتی ہے۔

ریشم کے لچھے (ا۔ا۔مذ)(۱) ریشم کے دھاگوں کا گچھا (۲) ایک قسم کی مٹھائی جو ریشم کے دھاگوں کی طرح ہوتی ہے (۳)(صف) ریشم سا ملائم اور چکنا۔ بہت ہی نرم۔

ریشمی (ریش۔می)(ف۔صف) ریشم کا بنا ہوا۔ حریری۔

ریشہ (رے۔شہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) رگیں' درخت کی (۲) پھونسڑا۔ سوت کا تار (۳) پھلوں کے تار (۴) نس۔ رگ۔ اُ جمع: ریشوں۔ ریشے۔

ریشہ خطمی (ف۔ا۔مث)(۱) ایک دوا (۲) (کنایۃً) بہت ہنسنے والا۔ خوش۔

ریشہ دار (ف۔صف) وہ چیز جس میں ریشے ہوں۔ پھونسڑے والا۔

ریشہ دوانی (ف۔ا۔مث) شرارت۔ فساد۔ سازش۔ جوڑ توڑ۔

ریعان (رے۔عان)(ع۔ا۔مذ)(۱) آغاز جوانی۔ اُٹھتی جوانی (۲) کسی شے کا سب سے بہتر حصہ۔

ریفارم (Reform)(انگ۔ا۔مذ)(۱) اصلاحات (سیاسی)(۲) اصلاح۔

ریفارمر (Reformer)(انگ۔ا۔مذ) مصلح۔ دُرست کرنے والا۔ اصلاح پسند۔

ریفارمیٹری (Reformatory) (انگ۔ا۔مث) تادیب خانہ۔ بچوں کی اصلاحی جیل۔

ریفرشمنٹ (Refreshment) (انگ۔ا۔مذ) تروتازگی۔ آسائش (۲) جو شے تروتازگی کے لئے کھائی پی جائے۔ شربت وغیرہ۔

ریفرشمنٹ رُوم (Refreshment Room) (انگ۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں کچھ کھایا پیا جائے۔

ریفرنڈم (Refrendum)(انگ۔ا۔مذ) اِستصواب رائے عامہ کی ایک شکل جس کے ذریعے حکومت کی پالیسیوں یا مجوزہ قانون کے بارے میں عوام کی رائے معلوم کی جاتی ہے۔

ریفری (Referee)(انگ۔ا۔مذ) حَکَم۔ پنچ (خصوصاً کھیلوں کا)۔

ریفری جریٹر (Refrigerator) (انگ۔ا۔مذ) خنک ساز۔ بجلی کی الماری جس میں ٹھنڈک کی وجہ سے چیزیں گلنے سڑنے سے محفوظ رہتی ہیں۔

ریفرنس (Reference)(انگ۔ا۔مذ) حوالہ۔ تفویض۔ تحویل۔ مشورہ طلبی۔ (عدالت یا حاکم مجاز کو) کسی معاملے کی سپردگی۔

ریفیوجی (Refugee)(انگ۔ا۔مذ) سیاسی یا مذہبی تشدد کے باعث غیر ملک میں پناہ لینے والا۔ مہاجر۔ شرنارتھی۔ اُ جمع: ریفیوجی۔ ریفیوجیوں۔

رَیک (Rack) () خانے دار الماری۔

ریکارڈ (Record) (انگ۔ا۔مذ)(۱) تحریر۔ دستاویز۔ مثل۔ فرد۔ سرکاری رُوداد (۲) تاریخی دستاویز۔ یادگار۔ مآثر۔ آثار (۳) اعمال نامہ۔ کارنامہ۔ کسی میدان میں بہترین کارنامہ۔ بہترین کرتب (۴) گراموفون کی پلیٹ۔

ریکارڈ آفس (Record Office) (انگ۔ا۔مذ) محافظ خانہ۔ دفتر جہاں سرکاری کاغذات رکھے جاتے ہیں۔

ریکارڈ توڑنا (ا۔محاورہ) پہلی مثالوں کو توڑ کر نئی مثال قائم کرنا۔

ریکارڈ قائم کرنا (ا۔محاورہ) کوئی مثالی کام کرنا۔ کوئی مثال قائم کرنا۔

ریکارڈ کرنا (ا۔محاورہ) تحریر کرنا۔ لکھنا۔

ریکارڈ کیپر (Record Keeper) (انگ۔ا۔مذ) محافظ دفتر۔ سرکاری کاغذات کا محافظ۔

رَیکٹ (Racket) (انگ۔ا۔مذ) ٹینس وغیرہ کا بلا۔

ریکٹر (Rector) (انگ۔ا۔مذ) (۱) حلقے کا پادری (۲) جامعہ یا مدرسے کا صدر۔ ناظم۔ شیخ۔

ریکھ (یائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) ریکھا کا مخفف۔

ریکھا (رے۔کھا)(ہ۔ا۔مث)(۱) لکیر۔ تحریر۔ نشان۔ خط (۲) قسمت کا لکھا۔ تقدیر۔ بھاگ۔ بخت۔ نصیب۔

ریکھا گنِت (گ۔نت)(ہ۔ا۔مث) تحریر اقلیدس۔ علم ہندسہ۔

ریگ (یائے مجہول)(ف۔ا۔مث) ریت۔ بالو۔

ریگ رواں (باضافت و بغیر اضافت) (ف۔صف) اُڑنے والی ریت (۲) سراب۔

ریگ مال (بغیر اضافت)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھردرا کاغذ جس سے لکڑی اور دھات وغیرہ کو صاف کرتے ہیں۔

ریگ ماہی (بغیر اضافت) (ف۔ا۔مث) سقنقور۔ گرگٹ کی طرح کا ایک جانور۔

ریگستان (ریگ۔استان)(ف۔ا۔مذ) وسیع و عریض ریتلا میدان۔ اُردو جمع: ریگستان۔ ریگستانوں۔ نیز دیکھیے بیتان۔

ریگولیٹر (Regulator) (انگ۔ا۔مذ) گھڑی کا لٹکن۔ پنڈولم۔ کسی چلنے والے آلے کی رفتار گھٹانے یا بڑھانے کا آلہ۔

ریگولیشن (Regulation)(انگ۔ا۔مذ) قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔

ریل (Reel) (انگ۔ا۔مث) پھرکی جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں۔ پچک۔

ریل (Rail)(انگ۔ا۔مث)(۱) لوہے کی پٹڑی (۲)(ا۔ا۔مث) ریل گاڑی۔ اُردو جمع: ریلوں۔ ریلیں۔

ریلا (رے۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) رَو۔ پانی کا چڑھاؤ۔ طغیانی۔ سیلاب (۲) دھکا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) دھار (۴) بھیڑ۔ ہجوم۔ جمع: ریلوں۔ ریلے۔

ریل پیل (یائے مجہول)(و۔ا۔مث)(۱) دھکم دھکا۔ دھکا پیل (۲) بہتات۔ کثرت۔ زیادتی۔ بھرمار۔

ریلنا (ریل۔نا)(یائے مجہول)(و۔مع) دھکیلنا۔ سرکانا۔ دوڑانا۔ چلانا۔

ریلوے (Railway)(انگ۔ا۔مث)(۱) ریل گاڑی کی فولادی پٹڑی (۲)(ا۔مذ) ریل کا محکمہ۔

ریلوے اسٹیشن (انگ۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں ریل گاڑی ٹھہرتی ہے۔

ریلی (Rally)(رے۔لی)(انگ۔ا۔مث) فوج یا اسکاؤٹوں کا اجتماع (۲) جلسہ۔

ریلے (Relay)(انگ۔ا۔مذ) کسی دوسرے ریڈیو اسٹیشن کے پروگرام کو نشر کرنا۔ کسی جلسے وغیرہ کی کارروائی کو ریڈیو اسٹیشن تک پہنچانا اور پھر وہاں سے نشر کرنا۔

ریلیز (Release)(انگ۔ا۔مث)(۱) آزاد کرنا۔ چھوڑ دینا۔ جانے دینا (۲) سینما کی فلم سینما ہاؤس میں لگانا۔

ریلیف (Relief)(انگ۔ا۔مث)(۱) مدد (۲) آرام۔ سکون۔ راحت۔

ریلیف فنڈ (Relief Fund)(انگ۔ا۔مذ) امدادی رقم۔

ریم (یائے معروف)(ف۔ا۔مث) مادّہ جو زخموں وغیرہ سے نکلے۔

ریمارک (Remark)(انگ۔ا۔مذ) رائے زنی۔ اظہارِ رائے۔ رائے۔ قول۔

ریمانڈ (Remand)(انگ۔ا۔مذ) ملزم کو تفتیش تک حوالات میں رکھنا۔ باز حراست۔ حراستِ مزید۔

ریمائنڈر (Reminder)(انگ۔ا۔مذ) یاددہانی۔ تاکید۔

ریمشن (Remission)(انگ۔ا۔مث) معافی' سزا یا مال گزاری وغیرہ کی۔

ریمیا (ری۔می۔آ)(ف۔ا۔مث) ایک فرضی علم جس کا جاننے والا جہاں چاہے جا سکتا ہے۔

رَین (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(و۔ا۔مث) رات۔ شب۔

رَین بسیرا (و۔ا۔مذ)(۱) رات کاٹنا۔ شب باشی (۲) رات بسر کرنے کی جگہ۔

رَین چین (و۔ا۔مث) رات کے مزے یا عیش (۲) امن چین کی زندگی۔

رینٹ (Rent)(انگ۔ا۔مذ) کرایہ (مکان' دُکان وغیرہ کا)۔

رینٹ کنٹرولر (Rent Controller)(انگ۔ا۔مذ) مکان' دُکان کا کرایہ مشخص کرنے والا نیز مالک مکان اور کرایہ دار کے تنازعات کا فیصلہ کرنے والا سرکاری افسر۔

رینٹ (یائے مجہول)(نونِ غنّہ)(و۔ا۔مث) ناک کی غلاظت۔

رینج (Range)(انگ۔ا۔مذ)(۱) قطار۔ صف۔ سلسلہ (۲) چاند ماری کا میدان (۳) حلقہ۔ مقام۔ دائرہ۔ رقبہ۔ حدود۔ حد بندی (۴) مار۔ فاصلہ (بندوق کی مار کا)۔

رینجر (Ranger)(انگ۔ا۔مذ) سوار۔ سوار فوج (۲) معاون فوج۔

ریندھنا (ریندھ۔نا)(یائے معروف)(و۔مع) پکانا۔ کھانا تیار کرنا۔

ریندھی (ریندی) (ریں۔دھی)(یائے مجہول)(و۔ا۔مث)(۱) چھوٹا سا خربوزہ یا پھوٹ۔ کچری (۲) خربوزے کے بیجوں کا گچھا۔

ریندیر (Reindeer)(انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ہرن جس کو قطبی ممالک میں گاڑیوں کے آگے جوتتے ہیں۔

رِیں رِیں (بیائے معروف)(و۔ا۔مث) بچوں کے رونے کی آواز (۲) سارنگی کی آواز (۳) مسلسل باریک آواز۔

رَینک (Rank)(انگ۔ا۔مذ) عہدہ۔ منصب۔ مرتبہ۔ درجہ۔

رینک اینڈ فائل (Rank and File)(انگ۔ا۔مذ)(۱) عام سپاہی۔ نفری (۲)(مجازاً) عوام۔

رَینک (بفتحۂ اوّل)(نونِ غنّہ)(و۔ا۔مث) گدھے کی آواز۔ ڈھینچوں ڈھینچوں۔

رَینکنا (رینک۔نا)(و۔مع) گدھے کا بولنا۔

رینگٹا (رینگ۔ٹا)(یائے مجہول)(و۔ا۔مذ)(۱) گدھے کا بچہ (۲) جانور کا دُبلا پتلا چھوٹا بچہ۔

رِینگنا (رینگ۔نا)(یائے معروف)(و۔مع)(۱) کیڑوں کا چلنا۔ حشرات الارض کا چلنا (۲) آہستہ آہستہ چلنا۔ گھسٹ گھسٹ کر چلنا۔

رِینگنی (رینگ۔نی)(و۔ا۔مث)(۱) عرق النسا۔ ایک درد جو چڈوں سے اُٹھ کر ٹخنوں تک پہنچتا ہے (۲) جھٹ کٹیا۔

رین گیج (Rain Gauge)(انگ۔ا۔مذ) دیکھئے مقیاسُ المطر۔

رَینی (رَے۔نی)(و۔ا۔مث)(۱) رنگ (۲) رنگ دینا (۳) پھلوں یا پھولوں سے رنگ نکالنا جیسے کُسم سے (۴) چھوٹی دیوار جو قلعے کے گرد بناتے ہیں اور اُس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ رکھتے ہیں (۵) وہ سدھا ہوا پرند جو راتوں کو بولتا ہے۔

رَینی بُلبُل (اُر۔ا۔مذ و مث) تمام رات چہچہانے والا بُلبُل۔ بُلبُلِ شب آہنگ۔

رَینی چڑھانا (اُر۔محاورہ) کُسم کا رنگ نکالنے کے لئے اُسے بھگو کر کپڑے میں باندھ کر لٹکانا۔

ریوالور (Revolver)(انگ۔ا۔مذ) کئی فیر کا پستول۔

ریورنڈ (Reverend)(انگ۔صف)(۱) بزرگ۔ معظم۔ محترم۔ مقدس (۲) عیسائی پادریوں کا خطاب۔ (مخفف) Rev.

ریوڑ (رے۔وڑ)(و۔ا۔مذ) بکریوں کا گلّہ۔ بھیڑوں کا غول۔

ریوڑی (ریو۔ڑی)(یائے مجہول)(و۔ا۔مث) وہ شیرینی جو شکر یا گڑ کے قوام سے بناتے ہیں اور اس پر تل لگاتے ہیں۔ جمع: ریوڑیاں۔ ریوڑیوں۔

ریوڑی کا کیا اُلٹا کیا سیدھا (اُر۔مثل) ہر طرف سے یکساں۔ ایک ہی حالت۔

ریوڑی کے پھیر میں آنا (پڑنا) (اُر۔مثل)(۱) کسی لالچ یا دھوکے کے سبب مصیبت میں گرفتار ہونا۔ آفت میں پھنسنا (۲) ناحق خرچ آپڑنا۔

ریوڑیاں (و۔ا۔مث) ریوڑی کی جمع۔

ریوڑیاں سی بٹ جانا (اُر۔محاورہ) ساری آمدنی فوراً خرچ ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ریوَل (رے۔وَل)(ہ۔ا۔مذ) پالتو کبوتروں کا جنگل میں جا کر دانہ چگنا۔
ریوَلیا (رے۔وَل۔یا)(ہ۔ا۔مذ) پالتو کبوتر جو جنگل میں جا کر دانہ کھانے کے بعد واپس آ جائے۔
ریوَند (ریوندِ چینی) (رے۔وَند)(ف۔ا۔مذ ومث) ایک ایشیائی پودا جس کی ٹہنیاں بطور خوراک کھائی جاتی ہیں اور جڑیں دواؤں میں اِستعمال ہوتی ہیں۔
ریوی نیو (Revenue) (انگ۔ا۔مذ) مالیہ۔ لگان۔
ریونیو آفیسر (انگ۔ا۔مذ) افسرِ مال۔
ریویو (Review) (انگ۔ا۔مذ)(۱) تبصرہ۔ تنقید (۲) افواج کا مُعاینہ۔
رِیَہ (رِ۔یَہ)(ری۔یَہ)(ف۔ا۔مذ) پھیپھڑا۔
ریہ (ریہہ) (یائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی کھاری مٹی۔ شوردار ریتا جو شکر صاف کرنے، کپڑے دھونے اور صابن بنانے کے کام آتا ہے۔ کھاری بجّی۔
ریہرسل (Rehearsal) (انگ۔ا۔مث) (۱) حِفظ کیا ہوا بیان سُنانا (۲) ڈرامے کو اسٹیج کرنے سے پہلے اُس کی مشق کرنا۔
ریہڑ (رے۔ہڑ)(ہ۔ا۔مذ) بنجر زمین جس میں شور ہو۔ کلر والی زمین۔

ڑ

ڑ (ڑے)(ہ۔ا۔مث) اُردو حروفِ تہجّی کا پندرھواں حرف۔ فارسی اور عربی زبانوں میں نہیں ہے۔ ایرانی اور عرب اِسے رائے ہندی اور رائے ثقیلہ کہتے ہیں۔ یہ حرف کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا۔ حسابِ جمل میں اِسے "ر" کی ایک شکل سمجھ کر اس کے بھی دو سو عدد لئے جاتے ہیں۔ یہ حرفِ صحیح ہے اور کسی حرفِ عِلّت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ز

ز (زے)(ع۔ا۔مث) اُردو کا سولھواں، فارسی کا تیرھواں اور عربی کا گیارھواں حرف۔ عربی و فارسی میں اِس کا تلفّظ زا ہے۔ اِسے زائے مُعجمہ اور منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ حسابِ جُمل میں اِس کے سات عدد مقرّر ہیں۔ شمسی حرف ہے یعنی اِس سے پہلے "ال" آئے تو لام بولا نہیں جاتا اور اِس سے اگلا حرف مُشدّد ہو جاتا ہے۔ جیسے اَلزّاہد۔ ہندی اور سنسکرت میں یہ حرف نہیں ہے۔ تقویم میں یہ شنبہ اور بُرجِ عقرب کی علامت ہے۔

ز۔ا

زِ (ف۔ حرفِ جر) اَز کا مُخفّف۔ شعروں میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے زِبس۔ زِخود رفتہ۔

زا (ف۔ لاحقہ) فارسی مصدر زائیدن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل یا اِسمِ مفعول بنا دیتا ہے اور پیدا کرنے والا یا پیدا شُدہ (زادہ) کے معنی دیتا ہے جیسے فتنہ زا (فتنہ پیدا کرنے والا)، میرزا یعنی میرزادہ۔

زاج (ف۔ا۔مذ و مث)(۱) توتیا۔ ہیرا کسیس۔ زنگار (۲) پھٹکری (۳) تجی۔

زاجِ سفید (ف۔ا۔مث) سفید پھٹکری۔

زاجر (زا۔جر)(ع۔صف) جھڑکنے والا۔ ڈانٹنے والا۔ جمع: زواجر۔

زاد (ف۔صف)(۱) جنا ہوا۔ بیٹا۔ اولاد (۳) (ف۔ا۔مث) نسل۔ پیڑھی۔ جمع: زادگان۔

زاد بوم (ف۔ا۔مث) جائے پیدائش۔ جنم بھوم۔ وطن۔ دیس۔

زاد (ع۔ا۔مذ) توشہ۔ سفر خرچ۔

زادِ آخرت (عُقبیٰ)(ع۔ا۔مذ) آخرت میں کام آنے والے نیک کام۔

زادِ راہ (سفر)(ع۔ف۔ا۔مذ) توشہ۔ سفر خرچ۔

زادگی (زا۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) پیدائش (مرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے شہزادگی)۔

زادہ (ف۔صف) پیدا شُدہ۔ جنا ہوا جیسے شاہ زادہ۔

زادی (زا۔دی)(اُر۔صف) زادہ کی تانیث۔ جنی ہوئی۔ جیسے شاہ زادی۔

زار (Czar) (رُوسی۔ا۔مذ) لُغوی معنی شہنشاہ۔ شاہانِ رُوس کا لقب (۲) (کنایۃً) ظالم۔ جابر۔ مطلق العنان۔

زار (ف۔ لاحقہ ظرفی) (۱) کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ ظرفِ مکان بنا دیتا ہے مثلاً کارزار۔ گُل زار۔ سبزہ زار (۲) کثرت اور ڈھیر کے معنی بھی دیتا ہے (۳) (ف۔صف) لاغر۔ دُبلا پتلا۔ ضعیف (۴) ذلیل و خوار۔ رُسوا (۵) رونے والا (۶) (ف۔ا۔مذ) نالہ و فریاد۔ رونا پیٹنا۔

زار زار (زار و قطار) **رونا** (اُر۔محاورہ) آٹھ آٹھ آنسو رونا۔ بہت رونا۔

زار نالی (ف۔ا۔مث) فریاد۔ آہ و فغاں۔

زار و زبوں (ف۔صف) خراب و خستہ۔ غمگین۔

زار و نزار (ف۔صف) دُبلا پتلا۔ کمزور۔ ناتواں۔ لاغر۔

زاری (زا۔ری)(ف۔ا۔مث)(۱) گریہ۔ رونا پیٹنا (۲) عجز و نیاز۔

زارینہ (Czarina) (انگ۔ا۔مث) رُوس کی ملکہ کا خطاب۔

زاغ (ف۔ا۔مذ)(۱) کوّا۔ کاگ (۲) کمان کے گوشے کی نوک (۳) موسیقی کے ایک راگ کا نام۔

زاغِ آبی (ف۔ا۔مذ) جل کوّا۔ پَن ڈُبّی۔ ایک قسم کا آبی پرندہ۔

زاغِ کمان (ف۔ا۔مذ) کمان کے گوشے کی نوک۔

زاغِ کوہی (ف۔ا۔مذ) پہاڑی کوّا۔

زال (ف۔صف)(۱) سفید بالوں والا بُڈھا کھونس (۲)(ا۔مذ) رُستم کے باپ کا نام جس کے بال پیدائشی سفید تھے۔

زالِ دُنیا (زماں) (ف۔ع۔ا۔مث)(کنایۃً) دُنیا جو کہ بہت قدیم ہے۔

زالِ گوژہ پُشت (ف۔ا۔مث)(۱) جھکی ہوئی کمر کی بُڑھیا (۲)(کنایۃً) آسمان۔

زانُو (زا۔نُو)(ف۔ا۔مذ)(۱) جانگھ (۲) ران (۳) گھٹنا۔ اُردو جمع: زانُو۔ زانوؤں۔

زانو بدلنا (اُر۔محاورہ) بیٹھک بدلنا۔ بیٹھے ہوئے کھڑے زانو کو نیچا کرنا اور نچلے زانو کو اُونچا کرنا (۲) گھبرا جانا (۳) تلملانا۔

زانو بہ زانو (ف۔ متعلّق فعل) زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا۔

زانو پر سر جھکانا (اُر۔محاورہ) غور و فکر میں مبتلا ہونا۔

زانو پر سر رکھنا (اُر۔محاورہ) شرمندہ ہونا (۲) متفکّر ہونا۔

زانو پوش (ف۔اُر۔ا۔مذ) وہ کپڑا جو کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لیتے ہیں۔ (Napkin)۔

زانو پیٹنا (اُر۔محاورہ) افسوس کرنا۔ رنج و الم ظاہر کرنا۔

زانو توڑنا (اُر۔محاورہ) اَدب سے بیٹھنا۔

زانو تولنا (اُر۔محاورہ) گھٹنا بدلنا۔

زانو تہ کرنا (اُر۔محاورہ) باادب بیٹھنا۔ مؤدّب بیٹھنا۔

زانو جمانا (اُر۔محاورہ) پنڈی جمانا۔ آسن جمانا۔ گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔

زانو دبا کے (اُر۔ متعلّق فعل) پاس۔ بہت قریب ہو کے۔ بھڑ کے۔

زانو سے سر اُٹھانا (اُر۔محاورہ) فکر سے فراغت پانا۔

زانو کے تلے دابنا (اُر۔محاورہ) کسی کی چھاتی پر زانو رکھ کر سارے بدن کا زور ڈالنا۔

زانو مسلنا (اُر۔محاورہ) سوار کا گھوڑے کو دونوں طرف سے زانوؤں سے رگڑنا تاکہ تیز چلے۔

زانوئے ادب تہ کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) مؤدّب بیٹھنا (۲) شاگرد ہونا۔

زانوئے تلمّذ تہ کرنا (اُر۔محاورہ) شاگرد ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زانی (زا۔نی)(ع۔صف۔مذ) زناکار مرد۔

زانیہ (زا۔نِ۔یَہ)(ع۔صف۔مث) زناکار عورت۔ چھنال۔ فاحشہ۔

زاویہ (زا۔وِ۔یَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) کونا۔ گوشہ (۲) پیروں فقیروں کا تکیہ۔ مسجد یا خانقاہ کے ساتھ حُجرہ (۳)(اقلیدس) دو خطِ مستقیم کے ایک نقطے پر ملنے سے جو کونا پیدا ہوا اُسے زاویہ کہتے ہیں۔ جمع: زوایا۔ اُردو جمع: زاویوں۔ زاویے۔

زاویۂ حادّہ (ع۔ا۔مذ) وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا ہو۔

زاویۂ قائمہ (ع۔ا۔مذ) وہ زاویہ جو پورے نوّے درجے کا ہو۔

زاویۂ مُنفرجہ (ع۔ا۔مذ) وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔

زاویۂ نگاہ (ع۔ا۔مذ) وہ زاویہ جو نگاہ اُس عمود کے ساتھ بنائے جو آنکھ سے زمین تک کھینچا جائے (۲) سوچنے کا انداز۔ نظر کا انداز۔ اندازِ نظر۔

زاہد (زا۔ہد)(ع۔ا۔مذ)(۱) دُنیا سے رغبت نہ رکھنے والا۔ متقی۔ پرہیزگار۔ جمع: زاہدین۔ زُہّاد۔ فارسی جمع: زاہداں۔ اُردو جمع: زاہد۔ زاہدوں۔

زاہدِ خشک (خُشک) (ف۔ا۔مذ) وہ عابد جو ظاہری باتوں کا سختی سے پابند ہو مگر اُس کا دِل رُوحانی لذت سے محروم ہو (۲) وہ عبادت گُزار جس کے مزاج میں روکھاپن ہو۔

زاہد کا کیا خُدا ہے ہمارا خُدا نہیں؟ (اُر۔مثل) خدا سب پر کرم فرماتا ہے۔ خُدا سب پر ایک جیسا مہربان ہے۔

زاہدہ (زا۔ہِ۔دَہ)(ع۔ا۔مث) پرہیزگار عورت۔ زاہد کی تانیث۔

زاہر (زا۔ہر)(ع۔صف) چمک دار۔ روشن (۲) بلند۔

زاہق (زا۔ہق)(ع۔صف) بھاگنے والا۔ مغرور (۲) بہت موٹا (۳) بہت دُبلا (۴) تیز۔ مضبوط (۵) مرنے والا۔

زائچہ (زا۔ا۔چہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) جنم پتری۔ کُنڈلی۔ وہ کاغذ جو نجومی بچے کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں (۲) رمل کی شکلیں جو رمال قرعہ ڈال کر لکھتے ہیں۔ جمع: زائچگاں۔ اُردو جمع: زائچوں۔ زائچے۔

زائچہ (بنانا) کھینچنا (اُر۔محاورہ)(۱) جنم پتری بنانا (۲) لگن کُنڈلی کھینچنا۔

زائد (زا۔اِد)(ع۔صف)(۱) زیادہ۔ فضول (۲) بچا ہوا۔ بڑھا ہوا۔ فالتو۔ جمع: زوائد۔

زائدُ المیعاد (زا۔اِ۔دُل۔می۔عاد) (ع۔صف) وہ معاملہ جس کی میعاد گُزر چکی ہو۔

زائدُ الوصف (زا۔اِ۔دُل۔وَصف)(ع۔صف) تعریف سے باہر۔

زائر (زا۔اِر)(ع۔صف۔مذ) زیارت کرنے والا۔ یاتری۔ جمع: زائرین۔

زائرہ (ع۔صف۔مث) زائر کی تانیث۔

زائل (زا۔اِل)(ع۔صف)(۱) دُور ہونے والا (۲) کم ہونے والا۔

زائیدگی (زا۔ای۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) جننا۔ پیدا کرنا (۲) جنائی۔

زائیدہ (زا۔ای۔دَہ)(ف۔صف) پیدا کیا ہوا۔ جنا ہوا۔ جمع: زائیدگان۔

زائے (ف۔صف) دیکھئے زا۔

ز۔ب

زَباد (بفتحۂ اوّل)(ع۔ا۔مث) ایک قسم کی خوشبو (۲) جنگلی بلّی۔

زُبان (زَ۔بان)(زُ۔بان)(ف۔ا۔مث) اِنسان اور حیوان کے مُنہ کے اندر کا ایک عضو جس سے وہ چیزوں کا مزہ معلوم کرتے ہیں۔ انسان اِس کی مدد سے بعض حروف کی آواز بھی پیدا کرتا ہے (۱) جیبھ۔ لِسان (۲) بول چال۔ نطق۔ محاورہ۔ بولی۔ بات۔ گفتگو (۳) اِقرار۔ قول۔ وعدہ (۴) بیان۔ اُردو جمع: زبانوں۔ زبانیں۔ (ز کے زبر اور پیش دونوں سے صحیح ہے)۔

زبان آبِ کوثر سے دھوئی ہونا (اُر۔محاورہ) نہایت پاکیزہ کلام اور فصیح البیان ہونا۔

زبان آج کھلی ہے کل بند (اُر۔مثل) زندگی کا کوئی اِعتبار نہیں۔

زبان آشنا ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) زبان کسی چیز کی خوگر ہونا (۲) کسی مزے سے واقف ہونا۔

زبان آلودہ ہونا (اُر۔محاورہ) بات کرنا۔ زبان پر کسی بات کا آنا۔

زبان آور (ف۔صف)(۱) خوش بیان۔ شیریں زبان (۲) قادر الکلام۔

زبان اُڑانا (اُر۔محاورہ) بات چیت کی نقل کرنا۔ لب ولہجہ کی نقل کرنا۔

زبان اُلٹنا (اُر۔محاورہ)(۱) زبان بدلنا۔ بات کہہ کر مُکر جانا (۲) بولنے پر قادر ہونا۔

زبان اُلجھنا (اُر۔محاورہ) بات کا مطلب بیان نہ کر سکنا۔

زبان بدلنا (اُر۔محاورہ) بات کہہ کر مُکر جانا۔ اِقرار سے پھر جانا۔

زبان بدلنے سے کوچہ بدلنا بہتر ہے (اُر۔مثل) وعدہ وفا نہ کرنے سے نُقصان اُٹھانا بہتر ہے۔

زبان بُریدہ (زبان بستہ) (ف۔صف) چپ۔ خاموش۔

زبان بڑھنا (اُر۔محاورہ) بدزبانی زیادہ ہونا۔

زبان بگاڑنا (اُر۔محاورہ) گالیوں کی عادت ہونا۔ زبان خراب ہونا۔

زبان بند (ف۔اُر۔ا۔مذ) تعویز جو دُشمنوں کی زبان بند کر دے۔

زبان بند رہنا (اُر۔محاورہ) کچھ نہ بول سکنا۔

زبان بند کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) چپ ہونا (۲) جادو وغیرہ سے اپنے خلاف کسی کی زبان نہ چلنے دینا (۳) خاموش کر دینا۔ بات نہ کرنے دینا۔

زبان بند ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) چپ ہونا۔ بات نہ کر سکنا (۲) زبان اینٹھ جانا۔ گویائی سلب ہونا (۳) جادو یا تعویذ کے زور سے کسی کے خلاف کچھ نہ کہہ سکنا۔

زبان بندی (ف۔ا۔مث) بولنے پر پابندی۔ بولنے کی ممانعت۔ خاموشی۔

زبان پر (اُر۔متعلق فعل) اقرار پر۔ وعدے پر۔

زبان پر آسکنا (اُر۔محاورہ) بیان ہو سکنا۔ کہہ سکنا۔

زبان پر آنا (اُر۔محاورہ) بات کہی جانا۔

زبان پر آئی ہوئی بات کاٹ دینا (اُر۔محاورہ) بات ناتمام چھوڑ دینا۔ خیال میں آئی ہوئی بات نہ کہنا۔

زبان پر جاری ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) بولا جانا (۲) مُنہ سے بار بار کوئی لفظ یا فقرہ نکلنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زبان پر (چڑھ جانا) چڑھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) وردِ زبان ہونا۔ تکیہ کلام ہونا (۲) حفظ ہونا (۳) بولنے کی مشق ہونا۔
زبان پر چھٹی کا دودھ آنا (اَر۔ محاورہ)(کنایۃً) پچھتانا۔
زبان پر حرف لانا (اَر۔ محاورہ) شکایت کرنا۔
زبان پر دھرنا (رکھنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) چکھنا۔ زبان لگا کر دیکھنا (۲) تھوڑا سا کھانا۔
زبان پر زبان بدلنا (اَر۔ محاورہ) کسی بات پر ذرا دیر قائم نہ رہنا۔
زبان پر سر دینا (اَر۔ محاورہ) عہد پُورا کرنے کے لئے جان کی بازی لگا دینا۔
زبان پر فیصلہ ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی کے کہنے پر جھگڑا ختم ہونا۔
زبان پر کانٹے پڑنا (اَر۔ محاورہ) زبان خشک ہو جانا۔
زبان پر لانا (اَر۔ محاورہ) کہنا۔ بولنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔
زبان پر مُہر ہونا (اَر۔ محاورہ) بول نہ سکنا۔ زبان بند ہونا۔ خاموش ہونا۔
زبان پر نام آنا (اَر۔ محاورہ) کسی کا خیال آتے ہی زبان سے نام نکل جانا۔ کسی کا نام لینا۔
زبان پر ہونا (اَر۔ محاورہ) ازبر ہونا۔ خوب یاد ہونا۔
زبان پکڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بات کہنے سے روکنا۔ بولنے نہ دینا (۲) نکتہ چینی کرنا۔ عیب پکڑنا۔ حرف گیری کرنا (۳) بیچ میں بول پڑنا۔
زبان پھرنا (اَر۔ محاورہ) بولنے کی طاقت ہونا۔ زبان کا حرکت کرنا۔
زبانِ پہلوی (ف۔ا۔مث) قدیم ایرانی زبان جس میں ژندواوستا لکھی گئی تھیں۔
زبان پھوٹنا (اَر۔ محاورہ) باتیں کرنے لگنا۔
زبان پھیرنا (اَر۔ محاورہ) زبان بدلنا۔ قول سے مکرنا۔
زبان پیدا کرنا (اَر۔ محاورہ) بولنے کی طاقت حاصل کرنا۔ بولنا۔
زبان تالو سے لگنا (اَر۔ محاورہ) چپ ہونا۔
زبان تالو سے نہ لگنا (اَر۔ محاورہ) متواتر بولے جانا۔ مسلسل بک بک کئے جانا۔
زبانِ ترازو (ف۔ا۔مذ) ترازو کی سوئی۔
زبان تراشنا (اَر۔ محاورہ) زبان فصیح بنانا۔ زبان آراستہ کرنا۔
زبان ترہونا (اَر۔ محاورہ) زبان بولنے کے قابل ہونا۔ زبان کا بیان کرنے پر قادر ہونا۔
زبان (تڑاق پڑاق) تڑ تڑ چلانا (چلنا) (اَر۔ محاورہ) جلد جلد بولنا۔ بے باکی سے بولتے جانا۔
زبان تک لانا (اَر۔ محاورہ) کچھ کہنا۔ زبان پر لانا۔
زبان تلے زبان ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی بات پر قائم نہ رہنا۔
زبان (تھامنا) تھمنا (اَر۔ محاورہ) چپ رہنا۔
زبان تھکنا (اَر۔ محاورہ) باتیں کر کر کے زبان تھک جانا۔ بہت بولنا۔
زبان تیز ہونا (اَر۔ محاورہ) جلد جلد باتیں کرنا۔
زبانِ تیغ سے جواب دینا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کے جواب میں تلوار کھینچ لینا۔ کسی بات کے جواب میں جنگ پر آمادہ ہو جانا۔
زبان ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ)(۱) صاف طور پر بولنا۔ صحیح طور پر بولنے کی عادت پڑنا (۲) بچے کا صاف بولنا۔
زبان ٹھہرنا (اَر۔ محاورہ) خاموش ہو جانا۔
زبان جل جائے (اَر۔ بددعا) کہنے والے کی زبان کو تکلیف پہنچے۔
زبان جنے ایک بار ماں جنے بار بار (اَر۔ مثل) زبان کا اِقرار ایک ہوتا ہے۔
زبان جھڑ پڑے (اَر۔ بدؤعا) زبان نہ رہے۔ بول نہ سکے۔ زبان کٹ یا گل کر گر جائے۔
زبان چاٹنا (اَر۔ محاورہ) مزے دار چیز کھا کر دیر تک مزے لیتے رہنا۔
زبان چار ہاتھ کی ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت باتیں کرنے والا ہونا۔ زبان دراز ہونا۔
زبان چلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) جلد جلد باتیں کرنا۔ بہت بولنا (۲) بدزبانی کرنا۔ بدتمیزی کرنا۔
زبان چلائے کی روٹی کھانا (اَر۔ محاورہ) چاپلوسی کر کے پیٹ پالنا۔ خوشامد درآمد سے روزی پیدا کرنا۔
زبانِ حال سے کہنا (اَر۔ محاورہ) حالت سے ظاہر ہونا۔ بے کہے حالت سے ظاہر کرنا۔
زبانِ خامہ (ف۔ا۔مث) قلم کا وہ حصّہ جس میں شگاف دیتے ہیں۔
زبان خراب کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گالیاں دینا (۲) زبان سے بے ہودہ الفاظ نکالنا۔
زبان خشک ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت پیاس لگنا (۲) بہت منت ساجت کرنا (۳) بہت باتیں کرنا۔
زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو (اَر۔ مثل) جو بات مشہور ہو جائے وہ ہو کر رہتی ہے۔ خلق خدا جو بات کہے وہ ہو جاتی ہے۔
زبان خنجر کی طرح چلنا (اَر۔ محاورہ) بہت تیز گفتگو کرنا۔
زبان داب کر باتیں کرنا (اَر۔ محاورہ) چبا چبا کر باتیں کرنا۔
زبان دابنا (اَر۔ محاورہ) کہتے کہتے رُک جانا۔
زبان دان (ف۔صف) کسی زبان کا ماہر۔ کسی زبان کو بخوبی جاننے والا۔
زبان دبا کے کہنا (اَر۔ محاورہ) آہستہ سے کہنا۔
زبان دانتوں (تلے) میں دابنا (اَر۔ محاورہ) کچھ کہہ کر پچھتانا (۲) حیرت کرنا (۳) افسوس کرنا۔
زبان دانی (ف۔ا۔مث) زبان کی پُورے طور پر واقفیت۔
زبان دبا جانا (اَر۔ محاورہ) کہتے کہتے رُک جانا۔
زبان دراز (ف۔صف)(۱) بدزبان۔ گستاخ (۲) گالیاں بکنے والا۔
زبان دراز ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت باتیں کرنا۔ بہت بولنا (۲) گالیاں دینا۔ بدزبان ہونا۔
زبان درازی (ف۔ا۔مث) بدزبانی۔ گستاخی۔
زبان دُرست ہونا (اَر۔ محاورہ) صحیح زبان بولنا۔ تہذیب سے گفتگو کرنا۔
زبان دے کر پلٹنا (اَر۔ محاورہ) وعدہ کر کے انکار کر دینا۔
زبان دیکھنا (اَر۔ محاورہ) زبان کا خیال کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زبان دینا (اُر۔ محاورہ) وعدہ کرنا۔
زبان رُکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کہہ نہ سکنا۔ بول نہ سکنا (۲) ہکلانا۔
زبان رکھنا (اُر۔ محاورہ) بولنے یا جواب دینے کی طاقت رکھنا۔
زبان رنگین ہونا (اُر۔ محاورہ) شوخ زبان ہونا۔
زبان رُکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کہتے کہتے رُک جانا (۲) بُرا بھلا کہنے سے باز رہنا۔
زبان زد (ف۔ صف) مشہور۔ معروف۔
زبان زدِ خاص و عام (ف۔ ع۔ متعلق فعل) ہر ایک کی زبان پر۔ سب میں مشہور۔
زبان سمجھنا (اُر۔ محاورہ) بولی سمجھنا۔
زبان سنبھال کے بولنا (اُر۔ محاورہ) احتیاط سے گفتگو کرنا۔ تہذیب سے بولنا۔
زبان سنبھالو (اُر۔ محاورہ) بیہودہ نہ بکو۔ بدزبانی نہ کرو۔
زبان سُوکھنا (اُر۔ محاورہ) پیاس کی شدت ہونا (۲) تعریف کرتے یا نام لیتے لیتے زبان کا عاجز آجانا۔
زبان سے اُف نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بالکل شکایت نہ کرنا (۲) تکلیف کا مطلق اظہار نہ کرنا۔
زبان سے بات نہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) رُعب کے باعث کچھ کہہ نہ سکنا۔
زبان سے بیٹا بیٹی پرائے ہوتے ہیں (اُر۔ مثل) بدزبانی سے اپنے غیر بن جاتے ہیں۔
زبان سے پُھول جھڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت شیریں کلام ہونا۔ مُنہ سے پُھول جھڑنا۔ غیر مُناسب باتیں کرنے کے موقع پر بھی طنزاً کہتے ہیں۔
زبان سے خندق پار کرنا (اُر۔ محاورہ) شیخی ہی شیخی ہے کر کچھ نہیں سکتے۔
زبان سے نام نہ لینا (اُر۔ محاورہ) ذکر نہ کرنا۔ کسی معاملے کے متعلق چُپ رہنا۔
زبان سے نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کہنا۔ بیان کرنا (۲) تلفظ کرنا۔
زبان سے نکلی کوٹھے چڑھی (اُر۔ مثل) بات مُنہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے۔
زبان سینا (اُر۔ محاورہ) خاموش رہنا۔ بات نہ کہنا۔
زبان شمع (ف۔ ا۔ مث) شمع کی لَو۔
زبان شیریں مُلک گیری' زبان ٹیڑھی مُلک بانکا (اُر۔ مثل) نرم زبانی سے بہت کام نکل جاتے ہیں۔ سخت کلامی سب کو دُشمن بنا دیتی ہے۔
زبان شیشہ (ف۔ ا۔ مث) بوتل کے مُنہ سے عرق یا شربت وغیرہ نکلتے وقت بندھی ہوئی دھار۔
زبان طعن کھولنا (اُر۔ محاورہ) لعن طعن کرنا۔
زبان عاجز ہونا (اُر۔ محاورہ) کہنے کی طاقت نہ ہونا۔
زبان فرفر چلنا (اُر۔ محاورہ) بہت تیزی سے باتیں کرنا۔ نیز دیکھئے زبان قینچی کی طرح چلنا۔
زبان قاصر ہونا (اُر۔ محاورہ) زبان عاجز ہونا۔ بات کہنے کی تاب نہ ہونا۔
زبان قلم ہونا (اُر۔ محاورہ) زبان کٹنا۔

زبان قینچی (سی) کی طرح چلنا (اُر۔ محاورہ) (کنایۃً) بہت تیزی سے گفتگو کرنا (۲) لگاتار بولے جانا۔
زبان کا پلٹے کھانا (اُر۔ محاورہ) قول سے مُکرنا۔
زبان کا پھوہڑ (اُر۔ محاورہ) بدزبان۔ گنوار۔ اُجڈ۔
زبان کا ٹانکا ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) بدزبان ہونا۔
زبان کا چٹخارا (زبان کا چسکا۔ زبان کا مزہ) (اُر۔ ا۔ مذ) مزے دار چیزیں کھانے کی لت۔ چٹورپن۔
زبان کا میٹھا (اُر۔ صف) (۱) شیریں زبان (۲) منافق۔ خوشامدی۔
زبان کاٹ کے پھینک دینا (اُر۔ محاورہ) کوئی فضول بات یا بدعہدی نہ کرنے کے موقع پر استعمال کرتے ہیں۔
زبان کاٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بات کاٹنا۔ بیچ میں بول پڑنا (۲) کہے پر پچھتانا۔
زبان (کاٹو) کاٹئے (اُر۔ محاورہ) بولنے کی سزا دیجئے۔
زبان کا کام ہاتھ سے لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) دست درازی کرنا (۲) اشارے کرنا۔
زبان کٹ جائے (اُر۔ قسم و بددعا) ایک قسم یا بددُعا۔
زبان کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سخت کلامی کرنا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) وعدہ کرنا۔
زبان کُند ہوئی جاتی ہے (اُر۔ محاورہ) کچھ کہا نہیں جاتا۔ بولنے کی طاقت سلب ہو رہی ہے۔
زبان کو بس میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) سوچ سمجھ کر گفتگو کرنا۔
زبان کو کولے گئی (اُر۔ محاورہ) جب کوئی جواب نہ دے سکے تو کہتے ہیں کہ گونگا ہو گیا ہے۔
زبان کو لگام دو (اُر۔ محاورہ) چُپ رہو۔ سوچ سمجھ کر بولو۔
زبان کو مُنہ میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) زبان کو روکے رکھنا یا بس میں رکھنا (۲) چُپ رہنا۔
زبان کُھلنا (اُر۔ محاورہ) بچّے کا بولنے لگنا (۲) بدزبانی کرنا (۳) مُنہ سے بات نکلنا (۴) باتیں کرنے کی طاقت پیدا ہونا۔
زبان کُھلوانا (اُر۔ محاورہ) بولنے پر مجبور کرنا۔ راز کُھلوانا۔
زبان کھولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کچھ کہنا۔ بولنا (۲) بدزبانی کرنا (۳) گویائی کی قوت حاصل ہونا (۴) عیب نکالنا (۵) گلہ شکوہ کرنا۔
زبان کھینچنا (اُر۔ محاورہ) گُدی کے پیچھے سے زباں کھینچ لینا۔
زبان کی بات (اُر۔ ا۔ مث) کسی خاص شخص کی کہی ہوئی بات۔
زبان کی سی کہوں یا تلوار کی سی کہوں؟ (اُر۔ مثل) صاف صاف کہوں یا مُنہ دیکھی کہوں۔
زبان کی لچک (اُر۔ ا۔ مث) لب و لہجہ کی خوبی۔ اِن معنوں میں زبان کا لوچ بھی مستعمل ہے۔
زبان کے آگے خندق نہیں (اُر۔ محاورہ) کوئی کسی کی زبان بند نہیں کر سکتا۔
زبان کے (چٹخارے) مزے لینا (اُر۔ محاورہ) نفیس اور مزے دار

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چیزوں کا لُطف اُٹھانا۔

زبان کیلنا (ار۔ محاورہ) افسوں یا منتر سے کسی کا مُنہ بند کرنا۔

زبان گُدّی سے کھینچنا (ار۔ محاورہ) زبان جڑ سے نکال دینا۔

زبانِ گوہر بار (ف۔ ا۔مث) موتی برسانے والی زبان۔ فصیح زبان۔

زبان گھس جانا (ار۔ محاورہ) بولتے بولتے زبان کا تھک جانا۔

زبان گیر (ف۔ صف)(۱) جاسُوس۔ مُخبر (۲) معترض۔

زبان گیری (ف۔ ا۔مث)(۱) جاسُوسی کا کام (۲) اعتراض کرنا۔ گرفت کرنا۔

زبان لڑانا (ار۔ محاورہ) تُرکی بہ تُرکی جواب دینا۔ مقابلہ کرنا۔

زبان لڑکھڑانا (لغزش کرنا) (ار۔ محاورہ) رُک رُک کر بولنا۔ لُکنت کرنا۔

زبان لینا (ار۔ محاورہ) اقرار کرانا۔ عہد لینا۔ وعدہ کرانا۔

زبان مروڑنا (ار۔ محاورہ) زبان ملنا (۲) گھوڑے یا مویشی کو دوا پلانے کے لئے زبان پکڑ کر مروڑ دیتے ہیں۔

زبانِ مُعجز بیان (ف۔ ع۔ ا۔مث) ایسی زبان جس سے نہایت عجیب و غریب مضامین ادا ہوں۔

زبانِ مِقال (ف۔ ع۔ ا۔مث) گفتگو کرنے کی زبان۔ زبانِ حال کی ضِد۔

زبان ملانا (ار۔ محاورہ) گستاخی سے بات چیت کرنا۔

زبان مِلنا (ار۔ محاورہ)(۱) بولی کا مُشابہ ہونا (۲) طرزِ گفتگو کا ایک جیسا ہونا۔

زبان مُنہ سے باہر (نکالنا) نکلنا (ار۔ محاورہ) بہت دوڑنے یا شِدّتِ تشنگی سے زبان باہر آنا۔

زبان مُنہ میں نہ (رکھنا) ہونا (ار۔ محاورہ) کچھ نہ کہنا۔ جواب نہ دینا۔

زبان میں روانی ہونا (ار۔ محاورہ) تیز گفتگو کرنا۔ بغیر رُکے گفتگو کرنا۔

زبان میں فرق ہونا (ار۔ محاورہ) قول کا پابند نہ ہونا۔

زبان میں قفل (لگانا) لگنا (ار۔ محاورہ) خاموش رہنا۔ نہ بولنا۔

زبان میں کانٹے پڑنا (ار۔ محاورہ) سخت پیاس لگنا۔ زبان کا پیاس سے خشک اور کھردرا ہو جانا۔

زبان میں کھجلی ہونا (ار۔ محاورہ) تُوتُو مَیں مَیں کرنے کو جی چاہنا۔

زبان میں لگام نہیں (ار۔ محاورہ) بہت مُنہ پھٹ ہے۔ گستاخ ہے۔

زبان میں لوچ ہونا (ار۔ محاورہ) بات کرتے وقت چھوٹے بڑے کا لحاظ رکھنا۔

زبانِ ناطِقہ (ف۔ ع۔ ا۔مث) بولنے والی زبان۔

زبان نکالنا (ار۔ محاورہ)(۱) زبان مُنہ سے باہر کرنا (۲) زبان درازی کرنا۔

زبان نکل پڑنا (ار۔ محاورہ) زبان کا مُنہ سے باہر نکل آنا۔

زبان نہ رُکنا (ار۔ محاورہ) چُپ نہ رہنا۔ بولے جانا۔

زبان نہ ہلا سکنا (ار۔ محاورہ) بول نہ سکنا۔ چُپ رہ جانا۔

زبان نہیں رہتی ہے (ار۔ محاورہ) کہے جاتا ہے۔ بے کہے نہیں مانتا۔

زبان ہارنا (ار۔ محاورہ) وعدہ کرنا۔ عہد کرنا۔

زبان ہلانا (ار۔ محاورہ) (۱) کہنا۔ بولنا۔ بات کرنا (۲) اِشارہ کرنا۔ حُکم کرنا۔ مانگنا۔

زبان ہلانے سے کام نکلتا ہے (ار مقولہ) کہنے سُننے ہی سے کام ہوتا ہے۔ سفارش سے مقصد حاصل ہوتا ہے۔

زبان ہلنا (ار۔ محاورہ) زبان کا حرکت کرنا۔ بولنا۔ کہنا۔

زبان ہی حلال ہے زبان ہی مُردار ہے (ار۔ مثل) زبان جو چاہے کہہ دے۔ حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دے۔

زبان ہی ہاتھی چڑھاوے زبان ہی سَر کٹوا دے (ار۔ مثل) زبان ہی سے آدمی کی عزّت ہوتی ہے اور اِسی سے جان گنوانے تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔

زبانِ یارِ من تُرکی و من تُرکی نمی دانم (ف۔ مثل) میرے دوست کی زبان تُرکی ہے اور میں تُرکی نہیں جانتا۔ جب کسی کی بات سمجھ میں نہ آئے تو کہتے ہیں۔

زُبانہ (ف۔ ا۔مذ) شُعلہ۔ لو۔ آگ کی لپک (۲) ترازو کی سُوئی (۳)(صف) زبان والا۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے دوزبانہ۔

زبانہ کش (ف۔ صف) شُعلہ نکالنے والی۔ شُعلہ پیدا کرنے والا۔

زُبانی (ف۔ صف)(۱) مُنہ کی کہی ہوئی (۲) سُنی سُنائی (۳) ظاہری۔ مُنہ دیکھے کی۔ بناوٹ کی (۴)(متعلق فعل) حِفظ۔ اَزبر۔

زبانی اِمتحان (ف۔ ع۔ ا۔مذ) وہ اِمتحان جو تحریری نہ ہو اور تقریر کے ذریعے لیا جائے۔

زبانی باتیں (ار۔ ا۔مث) وہ باتیں جو زبان سے کہی جائیں اور اُن پر عمل نہ کیا جائے۔

زبانی پڑھنا (ار۔ محاورہ) حِفظ پڑھنا۔ بے دیکھے پڑھنا۔

زبانی تکلّے (ار۔ ا۔مذ) اُوپری باتیں۔ زبانی جمع خرچ۔

زبانی جمع خرچ (ار۔ ا۔مذ) خالی خُولی باتیں۔ کچھ نہ کر کے دکھانا۔

زبانی جمع خرچ کرنا (ار۔ محاورہ) صرف باتیں ہی بنانا۔ عمل نہ کرنا۔

زبانی حساب (ف۔ ا۔مذ) وہ حساب جو لکھ کر نہ کیا جائے۔ ذہنی حساب۔

زبانی سُننا (ار۔ محاورہ) حِفظ سُننا۔ بغیر کتاب کے سُننا۔

زبانی کہنا (ار۔ محاورہ) بذریعہ گفتگو کچھ سُنانا۔

زبانی لکھنا (ار۔ محاورہ) کسی کی زبان سے سُن کر لکھنا۔

زبانی وعدہ (ف۔ ع۔ ا۔مذ) وہ وعدہ جو زبان سے کیا جائے۔ لکھا نہ جائے۔

زُبدَہ (زُب۔ دَہ)(ع۔ ا۔مذ)(۱) تازہ مکھّن (۲) ملائی (۳) کسی چیز کا بہترین حِصّہ (۴)(صف) چیدہ۔ منتخب۔ برگزیدہ۔

زُبدۃُ الحکما (زُب۔ دَ۔ تُل۔ حُ۔ کَ۔ ما)(ع۔ ا۔مذ) حکیموں میں سے منتخب (۲) ایک ڈگری جو طبیبوں کو دی جاتی ہے۔

زُبدۃُ السالکین (زُب۔ دَ۔ تُس۔ سا۔ لِ۔ کِین) (ع۔ ا۔مذ) سالکوں میں برگزیدہ۔ پیروں، صوفیوں اور بُزرگوں کا لقب۔

زَبَر (زَ۔ بَر)(ف۔ صف) اَزبر کا مُخفّف (۱) اُوپر۔ اُونچا۔ بالا (۲) بہتر (۳) زیادہ بڑا (۴) بوجھل۔ گراں (۵) طاقتور۔ زور آور (۶) (ا۔مذ) فتحہ۔ وہ چھوٹی سی آڑی لکیر جو کسی حرف کے اُوپر آدھے الف کی آواز ظاہر کرنے کے لئے لگائی جائے۔ (ـَـ)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زَبَرْدَشت (ف۔ صف) طاقت ور۔ توانا۔ قوی۔ غالب۔
زبردست سب کا جنوائی (ار۔ مثل) زبردست کا سب ظلم مانتے ہیں۔
زبردست کا ٹھینگا سر پر (ار۔ مثل) غالب سے زور نہیں چلتا۔ اُس کی ماننی پڑتی ہے۔
زبردست کی جورُو سب کی دادی۔ غریب کی جورُو سب کی بھابی (ار۔ مثل) زبردست کی سب عزت اور مفلس کی سب توہین کرتے ہیں۔
زبردست کے بیسوں بِسوے (ار۔ مثل) قوی ہمیشہ غالب رہتا ہے۔
زبردست مارے اور رونے نہ دے (ار۔ مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی طاقت ور زیادتی بھی کرے اور شکوہ بھی نہ کرنے دے۔
زبردستی (ف۔ ا۔ مث) جبر۔ ظلم۔ سختی۔ زیادتی۔
زبر ہونا (ار۔ محاورہ) غالب ہونا۔ فتح پانا۔ بھاری ہونا۔
زَبَرْجَد (زَ۔ بَر۔ جد) (ع۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا زمرد۔ ایک سبز رنگ کا زردی مائل جواہر۔ پنّا۔
زبرجد ہندی (ع۔ ا۔ مذ) پکھراج۔
زِبَس (زِ۔ بَس) (ف۔ صف) دیکھئے اَزبس۔
زَبُور (زَ۔ بُور) (ع۔ ا۔ مث) (۱) نوشتہ۔ کتاب (۲) وہ الہامی کتاب جو حضرت داؤد علیہ السّلام پر نازل ہوئی تھی۔
زَبُوں (زَ۔ بُوں) (ف۔ صف) (۱) عاجز۔ ضعیف (۲) خوار۔ بیچارہ۔ ذلیل۔ رُسوا (۳) بُرا۔ زشت۔ تباہ (۴) نحس۔ منحوس۔
زَبُونی (زَ۔ بُو۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) خواری۔ تباہی۔ خرابی۔ کمزوری۔ ذلت۔

ز۔پ

زِپ (Zip) (انگ۔ ا۔ مث) زنجیرہ۔ عام طور پر پتلون، زنانہ قمیص وغیرہ میں لگائی جاتی ہے۔
زَپاٹا (زَ۔ پا۔ ٹا) (ق۔ ا۔ مذ) اُڑتے وقت پرندے کے پَروں کی آواز۔

ز۔ٹ

زَٹَل (زَ۔ ٹَل) (ار۔ ا۔ مث) (۱) بکواس۔ بَڑ۔ جھک۔ بے معنی بات۔ لغو بات (۲) فضول قِصّہ یا کہانی۔
زٹل باز (ار۔ صف) گپّی۔ بکواسی۔ فضول کہانیاں کہنے والا۔
زٹل قافیے (ار۔ ا۔ مذ) فضول اور بے تکی باتیں۔ بے اصل باتیں۔
زٹل مارنا (ہانکنا) (ار۔ محاورہ) گپ ہانکنا۔ جھوٹی باتیں کرنا۔ شیخی مارنا۔
زَٹلی (زَ۔ ٹَل۔ لی) (ہ۔ صف) (۱) بکواسی۔ تکی (۲) شہنشاہ فرخ سیر کے عہد کا ایک مشہور مسخرہ شاعر۔
زَٹلیا (زَ۔ ٹَل۔ لی۔ یا) (ار۔ صف) پوچ باتیں کرنے والا۔ بے معنی اور طول طویل قصّے بیان کرنے والا۔ جھوٹا۔

ز۔ج

زُجاج (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کانچ۔ آبگینہ۔ شیشہ (۲) شیشے کا ٹکڑا۔
زُجاجی (زُ۔ جا۔ جی) (ف۔ صف) شیشے کا بنا ہوا۔
زَجْر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) روک۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ دھمکی۔ تنبیہ۔ جھڑکی۔ ملامت۔
زجر و توبیخ (ع۔ ا۔ مث) ڈانٹ ڈپٹ۔ لعنت ملامت۔ جھڑکی۔ دُھتکار۔

ز۔چ

زِچ (بکسرِ اوّل) (ار۔ صف) (۱) عاجز۔ تنگ۔ مجبور۔ بے بس۔ شکست خوردہ (۲) (ار۔ ا۔ مث) شطرنج کے بادشاہ کی وہ حالت جب اُس کے چلنے کے لئے کوئی گھر نہ ہو۔
زچ کر دینا (ار۔ محاورہ) (۱) مات دے دینا (۲) مجبور کر دینا۔ عاجز کر دینا۔
زچ ہو جانا (ار۔ محاورہ) ناک میں دَم آجانا۔ تنگ ہو جانا۔ دِق ہو جانا۔
زَچہ (زَچّہ) (زَ۔ چہ) (زَچ۔ چہ) (ف۔ ا۔ مث) وہ عورت جس نے بچّہ جنا ہو چالیس دن تک زچہ کہلاتی ہے۔
زچہ خانہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ مقام جہاں بچّے پیدا ہوا ہو۔
زچہ رانی (ار۔ ا۔ مث) زچہ کا خطاب۔
زچہ گیریاں (ار۔ ا۔ مث) زچہ خانہ کے گیت۔ وہ گیت جس میں بچّے اور اُس کی ماں کی تعریف کی گئی ہو۔
زَچگی (زَچ۔ چَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) زچہ ہونے کی حالت۔

ز۔ح

زِحاف (زِ۔ حاف) (ع۔ ا۔ مذ) عروض کی بحروں کے ارکان کا تغیّر (کمی یا زیادتی)۔ جمع: زحافات۔
زُحَل (زُ۔ حَل) (ع۔ ا۔ مذ) نظامِ شمسی کا دُوسرا سب سے بڑا سیارہ جو نحس خیال کیا جاتا ہے۔ سنیچر۔ کیواں۔ سٹرن۔
زحل کا عمل گزر چکا ہے (ار۔ مثل) زحل سیارے کا اثر زائل ہو گیا۔ نحوست کے دن گزر گئے۔
زَحمت (زَح۔ مَت) (ع۔ ا۔ مث) دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ رنج۔ مشقت۔ مصیبت۔ سختی۔ اُردو جمع: زحمتوں۔ زحمتیں۔
زحمت اُٹھانا (ار۔ محاورہ) دُکھ بھوگنا۔ تکلیف برداشت کرنا۔
زَحیر (زَ۔ حیر) (ع۔ ا۔ مث) پیچش کا مرض۔ مروڑ۔

ز۔خ

زَخّار (زَخ۔ خار) (ع۔ صف) پانی سے بھرا ہوا۔ بہت شور کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

موجیں مارتا ہوا۔ لہریں لیتا ہوا۔

زَخْم (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) (۱) گھاؤ۔ ناسُور (۲) نقصان۔ خسارہ۔ ضرر۔ زیاں۔ اُردو جمع: زخم۔ زخموں۔

زخم آلا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) زخم تازہ ہونا (۲) پُرانا رنج یاد آنا۔

زخم اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) زخم کی تکلیف برداشت کرنا۔ زخم کھانا۔

زخم اِندمال پانا (اُر۔ محاورہ) زخم اچھا ہونا۔

زخم انگیز (ف۔ صف) چھالا ڈالنے والی دوا۔

زخم اوچھا لگنا (اُر۔ محاورہ) ہلکا زخم لگنا۔

زخم باندھنا (اُر۔ محاورہ) زخم پر پٹی باندھنا۔

زخم بولنا (اُر۔ محاورہ) زخم پھٹنا۔ زخم کے ٹانکے ٹوٹنا۔

زخم بھر (آنا) جانا (اُر۔ محاورہ) زخم اچھا ہونا۔

زخم بھر چلنا (اُر۔ محاورہ) زخم پر کھرنڈ آجانا۔

زخم پر (مشک) نمک چھڑکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ایذا دینا۔ ستائے ہوئے کو ستانا۔ تکلیف پر تکلیف دینا (۲) نقصان یا تکلیف میں طعن و تشنیع کرنا۔

زخم پکنا (اُر۔ محاورہ) زخم میں پیپ پڑ جانا۔

زخم تازہ ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) نیا صدمہ ہونا۔ نیا زخم لگنا (۲) کسی نئے حادثے پر پُرانا رنج یاد آجانا۔

زخمِ جگر (ف۔ا۔مذ) جگر کا زخم۔ غم۔ رنج۔

زخم جھیلنا (اُر۔ محاورہ) زخم کھانا۔

زخم چرانا (اُر۔ محاورہ) زخم میں خشکی کے سبب درد ہونا۔

زخمِ چشم (ف۔ا۔مذ) بُری نظر۔ نظرِ بد۔

زخم خشک ہونا (اُر۔ محاورہ) زخم سے پیپ کا نکلنا بند ہونا۔ انگور آنا۔ کھرنڈ بندھنا۔

زخمِ خفیف (ف۔ا۔مذ) ہلکا زخم۔

زخمِ خنداں (ف۔ا۔مذ) (کنایۃً) کھلا ہوا زخم۔ وہ زخم جو سیا نہ گیا ہو۔

زخم خوردہ (زخم دار) (ف۔ صف) مجروح۔ زخمی۔

زخمِ دامن دار (ف۔ا۔مذ) بڑا زخم۔

زخمِ دل (ف۔ا۔مذ) دل کا زخم۔ غم۔ رنج۔

زخم دوزی (ف۔ا۔مث) زخم میں ٹانکے لگانا۔ مرہم پٹی۔

زخم دینا (اُر۔ محاورہ) گھایل کرنا۔ صدمہ پہنچانا۔ ضرر پہنچانا۔

زخمِ زبان (ف۔ا۔مذ) کسی کی بدزبانی کا اثر۔

زخم زدہ (ف۔ صف) مجروح۔ زخمی۔

زخم سینا (اُر۔ محاورہ) زخم میں ٹانکے لگانا۔

زخم کا انگور (اُر۔ا۔مذ) کھرنڈ۔

زخم کا پانی (اُر۔ا۔مذ) رطوبت جو زخم میں ہوتی ہے۔

زخم کا چور (اُر۔ا۔مذ) (کنایۃً) زخم جو باہر سے خشک اور اندر سے خراب ہو۔

زخم کا رونا (اُر۔ محاورہ) (کنایۃً) زخم سے پانی نکلنا۔

زخمِ کاری (ف۔ا۔مذ) مُہلک زخم۔

زخم کا مُسکرانا (ہنسنا) (اُر۔ محاورہ) (کنایۃً) زخم کے ٹانکے ٹوٹ جانے سے زخم کھل جانا۔

زخم کا ہوا دینا (اُر۔ محاورہ) زخم بہت بڑھ جاتا ہے تو اُس میں سے ہوا نکلتی ہے۔

زخم کو ٹانکے لگانا (اُر۔ محاورہ) زخم سینا۔

زخم کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) زخمی ہونا۔ مجروح ہونا (۲) صدمہ اُٹھانا۔

زخم کھلنا (اُر۔ محاورہ) زخم کا پھٹ جانا۔

زخمِ کُہن (ف۔ا۔مذ) پُرانا زخم۔

زخم کے ٹانکے کاٹنا (اُر۔ محاورہ) زخم بھرنے کے بعد اُس کے ٹانکے کاٹ ڈالنا۔

زخم لگنا (اُر۔ محاورہ) مجروح ہونا۔ زخمی ہونا۔

زخم میں انگور آنا (اُر۔ محاورہ) زخم پر کھرنڈ آجانا۔

زخم میں (بتّی) صُوف بھرنا (اُر۔ محاورہ) زخم بھرنے کی غرض سے اُس میں کپڑا یا رُوئی رکھ دینا۔

زخم ہرا کرنا (اُر۔ محاورہ) گھاؤ کو تازہ کرنا (۲) گزشتہ رنج یاد دلانا۔

زخم ہرا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا (۲) گزشتہ صدمے یا حادثے کا یاد آجانا۔

زَخْموں (اُر۔ا۔مذ) زخم کی جمع۔

زخموں پر زخم جھیلنا (کھانا) (اُر۔ محاورہ) صدمے پر صدمے اُٹھانا (۲) بہت زخم کھانا۔

زخموں پر نمک پاشی کرنا (اُر۔ محاورہ) زخموں پر نمک چھڑکنا۔ سخت تکلیف دینا۔

زخموں سے چُور ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت زخمی ہونا۔

زخموں کی بدھی (اُر۔ا۔مث) زخموں کے نشان۔

زخموں کے ہار (اُر۔ا۔مذ) بہت سے زخم۔

زَخْمَہ (زَخ۔مَہ) (ف۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے ساز بجائیں۔ مضراب۔ نقارے کی چوب۔

زَخْمی (زَخ۔مِی) (ف۔ صف) (۱) گھایل۔ مجروح۔ چوٹ کھایا ہوا۔ اُردو جمع: زخمی۔ زخمیوں۔

زخمی جگر (ف۔ صف) دل جلا۔ مُصیبت زدہ۔ خستہ جگر۔

زخمی دُشمنوں میں دَم لے تو مرے۔ نہ دَم لے تو مرے (اُر۔ مثل) ہر طرح مشکل ہے۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کسی کام کے کرنے یا نہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کرنے میں یکساں نقصان ہو۔

زِخُودرَفتگی (زِ۔خُد۔رَف۔تَ۔گی)(ف۔ا۔مث) دیکھئے اَز خُود رفتگی۔

ز ۔ د

زَد (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) مار۔ضرب۔چوٹ (۲) نشانہ (۳) جو چیز ماری جائے (۴) صدمہ۔نُقصان (۵) نشانے کا سامنا۔

زد پر آنا (زد پر چڑھنا۔زد پر ہونا۔زد میں آنا)(اَر۔محاورہ) ایسی جگہ ہونا جہاں نشانہ ٹھیک لگے۔

زد پڑنا (اَر۔محاورہ) نُقصان ہونا۔خسارہ ہونا۔

زد وکوب (ف۔ا۔مث) مار پیٹ۔

زَدگان (زَ۔دَ۔گان)(ف۔صف) زَدہ کی جمع۔مُرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے مُصیبت زدگان۔

زَدَگی (زَ۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) زدہ کا اِسم کیفیت۔چوٹ۔ضرب۔مُرکبات میں مستعمل ہے جیسے ہوازدگی۔مُصیبت زدگی۔

زَدَن (زَ۔دَن)(ف۔مص) مارنا۔ضرب لگانا (۲) جھپکنا جیسے چشم زدن۔

زَدَنی (زَ۔دَ۔نی)(ف۔صف) مارنے کے قابل۔قتل کے لائق (مُرکبات میں آتا ہے جیسے گردن زدنی)۔

زَدَہ (زَ۔دَہ)(ف۔صف)(۱) مارا ہوا۔ضرب رسیدہ (۲) مُصیبت کا مارا۔مفلوک (۳) بوسیدہ۔گلا ہوا۔کمزور (۴) ساکن حرف۔مُرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے مُصیبت زدہ۔جمع: زدگان۔

زدہ حال (ف۔صف) خستہ حال۔تباہ حال۔پریشان حال۔غمگین۔سوگوار۔

ز ۔ ر

زَر (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) سونا۔طلا (۲) دھن۔دولت۔روپیہ پیسا۔مال ومتاع (۳) مبادلۂ اشیا کا ذریعہ اور قدر کا معیار جس کا کام اشیا اور خدمات کے تبادلے میں سہولت پیدا کرنا ہے (۴) پُھول کا زیرہ (۵) سونے چاندی کے تار۔کلابتوں۔

زرِ آمدنی (ف۔ا۔مذ)(۱) آمدنی۔مال گزاری (۲) فائدہ۔نفع۔

زرِ احمر (ف۔ا۔مذ) سونا۔

زرِ اصل (ف۔ا۔مذ) راسُ المال۔اصل سَرمایہ۔سَرمایہ یا رقم جو کسی کام میں لگائی جائے۔

زرافشاں (زرفشاں)(ف۔ا۔مذ) سُنہری چھپا ہوا کاغذ جو تقریبات کے خطوط میں استعمال کیا جاتا ہے (۲)(صف) چمک دار۔چمکیلا۔

زرِ امانت (ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو کسی کے پاس امانت رکھا جائے۔

زراندُود (اندُودہ)(ف۔صف) سونے کا ملمع کیا ہوا۔

زرباف (ف۔ا۔مذ)(۱) زربفت بنانے والا (۲) تاروں کا بنا ہوا کمخواب۔

زربافی (ف۔ا۔مث) سونے کے تار بنانا۔زربفت بنانا۔

زرِ باقی (ف۔ا۔مذ) بقایا۔روپیہ جو بچ جائے۔

زرِ بالائی (ف۔ا۔مذ)(۱) وہ رقم جو علاوہ تنخواہ کے ملے (۲) رشوت۔

زر بر سرِ فولاد (پولاد) نہی نرم شود (ف۔مثل) روپیہ دینے سے سنگدل بھی پسیج جاتا ہے۔

زر برسنا (اَر۔محاورہ) روپے کی بارش ہونا۔بے حد روپیہ ملنا۔

زربفت (ف۔ا۔مذ) کمخواب۔ایک کپڑا جو سونے اور ریشم کے تاروں سے بُنے ہیں۔

زر بَل نہ زور بَل (اَر۔مثل) نہ روپیہ ہے نہ بدن میں طاقت۔

زرِ بیعانہ (ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو سودا پکا کرنے کی خاطر پیشگی دیا جائے۔

زرِ پاک عیار (ف۔ا۔مذ) خالص سونا۔کھرا سونا۔

زر پرست (ف۔صف) لالچی۔بخیل۔روپے کا غلام۔

زر پھیلایا اور کار بر آیا (اَر۔مثل) روپیہ خرچ کرنے سے کام ہو جاتا ہے۔

زرِ پیشگی (ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو کسی چیز یا محنت کے عوض پہلے ہی دے دیا جائے۔

زرتار (ف۔صف) وہ چیز جو سونے کے تاروں سے بنائی گئی ہو۔

زرِ جعفری (ف۔ا۔مذ)(۱) خالص سونا۔جعفر برمکی وزیر ہارون رشید کی طرف منسوب جس نے صاف سونے کا استعمال کیا تھا۔

زرِ (خالص) خشک (ف۔ا۔مذ) وہ سونا جس میں ذرا بھی ملاوٹ نہ ہو۔

زر خرید (ف۔صف) روپیہ دے کر خریدا ہوا (غلام یا لونڈی)۔

زرخیز (ف۔صف) سرسبز۔شاداب۔

زرخیز کرنا (اَر۔محاورہ) کھاد ڈال کر پیداوار کے قابل بنانا (زمین)۔

زرخیزی (ف۔ا۔مث) سرسبزی۔شادابی۔

زردادن و دردِ سر خریدن (ف۔مثل) مال کا مال کھونا اور مُفت کی زحمت لینا۔

زردار (ف۔صف) دولت مند۔مال دار۔

زردار کا سودا ہے ' بے زر کا خُدا حافظ۔پردار پڑے اُڑتے ' بے پر کا خُدا حافظ (اَر۔مثل) امیر آدمی جو چاہے لے سکتا ہے۔غریب کچھ نہیں کر سکتے۔غریبوں کا والی بس اللہ ہے۔

زردوز (ف۔ا۔مذ)(۱) زری کا کام کرنے والا (۲) وہ چیز جس پر زری کا کام ہو۔

زردوزی (ف۔ا۔مث) سلمے ستارے اور کلابتوں سے کام کرنا۔سلمے ستارے کا کام۔

زردوست (ف۔صف) روپے پیسے سے محبت کرنے والا۔بخیل۔لالچی۔

زر را زر می کشد (ف۔مثل) روپیہ روپے کو کھینچتا ہے۔جن کے پاس دولت ہوا نہیں اور دولت ملتی ہے۔

زرِ رہن (ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جس کے لئے کوئی چیز رہن رکھی جائے۔

زر ریز (ف۔صف) زرخیز۔

زر ریزی (ف۔ا۔مث) زرخیزی۔

زر زر کشد در جہاں گنج گنج (ف۔مثل) دُنیا میں روپیہ روپے کو کھینچتا ہے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اور خزانہ خزانے کو۔

زر، زمین، زن جھگڑے کی جڑ ہیں (اَ۔مثل) ان تینوں کی وجہ سے فساد ہوتے ہیں۔

زر، زور، خُداداد ہے (اَ۔مثل) یہ چیزیں آدمی خود حاصل نہیں کر سکتا۔

زرِ سُرخ (ف۔ا۔مذ)(۱) سونا۔ طلا۔ زرِ احمر (۲) اشرفی (۳) گنجفہ کے تاش کا ایک رنگ۔

زرِ سفید (ف۔ا۔مذ)(۱) چاندی (۲) روپیہ۔

زر سے تول کر لینا (اَ۔محاورہ) کسی چیز کے ہم وزن سونا یا چاندی دے کر خریدنا۔

زرِ ضامنی (ف۔ا۔مذ) ضمانت کا روپیہ۔

زرِ (طلا) عِیار (ف۔ع۔ا۔مذ) خالص سونا۔

زرِ فاضِل (ف۔ا۔مذ) فالتو روپیہ۔ بقایا۔

زرِ قلب (ف۔ع۔ا۔مذ) کھوٹا سونا۔ کھوٹا روپیہ۔

زر کا جُوتا (اَ۔ا۔مذ) رشوت جو کسی کو دے کر کام نکالا جائے۔

زرکار (ف۔صف) جس پر ملمع یا سُنہری کام کیا گیا ہو (۲)(ا۔مذ) سُنار۔

زرکار گند، مرد لاف زند (ف۔مثل) کام تو روپیہ کرتا ہے، آدمی اپنی لیاقت کی ڈینگ مارتا ہے۔

زر کا زور پُورا ہے اور سب اُدھورا ہے (اَ۔مثل) روپے میں بہت طاقت ہے۔

زرِ کامل عِیار (ف۔ع۔ا۔مذ) خالص سونا۔

زرکش (ف۔صف) کلابتوں بنانے والا (۲) چاندی کے تاروں سے بنا ہوا کپڑا۔

زرکشی (ف۔ا۔مث) زرکش کا کام یا پیشہ۔

زرِ کُل (ف۔ا۔مذ) اصل رقم مع سُود۔

زرکوب (ف۔ا۔مذ)(۱) سونے چاندی کے ورق بنانے والا (۲) وہ چیز جس پر سونے کے پتر لگائے گئے ہوں۔

زرکوبی (ف۔ا۔مث) چاندی سونے کے ورق بنانا۔

زر کے آگے زور نہیں چلتا (اَ۔مثل) روپے والے کے سامنے طاقتور آدمی بھی کچھ نہیں کر سکتا۔

زرگر (ف۔ا۔مذ) سُنار۔

زرگری (ف۔ا۔مث)(۱) سُنار کا پیشہ (۲) مصنوعی زبان جس میں ایک حرف یا دو حرفوں کے بعد بیچ میں ز لا کر بولتے ہیں (۳) نمائشی اور جھوٹ موٹ کی لڑائی۔ زبانی تُوتُو مَیں مَیں (جنگ کے ساتھ۔ جنگِ زرگری)۔

زرِ گُل (ف۔ا۔مذ) پُھول کے اَندر کا زیرہ۔

زرگُوں (ف۔صف) سونے کے رنگ کا۔ سُنہرا۔

زر گیا زردی چھائی۔ زر آیا سُرخی آئی (اَ۔مثل) نقصان ہونے سے چہرہ زرد پڑ جاتا ہے۔ روپیہ آئے تو مُنہ پر سُرخی جھلکنے لگتی ہے۔

زرِ لگان (زرِ مال گُزاری) (ف۔ا۔مذ) سرکاری لگان کا روپیہ۔

زرِ مُبادلہ (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ سِکّہ جس کے ذریعے بین الاقوامی تجارت ہوتی ہے (ڈالر۔ پونڈ) (Foreign Exchange)۔

زرِ مسکوک (ف۔ا۔مذ) طلائی سِکّہ۔ اشرفی۔

زرِ مُطالبہ (ف۔ا۔مذ) سرکاری روپیہ واجبُ الادا۔

زرِ مُعاوضہ (ف۔ا۔مذ) ہرجانہ۔ وہ روپیہ جو کسی نُقصان کے عوض دیا جائے۔

زرِ مُنافع (ف۔ا۔مذ)(۱) نفع کا روپیہ۔ فائدے کا روپیہ (۲) سُود۔ بیاج۔

زرتاب (ف۔ا۔مذ)(۱) خالص سونا (۲)(کنایۃً) آفتاب۔

زرنشان (ف۔ا۔مذ) سونے کے پُھول یا تصویریں جو لوہے پر بنائی جائیں۔

زرِ نقد (ف۔ا۔مذ) نقد روپیہ۔ روکڑ۔ وہ روپیہ جو کٹوتی کاٹ کر لیا جائے۔

زرنگار (ف۔صف)(۱) سُنہری کام کا۔ طلائی (۲) وہ چیز جس پر سُنہرا کام کیا ہو۔

زر نیست عشق ٹیں ٹیں (اَ۔مثل) مُفلسی میں عشق نہیں ہو سکتا۔

زرِ نیلامی (ف۔ا۔مذ) وہ روپیہ جو کسی چیز کے نیلام کرنے سے حاصل ہو۔

زرِ واصِلات (ف۔ا۔مذ) وہ نفع جو رہن رکھی ہوئی چیز سے حاصل ہو۔

زر ہے تو گھر ہے نہیں تو کھنڈر ہے (اَ۔مثل) روپیہ ہو تو گھر اچھی حالت میں ہوتا ہے نہیں تو کھنڈر بن جاتا ہے۔

زر ہے تو نر ہے نہیں تو (بِزاوے) کُمہار کا خر ہے (اَ۔مثل) مُفلس آدمی کسی کام کا نہیں۔

زرِ یافتنی (ف۔ا۔مذ) روپیہ جو لینا ہو۔ بقایا جو وصول کرنا ہو۔

زِراعت (زِ۔را۔عَت)(ع۔ا۔مث) کھیتی باڑی۔ کاشتکاری۔

زراعت پیشہ (ع۔ف۔صف) جس کا پیشہ کاشتکاری ہو۔ کاشتکار۔ کسان۔

زَرافہ (زَ۔را۔فَہ)(ع۔ا۔مذ) شتر گاؤ۔ لمبی گردن والا ایک افریقی پستانیہ (ممِمل)۔ (Giraffe)۔

زَرائن (زَ۔را۔اِن)(ق۔ا۔مذ) زیور۔

زَربان (ف۔صف) بوڑھا (۲) کنایۃً حضرت ابراہیم علیہ السلام۔

زَرتُشت (زَرْدُشت) (زَر۔تُشت)(زَر۔دُشت)(ف۔ا۔مذ) لغوی معنی عقلِ کُل۔ نُورِ الٰہی۔ اِیران کا مشہور فلسفی۔ آتش پرستوں (پارسیوں) کا پیغمبر۔ زرتشتی مذہب کا بانی۔

زَرتُشتی (زَر۔تُش۔تی)(ف۔صف) زرتُشت سے منسوب۔ زرتُشت کا پیرو۔ پارسی۔

زَرد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔صف) پیلا۔ سُنہرا۔

زرد آلو (ف۔ا۔مذ) خُوبانی۔ ایک قسم کا زرد آڑو۔

زرد آندھی (اَ۔ا۔مث) آندھی جس کے گرد و غبار کا رنگ پیلا ہو۔

زرداب (زردابہ) (ف۔ا۔مذ) پِت۔ صفرا (۲) پیپ۔ پانی جو زخموں سے رستا ہے۔

زرد بُخار (ف۔اَ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بُخار جو بندر سے اِنسان تک مچھر کے ذریعے پہنچتا ہے۔ اِس میں جلد خشک ہو کر پیلی پڑ جاتی ہے۔ (Yellow Fever)۔

زرد پڑنا (پڑ جانا) (اَ۔محاورہ) خوف، دہشت یا مرض کے سبب چہرہ یا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جسم کا پیلا ہو جانا (۲) خوف یا رُعب میں آ جانا۔

زرد چوب (ف۔ا۔مث) ہلدی۔

زرد رُو (ف۔صف) (۱) پیلے چہرے والا (۲) ہراساں۔ ترساں۔ ڈرا ہوا (۳) شرمندہ (۴) بے حیا (۵) ذلیل۔ خوار۔

زرد رُوئی (ف۔ا۔مث) (۱) شرمندگی۔ خجالت۔ شرمساری (۲) ذلت۔

زرد (ہو جانا) ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے زرد پڑ جانا۔

زرد صحافت (ف۔اُر۔ا۔مث) صحافت کی ایک پست ترین شکل جس میں کسی خبر کے سنسنی خیز پہلو پر زور دینے کے لئے اصل خبر کی شکل اتنی مسخ کر دی جاتی ہے کہ اُس کا اہم پہلو قاری کی نظر سے اوجھل ہو جاتا ہے۔

زرد گوش (ف۔صف) منافق۔ ریاکار۔

زَرْدَک (زر۔دَک) (ف۔ا۔مذ) گاجر۔

زَردَہ (زر۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) زرد رنگ کا گھوڑا (۲) پت۔ صفرا (۳) میٹھے زرد رنگ کے چاول۔ مُزعفر (۴) پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو (۵) زرد کوڑی (۶) کبوتر جس کی آنکھیں زرد ہوتی ہیں۔

زَرْدی (زر۔دِی) (ف۔ا۔مث) (۱) پیلا پَن۔ پیلاہٹ (۲) انڈے کی زردی (۳) یرقان (۴) اشرفی (۵) پُھول کے اندر کا زیرہ۔

زِرِشک (زِ۔رِشک) (ف۔ا۔مذ) کشمش کی طرح کا ایک پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

زِرْغُل (زر۔غُل) (اُر۔صف) لاغر (۲) حقیر۔ ناکارہ چیز۔

زَرْق بَرْق (زرق۔برق) (ف۔ا۔مث) (۱) شان و شوکت۔ ٹیپ ٹاپ۔ کر و فر (۲) (صف) چمکیلا۔ بھڑکیلا۔

زُرْقا (ع۔ا۔مث) وہ عورت جس کی آنکھیں نیلی اور سبز ہوں۔

زِرَہ (زِ۔رَہ) (ف۔ا۔مث) فولاد کا جالی دار کرتا جو لڑائی میں پہنتے تھے۔

زرہ پوش (ف۔صف) وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہو۔

زَری (زَ۔ری) (ف۔ا۔مث) سُنہری تار۔ سونے کا تار۔ کلابتوں کا بنا ہوا کپڑا۔ بادلہ۔ گوٹا کناری۔ سلمہ ستارہ۔

زری باف (ف۔ا۔مذ) سونے کے تار بنانے والا شخص۔ گوٹا کناری بنانے والا۔

زری گوٹے والا (اُر۔ا۔مذ) وہ صرّاف جو پُرانا گوٹا کناری خرید تا ہے۔

زَرِّیں (زر۔ریں) (ف۔صف) سونے کا بنا ہوا (۲) سُنہرا۔ جس پر زری کا کام کیا ہوا ہو (۳) بیش قیمت۔

زرّیں کُلاہ (ف۔صف) جس کے سر پر سُنہری ٹوپی ہو۔ بادشاہوں کی تعریف میں کہتے ہیں۔

ز۔ڑ

زِڑ (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) دیوانوں کی سی باتیں۔ واہی تباہی باتیں (۲) ژٹ۔ بڑ۔

زِڑ (مارنا) ہانکنا (اُر۔محاورہ) بکواس کرنا۔ بڑ ہانکنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ بے ہودہ اور بے فائدہ بکے چلے جانا۔

زِڑّی (زڑ۔ڑی) (ہ۔صف) بکواسی۔ یاوہ گو۔ بیہودہ گو۔

ز۔ش

زِشت (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) بُرا۔ بدشکل۔ بدنُما۔ بھدا۔ بھونڈا۔

زشت خُو (ف۔صف) بُری عادت والا۔ بدخصلت۔ بدخُو۔

زشت خوئی (ف۔ا۔مث) بدمزاجی۔ بدخصلتی۔

زشت رُو (ف۔صف) بدشکل۔ بدصورت۔

ز۔ع

زُعاف (زُ۔عاف) (ع۔ا۔مذ) ناگہانی موت۔

زَعْفران (زع۔فَ۔ران) (ع۔ا۔مذ و مث) ایک قسم کا نہایت خوشبودار زرد رنگ کا پُھول۔ کیسر۔

زعفران زار (ف۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں زعفران کثرت سے ہو۔ زعفران کا کھیت۔

زعفران کا کھیت (اُر۔ا۔مذ) کشتِ زعفران۔ وہ مقام جہاں زعفران اُگا ہو (۲) وہ جگہ جہاں بہت ہنسی آئے۔

زعفران کا کھیت (دیکھ آنا) دیکھنا (اُر۔محاورہ) بہت ہنسنا۔ بہت خوش ہونا۔

زَعْفرانی (زع۔فَ۔را۔نی) (ع۔صف) زعفران کے رنگ کا۔ زرد۔ کیسری (۲) زعفران کا۔ زعفران سے منسوب۔

زَعْم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم۔ بضمِ اوّل بھی صحیح ہے) (ع۔ا۔مذ) گمان۔ ظن (۲) غرور۔

زُعَما (زُ۔عَ۔ما) (ع۔ا۔مذ) زعیم کی جمع۔

زَعِیم (زَ۔عیم) (ع۔ا۔مذ) لیڈر۔ سردار۔ مختار کار۔ جمع: زُعما۔

ز۔غ

زُغال (زُ۔غال) (ف۔ا۔مذ) کوئلا جو جلا ہوا نہ ہو۔

زَغَن (زَ۔غَن) (ف۔ا۔مث) چیل۔

زَغَنْد (زَ۔غند) (ف۔ا۔مث) زقند۔ جست۔ چھلانگ۔ چوکڑی۔ کود پھاند۔

ز۔ف

زِفاف (زِ۔فاف) (ع۔ا۔مث) دُلہن کی اپنے دولھا کے گھر روانگی (۲) ہم بستری۔ سہاگ رات (ایسے موقع پر عموماً شبِ زفاف بولتے ہیں)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زَقِیل (زَ-قیل)(اَر-ا-مث)(ع-صفیر کا بگاڑ۔ سیٹی۔ سیٹی بجانا۔ وہ آواز جو کبوترباز کبوتروں کو اُڑانے کے لئے دو اُنگلیاں مُنہ میں ڈال کر زور سے نکالتے ہیں۔

زَقِیلنا (زَ-قیل-نا)(اَر-مص) سیٹی بجا کر نکالنا۔ سیٹی دینا۔

ز-ق

زَقَنْد (زَ-قَند)(نُونِ غُنّہ)(ف-ا-مث) جَست۔ زغند۔ چھلانگ۔

زَقُّوم (زَ-قُوم)(ع-ا-مذ) تھوہر۔ ایک خاردار پودا۔

ز-ک

زَک (بفتحہ اوّل)(اَر-ا-مث) سُبکی۔ خِفّت۔ ذِلّت۔ شرمندگی (۲) ہار۔ شکست (۳) نُقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔

زک اُٹھانا (پانا۔ کھانا) (اَر-محاورہ) شرمندگی اُٹھانا (۲) ہار جانا۔ ذلیل ہونا (۳) نُقصان یا خسارہ برداشت کرنا۔

زک دینا (اَر-محاورہ) ہرانا۔ شکست دینا (۲) شرمندہ کرنا (۳) ذلیل کرنا۔

زَکا (ع-ا-مث) بڑھنا۔ زیادہ ہونا (۲)(صف) امیر۔ دولت مند (۳) فوراً ادا کرنے والا۔

زُکام (زُ-کام)(ع-ا-مذ) ایک متعدّی بیماری جو ناک اور گلے کی اندرونی سطح پر خراش پیدا کرتی ہے اور ناک سے رطوبت بہنے لگتی ہے۔

زکام بگڑنا (اَر-محاورہ) نزلے کے پانی کا سڑ جانا یا دماغ وغیرہ میں جم جانا۔ (۲) نزلہ بند ہو کر دُوسرا مرض کھڑا ہو جانا۔

زکام پکنا (اَر-محاورہ) زکام کے پانی کا غلیظ ہو جانا۔

زکام ہونا (اَر-محاورہ) نزلہ ہونا۔

زَکَرِیّا (زَ-کَ-ری-یا)(ع-ا-مذ) عبرانی لفظ زکریاہ کا معرّب بمعنی خُدا نام ور ہے۔ ایک مشہور پیغمبر جو آرے سے چیرے گئے تھے۔

زَکوٰۃ (زَ-کات)(ع-ا-مث) خیرات۔ صدقہ (۲) اسلام کے پانچ بنیادی فرائض میں سے چوتھا فرض۔ مال کا چالیسواں حِصّہ جو سال کے بعد راہِ خُدا میں دیا جائے (۳)(عاملوں کی اِصطلاح) کسی اِسم یا دُعا کا معیّنہ تعداد میں اُن قیود کے ساتھ پڑھنا جو عاملوں نے مقرر کیے ہیں۔ نقش کی بھی زکوٰۃ دیتے ہیں۔

زکوٰۃِ حُسن (ع-ا-مث) خوبصورتی کا صدقہ (کنایۃً) بوسہ۔

زکوٰۃ میں لینا (اَر-محاورہ) زکوٰۃ کی رقم میں سے حاصل کرنا۔ صدقہ لینا۔

زَکی (زَ-کی)(ع-صف)(۱) پاک۔ نیک (۲) زکوٰۃ دینے والا۔ جمع: اَزکیا۔

ز-ل

زَلازِل (زَ-لا-زِل)(ع-ا-مذ) زلزلہ کی جمع۔

زُلال (زُ-لال)(ع-ا-مذ)(۱) خالص پانی (۲) نِتھرا ہوا پانی (۳) سرد اور شیریں پانی۔

زُلالِ خِضر (ع-ا-مذ) آبِ حیات۔

زَلزَلہ (زَل-زَ-لہ)(ع-ا-مذ)(۱) بھونچال۔ ہالاڈولا۔ زمین کے اندر لاوے کے متحرک ہونے کے نتیجے میں سطحِ زمین کا لرزنا۔ جمع: زَلازِل۔ اُردو جمع: زلزلوں۔ زلزلے۔

زلزلہ آنا (اَر-محاورہ) بھونچال آنا۔ زمین کا لرزنا۔

زلزلہ برپا ہونا (پڑجانا) (اَر-محاورہ) اُتھل پُتھل پڑ جانا۔ کھلبلی مچنا۔ تہلکہ مچ جانا۔

زلزلہ پیما (ع-ف-ا-مذ) ایک آلہ جس سے زمین کی وہ جُنبش ناپی جاتی ہے جو زلزلے سے پیدا ہوتی ہے۔ (Seismograph)۔

زُلف (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف-ا-مث)(۱) بالوں کا لچھا جو کان کے پاس کنپٹی پر لٹکتا ہے (۲) کاکل۔ گیسو۔ مینڈھی۔ گُندھے ہوئے بال۔ اُردو جمع: زلفوں۔ زلفیں۔

زلفِ پریشاں (ف-ا-مث) بکھرے ہوئے بال۔

زلفِ تاب دار (ف-ا-مث) گھونگریالے بال۔

زلفِ چلیپا (ف-ا-مث) صلیب کی شکل کی زُلف۔ بعض عورتیں اپنی زُلف اِس طرح گوندھتی ہیں کہ سرے پر آ کر صلیب کی سی شکل بن جاتی ہے۔

زلفِ رسا (ف-ا-مث) لمبی زُلف۔

زلفِ سُنبل (ف-ا-مث) سُنبل کے بال یا گھاس نُما پتیاں۔ سُنبل کے ریشے۔

زلفِ شب (ف-ا-مث) رات کی تاریکی۔

زلفِ عنبریں (ف-ا-مث) خوشبودار بال۔

زلف کا سودا ہونا (اَر-محاورہ) عاشق ہونا۔

زلفِ گرہ گیر (ف-ا-مث) اُلجھنے والی زُلف۔

زُلف لہرانا (اَر-محاورہ) بالوں کا ہوا میں اُڑنا۔

زُلفی (زُل-فی)(ف-ا-مث)(۱) دروازے کی زنجیر (۲) بلّی۔ دروازے کا کنڈا (۳) تلوار کی مُوٹھ۔

زُلفیں (زُل-فیں)(اَر-ا-مث) زُلف کی جمع۔

زلفیں چھوڑنا (اَر-محاورہ) زُلفیں اِس طرح بڑھانا کہ لٹکتی رہیں۔

زلفیں رکھنا (ف-ا-مث) زُلفیں لمبی کرنا۔

زُلفیں سنوارنا (اَر-محاورہ) بالوں کو بنانا۔ زُلفوں کو خوبصورت بنانا۔

زَلَل (زَ-لَل)(ع-ا-مذ)(۱) پھسلنا۔ گرنا۔ ٹھوکر کھانا (۲) غلطی کرنا۔ سہو کرنا (۳) کمی۔ گھاٹا۔ نُقصان (۴) لغزش۔ پھسلن۔

زَلُو (زَلُوک) (زَ-لو)(زَ-لوک)(ف-ا-مث) جونک۔

زَلّہ (زَل-لہ)(ع-ا-مذ) آگے کا بچا ہوا کھانا۔ پس خوردہ۔ جمع: زَلّات۔

زَلّہ رُبا (بردار) (ف-صف) کسی کا بچا ہوا کھانے والا (۲) خوشہ چین۔ کسی سے فیض اُٹھانے والا۔

زَلِیخِیہ (زَ-لی-خِیہ)(ق-ا-مذ) غالیچہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زُلیخا (زُ۔لے۔خا) (ف۔ا۔مث) عربی زَلَخ بمعنی پھسلنا کا اسمِ تصغیر۔ عزیزِ مصر (فرعون کا وزیر پوتے فریافوطی فار) کی بیوی جو حضرت یوسف علیہ السلام پر عاشق ہو گئی تھی۔

زُلیخا پڑھی پر یہ نہ جانا کہ عورت ہے یا مرد (اُر۔مثل) اُن لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جو بے سمجھے بُوجھے پڑھتے ہیں یا بات کی تہ کو نہیں پہنچتے۔

ز ۔ م

زِمام (زِ۔مام) (ع۔ا۔مث) باگ۔ نکیل۔ جمع: اَزِمّہ۔

زمامِ حکومت ہاتھ میں لینا (اُر۔محاورہ) حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لینا۔ خود حکومت کرنا۔

زَمان (زَ۔مان) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے زمانہ۔

زمان و مکان (ع۔ا۔مذ) وقت اور جگہ۔ (Time and Space)۔

زَمانَہ (زَ۔مانَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) حرکت فلکی کی مقدار۔ وقت۔ سال۔ ہنگام (۲) عرصہ۔ مدّت۔ وقفہ۔ میعاد (۳) موسم۔ رُت۔ فصل (۴) عہد۔ راج۔ حکومت (۵) جگ۔ قرن (۶) دور۔ گردش (۷) دُنیا۔ عالم۔ دَہر (۸) دُنیا کے لوگ۔ مخلوق (۹) قسمت۔ نصیب (۱۰) (صرف) ماضی، حال، مستقبل میں سے ایک۔ جمع: اَزمِنہ۔ اُردو جمع: زمانوں۔ زمانے۔

زمانہ آنا (اُر۔محاورہ) وقت آنا۔

زمانہ آنکھوں سے (دیکھا ہے) گزر چکا ہے (اُر۔مثل) بہت تجربہ ہو چکا ہے۔

زمانہ اُلٹ پلٹ ہونا (زمانہ اُلٹ جانا) (اُر۔محاورہ) انقلابِ عظیم ہو جانا۔

زمانہ اُمنڈنا (اُر۔محاورہ) خلقت کا بڑی تعداد میں کسی جگہ پہنچنا۔

زمانہ ایک رنگ پر نہیں رہتا (اُر۔مقولہ) کسی کی حالت یکساں نہیں رہتی۔

زمانہ با تو نہ سازد تو باز مانہ بساز (ف۔مثل) اگر زمانہ تیرا ساتھ نہیں دیتا تو تجھے زمانے کا ساتھ دینا چاہئے۔ اکثریت اگر کسی رائے کے خلاف ہو تو بجائے سب کا مخالف بننے کے اکثریت کی رائے مان لینا چاہئے۔

زمانہ بدلنا (اُر۔محاورہ) قسمت پھرنا۔ انقلاب ہونا۔

زمانہ برتنا (اُر۔محاورہ) تجربہ ہونا۔

زمانہ بر سرِ جنگ ہونا (اُر۔محاورہ) ہر بات مخالف پڑنا۔ نصیب خراب ہونا۔

زمانہ بسر کرنا (اُر۔محاورہ) وقت گزارنا۔ گزارہ ہونا۔

زمانہ بھر (اُر۔متعلق فعل) تمام دُنیا۔

زمانہ پلٹنا (اُر۔محاورہ) انقلاب ہونا۔

زمانہ پھر جانا (اُر۔محاورہ) (۱) لوگوں کا کسی کے خلاف ہو جانا (۲) زمانے کا اُلٹ جانا۔ زمانہ بدل جانا۔

زمانہ تہ و بالا ہونا (اُر۔محاورہ) انقلابِ عظیم ہونا۔

زمانۂ جاہلیّت (ع۔ف۔ا۔مذ) عرب میں اسلام سے پہلے کا زمانہ۔

زمانہ چرے ہونا (اُر۔محاورہ) تجربہ کار ہونا۔

زمانہ چھاننا (اُر۔محاورہ) بہت تلاش کرنا۔

زمانۂ حال (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ زمانہ جو گزر رہا ہے۔ موجودہ زمانہ۔

زمانہ دیکھ ڈالا ہے (اُر۔محاورہ) بڑا تجربہ کار ہے۔

زمانہ دیکھنا (اُر۔محاورہ) تجربہ کار ہونا۔

زمانہ دیکھے بیٹھے ہیں (اُر۔محاورہ) اِن آنکھوں سے نہ معلوم کیا کیا دیکھ ڈالا ہے۔ بہت تجربہ کار ہیں۔

زمانہ زیر و زبر ہونا (اُر۔محاورہ) اِنقلابِ عظیم ہونا۔ تل چل مچنا۔

زمانہ ساز (ف۔صف) ظاہردار۔ خود غرض۔ موقع پرست۔

زمانہ سازی (ف۔ا۔مث) ظاہر داری۔ بناوٹ۔ مکّاری۔

زمانۂ عِدّت (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ میعاد جس میں عورت طلاق ملنے یا رانڈ ہونے کے بعد دُوسرا خاوند نہ کر سکے۔

زمانہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے (اُر۔مثل) وقت کبھی کچھ ہوتا ہے کبھی کچھ۔

زمانہ گزرنا (اُر۔محاورہ) عرصہ ہونا۔ مدّت گزرنا۔

زمانۂ ماضی (ف۔ع۔ا۔مذ) گزرا ہوا زمانہ۔

زمانہ مُبتلا ہونا (اُر۔محاورہ) بہت سے لوگوں کا کسی پر عاشق ہونا یا کسی بات میں پھنسنا۔

زمانۂ مُستقبل (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ زمانہ جو آئے گا۔ آنے والا زمانہ۔

زمانہ موافق ہونا (اُر۔محاورہ) نصیب اچھا ہونا۔ طالع یاور ہونا۔

زمانہ نازک ہونا (اُر۔محاورہ) ایسا وقت جس میں عزّت سنبھالنا دُشوار ہو۔

زمانہ نظر میں اندھیر ہونا (اُر۔محاورہ) سخت گھبراہٹ ہونا۔ پریشانی میں کچھ نہ سُوجھنا۔ سخت غم و اندوہ ہونا۔

زمانہ ہُوا (اُر۔محاورہ) عرصہ ہوا۔ مدّت ہوئی۔

زمانے (اُر۔ا۔مذ) زمانہ کی جمع۔

زمانے بھر کا چھٹا ہُوا (اُر۔صف) بہت بڑا بدمعاش۔ اوّل درجے کا خبیث۔

زمانے پر روشن ہونا (اُر۔محاورہ) سب کو معلوم ہونا۔ سب پر ظاہر ہونا۔

زمانے سے اُٹھنا (اُڑ جانا) (اُر۔محاورہ) ناپید ہو جانا۔ نیست و نابود ہو جانا۔

زمانے سے برکت اُٹھ جانا (اُر۔محاورہ) نکبت و افلاس کا دور دورہ ہونا۔ فلاح و بہبود کا نہ رہنا۔

زمانے سے نرالا (اُر۔صف) انوکھا۔ سب سے الگ۔

زمانے سے کھونا (اُر۔محاورہ) کہیں کا نہ رکھنا۔

زمانے کا اِنقلاب ہونا (اُر۔محاورہ) زمانہ بدلنا۔ سخت ہل چل مچنا۔

زمانے کا پلٹا کھانا (اُر۔محاورہ) زمانے کا رنگ بدلنا۔ زمانے کا کروٹ لینا۔ حالت بدلنا۔

زمانے کا چلن (اُر۔ا۔مذ) وقت کے رسم و رواج۔ دُنیا کا طریقہ۔

زمانے کا دستور (اُر۔ا۔مذ) زمانے کے رسم و رواج۔

زمانے کا رُخ دیکھنا (اُر۔محاورہ) لوگوں کے خیالات اور طریقوں کا خیال رکھنا۔

زمانے کا رونا (اُر۔محاورہ) لوگوں کا ماتم کرنا۔ غم کرنا۔

زمانے کا زمانہ (اُر۔ا۔مذ) تمام لوگ۔ ساری خلقت۔ پوری دُنیا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زمانے کا فرصت دینا (اُر۔ محاورہ) دُنیاداری کے کاموں سے فراغت پانا۔
زمانے کا کروٹ لینا (اُر۔ محاورہ) زمانہ بدلنا۔
زمانے کا لہو سفید ہونا (اُر۔ محاورہ) آپس میں محبت نہ رہنا۔ بے مُروّتی کا عام ہونا۔
زمانے کا ناموافق ہونا (اُر۔ محاورہ) حالات ناسازگار ہونا۔
زمانے کا ورق اُلٹ جانا (اُر۔ محاورہ) زمانہ بدل جانا۔
زمانے کی آب و ہوا بدل جانا (اُر۔ محاورہ) لوگوں کے خیالات بدل جانا۔ اِنقلاب ہو جانا۔
زمانے کی راہ (اُر۔ا۔مث) لوگوں کا دستور یا چلن۔ رسم و رواج۔
زمانے کی گردش (اُر۔ا۔مث) زمانے کا اُلٹ پھیر۔
زمانے کی ہوا بگڑنا (اُر۔ محاورہ) لوگوں کی حالت بدلنا۔ دوستوں کا دُشمن ہو جانا۔ لوگوں کے خیالات خراب ہو جانا۔
زمانے کی ہوا پھر جانا (اُر۔ محاورہ) ہر بات کا برخلاف ہونا۔ قسمت خراب ہونا۔
زمانے کی ہوا دیکھنا (اُر۔ محاورہ) لوگوں کا رُجحان دیکھنا۔ وقت کے تقاضوں کا اندازہ کرنا۔
زمانے کی ہوا کھانا (اُر۔ محاورہ) زندہ رہنا۔
زمانے کے (اُر۔ صف) اپنے وقت کے۔ دُنیا بھر کے۔
زمانیاں (زَ۔ما۔نِ۔یاں) (ف۔ا۔مذ) زمانے کے لوگ۔
زُمُرُّد (زُ۔مُر۔رُد) (ف۔ا۔مذ) سبز رنگ کا قیمتی پتھر جو نگینے کے علاوہ ادویہ میں بھی اِستعمال ہوتا ہے۔ اُردو جمع: زُمرد۔ زُمردوں۔
زُمرد نگار (ف۔صف) زمردوں سے جڑا ہوا۔
زُمُرّدیں (زُ۔مُر۔رُ۔دِیں) (ف۔صف) سبز رنگ کا۔
زُمرہ (زُم۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) گروہ۔ جتھا۔ جماعت (۲) ساتھی۔ ہمراہی (۳) بھیڑ۔ فوج۔ اُردو جمع: زُمروں۔ زُمرے۔
زَمزَم (زَم۔زَم) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے چاہِ زمزم۔
زَمزَمہ (زَم۔زَ۔مَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ترنّم۔ نغمہ۔ ترانہ۔ گیت (۲) دھیمی آواز میں عبادت کے کلمات پڑھنا (۳) ایک تاریخی توپ کا نام جو لاہور کی مال روڈ پر پنجاب یونیورسٹی کے سامنے نصب ہے۔
زمزمہ پرداز (زمزمہ پیرا۔ زمزمہ خواں۔ زمزمہ سنج) (ف۔صف) راگ گانے والا۔
زمزمہ (زم زمے) کا لچھا (اُر۔ا۔مذ) پیچ دار آواز جو گوّیے گانے میں نکالتے ہیں۔
زَمزَمی (زَم۔زَ۔می) (ع۔ا۔مذ) (۱) حاجیوں کو آبِ زمزم دینے والا شخص (۲) (ا۔مث) آبِ زمزم رکھنے کا برتن۔
زِمِستان (زِ۔مِستان) (زِ۔مِس۔تان) (ف۔ا۔مذ) موسمِ سرما۔ جاڑا۔ سردی۔
زَمَن (زَ۔مَن) (ع۔ا۔مذ) زمانہ۔ وقت۔ جمع: اَزمان۔ اَزمِنہ۔

زَمہَریر (زَم۔ہَ۔ریر) (ع۔ا۔مذ) (۱) سخت جاڑا۔ نہایت سردی (۲) کرۂ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے (۳) دوزخ کا طبقہ جس میں سردی کا عذاب دیا جائے گا۔
زَمی (زَ۔می) (ف۔ا۔مث) زمین کا مخفف۔
زَمین (زَ۔مین) (ف۔ا۔مث) (۱) دھرتی۔ بھوم۔ اَرض۔ نظامِ شمسی کا وہ سیارہ جس پر ہم رہتے ہیں (۲) غزل کی ردیف، قافیہ اور وزن یا بحر (۳) دُنیا۔ جہان۔ عالَم۔ سنسار۔ تختہ۔ خِطّہ۔ ولایت۔ مُلک۔ دیس (۴) خاک۔ مٹی۔ دُھول۔ گرد (۵) بُنیاد۔ جڑ۔ نیو (۶) تہ۔ طبقہ۔ تلا۔ نیچے کا حِصّہ (۷) کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح یا رنگ (۸) عورت۔ اولاد کی والدہ۔ اُردو جمع: زمینوں۔ زمینیں۔
زمین آسمان ایک کر دینا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز یا کسی شخص کی تلاش میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا۔ کونا کونا چھان مارنا۔ کمال کوشش کرنا۔
زمین آسمان پر ٹھکانا نہ ہونا (لگنا) (اُر۔ محاورہ) بے تکی بات کہنا۔
زمین آسمان جھکانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دربدر پھرانا (۲) دیوانہ بنانا۔
زمین آسمان چھاننا (اُر۔ محاورہ) بہت تلاش کرنا۔
زمین آسمان کا فرق (اُر۔ا۔مذ) بہت بڑا فرق۔
زمین آسمان کے قلابے مِلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت مُبالغہ کرنا۔ جھوٹی سچی باتیں بنانا (۲) شیخی مارنا۔ لاف زنی کرنا۔
زمین آسمان میں پتا نہ ملنا (اُر۔ محاورہ) کہیں نہ ہونا۔
زمین اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) زمین کا ٹھیکے پر دیا جانا (۲) زمین کا جوتا بویا جانا (۳) زمین کا سرسبز ہونا۔
زمین اُڑا دینا (اُر۔ محاورہ) تَل چَل مچا دینا۔
زمین اُفتادہ (ف۔صف) زمین جو کاشت نہ کی گئی ہو۔
زمین اُلٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) غضب کرنا (۲) مُلک فتح کرنا۔
زمین بلند ہونا (اُر۔ محاورہ) غزل کی بحر کا دُشوار ہونا۔
زمین بوس (ف۔صف) (۱) زمین کو چومنے والا (۲) وہ جو حاضر ہو کر اظہارِ ادب کے لئے زمین چُومے۔
زمین بوسی (ف۔ا۔مث) زمین چُومنا۔ سامنے حاضر ہو کر ادب سے زمین کو بوسہ دینا۔
زمین بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) زمین کا دھنس جانا۔
زمین پامال ہونا (اُر۔ محاورہ) ایک بحر اور ردیف و قافیہ میں پہلے سے بہت سی غزلیں ہونا۔
زمین پاؤں تلے سے نکل جانا (اُر۔ محاورہ) خوف اور دہشت سے کھڑا رہنا مشکل ہونا۔ نہایت بے قرار ہونا۔
زمین پاؤں سے لگ رہی ہے (اُر۔ محاورہ) بہت آمد و رفت کی وجہ سے رستہ قریب معلوم ہوتا ہے۔
زمین پاؤں کے نیچے سے نکلی جاتی ہے (نہیں تھمتی۔ نہیں ٹھہرتی) (اُر۔ محاورہ) بُرا زمانہ ہے۔ کوئی کسی کا نہیں (۲) سخت گھبراہٹ ہے۔
زمین پر آ رہنا (اُر۔ محاورہ) گر پڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زمین پر پاؤں نہ (دھرنا) رکھنا (اُر۔ محاورہ) بہت اِترانا۔ بہت غرور کرنا۔

زمین پر پٹکنا (اُر۔ محاورہ) گرانا۔ دے مارنا۔

زمین پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا مسافت طے کرنے میں مشاق ہونا۔ ہر روز تھوڑا تھوڑا سفر بڑھا کر گھوڑے کو لمبے سفر کی عادت ڈالنا۔

زمین پر ڈھیر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) گر پڑنا۔

زمین پر سے کچھ پڑا پانا (اُر۔ محاورہ) (۱) کوئی چیز بغیر محنت مشقت کے حاصل ہونا۔ کوئی چیز اِتفاقاً مل جانا (۲) کوئی مطلب کی چیز اچانک مل جانا۔

زمین پر قدم نہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) غرور کرنا۔

زمین پر کسی کے نام کی شراب چھڑکنا (اُر۔ محاورہ) مے نوشوں میں یہ دستور ہے کہ پینے سے پہلے کسی کا نام لے کر ایک آدھ چھینٹا شراب کا زمین پر گرا دیتے ہیں۔

زمین پر نہ تھمنے دینا (اُر۔ محاورہ) اپنے علاقے یا اپنی زمین پر نہ ٹھہرنے دینا۔

زمین پر ہاتھ نہیں ٹیکے (اُر۔ محاورہ) عاجز نہیں ہوا۔ ابھی طاقت ہے۔

زمین پست ہونا (اُر۔ محاورہ) بحر اور ردیف و قافیہ کا اچھا نہ ہونا۔

زمین پکڑنا (اُر۔ محاورہ) جم کر بیٹھنا (۲) کسی جگہ مستقل سکونت اِختیار کرنا۔

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں (اُر۔ مثل) نہایت شرمندگی یا زندگی سے بیزار ہو جانے کے وقت بولتے ہیں۔ ناگہانی موت آجائے۔

زمین ترکید و پیدا شد سرِ خر (ف۔ مثل) کوئی دفعتہً آجائے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ زمین پھٹی اور گدھے کا سر پیدا ہو گیا۔

زمین تلے اُوپر کر دینا (اُر۔ محاورہ) اِنقلاب برپا کر دینا۔ تَل چَل مچا دینا۔

زمین تھرّانا (اُر۔ محاورہ) (۱) تَل چَل مچنا (۲) زلزلہ آنا۔

زمین ٹل جائے اور یہ نہ ٹلے (اُر۔ مثل) نہ رُکنے والی مصیبت (۲) وہ حکم جس کی تعمیل ضروری ہو (۳) وہ شخص جو اپنی جگہ سے نہ ٹلے۔

زمین ٹھنڈی ہونا (اُر۔ محاورہ) ردیف و قافیہ کا چست نہ ہونا۔

زمین جھکانا (اُر۔ محاورہ) آوارہ پھرانا۔

زمین چڑھا ہوا گھوڑا (اُر۔ اِ۔ مذ) وہ گھوڑا جسے لمبے سفر کی عادت ڈالی گئی ہو۔

زمینِ حُسن خیز (ف۔ اِ۔ مث) وہ خِطّہ جہاں کے اکثر لوگ خوبصورت ہوتے ہوں۔

زمینِ خالصہ (ف۔ اِ۔ مث) وہ زمین جو براہِ راست بادشاہ کی ذاتی ملکیت ہو۔ جاگیر صرفِ خاص۔

زمینِ خَراجی (ف۔ اِ۔ مث) وہ زمین جس کا معاملہ ادا ہوتا ہو۔

زمین خون سے لال ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت خون ریزی ہونا۔ لڑائی میں بہت لوگوں کا مارا جانا۔

زمین دار (زمیندار) (ف۔ اِ۔ مذ) قابلِ کاشت زمین کا مالک۔ اُردو جمع: زمیندار۔ زمینداروں۔

زمین دار کو کسان، بچّے کو مسان (اُر۔ مثل) زمین دار کو اپنے کاشت کار اور بچّے کو مرضِ مسان سے سخت نقصان پہنچتا ہے۔

زمین دار کی جڑ ہری (اُر۔ مثل) زمین دار ہمیشہ خوش حال رہتا ہے۔

زمین دارنی (اُر۔ اِ۔ مث) زمین دار کی تانیث۔

زمین دارہ (اُر۔ اِ۔ مذ) (۱) زمین داری کا حق (۲) دیہات۔

زمین داری (ف۔ اِ۔ مث) (۱) زمین دار کا پیشہ یا کام (۲) پٹی داری۔ جاگیرداری (۳) اراضی۔ پٹی۔ ریاست (۴) زمین جو زمین دار کے قبضے میں ہو (۵) زمین دار کا عُہدہ۔

زمین داری پٹا (اُر۔ اِ۔ مذ) ایک تحریر جس میں سرکار زمین داری کے حقوق عطا کرتی ہے۔

زمین داری دُوب کی جڑ ہے (زمین داری کھیڑے کی دُوب ہے) (اُر۔ مثل) زمین داری میں ہمیشہ فائدہ ہوتا ہے۔ زمین داری پائیدار چیز ہے۔

زمین دکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) گرا دینا۔ پٹکنا (۲) نیچا دکھانا (۳) پچھاڑنا۔

زمین دوز (ف۔ صف) زیرِ زمین۔ زمین کے نیچے۔

زمین دوز قلعہ (ف۔ ع۔ اِ۔ مذ) زمین کے نیچے بنا ہوا قلعہ۔ ایسا قلعہ جس کی چھت زمین کے برابر ہو اور باہر سے پتا نہ چلے کہ قلعہ ہے۔

زمین دیکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شرمندہ ہونا (۲) گر پڑنا۔ پچھڑنا (۳) زمین میں دفن ہونا (۴) قے کرنا۔

زمین سخت ہے آسماں دُور ہے (اُر۔ مثل) سخت مصیبت اور بے بسی کے موقع پر کہتے ہیں۔ نہ سختی کے باعث زمین میں سما سکتا ہوں نہ دوری کے سبب آسمان پر پہنچ سکتا ہوں۔ کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتی۔

زمین سر پر اُٹھا لینا (اُر۔ محاورہ) بہت شور و غل کرنا۔ اُدھم مچانا۔ بڑا فساد برپا کرنا۔

زمین سُست ہونا (اُر۔ محاورہ) شعر کی بحر وغیرہ کا چست نہ ہونا۔

زمین سَہل ہونا (اُر۔ محاورہ) ردیف و قافیہ کا آسان ہونا۔

زمین سے پیٹھ لگنا (اُر۔ محاورہ) پہلوان کا پچھڑ جانا، چت ہونا جو شکست کی علامت ہے۔

زمینِ شعر سنگلاخ ہے (اُر۔ محاورہ) شعر کی بحر اور وزن مشکل ہے۔

زمین شق ہونا (اُر۔ محاورہ) زمین پھٹ جانا۔

زمین شگفتہ ہونا (اُر۔ محاورہ) زمینِ شعر کا ایسا موزوں و مناسب ہونا کہ اچھے شعر موزوں ہوں۔

زمینِ شور سنبل بر نیارد (ف۔ مثل) کھار والی زمین میں سنبل نہیں اُگتا۔ بُرے آدمی سے کبھی نیکی کی اُمید نہیں ہوتی۔

زمین طرح کرنا (اُر۔ محاورہ) بحر اور قافیہ و ردیف کا معیّن ہونا۔

زمینِ غیر مزروعہ (ف۔ ع۔ اِ۔ مث) وہ زمین جس میں کاشت نہ کی جائے۔ اُفتادہ زمین۔

زمین قند (ف۔ اِ۔ مذ) ایک قسم کی ترکاری۔ از قسم کچالو۔

زمین کا پاؤں پکڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی مقام پر قیام ہو جانا۔ کہیں سے جانہ سکنا۔

زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا (نکل جانا) (اُر۔ محاورہ) کسی صدمے کا حال سُن کر گھبرا جانا۔

زمین کا پیوند ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) دفن ہونا۔ مرجانا (۲) فنا ہونا۔ نیست و نابود ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زمین کا تختہ اُلٹ جانا (اُر۔محاورہ) انقلابِ عظیم ہونا۔

زمین کا کھا جانا (اُر۔محاورہ)(۱) نیست و نابود ہو جانا (۲) زمین کا دفن شدہ چیز کو بوسیدہ کر دینا۔

زمین کا گز (اُر۔ا۔مذ) بہت سفر کرنے والا۔ بہت پھرنے والا۔

زمین کانپنا (اُر۔محاورہ) تَل چَل مچ جانا۔ زمانے کا تہ و بالا ہو جانا۔

زمین کا نہ آسمان کا (اُر۔مثل) کہیں کا بھی نہیں۔ نہ دین کا نہ دُنیا کا۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔

زمین کو آسمان کر دینا (اُر۔محاورہ) پست زمینِ شعر کو اعلیٰ بنا دینا۔

زمین کو بوسے دینا (اُر۔محاورہ) زمین چومنا۔ زمین بوسی کرنا۔

زمین کو مارے زمین دار چونکے (اُر۔مثل) کسی کمزور کو مار کر زور آور پر رُعب ڈالنا۔

زمین کھا گئی کہ آسمان؟ (اُر۔مثل) اُس وقت کہتے ہیں جب کھوئی ہوئی چیز کا پتا نہ لگے۔

زمین کی پُوچھنا آسمان کی کہنا (اُر۔محاورہ) سوال کچھ جواب کچھ۔ بے تکی بات کہنا۔

زمین کی طنابیں کھینچ دینا (اُر۔محاورہ) مسافت کم کر دینا۔ فاصلہ تھوڑا کر دینا۔

زمین کی گردن (اُر۔ا۔مث) دیکھئے خاکنائے۔

زمین کے برابر ہو جانا (اُر۔محاورہ)(۱) خاک ہو جانا (۲) خاکساری کرنا۔

زمین کے طبقے آسمان پر اُڑا دینا (اُر۔محاورہ) زمین کے طبقے اُلٹ دینا۔ زمین تہ و بالا کر دینا۔ غدر مچا دینا۔ قیامت برپا کر دینا۔

زمین کے نیچے بھی اسی قدر ہے جتنا زمین کے اُوپر ہے (اُر۔مثل) اُس آدمی کی نسبت جو بہت چالاک اور عیّار ہو کہتے ہیں۔

زمین گرم ہونا (اُر۔محاورہ) زمینِ شعر کا چست ہونا۔

زمین گلنار ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) سُرخ پھُولوں سے زمین بھری ہونا (۲) خون سے زمین بھری ہونا۔

زمین گھس جانا (اُر۔محاورہ) زمین کو نقصان پہنچ جانا (طنزاً کہتے ہیں کہ چلنے یا کھڑے رہنے سے زمین گھس نہ جائے گی)۔

زمین گیر (ف۔صف)(۱) وہ جو اپنی جگہ سے جنبش نہ کر سکے (۲) زمین پر گرا ہوا (۳) جھکا ہوا۔ خمیدہ (۴) زیادہ عُمر کی وجہ سے کمزور (۵) بہت بوڑھا آدمی۔

زمین (مُتحرک) متزلزل ہونا (اُر۔محاورہ) زمین کانپنا (۲) ہل چل مچنا۔

زمینِ مرہُونہ (ف۔ا۔مث) گرو رکھی ہوئی زمین۔

زمینِ مزرُوعہ (ف۔ا۔مث) کاشت کی ہوئی زمین۔

زمین میں ٹھکانا نہ آسمان میں (اُر۔مثل) بے خانماں ہے۔ کہیں ٹھکانا نہیں ہے۔

زمین میں سمانا (اُر۔محاورہ)(۱) سخت شرمندہ ہونا (۲) زمین میں گڑنا۔ زمین میں جذب ہونا۔

زمین میں گاڑ دُوں گا (اُر۔دھمکی) مزہ چکھاؤں گا۔

زمین میں گاڑنا (اُر۔مص مُرکّب) دفن کرنا۔

زمین میں گڑنا (اُر۔مص و محاورہ)(۱) دفن ہونا (۲) نہایت شرمندہ ہونا۔

زمین ناپنا (اُر۔محاورہ)(۱) سفر کرنا (۲) آوارہ پھرنا۔

زمین نکالنا (اُر۔محاورہ)(۱) زمینِ شعر تلاش کرنا۔ نئے ردیف قافیے میں شعر کہنا (۲) دریا کا ہٹ جانا اور زمین قابلِ کاشت ہو جانا۔

زمین و آسمان تھرّانا (اُر۔محاورہ) سخت تہلکہ مچنا۔

زمین و آسمان کا فرق ہونا (اُر۔محاورہ) بہت بڑا فرق ہونا۔ نیز دیکھئے زمین آسمان کا فرق۔

زمین و زمان (ف۔ا۔مذ) تمام زمانہ۔

زمین ہلا دینا (اُر۔محاورہ) ہل چل مچا دینا۔ قیامت برپا کر دینا۔ تہ و بالا کر دینا۔

زَمِینی (زَ۔مِی۔نی)(ف۔صف)(۱) زمین کی۔ زمین کے متعلق (۲) خاکی۔ دُنیاوی۔ سِفلی۔

ز۔ن

زَن (بفتحِ اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) عورت۔ ناری۔ تریا (۲) بیوی۔ استری۔ زوجہ۔ کالی۔ جمع: زنان (۳)(ف۔لاحقہ فاعلی) مصدر زدن سے امر کا صیغہ جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور مارنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے تیغ زن۔ راہ زن۔

زنِ باردار (ف۔ا۔مث) حاملہ عورت۔

زن، زر، زمین تینوں لڑائی کے گھر (اُر۔مثل) عورت، روپیہ اور زمین سے دُنیا میں جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔ نیز دیکھئے زر، زمین، زن جھگڑے کی جڑ ہیں۔

زنِ مدخولہ (ف۔ع۔ا۔مث) گھر میں ڈالی ہوئی عورت۔ داشتہ۔

زن مُرید (ف۔صف) بیوی کا مطیع۔ جورو کا غلام۔

زنِ منکوحہ (ف۔ا۔مث) وہ عورت جس کے ساتھ نکاح ہوا ہو۔ بیاہتا بیوی۔

زن و شو (ف۔ا۔مذ) بیوی اور شوہر۔ جورو اور خاوند۔

زن و فرزند (ف۔ا۔مذ) بیوی بچے۔ اہل و عیال۔

زَن زَن (اُر۔ا۔صوت) فر فر۔ کسی چیز کے تیز چلنے کی آواز۔ زن سے (اُر۔متعلق فعل) تیزی سے۔

زِنا (زِ۔نا)(ع۔ا۔مذ) غیر منکوحہ یا غیر مملوکہ عورت سے مجامعت۔ حرام کاری۔ بدکاری۔

زنا بالجبر (یل۔جبر)(ع۔ا۔مذ) کسی عورت سے زبردستی مجامعت کرنا۔

زنا کار (ع۔ف۔صف) زنا کرنے والا۔ بدکار۔

زنا کاری (ف۔ا۔مث) بدکاری۔ حرام کاری۔

زَنّاٹا (زن۔نا۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ) کسی ٹھوس چیز کے ہوا میں زور سے گزرنے کی آواز۔

زَنَاخ (زَ۔ناخ)(ع۔ا۔مث) مُرغ یا کبوتر وغیرہ کے سینے کی ہڈی جو دوشاخہ ہوتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زَناخ توڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُرغ کے سینے کی ہڈی کو دو عورتوں کا کھینچ کر توڑنا (۲) پکّا یارانہ ہونا۔ ہمراز بنانا۔ سہیلی بنانا۔

زَناخہ (زَ۔نا۔خہ)(ق۔ا۔مذ)(۱) سانپ (۲) بند کفن۔

زَناخی (زَ۔نا۔خی)(اُر۔ا۔مث)(۱) لال قلعہ دہلی کی عورتوں کا یہ دستور تھا کہ وہ آپس میں رشتے مقرّر کرکے ایک دُوسرے کو خطاب کیا کرتی تھیں مثلاً دِل جان' جانِ مَن' زناخی وغیرہ۔ زناخی کا رشتہ اور رشتوں سے زیادہ مضبوط اور قابلِ قدر گنا جاتا تھا (۲) سہیلی۔ گوئیاں۔

زَنادِقہ (زَنادِیق) (زَ۔نا۔دِ۔قہ)(زَ۔نا۔دِیق)(ع۔ا۔مذ) زِندیق کی جمع۔

زُنّار (زُن۔نار)(ف۔ا۔مذ و مث)(۱) وہ تاگا جو ہندو گلے اور بغل کے درمیان ڈالے رہتے ہیں۔ جنیو (۲) وہ دھاگا یا زنجیر جو عیسائی' مجوسی اور یہودی کمر میں باندھتے ہیں۔

زُنّارِ ساغر (زُنّارِ قدح) (ف۔ا۔مذ)(۱) وہ بُلبُلے جو شراب کے پیالے میں اُٹھتے ہیں (۲) وہ گول نشان جو شراب کے پیالے میں پڑ جاتا ہے۔

زُنّاری (زُن۔نا۔ری)(ع۔صف) زُنّار سے منسوب (۲) زُنّار پہننے والا۔

زَناشُوئی (زَ۔نا۔شو۔اِی)(ف۔ا۔مث) میاں بیوی کے تعلقات۔ مباشرت۔

زَنان (زَ۔نان)(ف۔ا۔مث) زن کی جمع۔

زنانِ بازاری (ف۔ا۔مث) بازار میں بیٹھنے والی عورتیں۔ کسبیاں۔ طوائفیں۔

زنان پھڈّی (زنان منتری) (اُر۔ا۔مذ) وہ مرد جو عورتوں کے طریقے اور طرزِ گفتگو اختیار کریں۔ زنخے۔ زنانے۔

زنان خانہ (ف۔ا۔مذ) حرم سرا۔ مکان کا وہ حِصّہ جو عورتوں کے رہنے کے لئے مخصوص ہو۔

زَنانہ (زَ۔نا۔نہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) زنخا۔ مخنّث۔ ہیجڑا۔ وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے (۲) پردہ نشین عورتوں کے رہنے کا مکان۔ حرم سرا (۳) پردہ (۴)(صف) نامرد۔ ڈھیلا۔ سُست۔ اُردو جمع: زنانوں۔ زنانے۔

زنانہ (کرنا) کروانا (اُر۔ محاورہ) مردوں کو ہٹا دینا تاکہ پردہ دار عورتیں آ جائیں (۲) ہیجڑا بنوانا۔

زَنانی (زَ۔نا۔نی)(اُر۔صف)(۱) زن سے منسوب (۲)(ا۔مث) عورت۔ جمع: زنانیاں۔ زنانیوں۔

زنانی بولی (اُر۔ا۔مث) عورتوں کی زبان۔ ریختی۔

زنانی پوشاک (اُر۔ا۔مث) عورتوں کا لباس۔

زنانی ڈیوڑھی (اُر۔ا۔مث) وہ ڈیوڑھی جس سے عورتوں کی آمد و رفت ہو۔

زنانی سواری (اُر۔ا۔مث) عورت جو سواری میں بیٹھے (۲) ڈولی۔

زَنبَق (زَم۔بَق)(ع۔ا۔مذ)(۱) چنبیلی کی ایک قسم۔ چمپا (۲) چنبیلی کا تیل (۳) شراب (۴) ایک قسم کا مرہم۔

زَنبُور (زَم۔بور)(ع۔ا۔مذ)(۱) بھڑ۔ شہد کی مکھی (۳) ایک آلہ جس کا منہ گول ہوتا ہے اور جس سے میخوں کو نکالا جاتا ہے (۴) دانت نکالنے کا آلہ (۵) چھوٹی توپ جو بادشاہوں کے ساتھ اُونٹ پر لدی رہتی تھی۔

زنبور خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) بھڑوں کا چھتّا۔

زنبورِ سُرخ (ع۔ف۔ا۔مذ) بھیّا۔

زنبورِ عسل (ع۔ف۔ا۔مذ) شہد کی مکھی۔

زَنبورچی (زَم۔بُور۔چی)(ف۔ا۔مذ) توپ چلانے والا۔ توپچی۔

زَنبُورَک (زَم۔بُو۔رَک)(ف۔ا۔مث) چھوٹی توپ۔

زَنبُورہ (زَم۔بُو۔رَہ)(ف۔ا۔مذ و مث)(۱) زنبور (۲) شہد کی بڑی مکھی (۳) کنکری (۴) ایک قسم کا ستار جس کے دو طرف کدو لگے ہوتے ہیں۔ بین۔ وینا۔

زَنبُوری (زَم۔بُو۔ری)(ف۔صف) جالی دار۔

زَنبِیل (زَم۔بِیل)(ف۔ا۔مث)(۱) ٹوکری جو کھجور کے پتّوں سے بنی ہو (۲) فقیروں کا کاسہ جو خشک کدو سے بنا ہو (۳) جھولی۔ تھیلی۔ جھولا۔ اُردو جمع: زنبیلوں۔ زنبیلیں۔

زنبیل (باف) ساز (ف۔ا۔مذ) زنبیل بنانے والا۔

زنبیلِ عَمرو عیّار (ف۔ا۔مذ) ایک روایتی تھیلی جو داستانِ امیر حمزہ کے ایک کردار عَمرو عیّار کے پاس تھی۔ وہ جو چاہتا تھا اِس میں رکھ لیتا تھا (۲) ایسا تھیلا جس میں بہت سی چیزیں سما جائیں۔

زَنجَبِیل (زَن۔جَ۔بِیل)(ع۔ا۔مث)(۱) سونٹھ (۲) بہشت کی ایک نہر کا نام۔

زَنجِیر (بفتحِ اوّل و یائے معروف)(نُون غُنّہ)(ف۔ا۔مث)(۱) دروازے کی کُنڈی (۲) بیڑی (۳) لڑی۔ سلسلہ (۴) دھات کے چھوٹے چھوٹے حلقوں کی لڑی (۵) فیل کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لئے جیسے پچیس زنجیر فیل۔ اُردو جمع: زنجیروں۔ زنجیریں۔

زنجیر بندی (ف۔ا۔مث)(۱) سلسلہ (۲) قطار۔

زنجیر کھڑکانا (اُر۔ محاورہ)(۱) آزادی کی خواہش میں بے تاب ہو کر زنجیر توڑنے کی کوشش کرنا (۲) بہت جوش یا غصّے میں بھرا ہونا۔

زنجیرِ جنوں (ف۔ا۔مث) وہ زنجیر جو دیوانے کو ڈالتے ہیں۔

زنجیرِ داد (ف۔ا۔مث) وہ زنجیر جو نوشیرواں نے اپنے محل کے آگے گھنٹا باندھ کر لٹکائی تھی تاکہ فریادی اِسے ہلا کر بادشاہ کو بُلا سکیں۔ مُغل بادشاہ جہانگیر نے بھی ایک ایسی ہی زنجیر محل کے دروازے پر لٹکائی تھی۔ نیز دیکھئے زنجیرِ عدل۔

زنجیر دار (ف۔صف) حلقے دار۔ جس پر زنجیر بنی ہوئی ہو۔

زنجیرِ در (ف۔ا۔مث) دروازے کی کُنڈی۔

زنجیر دینا (اُر۔ محاورہ) کُنڈی لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔

زنجیر ڈالنا (اُر۔ محاورہ) دیوانے یا قیدی کے ہاتھ پاؤں میں زنجیر باندھنا۔

زنجیرِ عدل (ف۔ع۔ا۔مث) وہ زنجیر جو شہنشاہ جہانگیر نے اپنے محل کے دروازے پر اِس لئے لگائی تھی کہ داد خواہ اِس کے ذریعے بادشاہ تک فریاد پہنچا سکیں۔ نیز دیکھئے زنجیرِ داد۔

زنجیرِ عرش کھڑکانا (اُر۔ محاورہ) دُعا کو بارگاہِ خُداوندی تک پہنچانے کے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لئے آہ و زاری کرنا۔

زنجیر کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پاؤں میں زنجیر ڈالنا (۲) گرفتار کرنا (۳) زنجیر لگانا۔ زنجیر چڑھانا۔

زنجیر کھڑکانا (اُر۔ محاورہ) زنجیر زور سے ہلانا۔

زنجیر لگانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے زنجیر دینا۔

زَنجیرہ (زن۔جی۔رَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کوئی چیز جو زنجیر کی شکل کی ہو (۲) بنا ہوا ڈورا جو زنجیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے (۳) کپڑے وغیرہ پر کڑھا ہوا حلقہ دار سلسلہ۔ لہریا۔ کنٹھا۔ زنجیر دار سلائی (۴) تصویر کے گرد کنارہ (۵) حلقے جو سطح آب پر پائے جاتے ہیں (۶) ناخنوں پر سفید نشان (۷) دو الفاظ کو جدا کرنے کا نشان۔ اُردو جمع: زنجیروں۔ زنجیرے۔

زنجیرہ بندی (ف۔ا۔مث) ایک چیز کا دُوسری چیز کے لئے لازمی ہونا۔

زَنجیری (ف۔صف) (۱) زنجیر میں بندھا ہوا (۲) پاگل۔ دیوانہ (۳) قیدی (۴) زنجیر کی تصغیر۔

زَنخا (زن۔خا) (اُر۔ا۔مذ) اصل فارسی لفظ زنکہ ہے (۱) وہ مرد جو عورتوں کی طرح بات چیت یا حرکات کرے۔ زنانہ۔ ہیجڑا (۲) (صف) بُزدل۔ نامرد۔ جمع: زنخوں۔ زنخے۔

زَنخدان (زَ۔نَخ۔دان) (ف۔ا۔مث) ٹھوڑی۔ ٹھڈی۔

زِندان (زِن۔دان) (ف۔ا۔مذ) قید خانہ۔ جیل۔

زِندانی (زِن۔دا۔نی) (ف۔صف) قیدی۔ گرفتار شدہ مُجرم۔

زَندَقہ (زن۔دَ۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کُفر۔ بے دینی۔ اِلحاد (۲) مُنافقت۔

زِندگانی (ف۔ا۔مث) دیکھئے زندگی۔

زِندگی (ف۔ا۔مث) (۱) زیست۔ حیات۔ جیون (۲) پیدا ہونے سے مرنے تک کا عرصہ۔

زندگی آخر ہونا (اُر۔ محاورہ) زندگی تمام ہونا۔ موت کا وقت قریب ہونا۔

زندگی بخش (ف۔صف) وہ جو زندگی عطا کرے۔

زندگی بخشنا (اُر۔ محاورہ) پیدا کرنا۔ زندہ کرنا۔ جِلانا۔

زندگی بسر کرنا (اُر۔ محاورہ) عُمر گزارنا۔

زندگی بھاری ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی صدمے یا بیماری کی وجہ سے مرنے کو جی چاہنا۔ جینا دوبھر ہونا۔

زندگی بھر (ف۔صف) تمام عُمر۔

زندگی تلخ ہونا (حرام ہونا) (اُر۔ محاورہ) اِس قدر تکلیف ہونا کہ جینا دُوبھر ہو جائے۔

زندگی حباب ہے (اُر۔ مقولہ) زندگی پانی کے بُلبُلے کی طرح ہے۔ زندگی ناپائیدار اور فانی ہے۔

زندگی دُوبھر ہونا (اُر۔ محاورہ) زندگی دُشوار ہونا۔ زندگی اَجیرن ہونا۔

زندگی زندہ دلی کا نام ہے۔ مُردہ دِل کیا خاک جیا کرتے ہیں (اُر۔ مقولہ) انسان کو خوش باش رہنا چاہئے۔ مُردہ دِل کی زندگی بے کار ہے۔

زندگی سے (بیزار) تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) جینے سے تنگ آنا۔ مرنے کو جی چاہنا۔

زندگی سے مایوس ہونا (اُر۔ محاورہ) جینے کی اُمید نہ رہنا۔

زندگی سے ہاتھ اُٹھانا (دھونا) (اُر۔ محاورہ) مرنے کے لئے تیار ہونا۔ جینے سے مایوس ہونا۔

زندگی شرط ہے (اُر۔ روزمرّہ) اگر جیتے رہے تو۔

زندگی عطا کرنا (اُر۔ محاورہ) زندگی بخشنا۔

زندگی کاٹنا (اُر۔ محاورہ) عُمر بسر کرنا۔

زندگی کا جام پینا (اُر۔ محاورہ) کسی کی سلامتی یا تندرستی کا جام پینا۔ جامِ صحت پینا۔

زندگی کرنا (اُر۔ محاورہ) زندگی گزارنا۔ زندگی بسر کرنا۔

زندگی کے دن پُورے کرنا (اُر۔ محاورہ) عُمر رنج و تکلیف میں گزارنا۔

زندگیِ مُستعار (ف۔ا۔مث) اُدھار لی ہوئی زندگی۔ چند روزہ زندگی۔

زندگی موت کسی کے ہاتھ ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کا پُورا اِختیار ہونا۔

زندگی میں (اُر۔ متعلق فعل) جیتے جی۔

زندگی میں موت کا مزہ چکھنا (اُر۔ محاورہ) بے حد تکلیف ہونا۔ سخت مصیبت پڑنا۔

زندگی وبال ہونا (اُر۔ محاورہ) مصیبت میں عُمر بسر ہونا۔ جینا دوبھر ہونا۔

زندگی ہونا (اُر۔ محاورہ) عُمر ہونا۔ دیر تک زندہ رہنا۔

زِندَہ (بکسر اول و بفتحہ سوم) (نون غنہ) (ف۔صف) (۱) جیتا (۲) جان دار۔ ذی رُوح۔ ذی حِس (۳) تر و تازہ۔ سرسبز (۴) مُشتعل۔ سُلگتی ہوئی (آگ)۔

زندہ آنا (اُر۔ محاورہ) جیتے جی واپس آنا۔

زندہ اُٹھا لینا (اُر۔ محاورہ) خُدا کا کسی شخص کو آسمان پر جیتے جی بُلا لینا (جس طرح کہ مُسلمانوں کے اِعتقاد کے بموجب حضرت عیسیٰؑ کو اُٹھا لیا گیا)۔

زندہ باد (باش) (ف۔دُعا) (۱) جیتے رہو۔ سلامت رہو (۲) مرحبا۔ شاباش۔

زندہ پانا (اُر۔ محاورہ) جیتا دیکھنا۔

زندہ پیر (ف۔ا۔مذ) وہ بُزرگ شخص جو زندگی میں اِحترام و تعظیم کے لائق ہو۔

زندۂ جاوید (ف۔صف) نہ مرنے والا۔ اَمر۔ لافانی۔

زندہ دار (ف۔صف) بہت جاگنے والا۔

زندہ دارانِ شب (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ جو راتوں کو جاگتے ہیں۔ چوکیدار (۲) رات کو عبادت کرنے والے لوگ۔

زندہ درگور (ف۔صف) سخت مصیبت میں مُبتلا۔

زندہ دِل (ف۔صف) خوش مزاج۔ ظریف۔

زندہ دِلی (ف۔ا۔مث) خوش طبعی۔ دِل لگی۔ ظرافت۔ چُہل۔

زندہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جِلانا۔ زندگی بخشنا (۲) فرحت دینا۔

زندہ گڑوا دینا (اُر۔ مص مُرکّب) زندہ دفن کرا دینا۔

زندہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) کسی مُصیبت سے جیتے جی نکل آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زندہ نہ چھوڑنا (اُر- محاورہ) مار ڈالنا۔
زندہ نہ دیکھنا (اُر- محاورہ) مر جانے کی وجہ سے کسی شخص کو نہ دیکھنا۔
زندہ ہونا (اُر- محاورہ) (۱) جان پڑنا۔ جینا (۲) کسی دھات کے کُشتے کا اپنی اصلی حالت پر آنا۔
زِندِیق (نُون غُنّہ) (ع- صف- وا- مذ) کتاب ژند کا مُعتقد- پارسی- مجوسی (۲) وہ شخص جو خُدا کی وحدانیت کا قائل نہ ہو- جمع: زنادِقہ۔
زَنگ (بفتحۂ اوّل) (نُون غُنّہ) (ف- ا- مذ) (۱) چھوٹا گھنٹا- گھنٹی (۲) دھات کا میل- نم دار ہوا سے بعض دھاتوں پر اُن کے آکسائیڈ یا کاربونیٹ کی تہ چڑھ جاتی ہے- اِسی کو زنگ کہتے ہیں (۳) (کنایۃً) کدورت (۴) سیاہی- تاریکی۔
زنگ آلود (زنگ آلودہ- زنگ خُوردہ) (ف- صف) زنگ لگا ہوا۔
زنگ آنا (اُر- محاورہ) دیکھئے زنگ لگنا۔
زنگ کا کھا جانا (اُر- محاورہ) زنگ سے دھات کا بوسیدہ ہو جانا۔
زنگ لگنا (اُر- محاورہ) کسی دھات پر اُس کے آکسائیڈ کی تہ چڑھ جانا- دھات کا بوسیدہ ہو جانا۔
زَنگار (بفتحۂ اوّل) (نُون غُنّہ) (ف- ا- مذ) (۱) زنگ (۲) تانبے کا زنگ یا کساؤ (۳) نیلا تھوتھا (۴) وہ مسالا جو آئینے کی پُشت پر لگاتے ہیں۔
زنگار کا پھاہا (اُر- ا- مذ) وہ پھاہا جس پر مرہم زنگار لگایا گیا ہو۔
زَنگاری (زن- گا- ری) زنگار کے رنگ کا- سبز- ہرا۔
زَنگُولہ (زن- گو- لہ) (ف- ا- مذ) (۱) جرس- گھنٹا (۲) گھنگرو (۳) ایک سُر۔
زَنگی (بفتحۂ اوّل) (نُون غُنّہ) (ف- صف) حبشی- شیدی- زنجبار کا باشندہ (مجازاً) سیاہ فام۔
زنگی کی سیاہی کسی رنگ نہیں جاتی (اُر- مثل) پیدائشی عیب کسی طرح نہیں مٹتا۔
زنگی ہڑ (اُر- ا- مث) کالی اور چھوٹی ہڑ- ہلیلۂ سیاہ۔
زَنند جامۂ ناپاک گازراں بر سنگ (ف- مثل) نجس کپڑے کو دھوبی پتھر پر مارتے ہیں- عیب دار کا عیب دُور کرنے کے لئے سختی کی ضرورت ہے۔
زِنہار (زن- ہار) (ف- حرفِ تاکید) ہرگز- کبھی نہیں- خبردار۔
زنہار از قرینِ بد زنہار (ف- مقولہ) پناہ بُرے کی صحبت سے- بُری صحبت سے خُدا بچائے۔
زَنی (زَ- نی) (ف- ا- مث) مارنا- پیٹنا- مُرکّبات میں مستعمل ہے۔

ز- و

زُواد (زُ- واد) (ق- ا- مث) ایک قسم کی خوشبو۔
زَوّار (زَوّ- وار) (ع- ا- مُبالغہ) بہت زیادہ زیارت کرنے والا۔
زَوال (زَ- وال) (ع- ا- مذ) (۱) عروج کی ضد (۲) کمی- گھاٹا- اُتار (۳) تنزّل (۴) نُقصان (۵) ناکامیابی (۶) ترقی اور عروج کا جاتا رہنا (۷) مُصیبت (۸) سُورج کا نصفُ النّہار سے نیچے اُترنا۔
زوال آمادہ (پذیر) (ع- ف- صف) گھٹنے والا- تغیرُ قبول کرنے والا۔
زوال آنا (اُر- محاورہ) ترقی و عروج کا زمانہ جاتا رہنا۔
زوال پر ہونا (اُر- محاورہ) (۱) تنزّل ہونا- گھٹنا (۲) سُورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔
زوال کا وقت (اُر- ا- مذ) وہ وقت جب آفتاب نصفُ النّہار سے سرک جائے- دوپہر سے ذرا بعد کا وقت- دھوپ ڈھلنے کا وقت۔
زوالِ ماہ (مَہ) (ع- ف- ا- مذ) چاند کا بدر ہونے کے بعد گھٹنا۔
زَوائد (زَ- وا- اِد) (ع- ا- مذ) زائد کی جمع- فضول اور بحث سے خارج باتیں۔
زَوایا (زَ- وا- یا) (ع- ا- مذ) زاویہ کی جمع۔
زُوبِین (زُو- بِین) (ف- ا- مذ) (۱) چھوٹا دوزبانہ- دوشاخوں والا نیزہ (۲) (صف) شاعرانہ- موسیقارانہ۔
زَوج (ع- ا- مذ) (۱) جُفت- جوڑا (۲) بیوی اور خاوند میں سے کوئی ایک (۳) وہ عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے- جمع: اَزواج۔
زوجُ الزّوج (زو- جُز- زوج) (ع- ا- مذ) وہ عدد جو دو پر تقسیم ہونے کے بعد پھر دو پر پورا تقسیم ہو سکے جیسے- ۴-۸-۱۶۔
زوجُ الفرد (زو- جُل- فرد) (ع- ا- مذ) وہ عدد جو جُفت اور طاق پر پورا تقسیم ہو سکے- جیسے- ۶- ۱۲- ۱۸۔
زَوجہ (زو- جہ) (ع- ا- مث) جورو- بیوی- اِستری- اَہلیہ- جمع: اَزواج۔
زوجۂ مُطلّقہ (زو- جَ- اِ- ے- مُ- طل- لَ- قہ) (ع- ا- مث) طلاق دی ہوئی عورت۔
زوجۂ منکوحہ (زو- جَ- اِ- ے- مَن- کو- حہ) (ع- ا- مث) نکاح کی ہوئی عورت- بیاہتا بیوی۔
زَوجِیّت (زو- جی- یَت) (ع- ا- مث) نکاح- شادی- عقد۔
زوجیّت میں لانا (اُر- محاورہ) بیوی بنانا- نکاح میں لانا- عقد کرنا۔
زَوجَین (زو- جَین) (ع- ا- مذ) زوج کا تثنیہ- میاں بیوی- زن و شوہر۔
زُود (واو معروف) (ف- صف) جلد- شتاب- فوراً- ابھی- معاً۔
زُود آشنا (ف- صف) بہت جلد دوست بن جانے والا۔
زُود پشیماں (ف- صف) بہت جلد پچھتانے والا۔
زُود حِس (ف- صف) جلد محسوس کرنے والا- حسّاس۔
زُود حِسی (ف- ا- مث) جلد محسوس کرنا۔
زُود رس (ف- صف) تیزفہم- بات کی تہ کو جلد پہنچنے والا۔
زُود رنج (ف- صف) جلد خفا ہو جانے والا۔
زُود فربہ زُود لاغر (ف- مثل) جو ایک رائے یا ایک حالت پر قائم نہ رہے- گھڑی میں کچھ اور گھڑی میں کچھ۔
زُود فہم (ف- صف) تیزفہم- ہوشیار- ذکی۔
زُود نویس (ف- صف) جلد جلد لکھنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زُود نویسی (ف۔ا۔مث) تیز لکھنا۔ جلد لکھنا۔

زُودِی (زُو۔دِی)(ف۔ا۔مث) جلدی۔ شتابی۔

زُوْر (واو معروف)(ع۔ا۔مذ) دغا۔ فریب۔ مکر۔

زوْر (واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) (۱) طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ بَل۔ شکتی (۲) اِختیار۔ بس۔ قابو (۳) زبردستی۔ ظلم (۴) کوشش۔ جدّوجہد (۵) محنت۔ مشقت (۶) سہارا۔ مدد (۷) وزن۔ بوجھ (۸) سہارا جو شطرنج کے ایک مُہرے کو دُوسرے سے ہوتا ہے (۹) (صف) قیامت کا۔ غضب کا (۱۰) انوکھا۔ نرالا (۱۱) زیادہ۔ بڑا۔ بہت۔ اُردو جمع: زور۔ زوروں۔

زور آزما (ف۔صف) طاقت آزمانے والا۔ پہلوان۔

زور آزمانا (اُر۔محاورہ)(۱) طاقت کا اِمتحان کرنا (۲) قوت دِکھانا۔

زور آزمائی (ف۔ا۔مث) طاقت آزمانا۔ قوت دِکھانا۔

زور آنا (اُر۔محاورہ) طاقت آنا۔ قوی ہونا۔ توانا ہونا۔

زور آور (ف۔صف)(۱) طاقت ور۔ قوی (۲) زبردست۔

زور آوری (ف۔ا۔مث)(۱) طاقت۔ توانائی (۲) زبردستی۔

زورِ بادشاہ داؤں وزیر (اُر۔مثل) طاقت بادشاہ جیسی داؤں یا تدبیر وزیر جیسی۔

زورِ بازو (ف۔ا۔مذ) ذاتی قوت۔

زور باندھنا (اُر۔محاورہ) قوت پکڑنا۔

زور بڑھنا (اُر۔محاورہ) طاقت زیادہ ہونا۔ قوت بڑھنا۔

زور پر (اُر۔متعلق فعل)(۱) ترقی پر۔ کمال پر (۲) حوصلے پر۔

زور پڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) بوجھ پڑنا۔ داؤ پڑنا (۲) مجبور کیا جانا (۳) طاقت صَرف ہونا۔

زور پکڑنا (اُر۔محاورہ) قوت حاصل کرنا۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔

زور پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) طاقت بڑھانا۔ طاقت حاصل کرنا۔

زور توڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) قوت کم کرنا یا زائل کرنا (۲) دباؤ کم کرنا (۳) گھمنڈ توڑنا۔

زور جتانا (اُر۔محاورہ)(۱) رُعب ڈالنا۔ حکومت جتانا۔ دباؤ ڈالنا (۲) طاقت ظاہر کرنا۔

زور چلانا (اُر۔محاورہ) رُعب سے یا زبردستی کوئی کام لینا۔

زور چلنا (اُر۔محاورہ) بس چلنا۔ قابو چلنا۔

زور دار (ف۔صف)(۱) پُرجوش (۲) قوی۔ طاقت ور (۳) وہ پتنگ جس کے اُڑنے میں ڈور خوب تنی رہے اور جھول نہ پڑے۔

زور دِکھانا (اُر۔محاورہ) قوت دِکھانا۔ رُعب ڈالنا۔ حکومت جتانا۔

زور دینا (اُر۔محاورہ) (۱) قوت دینا۔ زور بڑھانا (۲) شطرنج کے مُہرے کو دُوسرے مُہرے کا سہارا دینا (۳) کسی لفظ کے تلفظ کو خاص لہجے سے ادا کرنا جس سے یہ ظاہر ہو کہ یہ لفظ قابلِ توجّہ ہے۔

زور ڈالنا (اُر۔محاورہ)(۱) مجبور کرنا۔ دباؤ ڈالنا (۲) کسی طرف زیادہ طاقت دِکھانا (۳) دبانا۔ تنگ کرنا (۴) بوجھ ڈالنا۔

زور ڈھے جانا (اُر۔محاورہ) غرور جاتا رہنا۔

زور زور سے (اُر۔متعلق فعل)(۱) قوت سے۔ طاقت سے (۲) تیزی سے (۳) سختی سے۔ چلّا چلّا کے۔

زور شور (ف۔ا۔مذ)(۱) تیزی و تندی۔ جوش و خروش (۲) چڑھاؤ (۳) شِدّت۔ زیادتی (۴) شوق۔ محنت۔

زور شور سے (اُر۔متعلق فعل)(۱) جوش و خروش سے (۲) شوق سے۔ محنت سے (۳) شان و شوکت سے۔

زورِ ضابطہ (ف۔ا۔مذ) جبر۔ سختی۔ زبردستی۔

زورِ طبع (**زورِ طبیعت**)(ف۔ا۔مذ) نئے مضامین اور نئے خیالات پیدا کرنے کی قوت۔

زورِ ظلم (ف۔ا۔مذ) سختی۔ زیادتی۔

زورِ قلم (ف۔ا۔مذ) لکھنے کی طاقت۔ تحریر کا زور۔

زور کا (اُر۔صف)(۱) پُرجوش (۲) شِدّت کا (۳) بلند' جیسے زور کا نعرہ۔

زور کرانا (اُر۔محاورہ) کشتی کی مشق کرانا۔

زور کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) طاقت آزمانا (۲) دو پہلوانوں کا مشق کے لئے لڑنا (۳) بڑھنا۔ زیادہ ہونا (۴) کوشش کرنا۔

زور گوٹ گوٹ کر بھرا ہونا (اُر۔محاورہ) بہت طاقت ہونا۔ رگ رگ میں قوت ہونا۔

زور کے آگے ضرب نہیں چلتی (اُر۔مثل) طاقت ور آدمی پر معمولی چوٹ کا اثر نہیں ہوتا۔

زور گھٹنا (اُر۔محاورہ) طاقت کم ہونا۔

زور لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) طاقت صرف کرنا (۲) کوشش کرنا۔ سعی کرنا (۳) ہمت کرنا (۴) دھکیلنا۔ آگے بڑھنا (۵) ہاتھ لگانا (۶) مدد کرنا۔

زور مارنا (اُر۔محاورہ) نہایت کوشش کرنا۔ سارا زور لگا دینا۔

زور مند (ف۔صف) طاقت ور۔ مضبوط۔

زور میں (آنا) بھرنا (اُر۔محاورہ) پوری قوت پر ہونا۔

زور نکال دینا (اُر۔محاورہ)(۱) قوت گھٹا دینا۔ کمزور کر دینا (۲) غرور مٹا دینا۔

زور نہ چلنا (اُر۔محاورہ) قابو نہ چلنا۔

زور نہ ظلم عقل کی کوتاہی (اُر۔مثل)(۱) بے عقل آدمی عموماً ظالم ہوتے ہیں (۲) کسی کے جبر یا سختی سے نقصان نہیں پہنچتا' اپنی بے وقوفی کی وجہ سے پہنچتا ہے۔

زورا زوری (اُر۔متعلق فعل) زبردستی۔ بزور۔ طاقت سے۔

زَوْرَق (زَو۔رَق)(ف۔ا۔مث) چھوٹی کشتی۔ ڈونگا (۲) ایک قسم کی ٹوپی جو درویش پہنتے ہیں۔ کشتی نما ٹوپی۔

زوْروں (اُر۔ا۔مذ) زور کی جمع۔

زوروں پر چڑھنا (اُر۔محاورہ)(۱) طاقت میں بھرنا۔ بہت تیار ہونا (۲) دریا کا طغیانی پر آنا (۳) موٹا تازہ ہونا۔ جوانی کا جوش مارنا (۴) کمال کو پہنچنا۔

زوروں پر رہنا (اُر۔محاورہ) لگاتار ترقی ہونا (۲) بہت چہل پہل ہونا (۳) کسی کام کا بہت زور رہنا۔

زوروں پر ہونا (اُر۔محاورہ) پُرجوش ہونا (۲) کمال کو پہنچنا۔ ترقی پر ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زُوف (واو معروف)(اَر۔ حرفِ نفرین) لعنت۔ تُف۔ پھٹکار۔
زُوف زاف کرنا (اَر۔ محاورہ) لعنت ملامت کرنا۔
زُوف ہے (اَر۔ کلمۂ نفرین) لعنت ہے۔ تُف ہے۔
زُوفا (زُو۔فا)(ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا پودا جس کے پُھول اور پتے شربت وغیرہ بنانے کے کام آتے ہیں۔
زون (Zone)(انگ۔ا۔مذ)(۱) منطقہ۔ کرۂ اَرض کے وہ پانچ حصے جو خطِ اِستوا کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہیں (۲) علاقہ۔ منطقہ۔

ز۔ہ

زِہ (بالکسر)(ف۔ا۔مذ)(۱) جننا (۲) بچہ۔ اولاد (۳)(حرفِ تحسین) شاباش۔ مرحبا۔ بہت خوب (۴)(ف۔ا۔مث) کمان کا چلّہ (۵) کوئی چیز جو ٹل دے کر سوراخ سے نکالی جائے (۶) لیس۔ فیتہ۔ جھالر (۷) اِنعام۔
زِہ گیر (ف۔ا۔مذ) سینگ یا ہڈی کا چھلا جس کو انگوٹھے میں پہنتے ہیں اور کمان کی زِہ کو کھینچتے ہیں۔
زُہاب (بضمِ اوّل)(ع۔ا۔مذ) ہر وقت جاری رہنے والا چشمہ۔
زُہّاد (زُہ۔ہاد)(ع۔صف) زاہد کی جمع۔
زِہار (زِ۔ہار)(ف۔ا۔مث) شرم گاہ۔ پیڑو۔
زُہد (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) پرہیزگاری۔ تقویٰ۔
زَہر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایسے کیمیائی مُرکب جو مُہلک ثابت ہوں۔ سَم۔ بِس۔ ہلاہل (۲) کوئی چیز جو نہایت کڑوی ہو (۳) غُصّہ۔ غضب (۴)(صف) کڑوا۔ تلخ (۵) ناگوار۔ بُرا (۶) مُہلک۔ قاتل (۷) مُضر۔ آزار رساں۔ اُردو جمع: زہر۔ زہروں۔
زہر آب (زہراب)(ف۔ا۔مذ)(۱) پانی جس میں زہر ملا ہوا ہو (۲) غم۔ غُصّہ (۳)(کنایۃً) پیشاب۔
زہر آشام (ف۔صف)(۱) زہر پینے والا (۲) جو زہر میں بُجھا ہوا ہو۔
زہر آگیں (زہر آلود۔ زہر آلودہ)(ف۔صف) زہر سے بھرا ہوا۔ زہریلا۔
زہر آمیز (ف۔صف) زہر ملا ہوا۔
زہر اُگلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) کسی کی نسبت بُری باتیں کہنا (۲) لگائی بُجھائی کرنا (۳) فتنہ انگیز باتیں کرنا (۴) اِظہارِ قہر و غضب کرنا (۵) جلی کٹی سُنانا۔
زہر باتیں (اَر۔ا۔مث) جلی کٹی باتیں۔ بے جا باتیں۔
زہر باد (اَر۔ا۔مذ)(۱) ایک بیماری جس میں پھوڑے پھنسی کا زہر سارے بدن میں پھیل جاتا ہے (۲) ہاتھیوں اور گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں آلۂ تناسل اور خصیے سُوج جاتے ہیں۔
زہر بونا (اَر۔ محاورہ) بُرائی کرنا۔ بُرائی یا فساد کی بُنیاد ڈالنا۔
زہر بھرا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی کی طرف سے دِل میں بُغض یا بدی ہونا۔
زہر بھری آنکھ (اَر۔ا۔مث)(۱) غُصّے کی نظر (۲) شوخ آنکھ۔

زہر (پھیلنا) چھٹکنا (اَر۔ محاورہ) جسم میں زہر کا اثر سرایت کر جانا۔
زہر تیلیا (اَر۔ا۔مذ) سَم قاتل۔ مُہلک زہر۔
زہر چڑھنا (اَر۔ محاورہ) زہر کا اثر ہونا۔
زہر خند (ف۔ا۔مذ) وہ ہنسی جو غُصّے، ناگواری یا شرمندگی سے ہو۔
زہر دینا (اَر۔ محاورہ) زہر کھلانا۔ زہر دے کر مارنا۔
زہرِ قاتل (ف۔صف) وہ زہر جس کے کھانے سے اِنسان مر جائے۔
زہر کا پُتلا (اَر۔صف) نہایت شریر۔ بڑا مُفسد۔
زہر کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) سخت کڑوا یا تلخ کر دینا (۲) ناگوار کر دینا۔ بدمزہ کر دینا (۳) نفرت و کراہت سے کھانا۔
زہر کھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) بِس کھانا (۲) مر جانا (۳) دُشمنی کرنا۔ بُغض نکالنا (۴) حسد کرنا (۵) کسی چیز پر دانت رکھنا۔
زہر کی پُڑیا (زہر کی چُھری۔ زہر کی گانٹھ)(اَر۔ا۔مث) فتنہ انگیز۔ مُفسد۔ شریر۔
زہر کے سے گھونٹ (اَر۔ا۔مذ) بہت ناگوار۔
زہر کے گھونٹ پینا (اَر۔ محاورہ) دِل ہی دِل میں پیچ و تاب کھانا۔ غُصّہ ضبط کرنا۔ کچھ کہہ نہ سکنا۔
زہر کے گھونٹ نگلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) غُصّہ ضبط کرنا (۲) کڑوی چیز کو حلق سے اُتارنا۔ ناگوار کو گوارا کرنا۔
زہر گھولنا (اَر۔ محاورہ) فتنہ و فساد کی باتیں کرنا۔
زہر گیاہ (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی زہریلی گھاس۔
زہر لگنا (اَر۔ محاورہ) بُرا لگنا۔ ناگوار گُزرنا۔
زہر مار (اَر۔صف) وہ چیز جو زہر کو مارے۔ جو زہر کا اثر زائل کرے۔
زہر مار کرنا (اَر۔ محاورہ) نامرغوب چیز کھانا۔ مجبوراً کوئی چیز کھانا۔
زہر معلوم ہونا (اَر۔ محاورہ) بُرا لگنا۔ ناگوار ہونا۔
زہر مِلا دینا (اَر۔ محاورہ) فتنہ و فساد کی باتوں سے اچھی باتوں کو بھی ناگوار کر دینا۔
زہر مِل جانا (اَر۔ محاورہ) بُرا ہو جانا۔
زہر مُہرہ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا پتھر جو زہر جذب کر لیتا ہے۔
زہر مُہرۂ خطائی (ف۔ا۔مذ) شہرِ خطا کا زہر مُہرہ جو نہایت زود اثر ہوتا ہے۔ خطا چین کا ایک شہر ہے اور اُس کا چینی نام کیتھے ہے۔
زہر میں بُجھانا (اَر۔ محاورہ) تلوار یا خنجر کی دھار کو آگ میں سُرخ کر کے زہر آلود پانی میں بُجھاتے ہیں۔ اس سے جو زخم لگتے ہیں اُن میں زہر اثر کر جاتا ہے۔
زہر نوش (ف۔صف) بلانوش۔
زہرِ ہلاہل (ف۔ا۔مذ) زہرِ قاتل۔ مُہلک زہر۔
زَہرا (زَہ۔را)(ع۔صف)(۱) روشن۔ چمکیلا (۲) حضرت فاطمہؓ کا لقب۔
زَہرہ (زَہ۔رَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) پتّا۔ ایک اَندرونی عضو جس میں زرد اور نیلے رنگ کا پانی بھرا ہوتا ہے (۲)(کنایۃً) دلیری۔ قوت۔ مردانگی۔ ہمت۔ حوصلہ
زہرہ آب (پانی) ہونا (اَر۔ محاورہ) پِتّا پانی ہونا۔ حوصلہ پست ہونا۔ رُعب

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اور خوف طاری ہونا۔

زہرہ پھٹنا (اُر۔ محاورہ) خوف یا دہشت ہونا۔ دل دھڑکنا (۲) حسد کرنا۔

زہرہ گداز (ف۔ صف) سخت تکلیف دہ۔

زُہرہ (زُہ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ایک سیارے کا نام۔ ناہید۔ شُکر۔ لوءِ فلک وغیرہ (۲) شہر بابل کی ایک طوائف جس پر ہاروت و ماروت دو فرشتے عاشق ہو کر مُبتلائے عذابِ الٰہی ہوئے۔ دیکھئے ہاروت و ماروت۔

زُہرہ جبیں (ف۔ صف) زُہرہ کی طرح روشن پیشانی والا یا والی۔ خوب صورت۔ حسین۔

زُہرہ لقا (ف۔ صف) زہرہ کی طرح حسین و خوبصورت۔

زَہریلا (زَہ۔ ری۔ لا) (اُر۔ صف) (۱) زہر سے بھرا ہوا (۲) فتنہ انگیز۔

زَہریلی (زَہ۔ ری۔ لی) (اُر۔ صف) زہریلا کا مؤنث۔

زَہے (زَ۔ ہے) (ف۔ کلمۂ تحسین) واہ وا۔ شاباش۔ مرحبا۔

زہے قسمت (ف۔ کلمۂ تحسین) اچھی قسمت سے۔ خوش بختی سے۔ کسی بڑے آدمی کے آنے پر کہتے ہیں۔

زہے نصیب (ف۔ کلمۂ تحسین) خوشا قسمت۔ خوش اقبالی۔ خوش قسمتی۔

زَہیر (زَ۔ ہیر) (ع۔ صف) (۱) بیماری سے دُبلا۔ مُخنی (۲) غمگین۔ اُداس۔ پریشان۔

ز۔ی

زِی (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ہیئت و طرز (۲) لباس۔

زِیاد (زِ۔ یاد) (ع۔ صف) زیادہ کا مخفف۔

زِیادت (زِ۔ یا۔ دَت) (ع۔ ا۔ مث) اِصطلاحِ نحو میں کلمے میں ایک یا زیادہ حرفوں کا زیادہ کرنا جیسے بھیڑ چال سے بھیڑیا چال (۲) زیادتی۔ اضافہ۔

زِیادتی (زِ۔ یا۔ دَ۔ تی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) کثرت۔ اِفراط (۲) ظُلم۔ جبر۔ زبردستی۔ اُردو جمع: زیادتیاں۔ زیادتیوں۔

زیادتی کرنا (اُر۔ محاورہ) جبر کرنا۔ سختی کرنا۔ زبردستی کرنا (۲) زنا بالجبر کرنا۔

زِیادہ (زِ۔ یا۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) افزوں۔ فاضل (۲) بہت۔ سوا۔ فالتو۔

زیادہ تر (ع۔ ف۔ صف) بیش تر۔ سوا۔ بہت زیادہ۔

زیادہ جی کر کیا عاقبت کے بوریئے سمیٹو گے؟ (اُر۔ مثل) باوجود بوڑھا ہونے کے زیادہ دیر تک زندہ رہنے کی خواہش پر طنزاً کہتے ہیں۔

زیادہ حدِ ادب (اُر۔ فقرہ) خط یا عرضی کے اخیر میں لکھتے ہیں کہ زیادہ لکھنے یا عبارت بڑھانے میں ادب مانع ہے۔

زیادہ ستانی (ف۔ ا۔ مث) (قانون) سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لینا (۲) زیادہ طلبی۔

زیادہ سر (ف۔ صف) (۱) اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھنے والا (۲) مغرور۔ متکبر (۳) وہ جو ایسا کام شروع کرے جسے ختم نہ کر سکے۔

زیادہ سے زیادہ (اُر۔ متعلق فعل) حد درجے کا۔

زیادہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بڑھانا (۲) دسترخوان اُٹھانا۔

زیادہ گو (ف۔ صف) بہت باتیں کرنے والا۔ بات کو بڑھانے والا۔

زیادہ گوئی (ف۔ ا۔ مث) فضول باتیں۔ بیہودہ بکنا (۲) مُبالغہ۔

زیادہ گوئی کرنا (اُر۔ محاورہ) مُبالغہ کرنا۔ بات کو بڑھا کر کہنا۔ فضول بکنا۔ بڑ ہانکنا۔

زیادہ مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں (اُر۔ مثل) زیادہ دوستی یا بے تکلفی میں رنج ہوتا ہے۔

زیادہ ہونا (اُر۔ محاورہ) باقی بچنا۔ فاضل ہونا (۲) اُٹھایا جانا۔ ختم ہونا۔

زیادہ ہے (اُر۔ محاورہ) (۱) برکت ہے۔ بہت ہے (۲) نہیں ہے۔

زِیارت (زِ۔ یا۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کسی متبرک مقام، چیز یا آدمی کو دیکھنا۔ ج۔ مُقدّس مقام کا نظارہ (۲) کسی بزرگ کا مقبرہ۔ آستانہ۔ درگاہ (۳) سلام۔ جمع: زیارات۔ اُردو جمع: زیارتوں۔ زیارتیں۔

زیارتِ بزرگاں کفّارۂ گناہ (ف۔ مثل) بزرگوں کی زیارت سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

زیارت گاہ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) آستانہ۔ مُقدّس مقام۔ درگاہ۔

زیارت گاہِ خاص و عام (ف۔ ع۔ ا۔ مث) ایسی جگہ یا شخص جس کی ہر کوئی زیارت کرے (۲) مقبولِ عام۔

زیارت نامہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) زیارت کے لئے جانے کا پاسپورٹ (۲) سلام جو زیارت کے دوران میں پڑھا جائے۔

زیارت نصیب ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی بزرگ یا مقدس مقام کا دیکھنا۔

زِیارتی (زِ۔ یا۔ رَ۔ تی) (ف۔ صف) زیارت کرنے والا۔ زائر۔

زِیاں (زِ۔ یاں) (ف۔ ا۔ مذ) ضرر۔ نقصان۔ خسارہ۔

زیاں (دیدہ) رسیدہ (ف۔ صف) وہ جس کو نقصان یا ضرر پہنچا ہو۔

زیاں کار (ف۔ صف) نقصان پہنچانے والا۔ مضر (۲) نقصان اُٹھانے والا۔

زیاں کاری (ف۔ ا۔ مث) نقصان پہنچانا۔

زیب (یائے مجہول) (ف۔ ا۔ مث) آرائش۔ زینت۔ سنگار۔ خوبصورتی۔ رونق (۲) (صف) سجانے والا۔ مُرکبات کے آخر میں جیسے تن زیب۔

زیبِ آغوش ہونا (اُر۔ محاورہ) معشوق کا بغل میں ہونا۔

زیبِ بدن (تن۔ جسم) کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کو جسم پر آراستہ کرنا۔ پہننا۔ جسم پر لگانا۔

زیب دینا (اُر۔ محاورہ) بھلا لگنا۔ شوبھا دینا۔ کھلنا۔ موزوں ہونا۔ خوشنما ہونا۔ سجنا۔

زیبِ گوش کرنا (اُر۔ محاورہ) بات سُننا۔

زیب و زین (زیب و زینت) (ف۔ ا۔ مث) آرائش۔ سجاوٹ۔

زیبا (زے۔ با) (ف۔ صف) زیب دینے والا۔ خوشنما۔ خوبصورت۔ موزوں۔

زیبا طلعت (ف۔ صف) خوبصورت شکل کا۔ حسین۔

زیبائش (زے۔ با۔ اِش) (ف۔ ا۔ مث) پھبن۔ آرائش۔ زینت۔ شوبھا۔ خوشنمائی۔ سجاوٹ۔ اُردو جمع: زیبائشوں۔ زیبائشیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زیبائی (زے۔با۔ای)(ف۔ا۔مث) خوبی۔ خوش نُمائی۔
زیبرا (Zebra)(انگ۔ا۔مذ) گدھے کی قسم کا ایک جانور جس کے سفید بدن پر کالی یا بھوری دھاریاں ہوتی ہیں۔افریقہ میں پایا جاتا ہے۔
زِیبَق (زی۔بَق)(ع۔ا۔مذ) پارہ۔ سیماب۔
زیبندہ (زے۔بن۔دَہ)(ف۔صف) زیب دینے والا۔ جمع: زیبندگان۔
زَیت (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) زیتون کا تیل۔
زیتون (زے۔تُون)(ع۔ا۔مذ) ایک سدا بہار درخت کا نام جس کے پھل سے تیل نکالا جاتا ہے۔بحیرۂ رُوم کے علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔
زِیٹ (یائے معروف)(اَر۔ا۔مث) یاوہ گوئی۔
زِیٹک (زی۔ٹک)(ہ۔صف)(۱) بے حیثیت (۲) کوتاہ قد۔ ٹھگنا۔
زِیچ (یائے معروف)(ف۔ا۔مث)(۱) معمار کا دھاگا جس سے وہ دیوار سیدھی کرتا ہے (۲) کتاب جس میں ستاروں کی گردش کا حال درج ہو۔ جنتری۔ تقویم۔
زَید (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کثرت۔ بہتات (۲) ایک فرضی نام۔
زَیدی (زے۔دی)(ع۔صف) حضرت زید بن امام زینُ العابدین سے منسوب۔ حضرت زید کا پیرو یا اُن کی نسل سے۔
زیر (بیائے مجہول)(ف۔متعلق فعل)(۱) نیچے۔ تلے۔ تحت (۲)(صف) کمزور۔ کم طاقت (۳) کمتر۔ گھٹیا (۴)(ا۔مذ و مث) کسرہ۔ کسرے کی علامت (ِ)(۵) مدہم آواز۔ نیچا سُر (۶) سارنگی کا چھوٹا تار۔
زیر (افگن) افگند (ف۔ا۔مذ)(۱) چھوٹا قالین۔ غالیچہ (۲) بستر (۳) ایک سُر جسے کاچک بھی کہتے ہیں۔
زیر اَنداز (ف۔ا۔مذ) وہ کپڑا یا چمڑا جو حقّے کے نیچے فرش کی حفاظت کے لئے بچھاتے ہیں۔
زیر بار (ف۔صف)(۱) بوجھ کے نیچے۔ بوجھ سے دبا ہوا (۲) اِحسان سے دبا ہوا۔ ممنون (۳) مقروض۔ مدیُون۔
زیر باری (ف۔ا۔مث) (۱) قرضے میں مُبتلا ہونا (۲) اخراجات کی وجہ سے پریشانی۔
زیر بند (ف۔ا۔مذ) وہ تسمہ جو گھوڑے کی زین سے گزار کر پیٹ کے نیچے باندھا جاتا ہے۔ گھوڑے کا تنگ۔
زیر پائی (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کی زنانی جوتی۔ سلیپر۔
زیر پیچ (اَر۔ا۔مث) چھوٹی پگڑی جو بڑی پگڑی کے نیچے باندھتے ہیں۔
زیرِ تجویز (ف۔متعلق فعل) کسی معاملے پر غور ہونا۔
زیر تنگ (ف۔ا۔مذ) دیکھئے زیر بند۔
زیر جامہ (ف۔ا۔مذ) وہ کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالتے ہیں (۲) انڈر ویئر۔
زیرِ حراست (ف۔صف) گرفتار۔ جو حوالات میں ہو۔
زیرِ حکومت (ف۔صف) ماتحت۔ رعیت۔ زیرِ فرمان۔

زیرِ خاک (ف۔صف) قبر میں۔ زمین میں دفن۔
زیر دست (ف۔صف)(۱) کمزور۔ عاجز (۲) مظلوم (۳) ماتحت۔
زیر دستخطی (ف۔صف) جس کے دستخط نیچے ہوں۔
زیر ران (ف۔صف) ران کے نیچے۔ قابو میں (جانور)۔
زیرِ زمیں (ف۔صف) دیکھئے زیرِ خاک (۲) انڈر گراؤنڈ۔
زیرِ سایہ (ف۔صف)(۱) قریب۔ نزدیک (۲)(متعلق فعل) حمایت میں۔ پناہ میں۔ ہمسائے میں۔
زیر سواری (ف۔صف) وہ جانور جس سے سواری لی جائے۔
زیر کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) مغلوب کرنا۔ فتح کرنا (۲) پچھاڑنا۔
زیرِ لب (ف۔صف) آہستہ بولنا۔ پوشیدہ کہنا۔
زیر مشق (بغیر اِضافت)(ف۔صف)(۱) ہاتھ پر چڑھا ہوا۔ رواں۔ وہ چیز جس کی مشق کی جائے (۳)(ف۔ا۔مث) وہ چمڑا جو لکھنے کی مشق کرتے وقت نیچے رکھ لیا جاتا ہے۔
زیرِ نظر (ف۔صف)(۱) نگاہ میں (۲) حراست میں (۳) زیرِ غور۔
زیرِ نگیں (ف۔صف) ماتحت۔ زیرِ حکومت۔
زیر و بم (ف۔ا۔مذ)(۱) نیچا اور اُونچا سُر (۲) طبلے یا نقارے کا دایاں بایاں رُخ (۳) دو چھوٹے نقاروں کی جوڑی جس میں ایک سے مدھم اور دُوسرے سے بلند آواز نکلتی ہے۔
زیر و زبر (ف۔ا۔مذ)(۱) کسرہ اور فتحہ (۲)(صف) تہ و بالا۔ درہم برہم۔ اُلٹ پُلٹ۔ تباہ۔
زِیرَک (زی۔رَک)(ف۔صف) دانا۔ عقل مند۔ دانش مند۔
زیرکی (زی۔رَ۔کی)(ف۔ا۔مث) عقل مندی۔ دانائی۔
زِیرَہ (زی۔رَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایک سیاہ یا سفید خوشبودار باریک بیج جو کھانوں میں ڈالا جاتا ہے۔اِس کا پودا عرب، بھارت، چین اور رُوسی خطّے کے گرد و نواح میں کاشت کیا جاتا ہے (۲) پھولوں کی زردی۔ زرِ گل۔
زیرۂ سفید (ف۔ا۔مذ) سفید رنگ کا زیرہ۔
زیرۂ سیاہ (ف۔ا۔مذ) کالے رنگ کا زیرہ۔
زیرہ زیرہ کرنا (اَر۔محاورہ) کوٹ کر باریک کرنا۔
زیریں (زے۔ریں)(ف۔متعلق فعل) نیچے کا۔ تلے کا۔ پائیں۔
زِیُس (Zeus)(زی۔اُس)(یو۔ا۔مذ) یونانیوں کا سب سے بڑا دیوتا۔ کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کا سردار۔
زِیَست (بیائے معروف و سکونِ سوم و چہارم)(ف۔ا۔مث) زندگی۔ جیون۔ حیات۔ عُمر۔
زیست بھاری ہونا (اَر۔محاورہ) زندگی تلخ ہونا۔ زندگی دُوبھر ہونا۔
زیست حرام ہونا (اَر۔محاورہ) زندگی ناگوار ہونا۔
زیست سے بیزار (خفا) (اَر۔صف) وہ جس کو زندگی دُوبھر ہو۔ وہ جو زندہ نہ رہنا چاہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زیست کے دن بھرنا (اُر۔ محاورہ) زندگی کے بقیہ دن پورے کرنا۔ موت کے قریب ہونا۔

زَیغ (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث) کجی۔ ٹیڑھ (۲) بگڑ جانا۔

زِیل (یائے معروف)(ف۔ا۔مث) چیخ کی آواز۔ بچوں کی آواز۔ باریک آواز۔

زَین (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) زیب و زینت۔ خوبصورتی۔ سجاوٹ۔

زین خاں (اُر۔ا۔مذ) عورتوں کا ایک فرضی جن۔

زِین (یائے معروف)(ف۔ا۔مذ)(۱) چار جامہ۔ کاٹھی۔ پالان۔ جمع: زین۔ زینوں (۲)(اُر۔ا۔مث) ایک مضبوط اور موٹا کپڑا۔

زین پوش (ف۔صف) کپڑا جو زین کے اُوپر ڈالتے ہیں۔

زین دھرنا (زین کسنا۔ زین کھینچنا) (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کی پیٹھ پر زین باندھنا۔

زین ساز (ف۔صف) زین بنانے والا۔

زین سازی (ف۔ا۔مث) زین بنانے کا کام یا پیشہ۔

زین سواری (ف۔ا۔مث) گھوڑے پر سوار ہونا۔

زین ہونا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کی پیٹھ پر زین کسا جانا۔

زِینت (زی۔نت)(ع۔ا۔مث) زیبائش۔ خوبصورتی۔ سجاوٹ۔ اُردو جمع: زینتوں۔ زینتیں۔

زینت (بخشنا) دینا (اُر۔ محاورہ) سجانا۔ مزیّن کرنا۔

زینتِ پہلو (ف۔صف)(۱) بیوی۔ معشوق (۲) ہم نشین (۳) بھائی۔

زینت ہونا (اُر۔ محاورہ) سجنا۔ سجاوٹ یا رونق کا موجب ہونا۔

زِین زَپَٹ (زین۔زَ۔پَٹ)(اُر۔ا۔مث) یاوہ گوئی۔ بکواس۔

زِینَہ (زی۔نہ)(ف۔ا۔مذ) سیڑھی۔ اُردو جمع: زینوں۔ زینے۔

زِینہار (زین۔ہار)(ف۔ حرف تاکید) دیکھئے زنہار۔

زَیوَر (زے۔وَر)(ف۔ا۔مذ)(۱) زیب وَر (زیب دینے والا) کا مخفف (۲) گہنا پاتا (۳) زیب و زینت۔ جمع: زیورات۔

زیور بڑھانا (اُر۔ محاورہ) زیور اُتار ڈالنا۔

زیور توڑنا (اُر۔ محاورہ) خاوند کی وفات پر زیور ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔

زیور سے گوندنی کی طرح لدا رہنا (اُر۔ محاورہ) بہت سا زیور پہنے رہنا۔

زیورات (ف۔ا۔مذ) زیور کی جمع بقاعدۂ عربی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ژ

ژ (ژے)(ف۔ا۔مث) اُردو کا سترھواں اور فارسی کا چودھواں حرف۔ فارسی میں اِس کا تلفّظ ژا ہے۔ اِسے زائے فارسی یا عجمی بھی کہتے ہیں۔ یہ حرف عربی اور ہندی زبانوں میں نہیں ہے۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے بھی ز کی طرح سات عدد فرض کیے گئے ہیں۔ یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرفِ عِلّت سے مِل کر آواز دیتا ہے۔

ژ۔ا

ژاژ (ف۔ا۔مذ)(۱) ایک کانٹوں دار جھاڑی کا نام' جسے اُونٹ رغبت سے کھاتا ہے۔اُونٹ کٹارا (۲) بیہودہ بات۔بے فائدہ بات۔

ژاژخا (گو) (ف۔صف) بیہودہ گو۔ بکواسی۔

ژاژخائی (گوئی) (ف۔ا۔مث) بیہودہ گوئی۔بکواس۔

ژالَہ (ژا۔لہ)(ف۔ا۔مذ) اولا (۲) پالا۔کُہر۔

ژالہ باری (ف۔ا۔مث) اولوں کی بارش۔ اولے پڑنا۔

ژ۔ر

ژَرف (بفتحہ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ف۔صف) گہرا۔عمیق۔

ژرف نِگاہ (ف۔صف) گہری نظر والا۔ جو کسی معاملے کی تہ تک پہنچ جائے۔

ژرف نِگاہی (ف۔ا۔مث) گہری نظر۔

ژ۔ن

ژَند (بفتحہ اوّل)(نُون غُنّہ)(ف۔ا۔مث)(۱) گدڑی۔ دَلق۔ پھٹا ہوا کپڑا (۲) بُزرگ۔ قلندر (۳) پارسیوں کے پیشوا زرتُشت کی مُقدّس کتاب (۴) قدیم ایرانی زبان کا نام جو زرتُشت کے زمانے میں بولی جاتی تھی۔

ژَندگی (نُون غُنّہ) (ف۔ا۔مث) پُرانا پن۔ کُہنگی۔ شکستگی۔ قدامت۔

ژَندَہ (بفتحہ اوّل وسوم)(نُون غُنّہ)(ف۔ا۔مذ) گدڑی۔ پُرانا خرقہ۔ پیوند لگا ہوا جامہ۔

ژ۔و

ژولِیدَگی (ژو۔لی۔دَ۔گی) (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) (۱) اُلجھاؤ (۲) پریشانی۔

ژولِیدَہ (ژو۔لی۔دَہ) (واو مجہول) (ف۔صف) اُلجھا ہوا۔ درہم برہم۔ پریشان۔

ژولیدہ بیان (ف۔صف) جس کی تحریر و تقریر میں اُلجھاؤ ہو۔

ژولیدہ بیانی (ف۔ا۔مث) اُلجھی ہوئی گفتگو۔ غیر واضح گفتگو۔

ژولیدہ حال (ف۔صف) پریشان حال۔ خستہ حال۔

ژولیدہ حالی (ف۔ا۔مث) خستہ حالی۔ پریشانی۔

ژولیدہ مُو (ف۔صف) بکھرے یا اُلجھے ہوئے بالوں والا۔

ژ۔ی

ژِیاں (ژِ۔یاں)(ف۔صف) غضب ناک۔ خشم ناک۔ خوفناک۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

س

س (سین)(ع۔ا۔مذ) اُردو کا اٹھارھواں' فارسی کا پندرھواں' عربی کا بارھواں اور ہندی کا بتیسواں حرف۔ اِسے سینِ مُہملہ اور سینِ غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے ساٹھ عدد مقرّر ہیں۔ یہ شمسی حرف ہے۔ اگر اِس سے پہلے "ال" آئے گا تو "لام" آواز نہیں دے گا' بلکہ س کو مُشدّد کر دے گا جیسے اَلسّعید۔ یہ حرفِ صحیح ہے اور کسی حرف سے مل کر آواز دیتا ہے۔ ہندی الفاظ کے شروع میں بطور سابقہ آ کر خوبصورت اور نیک کے معنی دیتا ہے جیسے سڈول اور آخر میں آ کر ان الفاظ کو اِسمِ کیفیت بنا دیتا ہے جیسے کھٹاس۔ مٹھاس۔

س۔ا

سا (ف۔ حرفِ تشبیہ) (۱) ساں اور آسا کا مُخفف۔ مثل۔ مانند۔ مُشابہ (۲) گویا (۳) سائیدن مصدر سے صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور گھسنے والا' رگڑنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جبہہ سا (ماتھا گھسنے یا رگڑنے والا)۔

سا (ہ۔ متعلق فعل)(۱) بہت۔ بجد (۲) صفات اور ضمائر کے ساتھ مِل کر اَسماءِ صِفت بناتا ہے جیسے کالا سا۔ بہت سا (۲)(ا۔مذ) ہندی موسیقی کا پہلا سُر۔

ساباط (ع۔ا۔مث) چھت دار راستہ جو دو مکانوں کو ملائے۔ چھتی ہوئی گلی۔ چھتا۔

سابدھان (ساب۔دھان) (ہ۔ صف) س: ساودھان۔ چوکس۔ مُستعد۔ ہوشیار۔ دُور اَندیش۔

سابر (سا۔بَر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بارہ سنگا (۲) نقب زنی کا آلہ۔

سابر چمڑا (ہ۔ا۔مذ) بارہ سنگے یا ہرن کی کھال کا چمڑا جو سفید یا زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

سابری (ع۔ا۔مث) کھجوروں کی سب سے اچھی قسم (۲) نہایت اعلیٰ قسم کا کپڑا۔

سابع (سا۔بِع)(ع۔ عددِ ترتیبی) ساتواں۔ ہفتم۔ جمع: سابعون۔ سَبعۃ۔

سابق (سا۔بِق)(ع۔صف)(۱) اگلا۔ پہلا۔ اوّل۔ اگلے وقت کا (۲) سبقت لے جانے والا۔ بڑھا ہوا۔ جمع: سابقون۔ سابقین۔

سابقُ الذِّکر (سا۔بِ۔قُذ۔ذِکر)(ع۔ صف) جس کا پہلے ذکر کیا جا چکا ہو۔ مذکورہ بالا۔

سابق دستور (ع۔ صف) پہلے کی طرح۔ پُرانے دستور یا قاعدے کے مطابق۔ حسبِ معمول۔

سابق میں (اُر۔ متعلق فعل) گزشتہ زمانے میں۔

سابِقاً (سا۔بِ۔قَن) (ع۔ متعلق فعل) (۱) پہلے۔ گزشتہ زمانے میں (۲) پہلی دفعہ۔ قبل ازیں۔

سابِقُونَ الاَوَّلُون (سا۔بِ۔قُو۔نَل۔اَوّ۔وَ۔لُون)(ع۔ا۔مذ) وہ صحابہؓ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر سب سے پہلے ایمان لائے۔

سابِقہ (سا۔بِ۔قَہ) (ع۔ صف) (۱) اگلا۔ اگلے زمانے کا۔ گزشتہ (۲) (ا۔مث) پُرانی رُسوم۔ قدیم روایات۔ جمع: سوابق (۳) جان پہچان۔ دوستانہ (۳) واسطہ۔ معاملہ (۴) وہ کلمہ جو کسی لفظ سے پہلے آ کر اُس کو کوئی خاص معنی دیتا ہے جیسے خوش بُو میں خوش۔ شہسوار میں شہ۔ (Prefix)۔

سابقہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کام پڑنا۔ واسطہ پڑنا (۲) لین دین ہونا (۳) واقفیت ہونا۔ جان پہچان ہونا۔

سابقہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ)(۱) قریبی تعلّق پیدا کرانا (۲) جان پہچان کرانا۔

سابِقِین (سا۔بِ۔قِین) (ع۔ا۔مذ) سابق کی جمع۔ گزشتہ زمانے کے لوگ۔ اگلے وقت کے لوگ۔

سابَل (سا۔بَل)(ہ۔ا۔مذ) سابر۔ نقب زنی کا آلہ۔

سابوتاژ (تاج) (Sabotage) (انگ۔ا۔مذ) تخریب۔ شرارت۔ کسی کارخانے کے کارکنوں کا مشینوں کو توڑ پھوڑ دینا یا کوئی پُرزہ بے کار کر دینا (۲) ریلوے وغیرہ کے پُل اُڑا دینا۔ ذرائع آمدورفت میں رکاوٹ ڈالنا۔

سابُودانہ (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے ساگودانہ۔

سابُوکول (سابُوس) (ہ۔ا۔مذ) اسبغول۔

سات (ہ۔ا۔عدد) چھ جمع ایک کا عدد۔ ہفت۔ ۷۔

سات بھائی (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی چھوٹی چڑیاں جو سات سات کی ٹولیاں بنا کر رہتی ہیں۔

سات پارچے کا خِلعت (اُر۔ا۔مذ) ایک خِلعت جو بادشاہوں کی طرف سے راجاؤں کو دیا جاتا تھا۔

سات پانچ (ہ۔ا۔مث) چالاکی۔ عیّاری۔ مکر و فریب۔

سات پانچ کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) عیّاری سے کام لینا۔ مکر و فریب کرنا (۲) حیل وحجت کرنا (۳) تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا (۴) بہانے کرنا۔

سات پانچ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ (اُر۔ مثل) بہت سے آدمی مِل جُل کر کریں تو کام ہلکا معلوم ہوتا ہے (۲) بہت سے آدمیوں کی تھوڑی مدد سے ایک کی ضرورت پوری ہو جاتی ہے۔

سات پانچ لانا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا نکالنا۔ اُلجھنا۔ حُجّت کرنا۔

سات پانچ مِل کیجئے کاج۔ ہارے جیتے نہ آوے لاج (اُر۔ مثل) صلاح مشورے سے کام کیا جائے تو ناکامی کے بعد شرمندگی اُٹھانا نہیں پڑتی۔

سات پانچ نہ جاننا (اُر۔ محاورہ) سیدھا سادہ ہونا۔ چالاکی و عیّاری نہ جاننا۔

سات (پردوں) قُفلوں میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ چُھپانا۔ بڑی اِحتیاط سے رکھنا۔ زیادہ سے زیادہ حفاظت کرنا۔ ہوا نہ لگنے دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سات پردے لگنا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ پردہ کرنے لگنا۔ اُس عورت پر طنز جو یکایک صاحبِ ثروت یا حاملہ ہو جانے پر بہت پردہ کرنے لگے۔

سات پُشت (اُر۔ا۔مث) سات نسلیں۔ سات پُشتیں۔

سات پھیرے (ہ۔ا۔مذ) وہ سات چکّر جو ہندوؤں میں شادی کے وقت دولھا دُلہن سے آگ کے گرد لگوائے جاتے ہیں۔

سات پیڑھی (ہ۔ا۔مث) سات پُشت۔

سات توؤں (کی سیاہی) سے مُنہ کالا کرنا (اُر۔ محاورہ) نہایت ذلیل کرنا۔ خاطر میں نہ لانا (نفرت ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں)۔

سات دریا درمیان (اُر۔ کلمہ پناہ۔ عو) خُدا نہ کرے! نوج!

سات دھار ہو کر نکلنا (اُر۔ محاورہ)(۱) خوراک کا ہضم ہوئے بغیر دستوں اور قے کے ذریعے نکل جانا (۲) کھایا پیا پُھوٹ پُھوٹ کر نکلنا۔

سات روپیہ اور یہ نمُوُد (اُر۔ مثل) چھوٹی حیثیت کے آدمی کا بڑائی کی ڈینگیں مارنا۔

سات سمندر پار (اُر۔ صف) بہت دُور۔ دُور دراز فاصلے پر۔

سات سِنگار (اُر۔ا۔مذ)(۱) مہندی لگانا (۲) سُرمہ لگانا (۳) پان چبانا (۴) ہونٹوں پر مِسّی کی دھڑی جمانا (۵) بال سنوارنا (۶) افشاں چُننا یا چوڑیاں پہننا (۷) زیور پہننا۔ نیز دیکھئے سولہ سنگار۔

سات سُہاگنوں کا ہاتھ لگوانا (سات سُہاگنوں کو کھلانا) (اُر۔ محاورہ) ایسی سات عورتوں سے جن کے خاوند زندہ ہوں' نیک شگون کے لئے شادی کا جوڑا سِلوانا یا منّت کا کھانا کھلانا۔

سات سہیلیوں کا جُھمکا (اُر۔ا۔مذ) سات ستارے جو قُطب تارے کے گرد چکّر لگاتے ہیں۔ پروین۔ عقدِ ثریّا۔

سات قرآن درمیان (اُر۔ متعلق فعل)(۱) ایک قسم کی قسم۔ خُدا نہ کرے!

سات قلم (اُر۔ا۔مذ) سات مشہور خط۔ نستعلیق۔ نسخ۔ علق۔ ریحان۔ ثلث۔ شکستہ اور طغرا۔

سات ماموؤں کا بھانجا (اُر۔ا۔مذ) سارے کُنبے کا لاڈلا بچّہ۔

سات ماموؤں کا بھانجا بھوک پکارے (اُر۔ مثل)(۱) اُس شخص کے بارے میں کہتے ہیں جو بہت سے رشتے دار ہونے پر بھی محتاج اور بیکس رہے (۲) جو باوجود عزیزوں کی مدد کے ناشکر گزار ہو۔

ساتا روہن (سا۔تا۔رو۔ہَن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سات بھیڑیے جو اکٹھے رہیں (۲) کتا جو چھ بھیڑیوں کے ساتھ رہے (۳) چند آدمیوں کا گروہ (۴) بڑا کنبہ (۵) چند شریر آدمی جو کسی کو تنگ کرنے کے لئے اکٹھے ہو جائیں۔

ساتر (سا۔تر)(ع۔صف) چُھپانے والا۔ پردہ ڈالنے والا۔ جمع: ساترین۔

ساترا (سات۔را)(ق۔ا۔مث) لحظہ۔ مُدّت۔ ساعت۔

ساتگین (سات۔گیں)(ف۔ا۔مذ) شراب کا بڑا پیالہ (۲) محبوب۔

ساتواں (سات۔واں)(ہ۔عددِ ترتیبی) سات سے نسبت رکھنے والا۔ ترتیب میں چھ سے اگلا (۲) $\frac{1}{7}$۔

ساتوں (ہ۔عددِ استغراقی) پورے سات۔ سات کے سات۔

ساتویں (بیائے مجہول)(ہ۔عددِ ترتیبی) ساتواں کی بدلی ہوئی شکل۔

ساتویں آسمان پر مزاج ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت مغرور ہونا۔

ساتویں (بیائے معروف)(ہ۔عددِ ترتیبی) ساتواں کی تانیث۔

ساتھ (ہ۔ا۔مذ) ہمراہی۔ رفاقت۔ شرکت۔ ساجھا۔ میل ملاپ ربط ضبط (۲) (متعلق فعل) واسطے۔ لئے۔ سَنگ۔ ایک جگہ۔ ایک ہی وقت۔

ساتھ چھوٹنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بچھڑنا۔ جُدا ہونا (۲) نااِتفاقی ہو جانا۔

ساتھ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) رفاقت سے مُنہ موڑ لینا۔ تعلّق ختم کرنا۔

ساتھ دینا (اُر۔ محاورہ) نباہنا۔ حمایت کرنا۔ دُکھ سُکھ میں شریک رہنا۔

ساتھ رہنا (اُر۔ محاورہ) ہمراہ رہنا۔ ایک گھر میں یا ایک جگہ رہنا۔

ساتھ سو کر مُنہ چھپانا (ساتھ سونا اور مُنہ چھپانا) (اُر۔ مثل)(۱) بے تکلّفی ہوتے ہوئے تکلّف کرنا (۲) بات مانتے ہوئے بھی اِنکار کرنا۔

ساتھ کا کھیلا (ساتھ کی کھیلی) (پہلا۔ا۔مذ۔ دُوسرا۔ا۔مث) بچپن کا دوست۔ لنگوٹیا یار۔ بال پن کی سہیلی۔

ساتھ کے لئے بھات چاہئے (اُر۔ محاورہ) کسی کو دوست بنانے کے لئے کچھ خرچ کرنا پڑتا ہے۔

ساتھ کے لئے بھات چھوڑا جاتا ہے (ہ۔ مثل) اچھے رفیق کے لئے نُقصان بھی برداشت کیا جاتا ہے۔

ساتھ گھسیٹنا (اُر۔ محاورہ) زبردستی شریک کرنا۔ جبراً ساتھ لینا۔

ساتھ لگا پھرنا (لگے پھرنا) (اُر۔ محاورہ) پیچھے پیچھے پھرنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔

ساتھ لینا (اُر۔ محاورہ) ہمراہ لینا۔ سنگ لینا۔

ساتھ نباہنا (اُر۔ محاورہ) ساتھ دینا۔ حمایت کرتے رہنا۔ ساتھ نہ چھوڑنا۔

ساتھ والا (اُر۔ صف) ساتھی۔ ہم راہی۔ رفیق۔

ساتھن (سا۔تھن)(ہ۔ا۔مث) ساتھ والی۔ ساتھ کی عورت۔ ساتھی کی تانیث۔

ساتھی (ہ۔ا۔مذ) رفیق۔ ہمراہی (۲) مددگار۔ حمایتی۔ جمع: ساتھی۔ ساتھیوں۔

ساٹا (سا۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) عوض معاوضہ (۲) ہُنڈی کا باہمی لین دین (۳) سانٹ (۴) لَئی۔ سیمنٹ (۵) پودے کا پیوند۔

ساٹن (Satin)(انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا دبیز بھڑکیلا ریشمی کپڑا۔ اطلس۔

ساٹھ (ہ۔ا۔عدد) اُنسٹھ جمع ایک۔ ۶۰۔

ساٹھ گاؤں بکری چر گئی (اُر۔ مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب بہت معمولی سی چیز یا شخص کے ہاتھوں بہت بڑا نُقصان ہو گیا ہو۔

ساٹھا (ہ۔صف) ساٹھ برس کا آدمی۔

ساٹھا پاٹھا (اُر۔ صف) ایسا آدمی جس کے ساٹھ برس کی عُمر میں بھی قُویٰ اچھے ہوں۔

ساٹھا پاٹھا۔ بیسی کھیسی (اُر۔ مثل) مرد ساٹھ برس کی عُمر تک قوی رہتا ہے لیکن عورت بیس ہی برس کی عُمر میں ڈھلنے لگتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ساٹھواں (و۔عددِ ترتیبی و کسری) (۱) ساٹھ سے نسبت رکھنے والا۔ ترتیب میں اُنسٹھ سے اگلا درجہ (۲) ۱/۶۰۔

ساٹھوں (و۔عددِ استغراقی) پورے ساٹھ۔ ساٹھ کے ساٹھ۔

ساٹھویں (یائے مجہول)(و۔عددِ ترتیبی) ساٹھواں کی مُغیرہ صورت۔

ساٹھویں (یائے معروف)(و۔عددِ ترتیبی) ساٹھواں کی تانیث۔

ساٹھی (سَٹھی) (سا۔ٹھی) (سَٹھ۔ٹھی) (و۔ا۔مث) ایک قسم کا سُرخ چاول جس کی فصل ساٹھ دن میں تیار ہو جاتی ہے۔

ساج (ع۔ا۔مذ) (۱) سال کا مُعرب۔ دیکھئے سال (ایک درخت) (۲) تلواریں وغیرہ صیقل کرنے کا پتھر۔

ساجد (ع۔صف) سجدہ کرنے والا۔ سَر جُھکانے والا۔ جمع: سُجّاد۔ ساجدین۔

ساجدہ (سا۔جِ۔دَہ)(ع۔صف) سجدہ کرنے والی۔ ساجد کی تانیث۔

ساجن (و۔ا۔مذ) خاوند۔ شوہر۔ محبوب۔ معشوق۔ دل بر (۲) سردار۔ حاکم۔

ساجن ہم تو ایک ہیں' دیکھت کے ہیں دو۔ مَن کو مَن سے تول لے' دو مَن کدی نہ ہو (و۔مثل) پیارے ہم تم اصل میں ایک ہیں۔ اگرچہ دو دکھائی دیتے ہیں جیسے من کو من سے تولا جائے تو وہ دو من کبھی نہیں ہوتا ایک من ہی ہوتا ہے۔

ساجنا (ساج۔نا)(و۔مص)(۱) سجنا۔ زیب دینا (۲) ٹھیک کرنا (۳) موزوں ہونا (۴) ساجن بحالتِ ندا۔

ساجھا (و۔ا۔مذ) کسی کام میں حِصّہ داری یا شراکت۔ جمع: ساجھوں۔ ساجھے۔

ساجھا بھلا نہ باپ کا اور تاؤ بھلا نہ تاپ کا (و۔مثل) شراکت کسی کے ساتھ نہیں کرنی چاہئے خواہ وہ اپنا باپ ہی کیوں نہ ہو اور بخار کی گرمی اچھی نہیں ہوتی۔

ساجھی (سا۔جھی)(و۔ا۔مذ) حِصّہ دار۔ شریک۔ پتّی دار۔

ساجھی ساجھی مل گئے' جھوٹے پڑے بسیٹھ (و۔مثل) فریقین آپس میں ایک ہو گئے۔ بیچ میں پڑنے والوں کو خفت اُٹھانی پڑی۔

ساجھے (و۔ا۔مذ)(۱) ساجھا کی جمع (۲) ساجھا کی مُغیرہ صورت۔

ساجھے کا کام اُتارے چام (ا۔مثل) شراکت کے کام میں چمڑی اتر جاتی ہے یعنی سخت نقصان اُٹھانا پڑتا ہے۔

ساجھے کی ہنڈیا چوراہے میں پُھوٹتی ہے (ا۔مثل) شرکت کے کاروبار میں جھگڑا ضرور ہوتا ہے۔

ساچق (سا۔چِق)(ت۔ا۔مث) برات سے ایک روز پہلے کی رسم جس میں دولہا کے یہاں سے دُلہن کے لئے مٹھائی' پھل' مصری' میوے کی تھلیاں' سہاگ پُڑا' مہندی' تیل پھلیل' جوڑا' عطر اور پان کے بیڑے لے کر جاتے ہیں۔ رسم حنا۔ مہندی۔

ساحت (سا۔حت)(ع۔ا۔مذ) آنگن۔ احاطہ۔ میدان۔

ساحر (سا۔حِر)(ع۔ا۔مذ) جادوگر۔ جادو کرنے والا۔ افسوں گر۔ جمع: سحّار۔ ساحرون۔ فارسی جمع: ساحران۔ اُردو جمع: ساحر۔ ساحروں۔

ساحرانہ (سا۔حِ۔را۔نہ)(ف۔صف)(۱) جادوگروں کی مانند (۲) جادو کا اثر رکھنے والا (۳) سحر سے منسوب۔

ساحرہ (سا۔حِ۔رَہ)(ع۔ا۔مث) ساحر کی تانیث۔

ساحری (سا۔حِ۔ری)(ع۔ا۔مث) جادوگری۔ جادو ٹونا۔

ساحل (سا۔حِل)(ع۔ا۔مذ) سمندر یا دریا کا کنارہ۔ جمع: سواحل۔ اُر جمع: ساحل۔ ساحلوں۔

ساخت (بکسونِ سوم و چہارم)(ف۔ا۔مث)(۱) بناوٹ۔ گھڑت۔ ترکیب۔ وضع (۲) حیلہ۔ فریب۔

ساختگی (ساخ۔تَ۔گی)(ف۔ا۔مث) بناوٹ۔ مُرکبات میں جیسے بے ساختگی۔

ساختہ (ساخ۔تہ)(ف۔صف)(۱) گھڑا ہوا۔ مصنوعی (۲) جھوٹا۔ نقلی۔ جعلی (۳) بنایا ہوا۔ تیار کیا ہوا۔

ساختہ پرداختہ (ف۔صف) بنایا ہوا۔ سنوارا ہوا۔

سادات (ع۔ا۔مذ) سائد بمعنی سردار کی جمع الجمع۔ حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔ سیّد۔

سادِس (سا۔دِس)(ع۔عددِ ترتیبی) چھٹا۔

سادگی (سا۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) صفائی (۲) وہ حالت جو بغیر بناوٹ' نمائش یا تکلّف کے ہو (۳) راست بازی (۴) بھولا پَن۔ سیدھا پَن۔

سادگی و پُرکاری (ف۔ا۔مث) بھولپن اور عیاری۔

سادَہ (سا۔دَہ)(ف۔صف)(۱) کورا۔ بغیر لکھا۔ صاف (۲) خالص (۳) بے ریش (چہرہ) (۴) بغیر ترکاری کا (گوشت کا سالن) (۵) جس میں زیبائش اور آرائش نہ ہو (۶) جس پر گوٹے کناری کا کام نہ ہو یا نقش و نگار بنے ہوئے نہ ہوں (۷) بیوقوف۔ بھولا بھالا (۸) بے ہُنر۔ بے سلیقہ۔ پھوہڑ (۹) صاف دل۔ بے ریا (۱۰) خالی۔

سادہ پُرکار (ف۔صف) جو بظاہر بھولا بھالا مگر فی الواقع چالاک ہو۔

سادہ پن (و۔ا۔مذ) سادگی۔ بھولاپَن۔

سادہ دل (ف۔صف) صاف دل۔ بھولا۔

سادہ دلی (ف۔ا۔مث)(۱) بے وقوفی (۲) بھولاپَن (۳) صاف دلی۔

سادہ رُخ (سادہ رُو۔ سادہ عِذار) (ف۔صف) بے ریش جوان۔ بیشتر معشوق کے لئے مستعمل ہے۔

سادہ طور (ف۔صف) سادہ وضع۔ بغیر ٹیپ ٹاپ۔

سادہ کار (ف۔ا۔مذ)(۱) زیورات پر نفیس کام بنانے والا سُنار (۲) کلام میں صنائع بدائع سے گریز کرنے والا۔

سادہ کاری (ف۔ا۔مث) سادہ کار کا پیشہ۔ سُناری۔ زرگری۔

سادہ کاغذ (ف۔ا۔مذ)(۱) کورا کاغذ (۲) بغیر اسٹامپ کا کاغذ۔

سادہ لوح (ف۔ع۔صف)(۱) بے وقوف۔ نادان۔ احمق۔ بے شعور (۲) بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سادہ لوحی (ف۔ا۔مث)(۱) بے وقوفی۔ نادانی (۲) سادگی۔ بھولا پَن۔

سادہ مزاج (ف۔صف) جس کے مزاج میں بناوٹ یا تکلّف نہ ہو۔

سادہ مزاجی (ف۔ا۔مث) صاف دِلی۔ بے تکلفی۔ سادگی۔

سادہ وضع (ف۔صف) وہ جس کی وضع میں تکلّف نہ ہو۔

سادہ ہُنڈی (ا۔ا۔مث) (اصطلاح علمُ المعیشت) سادہ بل۔

سادھ (دہ ساکن) (ہ۔صف) (۱) نیک۔ پارسا۔ پرہیزگار (۲) جوگی۔ فقیر۔ سادھو۔

سادھارن (سا۔دھا۔رَن) (س۔صف) (۱) معمولی۔ رسمی (۲) جو روزمرّہ ہوتا ہو۔ جو سب پر لاگو ہو۔ عمومی۔ عام بات (۳) مشہور۔ معروف (۴) برابر کا۔ مقابل۔ نظیر (۵) (ہ۔متعلق فعل) آسانی سے۔ بلا دِقت (۶) آہستہ۔ بیچ بیچ۔ ہولے سے۔ نرمی سے (۷) اتفاقیہ۔ اتفاق سے۔

سادھن (سا۔دھن) (س۔ا۔مذ) (۱) تدبیر۔ علاج۔ چارۂ کار (۲) عمل درآمد۔ کارروائی (۳) استعمال۔ مشق (۴) عادت۔ معمول (۵) عبادت۔ ریاضت (۶) اصلاح۔ دُرستی (۷) ذریعہ معاش۔ وسیلہ (۸) سامان۔ مسالا۔

سادھنا (سادھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) عادت ڈالنا (۲) مانوس کرنا (۳) تولنا۔ جانچنا (۴) برقرار رکھنا۔ روکنا۔ تھامنا (۵) اصلاح کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا (۶) اختیار کرنا (۷) پورا کرنا (۸) ثابت کرنا (۹) بنانا (۱۰) تیر اندازی کرنا (۱۱) سِکھانا۔ تربیت دینا (۱۲) ارادہ کرنا (۱۳) توازن قائم کرنا (۱۴) (س۔ا۔مث) شائستگی (۱۵) کمال۔ جوہر (۱۶) تکمیل۔ اختتام۔

سادھنی (سادھ۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سادھنے کا وہ آلہ جو معماروں اور بڑھئیوں کے پاس ہوتا ہے اور جس سے وہ کونا وغیرہ دُرست کرتے ہیں۔ گنیا۔ کونیا (۲) سادہ کی تانیث۔ سادھو کی بیوی۔ نیک عورت۔

سادھو (سا۔دھو) (س۔ا۔مذ) (۱) جوگی۔ درویش (۲) (صف) پارسا۔ پرہیزگار۔ دین دار (۳) معصوم۔ نیک۔ بھلامانس۔ جمع: سادھو۔ سادھوؤں۔

سادھو بچہ (ا۔صف) مکّار۔ عیّار۔ دغا باز۔ وہ انسان جو سادھوؤں کا بھیس بدل کر لوگوں کو دھوکا دے۔

سادھو ہو کر دیوے بتا اُس کو جانو پیٹ کا کتا (ہ۔مثل) جو سادھو ہو کر دھوکا دے وہ اصل میں لالچی اور صرف پیٹ کا بندہ ہے۔

سادی (سا۔دی) (ا۔صف) (۱) سادہ کا مؤنث (۲) پتنگ کی وہ ڈور جس پر مانجھا نہ کیا گیا ہو (۳) صاف، کوری جس پر کوئی تحریر یا نقش نہ ہو (۴) بھولی۔ سیدھی۔ صاف دل (۵) بے وقوف۔ نادان (۶) بے سلیقہ۔ پھوہڑ۔

سار (ف۔لاحقہ) (۱) مثل۔ مانند۔ جیسے خاک سار (۲) کلمہ کثرت جیسے کوہ سار (۳) صاحب۔ والا۔ جیسے شرم سار (شرم والا) (۴) (ف۔ا۔مذ) چوٹی۔ سر جیسے نگوں سار یعنی سرنگوں (۵) اُونٹ۔

ساربان (ف۔ا۔مذ) اُونٹ چلانے والا۔ شتربان۔

سار (س۔ا۔مذ)(۱) لُبِ لُباب۔ جوہر۔ عطر۔ مغز (۲) قدر و قیمت۔ منزلت۔ مقام۔ مرتبہ (۳) طاقت۔ زور۔ قوت (۴) اعتبار۔ ساکھ (۵) پانسا (۶) چوسر کی گوٹیاں (۷) بساطِ شطرنج یا تختہ نرد (۸) عرق۔ شیرہ۔ رس (۹) کھاد (۱۰) لوہا (۱۱) سوار (۱۲) تنکا (ق)۔

سار پرائی پیڑ کی کیا جانے انجان (ہ۔مثل) ناواقف آدمی کسی کی تکلیف کی حقیقت نہیں جانتا۔

سار جاننا (ہ۔محاورہ)(۱) قدر کرنا۔ عزّت کرنا۔ حقیقت جاننا (۲) کیفیت یا حالت معلوم کرنا۔

سارا (ف۔صف)(۱) خالص (۲) بہترین (۳) بے میل (۴) خوشبودار۔

سارا (ہ۔صف) کُل۔ تمام۔ سب۔ پورے کا پورا۔

سارا جاتا دیکھیے تو آدھا دیجے بانٹ (ہ۔مثل) اگر سارا مال ہاتھ سے نکل رہا ہو تو آدھا دے کر باقی آدھا ہی بچا لینا چاہیے۔

سارا کھیل تقدیر کا ہے (ا۔مثل) تقدیر کا لکھا پورا ہو کر رہتا ہے۔

سارتھی (س۔ا۔مذ)(۱) رتھ بان۔ گاڑی بان (۲) راہ بر۔ ہادی۔

سارجنٹ (Sergeant) (انگ۔ا۔مذ) فوج کا جوالدار۔ جمع دار۔

سارجنٹ میجر (Sergeant Major)(انگ۔ا۔مذ) ایک فوجی عہدے دار۔

سارس (سا۔رَس)(ہ۔ا۔مذ) ایک سفید رنگ اور لمبی ٹانگوں والا آبی پرندہ جو مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے۔ کلنگ۔ لق لق۔ قاز۔ جمع: سارس۔ سارسوں۔

سارس کی سی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی (ا۔مثل) دونوں بے کار۔ دونوں نکمّے۔

سارس کی سی جوڑی (ا۔ا۔مث) پکے دوست جو ہر وقت اور ہر جگہ ساتھ رہتے ہوں۔

سارق (سا۔رِق)(ع۔ا۔مذ) چور۔ دُزد۔ جمع: سارقین۔

سارنگ (سا۔رَنگ)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دیپک کی ایک راگنی (۲) شہد کی بڑی مکھی (۳) مور (۴) ایک قسم کا سانپ (۵) بادل (۶) مور کی جھنکار (۷) ہاتھی (۸) شیر (۹) طرح طرح کے رنگ (۱۰) دھنک (۱۱) بھونرا۔

سارنگی (سا۔رَنگی)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) سو (۱۰۰) رنگی۔ ایک ساز جس میں تار لگے ہوتے ہیں اور اُسے گز سے بجایا جاتا ہے۔ جمع: سارنگیاں۔ سارنگیوں۔

سارنگیا (سا۔رَنگ۔یا)(ہ۔صف) سارنگی بجانے والا۔

سارنی (ق۔ا۔مث) سانڈنی۔

سارو (ق۔ا۔مذ) انجام دینے والا۔ کرنے والا۔

ساری (ع۔صف) اثر کرنے والا۔ سرایت کرنے والا۔

ساری (ہ۔صف) سارا کا مؤنث۔ کُل۔ تمام۔ سب۔ پوری۔

ساری خُدائی (ا۔ا۔مث) کُل مخلوقات۔

ساری خُدائی اِک طرف جورو کا بھائی اِک طرف (ا۔مثل) زن مُرید کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

ساری خُدائی اِک طرف فضلِ الٰہی اِک طرف (ا۔مثل) خُدا مہربان ہو تو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

ساری خُدائی کا جھوٹا (ا۔صف) بہت زیادہ جھوٹ بولنے والا۔ دُنیا بھر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کالیاتیا۔

ساری خُدائی کا کام (اَر۔ا۔مذ) بہت زیادہ کام۔ کام کی کثرت۔

ساری خُدائی کی باتیں آنا (اَر۔محاورہ) ہر کام کا شعور یا سلیقہ ہونا۔ ہر فن مولا ہونا۔

ساری دیگ میں ایک ہی چاول (ٹٹولتے) دیکھتے ہیں (اَر۔مثل) جزو سے کُل کا حال معلوم ہو جاتا ہے۔ تھوڑے سے بہت کا پتا چل جاتا ہے۔

ساری رات پیسا اور چپنی بھر اُٹھایا (اَر۔مثل) محنت مشقت بہت کی مگر فائدہ بہت کم ہوا۔

ساری رات ممیائی ایک بچہ بیائی (اَر۔مثل) محنت زیادہ کی مگر فائدہ کم ہوا۔

ساری رات زُلیخا پڑھی اور یہ نہ معلوم ہوا کہ زُلیخا عورت تھی یا مرد (اَر۔مثل) سب کچھ سمجھا دیا پھر بھی مطلب نہ سمجھے (۲) سارا حال سُننے کے بعد بھی کچھ پلّے نہ پڑا۔

ساری عُمر بھاڑ ہی جھونکا (اَر۔مثل) عُمر بھر فضول کام کرتے رہے۔

ساری عُمر کاٹھ میں رہے۔ چلتے وقت پاؤں سے گئے (اَر۔مثل) جن مُصیبتوں میں گرفتار تھے اُن سے چھوٹے تو اُن سے بھی بڑی آفت ٹوٹی۔

سارے (ہ۔صف) (۱) سارا کی جمع (۲) سارا کی مُغیّرہ صورت۔

سارے بدن میں زبان ہی حلال ہے (اَر۔مثل) قول نباہنا چاہئے۔

سارے بنیوں کی ایک مت (اَر۔مثل) سب کنجوس ایک جیسے ہوتے ہیں۔

سارے جہان کا چھٹا ہوا (اَر۔صف) پکّا بدمعاش۔ بڑا عیّار اور چالاک۔

سارے دن اُونی اُونی رات کو چرخہ پُونی (اَر۔مثل) بے وقت کام کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

سارے شہر میں اُونٹ بدنام (اَر۔مثل) جو شخص بدنام ہو جائے تو ہر بُری بات میں اُسی کا نام لیا جاتا ہے۔

ساڑھ سَتی (ساڑھ۔سَ۔تی) (ہ۔ا۔مذ) زُحل کا بارھویں' پہلے اور دُوسرے گھر میں متواتر دَور جو ساڑھے سات برس کا ہوتا ہے اور نہایت منحوس خیال کیا جاتا ہے (۲) نحوست۔ اِدبار۔

ساڑھ سَتی آنا (ہ۔محاورہ) بُرے دن آنا۔ بدنصیبی کا دَور ہونا۔

ساڑُھو (سا۔ڑُھو) (ہ۔ا۔مذ) سالی کا خاوند۔ ہم زُلف۔ سانڈھو۔

ساڑھی (سا۔ڑھی) (ہ۔ا۔مث) (۱) اَساڑھی کا مُخفّف (۲) فصلِ ربیع جس میں گیہوں' جَو' چنا وغیرہ پیدا ہوتا ہے (۳) ساڑی۔

ساڑھے (سا۔ڑِھے) (ہ۔صف) آدھا۔ نصف۔ ایک اور دو کے اعداد کے علاوہ باقی تمام اعداد کے ساتھ سابقے کی شکل میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً ساڑھے چار' ساڑھے چھ وغیرہ۔

ساڑی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی لمبی دھوتی جسے عورتیں آدھی باندھتی اور آدھی اوڑھتی ہیں۔ جمع: ساڑیاں۔ ساڑیوں۔

ساز (ف۔ا۔مذ) (۱) سامان۔ اَسباب (۲) باجا (۳) جنگ کے ہتھیار (۴) گھوڑے کا زیور (۵) وہ سامان جو گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتنے کے لئے درکار ہوتا ہے (۶) میل جول۔ موافقت۔ ربط (۷) تیاری۔ سرانجام (۸) (ف۔لاحقہ) مصدر ساختن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بنانے والا' کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے کارساز۔ مُلمّع ساز (۹) بعض اوقات اِسم مفعول کے معنی بھی دیتا ہے جیسے دست ساز۔ اُر جمع: ساز۔ سازوں۔

سازباز (ف۔ا۔مث) سازش۔ کسی کے خلاف گٹھ جوڑ۔

سازباز کرنا (اَر۔محاورہ) کسی کے خلاف گٹھ جوڑ کرنا۔ سازش کرنا۔

ساز چھیڑنا (اَر۔محاورہ) ساز بجانا شروع کرنا۔

سازِ سفر (ف۔ا۔مذ) سفر کا سامان۔ زادِ راہ۔

ساز کا پردہ (اَر۔ا۔مذ) ساز کی مجموعی ترکیب کا کوئی جُز جو مُعیّن آواز دیتا ہے۔

سازگار (ساز۔گار) (ف۔صف) موافق۔ مُناسب۔ موزوں۔ لائق۔

سازگاری (ساز۔گا۔ری) (ف۔ا۔مث) موافقت۔ موزونیت۔ نباہ۔

ساز (ملانا) ملنا (اَر۔محاورہ) ساز کو راگ کے موافق کرنا۔ راگ کے موافق ہونا۔

ساز و برگ (ساز و سامان) (ف۔ا۔مذ) (۱) اَسباب (۲) دُرستی۔ ترتیب (۳) تیاری (۴) ضروریات۔

ساز و یَراق (ف۔ا۔مذ) (۱) سامانِ جنگ (۲) مال اَسباب۔

سازِش (سا۔زِش) (ف۔ا۔مث) (۱) کسی کی مخالفت کے لئے باہمی اتفاق (۲) خلافِ قانون تال میل۔ اُردو جمع: سازشوں۔ سازشیں۔

سازِشی (سا۔زِ۔شی) (ف۔صف) سازش کرنے والا۔

سازنا (ق۔مص) بنانا۔

سازِندہ (نونِ غنّہ) (ف۔ا۔مذ) ساز بجانے والا۔ جمع: سازندگان۔ اُردو جمع: سازندوں۔ سازندے۔

ساس (ہ۔ا۔مث) بیوی یا شوہر کی ماں۔ خوش دامن۔ جمع: ساسوں۔ ساسیں۔

ساس بہُو کی ہوئی لڑائی۔ کرے پڑوسن ہاتھا پائی (اَر۔مثل) کسی کے جھگڑے میں خواہ مخواہ دخل دینا۔

ساس چھوٹی بہُو بڑی (اَر۔مثل) وہاں بولتے ہیں جہاں چھوٹے بڑوں کے کان کترتے ہوں۔

ساس ری ساس مجھے پیٹ کا (دُکھ) دھندا (اَر۔مثل) تمام دن کھانے پینے والے شخص پر طنز۔

ساس سے بَیر پڑوسن سے ناتا (اَر۔مثل) بے وقوف عورت کے متعلق کہا جاتا ہے جو اپنوں سے تو لڑائی جھگڑا رکھے اور غیروں سے میل ملاپ۔

ساس کا پُوت (اَر۔ا۔مذ) خاوند۔ شوہر۔ خصم۔

ساس کوٹھے بہُو چبوترے (اَر۔مثل) ساس کے ہٹتے ہی بہو آزاد ہو جاتی ہے۔

ساس کوٹھے پر کی گھاس (اَر۔مثل) بہوئیں اپنی ساسوں کو خاطر میں نہیں لاتیں۔

ساس لُکا لُکا بہُو بُکا بُکا (اَر۔مثل) ساس جو کچھ چُھپ کر کرتی ہے بہو کھلم کھلا کرتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ساس مر گئی اپنی ارواح تو تبے میں (چھوڑ گئی) بٹھا گئی (اَر۔ مثل) اُس موقع پر کہی جاتی ہے جب ساس کے اِنتقال کے بعد بھی بہو پر اُس کا رُعب قائم رہے۔

ساس نہ نندی آپ ہی آنندی (ہ۔ مثل) نہ ساس ہے نہ نند۔ بہو آزاد ہے۔

ساس (Sauce) (انگ۔ا۔مذ) چٹنی۔

ساس پان (Saucepan) (انگ۔ا۔مذ) کڑچھا۔ چھوٹی کڑاہی جس میں دستہ لگا ہوتا ہے (صحیح تلفّظ ساس پَین)۔

ساسانی (سا۔سا۔نی) (ف۔صف) قدیم شاہانِ اِیران کا ایک خاندان جس کا بانی بہمن کا بھائی ساسان تھا۔ اِس خاندان نے ۲۳۶ء سے ۶۵۲ء تک اِیران پر حکومت کی۔

ساسُرا (سا۔سُ۔را) (ہ۔ا۔مذ) سُسرال۔

ساطِع (سا۔طِع) (ع۔صف) (۱) اُونچا۔ بلند (۲) چمکتا ہوا۔

ساطُور (سا۔طور) (ع۔ا۔مذ) (۱) بڑا چُھرا (۲) خنجر۔

ساعَت (سا۔عت) (ع۔ا۔مث) (۱) گھڑی۔ لحہ۔ لحظہ۔ پَل۔ منٹ (۲) ڈھائی گھڑی۔ گھنٹا (۳) وقت (۴) وقت بتانے والی گھڑی (۵) مُعیّن وقت۔ جمع: ساعات۔ اُردو جمع: ساعتوں۔ ساعتیں۔

ساعت ٹلنا (اَر۔ محاورہ) مُقرّرہ وقت یا موت کی گھڑی ٹلنا۔

ساعت دیکھنا (اَر۔ محاورہ) کوئی کام شروع کرنے کے لئے اچھا یا بُرا وقت دیکھنا۔

ساعتِ سعید (ع۔صف) نیک گھڑی۔ مُبارک وقت۔

ساعِد (سا۔عِد) (ع۔ا۔مذ و مث) کلائی۔ ہاتھ کے پہنچے سے کہنی تک۔

ساعدِ سیمیں (ع۔صف) چاندی کی سی کلائی۔ خوبصورت کلائی۔ سفید کلائی۔

ساعِی (ع۔صف) کوشش کرنے والا۔ دوڑ دھوپ کرنے والا۔

ساغَر (سا۔غَر) (ف۔ا۔مذ) (۱) شراب کا پیالہ۔ جام (۲) پیالہ۔ گلاس۔

ساغر چلنا (اَر۔ محاورہ) شراب کا دَور چلنا۔

ساغرِ صہبا (ف۔ا۔مذ) سُرخ شراب کا پیالہ۔

ساغر کش (ف۔صف) شراب پینے والا۔

ساغرِ عُمر چھلکنا (لبریز ہونا) (اَر۔ محاورہ) قریبِ مرگ ہونا۔ موت کا وقت قریب ہونا۔

ساغَری (سا۔غ۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) گھوڑے کی مقعد (۲) اِنسان کی مقعد (۳) (صف) ساغر سے منسوب۔

سافٹ بال (Soft Ball) (انگ۔ا۔مذ) بیس بال کی قسم کا ایک کھیل۔ امریکا کی اِیجاد ہے لیکن اب کینیڈا، میکسیکو، کیوبا، آسٹریلیا، جاپان وغیرہ میں بھی کھیلا جاتا ہے۔

سافِل (سا۔فِل) (ع۔صف) (۱) نیچے کا۔ نچلا (۲) کمینہ۔ جمع: سافلین۔

ساق (ع۔ا۔مث) (۱) پنڈلی (۲) درخت کا تنا (۳) ساگ پات کا ڈنٹھل۔ ڈنڈی۔

ساق پوش (ف۔ا۔مذ) موزہ۔ گیٹس۔

ساقِط (سا۔قِط) (ع۔صف) (۱) گرا ہوا (۲) متروک۔ مُسترد۔ نامنظور شُدہ (۳) گم شُدہ (۴) بے عزّت۔

ساقط کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) گرانا (۲) مصرعے کو وزن یا بحر سے گرانا (۳) نامنظور کرنا۔

ساقط ہونا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) گر جانا (۲) جاتا رہنا۔ کھویا جانا (۳) بحر یا وزن سے گرنا۔

ساقِن (سا۔قِن) (اَر۔ا۔مث) وہ بازاری عورت جو اوباش لوگوں کو شراب، بھنگ، حقّہ وغیرہ پلاتی ہو۔ ساقی کا مؤنث۔

ساقُول (سا۔قُول) (اَر۔ا۔مذ) ف۔ت۔ شاقول کا بگاڑ۔ معماروں کا وہ اوزار جس سے دیوار کی سیدھ معلوم کرتے ہیں۔ پنسال۔ لٹکن۔ ساہل۔

ساقی (ف۔ا۔مذ) شراب یا حقّہ پلانے والا۔

ساقیِ کوثر (ف۔ا۔مذ) (۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم (۲) شیعہ فرقہ کے مطابق حضرت علیؓ۔

ساقی گری (ف۔ا۔مث) شراب یا حقّہ پلانے کا پیشہ۔

ساقی نامہ (ف۔ا۔مذ) وہ نظم جس میں ساقی کو مخاطب کرکے شراب کا ذکر کیا جاتا ہے۔

ساک (ق۔ا۔مذ) غصّہ۔ شرم۔

ساکِت (سا۔کِت) (ع۔صف) (۱) بے حرکت (۲) خاموش۔ چپ۔ دم بخود۔

ساکٹ (Socket) (انگ۔ا۔مذ) کسی چیز کا خانہ یا گھر۔

ساکر (Soccer) (انگ۔ا۔مذ) فٹ بال کی ایک قسم جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگایا جاتا۔

ساکِن (سا۔کِن) (ع۔صف) (۱) بے حرکت۔ ٹھہرا ہوا۔ قائم (۲) رہنے والا۔ مقیم۔ باشندہ (۳) (صرف و نحو کی اِصطلاح) وہ حرف جس پر جزم ہو۔ جمع: ساکنین۔ سکنہ۔ فارسی جمع: ساکنان۔

ساکِنان (سا۔کِ۔نان) (ف۔ا۔مذ) ساکن کی جمع۔ باشندے۔

ساکَہ (سا۔کہ) (ہ۔ا۔مذ) وہ منظوم داستانیں جو ہندو اپنے بہادروں کے متعلق گاتے ہیں۔

ساکھ (ہ۔ا۔مث) (۱) اِعتبار۔ بھرم (۲) نیک نامی۔ اچھی شہرت (۳) آن بان (۴) (اِصطلاحِ بنکاری) کسی کارخانے وغیرہ کا نام اِختیار کرنے اور اُس کی نیک نامی سے فائدہ اُٹھانے کا حق۔

ساکھ جانا (اَر۔ محاورہ) اِعتبار اُٹھ جانا۔ بھروسا نہ رہنا۔

ساکھ وار (اَر۔صف) (اِصطلاحِ بنک کاری) قرضہ ادا کرنے کی طاقت رکھنے والا۔ (Credible)۔

ساکھ واری (اَر۔ا۔مث) قرضہ ادا کرسکنے کی سکت یا مقدرت۔ (Credibility)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ساکھ سونا پریت پیتل (ہ۔مثل) اِعتبار سے جو کام نکلتا ہے وہ محبت سے بھی نہیں نکلتا۔
ساکھ لاکھ سے اچھی (ہ۔مثل) ساکھ یا اِعتبار دولت سے بہتر ہے۔
ساکھا (سا۔کھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شاخ۔ٹہنی۔ڈال (۲) گھمسان کی لڑائی (۳) تکرار۔جھگڑا (۴) کسی کے خلاف لڑائی کے لئے کچھ لوگوں کا ایکا یا اِتفاق۔
ساکھا پڑنا (ہ۔محاورہ) (۱) بڑی بھاری لڑائی چھڑنا (۲) بہت سنگین حادثہ ہونا۔
ساکھا ڈالنا (ہ۔محاورہ) تکرار کرنا۔لڑنا جھگڑنا۔فساد کرنا۔
ساکھی (سا۔کھی) (ہ۔ا۔مث) ساتھ کھیلنے والی لڑکی۔سکھی۔
ساگ (ہ۔ا۔مذ) (۱) سبزی ترکاری۔کھائی جانے والی جڑی بوٹی جیسے پالک' میتھی' کُرفہ وغیرہ۔جمع: ساگ۔ساگوں (۲) ساگوان کا درخت۔
ساگ پات (ہ۔ا۔مذ) بھاجی۔ترکاری (۲) وہ حقوق جو گاؤں کے نمبردار کو دیے جائیں مثلاً پچوترا' چوکیدارا۔
ساگ پات ہو جانا (اُر۔محاورہ) نرم ہو جانا۔
ساگ میں شُروا۔پھوہڑ مجروا (اُر۔مثل) پھوہڑ عورت پر طنز جسے معمولی کھانا پکانا بھی نہ آتا ہو۔(شُروا: شوربا)۔(مجروا: جورُو)۔
ساگ میں شُروا' انڈے میں پانی۔کیوں بی پٹھانی؟ (اُر۔مثل) اُس عورت پر طنز ہے جسے کھانا پکانے کا سلیقہ نہ ہو۔
ساگر (سا۔گر) (س۔ا۔مذ) سمندر۔بُحیرہ (۲) ایک قسم کا ہرن۔
ساگو (ہ۔ا۔مذ) کھجور کی قسم کا ایک درخت جو ملائیشیا میں ہوتا ہے۔
ساگو دانہ (سا۔گو۔دا۔نہ) (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا دانہ جو ساگو کے تنے سے نکالا جاتا ہے اور مریضوں کو کھلایا جاتا ہے۔
ساگون (ساگوان) (سا۔گون) (ساگ۔وان) (ہ۔ا۔مذ) مشرقی ایشیا کا ایک درخت جس کی لکڑی بہت مضبوط ہوتی ہے۔
سال (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی کے تختے بنائے جاتے ہیں۔ساکھو (۲) لکڑی کا چھید۔سوراخ (۳) گیدڑ۔سیار (۴) (ا۔مث) ایک قسم کی مچھلی (۵) احاطے کی دیوار۔احاطہ۔
سال (ف۔ا۔مذ) (۱) بارہ مہینے کا عرصہ۔برس۔فارسی جمع: سالہا۔اُردو جمع: سال۔سالوں۔
سالِ اِلٰہی (سالِ فصلی) (ف۔ا۔مذ) وہ سال جو وصولِ مالگزاری کے لئے فصلوں کے حساب سے اکبر کے زمانے میں ایجاد ہوا۔
سال بسال (اُر۔متعلق فعل) ہر برس۔ہر سال۔
سال بکرمی (ف۔ہ۔ا۔مذ) راجا بکرماجیت کا سال جو ۵۷ قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے۔
سال بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) سال منحوس ہونا۔سارا سال مُصیبتوں میں گزرنا۔
سال بھر (اُر۔متعلق فعل) تمام سال۔سارے سال۔
سال بھر میں سخی شوم برابر ہو جاتے ہیں (اُر۔مثل) سخی جلد اور کنجوس دیر سے روپیہ خرچ کرتا ہے لیکن سال کے اخیر میں دونوں کا خرچ برابر ہی نکلتا ہے۔

سالِ پیوستہ (ف۔ا۔مذ) پچھلے سے پچھلا برس۔
سالِ تمام (بغیر اضافت) (ف۔ا۔مذ) اخیر سال۔کُل سال۔
سالِ تمامی (ف۔ا۔مث) سالانہ کیفیت یا رپورٹ۔
سالِ جلالی (ف۔ا۔مذ) وہ سنہ جو سلطان جلال الدین سلجوقی کے عہد میں ایجاد ہوا تھا۔
سالِ جلوسی (ف۔ا۔مذ) وہ سنہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی کے وقت سے شروع ہو کر اُس کے عہد تک چلتا ہے۔
سال حاصل (بغیر اضافت) (ف۔ا۔مذ) سالانہ پیداوار یا آمدنی۔
سال خوردہ (ف۔صف) (۱) پُرانا۔برتا ہوا (۲) بوڑھا۔تجربہ کار۔
سالِ رواں (ف۔ا۔مذ) موجودہ سال۔وہ برس جو گزر رہا ہے۔
سالِ رُومی (ف۔ا۔مذ) وہ سنہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پہلے روم میں رائج تھا۔
سالِ شمسی (ف۔ا۔مذ) ۳۶۵ دن کا وہ سال جس کا حساب سُورج کے گرد زمین کی گردش سے کیا جاتا ہے۔عیسوی' بکرمی' جلالی سال شمسی سال ہیں۔
سالِ عیسوی (ف۔ا۔مذ) وہ سال جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے شمار کیا جاتا ہے۔
سالِ قمری (ف۔ا۔مذ) وہ سال جس کا حساب زمین کے گرد چاند کی گردش سے کیا جاتا ہے۔چاند اپنی یہ گردش ۵۳ء ۲۹ دن میں پوری کرتا ہے۔قمری سال ۳۵۴ دن ۸ گھنٹے اور ۴۵ منٹ کا ہوتا ہے۔سنہ ہجری' سنہ فصلی اور یہودیوں کا سال' قمری سال ہیں۔
سالِ کبیسہ (ف۔ا۔مذ) تیرہ مہینوں کا فصلی سال جو تین سال کے بعد آتا ہے تاکہ شمسی اور قمری سال برابر ہو جائیں۔
سالگرہ (ف۔ا۔مث) (۱) جنم دن (۲) جنم دن کی تقریب۔برس گانٹھ۔
سالِ گُذشتہ (ف۔ا۔مذ) دیکھئے سالِ ماسبق۔
سالِ ماسبق (ف۔ع۔ا۔مذ) پچھلا سال۔گزشتہ سال۔گزرا ہوا سال۔
سالِ مالی (ف۔ا۔مذ) وہ سال جو کسی ملک کے مالیانہ حساب کتاب کی غرض سے مُقرر ہو۔مال گزاری کا سال۔
سال نامہ (ف۔ا۔مذ) کسی اخبار یا رسالے کا وہ پرچہ جو اُس کی سالگرہ پر خاص اہتمام سے شائع کیا جائے۔
سال وار (اُر۔متعلق فعل) ہر سال۔سال بسال۔
سالہا سال (اُر۔متعلق فعل) برسوں۔کئی سال۔
سالِ ہجری (ف۔ا۔مذ) وہ سال جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے مکے سے مدینے کی جانب ہجرت کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے جو ۶۲۲ء میں ہوئی تھی۔
سالا (سا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) بیوی کا بھائی۔جمع: سالوں۔سالے۔
سالار (ف۔ا۔مذ) سردار۔اَفسر۔راہنما۔جنرل۔جمع: سالاران۔اُردو جمع: سالار۔سالاروں۔
سالارِ بیتُ الحرام (ع۔ا۔مذ) حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔
سالارِ قافلہ (ف۔ا۔مذ) قافلے کا سردار۔امیرِ قافلہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سالارِ قوم (ف-ا-مذ) قوم کا سردار۔ لیڈر۔ راہ نُما۔

سالاری (ف-ا-مث) لیڈری۔ راہ نُمائی۔ راہ بری۔ قیادت۔

سالانہ (سا-لا-نہ) (ف-صف و متعلق فعل) (۱) ہر سال (۲) سال بسال (۳) (ا-مذ) سال بسال ملنے والا وظیفہ۔

سالِک (سا-لِک) (ع-صف) (۱) راہ چلنے والا۔ مسافر (۲) (تصوّف کی اِصطلاح) جو خُدا کا قرب بھی چاہے اور دُنیادار بھی ہو۔ جمع: سالکین۔

سالِم (سا-لِم) (ع-صف) (۱) پُورا۔ سارا۔ تمام۔ ثابت مکمّل (۲) صحیح سلامت۔ تن دُرست (۳) محفوظ (۴) (صرف و نحو کی اِصطلاح) وہ صحیح لفظ جس میں کوئی حرفِ عِلّت نہ ہو یا دُوسرا اور تیسرا حرف ایک جیسا نہ ہو (۵) (علمِ عروض) ایک رُکن اور بحر کا نام۔

سالِم بیع (ع-اُر-ا-مث) (قانونی اِصطلاح) مکمّل بیع۔

سالِمہ (سا-لِ-مہ) (ع-ا-مذ) دو یا دو سے زائد عناصر کے جوہروں کے مُرکّب کا چھوٹے سے چھوٹا ذرّہ۔ (Molecule)۔ جمع: سالمات۔

سالِمی (سا-لِ-می) (ع-صف) (کیمیاوی اِصطلاح) سالمہ سے متعلق۔ سالمہ کے بارے میں۔

سالِمی اِنتشار (ع-اُر-ا-مذ) ذرّات کا پراگندہ یا بکھرا ہوا ہونا۔ (Molecular Dispersion)۔

سالِمی اِنعطافیّت (ع-ا-مث) ذرّات کا مُڑنا (Molecular Refractivity)۔

سالِمی بلندی (ع-اُر-ا-مث) ذرّاتی اونچائی۔ (Molecular Elevation)۔

سالِمی بم باری (ع-اُر-ا-مث) ذرّاتی بم باری۔ (Molecular Bombardment)۔

سالِمی پیچیدگی (ع-اُر-ا-مث) ذرّات کا باہمی پیچیدہ تعلّق۔ (Molecular Complexity)۔

سالِمی ضابطہ (ع-ا-مذ) ذرّات کے وہ اُصول اور قاعدے جو سب امکانی صورتوں پر حاوی ہوں۔ (Molecular Formula)۔

سالِمی طبیعات (ع-ا-مث) ذرّات کی ترکیب اور خواص کا علم۔ (Molecular Physics)۔

سالِمیّت (سا-لِ-می-یَت) (ع-ا-مث) پُورا ہونے کی حالت۔ ناقابلِ تقسیم وحدت۔

سالَن (سا-لَن) (ہ-ا-مذ) روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین پکی ہوئی ترکاری، دال، گوشت وغیرہ۔

سالنا (سال-نا) (ہ-مص) (۱) چھیدنا۔ سُوراخ کرنا (۲) چُول پھنسانا (۳) کاٹنا۔ تراشنا (۴) تکلیف دینا۔ تکلیف محسوس کرنا (۵) (ا-مذ) سالن۔

سالو (سا-لو) (ہ-ا-مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ کا کپڑا۔ لال ململ۔

سالوتری (سا-لوت-ری) (ہ-مذ) گھوڑوں اور چوپایوں کا علاج کرنے والا ڈاکٹر۔ وٹرنری سرجن۔ ڈنگر ڈاکٹر۔

سالوس (سالوسی) (سا-لوس) (سا-لو-سی) (ف-ا-پہلا مذ۔ دُوسرا مث) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ مکّاری۔ ریاکاری (۲) (صف) دغا باز۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ مکّار۔ ریاکار۔

سالویشن آرمی (Salvation Army) (انگ-ا-مث) مُکتی فوج۔ عیسائیوں کی ایک مذہبی جماعت جو رُوحانی تسکین کی علم بردار ہے۔

سالَہ (سا-لہ) (ف-لاحقہ) سال سے نسبت رکھنے والا۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے دوسالہ۔ پنج سالہ۔

سالی (سا-لی) (ہ-ا-مث) بیوی کی بہن (۲) وہ زمین جو سال بھر کے لئے کاشت پر لی جائے۔ جمع: سالیاں۔ سالیوں۔

سالیانہ (سال-یا-نہ) دیکھئے سالانہ۔

سام (ع-صف) زہر دینے والا۔ کھانے میں زہر ملانے والا (۲) سُوجن۔ درد (۳) حضرت نوحؑ کا بڑا بیٹا جس کی نسل سامی کہلاتی ہے۔

سامان (ف-ا-مذ) (۱) اَسباب۔ ضروری چیزیں (۲) تیاری۔ اِنتظام۔ بندوبست (۳) اوزار۔ آلات (۴) ہتھیار۔ ضروریاتِ جنگ (۵) آثار۔ علامات۔ اُردو جمع: سامان۔ سامانوں۔

سامان باندھنا (اُر-محاورہ) چلنے کی تیاری کرنا۔

سامانِ تفریح (ف-ا-مذ) دِل بہلانے کا سامان یا وہ ذریعے جن سے دِل بہلایا جا سکے۔

سامانِ (جنگ) حرب (ف-ا-مذ) ہتھیار اور گولا بارود وغیرہ۔

سامان کرنا (اُر-محاورہ) تیاری کرنا۔ بندوبست کرنا۔

سامان میں آنا (اُر-محاورہ) (۱) ہوش میں آنا۔ غُصّہ ٹھنڈا ہونا (۲) قابو میں آنا۔ آپے میں آنا۔

سامُدرِک (سا-مُد-رِک) (س-ا-مذ) (۱) پامسٹری۔ علم الید۔ فراستُ الید۔ دست شناسی۔ ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر اِنسان کے اچھے بُرے حالات بتانے کا علم۔

سامراج (سام-راج) (ہ-ا-مذ) (۱) شہنشاہی نظامِ حکومت۔ شہنشاہیت (۲) سرمایہ داری نظام کا نقطہ عروج۔ نوآبادیات اور ماتحت سلطنتیں رکھنے کی پالیسی۔ (Imperialism)۔

سامراجی (سام-را-جی) (ہ-صف) (۱) سامراج سے متعلق (۲) شہنشاہی حکومت کا حامی۔ شہنشاہیت پسند۔

سامری (سا-مِ-ری) (ع-ا-مذ) جادوگر۔ ایک یہودی جادوگر جس نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں چاندی سونے کا ایک بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے اُس کی پرستش کروائی تھی۔

سامری فن (ع-اُر-ا-مذ) جادوگر۔ ٹونکے باز (۲) اپنے فن کا اُستاد۔

سامِع (سا-مِع) (ع-صف) سُننے والا۔ سماعت کرنے والا۔ جمع: سامعین۔

سامِعہ (سا-مِ-عہ) (ع-ا-مث) سُننے کی قوت (۲) سامع کی تانیث۔

سامعہ نواز (ع-ف-صف) اچھی آواز سُنانے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سامِعِین (سا۔مِ۔عین) (ع۔صف۔مذ) سامع کی جمع۔

سامن (انگ۔ا۔مث) (Salmon) ایک سفید اور چمک دار مچھلی جو بہت خوش ذائقہ ہوتی ہے۔ شمالی یورپ اور شمالی امریکا کے سمندروں میں پائی جاتی ہے۔

سامنا (سام۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ملنا۔ مُلاقات (۲) مُقابلہ۔ لڑائی۔ مُنھ بھیڑ (۳) آگا۔ اگاڑی (۴) برابری۔ گستاخی (۵) رُوبہ رُوئی۔ مُقابل۔

سامنا کرانا (اُر۔محاورہ) کسی بات کی تصدیق کے لئے کہنے والے اور نقل کرنے والے کو رُوبہ رُو کرنا۔ مُقابلہ کرانا۔

سامنا کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) رُوبہ رُو ہونا (۲) گستاخانہ جواب دینا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑنا (۳) برابری کرنا۔ مُقابلہ کرنا (۴) لڑنے کے لئے آگے بڑھنا۔

سامنا ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) مُنھ بھیڑ ہونا۔ رُوبہ رُو ہونا (۲) مُقابلہ ہونا۔ مُلاقات ہونا (۳) بے پردگی ہونا۔

سام وید (س۔ا۔مذ) ہندوؤں کے چار ویدوں میں سے دُوسرا وید۔

سامنے (سام۔نے) (ہ۔متعلق فعل) رُوبہ رُو۔ مُنہ درمُنہ (۲) موجودگی میں۔

سامنے آنا (اُر۔محاورہ) (۱) مُقابل ہونا (۲) مُنہ دِکھانا (۳) بدلہ ملنا۔

سامنے پڑنا (اُر۔محاورہ) اتفاقیہ نظر آجانا (۲) سامنے آجانا۔ مُقابل ہونا۔

سامنے ٹھہرنا (اُر۔محاورہ) مُقابلہ کرنا۔ مُقابل ہونا۔ مُقابلے کو برداشت کرنا۔

سامنے دھر لینا (اُر۔محاورہ) آگے آگے چلانا۔ آگے کرلینا (۲) پکڑ لینا۔

سامنے کرنا (اُر۔محاورہ) پیش کرنا۔ دِکھانا۔

سامنے کی آنکھیں پُھوٹیں (اُر۔بددُعا) اندھا ہو جائے۔

سامنے کی بات (اُر۔ا۔مث) (۱) عام بات۔ پیش پا افتادہ بات (۲) جو بات موجودگی میں کہی گئی ہو۔ آنکھوں دیکھا حال۔

سامنے کی چوٹ (اُر۔ا۔مث) مُقابلے کی مار۔ کُھلی چوٹ۔ طعن و طنز۔

سامنے ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) مُقابلہ کرنا (۲) گستاخی سے پیش آنا (۳) پردہ اُٹھا دینا یا پردہ نہ کرنا (۴) دنگل میں اُترنا۔

سامنے کا مضمون (اُر۔ا۔مذ) پیش پا اُفتادہ بات۔ عام بات۔

سامی (ع۔صف) (۱) اُونچا۔ بلند۔ عالی (۲) سام کی نسل کے لوگ، یہودی، عرب۔

سامی (ہ۔ا۔مذ) (۱) سوامی کا مخفف۔ خاوند۔ شوہر۔ پتی (۲) (ہ۔ا۔مث) زرخیز زمین۔

سان (ہ۔ف۔ا۔مث) (۱) دھار رکھنے کا پتھر۔ سنگِ میقل (۲) دھار۔ باڑھ۔

سان پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) باڑھ پر رکھا جانا۔ دھار رکھی جانا۔

سان چڑھانا (سان دھرنا۔ سان رکھنا۔ سان لگانا) (اُر۔محاورہ) دھار تیز کرنا۔

سان (ہ۔ا۔مث) (۱) اِشارہ (۲) نشان (۳) سُراغ۔

سان گُمان (اُر۔ا۔مذ) (۱) اِشارہ۔ کنایہ (۲) وہم و خیال۔ فکر و اندیشہ۔

سان نہ گُمان (اُر۔متعلق فعل) (۱) دفعتہً۔ اچانک۔ بے خبری میں (۲) ایسی حالت میں کہ خیال تک نہ ہو۔

سانپ (نُون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک رینگنے والا لمبا زہریلا کیڑا جس کی ٹانگیں نہیں ہوتیں اور جو پیٹ کی ہڈیوں کے بل چلتا ہے۔ سُن نہیں سکتا۔ مار۔ ناگ۔ افعی (۲) (اُر۔صف) ظالم۔ موذی۔ جمع: سانپ۔ سانپوں۔

سانپ اُتارنا (اُر۔محاورہ) سانپ کے ڈسے ہوئے جسم سے زہر دُور کرنا۔

سانپ اور چور دبے پر چوٹ کرتے ہیں (اُر۔مقولہ) جب بچاؤ کی کوئی صُورت نظر نہ آئے تو یہ حملہ کرتے ہیں۔

سانپ بچھو سمجھنا (اُر۔محاورہ) باعثِ ایذا سمجھنا۔ موذی خیال کرنا۔

سانپ چھاتی پر (پھرنا) لوٹنا۔ دیکھئے چھاتی پر سانپ پھرنا (لوٹنا)۔

سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے (اُر۔مثل) کام بھی ہو جائے اور نُقصان بھی نہ ہو۔

سانپ سا لوٹنا (اُر۔محاورہ) بہت زیادہ بیتاب ہونا۔

سانپ سب جگہ ٹیڑھا چلتا ہے، اپنے بِل میں سیدھا جاتا ہے (اُر۔مثل) بُرا آدمی اور سب جگہ بُرائی کرتا ہے مگر اپنے گھر میں سیدھے طریقے سے رہتا ہے۔

سانپ سُونگھ جانا (اُر۔محاورہ) (۱) سانپ کا ڈس جانا (۲) سانپ کا زہر چڑھنے سے بے ہوش ہو جانا (۳) چُپ سادھ لینا۔ دَم بخود ہو جانا (۴) بے خبر ہونا۔

سانپ سے کھیلنا (اُر۔محاورہ) (۱) خطرناک اِنسان سے میل جول رکھنا (۲) خطروں میں پڑنا۔

سانپ کا بچّہ سپولیا (اُر۔مثل) (۱) بُرے آدمی کی اولاد بھی بُری ہوتی ہے۔ موذی کے بچّے بھی خطرناک ہوتے ہیں۔

سانپ کا سر کُچلنا (اُر۔محاورہ) موذی آدمی کو جیتا نہ چھوڑنا۔

سانپ کا کاٹا پانی نہیں مانگتا (اُر۔مثل) سانپ کا ڈسا ہوا بہت جلد مر جاتا ہے۔

سانپ کا کاٹا رسّی سے ڈرتا ہے (اُر۔مثل) جسے بہت تکلیف پہنچ چکی ہو وہ تھوڑی سی تکلیف سے بھی گھبراتا ہے۔ دودھ کا جلا چھاچھ پُھونک پُھونک کر پیتا ہے۔

سانپ کا کاٹا سووے، بچھو کا کاٹا رووے (اُر۔مثل) جسے سانپ کاٹ لے وہ بے ہوش ہو جاتا ہے لیکن جسے بچھو کاٹ لے وہ درد سے تڑپتا ہے۔

سانپ کا مَن (اُر۔ا۔مذ) سانپ کا منکا جس کی بابت مشہور ہے کہ اندھیری رات میں سانپ اُسے اُگل کر اُس کی روشنی میں گھومتا پھرتا ہے اور جس کے ہاتھ لگ جائے اُسے خوشحال بنا دیتا ہے۔

سانپ کا منتر (اُر۔ا۔مذ) وہ منتر جس سے سانپ کا کاٹا اچھا ہو جاتا ہے۔

سانپ کھلانا (اُر۔محاورہ) (۱) سانپ کو جادُو یا منتر کے زور سے تسخیر کرنا (۲) خطرناک کام کرنا یا خطرناک آدمی سے میل جول رکھنا۔

سانپ کی چھتری (اُر۔ا۔مث) ایک پودا۔ کُکُرمُتّا۔ کھُمی۔

سانپ کی سی کینچلی (جھاڑنا) ڈالنا یا چھوڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) بیماری سے صحت پانا (۲) رنگ نکھرنا۔ بدن سنورنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سانپ کی طرح پھن (جھاڑ کر) مار کر رہ جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) قابو نہ چلنا (۲) کوشش کر کے ہار جانا۔

سانپ کی طرح زمین پکڑنا (اُر۔ محاورہ) ہرگز نہ ہلنا۔ اپنی جگہ سے جُنبش نہ کرنا۔

سانپ کیلنا (بیائے معروف) (اُر۔ محاورہ) منتر کے زور سے سانپ کے مُنہ کو بند کر دینا۔

سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں (اُر۔ مثل) بدذات کا موذی پن ظاہر نہیں ہوتا۔

سانپ کے مُنہ میں (اُر۔ متعلق فعل) سخت خطرے میں۔ خطرے کی جگہ میں۔

سانپ کے مُنہ (میں) چھچھوندر۔ نگلے تو اندھا، اُگلے تو کوڑھی (اُر۔ مثل) ایسا کام جسے نہ کیا جا سکے نہ چھوڑا جا سکے۔

سانپ کے بچے کا بچھو (اُر۔ ا۔ مذ) بہت ظالم اور مُوذی (۲) بہت زہریلا بچھو جس نے سانپ کے بچے پرورش پائی ہو۔

سانپ مرے، نہ لاٹھی ٹوٹے (اُر۔ مثل) مُوذی آدمی کو اس طرح مارنا چاہئے کہ خود محفوظ رہے۔

سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو (اُر۔ مثل) موقع ہاتھ سے نکل گیا۔ اب پچھتایا کرو۔

سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں (اُر۔ مثل) جس کے لئے جیسی خوراک مُوزوں ہے وہ ویسی ہی خوراک کھا کر زندہ رہ سکتا ہے۔

سانپا (ساں۔ پا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ماتم۔ سوگ (۲) پُرسا۔

سانپے (ساں۔ پے) (ہ۔ ا۔ مذ) سانپا کی مُغیّرہ صورت۔

سانپے جانا (اُر۔ محاورہ) ① ماتم میں شریک ہونا (۲) پُرسا دینے کے لئے جانا۔

سانپن (ساں۔ پَن) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سانپ کی مادہ۔ ناگن۔ سپنی (۲) بھونری یا بالوں کی لکیر جو بعض مردوں اور عورتوں کی پیٹھ یا گھوڑے کی ایال کے نیچے ہوتی ہے اور بہت منحوس سمجھی جاتی ہے۔

سانٹ (سانٹھ) (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گانٹھ۔ گرہ (۲) سازش۔ گٹھ جوڑ (۳) دُشمنی۔ عداوت۔ کدورت (۴) اتفاق۔ ربط ضبط۔

سانٹھ گانٹھ (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے سانٹھ نمبر ۲۔

سانٹ (سانٹھ) مار (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھی لڑانے والا۔

سانٹ (لگانا) ملانا (اُر۔ محاورہ) سازش کرنا۔

سانٹ لینا (اُر۔ محاورہ) گانٹھ لینا۔ سازش کر کے اپنے ساتھ ملا لینا۔

سانٹا (ساں۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) چابک۔ تازیانہ۔

سانٹنا (سانٹھنا) (سانٹ۔ نا) (سانٹھ۔ نا) (نون غنّہ) (ہ۔ مص) (۱) دوست بنانا۔ ساتھ ملانا (۲) چپکانا (۳) نتھی کرنا۔ منسلک کرنا (۴) اُلجھانا (۵) گرہ لگانا۔ جوڑ دینا۔

سانٹے (ساں۔ ٹے) (ہ۔ ا۔ مث) سانٹ کی مُغیّرہ صورت۔

سانٹے کی سگائی (ہ۔ ا۔ مث) ایسا رشتہ جس میں لڑکی لے کر لڑکی دی جائے۔ بدلے کا رشتہ۔ وٹا سٹا۔

سانجھ (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شام کا وقت (۲) دوستی۔

سانجھ سویرے (اُر۔ متعلق فعل) صبح شام۔

سانچ (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) سچ۔ حق۔ صداقت۔

سانچ کو آنچ نہیں (ہ۔ مثل) سچ کو کوئی ضرر نہیں پہنچ سکتا۔

سانچ کہے سو مارا جائے۔ جُھوٹ کہے سو لڈّو کھائے (ہ۔ مثل) سچ بولنے والے کو مُصیبت اُٹھانی پڑتی ہے جب کہ جُھوٹ بولنے والا مزے اُڑاتا ہے۔

سانچا (ساں۔ چا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) لکڑی یا لوہے کا ڈھانچا۔ قالب (۲) رحم۔ بچّہ دانی (۳) (صف) سچا۔ جمع: سانچوں۔ سانچے۔

سانچے (ساں۔ چے) (ہ۔ ا۔ مذ) ① سانچا کی جمع (۲) سانچا کی مُغیّرہ صورت۔

سانچے کی بچّی (ہ۔ ا۔ مث) وہ عورت جو مرد کے نُطفے کو ضائع نہ ہونے دے (۲) جسے وضعِ حمل کے بعد پہلی ہی صحبت میں حمل رہ جائے۔

سانچے میں ڈھالنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کے قوام کو سانچے میں ڈال کر کسی خاص شکل یا وضع کا بنانا (۲) کسی خاص وضع یا طریق کا بنا لینا۔

سانچے میں ڈھلا ہونا (اُر۔ محاورہ) خوشنما اور سڈول ہونا (۲) سب اعضا کا موزوں اور دُرست ہونا۔

سانچے میں ڈھل جانا (ڈھلنا) (اُر۔ محاورہ) خود کو حالات کے مطابق بدل لینا (۲) وضع اختیار کر لینا۔

سانحہ (سا۔ نِ۔ حہ) (ع۔ ا۔ مذ) صدمہ پہنچانے والا واقعہ۔ حادثہ۔ جمع: سانحات۔ اُردو جمع: سانحوں۔ سانحے۔

سانحۂ عظیم (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) اہم واقعہ۔ خوفناک حادثہ۔ سخت مُصیبت۔

سانحہ گزرنا (اُر۔ محاورہ) حادثہ ہونا۔ مُصیبت پڑنا۔

سانْد (نون غنّہ) (ق۔ ا۔ مذ) سُوراخ۔ جوڑ۔ عضو۔ بند۔

سانْدا (ساں۔ دا) (ہ۔ ا۔ مذ) جال کا خانہ (۲) وہ رسّی جو دودھ دوہتے وقت گائے کے پیروں میں باندھی جاتی ہے۔

سانْدنا (ساند۔ نا) (ق۔ مص) باندھنا۔

سانْدی (ساں۔ دی) (ق۔ صف۔ وا۔ مذ) ① دیوانہ (۲) جال کا خانہ یا پھندا۔

سانڈ (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایسا بیل جسے کسی دیوتا کے نام پر آزاد چھوڑ دیا گیا ہو (۲) وہ بیل یا گھوڑا جسے نسل کشی کے لئے رکھا جائے (۳) (صف) موٹا تازہ۔ لحیم شحیم (۴) بےفکرا (۵) شہوت پرست۔ عیّاش۔ جمع: سانڈ۔ سانڈوں۔

سانڈا (ساں۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) گوہ کی قسم کا ایک جانور جس کا تیل نکال کر گٹھیا کے درد کے لئے یا طِلا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ جمع: سانڈوں۔ سانڈے۔

سانڈنی (سانڈ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) سواری کی اُونٹنی۔ جمع: سانڈنیاں۔ سانڈنیوں۔

سانڈنی سوار (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) وہ قاصد جو تیز رفتار اُونٹ یا اُونٹنی پر بیٹھ کر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سانڈیا (ساں۔ڈِ۔یا) (و۔ا۔مذ) (۱) اُونٹ کا بچہ (۲) گوٹا بُننے کی مشین۔

خبریں یا پیغام لے جائے (۲) ناقہ سوار۔ شتر سوار۔

سانس (نُون غُنہ) (و۔ا۔مذ و مث) (۱) پھونک۔ نفس۔ دم (۲) چھ تک گننے کا وقفہ (۳) بھاپ (۴) شگاف۔ درز (۵) آہ۔ جمع: سانس۔ سانسوں۔ (سانسوں۔ سانسیں)۔

سانس اُکھڑنا (اُر۔ محاورہ) سانس قابو میں نہ رہنا جیسا کہ ہانپنے اور نزع کی حالت میں ہوتا ہے۔

سانس بھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) آہ بھرنا۔ افسوس کرنا (۲) دَم چڑھنا۔ سانس پھولنا۔ تھک کر جلدی جلدی سانس لینا (۳) زندگی کی بقیہ چند سانسیں لینا۔

سانس پُورے کرنا (اُر۔ محاورہ) زندگی کے دن پورے کرنا۔ زندگی کی کوئی اُمید نہ ہونا۔

سانس پھولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہانپنا۔ دَم چڑھنا (۲) دمے کا مرض ہونا۔

سانس ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) سانس کے آنے جانے میں فرق پڑنا۔ سانس کا مسلسل نہ آنا۔

سانس چُرانا (اُر۔ محاورہ) (۱) سانس روک لینا (۲) مُردہ بن کر پڑ جانا۔

سانس چڑھنا (اُر۔ محاورہ) تھک جانا۔ ہانپنے لگنا۔ دَم پھول جانا۔

سانس چلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سانس کا آنا جانا (۲) زندگی باقی ہونا۔

سانس ڈکار نہ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) چُپ سادھ لینا۔ جواب نہ دینا (۲) مال ہضم کر جانا۔

سانس رُکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سانس کی آمد و رفت بند ہونا یا اُس میں فرق پڑنا (۲) سانس پوری طرح نہ آنا۔

سانس روکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حبسِ دَم کر لینا (۲) گلا گھونٹنا۔

سانس کا روگ (اُر۔ا۔مذ) دمہ۔ ضیق النفس۔

سانس کھینچنا (اُر۔ محاورہ) (۱) لمبا یا گہرا سانس لینا۔ ٹھنڈی آہ بھرنا (۲) ورزش سے پھیپھڑوں میں ہوا بھرنا۔

سانس کے ساتھ آس ہے (اُر۔ مثل) جب تک زندگی ہے مایوس نہیں ہونا چاہئے۔ اِنسان مرتے دَم تک بہتری کی اُمید رکھتا ہے۔

سانس لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) سانس کھینچنا (۲) دَم لینا۔ کام کے دوران تھوڑا آرام کرنا۔

سانس لینے کی فرصت نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ذرا بھی فرصت یا فاضل وقت نہ ہونا۔ بہت زیادہ معروف ہونا۔

سانس نہ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) خاموش رہنا۔ چُپ سادھ لینا۔ اُف نہ کرنا (۲) دَم نہ لینا۔ لگاتار کام کیے جانا۔

سانسا (ساں۔سا) (و۔ا۔مذ) (۱) اندیشہ۔ تشویش۔ فکر (۲) خوف۔ ڈر۔ خطرہ۔ ہَول۔

سانسا بھلا نہ سانس کا (اُر۔ مثل) فکر خواہ گھڑی بھر کی ہو بُری ہوتی ہے۔

سانسا چڑھنا (رہنا) (اُر۔ محاورہ) خوف ہونا۔ فکر ہونا۔

سانسنا (سانس۔نا) (و۔مص) (۱) خفا ہونا (۲) جھڑکنا (۳) سزا دینا۔

سانسی (ساں۔سی) (و۔ا۔مذ) ایک مشہور خانہ بدوش اور جرائم پیشہ قوم۔

سانگ (نُون غُنہ) (و۔ا۔مث) شاخ۔ ٹہنی (۲) (ا۔مذ) برچھا۔ بھالا۔ نیزہ۔

سانکر (سانکری۔ سانکل) (ساں۔کر) (سانک۔ری۔ ساں۔کل) (و۔ا۔مث) (۱) زنجیر (۲) دروازے کی زنجیر۔ کُنڈی (۳) پاؤں کا زیور۔ توڑا (۴) ہتھکڑی۔ بیڑی۔

سانگ (نُون غُنہ) (و۔ا۔مذ) (۱) نقل۔ اداکاری (۲) بھیس بھرنا۔ بھیس بدلنا۔ بہروپ (۳) تماشا۔ کھیل (۴) ٹھٹھا۔ ہنسی مذاق (۵) شعبدہ۔ کرتب نیز دیکھئے سوانگ جو زیادہ مستعمل ہے (۶) (و۔ا۔مث) کنواں کھودنے کا نوک دار آلہ (۷) ہاتھی کا آنکس۔

سانگ بنانا (اُر۔ محاورہ) (۱) رُوپ بھرنا۔ نقل کرنا (۲) رُسوا کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔

سانگ بننا (اُر۔ محاورہ) (۱) مسخرہ بننا (۲) نقل کرنا۔ رُوپ بھرنا (۳) سانگ تیار ہونا۔

سانگ بھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نقل بنانا۔ رُوپ بھرنا (۲) فریب دینا۔ دھوکا کرنا۔

سانگ دکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بھیس بھر کر تماشا کرنا (۲) بہانہ یا مکر کرنا۔

سانگ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تماشا کرنا (۲) جھگڑا کرنا (۳) بھیس یا رُوپ بھرنا۔ اداکاری کرنا (۴) مسخرہ پن کرنا۔

سانگ لانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مکر کرنا۔ شعبدہ بازی کرنا (۲) جھگڑا کھڑا کرنا (۳) بھیس بھرنا۔ نقل کرنا۔

سانگ مچانا (اُر۔ محاورہ) (۱) تماشا دکھانا (۲) مسخرہ پن کرنا۔ ہنسانے والی حرکتیں کرنا۔

سانگر (ساں۔گر) (و۔ا۔مذ) جنڈ کی پھلی جو اچار میں ڈالی جاتی ہے۔

سانگی (ساں۔گی) (و۔ا۔مذ) (۱) سانگ بھرنے والا۔ بھانڈ۔ نقال۔ نیز دیکھئے سوانگیا (۲) (ا۔مث) بیل گاڑی کا جُوا (۳) گاڑی کے آگے کا وہ حصہ جس کے دونوں طرف لکڑیاں باندھ کر جالی بُن دیتے ہیں تاکہ سامان وغیرہ گرنے نہ پائے (۴) گاڑی بان کے بیٹھنے کی جگہ۔

سان لینا (اُر۔مص) شریکِ حال کر لینا۔ پھانسنا۔ شریکِ جُرم کرنا۔

سانَنا (سان۔نا) (و۔مص) (۱) گوندھنا۔ ملانا (۲) بھر لینا۔ ملوث کرنا۔ آلودہ کرنا۔

سانواں (ساں۔واں) (و۔ا۔مذ) ایک قسم کا چاول۔

سانوٹا (سانوٹھا) (و۔صف) ہوشیار۔ چوکنا۔ چوکس (۲) مُستعد۔ آمادہ۔

سانوچیت (ق۔صف) بے فکر۔

سانولا (سانورا) (سانو۔لا) (سانو۔را) (نُون غُنہ) (و۔صف) سیاہی مائل۔ ملیح۔ نمکین۔ سبزہ رنگ آدمی۔

سانولا جانا (اُر۔ محاورہ) رنگ سیاہی مائل ہو جانا۔

سانولا سلونا (اُر۔صف) سانولے رنگ کا مرد۔

سانولی (سانو۔لی) (نُون غُنہ) (و۔صف) سانولا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سانی (ہ۔ا۔مث)(۱) بُھس اور کھلی ملا ہوا چارا جو گایوں اور بھینسوں کو دودھ کی افراط کے لئے کھلاتے ہیں (۲) کاشت کار۔ باغبان۔

سانیٹ (Sonnet) (انگ۔ا۔مذ) انگریزی نظم کی ایک قسم جس میں چودہ مصرعے ہوتے ہیں اور اس کی ایک خاص بحر ہوتی ہے۔

ساوج (ق۔ا۔مذ) ایک افسانوی جانور۔

ساورن (Sovereign) (انگ۔ا۔مذ) انگلستان کا ایک طلائی سِکّہ۔ اشرفی۔

ساوڑ (سا۔وَڑ)(ہ۔ا۔مث)(۱) زچہ خانے کی ناپاکی (۲) زچہ خانہ۔

ساوڑی (سا۔وَ۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) وہ غلّہ جو کھلیان میں سے غریبوں میں بانٹنے کے لئے الگ کرلیا جاتا ہے۔

ساوَن (سا۔وَن)(ہ۔ا۔مذ) بکرمی سال کا چوتھا مہینا۔ برسات کا مہینا۔ (۱۵ جولائی سے ۱۵ اگست تک)۔

ساون بھادوں (ہ۔ا۔مذ)(۱) برسات کا پہلا اور دُوسرا مہینا (۲) دھوپ بھی بارش بھی (۳) وہ مکان جس میں چاروں طرف باریک باریک جالیاں لگی ہوں جو دیکھنے میں بارش کا سا سماں پیش کرتی ہوں (۴) ایک قسم کی آتش بازی۔

ساون بھادوں کا ملنا (اُر۔محاورہ)(۱) ساون کا مہینا ختم ہو کر بھادوں کا مہینا شروع ہونا۔ اِن ایام میں اکثر بارش ہوتی ہے۔

ساون کی جھڑن پڑنا (اُر۔محاورہ) زور سے بارش ہونا۔

ساون بھادوں کی جھڑی لگنا (اُر۔محاورہ) لگاتار بارش ہونا (۲) زار و قطار رونا۔

ساون کے اندھے کو ہرا ہی ہرا سُوجھتا ہے (اُر۔مثل)(۱) ہر شخص اپنی حالت کے مطابق دُوسروں کی حالت خیال کرتا ہے (۲) جو کیفیت ایک دفعہ نظر میں سما جائے وہی ہمیشہ پیش نظر رہتی ہے (۳) امیر مفلس ہو جائے تو بھی اُس کے دماغ میں امارت کی بُو رہتی ہے۔

ساون کے جھالے (اُر۔ا۔مذ) ساون کی زوردار بارش جو جلد ختم ہو جائے۔

ساون ہرے نہ بھادوں سُوکھے (اُر۔مثل) ہر حال میں یکساں۔

ساوَنت (سا۔وَنت)(نُونِ غُنّہ)(ہ۔صف) بہادر۔ دلیر۔ جواں مرد۔ شُجاع۔

ساوَنٹا (ساوَنٹھا) (سا۔وَن۔ٹا۔سا۔وَن۔ٹھا)(ہ۔صف) دیکھئے سانوٹا۔

ساوَنی (سا۔وَ۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک پھول جو ساون کے مہینے میں کھلتا ہے (۲) فصلِ خریف جس میں دھان، جوار، باجرا، مکّی وغیرہ پیدا ہوتے ہیں (۳) وہ مٹھائی اور میوہ وغیرہ جو ساون کے مہینے میں جُھولے کے سامان کے ساتھ دولھا کے گھر سے دُلہن کے ہاں بھیجا جاتا ہے (۴) ساون کے مہینے کی وہ رات جب چاند پُورا ہو جاتا ہے (۵) ساون کے گیت۔

ساہ (ہ۔ا۔مذ)(۱) تاجر۔ سوداگر۔ بیوپاری (۲) مہاجن۔ بینکر (۳) دُکان دار (۴) صرّاف (۵) دولت مند (۶) ذی عزّت (۷) شریف (۸) عزّت کا لقب جس سے مہاجنوں کو مخاطب کیا جاتا ہے (۹)(صف) دیانت دار۔

ساہا (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں میں شادی کے دن۔ شادیوں کا موسم (۲) وقت۔ موسم (۳) کھیتی کاٹنے کا وقت۔

ساہا چمکنا (ہ۔محاورہ) بہت سی شادیاں ہونا۔

ساہِتیا (ساہِتیہ) (ہا۔وسے۔یہ)(س۔ا۔مذ) ادبیات۔ ادب۔

ساہَس (سا۔ہَس)(س۔ا۔مذ) جبر۔ ظلم (۲) ہِدت۔ تشدُّد (۳) جُرأت۔ استقلال۔ برداشت۔

سائُل (ساہُول) (سا۔ئل)(سا۔ہُول)(ہ۔ا۔مذ) لوہے یا پتھر کا وہ کنڈے دار گولا جس میں ڈوری باندھ کر معمار لوگ دیوار کی کجی کا پتا چلاتے ہیں۔ پنسال۔ ساہُول۔

ساہُو (سا۔ہُو)(ہ۔صف و۔ا۔مذ)(۱) خیر خواہ۔ دوست (۲) سخی۔ داتا (۳) دیانت دار (۴) نیک نام (۵) سوداگر۔

ساہُوکار (ہ۔ا۔مذ)(۱) مہاجن۔ بینکر۔ صرّاف (۲) سُود پر روپیہ چلانے والا۔ جمع: ساہوکار۔ ساہوکاروں۔

ساہُوکارا (ہ۔ا۔مذ)(۱) صرّافہ (۲) ساہوکاروں کا بازار۔ لین دین کی جگہ (۳) صرّاف کا پیشہ۔

ساہُوکاری (ہ۔ا۔مث)(۱) سوداگری۔ تجارت۔ لین دین (۲) صرّاف کا پیشہ (۳) دیانت داری (۴) شرافت۔

ساہی (سا۔ہی)(ہ۔ا۔مذ) سیہہ۔ سیّی۔ خارپُشت۔

سائبان (سا۔اِے۔بان)(ف۔ا۔مذ) مکان یا خیمے کے آگے دھوپ اور بارش سے بچنے کے لئے ٹین کی چادریں یا پھوس کا چھپّر۔ مکان کے آگے کپڑے یا بانات کا ٹکیرا۔ اُردو جمع: سائبان۔ سائبانوں۔

سائٹ (Site) (انگ۔ا۔مث) موقع یا جگہ جہاں کوئی مکان وغیرہ تعمیر ہونے والا ہو۔

سائِد (ع۔ا۔مذ) سردار۔ سربراہ۔ جمع: سادات۔

سائڈ (Side) (انگ۔ا۔مث)(۱) طرف۔ پہلو۔ جانب۔ اغل بغل (۲) کنارہ۔ حاشیہ۔ بر۔ اُردو جمع: سائڈوں۔ سائڈیں۔

سائِر (سا۔اِر)(ع۔صف و۔ا۔مذ)(۱) پھرنے والا۔ سیر کرنے والا۔ سیلانی (۲) باقی بچا ہوا (۳) تمام۔ سب۔ سارا (۴) چُنگی۔

سائر خرچ (ع۔اُر۔ا۔مذ) ہنگامی، غیر مستقل یا عارضی خرچ۔ متفرق خرچ۔

سائر دائر (ع۔صف) پھرنے والا۔ گردش کرنے والا۔

سائرن (Siren) (انگ۔ا۔مذ) ایک آلہ جس سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے۔ بھونپو۔

سائز (Size) (انگ۔ا۔مذ)(۱) قد۔ قامت۔ ڈیل ڈول۔ جسامت (۲) ناپ (ٹوپی، جوتے، کپڑے وغیرہ کا) اُردو جمع: سائز۔ سائزوں۔

سائفن (Syphon) (انگ۔ا۔مث) ٹیڑھی نالی جس کے ذریعے پانی کسی اُونچے برتن سے نیچے کے برتن میں گراتے ہیں (۲) نالا یا نہر جو کسی دُوسری ندی، دریا یا نالے کے نیچے سے گزاری جائے۔

سائل (سا۔اِل)(ع۔صف و۔ا۔مذ)(۱) سوال کرنے والا۔ پوچھنے والا (۲) چاہنے والا۔ طالب (۳) جاری ہونے والا (۴)(اُر۔ا۔مذ) فقیر۔ بھکاری

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۵) اُمیدوار (۶) عرضی دینے والا۔ جمع: سائلین۔ اُر جمع: سائل۔ سائلوں۔

سائلہ (سا-اِ-لہ) (ع-ا-مث) سائل کی تانیث۔

سائلین (سا-اِ-لین) (ع-ا-مذ) سائل کی جمع۔

سائم (ع-صف) چرنے والا۔

سائمہ (ع-صف) چرنے کے لئے بھیجا ہوا جانور۔

سائن (Sign) (انگ-ا-مذ) (۱) نشان۔ علامت (۲) دستخط۔

سائن بورڈ (Sign Board) (انگ-ا-مذ) ٹین یا لکڑی کا تختہ جس پر دُکان یا سڑک وغیرہ کا نام لکھا ہوتا ہے۔

سائن پوسٹ (انگ-ا-مذ) وہ پتھر یا تختہ جس پر سڑک کا نام اور راستہ بتانے والا نشان بنا ہوا ہو۔

سائناگوگ۔ دیکھئے سناگوگ۔

سائنس (Science) (انگ-ا-مذ ومث) (۱) علم (۲) منضبط علم۔ وہ علم جس کی بنیاد تجربات پر ہے۔

سائنس دان (انگ-ف-ا-مذ) سائنس کے کسی شعبے کا ماہر۔

سائنسی (سا-اِن-سی) (اُر-صف) سائنس سے متعلق۔ (Scientific)۔

ساؤ (ق-صف) ساہو۔ ایمان دار۔ معصوم۔

ساؤچت (ق-صف) بے فکر۔

ساؤنڈ (Sound) (انگ-ا-مذ) آواز۔ صوت۔ صدا۔

ساؤنڈ بکس (Sound Box) (انگ-ا-مذ) گراموفون کا وہ پُرزہ جس کے ذریعے ریکارڈ میں سے آواز نکلتی ہے۔

ساؤنڈ بیریئر (Sound Barrier) (انگ-ا-مذ) آواز کی دیوار یا سد۔ جیٹ طیارہ آواز کی یہ دیوار پار کرتا ہے تو شدید دھماکا ہوتا ہے۔

ساؤنڈ پروف (Sound Proof) (انگ-صف) وہ مکان یا جگہ جہاں سے آواز باہر نہ جائے۔

سائی (سا-اِی) (ہ-ا-مث) (۱) وہ تھوڑی سی رقم جو معاملہ طے ہو جانے کے بعد پیشگی دی جائے۔ بیعانہ۔ پیشگی (۲) ناچنے گانے والوں کو پیشگی رقم۔

سائی بجانا (اُر-محاورہ) (۱) جس سے سائی لی ہو اُس کی محفل میں ناچنا گانا (۲) جس کام کی سائی لی ہو اُسے پُورا کرنا۔

سائی دینا (اُر-محاورہ) طے شُدہ رقم میں سے کچھ رقم پیشگی دینا۔

سائیس (سائِس) (سا-ایس) (سا-اِس) (ع-ا-مذ) گھوڑے کی خدمت اور دیکھ بھال کرنے والا۔

سائیسی (سا-اِی-سی) (اُر-ا-مث) گھوڑے کی رکھوالی اور خدمت کا پیشہ۔

سائیسی علم دریاؤ ہے (اُر-مثل) (۱) گھوڑے کے رکھ رکھاؤ کے لئے بڑی معلومات درکار ہیں (۲) ہر پیشے کے خاص گُر ہوتے ہیں۔ بڑائی کے اظہار کے لئے کہتے ہیں۔

سائیکل (Cycle) (انگ-ا-مث) بائیسکل۔ پاؤں سے چلانے کی دو پہیا گاڑی۔

سائیکلون (Cyclone) (انگ-ا-مذ) دیکھئے گردباد۔

سائیں (سا-ایں) (یائے معروف) (ہ-ا-مذ) (۱) خُدا۔ رَبّ (۲) آقا۔ مالک (۳) شوہر۔ خصم (۴) عارف۔ کامل (۵) گدا۔ فقیر (۶) وہ کلمہ جس سے درویش ایک دُوسرے کو مخاطب کرتے ہیں۔

سائیں راج بلند راج۔ پُوت راج محتاج راج (اُر-مثل) خاوند کے دور میں عورت جتنا آرام اور عیش کرتی ہے اولاد کے دور میں اِتنا آرام نہیں ملتا۔

سائیں کے سو کھیل ہیں (اُر-مقولہ) خُدا کسی کام کے لئے سینکڑوں ذریعے پیدا کر دیتا ہے۔ خُدا ہر کام ہر طرح کر سکتا ہے۔

سائیں سائیں (بیائے مجہول) (ہ-ا-صوت-مث) ہوا کے چلنے کی آواز۔ ہوا کی سَر سَراہٹ۔

سائیں سائیں کرنا (ہونا) (اُر-محاورہ) (۱) کمزوری کی وجہ سے جسم میں سنسناہٹ ہونا (۲) ہوا کی وجہ سے درختوں کے پتوں میں سے آواز نکلنا (۳) وحشت یا ویرانی برسنا۔

سایا (پُر-ا-مذ) یورپ کی عورتوں کا لہنگا یا گھاگرا۔

سایہ (سا-یہ) (ف-ا-مذ) (۱) پرچھائیں۔ چھاؤں۔ پرتو۔ تاریک حصہ جہاں روشنی نہیں پہنچتی (۲) جن بھوت کا اثر۔ آسیب۔ (۳) پناہ۔ حفاظت۔ سرپرستی (۴) حمایت (۵) صُحبت کا اثر (۶) تصویر یا فوٹو میں بنائی ہوئی یا قدرتی طور پر آئی ہوئی سیاہی (۷) (مصوّروں کی اِصطلاح) سفید کئے ہوئے تانبے میں کسی نقص کی وجہ سے آجانے والی سیاہی۔ اُردو جمع: سائے۔ سایوں۔

سایہ اُتارنا (اُر-محاورہ) جن بھوت کا اثر دُور کرنا۔ آسیب دفع کرنا۔

سایہ اُترنا (اُر-محاورہ) (۱) آسیب دفع ہونا (۲) سایہ ڈھلنا۔ دِن ڈھلنا۔

سایہ اُٹھنا (اُر-محاورہ) سرپرست کا مر جانا۔

سایہ افگن (ف-صف) سایہ ڈالنے والا (۲) حفاظت یا مدد کرنے والا۔

سایۂ بالِ ہما (ف-ا-مذ) فرضی پرندہ ہما کا سایہ جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس پر پڑ جائے وہ بادشاہ بن جائے۔

سایہ بن کر ساتھ رہنا (اُر-محاورہ) کسی وقت جُدا نہ ہونا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔

سایہ پروردہ (ف-صف) (۱) خانہ زاد غُلام (۲) لاڈلا۔

سایہ پڑنا (اُر-محاورہ) (۱) زمین پر کسی چیز کی پرچھائیں یا عکس پڑنا (۲) پرچھاواں پڑنا۔ کسی کی خُو بُو حاصل کر لینا۔ صحبت کا اثر ہونا۔

سایۂ خدا (ف-ا-مذ) (کنایۃً) خُدا کا سایہ۔ بادشاہ۔ ظِلّ الله۔

سایہ دار (ف-صف) جس کے نیچے چھاؤں ہو (درخت وغیرہ)۔

سایہ ڈالنا (اُر-محاورہ) اثر ڈالنا۔ فیضِ صحبت سے مستفید کرنا۔

سایہ ڈھلنا (اُر-محاورہ) تیسرے پہر کا وقت ہونا۔ سُورج کا مغرب کی طرف جُھک جانا۔

سایہ زدہ (ف-صف) آسیب زدہ۔ جس پر جن بھوت کا اثر ہو۔

سایہ سر پر قائم ہونا (اُر-محاورہ) کسی بزرگ کا زندہ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سایہ سر سے اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) بُزرگ' مُربّی' سرپرست یا محافظ کا مرجانا۔

سایۂ عاطِفت (ف۔ ا۔مذ) (۱) مہربانی کا سایہ (۲) حمایت۔ مہربانی۔

سایۂ فگن (ف۔ صف) دیکھئے سایہ افگن۔

سایہ کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز سے چھاؤں کرنا۔

سایہ گُستر (ف۔ صف) مہربان۔ مدد یا حمایت کرنے والا۔ سرپرستی کرنے والا۔

سایہ ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) صحبت کا اثر ہو جانا (۲) آسیب زدہ ہو جانا (۳) چھاؤں ہونا (۴) حمایت یا مدد ہونا (۵) بُزرگ کا زندہ ہونا۔

سائے (اُر۔ ا۔مذ) (۱) سایہ کی جمع (۲) سایہ کی مُغیّرہ صورت۔

سائے تلے آنا (اُر۔ محاورہ) حفاظت میں آنا۔ سرپرستی یا پناہ میں آنا۔

سائے سے (بھاگنا) بھڑکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت زیادہ ڈرنا (۲) نفرت کرنا (۳) بدکنا۔ دُور دُور رہنا۔

سائے سے دُور دُور رہنا (اُر۔ محاورہ) نفرت کرنا۔

سائے سے ڈرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت زیادہ ڈرنا (۲) کسی پر اعتماد نہ کرنا۔

سائے سے جلنا (اُر۔ محاورہ) بہت نفرت کرنا۔ بُغض رکھنا۔

سائے کی طرح ساتھ ساتھ پھرنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت ساتھ لگے رہنا۔

سائے میں آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چھاؤں میں آنا (۲) پناہ یا سرپرستی حاصل کرنا۔

سائے میں پلنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے ہاں پرورش پانا۔

س۔ب

سَبّ (بفتحۂ اوّل و تشدید دوم) (ع۔ ا۔مذ) گالی دینا۔ لعن طعن کرنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔

سبّ و شتم (ع۔ ا۔مذ) لعن طعن۔ گالی گلوچ۔ بُرا بھلا۔

سَب (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ صف) (۱) سارا۔ کُل۔ تمام (۲) ہر ایک (۳) ہر طرح کا (۴) پُورا۔ سالم۔ کامل (۵) شامل۔ مشترک (۶) بالکل۔ سراسر۔ یک قلم (۷) میزان۔ مجموعی طور پر (۸) عام لوگ۔ ساری دُنیا۔

سب اپنے بہو بیگانی (اُر۔ مثل) عورتیں بہو کے بارے میں کہتی ہیں کیوں کہ بہو دُوسرے خاندان کی بیٹی ہوتی ہے۔

سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں (اُر۔ مثل) سب ایک جیسے شرارتی اور تکلیف دینے والے ہیں۔

سب ایک ہی ناؤ میں سوار ہیں (اُر۔ مثل) سب کی حالت ایک جیسی ہے۔

سب بات کھوٹی' پہلے دال روٹی (اُر۔ مثل) پیٹ کی فکر سب سے پہلے۔ اوّل طعام بعدۂ کلام۔

سب چیز کی لہر بہر ہے (اُر۔ مثل) کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔ سب کچھ موجود ہے۔

سب دَر جھانکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہر ممکن جگہ تلاش کرنا (۲) مارے مارے پھرنا۔

سب دِن چنگے تہوار کے دن ننگے (اُر۔ مثل) فضول خرچ آدمی موقع پر کچھ پاس نہ ہونے کی وجہ سے شرمندگی اُٹھاتا ہے۔

سب دھان (بارہ) بائیس پسیری (اُر۔ مثل) بھلے بُرے کی کوئی تمیز نہیں۔

سب سے بری ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی سے کوئی واسطہ یا تعلّق نہ رکھنا۔

سب سے بڑی بھوک (اُر۔ مقولہ) بھوک سے سب عاجز آجاتے ہیں۔

سب سے بھلی چُپ (اُر۔ مثل) خاموشی سب سے بہتر۔

سب طرح سے حاضر ہونا (اُر۔ محاورہ) ہر ممکن خدمت کے لئے تیار ہونا۔

سب کا سب (اُر۔ متعلق فعل) کُل۔ سارے کا سارا۔ تمام و کمال۔

سب کچھ (اُر۔ متعلق فعل) ہر ایک بات۔ ہر ایک چیز۔ ہر بات۔

سب کچھ گیا میاں کی ٹخ ٹخ نہ گئی (اُر۔ مثل) کنگال ہوگئے پھر بھی شیخی مارنے کی عادت نہ چُھوٹی۔

سب کچھ ہو ہُوا کر (اُر۔ متعلق فعل) سارا معاملہ طے ہو کر۔ کارروائی ختم ہو جانے کے بعد۔

سب کو ایک آنکھ (نظر) سے دیکھنا (اُر۔ مثل) (۱) سب کو یکساں سمجھنا۔ کسی کی طرف داری نہ کرنا (۲) کانے آدمی کے بارے میں مزاحاً کہتے ہیں۔

سب کو ایک لاٹھی (سے) ہانکنا (اُر۔ مثل) مرتبے اور حیثیت کا لحاظ نہ کرکے ہر ایک سے یکساں برتاؤ کرنا۔

سب کوئی (اُر۔ متعلق فعل) ہر شخص۔ ہر ایک۔

سب کہنے کی باتیں ہیں (اُر۔ محاورہ) (۱) بناوٹی باتیں ہیں۔ اصلیت کچھ نہیں (۲) خیالی باتیں ہیں جن پر عمل نہیں ہو سکتا۔

سب کہیں (اُر۔ متعلق فعل) ہر جگہ۔ سب جگہ۔ ہر کہیں۔

سب کے دیکھتے (اُر۔ متعلق فعل) سب کی موجودگی میں۔ لوگوں کے سامنے۔ علانیہ۔ کھلم کھلا۔

سب گُنوں پُورا (اُر۔ مثل) اُس شخص پر طنز جس میں ساری بُرائیاں پائی جاتی ہوں۔

سب گُنوں پُوری۔ کون کہے لنڈوری (اُر۔ مثل) شیخی خور عورت کے بارے میں کہتے ہیں۔

سب ہاتھ لئے بیٹھے ہیں (اُر۔ مثل) اُس موقع پر کہتے ہیں جب اہلِ محفل کسی کے اِنتظار میں کھانے کو ہاتھ نہ لگائیں۔

سَب (Sub) (انگ۔ صف) نیچے۔ تلے۔ زیر۔ تحت۔ نائب۔ ماتحت۔ Subordinate کا مخفف۔

سب آرڈینیٹ (انگ۔ ا۔مذ) ماتحت۔ تابع۔

سب آفس (انگ۔ ا۔مذ) ماتحت دفتر۔ کسی دفتر کی شاخ۔

سب اِنجینئر (انگ۔ ا۔مذ) انجینئر کا نائب۔

سب اِنسپکٹر (انگ۔ ا۔مذ) انسپکٹر کا نائب۔ (پولیس) تھانے دار۔

سب اوورسیئر (انگ۔ ا۔مذ) اوورسیئر کا نائب۔

سب ایجنٹ (انگ۔ ا۔مذ) (۱) ایجنٹ کے ماتحت کام کرنے والا (۲) وہ گماشتہ یا دُکان دار جو کسی بڑے ایجنٹ سے مال لے کر فروخت کرتا ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سب ایجنسی (انگ۔ ا۔مث)(۱) سب ایجنٹ کا دفتر (۲) چھوٹی ایجنسی۔
سب اڈیٹر (انگ۔ ا۔مذ) ماتحت مدیر۔
سب پوسٹ آفس (انگ۔ ا۔مذ) شہر کے کسی محلّے یا علاقے کا ڈاک خانہ جو جنرل پوسٹ آفس کے ماتحت ہو۔
سب پوسٹ ماسٹر (انگ۔ ا۔مذ) سب پوسٹ آفس کا انچارج۔
سب جج (انگ۔ ا۔مذ) وہ حاکم دیوانی جو جج کے ماتحت ہوتا ہے۔
سب ججی (اَر۔ ا۔مث)(۱) سب جج کا عُہدہ (۲) سب جج کا دفتر۔
سب ڈویژن (انگ۔ ا۔مذ) ضلع کا ایک حِصّہ۔
سب ڈویژنل آفیسر (انگ۔ ا۔مذ) وہ افسر جو سب ڈویژن کا انچارج ہو۔
سب رجسٹرار (انگ۔ ا۔مذ) رجسٹرار کا نائب جو رجسٹریوں کی تصدیق کرتا ہے۔
سب کمیٹی (انگ۔ ا۔مث) بڑی کمیٹی کے ارکان کی بنائی ہوئی چھوٹی کمیٹی۔
سب لیٹ (Sublet) (انگ۔ ا۔مذ) کرایہ دار کا مکان کا کچھ حِصّہ کرائے پر اُٹھا دینا۔
سب میرین (Submarine) (انگ۔ ا۔مث) آب دوز کشتی۔ پن ڈُبّی۔
سَبا (سَ۔با)(ع۔ ا۔مذ) ملک یمن کا قدیم نام۔ حضرت سُلیمانؑ کے عہد میں اِس مُلک کی حکمران بلقیس نام کی ایک عورت تھی جو ایمان لا کر حضرت سُلیمانؑ کی زوجیت میں آئی تھی۔
سَبّابہ (سَب۔با۔بہ)(ع۔ ا۔مث) انگشتِ شہادت۔ انگوٹھے کے پاس کی اُنگلی۔
سُباس (سُ۔باس)(ہ۔ ا۔مث)(۱) خوش بُو۔ عطر۔ پُھلیل (۲)(صف) مہک والا۔ خوشبودار۔
سِباق (سِ۔باق)(ع۔ ا۔مذ) دوڑ میں آگے بڑھنا (۲) حساب میں مہارت۔ سیاق کے ساتھ آتا ہے (سیاق و سباق)۔
سَبائی (سَ۔با۔اِی)(ع۔ صف) سَبا (قدیم یمن) کا باشندہ۔ سَبا سے منسوب۔
سَبَب (سَ۔بَب)(ع۔ ا۔مذ)(۱) وجہ۔ باعث۔ کارن۔ موجب (۲) حجت۔ دلیل (۳) ذریعہ۔ وسیلہ۔ واسطہ (۴) وہ چیز جو دو چیزوں کو ملائے۔ پیوند۔ جوڑ (۵) (علمِ عروض کی اِصطلاح) کلمۂ دو حرفی (۶) (فلسفے کی اِصطلاح) وہ چیز جس سے دُوسری چیز کا وجود حاصل ہو (۷) (متعلق فعل) واسطے۔ لئے۔
سبب کُھلنا (اَر۔ محاورہ) وجہ ظاہر ہونا۔
سَبَبِیَّت (سَ۔بَ۔بی۔یَت)(ع۔ ا۔مث)(۱) غرض و غایت۔ یہ اُصول یا کُلیہ کہ ہر شے کا کوئی نہ کوئی سبب یا علّت ہوتی ہے۔
سَبْت (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔مذ) آرام کا دن۔ عبادت کا دن۔ ہفتہ۔ شنبہ۔ سنیچر (یہودی مذہب کے مطابق)۔ (Sabbath)۔
سبجیکٹ (Subject) (انگ۔ ا۔مذ)(۱) موضوع۔ مضمون (۲) رعیّت (۳) محکمہ۔ شعبہ۔
سبت تُرگ (ق۔ ا۔مذ)(۱) سات آسمان (۲) شش جہت۔

سُبحان (سُب۔حان)(ع۔ کلمۂ توصیف)(۱) خُدا کو پاکی سے یاد کرنا (۲) خُداوندِ پاک۔
سُبحان اللہ (ع۔ کلمۂ تحسین)(۱) اللہ پاک ہے (۲) میں اللہ کو پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہوں (اَر) تعجب یا طنز کے لئے بھی اِستعمال کرتے ہیں۔
سُبحان تیری قُدرت (اَر۔ ا۔مث)(۱) اللہ تیری قدرت کے کیا کہنے (۲) تحیّر کی مفروضہ بولی (۳) تعجب اور طنز کا اِظہار۔
سُبحہ (سُب۔حہ)(ع۔ ا۔مث) تسبیح۔ مالا۔
سُبحہ سنج (سُبحہ گرداں)(ع۔ ف۔ صف) تسبیح پڑھنے والا۔
سَبَد (سَ۔بَد)(ف۔ ا۔مذ و مث)(۱) ٹوکرا۔ ٹوکری (۲) نذر کی ڈالی۔
سَبز (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ صف)(۱) ہرا (۲) کچّا۔ تازہ تازہ۔ شاداب۔ تروتازہ۔
سبز باغ دِکھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) دھوکا دینا۔ فریب کرنا (۲) فائدہ پہنچنے کی جھوٹی اُمید دِلانا۔
سبز بخت (ف۔ صف) خوش نصیب۔ صاحبِ اِقبال۔
سبز پری (ف۔ ا۔مث)(۱) اندر سبھا امانت کا ایک نسوانی کردار (۲) شراب (۳) خوبصورت عورت جو سبز رنگ کے لباس میں ہو۔
سبز پوش (ف۔ صف)(۱) سبز لباس والا (۲)(کنایۃً) زاہد۔ عابد۔
سبز قبا (ف۔ ا۔مذ) ایک نشہ آور چیز جو بھنگ اور افیون کا مُرکّب ہوتی ہے (۲) ایک پرندہ۔
سبز قدم (ف۔ صف) منحوس۔ نامُبارک۔ شوم۔
سبز ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) ہرا بھرا ہونا۔ تروتازہ ہونا (۲) رونق پکڑنا۔
سَبزہ (سَب۔زہ)(ف۔ ا۔مذ)(۱) روئیدگی۔ نباتات (۲) ہریاول۔ شادابی۔ طراوت۔ تازگی (۳) کان کا ایک زیور (۴) زمرد۔ پنّا (۵) نیل کنٹھ (۶) ایک قسم کا آم (۷) وہ گھوڑا جس کی سفیدی مائل بہ سیاہی ہو (۸) وہ سبزی جو ڈاڑھی مونچھوں کے نئے بال نکلنے سے پہلے چہرے پر نمودار ہوتی ہے۔
سبزہ آغاز (ف۔ صف) جس کے ڈاڑھی مونچھیں نکلنی شروع ہوئی ہوں۔ نوجوان۔ نوخیز لڑکا۔
سبزہ آنا (اَر۔ محاورہ) ڈاڑھی مونچھ نکلنی شروع ہونا۔
سبزۂ بے گانہ (اَر۔ محاورہ) خود رَو گھاس۔ جڑی بُوٹیاں۔
سبزہ چمکانا (اَر۔ محاورہ) سبزے گھوڑے کو تیز دوڑانا۔
سبزۂ خط (ف۔ ع۔ ا۔مذ) نئی ڈاڑھی مونچھیں نکلنے کی سبزی۔
سبزۂ خوابیدہ (ف۔ ا۔مذ) جُھکی ہوئی سبز گھاس۔ روندی ہوئی گھاس۔
سبزہ رنگ (ف۔ صف)(۱) سانولا (۲) سانولا معشوق۔
سبزہ زار (ف۔ ا۔مذ) جہاں دُور دُور تک ہری گھاس اُگی ہوئی ہو۔
سبزۂ شمشیر (ف۔ ا۔مذ) وہ رنگت جو تلوار کے جوہر میں ہوتی ہے۔
سبزہ لہلہانا (اَر۔ روزمرّہ) گھاس کا ہوا کے جھونکوں سے ہلنا یا لہرانا۔
سبزۂ (نوخاستہ) نوخیز (ف۔ ا۔مذ) نیا نیا اُگا ہوا سبزہ۔
سَبزی (سَب۔زی)(ف۔ ا۔مث)(۱) سبز رنگ (۲) ہریاول۔ ہریالی (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ساگ پات۔ ترکاری (۴) تلوار کے جوہر کا رنگ (۵) (اَر۔ اِ۔مذ) بھنگ۔ اُردو جمع: سبزیاں۔ سبزیوں۔

سبزی پینا (اَر۔ محاورہ) بھنگ پینا۔

سبزی خور (ف۔ صف) صرف سبزیاں ترکاریاں کھانے والا۔ گوشت سے پرہیز کرنے والا۔ ویجی ٹیرین۔ جمع: سبزی خور۔ سبزی خوروں۔

سبزی فروش (ف۔ صف) (۱) ترکاریاں بیچنے والا۔ کُنجڑا (۲) بھنگ فروش۔

سبزی منڈی (اَر۔ اِ۔مث) ترکاریوں کی منڈی۔

سبسڈی (Subsidy) (انگ۔ اِ۔مث) (۱) امدادی رقم۔ زرِ تلافی (۲) وہ رقم جو ریاست کارخانوں یا خیراتی اِداروں کو بطور امداد دیتی ہے۔

سِبْط (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔مذ) (۱) بیٹے بیٹی کی اولاد۔ پوتا۔ نواسا (۲) یہودی قوم۔ جمع: اَسباط۔

سِبْطَین (سِب۔ طَین) سِبط کا تثنیہ (ع۔ اِ۔مذ) دو پوتے یا دو بچے (۲) حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ (جو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نواسے تھے)۔

سَبْع (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ صف) سات۔ ۷۔

سَبْع سیّارہ (ع۔ اِ۔مذ) سات سیارے (۱) مریخ (۲) مشتری (۳) زحل (۴) زہرہ (۵) عطارد (۶) شمس (۷) قمر۔ (پرانے زمانے میں لوگ سورج کو بھی سیارہ گردانتے تھے جو زمین کے گرد گھومتا تھا)۔

سَبْع مثانی (ع۔ اِ۔مث) سورۂ فاتحہ جس میں سات آیتیں ہیں۔ مثانی اس لئے کہتے ہیں کہ ہر دوگانے میں دوبار پڑھی جاتی ہے یا اِس واسطے کہ دو دفعہ نازل ہوئی۔ ایک مرتبہ مکّے میں دُوسری مرتبہ مدینے میں۔

سَبَق (سَ۔ بَق) (ع۔ اِ۔مذ) (۱) کتاب کا وہ حِصّہ جو شاگرد اُستاد سے بہ طور درس ایک مرتبہ پڑھے (۲) عبرت۔ تجربہ۔ نصیحت (۳) سزا۔ گوش مالی (۴) سبقت۔ پیش روی۔ جمع: اَسباق۔ اُردو جمع: سبق۔ سبقوں۔

سبق بر زبان ہونا (اَر۔ محاورہ) سبق اچھی طرح یاد ہونا۔

سبق پڑھانا (اَر۔ مص و محاورہ) (۱) درس دینا (۲) سکھانا۔ طریقہ بتانا (۳) بہکانا۔ پٹی پڑھانا۔ دَم دینا۔

سبق پڑھنا (اَر۔ مص و محاورہ) (۱) تعلیم لینا۔ سیکھنا (۲) طریقہ معلوم کرنا (۳) بہکانے میں آجانا (۴) نصیحت لینا۔ عبرت حاصل کرنا۔

سبق خواں (ف۔ اِ۔مذ) طالبِ علم۔

سبق دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) پڑھانا۔ سکھانا (۲) نصیحت کرنا۔ کام کی بات بتانا (۳) سزا دینا۔ گوش مالی کرنا۔

سبق رواں ہونا (اَر۔ محاورہ) جو کچھ پڑھایا گیا ہو وہ خوب اچھی طرح یاد ہونا۔

سبق سکھانا (اَر۔ محاورہ) عبرت دِلانا۔ نصیحت کرنا (۲) سزا دینا۔

سبق سیکھنا (اَر۔ محاورہ) عبرت حاصل کرنا۔ نصیحت قبول کرنا۔

سبق لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) آگے پڑھنا (۲) سیکھنا (۳) عبرت پکڑنا۔

سبق ملنا (اَر۔ محاورہ) (۱) درس ملنا (۲) سزا ملنا (۳) عبرت حاصل ہونا۔

سَبَقَت (سَب۔ قَت) (ع۔ اِ۔مث) (۱) کسی سے آگے نکل جانا (۲) پیش قدمی (۳) ترجیح۔ فوقیت۔ برتری۔ بڑائی۔ شرف۔

سبقت کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) پہل کرنا۔ شروع کرنا۔ اِبتدا کرنا۔

سبقت لے جانا (اَر۔ محاورہ) اپنی برتری ثابت کر دینا۔ فوقیت حاصل کرنا۔ غالب آجانا۔

سُبُک (سُ۔ بُک) (ف۔ صف) (۱) ہلکا۔ کم وزن (۲) تیز۔ چُست و چالاک (۳) کم ظرف (۴) ذلیل۔ رُسوا۔ بے عزّت (۵) شرمندہ (۶) بے تعلّق۔

سبک (بار) بال (ف۔ صف) جس پر کوئی بوجھ نہ ہو۔ اکیلا۔ چھڑا ذم۔ فارغ البال۔

سبک پا (ف۔ صف) تیز رفتار۔ جلدی چلنے والا۔

سبک پائی (ف۔ اِ۔مث) تیز چال۔ تیز رفتاری۔

سبک پرواز (ف۔ صف) تیز اُڑنے والا۔ جلدی جلدی پر مارنے والا۔

سبک خیز (ف۔ صف) (۱) چُست و چالاک (۲) تیز رفتار۔

سبک دست (ف۔ صف) (۱) ہاتھ کے ہُنر کا کام جلدی کرنے والا۔ پھرتیلا۔ تیز دست (۲) جس کے ہاتھ میں نفاست ہو۔

سبک دستی (ف۔ اِ۔مث) (۱) ہاتھ کی پھرتی (۲) کام کرنے والے کے ہاتھ کی نفاست۔

سبک دوش (ف۔ صف) (۱) جس پر کوئی بوجھ نہ ہو۔ ہلکا پھلکا (۲) جو کسی کام سے فارغ کر دیا گیا ہو (۳) آزاد۔ بے تعلّق (۴) بری الذمہ۔

سبک دوشی (ف۔ اِ۔مث) (۱) آزادی۔ بے تعلّقی (۲) کسی کام کی ذِمّے داری سے دست برداری۔

سبک (رفتار) رَو (ف۔ صف) تیز چلنے والا۔

سبک (رفتاری) روی (ف۔ اِ۔مث) تیز چال۔

سبک رُوح (ع۔ ف۔ صف) خوش رہنے والا۔ مسرور۔ مطمئن۔

سبک سار (ف۔ صف) ہلکا (۲) بے عزّت۔ کمینہ۔ رذیل (۳) بے تعلّق۔

سبک ساری (ف۔ اِ۔مث) (۱) چھچھورا پَن (۲) ذِلّت (۳) بے تعلّقی۔

سبک سر (ف۔ صف) (۱) اوچھا۔ کم ظرف۔ کمینہ (۲) بے حوصلہ۔ بے غیرت۔

سبک سری (ف۔ اِ۔مث) (۱) کمینگی۔ کمین پَن (۲) کم حوصلگی (۳) بے غیرتی۔ بے عزّتی۔

سبک سَیر (ف۔ صف) تیز رفتار۔ تیز چلنے والا۔

سبک عِناں (ف۔ صف) تیز چلنے والا گھوڑا۔

سبک کرنا (اَر۔ محاورہ) شرمندہ کرنا۔ بے عزّت کرنا۔

سبک گام (ف۔ صف) تیز رفتار۔ جلدی چلنے والا۔

سبک ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) شرمندہ ہونا۔ خفیف ہونا۔ نظروں سے گر جانا (۲) کسی چیز کا بناوٹ میں نفیس ہونا (۳) فارغ یا بری الذمہ ہونا۔

سُبُکنا (سُ۔ بُک۔ نا) (ہ۔ مص) سِسکی بھرنا۔

سُبُکی (سُب۔ کی) (ہ۔ اِ۔مث) سِسکی۔ ہچکی۔ جمع: سُبکیاں۔ سُبکیوں۔

سُبکیاں بھرنا (لینا) (اَر۔ محاورہ) سِسکیاں بھرنا۔ روتے میں ہچکیاں لینا۔

سُبُکی (سُب۔ کی) (ف۔ اِ۔مث) (۱) خِفّت۔ شرمندگی (۲) ذِلّت۔ رُسوائی۔ بے عزّتی (۳) نزاکت۔ چابک دستی۔ کام کی صفائی اور سُتھرائی۔ نازکی۔ تیزی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سُبکی ہونا (اَر۔ محاورہ) خِفّت اُٹھانا۔ ذِلّت ہونا۔

سُبکیاں (ہ۔ اِ۔ مث) سُبکی بمعنی ہچکی کی جمع۔

سُبکیاں بھرنا (لینا) (اَر۔ محاورہ) روتے میں ہچکیاں لینا۔

سَبَل (سَ۔ بَل) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) آنکھ کا جالا۔ موتیا بند (۲) بغل گند۔

سُبُل (سُ۔ بُل) (ع۔ اِ۔ مذ) سبیل کی جمع۔ طریقے۔ ذریعے (۲) طرزِ زندگی۔ رہائش کا طریقہ (۳) قاعدہ۔ قانون۔ رسم (۴) روشن راہیں۔

سَبّل (سَب۔ بَل) (ہ۔ اِ۔ مذ) نقب زنی کا آلہ۔ بھالی۔

سَبُو (سَ۔ بُو) (ف۔ اِ۔ مذ) گھڑا۔ مٹکا۔

سَبُو بدوش (ف۔ صف) کندھے پر گھڑا اُٹھائے ہوئے۔ شاعری میں عام طور پر ساقی کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔

سبو تاژ۔ دیکھئے سابوتاژ۔

سَبُوچہ (سَ۔ بُو۔ چہ) (ف۔ اِ۔ مذ) چھوٹا گھڑا۔ ٹھلیا۔

سَبُور (ق۔ صف) لب ریز۔

سَبُورا (اَر۔ اِ۔ مذ) وہ چرمی آلہ جس سے عورتیں چپٹی کھیلتی ہیں۔ عربی صابورا کی تخریب۔

سَبُوس (سَ۔ بُوس) (ف۔ اِ۔ مث) بھوسی۔ چوکر (۲) سَر کی خشکی۔

سَبُوسہ (سَ۔ بُو۔ سہ) (ف۔ اِ۔ مث) سَر کے بالوں کی خشکی۔

سُبُھ (ہ۔ صف) دیکھئے شبھ جس کا یہ بگاڑ ہے۔

سَبھا (سَ۔ بھا) (س۔ اِ۔ مث) (۱) مجلس۔ محفل۔ جلسہ۔ بزم (۲) انجمن۔ جماعت۔ جتھا۔ پنچایت۔ کونسل۔ جمع: سبھاؤں۔ سبھائیں۔

سبھا پتی (ہ۔ اِ۔ مذ) میرِ محفل۔ میرِ مجلس۔ صدرِ جلسہ۔ سَرپنچ۔

سبھا سَد (ہ۔ صف) شریکِ جلسہ۔

سُبھاگ (سُ۔ بھاگ) (ہ۔ اِ۔ مذ) سُ بمعنی سو بھاگیہ۔ خوش نصیبی۔ اقبال مندی۔

سُبھاگی (سُ۔ بھا۔ گی) (ہ۔ صف) خوش نصیب۔ اقبال مند۔

سُبھاؤ (سُ۔ بھا۔ او) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) اچھی خصلت (۲) اچھا برتاؤ (۳) خوش اخلاقی (۴) قاعدہ۔ ڈھنگ۔

سُبھیتا (سُبِیتا) (سُ۔ بھی۔ تا) (سُ۔ بِی۔ تا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) فرصت مُہلت (۲) اِطمینان۔ خاطر جمع (۳) راحت۔ آرام۔ چین۔ سُکھ۔ آسائش۔ آسودگی (۴) فراغت (۵) تنہائی۔ خلوت (۶) مبارک وقت۔ اچھا موقع۔

سَبِیل (سَ۔ بِیل) (ع۔ اِ۔ مث) راستہ (۲) تدبیر۔ طریقہ (۳) صُورت۔ وسیلہ۔ سبب (۴) راہ گیروں کو مُفت پانی پلانے کا پیاؤ (۵) شُہدائے کربلا کی یاد میں راہ گیروں کو ٹھنڈا پانی یا شربت پلانا۔ جمع: سُبُل۔ اُردو جمع: سبیلوں۔ سبیلیں۔

سبیل کرنا (اَر۔ محاورہ) تدبیر کرنا۔ راہ نکالنا۔ بندوبست کرنا۔

سبیل لگانا (اَر۔ محاورہ) پیاسے راہ گیروں کے لئے پانی کا اِنتظام کرنا۔

سبیل نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذریعہ یا وسیلہ پیدا کرنا (۲) طریقہ وضع کرنا۔

س ۔ پ

سِپا (سِ۔ پا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) سیب کا نصف ٹکڑا (۲) نشانہ۔ ہدف (۳) ڈھنگ۔ ڈھب (۴) فاصلہ (۵) سُراغ۔

سِپا بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) کام مرضی کے موافق ہو جانا۔

سِپا لڑانا (اَر۔ محاورہ) پِنس لگانا۔ اچھا تعلق قائم کر لینا۔

سِپا لڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) موقع مِلنا۔ رسائی ہونا (۲) موافقت ہونا۔ ہم نوائی ہونا (۳) آشنائی ہونا۔

سِپا (لگانا) مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نشانہ لگانا۔ نشانے پر مارنا (۲) آشنائی کرنا (۳) پھانسنا۔ جال ڈالنا۔ پھندا لگانا۔

سَپاٹ (سَ۔ پاٹ) (ہ۔ صف) (۱) ہم وار۔ برابر۔ ایسی سطح جو بغیر اُونچ نیچ کے ہو۔ چٹیل (۲) صاف۔ سادہ۔

سَپاٹا (سَ۔ پا۔ ٹا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) جھپٹ۔ طرارہ (۲) لمبی دوڑ جو بہت تیز دوڑی جائے (۳) سیر۔ تماشا۔

سپاٹا بھرنا (لگانا۔ مارنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) طرارہ بھرنا۔ دوڑ لگانا (۲) پرندے کا اُڑ جانا۔

سُپارا (سُ۔ پا۔ را) (ہ۔ اِ۔ مذ۔ لکھنؤ) ذکر کا سر۔ حشفہ۔

سِپارہ (سِ۔ پا۔ رہ) دیکھئے سی پارہ (سیپارہ) جس کا یہ مخفف ہے۔

سُپارو (ہن۔ اِ۔ مذ) دیکھئے سُپارا۔

سُپاری (سُ۔ پا۔ ری) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) کھجور کی شکل کا ایک درخت جس کا پھل پان کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ بھارت، لنکا اور ملایا وغیرہ میں کاشت کیا جاتا ہے (۲) ڈلی۔ چھالیا (۳) حشفہ۔ سرِ ذکر۔ جمع: سپاریاں۔ سپاریوں۔

سِپاری (سِ۔ پا۔ ری) (ف۔ اِ۔ مث) قربان کرنا۔ نثار کرنا۔ مُرکّبات میں بطور لاحقہ اِستعمال ہوتا ہے جیسے جاں سپاری۔

سِپاس (سِ۔ پاس) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) شکریہ۔ شکر گزاری (۲) تعریف۔ ستائش۔ ثنا۔

سپاس (دار) گُزار (ف۔ صف) (۱) شکریہ ادا کرنے والا (۲) ثنا خواں۔

سپاس گُزاری (داری) (ف۔ اِ۔ مث) اِحسان مندی کا اِظہار۔ شکر گزاری۔

سپاس نامہ (ف۔ اِ۔ مذ) تحریری اِظہارِ شکر۔ ایڈریس۔

سِپاہ (سِ۔ پاہ) (ف۔ اِ۔ مث) فوج۔ لشکر۔ عسکر۔

سپاہ سالار (سپہ سالار) (ف۔ اِ۔ مذ) فوج کا کمانڈر اِن چیف۔

سپاہ گری (ف۔ اِ۔ مث) سپاہی کا کام یا پیشہ۔

سپاہ گری کے تیس فن ہیں (اَر۔ مثل) کوئی کام انجام دینے میں ہر تدبیر آزمانی چاہئے۔

سِپاہی (سِ۔ پا۔ ہی) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) فوجی۔ لشکری (۲) پولیس کانسٹیبل۔ سنتری۔ اُردو جمع: سپاہی۔ سپاہیوں۔

سپاہی کی جورو ہمیشہ رانڈ (اَر۔ مثل) فوجی ملازمت کرنے والوں کو بیوی کے ساتھ رہنے کا موقع بہت کم ملتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سپاہی کی روٹی سر پیچے کی (اَر۔مثل) سپاہی اپنی جان خطرے میں ڈال کر روزی پیدا کرتا ہے۔

سپاہیانہ (سِ۔پا۔و۔یا۔نہ)(ف۔صف)(۱) سپاہی کی طرح (۲) بہادری کے ساتھ۔

سپت (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔عدد) سات۔ ہفت۔

سپت رشی (س۔ا۔مذ) سات ستاروں کا گُچھا۔ دُبِ اکبر۔ (لغوی معنی سات اولیا)۔

سِپَر (سِ۔پَر)(ف۔ا۔مث)(۱) ڈھال (۲) آڑ۔ روک (۳) پناہ۔ حفاظت (۴)(صف) محافظ۔ مددگار۔

سپرانداز (ف۔صف)(۱) سپر پھینکنے والا (۲) ہار ماننے والا۔

سپراندازی (ف۔ا۔مث)(۱) ہتھیار ڈالنا (۲) ہار ماننا۔

سپر ہونا (اَر۔محاورہ) آڑے آنا۔ دیوار بن کر کھڑا ہونا۔ مدد کرنا۔

سُپُرد (سُ۔پُرد)(سِ۔پُرد)(ف۔صف) حوالے کیا ہوا۔ سونپا ہوا (۲)(ا۔مث) امانت۔ تحویل۔ تفویض۔

سپرد خانہ (ف۔ا۔مذ)(دفتری اِصطلاح) لبادے وغیرہ رکھنے کا کمرا۔ لبادہ خانہ۔ (Cloak Room)۔

سپرد کرنا (اَر۔مص مُرکّب)(۱) قبضے میں دینا۔ حوالے کرنا (۲) امانت رکھوانا (۳) حراست میں دینا۔

سپرد ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) حوالے کیا جانا (۲) قبضے میں دیا جانا۔

سَپَردا (سَپَردائی) (س۔پَر۔دا)(س۔پَر۔دا۔ای)(ہ۔ا۔مذ) سازندے۔ ناچنے گانے والیوں کے ساتھ ساز بجانے والے۔

سُپُرداری (ف۔ا۔مث) وہ چیز جو سُپرد کی جائے۔ امانت۔

سُپُردگی (سُ۔پُر۔دَ۔گی)(سِ۔پُر۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) تحویل۔ تفویض (۲) حراست۔ نظربندی۔

سپردگی مال (ف۔ا۔مث) مال سونپنا۔

سپردگی میں لینا (اَر۔محاورہ)(۱) قبضے میں لینا (۲) حراست میں لینا۔

سپُردم بتو مایۂ خویش را۔ تو دانی حساب کم و بیش را (ف۔مقولہ) میں نے اپنی پونجی آپ کے سپرد کر دی ہے۔ اب آپ جانیں اور آپ کا کام۔ جب کوئی کام کسی کے سپرد کیا جائے تو اُس وقت کہتے ہیں۔

سپرنٹنڈنٹ (Superintendent)(انگ۔ا۔مذ) ناظم۔ ناظر۔ داروغہ۔ مہتمم۔ نگران۔ محافظ۔ سربراہ کار۔

سپرنٹنڈنٹ پولیس (Superintendent Police)(انگ۔ا۔مذ) منتظم پولیس۔ ضلع پولیس کا انتظامی افسر۔

سُپروائزر (Supervisor)(انگ۔ا۔مذ) نگران۔ نگہبان۔ مہتمم۔

سُپریم (Supreme)(انگ۔صف) اعلیٰ اختیار رکھنے والا۔ سب سے بڑا۔

سُپریم کورٹ (Supreme Court)(انگ۔ا۔مذ) عدالتُ العالیہ۔ مُلک کی سب سے اعلیٰ عدالت۔

سپڑ سپڑ (سَ۔پَڑ۔سَ۔پَڑ)(ہ۔ا۔مث)(۱) کُتّے کے کھانے پینے کی آواز (۲) بے تمیزی سے کھانے کی آواز۔

سپڑ سپڑ کر کے کھانا (اَر۔محاورہ) بدتمیزی سے کھانا پینا۔

سَپڑانا (سَپ۔ڑا۔نا)(ق۔مص)(۱) گرفتار کرنا۔ پکڑنا (۲) ختم کر دینا (۳) نہلانا۔

سپستان (سِ۔پِس۔تاں)(ف۔ا۔مذ) لسوڑا۔ لبھوڑا۔

سپلائی (Supply)(انگ۔ا۔مث) رسد۔ بہم رسانی۔

سپلک (سپ۔لک)(ق۔ا۔مث) چھپکلی۔

سپلیمنٹ (Supplement)(انگ۔ا۔مذ) ضمیمہ۔ زائد مواد۔

سپن (سَ۔پَن)(ق۔ا۔مذ) خواب۔ سپنا۔

سپنا (سَپ۔نا)(سُپ۔نا)(ہ۔ا۔مذ) خواب۔ جو کچھ سوتے میں نظر آئے۔ رویا (۲) خیال۔ وہم۔ جمع: سپنوں۔ سپنے۔

سپنڈ (سِ۔پنڈ)(ف۔ا۔مذ) کالا دانہ۔ حرمل۔

سپوت (سَ۔پوت)(ہ۔ا۔مذ) سعادت مند بیٹا۔ فرماں بردار بیٹا۔ لائق بیٹا۔ فرزندِ رشید۔ جمع: سپوت۔ سپوتوں۔

سپوتوں کے کپوت اور کپوتوں کے سپوت (ہ۔مثل) بُروں کے ہاں نیک اور نیکوں کے ہاں بداولاد ہوتی ہے۔

سپوتی (سَ۔پو۔تی)(ہ۔ا۔مث)(۱) نیک اولاد والی عورت (۲) سات بیٹوں والی عورت۔

سپوتی روے ٹُکوں کو، نپوتی روے پوتوں کو (ہ۔مثل)(۱) اولاد والی روٹی کے ٹکڑوں کے لئے روتی ہے۔ بے اولادی اولاد کے لئے روتی ہے (۲) انسان کو کسی حال میں اطمینان و سکون نہیں۔ ہر انسان کو کوئی نہ کوئی شکایت رہتی ہے۔

سپولیا (سَ۔پو۔لِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) سانپ کا بچہ۔ سنپولیا۔

سپہ (سِ۔پہ)(ف۔ا۔مث) سپاہ کا مُخفّف۔ دیکھئے سپاہ۔

سپہر (سِ۔پہر)(ف۔ا۔مذ) آسمان۔ سما۔ آکاش۔ فلک۔

سپھل (سَ۔پھل)(س۔صف) پھل دار۔ ثمردار (۲) نفع دینے والا (۳) کامیاب۔ مُفید (۴) مُبارک۔

سپید (ف۔صف) دیکھئے سفید۔

سپیدہ (ف۔ا۔مذ) دیکھئے سفیدہ۔

سپیدی (ف۔ا۔مث) دیکھئے سفیدی۔

سپیرا (سَ۔پے۔را)(ہ۔ا۔مذ) سانپ پکڑنے والا۔ سانپ کا تماشا دکھانے والا۔

سُپیریر (Superior)(انگ۔ا۔مذ) اعلیٰ۔ عُمدہ۔ اچھا۔ بڑھیا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

س۔ت

سَت (بفتحہ اوّل) (س۔ا۔مذ) (۱) سچّائی۔ صداقت۔ صِدق۔ راستی (۲) ایمان۔ دھرم۔ یقین (۳) طاقت۔ زور (۴) پاک دامنی۔ عصمت (۵) دوا کا جوہر۔ رس۔ عرق (۶) خُلاصہ۔ لبِّ لباب (۷) مضبوطی۔ پختگی (۸) (صف) سچ۔ صحیح۔ دُرست۔ بجا (۸) کھرا۔ سچا۔ نیز دیکھئے ستیہ۔

ست بادی (وادی) (ہ۔صف) (۱) سچّائی یا صداقت کو مذہب یا اُصول کے طور پر ماننے والا (۲) سچا آدمی۔ صادقُ القول۔

ست (بچن) وچن (ہ۔ا۔مذ) سچی بات۔ سچا قول۔

ست بچن (کرنا) کہنا (ہ۔محاورہ) ہاں جی ہاں جی کرنا۔ جی حضوری کرنا۔

ست (بچنا) بچنیا (ہ۔ا۔مذ) ہاں میں ہاں ملانے والا خوشامدی۔ جی حضوری۔

ست بھاؤ (ہ۔ا۔مذ) ٹھیک برتاؤ۔ صحیح روش۔ صحیح رَوِیّہ۔

ست پُتر (ہ۔ا۔مذ) حقیقی بیٹا۔ اپنے نُطفے کا بیٹا۔ حلال کا بیٹا۔

ست پر رہنا (ہ۔محاورہ) (۱) دھرم پر قائم رہنا (۲) عصمت کو برقرار رکھنا۔

ست جُگ (یُگ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہندوؤں کے نزدیک دُنیا کے چار قرنوں میں سے پہلا قرن جس میں سچّائی ہی سچّائی تھی۔ سچّا زمانہ۔ دیوتاؤں کا زمانہ (۲) اُوپر کی ساتویں دُنیا۔ ملاءِ اعلیٰ۔

ست چڑھنا (ہ۔محاورہ) (۱) ولولہ پیدا ہونا (۲) ستی ہونے کے لئے جوش میں بھر جانا (۲) پاک دامنی کا جذبہ غالب ہونا۔

ست ڈِگنا (ڈولنا) (ہ۔محاورہ) اِیمان جانا۔ اِیمان بگاڑنا (۲) دُوسرا مذہب اِختیار کرنا۔

ست سیتا (ہ۔صف) پارسا عورت۔ باعصمت عورت۔

ست سری اکال (ہ۔نعرہ وسلام) خُدا سچّا ہے۔ سکھوں کا نعرہ اور سلام۔

ست کرنا (ہ۔محاورہ) (۱) پُورا کرنا (۲) سچّا کرنا (۳) تصدیق کرنا۔

ست کی (باندی) باندھی (ہ۔ا۔مث) (۱) بات کی پکّی (۲) اِیمان پر قائم۔

ست وَنتا (ہ۔صف۔مذ) (۱) سچّا۔ صادق۔ راست باز (۲) نیک۔ صالح۔ بھلامانس (۳) نیک چلن۔

ست وَنتی (ہ۔صف۔مث) ست ونتا کی تانیث (۱) باعصمت۔ نیک چلن (۲) منکوحہ بیوی۔

ست نکالنا (ہ۔محاورہ) جوہر نکالنا۔ رُوح کھینچنا۔

ست نکل جانا (ہ۔محاورہ) (۱) طاقت نہ رہنا۔ دَم نہ رہنا (۲) تھک جانا۔ ہار جانا (۳) دولت نہ رہنا۔

ست ہار دینا (ہ۔محاورہ) (۱) ہمّت ہار دینا (۲) تھک جانا (۳) بُوڑھا ہو جانا۔

ست ہی ست پر جان ہونا (ہ۔محاورہ) بہت کم زور ہونا۔

سَت (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔عدد) سات کا مُخفّف۔

ست بجھڑا (ہ۔صف) رَلا مِلا۔ مِلا جُلا۔ گڈمڈ (۲) دوغلا۔ مخلوطُ النسل۔

ست پوتی (ہ۔صف) سات بیٹوں کی ماں۔ کثیرُ الاولاد عورت۔

ست خصمی (ہ۔صف۔مث) جو عورت بہت سے شوہر کرچکی ہو (۲) وہ جائیداد جس پر کسی فرد کا قبضہ نہ ہو بلکہ بہت سے لوگ ملکیت کے دعوے دار ہوں۔

ست لڑا (ہ۔ا۔مذ) (۱) سات لڑی کا رستا یا رسّی (۲) ایک زیور جس میں سات لڑیاں ہوتی ہیں۔

ست ماسا (واسا) (نون غنّہ) (ہ۔صف) (۱) وہ بچہ جو ساتویں مہینے پیدا ہو (۲) وہ رسم جو پہلے حمل کے ساتویں مہینے کی جاتی ہے۔

ست منزلہ (اُر۔صف) سات منزل کا مکان۔ ست کھنڈا۔

ست ناجا (ست نجا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سات قسم کے ملے ہوئے اناج۔ سات قسم کا بُھنا ہوا غلّہ (۲) مِلا کر پکائے ہوئے سات اناج (۳) (صف) گڈمڈ (۴) دوغلا۔ مخلوط۔

سُت (بضمِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) لڑکا۔ بیٹا۔ پُوت۔

سُتا (سُ۔تا) (ہ۔ا۔مث) لڑکی۔ بیٹی (۲) جتن (ق)۔

سَتّا (سَت۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تاش کا وہ پتّا جس پر سات نشان ہوں (۲) پاسے کے سات حصّے (۳) پچیسی کی وہ سات کوڑیاں جو چت پڑیں۔

سِتار (سِ۔تار) (ف۔ا۔مذ) طنبورے کی قسم کا ایک باجا۔ شروع میں اِس میں صرف تین تار ہوتے تھے اِس لئے ستار (سہ تار) کہلایا۔ اُر جمع: ستار۔ ستاروں۔

ستار باز (ف۔صف) ستار بجانے والا۔ ستاریا۔

ستار (بجانا) چھیڑنا (اُر۔محاورہ) ستار کے تاروں سے آواز پیدا کرنا۔

ستار نواز (اُر۔صف) دیکھئے ستار باز۔

سَتّار (سَت۔تار) (ع۔ا۔مُبالغہ) (۱) چُھپانے والا۔ ڈھانپنے والا۔ پردہ پوش (۲) خُدا تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔

سَتّارُ العُیوب (سَت۔تا۔رُل۔عُ۔یُوب) (ع۔صف) عیبوں کو ڈھانکنے والا (خُدا تعالیٰ)۔

سِتارَہ (سِ۔تا۔رَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) اُن ساکن اور روشن کُروں میں سے ایک کُرہ جو رات کو آسمان پر چمکتے دِکھائی دیتے ہیں۔ نجم۔ کوکب۔ تارا (۲) قسمت۔ نصیب۔ تقدیر۔ اِقبال (۳) چاندی وغیرہ کے وہ چھوٹے ٹکڑے جو جوتوں' ٹوپیوں اور چوڑیوں وغیرہ پر لگائے جاتے ہیں (۴) راس۔ بُرج (۵) ٹیکا۔ نشان۔ سفید دھبّا جو گھوڑے کے ماتھے پر ہو (۶) ایک قسم کی آتش بازی (۷) بندوق کی ٹوپی کا گول سفید حِصّہ (۸) افشاں کے گول چمک دار ٹکڑے (۹) گلے کے ایک زیور (زنجیر) کے گول چمک دار ٹکڑے۔ جمع: ستارگان۔ اُردو جمع: ستاروں۔ ستارے۔

ستارہ اچھا ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) خوش نصیب ہونا۔ مقدر اچھا ہونا۔ اِقبال مند ہونا (۲) خوش حالی اور کامیابی کا زمانہ ہونا۔

ستارہ اَوج پر ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) اقبال مندی کا دَور ہونا (۲) کامیابی اور کامرانی حاصل ہونا۔

ستارہ برگشتہ ہونا (اُر۔محاورہ) مقدر کا خلاف ہونا۔ بدنصیبی کا زمانہ ہونا۔

ستارہ بلند ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے ستارہ اَوج پر ہونا۔

ستارہ پیشانی (ستارہ جبیں) (ف۔صف) گھوڑا جس کے ماتھے پر ناخن کے برابر سفید ٹیکا یا دھبّا ہو۔ ایسا گھوڑا منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

ستارہ ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) (۱) شہابِ ثاقب کا آسمان سے گرتے ہوئے نظر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنا (۲) بندوق کے گھوڑے کی ضرب سے بندوق کی ٹوپی کا ستارہ ٹوٹنا اور بندوق کا چلنا۔

ستارہ چمکنا (اُر۔ محاورہ) دِن پھرنا۔ نصیب جاگنا۔ قسمت اچھی ہونا۔

ستارۂ دُم دار (دُنبالہ دار) (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے دُم دار تارا۔

ستارہ سازگار ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے ستارہ چمکنا۔

ستارۂ صبح (ستارۂ سحری) (ف۔ ا۔ مذ) صبح کا ستارہ۔ دِن نکلنے کی علامت۔

ستارہ شناس (ف۔ صف) نجومی۔ اختر شناس۔

ستارہ گردش میں ہونا (اُر۔ محاورہ) بُرے دِن آنا۔ نحوست طاری ہونا۔

ستارہ مچھلی (اُر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مچھلی جس کے مرکز میں ایک ٹکیا سی ہوتی ہے جس میں پانچ بازو ہوتے ہیں۔ مُنہ تھیلے کی طرح معدے میں کھلتا ہے۔ دانت نہیں ہوتے۔ انگلستان کے ساحلوں پر پائی جاتی ہے۔ (Star Fish)۔

ستارہ ملنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دو شخصوں کی راسوں یا ستاروں کے خواص ایک ہونا (۲) طبیعتیں ملنا۔ موافقت ہونا۔

سُتاری (سُتالی) (ہ۔ ا۔ مث) موچیوں کا چمڑا چھیدنے کا آلہ۔

سِتاریا (سِ۔ تار۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) ستار بجانے والا۔ ستار باز۔ ستار نواز۔

ستاسی (ست۔ تا۔ سی) (ہ۔ ا۔ عدد) اسّی اور سات۔ ۸۷۔

سِتان (سِ۔ تاں) (ف۔ لاحقۂ فاعلی) مصدر ستاندن کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لینے والا کے معنی دیتا ہے جیسے دِل ستاں۔

سِتان (سِ۔ تان) (ف۔ ا۔ مذ) جگہ۔ مقام۔ مسکن۔ جن اسما کا آخری حرف حرفِ عِلّت ہو اُن کے آخر میں بطور لاحقہ اِستعمال ہوتا ہے جیسے بوستان (خوش بو کا مقام)۔ اگر اِسم کا آخری حرف حرفِ صحیح ہو تو اِس کا تلفّظ "اِستان" ہو گا جیسے پاکستان۔ ریگستان۔ گلستان وغیرہ۔

ستانا (ہ۔ مص) تنگ کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ دُکھ دینا۔ آزار دینا۔

ستانوے (ست۔ تان۔ وے) (ہ۔ ا۔ عدد) نوّے اور سات۔ ۹۷۔

ستاوَر (سَ۔ تا۔ وَر) (ہ۔ ا۔ مث) ایک دوا کا نام جو فربہی لاتی ہے۔

ستاوَن (ست۔ تا۔ وَن) (ہ۔ ا۔ عدد) سات اُوپر پچاس۔ ۵۷۔

سِتائش (سِ۔ تا۔ اِش) (ف۔ ا۔ مث) تعریف۔ حمد و ثنا۔

ستائش گر (ف۔ صف) تعریف کرنے والا۔ مدّاح۔

ستائیس (ست۔ تا۔ ئیس) (ہ۔ ا۔ عدد) بیس اور سات۔ ۲۷۔

ستائیسواں (ہ۔ عددِ ترتیبی و کسری) ترتیب میں چھبیسویں کے بعد کا درجہ (۲) ستائیسواں حصّہ۔ $\frac{1}{27}$۔

ستائیسوں (ہ۔ عددِ اِستغراقی) سب۔

ستائیسویں (یائے معروف) (ہ۔ عددِ ترتیبی) ستائیسواں کی تانیث۔

ستائیسویں (یائے مجہول) (ہ۔ عددِ ترتیبی) ستائیسواں کی مغیّرہ صورت۔

ستتّر (سَ۔ تت۔ تر) (ہ۔ صف) ستّر اور سات۔ ۷۷۔

سُت جانا (ہ۔ مص) دُبلا ہو جانا۔ سُوکھ جانا۔

سِتَد (سِ۔ تد) (ف۔ ا۔ مث) لین۔ لینا۔

سَتر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چُھپانا (۲) مرد یا عورت کا وہ مقام جس کو چھپانا واجب ہے۔ شرم گاہ۔ پردے کی جگہ (۳) پردہ۔ اوٹ۔ حجاب۔

ستر پوشی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ستر یا شرم گاہ چُھپانا۔

ستر دکھانا (اُر۔ محاورہ) شرم گاہ کو بے پردہ کرنا۔

سترِ عورت (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مرد یا عورت کے بدن کا وہ حِصّہ جس کا کھولنا معیوب ہے (۲) اُس حصّے کا چُھپانا جس کا دکھانا باعثِ شرم ہے۔

سَتّر (ست۔ تَر) (ہ۔ ا۔ عدد) ساٹھ اور دس۔ ۷۰ (۲) بہتیرے (عددِ کثرت)۔

ستر دو بہتّر (اُر۔ صف) بہت سارے۔ کثیر۔

ستر چُوہے کھا کے بلّی حج کو چلی (اُر۔ مثل) دیکھئے "نو سو چُوہے کھا کر" جو زیادہ مستعمل ہے۔

ستر سُنانا (اُر۔ محاورہ) بہت بُرا بھلا کہنا۔ بہت گالیاں دینا۔

ستر کان بہتّر جھول (اُر۔ مثل) خراب سِلے ہوئے کپڑے کی مذمّت میں کہتے ہیں۔

ستر گز کی پگڑی اور سر ننگا (اُر۔ مثل) امیر ہونے کے باوجود تنگی۔ بدسلیقہ اور فضول خرچ کے بارے میں کہتے ہیں۔

سترا بہترا (ست۔ را) (ب۔ ہت۔ را) (ہ۔ صف) ستر بہتر سال کی عُمر والا۔ بہت بوڑھا جس کے حواس ٹھکانے نہ رہے ہوں۔

سُتُرگ (سُ۔ تُرگ) (سُ۔ تُرگ) (سِ۔ تُرگ) (ف۔ صف) بڑا۔ بُزرگ۔ عظیم۔

سَتّرواں (ست۔ تر۔ واں) (ہ۔ عددِ ترتیبی و کسری) ستر درجے کا۔ ستر نمبر کا۔ ۶۹ کے بعد کا درجہ (۲) $\frac{1}{70}$۔

سترویں (یائے۔ معروف) (ہ۔ عددِ ترتیبی) ستّرواں کی تانیث۔

سترویں (یائے۔ مجہول) (ہ۔ عددِ ترتیبی) ستّرواں کی مغیّرہ صورت۔

سترہ (سترّہ) (ہ۔ ا۔ عدد) دس اور سات۔ ۱۷۔

سُترہ (سُت۔ رہ) (ع۔ ا۔ مذ) لکڑی یا کوئی اور چیز (جو گز بھر سے کم اُونچی نہ ہو) جسے نمازی اپنے سامنے رکھ لیتے ہیں تاکہ گزرنے والا نماز ختم ہونے کا اِنتظار نہ کرے۔

ستّرھواں (ست۔ ترھ۔ واں) (ہ۔ عددِ ترتیبی و کسری) ترتیب میں ۱۶ کے بعد کا درجہ (۲) $\frac{1}{17}$۔

سترھویں (یائے معروف) (ہ۔ عددِ ترتیبی) سترھواں کی تانیث (۲) ہندوؤں میں میّت کی وہ رسم جو سترہ روز بعد کی جاتی ہے۔

سترھویں (یائے مجہول) (ہ۔ عددِ ترتیبی) سترھواں کی مغیّرہ صورت۔

سَتری (ست۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (صرّافے کی اِصطلاح) دو روپے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَتری بَہتری (ہ۔صف) ستّرا بہتّرا کی تانیث۔

ستری بہتری باتیں (ہ۔ا۔مث) بُوڑھی عورتوں کی سی باتیں جن کے حواس جواب دے چکے ہوں۔ بے وقوفوں کی سی باتیں۔

سُتلی (سُت۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سَن کی باریک ڈوری (پن) سیبا (۲) (صرّافے کی اِصطلاح) بیس روپے۔ جمع: سُتلیاں۔ ستلیوں۔

سِتَم (س۔تَم) (ف۔ا۔مذ) (۱) ظلم۔ زیادتی۔ جفا۔ جبر و تشدُّد۔ آزار۔ ایذا (۲) بے اِنصافی۔ ناحق۔ اندھیر (۳) غضب۔ قباحت۔

ستم اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) ظلم برداشت کرنا۔ سختی سہنا۔

ستم اِیجاد (ف۔صف) ظلم کی بُنیاد ڈالنے والا۔ بڑا ظالم۔

ستم برپا کرنا (اُر۔ محاورہ) فساد بپا کرنا۔ آفت لانا۔

ستم پرور (ف۔صف) (۱) ظالم۔ جفاکار (۲) بے اِنصاف۔

ستم توڑنا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ ظلم کرنا۔ ستانا۔ تکلیف دینا۔

ستم ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) ظلم یا سختی ہونا۔ تشدُّد ہونا۔ مصیبت پڑنا۔

ستم ٹوٹے (اُر۔ بددُعا) آفت آئے۔ مصیبت میں گرفتار ہو۔

ستم جھیلنا (اُر۔ محاورہ) ظلم سہنا۔

ستم جوتنا (اُر۔ محاورہ) ظلم کرنا۔ آفت مچانا۔

ستم دیدہ (ستم رسیدہ۔ ستم زدہ۔ ستم کُش) (ک پر زبر) (ف۔صف) مظلوم۔ ستایا ہوا۔ جس پر ظلم کیا گیا ہو۔ دُکھیا۔

ستم ڈھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا۔ تشدُّد کرنا (۲) کوئی انوکھی بات یا حرکت کرنا۔

ستم شِعار (ف۔صف) جسے ظلم کرنے کی عادت ہو۔

ستم ظریف (ف۔صف) (۱) ہنسی ہنسی میں ستانے والا۔ ہنس ہنس کر ظلم توڑنے والا (۲) ایسا ظریف جس کی باتوں یا حرکتوں میں شرارت شامل ہو۔

ستم ظریفی (ف۔ا۔مث) مذاق مذاق میں ظلم کرنا۔

ستم کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا (۲) افسوس ناک حرکت کرنا (۳) کوئی نئی عجیب یا انوکھی بات کرنا۔ کمال کرنا۔

ستم کیش (گار۔گر۔گستر) (ف۔صف) جفاکار۔ تکلیف دینے والا۔

ستم گاری (گری) (ف۔ا۔مث) تشدُّد۔ زیادتی۔ ظلم۔ ایذا دہی۔

ستم ہونا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) ظلم ہونا۔ سختی ہونا۔ غضب ہونا (۲) آفت نازل ہونا (۳) چالاک ہونا۔ کسی فن میں یکتا ہونا (۴) عجیب اور انوکھا ہونا۔

سِتمبر (انگ September کا مؤرّد۔ا۔مذ) انگریزی سال کا نواں مہینا۔ جو تیس دن کا ہوتا ہے۔

سُتنا (سُت۔نا) (ہ۔مص) (۱) دُبلا ہونا۔ پتلا پڑنا۔ سوکھنا (۲) کھنچنا (۳) پتنگ کی ڈور پر مسالا لگنا (۴) نچڑنا۔ سِمٹنا (۵) نوچا جانا۔ کھسوٹا جانا (۶) (ا۔مذ) ٹخنوں سے اُونچا پاجامہ۔

سَتّو (سَت۔تو) (ہ۔ا۔مذ) بُھنے ہوئے اناج کا آٹا۔ عام طور پر بُھنے ہوئے جَو کا آٹا۔

ستّو باندھ کے پیچھے پڑنا (اُر۔ محاورہ) سر ہو جانا (۲) کام میں اِنتہائی توجّہ سے لگ جانا۔

ستّو کھا کر شکر کیا کرنا (اُر۔ مثل) معمولی خوراک کھا کے شکر کون کرے!

ستّو گھولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ستّو پانی میں گھولنا (۲) فضول اور بیہودہ باتیں کرنا۔

سُتواں (سُت۔واں) (ہ۔صف) پتلی۔ نازک۔

ستواں ناک (اُر۔ا۔مث) پتلی اور خوشنما ناک۔ کھڑی ناک۔

سُتوانا (سُت۔وا۔نا) (ہ۔مص) ستنا کا متعدّی المتعدّی۔

سُتوانسا (سُت۔واں۔سا) (ہ۔صف) ست (۷) کے تحت دیکھیے۔

سِتُودہ (س۔تو۔دہ) (ف۔صف) تعریف کیا گیا۔ جس کی تعریف کی جائے۔ قابلِ تعریف۔

ستودہ صِفات (ف۔صف) جس میں قابلِ تعریف خوبیاں ہوں۔ اچھے اوصاف والا۔

ستودہ کار (ف۔صف) نیک۔ اچھی عادتوں والا۔

سُتور (سَ۔تور) (سُ۔تُور) (ف۔ا۔مذ) گھوڑا، خچر، گدھا وغیرہ۔ لدّو جانور۔

سُتون (سُ۔تون) (ف۔ا۔مذ) کھمبا۔ کھم۔ تھم۔ لاٹھ۔ منار (۲) اہم رُکن۔ اُردو جمع: ستون۔ ستونوں۔

ستون ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی جماعت یا تحریک کا ذمّے دار رُکن ہونا۔

سِتّہ (سِت۔تہ) (ع۔ا۔عدد) چھ۔ ۶۔

ستّہ متناسِبہ (ع۔ا۔مذ) ریاضی کا ایک قاعدہ جس کے ذریعے ایک ہی دفعہ پانچ معلوم مقداروں کے ذریعے نامعلوم مقدار دریافت کر لیتے ہیں۔

سُتھرا (سُتھ۔را) (ہ۔صف) (۱) پاک صاف۔ پاکیزہ۔ اُجلا۔ بے داغ (۲) نفیس۔ عُمدہ۔ لِتّھا (۳) ایک قسم کے فقیر جو ڈنڈے بجا کر مانگتے ہیں۔

ستھرا پن (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے ستھرائی۔

ستھرا شاہی (ہ۔ا۔مذ) ستھرا شاہ نامی فقیر کا چیلا۔ اُس گروہ کا فقیر جو ڈنڈے بجا کر تُک بندی کے ساتھ مانگتا پھرتا ہے۔

ستھرانا (سُتھ۔را۔نا) (ہ۔مص) پھیلانا (۲) تتر بتر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔

ستھراؤ (سُتھ۔را۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قتلِ عام۔ صفایا۔ لاشوں کے ڈھیر (۲) بہت سی عمارتوں کا گر پڑنا۔

ستھراؤ (کرنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) مُردوں کے ڈھیر لگا دینا یا لگنا۔ کُشتوں کے پُشتے لگا دینا یا لگنا (۲) عمارتوں کو توڑ پھوڑ دینا۔ اینٹ سے اینٹ بجا دینا یا بجنا۔

ستھرائی (سُتھ۔را۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) صفائی۔ اُجلاپن (۲) خوش نُمائی۔ نفاست (۳) جھاڑو۔ بہارو۔

ستھرائی پھیرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) لُوٹ کر لے جانا (۲) جھاڑو دینا۔

ستھرائی دینا (اُر۔ محاورہ) جھاڑو دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ستھری (ہ۔ صف) ستھرا کی تانیث۔

ستھن (ستھنا) (ستھ۔ تھن) (ستھ۔ نا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے سُتنا نمبر ۲۔

ستھیا (ستھیا) (ستھ۔ یا) (ست۔ یا) (ہ۔ا۔مذ) آنکھوں کا حکیم۔

ستی (س۔تی) (ہ۔ا۔مث) ہندوؤں میں مردہ شوہر کے ساتھ عورت کے جل مرنے کی رسم (۲) پاک دامن عورت (۳) وہ عورت جو ستی ہو جائے۔

ستی ہونا (ہ۔ محاورہ) شوہر کی نعش پر بیوہ کا جل مرنا۔

ستیا (ست۔تِ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) قوت۔ طاقت۔ زور۔ بل۔

ستیا (ست۔تِ۔یا) (س۔ا۔مذ) (۱) سچائی۔ صداقت۔ صدق۔ اخلاص (۲) شری رام چندر جی کی بیوی سیتا کا لقب۔

ستیاناس (ہ۔ا۔مذ) تباہی۔ بربادی۔ غالباً یہ: سَرْوَ ناش کا بگاڑ ہے۔

ستیاناس جائے (اُر۔ بددُعا) برباد ہو جائے۔ تباہ ہو جائے۔

ستیاناس کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تباہ و برباد کرنا۔ اُجاڑنا (۲) بگاڑنا۔ خراب کرنا۔ خاک میں ملانا (۳) آوارہ یا بدچلن بنانا (۴) ڈھانا۔ گرانا۔

ستیاناس ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) تباہ ہونا۔ مِٹ جانا (۲) کام بگڑنا (۳) ڈھایا جانا۔

ستیاناسی (ست۔تِ۔یا۔نا۔سی) (ہ۔ صف) (۱) برباد کرنے والا۔ اُجاڑنے والا (۲) بدچلن (۳) منحوس (۴) تباہ و برباد۔ محروم۔ بُرا۔ خراب (۵) ایک خاردار پودا۔ کٹیلا۔

ستیانو (ست۔یا۔نو) (ق۔ا۔عدد) ستانوے۔ ۹۷۔

ستیز (ستیزہ) (بکسرِ اوّل) (یائے مجہول) (ف۔ا۔مذ) لڑائی جھگڑا۔ جنگ۔

ستیزہ کار (ف۔ صف) لڑنے والا۔ جھگڑالو۔ جنگ جُو۔

ستیہ (ست۔یہ) (س۔ صف وا۔مذ) سچا۔ راست باز۔ صادق۔ مخلص۔ وفادار۔ خالص (۲) چار یگوں یا زمانوں میں سے پہلا زمانہ جو ہندو دیومالا کے مطابق سنہری زمانہ تھا (۳) سچائی۔ راستی۔ اصلیت۔ نیکی۔ پارسائی۔ اخلاص۔

ستیہ آگرہ (گرہ) (ہ۔ا۔مث) سچا عہد۔ حکومت کے خلاف پُرامن تحریک۔

س۔ٹ

سٹ (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) سازش (۲) تدبیر۔ ڈھب (۳) ناجائز تعلق۔ آشنائی (۴) میل جول (۵) (متعلق فعل) فوراً۔ جلدی سے۔

سٹ لڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) سازش کرنا (۲) یارانہ کرنا۔ آشنائی کرنا۔

سٹا (سَٹ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تحریری اقرار نامہ جس کی رُو سے زراعتی پیداوار میں شرکت قائم ہوتی ہے (۲) بیوپار کا سودا (۳) ایک قسم کا جُوا جس میں کسی بات کے متعلق حکم لگانے پر شرطیں لگائی جاتی ہیں۔ جمع: سٹوں۔ سٹے۔

سٹا بٹا (ہ۔ا۔مذ) (۱) سازش (۲) فریب (۳) لین دین۔ خرید و فروخت (۴) ناجائز تعلق۔

سٹا بہی (ہ۔ا۔مث) وہ بہی جس میں سٹے لکھے جاتے ہیں۔

سِٹا (سِٹ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے بھُٹا۔

سٹالی (ق۔ا۔مث) سُستی۔ کاہلی۔

سٹانا (سَ۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) جوڑنا۔ چپکانا۔ ملانا۔ پکڑانا۔ سیٹ کرنا۔ بٹھانا۔ جڑنا۔

سٹپٹاتے پھرنا (اُر۔مص) گھبرائے گھبرائے پھرنا۔ حیران و سرگرداں پھرنا۔

سٹپٹانا (ہ۔مص) حیران ہونا۔ متعجب ہونا۔ گھبرانا۔ حواس باختہ ہونا۔

سٹر پٹر (سَ۔ٹر۔پَ۔ٹر) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹے موٹے کام۔ متفرق کام۔ معمولی باتیں (۲) بکھیڑا۔ اُلجھیڑا۔

سٹر پٹر کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چھوٹے موٹے کاموں میں لگے رہنا (۲) بیکار پھرنا۔

سٹ سٹ (سَٹ۔سَٹ) (ہ۔ا۔صوت۔مث) کوڑے یا قمچیاں پڑنے کی آواز (۲) (متعلق فعل) جلد جلد۔

سٹک (سَ۔ٹک) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹا پیچوان (۲) چھریرے بدن کی عورت (۳) بید۔ پتلی چھڑی (۴) پتلا سانپ۔

سٹکا (سَٹ۔کا) (ہ۔ا۔مث) چھوٹی بندوق جو گلے میں لٹکاتے ہیں (۲) چھڑی۔

سٹکانا (سَٹ۔کا۔نا) (ہ۔مص) چھپا کر غائب کر دینا (۲) مارنا (۳) ناامید کرنا۔

سٹک جانا (سَ۔ٹک۔جانا) (ہ۔مص) کھسک جانا۔ موقع پا کر نکل جانا۔

سٹکنا (سَ۔ٹک۔نا) (ہ۔مص) چپکے سے چلا جانا۔ کھسک جانا۔

سٹکنی (سَٹ۔کَ۔نی) (ہ۔ا۔مث) دروازے کی بِلّی۔ چٹخنی۔

سٹلو (سَ۔ٹل۔لو) (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) احمق عورت۔ پھوہڑ عورت (۲) (واو معروف) بے ہودہ مرد۔ فضول آدمی۔

سٹلی (سَ۔ٹل۔لی) (ہ۔صف) زٹلی۔ بیہودہ۔ بدتمیز (مرد)۔

سٹنا (سَٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) سازش کرنا (۲) جُڑ جانا۔ چپک جانا (۳) چھوڑنا۔ پھینکنا (ق)۔

سٹنہار (سُ۔ٹن۔ہار) (ق۔ا۔مذ) ڈالنے والا۔

سٹھ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم) (ہ۔ا۔عدد) ساٹھ کا مُخفّف۔

سٹھ جانا (سٹھیانا۔ سٹھیا جانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) بُڑھاپے کی وجہ سے حواس باختہ ہو جانا (۲) عقل جاتی رہنا۔

سٹھانی (سِ۔ٹھا۔نی) (ہ۔ا۔مث) سیٹھ کی بیوی۔ جمع: سٹھانیاں۔ سٹھانیوں۔ نیز دیکھئے سیٹھانی۔

سٹھنی (سِٹھ۔نی) (ہن۔ا۔مث) وہ گالیاں جو بیاہ شادی کے موقع پر سمدھیوں کو دی جاتی ہیں۔

سٹھورا (سَ۔ٹھو۔را) (ہ۔ا۔مذ) سونٹھ اور میوے کا میٹھا مرکب جو زچہ کو طاقت کے لئے دیا جاتا ہے۔

سٹھی (سَٹ۔ٹھی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کے موٹے لال رنگ کے چاول۔

سٹھیانا (سٹھ۔یا۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے سٹھ جانا۔

سٹی (سَٹ۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گھوڑوں کی منڈی (۲) مارکیٹ۔ منڈی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بازار۔ پیٹھ۔
سُدّھ (سُد ـ دھ)(مؤ ـ امث) سمجھ۔ ہوش۔ عقل۔ حواس۔ اوسان۔
سُدّھ (بھولنا) گم ہونا (ار۔ محاورہ) گھبرانا۔ بوکھلانا۔ سٹپٹانا۔ حواس باختہ ہونا۔
سٹّے (سَٹ ـ ٹے)(ہ ـ ا ـ مذ)(۱) سٹا کی جمع (۲) سٹا کی مغیّرہ صورت۔
سٹّے باز (ار۔ صف) سٹا کھیلنے والا۔ جوئے باز۔
سٹّے بازی (ار۔ ا ـ مث) سٹے کا جوا کھیلنا (۲) چالاکی۔ فریب۔
سٹّے بٹّے لڑانا (ار۔ محاورہ) سازش کرنا (۲) ناجائز تعلق پیدا کرنا۔
سٹّیا (سِٹ ـ یا)(ہ ـ ا ـ مث)(حقارتاً یا غصّے سے) بیٹی۔

س ـ ج

سَج (بفتح اول)(ہ ـ ا ـ مث)(۱) آرائش۔ زیب و زینت۔ خوب صورتی۔ سجاوٹ۔ سنگار (۲) انداز۔ روش۔ شکل۔ وضع (تنہا استعمال نہیں ہوتا)۔
سج دھج (ہ ـ ا ـ مث)(۱) شان و شوکت۔ آن بان۔ نمود و نمائش (۲) بناؤ سنگار۔ زیبائش و آرائش (۳) صورت شکل۔ وضع قطع۔ رنگ روپ۔
سَجّا (سَج ـ جا)(ہ ـ صف)(۱) سیدھا۔ دلیاں۔ داہنا (۲) سیدھا ہاتھ۔
سَجات (سَ ـ جات)(ق ـ صف) نیک ذات۔
سَجّاد (سَج ـ جاد)(ع ـ ا ـ مبالغہ) بہت سجدے کرنے والا۔
سَجّادہ (سَج ـ جا ـ دہ)(ع ـ ا ـ مذ)(۱) مصلّٰی۔ جانماز (۲) پیر یا بزرگ کی گدی۔ فارسی جمع: سجّادگان۔ اُردو جمع: سجّادوں۔ سجّادے۔
سجّادہ نشین (ع ـ ف ـ صف) کسی بزرگ یا پیر فقیر کا جانشین۔
سجّادہ نشینی (ع ـ ف ـ ا ـ مث) کسی پیر کی جانشینی۔
سَجا سَجایا (سَ ـ جا ـ سَ ـ جا ـ یا)(ار ـ صف) آراستہ پیراستہ۔
سَجاف (سَ ـ جاف)(ع ـ ا ـ مث) دیکھئے سَنجاف۔
سُجان (سُ ـ جان)(ہ ـ صف)(۱) عالم۔ واقف کار۔ دانا۔ دانش مند (۲) ہوشیار۔ عیار۔ آٹھوں گانٹھ کمیت۔
سَجانا (سَ ـ جا ـ نا)(ہ ـ مص)(۱) آراستہ کرنا۔ ترتیب سے لگانا (۲) سنگار کرانا۔
سُجانا (سُ ـ جا ـ نا)(ہ ـ مص) ورم کر دینا۔ پھُلا دینا۔
سُجانی (سُ ـ جا ـ نی)(ق ـ صف) سمجھ دار۔ فہیم۔
سَجاوَٹ (سَ ـ جا ـ وَٹ)(ہ ـ ا ـ مث)(۱) آراستگی۔ آرائش۔ زیبائش۔ بناؤ سنگار۔ زیب و زینت (۲) سج دھج۔
سَجْدَہ (سَج ـ دَہ)(ع ـ ا ـ مذ) پیشانی زمین پر ٹیکنا۔ خدا کے آگے سر جھکانا۔ نماز کا ایک رکن جس میں ماتھا، ناک، کہنیاں، گھٹنے اور انگلیاں زمین پر لگتی ہیں۔ جمع: سجود۔ اُردو جمع: سجدوں۔ سجدے۔
سجدۂ سہو (ع ـ ا ـ مذ) وہ دو سجدے جو نماز میں کسی واجب کے کم یا زیادہ ہو جانے پر کئے جاتے ہیں۔
سجدۂ شکر (ع ـ ا ـ مذ) وہ سجدہ جو خدا کے حضور کسی بات کے شکرانے کے لئے کیا جائے۔
سجدۂ شکر بجا لانا (ار۔ محاورہ) خدا کے حضور شکر کا سجدہ ادا کرنا۔
سجدہ کرنا (ار۔ مص مرکب) ماتھا زمین پر ٹیکنا۔ سر جھکانا۔ ڈنڈوت کرنا۔
سجدہ گاہ (ع ـ ا ـ مث)(۱) سجدہ کرنے کی جگہ (۲) خاکِ شفا کی گول ٹکیا جس پر شیعہ سر رکھ کر سجدہ کرتے ہیں۔
سجدہ گزار (ع ـ ف ـ صف) سجدہ کرنے والا۔ عبادت گزار۔
سَجْع (بفتحہ اول و سکونِ دوم و سوم)(ع ـ ا ـ مذ)(۱) خوش الحان پرندوں کی چہچہاہٹ (۲) دو فقروں کے آخری الفاظ کا ہم قافیہ و ہم وزن ہونا (۳) ایسا موزوں فقرہ یا مصرع جس کے کچھ ظاہری معنی بھی ہوں اور اس میں کسی شخص کا نام بھی آ جائے جیسے محمّد کا لے کے نام کا سجع ہے ہر دم نام محمّد کا لے۔ جمع: اَسجاع۔
سجع متوازن (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) دو لفظوں کے وزن اور اعداد حروف میں موافقت مگر روی میں مخالفت جیسے آفاق و آباد۔ مطلب و بربط۔
سجع متوازی (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) دو لفظوں کے حروف روی و وزن اور اعداد حروف میں موافقت جیسے وطن و چمن۔ بہار و نگار۔
سِجِّل (سِ ـ جِل)(ہ ـ صف) عمدہ۔ نفیس۔ صاف۔ آراستہ۔
سِجِلّ (سِ ـ جِل)(ع ـ ا ـ مذ) دستاویز۔ تمسک۔ رجسٹری (۲) عدالتی حکم۔ عدالتی مُہر۔
سَجَن (سَ ـ جَن)(ہ ـ صف و ا ـ مذ)(۱) معزز۔ نیک۔ بھلا مانس۔ اچھا (۲) خاوند۔ شوہر (۳) دوست۔ رفیق (۴) معشوق۔ دل بر۔ جمع: سجن۔ سجنوں۔ نیز دیکھئے ساجن۔
سجن سکارے جائیں گے اور نین مریں گے رو۔ بدھنا ایسی رین کو بھور کبھی نہ ہو (ہ ـ مثل) صبح خاوند (محبوب) کو چلا جاتا ہے۔ خدایا اس رات کو اتنا لمبا کر دے کہ اس کا دن ہی نہ چڑھے۔
سَجَّن (سَج ـ جَن)(س ـ ا ـ مذ) دیکھئے سجن۔
سِجْن (بکسر اول و سکونِ دوم و سوم)(ع ـ ا ـ مذ) قید خانہ۔ جیل خانہ۔
سَجْنا (سَج ـ نا)(ہ ـ مص)(۱) زیب دینا۔ موزوں ہونا (۲) بننا۔ سنورنا۔ سنگار کرنا (۳) تیار ہونا (۴)(کلمۂ ندا) اے سجن (الف ندائیہ ہے)۔
سَجْنی (سَج ـ نی)(ہ ـ ا ـ مث) سجن کی تانیث۔ سکھی۔ سہیلی۔ بھیلی۔
سَجْوانا (سَج ـ وا ـ نا)(ہ ـ مص) سجنا کا متعدی المتعدی۔
سُجُود (سُ ـ جُود)(ع ـ ا ـ مذ) سجدہ کی جمع۔
سُجھانا (سُ ـ جھا ـ نا)(ہ ـ مص) آگاہ کرنا۔ جتانا۔ دکھانا۔ بتانا۔
سُجھائی دینا (ہ ـ مص مرکب) نظر آنا۔ معلوم ہونا (۲) خیال میں آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَجّی (سَج۔جی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کے کھار کا نام جو کپڑے دھونے کے کام آتا ہے۔

سَجِیلا (سَ۔جی۔لا) (ہ۔صف) (۱) بنا ٹھنا۔ چھیلا۔ بانکا۔ چھیل چھبیلا (۲) آراستہ و پیراستہ۔ سجا سجایا۔

سَجِیلی (سَ۔جی۔لی) (ہ۔صف) سجیلا کی تانیث۔

سِجّین (سِج۔جین) (ع۔ا۔مذ) دوزخ کی ایک گھاٹی۔

س۔چ

سَچ (بفتحہ اول) (ہ۔صف) (۱) صحیح۔ دُرست۔ حق۔ ٹھیک۔ راست۔ واقعی۔ حقیقتاً (۲) ہاں (۳) (ا۔مذ) صداقت۔ سچائی۔

سچ بات کڑوی لگتی ہے (اَر۔مثل) حق بات کہنا اکثر لوگوں کو ناگوار گزرتا ہے۔

سچ بولنا آدمی لڑائی مول لینا ہے (اَر۔مقولہ) سچی بات لوگوں کو پسند نہیں آتی۔

سچ پوچھو (پوچھیے) (اَر۔متعلق فعل) حقیقت میں۔ سچی بات یہ ہے۔

سچ سچ (اَر۔صف) جس میں ذرہ برابر جھوٹ نہ ہو۔ ٹھیک ٹھیک۔

سچ کا زمانہ نہیں (اَر۔مقولہ) آج کل سچی بات سننے کو کوئی تیار نہیں۔ جھوٹ کا دور دورہ ہے۔

سچ کہنا اور سکھی رہنا (اَر۔مثل) سچ بول کر انسان کو سکون ملتا ہے۔

سچ کہے سو مارا جائے (اَر۔مثل) سچی بات کہنے والا نقصان اٹھاتا ہے۔

سچ مچ (اَر۔متعلق فعل) واقعی۔ فی الحقیقت۔ دراصل۔

سچ ہے (اَر۔محاورہ) بے شک۔ بجا ہے۔ دُرست ہے۔

سچ ہے حرام زادے کی رسّی دراز ہے (اَر۔مثل) بُرا آدمی دیر تک زندہ رہتا ہے تاکہ وہ خوب گناہ کر لے۔

سَچّا (سَچ۔چا) (ہ۔صف) (۱) سچ بولنے والا۔ راست گو۔ راست باز۔ نیک کردار (۲) دُرست۔ ٹھیک۔ کھرا۔ اصل۔ خالص۔ بے کھوٹ۔

سچا بیوہار (بیوپار) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سچا کاروبار (۲) صحیح معاملہ۔ کھرا حساب کتاب۔

سچا پن (اَر۔ا۔مذ) (۱) راست بازی۔ دیانت داری (۲) راست گوئی (۳) وفاداری۔

سچا جائے روتا آئے، جھوٹا جائے ہنستا آئے (اَر۔مثل) سچا آدمی اپنا نقصان کر لیتا ہے۔ جھوٹے اپنا کام بنا لیتے ہیں۔

سچا جوڑا (اَر۔ا۔مذ) کھرے کام کا جوڑا۔ جوتے، کپڑے یا چوڑیوں کا ایسا جوڑا جس میں سچے تار، ستارے اور منقش وغیرہ لگے ہوں۔

سچا موتی (اَر۔ا۔مذ) اصلی موتی۔

سچا ہاتھ (اَر۔ا۔مذ) لین دین یا معاملے کا کھرا پن۔ دیانت داری۔

سَچّائی (سَچ۔چا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) صداقت (۲) راستی۔ دیانت داری۔ ایمان داری۔ جمع: سچائیاں۔ سچائیوں۔

سِچائی (سِ۔چا۔ای) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے سنچائی۔

سَچکنا (سَ۔چک۔نا) (ہ۔مص) گھبرانا۔ حیران ہونا۔

سَچّل (سَچ۔چل) (ہ۔صف) اصلی۔ ٹھیک۔ دُرست۔

سَچّلا (سَچ۔چلا) (ق۔صف) سچا۔ حقیقی۔

سَچیت (سَ۔چیت) (بیائے مجہول) (ہ۔صف) (۱) ماہر (۲) خبردار۔ متوجہ (۳) پُرامن۔ قانع۔ محتاط۔

سَچیتی (سَ۔چے۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہوشیاری۔ عقل مندی (۲) دھیان (۳) احتیاط۔

سَچّی (سَچ۔چی) (ہ۔صف) سچا کی تانیث۔

سچی تول (اَر۔ا۔مث) پوری تول۔

سَچّے (سَچ۔چے) (ہ۔صف) سچا کی مغیرہ صورت۔

سچے مر گئے جھوٹوں کو تپ بھی نہ آئی (اَر۔مثل) دُنیا میں سچ بولنے والوں ہی کو نقصان پہنچتا ہے۔ جھوٹے مزے اُڑاتے ہیں۔

سَچیں مُچیں (سَ۔چیں۔مُ۔چیں) (ق۔متعلق فعل) سچ مچ۔

س۔ح

سَحاب (سَ۔حاب) (ع۔ا۔مذ) بادل۔ ابر۔ گھٹا۔

سَحَر (سَ۔حَر) (ع۔ا۔مث) صبح۔ فجر۔ تڑکا۔ بھور۔ اُشا۔

سحر پکڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) صبح تک زندہ رہنا (۲) صبح کرنا۔

سحر خیز (ع۔ف۔صف) صبح سویرے اُٹھنے والا۔ صبح اُٹھنے کا عادی۔

سحرگاہ (ع۔ا۔مث) صبح سویرے۔ علی الصباح۔

سحرگاہی (ع۔ف۔صف) صبح کے وقت کی۔

سحری (ع۔ف۔صف) (۱) صبح کے وقت کی (۲) رمضان کے مہینے میں رات کے پچھلے پہر کا کھانا جو دن میں روزہ رکھنے کی نیت سے کھاتے ہیں۔

سحر ہو جانا (اَر۔محاورہ) (۱) صبح ہو جانا (۲) خاتمہ ہو جانا۔ عمر کی تمام ہو جانا۔

سِحر (بکسر اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) جادو۔ ٹونا۔ افسوں۔ طلسم۔ جمع: اَسحار۔ سُحُور۔

سحر آگیں (ف۔صف) جادو بھرا۔ جادو بھری۔

سحر آمیز (ف۔صف) مرغوب۔ جادو ملا ہوا۔

سحر بیان (ف۔صف) جادو بیان۔ خوش بیان۔ جس کی تقریر پُر تاثیر ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سحر بیانی (ف۔ا۔مث) جادو بیانی۔ خوش بیانی۔ موثر تقریر۔
سحر جگانا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے جادو جگانا۔
سحر چل جانا (چلنا) (اُر۔ محاورہ) جادو کا اثر ہونا۔ جادو چلنا۔
سحر حلال (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) فصیح اَشعار (۲) شعرگوئی (۳) اہلی شیرازی کی مشہور مثنوی کا نام۔
سحر زدہ (ع۔ف۔صف) جس پر جادو کا اثر ہو گیا ہو۔
سحر سامری (ع۔ا۔مذ) سامری کا جادو جس نے حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں سونے کے بچھڑے میں گویائی پیدا کی تھی۔
سحر سنج (ع۔ف۔صف) جسے جادو کا تجربہ ہو۔
سحر طراز (ع۔ف۔صف) جادو کرنے والا۔ مسحور کر لینے والا۔
سحر طرازی (ف۔ا۔مث) مسحور کرنا۔ جادو سا کر دینا۔
سَحَری (ف۔ا۔مث) دیکھیے سحرگہی۔
سحُور (سُ۔حور) (ع۔ا۔مث) سحری۔ سحرگہی۔

س۔خ

سخا (سخاوت) (سَ۔خا) (سَ۔خا۔وَت) (ع۔ا۔مث) فیاضی۔ بخشش۔ خیرات۔
سخت (بفتحہ اول و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) (۱) کڑا۔ جو نرم نہ ہو۔ ٹھوس۔ ناملائم (۲) کرخت۔ درشت (۳) سنگین۔ بھاری (۴) مضبوط۔ پکا (۵) دُشوار۔ کٹھن۔ مُشکل (۶) اکھڑ۔ بدمزاج (۷) بے رحم۔ سنگ دل (۸) تیز (۹) تند۔ شدید (قبض) (۱۰) (متعلق فعل) بکثرت۔ حد سے زیادہ۔ بہت
سخت بات (اُر۔ا۔مث) کڑی بات۔ ناگوار بات۔
سخت جان (ف۔صف) (۱) بے رحم۔ سنگ دل (۲) وہ شخص جس کی جان مشکل سے نکلے (۲) بے حیائی سے زندہ رہنے والا (۳) جفاکش۔ محنتی۔
سخت جانی (ف۔ا۔مث) (۱) جان مُشکل سے نکلنا (۲) جفاکشی۔
سخت دِل (ف۔صف) بے رحم۔ سنگ دل۔
سخت دِن (اُر۔ا۔مذ) مُصیبت کے دن۔ پریشانی کا زمانہ۔
سخت دِن آنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت یا اِدبار کا زمانہ آنا۔
سخت زمین (ف۔صف) (۱) پتھریلی زمین (۲) (شعرا کی اصطلاح) مُشکل ردیف و قافیہ۔
سخت سُست کہنا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ سختی سے پیش آنا۔ لعن طعن کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔
سخت کلامی (گوئی) (ف۔ا۔مث) کڑے لہجے میں بات چیت (۲) بدزبانی۔
سخت گیر (ف۔صف) (۱) جو معمولی باتوں کی پکڑ کرے (۲) جو چھوٹی سی غلطی پر بھی سزا دے۔
سخت گیری (ف۔ا۔مث) ذرا ذرا سی بات کی پکڑ۔ بات بات پر سزا۔
سخت لگام (ف۔صف) منہ زور۔ سرکش (گھوڑا)۔
سخت مزاج (ف۔صف) تند مزاج۔ غُصیلا۔
سخت مشکل (پڑنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) بڑی دُشواری پیش آنا۔
سخت ناگوار گزرنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) بہت بُرا معلوم ہونا۔
سختانا (سَ۔خ۔تا۔نا) (اُر۔مص) (۱) سخت ہو جانا (۲) (کیمیائی اصطلاح) مادّے کا نرمی ختم ہو کر ٹھوس بننا۔
سختی (سَخ۔تی) (ف۔ا۔مث) (۱) کڑا پن۔ کرختگی۔ نرمی نہ ہونا۔ دُرشتی (۲) مضبوطی۔ پائیداری (۳) دُشواری۔ دِقّت (۴) بے رحمی۔ سنگ دلی (۵) بدمزاجی۔ اکھڑپن (۶) ظلم۔ زیادتی۔ تشدّد۔ سخت گیری (۷) تندی۔ تیزی (۸) تنبیہ۔ ڈانٹ ڈپٹ (۹) افلاس۔ تہی دستی۔ تنگی (۱۰) اِدبار۔ نحوست (۱۱) مُصیبت۔ دُکھ۔ اُردو جمع: سختیاں۔ سختیوں۔
سختی آنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت آنا۔
سختیِ ایّام (ف۔ع۔ا۔مث) دِنوں کی گردش۔ مُصیبت کے دِن۔
سختی سے (اُر۔ متعلق فعل) (۱) بے رحمی سے۔ بدمزاجی سے۔ تندی سے (۲) مُشکل سے (۳) تنگی سے۔ تکلیف سے۔
سختی سے پیش آنا (اُر۔ محاورہ) بے رحمی کا برتاؤ کرنا۔ بدسلوکی کرنا۔
سختی سے دِن گزرنا (اُر۔ محاورہ) تکلیف اور بدحالی میں زندگی بسر کرنا۔
سختی کرنا (اُر۔ محاورہ) ستانا۔ ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا۔ تنگ کرنا۔
سختی کی گرہ (اُر۔ا۔مث) بُرا وقت۔ بُرے دِن۔
سختیاں (اُر۔ا۔مث) سختی کی جمع۔
سختیاں (اُٹھانا۔ جھیلنا) کھینچنا (اُر۔ محاورہ) تکلیفیں اُٹھانا۔ مصیبتیں جھیلنا۔
سخن (سَ۔خن) (سُ۔خن) (سُ۔خَن) (ف۔ا۔مذ) (۱) بات۔ گفتگو۔ کلام (۲) قول۔ عہد (۳) شعر (۴) مقولہ (۵) اعتراض۔
سخن آرا (ف۔صف) شیریں زبان۔ فصیح۔ سخن ور۔
سخن پرداز (ف۔صف) شاعر۔ ادیب۔ مُقرّر۔
سخن پرور (ف۔صف) (۱) بات کی پچ کرنے والا (۲) عمدہ گفتگو کرنے والا (۳) شاعر۔ مصنف۔
سخن پروری (ف۔ا۔مث) بات کی پچ۔ ضد۔ ہٹ دھرمی۔
سخن پیرا (ف۔صف) دیکھیے سخن آرا۔
سخن چیں (ف۔صف) (۱) چغل خور۔ اِدھر کی اُدھر کرنے والا (۲) عیب جو۔ بُرائیاں ڈھونڈنے والا۔
سخن چینی (ف۔ا۔مث) (۱) چغلی (۲) عیب نکالنا۔
سخن دان (ف۔صف) (۱) شاعر (۲) زبان دان۔ فصیح و بلیغ (۳) خوش گفتار (۴) مقرّر۔
سخن درمیان میں لانا (اُر۔ محاورہ) گفتگو کے درمیان کچھ اور کہنا۔
سخن دریں اَست (ف۔ مثل) اِس پر اعتراض ہے۔ یہ بات ماننے میں تامّل ہے۔ اِس میں شبہ ہے۔
سخن دینا (اُر۔ محاورہ) قول دینا۔ اقرار کرنا۔
سخن ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مانگنا (۲) سوال کرنا۔ پوچھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سخن ساز (ف۔ صف) چرب زبان۔ باتیں بنانے والا۔ فریبی۔ مکار۔
سخن سازی (ف۔ ا۔ مث) چرب زبانی۔ دُنیا سازی۔ مکاری۔
سخن سَرا۔ دیکھیے سخن دان۔
سخن سنج۔ دیکھیے سخن دان۔
سخن شناس (ف۔ صف) (۱) بات کی تہ کو پہنچنے والا (۲) قدر دانِ سخن۔
سخن شناس نہ اِی دلبرا خطا اینجاست (ف۔ مثل) اے محبوب غلطی تو یہ ہے کہ تو سخن شناس نہیں۔ جب کوئی شخص کسی کے کلام پر اپنی غلط فہمی کی وجہ سے اعتراض کرے تو اُس وقت کہتے ہیں۔
سخن طراز (ف۔ صف) (۱) شاعر (۲) فصیح البیان۔
سخن طرازی (ف۔ ا۔ مث) (۱) شاعری (۲) فصیح تقریر کرنا۔
سخن فہم (ف۔ صف) (۱) بات سمجھنے والا۔ تیز فہم (۲) عاقل۔ دانا (۳) شعر سمجھنے والا۔
سخن فہمی (ف۔ ا۔ مث) (۱) بات کا مطلب سمجھنا (۲) شعر کا صحیح مطلب سمجھنا۔
سخن فہمی عالمِ بالا معلوم شد (ف۔ مقولہ) عالم بالا کی سخن فہمی معلوم ہوگئی۔ جب کوئی قابلیت کے دعوے کے باوجود بات کا مطلب نہ سمجھے تو کہتے ہیں۔
سخن کا پُورا (ار۔ صف) بات کا دھنی۔ قول کا پکّا۔ مستقل مزاج۔
سخن کوتاہ (ف۔ متعلق فعل) قصہ کوتاہ۔ القصہ۔ مختصراً۔
سخن گستر (ف۔ صف) خوش گفتار۔ خوش بیان۔ فصیح و بلیغ (۲) شاعر۔
سخن گسترانہ (ف۔ صف) شاعرانہ۔ چھیڑ چھاڑ کی بات۔ معترضانہ۔
سخن گو (ف۔ صف) شعر کہنے والا۔ شاعر خوش بیان۔
سخن گوئی (ف۔ ا۔ مث) شاعری۔
سخن گوئی مشکل نہیں، سخن فہمی مشکل ہے (ار۔ مثل) شعر کہنا مشکل نہیں، شعر کو سمجھنا مشکل ہے۔
سخن وَر (ف۔ صف) دیکھیے سخن دان۔
سخن وری (ف۔ ا۔ مث) (۱) شاعری (۲) فصاحت و بلاغت۔
سَخی (س۔ خی) (ع۔ صف) (۱) فیاض۔ مخیر۔ کریم۔ دریا دل۔ فراخ حوصلہ (۲) لوگوں کے ساتھ سلوک کرنے والا۔ کریم النفس۔
سخی داتا (ار۔ صف) بہت فیاض۔
سخی شوم سال بھر میں برابر ہو جاتے ہیں (ار۔ مثل) سخی کے پاس جو کچھ ہوتا ہے وہ سال بھر کے اندر اندر اوروں کو بانٹ دیتا ہے۔ شوم جوڑ جوڑ کر رکھتا ہے مگر اُس کا مال بھی نہیں بچتا۔
سخی سے شوم بھلا جو تُرت دے جواب (ار۔ مثل) انتظار میں رکھنے سے انکار کر دینا بہتر ہے۔
سخی کا خزانہ کبھی خالی نہیں ہوتا (ار۔ مقولہ) سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے۔
سخی کا سر بلند، مُوذی کی گور تنگ (ار۔ مقولہ) فیاض کی ہمیشہ عزت ہوتی ہے اور موذی ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے۔
سخی کی کمائی میں سب کا ساجھا (ار۔ مثل) سخی سب کو دیتا ہے۔
سخی کے مال پر پڑے، شوم کی جان پر (ار۔ مثل) سخاوت کرنے والے پر بلا آتی ہے تو مالی نقصان پر ٹل جاتی ہے، مگر کنجوس کی جان لے کر ٹلتی ہے۔
سَخیف (س۔ خیف) (ع۔ صف) (۱) کم فہم (۲) بے ہودہ (۳) جلد باز۔

س ۔ د

سَدّ (بفتحہ اوّل و تشدید دوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) اوٹ۔ دیوار۔ پردہ۔ رُکاوٹ۔ دو چیزوں کے درمیان روک (۲) ممانعت۔ روکنا۔
سدِّ باب (ع۔ ا۔ مذ) قطعاً روک دینا۔ قطعی ممانعت۔
سدِّ راہ ہونا (ار۔ محاورہ) روک بننا۔ حائل ہونا۔ مزاحم ہونا۔ مانع آنا۔
سدِّ رمق (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) جان بچانا۔ اتنا کھانا کہ زندگی قائم رہ سکے (۲) (صف) قلیل۔ تھوڑی۔
سدِّ سکندر (سدِّ یاجوج) (ع۔ ا۔ مذ) کانسی کی وہ دیوار جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ سکندر بادشاہ نے تاتار اور چین کے درمیان بنائی تھی۔
سَدا (س۔ دا) (س۔ متعلق فعل) ہمیشہ۔ دائم۔ مُدام۔ ہر وقت۔ لگاتار۔ مسلسل۔
سدا برت (ھ۔ ا۔ مذ) لنگر۔ اناج یا روٹیوں کی روزانہ خیرات۔
سدا بہار (ار۔ صف) ہمیشہ سرسبز رہنے والا۔
سدا پھل (ھ۔ صف و ا۔ مذ) (۱) وہ درخت جس میں ہمیشہ پھل آئیں۔ ہر سال برابر پھل لانے والا درخت (۳) ایک روایتی پھل جس کے کھا لینے سے عمر طویل ہو جاتی ہے۔
سدا دن ایک سے نہیں رہتے (ار۔ مثل) زمانہ بدلتا رہتا ہے کبھی دُکھ کبھی سُکھ۔
سدا دَور دَورہ یہ رہتا نہیں۔ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (ار۔ مثل) موقع ملنے پر فائدہ اُٹھانا چاہیے۔
سدا رہے نام اللہ کا (ار۔ مثل) دُنیا کی تمام چیزیں فنا ہو جانے والی ہیں۔ صرف اللہ کی ذات ہی ہمیشہ رہنے والی ہے۔
سدا سُہاگ (سدا سُہاگن) (ھ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی چڑیا (۲) درویشوں کا ایک فرقہ جو عورتوں کی طرح رنگین کپڑے اور چوڑیاں پہنتا ہے (۳) بیسوا۔ قحبہ (۴) وہ عورت جس کا شوہر ہمیشہ اُس کے پاس رہے (۵) ایک قسم کا پھول۔
سدا کا روگی (ھ۔ صف) وہ جو ہمیشہ بیمار رہتا ہو۔ دائم المرض۔
سدا کسی کی نہیں رہتی (ار۔ مثل) ہر شخص کے حالات میں تبدیلی ضرور ہوتی ہے۔ زمانہ ہمیشہ موافق نہیں رہا کرتا۔
سدا کے دُکھیا بختاور نام (ار۔ مثل) (۱) ظاہر میں حالت اچھی مگر اصل میں خراب (۲) ناموزوں نام۔ برعکس نہند نامِ زنگی کافور۔
سدا گلاب (ھ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سُرخ گلاب جو بارہ مہینے کھلتا ہے۔
سدا ناؤ کاغذ کی چلتی نہیں (ار۔ مثل) دھوکا یا فریب ہر بار کامیاب نہیں ہوا کرتا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سُداب (سُ۔داب)(ف۔ا۔مذ) اِسپند۔ کالا دانہ (۲) قوت۔ طاقت۔

سِدْرَہ (سِد۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) بیری کا درخت۔

سِدْرَۃُ المُنتہیٰ (سِد۔رَ۔تُل۔مُن۔تَ۔ہا) (ع۔ا۔مذ) مسلمانوں کے عقیدے میں بیری کا وہ درخت جو ساتویں آسمان پر ہے اور جس سے آگے کوئی نہیں جا سکتا۔ حضرت جبریلؑ کا مقام۔

سِدرہ نشین (ع۔ف۔صف) حضرت جبریلؑ۔

سُدُس (سُدْس) (سُ۔دُس)(سُدْس)(ع۔صف) چھٹا حصہ۔ ۱/۶۔

سُدُمُدرا (ق۔صف) خوب صورت۔ سُندر۔

سُدَمنا (سُ۔دَم۔نا)(ق۔مص) خبردار ہونا۔ چوکس ہونا۔

سُدَمُنا (سُد۔مُ۔نا)(ق۔صف) خوش وضع۔ اچھی وضع قطع کا۔

سُدَنگ (سُ۔دَنگ)(ق۔صف) خوش شکل۔ خوش وضع (۲) سیدھا۔

سِدھ (بکسرِ اوّل و بسکونِ دوم)(س۔صف) (۱) ثابت۔ تصدیق شدہ۔ کامل۔ مکمل (۲) منجھا کار۔ ماہر (۳) تیار کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔ آراستہ۔ سجا ہوا (۴) عالم فاضل (۵) ولی۔ عابد۔ عارف۔ بھگت۔ دھرماتما۔ سادھو (۶) گناہ سے پاک (۷) صحیح۔ تندرست (۸) قانونی (۹) غیب دان۔ سیانا۔ ساحر (۱۰) فنا فی اللہ (۱۱) تابع۔ جادو کے زور سے قابو میں کیا ہوا (۱۲) کامیاب (۱۳) نورانی۔ چمک دار (۱۴) اعجازی۔ کراماتی۔

سِدھ کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) پورا کرنا۔ انجام تک پہنچانا (۲) جادو کے زور سے قابو میں کرنا (۳) پاک کرنا (۴) بنیاد ڈالنا (۵) کامیابی حاصل کرنا (۶) ثابت کرنا۔

سُدھ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم)(ہ۔ا۔مث) (۱) حافظہ۔ یادداشت (۲) خبر۔ آگاہی۔ علم۔ واقفیت (۳) سمجھ۔ عقل۔ خیال (۴) چوکس رہنا (۵) توجہ۔ غور و فکر (۶) لحاظ۔ پروا۔ فکر (۷) حواس (۸)(صف) سڈول۔ موزوں (۹) خالص۔ پاک۔

سُدھ بُدھ (ہ۔ا۔مث) (۱) عقل و شعور۔ ہوش و آگاہی۔ حواس (۲) خبر گیری۔

سُدھ بُدھ رکھنا (اُر۔محاورہ) (۱) خیال رکھنا۔ خبر گیری کرنا (۲) یاد رکھنا۔ ذہن میں رکھنا۔

سُدھ بُدھ لینا (اُر۔محاورہ) خبر گیری کرنا۔ چوکسی کرنا۔

سُدھ بُدھ نہ رہنا (اُر۔محاورہ) (۱) خبر نہ رہنا (۲) ہوش نہ رہنا (۳) خیال نہ رہنا۔ توجہ نہ رہنا۔

سُدھ بِسرنا (بھولنا) (اُر۔محاورہ) (۱) بے ہوش ہو جانا (۲) عقل زائل ہو جانا (۳) بدحواس ہو جانا۔

سُدھ رکھنا (اُر۔محاورہ) (۱) دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا (۲) یاد رکھنا۔

سُدھ لینا (اُر۔محاورہ) (۱) خبر لینا (۲) دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا۔

سُدھ نہ ہونا (اُر۔محاورہ) خیال نہ ہونا۔ دھیان نہ ہونا۔

سُدَّہ (سُد۔دَہ)(ع۔ا۔مذ) (۱) غلیظ مواد کی گانٹھ جو انتڑیوں یا رگوں میں اٹک جائے (۲) ڈیوڑھی۔ دہلیز۔ اُردو جمع: سُدّھوں۔ سُدّے۔

سُدھا (سُ۔دھا)(ہ۔صف) سدھا ہوا۔ تربیت دیا گیا۔

سدھا سدھایا (ہ۔صف) دُرست کیا ہوا۔ مانوس کیا ہوا۔ تربیت یافتہ۔

سُدھار (سُ۔دھار)(ہ۔ا۔مذ) اِصلاح۔ دُرستی۔ بہتری۔

سُدھارنا (سُ۔دھار۔نا)(ہ۔مص)(۱) سنوارنا۔ دُرست کرنا۔ اِصلاح کرنا۔ خرابی دُور کرنا (۲) سزا دینا۔ ٹھیک بنانا۔

سِدھارنا (سِ۔دھار۔نا)(ہ۔مص) جانا۔ رُخصت ہونا۔ روانہ ہونا (۲) مر جانا۔

سِدھارو (ہ۔صیغۂ اَمر) (۱) رُخصت ہو! (۲) چلو۔ آگے جاؤ! (بے تکلّفی طنز یا نفرت سے کہتے ہیں)۔

سُدھانا (سُ۔دھا۔نا)(ہ۔مص) (۱) سکھانا۔ تربیت دینا (۲) جانور کو مانوس کرنا۔ کسی راستے پر ڈالنا۔

سُدھرنا (سُ۔دَھر۔نا)(ہ۔مص) (۱) دُرست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ صحیح ہونا۔ اِصلاح پانا (۲) راستے پر آنا۔ سیدھا ہو جانا۔

سُدھنا (سُدھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) تربیت پانا (۲) جانور کا مانوس ہونا۔

سُدھنا (سُدھ۔نا)(ہ۔مص) صاف ہونا۔ مَیل دُور ہونا۔

سُدھوانا (سُدھ۔وا۔نا)(ہ۔مص) دُرست کرانا (۲) تربیت دلوانا۔ جانور کو مانوس کرانا۔ سدھانا کا متعدی المتعدی۔

سِدھی (سِدھ۔دھی)(ہ۔ا۔مث) (۱) تکمیل (۲) مکمل صفائی (۳) کامیابی۔

سُدھی (سُد۔دھی)(ہ۔ا۔مث) یادداشت۔ حافظہ۔

سُدِی (سُ۔دی)(س۔ا۔مث) (۱) اُترتے چاند کا وقت۔ قمری مہینے کا دُوسرا حصّہ۔ چاند کے مہینے کا دُوسرا پندرھواڑہ۔

سُدیش (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے سُودیش۔

سُدیشی (سُ۔دے۔شی)(ہ۔صف) دیکھیے سُودیشی۔

س۔ڈ

سُڈول (سُ۔ڈول)(ہ۔صف) خوش وضع۔ خوب صورت۔ خوش نُما۔ متناسب۔ زیبا۔ موزوں۔

سُڈھال (سُ۔ڈھال)(ہ۔صف) خوبصورت۔ خوش وضع۔ سڈول۔

سُڈھور (سُڈھورا) (سُ۔ڈھور) (سُ۔ڈھو۔را) (ہ۔ا۔مذ) سات طرح کا پکوان جو دُلہن کے پہلے حمل کے ساتویں مہینے پر اُس کے میکے سے آتا ہے۔ اِس کے ساتھ جو ترکاریاں ہوتی ہیں اُن سے دُلہن کی گود بھری جاتی ہے۔

س۔ر

سَر (بفتحِ اوّل)(ف۔ا۔مذ) (۱) سِر۔ کھوپڑی (۲) کسی چیز کا اُوپر کا حصّہ۔ چوٹی (۳) ابتدا (۴) فکر۔ خیال (۵) زور۔ قوت (۶) سردار (۷) خُلاصہ (۸) خواہش۔ اِرادہ (۹) کنارہ (۱۰) عنوان (۱۱) عشق (۱۲) دماغ (۱۳) برابر۔ بالکل (ق)۔ اُردو جمع: سَرے۔ سَروں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سرآغاز (ف۔ا۔مذ) عبارت کی پیشانی۔ عنوان۔
سرآور (ف۔صف)(۱) برگزیدہ۔ برتر (۲) حاکم۔ سردار۔
سرِاجلاس (ف۔متعلق فعل) بھری کچہری میں۔ حاکم کے رُوبرُو۔
سرافراز (فراز) (ف۔صف) معزز۔ عالی مرتبہ۔
سرافگندہ (ف۔صف) (۱) سر نیچے کئے یا جُھکائے ہوئے (۲) پریشان (۳) شرمندہ۔
سرانجام (ف۔ا۔مذ) (۱) اِنتظام۔ بندوبست (۲) تکمیل (۳) نتیجہ۔ خاتمہ۔ اِختتام۔
سرِانگشت (ف۔ا۔مذ) اُنگلی کا سِرا۔ اُنگلی کا اُوپر کا حِصّہ۔
سربار (ف۔ا۔مذ) (دفتری اِصطلاح) وہ رقم جو قابلِ محصول چیزوں کا حساب پیش نہ کرنے پر بطور جرمانہ وصول کی جائے (۲) جرمانہ (۳) گٹھڑی جو بوجھ کے اُوپر رکھی جائے۔
سرباز (ف۔صف)(۱) جان پر کھیلنے والا۔ بہادُر (۲) جنگ جو۔
سرِبازار (ف۔متعلق فعل) (۱) بازار میں۔ شاہ راہِ عام پر۔ منظرِ عام پر (۲) سب کے سامنے۔ علانیہ۔
سربازی (ف۔ا۔مث) بہادُری۔ شجاعت۔ جان پر کھیلنا۔
سرِبالیں (ف۔متعلق فعل) سرہانے۔
سرِبام (ف۔متعلق فعل) کوٹھے پر۔ بالاخانے پر۔ لبِ بام۔
سربرآوردہ (ف۔صف)(۱) بڑا۔ بُزرگ۔ معزز۔ نمایاں (۲) سردار۔ افسر۔
سربراہ (ف۔صف) منتظم۔ مہتمم۔ جمع: سربراہان۔
سربراہی (ف۔ا۔مث) اِہتمام۔ اِنتظام۔
سربرہنہ (ف۔صف) ننگے سَر۔
سربُریدہ (ف۔صف) سَر کٹا ہوا۔
سربزانو (بہ۔زانُو) (ف۔صف) (۱) سَر زانو پر رکھے ہوئے۔ سوچ میں۔ متفکر (۲) نادم۔ شرمندہ۔
سربستہ (ف۔صف)(۱) ملفوف (۲) چُھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
سربسر (ف۔متعلق فعل) (۱) سراسر۔ اِس سِرے سے اُس سِرے تک۔ کُل۔ تمام (۲) یکساں۔ برابر۔
سربہ صحرا (ف۔صف) دیوانہ وار۔ وحشیانہ۔
سربہ فلک (ف۔صف) بہت اُونچا یا اُونچی۔
سربکف (بہ۔کف)(ف۔صف) سَر ہتھیلی پر رکھے ہوئے۔ جان دینے پر آمادہ۔
سربگریباں (بہ۔گریباں)(ف۔صف) (۱) سوچ بچار کی حالت میں (۲) نادم۔ شرمندہ۔
سربلند (ف۔صف) معزز۔ عالی مرتبہ۔ مُمتاز۔ سرافراز۔
سربلندی (ف۔ا۔مث) عزّت۔ اِمتیازی شان۔ اِعزاز۔
سربمُہر (بہ۔مُہر)(ف۔صف) بند کر کے مُہر لگایا ہوا۔ جسے سیل کر دیا گیا ہو۔
سربمُہر پیش نہاد (ف۔ا۔مذ)(دفتری اِصطلاح) ٹھیکیدار کا تخمینہ جو سربند لفافے میں ہو۔ (Sealed Tender)۔
سربند (ف۔صف)(۱) مُنہ بند۔ پیک کیا ہوا۔ ڈھکنا بند کیا ہوا۔ مُنہ سِیا ہوا (۲) کوچہ بند (۳) وہ پٹی جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں (۴) راز کی واقفیت (۵) پگڑی۔
سربہ جیب (ف۔صف)(۱) سَر جُھکائے ہوئے۔ سوچ میں (۲) اَفسردگی کی حالت میں۔
سرپاؤ (ف۔ا۔مذ)(۱) سراپا (۲) خلعت۔ لباس۔
سرپرست (ف۔صف۔و۔ا۔مذ) مُربیّ۔ مددگار (۲) گارڈین۔ وہ شخص جو قانونی طور پر کسی نابالغ بچّے کی نگہداشت اور اُس کی جائیداد کی دیکھ بھال کا مختار ہو۔
سرپرستی (ف۔ا۔مث) امداد۔ حمایت۔
سرِپستاں (ف۔ا۔مذ) چھاتی کی گھنڈی۔ چھاتی کا مُنہ۔ چوچی۔
سرپوش (ف۔ا۔مذ)(۱) وہ کپڑا جو خوان پر ڈالتے ہیں (۲) ڈھکنا۔ چپنی۔
سرپیچ (ف۔ا۔مذ)(۱) پگڑی (۲) پگڑی کے اُوپر کا چھوٹا سا کپڑا (۳) ایک قسم کا زیور جو پگڑی پر باندھتے ہیں۔
سرتابی (ف۔ا۔مث) سرکشی۔ نافرمانی۔ حُکم عدولی۔ بغاوت۔
سرتاپا (ف۔متعلق فعل) سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔
سرتاج (ف۔ا۔مذ)(۱) آقا۔ مالک (۲) خاوند۔ شوہر۔
سرتاسر (ف۔متعلق فعل) ایک سِرے سے دُوسرے سِرے تک۔ سارے کا سارا۔ پُورا۔ تمام۔
سرتاقدم (ف۔متعلق فعل) سَر سے پاؤں تک۔ پُورے کا پُورا۔
سرِتسلیم خم کرنا (ا۔ر۔محاورہ) حُکم ماننا۔ راضی برضا ہونا۔
سرچشمہ (ف۔ا۔مذ) سوتا۔ منبع۔ پانی کے نکلنے کی جگہ۔
سرچنگ (ف۔ا۔مث) ہاتھ کی ضرب جو پُوری قوت سے ماری جائے۔
سرحد (ف۔ا۔مث) حدِّ فاصل۔ کنارہ۔ اِنتہا۔ حد۔ بارڈر۔
سرخط (ف۔ا۔مذ)(۱) قبالہ۔ بیع نامہ (۲) کرایہ نامہ (۳) وہ کاغذ جس پر مُلازمت کی تاریخ اور یادداشت لکھتے ہیں۔
سرخوش (ف۔صف)(۱) خوش حال۔ مسرور۔ مگن (۲) شراب سے مست۔
سرخوشی (ف۔ا۔مث)(۱) خوش حالی۔ مسرّت کی کیفیت (۲) شراب کا سرور۔
سرخیل (ف۔صف) سرگروہ۔ سرغنہ۔ اَفسر۔ سردار۔
سردار (ف۔ا۔مذ) سرگروہ۔ سرغنہ۔ اَفسر۔
سرداری (ف۔ا۔مث) اَفسری۔ حکومت۔
سرداری کا ڈنڈا اٹکا ہے (ا۔ر۔مثل) بڑے عُہدے پر رہنے کے بعد چھوٹا عُہدہ قبول نہ کرنے والے پر طنز۔
سرِدربار (ف۔متعلق فعل) دربار میں۔ کُھلّم کُھلا۔
سر درکنار (ف۔صف) چُپ۔ خاموش۔
سر درگریباں (ف۔صف) دیکھئے سربگریباں۔
سر درہوا (ف۔صف) مغرور۔ متکبّر۔
سرِدَست (ف۔متعلق فعل)(۱) ابھی۔ اِس وقت۔ فی الحال۔ بالفعل (۲) فوراً۔
سرِدفتر (ف۔ا۔مذ) دفتر کا افسر۔ ہیڈ کلرک۔ میر منشی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سرِراہ (راہے) (ف۔متعلق فعل) راہ میں۔ سڑک پر۔ راستے میں۔
سر رِشتہ (ف۔ا۔مذ) (۱) تدبیر۔ چارۂ کار (۲) معاملہ۔ مطلب۔ مقصود (۳) محکمہ۔ ڈیپارٹمنٹ۔ دفتر۔ کچہری (۴) دستور۔ رواج۔
سر رشتہ دار (ف۔صف) میر منشی۔ ہیڈ کلرک۔
سر رشتہ داری (ف۔ا۔مث) میر منشی کا عُہدہ۔
سر رشتۂ مال (ف۔ا۔مذ) زمین کا محصول وصول کرنے والا محکمہ۔
سرِ رُو (ف۔ا۔مث) وہ رگ جس کی فصد کھولنے سے سر اور چہرے کا خون نکلتا ہے۔
سرزد ہونا (ا۔مص مُرکّب) (۱) واقع ہونا۔ صادر ہونا۔ ظاہر ہونا (۲) عمل میں آنا۔
سرزمین (ف۔ا۔مث) (۱) خِطّہ۔ مُلک (۲) زمین کی سطح۔
سرزنش (ف۔ا۔مث) ملامت۔ بُرا بھلا کہنا۔
سرزنی (ف۔ا۔مث) سر مارنا۔ کوشش کرنا۔
سرزور (ف۔صف) سرکش۔ نافرمان۔ باغی۔ ہٹیلا۔
سرزوری (ف۔ا۔مث) سرکشی۔ بغاوت۔
سرسبز (ف۔صف) (۱) تر و تازہ۔ ہرا بھرا۔ شاداب (۲) خوش حال۔
سرسبز ہونا (ا۔محاورہ) (۱) تر و تازہ ہونا (۲) خوش و خرم ہونا۔ خوش حال ہونا۔
سرشار (ف۔صف) (۱) چھلکتا ہوا۔ لبریز۔ لبالب (۲) نشے میں چوُر۔
سرشاری (ف۔ا۔مث) سرشار کا اِسمِ کیفیت۔ لبریز ہونا۔ نشے میں چوُر ہونے کی حالت۔
سرِشام (ف۔متعلق فعل) شام ہوتے وقت۔ سُورج چھپتے وقت۔
سرِعسکر (ف۔ا۔مذ) فیلڈ مارشل۔ کمانڈر انچیف۔
سرِغزل (ف۔ا۔مذ) دیوان کی بہترین غزل (۲) غزل کا مطلع۔
سرغنہ (ف۔ا۔مذ) سرگروہ۔ سردار۔
سر فدا کرنا (ا۔محاورہ) جان قربان کرنا۔
سرفراز (ف۔صف) ممتاز۔ سربلند۔ معزّز۔ نیز دیکھیے سرافراز۔
سرفراز کرنا (ا۔محاورہ) عزّت افزائی کرنا۔ درجہ بڑھانا۔
سرفروش (ف۔صف) جاں باز۔ دلیر۔
سرفروشی (ف۔ا۔مث) جاں بازی۔ دلیری۔
سرقلم کرنا (ا۔محاورہ) سر کاٹنا۔ گردن مارنا۔
سرکردگی (ف۔ا۔مث) سرداری۔ قیادت۔
سرکردہ (ف۔صف) (۱) ممتاز۔ معزّز۔ نمایاں (۲) حاکم۔ اَفسر۔
سر کرنا (ا۔محاورہ) (۱) فتح کرنا۔ جیتنا (۲) زبردستی دینا (۳) چوٹی گوندھنا (۴) فیر کرنا۔ بندوق چلانا یا داغنا (۵) مکمل کرنا (۶) (گنجفے یا تاش میں) بڑا پتّا ڈال کر پتّے اُٹھانا۔
سرکش (ف۔صف) (۱) نافرمان (۲) باغی (۳) مغرور (۴) بے وفا۔
سرکشی (ف۔ا۔مث) (۱) نافرمانی (۲) بغاوت (۳) بے وفائی۔
سرکوبی (ف۔ا۔مث) سر کچلنا۔ سزا دینا۔

سرِکوہ (بہ اضافت) (ف۔ا۔مذ) پہاڑ کی چوٹی۔ قلّۂ کوہ۔
سرگذشت (ف۔ا۔مث) (۱) ماجرا۔ واردات۔ کیفیت (۲) حال۔ احوال۔ قِصّہ۔ داستان۔ حکایت (۳) سوانح عُمری۔ تذکرہ۔
سرگراں (ف۔صف) (۱) خفا۔ ناراض۔ برہم۔ کھچا ہوا (۲) جو نشے کے خمار میں ہو۔
سرگرانی (ف۔ا۔مث) (۱) خفگی۔ ناراضی۔ برہمی۔ کشیدگی۔ رنجیدگی (۲) خمار۔ دردِ سَر (۳) اَفسردگی۔
سرگرداں (ف۔صف) (۱) حیران و پریشان (۲) آوارہ۔
سرگردانی (ف۔ا۔مث) (۱) حیرانی و پریشانی (۲) آوارگی۔
سرگرم (ف۔صف) (۱) مُستعد (۲) پُر جوش (۳) محنتی۔ کوشش کرنے والا۔
سرگرمی (ف۔ا۔مث) (۱) کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔ محنت (۲) مُستعدی۔
سرگروہ (ف۔ا۔مذ) (۱) سردار۔ سرخیل (۲) سرغنہ۔
سر گریبان میں ڈالنا (ا۔محاورہ) شرمندہ ہونا۔ پریشان ہونا۔
سرگزار (ف۔صف) جاں باز۔ جان دینے والا۔
سرگشتگی (گش۔ت۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) حیرانی۔ پریشانی (۲) مُصیبت۔ آفت۔ نحوست۔ بلا۔
سرگشتہ (ف۔صف) حیران۔ پریشان (۲) آوارہ۔ بھٹکا ہوا۔ بہکا ہوا۔
سرگوشی (ف۔ا۔مث) کانا پھوسی۔ کان میں بات کہنا (۲) چغلی۔ غیبت۔ اُردو جمع: سرگوشیاں۔ سرگوشیوں۔
سرِلشکر (ف۔ا۔مذ) جرنیل۔ لشکر کا سردار۔
سرِلوح (ف۔ا۔مذ) نقش و نگار جو کتاب کے پہلے صفحے پر بسم اللہ کی جگہ بنائے جاتے ہیں۔
سرِمحفل (ف۔متعلق فعل) مجلس کے رُوبرُو۔ سب کے سامنے۔
سرمست (ف۔صف) متوالا۔ مدہوش۔ نشے میں چوُر۔
سرمغزی (ف۔ا۔مث) بک بک۔ مغززنی۔ مغز مارنا۔
سرِمُو (ف۔ا۔مذ) بال کی نوک۔ ذرا سا۔ رائی برابر۔
سرنام (ف۔صف) (۱) مشہور۔ نامور (۲) ممتاز۔
سرنام کرنا (ا۔محاورہ) مشہور کرنا۔ منادی کرنا۔
سرنامہ (ف۔ا۔مذ) (۱) خط کی پیشانی (۲) مکتوب اِلیہ کا پتا اور نشان جو خط پر لکھا جائے۔ اُردو جمع: سرناموں۔ سرنامے۔
سرنگوں (ف۔صف) (۱) سر کے بل۔ اوندھا (۲) شرمندہ۔ خجل۔
سرنوِشت (ف۔ا۔مث) تقدیر کا لکھا۔ کرم ریکھا۔ مقسوم۔ تقدیر۔ نصیب۔ بھاگ۔
سروپا (ف۔ا۔مذ) (۱) سَر اور پیر (۲) (متعلق فعل) سَر سے پاؤں تک (۳) (ا۔مذ) خلعت۔
سروپا کی خبر نہ ہونا (ا۔محاورہ) بے ہوش ہونا۔ بدحواس ہونا۔
سروَر (ف۔ا۔مذ) سردار۔ حاکم۔ بادشاہ۔
سرورَق (بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مذ) کتاب کا پہلا ورق۔ ٹائٹل پیج۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سر و سامان (ف۔ ا۔ مذ) ضروری اسباب۔ لوازمات۔

سروکار (ف۔ ا۔ مذ) واسطہ۔ تعلق (۲) غرض۔ مطلب (۳) رُجحان۔ جھکاؤ۔ خواہش۔ میل۔

سروکار نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) تعلق یا واسطہ نہ ہونا۔

سرہنگ (ف۔ ا۔ مذ) فوج کا سردار (۲) سپاہی۔ پہلوان۔

سرہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) فتح ہونا (۲) دغنا۔ فیر ہونا (۳) مکمل ہونا (۴) شروع ہونا (۵) دیکھیے سر ہونا۔

سَر (بفتحہ اوّل) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) تاش یا گنجفے کا پتا جو کھیلا جائے (۲) وہ تین یا چار پتے جو جیتنے والا لے جائے (۳) مرتبے میں بڑا پتا مثلاً اکا، بادشاہ وغیرہ (۴) چشمہ۔ تالاب۔ حوض۔ جھیل (۵) ناوک۔ خدنگ۔ تیر۔ بان (۶) پانی۔ آب۔ جل (۷) سرکنڈا۔ نرسل۔

سر بنانا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) پتے جیت کر لے جانا۔

سر چلنا (اَر۔ محاورہ) تاش یا گنجفے کا پتا پھینکنا۔

سَر (Sir) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) (بڑوں کو خطاب کرنے کے لئے) جناب۔ جناب والا (۲) انگلستان کے اُمرا کا لقب (۳) سرکارِ انگریزی کا ایک خطاب۔

سِر (بالکسر) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سَر۔ سیس۔ کھوپڑی۔ چوٹی (۲) ذمہ (۳) مالک۔ آقا۔ سردار (۴) اِبتدا۔ شروع۔ جمع: سِرے۔ سِروں۔

سر آبننا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِلزام آنا (۲) مُصیبت یا آفت آنا۔

سر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بُھوت پریت کا اثر ہونا (۲) سرکٹ کر آنا۔

سر آنکھوں (پر) سے (اَر۔ متعلق فعل) دل و جان سے۔ بڑی خوشی سے (رضا مندی یا اِتفاق رائے ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں)۔

سر آنکھوں پر (بٹھانا) لینا (اَر۔ محاورہ) بہت عزّت اور تکریم کرنا۔ خوب آؤ بھگت کرنا۔

سر اُتارنا (اَر۔ محاورہ) سر کاٹنا۔ گردن اُڑانا۔

سر اُتروانا (اَر۔ محاورہ) سر کٹوانا۔ گردن کٹوانا۔

سر اُٹھا کر چلنا (اَر۔ محاورہ) غرور کرنا۔ اِترانا۔

سر اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر اُوپر کرنا یا اُونچا کرنا (۲) شور کرنا۔ غُل کرنا (۳) سر کو ہٹانا۔ گردن سرکانا (۴) سرکشی یا بغاوت کرنا۔ فساد یا شرانگیزی کرنا (۵) اِترانا۔ غرور کرنا۔ اکڑنا (۶) ضِد یا ہٹ کرنا (۷) مُقابل ہونا۔ برابری کرنا (۸) مُہلت پانا۔

سر اُٹھانے کی فرصت نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بالکل فرصت نہ ملنا۔ نہایت عدیم الفرصت ہونا۔

سر اُٹھانے نہ دینا (اَر۔ محاورہ) ذرا بھی فرصت نہ دینا (۲) بہت شرمندہ کرنا۔

سر (اُڑانا) اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) سر کاٹ ڈالنا۔ گردن کاٹ دینا۔

سر اُلانا (اَر۔ محاورہ) سر اُٹھانا۔ سر اُونچا کرنا۔

سر الگ کرنا (اَر۔ محاورہ) سر کاٹ ڈالنا۔ سر کو جسم سے جُدا کر دینا۔

سر اُونچا کرنا (اَر۔ محاورہ) عزّت بخشنا۔ سُرخ رُو کرنا۔ وقار بڑھانا۔

سر باندھنا (اَر۔ محاورہ) (پٹا بازی کی اِصطلاح) سر کا نشانہ باندھنا (۲) سر کے بالوں میں موباف ڈالنا۔ سر گوندھنا۔ چوٹی کرنا۔

سر بڑا سردار کا پیر بڑا گنوار کا (اَر۔ مثل) بڑے یا عقل مند آدمی کا سر بڑا ہوتا ہے اور گنوار کے پاؤں۔

سر بھاری ہونا (اَر۔ محاورہ) نزلے یا زکام کی وجہ سے سر بوجھل معلوم ہونا۔ دردِ سر ہونا۔ سر گھومنا۔

سر بیچنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جان کو ہلاکت میں ڈالنا (۲) فوج میں بھرتی ہونا۔

سر بیگار ہونا (اَر۔ محاورہ) ناپسندیدہ کام ذمّے ہونا۔

سر پاؤں (اَر۔ ا۔ مذ) سر پیر (۲) اِبتدا اِنتہا (۳) اَتا پتا۔ ٹھکانا۔

سر پاؤں (سر پیر) نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) آغاز اور انجام کا پتا نہ چلنا۔ مُہمل ہونا۔

سر پٹک کے مر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر ٹکرا کے جان دے دینا (۲) اِنتہائی کوشش کے باوجود کامیابی نہ ہونا۔

سر پٹکے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) بے نتیجہ کوشش کرنا۔

سر پٹخنا (پٹکنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سر دے دے مارنا۔ سر پھوڑنا (۲) تلملانا۔ گھبرانا۔ جھنجھلانا (۳) بہت کوشش کرنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا (۴) منّت سماجت کرنا (۵) بہت زیادہ سوچ بچار یا غور و فکر کرنا (۶) تلاش کرنا۔ تجسّس کرنا (۷) بہت افسوس کرنا۔

سر پر (اَر۔ متعلق فعل) (۱) بہت قریب۔ بے حد نزدیک (۲) ذمّے (۳) سر کے اُوپر۔

سر پر آپڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذمّے پڑنا (۲) وارد ہونا۔

سر پر آپہنچنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت قریب آجانا (۲) نزدیک یا سامنے ہی ہونا۔

سر پر آچڑھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آموجود ہونا۔ سر پر سوار ہو جانا (۲) مقابلے کو کھڑا ہو جانا (۳) پیچھے پڑ جانا۔

سر پر (آرا) آرے چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہلاکت میں پڑنا۔ جان پر بننا (۲) ناقابلِ برداشت تکلیف میں مبتلا ہونا۔

سر پر آرے چل گئے تو بھی مدار ہی مدار (اَر۔ مثل) سخت تکلیف اُٹھائی پھر بھی اپنی ہٹ پر قائم رہے۔

سر پر آفت آنا (اَر۔ محاورہ) سخت مُصیبت آنا۔

سر پر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) قریب آنا (۲) کسی جن بُھوت پریت کا سایہ ہونا۔

سر پر آنکھیں نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بے عقل ہونا۔ بے وقوف ہونا۔

سر پر اُٹھا کر لے جانا (اَر۔ محاورہ) مر کر ساتھ لے جانا (۲) سر پر رکھ کر لے جانا۔

سر پر (اُٹھانا) اُٹھا لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) شور کرنا۔ غُل مچانا (۲) شرارت یا فتنہ انگیزی کرنا (۳) تعظیم و تکریم کرنا۔

سر پر (اجل) قضا کھیلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) موت قریب ہونا (۲) شامت آنا۔ نحوست یا بدبختی آنا۔

سر پر اِحسان (دھرنا۔ رکھنا) کرنا (اَر۔ محاورہ) بھلائی کرنا۔ اِحسان مند بنانا۔

سر پر بال ہونا (اَر۔ محاورہ) مجال ہونا۔ سہنے کی طاقت ہونا۔

سر پر بٹھانا (اَر۔ محاورہ) بہت تعظیم و تکریم کرنا۔ بہت عزّت کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سر پر بنّنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت نازل ہونا۔ آفت میں مُبتلا ہونا۔
سر پر بوجھ پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا ممنونِ احسان ہونا (۲) ذمّہ داری پڑنا (۳) فکرمند ہونا۔
سر پر بولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سانپ کے کاٹے ہوئے مدہوش آدمی کا منتر کے زور سے باتیں کرنا (۲) بھوت پریت کا اِنسان کے جسم میں حلول کر کے بولنا۔
سر پر بھوت سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بھوت پریت کا سایہ ہونا (۲) پاگل ہونا (۳) بدحواس ہونا (۴) بہت ناراض ہونا۔ بہت غُصّے ہونا۔
سر پر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جگہ یا گنجائش نہ ہونے کے سبب کسی کے اُوپر چڑھ کر بیٹھنا (۲) اِس طرح بیٹھنا کہ دُوسروں کو بے آرامی ہو (۳) تعظیم و تکریم ہونا۔
سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا (اُر۔ محاورہ) بے تحاشا بھاگنا۔ بہت تیز بھاگنا۔
سر پر پریاں کھیلنا (اُر۔ محاورہ) پریوں کا سایہ ہونا۔
سر پر پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ذمّے ہونا (۲) بلا نازل ہونا۔ مُصیبت آنا (۳) گُورنا۔ بیتنا۔
سر پر پہاڑ گرنا (اُر۔ محاورہ) سخت مُصیبت نازل ہونا۔
سر (سروں) پر تھالی پھرنا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ ہجُوم ہونا۔
سر پر ٹیکا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) عزّت پانا (۲) شُہرت ہونا (۳) کسی کام کا کسی شخص پر اِنحصار ہونا (۴) راج تلک لگایا جانا۔
سر پر جن چڑھنا (سوار ہونا) (اُر۔ محاورہ) (۱) بھوت پریت کا اثر ہونا (۲) نہایت طیش میں بھرا ہونا۔ ضِد پر قائم رہنا۔
سر پر جوتی ہاتھ میں روٹی (اُر۔ مثل) کھانے کو مِل جائے خواہ بے عزّتی ہی کیوں نہ ہو۔
سر پر چڑھا رہنا (اُر۔ محاورہ) پیچھے لگا رہنا۔ غالب رہنا۔
سر پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) عزّت دینے کے لئے سر پر رکھنا (۲) بہت زیادہ مُنہ لگانا۔ حد سے زیادہ خیال رکھنا۔ بہت لاڈ کرنا (۳) گُستاخ بنانا۔ بے اَدب بنانا۔
سر پر چڑھنا (سر چڑھنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) گُستاخ ہونا۔ بے اَدب ہونا (۲) بہت بے تکلّف ہونا (۳) سر پر سوار ہونا (۴) گھمنڈ کرنا۔
سر پر (چلّانا) غُل مچانا (اُر۔ محاورہ) پاس آکر یا قریب کھڑے ہو کر شور کرنا۔
سر پر چھپّر رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بوجھ ڈالنا (۲) اِحسان کے بوجھ تلے دبانا (۳) اِلزام لگانا (۴) کسی کے ذِمّے بہت سا قرضہ ڈال دینا۔
سر پر چھت اُٹھا لینا (اُر۔ محاورہ) بہت شور مچانا۔
سر پر خاک (اُڑانا) ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔ سوگ منانا (۲) بہت افسوس کرنا۔
سر پر خون (چڑھنا) سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) جان لینے پر کمربستہ ہونا۔
سر پر خون لینا (اُر۔ محاورہ) قتل یا خون کا اِلزام اپنے ذِمّے لینا۔
سر پر دستِ شفقت رکھنا (اُر۔ محاورہ) مہربانی کرنا۔ پناہ میں لینا۔
سر پر دھمال ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) سر پر شور و غُل ہونا (۲) بہت سی دِقّتوں کا سامنا ہونا۔
سر پر ڈھول بجنا (اُر۔ محاورہ) بہت قریب شور ہونا۔
سر پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تعظیم کرنا۔ مُقدّس یا قابلِ اِحترام جاننا (۲) ذِمّے ڈالنا (۳) سر پر اُٹھانا۔
سر پر رہنا (اُر۔ محاورہ) نگرانی کرنا۔ ہر وقت پاس رہنا۔
سر پر سایہ (رہنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) سرپرست یا بُزرگ کا زندہ ہونا۔
سر پر سنیچر سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) نحوست پڑنا۔ شامت آنا۔ تقدیر گردش میں آنا۔
سر پر سوار رہنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت ساتھ رہنا۔ مُسلّط رہنا۔
سر پر سہنا (اُر۔ محاورہ) برداشت کرنا۔
سر پر سے صدقے اُتارنا (کرنا۔ وارنا) (اُر۔ محاورہ) قربان کرنا۔
سر پر شیطان سوار ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) غُصّہ چڑھا ہونا (۲) کہانہ ماننا۔ نصیحت کی بات نہ سُننا (۳) کسی بُری حرکت پر کمربستہ ہونا۔ شرارت پر اُدھار کھائے ہونا۔
سر پر عذاب لینا (اُر۔ محاورہ) گُناہ کا کام کرنا۔
سر پر قیامت آنا (ٹوٹنا) (اُر۔ محاورہ) بہت مُصیبت نازل ہونا۔ سخت ظُلم ہونا۔
سر پر کالی ہانڈی رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بدنام ہونا (۲) شرمندگی اُٹھانا۔
سر پر (سے) کفن باندھنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت جان دینے کو تیار رہنا۔
سر پر کودوں دلنا (اُر۔ محاورہ) دُوسرے کو جلانے کے لئے کوئی کام کرنا۔
سر پر کوئی نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بے یار و مددگار ہونا۔ کوئی سرپرست نہ ہونا۔
سر پر کھڑا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت پاس ہونا۔ نہایت قریب ہونا (۲) سامنے موجود ہونا۔
سر پر کھیل جانا (اُر۔ محاورہ) جان کی پروانہ کرنا۔ جان جوکھم کا کام کرنا۔
سر پر (گھر) زمین اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ شور کرنا۔ اُودھم مچانا۔
سر پر لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) ذِمّے لینا (۲) برداشت کرنا۔
سر پر نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) بُزرگ یا سرپرست کا اِنتقال ہو جانا۔
سر پر وبال لینا (اُر۔ محاورہ) اپنے ذِمّے گُناہ لینا۔
سر پر سے وارنا (اُر۔ محاورہ) قربان کرنا۔ صدقے کرنا۔
سر پر ہاتھ پھیر دینا (اُر۔ محاورہ) دھوکا دے کر لُوٹ لینا۔ صفایا کر دینا۔
سر پر ہاتھ پھیرنا (اُر۔ محاورہ) پیار کرنا۔ پُچکارنا۔ تسلّی دینا۔
سر پر ہاتھ دھر کے رونا (سر پکڑ کے رونا) (اُر۔ محاورہ) بہت پچھتانا۔ بہت رَنج کرنا۔
سر پر ہاتھ دھرنا (رکھنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) سرپرستی کرنا۔ حامی و مددگار بننا (۲) کسی کے سر کی قسم کھانا۔
سر پر ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُربّی یا بُزرگ کا زندہ ہونا (۲) حمایت کرنا (۳) ذِمّے ہونا (۴) قریب ہونا۔ نزدیک ہونا۔
سر پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ذِمّے ہونا (۲) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا (۳) حِصّے میں آنا۔
سر پڑے کا سودا (اُر۔ اِ۔ مذ) مجبوری کی بات یا معاملہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سر پکڑ کر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) رنج و غم کی صورت ظاہر کرنا۔ سوگوار بن کر بیٹھنا۔
سر پکڑ کے رونا (اَر۔ محاورہ) شدّت سے رونا۔ سر پہ ہاتھ دھر کے رونا۔
سر پکڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سہارا دینا۔ امداد دینا۔ دست گیری کرنا (۲) تسلّی دینا۔ دلاسا دینا (۳) (دوا کا) سر کو بوجھل کرنا۔ سر جکڑ لینا۔
سر پنچ (ف۔ ا۔ مذ) پنچایت کا سربراہ۔ پنچوں کا سردار۔ صدر۔ میر مجلس۔
سر پھٹا پڑنا (پھٹا جانا) (اَر۔ محاورہ) سر میں شدید درد ہونا۔
سر پھٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر پھوٹنا (۲) سر میں درد ہونا۔
سر پھٹوّل (ہِ۔ تو۔ ذل) لڑائی جھگڑا (۲) ایسی لڑائی جس میں سر پھوٹیں۔
سر پھرا (اَر۔ صف) خبطی۔ مجنون۔ ضدی۔
سر پھرانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بکواس سے اپنے اور سننے والوں کے سروں میں درد کر دینا (۲) مغز مارنا۔ سمجھانا۔
سر پھرا ہے (اَر۔ محاورہ) خبطی ہے۔ پاگل ہے۔
سر (پھرنا) پھر جانا (اَر۔ محاورہ) دیوانہ ہو جانا۔
سر پھوٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر کا زخمی ہونا (۲) مار کھائی ہونا۔
سر پھوڑ کر (چیر کر۔ توڑ کر) لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) زبردستی لینا (۲) ذرا دھمکا کر وصول کرنا۔
سر پھوڑنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) سر کے ٹکڑے کرنا (۲) سر دے دے مارنا (۳) لڑ جھگڑ کر سر زخمی کرنا (۴) (محاورہ) بے فائدہ یا لاحاصل کام کرنا۔
سر پھیرنا (اَر۔ محاورہ) کہا نہ ماننا۔ حکم عدولی کرنا۔
سر پیٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ماتم کرنا (۲) غصّے میں آکر سر پر دوہتڑ مارنا (۳) بے حد افسوس کرنا۔ تلملانا۔
سر پیر نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بات کا بے معنی یا مُہمل ہونا۔
سر توڑنا (اَر۔ مص مُرکّب) سر پھوڑنا۔
سر توڑ کر لینا (اَر۔ محاورہ) زبردستی لینا۔ ذرا دھمکا کر لینا۔
سر توڑ کوشش کرنا (اَر۔ محاورہ) بہت سخت کوشش کرنا۔ بے حد مشقت کرنا۔
سر تو نہیں کھجاتا؟ (اَر۔ محاورہ) مار کھانے کو دل تو نہیں چاہتا؟
سر تھام لینا (اَر۔ محاورہ) بڑی خبر سُن کر اپنا سر پکڑ لینا۔ بہت رنجیدہ ہونا۔
سر تھکانا (اَر۔ محاورہ) بہت سمجھانا۔ بہت مغز ماری کرنا۔
سر تھوپنا (اَر۔ محاورہ) (۱) الزام لگانا (۲) ذمّے ڈالنا۔
سر ٹکراتے پھرنا (اَر۔ محاورہ) حیران و پریشان پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔
سر ٹکرانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر دے دے مارنا (۲) سجدے کرنا (۳) جاں فشانی کے ساتھ کوشش کرنا۔ بہت جستجو کرنا۔
سر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) قتل ہونا۔ مارا جانا (۲) الزام آنا (۳) ذمّے آنا۔ (کھیل میں) پتا ہر جانا۔
سر جائے بات میں فرق نہ آئے (اَر۔ مقولہ) جان دے کر بھی عہد پورا کرنا چاہیے۔
سر جوڑ کر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) مِل کر بیٹھنا (۲) مشورے کے لئے اکٹھے ہونا۔
سر جھاڑ مُنہ پہاڑ (اَر۔ صف) بھیانک صورت میں۔ وحشیانہ صورت میں۔

عورت کا سنگار نہ کرنا۔
سر جھاڑنا (اَر۔ محاورہ) کنگھی کرنا۔
سر جُھکانا (اَر۔ محاورہ) (۱) اطاعت کرنا۔ فرماں برداری کرنا (۲) شرمندہ ہونا۔ غیرت محسوس کرنا (۳) عاجزی ظاہر کرنا۔
سر جُھکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مغلوب ہونا۔ دبنا (۲) ممنون ہونا (۳) شرمندگی کے باعث گردن نیچی ہونا۔
سر چپیکنا (اَر۔ محاورہ) ذمّے ڈالنا۔ سر منڈھنا۔
سر چڑھا (اَر۔ صف۔ مذ) (۱) لاڈلا۔ مُنہ لگا (۲) گستاخ۔ بے ادب۔
سر چڑھانا (اَر۔ محاورہ) بہت مُنہ لگانا۔ بہت زیادہ لاڈ کرنا۔
سر چڑھ کر (اَر۔ متعلق فعل) (۱) سر پر کھڑے ہو کر (۲) ذمّے پڑ کر (۳) ضد کر کے۔ بالاصرار (۴) اَز خود ظاہر ہو کر۔
سر چڑھ (کر) کے بولنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بھوت پریت کا سر پہ آکر کھیلنا (۲) کسی بات کا اثر اَز خود ظاہر ہونا۔ چھپائے نہ چھپنا۔
سر چڑھ کے مرنا (اَر۔ محاورہ) اپنے مرنے کی ذمّے داری دُوسرے پر ڈالنا۔
سر چڑھا کر (کے) پٹکنا (اَر۔ محاورہ) عزّت دے کر ذلیل کرنا۔
سر چڑھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بے تکلّف ہونا۔ مُنہ لگنا (۲) گستاخ ہونا۔ بے ادب ہونا (۳) مُقابلہ کرنا۔ برابری کرنا (۴) قرضہ ذمّے ہو جانا۔
سر (چکٹ جانا) چکٹنا (اَر۔ مص مُرکّب) میل کی وجہ سے بالوں کا ایک دُوسرے سے چپٹ جانا۔
سر چکرانا (اَر۔ محاورہ) سر گھومنا۔
سر چوٹ (اَر۔ صف) ناگوار۔ خلافِ مرضی۔
سر چیرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ضد کرنا۔ اَڑنا۔ ہٹ کرنا (۲) لڑائی جھگڑا کرنا (۳) مرنے مارنے پر کمربستہ ہونا (۴) سر پھوڑنا۔
سر حاضر ہے (اَر۔ محاورہ) جان حاضر ہے۔ جان دینے میں عذر نہیں۔
سر خالی کرنا (اَر۔ محاورہ) بک بک کر کے دماغ تھکا دینا۔
سر دِکھانا (اَر۔ محاورہ) سر میں سے جوئیں نکلوانا۔
سر دُکھانا (اَر۔ محاورہ) سر میں درد پیدا کر دینا۔
سر دُکھنا (اَر۔ محاورہ) سر میں درد ہونا۔
سر دَھرا (ف۔ صف) (۱) بڑا بوڑھا۔ بُزرگ۔ سرپرست۔ ولی۔ وارث (۲) آقا۔ افسر۔ سردار۔ مالک۔ سرکردہ۔
سر دَھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذمّے دار گردانا (۲) الزام لگانا۔
سر دُھننا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر کو دے دے مارنا۔ سر پیٹنا (۲) افسوس کرنا۔ تلملانا (۳) ماتم کرنا (۴) مزے میں آکر جھومنا یا سر ہلانا۔
سر دینا (اَر۔ محاورہ) جان دینا۔ سر قربان کرنا۔
سر ڈالنا (اَر۔ محاورہ) ذمّے لگانا۔
سر ڈوب (اَر۔ صف) سر سے اُونچا پانی۔ اتنا گہرا پانی کہ سر ڈوب جائے۔
سر ڈھانکنا (ڈھانپنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سر پر کپڑا ڈالنا (۲) (طوائفوں کی اِصطلاح) باکرہ عورت سے مجامعت کرنا۔
سر رنگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر کو زخمی کرنا۔ سر سے خون نکالنا (۲) سر میں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خضاب لگانا۔

سر رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر بچ جانا۔ جان سلامت رہنا (۲) کسی کام سے لگے رہنا۔ کوشش کرتے رہنا۔ پیچھے پڑے رہنا (۳) ذِمّے ہونا۔

سر زانو پر دھرا ہونا (اَر۔ محاورہ) غم و اندوہ کا عالم ہونا۔

سر زوری (اَر۔ اِ۔ مث) سرکشی۔ نافرمانی۔

سر سجدے میں من بدیوں میں (اَر۔ مثل) ظاہر نیک باطن خراب۔ ظاہر میں اچھا اندر خانے بُرا۔

سر سفید کرنا (اَر۔ محاورہ) بوڑھا ہونا۔ تجربہ کار ہونا۔

سر سفید ہونا (اَر۔ محاورہ) بالوں کا پک جانا۔ بُڑھاپا آ جانا۔

سر سلامت ہونا (اَر۔ محاورہ) زندہ ہونا۔

سر سہرا ہونا (اَر۔ محاورہ) عزّت یا سرداری کا نشان ہونا۔ کسی اچھی بات کا کسی شخص پر منحصر ہونا۔

سر سہلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیار سے سر پر آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا (۲) تعریف کرنا۔ خوشامد کرنا۔

سر سہلانا بھیجا کھانا (**سر سہلائے بھیجا کھائے**) (اَر۔ مثل) تعریفیں کر کر کے مال اُڑانا (۲) دوست بن کر نقصان پہنچانا۔

سر سے اُتارنا (اَر۔ محاورہ) وارنا۔ صدقے کرنا (۲) آسیب دُور کرنا۔

سر سے بلا ٹالنا (اَر۔ محاورہ) آئی ہوئی مُصیبت دُور کرنا۔ بے دلی سے کوئی کام کرنا۔ مجبوری سے کوئی کام کرنا۔

سر سے بوجھ (اُتارنا) ٹالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) قرضہ اُتارنا (۲) بیٹے یا بیٹی کی شادی سے فارغ ہو جانا (۳) بے دلی سے کام کرنا۔ دفعُ الوقت کرنا۔

سر سے بوجھ باندھنا (اَر۔ محاورہ) خواہ مخواہ کا خرچ اپنے ذِمّے لے لینا۔ منّت کی ذِمّے داری لینا۔

سر سے بیگار ٹالنا (اَر۔ محاورہ) ناپسندیدہ کام کو بے دلی سے کرنا۔

سر سے پانی (اونچا ہونا) گُزر جانا (اَر۔ محاورہ) اِنتہا ہو جانا۔ ناقابلِ برداشت ہو جانا۔

سر سے پاؤں تک آگ لگنا (اَر۔ محاورہ) جل بُھن جانا۔ بہت زیادہ غُصّے ہونا۔

سر سے پہاڑ ٹالنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت دُور کرنا۔

سر سے تِنکا اُتارنا (اَر۔ محاورہ) معمولی سا اِحسان کرنا۔

سر سے ٹلنا (اَر۔ محاورہ) دفع ہونا۔ پیچھا چھوڑنا۔

سر سے چلنا (اَر۔ محاورہ) بے حد تعظیم سے جانا۔

سر سے سایہ اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) کسی بُزرگ کا مر جانا۔

سر سے سر جوڑنا (ملانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) صلاح مشورہ کرنا (۲) صُلح کرنا۔

سر سے سر والا ہے (اَر۔ مثل) گھر کے مالک سے گھر کا اِنتظام ہوا کرتا ہے (۲) سردار کے ساتھ حکومت ہے۔

سر سے کفن باندھنا (اَر۔ محاورہ) مرنے کے لئے تیار ہونا۔ ہتھیلی پر سر رکھ لینا۔

سر سے کنواں کھودنا (اَر۔ محاورہ) ناممکن کام انجام دینا۔

سر سے کھیل جانا (اَر۔ محاورہ) اِنتہائی دلیری دکھانا (۲) مرنے پر آمادہ ہونا۔

سر سے کھیلنا (اَر۔ محاورہ) جن یا بھوت پریت کے اثر سے سر ہلانا یا دُھننا۔

سر سے گُزر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِنتہا کو پہنچ جانا (۲) ہلاک ہو جانا (۳) مردم ڈباؤ پانی ہونا۔ پانی کا سر سے اُوپر ہونا۔

سر سے لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) غُصّہ آنا (۲) ناگوار گُزرنا۔

سر سے مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خفگی کی وجہ سے چیز لوٹا دینا (۲) اُٹھا کر پھینک دینا (۳) بے فائدہ ذِمّے ڈالنا (۴) سر سے ٹکرانا۔

سر سے مَیلا ہونا (اَر۔ محاورہ) حیض کی حالت میں ہونا۔

سر سینگ ہونا (اَر۔ محاورہ) کوئی خاص بات ہونا۔ پہچان یا شناخت کی کوئی خاص علامت ہونا۔

سر صدقے (اَر۔ متعلق فعل) کچھ پروا نہیں۔ بلا سے۔ کسی چیز کے گم ہو جانے پر کہتے ہیں۔

سر عذاب لینا (اَر۔ محاورہ) مُشکل کام اپنے ذِمّے لینا۔

سر فدا کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی کے لئے جان قُربان کرنا۔

سر قدم پر رکھنا (اَر۔ محاورہ) منّت سماجت کرنا (۲) بہت عزّت کرنا۔

سر قلم کرنا (اَر۔ محاورہ) سر کاٹنا۔ قتل کرنا۔

سر قلم ہونا (اَر۔ محاورہ) سر کاٹا جانا۔ قتل ہونا۔

سر کا بوجھ اُترنا (اَر۔ محاورہ) قرض ادا ہونا۔ ذِمّے داری سے فارغ ہونا۔

سر کا بوجھ پاؤں پر پڑتا ہے (اَر۔ مثل) اپنوں کا درد اپنوں ہی کو محسوس ہوتا ہے (۲) بُزرگوں کا قرضہ پس ماندگان کو اُتارنا پڑتا ہے۔

سر کا بوجھ ٹالنا (اَر۔ محاورہ) بے دلی سے کوئی کام کرنا۔

سر کا پسینا ایڑی تک آنا (اَر۔ مثل) بہت سخت مشقت کرنا۔

سر کا چھدا اُتارنا (اَر۔ محاورہ) اِحسان اُتارنا۔ گِلہ شکوہ رفع کرنا۔

سر کا طالب ہونا (اَر۔ محاورہ) قتل کے درپے ہونا۔

سر کا نہ پاؤں کا (اَر۔ صف) بے سر و پا۔ لغو۔ مُہمل۔

سر کا وبال ہونا (اَر۔ محاورہ) دُو بھر ہونا۔

سر کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذِمّے دار بنانا (۲) لڑانا بھڑانا (۳) چوٹی گوندھنا (۴) زبردستی دینا۔ گلے منڈھنا۔

سر کو آنا (اَر۔ محاورہ) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا۔

سر کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) مغز چاٹنا۔ بک بک کئے جانا (۲) پریشان کرنا۔

سر کہاں پھوڑوں؟ (اَر۔ محاورہ) کہاں تلاش کروں (۲) کس سے فریاد کروں؟

سر کھپ (اَر۔ صف) (۱) جاں نثار (۲) محنت و مشقت میں معروف رہنے والا۔

سر کھپانا (اَر۔ محاورہ) (۱) مغز مارنا (۲) کوشش کرنا۔

سر کھجانے کی فرصت نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت مصروف ہونا۔

سر کھلنا (اَر۔ محاورہ) سر پھٹنا۔ کھوپڑی کی ہڈی ٹوٹنا۔

سر کھولنا (اَر۔ محاورہ) سر ننگا کرنا۔ بال پھیلانا (۲) کوئی سخت چیز مار کر سر پھوڑ دینا۔

سر کھینچنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سرکشی کرنا (۲) سر ایک طرف کر لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سر کی آفت ٹلنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت دُور ہونا۔

سر کے بَل (اَر۔ متعلق فعل) سر کے سہارے (۲) نہایت ادب سے۔ بڑی عزت سے۔

سر کے زور (اَر۔ متعلق فعل) پوری کوشش سے۔

سر کے ساتھ ہونا (اَر۔ محاورہ) جان کے ساتھ لگا ہونا۔

سر کاڑی پاؤں (پیر) پہیا کرنا (اَر۔ محاورہ) نہایت محنت سے کام کرنا۔

سر کالا مُنہ بالا (اَر۔ مثل) (۱) بڑھاپے میں جوانوں جیسی نادانیاں (۲) سر سفید ہوگیا ہے مگر چہرے پر جوانی برستی ہے۔

سر کالا مُنہ کالا (اَر۔ محاورہ) بوڑھا ہوگیا مگر بدکاری سے باز نہیں آتا۔

سر گریبان میں ہونا (اَر۔ محاورہ) متفکر ہونا (۲) شرمندگی ہونا۔

سر گنجا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مار مار کر سر کے بال اُڑا دینا (۲) مُفلس کر دینا۔ لُوٹ لینا۔

سر گوندھنا (اَر۔ محاورہ) کنگھی چوٹی کرنا۔

سر گھٹنوں میں دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) متفکر ہونا (۲) شرمندہ ہونا۔

سر گھومنا (اَر۔ محاورہ) سر پھرنا۔ پاگل ہو جانا (۲) چکر آنا۔ دورانِ سر ہونا۔

سر لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تُہمت لگنا (۲) ذمے پڑنا۔

سر لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذمے لینا (۲) سر کاٹنا۔ جان سے مارنا۔

سر مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زبردستی دینا۔ بلامرضی دینا۔ سر منڈھنا (۲) مغززنی کرنا۔ سمجھانا (۳) سر دے دے مارنا۔ سر پٹکنا۔ سر دُھننا (۴) جان لڑانا۔ تدبیریں کرنا (۵) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔

سر مُنڈاتے ہی اولے پڑے (اَر۔ مثل) کام شروع کرتے ہی نقصان ہوا۔ ابتدا ہی سے کام میں خرابی پیدا ہوگئی۔

سر مُنڈانا (اَر۔ مص) (۱) سر کے بال اُتروانا (۲) (محاورہ) جوگی بننا۔ فقیر بننا (۳) دھوکے میں آکر لُٹ جانا۔

سر مُونڈ کر کیا گھٹنا مونڈے گا؟ (اَر۔ مثل) اِتنا نقصان پہنچا چکا۔ اب اور کیا بگاڑے گا؟

سر مُونڈنا (اَر۔ مص مُرکب) (۱) حجامت بنانا (۲) (محاورہ) ٹھگنا۔ لُوٹنا۔ فریب سے مال کھانا۔

سر مَیلا ہونا (اَر۔ محاورہ) حیض کے باعث ناپاک ہونا۔ ایّام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔

سر میں خاک ڈالنا (اَر۔ محاورہ) ماتم کرنا۔ رنج کرنا۔ سوگ کرنا۔

سر میں خنّاس سمانا (اَر۔ محاورہ) غرور یا تکبّر کرنا۔

سر میں سودا ہونا (اَر۔ محاورہ) خبط ہونا۔ کسی بات کی دُھن ہونا۔

سر نقد، نوکری اُدھار (اَر۔ مثل) کام زیادہ سے زیادہ سختی سے لیا جاتا ہے مگر تنخواہ وقت پر نہیں ملتی۔

سر نہ (اُٹھانے) اُٹھنے دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) سرکشی نہ کرنے دینا۔ برابری نہ کرنے دینا۔ مجبور رکھنا (۲) فرصت نہ دینا۔ آرام نہ کرنے دینا۔

سر (نوانا) نہوڑانا (اَر۔ مص) سر نیچا کر لینا۔ سر جھکانا۔

سر نہیں یا سرو ہی نہیں (اَر۔ مثل) حق حاصل کر کے رہیں گے یا جان دے دیں گے۔

سر ہاتھ پر لئے پھرنا (اَر۔ محاورہ) جان دینے پر تیار ہونا۔

سر ہو جانا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) (۱) ضِد کرنا (۲) پیچھے پڑ جانا (۳) کسی کام میں مصروف ہونا (۴) تُہمت لگنا۔

سر نہ اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) شرمندگی یا کسی کے اِحسان کے باعث سر نیچا رہنا۔

سر نہ پیر (اَر۔ متعلق فعل) (۱) بے تُکا۔ بے ترتیب (۲) آغاز نہ انجام۔

سر نیچا ہونا (اَر۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ مغلوب ہونا۔ زک اُٹھانا۔

سر ہتھیلی پر لئے پھرنا (اَر۔ محاورہ) جان دینے کو تیار ہونا۔

سر ہلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِنکار کا اِظہار کرنا (۲) تعریف کا اِظہار کرنا۔

سِرّ (بکسرِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) بھید۔ راز۔ عُقدہ۔ معمّا۔ جمع: اَسرار۔

سِرِّ خفی (ع۔ا۔مذ) خفیہ بھید۔ چھُپا ہوا راز۔

سُر (بضمِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ ہوا جو نتھنوں سے نکلے (۲) وہ آواز جو ناک سے سانس نکلنے سے پیدا ہوتی ہے (۳) شہد کی بڑی مکھی (۴) (علمِ موسیقی کی اِصطلاح) آواز کے سات درجوں میں سے ایک درجہ (۵) (کھیل کی اِصطلاح) بازی کا آغاز (۶) (س۔ا۔مذ) فرشتہ (۷) دیوتا (۸) خُدا (۹) سُورج۔ جمع: سُر۔ سُروں۔

سُر بِدیا (ہ۔ا۔مث) گانے کا علم۔ علمِ موسیقی۔

سُر ملانا (اَر۔ محاورہ) (۱) دو سازوں کو ہم آہنگ کرنا (۲) گلے کی آواز کو ساز کی آواز کے مطابق کرنا (۳) دو گانے والوں کا آواز مِلانا۔

سُر مِلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آواز مِلنا۔ ہم آہنگ ہونا (۲) موافقت ہونا۔

سَرا (سَ۔را) (ف۔لاحقہ) فارسی مصدر سرائیدن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور گانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے نغمہ سرا۔

سَرا (سَ۔را) (ف۔ا۔مث) (۱) گھر۔ حویلی۔ مکان (۲) مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان۔ مسافرخانہ۔ دھرم سالہ۔ نیز دیکھئے سرائے۔

سَرا پردہ (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ اُونچی قنات جو ڈیرے کے آس پاس لگاتے ہیں اور جو دیوار کی طرح پردے کا کام دیتی ہے (۲) بارگاہِ شاہی (۳) گھر کا پردہ (۴) ڈیرا۔ خیمہ۔

سِرا (سِ۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کنارہ (۲) اِنتہا۔ اخیر۔ آخر (۳) اِبتدا۔ آغاز۔ جمع: سِروں۔ سِرے۔

سَراب (سَ۔راب) (ع۔ا۔مذ) (۱) ریتلی زمین کی وہ چمک جو چاند یا سُورج کی روشنی پڑنے سے پیدا ہوتی ہے اور جس پر پانی کا دھوکا ہوتا ہے (۲) فریبِ نظر۔ دھوکا۔

سَراپ (سَ۔راپ) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے شراپ۔

سَراپا (سَ۔راپا) (ف۔ا۔مذ) (۱) اَز سَر تا پا۔ تمام بدن۔ سر سے پاؤں تک (۲) وہ نظم جس میں سر سے پاؤں تک ہر عضو کی تعریف کی جائے (۳) حلیہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۴) پُورا خِلعت۔

سَراپنا (سَ۔راپ۔نا)(ق۔مص) تعریف کرنا۔ لِتھاجانا۔

سَرّ اٹا (سَر۔را۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ) تیز ہوا کی آواز۔

سِراج (سِ۔راج)(ع۔ا۔مذ)(۱) چراغ (۲) روشنی (۳) سُورج۔

سَراڈھ (سَ۔راڈھ)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے شرادھ۔

سَراسَر (سَ۔را۔سَر)(ف۔متعلق فعل)(۱) تمام۔ کُل۔ اِس سرے سے اُس سرے تک (۲) یک لخت۔ محض۔

سَراسَری (سَ۔را۔سَ۔ری)(ف۔صف)(۱) رواروی۔ سرسری (۲) (ا۔مث) ماتھے کا ایک زیور (۳)(متعلق فعل) جلدی سے (۴) چلتے چلتے (۵) مختصراً۔ مجملاً۔

سَراسِیمگی (سَ۔را۔سی۔مَ۔گی)(ف۔ا۔مث) پریشانی۔ حیرانی۔

سَراسِیمَہ (سَ۔را۔سی۔مَہ)(ف۔صف) حیران۔ پریشان۔ گھبرایا ہوا۔

سُراغ (سُ۔راغ)(ت۔ا۔مذ)(۱) کھوج۔ پاؤں کا نشان (۲) پتا۔ نشان (۳) تلاش۔ اُردو جمع: سُراغ۔ سُراغوں۔

سُراغ رساں (ف۔صف) کھوج لگانے والا۔ پتا لگانے والا۔ فنِ جاسوسی کا ماہر۔ کھوجی۔

سُراغ رسانی (ف۔ا۔مث) کھوج لگانے کا فن۔ فنِ جاسوسی۔

سُراغ لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) کھوج لگانا (۲) تلاش کرنا۔

سُراغ ملنا (اُر۔محاورہ) نشان دریافت ہونا۔

سَرافِیل (ع۔ا۔مذ) اِسرافیل کا مخفف۔

سُراگائے (سُ۔را۔گا۔اے)(ہ۔ا۔مث) تاتار اور تبت کی گُپھے دار دُم والی گائے۔

سِرانا (سِ۔را۔نا)(ہ۔مص)(۱) ٹھنڈا کرنا۔ سَرد کرنا (۲) متبرک چیزوں کو دریا میں ڈبونا۔

سَراوَک (سَراوَکی) (سَ۔را۔وَک) (سَ۔را۔وَ۔کی) (ہ۔ا۔مذ) جین یا بُدھ مت کا پیرو۔

سَراوَن (سَ۔را۔وَن)(ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا ایک آلہ جس سے زمین ہموار کی جاتی ہے (پن) سہاگہ۔

سَراہنا (سَ۔راہ۔نا)(ہ۔مص)(۱) تعریف کرنا (۲) قدر کرنا۔ داد دینا (۳) چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا (۴)(ا۔مث) تعریف۔ داد۔ قدر و منزلت۔

سَرائی (سَ۔را۔اِی)(ف۔ا۔مث) گانا۔ مُرکّبات میں مستعمل ہے جیسے نغمہ سرائی۔

سَرائے (ف۔ا۔مث) سرا۔ حویلی۔ مکان۔ مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان۔ دھرم سالہ۔ اُردو جمع: سَرائیں۔ سَرایوں۔

سرائے فانی (ف۔ع۔ا۔مث) فنا ہو جانے والا گھر۔ دُنیا۔

سرائے کا کتّا ہر مُسافر کا یار (اُر۔مثل) مطلبی آدمی ہر ایک سے یارانہ گانٹھ لیتا ہے۔

سرائے کی بھٹیاری (اُر۔ا۔مث) لڑاکا۔ بے باک، گالی گلوچ کرنے والی عورت۔

سرائے محمود (ف۔ع۔ا۔مث) بہشت۔ جنت۔ فردوس۔

سرائے ہفت پردہ (ف۔ا۔مث)(کنایۃً) آسمان۔

سرائے ہُمایوں (ف۔ا۔مث)(کنایۃً) شاہی محل۔

سَرایَت (سَ۔را۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) تاثیر کرنا (۲) سما جانا۔ نفوذ کرنا۔

سرایت کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) جذب ہونا۔ رَچنا (۲) اثر کرنا۔ گھسنا۔

سَرَب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔صف) سارا۔ تمام۔ پُورا۔ کُل۔

سرب گہن (ہ۔ا۔مذ) چاند یا سُورج کا پُورا گہن۔

سُرب (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) سیسہ۔ سِکّہ۔ جست سے ملتی جلتی دھات۔

سَربھنگی (سَر۔بھنگی)(ہ۔ا۔مذ) ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو ذات پات اور حرام و حلال میں تمیز نہیں کرتا۔

سَرپ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ)(۱) سانپ (۲)(صف) کینہ رکھنے والا۔ کینہ توز۔

سَرپَت (سَر۔پَت)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی گھاس۔ پتاور۔

سَرپَٹ (سَر۔پَٹ)(ہ۔ا۔مث) گھوڑے کی نہایت تیز دوڑ۔

سرپٹ دوڑانا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کو نہایت تیز دوڑانا۔ بگٹُٹ دوڑانا۔ بے دھڑک دوڑانا۔

سَرپَرشت (ف۔ا۔مذ) سَر کے تحت دیکھئے۔

سَرپھوکا (سَر۔پھو۔کا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی گھاس جو مصفّیِ خون ہے۔

سُرَت (سُ۔رَت) (ہ۔ا۔مث) (۱) دھیان۔ خیال۔ چیتا۔ سُدھ (۲) ہوشیاری (۳) حافظہ۔ یادداشت (۴) عقل۔ سمجھ۔

سُرت آنا (ہ۔محاورہ) ہوش آنا۔ سُدھ آنا۔ خیال ہونا۔

سُرت بسارنا (ہ۔محاورہ) حواس باختہ ہونا۔ ہوش کھونا۔

سُرتا (سُر۔تا)(ہ۔صف)(۱) ہوشیار۔ چوکس۔ باخبر (۲) ذہین۔ دانا۔

سَرتا بَرتا (سَر۔تا۔بَر۔تا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اِنتظام۔ بندوبست۔ کسی کام کا سرانجام (۲) خرچ۔ صرف (۳) حِصّہ۔ بخرہ۔

سرتا برتا کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) اِنتظام کرنا (۲) برتنا (۳) بانٹ لینا۔

سرٹیفکیٹ (Certificate) (انگ۔ا۔مذ) پروانہ۔ سَند۔

سَرجانا (ق۔مص) ختم ہو جانا۔ پُورا ہو جانا۔ تمام ہو جانا۔

سرجری (Surgery) (انگ۔ا۔مث) جرّاحی۔

سرجن (Surgeon) (انگ۔ا۔مذ) ماہرِ جرّاحی۔ جرّاح۔

سُرجن (سُر۔جن)(س۔ا۔مذ) پیدا کرنا۔ تخلیق کرنا۔

سُرجن ہار (س۔ا۔مذ)(۱) خالق۔ بنانے والا۔ پیدا کرنے والا (۲) خُدا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَرَجْنَا (سَ۔رَج۔نا)(ق۔مص) پیدا ہونا۔

سَرْچِیُوَن (سَر۔چی۔وَن)(و۔صف)(۱) سرسبز۔ شاداب (۲) پائے دار۔ مضبوط۔ لازوال (۳) زرخیز (۴) روح افزا۔ فرحت بخش (۵) ہمیشہ شاداب رہنے والا (۶) گیلا۔ مرطوب۔

سرچارج (Surcharge)(انگ۔ا۔مذ)(۱) زائد رقم (جو وصول کی جائے) مزید رقم کا بار (۲) بجلی کی فاضل رَو۔

سُرْخ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔صف)(۱) لال۔ احمر (۲) (ا۔مث) گھونگچی۔ رتّی۔ ماشے کا آٹھواں حصّہ۔ آٹھ چاول کا وزن۔

سُرخ باد (سُرخ بادہ)(ف۔ا۔مذ) ایک بیماری جس میں سارے جسم پر لال لال دھبّے پڑ جاتے ہیں۔

سُرخ بُخار (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا بخار جس میں بدن پر پھنسیاں نکل آتی ہیں' درجۂ حرارت بڑھ جاتا ہے اور نبض بہت تیز چلتی ہے۔ (Scarlet Fever)۔

سُرخ بید (ف۔ا۔مذ) بید کی ایک قسم جس کا رنگ سُرخ ہوتا ہے (۲) ایک بوٹی کا نام۔

سُرخ رُو (ف۔صف) کامیاب۔ عزّت و آبرو حاصل کرنے والا۔

سُرخ رُو ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) کامیاب ہونا۔ عزّت حاصل کرنا (۲) بری الذِمّہ قرار دیا جانا (۳) وعدے پر پُورا اُترنا۔ سچّا نکلنا۔

سُرخ رُوئی (ف۔ا۔مث) کامیابی۔ عزّت۔ آبرو۔

سُرخ فیتہ (ف۔ا۔مذ) ضابطہ پرستی۔ دفتری طوالت۔ بلاوجہ کی میِن میکھ۔

سُرخ و سفید ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) گورے رنگ پر سُرخی جھلکنا (۲) صحت مند ہونا۔

سُرخ ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) لال ہونا (۲) غُصّے یا شرم سے چہرہ سُرخ ہو جانا (۳) میوے کا پک جانا (۴) کسی چیز کا گھی میں بھن کر لال ہو جانا۔

سُرخا (سُر۔خا)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا آم (۲) ایک قسم کا کبوتر (۳) ایک قسم کا گھوڑا (۴)(طنزاً) کیمونسٹ۔ اُردو جمع: سُرخوں۔ سُرخے۔

سُرخاب (سُر۔خاب)(ف۔ا۔مذ) چکوا۔ چکوی۔ ایک آبی پرندہ۔ اُردو جمع: سُرخاب۔ سُرخابوں۔

سُرخاب کا پر لگنا (اُر۔محاورہ)(۱) کوئی خاص اِمتیاز یا وصف ہونا (۲) انوکھی بات ہونا۔ نئی چیز شامل ہونا (۳) مغرور ہونا۔

سُرخی (سُر۔خی)(ف۔ا۔مث)(۱) لالی۔ لال رنگت (۲) لال روشنائی (۳) اینٹ کا بُرادہ (۴) عنوان (۵) ناخنوں اور ہونٹوں کو سُرخ کرنے کا ایک مسالا۔ عورتوں کا ایک سنگار۔

سُرخی دینا (لگانا) (اُر۔محاورہ) عنوان تحریر کرنا۔ عنوان تجویز کرنا۔

سُرخی مائل (ع۔ف۔صف) لال سا۔ لالی لئے ہوئے۔

سَرْد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔صف)(۱) ٹھنڈا (۲) بے رونق۔ بے لُطف (۳) دھیما (۴) اَفسردہ (۵) بے حِس۔ غیر جذباتی (۶) بے جان۔ مُردہ (۷) نامرد۔

سرد بازاری (ف۔اُر۔ا۔مث) کسی شے کی بازار میں اِس قدر طلب نہ ہونا جس قدر اُس کی رسد ہے۔ اِس صورت میں اُس شے کی قیمت گر جاتی ہے۔ مندا۔ قیمت کا یکایک گر جانا۔ کساد بازاری۔

سرد جنگ (ف۔ا۔مث) دیکھئے اَعصابی جنگ۔

سرد خانہ (ف۔ا۔مذ) وہ ٹھنڈا مکان جس میں سبزیاں اور پھل وغیرہ گلنے سڑنے سے بچانے کے لئے رکھے جاتے ہیں۔ کولڈ اِسٹوریج۔

سردسیر (سرد۔سیر)(ف۔ا۔مذ) ٹھنڈا مقام' گرمیاں گزارنے کے لئے۔ پہاڑ وغیرہ۔

سرد مزاج (ف۔صف)(۱) ٹھنڈی طبیعت والا۔ مُردہ دِل (۲) سُست۔ اَفسردہ خاطر (۳) بے مُروّت۔ بے مہر۔

سرد مہر (ف۔صف)(۱) بے مُروّت۔ بے وفا (۲) ظالم۔ دِل کا سخت (۳) جو توجّہ یا اِلتفات نہ کرے۔

سرد مہری (ف۔ا۔مث)(۱) بے مُروّتی۔ بے وفائی (۲) سنگ دِلی۔

سرد و گرم (ف۔ا۔مذ)(۱) رنج و خوشی (۲) نشیب و فراز۔ اونچ نیچ (۳) اِنقلاباتِ زمانہ۔

سرد و گرم جھیلنا (اُر۔محاورہ) اِنقلاباتِ زمانہ کا تجربہ کرنا۔ زمانے کی مصیبتیں اُٹھانا۔

سرد وگرمِ زمانہ چشیدہ (ف۔صف) تجربہ کار۔ زمانے کے نشیب و فراز دیکھے ہوئے۔ اونچ نیچ سمجھے ہوئے۔

سرد (ہو جانا) ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) ٹھنڈا ہو جانا۔ گرم نہ رہنا (۲) جان باقی نہ رہنا۔ مر جانا (۳) ماند پڑ جانا (۴) اَفسردہ ہو جانا۔

سَرداب (سَردابہ۔ سردآبہ)(ف۔ا۔مذ) ٹھنڈی جگہ (پانی رکھنے کے لئے) سردخانہ (۳) تہ خانہ (۴) قبر جو اپنی زندگی میں تیار کروائی جائے۔

سردار (ف۔ا۔مذ) سَر کے تحت دیکھئے۔

سَردانا (سَر۔دا۔نا)(اُر۔ا۔مذ)(اِصطلاح کیمیا) ٹھنڈا کرنا یا ہونا۔ جمانا۔ تبرید (Refrigeration)(۲)(مص) ٹھنڈا پڑ جانا۔

سَردَل (سَر۔دَل)(ہ۔ا۔مث) چوکھٹ کے اُوپر کی لکڑی۔

سَردَہ(سَر۔دَہ)(ف۔ا۔مذ) خربوزے کے خاندان کا ایک سبزی مائل زرد رنگ کا میٹھا پھل جو موسم سرما میں ہوتا ہے (۲) شراب کا پیالہ (۳) شرابیوں کا صدر۔

سَردَئی رنگ (سَر۔دَ۔اِی۔رَنگ)(اُر۔صف) سردے کا سا رنگ۔ سبزی مائل زرد رنگ۔

سَردی (سَر۔دی)(ف۔ا۔مث)(۱) ٹھنڈ۔ خنکی۔ ٹھنڈک (۲) جاڑا۔ سرد موسم۔ اُردو جمع: سردیاں۔ سردیوں (۳)(اُر۔ا۔مث) زکام۔ نزلہ (۴)(بخار کی) کپکپی۔

سردی پڑنا (اُر۔محاورہ) جاڑا پڑنا۔ ٹھنڈ ہونا۔

سردی چڑھنا (اُر۔محاورہ) لرزے سے بخار آنا۔

سردی کا مارا پنپے' اَن کا مارا نہ پنپے (اُر۔مثل) کپڑا نہ ہو تو اِنسان کسی نہ کسی طرح سردی برداشت کر لیتا ہے لیکن پیٹ کو روٹی نہ ہو تو اُس کا بچنا مُشکل ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَردیہی (سَر۔دے۔ہی)(ف۔ا۔مذ) دو روپیہ فی فصل کی وہ رقم جو گاؤں کے مالک حکومت کو ادا کرتے تھے۔

سَرراس (ق۔مف) یکساں۔

سَرَس (سَ۔رَس)(ہ۔مف)(۱) زیادہ (۲) بہتر۔ عُمدہ (۳) اصلی۔ خالص۔

سِرَس (سِ۔رِس)(ہ۔ا۔مذ) ایک درخت کا نام جس کے پُھول بھینی بھینی خوشبو دیتے ہیں۔

سَرسام (سَر۔سام)(ف۔ا۔مذ) ایک بیماری جس سے دماغ میں ورم آ جاتا ہے۔ (سام: ورم)۔

سَرساہی (ہ۔ا۔مث) زمین کا ایک ناپ۔ ایک مربّع کرم۔

سَرسُتی (سَر۔سُ۔تی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے سرسوتی جس کا یہ بگاڑ ہے۔

سَرسَٹھ (سَر۔سَٹھ)(ہ۔ا۔عدد) ساٹھ اور سات کا مجموعہ (۶۷)۔

سَرسَر (ہ۔ا۔مث) سائیں سائیں کی آواز۔

سَرسَرانا (سَر۔سَ۔را۔نا)(ہ۔مص)(۱) ہوا کا سائیں سائیں کی آواز کے ساتھ چلنا (۲) سانپ یا کسی کیڑے کا رینگنا۔

سَرسَراہٹ (سَر۔سَ۔را۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث)(۱) ہوا چلنے سے پتّوں وغیرہ کے ہلنے کی آواز (۲) سانپ یا کیڑوں کے رینگنے کی آواز۔

سَرسَری (سَر۔سَ۔ری)(ف۔مف)(۱) روا روی (۲) معمولی (۳) (متعلق فعل) جلدی سے (۴) چلتے چلتے (۵) (دفتری اِصطلاح) مجملاً۔ مختصراً۔ نیز دیکھئے سراسری۔

سرسری اِختیارات (ف۔ع۔ا۔مذ) بغیر تحقیقات حکم نافذ کرنے کے اِختیارات۔

سرسری (دیکھنا) نظر کرنا (اَر۔محاورہ) جلدی میں ملاحظہ کرنا۔ اجمالی نظر ڈالنا۔

سرسری نالش (ف۔ا۔مث) جُھوٹا دعویٰ۔ جُھوٹی نالش۔

سُرسُری (سُر۔سُ۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک سُرخ رنگ کا کیڑا جو اناج کو لگ جاتا ہے (۲) آتش بازی کی چھچھوندر (۳) ایک کیڑا جس کے کاٹنے سے جلن پیدا ہوتی ہے (۴) بدن کی سنسناہٹ۔

سَرسِنگار (ہ۔ا۔مذ) ایک باجے کا نام۔

سَرَسوَتی (سَ۔رَس۔وَ۔تی)(س۔ا۔مث)(۱) (ہندو دیومالا) خالق کائنات برہما دیو کی بیوی جو فنونِ لطیفہ کی سرپرست، سنسکرت زبان اور دیوناگری حروفِ اَبجد کی مُوجد ہے (۲) ایک دریا کا نام جسے سرسُتی بھی کہتے ہیں (۳) خوش گفتار عورت۔

سَرسوں (سَر۔سوں)(ہ۔ا۔مث) رائی کی قسم کا ایک بیج جس کا تیل نکالتے ہیں جو کڑوا تیل کہلاتا ہے (۲) اِس بیج کا پودا جو سرسوں کا ساگ کہلاتا ہے۔

سرسوں پُھولنا (اَر۔محاورہ)(۱) سرسوں کے پودوں پر پُھول آنا (۲) زرد ہی زرد نظر آنا۔

سرسوں جمانا (اَر۔محاورہ) سرسوں اُگانا (نیز دیکھئے ہتھیلی پر سرسوں جمانا)۔

سَرشار (سَر۔شار)(ف۔صف) سَر کے تحت دیکھئے۔

سَرشاری (سَر۔شا۔ری)(ف۔ا۔مث) سَر کے تحت دیکھئے۔

سِرِشت (سِ۔رِشت)(ف۔ا۔مث)(۱) خُو۔ خصلت۔ جبلّت۔ عادت۔ مزاج (۲) خاصیّت۔ خاصّہ۔ گُن (۳) خِلقت۔ طینت۔ پیدائش۔

سَرِشتہ (سَ۔رِش۔تہ)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے سررشتہ۔

سِرِشک (سِ۔رِشک)(ف۔ا۔مذ)(۱) آنسو۔ اشک (۲) قطرہ۔

سَرَطان (سَر۔طان)(ع۔ا۔مذ)(۱) کیکڑا۔ ایک آبی جانور (۲) ایک بُرج کا نام جس کی شکل کیکڑے سے ملتی جلتی ہے (۳) ایک نہایت تکلیف دہ اور مُہلک بیماری۔ کینسر۔

سُرعت (سُر۔عت)(ع۔ا۔مث) جلدی۔ تیزی۔ پُھرتی۔

سُرعتِ اِنزال (ع۔ا۔مذ) مردوں کی ایک بیماری جس کی وجہ سے بوقت جماع منی جلد خارج ہو جاتی ہے۔

سَرَف (سَ۔رَف)(ع۔ا۔مذ) فضول خرچ۔ زائد خرچ۔

سُرفہ (سُر۔فہ)(ف۔ا۔مذ) کھانسی۔ کُھری۔

سَرِقہ (سَر۔قہ)(ع۔ا۔مذ) چوری۔ اُردو جمع: سرقوں۔ سرقے۔

سرقہ بالجبر (بِل۔جبر)(ع۔ا۔مذ) ڈاکا۔ لوٹ مار۔ زبردستی کسی کا مال چھین لینا۔

سَرکار (سَر۔کار)(ف۔ا۔مث)(۱) حکومت۔ گورنمنٹ (۲) آقا۔ مالک۔ سردار (۳) معشوق۔ بے تکلّف دوست (۴) شاہی دربار۔ عدالت۔ بارگاہ (۵) ایک عزّت کا خطاب (۶) کسی رئیس کی ریاست۔ اُر جمع: سرکاریں۔ سرکاروں۔

سرکار دربار (ف۔ا۔مذ) شاہی کچہری۔ اجلاسِ خاص۔

سرکار دربار چڑھنا (اَر۔محاورہ) نالش کرنا۔ مدّعی بننا (۲) مقدمہ بازی کرنا۔

سَرکاری (سَر۔کا۔ری)(ف۔صف)(۱) سرکار کا۔ حاکم کا (۲) حاکمانہ۔

سرکاری اہلِ کار (ف۔ا۔مذ) حکومت کا مُلازم۔ محرّر۔ منشی۔

سرکاری کاغذ (ف۔ا۔مذ)(۱) حکومت کا کاغذ (۲) پرامسری نوٹ۔ بانڈ (۳) اسٹامپ۔

سَرکانا (سَر۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) ایک طرف سے دُوسری طرف کھسکانا (۲) ہٹانا۔ الگ کرنا (۳) چُھپانا۔ غائب کرنا (۴) اُڑا دینا (۵) رشوت دینا۔

سَرکٹ (Circuit)(انگ۔ا۔مذ) چکّر۔ دَور (۲) ججوں کا مقدمات کی سماعت کے لئے کسی جگہ جانا۔

سرکٹ ہاؤس (انگ۔ا۔مذ) وہ عمارت جس میں دورے پر نکلے ہوئے حکّام قیام کرتے ہیں۔

سَرکس (Circus)(انگ۔ا۔مذ) وہ تماشا جس میں اِنسانوں اور حیوانوں کے جسمانی کرتب دِکھائے جاتے ہیں۔

سَرکل (Circle)(انگ۔ا۔مذ)(۱) حلقہ۔ اِحاطہ (۲) وہ علاقہ جو کسی افسر کے ماتحت ہو۔

سرکل اِنسپکٹر (Circle Inspector)(انگ۔ا۔مذ) کسی حلقے کا انچارج انسپکٹر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَرکُلَر (Circular) (انگ۔ا۔مذ) گشتی حکم یا چٹھی (۲) (صف) گول۔ مدوّر۔ چکّر دار۔ دائرہ نما۔

سَرَکنا (سَ۔رَک۔نا) (ہ۔مص) (۱) ہٹنا۔ کھسکنا۔ راستہ چھوڑنا (۲) غائب ہو جانا (۳) جانا۔ چلتا بننا۔

سَرکَنڈا (ہ۔ا۔مذ) سینٹھا۔ نرسل ۔ئے (پن) کانا۔ جمع: سرکنڈوں۔ سرکنڈے۔

سِرکَنگبِین (سِر۔کَنگ۔بین) (ف۔ا۔مث) سرکہ اور انگبین (شہد)۔ سرکہ اور شہد کا شربت۔ عربی والوں نے سکنجبین بنا لیا۔

سِرکَہ (سِر۔کہ) (ف۔ا۔مذ) گنّے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اُٹھا لیتے ہیں۔

سِرکہ جبیں (ف۔صف) تُرش رُو۔ تیوریاں چڑھائے ہوئے۔

سِرکی (سِر۔کی) (ہ۔ا۔مث) سرکنڈے کے ڈنٹھل یا بانس کی تیلیوں کی چق۔

سَرَگ (سَ۔رَگ) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے سُورَگ۔

سَرگَم (سَر۔گَم) (ہ۔ا۔مذ) (۱) راگ کا سُر۔ راگ کے ساتوں سُر (۲) خطوط یا حروف میں سُروں کی علامتیں۔

سَرَل (سَ۔صف) (۱) سچّا۔ ایمان دار (۲) آسان (۳) اصلی (۴) عمودی (۵) ایک درخت۔

سَرما (سَر۔ما) (ف۔ا۔مذ) جاڑا۔ سردی کا موسم۔

سرما خوابی (ف۔اَر۔ا۔مث) (اصطلاحِ علم حیوانات) بعض حیوانات کا جاڑے کے موسم میں بے حس و حرکت پڑے رہنا۔(Hibernation)۔

سَرمائی (سَر۔ما۔ئی) (ف۔صف) سردیوں کا۔ موسم سرما سے متعلق۔

سَرمایَہ (سَر۔ما۔یَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) دولت۔ پونجی۔ اصل زر۔ پیدائش دولت کے چار عوامل (زمین، محنت، سرمایہ اور تنظیم) میں سے ایک۔

سرمایہ دار (ف۔ا۔مذ) دولت مند۔ مال دار۔ ساہوکار۔

سرمایہ دارانہ (ف۔صف) سرمایہ داری سے متعلق۔

سرمایہ دارانہ نظام (ف۔ا۔مذ) وہ معاشی نظام جس میں پیداوار اور تقسیم پیداوار کے ذرائع حکومت کے بجائے چند افراد کے قبضہ و اختیار میں ہوں۔

سرمایہ داری (ف۔ا۔مث) (۱) دولت مندی (۲) سرمایہ دارانہ نظام جس میں پیداوار کے بیشتر وسائل چند افراد کی ذاتی ملکیت ہوتے ہیں۔

سرمایہ کار (ف۔اَر۔صف) (اصطلاح بنکاری) کسی کاروبار میں روپیہ لگانے والا۔ سرمایہ لگانے والی اسامی۔(Investor)۔

سرمایہ کاری (ف۔اَر۔ا۔مث) (اصطلاح بنکاری) روپیہ لگانا۔ سرمایہ لگانا۔ (Investment)۔

سَرمَد (سَر۔مَد) (ع۔صف) (۱) ہمیشہ رہنے والا۔ باقی۔ دائم۔ غیر فانی (۲) مست۔ مجذوب (۳) (ا۔مذ) ایک مجذوب فقیر جسے دہلی میں بعہد اورنگ زیب عالم گیر قتل کر دیا گیا تھا۔

سَرمَدی (سَر۔مَ۔دی) (ف۔صف) (۱) دائمی۔ ہمیشہ کا (۲) خدائی۔ الٰہی (۳) (ف۔ا۔مث) دوام۔ بقا۔

سُرمَگیں (سُر۔مَ۔گیں) (ف۔صف) سُرمہ آگیں کا مخفف۔

سُرمَنڈَل (ہ۔ا۔مذ) ایک باجے کا نام۔

سُرمَہ (سُر۔مَہ) (ف۔ا۔مذ) ایک سیاہ عنصر جسے پیس کر آنکھوں میں بطور دوا لگاتے ہیں۔ انجن۔ کُحل (۲) (صف) بہت باریک۔

سُرمہ آگیں (آلودہ) (ف۔صف) سُرمہ لگی ہوئی آنکھ۔ سُرمگیں۔

سُرمہ پھیلنا (اَر۔محاورہ) سُرمہ آنکھوں سے بہ کر باہر پھیل جانا۔

سُرمۂ چشم (ف۔صف) عزیز۔ پیارا۔

سُرمہ (سُرمے) دانی (ف۔ا۔مث) سُرمہ رکھنے کا چھوٹا سا ظرف۔

سُرمہ در گلو (ف۔صف) خاموش۔ چُپ (سُرمہ کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے)۔

سُرمۂ دُنبالہ دار (ف۔صف) وہ سُرمہ جس کی لکیر آنکھ کے کوئے سے باہر کھنچی ہوئی ہو۔

سُرمہ ڈالنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے سُرمہ لگانا۔

سُرمہ سا (ف۔اَر۔صف) وہ آنکھ جس میں سُرمہ لگا ہوا ہو (۲) سُرمے کی مانند باریک۔

سُرمہ کر دینا (اَر۔محاورہ) نہایت باریک کر دینا۔ پیس ڈالنا۔

سُرمہ لگانا (اَر۔محاورہ) سلائی سے آنکھ میں سُرمے کی لکیر کھینچنا۔

سُرمے (اَر۔ا۔مذ) سُرمہ کی مغیّرہ صورت۔

سُرمے کی تحریر (اَر۔ا۔مث) سُرمے کی لکیر جو آنکھ کے اندر کھینچتے ہیں۔

سُرمَئی (سُر۔مَ۔ئی) (ف۔صف) سُرمے کے رنگ کا۔

سَرَن (سَ۔رَن) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے شرن۔

سَرنا (سَر۔نا) (ہ۔مص) (۱) زندہ رہنا۔ بسر ہونا۔ عمر کٹنا (۲) ہونا۔ ہو سکنا۔ کیا جانا۔ تکمیل ہونا (۳) کافی ہونا۔ بس ہونا۔ وافر ہونا (۴) نکلنا۔ خارج ہونا (۵) (ا۔مث) ہوا سے پھلائی ہوئی مشک جس پر چڑھ کر دریا پار کرتے ہیں۔

سُرنا (سُر۔نا) (ہ۔ا۔مث) نفیری جو روشن چوکی کے ساتھ بجتی ہے۔

سِرِنج (Syringe) (انگ۔ا۔مث) پچکاری۔ خاص طور پر ٹیکا لگانے کی پچکاری۔

سُرَنگ (سُ۔رَنگ) (ہ۔ا۔مث) (۱) زمین دوز راستہ۔ نقب (۲) وہ زمین دوز نالی جس میں بارود بھر کر دشمنوں کو یا پہاڑ یا قلعے وغیرہ کی دیوار کو اُڑاتے ہیں۔ جمع: سُرنگوں۔ سُرنگیں (۳) (ا۔مذ) ایسا گھوڑا جس کی ایال اور دُم کے بال سُرخ ہوں (۴) (صف) اچھے رنگ کا۔ خوش رنگ (۵) لال۔ سُرخ۔

سُرنگ اُڑانا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی سُوراخ یا زمین دوز نالی میں بارود بھر کر آگ لگانا (۲) (مزاحاً) گوز مارنا۔ پادنا۔

سُرنگ لال گھوڑی (اَر۔ا۔مث) بچّوں کا ایک کھیل جس میں آدھے بچے گھوڑیاں بنتے ہیں اور آدھے اُن پر سوار ہوتے ہیں۔ پھر سواروں میں سے باری باری ہر لڑکا ایک سانس میں یہ فقرہ کہتا ہوا گھوڑیوں کا چکّر کاٹ کر اپنی گھوڑی تک آتا ہے کہ: "سُرنگ لال گھوڑی تو مجھ سے کیوں نہ بولی" یا "سُرنگ لال ٹیکے تم ہم سے کیوں نہ چھنکے۔" اگر راستے میں سانس ٹوٹ جائے تو سوار

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لڑکے فوراً اُتر کر گھوڑیاں بن جاتے ہیں اور جو لڑکے گھوڑیاں بنے ہوئے تھے وہ سوار بن جاتے ہیں۔ اب وہ باری باری چکّر کاٹتے ہیں۔

سُرنگ لگانا (اَر۔ محاورہ) سُوراخ کرنا۔ نقب لگانا (۲) اندر ہی اندر کھوج لگانا (۳) بُنیاد کھوکھلی کرنا۔

سُرنگا (سُ۔ رَنگا) (ق۔ صف) سُرخ۔

سُرنگی (**سُرنگیا**) (سُ۔ رَنگی) (سُ۔ رَنگ۔ یا) (اَر۔ صف) (۱) سُرنگ لگانے والا (۲) سُراغ رساں۔

سَرو (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) سائپرس۔ ایک درخت جو سیدھا اور مخروطی شکل کا ہوتا ہے۔ خوشنمائی کی وجہ سے معشوق کے قد کو اُس سے تشبیہ دیتے ہیں۔

سروِ آزاد (ف۔ ا۔ مذ) ایک شاخ کا بالکل سیدھا سرو جس کی شاخیں بالکل سیدھی تنی رہتی ہیں۔ اس میں پھل نہیں آتا اور کجی بھی نہیں آتی۔ اس لئے اسے آزاد کہتے ہیں۔

سروبالا (**بلند**) (بغیر اضافت) (ف۔ صف) سیدھے قد والا۔

سروِ چراغاں (ف۔ ا۔ مذ) سرو کی مانند جھاڑ جو محفلوں میں روشن کیا جاتا تھا۔

سروِ سہی (ف۔ صف) (۱) دوشاخہ سرو جس کی دونوں شاخیں سیدھی اُوپر کو چلی گئی ہوں۔

سروقد (بغیر اضافت) (ف۔ صف) سرو جیسے سیدھے قد والا۔ خوش قامت۔

سروقد تعظیم دینا (اَر۔ محاورہ) کھڑے ہو کر کسی کی تعظیم کرنا۔

سَرواہا (سَر۔ وا۔ ہا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وارث (۲) ساز و سامان۔

سَروپ (س۔ رُوپ) (س۔ ا۔ مذ) (۱) شکل۔ صورت۔ شباہت (۲) تماشا۔ نظارہ (۳) یکسانیت (۴) قدرتی شکل (۵) خاصیت (۶) قدرت (۷) چلن (۸) نوع۔ قسم (۹) خوب صورت اور سڈول جسم۔ حسین چہرہ۔

سَروتا (سَ۔ رو۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) چھالیا کترنے یا گنڈیریاں کاٹنے کا اوزار۔ جمع: سروتوں۔ سروتے۔

سَروج (سَ۔ روج) (س۔ ا۔ مذ) (جھیل کا بیٹا) کنول۔ نیلوفر۔

سُرود (سُ۔ رُود) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) نغمہ۔ گیت۔ راگ (۲) ایک قسم کا باجا (۳) بات۔ سخن۔

سَرور (سَر۔ وَر) (ف۔ ا۔ مذ) سَر کے تحت دیکھئے۔

سُرور (سُ۔ رُور) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) فرحت۔ اِنبساط۔ شادی۔ خوشی (۲) ہلکا ہلکا نشہ۔ خمار۔

سَروری (سَر۔ وَ۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) سَر کے تحت دیکھئے۔

سَروِس (Service) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) خدمت۔ فرضِ منصبی۔ فریضہ (۲) مُلازمت۔ نوکری (۳) نماز۔ پُوجا پاٹ (۴) (ٹینس وغیرہ کھیل میں) گیند پھینکنا۔ گیند کو پہلی دفعہ پھینکنا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے۔

سروس بُک (Service Book) (انگ۔ ا۔ مث) وہ رجسٹر یا کتاب جس میں مُلازم کے چال چلن اور کارگزاری وغیرہ کے بارے میں اندراجات کئے جاتے ہیں۔

سروس فنڈ (Service Fund) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ رقم جو مُلازم کو نوکری سے علیحدہ ہونے پر بطور صِلہ دی جاتی ہے۔

سَرُوش (سَ۔ رُوش) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) غیب کی آواز۔ اِلہام (۲) پیغامِ الٰہی لانے والا فرشتہ۔ جبرئیل علیہ السلام۔

سروشِ غیب (ف۔ ا۔ مذ) ہاتفِ غیب۔ آسمانی آواز۔

سَرْوَن (سَر۔ وَن) (ق۔ ا۔ مذ) کان۔ گوش۔

سَروہی (سَ۔ رو۔ ہی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی سیدھی تلوار۔ ایک قسم کا خنجر۔

سَروے (Survey) (انگ۔ ا۔ مذ) جائزہ۔ پیمائش۔ ناپ۔

سَرویَر (Surveyor) (سَر۔ وِ۔ یَر) (انگ۔ ا۔ مذ) ناظر۔ امین۔ پیمائش۔ پیمائش کرنے والا۔

سِرہانا (سِر۔ ہا۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سَر رکھنے کی جگہ۔ بالیں (۲) تکیہ۔

سَرہج (**سَلہج**) (سَر۔ ہَج) (سَل۔ ہَج) (ہ۔ ا۔ مث) سالے کی بیوی۔

سَرہَنگ (سَر۔ ہَنگ) (نون غنّہ) (ف۔ ا۔ مذ) سَر کے تحت دیکھئے۔

سَری (سَ۔ ری) (س۔ ا۔ مذ) (۱) تیر کا گز۔ وہ لکڑی جس کے سرے پر پیکان لگا کر تیر بناتے ہیں (۲) (ف۔ ا۔ مث) سرداری۔

سِری (سِ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ذبح کئے ہوئے جانور کا سر (۲) پوربی ٹھاٹھ کا ایک راگ جو دوپہر کے بعد گایا جاتا ہے (۳) طبیعت۔ مزاج (۴) وضع قطع۔ انداز (۵) دیکھئے شِری۔

سِری ٹیک (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سر ٹکانا۔ خوشامد (۲) ورزش کی ایک قسم جس میں سر کے بل کھڑے ہو جاتے ہیں۔

سِرے (سِ۔ رے) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سرا (بمعنی کنارہ۔ اِنتہا۔ اِبتدا) کی جمع (۲) سرا کی مغیرہ صورت (۳) فی کس۔ فی آدمی۔

سِرے سے (اَر۔ متعلق فعل) شروع سے۔

سِرے کا (اَر۔ صف) شروع کا۔ کنارے کا۔

سِرے ہی کی بھیڑ کانی (اَر۔ مثل) شروع ہی سے بگاڑ۔

سَریا (سَر۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) دھات کی سلاخ (۲) سَرکنڈا۔ جمع: سریوں۔ سریے۔

سُریانی (سُر۔ یا۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) مُلکِ شام کی ایک قدیم زبان۔

سُرّیت (سُ۔ رّیت) (ق۔ ا۔ مث) لونڈی جس سے جنسی تعلق ہو۔ داشتہ۔

سَریر (سَ۔ رِیر) (ہ۔ ا۔ مذ) جسم۔ بدن۔ س: شریر کا بگاڑ۔

سَریر (سَ۔ رِیر) (ع۔ ا۔ مذ) تختِ شاہی۔ مسند۔ گدّی۔

سریر آرا (ع۔ ف۔ صف) تخت نشین۔ بر سرِ حکومت۔

سِریش (سِ۔ ریش) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک لیس دار چیز جسے ہڈیوں کے چکنے والے مادّے 'جلاٹین' سے بناتے ہیں۔

سَریع (سَ۔ رِیع) (ع۔ صف) (۱) جلدی کرنے والا۔ جلد۔ شتاب۔ تیز (۲) (اِصطلاح عروض) ایک بحر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سریعُ التّاثیر (س۔ ری۔ عُت۔ تا۔ ثیر) (ع۔ صف) جلد اثر کرنے والا۔ تیز اَثر دِکھانے والا۔
سریعُ الحرکت (س۔ ری۔ عُل۔ حَ۔ رَ۔ کت) (ع۔ صف) جلد حرکت کرنے والا۔
سریعُ الزّوال (س۔ ری۔ عُز۔ زَ۔ وال) (ع۔ صف) جلد گھٹنے والا۔ جلد زائل ہونے والا۔
سریعُ الفہم (س۔ ری۔ عُل۔ فہم)(ع۔ صف) تیز فہم۔ بات کو جلد سمجھنے والا۔
سریعُ الہضم (س۔ ری۔ عُل۔ ہَضم)(ع۔ صف) زود ہضم۔ جلد پچنے والا۔
سُریکھا (سُ۔ ریے۔ کھا)(ق۔ صف) مثل۔ مانند۔
سُریلا (سُ۔ ری۔ لا)(ہ۔ صف) خوش گلو۔ خوش آواز۔
سُریلا گلا (ہ۔ ا۔ مذ) ایسا گلا جو گانے کے لئے موزوں ہو اور جس سے سُر ٹھیک ٹھیک ادا ہوتے ہوں۔
سُریلی (سُ۔ ری۔ لی)(ہ۔ صف) سُریلا کی تانیث۔
سُریلی آواز (اُر۔ ا۔ مث) رسیلی آواز۔ گانے کے لئے موزوں آواز۔
سُرین (سُ۔ رین)(ف۔ ا۔ مذ) چوتڑ۔ پٹھ۔
سُریوال (سُ۔ ری۔ وال)(ق۔ ا۔ مذ) سر دفتر۔

س۔ ڑ

سِڑ (بالکسر)(ہ۔ ا۔ مث) جنون۔ دیوانگی۔ پاگل پن۔ خبط۔
سَڑا (سَ۔ ڑا)(ہ۔ صف)(۱) جو سڑ چکا ہو (۲) بوسیدہ۔ خراب۔ بگڑا ہوا۔
سِڑا (سِ۔ ڑا)(ہ۔ صف) دیوانہ۔ پاگل۔ سِڑی۔ سودائی (۲) احمق۔ بے وقوف۔
سَڑا سَڑ (ہ۔ ا۔ صوت۔ مث) لگاتار کوڑے یا چھڑی مارنے کی آواز۔
سَڑاک (سَ۔ ڑاک)(ہ۔ ا۔ صوت۔ مث)(۱) چھڑی یا کوڑے کی آواز (۲) (صف و متعلق فعل) جلد۔ جھٹ۔
سَڑانا (سَ۔ ڑا۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) خراب کرنا۔ بدبو پیدا کرنا (۲) خمیر اُٹھانا (۳) گلانا۔ بوسیدہ کرنا (۴) ڈالے رکھنا۔ رکھ چھوڑنا (سڑنا کا متعدی)۔
سَڑاند (سَڑاہَنْد)(سَ۔ ڑاند)(سَ۔ ڑاہند)(نون غنّہ)(ہ۔ ا۔ مث) (۱) کسی چیز کے سڑنے کا عمل (۲) سڑنے کی بدبو۔ تعفّن۔
سَڑَپ (سَ۔ ڑَپ)(سُ۔ ڑَپ)(ہ۔ ا۔ مث) کسی رقیق چیز کے جلدی جلدی پینے یا کھانے کی آواز۔
سَڑَپّا (سَ۔ ڑَپ۔ پا)(ہ۔ ا۔ صوت۔ مذ) ایک ہی دفعہ پی جانے کی آواز۔
سُڑَپنا (سُ۔ ڑَپ۔ نا)(ہ۔ مص) جلدی جلدی پینا یا کھانا۔ بفتح اوّل بھی مستعمل ہے۔
سُڑ سُڑ (سُڑ سُڑ)(سُڑ۔ سُڑ)(س۔ رَڑ۔ س۔ رَڑ)(ہ۔ ا۔ صوت۔ مث) حقّہ پینے کی آواز۔

سَڑسٹھ (ہ۔ ا۔ عدد) دیکھئے سَرسٹھ۔
سَڑک (سَ۔ ڑَک)(اُر۔ ا۔ مث) شارعِ عام۔ شاہ راہ۔ لمبا چوڑا راستہ۔ جمع: سڑکوں۔ سڑکیں۔
سُڑکنا (سُ۔ ڑَک۔ نا)(۱) نگل جانا۔ ہپ کر جانا (۲) ناک کی رطوبت اُوپر کی طرف کھینچ لینا۔ دوا یا پانی ناک کے اندر پہنچانا (۳) تلوار میان سے نکالنا۔
سُڑکی (سُڑ۔ کی)(ہ۔ ا۔ مث) کنکوّے کی ڈور کو ایک دم چھوڑ کر ڈھیل دینا (۲)(ق۔ ا۔ مث) نشہ۔ غفلت۔
سَڑگ (ق۔ صف) مغرور۔ متکبّر۔
سَڑلا (ق۔ صف) سڑی۔ بد مزاج۔
سِڑَن (سِ۔ ڑَن)(ہ۔ صف)(۱) سِڑی کی تانیث۔ دیوانی۔ پگلی۔ باؤلی (۲) اَحمق۔ بے وقوف (عورت)۔
سَڑَن (سَ۔ ڑَن)(ہ۔ ا۔ مث) بوسیدگی۔ سڑاند۔
سَڑنا (سَڑ۔ نا)(ہ۔ مص)(۱) خراب ہونا۔ بدبُو پیدا ہو جانا (۲) بوسیدہ ہونا۔
سِڑی (سِ۔ ڑی)(ہ۔ صف۔ مذ)(۱) پاگل۔ سودائی۔ دیوانہ (۲) احمق۔ بے وقوف۔ نیز دیکھئے سِڑا۔
سَڑیا (ق۔ صف) سڑا ہوا۔ جلا ہوا۔
سَڑیَل (سَڑ۔ یَل)(ہ۔ صف)(۱) گندہ۔ غلیظ (۲) چڑچڑے مزاج کا آدمی۔

س۔ ز

سَزا (سَ۔ زا)(ف۔ ا۔ مث)(۱) بدی کا بدلہ۔ پاداش۔ جُرمانہ۔ قید (۲) مُطابق۔ مُناسب۔ لائق۔ اُردو جمع: سزاؤں۔ سزائیں۔
سزا (بُھگتنا) پانا (اُر۔ مص)(۱) بدی کا نتیجہ ملنا۔ کئے کا بدلہ پانا (۲) مار کھانا (۳) دُکھ اُٹھانا۔ قید یا جُرمانہ ہونا۔
سزاوار (ف۔ صف) لائق۔ مُناسب۔ واجب۔
سزاوار ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) لائق ہونا۔ مُناسب ہونا۔ موافق ہونا۔ راس آنا (۲) مُراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔
سزایاب (ف۔ صف) سزا پانے والا۔
سزایافتہ (ف۔ صف) سزا پایا ہوا۔ جس کو سزا ملی ہو۔
سزائے بامشقّت (ف۔ ا۔ مث) وہ قید جس میں سخت مشقت لی جائے۔
سزائے تازیانہ (ف۔ ا۔ مث) کوڑے لگانے کی سزا۔
سزائے حبسِ دوام بہ عبورِ دریائے شور (ف۔ ا۔ مث) کالے پانی کی سزا جو انگریزی عہد میں دی جاتی تھی اور مُجرم کو جزائر انڈمان بھیج دیا جاتا تھا۔
سزائے سنگین (ف۔ ا۔ مث) سخت سزا۔ قیدِ بامشقت۔
سزائے قتل (موت) (ف۔ ا۔ مث) پھانسی کی سزا۔
سزائے قید (ف۔ ا۔ مث) مجرم کے بدلے میں قید کر دینا۔
سَزاوَل (سَ۔ زا۔ وَل)(ت۔ ا۔ مذ) سرکاری روپیہ وصول کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

س۔س

سَسا (سَ۔سا) (سَس۔سا) (ہ۔ا۔مذ) خرگوش۔

سِسانْد (سِساہَنْد) (سِ۔سانْد) (سِ۔ساہنْد) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) مچھلی کی بساند۔ مچھلی کی بدبُو۔

سُسْت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) (۱) کاہل۔ کام میں دیر لگانے والا (۲) کم زور۔ ناتواں (۳) (اَر۔صف) ملول۔ چُپ چُپ۔ اُداس۔ اَفسردہ (۴) نڈھال۔ مضمحل۔

سُست اِعتقاد (ع۔ف۔صف) عقیدے کا کچّا۔

سُست بُنیاد (ف۔صف) غیر مستحکم۔ کمزور بنیاد کا۔

سُست پیماں (ف۔صف) وعدے کا کچّا۔

سُست قدم (رَو) (ف۔صف) دھیمی چال چلنے والا۔

سُست ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) کاہل ہونا (۲) غم گین ہونا۔ اُداس ہونا (۳) ڈھیلا ہونا (۴) کم رفتار ہونا۔

سَسْتا (سَس۔تا) (ہ۔صف) (۱) کم داموں کا۔ کم قیمت۔ ارزاں (۲) گھٹیا۔ ادنیٰ درجے کا۔

سستا روئے بار بار مہنگا روئے ایک بار (اَر۔مثل) سستی چیز جلد خراب ہو جاتی ہے اِس لئے اِسے بار بار خریدنا اور افسوس کرنا پڑتا ہے۔ مہنگی چیز پائیدار ہوتی ہے اِس لئے اِس پر صرف ایک دفعہ (خریدتے وقت) رونا پڑتا ہے۔

سستا (سما) سماں (اَر۔ا۔مذ) ارزانی کا زمانہ۔

سستا لگانا (اَر۔محاورہ) کم قیمت پر فروخت کرنا۔

سستا (سستے) چھوٹنا (اَر۔محاورہ) تھوڑا سا نقصان اُٹھا کر یا تاوان دے کر بچ جانا۔ آسانی سے مُصیبت ٹل جانا۔

سَسْتانا (سَس۔تا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آرام کرنا۔ دَم لینا (۲) تکان اُتارنا (۳) تازہ دَم ہونا۔ تقویت حاصل کرنا۔

سَسْتی (سَس۔تی) (ہ۔ا۔مث) سستا کی تانیث۔

سستی بھیڑ کی ٹانگ اُٹھا اُٹھا کے دیکھتے ہیں (اَر۔مثل) خریدار سستی چیز خریدتے وقت بہت جانچ پرکھ کرتا ہے۔

سُسْتی (سُس۔تی) (ہ۔ا۔مث) کاہلی۔ آلکسی۔

سُستی اُتارنا (توڑنا) (اَر۔محاورہ) (۱) سُستی دُور کرنا۔ انگڑائی لینا (۲) مُستعد ہونا۔

سُستی مُفلسی کی ماں ہے (اَر۔مثل) سُست آدمی ہمیشہ مُفلس رہتا ہے۔

سِسْٹر (Sister) (انگ۔ا۔مث) (۱) ہمشیر۔ بہن۔ خواہر (۲) ہسپتال کی بڑی نرس جس کے تحت دُوسری نرسیں ہوتی ہیں (۳) راہبہ۔ نن۔

سِسْٹم (System) (انگ۔ا۔مذ) طرز۔ طریقہ۔ اُصول۔ نظام۔

سُسَر (سُسْرا) (سُ۔سَر) (سَ۔سَر) (سَس۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خاوند کا باپ۔ بیوی کا باپ (۲) ایک گالی۔

سُسْرال (سُس۔رال) (سَ۔سَ۔رال) (ہ۔ا۔مذ مث) ساس یا سُسر کا گھر۔

سُسْرال کا کُتّا (اَر۔ا۔مذ) سُسرال میں رہنے والا داماد۔

سُسْرالیا (اَر۔صف) سُسرال کا۔ سُسرال سے متعلق۔

سِسَک (سِ۔سَک) (ہ۔ا۔مث) (۱) سِسکی۔ سُبکی۔ ہچکی (۲) کُتّے کو چھچھانے کی آواز۔

سِسک سِسک کر دم نکلنا (اَر۔محاورہ) تھوڑا تھوڑا کر کے دم نکلنا۔ بڑی مُشکل سے جان نکلنا۔

سِسْکارْنا (سِس۔کار۔نا) (ہ۔مص) کُتّے کو کسی پر دوڑانے کے لئے مُنہ سے آواز نکالنا۔

سُسْکارْنا (سُس۔کار۔نا) (ہ۔مص) (۱) بچّے کو مُنہ کی آواز سے پیشاب کرنے کی ترغیب دینا (۲) سانپ کی طرح پھُنکارنا۔

سِسْکاری (سِس۔کا۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) سِسکی (۲) کُتّے کو پکارنے یا چھچھانے کی آواز۔

سِسَکْتا (سِ۔سَک۔تا) (ہ۔صف) ہچکیاں لیتا ہوا۔ روتا ہوا۔ مُنہ بسورتا ہوا۔

سِسَکْتی (سِ۔سَک۔تی) (ہ۔صف) سِسکتا کی تانیث۔

سِسکتی پھَنکتی (پھَ۔نک۔تی) (اَر۔صف) بہت کم مقدار ہونے کے برابر چیز۔

سِسکتی گئی بلکتی آئی (اَر۔مثل) بدنصیب کو کسی جگہ بھی چین نہیں۔

سِسَکْنا (سِ۔سَک۔نا) (ہ۔مص) (۱) سُبکیاں لینا (۲) مرنے والے میں بہت تھوڑی جان باقی ہونا (۳) کنجوسی کرنا۔ کوڑی کوڑی پر جان دینا۔

سِسْکی (سِس۔کی) (ہ۔ا۔مث) کسی تکلیف کی وجہ سے دانتوں کو بھینچ کر آواز نکالنا۔ سُبکی۔ جمع: سِسکیاں۔ سِسکیوں۔

سِسکیاں بھرنا یا لینا (اَر۔محاورہ) رونے یا تکلیف کی حالت میں سِسکاریاں بھرنا۔

سُسْنا (سُس۔نا) (ق۔مص) سُوجھنا۔ معلوم ہونا۔

س۔ش

سیشن (Session) (انگ۔ا۔مذ) (۱) اجلاسِ عدالت (۲) عدالتِ فوج داری کے اجلاس کا زمانہ (۳) پارلیمنٹ کی برخاستگی اور اُس کے اجلاس کا درمیانی زمانہ۔

سیشن جج (Session Judge) (انگ۔ا۔مذ) عدالتِ فوج داری کا جج۔

سیشن کورٹ (Session Court) (انگ۔ا۔مث) سیشن جج کی کچہری۔

س۔ط

سَطْح (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) کسی چیز کا بالائی حصّہ (۲) کوٹھا۔ چھت (۳) میدان۔ ہموار جگہ۔ جمع: سُطوح۔

سطحِ آب (ع۔ف۔ا۔مث) پانی کا بالائی حصّہ۔ رُوئے آب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سطحِ زمین (ع ـ ف ـ ا ـ مث) زمین کا اُوپری حصّہ۔ زمین کا فرش۔
سطحِ غیر مُستوی (ع ـ ا ـ مث) ناہموار سطح۔
سطحِ مائل (ع ـ ا ـ مث) ڈھلواں یا ترچھی سطح۔
سطحِ مُرتفع (ع ـ ا ـ مث) پلیٹو۔ ایسی پتھریلی اور بنجر زمین جو میدان کی نسبت بہت اُونچی ہوتی ہے اور اُوپر جا کر میز کی سطح کی طرح چوڑی ہو جاتی ہے۔
سطحِ مُستوی (ع ـ ا ـ مث) ہموار سطح۔ چورس جگہ۔
سطحِ ہموار (ع ـ ف ـ ا ـ مث) میدان۔ برابر جگہ۔
سَطحی (سَط ـ حی) (ع ـ صف) اُوپری۔ بالائی۔ جس میں گہرائی نہ ہو۔ بے وزن۔
سَطر (سَطَر) (سَ ـ طَر) (ع ـ ا ـ مث) (۱) لکیر۔ لائن۔ ریکھا (۲) قطار۔ صف۔ سِلسِلہ۔ جمع: سُطور۔ اُردو جمع: سطروں۔ سطریں۔
سَطوَت (سَط ـ وَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) قہر (۲) دبدبہ۔ رُعب (۳) شان و شوکت۔
سُطُور (سُ ـ طور) (ع ـ ا ـ مث) سطر کی جمع۔

س ـ ع

سَعادَت (سَ ـ عا ـ دَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) اِقبال مندی۔ خوش نصیبی۔ نیک بختی (۲) نیکی۔ بھلائی۔
سعادتِ دارَین (ع ـ ا ـ مث) دونوں جہان کی بھلائی۔ دُنیا و آخرت کی نیک بختی۔
سعادت مند (ع ـ ف ـ صف) (۱) نیک بخت (۲) مُطیع۔ فرماں بردار۔ وفادار (۳) خدمت گُزار۔
سعادت مندی (ع ـ ا ـ مث) (۱) نیک بختی (۲) اِطاعت۔ فرماں برداری۔
سُعال (سُ ـ عال) (ع ـ ا ـ مث) کھانسی۔
سَعد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ صف) (۱) مُبارک (۲) نیک (۳) چاند کی بائیسویں منزل کا نام۔
سعدِ اَصغر (ع ـ ا ـ مذ) سیارہ زہرہ۔ ناہید۔
سعدِ اکبر (ع ـ ا ـ مذ) سیارہ مشتری۔ برہسپت۔
سَعدی (سَع ـ دی) (ف ـ صف) (۱) سعد سے نسبت رکھنے والا (۲) گلستان و بوستان کے مصنّف' فارسی کے مشہور شاعر شیخ شرف الدین شیرازی کا تخلّص۔ مُصلح الدین لقب۔
سَعدَین (سَع ـ دَین) (ع ـ ا ـ مذ) سعد کا تثنیہ۔ دو مبارک سیارے۔ زہرہ اور مشتری۔
سَعی (سَ ـ عی) (ع ـ ا ـ مث) (۱) دوڑ دھوپ۔ کوشش۔ جدّوجہد۔ محنت (۲) مکّے کی دو پہاڑیوں صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا۔ (سعی بَینَ الصَّفاوَالمَروہ)۔
سعی سِفارش (ع ـ ف ـ اُر ـ ا ـ مث) کہنا سُننا۔ جدّوجہد۔ کوشش۔
سعی کرنا (اُر ـ محاورہ) (۱) دوڑنا (۲) کوشش کرنا (۳) سفارش کرنا۔
سعی لاحاصل (نامشکور) (ع ـ ا ـ مث) بے نتیجہ دوڑ دھوپ۔
سَعِید (سَ ـ عید) (ع ـ صف) (۱) نیک۔ بھلا (۲) مُبارک۔ خوش نصیب۔ بھاگوان۔
سَعِیر (سَ ـ عیر) (ع ـ ا ـ مذ) دوزخ کا بھڑکتا ہوا طبقہ۔

س ـ ف

سَفّاح (سَف ـ فاح) (ع ـ ا ـ مُبالغہ) بہت خون بہانے والا (۲) آزادی دینے والا (۳) نہایت سخی (۴) نہایت فصیح۔
سِفارَت (سِ ـ فا ـ رَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) سفیر کا عُہدہ (۲) ایلچی یا سفیر کے فرائض۔ ایک حکومت یا مُلک کی طرف سے دُوسری حکومت یا مُلک کے پاس نمائندہ یا پیامی بن کر جانا۔
سِفارت خانہ (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) وہ عمارت جس میں کسی مُلک کے سفیر اور اُس کے عملے کے دفتر ہوں۔
سِفارت کار (اُر ـ صف ـ وا ـ مذ) فنِ سفارت کا ماہر۔ ڈپلومیٹ۔
سِفارَتی (سِ ـ فا ـ رَ ـ تی) (ع ـ اُر ـ صف) سفارت سے متعلق۔
سِفارِش (ف ـ ا ـ مث) کسی کے حق میں کلمہ خیر (۲) وسیلہ۔ اِمداد۔ سہارا (۳) سُپردگی۔ جمع: سفارشات بطریقِ عربی۔ اُردو جمع: سفارشوں۔ سفارشیں۔
سِفارش نامہ (ف ـ ا ـ مذ) سفارش کا خط یا چٹھی۔
سِفارِشی (سِ ـ فا ـ رِ ـ شی) (ف ـ صف) جس کی سفارش کی گئی ہو۔
سفارشی ٹٹّو (اُر ـ ا ـ مذ) وہ نااہل جو سفارش کی وجہ سے مُلازم ہو گیا ہو۔
سَفّاک (سَف ـ فاک) (ع ـ صف) ستم گر۔ بے رحم۔ ظالم۔ خوں ریز۔ خونی۔ قاتل۔
سَفّاکی (سَف ـ فا ـ کی) (ع ـ ا ـ مث) بے رحمی۔ ستم گری۔ ظُلم۔ خوں ریزی۔
سِفال (سِ ـ فال) (ف ـ ا ـ مث) (۱) ٹھیکری۔ ٹھیکرا (۲) اخروٹ' بادام وغیرہ کا خول۔
سِفال گر (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) کُمہار۔ مٹّی کے برتن بنانے والا۔
سِفالی (سِفالِیں) (سِ ـ فا ـ لی) (سِ ـ فا ـ لیں) (ف ـ صف) مٹّی کا۔ مٹّی سے بنا ہوا۔
سَفاہَت (سَ ـ فا ـ ہَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) کمینہ پن۔ رذالت (۲) بے وقوفی۔ حماقت۔
سِفت (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف ـ صف) دبیز۔ موٹا۔ گاڑھا۔
سُفتہ (سُف ـ تہ) (ف ـ صف) سُوراخ کیا ہوا۔ بیندھا ہوا۔
سُفتہ گوش (ف ـ صف) کان چھدا ہوا۔ حلقہ بگوش۔
سَفَر (سَ ـ فَر) (ع ـ ا ـ مذ) مسافرت۔ سیاحت (۲) کوچ۔ روانگی۔ جمع: اَسفار۔
سفرِ آب (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) سمندری سفر۔ بحری سفر۔ پانی کا سفر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سفرِ آخرت (ع۔ا۔مذ) دُنیا سے کوچ۔ مرجانا۔ اِنتقال۔

سفر خرچ (ع۔اُر۔ا۔مذ) بھتّہ۔ زادِ راہ۔ سفر کا خرچ۔ ٹریولنگ الاؤنس۔

سفر کرنا (اُر۔مص مُرکّب) کوچ کرنا۔ روانہ ہونا۔

سفرنامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) سفر کے حالات پر کتاب۔ سیاحت نامہ۔

سفر نمونۂ سقر (اُر۔مقولہ) سفر میں دوزخ کے برابر تکلیف ہوتی ہے۔ پُرانے وقتوں کا مقولہ جب سفر عذاب سمجھا جاتا تھا۔

سفر وسیلۂ ظفر (اُر۔مثل) سفر کامیابی کا ذریعہ ہے۔

سُفَراء (سُ۔فَ۔را)(ع۔ا۔مذ) سفیر کی جمع۔

سُفرائے دُوَل (ع۔ا۔مذ) بہت سی حکومتوں کے سفیر۔

سُفر مینا (اُر۔ا۔مث) Sappers & Miners کا بگڑا ہوا۔ فوج کی وہ پلٹن جو سُرنگ لگانے اور زمین کھودنے وغیرہ کا کام کرتی ہے۔

سُفرہ (سُف۔رَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) دسترخوان۔ توشہ دان (۲) مقعد۔ دُبر۔

سَفَری (سَ۔فَ۔ری) (ف۔صف) (۱) سفر سے متعلق (۲) مسافر (۳) (اُر۔ا۔مث) زادِ راہ۔ توشۂ سفر (۴) اَمرود۔

سِفْل (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) پستی۔ نشیب (۲) پھوک۔ فُضلہ۔

سِفْلَہ (سِف۔لَہ)(ع۔صف)(۱) کمینہ۔ رذیل (۲) اوچھا۔ کم ظرف۔ نالائق۔

سِفلہ پرور (ع۔ف۔صف) کمینوں کو مُنہ لگانے اور مُصاحب بنانے والا۔ نالائقوں کو دوست رکھنے والا۔

سِفلہ پن (اُر۔ا۔مذ) کمینگی۔ چھچھوراپن۔

سِفْلی (سِف۔لی)(ع۔صف)(۱) پستی کا۔ نیچے کا۔ نچلے درجے کا۔ (عُلوی کی ضد)۔

سِفلی (جادُو) عمل (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ منتر یا عمل جس میں خبیث ارواح سے مدد لی جائے۔

سِفْنا (سِف۔نا)(ع۔ا۔مذ) مچھلی یا مگرمچھ کی کھال پر جو گول گول ٹکڑے یا چھلکے ہوتے ہیں اُن میں سے ہر ایک کو سِفنا کہتے ہیں۔

سُفُوف (سُ۔فُوف)(ع۔ا۔مذ) پِسی ہوئی چیز۔ بُرادہ۔ پوڈر۔

سُفَہا (سُ۔فَ۔ہا)(ع۔صف) سفیہ کی جمع۔

سَفید (سَ۔فید۔بروزنِ بید) (ف۔صف) (۱) برف کے رنگ کا۔ اُجلا۔ گورا چِٹّا (۲) کورا۔ سادہ۔ بغیر لکھا۔ صاف (۳) گنجفے کی آٹھ بازیوں میں سے ایک بازی کا نام۔ بضمِ اوّل بھی صحیح ہے۔

سفید پڑ جانا (اُر۔محاورہ) خوف یا غم سے چہرہ سفید ہو جانا۔ چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا۔ مُنہ فق ہو جانا۔

سفید پوش (اُر۔صف) صاف ستھرے کپڑے پہننے والا۔ اُجلا رہنے والا۔ ظاہری ٹھاٹ باٹ والا۔ نچلے متوسط طبقے کا فرد۔

سفید چشم (ف۔صف) اندھا۔ نابینا (۲) بے حیا۔

سفید کاری (ف۔ا۔مث) تانبے کو کیمیاوی طریقوں سے سفید کرنا۔

سفید و سیاہ (ف۔صف) دیکھئے سیاہ و سفید۔

سَفیدہ (سَ۔فِ۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) پھُنکے ہوئے جست کا پھول جو آنکھوں کی دواؤں میں ڈالا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا پوڈر (۳) ایک قسم کا آم (۴) ایک قسم کا خربوزہ (۵) ایک درخت۔ (بضمِ اوّل بھی دُرست ہے)۔

سفیدۂ صبح (ع۔ف۔ا۔مذ) سپیدۂ صبح۔ صبح کی روشنی۔

سَفیدی (سَ۔فِ۔دی)(ف۔ا۔مث)(۱) گوراپن۔ چِٹّاپن (۲) انڈے کے اندر کا سفید ملغوبہ (۳) قلعی۔ دیواروں پر پھیرنے کا چونا (۴) صبح کی روشنی۔ اُجالا۔ (بضمِ اوّل بھی صحیح ہے)۔

سفیدی آنا (اُر۔محاورہ) بال سفید ہو جانا۔ بڑھاپا آنا۔

سفیدی (پھیرنا) کرنا (اُر۔محاورہ) دیوار پر قلعی کرنا۔

سَفیر (سَ۔فیر)(ع۔ا۔مذ) ایلچی۔ قاصد۔ جمع: سُفرا۔ اُردو جمع: سفیر۔ سفیروں۔

سَفینہ (سَ۔فی۔نہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کشتی۔ ناؤ۔ بحری جہاز (۲) بیاض۔ نوٹ بُک (۳)(اُر۔ا۔مذ) انگ۔ Subpaena کا بگاڑ۔ عدالتی سمن۔

سفینۂ نوح (ع۔ف۔ا۔مذ) حضرت نوحؑ کی کشتی۔

سَفیہ (سَ۔فیہ)(ع۔صف) اَحمق۔ نادان (۲) کمینہ۔ جمع: سُفہا۔

س۔ق

سَقّا (سَق۔قا)(ع۔ا۔مذ) بہشتی۔ پانی لانے یا پلانے والا۔ ماشکی۔ اُردو جمع: سقوں۔ سقّے۔

سقّا شاہی (ع۔ف۔ا۔مث) تھوڑے دِن کی حکومت یا اِقتدار۔ وہ عارضی حکومت جو نظام سقّے نے شہنشاہ ہمایوں کو غرقابی سے بچانے کے صلے میں اور افغانستان کے بچہ سقّا نے امیر امان اللہ خان کے فرار کے بعد کی۔

سقاوہ (سقابہ) (سَ۔قا۔وَہ)(سَ۔قا۔بَہ)(اُر۔ا۔مذ) پانی کی ٹنکی۔ پانی کا حوض۔ نہانے کی جگہ۔

سِقایہ (سِ۔قا۔یَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) پانی کا پیالہ (۲) پانی پلانا۔

سقایہ خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ عمارت جس میں پانی کا ذخیرہ رکھا جاتا اور تقسیم کیا جاتا ہے۔ واٹر ورکس۔

سَقَر (سَ۔قَر)(ع۔ا۔مذ) دوزخ۔ جہنّم۔

سَقَط (سَ۔قَط)(ع۔ا۔مذ) چوپائے کی موت۔ گھوڑے یا گدھے کا مَر جانا۔

سَقف (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) چھت (۲) شامیانہ۔

سُقم (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) خرابی۔ عیب۔ نقص (۲) (ا۔مث) بیماری۔ دُکھ۔ جمع: اَسقام۔ اُردو جمع: سقم۔ سقموں۔

سقم نکالنا (اُر۔محاورہ) عیب نکالنا۔ خامی ظاہر کرنا۔

سَقمونیا (سَق۔مو۔نِ۔یا)(یُو۔ا۔مث) ایک قسم کا گوند۔

سَقَّن (سَقّنی) (سَق۔قَن) (سَق۔نی) (اُر۔ا۔مث) سقّے کی بیوی۔ بہشتن۔ پانی بھرنے اور پلانے والی عورت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سُقنقُور (سَ۔قَن۔قُور)(یُو۔ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا رینگنے والا ریگستانی جانور۔ ریگ ماہی۔
سُقُوط (سُ۔قُوط)(ع۔ا۔مذ)(۱) گر پڑنا (۲) خطا کرنا (۳) کسی شہر پر قبضہ ہونا (۴)(علمِ عروض کی اصطلاح) کسی حرف کا وزن کے خلاف ہونا۔
سَقِیفَہ (سَ۔قی۔فَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ڈیوڑھی میں بیٹھنے کا تخت (۲) چوڑا تختہ۔ چبوترا۔
سقیفہ بندی (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) بُہتان (۲) بے ہودہ بات۔
سَقِیم (سَ۔قیم)(ع۔صف) بیمار۔خراب۔ خستہ۔ اَبتر۔ ردّی۔
سقیمُ الحال (ع۔صف)(۱) ناتواں۔کم زور (۲) مریض (۳) بہت مُفلس۔

س۔ک

سَکّا (سَک۔کا)(ہ۔ا۔مذ) کشتی کے تلے کی لکڑی (۲)(ق) انگوٹھی۔
سَکار (سَ۔کار)(ہ۔ا۔مذ) بِل یا ہُنڈی کی وصولی۔
سکار گھر (اَر۔ا۔مذ) (اِصطلاحِ بنکاری) وہ جگہ جہاں ہُنڈیوں کی ادائیگی ہوتی ہے۔
سَکارا (سَکارائی) (سَ۔کا۔را)(سَ۔کا۔را۔اِی)(ہ۔ا۔پہلا مذ۔دُوسرا مث) ہُنڈی یا بِل سکارنے کی فیس۔
سَکارنا (سَ۔کار۔نا)(ہ۔مص) بِل یا ہُنڈی کا روپیہ ادا کرنا۔
سَکارُو (سَ۔کا۔رُو)(ہ۔ا۔مذ)(اِصطلاحِ بنکاری) ہُنڈی قبول کرنے والا۔ ادائیگی کرنے والا۔
سَکارے (سَ۔کا۔رے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) صُبح۔ تڑکا۔ پَو پھٹے (۲) آنے والا کل۔ فردا۔
سَکا کھڑک (ق۔صف) بالکل خشک۔
سَکال (سَ۔کال)(س۔ا۔مذ)(۱) صُبح۔ تڑکا (۲) آنے والا کل (۳)(صف و تابع فعل) موسم کے مطابق۔ باموقع (۴) صُبح کے وقت۔ پَو پھٹے۔
سُکال (سُ۔کال)(ق۔ا۔مذ) اچھا زمانہ۔ اچھی فصل (۲) ارزانی۔
سَکالے (سَ۔کا۔لے)(س۔متعلق فعل) پَو پھٹے۔ تُور کے تڑکے۔ صُبح کے وقت۔
سُکّان (سُک۔کان)(ع۔ا۔مذ)(۱) پتوار۔ دُنبالۂ کشتی (۲) ساکن کی جمع۔ رہنے والے۔ باشندے۔
سَکت (سَ۔کت)(ہ۔ا۔مث) طاقت۔ قوت۔ بَل۔ توانائی۔
سَکتا (سَک۔تا)(ق۔صف) قادر۔ قوی۔
سِکتّر (سِ۔کت۔تَر) (اَر۔ا۔مذ) انگریزی لفظ Secretary (سیکرٹری) کا مُہنّد۔ ناظم۔ مُعتمد۔
سَکتَہ (سَک۔تہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک بیماری جس میں بطونِ دماغ میں سُدّہ پڑ جانے سے آدمی مُردے کی مانند بے حس و حرکت ہو جاتا ہے (۲)(علمِ عروض کی اِصطلاح) شعر کا وزن پُورا نہ ہونا۔
سکتہ پڑنا (اَر۔محاورہ) روانی میں نقص پڑنا۔ شعر کا وزن دُرست نہ ہونا۔
سَکتے (سَک۔تے)(اَر۔ا۔مذ) سکتہ کی مُغیّرہ صورت۔
سکتے کا عالم (اَر۔ا۔مذ) تحیُّر یا تعجب کی حالت (۲) خاموشی۔
سَنکَٹ (سَ۔کٹ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مُشکل۔ دُشواری (۲) نزع کی حالت (۳) تکلیف (۴) بدنصیبی (۵) ہندوؤں کا ایک تہوار۔
سَکّر (سَک۔کر)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے شُکر۔
سُکر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) خُمار۔ نشہ۔ بے ہوشی۔
سَکَرات (سَ۔کَ۔رات)(ع۔ا۔مث) سَکرہ کی جمع لیکن اُردو میں واحد مستعمل ہے۔ جان کنی کی تکلیف۔ نزع کی حالت۔
سنکرانت (سَنک۔رانت)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سُورج کا ایک بُرج سے دُوسرے بُرج میں جانا۔ تحویلِ آفتاب (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار۔
سکریٹری (Secretary)۔ دیکھئے سیکریٹری۔
سکریٹریٹ (Secretariat)۔ دیکھئے سیکریٹریٹ۔
سکرین (Seccharine) (اَنگ۔ا۔مث) ایک سفید رنگ کا سفوف جو مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے اور چینی سے تقریباً پانچ سو گنا میٹھا ہوتا ہے۔
سَکڑ (سَگڑ) (سَ۔کڑ)(سَ۔گڑ)(ہ۔صف) دُور کا رشتہ ظاہر کرنے والا کلمہ جیسے سکڑ دادا۔
سکڑ دادا (ہ۔ا۔مذ) پردادا کا باپ۔
سکڑ نانا (ہ۔ا۔مذ) پرنانا کا باپ۔
سُکڑا (سُک۔ڑا)(ہ۔صف) تنگ۔ بھچا ہوا۔ سمٹا ہوا۔
سُکڑاؤ (سُک۔ڑا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (اِصطلاحِ اضافیت) اینٹھن۔ جکڑاؤ۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔ سمٹنا (۲)(اِصطلاحِ علم کیمیا) ٹھٹھرنے کی حالت یا عمل۔ مادّے کا مقدار کے لحاظ سے گھٹنا۔
سُکڑنا (سُ۔کڑ۔نا)(ہ۔مص) سمٹنا۔ بھچنا۔ تنگ ہونا۔
سُکڑی (سُک۔ڑی)(ہ۔صف) تنگ۔ بھچی ہوئی۔ سکڑا کی تانیث۔
سکڑی گھاٹی (ہ۔ا۔مث) دو پہاڑوں کے بیچ تنگ راستہ۔ تنگ درّہ۔
سُکسینہ (سُک۔سے۔نہ)(ہ۔ا۔مذ) کائستھوں کی ایک گوت۔
سِکشا (سِک۔شا)(ہ۔ا۔مث)(۱) تعلیم و تربیت۔ سکھانا پڑھانا (۲) نصیحت (۳) وید کا ایک حصّہ۔
سِکّل (سِ۔کل)(ہ۔ا۔مث) زنجیر۔
سَکلا (سَک۔لا)(ق۔صف) سب۔ تمام۔
سَکنا (سَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) لائق ہونا۔ قابل ہونا (۲) ممکن ہونا۔
سِکنا (سِک۔نا)(ہ۔مص)(۱) آگ پر تپایا جانا۔ پختہ ہونا۔ کرارا ہونا: ہونا۔ سینکا جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سُکَنات (سُ۔کَ۔نات) (ع۔ا۔مذ) سکنت کی جمع۔ وقفے۔ سکون۔ ٹھہراؤ۔ (حرکات کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔ حرکات و سکنات)۔

سِکَنج بِین (سِ۔کَنج۔بین) (ع۔ا۔مث) سرکہ یا نیبو کے عرق کا پکا ہوا شربت۔ سرکہ اور انگبین (شہد) کا مُرکّب۔ ف سرکنگبین کا مُعرّب۔

سِکَنْدَر (سِ۔کَن۔دَر) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے اِسکندر۔

سِکَنْدَرِی (سِ۔کَن۔دَ۔ری) (ف۔صف) (۱) سکندر کے متعلق (۲) (ا۔مث) گھوڑے کی ٹھوکر (۳) (مجازاً) بادشاہت۔

سکندری کھانا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔

سِکَنْڈ (Second) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ایک منٹ کا ساٹھواں حصّہ۔ ثانیہ۔ لمحہ۔ لحظہ (۲) (صف) دُوسرا۔ دوم۔ دُوسرے نمبر یا درجے کا۔

سکنڈ ہینڈ (انگ۔صف) (۱) اِستعمال شدہ۔ پرانا (۲) گھڑی میں سکنڈ ظاہر کرنے والی سُوئی۔

سکنڈری (Secondary) (انگ۔صف) ثانوی۔ دُوسرے درجے کا۔

سَکَنَہ (سَ۔کَ۔نہ) (ع۔ا۔مذ) ساکن کی جمع۔ باشندے۔

سَکِنَہ (سَ۔کِ۔نہ) (ع۔ا۔مذ) سکون کی جگہ۔ مکان۔ رہائش۔

سَکَنی (سَ۔کَ۔نی) (ع۔صف) قابلِ رہائش۔

سُکُوت (سُ۔کوت) (ع۔ا۔مذ) (۱) خاموشی (۲) اَمن۔

سکوت کا عالَم (اُر۔ا۔مذ) خاموشی کی حالت۔

سِکورا (سِ۔کو۔را) (ف۔ا۔مذ) مٹی کا پیالہ۔ (ف شکورا کا مُوَرّد)۔

سکوڑنا (سَ۔کوڑ۔نا) (ہ۔مص) ہاتھ پاؤں کا اکٹھا کر لینا۔ سکیڑنا۔

سُکُون (سُ۔کون) (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹھہراؤ۔ قرار (۲) اَمن۔ خاموشی (۳) ساکن حرف کی علامت۔ جزم۔

سکون آور (ع۔صف) (۱) قرار لانے والی دوا۔ مُسکّن دوا یا مادّہ۔

سُکُونَت (سُ۔کو۔نت) (ف۔ا۔مث) (۱) بُود و باش۔ مستقل قیام (۲) رہنے کی جگہ۔ مسکن۔ مکان۔ اقامت گاہ۔

سکونت پزیر ہونا (اُر۔ محاورہ) بسنا۔ رہنا۔ بود و باش اِختیار کرنا۔

سُکُونِیات (سُ۔کو۔نِ۔یات) (ع۔ف۔ا۔مذ) (اِصطلاحِ طبیعات) وہ علم جس میں اَجسام کی حالتِ سکون سے بحث کی جاتی ہے۔ (Statics)۔

سِکّہ (سِک۔کہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹھپّا۔ ضرب۔ چھاپ (۲) نقش کیا ہوا ڈھلا ہوا دھات کا ٹکڑا جس پر حکومت کی مُہر کندہ ہوتی ہے اور جو حکومت کی مقررہ قیمت پر بازار میں چلتا ہے۔ اردو جمع: سکّوں۔ سکّے (۳) طرز۔ روش۔ طریقہ۔ قانون (۴) (اُر۔ا۔مذ) رُعب داب۔

سکّہ بٹھانا (اُر۔ محاورہ) رُعب جمانا۔ حکومت قائم کرنا۔

سکّہ بند (اُر۔صف) معیاری۔ مستند۔ پختہ۔

سکّہ جاری کرنا (چلانا) (اُر۔ محاورہ) کسی نئے بادشاہ کا مُلک میں اپنے نام کا سکّہ رائج کرنا۔

سکّہ بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رُعب قائم ہونا (۲) حُکم چلنا۔ حکومت ہونا۔

سکّۂ رائج الوقت (ع۔ا۔مذ) وہ سکّہ جو مُلک میں چل رہا ہو۔

سکّہ رواں ہونا (اُر۔ محاورہ) حُکم چلنا۔

سکّہ زن (ف۔صف) سکّہ ڈھالنے والا۔ ٹکسالیا۔

سکّۂ (جعلی) قلب (ع۔ا۔مذ) کھوٹا سکّہ۔ مصنوعی سکّہ۔

سِکّھ (بالکسر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شاگرد۔ چیلا (۲) گُرو نانک کا پیرو۔

سُکّھ (بالضم) (س۔ا۔مذ) (۱) راحت۔ آسودگی۔ چین۔ آرام (۲) امن و امان (۳) تندرستی۔ صحت۔

سُکھپال (سُکھ۔پال) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی پالکی۔

سُکھ تلا (اُر۔ا۔مذ) پائے تابہ۔ چمڑے کا وہ ٹکڑا جو جوتے کے اندر رکھتے ہیں۔

سُکھ چین (ہ۔ا۔مذ) (۱) آرام و آسائش (۲) ایک درخت کا نام۔

سُکھ درشن (ہ۔ا۔مذ) ایک بُوٹی جس کا عرق کان کے درد کے لئے مُفید ہے۔

سُکھ سَمپت کا سب کوئی ساتھی (ہ۔مثل) خوش حالی کے زمانے میں سب دوست بن جاتے ہیں۔

سکھ میں ہر کو بھجے تو دُکھ کاہے کو ہو (ہ۔مثل) راحت کے زمانے میں خُدا کو یاد کریں تو مُصیبت کیوں آئے۔

سِکھاشاہی (سِکھ۔کھا۔شا۔ہی) (اُر۔ا۔مث) (۱) سِکھوں کے زمانے کا اندھیر (۲) آپا دھاپی یا لوٹ مار کا دَور۔

سِکھانا (سِکھلانا) (سِ۔کھا۔نا) (سِکھ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) تعلیم دینا۔ پڑھانا لکھانا۔ بتانا (۲) سدھانا۔ تربیت دینا۔ کسی ڈھب یا راستے پر لگانا (۳) بہکانا۔ ورغلانا۔ پٹّی پڑھانا۔

سِکھانا پڑھانا (اُر۔ محاورہ) بدگمان کرنا۔ لگائی بُجھائی کرنا۔

سُکھانا (سُ۔کھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) خشک کرنا۔ رطوبت جذب کرنا (۲) دیر تک بٹھائے رکھنا۔

سِکھائی پڑھائی (اُر۔صف) سکھایا پڑھایا کی تانیث۔

سِکھائے میں آنا (اُر۔ محاورہ) بہکائے میں آنا۔ کسی کے کہنے میں آنا۔

سِکھایا پڑھایا (اُر۔صف) (۱) تعلیم یافتہ۔ تربیت یافتہ (۲) بہکایا ہوا۔

سَکھی (سَ۔کھی) (ہ۔ا۔مث) (۱) سہیلی۔ ساتھن۔ ہم جولی (۲) فقیروں کا ایک گروہ جو زنانہ لباس پہنتا ہے۔ جمع: سکھیاں۔ سکھیوں۔

سُکھی (سُ۔کھی) (ہ۔صف) آسودہ حال۔ خوش۔ مطمئن۔ آرام میں۔

سُکیڑنا (سُ۔کیڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) سمیٹنا۔ اکٹھا کرنا (۲) بھینچنا۔ تنگ کرنا۔

سَکیلا (سَ۔کی۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا فولادی ہتھیار (۲) ایک قسم کی تلوار۔

سِکّین (سِک۔کین) (ع۔ا۔مث) چاقو۔ چُھری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَکِینَت (سکینہ) (سَ۔کی۔نت) (سَ۔کی۔نہ) (ع۔ا۔مث) آرام۔ سکون۔

س۔گ

سَگ (بالفتح) (ف۔ا۔مذ) کُتا۔ کلب۔
سگِ بازاری (ف۔ا۔مذ) وہ کُتا جس کا کوئی مالک نہ ہو۔ آوارہ کُتا۔
سگِ باش برادرِ خُرد مباش (ف۔مثل) کُتا بن جا چھوٹا بھائی نہ بن۔ چھوٹے بھائی کی کوئی عزت و توقیر نہیں ہوتی۔
سگِ تازی (ف۔ا۔مذ) عربی نسل کا شکاری کُتا۔
سگِ حضور (حضوری) بہ از برادرِ دُور (دُوری) (ف۔مثل) (۱) پاس رہنے والا کُتا دُور رہنے والے بھائی سے بہتر ہے (۲) دُور رہنے والے بھائی کے مقابلے میں پاس رہنے والا غیر اچھا (کہ وقت پر کام آتا ہے)۔
سگِ زرد برادرِ شغال (ف۔مثل) (۱) زرد کُتا گیدڑ کا بھائی (۲) اُس شخص کی بابت کہتے ہیں جو بدی میں دُوسرے بُرے لوگوں کی مانند ہو۔
سَگا (سَ۔گا) (ہ۔صف) (۱) ایک ماں باپ کا۔ حقیقی (۲) بہت قریبی۔ اپنا۔ یگانہ (۳) داماد (۴) (پہاڑی قبائل میں) اپنے گاؤں یا بستی کا۔
سِگار (Cigar) (انگ۔ا۔مذ) چُرٹ۔ بڑا سگرٹ جو تمباکو کا پتا لپیٹ کر بنایا جاتا ہے۔ اُردو جمع: سگار۔ سگاروں۔
سِگال (سِ۔گال) (ف۔لاحقہ فاعلی) مصدر سگالیدن سے صیغۂ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور اندیشہ کرنے والا یا چاہنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خیر سگال۔ بدسگال۔
سِگالی (ف۔ا۔مث) چاہ۔ آرزو۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے خیر سگالی۔
سِگانہ (سِ۔گا۔نہ) (ف۔صف) (اصطلاح علمِ کیمیا) زمین کی تیسری تہ۔
سَگائی (سَ۔گا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) منگنی۔ نسبت (۲) قرابت داری۔
سِگرِٹ (Cigarette) (انگ۔ا۔مذ) ہلکا چرٹ۔ کاغذ میں لپٹی ہوئی تمباکو کی بتی۔
سُگند (سُ۔گند) (ہ۔ا۔مث) (۱) مہک۔ خوش بُو (۲) (صف) سوندھا۔ خوش بُودار۔
سِگنل (Signal) (انگ۔ا۔مذ) اِشارہ۔ اُردو جمع: سگنل۔ سگنلوں۔
سگنل ڈاؤن ہونا (اُر۔مص مُرکّب) ریلوے کے کھمبے کے ہتھے کا نیچا ہونا۔ ٹرین کو لائن کلیر ہونے کا اشارہ ملنا۔ ریل کے آنے یا روانہ ہونے کا اشارہ ہونا۔
سگنل مَین (Signal Man) (انگ۔ا۔مذ) وہ آدمی جو سگنل اُٹھاتا یا گراتا ہے۔
سِگنَلر (Signaller) (انگ۔ا۔مذ) تار بابو۔ ٹیلیگراف کلرک۔
سُگھڑ (سُ۔گھڑ) (ہ۔صف) تمیزدار۔ خوش سلیقہ۔ ذی شعور۔ دانش مند۔ صاحبِ تمیز (۲) کاری گر۔ دست کار۔ ہنرمند۔ (عموماً عورت کے لئے)۔
سُگھڑاپا (سُگھ۔ڑاپا) (ہ۔ا۔مذ) سلیقہ۔ تمیز۔ ہنرمندی۔ کاری گری۔
سُگھڑائی (ہ۔ا۔مث) چترائی۔ ہوشیاری۔ ہنرمندی۔ دانائی۔
سُگھڑپَن (سُ۔گھڑ۔پَن) (ہ۔ا۔مذ) سلیقہ۔ تمیز (۲) ہنرمندی۔ ہوشیاری۔
سُگھڑ ول (ق۔صف) سُگھڑ۔
سُگھڑئی (ہ۔ا۔مث) ایک راگ جو رات کے دُوسرے پہر گایا جاتا ہے۔

س۔ل

سِل (بالکسر) (ع۔ا۔مث) (۱) ایک بیماری جس سے پھیپھڑوں میں زخم ہو جاتے ہیں اور مُنہ سے خون آنے لگتا ہے۔ تپ دِق۔
سِل (ہ۔ا۔مث) مسالا پیسنے کا پتھر۔ پتھر کا لمبا چوڑا ٹکڑا جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے۔
سِل بٹا (ہ۔ا۔مذ) سِل پر مسالا پیسنے کا چھوٹا پتھر۔
سِلّا (سِل۔لا) (ہ۔ا۔مذ) خوشہ۔ اناج کی وہ بالیں جو فصل کٹنے کے بعد کھیت میں رہ جاتی ہیں۔
سلاجیت (سَ۔لا۔جیت) (ہ۔ا۔مذ) سیاہ رنگ کا رقیق مادہ جو پتھر سے نکلتا ہے اور بطور دوا اِستعمال ہوتا ہے۔
سِلاح (سِ۔لاح) (ع۔ا۔مذ) (۱) لڑائی کے ہتھیار (۲) اَوزار۔ جمع: اَسلحہ۔
سلاح بند (ع۔ف۔صف) ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلّح۔ ہتھیار بند۔
سلاح پوش (ع۔ف۔صف) زرہ بکتر پہنے ہوئے (۲) پوری طرح مسلّح۔
سلاح خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) میگزین۔ وہ عمارت جس میں ہتھیار رکھے جاتے ہیں۔
سلاح ساز (ع۔ف۔صف) ہتھیار بنانے والا۔
سلاح شور (ف۔صف) (۱) بہادر سپاہی (۲) ہتھیار بند سپاہی (۳) میگزین کا داروغہ۔
سَلاخ (سَ۔لاخ) (اُر۔ا۔مث) (۱) لوہے کی گول چھڑی (۲) لکیر۔ دھار۔ جمع: سلاخوں۔ سلاخیں۔
سَلاخی (سَ۔لا۔خی) (اُر۔صف) سلاخ سے منسوب۔
سلاخی گندھک (اُر۔ا۔مث) (اصطلاح علمِ کیمیا) وہ گندھک جو سلاخوں کی شکل میں ہو۔
سَلاد (سَ۔لاد) (اُر۔ا۔مذ) کچّے ساگ اور ترکاریوں کا کچالو جو کھانے کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔ (انگ Salad کا مورّد)۔
سَلاسَت (سَ۔لا۔سَت) (ع۔ا۔مث) نرمی۔ روانی۔ ہمواری۔ کلام میں ثقیل لفظ نہ آنا۔ صفائی۔ فصاحت۔
سلاستِ زبان (ع۔ف۔ا۔مث) فصاحت۔ کلام میں نرم اور ہلکے پُھلکے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

الفاظ اِستعمال کرنا۔

سَلاسِل (سَ۔لا۔سِل)(ع۔ا۔مث) سِلسِلہ کی جمع۔ بیڑیاں۔ زنجیریں۔ کڑیاں۔

سَلاطِین (سَ۔لا۔طِین)(ع۔ا۔مذ) سُلطان کی جمع۔

سَلام (سَ۔لام)(ع۔ا۔مذ)(۱) سلامتی (۲) تسلیم۔ آداب (۳) رُخصت کرنا۔ الوداع (۴) بس۔ جائیے۔ معاف کیجئے (۵) کسی نے جو بات نہ مانی ہو اُس کے ظہور پزیر ہونے پر طنزاً آداب بجا لانا (۶) خاتمۂ نماز پر دائیں بائیں مُنہ پھیرنا (۷) مایوسی کا اِظہار (۸) غزل کے انداز میں وہ نظم جس میں واقعاتِ کربلا کا ذکر ہو (۹) کھڑے ہو کر رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی بارگاہ میں صلوٰۃ و سلام عرض کرنا۔

سلام پھیرنا (اُر۔ محاورہ) نماز ختم کرنا۔

سلام پیام (سلام پیغام) (ع۔ف۔ا۔مذ) منگنی یا نسبت کی بات چیت۔

سلام دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) افسروں کا کسی کو اندر بُلوانا یا کوئی چیز لے کر شکریہ ادا کرنے کی ہدایت کرنا (۲) رُخصت کرنا۔ وداع کرنا۔

سلامِ رُوستائی بے غرض نیست (ف۔ مثل) دہقان کا سلام مطلب سے خالی نہیں ہوتا۔ خوشامد کرنے والے کا کوئی نہ کوئی مطلب ضرور ہوتا ہے۔

سلامِ شوق (ع۔ا۔مذ) محبت اور اِشتیاق کا سلام۔

سلام علیکُم (ع۔ کلمۂ دُعا) تم پر سلامتی ہو۔ مسلمان مجلس میں قدم رکھتے وقت یا کسی سے ملنے پر یہ کلمہ کہتا ہے۔

سلام علیکی (ق۔ا۔مث) صاحب سلامت۔ علیک سلیک۔ جان پہچان۔

سلام کرائی (اُر۔ا۔مث) سلامی۔ وہ رقم وغیرہ جو رُخصتی کے وقت دُولہا کے سلام کرنے پر دُلہن والوں کی طرف سے دی جاتی ہے۔

سلام کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) سر، ماتھے یا سینے پر ہاتھ رکھنا۔ آداب بجا لانا (۲) رُخصت ہونا۔ جانا (۳) سرِ تسلیم خم کرنا۔ ہار ماننا۔ کسی کی بڑائی کا اِعتراف کرنا۔ سراہنا (۴) دست بردار ہونا (۵) خیر باد کہنا۔

سلام لینا (اُر۔ محاورہ) سلام کا جواب دینا۔

سلامِ نیاز (ع۔ف۔ا۔مذ) عاجزی کا سلام (بڑوں اور بُزرگوں کے لئے)۔

سلام ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُلاقات ہونا (۲) رُوبرو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔

سلام ہے (اُر۔ محاورہ) (۱) باز آئے۔ چھوڑا۔ دست بردار ہوئے (۲) خُدا بچائے۔

سَلامَت (سَ۔لا۔مَت) (ع۔صف) (۱) محفوظ۔ ہر بلا سے بچا ہوا (۲) صحیح۔ تن دُرست۔ پُورا (۳) زندہ۔ حیات۔ موجود (۴) مُبارک باد کا جواب۔

سلامت رَوی (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) چلن سے چلنا۔ کفایت شعاری۔ میانہ روی (۲) سیدھی راہ اِختیار کرنا (۳) ایسا ڈھنگ اِختیار کرنا جس سے کسی طرح کا اِلزام نہ آئے۔

سَلامتی (سَ۔لا۔مَ۔تی) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) خیریت۔ عافیت (۲) حفاظت۔ بچاؤ۔ محفوظ ہونا (۳) صحت۔ تن دُرستی (۴) زندگی۔ حیات (۵) موجودگی (۶) قیام۔ برقراری۔

سَلامی (سَ۔لا۔می) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) تعظیم۔ سپاہ کا ہتھیار اُٹھا کر تعظیم دینا (۲) توپیں، بندوقیں گولے چلا کر تعظیم کرنا (۳) نذرانہ۔ پیش کش (۴) ڈھال۔ ڈھلان (۵) مُجرائی (۶) وہ رقم جو بوقتِ رُخصتی دُلہن والے دولھا کو دیتے ہیں۔

سلامی اُتارنا (اُر۔ محاورہ) بادشاہ یا حاکمِ وقت وغیرہ کی آمد پر توپیں یا بندوقیں سر کرنا۔

سِلانا (سِ۔لا۔نا)(ہ۔مص) ٹانکے لگوانا۔ بخیہ کرانا۔ نیز دیکھئے سِلوانا۔

سُلانا (سُ۔لا۔نا)(ہ۔مص)(۱) نیند میں محو کرنا۔ بچّے کو تھپک تھپک کر نیند کی ترغیب دینا (۲) (قبر میں) رکھنا (۳) دفن کرنا۔ گاڑنا۔ دبانا (۴) زہر کھلا کر مار ڈالنا۔ گلا گھونٹ دینا۔

سِلائی (سِ۔لا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کپڑے سِلوانے کی اُجرت (۲) سینا۔ سینے کا عمل۔ نیز دیکھئے سِلوائی۔

سَلائی (سَ۔لا۔ای) (ہ۔ا۔مث) دھات یا لکڑی کی پتلی سلاخ۔ سُرمہ لگانے کی گول پتلی سلاخ۔ جمع: سلائیاں۔ سلائیوں۔

سلائی پھیرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گرم سلائی آنکھوں میں پھیر کر اندھا کرنا (۲) زخم یا آنکھ میں سلائی گھمانا۔

سَلْب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) لے جانے یا مٹانے کا عمل (۲) جذب کرنا (۳) چھین لینا۔

سِلپ (Slip) (انگ۔ا۔مث)(۱) کاغذ یا کسی باریک چیز کا لمبا پُرزہ یا پٹی (۲) غلطی۔ سہو۔

سِلْپَٹ (سِل۔پَٹ) (ہ۔صف) (۱) صاف۔ ہموار (۲) اندھا (۳) مٹے ہوئے نقوش کا (سِکّہ) (۴) بن ایڑی کی جوتی۔ انگریزی لفظ سلیپر کا بگڑا ہوا لفظ (۵) ریل کی سڑک پر بچھا ہوا لکڑی کا تختہ۔ سلیپر کا بگڑا ہوا۔

سِلَپچی (سِلَفچی) (سِ۔لپ۔چی) (سِ۔لف۔چی) (اُر۔ا۔مث) ہاتھ دھونے کا برتن۔ ف: سیلاب چی کا مُوَرَّد۔ جمع: سلپچیاں۔ سلپچیوں۔

سُلَٹنا (سُ۔لٹ۔نا)(ہ۔مص)(۱) نمٹنا۔ باہم طے کرنا (۲) سیدھا کرنا۔

سَلَج (سَ۔لَج)(ہ۔ا۔مث) سالے کی بیوی۔ سلہج۔

سَلْجُوق (سَل۔جُوق)(ت۔ا۔مذ) ترکوں کا ایک مشہور خاندان۔

سُلْجھانا (سُل۔جھا۔نا)(ہ۔مص)(۱) گرہیں اور پیچ کھولنا۔ اُلجھاؤ دُور کرنا (۲) پیچیدہ مُعاملے کی اُلجھنیں دُور کرنا۔

سُلْجھاؤ (سُلْجھاوا) (سُل۔جھا۔او) (سُل۔جھا۔وا) (ہ۔ا۔مذ) فیصلہ۔ اُلجھن دُور ہونا۔

سُلَجھنا (سُ۔لجھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) گرہیں کھلنا (۲) حل ہونا۔ آسان ہونا۔ سہل ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سُلجھا ہُوا (سُلجھا سُلجھایا) (اُ۔ صف) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ (۲) جس کا ذہن صاف ہو۔

سِلَح (سِ۔ لَح) (ع۔ ا۔ مذ) ہتھیار۔ آلاتِ حرب (۲) اوزار (۳) پوشاک۔ لباس۔ نیز دیکھئے سِلاح مع مرکبات۔

سَلخ (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) قمری مہینے کا آخری دن (۲) کھال کھینچنا۔ کھال اُتارنا۔

سَلسال (سَل۔ سال) (ع۔ صف) صاف شفاف میٹھا (پانی)۔

سَلَسُل البَول (سَل۔ سَ۔ لُل۔ بوْل) (ع۔ ا۔ مذ) مثانے کی ایک بیماری جس میں پیشاب بار بار قطرہ قطرہ کر کے آتا ہے۔

سَلسَبیل (سَل۔ سَ۔ بیل) (ع۔ ا۔ مث) (۱) بہشت کی ایک نہر (۲) خوش گوار چیز (۳) شراب۔

سَلسَلانا (سَل۔ سَ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) نرم نرم کھجلی ہونا (۲) رینگنا۔ کیڑوں کا پیٹ کے بل چلنا۔

سَلسَلاہٹ (سَل۔ سَ۔ لا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) کھجلی۔ چُل (۲) درد (ق)۔

سِلسِلہ (سِل۔ سِ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) زنجیر۔ بیڑی (۲) قطار۔ صف۔ لڑی (۳) خاندان۔ نسل (۴) شجرہ (۵) ترتیب۔ دُرستی (۶) تعلّق۔ واسطہ (۷) مُلازمت کا تعلّق۔ جمع: سلاسِل۔ اُردو جمع: سِلسِلوں۔ سِلسِلے۔

سِلسِلہ بندی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) قطار بندی۔ ترتیب (۲) زیل بندی۔ گروپ بندی۔

سِلسِلۃُ الذّہب (سِل۔ سِ۔ لَ۔ تُذ۔ ذَہب) (ع۔ ا۔ مذ) سونے کی زنجیر۔ سُنہری زنجیر (۲) (کنایۃً) لائق فائق لوگوں کا گروہ۔

سِلسِلہ توڑنا (اُ۔ محاورہ) ترکِ تعلّق کرنا۔

سِلسِلہ جُنباں (نُون غُنّہ) (ف۔ صف) تحریک کرنے والا۔ بات نکالنے والا۔

سِلسِلہ جُنبانی (ف۔ ا۔ مث) بات نکالنا۔ تحریک کرنا۔

سِلسِلہ چلنا (اُ۔ محاورہ) کسی بات کا شروع ہونا (۲) کسی بات کا مسلسل چلتے رہنا (۳) نسل چلنا۔

سِلسِلہ کوہ (ف۔ ا۔ مذ) پہاڑوں کی قطار۔

سِلسِلہ ملنا (اُ۔ محاورہ) خاندانی تعلّق ہونا۔

سِلسِلہ نکالنا (اُ۔ محاورہ) ذریعہ پیدا کرنا۔ طریقہ نکالنا۔

سِلسِلہ نکلنا (اُ۔ محاورہ) (۱) آغاز ہونا (۲) راہ نکلنا۔

سِلسِلہ وار (ع۔ ف۔ صف) ترتیب وار۔ درجے کے لحاظ سے۔ نمبر کے مطابق۔

سُلطان (سُل۔ طان) (ع۔ ا۔ مذ) بادشاہ۔ فرماں روا۔ جمع: سلاطین۔

سُلطانہ (سُل۔ طا۔ نہ) (ع۔ ا۔ مث) سُلطان کی تانیث۔ ملکہ۔ رانی۔ بادشاہ بیگم۔

سُلطانی (سُل۔ طا۔ نی) (ع۔ ا۔ مث) بادشاہی۔ فرماں روائی۔ حکومت۔

سَلطَنت (سَل۔ طَ۔ نَت) (ع۔ ا۔ مث) بادشاہی۔ حکومت۔ عمل داری۔ اُردو جمع: سلطنتوں۔ سلطنتیں۔

سَلَف (سَ۔ لَف) (ع۔ صف) (۱) گزشتہ۔ سابقہ۔ پہلے کا (۲) اگلے زمانے کے لوگ۔ آباء و اَجداد۔ جمع: اَسلاف۔

سُلف (سُ۔ لَف) (اُ۔ ا۔ مذ) (۱) سودا۔ اَسباب (۲) خریدا ہوا سامان۔ (سودا کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔ سودا سُلف)۔

سُلفا (سُل۔ فا) (اُ۔ ا۔ مذ) ایک دفعہ چلم بھرنے کے قابل تمباکو یا چرس۔

سُلفا کر ڈالنا (اُ۔ محاورہ) (۱) جلا کر خاک کر دینا (۲) فضول خرچی میں دولت برباد کر ڈالنا۔

سَلفر (Sulphur) (انگ۔ ا۔ مذ) گندھک۔ کبریت۔

سَلَفی (سَ۔ لَ۔ فی) (ع۔ صف) سلف سے منسوب (۲) اہلِ حدیث اپنے آپ کو سلفِ صالحین کا پیرو گردانتے ہوئے سلفی کہتے ہیں۔

سِلک (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تاگا۔ دھاگا۔ ڈورا (۲) لڑی۔ ہار (۳) ایک چیز کو دُوسری چیز کے ساتھ پرونا (۴) سلسلہ۔ قطار (۵) نظم۔

سِلک (Silk) (انگ۔ ا۔ مذ) ریشم۔

سِلکھن (سِل۔ کھن) (ق۔ صف) نیک بخت۔ نیک چلن۔

سَلَگ (سَ۔ لَگ) (ہ۔ صف) لگاتار۔ مُسلسل۔ باہم جُڑا ہوا۔ ثابت۔ سالم۔

سِلَگ (سِ۔ لَگ) (ق۔ ا۔ مث) دوستی۔ بے تکلفی۔ محبت۔

سِلگ دینا (ق۔ محاورہ) مُنہ لگانا۔ بے تکلفی پیدا کرنا۔

سُلگانا (سُل۔ گا۔ نا) (ہ۔ مص) آگ جلانا۔ آگ روشن کرنا (۲) فساد کرانا۔ جھگڑا کرانا۔

سُلگنا (سُ۔ لَگ۔ نا) (ہ۔ مص) آگ روشن ہونا (۲) آہستہ آہستہ دُھواں نکلنا (۳) حسد سے جلنا۔

سِلگی (سِل۔ گی) (ق۔ صف) سدھا ہوا۔ سلیم الطبع۔

سِلگی پنا (ق۔ ا۔ مذ) دوستی۔ بے تکلفی۔

سَلَم (سَ۔ لَم) (ع۔ ا۔ مث) کسی چیز کی پیشگی قیمت دے دینا۔ اُردو میں صرف بیع کے ساتھ مستعمل ہے (بیع و سلم)۔

سَلَم (سَ۔ لَم) (ع۔ ا۔ مذ) (اِصطلاحِ کیمیا) سالمہ۔ ذرّہ۔ ریزہ۔

سَلمہ (سَل۔ مہ) (ف۔ ا۔ مذ) چاندی سونے کے تار جن کو بٹ کر اور بل دے کر لباس، جوتوں اور ٹوپیوں وغیرہ پر لگاتے ہیں۔

سَلمیٰ (سَل۔ ما) (ع۔ ا۔ مث) (۱) محبوبہ (۲) عرب کی ایک حسین عورت کا نام۔

سَلنا (سَل۔ نا) (ہ۔ مص) چھدنا۔ سُوراخ ہونا۔

سِلنا (سِل۔ نا) (ہ۔ مص) سِیا جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَلُو (سَل۔لو) (ہ۔ا۔مذ) کٹا ہوا چمڑا جس کو جوتی یا موزے میں ڈورے کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔

سَلُوکی (سِلائی) گَٹھائی (ہ۔ا۔مث) نرے چمڑے کی سِلائی یا گٹھائی۔

سَلْوا (سَلْوِیٰ) (سَل۔وا) (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا بٹیر۔

سِلْوانا (سِل۔وا۔نا) (ہ۔مص) سینے کے لئے دینا۔ نیز دیکھئے سِلانا۔

سَلْوائی (سَل۔وا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) بندھوائی۔ چھید کروانے کی مزدوری۔

سِلْوائی (سِل۔وا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) سِلوانے کے دام۔ نیز دیکھئے سِلائی نمبر ا۔

سَلُوتْری (سَ۔لوت۔ری) (ہ۔ا۔مذ) گھوڑوں کا ڈاکٹر۔ نیز دیکھئے سالوتری۔

سِلْوَٹ (سِل۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) شِکن۔ بَل۔ جُھرّی۔ جمع سِلوٹوں۔ سِلوٹیں۔

سَلُوٹ (Salute) (انگ۔ا۔مث) دیکھئے سیلوٹ۔

سِلْوَر (Silver) (انگ۔ا۔مث) چاندی۔ رُوپا۔

سَلُوشَن (Solution) (انگ۔ا۔مذ) محلول۔ تحلیل کی کیفیت۔

سُلُوک (سُ۔لوک) (ع۔ا۔مذ) (۱) راستہ چلنا۔ راہ طے کرنا (۲) (اُر۔ا۔مذ) برتاؤ۔ طرزِ عمل۔ رویّہ (۳) دوستی۔ محبت (۴) امداد (۵) بھلائی۔ نیکی۔ نیک روی (۶) (اِصطلاحِ تصوّف) حق تعالیٰ کی قُربت چاہنے کے لئے ریاضت کرنا۔

سَلُول (سَ۔لول) (واو مجہول) (ق۔صف) خوش ادا۔

سِلُولائیڈ (Celluloid) (انگ۔ا۔مذ) پلاسٹک کی اِبتدائی قسم جس سے مختلف چیزیں بنائی جاتی ہیں۔

سَلُوَن (سَل۔وَن) (ق۔صف) خوبصورت۔

سَلُونا (سَ۔لو۔نا) (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) نمکین (۲) سانولا۔ گندمی۔

سَلُونو (سَ۔لو۔نو) (ہ۔ا۔مث) ساون کے مہینے میں ہندوؤں کا ایک تہوار جس میں راکھی باندھتے ہیں۔

سَلُونی (سَ۔لو۔نی) (ہ۔صف) سلونا کی تانیث۔

سَلْہَج (سَل۔ہَج) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے سَلج۔

سِلّی (سِل۔لی) (ہ۔ا۔مث) اُسترا، چاقو وغیرہ تیز کرنے کی پتھری (۲) لکڑی کا موٹا تختہ (۳) مُرغابی (۴) بھوسا ملا ہوا اناج (اس میں بلا تشدید لام ہے)۔

سِلیبَس (Syllabus) (سِ۔لے۔بس) (انگ۔ا۔مذ) نصابِ تعلیم۔

سِلیپَر (Sleeper) (انگ۔ا۔مذ) لکڑی کا وہ کُندا جس پر ریل کی پٹڑی رکھی ہوتی ہے۔ اُردو جمع: سلیپر۔ سلیپروں۔

سِلیپَر (سِ۔لی۔پَر) (سلپر) (Slipper) کا موَرّد۔ا۔مذ) زیرپائی۔ ہلکی اور بغیر ایڑی کی کُھلی جوتی جو عموماً گھر میں پہنتے ہیں۔ جمع: سلیپر۔ سلیپروں۔

سِلیٹ (Slate) (انگ۔ا۔مث) پتھر کی تختی۔

سَلِیس (سَ۔لیس) (بیائے معروف) (ع۔صف) آسان۔ عام فہم۔

سَلِیقہ (سَ۔لی۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) تمیز۔ شعور۔ لیاقت (۲) سگھڑاپا (۳) ہُنر۔ دست کاری۔

سلیقہ مند (شِعار) (ع۔ف۔صف) تمیزدار۔ سگھڑ۔ ہُنرمند۔

سِلیکان (Silicon) (انگ۔ا۔مذ) ایک معدنی عنصر جس سے شیشہ بنتا ہے۔

سِلیکشن (Selection) (انگ۔ا۔مذ) اِنتخاب۔ اِختیار۔ پسند۔

سَلِیم (سَ۔لیم) (ع۔صف) (۱) ٹھیک۔ دُرست۔ کامل۔ پُورا (۲) سادہ دِل۔ صاف دِل (۳) تن دُرست۔ چنگا (۴) (اُر۔صف) حلیم۔ بُردبار۔ خاموش۔ صلح پسند۔

سلیمُ الطّبع (سَ۔لی۔مط۔طبع) (ع۔صف) (۱) حلیم۔ نرم دِل (۲) دانش مند۔ دُور اندیش۔

سلیم شاہی (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کی نازک خوبصورت جوتی۔

سُلَیمان (سُ۔لے۔مان) (ع۔ا۔مذ) عبرانی لفظ "شلومو" (بمعنی امن چین) کا مُعرّب۔ حضرت داؤدؑ کے بیٹے اور بنی اسرائیل کے پیغمبر و بادشاہ جن و انس اور حیوانات پر اُن کی حکومت تھی۔

سُلَیمانی (سُ۔لے۔ما۔نی) (ع۔صف) (۱) حضرت سلیمانؑ سے منسوب (۲) ایک قسم کا دورنگا پتھر (۳) ایک قسم کا چورن۔ نمک سلیمانی (۴) ایک قسم کا گُرما۔

سلیمانی ٹوپی (اُر۔ا۔مث) ایسی فرضی ٹوپی جس کو پہننے والا سب کو دیکھ سکتا ہے مگر اُسے کوئی نہیں دیکھ سکتا۔

س۔م

سَم (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آواز۔ تال۔ سُر (۲) (صف) برابر۔ ہم وزن۔ پُورا۔

سَمّ (بفتحہ اوّل و تشدید دوم) (ع۔ا۔مث) (۱) زہر۔ بِس (۲) چھید۔ سُوراخ۔

سمُّ الخِیاط (سَم۔مُل۔خی۔یاط) (ع۔ا۔مذ) سُوئی کا ناکا۔

سمُّ الفار (سَم۔مُل۔فار) (ع۔ا۔مذ) (لغوی معنی چوہے کا زہر)۔ سنکھیا۔

سمِّ قاتِل (ع۔ا۔مذ) جلد ہلاک کرنے والا زہر۔ زہر ہلاہل۔

سُم (بضم اوّل) (ف۔ا۔مذ) کُھر۔ گھوڑے یا گدھے کا پاؤں۔ نیز دیکھئے کُھر۔

سُم لینا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔

سَما (سَ۔ما) (ع۔ا۔مذ) آسمان۔ فلک۔ آکاش۔ جمع: سماوات۔

سَما (سَماں) (سَ۔ما) (سَ۔ماں) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وقت۔ ساعت (۲) موقع۔ محل (۳) رُت۔ موسم۔ فصل (۴) کیفیت۔ حالت۔ عالم (۵) رونق (۶) تماشا۔ سیر۔ نظارہ۔

سما (سماں) باندھنا (اُر۔محاورہ) (۱) رنگ جمانا (۲) کیفیت پیدا کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لُطف پیدا کرنا۔

سما (سماں) بندھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) محویّت کا عالم طاری ہونا (۲) رنگ جمنا۔

سَماپت (سَ۔ماپت) (س۔ا۔مذ) کمال۔ پُورا۔ مکمّل۔ خَتم۔

سَماج (سَ۔ماج) (س۔ا۔مث۔مذ) (۱) معاشرہ۔ سوسائٹی (۲) انجمن۔ کمیٹی۔ محفل۔ گروہ۔ جتھا۔ ٹولی۔ منڈلی۔ جمع: سماج۔ سماجوں۔

سَماجانا (و۔مص) (۱) بس جانا۔ بیٹھ جانا۔ بھر جانا (۲) جذب ہو جانا۔ سرایت کرنا۔ نیز دیکھئے سمانا۔

سَماجَت (سَ۔ما۔جَت) (ع۔ا۔مث) شرمندگی (۲) کُرشی (۳) (اُر۔ا۔مث) منّت۔ چاپلوسی۔ خوشامد (اُردو میں "منّت" کے بغیر نہیں بولا جاتا)۔

سَماجی (سَ۔ما۔جی) (اُر۔صف) سماج یا معاشرے سے متعلق۔ معاشرتی۔

سَماچار (سَ۔ما۔چار) (س۔ا۔مذ) خبر۔ اِطّلاع (۲) حالت۔ کیفیت۔

سَماڈھ (سَ۔مادھ) (س۔ا۔مث) (۱) گڑھا۔ غار۔ کھوہ (۲) جوگیوں، سنیاسیوں یا راجاؤں کی ہڈیوں کے دفن ہونے کی جگہ۔

سمادھ لگانا (و۔ محاورہ) (۱) سانس روکنا۔ حبسِ دم کرنا (۲) چلّہ کھینچنا۔ کچھ مُدّت کے لئے جم کر بیٹھنا۔

سمادھ لینا (اُر۔ محاورہ) جوگیوں سنیاسیوں کا جیتے جی دفن ہو جانا۔ دَم سادھ کر کچھ مُدّت کے لئے زمین میں گڑ جانا۔

سَمادھان (سَ۔ما۔دھان) (س۔ا۔مذ) (۱) مذہبی تعصب۔ مذہبی کٹرپن (۲) مُراقبہ۔ دھیان (۳) سوال کا جواب (۴) حل۔

سَمادِھی (س۔ا۔مث) اکٹھا کرنا (۲) تصوّر کرنا (۳) اِختلاف رفع کرنا (۴) وعدہ۔ عہد (۵) بدلہ۔ جزا (۶) گردن کی ہڈّی (۷) ناممکن کام کی کوشش (۸) ثبوت پیش کرنا۔ (۹) دیکھئے سمادھ نمبر ۲۔

سَماروغ (ف۔ا۔مذ) ککرمتا۔ کھمبی۔

سَماع (سَ۔ماع) (ع۔ا۔مذ) (۱) سُننا (۲) گانا سُننا (۳) ناچ گانا۔ قوالی۔

سَماعَت (سَ۔ما۔عَت) (ع۔ا۔مث) (۱) سُننے کی طاقت (۲) سُننا (۳) (مقدمے کی) پیشی یا کارروائی۔

سماعت کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سُننا۔ حاکم کا مُقدمے کی کارروائی کرنا (۲) توجّہ کرنا۔ اِلتفات کرنا۔

سماعت کے قابل (اُر۔صف) سُننے کے لائق۔ (ایسا مقدمہ) جو پیش کرنے یا کارروائی کے قابل ہو۔ وہ مقدمہ جس میں حاکم کو کارروائی کا اِختیار ہو۔

سماعت میں فرق آنا (اُر۔ محاورہ) کم سُنائی دینا۔

سماعتِ یک طرفہ (ع۔ف۔ا۔مث) صرف ایک فریق کے حاضرِ عدالت ہونے پر مقدّمے کی سماعت۔ یک طرفہ فیصلہ۔

سَماعی (سَ۔ما۔عی) (ع۔صف) (۱) سُنا ہوا۔ روایتی۔ سینہ بہ سینہ۔ کانوں کان (۲) (صَرف و نحو کی اِصطلاح) وہ لفظ جو کسی قاعدے کے مطابق نہ بنا ہو بلکہ اہلِ زبان اِس طرح بولتے ہوں اور اُن سے سُنا گیا ہو۔

سَماق (سَ۔ماق) (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا سنگِ مرمر۔

سَمان (سَ۔مان) (و۔صف) مانند۔ مثل۔ نظیر۔ ثانی۔

سَمانا (سَ۔ما۔نا) (۱) کھپنا۔ پُورا ہونا۔ گُھسنا۔ اَندر بیٹھنا۔ آ جانا (۲) بسنا۔ جمنا۔ ٹھنا۔ مدِّ نظر ہونا (۳) گنجائش ہو جانا (۴) رچنا۔ بسنا۔ معطّر ہونا (۵) بچنا۔ نظر چڑھنا۔ بھانا۔ پسند آنا۔

سَماوات (سَ۔ما۔وات) (ع۔ا۔مذ) سما کی جمع۔ اَفلاک۔

سَماوار (سَماوَر) (سَ۔ما۔وار) (سَ۔ما۔وَر) (ف۔ا۔مذ) پانی گرم کرنے کا دُہرا برتن جو تانبے یا پیتل کا ہوتا ہے۔

سَماوی (سَ۔ما۔وی) (ع۔صف) (۱) آسمانی (۲) از غیبی۔

سَمائی (سَ۔ما۔ای) (و۔ا۔مث) (۱) گنجائش۔ وُسعت۔ جگہ (۲) بُردباری۔ برداشت۔ تحمّل (۳) حوصلہ۔ ظرف (۴) کھپت۔

سَمبَت (سَمّت) (سَم۔بت) (سَم۔مَت) (و۔ا۔مث) (۱) سَنہ۔ برس۔ سال (۲) بکرمی سَنہ جو بیساکھ سے شروع ہو کر چیت میں ختم ہو جاتا ہے۔

سَمبَل (سَم۔بَل) (ق۔ا۔مذ) زہر۔ سنکھیا۔

سِمبَل (Symbol) (انگ۔ا۔مذ) علامت۔ اِشارہ۔ رمز۔ وہ چیز جو کسی مناسبت کی بنا پر کسی دُوسری چیز کو ظاہر کرتی ہو یا اُس کی طرف ذہن منتقل کرتی ہو۔

سَمبَندھ (سَم۔بندھ) (و۔ا۔مذ) (۱) رشتہ۔ ناتا۔ نسبت۔ تعلّق (۲) قبیلہ۔ کنبہ (۳) راہ و رسم۔ میل ملاپ (۴) گوت۔ برادری۔

سَمبَندھی (سَم۔بَن۔دھی) (و۔ا۔مذ) رشتے دار۔ متعلّقین۔ اقربا۔ اعزا۔

سمبندھی پتر (و۔ا۔مذ) شجرۂ نسب۔ نسب نامہ۔

سَمپان (Sampan) (انگ۔ا۔مث) چینی ناؤ۔ چینی وضع کی کشتی۔

سَمپَت (سَمپتّی) (سَم۔پت) (سَم۔پَت۔تی) (س۔ا۔مث) بہتری۔ خوش حالی۔ ترقّی۔ جائیداد۔

سَمپُٹ (سَم۔پُٹ) (س۔ا۔مذ) کیمیاگروں کا آگ پر رکھنے کا خاص برتن جس کا مُنہ بند ہوتا ہے۔

سَمپُورن (سَم۔پُورن) (س۔صف) پُورا۔ کامل۔ تمام۔ مکمّل۔

سمپوزیم (Symposium) (انگ۔ا۔مذ) کسی خاص موضوع پر تحریری مذاکرہ یا مُباحثہ۔

سَمت (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) (۱) جانب۔ طرف۔ رُخ۔ جہت (۲) راہ۔ روش۔

سمتُ الرّاس (سَم۔تُر۔راس) (ع۔ا۔مث) (۱) سر سے آسمان تک کا سیدھا خط (۲) اوج۔ بلندی کی اِنتہا۔ ترقّی کا کمال۔

سَمَّت (سَم۔مَت) (و۔ا۔مذ) دیکھئے سمبت۔

سِمٹَن (سِم۔ٹَن) (و۔ا۔مث) (۱) شکن (۲) سکڑنا (۳) جمع کرنے کا فعل۔

سِمٹنا (سِ۔مَٹ۔نا) (و۔مص) (۱) اکٹھا ہو جانا۔ سکڑنا (۲) رُخصت ہونا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) یک جا ہو جانا (۴) سرک جانا۔

سَمَٹّی (سَم۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) کھیس کی قسم کا ایک کپڑا۔

سَمجھ (سَ۔مَجھ) (ہ۔ا۔مث) عقل۔ فہم۔ دانش۔ گمان۔

سمجھ آنا (اُر۔ محاورہ) ہوشیار ہونا۔ عقل آنا۔ سیانا ہونا (۲) آنکھیں کھلنا۔

سمجھ بُوجھ (ہ۔ا۔مث) عقل و دانش۔ فہم و فراست۔

سمجھ بُوجھ کر (کے) (اُر۔ متعلق فعل) جان بُوجھ کر۔ دیدہ و دانستہ۔

سمجھ پر پتھر پڑنا (اُر۔ محاورہ) مت ماری جانا۔ عقل زائل ہو جانا۔

سمجھ دار (اُر۔ صف) عقل مند۔ سیانا۔ ہوشیار۔ دانا۔ تجربہ کار۔

سمجھ داری (اُر۔ا۔مث) عقل مندی۔ دانائی۔ ہوشیاری۔

سمجھ کے (اُر۔ متعلق فعل) سوچ بچار کر کے۔ دیکھ بھال کر۔

سمجھ لوں گا (اُر۔ بول چال) بدلہ لے کر چھوڑوں گا۔

سمجھ لینا (اُر۔ محاورہ) بدلہ لینا (۲) ذہن نشین ہونا (۳) سزا دینا (۴) تسلیم کر لینا (۵) مُستعد ہونا (۶) فکر کرنا۔ سوچنا۔

سمجھ میں آنا (اُر۔ محاورہ) سمجھ جانا۔ ذہن نشین ہونا۔ عقل میں آنا۔

سمجھ کا پھیر (اُر۔ا۔مذ) نادانی۔ بے وقوفی۔ نا سمجھی۔

سَمجھا بُجھا کر (اُر۔ متعلق فعل) اچھی طرح سکھا پڑھا کر۔

سَمجھانا (سَم۔جھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ذہن نشین کرانا (۲) بتانا (۳) نصیحت کرنا (۴) حساب دینا (۵) ٹھیک بتانا (۶) اِقرار کرانا (۷) تنبیہ کرنا۔

سمجھانا بُجھانا (اُر۔ مص مُرکّب) (۱) اُونچ نیچ دکھانا (۲) عقل دینا۔ فہمائش کرنا۔

سَمجھنا (سَ۔مَجھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) جاننا۔ واقف ہونا (۲) سیکھنا (۳) دل میں ٹھاننا (۴) حساب میں لگانا (۵) بدلہ لینا (۶) ذہن نشین ہونا (۷) مارنا پیٹنا (۸) غور و فکر کرنا (۹) ماننا (۱۰) عقل میں لانا۔

سَمجھنے والے کی موت ہے (اُر۔ مقولہ) دانا کو بڑی مشکلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

سَمجھوتا (سَم۔جھو۔تا) (ہ۔ا۔مذ) مفاہمت۔ مصالحت۔ باہمی فیصلہ۔ جمع: سمجھوتوں۔ سمجھوتے۔

سَمجھے؟ (ہ۔ حرفِ اِستفہام) دیکھا؟ ہوش آیا؟ کچھ پتا چلا؟ آیا خیال میں؟

سَمَدھن (سَم۔دھن) (ہ۔ا۔مث) دُولھا اور دُلہن کی مائیں آپس میں سمدھن کہلاتی ہیں۔ جمع: سمدھنوں۔ سمدھنیں۔

سَمَدھی (سَم۔دھی) (ہ۔ا۔مذ) دُولھا اور دُلہن کے باپ آپس میں سمدھی ہوتے ہیں۔ (سمبندھی کا بگاڑ ہے)۔ جمع: سمدھی۔ سمدھیوں۔

سَمَدھیانا (سَم۔دھ۔یا۔نا) (ہ۔ا۔مذ) دُلہن یا دولھا کا گھرانا۔ سمدھی کا گھرانا۔

سَمراٹ (سَم۔راٹ) (س۔ا۔مذ) مطلق العنان بادشاہ۔

سَمرتی (سَم۔رِ۔تی) (س۔ا۔مث) (۱) ہندوؤں کی "اِلہامی" کتابیں (۲) حافظہ۔ دھیان۔ یادداشت۔

سُمِرن (سُم۔رَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وظیفہ۔ ورد۔ خُدا کا نام جپنا (۲) تسبیح۔ مالا۔

(بفتح اوّل بھی صحیح ہے)۔

سَمُروت (سَم۔رُوت) (ق۔صف) (۱) بُزرگ۔ نیک (۲) صابر (۳) لائق۔

سمروت پنا (ق۔ا۔مذ) بُزرگی۔ نیکی۔

سَمْع (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) - (۱) سُننا (۲) سُننے کی قوت (۳) کان۔ گوش۔

سمع خراشی (ع۔ف۔ا۔مث) کان کھانا۔ مغز چاٹنا۔

سَمْعی (سَم۔عی) (ع۔صف) سمع سے متعلق۔

سمعی بصری وسائل (ع۔ا۔مذ) جلد سمجھنے اور دیکھنے کے قابل بنانے والے امدادی آلات۔

سَمَک (سَ۔مَک) (ع۔ا۔مث) وہ مچھلی جس پر عوام کے عقیدے کے مطابق زمین ٹکی ہوئی ہے۔ (کنایۃً) زمین کا سب سے نچلا طبقہ۔

سَمَن (سَ۔مَن) (ف۔ا۔مث) چنبیلی۔ یاسمن کا مخفف۔

سمن اندام (ف۔صف) گورا چٹا۔ سیم تن۔

سمن بر (ف۔صف) چنبیلی سا بدن والا۔ خوبصورت۔

سَمَن (Summon) (سَ۔مَن) (انگ۔ا۔مذ) حاضرِ عدالت ہونے کا تحریری حکم۔ پروانۂ طلبی (اردو میں "م" کی تشدید کے ساتھ مستعمل ہے)۔

سمن جاری کرنا (اُر۔ محاورہ) حسبِ قانون طلب نامہ بھیجنا۔

سمن کی تعمیل (اُر۔ا۔مث) طلبی کا عمل میں لانا۔ سمن کو بجا لانا۔

سَمَنْد (سَ۔مَند) (نونِ غُنّہ) (ف۔ا۔مذ) گھوڑا۔ زردی مائل گھوڑا۔

سَمَنْدَر (سَ۔مَن۔دَر) (ف۔ا۔مذ) ایک جانور جس کی بابت مشہور ہے کہ آگ میں پیدا ہوتا اور وہیں رہتا ہے۔ آگ سے باہر نکلتے ہی مر جاتا ہے۔

سَمُنْدَر (سَ۔مُن۔دَر) (سَ۔مُن۔دَر) س: سمندر کا بگاڑ (ہ۔ا۔مذ) وہ عظیم قطعۂ آب جس میں دریا آ کر گرتے ہیں۔ ساگر۔ جمع: سمندر۔ سمندروں۔

سمندر بہانا (اُر۔ محاورہ) علمی نکتے بیان کرنا۔ عالمانہ باتیں کرنا۔

سمندر پار اُتارنا (اُر۔ محاورہ) عبورِ دریائے شور کی سزا دینا۔ جلاوطن کرنا۔ انگریزوں کے زمانے کی ایک سزا۔

سمندر پھل (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا دریائی پھل جو دوا کے طور پر اِستعمال ہوتا ہے۔

سمندر پُھول (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا سمندری کیڑا جس کی شکل پُھول کی سی ہوتی ہے۔ (Sea Anemone)۔

سمندر جھاگ (ہ۔ا۔مذ) سفید رنگ کا ایک منجمد مادّہ جو دواؤں میں پڑتا ہے۔

سمندر کھار (ہ۔ا۔مذ) سمُّ الفار کا بگاڑ۔ سنکھیا۔ ہڑتال۔

سمندر میں رہ کر مگرمچھ سے بیر (اُر۔ مثل) ایک جگہ رہ کر وہاں کے سربراہ سے جھگڑا۔ نیز دیکھئے دریا میں رہ کر۔

سَمُنْدری (سَ۔مُن۔دَ۔ری) (ہ۔صف) سمندر سے منسوب۔ سمندر کا یا کی۔

سمندری کھیرا (اُر۔ا۔مذ) ایک خاص قسم کا کھیرے جیسا پھل جو سمندر میں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پایا جاتا ہے۔

سمندری گھوڑا (اِ۔ا۔مذ) سمندروں میں پایا جانے والا جانور جو گھوڑے سے ملتا جلتا ہے لیکن اُس سے بہت چھوٹا ہوتا ہے۔(Sea Horse)۔

سَمْنَک (سَم۔نَک)(ف۔ا۔مث) گیہوں کا مغز جسے اُبال کر نکالا جاتا ہے۔

سَمُوچا (سَ۔مُو۔چا)(ہ۔صف) پورا۔سالم۔سارا۔تمام۔کامل۔مکمل۔

سَمُّور (سَم۔مُور)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک نہایت باریک پشم والا برفانی جانور (۲) اُس جانور کی کھال۔ (اُردو میں بلا تشدید مستعمل ہے)۔

سَمُوسا (سَ۔مو۔سا)(ہ۔ا۔مذ) وہ تکونا پکوان جس کے اندر قیمہ، ترکاری یا کوئی میٹھی چیز بھر کر پکاتے ہیں۔

سَمُوم (سَ۔مُوم)(ع۔ا۔مث) زہریلی ہوا۔لُو۔گرم ہوا۔

سَمونا (سَ۔مو۔نا)(ہ۔مص)(۱) ملانا (۲) ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا (۳) دو مختلف مزاج چیزوں کو ملا کر اعتدال پیدا کرنا۔

سَمِّیات (سَم۔مِی۔یات)(ع۔ا۔مذ) زہریلی چیزیں۔

سَمیت (سَ۔میت)(بیائے مجہول)(ہ۔صف) ساتھ۔باہم۔اکٹھے۔بہ شُمول۔

سَمِّیَت (سَم۔مِی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) زہریلا پن (۲) زہر کا اثر۔

سَمیٹ (سَ۔میٹ)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک دوا جو اندام نہانی کو تنگ اور چست کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ قابض دوا (۲) اکٹھا کرنا (۳) تنگی (۴) سمیٹنا کا اَمر۔

سَمیٹنا (سَ۔میٹ۔نا)(ی مجہول)(ہ۔مص)(۱) اکٹھا کرنا۔جمع کرنا (۲) پورا کرنا۔مکمل کرنا (۳) سکیڑنا۔تنگ کرنا (۴) سنبھالنا۔

سَمیع (سَ۔میع)(ع۔صف)(۱) سُننے والا (۲) خُدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

سَمَیلَن (سَم۔یے۔لَن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جلسہ (۲) انجمن۔بزم۔

س۔ن

سَن (بفتحہ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک پودا جس کی چھال سے رسّیاں وغیرہ بنتی ہیں (۲)(ا۔مث) کسی چیز کے زور سے گزرنے کی آواز۔

سَن سے جی ہو جانا (اِ۔محاورہ) دِل دھک سے ہو جانا۔سنساہٹ چھوٹ جانا۔

سَن سے نکل جانا (اِ۔محاورہ) زنانے سے نکل جانا۔جلدی سے نکل جانا۔

سَن (اِ۔ا۔مذ) سَنہ کا مُخفف۔مرکبات سنہ کے تحت دیکھیے۔

سِن (ع۔ا۔مذ)(۱) عُمر۔مقدارِ عُمر (۲) سال۔برس۔جمع: اَسنان۔سِنین۔

سِنِّ (بلوغ) بلوغت (ع۔ا۔مذ) جوانی کی عُمر۔سیانا ہونا۔(قانوناً) اٹھارہ سال کی عُمر۔

سِنِّ تمیز (ع۔ف۔ا۔مذ) سیان پن کی عُمر۔وہ عُمر جس میں نیک و بد کی تمیز ہو جاتی ہے۔

سِنّ رسیدہ (ع۔ف۔صف) بُوڑھا یا بُوڑھی۔

سِنِّ شعور (ع۔ف۔صف) دیکھیے سِنِّ تمیز۔

سُن (بضم اوّل)(ہ۔صف)(۱) بے حِس۔ساکن۔بے حرکت (۲) خاموش۔چُپ چاپ (۳) بے ہوش۔بے خبر۔سکتے میں (۴) مصدر سننا کا صیغۂ اَمر (۵)(کلمۂ تنبیہ) خبردار کرنے اور دھمکانے کے موقع پر۔

سُن بہری (اِ۔ا۔مث) فالج۔لقوہ۔رعشہ۔

سُن پانا (اِ۔محاورہ) آگاہ ہونا۔واقف ہو جانا۔

سُن رکھنا (اِ۔محاورہ) خبردار ہونا۔متنبہ ہونا۔

سُن رے ڈھول بہو کے بول (اِ۔مثل) جس سے وعدے کر کے پُورے نہ کئے جائیں وہ طنزاً یہ مثل کہتا ہے۔

سُن گُن لینا (اِ۔محاورہ)(۱) بھید لینا (۲) چھپ کر سننا۔

سُن لینا (اِ۔محاورہ) کان میں آواز پڑنا۔

سُن (ہو جانا) ہونا (اِ۔محاورہ)(۱) بے حِس یا بے حرکت ہو جانا (۲) متحیر ہو جانا۔خاموش رہ جانا (۳) سکتے کی حالت میں ہونا (۴) ٹھٹھر جانا۔

سَنا (سَ۔نا)(ع۔ا۔مث) ایک پودا جس کی پتّی دست آور ہوتی ہے۔

سَناتَن (سَ۔نا۔تَن)(س۔صف)(۱) قدیم۔پُرانا۔ہمیشہ کا (۲) پکا۔مضبوط۔

سَناتن دھرم (ہ۔ا۔مذ) قدیم ہندو مذہب جو مورتی پُوجا کا قائل ہے۔

سَنّاٹا (سَن۔نا۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) حیرت۔سکتے کا عالم (۲) ہُو کا عالم۔خاموشی (۳) خوف (۴) خوفناک آواز (۵) بادوباراں کا شور۔جمع: سنّاٹوں۔سنّاٹے۔

سنّاٹا آنا (اِ۔محاورہ) ڈر جانا۔سہم جانا۔غشی کا عالم طاری ہو جانا۔بے ہوش ہو جانا۔

سنّاٹا گزر جانا (اِ۔محاورہ) گھبرا جانا۔حیرت میں پڑ جانا۔بدحواس ہو جانا۔سٹ پٹا جانا۔

سَنّاٹے (ہ۔ا۔مذ) سنّاٹا کی مغیرہ صورت۔

سنّاٹے سے برسنا (اِ۔محاورہ) زور سے برسنا۔شِدّت سے برسنا۔موسلادھار پانی پڑنا۔چھاجوں برسنا۔

سنّاٹے کا مینہ (ہ۔ا۔مذ) زور و شور کی بارش۔

سنّاٹے میں آنا (اِ۔محاورہ) ڈر جانا۔حیرت زدہ ہونا۔سہم جانا۔

سُنار (سُ۔نار)(ہ۔ا۔مذ) زیور بنانے والا۔زرگر۔جمع: سُنار۔سُناروں۔

سُنار کی کٹھالی اور درزی کے بند (اِ۔مثل) سُنار کہتا ہے زیور کٹھالی میں ڈالنا ہے۔درزی کہتا ہے کپڑے میں بند لگانا ہے۔دونوں ان بہانوں سے گاہک کو ٹالتے رہتے ہیں۔

سُنار ہٹا (ہ۔ا۔مذ) سُناروں کا بازار۔

سُنا سُنایا (اِ۔صف) سماعی۔دُوسروں سے سُنا ہوا۔

سِناگوگ (Synagogue)(عب۔ا۔مذ) یہودیوں کا عبادت خانہ۔

سِنان (سِ۔نان)(ع۔ا۔مث)(۱) نیزے کی انی (۲) تیر کی نوک (۳) بھالا۔نیزہ۔برچھی۔

سَنّانا (سَن۔نا۔نا)(ہ۔مص)(۱) بے فکر ہو کر سونا (۲) سائیں سائیں کی آواز دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سُنانا (سُ-نا-نا) (ہ-مص) (۱) کہنا۔ کان میں ڈالنا (۲) بُرا بھلا کہنا۔ طعن مارنا۔ گالیاں دینا (۳) کسی کے سامنے پڑھنا یا گیت وغیرہ گانا (۴) آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا (۵) کسی کے سامنے قرآن شریف کی تلاوت کرنا یا تراویح میں پڑھنا۔

سُنانی (سُناوَنی) (سُ-نا-نی) (سُ-نا-وَ-نی) (ہ-ا-مث) موت کی خبر جو پردیس سے آئے۔

سُنائی (سُنوائی) (سُ-نا-اِی) (سُن-وا-اِی) (ہ-ا-مث) (۱) فریاد رسی۔ سماعت (۲) پہنچ۔ دخل۔ بازیابی۔

سُنبُل (سُم-بُل) (ع-ف-ا-مذ) ایک قسم کی خوشبودار گھاس یا پودا جس کے ریشے زلفوں کی طرح ہوتے ہیں۔ بال چھڑ۔ جٹاماسی۔

سُنبُل الطّیب (سُم-بُ-لط-طِیب) (ع-ا-مذ) بال چھڑ۔

سُنبُلستان (سُم-بُ-لِس-تان) (ف-ا-مذ) جہاں کثرت سے سُنبل اُگے ہوئے ہوں (۲) زلفیں۔

سُنبُلہ (سُم-بُ-لہ) (ع-ا-مذ) (۱) خوشہ۔ گندم یا جَو کی بال (۲) منطقۃ البروج کے بارہ بُرجوں میں سے ایک بُرج کا نام۔ کنیا راس۔ (Virgo)۔

سَنبوسہ (سَم-بو-سہ) (ف-ا-مذ) دیکھئے سموسا۔

سُنبہ (سُم-بہ) (ف-ا-مذ) (۱) سُوراخ کرنے کا اوزار۔ برما (۲) توپ کا گز۔

سَنبھالا (سَم-بھا-لا) (ہ-ا-مذ) وہ افاقہ جو مریض کو موت سے پیشتر ہوا کرتا ہے۔

سنبھالا لینا (اُر-محاورہ) موت سے پہلے مریض کا تندرست معلوم ہونا۔

سَنبھالنا (سَم-بھال-نا) (ہ-مص) (۱) تھامنا۔ روکنا (۲) مدد کرنا (۳) بگڑی بنانا (۴) تیمارداری کرنا (۵) گرنے نہ دینا۔ اُوپر ہی روک لینا (۶) اِنتظام ہاتھ میں لینا۔ چارج لینا (۷) پڑتال کرنا (۸) قابو میں رکھنا۔ اِحتیاط برتنا (۹) سمیٹنا۔ اُٹھانا (۱۰) مرض کی روک تھام کرنا (۱۱) وار کرنے کے لئے ہاتھ اُٹھانا۔

سَنبھالن ہار (ق-صف) سنبھالنے والا۔

سَنبھالو (سَم-بھا-لو) (ہ-ا-مذ) ایک درخت جس کے پتے آدمی کے پنجے سے مشابہ ہوتے ہیں۔

سَنبھل سَنبھل کر (سَم-بھل-سَم-بھل-کر) (اُر-متعلق فعل) (۱) رُک رُک کر۔ ٹھہر ٹھہر کر (۲) اِحتیاط سے (۳) بن بن کر۔ تکلّف سے۔

سَنبھلنا (سَم-بھل-نا) (ہ-مص) (۱) تھمنا۔ رُکنا۔ گرنے سے بچنا (۲) خبردار ہونا (۳) افاقہ ہونا (۴) راہ پر آنا۔ چلن دُرست کر لینا (۵) قابو میں آنا (۶) بوجھ اُٹھ سکنا۔

سَنبھلنے نہ دینا (اُر-محاورہ) دَم نہ لینے دینا۔ مُہلت نہ دینا۔ فوراً وار کر دینا۔

سَنبھلو! (اُر-کلمۂ تنبیہ) ہوش پکڑو! (۲) تیار ہو جاؤ!

سَنبھوگ (سَم-بھوگ) (ق-ا-مث) صحبت۔ مباشرت۔

سَنپات (سَن-پات) (ہ-ا-مذ) ایک مرض کا نام جس میں سردی لگنے سے جسم اکڑ جاتا ہے۔

سَنپارا (سَم-پارا) (ہ-ا-مذ) دیکھئے سپیرا۔

سُنپٹل (سُن-پَٹل) (ق-ا-مذ) اعلیٰ قسم کا پیتل جو سونے کی طرح ہوتا ہے۔

سَنپڑنا (سَم-پَڑ-نا) (ق-مص) ہاتھ میں آنا۔ گرفت میں آنا۔

سَنپیرا (سَم-پے-را) (ہ-ا-مذ) دیکھئے سپیرا۔

سَنت (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (ہ-صف) (۱) پارسا۔ پرہیزگار۔ دین دار (۲) سیدھا سادہ۔ بھولا بھالا۔

سُنّت (سُن-نَت) (ع-ا-مث) (۱) (فقہ اسلام) وہ طریقہ جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور صحابہ کرامؓ نے عمل کیا ہو (۲) ختنہ (۳) راہ۔ روش۔ طریقہ۔ دستور۔ عادت۔ جمع: سُنَن۔ اُردو جمع: سنتوں۔ سنتیں۔

سُنّتِ آبائی (ع-ا-مث) باپ دادا کی رسم۔

سُنّتِ اِبراہیمی (ع-ا-مث) (۱) حضرت ابراہیمؑ کا طریقہ (۲) ختنہ۔

سُنّت (سُنّتیں) کرنا (اُر-محاورہ) ختنہ کرنا۔ مسلمانی کرنا۔

سُنّتِ نبوی ﷺ (ع-ا-مث) رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا طریقہ۔

سَنتا (سَن-تا) (ہ-ا-مذ) وہ گیٹی جو سب گیٹیاں جیت لینے والے کی طرف سے دوبارہ کھیل شروع کرنے کے لئے دی جاتی ہے (۲) (ق-صف) کنجوس۔ خراب حال۔

سَنتانا (سَن-تا-نا) (ق-مص) ستانا۔

سَنترا (سَن-تَ-را) (اَر-ا-مذ) دیکھئے سنگترہ۔

سَنترنا (سَن-تَر-نا) (ق-مص) دھوکا دینا۔

سَنتری (انگ Sentry کا موّرد-ا-مذ) فوج یا پولیس کا پہرا دینے والا سپاہی۔

سَنتوش (سَنتوکھ) (سَن-توش) (سَن-توکھ) (ہ-ا-مذ) صبر۔ اِستقلال۔ قناعت۔ اِطمینان۔ تسلّی۔

سَنتوشی (سَنتوکھی) (ہ-صف) صابر۔ مطمئن۔ قانع۔

سَنٹر (Centre) (انگ-ا-مذ) مرکز۔ وسط۔ درمیان۔ قلب۔

سَنٹرل (Central) (انگ-صف) مرکزی۔

سَنٹی (سَن-ٹی) (ہ-ا-مث) پتلی شاخ۔ تیلی۔ چھڑی۔ سینٹی۔

سَنج (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (ف-لاحقہ) سنجیدن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور وزن کرنے والا' ناپنے والا' پرکھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے سخن سنج۔ نواسنج۔

سَنجاب (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (ف-ا-مذ) (۱) چوہے سے ذرا بڑا جانور جس کی ملائم پشم دار کھال کی پوستین بناتے ہیں۔

سَنجاف (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (ف-ا-مث) جھالر۔ کنارہ۔ کور۔ چوڑی اور آڑی گوٹ۔ حاشیہ۔ گوٹ جو کپڑوں کے کنارے زیبائش کے لئے لگاتے ہیں۔

سَنجرنا (سَن-جَر-نا) (ق-مص) خیال میں آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَنجوگ (سن-جوگ) (ہ-ا-مذ) (۱) میل ملاپ (۲) اتفاقی ملاقات (۳) موقع۔ اتفاق (۴) حادثہ۔ سانحہ۔ واقعہ (۵) نصیب۔ قسمت۔

سَنجھا (بفتحِ اوّل) (نون غنّہ) (ہ-ا-مث) سانجھ۔ شام۔ جھٹپٹا۔

سَنجھلا (سنجھ-لا) (ہ-صف) تیسرا بیٹا۔ چھوٹائی میں تیسرے نمبر پر۔

سَنجیدگی (سنجی-دَ-گی) (ف-ا-مث) بھاری بھرکم پن۔ متانت۔ بُردباری۔

سَنجیدہ (سنجی-دَہ) (ف-صف) (۱) بھاری بھرکم۔ متین (۲) تجربہ کار۔ فہمیدہ (۳) موزوں۔ جچا ہوا۔

سَنچانا (سینچنا کا متعدی المتعدی) (ہ-مص) کھیتوں کو پانی دلوانا۔

سَنچائی (ہ-ا-مث) سینچنے کا عمل۔ سیرابی (۲) سینچنے کی اُجرت۔

سنچری (انگ-ا-مث) (Century) صدی۔ سو سال (۲) (کرکٹ کی اصطلاح) سو رن۔

سنچکار (سَنچ-کار) (ق-ا-مث) آہٹ۔ آواز۔

سَنَد (سَ-نَد) (ع-ا-مث) (۱) سرٹیفکیٹ۔ کارگزاری کا پروانہ (۲) دستاویز۔ وثیقہ۔ ثبوت۔ تصدیق نامہ (۳) سرکاری رجسٹری (۴) (صف) قابلِ اعتبار۔ بھروسے کی (بات)۔ تسلیم شدہ۔ جمع: اَسناد۔ اُردو جمع: سندوں۔ سندیں۔

سند پکڑنا (اُر-محاورہ) دلیل میں پیش کرنا۔

سند جاننا (اُر-محاورہ) معتبر ماننا۔ صحیح تسلیم کرنا۔

سند خرچ (اُر-ا-مث) (دفتری اصطلاح) خرچ کی رسید یا تفصیل۔ واؤچر۔

سند دینا (اُر-محاورہ) ثبوت دینا۔ مثال پیش کرنا۔

سندِ کارگزاری (ع-ف-ا-مث) کارکردگی کی تصدیق۔

سند گرداننا (اُر-محاورہ) بھروسا کرنا۔ نظیر میں پیش کرنا۔

سند لانا (اُر-محاورہ) ثبوت میں پیش کرنا۔ مثال دینا۔

سندِ لیاقت (فضیلت) (ع-ا-مث) کسی علم و ہنر میں مہارت کا تصدیق نامہ۔ سرٹیفکیٹ۔

سند مانگنا (اُر-محاورہ) ثبوت مانگنا۔ نظیر طلب کرنا۔

سند ہونا (اُر-محاورہ) قابلِ تسلیم ہونا۔

سند ہے (اُر-محاورہ) دُرست ہے۔ مثال میں پیش کرنے کے لائق ہے۔

سند یافتہ (ع-ف-صف) وہ شخص جس کے پاس کسی اَمر کی سند ہو۔

سَنَداً (س-ن-دَن) (ع متعلق فعل) سند کے طور پر۔ مثال کے طور پر۔

سِندان (سن-دان) (ف-ا-مث) وہ چوکور آہنی ٹھیّا جس پر لوہار لوہا کوٹتے ہیں۔ آہرن۔ نہائی۔

سُندَر (بضمِ اوّل و بفتحِ سوم) (نون غنّہ) (س-صف) خوب صورت۔ حسین و جمیل۔ شکیل۔

سُندرتا (سندر-تا) (ہ-ا-مث) حُسن۔ خوب صورتی۔

سُندرُس (اُر-ا-مذ) فارسی سَندروس کا بگاڑ۔ ایک قسم کا زرد رنگ کا گوند۔

سُندری (سُند-ری) (ہ-ا-مث) (۱) خوب صورت عورت (۲) ستار کا ایک پُرزہ جس سے سُر ملاتے اور اُتار چڑھاؤ کرتے ہیں (۳) ایک قسم کی لکڑی جس سے جہاز بنتے ہیں۔

سُندُس (سُن-دُس) (ع-ا-مذ) ایک قسم کی بڑھیا دیبا۔ ریشم۔ اطلس۔

سنڈلا (سَنڈ-لا) (نون غنّہ) (ہ-ا-مذ) ایک قسم کی کہگل جو پختہ عمارت پر کرتے ہیں۔

سِندُور (سِن-دُور) (ہ-ا-مذ) دیکھیے سیندور۔

سِندھ (ہ-ا-مذ) س: سِندھو (۱) سمندر۔ دریا (۲) پاکستان کا ایک دریا جو بر صغیر کا سب سے بڑا دریا ہے، جنوب مغربی تبت سے نکلتا ہے کشمیر سے ہوتا ہوا پاکستان میں داخل ہوتا ہے اور کراچی کے قریب بحیرۂ عرب میں جا گرتا ہے (۳) پاکستان کا ایک صوبہ جو بحیرۂ عرب کے ساحل پر دریائے سندھ کی زیریں وادی میں آباد ہے۔

سِندھی (ہ-صف) (۱) صوبہ سندھ سے متعلق۔ سندھ کی کوئی چیز (۲) سندھ کا باشندہ (۳) (مؤنث) سندھ کی زبان۔

سَندھیا (سَندھ-یا) (س-ا-مث) (۱) دن اور رات کے ملنے کا وقت (۲) ہندوؤں میں صبح، دوپہر اور شام کی پُوجا۔

سَندیسا (سندے-سا) (ہ-ا-مذ) (۱) پیغام۔ خبر (۲) خوش خبری۔ مژدہ۔ نوید۔

سَنڈ (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (ہ-صف) فربہ۔ موٹا تازہ۔

سنڈ مُسنڈ (ہ-صف) (۱) قوی ہیکل۔ زور آور (۲) موٹا تازہ۔

سنڈاس (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (ہ-ا-مذ) (۱) پاخانہ۔ بیت الخلا (۲) وہ پاخانہ جس کے صاف کرنے کا مُنہ گھر کے باہر دیوار میں ہو۔

سنڈاسی (سنڈا-سی) (ہ-ا-مث) دست پناہ۔ چمٹا۔ آگ کے اوپر سے پتیلی وغیرہ اُتارنے کا آلہ۔

سَنڈی (ہ-صف) سنڈا کی تانیث۔ ہٹی کٹی۔ لحیم شحیم عورت۔

سُنڈی (بضمِ اوّل) (نون غنّہ) (ہ-ا-مث) دیکھیے سُونڈی۔

سنڈیکیٹ (انگ-ا-مذ) (Syndicate) (۱) شرکتِ تجّار۔ متعدد تاجروں یا کارخانوں کی شرکت جو متحدہ طور پر کوئی کاروبار کرے (۲) سینیٹ کی اسپیشل کمیٹی۔ (کیمبرج) یونیورسٹی کی مجلسِ انتظامیہ۔

سنسار (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (س-ا-مذ) دُنیا۔ جہان۔ جگت۔ جگ۔

سنسان (سن-سان) (ہ-صف) (۱) ویران۔ اُجاڑ۔ بے رونق (۲) خاموش۔ اُداس (۳) ڈراؤنا۔ بھیانک۔

سنسر (انگ-ا-مذ) (Censor) احتساب۔ محتسب۔ کسی بات سے روکنے والا۔

سنسر شپ (انگ-ا-مث) (Censorship) کسی اَخلاقی، معاشرتی یا سیاسی خطرے کے پیشِ نظر کسی قسم کے اِظہار کو، خواہ تقریری ہو یا تحریری، حکومت کی طرف سے قانوناً روک دینا۔

سنسکرت (سَنس-کرت) (س-صف) (۱) مقدّس۔ شستہ۔ مہذب۔ عُمدہ۔ افضل (۲) (ا-مث) ایک ہندی یورپی زبان جس کی قدیم ترین شکل

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہندوؤں کے مقدس ویدوں اور اُپ نشدوں میں ملتی ہے۔ آریا لوگوں کی زبان۔

سَنسنانا (سَن۔سَ۔نا۔نا) (ہ۔مص) (۱) سَن سَن کرنا۔ سَرسَرانا (۲) غشی معلوم ہونا۔ ضعف محسوس ہونا (۳) کانپنا۔ تھرّانا۔

سَنسناہٹ (سَنسنی) (سَن۔سَ۔نا۔ہَٹ) (سَن۔سَ۔نی) (ہ۔امث) (۱) ضعف کے آثار یا علامت۔ غشی کا عالم۔ سکتے کی حالت (۲) وہ آواز جو مٹی کے کورے برتن میں پانی ڈالنے یا پانی کھولنے سے پیدا ہو۔

سنسنی خیز (اُر۔ف۔صف) (۱) سنسنی پھیلانے والا۔ جوش دِلانے والا (۲) سناٹے میں لانے والا۔

سَنسی (سَن۔سی) (ہ۔امث) لوہاروں اور سناروں کا ایک اوزار جس سے گرم دھات آگ میں سے نکالتے ہیں۔ ایک قسم کا زیور۔

سَنَک (سَ۔نَک) (ہ۔امث) (۱) خبط۔ جنون۔ سودا (۲) ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا۔

سِنَک (سِ۔نک) (ہ۔امذ) ناک کی غلاظت۔ رینٹ۔

سنکارنا (سنکار۔نا) (نون غنہ) (ہ۔مص) (۱) آنکھ سے اشارہ کرنا۔ آنکھ مارنا (۲) اُکسانا۔ پیچھے لگانا۔

سَنکرانت (سَنک۔رانت) (نون غنہ) (ہ۔امث) (۱) سورج کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانے کا دن (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

سنکل (بفتحہ اول و دوم) (نون غنہ) (ہ۔امث) زنجیر۔ کنڈی۔ سنگل۔

سنکلپ (بفتحہ اول و سوم و سکونِ چہارم و پنجم) (نون غنہ) (س۔امذ) (۱) خیر خیرات۔ نذر نیاز۔ دان۔ پُن (۲) وقف (۳) خواہش۔ آرزو۔

سنکلپ کرنا (ہ۔محاورہ) (۱) خیرات کرنا۔ دان دینا (۲) ہبہ کرنا۔ کسی کے نام لکھ دینا۔

سنکلی (سنک۔لی) (ہ۔امث) چھوٹی زنجیر۔

سِنکنا (سِ۔نک۔نا) (ہ۔مص) ناک صاف کرنا۔

سِن کونا (انگ۔امث) (Cinchona) ایک درخت جس کی چھال سے کونین نکالی جاتی ہے۔

سنکھ (بفتحہ اول) (نون غنہ) (ہ۔امذ) (۱) ناقوس۔ گھونگا۔ بڑی کوڑی جو مندروں میں بجائی جاتی ہے (۲) (گنتی میں) سوپدم (۳) زیور۔ گہنا۔

سنکھنی (ہ۔امث) عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم۔ وہ عورت جس کے بال لمبے' قد دراز' مزاج چڑچڑا اور خواہشِ نفسانی بڑھی ہوئی ہو۔

سنکھیا (سنکھ۔یا) (نون غنہ) (ہ۔امث) ایک قسم کا زہر۔ سمّ الفار۔ ہر وہ چیز جو زہر قاتل ہو۔

سنکی (ہ۔صف) خبطی۔ سودائی۔ جنونی۔ کلبی (Cynic)۔ دیکھیے کلبی۔

سنگ (بفتحہ اول) (نون غنہ) (ہ۔امذ) ساتھ۔ رفاقت۔ صحبت۔

سنگ چلنا (اُر۔محاورہ) ساتھ چلنا۔ رفاقت کرنا۔

سنگ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) ساتھ چھوڑنا۔ الگ ہو جانا۔ دوستی ترک کرنا۔

سنگ (بفتح اول) (نون غنہ) (ف۔امذ) (۱) پتھر (۲) وزن۔ بوجھ۔ گرانی (۳) تمکین۔ وقار۔

سنگِ آستاں (آستانہ) (ف۔امذ) دہلیز کا پتھر۔ سنگِ در۔

سنگ آمد و سخت آمد (ف۔مثل) پتھر آیا اور وہ بھی بھاری۔ سخت مشکل کا سامنا کرنا پڑا۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی کام چار و ناچار کرنا ہی پڑے۔

سنگِ آہن رُبا (ف۔امذ) مقناطیس۔ لوہے کو اپنی طرف کھینچنے والا پتھر۔

سنگِ اسود (ع۔ف۔امذ) وہ سیاہ پتھر جو کعبہ شریف کی دیوار میں نصب ہے اور جسے مسلمان بوسہ دیتے ہیں۔ حجرِ اسود۔

سنگ باری (ف۔امث) پتھر برسانا۔ پتھر مارنا۔ پتھروں کی بوچھاڑ۔

سنگِ بصری (ع۔ف۔امث) ایک قسم کا سفید پتھر جو بصرہ کے علاقے میں پایا جاتا ہے۔

سنگِ پا (ف۔امذ) پاؤں رگڑنے کا پتھر۔ جھانواں۔

سنگ پشت (ف۔امذ) کچھوا۔

سنگ تراش (ف۔صف) پتھر کاٹنے والا۔ پتھر کا کام بنانے والا۔

سنگِ تُربت (ف۔ع۔امذ) قبر پر لگا ہوا پتھر۔ لوحِ مزار۔ وہ پتھر جس پر مُردے کا نام اور تاریخِ وفات کندہ کرا کے قبر پر لگاتے ہیں۔

سنگِ جراحت (ف۔ع۔امذ) ایک قسم کا سفید پتھر جو زخم کے لئے مفید ہے۔

سنگ چاٹنا (اُر۔محاورہ) پتھر پر رگڑ کر دھار تیز کرنا۔

سنگِ خارا (ف۔امذ) ایک قسم کا نیلگوں سخت پتھر۔ (بغیر اضافت بھی صحیح ہے)۔

سنگ دانہ (ف۔امذ) پرندے کا معدہ۔ پوٹا۔

سنگ دل (ف۔صف) بے رحم۔ ظالم۔

سنگ دلی (ف۔امث) بے رحمی۔ ظلم۔

سنگِ راہ (ف۔امذ) (۱) راستے کا پتھر' جو راہ گیروں کے لئے باعثِ تکلیف ہو (۲) مُزاحم۔ مانع۔ رُکاوٹ۔ سدِّ راہ۔

سنگ ریزہ (ف۔امذ) کنکر۔ روڑی۔ بجری۔

سنگسار (ف۔صف) پتھر مار کر ہلاک کیا ہوا۔

سنگسار کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) پتھر مار مار کر ہلاک کر دینا (۲) شرعِ اسلامی کی ایک سزا جس میں زانی اور اِغلامی کو کمر تک زمین میں گاڑ کر پتھر مار مار کر ہلاک کیا جاتا ہے۔

سنگ ساز (ف۔امذ) چھاپے خانے کا وہ ملازم جو چھاپے کے پتھر (یا پلیٹ) پر غلطیاں دُرست کرتا ہے۔

سنگ سازی (ف۔امث) سنگ ساز کا کام۔

سنگِ سُرمہ (ف۔امذ) وہ پتھر جس کا سُرمہ بناتے ہیں۔

سنگِ سلیمانی (ف۔امذ) وہ پتھر جو سیاہ و سفید اور دھاری دار ہوتا ہے اور درویش اُس کی مالا بنا کر گلے میں ڈالتے ہیں۔

سنگِ (شجر) شجری (ف۔ع۔امذ) (۱) ایک قسم کا پتھر جس میں درخت کا عکس ہوتا ہے۔ یہ زیادہ تر دریائے نربدا سے نکالا جاتا ہے (۲) مرجان۔

سنگِ فساں (ف۔امذ) وہ پتھر جس پر تلوار یا چاقو کی دھار تیز کرتے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سنگلاخ (ف۔ صف) پہاڑی علاقہ۔ پتھریلی زمین (۲) (کنایۃً) دشوار۔ مشکل۔

سنگِ لرزاں (ف۔ ا۔ مذ) وہ پتھر جو حرکت دینے سے ہلنے لگتا ہے۔

سنگِ لوح (مزار) (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) دیکھئے سنگِ تُربت۔

سنگ مال (ف۔ صف) پتھر کو رگڑ کر چمکانے والا۔

سنگ مالی (ف۔ ا۔ مث) پتھر پر پالش کرنے کا عمل۔

سنگِ ماہی (ف۔ ا۔ مذ) وہ پتھر جو بعض مچھلیوں کے سر سے نکلتا اور سنگِ گردہ و دردِ گردہ کے لئے مفید ہے۔

سنگِ مثانہ (ف۔ ا۔ مذ) پتھری جو مثانے میں پڑ جاتی ہے۔

سنگِ مُردہ (ف۔ ا۔ مذ) سفید رنگ کا پتھر جو دواؤں میں کام آتا ہے۔ سنگِ جراحت کے مُشابہ ہوتا ہے۔

سنگِ مرمر (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا نفیس پتھر۔

سنگِ مزار (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے سنگِ تُربت۔

سنگِ موسیٰ (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سیاہ خوبصورت پتھر۔

سنگِ میل (ف۔ ا۔ مذ) وہ پتھر جو راستے کا نشان یا راستہ بتانے کے لئے لگاتے ہیں۔ نشانِ راہ۔

سنگِ یشب (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سبزی مائل قیمتی پتھر جسے گھس کر ہَولِ دل یا اختلاجِ قلب کے لئے پیتے ہیں یا تختی بنا کر گلے میں ڈالتے ہیں۔

سنگاتن (سنگ۔ تن) (ق۔ ا۔ مث) سہیلی۔

سنگاتی (سنگھاتی) (ہ۔ صف) ساتھی۔ ہمراہی۔ رفیق۔

سِنگار (بکسرِ اوّل) (نونِ غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) آرائش جو زیور، لباس اور کنگھی چوٹی سے کی جائے۔ زیب و زینت۔ کنگھی چوٹی۔ مانگ پٹی (۲) لباس۔ زیور۔

سنگاردان (ہ۔ ا۔ مذ) سنگار کی چیزیں رکھنے کا صندوقچہ یا پٹاری۔

سنگار میز (ہ۔ ا۔ مث) میز جس پر آرائش کا سامان پڑا رہے۔

سِنگارنا (ق۔ مص) سنوارنا۔ آراستہ کرنا۔

سَنگت (بفتحِ اوّل و سوم) (نونِ غنہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) رفاقت۔ ساتھ۔ صحبت۔ ہم نشینی (۲) شرکت۔ ساجھا (۳) ہم صحبت۔ ہم نشین (۴) سازندے (۵) مرثیہ خواں اور گویّے کے ساتھ آواز ملانے والے۔

سنگترہ (سنگ۔ ت۔ رہ) (بنگالی سنترا کا مؤرد۔ ا۔ مذ) بڑی نارنگی۔ سنترہ۔ (سنگترہ، مالٹا، کنو، گریپ فروٹ، گل گل اور میٹھا ایک ہی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں اور عُرشاوہ (Citrus) پھل کہلاتے ہیں)۔ جمع: سنگتروں۔ سنگترے۔

سنگتی (سنگ۔ تی) (ہ۔ ا۔ مذ) سنگی۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم راہی۔

سنگر (بفتحِ اوّل و سوم) (نونِ غنہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) فوج یا کسی قطعۂ اراضی کی حفاظت کے لئے بنائی ہوئی دیوار یا کانٹوں کی باڑھ (۲) کھائی۔ خندق۔ دمدمہ۔ مورچہ۔

سنگرام (سنگ۔ رام) (نونِ غنہ) (س۔ ا۔ مذ) جنگ و جدال۔

سِنگرنا (سِنگر۔ نا) (نونِ غنہ) (ہ۔ مص) بننا۔ سنوارنا۔ سنگار کرنا۔ آراستہ ہونا۔

سنگ ریتی (رہنی) (سنگ۔ رے۔ نی) (رہ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک مرض جس میں بدہضمی کی وجہ سے بار بار دست آتے ہیں۔

سنگل (بفتحِ اوّل و سوم) (نونِ غنہ) (ہ۔ ا۔ مث) زنجیر۔ کنڈی۔ نیز دیکھئے سنکل۔

سنگلی (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹی زنجیر۔ نیز دیکھئے سنکل۔

سِنگل (Single) (انگ۔ صف) (۱) ایک۔ واحد (۲) تنہا۔ اکیلا (۳) اکہرا۔ جو ایک ہی شخص کے لئے بنایا گیا ہو (۴) کرکٹ میں ایک رن کی ہٹ (۵) چھتیس پتوں کے ٹرپ کا ایک کھیل جس میں جیتنے والوں کے پانچ ہاتھ اور ہارنے والوں کے چار ہوتے ہیں۔

سِنگل گیم (Single Game) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ کھیل جس میں دونوں طرف ایک ایک کھلاڑی ہو۔

سنگم (بفتحِ اوّل و سوم) (نونِ غنہ) (س۔ ا۔ مذ) (۱) دو دریاؤں کے ملنے کا مقام (۲) ملاقات (۳) اکٹھا ہونا۔

سنگوانا (سنگ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا (۲) ہتھیانا۔ لوٹنا کھسوٹنا (۳) مار ڈالنا (۴) ترتیب سے لگانا۔

سِنگوٹی (سِنگو۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) وہ غلاف یا پیتل وغیرہ کا خول جو بیلوں کے سینگوں پر سجاوٹ کے لئے چڑھا دیتے ہیں (۲) گائے یا ہرن کا چھوٹا سا سینگ۔

سِنگھ (ہ۔ ا۔ مذ) سنسکرت سِمہ کا بگاڑ (۱) شیر (۲) سکھوں اور راجپوتوں کے نام کا عام جزو (۳) بُرجِ اسد (۴) نبض۔ ناڑی۔

سِنگھاڑا (سِنگھا۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک تکونا پھل جس کے دو طرف کانٹے لگے ہوتے ہیں۔ تالابوں میں ہوتا ہے (۲) سموسے کی طرح لپٹا ہوا رومال۔ جمع: سنگھاڑوں۔ سنگھاڑے (۳) (دلالوں کی اصطلاح) تین روپے (۴) (صف) مثلث۔ تکونا۔

سنگھاڑا مچھلی (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مچھلی جس میں بہت کم کانٹے ہوتے ہیں۔

سنگھاسن (سنگھا۔ سَن) (ہ۔ ا۔ مذ) شاہی تخت۔ راج گدی۔

سنگھانا (ہ۔ مص) ناک میں خوشبو وغیرہ دینا۔ سونگھنا کا متعدی المتعدی۔

سنگی (بفتحِ اوّل) (نونِ غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سنگتی۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم راہی (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں سوت ملا ہوتا ہے۔

سنگیت (بفتحِ اوّل) (نونِ غنہ) (یائے معروف) (س۔ ا۔ مذ) (۱) ایسا گانا جسے بہت سے آدمی آواز ملا کر گائیں۔ کورس (۲) ایسا تماشا جس میں ناچ گانا ہو۔ میلوڈراما۔

سنگین (بفتحِ اوّل) (نونِ غنہ) (یائے معروف) (ف۔ صف) (۱) پتھر کا (۲) سخت بھاری۔ وزنی۔ گراں (۳) مضبوط۔ دبیز (۴) (ا۔ مث) ایک نوک دار ہتھیار جو دست بدست لڑائی کے لئے بندوق پر چڑھایا جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جمع: سنگینوں۔ سنگینیں۔

سنگین جرم (ف۔ع۔ا۔مذ) ایسا جرم جو سخت سزا کے قابل ہو۔

سنگین چڑھانا (ا۔ محاورہ) بندوق پر سنگین لگانا۔

سنگین سزا (ف۔ا۔مث) بھاری سزا۔ سخت سزا۔

سنگینی (سَنگی۔نی) (نون غنّہ) (ف۔ا۔مث) سختی۔ مضبوطی۔ گرانی۔ ٹھوس پن۔

سُنَن (سُ۔نَن) (ع۔ا۔مث) سُنّت کی جمع۔

سَننا (سَن۔نا) (ہ۔مص) بھرنا۔ آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔

سُننا (سُن۔نا) (ہ۔مص) (۱) کانوں سے آواز معلوم کرنا۔ کان لگانا (۲) توجّہ کرنا۔ دھیان دینا (۳) گالی کھانا (۴) مقدمے کی سماعت کرنا (۵) گانا سننا (۶) ماننا۔

سُننے میں آنا (ا۔ محاورہ) گوش گزار ہونا۔ کان میں بات پڑنا۔

سَنَوات (سَ۔نَ۔وات) (ع۔ا۔مذ) سنہ کی جمع۔

سَنوار (بفتحہ اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) درستی۔ سجاوٹ۔ اِصلاح (۲) پھٹکار۔ لعنت۔ (تجھے خدا کی سنوار!)۔

سَنوارنا (ہ۔مص) (۱) درست کرنا۔ آراستہ کرنا (۲) ترتیب سے لگانا (۳) مہذب بنانا۔ راہ پر لانا۔

سُنوانا (سُن۔وا۔نا) (ہ۔مص) سُنانا کا متعدی۔

سَنوَرنا (سنوَر۔نا) (نون غنّہ) (ہ۔مص) (۱) درست ہونا۔ سجنا۔ آراستہ ہونا۔ پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا (۲) ترتیب سے لگنا (۳) سدھرنا۔ چال چلن درست ہونا (۴) (ق۔مص) تعریف کرنا۔

سُنُون (سُ۔نُون) (سِ۔نُون) (ع۔ا۔مذ) سنہ کی جمع۔

سَنُون (سَ۔نُون) (ع۔ا۔مذ) دانتوں کا منجن۔

سَنہ (سَ۔نہ) (ع۔ا۔مذ) سَن۔ سال۔ برس۔ سمت۔ جمع: سُنون۔ سنوات۔ سنہات۔ اصل عربی لفظ سنۃ ہے۔

سنہ جلوس (ع۔ا۔مذ) وہ سنہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی سے شروع ہو کر اُس کے عہدِ حکومت تک جاری رہتا ہے۔

سنہ رواں (ع۔ف۔ا۔مذ) جو سال گزر رہا ہو۔ سالِ رواں۔

سنہ عیسوی (ع۔ا۔مذ) شمسی سال جس کا حساب حضرت مسیحؑ کی پیدائش سے کیا جاتا ہے۔

سنہ ہجری (ع۔ا۔مذ) قمری سال جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت کرنے کی تاریخ سے شروع ہوا۔

سِنہہ (س۔ا۔مذ) شیر۔ اسد۔ باگھ۔ نیز دیکھیے سنگھ۔

سُنہرا (ہ۔صف۔مذ) (۱) سونے کا۔ زرّیں (۲) سونے کے رنگ کا۔ زرد۔

سُنہری (سُ۔نہ۔ری) (ہ۔صف) سنہرا کی تانیث۔ لیکن مذکر کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً سنہری پانی۔ سنہری عقاب وغیرہ۔

سُنّی (سُن۔نی) (ع۔صف) مسلمانوں کا وہ فرقہ جو خلفائے راشدینؓ کو برحق مانتا ہے۔ اہلِ سنّت و الجماعت۔ سنّتِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر چلنے والا گروہ۔

سَنّی (سَن۔نی) (ہ۔ا۔مث) اعلیٰ قسم کا باریک اور مُلائم سَن جسے گدّوں میں بھرتے ہیں۔

سُنی اَن سُنی کرنا (ا۔ محاورہ) (۱) بات سُن کر ٹال دینا (۲) ایسا ظاہر کرنا جیسے بات سُنی نہیں۔ توجّہ نہ کرنا۔

سُنی سُنائی (ا۔ا۔مث) سُنی ہوئی بات۔ افواہ۔ ہوائی بات۔

سُنیے (سُنو) تو سہی (ا۔ محاورہ) ٹھہرو تو۔ بات تو سنو (۲) میری بات مانو۔

سَنیاس (سَن۔یاس) (س۔ا۔مذ) دُنیا چھوڑ دینا۔ فقیری لینا۔

سَنیاسی (سَن۔یا۔سی) (س۔ا۔مذ) ہندو فقیر جس نے دُنیا کو چھوڑ دیا ہو۔ تارکُ الدُّنیا (۲) جنگلی جڑی بوٹیوں کا ماہر۔ وید۔

سنے ٹوریم (Sanatorium) (انگ۔ا۔مذ) ایسی علاج گاہ جو کسی صحت افزا مقام پر ہو۔

سنیچر (سَ۔نی۔چر) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہفتے کا دن۔ شنبہ (۲) بدنصیبی۔ نحوست (۳) سیارہ زحل جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

سنیچر آنا (ا۔ محاورہ) اِدبار آنا۔ بُری گھڑی آنا۔ نحوست کے سیارے زحل کے اثر میں آنا۔

سنیچر سوار ہونا (ا۔ محاورہ) چکر میں پڑنا۔ گھومتے پھرنا۔

سنیما (Cinema) (سِنے۔ما) (انگ۔ا۔مذ) وہ اِیجاد جس سے تصویریں پردے پر حرکت کرتی اور بولتی دکھائی دیتی ہیں۔

سِنِین (سِ۔نِین) (ع۔ا۔مذ) سِن کی جمع۔ کئی یا بہت سے سال۔

س۔و

سَو (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔عدد) (۱) پانچ بیسی۔ ننانوے اور ایک۔ سینکڑا۔ صد (۲) (صف و متعلق فعل) کثرت سے۔ بہت (۳) بہرصورت۔ ہر چند۔

سو بات کی ایک بات (ا۔ا۔مث) (۱) نہایت معقول اور تجربے کی بات۔ عمدہ بات (۲) اصل۔ قصّہ مختصر۔ خلاصہ۔

سو بسوے (ا۔ متعلق فعل) یقیناً۔ بالکل درست۔ بہرصورت۔ گمانِ غالب۔

سو جان سے صدقے (ا۔ محاورہ) بہت زیادہ محبت ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں۔

سو جان سے عاشق ہونا (ا۔ محاورہ) بے حد شیدا ہونا۔ انتہائی فریفتہ ہونا۔

سو جتن کیے (ا۔ محاورہ) (۱) بہت کوشش کی (۲) سارے حیلے اور مکر و فریب کر دیکھے۔

سو چھپائیں (ا۔ محاورہ) کسی طرح بھی پوشیدہ کریں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سو دن چور کے تو ایک دن ساڈھ کا (اَر۔ مثل) سو دفعہ شریر آدمی کی چلے گی تو ایک دفعہ شریف کی بھی بن آئے گی۔ چور ایک نہ ایک دن ضرور پکڑا جاتا ہے۔
سو دو سو میں (اَر۔ متعلق فعل) بہت سوں میں۔
سو رستے ہیں (اَر۔ محاورہ) بہت سی تدبیریں ہیں۔ بہت سے طریقے ہیں۔
سو سر کا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی ایک آدمی کا اپنی دانش مندی یا طاقت کی وجہ سے بہت سے آدمیوں پر بھاری ہونا (۲) ثابت قدم یا اٹل ہونا۔
سو سُنار کی ایک لوہار کی (اَر۔ مثل) کم زور کی سو ضربیں زبردست کی ایک ضرب کے برابر بھی نہیں ہوتیں۔
سو سو (اَر۔ متعلق فعل) بہت بہت۔ کثرت سے۔ با افراط۔
سو سو بَل کھانا (اَر۔ محاورہ) بہت زیادہ غُصّے میں ہونا۔ نہایت پیچ و تاب کھانا۔
سو سو پھیرے کرنا (اَر۔ محاورہ) بہت چکر لگانا۔
سو سو کوس (دُور) بھاگنا (اَر۔ محاورہ) پاس تک نہ پھٹکنا۔ الگ الگ رہنا۔ بہت زیادہ پرہیز کرنا۔
سو سو گھڑے پانی پڑنا (اَر۔ محاورہ) سخت شرمندہ ہونا۔
سو سو من کے پاؤں ہو جانا (اَر۔ محاورہ) گھبراہٹ کے باعث چل نہ سکنا۔
سو سو نام دھرنا (اَر۔ محاورہ) بہت نکتہ چینی کرنا۔ بہت عیب نکالنا۔
سو سیانے ایک مَت (اَر۔ مثل) جتنے دانا ہوں گے سب کی رائے ایک جیسی ہو گی۔
سو غلاموں گھر سُونا (اَر۔ مثل) اگر فرزند نہ ہو تو سینکڑوں غلام ہونے کے باوجود گھر خالی خالی لگتا ہے۔
سو کی ایک بات (اَر۔ ا۔ مث) عُمدہ بات۔ منتخب بات۔
سو کی لاٹھی ایک کا بوجھ (اَر۔ مثل) تھوڑا تھوڑا سہارا بھی بہت ہو جاتا ہے۔
سو کے سوائے کرنا (اَر۔ محاورہ) پچیس فیصد منافع حاصل کرنا۔
سو گز پھاڑیں ایک نہ واریں (اَر۔ مثل) بظاہر محبت جتانا مگر موقع یا ضرورت کے وقت الگ ہو جانا۔
سو مارے ننانوے سے بھول جائے (سو مارے ایک نہ گِنے) (اَر۔ مثل) اس قابل ہے کہ برابر مار پڑتی رہے۔
سو من کا (اَر۔ صف) بہت وزنی۔ بہت بھاری۔
سو میں ایک (اَر۔ صف) بہت کم۔ بہت قلیل۔
سو میں کہنا (اَر۔ محاورہ) کھلے طور پر کہنا۔ سب کے سامنے کہنا۔
سو نکٹوں میں ایک ناک والا نکّو (اَر۔ مثل) بہت سے عیب داروں میں ایک بے عیب سب سے زیادہ عیبی خیال کیا جاتا ہے۔ سو رذیلوں میں ایک شریف بہت بُرا سمجھا جاتا ہے۔
سو نیزے پانی چڑھانا (اَر۔ محاورہ) رائی کا پہاڑ بنانا۔ بہتان لگانا۔ طوفان باندھنا۔
سُو (ف۔ ا۔ مث) سَمت۔ جانب۔ طرف۔
سو (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ اشارہ۔ حرفِ علّت) (۱) وہ۔ جو۔ تو۔ اِس لئے۔ اِس واسطے (۲) مصدر سونا کا صیغہ اَمر۔
سَوا (سَ۔ وا) (ہ۔ صف) ایک اور اُس کا چوتھائی حِصّہ۔ پُورا اور ایک چوتھائی زیادہ۔ ۱¼۔
سوا نیزے پر سُورج (آفتاب) آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آثارِ قیامت نمودار ہونا (۲) شدید ترین گرمی پڑنا۔
سِوا (سِ۔ وا) (ع۔ حرفِ استثنا) (۱) بغیر۔ بجز (۲) (صف) زیادہ۔ فالتو۔
سُوا (سُو۔ آ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بڑی سُوئی۔ موٹی سُوئی (۲) ہرا توتا۔
سَوابِق (سَ۔ وا۔ بِق) (ع۔ ا۔ مذ) سابقہ کی جمع۔
سَواحِل (سَ۔ وا۔ حِل) (ع۔ ا۔ مذ) ساحل کی جمع۔
سُواد (سَ۔ واد) (سُ۔ واد) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) مزہ۔ ذائقہ۔ چاٹ (۲) لذّت۔ لُطف (۳) فرحت۔ خوشی۔ محبت۔ اِخلاص۔
سَواد (سَ۔ واد) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سیاہی۔ کالک (۲) سیاہ نُقطہ جو دِل پر ہوتا ہے (۳) حوالیِ شہر۔ آس پاس۔ گرد و نواح (۴) ذہن۔ ملکہ (۵) لکھنا (۶) بڑی تعداد۔
سوادِ اعظم (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بڑا شہر (۲) کثیر تعداد۔ اکثریت۔ غالب حِصّہ۔
سُوار (سُ۔ وار) (ف۔ ا۔ مذ) اَسوار کا مُخفّف (۱) جو پیدل نہ ہو (۲) مست۔ متوالا (۳) رسالے کا مُلازم (۴) (صف) چڑھا ہوا۔ سواری پر بیٹھا ہوا۔ (اُردو میں بفتحِ اوّل مستعمل ہے)۔ اُردو جمع: سوار۔ سواروں۔
سوار بنانا (اَر۔ محاورہ) سواری سکھانا۔
سوار کرانا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) سواری میں بٹھانا۔
سوار ہونا (اَر۔ محاورہ) سواری میں بیٹھنا۔ گھوڑے پر بیٹھنا (۲) کسی خاص حالت یا کیفیّت کا طاری ہونا۔
سُوارت (سُ۔ وا۔ رَت) (ہ۔ ا۔ مذ) کسی چیز کا اچھے کام میں آنا۔
سوارت کرنا (ہ۔ محاورہ) اِستعمال میں لانا۔ سُود مند کرنا۔
سُواری (سُ۔ وا۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) (۱) گھوڑے پر چڑھنے کا عمل (۲) وہ حیوان یا چیز جس پر سوار ہوا جائے (۳) جلوس (۴) کُشتی کا ایک داؤں (۵) جو سوار ہو (۶) ہم رکاب۔ جمع: سواریاں۔ سواریوں۔
سواری آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تشریف لانا (۲) جلوس آنا۔
سواری اُتروانا (اَر۔ محاورہ) جو عورت ڈولی یا گاڑی وغیرہ میں آئے اُسے ڈیوڑھی سے جا کر لانا۔
سواری دینا (اَر۔ محاورہ) سواری کا کام دینا۔
سواری (کرنا) لینا (اَر۔ محاورہ) چڑھنا۔ سوار ہونا۔
سواری لگنا (اَر۔ محاورہ) سوار ہونے کے لئے ڈیوڑھی پر پالکی وغیرہ کا رکھا جانا۔
سواستیکا (سَ۔ واس۔ تی۔ کا) (س۔ ا۔ مذ) (۱) خوش قسمتی۔ اقبال مندی (۲) وہ نشان جو قدیم آریاؤں نے اختیار کیا تھا۔ ۱۹۳۵ء میں جرمن ڈکٹیٹر ہٹلر نے اِسے نازی تحریک کا نشان قرار دیا۔ 
سواگت (سَ۔ وا۔ گت) (س۔ ا۔ مذ) (۱) خوش آمدید۔ خیر مقدم۔ آؤ بھگت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) سلام۔ آداب۔

سُؤال (سُ۔ آل) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پُوچھنا۔ دریافت کرنا (۲) درخواست۔ اِلتماس۔ طلب (۳) اِستفسار۔ پُرسش (۴) دعویٰ یا عرضی دعویٰ (۵) گزارش۔ عرض داشت (۶) بھیک مانگنا (۷) مسئلہ۔ مُعقدہ (۸) حل طلب بات۔ (ریاضی یا اقلیدس) جواب طلب مسئلہ۔ جمع: سُوالات۔ اُردو جمع: سُوال۔ سُوالوں۔

سُوال از آسماں جواب از ریسماں (اَر۔ مثل) سوال کچھ اور جواب کچھ۔ اُوٹ پٹانگ جواب۔

سُوال پُورا ہونا (اَر۔ محاورہ) مانگی ہوئی چیز کا ملنا۔

سُوالِ جرح (ع۔ ا۔ مذ) (۱) وہ سوال جو ایک فریق اپنے مخالف کے گواہوں سے کرتا ہے۔ دلیل کاٹنے والا سوال۔ تردیدی سوال۔ گرفت کرنے والا سوال۔

سُوال جواب (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گفتگو۔ بات چیت (۲) مُباحثہ۔

سُوال حل کرنا (اَر۔ محاورہ) مُشکل مسئلہ حل کرنا۔ کوئی عقدہ یا گتھی کھولنا۔

سُوال خوانی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) عدالت میں دعویٰ یا عرضی دعویٰ کا پڑھا جانا۔

سُوال در سوال (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) سوال کا جواب دینے کے بجائے اُسی سوال پر ایک اور سوال کر دینا۔

سُوال دیگر جواب دیگر (ف۔ مثل) سوال کچھ جواب کچھ۔

سُوال رد کرنا (اَر۔ محاورہ) سوال نامنظور کرنا (۲) بھیک نہ دینا۔

سُوال کرنا (اَر۔ محاورہ) درخواست کرنا۔ طلب کرنا۔ مانگنا (۲) اِلتجا کرنا (۳) پُوچھنا۔ دریافت کرنا۔

سُوالِ مُتمّم (قانون) (اَر۔ ا۔ مذ) وہ درخواست جو احکام کی کمی پُوری کرنے کے لئے دی جائے۔

سُوالِ مرمّت (قانون) (اَر۔ ا۔ مذ) عرضی کی دُرستی یا ترمیم کا مطالبہ۔

سُوالِ مُوصِل اِلی المَطلُوب (ع۔ ا۔ مذ) پُوچھنے والے کے مطلب تک پہنچانے والا سوال۔

سُوال نامہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) جواب طلب اُمور کی فہرست۔ (Questionnaire)۔

سُوالات (سُ۔ وا۔ لات) (ع۔ ا۔ مذ) سوال کی جمع۔

سُوالی (سُ۔ وا۔ لی) (ع۔ ف۔ صف) (۱) سوال کرنے والا۔ سائل (۲) مانگنے والا۔

سُوامی (سُ۔ وا۔ می) (س۔ ا۔ مذ) آقا۔ مالک۔ حاکم۔ خُدا (۲) شوہر۔ خاوند۔ خصم (۳) گرو۔ پیر (۴) حضور۔ قبلہ۔ حضرت۔

سِوانا (سِوانہ) (سِ۔ وا۔ نا) (سِ۔ وا۔ نہ) (ہ۔ ا۔ مذ) سرحد۔ کنارہ۔ کھیت کی مینڈھ۔

سَوانح (سَ۔ وا۔ نح) (ع۔ ا۔ مذ) سانحہ کی جمع۔ واقعات۔ حادثات۔ رُوئیداد۔ حالات۔

سوانح (حیات) عُمری (ع۔ ا۔ مث) کسی شخص کی زندگی کے حالات۔ تذکرہ۔

سوانح نگار (ع۔ ف۔ صف) (۱) واقعہ نویس (۲) کسی شخص کے حالات زندگی لکھنے والا۔

سَوانگ (سَ۔ وانگ) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) شعبدہ۔ تماشا۔ کھیل۔ نقل۔ بہروپ۔ نیز دیکھئے سانگ۔

سوانگ بھرنا (اَر۔ محاورہ) بھیس بدلنا (۲) فریب دینا۔

سوانگیا (سَ۔ وانگ۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) بہروپیا۔ روپ بھرنے والا (۲) شعبدہ باز۔ مکّار۔ فریبی۔ دغاباز۔ عیّار۔

سُواہا (سُ۔ وا۔ ہا) (س۔ صف) (۱) جو جل کر راکھ یا بھسم ہو گیا ہو (۲) (ہ۔ ا۔ مذ) وہ کلمہ جو ہندو دیوتاؤں پر بھینٹ چڑھاتے وقت کہتے ہیں۔

سُواہا (کرنا) کر دینا (ہ۔ محاورہ) (۱) جلا کر راکھ کر دینا (۲) خاتمہ کر دینا۔

سَوائی (سَ۔ وا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) وہ غلّہ جو کاشت کار کو بیج کے واسطے اس شرط پر دیا جائے کہ فصل پر من کا سوا من لیا جائے گا (۲) (ہ۔ ا۔ مث) وہ زمین جس میں سوائے چاول کے سب غلّے پیدا ہوتے ہوں (۳) (عددِ کسری) سوایا کی تانیث۔

سِوائے (ع۔ حرفِ اِستثنا) (۱) دیکھئے سوا (۲) (ا۔ مث) منافع کی رقم جو لگان کے علاوہ زمیندار وصول کرے (۳) مچھلی یا جنگل کی پیداوار کا محصول۔

سَوایا (سَ۔ وا۔ یا) (ہ۔ عددِ کسری) ایک اور چوتھائی۔ ۱¼۔

سوبھا (سو۔ بھا) (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے شوبھا۔

سوپ (Soap) (انگ۔ ا۔ مذ) صابن۔

سُوپ (Soup) (انگ۔ ا۔ مذ) یخنی۔ شوربا۔ آب جوش۔

سُوپ (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چھاج۔ اناج پھٹکنے کا آلہ (۲) پانی سینچنے کا ٹوکرا۔

سُوپ تو سُوپ چھلنی کیا بولے جس میں بہتّر سو چھید (اَر۔ مثل) بے داغ چال چلن والا اگر شیخی مارے تو بجا ہے۔ عیبی کو زبان کھولنے سے پہلے اپنے عیب دیکھ لینا چاہئے۔

سُوپ سی ڈاڑھی (اَر۔ ا۔ مث) بڑی اور گھنی ڈاڑھی۔ ڈاڑھی جو چھاتی پر چھائی ہوئی ہو۔

سَوت (سَوتن۔ سَوکن) (سَوت) (سَو۔ تن) (سَو۔ کن) (ہ۔ ا۔ مث) ایک خاوند کی دو یا زیادہ بیویاں آپس میں ایک دُوسرے کی سوت یا سوتن (سوکن) کہلاتی ہیں۔ جمع: سَوتوں۔ سَوتیں۔ (سَوتنوں۔ سَوتنیں)۔ (سوکنوں۔ سوکنیں)۔

سوت بھلی سوتیلا بُرا (اَر۔ مثل) سوت کی اولاد سوت سے زیادہ ناگوار اور خطرناک ہوتی ہے۔

سوت پر سوت اَور جلاپا (اَر۔ مثل) ایک دُشمن کے ہوتے دُوسرا دُشمن آ جانے سے دِل اور زیادہ جلتا ہے۔

سوت چُون کی بھی بُری (اَر۔ مثل) دُشمن کتنا ہی حقیر ہو پھر بھی اُس سے نُقصان پہنچ سکتا ہے۔

سوت کا لانا جی کا جلانا (اَر۔ مثل) دُوسری عورت کرنا پہلی عورت کو زندہ درگور کرنا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سوت (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ و مث) زمین سے پانی نکلنے کی جگہ۔ سوتا۔ منبع۔ سرچشمہ۔ جمع: سوتوں۔ سوتے۔

سوت جاری ہونا (ا۔ محاورہ) چشمہ جاری ہونا۔

سُوت (واو معروف)(ہ۔ا۔مذ)(۱) تاگا۔ دھاگا۔ تار (۲) معماروں کا دیوار کی سیدھ دیکھنے کا ڈورا۔ پنسال (۳) ریشہ (۴) انچ کا سولھواں حصہ۔

سُوت اٹیرنا (ا۔ محاورہ) سُوت لپیٹنا یا چرخی یا اٹیرن پر چڑھانا۔

سُوت باندھنا (ا۔ محاورہ) سیدھ باندھنا۔ سیدھ دیکھنے کا ڈورا لٹکانا۔

سُوت کی اَنٹی اور یُوسُفؑ کی خریداری (ا۔ مثل) تھوڑی سی حیثیت پر بڑا حوصلہ۔

سُوت کے بنولے ہو جانا (ا۔ محاورہ) بنا بنایا کام بگڑ جانا۔

سُوت نہ کپاس کولھی سے لٹھم لٹھا (ا۔ مثل) خواہ مخواہ کا جھگڑا۔ بے بنیاد بات پر فساد۔

سوتا (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے سوت (چشمہ)(۲)(صف) سوتا ہوا۔

سوتاپا (سو۔تا۔پا)(ہ۔ا۔مذ) دو سوتوں کے درمیان دُشمنی۔ سوتیاڈاہ۔

سوتا سنسار جاگتا پروردگار (ا۔ مثل) وہ کلمہ جو داستان گو کہانی شروع کرنے سے پہلے کہتے ہیں (۲) رات کا سنسان ہونا۔

سُوتک (سُو۔تک)(ہ۔ا۔مث) بچے کی پیدائش کے وقت کی ناپاکی۔

سُوتنا (سُوت۔نا)(ہ۔مص)(۱) نچوڑنا (۲) چوسنا (۳) کھینچ لینا (۴) ہاتھ پھیرنا (۵) پتنگ کی ڈور پر مسالا لگانا۔ مانجھا بنانا۔

سُوتواں (ہ۔صف) دیکھئے سُتواں۔

سُوتی (سُو۔تی)(ہ۔صف) سُوت کا۔ سُوت کا بنا ہوا۔

سوتی (واو مجہول)(ہ۔صف) سوئی ہوئی۔ نیند میں محو۔ سوتا کی تانیث۔

سوتی (بھڑ) بھڑیں جگانا (ا۔ محاورہ) نئے سرے سے فساد اُٹھانا۔ پرانے جھگڑے تازہ کرنا۔

سوتیا ڈاہ (ہ۔ا۔مث) دیکھئے سوتاپا۔

سوتے (واو مجہول)(ہ۔صف) سوتا کی جمع۔ سوئے ہوئے۔ سونے کی حالت میں۔

سوتے جاگتے (ا۔ متعلق فعل) ہر وقت۔ بہرحال۔

سوتے جاگتے مُنہ دیکھنا (ا۔ محاورہ) ہر وقت توقع رکھنا۔ اُمید باندھے رہنا۔

سوتے فتنے اُٹھانا (جگانا) (ا۔ محاورہ) دبے ہوئے جھگڑے نکالنا۔

سوتے کا سوتا رہ جانا (ا۔ محاورہ)(۱) نیند کی حالت میں پڑا رہ جانا (۲) سوتے میں مر جانا۔

سوتے لڑکے کا مُنہ چُوما نہ ماں خوش نہ باپ (ا۔ مثل) بغیر اطلاع کے نیکی کرنا رائیگاں ہے۔

سوتے مُردے جگانا (ا۔ محاورہ) ہنگامہ برپا کرنا۔ شور و غل مچانا۔

سوتے نصیب جاگنا (ا۔ محاورہ) اقبال یاور ہونا۔ تباہی کے بعد اچھے دن آنا۔ دن پھرنا۔

سَوتیلا (سَو۔تے۔لا)(ہ۔صف) سوت یا سوکن سے تعلق رکھنے والا۔ سوت کا بیٹا۔ جمع: سوتیلوں۔ سوتیلے۔

سَوتیلے (سَو۔تے۔لے)(۱) سوتیلا کی جمع (۲) سوتیلا کی مغیرہ صورت۔

سَوتیلی (سَو۔تے۔لی)(ہ۔صف) سوتیلا کی تانیث۔

سُوٹ (Suit) (انگ۔ا۔مذ) کپڑوں کا جوڑا۔ خصوصاً ایک ہی کپڑے کا کوٹ، پتلون، واسکٹ یا نیکر اور برجس یا قمیص شلوار وغیرہ۔

سُوٹ کیس (Suit Case) (انگ۔ا۔مذ) کپڑے رکھنے کا چھوٹا بکس۔

سُوٹڈ بُوٹڈ (Suited Booted) (انگ۔صف) سُوٹ اور بُوٹ پہنے ہوئے۔ انگریزی لباس پہنے ہوئے۔

سُوٹنگ (Suiting) (انگ۔ا۔مذ) سُوٹ کا کپڑا۔

سُوجا (سُو۔جا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) برما (۲) سُوا (۳)(صف) سُوجا ہوا۔ ورم کیا ہوا۔ متورم۔

سوجانا (سو۔جا۔نا)(ہ۔مص)(۱) نیند آ جانا (۲) سُن ہو جانا۔

سُوجن (سُو۔جن)(ہ۔ا۔مث) ورم۔ آماس۔

سُوجنا (سُوج۔نا)(ہ۔مص)(۱) ورم کرنا۔ سوجن چڑھنا (۲) غصے یا بدمزاجی سے مُنہ پھلانا۔

سُوجھ (ہ۔ا۔مث)(۱) عقل۔ فہم (۲) بینائی۔ بصارت۔ نظر۔

سُوجھ بُوجھ (ہ۔ا۔مث) عقل و فہم۔ دُور اندیشی۔

سُوجھ پڑنا (ا۔ محاورہ)(۱) سمجھ میں آنا (۲) دکھائی دینا۔

سُوجھتا کرنا (ہ۔مص مُرکب) بندوبست کرنا۔ تدبیر کرنا۔ فکر کرنا۔

سُوجھنا (سُوجھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) نظر آنا۔ دکھائی دینا (۲) خیال میں آنا۔ ذہن میں آنا (۳) تیز ہونا (۴) دُھن ہونا (۵) آثار معلوم ہونا۔

سُوجی (سُو۔جی)(ہ۔ا۔مث) روا۔ گیہوں کے مغز کا دردرا آٹا (۲)(صف) سُوجا نمبر ۳ کی تانیث۔

سُوجے پھولے (ا۔صف) مُنہ پھلائے ہوئے۔ خفا۔ ناراض۔ آزردہ۔

سوچ (واو مجہول)(ہ۔ا۔مث۔مذ)(۱) فکر۔ خیال (۲) رنج و غم۔ اندوہ (۳) غور۔ دھیان۔ توجہ۔ جمع: سوچوں۔ سوچیں۔ (سوچ۔سوچوں)۔

سوچ آنا (ا۔ محاورہ) فکر ہونا۔ تردّد پیدا ہونا۔

سوچ بچار (ہ۔ا۔مذ) فکر و تامل۔ غور و فکر۔

سوچ سمجھ کے (ا۔ متعلق فعل) غور و فکر کے بعد۔ سمجھ کے۔ غور کر کے۔

سوچ لگی ہونا (ا۔ محاورہ) فکر لگی ہونا۔ تشویش میں مُبتلا ہونا۔

سوچ لینا (ا۔ محاورہ) غور کر لینا۔ سمجھ لینا۔

سوچ میں رہنا (ا۔ محاورہ) فکر مند رہنا۔

سوِچ (Switch) (انگ۔ا۔مذ) وہ برقی بٹن جس کے دبانے سے تار میں برقی رو آتی اور بند ہوتی ہے۔

سوِچ بورڈ (Switch Board) (انگ۔ا۔مذ) وہ تختہ جس پر سوئچ لگے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہوتے ہیں۔

سُوچنا (سوچ۔نا)(ہ۔مص) آب دست لینا۔ اجابت کے بعد پانی لینا۔

سوچنا (سوچ۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص)(۱) غور کرنا۔ دھیان کرنا (۲) سمجھنا بُوجھنا۔ فکر کرنا۔ بات کی گہرائی میں اترنا۔

سوخت (سوختگی) (سوخت)(سوخ۔تَ۔گی)(واو مجہول)(ف۔ا۔مث) (۱) جلن۔ سوزش۔ تکلیف (۲) رنج۔ صدمہ۔ غم۔

سوختنی (سوخ۔تَ۔نی)(ف۔صف) جلنے یا جلانے کے لائق۔

سوختہ (سوخ۔تہ)(ف۔صف)(۱) جلا ہوا۔ جھلسا ہوا (۲) مُصیبت زدہ۔ اُفسردہ (۳)(ا۔مذ) جاذب۔ بلاٹنگ پیپر۔

سوختہ بال (ف۔صف) جس کے پر جل چکے ہوں۔ بے بس۔

سوختہ بخت (ف۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔ نصیبوں جلا۔

سوختہ پا (ف۔صف) جلد چلنے والا۔ تیز قدم۔

سوختہ تن (جان۔جگر) (ف۔صف) دل جلا۔ (کنایۃً) عاشق۔

سوختہ ساماں (ف۔صف) جس کا سب کچھ جل گیا ہو (۲) تباہ و برباد۔

سوختی (سوخ۔تی)(اُ۔ا۔مث) سوخت۔ کلفت۔ رنج۔ تکلیف۔

سُود (واو معروف)(ف۔ا۔مذ)(۱) قرض دیے ہوئے روپے پر نفع۔ بیاج (۲) نفع۔ فائدہ (۳) بھلائی۔ بہتری۔

سُود بٹا (اُ۔ا۔مذ) نفع و نقصان۔

سُودِ خالص (ف۔ع۔ا۔مذ)(اِصطلاح بنکاری) سُود کی جتنی رقم بعد وضعِ اخراجات باقی رہے۔

سُود خوار (سُود خور) (ف۔صف) سُود پر روپیہ چلانے والا۔ بیاج کھانے والا۔

سُود خوری (ف۔ا۔مث) سُود کھانا۔ سُود لینا۔

سُود در سُود (سُودِ مُرکّب) (ف۔ا۔مذ) وہ سُود جو قرض دی ہوئی رقم میں سُود شامل کر کے کل رقم پر لگایا جائے۔

سُود فراموش (ف۔صف) فائدہ بھول جانے والا۔

سُود مُفرد (ف۔ع۔ا۔مذ) سُود جو اصل رقم پر لیا جاتا ہے اور اصل رقم میں شامل نہیں کیا جاتا۔

سُود مند (ف۔صف) مُفید۔ فائدہ بخش۔

سَودا (ع۔صف)(۱) سیاہ۔ کالا (۲)(ع۔ا۔مذ) چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام۔ جلا ہوا بلغم (۳) خبط۔ دیوانگی (۴) عشق۔ دُھن۔ لگن۔ خواہش (۵)(ف۔ا۔مذ) بیوپار (۶) خریدی ہوئی چیز۔ جمع: سودوں۔ سودے۔

سودا اُچھلنا (اُ۔محاورہ) پاگل پن کا زور ہونا۔

سودا بگاڑنا (اُ۔محاورہ) طے شدہ معاملے کو خراب کرنا۔

سودا (بننا) پٹنا (اُ۔محاورہ) قیمت طے ہونا۔ معاملہ طے ہونا۔

سودا چکانا (اُ۔محاورہ) بھاؤ طے ہو جانا۔

سودا بِک جانا (اُ۔مص) قابل فروخت چیز کا فروخت ہو جانا (۲)(اُ۔محاورہ) حُسن و جوانی ڈھل جانا (۳) کچھ پاس نہ رہنا۔

سودا خریدنا (اُ۔مص) چیز مول لینا (۲)(اُ۔محاورہ) مُصیبت مول لینا۔

سودا دست بدست ہونا (اُ۔محاورہ) کسی چیز کا نقد فروخت ہو جانا۔

سودا سُلف (اُ۔ا۔مذ) بازار سے خریدی ہوئی چیزیں۔

سودا لانا (اُ۔محاورہ) دُکان سے کوئی چیز خرید کر لانا۔

سودا لینا (اُ۔محاورہ) بازار سے کوئی چیز خریدنا۔

سودا ہونا (اُ۔محاورہ)(۱) جنون ہونا۔ دُھن سمانا (۲) کوئی چیز خرید لینا۔

سَوداگر (ف۔صف و۔ا۔مذ) تاجر۔ بیوپاری۔

سوداگر بچہ (ف۔ا۔مذ) سوداگر کا بیٹا۔

سَوداگری (سَو۔دا۔گَ۔ری)(ف۔ا۔مث) تجارت۔ بیوپار (۲)(صف) تجارت سے متعلق۔

سوداگری کرنا (اُ۔محاورہ) تجارت کرنا۔ کاروبار کرنا۔ بیوپار کرنا۔

سَوداوی (سَو۔دا۔وی)(ع۔صف)(۱) سودا کی خلط سے متعلق (۲) غمگین۔ مغموم۔

سوداوی مزاج (ع۔صف) وہ شخص جس میں سَودا کی خِلط غالب ہو۔ جنونی آدمی۔

سَودائی (سَو۔دا۔ای)(ع۔صف) دیوانہ۔ پاگل۔ جنونی۔ خبطی۔

سَودائے خام (ف۔ا۔مذ) خام خیالی۔

سُودَہ (سُو۔دَہ)(ف۔ا۔مذ) کسی چیز کا بُرادہ۔ وہ چیز جو گھسنے سے حاصل ہو جیسے سُودۂ صندل، گھسا ہوا صندل۔

سُودھا (ہ۔صف) سیدھا۔ صاف (۲) بھولا بھالا۔ سادہ۔ سچا۔

سُودھن (سو۔دھن)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) تہذیب۔ شائستگی۔ لطافت۔ پاکیزگی (۲) اِصلاح۔ دُرستی (۳) دھات کو پگھلا کر صاف کرنے کا عمل۔

سُودھنا (سودھ۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص)(اِصطلاح علم کیمیا) کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا۔

سودھی (واو مجہول)(ہ۔صف) پاک صاف۔ اُجلا۔ نفیس۔ کھرا۔ سچا۔

سُودی (سُو۔دی)(ف۔صف) سُود سے متعلق۔ وہ روپیہ جو سُود پر لیا یا دیا جائے۔

سُودیش (سُ۔وَ۔دیش)(س۔ا۔مذ) اپنا مُلک۔ اپنا وطن۔

سُودیشی (سُ۔وَ۔دے۔شی)(س۔صف) اپنے دیس کا۔ مُلکی۔

سوڈا (Soda)(انگ۔ا۔مذ)(۱) سوڈیم کاربونیٹ۔ سوڈیم کا کھار (۲) وہ پانی جو سوڈے سے بنایا جائے۔ سوڈا واٹر۔

سوڈا بائیکارب (Sodabicarb)(انگ۔ا۔مذ) ایک مُرکّب دوا جو ہاضمے کے لئے مفید ہے۔ سوڈیم بائی کاربونیٹ۔

سوڈا واٹر (Soda Water)(انگ۔ا۔مذ) سوڈے سے بنایا ہوا پانی۔

سوڈیم (Sodium)(سو۔ڈِ۔یم)(انگ۔ا۔مذ) چاندی کی طرح کی ایک سفید اور چمکدار دھات جو سوڈے کے اندر ہوتی ہے اور اسے جلانے سے سفید شعلہ نکلتا ہے۔

سُوَر (واو معروف)(ہ۔صف) بہادر۔ شُجاع۔ دلیر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سُورپیر (ہ۔صف) بڑا بہادر۔ سورما۔ شجاع۔

سُوَر (سُ۔اَر) (ہ۔ا۔مذ) ایک نجس چوپایہ جس کا گوشت اسلام اور یہودی مذاہب میں حرام ہے۔ جنگلی اور پالتو دونوں حالتوں میں پایا جاتا ہے۔ خنزیر۔ خوک (۲) (صف) شریر۔ بدذات۔ جمع: سُوَر۔ سُوَروں۔

سورات (سوراتھ) (ق۔ا۔مث) خود غرضی۔ غرض۔ مطلب۔ حرص۔

سُوَراجیہ (سُ۔وَ۔راج۔یہ) (ہ۔ا۔مذ) حکومتِ خود اختیاری۔ اپنے دیس میں اپنا راج۔ (سُ وَ: اپنا۔ راجیہ: راج۔ حکومت)۔

سُوراخ (سُو۔راخ) (ف۔ا۔مذ) (۱) چھید۔ روزن۔ رخنہ۔ بل۔ موکھا (۲) درز۔ دراڑ۔ جھری (۳) منہ۔ دہانہ۔ موری۔ اُردو جمع: سوراخ۔ سوراخوں۔

سوراُگنا (سو۔راُگ۔نا) (ق۔مص) سورج طلوع ہونا۔

سُوراَنا (سُو۔را۔نا) (ق۔مص) بے تاب ہونا۔

سُورت (سُورَۃ) (ع۔ا۔مث) قرآنِ مجید کا کوئی باب یا فصل۔ جمع: سُوَر۔ اُردو جمع: سُورتوں۔ سُورتیں۔

سُورج (سُو۔رَج) (ہ۔ا۔مذ) س: سُوریہ کا مہند۔ شمس۔ خورشید۔ آفتاب۔ مہر۔ ہمارے نظامِ شمسی کا ایک بہت بڑا اور مرکزی ستارہ جس کی روشنی اور حرارت سے زمین پر زندگی قائم ہے۔

سُورج بنسی (ہ۔ا۔مذ) راجپوتوں کی ایک قوم جو خود کو سورج کی اولاد خیال کرتی ہے۔ راجا رام چندرجی اسی قوم سے تھے۔

سُورج خاک ڈالنے سے نہیں چھپتا (اَر۔مثل) کھلی بات کو چھپایا نہیں جا سکتا۔

سُورج (ڈُوبے) ڈُوبے (اَر۔متعلق فعل) سورج چھپنے کے وقت۔ شام کے وقت۔

سُورج ڈُوبنا (ہ۔مص مُرکب) سُورج چھپنا۔ آفتاب غروب ہونا۔

سُورج سنسار (ہ۔ا۔مذ) نظامِ شمسی (۲) دُنیا۔

سُورج کو چراغ دِکھانا (اَر۔محاورہ) تجربہ کار کو عقل دینا۔ دانا کو دانائی کی بات بتانا۔ کامل کے سامنے ناقص کا باتیں بنانا۔

سُورج کی کرن (ہ۔ا۔مث) آفتاب کی شعاع۔

سُورج (گرہن) گہن (ہ۔ا۔مذ) چاند کا زمین اور سُورج کے درمیان آ کر سُورج کی روشنی زمین تک نہ پہنچنے دینا۔ کسُوف۔

سُورج مُکھی (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پودا اور اُس کا زرد پھول جو سُورج کے ساتھ ساتھ اپنا رُخ بدلتا ہے (۲) ایک قسم کا پنکھا۔

سُوَرگ (سُ۔وَرگ) (س۔ا۔مذ) جنت۔ فردوس۔ بہشت۔

سُوَرگ باش (ہ۔صف) جنت نصیب۔ متوفی۔ مرحوم۔

سُوَرگ باشی (ہ۔صف) آں جہانی۔ غیر مسلم مرحومین کے لئے مستعمل ہے۔

سُوَرگی (سُ۔وَر۔گی) (س۔صف) (۱) سُوَرگ سے متعلق (۲) جنت مکانی۔ مرحوم۔ متوفی۔

سُورما (سُور۔ما) (ہ۔صف) بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ جمع: سورما۔ سورماؤں۔

سورما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا (اَر۔مثل) دیکھئے اکیلا چنا۔

سُوَرن (سُ۔وَرن) (س۔ا۔مذ) زر۔ سونا۔ طلا۔

سُورِنجان (سُو۔رن۔جان) (ف۔ا۔مث) ایک دوا جسے جنگلی سنگھاڑا بھی کہتے ہیں۔

سُوَرنی (سُو۔اَر۔نی) (ہ۔ا۔مث) سُوَر کی مادہ۔

سُورہ (سُو۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے سُورت۔

سُوری (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک پھول کا نام (۲) سُرخ شراب (۳) (صف) پٹھانوں کے قبیلے سُور سے متعلق۔

سوز (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) (۱) جلن۔ سوزش۔ دُکھ۔ درد (۲) مرثیہ خوانی کی ایک طرز (۳) مصدر سوختن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور جلانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جاں سوز۔

سوزخواں (ف۔صف) خاص طرز پر مرثیے پڑھنے والا۔

سوزاک (سو۔زاک) (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں پیشاب سوزش کے ساتھ آتا ہے اور پیپ نکلتی رہتی ہے۔

سوزِش (سو۔زِش) (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) جلن۔ کھولن۔ درد۔ تکلیف۔ جمع: سوزشوں۔ سوزشیں۔

سوزَن (سو۔زَن) (واو مجہول و معروف) (ف۔ا۔مث) سُوئی۔

سوزن کار (ف۔صف) کڑھائی کرنے والا۔ سُوئی کا کام کرنے والا۔

سوزن کاری (ف۔ا۔مث) سُوئی کا کام۔ کشیدہ کاری۔

سوزنی (سو۔زَ۔نی) (سوز۔نی) (ف۔ا۔مث) دُہرا یا روئی بھرا کپڑا جس پر سوزن کاری کی گئی ہو۔

سُوس (واو معروف) (ف۔ا۔مذ) گھڑیال۔ ایک قسم کا مگرمچھ (۲) ملیٹھی۔

سوسائٹی (Society) (انگ۔ا۔مث) سماج۔ معاشرہ۔ اجتماعی زندگی۔

سُوسمار (سُوس۔مار) (ف۔ا۔مذ) ایک صحرائی جانور۔ گوہ۔

سوسَن (سو۔سَن) (واو معروف و مجہول) (ف۔ا۔مث) آسمانی رنگ کا ایک پھول جسے شعرا زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔

سوسنا (سوس۔نا) (واو مجہول) (ق۔مص) جھیلنا۔ سہنا۔ برداشت کرنا۔

سوسنی (سو۔سَ۔نی) (ف۔صف) (۱) آسمانی (۲) (ا۔مث) نیلا رنگ۔

سُوسُو کرنا (اَر۔محاورہ) سردی کے مارے کانپنا۔ سی سی کرنا۔

سُوسی (سُو۔سی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا رنگین دھاری دار کپڑا۔

سوشل (Social) (انگ۔صف) (۱) سوسائٹی یا معاشرے سے متعلق (۲) میل جول رکھنے والا۔ ملنسار۔

سوشلزم (Socialism) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے اشتراکیت۔

سوشلسٹ (Socialist) (انگ۔صف) دیکھئے اشتراکی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَوغات (سَو۔غات) (ت۔ا۔مث) تحفہ۔ ہدیہ۔ عُمدہ چیز۔ عجیب چیز۔
جمع: سوغاتوں۔ سوغاتیں۔

سُوفار (سُو۔فار) (ف۔ا۔مذ) (۱) سُوئی کا ناکا (۲) تیر کی چٹکی یعنی وہ حِصّہ جو چلّے پر رکھا جاتا ہے۔

سُوفتہ (سوف۔تہ) (واو مجہول) (اَر۔ا۔مذ) (۱) ہندی سیتا کا بگڑا ہوا۔ مُہلت۔ فُرصت (۲) نجات۔ چھٹکارا۔

سُوفسطائی (سُو۔فِس۔طا۔ای) (ع۔ا۔مذ) حُکما کا ایک گروہ جس کے اُصولوں کی بُنیاد وہم پر ہے اور جو حقائق سے منکر ہے۔

سوفہ (Sofa) (انگ۔ا۔مذ) کوچ۔ کرسی کی ایک قسم۔ صوفہ۔

سُوق (واو معروف) (ع۔ا۔مذ) بازار۔ جمع: اسواق۔

سُوقیانہ (سُو۔قِ۔یا۔نہ) (ع۔ف۔صف) بازاری۔ عوام کی پسند کا۔ مُبتذل۔

سُوک (ہ۔ا۔مذ) (۱) زہرہ ستارہ۔ ناہید (۲) جُمعہ۔

سُوکا (ہ۔ا۔مذ) سُرمے کی لکیر جو ماتھے پر لگائی جاتی ہے (۲) روپے کا چوتھا حِصّہ۔ چوّنی۔

سوکا (سو۔کا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ فصل جو اولوں سے مر جائے (۲) سُوکھا۔ قحط سالی۔ اِمساکِ باراں۔

سَوکن (سَو۔کن) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے سَوت۔

سُوکھا (سُو۔کھا) (ہ۔صف) (۱) خشک۔ کھڑ بک (۲) سکڑا ہوا۔ جُھریاں پڑا ہوا (۳) دُبلا پتلا۔ لاغر (۴) رُوکھا پھیکا (۵) (ا۔مذ) خشک سالی۔ قحط۔ کال (۶) بھنگ (۷) خشک تمباکو۔

سُوکھا پڑنا (ہ۔محاورہ) قحط سالی ہونا۔

سُوکھا (ٹالنا) ٹرخانا (اَر۔محاورہ) صاف اِنکار کرنا۔ باتوں میں ٹالنا۔ بے نیلِ مرام واپس کرنا۔

سُوکھا ٹُنڈ (ٹھنٹھ) (اَر۔ا۔مذ) خشک۔ سُوکھا درخت۔

سُوکھا جواب دینا (اَر۔محاورہ) صاف اِنکار کر دینا۔

سُوکھا سہا (اَر۔صف) (۱) چپ چپ۔ خوف زدہ (۲) دُبلا پتلا۔ لاغر و نحیف۔

سُوکھا لگنا (اَر۔محاورہ) غم یا بیماری سے دُبلا ہو جانا۔

سُوکھ کر پنجر (کانٹا) ہو جانا (اَر۔محاورہ) نہایت لاغر ہو جانا۔ بدن پر گوشت نہ رہنا۔

سُوکھنا (سُوکھ۔نا) (ہ۔مص) خشک ہونا (۲) دُبلا ہونا (۳) سُکڑنا۔

سُوکھی (سُو۔کھی) (ہ۔صف) سُوکھا کی تانیث۔

سُوکھی اَلفن (اَل۔فَن) (اَر۔ا۔مث) دُبلی پتلی (الف کی طرح) عورت۔

سُوکھی تنخواہ (اَر۔ا۔مث) وہ تنخواہ جس میں تنخواہ کے سوا اور کچھ نہ ملے۔

سُوکھی سُنانا (اَر۔محاورہ) صاف جواب دینا۔ صاف اِنکار کرنا۔

سُوکھی چٹائی کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) کھانے کے درمیان پانی نہ پینا (۲) بغیر گارے کے اینٹیں لگانا۔

سُوکھے (سُو۔کھے) (ہ۔صف) سُوکھا کی مُغیّرہ صورت۔

سُوکھے اُسترے سے سر مُنڈوانا (اَر۔محاورہ) پانی لگائے بغیر سر مُنڈوانا کہ تکلیف زیادہ ہو۔

سُوکھے ٹکڑوں پر کوّوں کی مہمانی (اَر۔مثل) ناداری میں عیش کی باتیں۔ غریبی میں امیروں کی ریس۔

سُوکھے ٹکڑوں پر کوّے اُڑانا (اَر۔مثل) قلیل اُجرت پر ذلیل کام کرنا۔

سُوکھے دھانوں پانی پڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) مایوسی کی حالت میں کام بن جانا۔ نامُرادی میں مُراد پانا (۲) رنج کی حالت میں خوشی نصیب ہونا۔

سُوکھے ساون رُوکھے بھادوں (اَر۔مثل) بے فیض آدمی۔

سُوکھے کا آزار (اَر۔ا۔مذ) بچّوں کا ایک مرض۔ دِق۔ سُوکھا۔

سُوکھے گھاٹ اُتارنا (اَر۔محاورہ) مایوس لوٹانا۔ محروم رکھنا۔

سوگ (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) ماتم۔ غم۔ رنج۔

سوگ اُتارنا (اَر۔محاورہ) ماتم کی مدّت پُوری ہونا۔

سوگ کرنا (منانا) (اَر۔محاورہ) مُردے کا ماتم کرنا۔ رنج و غم کی حالت میں رہنا۔

سوگ میں بیٹھنا (اَر۔محاورہ) بیوہ کا اپنے مرے ہوئے خاوند کے غم میں ماتم کی صف میں بیٹھنا۔

سوگوار (سوگ۔وار) (ف۔صف) غم گین۔ مغموم۔ ماتمی۔ سوگ کرنے والا۔
جمع: سوگواران۔ اُردو جمع: سوگوار۔ سوگواروں۔

سوگواری (سوگ۔وا۔ری) (ف۔ا۔مث) غم گینی۔ ماتمی حالت۔

سَوگند (سَو۔گند) (نونِ غنّہ) (ف۔ا۔مث) قسم۔ قول۔ عہد۔

سوگی (سو۔گی) (واو مجہول) (ف۔صف) رنجیدہ۔ سوگوار۔ ماتم دار۔

سُول (ہ۔ا۔مذ) (۱) کانٹا۔ خار (۲) پیٹ کا درد۔ دردِ قولنج۔ باؤ گولا (۳) (ا۔مث) نیزہ۔ تیر۔ برچھی۔

سول (Sole) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تلوا۔ کفِ پا (۲) جُوتے کا تلا (۳) (صف) واحد۔ تنہا۔ بلا شرکتِ غیرے۔

سِوِل (Civil) (انگ۔صف) (۱) غیر فوجی۔ شہری (۲) اِنتظامی۔ تمدّنی (۳) خلیق۔ مُہذّب۔ ملنسار۔ بھلا مانس۔

سول جج (Civil Judge) (انگ۔ا۔مذ) دیوانی مُقدمات فیصل کرنے والا جج۔

سول سرجن (Civil Surgeon) (انگ۔ا۔مذ) شہریوں کا اعلیٰ مُعالج اور ضلع کے سرکاری عوامی ہسپتالوں کا نگران ڈاکٹر۔

سول سروس (Civil Service) (انگ۔ا۔مث) سرکاری مُلازمت کا وہ غیر فوجی شعبہ جس میں سول عُہدے دار ہوتے ہیں۔

سول کورٹ (Civil Court) (انگ۔ا۔مث) عدالتِ دیوانی۔ وہ عدالت جس میں لین دین کے مُقدمات فیصل ہوتے ہیں۔

سول لا (Civil Law) (انگ۔ا۔مذ) قانونِ دیوانی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سول لبرٹی (Civil Liberty) (انگ۔ اِ۔مث) شہری آزادی۔

سول لسٹ (Civil List) (انگ۔ اِ۔مث) مُلازمینِ حکومت کی وہ فہرست جس میں تمام عُہدیداروں کی مدّتِ مُلازمت اور تنخواہ وغیرہ کی مقدار درج ہوتی ہے۔

سول میرج (Civil Marriage) (انگ۔ اِ۔مث) وہ شادی جو مذہبی رُسُوم کے برعکس عدالت میں کی جائے۔ عدالتی شادی۔

سول نافرمانی (انگ۔ اُر۔ اِ۔مث) حکومت کے اَحکام کی تعمیل سے بلا تشدّد اِنکار۔ (Civil Disobedience)۔

سول وار (Civil War) (انگ۔ اِ۔مث) خانہ جنگی۔ ایک مُلک کے مختلف طبقوں کی باہمی لڑائی۔

سول (واو مجہول)(ہ۔ اِ۔مذ) ایک قسم کی مچھلی۔

سولہ (سو۔لہ)(واو مجہول)(ہ۔ اِ۔عدد) دس اور چھ۔ ۱۶۔

سولہ سِنگار (اُر۔ اِ۔مذ) عورتوں کی مکمّل آرائش۔ نیز دیکھیے بارہ ابھرن سولہ سنگار۔

سولھواں (سولھ۔واں)(ہ۔عددِ ترتیبی وکسری) (۱) $\frac{1}{16}$ (۲) ترتیب میں پندرہ کے بعد کا درجہ۔

سولھویں (سولھ۔ویں)(یائے معروف)(ہ۔عددِ ترتیبی) سولھواں کی تانیث۔

سولھویں (سولھ۔ویں)(یائے مجہول)(ہ۔عددِ ترتیبی) سولھواں کی مُغیّرہ صورت۔

سولھی (سو۔لھی)(ہ۔ اِ۔مث) ایک کھیل جو سولہ کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے۔

سُولی (سُو۔لی)(ہ۔ اِ۔مث) (۱) ایک چوبی آلہ جس پر مُجرموں کو ہاتھوں اور پاؤں میں میخیں ٹھونک کر لٹکا دیتے تھے۔ پھانسی کا کھمبا (۲) مُصیبت۔ ہلاکت۔ سخت تکلیف۔ ہر وقت کا خطرہ۔ جمع: سولیاں۔ سولیوں۔

سُولی پر بسر ہونا (اُر۔ محاورہ) کمال اِضطراب اور بے چینی سے وقت گزرنا۔

سُولی پر بھی نیند آجاتی ہے (اُر۔مثل) سخت ترین مُصیبت میں بھی اِنسان سو جاتا ہے۔

سُولی پر جان ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت مُصیبت میں گرفتار ہونا۔

سُولی پر کٹنا (اُر۔ محاورہ) بہت تکلیف میں زندگی بسر ہونا۔

سُولی (پر) چڑھانا (اُر۔ محاورہ) پھانسی دینا۔ دار پر کھینچنا (۲) بہت اذیّت دینا۔

سِوِلیَن (Civilian) (انگ۔ صف) شہری۔ غیر فوجی۔

سُولے (ق۔ اِ۔مذ) سروتا۔

سِوُم (سِ۔وُم)(ف۔ صف) (۱) تیسرا۔ ثالث (۲) (اُر۔ اِ۔مذ) مُردے کا تیجا۔ تیسرے دِن کی فاتحہ۔

سُوم (ہ۔صف) عربی شُوم کا بگاڑ۔ کنجوس۔ بخیل۔

سُوم کے گھر میں کُتّا پڑا۔ جائے نہ جانے دے (اُر۔مثل) کنجوس کے نوکر بھی ایسے ہوتے ہیں کہ نہ خود فائدہ اُٹھاتے ہیں نہ دُوسرے کو اُٹھانے دیتے ہیں۔

سوم (واو مجہول)(س۔ اِ۔مذ) (۱) چاند (۲) مَلکُ الموت (۳) ایک بُوٹی (چاند بُوٹی) جس کا رس ہندوؤں کے دیوتاؤں کا مرغوب مشروب ہے۔

سوم رس (س۔ اِ۔مذ) سوم یا چاند بُوٹی کا رس جسے ہندو دیوتا پیتے ہیں۔

سوم (نات) ناتھ (س۔ اِ۔مذ) آقائے قمر۔ بھارت کا مشہور تاریخی بُت خانہ جو صوبہ گجرات میں ہے۔

سوم وار (س۔ اِ۔مذ) چاند کا دِن۔ دوشنبہ۔ پیر کا دِن۔ دیوتاؤں کا سوم رس پینے کا دِن۔ اتوار کے بعد کا دِن۔

سُو مُکھن (ق۔ صف) خوش نما۔

سُون (ق۔ متعلق فعل) سے۔

سوں (واو مجہول)(ہ۔ اِ۔مث) قسم۔ سوگند۔ عہد۔ حلف۔ پیمان۔

سون (واو مجہول)(ہ۔ اِ۔مث) (۱) سکوت۔ خاموشی (۲) دم۔ نفس۔ سانس (۳) شگون۔ نیک شگون۔

سون کھینچنا (سادھنا) (ہ۔ محاورہ) چُپ سادھنا۔ خاموشی اِختیار کرنا۔

سون کی لینا (ہ۔ محاورہ) دم نہ مارنا۔ چُپ سادھنا۔ خاموشی اِختیار کرنا۔

سونا (سو۔نا)(واو مجہول)(ہ۔ اِ۔مذ) زرد رنگ کی قیمتی دھات جو آزاد حالت میں ملتی ہے اور جس کے زیورات اور سِکّے وغیرہ بنتے ہیں۔ زر۔ طلا۔

سونا اُچھالتے چلے جاؤ (اُر۔مثل) اَمن و امان اور خوش اِنتظامی کی تعریف کے موقع پر کہتے ہیں۔ چور اور راہ زن کا کوئی ڈر نہیں۔

سونا جانے کسے آدمی جانے بسے (ک پر زبر)(اُر۔مثل) سونا کسوٹی پر کسنے (رگڑنے) اور آدمی پاس رہنے سے پہچانا جاتا ہے۔

سونا چاندی (ہ۔ اِ۔مث) روپیہ پیسا۔ مال و دولت۔

سونا چھوئے مٹّی ہوتا ہے (اُر۔مثل) بدبخت آدمی کے بارے میں کہتے ہیں کہ جس چیز کو ہاتھ لگاتا ہے وہ نُقصان پہنچاتی ہے۔

سونا سُگند (ہ۔صف) (۱) کھرا سونا۔ زرِ خالص (۲) اچھی نسل یا اچھے خاندان کا۔ بہت قابل (۳) خالص۔ بے میل۔ معصوم۔ بے گُناہ۔

سونا سُنار کا اُبھرن سنسار کا (ہ۔مثل) سُنار سونے میں بہت سا کھوٹ ملا دیتے ہیں۔ اِس طرح سونا سُنار کے پاس رہ جاتا ہے اور زیور کی خوبصورتی مالک کے حصّے میں آتی ہے۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی دغا سے لوگوں کا مال ٹھگ لے۔

سونا کسے آدمی بسے (ہ۔مثل) دیکھیے سونا جانے کسے۔

سونا لے کے مٹّی نہ دینا (اُر۔ محاورہ) نہایت نادہند ہونا۔

سونا (سو۔نا)(ہ۔مص)(واو مجہول) (۱) نیند لینا۔ آنکھ لگنا (۲) مرنا۔

سُونا (سُو۔نا)(واو معروف)(ہ۔صف) (۱) خالی۔ غیر آباد (۲) اکیلا (۳) اُجاڑ۔ ویران۔ بے رونق (۴) سُنسان۔ خاموش۔

سُونا گھر بھڑوں (چوروں) کا راج (اُر۔مثل) جب کوئی لائق نہیں ہوتا تو نالائقوں کی بن آتی ہے۔

سُونا ہونا (اُر۔ محاورہ) خالی سُنسان یا بے رونق ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سونپنا (سونپ۔نا)(واو مجہول)(نون غنّہ)(ف۔مع)(۱) سپرد کرنا۔ حوالے کرنا (۲) کسی کے اعتبار پر چھوڑ دینا۔ امانتاً رکھوانا۔

سونٹا (سوں۔ٹا)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) ڈنڈا۔ لٹھ۔ موٹی لکڑی۔ عصا۔ جمع: سونٹوں۔ سونٹے۔

سونٹا سے ہاتھ (اِ۔ا۔مذ) ننگے ہاتھ (عورتیں چوڑیوں سے خالی ہاتھوں کے بارے میں حقارتاً کہتی ہیں)۔

سونٹھ (واو مجہول)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مث)(۱) سوکھی ادرک (۲) نادر چیز۔ بے بہا چیز (۳) بخیل۔ کنجوس۔

سونٹھ بسانا (اِ۔ محاورہ)(۱) کوئی قیمتی چیز خریدنا (۲) زچہ خانے کے لئے چیزیں خریدنا۔

سونٹھ کی ناس لینا (اِ۔ محاورہ)(۱) برداشت کرنا (۲) خاموشی اختیار کرنا۔

سونٹھ ہو رہنا (اِ۔ محاورہ) خاموش ہو رہنا۔ چپ ہو جانا۔

سونٹے (سوں۔ٹے)(ف۔ا۔مذ)(۱) سونٹا کی جمع (۲) سونٹا کی مغیّرہ صورت۔

سونٹے پڑنا (اِ۔ محاورہ) ڈنڈوں سے مار پڑنا۔

سونٹے سے (اِ۔ متعلق فعل) کوئی پروا نہیں۔ بلا سے۔

سُونجھنا (سونجھ۔نا)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) ایک پودے کی پھلیاں جو دافع بادی ہوتی ہیں۔(پ) سوہانجنا۔

سوندھا (سوں۔دھا)(واو مجہول)(نون غنّہ)(ف۔صف)(۱) تازہ مٹی یا مٹی کے کورے برتن کی خوش بُو والا۔ بھنے ہوئے چنوں یا آلوؤں کی خوشبو والا (۲) خوش بُودار۔

سوندھاپن (ف۔ا۔مذ) سوندھی سوندھی خوش بُو۔

سوندھنا (سوندھ۔نا)(ف۔مع)(۱) مِلانا۔ گڈمڈ کرنا (۲) سانتا۔ متھنا (۳) گوندھنا (۴) کپڑوں کو دھونے کے لئے مَلنا۔

سوندھی (واو مجہول)(نون غنّہ)(ف۔صف) سوندھا کی تانیث (۲) پکی کچری۔

سُونڈ (نون غنّہ)(ف۔ا۔مث) ہاتھی کی لمبی ناک۔ جمع: سُونڈوں۔ سُونڈیں۔

سُونڈی (سوں۔ڈی)(ف۔ا۔مث)(۱) ایک چھوٹا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے۔ پتوں کا رس چوسنے والا کیڑا۔ سُنڈی (۲) ناف (۳) حلق کا کوا (۴) کلال۔ شراب کشید کرنے والا۔ جمع: سُونڈیاں۔ سُونڈیوں۔

سُونف (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(اِ۔ا۔مث) بادیان۔ ایک پودے کے بیج جو خوشبودار اور ہاضم ہوتے ہیں۔

سُونگھا (سوں۔گھا)(ف۔ا۔مذ)(۱) وہ شخص جو قوتِ شامّہ کے ذریعے زمین کے اندر کا حال 'خزانہ یا میٹھا پانی وغیرہ معلوم کر لیتا ہے (۲) شکاری کتا (۳) مُخبر۔ جاسوس۔ بھیدی۔ کھوجی۔

سُونگھنا (ف۔مع) بُو لینا۔ مہک لینا۔ باس معلوم کرنا۔

سُونگھنی (سونگھ۔نی)(ف۔ا۔مث)(۱) ہلاس۔ نسوار (۲) ہلاس کی ڈبیا۔

سُونی (سو۔نی)(ف۔صف) سُونا کی تانیث۔ ویران۔ غیر آباد۔ سنسان۔

سونے (ف۔ا۔مذ) سونا (دھات) کی مغیّرہ صورت۔

سونے پہ سہاگا (اِ۔ محاورہ) رونق پر رونق۔ بہتری پہ بہتری۔ نفع پر نفع۔ خوبی پر خوبی۔

سونے سے گھڑاوَن (گھڑائی) مہنگی (اِ۔ مثل) اِتنے کا مال نہیں جتنا اُوپر لگ گیا۔

سونے کا پانی (اِ۔ا۔مذ)(۱) سونے کا ملمّع (۲) وہ پانی جس میں سونا گلایا گیا ہو۔

سونے کا توڑا (اِ۔ا۔مذ) طلائی زنجیر جو پاؤں میں پہنی جاتی ہے۔

سونے کا گڑوا پیتل کی پیندی (اِ۔ مثل) اُن لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جن میں اچھائیوں کے ساتھ بُرائیاں بھی ہوں۔

سونے کا گھر مٹی ہو جانا (اِ۔ محاورہ) بنا بنایا گھر تباہ ہو جانا۔

سونے کا نوالہ (اِ۔ا۔مذ) تر مال۔ نہایت عُمدہ خوراک۔

سونے کا نوالہ کھلائیے شیر کی نظر دیکھئے (اِ۔ مثل) اولاد کے متعلق کہتے ہیں کہ بچوں کو بہتر سے بہتر خوراک دو مگر اُن کی تربیت سختی سے کرنی چاہیے۔

سونے کا ورق (اِ۔ا۔مذ) ورقِ طلا۔ سونے کے ٹکڑے کو کوٹ کر بنایا ہوا ورق۔

سونے کی چڑیا (اِ۔ا۔مث) مال دار اسامی۔

سونے کی چڑیا ہاتھ آنا (اِ۔ محاورہ) کسی مال دار احمق کا قابو میں آجانا۔

سونے کے سہرے بیاہ ہو (اِ۔ دُعا) خُدا دولت مند خاندان میں شادی کرائے۔

سونے کے محل اُٹھانا (اِ۔ محاورہ) بہت دولت مند ہونا۔

سونے کے مول (اِ۔ صف) بہت گراں۔ نہایت قیمتی۔

سونیا (سو۔نِ۔یا)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) راکھ کو دھو کر سونا نکالنے والا۔ نیاریا۔

سَونیا (سَو۔نِ۔یا)(ف۔ا۔مذ) فال نکالنے والا۔ پیشین گوئی کرنے والا۔ جوتشی۔

سوویَت (روسی۔ا۔مث) (Soviet) (۱) کونسل۔ مجلس۔ وہ کونسل جسے کسی چھوٹے حلقے کے مزدور اور سپاہی منتخب کرتے ہیں (۲) صوبے کی کونسل جسے یہ کونسلیں منتخب کرتی ہیں۔

سوویت یونین (انگ۔ا۔مث) وفاقی ریاست جس میں رُوس اور دُوسری سولہ خود مختار ریاستیں شامل تھیں۔

سُوہا (سو۔ہا)(ف۔صف)(۱) لال۔ سُرخ (۲)(ا۔مذ) بھیرویں راگ کی ایک قسم۔

سوہان (سو۔ہان)(واو معروف و مجہول)(ف۔ا۔مذ) ریتی۔ لکڑی یا لوہا صاف کرنے کا خاردار اوزار۔

سوہانِ رُوح (ف۔ع۔صف) جان کو چھیلنے والا۔ جان کو تکلیف دینے والا۔ ناگوارِ خاطر۔

سوہلا (سوہ۔لا)(ف۔ا۔مذ) تعریف کا گیت۔ جمع: سوہلوں۔ سوہلے۔

سوہلے (سوہ۔لے)(ف۔ا۔مذ) سوہلا کی جمع۔ شادی بیاہ کے گیت۔ تعریفی گیت۔

سوہن (ف۔ا۔مذ)(۱) سوہان کا مُخفف۔ ریتی (۲)(ف۔صف۔وا۔مذ) خوبصورت۔ حسین (۳) دوست۔ حبیب (۴) ایک قسم کی مٹھائی۔ حلوا سوہن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سوہنا (سوہ۔نا)(ہ۔صف)(۱) خوب صورت۔ خوش نما (۲) معشوق۔ دلبر (۳) خاوند۔

سوہنی (سوہ۔نی)(ہ۔صف)(۱) سوہنا کی تانیث (۲) ایک راگنی کا نام۔

سُوء (واو معروف)(ع۔ا۔مذ)(۱) بُرائی۔ خرابی۔ بدی (۲) بیماری۔

سُوءِ اِتّفاق (ع۔ا۔مذ) موقع کی خرابی۔ بُرا اِتفاق۔

سُوءِ (اَدَب) اَدَبی (ع۔ا۔مذ) بے ادبی۔ گستاخی۔

سُوءِ ظن (ع۔ا۔مذ) بدگمانی۔ بدظنی۔ بُرا خیال۔

سُوءِ (ہضم) ہضمی (ع۔ا۔مذ) بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی۔

سُوئی (سُو۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) سوزن۔ کپڑے سینے کا ننھا باریک اوزار (۲) ترازو کا کانٹا (۳) گھڑی کا کانٹا جو حرکت کر کے وقت بتاتا ہے (۴) کانٹا۔ پھانس۔ جمع: سُوئیاں۔ سُوئیوں۔

سُوئی کا (بھالا) پھاوڑا ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بات کا بتنگڑ بن جانا۔

سُوئی کے ناکے سے اُونٹ نکالنا (اَر۔ محاورہ) ناممکن بات کر دِکھانا۔

سُوئیوں (ہ۔ا۔مث) سُوئی کی جمع۔

سوئیوں اناج پرونا (اَر۔ محاورہ) کنجوسی کرنا۔ بُخل کرنا۔

سویا (واو مجہول)(ہ۔فعل) سونا مصدر کا ماضی مطلق (۲)(صف) خوابیدہ۔ سویا ہوا۔

سویا اور چُوکا (اَر۔ مثل) جو غافل ہوا اُس نے دھوکا کھایا۔

سویا سو کھویا ' جاگا سو پایا (اَر۔ مثل) غافل رہنے والا نقصان اُٹھاتا ہے۔ ہوشیار رہنے والے کو نفع ہوتا ہے۔

سویابین (Soya Bean) (انگ۔ا۔مث) ایک پودا اور اُس کا بیج جو تیل نکالنے اور مویشیوں کے چارے کے لئے کاشت کیا جاتا ہے۔

سویّاں (سِ۔وَیْ۔یاں)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی خوراک جو میدے ' آٹے یا روے کے تار نکال کر بنائی جاتی ہے۔

سوِیپ (Sweep) (انگ۔ا۔مذ) تاش کا ایک کھیل۔

سویٹر (Sweater) (انگ۔ا۔مذ) اُونی بنیان۔

سُوَیدا (سُ۔وَے۔دا)(ع۔ا۔مذ) وہ سیاہ نقطہ جو اِنسان کے قلب پر ہوتا ہے۔

سوَیرے (سَ۔وے۔رے)(ہ۔صف و متعلق فعل) جلدی۔ اوّل۔ پہلے۔ اوّل وقت۔

سوَیرا (سَ۔وے۔را)(ہ۔ا۔مذ) صبح دم۔ نور کا تڑکا۔

سَوِیق (سَ۔وِیق)(ع۔ا۔مذ) ستّو۔

سوَیمبر (سَ۔وَے۔یم۔بر)(ہ۔ا۔مذ) س : سَ۔وے۔یم۔ وَر کا مہنّد۔ قدیم ہندوؤں کی ایک رسم جس میں لڑکی اپنا خاوند خود چُنتی تھی۔

سویمبر رچنا (ہ۔ محاورہ) خاوند کے اِنتخاب کی مجلس منعقد ہونا۔

سویمبرا (سَ۔ویمب۔را)(ہ۔ا۔مث) اپنا خاوند آپ چُننے والی لڑکی۔

س ۔ ہ

سِہ (بکسر اوّل)(ف۔ا۔عدد) تین۔ ۳۔

سِہ اَساسی (اَر۔صف)(اصطلاحِ علمِ کیمیا) لوہے سے فولاد تیار کرنے کا سہ بارہ عمل۔

سِہ برگہ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا پُھول جس کی تین پتّیاں ہوتی ہیں (۲) ٹوپیوں پر بنائی ہوئی پتّیاں۔

سِہ بندی (ف۔ا۔مث) سہ ماہی قِسط یا تنخواہ۔

سِہ پہر (ف۔ا۔مث) تیسرے پہر کا وقت۔ دوپہر کے بعد کا وقت۔

سِہ پہلو (ف۔صف) تین پہلوؤں کا (۲) ایک قسم کا تیر۔

سِہ چند (ف۔صف) تِگنا۔ تین گُنا۔

سِہ حرفی (ف۔ع۔صف) تین حرف کا۔ وہ کلمہ جس میں تین حرف ہوں۔

سِہ حدّہ (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں تین حدیں ملتی ہوں۔

سِہ درا (ف۔ا۔مذ) تین دروازوں والا کمرا۔

سِہ سالہ (ف۔صف) تین سال کا۔

سِہ کرّر (ف۔صف) تیسری دفعہ۔

سِہ شنبہ (ف۔ا۔مذ) منگل کا دن۔

سِہ ماہی (ف۔صف) ہر تیسرے مہینے کا۔ ترماہی۔

سِہ منزلہ (ف۔ع۔صف) اُوپر نیچے تین درجوں والا مکان۔

سُہا (سُ۔ہا)(ع۔ا۔مذ) بنات النعش کا ایک چھوٹا سا ستارہ۔

سَہار (سَ۔ہار)(ہ۔ا۔مث) برداشت۔ تحمّل۔

سَہارا (سَ۔ہا۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مدد۔ بھروسا۔ وسیلہ (۲) اُمید۔ توقّع (۳) توانائی۔ قوّت (۴) ٹیک۔ اڑواڑ۔

سہارا پانا (اَر۔ محاورہ) مدد پانا۔ تقویت حاصل کرنا۔

سہارا تکنا (اَر۔ محاورہ) آسرا ڈھونڈنا۔ مدد چاہنا۔

سہارا ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ) آس ٹوٹنا۔

سہارا دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) مدد کرنا۔ تھامنا (۲) ٹیک یا اڑواڑ لگانا۔

سہارا ڈھونڈنا (اَر۔ محاورہ) وسیلہ تلاش کرنا۔ آسرا تکنا۔

سہارا لینا (اَر۔ محاورہ) پناہ لینا۔ مدد لینا۔

سہارا ہو جانا (اَر۔ محاورہ) تقویت مل جانا۔ مدد مل جانا۔

سَہارنا (سَ۔ہار۔نا)(ہ۔مص) برداشت کرنا۔ تحمّل کرنا۔ گوارا کرنا۔

سُہاگ (سُ۔ہاگ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) خاوند کی زندگی کا زمانہ (۲) خاوند کا پیار (۳) خوش نصیبی (۴) ایک قسم کا عطر (۵) ایک خاص گیت جو عورتیں شادی میں گاتی ہیں۔ وہ تمام چیزیں اور زیور جو سُہاگن ہونے کی حالت میں عورتیں اِستعمال کرتی ہیں۔

سُہاگ اُترنا (اَر۔ محاورہ) رانڈ ہونا۔ بیوہ ہونا۔

سُہاگ پُڑا (اَر۔ا۔مذ) خوشبوؤں کا وہ کاغذی پُڑا جو ساچق کے ہمراہ دُلہن کے گھر بھیجا جاتا ہے۔

سُہاگ چِھننا (اَر۔ محاورہ) بیوہ ہو جانا۔

سُہاگ رات (ہ۔ا۔مث) ہم بستری کی پہلی رات۔ شبِ زفاف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سُہاگ سیج (ہ۔ا۔مث) حجلۂ عروسی کا وہ پلنگ جس پر دولھا دُلھن پہلی رات سوتے ہیں۔

سُہاگا (سُ۔ہا۔گا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک کھار جو سونا چاندی گلانے اور دواؤں کے کام آتا ہے۔ بورکیس (۲) (پن) کھیت کی زمین ہموار کرنے کا پٹرا۔

سُہاگن (سُ۔ہا۔گن) (ہ۔صف) وہ عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔ جمع: سُہاگنوں۔ سُہاگنیں۔

سُہاگن کا بچّہ (پُوت) گھواڑے کھیلتا ہے (اُر۔مثل) سہاگن کا بچّہ مر جائے تو کچھ نہیں ہوتا۔ اور بچّے ہو جائیں گے کیونکہ شوہر زندہ ہے۔

سُہال (سُ۔ہال) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی تلی ہوئی خستہ میٹھی روٹی۔

سُہالگ (سُ۔ہا۔لگ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شادی کا دن (۲) ہندوؤں میں شادی کا زمانہ۔

سُہالی (سُ۔ہا۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) پوری کچوری (۲) چپاتی۔

سِہام (سِ۔ہام) (ع۔ا۔مذ) سَہم کی جمع (۱) حصّے۔ ٹکڑے (۲) تیر۔ بان۔ خدنگ۔

سُہانا (سُ۔ہا۔نا) (ہ۔صف) (۱) دل پسند۔ مرغوب۔ بھلا معلوم ہونے والا (۲) مناسب۔ معقول۔

سُہانی (سُ۔ہا۔نی) (ہ۔صف) سہانا کی تانیث۔

سَہائے (سَ۔ہا۔اے) (ہ۔ا۔مذ) مدد۔ سہارا۔ حمایت۔ دوستی۔

سَہایتا (سَ۔ہا۔ی۔تا) (ہ۔ا۔مث) مدد۔ سہارا۔ حمایت (۲) اُنس۔ محبت۔

سَہتا سَہتا (سَہ۔تا۔سَہ۔تا) (ہ۔صف) کُنکُنا۔ شیرگرم۔

سَہج (سَ۔ہَج) (ہ۔صف) (۱) آہستہ۔ ہولے (۲) آسان۔

سہج سہج (ہ۔متعلق فعل) آہستہ آہستہ۔ دھیرے دھیرے۔

سہج پکے سو میٹھا ہو (اُر۔مثل) آہستہ اور اطمینان کا کام بہتر ہوتا ہے۔

سِہرا (سِہ۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھولوں یا موتیوں کی لڑیاں جو ایک ڈورے میں باندھ کر دولھا دُلھن کے چہرے پر لٹکائی جاتی ہیں (۲) وہ نظم جو سہرا بندھنے کے موقع پر پڑھی جاتی ہے۔ جمع: سہرے۔ سہروں۔

سہرا باندھنا (اُر۔محاورہ) سر پر سہرا رکھنا۔

سہرا بندھائی (اُر۔ا۔مث) سہرا باندھنے کا نیگ جو بہنوئیوں کو ملتا ہے۔

سہرا بندی (اُر۔ا۔مث) سہرا باندھنے کا عمل یا رسم۔

سہرا چڑھانا (اُر۔محاورہ) لوحِ مزار، تعزیوں کے عَلَم یا فوج کے نشان پر سہرا لٹکانا۔

سہرا دیکھنا (اُر۔محاورہ) بیاہ دیکھنا۔ بیاہ رچانا۔ شادی کرنا۔

سہرا سر ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کام کی تکمیل کا ذمے دار ہونا۔ کام کا دارومدار ہونا۔

سہرا گوندھنا (اُر۔محاورہ) سہرے کے پھول ڈورے میں پرو کر سہرا تیار کرنا۔

سِہرانا (سِہ۔را۔نا) (ہ۔مص) مقدس چیز کو دریا میں بہانا۔

سُہروردی (سُہ۔رَو۔ر۔دی) (ف۔صف) فقرا کا ایک گروہ جو حضرت شیخ شہاب الدین ساکن سُہرورد (ایران) سے منسوب ہے۔

سِہرے (سِہ۔رے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سہرا کی جمع (۲) سہرا کی مُغیّرہ صورت۔

سہرے جلوے کی (ہ۔صف) بیاہتا بیوی۔

سہرے کی لڑی ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) بدشگونی ہونا۔ سہرے کی لڑی ٹوٹنے کو منحوس سمجھا جاتا ہے۔

سہرے کے پھول کھلنا (اُر۔محاورہ) شادی کا وقت آنا۔

سَہَسر (سَہ۔سَر) (س۔صف) (۱) ہزار (۲) کوئی بڑا عدد۔

سَہْل (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔صف) آسان۔ سہج۔ نرم۔

سَہلُ الحُصُول (سَہ۔لُل۔حُ۔صُول) (ع۔صف) آسانی سے حاصل ہونے والا۔

سہل انگار (ع۔ف۔صف) سُست۔ کاہل۔ آسانی پسند۔

سہل انگاری (ع۔ف۔ا۔مث) آرام طلبی۔ کاہلی۔ تن آسانی۔

سہلِ مُمتَنِع (ع۔صف) کسی شعر یا کلام کا اِتنا آسان ہونا کہ اُس سے آسان کہنا ممکن نہ ہو۔

سَہلانا (سَہ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرنا (۲) چُمکارنا۔ تھپکنا (۳) خوشامد کرنا۔

سَہْم (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ف۔ا۔مذ) خوف۔ ڈر۔ بیم۔ باک۔

سہم جانا (اُر۔محاورہ) ڈر جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ دم بخود رہ جانا۔

سَہمگین (سَہم۔گیں) (ف۔صف) (۱) ڈراؤنا۔ خوف ناک (۲) خوف زدہ۔

سہم ناک (ف۔صف) خوف ناک۔

سَہْم (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) چلانے یا قرعہ ڈالنے والا تیر (۲) حصّہ۔ بخرہ (۳) مکان کا شہتیر (۴) دائرے کا ٹکڑا (۵) ایک ناپ۔

سہم مُعیّن (ع۔ا۔مذ) مقررہ حصّہ۔

سَہما (سَہ۔ما) (اُر۔صف) خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ دم بخود۔ چپ۔

سَہمنا (سَہم۔نا) (ہ۔مص) ڈرنا۔ خوف کھانا۔

سَہنا (سَہ۔نا) (ق۔صف) سیانا۔

سَہنا (سَہ۔نا) (ہ۔مص) جھیلنا۔ برداشت کرنا۔ سہارنا۔

سَہو (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) بُھول چُوک۔ غلطی۔ فروگزاشت۔

سہوِ قلم (کتابت) (ع۔ا۔مذ) تحریری غلطی۔ قلم سے کچھ کا کچھ نکل جانا۔

سَہواً (سَہ۔وَن) (ع۔متعلق فعل) بُھولے سے۔ غفلت میں۔ بلا ارادہ۔

سُہولت (سُ۔ہُو۔لت) (ع۔ا۔مث) نرمی۔ آسانی۔ آہستگی۔ اُردو جمع: سہولتوں۔ سہولتیں۔

سہی (سَئی) (سَ۔ہی) (سَ۔ای) (اُر۔متعلق فعل) (۱) ٹھیک۔ بجا (۲) قبول۔ منظور۔ مانا (۳) فرض کیا (۴) شرط کے لئے جیسے آ تو سہی (۵) غنیمت ہے (۶) تاکید کے واسطے (۷) سلسلہ قائم رکھنے کے لئے (۸) بے پروائی ظاہر کرنے کے لئے جیسے ہم دیوانے ہی سہی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سَہی (سَ۔ہی)(ف۔صف) سیدھا۔ راست (عموماً سَرو کی صفت کے طور پر اِستعمال ہوتا ہے۔ دیکھئے سَرو سہی)۔

سُہَیل (سُ۔ہَیل)(ع۔ا۔مذ) ایک ستارہ۔ کینوپس۔

سَہیلی (سَ۔ہے۔لی)(ہ۔ا۔مث) ساتھن۔ سَکھی۔ ساتھ رہنے والی۔ بھَنیلی۔ ہم جولی۔ جمع: سہیلیاں۔ سہیلیوں۔

سَہیم (سَ۔ہیم)(ع۔صف) حِصّے دار۔ شریک۔

س۔ی

سی (اِ۔ا۔مث) چٹکی لینے یا کسی چیز کے کاٹ لینے یا مرچ کی جلن محسوس ہونے پر مُنہ سے نکلنے والی آواز (۲) سا کا مؤنث بمعنی جیسی (۳) مصدر سینا کا اَمر (۴) کثرت اور اِفراط ظاہر کرنے کے لئے بھی اِستعمال ہوتا ہے۔ (سردی سی سردی)۔

سی (ف۔ا۔عدد) تیس۔ (۳۰)۔

سی پارہ (ف۔ا۔مذ) قرآن شریف کا تیسواں حِصّہ۔ قرآن کو تیس حِصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

سی۔ آئی۔ اے (C.I.A)(انگ۔ا۔مذ) سنٹرل انٹیلی جنس ایجنسی کا مُخفف۔ ریاست ہائے متحدہ امریکا کا ادارۂ جاسوسی (۲) پولیس کا تفتیش جرائم کا شعبہ۔

سی۔ آئی۔ ڈی (C.I.D)(انگ۔ا۔مذ) کرمنل اِنویسٹی گیشن ڈیپارٹمنٹ۔ محکمہ خفیہ پولیس۔

سے (ہ۔حرفِ جر)(۱) اِبتدا یا شروع کے لئے جیسے گھر سے بازار تک۔ صبح سے شام تک (۲) "کی" کے معنی میں جیسے اُسے کھانے پینے سے کیا کی ہے (۳) علیحدگی اور دُوری ظاہر کرنے کے لئے جیسے ہم سے گیا جگ سے گیا (۴) مثل۔ مانند۔ جیسے تجھ سے ہزاروں۔

سَیِّئات (سَیِّ۔ءِ۔آت)(ع۔ا۔مذ) سَیِّئہ کی جمع۔ بُرائیاں۔ بدیاں۔

سَیّاح (ع۔ا۔مُبالغہ) مُلکوں کی سیر کرنے والا۔ اُردو جمع: سیاح۔ سیاحوں۔

سیاحت (سِ۔یا۔حَت)(ع۔ا۔مث) سفر۔ سیر۔

سَیّاحی (سَیّ۔یا۔حی)(ع۔ا۔مث) سفر کرنا۔ سیر و سیاحت کرنا۔

سیادت (سِ۔یا۔دَت)(ع۔ا۔مث)(۱) سرداری۔ بُزرگی۔ اِمامت (۲) سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی۔

سیار (سیال) (سِ۔یار)(سِ۔یال)(ہ۔ا۔مذ) گیدڑ۔

سَیّار (سَیّ۔یار)(ع۔صف) پھِرنے والا۔ سیر کرنے والا۔

سَیّارہ (سَیّ۔یا۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) کسی ستارے (سُورج) کے گرد گردش کرنے والا جرمِ فلکی۔ جمع: سیارات۔ ف۔ جمع: سیارگان۔ اُ۔ جمع: سیاروں۔ سیارے۔

سیاست (سِ۔یا۔سَت)(ع۔ا۔مث)(۱) حکومت۔ سلطنت۔ مُلکی معاملات (۲) رُعب داب (۳) دھمکی۔ گوشمالی۔ سزا۔

سیاست دان (ع۔ف۔صف) ماہرِ سیاست۔

سیاستِ مُدُن (ع۔ا۔مث) شہری اِنتظام۔

سیاست کرنا (اُ۔محاورہ) سزا دینا۔ تنبیہ کرنا۔ گوشمالی کرنا (۲) سیاست میں حِصّہ لینا۔

سیاسی (سِ۔یا۔سی)(ع۔صف)(۱) مُلکی اِنتظام کے متعلق (۲) سیاست سے تعلّق رکھنے والا۔

سیاسیات (سِ۔یا۔سِ۔یات)(ع۔ا۔مذ)(۱) علم سیاست۔ پالی ٹکس (۲) سیاست سے تعلّق رکھنے والی باتیں۔

سیاق (سِ۔یاق)(ع۔ا۔مذ)(۱) ربطِ مضمون (۲) حساب۔ گنتی۔ حساب کے قاعدے (۳) (دفتری اِصطلاح) سلسلۂ اَحکام۔

سیاقِ عبارت (کلام) (ع۔ا۔مذ) ربطِ تحریر۔ مضمون کا تسلسل۔

سیاق و سباق (ع۔ا۔مذ) دیکھئے سیاقِ عبارت۔

سَیّال (سَیّ۔یال)(ع۔ا۔مُبالغہ) بہت بہنے والا۔ رواں۔ رقیق۔ پتلا۔ مائع۔

سیال (سیالا) (سِ۔یال)(سِ۔یا۔لا)(ہ۔ا۔مذ) جاڑا۔ موسم سرما۔

سیام (سِ۔یام)(ہ۔صف)(۱) کالا۔ سیاہ (۲)(ا۔مؤنث) کوئل (۳) ایک راگنی کا نام (۴) شیام کا بگاڑ۔

سیام برن (ہ۔ا۔مذ) کالا رنگ۔

سیان (سِ۔یان)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دانائی (۲) ہوشیاری۔ چالاکی (۳) کنجوسی۔

سیان پت (پَن) (ہ۔ا۔مذ)(۱) دانائی (۲) عیاری۔ فریب (۳) کنجوسی۔

سَیّاں (سَیّ۔یاں)(ہ۔ا۔مذ)(۱) خاوند۔ شوہر (۲) محبوب۔ بالم (۳) سائیں۔ مالک۔ آقا۔

سیاں بھئے کوتوال اب ڈر کاہے کا (اُ۔مثل) جس کا رشتے دار یا واقف کار حاکم ہو اُسے قانون کا ڈر نہیں ہوتا۔

سیانا (سِ۔یا۔نا)(ہ۔صف)(۱) عقل مند۔ دانا۔ عالم (۲) ہوشیار۔ عیار (۳) کنجوس (۴) تعویذ گنڈا کرنے والا۔ عامل۔ جمع: سیانوں۔ سیانے۔

سیانا کوا گو کھاتا ہے (اُ۔مثل) ضرورت سے زیادہ ہوشیار آدمی دھوکا کھاتا ہے۔

سیانی (سِ۔یا۔نی)(ہ۔صف) سیانا کی تانیث۔

سیانے (سِ۔یا۔نے)(ہ۔صف۔و۔ا۔مذ)(۱) سیانا کی جمع (۲) سیانا کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

سیاؤشان (سِ۔یاؤ۔شان)(ف۔ا۔مذ) ایک پودا جو ادویات میں اِستعمال ہوتا ہے۔

سیاہ (سِ۔یاہ)(ف۔صف)(۱) کالا (۲) شُوم۔ نحس۔ منحوس۔

سیاہ باطِن (ف۔صف) ریاکار۔ مکّار۔ مُنافق۔ بدباطن۔

سیاہ بخت (ف۔صف) بدنصیب۔ تقدیر کا ہیٹا۔ بدبخت۔

سیاہ پوش (ف۔صف) ماتمی (کالے) کپڑے پہنے ہوئے۔ سوگوار۔

سیاہ خانہ (ف۔ا۔مذ) تاریک گھر۔ ویران مکان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سیاہ دِل (ف۔ صف) دیکھئے سیاہ باطن۔

سیاہ رُو (ف۔ صف) کالے مُنہ والا۔ ذلیل و خوار۔ رُوسیاہ۔

سیاہ رُوئی (ف۔ ا۔ مث) شرمندگی۔ رُسوائی۔

سیاہ روز (ف۔ صف) مُصیبت زدہ۔

سیاہ زبان (ف۔ صف) وہ شخص جس کی بددُعا جلد اثر کر جائے۔

سیاہ سفید کرنا (اُر۔ محاورہ) مختارِ کُل ہونا۔ جو چاہنا سو کرنا۔

سیاہ فام (ف۔ صف) کالا کلوٹا۔

سیاہ کار (ف۔ صف) (۱) بدکار۔ پاپی۔ فاسق۔ فاجر (۲) گُناہ گار (۳) ظالم۔

سیاہ کاری (ف۔ ا۔ مث) بدکاری۔

سیاہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کالا کرنا (۲) لکھنا۔ تحریر کرنا۔

سیاہ کرو یا سفید (اُر۔ محاورہ) جو جی چاہے کرو۔

سیاہ گوش (ف۔ ا۔ مذ) ایک چھوٹا درندہ۔ بن بلاؤ۔

سیاہ مست (ف۔ صف) بدمست۔ مدہوش۔

سیاہ مستی (ف۔ ا۔ مث) مدہوشی۔ بدمستی۔ بے ہوشی۔

سیاہ و سفید (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بُرائی بھلائی (۲) رات دن۔

سیاہہ (سِ۔یا۔ہہ) (ف۔ ا۔ مذ) کچا کھاتا۔ روزنامچہ جس میں نقدی یا اجناس تاریخ وار درج ہوں۔

سیاہہ آمدنی (ف۔ ا۔ مذ) (۱) خزانے کا روزانہ حساب (۲) ہر روز کی آمدنی کا حساب۔

سیاہہ بہی (ف۔ ہ۔ ا۔ مث) وہ رجسٹر جس میں روزانہ آمدن و خرچ کا حساب درج کیا جاتا ہے۔

سیاہہ دکھانا (اُر۔ محاورہ) فوج کی تعداد ظاہر کرنا۔ جائزہ دینا۔

سیاہہ کرنا (اُر۔ محاورہ) کچے کھاتے میں لکھنا۔ روزنامچے میں درج کرنا۔

سیاہہ نویس (ف۔ صف) کھاتے میں درج کرنے والا۔ روزنامچے میں اندراجات کرنے والا۔

سیاہی (سِ۔یا۔ہی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) کالک (۲) روشنائی جس سے لکھا جاتا ہے (۳) تاریکی۔ اندھیرا (۴) کاجل (۵) دھبا۔ داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔

سیاہی چٹ (سیاہی چوس) (اُر۔ ا۔ مذ) جاذب کاغذ۔ بلاٹنگ پیپر۔

سیاہی چڑھنا (اُر۔ محاورہ) تاریکی کا اُفق پر نمودار ہونا۔ اندھیرا چھانا۔

سیاہی دھونا (اُر۔ محاورہ) عیب دُور کرنا۔

سیاہی رواں ہونا (اُر۔ محاورہ) روشنائی کا ایسا رقیق ہونا کہ لکھنے میں قلم نہ رُکے۔

سیاہی فالیز (اُر۔ صف) نکما۔ بے کار آدمی۔

سیب (بیائے مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) ایک مشہور گول سُرخ و سفید شیریں پھل۔ جمع: سیب۔ سیبوں۔

سیب زنخداں (ف۔ ا۔ مذ) خوش نما، چھوٹی اور خوب صورت ٹھوڑی۔

سیپ (بیائے معروف) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی دریائی مخلوق جس کے اندر سے موتی نکلتے ہیں۔ صدف (۲) پرندوں کی ایک بیماری (۳) ایک قسم کا پتلی گٹھلی کا آم۔ وہ آم جو فصل میں سب سے پہلے ٹپکتا ہے۔ جمع: سیپیاں۔ سیپیوں۔

سیپی (سی۔پی) (اُر۔ ا۔ مث) دیکھئے سیپ نمبر ۱۔

سیپی آم (اُر۔ ا۔ مذ) بہت پتلی گٹھلی کا آم۔

سیپی سا مُنہ نکل آنا (اُر۔ محاورہ) چہرے کا دُبلا ہو جانا۔ چہرہ اُتر جانا۔

سیِت (بیائے معروف) (ہ۔ ا۔ مث) ٹھنڈ۔ سردی (۲) پالا (۳) شبنم (۴) (صف) ٹھنڈا۔

سیتا (سی۔ تا) (س۔ صف) پاک دامن، باعصمت عورت (۲) شری رام چندر کی بیوی کا نام۔

سیتا پھل (ہ۔ ا۔ مذ) ایک خوش ذائقہ پھل۔ شریفہ۔ یہ پھل بن باس کے زمانے میں سیتا جی بڑے شوق سے کھاتی تھیں۔

سیتا ستی (ہ۔ صف) (۱) سیتا جیسی پاک دامن (۲) نیک بیوی۔

سیتل (ہ۔ صف) (س: شیتل کا بگاڑ) (۱) ٹھنڈا۔ سرد (۲) سُست۔ ڈھیلا (۳) خوش۔ سُکھی (۴) ایک قسم کی گھاس جس کے بوریئے بنائے جاتے ہیں۔

سیتل پاٹی (ہ۔ ا۔ مث) وہ چٹائی جو سیتل گھاس سے بنائی جاتی ہے۔

سیتلا (سیت۔ لا) (ہ۔ ا۔ مث) چیچک۔ ماتا۔

سیٹ (Set) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) ڈرامے وغیرہ کا منظر (منقش پردے اور دیگر لوازم) (۲) یکساں قسم کی چیزوں کا مجموعہ (۳) ٹینس وغیرہ کی ایک بازی (۴) (صف) قائم۔ مستقل۔ (اپنی جگہ) جما ہوا۔

سیٹ کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) اچھی طرح جما کر رکھنا۔ قائم کرنا۔ ٹھیک بٹھانا۔ (اپنی جگہ) جمانا۔ تیار کر لینا۔

سیٹ لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) اسٹیج کو ڈرامے کے منظر کے مطابق پردوں اور دیگر لوازم سے آراستہ کرنا۔

سیٹ (Seat) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) نشست۔ مسند۔ تخت۔ کرسی۔ چوکی۔ گدی (۲) رُکنیت۔ ممبری (خصوصاً اسمبلی کی)۔

سیٹلائٹ ٹاؤن (Setellite Town) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ بستی جو کسی شہر کے ساتھ بسائی جائے۔

سیٹنگ (Setting) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) تماشا گاہ کے لوازم (۲) کھیل وغیرہ کی ترتیب و ترکیب۔

سیٹھ (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دولت مند۔ امیر (۲) ساہوکار۔ مہاجن۔ بڑا تاجر (۳) ایک عزت کا خطاب جو بنیوں بقالوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جمع: سیٹھ۔ سیٹھوں۔

سیٹھا (سی۔ ٹھا) (ہ۔ صف) بے مزہ۔ بے لذت۔ پھیکا۔

سیٹھانی (سے۔ ٹھا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) سیٹھ کی بیوی۔ نیز دیکھئے سٹھانی۔ جمع: سیٹھانیاں۔ سیٹھانیوں۔

سیٹی (سی۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) شکاری کے ساتھ مُنہ کی مہین آواز (۲) پرندوں کی آواز (۳) ایک چھوٹا آلہ جسے مُنہ سے بجاتے ہیں۔ جمع: سیٹیاں۔ سیٹیوں۔

سیج (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بستر۔ بچھونا۔ پلنگ۔ چارپائی (۲) تازہ پھولوں کی چادر۔ جمع: سیجیں۔ سیجوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سیج بند (اِ۔ مذ) پایوں سے پلنگ کی چادر باندھنے کی ڈوری۔
سیج چڑھتے ہی رانڈ (اِ۔ مثل) بیاہ کے بعد جلد بیوہ ہونا۔
سیج چڑھنا (اِ۔ محاورہ) میاں بیوی کا ساتھ سونا۔
سیج (سجانا) سنوارنا (اِ۔ محاورہ) بستر بچھانا۔ سیج بچھانا۔ بچھونا آراستہ کرنا۔
سیج کی مکھی بھی بُری (اِ۔ مثل) (۱) سوت کیسی ہی حقیر سہی پھر بھی بُری ہے (۲) خلوت میں کسی کا دخل اچھا نہیں لگتا۔
سِیجْنا (سِیجھنا) (سیج۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اُبلنا۔ کھولنا (۲) پسینا نکلنا (۳) رسنا۔ پگھلنا (۴) قرض اُترنا۔
سِیخ (بیائے معروف) (ف۔ اِ۔ مث) لوہے کی سلاخ جس پر کباب بھونتے ہیں۔ جمع: سیخوں۔ سیخیں۔
سیخ پا ہونا (اِ۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو جانا۔ الف ہو جانا (۲) بہت ناراض ہونا۔
سیخ پر لگانا (اِ۔ محاورہ) کباب سیخ پر چڑھا کر بھونا۔
سِیخچَہ (سیخ۔ چہ) (ف۔ اِ۔ مذ) چھوٹی سیخ۔
سِیخیا کباب (سی۔ خِ۔ یا) (اِ۔ اِ۔ مذ) سیخ کے کباب۔
سَیِّد (سَیْ۔ یِد) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) امام۔ پیشوا۔ سردار (۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دُختر حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔ جمع: اَسیاد۔ اُردو جمع: سید۔ سیدوں۔
سَیِّدُالاَنْبیاء (سَیِّدُالبَشَر۔ سَیِّدُالسّادات۔ سَیِّدُالمُرسلین) (ع۔ اِ۔ مذ) نبیوں کے سردار۔ تمام انسانوں کے سردار۔ سرداروں کے سردار۔ رسولوں کے سردار۔ القاب حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔
سَیِّدُالشُّہداء (ع۔ اِ۔ مذ) شہیدوں کے سردار۔ حضرت امیر حمزہؓ اور حضرت امام حسینؓ کا خطاب۔
سَیِّدانی (سَے۔ دا۔ نی) (اِ۔ اِ۔ مث) قوم سادات کی عورت۔ سید کی بیوی۔ جمع: سیدانیاں۔ سیدانیوں۔
سَیِّدَہ (سَیْ۔ یِ۔ دَہ) (ع۔ اِ۔ مث) سید کی تانیث۔
سَیِّدَۃُ النِّساء (سَیْ۔ یِ۔ دَ۔ تُن۔ نِ۔ سا) (ع۔ صف) عورتوں کی سردار۔ حضرت فاطمہؓ کا لقب۔
سِیدھ (بیائے معروف) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) راستی۔ ٹیڑھ کی ضد (۲) ٹھیک سامنے کی طرف (۳) نشانہ۔ شست۔
سیدھ باندھنا (اِ۔ محاورہ) نشانہ باندھنا۔ شست لگانا۔
سیدھ میں (اِ۔ متعلق فعل) بالکل سامنے۔ ایک خط پر۔
سِیدھا (سی۔ دھا) (ہ۔ صف) (۱) راست۔ مستقیم۔ کھڑا۔ عمودی (۲) آسان۔ سہل (۳) سامنے (۴) دُرست۔ ٹھیک۔ باقاعدہ (۵) حسبِ مرضی۔ موافق (۶) مُساعد (۷) بھولا۔ سچا۔ کھرا۔ نیک۔ ایمان دار۔ مسکین (۸) دایاں۔ داہنا (۹) جس میں بَل نہ ہو (۱۰) (اِ۔ مذ) کچی رسد۔ آٹا۔ دال۔ گھی وغیرہ۔
سیدھا آنا (اِ۔ محاورہ) (۱) براہِ راست آنا۔ سامنا کرنا۔ سامنے آنا۔
سیدھا بنانا (اِ۔ محاورہ) (۱) ٹھیک بنانا۔ سزا دینا۔ دُرست کرنا (۲) کجی دُور کرنا (۳) تربیت دینا۔ راہ پر لانا۔
سیدھاپن (ہ۔ اِ۔ مذ) بھولا پن۔ سادگی۔
سیدھا تیر سا (ہ۔ صف) بالکل سیدھا۔
سیدھا جانا (اِ۔ محاورہ) منزل کی طرف ہی جانا۔ اِدھر اُدھر نہ جانا (۲) ناک کی سیدھ جانا۔
سیدھا جنت میں جانا (اِ۔ محاورہ) یقینی مغفرت ہونا۔
سیدھا جواب (اِ۔ اِ۔ مذ) وہ جواب جو پیچیدہ الفاظ میں نہ ہو۔ صاف اِنکار۔
سیدھا جواب دینا (اِ۔ محاورہ) (۱) ایسا جواب دینا جس میں پیچیدگی نہ ہو (۲) صاف اِنکار کر دینا۔
سیدھا رہنا (اِ۔ محاورہ) (۱) موافق رہنا۔ مہربان رہنا (۲) ٹھیک سے رہنا۔
سیدھا سادہ (اِ۔ صف) (۱) سادہ وضع۔ سادہ مزاج (۲) بھولا بھالا۔
سیدھا کرنا (اِ۔ محاورہ) (۱) کجی دُور کرنا۔ ہموار کرنا (۲) راہِ راست پر لانا (۳) مار پیٹ کر ٹھیک بنانا۔ گوش مالی کرنا۔
سیدھا گھر کا راستہ لینا (اِ۔ محاورہ) فوراً چلے جانا۔
سیدھا ہاتھ (اِ۔ اِ۔ مذ) داہنا ہاتھ۔
سِیدھی (سی۔ دھی) (ہ۔ صف) سیدھا کی تانیث۔
سیدھی آنکھ (اِ۔ اِ۔ مث) (۱) دائیں آنکھ (۲) عنایت کی نظر۔
سیدھی آنکھ نہ بھانا (اِ۔ محاورہ) نہایت ناپسند ہونا۔ ایک آنکھ نہ بھانا۔
سیدھی اُنگلیوں گھی نہیں نکلتا (اِ۔ مثل) ملائمت اور نرمی سے ہر کام نہیں بنتا۔
سیدھی چال چلنا (اِ۔ محاورہ) سیدھی راہ چلنا۔ سلامت روی اختیار کرنا۔
سیدھی سادی (اِ۔ صف) سیدھا سادہ کی تانیث (۲) صاف۔ سلیس۔
سیدھی راہ سے پھرنا (اِ۔ محاورہ) گمراہ ہونا۔
سیدھی (سیدھیاں) سُنانا (اِ۔ محاورہ) (۱) صاف صاف کہنا۔ بے لاگ کہنا (۲) بے دھڑک گالیاں دینا۔ بے نُقط سُنانا۔
سیدھی سی بات (اِ۔ اِ۔ مث) معمولی سی بات۔ وہ بات جس میں کوئی پیچ نہ ہو۔
سیدھی گالی (اِ۔ اِ۔ مث) صاف گالی۔
سیدھی نظر رکھنا (اِ۔ محاورہ) مہربانی کی نظر رکھنا۔ کرم کا برتاؤ رکھنا۔
سیدھی طرح (اِ۔ متعلق فعل) شرافت سے۔ نرمی سے (۲) بغیر چالاکی کے۔
سِیدھے (ہ۔ صف) سیدھا کی مغیرہ صورت۔
سیدھے دن آنا (اِ۔ محاورہ) اچھے دن آنا۔ اقبال یاور ہونا۔
سیدھے سبھاؤ (اِ۔ متعلق فعل) صاف دلی سے۔ سادگی سے۔ ایمان داری سے۔
سیدھے مُنہ بات نہ کرنا (اِ۔ محاورہ) بے رُخی سے بات کرنا۔ التفات نہ کرنا۔ توجُّہ نہ کرنا۔
سیدھے مُنہ سے پھوٹو (اِ۔ محاورہ) اچھی طرح بولو۔ کھُل کر بات کرو۔
سِیدی (سی۔ دی) (اِ۔ اِ۔ مذ) حبشی (سَیِّدی کا بگاڑ ہے) نیز دیکھیے ضِیدی۔
سَیْر (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) ہوا خوری۔ تفریح۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چہل قدمی۔ گھومنا پھرنا (۲) تماشا۔ کیفیت۔ نظارہ (۳) لطف۔ مزہ (۴) میلا ٹھیلا۔ نمائش۔ پینٹھ (۵) ہنسی مذاق (۶) کتب بینی (۷) (صف) پھرنے والا۔

سیر بین (ف۔صف) سیر دیکھنے والا۔ نظارہ دیکھنے والا۔

سیر دکھانا (اَر۔محاورہ) تماشا دکھانا۔

سیر دیکھنا (اَر۔محاورہ) تماشا دیکھنا۔ بہار دیکھنا۔ لطف حاصل کرنا۔ مزہ چکھنا۔

سیر سپاٹا (اَر۔ا۔مذ) گھومنا پھرنا۔ ہوا خوری۔

سیر گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) تماشا گاہ۔ سیر دیکھنے کی جگہ۔ پُر فضا مقام۔

سیر و شکار (ع۔ف۔ا۔مذ) جا بجا پھرنے کے دوران حیوانات کا شکار کرنا۔

سَیر (بیائے مجہول) (ف۔صف) (۱) پیٹ بھرا۔ آسودہ۔ رجا ہوا (۲) بے پروا۔ مستغنی (۳) بے زار۔ دل برداشتہ۔

سیر چشم (ف۔صف) (۱) قانع۔ صابر (۲) آسودہ حال (۳) سخی۔ داتا۔ فیاض۔

سیر حاصل (ف۔صف) (۱) زرخیز۔ شاداب۔ سرسبز (۲) اچھی پیداوار کی زمین (۳) مفصل۔ تفصیلی۔

سیر ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) نیت بھرنا۔ پیٹ بھرنا (۲) بے زار ہونا۔

سیر (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سولہ چھٹانک یا اسّی تولے کا وزن۔ جمع: سیر۔ سیروں۔

سیر بھر (اَر۔ا۔مذ) پورا سیر۔

سیر کو سوا سیر موجود ہے (اَر۔مثل) ایک زبردست کے مقابلے میں اُس سے بھی زیادہ زبردست اور طاقت ور موجود ہے۔ ہر فرعونے را موسیٰ۔

سیر کی ہانڈی میں سوا سیر پڑا اور اُبل گیا (اَر۔مثل) کم ظرف یا کمینہ آدمی تھوڑی سی دولت یا معمولی سا اقتدار ملتے ہی آپے سے باہر ہو گیا۔

سِیر (بیائے معروف) (س۔ا۔مث) (۱) کاشت کاری (۲) اراضی جو زمیندار کے زیر کاشت ہو (۳) شریک۔ حصے دار۔

سِیر (بیائے معروف) (ف۔ا۔مذ) لہسن۔

سِیَر (س۔یَر) (ع۔ا۔مث) (۱) سیرت کی جمع۔ عادتیں۔ خصلتیں (۲) علم تاریخ۔

سَیّرا (سَے۔را) (ق۔صف) سیر کرنے والا۔ پھرنے والا۔

سِیرا (سی۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پتلا حلوا (۲) گڑ کا پتلا شیرا جو تمباکو وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے۔ راب۔

سیراب (سے۔راب) (ف۔صف) (۱) اصل میں سیر آب تھا۔ پانی سے بھرا ہوا۔ لب ریز (۲) تروتازہ۔ سرسبز و شاداب۔ زرخیز۔

سیرابی (سے۔را۔بی) (ف۔ا۔مث) نمی۔ تری۔ شادابی۔ تروتازگی۔

سِیرت (سی۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) عادت۔ خصلت (۲) حُسن۔ وصف۔ ہنر (۳) انفرادی کردار (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حالاتِ زندگی (سیرتِ طیبہ)۔ جمع: سِیَر۔

سیروا (سیر۔وا) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) چارپائی کے سرہانے اور پائینتی کی لکڑی۔ (پن) سیرو۔

سیری (سے۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) آسودگی۔ اطمینان۔ استغنا۔ بے پروائی۔ پیٹ بھرا ہونا (۲) (اصطلاح علم کیمیا) کسی چیز میں اتنی نمی ہونا کہ وہ اور زیادہ نمی جذب نہ کر سکے۔ (Saturation)۔

سیڑھی (سی۔ڑھی) (ہ۔ا۔مث) (۱) زینہ۔ نردبان۔ (پن) پوڑی (۲) وسیلہ۔ ذریعہ (۳) درجہ۔ مرتبہ۔ مرحلہ۔ ڈگری۔ گریڈ۔ جمع: سیڑھیاں۔ سیڑھیوں۔

سیڑھی سیڑھی چڑھنا (اَر۔محاورہ) درجہ بدرجہ ترقی کرنا۔

سِیزدہ (سیز۔دَہ) (ف۔ا۔عدد) تیرہ۔ ۱۳۔

سِیزدہم (سیز۔دَ۔ہُم) (ف۔صف) تیرھواں۔

سیزن (Season) (انگ۔ا۔مذ) رُت۔ موسم۔ خاص زمانہ۔

سیزن ٹکٹ (Season Ticket) (انگ۔ا۔مذ) وہ ٹکٹ جو کسی تقریب یا کھیل تماشے کی پوری مدّت کے لئے ہو۔

سِیس (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سَر۔ کھوپڑی (۲) ماتھا۔ پیشانی۔

سیس پھول (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک زیور جو عورتیں سر پر باندھتی ہیں (۲) خاوند۔ شوہر۔ پتی۔

سیس نوانا (ہ۔مص) سر جھکانا (برائے اظہارِ عقیدت)۔

سِیسَر (سی۔سَر) (ہ۔ا۔مذ) کمان کا چلّہ۔

سیسہ (سیسا) (سی۔سَہ) (سی۔سا) (ہ۔ا۔مذ) ایک سیاہی مائل نیلے رنگ کی دھات جس سے بندوق کی گولیاں اور چھرّے وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

سیشن (Session) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے سِشن مع مرکبات۔

سیف (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) تلوار۔ شمشیر۔ تیغ۔

سیف تو پٹ پڑی تھی مگر نیچہ کاٹ کر گیا (اَر۔مثل) جس سے کام کرنے کی توقع تھی اُس نے کچھ نہ کیا البتہ ایک ادنیٰ شخص نے کام کر دیا۔

سیف زبان (ع۔ف۔صف) (۱) تیز زبان۔ وہ شخص جس کی دُعا اکثر قبول ہوتی ہو۔ وہ شخص جس کے کلام میں تاثیر ہو (۲) اعلیٰ درجے کا شاعر اور سخن دان (۳) مُنہ پھٹ۔ دریدہ دہن۔

سیف (Safe) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تجوری (۲) نعمت خانہ (۳) (صف) محفوظ۔ مامون۔ مصئون۔

سیفٹی (Safety) (انگ۔ا۔مث) (۱) حفاظت۔ سلامتی (۲) امن و امان۔

سیفٹی ایکٹ (Safety Act) (انگ۔ا۔مذ) قانونِ تحفظِ عامّہ۔ اِمتناعِ نظر بندی کا قانون۔

سیفٹی پن (Safety Pin) (انگ۔ا۔مث) محفوظ پن۔ آلپن۔

سیفٹی ریزر (Safety Razor) (انگ۔ا۔مذ) محفوظ اُسترا۔

سیفٹی لیمپ (Safety Lamp) (انگ۔ا۔مذ) ایک خاص لیمپ جو کانوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اس لیمپ سے کوئلے کی کانوں کی گیس میں آگ نہیں لگ سکتی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سیفٹی میچ (Safety Match) (انگ-ا-مث) محفوظ دیا سلائی جو ایک خاص مسالے سے بنتی ہے۔

سیفٹی والو (Safety Valve) (انگ-ا-مذ) ایک آلہ جو انجنوں یا دُوسری بھاپ سے چلنے والی مشینوں میں لگا ہوتا ہے کہ اگر بھاپ زیادہ ہو جائے تو اِس کے ذریعے زائد بھاپ نکل جائے اور اِنجن یا مشین بھاپ کے دباؤ سے پھٹنے سے محفوظ رہے۔

سَیفَہ (سَے-فَہ) (ف-ا-مذ) جلد سازوں کا کاغذ کاٹنے کا اوزار۔

سَیفی (سَے-فی) (ع-ا-مث) (۱) وہ اِسم جلالی جو کسی دُشمن کی ہلاکت کے لئے پڑھا جاتا ہے (۲) ایک جلالی دُعا (۳) (اُر-ا-مث) کوسنا۔ بددُعا۔ نفرین (۴) (صف) تلوار سے مُشابہ۔ شمشیر نما۔

سِیک (بیائے معروف) دیکھئے سِیکھ۔

سَیک (سینک) (بیائے مجہول) (نُون غنہ) (ہ-ا-مث) (۱) تپش۔ لپٹ۔ حِدّت (۲) کسی گرم چیز کی ٹکور کرنا۔ گرمی پہنچانا۔

سیکرٹری (Secretary) (انگ-ا-مذ) معتمد۔ سکتر۔ سرکاری یا کسی جماعت وغیرہ کا عُہدے دار جو اُس کی طرف سے کاروبار انجام دیتا ہے۔

سیکرٹریٹ (Secretariate) (انگ-ا-مذ) (۱) دفترِ معتمد۔ سیکرٹری کا دفتر (۲) کسی صوبے کے عاملانہ محکمے کا صدر مقام یا دفتر کی عمارت۔

سَیکڑا (سَیک-ڑا) (ہ-ا-مذ) (۱) سینکڑا۔ سو۔ ۱۰۰ (۲) فی صد۔ جمع: سیکڑوں۔ سیکڑے۔

سیکڑوں سُنانا (اُر-محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔

سیکڑوں گھڑے پانی پڑ جانا (اُر-محاورہ) سخت شرمندہ ہونا۔

سیکس (Sex) (انگ-ا-مث) جنس۔ مذکر یا مؤنث ہونا۔

سیکس اپیل (Sex appeal) (انگ-ا-مث) جنسی کشش۔

سیکشن (Section) (انگ-ا-مذ) (۱) حِصّہ۔ قطعہ۔ ٹکڑا۔ شعبہ (۲) (فوج) دستہ۔ پرا (۳) (قانون) دفعہ۔

سیکنڈ (Second) (انگ-ا-مذ) دیکھئے سکنڈ۔

سیکورِٹی (Security) (انگ-ا-مث) (۱) حفاظت۔ سلامتی۔ بچاؤ (۲) ضمانت۔ کفالت (۳) ضامن۔ کفیل (۴) وثیقہ۔ ہُنڈی۔

سیکورٹی ایکٹ (Security Act) (انگ-ا-مذ) قانونِ تحفّظِ مملکت۔ اِمتناعی نظربندی کا مرکزی قانون۔

سیکولر (Secular) (انگ-صف) مذہب کو سیاست سے الگ رکھنے والا۔ تمام مذاہب کو یکساں درجہ دینے والا۔

سیکولر اِزم (Secularism) (انگ-ا-مذ) ایک عمرانی نظریہ جو سیاست، تعلیم اور مدنی معاملات میں مذہب کی دخل اندازی کا مخالف ہے۔

سیکولر اسٹیٹ (Secular State) (انگ-ا-مث) ایسی ریاست (مملکت) جہاں ریاست کی پالیسیوں پر مذہب کا دخل انداز ہونا خارج از اِمکان ہو۔ سیکولر ریاست کا کوئی سرکاری مذہب نہیں ہوتا۔ اِس کے آئین کی رُو سے تمام مذاہب کو مُساوی درجہ حاصل ہوتا ہے۔

سِیکھ (بیائے معروف) (ہ-ا-مث) (۱) صلاح مشورہ (۲) پند۔ نصیحت (۳) سیکھنا کا اَمر۔

سیکھ واکو دیجئے جا کو سیکھ سُہائے۔ سیکھ نہ دیجے باندرا جو بئے کا گھر جائے (ہ-مثل) نصیحت اُسی کو کرنی چاہئے جو اُس کو ٹھیک طرح سمجھ سکے۔ بندر کو نصیحت کرنے سے بئے کا گھر برباد ہو گیا۔

سِیکھنا (سِیکھ-نا) (ہ-مص) تعلیم پانا۔ تربیت حاصل کرنا (۲) دُوسرے کی عادت یا روش اِختیار کرنا (۳) تجربہ حاصل کرنا۔ عبرت پکڑنا۔

سَیل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع-ا-مذ و مث) پانی کی رَو۔ بہاؤ۔ طغیانی۔ لہر۔

سیل پیما (ع-ف-ا-مذ) پانی کے بہاؤ کو ناپنے کا آلہ۔

سیل (Sale) (انگ-ا-مث) بکری۔ فروخت۔

سیلزمین (Salesman) (انگ-ا-مذ) بیچنے والا۔ دُکان کے مُلازم جو گاہکوں کے ہاتھ چیزیں بیچیں۔

سِیل (Seal) (انگ-ا-مث) (۱) مُہر۔ چھاپ۔ ٹھپا (۲) ایک قسم کی مچھلی۔ سگِ ماہی۔ دریائی بچھڑا۔

سیل کرنا (اُر-محاورہ) مُہر لگانا۔

سیِل (بیائے مجہول) (ہ-ا-مذ) (۱) چھوٹا نیزہ (۲) تیر۔

سِیل (بیائے معروف) (ہ-ا-مث) (۱) تری۔ نمی۔ رطوبت۔ سیلن (۲) شرم۔ حیا (۳) ٹھنڈ۔ سردی (۴) عادت۔ خصلت۔ سیرت۔

سِیلا (سی-لا) (ہ-صف) نم دار۔ بھیگا ہوا۔ تر۔ گیلا۔

سیلا (سے-لا) (ہ-ا-مذ) (۱) سر پر باندھنے کا ریشمی عمامہ یا لُنگی (۲) ایک قسم کا چاول (۳) شیر ببر (۴) اُبلے ہوئے چاول۔

سَیلاب (سَے-لاب) (ف-ا-مذ) سَیلِ آب۔ پانی کی رَو۔ طغیانی۔ پانی کا چڑھاؤ۔

سیلاب چی (ف-ا-مث) سلپچی۔ سلفچی۔ لگن۔ طشت۔ ہاتھ مُنہ دھونے کا برتن۔

سَیلابی (سَے-لا-بی) (اُر-صف) (۱) سیلاب سے منسوب (۲) وہ زمین جو سیلاب سے سیراب ہوتی ہے۔

سَیَلان (سَے-لان) (ع-ا-مذ) کسی پتلی چیز یا پانی کا جاری ہونا۔

سیلانُ الرِّحم (سَے-لا-نُر-رحم) (ع-ا-مذ) ایک بیماری جس میں عورت کے رحم سے رطوبت بہتی رہتی ہے۔ لیکوریا۔

سَیلانی (سَے-لا-نی) (اُر-ا-مذ) سیر کرنے والا۔ گھومنے پھرنے والا۔ سیاح۔

سیلانی جیوڑا (ہ-ا-مذ) ایسا شخص جو سیر تماشے کا شوقین ہو۔ من موجی۔ لہری۔

سیلانی فقیر (ہ-ا-مذ) رمتا جوگی۔ جہاں گرد درویش۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سیلف گورنمنٹ (انگ۔ا۔مذ) حکومتِ خود اختیاری۔

سِیل کھَڑی (سیل۔کھ۔ڑی)(یائے مجہول)(و۔ا۔مث) ایک قسم کا پتھر جسے پیس کر زخموں پر چھڑکتے ہیں۔ سنگِ جراحت۔

سِیلَن (سی۔لن)(و۔ا۔مث) تری۔ نمی۔ سیل۔

سِیلنا (سیل۔نا)(و۔مص) گیلا ہونا۔ نم ہونا۔ تر ہونا۔

سَیلُوٹ (Salute) (انگ۔ا۔مث) سلام۔ آداب (۲) فوجی سلام۔ دائیں ہاتھ کی کھلی ہتھیلی کنپٹی پر لے جا کر دونوں قدموں کو زور سے باہم ملانا۔

سَیلُون (Saloon)(انگ۔ا۔مذ)(۱) (ہوٹلوں یا قہوہ خانوں کا) بڑا کمرا (۲) (جہاز کا) سب سے بڑا کمرا (ریل یا ہوائی جہاز میں) مسافروں کا کمرا (امریکا میں) شراب خانہ (۳)(یورپی ملکوں میں) کمرا ملاقات۔ بیٹھک۔ دیوان خانہ۔

سیلُون کار (انگ۔ا۔مث) ایسی ریل گاڑی جس کی بناوٹ ایک وسیع کمرے جیسی ہو۔

سَیلی (سے۔لی)(و۔ا۔مث)(۱) جالی۔ جال (۲) پیٹ اور سینے پر بالوں کی سیدھی لکیر (۳) تاگے یا ریشم کی وہ لڑی جو ہندو فقیر گلے میں ڈالے رہتے ہیں۔

سیلی (بیائے معروف و مجہول)(ف۔ا۔مث)(۱) تھپڑ۔ چانٹا (۲) دھپ۔

سِیلی (سی۔لی)(و۔صف) سیلا (تر۔گیلا) کی تانیث۔

سیم (بیائے مجہول)(و۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کی ترکاری (۲) زمین کی کھار جو زمین کے اندر پانی کی سطح بلند ہو جانے سے پیدا ہو جاتی ہے۔

سیم زدہ (ا۔ر۔صف) وہ زمین جسے کھار ناقابلِ کاشت بنا دے۔

سیم (بیائے معروف)(ف۔ا۔مث)(۱) چاندی۔ نُقرہ (۲) دولت۔ روپیہ۔

سیم تن (ف۔صف)(۱) چاندی جیسی سفید جلد والا۔ گورا چٹا (۲) حسین۔ خوب صورت۔

سِیما (سی۔ما)(ف۔ا۔مذ)(۱) ماتھا۔ پیشانی (۲) چہرہ۔ مُنہ۔

سیماب (سی۔ماب)(ف۔ا۔مذ) پارہ۔

سیمابی (سی۔ما۔بی)(ف۔صف) سیماب سے منسوب۔

سیمابی باد پیما (ف۔ا۔ر۔مذ) پارے دار مقیاسُ الہوا۔ (Mercurial Barometer)۔

سیمپل (Sample)(انگ۔ا۔مذ) نمونہ۔

سِیمُرغ (سی۔مرغ)(ف۔ا۔مذ) ایک بڑا خیالی پرند جس کا وطن کوہِ قاف بتایا جاتا ہے اور جس کا ذکر پرانے افسانوں میں آتا ہے۔

سیمَل (سیمبھل) (سے۔مل)(سیں۔بھل)(و۔ا۔مذ) ایک بڑا خاردار درخت جس سے ایک قسم کی روئی نکلتی ہے۔

سیمنٹ (Cement) (انگ۔ا۔مذ) ایک سُرمئی رنگ کا عمارتی مسالا جو چُونے، سلیکا، الومینیم اور لوہے کے آکسائڈ کا مرکب ہے۔

سیمیا (سیم۔یا)(ع۔ا۔مذ)(۱) طلسم جس کے ذریعے رُوح کو ایک جسم سے دُوسرے جسم میں منتقل کر سکتے ہیں اور ایسی اشیا جن کا حقیقت میں کوئی وجود نہ ہو لوگوں کو دکھا سکتے ہیں (۲) جادو۔ سحر (۳) قدرتی خوبی۔

سیمی فائینل (Semi Final) (انگ۔ا۔مذ) وہ کھیل جو آخری کھیل یا فائنل سے پہلے کھیلا جاتا ہے۔

سیمِیں (سی۔میں)(ف۔صف) چاندی کا۔ نُقرئی۔

سیمینار (Seminar) (انگ۔ا۔مذ) مجلسِ مذاکرہ۔

سینٹھا (سیں۔ٹھا)(یائے مجہول)(و۔ا۔مذ) نرکل جس سے مونڈھے اور قلم وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

سَین (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(و۔ا۔مث) آنکھ مارنا۔ رمز۔ علامت۔

سِین (Scene)(انگ۔ا۔مذ)(۱) منظر۔ نظارا (۲) ڈرامے کا ایک منظر یا حصہ۔

سینا (سے۔نا)(س۔ا۔مث) فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔ جمع: سینائیں۔ سیناؤں۔

سیناپتی (و۔ا۔مذ) فوج کا کمانڈر۔ سپہ سالار۔

سینا (سے۔نا)(و۔مص) انڈوں کو گرمی یا سینک پہنچانا۔ پرند کا بچّے نکالنے کے لئے انڈوں پر بیٹھنا۔

سِینا (سی۔نا)(و۔مص) ٹانکے لگانا۔ بخیہ کرنا۔ سلائی کرنا۔

سَینت (بفتحِ اوّل)(نونِ غنّہ)(و۔صف)(۱) مُفت۔ بلاقیمت (۲) ناحق۔

سینت رکھنا (ا۔ر۔محاورہ)(۱) حفاظت سے رکھنا (۲) ملتوی رکھنا۔

سینتالیس (سیں۔تا۔لیس)(و۔ا۔عدد) چالیس اور سات۔ ۴۷۔

سینتالیسواں (و۔عددِ ترتیبی وکسری)(۱) ترتیب میں چھیالیس کے بعد کا درجہ (۲) سینتالیسواں حصّہ۔ $\frac{1}{47}$۔

سینتالیسویں (یائے معروف)(و۔عددِ ترتیبی) سینتالیسواں کی تانیث۔

سینتالیسویں (یائے مجہول)(و۔عددِ ترتیبی) سینتالیسواں کی مغیّرہ صورت۔

سینتنا (سینت۔نا۔ سینت۔نا)(و۔مص)(۱) حفاظت سے رکھنا (۲) جمع کرنا۔ جوڑنا۔

سینتیس (سیں۔تیس)(و۔ا۔عدد) تیس اور سات (۳۷)۔

سینتیسواں (و۔عددِ ترتیبی) ترتیب میں چھتیس کے بعد کا درجہ۔ $\frac{1}{37}$۔

سینتیسویں (و۔عددِ ترتیبی) سینتیسواں کی تانیث۔

سینتیسویں (و۔عددِ ترتیبی) سینتیسواں کی بدلی ہوئی شکل۔

سینٹ (Scent) (انگ۔ا۔مذ) مہک۔ خوش بُو۔ عطر۔

سینٹ (Saint) (انگ۔ا۔مذ) ولی۔ رشی۔ بُزرگ۔ درویش۔

سینٹر (Centre) (انگ۔ا۔مذ) مرکز۔ دائرے کا وسطی نُقطہ۔

سینٹری (Sanitary) (سے۔نے۔ٹ۔ری)(انگ۔صف)(۱) حفظانِ صحت کے متعلق (۲) صحت افزا۔

سینٹری انسپکٹر (Sanitary Inspector) (انگ۔ا۔مذ) داروغہ صفائی۔ صفائی کا معاینہ کرنے والا عُہدے دار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سینچنا (سینچ۔نا)(ہ۔مص) آب پاشی کرنا۔ کھیتوں کو پانی دینا۔

سِیندُور (سیں۔دُور) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) سُرخ رنگ کا ایک سَفوف جسے ہندو عورتیں مانگ میں بھرتی ہیں۔ اس کے کھانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے۔

سیندُوریا (سیں۔دُوریا)(بیائے مجہول)(ہ۔صف) سیندور کے رنگ کا۔ لال۔ سُرخ (۲) ایک قسم کا آم۔

سیندھ (بیائے مجہول)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث) نقب۔ وہ سُوراخ جو چوری کرنے کے لئے دیوار میں کیا جائے۔

سیندھ لگانا (اَر۔محاورہ) نقب لگانا۔ نقب زنی۔

سیندھا (سیں۔دھا) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) پہاڑی نمک جو دریائے سندھ کے قریب پہاڑیوں سے نکالا جاتا ہے۔

سیندھی (سیں۔دھی)(ہ۔ا۔مث) کھجور کا رَس۔

سینڈل (Sandle)(انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چپّل۔

سینڈوِچ (Sandwich)(انگ۔ا۔مذ) ڈبل روٹی کے دو سلائس جن کے بیچ میں گوشت' انڈے یا سبزی رکھ دی گئی ہو۔

سِینری (Scenery)(انگ۔ا۔مث)(۱) ڈرامے وغیرہ کے پردے اور دیگر لوازم جن کے باعث کھیل کے فرضی واقعات اصلی معلوم ہوں (۲) منظر۔ نظارہ۔

سینک (بیائے معروف) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) جھاڑو کی تیلی (۲) خلال (۳) تنور کا گز۔ جمع: سینکوں۔ سینکیں۔

سینک (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گرمی۔ تپش (۲) وہ دوا جس سے ورم یا درد کی جگہ کو گرمی پہنچاتے ہیں (۳) سینکنے کا عمل۔

سینکڑا (سینک۔ڑا) دیکھئے سیکڑا۔

سینکنا (سینک۔نا)(بیائے مجہول)(ہ۔مص) آگ پر گرم کرنا۔ گرمی پہنچانا۔

سینکیا (سینک۔یا)(ہ۔ا۔مذ) ایک جالی دار کپڑا۔ ڈوریا۔

سینگ (بیائے معروف) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نوک دار ہڈی جو حیوانات کے سروں پر نکلی ہوتی ہے۔ شاخِ حیوان۔ جمع: سینگ۔ سینگوں۔

سینگ سمانا (اَر۔محاورہ)(۱) پناہ ملنا۔ آسرا ملنا (۲) گُزر ہونا۔ موقع ہونا۔

سینگ کٹا کر بچھڑوں میں مِلنا (اَر۔محاورہ) بڑی عمر کے آدمی کا کم عمروں کی صحبت میں شریک ہونا۔ بوڑھوں کا نوجوانوں کی سی وضع بنانا۔

سینگ نکلنا (اَر۔محاورہ)(۱) جانور کا جوان ہونا (۲) پاگل ہونا۔

سینگڑا (سینگ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بارود رکھنے کا سینگ (۲) سینگ کا باجا جو مُنہ سے بگل کی طرح بجایا جاتا ہے۔

سینگڑی (سینگ۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) ببول کی پھلی۔

سینگنا (سینگ۔نا)(ہ۔مص) مسروقہ مویشی شناخت کرنا۔

سینگی (سیں۔گی)(ہ۔ا۔مث)(۱) سُوراخ کیا ہوا سینگ جسے درد وغیرہ دُور کرنے کے لئے بدن پر لگا کر مُنہ سے بدن کی گرمی چُوستے ہیں (۲) ایک قسم کی مچھلی۔ جمع: سینگیاں۔ سینگیوں۔

سِینگیاں (کھینچنا) لگانا (اَر۔محاورہ) انسان کے جسم پر پچھنے لگا کر سینگی کے ذریعے خون چُوسنا۔

سِینہ (سی۔نہ)(ف۔ا۔مذ) چھاتی۔ صدر۔ جسم کا سامنے کے رُخ گردن اور پیٹ کا درمیانی حصّہ۔ جمع: سینوں۔ سینے۔

سینہ (اُبھار کر) تان کر چلنا (اَر۔محاورہ) تن کر چلنا۔ غرور سے اکڑ کر چلنا۔ اترا کر چلنا۔

سینہ اَفگار (فگار) (ف۔صف)(۱) زخمی سینے والا (۲) رنجیدہ۔

سینہ بسینہ (ف۔متعلق فعل) وہ راز جو ایک خاندان میں بڑوں کی زبانی چھوٹوں کو منتقل ہوتے رہیں (۲) مُقابل میں۔

سینہ بند (ف۔ا۔مذ)(۱) ایک پوشش جو سینے کو گرم رکھنے کے لئے پہنتے ہیں (۲) انگیا (۳) گھوڑے کی پٹی۔

سینہ پھٹنا (اَر۔محاورہ) بہت بڑا صدمہ گُزرنا۔ برداشت نہ کر سکنا۔

سینہ پیٹنا (اَر۔محاورہ) چھاتی کُوٹنا۔ ماتم کرنا۔

سینہ جلنا (اَر۔محاورہ) دِل پر صدمہ ہونا۔ غم ہونا۔

سینہ چاک (ف۔صف) جس کا سینہ غم و اندوہ سے زخمی ہو۔ غم گین۔

سینہ چاک ہونا (اَر۔محاورہ) صدمے کے مارے چھاتی کا پھٹ جانا۔ بہت زیادہ غم کرنا۔

سینہ زن (ف۔صف) ماتم کرنے والا۔ چھاتی کُوٹنے والا۔

سینہ زور (ف۔صف) سرکش۔ دھینگا مُشتی کرنے والا۔ زبردست۔ طاقت ور۔

سینہ زوری (ف۔ا۔مث) زورا زوری۔ زبردستی۔ سرکشی۔

سینہ سپَر ہونا (اَر۔محاورہ) خطرے یا خوف کے موقع پر ڈٹا رہنا۔ خطرناک حالات کا ڈٹ کر مُقابلہ کرنا۔

سینہ سوختہ (سوز) (ف۔صف) رنجیدہ۔ کبیدہ خاطر۔

سینہ شق ہونا (اَر۔محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔

سینہ صاف (ف۔صف) صاف دِل۔ بے کینہ۔ بے کپٹ۔ مُخلص۔

سینہ کاوی (ف۔ا۔مث) سخت کوشش۔ بہت زیادہ مشقت۔

سینہ کوب (ف۔صف) سینہ زن۔ چھاتی کُوٹنے والا۔

سینہ کوبی (ف۔ا۔مث) چھاتی پیٹنا۔ ماتم کرنا۔

سِینی (سی۔نی)(ف۔ا۔مث) دھات کا بنا ہوا خوان۔ جمع: سینیاں۔ سینیوں۔

سِینے (سی۔نے)(ہ۔ا۔مذ) سینہ کی مُغیّرہ صورت۔

سینے پر پتّھر (سِل) رکھنا (اَر۔محاورہ) صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔ برداشت کرنا۔

سینے پر سانپ لوٹنا (اَر۔محاورہ) سخت رنج ہونا۔ بہت صدمہ پہنچنا۔

سینے میں آگ لگنا (اَر۔محاورہ) سخت رنج و غم یا صدمہ ہونا۔

سینے پر ہاتھ دھرنا (اَر۔محاورہ) دِل کو تسلی دینا۔ اِضطراب کو روکنا۔

سینے سے لگانا (اَر۔محاورہ) چھاتی سے لپٹانا۔ پیار کرنا۔

سینے میں پنکھے لگنا (اَر۔محاورہ) اِضطراب ہونا۔ بے چینی ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سینے میں سانس نہ سمانا (اَر۔ محاورہ) بُری طرح ہانپنا۔ دَم اُکھڑنا۔

سینیارٹی (Seniority) (انگ۔ اِ۔ مث) (۱) افضلیت۔ فوقیت۔ تقدُّم (۲) پُرانا ہونے کی خصوصیت۔

سینیٹ (Senate) (انگ۔ اِ۔ مث) پارلیمان کا ایوانِ بالا۔ مجلسِ وضعِ قوانین کا اعلیٰ ایوان۔

سینیٹر (Senator) (انگ۔ اِ۔ مذ) سینیٹ کا ممبر۔

سینیئر (Senior) (انگ۔ صف) برتر۔ بڑا۔ عُمر، عُہدے یا رُتبے میں بڑا۔

سیوا (سے۔ وا)(س۔ اِ۔ مث)(۱) خدمت۔ ٹہل (۲) مُلازمت۔ نوکری۔

سیوار (سے۔ وار) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک قِسم کی گھاس جس سے شکر صاف کرتے ہیں۔

سیواری (سے۔ وا۔ ری) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک قسم کی شکر جو سیوار گھاس سے صاف کی جاتی ہے۔

سِیوتی (سیو۔ تی)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) سفید گلاب (۲) نسترن۔

سِیوڑا (سیو۔ را) (ہ۔ اِ۔ مذ) مٹّی کا بظاہر پکّا لیکن اَندر سے کچّا برتن (۲) وہ شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو۔

سِیوڑا (سیو۔ ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) جین مت کا سادھو جو اپنے مُنہ پر کپڑا باندھے رکھتا ہے تاکہ کوئی جاندار چیز اندر نہ چلی جائے۔ یہ لوگ جیو ہتیا کو پاپ سمجھتے ہیں۔

سیوَک (سے۔ وَک) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) نوکر۔ خدمتی۔ خدمت گار۔ چاکر (۲) پجاری۔ بھگت۔ عابد (۳) مُرید۔ چیلا۔ جمع: سیوَک۔ سیوکوں۔

سیوَن (سی۔ وَن)(ہ۔ اِ۔ مث)(۱) سِلائی (۲) اِنسانی جسم میں آلہ تناسل اور دُبر کی درمیانی جگہ کا جوڑ۔

سیوِنگ (Saving) (انگ۔ اِ۔ مث) بچت۔

سیونگ اکاؤنٹ (انگ۔ اِ۔ مذ) بچت کھاتا۔

سیونگ بینک (Saving Bank) (انگ۔ اِ۔ مذ) عوام کی بچت کا روپیہ امانتاً رکھنے والا اِدارہ۔

سِیَہ (سِی۔ یَہ)(ف۔ صف) سیاہ کا مُخفف۔

سیہی (سے۔ ہی)(ہ۔ اِ۔ مث) ایک جانور جس کے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہیں۔ ساہی۔ سیہہ۔ خارپشت۔ جمع: سیہیاں۔ سیہیوں۔

سَیِّئَہ (سَی۔ یِ۔ ءَ)(ع۔ اِ۔ مذ) بُرائی۔ بدی۔ گُناہ۔ جمع: سیّئات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ش

ش (شین)(ع۔ا۔مذ) اُردو کا اُنیسواں' فارسی کا سولھواں' عربی کا تیرھواں' اور ہندی کا تینتیسواں حرف۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے تین سو عدد مقرر ہیں۔ اِسے شینِ منقوطہ یا مُعجمہ اور شینِ قرشت بھی کہتے ہیں۔ یہ حرفِ صحیح ہے اور کسی حرفِ عِلّت سے مل کر آواز دیتا ہے۔ یہ شمسی حرف ہے یعنی عربی ترکیب کے مطابق اگر اِس سے پہلے "ال" آئے گا تو لام بولا نہیں جائے گا بلکہ شین کو مشدّد کر دے گا جیسے اَلشّمس۔ ہندی اور سنسکرت میں "س" اور "کھ" کا بدل ہے جیسے دیس' دیش اور برکھا' برشا (ورشا)۔

ش۔ا

شابّ (ع۔صف۔وا۔مذ) جوان۔ خصوصاً چوبیس برس سے چالیس برس تک کا آدمی۔

شاب (ف۔ا۔مث) پھکری۔

شاب (ق۔ا۔مذ)(۱) چمک۔ رونق (۲) مُشابہت (۳) شہاب۔

شاباش (شا۔باش)(ف۔کلمۂ تحسین) شادباش کا مخفف۔ مرحبا۔ آفرین۔ خوش رہو۔ کیا کہنا۔ طنز اور نفرت کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

شاباش دینا (اَر۔محاورہ) آفرین کہنا۔ حوصلہ بڑھانا۔

شاباشی (ف۔ا۔مث) تعریف۔ تحسین۔ آفرین۔ مرحبا۔

شابان (ف۔ا۔مذ) شاب بمعنی جوان کی جمع۔

شابش (شا۔بش)(ف۔کلمۂ تحسین) شاباش کا مخفف۔

شاپ (Shop) (انگ۔ا۔مذ) دُکان۔ کارخانہ۔

شاپ کیپر (Shop Keeper)(انگ۔ا۔مذ) دُکان دار۔ خردہ فروش۔ سوداگر۔

شاتم (شا۔تم)(ع۔صف) گالی دینے والا۔ بُرا بھلا کہنے والا۔

شاٹ گن (Shot Gun)(انگ۔ا۔مث) وہ بندوق جس میں چھرّہ چلایا جائے۔

شاخ (ف۔ا۔مث)(۱) درخت کی ٹہنی۔ ڈالی (۲) جانوروں کا سینگ (۳) جھگڑا۔ پیچ (۴) بکریوں کی گنتی کا طریقہ جیسے چار شاخ بکری (۵) عیب۔ نقص (۶) کمان کی لکڑی (۷) ہُنر۔ خوبی (۸) ایک قسم کا قتلمہ جو میدے کے خمیر اور کھانڈ کو ملا کر بناتے ہیں (۹) چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکلے (۱۰) نسل۔ اولاد (۱۱) مُرغ کا کانٹا۔ اُردو جمع : شاخوں۔ شاخیں۔

شاخِ آفتابی (ف۔ا۔مث) سورج کی کرن۔

شاخِ آہو (غزال) (ف۔ا۔مث)(۱) ہرن کا سینگ (۲) انوکھی بات۔ (۳) جھوٹا وعدہ (۴) ہلال۔

شاخ دار (ف۔صف)(۱) ٹہنی والا (۲) سینگ والا۔

شاخ در شاخ (ف۔صف) بہت سی شاخوں والا (۲) پیچیدہ (۳) بہت لمبا۔

شاخِ دریا (ف۔ا۔مث) دریا کا وہ حِصّہ جو دھارے سے جُدا ہو کر دُوسری طرف بہے۔

شاخِ زعفران (ف۔ا۔مث) زعفران کی شاخ (۲)(صف) انوکھا۔ عجیب (۳) مغرور۔ خود پسند۔

شاخ سار (ف۔صف)(۱) بہت سی ٹہنیوں والا (۲) درختوں کا جھنڈ۔

شاخ لگانا (اَر۔محاورہ)(۱) ٹہنی لگانا۔ قلم لگانا (۲) ایک کام کے ساتھ دُوسرا کام لگا دینا۔ پَخ لگانا۔

شاخِ نبات (ف۔ا۔مث) وہ لکڑی جو مصری کا کوزہ بنانے کے لئے اُس کے آب خورے میں لٹکا دیتے ہیں (۲) گنا (۳) مصری کی ڈلی۔

شاخ نکالنا (اَر۔محاورہ)(۱) عیب نکالنا۔ نئی بات پیدا کرنا۔ نکتہ چینی کرنا (۲) جھگڑا کرنا۔

شاخچہ (ف۔ا۔مذ)(۱) چھوٹی شاخ (۲) تُہمت۔ بُہتان۔

شاخچہ بندی (ف۔ا۔مث) درخت میں قلم لگانا (۲) تُہمت لگانا۔

شاخسانہ (شاخ۔سا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) باتوں کا سلسلہ (۲) حُجت۔ تکرار۔ بحث (۳) جھگڑا (۴) رخنہ۔ عیب (۵) بدگمانی (۶) دم۔ فریب (۷) بات کا پہلو (۸) حیلہ۔ خود نُمائی۔ اُردو جمع : شاخسانوں۔ شاخسانے۔

شاخسانہ کھڑا ہونا (اَر۔محاورہ) جھگڑا نکلنا۔ فتنہ برپا ہونا۔ رخنہ پڑنا۔

شاخہ (ف۔ا۔مذ)(۱) ٹہنی (۲) سینگ۔ سینگی۔ مُرکبات میں جیسے دوشاخہ۔

شاخیں (اَر۔ا۔مث) شاخ کی جمع۔

شاخیں کھینچنا (لگانا) (اَر۔محاورہ) سینگیاں لگانا۔

شاخیں نکالنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے شاخ نکالنا۔

شاد (ف۔صف) خوش۔ مسرور۔ بے غم۔

شادباش (ف۔کلمۂ تحسین) شاباش۔ آفرین۔ خوش رہو۔

شاد باید زِیستن ناشاد باید زِیستن (ف۔مثل) زندگی اچھی ہو یا بُری گزارنی پڑتی ہے۔ رو کر گزار یا اِسے ہنس کر گزار دے۔

شاد کام (ف۔صف) بامُراد۔ کامیاب۔ خوش حال۔

شادمان (ف۔صف) خوش و خرم۔ مسرور۔

شادمانی (ف۔ا۔مث) خوشی۔ مسرّت۔

شاداب (ف۔صف)(۱) سرسبز۔ ہرا بھرا۔ تروتازہ (۲) سیراب۔ پانی سے بھرا ہوا۔

شادابی (ف۔ا۔مث)(۱) سیرابی (۲) تروتازگی۔ سرسبزی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شاداں (ف۔ صف) خوش حال۔ خوش۔ شادمان۔

شاداں و فرحاں (ف۔ صف) خوش خوش۔ مگن۔ بے غم۔ بے فکر۔

شادی (ف۔ ا۔ مث) (۱) خوشی (۲) عید۔ تیوہار۔ جشن (۴) بیاہ۔ اُردو جمع: شادیاں۔ شادیوں۔

شادی خانہ آبادی (ف۔ ا۔ مث) بیاہ کر کے گھر آباد کرنا۔

شادی رچانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بیاہ کرنا (۲) جشن کرنا۔ خوشی کرنا۔

شادی کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بیاہ کرنا۔ عقد کرنا (۲) کسی کا بیاہ کرنا (۳) جانور بیچنا۔

شادی مرگ (بغیر اضافت) (ف۔ ا۔ مث) ایسی موت جو حد سے زیادہ خوشی سے واقع ہو۔

شادیانہ (شاد۔ یانہ) (ف۔ ا۔ مذ) شادی کی نوبت۔ خوشی کا باجا۔ مبارک باد۔ اُردو جمع: شادیانوں۔ شادیانے۔

شادیانہ بجانا (اُر۔ محاورہ) خوشی کی نوبت بجانا۔ فتح کا نقارہ بجانا۔

شاذّ (ع۔ صف و متعلق فعل) عجیب۔ نادر۔ انوکھا۔ غیر معمولی۔ اتفاقاً۔ گاہے گاہے۔

شاذّ شاذّ (ع متعلق فعل) بہت کم۔ کبھی کبھی۔ اتفاقاً۔

شار (ف۔ ا۔ مذ) پانی کا گرنا۔ مرکبات میں جیسے آبشار (۲) بہتا ہوا۔ ڈالا ہوا۔ مرکبات میں جیسے سرشار۔

شارِب (شا۔ رِب) (ع۔ صف) پینے والا۔ جمع: شاربین۔ شوارب۔

شارٹ کٹ (Short Cut) (انگ۔ ا۔ مذ) مختصر راستہ۔

شارٹ ہینڈ (Short-Hand) (انگ۔ ا۔ مذ) مختصر نویسی۔

شارِح (شا۔ رِح) (ع۔ صف) کھول کر بیان کرنے والا۔ شرح کرنے والا۔ شرح لکھنے والا۔ جمع: شارحین۔

شارَو (شا۔ رَو) (ق۔ ا۔ مذ) (۱) پرندہ (۲) ایک قسم کا باجا۔

شارِع (شا۔ رِع) (ع۔ امعا) (۱) بڑا راستہ۔ بڑی سڑک۔ جمع: شوارع (۲) (صف) شریعت لانے والا۔ صاحب شرع۔ پیغمبر۔ جمع: شارعین۔

شارعِ اسلام (ع۔ ا۔ مذ) حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔

شارعِ عام (ع۔ ا۔ مث) عام راستہ۔ گزرگاہِ عام۔ وہ راستہ جس پر ہر شخص کو چلنے کا حق ہو۔

شارَک (شا۔ رَک) (ف۔ ا۔ مذ و مث) مینا۔ ایک پرندہ۔

شارک (Shark) (انگ۔ ا۔ مث) ایک خطرناک مچھلی جو آدمی کو بھی کھا جاتی ہے۔ اِس کی کئی قسمیں ہیں۔ بڑی قسمیں بچے جنتی ہیں اور چھوٹی قسمیں انڈے دیتی ہیں۔

شاستر (شاس۔ تَر) (ھ۔ ا۔ مذ) (۱) ہدایت کرنے یا سکھانے کا آلہ (۲) حکم۔ فرمان (۳) دستور۔ قاعدہ۔ ضابطہ قانون (۴) ہندوؤں کی مذہبی کتاب۔

شاستری (شاست۔ ری) (ھ۔ صف) شاستروں کا عالم۔ پنڈت۔

شاش (شاشہ) (شاش) (شا۔ شہ) (ف۔ ا۔ مذ) پیشاب۔ موت۔

شاطِر (شا۔ طِر) (ع۔ صف) (۱) شوخ۔ عیار۔ چالاک۔ چور (۲) شطرنج کھیلنے والا (۳) وہ شخص جو کسی پر بار نہ ہو (۴) (ف۔ ا۔ مذ) قاصد۔ ایلچی۔

شاعِر (شا۔ عِر) (ع۔ ا۔ مذ) شعر کہنے والا۔ کوی۔ جمع: شُعرا۔ اُردو جمع: شاعر۔ شاعروں۔

شاعرانہ (شا۔ عِ۔ را۔ نہ) (ع۔ ف۔ صف) (۱) شاعر کے طریقے پر (۲) شاعر سے منسوب (۳) مُبالغہ آمیز۔

شاعِرہ (شا۔ عِ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مث) شاعر کی تانیث۔ جمع: شاعِرات۔

شاعری (شاع۔ ری) (ع۔ ا۔ مث) شعرگوئی۔ شعر کہنا (۲) مُبالغہ آمیزی۔

شاعری کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شعر کہنا (۲) مُبالغہ کرنا۔

شاغِل (شا۔ غِل) (ع۔ صف) (۱) معروف۔ مشغول (۲) خُدا کا ذکر کرنے والا۔

شافِع (شا۔ فِع) (ع۔ صف) شفاعت کرنے والا۔ سفارش کرنے والا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے مُراد ہے۔

شافعِ محشر (روزِ جزا) (ع۔ ا۔ مذ) حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جو قیامت کے دن اپنی اُمّت کی شفاعت کریں گے۔

شافِعی (شا۔ فِ۔ عی) (ع۔ صف) (۱) شافعی مسلک سے متعلق (۲) امام شافعیؒ کی پیروی کرنے والا (۳) (ا۔ مذ) اہلِ سنّت و الجماعت کے چار اماموں میں سے ایک امام کا نام۔

شافہ (شا۔ فہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ رُوئی جو دوا میں بھگو کر آنکھوں پر رکھتے ہیں (۲) وہ بتّی جو دوا میں بھگو کر زخم میں دیتے ہیں (۳) دوا یا صابن کی بتّی جو دُبر میں پاخانہ آنے کے لئے رکھی جاتی ہے۔

شافی (ع۔ صف) (۱) صحت یا شفا دینے والا (۲) تسکین دینے والا (۳) شُبہ رفع کرنے والا (۴) صاف۔ فیصلہ کُن۔ قطعی۔

شافی جواب (ع۔ ا۔ مذ) ٹھیک اور دُرست جواب۔ ایسا جواب جس کے بعد کچھ کہنے کی ضرورت نہ ہو۔

شافیِ مُطلق (ع۔ ا۔ مذ) خُدا تعالیٰ۔

شاق (ع۔ صف) (۱) مشکل۔ دُشوار (۲) دُوبھر۔ ناگوار۔

شاق گزرنا (اُر۔ محاورہ) ناگوار معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔

شاقُول (شا۔ قُول) (ع۔ ا۔ مذ) معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی سیدھ دیکھتے ہیں۔

شاقّہ (شاق۔ قہ) (ع۔ صف) شاق کی تانیث۔

شاکِر (شا۔ کِر) (ع۔ صف) (۱) شکرگزار۔ شکر کرنے والا (۲) صابر۔ قانع۔

شاکر کو شکر موذی کو ٹکّر (اُر۔ مثل) شکر کرنے والے کو نعمتیں ملتی ہیں اور موذی کو تکلیفیں پہنچتی ہیں۔

شاکِل (شا۔ کِل) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مشابہت (۲) سفیدی جو کانوں اور کنپٹی کے درمیان ہوتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شاکی (شا۔کی)(ع۔صف) شکایت کرنے والا۔ گِلہ کرنے والا۔

شاگرد (شا۔گرد)(ف۔ا۔مذ) وہ جو اُستاد سے کچھ سیکھے۔ متعلّم۔ طالب علم۔ تلمیذ (۲) خدمت گار۔ نوکر (۳) چیلا۔ اُردو جمع: شاگرد۔ شاگردوں۔

شاگرد پیشہ (ف۔ا۔مذ)(۱) نوکر چاکر۔ خدمت گار۔ اُوپر کا کام کرنے والے (۲) ادنیٰ مُلازموں کے رہنے کے مکان جو کسی محل، کوٹھی یا بنگلے کے قریب بنے ہوں۔

شاگردِ رشید (ف۔ا۔مذ) ہدایت یافتہ شاگرد۔ لائق شاگرد۔

شاگرد رفتہ رفتہ بہ اُستادی رسد (ف۔مثل) شاگرد آہستہ آہستہ ترقی کرتے ہوئے اُستاد بن جاتا ہے۔

شاگرد ہونا (ار۔محاورہ)(۱) زانوئے تلمذ تہ کرنا۔ چیلا بننا (۲) مُعتقد ہونا۔

شاگردی (شا۔گر۔دی)(ف۔ا۔مث) شاگرد ہونا۔ کسی سے علم سیکھنا۔ طالب علمی۔ شاگرد ہونے کی حالت۔

شال (ف۔ا۔مث) اُون یا پشم کی چادر۔ اُردو جمع: شالوں۔ شالیں۔

شال باف (ف۔صف) شال بُننے والا۔

شال دوز (ف۔صف) شال پر بیل بُوٹے بنانے والا۔

شالا (س۔ا۔مذ) مکان۔ گھر (۲) مدرسہ (۳) کمرا۔ کوٹھڑی (۴) کام کرنے کی جگہ۔ مُرکبات میں جیسے پاٹھ شالا۔ دھرم شالا۔

شالی (شا۔لی)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چاول۔

شام (ہ۔ا۔مث)(۱) کسی دھات کا بنا ہوا چھلا جو اوزاروں یا چھڑیوں پر لگاتے ہیں (۲) (ہ۔صف) کالا۔ سیاہ (۳) شری کرشن کا ایک لقب

شام (ف۔ا۔مث)(۱) سُورج ڈوبنے کا وقت۔ اُر جمع: شاموں۔ شامیں۔

شامِ اَوَدھ (ار۔ا۔مث) اَوَدھ (لکھنؤ) کی شام جو بہت خوبصورت ہوتی تھی۔

شام پُھولنا (ار۔محاورہ) شفق پُھولنا۔ شام کے وقت سُرخی کا مغرب سے نمودار ہونا۔

شامِ جوانی (ار۔ا۔مث) جوانی کے آخری دن۔ جوانی ڈھلنے کا وقت۔

شام صبح لگانا (ار۔محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔

شامِ غریباں (ف۔ا۔مث)(۱) مسافری کی شام (۲) مُصیبت کی شام (۳) تنہائی کی شام۔ گیارھویں محرم کی شام۔

شام کا بُھولا صبح کو گھر آئے تو اُسے بُھولا نہیں کہتے (ار۔مثل) دیکھئے صُبح کا بُھولا جو زیادہ مستعمل ہے۔

شام کا صبح کرنا (ار۔محاورہ) جاگ کر رات کاٹنا۔ ساری رات جاگتے رہنا۔

شام کلیان (ہ۔ا۔مذ) شام کے وقت کا راگ۔

شام کی پُوچھنا سحر کی کہنا (ار۔محاورہ) بے تُکا جواب دینا۔

شام کے مُردے کو کب تک روئیے (ار۔مثل) عُمر بھر کے جھگڑے کی کب تک شکایت کیجئے۔

شام نہ دیکھنا (ار۔محاورہ) شام تک زندہ نہ رہنا۔

شام و پگاہ (ف۔ا۔مذ) دِن رات (۲)(متعلق فعل) ہر وقت۔

شام و سحر (ف۔ع۔ا۔مث) دونوں وقت۔ ہر وقت۔

شام و سحر کرنا (ار۔محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔ ٹالنا۔

شاما (ہ۔ا۔مث) ایک خوش الحان چھوٹا پرندہ۔

شاماک (شا۔ماک)(ف۔ا۔مث) عورتوں کا سینہ بند۔ انگیا۔

شامَت (شا۔مَت)(ع۔ا۔مث) بدنصیبی۔ بُرائی۔ آفت۔ نحوست۔ اُردو جمع: شامتوں۔ شامتیں۔

شامت آنا (ار۔مص مُرکّب) بُرے دِن آنا۔ مُصیبت آنا۔

شامتِ اعمال (ع۔ا۔مث) کئے کی سزا۔ کرتوت کا بدلہ۔

شامتِ اعمالِ ما صُورتِ نادِر گرفت (ف۔مثل) ہمارے گناہوں کی سزا نے نادر کی صورت اِختیار کی۔ یہ مصرع نظام الملک نے اُس وقت کہا تھا جب نادر شاہ کے ظلم و ستم نے دہلی میں قیامت برپا کی تھی۔

شامت زدہ (ع۔ف۔صف) مُصیبت میں مُبتلا۔ بدنصیب۔

شامت کی مار (ار۔ا۔مث) بدنصیبی۔ کم بختی۔ نصیبوں کی خرابی۔

شامت میں پھنسنا (ار۔محاورہ) آفت میں پھنسنا۔ مُصیبت میں مبتلا ہونا۔

شامتی (شام۔تی)(ار۔صف) بدنصیب۔ مُصیبت کا مارا۔

شامِل (شا۔مِل)(ع۔صف) ساتھ۔ اکٹھا۔ ملا ہوا۔ شریک۔

شاملِ حال (ع۔صف) شریکِ حال۔ ساتھ۔

شامل کرنا (ار۔مص مُرکّب) ملانا۔ شریک کرنا۔ جوڑنا۔ لگانا۔

شامل مسل (ار۔صف) کاغذاتِ مُقدمہ یا مسل کے ساتھ نتھی کیا ہوا۔

شامِلات (شا۔مِ۔لات)(ع۔ا۔مذ) شامِلہ کی جمع (۱) وہ ملکیت یا جائیداد جو بہت سے آدمیوں میں مشترک ہو (۲) حِصہ داری۔ ساجھا (۳) وہ زمین جو مالکانِ دیہہ کی مشترکہ ہو۔

شامّہ (شام۔مَہ)(ع۔ا۔مث) سُونگھنے کی قوت یا حِس۔

شامی (ع۔صف) مُلکِ شام کا رہنے والا۔ ملک شام سے منسُوب۔

شامی کباب (ع۔ا۔مذ) وہ کباب جو گوشت کو مع مسالا اُبال کر پیسنے کے بعد ٹکیاں بنا کر تلے جاتے ہیں۔

شامیانہ (شا۔مِ۔یا۔نہ)(ف۔ا۔مذ) کپڑے کا سائبان۔ چھتری۔ نم گیرا۔ اُردو جمع: شامیانوں۔ شامیانے۔

شامیانہ (کھینچنا) لگانا (ار۔محاورہ) شامیانہ کھڑا کرنا۔

شان (ع۔ا۔مث) عظمت۔ شوکت۔ دبدبہ۔ عزّت۔ توقیر (۲) قُدرت۔ طاقت (۳) اَنداز۔ طرز۔ وضع (۴) نسبت۔ حق (۵) خاصیت۔ خوبی۔

شانِ اِلٰہی (شانِ خُدا۔ شانِ حق)(ع۔ا۔مث) خُدا کی قُدرت۔

شان برسنا (ار۔محاورہ) رُعب و دبدبہ نمایاں ہونا۔ عظمت و شوکت ظاہر ہونا۔

شان پانا (ار۔محاورہ) اَنداز پانا۔ عزّت حاصل ہونا۔

شان جانا (ار۔محاورہ) رُتبہ گھٹنا۔ عزّت میں فرق آنا۔

شان چوٹا (چوٹ۔ٹا)(ار۔صف) دُوسروں کی طرز یا وضع اِختیار کرنے والا۔

شانِ خط (ف۔ا۔مث) تحریر کا اَنداز۔ لکھنے کا طریقہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شان دار (ف۔ صف) (۱) عالی شان۔ ذی شان۔ بلند (۲) ذی رُتبہ۔ باعظمت (۳) دھوم دھام کا (۴) خوش نُما۔

شان دکھانا (اُر۔ محاورہ) اِترانا۔ شیخی بگھارنا (۲) رُعب ظاہر کرنا۔

شانِ عُبُودِیّت (عُ۔ بُو۔ دی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) بندگی کی شان۔ خُدا کے حُکم کے آگے سرِ تسلیم خم کرنا۔ راضی بہ رَضا ہونا۔

شان کا مارا جانا (اُر۔ محاورہ) عزّت و حُرمت میں فرق آنا۔

شان گھٹنا (اُر۔ محاورہ) عزّت اور وقار کم ہونا۔

شان میں بٹا لگنا (بٹّھے پڑنا) (اُر۔ محاورہ) عزّت گھٹنا۔ بے عزّتی ہونا۔

شانِ نزول (ع۔ ا۔ مث) آیتِ قرآنی کے اُترنے کا موقع۔ باعثِ نزول۔

شان نکلنا (اُر۔ محاورہ) آن بان ظاہر ہونا۔ انداز ظاہر ہونا۔

شان و شوکت (ع۔ ا۔ مث) (۱) رُعب داب (۲) ٹھاٹ باٹ۔

شانْت (س۔ صف) (نُون غُنّہ) مطمئن۔ صابر۔ قانع۔

شانتی (شان۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) امن۔ سُکھ۔ آرام (۲) تسلّی۔ اِطمینان۔ دِل جمعی۔

شانَد (نُون غُنّہ) (ق۔ ا۔ مث) مکّاری۔ عیّاری۔

شانزدہ (شانز۔ دَہ) (ف۔ ا۔ عدد) سولہ۔ ۱۶۔

شانزدہم (شانز۔ دَ۔ ہُم) سولہواں۔

شانہ (شا۔ نَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کنگھی (۲) کاندھا۔ مونڈھا۔ اُر۔ جمع: شانوں۔ شانے۔

شانہ اُتر جانا (اُر۔ محاورہ) کاندھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

شانہ پھڑکنا (اُر۔ محاورہ) کاندھے کا پھڑکنا جو کسی دوست کے ملنے کا شگون سمجھا جاتا ہے۔

شانہ کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) کنگھی کرنا۔

شانے (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) شانہ کی جمع (۲) شانہ کی مُغیّرہ صورت بحالت اِمالہ۔

شانے سے شانہ چِھلنا (اُر۔ محاورہ) ہجُوم کے باعث کاندھے سے کاندھا رگڑنا۔ بہت بھیڑ ہونا۔

شاوَر (انگ۔ ا۔ مذ) (Shower) فوّارہ جو غُسل خانوں میں لگا ہوتا ہے۔

شاہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) آقا۔ مالک (۲) بادشاہ۔ سُلطان (۳) فقیروں کا لقب (۴) شطرنج کا ایک مُہرہ (۵) نوشہ۔ دُولھا (۶) سیّدوں کے نام کا مخصوص لفظ (۷) (صف) بڑا۔ عظیم۔ مُرکّبات میں جیسے شاہ زور۔ شاہ سوار۔ جمع: شاہان۔

شاہ باز (شہباز) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بڑا باز جس سے شکار کرتے ہیں (۲) شاہین۔

شاہ بالا (شہ بالا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ قریبی رشتے دار لڑکا جس کو اچھے کپڑے پہنا کر دُولھا کے پیچھے گھوڑے پر بٹھا دیتے ہیں (۲) ہمدوش۔

شاہ بلوط (ف۔ ا۔ مذ) ایک خالص یورپی درخت جس کی لکڑی سے فرنیچر بنایا جاتا ہے۔ (Chestnut)۔

شاہ بیت (بغیر اضافت) (ف۔ ا۔ مث) قصیدہ یا غزل کا بہترین شعر۔

شاہ پارہ (شہپارہ) (ف۔ ا۔ مذ) دیکھیے شاہ کار۔

شاہ پَر (شہپَر) (ف۔ ا۔ مذ) پرندے کے بازو کا سب سے بڑا پَر۔

شاہ پرست (ف۔ صف) بادشاہت کا حامی۔

شاہ ترا (شہترہ) (ف۔ ا۔ مذ) ایک مصفّیِ خون دوا۔ پت پاپڑا۔

شاہ توت (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا بڑا توت۔ شہتوت۔

شاہ خانم (ف۔ ا۔ مث) (۱) بڑے گھر کی عورت (۲) متکبّر عورت۔

شاہِ خاور (ف۔ ا۔ مذ) شاہِ مشرق۔ آسمان کا بادشاہ۔ سُورج۔

شاہ خرچ (اُر۔ صف) بہت خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ۔

شاہ خرچی (اُر۔ ا۔ مث) فضول خرچی۔

شاہ دانہ (ف۔ ا۔ مذ) بھنگ کا بیج (۲) بڑا موتی (۳) تسبیح کا بڑا دانہ۔

شاہ دَرہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ آبادی یا گاؤں جو شاہی محل کے سامنے ہو۔

شاہ راہ (ف۔ ا۔ مث) بڑا راستہ۔ جرنیلی سڑک۔ اُر۔ جمع: شاہراہوں۔ شاہراہیں۔

شاہ رگ (ف۔ ا۔ مث) بڑی رگ جو گردن میں سے گُزرتی ہے۔ رگِ جاں۔

شاہ زادگی (شہزادگی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) شہزادے کے بچپن کا زمانہ (۲) غرور و تکبّر۔

شاہ زادہ (شہزادہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بادشاہ کا لڑکا (۲) شاہی خاندان کا ایک فرد (۳) پیارا فرزند۔

شاہ زادی (شہزادی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) بادشاہ کی لڑکی (۲) شاہی خاندان کی عورت (۳) کنول کے پھول کا زرد زیرہ۔

شاہ سوار (شہسوار) (ف۔ ا۔ مذ) گھوڑے کی سواری کا ماہر۔

شاہ عبّاس کا علم ٹوٹے (اُر۔ بددُعا) حضرت عبّاسؓ کے علم کی مار پڑے۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔

شاہ کار (شہکار) (ف۔ ا۔ مذ) بہت بڑا کارنامہ۔ بہترین نمونہ۔ (Masterpiece)۔

شاہ گام (شہ گام) (ف۔ ا۔ مذ) گھوڑے کی ایک عُمدہ چال۔

شاہِ لولاک (ف۔ ا۔ مذ) لولاک کا بادشاہ۔ دیکھیے لولاک۔

شاہ مدار (ف۔ ا۔ مذ) دیکھیے [illegible]

شاہِ مرداں (ف۔ ا۔ مذ) حضرت علی رضی اللہ عنہٗ۔

شاہِ مشرق (ف۔ ا۔ مذ) سُورج۔

شاہ نشین (شہ نشین) (ع۔ ا۔ مث) (۱) بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ (۲) مکان کی کسی کھڑکی کے آگے بڑھا کر بنائی ہوئی جگہ۔

شاہ وار (شہوار) (ف۔ صف) بادشاہوں کے لائق۔ نہایت عُمدہ و نفیس چیز۔

شاہانہ (شا۔ ہا۔ نَہ) (ف۔ صف) بادشاہوں کے موافق۔ بادشاہوں کے مانند۔ سلطانی۔

شاہانہ جوڑا (ف۔ ا۔ مذ) دُولھا کا سُرخ جوڑا۔ بادشاہوں جیسا قیمتی لباس۔

شاہانہ مزاج (ف۔ ا۔ مذ) نازک طبیعت۔

شاہد (شا۔ ہِد) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گواہ۔ جمع: اَشہاد۔ شُہود (۲) (ف۔ ا۔ مذ) معشوق۔ محبوب۔

شاہد باز (ف۔ صف) حسین عورتوں سے محبت رکھنے والا۔ حُسن پرست۔

شاہدِ بازار (ع۔ ا۔ مث) بازاری معشوق۔ طوائف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شاہدِ حال (ع۔صف) واقعہ کا چشم دید گواہ۔

شاہدِ عادل (ف۔ا۔مذ) سچا گواہ۔

شاہدِ مقصود (ف۔ا۔مذ) مقصود کا شاہد سے استعارہ کرتے ہیں۔

شاہدہ (شا۔ہِ۔دَہ) (ع۔ا۔مث) (۱) شاہد کی تانیث (۲) انگوٹھے کے قریب والی اُنگلی۔

شاہدی (شا۔ہِ۔دی) (ع۔ف۔ا۔مث) شہادت۔ گواہی۔

شاہنشاہ (شہنشاہ) (شاہ۔ہَن۔شاہ) (شَہ۔ہَن۔شاہ) (ف۔ا۔مذ) بادشاہوں کا بادشاہ۔ سب سے بڑا بادشاہ۔ اُردو جمع: شہنشاہ۔ شہنشاہوں۔

شاہی (ف۔ا۔مث) بادشاہت۔ حکومت (۲) (صف) شاہ سے منسوب۔

شاہین (شا۔ہین) (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔ اعلیٰ قسم کا بلند پرواز باز (۲) ترازو کی سوئی یا ڈنڈی۔ اُردو جمع: شاہین۔ شاہینوں۔

شائبہ (شا۔اِ۔بَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) آمیزش۔ آلودگی۔ ملاوٹ (۲) شک۔ شبہ۔ احتمال۔

شائستگی (شا۔اِس۔تَ۔گی) دیکھیے شایستگی۔

شائستہ (شا۔اِس۔تَہ) (ف۔صف) دیکھیے شایستہ۔

شائع (شا۔اِع) (ع۔صف) (۱) فاش۔ آشکارا (۲) چھاپ کر مشتہر کیا ہوا۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

شائق (شا۔اِق) (ع۔صف) شوقین۔ مشتاق۔ آرزو مند۔ جمع: شائقین۔

شائگاں (شا۔اِ۔گاں) (ف۔صف) (۱) وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو (۲) (ا۔مث) بادشاہ کے حکم پر بغیر اُجرت کام۔ بیگار (۳) قافیے کا ایک عیب۔ ایطا۔

شایاں (شا۔یاں) (ف۔صف) لائق۔ مناسب۔ موزوں۔ زیبا۔

شاید (شا۔ید) (ف۔کلمۂ شک) ممکن ہے۔ ہو سکتا ہے۔

شاید و باید (ف۔متعلق فعل) جیسا چاہیے تھا۔ بخوبی۔ ہر طرح سے۔

شایستگی (شا۔یِس۔تَ۔گی) (شا۔یَس۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) تہذیب۔ سلیقہ۔ تمیز۔ آدمیت۔ اخلاق۔ ہمزہ کے ساتھ (شائستگی) بھی صحیح ہے۔

شایستہ (شا۔یِس۔تَہ) (شا۔یَس۔تَہ) (ف۔صف) مہذب۔ بااخلاق۔ خلیق۔ تمیزدار۔ ہمزہ کے ساتھ (شائستہ) بھی درست ہے۔

ش۔ب

شب (بفتحۂ اوّل) (ف۔ا۔مث) رات۔ رین۔ جمع: شب ہا۔ شبان۔

شبِ اِسرا (اِسریٰ) (ع۔ا۔مث) معراج کی رات۔

شب افروز (ف۔صف) (۱) رات کو روشن کرنے والا (۲) جگنو (۳) چاند۔

شبِ اُمید (ف۔ا۔مث) وصل کی رات۔

شبِ انتظار (ف۔ا۔مث) وہ رات جو کسی کے انتظار میں کٹے۔

شبِ اوّل (ف۔ا۔مث) دولھا دُلہن کی پہلی رات۔

شب باش (ف۔صف) رات کی رات رہنے والا۔

شب باشی (ف۔ا۔مث) رات کا قیام۔ رات رہنا۔

شب بخیر (بہ۔خیر) (ف۔کلمۂ خیر) (۱) رات خیر سے گزرے (۲) رات کو رخصت ہونے کا سلام۔

شبِ برأت (باضافت و بغیر اضافت) (ف۔ا۔مث) (۱) شعبان کی چودھویں اور پندرھویں تاریخ کی درمیانی رات۔ مسلمانوں کے عقائد کے بموجب اُس رات کو عُمر کا حساب اور تقسیم رزق کا کام ہوتا ہے (۲) خوشی کی رات۔ نیز دیکھیے برأت۔

شبِ برأت کا گھڑا (اُ۔ا۔مذ) مسلمانوں میں رسم ہے کہ شبِ برأت کے دن مُردوں کا فاتحہ پڑھ کر مسکینوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔

شب بو (شبّو) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا سفید پھول جس کی خوشبو رات کو پھیلتی ہے۔

شب بھر (ف۔متعلق فعل) تمام رات۔

شب بیدار (ف۔صف) رات کو جاگ کر عبادت کرنے والا۔ رات بھر جاگنے والا۔

شب بیداری (ف۔ا۔مث) رات کا جاگنا۔ بے خوابی۔

شب تاب (ف۔صف) رات کو چمکنے والا (۲) (کنایۃً) چاند (۳) چراغ (۴) جگنو (۵) جواہر۔

شبِ تار (تاریک) (ف۔ا۔مث) اندھیری رات۔

شبِ چہاردہ (ف۔ا۔مث) چاند کی چودھویں رات۔

شب چراغ (ف۔صف) (۱) رات کو چمکنے والا ہیرا (۲) جگنو۔

شب خوابی (ف۔ا۔مث) (۱) رات کا سونا (۲) رات کی پوشاک۔

شب خوانی (ف۔ا۔مث) وہ قصہ جو رات کو داستان گو پڑھا کرتے ہیں۔

شب خون (شبخون) (ف۔ا۔مذ) رات کا حملہ۔ چھاپا۔ رات کے وقت بے خبری میں دُشمن پر حملہ کرنا۔

شب خون مارنا (اُ۔محاورہ) چھاپا مارنا۔ رات کو اچانک حملہ کرنا۔

شب خیز (ف۔صف) شب بیدار۔ رات کو اُٹھنے والا۔

شب خیزی (ف۔ا۔مث) شب بیداری۔ رات کو اُٹھنا۔

شب خیزیا (ف۔صف) قزاق جو رات کو لوٹے۔

شب درمیان ہونا (اُ۔محاورہ) بیچ میں ایک رات کا وقفہ ہونا۔

شبِ دیجور (ف۔ا۔مث) اندھیری رات۔

شب دیز (ف۔ا۔مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا۔

شب دیگ (ف۔ا۔مث) ایک قسم کا سالن جس میں گوشت اور شلجم رات بھر پکاتے ہیں۔

شب رنگ (ف۔ا۔مذ) (۱) سیاہ رنگ کا گھوڑا (۲) (صف) تاریک۔ سیاہ۔

شبِ زفاف (ف۔ا۔مث) دولھا دُلہن کی پہلی رات۔

شب زندہ دار (ف۔ا۔مذ) (۱) رات بھر جاگنے والا (۲) عابد۔

شبستان (شَب۔اِستان) (ف۔ا۔مذ) (۱) بادشاہ کے سونے کا کمرا (۲) خلوت خانہ۔ حرم سرا (۳) مسجد میں وہ جگہ جہاں رات کو عبادت کرتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُردو جمع: شبستان۔ شبستانوں۔

شبِ سُرخاب (ف۔ا۔مث) جدائی کی رات (سُرخاب کا جوڑا رات کو جدا رہتا ہے)۔

شبِ شہادت (ف۔ا۔مث) محرّم کی نویں رات جس کی صبح کو حضرت امام حسینؓ شہید ہوئے تھے۔

شبِ ظلمات (ف۔ا۔مث) سخت کالی رات۔

شبِ عاشورہ (عاشور) (ف۔ا۔مث) نویں اور دسویں محرّم کی درمیانی رات۔

شبِ غم (ف۔ا۔مث) جدائی کی رات۔ رنج کی رات۔

شبِ قدر (ف۔ا۔مث) دیکھئے لیلۃ القدر۔

شب کور (ف۔صف) وہ جسے رات کو دکھائی نہ دے۔

شب کوری (ف۔ا۔مث) رات کو دکھائی نہ دینا۔ اندھراتا۔

شب کی شب (اُر۔متعلق فعل) رات کی رات۔ رات بھر کے لئے۔

شب گرد (ف۔صف) رات کو پھرنے والا (۲) کوتوال۔ سپاہی۔ چوکیدار۔

شب گوں (ف۔صف) رات کی مانند سیاہ۔

شب گیر (ف۔صف) (۱) رات بھر جاگنے والا۔ پچھلی رات کا سفر (۲) جھینگر (۳) بُلبُل۔

شبِ ماہ (ماہتاب۔ مہتاب) (ف۔ا۔مث) چاندنی رات۔

شبِ معراج (ف۔ع۔ا۔مث) ۲۶، ۲۷ رجب کی درمیانی رات جس میں پیغمبرِ اسلام ﷺ کو معراج ہوئی۔

شبِ نگار بنداں (ف۔ا۔مث) وہ رات جب دُلہن کے مہندی لگائی جاتی ہے۔

شب و روز (ف۔متعلق فعل) دن رات۔

شبِ وِصال (وصل۔ وصلت) (ف۔ا۔مث) وصل کی رات۔ ملاپ کی رات (۲) وہ رات جس میں کسی کامل فقیر کا اِنتقال ہو۔

شبِ یلدا (ف۔ا۔مث) سخت تاریک رات (۲) سال کی سب سے لمبی رات جب سُورج بُرجِ جدی میں داخل ہونے کو ہوتا ہے۔

شَباب (شَ۔باب) (ع۔ا۔مذ) (۱) جوانی (۲) شروع۔ آغاز۔ اِبتدا (۳) عروج کا زمانہ (۴) ایک پردۂ موسیقی کا نام۔

شبابِ اہلِ جنت (ع۔ا۔مذ) حضرت امام حسنؓ و حسینؓ جو حدیث شریف کے مطابق جوانانِ اہلِ جنت کے سردار ہوں گے۔

شباب پھٹ پڑنا (اُر۔محاورہ) جوانی کا زور ہونا۔

شباب پلٹنا (اُر۔محاورہ) جوانی دوبارہ آنا۔

شبابیات (ع۔ا۔مث) جوانی سے متعلق باتیں۔

شباشب (ف۔متعلق فعل) راتوں رات۔ تمام رات۔ رات بھر۔

شَبان (شَ۔بان) (ف۔ا۔مذ) چرواہا۔ گڈریا (۲) (ا۔مث) شب کی جمع۔

شبان گاہ (ف۔ا۔مث) رات بسر کرنے کا مقام (شبان: شب کی جمع)۔

شبانہ (شَ۔با۔نہ) (ف۔صف) رات کا۔

شبانہ روز (ف۔متعلق فعل) شب و روز۔ ہر وقت۔ دن رات۔

شَباہت (شَ۔با۔ہت) (ع۔ا۔مث) مُشابہت۔ مطابقت (۲) شکل و صورت (۳) رونق۔ رُوپ۔ اُر جمع: شباہتوں۔ شباہتیں۔

شَبد (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (س۔ا۔مذ) (۱) آواز (۲) لفظ (۳) قواعدِ زبان (۴) بھجن۔ جمع: شبد۔ شبدوں۔

شبد چور (ہ۔ا۔مذ) نقال۔ دُوسروں کے مضامین چوری کرنے والا۔

شبد شاستر (ہ۔ا۔مذ) قواعدِ زبان۔ علمِ صَرف و نحو۔

شَبّر (شب۔بر) (ع۔ا۔مذ) حضرت حسنؓ کا لقب۔ نیز دیکھئے شبیر۔

شِبر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) بالشت۔ ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلی کا درمیانی فاصلہ۔

شبستان۔ شب کے تحت دیکھئے۔

شَبکا (شَ۔بک۔کا) (اُر۔ا۔مذ) شگاف جو کپڑے یا دیوار وغیرہ میں ہو۔

شَبکہ (شَ۔ب۔کہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) مچھلی پکڑنے کا جال۔ جالی (۲) بڑا سُوراخ (۳) آنکھ کا پردہ۔

شَبنم (شب۔نم) (ف۔ا۔مث) (۱) زمین کی سطح پر رات کے وقت جمع ہونے والی نمی۔ اوس (۲) ایک قسم کا سفید باریک کپڑا۔

شَبنمی (شب۔ن۔می) (ف۔ا۔مث) اوس سے بچنے کے لئے پلنگ کے اُوپر تاننے کا کپڑا۔

شِبہ (شِ۔بہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) مانند (۲) تصویر۔ ڈھانچ (۳) مُشابہت۔ مطابقت۔

شُبہ (شب۔ہہ) (شُ۔بہ) (ع۔ا۔مذ) شک۔ گمان۔ وہم۔ اُردو جمع: شبہوں۔ شبہے۔

شُبہ کرنا (اُر۔محاورہ) شک کرنا۔ بدگمانی کرنا۔

شُبہ گزرنا (اُر۔محاورہ) شک ہونا۔

شُبہ مٹانا (اُر۔محاورہ) شک دُور کرنا۔ شُبہ نکالنا۔

شُبہ ہونا (اُر۔محاورہ) گمان گزرنا۔ اِحتمال ہونا۔

شُبھ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم) (س۔صف) روشن۔ چمک دار (۲) اچھا۔ نیک۔ مُبارک۔

شُبھ گھڑی (ہ۔ا۔مث) نیک ساعت۔ مبارک ساعت۔

شَبیر (شب۔بیر) (ع۔ا۔مذ) (۱) نیک (۲) خوب صورت۔ حضرت امام حسینؓ کا لقب۔

شَبینہ (شَ۔بی۔نہ) (ف۔صف) (۱) رات کا۔ باسی (۲) (ا۔مذ) حافظِ قرآن کا رمضان کی کسی ایک رات میں پُورا قرآن تراویح میں ختم کرنا۔

شَبیہ (شَ۔بیہ) (ع۔ا۔مث) (۱) شکل۔ تصویر۔ صورت (۲) مانند۔ مشابہ۔

ش۔پ

شَپ (بفتحۂ اوّل) (ف۔صف) (۱) جلد۔ شتاب (۲) (اُر۔ا۔مث) تیّی یا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تلوار مارنے کی آواز۔ گپ کے ساتھ تابع مُہمل۔

شپ (Ship) (انگ۔ ا۔ مذ) بحری جہاز۔

شِپا (شِپ۔پا) (ہ۔ ا۔ مذ) تیر اندازوں کا نشانہ یا ہدف۔

شِپاشپ (شِ۔پا۔شپ) (ف۔ ا۔ مث) (۱) متواتر تیر چلانے کی آواز۔ متواتر تلوار چلانے کی آواز (۲) چڑ چڑ جلنے کی آواز (۳) تیزی سے پانی میں گھسنے کی آواز (۴) (صف) جلد۔ تیز۔

شپّر (شپّرک۔ شپّرہ) (شپ۔پَر) (شپ۔پ۔رَک) (شپ۔پ۔رَہ) (ف۔ ا۔ مث) چمگادڑ۔

شپّرہ چشم (ف۔ صف) سُورج کی روشنی میں آنکھیں بند رکھنے والا (۲) وہ شخص جو صاف اور واضح چیز کو تعصب کے باعث نہ دیکھ سکے۔

ش۔ت

شِتا (شِ۔تا) (ع۔ ا۔ مذ) جاڑا۔ سردی کا موسم۔ موسم سرما۔ زمستان۔

شِتاب (شِ۔تاب) (ف۔ صف و متعلق فعل) جلد۔ جھٹ پٹ۔ بلا توقف۔ فوراً۔

شتاب کار (ف۔ صف) جلد باز۔ پھرتیلا۔

شِتابا (شِ۔تا۔با) (ار۔ ا۔ مذ) بارود لگا ہوا کاغذ کا فتیلہ۔

شِتابی (شِ۔تا۔بی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) جلدی۔ تیزی (۲) اضطراب۔ گھبراہٹ۔

شِتال (ق۔ صف) بے چین۔ بے قرار۔

شِتالنا (شِ۔تال۔نا) (ق۔ مص) اُکسانا۔ اُبھارنا۔ شہ دینا۔

شِتالنگ (شِ۔تا۔لنگ) (ف۔ ا۔ مذ) ٹخنا۔

شتاہ (فتحہ۔ تاہ) (ار۔ ا۔ مث) شلتاخ کا بگڑا ہوا۔ بدکار و بد وضع عورت۔

شتاہی (فتحہ۔ تا۔ ہی) (ار۔ ا۔ مث) بے حیائی۔ بے شرمی۔ حرام کاری۔

شُتر (شُ۔تُر) (ف۔ ا۔ مذ) اُونٹ۔ نیز دیکھیے اُشتر۔

شُتربان (ف۔ صف) اُونٹ ہانکنے والا۔ ساربان۔

شُتربانی (ف۔ ا۔ مث) ساربانی۔

شُتر بے مہار (ف۔ صف) (۱) بے نکیل کا اُونٹ (۲) آزاد۔ آوارہ۔

شُتر خانہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ مکان جہاں اُونٹ رکھے جائیں۔

شُتر سوار (ف۔ ا۔ مذ) سانڈنی سوار۔ اُونٹ پر سواری کرنے والا۔

شُتر غمزہ (ف۔ ا۔ مذ) ناز بیجا۔ فضول چونچلے یا نخرے۔

شُتر کینہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ شخص جس کا کینہ اور کپٹ کبھی نہ نکلے۔ دِلی عداوت۔

شُتر گاو (ف۔ ا۔ مذ) زرافہ۔ ایک چوپایہ جس کی گردن اُونٹ کی طرح اور کمر بیل سے مشابہ ہوتے ہیں۔

شُتر گربہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) دو نا موافق چیزیں جن میں سے ایک بلند اور دُوسری پست ہو (۲) شعر میں ایک کلمے میں جمع اور مفرد یا تعظیم و تحقیر کے الفاظ استعمال کرنا۔

شُتر مُرغ (ف۔ ا۔ مذ) جنوب مغربی ایشیا اور افریقہ کا ایک قد آور پرند جس کی گردن اُونٹ کی طرح لمبی ہوتی ہے۔ بھاری بھرکم ہونے کے باعث اُڑ نہیں سکتا البتہ دوڑتا بہت تیز ہے۔

شُترنال (ار۔ ا۔ مث) چھوٹی توپ جو اونٹ کی پیٹھ پر رکھ کر چلائی جائے۔

شُتری (فتحہ۔ ری) (ف۔ صف) (۱) اُونٹ کے رنگ کا (۲) (ار۔ ا۔ مذ) نقارہ جو اُونٹ پر رکھا جاتا ہے (۳) نقارہ جو روزہ کھولنے کے وقت بجایا جاتا ہے۔

شتم (بفتحہ اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) گالی گلوچ۔ دُشنام۔

ش۔ج

شُجاع (شُ۔جاع) (ع۔ صف) دلیر۔ بہادر۔ جری۔ سُورما۔ وِیر۔

شُجاعت (شُ۔جا۔عت) (ع۔ ا۔ مث) بہادری۔ دلیری۔

شَجَر (شَ۔جَر) (ع۔ ا۔ مذ) درخت۔ پیڑ۔ رُکھ۔ جمع: اشجار۔

شجرِ طور (شجرِ کلیم) (ع۔ ا۔ مذ) کوہِ طور کا درخت جس پر حضرت موسیٰؑ نے تجلی الٰہی دیکھی تھی۔

شجرِ ممنوعہ (ع۔ ا۔ مذ) بہشت کا وہ درخت جس کا پھل کھانے سے حضرت آدم علیہ السلام کو منع کیا گیا تھا (۲) (مجازاً) وہ چیز جس سے روک دیا گیا ہو۔

شجرہ (شَ۔جَ۔رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) نسب نامہ۔ وہ کاغذ جس پر مورثِ اعلیٰ کی اولاد کا نام نسلاً بعد نسلٍ درج ہو (۲) وہ نقشہ جس میں گاؤں کے کھیت دکھائے گئے ہوں۔ اُردو جمع: شجروں۔ شجرے۔

شجرہ کُلّہ (کُلّہ) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) پیروں کا شجرہ اور ٹوپی جو وہ تبرّکاً مُریدوں کو دیتے ہیں (۲) چیز بست۔ بوریا بستر۔

شجرہ کُلّہ اُٹھانا (ار۔ محاورہ) بوریا بستر باندھ کر چل دینا۔ اپنا سامان اُٹھا کر چلا جانا۔

شجرۂ نسب (ع۔ ا۔ مذ) نسل اور خاندان کی اولاد کی ترتیب۔ اولاد کا نام نسلاً بعد نسلٍ۔

شجیع (شَ۔جیع) (ع۔ صف) دلیر۔ بہادر۔ شُجاع۔

ش۔ح

شحامت (شَ۔حا۔مت) (ع۔ ا۔ مث) مٹاپا۔ فربہی۔

شحم (بفتح اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) چربی (۲) مٹاپا۔ فربہی۔

شحنہ (شِح۔نَہ) (ف۔ ا۔ مذ) محافظ شہر۔ کوتوال (۲) محصول وصول کرنے والا (۳) تحصیل کا چپڑاسی۔ (ع۔ شِحنَہ)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شَحِیم (شَ۔ حِیم)(ع۔ صف) موٹا۔ فربہ۔ لحیم کے ساتھ مستعمل ہے (لحیم و شحیم)۔

ش۔خ

شَخص (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مذ) آدمی۔ بشر۔ جمع: اشخاص۔

شخصِ ثالِث (ع۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو فریقین میں فیصلہ کرائے۔ سرپنچ۔

شخصِ واحِد (ع۔ ا۔ مذ) اکیلا آدمی۔ تنہا آدمی۔

شَخصی (شَخ۔ صی)(ع۔ صف)(۱) شخص سے متعلق (۲) ذاتی۔

شخصی حکومت (ع۔ ا۔ مث) ایک شخص کی مطلق العنان حکومت۔ آمریت۔ بادشاہت۔

شَخصِیّت (شَخ۔ صی۔ یَت)(ع۔ ا۔ مث)(۱) شخص ہونے کی خصوصیت۔ ذات (۲) شیخی۔ غرور۔ اُردو جمع: شخصیتوں۔ شخصیتیں۔

شخصیت بگھارنا (جتانا) (اُر۔ محاورہ) شیخی مارنا۔ اِترانا۔

ش۔د

شُد (بالضم)(ف۔ فعل) مصدر شُدن کا ماضی بمعنی ہُوا (۲)(ا۔ مث) کسی کام کا آغاز یا اِبتدا (۳)(صف) گُزرا ہُوا۔ مرا ہُوا۔

شُد بُد (اُر۔ ا۔ مث) شُد بمعنی ہُوا اور بُد (بُود) بمعنی تھا۔ پڑھنے لکھنے یا کسی کام میں تھوڑی سی مہارت۔

شَدّ (بفتحہ اوّل و تشدید دوم)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) ایک حرف کو دو دفعہ پڑھنا۔ تشدید دینا (۲) زور دینا۔ سختی کرنا (۳) مخالف پہلوان کا نعرہ۔

شدّ و مدّ (ع۔ ا۔ مذ)(۱) شان و شوکت۔ دھوم دھام (۲) زور و شور۔ طاقت۔

شَدّاد (شَد۔ داد)(ع۔ صف) بہت قوی۔ بہت سخت۔ بہت مضبوط (۲)(ا۔ مذ) قوم عاد کے ایک بادشاہ کا نام جس نے خُدائی کا دعویٰ کیا تھا اور مصنوعی جنت بنائی تھی۔ دیکھئے اِرَم۔

شَدائد (شَ۔ دا۔ اِد)(ع۔ ا۔ مث۔ و۔ مذ) شدیدہ کی جمع۔ سختیاں۔ تکلیفیں۔

شِدَّت (شِد۔ دَت)(ع۔ ا۔ مث) سختی۔ تکلیف (۲) زور۔ قوت (۳) زیادتی۔ کثرت (۴) جبر۔

شِدّت کا (اُر۔ صف) زور کا۔ بہت سا۔ سخت۔

شُدنی (شُد۔ نی)(ف۔ ا۔ مث) ہونے والی بات۔ اِتفاقی بات۔

شُدّہ (شُدّا) (شُد۔ دَہ)(شُد۔ دا)(ع۔ ا۔ مذ) علم۔ وہ جھنڈا یا نشان جو محرم میں شُہدائے کربلا کی یاد میں تعزیوں کے ساتھ نکالا جاتا ہے۔

شُدہ شُدہ (ف۔ متعلق فعل) رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔ ہوتے ہوتے۔

شُدھ (س۔ صف) پاک۔ صاف۔ پوتر۔ خالص (۲) چمکیلا۔ سفید۔

شُدھی (شُد۔ دھی)(س۔ ا۔ مث) پاکی۔ وہ تحریک جو شردھانند نام کے ایک ہندو نے ہندوستان میں مسلمانوں کو ہندو بنانے کے لئے چلائی تھی۔

شَدِید (شَ۔ دِید)(ع۔ صف) سخت۔ مُشکل۔ دُشوار۔ کٹھن (۲) تکلیف دہ (۳) بڑا۔ عظیم (۴) زبوں (۵) سخت۔ تیز۔

شدیدُ العداوت (ع۔ صف) سخت دُشمنی رکھنے والا۔

شدیدُ العِقاب (ع۔ صف) سزا میں سخت۔ سخت سزا دینے والا۔

شدیدُ العمل (ع۔ ا۔ مذ) سختی کرنے والا۔

ش۔ذ

شَذرَہ (شَذ۔ رَہ)(ع۔ صف۔ وا۔ مذ)(۱) پراگندہ۔ منتشر۔ بکھری ہوئی چیز (۲) اخبار میں اِڈیٹر کا کسی واقعے پر مختصر تبصرہ۔ جمع: شذرات۔

ش۔ر

شَرّ (بفتحہ اوّل و تشدید دوم)(ع۔ ا۔ مذ و مث)(۱) بدی۔ بُرائی (۲) فساد۔ جمع: شُرور۔

شر اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا برپا کرنا۔ فساد کی ابتدا کرنا۔

شر انگیز (پسند) (ف۔ صف) شر کو بھڑکانے والا۔ شریر۔ مُفسد۔

شر انگیزی (ف۔ ا۔ مث) فساد برپا کرنا۔ شر کو بھڑکانا۔

شر بڑھانا (اُر۔ محاورہ) فساد کو ہوا دینا۔

شِرا (شِ۔ را)(ع۔ ا۔ مذ) خرید و فروخت۔ اُردو میں بیع کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ (بیع و شرا)۔

شَراب (شَ۔ راب)(ع۔ ا۔ مث)(۱) رقیق چیز جو پی جائے (۲) خمیر کیا ہوا نشہ آور عرق۔ دارُو۔ اُردو جمع: شرابوں۔ شرابیں۔

شرابِ اَرغوانی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) سُرخ رنگ کی شراب۔

شراب اُڑانا (اُر۔ محاورہ) خوب شراب پینا۔

شرابِ تُند (ف۔ ا۔ مث) تلخ و تیز شراب۔

شراب کا دَور چلنا (اُر۔ محاورہ) چند آدمیوں کا اکٹھے بیٹھ کر شراب پینا۔

شراب خانہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں شراب بنے یا بکے۔

شراب خانہ خراب (اُر۔ مقولہ) شراب کی مذمت میں کہا جاتا ہے کہ اس کے پینے والے تباہ و برباد ہو جاتے ہیں۔

شراب خوار (خور) (ف۔ صف) شرابی۔ بادہ نوش۔

شراب (خواری) خوری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) شراب پینا۔ مے نوشی۔

شرابِ دو آتشہ (ع۔ ا۔ مث) دو مرتبہ کشید کی ہوئی شراب۔ تیز شراب۔

شرابِ طہور (شراباً طہورہ) (ع۔ ا۔ مث) پاک شراب جو بہشت میں ملے گی۔

شراب کشید کرنا (کھینچنا) (اُر۔ محاورہ) شراب بھبکے کے ذریعے تیار کرنا۔

شراب کے نشے میں چُور ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت بدمست ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شرابِ مُقطّر (ع۔ا۔مث) ٹپکائی ہوئی شراب جو بہت نشہ آور ہوتی ہے۔
شرابِ ناب (ع۔ف۔ا۔مث) خالص شراب۔
شرابور (شَ۔را۔بور)(واو مجہول)(اَر۔صف) تربتر۔بہت بھیگا ہوا۔
شَرابی (شَ۔را۔بی)(ف۔صف) شراب پینے والا۔مے نوش۔اُردو جمع: شرابی۔شرابیوں۔
شَراپ (س۔ا۔مث) بددُعا۔
شَرّاٹا (شَر۔را۔ٹا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) زور سے مینہ برسنے کی آواز (۲) پانی کی دھار نکلنے کی آواز۔جمع: شراٹوں۔شراٹے۔
شرادھ (شَ۔رادھ)(س۔ا۔مذ) اسوج کے مہینے میں مُردوں کے نام پر برہمنوں کو پوری کچوری کھلانا۔
شرار (شَ۔رار)(ع۔ا۔مذ) آگ کا پتنگا۔چنگاری۔
شرارِ جَستہ (ف۔ا۔مذ) اُڑتی ہوئی چنگاری۔
شرارت (شَ۔را۔رَت)(ع۔ا۔مث)(۱) بدی۔بُرائی۔خرابی۔بدنیتی (۲) شوخی۔بیباکی۔بدزبانی (۳) شیطنت۔بدذاتی۔اُر جمع: شرارتوں۔شرارتیں۔
شرارت سُوجھنا (اَر۔محاورہ) کوئی ایسی بات سُوجھنا جس سے جھگڑا پیدا ہو جائے۔
شرارتی (شَ۔را۔رَ۔تی)(اَر۔صف) شریر۔
شرارتاً (شَ۔را۔رَ۔تَن)(ع۔متعلق فعل) شرارت سے۔
شرارہ (ع۔ا۔مذ) دیکھئے شرار۔اُر جمع: شراروں۔شرارے۔
شرارے (اَر۔ا۔مذ)(۱) شرارہ کی جمع (۲) شرارہ کی مغیّرہ شکل۔
شرارے نکلنا (اَر۔محاورہ)(۱) چنگاریاں نکلنا (۲) آنکھوں سے سخت غصے اور ناراضی کا اظہار ہونا۔
شرافت (شَ۔را۔فت)(ع۔ا۔مث)(۱) بزرگی۔اصالت۔بھلمنسئ (۲) نجابت۔عالی خاندانی۔
شرافت پناہ (ع۔ف۔صف) نہایت شریف۔
شرافت پیشہ (ع۔ف۔صف) جس کا پیشہ شرافت ہو۔بہت شریف۔
شراکت (شِ۔را۔کت)(ع۔ا۔مث) ساجھا۔حصے داری۔شرکت۔
شراکت نامہ (ف۔ا۔مذ) شرکت نامہ۔وہ دستاویز جس میں ساجھے کی کیفیت درج ہو۔
شرائط (شَ۔را۔ءِط)(ع۔ا۔مث) اُردو میں شرط کی جمع۔عربی میں شریطہ کی جمع۔
شرائطِ تمہیدی (ع۔ف۔ا۔مث) ابتدائی شرطیں۔
شرائع (شَ۔را۔ءِع)(ع۔ا۔مث۔مذ) شرع کی جمع۔
شرائین (شَ۔را۔ءِین)(ع۔ا۔مث) شریان کی جمع۔

شُرب (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) پینا (۲) پینے کی چیز۔
شُربِ الیہود (شُر۔بُل۔یَ۔ہود)(ع۔ا۔مذ) پوشیدہ شراب پینا۔
شَربَت (شَر۔بَت)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ مقدار جو ایک دفعہ پی جائے (۲) قند میں پکا ہوا عرق کسی پھل پھول یا دوا کا (۳) قند یا مصری پانی میں گھلی ہوئی۔
شربت پلائی (اَر۔ا۔مث)(۱) وہ نقدی جو شربت پینے پر دولھا اور اُس کے رشتے دار تھال میں ڈالتے ہیں (۲) وہ نیگ جو دولھا یا دُلہن کی جانب سے نائی کو دیا جائے۔
شربتِ دیدار (ع۔ف۔ا۔مذ) دیدار کا شربت سے استعارہ ہے۔
شربت کے پیالے پر نکاح پڑھا دینا (اَر۔محاورہ) غریبوں کی طرح صرف شربت پلا کر نکاح کر دینا۔
شربت کے سے گھونٹ پینا (اَر۔محاورہ) کسی تلخ بات کو خوشی سے برداشت کرنا (۲) سختی اُٹھانا۔
شربتِ وصل (ف۔ا۔مذ) ہم بستری۔وصل کا شربت سے استعارہ ہے۔
شربتی (شَر۔بَ۔تی)(ف۔ا۔مذ)(۱) زرد یا نارنجی رنگ سے ملتا ہوا رنگ (۲) ایک قسم کا میٹھا نیبو (۳) ایک قسم کا نگینہ (۴) ایک قسم کا بڑا فالسہ (۵) ایک قسم کا کبوتر (۶) شراب کا پیالہ جو ایک ہی دفعہ پی لیا جائے (۷)(صف) شربت کے رنگ کا۔شربت سے متعلق (۹) رس دار۔
شَربہ (شَر۔بہ)(ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی چھوٹی مشک (۲) تھیلا (۳) تالاب۔پانی کی وہ مقدار جو سیرابی کے لئے کافی ہو۔
شرتادا (شَر۔تا۔دا)(ق۔ا۔مذ) ایک قسم کی کھچڑی۔
شرح (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) تفسیر۔کھول کر کہنا (۲) نرخ۔بھاؤ۔جمع: شرائح۔شروح۔اُردو جمع: شرحوں۔شرحیں۔
شرحِ آبپاشی (ع۔ف۔ا۔مث) نہر کے پانی کا نرخ۔آبیانہ۔
شرح بندی (ع۔ف۔ا۔مث) نرخوں کا نقشہ۔نرخ نامہ۔نرخ مقرّر کرنا۔
شرحِ پیدائش (ع۔ف۔ا۔مث) کسی علاقے کی آبادی میں خاص عددی تناسب اور ایک مدّتِ مقرّرہ میں پیدائش کے ذریعے جو اضافہ ہوتا ہے وہ شرحِ پیدائش کہلاتا ہے۔(Birth Rate)
شرح چڑھانا (کرنا) (اَر۔محاورہ) کتاب کی شرح لکھنا۔حاشیہ چڑھانا۔
شرح ذیل (بشرحِ ذیل) (ع۔متعلق فعل) نیچے لکھی ہوئی تفصیل۔
شرح سُود (ع۔ف۔ا۔مث) سُود کا بھاؤ۔
شرح لگان (اَر۔ا۔مث) لگان یا خرچ کا نرخ۔
شرح و بسط (ع۔ا۔مث) وضاحت و تفصیل۔
شَردھا (س۔ا۔مث) اشتیاق۔آرزو (۲) عقیدت۔وفاداری۔
شَرَر (شَ۔رَر)(ع۔ا۔مذ) آگ کی چنگاری۔شرارہ (۲) کینہ۔
شرربار (شرر ریز۔شرر فشاں)(ف۔صف)(۱) چنگاریاں برسانے والا (۲) چنگاریاں اُڑانے والا (۳) وہ جس سے آگ کی چنگاریاں نکلتی ہوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شَرزا (ق۔ ا۔ مذ) شیر ببر (۲) تیندوا۔

شُرط (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ صف) سازگار۔ معاون۔ موافق (۲)(ع۔ ا۔ مذ) پولیس۔

شَرط (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مث) اِقرار۔ عہد۔ قول و قرار (۲) وہ چیز جس پر کسی بات کا اِنحصار ہو (۳) قید۔ پابندی (۴) بازی (۵) لازم۔ ضروری۔ جمع: شُروط۔ اُردو جمع: شرائط۔ شرطوں۔ شرطیں۔

شرط باندھنا (شرط بدنا) (اُر۔ محاورہ) بازی لگانا (۲) عہد کرنا (۳) ذِمّہ لینا۔

شرط بجالانا (اُر۔ محاورہ) شرط پُوری کرنا۔ عہد و پیمان پُورا کرنا۔ وعدہ وفا کرنا۔

شرط ٹھہرانا (اُر۔ محاورہ) آپس میں عہد و پیمان کرنا۔

شرطِ خدمت بجا لانا (اُر۔ محاورہ) مہمان داری کے لوازم پُورے کرنا۔ اچھی طرح خدمت انجام دینا۔

شرطِ رفاقت (ع۔ ا۔ مث) وہ فعل جو رفیق ہونے کے لئے لازمی ہو۔

شرط کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) عہد و پیمان ہونا۔

شرط لگانا (اُر۔ محاورہ)(۱) بازی بدنا (۲) قید لگانا (۳) عہد و پیمان کرنا۔

شرط ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) عہد و پیمان ہونا۔

شَرطی (شَر۔ طی)(ع۔ صف)(۱) ضرور۔ بے شک (۲) کسی شرط پر۔ مشروط۔

شَرطِیَّہ (شرطی۔ یَہ)(ع۔ صف) اِقراری۔ شرطی۔ وہ جُملہ جو شرط اور جزا سے مِل کر پُورا ہو۔

شَرع (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مث)(۱) سیدھا راستہ (۲) قانونِ محمدی جو قرآن کے مُطابق ہے (۳) آئین (۴) مذہب۔ جمع: شرائع۔

شرع پر چلنا (اُر۔ محاورہ) دینِ اِسلام کے قانون پر عمل کرنا۔

شرع کے خلاف کرنا (اُر۔ محاورہ) قانونِ اسلام کے خلاف کوئی بات کرنا۔

شرعِ محمدی (اُر۔ محاورہ) قانونِ محمدی۔ دینِ اِسلام کا طریقہ۔

شرعِ محمدی مہر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) شرعِ محمدی کے مُطابق شادی کا مہر۔

شرعِ محمدی نکاح پڑھنا (اُر۔ محاورہ) قانونِ اسلام کے مطابق سادہ نکاح کرنا۔

شرع میں رخنہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) مذہب میں کوئی نئی بات داخل کر کے خلل اَنداز ہونا۔ مذہبی باتوں میں جھگڑا ڈالنا۔

شرع میں شرم کیا (اُر۔ مثل) جائز بات کرنے میں شرم نہیں کرنی چاہئے۔

شَرعاً (شَر۔ عَن)(ع۔ متعلق فعل) اَز رُوئے شرع۔ قانونِ اسلام کے مُطابق۔

شرعاً و عرفاً (شر۔ عَن۔ وَ۔ عُر۔ فَن)(ع۔ متعلق فعل) قاعدے قانون اور رواج کی رُو سے۔

شَرعی (شَر۔ عی)(ع۔ صف) شرع کے مُطابق۔ قانونِ اِسلام کے مُطابق۔

شرعی پاجامہ (اُر۔ ا۔ مذ) ٹخنوں سے اُوپر پاجامہ۔

شرعی ڈاڑھی (اُر۔ ا۔ مث) شرع کے مطابق ڈاڑھی جو ایک مُشت اور دو اُنگل کے برابر ہوتی ہے۔

شرعی قسم (ع۔ ا۔ مث) قسم جو قانونِ اِسلام کے موافق ہو (۲) اللہ کی قسم۔

شَرغا (ع۔ ا۔ مذ) وہ گھوڑا جو سر تا سر بادامی رنگ کا ہو (۲) وہ سمند جس کی ایال اور دُم کے بال زرد رنگ کے ہوں۔

شَرَف (شَ۔ رَف)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) بُزرگی۔ بلندی (۲) برتری۔ ترجیح۔ فوقیت (۳) عزت۔ فخر۔ اِفتخار (۴) کسی سیارے کا اپنے اصلی بُرج میں آنا۔

شرفِ باریابی (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خدمت میں حاضر ہونے کی عزّت۔

شرف پانا (اُر۔ محاورہ) عزّت پانا۔ فخر حاصل کرنا۔

شرفِ خدمت (شرفِ مُلازمت) (ع۔ ا۔ مذ) مُلازم ہونے کی عزّت۔

شرفِ زیارت (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) مُلاقات کی عزّت۔

شرف لے جانا (اُر۔ محاورہ) سبقت لے جانا۔

شرفِ نیاز (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دیکھنے یا ملنے کی عزّت۔

شرف یاب (ع۔ ف۔ صف) عزّت پانے والا۔

شرف یابی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) عزّت پانا۔

شرف ہونا (اُر۔ محاورہ) بُزرگی یا فخر حاصل ہونا۔ عزّت ملنا۔

شُرَفا (شُ۔ رَ۔ فا)(ع۔ ا۔ مذ) شریف کی جمع۔

شَرق (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مذ) مشرق۔ پورب۔ وہ سمت جدھر سے سُورج نکلتا ہے۔

شرق سے غرب تک (ع۔ متعلق فعل) مشرق سے مغرب تک۔ پورب سے پچھم تک۔ پُوری دُنیا۔

شرقی (شرقیہ) (ف۔ صف) مشرق سے نسبت رکھنے والا۔ مشرق کا۔

شرقی علوم (ع۔ ا۔ مذ) وہ عُلوم جو ایشیا سے نکلے ہیں (۲) وہ عُلوم جو مشرقی زبانوں میں پڑھائے جاتے ہیں۔

شِرک (ع۔ ا۔ مذ) خُدا کے ساتھ کسی اور کو شریک جاننا۔

شرکِ جلی (ع۔ ا۔ مذ) ظاہر و صریح شرک جیسے بُت پرستی۔

شرکِ خفی (ع۔ ا۔ مذ) پوشیدہ شرک۔ خُدا کو چھوڑ کر اِنسان پر بھروسا کرنا۔ پیر پرستی۔

شُرکا (شُ۔ رَ۔ کا)(ع۔ ا۔ مذ) شریک کی جمع۔

شِرکت (شِر۔ کت)(ع۔ ا۔ مث)(۱) شامل ہونا۔ شمولیت (۲) ساجھا۔ شراکت (۳) کاروبار کی ایسی تنظیم جس میں دو یا زیادہ اشخاص بہ حیثیتِ مجموعی کاروبار کرتے ہیں۔

شَرم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ ا۔ مث)(۱) حیا۔ لاج۔ حجاب (۲) ننگ۔ عار (۳) ندامت۔ خجالت۔ شرمندگی (۴) غیرت۔ عزّت۔ حُرمت (۵) خیال۔ پاس۔

شرم آلود (آلودہ) (ف۔ صف) شرمگیں۔ نادِم۔ شرمندہ۔ خجل۔

شرم آنا (اُر۔ محاورہ) حیا آنا۔ غیرت آنا۔

شرم بھی نہیں آتی (اُر۔ روزمرّہ) شرم دِلانے کے لئے کہتے ہیں۔ شرمندہ ہونا چاہئے۔ قائل ہونا چاہئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شرم چہ کُتّی ایست (کُتّیست) کہ پیشِ مرداں بیاید (ف۔ مثل) بے حیا کے متعلق کہا جاتا ہے۔

شرم حضور (ف۔ ع۔ صف) آنکھ کی شرم رکھنے والا۔ سامنے لحاظ کرنے والا۔

شرم حضوری (شرما حضوری) (اُر۔ ا۔ مث) آنکھ کی شرم۔ لحاظ۔

شرم دِلانا (اُر۔ محاورہ) شرمندہ کرنا۔

شرم رکھنا (اُر۔ محاورہ) آبرو رکھنا۔ عزّت بچانا۔

شرم رہ جانا (اُر۔ محاورہ) عزّت و آبرو میں فرق نہ آنا۔ عزّت بچ جانا۔ بات رہ جانا۔

شرم سار (ف۔ صف) شرمندہ۔ نادم۔ خجل۔

شرم ساری (ف۔ ا۔ مث) شرمندگی۔ ندامت۔ خجالت۔

شرم سے پانی پانی ہونا (اُر۔ محاورہ) شرمندگی سے پسینے پسینے ہونا۔ نہایت شرمندہ ہونا۔

شرم سے ڈوب مرنا (اُر۔ محاورہ) شرم سے پانی میں ڈوب کر جان دینا۔ سخت شرمندہ ہونا۔

شرم سے کٹنا (گٹھڑی ہو جانا۔ گڑ جانا) (اُر۔ محاورہ) بے حد شرمندہ ہونا (۲) شرم سے منہ چھپانے کو جی چاہنا۔

شرم کا مقام ہے (اُر۔ محاورہ) غیرت کی بات ہے۔

شرم کرنا (اُر۔ مص مرکب) حیا کرنا۔ لحاظ کرنا۔

شرم کی بات (اُر۔ ا۔ مث) غیرت کی بات۔ افسوس کی بات۔

شرم کے مارے (اُر۔ متعلق فعل) شرم کی وجہ سے۔ غیرت سے۔

شرم گاہ (ف۔ ا۔ مث) عورت کا اندامِ نہانی۔ انسان کے بول و براز کی جگہ۔

شرمگیں (شرم۔ گیں) (ف۔ صف) شرمندہ۔ خجل۔

شرمناک (شرم۔ ناک) (ف۔ صف) قابلِ شرم۔

شرم والے کے پھوٹے کرم (اُر۔ مثل) شرم کرنے والا محروم ہی رہتا ہے۔

شرم ہی شرم میں کام تمام ہوا (اُر۔ مثل) لحاظ یا مروّت میں نقصان اُٹھایا۔ کام بگڑ گیا۔

شَرما (س۔ ا۔ مذ) خوش۔ برہمنوں کا لقب۔

شرما حضوری۔ دیکھئے شرم حضوری۔

شرما شرمی (اُر۔ متعلق فعل) شرم و لحاظ کے دباؤ میں۔ مروّت میں۔ طوعاً کرہاً۔

شَرمانا (اُر۔ مص) (۱) لجانا (۲) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا (۳) شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔

شَرمِندگی (شر۔ مِن۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) شرم۔ ندامت۔ خجالت۔

شرمندگی اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ خِفّت اُٹھانا۔ خفیف ہونا۔

شَرمِندہ (شر۔ مِن۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) شرمسار۔ نادم (۲) ممنون۔

شرمندۂ احسان (مِنّت) (ف۔ صف) اِحسان مند۔ ممنونِ احسان۔

شرمندۂ تعبیر (ف۔ صف) جس کی کوئی تعبیر ہو۔

شرمندۂ معنی (ف۔ صف) جس کے معنی ہوں۔ بامعنی۔

شَرمِیلا (شر۔ مِی۔ لا) (اُر۔ صف) شرم کرنے والا۔ حیادار۔ باحیا۔

شَرَن (شَ۔ رَن) (س۔ ا۔ مذ) پناہ۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ امن کی جگہ۔

شرنارتھی (ہ۔ ا۔ مذ) جو وطن چھوڑ کر آیا ہو۔ مہاجر۔ جمع: شرنارتھی۔ شرنارتھیوں۔

شُروا (شُر۔ وا) (اُر۔ ا۔ مذ) شوربا۔

شُروا پُھلکا (اُر۔ ا۔ مذ) شوربا اور پُھلکا (۲) ہلکی غذا۔

شُرواچٹ (اُر۔ صف) (۱) لیموں نچوڑ۔ لالچی (۲) ابنُ الوقت۔ زمانہ ساز۔

شُروح (شُ۔ رُوح) (ع۔ ا۔ مث) شرح کی جمع۔

شُرور (شُ۔ رُور) (ع۔ ا۔ مذ) شر کی جمع۔ بُرائیاں۔

شُروط (شُ۔ رُوط) (ع۔ ا۔ مث) شرط کی جمع۔ شرائط۔

شُروع (شُ۔ رُوع) (ع۔ ا۔ مذ) آغاز۔ ابتدا۔ پہل۔ اُٹھان۔

شُروعات (شُ۔ رُو۔ عات) (ع۔ ا۔ مث) شروع کی جمع مگر اُردو میں واحد مستعمل ہے۔

شَرّی (شَر۔ ری) (اُر۔ صف) (۱) فسادی۔ شریر (۲) بد۔ بُرا۔

شِری (شِ۔ ری) (س۔ ا۔ مث) خوش حالی۔ شادمانی۔ کامیابی (۲) (اعلیٰ ذات کے ہندو مردوں کے لئے کلمۂ خطاب) جناب۔ صاحب۔ مسٹر۔

شری مان (س۔ صف۔ مذ) (۱) خوش قسمت۔ دولت مند (۲) (کلمۂ خطاب) جناب۔

شری متی (س۔ صف) شری کی تانیث۔ اعلیٰ ذات کی ہندو عورتوں کے لئے کلمۂ خطاب۔

شِریان (شِر۔ یان) (ع۔ ا۔ مث) چھوٹی چھوٹی رگیں جن میں صاف سُرخ خون گردش کرتا ہے۔ جمع: شرائین۔ اُردو جمع: شریانوں۔ شریانیں۔

شَریر (شَ۔ ریر) (ع۔ صف) (۱) شرارتی (۲) بُرا۔ بدذات۔

شَریر (شَ۔ ریر) (س۔ ا۔ مذ) بدن۔ جسم۔

شَریعت (شَ۔ ری۔ عت) (ع۔ ا۔ مث) دیکھئے شرع۔ جمع: شُروع۔ شِراع۔ اُردو جمع: شریعتوں۔ شریعتیں۔

شَریف (شَ۔ ریف) (ع۔ صف) (۱) بزرگ۔ عالی خاندان (۲) بھلامانس۔ اصیل۔ مہذّب۔ جمع: شُرفا۔ اَشراف۔ اُردو جمع: شریف۔ شریفوں (۳) کلمۂ تعظیم جو شہروں اور مقدس مقامات کے لئے مستعمل ہوتا ہے جیسے شرق پور شریف۔

شریف زادہ (ع۔ صف) اشراف کا بیٹا۔ مہذّب۔

شریف الطّرفین (شَ۔ ری۔ فُط۔ طَ۔ رَ۔ فین) (ع۔ صف) ماں باپ دونوں کی طرف سے شریف۔

شریف النّفس (شَ۔ ری۔ فُن۔ نَفس) (ع۔ صف) شریف طبع۔ نیک

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خو۔ اچھی طبیعت کا۔

شریف و رذیل (ع۔ صف) ادنیٰ و اعلیٰ۔ نیک و بد۔ ہر قسم کے لوگ۔

شریفہ (شَ۔ ری۔ فہ) (ع۔ صف) (۱) شریف عورت (۲) (اِ۔ ا۔ مذ) دیکھیے سیتا پھل۔

شریک (شَ۔ ریک) (ع۔ صف) شرکت رکھنے والا۔ رفیق (۲) شامل۔ ملا ہوا۔ ملحق (۳) حصے دار۔ ساجھی (۴) ساتھی (۵) رشتے دار۔ جمع: شُرَکا۔

شریکِ حیات (شریکِ رنج و راحت) (ع۔ صف) زندگی کے دُکھ سُکھ کا ساتھی (کنایۃً) میاں بیوی۔

شریکِ مجرم (ف۔ صف) جُرم میں شامل۔

شریکِ حال (ع۔ صف) رنج و راحت کا ساتھی۔ دُکھ سُکھ کا ساتھی۔

شریکِ شِکمی (اِ۔ صف) وہ شخص جو کاشتکاری میں شریک ہو اور جس کے نام زمیندار کی طرف سے پٹّا ہو۔

شریک کرنا (اِ۔ مص مُرکّب) ساجھی بنانا۔ شامل کرنا۔ حصے دار بنانا۔

شریک ہونا (اِ۔ محاورہ) ملنا۔ ساتھ ہونا (۲) ساجھی ہونا۔

شِری مان (س۔ صف) شری کے تحت دیکھیے۔

شِری متی (س۔ صف) شری کے تحت دیکھیے۔

ش۔ ڑ

شڑاپ شڑاپ (اِ۔ ا۔ مث) کوڑے مارنے کی آواز۔

شڑپا (ہ۔ ا۔ مذ) گھونٹ بھرنا۔ کسی سیّال کو آواز کے ساتھ کھینچ کر پینا۔

ش۔ س

شِسْت (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مث) (۱) نشانہ۔ سیدھ۔ ہدف (۲) مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ بنسی (۳) انگشتانہ (فارسی میں بفتحِ اوّل بھی مستعمل ہے)۔

شِست باندھنا (اِ۔ محاورہ) نشانہ لگانا۔ سیدھ باندھنا۔

شُسْت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ اِ۔ مذ) دھونے کا عمل۔

شُست و شو (ف۔ ا۔ مث) نہانا دھونا۔

شُستگی (شُس۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) صفائی۔ دُھلا ہوا ہونا۔

شُستہ (شُس۔ تہ) (ف۔ صف) صاف کیا ہوا (۲) پاک۔ خالص (۳) دھویا ہوا۔ دُھلا ہوا۔

شستہ تقریر (زبان۔ گفتگو) (ف۔ ا۔ مث) سلیس اور صاف بات چیت۔

شستہ و رُفتہ (ف۔ صف) منجھا ہوا۔ پاکیزہ۔

ش۔ ش

شَش (بفتحۂ اوّل) (ف۔ صف) چھ۔ ۶۔

شش پہلو (گوشہ) (ف۔ صف) چھ کونوں والا۔

شش جہت (ف۔ ع۔ ا۔ مث) چھ اطراف۔ شمال، جنوب، مشرق، مغرب، اوپر، نیچے۔ تمام عالم۔ پوری کائنات۔

شش دانگِ عالم (ف۔ ا۔ مث) دیکھیے شش جہت۔

شش روز (ف۔ ا۔ مذ) دُنیا کی پیدائش کے چھ دن۔

شش عید (ششۂ عید) کے روزے (اِ۔ ا۔ مذ) عید الفطر کے بعد کے چھ روزے۔

شش ماہی (ف۔ صف) چھ ماہ کا۔ نصف سال کا (۲) (مث) نصف سال۔

شش و پنج (ف۔ ا۔ مذ) سوچ بچار۔ فکر و اندیشہ۔ گھبراہٹ۔

شُش (بضمِ اوّل) (ف۔ ا۔ مذ) پھیپھڑا۔

شُش (اِ۔ ا۔ مذ) وہ آواز جس کے ذریعے کتّے سے کسی پر حملہ کرایا جاتا ہے۔

شُشدر (شُش۔ دَر) (ف۔ صف) (۱) چھ دروازے کا مکان (۲) وہ جگہ جہاں سے نکلنا مشکل ہو (۳) (کنایۃً) حیران و پریشان۔ ہکا بکا۔

شُشکار (شُشکاری) (ہ۔ ا۔ مث) شش کہہ کر کتّے کو کسی شکار پر دوڑانا۔

شُشکارنا (شُش۔ کار۔ نا) (ہ۔ مص) کتّے کو شکار پر دوڑانا (۲) شش شش کرنا۔

شُشُم (شَ۔ شُم) (ع۔ عددِ ترتیبی) چھٹا۔

ش۔ ص

شَصْت (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ عدد) ساٹھ۔ ۶۰۔

ش۔ ط

شَطّ (بفتحۂ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دریا۔ ندی (۲) دریا کا کنارہ (۳) اُونٹ کے کوہان کی ایک طرف۔

شطُّ العرب (شط۔ طل۔ عَ۔ رَب) (ع۔ ا۔ مذ) عرب کا دریا جو دجلہ اور فرات کے ملنے سے بنتا ہے۔

شطّاح (شط۔ طاح) (ع۔ صف) بے حیا۔ بے شرم۔ بدچلن (عورت)۔

شطح (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) شریعت کے خلاف بکواس (۲) بے حیائی۔

شطحیات (شط۔ حِی۔ یات) (ع۔ ا۔ مذ و مث) شطح کی جمع (۱) زٹل بازی (۲) خلافِ شرع کلمات جو اللہ والوں کے منہ سے بے اختیار نکل جائیں۔

شطرنج (شط۔ رَنج) (ع۔ ا۔ مذ) ایک کھیل جو ۳۲ مُہروں اور ۶۴ خانوں سے کھیلا جاتا ہے۔ شطرنج فارسی شطرنگ کا معرّب ہے اور شطرنگ سنسکرت چترنگ کا مُفرس۔ ایک ہندو کی ایجاد ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شطرنج باز (ع۔ف۔صف) شاطر۔ شطرنج کا کھلاڑی۔
شطرنج بازی (ف۔ا۔مث) شطرنج کا کھیل۔
شطرنج کا نقشہ (أر۔ا۔مذ) شطرنج کی بازی۔ شطرنج کے چند مُہرے بساط پر رکھ کر قید لگاتے ہیں کہ اتنی چالوں میں مات کرے۔
شَطْرَنجی (شط۔رن۔جی)(أر۔ا۔مث)(۱) دری۔ ایک قسم کا سُوتی فرش (۲) بساط (۳)(ف۔ع۔صف) شطرنج باز۔

ش۔ع

شِعار (شِ۔عار)(ع۔ا۔مذ)(۱) چلن۔ طریقہ۔ طور۔ مُرکّبات کے آخر میں بھی آتا ہے جیسے ستم شعار۔ وفا شعار (۲) بدن سے لگا ہوا کپڑا۔ بنیان (۳) وہ نشان یا کلمہ جس سے فوجی ایک دُوسرے کو پہچانتے ہیں۔ جمع: شُعُر۔ اَشْعِرہ۔
شُعاع (شُ۔عاع)(ع۔ا۔مث)(۱) کرن (۲) روشنی۔ چمک۔ اُردو جمع: شعاعوں۔ شعاعیں۔
شُعاع ریزی (ع۔ف۔ا۔مث) چمکانا۔ درخشاں کرنا۔ روشنی ڈالنا۔
شُعاعی (شُ۔عا۔عی)(ع۔صف) کرن سے متعلق۔ روشن۔ چمکیلا۔
شَعائر (شَ۔عا۔ءِر)(ع۔ا۔مذ) شعیرہ کی جمع (۱) قربانیاں (۲) نشانیاں۔ رسُوم (۳) فرائض اور عبادات۔
شعائرِ حج (ع۔ا۔مذ) حج کے فرائض۔
شَعْب (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) پہاڑی سڑک۔ درّہ (۲) نیچی زمین (۳) خاندان۔ قبیلہ۔
شَعْبان (شَع۔بان)(ع۔ا۔مذ) لغوی معنی جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ ہجری سال کا آٹھواں قمری مہینہ۔ شب برأت کا مہینا۔
شُعْبَدہ (شُع۔بَ۔دہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) جادُو سے متعلق ہُنر یا کھیل (۲) نظربندی۔ دھوکا۔ فریب (۳) چالاکی کا مظاہرہ۔ اُردو جمع: شُعبدوں۔ شُعبدے۔
شُعبدہ باز (شُعبدہ گر) (ف۔ا۔مذ) وہ بازی گر جو حیرت انگیز کرتب دکھائے۔ بھان متی (۲) دھوکے باز (۳) مداری۔
شُعبدہ بازی (ف۔ا۔مث)(۱) نظربندی (۲) جادوگری (۳) چالاکی۔
شُعْبَہ (شُع۔بَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ٹکڑا۔ حِصّہ۔ شاخ (۲) وہ نہر جو کسی نہر سے نکالی جائے (۳) محکمہ۔ اُردو جمع: شعبوں۔ شعبے۔
شَعْر (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) بال۔ مُو۔ جمع: اَشعار۔
شِعْر (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کسی باریک چیز کا جاننا (۲) دو ہم وزن مصرعے (۳) نظم۔ بیت۔ گیت۔ جمع: اشعار۔ اُردو جمع: شعروں۔
شعر بنانا (أر۔محاورہ)(۱) شعر کہنا (۲) شعر کی اِصلاح کرنا۔
شعرِ تر (ع۔ف۔ا۔مذ) پاکیزہ و پُر لُطف شعر۔
شعر خوانی (ع۔ف۔ا۔مث) شعر پڑھنا۔
شعر ڈھل جانا (أر۔محاورہ) شعر کا بے ساختگی کے ساتھ موزوں ہو جانا۔

شعر فہمی عالمِ بالا معلوم شد (ف۔مثل) شعر ناشناسی یا نافہمی پر ایک طنز۔ اُوپر والوں کے شعر سمجھنے کا حال معلوم ہو گیا۔
شعر کہنا (أر۔محاورہ) شعر موزوں کرنا۔
شعر گو (ع۔ف۔صف) شعر کہنے والا۔ شاعر۔
شعر گوئی (ع۔ف۔ا۔مث) شاعری۔ شعر کہنا۔
شعر لڑنا (أر۔محاورہ) دو شاعروں کے اَشعار کا مضمون ایک ہونا۔
شعرِ مرا بمدرسہ کہ بُرد؟ (ف۔مقولہ) میرا شعر مدرسے میں کون لے گیا؟ اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی چیز ناقدروں کے ہاتھ پڑ جائے۔
شعر و سخن (ف۔ا۔مذ) شاعری۔
شُعَرا (شُ۔عَ۔را)(ع۔ا۔مذ) شاعر کی جمع۔
شَعْری (شَعْرِیَہ) (ع۔صف) شعر (بال) سے متعلق۔
شِعْری (ع۔صف) شعر سے متعلق۔
شِعْرِیّت (ع۔ا۔مث) شعر کا حُسن۔ شعر کی روح (۲) حُسن و رعنائی۔
شَعْشَعَہ (شَع۔شَ۔عَہ)(ع۔ا۔مذ) چمک۔ آفتاب کی روشنی (۲) حرف کا آخری حِصّہ (۳) افواہ۔ جھُوٹی رپورٹ۔
شُعْلَہ (شُع۔لَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) روشنی۔ چمک (۲) آگ کی لپٹ۔ لَو۔ اُردو جمع: شُعلوں۔ شُعلے۔
شعلہ آشام (ع۔ف۔صف) جلنے والا (۲)(مجازاً) شراب پینے والا۔
شعلۂ آواز (ع۔ف۔ا۔مذ) آواز کی تیزی جو دِل پر اثر کرے۔ پُرسوز آواز۔
شعلہ اُٹھنا (أر۔محاورہ)(۱) آگ کی لپٹ نکلنا (۲) غُصّہ آنا (۳) جلن ہونا۔
شعلہ افشاں (شعلہ فِشاں۔ شعلہ بار) (ع۔ف۔صف) شُعلے برسانے والا۔ جس سے شُعلے نکلیں۔
شعلۂ بَرق (ع۔ا۔مذ) بجلی کی چمک۔
شعلہ بھبُوکا ہونا (أر۔محاورہ) لال پیلا ہونا۔ غضب ناک ہونا۔ غُصّے سے سُرخ ہونا۔
شعلہ بھڑکنا (أر۔محاورہ) شُعلے کا تیز ہونا (۲) فساد کی آگ بھڑک اُٹھنا۔
شعلۂ جام (ع۔ف۔ا۔مذ) شراب۔
شعلۂ جوّالا (ع۔ا۔مذ) گرداگرد پھرنے والا شعلہ (۲) جلتی ہوئی بنَیٹی کا چکّر۔
شعلہ خُو (ع۔ف۔صف) تیز مزاج۔ تُند خُو۔
شعلہ رُخ (شعلہ رُو) (ع۔ف۔صف) دمکتے چہرے والا۔
شعلۂ درُوں (ع۔ف۔ا۔مذ) اندرونی آگ۔ دِل کی تپش۔
شعلہ زا (ع۔ف۔صف) شُعلہ پیدا کرنے والا۔
شعلہ زبان (ع۔ف۔صف) تیز زبان۔
شعلہ زن (ع۔ف۔صف) شُعلہ نکالنے والا۔
شعلۂ طُور (ع۔ا۔مذ) وہ نُور جو حضرت موسیٰؑ کو طُور پہاڑ پر دِکھائی دیا۔
شعلہ فِشاں (ع۔ف۔صف) دیکھئے شُعلہ اَفشاں۔
شعلۂ مُستعجل (مُس۔تَع۔جِل)(ع۔ا۔مذ) ناپائیدار شُعلہ (۲) اچھی مگر ناپائیدار چیز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شُعلے (اَر۔ا۔مذ)(۱) شُعلہ کی جمع (۲) شُعلہ کی مُغیّرہ صورت۔
شعلے اُگلنا (اَر۔محاورہ) کسی چیز کا آگ کی لپٹیں نکالنا۔
شُعُوب (شُ۔عُوب)(ع۔ا۔مذ) شُعَب کی جمع۔
شُعُور (شُ۔عُور)(ع۔ا۔مذ)(۱) عقل۔ دانش (۲) تمیز۔ پہچان (۳) سمجھ۔ سلیقہ۔
شعور پکڑنا (اَر۔محاورہ) ہوش سنبھالنا۔ ہوشیار ہونا (۲) تمیز سیکھنا۔
شُعَیب (شُ۔عَیب)(ع۔ا۔مذ) ایک مشہور پیغمبر کا نام جو حضرت ہُود ؑ، صالح ؑ اور لوط ؑ کے بعد اصحاب الایکہ پر مبعوث ہوئے تھے۔
شَعِیر (شَ۔عِیر)(ع۔ا۔مذ) جَو۔

ش۔غ

شَغال (شَ۔غال)(ف۔ا۔مذ) گیدڑ۔ (بکسر اوّل بھی صحیح ہے)۔
شَغَب (شَ۔غَب)(ع۔ا۔مذ) شور۔ غُل۔ شور کے ساتھ مستعمل ہے (شور و شغب)۔
شَغَف (شَ۔غَف)(ع۔ا۔مذ) بے حد محبت۔ بے اِنتہا رغبت۔ کمال دلچسپی۔
شُغل (شُغْل)(شُغُل)(ع۔ا۔مذ)(۱) کام دھندا (۲) مشغلہ۔ پیشہ (۳) تفریحِ طبع (۴) خُدا کا دھیان۔
شغل کرنا (اَر۔محاورہ) کسی کام میں مشغول ہونا۔ کھانے پینے، حُقّہ پینے وغیرہ کے لئے مستعمل ہے۔

ش۔ف

شَفا (شَ۔فا)(ع۔ا۔مث) کنارہ۔ ساحل۔
شِفا (شِ۔فا)(ع۔ا۔مث) بیماری کے بعد صحت۔ تندرستی۔
شِفا بخش (ع۔ف۔صف) شِفا دینے والا۔ تندرست کرنے والا۔
شِفا پانا (اَر۔محاورہ) بیماری سے صحت پانا۔ صحت یاب ہونا۔
شِفا خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) بیماروں کے علاج کی جگہ۔ ہسپتال۔
شِفایاب ہونا (اَر۔محاورہ) صحت ہونا۔ تندرست ہونا۔
شَفاعَت (شَ۔فا۔عَت)(ع۔ا۔مث) گُناہوں کی معافی کی سفارش۔
شفاعت کُنِندہ (شفاعت گر) (ع۔ف۔صف) شفاعت کرنے والا۔
شَفّاف (شَف۔فاف)(ع۔صف) نہایت صاف جس میں آر پار نظر آئے۔
شَفتالو (شَف۔تالو)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا آڑو۔
شَفتَل (شَف۔تَل)(اَر۔صف) بدچلن، بدکار عورت (۲)(ا۔مذ) ایک قسم کا چارہ جسے شفتلا بھی کہتے ہیں۔
شِفٹ (Shift)(انگ۔ا۔مث)(مزدوروں کی) بدل چوکی (۲) تبدیل کرنا۔
شُفعَہ (شُف۔عَہ)(ع۔ا۔مذ) ہمسایہ کی جائیداد کو خریدنے کا حق۔ نیز دیکھئے حقِ شُفعہ۔

شَفَق (شَ۔فَق)(ع۔ا۔مث) سُرخی جو طلوعِ آفتاب سے پیشتر صبح کو اور غروبِ آفتاب کے بعد شام کو نمودار ہوتی ہے۔ جمع: اَشفاق۔
شفق پھولنا (کھلنا) (اَر۔محاورہ) شفق کا نمودار ہونا۔
شفق کا ٹکڑا (اَر۔صف) نہایت حسین۔
شَفقَت (شَف۔قَت)(ع۔ا۔مث)(۱) لطف۔ مہربانی۔ رحم (۲) محبت۔ پیار۔ جمع: اَشفاق۔ اُردو جمع: شفقتوں۔ شفقتیں۔
شَفَقی (شَ۔فَ۔قی)(ع۔صف) شفق سے متعلق۔ شفق کی مانند۔
شَفِیع (شَ۔فِیع)(ع۔صف) شفاعت کرنے والا (۲) شفعہ کا حق رکھنے والا۔ جمع: شُفعاء۔
شَفِیعُ الاُمَم (شَ۔فی۔عُل۔اُ۔مَم)(ع۔صف) اُمّت کی شفاعت کرنے والا۔ پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب۔
شفیعُ الوریٰ (ع۔صف) بنی نوعِ اِنسان کی شفاعت کرنے والا۔ پیغمبرِ اسلام ؐ۔
شفیعِ محشر (ع۔صف) شافعِ محشر۔ حشر کے دن شفاعت کرنے والا۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا لقب۔
شَفِیق (ع۔صف)(۱) مہربان۔ غم خوار۔ ہمدرد (۲) پیارا۔ جمع: شُفَقا۔

ش۔ق

شَقّ (بفتحہ اوّل و تشدید دوم)(ع۔صف)(۱) پھٹا ہوا۔ شگاف پڑا ہوا (۲)(ع۔ا۔مذ) شگاف۔ دراڑ۔
شقُّ القمر (شَق۔قُل۔قَ۔مَر)(ع۔ا۔مذ) چاند کا پھٹ جانا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کا مُعجزہ۔
شِقّ (بکسر اوّل)(ع۔ا۔مث)(۱) نِصف حِصّہ (۲) ٹکڑا۔ حِصّہ (۳) طرف۔ جانب (۴) قسم۔ نوع (۵) جھگڑا (۶)(قانون) دفعہ کا ایک حِصّہ۔ اُ۔ جمع: شقوں۔ شقیں۔
شِق دار (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) تحصیل دار۔ محصّل (۲)(صف) تکلیف دہ۔ مشکل (۳) نامعلوم۔ غیر مُعیّن (۴) حیران کرنے والا۔
شِق نکالنا (اَر۔محاورہ) شُبہ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
شِق نکلنا (اَر۔محاورہ) جھگڑا ہونا۔ شاخ نکلنا۔
شِقا (شِ۔قا)(ع۔ا۔مث) بدبختی۔
شِقاق (شِ۔قاق)(ع۔ا۔مذ) دُشمنی۔ مُخالفت۔ نفاق۔
شَقاوَت (ع۔ا۔مث)(۱) بدبختی۔ بدنصیبی (۲) بدمعاشی (۳) سنگ دلی۔
شَقائِق (شَ۔قا۔اِق)(ع۔ا۔مذ) شقیقہ کی جمع (۲) شگاف (۳) گُلِ لالہ۔
شُقّہ (شُق۔قَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ رُقعہ جو بادشاہ اپنے اُمرا کو کسی ضروری اَمر کے لئے لکھے۔ خط۔ رُقعہ (۲) وہ کپڑا جو علم میں باندھتے ہیں۔ پھریرا۔
شَقی (شَ۔قی)(ع۔صف)(۱) بدبخت۔ بدنصیب (۲) ظالم۔ سنگ دِل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جمع: اشقیاء۔

شقی القلب (ع۔صف) سنگ دل۔ ظالم۔

شِقّیق (شَ۔قیق)(ع۔صف) نصف۔ آدھا ٹکڑا۔ ہر چیز کا نصف (۲) سگا بھائی۔

شقیقہ (شَ۔قی۔قہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) کنپٹی (۲) آدھے سر کا درد۔ اُدھ سیسیا۔

ش-ک

شَک (بفتحہ اوّل)(ع۔ا۔مذ) شُبہ۔ گمان۔ اِحتمال۔ اِشتباہ۔ اِبہام۔ جمع: شکوک۔

شک آنا (پڑنا) (اَر۔محاورہ) شُبہ پیدا ہونا۔ گمان ہونا۔

شک دُور ہونا (اَر۔مص مُرکّب) شُبہ رفع ہونا۔

شک ڈالنا (اَر۔محاورہ) شُبہ پیدا کرنا۔

شک رفع کرنا (اَر۔محاورہ) شُبہ دُور کرنا۔ شک نکالنا۔

شک ظاہر کرنا (اَر۔محاورہ) شُبہے کا اِظہار کرنا۔

شک گزرنا (اَر۔محاورہ) شُبہ ہونا۔

شک ہونا (اَر۔مص مُرکّب) شُبہ ہونا۔ شک گزرنا۔

شِکار (شِ۔کار)(ف۔ا۔مذ)(۱) جانوروں کو مارنا (۲) مارا ہوا جانور (۳) وہ جانور جس کا شکار عام طور پر کیا جاتا ہے (۴) لُوٹ۔ مُفت کا مال۔

شکار بند (ف۔ا۔مذ) وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے قریب شکار لٹکانے یا ضروری سامان باندھنے کے لئے ہوتا ہے۔

شکار پیشہ ماں (ف۔مثل) شکار بیکار لوگوں کا مشغلہ ہے۔

شکار کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) کسی جانور یا حیوان کو مارنا (۲) قابو میں لانا (۳) فریفتہ کرنا۔ مسخّر کرنا۔ مغلوب کرنا (۴) فریب سے لُوٹنا۔

شکار کھیلنا (اَر۔محاورہ) جانور کو مارنا۔ جانور کو پکڑنا۔

شکار کی ٹٹی (اَر۔ا۔مث) ایک چھوٹی سی ٹٹی جس پر گھاس اور پتّے باندھ کر شکاری اپنے پاس رکھتا ہے اور بوقتِ شکار اُس کی آڑ میں ہو جاتا ہے تاکہ جانور اُسے دیکھ نہ سکے۔

شکار کے وقت کتیا ہگاسی (اَر۔مثل) کام کے وقت حیلے بہانے کرنا۔ عین موقع پر ٹل جانا۔

شکار گاہ (ف۔ا۔مث) شکار کھیلنے کا جنگل۔ رمنا۔ صیدگاہ۔

شکار ہاتھ آنا (اَر۔محاورہ) شکار کا جانور ملنا۔ کسی کا وکیلوں، طوائفوں یا بدمعاشوں کے قابو میں آنا (۲) مُفت ملنا۔

شکار ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) کسی جانور کا مارا جانا (۲) جال میں پھنسنا۔ قابو میں آنا (۳) عاشق ہونا۔ مفتون ہونا۔

شِکاری (شِ۔کاری)(ف۔ا۔مذ)(۱) شکار کرنے والا شخص (۲) صیاد۔ اُردو جمع: شکاری۔ شکاریوں (۳)(ف۔صف) شکار کا۔ شکار سے نسبت رکھنے والا۔

شکاری جانور (ف۔ا۔مذ) شکار کرنے والا جانور۔

شکاری کتّا (اَر۔ا۔مذ) شکار پکڑنے والا کتّا۔

شِکال (شِ۔کال)(ع۔ا۔مذ) وہ گھوڑا جس کی تین ٹانگیں سفید اور چوتھی کسی اور رنگ کی ہو۔ عیب دار گھوڑا۔

شِکایَت (شِ۔کا۔یت)(ع۔ا۔مث)(۱) گلہ۔ شکوہ (۲) مرض۔ بیماری (۳) فریاد (۴) بُرائی۔ بدی۔ جمع: شکایات۔ اُردو جمع: شکایتوں۔ شکایتیں۔

شکایت آمیز (ع۔ف۔صف) شکایت سے بھرا ہوا۔ جس میں شکایت پائی جائے۔

شکایت رفع کرنا (اَر۔محاورہ) دُکھ درد دُور کرنا۔ تکلیف مٹانا۔ شکایت یا گلے کی تلافی کرنا۔

شکایت کرنا (اَر۔مص مُرکّب) گلہ کرنا۔ دُکھڑا رونا (۲) نسبت کرنا (۳) کوئی تکلیف ہونا۔

شکایت مند (ع۔ف۔صف) شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔

شکایت ہونا (اَر۔مص مُرکّب) گلہ ہونا (۲) کوئی بیمار ہونا۔

شِکایَتی (شِ۔کا۔یَ۔تی)(اَر۔صف) شکایت سے متعلق (۲) شکایت کرنے والا۔

شَکتی (شک۔تی)(س۔ا۔مث) طاقت۔ بل۔ زور۔

شَکَر (شَکّر) (شَ۔کر)(شک۔کر)(ف۔ا۔مث) کھانڈ۔ چینی۔ بُورا۔

شکر پارہ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو مربّع شکل کی ہوتی ہے۔

شکر تری (ف۔ا۔مث) سفید شکر۔

شکر خا (ف۔ا۔مث)(۱) شکر چباتا ہوا (۲) شیریں سخن۔

شکر خنّد (شکر خندہ) (ف۔ا۔مث) مُسکراہٹ۔ تبسّم۔

شکر خوابی (ف۔ا۔مث) میٹھی نیند۔

شکر خور (شکر خورا) (ف۔ا۔مذ)(۱) ایک پرند جو مٹھاس نہایت شوق سے کھاتا ہے (۲) تر مال کھانے والا۔

شکر خورے کو خُدا شکر ہی دیتا ہے (اَر۔مثل) جیسی خواہش ہو ویسے ہی سامان پیدا ہو جاتے ہیں۔

شکر خورے کو شکر مُوذی کو ٹکّر (اَر۔مثل) اچھے کو اچھی جزا اور بُرے کو سزا ملتی ہے۔

شکر دان (ف۔ا۔مذ) چینی رکھنے کا برتن۔

شکر دہاں (ف۔صف) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔

شکر رنجی (ف۔ا۔مث) معمولی سی رنجش۔

شکر ریز (ف۔صف) شیریں گفتار۔ خوش طبع۔ پُر مذاق (۲) وہ روپیہ پیسا جو دُولھا دُلہن پر سے نچھاور کرتے ہیں (۳) خوشی کے آنسو۔

شکر زبان (ف۔صف) شیریں سخن۔ خوش گفتار۔

شکر سے مُنہ بھرنا (اَر۔محاورہ) کسی خوش خبری کے شکریئے میں مٹھائی کھلانا۔ مُنہ میٹھا کرانا۔

شکر شِکن (ف۔صف) شیریں زبان۔ شیریں کلام۔

شکر فروش (ف۔ا۔مذ و صف) شکر بیچنے والا (۲) شیریں زبان۔

شکر قند (قندی) (اَر۔ا۔مث) آلو کی قسم کی میٹھی جڑ جسے اُبال کر یا ریت میں بھون کر کھاتے ہیں۔

شکر گفتار (شکر مِقال) (ف۔صف) شیریں سخن۔ شیریں زبان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شکر گنج (ف۔ صف) (۱) شکر کا خزانہ (۲) حضرت فرید الدینؒ مسعود کا لقب۔

شکر لب (ف۔ صف) میٹھے ہونٹوں والا۔

شُکر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) اِحسان ماننا۔ اِحسان کی تعریف کرنا۔

شکرِ ایزد (شکرِ خُدا) (ع۔ ا۔ مذ) اللہ کا شکر۔ خُدا کے اِحسان کی تعریف کا اِظہار۔

شُکر کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) اِحسان مند ہونا (۲) راضی برضا ہونا۔

شکر کی جگہ ہونا (اُر۔ محاورہ) اِحسان ماننے کا موقع محل ہونا۔

شکر گُزار (ف۔ صف) اِحسان ماننے والا۔ اِحسان مند۔ ممنون۔

شکر گُزاری (ف۔ ا۔ مث) اِحسان مندی۔ ممنونیت۔

شُکَّر (شُک۔ کر) (س۔ ا۔ مذ) سیارہ زُہرہ۔

شُکر وار (س۔ ا۔ مذ) شُکر کا دن۔ جُمعہ۔

شُکرانہ (شُک۔ رانہ) (اُر۔ ا۔ مذ) وہ خشکہ جس میں کھانڈ اور گھی ملا کر کھاتے ہیں۔

شُکرانہ (شُک۔ رانہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شکریہ (۲) وہ رقم جو کام کرانے کے بعد علاوہ محنتانہ کے بطور شکریہ دی جائے۔

شُکرانے (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) شکرانہ کی جمع (۲) شکرانہ کی مُغیّرہ صورت۔

شُکرانے کے نفل پڑھنا (اُر۔ مص مُرکّب) مُراد پوری ہونے پر بطور شُکر نفل پڑھنا۔

شِکرم (شِک۔ رَم) (اُر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی چار پہیوں والی گاڑی۔

شِکرہ (شِک۔ رَہ) (ف۔ ا۔ مذ) باز کی قسم کا ایک چھوٹا سا شکاری پرندہ۔

شکرہ پالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خواہ مخواہ کی مُصیبت مول لینا (۲) خرچ باندھنا (۳) بھروسا کرنا۔

شُکریّہ (شُک۔ ری۔ یَہ) (ع۔ اُر۔ ا۔ مذ) کسی کے اِحسان کا تعریف کے ساتھ اِظہار۔

شِکَست (شِ۔ کست) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ہار۔ ہزیمت۔ مات (۲) ٹوٹ پھوٹ۔ شکستگی۔ اُردو جمع: شکستوں۔ شکستیں۔

شِکست پانا (اُر۔ محاورہ) ہار جانا۔ زک اُٹھانا۔ مات کھانا۔

شِکست پذیر (ف۔ صف) کچّا۔ نازک (۲) ٹوٹ جانے والا۔

شِکستِ توبہ (ف۔ ا۔ مث) توبہ کا توڑنا یا ٹوٹنا۔

شِکست خوردہ (ف۔ صف) ہارا ہوا۔ ہزیمت کھایا ہوا۔

شِکستِ فاش (فاحِش) (ف۔ ا۔ مث) کھلی شکست۔ ایسی شکست جس میں کسی کو شُبہ نہ ہو۔ بھاری شکست۔

شِکست کھانا (اُر۔ محاورہ) ہار جانا۔ زک اُٹھانا۔

شِکست و ریخت (ف۔ ا۔ مث) ٹوٹ پھوٹ۔ نُقصان۔ ہرجہ۔

شِکست یافتہ (ف۔ صف) ہزیمت خوردہ۔ ہارا ہوا۔

شِکَستگی (شِ۔ کس۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) ٹوٹ پھوٹ۔ انہدام۔

شِکَستہ (شِ۔ کس۔ تہ) (ف۔ صف) (۱) ٹوٹا ہوا (۲) خراب۔ بے رونق (۳) وہ رَسمُ الخط جو گھسیٹ کر لکھا جائے۔

شکستہ بال (شکستہ بازُو۔ شکستہ پا۔ شکستہ پَر) (ف۔ صف) بے کس۔ بے بس۔ کمزور۔ ضعیف۔

شکستہ خاطر (شکستہ دِل) (ف۔ صف) اُداس۔ غمگین۔ مایوس۔

شکستہ حال (ف۔ صف) خستہ حال۔ محتاج۔ مُصیبت زدہ۔

شکستہ رنگ (ف۔ صف) جس کا رنگ اُڑا ہوا ہو۔

شکستہ نویس (ف۔ صف) شکستہ رَسمُ الخط لکھنے والا۔

شِکشا (شِک۔ شا) (س۔ ا۔ مث) علم۔ تحصیلِ علم۔ وِدیا (۲) تعلیم دینا۔ تربیت کرنا (۳) سزا۔ تعزیر۔ تادیب۔

شَکل (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) صورت۔ روپ (۲) چہرہ (۳) وضع۔ ڈھنگ۔ انداز (۴) طور طریق (۵) نوع۔ قسم (۶) نقشہ۔ ڈھانچا (۷) تدبیر۔ سبیل (۸) صورت (۹) حالت۔ گت (۱۰) (صف) مُشابہ۔ مثل۔ مانند۔ جمع: اَشکال۔ اُردو جمع: شکلوں۔ شکلیں۔

شکل بدلنا (اُر۔ محاورہ) صورت تبدیل کرنا۔ وضع بدلنا۔ بھیس بدلنا۔

شکل بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) صورت بگاڑنا۔ چہرہ بدصورت کر دینا (۲) مار پیٹ کر بدصورت کر دینا۔

شکل بنانا (اُر۔ محاورہ) (۱) نقشہ بنانا۔ خاکہ کھینچنا (۲) نقل کرنا۔ کسی صورت کا اِختیار کرنا (۳) چہرہ بگاڑنا۔ مُنہ بنانا۔

شکل پکڑنا (اُر۔ محاورہ) صورت اِختیار کرنا۔

شکل تو دیکھو (اُر۔ محاورہ) (طنزاً) حوصلہ دیکھو۔ ہمّت دیکھو۔

شکل چڑیلوں کی مزاج (دماغ) پریوں کا (اُر۔ مثل) بدصورتی پر غرور کرنے والی۔

شکلِ حماری (ع۔ ا۔ مث) گدھے کی سی شکل۔ اقلیدس کے پہلے مقالے کی بیسویں شکل جو ایسی آسان ہے کہ اُسے نہ سمجھنے والا گدھا یا احمق سمجھا جاتا ہے۔

شکل زہر معلوم ہونا (اُر۔ محاورہ) صورت سے نفرت ہونا۔

شکل سے بیزار ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت نفرت کرنا۔

شکل نکالنا (اُر۔ محاورہ) موقع نکالنا۔ کوئی تدبیر پیدا کرنا۔

شکل و شباہت (ع۔ ا۔ مث) صورت۔ چہرہ۔ رنگ ڈھنگ۔

شکل و شمائل (ع۔ ا۔ مث) صورت و سیرت۔

شِکم (شِکَم) (ف۔ ا۔ مذ) پیٹ۔ بطن۔

شِکم بندہ (شِکم پرست۔ شِکم پرور) (ف۔ صف) (۱) پیٹو۔ کھاؤ (۲) حریص۔ لالچی۔

شِکم سیر (ف۔ صف) پیٹ بھرا۔ رجا ہوا۔ آسودہ۔

شِکمی (شِک۔ می) (ف۔ صف) (۱) جنم کا۔ مادر زاد۔ پیدائشی (۲) پیٹ سے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

حلق (۳) نخ کا۔ اندرونی (۴) پُرخور۔ پیٹو (۵) وہ کاشتکار جو اراضی کو اصلی کاشتکار سے لے کر جوتے بوئے۔

شِکَن (شِ۔کَن) (ف۔ا۔مذ ومث) (۱) چین۔ بَل (۲) جھول۔ سِلوٹ (۳) شکستن مصدر کا صیغہ امر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل بناتا ہے اور توڑنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے بُت شکن۔

شکن در شکن (ف۔صف) پیچدار۔ زلف اور بالوں کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

شکن ڈالنا (اُر۔محاورہ) بَل ڈالنا۔

شِکَنجہ (شِ۔کَن۔جہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) مجرموں کو سزا دینے کا آلہ (۲) جلد سازوں کا ایک اوزار جس میں کتابیں دبا کر کاٹتے یا پُشتہ لگاتے ہیں (۳) عذاب۔ ایذا۔ دُکھ۔ تکلیف۔ اُردو جمع: شکنجوں۔ شکنجے۔

شکنجۂ آبی (ف۔ا۔مذ) روئی دبانے کا ایک آلہ جو پانی کے دباؤ سے روئی کے حجم کو کم کر دیتا ہے (۲) پریس۔

شکنجے (اُر۔ا۔مذ) (۱) شکنجہ کی جمع (۲) شکنجہ کی مغیرہ صورت۔

شکنجے میں کھچوانا (شکنجے میں کھینچنا) (اُر۔محاورہ) (۱) مظلوم کو شکنجے کے ذریعے عذاب دینا (۲) سخت سزا دینا (۳) چاروں طرف سے جکڑ دینا۔

شَکُور (شَ۔کُور) (ع۔ا۔مبالغہ) (۱) بہت شکر کرنے والا (۲) بہت قدر کرنے والا (۳) خدا کا ایک صفاتی نام۔

شُکُوک (شُ۔کُوک) (ع۔ا۔مذ) شک کی جمع۔

شِکْوَہ (شِک۔وَہ) (ع۔ا۔مذ) شکایت۔ گلہ۔ اُردو جمع: شکووں۔ شکوے۔

شکوہ سنج (گوار) (ف۔صف) شکایت کرنے والا۔

شکوہ گزاری (سنجی) (ف۔ا۔مث) گلہ۔ دوستانہ شکایت۔

شکوہ مند (ف۔صف) شکوہ کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔

شُکُوہ (شُ۔کوہ) (شِ۔کوہ) (شُ۔کوہ) (ف۔ا۔مذ) رُعب داب۔ شان و شوکت۔

شَکّی (شَک۔کی) (اُر۔صف) (۱) وہمی۔ شُبہ کرنے والا (۲) غیر یقینی۔

شِکیب (شِ۔کیب) (بیائے مجہول) (ف۔ا۔مذ) صبر۔ تحمل۔ بُردباری۔ برداشت۔ صبوری۔ (اردو میں عموماً صبر و شکیب استعمال ہوتا ہے)۔

شکیب رُبا (ف۔صف) صبر لے جانے والا۔ سخت تکلیف دہ۔

شِکیبائی (شِ۔کے۔با۔ای) (ف۔ا۔مث) دیکھئے شکیب۔

شَکیل (شَ۔کیل) (اُر۔صف) حسین۔ خوبصورت۔ وجیہ۔ (اردو والوں کی ایجاد ہے۔ انہوں نے یہ لفظ عربی لفظ شکل سے بنایا ہے)۔

شَکیلہ (شَ۔کی۔لہ) (اُر۔صف) شکیل کی تانیث۔ خوبصورت عورت۔

ش۔گ

شِگاف (شِ۔گاف) (ف۔ا۔مذ) (۱) درز۔ دراڑ۔ جھری (۲) قلم کے بیچ کا چراؤ۔ اُردو جمع: شگاف۔ شگافوں۔

شگاف پڑنا (اُر۔محاورہ) پھٹ جانا۔

شگاف دینا (شگاف لگانا) (اُر۔محاورہ) (۱) قلم کو چیرنا (۲) نشتر لگانا۔ چیرا دینا۔

شِگَرف (شِ۔گَرف) (شِ۔گرف) (ف۔صف) (۱) عُمدہ۔ عجیب (۲) نادر (۳) نیک۔ بُزرگ (۴) خوبصورت۔ حسین۔

شِگُفت (شِ۔گُفت) (ف۔صف) خوش۔ کِھلا ہوا (۲) (ف۔ا۔مث) تفریح۔ خوشی (۳) شگفتن مصدر کا ماضی مطلق۔

شِگُفتگی (شِ۔گُف۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) پُھول کا کِھلنا (۲) خوشی۔ مسرت۔ فرحت (۳) سرسبزی۔ شادابی۔

شِگُفتن (شِ۔گُف۔تَن) (ف۔مص) کِھلنا۔

شِگُفتہ (شِ۔گُف۔تہ) (ف۔صف) (۱) کھلا ہوا (۲) خوش۔ شادمان۔ مسرور۔

شگفتہ بحر (ف۔ع۔ا۔مث) وہ بحر جس کے اشعار میں الفاظ کی روانی پائی جائے۔

شگفتہ پیشانی (ف۔صف) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔

شگفتہ خاطر (ف۔صف) خوش مزاج۔ بشاش۔

شگفتہ دِل (طبع۔ مزاج) (ف۔صف) خوش مزاج۔ ہنس مکھ۔

شگفتہ رُو (ف۔صف) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔

شگفتہ زمین (ف۔ا۔مث) وہ ردیف و قافیہ جس میں اچھے شعر نکلیں۔

شُگُن (شُ۔گُن) (شَ۔گُن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شگون۔ فال (۲) نذرانہ۔ نقد۔ نیگ۔ نیز دیکھئے شگون۔

شگن کرنا (ہ۔محاورہ) (۱) کسی کام کو اچھے وقت میں شروع کرنا (۲) ابتدا کرنا۔ پہل کرنا۔

شگنیا (شَ۔گُن۔یا) (ہ۔ا۔مذ) رمال۔ فالیا۔ نجومی۔

شِگُوفہ (شِ۔گُو۔فہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کلی۔ بن کھلا پھول (۲) عجیب و انوکھی بات۔ اُردو جمع: شگوفوں۔ شگوفے۔

شگوفہ پھوٹنا (اُر۔محاورہ) (۱) کلیاں نکلنا۔ کلیاں کھلنا (۲) انوکھی بات نکلنا (۳) فتنہ کھڑا ہونا (۴) ناگہاں کوئی امر پیش آنا۔

شگوفہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) کوئی فتنہ انگیز بات کہنا۔

شگوفہ کاری (ف۔ا۔مث) گُل کاری۔ پھول پتی بنانا (۲) قدرت کا نمونہ۔

شگوفہ کھلانا (اُر۔محاورہ) (۱) پھول کھلانا۔ بہار دکھانا (۲) انوکھی بات کرنا (۳) فتنہ اٹھانا۔

شگوفے (اُر۔ا۔مذ) شگوفہ کی جمع (۲) شگوفہ کی بدلی ہوئی شکل بحالت اِمالہ۔

شگوفے نکالنا (اُر۔محاورہ) عیب نکالنا۔

شُگُون (شُ۔گُون) (ف۔ا۔مذ) (۱) شگن۔ فال (۲) مبارک گھڑی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نیک ساعت۔

شگون لینا (اُر۔ محاورہ) فال لینا۔ مُبارک گھڑی دیکھنا۔ کسی کام کے ہونے یا نہ ہونے کا وقت دیکھنا۔

شگون ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کا نیک ساعت یا مُبارک گھڑی میں شروع ہونا۔

ش-ل

شَل (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ صف)(۱) بے حس (۲) تھکا ماندہ۔

شل ہو جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) تھک جانا (۲) ہاتھ پاؤں کا سُن ہو جانا (۳) جسم کے کسی عضو کا بیکار ہو جانا۔

شِل (بکسرِ اوّل) (ف۔ا۔مذ) چھوٹا نیزہ (۲) برچھی۔ ترشول (۳) مچھلی مارنے کا نیزہ۔

شَلاق (شَ۔لاق) (ف۔ا۔مذ) دُرّے مارنا۔ بہت مارنا (۲) لاٹھی۔ چابک (۳) جماع۔

شَلجَم (شَلغَم) (شَل۔جَم) (شَل۔غَم) (ف۔ا۔مذ) ایک گول جڑیلی ترکاری۔ اُردو جمع: شلجم۔ شلجموں۔

شَلخ (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) بندوق کی باڑھ (۲) منی (۳) فرج۔

شَلَق (شَلَک)(شَ۔لَق)(شَ۔لَک)(ف۔ا۔مث) بندوقوں یا توپوں کی باڑھ جو سلامی کے لئے چھوڑی جائے۔

شلک اُڑانا (اُر۔ محاورہ) باڑھ چلانا (۲) سلامی اُتارنا (۳) گپ ہانکنا۔ پاد مارنا۔

شَلَنگ (شَ۔لَنگ)(شِ۔لِنگ)(ف۔ا۔مث) چھلانگ۔ جست۔ چھلانگ۔

شلنگ بھرنا (اُر۔ محاورہ) چھلانگ مارنا۔ اُونچا اُچھلنا۔

شِلنگ (Shilling) (اَنگ۔ا۔مذ) انگریزی سِکّہ جو بارہ پنس کا ہوتا ہے۔

شَلنگا (اُر۔ا۔مذ) دُور دُور کا ٹانکا۔ (سِلائی میں)۔ جمع: شلنگوں۔ شلنگے۔

شَلنگے (شَ۔لنگے)(اُر۔ا۔مذ) شلنگا کی جمع۔

شلنگے بھرنا (اُر۔ محاورہ) دُور دُور ٹانکے لگانا۔

شَلوار (شَل۔وار)(ف۔ا۔مث) بھاری گاؤدُم پاجامہ۔ اُردو جمع: شلواروں۔ شلواریں۔

شَلوکا (شَ۔لو۔کا)(ہ۔ا۔مذ) کُہنیوں تک آستینوں کا کرتا جو کمر تک ہوتا ہے۔

شُلّہ (شُل۔لہ)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھانا جو چاولوں کو شوربے میں گلا کر پکاتے ہیں۔

شَلیتا (شَلیتہ) (شَ۔لی۔تا)(شَ۔لی۔تہ)(ہ۔ا۔مذ) ٹاٹ کا بڑا تھیلا۔

ش-م

شُما (بضمِ اوّل)(ف۔ ضمیر) تُم۔ آپ۔

شَماتت (شَ۔ما۔تت)(ع۔ا۔مث)(۱) کسی کے نُقصان پر خوش ہونا (۲) خندہ زنی۔

شُمار (شُ۔مار)(ف۔ا۔مذ)(۱) گنتی۔ تعداد (۲) حساب۔ تخمینہ۔

شمار دانے (ف۔اُر۔ا۔مذ) وہ دانے جو تسبیح کے پُھندنے میں سینکڑوں کا حساب کرنے کے لئے ہوتے ہیں۔

شمار سے باہر (اُر۔ صف) بے حساب۔ اَن گنت۔

شمار کنندہ (ف۔ صف)(۱) شمار کرنے والا (۲) علمِ حساب میں کسر کے اُوپر کا عدد جیسے ۲/۳ میں دو۔

شمار میں نہ لانا (اُر۔ محاورہ) کچھ نہ سمجھنا۔ کچھ نہ ماننا۔ پروا نہ کرنا۔

شمار میں نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بالکل معمولی ہونا۔

شمار نویس (ف۔ا۔مذ) مُحاسب۔ حساب کرنے والا۔

شُماریات (شُ۔ما۔ر۔یات)(ف۔ا۔مث) دیکھئے اعداد و شمار۔

شِمال (شِ۔مال)(ع۔ا۔مذ)(۱) بایاں ہاتھ (۲) اُتّر کی جانب یا سمت۔ قطبِ شمالی کی سمت (۲) خصلت۔ عادت۔ طبیعت۔ جمع: شمائل۔

شِمال رُو (شِمال رُویہ) (ف۔ صف) جس کا رُخ شمال کی طرف ہو۔

شِمالی (شِ۔ما۔لی)(ف۔ صف) شمال سے منسوب۔ اُتّر کا۔

شمالی ہوا (ف۔ا۔مث) بادِ شمال۔ اُتّر کی ہوا۔

شَمامہ (شَ۔ما۔مہ)(ع۔ا۔مذ) خوش بو۔ خوش بو کی گولیاں۔

شَمائل (شَ۔ما۔اِل)(ع۔ا۔مذ) شِمال و شمیلہ کی جمع۔ عادتیں۔ خصلتیں۔

شَمائم (شَ۔ما۔اِم)(ع۔ا۔مذ) شمیمہ کی جمع۔ خوش بوئیں۔

شِمر (شِ۔مر)(ع۔ا۔مذ)(۱) حضرت امام حسینؓ کا قاتل۔ یزیدی فوج کا جرنیل (۲)(کنایۃً) مَردود۔ شقی۔ ظالم۔

شُمُردگی (شُ۔مُر۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) گِننا۔ شمار کرنا۔

شُمُردہ (شُ۔مُر۔دہ)(ف۔ صف) گِنا ہوا۔ شمار کیا ہوا۔

شَمس (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) سُورج۔ آفتاب۔ جمع: شموس۔

شمسُ الثّقلین (ع۔ا۔مذ) اِنسانوں اور جنوں کا سُورج۔ مُراد پیغمبر ﷺ۔

شمسُ العُلَماء (ع۔ خطاب) انگریزی عہد کا ایک خطاب جو وفادار مُسلمان علما کو دیا جاتا تھا۔

شَمسہ (شَم۔سہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) کلس۔ چھاتا۔ وہ سُنہرا چاند جو کلس میں لگاتے ہیں (۲) چھوٹا پُھندنا جو تسبیح میں لگاتے ہیں (۳) روشن دان۔

شَمسی (شَم۔سی)(ع۔ صف) سُورج سے متعلّق۔ سُورج کا۔

شمسی توانائی (ع۔ف۔ا۔مث) سُورج کی تمازت سے حاصل ہونے والی توانائی۔ (Solar Energy)۔

شَمشاد (شَم۔شاد)(ف۔ا۔مذ) ایک لمبا خوبصورت درخت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شمشاد قامت (شمساد قد) (ف۔ع۔ صف) لمبے قد کا۔

شمشان (شم۔شان) (س۔ا۔مذ) مسان جہاں ہندو مُردے جلاتے ہیں۔

شمشو (شم۔شو) (ار۔ا۔مذ) چاول یا دال کو پانی میں ڈال کر تہہ میں بیٹھے ہوئے کنکر چننے کا عمل۔

شمشیر (شم۔شیر) (بیائے معروف و مجہول) (ف۔ا۔مث) تلوار۔ تیغ۔ اُردو جمع: شمشیروں۔ شمشیریں۔

شمشیر اترنا (ار۔ محاورہ) تلوار کا جسم میں گھسنا۔

شمشیر بُراں (بُر۔راں) (ف۔ا۔مث) کاٹنے والی تلوار۔ تیز تلوار۔

شمشیر برہنہ (ف۔ا۔مث) ننگی تلوار (۲) (بغیر اضافت) (ف۔صف) آمادۂ پیکار۔ لڑنے مرنے کو تیار۔

شمشیر بکف (ف۔صف) (۱) شمشیر ہاتھ میں لئے ہوئے (۲) لڑنے مرنے کو تیار۔

شمشیر تولنا (ار۔ محاورہ) تلوار سنبھالنا۔ وار کے لئے تیار ہونا۔

شمشیر دم (ف۔صف) تلوار کی باڑھ رکھنے والا۔

شمشیر دو دم (ف۔صف) دو دھاری تلوار۔

شمشیر زن (ف۔صف) (۱) تلوار چلانے والا (۲) بہادر۔

شمشیر زنی (ف۔ا۔مث) تلوار چلانا۔

شمشیر علم کرنا (ار۔ محاورہ) تلوار کو مارنے کے واسطے اُٹھانا۔

شمشیر کا کھیت (ار۔ا۔مذ) میدانِ جنگ جہاں کشتوں کی لاشیں پڑی ہوں۔

شمشیر ہلالی (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی تلوار جو بیچ میں سے خمدار ہوتی ہے۔

شمع (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) موم بتی۔ چراغ۔ دیا۔ اُردو جمع: شمعوں۔ شمعیں۔

شمع انجمن (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) وہ جس سے محفل کی رونق ہو (۲) صدرِ محفل (۳) مردوں کی مجلس میں بے پردہ عورت۔

شمع ایمن (ع۔ا۔مث) وہ تجلی جو حضرت موسیٰؑ کو کوہ طور پر نظر آئی تھی۔

شمع بالیں (ع۔ا۔مث) وہ شمع جو قبر کے سرہانے روشن کی جاتی ہے۔

شمع بڑھانا (ار۔ محاورہ) شمع گل کرنا۔ شمع بجھانا۔

شمع بڑھ جانا (ار۔ محاورہ) شمع گل ہو جانا۔ شمع بجھ جانا۔

شمع ٹھنڈی کرنا (ار۔ محاورہ) شمع بجھانا۔

شمع جھلملانا (ار۔ محاورہ) شمع کا کم کم جلنا۔

شمع چڑھانا (ار۔ محاورہ) منت پوری ہونے پر کسی مزار پر شمع کا جلایا جانا۔

شمع حیات گل ہونا (ار۔ محاورہ) مر جانا۔

شمع صفت جلنا (ار۔ محاورہ) غم کی وجہ سے جلتی ہوئی شمع کی طرح گھلنا۔

شمع دان (ف۔ا۔مذ) وہ برتن جس میں موم بتی رکھ کر جلاتے ہیں۔

شمع دکھانا (ار۔ محاورہ) روشنی دکھانا (۲) رہنمائی کرنا۔

شمع رخ (شمع رخسار۔ شمع رو) (ف۔صف) نورانی چہرے والا۔ (کنایتہً) معشوق۔

شمع سحری (ع۔ا۔مث) صبح کا چراغ جو بجھنے والا ہو (۲) قریب مرگ۔

شمع عالم تاب (ف۔صف) دُنیا کو روشن کرنے والی شمع۔ آفتاب۔

شمع عقل گل ہونا (ار۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا۔

شمع کا آنسو (ع۔ا۔مذ) موم کا ٹپکتا ہوا قطرہ۔

شمع کا چور (ار۔ا۔مذ) وہ رخنہ جو جلتی ہوئی شمع میں ایک طرف موم گھل جانے سے ہو جاتا ہے۔

شمع کا خاموش ہونا (ار۔ محاورہ) شمع کا بجھ جانا۔

شمع کا رُو پشت برابر ہے (ار۔ مثل) صاف باطن آگے پیچھے سے برابر ہوتا ہے۔

شمع کافوری (ف۔ا۔مث) سفید رنگ کی شمع۔

شمع کشتہ (ف۔صف) بجھی ہوئی شمع۔

شمع گل کرنا (ار۔ محاورہ) شمع بڑھانا۔ شمع بجھانا۔

شمع محفل (ع۔ا۔مث) وہ جس سے محفل کی رونق ہو۔ شمع انجمن۔

شمع مردہ (ف۔صف) بجھی ہوئی شمع۔

شمع مزار (ف۔ا۔مث) وہ شمع جو مزار پر جلائی جاتی ہے۔ شمع بالیں۔

شمعی (شم۔عی) (ف۔ا۔مذ) سیاہی مائل سبز رنگ۔ (صف) شمع کا۔ شمع کے متعلق۔

شملہ (شم۔لہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کندھے پر ڈالنے یا سر سے باندھنے کی شال (۲) طرہ۔ پگڑی کا سرا یا چوٹی۔

شملہ بمقدارِ علم (ف۔ مثل) جتنا علم ہو اُس کی مناسبت سے دعویٰ زیبا ہے۔

شملہ چھوڑنا (ار۔ محاورہ) عمامہ کا سرا یا چوٹی لٹکانا۔

شمول (ش۔مول) (ع۔ا۔مذ) شامل ہونا۔

شمولیت (ش۔مو۔لی۔یت) (ع۔ا۔مث) دیکھئے شمول۔

شمّہ (شم۔مہ) (ع۔ا۔مذ) تھوڑی سی چیز۔ قلیل مقدار۔

شمیم (ش۔میم) (ع۔ا۔مث) (۱) خوش بودار ہوا (۲) خوش بو۔ مہک۔ نکہت۔

ش ۔ ن

شنا (ش۔نا) (ف۔ا۔مث) پانی میں تیرنا۔

شناخت (ش۔ناخت) (ف۔ا۔مث) (۱) پہچان۔ تمیز (۲) شناسائی۔ واقفیت۔ (بکسر اوّل بھی صحیح ہے)۔

شناخت کرنا (ار۔ مص مرکب) پہچاننا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شناختی (شِناخ۔تی)(ف۔صف) شناخت سے منسوب۔

شناختی کارڈ (اَر۔اِ۔مذ) وہ کارڈ جس کے اندراجات سے کارڈ رکھنے والے کی شناخت مقصود ہو۔ (Identity Card)۔

شناختی نشان (اَر۔اِ۔مذ) جسم پر کوئی ایسا نمایاں نشان جس سے شناخت ہو سکے۔

شناس (شَ۔ناس)(ف۔صف) شناختن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل بناتا ہے اور پہچاننے والا کے معنی دیتا ہے جیسے اختر شناس، حقیقت شناس، قدر شناس۔

شناسا (شَ۔نا۔سا)(ف۔صف) پہچانا ہوا۔ پرکھا ہوا۔ واقف۔

شناسائی (شَ۔نا۔سائی)(ف۔اِ۔مث) جان پہچان۔ واقفیت۔ صاحب سلامت۔

شناسی (شَ۔نا۔سی)(ف۔اِ۔مث) جاننا۔ مُرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے حقیقت شناسی۔

شناعت (شَ۔نا۔عت)(ع۔اِ۔مث)(۱) بدی۔ بُرائی (۲) گندگی۔

شناور (شِ۔نا۔وَر)(ف۔صف) پیراک۔ تیراک۔ تیرنے والا۔

شناوری (شِ۔نا۔وَ۔ری)(ف۔صف) پیراکی۔ تیراکی۔

شناہ (شِن۔ناہ)(ف۔اِ۔مذ) سرنائی۔ مشک جس کے ذریعے تیرتے ہیں۔

شنبہ (شَم۔بَہ)(ف۔اِ۔مذ) ہفتہ۔ سنیچر۔

شنجرف (شنگرف) (شَج۔رَف) (شَنگ۔رَف) (ف۔اِ۔مذ) ایک سُرخ رنگ کی دھات جو گندھک اور پارے کی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے۔

شنگ (بفتحہ اوّل و سکونِ سوم)(نون غُنّہ)(ف۔صف) چالاک۔ شوخ۔ ظریف (۲) خوب صورت۔ عموماً شوخ و شنگ مستعمل ہے۔

شنگرفی (شَنگ۔رَ۔فی)(ف۔صف) شنگرف کے رنگ کا۔ سُرخ۔

شنوا (شِن۔وا)(ف۔صف) سننے والا۔

شنوائی (شِن۔وا۔ئی)(ف۔اِ۔مث)(۱) سماعت۔ سنوائی۔ سُننا (۲) داد رسی۔

شنوائی نہ ہونا (اَر۔محاورہ) توجُّہ نہ ہونا۔ پروا نہ ہونا۔

شنی (شَ۔نی)(س۔اِ۔مذ) لغوی معنی سُست خرام۔ سیارہ زُحل۔

شنی وار (س۔اِ۔مذ) ہفتے کا دن۔ سنیچر وار۔

شنید (شُ۔نید)(ف۔اِ۔مث)(۱) سُنی ہوئی بات (۲) سُننا۔

شنیدن (شَ۔نی۔دَن)(ف۔مص) سُننا۔ سماعت کرنا۔

شنیدنی (شَ۔نی۔دَ۔نی)(ف۔صف) سُننے کے قابل۔ قابلِ سماعت۔

شنیدہ (شَ۔نی۔دَہ)(ف۔صف) سُنا ہوا۔

شنیدہ کے بُوَد مانندِ دیدہ (ف۔مثل) سُنی ہوئی بات کی وقعت دیکھی ہوئی بات کے مقابلے میں نہیں ہو سکتی۔

شنیع (شَ۔نیع)(ع۔صف) بد۔ خراب۔ بُرا۔

شنیعہ (شَ۔نی۔عہ)(ع۔صف) شنیع کی تانیث۔

ش۔و

شو (واو مجہول)(ف۔فعل) شُستن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل بناتا ہے اور دھونے والا کے معنی دیتا ہے جیسے مُردہ شو۔

شو (Show)(انگ۔اِ۔مذ)(۱) تماشا۔ نظارہ۔ نمائش (۲) دِکھاوا۔ نمود۔ ٹیپ ٹاپ۔

شو بوائے (Show Boy)(انگ۔اِ۔مذ) نمائشی۔ دِکھاوے کا۔

شو (ف۔اِ۔مذ) شوہر کا مُخفّف۔

شِو (س۔اِ۔مذ) ہندو دیومالائی تثلیث کا تیسرا اہم رُکن۔ تین سب سے بڑے دیوتاؤں میں سے تیسرا دیوتا جسے مہادیو اور بھیروں وغیرہ بھی کہتے ہیں۔ اِس کا کام مخلوق کو موت کے گھاٹ اُتارنا ہے۔ نیز دیکھئے برہما۔ وشنو۔ اوم۔

شِوراتری (ہ۔اِ۔مث) ماگھ کی تیرہ تاریخ جب مہادیو شِو کا تہوار منایا جاتا ہے۔

شِولنگ (ہ۔اِ۔مذ) مہادیو شِو کے عضو تناسل کی مُورتی، جس کی ہندو توالد و تناسل کے لئے پُوجا کرتے ہیں۔

شوارع (شَ۔وا۔رِع)(ع۔اِ۔مذ) شارع (سڑک) کی جمع۔

شوافع (شَ۔وا۔فِع)(ع۔اِ۔مذ) شافعی کی جمع۔

شوّال (شَو۔وال)(ع۔اِ۔مذ) عربی قمری سال کا دسواں مہینا۔ عیدالفطر کا مہینا۔

شِوالا (ہ۔اِ۔مذ) مہادیو شِو کا استھان۔ شِوجی کا مندر۔ جمع: شِوالوں۔ شِوالے۔

شواہد (شَ۔وا۔ہِد)(ع۔اِ۔مذ) شاہد کی جمع (۱) گواہ (۲) مثالیں (۳) ثبوت۔

شوب (واو مجہول)(ف۔اِ۔مذ) دُھلائی۔ دھونے کا عمل۔

شوب پڑنا (شوب کھانا) (اَر۔محاورہ) کپڑے کا دھویا جانا۔

شوبھا (س۔اِ۔مث) روشنی۔ سجاوٹ۔ خوبصورتی۔ حُسن۔ زیب و زینت۔

شوخ (واو مجہول)(ف۔صف)(۱) بے باک (۲) شریر۔ گستاخ (۳) دل لگی باز۔ ظریف (۴) چمکیلا۔ تیز (۵) نڈر۔

شوخ چشم (شوخ دیدہ) (ف۔صف) بے حیا۔ بے شرم۔ ڈھیٹ۔

شوخ رنگ (ف۔صف) تیز رنگ۔ چمکیلا رنگ۔ جو رنگ بہت تیز ہو۔

شوخ زبان (ف۔صف) بیباکی اور گستاخی کی باتیں کرنے والا۔ گستاخ۔

شوخ طبع (طبیعت۔ مزاج) (ف۔صف)(۱) تیز طبع (۲) بیباک (۳) خوش مزاج۔

شوخی (واو مجہول)(ف۔اِ۔مث)(۱) چلبلاپن (۲) شرارت۔ ظرافت (۳) بے ادبی۔ گستاخی (۴) رنگ کی تیزی۔ چمک۔ اُردو جمع: شوخیاں۔ شوخیوں۔

شوخی کرنا (اَر۔محاورہ) شرارت کرنا (۲) گھوڑے کا اُچھلنا کودنا۔

شُودر (شُو۔دَر)(ہ۔اِ۔مذ) ہندوؤں کی چوتھی نیچ ذات جو خالق کائنات برہما کے پاؤں سے پیدا ہوئی ہے۔

شور (واو مجہول)(ف۔اِ۔مذ) غُل۔ غوغا۔ ہُلّڑ۔ ہنگامہ (۲) شُہرت۔ دُھوم (۳) کھاری نمک (۴) عشق۔ جنون (۵) خفگی۔ غُصّہ (۶)(صف) کھاری۔ نمکین۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شور اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) غُل ہونا۔ شور ہونا۔
شور انگیز (ف۔ صف) شور پیدا کرنے والا۔
شور بخت (ف۔ صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔
شور برپا کرنا (اُر۔ محاورہ) بے حد غُل مچانا۔
شور بور (ف۔ صف) شرابور کا مُخفّف۔
شور دار و گیر بلند ہونا (اُر۔ محاورہ) لینا' پکڑنا کا غُل مچنا۔
شور زمین (ف۔ا۔مث) وہ زمین جس میں نمک یا شورہ ہو۔ ناقابلِ زراعت زمین۔
شورِ قیامت (ف۔ا۔مذ) بے حد شور۔ قیامت کا شور۔
شور کرنا (اُر۔مص مُرکّب) غُل مچانا۔
شور لگنا (اُر۔مص مُرکّب) کھار پیدا ہونا۔ زمین کا نمکین ہونا۔
شور مچانا (اُر۔ محاورہ) غُل کرنا۔ ہنگامہ کرنا۔
شور مچنا (اُر۔ محاورہ) غُل ہونا۔ ہنگامہ ہونا۔ غُل غپاڑا ہونا۔
شورِ محشر (**شورِ نشُور**) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے شورِ قیامت۔
شور و شر (**شغب**) (ف۔ا۔مذ) فتنہ و فساد۔ لڑائی۔ دنگا۔ ہنگامہ۔ بلوا۔
شور و شیون (**غُل۔ غوغا**) (ف۔ا۔مذ) ہنگامہ (افعال: ہونا۔ کرنا۔ برپا کرنا یا ہونا)۔
شورابہ (شو۔ را۔بہ) (ف۔ا۔مذ) شور آبہ۔ کھاری پانی۔
شُورائی (ع۔ صف) شوریٰ سے متعلق۔
شوربا (شور۔با) (ف۔ا۔مذ) پتلا سالن۔ پکے ہوئے گوشت کا پانی۔
شورِش (ف۔ا۔مث) فتنہ و فساد۔ بلوا۔ ہنگامہ۔ اُر جمع: شورشوں۔ شورشیں۔
شورش برپا کرنا (اُر۔ محاورہ) ہنگامہ کرنا۔ بغاوت کرنا۔
شورہ (شو۔رہ) (ف۔ا۔مذ) سفید رنگ کا ایک قلمی مُرکّب جو پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بارود میں اِستعمال ہوتا ہے۔ نمکین ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی کھار۔
شورہ پُشت (ف۔ صف) سرکش۔ نافرمان۔ لڑاکا۔ جھگڑالو۔
شورہ پشتی (ف۔ا۔مث) لڑائی جھگڑا۔ دنگا۔ سرکشی۔
شورے (اُر۔ا۔مذ) شورہ کی مُغیّرہ صورت۔
شورے کی پُتلی یا پُھلی (اُر۔ا۔مث) گورے رنگ کی نوجوان عورت۔
شورے میں جھالنا (اُر۔ محاورہ) پانی کی صراحی کو نمک اور شورے کے پانی میں رکھ کر ٹھنڈا کرنا۔
شُوریٰ (شو۔را) (ع۔ا۔مذ) مشورہ۔ صلاح۔
شوریّت (شو۔ری۔یت) (اُر۔ا۔مث) کھاری پن۔
شوریدگان (شو۔ری۔دَ۔گان) (ف۔صف) شوریدہ کی جمع۔
شوریدگی (شو۔ری۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) پریشانی۔ حیرانی (۲) دیوانگی۔ جنون (۳) عشق۔ محبت۔
شوریدہ (شو۔ری۔دَہ) (ف۔صف) (۱) پریشان۔ حیران (۲) جنونی۔ دیوانہ۔ عاشق۔ جمع: شوریدگان۔

شوریدہ بخت (ف۔ صف) بدبخت۔ بدقسمت۔
شوریدہ حال (**خاطر**) (ف۔ صف) پریشان حال۔ دیوانہ۔ سرگشتہ۔
شوریدہ دماغ (**مزاج۔ سر**) (ف۔ صف) دیوانہ۔ سودائی۔ مجنون۔
شوریدہ روزگار (ف۔ صف) پریشان حال۔ بے سروسامان۔
شوریدہ سری (ف۔ا۔مث) دیوانگی۔ جنون۔
شوشہ (شو۔شہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ریزہ۔ ذرّہ۔ ٹکڑا (۲) حرف کا سرا (۳) وہ علامت جو ہائے ہوّز کے نیچے بنا دیتے ہیں (۴) جھگڑے کی بات (۵) شگوفہ۔ انوکھی بات۔ چٹکلا۔ اُردو جمع: شوشوں۔ شوشے۔
شوشہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) فساد انگیز بات کہنا۔ انوکھی بات کہنا۔
شوفر (Chauffeur) (انگ۔ا۔مذ) موٹر چلانے والا ملازم۔ ڈرائیور۔
شوق (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) خواہش۔ آرزو۔ تمنّا۔ اِشتیاق (۲) رغبت۔ میل۔ شغل۔ کام (۳) جوش۔ سرگرمی (۴) محبت۔ عشق (۵) چاٹ۔ چسکا۔ اُمنگ (۶) دُھن۔ ترنگ (۷) حقّہ یا کھانے کی کوئی شے پیش کی جائے تو کہتے ہیں' شوق کیجئے (۸) دریافت کرنے کی خواہش (۹) لطف۔ مزہ۔
شوق بڑھنا (**تیز ہونا**) (اُر۔مص مُرکّب) شوق زیادہ ہونا۔
شوق چرانا (اُر۔ محاورہ) جی چاہنا۔ خواہش کا پیدا ہونا۔
شوق سے (اُر۔ متعلق فعل) (۱) دل سے۔ کمال رغبت سے (۲) خوشی سے (۳) بے خوف ہوکر (۴) اپنی مرضی سے۔ اپنے ارادے سے۔
شوقین (شو۔قین) (اُر۔صف) (۱) شائق۔ صاحبِ شوق (۲) مشتاق۔ خواہش مند (۳) عادی۔ خوگر (۴) چھیلا۔ رنگیلا (۵) عیّاش۔ تماش بین۔
شوقین بُڑھیا چٹائی کا لہنگا (اُر۔مثل) بے محل بناؤ سنگار (۲) مُفلسی میں نمائش کی تمنّا۔
شوقین بی بی کمل کی چولی' آگ لگی تھیلتی پھرے (اُر۔مثل) غریب عورت اپنی حیثیت سے بڑھیا کپڑے پہنے تو کہتے ہیں۔
شوقین مزاج (ف۔ صف) وہ جسے اچھے کپڑے پہننے اور کھیل تماشوں کا شوق ہو۔
شوقیہ (شو۔قی۔یہ) (ع۔ صف) دل بہلانے کے لئے۔ شوق سے۔
شوکت (شو۔کت) (ع۔ا۔مث) (۱) زور۔ قوت (۲) دبدبہ۔ رُعب داب (۳) مرتبہ۔ شان۔ شکوہ۔
شوگر (Sugar) (انگ۔ا۔مث) کھانڈ۔ چینی۔ شکر۔
شوگر آنا (اُر۔ محاورہ) پیشاب میں شکر آنا۔ ذیابطیس ہونا۔
شولہ (شو۔لہ) (ق۔ا۔مث) گوشت آمیز کھچڑی۔
شُوم (واو معروف) (ع۔ صف) (۱) منحوس (۲) کنجوس۔ بخیل۔
شُوم بخت (ع۔ صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔
شُوم طبع (ع۔ صف) بدمزاج (۲) کنجوس۔ بخیل۔
شُوم قدم (ع۔ صف) سبز قدم۔ وہ شخص جس کا قدم نحس ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شُومی (ف۔ا۔مث) بدبختی۔ نحوست۔

شُومیِ بخت (تقدیر۔ طالع۔ قسمت) (ف۔ع۔امث) بدنصیبی۔

شُوں شاں (اُر۔امث) غرور۔ ڈینگ۔ نمائش۔

شَوہَر (شَو۔ہَر) (ف۔امذ) خاوند۔ پتی۔ مالک۔ جمع: شوہران۔ اُردو جمع: شوہر۔ شوہروں۔

شَوہَری (شَو۔ہَ۔ری) (ف۔صف) شوہر سے منسوب۔

ش۔ہ

شَہ (بفتحۂ اوّل) (ف۔امذ) شاہ کا مُخفّف۔ بادشاہ (۲) دُولھا (۳) (صف) بڑا۔ اصلی (۴) شاہِ شطرنج کو کِشت (۵) حمایت۔ ترغیب (۶) اِشتعال۔ بہکانا۔

شہ باز (ف۔امذ) دیکھئے شاہ باز۔

شہ بالا (ف۔امذ) دیکھئے شاہ بالا۔

شہ بچنا (اُر۔محاورہ) شطرنج کے بادشاہ کا کشت کی جگہ سے ہٹ جانا۔

شہ پانا (اُر۔محاورہ) اِشارہ پانا۔ ترغیب پانا (۲) بہکانے یا ورغلانے میں آنا۔

شہ پر (ف۔امذ) دیکھئے شاہ پر۔

شہ پیل (ف۔امث) شطرنج میں پیل کی شہ۔

شہ ترہ (شہترہ) (ف۔امذ) دیکھئے شاہ ترا۔

شہ توت (ف۔امذ) دیکھئے شاہ توت۔

شہ تیر (ف۔امذ) بڑی کڑی۔ وہ بڑا چوبی لٹھ جس پر کڑیاں رکھی جاتی ہیں۔

شہ چال (ف۔امث) شطرنج کے بادشاہ کی چال جو اور مُہروں کے ختم ہونے کے بعد چلی جاتی ہے۔

شہِ خوباں (ف۔امذ) حسینوں کا بادشاہ۔ بہت خوبصورت۔

شہ دینا (اُر۔محاورہ) (۱) اُکسانا۔ بہکانا (۲) شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا (۳) کنکوا بڑھانا (۴) بیجا تعریف کرنا۔

شہ رُخ (ف۔امث) شطرنج میں رُخ کی شہ۔

شہ رگ (ف۔امث) دیکھئے شاہ رگ۔

شہ زادہ (ف۔امذ) دیکھئے شاہ زادہ۔

شہ زادی (ف۔امث) دیکھئے شاہ زادی۔

شہ زور (ف۔صف) بہت طاقتور۔ زور آور۔

شہ سوار (ف۔امذ) دیکھئے شاہ سوار۔

شہ کار (شہکار) (ف۔امذ) دیکھئے شاہ کار۔

شہِ لولاک (ف۔امذ) دیکھئے شاہِ لولاک۔

شہ مات (ف۔امث) شطرنج کی بازی میں کشت دے کر شاہ کو مات دینا۔

شہ نشین (ف۔امث) دیکھئے شاہ نشین۔

شہ وار (شہوار) (ف۔صف) دیکھئے شاہ وار۔

شَہاب (شَ۔ہاب) (ف۔امذ) نہایت سُرخ رنگ جو کُسم کو بھگو کر اُسے نچکانے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔

شِہاب (شِ۔ہاب) (ع۔امذ) (۱) لَو۔ لپٹ (۲) وہ جرمِ فلکی جو آسمان سے گرتا ہوا دکھائی دیتا ہے (۳) شُعلہ۔ بھڑکتی ہوئی آگ۔ جمع: شُہبان۔

شِہابِ ثاقِب (ع۔امذ) وہ چمکتا ہوا جرمِ فلکی جو رات کو ٹوٹتا ہے۔

شِہابی (ف۔صف) سُرخ۔ شہاب کے رنگ کا (۲) (امث) ایک قسم کی مہتابی۔

شِہابِیَہ (اُر۔امذ) دیکھئے شہابِ ثاقب۔ جمع: شہابیوں۔ شہابیے۔

شَہادَت (شَ۔ہا۔دَت) (ع۔امث) (۱) گواہی (۲) راہِ خدا میں شہید ہونا (۳) خُدا تعالیٰ کی وحدانیت اور رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا سچے دل سے اِقرار کرنا (۴) کلمۂ شہادت۔ جمع: شہادات۔ اُردو جمع: شہادتوں۔ شہادتیں۔

شہادت دینا (اُر۔محاورہ) گواہی دینا۔

شہادتِ رُویَت (ع۔امث) چشم دید گواہی۔

شہادتِ سمعی (ع۔امث) سُنی سنائی گواہی۔

شہادت کی اُنگلی (اُر۔امث) داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ساتھ والی اُنگلی۔

شہادتِ منقول (منقولہ) (ع۔امث) وہ گواہی جو دُوسرے کے بیان کے حوالے سے ہو۔

شہادت نامہ (ع۔ف۔امذ) (۱) اہلِ تشیّع کپڑے پر کلمۂ شہادت لکھ کر مُردے کے کفن میں رکھتے ہیں (۲) وہ کتاب جس میں حضرت امام حسینؓ کی شہادت کا حال ہو۔

شَہامَت (شَ۔ہا۔مَت) (ع۔امث) بہادری۔ دلیری۔ شجاعت۔

شَہانَہ (شَ۔ہا۔نَہ) (ف۔صف) شاہانہ کا مُخفّف۔ دیکھئے شاہانہ (۲) سُرخ چوڑیاں (۳) شادی کا جوڑا (۴) ایک قسم کا شادی کا گیت۔ ایک قسم کی گت۔

شَہانی (شَ۔ہا۔نی) (اُر۔صف) دُلہن سے منسوب (۲) بادشاہ سے منسوب (۳) عُمدہ۔ اعلیٰ۔

شہانی چوڑیاں (اُر۔امث) دُلہن کی چوڑیاں۔ سُرخ رنگ کی چوڑیاں۔

شہانی مہندی (اُر۔امث) شوخ رنگ کی مہندی۔

شَہد (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔امذ) (۱) وہ میٹھا شیرہ جو مُہال کی مکھیاں پھولوں کا رس چوس کر جمع کرتی ہیں جو پوٹاشیم، فولاد، تانبا، مینگنیز، فاسفورس، حیاتین اور لحمیات کا مُرکّب ہوتا ہے (۲) (صف) نہایت شیریں۔

شہد، سُہاگا، گھی۔ مری دھات کا جی (اُر۔مقولہ) کیمیاگروں کے خیال میں اِن تین چیزوں سے کشتہ شدہ دھات دوبارہ اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہے۔

شہد کی چُھری (اُر۔امث) میٹھی چُھری۔ زبان کا میٹھا دل کا کھوٹا۔ وہ جو دوستی کے پردے میں دُشمنی کرے۔ مُنافق۔ دغاباز۔ مکّار۔

شہد کی مکھی (اُر۔امث) وہ مکھی جو شہد جمع کرتی ہے اور چھتا بناتی ہے (۲) (صف) لالچی۔ حریص (۳) وہ شخص جو چمٹ جائے۔

شہد گھولنا (اُر۔محاورہ) میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔

شہد لگا کر الگ ہو جانا (اُر۔محاورہ) فساد کی بُنیاد ڈال کر الگ ہو جانا۔ لڑوانا۔

شہد لگا کر چاٹو (اُر۔محاورہ) (طنزاً) کمال اِحتیاط سے رکھو۔ سینت کر رکھو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شُہَدا (شُ۔ہَ۔دا) (ع۔ا۔مذ) شہید کی جمع۔

شُہدا (شُہ۔دا) (ار۔ا۔مذ) لُچا۔ لفنگا۔ شریر۔ بدمعاش۔ غنڈا (۲) فقیروں کا ایک گروہ۔ جمع: شُہدوں۔ شُہدے۔

شُہدپن (شُہدپنا) (ار۔ا۔مذ) بدمعاشی۔ کمینگی۔

شَہر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) عربی سال کا قمری مہینا۔ ماہ۔ جمع: اَشْہُر۔ شُہور۔

شَہر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ف۔ا۔مذ) بڑی آبادی۔ بلدہ۔ نگر۔ بستی۔ اردو جمع: شہر۔ شہروں۔

شہر آشوب (ف۔ا۔مذ) وہ نظم جس میں کسی شہر کی بربادی کا ذکر ہو۔

شہر بدر (ف۔صف) جلاوطن۔ دیس سے نکالا ہوا۔

شہر بدر کرنا (ار۔ مص مُرکّب) جلاوطن کرنا۔ شہر سے نکال دینا۔ دیس نکالا دینا۔

شہر بند (ف۔ا۔مذ) فصیل۔ شہر کی چار دیواری (۲) نظر بند۔ قیدی۔

شہر پناہ (ف۔ا۔مث) فصیل۔ شہر کی چار دیواری۔

شہر خبرا (ار۔صف) وہ شخص جو تمام شہر کی خبر رکھے۔ گھر گھر کی خبر رکھنے والا۔

شہر خموشاں (ف۔ا۔مذ) قبرستان۔ گورستان۔

شہر دار (ف۔ا۔مذ) شہر کا رہنے والا۔ شہری۔

شہر داری (ف۔ا۔مث) شہر میں رہنے کے فرائض یا طور طریقے۔

شہر کی دائی (ار۔ا۔مث) گھر گھر کی خبر رکھنے والی عورت۔

شہر گرد (شہر گشت) (ار۔ا۔مذ) شہر میں گشت کرنے والا۔ پٹرول۔

شہر میں اُونٹ بدنام (ار۔مثل) (۱) وہ شخص جو کسی عیب کے باعث مشہور ہو (۲) وہ بدنام آدمی جس سے ہر بُری بات منسوب کی جائے۔

شہریار (ف۔ا۔مذ) بادشاہ۔

شہریاری (ف۔ا۔مث) بادشاہی۔ فرماں روائی۔ حکومت۔

شُہرت (شُہ۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) افواہ۔ شُہرہ۔ چرچا (۲) ناموری۔ نیک نامی (۳) رُسوائی۔ بدنامی۔

شہرت اُڑنا (ار۔محاورہ) شہرت پھیلنا۔

شہرت پانا (ار۔محاورہ) مشہور ہونا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔

شہرت پہنچنا (ار۔محاورہ) بہت دُور تک مشہور ہونا۔

شہرت پیدا کرنا (حاصل کرنا) (ار۔محاورہ) نام پیدا کرنا۔ مشہور ہونا۔

شہرت ہونا (ار۔محاورہ) دُھوم ہونا۔ مشہور ہونا۔

شہرت یافتہ (ف۔صف) مشہور و معروف (۲) جس کی دُھوم مچی ہو (۳) جس کی نیک نامی یا بدنامی ہو چکی ہو۔

شُہرہ (شُہ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) آواز۔ دھوم دھام۔ غلغلہ۔ شُہرت۔

شہرۂ آفاق (شہرۂ انام) (ع۔ف۔صف) دُنیا بھر میں مشہور۔ مشہورِ عالم۔

شہرہ اُڑنا (ار۔محاورہ) شُہرت پھیلنا۔ بدنامی پھیلنا۔

شہرہ وَر (ع۔ف۔صف) مشہور۔ نامور۔

شہرہ ہونا (ار۔محاورہ) نام ہونا۔ مشہور ہونا۔

شَہری (شَہ۔ری) (ف۔صف) (۱) شہر سے منسوب (۲) شہر کا باشندہ (۳) مُلک کا باشندہ جو وطنیت کے تمام حقوق سے بہرہ ور ہو۔

شہری آزادی (ف۔ا۔مث) تقریر، تحریر اور اجتماع کی آزادی۔ وہ بُنیادی حقوق جو مُلک کے ہر باشندے کو حاصل ہوں۔ جمہوری حقوق۔

شہری حقوق (ف۔ا۔مذ) بُنیادی حقوق۔ جمہوری حقوق۔

شہریات (ار۔ا۔مذ) وہ علم جس میں مدنی زندگی کے تمام مسائل پر بحث کی جاتی ہے۔ (Civics)۔

شہریت (شہ۔ری۔یَت) (ار۔ا۔مث) (۱) شہر کا باشندہ ہونے کی حالت (۲) کسی مُلک کا شہری ہونا۔

شہکار (شہ۔کار) (ف۔ا۔مذ) شہ کے تحت دیکھئے۔

شہکارا (شہ۔کا۔را) (ار۔صف) بدکار اور بدزبان عورت۔

شہلا (شہ۔لا) (ع۔ا۔مث) (۱) وہ عورت جس کی آنکھیں بھیڑ کی مانند ہوں (۲) سیاہی لئے بھوری آنکھ (۳) نرگس کے پھول کی ایک قسم جس میں ہلکی سی سُرخی یا نیلاہٹ ہوتی ہے۔

شہنا (شہنائی) (شہ۔نا) (شہ۔نا۔ئی) (ف۔ا۔مث) (۱) نفیری (۲) بانسری (۳) الغوزہ۔

شہنشہ (شہنشاہ) (شَ۔ہَن۔شہ) (شَ۔ہَن۔شاہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے شاہنشاہ۔

شہنشاہی (شَ۔ہَن۔شا۔ہی) (ف۔ا۔مث) دیکھئے شاہنشاہی۔

شہنشاہیت (شَ۔ہَن۔شا۔ہی۔یَت) (ف۔ا۔مث) سامراج۔ دُوسرے مُلکوں پر قبضہ کرنا۔ امپیریلزم۔ ملوکیت۔

شہوات (شہ۔وات) (ع۔ا۔مث) شہوت کی جمع۔

شہواتِ نفسانی (ف۔ا۔مث) جنسی خواہشیں۔ گھٹیا خواہشیں۔

شہوانی (شہوی) (شہ۔وا۔نی) (شہ۔وی) (ع۔صف) شہوت سے متعلق۔

شہوت (شہ۔وَت) (ع۔ا۔مث) (۱) خواہش۔ آرزو۔ حصولِ لذت کا شوق (۲) خواہشِ جماع۔ جنسی خواہش۔ جمع: شہوات۔

شہوت انگیز (ع۔ف۔صف) خواہشِ نفسانی کو اُبھارنے والا۔

شہوت پرست (ع۔ف۔صف) نفس پرست۔ عیاش۔

شُہود (شُ۔ہُود) (ع۔ا۔مذ) (۱) حاضر ہونا (۲) شاہد کی جمع (۳) اہلِ تصوّف کی اصطلاح میں وہ درجہ جس میں جلوۂ حق بلکہ ہر شے عینِ حق نظر آئے۔

شُہودی (شُ۔ہُو۔دی) (ع۔صف) شہود سے نسبت رکھنے والا۔

شُہور (شُ۔ہُور) (ع۔ا۔مذ) شَہر کی جمع۔ مہینے۔

شہورِ معلومات (ع۔ا۔مذ) مُسلمانوں کے چار مقدس مہینے۔ محرم۔ رجب۔ ذیقعدہ۔ ذوالحجہ۔ بعض رجب کی بجائے شوّال کو مانتے ہیں۔

شہی (شَ۔ہی) (ف۔ا۔مث) بادشاہی۔ سلطانی۔ شاہی۔

شہید (شَ۔ہید) (ع۔صف) (۱) خُدا کی راہ میں قُربان ہونے والا (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مقتول۔ کشتہ (۳) وہ شخص جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو (۴) عاشق۔ فِدا۔ قربان۔ جمع: شُہدا۔ اُردو جمع: شہید۔ شہیدوں۔

شہیدِ کربلا (ع۔ا۔مذ) حضرت امام حسینؓ۔

شہید گنج (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں بہت سے شُہدا دفن ہوں (۲) شُہدا کی یادگار۔

شہیدِ ناز (ع۔ف۔صف) ناز و ادا کا کشتہ۔ عاشق۔

شہیدِ وفا (ع۔صف) وہ جس نے وفاداری کے باعث قتل ہو کر شہادت پائی۔ انتہائی وفادار۔

شہید ہونا (اُر۔محاورہ) راہِ خدا میں مارا جانا۔

شہیدی (شَ۔ہی۔دی) (ف۔صف) (۱) شہید ہونے کے لئے تیار (۲) سُرخ (۳) تماش بین۔

شہیدی امرود (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ امرود جس کا گودا سُرخ ہو۔

شہیدی تربوز (ع۔ف۔ا۔مذ) نہایت پکا اور اندر سے لال تربوز۔

شہیر (شَ۔ہیر) (ع۔صف) مشہور۔ نامور۔

شہیق (شَ۔ہِیق) (ع۔ا۔مث) گدھے کی بھاری آواز جو آخر میں نکلتی ہے۔

شہیکہ (شَ۔ہی۔کہ) (ع۔ا۔مث) (کنایۃً) کالی کھانسی۔

ش۔ی

شے (بفتحہ اوّل) (ع۔ا۔مث) (۱) چیز (۲) نایاب چیز (۳) معاملہ۔ واقعہ۔ جمع: اشیا۔

شئے لطیف (ع۔ا۔مث) سمجھ۔ عقل۔

شئے لطیف کی کمی ہونا (اُر۔محاورہ) عقل اور سمجھ بوجھ کی کمی ہونا۔ بے وقوف ہونا۔

شئے متنازعہ (ع۔ف۔ا۔مث) وہ چیز جس کی بابت جھگڑا ہو۔

شئے مرہونہ (ع۔ا۔مث) وہ شے جو رہن رکھی گئی ہو۔

شئے مکفولہ (ع۔ا۔مث) وہ شے جو ضمانت میں دی گئی ہو۔

شئے موہوبہ (ع۔ا۔مث) وہ شے جو ہبہ کی گئی ہو۔

شے ہونا (اُر۔محاورہ) صاحبِ حیثیت ہونا (۲) (طنزاً) چالاک و عیار ہونا۔

شیاطین (شَ۔یا۔طین) (ع۔ا۔مذ) شیطان کی جمع۔

شیاف (شِ۔یاف) (ع۔ا۔مذ) دوائیں جو باریک کوٹ کر آنکھوں میں اور دیگر مقامات پر لگاتے ہیں۔ شافہ کی جمع۔

شیام (س۔صف) دیکھئے شام (۵) نمبر ۲ اور ۳۔

شیب (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) بڑھاپا (۲) بالوں کی سفیدی۔

شیٹ (Sheet) (انگ۔ا۔مث) (۱) کاغذ کا تختہ۔ تاؤ۔ ورق (۲) دھات یا پانی کی چادر (۳) پلنگ کی چادر۔

شیخ (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) بوڑھا آدمی (۲) پیر۔ مُرشد۔ بزرگ (۳) مذہبی علوم میں فائق (۴) سرکردہ۔ پیشوا (۵) خانقاہ کا سردار (۶) سجادہ نشین (۷) مسلمانوں کی ایک ذات۔ جمع: شیوخ۔ مشائخ۔ اُردو جمع: شیخ۔ شیخوں۔

شیخ الاسلام (شے۔خُل۔اِس۔لام) (ع۔ا۔مذ) سب سے بڑا پیشوائے دین۔ مفتیِ اعظم۔

شیخ الجامعہ (شے۔خُل۔جا۔مِ۔عَہ) (ع۔ا۔مذ) یونیورسٹی کا سربراہ۔ وائس چانسلر۔

شیخ الرئیس (شے۔خُر۔رَ۔ئِیس) (ع۔ا۔مذ) بوعلی سینا کا لقب۔

شیخ الشیوخ (شے۔خُش۔شُ۔یوخ) (ع۔ا۔مذ) تمام عالموں اور فاضلوں کا سرکردہ۔ پیر مشائخ۔

شیخ جی (اُر۔صف) شیخ کو طنزاً یا تعظیم سے کہتے ہیں (۲) شیخ صاحب (۳) زاہد اور عابد کو طنزاً کہتے ہیں۔

شیخ چلی (اُر۔ا۔مذ) (۱) بے وقوف (۲) ایک فرضی احمق جس کے قصے بہت مشہور ہیں۔

شیخ چلی کا منصوبہ (اُر۔ا۔مذ) وہ منصوبہ جو بالکل بودا بھی ہو۔ محض خیالی بات۔

شیخ چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے پال (اُر۔مثل) اُس شخص کے حق میں کہتے ہیں جو بہت حریص ہو۔

شیخ ڈونڈو (ڈونڈوں) (اُر۔ا۔مذ) بارش روکنے کا ٹوٹکا جس میں کپڑے کا ایک مسافر بنا کر اور ایک گٹھڑی اُس کی کمر سے باندھ کر بارش کے پانی میں لکڑی کے سہارے کھڑا کر دیتے ہیں۔ عوام کے نزدیک اس سے بارش تھم جاتی ہے۔

شیخ سدّو (اُر۔ا۔مذ) عورتوں کا ایک فرضی ولی یا جن۔

شیخ کا بکرا (اُر۔ا۔مذ) وہ بکرا جو شیخ سدّو کے نام پر ذبح کرتے ہیں۔

شیخ و شاب (ع۔ا۔مذ) بوڑھا اور جوان۔ سب لوگ۔

شیخوخت (شیخوخیت) (ف۔ا۔مث) (۱) بڑھاپا (۲) سرداری۔

شیخِ وقت (ع۔ف۔ا۔مذ) اپنے زمانے کا بہت بڑا عالم اور بزرگ۔

شیخوں (اُر۔ا۔مذ) شیخ کی جمع۔

شیخوں کی شیخی پٹھانوں کی ٹر (اُر۔مثل) شیخوں کی ڈینگ اور پٹھانوں کی عُجب مشہور ہے۔

شیخانی (شے۔خا۔نی) (اُر۔ا۔مث) قوم شیخ کی عورت۔ شیخ کی بیوی۔ جمع: شیخانیاں۔ شیخانیوں۔

شیخڑا (شیخ۔ڑا) (اُر۔ا۔مذ) (تحقیر سے) شیخ کا لڑکا۔

شیخی (شے۔خی) (اُر۔ا۔مث) بڑائی۔ گھمنڈ۔ ڈینگ۔ جمع: شیخیاں۔ شیخیوں۔

شیخی باز (اُر۔صف) گھمنڈی۔ ڈینگ ہانکنے والا۔ دُون کی لینے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شیخی بگھارنا (اُر۔ محاورہ) ڈینگ مارنا۔ خودستائی کرنا۔

شیخی جتانا (اُر۔ محاورہ) بڑائی ظاہر کرنا۔ خودستائی کرنا۔

شیخی جھڑنا (کرکری ہونا۔ نکل جانا) (اُر۔ محاورہ) سُبکی ہونا۔ خفت ہونا۔ غرور ڈھینا۔

شیخی مارنا (اُر۔ محاورہ) ڈینگ مارنا۔ خودستائی کرنا۔

شیخی میں آنا (اُر۔ محاورہ) اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔

شَیخَین (شے۔ خَین) (ع۔ ا۔ مذ) شیخ کا تثنیہ۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ۔

شَیدا (شَیدائی) (شے۔ دا) (شے۔ دا۔ ای) (ف۔ صف) عاشق۔ فریفتہ۔ فِدا۔

شِیدی (شی۔ دی) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) حبشیوں کا لقب (۲) حبشی۔ سیدی۔

شیڈ (Shed) (انگ۔ ا۔ مذ) سائبان۔ چھپّر۔ اُسارا۔

شیڈ (Shade) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) سایہ۔ چھاؤں (۲) تیرگی۔ تاریکی۔ اندھیرا (۳) تصویر کا تاریک حِصّہ (۴) رنگ کا مختلف ہونا۔ باریک فرق۔

شیڈول (Schedule) (انگ۔ ا۔ مذ) فہرست۔ جدول۔ نقشہ۔ گوشوارہ۔

شیر (یائے مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) بلّی کے خاندان کا ایک گوشت خور پستانیہ (مَمل)۔ باگھ۔ ببھیلا۔ اَسد (۲) پرنالے کا مُنہ جو شیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے (۳) (صف) بہادر۔ جواں مرد۔ نڈر۔ جمع: شیراں۔ اُردو جمع: شیر۔ شیروں۔

شیرِ آبی (ف۔ ا۔ مذ) مگرمچھ۔ گھڑیال۔

شیر آسا (ف۔ صف) شیر کی طرح۔

شیر انداز (شیر افگن) (ف۔ صف) شیر کو پچھاڑنے والا۔ شُجاع۔ دلیر۔ بہادر۔

شیر بَبَر (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا بہت بڑا شیر جس کی گردن پر بالوں کے گچھے ہوتے ہیں۔

شیر بچہ (ف۔ ا۔ مذ) شیر کا بچہ (۲) دلیر۔ بہادر (۳) ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔

شیر بکری (ف۔ ا۔ مث) لڑکوں کا ایک کھیل۔

شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں (اُر۔ مثل) عدل اور اِنصاف کی تعریف میں بولتے ہیں۔

شیرِ خُدا (ف۔ ا۔ مذ) خُدا کا شیر۔ حضرت علیؓ کا لقب۔

شیر دل (ف۔ صف) دلیر۔ قوی۔ شُجاع۔ بہادر۔

شیر دہاں (بغیر اضافت) (ف۔ ا۔ مذ) وہ صورت جو شیر کے کلّے سے مُشابہ ہو۔ اکثر پانی گرنے کی جگہ پر بنا دیتے ہیں (۲) ایک قسم کی بندوق (۳) ایک قسم کا عصا (۴) وہ مکان جو دروازے کی طرف سے عرض میں کم اور پیچھے کی طرف سے زیادہ ہو (۵) ایک قسم کا کنگن۔

شیرِ ژیاں (ف۔ ا۔ مذ) غضب ناک شیر (۲) بہادر آدمی۔

شیر شاہ کی ڈاڑھی بڑی یا سلیم شاہ کی؟ (اُر۔ مثل) فضول بحث۔ خواہ مخواہ کی تکرار۔

شیرِ (قالی) قالین (ف۔ ا۔ مذ) (۱) شیر کی وہ تصویر جو اکثر قالینوں پر بنی ہوتی ہے (۲) (صف) نمائشی۔ غیر حقیقی (۳) بُزدِل۔

شیر کا ایک ہی بھلا (اُر۔ مثل) بہادر بیٹا ایک ہی کافی ہے۔

شیر کا بال (ف۔ ا۔ مذ) سمِّ قاتل۔ زہرِ قاتل۔

شیر کا بُرقع (ف۔ ا۔ مذ) فقیری۔ درویشی۔

شیر کا جھوٹا گیدڑ کھائیں (اُر۔ مثل) امیر آدمیوں کے دَم سے کئی غریب پلتے ہیں۔

شیر کا کان (ف۔ ا۔ مذ) بھنگ چھاننے کی صافی۔

شیر کا کھاجا بکری (اُر۔ مثل) زبردست کمزوروں کو دبا لیتے ہیں۔

شیر کا مُنہ چوم کر طمانچہ کھانا (اُر۔ محاورہ) زبردست کو چھیڑ کر تکلیف اُٹھانا۔

شیر کا ناخن (ف۔ ا۔ مذ) حفاظت کے لئے بچّوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

شیر کھائے نہ کھائے مُنہ لال (اُر۔ مثل) بدنام آدمی پر سب اِلزام لگاتے ہیں۔

شیر کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حوصلہ بڑھانا (۲) دلیر کرنا (۳) بتّی اُکسانا (۴) زیادہ کرنا۔ تیز کرنا۔

شیر کی بولی بولنا (اُر۔ محاورہ) قے کرنا۔

شیر کی خالہ (اُر۔ ا۔ مث) بلّی۔

شیر کے مُنہ میں جانا (اُر۔ محاورہ) جان کو خطرے میں ڈالنا۔

شیر ماہی (ف۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مچھلی۔

شیر مرد (ف۔ صف) بہادر۔ شُجاع (۲) عارف۔ کامل۔

شیرِ نیستاں (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جنگل کا شیر (۲) (صف) بڑا بہادر۔

شیر ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کا کسی پر دلیر ہونا۔

شیرِ یزداں (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے شیرِ خُدا۔

شِیر (بیائے معروف) (ف۔ ا۔ مذ) دودھ۔ لبن۔ حلیب۔

شیر برنج (ف۔ ا۔ مث) چاولوں کی کھیر۔

شیر پیما (ف۔ ا۔ مذ) آلہ جس سے دودھ کے خالص ہونے کا اِمتحان کیا جاتا ہے۔ (Lactometer)۔

شیر خشت (ف۔ ا۔ مذ) ایک میٹھی دوا جو بطور مُسہل اِستعمال ہوتی ہے۔

شیر خوار (شیر خور) (ف۔ ا۔ مذ) دودھ پیتا بچہ۔

شیر خواری (ف۔ ا۔ مث) وہ عُمر جس میں بچہ دودھ پیتا ہے۔

شیر دان (ف۔ ا۔ مذ) (۱) دودھ کا برتن (۲) بکری وغیرہ کے بچے کا معدہ۔ کھیری۔

شیر گرم (ف۔ صف) نیم گرم۔

شیر مادر (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ماں کا دودھ (۲) (صف) حلال۔ مُباح۔ جائز۔

شیر مال (ف۔ ا۔ مذ) میدے کی خمیری روغنی روٹی۔

شیر و شکر (ف۔ صف) (۱) دودھ اور شکر کی طرح ملا ہوا۔ ایک جان دو قالب (۲) (ا۔ مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

شیر و شکر ہونا (اُر۔ محاورہ) نہایت مانوس ہونا۔ گھل مل جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شیرازہ (شی۔را۔زہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) وہ فیتہ جو کتاب کی جزو بندی کے بعد اُس کی پشت پر لگاتے ہیں (۲) سِلائی جو کتاب اور پٹھوں پر کی جاتی ہے (۳) انتظام۔ سلسلہ۔

شیرازہ باندھنا (اُر۔ محاورہ) کتاب کی سلائی کرنا۔ منتشر جزوں کو یکجا کرنا۔

شیرازہ بکھرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) متفرق ہو جانا (۲) ابتری پڑنا (۳) انتظام بگڑنا۔

شیرازہ بندی (ف۔ا۔مث)(۱) جلد بندی (۲) انتظام و انصرام۔

شیرازی (شی۔را۔زی)(ف۔صف)(۱) شہر شیراز کا۔ شیراز سے منسوب (۲) ایک قسم کا کبوتر۔

شیرنی (اُر۔ا۔مث) شیر کی مادہ۔ جمع: شیرنیوں۔ شیرنیاں۔

شیروں (شیے۔روں)(اُر۔ا۔مذ) شیر کی جمع۔

شیروں کا منہ کس نے دھویا (اُر۔مثل) بچے ہاتھ منہ دھوئے بغیر کھانا کھائیں تو طنزاً کہتے ہیں۔

شیروں کے شیر ہی ہوتے ہیں (اُر۔مثل) بہادروں کی اولاد بہادر ہی ہوتی ہے۔

شیروں کے منہ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) بہادروں کے ساتھ مقابلہ کرنا۔ زبردست کے ساتھ لڑنا۔

شیرہ (شی۔رہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) قوام۔ چاشنی (۲) پتلا گڑ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے۔ راب۔

شیرۂ انگور (ف۔ا۔مذ) انگوری شراب۔

شیریں (شی۔ریں)(ف۔صف)(۱) میٹھا۔ خوش گوار (۲) عزیز۔ پیارا (۳) نرم۔ ملائم۔ رس دار۔

شیریں ادا (ف۔صف) اچھی اداؤں والا۔

شیریں بیان (ف۔صف) خوش بیان۔ خوش کلام۔

شیریں خرام (ف۔صف) پسندیدہ چال چلنے والا۔

شیریں دہاں (دہن)(ف۔صف) میٹھی باتیں کرنے والا۔

شیریں زبان (شیریں سخن۔ شیریں کلام۔ شیریں نفس۔ شیریں مقال)(ف۔صف) خوش گفتار۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔

شیریں لب (ف۔صف) خوش گفتار۔ فصیح۔

شیریں نوا (ف۔صف) سُریلا۔ خوش آواز۔

شیریں نہ شود دہن بہ حلوا گفتن (ف۔مثل) حلوا کہنے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا۔ کسی چیز کا محض نام لینے سے اُس کا مزہ نہیں آتا۔

شیرینی (شی۔ری۔نی)(ف۔ا۔مث)(۱) مٹھائی (۲) مٹھاس۔ حلاوت۔

شیرینیٔ تحریر (ف۔ا۔مث) تحریر کا دل پسند ہونا۔

شیش (بیائے معروف)(ف۔ا۔مذ) شیشے کا مخفف۔ بطور سابقہ اِستعمال ہوتا ہے جیسے شیش محل۔

شیش گر (ف۔صف) شیشے کی چیزیں بنانے والا۔

شیش محل (ف۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں۔

شیش محل کا کتا (اُر۔صف) بوکھلایا ہوا۔ گھبرایا ہوا۔ سراسیمہ۔ کتا شیش محل میں چاروں طرف کتوں کو دیکھ کر گھبرا جاتا ہے۔

شیش (یائے مجہول)(س۔ا۔مذ) موت۔ تباہی۔ خاتمہ۔ ہلاکت۔

شیش ناگ (س۔ا۔مذ) ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق ایک بڑا سانپ جس کے ہزار سر ہوتے ہیں اور جو دُنیا کو اُٹھائے ہوئے ہے (۲) بہت بڑا سانپ۔

شیشم (شی۔شم)(ہ۔ا۔مذ) ایک درخت جس کی لکڑی نہایت وزنی اور مضبوط ہوتی ہے۔ (پن) ٹاہلی۔

شیشہ (شی۔شہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایک دھات جو سلیکا (ریت) چونے کا پتھر، سوڈیم کاربونیٹ، پوٹاشیم نائٹریٹ اور سندور وغیرہ کے مُرکب سے بنائی جاتی ہے (۲) آئینہ (۳) بوتل۔ قرابہ (۴) آرسی کا آئینہ۔ اُردو جمع: شیشوں۔ شیشے۔

شیشہ باز (ف۔صف) شعبدہ باز (۲) رقاصوں کا ایک گروہ (۳) ٹھگ۔ مکّار۔

شیشۂ بشکستہ را پیوند کردن مشکل اَست (ف۔مثل) ٹوٹے ہوئے شیشے کو جوڑنا مشکل ہے۔ اسی طرح جب دل میں کسی قسم کا میل آ جائے تو صفائی مشکل ہو جاتی ہے۔

شیشہ دکھانا (اُر۔ محاورہ) آئینہ دکھانا (۲) جوتے کا تلا دکھا کر مذاقاً کہتے ہیں کہ شیشہ دیکھو۔

شیشہ دکھائی (اُر۔ محاورہ) وہ انعام جو نائی کو آئینہ دکھانے پر دیا جاتا ہے۔

شیشۂ دل (ف۔ا۔مذ) نازک ہونے کی وجہ سے دل کا اِستعارہ شیشے سے کیا جاتا ہے۔

شیشۂ دل چور کرنا (اُر۔ محاورہ) رنج پہنچانا۔ دُکھ دینا۔

شیشہ گر (ف۔صف) شیشہ بنانے والا۔

شیشی (شی۔شی)(اُر۔ا۔مث) کانچ کا چھوٹا سا برتن۔ چھوٹی سی بوتل۔ جمع: شیشیاں۔ شیشیوں۔

شیشی سنگھانا (اُر۔ محاورہ) بیہوشی کی دوا سنگھانا۔

شیشے (شی۔شے)(اُر۔ا۔مذ)(۱) شیشہ کی جمع (۲) شیشہ کی بدلی ہوئی شکل۔

شیشے کا بال (اُر۔ا۔مذ) باریک درز جو شیشے میں چوٹ لگنے سے آ جاتی ہے۔

شیشے کا دیو (اُر۔ا۔مذ) شراب۔ مے۔

شیشے کی ہچکیاں (اُر۔ا۔مث) بوتل یا قرابہ سے رقیق چیز کے نکلنے پر جو آواز رُک رُک کر پیدا ہوتی ہے۔

شیشے میں اُتارنا (اُر۔ محاورہ) قابو میں لانا۔ مسخر کرنا۔ پرچانا۔

شیشے میں ڈھالنا (اُر۔ محاورہ) مطیع کرنا۔ مسخر کرنا۔

شیطان (شے۔طان)(ع۔ا۔مذ) فرشتوں کا معلم جس نے خدا کی نافرمانی کر کے حضرت آدمؑ کو سجدہ نہ کیا اور راندۂ درگاہ ہو گیا۔ ابلیس (۲)(صف) نافرمان (۳) پلید۔ خبیث۔ بدکار (۴) مردود۔ نکالا ہوا (۵) گمراہ۔ سرکش (۶) شریر۔ بدذات۔ فتنہ انگیز۔ فسادی۔ جمع: شیاطین۔ اُردو جمع: شیطان۔ شیطانوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شیطان اُترنا (اَر۔ محاورہ)(۱) غُصّہ دُور ہونا (۲) شرارت رفع ہونا۔

شیطان اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) شرارت سُوجھنا۔

شیطان چڑھنا (سوار ہونا) (اَر۔ محاورہ) غُصّہ یا ضِد چڑھنا (۲) جن بھوت کا سایہ ہونا (۳) شرارت سُوجھنا۔

شیطان چوکڑی (اَر۔ا۔مث) شرارتی آدمیوں کی ٹولی۔

شیطان سے زیادہ مشہور (اَر۔ صف) بہت بدنام۔

شیطان کا امان (پناہ) مانگنا (اَر۔ محاورہ) ایسا شریر ہونا کہ شیطان بھی پناہ مانگے۔

شیطان کا کان میں پُھونک دینا (اَر۔ محاورہ) شیطان کا بہکا دینا (۲) شیطان کا دل میں غرور پیدا کرنا۔

شیطان کا لشکر (اَر۔ا۔مذ) شریر لڑکوں کا مجمع۔

شیطان کو آتے دیر نہیں لگتی (اَر۔ مثل) جھگڑا کھڑا ہونے یا غُصّہ آتے دیر نہیں لگتی۔

شیطان کی آنت (اَر۔ا۔مث)(۱) بڑی لمبی چیز (۲) طویل قِصّہ (۳) وہ چیز جس کا سلسلہ دُور تک پھیلا ہو۔

شیطان کی پھٹکار (اَر۔ بدُعا) کوئی بُرا کام کرے تو کہتے ہیں۔

شیطان کی خالہ (اَر۔ا۔مث) لڑائی جھگڑا کرا دینے والی عورت۔

شیطان کی ڈور (اَر۔ا۔مث) مکڑی کے جالے کا تار جو اکثر راستوں میں اُڑتا رہتا ہے اور آنکھ میں پڑ جانے سے سخت تکلیف ہوتی ہے۔

شیطان کے کان بہرے (اَر۔ مثل) شیطان نہ سُنے (۲) خُدا کرے یہ خبر جُھوٹ ہو۔

شیطان کے کان کاٹنا (اَر۔ محاورہ) شیطان سے بڑھ کر کام کرنا۔ شیطان سے زیادہ شریر اور فتنہ انگیز ہونا۔

شیطان کے گھر وَلی (اَر۔ مثل) نالائق شخص کی اولاد کا نیک ہونا۔

شیطانِ مجسّم (ع۔ صف) سرتاپا شریر۔ بے حد شریر۔

شیطان نے لڑکوں سے پناہ مانگی (اَر۔ مثل) لڑکے شیطان سے بھی زیادہ شریر ہوتے ہیں۔

شیطان ہر جگہ موجود ہے (اَر۔ مثل) گُناہ کا سامان ہر جگہ موجود ہوتا ہے۔ ہر جگہ اِنسان کے دِل میں بُرے وسوسے آسکتے ہیں۔

شیطانی (شے۔ طا۔ نی) (اَر۔ صف) شیطان سے منسوب۔ شیطان کا (۲) احتلام جو عورتوں کو ہوتا ہے (۳) (اَر۔ا۔مث) شرارت۔ جمع: شیطانیاں۔ شیطانیوں۔

شیطانی لشکر (اَر۔ا۔مذ) دیکھئے شیطان کا لشکر۔

شیطانی چرخہ (اَر۔ا۔مذ) بُری چیز یا بُرا شخص۔

شیطنت (شے۔ طَ۔ نَت) (ع۔ا۔مث) (۱) شرارت۔ خباثت۔ بدی (۲) فتنہ و فساد۔

شِیعَہ (شی۔ عَہ) (ع۔ا۔مذ)(۱) گروہ (۲) مُسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علیؓ کو پیغمبرِ اِسلام ﷺ کے بعد خلافت کا حق دار مانتا ہے (۲) امامیہ فرقے کا پیرو۔ فارسی جمع: شیعان۔ اُردو جمع: شیعہ۔ شیعوں۔ نیز دیکھئے اہلِ تشیّع۔

شِیعی (شی۔ عی)(ع۔ صف) شیعہ فرقے سے منسوب۔

شیفتگی (شیف۔ تَ۔ گی)(بیائے مجہول)(ف۔ا۔مث)(۱) عشق۔ فریفتگی (۲) حیرانی۔ مدہوشی۔ پریشانی۔

شیفتہ (شیف۔ تہ)(بیائے مجہول)(ف۔ صف)(۱) عاشق۔ فریفتہ (۲) متحیّر۔ پریشان۔

شَیلا (شے۔ لا)(ق۔ا۔مث) ململ۔

شیلڈ (Shield) (انگ۔ا۔مث) سپر۔ ڈھال (۲) اِنعامی نشان۔

شیلف (Shelf) (انگ۔ا۔مث) طاق۔ الماری۔ خانہ۔

شِیَم (شِ۔ یَم)(ع۔ا۔مث) شیمہ کی جمع۔ عادتیں۔ خصلتیں۔

شِین (بیائے معروف)(ع۔ا۔مذ)(۱) عیب۔ بُرائی (۲) حرف ش کا تلفّظ۔

شین قاف دُرست نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) تلفّظ صحیح نہ ہونا۔

شیو (Shave) (انگ۔ا۔مذ) ڈاڑھی مُونڈنا۔

شیو (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے شِو۔

شیوا (شے۔ وا)(ف۔ صف) فصیح۔ بلیغ۔

شیوا زبان (بیان) (ف۔ صف) خوش بیان۔ فصیح و بلیغ (شخص)۔

شُیُوخ (شُ۔ یُوخ)(ع۔ا۔مذ) شیخ کی جمع۔

شیوخت (شُ۔ یُو۔ خت)(ع۔ا۔مث) بُڑھاپا۔ نیز دیکھئے شیخوخت۔

شُیُوع (شُ۔ یُوع)(ع۔ا۔مذ)(۱) ظاہر ہونا (۲) جاری ہونا (۳) پھیلنا۔ اِشاعت۔

شیون (شے۔ وَن)(ف۔ا۔مذ) غم۔ ماتم۔ سوگ۔ نوحہ۔ آہ و زاری۔ نالہ۔ فریاد۔ واویلا۔

شیوہ (شے۔ وَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ دستور (۲) ناز۔ کرشمہ۔

شیوہ گر (ف۔ صف) عِشوہ گر۔ نخرے کرنے والا۔

شیوہ گری (ف۔ا۔مث) ناز۔ نخرہ۔ عِشوہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ص

ص (صاد۔ اِس میں ہلکی سی واو کی آواز شامل ہے) (ع۔ا۔مذ) اُردو کا بیسواں' فارسی کا سترھواں اور عربی کا چودھواں حرف۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے نوّے (۹۰) عدد فرض کئے گئے ہیں۔ اِسے صادِ مُہملہ یا صادِ غیر منقوط بھی کہتے ہیں۔ آدھا ص یعنی بلا دائرے کا (ص) صحیح' منظور شُدہ اور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کے مخفف کی علامت ہے۔ قرآن شریف کی ایک سُورت کا نام بھی ہے۔ یہ شمسی حرف ہے۔ اگر اِس سے پہلے "ال" ہو تو لام آواز نہیں دے گا اور ص کو مشدّد کر دے گا۔ یہ حرفِ صحیح ہے یعنی کسی حرفِ عِلّت سے مِل کر آواز دیتا ہے۔

ص۔ا

صابِر (صا۔بِر) (ع۔صف) (۱) صبر کرنے والا۔ متحمّل۔ بُردبار (۲) حضرت ایوبؑ کا لقب جن کا صبر ضربُ المثل ہے۔ جمع: صابرین۔

صابِری (صا۔بِ۔ری) (ع۔ف ۔صف) (۱) صابر سے منسوب (۲) فقرا کا ایک گروہ جو حضرت سید علاءُ الدّین علی احمد صابر کلیری سے منسوب ہے۔

صابَن (صا۔بَن) (اَر۔ا۔مذ) عربی لفظ صابُون کا مُورّد۔ مَیل صاف کرنے کی چیز جو تیل' سوڈا اور چربی وغیرہ سے بنائی جاتی ہے۔

صابَن دانی (اَر۔ا۔مث) صابن رکھنے کا ظرف۔

صابَن سا منہ میں گھُلنا (صابن سا منہ ہونا) (اَر۔محاورہ) سیٹھا سیٹھا منہ ہونا۔ پھیکا پھیکا اور بد ذائقہ منہ ہونا۔

صابُون (صا۔بُون) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے صابَن۔

صابُونی (صا۔بُو۔نی) (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی مٹھائی۔

صابی (ع۔صف) (۱) ایک دین سے پھر کر دُوسرے دین میں جانے والا (۲) ستارہ پرست۔ جمع: صابئین۔

صاحِب (صا۔حِب) (ع۔ا۔مذ) (۱) یار۔ دوست۔ ساتھی (۲) مالک۔ آقا۔ حاکم (۳) جنٹلمین۔ شریف (۴) کلمۂ خطاب (۵) کلمۂ احترام جو نام کے بعد لکھا جاتا ہے۔ جمع: اَصحاب۔ فارسی جمع: صاحبان۔

صاحِبُ الغَرَضِ مَجنُونٌ (ع۔مثل) غرض مند دیوانہ ہوتا ہے۔

صاحِبِ اِختیار (ع۔صف) بااختیار۔ خود مختار۔ آزاد۔ مطلقُ العنان۔

صاحِبِ اَخلاق (ع۔صف) خوش اَخلاق۔ خلیق۔

صاحِبِ اِدراک (ع۔صف) دانا۔ عقل مند۔

صاحِبِ اِستعداد (ع۔صف) قابل۔ لائق۔

صاحِبِ اِقبال (ع۔صف) خوش بخت۔ نیک اختر۔ خوش قسمت۔

صاحِبُ الزّمان (صا۔حِ۔بُز۔زَ۔ماں) (ع۔صف) دُنیا کا آقا۔ حضرت امام مہدی کا لقب۔

صاحِبِ بَرید (ع۔صف) ڈاک خانے کا اِنتظام کرنے والا۔ پوسٹ ماسٹر۔

صاحِبِ تخت (ع۔ف۔صف) بادشاہ۔

صاحِبِ تدبیر (ع۔صف) ذی شعور۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ مدبّر۔

صاحِبِ تمیز (ع۔صف) تمیز دار۔ مہذّب (۲) دانا۔ عقل مند (۳) واقف۔ ماہر (۴) سلیقہ مند۔ سُگھڑ۔

صاحِبِ جائیداد (ع۔ف۔صف) وہ شخص جس کے پاس زمین' اَملاک' مکانات' باغات وغیرہ ہوں۔

صاحِبِ جاہ (ع۔ف۔صف) صاحبِ مرتبہ۔ افسر۔

صاحِبِ جمال (ع۔صف) حسین۔ خوب صورت۔ (بغیر اضافت بھی صحیح)۔

صاحِبِ جَیش (ع۔صف) فوج کا کمانڈر انچیف۔ جرنیل۔

صاحِبِ حال (ع۔صف) لائق۔ قابل (۲) مہذّب۔ شائستہ (۳) اہلِ دل (۴) وہ شخص جس کی طرف کسی فقرے یا جُملے کا اشارہ ہو۔

صاحِبِ حال و قال (ع۔صف) مُہذّب۔ شائستہ (۲) ذہین۔ واقف۔ لائق۔ قابل۔

صاحِبِ حیثیت (ع۔صف) جائیداد کا مالک۔ دولت مند۔ معزّز۔

صاحِبِ دِل (ع۔ف۔صف) پارسا۔ متقی۔ پرہیزگار (۲) سخی۔ فیّاض۔ (بغیر اضافت بھی صحیح ہے)۔

صاحِبِ دیوان (ع۔صف) وہ شاعر جس کے کلام کا مجموعہ شائع ہو چکا ہو (۲) وزیرِ خزانہ۔

صاحِبِ ذوق (ع۔صف) (۱) عارفِ کامل (۲) شوقین۔ عاشق مزاج (۳) فنونِ لطیفہ کا اچھا مذاق رکھنے والا۔

صاحِبِ راز (ع۔ف۔صف) بھیدی۔ محرم۔ ہمدم۔

صاحِبِ رائے (ع۔صف) صحیح مشورہ دینے والا (۲) عقل مند۔ عقیل۔ فہیم (۳) مُشیر۔

صاحِبِ روایت (ع۔صف) معتبر راوی۔

صاحِب زادہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) شریف زادہ۔ رئیس زادہ (۲) بیٹا۔ فرزند۔ لڑکا (۳) کسی بُزرگ کی اولاد (۴) تجربہ کار نوجوان۔

صاحِب زادہ پن (اَر۔ا۔مذ) نادانی۔ احمق پن۔ بیوقوفی۔

صاحِب زادی (ع۔اَر۔ا۔مث) بیٹی۔ دُختر۔

صاحِبِ زبان (ع۔ف۔صف) زبان کا ماہر۔ زبان دان۔

صاحِبِ زر (ع۔ف۔صف) امیر۔ دولت مند۔ مال دار۔

صاحِبِ سِکّہ و خُطبہ (ع۔ا۔مذ) بادشاہ جس کے نام کا مُلک میں سِکّہ چلتا ہو اور مساجد میں خطبہ پڑھا جاتا ہو۔

صاحِب سلامت (ع۔ا۔مث) علیک سلیک۔ مُلاقات۔ جان پہچان۔

صاحِبِ سلیقہ (ع۔صف) سُگھڑ۔ ہُنر مند۔ صاحبِ تمیز۔

صاحِبِ صِفّین (ع۔صف) حضرت علیؓ۔

صاحِبِ ظرف (ع۔صف) باحوصلہ۔ عالی ظرف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صاحبِ عالم (ع۔ صف) دُنیا کا مالک۔ شہزادگانِ دہلی کا لقب۔
صاحبِ عزّو شان (ع۔ صف) عزّت دار۔ شان و شوکت والا۔
صاحبِ عصا (ع۔ صف) حضرت موسیٰ علیہ السّلام کا لقب۔
صاحبِ عطا و نِعَم (ع۔ صف) فیّاض۔ سخی۔
صاحبِ غیرت (ع۔ صف) غیرت مند۔
صاحبِ فراسَت (ع۔ صف) عقل مند۔ دانا۔
صاحبِ فِراش (ع۔ صف) وہ بیمار جو بستر سے اُٹھ نہ سکے۔ چارپائی پر پڑا رہنے والا۔
صاحبِ فہم و فراسَت (ع۔ صف) دیکھئے صاحبِ فراست۔
صاحبِ قِران (بغیر اضافت) (ع۔ صف) (۱) وہ شخص جس کے نُطفہ ٹھہرنے یا پیدا ہونے کے وقت زہرہ و مشتری ایک گھر میں ہوں۔ قِرانُ السّعدین والا (۲) بڑا نیک طالع اور فتح مند (۳) امیر تیمور کا لقب۔
صاحبِ قلم (ع۔ صف) ادیب۔ شاعر۔ مصنف۔ اہلِ قلم۔
صاحبِ قیافہ (ع۔ صف) عقل مند۔ دانا۔ سمجھ دار۔
صاحبِ کتاب (ع۔ صف وا۔ مذ) وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب اُتری ہو۔
صاحبِ کرامت (ع۔ صف) جس میں کرامت دکھانے کی طاقت ہو۔
صاحبِ کرم (ع۔ صف) فیّاض۔ سخی۔ داتا۔
صاحبِ کمال (ع۔ صف) اُستاد۔ عالم (۲) طبیب حاذق (۳) عارف۔ ولی اللہ
صاحبِ لولاک۔ دیکھئے شاہِ لولاک۔
صاحبِ مقدُور (ع۔ صف) مالدار۔ دولت مند۔
صاحبِ من (ع۔ ف۔ کلمۂ خطاب) میرے صاحب! جنابِ من! مہربان!
صاحبِ منصب (ع۔ صف) عُہدیدار۔
صاحبِ نسبت (ع۔ صف) خُدا سے لگاؤ رکھنے والا۔ ولیِ کامل۔
صاحبِ نصیب (ع۔ صف) (۱) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔ (طنزاً) بدنصیب۔ کم بخت۔
صاحبو! (صا۔ حِ۔ بو) (اُر۔ کلمۂ خطاب) صاحب کی جمع بحالتِ ندا۔
صاحِبہ (صا۔ حِ۔ بہ) (ع۔ صف) صاحب کی تانیث۔ محترمہ۔ جمع: صاحبات۔
صاحِبی (صا۔ حِ۔ بی) (ع۔ ا۔ مث) حکومت۔ عہد۔ دور دورہ (۲) امیری (۳) عالی دماغی۔ نازک مزاجی۔ بے پروائی (۴) شیخی۔ فیشن پرستی (۵) مغربی انداز اور طور طریقہ۔
صاحبی کرنا (اُر۔ محاورہ) حکومت کرنا (۲) دماغ کرنا۔ کم توجہی کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔
صاد (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حرف "ص" کا تلفّظ (۲) علامتِ تصدیق و اقرار۔ منظور کرنے کی علامت (۳) قرآن شریف کی اڑتیسویں سورت (۴) چشم۔ آنکھ۔
صاد بنانا (اُر۔ محاورہ) صحیح قرار دینا۔ ؐ لکھنا۔
صاد کرنا (صاد لکھنا) (اُر۔ محاورہ) تصدیق کرنا۔ منظور کرنا۔ پسند کرنا (۲) دستخط کرنا۔
صاد ہونا (اُر۔ محاورہ) منظور ہونا۔

صادِر (صا۔ دِر) (ع۔ صف) جاری ہونے والا۔ نکلنے والا۔ نافِذ۔
صادِر شُدہ (ع۔ ف۔ صف) جاری کیا ہوا۔
صادِر کرنا (اُر۔ محاورہ) جاری کرنا۔ حکم یا قانون جاری کرنا۔
صادِر وارِد (ع۔ صف) مسافر۔ مہمان۔
صادِر ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) نافذ ہونا۔ جاری ہونا (۲) واقع ہونا۔ پیش آنا (۳) پہنچنا۔ نازل ہونا۔
صادِق (صا۔ دِق) (ع۔ صف) (۱) سچّا۔ راست گو (۲) مُنصِف مزاج (۳) وفادار (۴) ٹھیک۔ موزوں (۵) معنی کا کسی دُوسری چیز پر دُرست آنا (چسپاں ہونا)۔ جمع: صادقین۔
صادِق آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دُرست ہونا۔ ٹھیک ہونا (۲) چسپاں ہونا۔ عائد ہونا۔
صادِقُ الاعتقاد (صا۔ دِ۔ قُل۔ اِع۔ تِ۔ قاد) (ع۔ صف) سچّے اعتقاد والا۔
صادِقُ القول (صا۔ دِ۔ قُل۔ قَول) (ع۔ صف) بات کا پُورا۔ قول کا سچّا۔
صادِقُ الوعدہ (ع۔ صف) وعدے کا سچّا۔ وعدہ پُورا کرنے والا۔
صادِقانہ (صا۔ دِ۔ قا۔ نہ) (ع۔ متعلق فعل) سچّے طور سے۔ وفاداری سے۔
صارِف (صا۔ رِف) (ع۔ صف) خرچ کرنے والا۔ وہ شخص جو کسی چیز کو استعمال کرے۔ جمع: صارفین۔
صارِم (صا۔ رِم) (ع۔ صف) (۱) کاٹ کرنے والی تلوار (۲) بہادُر آدمی۔
صاع (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ۲۳۴ تولے کا ایک وزن (۲) (ع۔ ا۔ مث) نشیب۔ پست زمین۔
صاعِد (صا۔ عِد) (ع۔ صف) اُوپر چڑھنے والا۔
صاعِقہ (ع۔ ا۔ مث) کڑکنے اور زمین پر گرنے والی بجلی۔ جمع: صواعق۔
صاعِقہ بار (صاعِقہ زا۔ صاعِقہ فگن) (ع۔ ف۔ صف) بجلی گرانے والا۔
صاف (ع۔ صف) (۱) کھرا۔ نِرمل۔ خالص (۲) اُجلا۔ بے داغ۔ کورا (۳) بے گُناہ۔ پاک (۴) سہل۔ آسان (۵) ہموار۔ چکنا (۶) ہُو بہُو۔ بالکل (۷) ظاہر۔ آشکار (۸) علی الاعلان (۹) نِتھرا ہوا۔ مانجھا ہوا۔ میقل کیا ہُوا (۱۰) سچّا۔ سیدھا (۱۱) مفصّل۔ واضح (۱۲) ٹھیک۔ دُرست (۱۳) بے کدورت (۱۴) بے لوث (۱۵) سادہ۔ معصوم (۱۶) کھُلم کھُلا۔ کھُلے طور پر۔
صاف اُڑا لانا (اُر۔ محاورہ) اِس طرح بھگا لانا کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔
صاف اِنکار کرنا (اُر۔ محاورہ) کورا جواب دینا۔ مُکر جانا۔
صاف بات (اُر۔ ا۔ مث) آزادانہ رائے۔ بے لاگ بات۔
صاف باطِن (ع۔ صف) بے کینہ۔ جس کے باطن میں کھوٹ نہ ہو۔
صاف جواب دینا (اُر۔ محاورہ) بالکل اِنکار کرنا۔ دو ٹوک جواب دینا۔
صاف بچنا (اُر۔ محاورہ) کوئی ضرر نہ پہنچنا۔
صاف چھُوٹنا (اُر۔ محاورہ) بَری ہونا۔ رہائی پانا (۲) بچ کر نکل جانا۔
صاف دِل (ع۔ ف۔ صف) بے کینہ۔ بے ریا۔ جس کے دل میں کوئی کدورت نہ ہو۔
صاف دیدہ (ع۔ ف۔ صف) بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزّت۔ ڈھیٹ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صاف رہ بیباک رہ (ار۔ مثل) حساب صاف ہو تو کسی کا ڈر نہیں ہوتا۔

صاف رہنا (ار۔ محاورہ) (۱) اُجلا رہنا۔ پاک رہنا (۲) دیانت داری اور ایمان داری سے رہنا (۳) بھوکا رہنا۔ کچھ نہ کھانا۔

صاف شفاف (ع۔ صف) ایسا صاف جس کے آر پار نظر آسکے۔ بالکل صاف۔

صاف صاف (ع۔ صف) بے لاگ۔ کھری کھری۔ کھلم کھلا۔ علانیہ۔

صاف صاف سُنانا (کہنا) (ار۔ محاورہ) (۱) گالیاں دینا (۲) کھری کھری سُنانا۔

صاف کر دینا (کرنا) (ار۔ محاورہ) (۱) دھونا۔ میل نکالنا۔ کوڑا کرکٹ نکالنا۔ مانجھنا (۲) نقل کرنا۔ مسودہ کو ٹھیک کر کے لکھنا (۳) جنگل کاٹ کر میدان بنانا (۴) چٹ کرنا۔ اُڑا دینا (۵) بالکل غارت کر دینا۔ اُجاڑنا (۶) مشق کرنا (۷) مُنہ کا مزہ ٹھیک کرنا (۸) مذبوحہ جانور کو بنانا (۹) قتل کر دینا (۱۰) کدورت رفع کرنا (۱۱) منہدم کر دینا۔ گرانا (۱۲) بے باق کرنا (۱۳) ختم کر دینا (۱۴) چوری کرنا۔

صاف کہہ دینا (کہنا) (ار۔ محاورہ) سچ سچ کہنا۔ کھری کھری سُنانا (۲) بے لاگ بات کرنا۔

صاف گُورنا (ار۔ محاورہ) فاقہ گُورنا۔ بالکل کھانے کو نہ ملنا۔

صاف گو (ع۔ ف۔ صف) سچا۔ کھری کھری کہنے والا۔

صاف معاملہ (ع۔ ا۔ مذ) ایسا معاملہ جس میں کوئی پیچ نہ ہو۔

صاف مُنہ پر کہنا (ار محاورہ) کسی کے خلاف اُس کے سامنے کہنا۔ کھلے طور پر کہنا۔

صاف نکل جانا (ار۔ محاورہ) کسی صدمے، آزار یا خطرناک جگہ سے بچ کر چلا جانا۔

صاف ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) اِخلاص ہونا (۲) کھلنا۔ جاری ہونا (۳) گر پڑنا۔ منہدم ہونا (۴) بہت سے آدمیوں کا مارا جانا (۵) جنگل کا کاٹا جانا (۶) بال مونڈے جانا (۷) بیباق ہونا (۸) آسمان کھلنا (۹) دُرست کر کے لکھا جانا۔

صافہ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سر پر باندھنے کا دوپٹا (۲) نہانے کے لئے کمر میں باندھنے کا چھوٹا کپڑا۔ اُردو جمع: صافوں۔ صافے۔

صافی (صا۔ فی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کپڑے کا ٹکڑا جس سے صفائی کی جائے۔ چولھے پر سے برتن اُتارنے کا کپڑا (۲) چھاننے کا کپڑا۔ جمع: صافیاں۔ صافیوں۔

صافی نامہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) راضی نامہ (۲) تصدیق کا خط۔ فارغ خطی۔

صالح (صا۔ لِح) (ع۔ صف) (۱) نیک۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ متقی (۲) دیانت دار۔ نیک چلن۔ جمع: صالحین۔ صُلحا (۳) ایک پیغمبر جو قوم ثمود میں مبعوث ہوئے تھے۔

صالحات (صا۔ لِ۔ حات) (ع۔ صف) (۱) صالحہ کی جمع۔ نیک عورتیں (۲) اچھے کام۔

صالحہ (صا۔ لِ۔ حَہ) (ع۔ صفت) نیک بخت عورت۔ پاک دامن بی بی۔

صالحین (صا۔ لِ۔ حین) (ع۔ صف) صالح کی جمع۔ نیک اور پرہیزگار لوگ۔

صامِت (صا۔ مِت) (ع۔ صف) چپ۔ خاموش (۲) گونگا (۳) بے جان۔

صانع (صا۔ نِع) (ع۔ صف) (۱) کاری گر۔ بنانے والا (۲) پیدا کرنے والا۔ خالق۔ جمع: صُنّاع۔

صانعِ حقیقی (صانعِ قُدرت۔ صانعِ مُطلق) (ع۔ ا۔ مذ) دُنیا بنانے والا۔ اللہ تعالیٰ۔

صائب (صا۔ اِب) (ع۔ صف) (۱) رَسا۔ پہنچنے والا (۲) دُرست۔ ٹھیک۔

صائبُ الرّائے (صا۔ اِ۔ بُر۔ را۔ اِے) (ع۔ صف) جس کی رائے دُرست ہو۔ عقل مند۔

صائم (صا۔ اِم) (ع۔ صف) روزہ دار۔ روزہ رکھنے والا مرد۔ جمع: صیام۔

صائم الدّہر (صا۔ اِ۔ مُد۔ دَہر) (ع۔ صف) ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔

صائمہ (صا۔ اِ۔ مَہ) (ع۔ صف) صائم کی تانیث۔ روزہ دار عورت۔

ص۔ ب

صَبا (صَ۔ با) (ع۔ ا۔ مث) (۱) وہ ہوا جو مشرق سے چلے۔ وہ پُروا ہوا جو موسم بہار میں چلتی ہے۔ مشرقی ہوا۔ صُبح کی ہوا۔ بادِ صبا۔

صبا خرام (ع۔ صف) تیز رفتار (کنایۃً) تیز رفتار گھوڑا۔

صَباح (صَ۔ باح) (ع۔ ا۔ مث) صُبح۔ تڑکا۔ سَحر۔ اُشا۔

صَباحت (صَ۔ با۔ حَت) (ع۔ ا۔ مث) گورا پن۔ خوب صُورتی۔ جمال۔

صَبّاغ (صَب۔ باغ) (ع۔ ا۔ مذ) رنگ ریز۔ رنگنے والا۔

صُبح (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) تڑکا۔ فجر۔ سویرا۔ سحر۔ جمع: اَصباح۔ اُردو جمع: صبحوں۔ صبحیں۔

صُبحِ ازل (ع۔ ا۔ مث) مخلوق کی پیدائش کا وقت۔ سب سے پہلی صُبح۔

صُبحِ اَلَست (ع۔ ا۔ مث) وہ صُبح جب اللہ نے رُوحوں سے پوچھا تھا: اَلَستُ بِرَبِّکُم۔ یعنی کیا میں تمہارا ربّ نہیں ہوں؟ تو رُوحوں نے کہا تھا "بَلٰی" ہاں۔ تُو ہمارا ربّ ہے۔

صُبحِ بنارس (ع۔ ار۔ ا۔ مث) بنارس میں صُبح کا نظارہ بہت دِلکش ہوتا ہے۔ اِسی لئے بنارس کی صُبح مشہور ہے۔

صُبحِ بہار (ع۔ ف۔ ا۔ مث) موسم بہار کی صُبح۔

صُبحِ پیری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) بُڑھاپا۔ بُڑھاپے کی ابتدا۔

صُبح خیز (ع۔ ف۔ صف) صُبح سویرے اُٹھنے والا۔ عابد۔ نمازی۔

صُبح خیزا (صُبح خیزیا) (ار۔ صف) صُبح سویرے مسافروں کے اُٹھنے سے پہلے اُن کا مال چُرانے والا۔

صُبح دَم (ع۔ ف۔ متعلق فعل) علی الصباح۔ بہت تڑکے۔ مُنہ اندھیرے۔

صُبح شام بتانا (صُبح شام کرنا) (ار۔ محاورہ) حیلہ بہانہ کر کے ٹالنا۔

صُبح صادق (ع۔ ا۔ مث) نُور کا تڑکا۔ پَو پھٹنے کا وقت۔

صُبح صُبح (ع۔ متعلق فعل) بہت سویرے۔

صُبح کا بھولا شام کو آجائے تو اُسے بھولا نہیں کہتے (ار۔ مثل) اگر آدمی خرابی اُٹھا کر جلد سنور جائے یا گناہوں کے بعد توبہ کر لے اور سُدھر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جائے تو وہ قابلِ مواخذہ نہیں ہے۔

صُبح کا تارا (اُر۔ا۔مذ) نہایت روشن سیارہ جو اکثر صُبح کے وقت اور کبھی شام کو بھی دکھائی دیتا ہے۔ زُہرہ۔

صُبحِ کاذِب (ع۔ا۔مث) صُبح کی روشنی جس کے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے۔

صُبح کرنا (اُر۔ محاورہ) رات کاٹنا۔

صُبح کس کا مُنہ دیکھا تھا؟ (اُر۔ محاورہ) جب کوئی کام بگڑ جائے یا خلافِ مرضی ہو تو اُس وقت کہتے ہیں۔

صُبح کی بوہنی اللہ میاں کی آس (اُر۔مثل) صُبح کو کسی چیز کا بلا تکرار بِک جانا مُبارک ہوتا ہے۔

صُبح کی پُوچھنا تو شام کی کہنا (اُر۔ محاورہ) حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔

صُبح گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) صُبح کا وقت۔

صُبح گاہی (ف۔ صف) صُبح سے متعلق۔ صُبح والا۔

صُبحِ نُخست (نُخستیں) (ع۔ف۔ا۔مث) صُبحِ کاذب۔

صُبح و مسا (ع۔ متعلق فعل) صُبح و شام۔ ہر وقت۔

صُبح ہو جانا (اُر۔ محاورہ) دن نکل آنا (۲) خاتمہ ہو جانا۔

صَبر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) شکیبائی۔ کچھ نہ ملنے پر راضی رہنا (۲) برداشت۔ بُردباری۔ تحمّل (۳) توقّف۔ تامّل (۴) خُدا کی مار۔

صبر آزما (ع۔ف۔ صف) صبر کو آزمانے والا۔ تکلیف دہ۔

صبر آنا (اُر۔ محاورہ) تسلّی ہونا۔ اطمینان ہونا۔ چین آنا۔

صبرِ ایُّوب (ایُّوبی) (ع۔ا۔مذ) حضرت ایوبؑ کا صبر۔ انتہائی صبر۔

صبر پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو ستانے کی غیب سے سزا ملنا۔

صبر تلخ است ولیکن بَر شیریں دارد (ف۔مثل) صبر تکلیف دہ ضرور ہے مگر اس کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

صبرِ جمیل (ع۔ا۔مذ) بہترین صبر۔ وہ صبر جس پر ثواب ملے۔

صبر دینا (اُر۔ محاورہ) اللہ تعالیٰ کا کسی کو تسکین دینا۔

صبر رُخصت ہونا (اُر۔ محاورہ) صبر نہ رہنا۔ بے صبر ہونا۔

صبر سمیٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ناحق تُہمت لگانا۔ بُہتان کا گُناہ اپنے ذمّے لینا۔ جُھوٹ بولنا (۲) بددُعا لینا۔ کوسنا سُننا۔

صبر کا یارا نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) صبر نہ ہو سکنا۔

صبر کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نااُمید ہو جانا (۲) تحمّل کرنا۔ خاموش رہنا (۳) ٹھہرنا۔ تامّل کرنا (۴) توکّل کرنا۔ قناعت کرنا۔

صبر کر کے بیٹھ رہنا (اُر۔ محاورہ) مایُوس ہو کر بیٹھ رہنا۔

صبر کی داد خُدا کے ہاتھ ہے (اُر۔مثل) صبر کرنے والوں کا انصاف خُدا ہی کرتا ہے۔

صبر کی سِل چھاتی پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) صبر کرنا۔ صبر کی توفیق ہونا۔

صبر لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کے صبر کے عذاب میں گرفتار ہونا (۲) کسی پر بُہتان یا اِلزام لگا کر اُس کی آہ لینا۔

صبر و شکر کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی مُصیبت یا بلائے ناگہانی پر چُپ رہنا۔ تکلیف میں خُدا کا شکر بجا لانا۔

صبر و شکیب (ع۔ف۔ا۔مذ) تحمّل۔ برداشت۔ اطمینان۔

صبر ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) برداشت ہونا۔ قناعت ہونا (۲) تسلّی ہونا۔ توکّل ہونا (۳) تامّل ہونا۔

صِبر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) ایلوا۔ ایک تلخ دوا۔

صِبغ (صِبغہ) (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (صِب۔غہ) (ع۔ا۔مذ) رنگ (۲) مِلّت۔ دین۔

صِبغۃ اللہ (صِب۔غ۔تل۔لاہ) (ع۔ا۔مذ) قدرتی رنگ۔ دین کا رنگ (۲) خُدائی قانون۔

صَبُوح (صَبُوحی) (صَ۔بوح) (صَ۔بو۔حی) (ف۔ا۔مث) وہ شراب جو صُبح کو پی جائے۔

صَبُوحی کش (ف۔ صف) صُبح کو شراب پینے والا۔

صَبُور (صَ۔بُور) (ع۔ صف) (۱) صبر کرنے والا۔ صابر (۲) گُناہ گاروں کے ساتھ نرمی کرنے والا (۳) خُدا تعالیٰ کا صِفاتی نام۔

صَبُورا (صَ۔بو۔را) (اُر۔ا۔مذ) معنوی عضوِ تناسل۔

صَبُوری (صَ۔بُو۔ری) (ف۔ا۔مث) صبر۔

صَبی (صَ۔بی) (ع۔ا۔مذ) دودھ پیتا بچّہ۔ جمع: صِبیان۔

صَبیح (صَ۔بیح) (ع۔ صف) گورا۔ خوبصورت۔ (مؤنث کے لئے صبیحہ)۔

صَبِیّہ (صَ۔بی۔یہ) (ع۔ا۔مث) لڑکی۔ بچی۔

ص ۔ح

صَحابت (صَ۔حا۔بت) (ع۔ا۔مث) رفاقت۔ دوستی۔

صَحابہ (صَ۔حا۔بہ) (ع۔ا۔مذ) صحابی کی جمع۔

صَحابی (صَ۔حا۔بی) (ع۔ا۔مذ) رسُولِ مقبول صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے ساتھی یا وہ مسلمان جنہوں نے آپ کو بحالتِ ایمان دیکھا ہو۔ جمع: صحابہ۔

صَحابیہ (صَ۔حا۔بی۔یہ) (ع۔ا۔مث) صحابی کی تانیث۔ جمع: صحابیات۔

صِحاح (صِ۔حاح) (ع۔ا۔مث) صحیح کی جمع۔

صِحاحِ سِتّہ (ع۔ا۔مث) حدیث کی چھ مستند کتابیں (۱) بُخاری (۲) مُسلم (۳) ترمذی (۴) ابوداؤد (۵) ابنِ ماجہ (۶) نسائی۔

صَحاریٰ (صَ۔حا۔را) (ع۔ا۔مذ) صحرا کی جمع۔

صَحّاف (صَح۔حاف) (ع۔ا۔مذ) جلد ساز۔ کتاب کی جلد بنانے والا۔

صَحافت (صَ۔حا۔فت) (ع۔ا۔مث) اخبار نویسی۔

صَحافی (صَ۔حا۔فی) (ع۔ا۔مذ) اخبار نویس۔ اُردو جمع: صحافی۔ صحافیوں۔

صَحائف (صَ۔حا۔اِف) (ع۔ا۔مذ) صحیفہ کی جمع۔

صُحبت (صُح۔بت) (ع۔ا۔مث) (۱) یاری۔ دوستی (۲) ساتھ (۳) محفل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مجلس۔ مل بیٹھنا (۳) ہم بستری۔ اُردو جمع: صحبتوں۔ صحبتیں۔

صحبت اُٹھانا (برتنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) پاس رہنا (۲) پاس رہ کر تعلیم و تربیت پانا۔

صحبت بر آر (بر آری) ہونا (اُر۔ مص مُرکب) صحبت کا موافق ہونا۔ دوستی نبھنا۔

صحبت برخاست ہونا (اُر۔ مص مُرکب) مجلس برخاست ہونا۔

صحبت چمکا دینا (اُر۔ محاورہ) جلسے کی رونق بڑھا دینا۔

صحبت داری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) مجامعت۔ ہم بستری۔ جماع (۲) میل جول۔ مصاحبت۔

صحبت راس آنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی صحبت میں بیٹھ کر بُرے کام چھوڑ دینا۔

صحبت رکھنا (اُر۔ محاورہ) ہم نشینی اور ہم جلیسی اختیار کرنا۔

صحبتِ صالح تُرا صالح کُند، صحبتِ طالح تُرا طالح کُند (اُر۔ مثل) اچھی صحبت تجھے نیک اور بُری صحبت تجھے بُرا بنائے گی۔

صحبت کا اثر ہونا (اُر۔ محاورہ) پاس اُٹھنے بیٹھنے کی تاثیر ہونا۔ ہم صحبتوں کا ایک دُوسرے کی عادات و اطوار قبول کرنا۔

صحبت کرنا (اُر۔ محاورہ) جماع کرنا۔ ہم بستری کرنا۔

صحبت گرم ہونا (اُر۔ محاورہ) بے تکلفی کا جلسہ ہونا۔

صحبت نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) پاس اُٹھنے بیٹھنے کا موقع نہ ملنا۔ شریکِ جلسہ نہ ہونا۔

صحبت یافتہ (ع۔ ف۔ صف) تعلیم یافتہ۔ شائستہ۔ لائقوں کی صحبت کا فیض پایا ہوا۔

صحبتیں (صُح۔ بَ۔ تیں) (اُر۔ ا۔ مث) صحبت کی اُردو جمع۔

صحبتیں اُٹھانا (برتنا۔ دیکھنا) (اُر۔ محاورہ) اچھے لوگوں کی صحبتوں سے فیض اُٹھانا۔

صُحبتی (صُح۔ بَ۔ تی) (ف۔ ا۔ مذ) یار۔ ہم نشین۔ دوست۔

صحّت (صِح۔ حَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) آرام۔ تندرستی۔ شِفا (۲) تصحیح۔ اِملا کی دُرستی۔

صحّت افزا (ع۔ ف۔ صف) تندرستی کے لئے مُفید۔ صحت کو بہتر بنانے والا۔

صحّت اَلفاظی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) صحیح لفظ بولنا۔ صحیح تلفّظ کرنا۔

صحّت بخش (ع۔ ف۔ صف) تندرستی بخشنے والا۔ شفا دینے والا۔ مُفید۔

صحّت خانہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) پاخانہ۔ ٹٹی۔ بیتُ الخلا۔

صحّت گاہ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) وہ صحت افزا مقام جہاں مریضوں کو رکھا جاتا ہے۔ سینی ٹوریم۔

صحّت نامہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) فہرستِ اَغلاط۔ اَغلاط نامہ (۲) تندرستی کا سرٹیفکیٹ۔

صحّت یابی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) بیماری کے بعد اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔

صَحرا (صَح۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) چٹیل میدان جہاں درخت وغیرہ کچھ نہ ہو۔ بیابان۔ ویرانہ (۲) ریگستان۔ جمع: صحاری۔ اُردو جمع: صحرا۔ صحراؤں۔

صحرا کی خاک چھاننا (اُر۔ محاورہ) بیابان میں آوارہ پھرنا۔

صحرا گرد (صحرا نَوَرد) (ع۔ ف۔ صف) بیابانوں میں پھرنے والا۔

صحرا نشین (ف۔ صف) جو بیابانوں میں رہے۔ تارکُ الدُّنیا۔ راہب۔

صحرائے اَعظم (ع۔ ا۔ مذ) سب سے بڑا صحرا۔ افریقہ کا ایک طویل و عریض ریگستان۔

صحرائے لق و دق (ع۔ ا۔ مذ) سنسان اور ویران میدان۔

صحرائی (صَح۔ را۔ ای) (ف۔ صف) بیابانی۔

صُحُف (صُ۔ حُف) (ع۔ ا۔ مذ) صحیفہ کی جمع۔

صحن (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) آنگن۔ انگنائی (۲) ایک قسم کا عُمدہ کپڑا۔ اُردو جمع: صحن۔ صحنوں۔

صحنِ چمن (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) باغ کا تختہ۔

صحنچی (صَحَن۔ چی) (ف۔ ا۔ مث) وہ چھوٹا صحن جو دالان کے پہلو میں بنا دیتے ہیں۔

صحنک (صَح۔ نک) (ف۔ ا۔ مث) (۱) رکابی۔ طباق (۲) چھوٹا صحن (۳) حضرت فاطمہؓ کی نیاز کا کھانا یا فاتحہ۔ اُردو جمع: صحنکوں۔ صحنکیں۔

صحنک سے اُٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) ناپاکی کے باعث حضرت فاطمہؓ کی نیاز یا فاتحہ کی مجلس میں شریک ہونے کے قابل نہ رہنا۔

صحیح (صَ۔ حِیح) (ع۔ صف) (۱) دُرست۔ ٹھیک۔ بجا (۲) پُورا۔ کامل۔ سارا (۳) تصدیق۔ دستخط (۴) تن دُرست۔ جمع: صحاح۔

صحیحُ العقل (ع۔ صف) عقل کا پُورا۔ وہ شخص جس کی عقل سالم ہو۔

صحیحُ المزاج (ع۔ صف) تن دُرست۔ بھلا چنگا۔

صحیحُ النّسب (ع۔ صف) نسل سے ٹھیک۔ خاندانی شریف۔

صحیح سالم (سلامت) (ع۔ صف) پُورا۔ کامل (۲) بھلا چنگا۔ تن دُرست۔

صحیح کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) اِصلاح دینا۔ دُرست کرنا (۲) ٹھیک کرنا (۳) تصدیق کرنا۔ دستخط کرنا (۴) درج حساب کرنا۔ لکھ لینا (۵) مارنا (۶) ثابت کرنا (۷) کھرا کرنا (۸) گواہی کے لئے پکا کرنا۔

صحیح گئے سلامت آئے (اُر۔ مثل) جیسے یہاں تھے ویسے ہی باہر رہے۔ نہ کچھ کمایا نہ کچھ خرچ کیا۔

صحیح ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) غلطی دُرست ہونا۔ ٹھیک ہونا (۲) تصدیق ہونا۔ دستخط ہونا۔ ثبوت ہونا (۳) پکا ہونا (۴) بہی میں لکھا جانا۔

صحیح ہے (اُر۔ حلق فعل) بجا ہے۔ دُرست ہے۔ حق ہے۔

صحیحین (صَ۔ حِی۔ حَین) صحیح کا تثنیہ (ع۔ ا۔ مث) احادیث کے دو مشہور مجموعے۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم۔

صحیفہ (صَ۔ حِی۔ فہ) (ع۔ ا۔ مذ) کتاب۔ رسالہ (۲) چھوٹی کتابیں جو بعض پیغمبروں پر نازل ہوئیں۔ جمع: صحائف۔ اُردو جمع: صحیفوں۔ صحیفے۔

صحیفۂ آسمانی (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) خُدا کی طرف سے نازل شدہ کتاب۔

صحیفۂ ابراہیمی (ع۔ ا۔ مذ) وہ کتاب جو حضرت ابراہیمؑ پر نازل ہوئی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صحیفہ نگار (نویس) (ع۔ف۔ صف) صحافی۔ اَخبار نویس۔
صحیفہ نگاری (نویسی) (ع۔ف۔ ا۔ مث) صحافت۔ اَخبار نویسی۔

ص۔خ

صَخرہ (صَخ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) بڑا پتھر۔ چٹان۔

ص۔د

صَد (بفتحِ اوّل) (ف۔ ا۔ عدد) سَو۔ سیکڑہ۔ ۱۰۰۔ جمع: صدہا۔
صد آفرین (صد رحمت) (ف۔ کلمۂ تحسین) شاباش۔ مرحبا۔ بارک اللہ (۲) لعنت ملامت کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔
صد برگ (ف۔ ا۔ مذ) وہ پھول جس کی بہت سی پنکھڑیاں ہوں۔ گیندا۔
صدپا (ف۔ ا۔ مذ) بہت سے پاؤں والا (۲) کنکھجورا۔
صدپارہ (چاک) (ف۔ صف) بہت جگہ سے پھٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے۔
صد شکر (اَر۔ کلمۂ شکر) خدا کا شکر ہے۔ خیریت گزری۔
صد مرحبا (ف۔ کلمۂ تحسین) شاباش! آفرین!
صدہا (ف۔ صف) سیکڑوں۔ بہت سے۔
صَدا (صَ۔ دا) (ع۔ ا۔ مث) (۱) گونج۔ گنبد کی آواز (۲) آواز۔ آہٹ (۳) فقیر کے مانگنے کی آواز۔ اُردو جمع: صداؤں۔ صدائیں۔
صدا بصحرا (بہ۔ صحرا) (ف۔ ع۔ ا۔ مث) بے کار اور بے سُود بات جس کی شنوائی نہ ہو۔
صدا بندی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) آواز کو محفوظ یا ریکارڈ کرنے کا عمل۔
صدا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) فقیر کا آواز لگانا (۲) بُلانے کے لئے آواز دینا۔
صداکار (ع۔ ف۔ صف) مغنّی۔ گانے والا۔ گویا۔ گلوکار۔
صدا کرنا (صدا لگانا) (اَر۔ محاورہ) فقیرانہ سوال کرنا۔ آواز لگانا۔
صدائے بازگشت (ع۔ ف۔ ا۔ مث) وہ آواز یا گونج جو پہاڑ، دیوار یا گنبد سے ٹکرا کر واپس آتی ہے (۲) نتیجہ۔ اثر۔
صدائے برنخاست (ف۔ مثل) کوئی آواز نہیں۔ کوئی جواب نہیں (جواب نہ ملنے پر کہتے ہیں)۔
صدائے کوہ (ف۔ ا۔ مث) پہاڑ کی گونج۔
صَدارت (صَ۔ دا۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) صدر نشینی۔ صدر کا منصب (۲) وزارتِ عظمیٰ۔
صَدارتی (صَ۔ دا۔ رَ۔ تی) (ع۔ ف۔ صف) صدر سے منسوب۔
صدارتی طرزِ حکومت (ف۔ ع۔ ا۔ مث) وہ نظامِ حکومت جس میں وزیرِاعظم کی بجائے صدر اِنتظامی سربراہ یا سربراہِ حکومت (ہیڈ آف دی گورنمنٹ) ہوتا ہے۔
صُداع (صُ۔ داع) (ع۔ ا۔ مذ) دردِ سر۔
صَداقت (صَ۔ دا۔ قت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) سچائی۔ خلوص۔ وفاداری (۲) تصدیق۔ ثبوت۔ گواہی۔

صَدر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) میرِ مجلس۔ چیئرمین۔ پریزیڈنٹ (۲) سربراہِ مملکت (۳) سینہ۔ چھاتی (۴) صحن۔ انگنائی (۵) سامنا۔ آگا۔ سامنے کا رُخ (۶) اعلیٰ جگہ۔ کسی اعلیٰ مرتبہ شخص کے رہنے کی جگہ۔ ہیڈکوارٹر (۷) امیر۔ سردار (۸) کیمپ۔ چھاؤنی (۹) (صف) اعلیٰ۔ اُونچا۔ اوّل۔ کلاں۔ بُزرگ (۱۰) پہلے اِستعمال شُدہ (۱۱) بالا۔ (مرکبات میں جیسے مندرجہ صدر یعنی مندرجہ بالا)۔ جمع: صُدُور۔
صدرِ اعظم (ع۔ ا۔ مذ) دیوانِ اعلیٰ۔ وزیرِ اعظم۔
صدرِ اعلیٰ (ع۔ ا۔ مذ) اوّل درجے کا جج۔ منصف درجہ اوّل۔
صدرُ الصُّدور (ع۔ ا۔ مذ) اعلیٰ درجے کا منصف۔ دیوان۔ چیف جج۔
صدرِ اِسلام (اوّل) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) نبی کریم ﷺ اور صحابہؓ کا زمانہ۔ اِسلام کا اِبتدائی زمانہ۔
صدر امین (ع۔ ا۔ مذ) وہ حاکم جو جج کے ماتحت ہو۔
صدر بازار (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) چھاؤنی کا بڑا بازار۔ اُردو بازار۔
صدر بورڈ (ع۔ انگ۔ ا۔ مذ) مال کا محکمۂ اعلیٰ۔
صدر جمع (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) لگان کی وہ اصل رقم جو اِخراجاتِ تحصیل کے علاوہ حکومت کو دینی پڑے۔
صدر جہاں (اَر۔ ا۔ مذ) عورتوں کا ایک فرضی پیر۔
صدر دفتر (ع۔ ا۔ مذ) سب سے بڑا دفتر۔ ہیڈ آفس۔
صدر دیوان (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دیوانِ اعلیٰ۔ خزانہ شاہی کا مہتمم اعلیٰ۔
صدر راج (اَر۔ ا۔ مذ) صدرِ مملکت کی حکومت۔ ملک یا کسی صوبے کا براہِ راست صدرِ مملکت کی نگرانی میں آنا۔
صدر عدالت (ع۔ ا۔ مث) بڑی عدالت۔
صدر مال گزار (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کسی کی وساطت کے بغیر سرکار کو خود معاملہ ادا کرنے والا۔
صدرِ مجلس (ع۔ ا۔ مذ) میرِ مجلس۔
صدر مُحاسِب (ع۔ ا۔ مذ) محکمۂ حساب کا سب سے بڑا افسر۔ اکاؤنٹینٹ جنرل۔
صدر مقام (ع۔ ا۔ مذ) پایۂ تخت۔ دارُالحکومت۔ راجدھانی۔
صدرِ مملکت (ع۔ ا۔ مذ) کسی ریاست کا سربراہ۔ پریزیڈنٹ۔
صدر مُنصرم (ع۔ ا۔ مذ) اعلیٰ درجے کا مُنصرم۔ پیمائش کے دفتر کا اعلیٰ عُہدے دار۔
صدر نشین (ع۔ صف) میرِ مجلس۔ کُرسی نشین۔ چیئرمین۔
صدر ہر جا کہ نشیند صدر اَست (ف۔ مثل) حاکم یا کوئی بڑا آدمی جہاں بیٹھ جائے وہی جگہ معزز سمجھی جاتی ہے۔
صُدرَہ (صُد۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) اِنسان کے جسم کا بالائی حصّہ (۲) منطق کی مشہور کتاب۔
صدرہ پڑھ کر بھی اَحمق رہے (اَر۔ مثل) منطق پڑھ کر بھی عقل نہ آئی۔
صُدری (صُد۔ ری) (اَر۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی برزئی یا واسکٹ (۲) سینہ بند۔ جمع: صدریاں۔ صدریوں (۲) (صف) سینہ بسینہ پہنچا ہوا نسخہ یا کلام وغیرہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صَدَف (صَ۔ دَف) (ع۔ ا۔ مث) سیپ۔ ایک قسم کا سمندری گھونگا جس میں سے موتی نکلتا ہے۔ جمع: اَصداف۔

صَدَفی (صَ۔ دَ۔ فی) (ع۔ صف) صدف سے متعلق۔

صِدق (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) سچ۔ راستی۔ خلوص۔

صِدقِ دل سے (صدقِ نیت سے) (ار۔ متعلق فعل) سچے دل سے۔ صاف دل سے۔

صِدق مقال (ع۔ صف) سچ بولنے والا۔ صادق۔

صَدَقات (صَ۔ دَ۔ قات) (ع۔ ا۔ مذ) صدقہ کی جمع۔

صَدَقہ (صَ۔ دَ۔ قہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خیرات۔ وہ چیز جو ردّ بلا کے لئے خدا کے نام پر دی جائے (۲) وہ کھانا وغیرہ جو سر سے اُتار کر دیا جائے۔ اُتارا (۳) قُربان۔ فدا (۴) طفیل۔ بدولت۔ جمع: صدقات۔ اُردو جمع: صدقوں۔ صدقے۔ اُردو میں بسکونِ دوم (د) مستعمل ہے۔

صدقہ اُتارنا (ار۔ محاورہ) کسی چیز کا سر پر وار کر خیرات کرنا۔

صدقۂ جاریہ (ع۔ ا۔ مذ) ایسی خیرات جس سے لوگوں کو ہمیشہ فائدہ پہنچتا رہے۔ (مسجد، کنواں وغیرہ)۔

صدقہ دینا (ار۔ محاورہ) خیرات کرنا۔ سر پر سے وارنا۔

صدقہ دیا ردِّ بلا (ار۔ مثل) صدقہ دینے سے بلا دُور ہو جاتی ہے۔

صدقہ سِلّا (ع۔ ار۔ ا۔ مذ) خیر خیرات۔ وہ صدقہ جو سلامتی کے عوض دیا جائے۔ سِلّا غالباً صلا کا بگاڑ ہے۔ یعنی خیرات دینے کے لئے مساکین کو بُلانا۔

صدقۂ فطر (صدقۃ الفطر) (ع۔ ا۔ مذ) رمضان کا صدقہ جو فی آدمی دو سیر گیہوں ہے جو نمازِ عید سے پہلے غریبوں کو دیتے ہیں۔

صَدقے (صد۔ قے) (ار۔ ا۔ مذ) (۱) صدقہ کی جمع (۲) صدقہ کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ (۳) واری۔ قُربان۔

صدقے جانا (ار۔ محاورہ) قُربان ہونا۔ واری جانا۔ تصدُّق ہونا۔

صدقے جایئے (ار۔ بول چال) جہاں کسی کی بیوقوفی کا اِظہار کرنا ہو وہاں کہتے ہیں۔ قربان جایئے۔

صدقے کرنا (ار۔ محاورہ) قُربان کرنا۔ وارنا۔ نثار کرنا۔

صدقے کروں (ار۔ کلمۂ تنفّر۔ مو) (۱) قربان کروں (۲) آگ لگاؤں۔

صدقے کی بُلبُل (ار۔ ا۔ مث) صدقے کے لئے چھوڑی ہوئی بُلبُل۔

صدقے ہونا (ار۔ محاورہ) دیکھئے صدقے جانا۔

صَدمہ (صد۔ مہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دھکّا۔ ٹکر۔ آسیب (۲) تکلیف۔ چوٹ۔ ضرب (۳) حادثہ (۴) نقصان۔ ضرر (۵) بلا۔ مصیبت۔ جمع: صدمات۔ اُردو جمع: صدموں۔ صدمے۔

صدمہ اُٹھانا (سہنا) (ار۔ محاورہ) رنج اُٹھانا (۲) نقصان اُٹھانا۔

صدمہ پہنچنا (ار۔ محاورہ) دُکھ مِلنا۔ ضرب لگنا۔ نقصان ہونا۔

صدمۂ جاں کاہ (ع۔ ا۔ مذ) جان کو گھلانے والا صدمہ۔

صدمہ جھیلنا (ار۔ محاورہ) دُکھ سہنا۔ صدمہ برداشت کرنا۔

صدمہ گزرنا (ار۔ محاورہ) مصیبت بیتنا۔ حادثہ پیش آنا۔

صُدُور (صُ۔ دُور) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) صادر ہونا (۲) اِجرا (۳) صدر کی جمع۔

صدورِ حُکم (ع۔ ا۔ مذ) حُکم کا اجرا۔ حُکم کا نفاذ۔

صَدی (صَ۔ دی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) سو برس سے منسوب۔ سو برس کی تعداد (۲) سیکڑہ۔

صَدِیق (صَ۔ دِیق) (ع۔ ا۔ مذ) دوست۔ مُخلص دوست۔

صِدِّیق (صِد۔ دِیق) (ع۔ ا۔ مبالغہ) (۱) نہایت سچّا۔ بہت راست گو (۲) حضرت ابوبکرؓ خلیفۂ اوّل کا لقب۔

صِدِّیقہ (صِد۔ دی۔ قہ) (ع۔ ا۔ مبالغہ) صِدّیق کی تانیث۔ نہایت سچّی عورت (۲) حضرت عائشہؓ کا لقب۔ حضرت مریمؑ کا لقب۔

ص۔ ر

صُراح (صُ۔ راح) (ع۔ ا۔ مث) کھلی اور صاف بات چیت (۲) خالص چیز۔

صَراحت (صَ۔ را۔ حت) (ع۔ ا۔ مث) تشریح۔ وضاحت۔

صَراحتاً (صَ۔ را۔ حَ۔ تَن) (ع۔ متعلق فعل) کھلّم کھلّا۔ صاف طور پر۔

صُراحی (صُ۔ را۔ حی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا چھوٹا برتن (۲) کوزہ۔ بوتل (۳) مخروطی شکل کا کپڑا جو انگرکھے وغیرہ کی دونوں بغلوں کے نیچے خوب صورتی کے لئے سی دیتے ہیں۔ اُردو جمع: صُراحیاں۔ صُراحیوں۔

صُراحی دار (ف۔ صف) صُراحی نما۔ اُونچی گردن کا۔

صُراحی دار گردن (ف۔ ا۔ مث) لمبی گردن۔ خوب صورت گردن۔

صُراحی دار گھنگرو (ار۔ ا۔ مذ) ایک قسم کے لمبوترے خوش نما گھنگرو جو پازیب میں لگاتے ہیں۔

صُراحی دار موتی (ار۔ ا۔ مذ) صُراحی نما موتی۔ کسی قدر لمبوترا موتی۔

صِراط (صِ۔ راط) (ع۔ ا۔ مث) راستہ۔ راہ۔ جمع: صُرُط۔ نیز دیکھئے پُل صراط۔

صراطِ مستقیم (ع۔ ا۔ مث) سیدھا راستہ۔ راہِ راست۔

صَرّاف (صَر۔ راف) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) روپیہ پرکھنے والا۔ سونا چاندی پرکھنے والا (۲) مہاجن۔ ساہوکار (۳) معاملے کا صاف۔ کھرا۔ اُردو جمع: صرّاف۔ صرّافوں۔

صَرّافہ (صَر۔ را۔ فہ) (ار۔ ا۔ مذ) (۱) صرّافی کا پیشہ (۲) صرّافوں کا بازار (۳) بینک۔ کوٹھی۔

صرّافہ کھولنا (ار۔ محاورہ) بینک جاری کرنا۔ صرّافی کی دُکان کھولنا۔

صَرّافی (صَر۔ را۔ فی) (ار۔ ا۔ مث) (۱) صرّاف کا پیشہ۔ روپے پیسے کا بیوپار۔ سونا چاندی کا بیوپار (۲) ایک قسم کا ہندی خط جو مہاجن اور صرّاف لکھا کرتے ہیں۔ لنڈے۔

صرّافی چِٹھی (ار۔ ا۔ مث) ہُنڈی۔ چیک۔ بِل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صَرصَر (صَر۔صَر)(ع۔ا۔مذ) آندھی۔ باد تند۔ جھکّڑ۔

صَرْع (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) مرگی کا مرض (۲) پچھاڑ کھانا۔

صَرْف (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) خرچ (۲)(مث) وہ علم جس سے کلموں کی شناخت اور اول بدل معلوم ہو۔

صرف کرنا (ا۔ مص مُرکّب) خرچ کرنا۔ خرچ میں لانا (۲) بسر کرنا۔

صرفِ نظر کرنا (ا۔ محاورہ) نظر انداز کرنا۔

صرف و نحو (ع۔ا۔مث) وہ علم جس میں لفظوں کا جوڑ توڑ اور اُن کے بولنے برتنے کا قاعدہ بیان کیا جاتا ہے۔

صِرف (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔صف) خالص۔ فقط۔ تنہا۔ اکیلا۔

صِرف کہنے کی بات ہے (ا۔ روزمرّہ) بناوٹی اور جھوٹی بات ہے۔

صَرفہ (صَر۔فہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) فائدہ۔ نفع (۲) خرچ (۳) فضول خرچی (۴) زیادتی۔ غلبہ۔ بُخل۔ کنجوسی۔ خِسّت۔ کفایت شعاری (۵) افسوس۔ دریغ۔

صرفہ کرنا (ا۔ محاورہ) کفایت شعاری کرنا۔ کنجوسی کرنا۔ بُخل کرنا۔

صَرفی (صَر۔فی)(ع۔ا۔مذ) علم صرف جاننے والا شخص (۲)(صف) علم صرف سے متعلق۔

صُرّہ (صُر۔رہ)(ع۔ا۔مذ) توڑا۔ تھیلی (۲) چھوٹی پوٹلی۔

صُرّیاں (صُر۔ری۔آں)(ق۔ا۔مث) صُراحیاں۔

صَرِیح (صَ۔ریح)(ع۔صف) ظاہر۔ آشکار۔ صاف۔ عَلانیہ۔

صریح اِنکار کرنا (ا۔ محاورہ) جان بوجھ کر اِنکار کرنا۔ صاف اِنکار کرنا۔

صَرِیحاً (صَ۔ری۔حن)(ع۔صف) کھلم کھلا۔ صاف۔ ظاہراً۔

صَرِیر (صَ۔ریر)(ع۔ا۔مث) قلم چلنے کی آواز (۲) صدا۔

ص ـ ع

صَعْب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔صف) سخت۔ دُشوار۔ کٹھن۔ تکلیف دہ۔

صُعُوبَت (صُ۔عو۔بت)(ع۔ا۔مث) سختی۔ دِقت۔ مُشکل۔ تکلیف۔ مُصیبت۔ جمع: صُعوبات۔ اُردو جمع: صُعوبتوں۔ صُعوبتیں۔

صُعُود (صُ۔عود)(ع۔ا۔مذ)(۱) بلندی پر چڑھنا (۲) حساب میں کسی عدد کو کئی دفعہ ضرب دے کر اُس کی قوتوں کو اُبھارنا۔

صُعود کرنا (ا۔ مص مُرکّب) اُوپر چڑھنا۔

صُعود و نُزول (ع۔ا۔مذ) اُتار چڑھاؤ۔

صَعوَہ (صَع۔وَہ)(ع۔ا۔مث) ممولا۔ جھانپو۔ اللہ میاں کی دھوبن۔ ایک چڑیا جس کی لمبی دُم ہر وقت حرکت کرتی رہتی ہے۔

صَعِید (صَ۔عید)(ع۔ا۔مث)(۱) سطح زمین (۲) مٹی (۳) پہاڑی سڑک (۴) وہ مٹی جس سے مسح کریں۔

ص ـ غ

صِغار (صِ۔غار)(ع۔صف) صغیر اور صُغرا کی جمع۔ چھوٹے لڑکے اور لڑکیاں۔

صِغار و کِبار (ع۔ا۔مذ)(۱) چھوٹے بڑے (۲) عوام۔

صِغَر (صِ۔غَر)(ع۔ا۔مذ) خُردی۔ چُھٹائی۔ چھوٹا پن۔

صِغَرسِن (ع۔صف) کم عُمر۔ خُرد سال۔

صِغَرسِنی (ف۔ا۔مث) کم عُمری۔ بچپن۔ خُرد سالی۔

صُغرا (صُغریٰ) (صُغ۔را)(ع۔صف)(۱) چھوٹی لڑکی (۲) سب سے چھوٹی چیز (۳) علم منطق میں شکل کا پہلا قضیہ۔

صَغِیر (صَ۔غیر)(ع۔صف) چھوٹا۔ خُرد۔ جمع: صِغار۔

صغیر سِن (ع۔صف) چھوٹی عُمر کا۔ نیز دیکھئے صِغَرسِن۔

صغیر سِنی (ع۔ا۔مث) بچپن۔ نیز دیکھئے صِغَرسِنی۔

صغیر و کبیر (ع۔صف۔مذ) چھوٹے بڑے۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔

صَغِیرہ (صَ۔غی۔رہ)(ع۔صف) صغیر کی تانیث۔ چھوٹی۔

ص ـ ف

صَف (بفتحِ اوّل)(ع۔ا۔مث)(۱) قطار۔ سِلسلہ (۲) فرش۔ بستر۔ بچھونا (۳) بوریا۔ چٹائی (۴) نمازیوں کی قطار۔ جمع: صُفوف۔ اُردو جمع: صفوں۔ صفیں۔

صف آرا (ع۔ف۔صف) جنگ یا مُقابلے کے لئے سپاہ کی صفیں بنانے والا۔ جنگ میں مُقابلہ کرنے والا۔

صف آرا ہونا (ا۔ محاورہ) لڑائی کے لئے تیار ہونا۔

صف آرائی (صف بندی) (ع۔ف۔ا۔مث) قطار بندی۔ جنگ آزمائی۔ نبرد آزمائی۔

صف (صفیں) اُلٹ جانا (ا۔ محاورہ) تِتّر بِتّر ہو جانا۔ درہم برہم ہو جانا۔ شکست کھانا۔

صف (صفیں) باندھنا (ا۔ محاورہ) قطاریں لگانا۔ صف بستہ کرنا۔

صف بستہ (ع۔صف) پرا باندھے ہوئے۔ قطار بنائے ہوئے۔

صف بندی (ع۔ف۔ا۔مث) پرا جمانا۔ قطار بنانا۔

صف بہ صف (ع۔ف۔ متعلق فعل) صف سے صف ملا کر (۲) ہر صف میں۔

صف جنگ (ف۔ا۔مث) لڑائی کی صف آرائی۔ لڑائی کی پرا بندی۔

صف دَر (صفدر) (ع۔ف۔صف)(۱) لشکر کی صف پھاڑنے والا۔ بہادُر۔ دلیر (۲) حضرت علیؓ کا لقب۔

صف روشن کرنا (ا۔ محاورہ) چراغ جلانا۔

صف شِکن (ع۔ف۔صف) صف توڑنے والا۔ بہادُر۔ دلیر۔

صف کُشی (ع۔ف۔ا۔مث) میدانِ جنگ میں پرا باندھنا۔

صفِ ماتم (ع۔ف۔ا۔مث) وہ فرش جس پر ماتم کرنے والے آ کر بیٹھیں۔

صفِ ماتم بچھنا (ا۔ مص مُرکّب)(۱) ماتم کرنے والوں کے لئے فرش بچھایا جانا (۲) بہت نالہ و فریاد کرنا۔ رونا پیٹنا۔ سینہ کوبی کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صَفا (ص۔ فا) (ع۔ صف) (۱) پاک۔ پاکیزہ۔ مُجلّا۔ صیقل کیا ہوا (۲) ہموار۔ سپاٹ (۳) کھرا۔ نرل (۴) (ا۔ مث) مکہ شریف کی ایک پہاڑی جہاں دوڑنا ارکانِ حج میں داخل ہے (۵) صفائی۔ پاکیزگی (۶) آب۔ جِلا۔

صفاچٹ کرنا (اُر۔ محاورہ) بالکل مونڈ ڈالنا۔ صفایا کرنا۔

صفاچٹ میدان (اُر۔ ا۔ مذ) بالکل صاف میدان جس میں درخت وغیرہ بالکل نہ ہوں۔

صفاچٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) صاف ہونا (۲) بالکل نہ ہونا۔

صفا کہنا (اُر۔ محاورہ) بے لاگ کہنا۔ کھری کھری کہنا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔

صفا مشرب (ع۔ صف) صاف دِل۔ صاف گو۔ بے لاگ۔

صفا و مَروَہ (ع۔ ا۔ مث) مکّے کی دو پہاڑیاں جن کے درمیان حاجی سات مرتبہ دوڑتے ہیں۔

صَفاصَفا (صَف۔ فَن۔ صَف۔ فا) (اُر۔ صف) بے نشان (۲) ویران۔ برباد۔

صِفات (ص۔ فات) (ع۔ ا۔ مث) صِفت کی جمع۔

صِفاتی (ص۔ فاتی) (ع۔ صف) صفات سے متعلق۔

صَفّار (صَف۔ فار) (ع۔ ا۔ مذ) ٹھٹیرا۔ تانبے کے برتن بنانے والا۔

صَفائی (صَ۔ فا۔ اِی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) پاکیزگی۔ صاف ہونا (۲) سچائی۔ راستی (۳) سادگی۔ بے وقوفی (۴) جھاڑ پونچھ (۵) چکناہٹ (۶) ہمواری (۷) رہائی (۸) ملاپ۔ صُلح (۹) کھرا پن (۱۰) حساب کی بیباقی۔ فیصلہ (۱۱) دیانت داری (۱۲) بے شرمی۔ بے حیائی (۱۳) تردید (۱۴) کاٹ چھانٹ (۱۵) فاقہ (۱۶) بربادی (۱۷) صیقل (۱۸) فاتحہ۔ انجام (۱۹) مُکرتی۔ چالاکی (۲۰) رونق (۲۱) گواہی جو مُلزم کے حق میں دی جائے (۲۲) غلاظت اُٹھانا۔ پاخانہ صاف کرنا۔ اُردو جمع: صفائیاں۔ صفائیوں۔

صفائی ظاہر ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل کی پاکیزگی کا پتا چلنا۔

صفائی کا ہاتھ (اُر۔ ا۔ مذ) تلوار کی بھرپور ضرب۔

صفائی کرانا (اُر۔ محاورہ) صاف کرانا (۲) صُلح کرانا (۳) پاخانہ صاف کرانا۔

صفائی کر دینا (اُر۔ محاورہ) جھاڑو دے دینا۔ جھاڑ پونچھ کر دینا (۲) فیصلہ کر دینا۔ بے باقی کر دینا (۳) خرچ کر ڈالنا (۴) اُجاڑ دینا (۵) قتل کر دینا۔

صفائی کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) صاف کرنا۔ جھاڑ پونچھ کرنا (۲) فیصلہ کرنا۔ بھگتانا (۳) چمکانا۔ جلا کرنا (۴) صَرف کرنا (۵) اُجاڑنا۔ تباہ کرنا (۶) درختوں کا چھانٹنا (۷) صُلح کرنا۔ پاخانہ صاف کرنا۔

صَفایا (صَ۔ فا۔ یا) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) بربادی۔ تباہی (۲) کسی چیز کو نہ رہنے دینا (۳) قتلِ عام۔

صفایا کرنا (اُر۔ محاورہ) نیست و نابود کرنا۔ مِٹا دینا۔ صاف کر دینا۔ کچھ نہ رہنے دینا۔

صِفَت (ص۔ فت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کسی چیز کا نشان۔ خوبی کا بیان (۲) تعریف۔ خوبی۔ عمدگی (۳) خاصیت۔ خصلت۔ عادت۔ تاثیر (۴) وضع۔ شکل۔ طریق (۵) مثل۔ مانند (۶) صرف میں وہ اِسم جس سے کسی چیز کی خصوصیت معلوم ہو۔ جمع: صِفات۔ اُردو جمع: صفتوں۔ صفتیں۔

صفت رکھنا (اُر۔ محاورہ) خوبی ہونا۔ خاصیت ہونا۔

صفت سرا (ع۔ ف۔ صف) تعریف کرنے والا۔

صفت سرائی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) تعریف کرنا۔

صفتِ مُشبّہَ (ع۔ ا۔ مث) وہ صفت جس میں وصفی معنی ہمیشہ کے واسطے پائے جائیں۔ ذاتی صفت۔

صفت موصوف (ع۔ ا۔ مذ) کلمۂ صفت اور وہ جس کی تعریف کی جائے جیسے نیک آدمی۔ اس میں نیک صفت ہے اور آدمی موصوف۔

صَفحات (صَف۔ حات) (ع۔ ا۔ مذ) صفحہ کی جمع۔

صَفحَہ (صَف۔ حہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ورق کے ایک طرف کا رُخ (۲) مُنہ۔ چہرہ (۳) سطح۔ فراخی۔ وُسعت۔ جمع: صفحات۔ اُردو جمع: صفحوں۔ صفحے۔

صفحۂ ہستی (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) رُوئے زمین۔ دُنیا (۲) زندگی۔

صفحۂ ہستی سے اُٹھ جانا (مِٹ جانا) (اُر۔ محاورہ) مر جانا۔ گزر جانا۔

صفحۂ ہستی سے نام و نشان مِٹنا (اُر۔ محاورہ) بالکل ناس ہو جانا۔ مر جانا۔ ناپید ہو جانا۔

صَفَرُالمُظفّر (صَ۔ فَ۔ رُل۔ مُ۔ ظف۔ فَر) (ع۔ ا۔ مذ) دوسرا اسلامی مہینا جو محرم کے بعد آتا ہے۔

صِفر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) حساب میں وہ نقطہ جو عدد کے دائیں جانب ہونے سے اُس کی قیمت دس گنا بڑھا دیتا ہے اور بائیں جانب ہونے سے کچھ قیمت نہیں پاتا (۲) (صف) خالی۔ تہی۔ بے قیمت۔ بے وقعت۔ جمع: اَصفار۔ اُردو جمع: صِفر۔ صِفروں۔

صَفرا (صَف۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) پِت۔ اَخلاطِ اَربعہ میں سے ایک زرد رنگ کی کڑوی خِلط۔

صَفراوی (صَف۔ را۔ وی) (ع۔ صف) صفرا سے منسوب۔

صفراوی مزاج (ع۔ صف) وہ شخص جس کے مزاج میں خلطِ صفرا زیادہ ہو۔ تلخ مزاج۔

صَفّو (صَف۔ فو) (اُر۔ ا۔ مذ) تاش اور گنجفے کی ایک اِصطلاح۔ کھیلنے والے کے پاس پتّے بالکل نہ آنا۔

صفّو کر دینا (اُر۔ محاورہ) تاش کا ایک ایک پتّا جیت لینا۔ صاف مات دینا۔

صَفوَت (صَف۔ وَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) برگزیدگی (۲) (صف) خالص۔ بہترین (حرفِ اوّل کی تینوں حرکتوں کے ساتھ درست ہے)۔

صُفّہ (صُف۔ فہ) (ع۔ ا۔ مذ) چبوترہ۔

صَفَوی (صَ۔ فَ۔ وی) (ع۔ صف) شاہ صفی سے منسوب جو ایران کے ایک کامل فقیر تھے (۲) ایران کا ایک شاہی خاندان جو شاہ صفی سے منسوب ہے۔

صَفی (صَ۔ فی) (ع۔ صف) (۱) صاف۔ پاک (۲) برگزیدہ۔ خالص (۳) حضرت آدمؑ کا لقب۔

صَفیر (صَ۔ فیر) (ع۔ ا۔ مث) پرندوں کی آواز (۲) وہ سیٹی جو پرند کے لئے مُنہ سے بجائیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صَفِیں (صَ ـ فیں) (یائے مجہول) (اُر ـ ا ـ مث) صف کی اُردو جمع۔

صفیں اُلٹنا (اُر ـ محاورہ) صف بستہ فوجوں کا تتر بتر ہونا یا کرنا۔ نیز دیکھیے صف اُلٹ جانا۔

صفیں باندھنا (اُر ـ محاورہ) دیکھیے صف باندھنا۔

صَفِیَّہ (صَ ـ فی ـ یَہ) (ع ـ صف) صفی کی تانیث۔ برگزیدہ عورت۔

ص ـ ل

صَلِّ (صَل ـ لِ) (ع ـ فعلِ اَمر) برکت دے۔ دُرود بھیج۔ رحمت اُتار۔

صَلِّ علیٰ (ع ـ کلمۂ تعریف وتحسین) واہ وا۔ سُبحان اللہ۔ مرحبا۔

صَلِّ علیٰ کہنا (اُر ـ محاورہ) درود بھیجنا۔ واہ وا کرنا۔ سُبحان اللہ کہنا۔

صَلِّ علیٰ محمّد (ع ـ کلمۂ دُعا) حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود ہو۔

صَلِّ وجَلّ (ع ـ کلمۂ تحسین) سُبحان اللہ۔ واہ وا۔ مرحبا۔ شاباش۔

صَلا (صَ ـ لا) (ع ـ ا ـ مث) پکار۔ آواز۔ دعوت۔ بُلاوا۔

صلا نہ شُد بلا شُد (ف ـ مثل) مُنہ کیا لگایا گلے ہی پڑ گئے۔ بُلانا ہی غضب ہو گیا۔

صلاءِ (صلائے) سمرقندی (ع ـ ف ـ ا ـ مث) وہ دعوت جو دل سے نہ دی جائے۔

صلاءِ (ئے) عام (ع ـ ف ـ ا ـ مث) دعوتِ عام۔

صَلابَت (صَ ـ لا ـ بَت) (ع ـ ا ـ مث) سختی۔ مضبوطی۔ استحکام۔

صلابت پیما (ع ـ ا ـ مذ) سختی و دُرشتی کا اندازہ بتانے والا آلہ۔

صلابت جنگ (ع ـ ف ـ صف) جنگی عہدیداروں کا خطاب۔

صَلاح (صَ ـ لاح) (ع ـ ا ـ مث) (۱) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری۔ اچھائی (۲) مشورہ۔ مصلحت (۳) رائے۔ تدبیر۔ تجویز (۴) ارادہ۔ منشا۔

صلاح بتانا (اُر ـ محاورہ) رائے دینا۔ تدبیر بتانا۔ ڈھنگ بتانا۔

صلاح بیٹھنا (اُر ـ محاورہ) تجویز ٹھہرنا۔ ارادہ ہونا۔ رائے قرار پانا۔

صلاح پر چلنا (اُر ـ محاورہ) کسی کی رائے پر کام کرنا۔ کسی کا کہا ماننا۔

صلاح پُوچھنا (اُر ـ محاورہ) رائے لینا۔ مشورہ کرنا۔

صلاح ٹھہرنا (اُر ـ محاورہ) رائے قرار پانا۔ تجویز ٹھہرنا۔ ارادہ ہونا۔

صلاح دُشمن (ع ـ ف ـ صف) مشورہ نہ ماننے والا۔

صلاح دینا (اُر ـ محاورہ) رائے دینا۔ مشورہ دینا۔

صلاح سے (اُر ـ متعلق فعل) مشورے سے۔ رائے سے۔ کہنے سُننے سے۔ سمجھانے سے۔

صلاح کار (ع ـ ف ـ صف) رائے دینے والا۔ مشیر۔ ناصح (۲) زاہد۔ متقی۔

صلاح کرنا (لینا) (اُر ـ محاورہ) رائے لینا۔ مشورہ کرنا۔

صلاح مشورہ (ع ـ ا ـ مذ) دُوسروں سے پُوچھ کر عمل کرنا۔ تدبیر و تجویز۔ ارادہ۔ منصوبہ۔

صلاح وقت (ع ـ ا ـ مث) قرینِ مصلحت۔ مناسب۔

صَلاحِیَّت (صَ ـ لا ـ حی ـ یَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) نیکی۔ بھلائی۔ بہتری (۲) پرہیزگاری۔ پارسائی (۳) رسائی۔ پہنچ۔ لیاقت۔ سمجھ (۴) اصلاح۔ دُرستی۔ نرمی (۵) مُلائمت (۶) پولیس کی رپورٹ۔ اُردو جمع: صلاحیتوں۔ صلاحیتیں۔

صلاحیت بہی (اُر ـ ا ـ مث) سیاہہ جو پولیس یا محکمۂ مال میں رہتا ہے۔ روزنامچہ۔

صلاحیت پر آنا (اُر ـ محاورہ) راہ پر آنا۔ ٹھیک ہونا۔ دُرست ہونا۔

صلاحیت لکھنا (اُر ـ محاورہ) سراؤں کے مسافروں کا نام پتا لکھنا۔ رپورٹ لکھنا۔

صُلْب (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مث) (۱) پُشت کے مُہرے۔ پیٹھ کی ہڈیاں (۲) سخت زمین (۳) خاندانی بُزرگی (۴) نُطفہ۔ اولاد۔ نسل۔

صُلْبی (صُل ـ بی) (ع ـ صف) سگا۔ اصلی۔ حقیقی۔ نسلی۔ اپنے نُطفے کا۔

صُلْح (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مث) (۱) میل ملاپ۔ دوستی۔ اتحاد (۲) نئے سرے سے دوستی۔ آپس کی صفائی (۳) امن وامان (۴) تصفیہ باہمی۔

صلح دوست (ع ـ ف ـ صف) وہ شخص جو جھگڑے اور فساد کو پسند نہ کرے۔

صلح کرنا (اُر ـ محاورہ) ملاپ کرنا۔ باہم صفائی کرنا۔ رنجش دُور کرنا۔

صلح کُل (ع ـ صف) وہ شخص جو ہر مذہب وملت اور دوست دُشمن سے یکساں سلوک رکھے۔

صلح نامہ (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) صلح کا عہدنامہ۔ راضی نامہ۔ دوستی کا تحریری اقرار۔

صُلَحا (صُ ـ لَ ـ حا) (ع ـ ا ـ مذ) صالح کی جمع۔

صَلْصال (صَل ـ صال) (ع ـ ا ـ مذ) گندھی ہوئی مٹی جس سے برتن بنتے ہیں۔ سُوکھی مٹی جو بجانے پر آواز دے۔

صَلْصُل (صَل ـ صُل) (ع ـ ا ـ مث) فاختہ۔ قُمری۔

صَلْعَم (صَل ـ عَم) (ع ـ کلمۂ دُعا) دیکھیے صلّی اللہ علیہ وسلّم جس کا یہ مخفف ہے۔

صَلَوات (صَ ـ لَ ـ وات) (ع ـ ا ـ مث) (۱) صلوٰۃ کی جمع (۲) (اُر ـ ا ـ مث) سلام کرنا۔ رُخصت کرنا (۳) باز آنا (۴) ہجو۔ گالی۔ دُشنام۔ (ان معنوں میں بطور واحد مستعمل ہے اور جمع صلواتوں اور صلواتیں ہے)۔

صلوات (صلواتیں) سُنانا (اُر ـ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔

صَلوٰۃ (صَ ـ لات) (ع ـ ا ـ مث) (۱) دُرود۔ رحمت۔ برکت۔ دُعا (۲) نماز۔

صلوٰۃُ التّسبیح (صَ ـ لا ـ تُت ـ تَس ـ بیح) (ع ـ ا ـ مث) ایک خاص قسم کی نمازِ نفل جس میں قیام میں پندرہ بار اور باقی چھ جگہ دس دس بار سُبحان اللہ والحمدُللہ ولا الٰہ الّا اللہ واللہ اکبر پڑھتے ہیں۔

صلوٰۃُ الخوف (صَ ـ لا ـ تُل ـ خَوف) (ع ـ ا ـ مث) خوف یا جنگ کی حالت میں پڑھی جانے والی نماز۔

صِلَہ (صِ ـ لَہ) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) اِنعام۔ عطا۔ تحفہ۔ ہدیہ (۲) بدلہ۔ اجر۔ جزائے نیک (۳) (نحو) وہ جملہ جو اسم موصول کے بعد آئے۔ جمع: صِلات۔ اُردو جمع: صِلوں۔ صِلے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صِلہ دینا (اَر۔ محاورہ) اِنعام دینا۔ بدلہ دینا۔ عوض دینا۔ اُجرت دینا۔
صِلۂ رحمی (ع۔ ا۔ مث) عزیزوں اور رشتے داروں سے اچھا سلوک کرنا۔
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم (ع۔ کلمۂ دُعا) اُن پر اللہ کا دُرود و سلام ہو۔ پیغمبرِ اسلام ﷺ کے نام کے ساتھ بولا اور لکھا جاتا ہے۔
صَلِیب (ص۔ لیب) (ع۔ ا۔ مث) (۱) اِس شکل (+) کا چوبی ستون جس پر پُرانے زمانے میں مُجرموں کو لٹکا کر ہلاک کرتے تھے (۲) عیسائیوں کا مُقدس نشان۔ دار۔ سُولی۔ اُردو جمع: صلیبوں۔ صلیبیں۔
صَلِیبی (ص۔ لی۔ بی) (ع۔ صف) (۱) صلیب سے منسوب (۲) عیسائی۔

ص۔ م

صُمّ (بضمِ اوّل وتشدید دوم) (ع۔ صف) اَصَم کی جمع۔ بہرے۔
صُمٌّ بُکمٌ (صُم۔ مُن۔ بُک۔ مُن) (ع۔ صف) بہرے گونگے (۲) وہ شخص جو بات کا جواب نہ دے۔
صَمت (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) خاموشی۔
صَمَد (ص۔ مَد) (ع۔ صف) (۱) بے نیاز۔ جو کسی کا محتاج نہ ہو اور سب اُس کے محتاج ہوں (۲) خُدا کا ایک صِفاتی نام۔
صَمَدانی (ص۔ م۔ دا۔ نی) (ع۔ صف) اَبدی۔ ازلی۔ غیر فانی۔ ربانی۔ ملکوتی۔ مُقدس۔
صَمَدِیَّت (ص۔ م۔ دی۔ یت) (ع۔ ا۔ مث) بے نیازی۔
صَمصام (صَم۔ صام) (ع۔ ا۔ مث) (۱) تیغِ بُرّاں جس کا مُنہ نہ پھرے (۲) تیز تلوار۔
صَمغ (ص۔ مَغ) (ع۔ ا۔ مذ) گوند۔
صمغِ عربی (ع۔ ا۔ مذ) کیکر کا گوند۔
صَمِیم (ص۔ میم) (ع۔ صف) (۱) خالص (۲) سچا۔ مُخلص (۳) (مذ) گُودا (۴) کسی چیز کا بہترین حِصّہ (۵) جزِ اصل (۶) اندرونی حِصّہ۔ دل کا نچلا حِصّہ۔
صمیمِ قلب (ع۔ ا۔ مذ) دل کی سچائی۔ خلوصِ دل۔

ص۔ ن

صَنادِید (ص۔ نا۔ دید) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) صِندید کی جمع (جو اُردو میں مستعمل نہیں ہے)۔ سردار۔ جرنیل۔ بادشاہ۔ بُزرگ۔
صنادیدِ عجم (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عرب کے سوا باقی دُنیا کے بادشاہ۔
صَنّاع (صَن۔ ناع) (ع۔ ا۔ مُبالغہ) بہت بڑا کاریگر۔ ہُنرمند۔ پیشہ ور۔
صِناعَت (ع۔ ا۔ مث) ہُنر۔ کاریگری۔ دستکاری۔ جمع: صَنائع۔ صناعات۔
صَنّاعی (صَن۔ نا۔ عی) (ع۔ ا۔ مث) دیکھئے صناعت۔

صَنائع (ع۔ ا۔ مذ) صناعت اور صنیعہ کی جمع۔ کاریگریاں۔ ہُنرمندیاں۔
صنائع بدائع (ع۔ ا۔ مذ) وہ عجیب و غریب نکات اور باریکیاں جو نظم میں ظاہر کی جائیں۔
صَندَل (بفتحِ اوّل و سوم) (نُون غُنّہ) (ع۔ ا۔ مذ) س: چندن کا مُعرّب۔ ایک قسم کی خوشبودار لکڑی۔ اِس کی دو قسمیں ہیں: سُرخ اور سفید۔
صندل کا بُرادہ (اَر۔ ا۔ مذ) صندل کی لکڑی کا سفوف جو دواؤں میں اِستعمال ہوتا ہے۔
صندل کا پھاہا (اَر۔ ا۔ مذ) گھِسے ہوئے صندل میں تر کیا ہوا کپڑا جو سوزشِ قلب کے لئے مُفید ہے۔
صندل کی سی تختی (اَر۔ ا۔ مث) نہایت صاف اور مُلائم بدن (۲) مُلائم اور خوبصورت چیز۔
صندل کے چھاپے مُنہ کو لگے (اَر۔ مثل) بڑی بدنامی ہوئی۔
صَندَلاسا (صَند۔ لا۔ سا) (ق۔ ا۔ مذ) وہ پتھر جس پر صندل گھِستے ہیں۔
صَندَلی (صَند۔ لی) (ف۔ صف) (۱) صندل کا رنگ۔ صندلی رنگ سے مُشابہ (۲) صندل کی لکڑی کا بنا ہوا (۳) (اَر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی اُونچی تپائی جو مخروطی شکل کی ہوتی ہے (۴) کُرسی۔ چوکی (۵) ہیجڑا۔ زنخہ۔
صَندُوق (ع۔ ا۔ مذ) (۱) چوبی بکس۔ پیٹی۔ ٹرنک (۲) تابوت۔ جمع: صَنادِیق۔ اُردو جمع: صندُوق۔ صندُوقوں۔ (عربی میں بضمِ اوّل ہے مگر اُردو میں بفتحِ اوّل مستعمل ہے)۔
صَندُوقچہ (صَندُوق۔ چہ) (ف۔ ا۔ مذ) چھوٹا بکس۔ اُردو جمع: صندوقچوں۔ صندوقچے۔
صَندُوقچی (صندُوق۔ چی) (اَر۔ ا۔ مث) صندوق کی اُردو تصغیر۔ چھوٹا بکس۔ جمع: صندوقچیاں۔ صندوقچیوں۔
صَنع (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) کاریگری۔ ہُنرمندی۔
صَنعَت (صَن۔ عت) (ع۔ ا۔ مث) کاریگری۔ پیشہ۔ ہُنر۔ دستکاری۔ کام۔ انڈسٹری۔ اُردو جمع: صنعتوں۔ صنعتیں۔
صنعتِ پروردگار (ع۔ ا۔ مث) فطری کاریگری۔ قُدرتی ہُنرمندی۔ خُدا تعالیٰ کے عجیب و غریب کام۔
صنعت دِکھانا (اَر۔ محاورہ) ہُنر یا خُوبی کا کوئی کام کرنا۔
صنعت گاہ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) کارخانہ۔ کام کرنے کی جگہ۔
صنعت گر (ع۔ ف۔ صف) ہُنرمند۔ کاریگر۔
صنعت گری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) کاریگری۔ ہُنرمندی۔
صنعت وحرفت (ع۔ ا۔ مث) ہاتھ یا مشین سے چیزیں بنانا۔ انڈسٹری۔
صَنعَتی (صَن۔ عَ۔ تی) (ع۔ صف) جو چیز صنعت وحرفت سے تعلق رکھتی ہو۔
صنعتی محنت (ع۔ ا۔ مث) وہ محنت جو صنعت وحرفت کے سلسلے میں کی جائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صَنْعَتِیّت (صَن۔عَ۔تی۔یَت)(ع۔ا۔مث) کسی چیز کو صنعتی بنانا۔ صنعت و حرفت والی بنانا۔

صِنْف (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) نوع۔ جنس۔ قسم۔ جمع: اَصناف۔

صِنفِ نازک (ع۔ف۔ا۔مث) عورتوں کا طبقہ۔

صَنَم (صَ۔نَم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بُت۔ مُورتی۔ پتلی۔ کسی چیز کا بنا ہوا قالب (ا۔صف)(۲) بے جان (۲) دلبر۔ پیارا۔ معشوق۔ جمع: اَصنام۔

صنم خانہ (کدہ)(ف۔ا۔مذ) مندر۔ بُت خانہ۔ ٹھاکر دوارہ۔

صنم گری (ف۔ا۔مث) بُت تراشی۔ مجسمہ سازی۔

صَنَوبَر (صَ۔نَو۔بَر)(ع۔ا۔مذ) مخروطی پتوں والے درختوں کی ایک قسم۔ سدا بہار درخت ہے۔ اُردو میں صَوبر (واو معروف) مستعمل ہے۔ Pine-tree۔

ص۔و

صَواب (صَ۔واب)(ع۔ا۔مذ) نیکی۔ نیک کام۔ دُرست عمل (۲)(صف) راست۔ خوب۔

صواب اندیش (ع۔ف۔صف) ٹھیک اور مُناسب سوچنے والا۔ بہتری سوچنے والا۔

صواب دید (ع۔ف۔ا۔مث) نیک صلاح۔ اچھی تجویز (۲) مصلحت۔

صَوب (ع۔ا۔مذ)(۱) طرف۔ سمت (۲) راستہ (۳) تجویز۔ ارادہ۔

صُوبائی (صُو۔با۔ای)(ا۔صف) صُوبہ سے متعلق۔

صُوبجات (صُو۔بَہ۔جات)(ف۔ا۔مذ) صُوبہ کی فارسی جمع۔

صُوبہ (صُو۔بَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ریاست یا مُلک کا وہ حِصّہ جس میں بہت سے اَضلاع شامل ہوں۔ کسی مُلک کی سب سے بڑی اِنتظامی وحدت۔ اُردو جمع: صُوبے۔ صُوبوں۔ فارسی جمع: صُوبجات۔

صُوبہ (صوبے) دار (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) حاکم صوبہ (۲) پیادہ سپاہ کا اَفسر۔

صُوبہ (صوبے) داری (ع۔ف۔ا۔مث) صُوبے کی حکومت۔ نظامت (۲) صوبہ دار کا عُہدہ۔

صَوت (ع۔ا۔مث) بانگ۔ آواز۔ صدا۔ ندا۔ جمع: اَصوات۔

صوت پیما (ع۔ف۔ا۔مذ) آواز کی پیمائش کرنے والا آلہ۔

صَوتی (ع۔صف) آواز سے متعلق۔

صَوتیّات (صَو۔تی۔یات)(ع۔ا۔مث) وہ علوم و فنون جو آواز سے تعلق رکھتے ہیں۔

صَوتیاتی (ع۔صف) صوتیات سے متعلق۔

صُور (واو معروف)(ع۔ا۔مذ) تُرئی۔ بگل۔ نفیری۔ قرنا۔

صُورِ اسرافیل (ع۔ا۔مذ) وہ بگل جو حضرت اسرافیلؑ حشر کے روز ایک دفعہ مار ڈالنے کے لئے اور دُوسری دفعہ جلانے کے لئے بجائیں گے۔

صُوَر (صِوَر) (صُ۔وَر)(صِ۔وَر) صُورت کی جمع۔ (ع۔ا۔مث)

صُورَت (صُو۔رَت)(ع۔ا۔مث)(۱) شکل۔ چہرہ۔ مُنہ۔ مکھڑا (۲) نقش۔ تصویر (۳) خاکہ۔ ڈھانچا (۴) حالت۔ کیفیت (۵) طرح۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ (۶) تدبیر۔ تجویز (۷) مانند۔ مثل۔ مشابہ (۸) موقع۔ محل (۹) ظاہر (۱۰) بھیس۔ رُوپ (۱۱) علامت۔ نشان (۱۲) شغل۔ کام (۱۳) مُورت۔ بُت۔ جمع: صُوَر۔ اُردو جمع: صُورتوں۔ صورتیں۔

صُورت آشنا (ع۔ف۔صف) جان پہچان والا۔ معمولی واقف۔ رُوشناس۔

صُورت آشنا ہونا (اُر۔محاورہ) صورت پہچاننا۔ جان پہچان ہونا۔

صُورت آئینہ حیران رہ جانا (اُر۔محاورہ) بے حد متحیّر و متعجب ہونا۔

صُورتِ اَحوال (ع۔ا۔مث) وہ محضر یا درخواست جو کسی دعوے کو ثابت کرنے کے لئے معززین کے دستخطوں سے مرتب کی جاتی ہے (۲) حالات کا نقشہ۔

صُورت اِختیار کرنا (اُر۔محاورہ) ڈھنگ اِختیار کرنا۔

صُورت بِبیں حالش مَپُرس (ف۔مقولہ) حال پُوچھنے کی ضرورت نہیں۔ سب کچھ چہرے سے ظاہر ہے۔

صُورت بگاڑنا (اُر۔مص مُرکّب) بدشکل کر دینا۔

صُورت بن پڑنا (اُر۔محاورہ) تدبیر نکل آنا۔

صُورت بنانا (اُر۔محاورہ)(۱) تصویر بنانا۔ شکل بنانا (۲) بھیس بدلنا (۳) مُنہ چڑانا۔ مُنہ بنانا (۴) خاکہ ڈھالنا (۵) غریبی اور مسکینی ظاہر کرنا۔

صُورت پرست (ع۔ف۔صف) بُت پرست (۲) ظاہر پرست۔

صُورت پکڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) شکل بننا (۲) رنگ اِختیار کرنا (۳) کسی طریقے کو قبول کرنا۔

صُورت پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) کوئی تدبیر نکالنا۔

صُورت تکنا (اُر۔محاورہ) غور سے مُنہ دیکھنا۔ حیرت سے مُنہ دیکھنا۔

صُورت تو دیکھو (اُر۔محاورہ) چھوٹا مُنہ بڑی بات۔ طنزاً کہا جاتا ہے۔

صُورت چڑیلوں کی مزاج (دماغ) پریوں کا (اُر۔مثل) بدشکلی پر یہ دماغ۔ بدصورتی پر ایسا مزاج۔

صُورتِ حال (ع۔ا۔مث) معاملہ۔ کیفیت۔ ظاہری رُوئیداد۔

صُورت حرام (ع۔صف) دیکھنے میں اچھی برتنے میں بُری۔ ظاہر اچھا باطن بُرا۔

صُورت دار (ع۔ف۔صف) خوب صُورت۔ شکیل۔ جمیل۔

صُورت دِکھانا (اُر۔محاورہ) آنا۔ شکل دِکھانا۔

صُورت دیکھتے رہ جانا (اُر۔محاورہ) حیران رہ جانا۔

صُورت دیکھ کر جینا (اُر۔محاورہ) عاشق زار ہونا۔ بغیر دیکھے چین نہ آنا۔

صُورت زہر لگنا (اُر۔محاورہ) بہت نفرت ہونا۔

صُورت سوال ہے (اُر۔مثل) شکل سے ظاہر ہے۔ سوال کرنے کی ضرورت نہیں۔

صُورت سے بیزار ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھنے کو دل نہ چاہنا۔

صُورت سے ٹپکنا (اُر۔محاورہ) شکل سے ظاہر ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صُورت سے جلنا (اَر۔ محاورہ) بہت نفرت کرنا۔

صُورت کرنا (اَر۔ محاورہ) ذریعہ نکالنا۔ تدبیر کرنا۔

صُورت کو ترس جانا (اَر۔ محاورہ) مُلاقات کا موقع نہ ملنا۔

صُورت کہے دیتی ہے (اَر۔ محاورہ) شکل سے ظاہر ہے۔

صُورت گر (ع۔ف۔ صف) مُصوِّر۔ نقاش۔

صُورت گری (ع۔ف۔ ا۔ مث) مُصوّری۔ نقاشی۔

صُورت مِلنا (اَر۔ محاورہ) ایک شکل کا دُوسری شکل سے مشابہ ہونا۔

صُورت میں لال لگے ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت حسین و جمیل ہونا۔

صُورت نکالنا (اَر۔ محاورہ) تدبیر سوچنا۔ ذریعہ پیدا کرنا۔

صُورت نظر آنا (اَر۔ محاورہ) کوئی طریقہ یا تدبیر سوچنا (۲) موقع ملنا۔

صُورت نکل آنا (اَر۔ محاورہ) ذریعہ نکل آنا (۲) حسین ہو جانا۔

صُورت نہ شکل 'بھاڑ میں سے نکل (اَر۔ مثل) بدصورت آدمی کی نسبت طنزاً کہتے ہیں۔

صُورت یہ ہے (اَر۔ محاورہ) بات یہ ہے۔ حال یہ ہے۔

صُورَتاً (صُو۔رَ۔تن) (ع۔ متعلق فعل) بظاہر۔ ظاہری طور پر۔

صُوری (صُو۔ری) (ع۔ صف) معنوی کی ضد۔ ظاہری۔

صُوف (واو معروف) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) اُون۔ نمدہ۔ کمبل (۲) ایک قسم کا دبیز پشمینے کا کپڑا (۳) وہ کپڑا جو دوات میں سیاہی کے ساتھ رکھا جاتا ہے (۴) گوٹا بُننے کا بانا۔

صُوف ڈالنا (اَر۔ محاورہ) دوات میں کپڑا ڈالنا۔

صُوفہ (واو مجہول) (اَر۔ ا۔ مذ) دیکھیے سوفہ۔

صُوفی (صُو۔فی) (ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) (۱) پشمینہ پوش اہلِ تصوّف (۲) متقی۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ جمع: صُوفیہ۔ اُردو جمع: صُوفی۔ صُوفیوں۔

صُوفی صافی (ع۔ صف) فقرا کی اِصطلاح میں وہ شخص جو اپنے دل کو غیرِ حق سے پاک صاف رکھے۔

صُوفی مَنِش (ع۔ف۔ صف) صُوفیانہ طبیعت کا۔ درویشانہ مزاج کا۔

صُوفیانہ (صُو۔فی۔یا۔نہ) (ف۔ صف) منسوب بہ صُوفی۔ صُوفیوں کا سا۔ سادہ۔

صُوفِیہ (صُو۔فی۔یہ) (ع۔ ا۔ مذ) صُوفی کی جمع۔

صَولَت (صَو۔لت) (ع۔ ا۔ مث) دَبدبہ۔ رُعب۔ ہیبت۔

صَوم (ع۔ ا۔ مذ) روزہ۔ بَرت۔ جمع: صِیام۔

صوم و صلوٰۃ (ع۔ ا۔ مذ) روزہ و نماز۔

صَومَعَہ (صَو۔مَ۔عَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گرجا (۲) عبادت خانہ۔

صومعہ نشین (ع۔ف۔ صف۔ وا۔ مذ) راہب۔ تارکُ الدُّنیا۔

ص۔ہ

صَہبا (صَہ۔با) (ع۔ ا۔ مث) ایک قسم کی لال شراب۔ سفید انگوروں کی شراب۔

صِہر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خُسر۔ سُسر۔ داماد (۲) سُسرال کا کوئی آدمی۔

صَہیل (صَ۔ہیل) (ع۔ ا۔ مث) گھوڑے کا ہنہنانا۔

صَہیُونی (صَہ۔یُو۔نی) (ع۔ صف) (۱) بیتُ المقدس کے جنوب میں واقع ایک پہاڑ "صہیون" سے منسوب جہاں حضرت داؤدؑ کا محل تھا۔ یہودیوں کا اِعتقاد ہے کہ اِس پہاڑ پر اُن کا خُدا (یہوواہ) رہتا ہے (۲) یہودیوں کی عالم گیر تحریکِ وطن سے متعلق (۳) یہودیت سے منسوب۔

صَہیُونِیّت (صَہ۔یُو۔نی۔یَت) (ع۔ ا۔ مث) یہودیوں کی عالم گیر تحریک جس کا مقصد فلسطین میں یہودیوں کے قومی وطن کا قیام تھا۔

ص۔ی

صَیّاد (صَی۔یاد) (ع۔ ا۔ مذ) شکاری۔ چڑی مار۔ ماہی گیر۔ اُردو جمع: صیاد۔ صیادوں۔

صَیّادِ اَجل (ع۔ ا۔ مذ) فرشتہ موت۔ ملکُ الموت۔ عزرائیلؑ۔

صِیام (صِ۔یام) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) صَوم کی جمع (۲) صائم کی جمع۔

صِیانَت (صِ۔یا۔نَت) (ع۔ ا۔ مث) نگہبانی۔ حفاظت۔ پاس بانی۔ بچاؤ۔

صَیحَہ (صَے۔حَہ) (ع۔ ا۔ مذ) سخت یا بلند آواز۔ نعرہ۔ چنگھاڑ۔

صَید (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شکار۔ وہ جانور جس کو شکار کریں (۲) ہم پیشہ اور ہم کار آدمیوں کی باہمی ضِد اور لڑائی۔

صید اَفگن (صید اَنداز) (ع۔ف۔ صف) شکار کرنے والا۔ شکاری۔

صید بدنا (اَر۔ محاورہ) کبوتر کو پکڑ کر نہ دینے کا عہد کرنا۔

صید کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شکار کرنا (۲) قابو میں لانا۔ فریفتہ کرنا۔

صید گاہ (ع۔ف۔ ا۔ مث) شکار گاہ۔ شکار کھیلنے کی جگہ۔

صَیدی (صَے۔دی) (ف۔ ا۔ مذ) شکاریوں کی اِصطلاح میں وہ شخص جو اپنے ہم پیشہ آدمیوں سے ضِد اور لڑائی رکھے۔

صَیرَف (صَیرَفی) (صَے۔رَف) (صَے۔رَ۔فی) (ع۔ صف) صرّاف۔ کھوٹا کھرا پرکھنے والا (۲) کاموں میں دخل دینے والا۔

صِیغَہ (صی۔غَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز (۲) طریقت۔ خِلقت۔ اصل (۳) وہ مشتق کلمہ جو کسی اصل لفظ سے نکالا گیا ہو (۴) اہلِ تشیّع میں کلماتِ ایجاب و قبول۔ نکاح۔ عقد (۵) محکمہ۔ شعبہ۔ فارسی جمع: صیغہ جات۔ اُردو جمع: صیغوں۔ صیغے۔

صیغہ پڑھانا (اَر۔ محاورہ) اہلِ تشیّع میں نکاح پڑھانا۔ ایجاب و قبول کرانا۔

صیغہ گردانا (اَر۔ محاورہ) فعل کی گردان کرنا۔

صَیقَل (صَے۔قَل) (ع۔ ا۔ مذ) جِلا۔ صفائی۔ آب۔ چمک۔

صیقل کرنا (اَر۔ محاورہ) جِلا دینا۔ صاف کرنا۔ چمکانا۔

صیقل گر (ع۔ف۔ صف) جِلا کرنے والا۔ ہتھیار صاف کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ض

ض (ضاد۔ اس میں ہلکی سی واو کی آواز شامل ہے) (ع۔ا۔مذ) اُردو کا اکتیسواں، فارسی کا اٹھارھواں اور عربی کا پندرھواں حرف۔ اس کو ضادِ مُعجمہ یا منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ حسابِ ابجد میں اس کے آٹھ سو (۸۰۰) عدد فرض کئے گئے ہیں۔ یہ شمسی حرف ہے۔ اس سے پہلے "ال" آئے تو لام بولا نہیں جائے گا اور ض مُشدّد پڑھا جائے گا جیسے اَلضُّحیٰ۔ یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرفِ علّت سے مل کر آواز دیتا ہے۔

ض۔ا

ضابِط (ضا۔بِط) (ع۔صف) (۱) حفاظت میں رکھنے والا (۲) اِنتظام کرنے والا۔ مدبّر (۳) حاکم۔ مالک۔ قابض (۴) پابندِ قاعدہ۔ محتاط (۵) مُتحمّل۔ صابر۔

ضابطگی (ضا۔بِ۔طَ۔گی) (ف۔ا۔مث) قانون و ضابطہ کے مطابق ہونا۔

ضابِطہ (ضا۔بِ۔طہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) قاعدہ۔ قانون۔ دستورُالعمل (۲) اِنتظام۔ بندوبست۔ ربط و ضبط۔ جمع: ضوابط۔ اُردو جمع: ضابطوں۔ ضابطے۔

ضابطہ برتنا (اُر۔ محاورہ) قانون کے مطابق کارروائی کرنا۔ رواج کے مطابق کام کرنا۔

ضابطۂ تعزیری (ع۔ف۔ا۔مذ) سزا دینے کا قانون۔

ضابطۂ دیوانی (ع۔ف۔ا۔مذ) دیوانی قانون۔ وہ قانون جس میں باہمی لین دین کے قواعد منضبط ہوں۔

ضابطۂ عدالت (ع۔ف۔ا۔مذ) عدالت کا طریقۂ عمل۔

ضابطہ (ضابطے) کی رُو سے (اُر۔ متعلق فعل) قاعدہ اور قانون کے مطابق۔ حسبِ ضابطہ۔

ضابطۂ فوجداری (ف۔ا۔مذ) قانونِ فوجداری۔ جرائم کے اِنسداد کا دستورُالعمل۔

ضابطۂ مال (ع۔ا۔مذ) صیغۂ مال کا قانون۔ خزانہ یا مال گزاری کے متعلق قانون۔

ضاحِک (ضا۔حِک) (ع۔صف) ہنسنے والا۔ ظریف۔ مسخرہ۔

ضارِب (ضا۔رِب) (ع۔صف) مارنے والا۔ چوٹ لگانے والا۔

ضالّ (ع۔صف) گُم راہ۔ بھٹکا ہوا۔ جمع: ضالّین۔

ضامِن (ضا۔مِن) (ع۔ا۔مذ) (۱) ذِمّے دار۔ وہ شخص جو کسی کی ضمانت دے۔ کفیل (۲) وہ لکڑی کی پنچر جو حقّے کی نے کے درمیان باندھ دیتے ہیں (۳) وہ دہی جس سے دودھ جماتے ہیں۔ مایۂ شیر۔ اُردو جمع: ضامن۔ ضامنوں۔

ضامن دَر ضامن (ع۔ف۔صف) کفیل کا کفیل۔ ذِمّے دار کا ذِمّے دار۔

ضامن نہ ہُو جیے گرہ سے دیجیے (اُر۔ مقولہ) گرہ سے دینے میں ہرج نہیں، مگر ضمانت دینے میں خرابی ہے۔

ضامن ہونا (اُر۔مص مُرکّب) کفیل ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

ضامنی (ضا۔مِ۔نی) (ع۔ا۔مث) کفالت۔ ذِمّے داری۔ ضمانت۔

ضامنی پر چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) ضمانت یا ذِمّے داری پر رہا کرنا۔

ضامنی دینا (اُر۔ محاورہ) ضمانت دینا۔ کفیل یا ذِمّے دار بننا۔

ضامنی قبول کرنا (ضامنی منظور کرنا) (اُر۔ محاورہ) کسی کی کفالت یا ذِمّے داری کو تسلیم کرنا۔

ضائع (ضا۔اِع) (ع۔صف) اکارت۔ تلف۔ رائیگاں۔ بے فائدہ۔

ضائع جانا (اُر۔ محاورہ) تباہ ہو جانا۔ رائیگاں جانا۔

ضائع کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) برباد کرنا۔ اُڑانا (۲) بے کار کر دینا۔ نکمّا کرنا۔

ضائع ہونا (اُر۔ محاورہ) برباد ہونا۔ خراب ہونا۔ ضائع جانا۔

ض۔ب

ضَبط (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) تحمّل۔ صبر۔ برداشت (۲) اِنتظام۔ بندوبست (۳) روک۔ رُکاوٹ (۴) قید۔ پابندی (۵) قُرق۔

ضبطِ تولید (ع۔ا۔مذ) مانعِ حمل طریقے، دوائیں یا آلات استعمال کر کے بچّوں کی پیدائش محدود رکھنا۔ برتھ کنٹرول۔

ضبط کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) قُرق کرنا (۲) قابو میں کرنا (۳) برداشت کرنا۔ غصّے کو روکنا۔

ضبط ہونا (اُر۔مص مُرکّب) قُرق ہونا۔ چھننا۔ کسی جرم میں مال و جائیداد کا سرکاری ہو جانا (۲) تحمّل ہونا۔ برداشت ہونا۔ بُردباری ہونا۔

ضَبطی (ضَب۔طی) (اُر۔ا۔مث) (۱) قُرقی (۲) عدالت کے حُکم سے کسی کا مال لے لینا۔

ضبطیِ جائیداد (ضبطیِ مال) (ع۔ف۔ا۔مث) دھن دولت کی قُرقی۔

ضبطی میں آنا (اُر۔ محاورہ) قُرق ہونا۔ چھن جانا۔ سرکاری ہو جانا۔

ض۔ح

ضُحا (ضُحیٰ) (ضُ۔حا) (ع۔ا۔مذ) ایک پہر دن چڑھے یا دس بجے کا وقت۔ چاشت کا وقت۔

ضحّاک (ضَح۔حاک) (ع۔صف) (۱) بہت ہنسنے والا (۲) ایک ایرانی بادشاہ جو بڑا ظالم اور جابر تھا۔

ضِحک (ضِ۔حَک) (ع۔ا۔مث) ہنسنا۔

ضُحکہ (ضُح۔کہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) جس پر سب ہنسیں (۲) جو سب پر ہنسے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ض۔خ

ضَخامَت (ضَ۔خا۔مَت)(ع۔ا۔مث) حجم۔ جسامت۔ موٹائی۔
ضَخِیم (ضَ۔خِیم)(ع۔صف) بڑے حجم والا۔ بہت بڑا۔ موٹا۔

ض۔د

ضِدّ (بکسرِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔صف۔ وا۔مث) (۱) برعکس۔ مخالف۔ خلاف (۲) دُشمنی۔ عداوت۔ بُغض (۳) ہَٹ۔ اَڑ (۴) سینہ زوری۔ اَنانیت (۵) غُصّہ (۶) تعصُّب۔ جمع: اَضداد۔ اُردو جمع: ضِدّوں۔ ضِدیں۔
ضِد باندھنا (اُر۔محاورہ) (۱) بہت اِصرار کرنا۔ ہَٹ کرنا (۲) دُشمنی کرنا۔ مُخالفت کرنا (۳) بحث کرنا۔
ضِد پر آنا (اُر۔محاورہ) اِصرار کرنا۔ ہَٹ کرنا۔ مُخالفت پر کمر باندھنا۔
ضِد پُوری کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کی ہَٹ کے موافق کرنا۔ کسی کے کہنے کے بموجب کر دینا۔
ضِد چڑھنا (اُر۔محاورہ) غُصّہ چڑھنا۔ اَڑنا۔ ہَٹ کرنا۔
ضِد رکھنا (اُر۔محاورہ) دُشمنی رکھنا۔ مُخالفت رکھنا۔ کینہ رکھنا۔
ضِد کا پُورا ہے (اُر۔محاورہ) اپنی ہَٹ پر اَڑا رہنے والا ہے۔
ضِد کرنا (اُر۔مص مُرکّب) اِصرار کرنا۔ ہَٹ کرنا (۲) بحث و تکرار کرنا۔ جھگڑنا۔
ضِدَّم ضِدّا (ضِد۔دَم۔ضِد۔دا) (اُر۔ا۔مث) ایک کا دُوسرے کے خلاف ہونا۔
ضِدَّن (ضِد۔دَن)(اُر۔صف) ضِدّی کی تانیث۔
ضِدّی (ضِد۔دی) (ف۔صف) (۱) بہت اِصرار کرنے والا۔ ہَٹ کرنے والا (۲) متعصّب۔
ضِدَّین (ضِد۔دَین)(ع۔ا۔مث) ضِد کا تثنیہ۔ دو ضِدیں۔ دو مختلف چیزیں۔

ض۔ر

ضَرّاب (ضَر۔راب)(ع۔ا۔مذ) روپیہ، اشرفی پر ٹھپا لگانے والا۔
ضِراب (ضِ۔راب)(ع۔ا۔مذ) کسی کے تلوار مارنا۔
ضِرار (ضِ۔رار)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک دُوسرے کو نُقصان پہنچانا (۲) عہدِ رسالت میں مدینے میں مُنافقوں کی ایک مسجد جسے حضور ﷺ نے مسمار کرا دیا تھا۔
ضَرب (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) مار۔ چوٹ۔ دھکّا۔ صدمہ (۲) عِلمِ حساب میں جمع کا ایک قاعدہ مثلاً ۵ کو ۶ سے ضرب دینے کا مطلب یہ ہے کہ ۵ کو ۶ بار جمع کریں (۳) بیان۔ ذِکر (۴) ٹھپا۔ مُہر (۵) شمار ظاہر کرنے کا عدد (۶) نُقصان۔ گھاٹا (۷) شمشیر زنی (۸) صوفیوں کا کسی اِسم یا کلمے کو خاص زور اور جھٹکے کے ساتھ پڑھنا جس سے دِل پر چوٹ لگے (۹) شعر کا آخری رُکن۔ جمع: ضربات۔ ضُروب۔ اُر جمع: ضربوں۔ ضربیں۔
ضرب آنا (اُر۔محاورہ)(۱) چوٹ آنا۔ دھکّا لگنا (۲) گھاٹا آنا۔
ضرب اُٹھانا (اُر۔محاورہ) صدمہ اُٹھانا۔ نُقصان برداشت کرنا۔
ضربُ المَثَل (ضَر۔بُل۔مَ۔ثَل)(ع۔ا۔مث) کہاوت۔ وہ جُملہ جو مثال کے طور پر مشہور ہو۔
ضربِ چلیپا (ع۔ف۔ا۔مث) ایک خاص قسم کی ضرب جو آڑی لگائی جاتی ہے۔
ضرب خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) دارُالضرب۔ ٹکسال جہاں سکّے ڈھالے جاتے ہیں۔
ضربِ خفیف (ع۔ف۔ا۔مث) ہلکی چوٹ۔
ضرب دینا (اُر۔محاورہ)(۱) نُقصان پہنچانا۔ ضرر پہنچانا (۲) جمع کرنے کے لئے اَعداد کو باہم ٹکرانا (۳) سکّے پر مُہر لگانا۔
ضربِ شدید (ع۔ف۔ا۔مذ) سخت چوٹ۔ مُہلک ضرب۔
ضربِ شمشیر (ع۔ف۔ا۔مث) تلوار کا زخم۔ تلوار کا ہاتھ۔
ضرب کی تاب نہ لانا (اُر۔محاورہ) وار کو برداشت نہ کر سکنا۔
ضربِ لازب (ع۔ا۔مث) وہ چوٹ جس کا نشان اچھا ہونے کے بعد بھی قائم رہے۔
ضرب لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) چوٹ لگانا۔ مارنا (۲) تلوار مارنا (۳) ٹھپا لگانا۔ چھاپ لگانا (۴) اِس طرح خُدا کا نام لینا یا کلمہ پڑھنا جس سے دِل پر چوٹ لگے اور وہ بیدار ہو جائے۔
ضربِ مُرکّب (ع۔ا۔مذ) حساب کا ایک قاعدہ جس میں نقدی یا جنس کے وزن وغیرہ کو مختصر ترکیب سے کئی گُنا کرتے ہیں۔
ضربِ مُفرد (ع۔ا۔مث) ضربِ سادہ۔ ضربِ بسیط۔ ضربِ غیر مُرکّب۔
ضربِ مُہلک (ع۔ا۔مث) ہلاک کر دینے والی چوٹ۔
ضَربَت (ضَر۔بَت)(ع۔ا۔مث) ضرب۔ چوٹ۔ مار۔ صدمہ۔ نُقصان۔
ضَربات (ضَر۔بات)(ع۔ا۔مث) ضرب کی جمع۔ چوٹیں۔
ضَرَر (ضَ۔رَر)(ع۔ا۔مذ)(۱) نُقصان۔ خسارہ۔ زیاں (۲) درد۔ تکلیف۔ صدمہ۔
ضررِ جسمانی (ع۔ف۔ا۔مذ) جسمانی تکلیف۔ جسمانی چوٹ۔
ضرر رساں (ف۔صف) نُقصان پہنچانے والا۔
ضرر رسانی (ع۔ا۔مث) اِیذا پہنچانا۔ تکلیف دینا۔
ضِرغام (ضِر۔غام)(ع۔ا۔مذ) پھاڑنے والا شیر۔ اَسد۔
ضِرغامِ فلک (ع۔ا۔مذ) بُرجِ اَسد۔
ضَرُور (ضَ۔رُور)(ع۔صف)(۱) واجب۔ لازم۔ وہ بات جس کا ہونا فرض ہو (۲) درکار۔ مطلوب (۳) بے شک۔ بجا۔ دُرست (۴) اٹل (۵)(طنزاً) ہرگز نہیں۔
ضرور بالضّرور (ضَ۔رُور۔بِض۔ضَ۔رُور)(ع۔متعلق فعل) تاکید کے واسطے۔
ضَرُورَت (ضَ۔رُو۔رَت)(ع۔ا۔مث) حاجت۔ خواہش۔ مانگ۔ طلب۔ اُردو جمع: ضرورتوں۔ ضرورتیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ضرورت ایجاد کی ماں ہے (اَر۔مثل) جب کسی چیز کی ضرورت پڑے تو انسان کو کوئی نہ کوئی انتظام کرنا ہی پڑتا ہے۔
ضرورت کے وقت گدھے کو بھی باپ بنا لیتے ہیں (اَر۔مثل) لاچاری و مُصیبت میں ادنیٰ لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔
ضرورت مند (ع۔صف) حاجت مند۔ تنگ حال۔ مُفلس۔
ضَرُورَتاً (ضَ۔رُو۔رَ۔تَن) (ع۔متعلق فعل) اَز رُوئے ضرورت۔ واجباً۔ لازماً۔ ضرورت کی وجہ سے۔
ضَرُورِی (ضَ۔رُو۔رِی) (ع۔صف) واجب۔ لازمی۔ ناگزیر۔ تاکیدی۔ اہم۔
ضَرُورِیَات (ضَ۔رُو۔رِی۔یات) (ع۔ا۔مث) ضروری چیزیں۔ استعمال کی چیزیں۔
ضروریاتِ زندگی (ع۔ف۔ا۔مث) وہ چیزیں جو انسان کے زندہ رہنے کے لئے ضروری ہیں۔ کھانا، کپڑا وغیرہ۔
ضَرِیح (ضَ۔رِیح) (ع۔ا۔مث) (۱) قبر۔ وہ قبر جو سیدھی کھودی جائے۔ ایک طرف کھودی جانے والی کو لحد کہتے ہیں (۲) ایک قسم کا تعزیہ جو گنبد نما ہوتا ہے۔ اُردو جمع: ضریحوں۔ ضریحیں۔

ض۔ع

ضِعف (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔صف) دوچند۔ دوگنا۔ علمِ جفر کا ایک قاعدہ جس میں حروف کو دوگنا کر کے جوابات نکالتے ہیں۔
ضَعف (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) بے ہوشی۔ غشی۔
ضعف آنا (اَر۔محاورہ) غش آنا۔ بے ہوش ہونا۔
ضُعف (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) کمزوری۔ سُستی۔ ناتوانی۔
ضعفِ بصارت (بصر) (ع۔ا۔مذ) آنکھوں کی ناطاقتی۔ نظر کم آنا۔
ضعفِ جگر (ع۔ا۔مذ) کلیجے کی ناطاقتی۔ جگر کی کمزوری۔
ضعفِ دِل (قلب) (ع۔ا۔مذ) دِل کی کمزوری۔
ضعفِ دماغ (ع۔ا۔مذ) دماغ کی کمزوری۔ تھوڑے سے کام سے دماغ کا تھک جانا۔
ضعفِ مثانہ (ع۔ا۔مذ) مثانے کی کمزوری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے۔
ضعفِ مِعدہ (ع۔ا۔مذ) معدے کی کمزوری۔ پیٹ کا ایک مرض۔
ضُعَفاء (ضُ۔عَ۔فا) (ع۔صف) ضعیف کی جمع۔
ضَعِیف (ضَ۔عِیف) (ع۔صف) ناطاقت۔ کمزور۔ بوڑھا۔ جمع: ضُعفاء۔ ضِعاف۔ اُردو جمع: ضعیف۔ ضعیفوں۔
ضعیفُ الاعتقاد (ضَ۔عی۔فُل۔اِع۔تِ۔قاد) (ع۔صف) وہ شخص جس کے اِعتقاد میں گرم جوشی نہ ہو۔ کمزور اِعتقاد کا۔
ضعیفُ الایمان (ضَ۔عی۔فُل۔اِی۔مان) (ع۔صف) کمزور ایمان والا۔ مذہبی باتوں پر یقین نہ کرنے والا۔
ضعیفُ البُنیان (ضَ۔عی۔فُل۔بُن۔یان) (ع۔صف) جس کی بُنیاد کمزور ہو۔ عموماً انسان کے ساتھ بولا جاتا ہے۔
ضعیفُ العقل (ضَ۔عی۔فُل۔عَقل) (ع۔صف) کم عقل۔ بے وقوف۔ مُورکھ۔
ضعیف حال (ع۔صف) غریب۔ مُصیبت زدہ۔
ضَعِیفَہ (ضَ۔عی۔فَہ) (ع۔صف) ضعیف کی تانیث۔
ضَعِیفِی (ضَ۔عی۔فی) (ع۔ا۔مث) بُڑھاپا۔ پیری۔ کمزوری۔

ض۔غ

ضَغطَت (ضَغ۔طَت) (ع۔ا۔مذ) (۱) دباؤ (۲) جھٹکا (۳) بھینچنا۔
ضَغطَہ (ضَغ۔طَہ) (ع۔ا۔مذ) سختی۔ تنگی۔ کشمکش۔ مشقت۔ اُردو جمع: ضغطوں۔ ضغطے۔
ضَغطے (ضَغ۔طے) (اَر۔ا۔مذ) (۱) ضغطہ کی جمع (۲) ضغطہ کی مُغیّرہ صورت۔
ضغطے میں پڑنا (اَر۔محاورہ) کشمکش میں پڑنا (۲) سختی جھیلنا۔

ض۔ف

ضِفدَع (ضِف۔دَع) (ع۔ا۔مذ) مینڈک۔

ض۔ل

ضَلّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) غلطی کرنا۔ گمراہ ہونا۔ بھٹکنا۔
ضَلال (ضَلالت) (ضَ۔لال) (ضَ۔لا۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) گمراہی (۲) گناہ۔ خطا۔
ضِلَع (ضِ۔لَع) (ع۔ا۔مذ) (۱) پسلی (۲) لکیر۔ حد۔ خط (۳) جُزو۔ حصّہ۔ حاکمِ ضلع کا صدر مقام۔ صوبے کا وہ حِصّہ جو ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہو (۴) رعایتِ لفظی۔ ذومعنی بات۔ (ضلع جگت)۔ جمع: اَضلاع۔ اُردو جمع: ضِلعوں۔ ضِلعے۔
ضلع بندی (ع۔ف۔ا۔مث) صوبے کی ضلع وار تقسیم۔
ضلع جگت (اَر۔ا۔مث) پہلو دار بات جس میں لفظی رعایت پائی جائے۔
ضلع دار (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) نگرانِ ضلع۔ زمین داروں سے مال گزاری وغیرہ وصول کرنے والا افسر (۲) صیغۂ آبپاشی کا وہ افسر جو پانی کا حساب لگاتا ہے۔
ضلع داری (ع۔ف۔ا۔مث) ضلع دار کا عُہدہ یا کام۔

ض۔م

ضَمّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ملانا۔ شامل کرنا (۲) پیش کی حرکت۔ ضمّہ (ـُ)۔
ضِماد (ضِ۔ماد) (ع۔ا۔مذ) لیپ۔ دوا کو نرم کر کے جسم پر لگانا۔
ضَمانَت (ضَ۔ما۔نَت) (ع۔ا۔مث) ذمّے داری۔ کفالت۔ ضامنی۔ اُردو جمع: ضمانتوں۔ ضمانتیں۔
ضمانت پر ہونا (رہا ہونا) (اَر۔محاورہ) کسی کی ذمّے داری پر قید سے چھوٹنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ضمانت حِفظِ اَمن (ع۔ا۔مث) اَمن قائم رکھنے کی ضمانت۔

ضمانت دینا (اَر۔محاورہ) کسی کا ضامن بننا۔ تحریری ضمانت نامہ داخل کرنا۔ کسی ایسے شخص کی ذمّے داری قبول کرنا جو کسی قانون کی خلاف ورزی کے جرم میں گرفتار کیا گیا ہو تاکہ اُس کو دورانِ سماعتِ مقدّمہ آزاد رہنے کا حق دیا جائے (۲) کسی کو ضامن پیش کرنا۔

ضمانت ضبط ہونا (اَر۔محاورہ) ضامن سے شرطِ ضمانت پُوری نہ ہونے کی صُورت میں نقد روپیہ وصول کرنا۔

ضمانت کرنا (اَر۔محاورہ) ضامنی دینا۔ ضمانت دینا۔ کسی کا ضامن بننا یا ہونا۔

ضمانت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) تحریری ضمانت۔ کفالت نامہ۔

ضمانت ہونا (اَر۔محاورہ) ضمانت منظور ہونا۔ ضمانت پر رہا ہونا۔

ضماناً (ضَ۔ما۔نَ۔نن) (ع۔متعلق فعل) کفالتاً۔ بطور ضمانت۔

ضمانتی (ضَ۔ما۔نَ۔تی) (اَر۔ا۔مذ) ضامن۔ ضمانت کرنے والا یا دینے والا۔

ضمائر (ضَ۔ما۔اِر) (ع۔ا۔مث) ضمیر کی جمع۔

ضِمن (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ذیل۔ اندر (۲) شرکت۔ شمول (۳) قانون۔ دفعہ۔ فقرہ۔ مضمون۔ فصل (۴) تعلّق۔

ضمن میں ہونا (اَر۔محاورہ) حق میں ہونا۔ شامل ہونا۔

ضِمناً (ضِم۔نَن) (ع۔متعلق فعل) (۱) بشمول (۲) اِشارۃً۔ کنایۃً۔

ضِمنی (ضِم۔نی) (اَر۔ا۔مث) (۱) مقدّمے کی تفتیش کی روزانہ رپورٹ جو پولیس افسر بھیجے (۲) (صف) ذیلی۔ جمع: ضمنیات۔

ضَمّہ (ضَم۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) ضم۔ پیش۔ پیش کی حرکت۔ (ـُـ)۔

ضمیر (ضَ۔میر) (ع۔ا۔مذ) (۱) دل۔ قلب (۲) بھید۔ راز (۳) پوشیدہ خیال۔ اندیشہ۔ اُر جمع: ضمیر۔ ضمیروں (۴) (ع۔ا۔مث) قواعدِ صرف و نحو میں وہ مختصر اِسم جس سے اِسم غائب، حاضر یا متکلم سمجھا جائے۔ جمع: ضمائر۔ اُردو جمع: ضمیروں۔ ضمیریں۔

ضمیمہ (ضَ۔می۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگائیں۔ تتمّہ۔ تکملہ۔ پرچہ زائد۔ اخبار کی معمول سے الگ اشاعت۔ جمع: ضمائم۔ اُردو جمع: ضمیموں۔ ضمیمے۔

ض۔و

ضَو (بفتحِ اوّل) (ع۔ا۔مث) روشنی۔ پرتو۔ نُور۔ چمک۔

ضوافشاں (فِشاں) (ع۔ف۔صف) روشنی دینے والا۔

ضوافشانی (فِشانی) (ع۔ف۔ا۔مث) روشنی دینا۔ نُور پھیلانا۔

ضوریز (ضَو۔فِگن) (ع۔ف۔صف) روشنی بکھیرنے والا۔ روشنی پھینکنے والا۔

ضوریزی (افگنی) (ع۔ف۔ا۔مث) روشنی بکھیرنا یا پھیلانا۔

ضوابط (ضَ۔وا۔بِط) (ع۔ا۔مذ) ضابطہ کی جمع۔

ض۔ی

ضِیا (ضِ۔یا) (ع۔ا۔مث) (۱) روشنی۔ چمک (۲) رونق۔

ضیاافروز (ضیابار۔ ضیاپاش۔ ضیافشاں۔ ضیاگستر) (ع۔ف۔صف) روشن کرنے والا۔ روشنی پھیلانے والا۔

ضیاباری (پاشی۔ فشانی۔ گستری) (ع۔ف۔ا۔مث) روشنی پھیلانا۔

ضِیاع (ع۔ا۔مذ) ضائع ہونا۔ برباد ہونا۔

ضِیافت (ضِ۔یا۔فت) (ع۔ا۔مث) مہمانی۔ دعوت۔ کھانا کھلانا۔ اُردو جمع: ضیافتوں۔ ضیافتیں۔

ضیافت خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) مہمان خانہ۔ مہمان داری کا مکان۔

ضیافت کرنا (اَر۔مص مُرکّب) مہمانی کرنا۔ دعوت کرنا۔

ضَیغَم (ضَے۔غَم) (ع۔ا۔مذ) پھاڑنے والا شیر۔ شیر بَبر۔

ضَیف (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) مہمان۔

ضِیق (بیائے معروف) (ع۔ا۔مذ) (۱) تنگی (۲) وقّت۔ دشواری (۳) مکان کی تنگی۔

ضیقُ النّفَس (ضی۔قُن۔نَ۔فَس) (ع۔ا۔مذ) دمہ۔ دَم گھٹنا۔

ضیق میں آنا (ہونا) (اَر۔محاورہ) تنگ ہونا۔ عاجز آنا۔ مشکل میں پھنسنا۔

ضیق میں جان ہونا (اَر۔محاورہ) سخت پریشان ہونا۔ بہت تنگ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ط

ط (طو۔اے)(ع۔ا۔مث) عربی میں اِس کا تلفظ طا ہے۔ اِسے طائے مُہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ یہ اُردو کا بائیسواں‘ فارسی کا اُنیسواں اور عربی کا سولھواں حرف ہے۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے نو (۹) عدد مُقرّر ہیں۔ شمسی حرف ہے یعنی اِس سے پہلے "اَل" آئے تو لام پڑھا نہیں جائے گا اور "ط" مُشدّد ہو جائے گی جیسے الطّاہر۔ علم نجوم میں بُرجِ سرطان کی علامت ہے۔

ط۔ا

طاب (ع۔صف)(۱) خوش بُودار (۲) خوش گوار۔ نفیس (۳) پاک۔

طابَ ثَراہُ (ع۔کلمہ دُعا) اس کی مٹی (قبر) خوش بودار ہو یعنی اُس کی رُوح کو سکون نصیب ہو۔

طابِع (طا۔بِع)(ع۔صف و۔مذ) چھاپنے والا۔ پرنٹر۔ جمع: طابعین۔

طابِعَہ (طا۔بِ۔عَہ)(ع۔ا۔مث) ٹائپ رائٹر۔ ٹائپ مشین۔

طابِق (طا۔بِق)(ع۔صف)(۱) مُطابقت رکھنے والا (۲) پیروی کرنے والا۔

طابَقَ النَّعْلُ بِالنَّعْل (طا۔بَ۔قَن۔نَعْ۔لُ۔بِن۔نَعْل)(ع۔مثل) جُوتی جُوتی کے ساتھ مُطابق ہوگئی۔ دو آدمی یا چیزیں ایک دُوسرے کے عین مطابق ہوں تو یہ مثل بولتے ہیں۔ ہُو بہُو۔ عین مین۔

طارِق (ع۔ا۔مذ)(۱) صُبح کا ستارہ (۲) رات کو چلنے والا (۳) سخت حادثہ۔

طارُم (ع۔ا۔مذ)(۱) لکڑی کا گھر (۲) گُنبد (۳) بلند مکان (مجازاً) آسمان۔

طارُمِ اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) فلکُ الافلاک۔

طارُمِ اَخضر (ع۔ا۔مذ)(۱) ہری یا نیلی چھت (۲) آسمان۔

طاری (ع۔صف)(۱) ناگہاں ظاہر ہونے والا (۲) چھا جانے والا۔ غالب آنے والا۔

طاری ہونا (اُر۔مص مُرکّب) چھا جانا۔ کسی کیفیت کا غلبہ پانا۔ مُسلّط ہونا۔

طاس (ف تاس کا مُعرّب)(ع۔ا۔مذ)(۱) بڑا طشت۔ تھال۔ لگن (۲) پیالہ (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۴) زمین کا وہ تمام حِصّہ جسے کوئی دریا یا اُس کی شاخیں سیراب کرتی ہوں جیسے پاکستان دریائے سندھ کا طاس ہے۔ بیسن (۵) ایک پرندہ (ق)۔

طاس بازی (ع۔ف۔ا۔مث) طاس یا تھال کو لکڑی پر گُھما کر اُچھالنے اور پھر گرتے ہوئے طاس کو اُسی لکڑی پر سنبھالنے کا کھیل۔

طاسہ (ع۔ا۔مذ) ڈھول۔ تاشہ۔

طاسہ نواز (ع۔ف۔صف) تاشہ بجانے والا۔

طاعات (ع۔ا۔مث) طاعت کی جمع۔

طاعَت (طا۔عَت)(ع۔ا۔مث) بندگی۔ عبادت۔ پُوجا۔ فرماں برداری۔ جمع: طاعات۔

طاعت گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) عبادت کی جگہ۔ مسجد۔

طاعت گُزار (ع۔ف۔صف) فرماں بردار۔ بندگی کرنے والا۔ عبادت گُزار۔

طاعِن (طا۔عِن)(ع۔صف)(۱) طعنہ دینے والا (۲) نیزہ مارنے والا۔

طاعُون (طا۔عُون)(ع۔ا۔مذ) ایک مُہلک اور متعدی وبائی بیماری جس میں چھاتی‘ بغل یا نچلے کے نیچے گلٹیاں نکلتی ہیں اور تیز بُخار ہوتا ہے۔ چوہے کے پِسّوؤں کے کاٹنے سے لاحق ہوتی ہے۔ پلیگ۔

طاغُوت (طا۔غُوت)(ع۔ا۔مذ)(۱) شیطان۔ گمراہوں کا سردار (۲) بُت۔ دیو (۳) خُدا کے سوا کسی اور کی پرستش کرنے والا۔

طاغُوتی (طا۔غو۔تی)(ع۔صف) طاغوت سے نسبت رکھنے والا۔ شیطانی۔

طاغی (ع۔صف)(۱) سَرکش۔ باغی۔ مالک کا نافرمان (۲) حد سے گُزرنے والا (۳) فساد پھیلانے والا۔

طاق (ع۔ا۔مذ)(۱) محراب۔ محراب دار ڈاٹ جو دیوار میں بنا دیتے ہیں۔ آلا (۲) ایک درخت کا نام۔ ایک کپڑے کا نام (۳) وہ عدد جو جُفت نہ ہو مثلاً ۱۔۳۔۵ وغیرہ (۴)(صف) یکتا۔ لاثانی۔ اُردو جمع: طاق۔ طاقوں۔

طاقِ اَبرُو (ع۔ا۔مذ) اَبرُو کا طاق سے اِستعارہ۔ بھوں کی کمان۔

طاقِ اَزرَق (ع۔ا۔مذ) نیلا طاق۔ آسمان۔

طاقِ اَیوان (ع۔ا۔مذ) ڈیوڑھی۔ جلوہ خانہ۔

طاق بھرنا (اُر۔محاورہ) مسجد یا مزار کے طاق میں چراغ جلا کر پھول بتاشے وغیرہ چڑھانا۔

طاق پر بیٹھا اُلّو۔ بھر بھر مانگے چُلّو (اُر۔مثل) اُس کمینے شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے سے بہتر آدمیوں پر حُکم چلائے۔

طاق پر (دھرنا) رکھنا (اُر۔محاورہ) چھوڑ دینا۔ ترک کرنا۔ باز آنا۔ اُٹھا رکھنا۔

طاق پر رکھا رہنا (اُر۔محاورہ) کام نہ آنا۔ بے کار رہنا۔

طاق کرنا (اُر۔محاورہ) یکتا کرنا۔ ماہر کرنا۔

طاق میں ایمان رہنا (اُر۔محاورہ) ایمان داری کے تقاضوں کو پُورا نہ کرنا۔ بے ایمانی کرنا۔

طاقِ نِسیاں (ع۔ا۔مذ) بھول جانے کا طاق یا مقام۔ نسیان کا طاق سے اِستعارہ۔

طاقِ نِسیاں پر (میں) دھرنا (رکھنا) (اُر۔محاورہ) بھول جانا۔ بھلا دیا جانا۔

طاق و جُفت (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا جُوا جس میں ہاتھ میں کوئی چیز چُھپا کر دریافت کرتے ہیں کہ اِس میں طاق ہے یا جُفت۔

طاق و جُفت دونوں ہونا (اُر۔محاورہ) ہر حالت میں کامیابی ہونا۔

طاق ہونا (اُر۔محاورہ) ماہر ہونا۔ یکتا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طاقچہ (طاق۔چہ)(ف۔ا۔مذ) چھوٹا طاق۔ اُردو جمع: طاقچوں۔ طاقچے۔

طاقت (طا۔قت)(ع۔ا۔مث)(۱) زور۔ بَل۔ قوت۔ کسی جسم یا نظام کی کام کرنے کی شرح (۲) تاب۔ مجال۔ جُرأت۔ حوصلہ (۳) قابلیت۔ لیاقت۔ مقدور (۴) برداشت۔ بساط۔ سمائی (۵) سلطنت۔ حکومت۔ اُردو جمع: طاقتوں۔ طاقتیں۔

طاقت آزما (ع۔ف۔صف) زور دکھانے والا۔ قوت آزمانے والا۔

طاقت آزمائی (ع۔ف۔ا۔مث) زور دکھانا۔ زور لگانا۔ طاقت آزمانا۔

طاقت سلب ہونا (اُر۔مص مُرکّب) قوت جاتی رہنا۔

طاقت (سے) طاق ہونا (اُر۔محاورہ) بالکل طاقت نہ رہنا۔ قوت کا بالکل زائل ہو جانا۔

طاقت کا جواب دینا (دے دینا) (اُر۔محاورہ) طاقت نہ رہنا۔ کمزور ہو جانا۔

طاقت کرنا (اُر۔محاورہ) زور دکھانا۔ زور کرنا۔ قوت آزمانا۔

طاقتِ مہماں نداشت ؛ خانہ بمہماں گزاشت (ف۔مثل) مہمان داری کی طاقت نہ رکھتا تھا اِس لئے گھر مہمان کے لئے چھوڑ گیا۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی مہمان کے آنے پر ٹل جائے۔

طاقت وَر (ع۔ف۔صف) زور آور۔ توانا۔ مضبوط۔ کس بَل والا۔

طاقہ (طا۔قہ)(ع۔ا۔مذ) اُونی یا ریشمی کپڑے کا تھان۔

طاقی (طا۔قی) (ع۔صف و۔ا۔مذ) وہ گھوڑا جس کی ایک آنکھ چھوٹی اور ایک بڑی ہو۔ اُسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔

طاقیہ (طا۔قِ۔یہ)(ع۔ا۔مث) وہ ٹوپی جو پگڑی کے نیچے پہنتے ہیں۔

طالَ (ع۔ماضی) لمبا ہوا۔ بڑھ گیا۔

طالَ عُمُرُہٗ (عُم۔رُ۔ہُو)(ع۔دُعا) اس کی عُمر لمبی ہو۔

طالِب (طا۔لِب) (ع۔صف) مانگنے والا۔ چاہنے والا۔ مُشتاق۔ خواست گار۔ اُمیدوار۔ جمع: طُلاب۔ طلبہ۔ طالبان۔

طالبِ اِستِمداد (اِمداد) (ع۔صف) مدد چاہنے والا۔ امداد کا طلب گار۔

طالبِ امان ہونا (اُر۔محاورہ) پناہ چاہنا۔ جان بخشی چاہنا۔

طالبِ جنگ ہونا (اُر۔محاورہ) دُشمن کو لڑائی کی دعوت دینا۔

طالبِ دُنیا (ع۔صف) دُنیا طلب کرنے والا۔ حریص۔ لالچی۔

طالبِ دیدار (ع۔ف۔صف) محبوب کو دیکھنے کا خواہش مند۔ عاشق۔

طالبِ زر (ع۔ف۔صف) مال و زر چاہنے والا۔ حریص۔ لالچی۔

طالبِ عُقبیٰ (ع۔صف) آخرت کا طلب گار۔ دین دار۔ پارسا۔ زاہد۔

طالبِ عِلم (ع۔ا۔مذ)(۱) عِلم کا طلب گار۔ مدرسے میں پڑھنے والا۔ عِلم حاصل کرنے والا۔ متعلّم (۲) مبتدی۔ نو آموز۔

طالبِ عِلمی (ع۔ف۔ا۔مث) عِلم پڑھنے یا کام سیکھنے کا شغل۔ شاگردی۔

طالبِ کفن (مرگ) ہونا (اُر۔محاورہ) مرنے کا خواہش مند ہونا۔

طالبِ نبرد ہونا (اُر۔مص مُرکّب) دیکھئے طالبِ جنگ ہونا۔

طالب و مطلوب (ع۔ا۔مذ) عاشق و معشوق۔

طالِبان (طا۔لِ۔بان) (ع۔ا۔مذ) طالب کی جمع۔

طالِبہ (طا۔لِ۔بہ)(ع۔ا۔مث) طالب کی تانیث (۱) طلب کرنے والی (۲) عِلم حاصل کرنے والی۔ متعلّمہ۔ جمع: طالبات۔

طالِح (طا۔لِح)(ع۔صف) بدکار۔ بُرا آدمی۔ شریر۔

طالِع (طا۔لِع)(ع۔صف)(۱) طلوع ہونے والا۔ چمکنے والا (۲)(ع۔ا۔مذ) نصیب۔ قسمت۔ اِقبال۔

طالع آزما (ع۔ف۔صف) نصیب آزمانے والا۔

طالع آزمائی (ع۔ف۔ا۔مث) قسمت آزمائی۔ نصیب آزمانا۔

طالع اَوج پر ہونا (اُر۔محاورہ) نصیب بلند ہونا۔ بختاور ہونا۔ صاحبِ نصیب ہونا۔ بلند قسمت ہونا۔

طالعِ بیدار (ع۔ف۔ا۔مذ) خوش نصیبی۔ اِقبال مندی (۲)(کنایۃً) معشوق۔

طالع جاگنا (اُر۔محاورہ) اچھے دن آنا۔ قسمت جاگنا۔

طالع چمکنا (اُر۔محاورہ) قسمت کھلنا۔ نصیب جاگنا۔

طالعِ خوابیدہ (ع۔ف۔ا۔مذ) بختِ خُفتہ۔ سویا ہوا نصیب۔ بدقسمتی۔

طالع سونا (اُر۔محاورہ) بُرے دن ہونا۔ بدبختی آنا۔

طالع شناس (ع۔ف۔صف) نجومی۔ جوتشی۔ قسمت کا حال بتانے والا۔

طالع شناسی (ع۔ف۔ا۔مث) نجوم کا عِلم۔

طالع کا گھر (اُر۔ا۔مذ) بارہ بُرجوں میں سے کوئی بُرج۔

طالع کی رسائی (یاوری) (اُر۔ا۔مث) خوش قسمتی۔ قسمت کی یاوری۔

طالع مند (طالع وَر) (ع۔ف۔صف) نصیب والا۔ خوش قسمت۔ بختاور۔

طالع وری (ع۔ف۔ا۔مث) خوش قسمتی۔ خوش نصیبی۔

طالع ہونا (اُر۔مص مُرکّب) چڑھنا۔ چمکنا۔

طالع یاور ہونا (اُر۔محاورہ) قسمت جاگنا۔ نصیب کھلنا۔

طالوت (طا۔لوت) (ع۔ا۔مذ) بنی اسرائیل کا پہلا بادشاہ جس نے عمالقہ کے قوی ہیکل سپہ سالار جالوت (Goliath) سے جنگ کر کے اُسے قتل کیا۔ (Saul)۔ (گیارہویں صدی ق م کے دوران)۔

طامات (طام۔مات) (ع۔ا۔مذ) (۱) گپ بازی۔ شیخی خوری (۲) ریاکار صوفیوں کی مُبالغہ آمیزی۔

طامِع (طا۔مِع)(ع۔صف) حریص۔ لالچی۔ لوبھی۔ طمع کرنے والا۔

طاہِر (طا۔ہِر)(ع۔صف) پاک۔ صاف۔ مُطہّر۔

طاہِرہ (طا۔ہِ۔رہ)(ع۔صف) طاہر کی تانیث۔ پاک باز عورت۔

طاہِری (طا۔ہِ۔ری) (اُر۔ا۔مث) بڑی پُلاؤ۔ ایک قسم کا کھانا جو چاولوں میں بڑیاں ڈال کر پکایا جاتا ہے۔

طائِر (طا۔اِر)(ع۔صف و۔ا۔مذ) اُڑنے والا۔ پرند۔ پکھیرو۔ جمع: طُیُور۔

طائرِ خوش نوا (ع۔ف۔ا۔مذ) خوش الحان پرندہ۔ اچھا گانے والا پکھیرو۔

طائرِ خیال (ع۔ا۔مذ) خیال کو طائر سے تشبیہ دیتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طائرِ رُوح (ع ـ ا ـ مذ) رُوح کا طائر سے اِستعارہ کرتے ہیں۔

طائرِ زرّیں بال (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) سُنہرے پَروں والا پرندہ (۲) (مجازاً) آفتاب۔

طائرِ سِدرَہ (ع ـ ا ـ مذ) حضرت جبرئیل علیہ السلام جن کا مقام سِدرَہ پر ہے۔

طائرِ قبلہ نُما (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) دیکھئے مُرغِ قبلہ نما۔

طائرِ عقل اُڑ جانا (اُر ـ محاورہ) ہوش و حواس جاتے رہنا۔

طائرِ قُدس (قُدسی) (ع ـ ا ـ مذ) پاک جان کا پرندہ (۲) فرشتہ۔ جبرائیل۔

طائرِ نَوگرفتار (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) وہ پرندہ جو تھوڑے عرصے سے قید ہو (مجازاً) وہ شخص جو تازہ تازہ عشق میں مُبتلا ہوا ہو۔

طائرِ نیم بِسمل کی طرح پھڑکنا (اُر ـ محاورہ) آدھے ذبح کئے ہوئے پرند کی طرح تڑپنا۔ نہایت بے قرار ہونا۔

طائرِ وحشی (ع ـ ا ـ مذ) جنگلی پرندہ۔ وہ پرندہ جو پالتو نہ ہو۔

طائرِ وہم و خیال کا نہ پہنچنا (اُر ـ محاورہ) ناممکن ہونا۔ خیال تک نہ جا سکنا۔

طائرانَہ (طا ـ اِ ـ رانَہ) (ع ـ ف ـ صف) پرندہ کی طرح (۲) سرسری۔ جھلتی ہوئی۔ اُچٹتی ہوئی (نظر)۔

طائرانہ نگاہ ڈالنا (اُر ـ محاورہ) اُچٹتی نگاہ ڈالنا۔ سرسری طور پر دیکھنا۔

طائف (طا ـ اِف) (ع ـ صف) (۱) طواف کرنے والا۔ چکر کاٹنے والا۔ اِردگرد پھرنے والا (۲) (ع ـ ا ـ مذ) حجاز کا ایک قصبہ۔

طائِفَہ (طا ـ اِ ـ فَہ) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) طائف کی تانیث (۲) قوم۔ ذات (۳) منڈلی۔ گروہ۔ جتھا۔ فرقہ۔ جماعت (۴) رنڈی اور اُس کے ساتھی۔ گانے ناچنے والوں کی ٹولی۔ جمع: طوائف۔ اُردو جمع: طائفوں۔ طائفے۔

طائفہ نچانا (اُر ـ مص مُرکّب) رنڈی یا بھانڈوں کا ناچ کرانا۔

طائل (طا ـ اِل) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) فائدہ۔ نفع (۲) اَفزونی (۳) تونگری۔ اُردو میں لاطائل (بے فائدہ) کی ترکیب کے ساتھ مستعمل ہے۔

طاؤس (طا ـ اُوس) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) مور (۲) ایک ساز جو مور کی شکل کا ہوتا ہے اور سارنگی کی طرح بجایا جاتا ہے۔ اُردو جمع: طاؤس۔ طاؤسوں۔

طاؤس کا کوکنا (اُر ـ محاورہ) مور کا چلّانا۔ مور کا بولنا۔

طاؤس کی مستی (اُر ـ ا ـ مث) تھوڑی دیر رہنے والی چیز۔

طاؤسی (طا ـ اُو ـ سی) (ع ـ صف) مور کا۔ مور کے رنگ کا۔

طاؤسی رقص (ع ـ ا ـ مذ) ایک خاص قسم کا ناچ جو مور کے رقص سے مُشابہ ہوتا ہے۔

طائی (طا ـ اِی) (ع ـ صف) عرب کے قبیلہ "طے" سے منسوب۔

ط ـ ب

طِبّ (بکسرِ اوّل و تشدیدِ دوم) (ع ـ ا ـ مث) علاج۔ علاج مُعالجے کا علم۔ خاص کر یونانی طریقہ علاج۔

طِبابَت (طِ ـ با ـ بَت) (طَ ـ با ـ بَت) (ع ـ ا ـ مث) علاج مُعالجہ۔ ڈاکٹری۔

طَبّاخ (طَب ـ باخ) (ع ـ ا ـ مذ) باورچی۔ خان ساماں۔

طَبّاخی (ع ـ ف ـ ا ـ مث) کھانا پکانے کا کام۔

طَباشیر (طَ ـ با ـ شِیر) (ع ـ ا ـ مث) دیکھئے تباشیر۔

طَباطَبائی (طَ ـ با ـ طَ ـ با ـ اِی) (ع ـ صف) حضرت اِسماعیل بن ابراہیم بن امام حسنؓ کی اولاد جن کا لقب طباطبا تھا۔ عید کے موقع پر جب اُن کے والد نے لباس کے متعلق پُوچھا کہ کیا چاہیئے تو انہوں نے قبا قبا کی بجائے طباطبا کہا۔

طَبّاع (طَب ـ باع) (ع ـ صف) (۱) غیر معمولی ذہین۔ تیز طبیعت (۲) تلوار بنانے والا۔ ڈھلیا (۳) کوزہ گر۔ کُمہار۔ سانچے میں ڈھالنے والا۔

طِباعَت (طِ ـ با ـ عَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) پرنٹنگ۔ چھپائی (۲) تلوار بنانے یا کُمہار کا فن۔

طَبّاعی (طَب ـ با ـ عی) (ع ـ ا ـ مث) غیر معمولی ذہانت۔ طبیعت کی تیزی۔

طَباق (طَ ـ باق) (ع ـ ا ـ مذ) بڑی رکابی۔ بڑی تھالی۔ اُردو جمع: طباق۔ طباقوں۔

طَباق سا مُنہ (اُر ـ ا ـ مذ) چوڑا مُنہ۔ چوڑا چکلا چہرہ۔ چپٹا چہرہ۔

طَباقی (طَ ـ با ـ قی) (ع ـ صف) طباق سا۔

طَباقی کُتّا (اُر ـ ا ـ مذ) مُفت خورا۔ طفیلی۔ دُوسروں کی روٹیاں توڑنے والا۔

طَبائع (طَ ـ با ـ اِع) (ع ـ ا ـ مذ و مث) طبیعت کی جمع۔

طَبع (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مث) (۱) طبیعت۔ فطرت۔ مزاج۔ سرشت۔ خصلت (۲) چھاپنا (۳) ایڈیشن۔ اِشاعت (۴) سِکّہ۔ نقش۔ مُہر۔ چھاپ۔

طبعِ آزمائی (ع ـ ف ـ ا ـ مث) طبیعت کی آزمائش۔ ذہانت کا اِمتحان۔

طبعِ رسا (رواں) (ع ـ ف ـ صف) تیز طبیعت۔ تیز ذہن۔

طبع زاد (ع ـ ف ـ صف) اپنی اِیجاد یا اِختراع۔ طبیعت سے نکلا ہوا۔

طبع کرنا (اُر ـ مص مُرکّب) چھاپنا۔

طبعِ گرامی (ع ـ ف ـ ا ـ مث) کسی بُزرگ کی طبیعت یا مزاج پُوچھتے وقت اِستعمال ہوتا ہے۔ بُزرگ طبیعت۔

طبعِ موزُوں (ع ـ ف ـ ا ـ مث) شعر سے مُناسبت رکھنے والی طبیعت۔

طَبعی (طَبیعی) (طَب ـ عی) (طَ ـ بی ـ عی) (ع ـ صف) (۱) طبیعت سے منسوب (۲) ذاتی۔ فطری۔ اصلی۔ قدرتی۔ خِلقی۔

طبعی جغرافیہ (ع ـ ا ـ مذ) وہ جغرافیہ جس میں خشکی و تری کی بحث ہو۔

طَبَق (طَ ـ بَق) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) تھال۔ بڑی رکابی (۲) طبقہ۔ تختہ (۳) تہ۔ چھلکا (۴) نیاز (۵) سونے کا ورق۔ پنّا (۶) گھوڑوں کی ایک بیماری (۷) خِطّہ۔ مُلک۔ حِصّہ (۸) پریوں کی نیاز کا کونڈا (۹) عُمر۔ زمانہ۔ بیس برس کا عرصہ (۱۰) ڈھکنا۔ قُرص۔ ٹکیا (۱۱) عورت کی شرم گاہ (۱۲) چپنی (۱۳) حالت۔ درجہ۔ منزل۔ جمع: اَطباق۔

طبق اُلٹ جانا (اُر ـ محاورہ) کسی خاندان پر زوال آ جانا۔ کسی مُلک کا تہ و بالا ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طبق باز (طبق زن) (ع۔ف۔صف) چپٹی کھیلنے والی عورت۔

طبق چھوڑنا (اُر۔محاورہ) عورتوں کا پریوں کی نیاز دے کر تھال میں پھول' چراغ وغیرہ رکھ کر دریا میں ڈالنا۔صحنک دینا۔

طبَقات (طَ۔بَ۔قات) (ع۔ا۔مذ) طبقہ کی جمع۔

طبقاتُ الاَرض (طَ۔ب۔قا۔تُل۔اَرض) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے علم طبقات الارض۔

طبقاتی (طَ۔بَ۔قا۔تی) (ع۔صف) طبقہ یا جماعت سے متعلق۔

طبقاتی جنگ (کشمکش) (ع۔ف۔ا۔مث) وہ کشمکش یا لڑائی جو معاشرے کے مختلف طبقوں میں ہو۔

طبَقچہ (طَ۔بَق۔چہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) طبق کی تصغیر۔خوانچہ (۲) چھوٹی رکابی۔

طبَقہ (طَ۔بَ۔قَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) منزل۔ درجہ (۲) تہ۔ پرت (۳) روک۔پردہ (۴) آدمیوں کا گروہ (۵) پایہ (۶) رتبہ۔جمع: طبقات۔(فارسی اور اُردو میں ب کے سکون کے ساتھ مستعمل ہے)۔

طبقہ اُڑا دینا (اُر۔محاورہ) سُرنگ میں بارُود رکھ کر اور آگ دِکھا کے زمین کا ٹکڑا اُڑا دینا۔

طبقہ اُلٹ جانا (اُر۔محاورہ) (۱) حالت بدل جانا (۲) کسی خاندان یا ملک پر زوال آجانا (۳) کسی معاملے کا بگڑ جانا۔نیز دیکھئے طبق اُلٹ جانا۔

طبقۂ بالا (ع۔ف۔ا۔مذ) اُوپر کی منزل۔

طَبل (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) بڑا ڈھول۔دمامہ۔نقارہ۔دھونسا۔

طبلِ آسائش (ع۔ف۔ا۔مذ) فوجوں کی واپسی کا طبل۔

طبلِ بازگشت (ع۔ف۔ا۔مذ) لڑتی ہوئی فوجوں کو واپس بُلانے کا نقارہ۔

طبل پر چوٹ پڑنا (اُر۔محاورہ) نقارہ بجنا (۲) اعلانِ جنگ ہونا۔

طبلِ جنگ (ع۔ف۔ا۔مذ) لڑائی کے وقت بجنے والا نقارہ۔

طبل کو چاشنی دینا (اُر۔محاورہ) نقارہ بجانا۔

طبلِ یورش (ع۔ت۔ا۔مث) حملے کا نقارہ۔حملے کے لئے نقارہ بجانا۔

طبلچی (طَ۔بَل۔چی) (اُر۔ا۔مذ) طبلیا۔طبلہ بجانے والا۔جمع: طبلچی۔طبلچیوں۔

طَبلَق (طب۔لَق) (ت۔ا۔مث) (۱) کاغذوں کا بنڈل (۲) کاغذی بندھن۔ وہ کاغذ جو کاغذوں کے مٹھے یا اَخبارات پر اُن کو بند کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے (۳) دورُخ سے کھلا ہوا لفافہ (۴) وہ جگہ جہاں منشی اپنے کاغذات رکھتے ہیں۔

طَبلَک (طب۔لَک) (ف۔ا۔مث) دیکھئے طبلق (۲) چھوٹا ڈھول۔

طَبلہ (طب۔لا) (ع۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا ڈرم۔ڈبا۔صندوقچی (۲) ایک خاص قسم کا یک رُخا ڈھول۔اُردو جمع: طبلوں۔طبلے۔

طبلہ بجنا (ٹھنکنا۔کھڑکنا) (اُر۔مص مرکب) طبلہ بجایا جانا۔

طبلہ خوار (ع۔ف۔صف) مُفت خورا۔طفیلی۔

طبلۂ عطار (ع۔ا۔مذ) عطار کی صندوقچی جس میں وہ عطر وغیرہ رکھتے ہیں۔

طبلۂ عطار بنا دینا (اُر۔محاورہ) معطر کر دینا۔بے حد خوشبو پیدا کر دینا۔

طبلہ نواز (ع۔ف۔صف) طبلیا۔طبلہ بجانے والا۔

طبلی (طب۔لی) (ف۔ا۔مث) وہ تھیلی جس میں بندوق کا سامان رکھتے ہیں۔

طبلے (طب۔لے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) طبلہ کی جمع (۲) طبلہ کی مُغیّرہ صورت۔

طبلے پر تھاپ پڑنا (اُر۔محاورہ) طبلہ بجنا۔

طبلیا (طَ۔بَل۔یا) (اُر۔صف) طبلہ نواز دیکھئے۔

طِبّی (طِب۔بی) (ع۔صف) طب کا۔طب سے متعلق۔

طبیب (طَ۔بیب) (ع۔ا۔مذ) ڈاکٹر۔مُعالِج۔علاج کرنے والا۔جمع: اَطِبّا۔ اُردو جمع: طبیب۔طبیبوں۔

طبیبِ حاذِق (ع۔ا۔مذ) تجربہ کار ڈاکٹر۔

طبیبِ رُوحانی (ع۔ا۔مذ) رُوح کی بیماریوں کا علاج کرنے والا۔ بُزرگ۔مُرشد۔

طبیعات (ع۔ا۔مذ) دیکھئے طبیعیات۔

طبیعت (طَ۔بی۔عت) (ع۔ا۔مث) (۱) مزاج۔فطرت۔طینت۔سرشت (۲) خصلت۔عادت۔سُبھاؤ (۳) خِلقت۔پیدائش۔جمع: طبائع۔اُردو جمع: طبیعتوں۔طبیعتیں۔

طبیعت آنا (اُر۔محاورہ) (۱) کسی سے محبت ہو جانا۔کسی پر عاشق ہونا (۲) طبیعت کا راغب ہونا (۳) کوئی چیز پسند آنا۔کسی شے کا دل کو بھانا۔

طبیعت اُتھل پُتھل ہونا (اُر۔محاورہ) طبیعت بے قرار ہونا۔

طبیعت اُچاٹ ہونا (طبیعت اُچٹنا) (اُر۔محاورہ) دل کا بیزار ہونا۔جی اُکتانا۔

طبیعت اِعتدال پر آنا (اُر۔محاورہ) مزاج دُرست ہونا۔مزاج کا صحیح حالت اختیار کرنا۔

طبیعت اِک سُو (یکسُو) ہونا (اُر۔محاورہ) مطمئن ہونا۔

طبیعت اُکھڑنا (اُر۔محاورہ) برداشتہ خاطر ہونا۔جی کا بیزار ہونا۔

طبیعت اُلٹ جانا (اُر۔محاورہ) مزاج بدل جانا (۲) متلی ہونا۔طبیعت خراب ہونا۔

طبیعت اُلجھنا (اُر۔محاورہ) دل گھبرانا۔پریشان ہونا۔

طبیعت باغ باغ ہونا (باغ و بہار ہونا) (اُر۔محاورہ) بہت خوش ہونا۔

طبیعت بحال ہونا (اُر۔محاورہ) طبیعت کا دُرست ہونا (۲) اِفاقہ ہونا۔ آرام ہونا (۳) مزاج کا خوش ہونا۔

طبیعت بدلنا (اُر۔محاورہ) مزاج کا تبدیل ہونا۔

طبیعت بڑھنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کی مشق سے مہارت پیدا ہونا۔

طبیعت بگڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) حالت خراب ہونا۔بیمار ہونا (۲) جی متلانا۔ متلی ہونا (۳) ناراض ہونا۔خفا ہونا۔

طبیعت بھر بھرانا (اُر۔محاورہ) ولولہ پیدا ہونا۔کسی بات کی خواہش ہونا۔

طبیعت بھر جانا (اُر۔محاورہ) (۱) سیر ہو جانا (۲) دل اُکتا جانا۔خواہش نہ ہونا۔

طبیعت بہلنا (اُر۔محاورہ) جی لگنا۔وقت خوشی میں گزرنا۔

طبیعت بے چین ہونا (اُر۔محاورہ) بے قرار ہونا۔بے چینی ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طبیعت بے قابو ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت اِختیار میں نہ ہونا (۲) کوئی کام یا بات کرنے سے رُک نہ سکنا (۳) فریفتہ ہونا۔ مائل ہونا۔

طبیعت پر بوجھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بہت سوچنا۔ بہت غور و فکر کرنا۔

طبیعت پر زور دینا (اُر۔ محاورہ) بہت سوچنا۔ غور و فکر کرنا۔

طبیعت پر گرانی ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بدہضمی ہونا (۲) ناگوار ہونا۔

طبیعت پریشان ہونا (اُر۔ محاورہ) جی گھبرانا۔ دل اُلجھنا۔

طبیعت پھرنا (اُر۔ محاورہ) بیزار ہونا۔ اُکتا جانا۔

طبیعت پھسلنا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔ کسی کی طرف مائل ہونا۔

طبیعت پھیکی (پڑنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) اُمنگ باقی نہ رہنا (۲) بیمار رہنا۔

طبیعتِ ثانیہ (ع۔ ا۔ مث) دُوسری طبیعت۔ دُوسری عادت جو مزاج کا اَنداز پیدا کر لیتی ہے۔

طبیعت حاضر ہونا (اُر۔ محاورہ) کوئی کام اچھی طرح ہو سکنا۔ کسی کام کی طرف راغب ہونا۔

طبیعت خراب ہونا (اُر۔ محاورہ) متلی ہونا۔ بیمار ہونا۔

طبیعت دار (ع۔ ف۔ صف) ذہین۔ ہوشیار۔ شوخ۔ چالاک۔ عالی دماغ۔

طبیعت رُکنا (اُر۔ محاورہ) کوئی کام کرنے سے ہچکچانا۔

طبیعت رنگ پر آنا (اُر۔ محاورہ) اُمنگ پیدا ہونا۔ خواہش جاگنا۔

طبیعت رواں ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت میں تیزی آنا۔ کسی کام کو اچھی طرح کرنا (۲) شعر کہنے پر آمادہ ہونا۔

طبیعت سنبھلنا (اُر۔ محاورہ) اِفاقہ ہونا۔ مزاج دُرست ہونا۔

طبیعت سَن سے ہو جانا (اُر۔ محاورہ) کسی اچانک واقعے سے صدمہ پہنچنا۔ دل دَھک سے رہ جانا۔

طبیعت شگفتہ ہونا (اُر۔ محاورہ) دل بشاش ہونا (۲) پاخانہ کُھل کر آنا۔

طبیعت شناس (ع۔ ف۔ صف) مزاج پہچاننے والا۔ مزاج داں۔

طبیعت کا بندہ (اُر۔ ا۔ مذ) اپنی مرضی سے کام کرنے والا۔ خود پسند۔ مغرور۔

طبیعت کا لال اُگلنا (اُر۔ محاورہ) نئے اور عُمدہ مضامین پیدا کرنا۔

طبیعت کا (لہرانا) لہریں مارنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت میں اُمنگ پیدا ہونا۔

طبیعت کا مالش کرنا (اُر۔ محاورہ) اُبکائیاں آنا۔ جی متلانا۔

طبیعت کی اُفتاد (اُر۔ ا۔ مث) عادت کا اَنداز۔ فطرت کا طور۔

طبیعت کی جَولانی (اُر۔ ا۔ مث) طبیعت کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے نئی نئی باتیں سُوجھتی ہیں۔

طبیعت گُدگُدانا (اُر۔ محاورہ) اُمنگ پیدا ہونا۔

طبیعت گروانا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کسی طرف متوجہ کرنا۔

طبیعت گرمانا (اُر۔ محاورہ) طبیعت جوش میں آنا۔

طبیعت لااُبالی ہونا (اُر۔ محاورہ) بے پروا ہونا۔ مزاج میں بے پروائی ہونا۔

طبیعت لڑانا (اُر۔ محاورہ) بہت سوچنا (۲) متوجہ ہونا۔

طبیعت لڑنا (اُر۔ محاورہ) ذوق پیدا ہونا۔ دماغی کام کرنا۔ طبیعت کا متوجہ ہونا۔ ذہن لڑنا۔ دل کے ساتھ کسی اَمر کی مُناسبت اور لگاؤ رکھنا۔

طبیعت لگنا (اُر۔ محاورہ) دل لگنا۔ جی بہلنا۔ خاطر جمع ہونا۔ دل کا مشغول یا مصروف ہونا۔

طبیعت مائل ہونا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔ کسی بات کی طرف رجوع کرنا۔

طبیعت مٹی ہونا (اُر۔ محاورہ) اَفسردہ ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

طبیعت مچلنا (اُر۔ محاورہ) ضِد کرنا۔ ہٹ کرنا۔

طبیعت ملنا (اُر۔ محاورہ) مزاج میں موافقت ہونا۔

طبیعت میں بَل پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) طبیعت بگڑنا۔ طبیعت کا مکدّر ہونا (۲) خفا ہونا۔

طبیعت موزُوں ہونا (اُر۔ محاورہ) شعر و سخن کی طرف مائل ہونا۔

طبیعت میں تلوّن ہونا (اُر۔ محاورہ) ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہونا۔

طبیعت میں تیزی ہونا (اُر۔ محاورہ) نئی نئی باتیں سُوجھنا۔ تیز مزاج ہونا۔

طبیعت میں روانی ہونا (اُر۔ محاورہ) شعر یا مضمون سُوجھنا (۲) طبیعت میں تیزی ہونا۔

طبیعت نہ لگنا (اُر۔ محاورہ) جی اُچاٹ ہونا۔

طبیعت ہٹ جانا (اُر۔ محاورہ) نفرت ہو جانا۔

طبیعت ہونا (اُر۔ محاورہ) دل آنا۔ عشق ہونا۔ رغبت ہونا۔ جی چاہنا۔

طَبِیعی (طَ۔ بی۔ عی) (ع۔ صف) دیکھئے طبعی۔

طَبِیعیات (طَ۔ بی۔ عی۔ یات) دیکھئے علمِ طبیعیات۔

طَبِیعیاتی (طَ۔ بی۔ عی۔ یا۔ تی) (ع۔ صف) علمِ طبیعیات سے متعلق۔ فزیکل۔

ط ـ پ

طَپاں (طَ۔ پاں) (ف۔ صف) دیکھئے تپاں جو صحیح ہے۔

طپانچہ (طَ۔ پاں۔ چہ) (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے تپانچہ۔

طَپش (طَ۔ پش) (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے تپش۔

طپنچہ (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے تپنچہ۔

ط ـ ح

طِحال (طِ۔ حال) (ع۔ ا۔ مث) تلی۔ ایک عضو جو جگر کے قریب ہوتا ہے۔

طُحال (طُ۔ حال) (ع۔ ا۔ مث) تاپ تلی۔ وہ مرض جس سے تلی پھول جاتی ہے اور اُس میں درد ہوتا ہے۔

ط ـ ر

طُرّا (طُر۔ را) (اُر۔ ا۔ مذ) دیکھئے طُرّہ۔

طَرّاح (طَر۔ راح) (ع۔ ا۔ مذ) معمار۔ نقاش۔

طَرّار (طَر۔ رار) (ع۔ صف) چالاک۔ عیّار۔ ہوشیار (۲) تیز زبان (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گرہ کٹ۔ جیب کترا۔

طرار فرار (ع۔ اُر۔ صف) بہت چالاک۔ نہایت شوخ۔ بڑا بے باک۔

طرارہ (طَر۔را۔رہ) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) چوکڑی۔ چھلانگ۔ جست۔ اُچھل کود۔ قلانچ۔ اُردو جمع: طراروں۔ طرارے۔

طراری (طَر۔را۔ری)(ف۔ ا۔ مث) زبان کی شوخی۔ چلبلاہٹ۔ تیزی۔

طرارے (طَر۔را۔رے)(اُر۔ ا۔ مذ) طرارہ کی جمع۔

طرارے بھرنا (اُر۔ محاورہ) سرپٹ دوڑنا۔ بگٹٹ بھاگنا۔ بہت تیز دوڑنا (۲) فرفر پڑھنا۔

طراز (طِ۔راز)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) اصل تراز تھا۔ نقش و نگار۔ زینت۔ سجاوٹ (۲) شاہی لباس (۳) وہ جگہ جہاں یہ لباس تیار ہو (۴) کسی تقریب پر شہر کی سجاوٹ (۵) زردوزی کا کام۔ کارچوبی (۶)(صف) آراستہ کرنے والا۔

طرازی (طِ۔را۔زی)(ف۔ ا۔ مث) سجانا۔ آراستہ کرنا۔ نقش و نگار بنانا۔

طرازِندہ (ف۔ صف) سجانے والا۔ کارچوبی کا کام کرنے والا۔

طراوت (طَ۔را۔وت)(ع۔ ا۔ مث)(۱) نمی۔ تری۔ رطوبت (۲) ٹھنڈک۔ خنکی (۳) تازگی۔

طراوت آنا (اُر۔ محاورہ) ٹھنڈک پیدا ہونا (۲) تازگی آنا۔

طراوت بخشنا (اُر۔ مص مُرکّب) تازگی دینا۔ فرحت بخشنا۔

طرب (طَ۔رَب)(ع۔ ا۔ مث) خوشی۔ شادمانی۔ اِنبساط۔

طرب انگیز (طرب خیز۔ طرب سنج۔ طرب فزا)(ع۔ ف۔ صف) فرحت بخشنے والا۔ خوش کرنے والا۔ اُمنگ بڑھانے والا۔ نشاط افزا۔

طربوش (طَر۔بُوش)(ف۔ ا۔ مذ) ترکی ٹوپی۔ سُرخ رنگ کی اونچی ٹوپی۔

طربیہ (طَ۔رَ۔بی۔یہ)(ع۔ صف) وہ قِصّہ یا ڈراما جس کا انجام خوشی ہو۔ الیہ کی ضد۔

طرح (طَرَح) (ع۔ ا۔ مث)(۱) وضع۔ انداز۔ ڈھنگ۔ ادا۔ طرز (۲) بنیاد۔ جڑ (۳) نقش کاری۔ نقاشی۔ خاکہ (۴) مانند۔ مثل (۵) حال احوال (۶) وہ مصرع جو مشاعرے میں غزل کہنے کے لئے بحر، ردیف اور قافیہ بتانے کی خاطر مقرر کرتے ہیں (۷) چشم پوشی۔ درگزر (۸) تفریق (۹) صورت۔ نقشہ۔ حالت۔ اُردو جمع: طرحوں۔ طرحیں۔

طرح اُڑانا (اُر۔ محاورہ)(۱) انداز اُڑانا (۲) طرز حاصل کرنا (۳) وضع سیکھ لینا۔

طرح بہ طرح (ع۔ ف۔ صف) قسم قسم کا۔ رنگ برنگ۔

طرح دار (ع۔ ف۔ صف) خوب صورت۔ بانکا۔ وضع دار۔ رنگیلا۔ خوش انداز۔

طرح داری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) خوب صورتی۔ بانکپن۔ وضع داری۔

طرح دے جانا (اُر۔ محاورہ) ٹال جانا۔ چشم پوشی کرنا۔ درگزر کرنا۔

طرح ڈالنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بنیاد ڈالنا (۲) تدبیر کرنا۔

طرح کرنا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) تفریق کرنا (۲) غزل کہنے کے لئے بحر، ردیف اور قافیہ بتانے کی خاطر مصرع بنانا (۳)(کیمیا) آگ پر سُرخ کی ہوئی دھات پر کوئی ایسی دوا ڈالنا جو اُس کی رنگت تبدیل کر دے۔

طرحِ نو (ع۔ ف۔ ا۔ مث)(۱) نئی بنیاد (۲) نئی طرز۔ نیا ڈھنگ۔ نیا انداز۔

طرحی (ع۔ صف) طرح نمبر ۶ سے متعلق۔

طرحی غزل (اُر۔ ا۔ مث) وہ غزل جو مقررہ طرح پر کہی جائے۔

طرحی مُشاعرہ (اُر۔ ا۔ مذ) وہ مشاعرہ جس میں مقررہ طرح پر غزلیں پڑھی جائیں۔

طرز (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مث۔ مذ)(۱) روش۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ انداز۔ قاعدہ۔ قانون (۲) شکل۔ وضع۔ ہیئت۔ گانے کی دُھن (۳) عادت۔ خُو (۴) اِسٹائل۔ اُردو جمع: طرزوں۔ طرزیں۔

طرز اُڑانا (اُر۔ محاورہ) نقل کرنا۔ دُوسروں کی وضع اِختیار کرنا۔ انداز سیکھنا۔

طرزِ (تحریر) عبارت (ع۔ ا۔ مث) لکھنے کا ڈھنگ۔ مضمون نگاری کا طریقہ۔

طرزِ عمل (ع۔ ا۔ مذ) رویّہ۔ روش۔ سلوک۔

طرزِ قدیم (ع۔ ا۔ مث) پُرانی وضع۔ پُرانا طریقہ۔

طرزِ کلام (ع۔ ا۔ مذ) اندازِ گفتگو۔ بات کا طریقہ۔

طرف (طَ۔رَف)(ع۔ ا۔ مث)(۱) جانب۔ پہلو۔ رُخ۔ سَمت۔ بازو (۲) کنارہ۔ حاشیہ۔ سرا۔ اُفق (۳) مُقابل۔ حریف۔ فریق (۴) پاس۔ لحاظ (۵) بیچ۔ جمع: اَطراف۔

طرفِ اوّل (ع۔ ا۔ مث)(۱) پہلی طرف (۲) دعوے دار۔ مُدّعی۔ مستغیث۔

طرفِ ثانی (ع۔ ا۔ مث)(۱) دُوسری طرف (۲) مُخالف۔ مُدّعا علیہ۔ فریقِ ثانی۔ مُلزم۔

طرف دار (ع۔ ف۔ صف) ساتھی۔ مددگار۔ حمایتی۔ پاسدار۔ حامی۔

طرف داری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پاس۔ لحاظ۔ حمایت۔ جانب داری۔

طرف داری کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) حامی و مددگار ہونا۔ جانب داری کرنا۔

طرف سے (اُر۔ متعلق فعل) جانب سے۔ نزدیک۔ حسابوں۔

طُرفت (طُرفہ) (طُر۔فت)(طُر۔فہ)(ع۔ ا۔ مث) آنکھ کا جھپکنا۔

طرفۃ العین (طَر۔فَ۔تُل۔عین)(ع۔ متعلق فعل) پلک جھپکاتے میں۔ پلک مارتے میں۔ ذرا سی دیر میں۔ آن کی آن میں۔

طُرفگی (طُر۔فَ۔گی)(ف۔ ا۔ مث) خُوبی۔ عُمدگی۔ عجُوبہ پن۔

طُرفہ (طُر۔فہ)(ع۔ صف)(۱) نیا (۲) انوکھا۔ عجیب۔ نادر۔ عُمدہ۔ خوش آیند۔

طُرفہ تماشا (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عجیب کھیل۔ انوکھا تماشا۔ عجیب واقعہ۔

طُرفہ گُل پھولنا (اُر۔ محاورہ) کسی عجیب بات کا ظہور میں آنا۔ نئی بات ہونا۔

طُرفہ گُل کھلانا (اُر۔ محاورہ) عجیب و غریب کام کرنا۔

طُرفہ ماجرا (ع۔ ا۔ مذ) انوکھا واقعہ۔ تعجب کی بات۔

طُرفہ معجون (ع۔ ا۔ مث)(۱) وہ چیز جو عجیب و غریب اشیا سے مُرکّب ہو (۲) عجیب آدمی (۳) بے وقوف آدمی۔ احمق شخص۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طرفہ یہ ہے (اُر۔ روزمرہ) انوکھی بات یہ ہے۔ حیرت یہ ہے۔ تعجب یہ ہے۔

طَرَفَین (طَ۔رَ۔فَین) (طرف کا تثنیہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) فریقین۔ دونوں جانب۔ مُدّعی و مُدّعا علیہ (۲) اِصطلاحِ فقہ میں امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ۔

طَرَفَین سِلسِلہ (ع۔ا۔مذ) (۱) زنجیر کے دونوں سرے (۲) ایک سلسلے کی دونوں طرفیں یا دونوں طرف کی حدیں یا نشان۔

طُرّہ (طُر۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) زُلف۔ کاکل۔ سر کے بالوں کی لٹ (۲) وہ پُھندنا جو پگڑی کے اُوپر لگاتے ہیں۔ پگڑی کے اُوپر کا سرا جو اُبھارا رہتا ہے۔ جانوروں کی کلغی (۳) چھجّا۔ منڈیر (۴) کوئی پیچ دار چیز (۵) کوڑا۔ تازیانہ (۶) انوکھی بات۔ خوبی۔ عُمدگی (۷) جال۔ پھندا (۸) بھنگ کی چُسکی یا گھونٹ (۹) پُھولوں کی لڑیوں کا گُچھا جو دُولھا کے کان کے پاس لٹکتا ہے (۱۰) سبز نازک شاخیں جو شمشاد کے درخت سے نکل کر نیچے کو لٹکتی ہیں (۱۱) ایک قسم کا سُرخ اور زرد پھول (۱۲) کسی چیز کا بہترین حِصّہ (۱۳) اِضافہ۔ بڑھوتری (۱۴) (صف) انوکھا۔ عجیب (۱۵) غالب۔ بڑھ کر۔ اُردو جمع: طرّوں۔ طرّے۔

طُرّہ باز (ع۔ صف) وہ شخص جو پگڑی پر طرّہ لگائے (۲) اکڑباز۔

طُرّہ جمانا (اُر۔ محاورہ) رُعب جمانا۔

طُرّہ چڑھانا (اُر۔ محاورہ) بھنگ پینا۔

طُرّۂ دستار (ع۔ف۔ا۔مذ) پگڑی کے اُوپر کا سرا جو اُبھارا رہتا ہے۔

طُرّۂ طرّار (ع۔ا۔مذ) محبوب کی زُلفیں۔

طُرّہ کا جال (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا جال جو عورتیں کاڑھتی ہیں۔

طُرّہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تیز کرنا۔ چمکانا (۲) بڑھانا۔

طُرّۂ گُل (ع۔ف۔ا۔مذ) پُھولوں کا گُچھا جو دستار میں لگاتے ہیں۔

طُرّہ ہونا (اُر۔ محاورہ) زیادہ ہونا۔ فائق ہونا۔ انوکھا ہونا۔ بڑھ کر ہونا۔

طُرّے (طُر۔رے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) طرّہ کی جمع (۲) طرّہ کی مُغیّرہ صورت۔

طُرّے باز خاں (اُر۔ا۔مذ) وہ شخص جو پگڑی پر طرّہ لگائے۔ اکڑباز خاں۔

طَرِیق (طَ۔رِیق) (ع۔ا۔مذ) (۱) راستہ۔ سڑک (۲) طرز۔ ڈھنگ۔ رَوش (۳) مذہب۔ شریعت (۴) رواج۔ دستور۔ جمع: طُرُق۔

طریقِ عمل (ع۔ا۔مذ) کام کرنے کا طریقہ۔

طَرِیقَت (طَ۔رِی۔قَت) (ع۔ا۔مث) (۱) راستہ (۲) تصوّف کی اِصطلاح میں تزکیۂ باطن۔ صوفیوں کا طریقہ جس سے رُوحانی کمال حاصل ہوتا ہے۔

طَرِیقَہ (طَ۔رِی۔قَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) طرز۔ ڈھنگ۔ رَوش (۲) قاعدہ۔ ترکیب۔ گُر (۳) مذہب۔ جمع: طرائق۔ اُردو جمع: طریقوں۔ طریقے۔

طریقہ آنا (اُر۔ محاورہ) کام کرنے کا ڈھنگ معلوم ہونا۔

طریقہ برتنا (اُر۔ محاورہ) کسی قاعدے یا دستور پر چلنا۔

ط۔ش

طَشت (ع۔ا۔مذ) دیکھئے تشت مع مرکبات۔

طَشتَری (طَش۔تَ۔رِی) (اُر۔ا۔مث) دیکھئے تشتری۔

ط۔ع

طَعام (طَ۔عام) (بفتحِ اوّل) (ع۔ا۔مذ) کھانا۔ بھوجن۔ غذا۔

طعامِ عروسی (ع۔ا۔مذ) شادی کی دعوت۔

طَعْم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) ذائقہ۔ مزہ۔ لذّت۔

طُعْم (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) خوراک۔ چوگا۔

طُعمَہ (طُع۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) روزی۔ رزق (۲) لُقمہ۔ نوالہ (۳) شکاری پرندوں کا کھاجا۔

طُعمۂ اَجل ہونا (اُر۔ محاورہ) موت کا نوالہ ہونا۔ مرنا۔

طُعمہ روکنا (اُر۔ محاورہ) شکاری جانوروں کی خوراک شکار سے پہلے بند کر دینا۔

طَعْن (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) طنز۔ ملامت۔ حرف گیری (۲) نیزے کی ضرب۔

طعن آمیز (ع۔ف۔صف) طنز یا ملامت سے بھرا ہوا۔

طعن تروز (اُر۔ا۔مذ۔ع) طعن و تعرّض کا بگڑا ہوا۔ لعنت ملامت۔ طعنہ مہنا۔

طعن توڑنا (اُر۔ محاورہ) طنز کرنا۔ طعنہ دینا۔

طعن کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) آوازہ کسنا (۲) نیزے کی ضرب لگانا۔

طعن و تشنیع (ع۔ا۔مث) طعنہ مہنا۔ چھیڑ چھاڑ۔ آوازہ توازہ۔ جلی کٹی باتیں۔

طَعْنَہ (طَع۔نَہ) (ع۔ا۔مذ) آوازہ۔ طنز۔ ملامت۔ اُردو جمع: طعنوں۔ طعنے۔

طعنہ آمیز (ع۔ف۔صف) طنز سے بھرا ہوا۔

طعنہ تشنہ (اُر۔ا۔مذ) طعن و تشنیع کا بگاڑ۔ بُرا بھلا۔ لعنت ملامت۔

طعنہ دینا (اُر۔ محاورہ) ملامت کرنا۔ طنز کرنا۔

طعنہ زن (ع۔ف۔صف) طعنہ دینے والا۔

طعنہ زنی (ع۔ف۔صف) چھیڑ چھاڑ۔ طنز۔ ملامت۔

طعنہ مارنا (اُر۔ محاورہ) طعنہ زنی کرنا۔

طعنہ مہنا (ع۔ا۔مذ) بُرا بھلا۔ طعن و تشنیع۔

طَعنے (طَع۔نے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) طعنہ کی جمع (۲) طعنہ کی مُغیّرہ صورت۔

طعنے تشنے (مہنے) دینا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔

طعنے سُننا (اُر۔ محاورہ) لوگوں کی طعن آمیز گفتگو سُننا۔

ط۔غ

طُغرا (طُغ۔را) (ت۔ف۔ا۔مذ) (۱) نشانی۔ علامت (۲) تحریر۔ عربی رسمُ الخط میں پیچیدہ مگر فن کارانہ اور خوبصورت تحریر۔ مُہر یا انگوٹھی پر کھدی ہوئی خوبصورت تحریر۔ اُردو جمع: طُغروں۔ طُغرے۔

طُغرا نویس (کَش۔ نگار) (ع۔ف۔صف۔ وا۔مذ) طُغرا لکھنے والا۔ وہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خوش نویس جو طغرا لکھنے میں مہارت رکھتا ہو۔

طُغرائے اِمتیاز (ع۔ف۔ا۔مذ) بُزرگی کی نشانی۔ وہ خصوصیت یا لیاقت جو دُوسروں میں نہ ہو۔

طُغرائے نِدامت (ع۔ف۔ا۔مذ) شرمندگی کا نشان۔

طُغراق (طُغ۔راق)(ق۔ا۔مذ) وہ گھونسا یا مُکّا جو کنپٹی پر مارا جائے۔

طُغیان (طُغ۔یان)(ع۔ا۔مذ) بڑی زیادتی۔ ظُلم۔ نافرمانی۔ سرکشی۔

طُغیانی (طُغ۔یا۔نی)(ف۔ا۔مث)(۱) سیلاب۔ پانی کا چڑھاؤ (۲) بغاوت۔ سرکشی۔ حد سے بڑھنا۔

طُغیانی پر آنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) دریا میں سیلاب آنا۔

ط۔ف

طِفل (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) بچّہ۔ جمع: اَطفال۔ فارسی جمع: طِفلاں۔

طِفلِ اُفتادہ (ع۔ف۔ا۔مذ) لاوارث بچّہ۔ وہ بچّہ جسے ماں باپ چھوڑ کر چلے جائیں۔

طِفلِ دبستاں (ع۔ف۔ا۔مذ) طِفلِ مکتب۔ مکتب میں پڑھنے والا بچّہ۔ طالب علم۔ مبتدی (۲) ناتجربہ کار شخص۔

طِفلِ شیرخوار (ع۔ف۔ا۔مذ) دودھ پیتا بچّہ۔

طِفل مزاج (ع۔صف) وہ شخص جس کے مزاج میں بچپنا ہو۔

طِفلِ مکتب (ع۔ا۔مذ) مدرسے میں پڑھنے والا بچّہ (۲) ناتجربہ کار شخص۔ نیز دیکھیے طِفلِ دبستاں۔

طِفلاں (طِف۔لاں)(ف۔ا۔مذ) طِفل کی جمع۔

طِفلانِ چمن (ف۔ا۔مذ) باغ کا سبزہ، پھولوں کی کلیاں اور شگوفے۔

طِفلانہ (طِف۔لا۔نہ)(ف۔صف) بچّوں کی طرح۔ بچّوں جیسی۔

طِفلی (طِف۔لی)(ف۔ا۔مث)(۱) لڑکپن۔ بچپن (۲) نادانی۔ ناتجربہ کاری۔

طُفولَت (طُفولیّت) (طُ۔فو۔لت)(طُ۔فو۔لی۔یَت)(ع۔ف۔ا۔مث) لڑکپن۔ بچپن۔

طُفَیل (طُ۔فَیل)(ع۔ا۔مذ) ذریعہ۔ وسیلہ۔ بدولت۔ سبب۔

طُفَیلی (طُفَیلیا) (طُ۔فَے۔لی)(طُ۔فَے۔لِ۔یا)(اُر۔صف) بن بُلایا مہمان۔ دُوسروں کی بدولت گُزارہ کرنے والا۔ دُوسروں کی کمائی کھانے والا۔

ط۔ل

طِلا (طِ۔لا)(ع۔ا۔مذ)(۱) سونا۔ مُلمع (۲) اِصطلاحِ طِب میں ایک خاص روغن جو سُستی اور نامردی کو رفع کرنے کے لئے عضو پر ملتے ہیں (۳) لذّت۔

طِلابافی (ع۔ف۔ا۔مذ) کپڑا جس کی بُنائی میں سونے کے تار شامل ہوں۔

طِلادوز (ف۔صف)(۱) طِلاکار۔ مُلمع ساز (۲) جس چیز پر طِلائی کام کیا گیا ہو۔

طِلاساز (ع۔ف۔صف۔وا۔مذ) سونا بنانے والا۔ کیمیاگر۔

طِلاکار (ع۔ف۔صف)(۱) وہ چیز جس پر سونے سے نقش و نگار بنائے جائیں (۲) کیمیاگر (۳) مُلمع ساز۔

طِلاکاری (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) سونے کا کام بنانا (۲) سونے کے کام کا پیشہ (۳) سونے کا کام۔

طِلاکوب (ع۔ف۔صف) سونے کے ورق کوٹنے والا۔

طِلائے اَحمر (ع۔ف۔ا۔مذ) سُرخ سونا۔ کھرا سونا۔ کُندن۔

طِلائے دستِ اَفشار (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) نرم سونا (۲) شاہِ اِیران خسرو پرویز کے خزانے کا سونا جو اِتنا نرم تھا کہ اُسے ہاتھ سے دبا کر زیورات وغیرہ گھڑے جاتے تھے۔

طِلائے ناب (ع۔ف۔ا۔مذ) خالص سونا۔

طُلّاب (طُل۔لاب)(ع۔ا۔مذ) طالب کی جمع۔

طَلاق (طَ۔لاق)(ع۔ا۔مث) نکاح کا فسخ ہونا۔ نکاح کے مُعاہدے کو منسوخ کر کے بیوی سے تعلّق منقطع کر لینا۔ اُردو جمع: طلاقوں۔ طلاقیں۔

طلاقِ بائن (ع۔ا۔مث) جُدا کرنے والی طلاق جس میں رجوع نہیں کیا جا سکتا مگر بغیر حلالہ کے نکاح ہو سکتا ہے۔ طلاق کا دُوسرا درجہ۔

طلاقِ بِدعت (بِدعی) (ع۔ا۔مث) بے قاعدہ طلاق جو ایک ہی دفعہ تین طلاق کہہ کر دی جائے۔

طلاقِ حَسَن (ع۔ا۔مث) وہ طلاق جو شریعت کے مُطابق دی جائے۔ ایک ایک کر کے وقتِ مقرّرہ کے بعد دی جانے والی طلاق۔

طلاقِ خُلع (ع۔ا۔مث) کچھ دے کر عورت کا شوہر سے طلاق لے لینا۔

طلاق دینا (اُر۔مص مُرکّب) بیوی کو چھوڑنا۔ مذہب کے مُطابق زوجہ سے قطع تعلّق کرنا۔

طلاقِ رجعی (ع۔ا۔مث) طلاق کا پہلا درجہ۔ وہ طلاق جس کے بعد آدمی بیوی کی طرف رجوع کر سکتا ہے۔

طلاقِ کِنایہ (ع۔ا۔مث) کسی اشارے سے دی ہوئی طلاق۔ وہ طلاق جو صاف الفاظ میں نہ ہو۔

طلاق لینا (اُر۔مص مُرکّب) عورت کا خاوند سے آزادی حاصل کرنا۔

طلاقِ مُغلّظ (ع۔ا۔مث) طلاق کا تیسرا درجہ۔ قطعی طلاق جس میں بغیر حلالہ کے مطلقہ عورت سے نکاح نہیں ہو سکتا۔

طلاق نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ دستاویز جس میں طلاق کی شرائط درج ہوں۔ خطِ آزادی۔

طَلاقت (طَ۔لا۔قت)(ع۔ا۔مث) چرب زبانی۔ لسّانی۔

طَلاقَن (طَ۔لا۔قن)(اُر۔ا۔مث) وہ عورت جسے طلاق دی گئی ہو۔ مطلّقہ۔

طِلائی (طِ۔لا۔ئی)(ف۔صف) سونے کا۔ سُنہری۔

طِلائی کام (ف۔ا۔مذ) زردوزی یا کارچوبی کا کام جو کپڑے پر کیا گیا ہو۔

طِلائے۔ طِلا کے تحت دیکھیے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طَلایَہ (طَ-لا-یَہ)(ف-ا-مث) ع طَلائِع کا مفرس۔ وہ فوج جو رات کو لشکر یا شہر کی حفاظت کرے (۲) پولیس کی روند۔ گشت۔

طلایہ گردی (ف-ا-مث) رات کی گشت۔ رات کا پہرا۔

طَلَب (طَ-لَب)(ع-ا-مث)(۱) مانگ۔ ڈیمانڈ (۲) خواہش۔ آرزو (۳) لت۔ وَحت (۴) جستجو۔ تلاش (۵) بُلاوا۔ طلبی (۶) تنخواہ۔ مشاہرہ (۷) وہ چیز جو مانگی جائے۔

طلب بانٹنا (اُر-محاورہ) تنخواہ تقسیم کرنا۔

طلب بُجھانا (مِٹانا) (اُر-محاورہ) خواہش مٹانا۔ آرزو پُوری کرنا۔

طلب دار (ع-ف-صف)(۱) کسی چیز کا خواہش مند۔ طلب گار (۲) تنخواہ دار۔

طلب کرنا (اُر-مص مُرکب)(۱) بُلانا (۲) مانگنا (۳) دعویٰ کرنا۔

طلب گار (ع-ف-صف)(۱) خواہش مند (۲) متلاشی۔

طلب مِٹانا (اُر-محاورہ) طلب پُوری کرنا۔

طلب نامہ (ع-ف-ا-مذ) سمن۔ حاضرِ عدالت ہونے کا سرکاری پروانہ۔

طُلَبا (طُ-لَ-با)(ع-ا-مذ) طلیب کی جمع۔ ڈھونڈنے والے۔ عِلم کی جستجو کرنے والے۔ طالبانِ عِلم۔

طَلَبانَہ (طَل-بانَہ)(ف-ا-مذ)(۱) سپاہیوں کا یومیہ۔ روزینہ (۲) وہ روپیہ جو گواہ کو عدالت میں طلب کرنے کے واسطے لیا جائے۔

طَلَبَہ (طَ-لَ-بَہ)(ع-ا-مذ) طالب کی جمع۔ طالب علموں کی جماعت۔

طَلَبی (طَ-لَ-بی)(ف-ا-مث) حاضر ہونے کا حُکم۔ طلب۔ بُلاوا۔

طلبی ہونا (اُر-محاورہ) بُلایا جانا۔ حاضری کا حکم ہونا۔

طَلبِیدَہ (طَل-بی-دَہ)(ف-صف) بُلایا ہوا۔

طِلِسْم (طِ-لِسم)(ع-ا-مذ)(۱) جادو۔ سحر (۲) جادو کا تماشا (۳) ڈراؤنی شکل یا مصنوعی سانپ کی شکل جو دفینوں پر بنائی جائے (۴) راز (۵) جادو کے خطوط اور نقش (۶) وہ مُلک جہاں جادوگر رہتے ہوں (۷) بھان متی کا تماشا (۸) وہ عِلم جو موہوم خیالات کو عجیب شکل کے ساتھ نظر میں لائے۔ جمع: طِلسمات۔ اُردو جمع: طِلسم۔ طِلسموں۔

طِلسم آمیز (اَفزا) (ع-ف-صف) حیرت انگیز۔ عجیب۔

طِلسم باندھنا (اُر-محاورہ) عجیب و غریب بات کر کے دِکھانا۔ انوکھی بات کرنا۔ جادو منتر کا شعبدہ دِکھانا۔

طِلسم بند (ف-صف) منتر اور جادو کے اَثر میں مُبتلا۔

طِلسم توڑنا (اُر-محاورہ)(۱) راز اَفشا کرنا۔ کسی کے فریب کو کھولنا (۲) جادوگروں کا مُلک فتح کرنا (۳) جادو کا اَثر جادو کے زور سے دُور کرنا۔ جادو کا اَثر زائل کرنا۔

طِلسم کُشا (ف-ا-مذ) وہ شخص جو طِلسم کو فتح کرے یا توڑے۔

طِلسمِ ماہ (ع-ف-ا-مذ) زبان بندی کا تعویذ جو شرف ماہ میں لکھا جاتا ہے۔

طِلِسْمات (طِ-لِس-مات)(ع-ا-مذ) طِلسم کی جمع۔

طِلِسْماتی (طِ-لِس-ما-تی)(ف-صف) جادو کا۔ آفت کا۔

طِلِسْمی (طِ-لِس-می)(ف-صف) جادو کے متعلق۔ جادو کا۔

طَلْعَت (طَل-عَت)(ع-ا-مث)(۱) چہرہ۔ رُخ۔ شکل (۲) نظارہ۔ دیدار۔

طلعتِ زیبا (ف-ا-مث) خوبصورت شکل یا چہرہ۔

طُلُوع (طُ-لوع)(ع-ا-مذ)(۱) سُورج' چاند' ستارے کا نکلنا (۲) بلند ہونا۔

طلوعِ (آفتاب) صبح (ع-ا-مذ) صُبح ہونا۔ سورج نکلنا۔

طَلِیعَہ (طَ-لی-عَہ)(ع-ا-مذ) وہ لشکر جو فوج کے آگے دُشمن کی نقل و حرکت کا پتا لگاتا ہے۔ ہراول۔ اِسکاؤٹ۔ شہر اور لشکر کی محافظت کرنے والی سپاہ۔

طَلِیق (طَ-لیق)(ع-صف) ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی (۲) قید سے رہائی پایا ہوا۔

طَلِیقُ اللِّسان (طَ-لی-قُل-لِ-سان)(ع-صف) فصیح۔ خوش بیان۔ خوش تقریر۔

ط-م

طَمّاع (طَم-ماع)(ع-ا-مُبالغہ) بہت لالچی۔ بڑا حریص۔

طَمانچَہ (طَ-ماں-چَہ)(اُر-ا-مذ) تھپڑ۔ لپڑ جو کسی کے گال پر لگائیں۔ چپکی۔ روٹی بڑھانے کے لئے ہاتھ کی تھپکی۔ نیز دیکھئے تماچہ۔ جمع: طمانچوں۔ طمانچے۔

طمانچہ جڑنا (جمانا۔ رسید کرنا) (اُر-محاورہ) تھپڑ لگانا۔ لپڑ مارنا۔

طَمانچے (طَ-ماں-چے)(اُر-ا-مذ)(۱) طمانچہ کی جمع (۲) طمانچہ کی مُغیّرہ صورت۔

طمانچے سے مُنہ لال کرنا (اُر-محاورہ)(۱) تھپڑ مار کر مُنہ سُرخ کر دینا (۲) بناوٹ سے سُرخ رُوئی ظاہر کرنا۔

طُمانِیَت (طُ-ما-نی-یَت)(ع-ا-مث) دِل جمعی۔ اِطمینان۔ تسلی۔

طَمْث (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع-ا-مذ) حیض کا خون۔

طُمْطُراق (طُم-طُ-راق)(ف-ا-مذ) شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ کرّوفر۔ رُعب داب (۲) غرور۔ تکبّر۔

طَمَع (طَ-مَع)(ع-ا-مث)(۱) لالچ۔ حِرص (۲) خواہش۔ چاہ۔

طمعِ خام (ع-ف-ا-مث) ایسی خواہش جس کا پُورا ہونا ممکن نہ ہو (۲) پُوری نہ ہونے والی آرزو۔ تمنائے ناتمام۔

طمعِ دُنیا (ع-ا-مث) مال و دولت کی حرص۔

طمع راسہ حرف اَست و ہر سہ تہی (ف-مثل) طمع کے تین حرف ہیں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اور تینوں نقطوں سے خالی ہیں۔ لالچ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

طمع کار (ع۔ف۔صف) لالچی۔ حریص۔

طمع کا مُنہ کالا (اَر۔مثل) لالچ کرنے والا ذلیل ہوتا ہے۔

طمنچہ (طَ۔مَن۔چہ) (اَر۔اِ۔مذ) چھوٹی بندوق۔ پستول (۲) (بازاری) نوخیز نوچی۔ کنواری۔ دوشیزہ (۳) ویشیا۔ کسبی جو ابھی بیاہی نہ ہو۔ نیز دیکھیے تمنچہ۔ جمع: طمنچوں۔ طمنچے۔

ط ـ ن

طناب (طَ۔ناب) (ع۔اِ۔مث) (۱) خیمے کی رسّی (۲) وہ رسّی جس سے زمین ناپتے ہیں (۳) بازی گروں کا رسّا (۴) رسّی۔ ڈوری۔ اُردو جمع: طنابوں۔ طنابیں۔

طنابیں کھینچنا (اَر۔محاورہ) (۱) خیمے کی رسّی کو کھینچ کر باندھنا (۲) دُوری یا فاصلے کو کم کرنا۔

طنّاز (طَن۔ناز) (ع۔صف) (۱) طنز کرنے والا (۲) ناز و انداز سے چلنے والا (۳) شوخ۔ بےباک۔ چالاک (۴) اشارے کنائے میں بات کرنے والا۔

طنّازی (طَن۔نا۔زی) (ع۔ف۔اِ۔مث) (۱) شوخی۔ بےباکی۔ چالاکی (۲) طنز۔ رمز۔ کنایہ۔

طنبور (طنبورہ) (طَم۔بور) (طَم۔بُو۔رہ) (ع۔اِ۔مذ) دیکھیے تنبورہ۔

طنبی (طَم۔بی) (ق۔اِ۔مث) کھڑکی۔

طنز (بفتحہ اوّل) (نُون غنّہ) (ع۔اِ۔مث) (۱) طعنہ۔ مہنا۔ آوازہ (۲) ٹھٹھا۔ تمسخر (۳) رمز کے ساتھ بات کرنا۔

طنز آمیز (ع۔ف۔صف) وہ بات جو طعنے کے طور پر کہی جائے۔

طنزاً (طَن۔زَن) (ع۔متعلق فعل) (۱) طعنے سے (۲) اشارۃً۔ کنایۃً۔ رمزاً۔

طنزیہ (طَن۔زِ۔یہ) (ع۔صف) وہ بات جس میں طنز پائی جائے۔ جمع: طنزیات۔

طنطنہ (طَن۔طَ۔نہ) (ع۔اِ۔مذ) (۱) طنبور اور بربط وغیرہ کی آواز۔ نقارہ یا دمامہ کی آواز (۲) رُعب۔ دبدبہ (۳) کرّوفر۔ شان و شوکت (۴) غُصّہ۔ بدمزاجی۔ غرور۔ گھمنڈ (۵) شور۔ غلغلہ۔

طنطنہ بلند ہونا (اَر۔محاورہ) شور مچنا۔ غلغلہ بلند ہونا۔

طنطنہ دِکھانا (اَر۔محاورہ) (۱) حکومت دکھانا (۲) اِترانا (۳) ڈرانا۔ دھمکانا (۴) کرّوفر دکھانا۔

ط ـ و

طُواس (طُ۔واس) (ق۔اِ۔مذ) قالین۔

طواسین (طَ۔وا۔سین) (ع۔اِ۔مذ) طٰسٓ کی جمع (۲) حسین بن منصور کی ایک کتاب کے ابواب (۳) اَلواحِ تعلیم۔

طواف (طَ۔واف) (ع۔اِ۔مذ) (۱) کسی چیز کے گرد پھرنا (۲) کسی بُزرگ یا مُقدّس مقام کے گرد چکّر لگانا (۳) گردش۔ اُردو جمع: طواف۔ طوافوں۔

طوافِ بیتُ اللہ (ع۔اِ۔مذ) کعبے کا طواف۔

طواف کرنا (اَر۔مص مُرکّب) گرد پھرنا۔ کسی کے چاروں طرف گھومنا۔

طوالت (طَ۔وا۔لت) (ع۔اِ۔مث) (۱) طُول۔ لمبائی۔ درازی (۲) زیادتی۔ افزونی (۳) دیر۔ تاخیر۔

طوالت پذیر (ع۔ف۔صف) طوالت پکڑنے والا۔ لمبا ہونے والا۔

طوائف (طَ۔وا۔اِف) (ع۔اِ۔مذ) طائفہ کی جمع (۱) گروہ۔ قومیں۔ قبیلے (۲) (اَر۔اِ۔مث) ناچنے گانے والی عورت۔ رقّاصہ۔ رنڈی۔ جمع: طوائفوں۔ طوائفیں۔

طوائفُ المُلوکی (طَ۔وا۔اِ۔ے۔فُل۔مُ۔لو۔کی) (ع۔ف۔اِ۔مث) کسی ملک میں ایک سے زیادہ بادشاہ ہونے کی حالت۔ بدنظمی۔ لاقانونیت۔

طُوبیٰ (طو۔با) (ع۔اِ۔مذ) (۱) بہشت کا ایک درخت (۲) خوش خبری۔ خوشی (۳) (صف) نہایت خوشبودار (۴) اچھا۔ خوشگوار (۵) نفیس (۶) نہایت پاک۔

طُوبیٰ (قامت) قد (ع۔صف) (۱) طوبیٰ جیسے قد والا (۲) خوش قامت (کنایۃً) معشوق۔

طور (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔اِ۔مذ) (۱) حالت (۲) طرز۔ ڈھنگ۔ طرح۔ طریقہ (۳) حد (۴) بُنیاد (۵) قسم۔ نوع۔ جمع: اَطوار۔

طور بے طور ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) حالت خراب ہونا (۲) قریبِ مرگ ہونا (۳) گڑبڑ ہونا۔

طور طریق (ع۔اِ۔مذ) رنگ ڈھنگ۔ چال چلن۔ رویّہ۔ برتاؤ۔

طُور (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔اِ۔مذ) لُغوی معنی منڈلانا۔ چکّر کاٹنا۔ جزیرہ نمائے سینا میں ایک پہاڑ جہاں حضرت موسیٰؑ پر تجلّیِ الٰہی کا ظہور ہوا تھا۔ کوہِ سینا۔ طورِ سینا۔ جبلِ موسیٰ۔

طُوس (ع۔اِ۔مذ) ایک قسم کا نہایت مُلائم اُونی کپڑا (۲) خراسان کا ایک شہر۔

طُوسی (طو۔سی) (ف۔صف) (۱) طُوس کا رہنے والا۔ طُوس سے منسوب (۲) (اِ۔مذ) کرنجوی یا بینگنی رنگ۔

طوطا (اَر۔اِ۔مذ) صحیح ہندی لفظ توتا ہے۔ دیکھیے توتا مع مُرکّبات و محاورات وغیرہ۔

طُوطی (طو۔طی) (ف۔اِ۔مث) ایک خوش آواز چھوٹا سا پرندہ۔ نیز دیکھیے تُوتی۔

طوطی بولنا (اَر۔محاورہ) شُہرت ہونا۔ اختیار و رُسوخ حاصل ہونا۔

طُوطیا (طو۔طِ۔یا) (ف۔اِ۔مذ) (۱) نیلا تھوتھا (۲) تُہمت۔ بُہتان۔ اِلزام۔

طوطیا باندھنا (اَر۔محاورہ) تُہمت دھرنا۔ اِلزام لگانا۔ کلنک لگانا۔

طوع (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔اِ۔مث) (۱) رغبت۔ رضا مندی (۲) دل کی خوشی۔ خوشنودیِ خاطر (۳) اطاعت۔ فرماں برداری۔

طوعاً (طو۔عَن) (ع۔متعلق فعل) رضا مندی سے۔ اپنی مرضی سے۔

طوعاً وکرہاً (اَر۔ہَن) (ع۔متعلق فعل) چار و ناچار۔ جبراً۔ خواہ مخواہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

طوف (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) طواف کرنا۔ گرد پھرنا۔
طوفِ (حرم) کعبہ (ع۔ا۔مذ) کعبے کا طواف۔
طُوفان (طو۔فان)(ع۔ا۔مذ)(۱) غرق کر دینے والی پانی کی رَو۔ سیلاب۔ پانی کا چڑھاؤ۔ شدید بارش (۲) آندھی۔ تیز و تند ہوا (۳) عالم گیر مصیبت۔ سانحۂ عظیم (۴) شور۔ غل (۵) بہتان۔ تہمت۔ اِلزام (۶) فساد۔ جھگڑا (۷) آفت (۸) ماتم۔ کہرام (۹) کارِ عظیم۔ بڑا بھاری کام۔ اُردو جمع: طوفان۔ طوفانوں۔
طوفان اُٹھانا (اُر۔محاورہ)(۱) بہتان لگانا۔ اِلزام دھرنا (۲) فساد برپا کرنا (۳) آفت مچانا۔
طوفانِ اشک (ع۔ف۔ا۔مذ) آنسوؤں کا طوفان۔ بہت آنسو بہانا۔
طوفان اُگلنا (اُر۔محاورہ) طوفان بپا کرنا۔ کثرت کے ساتھ کوئی چیز پیدا کرنا۔
طوفان اُمنڈنا (اُر۔محاورہ) طوفان زیادہ ہونا۔
طوفان باندھنا (اُر۔محاورہ)(۱) تہمت لگانا۔ بدنام کرنا (۲) مُبالغہ کرنا۔ بہت بڑھا کر کہنا۔
طوفان برپا کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) جھگڑا کرنا (۲) غُل غپاڑا مچانا۔
طوفان جوڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) بُہتان لگانا (۲) اِلزام تراشنا۔
طوفان ڈھانا (اُر۔محاورہ) غضب کرنا۔
طوفان رسیدہ (ع۔ف۔صف) طوفان سے تباہ شدہ۔
طوفان شیطان (اُر۔ا۔مذ)(۱) تہمت اور بُہتان۔ اِلزام (۲) فتنہ و فساد۔
طوفان شیطان اللہ نگہبان (اُر۔مثل)(۱) شیطانی تہمت اور بُہتان سے اللہ بچائے (۲) طوفان اور شیطان سے خُدا محفوظ رکھے۔
طوفان کھڑا کرنا (اُر۔محاورہ) فساد اُٹھانا۔ فتنہ برپا کرنا (۲) بُہتان لگانا۔
طوفان مچانا (اُر۔محاورہ) شور کرنا۔ غُل مچانا۔
طوفان میں آنا (اُر۔محاورہ) کشتی یا جہاز کا ہوا یا پانی کی طغیانی میں پھنسنا یا پانی کے تلاطم کے باعث ڈوب جانا۔
طوفانِ نوحؑ (ع۔ا۔مذ) پانی کا وہ سیلاب جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں آیا تھا اور حضرت نوحؑ کے ماننے والوں کے علاوہ سب غرقاب ہو گئے تھے۔
طوفان ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) تند و تیز ہوا کا چلنا (۲) سخت شریر ہونا۔
طُوفانی (طو۔فا۔نی)(ع۔صف)(۱) طوفان سے منسُوب۔ تیز۔ تُند (۲) جھوٹا۔ شریر۔ فسادی۔ فتنہ پرور (۳) آفت۔ بلا۔ غضب۔ آفت کا پرکالہ۔
طوفانی دَورہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وسیع علاقے کا تیزی سے دورہ کرنا۔
طوق (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) گلوبند۔ گلے کا ایک زیور۔ ہنسلی جو بچوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ ہار۔ زیور۔ حلقہ۔ اُردو جمع: طوق۔ طوقوں۔
طوق بڑھانا (اُر۔محاورہ) منت کا طوق بچے کے گلے سے اُتار کر منت ادا کرنا۔
طوقِ زنجیر (ع۔ف۔ا۔مذ) ہتھکڑیاں۔ بیڑیاں۔
طوقِ غلامی (ع۔ا۔مذ) وہ طوق جو پُرانے زمانے میں غُلاموں کے گلے میں ڈالا جاتا تھا۔
طوقِ غلامی گلے میں ڈالنا (اُر۔محاورہ) اطاعت کرنا۔

طوقِ لعنت بگردنِ ابلیس (ف۔مثل) لعنت کا طوق شیطان کی گردن میں۔ بُرے آدمی کو ہی بُرائی کا اِلزام لگتا ہے۔
طوقِ ماہ (ع۔ف۔ا۔مذ) چاند کا ہالہ۔
طوقِ منّت (اُر۔ا۔مذ) منّت کی ہنسلی۔
طُول (واو معروف)(ع۔ا۔مذ)(۱) لمبائی۔ درازی (۲) وسعت۔ پھیلاؤ (۳)(صف) طویل۔ بڑا۔
طولِ اَمل (ع۔ا۔مذ)(۱) حرص کی درازی (۲) اُمید کی زیادتی۔
طولِ بَلد (طولُ البلد)(ع۔ا۔مذ) کسی مقام کا فاصلہ جو نصفُ النہار کے خطوط سے معلوم کیا جائے۔
طول پکڑنا (اُر۔محاورہ) کسی معاملے کا لمبا ہو جانا۔
طول دینا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی معاملے کو بڑھانا (۲) بات کو لمبا کرنا (۳) زیادہ بولنا۔
طول طویل (ع۔صف) بہت لمبا۔
طول عُمرہ۔ ترکیب غلط ہے۔ دیکھئے طال عُمرہٗ جو صحیح ہے۔
طولِ عمل (ع۔ا۔مذ) مُشکل کام (۲) ایسا کام جس میں غیر معمولی طوالت ہو۔
طولِ کلام (ع۔ا۔مذ) بات کا پھیلاؤ۔ کلام کی درازی۔ فضول گفتگو۔
طول کھینچنا (اُر۔محاورہ) دیر لگنا۔ مُدّت لگنا۔ عرصہ گُزرنا۔
طُولاً (طو۔لن)(ع۔متعلق فعل) لمبائی میں۔ درازی میں۔
طُولانی (طو۔لا۔نی)(ف۔صف) لمبا۔ دراز۔ طویل۔
طُولیٰ (طو۔لا)(ع۔صف) پُورا کامل جیسے یدِ طولیٰ۔
طُومار (طو۔مار)(ع۔ا۔مذ)(۱) کتاب۔ صحیفہ۔ دفتر (۲) لمبا خط (۳) ڈھیر۔ تودہ (۴) کاغذوں کا مُٹھا (۵) لمبی کہانی (۶) جُھوٹ۔ بُہتان۔
طومار باندھنا (اُر۔محاورہ)(۱) جھوٹی بات کو بڑھا کر بیان کرنا (۲) جُھوٹ کے پُل باندھنا (۳) جُھوٹی بات سے فتنہ برپا کرنا۔
طُویٰ (طو۔اِی)(طو۔اِی)(ف۔ا۔مث) دعوت۔ ضیافت (۲) شادی۔ بیاہ۔ جشن۔
طُوَیس (طُ۔وَیس)(ع۔ا۔مذ) چھوٹا طاؤس۔
طَوِیل (طَ۔وِیل)(ع۔صف)(۱) لمبا۔ دراز (۲) اشعار کی بحروں میں سے ایک بحر کا نام۔
طویلُ الجُثّہ (طویلُ القامت)(طَ۔وی۔لل۔جُث۔ثہ)(طَ۔وی۔لل۔قامت)(ع۔صف) لمبے قد کا۔
طویلُ المیعاد (طَ۔وی۔لل۔مِی۔عاد)(ع۔صف) لمبی مُدّت کا۔
طویلہ (طَ۔وے۔لہ)(ع۔ا۔مذ) گھوڑوں کا تھان۔ اصطبل۔ اُردو جمع: طویلوں۔ طویلے۔
طویلے (طَ۔وے۔لے)(اُر۔ا۔مذ)(۱) طویلہ کی جمع (۲) طویلہ کی مغیرہ صورت۔
طویلے کی بلا بندر کے سر (اُر۔مثل) جب کئی آدمیوں کی آفت ایک

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آدمی کے سر پڑے (۲) قصور کسی کا سزا کوئی پائے۔ عوام کا خیال ہے کہ اگر طویلے میں بندر رکھا جائے تو طویلے پر نازل ہونے والی آفت یا مصیبت بندر کے سر پڑ جاتی ہے اور گھوڑے وغیرہ اُس سے محفوظ رہتے ہیں۔

ط۔ہ

طٰہٰ (طا۔ہا)(ع۔ا۔مث)(۱) قرآن مجید کی ایک سورت کا نام (۲) پیغمبرِ اسلام ﷺ کا ایک اِسمِ گرامی۔

طَہارت (طَ۔ہا۔رَت)(ع۔ا۔مث)(۱) صفائی۔ پاکی۔ پاکیزگی (۲) وضو۔ استنجا۔ آب دست (۳) غُسل کرنا۔

طہارت خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) نہانے اور وضو کرنے کی جگہ۔

طہارت کرنا (اُر۔محاورہ) آبدست لینا۔ وضو کرنا۔

طُہر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) حیض سے پاک ہونا (۲) وہ مُدّت جس میں حیض نہ آئے۔

طِہران (طِ۔ران)(ع۔صف) پاک۔ صاف۔ سُتھرا۔

طَہُور (طَ۔ہُور)(ع۔صف)(۱) انتہائی پاک (۲) پاک کرنے والا۔

ط۔ی

طے (بفتحِ اوّل)(ع۔ا۔مذ)(۱) لپیٹ۔ لپیٹنا (۲) قطعِ مسافت (۳) پُورا کرنا۔ تمام کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ ختم کرنا (۴) فیصلہ۔ بے باقی (۵) کوتاہ کرنا۔ مختصر کرنا (۶) عرب کا ایک قبیلہ جس میں حاتم طائی پیدا ہوا۔

طےِ اَرض (ع۔ا۔مذ) فاصلہ طے کرنا۔ سفر ختم کرنا۔

طے کا روزہ (اُر۔ا۔مذ) وہ روزہ جو تیسرے روز افطار کیا جائے۔

طے کرنا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) لپیٹنا۔ تہ کرنا (۲) قطعِ مسافت کرنا (۳) فیصلہ کرنا۔ بے باق کرنا (۴) ختم کرنا (۵) معاملے کو رفع دفع کرنا۔

طےِ مراحِل (ع۔ا۔مذ) سفر کے مرحلوں پر سے گزرنا۔

طے ہونا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) لپیٹا جانا۔ تہ ہونا (۲) قطعِ مسافت ہونا۔ مسافت ختم ہونا (۳) فیصلہ ہونا۔ معاملے کا نمٹ جانا۔

طَیّار (طَی۔یار)(ع۔صف)(۱) اُڑنے والا۔ تیز دوڑنے والا۔ تیز رو (۲) پروں والا جانور (۳) حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کا لقب۔

طَیّارہ (طَی۔یا۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) ہوائی جہاز۔ اُردو جمع: طیاروں۔ طیارے۔

طَیّاری (طَی۔یا۔ری)(اُر۔ا۔مث)(۱) وہ مُٹاپا جو ورزش کرنے سے آتا ہے (۲) بہت بڑا پنجرا۔

طِیب (یائے معروف)(ع۔ا۔مث)(۱) مہک۔ خوشبو (۲) کسی چیز کا بہترین حصّہ (۳) خوشی۔ رضا مندی۔

طیبُ النفس (طی۔بن۔نَفس)(ع۔صف) پاک نفس۔ مُقدّس۔

طیبِ خاطِر (ع۔ا۔مث) خوشی۔ رضا مندی۔ خوشنودیِ مزاج۔

طَیِّب (طَی۔یِب)(ع۔صف)(۱) اچھا۔ عُمدہ۔ نفیس (۲) پاک۔ حلال۔ جائز (۳) لذیذ۔ خوش گوار (۴) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے ایک صاحب زادے کا نام۔

طَیِّبات (طَی۔یِ۔بات)(ع۔ا۔مث)(۱) پاک عورتیں (۲) خوشیاں۔

طَیبَہ (طے۔بَہ)(ع۔ا۔مذ) مدینہ منورہ کا ایک نام۔

طَیِّبَہ (طَی۔یِ۔بَہ)(ع۔صف) طیّب کی تانیث۔

طَیر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) اُڑان (۲) پرند۔ چڑیا۔ پکھیرو۔

طَیَران (طَے۔ران)(ع۔ا۔مث) اُڑان۔ پرواز۔

طیران گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) ہوائی اڈّا۔ مقامِ پرواز۔

طَیش (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) غصّہ۔ غضب۔ جوش (۲) بے عقلی۔ خِفّت۔ سُبکی۔

طیش دِلانا (اُر۔محاورہ) غُصّہ دِلانا۔ بھڑکانا۔ برافروختہ کرنا۔

طیش کھانا (اُر۔محاورہ) غُصّہ برداشت کرنا (۲) غصّہ کرنا۔

طیش میں آنا (اُر۔محاورہ) غُصّے میں آنا۔ جھنجھلانا۔ غضب ناک ہونا۔

طَیف (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) شیشے کا مستطیل ٹکڑا جو روشنی کی شعاعوں کو مختلف رنگوں میں ظاہر کرتا ہے۔(Spectrum)۔

طَیلَسان (طے۔لَ۔سان)(ع۔ا۔مذ)(۱) پگڑی کا شملہ (۲) چادر جو عرب کندھوں پر ڈالتے ہیں۔

طِین (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث) مٹی۔ گیلی مٹی۔

طِینَت (طی۔نَت)(ع۔ا۔مث)(۱) سرشت۔ طبیعت (۲) خُو۔ عادت (۳) خِلقت۔ پیدائش (۴) اصل۔

طُیُور (طُ۔یُور)(ع۔ا۔مذ) طائر کی جمع۔

طُیوری (طُ۔یُو۔ری)(ع۔ا۔مذ) چڑی مار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ظ

ظ (ظو-اے)(ع-ا-مث) عربی میں اِس کا تلفظ ظا ہے۔ اِسے ظائے منقوطہ یا مُعجمہ بھی کہتے ہیں۔ یہ اُردو کا تیئیسواں' فارسی کا بیسواں اور عربی کا سترھواں حرف ہے۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے نوسو (٩٠٠) عدد فرض کیئے گئے ہیں۔ شمسی حرف ہے یعنی اِس سے پہلے "ال" آئے تو لام آواز نہیں دے گا اور ظ کو مُشدّد کر دے گا جیسے الظاہر۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرفِ عِلّت سے مِل کر آواز دیتا ہے۔

ظ-ا

ظافِر (ضا-فِر)(ع-صف) فاتح۔ ظفریاب۔

ظالِم (ظا-لِم)(ع-صف)(١) مردُم آزار۔ ظُلم کرنے والا۔ جابر (٢) دِل آزار (٣) زبردست (۴) جاہل۔ وحشی (۵) شریر (٦) شوخ۔ بے باک (٧) سفّاک۔ جمع: ظالمون۔ اُردو جمع: ظالم۔ ظالموں۔

ظالِمِ اَظلم (ع-صف) بڑا ستانے والا۔

ظالم پُھولتا پھلتا نہیں (ظالم سرسبز نہیں ہوتا) (ار-مقولہ) ظالم اولاد اور مُراد سے بے نصیب رہتا ہے۔

ظالم خُدا (سے ڈر) کو مان (ار-محاورہ) وہاں بولا جاتا ہے جہاں کوئی بہت جُھوٹ بولے یا کسی بے گُناہ کو ستائے۔

ظالم کی بیل نہیں بڑھتی (ار-مثل) ظالم کی نسل میں اضافہ نہیں ہوتا۔

ظالم کی داو خُدا کے گھر (ار-مثل) ستانے والے کو خُدا سزا دیتا ہے۔

ظالم کی رسّی دراز ہے (ار-مثل) ظالم کو مُہلت بہت ملتی ہے کہ گُناہ کرکے اپنے لئے جہنّم کا ایندھن جمع کرے۔

ظالم مظلوم نُما (ع-صف)(١) ظاہر میں نرم اور باطن میں سخت (٢) معشوق کی آنکھ۔

ظالمانہ (ظا-لِ-مانہ)(ع-ف-صف)(١) ظُلم سے بھرا ہوا (٢) ظالم کے طریقے پر۔ ظالم کی طرح۔

ظالمی (ظا-لِ-می)(ف-ا-مث) ظُلم۔ ظُلم سے تعلق رکھنے والی چیز۔

ظاہِر (ظا-ہِر)(ع-صف)(١) آشکار۔ عیاں۔ روشن۔ واضح۔ کُھلا ہوا (٢) باطن کا نقیض۔ جمع: ظواہر۔

ظاہِر اچھا' باطِن بُرا (ار-مثل) دیکھنے میں نیک مگر دِل کا بد۔

ظاہِر اللہ' باطِن اللہ (ار-مثل) اللہ اپنی قُدرت سے ہر جگہ موجود ہے۔

ظاہِر اور' باطِن اور (ار-محاورہ) زبان پر کچھ اور دِل میں کچھ۔ منافق۔ قول وفعل کا اِعتبار نہیں۔

ظاہِر باطِن ایک سا ہونا (ار-محاورہ) دِل اور زبان کا موافق ہونا۔

ظاہِر بنائے رکھنا (ار-محاورہ) اپنے ظاہر کو آراستہ رکھنا۔

ظاہِر بیِن (ظاہِر پرست) (ع-صف) ظاہر دار۔ ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا۔

ظاہِر پر جانا (ار-محاورہ) ظاہری حالت دیکھ کر دھوکا کھانا۔

ظاہِر پیر (ع-ف-ا-مذ) بھنگیوں کا مُرشد۔

ظاہِر دار (ع-ف-صف) دِکھاوے کا برتاؤ کرنے والا۔ مُنافق۔ مکّار۔

ظاہِر داری (ع-ف-ا-مث) دِکھاوا۔ نمائش۔ تکلّف۔

ظاہِر داری برتنا (ار-محاورہ) دِکھاوے کی باتیں کرنا۔ تکلّف سے پیش آنا۔

ظاہِر رحمٰن کا' باطِن شیطان کا (ار-مثل) اُس شخص کے متعلق بولتے ہیں جس کا ظاہر اچّھا اور باطن بُرا ہو۔

ظاہِر ظہُور (ع-متعلق فعل) ظاہر طور سے۔ ظاہر میں۔ کُھلّم کُھلاّ۔ صاف صاف۔

ظاہِر کرنا (ار-مص مُرکّب)(١) اَفشا کرنا۔ بھید کھولنا (٢) مشتہر کرنا (٣) تشریح کرنا۔ وضاحت کرنا۔

ظاہِر کا نرم باطِن کا سخت (ار-مثل) بظاہر رحم دِل بباطن سنگ دِل۔

ظاہِر کی آنکھیں اور ہیں' باطِن کی آنکھیں اور (ار-مثل) دِل کی سُوجھ بُوجھ ان آنکھوں سے جدا ہے۔

ظاہِر میں (ار-متعلق فعل) ظاہراً۔ کُھلے طور پر۔

ظاہِر و باطِن (ع-ا-مذ) اندر و باہر۔ حقیقی کردار اور اُس کا مظاہرہ۔ اصل حقیقت اور ظاہری صُورت۔

ظاہِر ہونا (ار-مص مُرکّب) کُھلنا۔ اَفشا ہونا۔ نمودار ہونا۔ مشہور ہونا۔

ظاہِر ہے (ار-محاورہ) یہ بات پوشیدہ نہیں ہے۔ سب جانتے ہیں۔

ظاہِرا (ظاہِراً) (ظا-ہِ-را)(ظا-ہِ-رَن)(ع-متعلق فعل) بظاہر۔ دیکھنے میں۔ جہاں تک خیال کریں۔

ظاہِری (ظا-ہِ-ری)(ف-صف)(١) دِکھاوے کا (٢) بدیہی۔ کُھلا ہوا (٣) داؤد بن خلف ظاہری کے پَیرو جو قرآن و حدیث کے ظاہری معنی پر اِصرار کرتے ہیں' تاویل وقیاس کے قائل نہیں۔

ظ-ر

ظَرافَت (ظَ-را-فَت)(ع-ا-مث)(١) خوش طبعی۔ دِل لگی۔ مذاق۔ تمسخر۔ ٹھٹھا۔

ظرافت آمیز (ع-ف-صف) ظرافت ملی ہوئی۔ دِل لگی کی (بات)۔

ظرافت پسند (ع-ف-صف) دِل لگی پسند کرنے والا۔

ظرافت کا پُتلا (ار-ا-مذ) اِنتہائی مسخرہ۔ بڑا ظریف۔

ظرافت کا پہلو (ار-ا-مذ) دِل لگی کا اَنداز۔

ظرافت کی پوٹ (ار-ا-مث) بہت مسخرہ۔ بہت ظریف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ظرافتاً (ظَ۔ را۔ فَ۔ تَن) (ع۔ متعلق فعل) ہنسی سے۔ مزاح سے۔ دل لگی سے۔

ظرف (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) برتن۔ بھانڈا۔ ہانڈی (۲) دانائی۔ زیرکی (۳) حوصلہ۔ سمائی (۴) صرف و نحو میں وہ اِسم ذات جو جگہ یا وقت کے معنوں پر دلالت کرے۔ جمع: ظروف۔

ظرفِ آفتاب (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) شراب کا پیالہ۔ گلاس۔

ظرف پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) حوصلہ پیدا کرنا۔

ظرف دیکھنا (اُر۔ محاورہ) حوصلہ دیکھنا۔

ظرفِ زمان (ع۔ ا۔ مذ) صرف و نحو میں وہ اِسم جس میں زمانہ یا وقت پایا جائے۔ جیسے صبح۔ شام۔

ظرف عالی ہونا (اُر۔ محاورہ) بڑا حوصلہ ہونا۔

ظرف لبریز ہونا (اُر۔ محاورہ) عُمر آخر ہونا۔

ظرفِ مکان (ع۔ ا۔ مذ) وہ اِسم جس میں مکانیت پائی جائے جیسے یہاں۔ وہاں۔

ظُرُوف (ظُ۔ رُوف) (ع۔ ا۔ مذ) ظرف کی جمع۔

ظَرِیف (ظَ۔ رِیف) (ع۔ صف) لطیفہ گو۔ بذلہ سنج۔ خوش طبع۔

ظریف طبع (مزاج) (ع۔ صف) جس کے مزاج میں ظرافت کا مادّہ زیادہ ہو۔

ظریفانہ (ظَ۔ ری۔ فا۔ نہ) (ف۔ صف) (۱) ظرافت کا (۲) ظریف کی طرح۔

ظ۔ ف

ظَفَر (ظَ۔ فَر) (ع۔ ا۔ مث) (۱) فتح۔ نُصرت۔ جیت (۲) کشائش۔ خوش نصیبی۔ کامیابی۔

ظفر آیات (آیَہ۔ اَثر۔ پیکر۔ موج) (ع۔ ف۔ صف) جو اکثر فتح پاتا ہے۔

ظفر پانا (اُر۔ مص مُرکب) کامیابی حاصل کرنا۔ فتح پانا۔

ظفر تکیہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) فقیروں کی سہارا لینے کی لکڑی (۲) لوہے کی نوکدار سلاخ (۳) خنجر۔ لمبی اور پتلی چُھری۔

ظفر جنگ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ایک فوجی خطاب۔

ظفر (قریب) قرین (ع۔ ف۔ صف) جس کے ساتھ فتح وابستہ ہو۔

ظفر مُراد (ظفر موج۔ ظفر نشان۔ ظفر نصیب) (ع۔ ف۔ صف) فاتح۔ فتح مند۔

ظفریاب (ع۔ ف۔ صف) فتح پانے والا۔

ظفریابی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) فتح پانا۔

ظَفَرہ (ظَفَ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مث) آنکھ کی ایک بیماری۔ ناخُونہ۔

ظ۔ ل

ظِلّ (بکسر اوّل و تشدید دوم) (ع۔ ا۔ مذ) سایہ۔ چھاؤں۔ پناہ۔

ظِلّ اللہ (ظِل۔ لُل۔ لاہ) (ع۔ ا۔ مذ) خُدا کا سایہ (۲) نائب خُدا (۳) بادشاہ۔

ظِلِّ الٰہی (ظِلِّ سُبحانی) (ع۔ ا۔ مذ) دیکھئے ظِلّ اللہ۔

ظِلِّ حمایت (ع۔ ا۔ مذ) حمایت کی پناہ۔

ظِلِّ ظلیل (ع۔ ا۔ مذ) گھنا سایہ۔ ہمیشہ رہنے والا سایہ۔

ظِلِّ عنایت (ع۔ ا۔ مذ) مہربانی کی پناہ۔

ظِلّ گُستر (ع۔ صف) سایہ دینے والا۔ پناہ دینے والا۔ حامی۔

ظِلِّ ہُما (ع۔ ا۔ مذ) ہُما کا سایہ۔ کہتے ہیں جس پر ہُما کا سایہ پڑے وہ بادشاہ بن جاتا ہے۔

ظلام (ظَ۔ لام) (ع۔ ا۔ مذ) رات کی تاریکی۔ اندھیرا۔

ظلّام (ظَل۔ لام) (ع۔ ا۔ مُبالغہ) بہت بڑا ظالم۔ بڑا بے انصاف۔

ظُلم (بضم اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) اندھیرا۔ تاریکی (۲) ستم۔ بے اِنصافی۔ بے رحمی (۳) پاپ (۴) زبردستی۔ زور۔ زیادتی۔ اُردو جمع: ظُلم۔ ظلموں۔

ظُلم اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) ظُلم سہنا۔ زیادتی برداشت کرنا۔

ظُلم پرور (ع۔ ف۔ صف) ظُلم کی پرورش کرنے والا۔ بہت بڑا ظالم۔

ظُلم پیشہ (ع۔ ف۔ صف) جو ظُلم کا عادی ہو۔

ظُلم توڑنا (اُر۔ محاورہ) سختی کرنا۔ آفت ڈھانا۔

ظُلم دوست (ع۔ ف۔ صف) ستم پیشہ۔ ظُلم کو پسند کرنے والا۔

ظُلم ڈھانا (اُر۔ محاورہ) ستانا۔ ستم کرنا (۲) کوئی عجیب کام کرنا۔ انوکھا کام کرنا۔

ظُلم رسیدہ (ع۔ ف۔ صف) مظلوم۔ وہ شخص جس پر جبر ہوا ہو۔

ظُلم ہے (اُر۔ محاورہ) (۱) اندھیر ہے (۲) غضب ہے۔

ظُلُمات (ظُل۔ مات) (ع۔ ا۔ مث) ظُلمت کی جمع لیکن اُردو میں بطور واحد مستعمل ہے (۱) وہ تاریکی جس میں آبِ حیات کا چشمہ خیال کیا گیا ہے (۲) (بحر) اوقیانوس۔

ظُلماتی (ظُل۔ ما۔ تی) (ع۔ ف۔ صف) سیاہ۔ تاریک۔

ظُلمانی (ظُل۔ ما۔ نی) (ع۔ صف) جو صاف شفاف نہ ہو۔ سیاہ۔

ظُلمت (ظُل۔ مَت) (ع۔ ا۔ مث) تاریکی۔ اندھیرا۔ سیاہی۔ جمع: ظُلمات۔ اُردو جمع: ظلمتوں۔ ظلمتیں۔

ظُلمت خانہ (کدہ) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) تاریک مقام۔ دُنیا۔

ظُلمتِ شب (ع۔ ف۔ ا۔ مث) رات کی تاریکی۔

ظُلمت کا دامن پھیلانا (اُر۔ محاورہ) اندھیرا پھیلنا۔ سب طرف اندھیرا ہونا۔

ظُلمتِ کُفر (ع۔ ا۔ مث) کُفر کا اندھیرا۔ کُفر کا ظُلمت سے اِستعارہ کرتے ہیں۔

ظُلمی (ظُل۔ می) (ف۔ صف) (۱) ظالم۔ ستم شعار۔ بے رحم۔ سنگ دل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سخت۔ جابر۔

ظلُوم (ظَ۔ لوم)(ع۔ا۔ مُبالغہ) نہایت ظالم۔

ظلوم و جہول (ع۔ صف) سخت ظالم اور جاہل۔ (کنایۃً) اِنسان۔

ظِلّی (ظِل۔ لی)(ع۔ صف) ظِلّ سے منسوب۔

ظِلّی نبی (ع۔ا۔ مذ) وہ نبی جو خود صاحب شریعت نہ ہو بلکہ کسی دُوسرے نبی کی شریعت کا تابع ہو۔

ظ ـ ن

ظَنّ (بفتحۂ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔ مذ)(۱) وہم۔ گمان۔ شبہ۔ خیال (۲) تہمت۔ بُہتان (۳) بدگمانی۔ بدظنی۔ جمع: ظنون۔

ظَنُّ المؤمنین خیرٌ (ع۔ مثل) ایمان والوں کا گمان نیک ہوتا ہے۔

ظَنِّ باطِل (ع۔ا۔ مذ) بے اصل گمان۔

ظَنِّ غالِب (ع۔ا۔ مذ) یقین۔ غالب رائے۔ قوی گمان۔

ظَنِّ فاسِد (ع۔ا۔ مذ) گمانِ بد۔ شک و شبہ۔ بدظنی۔

ظَنّی (ظن۔ نی)(ع۔ صف)(۱) خیالی۔ قیاسی۔ وہمی (۲) عقل کے قریب۔ جمع: ظنیات۔

ظ ـ و

ظواہر (ظَ۔ وا۔ ہر)(ع۔ا۔ مذ) ظاہر کی جمع (۱) زمین کی بلندیاں (۲) زمین سے اُگی ہوئی چیزیں۔ نباتات (۳) ظاہری شکلیں (۴) مکّے کے باہر خیمہ زن ہونے والے قریش (۵) رسمی باتوں کو اہمیت دینے والے۔

ظ ـ ہ

ظِہار (ظِ۔ ہار)(ع۔ا۔ مذ)(۱) ایک قِسم کی طلاق۔ فقہ کی اِصطلاح میں مرد کا اپنی بیوی کو ماں یا بہن یا اُن عورتوں سے تشبیہ دینا جو شرعاً اُس پر حرام ہیں۔ ایسی صُورت میں مرد جب تک کفّارہ نہ دے وہ عورت اُس پر حرام ہوتی ہے۔

ظُہر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔ مذ)(۱) زوال کا وقت۔ تیسرا پہر (۲)(ا۔ مث) تیسرے پہر کی نماز۔

ظَہر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔ مث) پیٹھ۔ پُشت۔

ظُہرانہ (ظُہ۔ را۔ نہ)(ع۔ ف۔ا۔ مذ) دوپہر کا کھانا۔ (Lunch)۔

ظَہری (ظَہ۔ ری)(ع۔ صف) پُشت پر لکھا ہوا۔ پُشت کا۔

ظَہری تحریر (ع۔ اُر۔ا۔ مث) وہ تحریر جو سمن، وارنٹ وغیرہ کی پُشت پر لکھی جائے۔

ظُہُور (ظُ۔ ہور)(ع۔ا۔ مذ) اِنکشاف۔ اِظہار۔ نمود۔ پیدائش۔

ظہورِ بنائے دعویٰ (ع۔ ف۔ا۔ مذ) مخاصمت یا جھگڑے کی وجہ پیدا ہونا۔

ظہور میں آنا (اُر۔ محاورہ) ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ پیدا ہونا۔

ظہور میں لانا (اُر۔ محاورہ) ظاہر کرنا۔ پیش کرنا۔ آشکارا کرنا۔

ظُہُورا (ظُ۔ ہُو۔ را)(اُر۔ا۔ مذ) رونق۔ بہار۔ دم قدم۔

ظُہُوری (ظُ۔ ہُو۔ ری)(ع۔ صف) ظہور سے متعلق۔

ظَہِیر (ظَ۔ ہیر)(ع۔ صف)(۱) مددگار (۲) حمایتی۔ دوست۔

ظَہِیرہ (ظَ۔ ہی۔ رہ)(ع۔ صف) ظہیر کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ع

ع (عَین) (ع۔ا۔مذ) اِسے عینِ مُہملہ یا غیر منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ یہ اُردو کا چوبیسواں' فارسی کا اکیسواں اور عربی کا اٹھارہواں حرف ہے۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے ستر (۷۰) عدد فرض کیے گئے ہیں۔ رکوع قرآن کا اشارہ' مصرع کی علامت اور علیہ السلام کا مخفف (ؑ) ہے۔ قمری حرف ہے۔ اگر اِس سے پہلے "ال" آئے گا تو "لام" پڑھا جائے گا جیسے "العُمر"۔ یہ حرفِ صحیح ہے یعنی کسی حرفِ علّت سے مِل کر آواز دیتا ہے۔

ع۔ا

عابِد (عا۔بِد) (ع۔صف) عبادت کرنے والا۔ پرہیزگار۔ متقی۔ جمع: عُبّاد۔

عاج (ع۔ا۔مذ) ہاتھی دانت۔

عاجِز (عا۔جِز) (ع۔صف) (۱) کمزور۔ بے بس۔ مجبور۔ لاچار (۲) مغلوب (۳) تھکا ماندہ (۴) مایوس۔ ناامید (۵) غریب۔ مسکین۔ جمع: عواجز۔

عاجز آنا (اُر۔ محاورہ) تنگ آنا۔ پریشان ہونا۔ مایوس ہونا۔

عاجز کرنا (اُر۔ محاورہ) تنگ کرنا۔ مجبور کرنا۔ زیر کرنا۔

عاجِزانَہ (عا۔جِ۔زا۔نَہ) (اُر۔ متعلق فعل) عاجزی سے۔ اِنکسار سے۔

عاجِزی (ع۔جِ۔زی) (اُر۔ا۔مث) عجز۔ اِنکسار۔ منت۔ سماجت۔

عاجزی خُدا کو بھی پسند ہے (اُر۔ مقولہ) عجز و انکسار خُدا کو بھی پسند ہے۔

عاجزی کرنا (اُر۔ محاورہ) منت سماجت کرنا۔ گِڑگِڑانا۔ ہاتھ جوڑنا۔

عاجِل (عا۔جِل) (ع۔صف) حاضر۔ تیّار (۲) جلد باز۔

عاجِلَہ (ع۔ متعلق فعل) فوری۔ فوراً (۲) (مث) دُنیاوی زندگی۔ یہ جہان۔

عاد (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ عدد جو ایک معلوم عدد کو پُورا تقسیم کر دے (۲) ایک قوم جس کے پیغمبر حضرت ہُودؑ تھے۔

عادِ اعظم (ع۔ا۔مذ) وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ اعداد کو پُورا پُورا تقسیم کر دے۔

عادات (عا۔دات) (ع۔ا۔مث) عادت کی جمع۔

عادَت (عا۔دَت) (ع۔ا۔مث) (۱) خُو۔ خصلت۔ سبھاؤ (۲) طبیعت۔ خاصیت (۳) طور طریقہ۔ چال چلن (۴) دستور۔ قاعدہ۔ رسم (۵) طلب۔ کسی چیز کی لت۔ جمع: عادات۔ اُردو جمع: عادتوں۔ عادتیں۔

عادت پڑنا (اُر۔ محاورہ) سبھاؤ پڑنا۔ عادی ہونا۔ ڈھب پڑنا۔

عادت ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا خوگر ہونا۔ کسی کام کا عادی ہونا۔

عادت طبیعت (فطرت) ثانیہ ہے (اُر۔ مقولہ) پختہ عادت فطرت یا طبیعت بن جاتی ہے۔

عادتِ مُستمِرّہ (ع۔ا۔مث) ہمیشہ کا معمول۔

عادت ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔

عادِل (ع۔صف) منصف۔ جج۔ اِنصاف کرنے والا (۲) جس کی گواہی شرعاً معتبر ہو۔ جمع: عُدُول۔

عادِلُ الرّہن (عا۔دِ۔لُر۔رَہن) (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے پاس رہن نامہ رکھا جائے۔

عادِلانَہ (عا۔دِ۔لا۔نَہ) (ع۔ متعلق فعل) اِنصاف سے۔ از رُوئے اِنصاف۔

عادی (ع۔صف) خوگر۔ وہ شخص جسے کسی اَمر کی عادت پڑ گئی ہو۔

عاذِر (عا۔ذِر) (ع۔صف) عذر خواہ۔ عذر کرنے والا۔

عار (ع۔ا۔مث) (۱) غیرت۔ شرم۔ لاج (۲) بُرائی۔ عیب۔

عار آنا (اُر۔ محاورہ) شرم آنا۔

عار سمجھنا (اُر۔ محاورہ) عیب خیال کرنا۔ بُرا سمجھنا۔

عار کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) غیرت کرنا۔ شرم کرنا (۲) عیب سمجھنا۔

عار ہونا (اُر۔ محاورہ) عیب ہونا۔ شرم ہونا۔

عارِج (عا۔رِج) (ع۔صف) چڑھنے والا۔

عارِض (عا۔رِض) (ع۔ا۔مذ) (۱) رُخسارہ۔ گال۔ رُخ (۲) فوج کا میرمنشی (۳) (صف) لاحق ہونے والا۔ پیش آنے والا (۴) عرض کرنے والا۔ درخواست دینے والا۔ (العارض)۔

عارضِ حُور (ع۔ا۔مذ) حُور کا گال۔ بدن کے کسی خوبصورت حصّے کی صفائی کو عارضِ حور سے اِستعارہ کرتے ہیں۔

عارضِ سِیمیں (ع۔ا۔مذ) چاندی جیسا گال۔ نہایت خوبصورت اور گورا چہرہ۔

عارض ہونا (اُر۔ محاورہ) لاحق ہونا۔ پیدا ہونا۔ نمودار ہونا۔

عارِضَہ (عا۔رِ۔ضَہ) (ع۔ا۔مذ) مرض۔ دُکھ۔ بیماری۔ جمع: عوارض۔ اُردو جمع: عارضوں۔ عارضے۔

عارضہ لاحق ہونا (اُر۔ محاورہ) بیماری لگنا۔

عارِضی (عا۔رِ۔ضی) (ع۔صف) تھوڑی مُدّت کے لئے۔ وہ شے جو مستقل نہ ہو۔ اِتفاقیہ۔ وقتی۔ ہنگامی۔

عارِف (ع۔صف) پہچاننے والا (۲) خُدا شناس۔ ولی۔ جمع: عُرفا۔ عارفین۔

عارِفانَہ (عا۔رِ۔فا۔نَہ) (ف۔ متعلق فعل) عارف سے منسوب۔ عارف کی طرح (۲) عقل مندانہ۔

عاری (ع۔صف) (۱) ننگا۔ خالی۔ برہنہ (۲) تنگ۔ قاصر۔ عاجز۔ مجبور۔

عاری آجانا (ہو جانا۔ ہونا) (اُر۔ محاورہ) عاجز آجانا۔ تنگ آجانا۔ تھک جانا۔

عارِیَت (عا۔ری۔یَت) (ع۔ا۔مث) قرض۔ اُدھار۔ چند روز کے لئے مانگی ہوئی چیز۔ (اُردو میں بلا تشدید مستعمل ہے)۔

عاریت سرا (ع۔ا۔مث) دُنیا۔

عاریت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) اِقرار نامہ جو کسی چیز کے لوٹانے کے لئے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لکھ دیا جائے۔

عارِیَتاً (عا۔رِی۔یَ۔تن) (ع۔ متعلق فعل) قرضے کے طور پر۔ مانگ کر۔

عازِم (عا۔زِم) (ع۔صف) قصد کرنے والا۔ ارادہ کرنے والا۔ جمع: عازِمین۔

عازِمین (عا۔زِ۔مین) (ع۔صف) عازِم کی جمع۔

عاشِر (ع۔ عددِ ترتیبی) (۱) دسواں (۲) (ا۔مذ) دسواں حِصّہ۔

عاشِق (عا۔شِق) (ع۔صف) (۱) چاہنے والا۔ محبت کرنے والا۔ طالب۔ فریفتہ (۲) عارف۔ کامل (۳) بے فکرا۔ بے پروا۔ غافل۔ مدہوش (عورت مرد دونوں کے لئے اِستعمال ہوتا ہے) (۴) (مذ) گھنڈی کی طرح کا ایک پُرزہ جو حلقے میں ڈالا جاتا ہے۔ جمع: عُشّاق۔ اُردو جمع: عاشِق۔ عاشقوں۔

عاشِق صادق (ع۔صف) سچّا عاشِق۔ جس کی محبت خود غرضی سے پاک ہو۔

عاشِق مزاج (ع۔صف) (۱) حُسن پرست (۲) دِل لگی کرنے والا۔

عاشِق مولیٰ (مولا) (ع۔صف) خُدا کا طالِب۔ خُدا کا عاشِق۔

عاشِق (و) معشوق (ع۔ا۔مذ) (۱) یار و آشنا۔ طالب و مطلوب (۲) پکے یار۔ گہرے یار (۳) لازم و ملزوم (۴) چِٹی کے دو پُرزے جو ایک دُوسرے میں پھنسائے جاتے ہیں۔ حلقہ اور گھنڈی (۵) فاعل و مفعول۔

عاشِق ہونا (اُر۔مص مُرکّب) کسی پر فریفتہ ہونا۔ کسی سے محبت ہونا۔

عاشِقانہ (عا۔شِ۔قا۔نہ) (ف۔ متعلق فعل) عاشقوں کا سا۔ عاشقوں کی طرح۔

عاشِقی (عا۔شِ۔قی) (ف۔ا۔مث) عشق و محبت۔ فریفتگی۔

عاشِقی خالہ جی کا گھر نہیں (اُر۔مثل) عاشقی بہت مشکل کام ہے۔

عاشُور (عاشُورا۔ عاشُورہ) (ع۔ا۔مذ) محرم کی دسویں تاریخ۔ امام حسینؓ کے شہید ہونے کا دن۔

عاصِم (عا۔صِم) (ع۔صف) بچا ہوا۔ باعصمت۔ محفوظ (۲) بچانے والا۔ نگاہ رکھنے والا۔ باز رکھنے والا۔

عاصِمہ (عا۔صِ۔مہ) (۱) عاصِم کی تانیث (۲) مدینہ منورہ کا ایک نام۔

عاصی (ع۔صف) نافرمان۔ گُنہگار۔ مُجرم۔ جمع: عُصاۃ۔ ف جمع: عاصیان۔

عاطِر (عا۔طِر) (ع۔صف) (۱) خوشبودار۔ معطّر (۲) پاکیزہ۔ نفیس (خاطر کے ساتھ بطور تابع اِستعمال ہوتا ہے)۔

عاطِف (عا۔طِف) (ع۔صف) جُھکنے والا (۲) شفیق۔ مہربان۔

عاطِفت (عا۔طِ۔فت) (ع۔ا۔مث) مہربانی۔ عنایت۔ شفقت۔

عاطِفہ (عا۔طِ۔فہ) (ع۔صف) عاطِف کی تانیث۔

عافِیَّت (عا۔فی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) صحت۔ سلامتی (۲) امن۔ آسودگی (۳) نیکی۔ بھلائی۔ خیریت۔

عافیت اندیش (ع۔ف۔صف) خیراندیش۔ بھلائی چاہنے والا۔

عافیت تنگ کرنا (اُر۔محاورہ) چین سے نہ بیٹھنے دینا۔ آرام نہ لینے دینا۔

عافیت سوز (ع۔ف۔صف) امن و سکون برباد کرنے والا۔

عاق (ع۔صف) ماں باپ کا نافرمان۔ باغی۔ سرکش۔

عاق کرنا (اُر۔محاورہ) اولاد کو نافرمانی کے باعث حقوقِ فرزندی سے محروم کرنا۔ چھوڑ دینا۔

عاق نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) فرزندی سے اولاد کو محروم کرنے کی دستاویز۔

عاقِبَت (عا۔قِ۔بَت) (ع۔ا۔مث) (۱) آخر۔ انجام۔ خاتمہ (۲) نتیجہ۔ ثمرہ۔ حاصل (۳) آخرت۔ عُقبیٰ (۴) (متعلق فعل) آخرکار۔ بالآخر۔ جمع: عواقِب۔

عاقِبَتُ الاَمر (عا۔قِ۔بَ۔تُل۔اَمر) (ع۔ متعلق فعل) آخرکار۔

عاقبت اندیش (ع۔ف۔صف) دوراندیش۔ انجام سوچنے والا۔ ہوشیار۔ عاقل۔

عاقبت بخیر ہونا (اُر۔محاورہ) انجام اچھا ہونا۔

عاقبت بگاڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) انجام خراب کرنا۔ آخرت خراب کرنا۔ ماں باپ کی نافرمانی سے گُناہگار بننا۔

عاقبت بیں (ع۔ف۔صف) انجام پر نظر رکھنے والا۔ ہوشیار۔

عاقبت خراب کرنا (گندی کرنا) (اُر۔محاورہ) عاقبت بگاڑنا۔ بُرے کام کرنا۔

عاقبت کا توشہ (اُر۔ا۔مذ) دُوسری دُنیا کا سہارا۔ نیک اعمال۔ اچھے کام۔

عاقبت کے بوریے سمیٹنا (اُر۔محاورہ) مُدّت تک جینا۔ جو شخص باوجود بڑھاپے کے مرنے سے وہم کرے اُس کی نسبت طنزاً کہتے ہیں۔

عاقبت گرگ زادہ گرگ شود۔ گرچہ با آدمی بُزرگ شود (ف۔مثل) آخرکار بھیڑیے کی اولاد فطرتاً بھیڑیا ہی ہوگی خواہ وہ اِنسانوں کی صحبت میں رہ کر کتنی ہی نیک کیوں نہ بن جائے۔ بداصل کی کتنی ہی تربیت کی جائے اُس کی فطرت نہیں بدلتی۔

عاقبت میں کام آنا (اُر۔محاورہ) قیامت کے دِن گُناہوں کی معافی میں معاون ہونا۔

عاقِر (ع۔صف) بانجھ عورت۔ بےاولاد مرد۔ جمع: عواقِر۔

عاقِر قرحا (عا۔قِر۔قَر۔حا) (ع۔ا۔مذ) ایک دوا جو دانتوں کے درد میں کام آتی ہے۔ عقرقرحا۔

عاقِل (ع۔صف) دانا۔ ہوشیار۔ دانش مند۔ جمع: عُقلا۔

عاقل را اشارہ بس اَست (کافیست) (ف۔مقولہ) عقل مند اِشارے ہی سے سمجھ جاتا ہے۔

عاقِلہ (عا۔قِ۔لہ) (ع۔صف) عاقل کی تانیث۔

عاکِف (ع۔صف) گوشہ نشین۔ مسجد کے گوشے میں عبادت کے لئے بیٹھنے والا۔ اِعتکاف کرنے والا۔ معتکف۔

عالِم (لام کے نیچے زیر) (ع۔صف۔وا۔مذ) دانا۔ صاحبِ علم و فضل۔ بہت پڑھا لکھا۔ جمع: عُلما۔ اُردو جمع: عالم۔ عالموں۔ مؤنث کے لئے عالِمہ۔

عالِمُ الغیب (عا۔لِ۔مُل۔غیب) (ع۔ا۔مذ) غیب کا حال جاننے والا۔ خُدا تعالیٰ۔

عالِم باعمل (ع۔صف) وہ عالم جس نے پڑھ کر اُس پر عمل بھی کیا ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عالَم (لام پر زبر) (ع۔ا۔مذ) (۱) زمانہ۔ دُنیا۔ جہان (۲) دُنیا کے لوگ۔ مخلوق (۳) قسم۔ جنس (۴) حالت۔ صورت۔ درجہ (۵) طریقہ۔ ڈھنگ۔ چال (۶) لطف۔ مزہ (۷) حُسن۔ رونق (۸) مانند۔ جمع: عالمین۔ عوالم۔

عالَم آرا (ع۔ف۔صف) دُنیا کو آراستہ کرنے والا۔ جہاں آرا۔ گیتی آرا۔

عالَمِ آخرت (ع۔ا۔مذ) اگلا جہان۔ آخرت۔ عقبیٰ۔

عالَمِ اَرواح (ع۔ا۔مذ) رُوحوں کا جہان۔ وہ جگہ جہاں رُوحیں رہتی ہیں۔

عالَمِ اَسباب (ع۔ا۔مذ) دُنیا' جہاں ہر کام کا کوئی سبب ہوتا ہے۔

عالَم افروز (ع۔ف۔صف) جہان کو روشن کرنے والا۔

عالَمِ اَمر (ع۔ا۔مذ) عالمِ ملائکہ۔ عالمِ ارواح۔ فرشتوں یا رُوحوں کا جہان۔

عالَمِ بالا (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) آسمان۔ عرش (۲) اُوپر کی دُنیا۔ فرشتوں کا عالَم۔

عالَم بدل جانا (اُر۔محاورہ) اِنقلابِ عظیم ہو جانا۔

عالَمِ برزخ (ع۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں ارواح قیامت تک رہیں گی۔

عالَمِ بیداری (ع۔ف۔ا۔مذ) جاگنے کی حالت۔

عالَم پناہ (ع۔ف۔صف) وہ شخص جو مخلوق کے لئے امن و آشتی کا سبب ہو۔ بادشاہ۔

عالَم پھر جانا (اُر۔محاورہ) زمانہ مخالف ہو جانا۔ قسمت خراب ہو جانا۔

عالَم تاب (ع۔ف۔صف) دُنیا کو روشن کرنے والا۔ سُورج کی صِفت۔

عالَمِ تصوُّر (ع۔ا۔مذ) غور و فکر کی حالت۔ خیال کی دُنیا۔ سکوت اور حیرت کی حالت۔

عالَمِ جاوید (ع۔ف۔ا۔مذ) عالمِ آخرت۔ دُوسری دُنیا جو لازوال ہے۔

عالَمِ جبرُوت (ع۔ا۔مذ) فرشتوں کی دُنیا۔ وہ مقام جو ستاروں سے اُوپر ہے۔

عالَمِ خواب (ع۔ف۔ا۔مذ) خواب کی حالت۔ وہ دُنیا جو سوتے میں نظر آئے۔

عالَم دکھانا (اُر۔محاورہ) بہار دکھانا۔

عالَم دِگرگُوں ہونا (اُر۔محاورہ) عجیب کیفیت ہونا۔

عالَم دیگر ہونا (اُر۔محاورہ) حالت اور ہونا۔

عالَمِ ذوق (ع۔ا۔مذ) خوشی کی حالت۔

عالَمِ رُویا (ع۔ا۔مذ) خواب کی حالت۔

عالَمِ سِفلی (ع۔ا۔مذ) دُنیا۔ زمین۔

عالَمِ شباب (ع۔ا۔مذ) جوانی کا زمانہ۔

عالَمِ شہُود (ع۔ا۔مذ) وہ عالَم جس میں سب کچھ نظر آئے (۲) تصوّف میں وہ حالت جس میں ہر چیز کے اندر خُدا کا جلوہ نظر آئے۔

عالَمِ صُغریٰ (صغیر) (ع۔ا۔مذ) دُنیا (۲) آدمی کا جسم۔

عالَم عالَم (ع۔متعلق فعل) کثرت سے۔

عالَمِ عُلوی (ع۔ا۔مذ) آسمانی دُنیا۔ عالمِ بالا۔

عالَمِ غیب (ع۔ا۔مذ) دُوسرا جہان جو چُھپا ہوا ہے۔

عالَمِ فانی (ع۔ا۔مذ) دُنیا جو فنا ہونے والی ہے۔

عالَمِ قُدس (ع۔ا۔مذ) بہشت۔

عالَمِ کون و فساد (ع۔ا۔مذ) دُنیا۔

عالَم گیر (ع۔ف۔صف) (۱) جہان کو زیر کر لینے والا (۲) دُنیا میں پھیلا ہوا۔ عالَم پر چھایا ہوا۔ تمام دُنیا کا۔

عالَمِ لاہُوت (ع۔ا۔مذ) عالمِ ذاتِ اِلٰہی کا وہ مقام جہاں سالک کو فنا فی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔

عالَمِ مثال (ع۔ا۔مذ) اِس دُنیا سے زیادہ لطیف دُنیا جس میں یہاں کی تمام چیزوں کا نمونہ یا اصل موجود ہے (۲) خیالی دُنیا۔

عالَمِ معنی (ع۔ا۔مذ) وہ دُنیا جو محسوس نہ ہو سکے۔ خُدا کی ذات و صِفات۔

عالَمِ ملکوت (ع۔ا۔مذ) فرشتوں کی دُنیا۔

عالَم میں (اُر۔متعلق فعل) حالت میں۔

عالَمِ ناسُوت (ع۔ا۔مذ) دُنیائے فانی۔

عالَمِ نباتات (ع۔ا۔مذ) نباتات کی دُنیا۔

عالَم نرالا ہونا (اُر۔محاورہ) اَنداز مختلف ہونا۔ طریقے جُدا ہونا۔ بدلی ہوئی حالت ہونا۔

عالَم وجد طاری ہونا (اُر۔محاورہ) بے خودی کی حالت ہونا۔

عالَمِ وجُود (ع۔ا۔مذ) زندگی کا عالَم۔ عالمِ ہستی۔

عالَمِ ہُو (ع۔ف۔ا۔مذ) ہُو کا عالَم۔ خاموشی کی حالت۔ سکوت۔

عالَمِ یاس (ع۔ا۔مذ) مایوسی اور نااُمیدی کی حالت۔

عالمانہ (عا۔لِ۔مانہ) (ف۔متعلق فعل) عالِم کی طرح۔ عِلم و دانش سے مملو۔

عالَمی (عا۔لَ۔می) (ف۔صف) دُنیا کا۔ دُنیاوی۔ دُنیا میں رہنے والا۔

عالَمِیان (عا۔لَ۔می۔یان) (ع۔ا۔مذ) عالمی کی جمع۔ اِنسان۔ لوگ۔

عالَمِین (عا۔لَ۔مین) (ع۔ا۔مذ) عالَم (دُنیا) کی جمع۔

عالی (ع۔صف) (۱) اُونچا۔ بلند (۲) بڑا۔ عظیم (۳) مُقدّس۔ قابلِ تعظیم۔

عالی جاہ (جناب) (ع۔ف۔صف) بڑے رُتبے والا۔ بلند شان والا۔ بلند پایہ۔

عالی خاندان (ع۔ف۔صف) بڑے گھر کا۔ امیر زادہ۔ اچھے خاندان کا۔

عالی دماغ (ع۔صف) بڑے دماغ والا۔ عقل مند۔ دانا۔

عالی رُتبہ (مرتبت) (ع۔صف) بڑے مرتبے والا۔ شان والا۔

عالی شان (ع۔صف) اعلیٰ رُتبے کا۔ بڑی شان والا (۲) عُمدہ۔ شان دار۔

عالی ظرف (ع۔صف) بڑے حوصلے کا۔ بڑے صبر و تحمّل کا۔

عالی وقار (ع۔صف) بڑے جاہ و جلال والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عالی ہمّت (ع۔صف) (۱) بڑی ہمّت والا۔ اولوالعزم۔ صاحبِ حوصلہ (۲) سخی۔ فیاض (۳) دِل والا۔ بہادُر۔
عالی ہمّتی (ع۔ا۔مث) (۱) جُرأت۔ دلیری (۲) بلند حوصلگی۔ سخاوت۔
عالِیَہ (عا۔لِ۔یَہ) (ع۔صف) عالی کی تانیث۔
عام (ع۔صف) (۱) پھیلا ہوا۔ مشہور (۲) معمولی (۳) سب۔ تمام (۴) بازاری (۵) رواجی۔ رسمی (۶) مشترک۔ مشتمل (۷) بہت۔ بسیار۔ کثیر (۸) (ا۔مذ) سال۔ برس۔
عام پسند (ع۔ف۔صف) جسے ہر کوئی پسند کرے۔
عام خاص (ع۔ا۔مذ) تمام لوگ۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔
عام روِش (ع۔ف۔ا۔مث) طریقہ جس پر سب لوگ چلیں۔
عام فہم (ع۔صف) آسان۔ سب کی سمجھ میں آجانے والا۔
عام کردینا (اُر۔محاورہ) مشہور کر دینا۔ مشتہر کر دینا۔
عام لوگ (اُر۔ا۔مذ) معمولی لوگ۔ عوام۔
عام میں (اُر۔متعلق فعل) سب کے سامنے۔ علانیہ۔ کھلّم کھلا۔
عامِر (ع۔صف) (۱) آباد (۲) آباد کرنے والا۔
عامِرَہ (عا۔م۔رَہ) (ع۔صف) بھرا ہوا۔ مالا مال۔
عامِل (ع۔ا۔مذ) (۱) حاکم۔ تحصیل دار۔ گورنر (۲) سیانا۔ بھوت پریت کا عمل جاننے والا۔ منتر پڑھنے والا (۳) عمل کرنے والا۔ جمع: عُمّال۔ عاملین۔
عامِلَہ (ع۔ا۔مث) (۱) عامل کی تانیث (۲) (ا۔مذ) جزو۔ عنصر۔ واقعہ۔ حقیقت۔ جمع: عوامل۔
عامّہ (عام۔مَہ) (ع۔صف) (۱) سب لوگوں سے منسوب۔ مشہور عام (۲) کُل۔ سب۔ جمع: عوام۔
عامّۃُ النّاس (عام۔مَ۔تُن۔ناس) (ع۔ا۔مذ) کُل لوگ۔ عوام۔
عامی (ع۔صف) عام سے منسوب۔ ادنیٰ۔ جاہل۔ بازاری (۲) اندھا۔
عامِیانَہ (عا۔می۔یا۔نہ) (ع۔ف۔متعلق فعل) جاہلوں کا۔ عوام کا۔
عانَہ (ع۔ا۔مذ) ناف کے نیچے کی جگہ جہاں بال ہوتے ہیں۔
عائِب (ع۔صف) عیب دار۔ عیبی۔
عائِد (عا۔اِد) (ع۔صف) پلٹ کر آنے والا۔ واپس آنے والا۔ پکڑنے والا۔
عائد ہونا (اُر۔محاورہ) اُلٹ پڑنا۔ ذمّے پڑنا۔ صادق آنا۔
عائِشَہ (عا۔اِے۔شَہ) (ع۔ا۔مث) عائش کی تانیث۔ خوش حال عورت۔ پیغمبرِ اسلام ﷺ کی زوجۂ محترمہؓ۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی صاحب زادی۔
عائِل (ع۔صف) فقیر۔ درویش۔
عائِلَہ (عا۔اِ۔لَہ) (ع۔ا۔مث) (۱) خاندان (۲) بیوی۔
عائِلی (ع۔صف) خاندان سے متعلق۔ بیاہ شادی سے متعلق (۲) (ا۔مث) فقیری۔ درویشی۔
عائلی قانون (ع۔ف۔ا۔مذ) ازدواجی زندگی کے متعلق قانون۔

ع۔ب

عَبا (عَ۔با) (ع۔ا۔مث) ایک کوٹ یا چغہ جو پاؤں تک لمبا ہوتا ہے۔ جبّہ۔ چغہ۔ اُردو جمع: عباؤں۔ عبائیں۔
عبا پوش (ع۔ف۔صف) عبا پہنے ہوئے۔
عُبّاد (عُب۔باد) (ع۔ا۔مذ) عابد کی جمع۔
عِباد (عِ۔باد) (ع۔ا۔مذ) عبد کی جمع۔
عِبادُاللہ (ع۔ا۔مذ) خُدا کے بندے۔
عِبادات (ع۔ا۔مث) عِبادت کی جمع۔
عِبادَت (عِ۔با۔دَت) (ع۔ا۔مث) (۱) بندگی۔ طاعت (۲) نماز و دُعا۔ جمع: عبادات۔ اُردو جمع: عبادتوں۔ عبادتیں۔
عبادت خانہ (گدہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) دیکھئے عبادت گاہ۔
عبادت کرنا (اُر۔مص مُرکّب) خُدا کی بندگی کرنا۔ پوجا پاٹ کرنا۔ پرستش کرنا۔ نماز پڑھنا۔ اطاعت کرنا۔
عبادت گاہ (ف۔ا۔مث) عبادت کرنے کی جگہ۔ مسجد۔ مندر۔ گرجا۔ معبد۔
عَبادِلَہ (عَ۔با۔دِ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے چار صحابہؓ جن کا نام عبداللہ تھا۔
عِبارَت (عِ۔با۔رَت) (ع۔ا۔مث) تحریر۔ مضمون۔ بیان (۲) مُدّعا۔ مُراد۔ جمع: عبارات۔ اُردو جمع: عبارتوں۔ عبارتیں۔
عبارت آرائی (ع۔ف۔ا۔مث) مضمون کو سنوار کر لکھنا۔ مضمون کی رنگینی۔
عبارتِ ظہری (ع۔ا۔مث) وہ عبارت جو کسی تحریر کی پشت پر لکھی جائے۔ نیز دیکھئے ظہری تحریر۔
عبارت ہونا (اُر۔محاورہ) مطلب ہونا۔ مدّعا ہونا۔ مُراد ہونا۔
عَبّاس (عَب۔باس) (ع۔صف۔وا۔مذ) لغوی معنی تُرش رُو۔ شیر۔ آنحضرت ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب۔
عَبّاسی (عَب۔با۔سی) (ع۔صف) حضرت عباسؓ سے منسوب (۲) (ا۔مذ) ایک پھول اور بوٹا (۳) سنگِ مرمر کی ایک قسم۔
عَبّاسِیَّہ (عَب۔با۔سی۔یَہ) (ع۔صف) (۱) خلافت بنی عباس سے متعلق۔
عَبَث (عَ۔بَث) (ع۔صف) (۱) بے فائدہ۔ فضول۔ بیکار (۲) ناحق۔ بلاوجہ۔
عَبْد (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) بندہ۔ غلام (۲) مُلازم۔ نوکر۔ جمع: عِباد۔ عبید۔
عَبْدُالدُّنیا (عَب۔دُ۔دُن۔یا) (ع۔صف) دُنیا کا بندہ۔ دین کی پروا نہ کرنے والا۔
عَبْدِیَّت (عَب۔دی۔یَت) (ع۔ا۔مث) بندگی۔ اطاعت۔ غلامی۔
عِبْر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) تعبیر گوئی (۲) گھاٹ (۳) گھاٹ کا محصول (۴) کنعان۔ دریائے فرات اور عرب کا درمیانی علاقہ جس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سے عبرانی منسوب ہے۔

عِبْرانی (عِبْری) (عِب۔را۔نی) (عِب۔ری) (ع۔ا۔مث) (۱) اہلِ کنعان کی زبان۔ ایک سامیُ الاصل زبان جو یہودیوں کی قدیم ترین زبان ہے (۲) (صف) اسرائیلی۔ یہودی۔

عِبْرَت (عِب۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) نصیحت پکڑنا (۲) خوف۔ اندیشہ۔

عبرت انگیز (ع۔ف۔صف) ایسی بات جسے دیکھ کر آدمی کو خوف آئے اور وہ اُس سے نصیحت پکڑے۔

عبرت بیں (ع۔ف۔صف) انجام دیکھنے والا۔ جو عبرت پکڑے۔

عبرت پذیر (ع۔ف۔صف) عبرت قبول کرنے والا۔

عبرت پکڑنا (اُر۔محاورہ) نصیحت پکڑنا۔ متنبہ ہونا۔ نصیحت حاصل کرنا۔

عبرت دِلانا (اُر۔محاورہ) نصیحت کرنا۔ خوف دِلانا۔ کسی گناہ کی پاداش سے ڈرانا۔

عبرت ناک (ع۔ف۔صف) خوف دلانے والا۔

عبرت ہونا (اُر۔محاورہ) کسی بات کی نصیحت کا موجب ہونا۔ نصیحت حاصل ہونا۔

عَبَس (عَ۔بَس) (ع۔ا۔مث) (۱) تُرش رُوئی۔ چڑچڑاپن (۲) قرآن شریف کی ایک سُورۃ۔

عَبْقَری (عَب۔قَ۔ری) (ع۔صف) ذہین۔ فطین۔ جینیس (۲) سردار۔ اعلیٰ۔ نہایت اچھا۔

عُبُودِیَّت (عُ۔بُو۔دِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) بندگی۔ غلامی (۲) اطاعت۔ عبادت۔

عُبُور (عُ۔بُور) (ع۔ا۔مذ) (۱) دریا پار کرنا۔ پانی میں سے گزرنا (۲) کتب یا مسائل وغیرہ پر حاوی ہونا۔ کسی کام میں خوب مہارت ہونا۔

عبورِ دریائے شور کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) سمندر پار اُتارنا (۲) کسی جرم کی پاداش میں جزیرہ انڈیمان (کالا پانی) بھیجنا (۳) عمر قید کی سزا۔

عبور ہونا (اُر۔محاورہ) پُورے طور پر واقفیت ہونا۔ حاوی ہونا۔

عُبُوری (عُ۔بُو۔ری) (ع۔صف) عارضی۔ وقتی۔ ہنگامی۔

عَبْہَر (عَب۔ہَر) (ع۔ا۔مذ) نرگس کی ایک قسم جو اندر سے زرد ہوتی ہے (۲) (صف) سڈول۔ لمبے قد کا۔

عَبِید (عَ۔بید) (ع۔ا۔مذ) عبد کی جمع۔ بہت سے غلام۔

عُبَید (عُبَیدَہ) (عُ۔بَید) (عُ۔بَے۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) عبد کی تصغیر۔ چھوٹا غلام۔

عَبِیر (عَ۔بِیر) (ع۔ا۔مذ) ایک خوشبودار سفوف جو مشک، گلاب اور صندل وغیرہ سے تیار کر کے کپڑوں پر چھڑکا جاتا ہے۔

ع۔ت

عِتاب (عِ۔تاب) (ع۔ا۔مذ) (۱) ملامت (۲) غصہ (۳) غضب۔ قہر۔ ناراضی۔ جمع: معاتب۔

عتاب اُتارنا (اُر۔محاورہ) غصہ یا خفگی دُور کرنا۔

عتاب اُترنا (اُر۔محاورہ) غصہ دُور ہونا۔

عتابِ الٰہی (ع۔ا۔مذ) خدا کا قہر۔ آفتِ سماوی۔ خدا کی مار۔

عتاب میں آنا (اُر۔محاورہ) کسی کی خفگی یا غصے کا نشانہ بننا۔

عتاب نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) غصے کا خط۔ وہ خط جس میں خفگی یا سزا تحریر ہو۔

عتاب و خطاب (ع۔ا۔مذ) غضب و غصہ۔ ڈانٹ ڈپٹ۔

عَتَبات (عَ۔تَ۔بات) (ع۔ا۔مذ) عتبہ کی جمع۔

عَتَبَہ (عَ۔تَ۔بَہ) (ع۔ا۔مذ) آستانہ۔ درگاہ۔ روضہ۔

عتبۂ عالیہ (ع۔ا۔مذ) اُونچی دہلیز۔ بزرگ کی مقدس درگاہ۔

عِتْرَت (عِت۔رَت) (ع۔ا۔مث) قریبی رشتے دار۔ بیٹے بیٹیاں۔

عترتِ اطہار (ع۔ا۔مث) پاک اولاد۔ (کنایۃً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد۔

عَتِیق (عَ۔تِیق) (ع۔صف) (۱) پُرانا (۲) آزاد (۳) برگزیدہ۔ چُنا ہوا۔

عَتِیقَہ (عَ۔تِی۔قَہ) (ع۔صف) عتیق کی تانیث۔

عَتِیقِیات (عَتِیق۔یات) (ع۔ا۔مث) علم سلف۔ پُرانی چیزوں کا علم۔ (Antiquarianism)۔

ع۔ث

عَثْرَت (عَث۔رَت) (ع۔ا۔مث) ٹھوکر۔ لغزش۔

عُثمان (ع۔ا۔مذ) لغوی معنی اژدہے کا بچہ۔ تیسرے خلیفہ راشد اور رسولِ خدا ﷺ کے داماد۔ (اژدہا عرب معاشرے میں شجاعت کی علامت ہے)۔

عُثمانی (ع۔صف) عثمان کی اولاد جو ترکوں کا مورثِ اعلیٰ تھا (۲) عثمان سے منسوب (۳) تُرک۔

ع۔ج

عُجاب (عُ۔جاب) (ع۔ا۔مذ) تعجب۔

عَجاج (عَ۔جاج) (ع۔ا۔مذ) گرد و غبار۔

عَجالَت (عَ۔جا۔لَت) (ع۔ا۔مث) جلدی۔ تیزی۔ پھرتی۔ عجلت۔

عَجائِب (عَ۔جا۔اِب) (ع۔ا۔مذ) عجیب کی جمع۔ (اُردو میں بطور واحد بھی بولا جاتا ہے)۔

عجائبُ المخلوقات (ع۔ا۔مث) پیدائشی عجیب و غریب چیزیں۔

عجائب خانہ (گھر) (ع۔ف۔اُر۔ا۔مذ) وہ عمارت جہاں قدیم اور نادر چیزیں عوام کے دیکھنے کے لئے رکھی جائیں۔ میوزیم۔

عجائب و غرائب (ع۔ا۔مذ) انوکھی اور عجیب چیزیں۔

عجائبات (عَ۔جا۔اِ۔بات) (ع۔ا۔مذ) عجائب کی جمع۔ انوکھی اور حیرت انگیز چیزیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عَجائِز (عَ۔جا۔اِز)(ع۔ا۔مث) عُجوزہ کی جمع۔ بوڑھی عورتیں۔
عَجَب (عَ۔جَب)(ع۔ا۔مذ)(۱) تعجب۔ حیرت (۲)(صف) انوکھا۔ نادر۔ تعجب انگیز (۳) نیا۔ عُمدہ۔ طُرفہ۔
عجب حال ہونا (اُر۔ محاورہ) بُرا حال ہونا۔ ابتر حال ہونا۔
عجب ذاتِ شریف ہیں (اُر۔ محاورہ) بہت شریر ہیں۔ بڑے بدذات ہیں۔
عجب عالم ہے (اُر۔ محاورہ) عجیب حالت ہے۔ طرفہ تماشا ہے۔
عجب کیا ہے (اُر۔ محاورہ) کچھ تعجب نہیں۔ بہت ممکن ہے کہ۔
عجب نہیں (اُر۔ روزمرہ) کچھ حیرت کی بات نہیں۔
عجب وقت تھا (اُر۔ محاورہ) پُرلطف زمانہ تھا۔ حیرت انگیز وقت تھا۔
عُجب (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ خود بینی۔
عِجز (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کمزوری۔ ناتوانی (۲) ہار۔ شکست (۳) مسکینی۔ غریبی۔ انکسار (۴) منّت سماجت۔ خوشامد۔
عُجلت (عُج۔لت)(ع۔ا۔مث) جلدی۔ شتابی۔ پُھرتی۔ (اُردو میں بضمِ اوّل غلط العام ہے)۔
عَجَم (عَ۔جَم)(ع۔ا۔مذ)(۱) گونگا (۲) عرب کے سوا کوئی مُلک۔
عَجَمی (عَ۔جَ۔می)(ع۔صف) عجم کا رہنے والا۔ ایرانی، تورانی وغیرہ۔
عُجُوبَہ (عُ۔جو۔بَہ)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے اُعجوبہ۔
عَجُوز (عَجُوزَہ) (عَ۔جوز)(عَ۔جُو۔زَہ)(ع۔ا۔مث) بُڑھیا۔ جمع: عجائز۔
عَجِیب (عَ۔جیب)(ع۔صف) انوکھا۔ نرالا۔ حیرت انگیز۔ جمع: عجائب۔
عَجِیبُ الخِلقت (عَ۔جی۔بُل۔خِل۔قت)(ع۔صف) پیدائشی حیرت انگیز۔ انوکھی شکل کا۔
عجیب حال ہونا (اُر۔ محاورہ) بُرا حال ہونا۔ عجب حال ہونا۔
عجیب و غریب (ع۔صف) طرفہ۔ نرالا۔ انوکھا۔ حیرت انگیز۔
عَجِیبَہ (عَ۔جی۔بَہ)(ع۔صف) عجیب کی تانیث۔

ع۔د

عَدالت (عَ۔دا۔لت)(ع۔ا۔مث)(۱) برابری (۲) انصاف۔ نیائے۔ عدل (۳) کچہری۔ دربار۔ اجلاس (۴) انصاف کرنے والا۔ جج۔ مجسٹریٹ۔ اُردو جمع: عدالتوں۔ عدالتیں۔
عدالت اپیل (اُر۔ا۔مث) بڑے حاکم کی کچہری جہاں اپیل کی جائے۔
عدالت چڑھنا (اُر۔ محاورہ) دعویٰ کرنا۔ عدالت تک جانے کی نوبت آنا۔
عدالتِ خفیفہ (ع۔ا۔مث) وہ عدالت جس میں قرضے کے چھوٹے چھوٹے مُقدمات کا فیصلہ کیا جائے۔ چھوٹی کچہری۔
عدالتِ دیوانی (ع۔ا۔مث) وہ عدالت جس میں صرف لین دین یا جائیداد کے متعلق مُقدمات کا فیصلہ ہوتا ہو۔
عدالتِ سیشن (اُر۔ا۔مث) فوج داری کی کچہری جس میں سنگین مُقدمات کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔
عدالتِ عالیہ (ع۔ا۔مث) بڑی عدالت۔ ہائی کورٹ۔
عدالتِ عُظمیٰ (ع۔ا۔مث) سب سے بڑی عدالت۔ سپریم کورٹ۔
عدالتِ فوج داری (ع۔ا۔مث) فوج داری مُقدمات کی عدالت۔
عدالت کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) انصاف کرنا (۲) کچہری کرنا۔ اجلاس کرنا۔
عدالتِ ماتحت (ع۔ا۔مث)(۱) چھوٹی کچہری جس کی اپیل سشن جج یا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سُنتا ہے۔
عدالتِ مال (ع۔ا۔مث) مال افسر یا کلکٹر کی عدالت جو لگان، مالیہ اور زرعی اراضی کے متعلق فیصلہ کرتی ہے۔
عدالتِ مجاز (ع۔ا۔مث) بااختیار عدالت جسے پورا پورا اختیار حاصل ہو۔
عدالتِ مُرافعۂ اُولیٰ (ع۔ا۔مث) وہ عدالت جس میں مُقدمے کی پہلی سماعت ہو۔
عدالتِ مُرافعۂ ثانی (ع۔ا۔مث) وہ عدالت جس میں عدالتِ مرافعۂ اولیٰ کے فیصلے کے خلاف اپیل کی جاتی ہے۔
عَدالتی (عَ۔دا۔ل۔تی)(ع۔صف) عدالت کے متعلق۔ عدالت کا۔
عدالتی پیادہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ قاصد جو عدالت کے کاغذات لے کر جاتا ہے۔
عَداوت (عَ۔دا۔وَت)(ع۔ا۔مث) بُغض۔ دُشمنی۔ کینہ۔ مخالفت۔ خصومت۔ اُردو جمع: عداوتوں۔ عداوتیں۔
عداوت رکھنا (اُر۔ محاورہ) کینہ رکھنا۔ دُشمنی رکھنا۔
عداوت نکالنا (اُر۔ محاورہ) بدلہ لینا۔
عَداوتی (عَ۔دا۔وَ۔تی)(اُر۔صف) عداوت رکھنے والا۔ دُشمن۔ مخالف (۲) عداوت سے متعلق۔
عِدّت (عِد۔دَت)(ع۔ا۔مث)(۱) تعداد۔ شمار (۲) وہ مُدّتِ شرعی جس میں عورت دُوسرا نکاح نہ کر سکے۔ مطلقہ کے لئے تین مہینے، بیوہ کے لئے چار ماہ دس دن اور حاملہ کے لئے وضعِ حمل تک۔
عدّت میں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) عورت کا طلاق اور دُوسرے نکاح کے درمیان کی شرعی مُدّت گزارنا۔
عَدَد (عَ۔دَد)(ع۔ا۔مذ)(۱) نمبر۔ گنتی۔ تعداد (۲) ہندسہ۔ رقم۔ جمع: اَعداد۔
عددِ صحیح (ع۔ا۔مذ) پُورا عدد۔ وہ عدد جس میں کسر نہ ہو۔
عَدَدی (عَ۔دَ۔دی)(ع۔صف) عدد سے منسوب۔ عدد سے متعلق۔
عددی قیمت (ع۔ا۔مث) وہ قیمت جو عدد کے اعتبار سے لگائی جائے۔
عَدَس (عَ۔دَس)(ع۔ا۔مث) مسُور۔ ایک غلّہ جس کی دال بھی بناتے ہیں۔
عَدَسَہ (عَ۔دَ۔سَہ)(ع۔ا۔مذ) فوٹوگرافی کے کیمرے کا وہ چھوٹا سا آئینہ جس میں عکس آتا ہے۔ مُحدّب شیشہ۔ لینز۔ اُردو جمع: عدسوں۔ عدسے۔
عَدل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) برابری۔ مساوات (۲) نظیر۔ مانند (۳) انصاف۔ داد۔ نیائے۔ جمع: اَعدال۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عدل پرور (ع۔ف۔صف) اِنصاف کرنے والا۔ مُنصِف۔ عادل۔

عدل پروری (ع۔ف۔ا۔مث) اِنصاف کی پرورش۔

عدل کرنا (اُر۔مص مُرکّب) اِنصاف کرنا۔ ایمان داری اور دیانت سے فیصلہ کرنا۔

عدل گستر (ع۔ف۔صف) اِنصاف کرنے والا۔ عادِل۔ مُنصف۔

عدل گستری (ع۔ف۔ا۔مث) اِنصاف۔

عدلیہ (عد۔لِ۔یہ) (ع۔ا۔مث) عدل و انصاف کا شُعبہ۔ عدالتی نظام۔ جوڈی شیری۔(Judiciary)۔

عَدَم (عَ۔دَم) (ع۔ا۔مذ) (۱) نیستی۔ نہ ہونا۔ ناپیدی (۲) غیر حاضری (۳) نُقصان۔ مُرکّبات میں نفی کے معنی میں آتا ہے جیسے عدم حاضری۔

عدم آباد (ع۔ا۔مذ) وہ عالم جہاں آدمی مرنے کے بعد جاتا ہے۔ اَبدی عالم۔

عدم اِختیاراتِ سماعت (ع۔ا۔مذ) مُقدمہ سُننے کا اِختیار نہ ہونا۔

عدم ادائیگی (ادائی) (ع۔ف۔ا۔مث) رقم ادا نہ کرنا۔

عدم اِستطاعت (ع۔ا۔مث) طاقت نہ ہونا (۲) غُربت۔

عدم اِعتماد (ع۔ا۔مذ) بھروسا باقی نہ رہنا۔ اِعتماد نہ ہونا۔

عدم پیروی (ع۔ف۔ا۔مث) مُقدمہ کی پیروی نہ کرنا۔

عدم تصفیہ (ع۔ا۔مذ) فیصلہ نہ ہونا۔

عدم تکمیل (ع۔ا۔مث) نامکمل ہونا۔

عدم تعمیل (ع۔ا۔مث) تعمیل نہ کرنا یا نہ ہونا۔

عدم توجُّہ (ع۔ا۔مذ) بے توجہی۔ بے پروائی۔ بے اِحتیاطی۔ بے مُروّتی۔

عدم ثبوت (ع۔ا۔مذ) کسی اَمر کی دلیل' تصدیق یا شہادت کا نہ ہونا۔

عدم فُرصت (ع۔ا۔مث) مُہلت نہ ہونا۔ وقت نہ ہونا۔

عدم مداخلت (ع۔ا۔مث) (۱) کسی مُلک کے اَندرونی مُعاملات میں دخل نہ دینا (۲) کسی کام میں دخل نہ دینا۔

عدم مطابقت (ع۔ا۔مث) کسی اَمر کا دُوسرے کے مُطابق نہ ہونا۔

عدم موجودگی (ع۔ا۔مث) غیر حاضری۔ موجود نہ ہونا۔

عدم موجودگی بر جائے واردات (ع۔ف۔اُر۔ا۔مث) دیکھیے عذر عدم موجودگی بر موقعِ واردات۔

عدم وُجود برابر ہے (اُر۔محاورہ) ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ نکمّا ہے۔ بیکار ہے۔

عَدَن (عَ۔دَن) (ع۔ا۔مذ) باغِ بہشت جس میں آدم کو رکھا گیا تھا (۲) عرب کے جنوب مغربی کونے میں ایک چھوٹا سا جزیرہ نما۔

عَدنان (ع۔ا۔مذ) حضرت اِسماعیل علیہ السّلام کی اولاد سے ایک شخص جس تک پیغمبرِ خدا صلّی اللہ علیہ وسلّم کا نسب نامہ مسلسل چلتا ہے۔

عَدَنی (عَ۔دَ۔نی) (ع۔صف) عَدَن کا رہنے والا۔ عَدَن سے منسوب۔

عَدُو (عَ۔دُو) (ع۔ا۔مذ) (۱) دُشمن۔ بدخواہ۔ مخالف (۲) رقیب۔ جمع: اَعداء۔

عدُو شرّے برانگیزد کہ خیرِ ما دراں باشد (ف۔مثل) دُشمن ایسی شرارت کرتا ہے کہ اُس میں ہماری بہتری ہوتی ہے۔

عدو شود سببِ خیر گر خُدا خواہد (ف۔مثل) اگر خدا چاہے تو دُشمن سے بھی فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

عُدُول (عُ۔دُول) (ع۔ا۔مذ) مُنہ پھیر لینا۔ اِنکار۔ رُوگردانی (۲) عادِل کی جمع۔

عُدول حُکم (ع۔صف) نافرمان۔ سرکش۔ باغی۔

عدول حُکمی (ع۔ا۔مث) نافرمانی۔ سرکشی۔ بغاوت۔

عَدِیل (عَ۔دِیل) (ع۔صف) (۱) برابر۔ یکساں۔ مانند۔ رُتبہ اور قد میں مساوی (۲) عادِل۔ منصف۔ جمع: عُدَلا۔

عدِیل نہ ہونا (اُر۔مص مُرکّب) برابر نہ ہونا۔ نظیر نہ ہونا۔

عَدِیم (عَ۔دِیم) (ع۔صف) نیست۔ نابُود۔ ناپید۔ گُم۔ نایاب۔ معدوم۔

عدیمُ الفُرصت (ع۔صف) جسے بالکل فُرصت نہ ہو۔

عدیمُ المِثال (ع۔صف) بے نظیر۔ بے مثل۔ جس کے برابر کوئی نہ ہو۔

عدیمُ الوجود (ع۔صف) نایاب۔ کم یاب۔

ع۔ذ

عَذاب (عَ۔ذاب) (ع۔ا۔مذ) (۱) تنگی۔ تکلیف۔ دُکھ۔ مُصیبت۔ اذیّت (۲) گُناہ کی سزا (۳) دِقّت۔ جھگڑا۔ بکھیڑا (۴) روگ۔ عِلّت (۵) گُناہ۔ پاپ۔ جمع: اَعذِبہ۔ اُردو جمع: عذاب۔ عذابوں۔

عذاب اُٹھانا (اُر۔محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔

عذابُ الحَرِیق (عَ۔ذا۔بُل۔حَ۔رِیق) (ع۔ا۔مذ) دوزخ کی آگ کا عذاب۔

عذابِ اِلٰہی (ع۔ا۔مذ) وہ مُصیبت جو خُدا کی طرف سے اعمال کی پاداش میں آئے۔

عذابِ اَلیم (ع۔ا۔مذ) سخت عذاب۔ بہت دُکھ دینے والا عذاب۔

عذاب ثواب (ع۔ا۔مذ) گُناہ ثواب۔ نیکی بدی۔ بُرائی بھلائی۔

عذابِ جان (ع۔ف۔ا۔مذ) جی کا وبال۔ مُصیبت۔

عذاب جھیلنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت اُٹھانا۔ دُکھ اُٹھانا۔

عذابِ دوزخ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تکلیف جو بداعمالیوں کی وجہ سے دوزخ میں ملے گی۔

عذاب سہنا (اُر۔محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ دُکھ برداشت کرنا۔

عذاب سے چھوٹنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت سے بچنا۔ تکلیف جاتی رہنا۔

عذابِ قبر (ع۔ا۔مذ) وہ سزا جو مُردے کو قبر میں گُناہوں کی پاداش میں ملتی ہے۔

عذاب کٹنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت دُور ہونا۔

عذاب کھینچنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت برداشت کرنا۔

عذاب مول لینا (اُر۔محاورہ) کسی مُصیبت میں خود مُبتلا ہونا۔ خواہ مخواہ تکلیف میں پڑنا۔

عذاب میں پڑنا (پھنسنا) (اُر۔محاورہ) تکلیف میں مُبتلا ہونا۔ مُصیبت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میں پڑنا۔

عذاب میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑے میں پھنسانا۔ مُصیبت میں مبتلا کرنا۔

عذاب میں ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت تکلیف میں ہونا۔

عذاب نازل ہونا (اُر۔ محاورہ) آفت آنا۔ مُصیبت پڑنا۔

عِذار (عِ۔ذار)(ع۔ا۔مذ) عارض۔ رُخسار۔ گال۔ چہرہ۔ رُخ۔ جمع: عُذُر۔

عَذْب (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔صف) شیریں۔ خوش گوار۔

عذبُ البیان (ع۔صف) شیریں کلام۔

عُذْر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بہانہ۔ حیلہ (۲) معذرت (۳) سبب۔ حجت (۴) اعتراض۔ گرفت۔ پکڑ (۵) معافی۔ طلبِ عفو (۶) انکار۔

عذر آور (ع۔ف۔صف) عذر کرنے والا۔

عذرِ امتناعِ نالش (ع۔ف۔ا۔مذ) دعوے کی روک کا عذر۔

عذر باقی نہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) کسی اعتراض کی گنجائش نہ چھوڑنا۔

عذرِ بے جا (ع۔ف۔ا۔مذ) ناجائز عذر۔ لغو یا بیہودہ معذرت جو قابلِ سماعت نہ ہو۔

عذر پذیر (ع۔صف)(۱) عذر قبول کرنے والا (۲) معافی کے قابل (۳) قابلِ تسلیم۔

عذر پیش کرنا (اُر۔ محاورہ) اعتراض پیش کرنا۔ کوئی دلیل لانا۔ بحث کرنا۔

عذر تراشنا (اُر۔ محاورہ) ایسا عذر پیش کرنا جو حقیقی نہ ہو۔

عذرِ تقصیرات کرنا (اُر۔ محاورہ) گناہوں کی معافی چاہنا۔

عذرِ تمادیِ ایّام (ع۔ا۔مذ) میعاد گزرنے کا عذر۔

عذر چلنا (اُر۔ محاورہ) عذر کا تسلیم کیا جانا۔ عذر قبول ہونا۔

عذر خواہ (ساز۔ سنج)(ع۔ف۔صف) عذر کرنے والا۔

عذر خواہی (ع۔ف۔ا۔مث) معذرت۔ عذر کرنا۔

عذر دار (ع۔ف۔صف) معترض۔ دعوے دار۔

عذر داری (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) اعتراض (۲) دعویٰ۔ حجت۔ دلیل۔

عذر درمیان لانا (اُر۔ محاورہ) عذر پیش کرنا۔

عذر عدم موجودگی بر موقعِ واردات (اُر۔ا۔مذ) جائے واردات پر موجود نہ ہونے کا عذر۔ (قانون) اگر کوئی مُلزم یہ ثابت کر دے کہ وہ جائے واردات پر موجود نہ تھا بلکہ کسی دُوسری جگہ تھا تو پولیس یا عدالت اُسے مُجرم نہیں ٹھہراتی۔ (Alibi)۔

عذر کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) معذرت کرنا۔ معافی مانگنا (۲) اعتراض کرنا (۳) دعویٰ کرنا۔

عذرِ گناہ بدتر از گناہ (ف۔ مثل) غلط اور بیہودہ عذر کے متعلق کہتے ہیں۔

عذر لانا (اُر۔ محاورہ) عذر پیش کرنا۔

عذرِ لنگ (ع۔ف۔ا۔مذ) لنگڑا عذر۔ غلط اور لغو عذر۔

عذرِ معذرت (ع۔ا۔مذ) منت سماجت۔

عذرِ معقول (ع۔ا۔مذ) صحیح اور بجا عذر۔

عذر نہ سُننا (اُر۔ محاورہ) کوئی بہانہ نہ ماننا۔

عذر نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) انکار نہ ہونا۔ حجت نہ ہونا۔

عذر نیوش (نِ۔یُوش)(ع۔ف۔صف) عذر سُننے والا۔

عذرِ وراثت (ع۔ا۔مث) میراث یا ورثے کا دعویٰ۔

عذر ہونا (اُر۔ محاورہ) اعتراض ہونا۔

عَذْرا (عَذ۔را)(ع۔ا۔مث)(۱) بن چھدا موتی۔ دُرِ ناسُفتہ (۲) کنواری۔ دوشیزہ۔ حضرت مریمؑ کا لقب۔

عُذُوبَت (عُ۔ذُو۔بَت)(ع۔ا۔مث) شیرینی۔ مٹھاس۔ لذّت۔

ع۔ر

عَرابہ (عَرادہ) (عَ۔را۔بَہ)(عَ۔را۔دَہ)(ع۔ا۔مذ) لمبا چھکڑا۔ گاڑی۔

عَرابچی (عَ۔راب۔چی)(ع۔ف۔ا۔مذ) گاڑی چلانے والا۔

عِراق (عِ۔راق)(ع۔ا۔مذ)(۱) کنارہ۔ لبِ دریا (۲) وہ مُلک جو دریائے جیحون، دجلہ اور فرات کے کنارے واقع ہے (۳) موسیقی کا ایک راگ جسے چاشت کے وقت گاتے ہیں۔

عِراقی (عِ۔را۔قی)(ع۔صف)(۱) عراق کا گھوڑا۔ تازی۔ عربی گھوڑا (۲) مُلکِ عراق سے منسوب۔ عراق کا باشندہ۔

عراقی پر بس نہ چلا گدھے کے کان اینٹھے (اُر۔ مثل) زبردست پر بس نہ چلا تو غریب کو مارنے لگے۔

عَرائس (عَ۔را۔اِس)(ع۔ا۔مث) عرُوس کی جمع۔

عَرائض (عَ۔را۔اِض)(ع۔ا۔مذ) عریضہ کی جمع۔

عَرَب (عَ۔رَب)(ع۔ا۔مذ)(۱) عرب کا باشندہ (۲) ایشیا کے جنوب میں ایک علاقہ جس کی زبان عربی ہے (۳)(صف) خوش بیان۔ فصیح۔ جمع: عروب۔ عربان۔ اُردو جمع: عرب۔ عربوں۔

عَرْبَدہ (عَر۔بَ۔دَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) بدخوئی (۲) لڑائی۔ جھگڑا۔ فتنہ۔

عربدہ جُو (پرداز۔ ساز) (ع۔ف۔صف) لڑاکا۔ جنگ جُو۔ فسادی۔

عَرَبی (عَ۔رَ۔بی)(ع۔صف)(۱) عرب سے منسوب۔ عرب کا (۲)(ا۔مث) عربی زبان۔

عَرَبِیَّت (عَ۔رَ۔بی۔یَت)(ع۔ا۔مث) عربی انداز و خصوصیت۔

عَرَبِیَّہ (عَ۔رَ۔بی۔یَہ)(ع۔صف) عربی کی تانیث۔

عُرْزہ (عُر۔زہ)(ق۔ا۔مث) طاقت۔

عُرُس (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) شادی کی دعوت۔ طعامِ ولیمہ۔ کسی بُزرگ کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو تاریخِ وفات پر ہو۔

عَرْش (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) چھت۔ سقف (۲) تخت (۳) نویں آسمان کے اُوپر کا مقام جہاں اللہ تعالیٰ کا تخت ہے۔

عرش (آشیاں) آشیانی (ع۔ف۔صف) وہ شخص جس کا گھر عرش پر ہو۔ مرحوم و مغفور۔ جنت مکانی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عرشِ اعظم (ع۔ا۔مذ) سب سے بڑا تخت۔ خُدا کا تخت۔ مقامِ خُداوندی۔

عرشِ اکبر (ع۔ا۔مذ) اِنسان کا دِل۔ قلب۔

عرشِ بریں (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ آسمان جہاں خدا کا تخت ہے۔ فلکُ الافلاک۔

عرش پایہ (ع۔ف۔صف) عالی مرتبہ۔

عرش پر پہنچنا (اُر۔محاورہ) بہت بلند مرتبہ ہونا۔

عرش پر جُھولنا (اُر۔محاورہ) بلندی پر ہونا۔ بڑے رُتبے پر ہونا۔

عرش پر جھنڈا (گاڑنا) گڑنا (اُر۔محاورہ) بہت رُعب ہونا۔

عرش پر چڑھانا (اُر۔محاورہ) بڑی قدر کرنا۔ بڑی تعریف کرنا۔ مغرور بنا دینا۔

عرش پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) بہت مغرور ہو جانا۔

عرش پر دماغ (ہونا) پہنچنا (اُر۔محاورہ) (۱) نہایت مغرور ہونا (۲) فخر کرنا۔

عرش پناہ (ع۔ف۔صف) بڑے رُتبے والا۔

عرش سے اُتری کھجور میں اٹکی (اُر۔مثل) ایک مصیبت سے بچے ہی تھے کہ دُوسری آ پڑی۔ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔

عرش سے فرش تک (اُر۔متعلق فعل) آسمان سے زمین تک۔ اُوپر سے نیچے تک۔

عرش کا تارا (اُر۔ا۔مذ) (۱) سب سے اُونچے آسمان کا ستارہ (۲) بہت بڑے درجے والا۔

عرش کے تارے توڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) بڑا کام کرنا۔ انوکھا اور عجیب کام کرنا۔ نئے خیالات ظاہر کرنا (۲) گناہِ عظیم کرنا (۳) کمال چالاکی کرنا۔

عرشِ مُعلّٰی (ع۔ا۔مذ) دیکھئے عرشِ بریں۔

عرش ہلانا (اُر۔محاورہ) مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔

عرش ہل جانا (اُر۔محاورہ) مظلوم کی فریاد سُن کر خُدا کو رحم آ جانا۔

عَرشَہ (عَر۔شہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) بحری جہاز کی چھت (۲) بحری جہاز کا تختہ۔ اُردو جمع: عرشوں۔ عرشے۔

عَرشی (عَر۔شی) (ف۔ا۔مذ) خُدا کی بارگاہ میں حاضر رہنے والے فرشتے۔ مقرب فرشتے (۲) (صف) عرش سے منسوب۔

عَرصہ (عَر۔صہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) آنگن۔ انگنائی (۲) میدان (۳) شطرنج کی بساط (۴) فاصلہ۔ دُوری (۵) دیر۔ تاخیر۔ توقف (۶) زمانہ۔ اثنا۔

عرصہ تنگ کرنا (اُر۔محاورہ) عاجز کرنا۔ بے بس کرنا۔

عرصہ تنگ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) وقت کم ہونا (۲) عاجز ہونا۔

عرصہ حشر (قیامت۔ محشر) (ع۔ا۔مذ) قیامت کا میدان۔

عرصہ حیات تنگ ہونا (اُر۔محاورہ) سخت مصیبت ہونا (۲) زندگی کے دن تھوڑے رہ جانا۔

عرصہ دراز (ع۔ف۔ا۔مذ) بہت مدّت۔ بہت دن۔

عرصہ زیست (ف۔ا۔مذ) زندگی۔ عُمر۔

عرصہ کھینچنا (اُر۔محاورہ) دیر لگانا۔

عرصہ لگانا (اُر۔محاورہ) دیر لگانا۔ تاخیر کرنا۔

عرصہ گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) میدان۔

عرصہ ہو جانا (اُر۔محاورہ) مدّت گزر جانا۔ دیر ہو جانا۔

عرصے (اُر۔ا۔مذ) عرصہ کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

عَرَض (عَ۔رَض) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ چیز جو دُوسری چیز کی وجہ سے قائم ہو۔ (قائم بالغیر) برعکس جوہر کے جو بذاتِ خود قائم ہے مثلاً رنگ اور کپڑا۔ اس میں رنگ عرض ہے اور کپڑا جوہر (۲) وہ بیماری جو کسی دُوسرے مرض کے سبب سے ہو جیسے دردِ سر جو بخار کی وجہ سے ہو۔

عَرض (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) (۱) بیان۔ گزارش۔ اظہار۔ اِلتماس (۲) (ا۔مذ) چوڑائی۔ چوڑان۔ پاٹ۔

عرض اِرسال (ع۔ا۔مذ) وہ کاغذ جس کے ذریعے سے مال گزاری کسی کارندے یا پیادے کے ہاتھ تحصیل دار کے پاس بھیجی جاتی ہے۔ رپورٹ۔ نقشہ۔ بیجک۔

عرضِ بَلَد (عرضُ البلد) (ع۔ا۔مذ) وہ فرضی خطوط جو خطِ استوا کے متوازی کھینچے جاتے ہیں۔ طولُ البلد کی نقیض۔

عرض بیگی (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ عُہدے دار جس کے ذریعے سے بادشاہ کے حضور میں گزارشات پیش کی جاتی تھیں۔

عرض پرداز (ع۔ف۔صف) گزارش کرنے والا۔ عرض رسا۔ مُلتمس۔

عرض پیرا ہونا (اُر۔محاورہ) گزارش کرنا۔

عرضِ حال (ع۔ا۔مث) صورتِ حال کا اِظہار۔ واقعے کا بیان۔

عرض دار (ع۔ف۔صف) جس کا عرض (چوڑائی) ہو۔

عرض داشت (ع۔ف۔ا۔مث) عرضی۔ درخواست۔ گزارش۔

عرض رسا (ع۔ف۔صف) عرض کرنے والا۔ عرض پرداز۔

عرض رسا ہونا (اُر۔محاورہ) گزارش کرنا۔

عرض قبول ہونا (اُر۔محاورہ) درخواست منظور ہونا۔ اِلتجا ماننا۔

عرض کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) اِلتماس کرنا۔ اِلتجا کرنا (۲) اِطلاع دینا۔ رپورٹ کرنا۔

عرض کُنندہ (ع۔ف۔صف) عرض کرنے والا۔ درخواست گزار۔

عرض مطلب (ع۔ا۔مذ) مطلب بیان کرنا۔

عرض معروض (ع۔ا۔مذ) درخواست۔ اِلتماس۔ گزارش۔ کہنا سُننا۔

عَرضاً (عَر۔ضن) (ع۔متعلق فعل) چوڑائی میں۔ طولاً کا نقیض (۲) اتفاقاً۔

عَرضی (عَر۔ضی) (ع۔ف۔ا۔مث) تحریری درخواست۔ عریضہ۔ اُردو جمع: عرضیاں۔ عرضیوں۔

عرضی ٹھوکنا (اُر۔محاورہ) نالش کرنا۔ دعوٰی کرنا۔ مقدمہ دائر کرنا۔

عرضی دعوٰی (ع۔ا۔مذ) وہ کاغذ جس میں مُدّعی حالاتِ مُقدمہ لکھ کر عدالت ابتدائی میں گزارے یا وہ درخواست جو ابتداً میں پیش کر کے مُقدمہ چلایا جائے۔

عرضی نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) قانونی اجازت سے عدالتی عرضیاں اور تمسک وغیرہ لکھنے والا۔

عُرف (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) پہچان۔ وہ نام جس سے اِنسان عام طور پر پہچانا جا سکے۔ عام نام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عُرَفا (عُ۔رَ۔فا)(ع۔ا۔مذ) عارف کی جمع۔
عَرَفات (عَ۔رَ۔فات)(ع۔ا۔مذ) مکّے سے بارہ میل کے فاصلے پر ایک پہاڑی اور میدان جہاں حاجی حج کے دن کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں۔
عِرفان (عِر۔فان)(ع۔ا۔مذ)(۱) شناخت۔ پہچان (۲) حق تعالیٰ کی معرفت۔ خُدا شناسی۔
عَرَفہ (عَر۔فہ)(عَ۔رَ۔فہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ذی الحج کی نویں تاریخ جس میں حجاج عرفات میں کھڑے ہو کر لبیک پکارتے ہیں (۲)(اَر۔ا۔مذ) ہر تہوار کا پہلا دِن (۳) کسی شخص کے مرنے کے بعد دُوسرا دن جس میں مُردے کی فاتحہ دِلواتے ہیں۔
عُرفی (عُر۔فی)(ع۔صف) رسمی۔ مشہور (۲) ظاہری۔ معمولی۔
عُرفیّت (عُر۔فی۔یَت)(ع۔ا۔مث) ظاہری حیثیت۔ لقب یا خطاب وغیرہ جس سے اِنسان معروف ہو۔
عَرَق (عَ۔رَق)(ع۔ا۔مذ)(۱) پسینا (۲) کشید کے ذریعے نکالا ہوا پانی (۳) رس۔ کسی چیز کا نچوڑا ہوا پانی (۴) شراب۔ شیرہ۔ جمع: عُروق۔
عرق آجانا (اَر۔محاورہ) شرم سے پسینے پسینے ہو جانا۔
عرق آلود (ع۔ف۔صف) پسینے پسینے۔ پسینے میں تر۔
عرقِ اِنفعال (ع۔ا۔مذ) شرمندگی کا پانی۔ وہ پسینا جو شرمندگی کے باعث آئے۔
عرق چیں (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کی گول ٹوپی (۲) پگڑی کے نیچے پہننے کی ٹوپی (۳) پسینا صاف کرنے کا رومال۔
عرقِ حیا (خجالت۔ شرم) (ف۔ا۔مذ) شرمندگی کا پسینا۔
عرق دو آتشہ (ع۔ف۔ا۔مذ) دو مرتبہ کشید کیا ہوا عرق۔
عرق ریزی کرنا (اَر۔محاورہ) کمال محنت کرنا۔ نہایت جاں فشانی کرنا۔
عرق عرق ہو جانا (ہونا) (اَر۔محاورہ) پانی پانی ہو جانا۔ نہایت شرمندگی اُٹھانا۔ بہت شرمندگی ہونا۔
عرق کھینچنا (اَر۔محاورہ)(۱) بُخارات کے ذریعے سے کسی چیز کا پانی کشید کرنا (۲) نچوڑ لینا۔ طاقت کھینچ لینا۔
عرق گیر (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) خوگیر۔ پالان (۲) پسینا پونچھنے کا رُومال (۳) دواؤں کا عرق کشید کرنے کا آلہ۔
عرقِ ننگ (ع۔ف۔ا۔مذ) شرمندگی کا پسینا۔ عرقِ حیا۔ عرقِ اِنفعال۔
عِرق (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(ع۔ا۔مذ)(۱) رگ (۲) جڑ۔ جمع: اَعراق۔ عُروق۔
عِرقُ النِّساء (ع۔ا۔مذ) چڈوں سے ٹخنوں تک پہنچنے والا درد۔
عُروج (عُ۔روج)(ع۔ا۔مذ) بلندی۔ اُونچائی۔ اِرتفاع۔
عروج پر ہونا (اَر۔محاورہ) اِقبال یاور ہونا۔ اعلیٰ رُتبے پر پہنچنا۔ ترنگ میں ہونا۔
عروجِ ماہ (ع۔ف۔ا۔مذ) چاند کی پہلی سے چودھویں تک کا زمانہ۔
عروجِ مہر (ع۔ف۔ا۔مذ) سُورج کے طلوع سے بارہ بجے دن تک کا وقت۔

عَرُوس (عَ۔رُوس)(عُ۔رُوس)(ع۔ا۔مث) دُلہن۔ بہو۔ جمع: عرائس۔
عروسُ البلاد (ع۔ا۔مث) شہروں کی دُلہن۔ سب سے خوبصورت شہر۔
عروسُ الخطوط (ع۔ا۔مذ) سب سے خوبصورت خط۔ نستعلیق۔
عروسِ عرب (ع۔ا۔مث) مکّۂ معظمہ۔
عَروسان (ف۔ا۔مث) عروس کی فارسی جمع۔
عروسانِ خُلد (ف۔ا۔مث) جنت کی حوریں۔
عَروسانہ (عَ۔رو۔سا۔نہ)(ف۔متعلق فعل) دُلہن کی مانند۔
عَروسی (عَ۔رُو۔سی)(ف۔ا۔مث) شادی بیاہ سے نسبت رکھنے والی چیز۔
عَرُوض (عَ۔رُوض)(ع۔ا۔مذ) وہ علم جس سے نظم کے قواعد معلوم ہوتے ہیں۔
عُرُوض (عُ۔رُوض)(ع۔ا۔مذ) ظاہر ہونا۔ عارض ہونا۔ کوئی مرض لاحق ہونا۔
عُروق (عُ۔رُوق)(ع۔ا۔مث) عِرق کی جمع۔ رگیں (۲) عَرَق کی جمع۔
عروقِ شعریّہ (ع۔ا۔مث) بال کی طرح باریک رگیں۔ نسیں۔ نسیجیں۔
عُروَہ (عُر۔وَہ)(ع۔ا۔مذ) گرفت (۲) دستہ۔ قبضہ۔
عُروۃُ الوُثقیٰ (عُر۔وَ۔تُل۔وُث۔قا)(ع۔ا۔مذ) مضبوط گرفت۔
عُریاں (عُر۔یاں)(ع۔صف) ننگا۔ برہنہ۔
عُریانی (عُر۔یا۔نی)(ف۔ا۔مث) ننگا ہونا۔ برہنگی۔
عُریانیّت (ف۔ا۔مث) ننگا پن۔ عُریاں کا اسمِ کیفیت۔
عَرِیش (عَ۔ریش)(ع۔ا۔مذ) پھونس سے پٹا ہوا مکان جو باغ میں بنایا جاتا ہے۔ دھوپ سے بچنے کے لئے سایہ دار جگہ۔
عَرِیض (عَ۔ریض)(ع۔صف) چوڑا۔ پھیلا ہوا۔ عرض دار۔
عَرِیضہ (عَ۔ری۔ضہ)(ع۔ا۔مذ) عرضی۔ درخواست۔ وہ خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کو لکھا جائے۔ جمع: عرائض۔
عریضہ نگار (ع۔ف۔صف) خط لکھنے والا۔
عریضۂ نیاز (ع۔ف۔ا۔مذ) عاجزانہ درخواست۔ بُزرگوں یا حُکام کو لکھے جانے والے خط کے آخر میں لکھتے ہیں۔

ع۔ز

عِزّ (بکسرِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مذ) عزّت۔ شرف۔ بُزرگی۔ شان و شکوہ۔
عزّ و جاہ (ع۔ف۔ا۔مذ) عزّت اور مرتبہ۔
عزّ و شان (ع۔ا۔مث) عزّت و مرتبہ۔
عَزَّ (عَز۔زَ)(ع۔فعلِ ماضی)(۱) زبردست ہُوا۔ غالب ہُوا (۲) اس کی بڑائی ہو۔ اس کی حمد ہو۔
عَزَّ اِسمُہٗ (عَز۔زَ۔اِس۔مُ۔ہُو)(ع۔کلمۂ توصیف) اُس کے نام کی عزّت (تعریف) ہو۔ (اللہ تعالیٰ کے لئے آتا ہے)۔
عَزَّ و جَلَّ (عَز۔زَ۔وَ۔جَل۔لا)(ع۔صف) اُس کی عزّت اور بُزرگی ہو۔ خُدا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تعالیٰ کی صفت کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

عزا (عَ۔زا)(ع۔ا۔مذ)(۱) مصیبت پر صبر کرنا (۲) ماتم پُرسی۔پُرسہ۔

عزا خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ماتم خانہ۔ امام باڑہ۔

عزادار (ع۔ف۔صف) سوگ دار۔ سوگی۔ میّت کا غم کرنے والا۔

عزاداری (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) سوگ۔ ماتم (۲) امام حسینؓ کی شہادت کا غم۔

عزیٰ (عُزّیٰ) (عُز۔زا)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک بُت (۲) عرب کا ایک درخت جسے کافر بتوں کی طرح پُوجتے تھے۔

عزازیل (عَ۔زا۔زیل)(ع۔ا۔مذ) ابلیس۔ شیطان کا نام۔

عزائم (عَ۔زا۔اِم)(ع۔ا۔مذ) عزیمت کی جمع (۲) اُردو میں "عزم" کی جمع کے طور پر مستعمل ہے۔

عزّت (عِز۔زَت)(ع۔ا۔مث) آبرو (۲) بُزرگی۔ بڑائی (۳) شان۔ عظمت۔

عزّت اُتارنا (بگاڑنا) (اُر۔محاورہ) بے آبرو کرنا۔ بے عزّت کرنا۔

عزّت افزائی (ع۔ف۔ا۔مث) عزّت بڑھانا۔ توقیر بلند کرنا۔

عزّت بنانا (اُر۔محاورہ) آبرو بنانا۔ بڑائی حاصل کرنا۔

عزّت پر ہاتھ ڈالنا (اُر۔محاورہ) ذلیل کرنے کی کوشش کرنا۔

عزّت جاتی رہنا (اُر۔محاورہ) بے آبرو ہونا۔ بے عزّتی ہونا۔

عزّت خاک میں ملانا (اُر۔محاورہ) ذلیل و رُسوا کرنا (۲) بُرے کاموں سے اپنی عزّت کو کم کرنا۔

عزّت خُدا کے ہاتھ ہے (اُر۔محاورہ) اللہ ہی آبرو رکھے تو رکھے۔

عزّت دار (ع۔ف۔صف) صاحبِ عزّت۔ ذی مرتبہ۔ ممتاز۔ معزّز۔

عزّت دو کوڑی کی نہ رہنا (اُر۔محاورہ) سخت ذلیل ہونا۔ بے عزّتی ہونا۔

عزّت دینا (اُر۔محاورہ) رُتبہ دینا۔ آبرو بخشنا۔

عزّت ڈبونا (اُر۔محاورہ) آبرو کھونا۔ بے عزّت ہونا۔

عزّت رکھ لینا (اُر۔محاورہ) آبرو بچا لینا۔ عزّت کی حفاظت کرنا۔

عزّت کا لاگو ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کی آبرو مٹانے کی کوشش کرنا۔

عزّت کرنا (اُر۔محاورہ) تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔

عزّت کھونا (اُر۔محاورہ) بے آبرو ہونا۔

عزّت مآب (ع۔صف) ایک تعظیمی کلمہ جو وزیروں اور سفیروں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ آنریبل۔

عزّت ملنا (اُر۔محاورہ) بُزرگی حاصل ہونا (۲) آؤ بھگت ہونا۔

عزّت میں بٹا لگنا (عزّت میں فرق آنا) (اُر۔محاورہ) بے عزّت ہونا۔

عزّت والا (اُر۔صف) باعزّت۔ عزّت دار۔

عزرائیل (عِز۔را۔اِیل)(ع۔ا۔مذ) ملکُ الموت۔ جان نکالنے والا فرشتہ۔ یم دوت۔ خُدا کے چار مُقرّب فرشتوں میں سے ایک۔

عزل (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) موقوفی۔ برطرفی۔ بیکاری۔ معطلی (۲) جماع کے وقت فرج کی بجائے باہر منی نکالنا۔

عزل و نصب (ع۔ا۔مذ) ترقی و تنزّل۔ موقوفی و بحالی۔

عزلت (عُز۔لت)(ع۔ا۔مث)(۱) خلوت۔ تنہائی (۲) اعتکاف۔

عزلت نشیں (ع۔ف۔صف) گوشے میں بیٹھا ہوا۔ تنہائی میں بیٹھا ہوا۔

عزم (ع۔ا۔مذ) قصد۔ اِرادہ۔ نیت۔ جمع: عزائم۔

عزم بالجزم (بل۔جزم)(ع۔ا۔مذ) مصمّم اِرادہ۔ پکّا اِرادہ۔

عزمت (عز۔مَت)(ع۔ا۔مذ) اِرادہ۔ عزم (۲) وہ بات جو فرض ہو۔

عزیر (عُ۔زَیر)(ع۔ا۔مذ) لغوی معنی مددگار۔ ایک جلیلُ القدر پیغمبر کا نام۔

عزیز (عَ۔زیز)(ع۔ا۔مذ وصف)(۱) پیارا۔ محبوب۔ دِل پسند (۲) لائق (۳) عمدہ۔ کم یاب۔ قابلِ عزّت۔ صاحبِ مرتبہ (۴) زبردست۔ غالب۔ خُدا تعالیٰ کا ایک نام (۵) رشتے دار (۶) یار۔ دوست۔ جمع: اَعزّہ۔ فارسی جمع: عزیزان۔ اُردو جمع: عزیز۔ عزیزوں۔

عزیزُ القدر (ع۔صف) قابلِ قدر عزیز۔ ایک القاب جو چھوٹے بھائی یا رشتے دار کو لکھا جاتا ہے۔

عزیز داری (ع۔ف۔ا۔مث) رشتے داری۔ بھائی بندی۔

عزیز رکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) قدر و منزلت کرنا (۲) دوست جاننا۔

عزیزی (ع۔یائے نسبتی) میرے عزیز۔ عزیزم۔

عزیمت (عَ۔زی۔مَت)(ع۔ا۔مث)(۱) اِرادہ۔ قصد (۲) طلسمی دُعا۔ وہ عمل یا افسوں جس سے مؤکلوں کو حاضرات میں موجود کرسکیں۔ جمع: عزائم۔

ع۔س

عساکر (عَ۔سا۔کِر)(ع۔ا۔مذ) عسکر کی جمع۔

عُسر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) دُشواری۔ دِقّت۔ مُصیبت (۲) تنگی۔ مُفلسی۔ غریبی۔

عُسرت (عُس۔رَت)(ع۔ا۔مث) تنگی۔ مُفلسی۔ دُشواری۔

عَسَس (عَ۔سَس)(ع۔ا۔مذ) کوتوال۔ شہر کے گرد گشت کرنے والا عُہدے دار۔

عَسکَر (عَس۔کَر)(ع۔ا۔مذ) فوج۔ سپاہ۔ لشکر۔ جمع: عساکر۔

عَسکَری (عَس۔کَ۔ری) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) فوج کا۔ عسکر سے منسوب (۲) سپاہی (۳) امام حسن عسکری۔

عَسکَریّت (عَس۔کَ۔ری۔یَت)(ع۔ا۔مث) جارحیت۔ جنگ پسندی۔ فوجی اور جنگی ذہنیت۔

عَسَل (عَ۔سَل)(ع۔ا۔مذ) شہد۔ انگبین۔

عَسِیر (عَ۔سِیر)(ع۔صف) مُشکل۔ دُشوار۔ کٹھن۔ تنگ۔

عسیرُ الحال (ع۔صف) تنگ حال۔

ع۔ش

عِشا (عِ۔شا)(ع۔ا۔مث)(۱) رات کا اندھیرا (۲) رات کی نماز۔ مغرب

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کے بعد کی نماز۔
عَشا (عَشَائِیہ) (ع۔ا۔مذ) رات کا کھانا۔
عَشائے ربّانی (ع۔ا۔مذ) وہ آخری کھانا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں کے ساتھ کھایا تھا۔
عُشّاق (عُش۔شاق) (ع۔ا۔مذ) عاشق کی جمع۔
عُشبہ (عُش۔بہ) (ع۔ا۔مذ) ایک بُوٹی جو مُصفّیِ خون ہے۔ سارسپریلا۔
عَشر (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔عدد) دس۔ دہ۔ ۱۰۔
عشر کلمات (ع۔ا۔مذ) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دس اَحکام۔
عُشر (بضمِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔عدد کسری) دسواں حِصّہ۔
عُشر عشیر (ع۔صف) دسویں حصّے کا دسواں حِصّہ۔ ۱/۱۰۰ (۲) بہت تھوڑا سا۔
عِشرت (عِش۔رَت) (ع۔ا۔مث) خوشی۔ عیش ونشاط۔ مزہ (۲) حظِّ نفسانی۔
عشرت آمیز (ف۔صف) خوشی سے بھرا ہوا۔
عشرتِ اِمروز بے اندیشۂ فردا خوش اَست (ف۔مثل) اگر کل کی کوئی فکر نہ ہو تو آج کا عیش اچھی چیز ہے۔
عشرت انتما (ع۔ف۔صف) خوشی یا عیش بڑھانے والا۔
عشرت خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) عیش و عشرت کرنے کا مقام۔
عشرت سرا (گاہ) (ف۔ا۔مث) دیکھئے عشرت خانہ۔
عشرت کدہ (ف۔ا۔مذ) دیکھئے عشرت خانہ۔
عشرت منانا (اُر۔محاورہ) (۱) مزے اُڑانا۔ موج کرنا۔ چین کرنا (۲) بھوگنا۔
عَشَرہ (عَ۔شَ۔رَہ) (ع۔ا۔عدد) دَس (۲) مہینے کے دس روز (۳) محرم کے پہلے دس دن۔ محرم کی دسویں تاریخ۔ یومِ عاشور (اُردو میں بسکونِ ش مستعمل ہے)۔
عشرۂ اوّل (ع۔ا۔مذ) مہینے کے پہلے دس دن۔ عُمر کے پہلے دس سال۔
عشرۂ ثانی (ع۔ا۔مذ) مہینے کے دُوسرے دس روز۔ عُمر کے دُوسرے دس سال۔ گیارہ سے بیس سال تک کا عرصہ۔
عشرۂ کاملہ (ع۔ا۔مذ) حاجیوں کے دس روزے جو قربانی دینے کی اِستطاعت نہ رکھنے والے تین حج سے پہلے اور سات اُس کے بعد رکھتے ہیں۔
عشرۂ مُبَشَّرہ (مُ۔بَش۔شَ۔رہ) (ع۔ا۔مذ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ دس صحابی جنھیں اُن کی زندگی میں ہی جنت کی بشارت دی گئی تھی ابُوبکرؓ، عُمرؓ، عثمانؓ، علیؓ، زُبیرؓ، طلحہؓ، سَعدؓ، سعیدؓ، ابُوعُبیدہؓ، عبدالرحمٰنؓ بن عوف۔
عَش عَش۔ عین سے غلط ہے۔ دیکھئے اَش اَش۔
عِشق (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) محبت۔ فریفتگی۔ پریم۔ پیار۔ چاہ (۲) شوق۔ خواہش (۳) عادت۔ لت (۴) سلام رُخصت۔
عشق اَست وہزار بدگمانی (ف۔مثل) عاشق کو معشوق کے متعلق ہمیشہ بدگمانی رہتی ہے۔
عشق اوّل در دلِ معشوق پیدا می شود۔ تانہ سوزد شمع کے پروانہ شیدا می شود (ف۔مثل) محبت سب سے پہلے محبوب کے دل میں پیدا ہوتی ہے۔ جب تک شمع نہیں جلتی پروانہ اُس پر نثار نہیں ہوتا۔

عشق اللہ (ع۔ا۔مذ) آزاد درویشوں کا باہمی سلام۔ اللہ کی محبت۔
عشق باز (ع۔ف۔صف) حُسن پرست۔ عاشق مزاج (۲) عیّاش۔
عشق بازی (ع۔ف۔ا۔مث) عاشقی۔ حُسن پرستی (۲) عیّاشی۔
عشق بازی کھیل نہیں (اُر۔مثل) محبت کرنا بہت مُشکل ہے۔
عشق پرداز (ع۔ف۔صف) عشق باز۔
عشق پیچاں (پیچہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک بیل جس کا پُھول سُرخ اور پتّیاں باریک ہوتی ہیں۔
عشق پیشہ (ع۔ف۔صف) عاشق مزاج۔ حُسن پرست۔
عشقِ حقیقی (ع۔ا۔مذ) خُدا تعالیٰ کا عشق۔ محبتِ الٰہی۔
عشقِ مجازی (ع۔ا۔مذ) اِنسانوں کا اِنسانوں سے عشق۔
عشق و مُشک چُھپائے نہیں چُھپتے (اُر۔مثل) عشق اور مُشک کی خوشبو ضرور ظاہر ہو کر رہتی ہے۔
عِشقی (عِش۔قی) (ع۔صف) عشق سے منسوب۔
عِشوَہ (عِش۔وَہ) (عُش۔وَہ) (ع۔ا۔مذ) ناز۔ نخرہ۔ اُردو جمع: عشووں۔ عشوے۔
عشوہ پرداز (ساز۔کار۔طراز۔گر) (ع۔ف۔صف) نخرے کرنے والا۔ معشوق۔
عشوہ گری (ف۔ا۔مث) ناز و اَنداز۔
عَشیر (عَ۔شیر) (ع۔ا۔مذ) دسواں حِصّہ۔

ع ـ ص

عَصا (عَ۔صا) (ع۔ا۔مذ) لاٹھی۔ سونٹا۔ لکڑی۔ بلم۔
عصا بردار (ع۔ف۔صف) چوب دار جو کسی معزز آدمی کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔
عصائے پیر (پیری) (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) بُوڑھے کے ہاتھ کی لکڑی (۲) بڑھاپے کا سہارا۔ بیٹا۔
عصائے کلیم (مُوسیٰ۔ مُوسَوِی) (ع۔ا۔مذ) حضرت موسیٰؑ کے ہاتھ کی لکڑی جس سے طرح طرح کے معجزے ظاہر ہوتے تھے۔
عِصابہ (عِ۔صا۔بہ) (ع۔ا۔مذ) عورتوں کا سر سے باندھنے کا کپڑا۔
عَصّار (عَص۔صار) (ع۔ا۔مذ) تیلی۔ روغن گر۔
عُصارہ (عُ۔صا۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) رس۔ نچوڑ۔ شیرہ۔
عَصافیر (عَ۔صا۔فیر) (ع۔ا۔مث) عُصفُور کی جمع۔ چڑیاں۔ گوریاں۔
عَصَب (عَ۔صَب) (ع۔ا۔مذ) پٹھا۔ نس۔ مَسَل۔ جمع: اعصاب۔
عَصَبہ (عَ۔صَ۔بہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) جسم کا پٹھا۔ عصب (۲) باپ کی طرف کی اولادِ نرینہ جو اصحاب الفروض میں تقسیم کے بعد بچے ہوئے ترکے کی حق دار ہو اور اصحاب الفروض نہ ہونے کی صورت میں تمام ترکے کی وارث ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عَصَبِیَّت (عَ۔صَ۔بِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) طرف داری (۲) رشتہ داری۔ قرابت (۳) مضبوطی۔ طاقت۔

عَصر (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) روزگار۔ زمانہ۔ وقت۔ سال (۲) دن کا آخیر حصّہ (۳) دن کی آخری نماز جو غروبِ آفتاب سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔ جمع: اَعصار۔

عصر آفرین (ع۔ف۔صف) زمانہ پیدا کرنے والا۔ نیا ماحول پیدا کرنے والا۔ نیا ذہن پیدا کرنے والا۔

عَصرانہ (عص۔را۔نہ)(ع۔ف۔ا۔مذ) تیسرے پہر کی چائے وغیرہ۔

عَصری (عص۔ری)(ع۔صف) زمانے سے نسبت رکھنے والی کوئی شے۔ زمانے کا (کی)۔

عُصفُور (عُص۔فور)(ع۔ا۔مث) چڑیا۔ گوریا۔ جمع: عصافیر۔

عِصمَت (عِص۔مَت)(ع۔ا۔مث) پارسائی۔ پاک دامنی۔ پرہیزگاری۔ بے گناہی۔

عصمت بی بی اَز بے چادری (ف۔مثل) مجبوری کی نیکی۔ وہ نیکی جو عدمِ اِستطاعت کے باعث ہو۔

عصمت پر حرف آنا (اُر۔محاورہ) بدنامی ہونا۔ عزّت خراب ہونا۔ زنا کا مُرتکب ہونا۔

عصمت دار (ع۔ف۔صف) پاک دامن۔ عفیفہ۔

عصمت دری (ع۔ف۔ا۔مث) بے آبروئی۔ زنا۔

عصمت فروش (ع۔ف۔صف) عصمت بیچنے والی۔ رنڈی۔ کسبی۔ طوائف۔

عصمت فروشی (ع۔ف۔ا۔مث) آبرو بیچنے کا عمل۔ جسم فروشی۔

عِصیان (عِص۔یان)(ع۔ا۔مذ) گناہ۔ پاپ۔ جرم۔ خطا۔ قصور۔

عَصِیر (عَ۔صیر)(ع۔ا۔مذ) نچوڑ (۲) انگوری شراب۔

ع۔ض

عَضُد (عَ۔ضُد۔ عَ۔ضَد۔ عَضْد)(ع۔ا۔مذ)(۱) بازو (۲) ساتھی۔ ہمراہی۔

عَضُدُالدَّولہ (عَض۔دُد۔دَو۔لہ)(ع۔ا۔مذ) سلطنت کا بازو۔ شاہی زمانے کا خطاب۔

عَضَلات (عَ۔ضَ۔لات)(ع۔ا۔مذ) عضلہ کی جمع۔

عَضَلَہ (عَ۔ضَ۔لہ)(ع۔ا۔مذ) جسم کا پٹھا۔ مَسل (۲) بند۔ بدن کا ٹکڑا۔ جمع: عضلات۔

عُضو (بفتحۂ اوّل و نیز بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) جسم کا کوئی ٹکڑا۔ ہاتھ پاؤں وغیرہ۔ جمع: اعضا۔ بکسرِ اوّل بھی صحیح ہے۔

عضو تناسُل (ع۔ا۔مذ) آلۂ تناسل۔ ذکر۔ اِندری۔

عضو شکنی (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) عضو توڑ دینا (۲) پرانے زمانے کی سزا۔

عضوِ مُعطّل (ع۔ا۔مذ) ناکارہ عضو (۲)(صف) ناکارہ۔ بے کار۔

عضو عضو (ع۔ا۔مذ) ہر عضو۔ جوڑ جوڑ۔

عُضوی (عُض۔وی)(ع۔صف) عضو سے منسوب و متعلق۔

عُضویات (عُض۔وی۔یات)(ع۔ا۔مذ) وہ علم جس میں اَعضائے جسمانی کے اَفعال سے بحث کی جاتی ہے۔ علم افعالُ الاَعضاء۔

ع۔ط

عَطا (عَ۔طا)(ع۔ا۔مث) اِنعام۔ بخشش۔ سخاوت۔ کوئی چیز کسی کو دینا۔

عطا کرنا (فرمانا) (اُر۔مص مُرکّب) دینا۔ بخشنا۔ مرحمت کرنا۔ مُفت دینا۔

عطا ہونا (اُر۔مص مُرکّب) ملنا۔ عنایت ہونا۔

عطائے تو بہ لقائے تو (ف۔مثل) آپ کی چیز آپ ہی کو مبارک ہو۔ کوئی چیز ناپسند ہو تو واپس کرتے وقت کہتے ہیں۔

عَطّار (عط۔طار)(ع۔ا۔مذ)(۱) عطر فروش (۲) دوا فروش۔ فارسی جمع: عطّاراں۔ اُردو جمع: عطّار۔ عطّاروں۔

عطّار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا (اُر۔مثل) عطار کی بوتل اور مداری کے پٹارے کا کچھ اِعتبار نہیں۔ اُن میں سے ہر چیز نکل سکتی ہے۔

عُطارِد (عُ۔طا۔رِد)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک سیارہ۔ دبیرِ فلک (۲) کیمیاگروں کی اِصطلاح میں جست۔

عَطّاری (عط۔طا۔ری)(ع۔ا۔مث) دوا فروشی۔ عطار کا پیشہ۔

عَطائی (عَ۔طا۔ای) دیکھئے اتائی جو صحیح ہے۔

عَطایا (عَ۔طا۔یا)(ع۔ا۔مذ) عطیہ کی جمع۔

عِطر (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) خوشبو۔ مہک۔ کسی چیز کی نکالی ہوئی خوشبو (۲) خُلاصہ۔ لُبِ لُباب۔ جوہر۔ نچوڑ۔ جمع: عِطریات۔

عطر آگیں (ع۔ف۔صف) خوشبو سے بھرا ہوا۔ مُعطّر۔

عطر افشاں (ع۔ف۔صف) خوشبو پھیلانے والا۔ عطر چھڑکنے والا۔

عطر بیز (ع۔ف۔صف) خوشبو پھیلانے والا۔

عطر بیزی (ع۔ف۔ا۔مث) خوشبو پھیلانا۔

عطر پان کی تواضع (اُر۔ا۔مذ) عطر اور پان سے مہمان کی خاطر مدارات کرنا۔

عطر دان (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ صندوقچی یا برتن جس میں عطر کی شیشیاں رکھی جائیں۔

عطر فروش (ع۔ف۔ا۔مذ) عطر بیچنے والا۔ گندھی۔ گاندھی۔

عطر کا پھویا (اُر۔ا۔مذ) عطر میں تر کی ہوئی روئی۔

عطر کھینچنا (اُر۔محاورہ)(۱) خوشبو نکالنا (۲) جوہر نکالنا۔ خُلاصہ نکالنا (۳) طاقت کھینچ لینا۔

عطرِ گُل دستہ (مجموعہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ عطر جو کئی قسم کے عطروں کو ملا کر تیار کیا جائے۔

عطر لگانا (اُر۔محاورہ) کپڑوں پر عطر ملنا۔

عطر میں بسانا (اُر۔محاورہ) خوشبودار کرنا۔ بہت عطر لگانا۔

عطر نکالنا (اُر۔محاورہ) ست نکالنا۔ جوہر نکالنا۔ خُلاصہ کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عِطْرِیات (عِط۔رِ۔یات)(ع۔ا۔مذ) عِطر کی جمع۔ خوش بُودار اشیا۔
عَطْس (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) چھینکنا۔
عَطْسَہ (عط۔سَہ)(ع۔ا۔مذ) چھینک۔
عطسۂ چاہ (ع۔ف۔ا۔مذ) کنوئیں سے گونج کی آواز کا آنا۔
عطسۂ شب (ع۔ف۔ا۔مذ) پو پھٹنا۔
عطسۂ شیشہ (ع۔ف۔ا۔مذ) بوتل سے گلاس میں شراب ڈالنے کی آواز۔
عَطَش (عَ۔طَش)(ع۔ا۔مث) پیاس۔ تشنگی۔
عَطْف (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) پھیرنا۔ موڑنا (۲) مہربانی (۳) کسی کلمے یا کلام کو دُوسرے کلمے یا کلام کی طرف پھیرنا (۴) وہ حرف جو دو لفظوں یا کلموں کو ملائے جیسے اور۔ یا۔ و۔ وغیرہ۔
عَطُوفَت (عَ۔طو۔فت)(ع۔ا۔مث) مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔ نوازش۔ کرپا۔
عَطِیّہ (عَ۔طی۔یَہ)(ع۔ا۔مذ) عطا۔ بخشش۔ اِنعام۔ جمع: عطیات۔
عطیّہ دار (ع۔ف۔صف) جس کو عطیّہ دیا جائے۔
عطیّۂ سرکار (ع۔ف۔ا۔مذ) گورنمنٹ سے انعام میں ملا ہوا۔
عطیّۂ سُلطانی (عطیّۂ شاہی) (ع۔ف۔ا۔مذ) بادشاہ کا بخشا ہوا۔

ع۔ظ

عِظام (عِ۔ظام)(ع۔ا۔مذ)(۱) عظیم کی جمع (۲) عَظم کی جمع۔
عُظّام (عُظ۔ظام)(ع۔ا۔مُبالغہ) بُزرگ۔ کلاں۔ بہت بڑا۔
عَظْم (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) ہڈی۔ اُستخوان۔ جمع: عِظام۔
عُظْمٰی (عظ۔ما)(ع۔صف) اعظم کی تانیث۔ سب سے بڑی۔
عَظَمَت (عظ۔مَت)(ع۔ا۔مث) بُزرگی۔ بڑائی۔ شان و شوکت۔ قدر و منزلت۔
عَظِیم (عَ۔ظیم)(ع۔صف)(۱) بڑا۔ کلاں۔ بُزرگ۔ جلیلُ القدر (۲) سخت۔ نہایت۔ جمع: عِظام۔
عظیمُ الجُثّہ (عَ۔ظی۔مُل۔جُث۔ثہ)(ع۔صف) فربہ۔ موٹا۔ جس کا قد و قامت بڑا ہو۔
عظیمُ الشّان (عَ۔ظی۔مُش۔شان)(ع۔صف) بڑی شان و شکوہ والا۔ والا قدر۔ بہت بڑا۔
عظیمُ القدر (عَ۔ظی۔مُل۔قدر)(ع۔صف) بڑے رُتبے یا طاقت والا۔

ع۔ف

عَفارِیت (عَ۔فا۔ریت)(ع۔ا۔مذ) عِفریت کی جمع۔
عَفاف (عَ۔فاف)(ع۔ا۔مذ) پرہیزگاری۔ پارسائی۔
عِفاف (عِ۔فاف)(ع۔ا۔مث) پوشیدگی۔
عِفَّت (عِف۔فَت)(ع۔ا۔مث) پرہیزگاری۔ عصمت۔ پارسائی۔ پاک دامنی۔
عِفّت مآب (ع۔صف) بڑی عزّت والی۔ پارسا۔ عفیفہ۔
عِفّت میں خلل ڈالنا (اُر۔ محاورہ) عزّت لُوٹنا۔ عصمت دری کرنا۔
عِفْرِیت (عِف۔ریت)(ع۔ا۔مذ)(۱) دیو۔ بُھوت پریت۔ غولِ بیابانی۔ اگیابیتال۔ جمع: عفاریت۔ اُردو جمع: عفریت۔ عفریتوں۔
عَفْص (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) ایک درخت اور اُس کا پھل۔
عَف عَف (ع۔ا۔مذ) کتّے کی آواز۔
عَفْو (عَفْو)(عُفُو)(عَفُو)(ع۔ا۔مذ) معافی۔ بخشش۔ درگزر۔
عفو کرنا (اُر۔ محاورہ) معاف کرنا۔ بخشنا۔ درگزر کرنا۔
عُفُونَت (عُ۔فُو۔نَت)(ع۔ا۔مث) بدبُو۔ گندگی۔ سڑاند۔
عفونت رُبا (ع۔ف۔صف) عفونت دُور کرنے والی (دوا)۔ اینٹی سیپٹک۔
عُفِیَ عَنْہُ (عُ۔فِ۔یَ۔عَن۔ہُ)(ع۔دُعا) خُدا اُس کے گُناہ مُعاف کرے۔
عَفِیف (عَ۔فیف)(ع۔صف) پارسا مرد۔ (اردو میں زیادہ تر اِس کا مؤنث (عفیفہ) ہی مستعمل ہے)۔
عَفِیفَہ (عَ۔فی۔فہ)(ع۔صف) پارسا عورت۔ پرہیزگار عورت۔ باعصمت عورت۔

ع۔ق

عِقاب (عِ۔قاب)(ع۔ا۔مذ) دُکھ۔ تکلیف۔ عذاب۔ سزا۔
عُقاب (عُ۔قاب)(ع۔ا۔مذ) ایک طاقت ور اور بلند پرواز شکاری پرند (۲) کیمیاگروں کی اِصطلاح میں نوشادر (۳) اُونچی جگہ (۴) حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ایک جھنڈا۔ اُردو جمع: عُقاب۔ عُقابوں۔
عُقابی (عُ۔قا۔بی)(ع۔صف) عُقاب کی مانند۔ عقاب سے منسوب۔
عُقابی نظر (نگاہ) (ع۔ف۔ا۔مث) بہت تیز نظر۔
عَقابَین (عَ۔قا۔بَین)(ع۔ا۔مذ) مُجرم کو باندھنے کی دو اُونچی لکڑیاں۔
عَقارِب (عَ۔قا۔رِب)(ع۔ا۔مذ) عقرب کی جمع۔ بچھّو۔
عَقائد (عَ۔قا۔اِد)(ع۔ا۔مذ) عقیدہ کی جمع۔
عَقْب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) پیچھے۔ پس پُشت۔
عَقَبَہ (عَق۔بَہ)(ع۔ا۔مث) اُونچی اور لمبی پہاڑی جس کی چوٹی تک راستہ جاتا ہو۔ مُشکل گھاٹی۔
عُقْبٰی (عُق۔با)(ع۔ا۔مث) آخرت۔ عاقبت۔
عَقْد (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) گرہ۔ گانٹھ (۲) قول و قرار (۳) شادی۔ نکاح (۴) فروخت۔ بیع۔
عقدِ اَنامِل (ع۔ا۔مذ) اُنگلیوں پر گِننا۔ انگلیوں کی پوروں پر شمار کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عقد بندی (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) نکاح (۲) عہد پُورا کرنا۔
عقدِ بیع (ع۔ا۔مذ) فروخت کا اِقرار نامہ۔
عقدِ پرویں (ثُریا)(ع۔ف۔ا۔مذ) سات ستاروں کا گُچھا۔ سات سہیلیوں کا جُھمکا۔
عقدِ سیماب (ع۔ف۔ا۔مذ) کیمیا کی اِصطلاح میں پارے کی گولی باندھنا۔ (۲) پارے کی گولی۔
عقد کرنا (اُر۔محاورہ) نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا۔
عقدنامہ (ع۔ا۔مذ) نکاح اور شادی کی دستاویز۔
عِقد (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) ہار۔ گلوبند۔
عُقدَہ (عُق۔دَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) گِرہ۔ گانٹھ (۲) مُشکل بات۔ پیچیدہ بات۔ معمّا (۳) راز۔ بھید (۴) بکھیڑا۔
عُقدہ حل ہونا (اُر۔محاورہ) گِرہ کُھلنا۔ مُشکل دُور ہونا۔
عُقدۂ سربستہ (ف۔ا۔مذ) خُفیہ راز۔
عُقدہ سُلجھانا (اُر۔محاورہ) مُشکل حل کرنا۔
عُقدہ کُشا (ع۔ف۔صف) مُشکل آسان کرنے والا۔
عُقدہ کُشائی (ع۔ف۔ا۔مث) گِرہ کھولنا۔ مُشکل آسان کرنا۔ مسئلہ حل کرنا۔
عُقدہ کُھل جانا (اُر۔محاورہ) بھید کُھل جانا۔ مسئلہ حل ہو جانا۔
عُقدۂ (لاحل) لاینحل (یَن۔حَل)(ع۔ا۔مذ) وہ مُشکل مسئلہ جو حل نہ ہو۔
عَقَر (عَ۔قَر)(ع۔ا۔مذ) بانجھ پن (۲) وہ مہر جو کسی غیر عورت کو اپنی بیوی سمجھ کر اُس کے ساتھ جماع کرنے سے واجب آتا ہے۔
عَقرَب (عَق۔رَب)(ع۔ا۔مذ) بچھو (۲) آسمان کا آٹھواں بُرج۔ جمع عقارب۔
عَقرَبی (عَق۔رَ۔بی)(ع۔ا۔مذ) ایک قیمتی پتھر۔ لعل کی ایک قسم۔
عَقَرقرحا (عَ۔قَر۔قَر۔حا)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے عاقرقرحا۔
عَقل (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث) دانائی۔ فہم۔ شعور۔ تمیز۔ سمجھ۔ نفسِ ناطقہ۔ اِدراک۔ جمع: عُقول۔ اُردو جمع: عقلوں۔ عقلیں۔
عقل آنا (اُر۔محاورہ) سمجھ آنا۔ تمیز حاصل ہونا۔
عقل آرائی (ع۔ا۔مث) سوچنا۔ عقل دوڑانا۔
عقل بڑی کہ بھینس؟ (اُر۔مثل)(ظرافتہً) بے تکی بات کہنے پر کہتے ہیں۔
عقل پر پتھر پڑنا (اُر۔محاورہ) عقل جاتی رہنا۔ غلطی کرنا۔
عقل پر پردہ پڑ جانا (اُر۔محاورہ) سمجھ جاتی رہنا۔ غلطی ہونا۔ مت ماری جانا۔
عقل پکڑنا (اُر۔محاورہ) ہوش میں آنا۔ شعور آنا۔ تربیت پانا۔
عقل ٹھکانے نہ رہنا (اُر۔محاورہ) حواس باختہ ہونا۔ عقل جاتی رہنا۔
عقل جاتی رہنا (اُر۔محاورہ) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہونا۔
عقل چرخ میں آنا (عقل چکرانا) (اُر۔محاورہ) ہوش گم ہونا۔ گھبرا جانا۔ حیران و پریشان ہو جانا۔
عقل چرنے جانا۔ دیکھئے عقل ٹھکانے نہ رہنا۔
عقل چہ گتی اَست (گتیست) کہ پیشِ مرداں بباید (اُر۔مثل) بے عقلی کی باتیں کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔
عقل چُھو (کر) نہیں گئی (اُر۔محاورہ) بے وقوف ہے۔ بے عقل ہے۔
عقل خرچ کرنا (دوڑانا) (اُر۔محاورہ) سمجھ سے کام لینا۔ فکر کرنا۔
عقل دنگ ہونا (اُر۔محاورہ) کوئی بات سمجھ میں نہ آنا۔ حیران ہونا۔
عقل دینا (اُر۔محاورہ) سمجھ کی بات بتانا۔ تدبیر سمجھانا۔ تربیت کرنا۔
عقل ڈاڑھ (اُر۔ا۔مث) وہ ڈاڑھ جو اِنسان کے جوان ہونے پر ظاہر ہوتی ہے۔
عقل رفوچکر ہو جانا (اُر۔محاورہ) حواس گم ہونا۔ اوسان خطا ہونا۔
عقل زائل ہو جانا (اُر۔محاورہ) عقل جاتی رہنا۔
عقل سٹھیا جانا (اُر۔محاورہ) بڑھاپے کے باعث عقل کم ہونا۔
عقلِ سلیم (ع۔ا۔مث) پُوری عقل۔ رائے صائب۔ صحیح عقل۔
عقل ششدر رہونا (اُر۔محاورہ) حیران ہونا۔
عقل کا اندھا گانٹھ کا پُورا (اُر۔صف) بے وقوف مالدار۔
عقل کا پُتلا (اُر۔صف) نہایت عقل مند۔
عقل کا پُورا (اُر۔صف)(طنزاً) بالکل بے وقوف۔ اَحمق۔ کاٹھ کا اُلو۔
عقل کا چراغ گُل ہو جانا (اُر۔محاورہ) عقل کا زائل ہو جانا۔ بے عقل ہو جانا۔
عقل کا دُشمن (اُر۔صف) بے وقوف۔ اَحمق۔
عقل کا کام نہ کرنا (اُر۔محاورہ) سمجھ میں نہ آنا۔
عقل کا مارا (اُر۔صف) بے وقوف۔ بے عقل۔
عقل کدھر گئی؟ (اُر۔محاورہ) بے عقلی کی باتیں کرنے والے کو طنزاً کہتے ہیں۔
عقلِ کُل (ع۔ا۔مث)(۱) دانائے کُل۔ عقلِ کامل (۲)(مراد) نورِ محمدی۔ حضرت جبرئیلؑ۔ عرش۔
عقل کی مار (اُر۔کلمۂ تحقیر) عقل کی پھٹکار۔
عقل کے پیچھے ڈنڈا (لٹھ) لئے پھرتا ہے (اُر۔محاورہ) سخت احمق ہے۔
عقل کے طوطے اُڑ جانا (اُر۔محاورہ) عقل جاتی رہنا۔ اوسان خطا ہو جانا۔ گھبرا جانا۔
عقل کے گھوڑے دوڑانا (اُر۔محاورہ)(۱) بہت غور کرنا۔ دلیلیں پیش کرنا (۲) خیالی پلاؤ پکانا۔
عقل کے ناخن لو (عقل کے نعل بنواؤ) (اُر۔محاورہ) ہوش میں آؤ۔ سمجھ کی بات کرو۔ بے وقوف نہ بنو۔
عقل گم ہونا (اُر۔محاورہ) عقل جاتی رہنا۔
عقل ماری جانا (اُر۔محاورہ) بے عقلی کا کام کرنا۔ کچھ سمجھ میں نہ آنا۔
عقل مند (ف۔صف) عاقل۔ ہوش مند۔ دانا۔ ہوشیار۔
عقل مند کو ایک اشارہ کافی ہے (اُر۔مثل) دیکھئے عاقل را اِشارہ بس اَست (کافیست)۔
عقل مند کی دُور بلا (اُر۔مثل) دانش مند آفت سے بچ جاتا ہے۔ عقل

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مند سے بلا دُور ہو جاتی ہے۔

عقل مندی (ع۔ف۔ا۔مث) دانائی۔ ہوش مندی۔ فراست۔

عقل میں آنا (اُر۔ محاورہ) سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا۔

عقل میں فتور آنا (پڑنا) (اُر۔ محاورہ) سمجھ میں خرابی آنا۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا۔ عقل میں کمی آنا۔

عقل میں گو رنا (اُر۔ محاورہ) سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا۔

عقل واجبی ہونا (اُر۔ محاورہ) عقل تھوڑی ہونا۔

عقلاً (عَق۔لَن)(ع۔ متعلق فعل) اَزروئے عقل۔ عقل سے۔

عُقلا (عُ۔قَ۔لا)(ع۔ا۔مذ) عاقل کی جمع۔

عقلی (عَق۔لی)(ع۔صف) عقل سے منسوب۔ ذہنی۔

عقلی گدّا لگانا (اُر۔ محاورہ) اٹکل سے بات کرنا۔

عقلیات (عَقل۔لی۔یات)(ع۔ا۔مذ) معقولات۔ وہ علوم جن کا تعلق عقل سے ہو۔ فلسفہ وغیرہ۔

عقلیہ (عَق۔لی۔یَہ)(ع۔صف) قیاس سے (۲) عقلی کی تانیث۔

عقلیّت (عَق۔لی۔یَت)(ع۔ا۔مث) عقل سے کام لینا۔ عقل کو تمام علوم کی بنیاد تصوّر کرنا۔ عقل پرستی۔ عقل پسندی۔

عُقوبت (عُ۔قُو۔بَت)(ع۔ا۔مث) دُکھ۔ عذاب۔ سزا۔ تکلیف۔ جمع: عقوبات۔ اُردو جمع: عقوبتوں۔ عقوبتیں۔

عقول (عُ۔قُول)(ع۔ا۔مث) عقل کی جمع۔

عقولِ عشرہ (ع۔ا۔مذ) دس فرشتے جنہیں خُدا تعالیٰ نے یکے بعد دیگرے پیدا کیا۔

عقیدت (عَ۔قی۔دَت)(ع۔ا۔مث) اعتقاد۔ دِل کا بھروسا۔ ایمان۔

عقیدت (کیش) مند (ع۔ف۔صف) معتقد۔ دین دار۔ ارادت مند۔

عقیدہ (عَ۔قی۔دَہ)(ع۔ا۔مذ) دِل میں جمایا ہوا یقین۔ ایمان۔ اعتقاد۔ اعتبار۔ جمع: عقائد۔ اُردو جمع: عقیدوں۔ عقیدے۔

عقیدہ بگڑ جانا (اُر۔ محاورہ) بے ایمان ہو جانا۔ اعتقاد نہ رہنا۔

عقیدہ پکا ہونا (اُر۔ محاورہ) اعتقاد مضبوط ہونا۔

عقیدہ خراب ہو جانا (اُر۔ مص مُرکب) دیکھئے عقیدہ بگڑ جانا۔

عقیدہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بھروسا ہونا۔ اعتقاد ہونا۔

عقیق (عَ۔قِیق)(ع۔ا۔مذ) ایک سُرخ رنگ کا قیمتی پتھر (۲) ایک پودے کے بیج جس سے تسبیح کے دانے بنتے ہیں۔

عقیقُ البحر (ع۔قی۔قُل۔بَحر)(ع۔ا۔مذ) مونگا۔ سمندری عقیق۔

عقیق لب (ع۔ف۔صف) سُرخ ہونٹ والا۔

عقیق یمن (عقیقِ یمنی) (ع۔ا۔مذ) مُلکِ یمن کا عقیق۔ اعلیٰ قسم کا عقیق۔

عقیقہ (عَ۔قی۔قہ)(ع۔ا۔مذ) مُسلمانوں میں ایک رسم جو بچّے کی پیدائش کے سات دِن بعد منائی جاتی ہے جس میں بچّے کے سر کے بال منڈوا کر اُن کے برابر وزن چاندی خیرات کی جاتی ہے۔ بچّے کا نام رکھا جاتا ہے۔ لڑکا ہو تو دو بکرے اور لڑکی ہو تو ایک بکرا ذبح کر کے رشتے داروں میں کچّا یا پکّا کر تقسیم کیا جاتا ہے۔

عَقیل (عَ۔قیل)(ع۔صف) دانا۔ ذکی (مرد)۔ جمع: عُقلا۔

عَقیلہ (عَ۔قی۔لہ)(ع۔صف) عقیل کا مؤنّث۔ دانا عورت۔

عَقیم (عَ۔قیم)(ع۔صف) بانجھ مرد یا عورت۔

عَقیمہ (عَ۔قی۔مہ)(ع۔صف) بانجھ عورت۔

ع۔ک

عکّاس (عک۔کاس)(ع۔ا۔مذ) فوٹو گرافر۔ فوٹو کھینچنے والا (۲) ظاہر کرنے والا۔

عکّاسی (عک۔کا۔سی)(ع۔ف۔ا۔مث) تصویر کشی۔

عُکاظ (ع۔ا۔مذ) ایک میلا جو اِسلام سے پہلے مکّے کے قریب لگا کرتا تھا۔

عکس (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) اُلٹنا۔ لوٹنا۔ ضِد۔ خلاف (۲) سایہ۔ پرچھائیں۔ پرتو (۳) فوٹو (۴) اُلٹا لفظ جیسے رُوح حُور کا عکس ہے۔

عکس اُتارنا (عکس کھینچنا) (اُر۔ محاورہ)(۱) عکسی تصویر کھینچنا (۲) ہوبہو نقشہ بنانا۔

عکس اَفگن (ع۔ف۔صف) عکس ڈالنے والا۔

عکس چھانا (اُر۔ محاورہ) رنگ کا اَثر پڑنا۔

عکس لینا (اُر۔ محاورہ) کسی تصویر پر باریک کاغذ رکھ کر خاکہ اُتارنا۔

عکسِ نُور (ع۔ف۔ا۔مذ) روشنی کا کسی چیز پر پڑ کر واپس ہونا۔

عکسی (ع۔صف) عکس سے متعلق۔

عکسی تصویر (ع۔ا۔مث) وہ تصویر جو کیمرے کے ذریعے کھینچی جائے۔ فوٹو۔

عکسی طباعت (ع۔ا۔مث) فوٹو آفسیٹ۔ طباعت جس میں فوٹو کیمرا استعمال کیا جاتا ہے۔

ع۔ل

عُلا (عَ۔لا)(عُ۔لا)(ع۔صف)(۱) بلند۔ اعلیٰ۔ بُزرگ (۲)(ا۔مذ) بلندی۔ اوج۔ ارتفاع۔ فراز۔

علاّتی (عل۔لا۔تی)(ع۔صف) ماں کی طرف سے سوتیلا بھائی یا سوتیلی بہن (جیسے علاّتی بھائی اور علاّتی بہن)۔

عِلاج (عِ۔لاج)(ع۔ا۔مذ)(۱) چارہ۔ اُپائے (۲) تدبیر۔ دُرستی (۳) بیمار کی دوا دارو۔ معالجہ (۴) سزا۔ پاداش۔

علاج بالضّد (بِض۔ضِد)(ع۔ا۔مذ) مرض کی تاثیر کے برعکس علاج کرنا۔ یونانی یا ڈاکٹری علاج۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

علاج بِالمِثل (بِل۔مِثْل) (ع۔ا۔مذ) مرض کی تاثیر کے مُطابق علاج کرنا۔ ہومیوپیتھی علاج۔
علاج پذیر (ع۔ف۔صف) علاج قبول کرنے والا۔ جس کا علاج ہو سکے۔
علاج مُعالجہ (ع۔ا۔مذ) دوا دارو۔ چارہ۔
عَلاحدگی (ف۔ا۔مث) دیکھئے علیحدگی۔
عَلاحدہ (ع۔صف) دیکھئے علیحدہ۔
عِلاقائی (ع۔اُر۔صف) علاقہ سے متعلق۔ کسی خاص علاقے کا۔
علاقہ (عَ۔لا۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) تعلّق۔ لگاؤ۔ رابطہ۔ دوستی۔ رشتہ (۲) سروکار۔ نسبت (۳) نوکری۔ عُہدہ۔ کام (۴) ضلع۔ صوبہ۔ پرگنہ۔ احاطہ (۵) ملکیّت۔ قبضہ۔ زمین داری (۶) جائیداد۔ ریاست (۷) حکومت (۸) حدود۔ سرحد۔ (بکسرِ اوّل غلطُ العام ہے)۔ جمع: علائق۔ اُردو جمع: علاقوں۔ علاقے۔
علاقہ اُٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) تعلّق نہ رہنا۔ علیحدگی ہو جانا۔
علاقہ چُھٹنا (اُر۔ محاورہ) تعلّق نہ رہنا۔
علاقہ دار (ع۔ف۔ا۔مذ) رشتے دار۔ قرابت دار (۲) تعلقہ دار۔ ذیل دار۔
علاقہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) تعلّق رکھنا۔ واسطہ رکھنا۔ نسبت رکھنا۔
علاقہ رہنا (اُر۔ محاورہ) مطلب رہنا۔ تعلّق رہنا۔
علاقہ قطع ہونا (اُر۔ محاورہ) تعلّق نہ رہنا۔
علاقہ مِلنا (اُر۔ محاورہ) جاگیر ملنا۔ علاقہ سپرد ہونا۔
علاقہ ہونا (اُر۔ محاورہ) علاقہ ملنا (۲) جائیداد ملنا (۳) واسطہ ہونا۔ تعلّق ہونا۔
عِلاقہ (عِ۔لا۔قہ) (ع۔ا۔مذ) کسی چیز سے بندھی ہوئی یا لٹکی ہوئی چیز۔ تلوار کا ڈورا۔ کوڑے یا رکاب کا تسمہ۔ حلقہ۔ دستار کا طرّہ۔
عِلاقہ بند (ع۔ف۔ا۔مذ) پٹوا۔ زیور میں ڈورا ڈالنے والا۔
عِلاقہ بندی (ع۔ف۔ا۔مث) پٹوے کا کام۔ پٹوا گری۔
عَلالت (عَ۔لا۔لت) (اُر۔ا۔مث) بیماری۔ دُکھ۔ روگ۔ ماندگی۔
عَلّام (عَل۔لام) (ع۔ا۔مبالغہ) بہت جاننے والا۔ ہر بات سے واقف۔
عَلّامُ الغیوب (عَل۔لا۔مُل۔غُ۔یُوب) (ع۔صف) غیب دان۔ چُھپی ہوئی باتیں جاننے والا۔
عَلامات (عَ۔لا۔مات) (ع۔ا۔مث) علامت کی جمع۔
عَلامت (عَ۔لا۔مَت) (ع۔ا۔مث) (۱) نشان۔ مارک (۲) پتا (۳) سُراغ۔ کھوج (۴) اِشارہ۔ کنایہ (۵) چھاپ۔ مُہر۔ لیبل (۶) آثار (بیماری کے) (۷) جمع، تفریق، ضرب، تقسیم کا نشان (۸) امیری کا نشان (۹) فاصلے کا نشان۔ میل کا پتھر۔ جمع: علامات۔ اُردو جمع: علامتوں۔ علامتیں۔
علامتِ بُلوغ (ع۔ا۔مث) جوانی کی نشانی۔ ڈاڑھی مونچھ کا نکلنا۔
علامتِ تذکیر و تانیث (ع۔ا۔مث) مذکّر و مونث (نر و مادہ) پہچاننے کی نشانی۔
عَلّامہ (عَل۔لا۔مہ) (ع۔ا۔مبالغہ) (۱) بہت جاننے والی (عورت) فاضلہ (۲) نہایت چالاک اور عیّار (عورت) (۳) (ا۔مذ) نہایت دانا اور فاضل مرد (۴) نہایت چالاک اور مکّار آدمی۔
علّامۂ دہر (علّامۃُ الدّہر) (عَل۔لا۔مَ۔ئِد۔دَہر) (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) زمانے کا فاضل۔ بہت بڑا عالم (۲) نہایت چالاک، عیّار، مکّار آدمی۔
عَلّامی (عَل۔لا۔می) (ع۔صف) بہت بڑا عالم۔ اکبرِ اعظم کے وزیر ابوالفضل کا خطاب۔
عَلانیہ (عَ۔لا۔نِ۔یَہ) (ع۔صف و متعلق فعل) ظاہر۔ آشکارا۔ کھلم کھلا۔ سب کے سامنے۔ برسرِ عام۔
عِلاوہ (عِ۔لا۔وَہ) (ع۔ متعلق فعل) (۱) ماسوا۔ سوا (۲) اور۔ اُوپر۔ فالتو۔ زیادہ۔ اور بھی (اُردو میں بفتحِ اوّل غلطُ العام ہے)۔
علاوہ ازیں (علاوہ بریں) (ع۔ متعلق فعل) اِس کے سوا۔ باوجودیکہ۔
عَلائق (عَ۔لا۔اِق) (ع۔ا۔مذ) علاقہ کی جمع۔ بکھیڑے۔ تعلقات۔
علائق سے چُھوٹنا (اُر۔ محاورہ) تعلقات سے بچنا۔
عِلّت (عِل۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) بیماری۔ دُکھ۔ روگ (۲) وجہ۔ سبب۔ باعث (۳) خراب اور ناکارہ چیز (۴) جھگڑا۔ بکھیڑا (۵) بُری عادت۔ لت (۶) عیب۔ نقص (۷) اِلزام۔ بُہتان (۸) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک۔ جمع: عِلَل۔ اُردو جمع: علّتوں۔ علّتیں۔
علّتِ اُبنہ (ع۔ا۔مث) بدفعلی (اغلام) کرانے کی عادت۔ بویس۔
علّتِ تامّہ (ع۔ا۔مث) سبب کامل۔ پُورا سبب۔
علّتِ صُوری (ع۔ا۔مث) ظاہری صُورت جو چیز کے بننے کے بعد ہو گئی ہو جیسے لکڑی سے کرسی وغیرہ۔
علّتِ غائی (ع۔ا۔مث) (۱) نتیجہ۔ حاصل۔ ماحصل (۲) فائدہ۔ پھل (۳) اصل مقصد یا وجہ۔
علّتِ فاعلی (ع۔ا۔مث) سببِ ایجاد۔ وہ سبب جس سے کوئی شے بنائی گئی ہو۔
علّت لگا لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) عادت ڈال لینا (۲) اپنے پیچھے لگا لینا۔ عذاب مول لینا۔
علّتِ مشائخ (ع۔ا۔مث) دیکھئے عِلّتِ اُبنہ۔
علّت و معلول (ع۔ا۔مذ) سبب و مُسبّب۔
علّت ہونا (اُر۔ محاورہ) عادت ہونا۔ بیماری ہونا۔
عِلّتی (عِل۔لَ۔تی) (اُر۔صف) عیب دار۔ بُری عادتوں والا۔ شریر۔
عَلَف (عَ۔لَف) (ع۔ا۔مذ) گھاس۔ گیاہ۔ چارا۔
علف زار (ع۔ف۔ا۔مذ) چراگاہ۔ گیاہستان۔
عِلَل (عِ۔لَل) (ع۔ا۔مث) علّت کی جمع۔
عَلَم (عَ۔لَم) (ع۔ا۔مذ) (۱) جھنڈا۔ نشان۔ شُہدائے کربلا کے نام کا جھنڈا جس پر پنجے کی شکل بنی ہوتی ہے (۲) وہ نام جس سے آدمی مشہور ہو۔ خاص نام۔ اِسمِ معرفہ (۳) مشہور۔ اَلَم نشرح۔ رُسوا۔ بدنام (۴) برہنہ۔ بے غلاف (۵) بلند کرنا۔ اُونچا کرنا۔ جمع: اَعلام۔ اُردو جمع: عَلَم۔ عَلَموں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

علم اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) محرم میں شہدائے کربلا کی یاد میں جھنڈا نکلنا۔

علم بردار (ع۔ف۔ صف) جھنڈا اُٹھا کر چلنے والا (۲) پیش پیش۔ مُدّعی (۳) حضرت عباس ابن علیؓ جو معرکۂ کربلا میں امام حسینؓ کے علم بردار تھے۔

علم ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) حضرت عباسؓ کی مار پڑنا۔

علم دار (ع۔ف۔ صف) (۱) وہ شخص جو جھنڈا لے کر آگے آگے چلے۔ جھنڈا اُٹھانے والا (۲) حضرت عباسؓ ابنِ حضرت علیؓ کا لقب۔

علم کرنا (اُر۔ محاورہ) تلوار ننگی کرنا۔ تیغ یا تلوار کو میان سے نکالنا (۲) بلند کرنا۔ اُونچا کرنا۔

علم ہونا (اُر۔ محاورہ) مشہور ہونا۔ رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔

عِلْم (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) دانش۔ دانائی۔ واقفیت۔ آگاہی (۲) ہُنر۔ فن۔ جوہر (۳) جادو۔ ٹونا۔ منتر (۴) عملِ تسخیر۔ جمع: علوم۔

عِلمِ اخلاق (ع۔ا۔مذ) وہ علم جس کے ذریعے سے لوگوں کی عادات دُرست ہوں۔ نشست و برخاست وغیرہ کے طریقے معلوم کرنے کا علم۔

عِلمِ اَفعالُ الاَعضاء (ع۔ا۔مذ) وہ علم جو اعضاء کی بناوٹ اور ان کے افعال سے بحث کرتا ہے۔ (Physiology)۔

عِلمِ اِکتسابی (ع۔ا۔مذ) وہ علم جو اپنی محنت سے حاصل کیا گیا ہو۔

عِلمُ الاَسماء (ع۔ا۔مذ) (۱) ناموں کا علم (۲) خدا کے ناموں کا علم۔

عِلمُ الاَصنام (ع۔ا۔مذ) دیکھیے دیومالا۔

عِلمُ النَّفس (ع۔ا۔مذ) دیکھیے عِلم نفسیات۔

عِلمُ الوجُوہ (ع۔ا۔مذ) قیافہ۔ چہرہ دیکھ کر حالات معلوم کرنے کا علم۔

عِلمُ الیقین (ع۔ا۔مذ) کسی چیز کی کیفیت اور ماہیت سے پُوری پُوری آگاہی۔

عِلمِ باطن (ع۔ا۔مذ) وہ علم جس سے خُدا شناسی حاصل ہو۔

عِلمِ تشریحُ الاَعضاء (ع۔ا۔مذ) اَجسام کو چیر پھاڑ کر اُن کا معاینہ کرنے کا علم۔ (Anatomy)۔

عِلمِ حرکت (ع۔ا۔مذ) وہ علم جو حرکت سے بحث کرتا ہے۔ (Dynamics)۔

عِلمِ حیوانات (ع۔ا۔مذ) حیوانات کی تاریخ، جسمانی ساخت اور عادات و اَطوار کا علم۔ (Zoology)۔

عِلم در سینہ باید نہ در سفینہ (ف۔ مقولہ) علم سینے میں ہونا چاہیے نہ کہ کتابوں میں۔ یعنی پڑھا ہوا یاد ہونا چاہیے۔

عِلمِ طبعی (طبیعیات) (ع۔ا۔مذ) سائنس کی وہ شاخ جس میں مظاہرِ قدرت کے اَسباب و علل، اثرات اور اُن پر حاوی قوانین اور قوتوں کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ (Physics)۔

عِلمِ طبقاتُ الاَرض (ع۔ا۔مذ) وہ علم جس میں زمین کی ساخت بالخصوص اُن چٹانوں کی کیفیت سے بحث ہوتی ہے جن سے زمین کی سطح بنی ہے۔ (Geology)۔

عِلمِ غیب (ع۔ا۔مذ) پوشیدہ باتوں کا علم۔ مستقبل کا علم۔

عِلمِ فرائض (ع۔ا۔مذ) وراثت کا علم۔

عِلمِ فلکیات (ع۔ا۔مذ) دیکھیے علم ہیئت۔

عِلمِ کلام (ع۔ا۔مذ) مذہبی اُمور کو دلائل سے ثابت کرنے کا علم۔ مذہبی بحث و مناظرہ کا علم۔

عِلمِ کائنات (ع۔ا۔مذ) فلسفے کی ایک شاخ جو کائنات کے آغاز اور ساخت کے مسائل سے بحث کرتی ہے۔ (Cosmology)۔

عِلمِ کیمیا (ع۔ا۔مذ) چیزوں کے اجزا اور بناوٹ کا علم۔ (Chemistry)۔

عِلمِ لَدُنّی (ل۔دُن۔نی) (ع۔ا۔مذ) وہ علم جو کسی کو خُدا کی طرف سے براہِ راست، بغیر اُستاد کے، حاصل ہو۔

عِلمِ لُغت (ع۔ا۔مذ) الفاظ کی بناوٹ اور معانی کا علم۔

عِلمِ مجلس (ع۔ا۔مذ) محفل میں نشست و برخاست اور برتاؤ کا علم۔

عِلمِ موسمیات (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ شعبۂ علم جس کے ذریعے کُرۂ ہوائی کے حرارتی انقلابات اور تبدیلیوں کا مطالعہ کرکے نتائج اخذ کیے جاتے ہیں اور اُن کی بنا پر موسم کے بارے میں پیش گوئی کی جاتی ہے۔ (Meteorology)۔

عِلمِ نباتات (ع۔ا۔مذ) وہ علم جس میں نباتات کے متعلق باتیں ہوں۔ (Botany)۔

عِلمِ نجُوم (ع۔ا۔مذ) وہ علم جس میں ستاروں اور سیاروں کے اِنسانی زندگی و مقدرات پر اثر انداز ہونے اور اُس کے نتیجے میں آنے والے واقعات کی پیش گوئی کی جاتی ہے۔ جوتش۔ (Astrology)۔

عِلمِ نسبیات (ع۔اُر۔ا۔مذ) خاندانی حسب نسب یا شجرۂ نسب کا علم۔ (Genealogy)۔

عِلمِ نفسیات (ع۔اُر۔ا۔مذ) (۱) نفس سے متعلقہ باتیں (۲) علم النفس۔ اِنسان کے تحتَ الشعور اور لاشعور کی تحقیق کا علم۔ (Psychology)۔

عِلمِ وَہبی (ع۔ا۔مذ) خُداداد علم جس میں کوشش کو دخل نہ ہو۔ علم لَدُنّی۔

عِلمِ ہندسہ (ع۔ا۔مذ) خطوط اور زاویوں کا علم۔ (Geometry)۔

عِلمِ ہیئت (ع۔ا۔مذ) وہ علم جس میں اَجرامِ فلکی، زمین اور اِس کی گردش و کشش وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ علم فلکیات۔ (Astronomy)۔

عُلَما (عُ۔لَ۔ما) (ع۔ا۔مذ) عالم اور علیم کی جمع۔

عِلمی (عِل۔می) (ع۔صف) علم سے منسوب۔ علم سے متعلق۔

عِلمیّت (عِل۔می۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) علم ہونا۔ علم۔ قابلیت۔ لیاقت۔

عِلمیّت بگھارنا (اُر۔ محاورہ) اپنے علم کا رُعب ڈالنا۔ موقع بے موقع اپنا صاحبِ علم ہونا ظاہر کرنا۔

عُلُو (عُ۔لو) (ع۔ا۔مذ) بلندی۔ اُونچائی۔ برتری۔ رفعت۔

عُلوِّ ہمّت (ع۔ف۔ا۔مذ) عالی ہمّتی۔ بلند ہمّتی۔ ارادے کی بُلندی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عُلُوفَہ (عُ-لو-فَہ)(ع-ا-مذ) خوراک- راتب- بھتّہ- وظیفہ- روزینہ-

عُلُوق (عُ-لوق)(ع-ا-مذ) لٹکنا (۲) نطفہ قرار پانا-

عُلُوم (عُ-لوم)(ع-ا-مذ) علم کی جمع-

علومِ جدیدہ (ع-ا-مذ) وہ علوم جو زمانہ حال میں ایجاد ہوئے ہیں-

علومِ رسمی (رسمیّہ) (ع-ا-مذ) رائج الوقت علم-

علومِ قدیم (ع-ا-مذ) وہ علوم جو زمانہ قدیم سے چلے آتے ہیں-

علومِ متجانسہ (ع-ا-مذ) وہ علوم جو آپس میں ایک دوسرے سے مماثلت یا رابطہ رکھتے ہوں-

علومِ متعارفہ (ع-ا-مذ) وہ مشہور و معروف اور صریح باتیں جو دلیل کی بنیاد قائم کرنے کے لئے اختیار کی جائیں- علم ریاضی کے وہ اُصول جنہیں بلاثبوت مان لیا جاتا ہے اور پھر اُن پر بحث کی جاتی ہے-

علومِ مشرقی (ع-ا-مذ) وہ علوم جن کی ابتدا مشرقی ممالک میں ہوئی-

علومِ مغربی (ع-ا-مذ) وہ علوم جن کی ابتدا یورپ میں ہوئی-

عَلَوی (عَ-لَ-وی)(ع-صف) وہ شخص جو حضرت علیؓ کی نسل سے ہو مگر حضرت فاطمہؓ کے بطن سے نہ ہو-

عُلْوی (عُل-وی)(ع-ا-مذ)(۱) فرشتہ (۲) ستارہ (۳) وہ عمل جو فرشتوں یا اسمائے الٰہی کے ذریعے کیا جائے- سِفلی کا نقیض (۴)(صف) فلکی- اعلیٰ درجے کا- بلند-

عُلْوِیّت (عُل-وی-یَت)(ع-ا-مث) بلندی- رفعت-

عَلی (عَ-لی)(ع-صف)(۱) اُونچا- بلند- عالی مرتبہ (۲)(ع-ا-مذ) حق تعالیٰ کا ایک نام- خلیفۂ چہارم کا اسمِ گرامی-

علی بند (ع-ا-مذ)(۱) کلائی یا اُنگلیوں کا ایک زیور (۲) کُشتی کا ایک پیچ (۳) ایک تعویذ جو جادو کا اثر زائل کرتا ہے-

علی علی کرنا (اُر- محاورہ) لڑتے وقت علی علی کا نعرہ لگانا- کوئی مُشکل کام کرتے وقت حضرت علیؓ کو پکارنا-

عَلیٰ (عَ-لا)(ع-حرفِ جار) پر- اُوپر- بالا-

عَلَی الاِتّصال (عَلَی التَّواتُر)(عَ-لَل-اِت-تِ-صال)(عَ-لَت-تَ-وا-تُر)(ع-متعلق فعل) متواتر- پے در پے- لگاتار- مکرّر- سہ کرّر-

عَلَی الاِطْلاق (عَ-لَل-اِط-لاق)(ع-متعلق فعل) مطلق- بے قید- آزاد- بلاشرط-

عَلَی الاعلان (عَ-لَل-اِع-لان)(ع-متعلق فعل) علانیہ طور پر- بے روک ٹوک- کھلم کھلا-

عَلَی التَّحقیق (عَ-لَت-تَح-قیق)(ع-متعلق فعل) ٹھیک طور پر- یقیناً-

عَلَی التَّوَکُّل (عَ-لَت-تَ-وَک-کُل)(ع-متعلق فعل) اعتبار کر کے- بھروسا کر کے- توکّل کر کے-

عَلَی الاجمال (عَ-لَل-اِج-مال)(ع-متعلق فعل) مجملاً- بالاشتراک- بشمول-

عَلَی الحِساب (عَ-لَل-حِ-ساب)(ع-متعلق فعل) چلتے ہوئے حساب میں- بلا حساب چکائے- پھُٹکل-

علیٰ الحساب دینا (اُر- مص مرکّب) بیع کے طور پر دینا- پیشگی دینا- بلاحساب دینا-

عَلَی الخُصُوص (عَ-لَل-خُ-صُوص)(ع-متعلق فعل) خاص کر- خصوصاً-

عَلَی الدَّوام (عَ-لَد-دَ-وام)(ع-متعلق فعل) ہمیشہ کے لئے- دوامی- دائمی-

عَلَی الرّاسِ وَالعَین (عَ-لَر-راس-وَل-عین)(ع-متعلق فعل) سر آنکھوں پر- بخوشی-

عَلَی الرَّغم (عَ-لَر-رَغم)(ع-متعلق فعل) برخلاف- برعکس- مقابلے میں- باوجود اس کے-

عَلَی الصَّباح (عَ-لَص-صَ-باح)(ع-متعلق فعل) بہت سویرے- تڑکے ہی- (علی الصبح غلط ہے)-

عَلَی العُموم (عَ-لَل-عُ-موم)(ع-متعلق فعل) عموماً- عام طور پر-

عَلیٰ حالِہٖ (عَ-لا-حا-لِ-ہی)(ع-متعلق فعل) بدستور- اپنی پچھلی حالت پر-

عَلیٰ رُؤسُ الاَشہاد (عَ-لا-رُ-ئو-سُل-اَش-ہاد)(ع-متعلق فعل) گواہوں کے روبرو- علی الاعلان- علانیہ-

عَلیٰ قدرِ مراتب (ع-متعلق فعل) حسبِ مرتبہ- حیثیت یا مرتبے کے مطابق-

عَلیٰ کُلِّ شَیْءٍ قَدِیر (ع-متعلق فعل) خُدا کی تعریف- وہ ہر شے پر قادر ہے-

عَلیٰ وجہِ البصیرت (عَ-لا-وَج-ہِل-بَ-صی-رَت)(ع-متعلق فعل) بصیرت سے- بصیرت کے طور پر-

عَلیٰ وجہِ التّفصیل (عَ-لا-وَج-ہِت-تَف-صیل)(ع-متعلق فعل) مفصّل طور سے- تفصیل سے-

عَلیٰ وجہِ العُموم (ع-متعلق فعل) ہر جگہ- عموماً (۲) سارے-

عَلیٰ ہٰذا القیاس (عَ-لا-ہا-ذَل-قِ-یاس)(ع-متعلق فعل) اسی طرح- اسی قیاس پر-

عُلیا (عُل-یا)(ع-صف) اعلیٰ کی تانیث-

عَلیحدگی (عَ-لا-حِ-دَ-گی)(ف-ا-مث) جدائی- تنہائی- خلوت- (یہ لفظ فارسی والوں نے عربی "علیٰ حِدَۃٍ" (اپنی حد پر- جدا- الگ) سے بنایا ہے)-

عَلیحدہ (عَ-لا-حِ-دَہ)(ع-ف-صف)(۱) الگ- جدا (۲) سوا (۳) تنہائی میں (۴) شرکت سے باہر (اصل میں علیٰ حِدَۃٍ تھا یعنی اپنی حد پر- جدا- الگ)-

علیحدہ علیحدہ (ع-ف-صف) جدا جدا- الگ الگ-

علیحدہ کرنا (اُر- محاورہ)(۱) جدا کرنا (۲) موقوف کرنا (۳) انتخاب کرنا- چھانٹنا-

عَلَیک (عَ-لیک)(ع-متعلق فعل) تجھ پر-

علیک سلیک (اُر-ا-مث) صاحب سلامت- معمولی واقفیت-

عَلِیل (عَ-لیل)(ع-صف) مریض- بیمار- دُکھیا- روگی-

عَلِیم (عَ-لیم)(ع-صف)(۱) دانا- جاننے والا- عالم- واقف (۲) علم

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

والا۔ فاضل۔ صاحبِ علم۔ جمع: عُلَماء۔
عَلَیہِ (عَ۔لے۔ہِ)(ع۔جار مجرور) اُس (مرد) پر۔
علیہ ماعلیہ (ع۔کلمۂ دُعا) اس پر ہے جو اس کے اُوپر ہے (کسی بُرے آدمی کے نام کے ساتھ واضح طور پر کہنے کی بجائے لکھ دیتے ہیں)۔
علیہ الرّحمۃ (عَ۔لے۔ہِر۔رَح۔مَت)(ع۔دُعا) اِس پر خُدا کی رحمت ہو۔ وفات پائے ہوئے ولیوں اور بُزرگوں کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔
عَلَیہِ السّلام (التّسلیم) (عَ۔لے۔ہِس۔سَ۔لام) (عَ۔لے۔ہِت۔تَس۔لیم)(ع۔کلمۂ دُعا) اُس پر سلام یعنی خُدا کی عنایت ہو۔
عَلَیہِ الصّلوٰۃُ وَ السّلام (ع۔دُعا) اُس پر خُدا کی رحمت اور سلام ہو۔
عَلَیہا (عَ۔لے۔ہا)(ع۔جار مجرور) اُس عورت پر۔
عَلَیہِم (عَ۔لے۔ہِم)(ع۔جار مجرور) اُن سب پر۔
عَلَیہِمُ السّلام (ع۔دُعا) اُن سب پر خُدا تعالیٰ کا سلام ہو۔
عَلَیہِمُ الرِّضوان (ع۔دُعا) اُن سب پر اللہ کی رضامندی ہو۔
عَلَیہِما (عَ۔لے۔ہِ۔ما)(ع۔جار مجرور) اُن دونوں پر۔
عِلِّیِّین (عِل۔لی۔یِین)(ع۔ا۔مذ)(۱) ساتواں آسمان (۲) جنّت کے اُونچے اُونچے مکان (۳) آسمانوں پر رہنے والے فرشتے۔

ع-م

عَمّ (بفتحۂ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مذ) چچا۔ باپ کا بھائی۔ عمو۔
عَمّ زادہ (ع۔ف۔صف) چچا کا بیٹا۔
عِماد (عِ۔ماد)(ع۔ا۔مذ)(۱) ستون (۲) اِعتبار۔ اِعتماد (۳) اُونچے مکان۔
عِمارات (عِ۔ما۔رات)(ع۔ا۔مث) عمارت کی جمع۔
عِمارَت (عِ۔ما۔رَت)(ع۔ا۔مث) وہ چیز جو تعمیر کی جائے۔ مکان۔ محل۔ مسکن۔ گھر۔ جمع: عمارات۔ اُردو جمع: عمارتوں۔ عمارتیں۔
عِمارَتی (عِ۔ما۔رَ۔تی)(ف۔صف) عمارت سے متعلق۔ عمارت کا۔
عَماری (عَم۔ما۔ری)(ع۔ا۔مث) ہاتھی کا ہودا۔ ہودج۔
عُمّال (عُم۔مال)(ع۔ا۔مذ) عامل کی جمع۔ حاکم۔ گورنر (۲) روپیہ تقسیم کرنے والے عُہدے دار۔ تحصیل دار۔
عِمامَہ (عِ۔ما۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) پگڑی۔ دستار۔ سرپیچ (اردو میں بفتحِ اوّل مستعمل ہے)۔ اُردو جمع: عماموں۔ عمامے۔
عمامہ اُتارنا (اُر۔محاورہ) رُسوا کرنا۔ بے آبرو کرنا۔
عَمائِد (عَ۔ما۔اِد)(ع۔ا۔مذ) عمید کی جمع۔ قوم کے سردار۔ معززین۔
عَمائِدِین (عَ۔ما۔اِ۔دِین)(ع۔ا۔مذ) عمائد کی جمع۔ عمید کی جمع الجمع۔
عَمْد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) قصد۔ ارادہ۔ نیت۔ عزم۔
عَمْداً (عَم۔دَن)(ع۔متعلق فعل) قصداً۔ ارادۃً۔ جان بُوجھ کر۔ دانستہ۔
عُمدگی (عُم۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) خُوبی۔ وصف۔ حُسن۔
عُمدَہ (عُم۔دَہ)(ع۔صف) مُعتمد۔ اِعتبار والا (۲) اچھا۔ خوب۔ بھلا (۳) شریف۔ امیر۔ ذی عزّت۔ منتخب۔ پسندیدہ (۴) نفیس۔ قابلِ تعریف (۵) اوّل درجے کا۔ اعلیٰ درجے کا (۶) خالص۔ کھرا (۷) لذیذ (۸) قیمتی (۹) نیک (۱۰) خوبصورت (۱۱)(ع۔ا۔مذ) ستون (۱۲) اِعتبار۔ اِعتماد۔ بھروسا (۱۳) سردار۔
عُمدۃُ المُلک (عُم۔دَ۔تُل۔مُلک)(ع۔ا۔مذ) سلطنت کا ستون۔ مُلکی اعلیٰ عُہدے داروں کا خطاب جو شاہی زمانے میں دیا جاتا تھا۔
عُمَر (عُ۔مَر)(ع۔ا۔مذ) علمِ غیر منصرف۔ خلیفۂ ثانیؓ کا اسمِ گرامی۔
عُمر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) سِن و سال۔ آیُو۔ عرصۂ حیات۔ زندگی کی مدّت (۲) زمانہ۔ قرن۔ عہد۔ دور۔ جمع: اَعمار۔ اُردو جمع: عُمروں۔ عُمریں۔
عُمر آخر ہونا (اُر۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ عُمر ختم ہونا۔
عُمرِ ابد (ع۔ا۔مذ) ختم نہ ہونے والی زندگی۔
عُمر بسر کرنا (اُر۔محاورہ) عُمر گزارنا۔
عُمر بہ پایاں رسیدہ (ع۔ف۔صف) اِنتہائی عُمر پر پہنچا ہوا۔ بہت بوڑھا۔
عُمر بھر (اُر۔متعلق فعل) تمام عُمر۔ تازیست۔ ہمیشہ۔ سدا۔
عُمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا (اُر۔محاورہ) تمام عُمر کے خرچ کے مطابق بہت سا روپیہ کما لینا۔
عُمر پٹّا (اُر۔ا۔مذ) زندگی بھر کا ٹھیکا۔ ہمیشہ جیتے رہنے کا اِقرار نامہ۔
عُمر تیر کرنا (یائے مجہول)(اُر۔محاورہ) بُرے حالوں زندگی بسر کرنا۔ عُمر کے دِن پُورے کرنا۔
عُمرِ جاوداں (جاوید) (ع۔ف۔ا۔مث) ہمیشہ کی زندگی۔
عُمر دراز (ع۔ف۔دُعا)(۱) عُمر بڑی ہو۔ جیتے رہو (۲)(بہ اضافت) (ف۔صف) لمبی عُمر۔
عُمرت دراز باد فراموش گار من (ف۔دُعا) مجھ کو بُھول جانے والے تیری عُمر لمبی ہو۔
عُمر رسیدہ (ع۔ف۔صف) بہت بوڑھا۔ مُعمّر۔ تجربہ کار۔ زمانہ شناس۔
عُمر طبعی (عُمرِ طبیعی) (ع۔ا۔مث) پُوری عُمر۔ اصلی عُمر جو ازرُوئے حکمت و فطرت قرار دی گئی ہے۔
عُمر قید (ع۔ف۔ا۔مث) عُمر بھر کی قید۔ جیتے جی کی قید۔
عُمر کا پیمانہ بھر جانا (لبریز ہو جانا) (اُر۔محاورہ) زندگی پُوری ہو جانا۔ مرنے کا وقت آجانا۔
عُمر کاٹنا (اُر۔محاورہ) عُمر بسر کرنا۔ بے لطفی سے دِن پُورے کرنا۔
عُمر کے دِن بھرنا (عُمر کے دِن پورے کرنا) (اُر۔محاورہ) جوں توں کر کے عُمر کاٹنا۔
عُمرِ نوحؑ (ع۔ا۔مث) نوحؑ کی سی بڑی عُمر۔ کہتے ہیں کہ اُن کی عُمر ساڑھے نو سو برس سے بھی زیادہ تھی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عُمرے باید کہ یار آید بکنار (ف۔مثل) محبوب کے گلے لگنے کے لئے ایک عُمر چاہئے۔ کسی کام کے ہونے میں دیر ہو جائے تو کہتے ہیں۔

عِمْران (عِم۔ران)(ع۔ا۔مذ)(۱) آبادی (۲) حضرت موسیٰؑ کے والد کا نام (۳) حضرت مریمؑ کے والد کا نام (۴) ابو طالب (عمِ رسول اللہؐ) کا نام۔

عِمْرانی (عِم۔را۔نی)(ع۔صف) مُعاشرتی۔ سوسائٹی سے متعلق۔ اِنسانوں کی آبادی سے متعلق۔

عِمْرانیات (عِم۔را۔نی۔یات)(ع۔ا۔مث) اِنسانی معاشرت کا علم۔ لوگوں کے رہن سہن کے اُصولوں کا علم۔ (Sociology)۔

عَمْرو (عَمْر)(بفتحِ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(واو زائد ہے)(ع۔ا۔مذ) ایک فرضی نام (۲) داستانِ امیر حمزہ کا ایک مزاحیہ کردار۔ عَمرو عیّار۔

عَمْروٗ زیدٗ بکر (ع۔ا۔مذ) فرضی نام جو تمثیلاً اِستعمال کئے جاتے ہیں۔ عام لوگ۔ کوئی بھی شخص۔

عَمرو عیّار کی زنبیل (اُر۔ا۔مث) بڑا تھیلا یا برتن جس میں طرح طرح کی چیزیں سما سکیں۔

عُمْرہ (عُم۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) زمانۂ حج کے علاوہ مکۂ معظمہ کی حاضری اور بیتُ اللہ کا طواف۔ اِس میں حج کی طرح ہی احرام باندھا جاتا ہے اور بیتُ اللہ کے طواف اور صفا و مروہ کے درمیان دوڑنے کے بعد کھول دیا جاتا ہے۔ حج کے دیگر مناسک ادا نہیں کئے جاتے۔

عُمْق (عُ۔مْق)(بضمِ اوّل وسکونِ دوم و سوم بھی صحیح ہے)(ع۔ا۔مذ) تھاہ۔ تہ۔ گہرائی۔ جمع: اَعماق۔

عَمَل (عَ۔مَل)(ع۔ا۔مذ) کام۔ فعل۔ کار۔ دھندا (۲) تعمیل۔ کارروائی۔ برتاؤ (۳) اِستعمال۔ عادت۔ معمول (۴) قاعدہ (۵) اَثر۔ تاثیر (۶) حکومت۔ حدوُدِ قبضہ (۷) وقت۔ سماں (۸) جادُو۔ منتر۔ سحر۔ جمع: اَعمال۔

عمل (اُٹھنا) اُٹھ جانا (اُر۔محاورہ) قبضہ نہ رہنا۔ حکومت جاتی رہنا۔

عملِ اِنہضام (ع۔ا۔مذ) کھانا ہضم ہونے کا عمل۔

عمل بیٹھ جانا (بیٹھنا) (اُر۔محاورہ) قبضہ ہو جانا۔ عمل دخل ہونا۔ حکومت قائم ہونا۔

عمل پانی کرنا (اُر۔محاورہ) نشہ آور چیزیں وقت پر اِستعمال کرنا۔

عمل پڑھنا (اُر۔محاورہ) کسی منتر یا افسوں یا عمل کا کسی خاص ترکیب سے پڑھنا۔

عمل پیرا ہونا (اُر۔محاورہ) عمل کرنا۔ کام کرنا۔

عملِ جرّاحی (ع۔ا۔مذ) جرّاحی کا کام۔ چیر پھاڑ۔

عمل چلنا (اُر۔محاورہ) جادو کا کارگر ہونا۔ جادو چلنا۔

عمل دار (ع۔ف۔صف) حاکم۔ عامل۔ تحصیل دار۔ مُحصّل۔

عمل داری (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) حکومت۔ سلطنت۔ راج۔ ریاست (۲) علاقہ۔ قلم رَو (۳) اِختیار۔ حُکم۔

عمل داری اُٹھ جانا (اُر۔محاورہ) حکومت جاتی رہنا۔

عمل دخل (ع۔ا۔مذ)(۱) تخت۔ حکومت (۲) قبضہ۔ اِختیار (۳) اَثر۔ رسُوخ۔

عمل درآمد (ع۔ف۔ا۔مذ) تعمیل۔ کارروائی۔

عمل دینا (اُر۔محاورہ) حُقنہ کرنا۔ انیما دینا۔

عملِ شمسی و قمری (ع۔ا۔مذ) (کیمیاگروں کی اِصطلاح) سونا چاندی بنانا۔

عملِ صالح (ع۔ا۔مذ) نیک کام۔

عمل طراز (ع۔ف۔صف) جو کوئی کام اپنے ذمّے لے (۲) جو کام کرے۔

عمل کرنا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) بات ماننا۔ کسی بات پر چلنا (۲) اَثر کرنا (۳) نشہ پانی کرنا (۴) قبضہ کرنا (۵) سوال حل کرنا (۶) جادُو کرنا۔ منتر پڑھنا۔

عمل میں لانا (اُر۔محاورہ) اِستعمال میں لانا۔

عمل ہونا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) قبضہ ہونا (۲) نشہ ہونا (۳) کسی بات پر کاربند ہونا (۴) اَثر ہونا۔

عَمَلاً (عَ۔مَ۔لن)(ع۔متعلق فعل) بطورِ عمل۔ باعتبارِ عمل۔ حقیقت میں۔ کام کر کے۔

عَمَلہ (عَ۔مَ۔لہ)(ع۔ا۔مذ) عامل کی جمع (۱) اِسٹاف۔ کام کرنے والے۔ کسی محکمے کے مُلازم۔ کارکن۔ اہل کار۔ کچہری کے لوگ (۲) مکان کا سامان (اُردو میں بسکونِ م مستعمل ہے)۔

عملۂ پولیس (عملۂ فوجداری) (ع۔ا۔مذ) محکمۂ پولیس۔ محکمۂ فوجداری۔ شہری اِنتظام اور محافظت کے لوگ۔

عملہ دَخلہ (ع۔اُر۔ا۔مذ) قبضہ۔ تصرُّف۔

عملہ فِعْلہ (ع۔اُر۔ا۔مذ)(۱) محکمے کے نوکر چاکر۔ اہل کاران محکمہ (۲) اہالی موالی۔

عَمَلی (عَ۔مَ۔لی)(ع۔صف)(۱) عمل سے منسوب (۲) نشے باز۔ نشے کا عادی (۳) معمولی۔ روزمرّہ کے اِستعمال کی۔

عملی جامہ پہنانا (اُر۔محاورہ) کسی کام کو وقوع میں لانا یا پُورا کرنا۔

عملی صُورت (ع۔ا۔مث) کسی کام کے ہونے کی صُورت۔ وہ بات جو خیال سے عمل میں آجائے۔

عملی صُورت اِختیار کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کام کا ہو جانا۔

عَمَلیات (عَ۔مَ۔لی۔یات)(ع۔ا۔مذ) عمل کی جمع۔ افسوں۔ منتر (۲) (ا۔مث) رسُومات۔

عَمُّو (عَم۔مُو)(ف۔ا۔مذ) عَم۔ چچا یا تایا۔

عَمُود (عَ۔مُود)(ع۔ا۔مذ)(۱) تھم۔ کھم۔ ستون۔ چوبِ خیمہ (۲) وہ خطِ مستقیم جو دُوسرے خطِ مستقیم پر قائم ہو کر دونوں زاویہ قائمہ پیدا کرے۔

عمُود ڈالنا (کھینچنا) (اُر۔محاورہ) کسی خطِ مستقیم پر عمود قائم کرنا۔

عَمُوداً (عَ۔مُو۔دَن)(ع۔متعلق فعل) سیدھا۔ زاویہ قائمہ بناتا ہوا۔

عَمُودی (عَ۔مُو۔دی)(ع۔صف) لمبی ستون جیسی۔ عمود والی۔ سیدھی۔

عُمُوم (عُ۔مُوم)(ع۔ا۔مذ) عام ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عُموماً (عُ۔مُو۔مَن) (ع۔متعلق فعل) عام طور پر۔ اکثر۔ بیشتر۔
عُمومی (عُ۔مُو۔مِی) (ع۔صف) عام۔ اکثر و بیشتر۔
عُمّی (عُ۔مْ) (ع۔ا۔مذ) اندھاپن۔
عُمَید (عُ۔مید) (ع۔ا۔مذ) سردار۔ حاکم۔ جمع: عمائد۔
عَمِیق (عَ۔مِیق) (ع۔صف) گہرا۔ ڈباؤ۔ اتھاہ (۲) کامل۔
عَمِیم (عَ۔مِیم) (ع۔صف) پورا۔ تمام۔ سب میں شامل۔ سب پر حاوی۔ عام۔
عَمِیمُ الاحسان (عَ۔مِی۔مُل۔اِح۔سان) (ع۔صف) سب پر احسان کرنے والا۔
عَمِیمُ البرکات (عَ۔مِی۔مُل۔بَ۔رَ۔کات) (ع۔صف) سب پر برکتیں بھیجنے والا۔
عَمِیمَہ (عَ۔مِی۔مَہ) (ع۔صف) عمیم کی تانیث۔

ع۔ن

عَن (بفتحہ اوّل) (ع۔ حرف جار) سے۔ ساتھ۔ ذریعے سے۔ اس کے بموجب۔ اس کی زبانی۔
عن قریب (عنقریب) (ع۔متعلق فعل) (۱) پاس۔ نزدیک (۲) جلد۔ فوراً۔
عَنا (عَ۔نا) (ع۔ا۔مذ) (۱) تکلیف (۲) محنت (۳) تھکاوٹ (۴) رنج۔
عُنّاب (عُن۔ناب) (ع۔ا۔مذ) ولایتی بیر جو نہایت سرخ ہوتا ہے۔
عُنّابی (عُن۔نا۔بی) (ع۔صف) عناب کی مانند۔ سیاہی مائل سرخ۔
عِناد (عِ۔ناد) (ع۔ا۔مذ) (۱) لڑائی۔ سرکشی (۲) دشمنی۔ بَیر۔ خصومت۔ عداوت (۳) کینہ۔ نفاق۔
عِناداً (عِ۔نا۔دَن) (ع۔متعلق فعل) دشمنی سے۔ مخالفت کی وجہ سے۔
عَنادِل (عَ۔نا۔دِل) (ع۔ا۔مذ) عندلیب کی جمع۔ بُلبلیں۔
عَناصِر (عَ۔نا۔صِر) (ع۔ا۔مذ) عنصر کی جمع۔
عناصر اربع (اربعہ) (ع۔ا۔مذ) مادّی دُنیا کے چاروں بنیادی اجزا۔ پانی۔ ہوا۔ آگ۔ مٹی۔ لیکن موجودہ سائنسی تحقیقات کے مطابق ان میں سے کوئی بھی عنصر نہیں ہے۔
عِنان (عِ۔نان) (ع۔ا۔مذ) باگ۔ لگام۔ راس۔
عِنان تاب (ع۔ف۔صف) اشارے پر چلنے والا (گھوڑا)۔
عِنان چھوڑنا (اُر۔محاورہ) لگام کو ڈھیلا چھوڑنا۔
عِنان گشتہ (ع۔ف۔صف) لگام ٹوٹا ہوا یعنی بہت تیز۔ بگٹٹ۔
عِنان گیر (ع۔ف۔صف) چلنے سے روکنے والا۔ باگ پکڑنے والا۔
عِنایات (عِ۔نا۔یات) (ع۔ا۔مث) عنایت کی جمع۔
عِنایَت (عِ۔نا۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) لطف۔ مہربانی (۲) توجہ۔ التفات (۳) تحفہ۔ عطیہ۔ جمع: عِنایات۔ اُردو جمع: عِنایتوں۔ عِنایتیں۔
عنایت بے غایت (ع۔ا۔مث) بے حد مہربانی۔
عنایت فرما (ع۔ف۔صف) مہربانی کرنے والا۔
عنایت کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) مہربانی کرنا (۲) احسان کرنا (۳) بخشنا۔ عطا کرنا۔ دینا (۴) توجہ کرنا۔
عنایت کی نظر ہونا (اُر۔محاورہ) مہربانی ہونا۔ نگاہِ لطف کا ہونا۔
عنایت ہے (اُر۔محاورہ) مہربانی ہے۔ کرم بخشی ہے۔ کوئی مزاج پوچھے تو کہتے ہیں۔
عِنَب (عِ۔نَب) (ع۔ا۔مذ) انگور۔ جمع: اَعناب۔
عِنَبُ الثَّعلَب (ع۔نَ۔بُث۔ثَع۔لَب) (ع۔ا۔مذ) مکو۔
عَنبَر (عَم۔بَر) (ع۔ا۔مذ) ایک خوش بُودار چیز جو سمندر میں ہوتی ہے۔
عنبر آگیں (ع۔ف۔صف) عنبر کی خوشبو سے بھرا ہوا۔
عنبر اَشہب (ع۔ف۔ا۔مذ) سیاہ رنگ کا عنبر۔ اعلیٰ قسم کا عنبر۔
عنبر افشاں (عنبر بیز) (ع۔ف۔صف) بہت خوشبو دینے والا۔
عنبر خشخاش (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا صاف کیا ہوا عنبر جس پر سفید خشخاش کی مانند چتیاں ہوتی ہیں۔
عنبر سار (ع۔ف۔ا۔مذ) خالص عنبر۔
عنبر سوز (ع۔ف۔ا۔مذ) عنبر جلانے کا برتن۔
عَنبَری (عَم۔بَ۔ری) (ف۔صف) عنبر کے رنگ کا۔ عنبر کی مانند۔ خوشبودار۔
عَنبَریں (عَم۔بَ۔ریں) (ف۔صف) عنبر کی سی خوشبو دینے والا۔ خوشبودار۔
عِند (نون غنہ) (ع۔متعلق فعل) (۱) نزدیک۔ پاس۔ قریب (۲) سامنے۔ آگے (۳) پر۔ وقت پر۔
عِندَ الاستفسار (عِن۔دَل۔اِس۔تِف۔سار) (ع۔متعلق فعل) پوچھنے پر۔ دریافت کرنے پر۔
عِندَ اللّٰہ (عِن۔دَل۔لاہ) (ع۔متعلق فعل) خدا کے نزدیک۔
عِندَ التحقیق (عِن۔دَت۔تَح۔قِیق) (ع۔متعلق فعل) دریافت کرنے پر۔ تفتیش کے دوران میں۔
عِندَ الخلائق (عِن۔دَل۔خَ۔لا۔اِق) (ع۔متعلق فعل) لوگوں کے نزدیک۔
عِندَ الضرورت (عِن۔دَض۔ضَ۔رُو۔رَت) (ع۔متعلق فعل) ضرورت کے وقت۔ ضرورت میں۔
عِندَ الطلب (عِن۔دَط۔طَ۔لَب) (ع۔متعلق فعل) مانگنے کے وقت۔ مطالبے پر۔
عِندَ الطلب ہُنڈی (ع۔ہ۔ا۔مث) وہ روپیہ جو مانگنے پر فوراً دے دیا جائے۔
عِندَ الفرصت (عِن۔دَل۔فُر۔صَت) (ع۔متعلق فعل) فرصت کے وقت۔
عِندَ الملاقات (عِن۔دَل۔مُ۔لا۔قات) (ع۔متعلق فعل) بروقتِ ملاقات۔ ملنے کے وقت۔
عِندَ النّاس (عِن۔دَن۔ناس) (ع۔متعلق فعل) لوگوں کے نزدیک۔
عِندَ الوقت (عِن۔دَل۔وَقت) (ع۔متعلق فعل) عین وقت پر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عِندَ الوقوع (عِن ـ دَل ـ وُ ـ قُوع) (ع ـ متعلق فعل) واقع ہونے کے وقت (۲) آخر کار۔
عَندَلِیب (عَن ـ دَ ـ لیب) (ع ـ ا ـ مذ و مث) بُلبُل ـ گُل دُم ـ جمع : عنادل۔
عِندِیہ (عِن ـ دِ ـ یَہ) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) رائے ـ منشا (۲) ارادہ ـ منصوبہ۔
عِندِیہ پانا (لینا ـ معلوم کرنا) (اَر ـ محاورہ) رائے لینا ـ منشا دریافت کرنا ـ بھید لینا۔
عِندِیہ کُھلنا (اَر ـ محاورہ) منشا معلوم ہونا۔
عُنصُر (عُن ـ صُر ـ عُن ـ صَر) (ع ـ ا ـ مذ) اصل ـ بُنیاد ـ اصل جُزو ـ وہ چیزیں جو مُرکب نہ ہوں ـ مُفرد چیز ـ جمع : عناصر۔
عُنصُری (عُن ـ صُ ـ ری) (ع ـ صف) عُنصر سے متعلق۔
عُنفُوان (عُن ـ فُ ـ وان) (ع ـ ا ـ مذ) آغاز ـ اُٹھان (۲) تازگی (۳) خوبصورتی۔
عُنفوانِ شباب (ع ـ ا ـ مذ) جوانی کا آغاز۔
عُنُق (ع ـ نُق) (ع ـ ا ـ مذ) گردن ـ جمع : اَعناق۔
عَنقا (عَن ـ قا) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) سیمرغ ـ ایک فرضی پرند (۲) نایاب شے۔
عنقا ہونا (اَر ـ محاورہ) (۱) نادر و کمیاب ہونا (۲) غائب ہونا ـ معدوم ہونا۔
عَنکَبوت (عَن ـ کَ ـ بوت) (ع ـ ا ـ مث) مکڑی ـ جمع : عناکب ـ عناکیب۔
عُنوان (عُن ـ وان) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) سُرخی ـ سرنامہ (۲) شروع ـ آغاز (۳) دیباچہ (۴) فصل ـ باب (۵) سبب ـ وجہ ـ طور طریق ـ طرز ـ ڈھنگ ـ جمع : عنوانات ـ اُردو جمع : عُنوان ـ عُنوانوں۔
عَنِید (عَ ـ نید) (ع ـ صف) لڑاکا ـ سرکش۔
عَنِیف (عَ ـ نیف) (ع ـ صف) تُندخُو ـ دُرشت مزاج ـ لڑاکا۔
عِنِّین (عِن ـ نین) (ع ـ صف) نامرد ـ ہیجڑا۔

ع ـ و

عَوارِض (عَ ـ وا ـ رِض) (ع ـ ا ـ مذ) عارضہ کی جمع ـ پیش آنے والی چیزیں (۲) اَمراض ـ دُکھ ـ بیماریاں۔
عَواطِف (عَ ـ وا ـ طِف) (ع ـ ا ـ مذ و مث) عاطِفہ کی جمع ـ مہربانیاں ـ رُجحانات۔
عَواقِب (عَ ـ وا ـ قِب) (ع ـ ا ـ مذ) عاقبت کی جمع۔
عَواقب بیں (ع ـ ف ـ صف) دُور اندیش۔
عَوالِم (ع ـ ا ـ مذ) عالم کی جمع۔
عَوام (عَ ـ وام) (ع ـ ا ـ مذ) عامّہ کی جمع (۱) عام لوگ ـ مخلوق (۲) رعایا ـ پرجا (۳) جُہلا ـ بازاری لوگ۔
عوامُ النّاس (ع ـ ا ـ مذ) تمام آدمی (۲) عام لوگ ـ بازاری لوگ۔
عوام کالانعام (کُل ـ اَن ـ عام) (ع ـ ا ـ مذ) عوام مثل چوپایوں کے ہیں۔
عَوامِل (عَ ـ وا ـ مِل) (ع ـ ا ـ مذ) عامِلہ کی جمع ـ اثرات ـ واقعات۔

حقائق ـ لازمی اجزا۔
عَوامی (عَ ـ وا ـ می) (ع ـ ف ـ صف) عوام سے منسوب (۲) عام لوگوں کی ـ جمہوری۔
عَوائِب (عَ ـ وا ـ ئِب) (ع ـ ا ـ مذ) عائب کی جمع ـ (اَر ـ ا ـ مذ) عیب کی جمع۔
عُوج بن عُنُق (عَوق) (عُوج ـ بِن ـ عُ ـ نُق) (عُوج ـ بِن ـ عوق) (ع ـ ا ـ مذ) ایک بہت لمبا آدمی جو حضرت آدم کے عہد میں پیدا ہوا تھا اور حضرت موسیٰؑ کے عہد تک زندہ رہا ـ اسے حضرت موسیٰؑ نے قتل کیا تھا (۲) (کنایۃً) بہت لمبا آدمی ـ بہت بے وقوف شخص۔
عَود (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مذ) واپسی ـ مُراجعت ـ اِعادہ ـ لوٹنا ـ پھرنا۔
عَود کرنا (اَر ـ مص مُرکب) لوٹ آنا ـ اعادہ کرنا ـ پھر آنا۔
عُود (واو معروف) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) ایک قسم کی سیاہ لکڑی جو آگ میں جل کر نہایت عُمدہ خوشبو دیتی ہے اور پانی میں نہیں ڈوبتی ـ اس کا پودا جنوبی افریقہ میں کاشت کیا جاتا ہے ـ اگر (۲) بربط ـ ایک قسم کا ساز۔
عُود سوز (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) عُود جلانے کی انگیٹھی ـ اگردان۔
عُودِ صلیب (ع ـ ا ـ مذ) ایک قسم کی لکڑی جس پر صلیب کا سا نشان ہوتا ہے ـ ادویہ سازی میں استعمال ہوتی ہے۔
عُودِ غرقی (ع ـ ا ـ مذ) ایک قسم کا عُود جو پانی میں ڈوب جاتا ہے۔
عُودِ ہندی (ع ـ ا ـ مذ) ایک ہندوستانی درخت اور اُس کی لکڑی (۲) مرزا اسداللہ خاں غالب کی ایک نثری کتاب۔
عَورات (عَو ـ رات) (ع ـ ا ـ مث) عورت کی جمع۔
عَورَت (عَو ـ رَت) (ع ـ ا ـ مث) (۱) مرد کی مادہ ـ نار ـ لُگائی ـ استری (۲) جورُو ـ بیوی ـ زوجہ (۳) شرم گاہ ـ جسم کے وہ حصے جن کا کھولنا موجب شرم ہے ـ جمع : عورات ـ اُردو جمع : عورتوں ـ عورتیں۔
عورت اور ککڑی کی بیل جلدی بڑھے (اَر ـ مثل) ککڑی کی بیل کی طرح عورت بھی جلد جوان ہو جاتی ہے۔
عورت اور گھوڑا ران تلے کا (اَر ـ مثل) دونوں جب تک قابو میں رہیں اپنے ہیں۔
عورت ذات (ع ـ ا ـ مث) عورت کی جنس۔
عِوَض (عِ ـ وَض) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) بدلہ ـ مُعاوضہ ـ اُجر ـ تاوان ـ ڈنڈ ـ جزا ـ جُرمانہ (۲) (متعلق فعل) قائم مقام ـ بجائے۔
عوض لینا (اَر ـ محاورہ) بدلہ لینا ـ کئے کی سزا دینا ـ انتقام لینا۔
عوض مُعاوضہ (ع ـ ا ـ مذ) اُلٹا پلٹی ـ اَول بدل۔
عوض مُعاوضہ گلہ ندارد (ف ـ مثل) لینے دینے کے بعد کوئی شکوہ شکایت نہیں ہونی چاہئے۔
عوض میں (اَر ـ متعلق فعل) بدلے میں۔
عِوَضانہ (عِ ـ وَ ـ ضا ـ نَہ) (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) صِلہ ـ بدلہ ـ مُعاوضہ (۲) وہ روپیہ جو کسی کام کے بدلے میں دیا جائے (۳) رشوت کی ایک قسم۔
عِوَضی (عِ ـ وَ ـ ضی) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) قائم مقام (۲) (ا ـ مث) قائم مقامی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عِوَضی دینا (اُر۔ محاورہ) اپنی جگہ کام کرنے کے لئے کوئی دُوسرا آدمی دے کر آپ رُخصت لینا۔

عِوَضی کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی جگہ عارضی طور پر کام کرنا۔ قائم مقامی کرنا۔

عَوعَو (عَو۔عَو) (ع۔ا۔مث) (۱) کُتّے کے بھونکنے کی آواز۔ عَف عَف (۲) ڈینگ۔

عَون (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) مدد۔ کمک۔ مُعاونت (۲) مددگار۔

عَونُ اللہ (عونِ اِلٰہی) (ع۔ا۔مذ) خُدا کی مدد۔

ع۔ہ

عَبہَر (عَ۔ہَر) (ع۔ا۔مث) نرگس کی ایک قسم۔

عَہد (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) وقت۔ زمانہ۔ سال (۲) قول و قرار۔ اِقرار۔ قسم۔ سوگند (۳) سلطنت کا زمانہ۔ زمانۂ حکومت (۴) پابندی۔ جمع: عُہود۔

عہدِ اَساطیری (ع۔ا۔مذ) وہ زمانہ قدیم جس کا ذکر صرف قصے کہانیوں میں ہے۔ عہدِ ما قبل تاریخ۔

عہد باندھنا (اُر۔ محاورہ) پکّا وعدہ کرنا۔ اقرار کرنا۔ ٹھاننا۔

عہد توڑنا (اُر۔ محاورہ) اقرار کے خلاف کرنا۔ قول و قرار پر نہ رہنا۔

عہدِ جدید (ع۔ا۔مذ) موجودہ زمانہ۔ نیا زمانہ۔

عہدِ حکومت (ع۔ا۔مذ) حکمرانی کا زمانہ۔ ایامِ حکومت۔

عہد سے پھرنا (مُنحرف ہو جانا) (اُر۔ محاورہ) عہد توڑنا۔

عہد شِکن (ف۔صف) وعدہ خلاف۔ اپنے قول و قرار پر نہ رہنے والا۔

عہد شِکنی (ف۔ا۔مث) وعدہ خلافی۔ عہد توڑنا۔

عہدِ عتیق (ع۔ا۔مذ) پُرانا زمانہ۔ زمانۂ قبل از تاریخ۔

عہد کر لینا (کرنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) قسم کھا لینا (۲) مصمّم ارادہ کرنا (۳) وعدہ کرنا۔ قول و قرار کر لینا۔

عہد لینا (اُر۔ محاورہ) قسم لینا۔ کسی امر کا وعدہ لینا۔

عہد میں (اُر۔ متعلق فعل) زمانے میں۔ دَور میں۔ وقت میں۔

عہد نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) تحریری معاہدہ۔ اقرار نامہ۔ وہ کاغذ جو قول و قرار کے وثوق کے لئے لکھا جاتا ہے۔

عہد نامۂ جدید (ع۔ف۔ا۔مذ) بائبل کا وہ حصّہ جس میں حضرت عیسیٰؑ اور اُن کے حواریوں اور پیروکاروں کے عہد کے حالات درج ہیں۔

عہد نامۂ قدیم (ع۔ف۔ا۔مذ) بائبل کا وہ حصّہ جس میں حضرت عیسیٰؑ سے پہلے کے انبیا کے حالات درج ہیں۔

عہد و پیمان (ع۔ف۔ا۔مذ) قسا قسمی۔ اقرار۔ قول و قرار۔

عُہدَہ (عُہ۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ذمّہ۔ ضمانت (۲) منصب۔ سرداری۔ افسری۔ اُردو جمع: عُہدوں۔ عُہدے۔

عُہدہ بر آ ہونا (اُر۔ محاورہ) برئ الذمّہ ہونا۔ فرض ادا کرنا۔ وعدہ پُورا کر دینا۔

عُہدہ پانا (اُر۔ محاورہ) منصب حاصل کرنا۔ درجہ پانا۔

عُہدہ دار (عُہدے دار) (ف۔اُر۔صف۔وا۔مذ) ذی رُتبہ۔ اَفسر۔ صاحبِ منصب۔

عُہدے (اُر۔ا۔مذ) (۱) عُہدہ کی جمع (۲) وہ اشیا جو خادم ہاتھوں میں لے کر اُمرا کے ساتھ چلتے ہیں مثلاً حُقّہ وغیرہ۔

عُہود (عُ۔ہُود) (عُ۔ا۔مذ) عہد کی جمع۔ وعدے۔ معاہدے۔

ع۔ی

عِیادت (عِ۔یا۔دَت) (ع۔ا۔مث) بیمار پُرسی۔ بیمار کی خبر لینا۔

عِیادت کرنا (اُر۔مص مُرکب) بیمار پُرسی کرنا۔ بیمار کا حال پُوچھنا۔

عِیاذ (عِ۔یاذ) (ع۔ا۔مذ) (۱) پناہ لینا (۲) بُرائی سے بھاگنا۔

عِیاذاً باللہ (عِ۔یا۔ذَن۔بِل۔لاہ) (ع۔ کلمۂ پناہ) خُدا کی پناہ۔

عِیار (عِ۔یار) (ع۔یار) (ع۔ا۔مذ) کھرا کھوٹا پَن (۲) سونا چاندی تولنے کا کانٹا۔

عَیّار (عَیْ۔یار) (ع۔صف) (۱) مکّار۔ فریبی۔ چال باز۔ ٹھگ (۲) چالاک۔ ہوشیار۔ دغا باز۔

عَیّاری (عَیْ۔یا۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) فریب۔ دغا۔ چالاکی۔ دھوکے بازی۔

عَیّاش (عَیْ۔یاش) (ع۔صف) (۱) عیش کرنے والا۔ رنگین مزاج۔ تماش بین۔ بدکار۔ رنڈی باز۔

عَیّاشی (عَیْ۔یا۔شی) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) عیش و عشرت۔ تن آسانی (۲) تماش بینی۔ نفس پرستی۔ اوباشی۔

عَیّاشی کرنا (اُر۔مص مُرکب) تماش بینی کرنا۔ مزے اُڑانا۔

عِیال (عِ۔یال) (ع۔یال) (ع۔ا۔مذ) زن و فرزند۔ بال بچّے۔ متعلّقین۔

عِیال دار (ع۔ف۔صف) کنبے والا۔ بال بچّے والا۔

عِیال داری میں پھنسنا (اُر۔ محاورہ) گھر بار اور خانہ داری کے بکھیڑے میں پڑنا۔

عَیاں (عَ۔یاں) (ع۔صف) ظاہر۔ اَلم نشرح۔ کُھلا ہوا۔ نمودار۔ (فارسی اور اُردو میں بفتحِ اوّل مستعمل ہے)۔

عیاں راچہ بیاں (ف۔مثل) ظاہرا اور علانیہ چیز کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں۔

عَیب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) نقص۔ بُرائی۔ خرابی۔ داغ۔ روگ۔ گُناہ۔ قصور۔ جمع: عُیوب۔ اُردو جمع: عیب۔ عیبوں۔

عیب اُچھالنا (اُر۔ محاورہ) تشہیر کرنا۔ راز فاش کرنا۔ عیب بیان کرنا۔

عیب بکھاننا (اُر۔ محاورہ) عیب بیان کرنا (۲) بھید کھول دینا۔

عیب بیں (عیب تراش۔ عیب جویا۔ عیب جُو۔ عیب چیں۔ عیب گیر) (ع۔ف۔صف) عیب ڈھونڈنے والا۔ حرف گیر۔ نقص نکالنے والا۔ نکتہ چیں۔ عیب پکڑنے والا۔

عیب بینی (عیب تراشی۔ عیب جوئی۔ عیب چینی۔ عیب گیری)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(ع۔ف۔ا۔مث) عیب ڈھونڈنا۔ عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔

عیب پوش (ع۔ف۔صف) لوگوں کے عیب چھپانے والا۔

عیب پوشی (ع۔ف۔ا۔مث) چشم پوشی۔ اغماض۔ پردہ پوشی۔

عیب جاننا (ار۔محاورہ) بُرا سمجھنا۔ بُرا خیال کرنا۔

عیب چھپانا (ار۔محاورہ) پردہ پوشی کرنا۔

عیب خود ہر کسے نمی بیند (ف۔مثل) اپنا عیب اپنے آپ کو (خود کو) معلوم نہیں ہوتا۔

عیب دار (ع۔ف۔صف) عیبی۔ ناقص جس میں کچھ عیب ہو۔

عیب ڈھانکنا (ڈھانپنا) (ار۔محاورہ) عیب چھپانا۔

عیب سے بری ہونا (پاک ہونا) (ار۔محاورہ) بے عیب ہونا۔ بے نقص ہونا۔

عیب کرنے کو بھی ہنر چاہئے (عیب کردن را ہنرے باید) (ار۔ف۔مثل) عیب کرنے کے لئے بھی لیاقت چاہیے۔

عیب لگانا (ار۔محاورہ) اِلزام دھرنا۔ بُہتان باندھنا۔ داغ لگانا (۲) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا (۳) عفت میں فرق ڈالنا۔ عزّت بگاڑنا۔

عیب نکالنا (ار۔محاورہ) نکتہ چینی کرنا۔ بُرائی ظاہر کرنا۔

عیب و ثواب (ع۔ا۔مذ) بُرائی بھلائی۔

عیب و ہنر کُھل جانا (ار۔محاورہ) اچھائی بُرائی ظاہر ہو جانا۔

عیب ہا جملہ بگفتی۔ ہنرش نیز بگو (ف۔مثل) عیب تو سارے گنوا دیئے اُس کی نیکیاں بھی بیان کرو۔

عَیبی (عَے۔بی) (ف۔صف) (۱) عیب دار۔ ناقص (۲) شریر۔ بدذات (۳) ردّی۔ مریض (۴) معیوب۔

عِید (بیائے معروف) (ع۔ا۔مث) لُغوی معنی جو بار بار آئے (۱) جشن کا روز۔ خوشی کا تہوار (۲) مسلمانوں کے دو تیوہاروں کا نام۔

عیدِ اَضحیٰ (عیدُالاضحیٰ) (عی۔دُل۔اَض۔حا) (ع۔ا۔مث) بقر عید۔ مُسلمانوں کا وہ تہوار جو ۱۰ ذوالحجہ کو منایا جاتا ہے جس میں جانوروں کی قُربانی کی جاتی ہے۔

عیدِ غدیر (ع۔ا۔مث) اہلِ تشیُّع کی روایت کے مطابق حضور ﷺ نے مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک گاؤں خم غدیر میں حجۃ الوداع سے واپسی پر حضرت علیؓ کو حدیث مَن کُنتُ مولاہُ فعلیٌ مولاہُ کی رُو سے اپنا خلیفہ قرار دیا۔ شیعہ حضرات یہ دن ۱۸ ذوالحجہ کو مناتے ہیں۔ اہلِ سنت و الجماعت کے نزدیک اِس حدیث کا خلافت سے کوئی تعلق نہیں۔

عیدُالفِطر (عی۔دُل۔فِطر) (ع۔ا۔مث) رمضان کے بعد کی عید جو شوال کی پہلی تاریخ کو رمضان کے روزوں کی تکمیل پر منائی جاتی ہے۔

عیدِ شجاع (ع۔ف۔ا۔مث) وہ عید جو اہلِ تشیُّع ابولولو شجاع کے ہاتھوں خلیفۂ ثانی حضرت عمرؓ کی شہادت کی یاد میں ۹ ربیع الاوّل کو مناتے ہیں۔

عیدِ قربان (ع۔ا۔مث) دیکھئے عیدِ اضحیٰ۔

عید کا چاند (ار۔ا۔مذ) (۱) رمضان کے بعد کا چاند (۲) شوال کا مہینا (۳) وہ شخص جسے مدّت کے بعد عین انتظار یا حالتِ اشتیاق میں دیکھیں۔

عید کا چاند نکلنا (ار۔محاورہ) (۱) عید کے چاند کا نظر آنا (۲) جس شخص کی ملاقات کا اشتیاق ہو اس کا یکایک مِل جانا۔

عید کا چاند ہو جانا (ار۔محاورہ) کمالِ اشتیاق اور آرزو کے بعد ملنا۔ بہت کم نظر آنا۔

عید کا دوگانہ (ار۔ا۔مذ) عید کی دو رکعت نماز۔

عید کرنا (ار۔ا۔مذ) خوشی کرنا۔ جشن منانا۔

عید کے پیچھے کر (ار۔مثل) وقت گزر جانے کے بعد خوشی کرنا۔ بے موقع خوشی۔

عید کے پیچھے چاند مُبارک (ار۔مثل) بے محل مُبارک باد دینا۔

عید گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) آبادی سے باہر وہ مقام جہاں عید کی نماز پڑھتے ہیں۔

عید منانا (ار۔محاورہ) خوشی کرنا۔ جشن منانا۔

عیدِ میلاد (ع۔ا۔مذ) پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کا دن۔

عیدِ نوروز (ع۔ف۔ا۔مث) ایرانی سال کا پہلا دن اور تہوار۔

عید ہو جانا (عید ہونا) (ار۔محاورہ) (۱) عید کا تہوار ہونا (۲) کمال خوشی ہونا۔ مُراد بر آنا۔

عِیدی (عی۔دی) (ار۔ا۔مث) (۱) عید کا اِنعام۔ عید کا خرچ جو بچّوں کو دیا جائے (۲) وہ مٹھائی اور نقدی وغیرہ جو عید کے دن سُسرال سے آئے یا وہاں بھیجی جائے (۳) وہ خوش نما کاغذ جس پر عید کے اشعار لکھے ہوتے ہیں۔

عِیدَین (عی۔دَین) (ع۔ا۔مث) دونوں عیدیں یعنی عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ۔

عِیسا (عیسیٰ) (عی۔سا) (عب۔ا۔مذ) (۱) گناہ سے بچانے والا (۲) ایک پیغمبر جو حضرت مریمؑ کے بطن سے پیدا ہوئے اور ان پر انجیل نازل ہوئی۔

عیسیٰ بدینِ خود و موسیٰ بدینِ خود (ف۔مثل) ہر شخص اپنے مذہب سے کام رکھے۔ دُوسرے کے مذہب سے واسطہ نہ رکھے۔

عیسیٰ دَم (ع۔ف۔صف) پُھونک سے مُردوں کو زندہ کرنے والا۔ کامل بُزرگ۔

عیسیٰ نفس (ع۔ف۔صف) پُھونک سے مُردوں کو زندہ کرنے والا۔ ولیِ کامل۔

عِیسائی (عی۔سا۔ای) (ار۔ا۔مذ) نصرانی۔ مسیحی۔ حضرت عیسیٰؑ کے پیرو (۲) (صف) دینِ مسیحی سے متعلق۔ جمع: عیسائی۔ عیسائیوں۔

عِیسائیت (عی۔سا۔ای۔یَت) (ع۔ار۔ا۔مث) عیسائی یا مسیحی مذہب۔ نیز دیکھئے تثلیث۔

عِیسَوی (عی۔سَ۔وی) (ع۔صف) مسیحی۔ حضرت عیسیٰؑ سے متعلق۔ وہ سنہ جو حضرت عیسیٰؑ کی ولادت سے شروع ہوا۔

عَیش (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) عشرت۔ آرام۔ چین۔ سُکھ۔ خوشی۔ مزہ (۲) خواہشوں کا پُورا کرنا (۳) شہوت پرستی (۴) خوشی سے زندگی گزارنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عیش آرام حرام کرنا (اُر۔ محاورہ) آرام و آسائش کی پروا نہ کرنا۔
عیش اُڑانا (اُر۔ محاورہ) مزے اُڑانا۔ لطف حاصل کرنا۔
عیش تلخ کرنا (مُنغّص کرنا) (اُر۔ محاورہ) عیش و آرام میں خلل ڈالنا۔
عیش کا بندہ (اُر۔ ا۔ مذ)(۱) آرام طلب۔ نفس پرست (۲) عیاش۔
عیش کوش (ع۔ف۔ صف) عیش کرنے والا۔
عیش و عِشرت (عیش و نشاط) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خوشی و خرمی (۲) نفسانی خوشی۔
عیش و عِشرت میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) زندگی کے مزے لوٹنا۔ عیاشی کرنا۔
عیش ہونا (اُر۔ محاورہ) مزے ہونا۔ لطف ہونا۔ زندگی آرام سے گزرنا۔
عَیْن (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مث)(۱) آنکھ۔ چشم (۲) پانی کا چشمہ (۳) حقیقت۔ جوہر (۴) حرف ع (۵) (ا۔ مذ) گائے بھینس کا تھن (۶)(صف) ٹھیک۔ ہُوبہُو۔ دُرست۔ سگا (بھائی)۔ جمع: عُیُون۔
عینُ الصّواب (ع۔ نُص۔ صَ۔ واب)(ع۔ ا۔ مذ) دُرست وجہ یا راستہ۔
عینُ المال (ع۔ نُل۔ مال)(ع۔ ا۔ مذ) اصل زر۔ خاص سرکاری خزانہ۔ وہ روپیہ جو زمین کے خراج سے وصول ہو۔
عینُ الیقین (ع۔ نُل۔ یَ۔ قین)(ع۔ ا۔ مذ) کسی چیز کو اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا۔
عین بعَین (عین بَعَین)(ع۔ متعلق فعل) ہُوبہُو۔ ویسا ہی۔ ٹھیک ٹھیک۔
عینِ صواب (ع۔ متعلق فعل) بالکل ٹھیک۔
عینِ عِنایت (ع۔ اُر۔ ا۔ مث) بڑی مہربانی۔
عین غَین (اُر۔ صف) ہم شکل۔ ایک جیسے (۲) جس کی آنکھ میں پُھلی ہو۔
عین مرضی (ع۔ ا۔ مث) اصلی مرضی۔
عین مقصود (ع۔ اُر۔ ا۔ مذ) اصل مطلب۔
عین وقت (ع۔ ا۔ مذ) ٹھیک وقت۔ نازک وقت۔
عَیْنَک (ع۔ نَک)(ف۔ ا۔ مث) آنکھ کا چشمہ۔ اُردو جمع: عینکوں۔ عینکیں۔
عینک باز (ف۔ صف) شوقیہ چشمہ لگانے والا۔
عینک ساز (ف۔ صف) عینک بنانے والا۔
عینک لگا کر دیکھو (اُر۔ مقولہ) غور سے دیکھو۔
عَیْنی (ع۔ نی)(ع۔ صف)(۱) آنکھ سے متعلق۔ دیکھا ہوا۔ چشم دید (۲) سگا۔
عینی شہادت (ع۔ ا۔ مث) چشم دید گواہی۔
عینی (شاہد) گواہ (ع۔ف۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جس نے خود واقعہ دیکھا ہو۔ چشم دید گواہ۔
عَیْنِیَّت (ع۔ نی۔ یَت)(ع۔ ا۔ مث) اصل ذات یا اصل حقیقت۔
عُیُوب (عُ۔ یُوب)(ع۔ ا۔ مذ) عیب کی جمع۔ بُرائیاں۔ نقائص۔
عُیُون (عُ۔ یُون)(ع۔ ا۔ مذ) عین کی جمع (۱) چشمے (۲) آنکھیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غ

غ (غَین) (ع۔ا۔مذ) اُردو کا پچیسواں، فارسی کا بائیسواں اور عربی کا اُنیسواں حرف۔ اِسے غَینِ مُعجمہ اور منقوطہ بھی کہتے ہیں۔ اَبجد کے حساب میں اِس کے ایک ہزار عدد مقرر ہیں۔ یہ قمری حرف ہے۔ اِس سے پہلے اگر "ال" آئے تو لام اپنی آواز دے گا جیسے اَلغیاث۔ یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرفِ عِلّت سے مِل کر آواز دیتا ہے۔

غ۔ا

غاب (ع۔ا۔مذ) غابہ کی جمع۔

غابِر (غا۔بِر) (ع۔صف) سابق۔ گزشتہ۔ گُزرا ہوا (۲) بچا ہوا (۳) مُؤخرُالذکر۔

غابہ (غا۔بَہ) (ع۔ا۔مذ) جنگل۔ بَن۔

غاٹا (ق۔صف) مغرور۔ متکبر۔

غاٹیا (غاٹیر) (غا۔ٹ۔یا) (غا۔ٹیر) (اَر۔صف) (۱) حد سے زیادہ موٹا (۲) غیر متناسِبُ الاَعضاء (۳) پست قامت (۴) مکروہ صُورت۔

غاد (ع۔ا۔مذ) نرمی (۲) صفائی۔

غادِر (غا۔دِر) (ع۔صف) (۱) بے وفا (۲) بدعہد (۳) پیمان شکن۔

غار (ع۔ا۔مذ) (۱) زیرِ زمین کھوہ جو عموماً قدرتی عوامل سے بنتی ہے (۲) گڑھا (۳) جنگلی جانوروں کا مسکن۔ بھٹ۔ اُردو جمع: غار۔ غاروں۔

غار پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) گڑھا ہو جانا (۲) گہرا زخم ہو جانا۔ ناسور ہو جانا۔

غارِ ثور (ع۔ا۔مذ) مکّے کے قریب وہ غار جس میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ہجرت کے وقت تین دن ٹھہرے تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ آپ کے ہمراہ تھے۔

غارِ حرا (ع۔ا۔مذ) وہ غار جس میں رسولِ خُدا صلّی اللہ علیہ وسلّم پر پہلی وحی نازل ہوئی تھی۔ آپ ﷺ اِس غار میں عبادت کیا کرتے تھے۔

غارَت (غا۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) لوٹ کھسوٹ (۲) مالِ غنیمت (۳) تباہی۔ بربادی (۴) وہ حملہ جو دُشمن کے علاقے میں لوٹ مار کے لئے کیا جائے (۵) (صف) تباہ و برباد۔ ویران۔

غارت جانا (اَر۔ محاورہ) خراب ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔

غارت غول (ع۔صف) تباہ و برباد۔ ستیاناس۔

غارت فرمائے ہوش و شکیبائی (ع۔ف۔صف) حواس اور صبر کو تباہ کرنے والا (مجازاً) معشوق۔

غارت کا مارا (اَر۔صف) (۱) تباہ شُدہ (۲) خفگی کا کلمہ جو عورتیں اِستعمال کرتی ہیں۔

غارت کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) لوٹنا کھسوٹنا۔ تباہ و برباد کرنا (۲) ضائع کرنا۔

غارت گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) لوٹ کا مقام۔ قزاقوں کی پناہ گاہ۔

غارت گر (ع۔ف۔صف) لٹیرا۔ قزاق۔ راہ زن۔

غارت گرِ دین و ایماں (ف۔ا۔مذ) دین و ایمان کو لوٹنے والا۔ شیطان (کنایۃً) معشوق۔

غارت گری (ع۔ف۔ا۔مث) لوٹ مار۔ لوٹ کھسوٹ۔ راہزنی۔

غارت ہو (اَر۔ بددُعا) برباد ہو جائے۔ اُجڑے۔ مر جائے۔

غارتِ ہوش (ع۔ف۔صف) (کنایۃً) ہوش و حواس کو غارت کرنے والا۔ خوب صورت۔ حسین۔ معشوقِ طرح دار۔

غارت ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) لُٹنا۔ تباہ ہونا (۲) ضائع ہونا۔

غارتی (غار۔تی) (اَر۔صف) لوٹ مار کرنے والا (۲) خفگی کا کلمہ۔

غارِیقُون (غا۔ری۔قُون) (یو۔ا۔مذ) کھمبی۔ ایک مُسہل دوا۔

غازَہ (غا۔زَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) گُل گُونہ۔ اُبٹن۔ اُبٹنا (۲) خوشبودار پوڈر۔

غازِی (ع۔ا۔مذ) (۱) کافروں سے لڑنے والا مُسلمان (۲) کافروں کو قتل کرنے والا مُسلمان (۳) (صف) بہادر۔ سُورما۔ فتح مند۔ شُجاع۔ جمع: غُزاۃ۔ اُردو جمع: غازی۔ غازیوں۔

غازی مرد (ع۔ف۔ا۔مذ) بہادر آدمی۔ شُجاع (۲) (کنایۃً) گھوڑا۔

غازی میاں (اَر۔ا۔مذ) محمود غزنوی کے سالار مسعود غازی کا لقب۔

غازی میاں دَم مدار (اَر۔ا۔مذ) شاہ مدار کے پیروکار فقیروں کا نعرہ۔

غاشِیَہ (غا۔شِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) پردہ (۲) زین پوش (۳) قیامت۔

غاشیہ بردار (غاشیہ بردوش) (ع۔ف۔صف) زین پکڑ کر چلنے والا۔ مطیع۔ فرماں بردار۔ خادم۔

غاصِب (غا۔صِب) (ع۔صف) (۱) زبردستی کسی کا حق چھیننے والا۔ غصب کرنے والا۔ جمع: غاصِبُون۔ غُصّاب۔ اُردو جمع: غاصِب۔ غاصبوں۔

غافِر (غا۔فِر) (ع۔صف) چُھپانے والا (۲) گُناہ بخشنے والا۔ مغفرت کرنے والا۔

غافِل (غا۔فِل) (ع۔صف) غفلت کرنے والا۔ بے پروا۔ بے خبر۔ جمع: غافلین۔

غالِب (غا۔لِب) (ع۔صف) زبردست۔ زور آور۔ جیتنے والا۔ مغلوب کرنے والا (۲) اکثر۔ بیشتر۔

غالب آنا (اَر۔ محاورہ) جیت جانا۔ فتح مند ہونا۔ بڑھ جانا۔

غالب ہے (اَر۔ محاورہ) یقین ہے۔ گمان ہے۔

غالِبًا (غا۔لِ۔بَن) (ع۔ متعلق فعل) بہت ممکن ہے۔ یقین کے قریب۔

غالی (غا۔لی) (ع۔صف) حد سے بڑھا ہوا۔ بہت زیادہ (۲) مُبالغہ کرنے والا (۳) قیمتی (۴) (ا۔مذ) اُونی قالین (۵) ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کو خدا مانتا ہے۔

غالِیچَہ (غا۔لی۔چَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا گُل کاری کا اُونی بچھونا (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چھوٹا قالین۔ اُردو جمع: غالیچوں۔ غالیچے۔

غالیہ (غا۔لی۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) ایک خوشبو جو عنبر اور مشک سے مل کر تیار ہوتی ہے۔

غالیہ مُو (ع۔ف۔صف) خوشبودار بالوں والا۔

غامِض (غا۔مِض) (ع۔صف) ناقابلِ فہم۔ جو مشکل سے سمجھ میں آئے۔ پوشیدہ۔ جمع: غوامض۔

غانِماً (غا۔نِ۔مَن) (ع۔متعلق فعل) فائدہ حاصل کئے ہوئے۔ اس حالت میں کہ مالِ غنیمت یعنی لوٹ کا مال رکھتا ہو۔

غائب (غا۔ءِب) (ع۔صف) غیر حاضر۔ پوشیدہ۔ جو موجود نہ ہو۔ جمع: غُیّاب۔

غائب باز (ع۔ف۔صف) (۱) غائبانہ شطرنج کی بازی کھیلنے والا (۲) کامل شاطر جو دُور بیٹھے بیٹھے دُوسرے شخص کو چال بتا کر بازی جیت لے۔

غائب غُلّہ (ار۔صف) بالکل غائب۔

غائب غُلّہ ہونا (ار۔محاورہ) اچانک آنکھوں سے اوجھل ہو جانا۔ چھپ جانا۔

غائب کرا دینا (ار۔محاورہ) مخفی کرا دینا (۲) چوری کرا دینا۔

غائب کرنا (ار۔محاورہ) چھپانا۔ چُرانا۔

غائب کھیلنا (ار۔محاورہ) پیٹھ موڑ کر شطرنج کھیلنا۔

غائب ہونا (ار۔محاورہ) پوشیدہ ہونا۔ چھپنا (۲) چوری ہونا۔ چوری جانا۔

غائبانہ (غا۔اِ۔بانَہ) (ع۔ف۔متعلق فعل) غیر حاضری میں۔ غیر موجودگی میں۔ پیٹھ پیچھے۔

غائر (ع۔صف) (۱) گہرا (۲) وسیع۔

غائی (ع۔صف) غایت سے منسوب۔ آخری۔

غایت (غا۔یَت) (ع۔صف) (۱) غرض۔ مطلب (۲) منتہا۔ آخر۔ انجام۔ جمع: غایات۔

غایتُ الاَمر (غا۔یَ۔تُل۔اَمر) (ع۔متعلق فعل) انجام کار۔ آخر کار۔

غایت درجہ (درجے) (ع۔ف۔ار۔صف) حد درجہ۔ انتہائی۔

غ۔ب

غَب (بفتحِ اوّل) (ع۔ا۔مث) باری کا بُخار۔ نوبتی بُخار۔

غُبار (غُ۔بار) (ع۔ا۔مذ) (۱) گرد۔ دُھول۔ خاک (۲) گرد ملی ہوئی ہوا (۳) رنج۔ ملال۔ آزردگی (۴) ایک خط کا نام۔ خطِ غبار۔

غبار آلود (آلودہ) (ع۔ف۔صف) (۱) گرد میں بھرا ہوا (۲) مٹی میں اٹا ہوا۔

غبار آنا (ار۔محاورہ) دِل میلا ہونا۔ کدورت پیدا ہونا۔

غبار اُٹھنا (ار۔محاورہ) (۱) زمین سے گرد کا بلند ہونا (۲) آندھی آنا۔

غبار بڑھانا (ار۔محاورہ) کدورت زیادہ کرنا۔ ملال بڑھانا۔

غبار بیٹھنا (ار۔محاورہ) (۱) دِل میں کدورت پیدا ہو جانا (۲) اُڑی ہوئی گرد کا بیٹھنا۔

غبار چھانا (ار۔محاورہ) (۱) گرد کا پھیل کر کسی جگہ اکٹھا ہونا (۲) دُھند چھا جانا۔

غبار چھَٹنا (ار۔محاورہ) (۱) صُلح صفائی ہو جانا (۲) گرد کا بیٹھ جانا۔

غبارِ خاطِر (ع۔ا۔مذ) دِل کا مَیل۔ کدورت۔ رَنج۔ ملال۔

غبارِ راہ (ع۔ا۔مذ) راہ میں اُڑنے والی گرد۔

غبار رکھنا (ار۔محاورہ) کدورت رکھنا۔ رَنج رکھنا۔

غبار نکالنا (ار۔محاورہ) دِل کی کدورت کا اِظہار کرنا۔ دِل کی بھڑاس نکالنا۔ رَنج کی باتیں کرنا۔

غبار ہونا (ار۔محاورہ) ہوا میں گرد ہونا (۲) آپس میں رنجیدگی ہونا (۳) آنکھوں سے کم نظر آنا۔

غُبارا (غُ۔با۔را) (ار۔ا۔مذ) (۱) باریک کاغذ کا تھیلا جس کے اندر تیل میں تر کی ہوئی گیند رکھ کر اور اُسے روشن کر کے ہوا میں اُڑاتے ہیں (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) ہوا میں اُڑنے والا بیلون (۴) گولا (۵) ربڑ کی تنگ مُنہ کی تھیلی جس میں ہوا بھر کر بچّے اُس سے کھیلتے ہیں۔ جمع: غُباروں۔ غُبارے۔

غبارے سے ہوا نکلنا (ار۔محاورہ) شیخی کرکری ہونا۔ غرور ٹوٹنا۔

غَباوَت (غَ۔با۔وَت) (ع۔ا۔مث) کم فہمی۔ کند ذہنی۔

غِبطہ (غِب۔طہ) (ع۔ا۔مذ) دولت، شہرت، منصب وغیرہ میں کسی کے برابر ہونے کی خواہش کرنا (بغیر اُس کا بُرا چاہے)۔ رَشک۔ برابری کی خواہش۔

غَبغَب (غَب۔غَب) (ع۔ا۔مذ) ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔

غَبَن (غَ۔بَن) (ع۔ا۔مذ) خُورد بُرد۔ خیانت۔ کسی کی کوئی چیز یا رقم اُس کی اجازت کے بغیر اپنے اِستعمال میں لانا۔

غبن کرنا (ار۔محاورہ) خُورد بُرد کرنا۔

غَبی (غَ۔بی) (ع۔صف) کند ذہن۔ کم عقل۔ کمزور حافظے والا۔ بے وقوف۔

غ۔پ

غَپ (بفتحِ اوّل) (ار۔ا۔مث) (۱) دیکھئے گپ (۲) ضرب کی آواز (۳) کسی چیز کے جلدی سے حلق میں اُتر جانے کی آواز۔

غَپ شَپ (ار۔ا۔مث) دیکھئے گپ شپ۔

غَپا غَپ (ار۔متعلق فعل) متواتر۔ مسلسل۔ پے در پے (۲) (ار۔ا۔صوت) کسی چیز کے ملائم چیز کے اندر آنے جانے کی آواز۔

غَپّی (غَپ۔پی) (ار۔صف) دیکھئے گپّی۔

غ۔ت

غَت رُبُود (غَتَر بُود) (غَت۔رُ۔بُود) (غَ۔تَر۔بُود) (ار۔صف) (۱) ملا جُلا۔ گڈ مڈ (۲) گڑبڑ۔ برباد۔ خراب۔ کہتے ہیں کسی شاگرد نے سعدی کے مصرع "کہ سعدی کہ گوئے بلاغت ربود" توڑ کر (بلا۔ غت ربود) پڑھا اور اُستاد سے کہا غت رُبود کے معنی سمجھ میں نہیں آئے۔ اُس وقت سے یہ لفظ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مشہور ہو گیا۔

غت رُبُود (غتر بُوْد) کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ملا دینا۔ گڈمڈ کر دینا (۲) چُرا لینا۔ اُڑا لینا (۳) خراب کر دینا۔ برباد کر دینا۔

غ۔ٹ

غٹ (بفتحۂ اوّل) (اَر۔ ا۔مذ) (۱) ہجوم۔ اِزدحام۔ غول (۲) حلق میں اُتر جانے کی آواز۔ گھونٹ گھونٹ پانی پینے کی آواز۔

غٹ پَٹ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) لڑائی میں باہم گتھ جانا۔

غٹ غٹ (اَر۔ ا۔مث) جلدی جلدی پانی پینے کی آواز۔

غٹ غٹ پینا (اَر۔ محاورہ) کسی رقیق چیز کو جلدی جلدی پینا۔

غٹ کے غٹ (اَر۔ صف) غول کے غول۔ ٹھٹ کے ٹھٹ۔ انبوہِ کثیر۔

غٹا غٹ (غ۔ٹا۔غٹ) (اَر۔ ا۔مث) متواتر پینے کی آواز۔ بغیر سانس لئے پینے کی کیفیت۔ غٹ غٹ۔

غُٹر غُٹر (غ۔ٹر۔غ۔ٹر) (اَر۔ ا۔مث) مزے لے لے کر پینے کی آواز۔

غٹر غٹر پینا (اَر۔ محاورہ) مزے لے لے کر پینا۔

غٹر غٹر سُننا (اَر۔ محاورہ) دلچسپی سے سُننا۔ ذوق و شوق سے سُننا۔

غُٹرغوں (غُٹ غُوں) (غُ۔ٹر۔غوں۔غٹ۔غوں) (اَر۔ ا۔ صوت۔مث) کبوتر یا فاختہ کی آواز۔

غٹک جانا (غ۔ٹک۔جا۔نا) (اَر۔مص) نگل جانا۔ جلدی سے پی جانا۔

غ۔ث

غَث (بفتحۂ اوّل) (ع۔صف) لاغر۔ دُبلا۔

غَثی (غ۔ثی) (ع۔ ا۔مث) متلی ہونا۔ دل متلانا۔

غَثیان (غث۔یان) (ع۔ ا۔مذ) (۱) متلی (۲) جی متلانا (۳) طبیعت کا مالش کرنا (۴) جی گھبرانا۔

غ۔چ

غچ (بفتحۂ اوّل) (اَر۔ ا۔مث) گوشت میں کسی دھار دار آلے کے گھسنے کی آواز۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

غچّا (غچ۔چا) (اَر۔ ا۔مذ) دھوکا۔ فریب۔ چھل۔ جمع: غچوں۔ غچّے۔

غچّا دینا (اَر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔

غچّا کھانا (اَر۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب کھانا۔

غچا غچ (غ۔چا۔غچ) (اَر۔ ا۔مث) (۱) تلوار کے متواتر جسم پر پڑنے کی آواز۔ کیچڑ یا دلدل میں پاؤں رکھ کر نکالنے کی آواز۔

غچاکا (غ۔چا۔کا) (اَر۔صف) بھرے جسم کا۔ موٹا تازہ۔

غچ پچ (اَر۔ ا۔مث) کھچا کھچ۔ بھیڑ۔ اژدحام۔

غچلی (غچ۔لی) (اَر۔صف) گندہ۔ میلا۔ غلیظ۔ کثیف۔

غ۔د

غدّار (غد۔دار) (ع۔صف) (۱) مُلک کا دُشمن۔ مُلک کے دُشمنوں سے مِل جانے والا۔ بے وفا۔ نمک حرام۔ سرکش۔ باغی۔ دغاباز (۲) بہت بڑا۔ وسیع۔ اُردو جمع: غدار۔ غداروں۔

غدّاری (غد۔دا۔ری) (ع۔ ا۔مث) بے وفائی۔ مُلک دُشمنی۔ بدعہدی۔ بغاوت۔ سرکشی۔

غدر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔مذ) بغاوت۔ بلوا۔ ہنگامہ۔

غدر پڑنا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) بغاوت ہونا۔ ہنگامہ برپا ہونا۔ لوٹ مار کا بازار گرم ہونا۔

غدر مچانا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) ہنگامہ برپا کرنا۔ فساد کرنا۔ بلوا کرنا۔

غدّری (غد۔ری) (ق۔صف) غدار۔ بے وفا۔

غُدُود (غ۔دُود) (اَر۔ ا۔مذ) جسم کے اندر کی گانٹھ۔ گلٹی۔ گلینڈ۔ عربی لفظ غُدد کا مُوَرّد (غُدد غُدّہ کی جمع ہے)۔

غَدیر (غ۔دیر) (ع۔ ا۔مذ) (۱) تالاب۔ جوہڑ۔ جھیل۔ گنڈ۔ حوض (۲) ڈھلواں خطّہ۔

غدیر خم (ع۔ ا۔مذ) دیکھئے عیدِ غدیر۔

غ۔ذ

غِذا (غ۔ذا) (ع۔ ا۔مث) خوراک۔ کھانا۔ جمع: اَغذیہ۔ اُردو جمع: غذاؤں۔ غذائیں۔

غذا لگنا (اَر۔ محاورہ) غذا کا جُزوِ بدن بننا۔ خوراک کا جسم پر اثر کرنا۔

غذائے ثقیل (ع۔ ا۔مث) کھانا جو دیر سے ہضم ہو۔

غذائے لطیف (ع۔ ا۔مث) ہلکی خوراک۔ جلد ہضم ہونے والا کھانا۔

غذائی (غ۔ذا۔ای) (ع۔صف) غذا سے منسوب (۲) غذا کا عنصر رکھنے والی شے۔

غذائیات (غ۔ذا۔ای۔یات) (ع۔ف۔ ا۔مث) (۱) غذا سے متعلق چیزیں یا باتیں (۲) کھانے پینے کی چیزیں۔

غذائیت (غ۔ذا۔ای۔یت) (ع۔ف۔ ا۔مث) کسی شے میں غذا کا عنصر پایا جانا (۲) غذا ہونے کی حالت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غ۔ر

غَرّا (غَر۔را)(ع۔صف)(۱) سفید۔ روشن (۲) مشہور۔ جیّد۔ عُمدہ۔

غُرّا (غُر۔را)(ع۔ا۔مث) دیکھئے غُرّہ۔

غُراب (غُ۔راب)(ع۔ا۔مذ) کوّا۔ زاغ (۲) ایک قسم کی کشتی۔

غَرابت (غَ۔را۔بَت)(ع۔ا۔مث)(۱) انوکھاپن (۲) تحریر میں نامانوس الفاظ کا اِستعمال۔

غَرّاٹا (غَر۔را۔ٹا)(اُر۔ا۔مذ) پانی کے تیز بہنے کی آواز۔ سَرّاٹا۔

غَرارَہ (غَ۔را۔رَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) حلق میں پانی ڈال کر اور اندر سے ہوا نکال کر گلے کو صاف کرنا۔ غرغرہ (۲) غرغرہ کرنے کی دوائیں (۳) ڈھیلا پاجامہ جو عورتیں پہنتی ہیں۔ اُردو جمع: غراروں۔ غرارے۔

غرارہ کرنا (اُر۔محاورہ) دوا کی کُلّی کرنا۔

غَرّاز (غَ۔راز)(ف۔صف) سرکش۔ مغرور۔ متکبّر (۲) شُجاع۔ بہادر۔

غَرّازی (غَ۔را۔زی)(ف۔ا۔مث) سرکشی۔ غرور۔ تکبّر۔

غَرّاں (غَر۔راں)(ف۔صف)(۱) خوں خوار (۲) دھاڑنے والا۔ گرجنے والا۔

غُرّانا (غُر۔را۔نا)(اُر۔مص) غُصّے کی آواز نکالنا (۲) دہاڑنا۔ غرغر کرنا۔ ڈرانا۔ گھُرکنا (۳) کُفرانِ نعمت کرنا۔

غُرّاہٹ (غُر۔را۔ہَٹ)(اُر۔ا۔مث) غرّانے کی آواز۔

غَرائب (غَ۔را۔اِب)(ع۔ا۔مذ) غریبہ کی جمع ۔ عجیب و غریب 'انوکھی' نادر (چیزیں یا واقعات)۔

غُروب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) سُورج ڈوبنے کی جگہ۔ مغرب۔ پچھم۔

غُربا (غُ۔رَ۔با)(ع۔ا۔مذ) غریب بمعنی مُفلس و نادار کی جمع۔

غِربال (غِر۔بال)(ع۔ا۔مث) چھلنی۔ جمع: غَرابیل۔

غُربت (غُر۔بَت)(ع۔ا۔مث) مسافرت۔ بے وطنی (۲) مُفلسی۔ ناداری۔

غربت اندر وطن (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) صوفیا اور متصوّفین کی ایک اِصطلاح۔ جب انسان صفاتِ خُدا میں محو ہو کر صفاتِ بشری سے علیحدہ ہو جاتا ہے تو اُس حالت کو غربت اندر وطن کہتے ہیں (۲) بے چارگی۔

غربت دیدہ (غربت زدہ)(ع۔ف۔صف)(۱) پردیس میں۔ وطن سے دُور (۲) مُفلس۔ محتاج۔

غربت کا مارا (اُر۔صف) دیکھئے غربت دیدہ۔

غَربی (غَر۔بی)(ع۔صف) مغرب سے منسوب۔ مغرب کا رہنے والا (۲) سُرخ کھجور کی شراب۔

غُرِش (غُر۔رِش)(ف۔ا۔مث) غُرّاہٹ۔ بھبکی۔ دھمکی۔

غَرَض (غَ۔رَض)(ع۔ا۔مث)(۱) مطلب۔ ضرورت (۲) حاجت۔ پروا (۳) اِرادہ (۴) ہدف۔ نشانہ (۵) حاصلِ کلام۔ قصّہ مختصر۔ بس (۶) تعلّق۔ جمع: اَغراض۔

غرض آشنا (غرض آلود۔ غرض آمیز)(ع۔ف۔صف)(۱) مطلبی۔ خود غرض۔ لالچی۔ حریص (۲) اِبنُ الوقت۔ موقع پرست۔

غرض اٹکی ہونا (غرض اٹکنا)(اُر۔محاورہ)(۱) کام آپڑنا۔ مطلب ہونا۔ لالچ ہونا۔ ضرورت ہونا۔

غرض باؤلی ہوتی ہے (اُر۔مثل) مطلب آدمی کو دیوانہ بنا دیتا ہے۔

غرض پڑنا (اُر۔محاورہ) کسی سے کچھ کام ہونا۔ حاجت ہونا۔

غرض جتانا (اُر۔محاورہ) ضرورت سے باخبر کرنا (۲) کچھ مانگنا۔

غرض دوگونہ عذاب است جانِ مجنوں را۔ بلائے صُحبتِ لیلیٰ و فُرقتِ لیلیٰ (ف۔مقولہ) لیلیٰ کی صحبت اور اُس کی جُدائی مجنوں کے لئے دونوں عذاب ہیں۔

غرض ڈالنا (اُر۔محاورہ) غرض اٹکانا۔ کسی کے متعلق کوئی کام کرنا۔

غرض رکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) مطلب رکھنا (۲) اُمید رکھنا (۳) آرزو رکھنا۔

غرض کا آشنا (دوست۔ یار)(اُر۔ا۔مذ)(۱) مطلبی دوست (۲) خود غرض دوست۔

غرض کا باؤلا (اُر۔صف)(۱) حاجت مند (۲) مطلب کا غلام۔ مطلبی۔ لالچی۔

غرض کا باؤلا اپنی ہی گاوے (اُر۔مثل) غرض مند اپنی ہی دُھن میں لگا رہتا ہے۔ دُوسرے کی نہیں سُنتا۔

غرض کہ (غرضیکہ)(ع۔متعلق فعل) حاصلِ مطلب یہ ہے۔ قصّہ مختصر یہ ہے۔

غرض کے لئے گدھے کو باپ بنانا پڑتا ہے (اُر۔مثل) اپنا کام نکالنے کے لئے ذلیل سے ذلیل کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔

غرض مند (ع۔ف۔صف) حاجت رکھنے والا۔ حاجت مند۔ ضرورت مند۔

غرض نکالنا (اُر۔محاورہ) مطلب سیدھا کرنا۔ حاجت پُوری کرا لینا۔

غرض نکلنا (اُر۔محاورہ) کام نکل جانا۔ مقصد حاصل ہو جانا۔

غرض نکلی آنکھ بدلی (اُر۔مثل) مطلب پُورا ہو جانے پر پروانہ کرنا۔

غرض ہونا (اُر۔محاورہ) مطلب ہونا۔ واسطہ ہونا۔ تعلّق ہونا۔

غَرَضی (غَ۔رَ۔ضی)(ف۔صف) لالچی۔ غرض مند۔ مطلبی۔

غَرغَرہ (غَر۔غَ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے غرارہ نمبر ا۔

غُرفِش (غُر۔فِش)(اُر۔ا۔مث) دھمکی۔ تکرار (۲) غُرّاہٹ۔ نیز دیکھئے غُرِش۔

غُرفَہ (غُر۔فَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) بالاخانہ۔ برآمدہ۔ کھڑکی۔ دریچہ (۲)(تھیٹر) باکس۔ جمع: غُرفات۔

غُرفہ کی بات (ع۔ا۔مث) پوشیدہ بات۔ راز۔ بھید۔

غَرق (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔صف)(۱) ڈوبا ہوا۔ غریق (۲) محو (۳) اوجھل۔ غائب (۴) نشے میں چُور۔

غرق کرنا (اُر۔مص مُرکّب) پانی کے نیچے پہنچا دینا۔ ڈبونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غرق ہونا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) ڈوبنا (۲) بہت مصروف اور مشغول ہونا (۳) نشے میں چُور ہونا۔
غرقاب (غَر۔قاب) (ف۔صف) پانی میں ڈوبا ہوا۔
غرقی (غَر۔قی) (ف۔صف) (۱) ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ (۲) (اُر۔ا۔مث) پانی میں ڈوبی ہوئی زمین (۳) کم عرض کی لنگوٹی (۴) سیلاب۔
غرقی آنا (اُر۔محاورہ) سیلاب آنا۔
غَرَکی (ق۔ا۔مث) ڈر۔ دہشت۔
غروب (غُ۔رُوب) (ع۔ا۔مذ) (۱) سُورج یا چاند کا ڈوبنا (۲) زوال۔ خاتمہ۔
غروب ہونا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) چُھپنا۔ ڈوبنا (۲) غائب ہونا۔ رُوپوش ہونا (۳) زوال پذیر ہونا۔
غُرور (غُ۔رُور) (ع۔ا۔مذ) گھمنڈ۔ ناز۔ اکڑ۔ فخر۔ تکبّر۔ خود بینی۔ ابھیمان۔
غرور کرنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) گھمنڈ کرنا۔ اکڑ کرنا۔ تکبّر کرنا۔
غرور توڑ دینا (ڈھا دینا) (اُر۔محاورہ) مغرور کو نیچا دِکھا دینا۔
غرور ٹوٹ جانا (نکل جانا) (اُر۔محاورہ) (۱) اکڑ جاتی رہنا۔ مغرور کا راہِ راست پر آجانا۔
غرور کا سرنیچا (اُر۔مثل) غرور کرنے والے کو سزا مل جاتی ہے۔
غُرّہ (غُر۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) غرور۔ گھمنڈ (۲) (صف) مغرور۔ متکبّر۔ گھمنڈی۔
غرّہ توڑنا (ڈھانا) (اُر۔محاورہ) غرور توڑنا۔ گھمنڈ دُور کرنا۔
غرّہ کرنا (اُر۔محاورہ) غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔
غرّہ ہونا (اُر۔محاورہ) ناز ہونا۔ فخر ہونا۔
غُرّہ (غُر۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) سفیدی۔ چمک (۲) گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی (۳) چاند رات (۴) ناغہ۔ تعطیل۔
غرّہ بتانا (دینا) (اُر۔محاورہ) پہلی تاریخ کا وعدہ کرنا۔ ٹالنا۔ بہانہ کرنا (۲) ناغہ کرنا۔ چُھٹّی کرنا۔
غریب (غَ۔رِیب) (ع۔صف) (۱) مُفلس۔ نادار (۲) مسافر۔ اجنبی۔ پردیسی (۳) نادر شے۔ عجیب۔ جمع: غُربا۔ فارسی جمع: غریبان۔ اُردو جمع: غریب۔ غریبوں۔
غریب آزار (ع۔صف) غریبوں کو ستانے والا۔
غریبُ الدّیار (غریبُ الوطن) (غ۔ری۔بُد۔دِ۔یار) (غ۔ری۔بُل۔وَ۔طن) (ع۔صف و۔ا۔مذ) مسافر۔ پردیسی۔ بے وطن۔ بے گھر۔
غریب پرور (ع۔ف۔صف) غریبوں کو پالنے والا۔ فیّاض۔ سخی۔
غریب حرام زادہ (اُر۔ا۔مذ) وہ شخص جس کی صورت مسکینوں کی سی ہو اور اعمال بدمعاشوں کے سے۔
غریب خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) اپنا گھر (انکسار کا کلمہ) جھونپڑا۔
غریب زادہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) غریب کا بیٹا (۲) رنڈی کا بیٹا۔ حرام زادہ۔
غریب غربا (ع۔ا۔مذ) (۱) محتاج۔ مُفلس لوگ۔
غریب کی جورُو سب کی بھابی (اُر۔مثل) غریب پر سب کا بس چلتا ہے۔

غریب نواز (ع۔ف۔صف) (۱) غریب پرور۔ غریبوں پر مہربانی کرنے والا (۲) خواجہ معینُ الدّین چشتی اجمیریؒ کا خطاب۔
غریب نوازی (ع۔ف۔ا۔مث) غریبوں پر مہربانی۔ بندہ پروری۔
غریبُ الوطنی (غَ۔ری۔بُل۔وَ۔طَ۔نی) (ع۔اُر۔ا۔مث) مسافرت۔ وطن سے دُور ہونا۔
غریبا مئو (غَ۔ری۔با۔مَ۔اُو) (اُر۔ا۔مذ) (۱) دال دلیا۔ غریبوں جیسا رُوکھا سُوکھا (۲) غریبوں کی بستی۔
غریبانہ (غَ۔ری۔با۔نَہ) (ع۔ف۔صف) غریبوں کی مانند۔ غریبوں جیسا۔
غریبوں (اُر۔ا۔مذ) غریب کی جمع۔
غریبوں نے روزے رکھے، دن بڑے ہو گئے (اُر۔مثل) مُفلس کو ہزار مصیبتیں۔ غریب کی ہر طرح شامت ہے۔
غریبی (غَ۔ری۔بی) (ف۔ا۔مث) (۱) محتاجی۔ مُفلسی (۲) مسافرت۔ عاجزی۔
غریبی آنا (اُر۔محاورہ) محتاج ہونا۔
غریزی (غَ۔ری۔زی) (ع۔صف) طبعی۔ فطری۔ حقیقی۔
غریق (غَ۔ریق) (ع۔صف) (۱) ڈوبا ہوا (۲) سمایا ہوا۔ محو۔
غریقِ رحمت (ع۔صف) مرحوم۔ مغفور۔ رحمتِ خُداوندی میں ڈوبا ہوا۔
غریقِ رحمت ہو (اُر۔دُعا) خُدا رحمت میں غرق کرے۔ خدا بخشے۔
غریو (غَ۔ریو) (ف۔ا۔مذ) فریاد۔ گرج۔ شور۔ چیخ پکار۔

غ۔ڑ

غڑاپ (غَ۔ڑاپ) (اُر۔ا۔صوت۔مذ) پانی میں غوطہ لگانے یا ڈوبنے کی آواز۔
غڑاپ سے (اُر۔متعلق فعل) جلدی سے۔ آناً فاناً۔
غڑپ (غَ۔ڑَپ) (اُر۔ا۔مث) ڈوبنے کی آواز (۲) (متعلق فعل) پلک جھپکتے۔ آناً فاناً۔
غڑپ شڑپ (اُر۔صف) (۱) جلدی کھا جانا (۲) جلد جلد باتیں کرنا۔

غ۔ز

غزا (غَ۔زا) (ع۔ا۔مذ) (۱) جنگ کرنا (۲) مذہبی جنگ۔ جہاد۔
غزات (غُزاۃ) (ع۔ا۔مذ) غازی کی جمع۔
غزال (غَ۔زال) (ع۔ا۔مذ) ہرن کا بچّہ (۲) ہرن۔ آہو۔ جمع: غزلان۔ فارسی جمع: غزالاں۔
غزال چشم (ع۔ف۔صف) ہرن کی سی آنکھوں والا۔
غزالِ خُتن (ع۔ف۔ا۔مذ) شہر خُتن کا آہو (۲) معشوق۔
غزالِ رعنا (ع۔ف۔صف) معشوق۔
غزالِ کعبہ (ع۔ا۔مذ) سونے کا ہرن جو زمانۂ جاہلیّت میں زم زم میں پایا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گیا اور اُسے کعبے میں لٹکا دیا گیا تھا۔

غزالاں (ف۔ا۔مذ) غزال کی جمع۔

غزالہ (غَ۔زا۔لَہ) (ع۔ا۔مث) ہرن کا مادہ بچہ۔ غزال کی تانیث۔

غزالی (غَ۔زا۔لی) (ف۔صف) منسوب بہ غزالہ جو طوس میں ایک گاؤں ہے۔

غزل (غَ۔زَل) (ع۔ا۔مث) (۱) عورتوں سے باتیں کرنا۔ عورتوں کے حُسن و جمال کی تعریف کرنا (۲) نظم کی ایک صِنف جس میں عشق و محبت کا ذکر ہوتا ہے۔ ہر شعر جداگانہ مضمون کا حامل ہوتا ہے۔ پہلا شعر مطلع اور آخری مقطع کہلاتا ہے۔ جمع: غزلیات۔ اُردو جمع: غزلوں۔ غزلیں۔

غزل بنانا (اُر۔ محاورہ) غزل کی اِصلاح کرنا۔

غزل پرداز (ع۔ف۔صف) غزل گو شاعر۔

غزل پڑھنا (اُر۔ محاورہ) غزل سُنانا۔

غزل پھیکی پڑ جانا (ٹھنڈی ہو جانا) (اُر۔ محاورہ) دُوسرے غزل گو شاعروں کے مُقابلے میں غزل کا رنگ نہ جمنا۔

غزل چمکانا (اُر۔ محاورہ) غزل کو اِصلاح دے کر بہتر بنانا۔

غزل چمکنا (اُر۔ محاورہ) غزل کی تعریف ہونا۔ غزل کا مشاعرے میں مقبول ہونا۔

غزل خواں (ع۔ف۔صف) غزل پڑھنے والا۔

غزل سرا (ع۔ف۔صف) ترنم سے غزل پڑھنے والا۔

غزل کہنا (اُر۔ محاورہ) غزل لکھنا۔ عشقیہ شعر کہنا۔

غزل گو (ع۔ف۔صف) غزل کہنے والا شاعر۔

غزل گوئی (ع۔ف۔ا۔مث) غزل کہنے کا فن۔

غزلِ مسلسل (ع۔ا۔مث) وہ غزل جس میں کوئی مسلسل مضمون بیان کیا گیا ہو۔

غزلیات (غَ۔زَل۔یات) (ع۔ا۔مث) غزل کی جمع۔

غزلیّت (غَ۔زَ۔لی۔یَت) (ع۔ا۔مث) غزل کی کیفیت یا خوبی۔

غزنوی (غَز۔نَ۔وی) (ف۔صف) (۱) افغانستان کے شہر غزنی کا رہنے والا (۲) (کنایۃً) سلطان محمود غزنوی۔

غزوہ (غَز۔وَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ جہاد جس میں رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم شریک ہوئے (۲) دینی جنگ۔ جمع: غزوات۔

غ۔س

غسّال (غَس۔سال) (ع۔ا۔مذ) (۱) نہلانے والا (۲) مُردے کو نہلانے والا۔

غسّالہ (غَس۔سا۔لَہ) (ع۔ا۔مث) غسّال کی تانیث۔

غسالہ (غُ۔سا۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) دھوون (۲) اِستعمال شدہ پانی (۳) وہ پانی جس سے ہاتھ مُنہ دھویا جائے اور دھونے کے بعد پھینک دیا جائے۔

غُسل (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) نہانا۔ اشنان۔ جسم کو دھونا۔

غُسل خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) نہانے کا کمرا۔ باتھ رُوم۔ حمام۔

غُسل دینا (اُر۔ محاورہ) مُردے کو نہلانا۔

غُسلِ صحت (ع۔ا۔مذ) (۱) بیماری سے اچھا ہونے پر نہانا (۲) اچھا ہونے کی تقریب منانا۔

غُسل کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) نہانا۔ اشنان کرنا۔

غُسل کی حاجت ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) اِحتلام ہو جانا (۲) بدن ناپاک ہو جانا۔

غُسلِ میّت (ع۔ا۔مذ) مُردے کو نہلانا۔

غ۔ش

غش (بفتحہ اوّل) (ف۔ا۔مذ) بے ہوشی۔ ناطاقتی۔

غش آنا (پڑنا۔ کرنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) بے ہوش ہو جانا۔ غشی طاری ہو جانا (۲) حواس کھو بیٹھنا۔ گُم صُم رہ جانا۔ حیرت زدہ ہونا۔

غش پر غش آنا (اُر۔ محاورہ) کسی صدمے کے باعث بار بار بے ہوش ہونا۔

غش طاری ہونا (اُر۔ محاورہ) بے ہوش ہونا۔

غش کھانا (اُر۔ محاورہ) بے ہوش ہو جانا۔

غش ہونا (اُر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔

غِشّ (بفتح اوّل و تشدید دوم) (ع۔ا۔مث) (۱) کینہ۔ کدورت (۲) تشویش۔ غِل کے ساتھ مستعمل ہے۔ (بے غِل و غِش)۔

غشی (غَ۔شی) (ف۔ا۔مث) بے ہوشی۔

غ۔ص

غَصب (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) خیانت (۲) ناجائز قبضہ (۳) زبردستی ہتھیا لینا۔

غصب کرنا (اُر۔ محاورہ) زبردستی قبضہ کر لینا۔ خیانت کرنا۔ کسی کا حق چھین لینا۔

غصب ہونا (اُر۔ محاورہ) خُورد بُرد ہونا۔ ہتھیا لیا جانا۔

غصباً (غَص۔بَن) (ع۔ف۔ متعلق فعل) زبردستی۔ ناجائز طور پر۔

غصبی (غَص۔بی) (ع۔صف) (۱) غصب کیا ہوا (۲) غصب کرنے والا۔ خائن۔

غُصّہ (غُص۔صَہ) (ع۔ا۔مذ) بُرہمی۔ خفگی۔ ناراضی۔ عتاب۔ رنجش۔ کرودھ۔

غُصّہ آنا (اُر۔ محاورہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ طیش آنا۔

غُصّہ اُتارنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو سزا دے کر تسکین کر لینا۔ کسی پر خفا ہو کر دِل ٹھنڈا کر لینا۔

غُصّہ اُترنا (اُر۔ محاورہ) کسی پر خفا ہونا (۲) خفگی دُور ہو جانا۔ دِل کا بُخار نکلنا۔

غُصّہ بڑا عقل مند ہوتا ہے (اُر۔ مثل) زبردست پر کبھی غصّہ نہیں آتا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) غصّہ کرنے والا غصّے میں بھی انجام کا خیال رکھتا ہے۔

غصّہ پینا (پی جانا۔ تھوک دینا۔ مارنا) (اَر۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ برداشت کرنا۔ خفگی سے باز آنا۔ راضی ہو جانا۔

غصّہ چڑھنا (اَر۔ محاورہ) طیش آنا۔ ناراض ہونا۔

غصّہ دِلانا (اَر۔ محاورہ) خفا کرنا۔ ناراض کرنا۔

غصّہ کرنا (اَر۔ محاورہ) خفا ہونا۔

غصّہ ناک پر ہونا (اَر۔ محاورہ) جلد غصّہ آنا۔ بات بات پر بھڑک اُٹھنا۔

غصّہ نکالنا (اَر۔ محاورہ) بدلہ لے کر دل ٹھنڈا کرنا۔

غصّہ وَر (ع۔ ف۔ صف) بدمزاج۔ جسے جلد غصّہ آجائے۔

غصّے (اَر۔ ا۔ مذ) غصّہ کی مغیّرہ صورت۔

غصّے کی آنکھ (اَر۔ ا۔ مذ) ایسی نظر جس سے غصّہ ظاہر ہو۔

غصّے کی جھانجھ (اَر۔ ا۔ مث) غصّے کا جوش۔ غصّے میں واہی تباہی بکنا۔

غصّے میں لال پیلا ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت خفا ہونا۔ غصّے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا۔

غصّے میں آگ ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت خفا ہونا۔

غصّے ہونا (اَر۔ محاورہ) خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔

غُصِیل (غُصِیلا) (غُ۔ صِیل) (غُ۔ صی۔ لا) (اَر۔ صف) بدمزاج۔ غصّہ وَر۔

غ۔ض

غَضّ (بفتح اوّل و تشدید دوم) (ع۔ ا۔ مذ) آنکھیں بند کرنا۔ آنکھیں جھکانا۔

غضّ بصر (ع۔ ا۔ مذ) نگاہیں جھکانا۔

غَضَب (غَ۔ ضَب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) قہر۔ غصّہ (۲) آفت۔ مصیبت (۳) بے انصافی۔ ظلم (۴) کلمۂ حیرت اور کلمۂ مبالغہ بمعنی بہت۔ ازحد (۵) بے جا بات۔ لعنت۔ مار (۶) اندھیر۔ زبردستی (۷) (صف) بڑھ چڑھ کر (۸) لاجواب۔ نادر۔ عجیب۔

غضب آلود (ع۔ ف۔ صف) غصّے میں بھرا ہوا۔

غضب آنا (ٹوٹ پڑنا۔ ٹوٹنا) (اَر۔ محاورہ) عذاب آنا۔ مصیبت آنا۔ آفت آنا۔ شامت آنا۔ غصّہ آنا۔

غضبِ الٰہی (ع۔ ا۔ مذ) خدا کا قہر۔

غضب پڑنا (اَر۔ محاورہ) آفت آنا۔ صدمہ پہنچنا۔ عذابِ الٰہی میں گرفتار ہونا۔

غضب توڑنا۔ (اَر۔ محاورہ) فساد برپا کرنا۔ فتنہ برپا کرنا۔

غضب خدا کا (اَر۔ کلمۂ حیرت و تعجب) خدا کا خوف کرو۔

غضب ڈھانا (اَر۔ محاورہ) انوکھی بات کرنا (۲) آفت برپا کرنا۔ ظلم کرنا۔

غضب کا (اَر۔ صف) (۱) ازحد۔ کمال درجے کا (۲) بیان سے باہر (۳) بے ڈھب۔

غضب کا دیدہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت بے شرم اور ڈھیٹ ہونا۔

غضب کا سامنا (اَر۔ ا۔ مذ) بُرے وقت کا سامنا۔ آفت کا سامنا۔

غضب کرنا (اَر۔ محاورہ) ظلم کرنا۔ آفت برپا کرنا (۲) حیرت انگیز کام کرنا (۳) بُرا کرنا۔

غضب کی (اَر۔ صف) "غضب کا" کی تانیث۔

غضب میں آنا (اَر۔ محاورہ) مصیبت میں پھنس جانا۔

غضب میں پڑنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑے میں پڑنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا۔

غضب نازل ہونا (اَر۔ محاورہ) آفت آنا۔ خدا کا قہر نازل ہونا۔

غضب ناک (ع۔ ف۔ صف) غصّے میں بھرا ہوا۔

غضب ناک ہونا (اَر۔ محاورہ) غصّے میں بھر جانا۔ آپے سے باہر ہونا۔

غضب ہو گیا (اَر۔ کلمۂ حیرت) بہت بُرا ہوا۔

غضب ہونا (اَر۔ محاورہ) کام خراب ہونا (۲) مصیبت نازل ہونا۔

غضب ہے (اَر۔ محاورہ) ستم ہے۔ اندھیر ہے (۲) کمال ہے۔ سُبحان اللہ!

غَضْبَن (غَض۔ بَن) (اَر۔ ا۔ مث) (۱) غضبی کی تانیث (۲) مکّار عورت۔

غَضَبی (غَ۔ ضَ۔ بی) (اَر۔ صف) (۱) ظالم۔ غصّہ وَر۔ غُصیلا (۲) (ا۔ مث) غصّہ۔ غضب۔ عتاب۔ قہر۔

غضبی آنا (اَر۔ محاورہ) آفت آنا۔ غصّہ آنا۔

غضبی باندی (اَر۔ صف) وہ کنیز جو زیرِ عتاب ہو۔

غضبی خانہ (اَر۔ ف۔ ا۔ مذ) غصّہ۔ غضب۔ قہر۔

غَضَنْفَر (غَ۔ ضَن۔ فَر) (ع۔ ا۔ مذ) شیر (۲) (صف) بہادر۔

غَضَنْفَری (غَ۔ ضَن۔ فَ۔ ری) (ع۔ ا۔ مث) بہادری۔ شجاعت۔

غ۔ف

غَف (بفتحۂ اوّل) (ف۔ صف) دیکھئے گف۔

غَفّار (غف۔ فار) (ع۔ ا۔ مبالغہ) بہت بڑا بخشنے والا۔ خدا کا صفاتی نام۔

غِفاری (غِ۔ فا۔ ری) (ع۔ صف) عرب کے قبیلۂ غِفار سے نسبت رکھنے والا۔

غُفران (غُف۔ ران) (ع۔ ا۔ مذ) معافی۔ بخشش۔ گناہ معاف کرنا۔ مغفرت۔

غفران مآب (غفران پناہ) (ع۔ صف) معافی یا بخشش کی پناہ۔ بخشنے والا۔

غُفِرَ لَہٗ (غُ۔ فِ۔ رَ۔ لَ۔ ہو) (ع۔ کلمۂ دعا) اُس کے لئے بخشش کی جائے (۲) خدا اُس کی مغفرت کرے۔

غَفْلَت (غف۔ لت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) بھول چوک۔ غلطی۔ خطا۔ قصور۔ بے خبری۔ بے پروائی (۲) اُونگھ۔ نیند۔ بے ہوشی۔

غفلت پیشہ (غفلت زدہ) (ع۔ ف۔ صف) (۱) غافل (۲) بے خبر (۳) غفلت کرنے والا۔

غفلت چھانا (طاری ہونا۔ ہو جانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) غافل ہو جانا (۲) اُونگھنا (۳) بے خبر ہو جانا۔

غفلت سے (اَر۔ متعلق فعل) بے پروائی سے (۲) بے خبری سے۔ کم توجہی سے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غفلت شِعار (ع۔صف) غفلت کرنے والا۔ غافل۔
غفلت کا پردہ (پڑنا) پڑجانا (اُر۔محاورہ) بے خبر ہوجانا۔ مدہوش ہوجانا۔
غفلت کرنا (اُر۔محاورہ) کوتاہی کرنا۔ خبر نہ لینا۔ بے پروائی کرنا۔
غفلت کی نیند سونا (اُر۔محاورہ) گہری نیند سونا۔ بے خبر سونا۔
غَفْلَتی (غف۔لَ۔تی)(اُر۔صف) بے پروا۔
غَفُور (غَ۔فُور)(ع۔صف)(۱) بڑا بخشنے والا (۲) گناہوں کا چھپانے والا (۳) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
غَفُورُ رَّحِیم (غَ۔فُو۔رُر۔رَ۔حِیم)(ع۔صف)(۱) بخشش اور رحم کرنے والا (۲) بخشنے والا۔ مہربان (۳) اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
غَفِیر (غَ۔فِیر)(ع۔صف)(۱) مُحیط (۲) اَنبوہ۔ بھیڑ۔

غ۔ل

غُل (بضمِ اوّل)(ف۔ا۔مذ) شور۔ ہنگامہ۔ چیخم دھاڑ۔
غُل برپا ہونا (اُر۔محاورہ) شور اُٹھنا۔ ہُلّڑ مچنا۔
غُل غپاڑا (اُر۔ا۔مذ) بے حد شور و غوغا۔ حد سے زیادہ چیخ پکار۔ ہنگامہ۔
غُل کرنا (غُل مچانا)(اُر۔مص مُرکّب) شور مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔
غِلّ (بکسرِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کینہ۔ کدورت (۲) کھوٹا پن۔ غش کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے (بے غِلّ و غش)۔
غِلاظَت (غِ۔لا۔ظَت)(ع۔ا۔مث)(۱) گاڑھا پن (۲) کوڑا کرکٹ۔ گندگی۔ نجاست۔ پاخانہ۔ بول و براز۔ اُردو جمع: غلاظتوں۔ غلاظتیں۔
غلاظت پھیلانا (غلاظت کرنا)(اُر۔محاورہ) گندگی پھیلانا۔ پاخانہ کرنا۔
غِلاف (غِ۔لاف)(ع۔ا۔مذ)(۱) نیام۔ خانہ (۲) تکیہ، بکس وغیرہ کا اُوپری کپڑا (۳) خول۔ جُزدان۔ اُردو جمع: غلاف۔ غلافوں۔
غلاف اُتارنا (بدلنا)(اُر۔محاورہ) غلاف بدلا جانا۔ پردہ بدلنا۔
غلاف چڑھانا (اُر۔محاورہ) تکیے یا بکس وغیرہ کو غلاف کے اندر ڈالنا۔
غلافِ کعبہ (ع۔ا۔مذ) وہ مخملی غلاف جسے ہر سال حج کے موقع پر کعبہ کی مرکزی عمارت پر چڑھایا جاتا ہے۔
غِلافْنا (غِ۔لاف۔نا)(اُر۔مص) شیرے میں غوطہ دینا۔ شیرہ چڑھانا۔
غِلافی (غِ۔لا۔فی)(ع۔صف) غلاف سے متعلق۔
غلافی آنکھ (اُر۔ا۔مث) پپوٹوں سے ڈھکی ہوئی آنکھ۔
غُلام (غُ۔لام)(ع۔ا۔مذ)(۱) لڑکا (۲) زرخرید۔ بندہ (۳) اِنکسار کا کلمہ۔ نیازمند۔ فدوی (۴) تاش کا ایک تصویردار پتّا (۵) گنجفہ کے بارہ زرد پتّوں کا نام۔ جمع: غِلمان۔ فارسی جمع: غلاماں۔ اُردو جمع: غُلام۔ غُلاموں۔
غلام اور چنے کو مُنہ نہ لگائیے (اُر۔مثل) غلام سر چڑھ جاتا ہے اور چنا کھانے کی عادت ہوجائے تو چھٹتی نہیں۔

غلام بنانا (اُر۔محاورہ) مطیع کرلینا۔ زیر کرلینا۔
غلام بے دام (بے درم)(ع۔ف۔صف) مُفت کا غُلام۔ وہ شخص جو بہت زیادہ ممنون ہو۔
غلام زرخرید (ع۔ف۔صف)(۱) مول لیا ہوا غُلام (۲) خریدا ہوا چھوکرا۔
غلام کا تِلام (اُر۔ا۔مذ)(۱) غُلام کا غُلام (۲) ادنیٰ درجے کا غُلام۔ (تلام (ع) تلم کی جمع بمعنی نوکر چاکر)۔
غلام کرنا (اُر۔محاورہ) مطیع بنانا۔ فرماں بردار بنانا۔ شیفتہ کرنا۔
غلام گردِش (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) دیوان خانہ اور زنان خانہ کی درمیانی دیوار اور برآمدہ (۲) خادموں کے بیٹھنے کی جگہ (۳) چھت دار راستہ۔
غلام مال (اُر۔ا۔مذ) وہ چیز جو مُدّتوں کام دے۔ وہ چیز جسے بے تکلّف اِستعمال کریں۔
غلام ہونا (اُر۔محاورہ) مُطیع ہونا۔ تابع ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔
غُلامی (غُ۔لا۔می)(ف۔ا۔مث)(۱) حلقہ بگوشی۔ غُلام ہونا۔ بندگی (۲) اطاعت (۳) قید۔ اسیری۔
غُلامی اِختیار کرنا (اُر۔محاورہ) مُلازم ہوجانا۔ مُطیع ہونا۔ محکوم ہونا۔
غُلامی میں دینا (اُر۔محاورہ) خدمت میں دینا۔
غُلامی میں قبول کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) داماد بنانا (۲) اپنا وارث اور جانشین بنالینا (۳) مُلازم رکھنا۔
غُلْغُلے (غُل۔غُلے)(ق۔ا۔مذ) القاب۔
غَلَبہ (غَ۔لَ۔بہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) برتری۔ فوقیت۔ جیت (۲) حملہ (۳) فراوانی۔ کثرت۔ (بسکونِ دوم غلط العوام ہے)۔
غلبہ پانا (اُر۔محاورہ) فتح پانا۔ جیت جانا۔ اثر جما لینا۔ سبقت لے جانا۔
غلبہ رائے (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) کثرتِ رائے (۲) ووٹوں کی اکثریت۔ نصف سے زائد تعداد کی رائے۔
غلبہ کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا (۲) گھیر لینا (۳) ہجوم کرنا۔
غلبہ ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) غالب آنا (۲) اکثریت ہونا۔
غَلَت (غَ۔لَت)(ع۔ا۔مذ) حساب میں بھول چوک۔
غَلَط (غَ۔لَط)(ع۔صف) نادرست۔ ناصحیح۔ کھوٹا۔ بے جا۔
غَلَطُ العام (غَ۔لَ۔طُل۔عام)(ع۔ا۔مذ) تلفّظ یا اِملا جو غلط ہونے کے باوجود کثرتِ اِستعمال کے باعث صحیح مانا جائے۔
غلطُ العامِ فصیح (ع۔مقولہ) وہ غلط تلفّظ یا اِملا جسے پڑھے لکھے لوگوں نے قبول کرلیا ہو فصیح ہے۔
غلطُ العوام (غَ۔لَ۔طُل۔عَ۔وام) وہ لفظ جسے عوام نے غلط تلفّظ یا معانی یا ردّ و بدل کے ساتھ بولنا شروع کردیا ہو وہ غلط ہی قرار پاتا ہے۔
غلط انداز (ع۔ف۔صف) نگاہ یا تیر جو نشانے پر نہ لگے۔
غلط بردار (ع۔ف۔صف)(۱) کاغذ کھرچنے کا اوزار (۲) وہ کاغذ جس پر سے حرف آسانی سے مٹائے جاسکیں (۳) غلط لفظ مٹانے ڈالا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غلط بیاں (ع۔ف۔صف) جھوٹا۔
غلط بیانی (ع۔ف۔ا۔مث) جھوٹی بات۔ جھوٹ بولنا۔
غلط بیں (ع۔ف۔صف) (۱) دُوسروں کی غلطی نکالنے والا (۲) سچائی کو جھٹلانے والا۔
غلط ٹھہرانا (ار۔محاورہ) غلط ثابت کرنا۔ جھوٹا ٹھہرانا۔
غلط در غلط (ع۔ف۔صف) سراپا غلط۔ بالکل جھوٹ۔ ایک غلطی جو دُوسری غلطی پر مبنی ہو۔
غلط سَلط (ع۔ف۔صف) گڑبڑ۔ خلافِ حقیقت۔ جھوٹ سچ۔
غلط سمجھنا (ار۔محاورہ) جھوٹ سمجھنا۔
غلط فہم (ع۔ف۔صف) ناسمجھ۔ بات کو غلط سمجھنے والا۔
غلط فہمی (ع۔ف۔ا۔مث) ناسمجھی۔ بے سمجھی۔ بُھول چُوک۔
غلط کار (ع۔ف۔صف) غلط کام کرنے والا۔ بداعمال (۲) دھوکے باز۔
غلط کاری (ع۔ف۔ا۔مث) بداعمالی۔ بدچلنی۔ غلط کام کرنا۔
غلط نکلنا (ار۔محاورہ) (۱) جھوٹ ثابت ہونا (۲) جو پہلے سمجھا ہو اُس کے برعکس ظاہر ہونا۔
غلط نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) فہرستِ اغلاط (۲) صحت نامہ۔
غَلطاں (غل۔طاں) (ف۔صف) (۱) گول (۲) لوھکتا ہوا۔ لوٹتا ہوا۔ ڈھلکتا ہوا (۳) چکر کھا کر گول چیز کا حرکت میں آنا (۴) گرتا پڑتا۔
غلطاں و پیچاں (ف۔صف) (۱) اُلجھا ہوا (۲) اُدھیڑ بُن میں۔ گرتا پڑتا۔ پریشان۔
غَلْطَک (غل۔طک) (ع۔ا۔مذ) (۱) کروٹ (۲) پہیا (۳) چکر (۴) گول چیز (۵) گاڑی کی دُھری۔
غِلْطَہ (غل۔طہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) موٹا ریشمی کپڑا (۲) میان۔ نیام۔ سرپوش۔ غلاف۔ ڈھکن۔
غَلَطی (غ۔ل۔طی) (ار۔ا۔مث) بُھول چُوک۔ نادُرستی۔ ناسمجھی۔ کوتاہی۔ خطا۔ سہو۔ جمع: اَغلاط۔ غلطیاں۔ غلطیوں۔
غلطی پڑنا (ار۔محاورہ) سہو ہو جانا۔
غلطی پکڑنا (ار۔محاورہ) غلطی نکالنا۔ نقص معلوم کر لینا۔
غلطی سے (ار۔متعلق فعل) بُھول سے۔ بُھول کر۔ نادانستہ۔
غلطی کھانا (ار۔محاورہ) خطا کرنا۔ دھوکا کھانا۔ بُھول جانا۔
غلطی میں پڑنا (ار۔محاورہ) چُوک جانا۔ دھوکا کھا جانا۔
غلطی نکالنا (ار۔محاورہ) نقص معلوم کرنا۔
غلطی ہونا (ار۔محاورہ) بُھول چُوک ہو جانا۔ خطا ہونا۔
غِلْظَت (غل۔ظت) (ع۔ا۔مث) گاڑھاپن۔ کثیف ہونا (۲) گندگی۔
غُلْغُلَہ (غل۔غ۔لہ) (ف۔ا۔مذ) ہنگامہ۔ شور وغُل (۲) دھوم۔ شہرت۔
غلغلہ ہونا (ار۔محاورہ) شہرت ہونا۔ چرچا ہونا۔

غُلْک (غل۔لک) (ف۔ا۔مث) نقدی رکھنے کا برتن۔ گولک۔ گلّا۔
غلک میں دھرنا (ار۔محاورہ) جمع کرنا۔
غِلْمان (غل۔مان) (ع۔ا۔مذ) غُلام کی جمع۔ نوعمر لڑکے۔ جنّت کے کم سن خادم۔
غُلَمْٹا (غ۔لم۔ٹا) (ار۔ا۔مذ) (۱) غُلام کی تصغیر۔ حقارت کے اظہار کا کلمہ۔
غُلُو (غ۔لو) (ع۔ا۔مذ) (۱) حد سے گُزر جانا (۲) بہت زیادہ مُبالغہ۔
غلو کرنا (ار۔محاورہ) حد سے زیادہ مُبالغہ کرنا۔
غُلُولَہ (غ۔لو۔لہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے غُلّہ (۲) مزاروں پر چڑھائی جانے والی کوڑیاں۔
غَلّہ (غل۔لہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) اناج۔ دانہ (۲) (ار۔ا۔مذ) نقدی رکھنے کا صندوقچہ۔ غُلک۔ گولک۔ گلّا۔ اُردو جمع: غلوں۔ غلّے۔
غلّہ بھرنا (ار۔محاورہ) اناج کا ذخیرہ کرنا۔
غلّہ پھٹکنا (ار۔محاورہ) اناج کو صاف کرنا۔
غلّہ فروش (ف۔صف۔وا۔مذ) اناج بیچنے والا۔
غلّہ منڈی (ار۔ا۔مث) وہ جگہ جہاں غلّہ فروخت کیا جاتا ہے۔
غُلّہ (غل۔لہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) مٹی کی گولی یا کنکری جسے غُلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں۔ غُلولہ (۲) چھوٹی سی گول شے۔ (غلولہ کا مخفف ہے)۔
غُلّہ (پھینکنا) چلانا (ار۔محاورہ) غُلّہ مارنا۔
غُلّہ مارنا (ار۔محاورہ) (۱) غلیل کے ذریعے سے غُلّہ چلانا (۲) نشانہ لگانا (۳) مُزاحم ہونا۔
غَلّئی (غل۔ل۔ای) (ار۔صف) غلّے کی صورت میں لگان۔
غَلیظ (غ۔لیظ) (ع۔صف) گاڑھا۔ ناپاک۔ گندہ۔ نجس۔
غُلیل (غ۔لیل) (بیائے مجہول) (ار۔ا۔مث) غُلہ پھینکنے والی تانت کی کمان۔ مٹی کی گولی یا کنکری پھینکنے والا دوشاخہ چوبی آلہ۔
غلیل اُتارنا (ار۔محاورہ) غلیل کا کھچاؤ کم کر دینا۔
غلیل باز (غلیلچی) (ار۔صف۔وا۔مذ) غُلہ مارنے والا۔ غُلیل چلانے والا۔
غلیل چلانا (ار۔محاورہ) غُلیل سے غُلہ پھینکنا۔
غلیل لگنا (ار۔محاورہ) غُلّے کا نشانے پر لگنا۔ غُلّے سے چوٹ کھانا۔
غُلَیْلَہ (غ۔لے۔لہ) (ار۔ا۔مذ) غُلہ۔ غلولہ۔
غَلی واز (غ۔لی۔واز) (ف۔ا۔مث) چیل۔

غ۔م

غم (بفتحۂ اول) (ع۔ا۔مذ) رنج۔ دُکھ۔ افسوس۔ صدمہ۔ ملال۔ حزن۔ الم۔ جمع: غموم۔ اُردو جمع: غم۔ غموں۔
غم (آشام) آلودہ (ع۔ف۔صف) رنجیدہ۔ ملول۔ مغموم۔ غم ناک۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غم اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) دُکھ جھیلنا۔
غم انگیز (ع۔ف۔ صف) غم پیدا کرنے والا۔
غم پالنا (اُر۔ محاورہ) خواہ مخواہ کی مُصیبت مول لے لینا۔
غم پر غم گزرنا (اُر۔ محاورہ) رنج پر رنج ہونا۔
غم خانہ (غم کدہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) غم کا گھر۔ ماتم کدہ۔
غم خوار (ع۔ف۔ صف) ہمدرد۔ دُکھ درد کا شریک۔
غم خواری (ع۔ف۔ا۔مث) دُکھ درد میں شرکت۔ مُصیبت میں کسی کا ساتھ دینا۔ ہمدردی۔
غم خواری کرنا (اُر۔ محاورہ) ہمدردی کرنا۔
غم دیدہ (رسیدہ۔ زدہ) (ع۔ف۔ صف) مُصیبت زدہ ۔۔ مُصیبت کا مارا۔
غم دیکھنا (اُر۔ محاورہ) رنج و اَلَم برداشت کرنا۔ صدمہ اُٹھانا۔
غم سے چُھٹنا (اُر۔ محاورہ) غم سے نجات پانا۔
غم سے گُھلنا (اُر۔ محاورہ) غم کی وجہ سے دُبلا ہو جانا۔ دُکھ کے مارے نڈھال ہو جانا۔
غم غلط کرنا (اُر۔ محاورہ) دل بہلانا۔ تفریح کرنا۔ غم کو بُھلانے کی کوشش کرنا۔
غم غلط ہونا (اُر۔ محاورہ) دل بہلنا۔ رنج و ملال دُور ہو جانا۔
غم فزا (ع۔ف۔ صف) غم بڑھانے والا۔
غم کا پُتلا (اُر۔ا۔مذ) سراپا غم۔
غم کا مارا (اُر۔ صف) مُصیبت زدہ۔ رنجیدہ۔
غم کدہ (ع۔ف۔ا۔مذ) دیکھیے غم خانہ۔
غم کرنا (اُر۔مص مُرکّب) رنج کرنا۔ افسوس کرنا۔ ماتم کرنا۔
غم کھانا (اُر۔ محاورہ) صدمہ اُٹھانا۔ رنج سہنا۔ دُکھ بھوگنا۔
غم گسار (ع۔ف۔ صف) غم خوار۔ ہمدرد۔
غم گساری (ع۔ف۔ا۔مث) غم خواری۔ ہمدردی۔
غم گین (ع۔ف۔ صف) رنجیدہ۔ اُداس۔ افسردہ۔
غم گین ہونا (اُر۔ محاورہ) مغموم ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ افسردہ ہونا۔
غم میں جان کھونا (اُر۔ محاورہ) غم سے بے جان ہونا۔ بہت غمگین ہونا۔
غم ناک (ع۔ف۔ صف) رنجیدہ کرنے والا۔
غم نداری بُز بخر (نہ ئر) (ف۔ مثل) اگر تجھے کوئی غم نہیں تو بکری خرید لے۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں جب کوئی ایسا کام کرے جس سے فکر و تردّد لاحق ہو۔
غم نہیں (اُر۔ محاورہ) پروا نہیں۔

غمّاز (غَم۔ماز) (ع۔ صف) (۱) آنکھ سے اِشارہ کرنے والا (۲) طعنہ دینے والا (۳) پیچھے لگا رہنے والا (۴) چُغل خور۔ جاسوس۔
غمّازی (غَم۔ما۔زی) (ف۔ا۔مث) مخبری۔ جاسوسی۔ چُغل خوری۔
غمزہ (غَم۔زہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) آنکھ کا اِشارہ (۲) نخرہ۔ ناز۔ اُردو جمع: غمزوں۔ غمزے۔
غمزہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) نازبرداری کرنا۔
غمزۂ جاں سِتاں (ع۔ف۔ا۔مذ) جان لینے والا نخرہ۔
غمزہ (جتانا) دِکھانا (اُر۔ محاورہ) نخرہ کرنا۔ اِترانا۔ ناز کرنا۔
غمزہ کرنا (اُر۔ محاورہ) ناز کرنا۔ ادائیں دِکھانا۔
غمی (غَ۔می) (ف۔ا۔مث) موت۔ ماتم (۲) (صف) رنجیدہ۔
غمی ہو جانا (اُر۔ محاورہ) موت ہو جانا۔
غمگیں (غَ۔میں) (ف۔ صف) دیکھیے غم گین۔

غ۔ن

غَنا (غَ۔نا) (ع۔ا۔مث) تونگری۔ دولت مندی۔ بے نیازی۔ بے پروائی (۲) دولت (۳) صبر۔ اِستغنا۔
غِنا (غِ۔نا) (ع۔ا۔مذ) راگ۔ نغمہ۔ گانا۔
غنائم (غَ۔نا۔اِم) (ع۔ا۔مذ) غنیمت کی جمع۔ مالِ غنیمت۔ لُوٹ کا مال۔
غنائی (غِ۔نا۔ای) (ف۔ صف) منسوب بہ غِنا۔ نغمے کا۔ نغمے کی۔
غنائیّت (غِ۔نا۔اِی۔یَت) (ف۔ا۔مث) نغمے کی کیفیّت۔ موسیقیت۔
غنچگی (غُن۔چَ۔گی) (ف۔ا۔مث) کلی کی کیفیّت۔ بند پُھول کی حالت۔
غنچہ (غُن۔چہ) (ف۔ا۔مذ) کلی۔ گُلِ ناشگفتہ۔ شگوفہ۔ اُر جمع: غنچوں۔ غنچے۔
غنچۂ آرزُو کِھلنا (اُر۔ محاورہ) اُمید بر آنا۔ مُراد پُوری ہونا۔
غنچۂ پژمُردہ (ف۔ا۔مذ) کُملائی ہوئی کلی۔
غنچہ پیشانی (ف۔ صف) بددماغ۔
غنچۂ پیکاں (ف۔ا۔مذ) تیر کا پَھل۔
غنچۂ تصویر (ف۔ا۔مذ) مُرقّع۔ نمونہ۔ نقشہ۔
غنچہ چٹخنا (اُر۔مص مُرکّب) غنچہ چٹکنا۔ کلی کِھلنا۔
غنچہ خاطِر (دِل) (بلا اضافت) (ف۔ صف) نازک طبع۔ زود رنج۔ مغموم۔ غمگین۔
غنچۂ خاطِر (دِل) (ف۔ا۔مذ) دِل کا غنچہ۔ دِل کی کلی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غنچۂ خاطر شگفتہ ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل کی کلی کھلنا۔ دِل خوش ہونا۔

غنچۂ دِل تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) مغموم ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔

غنچہ دہاں (غنچہ دہن) (بے اضافت) (ف۔ صف) (۱) چھوٹے مُنہ کا (۲) محبوب جس کا مُنہ کلی کی طرح چھوٹا اور خوبصورت ہو۔

غنچہ لب (ف۔ صف) دیکھئے غنچہ دہاں۔

غنچۂ ناشگفتہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بند کلی (۲) دوشیزہ۔ کنواری۔

غُنڈا (غُن۔ ڈا) (اُر۔ صف) دیکھئے گُنڈا۔

غُنغُنا (غُن۔ غُ۔ نا) (اُر۔ صف) ناک میں بولنے والا۔ خُن خُنا۔

غُنغُنانا (غُن۔ غُ۔ نا۔ نا) (اُر۔ مص) ناک میں بولنا۔

غُنغُنی (غُن۔ غُ۔ نی) (اُر۔ صف) غُنغُنا کی تانیث۔

غَنَم (غَ۔ نَم) (ع۔ ا۔ مذ) لُوٹ کا مال۔ مالِ غنیمت۔

غُنُودگی (غُ۔ نُود۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) اُونگھ۔ خمار۔ نشہ۔

غُنودگی آنا (اُر۔ محاورہ) اُونگھنا۔ نیند آنا۔

غُنَّہ (غُن۔ نَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) وہ نون جس کی آواز ناک سے نکلے۔ ناک کی آواز۔

غَنی (غَ۔ نی) (ع۔ صف) آسُودہ۔ مطمئن۔ بے نیاز (۲) دولت مند۔ جمع: اَغنیاء۔

غَنیم (غَ۔ نیم) (ع۔ ا۔ مذ) لٹیرا۔ ڈاکو۔ دُشمن۔

غنیم چڑھ آنا (اُر۔ محاورہ) دُشمن کا مُلک پر حملہ کر دینا۔

غَنیمَت (غَ۔ نی۔ مَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) لُوٹ۔ لُوٹ کا مال۔ وہ مال جو مسلمانوں کو کافروں سے لڑائی میں حاصل ہو (۲) مُفت ملی ہوئی چیز (۳) (صف) قابلِ قدر۔ عُمدہ۔ جمع: غنائم۔

غنیمت (جاننا) سمجھنا (اُر۔ محاورہ) قدر کرنا۔ مُناسب سمجھنا۔ قناعت کرنا۔ کافی ہونا۔

غنیمت ہونا (اُر۔ محاورہ) قابلِ قدر ہونا۔ کافی ہونا۔

غنیمت ہے (اُر۔ محاورہ) بہتر ہے۔ شکر کا مقام ہے۔ بہرحال خوب ہے۔

غ۔و

غَوّاص (غَوّ۔ واص) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) غوطہ لگانے والا۔ غوطہ خور۔

غَوّاصی (غَوّ۔ وا۔ صی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) غوطہ خوری۔ دریا میں ڈبکی لگانا (۲) غوّاص کا پیشہ یا کام۔

غَوامِض (غَ۔ وا۔ مِض) (ع۔ ا۔ مذ) غامض کی جمع۔ چُھپی ہوئی باتیں۔ بھید۔ باریکیاں۔

غَوث (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) فریاد کو پہنچنے والا (۲) ولایتِ الٰہی کا ایک درجہ جہاں جسم کے تمام اعضا جسم سے الگ ہو کر یادِ الٰہی میں مصروف ہو جاتے ہیں۔

غوثُ الاعظم (غوثُ الثّقلین) (ع۔ ا۔ مذ) سب سے بڑا غوث۔ جِنّ و انس کا غوث۔ شیخ عبدالقادر جیلانی (بڑے پیر صاحب) کا لقب۔

غَور (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سوچ۔ فکر (۲) خبر گیری۔ حفاظت۔

غور پرداخت (ع۔ ف۔ ا۔ مث) خبر گیری۔ پرورش۔ رکھ رکھاؤ۔

غور سے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) گہری نظر سے دیکھنا۔ خوب اچھی طرح دیکھنا۔

غورطلب (ع۔ ف۔ صف) سوچنے، فکر کرنے کے قابل۔ قابلِ غور۔ توجّہ کا مستحق

غور کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) سوچنا۔ دھیان کرنا۔ فکر کرنا۔ توجّہ کرنا۔

غور و خوض (ع۔ ا۔ مذ) غور و فکر۔ سوچ بچار۔

غور و فکر سے کام لینا (اُر۔ محاورہ) خوب سوچ سمجھ کر کام کرنا۔

غُورہ (غُو۔ رَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کچا تُرش انگور (۲) کبوتروں کا ایک رنگ۔

غوری (غو۔ ری) (ف۔ صف) افغانستان کے ایک شہر غور سے منسوب (۲) (ف۔ ا۔ مث) چینی کی رکابی جو غور میں بنتی تھی۔ اُس میں کوئی زہریلی چیز ڈالو تو ٹوٹ جاتی تھی۔

غوزہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) روئی اور خشخاش کے پھل کا چھلکا (۲) (ا۔ مث) گپ۔ بے ہودہ بات (۳) شیخی۔ اُردو جمع: غوزوں۔ غوزیں۔

غوزیں (اُڑانا۔ لگانا) لڑانا (اُر۔ محاورہ) گپ ہانکنا۔ شیخیاں بگھارنا۔ ڈینگیں مارنا۔

غوط (واو مجہول) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) پتنگ کا اُوپر سے نیچے آنا (۲) بے ہوشی۔ غشی (۳) اِستغراق۔

غوط پر غوط آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) غش پر غش آنا (۲) بہت پسینا آنا۔

غوط دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کنکوے کو اُوپر سے نیچے لانا (۲) ڈبکی دینا۔

غوط (لگانا) مارنا (اُر۔ محاورہ) خیال میں محو ہونا۔ غائب رہنا۔

غوطم چارہ (اُر۔ ا۔ مذ) بار بار ایک پتنگ کو دُوسرے پر گرانا اور ہٹا لینا۔

غوطہ (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) ڈبکی۔ پانی میں ڈوبنا۔ اُر جمع: غوطوں۔ غوطے۔

غوطہ خور (غوطہ زن) (ع۔ ف۔ صف) (۱) غوّاص۔ ڈبکی لگانے والا (۲) جل کوّا۔

غوطہ دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) پانی میں ڈبونا۔ پانی ڈال کر پاک کرنا (۲) ناغہ کرنا۔ دھوکا دینا۔ چکما دینا۔

غوطہ کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ڈوبنا۔ غرق ہونا (۲) سہو ہونا (۳) دھوکا کھانا۔

غوطہ (لگانا) مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ڈبکی لگانا (۲) پوشیدہ رہنا (۳) غائب رہنا (۴) کسی خیال میں ڈوبنا۔

غوطے (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) غوطہ کی جمع (۲) غوطہ کی مُغیرہ صورت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غوطے کھانا (اُر۔ محاورہ) بار بار پانی میں ڈوبنا اور اُبھرنا۔
غوطے میں پڑا رہنا (اُر۔ محاورہ) چپ چاپ پڑا رہنا۔ بے حِس و حرکت پڑا رہنا۔
غوطے میں جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی خیال میں محو ہو جانا (۲) ڈوبنا۔
غوغا (غو۔ غا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ٹِڈیوں کا ہجُوم (۲) آدمیوں کا مجمع (۳) شور۔ غُل۔ ہُلّڑ۔ ہنگامہ۔ غُل غپاڑا۔
غوغا کرنا (اُر۔ محاورہ) شور مچانا۔
غوغائی (غو۔ غا۔ اِی) (ف۔ صف) (۱) شور کرنے والا (۲) غُل مچانے والا (۳) جھوٹا (۴) خاکستری رنگ کا ایک پرند۔
غُوک (واو معروف) (ف۔ ا۔ مذ) مینڈک۔
غول (واو مجہول) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) انبوہ۔ گروہ۔ مجمع۔ ٹولی (۲) فوج کا مرکزی حِصّہ۔
غول باندھنا (اُر۔ محاورہ) بھیڑ لگانا۔ ٹولی بنانا۔ قطار بنانا۔
غولِ بیاباں (بیابانی) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) بھوت پریت۔ چھلاوہ۔ نیز دیکھئے اگیا بیتال۔
غول کے غول (اُر۔ صف) گروہ کے گروہ۔
غولک (غو۔ لک) (ف۔ ا۔ مث) گُلک۔ نقدی رکھنے کا برتن۔ گولک۔
غُوں غاں (اُر۔ ا۔ مث) دودھ پیتے بچّے کے بولنے کی آواز۔

غ۔ی

غِیاب (غِ۔ یاب) (ع۔ صف) (۱) غائب کی جمع (۲) (ا۔ مذ) پوشیدگی۔ غیر موجودگی۔ پوشیدہ چیز۔
غِیاث (غِ۔ یاث) (ع۔ صف) فریاد سُننے والا۔ فریاد کو پہنچنے والا۔
غَیب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) غیر موجودگی۔ غائب یا پوشیدہ ہونے کی حالت (۲) وہ چیز جو غیر مرئی اور پوشیدہ ہو۔
غیب دان (ع۔ ف۔ صف) پوشیدہ حال جاننے والا۔ غیب کی خبر رکھنے والا۔
غیب دانی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پوشیدہ حال جاننا۔
غیب سے دینا (اُر۔ محاورہ) جہاں سے کوئی خیال نہ ہو وہاں سے چیز مِل جانا۔ خُدا کی دین۔
غیب (غُلّہ) غُلیلہ ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے غائب غلّہ ہونا۔
غیب کی خبر (اُر۔ ا۔ مث) آیندہ واقعات کا علم۔
غَیبانی (غَے۔ با۔ نی) (اُر۔ صف) بے شرم اور بد چلن (عورت)۔
غَیبَت (غَے۔ بَت) (ع۔ ا۔ مث) غیر موجودگی۔ غیر حاضری۔ پسِ پُشت۔
غیبتِ صُغریٰ (ع۔ ا۔ مث) اہلِ تشیُّع کے نزدیک امامِ وقت کا غائب ہونا مگر امام کے نائبوں کا ظاہر ہونا۔
غیبتِ کُبریٰ (ع۔ ا۔ مث) اہلِ تشیُّع کے نزدیک امامِ وقت اور اُس کے نائبوں کا غائب ہونا۔

غِیبَت (غی۔ بَت) (ع۔ ا۔ مث) کسی کی پیٹھ پیچھے بُرائی کرنا۔ اگر وہ بُرائی اُس میں موجود ہے تو یہ غیبت ہے۔ اگر نہیں ہے تو بُہتان ہے۔
غیبت کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بدی کرنا۔ بدگوئی سے کام لینا (۲) پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔
غیبتی (غی۔ ب۔ تی) (ف۔ صف) غیبت کرنے والا۔
غَیبی (غَے۔ بی) (اُر۔ صف) (۱) غائب۔ غیر حاضر (۲) عالمِ غیب سے متعلق۔
غَیر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ صف) (۱) اجنبی۔ بیگانہ۔ دُوسرا (۲) رقیب۔ دُشمن۔ جمع: اَغیار۔ اُردو جمع: غیر۔ غیروں (۳) سوا۔ مختلف (۴) دِگرگوں۔ خراب۔ نازک (۵) حرفِ نفی جیسے غیر آباد۔
غیر آباد (ع۔ ف۔ صف) ویران۔ اُجاڑ۔ بنجر۔
غیر آئینی (ع۔ ف۔ صف) مُلک کے بنیادی قانون کے خلاف۔
غیر اِختیاری (ع۔ ف۔ صف) مجبوری کی حالت۔ بے اختیاری۔
غیر از (ف۔ حرفِ اِستثنا) ماسوا۔ علاوہ ازیں۔ بجز اِس کے۔
غیر تسلّی بخش (ع۔ ف۔ صف) جس سے تسلّی نہ ہو۔ خراب۔
غیر جنس (ع۔ صف) کسی دُوسری قسم یا نوع کا۔
غیر حاضر (ع۔ صف) غیر موجود۔ جو حاضر نہ ہو۔
غیر حالت (ع۔ ا۔ مث) جان کنی کی حالت۔ دِگرگوں حالت۔
غیر ذِمّہ (ذِمّے) دار (ع۔ ف۔ صف) لااُبالی۔ فرض ناشناس۔ جس کو ذمّے داری کا اِحساس نہ ہو۔
غیر رائج (ع۔ ف۔ صف) جو مُروّج نہ ہو۔
غیر رسمی (ع۔ صف) غیر معمولی۔
غیر ساکن (ع۔ صف) متحرک۔ جو ایک جگہ نہ رہے۔
غیر سال (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) سالِ گزشتہ۔ گُزرا ہوا سال۔
غیر سمجھنا (اُر۔ محاورہ) اجنبی سمجھنا۔ اپنا دوست یا عزیز نہ سمجھنا (۲) غلط سمجھنا (۳) توجّہ نہ کرنا۔
غیر شافی (ع۔ صف) تسکین نہ دینے والا۔ جس سے شِفا نہ ہو (۲) ناکافی۔
غیر شخص (ع۔ صف) اجنبی۔ بے گانہ۔ نامحرم۔
غیر شرعی (ع۔ صف) شریعت کے خلاف۔
غیر شفّاف (ع۔ صف) دُھندلا۔ تاریک۔
غیر صائب (ع۔ صف) نادُرست۔
غیر ضروری (ع۔ صف) جس کی ضرورت نہ ہو۔ بیکار۔
غیر علاقہ (ع۔ ا۔ مذ) دُوسرے کی ریاست۔ سرحدی قبائلی علاقہ۔ علاقہ غیر۔
غیر فانی (ع۔ صف) کبھی نہ مرنے والا۔ ہمیشہ رہنے والا۔ اَمَر۔
غیر کی آگ میں جلنا (اُر۔ محاورہ) دُوسرے کی مُصیبت اپنے سَر لینا۔
غیر کی بدشگونی کے واسطے اپنی ناک کٹوانا (اُر۔ مثل) مخالف کے تھوڑے سے نقصان کے واسطے اپنا زیادہ نقصان کر لینا۔
غیر مُتأثّر (ع۔ صف) جس کا اثر نہ ہو۔
غیر مُتَرَقِّبہ (مُ۔ تَ۔ رَق۔ قِ۔ بہ) (ع۔ صف) جس کی توقّع نہ ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غیر مُتَعَیَّن (غیر مُعَیَّن ۔ مُعَیَّنَہ) (ع ۔ صف) جو خاص نہ کیا گیا ہو ۔ جس کی کوئی مُدّت مقرر نہ ہو۔

غیر مُتَناہی (ع ۔ صف) جس کی اِنتہا نہ ہو۔

غیر مُتَعَہَّد (مُ ۔ تَ ۔ عَہ ۔ ہَد) (ع ۔ صف) جس سے کسی قسم کا معاہدہ نہ ہوا ہو۔

غیر مجاز (ع ۔ صف) جس کو کسی کام کا اِختیار نہ ہو۔

غیر محدُود (ع ۔ صف) جس کی کوئی حد نہ ہو۔

غیر مَرد (ع ۔ ف ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جو قریبی رشتے دار نہ ہو ۔ بے گانہ ۔ نا محرم۔

غیر مُروّج (مُ ۔ رَوْ ۔ وَج) (ع ۔ صف) جس کا رواج نہ ہو۔

غیر مزرُوعہ (ع ۔ صف) کاشت نہ کی ہوئی (زمین)۔

غیر مُساوی (ع ۔ صف) جو برابر نہ ہو۔

غیر مستعمل (ع ۔ صف) جو استعمال میں نہ آیا ہو ۔ کورا ۔ کوری ۔ اچھوتا ۔ اچھوتی۔

غیر مشرُوط (ع ۔ صف) بغیر کسی شرط کے۔

غیر معتبر (ع ۔ صف) ناقابلِ اِعتبار ۔ جھوٹا۔

غیر معرُوف (ع ۔ صف) جس کو عام طور پر نہ جانتے ہوں۔

غیر مُفید (ع ۔ صف) جس کا فائدہ نہ ہو ۔ جو فائدہ مند نہ ہو۔

غیر معمول (غیر معمولی) (ع ۔ صف) معمول کے خلاف ۔ خلافِ دستور (۲) بہت زیادہ۔

غیر مقبُوضہ (ع ۔ صف) جس پر کسی کا قبضہ نہ ہو ۔ لاوارث۔

غیر مکمّل (ع ۔ صف) ادھورا ۔ ناتمام۔

غیر ملفُوظ (ع ۔ صف) وہ حرف جو لکھنے میں آئے مگر بولنے میں نہ آئے جیسے بالکل میں الف۔

غیر مُلکی (ع ۔ صف) پردیسی ۔ دُوسرے مُلک کا ۔ اجنبی۔

غیر مُمکن (ع ۔ صف) دُشوار ۔ ناممکن ۔ محال۔

غیر مُناسِب (ع ۔ صف) بے جا ۔ نامناسب۔

غیر منقولہ (ع ۔ صف) (۱) ناقابلِ اِنتقال (۲) وہ جائیداد جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ نہ لے جائی جا سکے۔

غیر منکوحہ (ع ۔ ف ۔ صف) بے نکاحی ۔ گھر میں ڈالی ہوئی۔

غیر موروثی (ع ۔ صف) وہ جو ورثہ میں نہ آئی ہو۔

غیر مؤثّر (ع ۔ صف) جو اَثر نہ کرے (۲) جس کا اصل موضوع سے کوئی تعلق نہ ہو ۔ خارج اَز بحث۔

غیر مُوصِل (ع ۔ صف) ایسی اشیا جن میں سے بجلی کی رَو نہ گزر سکے مثلاً تیل، لکڑی، شیشہ، ریشمی کپڑا، ربڑ ۔ (Insulators)۔

غیر نافذ (ع ۔ صف) جو جاری نہ ہو ۔ جو لاگو نہ ہو۔

غیر واجب (غیر واجبی) (ع ۔ صف) قانون کے خلاف ۔ غلط ۔ بے جا ۔ نامناسب۔

غَیرَت (غَے ۔ رَت) (ع ۔ ا ۔ مث) حمیّت ۔ لحاظ ۔ شرم ۔ حیا (۲) حسد ۔ رَشک۔

غیرت (آنا) کھانا (اُر ۔ محاورہ) شرم آنا۔

غیرت اُڑا دینا (اُر ۔ محاورہ) بے حیا ہو جانا۔

غیرت بخش (ع ۔ ف ۔ صف) جسے دیکھ کر شرم آئے۔

غیرتِ چمن (غیرتِ گلزار) (ع ۔ ف ۔ صف) جس پر باغ کو رَشک آئے ۔ محبوب۔

غیرت چھو نہ جانا (اُر ۔ محاورہ) بالکل شرم نہ ہونا۔

غیرتِ حُور (ع ۔ صف) حُور کو شرما دینے والا ۔ نہایت حسین۔

غیرتِ ماہ (ع ۔ ف ۔ صف) چاند کو شرما دینے والا۔

غیرت دار (غیرت مند) (ع ۔ ف ۔ صف) خوددار ۔ حیادار ۔ باحمیّت۔

غیرت رکھنا (اُر ۔ محاورہ) حیا رکھنا ۔ باحیا ہونا۔

غیرت سے کٹ جانا (اُر ۔ محاورہ) سخت شرمندہ ہونا۔

غیرت کا تقاضا (اُر ۔ ا ۔ مذ) کسی بات کو سوچ کر دِل میں ندامت ہونا۔

غیرت کا مارا (اُر ۔ محاورہ) شرم و لحاظ کا پابند۔

غیرت کی جگہ ہے (اُر ۔ محاورہ) نادم ہونا چاہئے ۔ شرم کرنا چاہئے۔

غیرت مند (ع ۔ ف ۔ صف) غیرت والا ۔ باحیا۔

غَیرِیّت (غَے ۔ رِی ۔ یَت) (ع ۔ ا ۔ مث) اجنبیت ۔ بے گانگی۔

غیریت برتنا (اُر ۔ محاورہ) بیگانگی برتنا ۔ غیر سمجھنا۔

غَیض (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ۔ ا ۔ مذ) ناتمام بچّہ جو حمل سے ساقط ہو جائے (۲) بہت میں سے تھوڑا (۳) پانی کا کم ہو جانا (۴) تھوڑی بخشش۔

غَیظ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ۔ ا ۔ مذ) سخت غصّہ ۔ غصّے کی تیزی ۔ قہر۔

غیظ و غضب (ع ۔ ا ۔ مذ) سخت غصّہ۔

غَین (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ۔ ا ۔ مذ) (۱) حرف غ کا تلفّظ (۲) گھرا ہوا اَبر (۳) پیاس (۴) تاریکی (۵) نشے میں چُور۔

غَیں ہونا (اُر ۔ محاورہ) نشے میں غرق (غیں) ہونا۔

غَیں پَیں (اُر ۔ ا ۔ مث) جھگڑا ۔ تکرار ۔ شکایت۔

غَیں پَیں لانا (لگائے رکھنا) (اُر ۔ محاورہ) جھگڑا کرنا ۔ تکرار سے باز نہ آنا۔

غَیُور (غَ ۔ یُور) (ع ۔ صف) (۱) بہت غیرت والا (۲) خُدا کا ایک صِفاتی نام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ف

ف (فے)(ع۔ا۔مث) اُردو کا چھتیسواں' فارسی کا تئیسواں اور عربی کا بیسواں حرف۔ عربی و فارسی میں اِس کا تلفّظ فا ہے۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے اَسّی (۸۰) عدد فرض کیئے گئے ہیں۔ عربی لفظ کے شروع میں آکر پس۔ پھر۔ تب۔ برائے اور لئے' چنانچہ وغیرہ کے معنی دیتا ہے۔ جیسے فاعتبرو۔ فیہا وغیرہ بعض اوقات ب۔پ۔خ۔د۔ہ اور ی سے بدل جاتا ہے۔یہ قمری حرف ہے یعنی اِس سے پہلے "ال" آئے تو لام اپنی آواز دیتا ہے جیسے الفجر۔ یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرفِ عِلّت سے مِل کر آواز دیتا ہے۔

ف۔ا

فاتح (فا۔تح)(ع۔صف۔وا۔مذ)(۱) جیتنے والا۔ فتح کرنے والا۔ منصور و مظفّر (۲) کھولنے والا (۳) شروع کرنے والا۔ جمع: فاتحین۔

فاتحہ (فا۔تِ۔حَہ)(ع۔ا۔مث و مذ) فاتح کی تانیث (۱) کسی چیز کا شروع۔ اِبتدا۔ آغاز (۲) قرآن کی سب سے پہلی سورۃ جو سورۃ الحمد بھی کہلاتی ہے (۳) قرآن شریف پڑھ کر مُردے کی رُوح کو ثواب پہنچانا۔ نذر۔ نیاز۔ جمع: فواتح۔ فاتحات۔

فاتحہ پڑھنا (اَر۔محاورہ)(۱) مُردے کی رُوح کو ثواب پہنچانے کی نیّت سے اَلحمد وغیرہ پڑھنا (۲) نذر نیاز دینا (۳) مایوس ہونا۔

فاتحہ خوانی (ع۔ف۔ا۔مث) کسی کے مرنے کے بعد اظہارِ تعزیت کے لئے فاتحہ پڑھنا (۲)(کنایۃً) مایوس ہو جانا۔ہاتھ اُٹھالینا۔ توقع نہ رکھنا۔

فاتحہ خیر (ع۔ا۔مث)(۱) دُعائے خیر (۲)(مجازاً) نکاح۔ عقد۔

فاتحہ دِلانا (اَر۔محاورہ) نیاز دِلانا۔ فاتحہ پڑھوانا۔

فاتحہ دینا (اَر۔محاورہ) نیاز دینا۔ قرآن شریف پڑھ کر مُردے کو ثواب پہنچانا۔

فاتحہ نہ دُرود کھا گئے مردُود (اَر۔مثل) کسی شے کا ضائع ہونا۔

فاتحہ نہ دُرود کھانے کو موجوُد (اَر۔مثل) بے محنت و مشقت کھانے کو مانگنا۔

فاتحہ نہ دُرود مر گئے مردُود (اَر۔مثل) دیکھئے مرگیا مردود جس کا فاتحہ نہ درود۔

فاتِر (فا۔تِر)(ع۔صف) کمزور۔ ضعیف۔ سُست۔

فاتِرُالعقل (فا۔تِ۔رُل۔عقل)(ع۔صف) جس کی عقل میں خرابی ہو۔

فاجِر (فا۔جِر)(ع۔صف) بدچلن۔ بدکار۔ گُناہ گار۔ جمع: فُجّار۔

فاجِرہ (فا۔جِ۔رَہ)(ع۔صف) فاجر کی تانیث۔

فاجِعہ (فا۔جِ۔عَہ)(ع۔صف) غم انگیز۔ غمناک۔ دردناک۔

فاحِش (فا۔حِش) (ع۔صف) (۱) بدی میں حد سے گزرنے والا (۲) شرمناک۔ قبیح (۳) بھاری۔ سخت۔ جمع: فواحش۔

فاحِشہ (فا۔حِ۔شہ) (ع۔صف) فاحش کی تانیث (۲) بدکار عورت۔

فاختہ (فاخ۔تہ) (ع۔ا۔مث) قمری کے برابر خاکستری رنگ کا ایک پرندہ۔ اُردو جمع: فاختاؤں۔ فاختائیں۔

فاختہ اُڑانا (اَر۔محاورہ) گُل چھرّے اُڑانا۔ مزے کرنا۔ عیش کرنا۔

فاختئی (فاخ۔تَ۔ئی)(ف۔صف) فاختہ جیسا رنگ۔ خاکستری۔ خاکی۔

فاخِر (فا۔خِر)(ع۔صف)(۱) فخر کرنے والا (۲) عُمدہ۔ بیش قیمت۔

فاخِرہ (فا۔خِ۔رَہ)(ع۔صف) فاخر کی تانیث۔

فادر (Father) (انگ۔ا۔مذ)(۱) باپ (۲) رومن کیتھولک پادری۔

فادزَہر (فاد۔زَہر)(ف۔ا۔مذ)(۱) تریاق۔ دافع زہر (۲) زہر مُہرہ۔

فار (ع۔ا۔مذ) چوہا۔ مُوش۔

فاران (ع۔ا۔مذ) مکۂ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔

فارخطی (فار۔خَ۔طی) (اصل فارغ خطی ہے) (اَر۔ا۔مث) (۱) مطالبہ بھرپانے کا تحریری اقرار۔ بے باقی کی رسید (۲) بے تعلقی کی تحریر جو میاں بیوی کے درمیان ہو۔ طلاق نامہ (۳) فارغ کرنا۔ چھٹکارا دینا۔ چھُٹی دینا۔

فارِس (فا۔رِس)(ع۔ا۔مذ) گھوڑسوار۔

فارَس (بسکونِ سوم و چہارم)(ف۔ا۔مذ) پارس۔ اِیران کا پُرانا نام جسے ۱۱ مارچ ۱۹۳۵ء کو بدل کر اِیران کر دیا گیا۔

فارسٹ (Forest) (انگ۔ا۔مذ) جنگل۔

فارسٹر (Forester) (انگ۔ا۔مذ) محکمۂ جنگلات کا اَفسر۔

فارسی (فار۔سی)(ف۔ا۔مث) وہ زبان جو فارس یعنی ملکِ اِیران میں بولی جاتی ہے۔

فارسی بگھارنا (اَر۔محاورہ) بے موقع بے محل اپنی لیاقت کا اِظہار کرنا۔

فارسی کی ٹانگ توڑنا (اَر۔محاورہ) غلط ملط فارسی بولنا۔

فارِغ (فا۔رِغ)(ع۔صف)(۱) آسودہ۔ مطمئن (۲) خلاصی اور نجات پانے والا (۳) آزاد۔ بَری (۴) بیکار۔ بے روزگار۔

فارغ البال (فا۔رِ۔غُل۔بال)(ع۔صف) آسُودہ۔ مطمئن۔ آزاد۔ خوش حال۔ بے فکر۔

فارغ البالی (فا۔رِ۔غُل۔با۔لی)(ع۔ا۔مث) خوش حالی۔ بے فکری۔

فارغ خطی (ع۔ف۔ا۔مث) دیکھئے فارخطی۔

فارغ ہونا (اَر۔مص مُرکّب) چھُٹکارا پانا۔ فرصت پانا۔

فارِق (فا۔رِق)(ع۔صف) فرق کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فارقلیط (فا۔رِق۔لیط) (عب۔ا۔مذ) پیغمبر اسلام حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ نام جو انجیل میں آیا ہے۔ مسلمان اس کے لغوی معنی احمد بتاتے ہیں اور عیسائی رُوحُ القُدس۔

فارم (Form) (انگ۔ا۔مذ) (۱) نقشہ۔ نمونہ۔ وضع۔ شکل (۲) چھپا ہوا کاغذ جو خانہ پُری کے لئے دیا جائے۔ اُردو جمع: فارم۔ فارموں۔

فارم (Farm) (انگ۔ا۔مذ) (۱) کھیت (۲) اراضی کا بڑا رقبہ جس پر مشینوں کے ذریعے کاشت کی جاتی ہے۔ اُردو جمع: فارم۔ فارموں۔

فارمولا (Formula) (انگ۔ا۔مذ) مقررہ قاعدہ۔ گُر۔ کُلیہ۔ ریاضی یا سائنس کے کسی اُصول کو حرفی صورت میں ظاہر کرنا۔ اُر جمع: فارمولوں۔ فارمولے۔

فارمیسی (Pharmacy) (انگ۔ا۔مث) (۱) دواسازی۔ دوا آمیزی (۲) دواخانہ۔

فارمیکا (Formica) (انگ۔ا۔مذ) پلاسٹک کی پتلی سی تہ جو لکڑی کی چیزوں پر انہیں کیمیائی اثرات اور تیز حرارت سے بچانے کے لئے چڑھائی جاتی ہے۔

فارن آفس (Foreign Office) (انگ۔ا۔مذ) غیرملکوں سے معاملات کرنے کا محکمہ۔ دفترِ خارجہ۔

فارن ہائٹ (Fahrenheit) (انگ۔ا۔مذ) جرمن سائنس دان فارن ہائٹ کا تھرمامیٹر جس میں نقطۂ انجماد ۳۲ ڈگری اور نقطۂ جوش ۲۱۲ ڈگری ہوتا ہے۔

فارورڈ (Forward) (انگ۔صف) آگے۔

فارورڈ کرنا (اُر۔محاورہ) آگے چلتا کرنا۔ بھیجنا۔ اِرسال کرنا۔

فارُوق (فا۔رُوق) (ع۔صف) (۱) فرق کرنے والا۔ فارق۔ حق و باطل میں فرق کرنے والا (۲) حضرت عمرؓ کا لقب (۳) ایک تریاق (۴) ایک تیزاب جس سے کھرا کھوٹا پرکھتے ہیں۔

فارُوقی (فا۔رُو۔قی) (ع۔صف) حضرت عمر فاروقؓ سے منسوب۔ حضرت عمرؓ کی اولاد۔

فاسٹ (Fast) (انگ۔صف) زیادہ تیز۔

فاسِخ (فا۔سِخ) (ع۔صف) فسخ کرنے والا۔ توڑنے والا۔

فاسِد (فا۔سِد) (ع۔صف) (۱) تباہ۔ برباد (۲) بد۔ شریر۔ فسادی۔ جھگڑالو (۳) خراب۔ ناقص۔ بگڑا ہوا۔

فاسفورس (Phosphorous) (انگ۔ا۔مذ) ایک غیر دھاتی ٹھوس کیمیاوی مادّہ جو مُرکّب حالت میں پایا جاتا ہے۔

فاسفیٹ (Phosphate) (انگ۔ا۔مذ) فاسفوری نمک۔

فاسِق (فا۔سِق) (ع۔صف) (۱) گناہ گار۔ فِسق و فجور میں مبتلا (۲) دروغ گو۔ جھوٹا۔ جمع: فُسّاق۔ اُردو جمع: فاسق۔ فاسقوں۔

فاسِل (Fossils) (انگ۔ا۔مذ) مُتحجّرات۔ لاکھوں برس پہلے کے جانداروں اور پودوں کے مُردہ جسم جو زمین میں دب جانے کی وجہ سے کوئلے یا پتھر میں تبدیل ہو چکے ہیں۔

فاش (ف۔صف) ظاہر۔ کُھلا۔ آشکار۔ صریح۔

فاش غلطی کرنا (اُر۔مص مُرکّب) کھلی غلطی کرنا۔ بھاری غلطی کرنا۔

فاش کرنا (اُر۔مص مُرکّب) ظاہر کرنا۔ آشکار کرنا۔

فاش ہونا (اُر۔مص مُرکّب) ظاہر ہونا۔ طشت اَز بام ہونا۔ آشکار ہونا۔

فاشزم (Fascism) (انگ۔ا۔مذ) فسطائیت۔ سرمایہ داروں کی جارحانہ آمریّت کا جمہوریّت دُشمن نظریہ۔

فاشِسٹ (Fascist) (انگ۔صف) فِسطائی۔ فاشزم کا پیرو۔

فاشی (اُر۔صف) فسطائی۔ فاشزم سے متعلق۔ آمرانہ۔ جارحانہ۔

فاصِل (فا۔صِل) (ع۔صف) جُدا کرنے والا۔ فرق کرنے والا۔

فاصِلِ آب (ع۔ف۔ا۔مذ) دو دریاؤں کے درمیان کا مرتفع قطعۂ زمین۔

فاصِلَہ (فا۔صِ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) دُوری۔ مسافت۔ عرصہ۔ میدان۔ جمع: فواصِل۔ اُردو جمع: فاصلوں۔ فاصلے۔

فاضِل (فا۔ضِل) (ع۔صف) (۱) زیادہ۔ نکلتا ہوا۔ بڑھا ہوا (۲) عالم۔ دانا۔ صاحبِ علم و فضل۔ جمع: فُضَلا۔

فاضِلِ اَجَل (ع۔صف) بہت بڑا فاضل۔ جیّد عالم۔

فاضِل باقی (ع۔اُر۔ا۔مذ) بچا ہوا روپیہ۔

فاضِل باقی نکالنا (اُر۔محاورہ) وصول شدہ رقم حساب میں جمع کر کے کمی بیشی یا لینا دینا نکالنا۔

فاضِل ہونا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) عالم ہونا۔ صاحبِ علم و فضل ہونا (۲) کسی شے کا ضرورت سے زیادہ ہونا۔

فاضِلات (فا۔ضِ۔لات) (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) فاضل رقم (۲) پانی جو سیلاب کی وجہ سے نہر سے باہر نکلے۔

فاضِلَہ (ع۔صف۔مث) فاضِل کی تانیث۔

فاطِمَہ (فا۔طِ۔مَہ) (ع۔ا۔مث) (۱) لغوی معنی وہ عورت جس نے دو ہی برس میں بچے کا دودھ چھڑوا دیا ہو (۲) رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحب زادی فاطمۃُ الزّہراؓ۔

فاطِمی (فا۔طِ۔می) (ع۔صف) حضرت فاطمہؓ کی نسل کا (۲) مصری فرماں رواؤں کا خاندان جنہوں نے ۹۰۹ء تا ۱۱۷۱ء حکومت کی۔

فَاعْتَبِرُوا یا اُولِی الْاَبْصار (ع۔آیتِ قرآنی) پس سمجھ والو! عبرت حاصل کرو۔

فاعِل (فا۔عِل) (ع۔صف) کام کرنے والا۔ وہ اِسم جس سے کوئی فعل سرزد ہو۔ جمع: فاعِلُون۔ فاعِلین۔

فاعِلِ حقیقی (ع۔ا۔مذ) خُدائے تعالیٰ۔

فاعِلِ مختار (ع۔ا۔مذ) وہ کام کرنے والا جس کو کامل اِختیار حاصل ہو۔

فاعِل و مفعول (ع۔ا۔مذ) وہ جو کام کرے اور وہ جس کے ساتھ کام کیا جائے۔

فاعِلی (فا۔عِ۔لی) (ع۔صف) فاعل سے منسوب۔

فاعِلِیَّت (فا۔عِ۔لی۔یَت) (ع۔ا۔مث) فاعل ہونا۔

فَافْہَم (ف۔ہَم) (ع۔صیغۂ اَمر) پس غور کرو اور سمجھو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فاق (ع-ا-مذ) تیر کا پچھلا حصّہ جو چلّے پر رکھا جاتا ہے۔ سوفار (۲) تیر۔
فاقد (فا-قِد)(ع-صف) کھو دینے والا۔
فاقِدُ البصر (فا-قِ-دُل-بَ-صَر)(ع-صف) اندھا۔ نابینا۔
فاقوں (ار-ا-مذ) فاقہ کی جمع۔
فاقوں پر فاقے گُزرنا (ار-محاورہ) متواتر بھوکا رہنا۔ لگاتار کچھ نہ کھانا۔
فاقوں کا مارا (ار-محاورہ) وہ جو بھوک سے دُبلا ہو گیا ہو۔
فاقوں مرنا (ار-محاورہ) بھوکوں مرنا۔ فاقوں پر فاقے کرنا۔
فاقہ (فا-قَہ)(ع-ا-مذ) کھانا نہ کھانا۔ بھوکا رہنا۔ اُردو جمع: فاقوں۔ فاقے۔
فاقہ زدہ (ع-ف-صف) بھوک کا مارا۔ بھوکا۔
فاقہ شِکنی (ع-ف-ا-مث) فاقے کے بعد کھانا کھانا۔
فاقہ کش (ک پر زبر)(ع-ف-صف) بھوکا رہنے والا۔
فاقہ گُزرنا (ار-محاورہ) فاقہ ہونا۔ بھوکا رہنا۔
فاقہ مست (ع-ف-صف)(۱) لنگوٹی میں پھاگ کھیلنے والا (۲) تنگی میں مگن رہنے والا۔
فاقہ مستی (ع-ف-ا-مث) تنگ دستی میں خوشی۔ مُفلسی میں رنگ رلیاں۔
فاقے (ار-ا-مذ)(۱) فاقہ کی جمع (۲) فاقہ کی مُغیّرہ شکل۔
فاقے سے ہونا (ار-محاورہ) بھوکا ہونا۔ کچھ نہ کھانا۔
فاقے کا مارا (ار-صف) دیکھئے فاقوں کا مارا۔
فاکِہہ (فا-کِ-ہَ)(ع-ا-مذ) میوہ۔ پھل۔ ہرا پھل۔ جمع: فواکہ۔
فال (ع-ا-مث) شگون۔ غیب کی بات۔ پیشین گوئی۔ اُر جمع: فالوں۔ فالیں۔
فال دیکھنا (کھولنا۔ لینا۔ نکالنا) (ار-محاورہ) کسی کتاب یا پانسے وغیرہ کے ذریعے نیک اور بدشگون معلوم کرنا۔ غیب کی بات دریافت کرنا۔
فال کی کوڑیاں مُلّا کو بھی حلال ہیں (ار-مثل) مشقت کی اُجرت پرہیزگار اور متقی کو بھی جائز ہے۔
فال گو (ع-ف-صف) فال دیکھنے اور بتانے والا۔
فال نامہ (ع-ف-ا-مذ) وہ کتاب جس سے فال نکالی جائے۔
فال نکلنا (ار-محاورہ) شگون ہونا۔ غیب کی بات معلوم ہونا۔
فالِ نیک (ع-ف-ا-مث) اچھا شگون۔
فالتو (فال-تو)(ار-صف)(۱) ضرورت سے زائد۔ بیکار۔ فاضل۔ فضول (۲) پہاڑی لوگ۔ قلی۔ مزدور۔
فالج (فا-لِج)(ع-ا-مذ) بدن کے کسی حصے کا سُن ہو جانا۔ ایک بیماری۔
فالج زدہ (ع-ف-صف) جسے فالج ہوا ہو۔
فالج گرنا (ہونا) (ار-محاورہ) فالج کا مرض ہونا۔
فالسہ (فال-سَہ)(ف-ا-مذ) جھاڑی کے بیر کے برابر ایک اُودا کھٹ مٹھا میوہ۔ اُردو جمع: فالسوں۔ فالسے۔
فالسئی (فال-سَ-ئی)(ف-صف) اُودا رنگ۔ سیاہی مائل سُرخ۔

فالُودہ (فا-لو-دَہ)(ف-ا-مذ) پکا ہوا نشاستہ جسے چھلنی میں چھان کر سوئیں سی بنا لیتے ہیں اور دودھ، برف اور شکر کے ساتھ ملا کر کھاتے ہیں۔
فالودہ کھاتے دانت ٹوٹیں تو بلا سے (ار-مثل) بھلائی میں بھی بُرائی ہو تو ہوا کرے۔ اگر آسان کام میں بھی جی گھبرائے تو بلا سے۔
فالیز (فا-لیز)(بیائے مجہول)(ف-ا-مث) پالیز۔ خربوزے کا کھیت۔ کھیرا، ککڑی، تربوز کا کھیت۔ اُردو جمع: فالیزوں۔ فالیزیں۔
فام (ف-صف) رنگ کا۔ شکل کا۔ مانند۔ مُرکّبات میں مستعمل ہے جیسے سیاہ فام۔ سفید فام۔
فانُوس (فا-نوس)(ف-ا-مذ) ایک قسم کی بڑی قندیل۔ ایک قسم کا شمع دان جس پر پنجرے کی شکل کا باریک کپڑا یا کاغذ چڑھا ہوتا ہے۔ اُردو جمع: فانوس۔ فانوسوں۔
فانوسِ خیال (فانوسِ خیالی۔ فانوسِ گرداں)(ف-ا-مذ) ایک قسم کا کاغذی فانوس جس پر ہاتھی گھوڑوں وغیرہ کا چکر بنا دیتے ہیں جو گھمانے یا ہوا کے زور سے گردش کرتا ہے۔
فائنہ (فا-ئنہ)(ف-ا-مذ) دیکھئے پھانا۔
فانی (فا-نی)(ع-صف) فنا ہونے والا۔ مٹنے والا۔
فائِدَہ (فا-اِ-دَہ)(ع-ا-مذ)(۱) نفع۔ سود (۲) نتیجہ۔ حاصل (۳) وصف۔ خوبی (۴) پیداوار۔ آمدنی (۵) غرض۔ مطلب۔ واسطہ (۶) اِفاقہ۔ آرام (۷) بہتری۔ بھلائی (۸) کسی کہانی کا نتیجہ۔ نکتہ۔ جمع: فوائد۔ اُردو جمع: فائدوں۔ فائدے۔
فائدہ اُٹھانا (ار-محاورہ) نفع حاصل کرنا۔ فیض حاصل کرنا۔
فائدہ دینا (ار-محاورہ) نفع پہنچانا۔
فائدہ مند (بخش۔ رَساں)(ف-صف) مُفید۔ سود مند۔ کارگر۔ موثر۔
فائدہ ہونا (ار-محاورہ)(۱) نفع ہونا (۲) مفید ہونا (۳) حاصل ہونا (۴) مرض میں اِفاقہ ہونا۔
فائر (Fire) (انگ-ا-مذ) آگ۔ آتش۔ اگنی۔
فائر انجن (Fire Engine) (انگ-ا-مذ) وہ اِنجن جس سے آگ بُجھاتے ہیں۔
فائر بریگیڈ (Fire Brigade) (انگ-ا-مذ) آگ بُجھانے والی جماعت۔
فائر پروف (Fire Proof) (انگ-ا-مذ) وہ شے جس پر آگ کا اثر نہ ہو۔
فائر مین (Fireman) (انگ-ا-مذ) اِنجن میں کوئلا جھونکنے والا۔
فائز (فا-اِز)(ع-صف) پہنچنے والا۔ فتح پانے والا۔ کامیاب۔
فائزُ المرام (فا-اِ-زُل-مَ-رام)(ع-صف) مُراد پانے والا۔ کامیاب۔
فائق (فا-اِق)(ع-صف) فوقیت رکھنے والا۔ برتر۔ ممتاز۔ اعلیٰ۔ معزز۔
فائِقَہ (فا-اِ-قَہ)(ع-صف) فائق کی تانیث۔
فائل (File) (انگ-ا-مذ)(۱) مِسل۔ کاغذات کا مجموعہ جو سلسلہ وار اور تاریخ وار رکھا جائے (۲) سِلک۔ لڑی۔ قطار۔ مُثنا۔ اُر جمع: فائلوں۔ فائلیں۔
فائل بُک (Filebook) (انگ-ا-مث) وہ کتاب جس میں کاغذ نتھی کیے جائیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رکھے جائیں۔

فائل کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) منسلک کرنا۔ نتھی کرنا۔ مِسل میں شامل کرنا (۲) داخلِ دفتر کرنا۔

فائن (Fine) (فا۔اِن) (انگ۔ا۔مذ) (۱) جُرمانہ۔ ڈنڈ۔ تاوان (۲) (صف) نفیس۔ عُمدہ۔ خوبصورت۔

فائن آرٹس (Fine Arts) (انگ۔ا۔مذ) فنونِ لطیفہ۔

فائنری (Finery) (انگ۔ا۔مث) لوہا پگھلانے کی بھٹی۔

فائنل (Final) (انگ۔صف) (۱) آخری۔ قطعی (۲) ٹورنامنٹ میں مقابلے کا آخری کھیل۔

فاؤل (Foul) (انگ۔ا۔مذ) کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی۔

فاؤنٹین پن (Fountain Pen) (انگ۔ا۔مذ) خودکار قلم۔ قلم جس میں روشنائی کا ذخیرہ موجود ہوتا ہے۔ اُردو جمع: فاؤنٹین پن۔ فاؤنٹین پنوں۔

فاؤنڈری (Foundry) (انگ۔ا۔مث) کارخانہ جس میں دھاتوں کو گلا کر اشیا ڈھالی جاتی ہیں۔ اُردو جمع: فاؤنڈریاں۔ فاؤنڈریوں۔

ف۔ب

فبہا (فَ۔بِ۔ہا) (ع۔متعلق فعل) فَرضینا بہا (فَ۔رَ۔ضی۔نا۔بِ۔ہا) (ہم اِس پر راضی ہیں) کا مُخفّف۔ بہت خوب۔ بہتر۔

ف۔ت

فتا (فتیٰ) (فَ۔تا) (ع۔ا۔مذ) (۱) جوان آدمی (۲) دلیر مرد۔ شُجاع آدمی۔

فتّاح (فَت۔تاح) (ع۔ا۔مُبالغہ) بہت کھولنے والا۔ بہت فتح کرنے والا۔ خُدا کا ایک صِفاتی نام۔

فتّان (فَت۔تان) (ع۔صف) فتنہ انگیز۔ آفت خیز۔ دل رُبا۔ اکثر محبوب کی آنکھ کی صِفت میں آتا ہے۔

فتاویٰ (فَ۔تا۔وا) (ع۔ا۔مذ) فتویٰ کی جمع۔

فتح (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) جیت۔ ظفر۔ کامیابی۔ جمع: فتوح۔ فتوحات۔

فتح الباب (ع۔ا۔مث) اِبتدا۔ آغاز (۲) موسم برسات کا آغاز۔

فتح باب (ع۔ف۔ا۔مث) آسودگی۔ کشادگی۔ (لفظی معنی) دروازے کا کھلنا۔

فتح پانا (اَر۔مص مُرکّب) جیتنا۔ کامیاب ہونا۔

فتح پیچ (ف۔ا۔مذ) (۱) عورتوں کے بال گوندھنے کا طریقہ۔ عورتوں کی چوٹی کے گندھے ہوئے بالوں کے ایک پیچ کا نام (۲) پگڑی باندھنے کا ایک خاص طریقہ (۳) ایک قسم کا خط۔

فتح کا ڈنکا (نقارہ) بجنا (اَر۔محاورہ) جیتنے کی خوشی منانا۔

فتح گڑھ (اَر۔ا۔مذ) مینار یا عمارت جو کسی کی یادگار کے طور پر بنائی جائے۔

فتح مند (ع۔ف۔صف) جیتنے والا۔ ظفریاب۔ غالب۔ کامیاب۔

فتح مندی (ع۔ف۔ا۔مث) جیت۔ کامیابی۔

فتح نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی میں لکھی جائے۔ ظفرنامہ۔

فتح نصیب (ع۔صف) فاتح۔ خوش نصیب۔

فتح و ظفر (ع۔ا۔مث) فتح۔ کامیابی۔

فتح یاب (ع۔ف۔صف) کامیاب۔ جیتنے والا۔

فتح یابی (ع۔ف۔ا۔مث) جیت۔ فتح۔ ظفر۔

فتحہ (فَت۔حَہ) (ع۔ا۔مذ) زبر۔ نصب۔ (َ)۔

فتراک (فِت۔راک) (ف۔ا۔مذ) شکار بند۔ شکاریوں کا تھیلا۔

فترت (فَت۔رَت) (ع۔ا۔مث) سُستی۔ ضعف (۲) دو پیغمبروں کے درمیان کا وقفہ۔ خلا۔

فتق (فَ۔تَق) (ع۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں۔ ہرنیا (۲) کشادگی۔

فِتن (فِ۔تَن) (ع۔ا۔مذ) فتنہ کی جمع۔

فتنہ (فِت۔نَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) جھگڑا۔ فساد۔ ہنگامہ۔ بلوا۔ بغاوت۔ سرکشی (۲) ایک عطر کا نام (۳) (صف) نہایت شریر۔ شوخ۔ آفت کا پرکالا۔ جمع: فِتن۔ اُردو جمع: فتنوں۔ فتنے۔

فتنہ اُٹھانا (اَر۔محاورہ) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔ شرارت کرنا۔

فتنہ انداز (انگیز۔ پرداز) (ف۔صف) فسادی۔ جھگڑالو۔

فتنہ بپا (برپا) کرنا (اَر۔مص مُرکّب) جھگڑا کرنا۔ فساد کرنا۔ شرارت کرنا۔

فتنہ بیدار کرنا (اَر۔محاورہ) دوبارہ فساد کھڑا کرنا۔ اَزسرِنو فساد کرنا۔

فتنہ پرور (ف۔صف) فتنے کی پرورش کرنے والا۔

فتنہ جاگنا (اَر۔محاورہ) جھگڑا کھڑا ہونا۔ فساد بپا ہونا۔

فتنہ جگانا (اَر۔محاورہ) دیکھیے فتنہ بیدار کرنا۔

فتنۂ جہاں (فتنۂ عالم) (ع۔ف۔صف) دُنیا میں حشر برپا کرنے والا۔

فتنۂ (خفتہ) خوابیدہ (ف۔صف) سویا ہوا فساد۔ دَبا ہوا جھگڑا۔

فتنہ خیز (ف۔صف) فتنہ برپا کرنے والا۔

فتنہ زا (فتنہ سنج۔ فتنہ سگال۔ فتنہ گر) (ف۔صف) آفت ڈھانے والا۔

فتنہ گری (ف۔ا۔مث) فساد برپا کرنا۔

فتنی (فِت۔نی) (اَر۔صف) فتنہ کی تانیث۔ چالاک و عیّار عورت۔ جھگڑالو اور لڑاکا عورت۔

فتوا (فَت۔وا) (ق۔ا۔مذ) (۱) تُہمت۔ بُہتان (۲) فساد۔ خرابی۔

فتوت (فُ۔تُو۔وَت) (ع۔ا۔مث) شُجاعت۔ مُروّت۔ سخاوت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فُتُوح (فُ۔ تُوح)(ع۔ ا۔ مذ۔ مث)(۱) فتح کی جمع (۲) بالائی آمدنی۔ مُفت کا روپیہ (۳) نذر و نیاز۔

فُتُوحات (فُ۔ تُو۔ حات)(ع۔ ا۔ مذ۔ مث) فتُوح کی جمع اور فتح کی جمع الجمع۔

فَتُوحی (فَ۔ تُو۔ حی)(ف۔ ا۔ مث) صدری۔ واسکٹ۔ بغیر آستینوں کی کُرتی۔

فُتُور (فُ۔ تُور) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) خرابی۔ نقص۔ ضعف (۲) فتنہ۔ فساد۔ جھگڑا۔ دنگا۔

فتور آنا (اُر۔ محاورہ) خرابی پیدا ہونا۔ رخنہ پڑنا۔ بگاڑ ہونا۔

فتور اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) فساد کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مفسدہ پردازی کرنا۔ شور و شر کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔

فتور (پڑنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا ہونا۔ خلل پڑنا۔

فتور (ڈالنا) کرنا (اُر۔ محاورہ) خلل اَنداز ہونا۔ رخنہ ڈالنا۔

فتورِ عقل (ع۔ ا۔ مذ) عقل کی خرابی۔

فتورِ ہضم (ع۔ ا۔ مذ) ہاضمے کی خرابی۔ سُوءِ ہضم۔

فَتُوری (فَتُوریا) (فَ۔ تُو۔ ری)(فَ۔ تُو۔ ریا)(اُر۔ صف) فتنہ پرداز۔ لڑاکا۔ فساد برپا کرنے والا (۲) دھوکے باز۔

فَتْوٰی (فَت۔ وا)(ع۔ ا۔ مذ) شرعی حُکم۔ مفتی کا شرعی فیصلہ جو کسی بات کے جواز یا عدم جواز میں دیا جائے۔ جمع: فتاوٰی۔ اُر جمع: فتووں۔ فتوے۔

فتوٰی دینا (اُر۔ محاورہ) شرعی حُکم لگانا۔ مذہبی قانون کے مُطابق فیصلہ دینا۔

فَتِیل (فَ۔ تیل)(ع۔ ا۔ مذ) چراغ کی بتی۔

فتیل سوز (ع۔ ا۔ مذ) فتیلہ سوز۔ دیوٹ۔ شمع دان۔ روشنی کا چوکھا ظرف۔

فَتِیلَہ (فَ۔ تی۔ لَہ)(ع۔ ا۔ مذ) فارسی لفظ پلیتہ کا مُعرّب۔ موٹی بتی۔ بٹی ہوئی چیز (۲) وہ بتی جو زخم میں رکھتے ہیں (۳) تعویذ کی بتی جس سے بیمار یا آسیب زدہ کو دُھونی دیتے ہیں (۴) بندوق یا توپ کا توڑا۔ نیز دیکھئے پلیتہ۔ اُردو جمع: فتیلوں۔ فتیلے۔

فتیلہ داغنا (اُر۔ محاورہ) نالش کرنا۔

فتیلہ دِکھانا (اُر۔ محاورہ) بندوق یا توپ کی بارود کو فتیلے سے آگ لگانا۔

فتیلہ دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) آگ جلانا (۲) توپ چلانا (۳) زخم میں مرہم کی بتی رکھنا۔

فتیلہ سُنگھانا (اُر۔ محاورہ) آسیب زدہ کو تعویذ یا جنتر کی دُھونی دینا۔

فتیلہ سوز (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے فتیل سوز۔

فتیلہ ناک میں دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) آسیب زدہ کو تعویذ کی بتی کی دُھونی دینا (۲) دِق کرنا۔

ف۔ٹ

فِٹ (Fit) (انگ۔ صف) چُست۔ دُرست۔ ٹھیک۔

فِٹ آنا (اُر۔ محاورہ) ٹھیک آنا۔ دُرست ہونا۔ موزوں ہونا۔

فُٹ (Foot) (انگ۔ ا۔ مذ) پاؤں۔ قدم۔ پیر (۲) بارہ انچ کا پیمانہ۔ گز کا تیسرا حصّہ۔

فٹ بال (Football) (انگ۔ ا۔ مذ و مث) پاؤں سے لڑھکانے کی گیند۔ ایک کھیل۔

فٹ پاتھ (Footpath) (انگ۔ ا۔ مذ) سڑک کے کنارے پیدل چلنے والوں کے لئے پگڈنڈی۔

فٹ نوٹ (Footnote) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ شرح جو کتاب کے متن کے نیچے لکھی جائے۔

فِٹر (Fitter) (انگ۔ ا۔ مذ) مستری۔ مشینوں کے پُرزے مرمّت کرنے والا۔

فِٹن (Phaeton) (انگ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی چار پہیوں کی بگھی۔

فِٹنگ (Fitting) (انگ۔ ا۔ مث) دُرستی۔

ف۔ج

فُجَا (فُ۔ جا)(فَ۔ جا)(بکسر و بضمِ اوّل)(ع۔ ا۔ مذ) اچانک پکڑنا۔ یکایک ہونا۔

فُجّار (فُجّ۔ جار)(ع۔ صف۔ مذ) فاجر کی جمع۔ بدکار لوگ۔

فُجَائی (فُ۔ جا۔ ای)(ع۔ صف)(۱) یکایک۔ ناگہاں۔ اچانک (۲) حروف کی ایک قسم جس میں کسی اَمر کے اچانک ہونے کا اظہار ہو۔

فُجَائیہ (فُ۔ جا۔ ای۔ یَہ)(فَ۔ جا۔ ای۔ یَہ)(ع۔ صف) فجائی کی تانیث۔

فَجْر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مث) صُبح۔ سویرا۔ نُور کا تڑکا۔ سحر۔ بامداد۔

فجر ہونا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) صُبح ہونا (۲) آنکھیں کُھلنا۔ غفلت دُور ہونا۔

فُجُور (فُ۔ جُور)(ع۔ ا۔ مذ) گناہ۔ جُرم۔ قصور۔ بدکاری۔

ف۔ح

فَحّاش (فَحّ۔ حاش)(ع۔ صف)(۱) شریر۔ بدچلن (۲) گندہ۔

فَحّاشی (فَحّ۔ حا۔ شی)(ع۔ ف۔ ا۔ مث) بدچلنی۔ بے حیائی۔ بدکاری۔

فُحش (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مذ) گالی۔ بے ہودہ بات۔ قابلِ شرم بات۔ جنسی بدکلامی۔ بے حیائی کی باتیں۔

فُحش بکنا (اُر۔ محاورہ) گالیاں بکنا۔ لچر بات کہنا۔

فَحْوا (فَحْوٰی) (فَح۔ وا)(ع۔ ا۔ مذ) مضمون۔ معنیٰ۔ مطلب۔ ڈھنگ۔ اَنداز۔

فحوائے کلام (ع۔ ا۔ مذ) بات کا مطلب۔ گفتگو کا اَنداز۔

ف۔خ

فَخْر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) ناز۔ گھمنڈ۔ غرور۔ بزرگی (۲) شیخی۔ تعلّی (۳) شان و شوکت۔

فخرِ اَنبیاء (بشر) (ع۔ ا۔ مذ)(کنایۃً) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فخر جاننا (سمجھنا) (اَر۔ محاورہ) بڑائی اور بہتری کا باعث خیال کرنا۔

فخرِ خاندان (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے باعث خاندان کو شرف اور بزرگی حاصل ہو۔

فخر کرنا (اَر۔مص مُرکّب) ناز کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ شیخی مارنا۔

فخر ہونا (اَر۔مص مُرکّب) ناز ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔

فخرًا (فخریّۃ) (فَخ۔رَن)(فَخ۔ری۔یہ)(ع۔متعلق فعل) فخر کے طور پر۔ شیخی سے۔ نازاں ہو کر۔

ف ـ د

فِدا (فِ۔دا)(ع۔صف)(۱) نثار۔ قربان۔ صدقے (۲) عاشق۔ فریفتہ۔ مفتون۔

فِدا کرنا (اَر۔مص مرکب) قربان کرنا۔ تصدّق کرنا۔ نثار کرنا۔ چھڑکنا۔ (عموماً جان کے ساتھ استعمال کرتے ہیں)۔

فِدا ہونا (اَر۔مص مرکب) قربان ہونا۔ تصدُّق ہونا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

فِداہُ اُمّی وَ اَبی (فِ۔دا۔ہو۔اُم۔می۔وَ۔اَبی)(ع۔کلمہ دُعا) میرے ماں باپ اُن پر قربان ہوں۔ حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے نام کے بعد کہتے ہیں۔

فِدائی (فِ۔دا۔اِی)(ع۔صف)(۱) جاں نثار۔ عاشق۔ سر دینے والا (۲) فرقۂ اسماعلیہ کے اَفراد کا لقب۔ جمع: فِدائین۔

فِدوی (فِد۔وی)(ع۔صف)(۱) جاں نثار۔ قربان ہونے والا (۲) معروضہ یا عرضی پیش کرنے والا۔ فرماں بردار۔ جمع: فِدویان۔ مؤنّث کے لئے فِدویہ۔

فِدیہ (فِد۔یہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) نقد معاوضہ (۲) خون بہا (۳) مال یا روپیہ جسے دے کر قیدی رہا ہو (۴) کسی مذہبی فروگزاشت کی مال و زر کے ذریعے تلافی کرنا۔ جمع: فِدیات۔ اُردو جمع: فِدیوں۔ فِدیے۔

فِدویانہ (فِد۔وی۔یانے)(ف۔متعلق فعل) فِدوی کی مانند۔

ف ـ ذ

فَذالِک (فَ۔ذا۔لِک)(ع۔ا۔مث) حساب کی اِصطلاح میں وہ جمع جو تفصیل کے بعد دی جائے۔ میزانِ کُل۔

ف ـ ر

فَر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) شان و شوکت۔ زینت۔ آرائش۔ زیبائش۔ بھڑک (۲) رُعب داب۔ دبدبہ۔

فَر (Fur)(انگ۔ا۔مذ) پوستین۔ سمُور۔ سنجاب۔ قاقم۔

فُرات (فُ۔رات)(ع۔ا۔مذ)(۱) لغوی معنی پیاس بجھانے والا۔ میٹھا اور ٹھنڈا پانی (۲) عراق کا ایک دریا۔

فَرّاٹا (فَر۔را۔ٹا)(اَر۔ا۔مذ) کسی چیز کے اُڑنے کی آواز (۲) ہوا کا سنّاٹا (۳) جلد جلد پڑھنا یا بولنا۔

فَرّاٹے (اَر۔ا۔مذ)(۱) فرّاٹا کی جمع (۲) فرّاٹا کی مغیّرہ صورت۔

فرّاٹے بھرنا (فرّاٹے لینا) (اَر۔محاورہ)(۱) بہت تیز پڑھنا یا بولنا (۲) بہت تیز بھاگنا (۳) جھنڈے یا پھریرے کا ہوا میں لہرانا۔

فَراخ (فَ۔راخ)(ع۔صف)(۱) وسیع۔ چوڑا۔ کُشادہ۔ کھلا ہوا (۲) بڑا۔ کلاں۔

فراخ آستین (ف۔صف) کھلی آستین والا۔ سخی۔ فیّاض۔

فراخ ابرُو (پیشانی) (ف۔صف) کُشادہ پیشانی۔ ملنسار۔

فراخ چشم (ف۔صف) بلند حوصلہ۔ عالی ہمّت۔

فراخ چشمی (ف۔ا۔مث) عالی ہمّتی۔ بلند حوصلہ ہونا۔

فراخ حوصلہ (ف۔ع۔صف) بڑے حوصلے والا۔ عالی ہمّت۔

فراخ (دامن) دست (ف۔صف)(۱) دولت مند (۲) فیّاض۔ سخی۔

فراخ دستی (ف۔ا۔مث)(۱) فیّاضی۔ سخاوت (۲) دولت مندی۔

فراخ رَو (ف۔صف) فضول خرچ (۲) فیّاض (۳) چُست۔ تیز۔

فراخ رَوی (ف۔ا۔مث) فیّاضی (۲) فضول خرچی۔

فراخ کرنا (اَر۔مص مُرکّب) چوڑا کرنا۔ کُشادہ کرنا۔ ڈھیلا کرنا۔

فراخور (فَ۔را۔خُر)(ف۔صف) لائق۔ مناسب۔ سزاوار۔

فراخی (فَ۔را۔خی)(ع۔ا۔مث)(۱) چوڑائی۔ وُسعت (۲) خوش حالی۔ آسودگی (۳) گھوڑے کا تنگ۔ پیٹی۔

فراخیِ رزق (ف۔ا۔مث) روزی کی کُشادگی۔

فُرادیٰ (فُ۔را۔دا)(ع۔صف) فَرد کی جمع۔

فَرادِیس (فَ۔را۔دیس)(ع۔ا۔مذ) فردوس کی جمع۔

فراڈ (Fraud)(انگ۔ا۔مذ) مکّاری۔ دھوکا۔ فریب۔

فَرّار (فَر۔رار)(ع۔ا۔مُبالغہ) بہت بھاگنے والا (۲) پارہ۔

فِرار (فِ۔رار)(ع۔ا۔مذ) بھاگنا۔ بھاگڑ۔

فِرار ہونا (اَر۔مص مُرکّب) بھاگ جانا۔

فِراری (فِ۔را۔ری)(ف۔صف) بھگوڑا۔ بھاگا ہوا۔ رُوپوش۔

فَراز (فَ۔راز)(ف۔ا۔مذ)(۱) بلندی۔ اُونچائی (۲)(صف و متعلق فعل) آگے۔ سامنے (۳) کُشادہ۔ کھلا ہوا۔

فَرازی (فَ۔را۔زی)(ف۔ا۔مث) اُونچائی۔ بلندی۔

فِراسَت (فِ۔را۔سَت)(ع۔ا۔مث) دانائی۔ تیز فہمی۔ سمجھ داری۔ قیافہ شناسی۔

فِراستُ الید (فِ۔را۔سَ۔تُل۔یَد)(ع۔ا۔مث) دیکھئے پامسٹری۔

فَرّاش (فَر۔راش)(ع۔ا۔مذ) فرش بچھانے والا (۲) وہ شخص جس کے ذمّے فرش فروش، روشنی اور خیمے لگانے کا اِنتظام ہو (۳) ایک درخت جو صنوبر یا شمشاد سے مشابہ ہوتا ہے۔ اُردو جمع: فرّاشوں۔ فرّاشو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فِراش (فِ۔راش)(ع۔ا۔مذ) وہ فرش جس پر سوئیں۔ بستر۔ بچھونا۔

فِراش خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مکان جہاں خیمے اور فرش فروش کا سامان رکھا جاتا ہے۔

فراش بِین (Frenchbeans کا مورّد)(اَر۔ا۔مث) مٹر کی طرح کی ایک پھلی۔

فَرّاشی (فَر۔را۔شی)(ع۔ا۔مث)(۱) فراش کا کام (۲) فراش کی بیوی۔

فرّاشی پنکھا (اَر۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا بڑا پنکھا جو محفل میں ہاتھ سے ہلایا جاتا ہے (۲) چھت کا پنکھا جسے ڈوری کے ذریعے ہاتھ سے ہلاتے ہیں۔ نیز دیکھئے فرشی پنکھا۔

فرّاشی سلام (اَر۔ا۔مذ) وہ سلام جو اس قدر جھک کر کیا جائے کہ سر فرش سے لگ جائے۔ نیز دیکھئے فرشی سلام۔

فَراعِنَہ (فَ۔را۔عِ۔نہ)(ع۔ا۔مذ) فرعون کی جمع۔

فَراغ (فَ۔راغ)(ع۔ا۔مذ)(۱) چھٹی۔ آرام۔ فرصت۔ مہلت۔ نجات۔ مخلصی (۲) خوشی۔ سکھ۔ چین (۳) خوش حالی (۴) اِفراط۔ بہتات (۵) دل جمعی۔ اطمینان۔

فراغ بال (ع۔ف۔صف) دیکھئے فارغ البال۔

فراغ بالی (ع۔ف۔ا۔مث) دیکھئے فارغ البالی۔

فراغ خاطِر (دِل) (ف۔ا۔مذ) دِل جمعی۔ تسلی۔ بے فکری۔ آسودگی۔

فَراغت (فَ۔را۔غت)(ع۔ا۔مث) فرصت۔ چھٹکارا۔ نجات۔ رہائی (۲) اطمینان۔ بے فکری (۳) آرام۔ آسودگی۔ اَر جمع: فراغتوں۔ فراغتیں۔

فراغت پانا (اَر۔ محاورہ) فرصت ہونا۔ نجات پانا (۲) رفع حاجت کرنا (۳) جھگڑا چکانا۔ فیصلہ کرنا۔

فراغت جانا (اَر۔ محاورہ) ٹٹی جانا۔ رفع حاجت کے لئے جانا۔

فراغت سے (اَر۔ متعلق فعل) آرام سے۔ اطمینان سے۔

فراغت سے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) اطمینان کے ساتھ بیٹھنا۔

فراغت ہونا (اَر۔ محاورہ) فرصت ہونا۔

فِراق (فِ۔راق) (ع۔ا۔مذ) جدائی۔ ہجر۔ علیحدگی۔ مفارقت (۲) فکر۔ خیال۔ دُھن۔

فراق (دیدہ) کشیدہ (ف۔صف) وہ جو کسی عزیز ہستی سے جدا ہو۔

فراق زدہ (نصیب) (ف۔صف) جو اپنے محبوب یا عزیز سے جدا ہو۔

فِراقیہ (فِ۔را۔قی۔یہ)(ع۔صف) فراق سے منسوب۔

فراک (Frock)(انگ۔ا۔مذ) بچوں اور عورتوں کا ایک قسم کا لمبا لباس یا قمیص۔

فراک کوٹ (Frock Coat) (انگ۔ا۔مذ) مردوں کا ایک خاص وضع کا مغربی کوٹ۔

فَرامِشن (فَ۔را۔مِ۔شن) (اَر۔ا۔مذ) Freemason کا بگاڑ۔ ایک خاص عقیدے کا فرقہ جو باہمی اِتحاد کا دَم بھرتا ہے اور اپنی تمام کارروائیاں خفیہ رکھتا ہے۔

فَراموش (فَ۔را۔موش)(ف۔صف) بھولا ہوا۔ یاد سے اترا ہوا۔

فراموش بدنا (اَر۔ محاورہ) لڑکیوں کا ایک دلچسپ کھیل۔ کسی کو دو جڑے ہوئے (جڑواں) پھل دھوکے سے دینا۔ اگر وہ کہہ دے کہ یاد ہے تو خیر ورنہ فراموش کہہ کر جتنے پھل مانگے دینا پڑتے ہیں۔

فراموش کار (ف۔صف) جس کی عادت بھول جانا ہو۔ بھلکڑ۔

فراموش کرنا (اَر۔مص مرکب) بھولنا۔ خیال نہ رکھنا۔

فراموشی (فَ۔را۔مو۔شی)(ف۔ا۔مث) بھول چوک۔ سہو۔ خطا۔ نسیان۔

فَرامِین (فَ۔را۔مین)(ف۔ا۔مذ) عربی قاعدے سے فرمان کی جمع۔

فرانسیس (فَ۔ران۔سیس)(ف۔ا۔مذ) ملک فرانس کا باشندہ۔

فرانسیسی (فَ۔ران۔سی۔سی)(ف۔صف) فرانس سے منسوب۔ فرانس کا باشندہ (۲)(ا۔مث) فرانس کی زبان۔

فرانک (Franc) (فر۔ا۔مذ) فرانس کا سکہ۔

فَراواں (فَ۔را۔واں)(ف۔صف) بہت۔ زیادہ۔ وافر۔

فَراوانی (فَ۔را۔وا۔نی)(ف۔ا۔مث) زیادتی۔ کثرت۔ اِفراط۔ بہتات۔

فَراہم (فَ۔را۔ہَم)(ف۔صف) اکٹھا۔ جمع۔

فراہم کرنا (اَر۔مص مُرکّب) اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ یک جا کرنا۔

فَراہمی (فَ۔را۔ہَ۔می)(ف۔ا۔مث) اِجتماع۔ جمعیت۔ اکٹھا کرنے کا عمل۔

فَرائِد (فَ۔را۔اِد)(ع۔ا۔مذ) فرید کی جمع۔

فَرائِض (فَ۔را۔اِض)(ع۔ا۔مذ) فریضہ کی جمع۔

فرائض پنج گانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) پانچوں وقت کی نمازیں (۲) وہ پانچ باتیں جنہیں اسلام نے فرض قرار دیا ہے (۱) کلمۂ شہادت (۲) نماز (۳) روزہ (۴) زکوٰۃ (۵) حج۔

فرائض منصبی (ع۔ا۔مذ) وہ کام جن کا کرنا کسی عہدے دار کے لئے ضروری ہو۔

فَربُودِیّت (فَر۔بُو۔دِی۔یَت)(اَر۔ا۔مث) بیہودگی۔ اُول جلول پن۔

فَربہ (فَر۔بہ)(ف۔صف) موٹا تازہ۔ لحیم و شحیم۔ اُردو میں بفتح با مستعمل ہے۔

فربہ اندام (ف۔صف) موٹے تازے جسم والا۔

فَربہی (فَر۔بِ۔ہی)(ف۔ا۔مث) جسم کی مُٹائی۔ تناوری۔

فربہی چیزے دگر آماس چیزے دیگر اَست (ف۔مثل) مُٹاپا اور چیز ہے ورم اور چیز ہے۔ اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی ادنیٰ چیز کسی اعلیٰ چیز کی ہم شکل ہو۔

فَرتُوت (فَر۔توت)(ف۔صف)(۱) بہت بوڑھا۔ نہایت ضعیف (۲) بے عقل۔ بدحواس۔

فَرج (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) شگاف۔ چھید۔ سوراخ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) عورت کا اندام نہانی۔ شرم گاہ۔ جمع: فرُوج۔ اُردو میں بضمِ اوّل مستعمل ہے۔

فِرِج (ف۔رِج)(انگ۔ا۔مذ) ریفریجریٹر کا مُخفف۔

فَرجاد (فَر۔جاد)(ف۔صف) دانا۔ عقل مند۔

فَرجام (فَر۔جام) (ف۔ا۔مذ) انجام۔ خاتمہ۔ اخیر۔ اِنتہا۔ مُرکبات میں مستعمل ہے جیسے نافرجام۔

فَرح (فَ۔رَح)(ع۔ا۔مث) خوشی۔ خُرمی۔ شادمانی۔

فرح بخش (تاک)(ف۔صف) فرحت بخش۔ خوشی دینے والا۔

فَرحان (فَر۔حاں)(ع۔صف) شاداں۔ خوش۔ مگن۔

فَرحت (فَر۔حت)(ع۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔ سرور۔

فرحت آگیں (ع۔ف۔صف) خوشی سے بھرا ہوا۔

فرحت افزا (ع۔ف۔صف) خوشی بڑھانے والا۔ مُفرّح۔

فرحت انجام (ع۔ف۔صف) جس کا انجام اچھا ہو۔ کام یاب۔ مُبارک۔

فرحت بخش (ع۔ف۔صف) خوشی دینے والا۔ فرح بخش۔

فَرُّخ (فَر۔رُخ)(ف۔صف) مُبارک۔ خوش نصیب (۲) خوبصورت۔

فرُّخ تبار (ف۔صف) مُبارک خاندان والا۔ عالی خاندان۔ اچھے گھرانے والا۔

فرُّخ سیر (ف۔ع۔صف) اچھی عادتوں والا (۲) دہلی کے ایک مُغل بادشاہ کا لقب۔

فرُّخ فال (ف۔ع۔صف) مُبارک شگون (۲) خوش نصیب۔

فرُّخ قدم (ف۔صف) جس کا آنا مُبارک ہو۔

فرُّخ نہاد (ف۔صف) اچھی طبیعت والا۔ نیک طینت۔

فَرخار (فَر۔خار)(ف۔ا۔مذ)(۱) سجاوٹ۔ زینت (۲) ترکی کا ایک شہر جو اپنے باشندوں کی خوبصورتی کے لئے مشہور تھا۔

فُرخُندہ (فُر۔خُندہ)(نُون غُنّہ)(ف۔صف) فرُّخ۔ مُبارک۔ نیک۔

فرخندہ بخت (طالع۔ فال) (ف۔صف) خوش نصیب۔ نیک اختر۔ خوش اِقبال۔

فرخندہ خُو (ف۔صف) نیک خصلت۔

فرخندہ فرجام (ف۔صف) جس کا نتیجہ اچھا ہو۔ مُبارک۔

فُرخی (فُر۔رُ۔خی)(ف۔ا۔مث) مُبارکی۔ خوش نصیبی۔

فَرد (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک شعر۔ ایک شخص۔ جمع: اَفراد (۲)(ا۔مث) فہرست۔ حساب۔ چٹھا۔ رجسٹر (۳) لحاف یا رضائی کا ابرہ۔ چادر۔ شال۔ جمع: فردوں۔ فردیں (۴)(صف) تنہا۔ اکیلا۔ طاق۔ واحد (۵) یکتا۔ بے مثل۔

فردِ باطِل (ع۔ا۔مث) حساب کا کاغذ جو ردی کر دیا گیا ہو (۲) نکمّی، بے کار چیز۔

فردِ باقیات (ع۔ا۔مث) بقایا حساب کی فہرست۔

فردِ بشر (ع۔ا۔مذ) شخصِ واحد۔

فردِ تشخیص (ع۔ا۔مث) تشخیص یا مال گُزاری کی فرد۔

فردِ تعلیقہ (ع۔ا۔مث) ضبطی جائیداد کی فہرست۔

فردِ جُرم۔ دیکھئے فردِ قرار دادِ جُرم۔

فردِ جمع بندی (ع۔ف۔ا۔مث) مال گُزاری کی فرد۔

فردِ حساب (ع۔ف۔ا۔مث) حساب کا کچّا چٹھا۔

فرد فرد (ع۔متعلق فعل) ایک ایک۔ الگ الگ۔ جدا جدا۔

فردِ قرار دادِ جُرم (ع۔ف۔ا۔مث) عدالت کا وہ کاغذ جس میں مُجرم کا جُرم اور قانونی دفعہ شہادت لینے کے بعد درج ہوتی ہے۔

فرد کنکوت (اَر۔ا۔مث) وہ کاغذ جس میں فصل کی قیمت کا تخمینہ درج ہوتا ہے۔

فَرداً فَرداً (فَر۔دَن۔فَر۔دَن)(ع۔متعلق فعل) فرد فرد۔ ایک ایک کر کے۔

فَردا (فَر۔دا) (ف۔ا۔ظرفِ زمان) آنے والا دن۔ آیندہ کل۔ (مجازاً) قیامت کا دن۔

فِردَوس (فِر۔دَوس) (ع۔ا۔مذ) (۱) باغ۔ گلزار۔ گلشن (۲) بہشت۔ جنّت۔ جمع: فرادیس۔

فِردوسِ بَریں (ع۔ف۔ا۔مذ) بہشت کا اعلیٰ طبقہ۔

فِردوس گوش (ع۔ف۔صف) وہ جس کی آواز کانوں کو اچھی لگے۔

فِردوس مکانی (ع۔صف) فردوس میں رہنے والا۔ وہ شخص جسے مرنے کے بعد فردوس نصیب ہو۔

فِردوس منزلت (ع۔صف) جنت میں رہنے والا۔ مرحوم و مغفور۔

فَرزانگی (فَر۔زا۔نَ۔گی)(ف۔ا۔مث) عقل۔ دانائی۔ سمجھ (۲) علم۔ حکمت۔

فَرزانہ (فَر۔زانَہ) (ف۔صف) عاقِل۔ دانا۔ دانش مند۔ سمجھ دار۔ ہوشیار۔ ہُنرمند۔ لائق۔

فَرزَند (فَر۔زَند)(ف۔ا۔مذ) بیٹا۔ لڑکا (۲) اولاد۔ لڑکا یا لڑکی۔ اُردو جمع: فرزند۔ فرزندوں۔

فرزندِ اَرجمند (ف۔ا۔مذ) لائق بیٹا۔ پیارا اور قابلِ قدر بیٹا۔

فرزندِ خلف (ف۔ع۔ا۔مذ) نیک اور فرماں بردار بیٹا۔ سپُوت۔

فرزندِ دِل بند (ف۔ا۔مذ) پیارا بیٹا۔

فرزندِ رشید (ف۔ع۔ا۔مذ) نیک بیٹا۔

فرزندِ معنوی (رُوحانی) (ف۔ع۔ا۔مذ) مُرید۔ شاگرد۔

فرزندِ ناخلف (ف۔ا۔مذ) نالائق بیٹا۔ کپوت۔

فرزندِ نرینہ (ف۔ا۔مذ) بیٹا۔ لڑکا۔

فَرزَندی (ف۔ا۔مث) بیٹا ہونے کی حالت۔ فرزند سے منسوب۔ باپ بیٹے کا تعلّق۔

فرزندی میں (قبول فرمانا) لینا (اُر۔محاورہ) بیٹا بنانا۔ داماد بنانا۔

فَرزِیں (فَر۔زِیں)(ف۔صف)(۱) دانا۔ عاقل (۲)(ا۔مذ) شطرنج کے کھیل میں وزیر کا مُہرہ۔

فرزیں بنانا (اُر۔محاورہ) پیدل کا آخری خانے میں پہنچ کر وزیر بن جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فَرَس (فَ۔رَس)(ع۔ا۔مذ)(۱) گھوڑا۔ اَسپ۔ مَرکب (۲) شطرنج کا گھوڑا۔
فَرسا (فَر۔سا)(ف۔لاحقہ فاعلی) فرسودن مصدر سے صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور تباہ کرنے والا اور گھسنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے رُوح فرسا۔ جبیں فرسا۔
فِرِستادہ (فِ۔رِس۔تا۔دَہ)(ف۔صف) بھیجا ہوا۔ قاصد۔ ایلچی۔
فرسٹ (فَسٹ)(First)(انگ۔صف) اوّل۔ پہلا۔ اگلا۔ مقدّم۔ سابق۔
فرسٹ اِننگ (First Innings)(انگ۔ا۔مث) کرکٹ میں پہلی دفعہ کا کھیل۔
فرسٹ ایڈ (First Aid)(انگ۔ا۔مث) اِبتدائی طبّی امداد۔ حادثے کی صورت میں مریض کو ہسپتال لے جانے سے پہلے اُس کی ضروری مرہم پٹی کرنا۔
فرسٹ کلاس (First Class)(انگ۔ا۔مذ) اوّل درجہ۔ پہلا درجہ۔
فَرسَخ (فَر۔سَخ)(ع۔ا۔مذ) ف فرسنگ کا مُعرّب۔ تین میل سے زائد کا فاصلہ۔ ۱۸ ہزار فٹ کا فاصلہ۔
فَرسَنگ (فَر۔سَنگ)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے فَرسَخ۔
فَرسُودگی (فَر۔سُو۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) پُرانا پن۔ گھساؤ۔ پھٹاؤ۔
فَرسُودَہ (فَر۔سُو۔دَہ)(ف۔صف)(۱) گھسا ہوا۔ پھٹا ہوا۔ کہنہ۔ پُرانا (۲) تھکا ماندہ۔ خستہ حال۔
فرسُودہ حال (ف۔ع۔صف) تباہ حال۔ خستہ حال۔
فَرش (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) بچھونا۔ بستر۔ بچھانے کی چیز۔ بوریا۔ غالیچہ (۲) زمین (۳) چونے وغیرہ سے پختہ کی ہوئی زمین۔ جمع: فُرُوش۔ اُردو جمع: فرش۔ فرشوں۔
فرش بچھانا (اُر۔محاورہ) پلنگ پر بچھونا وغیرہ کرنا۔
فرشِ خاک (ف۔ا۔مذ) زمین۔
فرشِ راہ (ف۔ا۔مذ) راستے پر بچھا ہوا۔ انکسار اور مہمان نوازی کے لئے مستعمل ہے۔
فرشِ زمین ہونا (اُر۔محاورہ) دفن ہونا۔
فرش فُروش (اُر۔ا۔مذ) بچھانے کی چیزیں۔
فرش کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) بستر بچھانا (۲) چُونے وغیرہ سے زمین کی سطح ہموار کرنا (۳) مار مار کر کچومر نکال دینا۔
فرشِ گُل (ف۔ا۔مذ) پھولوں کی سیج۔
فرش ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) فرش بچھنا (۲) چُونے وغیرہ سے زمین کی سطح ٹھیک ہونا۔
فِرِشتگان (فِ۔رِشت۔گان)(ف۔ا۔مذ) فرشتہ کی جمع۔ ملائکہ۔
فِرِشتوں (فِ۔رِش۔توں)(اُر۔ا۔مذ) فرشتہ کی جمع۔
فرشتوں کو خبر نہ ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی کو مطلق پتا نہ ہونا۔ نہایت راز میں رہنا (۲) بالکل بے خبر رہنا۔ محض ناواقف ہونا۔
فرشتوں کے پَر جلنا (اُر۔محاورہ) تاب نہ ہونا۔ مجال نہ ہونا۔ رُعب، جلال یا خوف کے باعث حوصلہ نہ پڑنا۔ پہنچ نہ ہونا۔
فرشتوں کے پَر کترنا (اُر۔محاورہ) فرشتوں سے بازی لے جانا۔
فرشتوں نے گھر دیکھ لیا (اُر۔محاورہ) موت نے گھر دیکھ لیا۔ پے در پے موتیں ہونے پر کہتے ہیں۔
فِرِشتَہ (فِ۔رِش۔تَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) مَلَک۔ اِسلامی عقیدے کے مُطابق ایک مخلوق جو نُور سے بنی ہے (۲)(صف) نیک۔ بھولا بھالا۔ جمع: فرشتگان۔ اُردو جمع: فِرشتوں۔ فِرِشتے۔
فرشتہ پر نہیں مارتا (اُر۔محاورہ) کوئی غیر اور اجنبی نہیں جا سکتا۔ کسی کا گُزر نہیں۔ بڑی روک ٹوک ہے۔
فرشتہ خاں (اُر۔ا۔مذ) تیس مارخاں۔ زبردست آدمی۔ رُعب داب والا آدمی۔
فرشتہ خِصال (خصلت۔ خُو۔ سیرت۔ صِفت)(ف۔صف) نیک طینت۔ پاک۔ مُقدّس۔ بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ۔ شریف۔
فرشتۂ سحاب (ف۔ع۔ا۔مذ) بادل کا فرشتہ مُراد حضرت میکائیل۔
فرشتہ صورت (ف۔ع۔صف) جو شکل سے بہت نیک معلوم ہو۔
فرشتہ ماننا (اُر۔محاورہ) نیک سمجھنا۔
فرشتۂ مرگ (ف۔ا۔مذ) مَلکُ الموت۔ موت کا فرشتہ۔ عزرائیل۔
فرشتہ ہے (اُر۔محاورہ) بہت نیک ہے۔
فِرِشتے (فِ۔رِش۔تے)(اُر۔ا۔مذ) فرشتہ کی اُردو جمع (۲) فرشتہ کی مُغیّرہ شکل۔
فرشتے کا گُزر نہ ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کی رسائی نہ ہونا۔
فرشتے دِکھائی دینا (اُر۔محاورہ) مرنے کا وقت قریب آنا۔ موت نظر آنا۔
فرشتے کا کان میں پھونکنا (اُر۔محاورہ) متکبّر ہونا۔ مغرور ہونا۔
فَرشی (فَر۔شی)(ف۔صف) فرش سے منسوب۔
فرشی پنکھا (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے فرّاشی پنکھا۔
فرشی حقّہ (اُر۔ا۔مذ) چوڑے پیندے کا حقّہ۔
فرشی سلام (ف۔ع۔ا۔مذ) دیکھئے فرّاشی سلام۔
فُرصَت (فُر۔صَت)(ع۔ا۔مث)(۱) مُہلت۔ فراغت (۲) چھٹی۔ چھٹکارا (۳) اِطمینان۔ آرام۔ موقع (۴) خلوت کا وقت۔
فرصت پانا (اُر۔محاورہ) چھٹی پانا۔ مُہلت پانا (۲) موقوف ہونا۔ برطرف ہونا۔
فرصت سے (اُر۔متعلق فعل) اِطمینان سے۔ موقع سے۔
فرصت میں (اُر۔متعلق فعل) فارغ وقت میں۔ تنہائی میں۔
فَرض (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ کام جو خُدا کے حُکم سے ضروری ہو (۲) نماز کی وہ رکعتیں جن کا پڑھنا لازمی ہے (۳) ذِمّے داری۔ بارِ ثبوت (۴) ڈیوٹی (۵) نکاح۔ جمع: فُرُوض۔ اُردو جمع: فرض۔ فرضوں۔
فرض ادا کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) خُدا کا حُکم بجا لانا (۲) اپنے اُوپر جو کچھ واجب ہے اُس کا بجا لانا۔
فرض پڑھنا (اُر۔محاورہ) نماز کی اُن رکعتوں کا پڑھنا جو خُدا نے لازم کر دی ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فرض سے ادا ہو جانا (اُر ـ محاورہ) اولاد کی شادی کر کے سُبک دوش ہو جانا۔
فرض عائد ہونا (اُر ـ مص مُرکّب) ذِمّے دار ہونا۔ لازم ہونا۔
فرضِ عین (ع ـ ا ـ مذ) خاص فرض۔ ضروری فرض۔ نہایت ضروری کام۔
فرض کرنا (اُر ـ مص مُرکّب) تسلیم کرنا۔ خیال کرنا۔ جاننا۔ مان لینا۔
فرضِ کفایہ (ع ـ ا ـ مذ) وہ فرض جو چند آدمیوں کے کرنے سے سب کے سر سے اُتر جائے جیسے نمازِ جنازہ۔
فرضِ مُحال (ع ـ ا ـ مذ) ناممکن۔ ایسی چیز کا مان لینا جس کا واقع ہونا ناممکن ہو۔
فرضِ مُوَقّت (ع ـ ا ـ مذ) وہ فرض جسے وقت پر مُقرّر کیا جائے۔
فرض ہونا (اُر ـ مص مُرکّب) لازم ہونا۔
فَرضاً (فَر ـ ضن) (ع ـ متعلق فعل) (۱) اَز رُوئے فرض (۲) بالفرض۔ قیاساً۔
فَرضی (فَر ـ ضی) (ع ـ صف) خیالی۔ قیاسی۔ مصنوعی۔ نقلی۔
فَرضِیّت (فَر ـ ضی ـ یَت) (ع ـ ا ـ مث) فرض ہونا۔ لازم ہونا۔ ضروری ہونا۔
فَرط (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مث) زیادتی۔ غلبہ۔ کثرت۔ اِفراط۔
فَرع (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مث) (۱) ٹہنی۔ شاخ۔ ڈالی (۲) وہ جس کی اصل کوئی اور چیز ہو۔ جمع: فُرُوع۔ فُروعات۔
فِرعَون (فِر ـ عَون) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) مصر کے قدیم بادشاہوں کا لقب (۲) (صف) (کنایۃً) مُطلق العنان۔ مغرور۔ سرکش۔ ظالم۔ نافرمان۔ جمع: فراعِنہ۔ اُردو جمع: فرعون۔ فرعونوں۔
فِرعونِ بے ساماں (ع ـ ف ـ ا ـ مذ) وہ شخص جو بے مقدرت ہونے پر بھی اترائے اور سرکشی کرے۔
فِرعونی (فِرعَونِیّت) (فِر ـ عو ـ نی) (فِر ـ عو ـ نی ـ یَت) (ع ـ ا ـ مث) بد ذاتی۔ شرارت۔ سرکشی۔ تکبّر۔ غرور۔
فَرغانہ (فَر ـ غانہ) (ف ـ ا ـ مذ) (۱) (موسیقی) ایک سُر (۲) جمہوریہ ازبکستان کا ایک علاقہ جو بابر کا وطن تھا۔
فَرغُل (فَر ـ غُل) (ع ـ ا ـ مث) رُوئی دار لبادہ۔
فَر فَر (فَر ـ فَر) (ف ـ متعلق فعل) جلد جلد۔ ہوا کی طرح (ا ـ مث) تیزی۔ پُھرتی۔
فر فر اُڑا دینا (اُر ـ محاورہ) جلد جلد کاٹ ڈالنا (۲) جلدی جلدی پڑھ جانا۔
فر فر باتیں کرنا (اُر ـ مص مُرکّب) جلد جلد بولنا۔
فر فر پڑھنا (اُر ـ مص مُرکّب) بے اٹکے جلدی جلدی پڑھنا۔
فر فر ہو آنا (اُر ـ محاورہ) تیزی سے جا کر واپس آ جانا۔
فَرفَرائش (فَر ـ فَر ـ ما ـ اِش) (اُر ـ ا ـ مث) فرمائش وغیرہ۔ تنخواہ کے علاوہ دیگر آمدنی۔
فَرفَری (فَر ـ فَـ ری) (ف ـ ا ـ مث) (۱) بچّوں کی بولی جس میں وہ ہر لفظ میں ف بڑھا دیتے ہیں (۲) خفیہ گفتگو جس میں ہر لفظ کے بعد فر بڑھا دیتے ہیں تا کہ دُوسرا نہ سمجھ سکے۔
فِرَق (فِ ـ رَق) (ع ـ ا ـ مذ) فرقہ کی جمع۔

فَرق (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) جُدائی۔ علیحدگی (۲) فاصلہ۔ دُوری (۳) اِختلاف (۴) تمیز۔ شناخت (۵) سر۔ چندیا (۶) سر کے بالوں کی مانگ (۷) کمی۔ کسر۔ گھٹنا (۸) بیگانگی۔ غیریّت۔ جمع: اَفراق۔
فرق (آ جانا) آنا (اُر ـ محاورہ) غیریّت ہو جانا۔ پہلے سی بات نہ رہنا (۲) بات بگڑنا۔ بٹا لگنا (۳) اصلیّت میں اِختلاف ہو جانا (۴) خلل واقع ہونا (۵) کدُورت آ جانا۔
فرق باقی رہنا (اُر ـ محاورہ) تفاوت نہ مِٹنا۔
فرق پڑنا (اُر ـ محاورہ) اِختلاف ہونا۔ میل نہ کھانا۔
فرق دان (فرقدان) (ف ـ ا ـ مذ) سر۔ کھوپڑی۔
فرق سے (اُر ـ متعلق فعل) فاصلے سے۔
فرق کرنا (اُر ـ مص مُرکّب) یکساں نہ سمجھنا (۲) جُدا کرنا (۳) صورت بدل دینا۔
فرق لانا (اُر ـ محاورہ) یکساں نہ رکھنا۔ کم کر دینا۔
فرق نکالنا (اُر ـ محاورہ) (۱) غلطی نکالنا (۲) اِختلاف دُور کرنا۔
فرق ہونا (اُر ـ مص مُرکّب) اِختلاف ہونا۔ کمی زیادتی ہونا (۲) جُدائی ہونا۔
فُرقان (فُر ـ قان) (ع ـ صف) (۱) حق اور باطل میں فرق کرنے والا (۲) (ع ـ ا ـ مذ) قرآن شریف۔ کلام مجید۔
فُرقَت (فُر ـ قَت) (ع ـ ا ـ مث) جُدائی۔ ہجر۔ علیحدگی۔
فِرقہ (فِر ـ قہ) (ع ـ ا ـ مذ) قوم۔ جماعت۔ گروہ۔ جمع: فِرَق۔ اُردو جمع: فِرقوں۔ فِرقے۔
فِرقہ بندی (ع ـ ف ـ ا ـ مث) جماعت بنانا۔ کسی گروہ کی تنظیم۔
فِرقہ پرست (فرقہ پسند) (ع ـ ف ـ صف) اپنی جماعت کا طرف دار۔ تنگ نظر۔
فِرقہ وار (ع ـ ف ـ صف) فرقے کے متعلق۔ ہر فرقے کا۔ الگ الگ۔
فِرقہ وارانہ (ع ـ ف ـ صف) ہر فرقے کا علیحدہ علیحدہ۔
فِرقہ واریّت (ع ـ اُر ـ ا ـ مث) تعصّب اور تنگ نظری۔ اپنے مذہب یا گروہ کی طرف داری اور دُوسروں کی مخالفت۔
فَرلانگ (Furlong) (انگ ـ ا ـ مذ) ۲۲۰ گز کا فاصلہ۔ میل کا آٹھواں حصّہ۔
فَرلو (Furlough) (انگ ـ ا ـ مث) لمبی رُخصت۔ سپاہیوں کی وطن جانے کی رُخصت۔
فَرم (Firm) (انگ ـ ا ـ مث) کارخانہ۔ کمپنی۔ دُکان۔ کاروباری ادارہ۔ اُردو جمع: فرموں۔ فرمیں۔
فَرما (فَرمہ) (اُر ـ ا ـ مذ) انگریزی فارم (Form) کا مخرّب۔ چھپا ہوا کاغذ (۲) پُروف (۳) قالب۔ ڈھانچا۔ اُردو جمع: فرموں۔ فرمے۔
فرما موڑنا (اُر ـ محاورہ) چھپے ہوئے کاغذوں کو ترتیب سے موڑ کر جُز بنانا۔
فَرمان (فَر ـ مان) (ف ـ ا ـ مذ) شاہی حُکم۔ حُکم نامہ۔ پروانہ۔ شاہی سَند۔ جمع: فرامین۔ اُردو جمع: فرمان۔ فرمانوں۔
فرمان بالمشافہ (بِل ـ مُ ـ شا ـ فہ) (ف ـ ع ـ ا ـ مذ) زبانی حُکم جس کی تعمیل فوراً ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فرماں بردار (فرماں پزیر) (ف۔صف) (۱) مُطیع۔ تابع (۲) نوکر چاکر۔
فرماں برداری (ف۔ا۔مث) اطاعت۔ حُکم ماننا۔
فرمان (جاری) صادر کرنا (اُر۔مص مُرکّب) حُکم جاری کرنا۔
فرماں روا (ف۔صف) حُکمران۔ حاکم۔ بادشاہ۔
فرماں روائی (ف۔ا۔مث) حُکم رانی۔ حکومت۔ بادشاہت۔
فرمان واجبُ الاِذعان (وا۔جِ۔بُل۔اِذ۔عان) (ف۔ع۔ا۔مذ) ایسا حُکم جس کی تعمیل ضروری ہو۔ وہ حُکم جس پر یقین کرنا ضروری ہو۔
فرماں بار (ق۔صف) فرمان دینے والا۔
فرمانا (فَر۔ما۔نا) (اُر۔مص) حُکم دینا۔ بولنا۔ کہنا۔ بیان کرنا۔
فرمائش (فَر۔ما۔اِش) (ف۔ا۔مث) درخواست۔ طلب۔ مانگ۔ تمنّا۔ حاجت۔ ضرورت۔ اُردو جمع: فرمائشوں۔ فرمائشیں۔
فرمائش کرنا (اُر۔مص مُرکّب) چاہنا۔ کوئی چیز طلب کرنا۔
فرمائشی (فَر۔ما۔اِ۔شی) (ف۔صف) (۱) فرمائش کی ہوئی۔ خاص منگوائی یا بنوائی ہوئی (۲) عُمدہ۔ نفیس۔ پُرتکلّف (۳) جوتوں کی مار۔ مغلظ گالیاں۔
فرمائشی پڑنا (اُر۔محاورہ) جُوتیاں پڑنا۔ جُوتیاں لگنا۔
فرمائشی سُنانا (اُر۔محاورہ) گالیاں دینا۔
فرمائشی لگانا (اُر۔محاورہ) خُوب جُوتیاں مارنا۔
فرمودگی (فَر۔مُو۔دَ۔گی) (ق۔ا۔مث) ارشاد۔ حُکم۔ فرمانا۔
فرمودہ (فَر۔مُو۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) فرمایا ہوا۔ ارشاد۔ حُکم۔
فرن (Fern) (انگ۔ا۔مذ) کائی کی قسم کے پودے جو نہروں وغیرہ کے آس پاس اُگتے ہیں۔
فرنٹ (Front) (انگ۔ا۔مذ) (۱) سامنا۔ مُقابل کا حِصّہ (۲) باغی۔ سرکش۔ منحرف (۳) محاذ۔ مورچہ۔
فرنٹ ہو جانا (اُر۔محاورہ) بگڑ جانا۔ باغی ہو جانا (۲) رنجیدہ ہو جانا۔
فرنٹیئر (Frontier) (انگ۔ا۔مذ) سرحد۔
فرنج (فَ۔رَنج) (ع۔ا۔مذ) فرنگ کا معرّب۔
فرنچ (French) (انگ۔صف) دیکھئے فرانسیسی (۲) (ا۔مذ) ایک قسم کا کاغذ جو فرانس میں بنتا ہے۔
فرنچ کٹ ڈاڑھی (انگ۔ا۔مث) ایک خاص قسم کی ڈاڑھی جس میں کلّوں کے بال تراش دیتے ہیں اور ٹھوڑی کے بال بڑھا لیتے ہیں۔
فرنگ (فَ۔رَنگ) (ف۔ا۔مذ) فرانسیسی لفظ فرانک (Frank) کا مُفرّس۔ یورپ۔
فرنگستان (فَ۔رَنگ۔اِستان) (ف۔ا۔مذ) یورپ۔
فرنگی (فَ۔رَنگی) (ف۔صف) (۱) یورپی۔ یورپ کا۔ مغربی (۲) یورپ کا باشندہ۔ اُردو جمع: فرنگی۔ فرنگیوں۔

فرنی (فِر۔نی) (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی کھیر جو دودھ چینی اور چاولوں کے آٹے سے بنتی ہے۔
فرنی فالودہ ایک بھاؤ نہیں ہوتا (اُر۔مثل) ہر شے کی قدر اُس کی حیثیت کے مطابق ہوتی ہے۔ اعلیٰ ادنیٰ یکساں نہیں ہوتے۔
فرنیچر (Furniture) (انگ۔ا۔مذ) میز کرسی وغیرہ۔
فرو (فَ۔رو) (فِ۔رو) (ف۔صف) (۱) نیچے۔ تحت (۲) زیرِ حُکم (۳) سِفلہ۔ کم رُتبہ۔
فروتر (ف۔صف) کمتر۔
فروتن (ف۔صف) غریب۔ عاجز۔ مسکین۔ خاکسار۔
فروتنی (ف۔ا۔مث) غریبی۔ عاجزی۔ مسکینی۔
فرو کرنا (اُر۔مص مُرکّب) دبانا۔ بٹھانا۔ بُجھانا۔ کم کرنا۔
فروکش ہونا (اُر۔محاورہ) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔
فروگذاشت (ف۔ا۔مث) (۱) کوتاہی۔ کمی (۲) بُھول۔ خطا (۳) بے پروائی۔ غفلت (۴) درگزر۔ چشم پوشی۔ اُردو جمع: فروگزاشتوں۔ فروگزاشتیں۔
فروگزاشت کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) بُھولنا۔ چُوکنا (۲) ٹالنا۔ چشم پوشی کرنا۔
فرومائندگی (ف۔رو۔ماند۔گی) (نُون غُنّہ) (ف۔ا۔مث) لاچاری۔ عاجزی۔ افلاس۔ مُفلسی۔
فرومائندہ (فَ۔رو۔ماں۔دَہ) (ف۔صف) (۱) عاجز۔ مفلس (۲) تھکا ہوا۔ کمزور۔
فرومایہ (ف۔صف) کمینہ۔ سِفلہ۔ کم ظرف۔ گھٹیا۔
فرو ہونا (اُر۔مص مُرکّب) کم ہونا۔ بُجھنا۔
فروٹ (فَر۔وَٹ) (اُر۔صف) سرپٹ۔ تیز۔ انگریزی لفظ فارورڈ (Forward) کا مورّد۔
فروٹ اُڑانا (اُر۔محاورہ) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔
فروٹ جانا (اُر۔محاورہ) بہت تیز جانا۔
فروٹ (Fruit) (انگ۔ا۔مذ) پھل۔ میوہ۔ اُردو جمع: فروٹ۔ فروٹوں۔
فروخت (فَ۔روخت) (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) بکری۔ بیچ۔ بیچنا۔
فرود (فَ۔رود) (فِ۔رود) (واو مجہول) (ف۔صف) (۱) نیچے۔ زیر (۲) (ا۔مذ) اُتراؤ۔ ٹھہراؤ۔ بسیرا۔
فرودگاہ (ف۔ا۔مث) اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام۔ قیام گاہ۔
فروردین (فَر۔وَر۔دِین) (ف۔ا۔مذ) فارسی سال کا پہلا مہینا۔
فروری (انگ February کا مورّد۔ا۔مذ) سنہ عیسوی کا دُوسرا مہینا۔
فروز (فَ۔روز) دیکھئے افروز۔
فروزاں (فَ۔رو۔زاں) (ف۔صف) روشن۔
فروش (فَ۔روش) (ف۔صف) مصدر فروختن کا اَمر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بیچنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے شیر فروش۔ خمیر فروش۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فُرُوش (فُ ـ رُوش) (ع ـ ا ـ مذ) فرش کی جمع۔

فُرُوشِندہ (فُ ـ رو ـ شِن ـ دَہ) (ف ـ صف) فروخت کرنے والا ـ بیچنے والا۔

فُرُوع (فُ ـ رُوع) (واو معروف) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) فرع کی جمع۔ شاخیں۔ ڈالیاں۔ ٹہنیاں (۲) جُزئیات (۳) غیر اہم اُمور۔

فُرُوعات (فُ ـ رُو ـ عات) (ع ـ ا ـ مذ ومث) فروع کی جمع اور فرع کی جمعُ الجمع۔

فُرُوغ (فَ ـ روغ) (واو مجہول) (ف ـ ا ـ مذ) روشنی ـ نور ـ چمک دمک ـ رونق۔

فروغ بخش (ف ـ صف) روشنی دینے والا۔

فروغ پانا (اُر ـ محاورہ) عزّت پانا ـ نام پانا ـ ترقّی حاصل کرنا۔

فروغ حاصل کرنا (اُر ـ محاورہ) ترقّی اور عروج حاصل کرنا۔

فروغ دینا (اُر ـ محاورہ) ترقّی دینا ـ بڑھانا۔

فروغ لے جانا (اُر ـ محاورہ) سبقت لے جانا۔

فروغ ہونا (اُر ـ محاورہ) ترقّی ہونا ـ رونق ہونا ـ شُہرت ہونا۔

فَروہی (فَ ـ رو ـ ہی) (اُر ـ ا ـ مث) (۱) دستوری ـ کمیشن ـ بٹّا (۲) فائدہ ـ حاصل (۳) ایک قسم کی تلوار۔

فَرہاد (فَر ـ ہاد) (ف ـ ا ـ مذ) عاشقِ صادق ـ وہ افسانوی سنگ تراش جو خسرو شاہِ ایران کی ملکہ شیریں پر عاشق ہو گیا تھا اور اُسے خوش کرنے کے لئے پہاڑ کاٹ کر نہر نکالی تھی۔

فَرہَنگ (فَر ـ ہَنگ) (ف ـ ا ـ مث) (۱) دانائی ـ دانش ـ سمجھ (۲) لُغات ـ ڈکشنری ـ جمع: فرہنگ ہا ـ اُردو جمع: فرہنگوں ـ فرہنگیں۔

فِری (Free) (انگ ـ صف) (۱) آزاد (۲) بلا قیمت ـ مُفت۔

فَریاد (فَر ـ یاد) (ف ـ ا ـ مث) (۱) دُہائی ـ مدد مانگنا ـ آہ و نالہ (۲) ظلم و زیادتی کی شکایت (۳) نالش ـ اِستغاثہ ـ اُردو جمع: فریادوں ـ فریادیں۔

فریاد رَس (ف ـ صف) فریاد کو پہنچنے والا ـ فریاد سُننے والا ـ اِنصاف کرنے والا۔

فریاد رسی (ف ـ ا ـ مث) اِنصاف ـ اِنصاف کرنا ـ نیائے کرنا۔

فریاد کرنا (اُر ـ مص مُرکّب) (۱) دُہائی دینا ـ دُکھڑا رونا (۲) نالش کرنا ـ اِنصاف چاہنا۔

فریاد لانا (اُر ـ محاورہ) کسی کے ظلم و سِتم کا شکوہ کرنا۔

فریاد کو پہنچنا (اُر ـ محاورہ) اِنصاف کرنا ـ داد رسی کرنا ـ فریاد سُننا۔

فَریادی (فَر ـ یا ـ دی) (ف ـ صف) دُہائی دینے والا ـ اِنصاف چاہنے والا ـ نالش کرنے والا ـ اُردو جمع: فریادی ـ فریادیوں۔

فَریب (فَ ـ ریب) (یائے مجہول) (ف ـ ا ـ مذ) دغا ـ مکر ـ دھوکا ـ دَم جھانسا (۲) چالاکی ـ عیّاری ـ شُعبدہ ـ اُردو جمع: فریب ـ فریبوں۔

فریب دینا (اُر ـ محاورہ) چھلنا ـ چَل دینا ـ دَم دینا ـ جھانسا دینا۔

فریب دہی (ف ـ ا ـ مث) دغابازی ـ دھوکا دہی۔

فریب ساز (کار) (ف ـ صف) دغاباز ـ مکّار ـ دھوکے باز۔

فریب کرنا (اُر ـ مص مُرکّب) دغا کرنا ـ چالاکی کرنا ـ دھوکا دینا۔

فریب (کھانا) میں آنا (اُر ـ محاورہ) دھوکا کھانا ـ جال میں پھنسنا۔

فَریبی (فَ ـ ری ـ بی) (اُر ـ صف) دغاباز ـ مکّار ـ دھوکا دینے والا ـ ٹھگ۔

فَریبیا (فَ ـ ریب ـ یا) (اُر ـ صف) فریبی۔

فَرِید (فَ ـ رید) (ع ـ صف) یکتا ـ بے مثل ـ لاثانی ـ حضرت شیخ فریدُ الدّین کا لقب ـ جمع: فرائد۔

فرید بُوٹی (اُر ـ ا ـ مث) ایک نہایت سرد لیس دار بُوٹی۔

فرید شکر گنج، نہ رہے دُکھ نہ رہے رَنج (اُر ـ دُعائیہ فقرہ) بابا فریدؒ کے فقیروں کی صدا۔

فَرِیدَہ (فَ ـ ری ـ دَہ) (ع ـ صف) فرید کی تانیث۔

فَرِیدی (فَ ـ ری ـ دی) (اُر ـ ا ـ مث) (۱) بابا فریدؒ کی نیاز کا کھانا (۲) (صف) بابا فریدؒ سے منسوب۔

فَرِیس (فَ ـ ریس) (اُر ـ صف) فراست والا ـ دانش مند۔

فَرِیسِندَہ (فَ ـ ری ـ سِندَہ) (ف ـ صف) بھیجنے والا۔

فَرِیسی (Pharisee) (انگ ـ صف) قدیم یہودی فرقہ جو رُسوم پرستی اور ظاہرداری میں مشہور تھا ـ رَسم پرست ـ ظاہردار۔

فَرِیضَہ (فَ ـ ری ـ ضَہ) (ع ـ ا ـ مذ) واجب ـ لازم ـ ضروری (کام ـ اَمر) جمع: فرائض۔

فریضہ ادا کرنا (اُر ـ مص مُرکّب) فرض پُورا کرنا ـ حُکم بجا لانا۔

فَرِیفتگی (فَ ـ ریف ـ تَ ـ گی) (یائے مجہول) (ف ـ ا ـ مث) عشق ـ محبت ـ چاہت۔

فَرِیفتَہ (فَ ـ ریف ـ تَہ) (یائے مجہول) (ف ـ صف) عاشق ـ دلدادہ ـ جمع: فریفتگان۔

فَرِیق (فَ ـ ریق) (ع ـ ا ـ مذ) (۱) جماعت ـ گروہ ـ فرقہ ـ جتھا ـ جمع: فُرُوق ـ اَفرِقہ ـ اُردو جمع: فریق ـ فریقوں۔

فریقِ اوّل (ع ـ ا ـ مذ) مُدّعی ـ وہ شخص یا گروہ جس نے دعویٰ کیا ہو۔

فریقِ ثانی (ع ـ ا ـ مذ) وہ شخص یا گروہ جس پر دعویٰ کیا گیا ہو ـ مُدّعا علیہ۔

فَرِیقَین (فَ ـ ری ـ قَین) (ع ـ ا ـ مذ) (فریق کا تثنیہ) دونوں فریق (۲) مُدّعی اور مُدّعا علیہ (۳) طرفین ـ جانبین۔

فریم (Frame) (انگ ـ ا ـ مذ) چوکھٹا ـ تصویر کا چوکھٹا ـ ڈھانچ ـ پنجر ـ ڈھچر۔

فِری میسن (Freemason) (انگ ـ ا ـ مذ) دیکھئے فرامشن۔

ف ـ ز

فَزا (فَ ـ زا) (ف ـ لاحقۂ فاعلی) اَفزا کا مُخفّف ـ اَفزُودَن (فزودن) مصدر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سے صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور زیادہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے راحت فزا۔ جاں فزا۔ نیز دیکھئے اَفزا۔

فَزَع (فَ۔زَع)(ع۔ا۔مث) ڈر۔ دہشت۔ خوف۔ ہراس۔

فَزُوں (فَ۔زُوں)(ف۔صف) دیکھئے اَفزوں۔

فَزُونی (فَ۔زُو۔نی)(ف۔ا۔مث) دیکھئے اَفزونی۔

ف۔س

فَساد (فَ۔ساد)(ع۔ا۔مذ)(۱) تباہی۔ خرابی (۲) فتنہ۔ بلوا۔ لڑائی جھگڑا۔ ہنگامہ (۳) شرارت۔ مخالفت۔ جمع: فسادات۔ اُردو جمع: فساد۔ فسادوں۔

فساد اُٹھانا (برپا کرنا) (اُر۔ محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔ بلوا کرنا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ فتنہ برپا کرنا۔

فساد پھیلانا (اُر۔ محاورہ) خرابی پھیلانا۔ جھگڑا کرانا۔ دنگا کرانا۔

فسادِ خون (ع۔ف۔ا۔مذ) خون کی خرابی۔

فساد کا گھر (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے فساد کی جڑ۔

فساد کی جڑ (گانٹھ) (اُر۔ا۔مث) اصل مفسد۔ جھگڑے کی بُنیاد۔

فساد (مچنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا ہونا۔ لڑائی ہونا۔ غدر ہونا۔

فساد کی نیت سے (اُر۔ متعلق فعل) بدنیتی سے۔ جھگڑے کی نیت سے۔

فسادِ معدہ (ع۔ا۔مذ) معدے کا بگاڑ۔ پیٹ کا خلل۔

فَسادی (فَ۔سا۔دی)(اُر۔صف) فساد پھیلانے والا۔ فتنہ انگیز۔ جھگڑالو۔ شریر۔ اُردو جمع: فسادی۔ فسادیوں۔

فُسّاق (فُس۔ساق)(ع۔صف) فاسق کی جمع۔

فِسان (فَ۔سان)(ف۔سان)(ف۔ا۔مث) سان۔ اوزار تیز کرنے کا پتھر۔

فَسانہ (فَ۔سا۔نہ)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے اَفسانہ۔

فَسخ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) توڑنا۔ منسوخ کرنا۔ رائے پھیرنا۔

فسخ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) توڑنا۔ منسوخ کرنا۔ رَدّ کرنا۔

فَسُردگی (فَ۔سُر۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) دیکھئے اَفسردگی۔

فَسُردہ (فَ۔سُر۔دَہ)(ف۔صف) دیکھئے اَفسردہ۔

فَسْطائیت (فُس۔طا۔اِی۔یَت)(اُر۔ا۔مث) دیکھئے فاشزم۔

فَسطائی (فُس۔طا۔اِی)(اُر۔صف) دیکھئے فاشِسٹ۔

فِسق (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) نافرمانی۔ جرم۔ بدکاری۔ گناہ۔

فِسق و فجُور (ع۔ا۔مذ) بدکاری۔ گناہ کاری۔

فَسُوں (فَ۔سُوں)(ف۔ا۔مذ) جادو۔ نیز دیکھئے افسوں۔

فُسوں ساز (فُسوں گر) (ف۔صف) جادوگر۔ ساحر۔

فُسوں سازی (فُسوں گری) (ف۔ا۔مث) جادوگری۔ جادوگری کا پیشہ۔

ف۔ش

فُش (بضمِ اوّل)(ف۔ا۔مذ) پگڑی کا شملہ۔ طرّہ (۲) گھوڑے کی دُم۔

فِش (بکسرِ اوّل)(ف۔ کلمۂ تحقیر) ہیچ۔ پوچ۔ بے حقیقت۔

فِشار (فِ۔شار)(فَ۔شار)(ف۔ا۔مذ)(۱) دبانا۔ بھینچنا (۲) قبر کا مُردے کو بھینچنا (۳) پھیلانا۔

فشار بگڑ جانا (اُر۔ محاورہ) حالت خراب ہو جانا۔ تھک جانا۔ گھبرا جانا۔

فشارِ دَم (خون) (ف۔ا۔مذ) خون کا دباؤ۔ (Blood Pressure)۔

فشارِ قبر (ف۔ع۔ا۔مذ) قبر کا مُردے کو بھینچنا۔

فشار ہونا (اُر۔ محاورہ) دبوچا جانا۔ پریشان ہونا۔ تھک کر چُور ہو جانا۔

فَشُردہ (فَ۔شُر۔دَہ)(فُ۔شُر۔دَہ)(ف۔صف) دیکھئے اَفشُردہ۔

ف۔ص

فَصاحت (فَ۔صا۔حَت)(ع۔ا۔مث) خوش کلامی۔ خوش بیانی۔ علمِ معانی کے مُطابق کلام میں ایسے الفاظ لانا جو روزمرّہ اور محاورے کے خلاف نہ ہوں اور موقع و محل کے مُطابق ہوں۔

فَصّاد (فَص۔صاد)(ع۔صف) فصد کھولنے والا۔ جرّاح۔

فُصَحا (فُ۔صَ۔حا)(ع۔ا۔مذ) فصیح کی جمع۔

فَصد (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) نشتر لگانا۔ رگ سے خون نکالنا۔

فصد کھلوانا (اُر۔ محاورہ) رگ سے خون نکلوانا (۲) پاگل پن کا علاج کرانا۔

فصد لینا (اُر۔ محاورہ)(۱) رگ سے خون نکالنا (۲) اپنے جنون یا سودا کا علاج کرنا۔

فَصل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) موسم۔ رُت۔ سماں (۲) کتاب یا کلام کا ایک حِصّہ۔ باب (۳) جُدائی۔ فرق۔ علیحدگی (۴) حجاب۔ پردہ۔ اوٹ۔ دو چیزوں کے بیچ کا حجاب (۵) قطع۔ بُرید (۶) غلّہ۔ اناج۔ پیداوار۔ جمع: فُصُول۔ اُردو جمع: فصلوں۔ فصلیں۔

فصل آنا (اُر۔ محاورہ) موسم آنا۔ پھول آنا۔

فصل اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) کھیت سے اناج کٹ کر گھر پہنچ جانا۔

فصلِ اِستادہ (ع۔ف۔ا۔مث) کھڑی کھیتی۔

فصل بگڑنا (اُر۔ محاورہ) آب و ہوا یا پیداوار خراب ہونا۔

فصلِ بہار (بہاری) (ع۔ف۔ا۔مث) بہار کا موسم۔

فصلِ خریف (ع۔ف۔ا۔مث) ہندی سال کے پہلے چھ مہینے۔ اساڑھ سے ماگھ تک کی ساونی فصل جس میں جوار، باجرہ، مونگ، موٹھ، دھان وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فصلِ ربیع (ع۔ف۔ا۔مث) ہندی سال کے آخری چھ مہینے۔ پوس سے جیٹھ تک۔ ہاڑی کی فصل جس میں گیہوں' چنا' مسور وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔
فصل کاٹنا (اَر۔محاورہ) تیار کھیتی کاٹنا۔
فصل کی چیز (اَر۔ا۔مث) موسم کا میوہ۔
فصلِ گُل (ع۔ف۔ا۔مث) پُھولوں کا موسم۔ بہار کا موسم۔
فَصلانَہ (فَص۔لا۔نَہ)(ف۔ا۔مذ) وہ رقم جو فصل تیار ہونے پر زمیندار یا پٹواری کو دی جائے۔
فَصلی (فَص۔لی)(ع۔صف) فصل سے منسوب۔ موسمی۔ رُت کی۔
فصلی بُخار (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ بُخار جو موسم بدلنے پر آتا ہے۔
فصلی سال (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ سال جو فصلوں کے اعتبار سے اپریل یا مئی میں شروع ہوتا ہے۔
فصلی کوّا (اَر۔ا۔مذ) پہاڑی کوّا جو سردی میں پہاڑوں سے اُتر کر میدان میں آجاتا ہے (۲) مطلب کا آشنا۔ غرض کا دوست۔
فصلی میوہ (ع۔ف۔ا۔مذ) موسم کا پھل۔
فُصُول (فُ۔صُول)(ع۔ا۔مث) فصل کی جمع۔
فُصُولِ اَربعہ (ع۔ف۔ا۔مذ) سال کے چار موسم۔ سردی۔ گرمی۔ بہار۔ خزاں۔
فَصِیح (فَ۔صِیح)(ع۔صف) خوش بیان۔ شیریں کلام۔ جمع: فُصحا۔
فَصِیل (فَ۔صِیل)(ع۔ا۔مث)(۱) دیوار۔ چار دیواری (۲) شہر پناہ۔ جمع: فُصلان۔ فِصال۔ اُردو جمع: فصیلوں۔ فصیلیں۔

ف۔ض

فَضا (فَ۔ضا)(ع۔ا۔مث)(۱) ہوا (۲) زمین کی کشادگی۔ وُسعت۔ فراخی۔ سطح۔ میدان (۲) بہار۔ رونق۔ کیفیت۔
فَضائل (فَ۔ضا۔اِل)(ع۔ا۔مذ) فضیلت کی جمع ۔ نیکیاں۔ خوبیاں۔
فضائلِ اربعہ (ع۔ا۔مذ) چار خوبیاں۔ حکمت۔ شُجاعت۔ عِفّت۔ عدالت۔
فَضائیّہ (فَ۔ضا۔اِی۔یَہ)(ع۔اَر۔ا۔مذ) کسی مُلک کے سرکاری ہوائی جہازوں بالخصوص جنگی طیاروں کا بیڑا۔ ایئر فورس۔
فَضائی (فَ۔ضا۔اِی)(ع۔ف۔صف) فضا سے متعلق۔
فَضل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) زیادتی۔ افزونی (۲) علم و ہُنر۔ جوہر (۳) رحم۔ مہربانی۔ بخشش (۴) بُزرگی۔ جمع: فُضُول۔
فضلِ الٰہی اِک طرف' ساری خُدائی اِک طرف (اَر۔مثل) ساری دُنیا مُخالف ہو جائے لیکن خُدا کا کرم شاملِ حال ہو تو کوئی نُقصان نہیں پہنچا سکتا۔
فضلِ خُدا شاملِ حال ہونا (اَر۔محاورہ) کسی کے حال پر خُدا کا کرم ہونا۔ ترقّی کا زمانہ ہونا۔

فضلِ مولیٰ (مَولا)(ع۔فقرا کی دُعا) خُدا کا فضل رہے۔ اللہ کا کرم رہے۔
فضلِ مولیٰ اَز ہمہ اَولیٰ (ع۔ف۔فقرہ) خُدا کا کرم ہر چیز سے بہتر ہے۔
فضل ہونا (اَر۔محاورہ) خُدا کی مہربانی ہونا۔
فُضَلا (فُ۔ضَ۔لا)(ع۔ا۔مذ) فاضل کی جمع۔
فُضلات (فُض۔لات)(ع۔ا۔مذ) فُضلہ کی جمع۔
فُضلَہ (فُض۔لَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) بچا ہوا۔ پس خوردہ۔ جُھوٹا کھانا (۲) کسی چیز کا پھوک (۳) پاخانہ۔ جمع: فُضلات۔
فُضُول (فُ۔ضُول)(ع۔صف) فضل کی جمع (۱) زیادہ۔ از حد۔ کثیر (۲) بے فائدہ۔ لاحاصل۔ بیکار۔ بکّا (۳) فالتو۔ زائد۔
فضول آدمی (اَر۔ا۔مذ) بیہودہ آدمی۔ بکّا آدمی۔
فضول خرچ (اَر۔صف) بے جا اور بے موقع خرچ کرنے والا۔ شاہ خرچ۔ مُسرف۔
فضول خرچی (اَر۔ا۔مث) بے جا خرچ۔ ضرورت سے زیادہ خرچ۔ اِسراف۔ شاہ خرچی۔
فضول گو (ع۔ف۔صف) بے ہودہ بکنے والا۔ بے کار باتیں بنانے والا۔ بکّی۔ بکواسی۔
فضول ہونا (اَر۔محاورہ) بیکار ہونا۔ ضرورت سے زیادہ ہونا۔ لاحاصل اور لغو ہونا۔
فُضُولی (فُ۔ضُو۔لی)(اَر۔صف) بیہودہ۔ یاوہ گو۔
فِضّہ (فِض۔ضَہ)(ع۔ا۔مث) چاندی۔
فضیتا (فَضیحتا) (فَ۔ضی۔تا)(فَ۔ضِیح۔تا)(اَر۔ا۔مث) فضیحت کا بگڑا ہوا۔ ذِلّت۔ بے عزّتی۔ بدنامی۔ رُسوائی۔
فَضِیحَت (فَ۔ضی۔حَت)(ع۔ا۔مث) ذِلّت۔ بدنامی۔ رُسوائی۔ اُردو جمع: فضیحتوں۔ فضیحتیں۔
فضیحت کرنا (اَر۔مص مُرکّب) ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔
فَضِیحتی (فَ۔ضی۔حَ۔تی)(اَر۔ا۔مث) فضیحت کا بگاڑ۔
فَضِیلَت (فَ۔ضی۔لَت)(ع۔ا۔مث)(۱) بڑائی۔ بُزرگی۔ برتری۔ فوقیت (۲) عِلم۔ فضل (۳) نیکی۔ کمال۔ عُمدگی۔ جمع: فضائل۔ اُردو جمع: فضیلتوں۔ فضیلتیں۔
فضیلت اِنتساب (ع۔صف)(۱) جس سے بُزرگی منسوب ہو (۲) عالم فاضل۔
فضیلت رکھنا (اَر۔محاورہ)(۱) بُزرگی رکھنا۔ شرف رکھنا (۲) بہتر ہونا۔ سبقت لے جانا۔
فضیلت کا تمغا (اَر۔ا۔مذ) لیاقت کی سَنَد۔ ڈپلوما۔ سرٹیفکیٹ۔
فضیلت کا وقت (اَر۔ا۔مذ) وہ وقت جس میں کسی عبادت کا کرنا بہتر ہو۔
فضیلت کی پگڑی (اَر۔ا۔مث) وہ پگڑی جو تحصیلِ علم کے بعد باندھی جاتی ہے۔ دستارِ فضیلت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فضیلت کی پگڑی بندھنا (اُر۔ محاورہ) سند یافتہ ہونا۔ فارغ التحصیل ہونا۔ فاضل ہونا۔ عالم ہونا۔
فضیلت لے جانا (اُر۔ محاورہ) سبقت لے جانا۔ فائق ہونا۔
فضیلت مآب (ع۔صف) اعلیٰ۔ افضل (انگ His Excellency کا ترجمہ)۔
فضیلت ہونا (اُر۔ محاورہ) برتری ہونا۔ فوقیت ہونا۔

ف۔ط

فطانت (فَ۔ طا۔ نت) (ع۔ا۔مث) ذہانت۔ عقل مندی۔ دانائی۔
فِطر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) روزہ کھولنا۔ افطار۔
فِطرانہ (ف۔ا۔مذ) دیکھیے صدقہ فطر۔
فِطرت (فِط۔رت) (ع۔ا۔مث) (۱) قدرت۔ خلقت۔ پیدائش (۲) خمیر۔ سرشت۔ اصل (۳) عقل مندی۔ ہوشیاری (۴) فریب۔ چالاکی (۵) سازش۔ ملی بھگت (۶) فتنہ انگیزی۔
فطرت کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شرارت کرنا (۲) چالاکی کرنا۔
فطرت لڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) چال چلنا (۲) سازش کرنا (۳) چالاکی کرنا۔ شرارت کرنا۔
فِطرتاً (فِط۔ رَ۔ تَن) (ع۔ متعلق فعل) قدرتاً۔ فطرت کی رُو سے۔
فِطرتی (فِط۔رَ۔تی) (ف۔صف) (۱) قدرتی۔ پیدائشی (۲) (اُر۔صف) شرارتی۔ فتنہ پرداز (۳) شوخ۔ چالاک۔
فِطرہ (فِط۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) دیکھیے صدقہ فطر۔
فِطری (ع۔صف) پیدائشی۔ فطرت کے مطابق۔
فَطِیر (فَ۔ طیر) (ع۔ا۔مذ) تازہ گندھا ہوا آٹا جس کا خمیر نہ اُٹھا ہو۔
فطیری روٹی (اُر۔ا۔مث) وہ روٹی جس میں خمیر نہ ہو۔ پھلکا۔ چپاتی۔
فَطِین (فَ۔ طین) (ع۔صف) ذہین۔ دانا۔ زیرک۔

ف۔ع

فَعّال (فَع۔عال) (ع۔ا۔مُبالغہ) بہت زیادہ کام کرنے والا۔ سرگرم (۲) اللہ تعالیٰ۔
فِعل (بالکسر) (ع۔ا۔مذ) (۱) کام۔ کاج۔ عمل (۲) علمِ صرف میں وہ کلمہ جس میں کوئی زمانہ پایا جائے (۳) حرکت۔ جنبش (۴) چلن۔ کرتوت۔ بُری حرکت (۵) حیلہ۔ بہانہ (۶) بدفعلی۔ بُرا کام۔ جمع: اَفعال۔ اُردو جمع: فعل۔ فعلوں۔
فعلِ جائز (ع۔ا۔مذ) وہ کام جو شرعاً، قانوناً اور اخلاقاً روا ہو۔
فعلِ شنیع (شَ۔نیع) (ع۔ا۔مذ) شرم ناک کام۔ بُری حرکت۔
فعلِ ضامنی (ع۔ا۔مث) نیک چلنی کی ضمانت۔
فعلِ عبث (ع۔ا۔مذ) بے فائدہ کام۔ فضول کام۔
فعل کرانا (اُر۔ محاورہ) لواطت کرانا۔ زنا کرانا۔
فعل کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کوئی کام یا حرکت کرنا (۲) بدفعلی کرنا (۳) مکر کرنا۔ فریب سے کام لینا۔
فعلِ لازِم (ع۔ا۔مذ) علمِ صرف میں وہ فعل جو فاعل پر تمام ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے۔
فعلِ مُتعدّی (ع۔ا۔مذ) علمِ صرف میں وہ فعل جو فاعل سے بڑھ کر مفعول پر تمام ہو۔
فعلِ مجہُول (ع۔ا۔مذ) علمِ صرف میں وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ جیسے زید مارا گیا۔
فعلِ معرُوف (ع۔ا۔مذ) علمِ صرف میں وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو۔
فعلِ ناجائز (ع۔ا۔مذ) وہ کام جس کا کرنا شرع یا قانون کی رُو سے منع ہو۔
فعلِ ناشائستہ (ع۔ا۔مذ) نامناسب حرکت۔ غیر واجب کام۔ ناموزوں اَمر۔
فعلِ ناقِص (ع۔ا۔مذ) علمِ صرف میں وہ فعل جس کا فاعل اور مفعول معلوم نہ ہو اور وہ اِسم اور خبر کا خواہاں ہو۔
فِعلاً (فِع۔لَن) (ع۔ متعلق فعل) عمل کی رُو سے۔
فِعلی (فِع۔لی) (ع۔صف) فعل سے منسوب۔ عملی۔
فِعلیا (فعل۔یا) (اُر۔صف) مکّار۔ فریبی۔

ف۔غ

فُغان (فُ۔غان) (ف۔ا۔مذ) شور۔ غوغا۔ واویلا۔ نالہ۔ فریاد۔ آہ و زاری۔
فُغانی (فُ۔غا۔نی) (ف۔صف) فریاد کرنے والا۔
فَغفُور (فَغ۔فُور) (ف۔ا۔مذ) شاہانِ چین کا لقب۔
فَغفُوری (فغ۔فُو۔ری) (ف۔صف) فغفور سے متعلق۔

ف۔ف

فُف (بضمِ اوّل) (ف۔ا۔مث) پھونک۔
فِفتھ کالم (Fifth Coloumn) (انگ۔ا۔مذ) غدّار۔ وہ لوگ جو اپنے وطن میں رہ کر دُشمن کی مدد کریں۔
فَفرُو (فَ۔فَر۔رُو) (اُر۔صف) بھاگا ہوا۔ رفوچکر۔
ففرّو ہونا (اُر۔ محاورہ) رفوچکر ہونا۔ بھاگ جانا۔

ف۔ق

فَق (بفتحۂ اوّل) (ع۔صف) خوف یا حیرت سے چہرے کی رنگت سفید پڑ جانا۔ چہرہ زرد ہو جانا (۲) اُداس (۳) حیران و پریشان۔ ہکا بکا۔
فُقدان (فُق۔دان) (ع۔ا۔مذ) (۱) گم کرنا۔ کھونا۔ نہ ہونا۔ کمی۔ بُھول۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُرکبات میں عدم و نیست کے معنوں میں آتا ہے جیسے فقدانِ علم علم کی کمی۔

فَقْر (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) قلندری۔ درویشی (۲) محتاجی۔ مُفلسی۔

فقر و فاقہ (ع۔ا۔مذ) غریبی۔ مُفلسی۔ تنگی۔

فُقَرا (فُ۔قَ۔را) (ع۔ا۔مذ) فقیر کی جمع۔

فِقروں (اُر۔ا۔مذ) فِقرہ کی جمع۔

فِقروں پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) فریب میں آجانا۔

فِقروں میں آنا (اُر۔ محاورہ) چال میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔

فِقروں میں اُڑانا (اُر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ بے وقوف بنانا۔ باتوں میں ٹالنا۔

فِقرہ (فِق۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ریڑھ کی ہڈی (۲) عبارت کا ٹکڑا۔ جُملہ (۳) دَم۔ جھانسا۔ دھوکا۔ جمع: فِقرات۔ اُردو جمع: فِقروں۔ فِقرے۔

فِقرہ (فِقرے) بتانا (بنانا۔ گھڑنا) (اُر۔ محاورہ) کوئی جھوٹی بات بنا لینا۔ دھوکا دینا۔

فِقرہ بندی (ف۔ا۔مث) تک بندی۔

فِقرہ بجونا (اُر۔ محاورہ) آوازہ کسنا۔ طعنہ دینا۔

فِقرہ (فِقرے) جوڑنا (تراشنا) (اُر۔ محاورہ) جھوٹی بات بنا کے کہنا۔

فِقرہ (فِقرے) چُست کرنا (اُر۔ محاورہ) آوازہ کسنا۔ طعنہ دینا۔

فِقرہ (فِقرے) چل جانا (چلنا) (اُر۔ محاورہ) جھوٹی بات کا اثر ہونا۔

فِقرہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ شگوفہ چھوڑنا۔

فِقرہ دینا (اُر۔ محاورہ) جھانسا دینا۔ دَم دینا۔ چال چلنا۔

فِقرے (اُر۔ا۔مذ) (۱) فقرہ کی جمع (۲) فقرہ کی مُغیّرہ صورت۔

فِقرے باز (اُر۔صف) عیّار۔ مکّار۔ دھوکے باز۔ چال باز۔ فریبی۔

فِقرے بازی (اُر۔ا۔مث) مذاق۔ جُملے چُست کرنا۔ آوازے کسنا۔

فِقرے بازیاں کرنا (اُر۔ محاورہ) باتیں بنانا۔ دھوکے دینا۔

فِقرے چُست کرنا (اُر۔ محاورہ) آوازے کسنا۔ مذاق کرنا۔

فِقرے ڈھالنا (سُنانا۔ کہنا) (اُر۔ محاورہ) آوازے کسنا۔ طعنے دینا۔

فِقرے ڈھانا (اُر۔ محاورہ) چبھتی ہوئی بات کہنا۔ آوازے کسنا۔

فِقرے میں آجانا (اُر۔ محاورہ) دھوکے میں آنا۔ چال میں آنا۔

فِقرے میں لگانا (اُر۔ محاورہ) فریب میں پھنسانا۔ چالبازی کرنا۔

فِقرے یاد ہونا (اُر۔ محاورہ) چال بازیاں معلوم ہونا۔

فَقَط (فَ۔قَط) (ع۔صف) (۱) صرف۔ تنہا۔ اکیلا۔ نرا۔ محض (۲) بس۔ خاتمہ۔ ختم شُد۔

فقط تعویذ سے کام نہیں نکلتا۔ کمر کا زور بھی چاہیئے (اُر۔مقولہ) محض دُعاؤں پر بھروسا نہیں کرنا چاہیئے۔ حصولِ مقصد کے لئے کوشش بھی لازمی ہے۔

فِقہ (فِق۔قَہ) (ع۔ا۔مث) (۱) واقفیت۔ علم (۲) اَحکامِ شریعت کی معلومات۔ اِسلامی علمِ قانون۔ جمع: فِقہات۔ اُردو جمع: فِقہوں۔ فِقہیں۔

فُقہا (فُ۔قَ۔ہا) (ع۔ا۔مذ) فَقیہ کی جمع۔

فَقید (فَ۔قید) (ع۔صف) نایاب۔ معدوم۔ گُم۔

فَقیدُ المثال (فَ۔قی۔دُل۔مِ۔ثال) (ع۔صف) جس کی مثال نہ ہو۔ بے مثل۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بے نظیر۔

فَقیر (فَ۔قیر) (ع۔ا۔مذ) گدا۔ بھکاری۔ منگتا (۲) درویش۔ قلندر۔ خُدا پرست (۳) غریب۔ محتاج (۴) شریعتِ اِسلامی کی رُو سے وہ شخص جس کے پاس صرف ایک دن کا کھانا ہو۔ جمع: فُقرا۔ اُردو جمع: فقیر۔ فقیروں۔

فقیر اپنی کملی ہی میں مست ہے (اُر۔مثل) غریب آدمی تھوڑے ہی سامان میں خوش ہے۔

فقیر بنا دینا (کر دینا) (اُر۔ محاورہ) مُفلس بنا دینا۔ لوٹ لینا۔ محتاج کر دینا۔

فقیر بننا (اُر۔ محاورہ) محتاج ہونا (۲) فقیری اِختیار کرنا (۳) محرم میں بچوں کا سبز لباس پہننا۔

فقیر خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) فقیر کا گھر۔ عاجزی کے طور پر اپنے مکان کو بھی کہا جاتا ہے۔

فقیر دوست (ع۔ف۔صف) غریبوں سے محبت کرنے والا۔

فقیر را بہ مُجادلہ چہ کار (ف۔ مقولہ) فقیر جھگڑے اور بحث میں نہیں پڑتا۔

فقیر کا پُوت چلن امیروں کے (اُر۔مثل) غریبی میں رہ کر بھی شان و شوکت دِکھانا۔

فقیر کا گھر بڑا ہے (اُر۔مثل) فقیر کو سب کچھ حاصل ہوتا ہے کیونکہ اُس کا خُدا پر بھروسا ہوتا ہے۔

فقیر کو کملی ہی دوشالہ ہے (اُر۔مثل) غریب کو جو میسّر آجائے وہی غنیمت ہے۔

فقیر کھلانا (اُر۔ محاورہ) مُراد پُوری ہونے پر غریبوں کو کھانا کھلانا۔

فقیر کی زبان کس نے کیلی ہے (اُر۔مثل) فقیر بغیر کسی کی پروا کئے جو جی میں آئے کہہ دیتا ہے۔

فقیر کی صدا (اُر۔ا۔مث) آواز جو فقیر مانگنے کے لئے لگاتے ہیں۔

فقیر کی صُورت (ہی) سوال ہے (اُر۔مثل) محتاج آدمی کے چہرے پر غریبی برستی ہے۔

فقیر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) فقیری اِختیار کر لینا۔ تارکُ الدنیا ہو جانا (۲) محتاج ہو جانا۔ مُفلس ہو جانا۔

فَقیرانہ (فَ۔قی۔را۔نَہ) (ف۔صف) (۱) درویشوں کی مانند۔ فقیروں کی طرح (۲) (ا۔مذ) وہ زمین جو فقرا کے گُزارے کے واسطے وقف کر دی جائے۔

فقیرنی (فَ۔قیر۔نی) (اُر۔ا۔مث) فقیر کی تانیث۔ جمع: فقیرنیاں۔ فقیرنیوں۔

فَقیری (فَ۔قی۔ری) (ع۔ا۔صف) فقیر سے منسوب (۲) (ا۔مث) مُفلسی۔ محتاجی (۲) درویشی۔ قلندری۔

فقیری اِختیار کرنا (اُر۔ محاورہ) فقیروں جیسا حال بنا لینا۔ فقیر ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فقیری شیر کا مُنہ بھی ہے (اَر۔مثل) فقیری کے بھیس میں بعض وقت درویش کامل بھی نکل آتے ہیں۔

فقیری لٹکا (اَر۔اِ۔مذ) درویشی چٹکلا۔ سہل علاج۔ آسان نُسخہ۔

فقیہہ (ع۔اِ۔مذ) علمِ فقہ کا عالم۔ عالمِ دین۔ شرعی مسئلوں سے واقف۔ مفتیِ دین۔ جمع: فُقہا۔ فارسی جمع: فقیہاں۔ اُردو جمع: فقیہے۔ فقیہوں۔

ف۔ک

فَک (بفتحۂ اوّل وتشدید دوم)(ع۔اِ۔مذ) دو باہم ملی ہوئی چیزوں کو علیحدہ کرنا۔

فکِ اِضافت (ع۔اِ۔مذ) علامتِ اِضافت یعنی کسرہ چھوڑ دینا جیسے صاحب دل میں ب کے نیچے زیر کے بجائے اِس پر جزم لگاتے ہیں۔

فَکِّ الرّہن (فکِّ رہن) (ع۔اِ۔مذ) رہن کی ہوئی چیز کو چُھڑوانا۔

فُکاہات (فُ۔کا۔ہات)(ع۔اِ۔مذ) فُکاہت کی جمع۔

فُکاہَت (فُ۔کا۔ہَت)(ع۔اِ۔مث) مزاح۔ زندہ دلی۔ ہنسنے ہنسانے کی بات۔

فُکاہی (ع۔صف) فُکاہت سے متعلق۔

فُکاہِیّہ (فُ۔کا۔ہی۔یہ)(ع۔صف) فکاہی کی تانیث۔

فِکر (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔اِ۔مذومث)(۱) سوچ بچار۔ اَندیشہ۔ اِحتمال۔ تردُّد (۲) خیال۔ دھیان (۳) رنج۔ غم (۴) غور۔ تامّل (۵) پروا۔ حاجت (۶) تدبیر۔ جمع: اَفکار۔ اُردو جمع: فکروں۔ فکریں۔

فکر آ پڑنا (اَر۔محاورہ) یکا یک کوئی پریشانی کی بات ہو جانا۔

فکر جمنا (اَر۔محاورہ) تدبیر سُوجھنا۔

فکر دوڑانا (اَر۔محاورہ) سوچنا۔ بچار کرنا۔

فکرِ رسا (ف۔اِ۔مذومث) پہنچنے والی عقل۔ اعلیٰ عقل۔ سوجھ بوجھ۔

فکرِ زاہد دیگر و سودائے عاشق دیگر اَست (ف۔مثل) زاہد کی فکر اور ہے اور عاشق کی فکر کچھ اور۔ ہر شخص اپنی اپنی دُھن میں لگا ہوا ہے۔

فکرِ سخن (ع۔ف۔اِ۔مذومث) وہ سوچ بچار اور غور و تامّل جو شعر کہنے کے واسطے ہوتا ہے۔

فکرِ فردا (ع۔ف۔اِ۔مذومث)(۱) مستقبل کا خیال (۲) قیامت کی فکر۔

فکر کرنا (اَر۔مص مرکب)(۱) سوچنا۔ غور کرنا (۲) رنج کرنا۔

فکر لاحق ہونا (اَر۔محاورہ) اَندیشہ ہونا۔ اِحتمال ہونا۔

فکرِ معاش (مَعیشت) (ف۔اِ۔مث) روزی کا تردُّد۔ کمانے کی سوچ۔

فکرمند (ع۔ف۔صف) غمگین۔ رنجیدہ۔ سوچ میں مبتلا۔

فکرمندی (ع۔ف۔اِ۔مث) خیال۔ سوچ بچار۔

فکر میں ڈوبنا (مُبتلا ہونا) (اَر۔محاورہ) خیال میں محو ہونا۔

فکر میں گُھل جانا (اَر۔محاورہ) سوچ میں نڈھال ہو جانا۔

فکر نہ کیجیے (اَر۔مقولہ) پروا نہ کریں۔ خیال نہ کیجیے۔

فکر و تردُّد (ع۔ف۔اِ۔مذ) اِحتمال۔ اَندیشہ۔

فکرِ ہر کس بقدرِ ہمّتِ اوست (ف۔مثل) ہر شخص کا خیال اُس کے حوصلے کے مُطابق ہوتا ہے۔

فِکرَت (فِک۔رَت)(ع۔اِ۔مث) سوچ۔ خیال۔ غور۔

فِکسڈ ڈیپازِٹ (Fixed Deposit)(اَنگ۔اِ۔مذ) وہ امانت جو کسی بینک وغیرہ میں مقررہ میعاد تک کے لئے رکھی جاتی ہے اور میعاد سے پہلے نہیں نکلوائی جا سکتی۔ اُس پر مُنافع زیادہ ملتا ہے۔

فَکَیف (فَ۔کَے۔ف)(ع۔حرفِ اِستفہام) پس کیونکر؟ پس کیوں کر ہے؟

ف۔گ

فِگار (فِ۔گار)(ف۔صف) اَفگار کا مُخفف۔ زخمی۔ گھائل۔ مجروح۔ مُرکّبات کے آخر میں آتا ہے جیسے دِل فگار۔ سینہ فگار۔

فِگن (فِ۔گن)(ف۔صف) اَفگن کا مُخفف۔ دیکھئے افگن۔ (مُرکّبات کے آخر میں آتا ہے)۔

ف۔ل

فَلاح (فَ۔لاح)(ع۔اِ۔مث)(۱) بھلائی۔ نیکی۔ آسُودگی۔ نجات۔ سلامتی۔ (۲) خُرمی۔ خوشی۔

فلاحِ دارَین (ع۔اِ۔مث) دو جہان کی بھلائی۔ دین و دُنیا کی بہتری۔

فَلّاح (فَل۔لاح)(ع۔اِ۔مذ) کاشتکار۔ جمع: فلاحین۔

فَلاحَت (فَ۔لا۔حَت)(ع۔اِ۔مث) زراعت۔ کھیتی باڑی۔

فَلاحی (فَ۔لا۔حی)(ع۔صف) فلاح سے متعلق۔

فلاحی ریاست (ع۔اِ۔مث) ایسی حکومت جس میں عوام کو ہر طرح کی سہولتیں میسّر ہوں جیسے مُفت طبّی اِمداد' جان و مال کی حفاظت' روزگار کا مہیا ہونا اور بے روزگار ہونے کی صورت میں گزارہ الاونس دیا جانا۔

فَلاخَن (فَلاسَنگ) (فَ۔لا۔خَن)(فَ۔لا۔سَنگ)(ف۔اِ۔مذومث) گوپھن۔ وہ رسّی کا پھندا جس میں پتھر رکھ کر پھینکتے ہیں۔

فلاسفر (Philosopher)(اَنگ۔اِ۔مذ) فلسفی۔

فَلاسِفہ (فَ۔لا۔سِ۔فہ)(ع۔اِ۔مذ)(۱) فیلسُوف اور فلسفی کی جمع (۲) ایک معجون کا نام۔

فلاطُون (ع۔اِ۔مذ) دیکھئے افلاطون۔

فلاطُونی (فَ۔لا۔طو۔نی)(ع۔صف) یونانی فلسفی افلاطون سے منسوب۔

فلاطُونِیّت (فَ۔لا۔طو۔نی۔یَت)(ع۔اِ۔مث) افلاطون کا وہ فلسفہ جس کے مُطابق خیالات اور نظریات حقیقی وجود رکھتے ہیں اور مادّی اشیا محض اُن کے مظاہر اور نامکمل نقلیں ہیں۔

فَلاکَت (فَ۔لا۔کَت)(ع۔اِ۔مث) غریبی۔ مُفلسی۔ ناداری۔ نحوست۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فلاکت زدہ (فلاکت کا مارا) (ف۔ صف) مُصیبت کا مارا۔ بدبخت۔ بدنصیب۔

فلاکتی (فَ۔ لا۔ کَ۔ تی) (ع۔ ف۔ صف) دیکھیے فلاکت زدہ۔

فلاکس (Phlox) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک پھیلنے والا پودا جس کے چھوٹے چھوٹے پھول طباق نما ہوتے ہیں۔

فلالَین (فَ۔ لا۔ لَین) (اَر۔ ا۔ مذ) انگریزی لفظ Flannel کا مُوَرّد۔ ایک قسم کا رُوئیں دار نرم اُونی کپڑا۔

فُلاں (فُ۔ لاں) (ع۔ صف) نامعلوم شخص۔ ایرا غیرا۔ اُمکا ڈھمکا۔

فُلاں بُہماں (بَہ۔ ہماں) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ایرا غیرا۔ اُمکا ڈھمکا۔

فُلاں فُلاں (ع۔ ا۔ مذ) لوگ جو ذہن میں ہوں مگر زبان سے نام نہ لیا جائے۔

فُلانا (فُ۔ لا۔ نا) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) شخص۔ کوئی شخص۔ وہ شخص (۲) بات یا معاملے کی نسبت بھی بولتے ہیں جیسے فلانا کام۔

فُلانی (فُ۔ لا۔ نی) (اَر۔ ا۔ مث) فُلانا کی تانیث۔ وہ عورت۔ وہ بات۔ وہ چیز۔

فلائنگ کلب (Flying Club) (انگ۔ ا۔ مذ) ہوائی جہاز اُڑانے والوں کا کلب۔ ہوا بازی کا فن سکھانے کا ادارہ۔

فِلٹر (Filter) (انگ۔ ا۔ مذ) پانی صاف کرنے کا آلہ (۲) چھلنی۔

فِلِزّ (فِ۔ لِزّ) (ع۔ ا۔ مذ) وہ معدنی شے جو آگ میں پگھل جائے۔

فِلِزّات (فِ۔ لِز۔ زات) (ع۔ ا۔ مذ و مث) فِلِزّ کی جمع۔ وہ معدنی جوہر جن میں پگھل جانے کی صلاحیت ہے جیسے سونا، چاندی۔

فِلِزّی (فِ۔ لِز۔ زی) (ع۔ صف) معدنی۔ کانی۔

فَلس (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پیسا (۲) مچھلی کے اُوپر کا چھلکا (۳) املتاس کا قُرص۔ جمع: فلوس۔

فَلسَفہ (فَل۔ سَ۔ فَہ) (ع۔ ا۔ مذ) علومِ عقلی۔ علم و حکمت۔ علمِ موجودات۔ وہ علم جس کے ذریعے قُدرت کو سمجھنے اور کائنات کے ساتھ انسانی تعلق کی تہ تک پہنچنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اُردو جمع: فلسفوں۔ فلسفے۔

فلسفہ بگھارنا (چھانٹنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا (۲) دانائی کا رُعب ڈالنا۔

فَلسَفی (فَل۔ سَ۔ فی) (ع۔ ا۔ مذ) علم فلسفہ جاننے والا۔ مُحقّق۔ فلاسفر۔ جمع: فلاسفہ۔ اُردو جمع: فلسفی۔ فلسفیوں۔

فَلسَفِیانہ (فَل۔ سَ۔ فی۔ یا۔ نہ) (ع۔ صف) فلسفے سے متعلق۔ حکیمانہ۔

فُلس کیپ (Foolscap) (انگ۔ ا۔ مذ) کاغذ کا ایک سائز جو تقریباً ساڑھے تیرہ انچ لمبا اور ساڑھے آٹھ انچ چوڑا ہوتا ہے۔

فَلَش (Flush) (انگ۔ ا۔ مذ) پانی کا تیز بہاؤ۔ بدرو یا نالی میں تیز پانی بہا کر اُسے صاف کرنا۔

فِلفِل (فِل۔ فِل) (ع۔ ا۔ مث) مرچ۔ جمع: فلافل۔

فِلفِل دراز (ع۔ ف۔ ا۔ مث) لمبی مرچ۔ مگھاں۔

فَلَک (فَ۔ لَک) (ع۔ ا۔ مذ) آکاش۔ آسمان۔ گردوں۔ چرخ۔ جمع: افلاک۔

فلک اَساس (بغیر اضافت) (ع۔ صف) آسمان جیسی بُنیاد والا۔ بہت مستحکم (۲) بلند۔ اُونچا۔

فلکِ اَطلس (فلکِ اعظم۔ فلکُ الافلاک) (ع۔ ا۔ مذ) نواں آسمان۔

فلک بارگاہ (فلک پایگہ۔ فلک پایہ) (بغیر اضافت) (ع۔ ف۔ صف) بلند مرتبہ۔ عالی رُتبہ۔

فلک پر چڑھانا (اَر۔ محاورہ) بہت زیادہ تعریف کرنا۔ بہت خوشامد کرنا۔

فلک پر دماغ (رہنا) ہونا (اَر۔ محاورہ) مغرور و متکبر ہونا۔ کسی کو اپنے برابر نہ سمجھنا۔

فلک پر کھینچنا (اَر۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ اِترانا۔

فلک پرواز (فلک پیما۔ فلک تاز) (ع۔ ف۔ صف) آسمان پر اُڑنے والا۔ آسمان تک پہنچنے والی (آہ)۔

فلکِ پیر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) بُوڑھا آسمان جو مُدّت سے موجود ہے۔

فلک ٹوٹ پڑنا (اَر۔ محاورہ) سخت مُصیبت آنا۔

فلک ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ) غضب آنا۔ مُصیبت آنا۔

فلک جناب (بے اضافت) (ع۔ صف) عالی مرتبہ۔

فلک زدہ (ف۔ صف) مُفلس۔ محتاج۔ مُصیبت کا مارا۔

فلک سَیر (ع۔ صف) بھنگ۔

فلکِ شعبدہ باز (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) شُعبدے دکھانے والا آسمان۔

فلک شِکوہ (فلک رُتبہ۔ فلک رِفعت) (بغیر اضافت) (ع۔ ف۔ صف) آسمان جیسی شان و شوکت اور بلندی والا مرتبہ۔

فلک فرسا (ع۔ ف۔ صف) آسمان پر پہنچنے والی آہ۔

فلک قدر (ع۔ صف) عالی قدر۔

فلک کا ستایا (اَر۔ صف) مُصیبت زدہ۔ بدقسمت۔ کم بخت۔

فلک کو بُرا معلوم ہونا (اَر۔ محاورہ) شاعرانہ خیال کہ آسمان لوگوں کو خوش نہیں دیکھ سکتا۔ مُصیبتیں وہی نازل کرتا ہے۔

فلک کو خبر نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کو علم نہ ہونا (۲) نہایت بے خبر ہونا۔

فلکِ نیلی فام (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) نیلا آسمان۔

فَلَکی (فَ۔ لَ۔ کی) (ع۔ ف۔ صف) آسمانی۔ سماوی۔ فلک سے متعلق۔

فَلَکیات (فَ۔ لَ۔ کی۔ یات) (ع۔ ا۔ مذ) دیکھیے علم ہیئت۔

فِلم (Film) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) جھلی۔ جالا (۲) وہ تصویر جو پردے پر چلتی پھرتی دکھائی دیتی ہے (۳) سیاہ جھلی جسے کیمرے میں ڈال کر تصویر اُتارتے ہیں۔ فوٹو کی جھلی۔ اُردو جمع: فلموں۔ فلمیں۔

فِلم اِسٹار (انگ۔ ا۔ مذ) سینما کے مشہور و ہردلعزیز اداکار۔

فِلمی (فِل۔ می) (اَر۔ صف) فلم کے متعلق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فلو (Flue) (انگ۔ا۔مذ) انفلوائنزا کا مخفف۔ ایک قسم کا وبائی نزلہ۔

فلور (Flour) (انگ۔ا۔مذ) آٹا۔

فلور مِل (Flour Mill) (انگ۔ا۔مث) آٹا پیسنے کی چکّی۔

فلورا (Flora) (انگ۔ا۔مث) رومی دیومالا کی ایک دیوی جس کا فریضہ موسم بہار کی نگہداشت ہے۔

فُلُوس (فُ۔لُوس) (ع۔ا۔مذ) فَلس کی جمع (۱) پیسے (۲) مچھلی کے چھلکے۔

فِلولوجی (Philology) (انگ۔ا۔مذ) تحقیقِ زبان کا علم۔ صرف و نحو اور زبانوں سے واقف ہونے کا علم۔

فَلِہٰذا (فَ۔لِ۔ہا۔ذا) (ع۔حلق فعل) پس۔ اِس لئے۔

فَلِیتَہ (فَ۔لِی۔تہ) (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے فتیلہ جو صحیح ہے۔

فلیٹ (Flat) (انگ۔ا۔مذ) عمارت کی ایک منزل پر رہائشی کمرے۔ اُردو جمع: فلیٹ۔ فلیٹوں (۲) (صف) چپٹا۔ سپاٹ۔

ف۔م

فَم (بفتحۂ اوّل) (ع۔ا۔مذ) مُنہ۔ دہن۔

فمِ رحم (ع۔ا۔مث) بچّہ دانی کا مُنہ۔

فمِ معدہ (ع۔ا۔مذ) معدے کا مُنہ۔

فَمی بِشَوق (فَ۔می۔ب۔شَو۔قِن) (ع۔ف۔ا۔مذ) سات دِن میں قرآن مجید اِس طرح ختم کرنا کہ پہلے دِن سورہ فاتحہ سے مائدہ تک۔ دُوسرے دِن سورہ یونس تک۔ تیسرے دِن سورہ بنی اسرائیل تک۔ چوتھے دِن سورہ شُعرا تک۔ پانچویں دِن سورہ والصافات تک۔ چھٹے دِن سورہ قاف تک۔ ساتویں دِن آخر تک۔ اِن سورتوں کے اِبتدائی حروف کو مِلا کر فمی بشوق بنا لیا ہے۔

ف۔ن

فَنّ (بفتحۂ اوّل و تشدید دوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہُنر۔ کاریگری۔ گُن۔ طرز۔ ڈھنگ (۲) مکر۔ فریب (۳) دانش۔ رائے (۴) کُشتی کا داؤں۔ کرتب۔ جمع: فنون۔

فن برائے فن (ف۔ا۔مذ) فن کو کسی مقصد سے وابستہ نہ کرنا۔ صرف فن کی خدمت کرنا۔

فنِ شریف (ع۔ا۔مذ) معزز ہُنر یا پیشہ۔

فن کار (ع۔ف۔صف۔وا۔مذ) ہُنرمند۔ کاریگر۔ تخلیقی کام کرنے والا (۲) ایکٹر۔ ایکٹرس۔ اُردو جمع: فن کار۔ فن کاروں۔

فن کاری (ع۔ف۔ا۔مث) ہُنرمندی۔ کاری گری۔

فَنا (فَ۔نا) (ع۔ا۔مث) (۱) نیستی۔ موت۔ ہلاکت۔ بربادی (۲) اِصطلاح تصوّف میں حدُوث اور قِدَم کے فرق کا دُور کرنا (۳) (صف) نابود۔ ناپید۔ محو۔ منہمک۔

فنا فی الرّسول (فَ۔نا۔فِر۔رَ۔سُول) (ع۔ا۔مث) فقر کا وہ مرتبہ جس میں سالک اِتباعِ رسول ﷺ کو اپنی طبیعتِ ثانی بنا لیتا ہے۔

فنا فی الشّیخ (فَ۔نا۔فِش۔شَیخ) (ع۔ا۔مث) فقر کا ایک مرتبہ جس میں مُرید ہر وقت اپنے مُرشد کے خیال میں ڈوبا رہتا ہے۔

فنا فی اللہ (فَ۔نا۔فِل۔لاہ) (ع۔ا۔مث) خدا تعالیٰ کی محبت اور معرفت میں ڈوب جانے کا مرتبہ۔

فنا کرنا (اُر۔محاورہ) برباد کرنا۔ مٹانا۔ نیست و نابود کرنا۔

فنا ہو جانا (اُر۔محاورہ) مِٹ جانا۔ نیست و نابود ہو جانا۔

فنانس (Finance) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مال گزاری (۲) ذرائع آمدنی (۳) مالیات۔ خزانہ۔

فنانشل (Financial) (انگ۔صف) مُلک کے خزانے یا آمدنی سے متعلق۔

فِنجان (فِن۔جان) (ع۔ا۔مذ) چھوٹی پیالی جس میں قہوہ پیتے ہیں۔ جمع: فناجین۔

فَنْد (بفتحۂ اوّل و سکونِ سوم) (نُون غنّہ) (ف۔ا۔مذ) مکر۔ دغا۔ فریب۔ جھانسا (۲) خایہ۔ فوطہ۔

فند فریب (ف۔ا۔مذ) دغا و فریب۔ دَم جھانسا۔

فُندُق (فُن۔دُق) (فِن۔دَق) (ف۔ا۔مث) ایک ولایتی میوہ جو نہایت سُرخ اور جھاڑی کے بیر کے برابر ہوتا ہے (۲) معشوق کی مہندی لگی ہوئی اُنگلی کا سِرا (۳) معشوق کا ہونٹ۔

فنڈ (Fund) (انگ۔ا۔مذ) سرمایہ۔ پُونجی۔

فَنَر (فَ۔نَر) (اُر۔ا۔مذ) (۱) رقیق چیز ڈالنے کا نلی دار آلہ۔ قیف (۲) کمانی۔ لوہے کا چکّر جو گھڑی کے اندر لگا ہوتا ہے۔ انگریزی لفظ Funnel کا موَرّد۔

فِنس (فِ۔نس) (اُر۔ا۔مث) دیکھئے پِنس۔

فُنُون (فُ۔نُون) (ع۔ا۔مذ) فن کی جمع۔

فنونِ لطیفہ (ع۔ا۔مذ) پاکیزہ، شُستہ اور عمدہ فُنون۔ موسیقی، شعر و ادب، تعمیرات، بُت تراشی، مصوّری وغیرہ۔

فَنّی (فَن۔نی) (ف۔صف) فن سے متعلق۔

ف۔و

فَواحِش (فَ۔وا۔حِش) (ع۔ا۔مذ) فاحش کی جمع۔

فُواد (فُ۔واد) (ع۔ا۔مذ) قلب۔ دِل۔

فَوّارہ (فَوّ۔وا۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) اُبال۔ سرجوش (۲) پچکاری۔ پھُہارا (۳) (صف) نہایت جوش مارنے والا (۴) پانی کو اُوپر پھینکنے والا۔ اُردو جمع: فواروں۔ فوارے۔

فوارہ (چلنا) چھوٹنا (اُر۔محاورہ) پانی یا کسی رقیق چیز کا جوش مار کر نکلنا۔

فُواق (فُ۔واق) (ع۔ا۔مث) ہچکی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فواکہ (فَ۔وا۔کِہ)(ع۔ا۔مذ) فاکہ کی جمع۔ میوے۔

فوائد (فَ۔وا۔اِد)(ع۔ا۔مذ) فائدہ کی جمع۔

فوت (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔صف) نیست۔ معدوم۔ موت۔

فوت ہونا (اَر۔مص مُرکّب)(۱) مرنا۔ اِنتقال کرنا (۲) جاتا رہنا۔ گم ہونا۔

فوتی (فَو۔تی)(ف۔صف) مرجانے والا۔ مرا ہوا۔ متوفّی۔

فوتی نامہ (ف۔ا۔مذ) بستی کے مُردوں کا روزنامچہ۔ مقتولوں کی فہرست۔

فوٹو (Photo) (انگ۔ا۔مذ) تصویر۔ عکس۔ اُردو جمع: فوٹو۔ فوٹوؤں۔

فوٹوسٹیٹ کاپی (Photostat Copy)(انگ۔ا۔مث) کسی دستاویز کی نقل جو کسی تصویر کے ذریعے حاصل کی جائے۔

فوٹو گرافر (Photographer) (انگ۔ا۔مذ) تصویر کھینچنے والا۔ عکس اُتارنے والا۔ اُردو جمع: فوٹوگرافر۔ فوٹوگرافروں۔

فوٹو گرافی (Photography) (انگ۔ا۔مث) تصویر کھینچنے کا فن۔ عکس اُتارنا یا فوٹو کھینچنا۔

فوج (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) سپاہ۔ لشکر۔ عسکر۔ جنگی آدمیوں کا مجمع (۲) گروہ۔ جتھا۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ جمع: اَفواج۔ اُردو جمع: فوجوں۔ فوجیں۔

فوج چڑھنا (اَر۔محاورہ) لشکر کا حملہ کرنا۔

فوج دار (ع۔ف۔صف)(۱) سپہ سالار۔ فوج کا اَفسر (۲) شہر کے اَندر یا باہر کا حاکم۔ کوتوال۔ مجسٹریٹ (۳) فیل بان جو بادشاہ کی سواری میں ہاتھی پر آگے بیٹھے۔

فوج داری (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) فوج دار کا عُہدہ (۲) مجسٹریٹی۔ وہ محکمہ جس میں لڑائی جھگڑے، خون خرابے وغیرہ کے مُقدّمے فیصل ہوں (۳) لڑائی جھگڑا۔ فساد۔

فوج داری کرنا (اَر۔محاورہ) لڑائی جھگڑا کرنا۔ دنگا فساد کرنا۔

فوج کا آگا برات کا پیچھا بھاری ہوتا ہے (اَر۔مثل) فوج کے پہلے حملے کا روکنا اور شادی کے بعد کا خرچ نمٹانا بہت دُشوار ہے۔

فوج کا گھونگھٹ کھانا (اَر۔محاورہ) لشکر کا شکست کھا جانا۔

فوج کشی (ک پر زبر)(ع۔ف۔ا۔مث) چڑھائی۔ حملہ۔ دھاوا۔

فوج کشی کرنا (اَر۔مص مُرکّب) حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا۔

فوج کی اگاڑی اور آندھی کی پچھاڑی (اَر۔مثل) فوج کا اگلا حصّہ اور آندھی کا پچھلا حصّہ بڑے زور کا ہوتا ہے۔

فوجی (فَو۔جی)(ف۔صف) فوج سے متعلق۔ لشکری۔ جنگی (۲)(ا۔مذ) فوج کا سپاہی۔ اُردو جمع: فوجی۔ فوجیوں۔

فور (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) جلدی۔ شتابی (۲) طریقہ۔ طرز (۳) گھڑی۔ وقت۔

فوراً (فَو۔رَن)(ع۔متعلق فعل) اِسی وقت۔ جھٹ پٹ۔

فورٹ (Fort) (انگ۔ا۔مذ) قلعہ۔

فورم (Forum) (انگ۔ا۔مذ) عام مباحثہ۔ عام مباحثہ کی جگہ۔

فورمین (Foreman) (انگ۔ا۔مذ) کاریگروں کا نگران۔ مزدوروں کا نگران۔ مستری۔

فوری (ع۔صف) جلد۔ اِسی وقت۔ فوراً۔

فوز (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) کامیابی۔ فتح۔ ظفر (۲) بخوبی مقصد حاصل کرنا۔

فوزِ عظیم (ع۔ا۔مذ) بڑی کامیابی۔ بڑا فائدہ۔

فوض (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) کسی پر کام چھوڑ دینا۔

فوضوی (فَوض۔وی)(ع۔ا۔مذ) نراجی۔ شورش پسند۔ انارکسٹ۔

فوضویت (فَوض۔وی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) تمدنی مساوات۔ اِشتراکیت (۲) نراج۔ طوائفُ الملوکی۔ انارکی۔ (Anarchy)۔

فوطہ (فو۔طہ)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ)(۱) بیضہ۔ خُصیہ۔ خایہ (پن) مُغا (۲) پٹکی۔ کمربند (۳) حمّام کی لنگی۔ رومال۔ پگڑی (۴) خراج۔ محصول (۵) خزانہ۔ گنج۔ اُردو جمع: فوطوں۔ فوطے۔

فوطہ بھرنا (اَر۔محاورہ) محصول ادا کرنا۔

فوطہ چھٹکنا (اَر۔محاورہ) فوطہ بڑھ جانا۔

فوطہ خانہ (ف۔ا۔مذ) خزانہ۔ گنج۔

فوطہ دار (ف۔ا۔مذ) خزانچی۔ تحویل دار۔

فوفل (فو۔فَل)(فُو۔فُل)(ع۔ا۔مث) چھالیا۔ سپاری۔

فوق (ع۔صف) اُونچا۔ بالا۔ بلند۔ اُوپر (۲)(ا۔مذ) بلندی۔ اُونچائی۔ اَوج (۳) سبقت۔ فوقیت۔ بُزرگی۔ برتری۔ بڑائی۔ فضیلت۔

فوق البھڑک (فو۔قُل۔بَھ۔ڑک)(اَر۔صف) بھڑکیلا۔ چمک دار۔ زرق برق۔ (یہ ترکیب غلط ہے لیکن غلط العام ہے)۔

فوق العادت (فو۔قُل۔عا۔دَت)(ع۔صف) عادت سے بڑھ کر۔ بساط سے باہر۔ حیرت انگیز۔

فوق رکھنا (اَر۔محاورہ) ترجیح دینا۔ شرف رکھنا۔

فوق لے جانا (اَر۔محاورہ) سبقت لے جانا۔ بڑھ جانا۔

فوقانی (فو۔قا۔نی)(ع۔صف) اُوپر کا۔ بالائی (۲) وہ حرف جس کے اُوپر نقطے ہوں۔

فوقیت (فَو۔قی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) بڑائی۔ برتری۔ ترجیح۔ سبقت۔ اِمتیاز (۲) بُزرگی۔ شان۔ قدر۔

فوقیت حاصل ہونا (اَر۔محاورہ) بڑائی ملنا۔ مختار ہونا۔ عظمت پانا۔

فوقیت لے جانا (اَر۔محاورہ) بڑھ جانا۔ بازی لے جانا۔ سبقت لے جانا۔

فوکس (Focus) (انگ۔ا۔مذ) نقطۂ ارتکاز۔ ماسکہ۔

فول (Fool) (انگ۔صف) بے وقوف۔ اَحمق۔

فولاد (فولاد)(ف۔ا۔مذ)(۱) پُولاد۔ نہایت سخت اور اعلیٰ قسم کا لوہا جو

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

عام لوہے کو پگھلا کر اُس میں کاربن حل کرنے سے بنتا ہے۔ اسپات (۲) (صف) سخت۔ کڑا۔ مضبوط۔ اُردو میں بفتح فا مستعمل ہے۔

فولاد کا دل (اَ۔ ا۔ مذ) نہایت سخت دِل۔

فولاد کا ہاتھ (فولادی ہاتھ) (اَ۔ ا۔ مذ) سخت اور مضبوط ہاتھ۔

فُولادی (فُو۔ لا۔ دی) (ف۔ صف) (۱) فولاد کا بنا ہوا (۲) بہت سخت۔ بہت مضبوط (۳) (ا۔ مث) قلم کی چھڑ۔ بھالے کی لکڑی۔ نیزے کا بانس۔

فولڈر (Folder) (انگ۔ ا۔ مذ) کاغذ تہ کرنے والا آلہ۔

فولڈنگ (Folding) (انگ۔ صف) تہ ہو جانے والا (والی)۔

فولیو (Folio) (انگ۔ ا۔ مذ) کاغذ کا ورق جس پر ایک ہی طرف نمبر لگا ہو۔

فُوں (اَ۔ ا۔ مث) سانپ کی پھنکار۔

فون (Phone) (انگ۔ ا۔ مذ) ٹیلیفون کا مخفف۔

فونوگراف (Phonograph) (انگ۔ ا۔ مذ) آلۂ صوت نگار۔ ایک آلہ جس کے ذریعے آوازیں خود بخود ریکارڈ ہو جاتی ہیں (۲) گراموفون۔

فونوگرام (Phonogram) (انگ۔ ا۔ مذ) وہ برقی پیغام جو بذریعہ فون یا تار بھیجا جائے۔

ف ۔ ہ

فَہارِس (فَ۔ ہا۔ رِس) (ع۔ ا۔ مث) فہرس کی جمع۔ فہرستیں۔

فَہّامہ (فَہ۔ ہا۔ مَہ) (ع۔ ا۔ مُبالغہ) بہت سمجھ دار۔ بہت دانا و عقل مند۔

فَہد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) تیندوا چیتے کی قسم کا ایک درندہ۔

فِہرِس (فِہ۔ رِس) (ع۔ ا۔ مث) دیکھئے فہرست۔ جمع: فہارِس۔

فِہرِست (فِہ۔ رِست) (ف۔ ا۔ مث) فرد۔ چیزوں کی تفصیل۔ جمع: فہرست ہا۔ اُردو جمع: فہرستوں۔ فہرستیں۔

فہرست میں نام (چڑھانا) داخل کرنا (اَ۔ محاورہ) دفتر میں نام درج کرانا۔

فَہم (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) سمجھ۔ دریافت۔ عقل۔ دانائی۔ شعور۔ وقوف۔

فہمِ ناقص (ع۔ ا۔ مث) نامکمل عقل۔ ناقص رائے۔

فَہمائش (فَہ۔ ما۔ اِش) (ف۔ ا۔ مث) ہدایت۔ نصیحت۔ تلقین۔ سمجھانا۔ آگاہ کرنا۔ اُردو جمع: فہمائشوں۔ فہمائشیں۔

فہمائش کرنا (اَ۔ محاورہ) سمجھانا۔ جتانا۔ تنبیہ کرنا۔

فَہمِید (فَہ۔ مید) (ف۔ ا۔ مث) سمجھ۔ عقل۔ رائے۔

فہمیدِ حساب (ف۔ ا۔ مث) حساب کا سمجھنا۔

فَہمِیدگی (فَہ۔ می۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) سمجھ بوجھ۔ دانائی۔

فَہمِیدہ (فَہ۔ می۔ دَہ) (ف۔ صف) سمجھ دار۔ ہوشیار۔ دانا۔

فَہُوَالمُراد (فَ۔ ہُ۔ وَل۔ مُ۔ راد) (ع۔ کلمہ) یہی اصل مُراد ہے۔ یہی مقصد ہے۔

فَہِیم (فَ۔ ہیم) (ع۔ صف) عقل مند۔ دانا۔ سمجھ دار۔

ف ۔ ی

فِی (ع۔ حرف جار) (۱) درمیان۔ بیچ۔ بمعنی (۲) ساتھ (۳) ہر ایک۔

فی الاصل (فِل۔ اَصل) (ع۔ متعلق فعل) حقیقت میں۔

فی البدیہہ (فِل۔ بَ۔ دِیہہ) (ع۔ متعلق فعل) فوراً۔ فی الفور۔ بے سوچے۔

فی الجملہ (فِل۔ جُم۔ لَہ) (ع۔ متعلق فعل) (۱) القصہ۔ الغرض۔ حاصل کلام۔ قصہ مختصر (۲) تھوڑا۔ یونہی۔

فی الحال (فِل۔ حال) (ع۔ متعلق فعل) اب۔ ابھی۔ اسی وقت۔ سردست۔ بالفعل۔

فی الحقیقت (فِل۔ حَ۔ قی۔ قت) (ع۔ متعلق فعل) دراصل۔ واقعی۔ بیشک۔ حقیقتاً۔

فی الفور (فِل۔ فور) (ع۔ متعلق فعل) جلدی۔ شتابی۔ سُرعت۔

فی المثل (فِل۔ مَ۔ ثَل) (ع۔ متعلق فعل) مثال کے طور پر۔

فی النّار (فِن۔ نار) (ع۔ دُعائے بد) دوزخ میں۔ دوزخ میں پڑے۔

فی النّار و السّقر ہو جانا (اَ۔ محاورہ) (۱) دوزخ کی آگ میں پڑنا۔ جلنا (۲) گناہ گار کا مرجانا۔

فی الواقع (فِل۔ وا۔ قِع) (ع۔ متعلق فعل) دیکھئے فی الحقیقت۔

فی الوقت (فِل۔ وَقت) (ع۔ متعلق فعل) فوراً۔ اِسی وقت۔

فی امانِ اللہ (فی۔ اَ۔ ما۔ نِل۔ لاہ) (ع۔ دُعائے نیک) کسی عزیز ہستی کو رخصت کرتے وقت دیتے ہیں۔ خدا کی امان میں۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔

فی زمانِنا (فی۔ زَ۔ ما۔ نِ۔ نا) (ع۔ متعلق فعل) ہمارے زمانے میں۔ آج کل۔

فی سبیل اللہ (فی۔ سَ۔ بی۔ لِل۔ لاہ) (ع۔ متعلق فعل) (۱) خدا کی راہ میں (۲) خدا کے لئے (۳) وقف۔

فی صد (ف۔ متعلق فعل) ہر سینکڑے پر۔ سینکڑا پیچھے (۲) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ کسر جس کا نسب نما ۱۰۰ ہو اُس کسر کا شمار کنندہ شرح فی صد کہلاتا ہے۔ مثلاً کسی مقدار کا ۶٪ اُس کا $\frac{۶}{۱۰۰}$ ہوگا۔

فی کس (ف۔ متعلق فعل) ہر آدمی کے لئے۔ آدمی پیچھے۔

فی کل وُجوہ (فی۔ کُل۔ لِے۔ وُ۔ جوہ) (ع۔ متعلق فعل) ہر طرح۔ بہرحال۔

فی ما (فیما) (ع۔ متعلق فعل) اِس میں۔ اِس کے متعلق۔

فی مابین (ع۔ متعلق فعل) دونوں کے بیچ میں۔ باہم۔ آپس میں۔

فی نفس الامر (ف۔ سِل۔ اَمر) (ع۔ متعلق فعل) فی الحقیقت۔ دراصل۔

فی نفسہٖ (فی۔ نَف۔ سِ۔ ہی) (ع۔ متعلق فعل) اپنی ذات میں۔ دراصل۔

فی (اَ۔ ا۔ مث) عیب۔ کھوٹ۔ غلطی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فی نکالنا (اَر۔ محاورہ) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

فَے (بفتح اوّل) (ع۔ ا۔ مذ) وہ زمین جو غیر مسلموں سے بغیر جنگ کیے حاصل ہو۔

فَیَّاض (فَیْ۔ یاض) (ع۔ صف) سخی۔ دریا دل۔ دیالو۔

فَیَّاضی (فَیْ۔ یا۔ ضی) (ع۔ ا۔ مث) سخاوت۔ دریا دلی۔ دیا۔

فیتا (فیتہ) (فی۔ تا) (پُر۔ ا۔ مذ) (۱) ریشمی یا سوتی کم چوڑی پٹی۔ وہ موٹا بُنا ہوا دھاگا جو بوٹوں میں ڈالتے ہیں (۲) بُنا ہوا کنارہ۔ جمع: فیتوں۔ فیتے۔

فیچر (Feature) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) ریڈیو یا فلم کی کہانی جس میں گانے بھی ہوں (۲) اخبار کا داستان نُما مضمون (۳) اِمتیازی خدوخال۔

فیدم (Fathom) (انگ۔ ا۔ مذ) گہرائی ناپنے کا پیمانہ جو چھ فٹ کا ہوتا ہے۔

فیڈرل (Federal) (انگ۔ صف) وفاقی۔

فیڈرل اِسٹیٹ (Federal State) (انگ۔ ا۔ مث) دیکھیے وفاقی حکومت۔

فیڈریشن (Federation) (انگ۔ ا۔ مث) دیکھیے وفاق۔

فَیر (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) بندوق یا توپ کو آگ دینا۔ سَر کرنا (۲) وار۔ دفعہ۔ مرتبہ۔ (انگریزی فائر (Fire) کا مُوَرَّد)۔ اُردو جمع: فیر۔ فیروں۔

فیر کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) بندوق سَر کرنا۔ توپ چلانا۔

فیرنی۔ دیکھیے فِرنی۔

فیروز (فی۔ روز) (ف۔ صف) ۔ پیروز ۔ فتح مند۔ کامیاب۔

فیروز بخت (اختر) (ف۔ صف) خوش نصیب۔

فیروز مند (ف۔ صف) کامران۔ فاتح۔ فتح یاب۔

فیروز مندی (ف۔ ا۔ مث) کامیابی۔ ظفریابی۔ فتح مندی۔

فیروزہ (فی۔ رو۔ زہ) (ف۔ ا۔ مذ) ایک پتھر جو سبز، زنگاری، نیل گوں یا نیلا ہوتا ہے۔

فیروزی (فی۔ رو۔ زی) (ف۔ صف) (۱) فیروزے کے رنگ کا۔ سبز۔ زنگاری (۲) (ف۔ ا۔ مث) کامیابی۔

فیری (Ferry) (انگ۔ ا۔ مث) وہ کشتی یا چھوٹا جہاز جس میں بیٹھ کر لوگ دریا کے اِس پار سے اُس پار آتے جاتے ہیں۔

فیس (Fee) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) محنتانہ۔ اُجرت (۲) وہ رقم جو طلبہ مدرسوں میں ماہانہ ادا کرتے ہیں۔ وہ اُجرت جو ڈاکٹر وغیرہ لیتے ہیں۔ اُردو جمع: فیسوں۔ فیسیں۔

فیشن (Fashion) (انگ۔ ا۔ مذ) وضع قطع۔ ڈھنگ۔ طور طریقے (۲) مروّجہ آرائش و زیبائش۔

فیشن ایبل (Fashionable) (انگ۔ صف) (۱) خوش پوش۔ خوش لباس (۲) فیشن کے مطابق (۳) نفیس۔ خوبصورت۔ عُمدہ۔

فیشن ہونا (اَر۔ محاورہ) رواج ہونا۔ رَسم ہونا۔ چلن ہونا۔

فَیصَل (فَے۔ صَل) (ع۔ ا۔ مذ) فیصلہ۔ تصفیہ۔

فیصل کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جھگڑا چکانا۔ قضیہ طے کرنا (۲) کام تمام کرنا۔ برباد کرنا۔ ہٹانا۔

فیصل ہونا (اَر۔ محاورہ) تصفیہ ہونا۔ فیصلہ ہونا (۲) طے ہونا (۳) بے باق ہونا۔

فَیصَلہ (فَے۔ صَ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تصفیہ۔ چکوتا۔ نیائے (۲) جانچ۔ پرکھ (۳) فتویٰ۔ حُکم۔ تجویز۔ اُردو جمع: فیصلوں۔ فیصلے۔

فیصلہ رکھنا (اَر۔ محاورہ) فیصلے کا کسی پر موقوف کر دینا۔

فیصلہ زبان پر ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی کے کہنے پر تصفیہ ہونا۔

فیصلہ زیرِ اپیل (اَر۔ ا۔ مذ) وہ فیصلہ جس کے خلاف اپیل کی گئی ہو۔

فَیض (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) فائدہ۔ نفع (۲) سخاوت۔ فیّاضی (۳) نیکی۔ بھلائی۔ جمع: فُیُوض۔

فیض بخش (ف۔ صف) فائدہ پہنچانے والا۔ سخی۔ داتا۔

فیض پانا (اَر۔ محاورہ) کسی سے فائدہ اُٹھانا۔

فیض پہنچانا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) فائدہ پہنچانا (۲) بھلائی کرنا۔ نیکی کرنا (۳) خیرات کرنا۔

فیضِ جاری (ع۔ ا۔ مذ) ہمیشہ رہنے والا فیض۔

فیض رساں (ع۔ ف۔ صف) دیکھیے فیض بخش۔

فیضِ عام (ع۔ ا۔ مذ) عام لوگوں کا فائدہ (۲) عام سلوک۔

فیض گستر (ع۔ ف۔ صف) بہت فیض پہنچانے والا۔

فیض نشان (ع۔ ف۔ صف) فائدہ پہنچانے والا۔

فیض یاب (ع۔ ف۔ صف) فائدہ حاصل کرنے والا۔

فَیضان (فَے۔ ضان) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بڑا فائدہ (۲) بڑی بخشش۔ جمع: فیضانات۔

فیضانِ صحبت (ع۔ ا۔ مذ) وہ فائدہ جو کسی کی صحبت سے پہنچے۔

فَیضی (فَے۔ ضی) (ع۔ ف۔ صف۔ ا۔ مذ) فیض سے منسوب۔

فیکٹری (Factory) (انگ۔ ا۔ مذ) کارخانہ۔ اُردو جمع: فیکٹریاں۔ فیکٹریوں۔

فیل (Fail) (انگ۔ صف) (۱) ناکامیاب۔ نامراد (۲) گرا ہوا۔ ناقص۔

فیل ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) ناکام ہونا۔ اِمتحان میں پُورا نہ اُترنا۔

فَیل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) مکر۔ فریب (۲) شرارت (۳) ضِد۔ جمع: فیل۔ فیلوں۔

فیل کرنا (مچانا) (اَر۔ مص مُرکّب) ضِد کرنا۔ مچلنا۔

فِیل (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ پِیل کا مُعرّب۔ ا۔ مذ) ہاتھی۔ جمع: اَفیال۔ فُیُول۔ فارسی جمع: فیلاں۔

فیل بان (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) پِیل بان۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔

فیل بانی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پیل بانی۔ فیل بان کا کام۔ مہاوت کا پیشہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فِیل پا (ع۔ف۔ا۔مذ) ہیل پا۔ ایک بیماری جس میں ٹانگیں اور پاؤں سوج جاتے ہیں۔

فِیل خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ہیل خانہ۔ ہاتھیوں کا طویلہ۔

فِیل مُرغ (ع۔ف۔ا۔مذ) ہیل مُرغ۔ پیرو۔ ایک پرندہ۔

فیلٹ (Felt) (انگ۔ا۔مذ) ایک رُوئیں دار کپڑا جو اُون کو موڑ کر اور دبا کر تیار کیا جاتا ہے (۲) نمدے کی ٹوپی۔

فِیلڈ (Field) (انگ۔ا۔مذ) میدان۔ میدانِ جنگ۔ کھیت

فِیلڈ بُک (Field Book) (انگ۔ا۔مث) ایک کتاب جس میں ہدایات کے مطابق کھیتوں کی پیائش کی جاتی ہے۔

فِیلڈ مارشل (Field Marshal) (انگ۔ا۔مذ) سپہ سالارِ افواج۔ فوج کا سب سے اعلیٰ عُہدہ یا اعزاز۔

فِیلڈر (Fielder) (انگ۔ا۔مذ) کرکٹ کے کھیل میں وہ کھلاڑی جو گیند روک کر بالر یا وکٹ کی طرف پھینکے۔

فِیلڈنگ (Fielding) (انگ۔ا۔مث) کرکٹ میں گیند کو پُھرتی سے روکنے کا ہُنر۔

فَیلسُوف (فَیل۔سُوف) (یو۔ا۔مذ) حکیم۔ دانش مند۔ عالم۔ فاضل (۲) مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔

فَیلسُوفی (فَیل۔سُو۔فی) (ا۔ا۔مث) (۱) فضول خرچی۔ نمود و نمائش (۲) عیاری۔ چالاکی۔ شرارت۔

فیلو (Fellow) (انگ۔ا۔مذ) (۱) آدمی۔ فرد (۲) ساتھی۔ ہم جولی۔ ہمسر (۳) سوسائٹی یا یونیورسٹی کا ممبر۔

فیلوشِپ (Fellowship) (انگ۔ا۔مث) کسی تعلیمی ادارے، انجمن یا برادری کی ممتاز رُکنیت (۲) تعلیمی ادارے کے فیلو کا مشاہرہ۔

فِیلَہ (ئی۔لہ) (ف۔ا۔مذ) شطرنج کا ایک مُہرہ جو ترچھا چلتا ہے۔

فَیلی (فَیلیا۔ فَیلی ہلیا) (کے۔لی) (کے۔لی۔یا) (کے۔لی۔ہا۔یا) (اُ۔صف) مکّار۔ فریبی۔ دغاباز۔

فیملی (Family) (انگ۔ا۔مث) خاندان۔ نسب (۲) اہل و عیال۔ بیوی بچّے۔

فیملی پلاننگ (Family Planning) (انگ۔ا۔مث) خاندانی منصوبہ بندی۔

فینائل (Phenyl) (انگ۔ا۔مث) ایک جراثیم کُش دوا۔

فینسی (Fancy) (انگ۔صف) عُمدہ۔ خوبصورت۔

فینسی بال (ڈانس) (Fancy Ball (Dance)) (انگ۔ا۔مث) مغربی رقص کی تقریب جس میں لوگ سوانگ بھر کر شریک ہوتے ہیں۔

فیوڈل (Feudal) (انگ۔صف) جاگیرداری نظام سے متعلق۔ قرونِ وسطیٰ کے معاشی اور معاشرتی نظام سے متعلق۔

فیوز (Fuse) (انگ۔ا۔مذ) تیز حرارت سے پگھلنا یا جل جانا (۲) بجلی کے تار کا جل جانا (۳) فتیلہ۔ بتی جسے آتش گیر مادّے میں بھگو کر جلایا جاتا ہے۔

فُیُوض (فُ۔یُوض) (ع۔ا۔مذ) فیض کی جمع۔

فِیہِ نظر (فی۔وِ۔نَ۔ظَ۔رَن) (ع۔متعلق فعل) اِس پر اعتراض ہے۔ یہ محلِ نظر ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ق

ق (قاف) (ع۔ا۔مذ) اِسے قاف قرشت بھی کہتے ہیں۔ اُردو کا ستائیسواں ' فارسی کا چوبیسواں اور عربی کا اکیسواں حرف ہے۔ حساب اَبجد میں اِس کے سو (۱۰۰) عدد مقرّر ہیں۔ قمری حرف ہے یعنی اِس سے پہلے "ال" آئے گا تو لام اپنی آواز دے گا جیسے القمر۔ یہ حرف صحیح ہے یعنی کسی حرفِ عِلّت سے مِل کر آواز دیتا ہے۔

ق۔ا

قا (اَر۔ا۔مث) کوّے کی آواز۔ کائیں کائیں۔

قاآن (قا۔آن) (ت۔ا۔مذ) (۱) بہت بڑا عادِل ' سخی اور عاقل بادشاہ (۲) شاہِ چین اور شاہِ ترکستان کا لقب (۳) وہ ترکی خطاب جو شہنشاہ یا حاکمِ اعلیٰ کو دیا جائے۔ سب سے پہلے چنگیز خان کے بیٹے اُگتائی کو دیا گیا تھا۔

قاآنی (قا۔آ۔نی) (ت۔صف) قاآن سے منسوب۔

قاب (ت۔ا۔مث) بڑی رکابی۔ تھال۔ اُردو جمع: قابوں۔ قابیں۔

قاب (ع۔ا۔مذ) کمان کی موٹھ سے گوشے تک کا فاصلہ۔ ایک ہاتھ کا فاصلہ۔

قاب قوسَین (ع۔ا۔مذ) (۱) دو ہاتھ کا فاصلہ (۲) دو کمانوں کا فاصلہ (۳) نہایت قریب (۴) (مجازاً) معشوق کے ابرو۔

قابض (قا۔بِض) (ع۔صف) (۱) قبضہ کرنے والا (۲) دخیل جیسے مکان کا قابض (۳) وہ چیز جو قبض کرے۔ جمع: قابضین۔

قابضِ اَرواح (ع۔صف) روحوں کو قبض کرنے والا۔ ملکُ الموت۔ عزرائیل۔

قابضِ حِینِ حیات (ع۔ف۔ا۔مذ) عُمر بھر کے لئے قبضہ رکھنے والا۔

قابضِ شِکمی (ع۔ف۔صف) درمیانی قابض۔

قابل (قا۔بِل) (ع۔صف) (۱) لائق۔ اہل۔ سزاوار (۲) دانا۔ عقل مند۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ اِستعداد رکھنے والا (۳) عالم۔ فاضل۔

قابلِ ادا (ع۔ف۔صف) ادا کرنے کے لائق۔

قابلِ اِعتبار (اِعتماد) (ع۔صف) معتبر۔ بھروسے کے لائق۔

قابلِ اِعتراض (ع۔صف) اِعتراض کے لائق۔ بے جا۔ قبیح۔ بُرا۔

قابلِ اِلتفات (ع۔صف) توجُّہ کے لائق۔

قابلِ اِنقسام (ع۔صف) وہ چیز جو تقسیم ہو سکے۔

قابلِ بازپُرس (ع۔ف۔صف) وہ چیز جو مواخذہ یا جواب دہی کے لائق ہو۔

قابلِ تعریف (ع۔صف) سراہنے کے لائق۔ آفرین کے قابل۔ نہایت پسندیدہ۔

قابلِ دید (ع۔ف۔صف) دیکھنے کے قابل۔ دیکھنے کے لائق۔

قابلِ ذِکر (ع۔صف) ذکر کرنے کے قابل۔

قابلِ زیارت (ع۔ف۔صف) دیکھنے یا زیارت کرنے کے قابل۔

قابلِ سزا (ع۔ف۔صف) سزا کا مستوجب۔ سزا کے لائق۔

قابلِ سماعت (ع۔صف) (۱) سُننے کے لائق (۲) وہ مقدمہ جو اَز روئے قانون کسی عدالت کے حدودِ اختیار میں ہو۔

قابلِ غور (ع۔صف) سوچنے کے لائق۔ توجُّہ کرنے کے قابل۔

قابل کرنا (اَر۔مص مُرکّب) لائق بنانا۔ شائستہ کرنا۔ ہُنر مند بنانا۔

قابلِ مُواخذہ (ع۔صف) جواب دہی یا گرفت کے لائق۔ قابلِ بازپُرس۔

قابلِ نکاح (ع۔صف) نکاح کے لائق۔ جوان۔ بالغ۔ بالغہ۔

قابل ہونا (اَر۔مص مُرکّب) لائق ہونا۔ تجربہ کار ہونا۔ ہوشیار ہونا۔

قابلِ یقین (ع۔صف) جس پر یقین کیا جا سکے۔

قابِلَہ (قا۔بِ۔لَہ) (ع۔صف) (۱) قابل کی تانیث۔ لائق عورت (۲) (مؤنث) بچّہ جنانے والی عورت۔ دائی۔

قابلیّت (قا۔بِ۔لی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) لیاقت۔ اہلیت۔ اِستعداد (۲) مُناسبت۔ مادّہ۔

قابلیّت پیدا کرنا (اَر۔مص مُرکّب) لیاقت حاصل کرنا۔ اِستعداد حاصل کرنا۔

قابلیّت ہونا (اَر۔مص مُرکّب) لیاقت ہونا۔ مادّہ ہونا۔ اِستعداد ہونا۔

قابُو (قا۔بُو) (ع۔ا۔مذ) (۱) موقع۔ فرصت (۲) زور۔ بس۔ طاقت (۳) حُکم۔ اِختیار (۴) رسائی۔ پہنچ۔

قابُو پانا (اَر۔محاورہ) قدرت پانا۔ موقع پانا۔ اِختیار پانا۔ گرفت میں لینا۔

قابُو پر چڑھنا (اَر۔محاورہ) کسی کے بس میں ہو جانا۔

قابُو چڑھنا (قابُو چلنا) (اَر۔محاورہ) بس میں آنا۔ اِختیار میں آنا۔ ہتھے چڑھنا۔

قابُو سے باہر ہونا (اَر۔محاورہ) قُدرت سے باہر ہونا (۲) آپے سے باہر ہونا۔

قابُو سے (نکل) جانا (اَر۔محاورہ) اِختیار سے باہر ہونا (۲) مچلنا۔ آپے سے باہر ہونا (۳) داؤں سے نکلنا۔ گھات سے نکلنا۔

قابُو میں آنا (اَر۔محاورہ) بس میں آنا۔ قبضے میں آنا۔ مغلوب ہونا۔

قابُو میں رکھنا (اَر۔محاورہ) بس میں رکھنا۔ مغلوب رکھنا۔

قابُو میں کرنا (قابُو میں لانا) (اَر۔محاورہ) اپنے اِختیار میں کرنا۔ مغلوب کرنا۔

قابُو میں لگنا (اَر۔محاورہ) گھات میں لگنا۔

قابُو میں نہ رہنا (اَر۔محاورہ) اِختیار میں نہ رہنا۔ بس میں نہ رہنا۔

قابُو میں ہونا (اَر۔محاورہ) بس میں ہونا۔

قابُو ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) موقع ہونا (۲) بس ہونا۔ اِختیار ہونا۔ قبضہ ہونا۔

قابُوچی (قا۔بُو۔چی) (ت۔صف۔وا۔مذ) (۱) دربان (۲) کمینہ۔ سِفلہ (۳) خود غرض (۴) مُفسِد (۵) ظالم۔ جابر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قابیل (قا۔بِیل) (ع۔ا۔مذ) حضرت آدمؑ کا بیٹا جس نے اپنے بڑے بھائی ہابیل کو مار ڈالا تھا۔ دُنیا کا سب سے پہلا قاتل۔

قاتِل (قا۔تِل) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) قتل کرنے والا۔ خونی (۲) مہلک۔ جان لیوا۔ جمع: قَتّال۔ اُردو جمع: قاتل۔ قاتلوں۔

قادِر (قا۔دِر) (ع۔صف) (۱) قُدرت والا۔ طاقت رکھنے والا۔ غالب۔ مختار (۲) خُدا تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔

قادِرُ الکلام (قا۔دِ۔رُل۔کَ۔لام) (ع۔صف) کلام پر قابو اور قُدرت رکھنے والا۔

قادر انداز (ف۔صف) ٹھیک نشانہ لگانے والا۔ وہ شخص جس کا نشانہ کبھی خطا نہ کرے۔

قادرِ علی الاطلاق (قا۔دِ۔رِ۔عَ۔لَل۔اِط۔لاق) (ع۔صف) پُوری پُوری قُدرت رکھنے والا۔ خُدا تعالیٰ۔

قادرِ مطلق (ع۔ف۔صف) دیکھئے قادر علی الاطلاق۔

قادِری (قا۔دِ۔ری) (ع۔صف) (۱) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب (۲) (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کا سینہ بند۔

قادِریہ (قا۔دِ۔ری۔یہ) (ع۔ا۔مذ) صوفیہ کا ایک سلسلہ جو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے منسوب ہے۔

قادیانی (اَر۔صف) (۱) مشرقی پنجاب (بھارت) کے قصبے قادیان سے متعلق (۲) مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والا۔ مرزائی۔ احمدی۔ منکرِ ختمِ نبوّت۔

قارُورَہ (قا۔رُو۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) شیشی خصوصاً وہ شیشی جس میں پیشاب بھر کر حکیم کو دکھاتے ہیں (۲) (مجازاً) پیشاب۔ جمع: قواریر۔ اَر۔جمع: قاروروں۔ قارورے۔

قارورہ دیکھنے والا (اَر۔ا۔مذ) حکیم۔ طبیب۔ معالج۔

قارورہ ملنا (اَر۔محاورہ) موافقت ہونا۔ اِتحاد ہونا۔ دوستی ہونا۔

قارُون (قا۔رُون) (ع۔ا۔مذ) حضرت موسیٰ علیہ السّلام کی قوم کا بڑا مالدار مگر کنجوس شخص جو حضرت موسیٰؑ کی بددُعا سے اپنے مال سمیت زمین میں دھنس گیا تھا (۲) (مجازاً) ہر مالدار بخیل۔

قارون کا خزانہ (اَر۔ا۔مذ) بہت بڑا خزانہ۔ بے انتہا دولت۔

قاری (قا۔ری) (ع۔صف) (۱) پڑھنے والا۔ جمع: قارئین (۲) علم قرأت کے مطابق قرآن مجید پڑھنے والا۔ جمع: قُرّاء۔

قاز (ت۔ا۔مث) ایک آبی پرندہ۔ راج ہنس۔ اُردو جمع: قازوں۔ قازیں۔

قازِق (ت۔ا۔مذ) دیکھئے قزاق۔

قاسِم (قا۔سِم) (ع۔صف) تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔

قاش (ت۔ا۔مث) پھانک۔ ٹکڑا۔ پھل وغیرہ کی پھانک۔ جمع: قاشوں۔ قاشیں۔

قاشِ زین (ف۔ا۔مث) زین کا اُبھار۔ زین کے آگے اور پیچھے کے تکیے جو پھانک کی صورت کے ہوتے ہیں۔

قاش قاش کرنا (اَر۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھانک پھانک کرنا۔

قاشیں (یائے مجہول) (اَر۔ا۔مث) قاش کی جمع۔

قاشیں تراشنا (اَر۔محاورہ) پھانکیں کاٹنا۔

قاصِد (قا۔صِد) (ع۔ا۔مذ) نامہ بَر۔ چِٹھی رساں۔ پیام بَر۔ ایلچی۔ جمع: قواصِد۔ اُردو جمع: قاصد۔ قاصدوں۔

قاصِر (قا۔صِر) (ع۔صف) کوتاہی کرنے والا (۲) مجبور۔ ناچار۔ جمع: قاصرین۔

قاصر ہمّت (ع۔صف) کم ہمّت۔ بے حوصلہ۔

قاصر ہونا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) عاجز ہونا۔ معذور ہونا۔ مجبور ہونا (۲) فرض ادا کرنے میں کوتاہی کرنا۔

قاضی (قا۔ضی) (ع۔ا۔مذ) (۱) مُسلمان منصف یا جج جو شرع کی رُو سے فیصلہ کرے (۲) نکاح پڑھانے والا مولوی (۳) حاجت پُوری کرنے والا۔ جمع: قُضات۔ اُردو جمع: قاضی۔ قاضیوں۔

قاضیُ الحاجات (قا۔ضی۔یُل۔حا۔جات) (ع۔صف) (۱) حاجت پُوری کرنے والا (۲) خُدا تعالیٰ (۳) (مجازاً) روپیہ پیسا۔ مال و دولت۔

قاضیُ القُضات (قا۔ضی۔یُل۔قُ۔ضات) (ع۔ا۔مذ) سب سے بڑا قاضی۔ چیف جسٹس۔

قاضی بہ دوگواہ راضی (ف۔مثل) شریعتِ اِسلامی میں دو گواہوں سے مقدمہ کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔

قاضی بہ رشوت راضی (ف۔مثل) رشوت دینے سے بھی راضی ہو جاتے ہیں۔

قاضی جی اپنا آگا تو ڈھانکو۔ پیچھے کسی کو نصیحت کرنا (اَر۔مثل) ناصح پہلے اپنے اَخلاق و اطوار دُرست کرے۔ پھر دُوسرے کو نصیحت کرے۔

قاضی جی بھتیرا ہرائیں میں ہارتا ہی نہیں (اَر۔مثل) سخت بے حیائی، ڈھٹ پن اور ضِد کے اِظہار میں طنزاً بولتے ہیں۔

قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار (اَر۔مثل) حاکم کا مُلازم ہمیشہ عُجلت میں ہوتا ہے۔

قاضی جی کے مرنے سے کیا شہر سُونا ہو جائے گا (اَر۔مثل) کسی کے نہ ہونے سے کوئی کام نہیں رُکتا۔

قاضی جی کیوں دُبلے؟ شہر کے اندیشے سے (اَر۔مثل) خواہ مخواہ غیروں کے غم میں گھلنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا۔ قاضی جی مرے کوئی نہ آیا (اَر۔مثل) بڑے آدمی کی خوشامد اُس کی زندگی میں سب کرتے ہیں۔ مرے پر کوئی نہیں پُوچھتا۔

قاضی جی کے گھر کے چُوہے بھی سیانے (اَر۔مثل) حاکم یا بڑے آدمی کے گھر کے معمولی لوگ بھی ہوشیار ہوتے ہیں۔

قاضیِ چرخ (فلک) (ع۔ف۔ا۔مذ) مشتری سیارہ۔

قاضی مُحدوہ (ع۔ا۔مذ) (۱) ایک کثیرُالاولاد قاضی (۲) (کنایتہً) ہر کثیرُالاولاد شخص۔

قاضی کا پیادہ (اَر۔ا۔مذ) عدالت کا چپڑاسی (کنایتہً) وہ شخص جس سے لوگ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ڈریں اور جو وقت بے وقت سامنے آجائے۔
قاضی گِلہ نہ کرے گا (اُر۔ محاورہ) کوئی معترض نہ ہوگا۔ کوئی دُشواری نہ ہوگی۔
قاضی نیاؤ نہ کرے گا گھر تو آنے دے گا (اُر۔ مثل) اگر نفع نہیں تو کوئی نقصان بھی نہیں۔
قاطِبۃً (قَاطِبَۃً) (قا۔طِ۔بَ۔ تَن) (ع۔متعلق فعل) تمام۔ بالکل۔ سرتاسر۔
قاطِر (قا۔طِر) (ت۔ا۔مذ) خچر۔
قاطِرچی (ت۔ا۔مذ) خچر والا۔
قاطِع (قا۔طِع) (ع۔صف) قطع کرنے والا۔ کاٹنے والا۔ جمع: قُطّاع۔
قاطعُ الطّریق (ق۔طِ۔عُط۔طَ۔رِیق) بٹ مار۔ راہ زن۔
قاعِدَہ (قا۔عِ۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) اصل۔ بنیاد (۲) دستور۔ رسم۔ قانون۔ ضابطہ (۳) (اُر۔ا۔مذ) عادت۔ خصلت (۴) حروفِ تہجی کا پہلا رسالہ یا کتابچہ (۵) قرینہ (۶) دستورُ العمل (۷) گُر (۸) صَرف و نحو یا حساب کا کوئی قاعدہ۔ جمع: قواعد۔ اُردو جمع: قاعدوں۔ قاعدے۔
قاعدہ باندھنا (اُر۔ محاورہ) دستور ٹھہرانا۔ قانون مقرّر کرنا (۲) عادت ڈالنا۔
قاعدہ جاری کرنا (اُر۔ محاورہ) دستور مقرّر کرنا۔
قاعدہ دان (ع۔ف۔صف) قاعدہ جاننے والا۔ رسم و رواج سے واقف۔
قاعدۂ کُلّیہ (ع۔ف۔ا۔مذ) عام قاعدہ یا اصول جو سب پر لاگو ہو۔
قاعدہ نکالنا (اُر۔ محاورہ) طریقہ ایجاد کرنا۔
قاعِدے (اُر۔ا۔مذ) (۱) قاعدہ کی جمع (۲) قاعدہ کی مُغیّرہ صورت۔
قاعدے سے (اُر۔متعلق فعل) (۱) سلیقے سے (۲) دستور کے مطابق (۳) اَدب سے۔
قاعدے سے لگانا (اُر۔ محاورہ) ترتیب سے رکھنا۔
قاعدے کا پابند (اُر۔صف) دستور کا پابند۔ اُصول کا پابند۔
قاعدے کی بات (اُر۔ا۔مث) عام دستور۔ عام بات۔
قاف (ع۔ا۔مذ) (۱) عربی کا اکیسواں حرف (ق) (۲) ایک پہاڑ جو ایشیائے کوچک کے شمال میں ہے۔ پُرانے زمانے میں لوگوں کا خیال تھا کہ یہ ساری دُنیا کو محیط ہے اور اِس میں پریاں آباد ہیں۔ کوہِ قاف۔
قاف تا قاف (اُر۔متعلق فعل) ساری دُنیا۔ دُنیا کے ایک سرے سے دُوسرے سرے تک۔
قاف کی پریاں (اُر۔ا۔مث) (کنایۃً) حسین عورتیں۔
قافِلَہ (قا۔فِ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) کارواں۔ مسافروں یا تاجروں کا گروہ جو کہیں جا رہا ہو۔ اُردو جمع: قافلوں۔ قافلے۔
قافلہ سالار (ع۔ف۔ا۔مذ) سردارِ قافلہ۔ میرِ قافلہ۔ سالارِ کارواں۔
قافِیَہ (قا۔فِ۔یَہ) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) پیچھے چلنے والا۔ پے در پے آنے والا (۲) عِلمِ عروض میں ردیف سے پہلے کا لفظ۔ جمع: قوافی۔ اُردو جمع: قافیوں۔ قافیے۔

قافیہ باندھنا (اُر۔ محاورہ) کسی قافیے کو شعر میں نظم کرنا۔
قافیہ بندھنا (اُر۔ محاورہ) کسی لفظ کا دُوسرا قافیہ شعر میں نظم ہونا۔
قافیہ بندی (اُر۔ا۔مث) اشعار موزوں کرنا۔ تک بندی۔
قافیہ پیما (ع۔ف۔صف) قافئے ڈھونڈ ڈھونڈ کر شعر کہنے والا۔
قافیہ پیمائی (ع۔ف۔ا۔مث) اشعار کی تعداد بڑھانے کے لئے قافئے ڈھونڈ ڈھونڈ کر نظم کرنا۔
قافیہ تنگ کرنا (اُر۔ محاورہ) عاجز کرنا۔ پریشان کرنا۔ زِچ کرنا۔
قافیہ تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) قافیہ نہ ملنا۔ قافیہ دستیاب نہ ہونا (۲) دِق ہونا۔ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔ گھبرانا۔
قافیہ سنج (ع۔ف۔صف) موزوں طبع شاعر۔
قافیہ شائگان (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ قافیہ جس میں ایطائے جلی ہو۔ دیکھئے ایطا۔
قافیہ کہنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے قافیہ باندھنا۔
قافیہ لڑنا (اُر۔ محاورہ) قافیوں کا یکساں ہونا۔
قافیہ ملانا (اُر۔ محاورہ) تُک سے تُک ملانا (۲) یارانہ گانٹھنا۔
قاق (ت۔ا۔مذ) (۱) سُوکھا ہوا گوشت (۲) (صف) نہایت دُبلا اور ناتواں (آدمی)۔
قاقا (ع۔ا۔مث) کوے کی آواز۔ کائیں کائیں۔
قاقُلَہ (قا۔قُ۔لَہ) (ع۔ا۔مث) بڑی الائچی۔
قاقُم (قا۔قُم) (ت۔ا۔مذ) ایک قسم کا نیولا جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں۔ اِس کی کھال بھی قاقم کہلاتی ہے۔
قال (ع۔ا۔مذ) گفتگو۔ مباحثہ۔ مقولہ۔ قول۔
قالَ اَقُولُ (ع۔ا۔مذ) (۱) اُس نے کہا' میں کہتا ہوں (۲) بحث و تکرار۔
قالَ اللہُ وَ قالَ الرَّسول (قا۔لَل۔لا۔ہُ۔وَ۔قا۔لَر۔رَ۔سُول) (ع۔ا۔مذ) اللہ کا کہا ہوا اور رسول کا فرمایا ہوا۔ (کنایۃً) قرآن و حدیث۔
قال قال (ع۔متعلق فعل) مُدہ مُدہ۔ ہوتے ہوتے۔
قال مَقال (ع۔ا۔مذ) حیص بیص حجت۔ تکرار۔ قضیہ۔
قال وقیل (قا۔لو۔قیل) (ع۔ا۔مذ) قال مقال۔ تکرار۔ حجت۔ بحث۔
قالِب (قا۔لِب۔ قا۔لَب) (ع۔ا۔مذ) (۱) سانچا۔ ڈھانچا۔ کالبُد (۲) لوہے کی ٹوپی نما چیز جس پر ٹوپی چڑھا کر صاف کرتے یا بناتے ہیں۔ جمع: قوالب۔ اُردو جمع: قالب۔ قالبوں۔
قالب بدلنا (اُر۔ محاورہ) چولا بدلنا۔ دُوسرا جسم اختیار کرنا۔
قالب بے جان (ع۔ف۔ا۔مذ) مُردہ جسم۔
قالب پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) ٹوپی وغیرہ کا قالب پر رکھا جانا۔
قالب خالی کرنا (اُر۔ محاورہ) مرجانا۔
قالب خاکی (ع۔ف۔ا۔مذ) جسم۔ بدن۔ انسان۔
قالب میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) سانچے میں ڈھالنا۔
قالیچہ (قا۔لی۔چہ) (ف۔ا۔مذ) چھوٹا قالین۔ غالیچہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قالِین (قا۔لین)(ت۔ا۔مذ) بڑا غالیچہ۔ ایک قسم کا بچھونا۔ جمع: قالین۔ قالینوں۔

قامَت (قا۔مت)(ع۔ا۔مذ) قد۔ ڈیل۔ جسم۔ بدن۔

قامت پر راست آنا (اُر۔ محاورہ) جسم پر فِٹ آنا۔ موزوں ہونا۔

قامُوس (قا۔مُوس)(ع۔ا۔مذ)(۱) بحر۔ سمندر (۲) لغات۔ ڈکشنری۔ فرہنگ۔

قانِت (قا۔نت)(ع۔صف)(۱) صالح۔ عابد (۲) چُپ۔ خاموش۔ جمع: قانِتیں۔

قاں قاں (اُر۔ا۔مث) بطخ کی آواز۔

قانِع (قا۔نع)(ع۔صف) قناعت کرنے والا۔ جو مِل جائے اُس پر راضی رہنے والا۔

قانُون (قا۔نون)(ع۔ا۔مذ) (۱) جڑ۔ بُنیاد (۲) قاعدہ۔ دستور۔ ضابطہ۔ ظاہری اِنسانی اَفعال کا عام قاعدہ جسے کوئی اعلیٰ حاکم نافذ کرے اور جس کی پابندی لازم ہو (۳) طریق۔ طور۔ ڈھنگ (۴) ایک باجے کا نام (۵) شیخ بُو علی سینا کی طِب کی ایک کتاب۔ جمع: قوانین۔ اُردو جمع: قانون۔ قانونوں۔

قانونِ اَساسی (ع۔ا۔مذ) بنیادی قانون۔ دستور۔

قانون بگھارنا (اُر۔ محاورہ) بے ضرورت تکرار کرنا۔

قانون بنانا (اُر۔ محاورہ) مجلسِ قانون ساز کا کوئی قانون وضع کرنا۔ ضابطہ مقرر کرنا۔

قانون پاس ہونا (اُر۔ محاورہ) مجلسِ قانون ساز کا کوئی قانون منظور کرنا۔

قانون پر چلنا (اُر۔ محاورہ) ضابطے کی پابندی کرنا۔ آئین کے موافق کارروائی کرنا۔

قانونِ جنگی (ع۔ا۔مذ) فوجی آئین۔ وہ قانون جو فوج کے لئے ہو۔

قانون چھانٹنا (اُر۔ محاورہ) بیجا حجت کرنا۔ کٹ حجتی کرنا۔

قانون دان (ع۔ف۔صف) قانون جاننے والا۔ سرکاری قوانین سے واقف۔

قانون دانی (ع۔ف۔ا۔مث) قانون کی واقفیت۔ قوانین کا علم۔

قانونِ دیوانی (ع۔ف۔ا۔ مذ) وہ قانون جو رقم اور جائیداد کے متعلق ہو۔

قانون رائج ہونا (اُر۔مص مُرکب) قانون پر عمل درآمد ہونا۔

قانونِ فوجداری (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ قانون جس کے تحت جرائم کی سزائیں دی جاتی ہیں۔

قانون کا نفاذ (ع۔اُر۔ا۔مذ) کسی ملک میں قانون کا جاری ہونا۔

قانون گو (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) وہ محرر جس کے پاس تمام ضلع یا علاقے کی زمینوں کا حساب کتاب رہتا ہے۔ پٹواریوں کا افسر (۲) شیخوں کی ایک گوت (۳)(کنایۃً) جھگڑالو۔

قانون گوئی (ع۔ف۔ا۔مث) قانون گو کا عُہدہ۔

قانونِ مال (ع۔ا۔مذ) لگان اور مال گزاری کا ضابطہ۔

قانون مُختصُّ الاَمر (مُخ۔تص۔صُل۔اَمر)(ع۔ف۔ا۔مذ) وہ قانون جو کسی خاص اَمر کی بابت جاری ہو۔

قانون مُختصُّ المقام (مُخ۔تص۔صُل۔مَ۔قام)(ع۔ا۔مذ) وہ قانون جو کسی خاص حِصّۂ مُلک کے لئے جاری ہو۔

قانون نافِذ کرنا (ہونا) (اُر۔مص مُرکب) قانون جاری کرنا (ہونا)۔

قانُوناً (قا۔نُو۔نن)(ع۔ متعلق فعل) اَز روئے قانون۔ حسبِ ضابطہ۔

قانُونچہ (قا۔نُون۔چہ)(ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) عِلمِ طِب کی ایک کتاب کا نام (۲) ایک باجا۔

قانُونی (قا۔نُو۔نی)(ف۔صف)(۱) قانون سے متعلق (۲) قانون کی رُو سے (۲) قانون بنانے یا جاننے والا (۳) جھگڑالو۔ تکراری۔ حُجتی۔

قانُونیا (قا۔نُون۔یا)(اُر۔صف) حُجتی۔ جھگڑالو۔

قاہِر (قا۔ہر)(ع۔صف) قہر کرنے والا۔ غالب۔ زبردست۔ زور آور۔

قاہِرہ (قا۔ہِ۔رہ)(ع۔صف) قاہر کی تانیث۔

قاہ قاہ (ف۔ا۔مث) قہقہہ۔ ٹھٹھا مارنے کی آواز۔

قائِد (قا۔اِد)(ع۔ا۔مذ)(۱) فوج کا سردار (۲) اَندھے کی لاٹھی پکڑ کر چلنے والا (۳) لیڈر۔ راہ نما (۳) دُبِّ اَصغر کا آخری ستارہ۔ جمع: قائدین۔

قائدِ اعظم (ع۔ا۔مذ) سب سے بڑا راہ نُما۔

قائزہ (قا۔اِ۔زہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) لگام (۲) لنگوٹا۔

قائزہ کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھوڑے کے مُنہ پر دہانہ چڑھا کر لگام کے تسمے کو دُم سے باندھ دینا (۲) مجرّد رہنا۔ لنگوٹا باندھنا۔

قائل (قا۔اِل)(ع۔صف)(۱) کہنے والا۔ بولنے والا (۲) اپنا قصور ماننے والا۔ لاجواب ہونے والا۔

قائل کرنا (اُر۔ محاورہ) لاجواب کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ منوا لینا۔

قائل معقول کرنا (اُر۔ محاورہ) لاجواب کرنا۔ جھوٹ ثابت کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

قائل ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) مان لینا۔ غلطی تسلیم کر لینا (۲) اُستاد ماننا۔ ماہر فن ماننا۔

قائل ہونے کی جگہ ہے (اُر۔ محاورہ) تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ ماننا پڑتا ہے۔

قائِم (قا۔اِم)(ع۔صف)(۱) کھڑا ہونے والا۔ کھڑا ہوا (۲) سیدھا۔ مضبوط۔ دائمی۔ پائیدار (۳) موجود۔ مستعمل۔ مقررہ۔ برقرار (۴) شطرنج میں دونوں حریفوں کا برابر رہنا۔

قائم اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) شطرنج میں بازی برابر رہنا۔ دونوں حریفوں میں سے کسی کو مات نہ ہونا۔

قائمُ الزّاویہ (قا۔اِ۔مُز۔زا۔وِ۔یَہ)(ع۔ا۔مذ) وہ زاویہ جو نوّے درجے کا ہو۔ زاویہ قائمہ۔

قائمُ الزّمان (قا۔اِ۔مُز۔زَ۔مان)(ع۔ا۔مذ) شیعوں کے اِمام کا نائب۔

قائمُ اللّیل (قا۔اِ۔مُل۔لیل)(ع۔صف) رات بھر عبادت کرنے والا۔

قائمُ المِزاج (ع۔صف) مستقل مزاج۔ دُھن کا پکّا۔

قائمُ النّار (قا۔اِ۔مُن۔نار)(ع۔صف) آگ پر ٹھہرنے والا۔ پارا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قائم انداز (ع۔صف) (۱) شاطرِ کامل۔ وہ جو اپنی بازی کو ہر طرح برقرار رکھے (۲) ٹھیک نشانہ لگانے والا۔ قادر انداز۔

قائم بالذّات (بِذ۔ذات) (ع۔صف) وہ چیز جو بذاتِ خود قائم اور برقرار ہو۔ جوہر۔

قائم بالغیر (بل۔غیر) (ع۔صف) وہ چیز جو کسی دُوسرے کے سہارے قائم ہو۔ جوہر کی ضد۔ عرض۔

قائم رکھنا (ار۔محاورہ) برقرار رکھنا۔ موجود رکھنا۔ صحیح سلامت رکھنا۔

قائم رہنا (ار۔محاورہ) برقرار رہنا۔ مضبوط رہنا۔

قائم کرنا (ار۔محاورہ) بنیاد رکھنا (۲) مقرّر کرنا (۳) اُٹھانا۔ کھڑا کرنا۔ بنانا (۴) حد مقرّر کرنا (۵) مضبوط کرنا۔ مستقل کرنا۔ برقرار کرنا (۶) رکھنا۔ بٹھانا۔ دھرنا (۷) پیدا کرنا۔ موجود کرنا۔

قائم مزاج (ع۔صف) دیکھئے قائم المزاج۔

قائم مزاجی (ع۔ا۔مث) ثابت قدمی۔ اِستقلال۔ مضبوطی۔ متانت۔

قائم مقام (ع۔صف) (۱) کسی کی جگہ کام کرنے والا۔ عوضی (۲) مختارِ کار۔ وکیل۔ گماشتہ (۳) ولی عہد۔ خلیفہ۔ نائب۔

قائم مقام ہونا (ار۔محاورہ) دُوسرے کی جگہ کام کرنا۔ عوضی پر ہونا۔

قائم مقامی (ع۔ا۔مث) (۱) عوضی (۲) وکالت۔ سفارت۔

قائم ہونا (ار۔محاورہ) (۱) اُٹھنا۔ کھڑا ہونا (۲) مستقل ہونا۔ برقرار ہونا (۳) بُنیاد رکھی جانا۔ نیو پڑنا (۴) حد مقرّر ہونا (۵) دھات کا آگ پر ٹھہر جانا اور مقدار میں نہ گھٹنا۔

قائمہ (قا۔ئ۔مہ) (ع۔صف) قائم کی تانیث (۲) (ع۔ا۔مث) زاویۂ قائمہ۔

قائمی (قا۔ئ۔می) (ف۔ا۔مث) قیام۔ پائیداری۔ اِستقلال۔ ٹھہراؤ۔

قاؤں قاؤں (ار۔ا۔مث) کوّے کی آواز کائیں کائیں۔

قائیں قائیں (ار۔ا۔مث) دیکھئے کائیں کائیں۔

ق۔ب

قبا (قَ۔با) (ع۔ا۔مث) ایک قسم کا آگے سے کھلا ہوا کوٹ یا اچکن۔ اُردو جمع: قباؤں۔ قبائیں۔

قبا کرنا (ار۔محاورہ) چاک کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔

قبا ہونا (ار۔محاورہ) چاک ہونا۔ پُرزے پُرزے ہونا۔

قباچہ (قَ۔با۔چہ) (ف۔ا۔مذ) قبا کی تصغیر۔ چھوٹی قبا۔

قباحت (قَ۔با۔حت) (ع۔ا۔مث) (۱) بُرائی۔ خرابی۔ نقص۔ عیب۔ کھوٹ (۲) دُشواری۔ دِقّت۔ مُشکل۔ مُصیبت۔ اُردو جمع: قباحتوں۔ قباحتیں۔

قباحت نکلنا (ار۔محاورہ) نقص یا عیب ظاہر ہونا۔ مُشکل پڑنا۔ دِقّت پیش آنا۔

قباحت ہونا (ار۔مص مُرکب) خرابی ہونا۔ بُرائی ہونا۔ دُشواری ہونا۔

قبالہ (قَ۔با۔لہ) (ع۔ا۔مذ) تمسک۔ بیع نامہ۔ کاغذ جس سے کسی چیز پر ملکیّت ظاہر ہو۔ جائیداد، جاگیر یا مکان کا کاغذ یا سند۔ اُردو جمع: قبالوں۔ قبالے۔

قبالہ لکھوانا (ار۔محاورہ) قابض ہو جانا۔ گھر کا مالک ہو جانا۔

قبالہ لینا (ار۔محاورہ) کسی مکان، جائیداد یا جاگیر پر قابض ہونا (۲) کسی پر قابو پانا۔ ذلیل کرنا۔

قبالہ نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ شخص جس کا پیشہ تمسک اور بیع نامہ لکھنا ہو۔

قبالۂ نیلام (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ سندِ ملکیّت جو نیلام کرنے والے کی جانب سے ملے۔ خطِ فروخت۔

قبالے (ار۔ا۔مذ) (۱) قبالہ کی جمع (۲) قبالہ کی مغیرّہ صورت۔

قبالے لے ڈالنا (ار۔محاورہ) (۱) قبضہ کر لینا۔ قابض ہو جانا (۲) عاجز کر دینا۔ ہرا دینا۔

قبالے (لے لینا) لکھوا لینا (ار۔محاورہ) قابض ہو جانا۔ مالک بن جانا۔

قبالے میں لانا (ار۔محاورہ) بیع کرنا۔ قبضے میں دینا۔

قبائح (قَ۔با۔اِح) (ع۔ا۔مذ) قبیحہ کی جمع۔ بُرائیاں۔

قبائل (قَ۔با۔اِل) (ع۔ا۔مذ) قبیلہ کی جمع۔

قُبّت (قُبّہ) (قُب۔بت) (ع۔ا۔مذ) قُبّہ۔ گنبد۔ بُرج۔ کلس۔

قُبّۃ الاسلام (قُب۔بَ۔تُل۔اسلام) (ع۔ا۔مذ) اِسلام کا گنبد۔ بصرہ۔

قُبّۃ الصّخر (ع۔ا۔مذ) یروشلم کی ایک چٹان جو بہت مقدس سمجھی جاتی ہے۔

قُبح (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) نقص۔ عیب۔ بُرائی۔

قبر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) تُربت۔ گور۔ مدفن۔ وہ گڑھا جس میں مُردے کو دفن کرتے ہیں۔ جمع: قُبُور۔ اُردو جمع: قبروں۔ قبریں۔

قبر بنانا (ار۔محاورہ) مدفن تیار کرنا (۲) مار کر دبا دینا۔ مار رکھنا۔

قبر پر قبر نہیں بنتی (ار۔مثل) اُدھار پر اُدھار نہیں ملتا۔

قبر پر جانا (ار۔محاورہ) کسی کی قبر پر فاتحہ خوانی کے لئے جانا۔

قبر تک ساتھ جانا (ار۔محاورہ) عمر بھر رہنا۔ زندگی بھر رہنا۔

قبر جھانک آنا (ار۔محاورہ) مَر مَر کے بچنا۔ ہلاکت سے نجات پانا۔

قبر سلامی (ع۔ا۔مث) وہ رقم جو زمین کے مالک کو اُس کی ملکیّت میں قبر بنانے کے عوض دی جائے۔

قبر سے اُٹھ کر آنا (ار۔محاورہ) دوبارہ زندہ ہونا۔

قبر سے نکل کر آنا (ار۔محاورہ) اُس وقت کہتے ہیں جب سخت بیماری یا رنج سے کسی کی صورت ڈراؤنی ہو جاتی ہے۔

قبر کا تعویذ (ار۔ا۔مذ) سنگِ مزار۔ وہ پتھر جو قبر کی نشانی کے لئے صندوق کی وضع کا بنا کر قبر پر رکھ دیتے ہیں۔

قبر کا عذاب (ار۔ا۔مذ) وہ تکلیف جو قبر میں گُناہ گار کو ہوتی ہے۔

قبر کھود کر نکال لانا (ار۔محاورہ) کھوج لگا کر لے آنا۔

قبر کھود لانا (ار۔محاورہ) تلاش کر کے لے آنا۔

قبر کھودنا (ار۔محاورہ) (۱) قبر بنانا (۲) بہت مارنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قبر کے مُردے (اُکھاڑنا) اُکھیڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پُرانے جھگڑے نکالنا۔ دبی ہوئی باتوں کو اُبھارنا۔ گڑے مُردے اُکھاڑنا۔

قبر میں اُتارنا (اُر۔ محاورہ) مُردے کو قبر میں رکھنا۔

قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ مرنے کو تیار ہونا۔ بڑھاپے یا سخت بیماری کے موقع پر بولتے ہیں۔

قبر میں (پیٹھ) کمر نہ لگنا (اُر۔ محاورہ) مرنے کے بعد بھی چین نہ ملنا۔

قبر میں بھی تین دِن بھاری ہوتے ہیں (اُر۔ مثل) مُسلمانوں کا خیال ہے کہ قبر میں مُردے سے تین دِن حساب کتاب ہوتا ہے۔

قبر میں ساتھ لے جانا (اُر۔ محاورہ) قبر میں بھی یاد رکھنا (۲) پیسا خرچ نہ کرنے والے بخیل کے بارے میں بھی کہتے ہیں کہ یہ اپنی دولت اپنے ساتھ قبر میں لے جائے گا۔

قبر میں سے نکل کر آنا (اُر۔ محاورہ) بیماری یا صدمے سے نہایت کمزور و ناتواں ہو جانا۔ صورت ڈراؤنی ہو جانا۔

قبر میں کیڑے پڑیں (اُر۔ بد دُعا) قبر میں بھی آرام نصیب نہ ہو۔

قبرِستان (کسر۔ اِستان) (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) وہ جگہ جہاں بہت سی قبریں ہوں۔ اُردو جمع: قبرستان۔ قبرستانوں۔

قَبض (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) گرفتگی۔ بستگی (۲) دبوچنا (۳) سمٹاؤ۔ سکیڑ (۴) قابو۔ بس۔ دخل (۵) پاخانہ نہ آنا۔

قبضُ الوصول (قب۔ ضُل۔ وُ۔ صُول) (ع۔ اِ۔ مذ) وہ رجسٹر یا فارم جس پر رقم وصول کرنے والے کے دستخط لئے جاتے ہیں۔

قبض بالجبر (بل۔ جبر) (ع۔ اِ۔ مذ) زبردستی قبضہ۔ ناجائز طور سے ملکیت۔

قبض دخل (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) پُورا قبضہ۔

قبضِ رُوح (ع۔ اِ۔ مذ) جسم سے رُوح نکالنا۔ رُوح قبض کرنا۔

قبض کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رُوح نکالنا (۲) پاخانہ نہ آنے دینا۔

قبض و بَسط (ع۔ اِ۔ مذ) تصوّف کی اِصطلاح میں دِل کا خُدا کی یاد کی طرف کبھی متوجہ ہونا اور کبھی نہ ہونا۔

قبضہ (قب۔ ضہ) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) دخل۔ مُداخلت۔ تصرُّف (۲) موٹھ۔ دستہ (۳) قابو۔ اِختیار (۴) (اُر۔ اِ۔ مذ) کواڑ وغیرہ کے جوڑ کا لوہا (۵) بازو۔ ڈنٹر۔ ڈنڈ۔ اُردو جمع: قبضوں۔ قبضے۔

قبضہ اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) بے دخل ہونا۔

قبضہ بالنیابت (بن۔ نِ۔ یا۔ بت) (ع۔ اِ۔ مذ) قائم مقام ہونے کی حیثیت سے قبضہ۔

قبضہ پانا (اُر۔ محاورہ) دخل حاصل کرنا۔ قابو پانا۔ اِختیار پانا۔

قبضہ چُومنا (اُر۔ محاورہ) جوشِ جرأت میں تلوار کے دستے کو بوسہ دینا۔

قبضہ دار (ع۔ ف۔ صف) (۱) ملکیت رکھنے والا۔ قابض (۲) (قانون) موروثی کاشتکار۔

قبضہ دِلانا (اُر۔ محاورہ) دخل دِلانا۔ کوئی چیز کسی کے حوالے کرنا۔

قبضہ دینا (اُر۔ محاورہ) ملکیت سونپنا۔ دخل دینا۔

قبضہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) قابو میں رکھنا۔ دخل رکھنا۔

قبضہ علی الاتصال (عَ۔ لَل۔ اِت۔ تِ۔ صال) (ع۔ اِ۔ مذ) متواتر قبضہ۔ مسلسل قبضہ۔

قبضہ کرنا (اُر۔ محاورہ) قابو میں کرنا۔ مالک بن بیٹھنا۔

قبضہ لینا (اُر۔ محاورہ) کسی جائیداد کا دخل حاصل کرنا، خصوصاً حکومت کی مدد سے۔

قبضہ لاخراجی (ع۔ اِ۔ مذ) وہ قبضہ جس کا خراج اور لگان معاف ہو۔

قبضہ مُستاجرانہ (ع۔ اِ۔ مذ) ٹھیکیداروں کی طرح کا قبضہ۔

قبضے (اُر۔ اِ۔ مذ) (۱) قبضہ کی جمع (۲) قبضہ کی مغیّرہ صورت۔

قبضے پر ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) تلوار سونتنے کے لئے اُس کی موٹھ پر ہاتھ لے جانا (۲) دُوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا۔ تلوار نہ کھینچنے دینا۔

قبضے پر ہاتھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) لڑنے کو تیار ہونا۔

قبضے میں آنا (اُر۔ محاورہ) قابو میں آنا۔ بس میں آنا۔

قبضے میں کر لینا (اُر۔ محاورہ) قابو میں کر لینا۔ بس میں کر لینا۔

قِبط (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مذ) مصر کا پُرانا نام۔ (Copt)۔

قِبطی (قب۔ طی) (ع۔ اِ۔ مذ) قدیم مصریوں کی عیسائی اولاد (۲) (صف) قبط سے متعلق۔ (Coptic)۔ اُردو جمع: قبطی۔ قبطیوں۔

قِبطیّہ (قب۔ طی۔ یَہ) (ع۔ صف) مِصر کی عورت۔

قبقاب (قب۔ قاب) (ع۔ اِ۔ مث) کھڑاؤں (۲) وہ کوڑی جس سے کپڑوں کو چمکاتے ہیں۔

قَبل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ متعلق فعل) پہلے۔ آگے۔ پیشتر۔ اوّل۔ شروع میں۔

قبل ازاں (ع۔ ف۔ متعلق فعل) پہلے سے۔ اُس سے پیشتر۔

قبل از تولّد مبارک باد (ف۔ مثل) (۱) پیدائش سے پہلے خوشی کرنا (۲) کوئی کام بے موقع کرنا۔

قبل از مرگ واویلا (ف۔ مثل) موت سے پہلے رونا پیٹنا۔ تکلیف و مصیبت آنے سے پہلے ہی پریشان ہونا۔

قبل ازیں (ع۔ ف۔ متعلق فعل) اِس سے پہلے۔ پیشتر ہی۔

قبل از وقت (ع۔ ف۔ متعلق فعل) وقت سے پہلے ہی۔ پیشتر ہی۔ پہلے سے۔

قُبُل (قُبُل۔ قُ۔ بُل) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) اگلا حصّہ (۲) عورت کا اندامِ نہانی۔

قبلوانا (قَ۔ بَل۔ وانا) (اُر۔ مص) تسلیم کرانا۔ کسی بات کا اِقرار کرانا۔

قِبلہ (قب۔ لہ) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) سامنے یا مقابل کی چیز (۲) سمتِ کعبہ۔ وہ سمت جدھر مُسلمان مُنہ کر کے نماز پڑھتے ہیں (۳) کعبہ (۴) (کلمۂ تعظیم) حضرت۔ جناب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قبلۂ اَنام (ع-ا-مذ) سب کے لئے واجبُ التعظیم۔

قبلۂ حاجات (ع-ا-مذ) لوگوں کی ضرورتوں کو رفع کرنے والا۔ مُراد بَرلانے والا۔

قبلہ رُو (ع-ف-صف) (۱) قبلے کی طرف (۲) وہ شخص یا چیز جو قبلے کی طرف مُنہ کئے ہو۔

قبلۂ عالَم (ع-ا-مذ) ساری دُنیا کا قبلہ۔ بادشاہوں کا لقب۔

قبلۂ کونَین (ع-ا-مذ) دین و دُنیا کا قبلہ۔ والد۔

قبلہ گاہ (ع-ا-مذ) (۱) بجائے قبلہ (۲) والد ماجد۔ بُزرگ۔ اُستاد۔ پیر۔

قبلہ نُما (ع-ف-ا-مذ) قبلے کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔ قُطب نما۔

قبلہ وکعبہ (ع-ا-مذ) کلمۂ تعظیم و تکریم (بزرگوں کے لئے)۔

قبلہ وکعبہ سمجھنا (اُر-محاورہ) تعظیم کے لائق جاننا۔

قبلہ ہو تو مُنہ نہ کروں (اُر-مقولہ) کمال بیزاری و نفرت کے اظہار کے لئے کہتے ہیں۔

قُبُور (قُ-بُور) (ع-ا-مث) (۱) قبر کی جمع (۲) پستول کا چرمی خانہ جو گھوڑے کی کاٹھی میں بنا ہوتا ہے (اس معنی میں واحد ہے)۔

قُبول (قَ-بُول) (قُ-بُول) (ع-ا-مذ) تسلیم کرنا۔ ماننا۔ منظوری۔ رضامندی۔

قبولِ جواب (ع-ا-مذ) وہ جواب دعویٰ جس میں دعوے کو دُرست تسلیم کر لیا گیا ہو۔

قبولِ خاطر ہونا (اُر-محاورہ) خواہش کے مُطابق ہونا۔ دل کو پسند آنا۔

قبولِ خاطر و لُطفِ سخن خُداداد اَست (ف-مثل) کلام میں خوبی اور دل پسندی خُداداد ہوتی ہے۔

قبولِ خط (ع-ا-مذ) تحریری منظوری۔

قبول دینا (اُر-محاورہ) اقبال کرلینا۔ مان لینا۔

قبولِ صُورت (ع-صف) نہ خوبصورت نہ بدصورت۔ گوارا۔

قبولِ عام (ع-صف) عام پسندیدگی۔ ہر شخص کو پسند آنا۔

قبول کرنا (اُر-مص مُرکّب) (۱) منظور کرنا۔ ماننا (۲) پسند کرنا (۳) اِقرار کرنا۔ اِقبال کرنا۔

قبولنا (قَ-بُول-نا) (اُر-مص) منظور کرنا۔ اِقبال کرنا۔ اقرار کرنا (۲) پسند کرنا۔

قبُولی (قَ-بُو-لی) (ف-ا-مث) ایک قسم کا پکوان جو چنے کی دال اور چاول مِلا کر پکایا جاتا ہے۔ کھچڑی۔

قبُولیّت (قَ-بُو-لی-یَت) (اُر-ا-مث) قبول ہونا۔ پسندیدگی۔ مقبول ہونا (۲) منظوری۔ اِقرار نامہ (۳) کاشتکار کے اِقرار نامے پر مالکِ اَراضی کی منظوری کی سَنَد۔

قُبّہ (قُب-بَہ) (ع-ا-مذ) (۱) گُنبد۔ بُرج (۲) کلس۔ جمع: قِباب۔ اُردو جمع: قُبّوں۔ قُبّے۔

قَبیح (قَ-بیح) (ع-صف) (۱) قباحت والا۔ بُرا۔ نازیبا۔ معیوب۔ شرمناک۔ نامُناسب (۲) بدصورت۔

قَبیحہ (قَ-بی-حَہ) (ع-صف) قبیح کی تانیث۔

قَبیل (قَ-بیل) (ع-ا-مذ) (۱) قِسم۔ جنس۔ نوع (۲) آدمیوں کا گروہ۔ جمع: قُبُلا۔

قَبیلَہ (قَ-بی-لَہ) (ع-ا-مذ) (۱) ایک دادا کی اولاد (۲) گروہ۔ فرقہ۔ زُمرہ۔ جتھا۔ جمع: قبائل۔ اُردو جمع: قبیلوں۔ قبیلے (۳) (اُر-ا-مث) بیوی۔ جورو۔ اہلیہ۔ گھروالی۔

قبیلہ پَروَر (ف-ا-مذ) اپنے کُنبے کی پرورش کرنے والا۔

ق-ت

قِتال (قِ-تال) (ع-ا-مث) جنگ۔ لڑائی۔ کُشت وخون۔

قَتّال (قَت-تال) (ع-ا-مُبالغہ) بہت قتل کرنے والا۔

قَتّالَہ (قَت-تا-لَہ) (ع-ا-مُبالغہ) قتّال کی تانیث۔ بہت قتل کرنے والی عورت (۲) (کنایۃً) معشوق۔

قتّالۂ عالَم (ع-ف-صف) دُنیا کو قتل کرنے والی۔ بہت حسین عورت۔

قَتل (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع-ا-مذ) مار ڈالنا۔ خون کرنا۔ ہلاک کرنا۔

قَتلُ المُوذی قبلَ الایذا (قَت-لُل-مُو-ذی-قَب-لَل-اِی-ذا) (ع-مثل) موذی کو دُکھ دینے سے پہلے مار ڈالنا چاہیے۔

قتلِ انسان مُستلزمِ سزا (ف-مثل) اِنسان کا ایسا قتل جس کی سزا لازم ہو۔

قتل پر کمر باندھنا (اُر-محاورہ) کسی کے مار ڈالنے کا ارادہ کرنا۔

قتلِ عام (ع-ا-مذ) بلا اِمتیاز سب کو مار ڈالنا۔

قتلِ عمد (ع-ا-مذ) کسی آدمی کو دیدہ دانستہ ہلاک کرنا۔ جان بُوجھ کر مار ڈالنا۔

قتل کا بیڑا اُٹھانا (اُر-محاورہ) کسی کو ہلاک کرنے کا عہد کرنا۔ خون کرنے کی قسم کھانا۔

قتل کرنا (اُر-مص مُرکّب) ہلاک کرنا۔

قتل کی رات (اُر-ا-مث) ماہِ مُحرم کی دسویں رات جس کی صُبح کو معرکۂ کربلا واقع ہوا۔

قتل (گاہ) گہ (ع-ف-ا-مث) وہ جگہ جہاں قتل کیا جائے۔ مقتل۔

قتل و غارت (ع-ا-مث) جان سے مارنا اور لُوٹ لینا۔

قَتلا (قَتلَہ) (قَت-لا) (اُر-ا-مذ) ٹکڑا۔ پارہ۔ قاش۔ پھانک۔

قَتّی (قَت-تی) (ت-ا-مث) (۱) صندوقچہ۔ صندوقچی (۲) انگور کی پٹاری۔

قَتیل (قَ-تیل) (ع-صف) قتل کیا ہوا۔ مقتول۔ شہید۔ جمع: اَقتال۔

ق-ث

قِثّا (قِث-ثا) (ع-ا-مذ) کھیرا۔ ککڑی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قُشَم (قُ۔شَم)(ع۔صف)(۱) فیّاض۔ سخی (۲)(ع۔ا۔مذ) نفیس کپڑا (۳) لکڑ بگڑ۔ چرخ۔

ق۔ح

قَحبہ (قَح۔بہ)(ع۔ا۔مث) بدچلن عورت۔ فاحشہ۔ رنڈی۔

قحبہ چوں پیر شود پیشہ کند دلالی (ف۔مثل) بدکار عورت جب بوڑھی ہوجاتی ہے تو دلالہ کا کام کرنے لگتی ہے۔

قحبہ خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) بدکاری کا اڈا۔ چکلا۔ چھلا کوٹھی۔

قحط (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کال۔ خشک سالی۔ بارشیں نہ ہونا (۲) گرانی۔ مہنگائی۔ کم یابی۔ اُردو جمع: قحط۔ قحطوں۔

قحطُ الرِّجال (قَح۔طُر۔رِ۔جال)(ع۔ا۔مذ)(۱) لوگوں کا کم پایا جانا (۲) بھلے مانسوں یا قابل لوگوں کا نہ ملنا۔

قحط پڑنا (اُر۔محاورہ) کال پڑنا۔ بارش بالکل نہ ہونا (۲) کم یابی ہونا۔ مہنگائی ہونا۔

قحط زدہ (قحط کا مارا) (ع۔ف۔صف)(۱) جہاں قحط پھیلا ہو (۲) بھوکا (۳) کنگال۔

قحط سالی (ع۔ف۔ا۔مث) کال کا زمانہ۔ خشک سالی۔ سوکھا۔

ق۔د

قَد (بفتحہ اوّل وتشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مذ) جسم کی لمبائی۔ قامت۔ فارسی اور اُردو میں بغیر تشدید بھی مستعمل ہے۔ اُردو جمع: قد۔ قدوں۔

قدِ آدم (ع۔صف) آدمی کے قد کے برابر۔

قدِ آدم تعظیم کو اُٹھنا (اُر۔محاورہ) سیدھا کھڑا ہو کر تعظیم کرنا۔

قدِ آزاد (ع۔ا۔مذ) سیدھا قد۔

قد آور (قددار) (ع۔ف۔صف) لمبا۔ لمبے قد کا۔ طویلُ القامت۔ دراز قد۔

قد برابر بجلی (پڑے) ٹوٹے (اُر۔بددعا) جتنا بڑا قد ہے اتنی ہی بڑی بجلی گرے اور ہلاک کردے۔

قدِ رعنا (ع۔ا۔مذ) خوبصورت قد۔ موزوں قد۔

قد کاٹھ (اُر۔ا۔مذ) ڈیل ڈول۔ قد وقامت۔

قد نکالنا (اُر۔محاورہ) بچّے کا بڑا ہونا۔ گرانڈیل ہونا۔

قد وقامت (ع۔ا۔مذ) ڈیل ڈول۔ جسامت۔ قد کاٹھ۔

قدامت (قَ۔دا۔مَت)(ع۔ا۔مث)(۱) پُرانا ہونا۔ قدیم ہونا۔ کہنہ ہونا (۲) پُرانا پن ہونا۔ کہنگی (۳) زمانہ سلف۔ پچھلا زمانہ۔

قدامت پسند (ع۔ف۔صف) پُرانی باتوں کو پسند کرنے والا۔ قدیم رسم ورواج کی پیروی کرنے والا۔

قدح (بفتحہ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث)(۱) مدح کی ضد۔ ہجو۔ عیب گوئی۔ طعنہ زنی (۲) اعتراض (۳) تردید (۴) بُرا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ عموماً رد کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ (ردّ وقدح)۔

قَدَح (قَ۔دَح)(ع۔ا۔مذ) پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ جام۔ ساغر۔ جمع: اَقداح۔ اُردو جمع: قدحوں۔ قدحے۔

قدح آشام (پیما۔ خوار۔ نوش) (ع۔ف۔صف) شرابی۔ شراب خور۔ مے نوش۔

قدح کی خیر منانا (اُر۔محاورہ) اپنی خیر چاہنا۔ اپنی بہتری چاہنا۔ (اپنے کے ساتھ مستعمل ہے)۔

قَدَر (قَ۔دَر)(ع۔ا۔مذ)(۱) قضا۔ حکمِ اِلٰہی۔ تقدیر۔ عموماً قضا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (قضا وقدر)(۲) مقدار۔ اندازہ ظاہر کرنے کے لئے (اِس قدر یعنی اتنا)۔

قدر (بفتحہ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث)(۱) عزت۔ بزرگی۔ توقیر۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ (۲) کسی چیز کا اندازہ۔ مقدار (۳) برابر۔ یکساں۔ جمع: اَقدار۔ اُردو جمع: قدروں۔ قدریں۔

قدر اُٹھ جانا (اُر۔محاورہ) وقعت جاتی رہنا۔

قدر اُلّو کی اُلّو ہی جانتا ہے۔ ہما کو کب پغد پہچانتا ہے (اُر۔مثل) کسی چیز یا بات کی قدر اُس کا جاننے والا ہی کرتا ہے۔

قدر جاننا (اُر۔محاورہ) وقعت ہونا۔

قدر جوہر (گوہر) شاہ داند یا بداند جوہری (قدرِ زر زر دار داند یا بداند جوہری) (ف۔مثل) اہلِ کمال کی قدر اُس کمال کے جاننے والے ہی کرتے ہیں۔

قدر دان (شناس) (ع۔ف۔صف) قدر شناس۔ قدر جاننے والا۔ جوہر شناس (۲) مربی۔ سرپرست۔

قدر دانی (شناسی) (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) جوہر شناسی۔ ہنر شناسی (۲) سرپرستی۔ عزت۔

قدر دانی کرنا (اُر۔محاورہ) ہنر کے باعث عزت کرنا۔ ہنر کی داد دینا۔

قدر رہنا (اُر۔محاورہ) عزت قائم رہنا۔

قدرِ عافیت (ع۔ف۔ا۔مث) اطمینان سے زندگی بسر کرنے کی وقعت۔

قدرِ عافیت کسے داند کہ بہ مصیبتے گرفتار آید (ف۔مثل) آرام کی قدر وہی جانتا ہے جس کو کسی مصیبت سے واسطہ پڑے۔

قدرِ عافیت کھلنا (معلوم ہونا) (اُر۔محاورہ) حقیقت معلوم ہونا۔ پتا لگ جانا۔

قدر کرنا (اُر۔محاورہ) عزت کرنا۔ توقیر کرنا۔

قدر کھو دیتا ہے ہر روز کا آنا جانا (اُر۔مثل) ہر وقت آنے جانے سے عزت نہیں رہتی۔

قدرِ مردُم بعدِ مُردن (ف۔مثل) آدمی کی قدر اُس کے مرنے کے بعد ہوتی ہے۔

قدرِ نعمت بعدِ زوالِ نعمت (اُر۔مثل) اچھی چیز کی قدر اُس چیز سے محروم ہونے کے بعد ہوتی ہے۔

قدر وقیمت (ع۔ا۔مث) عزت۔ وقعت۔ منزلت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قدر و منزلت (ع-ا-مث) رُتبہ۔ منصب۔ عزّت۔ توقیر۔

قدر ہونا (اَر- محاورہ) عزّت ہونا۔ وقعت ہونا۔ توقیر ہونا۔

قُدرت (قُد-رَت) (ع-ا-مث) (۱) طاقت۔ زور۔ مجال۔ قوت (۲) حوصلہ (۳) خُدائے تعالیٰ کی طاقت۔ شانِ الٰہی (۴) فطرت۔

قدرت پانا (اَر- محاورہ) قابُو حاصل کرنا۔ حوصلہ پانا۔ طاقت پانا۔

قدرتِ خُدا (ع-ف-ا-مث) خُدا کی شان۔ حیرت اور تعجب کے موقع پر بولتے ہیں۔

قدرت رکھنا (اَر- محاورہ) قادر ہونا۔ اختیار رکھنا۔ قابلیت رکھنا۔

قدرت کا تماشا (اَر-ا-مذ) زمانے کی نیرنگی۔

قدرت کا کھلونا (اَر-ا-مذ) خوبصورت چیز۔

قدرتِ کاملہ (ع-ا-مث) پُوری پُوری طاقت۔ بے اِنتہا طاقت۔

قدرت کے کارخانے (کرشمے۔ کھیل) (اَر-ا-مذ) خُدائے تعالیٰ کی قدرت اور صنعت۔ کائنات کی نیرنگیاں۔ عجیب عجیب باتیں جو خُدا کی طرف سے ہوں۔

قُدرَتی (قُد-رَ-تی) (ع-صف) طبعی۔ فطری۔ اصلی۔ حقیقی۔ پیدائشی۔ خلقی۔

قُدرتی رنگ (ف-ا-مذ) اصلی رَنگ۔ ذاتی رَنگ۔

قُدرتی وسائل (ع-ا-مذ) فطرت کے عطا کردہ ذرائع اور آسائشیں جو کسی مُلک' خطّے یا علاقے میں موجود ہوں مثلاً معدنیات' مائعات' دریا' جھیلیں' پہاڑ وغیرہ۔

قَدَری (قَد-ری) (ع-صف) مُسلمانوں کے فرقہ قدریّہ سے منسُوب۔ قدریہ مسلک کے عقائد رکھنے والا۔

قُدری (قُد-ری) (اَر-ا-مث) (۱) کوشش (۲) اِصرار۔ دباؤ۔

قُدری کرنا (اَر- محاورہ) کوشش کرنا۔ اِصرار کرنا۔ دباؤ ڈالنا۔

قُدری ہو جائے (اَر-متعلق فعل) حاشا وکلا کی جگہ۔ ہرگز (قدری ہو جائے میں نہ آؤں گی۔ عورتیں کہتی ہیں)۔

قدرے (قد-رے) (ع-ف-صف) تھوڑا۔ قلیل۔

قَدَریّہ (قَد-ری-یَہ) (ع-ا-مذ) ایک فرقہ جو قضا و قدر کا منکر ہے اور انسان کو اپنے اَفعال کا مختار سمجھتا ہے۔ معتزلہ کا لقب۔

قُدس (بضمِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع-صف) (۱) متبرک۔ پاک۔ مقدس (۲) (ا-مذ) عرب کے ایک پہاڑ کا نام (۳) بیتُ المقدس۔ یروشلم (۴) جبرئیل علیہ السلام جنھیں روحُ القدس کہتے ہیں (۵) پاکیزگی۔ تقویٰ۔ طہارت۔

قُدِّسَ سِرُّہٗ (قُد-دِ-سَ-سِر-رُ-ہُو) (ع-کلمۂ دُعا) پاک ہوا بھید اُس کا۔ مرحوم بزرگوں کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کی جگہ مستعمل ہے۔

قُدسی (قُد-سی) (ع-صف) پاک۔ پاکیزہ۔ متبرک (۲) (ع-ا-مذ) فرشتہ۔ نیک آدمی۔ جمع: قُدسیاں۔

قُدسی صِفات (ع-صف) نیک و صالح صفتوں والا۔

قُدسیّہ (قُد-سی-یَہ) (ع-صف) قُدسی کی تانیث۔

قَدغَن (قَد-غَن) (ت-ا-مذ ومث) (۱) اِہتمام (۲) تاکید۔ روک ٹوک۔ ممانعت۔ مناہی (۳) خبرداری۔

قِدَم (قِ-دَم) (ع-ا-مذ) کُہنگی۔ پُرانا ہونا (۲) ہمیشگی۔

قَدَم (قَ-دَم) (ع-ا-مذ) (۱) پاؤں۔ پیر (۲) گام۔ ڈگ۔ وہ فاصلہ جو چلنے کی حالت میں ایک قدم سے دُوسرے قدم تک ہو (۳) روش۔ رفتار۔ چال (۴) پیر کا نشان (۵) تشریف آوری (۶) (مجازاً) واسطہ۔ دخل (۷) ذات۔ دَم۔ موجودگی (۸) گھوڑے کی ایک سُبک چال۔ جمع: اَقدام۔ اُردو جمع: قدم۔ قدموں۔

قدم آگے بڑھانا (اَر- محاورہ) آگے چلنا۔ پیش قدمی کرنا۔

قدم آگے بڑھنا (اَر- محاورہ) آگے چلنا۔ ہمت بڑھنا۔

قدم آگے نہ بڑھنا (اَر- محاورہ) آگے جانے کی ہمت نہ ہونا۔

قدم آنا (اَر- محاورہ) تشریف لانا۔

قدم اُٹھا کر چلنا (اَر- محاورہ) جلدی جلدی چلنا۔

قدم اُٹھانا (اُٹھائے چلنا) (اَر- محاورہ) جلدی جلدی چلنا۔ تیزی سے چلنا۔

قدم اُٹھنا (اَر- محاورہ) پاؤں اُٹھنا۔ سرکنا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔

قدم اُکھڑنا (اَر- محاورہ) پاؤں نہ جمنا۔ کھڑا نہ رہ سکنا۔ مقابلہ نہ کر سکنا۔

قدم باز (ع-ف-صف) تیز رفتار (گھوڑے کی تعریف)۔

قدم با قدم (ع-ف-متعلق فعل) دیکھئے قدم بقدم۔

قدم باہر نکالنا (اَر- محاورہ) حد سے باہر ہونا۔

قدم برداشتہ (ف-متعلق فعل) تیز رفتاری سے۔

قدم بر قدم (ع-ف-صف) پیروی کرنے والا۔

قدم بڑھانا (اَر- محاورہ) آگے چلنا (۲) تیز چلنا (۳) اپنی حد سے بڑھنا (۴) مداخلت کرنا۔ دخل دینا۔

قدم بڑھ کے لینا (اَر- محاورہ) اِستقبال کرنا۔

قدم بقدم (بہ قدم) (اَر-متعلق فعل) ساتھ ساتھ۔

قدم بقدم چلنا (اَر- محاورہ) پیروی کرنا۔ ساتھ ساتھ چلنا۔

قدم بوس (ع-ف-صف) پاؤں چُومنے والا۔

قدم بوس ہونا (اَر- محاورہ) تعظیماً پاؤں چُومنا۔ کسی بزرگ کی خدمت میں حاضر ہونا۔

قدم بوسی (ع-ف-ا-مث) پاؤں چُومنا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔

قدم بھاری ہونا (اَر- محاورہ) منحوس قدم ہونا۔ کسی شخص کا نامبارک ہونا۔

قدم بھر (اَر- متعلق فعل) ایک قدم کے فاصلے پر۔

قدم بیچ سے نکل جانا (اَر- محاورہ) دخل نہ رہنا۔ واسطہ نہ رہنا۔

قدم بیچ میں ہونا (اَر- محاورہ) واسطہ ہونا۔ دخل ہونا۔

قدم پر چلنا (اَر- محاورہ) پیروی کرنا۔

قدم پر قدم رکھنا (اَر- محاورہ) کسی کی پیروی کرنا۔

قدم (قدموں) پر ہاتھ دھرنا (اَر- محاورہ) عاجزی کرنا (۲) بطور قسم کے قدموں کو ہاتھ لگانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قدم پڑنا (اَ۔ محاورہ) کسی چیز پر پاؤں پڑنا۔

قدم (قدموں) پر سر رکھ دینا (اَ۔ محاورہ) مطیع ہونا۔ اطاعت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ عزّت کرنا۔

قدم پکڑنا (اَ۔ محاورہ) (۱) تعظیماً بُزرگوں کے پاؤں چھُونا (۲) کسی جگہ کا اپنی دل کشی کے باعث چلنے والے کو آگے نہ جانے دینا۔

قدم (قدموں) پر گرنا (اَ۔ محاورہ) بے حد تعظیم کرنا۔ خوشامد کرنا۔

قدم پھر جانا (اَ۔ محاورہ) پیچھے ہٹنا۔ پسپا ہونا۔

قدم پھُونک پھُونک کے رکھنا (اَ۔ محاورہ) بہت احتیاط برتنا۔

قدم ٹوٹ جانا (ٹوٹنا) (اَ۔ محاورہ) چلتے چلتے تھک جانا (۲) سپاہیوں کے قدم آپس میں نہ ملنا۔

قدم جمانا (اَ۔ محاورہ) جم کر کھڑا ہونا۔ ٹھکانا بنا لینا۔

قدم چُومنا (اَ۔ محاورہ) پابوسی کرنا (۲) کامل ماننا۔ (طنزاً) شرارتی تسلیم کرنا۔

قدم چہ (قدمچہ) (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) کھڈی کا پایہ جس پر پاؤں رکھ کر پاخانے کے لئے بیٹھتے ہیں۔

قدم چھوڑنا (اَ۔ محاورہ) کسی بُزرگ سے جُدا ہونا۔

قدم درمیان سے اُٹھ جانا (اَ۔ محاورہ) تعلّق نہ رہنا۔

قدم درمیان ہونا (اَ۔ محاورہ) واسطہ ہونا۔ دخل ہونا۔ بیچ میں ہونا۔ آڑے آنا۔

قدمِ درویشاں ردِّ بلا (ف۔ مثل) بابرکت آدمی کے آنے سے بلا دُور ہو جاتی ہے۔

قدم دکھانا (اَ۔ محاورہ) چال دکھانا (۲) چلتے پھرتے نظر آنا۔

قدم دھو دھو کر پینا (اَ۔ محاورہ) بہت عزّت کرنا۔

قدم ڈگمگانا (اَ۔ محاورہ) لڑکھڑانا۔ لغزش ہونا۔

قدمِ رسول ﷺ (قدم شریف) (ع۔ اِ۔ مذ) وہ مکان یا جگہ جہاں رسُولِ مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم کے قدم مُبارک کا نشان رکھا ہو۔

قدم رکھنا (اَ۔ محاورہ) (۱) پاؤں دھرنا۔ چلنا (۲) دخل دینا۔ مداخلت کرنا (۳) کوئی کام کرنے کا دعویٰ کرنا (۴) کوئی کام اختیار کرنا (۵) آنا۔ تشریف لانا۔

قدم رنجہ (فرمانا) کرنا (اَ۔ محاورہ) تشریف لانا۔

قدم زمین پر نہ رکھنا (اَ۔ محاورہ) بہت مغرور ہونا۔ بہت اِترانا۔

قدم زمین سے نہ لگنا (اَ۔ محاورہ) بہت تیز چلنا۔

قدم سر پر رکھنا (اَ۔ محاورہ) بہت تعظیم و تکریم کرنا۔

قدم سرکانا (اَ۔ محاورہ) پاؤں ہٹانا۔

قدم سُست پڑنا (اَ۔ محاورہ) رفتار کم ہونا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔

قدم قدم (ع۔ متعلق فعل) ایک ایک قدم کے فاصلے سے۔

قدم قدم پر (ع۔ متعلق فعل) چپّے چپّے پر۔ جگہ جگہ۔

قدم قدم (جانا) چلنا (اَ۔ محاورہ) آہستہ جانا۔ سج سج چلنا۔

قدم کھوٹا ہونا (اَ۔ محاورہ) منحوس ہونا۔

قدم کہیں کا کہیں پڑنا (اَ۔ محاورہ) کمزوری یا نشے سے لڑکھڑانا۔

قدم کے ساتھ (اَ۔ متعلق فعل) ہمراہی میں۔ رفاقت میں۔

قدم گاڑنا (اَ۔ محاورہ) ثابت قدم رہنا۔

قدم گن گن کے رکھنا (اَ۔ محاورہ) آہستہ آہستہ احتیاط سے قدم اُٹھانا۔

قدم لگنا (اَ۔ محاورہ) (۱) پاؤں چُومنا (۲) گھوڑے کو قدم چال چلنا آ جانا (۳) کسی کی پناہ یا حفاظت میں جگہ ملنا۔

قدم لینا (اَ۔ محاورہ) (۱) اَدب سے پیروں کو ہاتھ لگانا۔ پاؤں کو بوسہ دینا (۲) اُستاد ماننا۔ دُوسرے کے کمال کا اعتراف کرنا (۳) خوشامد کرنا۔ احسان ماننا (۴) استقبال کرنا۔ خیر مقدم کرنا۔

قدم مارنا (اَ۔ محاورہ) (۱) کوشش کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا (۲) کسی کام میں پڑنا (۳) جلد جانا۔ تیز جانا۔

قدم مِلانا (اَ۔ محاورہ) پاؤں سے پاؤں ملانا۔ دو یا زیادہ اشخاص کا چلتے وقت دایاں اور بایاں پاؤں اکٹھے اُٹھانا۔

قدم نکالنا (اَ۔ محاورہ) باہر آ نا جانا (۲) گھوڑے کو چال سکھانا۔

قدم نہ اُٹھنا (اَ۔ محاورہ) دہشت یا خوف کے مارے آگے نہ چل سکنا۔

قدم نہ پڑنا (اَ۔ محاورہ) جانے کی ہمّت نہ ہونا۔

قدم نہ چھوڑنا (اَ۔ محاورہ) ساتھ نہ چھوڑنا۔ رفاقت میں رہنا۔

قدم نہ رکھ سکنا (اَ۔ محاورہ) جا نہ سکنا۔

قدم نہ رکھنے دینا (اَ۔ محاورہ) آنے نہ دینا (گھر وغیرہ میں)۔

قُدَما (قُ۔ دَ۔ ما) (ع۔ صف) قدیم کی جمع۔

قدموں (اَ۔ اِ۔ مذ) قدم کی جمع۔

قدموں پر صدقے کرنا (وارنا) (اَ۔ محاورہ) کمال اطاعت اور فرماں برداری ظاہر کرنا۔

قدموں تک رسائی ہونا (اَ۔ محاورہ) خدمت میں باریابی ہونا۔

قدموں تلے آنکھیں بچھانا (اَ۔ محاورہ) بہت تعظیم و عزّت اور آؤ بھگت کرنا۔

قدموں سے لگا رہنا (اَ۔ محاورہ) مطیع ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔

قدموں پر گرنا (اَ۔ محاورہ) پیروں پر سر رکھنا۔ پاؤں چُومنا۔ عاجزی کرنا۔

قدموں سے لگنا (اَ۔ محاورہ) (۱) پاؤں چُومنا (۲) نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔

قدموں سے لگے پڑے ہیں (اَ۔ محاورہ) (۱) تابع اور مطیع ہیں۔ فرماں بردار ہیں۔ زیرِ سایہ ہیں۔ رعیّت ہیں۔ ماتحت ہیں۔

قدموں سے لگے رہنا (اَ۔ محاورہ) ہر وقت ساتھ رہنا۔ کبھی جُدا نہ ہونا۔

قدموں کو چھوڑنا (اَ۔ محاورہ) ساتھ چھوڑنا۔ کسی سے علیحدہ ہونا۔

قدموں کی بدولت (اَ۔ متعلق فعل) حضور کے طفیل۔ سرکار کی وجہ سے۔

قدموں (کے) تلے سے زمین نکل جانا (اَ۔ محاورہ) سخت گھبراہٹ اور پریشانی ہونا۔

قدموں لگی بلا (اَ۔ اِ۔ مث) وہ مُصیبت جو سدا قدم کے ساتھ رہے۔

قدموں میں (اَ۔ متعلق فعل) زیرِ سایہ۔ نزدیک۔

قدموں میں بچھا جانا (اَ۔ محاورہ) بہت تعظیم کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قُدُّوس (قُد۔دُوس)(ع۔صف) بڑا پاک۔ خُدائے تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔
قُدُوم (قُ۔دُوم)(ع۔ا۔مذ) کسی جگہ سے آنا۔ تشریف لانا۔ سفر سے واپس آنا۔
قدومِ میمنت لزوم (ع۔ا۔مذ) ایسا آنا جس سے برکت ہو۔ بابرکت تشریف آوری۔
قُدوَہ (قُد۔وَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) پیشوا۔ رہنما۔ سردار (۲) مثال۔ نمونہ۔
قُدوَۃُ السّالکین (قُد۔وَ۔تُس۔سا۔لِ۔کین)(ع۔ا۔مذ) زاہدوں کیلئے نمونہ۔
قُدوَۃُ الشُّعرا (قُد۔وَ۔تُش۔شُ۔عَ۔را)(ع۔ا۔مذ) شاعروں کے لئے نمونہ۔
قَدِیر (قَ۔دِیر)(ع۔صف)(۱) قادر۔ صاحبِ قدرت۔ طاقت ور (۲) مضبوط۔ پختہ (۳) خُدائے تعالیٰ کا صِفاتی نام۔
قَدِیم (قَ۔دِیم)(ع۔صف)(۱) ازلی۔ جس کی ابتدا نہ ہو۔ ہمیشہ کا (۲) پُرانا۔ دیرینہ۔ اگلے زمانے کا (۳) آبائی۔ موروثی۔ حادِث کی ضِد۔ جمع: قُدما۔
قدیمُ الایّام (قَ۔دی۔مُل۔اَیْ۔یام)(ع۔متعلق فعل) قدیم سے۔ ہمیشہ سے۔ سدا سے۔ اگلے وقتوں سے۔
قدیم سے (اُر۔متعلق فعل) زمانہ سابق سے۔
قدیمی (قَ۔دی۔می)(ف۔صف) قدیم کا۔ سدا کا۔ ہمیشہ کا۔ پُرانا۔ کسی جگہ کا پُرانا باشندہ۔ دیرینہ قابض۔
قدیمی نمک خوار (ف۔اُر۔ا۔مذ) پُرانا مُلازم۔ وفادار نوکر۔

ق۔ذ

قَذف (قَ۔ذف)(ع۔ا۔مذ)(اسلامی شرع) کسی پر زنا کی تُہمت لگانا (۲) گالی دینا۔

ق۔ر

قِرا (قِ۔را)(ع۔ا۔مث) مہمانی۔
قُریٰ (قُ۔را)(ع۔ا۔مذ) قریہ کی جمع۔
قُرّاء (قُر۔را)(ع۔ا۔مذ) قاری کی جمع۔
قَرابادِین (قَ۔را۔با۔دِین)(ع۔ا۔مث) لُغاتُ الادویہ۔ دواؤں کی ڈکشنری۔
قَرابَت (قَ۔را۔بَت)(ع۔ا۔مث)(۱) قُربت۔ نزدیکی (۲) رشتے داری۔ اُردو جمع: قرابتوں۔ قرابتیں۔
قرابت ٹھہرنا (اُر۔محاورہ) نسبت قرار پانا۔ منگنی ہونا۔
قرابت دار (ع۔ف۔ا۔مذ) رشتے دار۔ عزیز و اقارب۔
قرابت داری (ع۔ف۔ا۔مث) رشتے داری۔
قرابتِ طرفی (ع۔ف۔ا۔مث) باہم حدی رشتے داری۔
قرابتِ قریبہ (ع۔ف۔ا۔مث) قریب کی رشتے داری۔
قرابتِ مُستحکمہ (ع۔ا۔مث) پختہ رشتہ۔ پُشت در پُشت کی رشتے داری۔
قَرابَتی (قَ۔را۔بَ۔تی)(اُر۔صف) رشتے کا۔ ناتے کا۔

قرابتی قرابت (ع۔ف۔ا۔مث) وہ رشتہ جس میں پانچ پُشت سے زیادہ کا رشتہ دار شامل ہو۔
قرابہ (قَ۔را۔بَہ)(ع۔ا۔مذ) عرق کھینچنے کا بڑا شیشہ (۲) شراب کا شیشہ۔ صراحی۔ خُم۔
قرابِین (قَ۔را۔بِین)(ت۔ا۔مث) چوڑے مُنہ کی چھوٹی بندوق۔
قِراءَت (قِر۔اَت)(قِ۔را۔اَت)(ع۔ا۔مث)(۱) پڑھنا۔ خواندگی۔ تلفظ (۲) قرآن مجید کا صحیح لہجے میں پڑھنا (۳) ایک علم جس میں عربی حروف کے مخارج اور تلفظ سے بحث کی جاتی ہے۔ علمِ تجوید۔
قرار (قَ۔رار)(ع۔ا۔مذ)(۱) آرام۔ سکون۔ آسودگی۔ قیام (۲) صبر و تحمّل۔ برداشت۔ سہار۔ بُردباری۔ حِلم (۳) اِستقلال۔ ثبات (۴) قول۔ اِقرار۔ عہد۔
قرار آنا (اُر۔محاورہ) اِطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔ جی ٹھہرنا۔ اِضطراب رفع ہونا۔
قرار پانا (اُر۔محاورہ) ٹھہرنا۔ مقرر ہونا (۲) قیام کرنا۔ تصفیہ ہونا (۳) دِن مقرر ہونا (۴) باہم وعدہ یا عہد و پیمان ہونا۔
قرار داد (ع۔ف۔ا۔مث) عہد و پیمان۔ معاہدہ۔ قول و قرار۔ شرط۔ ٹھیکا (۲) فیصلہ۔ تصفیہ۔ تجویز۔ (Resolution)۔
قرار در کفِ آزادگاں نگیرد و مال، نہ صبر در دلِ عاشق نہ آب در غربال (ف۔مثل) سخی کے ہاتھ میں روپیہ، عاشق کے دل میں صبر اور چھلنی میں پانی نہیں ٹھہرتا۔
قرار دینا (اُر۔محاورہ) مقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔
قرار گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) ٹھہرنے کی جگہ۔
قرار لینا (اُر۔محاورہ) ٹھہرنا۔ دَم لینا۔ آرام کرنا۔
قرار مدار (ع۔ف۔ا۔مذ) قول و قرار۔ عہد و پیمان۔
قرار واقعی (ع۔صف)(۱) بخوبی۔ ہر طرح۔ اِطمینان کے ساتھ۔ جیسا چاہئے (۲) اصل میں۔ معقول۔
قرار ہونا (اُر۔محاورہ) چین ہونا۔ دِل جمعی ہونا (۲) اِقرار ہونا۔ عہد ہونا۔
قِراض (قِ۔راض)(ع۔ا۔مث) ایسی شرکت جس میں ایک کا روپیہ اور دُوسرے کی محنت ہو۔
قُراضہ (قُ۔را۔ضَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) کترن۔ ریزہ۔ تراشا (۲) سونے چاندی کا ریزہ جو سُنار کی ریتی کی رگڑ سے گرے۔
قَراقِر (قَ۔را۔قِر)(ع۔ا۔مذ) قُرقُرہ کی جمع۔ پیٹ بولنا۔ پیٹ میں گُڑگُڑ ہونا۔
قِران (قِ۔ران)(ع۔ا۔مذ) چاندی کا ایک سِکّہ جو سونے کے تومان کا دسواں حصّہ ہوتا تھا۔
قِران (قِ۔ران)(ع۔ا۔مذ)(۱) نزدیکی۔ قُربت (۲) دو ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا۔ لگن۔ گرہ۔
قِرانُ السّعدَین (قِ۔را۔نُس۔سَع۔دَین)(ع۔ا۔مذ)(۱) دو مُبارک ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا (۲) نیک شگون۔ نیک ساعت (۳) دو اچھے آدمیوں کا اِجتماع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قرآن (قُر۔آن) (ع۔ا۔مذ) فُعلان کے وزن پر مُبالغہ کا صیغہ بمعنی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب۔ کلامُ اللہ۔ کلامِ مجید۔ وہ کلامِ الٰہی جو حضرت محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم پر نازل ہوا۔

قرآن اُترنا (اُر۔ محاورہ) رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم پر قرآنی آیات نازل ہونا۔

قرآن اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) قرآن شریف ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔

قرآن پر قرآن رکھنے کا کیا مضایقہ (اُر۔ مثل) ہم رُتبہ اشخاص باہم سب کچھ کہہ سُن سکتے ہیں۔ قوم میں باہم شادی بیاہ ہونا کوئی عیب نہیں۔

قرآن پر ہاتھ رکھنا (دھرنا) (اُر۔ محاورہ) قرآن کی قسم کھانا۔

قرآن ٹھنڈا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کلامِ مجید ہاتھ سے چھوٹ کر زمین پر گر پڑے تو اُس صورت میں قرآن شریف کے برابر غلّہ تول کر خیرات کرتے ہیں (۲) قرآن شریف کے بوسیدہ اوراق کو پاک زمین میں دفن کرنا۔

قرآن ختم کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پُورا قرآن پڑھ لینا (۲) بغرضِ ایصالِ ثواب پُورا قرآن پڑھنا۔

قرآن خواں (ع۔ف۔صف) قرآن پڑھنے والا۔

قرآن خوانی (ع۔ف۔ا۔مث) قرآن پڑھنا۔

قرآن درمیان ہونا (اُر۔ محاورہ) قرآن کی قسم ہونا۔

قرآن سر پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) قرآن سر پر رکھ کر قسم کھانا۔

قرآن کا جامہ پہننا (اُر۔ محاورہ) نیک، پارسا اور قابلِ اعتماد بننا۔

قرآن کا دَور (اُر۔ا۔مذ) حافظ کا قرآن مجید کو اِس غرض سے پڑھنا کہ مبادا بھُول جائے۔

قرآن کی مار (اُر۔ بددُعا) قرآن کی پھٹکار پڑے۔

قرآن کی ہوا دینا (اُر۔ مص مُرکّب) بیمار کو قرآن کے ورقوں کی ہوا دینا تاکہ اُسے صحت ہو۔

قرآن میں نام نکلوانا (اُر۔ محاورہ) بچّے کا نام قرآن کھول کر اوّل حرف کے مُطابق رکھنا۔

قرآن ہدیہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (تعظیماً) قرآن فروخت کرنا۔

قرآنی (قُر۔آ۔نی) (ع۔صف) قرآن سے منسُوب۔ قرآن کا۔ قرآن کی۔

قراوَل (قَ۔را۔وَل) (ت۔ا۔مذ) (۱) بندوق سے شکار کھیلنے والا۔ بندوقچی (۲) وہ فوجی دستہ جو آگے بڑھ کر دُشمن کی نقل و حرکت پر نگاہ رکھتا ہے۔ اوپی۔ اسکاؤٹ۔

قرائن (قَ۔را۔اِن) (ع۔ا۔مذ) قرینہ کی جمع۔

قُرب (بضمِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) پاس۔ نزدیکی۔ قُربت (۲) مرتبہ۔ منزلت۔

قُربِ رُوحانی (ع۔ا۔مذ) دِلی نزدیکی۔ باطنی نزدیکی۔

قُرب و جوار (ع۔ا۔مذ) آس پاس۔ پاس پڑوس۔ گرد و نواح۔ ارد گرد۔

قُربان (قُر۔بان) (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جو خُدائے تعالیٰ کی راہ میں تصدُّق کی جائے۔ بھینٹ۔ صدقہ (۲) (کلمۂ فدائیہ) صدقے۔ بلہاری۔ نثار۔ واری۔ فِدا۔

قربان جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) (۱) نثار ہونا۔ واری ہونا۔ صدقے ہونا (۲) عاشق ہونا۔

قربان جاؤں (جایئے) (اُر۔ مقولہ) عورتیں خوشامد اور طنز کے طور پر کہتی ہیں۔

قربان شوم (ش۔وَم) (ف۔ مقولہ) قُربان جاؤں۔

قربان کرنا (اُر۔ محاورہ) تصدُّق کرنا۔ فِدا کرنا۔ وارنا۔

قربان کروں (عو۔ کلمۂ تنفر) صدقے کروں۔ آگ لگاؤں۔

قربان گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) قُربان ہونے کی جگہ۔ مذبح۔ مقتل۔

قربانت شوم (ش۔وَم) (ف۔ مقولہ) تجھ پر قُربان ہوں۔ واری جاؤں۔

قُربانی (قُر۔با۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) ایثار (۲) ذبح۔ حلال (۳) عیدُالاضحیٰ کو بکرے وغیرہ ذبح کرنا۔ اُردو جمع: قربانیاں۔ قربانیوں۔

قربانی کرنا (اُر۔ محاورہ) ایثار کرنا۔ دُوسروں کے نفع کی خاطر اپنے نفع کو چھوڑ دینا (۲) خُدا کی راہ میں حلال جانور کو ذبح کرنا۔

قُربت (قُر۔بت) (ع۔ا۔مث) نزدیکی۔ پاس۔ قرابت۔ رشتہ۔ اُردو جمع: قُربتوں۔ قُربتیں۔

قربت کرنا (اُر۔ محاورہ) مباشرت کرنا۔ عورت سے صحبت کرنا۔

قَرَبُوس (ع۔ا۔مذ) زین کا ہرنا۔ زین کے سامنے کا حِصّہ جس پر کمان رکھی جاتی ہے۔

قُربیٰ (قُر۔با) (ع۔ا۔مذ) رشتہ۔ تعلّق۔ قُربت۔

قُرّت (قرۃ) (قُر۔رَت) (ع۔ا۔مث) خوشی۔ اِنبساط۔ مسرّت۔ ٹھنڈک۔

قُرّۃُ العین (قُر۔رَ۔تُل۔عَین) (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جس سے آنکھوں میں طراوت اور ٹھنڈک ہو (۲) (مجازاً) اولاد۔

قرح (قرحہ) (قَرح) (قَر۔حہ) (ع۔ا۔مذ) زخم۔ گھاؤ۔ وہ زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو۔ ناسُور (۲) پُرانا سوزاک۔ جمع: قرُوح۔

قرحہ (پڑ جانا) ہو جانا (اُر۔ مص مُرکّب) زخم ہو جانا۔ زخم میں پیپ پڑ جانا۔ ناسور ہو جانا۔ گل جانا۔

قُرشی (قُ۔رَ۔شی) (ع۔صف) قریشی۔ قُریش سے منسُوب۔

قُرص (بضمِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹکیا۔ گھیرا۔ گول چیز ٹکیا کی طرح (۲) دوا کی ٹکیا۔

قرض (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) اُدھار۔ مانگا ہوا۔ مستعار۔ قرضہ۔ جمع: قُروض۔ اُردو جمع: قرضے۔ قرضوں۔

قرض اُتارنا (اُر۔ محاورہ) کسی سے لیا ہوا واپس کرنا۔ اُدھار بیباق کرنا۔

قرض اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) اُدھار لینا۔ مستعار لینا۔

قرض ادا کرنا (بیباق کرنا) (اُر۔ محاورہ) قرض چکانا۔ اُدھار واپس کرنا۔

قرض چکانا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے قرض ادا کرنا۔

قرضِ حسن (حَسَنہ) (ع۔ا۔مذ) بلا میعاد اور بلا سُود قرض۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قرض خواہ (ع۔ف۔صف) اُدھار دینے والا۔ لین دار۔

قرض دار (ع۔ف۔صف) اُدھار لینے والا۔ مقروض۔ دین دار۔

قرض داری (ع۔ف۔ا۔مث) قرض دار ہونا۔ مقروض ہونا۔

قرض کاڑھنا (اُر۔ محاورہ) اُدھار لینا۔

قرض کھانا (اُر۔ محاورہ) اُدھار لے کر کھانا۔

قرض لینا (اُر۔ محاورہ) اُدھار لینا۔

قرض ہونا (اُر۔ محاورہ) اُدھار کا بوجھ ہونا۔

قرضہ (قَر۔ضہ) (اُر۔ا۔مذ) اُدھار۔ قرض۔ مانگا ہوا۔

قرضہ اُتر جانا (اُر۔ محاورہ) قرض ادا ہو جانا۔

قرضہ تمسّکی (ع۔ف۔ا۔مذ) دستاویز کی رو سے قرضہ۔

قرضہ چکانا (اُر۔ محاورہ) قرضہ ادا کرنا۔ نیز دیکھئے قرض چکانا۔

قرضہ مُنقضی المیعاد (مُن۔ق۔ضی۔ئل۔می۔عاد) (ع۔ا۔مذ) وہ قرضہ جس کی میعاد گزر چکی ہو۔

قِرطاس (قِر۔طاس) (ع۔ا۔مذ) کاغذ۔ جمع: قراطیس۔

قِرطاسِ اَبیَض (ع۔ا۔مذ) (۱) سفید کاغذ (۲) وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عامِ اطلاع کے لئے شائع کی جاتی ہے۔ وائٹ پیپر۔

قَرعِ اَنبِیق (قَ۔رَ۔اَم۔بِیق) (ع۔ا۔مذ) عرق کھینچنے کا بھبکا۔

قُرعہ (قُر۔عہ) (ع۔ا۔مذ) نام کی پرچی نکالنا۔ لاٹری (۲) پانسا۔

قرعہ اندازی (ع۔ف۔ا۔مث) بہت سے لوگوں میں سے ایک کے نام کی پرچی نکالنے کا طریقہ (۲) پانسا پھینکنا۔

قرعہ (پھینکنا) ڈالنا (اُر۔ محاورہ) پانسے کے ذریعے فال لینا۔ چٹھی ڈالنا۔ دانہ پھینکنا۔

قرعۂ فال بنامِ منِ دیوانہ زدند (ف۔ مثل) (۱) قرعہ میں ہر پھر کے میرا ہی نام نکلتا ہے۔ مجھی سے کام لیا جاتا ہے (۲) جس کے ذمے کوئی کام آ پڑے وہ اپنی نسبت کہتا ہے۔

قُرق (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ت۔ا۔مذ) (۱) ضبطی (۲) روک۔ ممانعت۔ بندش۔

قُرق امین (ت۔ع۔ا۔مذ) محکمۂ مال کا ایک عُہدہ۔ ناظر عدالت۔

قُرق تحصیل (ت۔ع۔ا۔مذ) مالگزاری وصول کرنے کے لئے قرقی۔

قُرق کرنا (اُر۔مص مُرکّب) ضبط کرنا۔ کسی جُرم یا قرضے کی بابت مال یا جائیداد کو تحویل میں لینا۔

قُرق نامہ (ت۔ف۔ا۔مذ) ضبطی کا پروانہ۔

قُرقُرا (قُر۔قُ۔را) (ع۔ا۔مذ) ایک چھوٹا سا پرند۔

قُرقی (قُر۔قی) (ت۔ا۔مث) ضبطی۔ روک۔ ممانعت۔

قُرقی بٹھانا (اُر۔ محاورہ) ضبط کئے ہوئے مال پر پہرا بٹھانا (۲) روک ٹوک کرنا۔

قُرقی بھیجنا (اُر۔ محاورہ) مال کی ضبطی کے لئے ناظرِ عدالت کو بھیجنا (۲) ضبطی کرنا۔

قرقی دار (ف۔ا۔مذ) قرقی کرنے والا۔

قرقی قبل فیصلہ (ت۔ع۔ا۔مث) ضبطی جو فیصلے سے پہلے ہوتی ہے تاکہ مُدّعا علیہ اپنے مال کو اِدھر اُدھر نہ کر سکے۔

قرقی کا پروانہ (اُر۔ا۔مذ) ضبطی نامہ۔ مال یا رقم وغیرہ ضبط کر لینے کا تحریری حکم۔

قُرُم (قُر۔رَم) (اُر۔ا۔مذ) قُرمِ ساق کا مخفف۔

قِرمِز (قِر۔مِز) (ع۔ا۔مذ) بیر بہوٹی کی مانند ایک کیڑا جس سے سُرخ ریشم رنگتے ہیں۔

قِرمِزی (قِر۔م۔زی) (ع۔ف۔صف) قرمز سے نسبت رکھنے والا (۲) سُرخ۔ لال۔

قُرمِ ساق (قُر۔رَم۔ساق) (ت۔ا۔مذ) (۱) بھڑوا۔ دیوث (۲) پاجی۔ کمینہ۔

قَرن (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ستاروں کا ملاپ (۲) جُگ۔ دَس۔ بارہ۔ تیس۔ اَسّی یا ایک سو بیس برس کا زمانہ (۳) بڑی مُدّت۔ زمانہ دراز (۴) سینگ (۵) گیسو۔ جمع: قُرون اَقران۔ اُردو جمع: قرن۔ قرنوں۔

قرنِ اوّل (ع۔ا۔مذ) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم اور خُلفائے راشدینؓ کا زمانہ۔

قَرنا (قَر۔نا) (ف۔ا۔مذ) سینگ کا بگل۔ تُرئی۔ بُوق۔ نفیری۔ نرسنگا۔

قَرنبِیق (قَ۔رَم۔بِیق) دیکھئے قرعِ انبیق جس کا یہ مخفف ہے۔

قَرنطِینہ (قَ۔رَن۔طی۔نہ) (Quarantine کا معرّب۔ا۔مذ) وہ میعاد جس میں مسافروں یا وبا زدہ علاقے کے بیماروں کو جبراً سب سے علیحدہ رکھا جاتا ہے تاکہ مرض پھیلنے نہ پائے۔

قَرنفُل (قَ۔رَن۔فُل) (ع۔ا۔مذ) لونگ۔

قَرولی (قَ۔رو۔لی) (ت۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی چُھری جسے کمر میں باندھتے ہیں۔ شکاری چاقو (۲) شکاری پرندوں کا شکار کی گھات میں بیٹھنا۔ اُردو جمع: قرولیاں۔ قرولیوں۔

قرولیاں کرنا (اُر۔ محاورہ) فنونِ سپہ گری دکھانا۔

قُرُون (قُ۔رُون) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے "قرن" جس کی یہ جمع ہے۔

قرونِ اُولیٰ (ع۔ا۔مذ) اسلام کا ابتدائی دور۔ نیز دیکھئے قرنِ اوّل۔

قریب (قَ۔ریب) (ع۔صف) (۱) پاس۔ نزدیک۔ مُتّصل (۲) رشتے دار (۳) (متعلق فعل) لگ بھگ۔ تقریباً (۴) (ا۔مث) عروض میں ایک بحر کا نام۔

قریبُ الاختتام (قَ۔ری۔ئل۔اِخ۔تِ۔تام) (ع۔صف) ختم ہونے کے قریب۔ ختم ہونے والا۔

قریبُ الفہم (قَ۔ری۔ئل۔فہم) (ع۔صف) جلد سمجھ میں آ جانے والا۔

قریبُ القیاس (ع۔صف) جلد قیاس میں آ جانے والا۔ قرینِ عقل۔

قریبُ المرگ۔ ترکیب غلط ہے۔ دیکھئے قریب مرگ۔

قریبُ الوُقوع (قَ۔ری۔ئل۔وُ۔قُوع) (ع۔صف) عنقریب واقع

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہونے والا۔
قریب قریب (ع۔متعلق فعل) (۱) پاس پاس۔ نزدیک نزدیک (۲) ملتا جلتا۔ لگ بھگ۔
قریب کی رشتے داری (ار۔ا۔مث) پاس یا نزدیک کی عزیز داری۔
قریبِ مَرگ (ع۔ف۔صف) مرنے کے قریب۔ کوئی دم کا مہمان۔
قریباً (قَ۔ری۔بَن) (ع۔متعلق فعل) اندازے سے۔ تخمیناً۔
قُرَیش (قُ۔رَیش) (ع۔ا۔مذ) عرب کا ایک مشہور اور ذی عزت قبیلہ۔ پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم اِسی قبیلے سے تھے۔
قُرَیشی (قُ۔رے۔شی) (ع۔صف) قبیلہ قریش کا۔ قریش سے منسوب۔ قُرشی۔
قرین (قَ۔رین) (ع۔صف) (۱) قریب۔ پاس۔ ملا ہوا۔ نزدیک۔ ملحق (۲) مثل۔ مانند۔ نظیر۔ مُشابہ (۳) (ا۔مذ) مُصاحب۔ پاس رہنے والا۔ ہم نشین۔ ہم صحبت۔
قرینِ عقل (قرینِ قیاس) (ع۔صف) وہ بات جسے عقل قبول کرے۔
قرینِ مصلحت (ع۔صف) مصلحت کے مطابق۔
قرینہ (قَ۔ری۔نَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ڈھنگ۔ صورت۔ طرز۔ روش۔ طور۔ طریق (۲) مُناسبت (۳) سلیقہ۔ سجاوٹ۔ ترتیب (۴) قیاس۔ قیافہ۔ اَنداز۔ جمع: قرائن۔ اُردو جمع: قرینوں۔ قرینے۔
قرینہ بقرینہ (ع۔ف۔متعلق فعل) ترتیب وار۔ موزونیت کے ساتھ۔
قرینے (ار۔ا۔مذ) (۱) قرینہ کی جمع (۲) قرینہ کی مُغیّرہ شکل۔
قرینے سے (ار۔متعلق فعل) ڈھنگ سے۔ ترتیب سے۔
قرینے سے بے قرینے ہونا (ار۔محاورہ) بے ترتیب ہونا۔ بے قاعدہ ہونا۔
قرینے سے لگانا (ار۔محاورہ) قاعدے سے رکھنا۔ ترتیب سے رکھنا۔
قرینے کی بات (ار۔ا۔مث) موقع کی بات۔ مُناسب بات۔
قریہ (قَر۔یہ) (ع۔ا۔مذ) گاؤں۔ جمع: قُریٰ۔ قریات۔ اُر جمع: قریوں۔ قریے۔

ق۔ز

قز (بفتحہ اوّل) (ف۔ا۔مذ) کچا ریشم۔
قزّاق (قز۔زاق) (ت۔ا۔مذ) (۱) قزاقستان کا باشندہ (۲) ڈاکو۔ لٹیرا۔ بٹ مار۔ اُردو جمع: قزاق۔ قزاقوں۔
قزّاقِ اَجَل (ت۔ع۔ا۔مذ) موت کا فرشتہ۔ ملکُ الموت۔ یم دُوت۔
قزّاقی (قز۔زا۔قی) (ت۔ا۔مث) راہ زنی۔ لُوٹ مار۔ غارت گری۔
قِزِل (قِ۔زِل) (ت۔صف) سُرخ۔ لال۔
قِزِلباش (قِ۔زِل۔باش) (ت۔ا۔مذ) (۱) سُرخ سر (۲) شاہ اسمٰعیل صفوی شاہ ایران کی فوج کا نام جو بارہ گوشوں کی سُرخ ٹوپی پہنتی تھی۔ اِن لوگوں کی اولاد بھی قزلباش کہلانے لگی۔

ق۔س

قَسّام (قَس۔سام) (ع۔صف) تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔
قسّامِ اَزَل (ع۔صف) مخلوق کی پیدائش کے دن (یعنی روزِ ازل) مخلوق کی قسمتیں معیّن کرنے والا۔ (مُراد) اللہ تعالیٰ۔
قساوت (قَ۔سا۔وَت) (ع۔ا۔مث) سنگدلی۔ بے رحمی۔
قساوڑا (قَ۔ساو۔ڑا) (ار۔ا۔مذ) (حقارتاً) قسائی کا بیٹا۔ قصائی کا بچّہ۔
قسائن (ار۔ا۔مث) (۱) قسائی کی عورت۔ قسینی (۲) (مجازاً) ظالم عورت۔
قسائی (قَ۔سا۔اِی) (ار۔ا۔مذ) (۱) گوشت فروش۔ قصّاب۔ قصائی (۲) ذبح کرنے والا (۳) (مجازاً) بے رحم۔ سنگدِل۔ ظالم۔ جمع: قسائی۔ قسائیوں۔
قسائی کا پلّا (ار۔ا۔مذ) خوب موٹا تازہ آدمی۔
قسائی کے پالے پڑنا (ار۔محاورہ) ظالم کے قابو میں ہونا۔ بے رحم خاوند کے پلّے پڑنا۔
قسائی کے کھونٹے سے بندھنا (ار۔مثل) ظالم کے قبضے میں ہونا۔ بے رحم خاوند کے پلّے پڑنا۔
قسائی واڑا (ار۔ا۔مذ) قصائیوں کا محلّہ۔
قِسط (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) (۱) حِصّہ۔ جُز۔ ٹکڑا (۲) وہ رقم جو حسبِ قرار داد تھوڑی تھوڑی ادا کی جائے۔ جمع: اَقساط۔ اُردو جمع: قِسطوں۔ قِسطیں۔
قِسط باندھنا (ار۔محاورہ) کُل کا کوئی جُزو کسی خاص وقت پر ادا کرنے کا اِقرار کرنا۔
قِسط بہ قِسط (ع۔ف۔متعلق فعل) ایک ایک قسط کر کے۔ قسط وار۔
قسط خِلافی (ع۔ف۔ا۔مث) اَدائے قسط میں وعدہ خلافی۔
قسط وار (ع۔ف۔متعلق فعل) قسط کے مطابق۔
قِس (بکسر اوّل) (ع۔اَمر کا صیغہ) قیاس کر۔
قِس علیٰ ہٰذا (قِس۔عَ۔لا۔ہا۔ذا) (ع۔فقرہ) اِسی پر قیاس کر لو۔
قسَم (قَ۔سَم) (ع۔ا۔مذ) حلف۔ سوگند۔ جمع: اَقسام۔ اُردو جمع: قسموں۔ قسمیں۔
قسم اُتارنا (ار۔محاورہ) عہد پُورا کرنا۔ وعدہ وفا کرنا۔
قسم توڑنا (ار۔محاورہ) عہد کے خلاف کرنا۔ عہد شکنی کرنا۔
قسم ٹوٹنا (ار۔محاورہ) عہد کے خلاف ہونا۔ قول و قرار پر نہ رہنا۔
قسم دلانا (دینا۔ کھلانا) (ار۔محاورہ) حلف اُٹھوانا۔ عہد لینا۔ قول لینا۔
قسم کھانا (ار۔محاورہ) (۱) عہد کرنا۔ قول دینا (۲) حلف اُٹھانا (۳) صاف انکار کرنا۔
قسم کھانے کو نہ رہنا (ار۔محاورہ) کوئی چیز نام کو نہ رہنا۔ ذرا بھی باقی نہ رہنا۔ مطلق نہ رہنا۔ بالکل نہ رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قسم کھانے کی بات (جگہ) (اَر۔ اِ۔مث) حلف سے کہنے کا موقع۔

قسم کھانے ہی کے لئے ہے (اَر۔ مقولہ) بے ایمانوں اور دغابازوں کا قول ہے کہ قسم صرف کھانے کے لئے ہے۔ عمل کے لئے نہیں۔

قسم لینا (اَر۔ محاورہ) عہد لینا۔ حلف اُٹھوانا۔ خُدا کو درمیان لانا۔

قسم ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) عہد ہونا (۲) مطلق اِنکار ہونا (۳) بالکل ترک ہونا (۴) حرام ہونا۔

قسم ہے (اَر۔ محاورہ) (۱) سوگند ہے (۲) مطلق اِنکار ہے۔ کچھ تعلق نہیں۔

قِسْم (ع۔ اِ۔مث) (۱) حِصّہ۔ ٹکڑا۔ جُز (۲) جنس۔ نوع (۳) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طرز (۴) بانٹ۔ تقسیم۔ جمع: اَقسام۔ اُردو جمع: قِسمیں۔ قِسموں۔

قِسمِ اوّل (ع۔ اِ۔مث) بہت اعلیٰ قِسم۔ اوّل درجے کی چیز۔

قِسم وار (اَر۔ صف) حصّے وار۔ جنس وار۔

قَسَما قَسَمی (قَس۔ ما۔ قَس۔ مِی) (اَر۔ اِ۔مث) باہمی عہد و پیمان۔

قِسْمَت (قِس۔ مَت) (ع۔ اِ۔مث) (۱) تقدیر۔ نصیب۔ بخت۔ مقدر۔ بھاگ (۲) حِصّہ۔ بخرہ۔ مقسوم۔ تقسیم کیا ہوا (۳) صوبہ۔ کمشنری۔ احاطہ۔ ضلع۔ پرگنہ۔ علاقہ۔ جمع: قِسَم۔ اُردو جمع: قِسمتوں۔ قِسمتیں۔

قِسمت آزمائی (ع۔ف۔ اِ۔مث) مقدر آزمانا۔ تقدیر کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔

قِسمت آزمائی کرنا (اَر۔ محاورہ) نصیبے کا اِمتحان کرنا۔ تقدیر کی آزمائش کرنا۔

قِسمت اُلٹنا (بگڑنا) (اَر۔ محاورہ) نصیبے کا خلاف ہو جانا۔ نحوست اور شامت آجانا۔

قِسمت بدلنا (اَر۔ محاورہ) تقدیر پلٹنا۔ اچھے دِن آنا۔

قِسمت بُری (برگشتہ) ہونا (اَر۔ محاورہ) بُرے دن ہونا۔ تقدیر کا بگڑ جانا۔

قِسمت بگڑنا (اَر۔ محاورہ) تقدیر بگڑنا۔ بُرے دِن آنا۔

قِسمت پر بیٹھا رہنا (اَر۔ محاورہ) تقدیر پر بھروسا کرکے ہاتھ پیر نہ ہلانا۔

قِسمت پر جھاڑو پھرے (اَر۔ روزمرّہ) عورتیں قسمت سے ناخوش ہو کر کہتی ہیں۔

قِسمت پر چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) توکّل کرنا۔ تقدیر کے حوالے کرنا۔

قِسمت (پلٹنا) پھرنا (اَر۔ محاورہ) نصیبہ جاگنا۔ بھلے دِن آنا۔

قِسمت پھوٹنا (اَر۔ محاورہ) بُرے دِن آنا۔ مقدر بگڑنا۔

قِسمت پھوڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تکلیف دینا۔ رنج دینا (۲) لڑکی کا بیاہ کسی خراب جگہ پر کرنا۔

قِسمت جاگنا (چمکنا۔ رَسا ہونا۔ راہ پر آنا) (اَر۔ محاورہ) اِقبال یاور ہونا۔ دِن پھرنا۔ اچھے دِن آنا۔

قِسمت سو جانا (اَر۔ محاورہ) بُرے دِن آنا۔

قِسمت سے (اَر۔ متعلق فعل) (۱) خوش نصیبی سے (۲) بدقسمتی سے۔

قِسمت سیدھی ہونا (اَر۔ محاورہ) نصیب یاور ہونا۔

قِسمت کا بُدا (اَر۔ صف) تقدیر کا لکھا۔ نوشتہ تقدیر۔

قِسمت کا پھیر (اَر۔ اِ۔مذ) تقدیر کا چکر۔ بدبختی۔ بد اِقبالی۔ اِدبار۔

قِسمت کا پیچ (اَر۔ اِ۔مذ) تقدیر کا دیا ہوا رنج۔

قِسمت کا ٹکڑا (اَر۔ اِ۔مذ) رزق جو تقدیر میں لکھا ہو۔

قِسمت کا دھنی (اَر۔ اِ۔مذ) اِقبال مند۔ صاحب نصیب۔ قسمت والا۔ خوش نصیب۔ نصیبہ ور۔

قِسمت کا سکندر (اَر۔ اِ۔مذ) بڑا خوش نصیب۔ مقدر کا سکندر۔

قِسمت کا لکھا (اَر۔ اِ۔مذ) نوشتہ تقدیر۔ مشیّتِ ایزدی۔

قِسمت کا لکھا پُورا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) مقسوم کا لکھا پیش آنا۔ مصیبت پیش آنا۔ شامت آنا۔

قِسمت کا مُنہ پھیر لینا (اَر۔ محاورہ) قسمت بُری ہو جانا۔

قِسمت کا ہیٹا (ہے۔ ٹا) (اَر۔ صف) بدنصیب۔ بدبخت۔ منحوس۔

قِسمت کو رونا (اَر۔ محاورہ) بدقسمتی کی شکایت کرنا۔

قِسمت کھلنا (اَر۔ محاورہ) اچھے دِن آنا۔ نصیبہ جاگنا۔

قِسمت کی بات (اَر۔ اِ۔مث) کوئی بات خلافِ توقع ہو تو کہتے ہیں۔

قِسمت کی (گرہ) گتھی (اَر۔ اِ۔مث) مصیبت۔ مُشکل۔

قِسمت کے بلیا (ولیا) پکائی کھیر ہو گیا دلیا (اَر۔ مثل) بدنصیبی کچھ کا کچھ کر دیتی ہے۔

قِسمت کے لکھے کو کون میٹ سکتا ہے (اَر۔ مثل) جو ہونا ہوتا ہے ہو کر رہتا ہے۔

قِسمت کے ہاتھ بات ہے (اَر۔ مقولہ) قسمت کا لکھا ہو کر رہتا ہے۔ تقدیر کی تحریر پُوری ہوتی ہے۔

قِسمت لڑنا (اَر۔ محاورہ) تقدیر کا یاور ہونا۔ حالات سازگار ہونا۔

قِسمت میں ہونا (اَر۔ محاورہ) تقدیر میں ہونا۔ مقدر میں ہونا۔

قِسمت والا (اَر۔ صف) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔

قِسمت ہیٹی ہونا (ہے۔ ٹی) (اَر۔ محاورہ) قسمت بُری ہونا۔

قِسمت یاور ہونا (اَر۔ محاورہ) تقدیر کا موافق ہونا۔

قَسَمِیَہ (قَ۔ سَ۔ مِی۔ یَہ) (ف۔ متعلق فعل) اَزرُوئے قسم۔ قسم کھا کر۔

قسمیہ بیان کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) حلف اُٹھا کر بیان کرنا۔

قَسِیُّ القَلب (قَ۔ سِی۔ یُل۔ قَلب) (ع۔ صف) سنگدل۔ بے رحم۔

قِسِّیس (قِس۔ سِیس) (ع۔ اِ۔مذ) دِینِ نصاریٰ کا عالم۔ جمع: قِسِّیسِین۔

قَسِیم (قَ۔ سِیم) (ع۔ صف) قاسِم۔ تقسیم کرنے والا۔ بانٹنے والا۔

ق۔ش

قِشر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔مذ) چھلکا۔ جمع: قُشور۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قشقہ (قش۔قہ) (ف۔ا۔مذ) تِلک۔ ٹیکا۔ صندل وغیرہ کا نشان جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔ (افعال: کھینچنا۔ لگانا)۔

قِشلاق (قِش۔لاق) (ع۔ا۔مذ) وہ گرم مقام جہاں بادشاہ اور اُمیر سردیوں کا موسم گزاریں۔

قشون (قَ۔شُون) (ت۔ا۔مذ) (۱) فوج کا دستہ۔ فوج (۲) چھاؤنی۔ کیمپ۔

ق۔ص

قصّاب (قَص۔صاب) (ع۔ا۔مذ) ذبح کرنے والا۔ کاٹنے والا۔ بوچڑ۔ قسائی۔ اُردو جمع: قصّاب۔ قصّابوں۔

قصاب کے بدتے پر بکرا پالنا (اَر۔محاورہ) دوسرے کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔

قصّابہ (قَص۔صا۔بہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) قصائی کا پیشہ۔ قصائی خانہ۔ قصائیوں کا بازار (۲) (ا۔مث) قصاب کی تانیث۔

قَصابہ (قَ۔صا۔بہ) (ع۔ا۔مذ) عورتوں کا سر سے باندھنے کا رومال۔

قصّار (قَص۔صار) (ع۔ا۔مذ) دھوبی۔

قِصاص (قِ۔صاص) (ع۔ا۔مذ) بدلہ۔ اِنتقام۔ جزا۔ مکافات۔ خون کا بدلہ خون۔

قصائد (قَ۔صا۔ئد) (ع۔ا۔مذ) قصیدہ کی جمع۔

قصائی (قَ۔صا۔ای) (اَر۔ا۔مذ) قسائی۔ قصاب۔ جمع: قصائی۔ قصائیوں۔

قصبات (قَص۔بات) (ف۔ا۔مذ) قصبہ کی جمع۔ چھوٹے شہر۔ بڑے گاؤں۔

قصباتی (قَص۔با۔تی) (ف۔صف) قصبہ سے منسوب۔ قصبے کا۔

قصبہ (قَص۔بہ) (ف۔ا۔مذ) چھوٹا شہر۔ بڑا گاؤں۔ جمع: قصبات۔ اُردو جمع: قصبوں۔ قصبے۔

قصد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) اِرادہ۔ نیت۔ عزم (۲) منشا۔ مطلب۔ عندیہ۔ مقصد۔ مرضی۔ خواہش (۳) سعی۔ کوشش۔ پیش قدمی۔ اقدام۔

قصد رکھنا (اَر۔محاورہ) اِرادہ رکھنا۔ نیت رکھنا۔

قصد کرنا (اَر۔محاورہ) اِرادہ کرنا۔ نیت کرنا۔ دل میں ٹھاننا۔

قصداً (قَص۔دَن) (ع۔تابع فعل) اِرادہ کرکے۔ جان بوجھ کر۔ دیدہ و دانستہ۔

قصر (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) محل۔ اَیوان۔ حویلی۔ مکان (۲) کمی۔ تخفیف۔ اِختصار (۳) (ع۔ا۔مث) وہ نماز جو حالتِ سفر میں مقررہ رکعتوں سے کم پڑھی جائے۔

قِصص (قِ۔صَص) (ع۔ا۔مذ) قِصّہ کی جمع۔ (قرآن میں بفتح قاف ہے)۔

قُصُور (قُ۔صور) (ع۔ا۔مذ) (۱) خطا۔ بھول چوک۔ اُردو جمع: قصوروں (۲) قصر کی جمع۔ محلات۔ اَیوان۔ مکانات۔

قصور کرنا (اَر۔محاورہ) خطا کرنا۔ غلطی کرنا۔

قصور معاف (اَر۔روزمرّہ) گستاخانہ گفتگو کی تلافی کے لئے یہ کلمہ مستعمل ہے۔

قصور مند (ع۔ف۔صف) تقصیر وار۔ گناہ گار۔ خطا وار۔

قصور وار (ع۔ف۔صف) خطا کرنے والا۔ گناہ گار۔

قصور ہونا (اَر۔محاورہ) خطا سرزد ہونا۔

قِصّہ (قِص۔صہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کہانی۔ داستان۔ افسانہ۔ حکایت (۲) ذکر۔ بیان (۳) لڑائی۔ جھگڑا۔ قضیہ۔ بکھیڑا۔ جمع: قِصص۔ اُردو جمع: قصّوں۔ قصّے۔

قصہ آخر ہونا (اَر۔محاورہ) جھگڑا ختم ہونا۔

قصہ اِنفصال ہونا (اَر۔محاورہ) جھگڑا مٹنا۔ لڑائی ختم ہونا۔

قصہ باندھنا (اَر۔محاورہ) فتنہ اُٹھانا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔

قصہ بڑھانا (اَر۔محاورہ) قصّے کو طول دینا۔ بات بڑھانا۔

قصہ پاک کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) جھگڑا طے کرنا۔ فیصلہ چکانا۔ قتل کر ڈالنا۔

قصہ تمام کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) داستان پوری کرنا (۲) کام تمام کرنا۔ مار ڈالنا۔

قصہ چکانا (اَر۔محاورہ) جھگڑے کا فیصلہ کر دینا۔

قصہ چکنا (اَر۔محاورہ) تکرار ختم ہونا۔ جھگڑا فیصل ہونا۔

قصہ چھیڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) ذکر شروع کرنا (۲) جھگڑے کی بات نکالنا۔

قصہ خواں (گو) (ع۔ف۔صف) داستان گو۔ کہانی کہنے والا۔ افسانہ خواں۔

قصہ خوانی (گوئی) (ع۔ف۔ا۔مث) داستان گوئی۔ کہانی سنانا۔

قصہ رہنا (اَر۔محاورہ) جھگڑا قائم رہنا۔

قصۂ زمین بر سرِ زمین (ف۔مثل) معاملے کا فیصلہ موقع پر ہونا چاہیے۔

قصہ طے ہونا (اَر۔محاورہ) جھگڑا چکنا۔

قصہ فیصل ہونا (اَر۔محاورہ) لڑائی ختم ہونا۔ جھگڑا چکنا۔

قصہ کرنا (اَر۔محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔

قصہ کوتاہ (ع۔ف۔متعلق فعل) الغرض۔ مختصر یہ کہ۔ پس۔ فقط۔ بس۔

قصہ کہانی (اَر۔ا۔مث) افسانہ و حکایت۔ ذکر اذکار (۲) ناقابلِ اِعتبار بات۔

قصہ کہانی ہے (اَر۔روزمرّہ) بات قابلِ اِعتبار نہیں ہے۔

قصہ کھڑا کرنا (اَر۔محاورہ) جھگڑا اُٹھانا۔ فساد برپا کرنا۔

قصہ کہنا (اَر۔محاورہ) مصیبت کی طویل کہانی بیان کرنا (۲) پرانی داستان سنانا۔

قصہ لے بیٹھنا (اَر۔محاورہ) بے موقع تذکرہ شروع کر دینا۔

قصہ مختصر (ع۔متعلق فعل) دیکھئے قصہ کوتاہ۔

قصہ مول لینا (اَر۔محاورہ) جان کو روگ لگانا۔ خواہ مخواہ بکھیڑے میں پڑنا۔

قصہ ہونا (اَر۔محاورہ) جھگڑا ہونا۔ فساد ہونا۔

قصہ یک سو کرنا (اَر۔محاورہ) معاملہ طے کرنا۔ جھگڑا ختم کرنا۔

قصہ یک سو ہونا (اَر۔محاورہ) معاملہ طے ہونا۔ جھگڑا ختم ہونا۔

قِصّے (قِص۔صے) (اَر۔ا۔مذ) (۱) قِصہ کی جمع (۲) قِصہ کی مغیرہ شکل۔

قصّے میں پڑنا (اَر۔محاورہ) جھگڑے میں مبتلا ہونا۔

قصیدہ (قَ۔صی۔دہ) (ع۔ا۔مذ) نظم کی وہ قسم جس میں کسی کی تعریف یا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جو ہو۔ اِس کے پہلے دونوں مصرعوں اور ہر شعر کے آخری مصرع میں قافئے کا اِلتزام ہوتا ہے۔ جمع: قصائد۔ اُردو جمع: قصیدوں۔ قصیدے۔
قصیدہ گو (نگار۔ نویس) (ع۔ ف۔ صف) قصیدہ کہنے والا۔
قصیدہ گوئی (نگاری۔ نویسی) (ف۔ ا۔ مث) قصیدہ کہنا۔
قُصَیر (قَ۔ صِیر) (ع۔ صف) پست قد۔ کوتاہ۔

ق ـ ض

قَضا (قَ۔ ضا) (ع۔ ا۔ مث) (۱) حُکم۔ حُکمِ خُدا۔ مشیتِ ایزدی۔ فرمانِ الٰہی (۲) تقدیر۔ قِسمت (۳) موت۔ وفات۔ اَجل (۴) وہ عبادت جو مقررہ وقت کے بعد ادا کی جائے (۵) اِنصاف۔ عدل (۶) ادائگی۔ ادائی۔
قضا آنا (اُر۔ محاورہ) موت آنا۔
قضا ادا کرنا (اُر۔ محاورہ) چھوٹی ہوئی نماز پڑھنا۔
قضا بھرنا (اُر۔ محاورہ) قضا ادا کرنا۔ چھوٹی ہوئی عبادت ادا کرنا۔
قضا پڑھنا (اُر۔ محاورہ) چھوٹی ہوئی نماز بے وقت ادا کرنا۔
قضا پھڑ پھڑاتی ہے (اُر۔ محاورہ) موت قریب ہے۔
قضا ٹلنا (اُر۔ محاورہ) موت سے بچ جانا۔
قضا دامن گیر ہونا (اُر۔ محاورہ) موت کا پیچھے پڑنا۔ موت آنا۔
قضارا (ع۔ ف۔ متعلق فعل) اِتفاقاً۔ اچانک۔ یکایک۔
قضا سر پر سوار ہونا (سر پر کھیلنا) (اُر۔ محاورہ) موت کا سر پر منڈلانا۔ موت سر پر سوار ہونا۔
قضا سے چارہ نہیں (اُر۔ محاورہ) موت کا کوئی علاج نہیں۔ موت سے کوئی نہیں بچتا۔
قضا عِند اللہ (ع۔ متعلق فعل) دیکھئے قضارا۔
قضا کا پیغام (اُر۔ ا۔ مذ) موت کے آثار۔
قضا کار (ع۔ ف۔ متعلق فعل) دیکھئے قضارا۔
قضا کا سامنا (اُر۔ ا۔ مذ) موت کا سامنا۔ سخت خطرہ۔ بے حد پریشانی۔
قضا کا فرشتہ (اُر۔ ا۔ مذ) موت کا فرشتہ۔ مَلکُ الموت۔
قضا کا (کھینچ کر) گھیر کر لانا (اُر۔ محاورہ) موت کا پیچھے پڑ کر مرنے کی جگہ لے آنا۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی پردیس میں مرے۔
قضا کا مارا (اُر۔ صف) اَجل گرفتہ (۲) شامت زدہ۔
قضا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مرنا۔ اِنتقال کرنا (۲) مذہبی فرض کا وقتِ مقررہ پر ادا نہ کرنا۔
قضا کے مُنہ میں جھونکنا (اُر۔ محاورہ) خطرناک جگہ کام کے لئے بھیجنا۔
قضا لکھی ہونا (اُر۔ محاورہ) موت کا کسی خاص طریقے اور وقت یا جگہ پر مقرر ہونا۔
قضا نے گھر دیکھ لیا (اُر۔ محاورہ) موت نے گھر دیکھ لیا۔ موت کے آنے کا راستہ کھل گیا۔
قضا و قدر (ع۔ ا۔ مث) وہ حُکم جو خُدائے تعالیٰ نے کائنات کی نسبت روز اَزل سے لگا دیئے ہیں۔ تقدیرِ اِلٰہی۔ خُدا کی رضا۔ نصیب۔
قضا ہونا (اُر۔ محاورہ) فرائضِ مذہبی کا وقتِ مقررہ پر ادا نہ ہونا۔
قضائے اِلٰہی سے مرنا (اُر۔ محاورہ) طبعی موت مرنا۔ اپنی آئی مرنا۔
قضائے حاجت کرنا (اُر۔ محاورہ) ٹٹی کرنا۔ پاخانہ پھرنا۔
قضائے عُمری (ع۔ ا۔ مث) وہ نماز جو ہر نماز کے ساتھ گُزری ہوئی عُمر کی قضا شدہ نمازوں کے عوض پڑھی جائے۔
قضائے کار (ع۔ ف۔ متعلق فعل) اِتفاقاً۔ قضارا۔
قضائے مُبرم (مُب۔ رَم) (ع۔ ا۔ مث) نہ ٹلنے والا حُکم۔ وہ موت جو کسی طرح نہ ٹلے۔
قضائے مُعلق (ع۔ ا۔ مث) وہ قضا جو کسی تدبیر سے ٹل جائے۔
قضائے ناگہانی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) اچانک موت۔ مرگِ مفاجات۔
قُضات (ۃ) (قُ۔ ضات) (ع۔ ا۔ مذ) قاضی کی جمع۔
قَضات (قَ۔ ضات) (ع۔ اُر۔ ا۔ مث) (۱) قاضی کا عُہدہ (۲) قاضی کے فرائض۔
قضایا (قَ۔ ضا۔ یا) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) قضیہ کی جمع۔ جھگڑے۔ فساد (۲) فقرے۔ جملے (۳) مباحثے (۴) اَحکام۔ خبریں (۵) مطالب۔
قَضیب (قَ۔ ضِیب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کٹی ہوئی شاخ (۲) تیز تلوار (۳) عضوِ تناسُل۔ ذَکر۔ لنگ۔
قضیّہ (قَ۔ ضی۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ ٹنٹا۔ فساد۔ بحث۔ تکرار (۲) نالش۔ مقدمہ (۳) جملہ۔ فقرہ۔ عبارت کا ٹکڑا۔ جمع: قضایا۔ اُردو جمع: قضیوں۔ قضیے۔
قضیہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔
قضیہ پاک ہونا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا طے ہونا۔
قضیہ چُکانا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا مٹانا۔
قضیہ کرنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔
قضیہ مول لینا (اُر۔ محاورہ) دُوسرے کے جھگڑے میں پڑنا۔ پرائی بلا لینا۔
قضیہ نا مرضیہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ معاملہ یا مقدمہ جو مرضی کے خلاف ہو۔
قضیّے (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) قضیہ کی جمع (۲) قضیہ کی بدلی ہوئی شکل بحالتِ اِمالہ۔
قضیے میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑے میں پڑنا۔

ق ـ ط

قط (بفتحہ اوّل) (ع۔ ا۔ مذ) تراشنا۔ کاٹنا۔ قلم کی نوک کاٹنا۔
قط دینا (رکھنا۔ لگانا) (اُر۔ محاورہ) قلم کی نوک قط گیر پر رکھ کر کاٹنا۔
قط زن (گیر) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ چپٹی چیز جس پر قلم کی نوک رکھ کر کاٹتے ہیں۔
قِطار (قِ۔ طار) (ع۔ ا۔ مث) سیدھی اور لمبی صف۔ پرا۔ لڑی۔ زنجیر۔ سلسلہ۔ ترتیب۔ (اُردو میں بفتح اوّل غلط العام ہے)۔ اُردو جمع: قطاروں۔ قطاریں۔
قطار باندھنا (اُر۔ محاورہ) سلسلہ باندھنا۔ پرا جمانا۔ صف باندھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قطار بندی (ع۔ف۔ا۔مث) قطار باندھنے کا فعل۔

قطار در قطار (ع۔ف۔متعلق فعل) صف در صف۔ صفیں بنا کر۔

قطار لڑانا (اُر۔ محاورہ) ایک کھیل (۲) انڈے لڑانا (نوروز کے دِن)۔

قُطّاع (قُط۔طاع)(ع۔ا۔مذ) قاطع کی جمع۔ کاٹنے والے۔

قُطّاعُ الطّرِیق (قُط۔طا۔عُط۔طَ۔ریق)(ع۔ا۔مذ) راستہ کاٹنے والے۔ راہ زن۔ لٹیرے۔ ڈاکو۔ بٹ مار۔

قَطّامہ (قَط۔طا۔مہ)(ع۔ا۔مث) چھنال۔ فاحشہ۔ کٹنی۔ بیسوا (۲) حرامزادی۔

قُطْب (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ کیل جس پر چکی گھومتی ہے (۲) زمین کے محور کے دونوں سرے (۳) سردارِ قوم (۴) مُسلمانوں کے عقیدے میں وہ ولی جس کے سپرد کسی بستی یا علاقے کا انتظام ہو (۵)(صف) افضل۔ اعلیٰ۔ برگزیدہ۔ جمع: اَقطاب۔ اُر جمع: قُطب۔ قُطبوں۔

قُطب تارا (ع۔ا۔مذ) وہ تارا جو کُرۂ زمین کے شمالی یا جنوبی سرے پر نظر آتا ہے۔

قُطبِ جنوبی (ع۔ا۔مذ) زمین کے محور کا جنوبی سرا۔ (Antartica)۔

قُطبِ شمالی (ع۔ا۔مذ) زمین کے محور کا شمالی سرا۔ (Arctic)۔

قُطب مینار (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مینار جسے سلطان قُطبُ الدین ایبک نے دہلی میں مسجد قوت الاسلام کے ساتھ بنوایا تھا۔ یہ سنگِ سُرخ کا بنا ہوا ہے اور اس پر آیات قرآنی لکھی ہوئی ہیں۔

قُطب نُما (ع۔ف۔ا۔مذ) قُطب کی سمت معلوم کرنے کا آلہ۔

قُطْبی (قُط۔بی)(ف۔صف) قُطب سے منسوب۔ قُطب سے متعلق (۲)(ف۔ا۔مذ) یاقوت کا چھوٹا نگینہ۔

قُطبَین (قُط۔بَین)(ع۔ا۔مذ) قُطب کا تثنیہ۔ دونوں قُطب۔ قُطبِ شمالی اور قُطبِ جنوبی۔

قُطْر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) وہ خطِ مستقیم جو دائرے کے مرکز سے گزرتا ہوا دونوں طرف محیط تک چلا جائے۔ یہ دائرے کو دو حصّوں میں تقسیم کرتا ہے۔ جمع: اَقطار۔

قَطَرات (قَط۔رات)(ع۔ا۔مذ) قطرہ کی جمع۔

قَطْرہ (قط۔رہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) پانی کی بوُند (۲) کسی سیال چیز کی بوُند۔ جمع: قطرات۔ اُردو جمع: قطروں۔ قطرے۔

قطرہ آنا (اُر۔ محاورہ) پیشاب کی بوُند ٹپکنا۔ بلا ارادہ پیشاب کی بوُند نکل جانا۔ (ایک مرض)۔

قطرہ زن (ع۔ف۔صف)(کنایۃً) تیز رو۔ تیز رفتار۔

قطرہ قطرہ (ع۔متعلق فعل) بوُند بوُند۔ تھوڑا تھوڑا۔

قطرہ قطرہ دریا ہو جاتا ہے (اُر۔ مثل) تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے۔

قَطْع (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) تراش۔ کاٹ (۲) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طرز۔ انداز۔ وضع۔

قطع بُرید (ع۔ف۔ا۔مث) کاٹ چھانٹ۔ تراش خراش۔ کتر بیونت۔

قطع بنانا (اُر۔ محاورہ) اَنداز اِختیار کرنا۔ صورت شکل بنانا۔

قطع تعلق کرنا (اُر۔ محاورہ) واسطہ چھوڑ دینا۔ مُلاقات یا دوستی ترک کرنا۔ لگاؤ نہ رکھنا۔

قطع دار (ع۔ف۔صف) اچھی شکل کا۔ خوش شکل۔

قطع دائرہ (ع۔ا۔مذ) دائرے کا وہ حِصّہ جو وتر اور کسی قوس سے محیط ہو۔

قطع راہ (ع۔ف۔ا۔مذ) راہ طے کرنا۔ سفر کرنا۔

قطع رحم (ع۔ا۔مذ) عزیزوں سے تعلق توڑ دینا۔

قطع سخن (**قطع کلام**)(ع۔ا۔مذ) بات کاٹنا۔

قطع کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کاٹنا۔ تراشنا (۲) چھوڑنا (۳) بسر کرنا۔ گزارنا۔

قطع کلام کرنا (اُر۔ محاورہ) بات کاٹنا۔ کسی کی بات کے درمیان بولنا۔

قطع مسافت (ع۔ا۔مذ) راستہ طے کرنا۔

قطع نظر (ع۔ تابع فعل)(۱) سوا۔ اِس کے سوا۔ بجز۔ بن (۲) اِس پر بھی۔ تاہم۔ بہرصورت۔

قطع و بُرید (قط۔عو۔بُ۔رید)(ع۔ف۔ا۔مث) دیکھئے قطع بُرید۔

قطع ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) کٹنا۔ ترشنا۔ کپڑے کا چھانٹا جانا (۲) بسر ہونا۔ گزرنا (۳) فیصلہ ہونا۔

قَطْعاً (قط۔عَن)(ع۔ تابع فعل) اصلاً۔ ہرگز۔ ذرا بھی۔ بالکل۔

قِطْعات (قِط۔عات)(ع۔ا۔مذ) قِطعہ کی جمع۔

قِطْعَہ (قِط۔عَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ٹکڑا۔ حِصّہ۔ جُز (۲) پُرزہ۔ پرچہ (۳) زمین کا ٹکڑا۔ خِطّہ (۴) نظم کی وہ قسم جس میں کوئی ایک چیز بیان کی جاتی ہے۔ اِس میں مطلع نہیں ہوتا اور کم سے کم دو شعر ہوتے ہیں۔ بعض فصحا کے نزدیک بالفتح بھی جائز ہے۔ جمع: قِطعات۔ اُردو جمع: قطعوں۔ قطعے۔

قطعہ بند (ع۔ف۔ا۔مذ) دو یا زیادہ مسلسل اَشعار جن میں کوئی خاص بات بیان کی گئی ہو۔

قَطْعی (قط۔عی)(ع۔صف)(۱) حتمی۔ آخری۔ پُورا پُورا۔ کامل (۲) ضرور۔ یقینی۔ واقعی۔

قطعی گز (ع۔ف۔ا۔مذ) درزیوں کا وہ گز جس سے کپڑا ناپ کر قطع کرتے ہیں۔

قَطْعِیّات (قط۔عی۔یات)(ع۔ا۔مث) قطعیّت کی جمع (۲) وہ اُمور جن میں شک و شُبہ نہ ہو۔

قِطْمِیر (قِط۔میر)(ع۔ا۔مذ)(۱) اصحاب کہف کے کتّے کا نام (۲) کھجور یا چھوہارے کی گٹھلی کی باریک جھلّی (۳)(کنایۃً) بہت چھوٹا۔ ذرا سا۔ نہایت قلیل چیز۔

قُطْن (قُطُن)(قُ۔طُن)(ع۔ا۔مذ) کپاس۔ رُوئی۔

قُطْنی (قط۔نی)(ع۔صف) رُوئی کا بنا ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ق۔ع

قَعْب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) قاب۔ بڑا پیالہ (۲) کسی بات کا خُفیہ مطلب۔

قَعْدَہ (قَع۔دَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) بیٹھنا۔ بیٹھک۔ نشست (۲) نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا۔

قَعْر (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) گہرائی۔ تھاہ۔ کنوئیں یا دریا کی (۲) بڑا گڑھا۔

قعرِ مذلّت (ع۔ا۔مذ) ذِلّت کا گڑھا۔ اِنتہائی ذِلّت۔

قُعُود (قُ۔عُود)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے قعدہ۔

ق۔ف

قَفا (قَ۔فا)(ع۔ا۔مث)(۱) گردن کی پُشت۔ گدّی (۲) کسی چیز کا پچھلا حصّہ (۳)(مجازاً) پیچھے۔ پسِ پُشت۔

قفائے فلک (ع۔ا۔مذ) حادثات جو ستاروں کی گردش سے ہوتے ہیں۔

قَفَس (قَ۔فَس)(ف۔ا۔مذ) ع قفص۔ پنجرا۔ جال۔ پھندا (۲)(مجازاً) قالب خاکی۔ جسم۔ اِس معنی میں قفسِ عنصری بھی کہتے ہیں۔ اُر جمع: قفس۔ قفسوں۔

قُفْل (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) تالا۔ جمع: اَقفال۔ اُردو جمع: قُفل۔ قُفلوں۔

قُفلِ اَبجد (ع۔ا۔مذ) ایک قِسم کا قفل جس میں حروف لکھے ہوتے ہیں۔ انہیں ترتیب کے ساتھ ملا دینے سے قفل کُھل جاتا ہے اور گڈمڈ کرنے سے نہیں کُھلتا۔

قُفل بند (ع۔ف۔صف) تالا لگا ہوا۔ مقفّل۔

قُفل توڑنا (اُر۔محاورہ) تالا توڑنا۔ قفل توڑ کر چوری کرنا۔

قُفل (جڑ دینا) جڑنا (اُر۔محاورہ) تالا لگانا۔

قُفل جُھوٹا ہونا (اُر۔محاورہ) قفل کا ایسا نقص ہونا کہ بغیر کُنجی کے کُھل جائے۔

قُفلِ خموشی (ع۔ا۔مذ) خموشی کا قفل سے اِستعارہ۔ خاموشی۔ چُپ۔

قُفلِ دہن کُھلنا (اُر۔محاورہ) مُنہ کا تالا کُھلنا۔ بات کرنا۔ بولنا۔

قُفل دینا (اُر۔محاورہ) تالا ڈالنا۔ قفل لگانا۔

قُفل لگانا (اُر۔محاورہ) تالا لگانا۔ مکان بند کرنا (۲)(کنایۃً) مکان پر قبضہ کرنا۔

قُفلی (قُف۔لی)(ع۔ا۔مث)(۱) ڈھکنے والا ظرف جو ایک دُوسرے میں پھنس جاتا ہے (۲) وہ نل یا نلی جو ایک دُوسرے میں آ جاتی ہو جیسے حُقّے کی قفلی (۳) سالن وغیرہ بند کر کے رکھنے کا ڈھکنے دار ظرف (۴) وہ نلکی یا سانچا جس میں دودھ جماتے ہیں (۵) کھیر اور فرنی کے ایک دُوسرے پر رکھے ہوئے پیالے (۶) نمش کا پیالہ (۷) پہلوانی کا ایک پیچ۔ اُردو جمع: قُفلیاں۔ قُفلیوں۔

قُفلی (قُفلیاں) جمانا (اُر۔محاورہ) دودھ وغیرہ کو قفلی میں رکھ کر برف سے منجمد کرنا۔

قُفلی کرنا (اُر۔محاورہ) درندوں کا دانتوں کو اِس طرح بند کرنا کہ کُھل نہ سکیں۔

قُفلی (قُفلیاں) لگ جانا (اُر۔محاورہ) دو چیزوں کا آپس میں اِس طرح پھنس جانا کہ چُھوٹنا مُشکل ہو۔

ق۔ق

قُقْنُس (قُق۔نُس)(یُو۔ا۔مذ) ایک روایتی خوش رنگ اور خوش آواز پرند۔ کہتے ہیں کہ اِس کی چونچ میں ۳۶۰ سُوراخ ہوتے ہیں اور ہر سوراخ سے ایک راگ نکلتا ہے۔ جب مرنے لگتا ہے تو سوکھی لکڑیوں کے ڈھیر پر بیٹھ جاتا ہے اور دیپک راگ گاتا ہے جس سے لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے اور وہ جل کر بھسم ہو جاتا ہے۔ جب بارش ہوتی ہے تو اس کی راکھ میں انڈا پیدا ہوتا ہے جس میں سے دُوسرا قُقنس نکلتا ہے۔

ق۔ل

قُل (بضمِ اوّل)(ع۔ا۔مذ) صیغہ اَمر بمعنی کہہ (۲) فاتحہ سوم۔ تیجا۔ ختم۔ پُھول (۳) قرآن مجید کی چار سورتیں: سُورۃُ الاخلاص۔ سُورۃُ الفلق۔ سُورۃُ النّاس۔ سُورۃُ الکافرون۔ انہیں چار قُل کہتے ہیں اور یہ فاتحہ میں پڑھی جاتی ہیں (۴)(کنایۃً) خاتمہ۔ کام تمام ہونا۔ جان نکل جانا۔

قُل اَعُوذی (قُل اَعُوذیہ) (اُر۔صف) نذر نیاز پر بسر اوقات کرنے والا۔

قُل پڑھنا (اُر۔محاورہ) فاتحہ پڑھنا۔ ختم پڑھنا۔ قُل ھواللہ پڑھ کر پُھونکنا۔ دَم کرنا۔

قُل کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) کام تمام کرنا (۲) اِنتظار کراتے کراتے تھکا دینا۔

قُل ھُواللہ پڑھنا (اُر۔محاورہ)(۱) سُورۃُ الاخلاص پڑھنا (۲) بہت بُھوک لگنا (آنتوں یا انتڑیوں کے ساتھ)۔

قُل ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) عُرس ہونا۔ فاتحہ ہونا (۲) کام تمام ہونا۔ حالت تباہ ہونا۔ مر جانا (۳) اِنتظار کرتے کرتے تھک جانا۔

قَلا (قَ۔لا)(اُر۔ا۔مث) ہندی "کلا" کا بگڑا ہوا۔ بازی گر کی وہ حرکت جس سے وہ سر نیچے اور ٹانگیں اُوپر کر کے سر کے بَل اُلٹ جاتا ہے۔

قلابازی (اُر۔ا۔مث) کرتب۔ کھیل۔ سر نیچے پاؤں اُوپر کر کے لُوھکنیاں کھانا۔

قلابازی کھانا (اُر۔محاورہ) سر نیچے پاؤں اُوپر کر کے لوھکنا (۲) لوٹنے لوٹنے پھرنا۔ پٹخنیاں کھانا۔

قلاجنگ (اُر۔ا۔مذ) کُشتی کا ایک داؤں۔ حریف کی دائیں ٹانگ اور دائیں بازو کو پکڑ کر اُسے پٹخ دینا۔

قُلّابَہ (قُل۔لا۔بَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) آنکڑا۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا (۲) کُنڈا۔ کڑی۔ حلقہ۔ اُردو جمع: قُلّابوں۔ قُلابے۔

قُلاچ (قُل۔لاچ)(اُر۔صف) دیکھئے قلاش۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قِلَادَہ (قِ-لا-دَہ)(ع-ا-مذ)(۱) گلوبند۔ گلے کا پٹا (۲) کتے وغیرہ کا پٹا۔

قَلَّاش (ت-صف)(۱) مُفلِس۔ غریب۔ کنگال (۲) بے غیرت۔ لُچا۔

قَلَاقْنَا (قَ-لاق-نا)(اُر-مص) آوازہ کسنا۔ مذاق کرنا۔

قَلَاقَنْد (قَ-لا-قند)(اُر-ا-مذ) ایک قسم کی مٹھائی۔

قُلَانچ (قُ-لانچ)(نون غنّہ)(اُر-ا-مث) چوکڑی۔ زقند۔ جست۔ چھلانگ۔
جمع: قُلانچوں۔ قُلانچیں۔

قُلَانچ (قُلانچیں) مارنا (اُر-محاورہ) چھلانگ لگانا۔ جست لگانا۔ کودنا۔

قَلْب (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع-ا-مذ)(۱) دل۔ ضمیر۔ مَن (۲) وسط۔ درمیان۔ فوج کا درمیانی حِصّہ (۳)(صف) اُلٹا ہوا۔ اوندھا (۴) غیرخالص۔ کھوٹا (سکّہ)۔ جمع: قُلُوب۔

قلب چاک ہونا (اُر-محاورہ) سخت رُوحانی صدمہ ہونا۔

قلب ساز (ع-ف-صف) کھوٹا اور جعلی سکّہ بنانے والا۔

قلب سازی (ع-ف-ا-مث) جعلی سکّہ بنانا۔ کھوٹ مِلانا۔

قلبِ ماہیّت (ع-ا-مث) اصلیّت بدل جانا۔

قلبِ مُضطر (ع-صف) پریشان دل۔ بے چین دل۔

قلب مکدّر ہونا (اُر-محاورہ) دل میں ملال ہونا۔ رنج ہونا۔

قَلْبانَہ (قَل-بانَہ)(ف-ا-مذ) قوالی سے ملتا جلتا گانا یا گانے کا انداز جو امیر خسرو کی ایجاد ہے۔

قُلْبَہ (قُل-بَہ)(ع-ا-مذ) ہل۔ زمین جوتنے کا آلہ۔

قلبہ رانی (ع-ف-ا-مث) ہل چلانا۔ زمین جوتنا۔

قَلْبی (قَل-بی)(ع-صف)(۱) دلی۔ جانی (۲) کھوٹا۔ جعلی (۳) اُلٹا کیا ہوا۔

قلبی عداوت (ع-ف-ا-مث) دلی عداوت۔ سخت دُشمنی۔

قَلْپاق (قَل-پاق)(ت-ا-مذ) ایک قسم کی اُونچی ٹوپی۔

قِلَّت (قِل-لت)(ع-ا-مث) کمی۔ تھوڑا ہونا۔ کم یابی۔

قَلْتَبان (قَلت-بان)(ع-ا-مذ) دیوث۔ بھڑوا۔ گرم ساق۔

قُلَّتَین (قُل-لَ-تَین)(ع-ا-مذ)(۱) پانی کے ایسے دو ظرف جن میں دس دس مَن پانی آجائے (۲)(اُر-صف) ناپاک۔ نجس (۳) کسبی۔ فاحشہ۔

قلتین کرنا (اُر-محاورہ) ناپاک کرنا۔ گندہ کرنا۔ نجس کرنا۔

قَلْچاق (قَل-چاق)(ت-ا-مذ) آہنی دستانہ جو فوجی پہنتے ہیں۔

قُلْزُم (قُل-زُم)(ع-ا-مذ)(۱) ایک بحیرہ جو عرب اور مصر کے درمیان ہے (۲)(کنایۃً) نہایت گہرا سمندر۔

قَلْع (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع-ا-مذ) گرانا۔ ڈھانا۔ مسمار کرنا۔ بیخ کنی۔

قلع قمع (ع-ا-مذ) توڑ پھوڑ۔ مسماری۔ انہدام۔

قَلْعَہ (قَل-عَہ)(ع-ا-مذ)(۱) وہ محفوظ اور سنگین عمارت جس میں بادشاہ، حاکم یا فوج رہے۔ گڑھی۔ حصار (۲) شطرنج میں بادشاہ کو اِس طرح گوشے میں رکھنا کہ مُہرے اُسے بچانے کے لئے آجائیں۔ جمع: قِلاع۔ قُلُوع۔ فارسی جمع: قلعہ جات۔ اُردو جمع: قلعوں۔ قلعے۔

قلعہ اُکھاڑنا (اُر-محاورہ) قلعہ ڈھانا۔

قلعہ باندھنا (اُر-محاورہ) چاروں طرف ٹاٹ کے بورے رکھ کر حصار تیار کرنا۔ گھیرا بنانا (۲) فوج کا حصار باندھ کر کھڑا ہونا (۳) شطرنج کے مُہروں کو بادشاہ کے آس پاس رکھنا۔

قلعہ بنانا (اُر-محاورہ)(۱) قلعہ تعمیر کرنا (۲) کسی جگہ کو ایسا مستحکم کرنا کہ بیرونی حملہ نہ ہو سکے۔

قلعہ بند (ع-ف-صف) قلعے میں پناہ لینے والا۔

قلعہ دار (ع-ف-صف) قلعے کا افسر۔ محافظِ قلعہ۔

قلعہ سر کرنا (اُر-محاورہ) قلعہ فتح کرنا۔

قلعہ شِکن (ع-ف-صف) قلعہ توڑنے والا۔ (توپ وغیرہ)۔

قلعہ شِکن توپ (ع-ف-ا-مث) بڑی توپ جس کے گولوں سے قلعے کی دیواریں توڑتے ہیں۔

قَلْعی (قَ-لَ-عی)(ع-ا-مث)(۱) رانگ۔ رانگا (۲) سفیدی۔ مکانوں کی دیواروں پر پھیرنے کا چُونا (۳) مُلمّع۔ گِلٹ۔ روغن۔ وارنش۔ جلا (۴) ظاہری ٹیپ ٹاپ اور چمک دمک۔

قلعی اُتر جانا (اُترنا) (اُر-محاورہ) قلعی جاتی رہنا۔ ملمع دُور ہو جانا۔ اصلی دھات نکل آنا۔

قلعی اُڑ جانا (اُر-محاورہ) ملمع اُتر جانا۔

قلعی پھروانا (اُر-محاورہ) سفیدی کرانا۔

قلعی چڑھانا (اُر-محاورہ) ملمع کرنا۔ سفیدی کرنا۔

قلعی دار (ع-ف-صف) وہ برتن جس پر قلعی کی گئی ہو۔

قلعی کا چُونا (اُر-ا-مذ) پتھر کا چُونا۔ سفیدی۔

قلعی کا کُشتہ (اُر-ا-مذ) رانگ کا کشتہ۔ پھُونکا ہوا رانگا۔

قلعی کرنا (اُر-محاورہ)(۱) برتنوں پر رانگ چڑھانا (۲) دیواروں پر سفیدی پھیرنا۔

قلعی کھل جانا (کھلنا) (اُر-محاورہ)(۱) ملمع اُتر جانا۔ قلعی اُڑ کر برتن کی اصلی حالت نظر آنا (۲) حقیقت ظاہر ہونا۔ اصلیّت معلوم ہو جانا۔

قلعی کھولنا (اُر-محاورہ) کسی کا راز افشا کرنا۔ چھپا ہوا عیب ظاہر کرنا۔

قلعی گر (ع-ا-مذ) برتنوں پر قلعی کرنے والا۔

قُلْفَا (قُل-فا)(اُر-ا-مذ) دیکھئے خُرفہ۔

قُلْفَہ (قُل-فَہ)(ع-ا-مذ) عضوِ تناسل کا سر بغیر ختنہ کئے ہوئے۔

قُلْفی (قُل-فی)(اُر-ا-مث) دیکھئے قُفلی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قَلَق (قَ۔لَق) (ع۔ا۔مذ) (۱) اِضطراب۔ بیقراری۔ بے چینی۔ گھبراہٹ (۲) رنج۔ غم۔ اَندوہ۔ سوچ۔ فکر (۳) حسرت۔ اَفسوس۔ پچھتاوا۔

قلق جانا (اُر۔ محاورہ) رنج دُور ہونا۔

قلق گزرنا (اُر۔ محاورہ) ناگوار ہونا۔ بُرا لگنا۔ رنج ہونا۔ بیقراری ہونا۔

قِلقاری (قِل۔ قا۔ ری) (اُر۔ا۔مث) شیر خوار بچے کی ہنسی، آواز کے ساتھ۔ کِلکاری۔ جمع: قلقاریوں۔ قلقاریاں۔

قِلقاریاں مارنا (اُر۔ محاورہ) شیر خوار بچوں کا آواز کے ساتھ ہنسنا۔

قُلقُل (قُل۔قُل) (ع۔ا۔مذ ومث) صُراحی یا بوتل سے پانی یا شراب نکلنے کی آواز۔

قَلَم (قَ۔لَم) (ع۔ا۔مذ) (۱) خامہ۔ کِلک۔ لکھنے کا آلہ (۲) مصوری یا رنگ سازی کا برش (۳) حُکم۔ حکومت۔ فرماں روائی۔ اُردو جمع: قلم۔ قلموں (۴) (صف) بُریدہ۔ کٹا ہوا (۵) (اُر۔ا۔مث) کاٹی ہوئی ہری شاخ جو زمین میں پودا تیار کرنے کے لئے لگاتے ہیں۔ جیسے گلاب کی قلم۔ آم کی قلم (۶) کنپٹی کے اُوپر کے چھوٹے چھوٹے بال (۷) شاخ۔ ٹہنی جو ایک درخت سے کاٹ کر دُوسرے درخت میں لگاتے ہیں (۸) سینگ (۹) کسی چیز کا لمبا ٹکڑا جیسے شورے کی قلم (۱۰) ایک قسم کی آتش بازی (۱۱) گائے وغیرہ کی پنڈلی کی ہڈی۔ جمع: قلموں۔ قلمیں۔

قلم اُٹھا کر لکھنا (اُر۔ محاورہ) قلم برداشتہ لکھنا۔ فی البدیہہ لکھنا۔ بے ساختہ اور بے تکلف لکھنا۔

قلم اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) لکھنے کا ارادہ کرنا۔

قلم انداز کرنا (اُر۔ محاورہ) لکھنے میں کچھ چھوڑ جانا۔

قلم برداشتہ لکھنا (اُر۔ محاورہ) بے تامّل لکھنا۔ بے ساختہ لکھنا۔ فوراً لکھ دینا۔

قلم بنانا (اُر۔ محاورہ) (۱) قلم تراشنا۔ قلم چھیل کر لکھنے کے قابل کرنا (۲) کنپٹی کے اُوپر کے بالوں کو دُرست کرنا۔

قلم بند (ع۔ف۔صف) (۱) لکھا ہوا۔ مرقومہ (۲) مندرجہ رجسٹر۔ درج فہرست (۳) شمار کیا ہوا۔ گنا ہوا (۴) داخل شدہ (۵) گنتی کے مطابق۔ حساب سے۔

قلم بند سُنانا (اُر۔ محاورہ) بے حساب گالیاں دینا۔ خوب گالیاں دینا۔

قلم بند کرنا (اُر۔ محاورہ) درج کرنا۔ لکھ لینا۔ نوٹ کر لینا۔ کتاب یا رجسٹر پر چڑھا لینا۔

قلم بند ہونا (اُر۔ محاورہ) لکھا جانا۔ تحریر میں آنا۔

قلم پاک (ع۔ف۔ا۔مذ) قلم پونچھنے اور صاف کرنے کا کپڑا۔

قلم پکڑنا نہیں آتا (اُر۔ محاورہ) لکھنا نہیں آتا۔

قلم پھیرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) لکھے ہوئے کو کاٹ دینا۔ مٹا دینا۔ منسوخ کر دینا (۲) گناہوں اور خطاؤں سے درگزر کرنا۔

قلم تراش (ع۔ف۔ا۔مذ) قلم بنانے کا چاقو۔

قلم توڑ دینا (اُر۔ محاورہ) ایسی نثر یا نظم لکھنا کہ مقابل میں کوئی قلم نہ اُٹھا سکے۔

قلم جاری رہے (اُر۔ دُعا) حُکم چلتا رہے۔ حکومت برقرار رہے۔

قلم چلانا (اُر۔ محاورہ) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ درج کرنا۔ رجسٹر میں داخل کرنا۔

قلم دان (ع۔ف۔ا۔مذ) قلم دوات وغیرہ رکھنے کا چھوٹا سا بکس۔

قلم دان (دینا) عنایت کرنا (اُر۔ محاورہ) عُہدہ دینا۔ منشی مقرر کرنا۔ وزیر بنانا۔

قلم دانِ وزارت (ع۔ف۔ا۔مذ) وزارت کا عُہدہ۔

قلم دُشمن کے ہاتھ میں ہونا (اُر۔ محاورہ) مخالف کو فیصلہ کرنے کا اختیار دینا۔

قلم رَو (ع۔ف۔ا۔مذ) سلطنت۔ حکومت۔ ریاست۔ عملداری۔ بادشاہی۔ راج۔

قلم روشن رہے (اُر۔ دُعا) حُکم جاری رہے۔ حکومت قائم رہے۔

قلم زد کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کو مٹا دینا۔ قلم پھیر دینا۔ کاٹ دینا۔

قلم زن (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) منشی۔ محرّر (۲) مصوّر۔ نقّاش۔

قلم قتلے (اُر۔ا۔مذ) قلم کے تراشے (۲) (کنایۃً) مختلف مضامین کے منتخب ٹکڑے۔

قلم قصائی (ع۔اُر۔ا۔مذ) ظالم اہل کار۔ قلم کے ذریعے ظُلم ڈھانے والا محرّر۔ رشوت خوار منشی۔

قلم کار (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) منشی۔ محرّر۔ متصدی۔ لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا (۲) نقّاش۔ مصوّر۔ رنگ ساز (۳) کندہ کار۔ مُہرکن (۴) چھینٹ کا کپڑا۔

قلم کاری (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) تحریر۔ کتابت (۲) نقّاشی۔ مصوّری۔ رنگ سازی (۳) مُہرکنی۔ منبت کاری۔

قلم کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کاٹنا۔ تراشنا (۲) اُتارنا۔ جُدا کرنا۔ اُڑانا (۳) چھانٹنا (درخت وغیرہ)۔

قلم کَش (ک پر زبر) (ع۔ف۔صف) لکھنے والا۔ کاتب۔ صاحب قلم۔

قلم کشیدہ (ع۔ف۔صف) کٹا ہوا۔ قلم زد۔

قلم کھینچنا (قلم مارنا) (اُر۔ محاورہ) کاٹنا۔ رَد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ قلم پھیرنا۔

قلم لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی پودے کی شاخ کاٹ کر نیا پودا اُگانے کے لئے زمین میں لگانا۔ کسی درخت کی شاخ چھیل کر پودے کی شاخ جوڑنا۔ پیوند کاری کرنا۔

قلم میں زور ہونا (اُر۔ محاورہ) تحریر کا زوردار ہونا۔

قلم نہ اُٹھ سکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) لکھا نہ جانا (۲) قلم اُٹھانے کی طاقت نہ ہونا۔

قلم ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) ترشنا۔ کٹنا (۲) درخت یا شاخ کا کاٹا جانا۔

قَلماق (قَل۔ماق) (ت۔ا۔مذ) ترکستان کی ایک خانہ بدوش قوم۔ تاتاری۔

قَلماقنی (قَل۔ماق۔نی) (ت۔ا۔مث) قلماق قوم کی عورت۔ اُردابیگنی۔ وہ عورت جو ہتھیاروں سے مسلح شاہی محلوں میں سپاہیوں کی طرح پہرا دیتی تھی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قلمی (قَ۔لَ۔مِی)(ف۔صف)(۱) قلم کا۔ تحریری۔ مکتوبی (۲) ہاتھ کا لکھا ہوا۔ دستی تحریر (۳) شاخ نُما (۴) پیوندی۔

قلمی آم (اَر۔اِ۔مذ) پیوندی آم جو بہت بڑا اور خوش ذائقہ ہوتا ہے۔

قلمی شورہ (اَر۔اِ۔مذ) پوٹاشیم، نائٹروجن اور آکسیجن کا مُرکّب۔ پوٹاشیم نائٹریٹ۔ چھوٹی چھوٹی ڈلیوں یا سفید قلموں کی شکل میں ہوتا ہے۔

قلمی کرنا (اَر۔محاورہ) تحریر کرنا۔ لکھنا۔

قلمیں (اَر۔اِ۔مث) قلم نمبر ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱ کی جمع۔

قلمیں بنوانا (اَر۔محاورہ) کنپٹی کے بال ترشوانا۔

قلمیں چھوڑنا (رکھنا) (اَر۔محاورہ) کنپٹیوں کے بال بڑھانا۔

قُلنج (قُ۔لَنج)(اَر۔اِ۔مذ) قولنج کا بگڑا ہوا۔ دیکھیے قولنج۔

قَلَندَر (قَ۔لَن۔دَر)(ف۔اِ۔مذ)(۱) رِند۔ آزاد (۲)(اِ۔مذ) اِصطلاحِ فُقرا میں دِین و دُنیا سے آزاد آدمی (۳)(اَر۔اِ۔مذ) بندر یا ریچھ نچانے والا (۴) خیمے کا آنکڑا یا قُلّاب۔ اُردو جمع: قلندر۔ قلندروں۔

قلندر ہرچہ گوید دیدہ گوید (ف۔مثل) قلندر اَسرارِ الٰہی کی جو خبر دیتا ہے آنکھوں دیکھی دیتا ہے۔

قلندرا (قَ۔لَن۔دَ۔را)(ف۔اِ۔مذ)(۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۲) خیمے کا آنکڑا جس پر ریشم یا کپڑا لپیٹ دیتے ہیں (۳) ایک قسم کا چالان جو پولیس پیش کرتی ہے۔

قلندری (قَ۔لَن۔دَ۔ری)(ف۔اِ۔مث)(۱) قلندر کا منصب (۲) ایک قسم کی چھولداری جس میں قلندرا لگاتے ہیں (۲)(صف) قلندر سے منسوب۔

قلندریہ (قَ۔لَن۔دَ۔ری۔یَہ)(ف۔اِ۔مذ) درویشوں کا ایک مادر پدر آزاد فرقہ جس کی بنیاد ایک عرب یوسف حوربی نے رکھی تھی۔

قلوب (قُ۔لوب)(ع۔اِ۔مذ) قلب کی جمع۔

قُلّہ (قُل۔لَہ)(ع۔اِ۔مذ)(۱) پہاڑ کی چوٹی (۲) گھوڑے کا ایک رنگ جو زردی مائل ہوتا ہے۔

قُلّہ شجرہ (اَر۔اِ۔مذ)(اصل کُلاہ و شجرہ تھا) مال اَسباب۔ بوریا بستر۔

قُلّۂ کوہ (ع۔ف۔اِ۔مذ) پہاڑ کی چوٹی۔

قُلی (قُ۔لی)(ت۔اِ۔مذ)(۱) غُلام (۲) مزدور۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ اَجیر۔ محنتی۔ جمع: قُلی۔ قُلیوں۔

قُلی گری (قُلی گیری) (ت۔ف۔اِ۔مث) محنت مزدوری۔ قُلی کا کام یا پیشہ۔

قُلیا (قُل۔یا)(اَر۔اِ۔مث) قرآن مجید کی سورۃ الکافرون۔

قُلیا تمام کرنا (ختم کرنا) (اَر۔محاورہ) کام تمام کرنا۔ خاتمہ کرنا۔ قتل کرنا۔

قُلیان (قُل۔یان)(ف۔اِ۔مذ) حقّہ۔ گُڑگُڑی۔ پیچوان۔ اُر جمع: قلیان۔ قلیانوں۔

قلیان کشی (ک پر زبر)(ف۔اِ۔مث) حقّہ پینا۔

قَلیب (قَ۔لیب)(ف۔اِ۔مذ) ایک بحر (وزن) کا نام۔

قَلیچ (قَ۔لیچ)(ف۔اِ۔مث) تلوار۔ شمشیر۔

قلیل (قَ۔لیل)(ع۔صف)(۱) کم۔ تھوڑا۔ ذرا سا (۲) چھوٹا۔ کوتاہ۔ خُرد۔

قلیلُ الاعتبار (قَ۔لی۔لُل۔اِعتبار)(ع۔صف) جس کا اِعتبار کم ہو۔

قلیلُ البضاعت (قَ۔لی۔لُل۔بِ۔ضا۔عَت)(ع۔صف) تھوڑی پُونجی والا۔

قلیل و کثیر (ع۔صف) تھوڑا بہت۔ کم و بیش۔

قلیل ہونا (اَر۔مص مُرکّب) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا۔

قلیہ (قَ۔لی۔یَہ)(ع۔اِ۔مذ)(۱) سادہ گوشت گھی میں بھون کر شوربے دار پکا ہوا (۲) سبزی گوشت۔

قلیہ چپاتی (اَر۔اِ۔مث) بُھنا گوشت۔ گوشت روٹی۔

ق۔م

قُم (ع۔صیغۂ اَمر) اُٹھ کھڑا ہو۔ اُٹھ بیٹھ۔ جی اُٹھ۔

قُم بِاِذنِ اللہ (قُم۔بِ۔اِذ۔نِل۔لاہ)(ع۔صیغۂ امر) خُدائے تعالیٰ کے حُکم سے جی اُٹھ۔ حضرت عیسیٰؑ کا معجزہ۔ آپ یہ کلمہ فرما کر مُردے کو زندہ کر دیتے تھے۔ اسے قُم عیسیٰؑ بھی کہتے ہیں۔

قُم بِاِذنی (قُم۔بِ۔اِذ۔نی)(ع۔اِ۔مذ) میرے حُکم سے جی اُٹھ۔ شمس تبریزی کے متعلق کہا جاتا ہے کہ انہوں نے یہ کلمہ کہہ کر مُردے کو زندہ کر دیا تھا۔ اِس پر انہیں بحُکمِ شرع قتل کر دیا گیا۔

قِمار (قِ۔مار)(ع۔اِ۔مذ) جُوا۔ وہ بازی جس کے ساتھ شرط ہو۔

قمار باز (ع۔ف۔اِ۔مذ) جُوئے باز۔ جواری۔ شرط لگا کر بازی بدنے والا۔

قمار بازی (ع۔ف۔اِ۔مث) جُوا کھیلنا۔

قمار خانہ (ف۔ع۔اِ۔مذ) جُوا کھیلنے کا مکان۔ جُوئے بازی کا اڈّا۔

قمار کاغذی (ع۔ف۔اِ۔مذ) تاش۔ گنجفہ۔

قِماریا (قِ۔مار۔یا)(اَر۔صف) عیّار۔ چالاک۔

قُماش (قُ۔ماش)(ع۔اِ۔مذ)(۱) متاع۔ اثاثہ۔ گھر کا اَسباب (۲) ریشم کا کپڑا (۳) ہُنر۔ جوہر (۴) وضع قطع۔ طور طریق۔ ڈھنگ۔ اَنداز (۵) قِسم۔ نوع۔ جنس (۶) گنجفے کی ایک بازی۔ (اُردو میں ق کے زیر سے مستعمل ہے)۔

قمچی (قَم۔چی)(ت۔اِ۔مث)(۱) کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک۔ ہنٹر (۲) بید۔ چھڑی (۳) پتلی اور لچک دار شاخ یا ٹہنی۔ جمع: قمچیاں۔ قمچیوں۔

قمچی کرنا (اَر۔محاورہ)(پنجہ کشوں کی اِصطلاح) پنجہ لڑاتے وقت ہاتھ کو جھٹکا دینا۔

قمچی لگانا (اَر۔محاورہ) چھڑی مارنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قمر (قَ۔مَر)(ع۔ا۔مذ)(۱) چاند۔ ماہ۔ خصوصاً تیسری رات کے بعد کا چاند۔ پہلی اور دُوسری کے چاند کو ہلال کہا جاتا ہے (۲) (کیمیاگروں کی اِصطلاح) چاندی۔ نقرہ۔ جمع: اَقمار۔

قمر پیکر (چہرہ) (ع۔ف۔صف) حسین۔ خوبصورت۔

قمر داغ (ف۔ع۔ا۔مذ) قورمہ (بیگمات کہتی ہیں)۔

قمر در عقرب (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ وقت جبکہ چاند بُرجِ عقرب میں آئے۔ یہ وقت نامُبارک خیال کیا جاتا ہے۔

قمر شمائل (قمر طلعت) (ع۔صف) حسین۔ خوبصورت۔

قمر محاق میں آنا (ار۔مص مُرکّب) چاند کا آخری تین تاریخوں میں نظر نہ آنا۔

قمر نورد (ق۔وَرد)(ع۔ف۔صف) چاند پر جانے والا۔ چاند کی سیر کرنے والا۔

قمر وش (ع۔ف۔صف) چاند جیسا خوبصورت۔

قمری (قَ۔مَ۔ری)(ع۔صف) قمر سے منسُوب۔ وہ مہینے یا سال جو چاند کی چال کے مُطابق قرار دیے گئے ہیں۔

قُمری (قُم۔ری)(ع۔ا۔مث)(۱) فاختہ کی قسم کا ایک طوق دار پرندہ (۲) (ار۔ا۔مث) ایک گداگر قوم کی عورتوں کا لقب۔ اُردو جمع: قمریاں۔ قمریوں۔

قمرین (قَ۔مَ۔رَین)(ع۔ا۔مذ) قمر کا تثنیہ۔ سورج اور چاند۔

قمع (بفتحہ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) بیخ کنی۔ اِنہدام۔ توڑنا پھوڑنا۔ عموماً قلع کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔ (قلع قمع)۔

قُمقُمہ (قُم۔قُ۔مَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کی چھوٹی قندیل (۲) بجلی کا بلب (۳)(ار۔ا۔مذ) وہ گولا جس میں عبیر، گُلال یا رنگ بھر کر ہولی میں ایک دُوسرے پر مارتے ہیں (۴) شیشے کا رنگین گولا جسے آرائش کے لئے چھت میں لٹکاتے ہیں۔ اُردو جمع: قمقموں۔ قمقمے۔

قمیص (قَ۔میص)(ع۔ا۔مث) بے کلی کا کرتہ۔ خصوصاً کالر والا۔ شرٹ۔ (بعض فصحا نے مذکر بھی لکھا ہے)۔ اُردو جمع: قمیصوں۔ قمیصیں۔

ق۔ن

قنات (قَ۔نات)(ت۔ا۔مث) وہ کپڑے کی دیوار یا پردہ جو خیمے کے چاروں طرف لگاتے ہیں۔ کپڑے کا بنا ہوا پردہ۔ اوٹ۔ ٹٹی۔ اُر جمع: قناتوں۔ قناتیں۔

قنات روک دینا (کھڑی کرنا) (ار۔محاورہ) اوٹ کھڑی کرنا۔ قنات لگانا۔

قنات (کھینچنا) گھیرنا (لگانا) (ار۔محاورہ) پردے کی دیوار کھڑی کرنا۔ خیمے کے چاروں طرف یا صحن میں کپڑے کا پردہ لگانا۔

قناتی (ع۔صف) قناتوں سے گھری ہوئی (جگہ)۔

قناتی مسجد (ع۔ار۔ا۔مث) وہ جگہ جس کے چاروں طرف قناتیں لگا کر نماز پڑھتے ہیں۔

قنّاد (قَن۔ناد)(ع۔ا۔مذ) حلوائی۔ قندساز۔

قنادِیل (قَ۔نا۔دِیل)(ع۔ا۔مذ) قندیل کی جمع۔

قناعت (قَ۔نا۔عَت)(ع۔ا۔مث) تھوڑی چیز پر خوش رہنا۔ جو مل جائے اُس پر راضی رہنا۔

قناعت تونگر کند مرد را (ف۔مثل) قناعت اِنسان کو امیر کر دیتی ہے۔

قند (بفتحہ اوّل وسکونِ سوم)(نُون غُنّہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) شکر۔ کھانڈ (۲) ایک دانہ دار مٹھائی (۳) سُرخ پکے رنگ کا کپڑا (۴)(صف) نہایت شیریں۔

قندِ پارسی (ع۔ف۔ا۔مث) ایک قسم کی نہایت لذیذ مصری۔

قند گھولنا (ار۔محاورہ)(۱) پانی میں شکر ملانا (۲)(کنایۃً) شیریں سخن ہونا۔

قند لٹے کوئلوں پر مُہر (ار۔مثل) دیکھیے اشرفیاں لٹیں اور کوئلوں پر مُہر۔

قندِ مکرّر (قندِ دوبارہ) (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) دو مرتبہ صاف کیا ہوا قند (۲) وہ عُمدہ بات جو دوبارہ کہی جائے۔

قِندیل (قِن۔دِیل)(ع۔ا۔مث) ایک قسم کا شیشے کا ظرف جس میں بتی روشن کر کے چھت میں زنجیر سے لٹکا دیتے ہیں (۲) ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں۔ جمع: قنادیل۔ اُردو جمع: قندیلوں۔ قندیلیں۔

قِندیلا (قِن۔دی۔لا)(ار۔ا۔مذ) کاغذ یا اَبرک کا بڑا فانوس۔

قِندیلچی (ار۔ا۔مذ) مسجدوں کے چراغ جلانے والا شخص۔

قِنطار (قِن۔طار)(ع۔ا۔مذ) ایک وزن۔ قریباً سوا سیر۔

قُنوت (قُ۔نُوت)(ع۔ا۔مث) ایک دُعا جو نمازِ وتر میں پڑھتے ہیں (۲) فرماں برداری۔ پاک بازی۔ عبادت (۳) خاموشی۔

قُنوط (قُ۔نُوط)(ع۔ا۔مث) ناامید ہونا۔ مایوسی۔

قُنوطیت (ع۔ا۔مث) زندگی کا تاریک پہلو دیکھنا۔ (Pessimism)۔

قُنوطی (ف۔ا۔مذ) زندگی کا تاریک پہلو دیکھنے والا۔ مایوس۔ ناامید۔

ق۔و

قُو (ار۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کی آواز جو کبوتر باز کبوتر اُڑاتے وقت نکالتے ہیں (۲) وہ آواز جو بچّوں کے کان کے پاس اُنہیں چونکا دینے کے لئے نکالتے ہیں۔

قُوا (قُویٰ) (قو۔وا)(ع۔ا۔مذ) قُوّت کی جمع۔

قوارِیر (قَ۔وا۔رِیر)(ع۔ا۔مذ) قارورہ کی جمع۔

قواعد (قَ۔وا۔عِد)(ع۔ا۔مذ)(۱) قاعدہ کی جمع۔ دستور۔ قاعدے۔ رسُوم۔ ضوابط۔ رواج (۲) قوانین۔ اُصول (۳)(ا۔مث) صرف ونحو۔ گرامر (۴) اُصولِ جنگ۔ سپاہیوں کی ورزش۔ پریڈ۔

قواعد دان (ع۔ف۔صف)(۱) فوجی قاعدوں اور ورزشوں سے واقف (۲) قواعدِ زبان جاننے والا۔ صرفی۔ نحوی۔

قواعد کرنا (ار۔محاورہ) ورزش کرنا۔ پریڈ کرنا۔

قواعد گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) فوجی ورزش کا میدان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قَوَافِی (قَ۔ وا۔ فی)(ع۔ا۔مذ) قافیہ کی جمع۔

قَوّال (قَو۔ وال)(ع۔ا۔مذ)(۱) بہت بولنے والا۔ بسیار گو (۲) بُزرگوں کے قول گانے والا۔ صُوفیانہ اور حقّانی چیزیں گانے والا۔ اُردو جمع: قوال۔ قوالوں۔

قَوّالی (قَو۔ وا۔ لی)(ع۔ا۔مث) صُوفیانہ کلام گانا۔ وہ گانا بجانا جو صُوفیوں کی مجلس یا مزار پر ہوتا ہے۔ اُردو جمع: قوالیاں۔ قوالیوں۔

قِوام (قِ۔ وام)(ع۔ا۔مذ)(۱) قیام۔ ٹھہراؤ (۲) مدار۔ نظام (۳) اصل۔ اَصلیت۔ مادّہ۔ خمیر۔ بُنیاد (۴) چاشنی۔ شیرہ۔

قَوانِین (قَ۔ وا۔ نین)(ع۔ا۔مذ) قانون کی جمع۔

قُوت (واو معروف)(ع۔ا۔مث) کھانا۔ خوراک۔ طعام۔ بھوجن۔

قوت بسری (ع۔ف۔ا۔مث) روکھی سوکھی کھا کر زندگی بسر کرنا۔

قوتِ لایَمُوت (ع۔ا۔مث) اِس قدر خوراک جس سے زندگی قائم رہے۔

قُوَّت (قُو۔ وت)(ع۔ا۔مث)(۱) طاقت۔ قدرت۔ زور۔ توانائی (۲) سہارا۔ مدد۔ کمک۔ اعانت (۳) سلطنت۔ دولت۔ ریاست۔ جمع: قُویٰ۔ اُردو جمع: قُوتوں۔ قُوتیں۔

قوتِ آخِذہ (ع۔ا۔مث) اَخذ کرنے، حاصل کرنے یا کسی بات کو سمجھنے کی قوت۔

قوت آزمانا (اُر۔ مص مُرکّب) طاقت کی آزمائش کرنا۔

قوتِ اِرادی (ع۔ا۔مث) ارادے کی پختگی۔ ارادے کا پکا پن۔

قوتِ بازو (ع۔ا۔مث)(۱) بازو کی قوت (۲)(کنایۃً) بھائی۔

قوتِ باصِرہ (ع۔ا۔مث) دیکھنے کی قوت یا حِس۔

قوتِ باہ (ع۔ا۔مث) شہوت۔ قوتِ مجامعت۔

قوتِ بشری (ع۔ا۔مث) انسانی طاقت۔

قوت پذیر (ع۔ف۔صف) قوت حاصل کرنے والا۔

قوتِ جاذِبہ (ع۔ا۔مث) چُوس لینے والی قوت۔ غذا کھینچ لینے والی قوت۔

قوتِ جسمانی (ع۔ا۔مث) بدنی طاقت۔

قوتِ حافِظہ (ع۔ا۔مث) یاد رکھنے والی قوت۔

قوتِ دافِعہ (ع۔ا۔مث) باہر نکالنے کی قوت (بول و براز، پسینا)۔

قوتِ ذائِقہ (ع۔ا۔مث) مزہ بتانے والی قوت یا حِس۔

قوتِ رُوحانی (ع۔ا۔مث) وہ قوت جو رُوح میں خُدا سے تعلّق پیدا کرنے کا باعث ہوتی ہے۔

قوتِ سامِعہ (ع۔ا۔مث) سُننے کی قوت یا حِس۔

قوتِ شامّہ (ع۔ا۔مث) سُونگھنے کی قوت یا حِس۔

قوتِ شہوانِیّہ (ع۔ا۔مث) دیکھیے قوتِ باہ۔

قوتِ لامِسہ (ع۔ا۔مث) چُھونے یا مَس کرنے کی قوت یا حِس۔

قوتِ ماسِکہ (ع۔ا۔مث) وہ قوت جو غذا کو معدے میں محفوظ رکھتی ہے۔ غذا کو روکے رکھنے کی قوت۔

قوتِ مُتخیّلہ (مُ۔ تَ۔ خَیْ۔ یِ۔ لہ)(ع۔ا۔مث) خیال پیدا کرنے کی قوت۔ سوچنے کی قوت۔

قوتِ مُتصرّفہ (مُ۔ تَ۔ صَر۔ رِ۔ فہ)(ع۔ا۔مث) تصرّف کرنے والی طاقت۔ بعض صورتوں کو بعض معانی کے ساتھ نسبت دینے والی قوت۔

قوتِ مُتصوّرہ (مُ۔ تَ۔ صَو۔ وِ۔ رہ)(ع۔صف) تصوّر کرنے یا سوچنے کی قوت۔

قوتِ مُتفکّرہ (مُ۔ تَ۔ فک۔ کِ۔ رہ)(ع۔ا۔مث) سوچنے کی قوت۔

قوتِ مُحرّکہ (مُ۔ حَ۔ رِ۔ کہ)(ع۔ا۔مث) حرکت کرنے کی طاقت۔

قوتِ مُدرِکہ (ع۔ا۔مث) دریافت کرنے اور معلوم کرنے کی قوت۔

قوتِ مُمیّزہ (مُ۔ مَیْ۔ یِ۔ زہ)(ع۔ا۔مث) تمیز کرنے اور پہچاننے کی قوت۔ ہر چیز کا فرق دریافت کرنے کی قوت۔

قوتِ مُولِدہ (ع۔ا۔مث) بچّہ پیدا کرنے کی طاقت۔

قوتِ نامِیہ (ع۔ا۔مث) بڑھنے کی قوت۔

قوتِ واہِمہ (ع۔ا۔مث) وہ طاقت جس سے اِنسان سوچتا ہے۔

قوتِ ہاضِمہ (ع۔ا۔مث) کھانا ہضم کرنے کی قوت۔

قُور (واو معروف و مجہول)(ت۔ف۔ا۔مث)(۱) ہتھیار۔ سلاح (۲) خاصے کا ہاتھی (۳) کپڑوں کے حاشیے پر لگایا جانے والا فیتہ۔

قور بیگی (ت۔ا۔مث) سلاح خانے کا داروغہ۔

قور خانہ (ت۔ف۔ا۔مذ) سلاح خانہ۔ میگزین۔ وہ جگہ جہاں ہتھیار رکھتے ہیں۔

قُورچی (قُو۔ رچی)(ت۔ا۔مذ) ہتھیار بند سپاہی۔

قورما (قورمہ) (واو مجہول)(ت۔ا۔مذ) گھی میں بُھنا ہوا گوشت۔

قَوس (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) کمان (۲) دائرے کا ایک حِصّہ (۳) آسمان کا نواں بُرج جو کمان کی شکل کا نظر آتا ہے۔ جمع: اَقواس۔

قوسِ قزح (ع۔ا۔مذ) قُزح بمعنی شیطان۔ شیطان کی کمان۔ اِندر دھنش۔ دھنک۔ ست رنگی کمان جو برسات میں آسمان پر دکھائی دیتی ہے۔ سات رنگ اِس ترتیب سے ہوتے ہیں: بنفشی۔ نیلا۔ آسمانی۔ سبز۔ زرد۔ نارنجی۔ سُرخ۔

قوس نُما (ع۔ف۔صف) کمان کی وضع کا۔ محراب دار۔

قَوسی (قَو۔ سی)(ع۔صف) قوس نما۔ قوس کی طرح۔ محراب دار۔

قَوسَین (ع۔ا۔مث)(۱) قوس کا تثنیہ۔ دو کمانیں (۲) خطوطِ وحدانی ( )۔

قَول (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بات۔ سخن۔ کہاوت (۲) عہد و پیمان۔ اِقرار۔ قسم۔ سوگند (۳) مقولہ۔ بیان (۴) ایک راگ جس کے موجد امیر خسرو ہیں۔ جمع: اقوال۔ اُردو جمع: قول۔ قولوں۔

قول پر مُٹھی کُھلنا (اُر۔ محاورہ) وعدہ کرنا (۲) کسی بات پر رضا مند ہونا۔

قول توڑنا (اُر۔ محاورہ) وعدہ خلافی کرنا۔ وعدے سے پھر جانا۔

قول دینا (اُر۔ محاورہ) عہد کرنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ قسم کھانا۔

قول سے پھرنا (اُر۔ محاورہ) بات کہہ کر مُکر جانا۔ وعدہ خلافی کرنا۔

قولِ صالح (ع۔ا۔مذ) پکا اقرار۔ پختہ عہد و پیمان۔

قولِ فیصل (ع۔ا۔مذ) فیصلے کی بات۔ فیصلہ کُن بات۔ محاکمہ۔

قول قرار (ع۔ا۔مذ) وعدہ وعید۔ عہد و پیمان۔

قولِ قلبانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا گیت جس کے موجد امیر خسرو ہیں۔

قول کا پکّا (قول کا پُورا) (اُر۔صف) بات کا سچّا۔ وعدے کا پابند۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قول کا چھلّا (اُر۔ا۔مذ) (۱) وہ چھلّا جو بطور عہد یا یادداشت اَحباب ایک دُوسرے کو دیتے ہیں (۲) ایک قسم کا چھلّا جس میں پنجے سے پنجہ اِس طرح ملا ہوتا ہے جیسے کوئی ہاتھ میں ہاتھ دے رہا ہے۔ یہی چھلّا قول کے وقت اکثر لیا دیا جاتا ہے۔

قول لینا (اُر۔محاورہ) عہد لینا۔ اِقرار لینا۔

قولِ مرداں جاں دارد (ف۔مثل) مَرد جان دے دیتے ہیں اپنی زبان سے نہیں پھرتے۔

قول نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) اِقرار نامہ۔ وہ کاغذ جس میں قول و قرار لکھا جائے۔

قول و فعل (ع۔ا۔مذ) گفتار و کردار۔ چال چلن۔ طور طریق۔ رنگ ڈھنگ۔

قول و قسم (ع۔ا۔مذ) عہد و پیمان۔

قول ہارنا (اُر۔محاورہ) وعدہ کرنا۔ زبان دینا۔

قَولاً (قَو۔لن) (ع۔تابع فعل) قول کے ساتھ۔ قول کے اِعتبار سے۔

قُولَنج (قو۔لَنج۔قُو۔لِنج) (قُون طغنہ) (ع۔ا۔مذ) وہ دَرد جو پسلی کے نیچے ہوتا ہے۔ بڑی انتڑی (قولن) کا دَرد۔

قَولُہٗ (قَو۔لُ۔ہُو) (ع۔ا۔مذ) اُس کا قول۔ اُس کا کہا ہوا۔ کسی بات کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں۔

قَوم (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) (۱) آدمیوں کا گروہ۔ کسی ایک مُلک کے پکّے شہری (۲) فرقہ۔ خاندان (۳) نسل۔ ذات۔ گوت۔ جمع: اَقوام۔ اُردو جمع: قوموں۔ قومیں۔

قوم پَرست (ع۔ف۔صف) لغوی معنی اپنی قوم کو پُوجنے والا۔ (اِصطلاحاً) اپنی قوم کو دیگر اَقوام کی نسبت برتر سمجھنے والا۔ نیشنلسٹ۔

قوم پرستی (ع۔ف۔ا۔مث) اپنی قوم کو دُوسری قوموں سے برتر سمجھنا۔ (نیشنلزم)۔

قوم دار (ع۔ف۔صف) اچھی نسل کا۔ اصیل۔ خاندانی۔

قَومَہ (قَو۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا۔

قَومی (قَو۔می) (ع۔صف) قوم سے متعلق۔

قَومیانا (اُر۔مص جعلی) قومی بنانا۔ قومی ملکیت میں لے لینا۔ کسی ایسے ادارے پر جو کسی فرد یا جماعت کی ملکیت ہو حکومت کا قبضہ کر لینا۔ (Nationalization)۔

قَومیَّت (قَو۔می۔یَت) (ع۔اُر۔ا۔مث) (۱) ذات۔ گوت۔ نسل (۲) کسی مُلک کا شہری ہونا۔ شہریت۔ نیشنیلٹی (۳) چھوٹی قوم جو کسی بڑی قوم کی جغرافیائی حدود میں آباد ہو۔ اُردو جمع: قومیتوں۔ قومیتیں۔

قَونصل (انگ Consul کا مُعرّب۔ا۔مذ) چھوٹا سفیر۔ سفیر کا نائب جو ایک مُلک کا دُوسرے مُلک میں رہے۔

قونصل خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) قونصل کا دفتر۔

قَوِی (قَ۔وی) (ع۔صف) (۱) زور آور۔ توانا۔ طاقتور۔ قُدرت والا (۲) مضبوط۔ مستحکم (۳) سخت۔ کڑا۔

قَوِیُّ الجُثّہ (قَ۔وی۔یُل۔جُث۔ثہ) (ع۔صف) مضبوط جسم کا۔ ہٹا کٹا۔

قوی بازو (بال۔پنجہ۔دست) (ع۔ف۔صف) مضبوط۔ طاقت ور۔ زور آور۔

قوی تن (ع۔ف۔صف) مضبوط بدن کا۔

قوی دل (ع۔ف۔صف) بہادُر۔ شُجاع۔

قوی ہیکل (ع۔صف) شہ زور۔ قد آور۔

قُویٰ (قُ۔وا) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے قُوّت

ق۔ہ

قَہّار (قَہ۔ہار) (ع۔ا۔مُبالغہ) (۱) بڑا قہر کرنے والا (۲) غلبہ حاصل کرنے والا۔ زبردست (۳) زور دار۔ تیز (۴) خُدائے تعالیٰ کا صِفاتی نام۔

قَہّاری (قَہ۔ہا۔ری) (ع۔صف) قہار کا۔ خُدا کا جیسے غضبِ قہاری۔

قَہر (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) غلبہ۔ زور آوری۔ زبردستی (۲) خفگی۔ غضب۔ غُصّہ۔ خشم (۳) جوش۔ جذبہ۔ ولولہ (۴) تیزی۔ تُندی۔ غضب ناکی (۵) دُشوار کام۔ مُشکل اَمر (۶) بَلا۔ آفت۔ شامت۔ مُصیبت (۷) بلائے جان۔ عذاب۔ روگ۔ سوہانِ رُوح (۸) افسوس۔ حیف۔ دریغ (۹) ظلم۔ نا اِنصافی۔ اَندھیر (۱۰) (اُر۔صف) فتنہ انگیز (۱۱) غضب کا۔ قیامت کا۔ نہایت شوخ۔ آفت کا پرکالہ (۱۲) قابلِ تحسین۔ قابلِ تعریف۔ نہایت وضع دار۔ بے حد خوب صورت (۱۳) اَزحد۔ بہت۔ زیادہ (۱۴) نہایت بدمزاج۔ غُصیل (۱۵) نہایت مُشکل۔ اوق (۱۶) عجیب۔ انوکھا (۱۷) نامُناسب۔ ناگوار۔ بُرا۔

قہر آمیز (ع۔ف۔صف) غُصّے سے بھرا ہوا۔

قہرِ اِلٰہی (ع۔ا۔مذ) خُدا کا غضب۔ بلائے آسمانی۔

قہر توڑنا (اُر۔محاورہ) غضب ڈھانا۔ نہایت غُصّے ہونا۔

قہر ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) غضبِ اِلٰہی نازل ہونا۔ آفت آنا۔

قہر ٹوٹے (اُر۔بددُعا) آفت آئے۔ مرے۔ غضب کا سامنا ہو۔

قہرِ درویش بَر جانِ درویش (ف۔مثل) غریب کا غُصّہ اپنے ہی اُوپر چلتا ہے۔

قہر ڈھانا (اُر۔محاورہ) کسی پر آفت لانا۔ ظلم کرنا۔ ستم کرنا۔

قہر قیامت ہونا (اُر۔محاورہ) بے حد خوب صورت اور شوخ ہونا۔ فتنہ پرور ہونا (۲) فسادی ہونا۔

قہر کا (اُر۔صف) (۱) آفت کا۔ غضب کا (۲) نہایت۔ اَزحد (۳) خوفناک۔ ہولناک (۴) نہایت چالاک۔ بہت شوخ (۵) مَحفی۔

قہر کا سامنا (اُر۔ا۔مذ) آفت سے مُقابلہ۔ غضب کا سامنا۔

قہر کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) غضب کرنا۔ بیجا حرکت کرنا (۲) ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا (۳) انوکھا کام کرنا۔

قہر کی آنکھ سے دیکھنا (اُر۔محاورہ) غُصّے سے دیکھنا۔

قہر نازل ہونا (اُر۔محاورہ) غضب اُترنا۔ آفت کا نزول ہونا۔

قہر ناک (ع۔ف۔صف) غضب ناک۔ سخت غُصّے (۲) بہت تُند۔ بہت تیز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

قہر ہونا (اُر۔ محاورہ) غضب ہونا۔ آفت کا پرکالہ ہونا۔

قہر ہے (اُر۔ محاورہ) (۱) آفت ہے۔ غضب ہے۔ فتنہ پرواز' عیار اور چالاک ہے (۲) بے حد خوبصورت ہے۔

قہراً (قہ۔ رَن) (ع۔ متعلق فعل) زبردستی سے۔ مجبوراً۔ چار و ناچار۔

قہرمان (قہر۔ مان) (ف۔ا۔مذ) (۱) حاکم۔ صاحبِ اقتدار (۲) قہر و جلال کے ساتھ حکومت (۳) بدی کی طاقت۔ اہرمن (۴) (صف) بہادر۔ زبردست۔

قہری (قہ۔ ری) (ع۔ صف) غصے والا۔

قہقرٰی (قہ۔ قَ۔ را) (ع۔ا۔مذ) پسپائی۔ پیچھے ہٹنا۔ اُلٹا چلنا۔ اُردو میں قہقری مستعمل ہے اور عموماً رجعت کے ساتھ آتا ہے۔ دیکھیے رجعتِ قہقری۔

قہقہوں (اُر۔ا۔مذ) قہقہہ کی جمع۔

قہقہوں میں اُڑانا (اُر۔ محاورہ) ہنسی میں ٹالنا۔

قہقہہ (قہ۔ قَ۔ ہَ) (ع۔ا۔مذ) بلند آواز سے ہنسنا۔ کھل کھلا کر ہنسنا۔ ٹھٹھا۔ زور کی ہنسی۔ اُردو جمع: قہقہوں۔ قہقہے۔

قہقہہ (لگانا) مارنا (اُر۔ محاورہ) ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔ زور سے ہنسنا۔

قہقہے (اُر۔ا۔مذ) (۱) قہقہہ کی جمع (۲) قہقہہ کی مغیّرہ صورت۔

قہقہے لگانا (اُر۔ محاورہ) بہت ہنسنا۔

قہوہ (قہ۔ وَہ) (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا تخم جسے بھون کر پیتے اور پھر چائے کی طرح پانی میں جوش دے کر پیتے ہیں۔ کافی (۲) بغیر دودھ کی چائے۔

قہوہ خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ دُکان جہاں لوگ قہوہ پیتے اور گپ شپ کرتے ہیں۔

ق-ی

قے (بفتحِ اوّل) (ع۔ا۔مث) اُلٹی۔ متلی۔ استفراغ۔ رد۔ پیٹ میں سے کھانے کا منہ کے راستے باہر نکلنا۔

قے آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جی متلانا۔ اُبکائی آنا۔ اُلٹی ہونا (۲) کراہت ہونا۔ نفرت ہونا۔

قے کرنا (اُر۔ محاورہ) اُلٹی کرنا۔ اُگلنا۔

قیادت (قِ۔یا۔دَت) (ع۔ا۔مث) (۱) رہبری۔ راہنمائی (۲) سرداری۔ سرکردگی۔

قیاس (قِ۔یاس) (ع۔ا۔مذ) (۱) جانچ۔ اندازہ۔ اٹکل۔ تخمینہ (۲) (منطق) دو جملوں سے مرکب قول جس سے نتیجہ لازم آئے۔ منطق شکل (۳) ذہن۔ رائے۔ سوچ بچار (۴) قیافہ۔

قیاسِ استثناء (ع۔ا۔مذ) منطق میں قضیہ بالشرط۔

قیاسِ استقرائی (ع۔ا۔مذ) منطق میں قضیہ مکمل۔

قیاس دوڑانا (اُر۔ محاورہ) خیال دوڑانا۔ سوچنا۔

قیاس سے باہر (اُر۔ صف) (۱) سمجھ سے باہر۔ تصوّر یا خیال کی حد سے گزرا ہوا (۲) بے شمار۔ بے اندازہ۔ بے حساب۔

قیاس (کرنا) لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ ذہن میں تولنا (۲) خیال کرنا۔ گمان کرنا (۳) تصوّر کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔

قیاس کن زِ گلستانِ من بہار مرا (ف۔ مثل) میرے باغ کی حالت سے میری بہار کا اندازہ کر لو (۲) موجودہ حالت سے آئندہ حالت کا اندازہ ہوتا ہے۔

قیاس معَ الفارق (ع۔ا۔مذ) ایک چیز کا دوسری چیز پر اُن میں مناسبت اور مشابہت کے بغیر قیاس کرنا۔

قیاس میں آنا (اُر۔ محاورہ) خیال میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔

قیاساً (قِ۔یا۔سَن) (ع۔ متعلق فعل) قیاس سے۔ اندازے سے۔

قیاسی (قِ۔یا۔سی) (ع۔ صف) قیاس سے منسوب۔ خیالی۔ وہمی۔

قیاصرہ (قِ۔یا۔صِ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) قیصر کی جمع۔

قیافہ (ع۔ا۔مذ) (۱) شکل و صورت۔ شناخت (۲) ایک علم جس کے ذریعے انسان کے خدوخال سے اس کے عادات و اطوار اور کردار کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ (۳) (اُر۔ا۔مذ) اندازہ۔ قیاس (۴) عقل۔ سمجھ۔ دریافت۔ شناخت۔

قیافہ دان (قیافہ شناس) (ع۔ف۔ صف۔ و۔ا۔مذ) علم قیافہ سے واقف۔

قیافہ شناسی (قیافہ دانی) (ع۔ف۔ا۔مث) چہرہ بشرہ دیکھ کر آدمی کا کردار معلوم کرنا (۲) علم قیافہ سے واقفیت۔

قیام (قِ۔یام) (ع۔ا۔مذ) (۱) کھڑا ہونا۔ ٹھہراؤ (۲) سکونت۔ بسیرا (۳) پائیداری۔ استحکام۔ لگاؤ (۴) وثوق۔ اعتماد۔ استقلال (۵) موجودگی۔ سلامتی۔ ہستی (۶) نماز میں کھڑا ہونا (۷) مسلمانوں کے ایک فرقے (بریلوی) کا حضور ﷺ پر درود و سلام پڑھتے وقت کھڑا ہونا۔

قیام پذیر (ع۔ف۔ صف) (۱) دیرپا (۲) دیر تک ٹھہرنے والا (۳) ٹکا ہوا۔ ٹھہرا ہوا۔ مقیم۔ فروکش۔

قیام کرنا (اُر۔ محاورہ) مقام کرنا۔ ٹھہرنا۔ اُترنا۔

قیامت (قِ۔یا۔مَت) (ع۔ا۔مث) (۱) قائم کرنا۔ کھڑا ہونا (۲) روزِ محشر۔ مسلمانوں کے عقیدے میں وہ دن جب مُردے زندہ ہو کر کھڑے ہوں گے اور حساب کتاب ہو گا۔ روزِ حساب۔ روزِ جزا (۳) (اُر۔ا۔مث) زمانہ دراز۔ لمبی مدت (۴) موت۔ قضا۔ اجل (۵) انوکھی بات۔ تعجب (۶) بلا۔ آفت۔ غضب۔ قہر (۷) غصہ (۸) واویلا۔ آہ و زاری۔ اودھم۔ شوروغل (۹) ہلچل۔ کھلبلی (۱۰) اندھیر۔ ظلم۔ ناانصافی (۱۱) مصیبت۔ سختی۔ عذاب۔ دُکھ (۱۲) افسوس۔ دریغ۔ رنج۔ ملال (۱۳) (اُر۔ صف) ازحد۔ بہت زیادہ (۱۴) چالاک۔ چلبلا (۱۵) فسادی (۱۶) مشکل۔ دشوار۔

قیامت آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حشر برپا ہونا (۲) آفت آنا۔ مصیبت پڑنا۔

قیامت اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) آفت برپا کرنا۔ شور مچانا۔ شور و غل کرنا۔

قیامت اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) آفت برپا ہونا۔ شور و شر ہونا۔

قیامت (بپا) برپا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) فتنہ اُٹھانا (۲) اودھم مچانا۔ شور و غل کرنا (۳) غضب ڈھانا۔ بہت غصہ کرنا۔

قیامت پر اُٹھا رکھنا (قیامت پر رکھنا) (اُر۔ محاورہ) روزِ محشر کے لیے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خُدا کے اِنصاف پر چھوڑنا (۲) وعدے کا ایفا مدت مدید پر چھوڑنا۔

قیامت پر قیامت (اُر۔ا۔مث) مُصیبت پر مُصیبت۔ آفت پر آفت۔ ظلم پر ظلم۔

قیامت پڑنا (اُر۔محاورہ) یک لخت مُصیبت آنا۔

قیامت پیشہ (پیکر) (ع۔ف۔صف) جس کا پیشہ قیامت ڈھانا ہو۔ محبوب کی تعریف۔

قیامت توڑنا (اُر۔محاورہ) بے حد غصہ کرنا (۲) بہت ستانا۔ بہت ظلم کرنا۔

قیامت ٹوٹنا (اُر۔محاورہ) (۱) آفت آنا۔ مُصیبت نازل ہونا (۲) بے حد خفگی ہونا۔

قیامت خرام (ع۔ف۔صف) ایسے ناز و انداز سے چلنے والا جس سے قیامت بپا ہو جائے۔ محبوب کی تعریف۔

قیامت خیز (ع۔ف۔صف) قیامت اُٹھانے والا۔

قیامت ڈھانا (اُر۔محاورہ) (۱) ظلم و ستم کرنا (۲) غضب کرنا۔ آفت توڑنا (۳) واویلا مچانا۔

قیامت زا (ع۔صف) قیامت پیدا کرنے والا۔ غضب کا۔ آفت کا۔

قیامت زار (ع۔ا۔مذ) میدانِ حشر۔ مُصیبت کی جگہ۔

قیامت سے کم نہ ہونا (اُر۔محاورہ) غضب کا ہونا۔

قیامتِ صُغریٰ (ع۔ا۔مث) چھوٹی قیامت یعنی شخصی موت۔

قیامت کا (اُر۔صف) (۱) غضب کا (۲) نہایت فتنہ پرور (۳) نہایت حسین۔

قیامت کا آنا (اُر۔محاورہ) دیر سے آنا۔ بہت اِنتظار کرا کے آنا۔

قیامت کا دامن (اُر۔ا۔مذ) بہت وسیع۔ بہت بڑا۔

قیامت کا نمونہ (اُر۔صف) قیامت جیسا۔

قیامتِ کُبریٰ (ع۔ا۔مث) وہ دِن جس میں تمام دُنیا کا نظام درہم برہم ہو جائے گا۔

قیامت کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) غضب کرنا (۲) عجیب کام کرنا (۳) بُرا کرنا۔ ظلم کرنا۔

قیامت کی بات ہے (اُر۔محاورہ) غضب ہے۔ حیرت اور تعجب کے قابل بات ہے۔

قیامت کی گھڑی (اُر۔ا۔مث) کٹھن وقت۔ مُصیبت کا وقت۔

قیامت کے آثار (اُر۔ا۔مذ) قیامت سے پہلے ظاہر ہونے والی نشانیاں: دابّۃ الارض کا نکلنا۔ دجّال کا آنا۔ یاجوج ماجوج کا خروج (۲) سخت مُصیبت۔ سخت ہنگامہ۔

قیامت کے بورئیے سمیٹنا (اُر۔محاورہ) مُدّتِ دراز تک زندہ رہنا۔ مرنے کا نام نہ لینا۔

قیامت گزرنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت کا سامنا ہونا۔ آفت آنا۔

قیامت لانا (اُر۔محاورہ) آفت برپا کرنا۔ بلا میں پھنسانا۔ فساد مچانا۔

قیامت مچانا (اُر۔محاورہ) (۱) ظلم توڑنا (۲) خفا ہونا (۳) آفت برپا کرنا (۴) شور کرنا (۵) کُہرام مچانا۔

قیامت مچنا (اُر۔محاورہ) (۱) ماتم ہونا۔ کُہرام مچنا۔ شور ہونا (۲) آفت ٹوٹنا۔

قیامت ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) مُصیبت ہونا۔ آفت ہونا (۲) مُشکل ہونا۔ دُشوار ہونا (۳) کمال شوخ اور شریر ہونا (۴) ہنگامہ بَرپا ہونا۔ شور ہونا (۵) نہایت خوبصورت ہونا۔

قیامت ہے (اُر۔محاورہ) (۱) آفت ہے۔ بلا ہے (۲) بہت شور و غُل ہے (۳) نہایت خوب صورت ہے (۴) ظلم ہے۔ اندھیر ہے۔

قَید (بفتحہِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) (۱) بند۔ حبس۔ اسیری (۲) روک۔ شرط۔ پابندی۔ جمع: قُیُود۔ اُردو جمع: قیدوں۔ قیدیں۔

قید اُٹھا دینا (اُڑا دینا) (اُر۔محاورہ) پابندی ہٹا دینا۔ شرط اُٹھا دینا۔

قیدِ بِلا مشقت (ع۔اُر۔ا۔مث) دیکھئے قیدِ محض۔

قید بھرنا (جُھگتنا) (اُر۔محاورہ) قید کاٹنا۔ قید کی مُدّت پُوری کرنا۔

قیدِ تنہائی (ع۔ف۔ا۔مث) تنہا رہنے کی قید جس میں قیدی سے مشقت بھی زیادہ لی جاتی ہے۔

قید خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) جیل خانہ۔ بندی گھر۔

قیدِ سخت (ع۔ف۔ا۔مث) مشقت والی قید۔

قیدِ فرنگ (ع۔ف۔ا۔مث) انگریزوں کی ایک قسم کی قید جس سے رہائی مُشکل سے ہوا کرتی تھی۔

قیدِ قفس (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) پنجرے کی قید (۲) (مجازاً) عورتوں کا مکان کی چار دیواری میں پردہ نشین ہو کر رہنا۔

قید کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) بند کرنا۔ جیل بھیجنا۔ اسیر کرنا (۲) روکنا۔ ضبط کرنا (۳) پابند کرنا۔ ضروری قرار دینا۔

قید لگانا (اُر۔محاورہ) (۱) حد باندھنا۔ محدود کرنا (۲) شرط باندھنا۔ مشروط کرنا (۳) پابند کرنا (۴) ضروری قرار دینا۔

قیدِ محض (ع۔ا۔مث) وہ قید جس میں قیدی سے مشقت نہ لی جائے۔

قید ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) گرفتار ہونا۔ جیل جانا (۲) پابند ہونا۔

قَیدی (قَے۔دی) (ع۔ا۔مذ) (۱) اسیر۔ مقید۔ محبوس۔ گرفتار۔ پابند (۲) مُجرم۔ سزا یافتہ۔ اُردو جمع: قیدی۔ قیدیوں۔

قِیر (بیائے معروف) (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا سیاہ روغن جو کشتیوں اور جہازوں میں لگایا جاتا ہے تاکہ درزوں سے پانی نہ آئے۔ تارکول۔ رال۔

قیر گُوں (ع۔ف۔صف) سیاہ فام۔

قِیراط (قی۔راط) (ع۔ا۔مذ) درہم کے بارہویں حصّے کے برابر ایک وزن۔

قَیس (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) مجنونِ عامری کا نام جو لیلیٰ پر عاشق تھا۔

قَیصر (قَے۔صَر) (ع۔ا۔مذ) لاطینی لفظ سیزر کا معرّب۔ سلطان۔ شہنشاہ۔ شاہانِ روم کا لقب۔ جمع: قیاصرہ۔

قَیصَری (قَے۔صَ۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) بادشاہی۔ شہنشاہی۔

قَیطُون (قَے۔طون) (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی زری اور ریشم کی بٹی ہوئی ڈوری

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) ایک قسم کی باریک پیچک۔

قِیف (بیائے معروف)(ت۔ا۔مذ وسف) بوتلوں میں رقیق چیز بھرنے کا ایک آلہ۔ جمع: قیفوں۔ قیفیں۔

قَیق (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(امر۔ا۔سف) زور کی چیخ۔ ہاتھی کی آواز۔

قِیل و قال (قی۔لو۔قال)(ع۔ا۔سف)(۱) گفتگو۔ بات چیت۔ تذکرہ (۲) بحث و مباحثہ۔ ردّ و کد۔ حجت۔

قَیلُولَہ (قَے۔لو۔لَہ)(ع۔ا۔مذ) دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد قدرے آرام کرنا۔

قَیِّم (قَیْ۔یِم)(ع۔ا۔مذ) قائم کرنے والا (۲) نگراں۔ منتظم (۳) خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

قَیماق (قَے۔ماق)(ت۔ا۔مذ) بالائی۔ دودھ پر کی ملائی۔

قِیمت (قی۔مَت)(ع۔ا۔مث)(۱) مول۔ دام (۲) بھاؤ۔ نرخ۔ در (۳) قدر۔ مرتبہ۔ اُردو جمع: قیمتوں۔ قیمتیں۔

قیمت اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) دام تجویز ہونا۔ مول طے ہونا۔

قیمت پانا (اُر۔ محاورہ) دام وصول ہونا۔ مول وصول کرنا۔

قیمت ٹھہرانا (چکانا) (اُر۔ محاورہ) بھاؤ چکانا۔ مول مقرّر کرنا۔

قیمت طے کرنا (اُر۔ محاورہ) قیمت مقرّر کرنا۔

قیمت طے ہونا (اُر۔ محاورہ) قیمت کا فیصلہ ہونا۔

قیمت کا نام رکھنا (اُر۔ محاورہ) کچھ قیمت مقرّر کرنا۔

قیمت کرنا (اُر۔ محاورہ) چکانا۔ قیمت طے کرنا۔

قیمت گرا کے لینا (اُر۔ محاورہ) کم قیمت پر لینا۔

قیمت لگانا (اُر۔ محاورہ) دام لگانا۔ مول قرار دینا۔

قیمت گرنا (اُر۔ محاورہ) قیمت کا کم ہو جانا۔

قِیمتاً (قی۔مَ۔تَن)(ع۔ تابع فعل) قیمت ادا کرکے۔ قیمت چکا کر۔

قِیمتی (قی۔مَ۔تی)(ف۔صف)(۱) بیش بہا۔ گراں بہا۔ بڑی قیمت کا (۲) نفیس۔ قابلِ قدر۔

قِیمَہ (قی۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت۔ کوٹا ہوا گوشت۔

قیمہ کرنا (اُر۔ محاورہ) ریزہ ریزہ کرنا۔

قَینچی (قَیں۔چی)(اُر۔ا۔مث)(۱) مقراض۔ کترنی۔ کپڑا وغیرہ کاٹنے کا آلہ (۲) لوہے کی وہ آڑی ترچھی سلاخیں جو جنگلے کے طور پر مکان کے گرد لگا دیتے ہیں (۳) وہ آڑی لکڑیاں جن پر کھپریل کا ٹھاٹھر رکھتے ہیں (۴) کشتی اور کبڈی کا ایک داؤں۔ جمع: قینچیاں۔ قینچیوں۔

قینچی باندھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) پہلوانوں کا حریف کی دونوں ٹانگوں میں اپنی ٹانگیں ڈال کر بے بس کر دینا (۲) گھوڑے کو دونوں رانوں میں دبالینا۔

قینچی سی زبان چلنا (قینچی کی طرح زبان چلنا) (اُر۔ محاورہ) جلد جلد باتیں کرنا۔ فرفر بولنا۔

قینچی لگانا (اُر۔ محاورہ)(۱) قینچی سے کترنا۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ قلم کرنا۔ چھانٹنا (۲) ترچھی اڑواڑ لگانا۔

قُیُود (قُ۔یُود)(ع۔ا۔مذ وسف) قید کی جمع۔

قَیُّوم (قَیْ۔یُوم)(ع۔صف)(۱) قائم رہنے والا۔ مستحکم۔ اُستوار (۲) خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ک

ک (کاف)(ع۔ا۔مذ) اُردو کا اٹھائیسواں، فارسی کا پچیسواں، عربی کا بائیسواں اور ہندی کا پہلا حرف۔ اِسے کاف کلمن بھی کہتے ہیں۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے بیس (۲۰) عدد فرض کئے گئے ہیں۔ یہ قمری حرف ہے۔ اگر اِس سے پہلے "ال" آئے گا تو لام پڑھا جائے گا جیسے الکوثر۔ فارسی میں کسی اِسم کے بعد آئے تو اُسے اِسم تصغیر بنا دیتا ہے جیسے طِفلک۔ اُردو اَلفاظ کے آخر میں آکر اِسم کیفیت کے معنی دیتا ہے جیسے ٹھنڈک۔ عربی میں حرفِ تشبیہ کے معنی دیتا ہے جیسے کالعدم۔ ہندی میں اَلفاظ سے پہلے آکر ناقص اور گھٹیا کے معنی دیتا ہے جیسے کپوت۔ یہ حرفِ صحیح ہے یعنی کسی حرفِ علت سے مِل کر آواز دیتا ہے۔

ک۔ا

کا (ہ۔حرفِ اِضافت۔ بشرطیکہ مضاف مذکر ہو) یہ لفظ اُردو میں تعلق، نسبت، لگاؤ، ملکیت اور قبضہ ظاہر کرنے کے لئے مستعمل ہے اور صفت کے معنی بھی دیتا ہے۔

کابَر (کا۔بَر)(ہ۔ا۔مذ) چتکبرا۔ چتی دار (۲) ایک سیاہ پرند کا نام جس کے پیٹ پر سفید چتیاں ہوتی ہیں۔

کابُرا (کاب۔را)(اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کے کبوتر کا رنگ۔

کابِس (کا۔بِس)(ہ۔ا۔مث) مٹی کے برتن پر قلعی کرنے کی مٹی۔ اِس مٹی کو حاملہ عورتیں کھاتی ہیں۔

کابُک (کا۔بُک)(ف۔ا۔مث) بٹیروں اور کبوتروں کا ڈربا جو بانس کی پھچیوں سے بناتے ہیں۔ لکڑی کے ڈبے کو بھی کہتے ہیں۔ اُردو جمع: کابکوں۔ کابکیں۔

کابُل میں کیا گدھے نہیں ہوتے؟ (اَر۔مثل) جہاں اچھے لوگ ہوتے ہیں وہاں بُرے بھی ہوتے ہیں۔

کابُلا (کاب۔لا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا پیچ۔ ڈھبری۔ نیز دیکھئے قابلہ۔

کابُلی (کا۔بُ۔لی)(ف۔صف۔وا۔مذ) افغانستان کے دارالحکومت کابُل کا باشندہ (۲) کابُل سے منسوب (۳) ایک قسم کا کبوتر جو بہت بلندی پر اُڑتا ہے اور دو دو تین تین پہر تک زمین پر نہیں اترتا۔

کابُوس (کا۔بُوس)(ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی بیماری جس میں آدمی کو نیند میں یوں محسوس ہوتا ہے جیسے کسی نے اُسے دبا لیا ہو۔ وہ خوف سے چیخنے چلانے لگتا ہے۔

کابِین (کا۔بِین)(ف۔ا۔مذ) مہر۔ وہ روپیہ جو نکاح کے وقت شوہر منکوحہ کو دینا منظور کرتا ہے۔

کابِین نامہ (ف۔ا۔مذ) وہ کاغذ جس پر مہر کی مقدار اور اِقرار نامہ لکھا جاتا ہے۔ مہر کی دستاویز۔

کابِینَہ (کا۔بِی۔نَہ)(اَنگ Cabinet کا مفرس۔ا۔مث) مجلسِ وزرا جس کا سربراہ وزیرِاعظم ہوتا ہے۔

کاپی (Copy)(اَنگ۔ا۔مث)(۱) نقل (تحریر، تصویر وغیرہ کی)(۲) نسخہ جلد (کتاب وغیرہ کی)(۳) مشقی یا تعلیمی تختیاں۔ لکھنے کی کتاب۔ سرمشقی۔ بیاض (۴) چھپائی کے لئے کتابت کئے ہوئے اوراق۔ اُر جمع: کاپیوں۔ کاپیاں۔

کاپی اُٹھنا (اَر۔محاورہ) کتابت شدہ حروف کا چھاپے کی پلیٹ پر اُبھرنا۔

کاپی اُڑنا (اَر۔محاورہ) چھاپے کی پلیٹ پر حروف کا نہ اُبھرنا۔

کاپی رائٹ (Copyright) (اَنگ۔ا۔مذ) حقِ طبع یا اِشاعت۔ حقِ تصنیف و تالیف۔ حقِ اِیجاد۔

کاپی نویس (اَنگ۔ف۔صف۔وا۔مذ) نقل کرنے والا۔ نقل نویس (۲) کاتب۔ خوش نویس۔

کات (ق۔ا۔مذ) کتھا۔

کاتا (ہ۔صف) کاتا ہوا (۲)(ا۔مذ) دھاگا۔ سُوت (۳) بانس کاٹنے کا چھرا۔

کاتا اور لے دوڑی (اَر۔مثل) کام کرتے ہی مزدوری کا تقاضا۔ پیٹ کے ہلکے اور متلون مزاج کی نسبت بولتے ہیں۔

کاتِب (کا۔تِب)(ع۔صف۔وا۔مذ)(۱) کتابت کرنے والا۔ لکھنے والا (۲) کاپی نویس۔ محرر۔ خوش نویس۔ جمع: کاتبون۔ کتاب۔ اُر جمع: کاتب۔ کاتبوں۔

کاتِبِ اَزلی (ع۔ا۔مذ) اللہ تعالیٰ۔

کاتِبِ اَعمال (ع۔ا۔مذ) اِنسان کا اَعمال نامہ لکھنے والا فرشتہ۔

کاتِبُ الحروف (ع۔ا۔مذ) لکھنے والا۔ کتابت کرنے والا۔

کاتِبِ تقدیر (کاتبِ قُدرت)(ع۔ا۔مذ) خُدا تعالیٰ۔

کاتِبی (کا۔تِ۔بی)(ف۔ا۔مث) نِصف بازو کی واسکٹ۔

کاتِک (کا۔تِک)(کا۔تِک)(ہ۔ا۔مذ) س: کارتک۔ ہندی سال کا آٹھواں مہینا۔ تقریباً ۱۵ر نومبر سے ۱۵ر دسمبر تک کا زمانہ۔

کاتِک کی کُتیا (اَر۔ا۔مث) مستی میں آئی ہوئی کُتیا۔ (مجازاً) چھنال عورت۔

کاتنا (کات۔نا)(ہ۔مص) چرخے پر رُوئی سے سُوت بنانا۔ چرخے کے ذریعے رُوئی کے تار نکالنا۔

کاتنا تو آتا نہیں، گلی پونیاں بنانے (ہ۔مثل) بے جانے بوجھے کام میں دخل دینے پر کہا جاتا ہے۔

کاتن بیٹھی دیا بالے۔ دن کھویا آلے بالے (ہ۔مثل) مناسب وقت کو ضائع کر کے بے وقت کام کرنے والے کے متعلق کہا جاتا ہے۔

کاتی (ہ۔ا۔مث) سُناروں کا ایک اوزار جس سے تار یا پترا کاٹتے ہیں۔

کاٹ (ہ۔ا۔مث) بُرِش۔ کٹاؤ (۲) زخم۔ گھاؤ (۳) چھانٹ۔ قطع۔ تراش (۴) تیزی۔ روانی (۵) خراش۔ چھیلن (۶) بُرائی۔ بدی (۷) عداوت۔ دُشمنی (۸) کتربیونت (۹) ڈینگ۔ شیخی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کاٹ پھانس (اَر۔ اِ۔مث)(۱) توڑ موڑ۔ کتر بیونت (۲) لگائی بُجھائی۔ چغل خوری (۳) عیاری۔ چالاکی (۴) اُجرت میں کمی بیشی۔

کاٹ چلنا (ق۔ محاورہ) شیخی بگھارنا۔

کاٹ چھانٹ (اَر۔ اِ۔مث)(۱) قطع و بُرید۔ تراش خراش۔ جوڑ توڑ۔ کتر بیونت۔ ترمیم و تنسیخ (۲) چھنٹی اور کٹی ہوئی نکمی چیز۔ چھیچھڑن۔ ریزہ (۳) غبن۔

کاٹ چھانٹ کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) قطع و بُرید کرنا (۲) جوڑ توڑ کرنا (۳) کمی بیشی کرنا (۴) غبن کرنا (۵) بُرائی کرنا۔ دُشمنی کرنا (۶) منہا کرنا (۷) اگلے پچھلے حساب میں وضع کرنا (۸) مُجرا لینا۔

کاٹ دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) قطع کرنا (۲) (کنایۃً) رد کرنا (۳) وضع کرنا (۴) قلم زد کرنا (۵) عمر بسر کرنا۔

کاٹ ڈالنا (اَر۔ محاورہ)(۱) تراش دینا۔ قطع کر دینا (۲) قلم زد کر دینا (۳) اُڑا دینا۔ قلم کر دینا۔

کاٹ کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) زخمی کرنا۔ چھیلنا (۲) پانی کا اپنے آپ راستہ بنا لینا (۳) توڑ کرنا۔ تردید کرنا (۴) تراشنا۔ کاٹنا۔

کاٹ کوٹ (اَر۔ اِ۔مث)(۱) چیر پھاڑ۔ جراحی (۲) کمی بیشی۔ وضع۔ مُجرا۔ کترن۔ چھانٹ۔

کاٹ کوٹ کر (کاٹ کوٹ کے) (اَر۔ متعلق فعل) وضع کر کے۔ کمی بیشی کر کے۔ مُجرا کر کے۔

کاٹ کھانے کو دوڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بدمزاجی سے جواب دینا (۲) تُند مزاجی اور تُرش رُوئی سے پیش آنا (۳) بات بات پر آمادۂ جنگ ہونا۔

کاٹا (و۔صف)(۱) کاٹا ہوا (۲) کاٹنا مصدر سے ماضی مطلق (۳) (اِ۔مذ) چوٹ۔ مار۔ زخم (۴) القط کی علامت (×)۔

کاٹا اور اُلٹ گیا (اَر۔ محاورہ) ڈس کر پلٹی کھا جانا۔ سانپ کا قاعدہ ہے کہ آدمی کو کاٹ کر پلٹ جاتا ہے جس سے اُس کا زہر زخم میں بھر جاتا ہے۔ اس وجہ سے اِس کا اطلاق ایسے موذی شخص یا جانور پر ہوتا ہے جو نُقصان پہنچا کر ناآشنا بن جائے۔

کاٹا لگانا (مارنا) (اَر۔ محاورہ) غلط یا ناپسندیدہ تحریر کو قلم زد کر دینا۔

کاٹک (ق۔صف) دہشت ناک۔

کاٹن (Cotton) (انگ۔ اِ۔مث) کپاس۔ پنبہ۔

کاٹنا (کاٹ۔نا)(و۔مص)(۱) تراشنا۔ قاش اُتارنا (۲) شاخ قلم کرنا۔ درخت چھانٹنا (۳) قینچی سے کترنا (۴) قطع کرنا (۵) ڈسنا (۶) مُنہ مارنا۔ دانت مارنا (۷) زخمی کرنا (۸) دُور کرنا۔ چھوڑنا (۹) القط کرنا (۱۰) گزارنا۔ بسر کرنا (۱۱) ضائع کرنا۔ گنوانا (۱۲) حلال کرنا۔ ذبح کرنا۔ گردن مارنا (۱۳) طے کرنا۔ قطع مسافت کرنا (۱۴) فیصلہ کرنا۔ چکانا (۱۵) وضع کرنا۔ منہا کرنا (۱۶) کمیشن دینا (۱۷) منسوخ کرنا۔ قلم پھیرنا (۱۸) تردید کرنا (۱۹) شرم دلانا۔ شرمانا (۲۰) کھٹکنا۔ بھرنا۔ پورا کرنا (۲۱) آگے سے نکل جانا (۲۲) ڈبے کو ریل گاڑی سے جدا کرنا (۲۳) چوری سے کھیت میں پانی لینا (۲۴) بیچ میں بولنا۔ قطع کلام کرنا۔

کاٹنے (کاٹ۔نے)(و۔فعل) کاٹنا کی مُغیرہ شکل۔

کاٹنے کو دوڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دیکھیے کاٹ کھانے کو دوڑنا (۲) ناگوار گزرنا (۳) ویران اور اُجاڑ معلوم ہونا۔

کاٹو تو خون (لہو) نہیں (بدن میں) (اَر۔ محاورہ) خوف کے باعث بدن میں لہو کی بُوند نہیں رہی۔ شدید صدمہ گزرنے یا خوف طاری ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔

کاٹھ (و۔ اِ۔مذ)(۱) لکڑی۔ چوب (۲) ایک بھاری اور موٹا لٹھ جس میں سُوراخ کر کے مُجرموں کے پاؤں ڈال دیتے تھے (۳)(صف) سخت۔ دُرشت۔ دُشوار (۴) کُندۂ ناتراش۔ بے وقوف (۵) بے درد۔ بے رحم۔ کٹھور۔

کاٹھ پُتلی (و۔ اِ۔مث) عام طور پر کٹھ پُتلی کہا جاتا ہے۔ دیکھیے کٹھ پُتلی۔

کاٹھ چبانا (اَر۔ محاورہ) تنگی میں بسر کرنا۔ مُشکل سے بسر اوقات کرنا۔

کاٹھ کا (و۔صف) لکڑی کا بنا ہوا۔ چوبی۔

کاٹھ کا اُلّو (اَر۔ اِ۔مذ) بے وقوف۔ احمق۔ کُندۂ ناتراش۔ گاؤدی (۲) منحوس۔

کاٹھ کا گھوڑا (اَر۔ اِ۔مذ) لکڑی کا گھوڑا (۲) لنگڑے آدمی کی لاٹھی یا سہارا۔

کاٹھ کباڑ (اَر۔ اِ۔مذ) نکما اسباب۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب۔

کاٹھ کٹول بانسلی (اَر۔ اِ۔مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں بچے آنکھ مچولی کی طرح آنکھیں بند کرتے اور لکڑی کو چھوتے پھرتے ہیں۔ جہاں کوئی لکڑی سے الگ ہوتا ہے اُسے چور پکڑ لیتا ہے اور وہ چور بن جاتا ہے۔ اِس کھیل میں جو چور بنتا ہے وہ کہتا ہے "کاٹھ کٹول بانسلی بھنبیری میرا نام"۔

کاٹھ کوڑا چلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) کاٹھ میں دینے اور کوڑے مارنے کا اختیار ہونا (۲) زور چلنا۔ صاحبِ حکومت ہونا۔

کاٹھ کی گھوڑی (اَر۔ اِ۔مث) جنازہ۔ ارتھی۔ تابوت۔

کاٹھ کی مورتی اور چندن ہار (اَر۔ مثل) بدشکل آدمی کا بناؤ سنگار کرنا۔

کاٹھ کی ہنڈیا بار بار نہیں چڑھتی (اَر۔ مثل) جھوٹ اور دغابازی ہمیشہ نہیں چل سکتی۔ ناپائیدار شے کا اعتبار نہیں ہوتا۔

کاٹھ کے گھوڑے دوڑانا (اَر۔ محاورہ) فضول باتیں کرنا۔

کاٹھ میں پاؤں پڑنا (اَر۔ محاورہ) بیڑی کا پہنایا جانا (۲)(کنایۃً) پابندی ہونا۔

کاٹھ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بالکل بے حس و حرکت ہو جانا۔ خاموش ہو جانا (۲) اکڑ جانا۔ سخت ہو جانا۔ پتھر ہو جانا۔

کاٹھی (کا۔ٹھی)(و۔ اِ۔مث)(۱) جسم۔ جسامت (۲) ڈھانچ۔ قالب (۳) تلوار کا نیام۔ میان۔ غلاف (۴) گھوڑے کا چمڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے۔ جمع: کاٹھیاں۔ کاٹھیوں۔

کاٹھی دھرنا (کاٹھی کسنا) (اَر۔ محاورہ) گھوڑے پر زین یا کاٹھی رکھ کر اُسے تیار کرنا۔

کاٹھی خالی کرنا (اَر۔ محاورہ) گھوڑے کی سواری کا ایک فن۔ زین چھوڑ کر ایک طرف کی رکاب پر آ جانا تاکہ حریف کا وار خالی جائے۔

کاٹے (و۔فعل)(۱) کاٹا کی جمع (۲) کاٹا کی مُغیرہ صورت۔

کاٹے باڑھ نام تلوار کا (اَر۔ مثل) چھوٹوں کی کارگزاری سے بڑوں کا نام ہو جاتا ہے۔ کام کرے کوئی پھل پائے کوئی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کاٹے کا منتر نہیں (اَر۔مثل) کسی کی ایذا رسانی کا دفعیہ یا علاج نہ ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے کہ اِس کے کاٹے کا منتر نہیں۔

کاٹے کٹے نا تالے ٹلے (کاٹے کٹے نہ مارے مرے) (اَر۔مثل) (۱) نہایت سخت جان ہے (۲) بڑا دُشوار کام ہے۔

کاٹے کھانا (اَر۔محاورہ) (۱) نہایت ناگوار گزرنا (۲) خوفناک معلوم ہونا (۳) تکلیف دینا۔ آزار رساں ہونا۔

کاٹے کا (اَر۔محاورہ) کمزور آدمی غصّہ دکھائے تو طنزاً کہتے ہیں۔

کاٹے نہ کٹنا (اَر۔محاورہ) دُوبھر ہونا۔ اجیرن ہونا۔ کٹھن اور سخت ہونا۔ کسی طرح تمام نہ ہونا۔

کاج (ہ۔ا۔مذ) (۱) کام۔ کار (۲) بٹن کا گھر (۳) بیاہ شادی کا کاروبار۔ خوشی کا کام۔

کاج بنانا (اَر۔محاورہ) بٹن کا گھر بنانا۔ بٹن کے لئے کسی کپڑے میں سوراخ بنانا۔

کاجل (کا۔جل) (ہ۔ا۔مذ) چراغ کی کالک یا دُھواں جو آنکھوں میں لگایا جاتا ہے۔

کاجل اُڑانا (اَر۔محاورہ) کاجل صاف کر دینا۔ نشان مٹا دینا۔

کاجل پارنا (اَر۔محاورہ) چراغ کی لو پر سر پوش رکھ کر کاجل اکٹھا کرنا۔

کاجل دینا (کاجل سارنا) (اَر۔محاورہ) آنکھوں میں کاجل لگانا۔

کاجل کا تِل (اَر۔ا۔مذ) وہ خال جو خوبصورت لوگ خوشنمائی کے لئے کاجل سے اپنے رُخساروں پر بنا لیتے ہیں۔

کاجل کی کجلوٹی (اَر۔ا۔مث) وہ برتن جس میں عورتیں کاجل رکھتی ہیں۔

کاجل کی کجلوٹی اور پھولوں کا سنگار (اَر۔مثل) بدصورت جب بناؤ سنگار کرتا ہے تو ایسے موقع پر بولتے ہیں۔ کالی رنگت پر حُسن چمکانے کا خیال۔

کاجل کی کوٹھڑی (اَر۔ا۔مث) (۱) کاجل اکٹھا کرنے کی جگہ (۲) بدنامی کا گھر۔ عیب لگنے کی جگہ۔

کاجل کی کوٹھڑی میں دھبے کا ڈر (اَر۔مثل) بدنام جگہ جانے میں بدنامی لازمی ہے۔

کاجل کی کوٹھڑی میں جو جائے گا اُسے ٹیکا لگے گا (اَر۔مثل) بُری صحبت یا بدنام جگہ جانے سے بدنامی ہی ہوتی ہے۔

کاجنا (کاج۔نا) (ق۔مص) بجنا۔

کاجُو (کا۔جُو) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت اور اُس کا پھل جو دواؤں میں کام آتا ہے اور بطور غذا بھی اِستعمال ہوتا ہے۔

کاجُو بھوجُو (ہ۔صف) (۱) نہایت نازک اور کمزور چیز۔ ناپائیدار (۲) دِکھاوے کا۔ جلد ٹوٹنے والا (یہ لفظ کاج اور بھوج پتر سے بنا ہے)۔

کاچا (ق۔صف) کچا۔

کاچھ (ہ۔ا۔مذ) (۱) زانو کے اُوپر کا حِصّہ۔ جانگھ (۲) جانگھیا۔ کاچھا۔ کچھنا۔ آدھا گھٹنا (۳) بھیس۔ لباس۔ رُوپ۔ بانا (۴) دھوتی کا وہ حِصّہ جو پیچھے اُڑسا جاتا ہے۔

کاچھ کچھنا (ہ۔محاورہ) سوانگ بھرنا۔ بھیس بدلنا۔

کاچھ کھولنا (ہ۔محاورہ) (۱) ننگا ہونا۔ لنگوٹا کھولنا۔ ازار بند کھولنا۔ لہنگا اُتارنا (۲) بے حیا اور بے شرم بننا (۳) جماع کرنا۔

کاچھا (ہ۔ا۔مذ) جانگھیا۔ گھٹنا۔ کاچھ۔

کاچھن (کا۔چھن) (ہ۔ا۔مث) (۱) کاچھی کی بیوی (۲) سبزی فروش عورت (۳) مالن۔

کاچھی (کا۔چھی) (ہ۔ا۔مذ) ہندو کنجڑا۔ ہندو سبزی فروش۔

کاخ (ف۔ا۔مذ) (۱) بلند عمارت۔ محل۔ اَیوان۔ قصر (۲) بالاخانہ۔

کاڈ (Cod) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی بڑی بحری مچھلی جس کا تیل نکالا جاتا ہے۔

کاذِب (کا۔ذِب) (ع۔صف) دروغ گو۔ جھوٹا۔ صادق کا نقیض۔ جمع: کذّاب۔ کاذبین۔

کار (Car) (انگ۔ا۔مث) (۱) موٹر کار (۲) گاڑی۔

کار (ف۔ا۔مذ) (۱) کام کاج۔ دھندا۔ فعل۔ کرتوت (۲) ہُنر۔ پیشہ (۳) زراعت۔ کھیتی باڑی (۴) جنگ و جدل۔ لڑائی (۵) مطلب۔ مُراد۔ مقصد (۶) معروفیت۔ شغل (۷) معاملہ۔ بیوپار (۸) شادی کی تقریب (۹) غرض۔ واسطہ۔ جمع: کارہا۔

کار آزمُودہ (ف۔صف) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاں دیدہ۔ واقف کار۔

کار آفریں (ف۔صف) کام پیدا کرنے والا۔ (مجازاً) خدا تعالٰی۔

کار آگاہ (ف۔صف) کام کی حقیقت سے واقف۔ کار آزمودہ۔

کار آمد (ف۔صف) مُفیدِ مطلب۔ کام کا۔ کام آنے والا۔ سود مند' فائدہ مند چیز۔

کار آموز (ف۔صف) کام سیکھنے والا۔ نو سیکھ۔ (Apprentice)۔

کار آموزی (ف۔ا۔مث) نوکر ہونے سے مستقل ہونے تک کا درمیانی وقفہ۔ (Apprenticeship)۔

کار اَز دَست رفتہ' تیر اَز کمان جستہ باز نمی آید (ف۔مثل) ہاتھ سے نکلا ہوا کام اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا۔ جو بات ہو چکی ہو اُس پر اَفسوس کرنا بیکار ہے۔

کارِ اِمروز بَفَردا مگذار (ف۔مقولہ) آج کا کام کل پر نہ چھوڑ۔

کار بر آر (ف۔صف) مطلب پرست۔ کام نکالنے والا۔

کار بر آری (ف۔ا۔مث) کام نکالنا۔ مطلب براری۔

کار بند (ف۔صف) (۱) تعمیل کرنے والا۔ مطیع۔ فرماں بردار (۲) عمل میں لانے والا (ہونا کے ساتھ)۔

کارِ بوزِینہ نیست نجّاری (ف۔مثل) بندر بڑھئی کا کام نہیں کر سکتا۔ جس کا کام اُسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے۔

کار پرداز (ف۔صف) کارکن۔ منتظم۔ سربراہ کار۔ کارندہ۔ گماشتہ۔

کار پردازی (ف۔ا۔مث) اِہتمام۔ کارروائی۔ گماشتہ گری۔

کارِ ثواب (ف۔ع۔ا۔مذ) نیک کام۔ بھلائی کا کام۔ للّٰہی کام۔

کار جوئی (ف۔ا۔مث) معرکے کا کام۔ کارِ عظیم۔ مہم۔ اُولوالعزمی۔ ہمّت۔ اِرادہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کارچوب (ف۔ا۔مذ)(۱) وہ لکڑیاں یا اوزار جن پر جولاہے تانی پھیلا کر کپڑا بُنتے ہیں (۲) ایک قسم کا کشیدہ جو لکڑی کے چوکھٹے پر پھیلا کر کاڑھا جاتا ہے (۳) زردوز۔ کشیدہ کار۔

کارچوبی (ف۔ا۔مث) زردوزی۔ کشیدہ کاری۔

کارِخانگی (خا۔ن۔گی)(ف۔ا۔مذ) نِج کا کام۔ ذاتی معاملات۔

کارخانہ (ف۔ا۔مذ)(۱) کام کرنے کی جگہ۔ چیزوں کے بنانے اور تیار کرنے کا مقام (۲) دُکان (۳) ایک قسم کی اُونچی چوکی جس پر بیٹھ کر گوٹا کناری بُنتے ہیں (۴) جولاہوں کا کرگہ (۵) کاروبار۔ کام کاج (۶) معاملہ۔ حساب (۷) نیچر۔ خُدائی کاروبار۔ خُدا کی قُدرت۔ اُردو جمع: کارخانوں۔ کارخانے۔

کارخانۂ اِلٰہی (ف۔ع۔ا۔مذ) خُدائی کام۔ خُدا کی قدرت۔

کارخانہ پھیلانا (اُر۔ محاورہ) کاروبار شروع کرنا۔ کاروبار کو وُسعت دینا۔

کارخانہ دار (ف۔صف۔وا۔مذ) (۱) کارخانے کا مالک۔ وہ شخص جس کا کاروبار ہو (۲) خانساماں۔ داروغہ باورچی خانہ (۳) میرِ سامان۔ بکاول۔

کارِخیر (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) نیکی کا کام۔ ثواب یا بھلائی کا کام (۲) فاتحۂ خیر (۳) لڑکی کا نکاح (۴) کنیادان۔

کاردار (ف۔صف) عُہدہ دار۔ عامِل۔ منصب دار (۲) تجربہ کار۔ واقف کار۔

کاردان (ف۔صف) (۱) تجربہ کار۔ واقف کار (۲) ہُنر مند۔ کاریگر (۳) قدر دان۔ کارشناس۔ معاملہ فہم۔

کاردانی (ف۔ا۔مث) معاملہ فہمی۔ واقف کار ہونا۔

کارروائی (ف۔ا۔مث)(۱) کام چلانا۔ اِجرائے کار۔ کار برآری (۲) کام کاج (۳) تعمیل۔ کارگزاری۔ برتاؤ (۴) قانون۔ ضابطہ (۵) اِنتظام۔ بندوبست۔ اِہتمام۔ پیروی (۶) (قانون) رُودادِ عدالت۔ رُوبکاری۔ اُردو جمع: کارروائیاں۔ کارروائیوں۔

کارروائی کرنا (اُر۔ محاورہ) کارگزاری کرنا۔ کام چلانا (۲) عمل کرنا۔ تعمیل کرنا (۳) فرض ادا کرنا (۴) مطلب نکالنا۔ پیروی مقدمہ کرنا۔

کارزار (ف۔ا۔مذ) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ پیکار۔

کارساز (ف۔صف)(۱) کام بنانے والا۔ کام سنوارنے والا (۲) صانِع۔ قادرِ مطلق۔

کارسازی (ف۔ا۔مث)(۱) کام کرنا۔ کام بنانا (۲) صنعت۔ ہُنر۔ حرفت (۳) چالاکی۔ عیّاری۔ دغا بازی۔ دھوکے بازی۔

کارسنج (ف۔صف)(۱) دانا۔ صاحبِ لیاقت (۲) کام سے واقف۔ معاملہ فہم۔

کارشناس (ف۔صف) کار آزمودہ۔ تجربہ کار۔ کام جاننے والا۔

کارِستانی (ف۔ا۔مث) شرارت۔ چالاکی۔ عیّاری (۲) سازش۔

کارفرما (ف۔صف)(۱) کام لینے والا۔ کام بنانے والا۔ حُکم کرنے اور چلانے والا۔ کمانڈر (۲) بادشاہ۔ اُستاد۔

کارکردگی (ف۔صف) کارگزاری۔ (Efficiency)۔

کارکردہ (ف۔صف) آزمودہ کار۔ تجربہ کار۔

کارکُن (ف۔صف) کام کرنے والا۔ کارندہ۔ عامِل۔ جمع: کارکنان۔ اُردو جمع: کارکُن۔ کارکنوں۔

کارگاہ (ف۔ا۔مث)(۱) کام کرنے کی جگہ۔ کارخانہ (۲) جولاہوں کا کام کرنے کا گڑھا۔ نیز دیکھئے کرگہ۔

کارگاہِ ہستی (ف۔ا۔مث) دُنیا۔ جہان۔

کارگر (ف۔صف)(۱) موثّر۔ سریع التّاثیر۔ تیر بہدف (۲) فائدہ مند۔ سُود مند (۳) مُہلک۔ بھاری۔ کاری۔ گہرا (۴) کام کرنے والا۔ ہُنر مند۔

کارگر ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) موثّر ہونا (۲) مُفید ہونا (۳) کاری ہونا۔

کارگزار (ف۔صف) کام کرنے اور حُکم بجا لانے والا۔ خدمت گُزار۔ نوکر (۲) چالاک۔ مستعد (۳) حاجت روا۔

کارگزاری (ف۔ا۔مث) (۱) خدمت گُزاری۔ فرماں برداری۔ تعمیل (۲) خدمت۔ نوکری (۳) ہوشیاری۔ مستعدی۔

کارگزاری پر پانی پھر جانا (اُر۔ محاورہ) اچھے کام کا صِلہ نہ ملنا۔ اچھا کام خراب ہو جانا۔

کارگزاری دِکھانا (اُر۔ محاورہ) اچھا کام کرنا۔ مستعدی دِکھانا۔

کارِ مردانہ (ف۔ا۔مذ) بہادُری کا کام۔ جُرأت کا کام۔ مردانہ کام۔

کارمنّد (ف۔صف) کام کرنے والا۔ خدمت گار۔

کارنامہ (ف۔ا۔مذ)(۱) جنگ نامہ (۲) بہادُری کا تمغا (۳) تاریخی واقعہ (۴) ضابطہ۔ قانونِ سلطنت۔ آئین (۵) غیر معمولی کام۔ یادگاری کام۔ اُردو جمع: کارناموں۔ کارنامے۔

کارِ نمایاں (ف۔ا۔مذ) بڑا کام۔ اہم کام۔ جمع: کارہائے نمایاں۔

کاروبار (ف۔ا۔مذ) کام کاج۔ دھندا۔ شغل (۲) لین دین۔ بنج۔ بیوپار۔

کاروباری (ف۔صف)(۱) کاروبار سے متعلق (۲) کارندہ۔ مہتمم۔ منصرم (۳) تاجر۔ سوداگر (۴) مطلب کی بات کرنے والا۔

کاربانِک (Carbonic) (انگ۔صف) کاربن سے منسوب۔

کاربانک ایسڈ (Carbonic Acid) (انگ۔ا۔مذ) معمولی تیزاب جو کاربن ڈائی آکسائیڈ کے پانی میں تحلیل ہونے سے حاصل ہوتا ہے۔ اس سے دو قسم کے نمکیات بنتے ہیں: کاربونیٹ اور بائی کاربونیٹ۔

کاربن (Carbon) (انگ۔ا۔مذ)(۱) خالص کوئلا۔ کوئلے کی اصل (۲) ایک عنصر جو ہیرے اور کوئلے وغیرہ کی شکل میں پایا جاتا ہے (۳) برقی لیمپوں میں کاربن کی قلم۔

کاربن پیپر (Carbon Paper) (انگ۔ا۔مذ) وہ کاغذ جس کے ایک طرف مسالا لگا ہوتا ہے اور اِس کے ذریعے کسی تحریر کی نقل اُتاری جاتی ہے۔

کاربن ڈائی آکسائیڈ (Carbon Dioxide) (انگ۔ا۔مث) ایک بے رنگ گیس جو کاربن جلنے سے پیدا ہوتی ہے اور پودوں اور جانداروں کی سانس میں پائی جاتی ہے۔ آگ بجھانے، سوڈا واٹر بنانے اور تبرید کے عمل میں کام آتی ہے۔

کاربنکل (Carbuncle) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا پھوڑا۔ راج پھوڑا۔ گوشت خور پھوڑا (۲) لعلِ خوش رنگ (۳) شب چراغ۔

کاربین (کار۔بِین)(اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کی بندوق۔ جمع: کاربینوں۔ کاربینیں۔

کارپوریشن (Corporation) (انگ۔ا۔مث) (۱) سند یافتہ جماعت (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وہ جماعت یا کمیٹی جو قانوناً کوئی کام کرنے کی مجاز ہو (۳) بڑی میونسپل کمیٹی۔

کارپورل (Carporal) (انگ۔ا۔مذ) دفعدار۔ فوج کا ایک چھوٹا عہدے دار۔

کارتُوس (کار۔ تُوس) (ار۔ا۔مذ) بارود بھری گولی جسے بندوق میں بھر کر سر کرتے ہیں (انگ Cartridge کا بگاڑ)۔ جمع: کارتوس۔ کارتوسوں۔

کارٹون (Cartoon) (انگ۔ا۔مذ) تصویر کے ذریعے کسی کا خاکہ اُڑانا۔ مزاحیہ تصویر۔ اردو جمع: کارٹون۔ کارٹونوں۔

کارٹونسٹ (Cartoonist) (انگ۔ا۔مذ) کارٹون بنانے والا۔

کارج (کا۔رَج) (کاج) (س۔ا۔مذ) کام کاج (۲) تقریب (۳) غرض۔ مطلب۔ مقصد۔ مُدعا (۴) باعث۔ سبب (۵) پیشہ۔ حرفہ (۶) شادی کی تقریب۔

کارج رچنا (ہ۔ محاورہ) شادی بیاہ کا سلسلہ شروع ہونا۔ تقریب کرنا۔

کارچوب۔ کار کے تحت دیکھیے۔

کارخانہ۔ کار کے تحت دیکھیے۔

کاردار۔ کار کے تحت دیکھیے۔

کارد (ف۔ا۔مث) چاقو۔ چُھری۔ چُھرا۔

کارڈ (Card) (انگ۔ا۔مذ) (۱) پوسٹ کارڈ۔ وہ سرکاری کاغذ جس پر کچھ لکھ کر بذریعہ ڈاک بھیجا جاتا ہے (۲) تاش کا پتّا۔

کارڈ بورڈ (Card Board) (انگ۔ا۔مذ) موٹے کاغذ کا تختہ۔ پٹھا۔ گتا۔

کارڈرائے (Corduroy) (انگ۔ا۔مذ) ایک موٹا سوتی یا مخملی کپڑا۔

کارروائی۔ کار کے تحت دیکھیے۔

کارِستانی۔ کار کے تحت دیکھیے۔

کارک (Cork) (انگ۔ا۔مذ) (۱) بلوط کی قسم کے ایک درخت کی چھال جس سے بوتلوں وغیرہ کے ڈاٹ بنائے جاتے ہیں۔ کاگ۔ ڈاٹ۔

کارگزاری۔ کار کے تحت دیکھیے۔

کارَن (کا۔رَن) (ہ۔ا۔مذ) سبب۔ واسطہ۔ باعث۔ لئے۔ خاطر۔

کارنامہ۔ کار کے تحت دیکھیے۔

کارنجہ (کا۔رَن۔جہ) (ق۔ا۔مذ) چھوٹا حوض۔

کارَندہ (کا۔رَن۔دَہ) (ف۔صف) محنتی۔ کام کرنے والا (۲) (ف۔ا۔مذ) مزدور۔ کارکن (۳) سربراہ۔ منیجر۔ ایجنٹ۔ مختار۔ گماشتہ۔ اردو جمع: کارندوں۔ کارندے۔

کارنس (Cornice) (انگ۔ا۔مذ) دیوار کی مُنڈیر۔ گر۔

کارن فلور (Cornflour) (انگ۔ا۔مذ) مکئی کا آٹا۔

کارنے (ق۔ا۔مذ) سبب۔ کارن۔

کارنیوال (Carnival) (انگ۔ا۔مذ) کیتھولک عیسائیوں کا جشن (۲) جشن عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں۔

کارواں (کار۔واں) (ف۔ا۔مذ) قافلہ۔ مسافروں کی جماعت۔ اردو جمع: کارواں۔ کاروانوں۔

کارواں سالار (ف۔ا۔مذ) قافلے کا سردار۔ میر قافلہ۔

کارواں سرا (کارواں سرائے) (ف۔ا۔مث) قافلہ اُترنے یا ٹھہرنے کی جگہ۔

کاروبار۔ کار کے تحت دیکھیے۔

کاری (کا۔ری) (ف۔صف) مُہلک۔ کارگر۔ کام تمام کرنے والا۔ گہرا۔ بھاری۔ بااثر (۲) کارآمد۔ باقاعدہ۔

کاریز (کا۔ریز) (بیائے مجہول) (ف۔ا۔مث) کھیتوں کو پانی دینے کی بند نالی (۲) چھوٹی نہر (بلوچستان میں آبپاشی کا یہی ذریعہ ہے)۔ اردو جمع: کاریزوں۔ کاریزیں۔

کاری گر (کا۔ری۔گر) (ف۔ا۔مذ) (۱) ہنرمند۔ پیشہ ور۔ دست کار۔ کام بنانے والا (۲) اُستادِ فن۔ ماہر (۳) کامل۔ ہوشیار۔ سمجھ والا (۴) موچی۔ معمار۔ لوہار وغیرہ (۵) کام کو خوب سمجھنے والا۔ اردو جمع: کاری گر۔ کاری گروں۔

کاری گری (کا۔ری۔گ۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) ہنرمندی۔ دستکاری۔ پیشہ۔ حرفت (۲) اُستادی۔ ہوشیاری۔

کاڑا (ق۔ا۔مذ) کاڑھا۔ جوشاندہ۔

کاڑھا (کا۔ڑھا) (ہ۔ا۔مذ) وہ جوش دی ہوئی گرم دوائیں جو زچہ کو پلاتے ہیں۔ اچھوانی (۲) جوشاندہ۔

کاڑھنا (کاڑھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) نکالنا (۲) باہر کرنا (۳) کھینچنا (۴) کشید کرنا (۵) جوش دینا (۶) سُوئی کا کام کرنا (۷) اُدھار لینا (۸) اِنتخاب کرنا (۹) نقشہ کھینچنا (۱۰) موقوف کرنا (۱۱) پیٹ گرانا (۱۲) دیس نکالا دینا (۱۳) جالی کا حلقہ سینا (۱۴) کپڑے پر بیل بُوٹے بنانا۔

کاس (ق۔ا۔مذ) (۱) گائے بھینس یا بکری کا تھن (۲) جنوبی ہند کے ایک بگلے کا نام۔

کاسِب (کا۔سِب) (ع۔صف) کسب کرنے والا۔ جمع: کاسبین۔

کاشت (ف۔ا۔مث) کمی۔ گھٹاؤ۔ (بے کم و کاست مستعمل ہے)۔

کاستیا (کا۔سَت۔یا) (ق۔ا۔مث) درانتی۔

کاسٹ (Cast) (انگ۔ا۔مث) ایکٹروں کی جماعت جو کسی کھیل میں کام کرے۔

کاسٹنگ ووٹ (Casting Vote) (انگ۔ا۔مذ) صدر کا ووٹ۔ رائے فیصل جو دو برابر کے فریقوں میں فیصلہ کرے۔

کاسٹر آئل (انگ۔ا۔مذ) اَرنڈی کا تیل جو دست آور ہے۔

کاسِد (کا۔سِد) (ع۔صف) کھوٹا۔ غیر خالص۔ ناقص۔ جس کا رواج نہ ہو۔

کاسِر (کا۔سِر) (ع۔صف) توڑنے والا۔ جمع: کاسِرین۔

کاسِرِ ریاح (ع۔صف) ریاح کو توڑنے یا خارج کرنے والا۔

کاسِف (ع۔صف) بُرے۔ بدقسمتی کے (دن)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کاسمیٹکس (انگ۔ا۔مث) (Cosmetics) آرائشِ جمال کی اشیا۔ غازہ۔ اُبٹن وغیرہ۔

کاسنی (کاس۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) ایک پودا جس کے پھول ہلکے اُودے رنگ کے ہوتے ہیں (۲) (اَر۔صف) ہلکے اُودے رنگ کا۔

کاسنی رنگ (اَر۔ا۔مذ) ہلکا اُودا رنگ۔

کاسہ (کا۔سَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کٹورا۔ پیالہ۔ بادیہ (۲) بھیک کا کشکول (۳) نقارہ۔ دھونسا (۴) طعام۔ خاصہ۔ اُردو جمع: کاسوں۔ کاسے۔

کاسہ باز (ف۔ا۔مذ) شعبدہ باز۔ بازی گر (۲) مکار۔ حیلہ ساز۔

کاسہ بازی (ف۔ا۔مث) بازی گری۔ شعبدہ بازی (۲) مکاری۔ عیاری۔

کاسہ پُشت (ف۔صف) بہت بوڑھا جس کی کمر جھک گئی ہو۔ کبڑا (۲) کچھوا (۳) (کنایۃً) آسمان۔

کاسۂ چشم (ف۔ا۔مذ) آنکھ کا حلقہ۔

کاسۂ درویشاں (دریوزہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے کاسہ گدائی۔

کاسۂ سر (ف۔ا۔مذ) سر کا پیالہ۔ کھوپڑی۔

کاسۂ گدائی (ف۔ا۔مذ) بھیک کا پیالہ۔ کشکول۔

کاسہ لیس (ف۔صف) (۱) جھوٹے برتن چاٹنے والا۔ خوشامدی۔ چاپلوس (۲) پُرخور۔ پیٹو (۳) فقیر۔ گداگر (۴) حریص۔ لالچی۔ لوبھی۔

کاسہ لیسی (ف۔ا۔مث) خوشامد۔ چاپلوسی۔

کاسہ گر (ف۔ا۔مذ) پیالے بنانے والا۔ کوزہ گر۔ کمہار۔

کاش (کاشکے) (ف۔ تمنا اور افسوس کا کلمہ) خدا کرے! کیا اچھا ہو! حسرت و خواہش کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

کاشانہ (کا۔شا۔نَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا (۲) آشیانہ۔ گھونسلا۔ اُردو جمع: کاشانوں۔ کاشانے۔

کاشانی (کا۔شا۔نی) (ف۔صف) (۱) ایران کے شہر کاشان کا رہنے والا۔ اس شہر سے منسوب (۲) (ف۔ا۔مث) ایک عمدہ قسم کی مخمل۔

کاشت (ش ساکن۔ت موقوف) (ف۔ا۔مث) (۱) زراعت۔ کھیتی باڑی (۲) جُتی ہوئی زمین۔ کھڑا کھیت (۳) موروثی زمین۔

کاشت کار (ف۔ا۔مذ) کسان۔ زمیندار۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ مزارع۔

کاشت کاری (ف۔ا۔مث) کھیتی باڑی۔ زراعت۔ قلبہ رانی۔

کاشتہ (کاش۔تَہ) (ف۔صف) بویا ہوا۔ جوتا ہوا۔

کاشِف (کا۔شِف) (ع۔صف) کھولنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔

کاشمیری (ہ۔صف) دیکھئے کشمیری۔

کاظم (کا۔ظِم) (ع۔صف) (۱) غصہ پی جانے والا۔ جمع: کاظمین (۲) (ع۔ا۔مذ) امام موسیٰ رضا کا لقب۔

کاغذ (کا۔غَذ) (ف۔ا۔مذ) (۱) قرطاس۔ پتر (۲) پرچہ۔ پُرزہ۔ رُقعہ (۳) چٹھی۔ خط (۴) نوشتہ۔ تحریر۔ دستاویز (۵) اخبار (۶) ورق (۷) روزنامچہ۔ اَعمال نامہ (۸) ہُنڈی۔ فارسی جمع: کاغذات۔ اُردو جمع: کاغذ۔ کاغذوں۔

کاغذ پتر (ع۔ہ۔ا۔مذ) (۱) خط۔ پتر۔ چٹھی (۲) دستاویز۔ تحریر۔ سند۔

کاغذ پر چڑھانا (اَر۔محاورہ) درج رجسٹر کرنا۔ بہی میں لکھنا۔

کاغذ سا (اَر۔صف) پتلا۔ باریک۔ نازک۔ نہایت ہلکا اور پتلا۔

کاغذ سیاہ کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) لکھ لکھ کر کاغذ بھرنا (۲) (طنزاً) کاغذ خراب کرنا۔ نکمی باتیں لکھنا۔

کاغذ کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) دستاویز لکھنا۔ تمسک لکھنا (۲) ہبہ لکھنا (۳) کوئی چیز کسی کے نام پر لکھ دینا۔

کاغذ کھولنا (اَر۔محاورہ) بھید کھولنا۔ عیب ظاہر کرنا۔

کاغذ کھیوٹ (اَر۔ا۔مذ) وہ کاغذ جو پٹواری سالانہ تیار کرتا ہے۔

کاغذ کی ناؤ (اَر۔ا۔مث) (کنایۃً) ناپائیدار چیز۔ فانی۔ کمزور۔ بے اصل بات۔

کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی (اَر۔مثل) بے اصل اور ناپائیدار شے کے وجود کا کچھ اعتبار نہیں۔ بے اصل بات کو قیام نہیں ہوتا۔

کاغذ کی ناؤ بہانا (اَر۔محاورہ) بے سُود تدبیر کرنا۔ بے نتیجہ اور ناپائیدار کام کرنا۔

کاغذ کی ناؤ کب تک بہے گی؟ (اَر۔مثل) دھوکے سے کام نہیں چلتا۔ ایک نہ ایک دن قلعی کھل جاتی ہے۔

کاغذ کی ناؤ میں کون پار اُترا؟ (اَر۔مثل) ناپائیدار سہارے کا کیا بھروسا۔

کاغذ کے (کاغذی) گھوڑے دوڑانا (اَر۔محاورہ) جابجا خطوط بھیجنا۔ خط و کتابت کرنا۔

کاغذ گر (ف۔ا۔مذ) کاغذ بنانے والا۔

کاغذ گیر (ف۔ا۔مذ) روشن دان جس پر کاغذ لگا دیا جائے تاکہ دھوپ اور سرد ہوا کمرے میں نہ آئے۔

کاغذِ نکاح (ف۔ا۔مذ) نکاح نامہ۔ کابین نامہ۔

کاغذات (کا۔غ۔ذات) (ف۔ا۔مذ) کاغذ کی جمع۔ عربی قاعدے سے۔

کاغذی (کا۔غ۔ذی) (ف۔صف) کاغذ بنانے یا بیچنے والا (۲) کاغذ کا بنا ہوا (۳) نازک۔ پتلا (۴) (ا۔مذ) دفتری۔

کاغذی اخروٹ (اَر۔ا۔مذ) پتلے چھلکے والا اخروٹ۔

کاغذی بادام (اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا باریک چھلکے والا بادام۔

کاغذی پیرہن (ف۔ا۔مذ) کاغذی پوشاک جو ایران میں فریادی لوگ پہن کر بادشاہ کے سامنے پیش ہوتے تھے۔ (مراد) عاجزی اور بے چارگی۔

کاغذی ثبوت (ف۔ا۔مذ) (قانون) تحریری ثبوت۔

کاغذی لیموں (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا لیموں جس کا چھلکا بہت پتلا ہوتا ہے۔

کاف (ع۔ا۔مذ) ایک حرفِ تہجی۔

کافِ عجمی (کافِ فارسی) (ف۔ا۔مذ) گاف۔ یہ حرف عربی میں نہیں ہے۔

کافِ کُن (ع۔ا۔مذ) روزِ ازل۔ کُن عربی کا صیغۂ امر بمعنی موجود ہو جا۔ ابتدائے آفرینش کے وقت خدائے تعالیٰ نے جس چیز کو پیدا کرنا چاہا کُن فرمایا اور حکمِ الٰہی سے وہ پیدا ہو گئی۔ اس لئے کُن سے روزِ ازل مراد ہے۔

کاف و لام (ع۔ا۔مذ) شیخی۔ لاف و گزاف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کاف و نُون (ع۔ا۔مذ) قرآن مجید کی دو سُورتیں جو ان دو حرفوں سے شروع ہوتی ہیں۔

کافِر (کا۔فِر)(ع۔صف۔وا۔مذ)(۱) غیر۔دُشمن۔بیگانہ (۲)(اِصطلاحاً) خُدا کو نہ ماننے والا۔بے دِین۔مُلحِد۔منکر (۳) ایک قوم جو افغانستان کی سرحد پر رہتی ہے (۴) افریقہ کے حبشیوں کا ایک فرقہ۔جمع :کفّار۔اُردو جمع : کافر۔کافروں۔

کافر ادا (ع۔ف۔صف) جس کی ادائیں دِل پسند ہوں۔

کافر آواز (ع۔ا۔مث) عُمدہ اور رسیلی آواز۔

کافرِ حربی (ع۔ا۔مذ) وہ کافر جس کے سبب سے اُمورِ دین میں حرج واقع ہو اور اُس سے لڑنا پڑے۔

کافرِ ذِمّی (ع۔ا۔مذ) وہ کافر جو سلطنتِ اِسلام کا مطیع ہو اور اُس سے جزیہ لیا جائے۔

کافرِ کتابی (ع۔ا۔مذ) وہ کافر جو کسی پیغمبر کی اُمّت میں ہو مگر دینِ محمدﷺ کے خلاف ہو جیسے یہود و نصاریٰ۔

کافر کیش (ع۔صف) بے وفا۔(معشوق کی تعریف)۔

کافر ماجرا (ع۔ف۔صف) جس کا حال کافروں کا سا ہو۔

کافر ماجرائی (ع۔ا۔مذ) کافروں کی طرح ہونا۔

کافر مَنِش (ع۔ف۔ا۔مذ) ظلم و جور کرنے والا۔(کنایۃً) معشوق۔

کافرِ نعمت (ف۔صف)(۱) ناسپاس۔ناشکرا۔اِحسان فراموش۔منکرِ نعمت۔کُفرانِ نعمت کرنے والا (۲) حرام خور۔نمک حرام۔

کافرانہ (کا۔فِ۔رانَہ)(ف۔صف) کافروں کی طرح۔مُلحِدانہ۔کافر کا۔

کافرہ (کا۔فِ۔رَہ)(ع۔صف۔وا۔مث) خُدا کو نہ ماننے والی عورت۔

کافری (کا۔فِ۔ری)(ف۔صف) کافر سے منسُوب۔کافر سے متعلق (۲) (ا۔مذ) افریقہ کی ایک قوم (۳)(ا۔مث) کُفر۔بے دینی۔

کافُور (کا۔فُور)(ع۔ا۔مذ) کپور۔ایک نہایت خوشبودار تلخ ذائقے کا سفید مادّہ جو بطور دوا اِستعمال ہوتا ہے اور کھلا رہنے سے اُڑ جاتا ہے (۲)(صف) دُور۔غائب۔

کافور ہونا (ہو جانا) (اُر۔محاورہ) اُڑ جانا۔غائب ہو جانا۔چل دینا۔زائل ہو جانا۔قائم نہ رہنا۔

کافُوری (کا۔فُو۔ری)(ف۔صف) کافور کا بنا ہوا (۲) کافور کے سے رنگ کا (۳) کافور مِلا ہوا۔

کافوری رنگ (ف۔ا۔مذ) ہلکا زردی مائل رنگ۔

کافوری شمع (ف۔ا۔مث) کافور کی بنی ہوئی شمع جس کی روشنی بہت صاف ہوتی ہے اور دُھواں مطلق نہیں دیتی۔

کافوری مرہم (ف۔ا۔مذ) نہایت ٹھنڈا مرہم جس کا اہم جزو کافور ہوتا ہے۔

کافّہ (کاف۔فَہ)(عربی کافّۃ کا مُفرس۔صف) تمام۔کُل۔سب۔

کافّۂ انام (ع۔ا۔مذ) آدمیوں کا گروہ۔سب لوگ۔تمام آدمی۔

کافی (Coffee)(انگ۔ا۔مث) ایک درخت جس کا اصل وطن مشرقی ایشیا اور افریقہ ہے۔اِس کے بیجوں کا سفوف بطور قہوہ پیا جاتا ہے اور اِسے بھی کافی کہتے ہیں۔اِس میں ایک قسم کا مادّہ ہوتا ہے جسے کیفین کہتے ہیں اور جو جسم میں چُستی لاتا ہے۔

کافی (کا۔فی)(ع۔صف) مکتفی۔وافر۔بہت۔بس۔بخوبی (۲)(اُر۔ا۔مث) ایک قسم کی راگنی (۳)(پن) نظم کی ایک قسم۔جمع : کافیاں۔کافیوں۔

کافی وافی (ع۔صف) بہت سے۔بہت۔بھرپور۔بخوبی۔پُورا پُورا۔

کافی ہونا (اُر۔محاورہ) مکتفی ہونا۔ضرورت کے مطابق ہونا۔

کافِیَہ (کا۔فِ۔یَہ)(ع۔ا۔مث) کافی کی تانیث۔نحو کی ایک کتاب۔

کاک (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے کارک (۲)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی روغنی ٹکیا جو حضرت قُطبُ الدّین بختیار کاکیؒ تناول فرماتے تھے۔

کاکا (ف۔ا۔مذ)(۱) بڑا بھائی (۲) بہت بوڑھا اور قدیم غُلام (۳)(ہ۔ا۔مذ) باپ کا چھوٹا بھائی۔چاچا (۴)(پن۔ا۔مذ) چھوٹا بچّہ۔

کاکا تُوا (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا اور سفید توتا جس کے سر پر سُرخ یا زرد کلغی ہوتی ہے۔

کاک ٹیل (Cock Tail)(انگ۔ا۔مث) کئی شرابوں سے مُرکّب شراب۔

کاکریز (کاک۔ریز)(بیائے مجہول)(ف۔ا۔مذ) سیاہی مائل اُودا رنگ۔

کاکریزی (کاک۔رے۔زی)(ف۔صف) سیاہی مائل اُودے رنگ کا۔

کاکڑا (کاک۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ہرن کی قسم کا ایک جانور جسے سانبھر بھی کہتے ہیں (۲) بڑی بتّی (۳) چابک کا چمڑا۔

کاکڑا سینگی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی پھلی جو اکثر دوا میں کام آتی ہے۔یہ کاکڑا جانور کے سینگوں کی طرح بل کھائی ہوئی ہوتی ہے۔

کاکُل (کا۔کُل)(ف۔ا۔مث) سر کے بڑے بڑے آگے لٹکے ہوئے بال۔زُلف۔گیسو۔لٹ۔اُردو جمع : کاکلوں۔کاکلیں۔

کاکُلِ پیچاں (ف۔ا۔مث) خم دار زُلفیں۔بل کھائے ہوئے بال۔

کاکُل چھوڑنا (اُر۔محاورہ) زُلفیں چھوڑنا۔لٹیں لٹکانا۔

کاکُوت (کاکُود) (کاک۔کوت)(کاک۔کود)(ہ۔ا۔مث)(۱) فرطِ اُلفت کا تقاضا۔مامتا (۲) حرص۔لالچ (۳) آرزو۔خواہش (۴) کنجوسی۔بُخل۔

کاکُن (کا۔کُن)(ہ۔ا۔مث) کنگنی۔ایک قسم کا چھوٹا غلّہ جو بٹیروں کو کھلاتے ہیں۔

کاکُن (کا۔کُن)(س۔ا۔مذ) ایک قسم کا کوڑھ جس میں سُرخ اور سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں۔

کاکَندی (س۔ا۔مث) آملہ۔آنولہ۔

کاکُو (کا۔کُو)(ہ۔ا۔مذ) ماں کا بھائی۔ماموں۔

کاکی (کا۔کی)(ہ۔ا۔مث) چچی۔باپ کے چھوٹے بھائی کی بیوی (۲)(پن) لڑکی۔بچّی۔بیٹی (۳)(ف۔صف) کاک کھانے والا۔کاک سے رغبت رکھنے والا۔خواجہ قُطبُ الدّین بختیار چشتیؒ کا لقب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کاگ (اَر۔ا۔مذ) دیکھیے کارک (۲) (ہ۔ا۔مذ) کوّا۔ زاغ (۲) حلق کا وہ گوشت جو تالو سے اندر کی طرف لٹکا رہتا ہے۔

کاگ اُڑانا (اَر۔محاورہ) مُند و تیز شراب کی بوتل کھولنا۔

کاگ اُٹھانا (اَر۔محاورہ) حلق کے کوّے کو اُوپر دبانا۔

کاگا (ہ۔ا۔مذ) کوّا۔ زاغ۔

کاگا باسی (ہ۔ا۔مذ) وہ بھنگ جو متھرا کے چوبے صبح کے وقت پیتے ہیں (۲) سیاہ موتی۔

کاگا رول (ہ۔ا۔مذ) کوّوں کی کائیں کائیں (۲) نہایت شور و غل۔ ہُلّو۔

کال (س۔ا۔مذ) موت۔ قضا۔ اجل (۲) موت کا فرشتہ۔ مَلکُ الموت (۳) وقت۔ زمانہ۔ موسم۔ رُت (۴) قحط۔ گرانی۔ خشک سالی (۵) قلّت۔ کمی۔ توڑا (۶) (ہ۔صف) کالا کا مُخفف (۷) کُہنہ۔ پُرانا (۸) نامی۔ مشہور۔

کال آنا (ہ۔محاورہ) موت کا وقت آنا۔

کال بنجر (ہ۔ا۔مث) بہت دنوں کی پڑی ہوئی بنجر زمین۔

کال پڑنا (ہ۔محاورہ) (۱) قحط ہونا۔ خشک سالی ہونا (۲) تھوڑا ہونا۔ کمی ہونا۔ توڑا ہونا۔

کال کُمین (اَر۔صف) نہایت کالا۔ حبشی۔ کالیا۔

کال جواری (ہ۔ا۔مذ) نامی جُوئے باز۔ بڑا بھاری جواریا۔

کال کا ٹوٹا (ہ۔صف) قحط زدہ۔ بُھوکا۔ کنگال۔

کال کا مارا سب جگ ہارا (ہ۔مثل) بُھوک کا مارا نہیں پنپتا۔ موت کا مارا نہیں بچتا۔

کال کر جانا (اَر۔محاورہ) مرجانا۔ اِنتقال کر جانا۔ گُزر جانا۔

کال کوٹھری (اَر۔ا۔مث) (۱) اندھیری کوٹھری (۲) قیدِ تنہائی۔

کال کے ہاتھ کمان، نہ بوڑھا بچے نہ جوان (ہ۔مثل) موت سے کوئی نہیں بچ سکتا۔

کالا (ہ۔صف) (۱) سیاہ۔ اَسود (۲) کالے رنگ کا۔ سیاہ فام (۳) (ا۔مذ) سانپ۔ ناگ۔ مار سیاہ۔

کالا آدمی (اَر۔ا۔مذ) (حقارتاً) (۱) دیسی آدمی۔ نیٹو (۲) حبشی۔ افریقہ کا آدمی۔

کالا بال (اَر۔ا۔مذ) مُوئے زہار۔ جھانٹ کا بال (کنایتاً) ناچیز، ادنیٰ اور حقیر شے۔

کالا بھجنگ (بَھجنگ) (ہ۔صف) بہت زیادہ کالا۔ نہایت کالا۔ اَزحد سیاہ۔

کالا پانی (اَر۔ا۔مذ) جزائر انڈیمان جہاں انگریزوں کے عہدِ حکومت میں ہندوستان سے عُمر قیدی بھیجے جاتے تھے (۲) عبورِ دریائے شور۔ عُمر قید۔ حبسِ دوام۔

کالا پہاڑ (اَر۔ا۔مذ) (۱) کوہِ سیاہ جو پاکستان کے شمال مغرب میں ہے (۲) ہاتھی۔ فیل (۳) اِنسان کا سر (۴) آفت۔ مُصیبت۔

کالا تِل (اَر۔ا۔مذ) (۱) خالِ سیاہ (۲) کنجد سیاہ۔

کالا چور (اَر۔ا۔مذ) نامی چور۔ بڑا بھاری چور (۲) چوروں کا سردار (۳) نامعلوم الاسم۔ جس کا نام اور اَتا پتا معلوم نہ ہو۔

کالا دانہ (اَر۔ا۔مذ) سپند۔ ہرمل۔ عورتیں نظرِ بد کے دفعیے کے لئے اس کو جلاتی ہیں۔

کالا دیو (اَر۔ا۔مذ) (کنایتاً) بہت کالا اور قوی ہیکل آدمی۔

کالا زیرہ (اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا خوشبودار زیرہ۔ زیرۂ سیاہ۔ اِس کا پودا ایشیا اور یورپ کے شمالی علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کالا کرنا (اَر۔محاورہ) سیاہ کرنا۔

کالا کلوٹا (اَر۔صف) نہایت کالا۔ حبشی۔

کالا کوّا (اَر۔ا۔مذ) بڑا کوّا۔ پہاڑی کوّا۔ کاگ۔

کالا کوّا کھایا ہے (اَر۔محاورہ) دیکھیے "کالے کوّے کھائے ہیں"۔

کالا کوئلا (اَر۔صف) نہایت سیاہ۔ کالا کلوٹا۔ کالا بھجنگ۔

کالا کھیلنا (اَر۔محاورہ) منتر کے اَثر سے سانپ کا کھیلنا یا پھن لہرانا۔

کالا مُنہ (اَر۔کلمۂ تنفر و دُعائے بد) (۱) دُور ہو۔ مُنہ نہ دِکھا۔ پرے ہٹ (۲) (صف) رُوسیاہ۔

کالا مُنہ کر (اَر۔محاورہ) دفع ہو جا۔ دُور ہو جا۔

کالا مُنہ کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی کا مُنہ کالا کرنا (۲) عیب لگانا۔ بے عزتی کرنا (۳) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۴) نکال دینا (۵) بُرا کام کرنا۔ زنا کرنا۔

کالا مُنہ کریل کے دانت (اَر۔مثل) سب باتیں بگڑی ہوئی ہیں۔

کالا مُنہ نیلے ہاتھ پاؤں (اَر۔کلمۂ تنفر و دُعائے بد) جب عورتیں کسی سے ناراض یا بیزار ہوتی ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔

کالا مُنہ ہو (اَر۔دُعائے بد) رُسوا ہو۔ بدنام ہو۔

کالا مُنہ ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) مُنہ کالا کیا جانا۔ رُوسیاہ ہونا (۲) بدنام اور رُسوا ہونا (۳) نکالا جانا (۴) دفع ہونا۔

کالا ناگ (اَر۔ا۔مذ) مارِ سیاہ۔

کالا نمک (لون) (اَر۔ا۔مذ) ایک سیاہ رنگ کا نمک جو ہاضم ہے اور دواؤں میں اِستعمال ہوتا ہے۔

کَالْاَنْعام (کَل۔اَن۔عام) (ع۔صف) (ک حرفِ تشبیہ ہے) چوپایوں کی مانند۔ بیوقوف۔

کالبُد (کال۔بُد) (ف۔ا۔مذ) (۱) قالب۔ ڈھانچ۔ ڈھانچا (۲) جسم۔ تن۔ بدن (۳) سانچا۔ وہ اوزار جس میں کوئی چیز ڈھالیں۔

کالبوت (کال۔بُوت) (اَر۔ا۔مذ) دیکھیے کالبد (۲) جُوتے کے اندر پھنسا کر اُسے اُبھارنے والی لکڑی۔

کالبوت چڑھانا (اَر۔محاورہ) جُوتا تیار کر کے اُس کے اندر لکڑی کا بنا ہُوا پاؤں رکھنا۔ تنگ جُوتے کو قالب پر چڑھا کر ڈھیلا کرنا۔

کالج (College) (انگ۔ا۔مذ) (۱) بڑا مدرسہ۔ مدرسۃ العلوم۔ دارُالعلوم جو کسی یونیورسٹی سے ملحق ہو (۲) کسی خاص پیشے کی تعلیم گاہ (۳) مجلس۔ انجمن۔ جمعیت۔ اُردو جمع: کالج۔ کالجوں۔

کالجیٹ (Collegiate) (انگ۔صف) کالج کا طالبِ علم۔ کالج میں تعلیم پانے والا۔

کالر (Collar) (انگ۔ا۔مذ) (۱) کنٹھا۔ گلوبند۔ پٹا۔ حلقہ۔ طوقِ گردن (۲) قمیص میں گریبان سے اُوپر کا زائد کپڑا جو خوبصورتی کے لئے لگاتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اُردو جمع: کالر۔ کالروں۔

کالرا (Cholera) (انگ۔ ا۔ مذ) ہیضہ۔

کالْعَدَم (کل۔ عَ۔ دَم) (ع۔ صف) (ک حرف تشبیہ ہے) گویا کہ ہے ہی نہیں۔ ناپید۔ معدوم۔

کالک (کا۔ لک) (ہ۔ ا۔ مث) سیاہی (۲) رُسوائی۔ عیب۔

کالک کا ٹیکا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سیاہی کا داغ۔ دھبّا (۲) بدنامی۔ ذِلّت۔

کالک کا ٹیکا لگنا (اَر۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔ داغ لگنا۔ ذِلّت نصیب ہونا۔ کلنک لگنا۔

کالکا (کال۔ کا) (س۔ ا۔ مث) دُرگا۔ کالے رنگ کی دیوی جسے ہندو پوجتے ہیں۔

کالم (Column) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) صفحے کا ایک حصّہ (خصوصاً اخبار کا خانہ) (۲) فوج کا ایک دستہ۔ اُردو جمع: کالم۔ کالموں۔

کالْمَعْدُوم (کل۔ مَع۔ دُوم) (ع۔ صف) دیکھئے کالعدم۔

کالنَّقْشِ فِی الْحَجَر (کن۔ نَق۔ شِ۔ فِل۔ حَ۔ جَر) (ع۔ صف) پتھر کی لکیر کی طرح پائیدار۔ (ک حرف تشبیہ ہے)۔

کالنگڑا (کا۔ لنگ۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) صبح کے وقت کا ایک راگ۔

کالونی (Colony) (انگ۔ ا۔ مث) نئی بستی۔ نوآبادی (۲) کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے ہو۔ اُر جمع: کالونیاں۔ کالونیوں۔

کالی (کا۔ لی) (ہ۔ صف) (۱) کالا کی تانیث۔ سیاہ۔ کالے رنگ کی۔ اسود (۲) (ا۔ مث) ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام جس کا رنگ سیاہ ہے۔ دُرگا۔ کالکا (۳) شوجی کی استری پاربتی۔

کالی آندھی (اَر۔ ا۔ مث) وہ آندھی جس کی گرد سے اندھیرا چھا جائے۔

کالی آنکھ (اَر۔ ا۔ مث) سیاہ آنکھ جو خوبصورتی کی دلیل ہے۔

کالی بلا (اَر۔ ا۔ مث) (۱) چڑیل۔ بھوتنی (۲) کالی اور بدشکل عورت۔

کالی بھیڑ (اَر۔ صف) پاجی۔ بدنام۔ بدمعاش (انگ Black Sheep کا ترجمہ)۔

کالی پیلی آنکھیں کرنا۔ اصل محاورہ ہے "نیلی پیلی آنکھیں کرنا" غصّے کا اظہار کرنا۔

کالی جُمعرات (اَر۔ ا۔ مث) وہ دن جو مقرر نہ ہو۔ فرضی روز و شب۔ وعدہ ٹالنے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

کالی زبان (اَر۔ ا۔ مث) سیاہ زبان جس کے متعلق عوام کا اعتقاد ہے کہ اُس کی بددُعا جلد اثر کرتی ہے۔

کالی زیری (اَر۔ ا۔ مث) ایک قسم کا سیاہ زیرہ۔

کالی سیتلا (کالی ماتا) (ہ۔ ا۔ مث) چیچک جس کے دانے سیاہ ہوتے ہیں۔

کالی کلوٹی (اَر۔ صف) کالا کلوٹا کی تانیث۔

کالی کھانسی (اَر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی کھانسی جو اکثر بچوں کو ہوتی ہے۔

کالی گھٹا (اَر۔ ا۔ مث) اَبرِ سیاہ۔ سیاہ بادل۔

کالی گھٹا ڈراؤنی بھوری برسن ہار (ہ۔ مثل) کالی گھٹا ڈراتی ہے (برستی نہیں)۔ بھورے بادل خوب برستے ہیں۔ جو شیخی خورے اور بکواسی نہیں ہوتے وہی کام آتے ہیں۔

کالی مٹی (اَر۔ ا۔ مث) جوہڑ کی چکنی مٹی جو لیپنے پوتنے کے کام آتی ہے۔

کالی مرچ (اَر۔ ا۔ مث) سیاہ مرچ (کنایۃً) مکھی۔ مگس۔

کالی ہانڈی سر پر دھرنا (اَر۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔

کالی ہڑ (اَر۔ ا۔ مث) ہلیلہ سیاہ۔ چھوٹی ہڑ۔

کالے (ہ۔ صف) کالا کی مغیّرہ صورت۔

کالے پانی بھیجنا (اَر۔ محاورہ) جلا وطن کرنا۔ عمر قید بعبور دریائے شور کی سزا دینا۔

کالے تِل چابنا (اَر۔ محاورہ) بُرے کام کرنا (۲) بُرے کاموں کی سزا پانا (۳) احسان مند ہونا۔

کالے تِل چبوانا (اَر۔ محاورہ) غلام بنالینا۔ فرماں بردار کرلینا۔ احسان مند بنانا۔

کالے سر کا ایک نہ چھوڑا (اَر۔ مثل) کوئی جوان مرد نہیں چھوڑا۔ فاحشہ عورت کے بارے میں کہتے ہیں۔

کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا (کالے کے کاٹے کا نہ منتر نہ جنتر) (اَر۔ مثل) کالے ناگ کا ڈسا فوراً مرجاتا ہے۔ دغاباز اور عیار آدمی سے بچنا بہت مشکل ہوتا ہے۔

کالے کوس (کالے کوسوں) (اَر۔ صف) بہت دُور۔ دُور دراز کا فاصلہ۔

کالے کوّے کھائے ہیں (اَر۔ مثل) عوام کا خیال ہے کہ جو شخص کالے کوّے کا گوشت کھاتا ہے اُس کے بال سفید نہیں ہوتے۔ اُس شخص کی نسبت کہتے ہیں جس کے بڑھاپے میں بھی بال سفید نہ ہوں۔

کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا (اَر۔ مثل) کالے ناگ کی پھنکار سے چراغ بجھ جاتا ہے۔ زبردست کے آگے کم زور کی نہیں چلتی۔

کالے کے منہ میں انگلی دینا (اَر۔ محاورہ) جان بوجھ کر خطرہ مول لینا۔

کالے منہ اندھیرے (اَر۔ متعلق فعل) تڑکے۔ صبح سویرے۔ علی الصباح۔

کالیا (کال۔ یا) (اَر۔ صف) کالے رنگ کا آدمی۔

کام (س۔ ا۔ مذ) (۱) خواہشِ نفسانی۔ شہوت (۲) عشق (۳) کامنا۔ اِچھا۔ مرضی۔

کام دیو (س۔ ا۔ مذ) خواہشِ نفسانی کا دیوتا (۲) قوتِ باہ۔ خواہشِ جماع۔

کام رُوپی (س۔ ا۔ مث) شہوت انگیز حسینہ (۲) خوبصورت۔ من موہنی عورت۔

کام (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کار۔ کاج۔ کاروبار۔ دھندا۔ فعل (۲) بیوپار۔ لین دین۔ بنج۔ (۳) کرتوت۔ کردار (۴) ہنر۔ پیشہ۔ دستکاری (۵) شغل۔ مصروفیت (۶) مطلب۔ واسطہ۔ تعلّق۔ غرض (۷) جماع۔ مجامعت (۸) روزگار۔ نوکری۔ خدمت (۹) زردوزی۔ کارچوبی۔ نقاشی (۱۰) فرض۔ ڈیوٹی (۱۱) چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیاشی (۱۲) ضرورت۔ جمع: کام۔ کاموں۔

کام آپڑنا (اَر۔ محاورہ) ضرورت پیش آنا۔ غرض اٹکنا۔

کام آخر ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام پورا ہونا (۲) مرنا۔ قریب مرگ ہونا۔

کام آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کار آمد ہونا۔ مفید مطلب ہونا (۲) مناسب جگہ خرچ ہونا (۳) مددگار ہونا۔ سہارا دینا (۴) مارا جانا۔ لڑائی میں ہلاک ہونا (۵)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خرچ ہونا (۶) اِستعمال میں آنا (۷) ٹیک لگنا۔ ٹھکانے لگنا۔

کام اَبتر ہونا (اَر۔ محاورہ) کام خراب ہونا۔

کام اٹکا رہنا (اَر۔ محاورہ) کام رُکا رہنا۔

کام اٹکانا (اَر۔ محاورہ) کام روکنا۔ کام میں رکاوٹ ڈالنا۔

کام اُٹھا رکھنا (اَر۔ محاورہ) کام ملتوی کرنا۔ کام باقی رکھنا۔

کام اُٹھا لینا (اَر۔ محاورہ) کام اپنے ذمّے لے لینا۔ برداشت کرنا۔

کام اَدھورا رکھنا (اَر۔ مص مُرکّب) کام کو نامکمل رکھنا۔

کام بتانا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کی تعلیم دینا۔ کام سکھانا۔ کام پر لگانا۔

کام بٹانا (بٹا لینا) (اَر۔ محاورہ) کام میں شریک ہونا۔ مددگار ہونا۔

کام بَر آنا (اَر۔ محاورہ) مُراد پُوری ہونا۔ مقصد حاصل ہونا۔

کام بڑھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام بند کرنا۔ کام ختم کرنا (۲) کام کو طول دینا' لمبا کرنا (۳) کام کو ترقّی دینا۔ بیوپار کو وُسعت دینا۔

کام بگاڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام خراب کرنا۔ کسی کے کام یا مطلب میں خلل ڈالنا (۲) ساکھ کھو دینا۔ بے عزّتی کرنا۔

کام بگڑنا (اَر۔ محاورہ) کام خراب ہونا (۲) معاملہ بگڑنا (۳) بات میں فرق آنا (۴) کام میں فرق آجانا (۵) نوکری کا چھوٹ جانا (۶) دیوالہ نکل جانا۔

کام بنا رہنا (اَر۔ محاورہ) اِقبال کا یاوَر ہونا۔ زمانے کا سازگار ہونا۔

کام بنا لینا (اَر۔ محاورہ) مطلب حاصل کر لینا۔

کام بنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام دُرست کرنا (۲) کوئی چیز بنانا (۳) مطلب نکالنا۔ مقصد پُورا کرنا۔ اَرمان پُورا کرنا (۴) کام تیار کرنا۔

کام بن جانا (کام بننا) (اَر۔ محاورہ) مطلب پُورا ہونا۔ مُراد بَر آنا۔ کامیابی حاصل ہونا۔ کام دُرست ہونا۔

کام بھگتانا (اَر۔ محاورہ) کام پُورا کرنا۔ کام نمٹانا۔ کام کو اَنجام دینا۔

کام پر جانا (اَر۔ محاورہ) کام کرنے جانا۔ مزدوری پر جانا۔ نوکری پر جانا۔

کام پر لگانا (اَر۔ محاورہ) کسی خدمت پر مقرّر کرنا (۲) کسی کام کے سیکھنے میں معروف کرنا (۳) مزدوری پر لگانا۔

کام پر دیدہ لگنا (اَر۔ محاورہ) کام میں جی لگنا۔

کام پڑا رہنا (اَر۔ محاورہ) کام کا مکمل نہ ہونا۔

کام پڑنا (اَر۔ محاورہ) تعلّق ہونا۔ غرض ہونا۔ واسطہ پڑنا۔ پالا پڑنا۔

کام پورا کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) کام کو مکمل کرنا (۲) مقصد حاصل کرنا۔

کام پیارا ہے چام پیارا نہیں (اَر۔ مثل) اِنسان کی قدر اُس کے کام سے ہوتی ہے۔ چمڑے سے کسی کو پیار نہیں ہوتا۔

کام تجنا (ہ۔ مص مُرکّب) کام چھوڑ دینا۔ دھندا چھوڑ دینا۔

کام تقدیر پر چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) کام کو اللہ کے حوالے کرنا۔

کام تمام کرنا (اَر۔ محاورہ) کام پُورا کرنا۔ اَنجام کو پہنچانا (۲) مار ڈالنا۔ ہلاک کر دینا۔

کام چڑھانا (اَر۔ محاورہ) کسی کل یا مشین وغیرہ پر کام لگانا۔

کام چلانا (اَر۔ محاورہ) مطلب بر آری کرنا (۲) کارروائی کرنا (۳) بندوبست کرنا (۴) کاروبار چلتا رکھنا (۵) اِنتظام کرنا (۶) وَقت سے کام پُورا کرنا۔

کام چلاؤ (اَر۔ صف) ضرورت پُوری کرنے کے لائق۔ گزارے کے قابل۔

کام چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مطلب نکلنا (۲) کارروائی ہونا (۳) گُزر ہونا۔ بسر ہونا (۴) ہاتھ تنگ نہ ہونا (۵) کاروبار جاری رہنا۔

کام چمکنا (اَر۔ محاورہ) کاروبار ترقّی پر ہونا۔ کام کا رونق پر ہونا۔

کام چوپٹ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) کام خراب ہو جانا۔

کام چور (اَر۔ صف) سُست۔ کاہل۔ کام سے دِل چُرانے والا۔ نکمّا۔

کام چور نوالے حاضر (اَر۔ مثل) سُست اور کاہل آدمی جو کام تو نہ کرے مگر کھانے پر آموجود ہو۔

کام چھیڑنا (اَر۔ محاورہ) کوئی کام جاری کرنا۔ عمارت شروع کرنا۔

کام دار (کامدار) (اَر۔ صف) (۱) کارکن۔ عُہدے دار (۲) زردوزی یا زری کا کام کیا ہوا (جیسے کامدار جوتی)۔

کام دانی (کامدانی) (اَر۔ ا۔ مث) وہ ریشمی کپڑا جس پر سونے چاندی کے تاروں سے بُوٹے کاڑھے گئے ہوں۔

کام دھندا (اَر۔ ا۔ مذ) کاروبار۔ کام کاج۔ شغل۔

کام دیکھنا (اَر۔ محاورہ) کام کی پڑتال کرنا۔ معاینہ کرنا۔

کام دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام آنا۔ حاجت روائی کرنا (۲) عُہدہ یا خدمت سُپرد کرنا (۳) کام سُپرد کرنا (۴) کوئی کام بنانے کو دینا (۵) مدد دینا۔

کام ڈالنا (اَر۔ محاورہ) پالا ڈالنا۔ سروکار ہونا۔

کام رکھنا (اَر۔ محاورہ) غرض یا مطلب ہونا۔ تعلّق ہونا۔

کام رہ جانا (اَر۔ محاورہ) کام پُورا نہ ہونا۔

کام رہنا (اَر۔ محاورہ) سروکار رہنا۔ واسطہ رہنا۔

کام سُپرد ہونا (اَر۔ محاورہ) کام حوالے ہونا۔

کام سِکھانا (اَر۔ مص مُرکّب) کوئی ہُنر بتانا۔ کسی ہُنر کی تعلیم دینا۔

کام سمٹنا (اَر۔ محاورہ) کام قابو میں آنا۔ کام اکٹھا اور یک جا ہونا۔ کام انجام پانا۔

کام سمیٹنا (اَر۔ محاورہ) کام یک جا کرنا۔ کام قابو میں کرنا۔ کام مکمل کرنا۔

کام سنگوانا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے کام سمیٹنا۔

کام سنوارنا (اَر۔ مص مُرکّب) بگڑے ہوئے کام کو ٹھیک کرنا۔

کام سے جاتا رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مطلب کا نہ رہنا۔ قابلِ اِستعمال نہ رہنا (۲) بے وقوف ہو جانا۔

کام سے کام رکھنا (کام سے کام ہونا) (اَر۔ محاورہ) اپنے مطلب سے مطلب ہونا۔ غرض سے غرض ہونا یا رکھنا۔

کام سے لگنا (اَر۔ محاورہ) نوکر ہونا (۲) خدمت پر مقرّر ہونا۔

کام فرمانا (اَر۔ محاورہ) عمل میں لانا۔ کرنا۔

کام کا (اَر۔ صف) کارآمد۔ مُفید مطلب۔

کام کا آدمی (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) اچھی طرح کام کرنے والا آدمی (۲) اپنے مطلب کا آدمی (۳) ہوشیار اور تجربہ کار آدمی۔

کام کاج (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) کاروبار۔ معاملہ۔ بیوپار۔ لین دین (۲) تقریب (شادی کی)۔

کام کاجی (اَر۔ صف) (۱) محنتی۔ گھر ہتلا۔ کامی (۲) جو شخص کسی پیشے میں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

معروف ہو۔

کام کا نہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) بیکار کر دینا۔

کام کا نہ کاج کا دُشمن اناج کا (اُر۔ مثل) سُست اور کاہل آدمی جو کھانے کے سوا اور کسی کام کا نہ ہو۔

کام کر جانا (اُر۔ محاورہ) اثر دکھانا۔ کارگر ہونا۔ کامیاب ہونا۔

کام کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کاروبار میں لگنا۔ محنت مشقت کرنا۔ مزدوری کرنا۔ نوکری کرنا (۲) کوئی شغل کرنا (۳) فائدہ مند ہونا (۴) اثر کرنا۔ مؤثر ہونا (۵) مطلب پُورا ہونا۔ کامیاب ہونا (۶) کارنمایاں کرنا (۷) ہم صحبت ہونا (۸) قتل کرنا (۹) کوئی عجیب کام کرنا (۱۰) کام دینا۔

کام کرنے کی سو راہیں ہیں۔ نہ کرنے کی ایک نہیں (اُر۔ مثل) کام صدقِ نیت سے کیا جائے تو کئی طریقے نکل آتے ہیں۔ نہ کرنے کی نیت ہو تو کوئی طریقہ نہیں نکلتا۔

کام کرے سپاہی نام ہو سردار کا (اُر۔ مثل) دیکھیے کاٹے ہاتھ نام تلوار کا۔

کام کو آں ہاں۔ کھانے کو ہُوں (اُر۔ مثل) جو آدمی کام کے وقت تو حیلے بہانے کرے اور کھانے کے وقت آ موجود ہو تو اُس کے متعلق کہتے ہیں۔ نیز دیکھیے کام چور نوالے حاضر۔

کام کی بات (اُر۔ امث) مطلب کی بات۔ مُفید بات۔

کام لگانا (اُر۔ محاورہ) تعمیر کا کام شروع کرنا۔

کام لگنا (اُر۔ محاورہ) غرض اٹکنا۔ کسی کے متعلق کوئی کام ہونا (۲) سروکار ہونا۔

کام لو دام دو (اُر۔ محاورہ) کام دیکھ کر اُجرت دو۔

کام لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کام کرانا (۲) دفتر کا کام سنبھالنا (۳) اِختیار کرنا (۴) ٹھیکا لینا (۵) کسی بات کا ذِمّہ لینا۔

کام مٹی ہونا (اُر۔ محاورہ) کام خراب ہونا۔

کام ملنا (اُر۔ محاورہ) کوئی عُہدہ یا نوکری ملنا۔ ٹھیکا ملنا۔ کام حاصل ہونا۔

کام میں آنا (اُر۔ محاورہ) اِستعمال میں آنا۔

کام میں کام نکالنا (اُر۔ محاورہ) ایک کام کے ساتھ دُوسرا کام بھی کر لینا۔ ایک کام کے ساتھ دُوسرا کام بتا دینا۔

کام میں لانا (اُر۔ محاورہ) (۱) اِستعمال میں لانا (۲) صَرف کرنا۔

کام میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کوئی کام شروع کرنا۔ کسی معاملے میں دخل دینا۔

کام نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مطلب حاصل کرنا (۲) کسی کے لئے کوئی کام تجویز کرنا۔

کام نکلنا (اُر۔ محاورہ) مطلب حاصل ہونا (۲) کوئی کام درپیش ہونا۔

کام ہونا (ہو جانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) ضرورت پڑنا (۲) مطلب حاصل ہونا (۳) جان سے جانا (۴) کام تمام ہونا۔

کام (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تالو۔ حلق۔ دہان۔ مُنہ (۲) مُراد۔ مقصد۔ مطلب (۳) خواہش۔ آرزو۔

کام بخش (ف۔ صف) خواہشوں کے مطابق خوشی دینے والا۔ آرزوئیں پُوری کرنے والا۔

کام ران (کامران) (ف۔ صف) کامیاب۔ خوش نصیب۔ بختاور۔

کام رانی (کامرانی) (ف۔ ا۔ مث) خوش نصیبی۔ اِقبال مندی۔

کام روا ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) کامیاب ہونا۔

کام گار (ف۔ صف) خوش نصیب۔ اِقبال مند۔

کام یاب (ف۔ صف) فتح مند۔ فتح یاب۔ کامران۔ مظفر۔

کامیابی (ف۔ ا۔ مث) فتح یابی۔ نصرت۔ ظفر۔ اُر جمع: کامیابیاں۔ کامیابیوں۔

کاما (Comma) (انگ۔ ا۔ مذ) سکتہ۔ عبارت میں ٹھہراؤ کی علامت۔

کامائی (کاماٹھی) (ق۔ ا۔ مث) راج۔ معمار۔

کامرس (Commerce) (انگ۔ ا۔ مث) (۱) تجارت۔ سوداگری۔ بیوپار (۲) تاش کا ایک کھیل۔

کامریڈ (Comrade) (انگ۔ ا۔ مذ) یار۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہمدم۔

کامل (کا۔ مِل) (ع۔ صف) (۱) پُورا۔ تمام۔ سب۔ سموچا۔ جُملہ (۲) ماہرِ فن۔ ماہر کاریگر (۳) پہنچا ہوا۔ عارف۔ خُدا رسیدہ (۴) فاضل اجل (۵) مضبوط۔ جمع: کُملا۔ فارسی جمع: کاملاں۔

کامل العیار (کا۔ مِ۔ لُل۔ ع۔ یار) (ع۔ صف) (۱) نہایت اعلیٰ چال چلن کا (۲) معیار کے مُطابق۔ کھرا۔

کامل فن (ع۔ صف) کسی فن کا ماہر۔ ماہرِ فن۔

کامل ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کام میں پُورا ہونا، پکّا ہونا، اُستاد ہونا (۲) عارف ہونا۔ خُدا رسیدہ ہونا۔ پہنچا ہوا ہونا۔

کام لیٹ (Camlet) (انگ۔ ا۔ مذ) اُونٹ کی اُون اور ریشم کا بنا ہوا ایک کپڑا۔

کامن ویلتھ (Commonwealth) (انگ۔ ا۔ مث) دولتِ مشترکہ۔ برطانیہ کے آزاد کردہ ممالک کی برادری جس کا سربراہ برطانیہ ہے۔

کامنا (س۔ ا۔ مث) تمنّا۔ آرزو۔ خواہش (۲) شہوت۔

کامنی (کام۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) نہایت خوبصورت عورت۔ حسینہ (۲) نازک اور دُبلی عورت (۳) ایک خوشبودار پھول۔

کامود (کا۔ مود) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) مالکوس۔ راگ کی ایک قسم جسے رات کے وقت گاتے ہیں۔

کامُون (ف۔ ا۔ مذ) زیرہ۔

کامُونی (ف۔ ا۔ مث) زیرہ ملا کر بنائی ہوئی ایک قسم کی معجون۔

کامی (اُر۔ صف) (۱) کاروباری۔ کام میں لگا ہوا۔ محنتی۔ معروف (۲) کام کا۔ کارآمد۔

کامی (س۔ صف) (۱) عاشق (۲) خواہش مند (۳) شہوت پرست۔ عیاش۔

کامیڈی (Comedy) (انگ۔ ا۔ مث) طربیہ۔ ایسا ڈراما یا قِصّہ جس کا انجام خوشی پر ہو۔

کامیڈین (Comadian) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) طربیہ نگار۔ خوش کُن ڈرامے لکھنے والا (۲) نقّال۔ بھانڈ۔ سوانگیا۔ مسخرہ ایکٹر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کان (ف۔ا۔مث) معدن۔ کھان۔ وہ جگہ جہاں سے دھات اور جواہرات وغیرہ نکالتے ہیں (۲) منبع۔ سرچشمہ۔ اُردو جمع: کانوں۔ کانیں۔

کانِ جُود و سخا (ف۔ا۔مث) سخاوت اور فیاضی کی کان۔ بہت فیاض و مخیر شخص۔

کان کَن (ک پر زبر)(ف۔صف) کان کھودنے والا۔

کان کَنی (ک پر زبر)(ف۔ا۔مث) کان کھودنا۔ کان کھودنے کا عمل۔

کانِ ملاحت (ف۔ع۔ا۔مث) سانولا سلونا۔ خوب صورت۔

کانِ نمک (ف۔ا۔مث) نمک کی کان۔

کان (ہ۔ا۔مذ) سننے کا عضو۔ گوش (۲) سماعت۔ سننے کی قوت (۳) چارپائی کی ٹیڑھ۔ کَل۔ کھچاؤ (۴) کپڑے کا ایک کونا بڑا ایک چھوٹا جو کلف کی وجہ سے ہو جاتا ہے (۵) (مجازاً) توجہ۔ دھیان (۶) عورتوں کے کان کا ایک زیور۔ کرن پھول (۷) ستار۔ تنبورہ وغیرہ کی کھونٹی۔ جمع: کان۔ کانوں۔

کان آشنا ہونا (اَر۔محاورہ) کسی بات کا سُنا ہوا ہونا۔

کان اُڑے جاتے ہیں (کان پھٹے جاتے ہیں۔ کان پھوٹے جاتے ہیں) (اَر۔محاورہ) کثرتِ شور و غل یا طویل داستان کے سننے سے کانوں کا پریشان ہو جانا۔

کان اُکھاڑنا (اینٹھنا (اَینٹھنا) کھینچنا۔ مروڑنا) (اَر۔محاورہ) (۱) سزا دینا۔ ادب سکھانا۔ گوشمالی کرنا۔ دھمکانا (۲) ستار، طنبورہ یا سارنگی کی کھونٹی مروڑنا۔

کان اُونچے (کھڑے) کرنا (اَر۔محاورہ) چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ بدکنا۔

کان بال (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں بچے کے بال منڈوائے اور کان چھدوائے جاتے ہیں۔

کان بجنا (اَر۔محاورہ) کان میں ہر وقت آوازیں آنا (۲) کسی کے بغیر پکارے اور بے بُلائے بول اُٹھنا۔

کان بچانا (اَر۔محاورہ) شرارت کے لئے گھوڑے کا اپنے کانوں کو پھڑ پھڑانا۔

کان بدمزہ ہونا (اَر۔محاورہ) سننا ناگوار ہونا۔ کوئی ناگوار بات سُننا۔

کان بند کر لینا (کرنا) (اَر۔محاورہ) کان میں رُوئی رکھ لینا یا اُنگلی دے لینا (۲) بے توجہی کرنا۔ سُنی اَن سُنی کرنا۔

کان بندھنا (اَر۔محاورہ) کان میں چھید کیا جانا۔ سوراخ ہونا۔

کان بندھوانا (اَر۔محاورہ) کان میں چھید کرانا۔ کان چھدوانا۔

کان بھر جانا (اَر۔محاورہ) باتوں سے اُکتا جانا۔

کان بھر لینا (اَر۔محاورہ) یک طرفہ بات سُن کر اُس پر یقین کر لینا (۲) کانوں میں بسا لینا۔

کان بھرنا (اَر۔محاورہ) (۱) غیبت کرنا۔ چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا (۲) بدظن کرنا (۳) دُوسرے کے دل میں کسی کی طرف سے بَل ڈالنا۔

کان بہرے کرنا (اَر۔محاورہ) جان بُوجھ کر اپنے آپ کو بہرا بنانا۔ جان بُوجھ کر بات نہ سُننا۔

کان بہرے ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) قوتِ سماعت جاتی رہنا (۲) بہت شور و غل ہونا۔

کان بہنا (اَر۔محاورہ) کان سے پیپ جاری ہونا۔

کان پر جُوں نہ چلنا (کان پر جُوں نہ رینگنا) (اَر۔محاورہ) (کنایۃً) (۱) کہنا نہ ماننا (۲) بے پروائی کرنا (۳) ڈھٹائی کرنا (۴) بالکل بے خبر ہونا (۵) کسی بات کے سننے کا اثر نہ ہونا۔

کان پر سے گولی نکل جانا (اَر۔محاورہ) کسی صدمے یا آفت سے بال بال بچ جانا۔

کان (کانوں) پر ہاتھ دھرنا (رکھنا) (اَر۔محاورہ) (۱) صاف انکار کرنا۔ لاعلمی کا اظہار کرنا (۲) مُکر جانا۔ کہہ کر پھر جانا۔

کان پڑنا (اَر۔محاورہ) سننے میں آنا۔ سُنائی دینا۔

کان پڑی آواز (بات) سُنائی نہ دینا (اَر۔محاورہ) (۱) شور و غل کے باعث بات سمجھ میں نہ آنا (۲) نہایت شور و غل ہونا۔

کان پڑی کام آتی ہے (اَر۔مثل) سُنی سُنائی بات کبھی نہ کبھی کام آ ہی جاتی ہے۔

کان پکڑ کے اُٹھا (نکال) دینا (اَر۔محاورہ) زبردستی اُٹھا دینا یا نکال دینا۔ بے عزّت کر کے نکال دینا۔

کان پکڑ کے اُٹھانا بٹھانا (اَر۔محاورہ) (۱) کان پکڑ کے کبھی اُٹھانا اور کبھی بٹھانا۔ شاگردوں کی ایک قسم کی سزا (۲) نہایت مطیع اور فرماں بردار بنانا۔

کان پکڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) کان مروڑنا (۲) قائل ہونا۔ اُستاد تسلیم کرنا (۳) توبہ کرنا۔ عہد کرنا (۴) اجتناب کرنا۔ پرہیز کرنا (۵) بچوں کی ایک طرح کی سزا (۶) عاجزی کرنا (۷) اطاعت کرنا (۸) اپنے آپ کو کمتر تسلیم کرنا۔

کان پکڑوانا (اَر۔مصدر مُرکّب) (۱) کان پکڑنا کا متعدی (۲) اُستاد کا بچوں کو سزا دینا۔ مُرغا بنانا۔

کان پکڑی باندی (لونڈی۔ چیری) (چ۔ری) (اَر۔ا۔مث) نہایت مطیع اور فرماں بردار کنیز۔

کان پھٹ جانا (پھوٹ جانا۔ پھوٹے جانا) (اَر۔محاورہ) شور و غل کے باعث پریشان ہونا۔

کان پھڑ پھڑانا (اَر۔محاورہ) (۱) مستعد ہونا (۲) کسی کی آمد کا انتظار ہونا۔

کان پھوٹنا (اَر۔محاورہ) بہرا ہونا (۲) شور و غل سے پریشان ہونا۔

کان پھوڑنا (اَر۔محاورہ) شور و غل سے پریشان کرنا۔

کان پیارے تو بالیاں۔ جورو پیاری تو سالیاں (اَر۔مثل) کسی چیز کے ساتھ محبت ہونے کی وجہ سے اُس کے متعلقات سے محبت ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔

کان تک نہ ہلانا (اَر۔محاورہ) عذر نہ کرنا۔ مان لینا۔

کان تلے کی چھوڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) بھید کی بات کہنا۔ راز کی بات کہنا (۲) چبھتی ہوئی بات کہنا۔ ناگوار بات کہنا۔

کان جُھکانا (اَر۔محاورہ) (۱) دھیان دینا۔ کان لگا کر سُننا۔ کسی بات کو توجہ سے سُننا (۲) حکم مان لینا۔

کان جھنّانا (اَر۔محاورہ) کسی سخت آواز کا کانوں کو ناگوار اور گراں گزرنا۔

کان چاٹ جانا (اَر۔محاورہ) بہت بک بک کرنا۔ بہت بولنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کان چھدنا (اِ۔ مص مُرکّب) دیکھئے کان بندھنا۔
کان دبا کر چلے جانا (اِ۔ محاورہ) بے چون و چرا کئے چُپ چاپ چلے جانا۔ دُم دبا کر چلے جانا۔ خاموش چلے جانا۔
کان دبا لینا (اِ۔ محاورہ) کوئی بات سُن کر چُپ ہو جانا۔ غریب بن جانا۔
کان دبائے ہوئے (اِ۔ صف) چُپ چاپ۔ خاموش۔
کان دِکھانا (اِ۔ محاورہ) کان میلیے سے کان صاف کرانا۔
کان دھر کر (دھر کے) سُننا (کان دھرنا) (اِ۔ محاورہ) غور سے سُننا۔ دھیان دے کر سُننا۔ توجّہ سے سُننا۔
کان رکھنا (لگانا) (اِ۔ محاورہ) (۱) توجّہ سے سُننا (۲) خیال رکھنا۔
کان سے سُننا (اِ۔ محاورہ) توجّہ سے سُننا۔
کان سے نکلنا (اِ۔ محاورہ) (کنایۃً) سُنی ہوئی بات بُھول جانا۔
کان کا پردہ (اِ۔ اِ۔ مذ) کان کے اندر کی باریک سُوراخ دار جھلّی جو نہایت باریک اور نازک ہوتی ہے۔
کان کاٹنا (اِ۔ محاورہ) کان تراشنا (۲) مات کرنا۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ فوقیت رکھنا (۳) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔
کان (کانوں) کا کچّا (اِ۔ صف) وہ شخص جو بے سوچے سمجھے ہر ایک بات پر اعتبار کر لے۔ ضعیفُ الاعتقاد۔
کان کا میل (اِ۔ اِ۔ مذ) وہ غلاظت اور کثافت جو کان کے اندر جمع ہو جاتی ہے۔
کان کُترنا (کُ پر زبر) (اِ۔ محاورہ) ایسا ہوشیار ہونا جو دُوسرے کو عاجز اور پست کر دے۔ کسی کام میں اُستاد کامل ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔ نیز دیکھئے کان کاٹنا۔
کان کرنا (اِ۔ محاورہ) غور سے سُننا۔ توجّہ سے سُننا۔
کان کُرَونی (اِ۔ اِ۔ مث) کان میں سے مَیل نکالنے والا آلہ۔
کان کھانا (کھا لینا) (اِ۔ محاورہ) بکواس سے دماغ پریشان کرنا۔ شور و غُل کرنا۔
کان کھجانے کی فرصت نہیں (اِ۔ محاورہ) بالکل فرصت نہیں۔ ذرا فراغت نہیں۔ نیز دیکھئے سر کھجانے کی فرصت نہ ہونا۔
کان کھڑے رکھنا (اِ۔ محاورہ) ہوشیار رہنا۔ چوکس رہنا۔
کان کھڑے کرنا (اِ۔ محاورہ) کان اُونچے کرنا۔ چوکنّا ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ بدکنا۔
کان کھل جانا (کھلنا) (اِ۔ محاورہ) چوکنّا ہو جانا۔ عبرت ہونا۔ اپنی غلطی سے آگاہ ہونا۔
کان کھلنا (اِ۔ محاورہ) متنبّہ ہونا۔ ہوشیار ہونا۔
کان کھلے رکھنا (اِ۔ محاورہ) ہوشیار اور چوکنّا رہنا۔
کان کھول دینا (اِ۔ محاورہ) جتا دینا۔ آگاہ کر دینا۔ ہوشیار کر دینا۔ خبردار کر دینا۔
کان کھول کے (اِ۔ متعلق فعل) غفلت دُور کر کے۔ ہوشیار ہو کے۔ غور سے۔
کان کھولنا (اِ۔ محاورہ) (۱) کوئی بات سُننے کے لئے کانوں کو متوجّہ کرنا (۲) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ نصیحت کرنا۔

کان کے پردے پھٹنا (اِ۔ محاورہ) شور و غُل کی وجہ سے کانوں کو اِس قدر صدمہ پہنچنا کہ سماعت میں فرق آ جائے۔
کان کے کیڑے کھا جانا (اِ۔ محاورہ) بکواس کرنا۔ بہت زیادہ باتیں کرنا۔
کان گُنگ ہونا (اِ۔ محاورہ) کان بہرا ہونا۔ کان کا بھن بھن کرنا۔
کان گنہگار ہیں (اِ۔ محاورہ) میں نے صرف سُنا ہے۔ جُھوٹ سچ کا ذمّہ دار نہیں۔
کان لگا کر سُننا (اِ۔ محاورہ) توجّہ سے سُننا۔
کان لگانا (اِ۔ محاورہ) (۱) دھیان لگا کر سُننا (۲) چُھپ کر سُننا۔
کان لگنا (اِ۔ محاورہ) (۱) کان پک جانا۔ کان کے پیچھے زخم ہو جانا (۲) یا بننا۔ مُنہ چڑھنا (۳) کانا پُھوسی کرنا۔ سرگوشی کرنا (۴) خیال ہونا۔ توجّہ ہونا۔
کان لگے رہنا (اِ۔ محاورہ) سُننے کے لئے متوجّہ رہنا۔
کان لگے ہونا (اِ۔ محاورہ) دھیان ہونا۔ توجّہ ہونا۔
کان لینا (اِ۔ محاورہ) گوش مالی کرنا۔ کان اینٹھنا۔
کان مانوس ہونا (اِ۔ محاورہ) کان آشنا ہونا۔ سُنا ہوا ہونا۔
کان مروڑنا (مَلنا) (اِ۔ محاورہ) (۱) کان کھینچنا۔ گوش مالی کرنا (۲) ڈرانا۔ سزا دینا (۳) سِتار یا سارنگی کی کھونٹی کسنا (۴) عاجز ہونے اور قائل ہونے کا اعتراف کرنا۔
کان میلیا (اِ۔ صف) کان کا مَیل صاف کرنے والا۔
کان (کانوں) میں اُنگلی دینا (کان (کانوں) میں اُنگلی رکھنا) (اِ۔ محاورہ) کسی کی آواز نہ سُننے کے لئے کان بند کر لینا۔ ڈراؤنی آواز سے بچنے کے لئے کانوں میں اُنگلیاں ڈال لینا۔ عموماً جمع بولتے ہیں۔
کان میں بات ڈال دینا (اِ۔ محاورہ) آگاہ کر دینا۔ سمجھا دینا۔
کان میں بات کہنا (کرنا) (اِ۔ محاورہ) کوئی بھید یا راز کی بات کرنا۔ سرگوشی کرنا۔
کان میں بات (بول) مارنا (اِ۔ محاورہ) بات سُن کر ٹال جانا۔ سُنی اَن سُنی کر جانا۔
کان میں بھنک پڑنا (بھ۔ نک) (اِ۔ محاورہ) افواہ سُنائی دینا۔
کان میں پارا بھرنا (اِ۔ محاورہ) گونگا بہرا کر دینا۔
کان میں پڑنا (اِ۔ محاورہ) سُننے میں آنا۔ گوش زد ہونا۔ آگاہی ہونا۔
کان میں پھونکنا (اِ۔ محاورہ) (۱) کان میں کہنا (۲) بدگوئی کرنا (۳) بدگمان کرنا (۴) کسی کی تعریف کر کے اُسے پھسلانا۔ بہکانا (۵) کسی کے متعلق کوئی بُری بات دُوسرے کے دل میں بٹھا دینا۔
کان میں تیل ڈال لینا (اِ۔ محاورہ) (۱) اپنے آپ کو بے خبر اور بہرا بنا لینا (۲) خاموشی اختیار کر لینا۔ کچھ نہ سُننا۔ بے پروا بن جانا۔
کان میں چھنگی کوڑی ڈالنا (اِ۔ محاورہ) غلام بنانا۔ غلام ہونے کی نشانی کان میں ڈالنا۔
کان میں ڈال دینا (ڈالنا) (اِ۔ محاورہ) سُنا دینا۔ کہہ دینا۔ آگاہ کر دینا۔ گوش گزار کر دینا۔
کان میں ڈھول بجانا (اِ۔ محاورہ) کان کے پاس چلّانا۔ بہت زور سے کہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کان میں رکھنا (اَر۔ محاورہ) یاد رکھنا۔ خیال رکھنا۔

کان میں رُوئی دینا (اَر۔ محاورہ) محض بے خبر' غافل' بے سُدھ اور بے پروا بن جانا۔

کان میں کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) کانوں کو بُرا لگنا۔ ناگوار معلوم ہونا۔

کان میں کہنا (کہہ دینا) (اَر۔ محاورہ) چپکے سے کہنا۔ خُفیہ طور سے کہہ دینا۔

کان نہ پھڑکانا (پھڑپھڑانا۔ ہلانا) (اَر۔ محاورہ) چُوں نہ کرنا۔ چپ ہو جانا (۲) جانور کا سدھ جانا (۳) شرارت نہ کرنا۔

کان نہ دھرنا (رکھنا) (اَر۔ محاورہ) توجّہ نہ کرنا۔ غور نہ کرنا۔ متوجّہ ہو کر نہ سُننا۔ بے پروائی سے سُننا۔

کان ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) چارپائی یا کپڑے میں ٹیڑھ ہونا (۲) نصیحت حاصل ہونا۔ خبردار ہو جانا (۳) اِطلاع ہونا (۴) خیال ہونا۔ دھیان ہونا (۵) عقل آنا۔ ہوش آنا۔

کانا (اَر۔ا۔مذ) کان۔ مُرکّبات کے شروع میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے کاناپُھوسی۔ کاناباتی۔

کاناباتی (اَر۔ا۔مث) کان میں بات کہنا۔ کسی بچّے کو ہنسانا مقصود ہو تو اُس کے کان میں "کاناباتی' کاناباتی کُر" کہتے ہیں اور "کُر" پر زیادہ زور دیتے ہیں۔

کاناپُھوسی (اَر۔ا۔مث) سرگوشی۔ چپکے چپکے کان میں بات کہنا۔ کُھسر پُھسر۔

کاناگوشی (اَر۔ا۔مث) گوش مالی۔ کان گوشی بھی کہتے ہیں۔

کانا (ہ۔صف۔مذ) (۱) ایک آنکھ والا۔ واحدُالعین۔ یک چشم۔ کانڑا (۲) داغی پھل (۳) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ جمع: کانوں۔ کانے۔

کانا پردہ (اَر۔ا۔مذ) ناقص پردہ۔ برائے نام پردہ۔

کانا ٹُنڈ ٹُھونٹر (اَر۔مثل) عیب میں عیب۔ نہایت مُفلس جس کے پاس کوئی سامان نہ ہو۔

کانا پُھوڑ (اَر۔ا۔مذ) ایک پہاڑی ترکاری جو موسم برسات میں اَز خود پیدا ہوتی ہے۔

کانپ (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) پتنگ یا کنکوے کی خمدار اور لچکدار پتلی تیلی یا کمان (۲) چھتری کے تار جن پر کپڑا منڈھا ہوتا ہے (۳) سُؤر یا ہاتھی کا اگلا دانت (۴) (فعل) کانپنا مصدر کا اَمر۔ جمع: کانپوں۔ کانپیں۔

کانپ اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) خوف سے لرز جانا۔ تھرا جانا۔ بدن میں کپکپی پیدا ہو جانا۔ (کانپ کانپ اُٹھنا بھی مستعمل ہے)۔

کانپ جانا (اَر۔ محاورہ) خوف سے تھرا جانا (۲) جاڑے سے کپکپی چھوٹ جانا۔

کانپ چُھٹنا (ق۔ محاورہ) کپکپی آنا۔ لرزہ طاری ہونا۔

کانپنا (کانپ۔نا) (ہ۔مص۔ل) لرزنا۔ تھرتھرانا (۲) (کنایۃً) خوف کھانا۔ ڈر جانا۔

کانپنی (کانپ۔نی) (ق۔ا۔مث) کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ لرزش۔

کانٹا (کاں۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خار۔ سُول۔ (پن) کنڈا (۲) ترازو (۳) ترازو کے دستے کی سُوئی (۴) مچھلی پکڑنے کا خمیدہ اور نوکدار آلہ (۵) کنوئیں وغیرہ میں گرے ہوئے ڈول نکالنے کا اوزار (۶) ایک آہنی چیز جس سے گوشت وغیرہ کھایا جاتا ہے۔ فورک (۷) مچھلی کا خار (۸) آنکڑا (۹) وہ کل جس کے کھینچنے سے ریل گاڑی دُوسری پٹڑی پر چلی جاتی ہے (۱۰) نک (۱۱) پرندوں کا ایک مُہلک مرض جس میں دُم کے پاس پھنسی نکل آتی ہے (۱۲) خلش۔ کھٹکا (۱۳) وہ چوبی پنجہ جس سے زمیندار گھاس وغیرہ اکٹھی کرتے ہیں (۱۴) شراب کا مُہلک نشہ۔ نہایت تیز اور مُند شراب (۱۵) گھنٹے یا گھڑی کی سُوئی (۱۶) علمِ حساب میں جمع' ضرب' تقسیم' تفریق کا نشان (۱۷) زبان کا کھردرا پن (۱۸) قوام کا تار (۱۹) روک۔ اٹکاؤ (۲۰) دُشمن (۲۱) مہمیز جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں (۲۲) سیہ یا سیہی کا کانٹا (۲۳) جانوروں کے پاؤں کا خار۔ جمع: کانٹوں۔ کانٹے (۲۴) (صف) نہایت دُبلا۔ لاغر (۲۵) نہایت ناگوار طبع (۲۶) ایذا پہنچانے والا۔ فتنہ پرداز۔

کانٹا بدلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ریل کے کانٹے کو ایک طرف سے دُوسری طرف کرنا (۲) رُخ پھیرنا۔

کانٹا پڑنا (اَر۔ محاورہ) پرندوں میں کانٹے کی بیماری ہونا (۲) پیاس کے باعث زبان کا کھردرا ہونا (۳) کنوئیں سے ڈول وغیرہ نکالنے کے لئے کانٹا ڈالا جانا۔

کانٹا چُبھنا (اَر۔ محاورہ) کانٹا لگنا۔ کانٹے کا جسم میں گُھسنا۔

کانٹا چُبھونا (اَر۔ محاورہ) خلش دینا۔ تکلیف دینا۔

کانٹا داغنا (اَر۔ محاورہ) پرندے کے کانٹے یا پھنسی کو (جو اُس کی دُم کے پاس نکل آتی ہے) کاٹ کر گرم لوہے سے جلانا۔

کانٹا سا (اَر۔صف) خار کی طرح (۲) دُبلا پتلا۔

کانٹا سا آنکھوں میں کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) بُرا لگنا۔ ناگوار گُزرنا۔

کانٹا سا کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) نہایت ناگوار گُزرنا۔ بُرا لگنا۔

کانٹا سا نکل جانا (اَر۔ محاورہ) کسی دُکھ' مُصیبت یا سختی سے رہائی پانا۔ آرام پانا۔ چین آ جانا۔

کانٹا سا ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بہت لاغر اور کمزور ہو جانا۔

کانٹا کھانا (اَر۔ محاورہ) مچھلی کا کانٹے میں پھنسنا۔

کانٹا لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کانٹا چُبھونا (۲) مچھلی پکڑنے کے لئے دریا میں کانٹا ڈالنا (۳) گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

کانٹا لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کانٹا چُبھنا (۲) پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا (۳) مُہلک نشہ ہونا (۴) ناگوار معلوم ہونا۔

کانٹا مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سُؤر کا دانت مارنا (۲) لڑتے وقت ایک مُرغ کا دُوسرے مُرغ کو لات مارنا (۳) کم تولنا۔ ڈنڈی مارنا۔

کانٹا نکالنا (اَر۔ محاورہ) تکلیف یا مُصیبت سے بچانا۔ خلش مٹانا۔ کھٹکا دُور کرنا۔

کانٹا نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خلش دُور ہونا۔ تکلیف دُور ہونا۔ رنج سے نجات پانا (۲) پرندوں کو کانٹے کا مرض لاحق ہونا۔

کانٹا نہ لگے (اَر۔ کلمہ دُعا) کوئی تکلیف نہ پہنچے۔

کانٹا ہو جانا (اَر۔ محاورہ) سُوکھ کے لاغر ہو جانا۔ بہت دُبلا ہو جانا۔

کانٹوں (ہ۔ا۔مذ) کانٹا کی جمع۔

کانٹوں بھرا (اَر۔صف) بہت تکلیف دہ۔

کانٹوں پر بسر کرنا (اَر۔ محاورہ) ایذا برداشت کرنا۔ بہت تکلیف اُٹھانا۔

کانٹوں پر کھینچنا (گھسیٹنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سزا دینا (۲) شرمندہ کرنا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نہایت تکلیف دینا (۴) اَز حد ستانا۔ آزار پہنچانا۔

کانٹوں پر لوٹنا (تڑپنا) (اَر۔ محاورہ) بے قرار رہنا (۲) آتشِ حسد میں جلنا (۳) بڑی مُصیبت اُٹھانا۔

کانٹوں میں اُلجھنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑے میں پھنسنا۔

کانٹوں میں تُل کر بکنا (کانٹے میں تُلنا) (اَر۔ محاورہ) نہایت گراں بکنا۔ کسی چیز کی کمال قدر ہونا۔ سونے چاندی کے بھاؤ بکنا۔

کانٹوں میں گھسیٹنا (اَر۔ محاورہ) مُصیبت میں پڑنا (۲) آتشک میں مُبتلا ہونا۔

کانٹی (کاں۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) کانٹا کی تصغیر (۱) وہ تکّی رُوئی جو دُھنے میں نہ آسکے (۲) چھوٹا تِنکا۔ آنکڑا (۳) بیڑی۔ جولان (۴) تولنے کا چھوٹا کانٹا (۵) وہ لنگر جو لڑکے ڈور میں باندھ کر لڑاتے ہیں (۶) مُجرم کے پاؤں میں ڈالنے کی بیڑی۔

کانٹی کھانا (اَر۔ محاورہ) قید کاٹنا۔ جیل خانے جانا۔ سزا یافتہ ہونا (۲) داغی ہونا۔

کانٹے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کانٹا کی جمع (۲) کانٹا کی مُغیّرہ صورت۔

کانٹے بچھانا (اَر۔ محاورہ) ایذا رسانی کا کام کرنا۔

کانٹے بونا (اَر۔ محاورہ) اپنے یا کسی کے حق میں بُرائی کرنا۔

کانٹے بوئے ببول کے تو آم کہاں سے ہوں (اَر۔ مثل) بدی کر کے نیکی کی اُمید رکھنا حماقت ہے۔

کانٹے پر کی اوس (جھنجیری) (اَر۔ ا۔ مث) بیکار چیز۔ ناپائیدار چیز۔

کانٹے پڑنا (اَر۔ محاورہ) پیاس کے مارے زبان یا حلق خشک ہو جانا۔

کانٹے کی تول (اَر۔ ا۔ مث) بالکل ٹھیک۔ نہ کم نہ زیادہ۔

کانٹے کی طرح سُوکھنا (اَر۔ محاورہ) بہت دُبلا پتلا ہو جانا۔

کانٹے کی طرح نظر میں کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) کمال ناگوار گزرنا۔ کسی چیز کا دیکھنا ناگوار ہونا۔

کانٹے میں تُلنا (اَر۔ محاورہ) بہت بیش قیمت ہونا۔ مہنگا ہونا۔

کانٹے میں لگانا (اَر۔ محاورہ) مچھلی پکڑنے کے لئے کانٹے میں چارا لگانا۔

کانجی (کاں۔ جی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا کھٹا پانی جس میں رائی، زیرہ، نمک وغیرہ اچار کی طرح ڈالتے ہیں (۲) چاولوں کی پیچ۔ ماڑی (۳) گاجروں کے اچار کا پانی۔

کانجی ہاؤس (اَر۔ ا۔ مذ) Catching House کا بگاڑ۔ قید خانے کا مکان (۲) حوالات۔ کٹہری (۳) وہ سرکاری مکان جہاں لاوارث مویشی رکھے جاتے ہیں۔

کانچ (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) شیشہ۔ ایک قسم کا سخت چمکدار مادّہ جو ریت اور کھار یا قلی کے ذریعے سے بنایا جاتا ہے (۲) (ہ۔ ا۔ مث) ایک بیماری جس میں پاخانہ کرتے وقت مقعد کا گوشت باہر نکل آتا ہے۔

کانچ نکال دینا (اَر۔ محاورہ) بہت مارنا۔ عاجز کر دینا۔ نقصان پہنچانا۔

کانچ نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مقعد کے گوشت کا نقاہت و ضعف کے باعث نکل آنا (۲) (کنایۃً) خسارہ اُٹھانا (۳) عاجز ہونا۔ صدمہ برداشت نہ کر سکنا۔

کانچو (کاں۔ چُو) (ہ۔ صف) (۱) وہ شخص جس کو کانچ نکلنے کا مرض لاحق ہو (۲) اِغلامی۔ لوطی۔

کانچی (کاں۔ چی) (ق۔ ا۔ مث) شادی کی ایک رسم۔

کانْد (نون غنہ) (ق۔ ا۔ مث) دیوار۔ پُشتہ۔

کاندا (کاں۔ دا) (ق۔ ا۔ مث) (۱) نیشکر (۲) (ہ۔ ا۔ مذ) پیاز۔ کسی پودے کی گانٹھ دار جڑ۔

کاندھا (کاں۔ دھا) (ہ۔ ا۔ مذ) کندھا۔ مونڈھا۔ شانہ۔ دوش۔ جمع: کاندھوں۔ کاندھے۔

کاندھا بدلنا (اَر۔ محاورہ) ایک کندھے سے دُوسرے کندھے پر کسی کا بوجھ لینا۔

کاندھا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) جنازے کو کندھا دینا (۲) سہارا دینا۔

کاندھی دے جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہانہ کرنا۔ ٹال جانا۔ پہلوتہی کرنا (۲) گھوڑے کا پیٹھ کو جھٹکا دے کر سوار کو گرا دینا۔

کانڈ (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مذ) کتاب کا باب۔ حِصّہ۔ فصل۔

کانڈا (کاں۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی جڑ جو پیاز سے مُشابہ ہوتی ہے۔

کانڈل (کاں۔ ڈل) (ہ۔ ا۔ مذ) سرسوں کا ساگ۔

کانڈلی (کانڈ۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) کرفہ۔

کانڑا (کاں۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) کانا۔ یک چشم (۲) ایک راگنی (۳) ایک قسم کا پتنگ۔

کانڑارگی (ہ۔ صف) نہایت شوخ اور شریر۔ (رَگی: ضدّی۔ شوخ)۔

کانڑا مجھے بھائے نہیں کانڑے بن سُہائے نہیں (اَر۔ مثل) ایک شخص سے نفرت بھی کرنا اور پھر اُس کے بغیر صبر بھی نہ کر سکنا۔

کانڑی (کاں۔ ڑی) (ہ۔ صف) کانڑا کا مؤنث۔

کانڑی اپنا ٹینٹ نہ نہارے اوروں کی پھُلی دیکھ بکھارے (اَر۔ مثل) عیب دار کو اپنا بڑا عیب تو معلوم نہیں ہوتا دُوسرے کا معمولی عیب بڑا معلوم ہوتا ہے۔

کانڑی کو کون سراہے کانڑی کا باوا (اَر۔ مثل) اپنی بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔

کانڑے (کاں۔ ڑے) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کانڑا کی جمع (۲) کانڑا کی مُغیّرہ شکل بحالتِ اِمالہ۔

کانڑے کی ایک رگ سِوا ہوتی ہے (اَر۔ مثل) کانے میں شرارت زیادہ ہوتی ہے۔

کانڑے کے بیاہ کو سو سو جوکھوں (اَر۔ مثل) عیب دار شے کے لئے ہر جگہ مشکلات پیش آتی ہیں۔

کانس (کا۔ نس) (اَر۔ ا۔ مث) انگریزی لفظ "کارنس" کا بگڑا ہوا۔ کنگنی۔ چھجّہ۔

کانس (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی لمبی گھاس جو اکثر غیر مزروعہ زمین میں پیدا ہوتی ہے (۲) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ قضیہ (۳) چمک۔ تابش۔

کانس میں پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دھوکا کھانا (۲) سوچ بچار میں لگے رہنا۔ غور و فکر میں محو رہنا (۳) جان جوکھوں میں ڈالنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کانس میں پھنسنا (اُر۔ محاورہ) مُشکل میں پڑنا۔ مُصیبت میں پھنسنا۔

کانسا (کاں۔سا) (ہ۔ا۔مذ) راجا کا کھانا۔ خاصہ (۲) ایک دھات۔ کانسی۔

کانسٹیبل (Constable) (انگ۔ا۔مذ) پولیس کا سپاہی۔

کانسہ (کاں۔سَہ) (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے کاسَہ جس کا یہ بگاڑ ہے۔

کانسی (کاں۔سی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی دھات جو تانبے اور رانگ کی آمیزش سے تیار ہوتی ہے۔

کانشنس (Conscience) (انگ۔ا۔مذ) اِنسانی ضمیر۔ وِجدانِ سلیم۔ وہ اِنسانی قوت جو اِنسان کو بھلائی کی طرف متوجّہ کرے۔

کانفرنس (Conference) (انگ۔ا۔مث) مجلسِ شُوریٰ۔ مُشاورتی مجلس۔ مشاورت۔ اُردو جمع: کانفرنسوں۔ کانفرنسیں۔

کانفیڈنشل (Confidential) (انگ۔صف) راز داری کا۔ خُفیہ۔ بصیغہ راز۔ پرائیویٹ۔

کانگڑا (کانگ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گُل دُم (۲) (ق۔ا۔مث) مشعل کی بتی۔

کانکھ (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) بغل (۲) کنارہ۔ پہلو۔

کانکھنا (ہ۔مص) گلا صاف کرنے کے لئے آواز نکالنا (۲) کراہنا۔ آہیں بھرنا۔

کانگرس (Congress) (انگ۔ا۔مث) مجلس۔ سبھا۔ انجمن۔ جماعت۔ پارٹی۔

کانگڑی (ہ۔ا۔مث) مٹی کی انگیٹھی جس کے اُوپر تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے۔ کشمیریوں میں اِس کا اِستعمال عام ہے۔ جمع: کانگڑیاں۔ کانگڑیوں۔

کانوائے (Convoy)۔ دیکھئے کنوائے۔

کانوَر (کاں۔وَر) (ہ۔ا۔مذ) آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ زرد ہو جاتی ہے (۲) (مث) ایک لکڑی جس کے دونوں کناروں پر ٹوکریاں لٹکا کر اُن میں چیزیں رکھتے ہیں۔ بہنگی۔

کانورا (کاں۔وَ۔را) (ہ۔صف) حواس باختہ۔ بے اوسان۔ بدحواس۔ گھبرایا ہوا۔

کانون (ف۔ا۔مث) (۱) انگیٹھی (۲) آگ ڈالنے کا پیالہ۔

کانوں (ہ۔ا۔مذ) کان (گوش) کی جمع (۲) کان (معدن) کی اُردو جمع۔

کانوں پر ہاتھ دھرنا (رکھنا) (اُر۔ محاورہ) صاف اِنکار کرنا۔ مُکر جانا (۲) نفرت کرنا۔ پناہ مانگنا۔

کانوں پڑی آواز (بات) (اُر۔ا۔مث) وہ بات جو کہیں سُنی ہو اور یاد ہو۔

کانوں تک رہنا (اُر۔ محاورہ) بات سُن کر کسی سے نہ کہنا۔

کانوں کان خبر نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بالکل خبر نہ ہونا۔ کسی کو معلوم نہ ہونا۔

کانوں کی لَویں پکڑنا (اُر۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔

کانوں میں اُنگلیاں دینا (اُر۔ محاورہ) توجّہ نہ کرنا۔ کسی کی آواز نہ سُننا۔

کانووکیشن (Convocation) (انگ۔ا۔مذ) جلسہ تقسیمِ اَسناد۔

کانوینٹ (Convent) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عیسائی راہبوں کا گروہ۔ اِس گروہ کے مرد راہب (Monks) اور عورتیں راہبات (Nuns) کہلاتی ہیں (۲) عیسائی خانقاہ (۳) عیسائی مدرسہ۔

کانی (ہ۔صف) کانا کی تانیث۔ ایک آنکھ والی۔ کانڑی (۲) (ف۔صف) معدن کی چیز۔ معدنی۔ کان سے منسوب۔

کانی اپنا ٹینٹ نہ دیکھے اور کی پھلی نہارے (ہ۔مثل) دیکھئے کانڑی اپنا ٹینٹ۔

کاو (ف۔ا۔مث) (۱) کھودنا (۲) تلاش۔ تفتیش (۳) اِمتحان۔

کاوکاو (ف۔ا۔مث) (۱) کوشش (۲) تفتیش (۳) زخم کو ناخن سے چھیلنا اور کھجانا (۴) گرید۔ تلاش۔ کھوج۔

کاوا (کا۔وا) (اُر۔ا۔مذ) (۱) گھوڑے کو اِس طرح چکر دینا کہ اُس کے قدموں کے نشانوں سے زمین پر ایک دائرہ سا بن جائے (۲) چوگان۔

کاوا دینا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کو دائرے کی شکل میں چکر دینا۔

کاواک (کا۔واک) (ف۔صف) (۱) خالی۔ کھوکھلا (۲) (اُر۔صف) بیڈول۔

کاوِش (کا۔وِش) (ف۔ا۔مث) (۱) کھودنا۔ کھوج لگانا (۲) خلش (۳) گرید۔ تلاش۔ تجسُّس۔ جستجو (۴) (اُر۔ا۔مث) بَیر۔ دُشمنی۔ حسد۔ جلن۔ اُردو جمع: کاوشوں۔ کاوشیں۔

کاوِی (کا۔وِی) (ف۔ا۔مث) (۱) کھودنا (۲) تلاش کرنا۔ تفتیش کرنا۔ (مرکبات کے آخر میں اِستعمال ہوتا ہے)۔

کاہ (ف۔لاحقہ فاعلی) کاہیدنؔ مصدر سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور گھلانے والا' گھٹانے والا' تباہ کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جان کاہ۔

کاہ (ف۔ا۔مث) کٹی ہوئی سُوکھی گھاس۔

کاہ رُبا (کہرُبا) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا زرد گوند جس کی یہ خاصیت ہے کہ اگر اِسے کپڑے یا چمڑے پر رگڑ کر گھاس کے تنکے کے سامنے لائیں تو وہ مقناطیس کی طرح اُسے اُٹھا لیتا ہے۔

کاہ کشاں (کہکشاں) (ف۔ا۔مث) بہت سے چھوٹے چھوٹے ستاروں کی قطار جو اندھیری رات میں آسمان پر سڑک کی مانند نظر آتی ہے۔

کاہ گِل (کہگِل) (ف۔ا۔مث) پلستر کرنے کی بُھس ملی ہوئی مٹی۔

کاہِش (کا۔ہِش) (ف۔ا۔مث) (۱) زوال۔ کمی۔ گھٹاؤ۔ اُتار۔ تنزّل (۲) لاغری۔ دُبلا پَن۔

کاہش اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔

کاہش جاں (ف۔ا۔مث) وہ صدمہ جو جان پر ہو۔

کاہل (کا۔ہل) (ع۔صف) سُست۔ کام چور۔ مجہول۔ آرام طلب۔

کاہلا (کاہ۔لا) (ہ۔صف) سُست۔ تھکا ہوا۔

کاہلی (کاہ۔لی) (ف۔ا۔مث) سُستی۔ آرام طلبی۔ آلکسی۔

کاہن (کا۔ہن) (ع۔ا۔مذ) جنّوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں یا قسمت کا حال بتانے والا۔ جوتشی۔ جمع: کَہَنہ۔ اُردو جمع: کاہن۔ کاہنوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کاہِنَہ (کا۔ہِ۔نَہ)(ع۔ا۔مث) کاہن کا مؤنث۔

کاہُو (کا۔ہُو)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا ساگ اور اُس کا تخم۔

کاہی (کا۔ہی)(اَ۔ا۔مذ)(۱) ہلکا سبز رنگ مائل بہ سیاہی (۲) کسیس جو ایک قسم کی پھٹکری ہے۔ نیز دیکھئے کائی۔

کاہے؟ (ہ۔ کلمۂ اِستفہام) کس لئے؟ کیوں؟

کاہے سے؟ (کاہے کو؟) (ہ۔ کلمۂ اِستفہام) کیوں؟ کس لئے؟ کس واسطے؟

کاہیدگی (کاہی۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) لاغری۔ دُبلا پن۔

کاہیدہ (کا۔ہی۔دَہ)(ف۔صف) گھٹا ہوا۔ دُبلا۔ لاغر۔

کائپھل (کا۔اِ۔پھل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک دوا جو ایک درخت کی چھال ہوتی ہے (۲) فالسے کی طرح کا ایک پہاڑی اُودا ترش پھل۔

کائِد (کا۔اِد)(ع۔صف) مکّار۔ فریبی۔ دھوکے باز۔

کائِن (کا۔اِن)(ع۔صف) ہونے والا۔ موجود۔

کائنات (کا۔اِ۔نات)(ع۔ا۔مث)(۱) ستارے اور سیارے وغیرہ سب مل کر کائنات کہلاتے ہیں۔ تمام موجودات (۲) حقیقت۔ حیثیت (۳) سرمایہ۔ پُونجی۔

کاؤنٹ (Count) (انگ۔ا۔مذ) یورپ میں نواب کا لقب۔

کاؤنٹر (Counter) (انگ۔ا۔مذ) روپیہ وصول کرنے اور گننے کی میز یا تختہ دُکان وغیرہ میں۔

کاؤں کاؤں (کا۔اُوں۔کا۔اُوں)(ہ۔ا۔مث)(۱) کوّے کی مسلسل آواز کائیں کائیں (۲) لوگوں کا شور و غل۔

کاؤں کاؤں کرنا (اَ۔محاورہ)(۱) کوّے کا کائیں کائیں کرنا (۲) لوگوں کا شور و غل کرنا۔ چلّانا۔

کائی (کا۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) وہ سبزی جو اکثر بند پانی کے اُوپر یا برسات میں دیواروں وغیرہ پر جم جاتی ہے۔ ایک قسم کی پھپھوندی۔ پانی کا جالا (۲) گہرا سیاہی مائل سبز رنگ۔ کاہی۔

کائی سی پھٹ جانا (اَ۔محاورہ) بادلوں کی طرح الگ الگ ہو جانا۔ دفعتہً تتر بتر ہو جانا۔

کائی لگنا (اَ۔محاورہ) پانی یا کسی اور چیز پر سبزی جم جانا۔

کائیاں (کا۔اِیاں)(اَ۔صف)(۱) نہایت چالاک و ہوشیار۔ خرانٹ۔ تجربہ کار (۲) فریبی۔ دغاباز (۳) بخیل۔ کنجوس۔

کائیاں پن (اَ۔ا۔مذ)(۱) عیاری۔ چالاکی۔ مکاری۔ کنجوسی۔

کائیں کائیں (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے کاؤں کاؤں۔

کایا (کا۔یا)(ہ۔ا۔مث) جسم۔ تن۔ بدن۔ شریر (۲) رُوپ۔ بھیس (۳) اَصلیت۔ ماہیت۔

کایا بڑی کہ مایا؟ (ہ۔مثل) جان سے بہتر مال نہیں۔

کایا پلٹ (اَ۔صف)(۱) قالب بدلنے والا (۲) بھیس بدلنے والا (۳) بہرُوپیا (۴) وہ دوا جس سے بوڑھا جوان ہو جائے۔

کایا پلٹ دینا (اَ۔محاورہ) ہیئت بدل دینا۔

کایا پلٹنا (اَ۔محاورہ) چولا بدلنا۔ قالب تبدیل کرنا (۲) تناسُخ اِختیار کرنا۔ دُوسری جُون میں آنا (۳) رُوپ دھارنا (۴) جوبن پر آنا۔ ماہیت بدلنا۔

کایا پلٹ ہو جانا (اَ۔محاورہ) رنگ رُوپ بدل جانا۔ کچھ سے کچھ ہو جانا۔ دُوسرے رنگ میں آ جانا۔

کایا کشٹ (ہ۔ا۔مث) جسمانی تکلیف۔ جسمانی مرض۔

کایا کلپ (کَ۔لپ)(ہ۔ا۔مذ) دواؤں کے ذریعے دوبارہ جوانی حاصل کرنا۔

کائتھ (کایستھ) (کا۔ئتھ)(کا۔یستھ)(ہ۔ا۔مذ) ایک ہندو ذات کا نام جس کا کام نوشت و خواند اور منشی گری ہے۔

ک۔ب

کَب (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ ظرفِ زمان جو محلِ اِستفہام میں آتا ہے)(۱) کس وقت؟ کس دن؟ (۲) کیونکر؟ کس طرح؟ کس زمانے میں؟

کب بابا مریں کب بیل بٹیں (اَ۔مثل) کسی بات کا بہت انتظار کرنا ہو تو کہتے ہیں۔ نیز دیکھئے جب باوا مریں گے۔

کب تک؟ (کب تلک؟) (اَ۔ظرفِ زمان) کس وقت تک؟ کس زمانے تک؟

کب تھوکتے ہیں (اَ۔محاورہ)(۱) بالکل خیال نہیں کرتے۔ ہرگز متوجہ نہیں ہوتے۔ کبھی خاطر میں نہیں لاتے۔ نفرت کرتے ہیں۔

کب سے؟ (اَ۔تابع فعل)(۱) کس وقت سے؟ کس زمانے سے؟ (۲) دیر سے۔ عرصے سے۔

کب کا (اَ۔ظرفِ زمان)(۱) کس زمانے کا؟ کس مدّت کا؟ (۲)(تابع فعل) مدّت دراز کا۔ بڑی دیر کا۔

کُب (بضمِّ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) اِنسان کی پیٹھ کی کجی، اصلی ہو یا بڑھاپے سے (۲) ٹیڑھ۔ کج (۳) خم۔ جھکاؤ (۴) اُونٹ یا سانڈ کے اُوپر کا اُبھرا ہوا مقام۔ کوہان (۵) دیوار کا پھول کر ٹیڑھا ہونا۔

کُب نکلنا (اَ۔محاورہ) پیٹھ کا کُبڑا ہو جانا۔

کَباب (کَ۔باب)(ف۔ا۔مذ) سیخ پر چڑھا کر کوئلوں پر بُھنا ہوا قیمہ یا گوشت کے ٹکڑے (۲) گھی وغیرہ میں تلی ہوئی قیمے کی ٹکیاں (۳)(صف) سوختہ۔ بریاں۔ جلا ہوا۔ اُردو جمع: کباب۔ کبابوں۔

کباب کا آنسو (اَ۔ا۔مذ) وہ پانی جو سیخ کے کباب سے پکتے ہوئے ٹپکتا ہے۔

کباب کرنا (اَ۔محاورہ)(۱) کباب بنانا۔ کباب بھوننا (۲) جلانا۔ بھوننا (۳) رنج پہنچانا (۴) غصّہ دلانا (۵) دُکھ دینا۔

کباب لگانا (اَ۔محاورہ) کباب بھوننا۔

کباب ہونا (اَ۔محاورہ)(۱) کباب تیار ہونا (۲) جلنا۔ بُھننا (۳) دُکھ پانا (۴) حسد ہونا (۵) نہایت بُرا لگنا (۶) غصّے میں نیلا پیلا ہو جانا (۷) ناگوار گزرنا (۸) آگ بگولا ہونا (۹) طیش میں آ جانا (۱۰) حسد سے جلنا۔

کبابہ (کَ۔با۔بَہ)(ف۔ا۔مذ) سیاہ مرچ سے مشابہ ایک قسم کے گول گول

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بیج جو بطور دوا مستعمل ہیں۔

کَبابی (کَ۔با۔بی)(ف۔ا۔مذ) کباب بنا کر بیچنے والا۔ کباب فروش۔ اُردو جمع: کبابی۔ کبابیوں۔

کَبادَہ (کَ۔با۔دَہ)(ف۔ا۔مذ) نرم کمان۔ مشق کرنے کی کمزور کمان۔

کِبار (کِ۔بار)(ع۔صف) کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی۔ بُزرگ۔

کَباڑ (کَ۔باڑ)(ہ۔ا۔مذ) کاٹھ کباڑ۔ ٹوٹا پھوٹا اَسباب۔

کباڑ خانہ (اُر۔ا۔مذ) ٹوٹے پھوٹے سامان کا کمرا یا دُکان۔

کَباڑی۔ کباڑیا (کَ۔با۔ڑی) (کَ۔باڑ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) ٹوٹا پھوٹا اَسباب بیچنے والا۔ نیلام کا مال فروخت کرنے والا۔ جمع: کباڑیوں۔ کباڑیے۔

کَبائِر (کَ۔با۔اِر)(ع۔ا۔مذ) کبیرہ کی جمع۔

کَبِت (کَ۔بِت)(ہ۔ا۔مذ) شعر۔ ایک قسم کی ہندی نظم۔

کُبجا (کُب۔جا)(ق۔صف) کُبڑا۔

کَبِد (کَ۔بِد)(ع۔ا۔مذ) جگر۔ کلیجا۔

کُبُدِھی (کُ۔بُد۔دِھی)(ہ۔صف) اَحمق۔ بے سمجھ۔ بے وقوف۔

کَبَڈِی (کَ۔بَڈ۔ڈی)(اُر۔ا۔مث) ایک کھیل کا نام۔

کبڈی کھیلتے پھرنا (اُر۔محاورہ) آوارہ گردی کرنا۔ بیکار پھرنا۔

کِبْر (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بُزرگی۔ بڑائی۔ عظمت (۲) غرور۔ تکبّر۔ گھمنڈ۔

کِبر و نخوَت (ع۔ا۔مذ) غرور۔ تکبّر۔ گھمنڈ۔

کِبَر (کِ۔بَر)(ع۔ا۔مذ) بڑھاپا۔ پیری۔

کبِرسِن (ع۔صف) بوڑھا۔ عُمر رسیدہ۔ کُہن سال۔

کبِرسِنی (ع۔اُر۔ا۔مث) بُڑھاپا۔

کَبْرا (کَب۔را)(ہ۔صف) چتکبرا۔ ابلق۔ سیاہ و سفید۔

کُبَراء (کُ۔بَ۔را)(ع۔ا۔مذ) کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی۔

کُبریٰ (کُب۔را)(ع۔صف) اکبر کی تانیث۔

کِبرِیا (کِب۔رِ۔یا)(ع۔ا۔مذ)(۱) بُزرگی۔ عظمت (۲) فخر۔ غرور۔ تکبّر (۳) خُدا تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔

کِبرِیائی (ع۔ا۔مث) اُونچا درجہ۔ بڑا ہونا۔ بڑائی۔ عظمت۔ بُزرگی۔

کِبرِیت (کِب۔رِیت)(ع۔ا۔مث) گندھک (۲) عُمدہ سونا۔ زرِ خالص۔

کبریتِ اَحمر (ع۔ا۔مث) لال گندھک جو کمیاب ہے۔ (صف) معدوم۔ کمیاب۔ عنقا (۲) وظائف کی ایک کتاب جو حضرت غوث الاعظمؒ کی تصنیف ہے۔

کُبڑا (کُب۔ڑا)(ہ۔صف) خمیدہ پشت۔ گوزہ پشت۔ وہ شخص جس کی پیٹھ جُھک گئی ہو۔ کُبا۔ جمع: کُبڑوں۔ کُبڑے۔

کُبڑا پن (اُر۔ا۔مذ) ٹیڑھ۔ خمیدگی۔ ٹیڑھا پن۔

کُبڑَن (کُب۔ڑَن)(ہ۔ا۔مث) ترکاری بیچنے والی عورت۔ کبڑیا کی تانیث۔

کُبڑی (کُب۔ڑی) کُبڑا کی تانیث۔ جمع: کُبڑیاں۔ کُبڑیوں۔

کُبڑیا (کُ۔بڑ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) ترکاری بیچنے والا۔ سبزی فروش۔

کَبْک (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) چکور۔ ایک قسم کا تیتر جس کا سر اور پنجے سُرخ ہوتے ہیں۔ اس کی چال کو معشوق کی چال سے تشبیہ دی جاتی ہے۔

کبکِ دری (ف۔ا۔مذ) پہاڑی چکور جو نہایت خوش رفتار ہوتا ہے۔

کبک رفتار (ف۔صف) چکور کی طرح چلنے والا۔

کُبَل (کُ۔بَل)(ہ۔صف) مُشکل۔ سخت۔ دُشوار۔

کَبُوتَر (کَ۔بُو۔تَر)(ف۔ا۔مذ) ایک مشہور پرندہ جسے شوقین لوگ پالتے ہیں۔ مختلف رنگوں اور نسلوں کا ہوتا ہے۔ اِس کی ایک قسم جنگلی کبوتر کہلاتی ہے جو ایک آزاد پرندہ ہے۔ اُردو جمع: کبوتر۔ کبوتروں۔

کبوتر باز (ف۔صف) کبوتر پالنے اور اُڑانے والا۔

کبوتر بازی (ف۔ا۔مث) کبوتر پالنے اور اُڑانے کا مشغلہ۔

کبوتر با کبوتر' باز با باز (ف۔مثل) ہر شے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔ کبوتر کبوتر سے اور باز باز سے محبت کرتا ہے۔

کبوترِ حرم (ف۔ا۔مذ) خانہ کعبہ کے کبوتر جن کا شکار منع ہے۔

کبوتر خانہ (ف۔ا۔مذ) وہ گھر جس میں کبوتر رکھے جاتے ہیں۔ دڑبا۔ کابک (۲) وہ مقام جہاں پر ایک آتا رہے اور ایک جاتا رہے۔ سرائے۔ مُسافر خانہ۔

کبوتر کا گونجنا (اُر۔محاورہ) کبوتر کا مست ہوکر بولنا۔

کبوتر کی طرح لوٹنا (اُر۔محاورہ) بُری طرح تڑپنا۔ لوٹن کبوتر کی مانند زمین پر لوٹنا۔

کَبُوتری (کَ۔بُوت۔ری)(اُر۔ا۔مث)(۱) کبوتر کی مادہ (۲) ناچنے والی۔ دہقان عورت (۳) (پن) خوبصورت، خوش وضع عورت۔ اُردو جمع: کبوتریاں۔ کبوتریوں۔

کَبُود (کَ۔بُود)(ف۔ا۔مذ) نیلا رنگ۔ آسمانی رنگ (۲)(صف) نیلگوں۔ نیلا۔

کَبُودی (کَ۔بُو۔دی)(ف۔صف) نیلا۔ نیلگوں۔ آسمانی۔

کَبھو (کَ۔بھو)(اُر۔تابع فعل) دیکھئے کبھی جو فصیح ہے۔

کَبھی (کَ۔بھی)(ہ۔تابع فعل) گاہے۔ کسی نہ کسی وقت۔ کوئی دم (۲) شاذ و نادِر۔ اِتفاقاً (۳) کسی زمانے میں (۴) ہرگز۔ بالکل۔ مطلق۔

کبھی ایسا ہے کبھی ویسا ہے (اُر۔مثل) اِنقلابِ زمانہ ہے۔

کبھی تولہ کبھی ماشہ (اُر۔مثل) دم میں کچھ اور دم میں کچھ۔ غیر مستقل مزاج شخص کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی تو ہمارے بھی کوئی تھے (اُر۔مثل) کسی زمانے میں ہم سے بھی میل ملاقات تھی۔ اگرچہ اب نہیں ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کبھی دن بڑا اور کبھی رات (کبھی رات بڑی اور کبھی دن) (اُر۔ مثل) زمانہ ایک حال پر نہیں رہتا۔

کبھی کا (اُر۔ تابع فعل) بہت دیر کا۔ مُدّت کا۔

کبھی کا دن بڑا، کبھی کی رات (کبھی کے دن بڑے، کبھی کی راتیں) (اُر۔ مثل) دیکھئے کبھی دن بڑا اور کبھی رات۔

کبھی کبھار (اُر۔ تابع فعل) کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔ بھولے بھٹکے۔ وقت بے وقت۔

کبھی کچھ ہے، کبھی کچھ (اُر۔ محاورہ) ایک حال پر نہیں۔ تلوّن اور اِنقلاب کی نسبت بولتے ہیں۔

کبھی گھی گھنا کبھی مُٹھی بھر چنا (اُر۔ مثل) کبھی عیش کبھی دُکھ۔ کبھی امیر کبھی غریب۔ زمانے کا اِنقلاب۔

کبھی گھورے کے دِن بھی پھرتے ہیں (اُر۔ مثل) کبھی زمانہ موافق ہو ہی جاتا ہے۔

کبھی گاڑی ناؤ میں، کبھی ناؤ گاڑی میں (کبھی ناؤ گاڑی پر، کبھی گاڑی ناؤ پر) (اُر۔ مثل) زمانے کے اِنقلاب پر بولتے ہیں۔ کبھی ایسا کبھی ویسا۔

کبھی نہ دیکھا بوریا اور سپنے آئی کھاٹ (اُر۔ مثل) نو دولتیوں کے متعلق کہا جاتا ہے۔

کبھی نہ کبھی (اُر۔ متعلق فعل) (۱) کسی نہ کسی وقت (۲) گاہے گاہے (۳) بھولے بسرے۔

کبھی نہیں (اُر۔ تابع فعل) ہرگز نہیں۔ کسی صورت میں نہیں۔ اِنکار کے موقع پر بولتے ہیں۔

کَبِیدَگی (کَ۔ بی۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) رَنجیدگی۔ آزُردگی۔

کَبِیدَہ (کَ۔ بی۔ دَہ) (ف۔ صف) (۱) رَنجیدہ۔ غمگین۔ ملول۔ آزردہ (۲) شکستہ۔ ٹکڑے کیا ہوا۔

کبیدہ خاطِر (ف۔ صف) رَنجیدہ دِل۔ آزردہ خاطر۔

کَبِیر (کَ۔ بیر) (ع۔ صف) (۱) بڑا۔ بُزرگ۔ جمع: کِبار (۲) ایک خُدا پرست ہندی شاعر کا تخلص جو خُدا تعالیٰ کی وحدانیت کے اَشعار لکھا کرتا تھا۔ بھگت کبیر۔ اُس کی روش صُلحِ کل تھی (۳) (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کے فحش گیت جو ہولی کے موقع پر گائے جاتے ہیں۔

کبیر پنتھی (ہ۔ ا۔ مذ) وہ لوگ جو بھگت کبیر کے مسلک اور اَقوال پر عمل کرتے ہیں۔

کَبِیرَہ (کَ۔ بی۔ رَہ) (ع۔ صف) کبیر کی تانیث۔ جمع: کبائر۔

کَبِیسَر (کَ۔ بی۔ سَر) (ہ۔ صف) بخیل۔ کنجُوس۔ تنگ دِل۔

کَبِیسَہ (کَ۔ بی۔ سَہ) (ع۔ ا۔ مذ) دیکھئے سال کبیسہ۔

کَبِیشَر (کبیشوَر) (کَ۔ بی۔ شَر) (ک۔ بیش۔ وَر) (س۔ ا۔ مذ) مَلِکُ الشُعراء۔ شاعروں کا بادشاہ۔

ک۔ پ

کَپ (بفتحہ اوّل) (ہ۔ ا۔ مذ) لرزہ۔ کانپنا۔ کپکپاہٹ۔ کپکپی۔

کپ (Cup) (انگ۔ ا۔ مذ) پیالہ۔ اُردو جمع: کپ۔ کپوں۔

کپ بورڈ (Cup Board) (انگ۔ ا۔ مذ) نعمت خانہ۔ ڈولی جس میں برتن رکھتے ہیں۔

گَپ (بفتح اوّل) (ہ۔ ا۔ مذ) بھُس کا بورا یا ڈھیر جو بُرج کی شکل کا بناتے ہیں۔

کُپّا (کُپ۔ پا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چمڑے کا چھوٹے مُنہ کا پھُولا ہوا ظرف جس میں گھی یا تیل رکھا جاتا ہے۔ جمع: کپّوں۔ کپّے (۲) (صف) موٹے جسم کا۔ فربہ (۳) پھُولا ہوا۔ سُوجا ہوا۔

کُپّا ایسا پھُولا بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) غُصّے میں بھرا ہونا۔ سُوجا پھُولا بیٹھا ہونا۔

کُپّا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) پھُول جانا (پھُول کر کُپّا ہو جانا بولتے ہیں)۔ سُوج جانا (۲) نہایت موٹا اور فربہ ہو جانا (۳) خفا ہو جانا۔

کَپاٹ (کَ۔ پاٹ) (س۔ ا۔ مذ) دروازہ۔

کَپار (کَ۔ پار) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے کپال۔

کَپاری (کَپالی) (کَ۔ پا۔ ری) (کَ۔ پا۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) گھوڑے کے مُنہ پر باندھنے کی رَسّی۔

کَپاس (کَ۔ پاس) (ہ۔ ا۔ مث) بغیر صاف کی ہوئی رُوئی۔ ایسی رُوئی جس میں بنولے بھی ہوں (۲) رُوئی کا پودا۔

کپاس جس جگہ جائے گی اَونٹی جائے گی (اُر۔ مثل) مزدور کو ہر جگہ بوجھ اُٹھانا پڑے گا۔

کَپاسی (اُر۔ صف) کپاس سے منسوب۔ ہلکا زرد رنگ۔ (پن) کپاہی۔

کَپال (کَ۔ پال) (س۔ ا۔ مث) (۱) کھوپڑی۔ کاسہ سر (۲) شوجی کا لقب (۳) ماتھا۔ پیشانی (۴) قسمت۔ نصیب۔ بھاگ (۵) بنگالی ہندوؤں کی ایک ذات۔

کپال کِریا (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہندوؤں کی ایک رَسم۔ جب چتا میں لاش جل چکتی ہے تو بیٹا اُس کی کھوپڑی پھوڑ کر اُس میں گھی ڈالتا ہے (۲) مُردے کی کھوپڑی پھوڑنا۔

کپتان (کپ۔ تان) (انگ Captain کا مورّد۔ ا۔ مذ) فوج، پولیس یا جہاز کا بڑا اَفسر۔ جمع: کپتان۔ کپتانوں۔

کَپَٹ (کَ۔ پَٹ) (س۔ ا۔ مث) دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ چھل۔ کھوٹ (۲) بُغض۔ عداوت۔ دُشمنی (۳) کینہ۔ نفاق۔ کدُورت۔

کپٹ رکھنا (اُر۔ محاورہ) حسد رکھنا۔ کینہ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ کدُورت رکھنا۔

کَپَٹی (کَ۔ پَ۔ ٹی) (س۔ صف) دغا باز۔ فریبی۔ مکّار۔ کینہ ور۔ حاسِد۔ دُشمن۔ بَیری۔ بدخواہ۔ مُنافق۔ کدُورت رکھنے والا۔

کپٹی کی پریت۔ مرن کی رِیت (اُر۔ مثل) کینہ ور کی دوستی میں ہمیشہ خطرہ ہی خطرہ ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُپچہ (کُپ۔چہ)(ق۔ا۔مث) صدری۔

کَپڑ (کَ۔پَڑ)(ہ۔ا۔مذ) کپڑا کا مخفف۔

کپڑپھول (کپڑ ڈھول) (ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ کریب (۲) ساڑھی کا ایک خاص قسم کا کپڑا جس پر سنہرے اور روپہلے پھول بنے ہوتے ہیں۔

کپڑچھن (چھان) (ہ۔صف) کپڑے کا چھنا ہوا۔ باریک اور میدہ سا چھنا ہوا۔

کپڑکوٹ (اُر۔ا۔مذ) ڈیرا۔ خیمہ۔ تنبو۔

کپڑگند (ہ۔ا۔مث) کپڑے کے جلنے کی بو۔

کَپڑا (کَپ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پارچہ (۲) لباس۔ پوشاک۔ جامہ۔ جمع: کپڑوں۔ کپڑے۔

کپڑا اوڑھنا (اُر۔محاورہ)(۱) کپڑا اُوپر لینا۔ کپڑے سے اپنے آپ کو ڈھانپنا (۲) سر پر دوپٹا ڈالنا۔

کپڑا بُننا (اُر۔مص مُرکّب) کپڑا تیار کرنا۔

کپڑا پہننا (اُر۔مص مُرکّب) لباس پہننا۔

کپڑا پہنیے جگ بھاتا۔ کھانا کھایئے من بھاتا (اُر۔مثل) لباس عام پسند کا پہننا چاہیے اور خوراک اپنی پسند کی کھانی چاہیے۔

کپڑا چل جانا (اُر۔محاورہ) کپڑے کا پھٹ جانا۔ کپڑے کا مسک جانا۔

کپڑا نہ لتّا مِسّی ملے البتّہ (پان کھائے البتّہ) (اُر۔مثل) مفلسی میں زیب و زینت کی ہوس۔

کَپڑَوتی (کَپ۔ڑَو۔تی)(ہ۔ا۔مث)(۱) کپڑے پر مٹی لتھیڑ کر کسی برتن پر لپیٹنا۔ گل حکمت (۲) کپڑچھن۔ ت کی بجائے ٹ سے بھی بولا جاتا ہے۔ کپڑوٹی۔

کپڑوتی کرنا (اُر۔محاورہ) گل حکمت کرنا (۲) کپڑے میں چھاننا۔ کپڑچھن کرنا۔

کَپڑوں (ہ۔ا۔مذ) کپڑا کی جمع۔

کپڑوں سے ہونا (کپڑوں کا آنا) (اُر۔محاورہ) حیض آنا۔

کپڑوں میں نہ سمانا (اُر۔محاورہ) خوشی کے مارے اَزحد پھول جانا۔

کُپڑھ (کُ۔پَڑھ)(ہ۔صف) اَن پڑھ۔

کَپڑے (کَپ۔ڑے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کپڑا کی جمع (۲) کپڑا کی مغیرہ صورت۔

کپڑے آنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے کپڑوں سے ہونا۔

کپڑے اُتارنا (اُر۔محاورہ)(۱) لباس بدلنا (۲) کپڑے چھین لینا (۳) ننگا ہونا۔ ننگا کر دینا (۴) بے عزت کرنا۔ عیب لگانا۔

کپڑے بسانا (اُر۔محاورہ) لباس میں خوشبو لگانا۔ عطر لگانا۔

کپڑے پھاڑ کے نکل جانا (اُر۔محاورہ) دیوانہ ہو کر بھاگ جانا۔

کپڑے پہننا (اُر۔مص مُرکّب) لباس زیب تن کرنا۔

کپڑے پہنانا (اُر۔مص مُرکّب) لباس پہنانا۔

کپڑے پکسنا (اُر۔محاورہ) کپڑوں میں بھٹے پڑ جانا۔

کپڑے چِکٹ ہونا (اُر۔محاورہ) کپڑے گندے ہونا، میلے ہونا۔

کپڑے چھڑانا مشکل ہو جانا (اُر۔محاورہ) رہائی پانا مشکل ہو جانا۔ خلاصی پانا دُشوار ہو جانا۔

کپڑے گُوہ کر دینا (اُر۔محاورہ) کپڑوں کو بہت میلا کر دینا۔

کَپکپانا (کَپ۔کَ۔پا۔نا)(ہ۔مص) تھرتھرانا۔ لرزنا۔ لرزہ براندام ہونا۔

کَپکپاہَٹ (کپکپی) (کَپ۔کَ۔پا۔ہَٹ)(کَپ۔کَ۔پی)(ہ۔ا۔مث) لرزہ۔ تھرتھری (۲) گھبراہٹ۔

کپکپی چھوٹنا (لگنا) (اُر۔محاورہ) کانپنا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا۔ خوف یا جاڑے بخار کے باعث کانپنے لگنا۔

کَپُوت (کَ۔پُوت)(ہ۔ا۔مذ) نالائق بیٹا۔ بُرا اور بد چلن لڑکا۔ جمع: کپوت۔ کپوتوں۔

کپوت بیٹا مرا بھلا (ہ۔مثل) نالائق بیٹے کا مرنا بہتر ہے۔

کَپُور (کَ۔پُور)(ہ۔ا۔مذ) کافور۔

کپور کچری (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ جو گوشت کو گلاتی ہے اور دواؤں میں اِستعمال ہوتی ہے۔

کَپُورا (کَ۔پُو۔را)(ہ۔ا۔مذ) خصیہ۔ بیضہ خصوصاً بکرے یا مینڈھے کا۔ جمع: کپوروں۔ کپورے۔

کَپُوری (کَ۔پُو۔ری)(ہ۔صف)(۱) کافور کی طرح سفید اور خوشبودار۔ کافوری (۲)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پان (۳) ایک رنگ۔

کَپول (کَ۔پول)(س۔ا۔مذ) گال۔

کُپّی (کُپ۔پی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹا کپا (۲) چھوٹی سی چرمی شیشی (۳) بارود رکھنے کا ظرف۔ جمع: کپیاں۔ کپیوں۔

ک۔ت

کِت (بالکسر)(ہ۔تابع فعل) کِدھر؟ کس طرف؟ کہاں؟

کَت (بفتح اوّل)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے کد مع مُرکّبات۔

کِتّا (کِت۔تا)(ہ۔صف) دیکھئے کتنا۔

کَتّا (ق۔ا۔مذ)(۱) گنڈاسا۔ قصائیوں کا بڑا چھرا (۲)(بفتحہ اوّل) ایک قسم کی تلوار۔

کُتّا (کُت۔تا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سگ۔ کلب۔ ایک مشہور جانور (۲) ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں کو چمٹ جاتی ہے (۳) بندوق کا گھوڑا (۴) رہٹ کی لکڑی (۵) گھڑی کا پرزہ (۶)(صف)(کنایۃً) کمینہ۔ پاجی۔ ذلیل۔ جمع: کتوں۔ کتّے۔

کُتّا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے (اُر۔مثل) گھر کی صفائی جب جانور پسند کرتے ہیں تو انسان کو تو سب سے زیادہ خیال رکھنا چاہیے۔

کُتّا دیکھے گا نہ بھونکے گا (اُر۔مثل) نہ لالچی کو مال کی خبر ہوگی نہ نقصان پہنچائے گا۔ یعنی دیکھنے سے اِنسان کی ہوس بڑھتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُتا راج بٹھایا اور چکّی چاٹنے آیا (اَر۔ مثل) کمینہ آدمی اعلیٰ رُتبے پر پہنچ کر اپنے رُتبے کا لحاظ نہیں رکھتا بلکہ اپنی جبلّی عادت کی طرف رجوع کرتا ہے۔

کُتا گھاس (اَر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی گھاس جو اپنے خاروں کی وجہ سے چمٹ جاتی ہے۔

کِتاب (ع۔ ا۔ مث) (۱) نوشتہ۔ نامہ (۲) پوتھی (۳) جلد۔ نُسخہ (۴) رسالہ (۵) (اَر۔ ا۔ مث) بہی۔ رجسٹر۔ بیاض۔ جمع: کُتُب۔ اَر جمع: کتابوں۔ کتابیں۔

کتابِ آسمانی (کتابِ اِلٰہی) (ع۔ ا۔ مث) وہ کتاب جو کسی پیغمبر کے وسیلے سے خُدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہو۔ قرآن شریف۔ توریت۔ زبُور۔ انجیل۔

کتاب بیِن (ع۔ ف۔ صف) کتاب پڑھنے والا۔

کتاب پر چڑھانا (اَر۔ محاورہ) رجسٹر میں درج کرنا۔ بہی میں لکھنا۔ کھاتے میں اُتارنا۔ نوٹ کر لینا۔

کتابِ حوالہ (ع۔ ا۔ مث) حوالے کی کتاب۔ ایسی کتاب جس سے تصنیف و تالیف میں مدد لی جاتی ہے۔ (Reference Book)۔

کتاب خانہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے کتب خانہ۔

کتابِ رُوداد (ع۔ ف۔ ا۔ مث) کسی جلسے کی کارروائی لکھنے کی کتاب۔ (Minute Book)۔

کتاب فروش (ع۔ ف۔ صف) دیکھئے کتب فروش۔

کتاب کا کیڑا (اَر۔ ا۔ مذ) وہ کیڑا جو کتابوں کو چاٹ جاتا ہے۔ کِرمِ کتابی (۲) (مجازاً) وہ شخص جو ہر وقت کتاب بینی میں مشغول رہتا ہو۔

کتابِ مجید (مُقدّس۔ ہُدیٰ) (ع۔ ا۔ مث) بزرگ کتاب۔ الہامی کتاب۔ قرآن مجید۔

کتاب و سُنّت (ع۔ ا۔ مث) قرآن مجید اور احادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم۔

کِتابت (ک۔ تا۔ بت) (ع۔ ا۔ مث) تحریر۔ لکھائی۔ نوشت۔ کاپی نویسی۔ محرری۔ نقل نویسی۔ خوش نویسی (۲) کاتب کا کام یا پیشہ۔

کتابچہ (ک۔ تاب۔ چہ) (ف۔ ا۔ مذ) چھوٹی سی کتاب۔ اُردو جمع: کتابچوں۔ کتابچے۔

کِتابہ (ک۔ تا۔ بہ) (ع۔ ا۔ مذ) دیکھئے کتبہ۔

کِتابی (ک۔ تا۔ بی) (ع۔ صف) (۱) کتاب سے منسوب (۲) بیضوی۔ لمبوترا۔ کتاب کی شکل کا (۳) لکھی ہوئی۔ تحریری۔ یقینی۔ قابلِ وثوق (۴) (ف۔ ا۔ مذ) اَہلِ کتاب۔ یہود و نصاریٰ۔

کتابی چہرہ (رُخ۔ رُو) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) لمبوترا چہرہ۔

کتابی علم (ع۔ ا۔ مذ) وہ علم جو محض کتابوں سے حاصل ہوا ہو مگر تجربہ نہ ہو۔

کتابی کافر (ع۔ ا۔ مذ) اہلِ کتاب ماسوا مسلمانوں کے۔ کافرِ کتابی۔

کِتابیات (کتاب۔ یات) (ع۔ ا۔ مث) کسی خاص مبحث کے متعلق کتابوں کی فہرست۔ ببلیو گرافی۔

کُتارا (کُ۔ تا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا پتلا گنّا جس سے گُڑ، کھانڈ وغیرہ بناتے ہیں (۲) اِیکھ۔

کِتاف (ک۔ تاف) (ع۔ ا۔ مذ) رسّی جس سے پیچھے کی طرف ہاتھ باندھتے ہیں (۲) ہتھکڑی۔

کَتان (کَ۔ تان) (ف۔ ا۔ مث) اَلسی (۲) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا باریک کپڑا جس کی نسبت مشہور ہے کہ چاندنی رات میں ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا ہے۔

کَتانا (کَ۔ تا۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھئے کتوانا۔

کَتائی (کَ۔ تا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کاتنے کا فعل (۲) کاتنے کی اُجرت۔

کُتُب (کُ۔ تُب) (ع۔ ا۔ مث) کتاب کی جمع۔

کتب خانہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کتاب گھر۔ کتابوں کی دُکان۔ بُک ڈپو (۲) لائبریری۔

کتبِ سماوی (ع۔ ا۔ مث) آسمانی کتابیں۔ تورات۔ زبور۔ انجیل۔ قرآن مجید۔

کتب فروش (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) تاجرِ کتب۔ کتابیں بیچنے والا۔ کتاب فروش۔

کُتبہ (کُت۔ بہ) (ع۔ ا۔ مذ) وہ عبارت جو مقابر، مساجد اور سراؤں وغیرہ کے دروازوں پر لکھوا کر یا کُھدوا کر لگا دیتے ہیں۔ کتابہ۔

کَتخُدا (کَت۔ خُ۔ دا) (ف۔ ا۔ مذ) کَت=کد۔ دیکھئے کدخُدا۔

کتخُدائی (کَت۔ خُ۔ دا۔ ای) (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے کدخُدائی۔

کُتر (کَتَّر) (کُ۔ تر) (کَت۔ تر) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کپڑے کی چھانٹن (۲) دھجّی۔

کتر بیونت (اَر۔ ا۔ مث) (۱) کاٹ چھانٹ۔ قطع بُرید (۲) غبن۔ خُورد بُرد (۳) حساب میں کمی بیشی کرنا۔ منہائی۔ وضع (۴) کاٹ پھانس۔ جوڑ توڑ۔ چال (۵) فکر۔ سوچ (۶) سودا سلف یا خرید و فروخت میں خورد بُرد۔

کَترانا (کَت۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) راستے سے بچ کر نکل جانا (۲) بیگانگی اِختیار کرنا (۳) جدا ہو کر چلنا (۴) کنارہ کرنا (۵) گھوم کر جانا (۶) ٹیڑھا چلنا (۷) بچنا۔

کَترن (کَت۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مث) چھانٹن۔ کتری ہوئی دھجّی۔ کترا ہوا ٹکڑا۔

کُترن (کُت۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مث) دانتوں سے کتری ہوئی چیز۔

کَترنا (کَ۔ تر۔ نا) (ہ۔ مص) قطع کرنا۔ چھانٹنا۔ کاٹنا۔ تراشنا (قینچی سے)۔

کُترنا (کُ۔ تر۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دانتوں سے کاٹنا (۲) پرندوں کا چونچ سے کاٹنا (۳) بیچ میں سے رکھ لینا۔

کَترنی (کَ۔ تر۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) قینچی۔ مقراض۔

کترنی سی زبان چلنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے قینچی سی زبان چلنا۔

کَترواں (کَ۔ تر۔ واں) (ہ۔ صف) آڑا۔ ترچھا۔ اَریبواں۔

کترواں چال (اَر۔ ا۔ مث) ٹیڑھی چال۔

کَتروانا (کَ۔ تر۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) قطع کرانا۔ ترشوانا۔ بیونت کرانا۔

کَتروائی (کَ۔ تر۔ وا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) قطع کرانے کی اُجرت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَتِف (**کَتْف**) (کَ۔تِف) (کَتْف) (ع۔ا۔مذ) کندھا۔ شانہ۔ مونڈھا (۲) گائے بکری کے اگلے پیروں کا اُوپر کا حِصّہ جو شانے سے ملا ہوتا ہے جسے قصاب کتیب کہتے ہیں۔

کُتْک (**کُتْکا**) (کُ۔تک) (کُت۔کا) (ہ۔ا۔مذ) ڈنڈا (۲) بھنگ گھونٹنے کا سونٹا۔ مُوسل۔ ڈنڈا۔

کَتَل (کَ۔تَل) (ہ۔ا۔مث) (۱) اینٹ کا ٹکڑا (۲) پتھر کی کرچ (۳) مٹی کے برتن کا ٹکڑا۔ ٹھیکری۔

کتل ترا (ہ۔ا۔مذ) ٹھیکری پانی میں اس طرح پھینکنا کہ پانی پر تیرتی ہوئی نکل جائے۔

کَتْلا (کَت۔لا) (ہ۔ا۔مذ) قتلا۔ پھانک۔ ٹکڑا۔ جمع: کتلوں۔ کتلے۔

کَتْلے (کَت۔لے) (ق۔ا۔مذ) وہ سالن جو چنے کی دال اور ترکاری سے بنایا جاتا ہے۔

کِتْمان (کِت۔مان) (ع۔ا۔مذ) (۱) چُھپاؤ۔ پوشیدگی (۲) حجاب۔ پردہ۔

کِتْنا (کِت۔نا) (ہ۔متعلق فعل) (۱) کِس قدر؟ کِس مقدار کا؟ (۲) کہاں تک؟ کِس درجے تک؟ (۳) چاہے۔ جس قدر۔

کَتْنا (کَت۔نا) (بفتح اول) (ہ۔مص) کاتا جانا۔ رُوئی کا تاگا بنانا۔

کُتْنا (کُت۔نا) (ہ۔مص) اندازہ ہونا۔ تخمینہ ہونا۔

کِتْنے (کِت۔نے) (ا۔متعلق فعل) (۱) کتنا کی جمع (۲) کتنا کی مغیرہ صورت۔

کتنے پانی میں ہے؟ (ا۔محاورہ) (۱) کتنا حوصلہ ہے؟ (۲) کہاں تک دست گاہ ہے؟

کُتْوال (کُت۔وال) (ہ۔ا۔مذ) کوتوال کا مخفف۔ دیکھئے کوتوال۔

کَتْوانا (کَت۔وا۔نا) (ہ۔مص) سُوت تیار کرانا۔ چرخہ چلوانا۔ کسی سے سُوت کاتنے کا کام لینا۔

کَتھا (کَ۔تھا) (س۔ا۔مث) (۱) بیان۔ مقولہ۔ بات (۲) قِصّہ۔ کہانی۔ افسانہ (۳) ذکر۔ روایت (۴) وعظ۔ پند۔ اُپدیش۔ جمع: کتھاؤں۔ کتھائیں۔

کتھا باچنا (ہ۔مص مُرکب) مقدس کتاب کا وعظ سُنانا۔ پندتوں کا شاستر سُنانا۔

کَتّھا (کَتھ۔تھا) (ہ۔ا۔مذ) پان کے ساتھ کھانے والی ایک سیاہی مائل چیز۔

کُتھرا (کُتھ۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سڑاند۔ بساند (۲) ناپاکی۔ گندگی۔

کَتھری (کَتھ۔ری) (ہ۔ا۔مث) پیوند لگا ہوا کپڑا۔ گدڑی (۲) کملی (۳) بستر۔

کَتھک (کَ۔تھک) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ناچنے اور گانے والا لڑکا (۲) گویّوں اور ناچنے والوں کا ایک ہندو فرقہ (۳) راوی۔ قِصّہ گو۔

کَتّی (کَت۔تی) (ہ۔ا۔مث) سُناروں کا ایک اوزار (۲) ایک قِسم کی تلوار۔ نیچہ۔

کُتّی (کُت۔تی) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے کُتیا۔

کُتّے (کُت۔تے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کُتّا کی جمع (۲) کُتّا کی مغیرہ صورت۔

کتے تیرا منہ نہیں، تیرے سائیں کا منہ ہے (ا۔مثل) کسی کمینے کا قصور کسی شریف کی خاطر مُعاف کرتے وقت بولتے ہیں کہ اُس کی خاطر ہے ورنہ خوب سزا دیتے۔

کتے خصّی (**خصی**) (ا۔ا۔مذ) (۱) مُصیبت کی نوکری (۲) فضول کام۔ ذلیل کام (۳) آوارہ گردی۔

کتے خصی میں کون پڑے (ا۔مثل) جھگڑے سے الگ رہنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

کتے کا بھیجا کھانا (ا۔محاورہ) بکواس کرنے اور برابر بولے جانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کتے کا رونا (ا۔مص مُرکب) کُتے کا ایک خاص انداز سے بولنا جسے عام طور پر منحوس سمجھا جاتا ہے۔

کتے کا کاٹا (ا۔ا۔مذ) کُتے کے کاٹنے کا زخم۔

کتے کا کتا بیری (ا۔مثل) ہر جنس کا دُشمن اُسی کی جنس کا ہوتا ہے۔

کتے کا کفن (ا۔ا۔مذ) (حقارتاً) نہایت جھرجھرا موٹے سُوت کا اور نکما کپڑا۔ دھوتر۔

کتے کو گھی نہیں پچتا (ا۔مثل) کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا۔ کمینے کو سمائی نہیں ہوتی۔

کتے کی دُم (ا۔صف) کج فہم۔ نااہل۔ بد طینت۔ جس پر صحبت کا اثر نہ ہو۔

کتے کی دُم کو بارہ برس نلکی میں رکھا پھر دیکھا تو ٹیڑھی کی ٹیڑھی (**کتے کی دُم موئے پر بھی ٹیڑھی**) (ا۔مثل) جس کی فطرت بُری ہو وہ تربیت سے دُرست نہیں ہوتا۔

کتے کی سی ہُڑک اُٹھنا (ا۔محاورہ) کسی بُری بات کا کبھی کبھی اچانک خیال آجانا۔

کتے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے (ا۔مثل) جب آدمی کی شامت آتی ہے تو دانستہ خطرناک کام کرتا ہے۔

کتے کی موت مرنا (ا۔محاورہ) بُرے حالوں مرنا۔ ذلیل حالت میں جان دینا۔ حرام موت مرنا۔

کتے کے بھونکنے سے ہاتھی نہیں ڈرتا (ا۔مثل) ذلیل اور کمینے لوگوں کی دھمکی کی شریف لوگ پروا نہیں کرتے۔

کتے کے پاؤں جا اور بلّی کے پاؤں آ (ا۔مثل) تیز جا اور تیز آ۔ جلد جا کر جلد واپس آنا۔

کتے گھسیٹنا (ا۔محاورہ) ذلیل کام کرنا (۲) زندگی رکھنا۔

کتے لوٹنا (واو مجہول) (ا۔محاورہ) ویران ہونا۔ اُجڑنا۔

کُتیا (کُت۔یا) (ہ۔ا۔مث) کُتّا کی تانیث۔ کُتی۔ جمع: کتیاں۔ کتیوں۔

کتیا چوروں مل گئی پہرا دیوے کون؟ (ا۔مثل) جب اپنے ہی دُشمن ہو جائیں تو پھر ساتھ کون دے۔

کُتیا کا پلّا (ا۔ا۔مذ) (۱) کُتیا کا بچّہ (۲) ادنیٰ آدمی (۳) حرامی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُتیا کے چھنالے میں پکڑا جانا (پھنسنا) (اُر۔ محاورہ) اور کی بلا میں پھنسنا۔ دُوسرے کے جُرم میں گرفتار ہونا۔ مُفت میں بدنام ہونا۔

کَتیرا (کَ۔تی۔را)(ہ۔ا۔مذ) لوہا کترنے کا ایک آہنی اوزار۔

کَتیرہ (کَ۔تی۔رَہ)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا گوند۔

ک۔ٹ

کُٹ (بضمِ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) ایک دوا (۲) کُٹی کا کاغذ (۳) دھات (۴) زدوکوب۔ مار پیٹ (۵) الگ۔ القطع۔ جُدا۔ کُٹی۔ انگوٹھے کے ناخن کو اُوپر کے دانت سے بجانے کی آواز جو بچّوں میں دوستی قطع کرنے کی علامت ہوتی ہے۔

کُٹ بدّیا (ہ۔ا۔مث) زدوکوب۔ گوشمالی۔

کُٹ (کُٹّی) کرنا (اُر۔مص مُرکّب) دوستی ترک کرنا۔ ملاقات چھوڑنا۔

کَٹ (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) کاٹ کا مُخفّف (۲)(ا۔مذ) سیاہ رنگ جس سے چھینٹ چھاپتے ہیں (۳) کر۔ مَطلب (۴)(فعل) کٹنا مصدر سے صیغہ اَمر۔

کَٹ جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) دو ٹکڑے ہو جانا۔ زخم لگ جانا۔ ترش جانا (۲) بارش کے سبب راستے میں گڑھے پڑ جانا (۳) شرمندہ ہو جانا۔ خجل ہو جانا (۴) گُزر جانا۔ بسر ہونا (۵) علیحدہ ہو جانا (۶) قتل ہو جانا (۷) رنگ اُڑ جانا (۸) منہا ہو جانا (۹) فصل کا صاف کیا جانا (۱۰) ہار جانا (۱۱) خارج ہو جانا۔

کَٹ حُجّتی (اُر۔صف) خواہ مخواہ حُجّت کرنے والا۔

کَٹ حُجّتی (اُر۔ا۔مث) بے جا حُجّت۔

کَٹ کَٹ جانا (اُر۔ محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا۔ شرم کے مارے مر مر جانا۔

کَٹ کَٹ کے مرنا (اُر۔ محاورہ) خُوب جان توڑ کر لڑنا۔ نہایت بہادری سے لڑنا۔

کَٹ کھنا (اُر۔صف)(۱) کاٹ کھانے والا۔ مُنہ مارنے والا (۲)(مجازاً) بدمزاج۔ تُندخو۔ جمع: کٹ کھنے۔ کٹ کھنوں۔

کَٹ کھنی (اُر۔صف) کٹ کھنا کی تانیث۔

کَٹ کھنے (اُر۔ا۔مذ)(۱) کٹ کھنا کی جمع (۲) عادت۔ چھن۔ ڈھنگ (۳) نمونہ۔ خاکہ (۴) حرفوں کی وہ شکل جو اُستاد بچّوں کو لکھنا سکھانے کے لئے تختی پر نقطے لگا کر لکھ دیتا ہے تاکہ بچّے اُن پر قلم پھیر کر لکھ سکیں۔

کَٹ مرنا (اُر۔ محاورہ) لڑ کر مر جانا۔

کَٹ مستا (اُر۔ا۔مذ)(۱) بدمست۔ بے فکرا (۲) موٹا (۳) طاقت وَر۔

کَٹّا (کَٹ۔ٹا)(ہ۔صف)(۱) سخت۔ پکّا۔ مضبوط (۲) طاقت وَر۔ ہٹا کٹا۔ زور آور (۳)(ا۔مذ) موٹی جُوں (۴)(پن) بھینس کا بچّہ۔

کُٹّا (کُٹ۔ٹا)(ہ۔ا۔مذ) پَر اُکھاڑا ہوا کبوتر۔ پَرکٹا کبوتر۔

کُٹّا دینا (اُر۔ محاورہ) پَر کٹے کبوتر کو اِس غرض سے جنبش دینا کہ اُسے دیکھ کر دُوسرے کبوتر آئیں۔

کَٹا (کَ۔ٹا)(ہ۔صف)(۱) کٹا ہوا (۲)(فعل) کٹنا مصدر سے ماضی مطلق۔

کٹا جانا (اُر۔ محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا۔

کٹا چھنی (اُر۔ا۔مث) نوک جھونک۔ دُشمنی۔ مار پیٹ۔

کَٹار (کَ۔ٹار)(ہ۔ا۔مث) خنجر۔ نیمچہ۔ پیش قبض (۲) ایک درندہ جو نیولے سے مشابہ ہوتا ہے۔ جمع: کٹاروں۔ کٹاریں۔

کُٹار (کُ۔ٹار)(ہ۔ا۔مذ) چھوٹا گھوڑا۔ شریر ٹٹو۔

کٹارا (کَ۔ٹا۔را)(ہ۔ا۔مذ) ایک پودے کا نام جو دواؤں میں کام آتا ہے۔

کٹاری (کَ۔ٹا۔ری)(ہ۔ا۔مث) کٹار کی تصغیر۔ چھوٹا خنجر (۲) خنجر کی شکل کے نشان جو ریشمی گلبدن یا لنگی وغیرہ پر ہوتے ہیں۔ جمع: کٹاریاں۔ کٹاریوں۔

کٹاری کی کوڑی (اُر۔ا۔مث) وہ موٹی نوک جو کٹاری کے سِرے پر ہوتی ہے۔

کٹاریا (کَ۔ٹار۔یا)(اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں۔

کٹانا (کَ۔ٹا۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے کٹوانا۔

کٹاؤ (کَ۔ٹا۔او)(ہ۔ا۔مذ) تراش خراش۔ کٹائی (۲) گلکاری (۳) زخم۔

کٹاؤ کرنا (اُر۔ محاورہ) زخم لگانا۔ کاٹ کرنا۔

کُٹائی (کُ۔ٹا۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) کُوٹنے کا فعل (۲) کُوٹنے کی اُجرت۔

کَٹائی (کَ۔ٹا۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) کٹنے کا عمل (۲) کٹوانے کی اُجرت (۳) فصل اُٹھانے کا موسم۔

کٹ پیس (Cutpiece)(پاکستانی انگ۔ا۔مذ) کپڑے کے تھانوں کے ٹکڑے۔

کَٹّی کَٹّی باتیں (اُر۔ا۔مث) طعنے کی باتیں۔ جلی کٹی باتیں۔

کَٹّی کہنا (اُر۔ محاورہ) بُرائی کرنا۔ کسی کے خلاف کہنا۔

کَٹّر (کَٹ۔ٹَر)(ہ۔صف)(۱) سنگ دل۔ سخت دل (۲) بے وفا۔ بے مُروّت۔ طوطا چشم۔

کَٹْرا (کَٹ۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) احاطہ۔ چھوٹا سا کوچہ (۲) منڈی۔ چوک۔ چھوٹا سا بازار (۳) بھینس کا نر بچّہ (۴) کاٹھ کا کُندا۔ ر کی بجائے ڑ بھی مستعمل ہے۔

کَٹُر کُٹُر (کَ۔ٹَر۔کَ۔ٹَر)(کُ۔ٹُر۔کُ۔ٹُر)(ہ۔ا۔مث) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز۔

کَٹْری (کَٹ۔ری)(ہ۔ا۔مث) کٹرا کی تانیث (۱) دریا کے کنارے کی زمین (۲) بھینس کا مادہ بچّہ (۳) چھوٹا سا احاطہ۔ ر کی جگہ ڑ بھی بولی جاتی ہے۔

کَٹ سُوئی (ق۔ا۔مذ) ایک پرندہ۔

کٹک (کَ۔ٹک)(ہ۔ا۔مذ) لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔

کٹکٹانا (کِٹ۔کِ۔ٹا۔نا)(کَٹ۔کَ۔ٹا۔نا)(ہ۔مص)(۱) دانتوں کا آپس میں رگڑنا (۲) دانت پیسنا۔ کسی پر غُصّہ کرنا (۳) حیوانات کو جلد جلد چلانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کٹکٹی (کٹ۔کٹ۔ی)(ہ۔ا۔مث) دانت پیسنے کا عمل (۲) تکلیف۔ رَنج۔ (۳)(ق) ڈبکی۔

کٹکنا (کٹکنہ) (کٹ۔کَ۔نا) (کٹ۔کَ۔نہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دیکھیے کٹ کھنے نمبر ۲ اور ۳ (۲) اجارہ۔ پٹا (۳)(صف) چالاک۔ منصوبہ ساز۔

کٹکنہ دار (اَر۔صف) زمیندار کا پٹا یا ٹھیکا رکھنے والا۔ ٹھکی کا شکار۔

کٹکنہ دینا (اَر۔محاورہ) زمیندار کا کسی کو ٹھیکا یا پٹا دینا۔

کٹکی (کُٹ۔کی)(ہ۔ا۔مث) ایک کالے رنگ کی گرہ دار کڑوی دوا (۲) ڈور پر دانتوں کا لگایا ہوا نشان جس سے وہ ٹوٹ جاتی ہے۔

کٹکی دینا (کٹکی لگانا) (اَر۔محاورہ) ڈور پر دانتوں کا نشان ڈالنا۔

کٹ گر (کٹ گھر)۔ دیکھیے کٹھ گھر۔

کٹ گلاس (Cut Glass) (انگ۔ا۔مذ) ایک عمدہ قسم کا مضبوط گلاس۔ نقشین گلاس۔

کٹلری (Cutlery) (انگ۔ا۔مث) چھری، کانٹا، چاقو وغیرہ (۲) ان چیزوں کی دکان یا کارخانہ۔

کٹلس (کٹ۔لس) (انگ Cutlet کا مُوَرّد۔ا۔مذ) گوشت کا بھونا ہوا یا اُبالا ہوا ٹکڑا۔

کٹم (کٹمب) (کُ۔ٹم) (کُ۔ٹمب) (ہ۔ا۔مذ) کنبہ۔ گھرانا۔ خاندان۔ رشتے داری۔

کٹنا (کٹ۔نا)(ہ۔مص) (۱) تراشا جانا۔ قلم ہونا (۲) زخم لگنا (۳) الگ ہونا (۴) شرمندہ ہونا (۵) بیتنا۔ بسر ہونا (۶) راستہ طے ہونا (۷) رنگ اُڑنا (۸) منہا ہونا (۹) کھیت میں درانتی پڑنا (۱۰) حسد کرنا (۱۱) ذلت ہونا (۱۲) خارج ہونا (۱۳) روپیہ خرچ ہونا (۱۴) پانی کے زور سے زمین کا بہہ جانا (۱۵) پتنگ کا کٹ جانا (۱۶) قلم زد ہونا (۱۷) وقت بسر ہونا (۱۸) بچھڑنا۔ راہ جدا ہونا۔

کُٹنا (کُٹ۔نا)(ہ۔ا۔مذ) (۱) دیوث۔ بھڑوا۔ قرمساق (۲)(ہ۔مص) کوٹا جانا (۳) مار کھانا۔ پٹنا۔

کٹناپا (کُٹ۔نا۔پا)(ہ۔ا۔مذ) بھڑواپن۔ دیوثی۔ قرمساقی۔

کٹنی (کُٹ۔نی)(ہ۔ا۔مث) (۱) دلالہ۔ نائکہ (۲)(صف) عیارہ۔ عورتوں کو ورغلانے والی۔ جمع: کٹنیاں۔ کٹنیوں۔

کٹواں (کٹ۔واں)(ہ۔صف) (۱) تراشیدہ۔ تراشا ہوا (۲)(ا۔مذ) سود جو ماہانہ کم یا زیادہ کر کے لیتے ہیں (۳) کٹا ہوا پانی جو نالی کے ذریعے پہنچتا ہے۔

کٹوانا (کٹ۔وا۔نا)(ہ۔مص) کسی سے کاٹنے کا کام لینا۔

کُٹوانا (کُٹ۔وا۔نا)(ہ۔مص)(۱) کسی سے کوٹنے کا کام لینا (۲) پٹوانا۔

کٹوائی (کٹ۔وا۔ای)(ہ۔ا۔مث) کٹائی۔ کٹوانے کی اجرت۔

کٹوتی (کَ۔ٹو۔تی)(ہ۔ا۔مث) بٹا۔ دستوری۔ منّی کاٹا۔ مجرائی۔ منہائی۔ کمیشن۔

کٹورا (کَ۔ٹو۔را)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پانی پینے کا تانبے یا پیتل کا پیالہ (۲) پورا کھلا ہوا پھول۔ جمع: کٹوروں۔ کٹورے (۳)(ہ۔صف) آباد۔ معمور۔

کٹورا بجنا (کھنکنا) (کھ۔نک۔نا) (اَر۔محاورہ) (۱) رونق ہونا۔ شہر کا آباد ہونا (۲) گرم بازاری ہونا۔

کٹورا پھرانا (دوڑانا) (اَر۔محاورہ) منتر یا کسی عمل کے زور سے چور کو معلوم کرنے کے لئے کٹورے میں ناموں کی پرچیاں رکھ کر مشتبہ لوگوں کے نام لے لے کر پھرانا۔

کٹورا سی آنکھیں (اَر۔ا۔مث) بڑی بڑی، گول گول آنکھیں۔

کٹوردان (کَ۔ٹور۔دان)(ہ۔ا۔مذ) ڈھکنے والا پیتل کا برتن۔

کٹوری (کَ۔ٹو۔ری)(ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹا کٹورا۔ پیالی (۲) انگیا کا وہ حصّہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں۔ غلافِ پستان۔ جمع: کٹوریاں۔ کٹوریوں۔

کٹول (کَ۔ٹول)(س۔ا۔مذ) نیچ ذات کا آدمی۔ چنڈال۔

کٹول (کَ۔ٹول)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت۔

کٹھ (بفتحہ اول و سکونِ دوم)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کاٹھ کا مخفف۔ لکڑی۔ چوب۔ مرکبات میں بطور سابقہ مستعمل ہے (۲) محنت۔ مشقت۔ ریاضت۔

کٹھ پتلی (ہ۔ا۔مث)(۱) کاٹھ کی مورتی۔ لکڑی کا ایک کھلونا (۲) نازک لڑکی (۳)(صف) بے اختیار شخص۔ بے بس آدمی۔ دوسرے کے اشاروں پر چلنے والا آدمی۔ جمع: کٹھ پتلیاں۔ کٹھ پتلیوں۔

کٹھ پھوڑا (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے کھٹ بڑھئی۔

کٹھ گھر (کٹھ گھرا) (ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا جنگلا جو حفاظت کے لئے مکان کے گرد بنا دیتے ہیں۔ نیز دیکھیے کٹہرا نمبر ۱۔۲۔

کٹھ گلاب (اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا گلاب۔

کٹھ مُلّا (اَر۔ا۔مذ) جاہل مولوی۔ متعصب و دقیانوسی مولوی۔

کٹھا (کٹھ۔ٹھا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پانچ سیر غلّے کا پیمانہ (۲) ایک درخت (۳) زمین کا ایک پیمانہ جو بیگھے کا بیسواں حصّہ ہوتا ہے۔

کٹھالی (کُ۔ٹھا۔لی)(ہ۔ا۔مث) چاندی سونا گلانے کی پیالی جو کھریا مٹی اور روئی کو کوٹ کر بنائی جاتی ہے (۲) وہ گڑھا جس میں دھان کوٹتے ہیں۔ جمع: کٹھالیاں۔ کٹھالیوں۔

کٹھالی کرنا (ہ۔محاورہ)(۱) سونا چاندی گلانا (۲) مُردے کو جلانا۔

کٹہرا (کَ۔ٹہ۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لوہے یا لکڑی کا جنگلا (۲) درندوں کے رکھنے کا لکڑی کا پنجرا (۳) عدالتوں میں لکڑی کا وہ جنگلا جس میں ملزم اور گواہ کھڑے ہوتے ہیں۔ جمع: کٹہروں۔ کٹہرے۔

کٹھرا (کٹھڑا) (کٹھ۔را) (کٹھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا بڑا اور چوڑا ظرف۔ چوبی ناند (۲) منڈی۔ چھوٹا بازار۔ محلّہ۔

کٹھل (کَ۔ٹھل)(ہ۔ا۔مذ) ایک پھل جس کے اوپر کانٹے ہوتے ہیں۔

کٹھلا (کٹھ۔لا)(ہ۔ا۔مذ) ہنسلی (گلے کا ایک زیور)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُٹھلا (کُٹھ۔لا)(ہ۔ا۔مذ) اناج کا گودام (۲) چُونے کا بھٹا (۳) کان کی ہڈی۔

کَٹھن (کَ۔ٹھن)(س۔صف) (۱) سخت۔ دُشوار (۲) تکلیف دِہ۔ بے لچک۔ مُشکل (۳) دُشوار گزار۔ (اُردو میں بفتحِ دوم بھی مستعمل ہے)۔

کَٹھنائی (کَٹھ۔نا۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) سختی۔ دُشواری (۲) مُشکل۔ تکلیف۔ دُکھ۔ مُصیبت۔ جمع: کٹھنائیاں۔ کٹھنائیوں۔

کَٹھور (کَ۔ٹھور)(واو مجہول)(س۔صف) سنگ دِل۔ بے رحم۔ سخت۔ کڑا۔ بے حِس۔ ظالم۔

کَٹھور پن (ہ۔ا۔مث) سنگ دِلی۔ ظلم۔ بے رحمی۔ سختی۔ بے حسی۔

کَٹھیا (کَٹھ۔یا)(ہ۔صف)(۱) سخت۔ کڑا (۲) ایک قسم کا سخت چھلکے والا بادام (۳) ایک قسم کا گیہوں۔

کُٹھیا (کُٹھ۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) کوٹھی کی تصغیر۔ غلّہ رکھنے کا مٹی کا بڑا برتن (۲) اَناج کی کوٹھڑی۔

کَٹی (کَ۔ٹی)(ہ۔صف) کٹا کی تانیث۔ کٹی ہوئی۔

کَٹی اُنگلی پر نہ مُوتنا (اَر۔محاورہ) کسی کا ذرا سا کام بھی نہ کرنا۔ ذرا مدد نہ کرنا۔ (پیشاب انٹی سپٹک ہے)۔

کُٹّی (کُٹ۔ٹی)(ہ۔ا۔مث)(۱) گنڈاسے سے باریک باریک کٹا ہوا چارا (۲) پانی میں گلایا ہوا کاغذ (۳) پر کٹا کبوتر (۴) دیکھیے "کُٹ" نمبر ۵۔

کُٹّی کرنا (اَر۔محاورہ) دیکھیے کُٹ کرنا۔

کُٹیا (کُٹ۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) درویشوں یا زاہدوں کی جھونپڑی (۲) مڑھی۔ سادھ۔ "کُٹی" بھی مستعمل ہے۔ جمع: کٹیاؤں۔ کٹیائیں۔

کَٹے (کَ۔ٹے)(ہ۔صف)(۱) کٹا کی جمع (۲) کٹا کی مغیّرہ شکل۔

کَٹے پر نمک چھڑکنا (کٹے پر نون لگانا) (اَر۔محاورہ) دُکھ میں اور دُکھ دینا۔ جلے کو اور جلانا۔

کَٹے جانا (اَر۔محاورہ) دیکھیے کٹا جانا۔

کَٹیا (کَٹ۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) دودھ رکھنے کا مٹی کا برتن (۲) مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ چھوٹا ٹک (۳) بھینس کا مادہ بچّہ۔ جوان بھینس۔

کَٹَیا (کَ۔ٹَی۔یا)(ہ۔امث)(۱) ایک خاردار بُوٹی (۲) ایک قسم کی موٹی گھاس (۳)(صف) کاٹنے والا۔ قصاب۔

کَٹیلا (کَ۔ٹی۔لا)(ہ۔صف)(۱) خاردار۔ نوک دار (۲) دِل میں کھُبنے والا۔ دِل رُبا (۳) زہریلا۔ قاتل (۴) تیز۔ آبدار (۵) چالاک (۶) بہادُر۔

کَٹیلی (کَ۔ٹی۔لی)(ہ۔صف) کٹیلا کی تانیث۔

ک۔ث

کَثافت (کَ۔ثا۔فت)(ع۔ا۔مث) گاڑھا پن۔ گھنا پن۔ موٹائی (۲) غلاظت۔ نجاست۔

کثافت پیما (ع۔ف۔ا۔مذ) کثافت کو ناپنے والا آلہ۔

کَثرت (کَث۔رت)(ع۔ا۔مث) (۱) زیادتی۔ افراط۔ بُہتات (۲) (مجازاً) اَنبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ جُھرمٹ۔

کثرتِ رائے (ع۔ا۔مث) لوگوں کی رائے کا کسی اَمر کی طرف زیادہ ہونا۔

کَثیر (کَ۔ثیر)(ع۔صف) بہت۔ زیادہ۔ اِفراط سے۔ بے شمار۔

کثیرُالاَضلاع (کَ۔ثی۔رُل۔اَض۔لاع)(ع۔صف) بہت سے ضِلعوں کی شکل۔ (اقلیدس)۔

کثیرُ العِیال (کثیرُ الاَولاد) (کَ۔ثی۔رُل۔عِ۔یال)(کَ۔ثی۔رُل۔اَو۔لاد) (ع۔صف) وہ شخص جس کی اولاد بہت زیادہ ہو۔ بہت سے بال بچّوں والا۔

کثیرُ العلائق (کَ۔ثی۔رُل۔عَ۔لا۔اِق)(ع۔صف) کثرت سے تعلّقات رکھنے والا۔

کثیرُ المعانی (المعنیٰ) (کَ۔ثی۔رُل۔مَ۔عا۔نی۔مَع۔نا)(ع۔صف) وہ لفظ جس کے بہت سے معنی ہوں۔

کثیرُ المقاصِد (کَ۔ثی۔رُل۔مَ۔قا۔صِد)(ع۔صف) جس میں بہت سے مقاصد شامل ہوں۔

کثیرُ الوقوع (کَ۔ثی۔رُل۔وُ۔قُوع)(ع۔صف) کثرت سے واقع ہونے والا۔

کَثیف (کَ۔ثیف)(ع۔صف)(۱) دبیز۔ گاڑھا (۲) گندہ۔ میلا۔ ناپاک۔

کثیفُ الطّبع (کَ۔ثی۔فُط۔طبع)() میلا آدمی۔ غلیظ آدمی۔ وہ شخص جو پاک صاف نہ رہے۔

ک۔ج

کَج (بفتحۂ اوّل)(ف۔صف) خمیدہ۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ آڑا۔

کج اَخلاق (ف۔ع۔صف) بداَخلاق۔ بدمزاج۔ اَکھڑ۔ رُوکھا۔

کج ادا (ف۔صف) بدخُلق۔ بے مُروّت۔ بے وفا۔ رُوکھا۔ اکھڑ۔

کج ادائی (ف۔ا۔مث) بے مُروّتی۔ بے وفائی۔ بے رُخی۔

کج بحث (ف۔ع۔صف) وہ شخص جو اُلٹی سیدھی بحث کرے۔

کج بحثی (ف۔ا۔مث) نامعقول گفتگو۔ فضول تکرار۔ اُلٹی پُلٹی بحث۔

کج خُلق (ف۔ع۔صف) بدمزاج۔ اکھڑ۔ بے مُروّت۔ بداَخلاق۔ بدخُو۔ بدسرشت۔

کج خُلقی (ف۔ع۔ا۔مث) اکھڑپن۔ بدخوئی۔ بدمزاجی۔

کج دار و مریز (ف۔مثل) پانی سے بھرے ہوئے گلاس کو ٹیڑھا رکھ اور گرنے نہ دے۔ ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی شخص کو تنگ کرنے کے لئے اُسے ناممکن کام کرنے پر مجبور کیا جائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کج رائے (ف۔ع۔صف) وہ شخص جس کی تدبیر اور رائے دُرست نہ ہو۔
کج رفتار (کج رَو) (ف۔صف) ٹیڑھی چال چلنے والا۔ ناہنجار۔
کج روی (ف۔ا۔مث) (۱) ٹیڑھی چال چلنا (۲) اُلٹے راستے پر چلنا۔
کج سَرِشت (کج طبع۔ کج مزاج) (ف۔ع۔صف) بدخو۔ بدطینت۔ بداَخلاق۔
کج فہم (ف۔صف) خود رائے۔ اُلٹی رائے کا۔
کج فہمی (ف۔ا۔مث) ناسمجھی۔ غلط فہمی۔
کج کُلاہ (ف۔صف) (۱) ٹیڑھی ٹوپی والا۔ شاہانِ ایران کا لقب (۲) بانکا (۳) (کنایۃً) معشوق۔
کج کُلاہی (ف۔ا۔مث) بانک پَن۔ خودنُمائی۔
کج مَج بیان (زبان) (ف۔صف) (۱) وہ شخص جس کا کلام فصیح نہ ہو (۲) وہ شخص جو صاف نہ بول سکے۔
کج مدار (ف۔صف) ٹیڑھی چال چلنے والا۔
کج مریز (م۔ریز) (ف۔صف) اِنکار میں درپردہ اقرار کرنے والا۔
کج نظر (ف۔صف) ٹیڑھی نظر والا۔ بدباطن۔
کج نظری (ف۔ا۔مث) ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ بدباطنی۔
کج نہاد (ف۔صف) بدسرشت۔ بُری فطرت والا۔
کُجا (کُ۔جا) (ف۔متعلق فعل) (۱) ”کدام جا“ کا مخفف۔ کہاں؟ کس جگہ؟ (۲) نفی کے واسطے بھی آتا ہے۔
کُجّا (کُج۔جا) (اُر۔ا۔مذ) کوزہ کا بگڑا ہوا۔ دیکھیے کوزہ۔
کُجات (کُ۔جات) (ہ۔صف) کمینی ذات کا۔ کمینہ۔ نیچی قوم کا (۲) غیر ذات کا۔
کجاوہ (کَ۔جا۔وَہ) (ف۔ا۔مذ) اُونٹ کی کاٹھی جس پر دو شخص ایک دُوسرے کے مقابل بیٹھتے ہیں۔ اُردو جمع: کجاوں۔ کجاوے۔
کُجتا (کُج۔تا) (ق۔صف) غمگین۔
کجرا (کَج۔را) (ہ۔ا۔مذ) کاجل۔
کجری (کَج۔ری) (ہ۔ا۔مث) گیت کی ایک قسم جو عموماً ہولی میں گاتے ہیں۔
کجک (کَ۔جَک) (ف۔ا۔مذ) ہاتھی کا آنکس۔
کجکول (کچکول) (کَج۔کول) (کَچ۔کول) (ف۔ا۔مذ) بھیک کی جھولی۔ کشکول۔ بھیک کا ٹھیکرا۔ زنبیل (۲) (مجازاً) وہ بیاض جس میں منتخب اشعار یا مضامین درج ہوں۔
کجلا (کَج۔لا) (ہ۔ا۔مذ) کاجل کی تصغیر۔
کجلانا (کَج۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آگ کا بجھ جانا (۲) سانولا پڑ جانا۔
کجلوٹی (کَج۔لو۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) کاجل کی ڈبیا۔ سُرمہ دانی۔
کجلی (کَج۔لی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کاجل (۲) ہاتھی۔
کجلی بَن (ہ۔ا۔مث) ہاتھیوں کا جنگل۔
کَجی (کَ۔جی) (ف۔ا۔مث) ترچھاپن۔ خمیدگی۔ ٹیڑھاپن۔
کُجّی (کُج۔جی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا کوزہ۔
کُجّی دینا (ہ۔محاورہ) روغنِ قاز ملنا۔ خوشامد کرنا۔

ک۔چ

کچ (بفتحِ اوّل) (ہ۔صف) کچا کا مخفف۔ خام۔
کچ بچ (اُر۔ا۔مذ) چھوٹے بچے۔ کم عمر لڑکے بالے۔
کچ پِنڈیا (ہ۔صف) (۱) بودا۔ کمزور (۲) اوچھا (۳) غیر مستقل مزاج۔
کچ دِلا (ہ۔صف) بودے دِل کا آدمی۔ بُزدل۔ وہ شخص جو مشکل کام میں ہمت ہار جائے۔
کچ دھات (ہ۔صف) کچی دھات۔ فلز۔ دھات اور دیگر چیزوں کا مُرکب۔
کچ کوندا (کوں۔دا) (ہ۔ا۔مذ) کچا آٹا۔ کچے آٹے کا پیڑا۔
کچ لہو (لہُو) (ہ۔ا۔مذ) پیپ ملا ہوا خُون۔
کُچ (بضمِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) چوچی۔ چھاتی۔ پستان۔ تھن (۲) سرپستان۔ ٹھٹنی۔
کچا (کَچ۔چا) (ہ۔صف) (۱) خام۔ ناپختہ (۲) بودا (۳) مُلائم (۴) جو پکا نہ ہو۔ ادھ گلا (۵) وہ بچہ جو پیدا ہونے کے اوقات سے پہلے پیدا ہو جائے (۶) ناتجربہ کار (۷) اُڑ جانے والا رنگ (۸) مٹی کا مکان (۹) پھوڑا جس کا مواد پکا نہ ہو۔
کچا پکا (اُر۔صف) (۱) نیم پختہ (۲) مذبذب۔ ایک خیال پر قائم نہ رہنے والا (۳) وہ تعمیر جس میں کہیں اینٹ چونا اور کہیں اینٹ گارے کی پکائی ہو۔
کچا پکا کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) اَدھ بُھنا کرنا (۲) کسی بات پر نیم راضی کرنا۔
کچا پَن (پنا) (اُر۔ا۔مذ) خامی۔ ناپختگی۔ ناتجربہ کاری۔
کچا تاگا (اُر۔ا۔مذ) (۱) بغیر بل دیا ہوا سُوت (۲) نازک چیز۔
کچا تخمینہ (اُر۔ا۔مذ) سرسری اندازہ۔ ناقص اندازہ۔
کچا جانا (اُر۔محاورہ) اسقاطِ حمل ہونا۔ اَدھورا بچہ پیدا ہونا۔
کچا چٹھا (اُر۔ا۔مذ) صحیح صحیح حال۔ کُل کیفیت۔
کچا دُودھ پینا (اُر۔محاورہ) طینت میں خامی ہونا۔ طبیعت میں خامی ہونا۔
کچا دُودھ سب نے پیا ہے (اُر۔مثل) اُس جگہ بولتے ہیں جہاں یہ کہنا ہو کہ انسان سے بُھول چُوک ہو ہی جاتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کچا ساتھ (کُنبہ) (اَر۔ا۔مذ) چھوٹے چھوٹے بچوں کا کنبہ۔

کچا کاغذ (اَر۔ا۔مذ) وہ کاغذ یا دستاویز جس پر اسٹامپ نہ لگا ہو۔

کچا کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا (۲) کچی سلائی کرنا۔

کچا کوڑھ (اَر۔ا۔مذ) خارش (۲) دریا کا ڈھلواں کنارہ (۳) دریا برآمد زمین۔

کچا کھا جانا (اَر۔محاورہ) نہایت خفگی کے موقع پر بولتے ہیں یعنی ایسا غصہ ہے کہ پکانے میں دیر نہ لگاؤں گا۔ کچا ہی کھا جاؤں گا۔

کچا ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) شرمندہ ہونا۔ کھسیانا ہونا (۲) ہمت ہارنا (۳) ناتجربہ کار ہونا (۴) کچی سلائی ہونا۔

کچالو (کَ۔چا۔لو) (و۔ا۔مذ) ایک قسم کی ترکاری جو اروی کی قسم سے ہے۔ نمک، مرچ اور کھٹائی وغیرہ ڈال کر کھاتے ہیں۔

کچاند (کچاہند) (کَ۔چاند) (کَ۔چاہند) (نون غنّہ) (و۔ا۔مث) تلی ہوئی چیز کے کچا رہ جانے کی بو۔

کچ بچ (و۔ا۔مث) (۱) کیچڑ۔ دلدل (۲) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

کچرا (کچ۔را) (و۔ا۔مذ) (۱) کچا پھل (۲) کچا خربوزہ (۳) کپاس کا ڈوڈا (۴) کوڑا کرکٹ۔ جمع: کچروں۔ کچرے۔

کچر پچر (کَ۔چَر۔پَ۔چَر) (و۔مف) (۱) مٹی میں لت پت۔ کیچڑ میں لتھڑا ہوا (۲) بھیگا ہوا۔

کچر پچر ہونا (اَر۔محاورہ) دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ہونا۔ لت پت ہونا۔ کیچڑ ہونا۔

کچر کچر (کَ۔چَر۔کَ۔چَر) (و۔ا۔مث) کچے پھل کھانے کی آواز (۲) بک بک۔ شور و غل۔

کچری (کچ۔ری) (و۔ا۔مث) ایک پھل۔ چھوٹا کچرا۔

کچڑانا (کچ۔ڑا۔نا) (و۔مص) آنکھوں میں کیچڑ آنا۔

کچ کچ (و۔ا۔مث) بک بک۔ تکرار۔ حجت۔

کچکچانا (کچ۔کَ۔چا۔نا) (ق۔مص) عاجز آنا۔

کچکچانا (کچ۔کَ۔چانا) (و۔مص) غصّے سے دانت پیسنا۔

کچکچاہٹ (کچ۔کَ۔چا۔ہٹ) (و۔ا۔مث) کچکچانا کا حاصلِ مصدر۔ دانت پیسنے کی حالت۔ زور سے دانت پیسنا۔

کچکچی (کچ۔کَ۔چی) (و۔ا۔مث) کچکچاہٹ۔

کچکڑ (کچ۔کڑ) (و۔ا۔مذ) کچھوے یا ویل کی ہڈی۔

کچکول (کچ۔کول) (اَر۔ا۔مذ) دیکھیے کچکول۔

کچلا (کچ۔لا) (و۔ا۔مذ) ایک زہریلا پھل یا بیج۔ اس کا درخت جنوب مشرق ایشیا اور شمالی آسٹریلیا میں پایا جاتا ہے۔

کچلا جانا (کچ۔لا۔جا۔نا) (و۔مص مُرکب) (۱) پس جانا۔ مسلا جانا (۲) پامال ہونا (۳) مارا جانا۔ پٹا جانا۔

کچل دینا (کُ۔چل۔دے۔نا) (و۔مص مُرکب) مَسَل دینا۔ پیس دینا۔ موٹا موٹا پیس دینا۔

کچل ڈالنا (و۔مص مُرکب) (۱) پیس ڈالنا۔ مَل دینا۔ مَسَل دینا (۲) پامال کر دینا۔ روند ڈالنا۔

کچلنا (کُ۔چل۔نا) (و۔مص) (۱) مسلنا۔ رگیدنا۔ روندنا (۲) مارنا۔ کچومر نکالنا۔ بھرکس نکالنا (۳) کسی چیز کو نیم کوب کرنا۔

کچلی (کچ۔لی) (و۔ا۔مث) نوک دار دانت جو اگلے دانتوں کے ساتھ ہوتے ہیں۔ کتا دانت۔ جمع: کچلیاں۔ کچلیوں۔

کچلیاں (کچ۔لی۔یاں) (و۔ا۔مث) کچلی کی جمع۔

کچلیاں پھولنا (اَر۔مص مُرکب) کچلیاں نکلنے کی جگہ پھولنا یا متورم ہونا۔

کچلیاں نکلنا (اَر۔مص مُرکب) کچلیاں نمودار ہونا۔

کچنار (کچنال) (کچ۔نار) (کچ۔نال) (و۔ا۔مث) ایک درخت اور اُس کے پھول جو سبزی کی طرح پکا کر کھائے جاتے ہیں۔

کچو (کچ۔چو) (و۔ا۔مذ) کچالو کی طرح کا ایک پھل۔

کچوانا (کچ۔وا۔نا) (ق۔مص) جی متلانا۔ نفرت کرنا۔ رنج کرنا۔ بیزار ہونا۔ دِق ہونا۔ پہلوتہی کرنا۔

کچوانسی (کچ۔واں۔سی) (و۔ا۔مث) بسوانسی کا بیسواں حصّہ۔

کچور (کَ۔چور) (و۔ا۔مذ) ہلدی کی قسم کا ایک درخت اور اُس کی جڑ۔

کچوری (کَ۔چو۔ری) (و۔ا۔مث) ماش کی دال بھری پوری۔ جمع: کچوریاں۔ کچوریوں۔

کچوری کے سے گال (اَر۔ا۔مذ) پھولے پھولے گال۔

کچوکا (کَ۔چو۔کا) (و۔ا۔مذ) نوک دار چیز بھونکنا۔ (کنایۃً) طعن و تشنیع جمع: کچوکوں۔ کچوکے۔

کچوکا لگانا (اَر۔محاورہ) طعن و تشنیع سے تنگ کرنا۔

کچومر (کَ۔چو۔مَر) (و۔ا۔مذ) ایک طرح کا اچار جس میں کیریاں وغیرہ کتر کر ڈالتے ہیں۔

کچومر کر دینا (اَر۔محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ ہلاکت کے قریب پہنچا دینا۔

کچومر نکالنا (اَر۔محاورہ) بھرکس نکالنا۔ بہت مارنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کچونا (کَ۔چو۔نا)(ہ۔مص) چچھونا۔ بھونکنا۔ گھونپنا۔

کچوہ (کَ۔چوہ)(ہ) "ہرا" کا تابع مُہمل جو تاکید کے لئے آتا ہے جیسے ہراکچوہ۔

کچھ (بفتحہ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بغل۔ پہلو (۲) دیوار کا کونا (۳) چوتڑ (۴) اندامِ نہانی (۵) کچھوا۔ سنگ پشت (۶) سکھوں کا جانگھیا۔

کچھ مچھ (ہ۔ا۔مذ) کچھوے اور مچھلیاں۔ آبی جانور۔

کُچھ (بضمِ اوّل)(ہ۔صف)(۱) ذرا کسی قدر۔ تھوڑا (۲)(استفہام کے لئے) کیا؟ کوئی؟ (۳)(کثرت کے لئے) بہت کچھ۔ بہت زیادہ (۴) بطور انکار (نہیں کی تاکید)۔ بالکل۔ مطلق (۵) جب مکرر آتا ہے تو حالت کا جلد جلد بدلنا ظاہر کرتا ہے (۶) کسی مُہلک چیز کے صدمے یا اشارے کے لئے جہاں قرینہ دلالت کرے (کچھ کھاکر مرگیا)۔

کچھ آج سے نہیں (اُر۔ محاورہ) قدیم سے ہے۔ ہمیشہ سے ہے۔

کچھ آنسو پُنچھ گئے (اُر۔ محاورہ) کسی قدر صبر آگیا۔ کسی قدر تسلّی ہوگئی۔

کچھ اپنی خبر ہے؟ (اُر۔ محاورہ) اپنی حالت کا بھی کچھ پتا ہے؟

کچھ اِتنا فرق نہیں (اُر۔ محاورہ) کوئی زیادہ فرق نہیں۔

کچھ اجارہ ہے (اُر۔ محاورہ) قابو نہیں۔ کچھ دعویٰ نہیں۔

کچھ اُوپر (اُر۔ محاورہ) کچھ زیادہ۔

کچھ اور (اُر۔ صف)(۱) اور بھی (۲) دُوسری بات (۳) تازہ۔ جدید۔ نئی۔

کچھ اور بات ہے (اُر۔ محاورہ)(۱) شک کے لئے بولا جاتا ہے۔ یہ بات نہیں کوئی اور بات ہے (۲) خلافِ اُمید بات ہے۔

کچھ اور عالم ہوگیا ہے (اُر۔ محاورہ) حالت اور کیفیت بدل گئی ہے۔

کچھ ایسا نہیں (اُر۔ محاورہ) جیسا خیال ہے ویسا نہیں۔

کچھ بات بھی؟ (اُر۔ محاورہ)(سوال کے لئے) کس لئے؟ آخر کوئی سبب بھی؟ کوئی وجہ بھی؟

کچھ بات نہیں (اُر۔ محاورہ) معمولی بات ہے۔

کچھ بسنت کی بھی خبر ہے؟ (اُر۔ محاورہ) دُنیا کے حالات سے بھی واقف ہو؟

کچھ بنیاد ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کوئی اصل اور حقیقت نہیں (۲) کیا اصل ہے؟ (۳) نہایت مُفلس اور عاجز ہے۔

کچھ پروا نہیں (اُر۔ محاورہ) کیا ڈر ہے۔ کچھ مضایقہ نہیں۔

کچھ پڑا پایا ہے؟ (اُر۔ مثل) جب کسی آدمی کو بغیر کسی ظاہری سبب کے خوش دیکھتے ہیں تو یہ فقرہ کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ غیب سے کوئی نعمت ہاتھ آگئی ہے۔

کچھ تم سمجھے کچھ ہم سمجھے (اُر۔ مثل) کسی اَمر کا تمہیں خیال ہوا اور کسی بات کا ہمیں۔ ہم تم برابر ہیں۔

کچھ تم نے سُنا؟ (اُر۔ محاورہ) حیرت کے قابل بات کہنے سے پہلے یہ فقرہ کہا جاتا ہے۔

کچھ تو (اُر۔ محاورہ) ذرا تو۔ تھوڑا بہت۔ کسی قدر۔ کوئی چیز۔

کچھ تو خربوزہ میٹھا اور کچھ اُوپر سے پڑا قند (اُر۔ مثل) دِل میں لالچ تو تھا ہی اُوپر سے نفع ہوا۔ حرص اور بڑھ گئی۔

کچھ تو میٹھا ہے (اُر۔ مثل) ضرور کچھ غرض ہے۔

کچھ تو ہے (اُر۔ محاورہ) کوئی وجہ ضرور ہے۔ کوئی راز ہے۔

کچھ ٹھکانا ہے! (اُر۔ محاورہ) کثرت اور عظمت کے موقع پر بولتے ہیں۔

کچھ حقیقت نہیں (اُر۔ محاورہ) بے حقیقت ہے۔ بے وقعت ہے۔

کچھ خبر ہے؟ (اُر۔ محاورہ) حیرت اور تعجب کی جگہ کہتے ہیں۔

کچھ دال میں کالا کالا ہے (اُر۔ محاورہ) کوئی راز ہے۔ کوئی معاملہ ہے۔ کوئی مُشتبہ اَمر ہے۔

کچھ دِلایئے (دِلوایئے) (اُر۔ محاورہ) تھوڑا بہت ضرور دیجئے۔

کچھ دُور نہیں (اُر۔ محاورہ) بعید نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے۔ شاید ایسا ہی ہو۔

کچھ دیا ہی آگے آگیا (اُر۔ محاورہ) کبھی کی دی ہوئی خیرات کام آگئی کہ خُدا نے اِس مُصیبت سے بچالیا۔

کچھ دیکھ کر (اُر۔ محاورہ) کچھ نقص پاکر (۲) سمجھ بُوجھ کر (۳) طمع سے۔ لالچ سے۔

کچھ ڈر نہیں (اُر۔ محاورہ)(۱) اندیشہ نہ کرو۔ دہشت نہ کھاؤ۔ خوف نہ کرو (۲) کیا پروا ہے۔ بدلہ لے کر چھوڑیں گے۔

کچھ راہ پر آئے ہیں (اُر۔ محاورہ) نیم راضی ہوگئے ہیں۔ کچھ دُرست ہو گئے ہیں۔

کچھ سمجھ کر (اُر۔ متعلق فعل) کسی مصلحت سے۔

کچھ سُنا چاہتے ہو؟ (اُر۔ محاورہ) گالیاں سُننا چاہتے ہو؟

کچھ سونا کھوٹا کچھ سُنار کھوٹا (اُر۔ مثل)(۱) ہر طرح نُقصان (۲) اُستاد اور شاگرد دونوں نکمّے (۳) بگاڑ دونوں طرف سے ہوتا ہے۔

کچھ سے (کا) کچھ ہو جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) تھوڑی بات کا بڑھ جانا (۲) کوئی بُرا یا بھلا کام خلافِ توقع ہو جانا (۳) معاملے کا رنگ بدل جانا (۴) اِنقلاب ہونا۔ حالت دگرگوں ہونا۔

کچھ شک نہیں (اُر۔ محاورہ) بلاشبہ۔ بے شک۔ کسی اَمر کا گُمان نہیں۔ یقیناً۔

کچھ کا کچھ سمجھنا (اُر۔ محاورہ) اُلٹا سمجھنا۔

کچھ کا کچھ کہنا (اُر۔ محاورہ) اصل کے خلاف کہنا۔ اُمید کے خلاف کہنا۔

کچھ کا کچھ ہونا (اُر۔ محاورہ) اِنقلاب ہونا۔ حالت دگرگوں ہونا۔

کچھ کام نہیں (اُر۔ محاورہ) کچھ واسطہ نہیں۔ کچھ تعلق نہیں۔

کچھ کام ہو جانا (اُر۔ محاورہ) کچھ تعلق پیدا ہو جانا (۲) ضرورت پیش آنا (۳) کوئی عُہدہ مِل جانا۔

کچھ کان میں پھونکنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کچھ بُرائی کرنا (۲) کوئی منتر پڑھ کر کان میں پھونکنا (۳) کاناپھوسی کرنا۔

کچھ کچھ (اُر۔ صف) ذرا ذرا۔ کسی قدر۔ تقریباً۔ تھوڑا بہت۔ لگ بھگ۔ قدرے۔ قلیل۔

کچھ کرتے دھرتے بَن نہیں پڑتی (پڑتا) (اُر۔ محاورہ) عاجز ہونے کے لئے مستعمل ہے۔ یعنی سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کریں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کچھ کر دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) کوئی کام کر کے دکھا دینا (۲) جادو کر دینا۔

کچھ کر لینا (اَر۔ محاورہ) نیکی کرنا۔ ثواب کا کام کرنا (۲) نقصان پہنچانا۔ بدلہ لینا۔

کچھ کھا جانا (کچھ کھا لینا) (اَر۔ محاورہ) زہر کھا لینا۔ کوئی مُہلک چیز کھا کر خود کشی کر لینا۔

کچھ کھا کے سو رہنا (اَر۔ محاورہ) زہر کھا کے سو رہنا۔ خود کشی کرنا۔

کچھ کہہ بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) کوئی ناگوار بات کہہ دینا۔ گالی دینا۔

کچھ کھو کے سیکھنا (اَر۔ محاورہ) نقصان اُٹھا کے تجربہ حاصل کرنا۔

کچھ کھیل نہیں (اَر۔ محاورہ) کچھ آسان نہیں۔

کچھ گرہ میں بھی ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کوئی رقم بھی پاس ہے؟ (۲) کوئی ہُنر یا خوبی بھی ہے؟

کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان (اَر۔ مثل) صُلح کے لئے طرفین کو نرمی برتنی چاہئے۔ کچھ تم نرم ہو کچھ وہ نرم ہوں۔ جب کام بنے۔

کچھ گیہوں ہیلے کچھ جندرے ڈھیلے (اَر۔ مثل) بہانہ کرنے والی عورت کی نسبت کہا جاتا ہے۔

کچھ لے رہنا (اَر۔ محاورہ) کچھ حاصل کر لینا۔ کچھ فائدہ اُٹھانا۔

کچھ ملا دینا (اَر۔ محاورہ) کوئی مُہلک چیز کھانے میں ملا دینا۔ زہر ملا دینا۔

کچھ مُنہ سے نکالنا (اَر۔ محاورہ) زبان سے کچھ کہنا۔ بُرا بھلا کہنا۔

کچھ نہ اُکھاڑنا (اَر۔ محاورہ) ذرا نقصان نہ پہنچانا۔ قابو نہ چل سکنا۔

کچھ نہ پوچھو (کچھ نہ پوچھئے) (اَر۔ محاورہ)(۱) کہنے کے قابل نہیں (۲) کیا کہنا ہے۔ قابلِ تعریف ہے۔

کچھ نہ چلنا (اَر۔ محاورہ) کچھ پیش نہ جانا۔

کچھ نہ کچھ (اَر۔ محاورہ) کسی نہ کسی قدر۔ تھوڑا بہت۔ کوئی نہ کوئی چیز۔

کچھ نہ کچھ ہو رہنا (اَر۔ محاورہ) تھوڑی بہت کامیابی ہونا۔

کچھ نہ کیا (اَر۔ محاورہ) کوئی بڑا کام نہ کیا۔

کچھ نہ نکلا (اَر۔ محاورہ) بالکل خراب نکلا۔ اکارت گیا۔

کچھ نہ ہُوا (اَر۔ محاورہ) کوئی نتیجہ نہ نکلا۔

کچھ نہیں (اَر۔ محاورہ) کوئی بات نہیں (۲) بالکل نہیں (۳) بُرا ہے۔ خراب ہے۔

کچھ نہیں آتا (اَر۔ محاورہ) جاہل ہے۔ کچھ نہیں جانتا۔

کچھ نہیں چلتا (اَر۔ محاورہ) کچھ بس نہیں چلتا۔ قابو سے باہر ہے۔

کچھ نہیں رہا (اَر۔ محاورہ) کوئی چیز باقی نہیں بچی۔ بالکل برباد ہو گیا (۲) بچنے کی اُمید نہیں (۳) طاقت ختم ہو گئی ہے (۴) ہمت جواب دے گئی ہے۔

کچھ نہیں گیا (اَر۔ محاورہ) ابھی بہت کچھ ہو سکتا ہے۔ کچھ نقصان نہیں ہوا۔

کچھ نہیں ہو سکتا (اَر۔ محاورہ) کوئی تدبیر کارگر نہیں ہو سکتی۔

کچھ نہیں کیا (اَر۔ محاورہ)(۱) کوئی بھلائی نہیں کی۔ کوئی نیکی نہیں کی (۲) کوئی کام کی بات نہیں کی (۳) بُرا کیا۔ اچھا نہیں کیا۔

کچھ ہو (اَر۔ محاورہ) ہرچہ بادا باد۔ جو ہو سو ہو۔ کیا پروا ہے۔

کچھ ہو جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) سایہ ہو جانا۔ آسیب چمٹ جانا (۲) کسی لائق ہو جانا۔

کچھ ہو رہنا (اَر۔ محاورہ)(۱) کسی قابل ہو جانا (۲) تھوڑا بہت فیصلہ ہو جانا۔

کچھ ہی کرو (اَر۔ محاورہ) جو چاہو سو کرو۔ جو مرضی آئے کرو۔

کچھ ہی کہو (اَر۔ محاورہ) ذرا نہیں سُنتا۔ کہا نہیں مانتا۔ کچھ پروا نہیں۔

کچھ ہی ہو (اَر۔ محاورہ) دیکھئے کچھ ہو۔ تاکید در تاکید۔

کچھ ہے (اَر۔ محاورہ)(۱) کوئی بات ہے۔ دال میں کالا ہے (۲) بُرائی ہے۔ کھوٹ ہے۔

کچھ ہیں (اَر۔ محاورہ) کسی قابل ہیں۔ کسی لائق ہیں۔ کسی شمار میں ہیں۔

کچھا (کچھ۔چا)(ہ۔ا۔مذ) کچھ۔ پاجامہ جس کے پائینچے چھوٹے اور گھٹنوں سے اُوپر ہوتے ہیں۔ گُھٹنا۔ جمع: کچھوں۔ کچھے۔

کچھار (کَ۔چھار)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دریا کا کنارہ (۲) دریا کے قریب کی زمین (۳) ترائی جہاں شیر رہتا ہے۔ جمع: کچھار۔ کچھاروں۔

کچہری (کَ۔چہ۔ری)(ہ۔ا۔مث) اجلاس۔ محکمۂ عدالت۔ اِنصاف گاہ۔ جمع: کچہریاں۔ کچہریوں۔

کچہری برخاست ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) عدالت بند ہونا۔ تعطیل ہونا۔ چھٹی ہونا۔

کچہری چڑھنا (اَر۔ محاورہ) عدالت تک جانا۔ عدالت میں مقدمہ لے جانا۔ نالش کرنا۔

کچہری کرنا (اَر۔ محاورہ) عدالت میں بیٹھ کر مقدمات طے کرنا۔ اجلاس کرنا۔

کچہری کے کتّے (اَر۔ا۔مذ) عدالت کے چپراسی اور اہلکار جو رشوت کے لئے مستغیث کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔

کچہری گرم ہونا (اَر۔ محاورہ) شور و غُل ہونا (۲) کچہری میں اہلِ معاملہ کا جمع ہونا۔

کچہری لگانا (اَر۔ محاورہ)(۱) اجلاس کرنا (۲) بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا۔ غُل مچانا۔

کچھنا (کچھ۔نا)(ہ۔ا۔مذ) گھٹنا۔ کچھا۔ جمع: کچھنوں۔ کچھنے۔

کچھنی (کچھ۔نی)(ہ۔ا۔مث) کچھنا کی تانیث۔

کچھنیا (کَ۔چھن۔یا)(ہ۔ا۔مث) کچھنی کی تصغیر۔ ڈھیلا ڈھالا گھٹنا یا جانگھیا۔ گھگری۔

کچھوا (کچھ۔وا)(ہ۔ا۔مذ) سنگ پشت۔ ایک سُست رفتار دریائی جانور جس کی پُشت پر ڈھال کی مانند سخت خول ہوتا ہے۔ (پن) کچھوکما۔ جمع: کچھوؤں۔ کچھوے۔

کچھواہا (کچھ۔وا۔ہا)(ہ۔ا۔مذ) راجپوتوں کی ایک گوت جو رام چندر جی کے بیٹے کُش کی اولاد ہونے کی دعویدار ہے۔

کچھوٹی (کَ۔چھو۔ٹی)(ہ۔ا۔مث) لنگوٹی۔ کچھ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُچھوی (کُچھ۔وِی)(و۔ا۔مث) کچھوے کی مادہ۔ جمع: کچھویاں۔ کچھویوں۔

کُچھی (کُچھ۔چھی)(و۔صف) علاقہ کچھ سے منسوب (۲) کچھ کے علاقے کا گھوڑا جس کی کمر بیچ میں سے جھکی ہوتی ہے۔

کچھیانا (کَ۔چھی۔یا۔نا)(و۔ا۔مذ) وہ کھیت جس میں ساگ اور ترکاریاں بوئی جاتی ہیں۔

کچی (کَچ۔چی)(و۔صف) کچا کی تانیث۔

کچی اسامی (اَر۔ا۔مث)(۱) غیر موروثی زمیندار (۲) چند روزہ نوکری (۳) قائم مقامی۔ عارضی جگہ۔

کچی بہی (اَر۔ا۔مث) وہ بہی جس میں رقم زیادہ یا کم کرنے اور غلطی دُرست کرنے کا اختیار ہو۔

کچی پیشی (اَر۔ا۔مث)(۱) اپیل کی پہلی شنوائی جس پر اُس کے قابلِ سماعت اور لائق غور ہونے یا نہ ہونے کا دار و مدار ہوتا ہے۔

کچی ترکاری (اَر۔ا۔مث) ہری ترکاری۔ سبز ترکاری۔

کچی تول (اَر۔ا۔مث) کچے باٹوں کے موافق وزن۔ کچا وزن یا غیر معیاری تول۔

کچی ٹوٹنا (اَر۔محاورہ) کم عمری میں ہی ازالہ بکر ہونا۔

کچی رسوئی (و۔ا۔مث)(۱) وہ روٹی جسے چوکے سے باہر نہ کھا سکیں (۲) گھی کے بغیر روٹی۔

کچی رسید (اَر۔ا۔مث) مشروط صداقت نامہ زر جو چند روز کے لئے باقاعدہ صداقت نامہ زر کا قائم مقام ہوتا ہے۔

کچی ریندی دسترخوان کا ضرر (اَر۔مثل) نادان اور ناتجربہ کار کی صحبت میں بدنامی اور اَفشائے راز کا اندیشہ ہوتا ہے۔ طفلِ نوخیز سے احتراز کرنا چاہیے۔

کچی سڑک (اَر۔ا۔مث) وہ سڑک جس پر کنکر وغیرہ کُوٹ کر زمین کو سخت اور پختہ نہ کیا گیا ہو۔

کچی سلائی (اَر۔ا۔مث) تگیانا۔ لنگر ڈالنا۔

کچی عقل (اَر۔ا۔مث) ناقص عقل۔

کچی عُمر (اَر۔ا۔مث) ناتجربہ کاری اور ناسمجھی کی عُمر۔

کچی کلی (اَر۔ا۔مث)(۱) منہ بند کلی (۲) باکرہ۔ دوشیزہ۔ نابالغہ۔

کچی کلی ٹوٹنا (اَر۔محاورہ)(۱) چھوٹی عُمر میں مرجانا (۲) کم سنی میں ازالہ بکر ہونا۔

کچی گولیاں کھیلنا (اَر۔محاورہ) مٹی کی گولیوں سے کھیلنا جو جلد ٹوٹ جاتی ہیں (۲) ناتجربہ کار ہونا۔ نادان ہونا۔

کچی لکڑی جدھر موڑو مُڑ جاتی ہے (اَر۔مثل) بچپن میں جس طرح چاہو بچے کی تربیت کر سکتے ہو۔

کچی مُدّتی (و۔ا۔مث) میعاد باقی۔ ابھی میعاد باقی ہو کہ پُورا سُود لگا لیا جائے۔

کچی مچھلی پکی مچھلی (اَر۔مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی بدمزاج کھانے کے وقت پکی ہوئی چیز میں برابر نقص نکالے جائے۔

کچے (کَچ۔چے)(و۔صف) کچا کی مُغیرہ صورت۔

کچے پکے دِن (اَر۔ا۔مذ) حمل کے چوتھے پانچویں مہینے تک کا زمانہ جس میں بہت احتیاط کی جاتی ہے (۲) برسات کا موسم جس میں وبائیں پھیلتی ہیں۔

کچے دھاگے میں بندھنا (اَر۔محاورہ) مُطیع ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔

کچے گھڑے پانی بھرنا (اَر۔محاورہ) ناممکن کام کرنا (۲) سخت تکلیف اُٹھانا۔ بڑی مُصیبت جھیلنا۔

کچے گھڑے کی چڑھنا (اَر۔محاورہ) نشے میں غرق ہونا۔

کچیا (کَچ۔یا)(و۔ا۔مث) کان کی لَو۔ جمع: کچیاں۔ کچیوں۔

کچیا جانا (فتحِ اوّل)(اَر۔محاورہ) ہمت ٹوٹ جانا۔ دل چھوڑ دینا۔ شرما جانا۔

کچیانا (کَچ۔یا۔نا)(و۔مص) کچا ہونا۔ دل چھوڑ دینا۔ ہمت ٹوٹ جانا (۲) شرما جانا۔ جھینپ جانا۔

کچیاند (کَچ۔یاند)(و۔ا۔مث) دیکھئے "کچاہند"۔

کُچیل (کُ۔چیل) مَیل کا تابع مُہمل۔ (مَیل کُچیل)۔

کُچیلا (کُ۔چے۔لا) مَیلا کا تابع مُہمل۔ (مَیلا کُچیلا)۔

ک۔ح

کحّال (کَح۔حال)(ع۔ا۔مذ)(۱) آنکھوں میں سُرمہ لگانے والا۔ آنکھوں کا علاج کرنے والا۔ آنکھوں کا حکیم۔ مُعالج چشم (۲) وہ شخص جس کا پیشہ لوگوں کی آنکھوں میں سُرمہ لگانا ہو۔

کُحل (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) سُرمہ۔ اَنجن۔

کُحلُ الجواہر (ع۔ا۔مذ) وہ سُرمہ جس میں آنکھوں کی تقویت کے لئے مروارید ناسُفتہ اور دُوسرے جواہر ڈالے جاتے ہیں۔

کَحیل (کَ۔حیل)(ع۔صف)(۱) جس کی آنکھ میں سُرمہ لگا ہو (۲) سُرگیں (۳) سُرمئی رنگ کا۔

ک۔د

کَد (بفتحہ اوّل)(ق۔تابع فعل) کب؟

کَدّ (فتحِ اوّل و تشدید دوم)(ع۔ا۔مث)(۱) سختی۔ تکلیف (۲) جدّ و جُہد۔ سرگرمی۔ سعی۔ کوشش (۳) ضِد۔ اِصرار۔ ہٹ۔

کَدّ و کاوِش (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) تلاش۔ جستجو (۲) کوشش۔ چھان بین۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَدّ ہونا (اَ۔ محاورہ) ضِد ہونا۔ اِصرار ہونا۔ ہَٹ ہونا۔

کَد (بفتحۂ اوّل) (ف۔ ا۔ مذ) (کَدَہ کا مخفف) گھر۔ خانہ۔ بیت۔ مکان۔ مُرکبّات میں اِستعمال ہوتا ہے۔ نیز دیکھئے کَت۔

کَد بانو (ف۔ ا۔ مث) (۱) گھر والی۔ گھر کی مالکن۔ بیوی۔ بیگم (۲) سلیقہ والی عورت۔ سُگھڑ عورت۔

کَدخُدا (ف۔ ا۔ مذ) صاحبِ خانہ۔ گھر والا۔ دولھا۔ نوشہ۔ خاوند۔ خصم۔ نیز دیکھئے کتخدا۔

کَدخُدائی (ف۔ ا۔ مث) نکاح۔ ازدواج۔ بیاہ۔ نیز دیکھئے کتخدائی۔

کِدارا (کِ۔ دا۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) کلیان ٹھاٹھ کا ایک راگ جو عموماً چاندنی رات میں گایا جاتا ہے۔

کُدال (کُ۔ دال) (ہ۔ ا۔ مث) زمین کھودنے کا ایک نوکدار اوزار۔ جمع: کُدالوں۔ کُدالیں۔

کُدال بجنا (اَ۔ محاورہ) کسی عمارت کا ڈھایا جانا۔

کُدال سے فصد کھلواؤ (اَ۔ محاورہ) جب کوئی شخص بعید از عقل باتیں کرتا ہے تو کہتے ہیں کہ تم پر پاگل پن کا اثر ہے۔ نشتر کی بجائے کُدال سے فصد کھلواؤ۔ عقل کے ناخن لو۔ ہوش کی لو۔

کُدالی (کُ۔ دا۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹا کُدال۔ جمع: کُدالیاں۔ کُدالیوں۔

کُدام (کُ۔ دام) (ف۔ کلمۂ اِستفہام) کون؟ کون سا؟

کُدانا (کُ۔ دا۔ نا) (ہ۔ مص) کُودنا کا متعدی۔ اُڑانا۔ اُچھلوانا۔ چھلانگ لگوانا۔ کسی سے کُودنے کا کام لینا۔

کُدائی (کُ۔ دا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) گھوڑوں کا گڑھوں، دیواروں اور ٹٹیوں پر سے کُودنا (۲) اِنعام جو کُودنے کے لئے دیا جائے۔

کُدَر (کُ۔ دَر) (ع۔ ا۔ مث) کُدورت۔ گدلاپن۔

کَدِر (کَ۔ دِر) (ع۔ صف) (۱) مَیلا۔ مکدّر (۲) تیرہ۔

کُدکڑے (کُدکّے) (کُ۔ دَک۔ ڑے) (کُ۔ دَک۔ کے) (ہ۔ ا۔ مذ) چھلانگیں۔ قلانچیں۔ چوکڑیاں۔

کُدکڑے لگانا (کُدکڑے مارنا) (اَ۔ محاورہ) کھیلنا کُودنا۔ چھلانگیں مارنا۔ اُچھلنا کُودنا۔ چوکڑیاں بھرنا۔

کُدکنا (کُ۔ دَک۔ نا) (ہ۔ مص) اُچھلنا۔ کُودنا پھاندنا۔ چوکڑیاں بھرنا۔

کَدَلی (کَ۔ دَ۔ لی) (س۔ ا۔ مث) (۱) ایک پھل۔ کیلا (۲) جھنڈا (۳) ایک قسم کا ہرن۔

کَدَم (کَ۔ دَم) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک سایہ دار درخت جس پر کرشن جی دریا میں نہاتی ہوئی عورتوں کے کپڑے لے کر بیٹھ گئے تھے (۲) ایک قسم کی گھاس۔

کَدُو (کَ۔ دُو) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک ترکاری۔ گھیا۔ اُردو میں بتشدید دال بھی مستعمل ہے (۲) کُوزۂ شراب۔ شراب کی بوتل یا صُراحی (۳) (کنایۃً) بچوں کا سر۔ (اس معنی میں بتشدید دال بولتے ہیں)۔ جمع: کدُو۔ کدووں۔

کَدُو دانہ (دانے) (اَ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کے کیڑے جو پیٹ میں ہو جاتے ہیں۔ کرمِ شکم (۲) وہ بیماری جس میں سارے بدن پر تخمِ کدو کی مانند پھنسیاں نکل آتی ہیں۔

کَدُوکش (ف۔ ا۔ مذ) ایک آلہ جس سے کدو کو رگڑ کر باریک کرتے ہیں۔

کُدْوانا (کُد۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھئے کُدانا۔

کُدُورَت (کُ۔ دُو۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) گدلاپن۔ تلچھٹ۔ آلودگی (۲) رنجش۔ آزردگی (۳) دل کا غُبار۔ اُردو جمع: کدورتوں۔ کدورتیں۔

کدورت رکھنا (اَ۔ محاورہ) کینہ رکھنا۔ کپٹ رکھنا۔

کَدَہ (کَ۔ دَہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) جگہ۔ مقام۔ گھر۔ خانہ۔ مُرکبّات میں بطور لاحقہ اِستعمال ہوتا ہے جیسے بُت کدہ۔

کدھاں لک (اَ۔ متعلق فعل) کب تک؟ کہاں تک؟

کِدَھر؟ (کِ۔ دَھر) (ہ۔ متعلق فعل) (۱) کہاں؟ کِس جگہ؟ کس طرف؟ (۲) کِس طرف چلے؟

کِدھر آیا کِدھر گیا (اَ۔ محاورہ) (۱) آنے جانے کی کچھ بھی خبر نہ ہوئی (۲) غفلت اور بے خبری کے اظہار کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

کِدھر جاؤں؟ کیا کروں؟ (اَ۔ محاورہ) ہر طرح مجبوری اور بے بسی ہے۔ کیا تدبیر کروں؟ حیرت اور مجبوری کی حالت میں بولتے ہیں۔

کدھر سے چاند نکلا؟ (کدھر بھول پڑے؟) (اَ۔ محاورہ) کسی دوست یا عزیز کے مدتوں بعد دفعتہ آجانے پر کہتے ہیں یعنی کہاں سے آگئے؟

ک۔ ڈ

کُڈھب (کُ۔ ڈھب) (ہ۔ صف) (۱) بے ڈھب۔ بے موقع (۲) بُرا۔ زبوں۔ بے ربط۔

کُڈھنگ (کُڈھنگا) (کُ۔ ڈھنگ) (کُ۔ ڈھنگ۔ گا) (ہ۔ صف) بدسلیقہ۔ بے ڈھنگا (۲) وحشی۔ بداخلاق۔

کُڈھیلو (کُڈھیلوا) (کُ۔ ڈھے۔ لو) (کُ۔ ڈھیل۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) سوتیلا بیٹا۔ پچھلگو بیٹا۔

ک۔ ذ

کَذا و کَذا (کَ۔ ذ۔ وَ۔ کَ۔ ذ) (ع۔ متعلق فعل) اِس طرح۔ اُس طرح۔ ایسا۔ اِس کی مانند۔

کَذّاب (کَذ۔ ذاب) (ع۔ ا۔ مبالغہ) نہایت جُھوٹا۔ جُھوٹوں کا بادشاہ۔

کِذْب (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) جُھوٹ۔ دروغ۔ جمع: اکاذیب۔

ک۔ ر

کَر (بفتحۂ اوّل) (س۔ ا۔ مذ) (۱) ہاتھ (۲) ہاتھی کی سونڈ (۳) چنگی کا محصول (۴) خراج۔ مال گزاری (۵) ٹیکس (۶) جُرمانہ۔ تاوان (۷) جزیہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَر (بفتحۂ اوّل)(ف۔صف)(۱) بہرا۔ اَصم (۲)(ف۔ا۔مذ) زور۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی (۳) شان و شوکت۔

کرّوفر (کَرّوفَر)(ف۔ا۔مذ) شان و شوکت۔ دُھوم دھام۔ ٹھاٹ باٹ۔ زور و توانائی ۔ تحرک و اِحتشام۔

کَر (بفتح اوّل)(ہ۔متعلق فعل) ماضی کے بعد آکر یہ ظاہر کرتا ہے کہ پہلا فعل پہلے ہوا اور دُوسرا بعد میں (۲) رعایت سے۔ لحاظ سے (۳)(فعل) مصدر کرنا کا اَمر۔

کر بیٹھنا (اَر۔محاورہ) کوئی بات بغیر سوچ سمجھے اِختیار کر لینا۔ جلدی میں غلطی سے کوئی کام کر جانا (۲) خصم کر لینا (۳) جورو بنا لینا۔

کر تو ڈر نہ کر تو بھی ڈر (کر تو کر' نہیں تو خُدا کے غضب سے ڈر) (اَر۔مثل) جب کسی بےگناہ پر کوئی اِلزام آئے تو کہتے ہیں یعنی خُدا سے ہر وقت پناہ مانگنی چاہئے۔

کر چکنا (ہ۔مص مُرکّب) کوئی کام مکمل کرنا۔

کر دھر لینا (اَر۔محاورہ) اِنتظام کر لینا۔

کر دِکھانا (اَر۔محاورہ) کوئی مُشکل کام کر لینا۔ عمل کر کے دِکھانا۔

کر دیکھنا (اَر۔محاورہ) آزما کر دیکھ لینا۔ تجربہ کرنا۔

کر سیوا کھا میوہ (اَر۔مثل) خدمت کرنے سے ہی آرام ملتا ہے۔

کر گُزرنا (اَر۔محاورہ) ضِد پر اڑا رہنا۔ ہَٹ سے باز نہ آنا۔ مُشکل کام کر کے چھوڑنا۔

کر لینا (اَر۔محاورہ) بیوی بنا لینا (۲) مُلازمت کرنا (۳) مکمل کرنا۔

کَرّات و مَرّات (کَر۔رات۔وَ۔مَر۔رات)(ع۔متعلق فعل) بہت دفعہ۔ بار بار۔ کرّات: کرّت کی جمع۔ مرّات: مرّت کی جمع۔

کرّار (کَر۔رار)(ع۔صف)(۱) بار بار حملہ کرنے والا۔ بھگانے والا (۲) حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کا لقب۔

کِرار (کِ۔رار)(ہ۔مذ) دیکھئے کراڑ۔

کَرارا (کَ۔را۔را)(ہ۔صف)(۱) سخت اکڑا ہوا (۲) زور آور۔ بہادر۔ ہٹا کٹا (۳) خستہ۔ بُھر بُھرا (۴) مہنگا۔ گراں (۵) وہ سِکّہ جس کے حروف نہ مٹے ہوں (۶) ایک قِسم کی شیرینی (۷) تازہ۔ نیا۔

کَرارا پَن (ہ۔ا۔مذ)(۱) سختی۔ اکڑ (۲) مضبوطی (۳) خستگی۔ بُھر بُھرا پَن۔

کَرارے (کَ۔را۔رے)(ہ۔صف)(۱) کرارا کی جمع (۲) کرارا کی مُغیّرہ صورت۔

کرارے دَم (اَر۔صف و متعلق فعل)(۱) تازہ دَم (۲) مضبوطی سے۔ اِستقلال سے۔

کَراری (کَ۔را۔ری)(ہ۔صف) کرارا کی تانیث۔

کِراڑ (کِ۔راڑ)(ہ۔مذ) دُکان دار۔ غلّے کا تاجر۔ بنیا۔

کَراڑا (کَ۔را۔ڑا)(ہ۔مذ) دریا کا بلند کنارہ۔ دریا کے کنارے کی بلندی۔

کُرّاسہ (کُر۔را۔سَہ)(ع۔ا۔مذ) جُزو کتاب۔ چھوٹی سی غیر مجلد کتاب۔

کَراکُل (کَ۔را۔کُل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کُلنگ۔ سارس۔ لق لق (۲) ایک قسم کا بگلا۔

کَرال (کَ۔رال)(ہ۔صف) بڑے بڑے دانتوں والا۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔

کِرام (کِ۔رام)(ع۔صف) کریم کی جمع۔

کَرامات (کَ۔را۔مات)(ع۔ا۔مث) کرامت کی جمع (۲)(اَر۔ا۔مث) عُمدگی۔ بڑائی (۳) کرشمے یا خرقِ عادات جو ولی سے ظاہر ہوں۔ اِن معنوں میں بطور واحد بھی مستعمل ہے۔

کَراماتی (کَ۔را۔ما۔تی)(ع۔صف) کرامات دِکھانے والا۔ صاحبِ کرشمہ۔

کِراماً کاتبین (کِ۔را۔مَن۔کا۔تِ۔بِین)(ع۔ا۔مذ)(۱) بُزرگ لکھنے والے۔ (اِصطلاحاً) وہ دو فرشتے جو اِنسان کے اَعمال لکھتے رہتے ہیں اور ہر وقت اُس کے ساتھ رہتے ہیں۔

کَرامَت (کَ۔را۔مَت)(ع۔ا۔مث)(۱) بُزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت (۲) بخشش۔ سخاوت (۳)(اَر۔ا۔مث) کرامات۔ کرشمہ۔ خرقِ عادت (۴) خُوبی۔ عُمدگی۔ انوکھا پَن۔ جمع: کرامات۔

کَراں (کَ۔راں)(ف۔ا۔مذ) کنارہ۔ اِنتہا۔

کَرانا (کَ۔را۔نا)(ہ۔مص) کرنا کا متعدّی۔ دُوسرے سے کام لینا۔ (کروانا فصیح ہے)۔

کِرانا (کِ۔را۔نا)(ہ۔مذ)(۱) مختلف قِسم کے مسالے پَنْچُون (۲) ایک جنس کی چیز کو دُوسری سے الگ کرنا۔

کِرانْت (کِ۔رانْت)(نون غُنّہ)(ف۔ا۔مذ) ایک پیمانہ جس کا وزن آٹھ جَو کے برابر ہے۔

کَرانْت (کرانتی) (کَ۔رانْت)(کَ۔رانتی)(نون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث) سبقت لے جانا۔ غالب آنا (۲) جرمِ فلکی کا زوال پزیر ہونا (۳) راس چکر۔ منطقۃ البروج (۴) منطقہ حارّہ۔

کَرانجنا (کَ۔رانْج۔نا)(ق۔مص) کراہنا۔

کَرانچی (کَ۔راں۔چی)(ہ۔ا۔مث) اَسباب لادنے کی گاڑی' جسے بیل یا اُونٹ کھینچتے ہیں۔

کَرانہ (کَ۔را۔نہ)(ف۔ا۔مذ) دریا وغیرہ کا کنارہ۔ ساحل۔ کراں۔ کراڑا۔

کِرانی (کِ۔را۔نی)(اَر۔ا۔مذ)(۱) عیسائی۔ نصرانی۔ کرشان (۲) انگریزی دفتر کا کلرک۔ محرّر۔

کِرانی اُردو (اَر۔ا۔مث) وہ اُردو جو انگریز اور اینگلو انڈین بولتے تھے۔

کَراہ (کَ۔راہ)(ہ۔ا۔مث) وہ آواز جو کسی دُکھ یا درد کے باعث نکلے۔ ہائے ہائے۔

کُراہ (کُ۔راہ)(ہ۔ا۔مذ) بُرا راستہ۔ ٹیڑھا راستہ۔ غلط راستہ۔

کَراہَت (کَ۔را۔ہَت)(ع۔ا۔مث) نفرت۔ بیزاری۔ گھن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کراہنا (کَـ راہ ـ نا)(ہ ـ مص) ہائے ہائے کرنا۔ دُکھ یا درد سے آہ آہ کرنا۔

کراؤ (کَـ را ـ او)(ہ ـ ا ـ مذ)(۱) ہندو جاٹوں وغیرہ میں بیوہ کی شادی کی رَسم (۲) رَنڈی کا کسی کو شوہر بنالینا۔

کراؤ کرنا (ہ ـ محاورہ)(۱) رانڈ سے شادی کرنا (۲) ہندو بیوہ کا کسی مرد کے ساتھ خود نکاح کرلینا۔

کِراؤ (کِـ را ـ اُو)(ہ ـ ا ـ مذ) ایک قسم کا چھوٹا مٹر۔

کراؤن (Crown) (انگ ـ ا ـ مذ) تاج۔

کراؤن پرنس (Crown Prince) (انگ ـ ا ـ مذ) ولی عہد۔

کِرایہ (کِـ را ـ یَہ)(ف ـ ا ـ مذ) کسی چیز کے اِستعمال کی اُجرت۔ بھاڑا۔ مزدوری۔ اُردو جمع: کرایوں۔ کرائے۔

کرایہ اُگاہنا (اَر ـ محاورہ) کرایہ وصول کرنا۔ بھاڑا لے کر جمع کرنا۔

کرایہ (کرائے) پر چلانا (کرائے پر دینا) (اَر ـ محاورہ) بھاڑے پر دینا۔ اُجرت پر چڑھانا (۲) کسی عورت کی خرچی کھانا۔

کرایہ دار (کرائے دار) (ف ـ صف)(۱) کرائے کے مکان میں رہنے والا۔ اسامی۔ رعیت (۲)(مجازاً) پیٹ کے اَندر کا بچّہ۔

کرایہ (کرائے) دار اُترنا (اَر ـ محاورہ)(۱) کسی مکان میں کرایہ دار آکر رہنا (۲) حاملہ ہونا۔

کرایہ کرنا (اَر ـ محاورہ) بھاڑا مقرر کرنا۔ بھاڑے پر لینا۔

کرایہ (کرائے) کا (کی) (اَر ـ صف) وہ چیز جو کرائے پر دی جائے۔

کرایہ نامہ (ف ـ ا ـ مذ) وہ کاغذ جو مکان وغیرہ لینے کی بابت کرایہ دار کی جانب سے بطور اِقرار نامہ مالک کو لکھ کر دیا جائے۔

کُرائی (کُـ را ـ اِی)(ق ـ ا ـ مث) کورا پن۔ صفائی۔

کَرب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع ـ ا ـ مذ)(۱) رنج والم۔ دُکھ۔ مُصیبت (۲) بے قراری۔ اِضطراب (۳) نہایت تکلیف اور سختی۔

کرب انگیز (ع ـ ف ـ صف) دُکھ دینے والا۔ تکلیف بڑھانے والا۔

کرب ناک (ف ـ صف) درد ناک۔

کَربَڑا (کَر ـ بَ ـ ڑا)(ہ ـ صف) سیاہ وسفید ملا ہوا۔ چتکبرا۔

کَربَڑی (کَر ـ بَ ـ ڑِی)(ہ ـ ا ـ مث) کربڑا کی تانیث۔ کالے اور دھولے رنگ کی۔

کَربَلا (کَر ـ بَ ـ لا)(ع ـ ا ـ مث) رنج و آفت کا مقام۔ بیابانِ عراق میں اُس جگہ کا نام جہاں حضرت امام حسینؓ نے شہادت پائی (۲)(اَر) وہ جگہ جہاں تعزیئے دفن کئے جاتے ہیں (۳) وہ جگہ جہاں پانی نہ ملے (۴) مدفنِ شُہداء۔ (اصل میں یہ لفظ کرب و بلا ہے)۔

کَربَلائی (کَر ـ بَ ـ لا ـ اِی)(ف ـ صف) کربلا سے منسوب۔

کَربیٹھنا (ہ ـ محاورہ) کر (ہ ـ متعلق فعل) کے تحت دیکھئے۔

کِرپا (کِر ـ پا)(ہ ـ ا ـ مث) مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ کرم۔

کَرَپٹ (Corrupt) (انگ ـ صف) بدعنوان۔ بددیانت (۲) رشوت خور۔ مُرتشی (۳) بدچلن۔ اَخلاق باختہ۔

کَرَپشن (Corruption) (انگ ـ ا ـ مث) بدعنوانی۔ رشوت ستانی (۲) بداَخلاقی۔ بدچلنی (۳) تخریب۔ بگاڑ۔

کُرُت (کُـ رُت)(ہ ـ صف) بے موسم۔ خلافِ موسم۔

کَرَّت (کَر ـ رَت)(ع ـ ا ـ مث) دفعہ۔ باری۔ نوبت۔ نمبر۔ جمع: کرّات۔

کُرتا (ہ ـ ا ـ مذ) دیکھئے کُرتہ۔

کَرتا (کَر ـ تا)(ہ ـ صف) کرنے والا (۲) شوہر۔

کرتا دھرتا (کَر ـ تا ـ دَھر ـ تا)(ہ ـ ا ـ مذ)(۱) کرنے والا۔ فاعل (۲) خالق (۳) مالک۔ مختار (۴) تجربہ کار۔ واقف کار۔

کَرتار (کَر ـ تار)(ہ ـ ا ـ مذ) کرنے والا۔ خالق۔ پیدا کرنے والا۔ خُدا۔

کَرتَب (کَر ـ تَب)(ہ ـ ا ـ مذ)(۱) کام۔ فعل (۲) کمال۔ ہنر (۳) چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیّاری (۴) طلسم۔ عجیب وغریب کام (۵) مشق۔ مہارت۔ عمل (۶) فنِ سپہ گری۔ جمع: کرتب۔ کرتبوں۔

کرتب دِکھانا (اَر ـ محاورہ) کمال دکھانا۔ کھیل دکھانا۔ سپاہ گری کا ہُنر دِکھانا۔

کرتب کی بِدیا ہے (ہ ـ مثل) ہر کام مشق و مہارت سے ٹھیک ہوتا ہے۔

کرتبی (کرتبیا) (کَر ـ تَ ـ بی)(کَر ـ تَب ـ یا)(ہ ـ صف ـ و ـ ا ـ مذ)(۱) عامل۔ کرنے والا۔ فنِ سپہ گری میں مشّاق و ماہر (۲) شعبدہ گر۔ بھان متی۔

کُرتی (کُر ـ تی)(ق ـ ا ـ مث) بغیر آستینوں کا چھوٹا کرتا جو عورتیں پہنتی ہیں۔ نیز دیکھئے کُرتی۔

کَرتُوت (کَر ـ تُوت)(ہ ـ ا ـ مذ) بُرے کام۔ بدعادات۔ ناشائستہ حرکات (۲) جادو۔ ٹونا۔ جمع: کرتوت۔ کرتوتوں۔ (بطور جمع مستعمل ہے۔ واحد اِستعمال نہیں ہوتا)۔

کر تو ڈر نہ کر تو ڈر (ہ ـ مثل) کر (ہ ـ متعلق فعل) کے تحت دیکھئے۔

کُرتہ (کُر ـ تہ)(ف ـ ا ـ مذ) جسم ڈھانکنے کا سِلا ہوا کپڑا۔ بے کالر اور بے کفوں کی قمیص۔ اُردو جمع: کرتوں۔ کرتے۔

کُرتھی (کُر ـ تھی)(ہ ـ ا ـ مث) ایک قسم کا اناج جو خشخاش کی طرح ہوتا ہے۔

کُرتی (کُر ـ تی)(اَر ـ ا ـ مث) آستینوں کے بغیر اُونچا کرتہ جسے عورتیں انگیا کے اُوپر پہنتی ہیں (۲) وردی کا کوٹ۔ (لال کرتی کی پلٹن)۔

کرتے دھرتے بَن نہیں آتی (پڑتی) (اَر ـ محاورہ) کچھ کام نہیں ہو سکتا۔

کرتے کی سب بِدیا ہے (ہ ـ مثل) کام کرنے ہی سے کامیابی ہوتی ہے۔

کَرجانا (کَر ـ جا ـ نا)(ہ ـ مص) کسی دھار دار چیز کی دھار خراب ہو جانا۔

کَرجُگ (کَر ـ جُگ)(ہ ـ ا ـ مذ) کام کرنے کا زمانہ۔ موجودہ زمانہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کِرچ (کِرچ) (کِ۔رچ) (و۔ا۔مث) ایک قسم کی لمبی تلوار۔ جمع : کِرچوں۔کِرچیں۔

کِرچ (کِرچ) (کِ۔رچ) (و۔ا۔مث) ذرّہ۔ چھوٹا سا ٹکڑا۔ ریزہ۔ جمع : کِرچوں۔کِرچیں۔

کِرچ جھاڑنا (ار۔مص) پرندے کا پر جھاڑنا۔

کَرچھا (کَر۔چھا) (و۔ا۔مذ) لوہے کا ایک ڈنڈی والا ظرف جس میں گھی وغیرہ ڈالتے ہیں۔ فرائنگ پَین۔

کَرچھی (کَر۔چھی) (و۔ا۔مث) کرچھا کی تانیث۔

کُرُخت (کُ۔رَخت) (ف۔صف) سخت۔ کڑا۔

کُرُختگی (کُ۔رَخ۔تَ۔گی) (ف۔ا۔مث) کڑاپن۔ سختی۔

کَروا (کَر۔وا) (و۔ا۔مذ) (۱) بٹا۔ بدلوائی (۲) کٹوتی۔ وھڑا۔

کِردار (کِر۔دار) (ف۔ا۔مذ) (۱) طرز۔ طریق۔قاعدہ۔کریکٹر (۲) شُغل۔ کام (۳) چلن۔ خصلت۔ عادت۔

کِردار نگاری (ف۔ا۔مث) سیرت نگاری۔ اشخاصِ قصہ کے احوال و اطوار کا بیان۔

کر دِکھانا (و۔مص مُرکّب) کر (و۔متعلق فعل) کے تحت دیکھئے۔

کِردِگار (کِر۔دِ۔گار) (ف۔ا۔مذ) خالق۔ خُدا تعالیٰ۔

کَردَنی (کَر۔دَ۔نی) (ف۔صف) (۱) کرنے کے لائق (۲) (ار۔ا۔مث) کرنی۔ اعمال۔

کردنی خویش آمدنی پیش (ف۔مثل) بُرے کام کا بُرا نتیجہ۔ جیسا کیا تھا ویسا پایا۔

کَردَہ (کَر۔دَہ) (ف۔صف) کیا ہوا۔ عمل میں لایا ہوا۔

کردہ پشیمان ناکردہ ارمان (ف۔مثل) اس فعل کی نسبت کہتے ہیں جس کا کرنے والا پچھتائے اور نہ کرنے والا تمنا کرے۔

کَردَھنی (کَر۔دَھ۔نی) (و۔ا۔مث) ایک قسم کی زنجیر جسے ہندو بچے کمر میں باندھتے ہیں۔

کر دیکھنا (و۔مص مُرکّب) کر (و۔متعلق فعل) کے تحت دیکھئے۔

کُرَڑ کُرَڑ (کُ۔رَڑ۔کُ۔رَڑ) (و۔ا۔مث) کسی چیز کے چبنے کی آواز۔

کَرساں کا پٹی (ق۔ا۔مذ) عورتوں کا وہ زیور جو کمر کے گرد پہنا جاتا ہے۔

کِرِستان (کِ۔رِس۔تان) (ار۔ا۔مذ) کرسچین کا بگاڑ۔ عیسائی۔ نصرانی۔

کرسٹل (Crystal) (انگ۔ا۔مذ) بلور۔ بلور نُما۔

کَرسَکسی (کَر۔سَک۔سی) (ق۔مص) کر سکے گا۔

کرسمس (Christmas) (انگ۔ا۔مذ) عیسائیوں کا بڑا دن۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا دن۔ ۲۵ دسمبر۔ عید نصاریٰ۔

کرسمس ٹری (Christmas Tree) (انگ۔ا۔مذ) شجرِ عید۔ سرو کی شاخ جسے بطور درخت کرسمس کے موقع پر کمرے میں رکھا جاتا ہے اور اس پر موم بتیاں، مٹھائی اور تحائف لٹکا دیئے جاتے ہیں۔

کَرسی (کَر۔سی) (و۔ا۔مث) (۱) گوبر (۲) اُپلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چورا۔

کُرسی (کُر۔سی) (ع۔ا۔مث) (۱) چوکی۔ تخت۔ مسند۔ گدّی۔ اقتدار۔ حکومت (۲) عمارت کی تہ کی اونچائی (۳) زینہ۔ درجہ (۴) (شرعی اصطلاح) تختِ الٰہی کا مقام (۵) پیڑھی۔ پُشت۔ خاندان (۶) (و۔ا۔مذ) اودھ (بھارت) کا ایک شہر۔ یہاں کے لوگ بہت بے وقوف سمجھے جاتے ہیں۔ ار جمع: کُرسیاں۔ کُرسیوں۔

کُرسی دینا (ار۔محاورہ) (۱) برابر بیٹھنے کی عزت دینا۔ تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۲) عمارت کو سطحِ زمین سے اونچا کر کے بنانا۔

کُرسی کا احمق (ار۔صف) نہایت احمق۔ بڑا گاؤدی۔ بالکل مُورکھ۔

کُرسی نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) سلسلہ خاندان۔ نسب نامہ۔ شجرۂ نسب۔

کُرسی نشین (ع۔ف۔صف) (۱) وہ شخص جسے افسر ملاقات کے وقت بیٹھنے کے لئے کرسی دیں (۲) ذہن نشین (۳) مرتبہ حاصل کرنے والا۔

کُرسی نشین ہونا (ار۔محاورہ) (۱) کرسی پر بیٹھنے کے درجے کو پہنچنا (۲) ٹھیک بیٹھنا۔ درست ہونا۔

کِرِشمہ (کِ۔رِش۔مہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) آنکھ کی جھپکی۔ ناز۔ نخرہ۔ غمزہ (۲) (ار۔ا۔مذ) انوکھی بات۔ حیرت انگیز بات (۳) کرامات۔ اعجاز (۴) نشان۔ علامت۔ اُردو جمع: کرشموں۔ کرشمے۔

کرشمہ دِکھانا (ار۔محاورہ) کوئی کرامت یا اعجاز دکھانا۔ کوئی عجیب اور حیرت انگیز بات کرنا (۲) ناز دکھانا۔

کِرِشن (کِ۔رِشن) (س۔ا۔مذ) شِو کے آٹھویں اوتار۔ کنہیا جی۔ لغوی معنی سیاہ فام۔

کرشن پکش (پکھ) (س۔ا۔مذ) چاند کے آخری دن جن میں اول رات اندھیرا رہتا ہے۔ وہ پندرہ دن جن میں چاند گھٹتا ہے۔

کرشن لیلا (س۔ا۔مث) کرشن جی کے کھیل تماشے۔

کُرَفس (کُ۔رَفس) (ع۔ا۔مث) خراسانی اجوائن۔

کرفیو (Curfew) (انگ۔ا۔مذ) خانہ بندی یا گھر میں بند رہنے کا حکم جس میں وقتِ مقررہ کے اندر کوئی شخص اپنے گھر سے باہر نہیں نکل سکتا۔

کَرَک (کَ۔رَک) (و۔ا۔مذ) دُکھ۔ درد۔ ٹیس۔

کَرک (بفتحِ اول و سکونِ دوم و سوم) (س۔ا۔مذ) (۱) کیکڑا (۲) بُرج سرطان (۳) سفید گھوڑا۔

کَرکٹ (کَر۔کٹ) (و۔ا۔مذ) گھاس پھوس۔ خس و خاشاک (عام طور پر کُوڑا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ کُوڑا کرکٹ)۔

کِرکٹ (Cricket) (انگ۔ا۔مذ) گیند بلے کا کھیل۔

کَرکچ (کَر۔کچ) (و۔ا۔مذ) سمندری نمک۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کِرکِر (بکسر کاف)(ہ۔ا۔مث) وہ آواز جو ریت اور شیشہ وغیرہ کو دانتوں میں دبانے سے پیدا ہوتی ہے۔

کِرکِرا (کِر۔کِ۔را)(ہ۔صف) خاک آمیز۔ ریتیلا۔

کِرکِرا کر دینا (اُر۔محاورہ) خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا (عیش، لُطف، مزہ)۔

کُرکُرا (کُر۔کُ۔را)(ہ۔صف) خستہ۔ بُھر بُھرا۔ کرارا۔

کِرکِرانا (کِر۔کِ۔رَا۔نا)(ہ۔مص) بگاڑنا۔ بدمزہ کرنا۔ رنگ میں بھنگ ڈالنا۔

کِرکِراہٹ (کِر۔کِ۔رَا۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث) دانت کے تلے کنکریلی چیز کے بولنے کی آواز۔

کِرکِری (کِر۔کِ۔ری)(ہ۔صف)(۱) کِرکِرا کی تانیث (۲)(اُر۔ا۔مث) ذِلّت۔ خواری۔ ہیٹی (۳) ایک قسم کا ریشمی زر تار کپڑا۔

کِرکِری ہونا (اُر۔محاورہ) بُھد ہونا۔ ذلیل ہونا۔ خوار ہونا۔

کِرکِری خانہ (اُر۔ا۔مذ) پُرانا اسباب رکھنے کی جگہ۔

کُرکُری (کُر۔کُ۔ری)(ہ۔صف)(۱) کُرکُرا کی تانیث (۲)(ہ۔ا۔مث) مروڑ۔ پیچش (۳) گھوڑے کی ایک بیماری جس میں اُس کا پیشاب بند ہو جاتا ہے۔

کُرکُری اُٹھنا (اُر۔محاورہ) پیٹ میں درد ہونا (۲) گھوڑے کا پیشاب بند ہو جانا (۳) شامت آنا۔

کُرکُری ہڈی (اُر۔ا۔مث) خستہ اور ملائم ہڈی جو چبائی جا سکے۔

کُرکُنا (کُ۔رَک۔نا)(ہ۔ا۔مث) درد اُٹھنا۔ ٹیسیں اُٹھنا۔

کُرگا (اُر۔ا۔مذ) دیکھیے کرگہ۔

کُرکُولنا (کُر۔کُول۔نا)(ہ۔مص) کسی ٹھوس چیز کے اندرونی حصے کو خالی کر دینا۔

کرگَدَن (کَر۔گَ۔دَن)(ف۔ا۔مذ) گینڈا۔

کرگُزرنا (ہ۔مص) کر (ہ۔تابع فعل) کے تحت دیکھیے۔

کرگس (کَر۔گَس)(ف۔ا۔مذ) گِدھ۔

کرگہ (کَر۔گَہ)(ف۔ا۔مث)(۱) جولاہوں کے کپڑا بُننے کی مشین یا جگہ۔ کھڈی (۲) جولاہے کا کارخانہ (۳)(اصل میں "کارگاہ" تھا یعنی کام کرنے کی جگہ)۔ اُردو جمع: کرگھوں۔ کرگھے۔

کرگہ چھوڑ تماشا جائے۔ ناحق چوٹ جولاہا کھائے (اُر۔مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص دُوسروں کی ریس کر کے بے فائدہ اپنا نُقصان کرے یا تکلیف اُٹھائے۔

کَرَم (کَ۔رَم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بُزرگی (۲) ہمت۔ جواں مردی (۳) بخشش۔ دان۔ پُن (۳) عنایت۔ مہربانی۔

کرم بخشی (ع۔ف۔ا۔مث) مہربانی۔ عنایت۔

کرم پرور (کرم فرما۔ کرم گستر) (ع۔ف۔صف) مہربانی کرنے والا۔ مہربان۔ عنایت کرنے والا۔

کرم کرنا (فرمانا) (اُر۔مص مُرکّب)(۱) مہربانی کرنا۔ عنایت کرنا (۲) رحم کرنا۔ بخشنا (۳)(محاورہ) تشریف لانا۔

کَرْم (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ)(۱) کام (۲) نوکری (۳) فرض (۴) چال چلن (۵) مذہبی رَسم (۶) ذات کے فرائض (۷) مفعول (۸)(کَ۔رَم)(ہ۔ا۔مذ) قسمت۔ نصیبہ۔ جمع: کرم۔ کرموں۔

کرم بھوگ (ہ۔ا۔مذ) پہلے جنم میں کئے ہوئے کاموں کا پھل۔ بھلائی بُرائی کا نتیجہ۔

کرم پھوٹنا (ہ۔محاورہ)(۱) بدنصیب ہونا (۲) رانڈ ہونا (۳) بُری جگہ شادی ہونا۔

کرم چاری (ہ۔صف) کارکُن۔

کرم ریکھ (کرم ریکھا) (ہ۔ا۔مث) تقدیر کا لکھا ہوا۔ نوشتہ اَزل۔

کرم کا بَلیا (کرم کا دھنی) (ہ۔صف)(۱) زبردست نصیبے والا (۲)(طنزاً) بدقسمت۔

کرم کی ریکھا نہیں مِٹتی (ہ۔مثل) تقدیر کا لکھا نہیں مٹتا۔ نوشتہ اَزل ہو کر رہتا ہے۔

کرموں (ہ۔ا۔مذ) کرم کی جمع۔

کرموں کو رونا (ہ۔محاورہ) قسمت کو رونا۔ افسوس کرنا۔

کرم کلا (کَ۔رَم۔کَل۔لا)(ف۔ا۔مذ) بند گوبھی۔

کِرْم (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) کیڑا۔

کِرم پیلہ (ف۔ا۔مذ) ریشم کا کیڑا۔

کِرم خوردہ (ف۔صف) گُھن لگا ہوا۔ کیڑوں کا کھایا ہوا۔ پُرانا۔ بوسیدہ۔

کَرَّمَ اللّٰہُ وَجْہَہٗ (کَر۔رَ۔مَل۔لا۔ہُ۔وَج۔ہَ۔ہُو)(ا) خُدا نے اُس کے مُنہ کو بُزرگی دی۔ حضرت علیؓ کے نام کے بعد استعمال کیا جاتا ہے، کیونکہ آپ نے قبل از اسلام بھی بتوں کو کبھی سجدہ نہیں کیا تھا۔

کِرمَک (کِر۔مَک)(ف۔ا۔مذ) کِرم کی تصغیر۔ چھوٹا کیڑا۔

کرمکِ شب افروز (شب تاب۔ شب چراغ) (ف۔ا۔مذ) جگنو۔

کُرم کُرم (کُ۔رَم۔کُ۔رَم)(ہ۔ا۔مث) بُھربُھری یا کُرکُری چیز چبانے کی آواز۔

کرمی (ق۔ا۔مث) سبب۔

کُرمی (کُر۔ی)(ہ۔ا۔مذ) پُورب کے ہندوز میینداروں کی ایک ذات۔

کَرَن (کَ۔رَن)(س۔ا۔مذ)(۱) کان۔ گوش (۲) مثلث کا قاعدہ۔

کرن پُھول (ہ۔ا۔مذ) کان کا ایک زیور۔ گوشوارہ۔

کِرَن (کِ۔رَن)(ہ۔ا۔مث)(۱) سُورج یا چاند کی شعاع (۲) سُنہری یا رُوپہلی گوٹے کا تار۔ جمع: کرنوں۔ کرنیں۔

کرن کا پھیرا (اُر۔ا۔مذ) تڑکا۔ علی الصباح۔

کرنا (کَر۔نا)(ہ۔مص)(۱) بنانا۔ عمل میں لانا (۲) انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا (۳) بیوہ کا کسی سے شادی کر لینا (۴) بیوی بنانا (۵) جادُو کرنا۔ ٹوٹکا کرنا (۶) کاروبار کرنا (۷) ذبح کرنا (۸) شروع کرنا (۹)(مذ) ایک قسم کی کلگل۔

کرنا خُدا کا کیا ہوتا ہے (اُر۔محاورہ) کیا واقعہ پیش آتا ہے۔ عجیب واقعہ پیش آتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کرتا دھرتا (اُر۔ محاورہ) اِنتظام کرنا۔ بندوبست کرنا۔

کرنا (کر۔ نا) (ف۔ ا۔ مث) قرنا۔ نفیری۔ بگل۔

کِرنا (کر۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھیے کِر جانا۔

کرنتا (کَ۔ رن۔ تا) (ق۔ صف) کرنے والا۔

کرنٹ (Current) (انگ۔ ا۔ مذ) رَو۔ لہر (۲) بجلی کی رَو۔

کرنجا (کَ۔ رن۔ جا) (ہ۔ مص) اَزرق چشم۔ کیرا۔ نیلی آنکھوں والا۔

کرنجوا (کَ۔ رنج۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک درخت اور اُس کا خاکی پھل (۲) خاکی رنگ۔

کرنجی (کَ۔ رن۔ جی) (ہ۔ صف) کرنجا کی تانیث۔

کرنجی آنکھ (اُر۔ ا۔ مث) نیلی آنکھ۔ کیری آنکھ۔ چشم اَزرق۔

کرنڈ (کَ۔ رنڈ) (ہ۔ ا۔ مذ) لاکھ اور ریت سے بنا ہوا پتھر جو ہتھیار تیز کرنے کے کام آتا ہے۔

کرنڈی (کَ۔ رنڈی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سر کی چادر (۲) کچے ریشم کی لچھی۔

کرنسی (Currency) (انگ۔ ا۔ مث) سِکّہ رائج الوقت۔ کسی مُلک کا روپیہ۔ اُردو جمع: کرنسیاں۔ کرنسیوں۔

کرنسی آفس (Currency Office) (انگ۔ ا۔ مذ) کرنسی نوٹ بدلنے کا محکمہ۔

کرنسی نوٹ (Currency Note) (انگ۔ ا۔ مذ) نقدی کی بجائے لین دین میں مستعمل ہونے والا سرکاری نوٹ۔ کاغذی سِکّہ۔

کرنک (کَ۔ رنک) (ق۔ صف) سوکھا۔ کرارا۔

کرنل (Colonel) (انگ۔ ا۔ مذ) کرنیل۔ رجمنٹ کا اعلیٰ اَفسر۔ اعلیٰ فوجی عہدے دار۔

کرنی (کر۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کام۔ فعل (۲) معماروں کا ایک اوزار جس سے گارا چونا لگاتے ہیں۔

کرنی نہ کرتوت۔ پھوہڑ لڑنے کو مضبوط (اُر۔ مثل) اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کام تو کوئی نہ کرے اور مُفت کی شیخی اور بدمزاجی ظاہر کرے۔

کرنیل (کر۔ نیل) (اُر۔ ا۔ مذ) دیکھیے کرنل۔

کروا (کر۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) مٹی کا ٹونٹی والا برتن۔ لوٹا۔

کرواچوتھ (ہ۔ ا۔ مث) ہندوؤں کا ایک تہوار۔

کروانا (کر۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) کرنا کا متعدی المتعدی۔ کام بنوانا۔ کام لینا۔

کرّوبی (کر۔ رُو۔ بی) (ع۔ ا۔ مذ) اعلیٰ درجے کا فرشتہ۔

کرّوبیاں (کر۔ رُو۔ بی۔ یاں) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کرّوبی کی فارسی جمع۔

کروت (کر۔ وت) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑا آرا۔

کروٹ (کر۔ وٹ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پہلو۔ لیٹنے کی دونوں طرفوں میں سے ایک طرف (۲) جانب۔ رُخ۔ بَل (۳) طور۔ ڈھنگ (۴) اِنقلاب۔ جمع: کروٹوں۔ کروٹیں۔

کروٹ بدلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ایک پہلو سے دُوسرا پہلو بدلنا (۲) اِنقلاب ہو جانا (۳) مخالف سے جا ملنا۔

کروٹ کروٹ جنّت نصیب کرے (اُر۔ محاورہ) خُدا مغفرت کرے۔

کروٹ پر سونا (اُر۔ محاورہ) ایک پہلو پر سونا۔

کروٹ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) رُخ بدلنا۔ لیٹے ہوئے اِس پہلو سے اُس پہلو ہو جانا (۲) مُنہ پھیر لینا (۳) اِنقلاب ہونا۔

کروٹ نہ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) خبر نہ ہونا (۲) بے خبر ہونا (۳) واپس نہ آنا (۴) (اُر۔ مص مُرکّب) ایک ہی پہلو پر سونا۔

کروٹوں (کر۔ و۔ ٹوں) (ہ۔ ا۔ مث) کروٹ کی جمع۔

کروٹوں میں رات کاٹنا (اُر۔ محاورہ) بے قراری اور اِضطراب سے رات بسر کرنا۔

کروٹیں (کر۔ و۔ ٹیں) (ہ۔ ا۔ مث) کروٹ کی جمع۔

کروٹیں بدلنا (کروٹیں لینا) (اُر۔ محاورہ) بستر پر بے قرار اور بے چین رہنا۔ آرام سے نہ سونا۔

کرودھ (کَ۔ رودھ) (س۔ ا۔ مذ) غُصّہ۔ خفگی۔ طیش۔ عتاب۔ غضب۔

کرودھی (کَ۔ رو۔ دھی) (ہ۔ صف) غُصّے والا۔ غُصیل۔

کروڑ (کَ۔ روڑ) (ہ۔ صف) سو لاکھ۔ جمع: کروڑ۔ کروڑوں۔

کروڑ پتی (ہ۔ صف) ایک کروڑ کا مالک۔ دولت مند۔ امیر۔ مالدار۔ جمع: کروڑ پتی۔ کروڑ پتیوں۔

کروڑ کی ایک بات (اُر۔ ا۔ مث) نہایت تجربے کی بات۔ وہ بات جو کروڑوں باتوں کا خُلاصہ ہو۔ نہایت پکّی بات۔ کھری اور بے لاگ بات۔

کروزر (Cruiser) (انگ۔ ا۔ مذ) جنگی جہاز جو سمندر کا گشت کرتا پھرے۔

کروشیا (کَ۔ روش۔ یا) (اُر۔ ا۔ مذ) دھاگے کی جالی بُننے کا آلہ جو آر کی طرح ہوتا ہے۔

کرولنا (کَ۔ رول۔ نا) (ہ۔ مص) کُھرچنا۔ اَندر سے نکالنا۔

کروندا (کَ۔ روں۔ دا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کِروندا۔ سُرخ اور سفید رنگ کا ایک تُرش پھل (۲) کان کے پاس کی گِلٹی یا غدُود۔

کروہ (کَ۔ روہ) (ف۔ ا۔ مذ) کوس۔

کُروی (کُر۔ وی) (ع۔ صف) کُرہ سے منسوب۔ مُدوّر۔ دائرہ نُما۔

کُرہ (کُ۔ رہ) (ع۔ ا۔ مذ) گیند۔ گولا۔ ہر گول چیز۔ جمع: کُرات۔

کُرۂ آب (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ پانی جس نے کُرۂ زمین کو گھیر رکھا ہے۔

کُرۂ اَرض (زمین) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) تمام زمین جو گیند کی شکل کی ہے۔

کُرۂ باد (کُرۂ ہوا) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ہوا کا تمام مجموعہ جو زمین کے چاروں طرف کئی کوس تک پھیلا ہوا ہے۔

کُرہاً (کُر۔ ہَن) (ع۔ متعلق فعل) ناگواری سے۔ مجبوری سے۔

کری (کَ۔ ری) (ق۔ حرفِ اضافت) کی۔

کُرّی (کُر۔ ری) (اُر۔ صف) کُرکُری۔ تختہ۔ بُھربُھری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کرے (ق۔ حرفِ اِضافت) کے۔

کرے ایک پکڑے جائیں سب (اَر۔ مثل) ایک شخص کی بُرائی سے تمام قوم بدنام ہوتی ہے۔

کرے ڈاڑھی والا پکڑا جائے مونچھوں والا (اَر۔ مثل) گناہ یا غلطی کوئی کرے اور اُس کی سزا کسی اور کو ملے۔

کِریا (کِر۔یا)(س۔ا۔مث) کام۔ کاج۔ دھندا (۲) تجہیز و تکفین (۳) حلف۔

کِریا کرم (ف۔ا۔مذ) ہندو مُردے کو کفنانے اور جلانے کی مذہبی رسُوم۔

کُریال (کُر۔یال)(ف۔ا۔مث)(۱) جانوروں کا اپنے بازوؤں کو کھجانا اور ہلانا (۲) اَمن۔ آرام۔ بے فکری۔

کُریال میں آنا (اَر۔ محاورہ) پرندوں کا خوش ہو کر اپنے پروں کو جھڑجھڑانا اور صاف کرنا۔

کُریال میں غُلّہ (غُلیلہ) لگانا (اَر۔ محاورہ) عین حصولِ مقصود میں خلل ڈالنا۔ رنگ میں بھنگ ڈالنا۔

کَریب (کَ۔ریب)(بیائے مجہول)(انگ کریپ (Crape) کا مُبدّل۔ا۔مث) ایک قسم کا انگریزی ریشمی کپڑا۔

کُریت (کُ۔ریت)(ف۔ا۔مث) بُری رَسم۔ بدمعاملگی۔

کریٹ (Crate) (بیائے مجہول) ٹوکرا۔ چھپا۔ لکڑی کا معمولی بکس جس میں کوئی چیز بند کر کے بھیجی جائے۔

کُرید (کُ۔رید)(بیائے مجہول)(ف۔ا۔مث) چھان بین۔ تلاش۔ جستجو۔ کھوج۔ تجسس۔

کُرید کُرید کر پوچھنا (اَر۔ محاورہ) ہر پہلو سے دریافت کرنا۔

کُرید میں رہنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی بُرائی کی تلاش میں رہنا۔ ٹوہ میں رہنا۔

کُریدنا (کُ۔رید۔نا)(بیائے مجہول)(ف۔مص) کھودنا۔ کسی چیز کی تلاش کرنا (۲) کھرچنا (۳) کھود کر باہر نکالنا (۴) دانتوں میں خلال کرنا (۵) آگ کو اُوپر تلے کرنا (۶) ہر بات کی تفتیش کرنا (۷) راز کی تلاش کرنا۔

کُریدنی (کُ۔رید۔نی)(ف۔ا۔مث) کھرچنے کا آلہ (۲) آگ کو اُلٹ پلٹ کرنے کا آلہ (۳) کان کھجانے کا آلہ (۴) خلال (۵) کھٹکا (۶) خلش (۷) کھوج۔ تجسس۔

کرے دار (ق۔ا۔مذ) ایک پھل کا نام۔

کریڈٹ (Credit) (انگ۔ا۔مذ)(۱) نیک نامی۔ شُہرت۔ ساکھ۔ پَت۔ اِعتبار۔ بھرم۔ عزّت۔ وقعت۔ سَرسہرا (۲) قرض۔ اُدھار۔ یافتنی۔

کَریر (کَ۔ریر)(ف۔مذ) ایک کانٹوں والا زہریلا پودا جس کے پتے نہیں ہوتے۔

کُریز (کُ۔ریز)(ف۔ا۔مث)(۱) پرندوں کا پُرانے پر گرانا (۲) پرندوں کی پر جھاڑنے کی کیفیت۔

کُریز چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) پرندوں کو پنجروں میں چھوڑ دینا تاکہ پُرانے پر جھاڑ کر نئے پَر نکالیں۔

کُریز کرنا (اَر۔ محاورہ) پرندوں کا پُرانے پَر جھاڑ کر نئے پَر نکالنا۔

کریز (Crease) (انگ۔ا۔مث)(۱) تہ کی شِکن یا خط (پتلون وغیرہ کا) (۲) کھیلنے والے اور گیند پھینکنے والے کی حد (کرکٹ)۔

کُری کُری (کُڑی کُڑی) (کُ۔ری۔کُ۔ری)(کُ۔ڑی۔کُ۔ڑی)(ف۔ا۔صوت) مُرغیوں کو ہنکانے کی آواز۔

کَریل (کَ۔ریل)(ف۔ا۔مذ) دیکھیے کرِیر۔

کریلا (کَ۔رے۔لا)(ف۔ا۔مذ) ایک ہری لمبوتری کڑوی ترکاری۔ جمع: کریلوں۔ کریلے۔

کریلا اور نیم چڑھا (اَر۔ مثل) کریلا پہلے ہی تلخ تھا نیم پر چڑھ کر اور زہریلا ہو گیا۔ خیر سے پہلے ہی بدمزاج تھے خود مختار ہو کر اور بھی بدمزاج ہو گئے۔

کریلا دھار (ق۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کی آتش بازی (۲) جنوبی ہند میں چوٹی کی ایک خاص وضع۔

کریم (Cream) (انگ۔ا۔مث) ملائی۔ بالائی۔

کریم رول (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کی انگریزی مٹھائی جس میں کریم بھری ہوتی ہے۔

کَرِیم (کَ۔رِیم)(ع۔صف)(۱) بخشنے والا (۲) سخی۔ فیّاض (۳) مہربان (۴) خدا تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔

کَرِیمُ النّفس (کَ۔ری۔مُن۔نَفس)(ع۔صف)(۱) نیک دِل (۲) سخی۔ مہربان۔

کَرِیمُ النّفسی (کَ۔ری۔مُن۔نَف۔سی)(ع۔ا۔مث)(۱) مہربانی۔ سخاوت (۲) نیک دِلی۔

کَرِیمانہ (کَ۔ری۔ما۔نہ)(ف۔صف) سخی کی مانند۔

کَرِیمہ (کَ۔ری۔مہ)(ع۔صف) کریم کی تانیث۔

کَرِیمی (کَ۔ری۔می)(ع۔ا۔مث)(۱) فیّاضی۔ سخاوت (۲) عنایت۔ مہربانی۔

کرین (Crane) (انگ۔ا۔مث) وزن اُٹھانے کا ایک بڑا آلہ۔ اُردو جمع: کرینوں۔ کرینیں۔

کَرِیہہ (کَ۔ریہہ)(ع۔صف) مکروہ۔ قابلِ نفرت۔ بدشکل۔

کَرِیہہُ الصّوت (کَ۔ریہہ۔ہُص۔صَوت)(ع۔صف) بد آواز۔ ناگوار آواز والا۔

کَرِیہہُ المنظر (کَ۔ریہہ۔ہُل۔مَن۔ظَر)(ع۔صف) بدصورت۔ بدشکل۔ بدنُما۔

ک۔ڑ

کَڑ (بفتحۂ اوّل)(ف۔ا۔مث) کُسُم کا بیج (۲) گاڑی یا چھکڑے کا اُلٹ جانا۔

کِڑ (بکسرِ اوّل)(ف۔ا۔مذ) کیڑا کا مُخفّف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کِرم کھایا (اَر۔ محاورہ) (۱) کیڑوں کا کھایا ہوا۔ کرم خوردہ (۲) بوسیدہ۔ پُرانا (۳) (حقارتاً) چیچک رُو۔

کڑا (کَ۔ڑا) (ہ۔صف) (۱) سخت۔ کرخت (۲) بے رحم (۳) مضبوط۔ زور آور (۴) بدمزاج (۵) کٹھن۔ دُشوار (۶) بہادُر۔ دلیر (۷) گراں۔ مہنگا (۸) (اِ۔مذ) دھات کا حلقہ یا کنڈا (۹) وہ عمارت جس میں چُونے، پتھر اور اینٹوں کے سوا لکڑی کا کام نہ ہو۔

کڑا پڑنا (اَر۔ محاورہ) سخت ہو جانا (۲) کُنڈی چڑھنا۔ بند ہونا۔

کڑا پن (اَر۔اِ۔مذ) (۱) سختی۔ کرختگی۔ مضبوطی (۲) بہادُری (۳) تُندی۔

کڑا تاؤ (اَر۔اِ۔مذ) سخت جوش۔ غُصّے کا جوش۔

کڑا دن (اَر۔اِ۔مذ) سخت دن۔ منحوس دِن۔

کڑا سماں (اَر۔اِ۔مذ) (۱) قحط۔ گرانی۔ کال (۲) بُرا زمانہ۔ اِفلاس کے دِن۔

کڑا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سخت کرنا (۲) بھاؤ چڑھانا (۳) مضبوط کرنا (۴) جکڑنا۔ کسنا (۵) سختی جھیلنا (۶) ہمّت بڑھنا۔

کڑا کوس (اَر۔اِ۔مذ) دو میل سے زیادہ کا فاصلہ۔

کڑا مول (اَر۔اِ۔مذ) مہنگا۔ زیادہ قیمت والا۔

کڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) سخت ہونا۔ دُشوار ہونا۔ گراں ہونا (۲) بے رحم ہونا۔

کُڑاپا (کُ۔ڑا۔پا) (ق۔اِ۔مث) جلن۔

کُڑاڑا (کَ۔ڑا۔ڑا) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) دیکھئے کراڑا (۲) (ق۔صف) بُڈھا۔

کڑاکا (کَ۔ڑا۔کا) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) کسی چیز کے ٹُوٹنے کی آواز (۲) فاقہ (۳) سختی۔ شِدّت۔

کڑاکا (پیتنا) گُزرنا (اَر۔ محاورہ) فاقہ ہونا (۲) سختی کے دن ہونا۔

کڑاکے (ہ۔اِ۔مذ) کڑاکا کی بدلی ہوئی شکل۔

کڑاکے کا جاڑا (اَر۔اِ۔مذ) شِدّت کا جاڑا۔ سخت سردی جس میں دانت سے دانت بجتے ہیں۔

کڑاکے کا فاقہ (اَر۔اِ۔مذ) سخت فاقہ۔

کڑاکے کی سردی (اَر۔اِ۔مث) دیکھئے کڑاکے کا جاڑا۔

کڑاکڑ (کَ۔ڑا۔کڑ) (ہ۔اِ۔مذ) کسی چیز کے ٹوٹنے یا بجنے کی متواتر آواز۔

کُڑاوا (ق۔اِ۔مذ) بے پَر کی بات۔

کڑاہ (کڑاہا) (ہ۔اِ۔مذ) بڑی کڑاہی۔ کڑھاؤ۔ جمع: کڑاہوں۔ کڑاہے۔

کڑاہی (کَ۔ڑا۔ہی) (ہ۔اِ۔مث) (۱) چھوٹا کڑھاؤ۔ لوہے کا ظرف (۲) پکوان (۳) شیرینی کی تیاری۔ جمع: کڑاہیاں۔ کڑاہیوں۔

کڑاہی چڑھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کڑاہی کا کسی چیز کو تلنے کے لئے چولھے پر رکھا جانا (۲) پکوان کا تلا جانا (۳) شادی کے کھانوں اور ضیافت کا سامان ہونا۔

کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) اپنی صداقت جتانے کے لئے جلتے ہوئے تیل میں ہاتھ ڈال کر دکھا دینا کہ ہم سچے ہوں گے تو ہاتھ نہیں جلے گا۔

کَڑبڑا (کَڑ۔بَ۔ڑا) (ہ۔صف) (۱) وہ شخص جس کی ڈاڑھی میں سیاہ اور سفید بال ہوں (۲) ابلق۔ چتکبرا۔

کڑبڑی (ہ۔صف) کڑبڑا کی تانیث۔

کڑبڑی ڈاڑھی (ہ۔اِ۔مث) وہ ڈاڑھی جس میں سیاہ اور سفید بال ہوں۔

کڑپ (کَ۔ڑپ) (ق۔اِ۔مذ) شکم۔ پیٹ۔

کُڑتی (کُڑ۔تی) (ہ۔اِ۔مث) (۱) وہ برتن جس میں جانوروں کو پانی پلایا جاتا ہے (۲) عورتوں کا کُرتا جس میں آستین نہیں ہوتی۔ کُرتی۔

کُڑ دینا (ہ۔ محاورہ) ناز نخرے دکھانا۔

کُڑڑی (ق۔اِ۔مث) غُصّے کی نظر یا بات۔

کڑک (کَ۔ڑک) (ہ۔اِ۔مث) (۱) بجلی کی آواز۔ سخت اور مہیب آواز (۲) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۳) گھوڑے کی پویا رفتار۔

کڑک بانکا (اَر۔صف) بانکا ترچھا جوان۔ کڑیل جوان۔

کڑک بجلی (اَر۔اِ۔مث) (۱) توڑے دار بندوق۔ وہ بندوق جس کی آواز نہایت مہیب ہو (۲) کڑاکے کی آواز والی عورت۔ رُعب داب والی عورت۔

کڑک کر (اَر۔ متعلق فعل) کڑاکے کی آواز سے۔ سخت آواز سے۔

کڑک ناتھ (ہ۔اِ۔مذ) ایک قسم کا سیاہ مُرغ۔

کُڑک (کُ۔ڑک) (اَر۔اِ۔مث) (۱) وہ مُرغی جو انڈے دینے سے رُک گئی ہو (۲) (صف) خالی۔ کورا۔ تہی۔

کُڑک ہونا (اَر۔ محاورہ) مُرغی کا انڈے نہ دینا۔

کڑکا (کڑ۔کا) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) کڑاکا۔ بجلی کا شور۔ آوازہ (۲) رجز۔ میدانِ جنگ میں دل بڑھانے والے اشعار یا گیت (۳) وہ آواز جو نقیب بادشاہ کی سواری کے آگے لگاتے ہیں (۴) رزم نامہ۔ بہادری کے گیت (۵) (ق۔اِ۔مذ) کنارہ۔

کڑکڑ (بفتحہء اوّل و سوم) (ہ۔اِ۔مث) (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز (۲) کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز (۳) اُنگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔

کُڑکُڑ (بضمِ اوّل و سوم) (ہ۔اِ۔مث) مُرغیوں کو بُلانے یا بھگانے کی آواز۔

کِرکِر (بکسرِ اوّل و سوم) (ہ۔اِ۔مث) دانتوں کے باہم رگڑ کھانے کی آواز۔

کڑکڑاتا (کڑ۔کڑا۔تا) (اَر۔صف) زور کا۔ شِدّت کا (جاڑا)۔

کڑکڑاتا جاڑا (اَر۔اِ۔مذ) نہایت زور کی سردی۔ شِدّت کا جاڑا۔

کڑکڑانا (کڑ۔کَ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) گھی یا تیل کے بگھارنے کی آواز نکلنا (۲) بگھارنا۔ داغ دینا۔

کِرکِرانا (کِر۔کِ۔را۔نا) (ہ۔مص) دانتوں کا باہم رگڑ کھا کر آواز دینا۔

کُڑکُڑانا (کُڑ۔کُ۔ڑا۔نا) (۱) مُرغیوں کا بولنا (۲) بُڑبُڑانا (۳) جلنا۔ حسد کرنا (۴) بُرا بھلا کہنا۔

کڑکنا (کَ۔ڑک۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرجنا۔ آسمانی بجلی کی آواز پیدا ہونا (۲) چیخ کر بولنا (۳) باجے یا نوبت کا زور سے بجنا۔

کُڑکنا (کُ۔ڑک۔نا) (ہ۔مص) (۱) تڑکنا۔ چٹکنا۔ ٹوٹنا (۲) موتی میں بال آنا۔ موتی کا ٹوٹ جانا (۳) چوُر ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کڑکو (کَو۔کُو)(ہ۔ا۔مث)(۱) بدمزاج عورت (۲) بے ہودہ عورت۔

کڑکی (کَ۔ڑِک۔کی)(ہ۔ا۔مث) وہ چیز جس سے لڑکے چھوٹے پرندے پکڑتے ہیں۔

کڑکَیت (کَڑ۔کَیت)(ہ۔ا۔مذ)(۱) نقیب (۲) وہ شخص جو میدانِ جنگ میں نظم یا نثر پڑھ کر بہادروں کو جوش اور غیرت دِلاتا ہے۔

کڑنگا (کَ۔ڑَنگا)(ہ۔صف)(۱) سخت کلام۔ سخت گو۔ اکھڑ۔ بدمزاج (۲) قوی۔ توانا۔

کڑوا (کَڑ۔وا)(ہ۔صف)(۱) تلخ۔ نیم کے مزے کا (۲) تیز۔ تُند (۳) کھاری۔ نمکین (۴) بدمزاج۔ غُصیل (۵) سخت۔ اکھڑ۔

کڑوا تمباکو (اَر۔ا۔مذ) بہت تیز تمباکو۔

کڑوا تیل (اَر۔ا۔مذ) سرسوں کا تیل۔ روغنِ تلخ۔

کڑوا دل کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) سختی جھیلنا۔ ہمت باندھنا (۲) ناگوار بات کو برداشت نہ کرنا۔

کڑوا زہر (اَر۔صف) نہایت تلخ۔

کڑوا کریلا (اَر۔صف) نہایت بدمزاج۔

کڑوا کریلا نیم چڑھا (اَر۔مثل) دیکھئے کریلا اور نیم چڑھا۔

کڑوا کڑوا تھو تھو۔ میٹھا میٹھا ہپ ہپ (اَر۔مثل) بُری چیز نہ لینا۔ اچھی چیز لے لینا۔

کڑوا کسیلا (اَر۔صف) تلخ۔ ناگوار طبع۔

کڑوا لگنا (اَر۔محاورہ)(۱) تلخ معلوم ہونا (۲) ناگوار ہونا۔ بُرا معلوم ہونا۔

کڑوا ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) کسی چیز کا تلخ اور بدمزہ ہونا (۲) خفا ہونا۔ بگڑنا۔

کڑواہٹ (ہ۔ا۔مث) تلخی۔ تیزی۔

کڑوانا (کَڑ۔وا۔نا)(ہ۔مص)(۱) کڑواہٹ آجانا (۲) بگڑنا۔ خفا ہونا (۳) آنکھوں میں نیند بھرنا۔

کڑوڑ (کَ۔رُوڑ)(ہ۔ا۔عدد) دیکھئے کروڑ۔

کڑوڑا (کَ۔رُو۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) حاکمِ اعلیٰ۔ افسروں کا افسر۔ حاکموں کا حاکم۔

کڑوی (کَڑ۔وی)(ہ۔صف) کڑوا کی تانیث۔

کڑوی بات (اَر۔ا۔مث) ناگوار بات۔ نامُلائم بات۔

کڑوی روٹی (کڑوی کھچڑی) (اَر۔ا۔مث) جس دن کوئی ہندو مر جائے اُس دن کا کھانا۔

کڑوی نگاہ (اَر۔ا۔مث) خفگی کی نظر۔ ناراضی کی نگاہ۔

کڑوے (ہ۔صف)(۱) کڑوا کی جمع (۲) کڑوا کی مُغیّرہ صورت۔

کڑوے کسیلے دن (اَر۔ا۔مذ) بُرے دن۔ سختی اور مُصیبت کے دِن۔ تنگی کا زمانہ (۲) حمل کا آٹھواں مہینا۔

کڑوے گھونٹ (اَر۔ا۔مذ) مُشکل اور ناگوار بات۔ کٹھن کام۔

کڑوے سے ملئے، میٹھے سے ڈریئے (اَر۔مثل) بدمزاج آدمی صاف دِل ہوتا ہے اور نرم مزاج اچھا نہیں ہوتا۔

کڑھاپا (ق۔ا۔مث) بسیار خوری۔ چٹوپن۔ بلا نوشی۔

کڑھانا (کُ۔ڑھا۔نا)(ہ۔مص)(۱) کڑھنا کا متعدی۔ رنجیدہ کرنا۔ غمگین کرنا (۲) افسوس دِلانا (۳) جان بوجھ کر ناراض کرنا۔

کڑھاؤ (ہ۔ا۔مذ) بڑی کڑاہی۔ کڑاہ۔ کڑاہا۔

کڑھن (کُ۔ڑھن)(اَر۔ا۔مث) رنج۔ دُکھ۔ مُصیبت۔

کڑھنا (کَڑھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) نکلنا۔ باہر آنا (۲) کھنچنا (۳) زردوزی یا کشیدہ کاری ہونا (۴) دودھ اُبلنا۔

کڑھنا (کُڑھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) رنجیدہ ہونا۔ دِل دُکھنا (۲) رحم آنا (۳) افسوس کرنا۔

کڑھوانا (کَڑھ۔وا۔نا)(ہ۔مص) کاڑھنا کا متعدی المتعدی۔

کڑھوائی (کَڑھ۔وا۔ای)(ہ۔ا۔مث) کاڑھنے کی اُجرت۔

کڑھی (کَ۔ڑھی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا سالن جو بیسن اور دہی یا چھاچھ میں مسالا ڈال کر پکاتے ہیں۔

کڑھی کا سا اُبال (اَر۔ا۔مذ) جلد فرو ہو جانے والا غُصہ یا ارادہ۔

کڑھی میں کوئلا (اَر۔مثل) اچھی بات میں کچھ نقص۔

کڑی (کَ۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) مُرغیوں کو ہنکانے کی آواز (۲)(پن) لڑکی۔

کڑی (کَ۔ڑی)(ہ۔صف) کڑا کی تانیث (۱) کرخت۔ سخت۔ شدید (۲) مضبوط۔ مستحکم (۳) ناگوار طبع (۴) تیز۔ تُند (۵) مُشکل۔ کٹھن۔ دُشوار۔ بھاری (۶) خشم ناک (۷)(مث) شہتیر۔ چھت کا تیر (۸) جریب کا باریک اور پتلا حصہ (۹) آہنی حلقہ (۱۰) چاندی یا سونے کا باریک اور پتلا حلقہ (۱۱) سختی۔ رنج۔ دُکھ۔ مُصیبت (۱۲) ہندی نظم کا بند (۱۳) پاؤں کا ایک زیور۔

کڑی آنا (اَر۔محاورہ) مُصیبت آنا۔

کڑی آنکھ پڑنا (اَر۔محاورہ) قہر کی نظر پڑنا۔

کڑی اُٹھانا (جھیلنا) (اَر۔محاورہ) سختی جھیلنا۔ سخت بات سُننا۔

کڑی بات (اَر۔ا۔مث) نامُلائم بات۔ ناگوارِ طبع بات۔

کڑی بولی (اَر۔ا۔مث) سخت زبان۔ تلخ گفتگو۔

کڑی ٹھوکر (اَر۔ا۔مث) بڑی لغزش۔ سخت غلطی۔

کڑی چوٹ (اَر۔ا۔مث) ضربِ شدید۔ سخت صدمہ۔

کڑی دُھوپ پڑنا (اَر۔محاورہ) شِدت کی دھوپ پڑنا۔ تیز دھوپ پڑنا۔

کڑی راہ (اَر۔ا۔مث) کٹھن راستہ۔ سخت راہ۔

کڑی سُنانا (اَر۔محاورہ) سخت بات کہنا۔ نامُلائم بات کہنا۔

کڑی قید (اَر۔ا۔مث) سخت قید۔ تکلیف دہ قید۔

کڑی کا بولنا (اَر۔محاورہ) شہتیر کا ٹپکنا یا آواز دینا۔

کڑی کمان (اَر۔ا۔مث) سخت کمان جس کو بہت طاقت سے کھینچنا پڑے۔

کڑی نظر (نگاہ) (اَر۔ا۔مث) غُصے کی نظر۔

کڑے (کَ۔ڑے)(۱) کڑا کی جمع (۲) کڑا کی مُغیّرہ شکل۔

کڑے تیور (اَر۔ا۔مذ) غُصے کے تیور۔ کڑی نظر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَڑے دِن (اَر۔ا۔مذ) مُصیبت کے دِن۔ آزمائش کے دِن۔
کَڑے روزے (اَر۔ا۔مذ) گرمیوں کے روزے جن میں دِن بڑے ہوتے ہیں۔
کُڑے کُڑے (ہ۔ا۔صوت) دیکھئے کُڑی کُڑی (کُڑی کُوی)۔
کَڑیَل (کَڑ۔یَل)(ہ۔صف) سخت۔ کڑا۔ طاقت ور۔ قوی۔

ک۔ز

کِزْ لِک (کِز۔لِک)(ف۔ا۔مث) تیز چُھری۔

ک۔ژ

کَژ (بفتحہ اوّل)(ف۔صف) کج۔ ٹیڑھا۔
کژدُم (کژ۔دُم)(ف۔ا۔مذ) ٹیڑھی دُم والا۔ بچھو۔ عقرب۔ (پن) ٹھوان۔

ک۔س

کَس (بفتحہ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) آدمی۔ شخص۔ لوگ (۲) کوئی۔
کس مُپرُسی (مُ۔پُر۔سی)(ف۔ا۔مث) ایسی حالت جس میں کوئی پُرسانِ حال نہ ہو۔
کس نہ گوید کہ دوغِ من تُرش اَست (ف۔مثل) کوئی نہیں کہتا کہ میرا دہی کھٹا ہے۔ اپنی چیز کو کوئی بُرا نہیں کہتا۔
کس نمی پُرسد کہ بھیا کون ہو؟ تین ہو یا ڈیڑھ ہو یا پوَن ہو؟ (اَر۔مثل) مُفلس آدمی سے کوئی نہیں پُوچھتا کہ تُو کس حال میں ہے؟
کس و ناکس (کسو۔نا۔کس)(ف۔ا۔مذ) اَدنیٰ و اعلیٰ۔ خاص و عام۔ ہر آدمی۔
کَس (بفتحہ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) زور۔ طاقت۔ بَل (۲) اِمتحان۔ آزمائش۔ چاشنی (۳) تلوار کی خمیدگی (۴) مضبوطی (۵) حقیقت (۶) پہاڑی بارش کا نالا (۷) تاؤ۔ (جیسے سونے کا کس۔ گھی کا کس)۔
کس بَل (اَر۔ا۔مذ) دَم خم۔ زور۔ طاقت۔ قوت۔
کس دیکھنا (اَر۔محاورہ) سونے کو کسوٹی پر لگانا۔ سونے کو تپانا۔
کُس (بضم اوّل)(ف۔ا۔مث) عورت کی شرمگاہ۔ اندامِ نہانی۔ فرج۔
کِس (بکسر اوّل)(ہ۔کلمہ اِستفہام) کون؟ کدام؟
کِس بات پر پُھولا ہے؟ (اَر۔مثل) کِس گھمنڈ میں ہے؟ کِس خیال میں ہے؟
کِس کھیت کی مُولی ہے؟ (کس کھیت کا بتھوا ہے؟) (اَر۔مثل) بے حقیقت ہے۔ کسی حساب میں نہیں۔
کِس برتے پر تتا پانی؟ (اَر۔مثل) کِس حوصلے پر شیخی مارتے ہیں؟ اِس مقدار اور حقیقت پر غرور؟ نیز دیکھئے اِس برتے پر تتا پانی۔
کِس بَلا کا ہے (اَر۔محاورہ) کِس غضب کا ہے۔ تعریف کے موقع پر بولتے ہیں۔
کِس بَلا کو پیچھے لگا لیا! (اَر۔مثل) جب کسی ضِدی سے پالا پڑ جائے تو بولتے ہیں کہ ہم کِس عذاب میں پھنس گئے۔
کِس پتھر سے سر پھوڑیں؟ (اَر۔مثل) کِس سے فریاد کریں؟
کِس پر پُھولے ہو؟ (اَر۔مثل) کِس بات پر غرور ہے۔ کون سا وسیلہ ہے؟
کِس بُوتے پر؟ (اَر۔محاورہ) کِس توقع، کِس اُمید اور کِس دوست کی آمد پر؟ کِس بھروسے پر؟
کِس جانور کا نام ہے؟ (اَر۔محاورہ) بے حقیقت چیز ہے۔
کِس جنم کے کالے تِل چابے ہیں؟ (اَر۔محاورہ) کِس زمانے سے اطاعت اور فرماں برداری کا بیڑا اُٹھایا ہے؟
کِس جوبن سے؟ (اَر۔محاورہ) کِس شان سے؟
کِس چکّی کا پِسا کھایا ہے؟ (اَر۔محاورہ) کِس چکّی کا آٹا کھایا ہے کہ اِتنے موٹے ہو گئے ہو۔
کِس حساب میں ہے؟ (اَر۔محاورہ) کون پُوچھتا ہے؟ کِس گنتی میں ہے؟
کِس خُدا نے بتایا (کہا)؟ (اَر۔محاورہ) بے ہُودہ یا بے وقوفی کی بات کرنے والے سے کہتے ہیں۔
کِس خیال میں ہے؟ (اَر۔محاورہ) کیا سوچتا ہے؟ کیوں نہیں سمجھتا؟ کیوں بے خبر ہے؟
کِس درد کی دوا ہے؟ (اَر۔محاورہ) کِس کام کا ہے؟ تجھ سے کیا اُمید ہے؟ کیا کام آئے گا؟
کِس دِل سے؟ (اَر۔محاورہ) کِس برتے پر۔ کِس ہمّت پر؟
کِس دِن کو (کے لئے) اُٹھا رکھا ہے؟ (اَر۔محاورہ) کب کے لئے ملتوی کیا ہے؟ کرتے کیوں نہیں؟
کِس زبان سے؟ (اَر۔محاورہ) کِس طرح؟ جو شخص کچھ کہہ کے مُکر جائے یا اپنے کہے کے خلاف کہے اُس کی نسبت کہتے ہیں۔
کِس زبان سے بیان ہو؟ (اَر۔محاورہ) زبان اُس کے بیان سے قاصر ہے۔
کِس زبان سے تعریف ہو؟ (اَر۔مثل) تعریف نہیں ہو سکتی۔ بہت اچھا ہے۔
کِس شخص کا مُنہ دیکھ کے اُٹھا ہوں؟ (اَر۔محاورہ) جب کسی شخص کو کوئی زحمت پیش آتی ہے تو یہ فقرہ کہتا ہے۔ مطلب یہ کہ صُبح اُٹھ کر کسی منحوس آدمی کا مُنہ دیکھا تھا کہ یہ زحمت پیش آئی۔
کِس شُمار و قطار (گنتی) میں ہے؟ (اَر۔محاورہ) کون پُوچھتا ہے؟ کوئی نہیں جانتا۔ کچھ قدر و منزلت نہیں۔
کِس طرح؟ (اَر۔تابع فعل) کیونکر؟ کیسے؟ کِس سبب سے؟
کِس قدر؟ (اَر۔تابع فعل)(۱) کتنا؟ (۲) نہایت۔ حد سے زیادہ۔
کِس قیامت کا (کی۔کے) (اَر۔صف) کِس بلا کے! کِس غضب کے!
کِس کا؟ (اَر۔تابع فعل) کِس شخص کا؟ کون سے آدمی کا؟
کِس کا سر لائیں؟ (لاؤں؟) (اَر۔محاورہ)(۱) کسی شخص کی مدد چاہنے کے لئے کہتے ہیں۔ کوئی ہو تو یہ کام سرانجام پا سکے (۲) بعض اوقات کسی کی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باتوں سے تنگ آ کر بھی کہتے ہیں۔

کِس کافر کو اِعتبار آئے گا؟ (اَر۔ محاورہ) کسی کو اِعتبار نہیں آئے گا۔

کِس کام آئے گا؟ (اَر۔ محاورہ) بیکار ہے۔ فضول ہے۔

کِس کام کا (کی۔ کے)؟ (اَر۔ صف) نکما۔ نِکمّی۔ بے کار۔ ناکارہ۔

کِس کام کو نِکلا تھا کیا کر آیا (اَر۔ محاورہ) جب غلطی سے اصل مقصود کو بھول کر آدمی کوئی اور کام کر بیٹھتا ہے تو بولتے ہیں۔

کِس کا مُنہ ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کِس کی طاقت ہے؟ کِس کی جُرأت ہے؟

کِس کان سے سُنوں؟ (اَر۔ محاورہ) یہ بات بڑی ناگوار ہے۔

کِس کتاب میں لکھا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کِس قانون کے مُطابق ہے؟ دستور کے خلاف ہے۔

کِس کِس دُکھ کو روئیں؟ (اَر۔ محاورہ) کون کون سی مُصیبت بیان کریں؟

کِس کو؟ (اَر۔ متعلق فعل) کِس شخص کو؟ کِسے؟

کِس کی بکری کون ڈالے گھاس! (اَر۔ مثل) دُوسرے کی چیز کوئی نہیں سنبھالتا۔ سب اپنی ہی چیز کی رکھوالی کرتے ہیں۔

کِس کی بنی رہی ہے؟ (اَر۔ محاورہ) عروج واقتدار ہمیشہ قائم نہیں رہتے۔

کِس کی رہی کِس کی رہ جائے (اَر۔ محاورہ) دل کی اُمنگ نکالنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

کِس کی سُنتا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کسی کی نہیں سنتا۔ من مانی کرتا ہے۔ ضدی ہے۔

کِس کی گور کون دُھواں کرے (اَر۔ محاورہ) غیر کا کام کوئی نہیں کرتا۔

کِس کی ماں کا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کسی کے قابو اور اِختیار کا نہیں۔

کِس کی ماں کو ماں کہیں؟ (اَر۔ محاورہ) یتیم یا غریب بچّے کی مُصیبت پر بولتے ہیں کہ ماں نہ تھی۔ کسے ماں کہتا اور وہ اِمداد کرتی۔

کِس لئے؟ (کِس واسطے؟) (اَر۔ اِستفہام) کیوں؟ کِس سبب سے؟ کِس وجہ سے؟

کِس مرض کی دوا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کِس کام کا ہے؟ محض نکما اور بے فائدہ ہے۔ کیا کام آئے گا۔ کسی کام کا نہیں۔

کِس مُنہ سے؟ (اَر۔ متعلق فعل) (۱) بات کرنے کا مُنہ نہیں (۲) ایسی خوبی نہیں کہ اِتنی بڑی بات مُنہ سے نکالیں (۳) اِتنا حوصلہ اور جُرأت نہیں (۴) کِس دل سے؟ (۵) کون سی بات پر؟ کِس ہُنر پر؟ کِس وجہ سے؟

کِس مُنہ سے کوسُوں (اَر۔ محاورہ) کون سی زبان سے بددُعا دوں؟ کیا کہہ کر کوسُوں؟

کِس نے کہا تھا؟ (اَر۔ محاورہ) کوئی غلط کام کرنے پر اِعتراض کے طور پر کہتے ہیں کہ کِس نے صلاح دی تھی؟

کِس نیند سوتا (سو رہا یا سویا) ہے؟ (اَر۔ محاورہ) بہت بے خبر ہے۔ ہوش پکڑ۔ عبرت حاصل کر۔

کِس ہوا میں ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کیا سمجھے ہوئے ہے؟

کَسا (کَ۔ سا) (ہ۔ صف) (۱) کھنچا ہوا۔ تنا ہوا (۲) تنگ۔ چُست۔ (ہُوا کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے) (۳) وزن میں کم (۴) ایک قسم کا اَناج۔

کسا جانا (اَر۔ محاورہ) کھانے کا بدمزہ ہو جانا۔

کسا کسایا (اَر۔ صف) (۱) تیار۔ مستعد۔ کاٹھی رکھا رکھایا (۲) گاڑی میں جُتا جُتایا۔

کسا ہُوا (اَر۔ صف) کھنچا ہوا۔ تنا ہوا۔ تنگ۔ چُست۔

کُستا (کُس۔ سا) (ہ۔ امذ) (۱) کیکر کی چھال جس سے چمڑا رنگتے ہیں (۲) کیکر کی چھال سے بنی ہوئی شراب۔ ٹھرّا۔

کُستا (کُس۔ سا) (ہ۔ امذ) پھاوڑا۔ کدال۔ جمع: کسّوں۔ کسّے۔

کَساد (کَ۔ ساد) (ع۔ امث) جنس کا نہ بکنا۔ عدمِ خریداریِ اَشیا۔

کساد بازاری (ع۔ ف۔ امث) بازار میں خرید و فروخت کا نہ ہونا۔ مندا ہونا۔

کَسارنا (کَ۔ سار۔ نا) (ق۔ مص) کراہنا۔

کِساری (کِ۔ سا۔ ری) (ہ۔ امث) ایک قسم کی دال۔

کَسالا (کَ۔ سا۔ لا) (عربی لفظ کسالت کا موزّوں۔ امذ) (۱) تکلیف۔ دُکھ۔ درد۔ محنت۔ مشقت (۲) سُستی۔ کاہلی۔ آلکسی۔

کَسالت (کَ۔ سا۔ لت) (ع۔ امث) سُستی۔ کاہلی۔ آلکسی۔

کِسان (ہ۔ امذ) کاشتکار۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔ جمع: کسان۔ کسانوں۔

کَسانا (کَ۔ سا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) اِمتحان کرانا۔ پرکھوانا۔ کسوٹی پر لگوانا (۲) تولانا۔ کھچوانا (۳) تلوار کو موڑ کر آزمائش کرنا (۴) بٹیروں کو لڑانے کے لئے باہم کُشتی کرا کے دیکھنا (۵) مُشکل کاموں میں آدمی کا اِمتحان کرانا۔

کَساوٹ (کَ۔ سا۔ وٹ) (ہ۔ امث) دیکھئے کساؤ۔

کَساؤ (کَ۔ سا۔ او) (ہ۔ امذ) (۱) کھچاوٹ۔ تناؤ (۲) تنگی۔ چُستی (۳) بدمزگی۔ کسیلا پن۔ وہ کیفیت جو تانبے یا پیتل کے برتن میں کسی تُرش چیز کے رکھنے سے پیدا ہو جاتی ہے۔

کَسب (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ امذ) (۱) حاصل کرنا (۲) پیشہ۔ دھندا۔ کام (۳) ہُنر۔ فن (۴) وہ کمائی جو عورت بدکاری سے حاصل کرے۔

کسب کرنا (کمانا) (اَر۔ محاورہ) بدکاری سے کما کر کھانا۔ پیشہ کرنا۔

کسبِ کمال کُن کہ عزیزِ جہاں شوی (ف۔ مقولہ) کسی ہُنر میں کمال حاصل کر، تاکہ دُنیا میں ہر دل عزیز ہو۔

کِسبَت (اَر۔ امث) چمڑے کا وہ تھیلا جس میں حجّام اور جرّاح اپنے اوزار رکھتے ہیں (۲) چمڑے کا ٹکڑا جو تُغے اپنے بائیں چوتڑ پر حفاظت کے لئے باندھتے ہیں۔ جمع: کسبتوں۔ کسبتیں۔ (غالباً ع۔ کسوت کا موزّوں ہے)۔

کَسبی (کَس۔ بی) (ف۔ امذ) (۱) پیشہ ور۔ دستکار۔ کاریگر (۲) (ف۔ صف) کسب سے منسوب۔ اپنی کوشش سے حاصل کیا ہوا ہُنر یا مال (۳) (اَر۔ امث) فاحشہ۔ بدکار عورت۔ بازاری عورت۔ جمع: کسبیاں۔ کسبیوں۔

کَستُورا (کَس۔ تُو۔ را) (ہ۔ امذ) (۱) ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مُشک نافہ نکلتا ہے (۲) ایک قسم کی مچھلی جس کے سینگ ہوتے ہیں (۳) ایک قسم کا سیاہ رنگ کا خوش آواز پرندہ (۴) باہَل کا لعاب جو بہت مقوی ہوتا ہے۔

کَستُوری (کَس۔ تُو۔ ری) (ہ۔ امث) مُشک۔ وہ خوشبودار چیز جو کستورا ہرن سے نکلتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کسٹرڈ (Custard) (انگ۔ ا۔ مذ) دودھ انڈے اور چینی کی لپسی۔ انگریزی فرنی۔

کسٹم (Custom) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) محصولِ درآمد۔ محصول چنگی۔ بحری لگان (۲) رسم و رواج۔ دستور۔

کسٹمر (Customer) (انگ۔ ا۔ مذ) خریدار۔ گاہک۔

کسٹوڈین (Custodian) (انگ۔ ا۔ مذ) محافظ۔ نگران۔ رکھوالا۔

کَسر (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ (۲) ٹکڑا۔ حِصّہ۔ جزو (۳) زیر کی حرکت۔ کسرہ (۴) علمِ حساب میں اکائی کا ایک حِصّہ یا کئی حصّے۔ جمع: کسُور۔ اُردو جمع: کسروں۔ کسریں۔

کسرِ اَعشاریہ (ع۔ ا۔ مث) وہ کسر جو دس کا کوئی حِصّہ ہو۔ اس کی نشانی ء ہے۔

کسرِ اَعشاریہ متوالی (ع۔ ا۔ مث) وہ کسرِ اعشاریہ جس میں کچھ حصّے بار بار آتے ہیں۔ اُن کے پہلے اور آخری ہندسے پر نُقطہ لگا دیتے ہیں۔

کسرِ شان (ع۔ ا۔ مث) بے عزّتی۔ بے وقری۔ وہ بات جس سے بے عزّتی ہو۔

کسرِ عام (ع۔ ا۔ مث) وہ کسریں جن کا نسب نُما عام ہو۔

کسرِ غیر واجب (کسرِ ملفُوظی) (ع۔ ا۔ مث) وہ کسر جس کا شمار کنندہ یعنی کسر نُما نسب نُما کے برابر یا اس سے بڑا ہو جیسے ۳/۳ یا ۴/۳۔

کسرِ مُرکّب (ع۔ ا۔ مث) وہ رقم جس میں کسر کے ساتھ عددِ صحیح بھی موجود ہو۔ ۱ ۱/۴۔

کسرِ مُضاف (ع۔ ا۔ مث) وہ کسر جس میں کسر کی کسر ہو۔ مثلاً ۲/۳ کا ۵/۶۔

کسرِ مُفرد (ع۔ ا۔ مث) وہ کسر جس کا شمار کنندہ اور نسب نُما صحیح عدد ہوں۔ مساوی کسر۔

کسرِ مُلتیف (ع۔ ا۔ مث) وہ کسر جس کے شمار کنندہ یا نسب نُما یا دونوں میں کوئی عدد مُرکّب یا کسرِ مضاف ہو۔

کسرِ نفس (ع۔ ا۔ مث) نفس کا توڑنا۔

کسرِ نفسی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) اپنے آپ کو کم رُتبہ ظاہر کرنا۔ عاجزی۔ انکسار۔

کسرِ واجب (ع۔ ا۔ مث) وہ کسر جس کا شمار کنندہ نسب نُما سے چھوٹا ہو۔ ۲/۳۔

کَسَر (کَ۔ سَر) (اُر۔ ا۔ مث) (۱) نقص۔ کمی (۲) بچّوں کی بدہضمی (۳) گھاٹا۔ نُقصان۔ (یہ لفظ عربی کسر سے بنالیا گیا ہے)۔

کسر اُٹھا نہ رکھنا (باقی نہ رکھنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) ذرا کوتاہی یا کمی نہ کرنا (۲) کوئی بات باقی نہ چھوڑنا۔

کسر بھرنا (پوری کرنا) (اُر۔ محاورہ) نُقصان پُورا کرنا۔ خسارہ بھرنا۔ کمی پُوری کرنا۔

کسر پڑنا (اُر۔ محاورہ) کمی واقع ہونا۔

کسر دینا (اُر۔ محاورہ) نُقصان پہنچانا۔ خسارہ دینا۔

کسر رہ جانا (رہنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) گھاٹا رہنا (۲) کمی رہنا (۳) نقص رہنا۔

کسر کھانا (اُر۔ محاورہ) نُقصان اُٹھانا۔ خسارہ بھرنا۔ پلّے سے دینا۔

کسر نکال دینا (نکالنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) کمی پُوری کرنا۔ خسارہ پُورا کرنا (۲) بدلہ لینا۔ انتقام لینا۔

کسر ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) کمی ہونا۔ گھٹنا (۲) خسارہ ہونا (۳) بچّے کو بدہضمی ہونا (۴) کوتاہی ہونا۔

کِسریٰ (کِس۔ را) (ف۔ خسرو کا مُعرّب۔ ا۔ مذ) (۱) شاہِ ایران نوشیروانِ عادل کا لقب (۲) شاہانِ عجم کے ہر بادشاہ کا لقب۔

کَسرات (کَس۔ رات) (اُر۔ ا۔ مث) وہ رقوم جو رُخصت وغیرہ سے کاٹ کر بچت میں ڈالی جاتی ہیں۔

کَسرت (کَس۔ رَت) (اُر۔ ا۔ مث) ورزش۔ ریاضت (۲) مشق۔ مہارت۔

کسرت کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ورزش کرنا۔ ریاضت کرنا۔ پہلوانی کرنا (۲) مشق کرنا۔

کَسرتی (کَس۔ رَ۔ تی) (اُر۔ صف) (۱) کسرت یا ورزش کیا ہوا (۲) کسرت کرنے والا۔ ورزشی۔

کَسرہ (کَس۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) زیر۔ زیر کی حرکت۔ (ـِـ)۔

کَسک (کَ۔ سَک) (ہ۔ ا۔ مث) ٹیس۔ ہلکا سا درد۔

کسک آنا (اُر۔ محاورہ) ضرب پہنچنا۔ درد ہونا۔

کسک اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) ٹیس ہونا۔ درد ہونا۔

کسک مِٹانا (نکالنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) تکلیف دُور کرنا (۲) خواہشِ نفسانی کو پُورا کرنا۔

کَسکُٹ (کَس۔ کُٹ) (ہ۔ ا۔ مذ) کئی قسم کی ملی ہوئی دھات۔ کانسی۔ بھرت۔

کَسکنا (کَ۔ سَک۔ نا) (ہ۔ مص) درد کرنا۔ دُکھنا (۲) ٹیس مارنا۔ کم کم درد ہونا۔

کَسگر (کَس۔ گر) (اُر۔ ا۔ مذ) مٹی کے برتن بنانے والا۔ کُمہار۔ کوزہ گر۔

کَسَل (کَ۔ سَل) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سُستی۔ کاہلی (۲) تھکان۔ تھکاوٹ (۳) علالتِ طبع (۴) کمزوری۔ ناتوانی۔

کسل مند (ع۔ ف۔ صف) (۱) علیل۔ بیمار (۲) سُست۔

کسل مندی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) علالت۔ بیماری (۲) سُستی۔

کسل ناک (ع۔ ف۔ صف) (۱) دیکھئے کسل مند (۲) بُزدل۔

کُسَل (کُ۔ سَل) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے کُشل۔

کُسُم (کُسُمبھ) (کُ۔ سُم) (کُ۔ سُمبھ) (ہ۔ ا۔ مذ) کڑ کا پھول جس سے شہاب نکلتا ہے اور اس سے سُرخ کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

کُسُم کا آزار ہونا (اُر۔ محاورہ) متواتر حیض آئے جانا۔

کَسمَسانا (کَس۔ مَ۔ سا۔ نا) (ہ۔ مص) بَل کھانا۔ انگڑائی لینا۔ پہلو بدلنا (۲) گھبرانا۔ بیقرار ہونا۔ تنگ ہونا۔ بے چین ہونا (۳) قابُو سے نکلنے کی کوشش کرنا۔

کَسمَساہَٹ (کَس۔ مَ۔ سا۔ ہَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) بے آرامی۔ بے چینی۔ اضطراب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَسنا (کس۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پٹاری کا غلاف (۲) بستر بند (۳) پلنگ کسنے کی ڈوری (۴) خوان پوش (۵) چھینکا۔

کَسنا (کس۔نا)(ہ۔مص)(۱) کھینچنا۔ جکڑنا۔ تاننا (۲) مضبوط اور تنگ کرکے باندھنا (۳) تلوار کو خمیدہ کرنا (۴) ستانا۔ تنگ کرنا (۵) کسوٹی پر لگانا۔ کھرا کھوٹا پرکھنا (۶) آزمائش کرنا۔ جانچنا (۷) بٹیر لڑانا (۸) بندوق بھرنا (۹) دام بڑھانا (۱۰) کم تولنا (۱۱) پانی کا چھینٹا دے کر گوشت کو خوب بھوننا۔

کُسَنگ (کُ۔سَنگ)(ہ۔ا۔مذ) بُرا ساتھ۔ بُری صحبت۔

کَسوانا (کس۔وا۔نا)(ہ۔مص) کسنا کا متعدی المتعدی۔

کُسوانا (کس۔وا۔نا)(ہ۔مص) کوسنا کا متعدی المتعدی۔

کَسوائی (اَر۔ا۔مث) کسنے کی اُجرت۔

کِسوَت (کِس۔وَت)(ع۔ا۔مث) لباس۔ پوشاک۔

کَسَوٹی (کَ۔سَو۔ٹی)(ہ۔ا۔مث)(۱) وہ پتھر جس پر سونے کا کس دیکھتے ہیں (۲) پرکھ۔ جانچ۔ اِمتحان۔ جمع: کسوٹیاں۔ کسوٹیوں۔

کَسوٹی پر چڑھانا (رکھنا۔ لگانا۔ کسنا) (اَر۔محاورہ)(۱) کسوٹی پر گھس کر سونے چاندی کا کھوٹا کھرا پرکھنا (۲) آزمانا۔ جانچنا۔

کُسور (کُ۔سُور)(ع۔ا۔مث) کسر کی جمع: اَجزا۔ ٹکڑے۔ (مرکبات کے لئے دیکھئے کسر)۔

کُسوف (کُ۔سُوف)(ع۔ا۔مذ) سورج گرہن۔ چاند کا زمین اور سورج کے درمیان آکر سورج پر اپنا سایہ ڈالنا۔

کُسُون (کُ۔سُون)(اَر۔صف) کنجی آنکھ کا (گھوڑا)۔ بھینگا (۲) چابک سوار۔

کَسونجی (کَ۔سوں۔جی)(ہ۔ا۔مث) ایک درخت کا نام۔

کَستی (کَس۔تی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹا پھاوڑا۔ بیلچہ (۲) دو قدم کے برابر فاصلے کا ایک پیمانہ۔ جمع: کستیاں۔ کستیوں۔

کِسی (کِ۔سی)(ہ۔کلمہ تنکیر)(۱) کوئی چیز۔ کوئی آدمی۔ کوئی بات (۲) نامعلوم الاسم (۳) فلاں شخص معلوم (۴) وہ شخص جس کا نام نہ لیں بلکہ قرینے سے اِس کی طرف اِشارہ کریں۔ شعرا کبھی رقیب کبھی عاشق اور کبھی معشوق کی طرف "کسی" سے اِشارہ کرتے ہیں۔

کسی بات سے ہاتھ اُٹھانا (اَر۔محاورہ) کسی بات یا کام کو چھوڑ دینا۔ کسی بات سے باز آنا۔ دست بردار ہونا۔ ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔ ترک کر دینا۔

کسی بات کی کمی نہیں (اَر۔محاورہ) ہر چیز موجود ہے۔ امیر ہیں۔

کسی بات کے لالے پڑنا (اَر۔محاورہ)(۱) کسی بات کا دُشوار ہونا (۲) کسی بات کا بہت خواہش مند ہونا مگر اُسے پورا نہ کر سکنا (۳) مایوسی ہونا۔ ناامیدی ہونا۔

کسی پر اُدھار کھائے ہیں (اَر۔محاورہ) کسی ارادے پر تُلے ہوئے ہیں۔

کسی پر پُھولے پھرنا (اَر۔محاورہ) کسی کی اُمید یا حمایت پر اِترائے پھرنا۔

کسی پر تکیہ کرنا (اَر۔محاورہ) کسی پر بھروسا اور اِعتماد کرنا۔

کسی پر جان جانا (کسی پر جان (دَم) دینا) (اَر۔محاورہ) کسی پر عاشق ہونا۔

کسی پر دیوانہ ہونا (اَر۔محاورہ) کسی کے عشق میں پاگل ہونا۔ کسی پر فریفتہ ہونا۔

کسی پر ہاتھ رکھنا (اَر۔محاورہ) تسلی دینا۔ کسی کا حامی و مددگار ہونا۔

کسی پر ہاتھ صاف کرنا (اَر۔محاورہ) دھوکا دینا۔ نقصان پہنچانا۔

کسی پہلو (اَر۔متعلق فعل) کسی ڈھب۔ کسی طریقے سے۔ کسی طرح سے۔ (اِس کے بعد "سے" لانا خلافِ فصاحت ہے)۔

کسی سے ٹکر لینا (اَر۔محاورہ) کسی سے مقابلہ کرنا۔ کسی کے مُقابل ہونا۔

کسی سے دل لگانا (اَر۔محاورہ) کسی سے دوستی کرنا۔

کسی سے سائی۔ کسی سے بدھائی (اَر۔مثل) جھوٹی خاطرداری۔ ہر ایک سے وعدہ وعید۔

کسی طرح (کسی طور۔ کسی عنوان) (اَر۔متعلق فعل) دیکھئے کسی پہلو۔

کسی قابل نہ رکھنا (اَر۔محاورہ)(۱) بیکار کر دینا (۲) مُفلس کر دینا۔

کسی قدر (اَر۔تابع فعل) ذرا سا۔ کچھ۔ قدرے۔ قلیل۔

کسی کا (اَر۔تابع فعل)(۱) کسی شخص کا (۲) شخصِ معلوم کا (۳)(مجازاً) معشوق کا (۴) دُوسرے کا۔ غیر کا (۵) اپنا۔ اپنی ذات کا۔

کسی کا پاس ہونا (اَر۔محاورہ) لحاظ ہونا۔ خیال ہونا۔ خیال رکھنا۔

کسی کا دیا نہیں کھاتا (اَر۔مثل) کسی کا محتاج نہیں۔ دست نگر نہیں۔

کسی کا کچھ نہیں جاتا (اَر۔مثل) کسی کا کچھ نقصان نہیں ہوتا۔

کسی کا کچھ (بس) نہیں چلتا (اَر۔محاورہ) کسی کی پیش نہیں جاتی۔ قابو اور اِختیار سے باہر ہے۔

کسی کا کیا ہے؟ (اَر۔محاورہ) کسی کا کیا اجارہ ہے۔

کسی کا گھر جلے کوئی تاپے (اَر۔مثل) کسی کا نقصان ہو اور کوئی خوشی منائے۔ ایک کی مُصیبت دُوسرے کی خوشی۔

کسی کام کا نہ ہونا (اَر۔محاورہ) محض نکما اور بے کار ہونا۔

کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان (اَر۔مثل)(۱) ایک شخص مارتا ہے تو دُوسرا زبان سے گالی ہی دے کر اپنا دل ٹھنڈا کر لیتا ہے (۲) بدزبانی کا نتیجہ مار کھانا اور ستانے کا نتیجہ کوسنے سننا ہے (۳) ہر شخص اپنے مقدور اور اِمکان کے مُطابق اِنتقام ضرور لیتا ہے۔

کسی کا ہو رہنا (اَر۔محاورہ) کسی کا مطیع و فرماں بردار ہو جانا۔

کسی کروٹ کل (چین) نہ آنا (اَر۔محاورہ) کسی پہلو آرام نہ آنا۔ کسی طور قرار نہ آنا۔

کسی کو آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا (اَر۔محاورہ)(۱) نہایت بے پروائی کا اظہار کرنا (۲) نہایت شرم والا ہونا (۳) نہایت مغرور ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کسی کو اپنا کر رکھو یا کسی کے ہو رہو (اَر۔ مقولہ) یا تو خود کسی کی متابعت اِختیار کر لو یا کسی کو اپنا مطیع و فرماں بردار بنا لو۔

کسی کو بینگن بیالے کسی کو اَن پچ (اَر۔ مثل) بعض اوقات ایک ہی چیز کسی کے لئے فائدہ مند ثابت ہوتی ہے اور دُوسرے کے لئے نُقصان رساں۔

کسی کو خیال میں نہ لانا (اَر۔ محاورہ) کسی کی پروا نہ کرنا۔ کسی کو کچھ نہ سمجھنا۔ ہر کسی کو حقارت کی نظر سے دیکھنا۔

کسی کو کیا؟ (اَر۔ محاورہ) کسی کا کیا نُقصان ہے؟

کسی کو کیا پڑی ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کسی کو کیا غرض ہے؟

کسی کی آگ میں پڑنا (گرنا) (اَر۔ محاورہ) دُوسرے کی مُصیبت اپنے سر لینا۔ ہمدردی کرنا۔ تکلیف کے وقت ساتھ دینا۔

کسی کی آئی مُجھ کو آ جائے (اَر۔ کلمۂ بددُعا) دُوسرے کی موت مجھے آ جائے۔ نہایت غُصّے یا تکلیف کی حالت میں اپنے آپ کو بددُعا دیتے ہیں۔

کسی کی بات پر جانا (اَر۔ محاورہ) کسی پر اِعتبار کرنا۔

کسی کی رُوح پیاسی تھی (اَر۔ مثل) جب پانی کا بھرا ہوا گھڑا یا مٹکا اَز خود ٹوٹ جاتا ہے تو یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں۔

کسی کی کسی کو خبر نہیں (اَر۔ مثل) کسی جماعت میں بے ہوشی اور غفلت کا عالم ہونے پر بولتے ہیں۔

کسی کی نہیں سُنتا (اَر۔ محاورہ) کسی کی بات نہیں مانتا۔ ضِدّی ہے۔

کسی کے ٹکڑوں پر پڑنا (اَر۔ محاورہ) دُوسرے کی روٹیاں کھانا۔ مُفت کی روٹیاں توڑنا۔

کسی کے حال پر رونا آنا (اَر۔ محاورہ) کسی پر رحم آنا یا افسوس ہونا۔

کسی کے خون کا پیاسا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی کی جان کا دُشمن ہونا۔ کسی کے درپے قتل ہونا۔ کسی کی جان کا لاگو ہونا۔

کسی کے کئے میں گھی گھڑے۔ کسی کے کئے میں پتھر پڑے (اَر۔ مثل) ایک ہی کام اگر دولت مند یا قسمت والا کرے تو اُس سے نیک نام ہو جاتا ہے۔ وہی کام بدقسمت غریب کرے تو اُس پر اُنگلیاں اُٹھتی ہیں۔

کسی کے لینے دینے میں نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی سے غرض نہ ہونا۔ کسی سے سروکار نہ ہونا۔

کسی لائق ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی قابل ہونا (۲) کسی ہُنر یا لیاقت میں کامل ہونا۔

کسی مرض کی دوا نہیں (اَر۔ محاورہ) بے کار ہے۔ بے فائدہ ہے۔

کسی نہ کسی (اَر۔ متعلق فعل) کوئی نہ کوئی۔ ایک نہ ایک۔

کسی نہ کسی طرح (اَر۔ متعلق فعل) (۱) جس طرح بھی ہو سکا (۲) بُرے یا بھلے حال سے۔

کسی نے پیا دُودھ، کسی نے پیا پانی۔ سب کو ایک رَین گنوائی (اَر۔ مثل) امیر اور غریب بُرے اور بھلے سب کی گُزر جاتی ہے۔

کسی وقت کام آئے گا (اَر۔ محاورہ) ضرورت کے وقت کام آ جائے گا۔

کَسے (کَ۔ سے) (ف۔ ا۔ مذ) کوئی آدمی۔ کوئی شخص۔

کسے باشد (ف۔ تابع فعل) کوئی ہو۔

کِسے (کِ۔ سے) (ہ۔ کلمۂ اِستفہام) کِس شخص کو؟ کون سے آدمی کو؟

کَسیا جانا (کَسیانا) (کَس۔ یا۔ جانا) (کَس۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) کسیلا ہو جانا۔ کساؤ آ جانا۔

کَسیرا (کَ۔ سے۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ٹھٹیرا۔ تانبے، پیتل اور کانسی کے برتن بنانے اور بیچنے والا۔ جمع: کسیروں۔ کسیرے۔

کَسیرَن (کَ۔ سے۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مؤ) کسیرا کی بیوی۔ جمع: کسیرنوں۔ کسیرنیں۔

کَسیرُو (کَ۔ سے۔ رُو) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ کچی یا بھون کر کھاتے ہیں۔

کَسیر ہَٹّا (کَ۔ سیر۔ ہَٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) کسیرا بازار۔ وہ بازار جہاں تانبے، پیتل اور کانسی کے برتن فروخت ہوتے ہیں۔

کَسِیس (کَ۔ سیس) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی پھٹکڑی جو لوہے اور گندھک کے پُھونکنے سے تیار ہوتی ہے۔

کَسیلا (کَ۔ سے۔ لا) (ہ۔ صف) کساؤ دار۔ بدمزہ۔ تُرش جو زبان اور حلق کو پکڑ لے۔

کَسیلا پن (ہ۔ ا۔ مذ) کساؤ۔ کسیاؤ۔

ک۔ش

کَش (بفتحۂ اوّل) (ف۔ لاحقۂ فاعلی) مصدر کشیدن کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھینچنے والا، برداشت کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے محنت کش (۲) (اَر۔ ا۔ مذ) حُقّے کا دَم۔ جمع: کش۔ کشوں۔

کَش مَکَش (ف۔ ا۔ مث) (۱) کھینچا تانی۔ کشاکش۔ کشیدگی۔ رکاوٹ (۲) اُلجھیڑا۔ مخمصہ (۳) دِقّت۔ دُشواری (۴) لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔ (لُغوی معنی: کھینچ۔ مت کھینچ)۔

کُش (بضمِ اوّل) (ف۔ لاحقۂ فاعلی) مصدر کُشتن کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور قتل کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جراثیم کُش۔ کرم کُش۔

کُشا (کُ۔ شا) (ف۔ لاحقۂ فاعلی) کشودن مصدر کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھولنے والا، حل کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے مُشکل کُشا۔

کُشاد (کُ۔ شاد) (ف۔ صف) (۱) گُشادہ کا مُخفّف۔ فراخ (۲) (ف۔ ا۔ مث) حل (۳) کامیابی۔ فتح (۴) خوشی۔

کُشادگی (کُ۔ شا۔ دَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) فراخی۔ وُسعت۔ چوڑائی۔ پھیلاؤ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُشادَہ (کُ۔شا۔دَہ)(ف۔صف)(۱) کھلا ہوا۔ وا (۲) فراخ۔ لمبا چوڑا۔ پھیلا ہوا۔

کُشادہ پیشانی (جبیں) (ف۔صف) چوڑے ماتھے والا۔ ہنس مکھ۔ خوش اَخلاق۔ خوش مزاج۔

کشادہ دِل (ف۔صف) سخی۔ فیّاض۔ عالی حوصلہ۔ فراخ دِل۔

کشادہ رُو (ف۔صف) دیکھیے کشادہ پیشانی۔

کشادہ رُوئی (ف۔ا۔مث) خوش طبعی۔ خوش اَخلاقی۔

کُشادہ کُشادہ (ف۔صف) دُور دُور۔ فرق فرق سے۔

کشادہ کف (ف۔صف) سخی۔ جواں مَرد۔

کَشّاف (کش۔شاف)(ع۔ا۔مُبالغہ) نہایت کھولنے والا۔ بالکل پردہ اُٹھا دینے والا۔

کَشاکَش (کَ۔شا۔کش)(ف۔ا۔مث)(۱) کھینچا تانی (۲) دھکم دھکا (۳) تکرار۔ جھڑپ (۴) چھینا جھپٹی (۵) تکلیف۔ فکر۔

کشاکش سے چُھٹنا (اَر۔محاورہ) تکلیف یا فکر سے نجات پانا۔

کَشاں کَشاں (ف۔متعلق فعل) کھینچتے ہوئے۔ بالجبر۔ زبردستی۔

کَشاوَرز (کَ۔شا۔وَرز)(ف۔ا۔مذ) کھیتی کرنے والا۔ کسان۔

کَشاوَرزی (کَ۔شا۔وَرزی)(ف۔ا۔مث) کھیتی باڑی۔ کاشتکاری۔

کَشائِش (کَ۔شا۔اِش)(ف۔ا۔مث) فراخی۔ کشادگی۔ وُسعت۔

کَشٹ (س۔ا۔مذ) دُکھ۔ مُصیبت۔ تکلیف۔ نیز دیکھیے کشٹ۔

کشت کی صحنک (اَر۔ا۔مث) ایک منّت جس میں عورتیں مُراد مِل جانے پر قلیہ اور قورمہ پکاتی اور حضرت فاطمہؓ کی فاتحہ دِلاتی ہیں۔

کِشت (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث)(۱) کھیتی۔ زراعت۔ بویا ہوا کھیت (۲) شطرنج کے بادشاہ کا ایسے خانے میں ہونا کہ اِس کی جگہ کوئی اور مُہرہ ہوتا تو مارا جاتا۔ جمع: کِشت ہا۔

کِشت زار (ف۔ا۔مذ) کھیتی۔ ہرا بھرا کھیت۔

کِشتِ زعفران (ف۔ا۔مذ) زعفران کا کھیت (۲) ہنسی کا مقام۔ ہنسی کا محل۔

کِشت کار (ف۔صف) کاشتکار۔ کِسان۔ مزارع۔

کِشت کاری (ف۔ا۔مث) کھیتی باڑی کرنا۔ کاشتکاری۔

کِشت کھانا (اَر۔محاورہ)(۱) مات ہونا۔ ہارنا (۲)(ق۔محاورہ) کِرکِری ہونا (۳) بادشاہ کا اِنصاف سے کام نہ لینا۔

کُشت (بضمِ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) قتل۔ خوں ریزی۔

کشت وخون (ف۔ا۔مذ) جنگ و جدال۔ خونریزی۔ مارکٹائی۔

کَشتَری (کَ۔شت۔ری)(س۔ا۔مذ) دیکھیے کھتری۔

کُشتگان (کُش۔ت۔گان)(ف۔ا۔مذ) کشتہ کی جمع۔

کُشتم کُشتا (کُش۔تم۔کُش۔تا)(اَر۔ا۔مذ) گتھم گتھا ہونا۔ لپٹ جانا۔

کُشتنی (کُش۔ت۔نی)(ف۔صف) گردن مارنے کے قابل۔ گردن زدنی۔

کُشتہ (کُش۔تہ)(ف۔صف)(۱) مقتول۔ قتل کیا ہوا (۲)(ف۔ا۔مذ) لاش۔ جسمِ مُردہ (۳) عاشق۔ مفتون (۴) ماری ہوئی دھات۔ اُردو جمع: کشتوں۔ کشتے۔

کشتہ کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) قتل کرنا (۲) دھات کو پُھونکنا۔ اکسیر بنانا (۳) تباہ و برباد کرنا۔

کشتہ ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) قتل ہونا۔ ذبح ہونا (۲) عاشق ہونا (۳) دھات کا آگ میں پُھنک کر اکسیر ہونا۔

کُشتوں (اَر۔ا۔مذ) کشتہ کی جمع۔

کُشتوں کے پُشتے لگ جانا (اَر۔محاورہ) لاشوں کے ڈھیر لگ جانا۔ بہت خُون خرابہ ہونا۔

کَشتی (کش۔تی)(ف۔ا۔مث)(۱) ناؤ۔ بیڑی۔ سفینہ۔ ڈونگا (۲) ایک قسم کی پیالی (۳) سینی۔ لمبا خوان۔ جمع: کشتیاں۔ کشتیوں۔

کشتیِ بادہ (مے) (ف۔ا۔مث) شراب کا پیالہ جو کشتی کی شکل کا ہوتا ہے۔

کشتی بان (ف۔ا۔مذ) ملّاح۔ مانجھی۔

کُشتی (کُش۔تی)(ف۔ا۔مث) زور آزمائی۔ دو پہلوانوں کا باہم گتھم گتھا ہونا۔ اُردو جمع: کُشتیاں۔ کُشتیوں۔

کشتی باز (ف۔صف) کُشتی لڑنے والا۔

کشتی بازی (ف۔ا۔مث) کُشتی لڑنا۔

کُشتی برابر (چُھوٹنا) رہنا (اَر۔محاورہ) ایک دُوسرے پر غالب نہ آنا۔ ہار جیت کا فیصلہ نہ ہونا۔

کشتی جیتنا (اَر۔محاورہ) پچھاڑنا۔ حریف کو چت کر دینا۔

کُشتی کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) زور آزمائی کرنا۔ لڑنا جھگڑنا (۲) ورزش کرنا۔ پہلوانی کرنا۔

کشتی گیر (ف۔صف) کُشتی لڑنے والا۔ کُشتی باز۔ پہلوان۔

کشتی گیری (ف۔ا۔مث) کُشتی بازی۔ کُشتی لڑنا۔

کُشتی لڑنا (اَر۔محاورہ) باہم لڑنا۔ مُقابلہ کرنا (۲) زور آزمائی کرنا۔ آپس میں گتھ جانا۔

کَشٹ (بفتح اوّل وسکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ) دُکھ۔ سختی۔ دِقت۔ تنگی۔ مُصیبت۔ تکلیف۔ عذاب۔ بپتا۔ نیز دیکھیے کشت۔

کشٹ اُٹھانا (بھوگنا) (ہ۔محاورہ) مُصیبت اُٹھانا۔ تکلیف جھیلنا۔

کِشٹا (کِش۔ٹا)(اَر۔ا۔مذ)(۱) زرد آلو (۲) شفتالو۔ ایک قسم کا چھوٹا اور زرد آڑو۔

کَشِش (کَ۔شِش)(ف۔ا۔مث)(۱) کشیدگی۔ کھنچاؤ۔ جذب (۲) دِل فریبی۔ دِل رُبائی (۳) رُجحان۔ رغبت (۴) دیر۔ توقّف (۵) مُصیبت۔ سختی (۶) شکر رنجی۔ انقباض (۷) حرفوں کی کشش، جیسے ک کی کشش، گ کی کشش وغیرہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کششِ اِتّصال (ف۔ع۔ا۔مث) علم طبعیات میں اَجسام کے آس پاس کے اَجزا کو آپس میں ملا کر رکھنے کی قوت۔
کششِ اِنابیبِ شَعری (ع۔ف۔ا۔مث) وہ قوت جس سے مائعات اپنی سطح ہموار سے اُوپر چڑھ جاتے ہیں۔
کششِ ثِقل (ع۔ف۔ا۔مث) وہ کشش جس سے اَجسام زمین کے مرکز کی طرف مائل ہوتے ہیں۔
کششِ زمین (ف۔ ۔ا۔مث) زمین کی کشش جو ہر شے کو اپنے مرکز کی طرف مائل کرتی ہے۔
کششِ کہرُبائی (ف۔ا۔مث) وہ قوت جس کے ذریعے سے کہرُبا گوند گھاس کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔
کششِ کیمیائی (ف۔ع۔ا۔مث) وہ قوت جس کے اَثر سے دو مختلف چیزیں مِل کر ایک نئی چیز بن جاتی ہیں۔
کششِ مِقناطیسی (ف۔ع۔ا۔مث) مقناطیس کی وہ قوت جس کے ذریعے سے وہ لوہے اور پارے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔
کَشْمَکَش (ف۔ا۔مث) کش کے تحت دیکھیے۔
کَشْف (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ پردہ اُٹھانا (۲) غیب کی باتوں کا اِظہار۔ اِنکشاف۔ اِلہام۔ اِلقا۔ اِصطلاحِ تصوّف میں وہ قلبی کیفیت جس کے ذریعے پوشیدہ اُمور کا علم ہو جاتا ہے۔
کشفِ حجب (ع۔ا۔مذ) پردہ اُٹھ جانا۔ معرفت حاصل کرنا۔
کشفِ قبور (ع۔ا۔مذ) صوفیوں کا وہ مرتبہ جس میں اُنہیں مُردے کی قبر سے اُس کے حالات معلوم ہو جاتے ہیں۔
کشف و کرامات (ع۔ا۔مث) اِعجاز و تصرُّف۔ خرقِ عادت۔
کَشْفی (کش۔فی) (ف۔صف) کشف سے منسوب۔
کَشْکول (کش۔کول) (ف۔ا۔مذ) کچکول۔ فقیروں کا پیالہ۔ بھیک کا ٹھیکرا۔ زنبیل۔ اُردو جمع: کشکول۔ کشکولوں۔
کُشَل (کُ۔شَل) (س۔صف) (۱) تن دُرست۔ صحت مند (۲) خوش و خرم۔
کِشمِش (کِش۔مِش) (ف۔ا۔مث) ایک قسم کے چھوٹے سُوکھے ہوئے انگور۔ اُردو جمع: کشمشوں۔ کشمشیں۔
کشمش کی طرح تنکے موجود (اَر۔مثل) عورتیں اُس جگہ بولتی ہیں جہاں کسی گھرانے کی ذات میں کوئی نقص ہو۔
کِشمِشی (کِش۔مِ۔شی) (ف۔صف) کشمش سے منسوب۔ کشمش کے رنگ کا۔
کَشمیرا (کش۔می۔را) (ہ۔ا۔مذ) کشمیر کا بنا ہوا اُونی کپڑا۔ پشمینہ۔
کَشمیری (کش۔می۔ری) (ہ۔صف) کشمیر سے منسوب (۲) کشمیر کا باشندہ کاشمیری (۳) (ا۔مث) اہل کشمیر کی زبان۔

کَشْمیرَن (اَر۔ا۔مث) کشمیر کی عورت۔
کُشَن (Cushion) (انگ۔ا۔مذ) گدّا۔ گدیلا۔
کِشَن (کِ۔شَن) (ہ۔ا۔مذ) کرشن کا مخفف۔
کُشِنْدَہ (کُ۔شِن۔دَہ) (ف۔صف) قاتل۔ مارنے والا۔
کِشْنیز (کش۔نیز) (ف۔ا۔مذ) دھنیا۔
کُشود (کُ۔شُود) (ف۔ا۔مث) (۱) کھلنا (۲) پھیلاؤ (۳) خوشی سے پھیلنا (۴) کامیابی۔ فائدہ۔
کشودِ کار (ف۔ا۔مذ) مطلب حاصل ہونا۔ مُشکل حل ہونا۔
کشود و بست (ف۔ا۔مذ) کھلنا اور بند ہونا۔ (کنایۃً) اِنتظام۔
کِشور (کِ۔شور) (واو مجہول) (س۔ا۔مذ) (۱) لڑکا۔ نوجوان (۲) جانور کا بچہ۔
کِشْوَر (کِش۔وَر) (ف۔ا۔مث) ولایت۔ اِقلیم۔ ملک۔ دیس۔
کِشورکُشا (کِشورگیر) (ف۔ا۔مذ) فاتح۔ بادشاہ۔
کَشی (کَ۔شی) (ف۔ا۔مث) (۱) کھینچنا (۲) برداشت کرنا۔ (مرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے دل کشی۔ فاقہ کشی)۔
کَشید (کَ۔شید) (ف۔ا۔مث) (۱) کھینچنا (۲) عرق نکالنا۔
کَشیدگی (کَ۔شی۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) کھنچاؤ۔ کشش (۲) شکر رنجی۔ ملال۔
کَشیدَہ (کَ۔شی۔دَہ) (ف۔صف) (۱) کھنچا ہوا (۲) رنجیدہ۔ ملول (۳) دراز۔ بلند (۴) (ا۔مذ) سُوئی کا کام۔ زردوزی۔ گلکاری۔
کشیدہ خاطِر (ف۔صف) رنجیدہ دل۔ آزردہ۔ ناراض۔ ملول۔
کشیدہ قامت (ف۔ع۔صف) لمبے قد والا۔ دراز قد۔
کشیدہ کار (ف۔صف) کڑھائی کا کام کرنے والا۔ زر دوز۔ سُوئی کا کام کرنے والا۔
کشیدہ کاری (ف۔ا۔مث) کڑھائی۔ سُوئی کا کام۔
کشیدہ کاڑھنا (اَر۔محاورہ) سُوئی کا کام کرنا۔ باریک کام کرنا (۲) سُستی سے کام کرنا۔ دیر لگانا۔

ک۔ع

کَعْب (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹخنا (۲) پانسا۔ نرد (۳) علم حساب میں جب کوئی عدد تین مرتبہ باہم ضرب کھاتا ہے تو اُس کا حاصل ضرب کعب کہلاتا ہے۔
کَعْبَیْن (کَع۔بَ۔یْن) (ع۔ا۔مذ) (۱) کعب کا تثنیہ۔ دونوں ٹخنے (۲) ہڈی کے دو مربع شش پہلو پانسے جن سے چوسر اور جوا کھیلا جاتا ہے (۳) ہر دو کعبہ یعنی مکہ معظمہ اور بیت المقدس۔
کَعْبَہ (کَع۔بَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) چارگوشوں والی چیز۔ مربّع (۲) مکہ مکرمہ میں ایک متبرک اور مقدس عمارت کا نام جہاں ہر سال حج ہوتا ہے۔ یہ عمارت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

چارگوشوں والی ہے۔

کعبہ (کعبے) کی طرف ہاتھ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) کعبے کو اپنی قسم اور عہد کا گواہ ٹھہرانا۔ کعبے کی قسم کھانا۔

کعبۂ مقصود (ع۔ا۔مذ) (کنایۃً) اصل مقصود۔

کعبہ ہو تو اُس طرف مُنہ نہ کروں (اُر۔ مثل) کسی جگہ سے اِس قدر بیزار ہونا کہ اگر وہ مقام مقدس اور خدا کا گھر بھی ہو تو اُدھر رُخ نہ کرنا۔ نہایت بیزار ہونا۔

ک۔ف

کف (انگ۔ا۔مذ) (Cuff) کپڑے کی دوہری پٹی جو قمیص کی آستین کے آگے لگاتے ہیں۔ اُردو جمع: کف۔ کفوں۔

کف (بفتحِ اوّل) (ع۔ا۔مذ) (۱) روکنا (۲) بحر کے رُکن کے ساتویں حرف کو ساقط کر دینا (۳) ہاتھ۔ پنجہ۔ ہتھیلی۔ پاؤں کا تلوا۔

کفِ افسوس ملنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ ملنا (۲) افسوس کرنا (۳) پچھتانا۔

کفِ بیضا (موسیٰ ؑ) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے ید بیضا۔

کفِ پا (ع۔ف۔ا۔مذ) پاؤں کا تلوا۔

کفِ پائی (اُر۔ا۔مث) زنانہ سلیپر۔ ایک قسم کی پتلی ایڑی کی جوتی۔

کفِ خاک (ف۔ا۔مث) مُٹھی بھر خاک۔ (کنایۃً) انسان۔

کفِ دست (ف۔ا۔مث) ہاتھ کی ہتھیلی (۲) (صف) برابر۔ ہموار۔ یکساں۔

کفِ دست میدان (ف۔ا۔مذ) ویران جگہ۔ چٹیل میدان۔ بیابان۔

کفِ لسان (ع۔ف۔ا۔مذ) زبان کو روکنا۔ بدگوئی سے باز رہنا۔

کفِ مرجان (ف۔ا۔مث) پنجے کی شکل کی مونگے کی شاخیں۔

کف (فتحِ کاف) (ف۔ا۔مذ) (۱) جھاگ۔ پھین (۲) تھوک۔ بلغم۔

کفِ آبگینہ (ف۔ا۔مذ) وہ جھاگ جو شیشہ پگھلانے سے اُوپر آ جاتا ہے۔

کف آنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ سے پھین گرنا۔ مُنہ سے جھاگ نکلنا۔

کفِ دریا (ف۔ا۔مذ) دریا کا جھاگ۔ سمندر پھین۔

کف گیر (ف۔ا۔مذ) ڈوئی۔ ڈنڈی والا بڑا چمچہ۔

کف لانا (لے آنا) (اُر۔ محاورہ) غصّہ کرنا۔

کفا جفا (کَ۔فا۔جَ۔فا) (ف۔ا۔مث) (۱) ظلم و ستم۔ تکلیف۔ تنگی (۲) (تابع فعل) بمشکل تمام۔ جوں توں کر کے۔

کُفّار (کُف۔فار) (ع۔ا۔مذ) کافر کی جمع۔

کفّارہ (کَف۔فا۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) گناہ دھو دینے والا۔ گناہ یا خطا کا بدلہ۔ قصور کا ڈنڈ جو خدا تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہے۔

کفارہ دینا (اُر۔ محاورہ) گناہ کا عوض ادا کرنا۔ خطا کا بدلہ دینا۔

کَفاف (کَ۔فاف) (ع۔ا۔مذ) روزمرہ کا خرچ یا وظیفہ۔ روزینہ۔ روٹی کپڑا۔ نان و نفقہ (۲) اندازہ۔

کَفالت (کَ۔فا۔لت) (ع۔ا۔مث) ذمّے داری۔ ضمانت۔ ضامنی۔ بار اُٹھانا۔

کفالتُ المال (ع۔ا۔مث) مال کی ضمانت۔ ایسی دستاویز جس کے ذریعے سے کوئی شخص اقرار کرے کہ میں قانوناً ذمّے دار ہوں۔

کفالتِ خاص (ع۔ا۔مث) کسی شخص کا کسی چیز کے نہ دینے یا رکھ چھوڑنے کا اِس بنا پر دعوےٰ دار ہونا کہ اُس نے مذکورہ چیز پر محنت یا روپیہ صَرف کیا ہے۔

کفالت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) ضمانت کی دستاویز۔ ضمانت نامہ۔

کِفایت (کِ۔فا۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) کافی ہونا۔ حسبِ ضرورت فائدہ حاصل ہونا (۲) بچت۔ کمی۔ صَرفہ۔

کفایت سے (اُر۔ تابع فعل) کجرسی سے۔ واجبی خرچ سے۔

کفایت شِعار (ع۔صف) کم خرچ کرنے والا۔ کجرس۔

کفایت شِعاری (ع۔ف۔ا۔مذ) کم خرچی۔ کجرسی۔ صَرفہ۔

کفایت کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کافی ہونا۔ پُورا ہونا (۲) بچت کرنا (۳) قیمت میں کمی کرنا۔

کَفتار (کف۔تار) (ف۔ا۔مذ) بجّو (۲) چرخ۔ لگڑ بگڑ۔ لکڑ بگھا (۳) کفن چور۔

کَفچہ (کف۔چہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا کفگیر (۲) سانپ کا پھن۔

کُفر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ناشکری (۲) خُدا کو نہ ماننا۔ بے دینی (۳) ہٹ۔ ضِد۔ اَڑ۔

کُفر توڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دین دار بنانا (۲) ضِد توڑنا۔ ہٹ توڑنا (۳) مطیع کرنا۔ مرید کرنا۔

کُفر ٹوٹا خُدا خُدا کر کے (اُر۔ محاورہ) نہایت مُشکل سے مانا یا راضی ہوا۔

کُفر ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) کفر توڑنا کا لازم۔

کُفرستان (ع۔ف۔ا۔مذ) کافروں کا مُلک۔

کُفر کا فتویٰ دینا (اُر۔ محاورہ) اَز رُوئے شرع کسی کو کافر قرار دینے کا حکم جاری کرنا۔

کُفر کا کلمہ بولنا (مُنہ سے نکالنا۔ بکنا) (اُر۔ محاورہ) بے دینی کے اَلفاظ زبان پر لانا۔

کُفر کچہری (اُر۔ا۔مث) بُری صحبت۔ بد سنگت۔

کُفران (کُف۔ران) (ع۔ا۔مذ) ناشکری۔ ناسپاسی۔

کُفرانِ نعمت (ع۔ا۔مذ) احسان فراموشی۔ نعمت کی ناشکری۔ نمک حرامی۔

کَفش (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مث) جوتی۔ پاپوش۔ نعلین۔

کفش بردار (ف۔صف) (۱) جوتیاں اُٹھانے والا۔ ادنیٰ مرتبے کا (۲) غلامِ بے دام۔

کفش پا (ف۔ا۔مث) پاؤں کی جوتی۔

کفش خانہ (ف۔ا۔مذ) غریب خانہ (انکسار) اپنا مکان۔ جھونپڑا۔

کفش دوز (ف۔صف) موچی۔ جوتے بنانے والا۔ چمار۔

کفش کاری (ف۔ا۔مث) جوتے مارنا۔ سزا دینا۔

کفش کَن (ف۔ا۔مذ) درگاہ کا وہ خادم یا دروازہ جہاں زائرین جوتے اُتارتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کفش نشین (ف۔صف) جوتیوں میں بیٹھنے والا۔ حاشیہ نشین۔ ادنیٰ مرتبے کا آدمی۔

کَفْ (کَ۔فْ) (ف۔ا۔مث) (۱) ہاتھ کی ہتھیلی (۲) پاؤں کا تلوا (۳) مہندی لگا ہوا پاؤں کا تلوا۔

کف گیر (ف۔ا۔مذ) کفگیر (ف) کے تحت دیکھیے۔

کَفَل (کَ۔فَل) (ع۔ا۔مذ) آدمی یا حیوان کے چوتڑ۔

کَفَن (کَ۔فَن) (ع۔ا۔مذ) وہ کپڑا جس میں مُردے کو لپیٹتے ہیں۔ مُردے کی چادر۔ جمع: اکفان۔ اُردو جمع: کفن۔ کفنوں۔

کفن پھاڑ کر بولنا (اُر۔محاورہ) دفعتہً بول اُٹھنا یا چیخ مارنا۔ نہایت بے تاب اور مُضطرب ہو کر بولنا۔

کفن چور (اُر۔ا۔مذ) (۱) قبر کھود کر کفن چُرانے والا (۲) شریر۔ بے رحم۔

کفن دفن (ع۔ا۔مذ) کفن پہنانا اور دفن کرنا۔ تجہیز و تکفین۔

کفن سر سے باندھنا (لپیٹنا) (اُر۔محاورہ) جان پر کھیلنا۔ مرنے پر آمادہ ہونا۔

کفن سر سے باندھے پھرنا (اُر۔محاورہ) لڑنے مرنے کو تیار ہونا۔ جان ہتھیلی پر لئے پھرنا۔

کفن کو کوڑی نہیں (اُر۔محاورہ) نہایت مُفلس و قلاش ہے۔

کفن کو لگے (اُر۔محاورہ) (۱) کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت قسم کھاتے ہیں یعنی اگر کچھ ہو تو کفن کو لگے (۲) اگر کوئی نادہند آدمی کسی سے روپیہ لے اور کسی صورت میں اُس سے واپسی کی اُمید نہ رہے تو اُسے بطور بددُعا بھی کہتے ہیں کہ یہ رقم تیرے کفن پر لگے۔

کفن کھسوٹ (اُر۔ا۔مذ) (۱) کفن چور (۲) لوگوں کا مال کھا جانے والا۔

کفن میلا نہ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) مرے ہوئے زیادہ زمانہ نہ گزرنا (۲) تازہ معاملہ ہونا۔

کفن نصیب نہ ہو (اُر۔کوسنا) بے گور و کفن رہے۔

کَفْنانا (کَف۔نا۔نا) (اُر۔مص) میت کو کفن پہنانا۔ مُردے کو نہلا دھلا کر کفن میں لپیٹنا۔

کَفْنی (کَف۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) فقیروں کے پہننے کا پیراہن جو مُردے کے کفن کی طرح ہوتا ہے (۲) وہ بے آستین کُرتا جو مُردے کو پہناتے ہیں۔ اُردو جمع: کفنیاں۔ کفنیوں۔

کُفُو (کُ۔فُو) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) ہم جنس۔ ہم ذات۔ ہم قوم۔ ہم خاندان (۲) مانند۔ برابر (۳) فرقہ۔ قوم۔ برادری۔

کَفِیل (کَ۔فِیل) (ع۔صف) ذمّے دار۔ ضامن۔ جواب دہ۔ جمع: کُفلاء۔

کفیل ہونا (اُر۔مص مُرکّب) ضامن ہونا۔ ذمّے دار ہونا۔ ضمانت دینا۔

ک۔ک

کِک (Kick) (انگ۔ا۔مث) ٹھوکر۔

کِک آف (Kick Off) (انگ۔ا۔مث) پہلی ٹھوکر جس سے کھیل (فٹ بال) شروع ہوتا ہے۔

کِک اِسٹارٹر (Kick Starter) (انگ۔ا۔مث) موٹر سائیکل کا پیرم جسے پَیر سے دبانے سے انجن چلتا ہے۔

کُک (Cook) (انگ۔ا۔مذ) باورچی۔ طبّاخ۔

کُکّا (کُک۔کا) (ہ۔صف) (۱) سفید۔ بھورا (۲) (ا۔مذ) چھّا۔

کُکَر (کُ۔کَر) (ق۔متعلق فعل) کہہ کر۔ سمجھ کر۔

کُکْرالی (کُک۔را۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی گلٹی جو بغل میں ہو جاتی ہے (۲) رال۔ پیپ۔

کُکُرمُتّا (کُ۔کُر۔مُت۔تا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی نباتات جو برسات میں اُگتی ہے۔ کھمبی۔

کُکْرَوندا (کُک۔رَوں۔دا) (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت اور اُس کا پھل۔

کُکّو (کُک۔کو) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا بُھربُھرا تمباکو (۲) مٹی کا بڑا حقّہ (۳) لمبے نیچے کا حقّہ (۴) دُبلا پتلا آدمی۔

کُکّو باز (اُر۔صف) کُکّو کا حقّہ بہت پینے والا۔

کُکّو خانہ (اُر۔ا۔مذ) (۱) حقّہ پینے کی جگہ۔ تکیہ۔ دائرہ (۲) بُری صحبت۔

کُکّو والا (اُر۔ا۔مذ) بازاروں میں حقّہ پلانے والا۔ (مجازاً) ذلیل اور خوار آدمی۔

کُکّو (کُکّوا) (کُک۔کو) (کُک۔کُوا) (ہ۔ا۔مذ) مُرغا۔ (طنزاً) بوڑھا آدمی۔

کُکڑُوں کُوں (ہ۔ا۔مث) مُرغ کی بانگ۔

کَکْڑی (کَک۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) خیار۔ ایک قسم کی لمبی سبز ترکاری۔ (پن) مُر۔ جمع: ککڑیاں۔ ککڑیوں۔

ککڑی کا چور باندھا جانا (اُر۔محاورہ) ادنیٰ قصور پر بڑی سزا ملنا۔ اندھیر ہونا۔

ککڑی کھیرا کرنا (اُر۔محاورہ) بات بات پر کوسنا۔ نہایت بے قدر سمجھنا۔

ککڑی کے چور کی گردن نہیں مارتے (اُر۔مثل) چھوٹی سی خطا پر بڑی سزا نہیں دینی چاہیے۔

کُکْڑی (کُک۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کچّے سُوت کی لچھی۔ انٹی (۲) مکّی کا بُھٹا (۳) آک کا ڈوڈا (۴) مُرغی۔ جمع: ککڑیاں۔ ککڑیوں۔

ککڑی ہو جانا (اُر۔محاورہ) (۱) سردی سے اینٹھ جانا (۲) سُوکھ کر دُبلا ہو جانا۔

کَکھوائی (کَکھوری) (کَکھ۔وا۔ای) (کَ۔کھو۔ری) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے ککرالی۔

کِکْیانا (کِک۔یا۔نا) (ہ۔مص) بندر کا چلانا۔ چیانا (۲) چیخنا۔ چنگھاڑنا۔

کَکیرا (کَ۔کے۔را) (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا پان۔

ک۔گ

کَگار (کَگر) (کَ۔گار) (کَ۔گَر) (ہ۔ا۔مث) (۱) کنارہ۔ حاشیہ۔ کیف۔

حد۔ مکان کی کنگنی (۲) دھار۔ باڑھ۔ جمع: کگاروں۔ کگاریں۔ کگروں۔ کگریں۔

ک ـ ل

کَل (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آج سے پہلا دن جو گزر چکا ہو۔ گزرا ہوا دن (۲) آج سے دُوسرا دن جو آئے گا۔ آنے والا دن (۳) زمانہ قریب جیسے کل کی بات ہے (۴) قیامت کا دن۔

کل پر اُٹھا رکھنا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کو دُوسرے وقت پر ٹال دینا۔

کل پر نہ چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) کام فوراً کر دینا۔ کام کو آج ہی ختم کر دینا۔

کل کا ذکر ہے (اَر۔ محاورہ) تھوڑے دنوں کی بات ہے۔

کل کا لڑکا (اَر۔ا۔مذ) (۱) حال کا پیدا شدہ۔ سامنے کا پیدا ہوا بچہ (۲) ناتجربہ کار۔

کل کس نے دیکھا ہے (اَر۔ مثل) دیر نہ کرو۔ معلوم نہیں کل کیا ہو۔

کل کلاں (کو) (اَر۔ متعلق فعل) پھر۔ آیندہ زمانے میں۔

کل کل کرنا (اَر۔ محاورہ) آج کل کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

کل کو (اَر۔ متعلق فعل) آیندہ۔ زمانہ آیندہ میں۔

کل کو نہ کہنا (اَر۔ محاورہ) آیندہ اِلزام نہ دینا۔

کل کی بات (اَر۔ا۔مث) حال کا ذکر۔ تھوڑے دنوں یا تھوڑے زمانے کا ذکر۔

کل کی خبر نہیں (اَر۔ مقولہ) خُدا جانے آیندہ کیا ہو۔

کل کے جوگی کندھے پر جٹا (اَر۔ مثل) کل کی پیدائش اور اِتنے کمال کا دعویٰ۔ صرف بھیس بدلنے سے کچھ نہیں ہوتا جب تک کچھ زمانہ نہ گزرے فقیری نہیں آتی۔

کَل (بفتح اوّل) (ہ۔ صف) کالا کا مخفف۔ مرکبات میں بطور سابقہ آتا ہے۔

کل جِبھا (ہ۔ صف) (۱) کالی زبان والا۔ منحوس (۲) وہ شخص جس کی بددُعا جلد اثر کرے۔

کل جھواں (ہ۔ صف) سانولا۔

کل جھویں صُورت (اَر۔ا۔مث) کالی صُورت۔ سانولی رنگت۔

کل چِڑا (اَر۔ا۔مذ) ایک سیاہ رنگ کا خوش آواز پرندہ۔

کل چِڑی (اَر۔ا۔مث) کل چڑا کی تانیث۔

کل دُما (ہ۔ا۔مذ) (۱) کالی دُم کا پرندہ (۲) پتنگ جس کی دُم سیاہ ہو۔

کل سِرا (اَر۔ صف) (۱) کالے سر کا پرندہ (۲) اِنسان (۳) کالے سر کا پتنگ۔

کل سِری (اَر۔ا۔مث) کل سرا کی تانیث۔

کل مُنہا (کل مُوہا) (اَر۔ صف) (۱) کالے مُنہ کا آدمی (۲) کم بخت۔ کم نصیب۔

کل مُنہی (کل مُوہی۔ کل مُوئی) (اَر۔ا۔مث) (۱) کل مُنہا کی تانیث۔ نابکار، ذلیل (عورت) (۲) بدنصیب، کم بخت (عورت)۔

کَل (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) مشین۔ آلہ (۲) کسی چیز کا حصہ یا جوڑ۔

کل بگڑ جانا (بگڑنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) مشین کا بیکار ہو جانا (۲) مزاج کا بگڑنا۔

کل دار (اَر۔ صف) کل کے ذریعے سے بنا ہوا سکہ۔ چہرہ شاہی روپیہ۔

کل دار بندوق (اَر۔ا۔مث) گھوڑے دار بندوق۔ چانپ دار بندوق۔ توڑے دار کی ضد۔

کل کا (اَر۔ صف) کل کے ذریعے سے بنایا ہوا۔

کل کا پُتلا (اَر۔ا۔مذ) (۱) کل کی طرح حرکت کرنے والا (۲) دُوسرے کی مدد سے کام کرنے والا۔ دُوسرے کا تابع۔

کل کا گھوڑا (اَر۔ا۔مذ) وہ گھوڑا جو کل اور پُرزوں سے چلے۔

کل کل (اَر۔ا۔مث) جوڑ جوڑ۔ بند بند۔ انجر پنجر۔

کل کل توڑ دینا (اَر۔ محاورہ) جوڑ جوڑ ہلا دینا۔ بند بند ہلا دینا۔ ایک ایک عضو کو ڈھیلا اور بیکار کر دینا۔

کل مروڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مشین کو چالو کرنا (۲) خلاف کر دینا۔ طبیعت کو پھیر دینا۔ برگشتہ کر دینا۔

کَل (بفتح اوّل) (ق۔ا۔مذ و مث) (۱) ترکیب۔ حکمت (۲) فوارہ (۳) بندوق کا گھوڑا۔

کَل (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔مث) آرام۔ چین۔ سکون۔ قرار۔ اِطمینان۔

کل آنا (اَر۔ محاورہ) اِطمینان ہونا۔ آرام ملنا۔ چین پڑنا۔

کل بیکل ہونا (اَر۔ محاورہ) بے آرام ہونا (۲) بل جانا۔ بے ترتیب ہو جانا۔

کل پانا (اَر۔ محاورہ) آرام پانا۔ اِطمینان ہونا۔

کل پڑنا (اَر۔ محاورہ) جی ٹھہرنا۔ اِطمینان ہونا۔ چین پڑنا۔

کل نہ پڑنا (اَر۔ محاورہ) تڑپنا۔ چین نہ پڑنا۔

کَل (بفتح اوّل) (س۔ا۔مذ) (۱) پاسا (۲) پاسے کا دیوتا (۳) لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد۔

کل جُگ (س۔ا۔مذ) چوتھا جگ۔ وہ زمانہ جس میں فساد و گناہ کی کثرت ہو گی۔ لوہے کا زمانہ۔ آخری زمانہ جس کے بعد قیامت آ جائے گی۔

کُل (بضم اوّل) (ع۔ صف) (۱) تمام۔ سب۔ جُملہ۔ پُورا۔ کامل (۲) ہر۔ ہر ایک (۳) صرف۔ فقط۔

کُلُّ جَدِیدٍ لَذِیذٌ (ع۔ مثل) ہر نئی چیز مزیدار ہوتی ہے۔

کُل جمع (ع۔ا۔مذ) کل سرمایہ۔ میزانِ کل۔

کُلُّ حَامِضٍ بَارِدٌ (ع۔ مقولہ) ہر ترش چیز سرد ہوتی ہے۔

کُلُّ شَیْءٍ یَرْجِعُ اِلٰی اَصْلِہٖ (ع۔ مثل) ہر چیز اپنے اصل کی طرف لوٹتی ہے۔

کُلُّ طَوِیْلٍ اَحْمَقُ اِلَّا عُمَرُ (ع۔ مثل) ہر لمبے قد والا بے وقوف ہوتا ہے (سوائے حضرت عمرؓ کے)۔

کُلُّ قَصِیْرٍ فِتْنَۃٌ اِلَّا عَلِیٌّ (ع۔ مثل) چھوٹے قد کا آدمی شرارتی ہوتا ہے (ماسوائے حضرت علیؓ کے)۔

کُل کائنات (ع۔ا۔مث) (۱) تمام مخلوق (۲) ساری جمع پونجی۔ تمام سرمایہ۔

کُلُّ مَنْ عَلَیْھَا فَانٍ (قرآنی آیت) دُنیا کی ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔

کُلُّھُمْ (ع۔ صف) سب کے سب۔

کُل (بضم اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خاندان۔ گھرانا۔ کنبہ (۲) ذات۔ قوم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گُل اُچھال (ہ۔صف) خاندان کو بدنام کرنے والا۔ ننگِ خاندان۔

گُل بکھانا (ہ۔محاورہ) (۱) کسی خاندان کی تعریف و توصیف کرنا (۲) کسی خاندان کا نسب نامہ پڑھنا (۳) خوشامد اور تعریف کرنا (۴) کسی کے بڑوں کو بُرا کہنا۔

گُل دھرم (ہ۔ا۔مذ) خاندانی رَسم و قاعدہ۔ بڑوں کی ریت۔

گُل وَنتا (ہ۔صف) بڑے گھرانے کا۔ شریف خاندان کا۔

گُل وَنتی (ہ۔صف) گل ونتا کی تانیث۔

کَلا (کَ۔لا) (س۔ا۔مث) (۱) بہت چھوٹا حِصّہ۔ ذرّے کا آٹھواں حِصّہ (۲) چاند کے قُطر کا سولھواں حِصّہ (۳) درجے کا ساٹھواں حِصّہ۔ منٹ (۴) فریب۔ مکر۔ دھوکا (۵) بہانہ (۶) شُعبدہ (۷) گُن۔ ہنر۔ فن (۸) روشنی (۹) گانے کے چونسٹھ کمال (۱۰) نٹ کا کرتب (۱۱) کرامت۔ نیز دیکھئے قلا۔

کلابازی (ہ۔ف۔ا۔مث) وہ حرکت جو سَر نیچے اور پاؤں اُوپر کر کے نٹ کیا کرتے ہیں۔ (اردو میں عموماً قلابازی مستعمل ہے)۔

کلاجنگ (ا۔ا۔مث) کُشتی کا ایک داؤ۔ نیز دیکھئے قلاجنگ۔

کلاکار (ہ۔صف) (۱) فن کار۔ صاحبِ ہُنر (۲) مکّار۔ فریبی۔ دغاباز (۳) فسادی۔ دنگا کرنے والا۔ شور مچانے والا۔

کَلّا (کَل۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کونپل (۲) گال (۳) جبڑا (۴) سر (۵) لیمپ کا وہ پُرزہ جس میں بتّی لگائی جاتی ہے (۶) بلند آوازی (۷) بدزبانی (۸) شور و غُل۔ جمع: کلّوں۔ کلّے (۹) (ق۔ا۔مذ) مکر۔ فریب۔ نیز دیکھئے کلّہ۔

کلّا پھُلانا (ا۔محاورہ) (۱) گالوں میں ہوا بھرنا (۲) مغرور ہونا (۳) خفگی یا رنج کے باعث مُنہ پھُلائے رکھنا۔

کلّا توڑ (ا۔صف) برابر کا (۲) دنداں شکن۔

کلّا توڑنا (ا۔مص مُرکّب) گھونسا مار کر جبڑا توڑ دینا (۲) (محاورہ) مغلوب کرنا۔

کلّا ٹھلّا (ا۔ا۔مذ) (۱) زبان درازی (۲) ظاہر داری (۳) رُعب داب۔

کلّا جبڑا (ا۔ا۔مذ) (۱) رُخسار۔ گال (۲) بلند آوازی (۳) (کنایۃً) رُعب۔ دھاک۔

کلّا چلے ستّر بلا ٹلے (ا۔محاورہ) کھانے پینے سے آدمی توانا اور تندرست رہتا ہے۔

کلّا دبانا (ا۔محاورہ) بولنے سے روکنا۔

کلّا دراز (ا۔صف) (۱) بےہودہ شور وغوغا کرنے والا۔ چلّا کر بولنے والا (۲) بدزبان۔ زبان دراز۔

کلّا کرنا (ا۔محاورہ) زبان درازی کرنا۔ شور کرنا۔

کلّا گرم کرنا (ا۔محاورہ) شور و غوغا کرنا۔ زبان درازی کرنا۔

کلّا گرم ہونا (ا۔محاورہ) کھانے کو کچھ مِل جانا۔

کُلّا (کُل۔لا) (ہ۔ا۔مذ) کلّی۔ غرارہ۔ غرغرہ۔ (کرنا کے ساتھ بولتے ہیں)۔

کِلاب (کِ۔لاب) (ع۔ا۔مذ) کلب کی جمع۔

کلابتّو (کلابتّوں) (کَ۔لا۔بَت۔تو) (کَ۔لا۔بَت۔توں) (ہ۔ا۔مذ) چاندی یا سونے کے تار جو ریشم پر چڑھا کر بنے جاتے ہیں۔ چاندی یا سونے کے تاروں کی ڈور۔

کلابتّونی (کَ۔لا۔بَت۔تو۔نی) (ہ۔صف) کلابتّوں کا بنایا ہوا۔

کلابہ (کَ۔لا۔بَہ) (ف۔ا۔مذ) کچّا سُوت جو تکلے پر لگا ہوا ہو۔

کلاتھ (Cloth) (انگ۔ا۔مذ) کپڑا۔

کلاتھ مارکیٹ (Cloth Market) (انگ۔ا۔مث) کپڑے کی منڈی۔

کلاتھ مرچنٹ (Cloth Merchant) (انگ۔ا۔مذ) کپڑا بیچنے والا سوداگر۔

کلّار (کَل۔لار) (ہ۔ا۔مذ) شراب فروش۔

کلارنیٹ (Clarinet) (انگ۔ا۔مذ) ایک باجا جو مُنہ سے بجاتے ہیں۔

کلاس (Class) (انگ۔ا۔مث) (۱) درجہ۔ مرتبہ۔ رُتبہ۔ پایہ۔ طبقہ (۲) جماعت۔ درجہ (۳) ذات پات۔ اُردو جمع: کلاسوں۔ کلاسیں۔

کلاس فیلو (کلاس میٹ) (Class Fellow (mate)) (انگ۔ا۔مذ) ہم جماعت۔ ہم سبق۔

کَلاسی (ق۔ا۔مث) کلائی۔

کلاسیک (Classic) (انگ۔صف) (۱) قدیم۔ اعلیٰ درجے کا۔ مستند (۲) ادبیاتِ عالیہ۔

کلاسیکی (انگ کلاسیکل (Classical) کا مؤنّث۔صف) اعلیٰ درجے کا۔ مستند۔ مسلّم الثبوت۔ ٹکسالی۔ (خصوصاً ادبیات میں)۔

کُلاغ (کُ۔لاغ) (ف۔ا۔مذ) جنگلی کوّا۔

کلافر (کَ۔لا۔فَر) (ق۔ا۔مذ) قرنفل۔ لونگ۔

کلاک (Clock) (انگ۔ا۔مذ) گھنٹا۔ وقت بتانے والی بڑی گھڑی۔

کلاگھات (ق۔ا۔مث) غدّاری۔ مکّاری۔

کَلال (کَ۔لال) (ہ۔ا۔مذ) کلّار۔ شراب بیچنے والا۔

کلال خانہ (ہ۔ف۔ا۔مذ) شراب خانہ۔ شراب کی دُکان۔

کُلال (کُ۔لال) (ف۔ا۔مذ) کوزہ گر۔ کمہار۔

کَلام (کَ۔لام) (ع۔ا۔مذ) (۱) سُخن۔ بات۔ گفتگو (۲) (نحو) وہ عبارت جو کلموں سے مرتّب ہو (۳) شعر و سخن۔ نظم (۴) مقولہ۔ قول (۵) ملفوظات (۶) تصنیف۔ مضمون (۷) اعتراض۔ عذر۔

کلامُ الملوک مُلوکُ الکلام (ع۔مثل) بادشاہوں کی باتیں نہایت اعلیٰ ہوتی ہیں۔

کلامُ اللہ (کَ۔لا۔مُل۔لاہ) (۱) خُدا کا کلام۔ کلامِ الٰہی (۲) الہامی کتاب (۳) وہ خُدائی کتاب جو رسول مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ذریعے سے نازل ہوئی۔ قرآن شریف۔

کلامُ اللہ اُٹھانا (ا۔محاورہ) قرآن شریف اُٹھا کر قسم کھانا۔

کلامِ تام (ع۔ا۔مذ) وہ مُرکّب جو اپنے کلموں میں اسناد ہونے کے سبب سُننے والے کو پُوری پُوری خبر دے اور اُسے مزید دریافت کرنے کی حاجت نہ رہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کلام کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بولنا۔ بات چیت کرنا (۲) جھگڑنا۔ بحث کرنا (۳) شُبہ کرنا۔

کلام کی جگہ (اُر۔ ا۔مث) کچھ کہنے سکنے کا محل۔ اِعتراض کا مقام۔

کلامِ گرم (ع۔ف۔ ا۔مذ) شوخ کلام۔

کلامِ مجید (ع۔ ا۔مذ) بُزرگ کلام۔ کلام اللہ۔ قرآن۔

کلامِ ناقِص (ع۔ ا۔مذ) (نحو) وہ مُرکب جس سے سُننے والے کو پُورا فائدہ حاصل نہ ہو۔ مُرکبِ غیر مفید۔ جیسے احمد کا غُلام۔ محمود کا باپ۔ مردِ عقل مند۔

کلام ہونا (اُر۔ محاورہ) شک ہونا۔ اِعتراض ہونا۔

کلام ہے (اُر۔ محاورہ) اِعتراض ہے۔ شُبہ ہے۔

کَلاں (کَ۔لاں) (ف۔صف) (۱) بڑا۔ بُزرگ (۲) لمبا۔ طویل (۳) بلند۔ اُونچا (۴) وسیع۔ فراخ۔

کَلانا (کَ۔لا۔نا) (ق۔مص) مِلانا۔ مِلا دینا۔

کُلانا (کُل۔لانا) (ہ۔مص) (۱) چوٹ کی وجہ سے کسی عضو کا درد کرنا (۲) سوزش ہونا (۳) جلنا۔

کِلانا (کِ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھٹکنا۔ رولنا۔ اَناج صاف کرنا۔

کَلانج (کَ۔لانج) (اُر۔ ا۔مث) دیکھیے قُلانچ۔

کَلاوَنت (کَ۔لاں۔وَنت) (نُون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کے ڈوم (۲) مغنّی۔ گویّا۔

کَلاوہ (کَ۔لا۔وہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھیے کلابہ۔

کُلاہ (کُ۔لاہ) (ف۔ا۔مث) (۱) لمبی ٹوپی (۲) تاجِ شاہی (۳) ٹوپی۔

کلاہِ تتری (ف۔ا۔مث) (۱) تاتاری ٹوپی (۲) تاجِ شاہی۔

کلائمیکس (Climax) (انگ۔ا۔مذ) نُقطۂ عروج۔

کَلائی (کَ۔لا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ساعد۔ پہنچا۔ ہاتھ اور کُہنی کا درمیانی حصّہ۔ جمع: کلائیاں۔ کلائیوں (۲) (ق۔ا۔مث) قلعی۔

کلائی کرنا (اُر۔ محاورہ) اپنی کلائی کو حریف کے ہاتھ سے چُھڑا کر اُس کی کلائی پر اپنا ہاتھ پہنچا دینا۔

کلائیاں مارنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے یا شیر وغیرہ کا پاؤں اُٹھا کر خاص اَنداز سے چلنا۔

کلب (Club) (انگ۔ا۔مذ) (۱) اَنجمن۔ سبھا۔ بزم (۲) ڈنڈا۔ سونٹا۔ لٹھ (۳) گاف کے کھیل وغیرہ کا ڈنڈا۔ اُردو جمع: کلب۔ کلبوں۔

کَلب (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) کُتا۔ جمع: کِلاب۔

کُلبُل (کُل۔بُل) (ہ۔ا۔مث) آفت۔ مصیبت۔

کِلبِل (کِل۔بِل) (ہ۔ا۔مث) (۱) کیڑوں کا رینگنا (۲) کُچر پُچر (۳) بچے کچے۔

کُلبُلانا (کُل۔بُ۔لا۔نا) (ہ۔مص) (۱) آہستگی سے ہلنا (۲) گھبانا (۳) بیقرار ہونا۔ تڑپنا (۴) کیڑوں کا رینگنا (۵) انتڑیوں کا بولنا (۶) گدگدی کرنا۔

کلبلاہٹ (کل۔ب۔لا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) کیڑوں کا رینگنا (۲) آہستگی سے حرکت کرنا۔

کُلبہ (کُل۔بہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا سا گھر۔ غریبوں کا جھونپڑا (۲) گوشہ۔ کونا۔

کلبۂ اَحزاں (ف۔ا۔مذ) غم کدہ۔ غموں کا گھر۔ ماتم کدہ۔

کَلبی (کل۔بی) (ع۔صف) یونانی فلسفہ کلبیت کا پیرو۔ تنگ چڑھا۔ تُرش رُو۔ دُنیا سے بیزار۔ (Cynic)۔

کلبیّت (ع۔ا۔مث) مردم بے زاری۔ عیش سے نفرت۔ (Cynicism)۔

کَلپ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (س۔ا۔مذ) وید کے چھ انگوں میں سے ایک انگ۔ وید کی ایک فصل (۲) قیامت (۳) خطرہ۔ اَندیشہ (۴) شک و شُبہ (۵) مطلب۔ مُراد (۶) دیوتاؤں کے ہزار جگ کے برابر کا زمانہ (۷) صرف و نحو۔ گرامر۔

کلپ برچھ (وِرکش) (ب۔رچھ) (و۔رکش) (س۔ا۔مذ) بہشت کا ایک درخت۔

کِلپ (Clip) (انگ۔ا۔مذ) کاغذوں یا بالوں کو اکٹھا کرنے کی چٹکی۔

کلپانا (کل۔پا۔نا) (ہ۔مص) ستانا۔ دُکھ دینا۔ ظلم کرنا۔ بیقرار کرنا۔ تڑپانا۔

کَلپنا (کَ۔لپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) دُکھ پانا۔ ستایا جانا۔ کُڑھنا (۲) کوسنا۔ بددُعا دینا (۳) اَفسوس کرنا۔

کلٹکا (کل۔ٹ۔کا) (ق۔ا۔مذ) معمار۔ راج۔

کَلتن (کَ۔لت۔تن) (ق۔صف) بُرا۔ بدسلیقہ۔

کُلتھی (کل۔تھی) (ہ۔ا۔مث) ماش۔

کلٹا (کل۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کھانچا۔

کل جانا (کَل۔جا۔نا) (ہ۔مص مُرکب) کیلا جانا (۲) منتر کے ذریعے قابو میں کرلینا۔

کل جُگ (ہ۔ا۔مذ) کل کے تحت دیکھیے۔

کلچ (Clutch) (انگ۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے مشین چلائی یا ٹھہرائی جاتی ہے۔

کلچا (کُلچہ) (کُل۔چا) (کُل۔چہ) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی میدے کی چھوٹی خمیری روٹی جو تنور میں پکائی جاتی ہے۔

کلچا سا (اُر۔صف) کلچے کی مانند پُھولا ہوا۔

کلچر (Culture) (انگ۔ا۔مذ) ثقافت۔

کلچرل (Cultural) (انگ۔صف) ثقافتی۔

کلچڑا (ہ۔ا۔مذ) کل کے تحت دیکھیے۔

کلچھن (کُ۔لچھ۔چھن) (ہ۔صف) بدچلن۔ بدکردار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَلْچی (کل۔چی)(ق۔ا۔مث) اُنگلیوں کا جوڑ۔

کَلَّر (کل۔لر)(ہ۔صف)(۱) بنجر۔ شور (۲)(ہ۔امث) وہ زمین جس میں شوریت کے سبب کچھ پیدا نہ ہو۔

کِلَّر (کل۔لر)(ہ۔ا۔مذ) چور۔ لٹیرا۔

کلرک (انگ۔ا۔مذ) (Clerk) محرّر۔ منشی۔ حصدی۔ اہل مد۔ اُردو جمع: کلرک۔ کلرکوں۔

کِلَرکی (ک۔لر۔کی)(ا۔ر۔امث) منشی گری۔ محرّری۔

کُلَّرن (کل۔رن)(ہ۔امث) جونک لگانے والی عورت۔

کَلَس (ک۔لس)(ہ۔امذ)(۱) گنبد کے اُوپر کا نوک دار حصّہ (۲) سُنہری کلغی جو مندروں، مسجدوں یا گنبدوں پر لگی ہوتی ہے۔ جمع: کلس۔ کلسوں۔

کَلْسا (کل۔سا)(ہ۔امذ) تانبے یا پیتل کا تنگ منہ کا بڑا گھڑا۔ دیگچہ۔ گاگر۔

کَلْسَت (کل۔ست)(ق۔صف) کالا۔ سیاہ۔

کُلْغا (کل۔غا)(ا۔ر۔امذ) ایک سُرخ رنگ کا پُھول۔

کَلْغی (کل۔غی)(ا۔ر۔امث)(۱) پرندوں کے خوش نما پر جو بادشاہ اپنے تاج، ٹوپی یا پگڑی میں لگاتے ہیں۔ جیغہ۔ طرّہ (۲) مور یا پرندوں کے سر کا تاج۔ پرندوں کی چوٹی (۳) کلس۔ جمع: کلغیاں۔ کلغیوں۔

کَلَف (ک۔لف)(ا۔ر۔امذ) پکا ہوا لیس دار مادّہ جسے پانی میں ملا کر کپڑے کو اس میں ڈبو دیتے ہیں (۲) آہار (۳) وہ سیاہ دھبّے جو خون کے بگاڑ سے منہ پر پڑ جاتے ہیں۔ چھیپ (۴) وسمہ۔ خضاب۔ و: کلپ کا بگاڑ ہے۔

کُلْفَت (کل۔فت)(ع۔امث)(۱) رنج۔ تکلیف۔ مُصیبت (۲) کدُورت۔ رنجش۔ اُردو جمع: کلفتوں۔ کلفتیں۔

کلفت دُور ہونا (ا۔ر۔محاورہ)(۱) رنج و تکلیف کا دور ہونا (۲) کدُورت کا جاتا رہنا۔

کُلْفَہ (کل۔فہ)(ہ۔امذ) دیکھئے کُلفہ اور خُرفہ۔

کِلْک (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ و مث) نیزہ جس کا قلم بناتے ہیں۔ نے۔ نرسل (۲) قلم۔

کِلْکارنا (کل۔کار۔نا)(ا۔ر۔محاورہ) پکارنا۔ نعرہ لگانا۔ چیخنا۔

کِلْکاری (کل۔کا۔ری)(ہ۔امث) چیخ۔ زور کی آواز (۲) بندر کی آواز۔ جمع: کلکاریاں۔ کلکاریوں۔

کلکاری مارنا (ا۔ر۔محاورہ)(۱) چیخ مارنا۔ چلانا۔ قہقہہ لگانا (۲) بندر کا چیخ مارنا۔

کِلْکانا (کل۔کا۔نا)(ق۔مص)(۱) بددُعا دینا (۲) شور کرنا۔

کلکتہ دِکھانا (ا۔ر۔محاورہ) بچّے کے کانوں پر ہاتھ رکھ کر اپنے سر سے اُونچا کرنا۔

کلکٹر (انگ۔ا۔مذ) (Collector) (۱) حاکمِ ضلع۔ ڈپٹی کمشنر (۲) تحصیل۔ وصول کرنے والا۔ اُگاہنے والا۔ جمع: کلکٹر۔ کلکٹروں۔

کلکٹری (ک۔لک۔ٹ۔ری)(ا۔ر۔امث)(۱) کلکٹر کا عہدہ (۲) کلکٹر کا کام (۳) کلکٹر کی کچہری۔

کِلْکِل (کل۔کل)(ا۔ر۔امث)(۱) تک تک (۲) جھگڑا (۳) شور و غل (۴) عورتوں کا بلند آواز سے لڑنا۔

کِلکِل پٹ پٹ (ا۔ر۔امث)(۱) بکواس۔ تک تک (۲) جھگڑا۔ فساد۔

کِلکِل کانٹا (ا۔ر۔امذ) بچّوں کا ایک کھیل۔

کِلکِل کرنا (ا۔ر۔محاورہ)(۱) بکواس کرنا (۲) باہم تکرار کرنا (۳) دماغ پریشان کرنا۔

کِلْکِلانا (کل۔ک۔لا۔نا)(ہ۔مص) کاٹ کھانے کو دوڑنا۔ بدمزاج ہونا۔ ترش رُو ہونا۔ چڑچڑا ہونا۔

کَلَکْنا (ک۔لک۔نا)(ہ۔مص)(۱) کبوتر کے بچّے کا پرواز میں تیزی کرنا (۲) چوپایوں کے بچّوں کا میدان میں اُچھلنا کودنا (۳) نگلنا۔ کھانا۔ زہر مار کرنا۔ بے رغبتی سے کھانا۔

کَلْکی (کل۔کی)(ق۔امث) تمباکو پینے کی نَے۔

کُلّما (کل۔ما)(ا۔ر۔امذ) دُلمہ۔ مسالے دار قیمہ بھری ہوئی بکری کی انتڑی۔

کَلِمات (ک۔ل۔مات)(ع۔امذ) کلمہ کی جمع۔

کَلِمَہ (ک۔ل۔مہ)(ع۔امذ)(۱) لفظ۔ بات۔ قول (۲) وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے (۳) دینِ اسلام کی صداقت کا عقیدہ (۴)(مجازاً) خُدا کا نام۔ جمع: کلمات۔ اُردو جمع: کلموں۔ کلمے۔

کلمۂ الحق (ک۔ل۔مَ۔تُل۔حق)(ع۔امذ) سچّی بات۔ حق کی بات۔ انصاف کی بات۔

کلمۂ الخیر (ک۔ل۔مَ۔تُل۔خیر)(ع۔امذ) نیک بات۔ نیک صلاح۔

کلمہ بھرنا (ا۔ر۔محاورہ)(۱) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہنا (۲) خُدا کا نام لینا (۳) کسی کا بہت معتقد اور والہ و شیدا ہونا۔

کلمہ پڑھانا (ا۔ر۔محاورہ) مُسلمان بنانا۔ اسلام میں لانا۔

کلمہ پڑھنا (ا۔ر۔محاورہ)(۱) خُدا تعالیٰ کی توحید کا اقرار کرنا۔ کلمۂ شہادت زبان سے نکالنا۔ مُسلمان ہونا (۲) خُدا کا نام لینا (۳) کسی کی اطاعت و فرماں برداری کرنا (۴) کسی بات میں اُستاد یا کامل ماننا (۵) کسی کا نام یاد کرتے رہنا (۶) کسی کا عاشق اور شیدا ہونا۔

کلمہ پڑھوانا (ا۔ر۔محاورہ) مطیع کرنا۔ فرماں بردار کرنا۔

کلمۂ تکبیر (ع۔ا۔مذ) اللہ اکبر سے مُراد ہے۔

کلمۃ اللہ (ک۔ل۔مَ۔تُل۔لاہ)(ع۔امذ) مُراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔

کلمۂ شہادت (ع۔ا۔مذ) اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ اس میں صرف خُدا ہی کے معبود ہونے اور حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بندہ اور رسول ہونے پر گواہی دی جاتی ہے۔

کلمۂ طیّبہ (ع۔ا۔مذ) پہلا کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

کلمۂ کُفر (ع۔ا۔مذ)(۱) وہ بات جس سے دین کی مخالفت یا اہانت ہو (۲) غرور اور گھمنڈ کی بات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کلمہ گو (ع۔صف) (۱) مُسلمان۔ دینِ اسلام کا کلمہ پڑھنے والا (۲) کسی کا معتقد (۳) کسی کا خیر طلب۔

کَلِمے (کل۔مے) (ار۔ا۔مذ) (۱) کلمہ کی جمع (۲) کلمہ کی مُغیّرہ صورت۔

کلمے کا شریک (ار۔ا۔مذ) ایک ہی خُدا اور ایک ہی رسُول کا کلمہ پڑھنے والا۔ مُسلمان بھائی۔ دینی بھائی۔

کلمے کی اُنگلی (ار۔ا۔مث) انگشتِ شہادت۔ سبابہ۔ شاہدہ۔

کَلَن (کَ۔لن) (ہ۔ا۔مث) (۱) زخم کی ٹیس (۲) درد۔

کَلنا (کل۔نا) (ق۔مص) کراہنا۔

کَلَنتر (کَ۔لن۔تر) (ق۔ا۔مذ) بدسلیقہ۔

کَلَنج (کَ۔لنج) (ہ۔ا۔مذ) چلتے وقت گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا (۲) ٹیڑھی ٹانگوں والا آدمی۔

کَلَندرا (کَ۔لن۔دَ۔را) (ار۔ا۔مذ) (۱) فرد۔ فہرستِ جرائم (۲) جنتری۔

کَلَنک (کَ۔لنک) (نُون غُنّہ) (س۔ا۔مذ) عیب۔ اِلزام۔ بدنامی۔ داغ۔ دھبّا۔

کلنک کا ٹیکا (ار۔ا۔مذ) بدنامی کا دھبّا۔ داغِ رُسوائی۔ رُوسیاہی۔

کلنک کا ٹیکا لگنا (ار۔محاورہ) عیب لگنا۔ رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ اِلزام دھرا جانا۔

کَلَنکہ (کَ۔لن۔کہ) (ق۔ا۔مث) کسوٹی۔

کُلَنگ (کُ۔لنگ) (نُون غُنّہ) (ف۔ا۔مذ) قاز۔ کونج۔ ایک مٹیالا لمبی گردن کا پرندہ (۲) لمبی ٹانگوں والا آدمی۔

کُلَنگڑا (کُ۔لنگ۔ڑا) (ق۔ا۔مذ) تربوز۔

کِلَنگوا (کِ۔لنگ۔ڑا) (ق۔صف) موٹا۔ فربہ۔

کِلنی (کِل۔نی) (ہ۔ا۔مث) چیچڑی جو جانوروں کے جسم میں ہو جاتی ہے۔

کِلو (Kilo) (کِ۔لو) (انگ۔سابقہ) ہزار۔ مُرکبات میں اِستعمال کیا جاتا ہے۔

کِلو گرام (Kilogram) (انگ۔ا۔مذ) ہزار گرام یا ایک سیر آٹھ تولے کے برابر وزن۔

کِلومیٹر (Kilometer) (انگ۔ا۔مذ) ایک ہزار میٹر۔ ۵ فرلانگ یا گیارہ سو گز کے برابر کا فاصلہ۔

کِلوواٹ (Kilowatt) (انگ۔ا۔مذ) برقی طاقت ناپنے کا پیمانہ جو ایک ہزار واٹ کے برابر ہوتا ہے۔

کَلّو (کل۔لو) (ار۔صف) کالے رنگ کا آدمی۔ حبشی۔ سیاہ فام۔ کالا کلوٹا۔

کَلّو (کل۔لو) (واو مجہول) (ار۔صف) کلّو کا مؤنث۔ کالی عورت۔

کَلّوا (کل۔وا) (ار۔صف) کالا کلوٹا۔ سیاہ فام (۲) (ا۔مذ) کالا آکنا۔

کلوا پیر (ہ۔ا۔مذ) کالا دیو۔ کالے رنگ کا ایک فرضی مؤکل۔

کَلوار (کل۔وار) (ہ۔ا۔مذ) کلال۔ شراب بنانے اور بیچنے والا۔

کِلوانا (کِل۔وا۔نا) (ہ۔مص) (۱) منتر سے قابو میں کرانا (۲) بند کروانا۔

کَلوٹا (کَ۔لو۔ٹا) (ار۔صف) کالا۔ سیاہ فام (واو معروف سے بھی بولتے ہیں)۔

کَلوٹی (ار۔صف) کلوٹا کی تانیث۔

کُلوخ (کُ۔لوخ) (ف۔ا۔مذ) مٹّی کا ڈھیلا۔ کچّی یا پکّی اینٹ کا روڑا۔

کُلوخ انداز (ف۔صف) ڈھیلے مارنے والا (۲) قلعے کی دیواروں کے وہ سُوراخ جن میں سے حملہ آور فوج پر پتّھر وغیرہ پھینکے جاتے تھے۔

کلوخ انداز را پاداش سنگ است (ف۔مثل) اینٹ کا جواب پتّھر۔ خواہ مخواہ چھیڑ کرنے والے کو سخت سزا ملتی ہے۔

کَلور (کَ۔لور) (ہ۔ا۔مذ) گائے کا بچّہ جو جوان ہونے کے قریب ہو۔

کلورائیڈ (Chloride) (انگ۔ا۔مذ) کلورین اور کسی دُوسرے عنصر کا مُرکب۔

کلوروفارم (Chloroform) (انگ۔ا۔مذ) دارُوئے بے ہوشی۔ ایک رقیق دوا جو بیہوشی پیدا کرتی ہے۔

کلورین (Chlorine) (انگ۔ا۔مث) ایک جراثیم کُش دوا۔

کَلول (کَ۔لول) (کِ۔لول) (ہ۔ا۔مث) (۱) کھیل کُود۔ اُچھل کُود (۲) دِل لگی۔ سیر (۳) شوخی۔ چلبلا پن۔ پیارا مذاق۔

کلول کرنا (ہ۔محاورہ) (۱) کھیلنا۔ کُودنا (۲) خوشی میں بولنا۔ چہچہانا (۳) مزے کُوٹنا۔ باہم ہنسنا بولنا۔

کَلَونجی (کَ۔لوں۔جی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کے سیاہ بیج جو اچار میں ڈالے جاتے ہیں۔

کَلَونس (کَ۔لونس) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) کالک۔ سیاہی (۲) داغ۔ دھبا (۳) بدنامی۔ کلنک۔

کلوواٹ (Kilowatt) (انگ۔ا۔مذ) کِلو کے تحت دیکھیے۔

کُلّہ (کُ۔لہ) (ف۔ا۔مذ) کُلاہ کا مُخفّف۔

کلّہ شجرہ (ف۔ا۔مذ) (۱) سلسلۂ خاندان (۲) مال۔ اسباب۔ اُستر بستر۔

کَلّہ (کَ۔لہ) (کل۔لہ) (ف۔ا۔مذ) گال۔ جبڑا۔ سر۔ نیز دیکھیے کلاّ (۵)۔

کلّہ بہ کلّہ جواب دینا (ار۔محاورہ) برابر کا جواب دینا۔ مُنہ توڑ جواب دینا۔

کلّہ بہ کلّہ لڑنا (ار۔محاورہ) برابر سے مقابلہ کرنا۔

کلّہ دراز (ف۔صف) لڑاکا۔ زبان دراز۔

کَلْہارنا (کل۔ہار۔نا) (ہ۔مص) دال کا چھلکا جلا کر اُتارنا۔

کَلْہاری (کل۔ہا۔ری) (ہ۔ا۔مث) جھگڑالو عورت۔ جنگجو عورت۔

کُلہاڑا (کُل۔ہا۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) بڑی کلہاڑی جس سے لکڑی کاٹتے اور پھاڑتے ہیں۔ جمع: کُلہاڑوں۔ کلہاڑے۔

کُلہاڑی (کُل۔ہا۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) کلہاڑا کی تانیث۔ لکڑی پھاڑنے اور کاٹنے کا کلہاڑے سے چھوٹا آلہ۔ جمع: کلہاڑیاں۔ کلہاڑیوں۔

کُلّھڑ (کُل۔ھڑ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مٹّی کا بڑا آب خورہ (۲) ایک قسم کی آتش بازی (۳) (صف) اُجڈ۔ گنوار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُلْہُم (کُل۔لُ۔ہُم) کُل کے تحت دیکھیے۔

کُلھیا (کُلِّیا) (کُھ۔یا) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹا سا مٹی کا گول برتن (۲) چھوٹا سا آبخورہ (۳) چھوٹی سی ہانڈی (۴) وہ ظرف جس میں کتھا چونا رکھتے ہیں۔ جمع: کلھیاں۔ کلھیوں۔

کُلھیا سا (اُر۔صف) بہت تنگ۔ سکڑا ہوا۔ چھوٹا سا۔

کُلھیا میں گُڑ پھوڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) چھپ کر کوئی کام کرنا (۲) ناممکن کام کرنا۔

کُلھیا میں گُڑ تھوڑا ہی پھوٹتا ہے (اُر۔مثل) (۱) بُرا کام چھپ نہیں سکتا (۲) راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

کُلھیاں (اُر۔ا۔مث) کلھیا کی جمع۔

کُلھیاں بھرنا (اُر۔محاورہ) دُودھ کی کلھیاں بھر کر دیوی پر چڑھانا۔

کَلی (کَ۔لی) (س۔ا۔مث) (۱) غنچہ۔ بن کھلا پھول۔ شگوفہ (۲) کونپل (۳) (اُر۔ا۔مث) دوشیزہ۔ کنواری۔ باکرہ (۴) پرندوں کے نئے اور چھوٹے پر (۵) مثلثی تراش کا کپڑا جو پاجاموں اور انگرکھوں وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ تریز (۶) ایک قسم کا صراحی دار حقہ (۷) ترچونا۔ قلعی (۸) شُعلہ۔ جمع: کلیاں۔ کلیوں۔

کلی چٹکنا (پھولنا۔ کھلنا) (اُر۔محاورہ) (۱) غنچے کا شگفتہ ہونا۔ پھول کھلنا (۲) فرحتِ دل۔ اِنبساطِ خاطر۔ خوشی ہونا۔

کلی مُرجھانا (اُر۔محاورہ) غنچہ پژمردہ ہونا (۲) طبیعت بجھ جانا (۳) کبیدہ خاطر ہونا۔

کُلّی (ہ۔ا۔مث) منہ میں پانی بھر کر اُگلنا۔ غرغرہ۔ غرارہ۔ جمع: کُلّیاں۔ کُلّیوں۔

کُلّی (کُل۔لی) (ع۔صف) (۱) سارا۔ پورا۔ تمام۔ کامل۔ سموچا (۲) (منطق کی اِصطلاح) جس کے مفہوم میں بہت سے افراد شامل ہوں۔ جیسے اِنسان۔ حیوان۔ جمع: کُلّیات۔

کِلّی (کِل۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) میخ (۲) کھونٹی۔ کیل (۳) چٹخنی (۴) کُنجی۔

کُلّے (کُل۔لے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کلا کی جمع (۲) کلا کی مغیّرہ شکل۔

کلّے پائے (ہ۔ا۔مذ) سری پائے۔ بکرے کا سر اور پاؤں۔

کلّے تلے دبا لینا (اُر۔محاورہ) دُوسرے کو بات نہ کرنے دینا۔ غُل مچا کر دُوسرے کو دبا لینا۔

کلّے چیرنا (اُر۔محاورہ) گال چیرنا۔ رُخساروں کو پھاڑ ڈالنا۔

کلّے والی (اُر۔صف) زبان دراز (عورت)۔

کُلّیا (کُل۔یا) (ہ۔ا۔مث) (۱) دیکھیے کلھیا (۲) تنگ کوچہ۔

کُلّیات (کُل۔لی۔یات) (ع۔ا۔مذ ومث) کُلّی کی جمع۔ ایک ہی شخص کی تمام منظومات یا تصنیفات کا مجموعہ۔ اُردو میں واحد مستعمل ہے۔

کَلْیان (کل۔یان) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چھوٹا حقہ۔ نیز دیکھیے قلیان۔

کَلْیان (کل۔یان) (س۔ا۔مذ) (۱) خیریت۔ عافیت (۲) خوشی۔ آنند (۳) سونا۔ زر (۴) خوش نصیبی۔ خوش حالی (۵) ایک راگنی جو رات کے وقت گائی جاتی ہے۔ اسے شام کلیان بھی کہتے ہیں (۶) نجات۔ مُکتی۔

کلیان ہونا (ہ۔محاورہ) (۱) صاحبِ اقبال ہونا۔ خوش قسمت ہونا (۲) کھلنا۔ پھولنا۔ سرسبز ہونا (۳) فنا فی اللہ ہونا۔ نجات ہونا۔ مُکتی پانا۔

کَلْیانا (کل۔یا۔نا) (ہ۔مص) درختوں میں شگوفوں کا آنا (۲) پرندوں کا نئے پر نکالنا۔

کُلّیتہً (کُل۔لی۔یَ۔تن) (ع۔متعلق فعل) پُورے طور پر۔

کلیجا (کَ۔لے۔جا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جگر۔ ایک عضو (۲) (مجازاً) ہمت۔ جُرأت۔ دلیری۔ حوصلہ (۳) (کنایۃً) نہایت عزیز دوست (۴) (عوام) دل (۵) کلمۂ متنفّر۔ جمع: کلیجوں۔ کلیجے۔

کلیجا اُچھلنا (اُر۔محاورہ) (۱) دِل دھڑکنا۔ گھبرا جانا (۲) خوشی کے مارے بے تاب ہو جانا۔

کلیجا اُڑا جانا (اُر۔محاورہ) دِل کا نہایت پریشان ہو جانا۔ اوسان اُڑے جانا۔

کلیجا اُلٹا جانا (اُر۔محاورہ) قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا۔

کلیجا اُلٹ جانا (اُر۔محاورہ) (۱) دیوانہ ہو جانا (۲) دِل گھبرا جانا (۳) قے کر کر کے بے حال ہو جانا۔

کلیجا اُمنڈنا (اُر۔محاورہ) رِقّت طاری ہونا۔

کلیجا بلّیوں (بانسوں) اُچھلنا (اُر۔محاورہ) کمال بے چینی اور اِضطراب ہونا۔

کلیجا بڑھ جانا (اُر۔محاورہ) (۱) دِل بڑھ جانا۔ ہمت بڑھ جانا (۲) جوشِ مسرت سے باغ باغ ہو جانا۔

کلیجا بیٹھا جانا (اُر۔محاورہ) دِل کا خوف یا ناتوانی کے باعث ڈوبا جانا۔ نہایت مضمحل ہو جانا۔

کلیجا بیندھنا (اُر۔محاورہ) طعن و تشنیع سے دِل زخمی کرنا۔

کلیجا پاش پاش ہو جانا (اُر۔محاورہ) دِل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ دِل خُون ہو جانا۔ دِل کڑھنا۔

کلیجا پتھر ہو جانا (اُر۔محاورہ) دِل کا نہایت سخت ہو جانا۔

کلیجا پک جانا (اُر۔محاورہ) دُکھی ہو جانا۔ جلتے جلتے کباب ہو جانا۔

کلیجا پکڑ کر رہ جانا (اُر۔محاورہ) دِل مسوس کر رہ جانا (۲) دھک سے رہ جانا (۳) کسی صدمے کو روکنے کے لئے کلیجے پر ہاتھ رکھنا۔

کلیجا پکڑ لینا (اُر۔محاورہ) کسی صدمے سے بے تاب اور مضطرب ہو جانا۔

کلیجا پک کے پھوڑا ہونا (اُر۔محاورہ) کمال صدمہ پہنچنا۔

کلیجا پکنا (اُر۔محاورہ) عاجز آنا۔ تنگ آ جانا۔ دِل جلنا۔ نیز دیکھیے چھاتی پکنا۔

کلیجا پھٹا جانا (اُر۔محاورہ) کسی صدمے کی تاب نہ لا سکنا۔

کلیجا پھٹ جانا (اُر۔محاورہ) (۱) دِل پاش پاش ہو جانا (۲) کسی کے تیرِ نظر کا گھائل ہو جانا (۳) حسد سے جل مرنا (۴) دھک سے رہ جانا۔

کلیجا پھٹنا (اُر۔محاورہ) (۱) کسی کی مُصیبت نہ دیکھ سکنا۔ ترس آنا (۲) دِل پر صدمہ گُزرنا۔ دِل بھر آنا (۳) جلنا۔ حسد کرنا۔

کلیجا پھڑکنا (اُر۔محاورہ) کلیجا بے تاب ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کلیجا پُھنکنا (اُر۔ محاورہ) کلیجا جلنا۔

کلیجا تر ہونا (اُر۔ محاورہ) دولت کے سبب بے فکر ہونا۔ دولت مند ہونا۔

کلیجا تھام تھام کر رونا (اُر۔ محاورہ) بے تابانہ گریہ و زاری کرنا۔ زار و قطار رونا۔ بے تابی کے باعث دل کو پکڑ پکڑ کر رونا۔

کلیجا تھام کر رہ جانا (اُر۔ محاورہ) دل مسوس کر رہ جانا۔ نہایت بے قرار اور بے تاب ہونا۔ تڑپ کر رہ جانا (۲) صبر کر لینا۔ رنج و غم کا اِظہار نہ کر سکنا۔

کلیجا تھام لینا (اُر۔ محاورہ) صدمے کی شِدّت سے جگر پکڑ لینا۔ سخت بے چین ہونا۔

کلیجا تھرتھرانا (اُر۔ محاورہ) سخت سردی لگنا (۲) سخت خوف اور وحشت ہونا۔

کلیجا ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) دل پر چوٹ لگنا۔ دل کو صدمہ پہنچنا۔

کلیجا ٹوک ٹوک ہونا (اُر۔ محاورہ) دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ دِل پھٹنا۔ دِل پر صدمہ گزرنا۔ دل بے تاب ہونا۔

کلیجا ٹھنڈا رہنا (اُر۔ محاورہ) ماتا خوش رہنا۔ چین اور سُکھ سے رہنا۔

کلیجا ٹھنڈا کرنا (اُر۔ محاورہ) تسکین دینا۔ کسی کو خوش کرنا (۲) خوشی پانا۔ راحت حاصل کرنا۔

کلیجا ٹھنڈا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) جی خوش ہونا۔ دِل کو آرام ملنا (۲) تسلّی ہونا (۳) صبر آنا۔ چین آنا۔

کلیجا جلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل جلانا۔ آزردہ کرنا (۲) (کنایۃً) زیادہ حقّہ پینا (۳) کلیجے پر کسی گرم چیز کا اَثر کرنا۔

کلیجا جلنا (اُر۔ محاورہ) کوفت ہونا۔ آزردگی ہونا (۲) کلیجے پر کسی گرم چیز کا اَثر ہونا۔

کلیجا جلی (اُر۔ صف) دِل سوختہ۔ غم رسیدہ (عورت)۔

کلیجا چاہیے (اُر۔ محاورہ) ہمّت چاہیے۔ حوصلہ چاہیے۔

کلیجا چھلنی ہونا (اُر۔ محاورہ) طعن و تشنیع سے سخت رنج پہنچنا۔ باتوں کا سخت ناگوار گزرنا۔

کلیجا چھیدنا (اُر۔ محاورہ) دِلی صدمہ پہنچانا۔ طعن و تشنیع سے رنج پہنچانا۔

کلیجا خون کرنا (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچانا۔

کلیجا دھڑکنا (اُر۔ محاورہ) خوف اور اَندیشے کے باعث دِل کانپنا۔ دِل لرزنا۔ دِل کپکپانا۔

کلیجا دھک دھک ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل کانپنا۔ خوف زدہ ہونا۔

کلیجا دھک سے ہو جانا (رہ جانا) (اُر۔ محاورہ) دِل پر خوف چھا جانا۔ صدمہ گزرنا۔ دِل دہل جانا (۲) متحیّر ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔ دنگ رہ جانا۔

کلیجا سراہنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی عالی ہمّتی کی تعریف کرنا۔

کلیجا سلگانا (اُر۔ محاورہ) دِل جلانا۔ دِل کباب کرنا۔ رنج کرنا۔

کلیجا سنبھالنا (اُر۔ محاورہ) دِل تھام لینا۔ دِل کو قابو میں کرنا۔

کلیجا کاڑھ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) ڈائن کی طرح جگر نکال کر کھا جانا (۲) فریفتہ کر لینا۔ موہ لینا (۳) عمدہ چیز نکال لینا۔

کلیجا کانپنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خوف چھانا۔ دِل کا لرزنا (۲) سردی لگنا۔ کپکپی چھوٹنا۔

کلیجا کباب ہونا (اُر۔ محاورہ) جی پُھنکنا۔ دِل جلنا۔ کوفت ہونا۔

کلیجا کٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہیرے کی کنی یا کوئی اور زہریلی چیز کھانے سے دِل یا جگر کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (۲) خونی دَست آنا۔ اِسہال ہونا (۳) دِل دُکھنا۔ دل پر نہایت صدمہ گزرنا (۴) حادثہ پیش آنا۔

کلیجا کھرچنا (اُر۔ محاورہ) خوب بُھوک لگنا۔

کلیجا کھلانا (اُر۔ محاورہ) جان تک حوالے کر دینا۔ اَز حد خاطر تواضع کرنا۔

کلیجا مسوس کر رہ جانا (اُر۔ محاورہ) صدمے کو ضبط کر کے چپ رہنا۔ دِل مار کر رہ جانا۔ نیز دیکھیے کلیجا پکڑ کر رہ جانا۔

کلیجا مَلنا (اُر۔ محاورہ) کسی صدمے سے بے تاب ہو کر دِل کو پکڑ لینا (۲) دِل دُکھانا۔

کلیجا مُنہ کو آنا (اُر۔ محاورہ) دِل گھبرانا۔ خفقان ہونا۔

کلیجا نکال کے (کر) لے جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کی دولت لے جانا۔ مال مار کر لے جانا (۲) چُن کر سب سے اچھی چیز لے جانا۔

کلیجا نکال کر (کے) رکھ دینا (اُر۔ محاورہ) جان دے دینا۔ مر جانا (۲) بہترین چیز نکال کر دینا (۳) کسی اَمر کی صداقت کے لئے بے حد کوشش کرنا۔

کلیجا نکال لینا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے کلیجا کاڑھ لینا۔

کلیجا ہاتھ بھر کا ہو جانا (کلیجا ہاتھ بھر بڑھ جانا۔ کلیجا ہاتھوں بڑھ جانا) (اُر۔ محاورہ) ہمّت بڑھ جانا۔ حوصلہ بڑھ جانا۔

کلیجا ہل جانا (اُر۔ محاورہ) خوف یا دہشت کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔ کمال خوف ہونا۔

کَلیجی (کَ۔لے۔جی) (ء۔ا۔مث) حیوانات کا کلیجا۔

کَلیجے (کَ۔لے۔جے) (ء۔ا۔مذ) (۱) کلیجا کی جمع (۲) کلیجا کی مُغیّرہ صورت۔

کلیجے پر پتھر رکھ لینا (اُر۔ محاورہ) صبر کرنا۔

کلیجے پر تیر یا چوٹ لگنا (اُر۔ محاورہ) سخت اَندرونی صدمہ پہنچنا۔

کلیجے پر چھری سی چل جانا (اُر۔ محاورہ) دِل پر تیر سا لگنا۔ دِل پر صدمہ گزرنا۔

کلیجے پر سانپ لوٹنا (اُر۔ محاورہ) حسد سے بیقرار ہونا۔

کلیجے پر گھونسا سا لگنا (اُر۔ محاورہ) دِل پر نہایت صدمہ گزرنا۔ دِل پر چوٹ لگنا۔

کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) اپنے دِل کا سا حال دُوسرے کے دِل کا جاننا۔

کلیجے پر ہاتھ دھرے پھرنا (اُر۔ محاورہ) بے تاب اور مُضطرب ہو کر پھرنا۔ دِل پکڑے پھرنا۔

کلیجے سے دُھواں اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) بہت دِل جلنا۔ نہایت صدمہ پہنچنا۔

کلیجے سے لگا کے رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) جان سے زیادہ عزیز رکھنا (۲) کمال اِحتیاط اور حفاظت سے رکھنا (۳) چُھپا کے رکھنا۔

کلیجے سے لگا لینا (اُر۔ محاورہ) بہت پیار کرنا۔ چھاتی سے چمٹا لینا۔

کلیجے کا ٹکڑا (اُر۔ا۔مذ) لختِ جگر۔ نُورِ چشم۔ پارۂ دِل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کلیجے کے اندر پھانس لگنا (اُر۔ محاورہ) اَندرونی صدمہ یا رَنج پہنچنا۔

کلیجے کے پار ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت ناگوار ہونا۔

کلیجے میں آگ لگنا (اُر۔ محاورہ)(۱) دِل‘ جگر یا سینے میں کسی چیز کے کھانے سے سوزش ہونا (۲) نہایت پیاس لگنا (۳) کسی صدمے سے دِل کا بیقرار ہونا۔

کلیجے میں بَرچھی گڑنا (اُر۔ محاورہ) رُوحانی ایذا یا صدمہ پہنچنا۔

کلیجے میں پنکھے لگنا (اُر۔ محاورہ) کمال بے قراری ہونا۔

کلیجے میں تیر لگنا (اُر۔ محاورہ) سخت صدمہ پہنچنا۔

کلیجے میں چٹکیاں لینا (اُر۔ محاورہ) دِل جلانا۔ طعنے مہنے کی باتوں سے ذہنی صدمہ پہنچانا۔

کلیجے میں چھید ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کمال ایذا پہنچانا۔

کلیجے میں ڈال رکھنا (اُر۔ محاورہ) فرطِ محبت سے یا ممتا کے مارے دِل کے اَندر رکھ لینا یعنی ہر وقت پاس رکھنا۔

کلیجے میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِل میں گھر کرنا۔ مُقرّب اور عزیز ہونا (۲) دولت پر ہاتھ مارنا (۳) دِل دُکھانا۔ تکلیف دینا۔

کُلیچہ (کُ۔لی۔چہ)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے کلچا۔

کَلید (کَ۔لید)(ف۔ا۔مث) چابی۔ کنجی۔ (بکسرِ اوّل بھی صحیح ہے)۔ اُردو جمع: کلیدوں۔ کلیدیں۔

کَلیدی (کَ۔لی۔دی)(ف۔صف) اہم۔ بنیادی۔

کِلیَر (Clear) (انگ۔صف)(۱) صاف۔ شفّاف (۲) ظاہر۔ واضح۔ صریح۔ ہویدا (۳) کھلا۔ بے روک۔

کِلیرنگ سیل (Clearing Sale) (انگ۔ا۔مث) دُکان کا موجودہ مال ختم کرنے کے لئے سستے داموں فروخت۔

کَلیسا (کَ۔لی۔سا)(یو۔ا۔مذ) گرجا۔ عیسائیوں کا مَعبد۔ کنیسہ۔

کَلیسائی (کَ۔لی۔سا۔اِی)(یو۔صف) کلیسا کے متعلق۔

کَلیسیا (کَ۔لیس۔یا) (یو۔ا۔مذ) عیسائیوں کی ایک جماعت جو حضرت مریمؑ کے بُت کو پُوجتی ہے۔

کَلیش (کَ۔لیش) (بیائے مجہول)(س۔ا۔مذ)(۱) دُکھ۔ تکلیف۔ دَرد۔ سختی۔ مُصیبت (۲) جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی۔ دنگا۔

کَلیگڑا (کَ۔لی۔گڑا)(ق۔ا۔مذ) تربُوز۔

کُلیل (کُ۔لیل) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) چوپایوں کا خوشی سے اُچھلنا کودنا۔ جمع: کلیلوں۔ کلیلیں۔

کُلیل میں غُلیل لگنا (اُر۔ محاورہ) خوشی کی حالت میں دفعتہً رَنجش پیدا ہو جانا۔ رَنگ میں بھنگ پڑنا۔

کَلِیم (کَ۔لِیم)(ع۔صف) بات کرنے والا۔ ہم سخن۔ جمع: کُلَمَا۔

کلیمُ اللہ (کَ۔لی۔مُل۔لاہ)(ع۔صف) خُدا سے کلام کرنے والا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

کلیم (Claim) (انگ۔ا۔مذ)(۱) حق۔ دعویٰ۔ مطالبہ (۲) اِستغاثہ۔ نالش۔ اُردو جمع: کلیم۔ کلیموں۔

کلینَر (Cleaner)(انگ۔صف) صاف کرنے والا (۲) لاری کے ڈرائیور کا مددگار۔

کلینک (Clinic) (انگ۔ا۔مذ) صحت گاہ۔ شفاخانہ۔ مطب۔

کُلیَہ (کُل۔یَہ)(ع۔ا۔مذ) گُردہ۔ ایک اَندرونی عضو۔

کُلّیَہ (کُل۔لی۔یَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) جُزیَہ کی ضِد۔ عام قاعدہ۔ فارمُولا (۲) فیکلٹی (۳) کالج۔ یونیورسٹی (۴) ہمگی۔ تمام پن۔

ک۔م

کَم (بفتحِ اوّل)(ف۔صف) تھوڑا۔ ذرا سا۔ خفیف۔ قلیل (۲) نہیں۔ معدوم (۳) ادنیٰ۔ گھٹیا۔ (تفضیلِ نفسی)۔

کم آزار (ف۔صف) تھوڑی تکلیف دینے والا۔

کم اِختلاطی (ف۔ا۔مث) ملنساری کی ضِد۔ الگ الگ رہنا۔ اختلاط نہ کرنا۔

کم از کم (ف۔صف) کم سے کم۔ بہت کم۔ تھوڑے سے تھوڑا۔

کم اصل (ف۔ع۔صف)(۱) نیچ ذات کا۔ کمینہ۔ ذلیل (۲) نالائق۔

کم اصل سے وفا نہیں (اُر۔مقولہ) کمینے سے وفاداری کی اُمید نہ رکھنی چاہئے۔

کم اَوقات (ف۔ع۔صف) کم حیثیت۔ بے حیثیت۔

کم بخت (ف۔صف) بدبخت۔ بدنصیب۔ ابھاگی۔ بُرے نصیبوں والا۔

کم بخت گئے ہاٹ۔ ترازُو ملے نہ باٹ (اُر۔مثل) بدنصیب دُکان سے سَودا لینے جائے تو ترازو اور باٹ نہیں ملتے۔ نہایت بدنصیبی کے اِظہار پر بولتے ہیں۔

کم بختی (ف۔ا۔مث) (۱) بدبختی۔ بدقسمتی (۲) بدشگونی۔ بدفالی (۳) مُصیبت۔ بُرے دِن۔

کم بختی آنا (اُر۔ محاورہ) شامت آنا۔ بُرے دِن آنا۔ مُصیبت پڑنا۔

کم بختی جب آئے اُونٹ چڑھے کو کُتا کاٹے (اُر۔مثل) بدنصیبی میں چاہے لاکھ اِحتیاط کرو‘ ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے۔

کم بختی (کا) مارا (اُر۔صف) بدنصیب۔ کم بخت۔

کم بختی کے دِن (اُر۔ا۔مذ) بُرے دِن۔ ایامِ نحوست۔

کم بختی نے تو نہیں گھیرا؟ (کم بختی تو نہیں آئی؟) (اُر۔مثل) تمہاری شامت آئی ہے؟ پٹنے کو تو جی نہیں چاہتا؟

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کم بضاعت (ف۔ ع۔ صف) کم حیثیت۔ ٹٹ پُونجیا۔
کم بیِن (ف۔ صف)(۱) اَندھا۔ نابینا (۲) پست حوصلہ۔
کم پایہ (ف۔ صف) کم رُتبہ۔ کمینہ۔
کم پڑنا (اُر۔ محاورہ) جتنی ضرورت ہو اُس سے کم ہونا۔ تھُڑ جانا۔
کم تر (ف۔ صف) کم کی تفضیل بعض۔ بہت کم۔ بہت تھوڑا (۲) ادنیٰ۔
کم ترین (ف۔ صف)(۱) کم کی تفضیل کل۔ سب سے کم (۲) خاکسار۔ ناچیز۔ درخواستوں میں فدوی یا خاکسار کی جگہ "میں" کے معنی میں مستعمل ہے۔
کم توجہی (ف۔ ع۔ اِمث) بے پروائی۔ غفلت۔
کم حوصلگی (حَو۔ صَ۔ لَ۔ گی)(ف۔ ع۔ اِمث) بے ہمتی۔ تھڑدلی۔
کم حوصلہ (ف۔ ع۔ صف) کم ظرف۔ اوچھا۔ تھڑدلا۔ کم ہمت۔
کم حیثیت (ف۔ ع۔ صف)(۱) ٹٹ پونجیا۔ کم بضاعت۔ کم سرمایہ۔ تھوڑی سی پونجی والا (۲) کمینہ۔ سفلہ۔ ذلیل۔
کم خرچ (اُر۔ صف)(۱) کفایت شعار۔ جُزرس (۲) کنجوس۔
کم خرچ بالا نشین (ف۔ اُر۔ مثل) قیمت میں کم اور پائیداری میں زیادہ۔
کم خوابی (ف۔ اِمث) نیند نہ آنے کا مرض۔
کم خور (کم خوراک)(ف۔ صف) تھوڑا کھانے والا۔
کم دِلا (اُر۔ صف)(۱) بُزدل۔ ڈرپوک (۲) کنجوس۔
کم ذات (ف۔ ع۔ صف) رذیل۔ کمینہ۔ نیچ ذات۔
کم رَو (ف۔ صف) سست رفتار۔
کم رُو (ف۔ صف) واجبی شکل و صورت والا (۲) بدصورت۔
کم زبان (ف۔ صف) کم بولنے والا۔
کم زور (ف۔ صف)(۱) ناتواں۔ ناطاقت۔ نربل (۲) ہلکا۔
کم زور مار کھانے کی نشانی (اُر۔ مثل) زبردست ہمیشہ دبا رہتا ہے۔
کم زوری (ف۔ اِمث) ضعف۔ نقاہت۔ طاقت کم ہونا۔
کم سال (ف۔ صف) کم عمر۔ تھوڑی عمر کا۔
کم سخن (ف۔ صف) کم بولنے والا۔ کم گو۔
کم سخنی (ف۔ اِمث) کم گوئی۔ تھوڑا بولنا۔
کم سِن (ف۔ صف) چھوٹی عمر کا۔
کم سُننا (اُر۔ محاورہ)(۱) اُونچا سُننا۔ کسی قدر بہرا ہونا (۲) توجہ نہ کرنا۔ خیال میں نہ لانا۔
کم سِنی (ف۔ اِمث) بچپن۔ خرد سالی۔ طفولیت۔
کم سواد (ف۔ ع۔ صف) کم فہم۔ ناقص العقل۔
کم سے کم (اُر۔ صف) دیکھیے کم از کم۔
کم طالعی (ف۔ صف) کم نصیبی۔ کم بختی۔

کم ظرف (ف۔ ع۔ صف)(۱) کم حوصلہ۔ اوچھا۔ تھڑدلا (۲) کمینہ۔ سفلہ۔ عالی ظرف کا نقیض۔
کم ظرفی (ف۔ اِمث)(۱) کم حوصلگی (۲) کمینہ پن۔ رذالت۔ اوچھا پن۔
کم عقل (ف۔ ع۔ صف) بے وقوف۔ نادان۔ کم فہم۔ مُورکھ۔
کم عقلی (ف۔ صف) بے عقلی۔ نادانی۔ کم فہمی۔ ناسمجھی۔
کم عُمر (ف۔ ع۔ صف) دیکھیے کم سِن۔
کم عیار (ف۔ ع۔ صف) وہ روپیہ جو کم قیمت پر چلے۔ غیر معیاری۔ کھوٹا۔
کم فرصت (ف۔ ع۔ صف) جو بہت مصروف ہو۔
کم فرصتی (ف۔ ع۔ اِمث) بہت مصروف ہونا۔ عدم فرصت۔
کم فہم (ف۔ ع۔ صف) نادان۔ ناسمجھ۔ مُورکھ۔ کم عقل۔
کم فہمی (ف۔ اِمث) نادانی۔ ناسمجھی۔ کم عقلی۔
کم قدر (ف۔ ع۔ صف) بے وقعت۔ بے قدر۔
کم قسمتی (ف۔ ع۔ اِمث) کم نصیبی۔ بدقسمتی۔
کم قیمت (ف۔ ع۔ صف) سستا۔ ارزاں۔ نرخ میں کم۔
کم کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھٹانا (۲) وضع کرنا (۳) مختصر کرنا۔ اختصار کرنا۔
کم کم (ف۔ صف)(۱) تھوڑا تھوڑا (۲) کبھی کبھی (۳) آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔
کم کھائے غم نہ کھائے (اُر۔ مثل) کم کھانے سے آدمی نہیں مرتا لیکن غم کھانے اور فکر کرنے سے تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔
کم گفتار (کم گو)(ف۔ صف) دیکھیے کم سخن۔
کم گفتاری (گوئی)(ف۔ اِمث) دیکھیے کم سخنی۔
کم مائگی (مایَہ۔ گی)(ف۔ اِمث) بے حیثیت ہونا۔ بے بضاعتی۔ کم پونجی ہونا۔
کم مایہ (ف۔ صف) تھوڑی پونجی والا۔
کم محنت (ف۔ ع۔ صف) کام چور۔ محنت مشقت سے دل چرانے والا۔
کم نصیب (ف۔ ع۔ صف) دیکھیے کم بخت۔
کم نظر (نگاہ)(ف۔ ع۔ صف) کوتاہ نظر۔ وہ شخص جسے کم دکھائی دیتا ہو۔
کم و بیش (ف۔ صف) تھوڑا بہت۔ تقریباً۔ لگ بھگ۔
کم ہمت (ف۔ ع۔ صف) کم حوصلہ۔ بُزدل۔ ڈرپوک۔ کام چور۔
کم ہمتی (ف۔ اِمث) بُزدلی۔ کم حوصلگی۔ کام چوری۔
کم ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) تھُڑنا۔ گھٹنا (۲) کسر رہنا۔
کم یاب (ف۔ صف) کم ملنے والا۔ مشکل سے ملنے والا۔ نادر۔
کم یابی (ف۔ اِمث) قلّت۔ کم ملنا۔ بہت مشکل سے ملنا۔
کَما (کَ۔ مَا)(ع۔ متعلق فعل) جیسا۔ جس قدر۔
کماحقّہٗ (حَق۔ قُہ۔ ہُو)(ع۔ متعلق فعل) جیسا کہ اُس کا حق ہے۔ بخوبی۔ ٹھیک ٹھاک۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَماینبغی (یم۔ب۔غی)(ع۔ حلق فعل) جیسا کہ چاہیے۔ بخوبی۔

کُماج (کُماچ) (کُ۔ماج)(کُ۔ماچ)(ت۔ا۔مث) وہ روٹی جو کہیں سے پتلی اور کہیں سے موٹی ہو (۲) (مجازاً) موٹی اور گول چیز (۳) لکڑی کا گول ٹکڑا جو چوب خیمہ کے اوپر ہوتا ہے۔

کَماچہ (کَ۔ما۔چہ)(ق۔ا۔مث) ایک قسم کی روٹی۔

کُمار (کُ۔مار)(س۔ا۔مذ)(۱) شہزادہ۔ کنور۔ راجا کا بیٹا (۲) فرزند۔ پسر (۳) کنوارا۔ نوجوان۔

کُماری (کُ۔ما۔ری)(س۔ا۔مث) کمار کی تانیث۔

کما کھانا (کَ۔ما۔کھا۔نا)(ار۔ محاورہ) محنت مزدوری کر کے پیٹ پالنا۔

کماکی (ق۔ا۔مث) شال۔

کَمال (کَ۔مال)(ع۔ا۔مذ)(۱) پورا ہونا (۲) ہنر۔ گُن۔ لیاقت (۳) عجیب کام۔ انوکھی بات۔ اچنبھا (۴) خوبی۔ عمدگی (۵) صنعت۔ کاریگری۔ اُستادی (۶)(صف) کامل۔ پورا۔ سارا۔ سب (۷) ازحد۔ نہایت۔ ازبس۔ بدرجہ غایت۔ انتہا کا۔ جمع: کمالات۔ اُردو جمع: کمال۔ کمالوں۔

کمال پیدا کرنا (ار۔ محاورہ) خوبی پیدا کرنا۔ ہنر پیدا کرنا۔

کمال حاصل کرنا (ار۔ محاورہ)(۱) کوئی ہنر یا فن بہم پہنچانا۔ لیاقت یا قابلیت حاصل کرنا (۲) کسی کام میں یدطولیٰ رکھنا۔ مہارت کامل بہم پہنچانا۔

کمال درجے کا (ار۔ صف) ازحد۔ نہایت۔ کامل۔ پورا۔

کمال دکھانا (ار۔ محاورہ)(۱) ہنر یا کرتب دکھانا۔ گُن دکھانا۔ جوہر دکھانا (۲) کرامت دکھانا۔ کرشمہ دکھانا۔

کمال کا (ار۔ صف) بہت اچھا۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ عجیب۔

کمال کا بنا ہُوا (ار۔ صف)(۱) ہرفن۔ بڑا کرتبی (۲) نہایت عیار۔ آفت کا پرکالہ (۳) فریبی۔ چالباز (۴) نہایت ہوشیار۔

کمال کرنا (ار۔ محاورہ)(۱) کوئی عجیب اور انوکھا کام کرنا (۲) مبالغہ کرنا (۳) دھوکا دینے میں کامل ہونا (۴) کسی بات میں غالب آنا۔

کمال کو پہنچنا (ار۔ محاورہ)(۱) کسی بات میں کمال حاصل ہونا (۲) پورا ہونا۔ ختم ہونا۔

کُمالا (کُ۔ما۔لا)(ار۔ا۔مذ) پہلوانوں کی جنگ زرگری (پن) نورا کشتی۔

کَمالات (کَ۔ما۔لات)(ع۔ا۔مذ) کمال کی جمع۔

کَمالت (کَ۔ما۔لت)(ق۔ا۔مث) کمال۔ انتہائے کمال۔

کَمالیّت (کَ۔ما۔لی۔یت)(ع۔ا۔مث) کمال۔

کَما لینا (کَ۔ما۔لے۔نا)(ار۔ محاورہ)(۱) دباغت کر لینا۔ چمڑے کو ملائم اور درست کر لینا (۲) نوکری یا تجارت کے وسیلے سے روپیہ پیدا کر لینا (۳) (خاک روب کا) نجاست صاف کر دینا (۴) کمزور کر دینا۔ نچوڑ لینا۔

کَمان (کَ۔مان)(انگ۔ کمانڈ Command کا موزد۔ا۔مث)(۱) حُکم۔ بولی جس پر سپاہی قواعد کرتے ہیں۔ ہدایت (۲) سرداری۔ قیادت۔ امارت۔

کمان افسر (ار۔ا۔مذ) کمانڈر۔ فوج کا سردار۔ سالار لشکر۔

کمان بولی جانا (ار۔ محاورہ) ڈیوٹی بتائی جانا۔

کمان پر جانا (ار۔ محاورہ) جنگی خدمت پر جانا۔ لڑائی پر جانا۔

کمان میں ہونا (ار۔ محاورہ) تابع ہونا۔ زیر حکم ہونا۔

کَمان (کَ۔مان)(ف۔ا۔مث)(۱) ایک خم دار آلہ جس سے تیر چلاتے ہیں۔ قوس۔ دھنک۔ دھنش (۲) دائرے کا کوئی حصّہ (۳)(صف) خمیدہ۔ کبڑا۔ جھکا ہوا۔ لچک دار۔ اُردو جمع: کمانوں۔ کمانیں۔

کمان اَبرُو (ف۔ صف) کمان جیسی بھووں والا۔

کمان بردار (ف۔ صف) کمان اُٹھا کر چلنے والا۔ کمان دار۔ تیرانداز سپاہی۔

کمان پشت (ف۔ صف) کبڑا۔

کمان تاننا (ار۔ محاورہ) کمان چڑھانا۔ کمان کھینچنا۔

کمان چڑھنا (ار۔ محاورہ) بااقبال ہونا۔ ڈنکا بجنا۔ دور دورہ ہونا۔ غلبہ ہونا۔ جیتنا۔ فتح کرنا۔

کمان دار (ف۔ صف)(۱) دیکھیے کمان بردار (۲) محراب دار۔ قوس نما۔

کمانِ رُستم (ف۔ا۔مث) دھنک۔ قوسِ قزح۔

کمان زہ کرنا (ار۔ محاورہ) کمان پر چلّہ چڑھانا۔

کمان سے نکلا تیر اور منہ سے نکلی بات پھر نہیں آتی (آتے) (ار۔ مثل) بہت سوچ سمجھ کر بات کرنی چاہیے۔

کمان کش (ف۔ صف) کمان کھینچنے والا۔ تیرانداز۔

کمان گر (کمنگر) (ف۔ا۔مذ)(۱) کمان بنانے والا۔ کمان ساز (۲) ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں کو جوڑنے اور باندھنے والا۔

کمان گری (ف۔ا۔مث)(۱) کمان بنانے کا کام یا پیشہ (۲) ہڈیوں کو جوڑنے یا باندھنے کا ہنر۔

کَمانا (کَ۔ما۔نا)(ہ۔ مص)(۱) روپیہ حاصل کرنا (۲) لوہے کی سختی دُور کرنا (۳) چمڑا صاف کرنا (۴)(خاک روب کا) ٹٹی صاف کرنا (۵) پیشہ کرنا (۶) ورزش سے جسم کو مضبوط کرنا (۷) ارتکاب کرنا۔ ذمے لینا (۸) زمین کو زرخیز بنانا (۹) کمزور کرنا (۱۰) کم کرنا۔ گھٹانا۔

کَمانچہ (کَ۔مان۔چہ)(ف۔ا۔مذ) کمان کی تصغیر۔ چھوٹی کمان (۲) دُھنکی جس سے رُوئی دُھنتے ہیں (۳) سارنگی کا گز (۴)(مجازاً) طاقچہ۔ محراب دار چھت۔ فولاد کی کمانی۔

کمانڈ (Command) (انگ۔ا۔مذ) دیکھیے کمان۔

کمانڈر (Commander) (انگ۔ا۔مذ) کمانڈ کرنے والا۔ فوج کا بڑا افسر۔ سالار لشکر۔

کمانڈر انچیف (Commander-in-Chief) (انگ۔ا۔مذ) سپہ سالار اعظم۔ جنگی لاٹ۔

کمانڈنٹ (Commandant) (انگ۔ا۔مذ) کپتان۔ فوجی سردار۔ جنگی حاکم۔

کمانڈو (Commando) (انگ۔ا۔مذ) چھاپا مار سپاہی۔

کَمانہ (کَ۔ما۔نہ)(ف۔ا۔مذ) بڑھئی کی کمان جس سے وہ برما چلاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَمانی (کَ۔ما۔نی) (اِ۔ا۔مث) وہ خمیدہ اور لچک دار لوہے کی قوس یا حلقہ جو اکثر گاڑیوں گھڑیوں اور کُرسیوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔ جمع: کمانیاں۔ کمانیوں۔

کمانی نہ پہیا' گاڑی جوت میرے بھیا (اِ۔مثل) غربت میں شیخی۔

کمانے کو بھیڑ' کھانے کو شیر (اِ۔مثل) مجہول اور نکمّے آدمی کے لئے بولتے ہیں۔

کماؤ (کَ۔ما۔ؤ) (اِ۔صف) (۱) روپیہ کمانے والا (۲) محنتی۔ مزدور (۳) خاوند۔ مالک۔ شوہر۔

کماؤ آئے ڈرتا' نکھٹو آئے لڑتا (اِ۔مثل) نکھٹو اور نکما گھر والوں پر اپنا ناجائز رعب ڈالتا ہے اور کماؤ بے چارہ خاموشی سے گزارہ کر لیتا ہے۔

کماؤ پُوت (اِ۔ا۔مذ) کمائی کرنے والا بیٹا۔

کماؤ خصم کس نے نہیں چاہا (اِ۔مثل) جس شخص سے کوئی فائدہ ہو اُسے ہر ایک چاہتا ہے۔

کماؤ دھن (اِ۔ا۔مذ) بیٹا۔ فرزند (۲) بھاڑے کا ٹٹو۔ کرائے کی گاڑی (۳) نوچی۔ وہ لڑکی جسے کسی رنڈی نے پالا ہو' تاکہ اُس کی کمائی کھائے۔

کمائی (کَ۔ما۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) آمدنی۔ پیدا۔ یافت (۲) نفع۔ فائدہ (۳) کام۔ مزدوری۔ جمع: کمائیاں۔ کمائیوں۔

کمائیں میاں خانِ خاناں' اُڑائیں میاں فہیم (کماوے ٹوپی والا اُڑائے دھوتی والا) (اِ۔مثل) کوئی کمائے کوئی کھائے۔ دُوسرے کے مال پر گل چھرّے اُڑانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کمبَل (کَم۔بَل) (س۔ا۔مذ) ایک قسم کی موٹی اُونی لوئی۔ جمع: کمبل۔ کمبلوں۔

کمبل اوڑھنے سے فقیر نہیں ہوتا (اِ۔مثل) فقیری نیکی اور صاف باطنی سے حاصل ہوتی ہے گدڑی پہننے سے حاصل نہیں ہوتی۔

کمبل پوش (اِ۔ف۔ا۔مذ) وہ درویش جو ہمیشہ کمبل ہی اوڑھے یا پہنے رہے (۲) دہلی کے بادشاہ محمد شاہ کا گھڑسوار فوجی دستہ جسے نادر شاہ نے تہ تیغ کیا تھا۔

کمبل نے پکڑ لیا (اِ۔مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی سے جان چھڑانا چاہے مگر وہ اُس کا پیچھا نہ چھوڑے۔

کمبوہ (کَم۔بوہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک قوم۔

کُمبھ (س۔ا۔مذ) (۱) گھڑا۔ مٹکا (۲) ہاتھی کا سر۔ مستک (۳) گیارھواں آسمانی برج۔ دلو (۴) ہر دوار کا میلا جو بارھویں برس لگتا ہے (۵) اناج کا ایک ناپ (۶) دم سادھنا۔ یوگا کی ایک قسم۔

کمپا (کَم۔پا) (ہ۔ا۔مذ) لاسا لگی ہوئی لمبی چھڑی یا بانس جس سے پرندوں کو پکڑتے ہیں۔

کمپا لگانا (مارنا) (اِ۔محاورہ) (۱) لاسے کے ذریعے سے جانور کو پکڑنا (۲) کسی کو قابو میں لانا۔ داؤں لگانا۔

کمپارٹمنٹ (Compartment) (انگ۔ا۔مذ) (۱) کمرا۔ حُجرہ (۲) ٹرین کا درجہ۔ ڈبا۔

کمپاس (Compass) (انگ۔ا۔مث) (۱) قُطب نُما۔ قبلہ نما (۲) پرکار (۳) حدود دائرہ۔ رقبہ (۴) پیمائش کا آلہ جس سے زمین ناپتے ہیں۔

کمپاؤنڈ (Compound) (انگ۔ا۔مذ) اِحاطہ۔ گھیر۔ مکان (۲) مُرکّب۔

کمپاؤنڈر (Compounder) (انگ۔ا۔مذ) دواساز۔ ڈاکٹر کا ماتحت اور مددگار۔

کمپیٹیشن (Competition) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مقابلہ (امتحان یا تجارت میں) (۲) رقابت۔ مُسابقت۔

کمپنی (Company) (انگ۔ا۔مث) (۱) کارخانے کے شرکا جن کا نام ظاہر نہ کیا جائے (۲) ٹولی۔ منڈلی۔ (گانے بجانے والوں کی) (۳) سو سپاہیوں پر مشتمل فوجی دستہ جو بالعموم کپتان کے ماتحت ہوتا ہے۔ اُردو جمع: کمپنیاں۔ کمپنیوں (۴) انگریز سوداگروں کی وہ جماعت (ایسٹ انڈیا کمپنی) جسے انگلستان کی ملکہ الزبتھ اوّل نے ۱۶۰۰ء میں یہ ضمانت دی تھی کہ اس کے سوا سوداگروں کی کوئی اور جماعت ہندوستان میں تجارت نہیں کر سکتی۔

کمپنی (کا) راج (اِ۔ا۔مذ) ۱۸۵۷ء کی بغاوت سے پہلے برِصغیر پر انگلستان کی ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت۔

کمپنی کمانڈر (Company Commander) (انگ۔ا۔مذ) فوجی دستے کا قائد۔

کمپنی مارک (Company Mark) (انگ۔ا۔مذ) مخصوص علامت جو کسی کمپنی نے تجویز کر رکھی ہو۔

کمپو (کَم۔پُو) (اِ۔ا۔مذ) (۱) کیمپ۔ لشکر گاہ۔ چھاؤنی (۲) ڈیرے۔ خیمے (۳) فوج۔ لشکر۔ سپاہ (۴) فوج جو ایک جنرل کے ماتحت ہو۔

کمپوزنگ (Composing) (انگ۔ا۔مث) ٹائپ کے حرفوں کو جوڑنا' ملانا' مرتب کرنا۔

کمپوزنگ اِسٹک (Composing Stick) (انگ۔ا۔مذ) وہ قالب یا سانچا جس میں ٹائپ کے حروف جوڑ کر رکھے جاتے ہیں۔

کمپوزیٹر (Compositor) (انگ۔ا۔مذ) ٹائپ کے حروف جوڑنے یا ملانے والا۔

کمپونڈ (Compound) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے کمپاؤنڈ۔

کمپیوٹر (Computer) (انگ۔ا۔مذ) ایک نہایت پیچیدہ' خودکار الیکٹرانک مشین جو اِنسانی دماغ کا نعم البدل ہے اور حساب کتاب کے علاوہ صنعت و تجارت' سائنس' انجینئرنگ' مواصلات' زراعت اور جنگی مقاصد کے لئے اِستعمال ہوتی ہے۔ اُردو جمع: کمپیوٹر۔ کمپیوٹروں۔

کمتائی (کَم۔تا۔اِی) (اِ۔ا۔مث) کمی۔ قلّت۔ توڑ۔

کمتی (کَم۔تی) (اِ۔صف) کسی چیز (وزن' مرتبہ وغیرہ میں) گھٹا ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کمٹھا (کم۔ ٹھا) (اُر۔ ا۔ مذ) بانس کی کمان۔
کمخواب (کم۔ خاب) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو زری کے تاروں کی آمیزش سے بُنا جاتا ہے۔ زربفت۔
کمڈا (کم۔ ڈا) (ہ۔ ا۔ مذ) گول کدو۔
کمر (کَ۔ مَر) (ف۔ ا۔ مث) (۱) جسم کا درمیانی حِصّہ (۲) پیٹھ۔ پشت (۳) وسط۔ بیچ کا حِصّہ (۴) پٹکا۔ پیٹی۔ پرتلا (۵) فوج کا پہلو یا بازو (۶) (مجازاً) ہمت۔ ڈھارس۔
کمر اکڑ جانا (اُر۔ محاورہ) کمر کی لچک جاتی رہنا۔
کمر اکھڑ جانا (اُر۔ محاورہ) کمر کی ہڈی ٹوٹ جانا۔
کمر باندھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کمر سے دوپٹا یا پٹکا کسنا (۲) مستعد ہونا۔ تیار ہونا (۳) اِرادہ کرنا (۴) سفر کے لئے آمادہ ہونا۔ چلنے کو تیار ہونا۔
کمر بستر سے نہ لگنا (اُر۔ محاورہ) تڑپنا۔ بے تاب ہونا۔ بے چین ہونا۔
کمر بستہ (ف۔ صف) موجود۔ حاضر۔ آمادہ (۲) ہتھیار بند۔ مسلّح (۳) نوکر۔ خدمت گار۔
کمر بستہ ہونا (اُر۔ محاورہ) آمادہ ہونا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔
کمر بند (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کمر باندھنے کا دوپٹا (۲) ازار بند (۳) (صف) مستعد۔ تیار۔
کمر پکڑ کے اُٹھنا (اُر۔ مص مُرکب) بڑھاپے یا کمزوری کے سبب کمر تھام کر کھڑا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔
کمر پکڑنا (اُر۔ محاورہ) سہارا دینا۔ حمایت کرنا۔
کمر پیچ (اُر۔ ا۔ مذ) کہاروں کی اِصطلاح) موڑ۔
کمر تختہ ہو جانا (اُر۔ محاورہ) کمر اکڑ جانا۔
کمر تکیہ (ف۔ ا۔ مذ) کمر کے نیچے رکھنے کا تکیہ۔
کمر توڑنا (اُر۔ مص مُرکب) (۱) کمر شکستہ کر دینا (۲) (محاورہ) نااُمید کرنا۔ ہمت توڑنا (۳) عاجز کر دینا۔ کمزور و ناتواں کر دینا۔
کمر تھامنا (اُر۔ محاورہ) مدد کرنا۔ سہارا دینا۔
کمر ٹوٹا (اُر۔ صف) کبڑا۔ خمیدہ پشت۔ سُست۔ کاہل۔
کمر ٹوٹ جانا (اُر۔ مص مُرکب) کمر شکستہ ہو جانا (۲) (محاورہ) مایوس ہو جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا (۳) بے یار و مددگار ہو جانا (۴) اولاد یا بھائی بند کا مر جانا (۵) سخت صدمہ گزرنا۔
کمر ٹوٹ گئی (اُر۔ محاورہ) ہمت جاتی رہی۔ مایوسی ہو گئی۔
کمر ٹھوکنا (اُر۔ محاورہ) پیٹھ ٹھوکنا۔ تھپکنا۔ تعریف کرنا۔ شاباش دینا۔
کمر جھکنا (اُر۔ محاورہ) کبڑا ہو جانا۔ نہایت بوڑھا اور کمزور ہو جانا۔
کمر چست باندھنا (اُر۔ محاورہ) کمر کس کر باندھنا۔ کسی کام کا پختہ اِرادہ کرنا۔
کمر دوال (دیوال) (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) کمر باندھنے کا تسمہ (۲) چمڑے کا تنگ۔
کمر رہ جانا (اُر۔ محاورہ) کمر جھک جانا۔ مفلوج ہو جانا۔ دھڑ کا بے حس و حرکت ہو جانا۔
کمر سال (ہ۔ ا۔ مذ) کمر پٹا۔ کمر میں پہننے کا زیور۔ (ق)۔

کمر سیدھی کرنا (اُر۔ محاورہ) آرام کرنا۔ لیٹنا (۲) کھانا کھا کر کسی قدر سو جانا۔
کمر شکستہ (ف۔ صف) بے یار و مددگار۔
کمر کا بَل کھانا (اُر۔ محاورہ) کمر لچکنا۔ چلنے میں نزاکت سے کمر کا پیچ و تاب کھانا۔
کمر کا ڈھیلا (اُر۔ صف) نامرد۔ خصّی۔ ہیجڑا۔
کمر کا مضبوط (اُر۔ صف) (۱) پُوری قوتِ باہ والا (۲) طاقت ور۔ شہ زور۔
کمر کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کبوتر کا اُڑنے میں قلابازیاں کھانا (۲) گھوڑے کا کمر کو اِس طرح اُچھالنا کہ سوار کو گرنے کا اندیشہ ہو (۳) پہلوانوں کا کمر کا داؤں کرنا۔
کمر کس کر باندھنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کے کرنے کا مُصمّم اور پختہ اِرادہ کرنا۔
کمر کسنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تیار ہونا (۲) پکّا اِرادہ کرنا (۳) کسی کام پر مستعد ہونا۔
کمر کشائی (ف۔ ا۔ مث) کمر کھولنا۔ پیٹی اُتار کر رکھنا۔ سپاہیوں کا اپنے ہتھیاروں کو کمر سے کھولنا۔
کمر کمر (اُر۔ متعلق فعل) کمر تک۔ کمر کے برابر۔
کمر کوٹ (اُر۔ ا۔ مذ) کمر کے برابر فصیل۔ سینہ پناہ۔ چھوٹی دیوار۔
کمر کوٹھا (اُر۔ ا۔ مذ) شہتیر یا کڑی کا وہ حِصّہ جو دیوار سے باہر کے رُخ نکلا ہوتا ہے۔
کمر کوہ (ف۔ ا۔ مث) پہاڑ کا بیچ کا حِصّہ۔ میانِ کوہ۔
کمر کھول کر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کام سے فارغ ہو کر بیٹھنا (۲) کوشش سے باز آنا (۳) پیٹی کھول دینا (۴) خانہ نشین ہونا۔
کمر کھولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پٹکا کھولنا۔ ہتھیار کھولنا (۲) کوشش سے باز آنا (۳) کسی کام سے فارغ ہونا (۴) آرام کرنا۔ دَم لینا۔ اِرادہ فسخ کرنا۔
کمر لچکانا (اُر۔ محاورہ) کمر مٹکانا۔ کمر کو جنبش دینا۔ بَل دینا۔
کمر لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چوپائے کی پیٹھ زخمی ہونا (۲) چارپائی یا بستر پر پڑے پڑے کمر میں زخم ہو جانا۔
کمر مار کر چلنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا بوجھ کے سبب کمر جھکا کر چلنا۔
کمر مارنا (اُر۔ محاورہ) فوج کے بیچ کے حِصّے پر حملہ کرنا (۲) پہلو کے رُخ ضرب لگانا (۳) برچھا یا آڑا وار کرنا۔
کمر میں توشہ راہ کا بھروسا (اُر۔ مثل) (۱) کھانا ساتھ ہو تو منزل اِطمینان سے طے ہو جاتی ہے (۲) مالدار کو سفر میں بھی تسلّی ہوتی ہے۔
کمر میں چک آنا (اُر۔ محاورہ) کمر میں دھچکا لگنا۔ کمر کا جھٹکا کھانا۔ کمر میں ضرب لگنا۔
کمر میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) کمر میں باندھنا۔
کمر ہلانا (اُر۔ مص مُرکب) کمر کو حرکت دینا۔
کمرِ ہمت باندھنا (اُر۔ محاورہ) مستعد ہونا۔ ہمت کرنا۔
کمرا (کَم۔ را) (پُر۔ ا۔ مذ) (۱) حُجرہ۔ کوٹھڑی۔ خلوت خانہ (۲) کوٹھی کا ہر درجہ (۳) ریل یا جہاز کا درجہ۔ جمع: کمروں۔ کمرے۔
کمرشیل (Commercial) (انگ۔ صف) تجارتی۔ تجارت کا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُمرک (کُمرکھ) (کُم۔رَک)(کُم۔رَکھ)(ہ۔ا۔مث) ایک تُرش پھل جس کی قُدرتی طور پر چار پھانکیں ہوتی ہیں۔

کَمرک (انگریزی کیمبرک کا مورّد۔ا۔مث) ایک قسم کا باریک کپڑا۔

کُمَری (کُم۔ری) (ف۔ا۔مذ) جُھک کر چلنے والا گھوڑا۔ کمزور گھوڑا (۲) (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کی جاکٹ۔ مرزائی۔ نیمہ۔

کمسریٹ (Commissariat) (انگ۔ا۔مذ ومث) سپاہیوں کی رسد رسانی کا محکمہ۔ رسد رسانی کے افسر کا دفتر۔

کمشنر (Commissioner) (انگ۔ا۔مذ) کئی ضلعوں کا حاکم۔ کمشنری کا حاکم۔ اُردو جمع: کمشنر۔ کمشنروں۔

کمشنری (Commissionary) (انگ۔ا۔مث) (۱) قسمت۔ کئی ضلعوں کا حلقہ (۲) کمشنر کی کچہری (۳) کمشنر کا عُہدہ۔ اُردو جمع: کمشنریاں۔ کمشنریوں۔

کُمک (کُ۔مَک)(ف۔ا۔مث) (۱) مدد۔ حمایت (۲) وہ فوج جو لڑائی میں مدد کے لئے بھیجی جائے۔ (ترکی لفظ کومَک کا مُعَرّب ہے)۔

کمک پر ہونا (اَر۔محاورہ) کسی کا مددگار ہونا۔ معاون ہونا۔

کمک دینا (اَر۔محاورہ) سہارا دینا۔ مدد دینا۔ اعانت کرنا۔ حمایت کرنا۔

کُمکُما (کُم۔کُ۔ما)(ق۔صف) کُنکُنا۔ نیم گرم۔

کَمَل (کَ۔مَل)(س۔ا۔مذ) دیکھئے کنول۔

کُمَل (کُم۔مَل)(اَر۔ا۔مذ) دیکھئے کمبل۔

کَملا (کَم۔لا) (س۔ا۔مث) (۱) لکشمی دیوی کا لقب۔ وشنو کی بیوی (۲) خوبصورت عورت۔

کُمّلا (کُ۔مَّ۔لا)(ع۔صف) کامل کی جمع۔

کُملا (کُم۔لا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا زرد کیڑا جس کے جسم پر کثرت سے رُواں ہوتا ہے (۲) ایک قسم کی نارنگی۔

کُملانا (کُم۔لا۔نا)(ہ۔مص) مُرجھانا۔ طراوت نہ رہنا (۲) خشک ہونا۔ سُوکھنا (۳) دُبلا ہونا (۴) غمگین ہونا۔

کَمَل بائی (کَمَل باؤ) (کَ۔مَل۔با۔اِی) (کَ۔مَل۔با۔اُو) (ہ۔ا۔مذ) یرقان۔ ایک بیماری جس میں آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں۔

کُمَلنا (کُ۔مَل۔نا)(ق۔مص) کُملانا۔

کَملی (کَم۔لی)(اَر۔ا۔مث) کمل کی تصغیر۔ چھوٹا کمل یا کمبل۔

کملی بچھانا (اَر۔محاورہ) سوگ یا ماتم کی علامت ظاہر کرنا۔ جس شخص کا کوئی مرجائے اُسے کریا کرم تک کملی بچھا کر بیٹھنا پڑتا ہے۔

کملی جتنی بھیگے گی بھاری ہوگی (اَر۔مثل) جتنا اسراف کروگے یا جھگڑا بڑھاؤ گے زیر باری بڑھے گی۔

کملی ڈالنا (اَر۔محاورہ) کسی کو فریب دے کر لوٹ لینا۔

کملی میں مست (مگن) ہونا (اَر۔محاورہ) کسی کی پروانہ ہونا۔ مستغنی ہونا۔

کملیٹ (کَم۔لیٹ)(مہند۔ا۔مذ) دیکھئے کاملیٹ۔

کمنٹری (Commentary) (انگ۔ا۔مث) تفسیر۔ شرح۔ تبصرہ۔

کمنٹیٹر (Commentator) (انگ۔ا۔مذ) شارح۔ مفسّر۔ حاشیہ نویس۔ مُبصّر۔

کَمَنْد (کَ۔مَنْد)(ف۔ا۔مث) ایک قسم کی چرمی رسّی جو کسی کی گردن میں یا منڈیر پر ڈال دیتے ہیں اور اس کے ذریعے سے گلا گھونٹتے یا دیوار پر چڑھتے ہیں (۲) رسّی کی سیڑھی جس سے چور مکان پر چڑھتے ہیں (۳) پھندا۔ حلقہ۔

کمنڈل (کَ۔مَن۔ڈل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مٹی یا لکڑی کا پانی کا برتن جسے سادھو استعمال کرتے ہیں (۲) ٹونٹی والا برتن۔

کمنگر (کَ۔مَن۔گر)(اَر۔ا۔مذ) دیکھئے کمان گر۔

کمودنی (کُ۔مود۔نی)(ق۔ا۔مث) نیلوفر۔

کموڈور (Commodore) (انگ۔ا۔مذ) بحری فوج کا اعلیٰ عُہدیدار جس کا درجہ امیرالبحر کے بعد ہوتا ہے۔

کَمُونی (کَ۔مُو۔نی)(ف۔ا۔مث) ایک قسم کی معجون جس کا جُزو اعظم زیرہ ہے (۲) (صف) کمون (زیرے) سے منسوب۔

کُمہار (کُم۔ہار)(ہ۔ا۔مذ) مٹی کے برتن بنانے والا۔ کوزہ ساز۔ جمع: کمہار۔ کمہاروں۔

کمہار پر بس نہ چلا گدھیا کے کان اینٹھے (اَر۔مثل) زبردست سے پیش نہ چلی تو غریب پر غصّہ اُتارا۔

کمہار کا آوا (اَر۔ا۔مذ) برتن پکانے کا پژاوہ۔

کمہار کا چاک (اَر۔ا۔مذ) لکڑی کا گول مُسطّح ٹکڑا جس کو چکر دے کر کمہار برتن بناتا ہے۔

کمہار کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا (اَر۔مثل) جب کوئی صرف اپنی ہی خوشی سے کام کرے اور لوگوں کے کہنے سکنے سے نہ کرے تو اُس وقت یہ مثل بولی جاتی ہے۔

کُمہارن (کُمہاری) (کُم۔ہا۔رَن)(کُم۔ہا۔ری)(ہ۔ا۔مث) کمہار کی جورُو (۲) ایک قسم کی بھڑ۔ جمع: کمہارنوں۔ کمہارنیں۔

کمی (کَ۔می)(اَر۔ا۔مث) تھوڑا۔ قلّت۔ نُقصان۔ خسارہ۔ کوتاہی۔ کسر۔

کمی نہ کرنا (اَر۔محاورہ) کوتاہی نہ کرنا۔ کسر نہ چھوڑنا۔ کوشش سے باز نہ رہنا۔ ذرا نہ چوکنا۔

کُمیت (کُ۔مَیت)(ف۔ا۔مذ) سیاہی مائل سُرخ رنگ کا گھوڑا۔ تیلیا۔ سُرنگ۔

کَمیّت (کَم۔ی۔یَت)(ع۔ا۔مث) مقدار۔ مقدار اُس چیز کی جو تولی، ناپی یا گنی جائے۔ (Quantity)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کمیٹی (Committee) (انگ۔ا۔مث) ذیلی مجلس یا جماعت جو کسی خاص مقصد کے لئے مقرر کی گئی ہو۔ اُردو جمع: کمیٹیاں۔ کمیٹیوں۔
کمیٹی کرنا (اُر۔ محاورہ) پنچایت کرنا۔ باہم جمع ہو کر مشورہ کرنا۔
کمیدان (کُ۔مے۔دان)(ت۔ا۔مذ) کپتان کا نائب۔
کمیرا (کَ۔مے۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کسان کا ٹہلوا نوکر۔ چاکر (۲) باغبان کے تحت کام کرنے والا مزدور (۳) مددگار۔ معاون۔
کمیسار (Commissar) (انگ۔ا۔مذ) ناظر۔ افسر محکمہ (روس میں)۔
کمیشن (Commission) (انگ۔ا۔مذ)(۱) جماعت ماہرین۔ وہ جماعت جسے کوئی خاص کام کرنے کا اختیار یا حکم دیا گیا ہو (۲) پروانگی۔ حکم۔ ہدایت۔ سندِ تقرر (۳) معاوضہ یا فی صدر قم جو کسی کمیشن ایجنٹ یا آڑھتیے کو دی جائے۔ دلالی۔ آڑھت۔ دستوری۔ اُردو جمع: کمیشن۔ کمیشنوں۔
کمیشن ایجنٹ (Commission Agent) (انگ۔ا۔مذ) دلال۔ آڑھتیا۔
کمیشن بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) کسی اَمر کی تحقیقات یا تصفیے کے لئے کسی جماعت کا اجلاس ہونا۔
کمیشنڈ (Commissioned) (انگ۔صف)(۱) سند یافتہ (فوجی افسر) (۲) کسی سرکاری جماعت (سول سروس وغیرہ) کا عہدے دار۔ کسی علاقے یا محکمے کا اعلیٰ عہدے دار۔
کمیلا (کَ۔می۔لا)(ہ۔ا۔مذ) ایک سُرخ رنگ کی دوا جو بچّوں کے پیٹ کے کیڑوں یا کھجلی والے زخموں کے لئے مفید ہے۔
کمیلا (کَ۔مے۔لا)(ہ۔ا۔مذ) مذبح۔ جانوروں کو ذبح کرنے کی جگہ۔
کمینہ (کَ۔مینہ)(ف۔صف۔وا۔مذ)(۱) نیچ۔ کمینہ۔ سِفلہ۔ اوچھا۔ کم ظرف (۲) ادنیٰ درجے کے نوکر چاکر (۳) نیچ ذات کے لوگ (۴)(پن) کی۔ اُردو جمع: کمینوں۔ کمینے۔
کمین (کَ۔مین)(ع۔ا۔مث) گھات۔ دُشمن پر حملہ کرنے یا شکار کے لئے چھپ کر بیٹھنا۔
کمین گاہ (ف۔ا۔مث) گھات کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں چھپ کر شکار یا دُشمن کو ماریں۔ اُردو جمع: کمین گاہوں۔ کمین گاہیں۔
کمینڈ (کَ۔مینڈ)(ہ۔ا۔مذ) دغا۔ فریب۔ مکر۔
کمینڈیا (کَ۔مینڈ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) دغا باز۔ فریبی۔ مکار۔ چال باز۔
کمینگی (کَ۔می۔ن۔گی)(ف۔ا۔مث) اوچھا پن۔ کم ظرفی۔ سِفلہ پن۔ کمینہ پن۔
کمینہ (کَ۔می۔نہ)(ف۔صف)(۱) اوچھا۔ سِفلہ۔ کم ظرف (۲) نیچ ذات کا۔ کم اصل۔ اُردو جمع: کمینوں۔ کمینے۔
کمینہ پن (اُر۔ا۔مذ)(۱) اوچھا پن۔ رذالت۔ کم ظرفی۔ کمینگی۔

کمینے (کَ۔می۔نے)(اُر۔ا۔مذ)(۱) کمینہ کی جمع (۲) کمینہ کی مغیّرہ شکل۔
کمینے سے خُدا کام نہ ڈالے (اُر۔مثل) بداصل اور کم ذات سے خُدا پالا نہ ڈالے۔
کمیون (Commune) (انگ۔ا۔مذ) پرگنہ۔ تعلقہ۔ مُلکی اِنتظام کا سب سے چھوٹا مرکز۔
کمیونٹی (Community) (انگ۔ا۔مث)(۱) ساجھا۔ ملکیتِ مشترکہ (۲) طبقہ۔ فرقہ۔ گروہ۔ برادری (۳) بستی۔ آبادی۔ محلّہ۔
کمیونزم (Communism)۔ دیکھئے اِشتمالیت۔
کمیونسٹ (Communist)۔ دیکھئے اِشتمالی۔

ک۔ن

کن (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ریزہ۔ ذرّہ۔ ذرا سا ٹکڑا (۲) اناج کا دانہ۔ غلّہ (۳) شگوفہ۔ غنچہ۔ پھول (۴) طاقت۔ بَل۔ زور (۵) کونا۔ گوشہ۔ جیسے کن انکھیاں یعنی گوشہ چشم (۶) کان کا مخفف (۷) نزدیک (۸) سے۔
کن انکھیوں سے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ گوشہ چشم سے دیکھنا۔ آنکھ بچا کر دیکھنا۔ نیچی نظر سے دیکھنا۔ نظر بچا کر دیکھنا۔
کن بٹائی (ہ۔ا۔مث) فصل کو چند حصّے داروں میں تقسیم کرنا۔
کن پٹی (کنپٹی)(اُر۔ا۔مث) کان اور ماتھے کے درمیان کی جگہ۔ جمع: کن پٹیاں۔ کن پٹیوں۔
کن پھٹا (اُر۔صف) وہ شخص جس کے کان پھٹے ہوئے ہوں۔
کن پھول (اُر۔ا۔مذ) کرن پھول۔
کن پھیڑ (اُر۔ا۔مذ) وہ ورم جو کان کے نیچے سے گلے کی حد تک آ جاتا ہے۔
کن ٹوپ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کی بڑی ٹوپی جس سے کان ڈھکے رہتے ہیں۔
کن چھدا (اُر۔صف) وہ شخص جس کے کان چھدے ہوں۔
کن چھیدن (اُر۔ا۔مث) بچّوں کے کان چھیدنے کی رَسم۔
کن رَس (اُر۔ا۔مذ)(۱) راگ رنگ سُننے کا مزہ (۲) باتیں سُننے کا مزہ (۳) کانوں کا راگ کی آوازوں سے آشنا ہونا (۴) بدگوئی سُننے کی عادت۔
کن رسیا (اُر۔صف) وہ شخص جسے گانا سُننے کا شوق ہو۔ راگ کو سمجھنے اور اُس سے لُطف اُٹھانے والا۔
کن سلائی (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کا لمبا خاردار کیڑا جو برسات میں ہوتا ہے اور اکثر کان میں گھس جاتا ہے۔ کن کھجورا۔ ہزار پا۔
کن سُوئیاں لینا (اُر۔ محاورہ) چھپ کر باتیں سُننا۔ خفیہ بھید لینا۔ ٹوہ رکھنا۔ جاسوسی کرنا۔
کن کٹا (اُر۔صف)(۱) گوش بُریدہ۔ بوچا (۲) دُوسروں کے کان کاٹنے والا۔
کن کھجورا (اُر۔ا۔مذ) ہزار پا۔ ایک زہریلا کیڑا جو کان میں گھس جاتا ہے یا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جسم سے چمٹ جاتا ہے۔

کن وَر (کَنوَر) (اَر۔ا۔مذ) وہ ورم جو کان کی جڑ میں ہو جاتا ہے۔

کَن (بفتح اوّل) (ف۔لاحقہ فاعلی) مصدر کندن کا صیغہ اَمر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کھودنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے گورکن۔

کِن (بکسر اوّل) (و۔کلمہ استفہام) کِس کی جمع۔

کِن آنکھوں سے دیکھوں؟ (اَر۔محاورہ) دیکھا نہیں جاتا۔

کِن وقتوں کی؟ (اَر۔صف) پُرانے زمانے کی۔ پُرانی۔

کُن (بضم اوّل) (ف۔لاحقہ فاعلی) مصدر کردن سے صیغہ اَمر جو کسی اسم کے بعد آکر اُسے اسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کرنے والا کے معنی دیتا ہے مثلاً کارکن۔

کُن (بضم اوّل) (ع۔صیغہ اَمر حاضر) ہو جا۔ وجود میں آ جا۔ خدا تعالیٰ کو جب عالم کو پیدا کرنا منظور ہوا تو یہ لفظ فرمایا۔

کُن فکاں (ع۔فعل) دیکھئے کُن فیکون۔

کُن فیکون (ف۔ی۔کون) (ع۔فعل) (۱) ہو جا پس وہ ہو گیا (۲) (مجازاً) تمام مخلوقات۔ کائنات۔

کنا (کَن۔نا) (و۔ا۔مذ) (۱) کنارہ۔ لب۔ کگر (۲) پتنگ کا وہ حصّہ جس میں ڈور باندھتے ہیں (۳) جُوتی کے نیچے کا کنارہ۔ جمع: کنّوں۔ کنّے۔

کنا نکل جانا (اَر۔محاورہ) کنارہ پھٹ جانا۔ کنارہ ٹوٹ جانا۔

کِنار (کِ۔نار) (ف۔ا۔مذ) (۱) بغل۔ آغوش۔ گود۔ سینہ۔ چھاتی (۲) جُدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت۔

کَنار (کَ۔نار) (ف۔ا۔مذ) (۱) حاشیہ۔ کنارہ۔ کور (۲) سنجاف۔ طرف۔ پہلو (۳) گوشہ۔ کونا (۴) ساحل (۵) (متعلق فعل) ایک طرف۔

کُنار (کُ۔نار) (اَر۔ا۔مذ) گھوڑے کا زُکام۔

کِنارا (کِ۔نا۔را) (اَر۔ا۔مذ) دیکھئے کنارہ۔

کِنارہ (کِ۔نا۔رَہ) (ف۔ا۔مذ) ساحل۔ لب دریا۔ کراڑا (۲) طرف۔ گوشہ۔ کھونٹ (۳) انجام۔ سِرا۔ اِنتہا۔ حد (۴) جُدائی۔ علیحدگی۔ اِنقطاع (۵) (اَر۔ا۔مذ) گوٹ۔ کونا۔ پلّو۔ حاشیہ۔ فیتہ۔ (اُردو میں بکسرِ اوّل مستعمل ہے)۔ اُردو جمع: کناروں۔ کنارے۔

کنارہ کرنا (اَر۔محاورہ) علیحدگی اختیار کرنا۔ الگ ہونا۔ چھوڑ دینا۔ باز آنا۔ گوشہ نشین ہونا۔ دست بردار ہونا۔ بچنا۔

کِنارہ کش ہونا (اَر۔محاورہ) دیکھئے کنارہ کرنا۔

کِنارہ کشی (ف۔اَر۔ا۔مث) علیحدگی۔ جُدائی۔ قطع تعلّق۔

کِناری (کِ۔نا۔ری) (اَر۔ا۔مث) دوپٹوں وغیرہ کے کناروں پر لگانے والا نیلا گوٹا۔

کِنارے (کِ۔نا۔رے) (اَر۔ا۔مذ) کنارا کی جمع (۲) کنارا کی مغیّرہ صورت۔

کنارے آلگنا (اَر۔محاورہ) ساحل پر آ کر ٹھہرنا۔

کنارے بیٹھنا (اَر۔محاورہ) (۱) الگ بیٹھنا (۲) کور میں پاؤں لٹکائے ہونا۔

کنارے کنارے (اَر۔متعلق فعل) الگ الگ (۲) پہلو میں۔

کنارے کنارے چلنا (اَر۔محاورہ) بچ کر چلنا۔

کنارے لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) دریا پار اُتارنا (۲) مدد کرنا (۳) انجام کو پہنچانا۔

کنارے لگنا (اَر۔محاورہ) (۱) ساحل پر پہنچنا۔ دریا پار ہونا (۲) اِختتام پر پہنچنا (۳) قریبِ مرگ ہونا۔

کنارے ہو جانا (اَر۔محاورہ) راستے سے بچ جانا۔ ایک طرف کو ہٹ جانا۔

کَنّاس (کَن۔ناس) (ع۔ا۔مذ) (۱) مہتر۔ خاکروب۔ حلال خور (۲) جلّاد۔ پھانسی دینے والا (۳) لالچی شخص۔ کنجوس آدمی۔

کَنال (کَ۔نال) (و۔ا۔مث) ایک پیمانے کا نام۔ ۲۰ مرلے کے برابر زمین کا پیمانہ۔ گھماؤں کا آٹھواں حصّہ۔ بیگھے کا چوتھا حصّہ۔

کَنائی (کَ۔نا۔ای) (و۔ا۔مث) راہ۔ گورگاہ۔ راستہ۔

کنائی کاٹنا (اَر۔محاورہ) ایک راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کرنا۔

کِنایت (کِ۔نا۔یَت) (ع۔ا۔مث) دیکھئے کنایہ۔

کِنایتہً (کِ۔نا۔ی۔تَن) (ع۔متعلق فعل) اِشارۃً۔ اِشارے سے۔ ضمناً۔ مجازاً۔

کِنایہ (کِ۔نا۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ایما۔ رمز۔ اِشارہ۔ مُبہم بات (۲) منشا۔ مطلب۔ معنی۔ مُراد (۳) مجاز۔ اِستعارہ۔ اُردو جمع: کنایوں۔ کنائے۔

کنایہ (کنائے) میں کہنا (اَر۔محاورہ) اِشارے سے مطلب ظاہر کرنا۔ صاف اَلفاظ میں نہ کہنا۔

کُنبہ (کُم۔بَہ) (کُن۔بَہ) (و۔ا۔مذ) (۱) قبیلہ۔ گھرانا۔ خاندان (۲) بال بچے۔ اہل و عیال۔ لڑکے بالے۔ آل اولاد۔ جمع: کنبوں۔ کنبے۔

کنبہ پرور (اَر۔صف) بال بچّے اور رشتے داروں کی خبرگیری کرنے والا۔

کنبہ پروری (اَر۔ا۔مث) خاندان اور آل اولاد کی پرورش۔

کنبہ جوڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) رشتے داروں اور عزیزوں کو جمع کرنا (۲) بھیڑ لگانا جیسے کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا بھان متی نے کنبہ جوڑا۔

کُنبھ (و۔ا۔مذ) دیکھئے کُمبھ۔

کُنتھا (کُن۔تھا) (ق۔ا۔مث) (۱) گدڑی۔ دلق (۲) کتھا۔ قصّہ۔

کنٹر (کَن۔ٹَر) (انگ Decanter کا مہنّد۔ا۔مذ) شراب رکھنے کا شیشہ۔ قرابہ۔ مینائے شراب۔

کنٹرول (Control) (انگ۔ا۔مذ) (۱) اِقتدار۔ حکومت۔ قابو۔ نگرانی (۲) روک۔ رُکاوٹ۔ بندش۔

کنٹرولر (Controller) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مُحاسبِ سرکاری (۲) ناظم۔ ناظر۔

کنٹریکٹ (Contract) (انگ۔ا۔مذ) معاہدہ۔ اِقرار نامہ۔ ٹھیکا۔

کنٹریکٹر (Contractor) (انگ۔ا۔مذ) مستاجر۔ ٹھیکیدار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کَنجَک (کَن۔ جَک)(ہ۔صف) بخیل۔ کنجوس۔ تنگ دل۔ خسیس۔

کَنٹنجنٹ (Contingent) (انگ۔ ا۔مذ) بالائی خرچ۔ زائد خرچ (۲) حصّہ۔ فوج کا حصّہ۔

کَنٹونمنٹ (Cantonment) (انگ۔ ا۔مذ) صدر کیمپ۔ چھاؤنی۔

کنٹونمنٹ بورڈ (Cantonment Board) (انگ۔ ا۔مذ) چھاؤنی کے علاقے میں میونسپل کمیٹی کی طرح کام کرنے والا ادارہ۔

کَنٹھ (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گلا (۲) گلے کی ہڈی۔ کانٹھی (۳) آواز۔ سُر (۴) حِفظ۔ اَزبر (۵) کنٹھا کا مخفف۔

کنٹھ بیٹھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) آواز بیٹھ جانا۔ گلا پڑ جانا (۲) موت کے آثار ظاہر ہونا۔

کنٹھ پھوٹنا (نکلنا) (اُر۔ محاورہ) گلے کی ہڈی کا اُبھرنا جو بلوغت کی نشانی ہے۔

کنٹھ سُوکھنا (اُر۔ محاورہ) پیاس سے گلا خشک ہو جانا۔

کنٹھ مالا (ہ۔ا۔مث)(۱) خنازیر۔ گلے کا مرض جس میں گلے میں گلٹیاں نکل آتی ہیں (۲) ایک زیور جو مالا کے طور پر پہنا جاتا ہے۔

کَنٹھا (کَن۔ ٹھا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سونے کے بڑے بڑے دانوں کا ہار (۲) پھولوں کا ہار جس میں کلیاں گوندھی جاتی ہیں (۳) ۳۳ بڑے بڑے دانوں کی تسبیح جسے فقرا گلے میں ڈالتے ہیں (۴) وہ ہلالی وضع کا کڑھا ہوا کپڑا جو گریبان میں لگاتے ہیں۔ جمع: کنٹھے۔ کنٹھوں۔

کنٹھا اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) تسبیح کی قسم کھانا۔

کَنٹھی (کَن۔ ٹھی)(ہ۔ا۔مث)(۱) تسبیح (۲) گلے میں باندھنے کی لڑی (۳) پرندوں کے گلے کا طوق۔ جمع: کنٹھیاں۔ کنٹھیوں۔

کنٹھی باندھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُرید ہونا۔ بیعت کرنا (۲) سادھو ہو جانا۔

کَنٹیا (کَن۔ ٹیا)(ہ۔ا۔مث)(۱) کانٹا کی تصغیر۔ چھوٹا کانٹا۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔

کَنٹیلا (کَن۔ ٹی۔ لا)(ہ۔صف) خاردار۔ کاٹنے والا۔

کُنج (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) زاویہ۔ گوشہ۔ کنارہ۔ کونا۔

کُنجِ تنہائی (خلوت) (بہ اضافت)(ف۔ا۔مذ) کامل تنہائی۔

کُنجِ قفس (بہ اضافت)(ف۔ا۔مذ) پنجرے کا کونا۔

کُنجِ قناعت (بہ اضافت)(ف۔ا۔مذ) صبر کا گوشہ۔ گوشۂ تسلیم و رضا۔

کُنجِ لحد (گور) (بہ اضافت)(ف۔ا۔مذ) قبر کا گوشہ۔

کُنج (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(س۔ا۔مذ)(۱) درختوں کے سائے میں بیٹھنے کی جگہ (۲) غار (۳)(ہ۔ا۔مذ) گلی کوچہ۔ محلّہ (۳) ہاتھی دانت۔

کَنجا (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔صف) کرنجا۔ نیلی آنکھوں والا۔ گربہ چشم۔

کُنجَد (کُن۔ جَد)(ف۔ا۔مذ) ایک پودا اور اُس کا بیج جس سے میٹھا تیل نکالا جاتا ہے۔ تِل۔

کَنجَر (بفتح اوّل و سوم)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک خانہ بدوش قوم۔ سانسی (۲)(صف) کمینہ۔ ارذل۔ بدوضع۔ بدشکل (۳)(پن) رنڈیوں کی قوم۔ ناچنے والی قوم۔ بھڑوا۔ جمع: کنجر۔ کنجروں۔

کَنجری (کَنج۔ ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) کنجر قوم کی عورت (۲) ایک قسم کے فحش گیت (۳)(پن) رَنڈی۔ کسبی۔ زنِ بازاری۔ جمع: کنجریاں۔ کنجریوں۔

کُنجڑا (کُنج۔ ڑا)(ہ۔ا۔مذ) ترکاری بیچنے والا۔ سبزی فروش۔ جمع: کنجڑوں۔ کنجڑے۔

کُنجڑَن (کُنجڑی) (اُر۔ا۔مث) کنجڑا کی تانیث۔ سبزی فروش عورت۔

کُنجڑے (کُنج۔ ڑے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کنجڑا کی جمع (۲) کنجڑا کی مغیّرہ صورت۔

کنجڑے کی اگاڑی قصائی کی پچھاڑی (اُر۔ مثل) ترکاری اوّل وقت یعنی آتے ہی اچھی ملتی ہے اور گوشت اخیر وقت اچھا ملتا ہے۔

کُنجشک (کُن۔ جشک۔ کُن۔ چشک)(ف۔ا۔مث) چڑیا۔

کَنجُوس (کَن۔ جُوس)(ہ۔صف) بخیل۔ شُوم۔ پیسا خرچ نہ کرنے والا۔ مُمسِک۔

کنجوس مکھی چوس (اُر۔صف) اِنتہائی کنجوس۔

کَنجُوسی (کَن۔ جُو۔ سی)(ہ۔ا۔مث) بُخل۔ خِسّت۔ تنگ دلی۔

کُنجی (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) چابی۔ تالی۔ کلید۔ جمع: کنجیاں۔ کنجیوں۔

کنجی ہاتھ ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی کے مزاج پر قابو ہونا (۲) خزانے پر قابو ہونا۔

کَنجی (نون غنّہ)(ہ۔صف) نیلی۔ کرنجی۔ نیلگوں (آنکھیں)۔

کَنچَن (کَن۔ چَن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سونا۔ زر۔ طلا (۲) ایک قوم جو اپنی عورتوں کو نچواتی اور اُن سے کسب کرواتی ہے (۳)(صف) حرامی۔

کنچن بچّہ (اُر۔ا۔مذ) کنچن کا بیٹا۔ کسبی کا جنا ہوا۔ بیسوا بچہ۔

کنچن برسنا (اُر۔ محاورہ)(۱) روپیہ برسنا۔ کثرت سے آمدنی ہونا (۲) خوب پیداوار ہونا۔

کنچن نیر (ہ۔ا۔مذ)(۱) صاف و شفّاف پانی۔ سُتھرا پانی (۲) آبِ زر۔

کَنچَنی (کَن۔ چَ۔ نی)(ہ۔ا۔مث) بیسوا۔ رَنڈی۔ کسبی۔ ناچنے والی۔ جمع: کنچنیاں۔ کنچنیوں۔

کُند (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(ف۔صف)(۱) کھنڈا۔ وہ چاقو، چُھری یا تلوار وغیرہ جو تیز نہ ہو (۲)(صف) سُست۔ کاہل۔ غبی۔

کُند چُھری سے حلال کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت اِیذا دینا۔ بہت تکلیف دینا۔

کُند ذہن (ف۔صف) غبی۔ ٹھس۔ بے وقوف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گُنْدا (کُنْدہ) (بضمِ اوّل) (نون غنّہ) (اُر۔ا۔مذ) پاجامے کی سہ گوشہ تریز (۲) بندوق کا پچھلا حصہ (۳) پتنگ کا ہر گوشہ۔ جمع: گندوں۔ گندے (۴) کھویا۔ بھنا ہوا دودھ۔

گُندا کھونا (گندا کسنا) (اُر۔محاورہ) دودھ کا کھویا بنانا۔ دودھ کا ماوا بنانا۔

گُندا چڑھانا (اُر۔محاورہ) بندوق کی نالی میں لکڑی لگانا۔

گَنْدرُو (گند۔رُو) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی ترکاری۔

گَنْدرِوی (گند۔ر۔وی) (ق۔ا۔مث) نذر و نیاز کا کھانا۔ دعوت۔ دسترخوان۔

گُنْدلا (گند۔لا) (ہ۔ا۔مذ) سونے کا تار۔ سونے کا ڈلا۔

کندلا کش (اُر۔صف) وہ شخص جو چاندی کے ڈلے پر سونا چڑھائے۔

کُنْدَن (کُن۔دَن) (ف۔مص) کھودنا۔ گودنا (۲) (ا۔مذ) منبت کاری۔ کندہ کاری۔

کندن کرنا (اُر۔محاورہ) کھودنا۔ کندہ کرنا۔ گودنا۔ منبت کاری کرنا۔

کُنْدَن (کُن۔دَن) (ہ۔ا۔مذ) خالص سونا (۲) (صف) نہایت چمکیلا۔ دمکتا ہوا (۳) خالص۔ بزرل۔

کندن بن جانا (اُر۔محاورہ) (۱) اکسیر کے ذریعے سے خالص سونا بن جانا (۲) نکھرنا۔ صاف اور ستھرا نکل آنا (۳) اِکسیر بن جانا۔ کیمیا بن جانا۔ پارس بن جانا۔

کندن سا رنگ (اُر۔ا۔مذ) نہایت سُنہری اور زرد رنگ۔ چمکتا ہوا سُنہری رنگ۔

کندن سا دمکنا (اُر۔محاورہ) سونے چاندی کی طرح چمکنا۔

گُنْدُورا (بضمِ اوّل) (نون غنّہ) (واو معروف) (ف۔ا۔مذ) دسترخوان۔

گَنْدُوری (گندُو۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) دسترخوان۔ روٹیوں پر لپیٹنے کا رُومال (۲) بیوی کی صحنک (۳) (ا۔مذ) ایک قسم کا جنگلی کھیا۔

کَنْدَہ (بفتحہ اوّل و سوم) (نون غنّہ) (ف۔صف) کھدا ہوا۔ مُنقّش۔

کندہ کار (ف۔صف) قلم کار۔ نقش و نگار کھودنے والا۔ مُنبت کار۔

کندہ کرنا (اُر۔محاورہ) کھودنا۔ قلم کاری کرنا۔ نقاشی کرنا۔

کُنْدَہ (بضمِ اوّل و بفتح سوم) (نون غنّہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا (۲) بندوق کی لکڑی (۳) وہ لکڑی کا ٹکڑا جس پر قصائی قیمہ کوٹتے ہیں (۴) وہ لکڑی جس میں سُوراخ کر کے مجرموں کے پاؤں ٹھونک دیتے ہیں۔

کُندۂ ناتراش (ف۔صف) (۱) اَن گھڑی لکڑی (۲) (مجازاً) اَحمق۔ بے وقوف۔ نالائق۔ بے تمیز۔

کَنْدھا (بفتحہ اوّل و سوم) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) شانہ۔ مونڈھا۔ جمع: کندھوں۔ کندھے۔

کندھا بدلنا (اُر۔محاورہ) ایک کندھے سے دُوسرے کندھے پر بوجھ لینا۔ ڈولی اُٹھانے والوں کا مونڈھا بدلنا۔

کندھا دینا (اُر۔محاورہ) جنازے کو کندھے پر لینا (۲) مدد دینا۔ سہارا دینا (۳) باری باری کندھے پر لینا۔

کندھا ڈالنا (اُر۔محاورہ) بیل کا اپنے کندھے پر سے جُوا اُتار دینا (۲) تھک جانا۔ ہمت ہار دینا۔

کندھا لگنا (اُر۔محاورہ) بوجھ یا رگڑ کے سبب کندھے کا زخمی ہونا۔

کَنْدھے (ہ۔ا۔مذ) (۱) کندھا کی جمع (۲) کندھا کی مغیّرہ شکل۔

کندھے اُچکانا (اُر۔محاورہ) کندھوں کو اُوپر نیچے کرنا۔ بے پروائی ظاہر کرنا۔ لاتعلقی و نفرت کا اظہار کرنا۔

کندھے چڑھانا (اُر۔محاورہ) (۱) بچّوں کو کندھے پر اُٹھانا (۲) پہلوانوں کو کُشتی جیتنے کے بعد کندھوں پر چڑھا کر لوگوں کو دکھانا۔

کُنَد ہم جنس با ہم جنس پرواز (ف۔مثل) ہر چیز اپنی ہم جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اعلیٰ اعلیٰ کی طرف۔ ادنیٰ ادنیٰ کی طرف۔ اُتم سے اُتم ملے' ملے نیچ سے نیچ۔

کَنْڈی (کن۔ڈِ۔ای) (ہ۔ا۔مث) لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چوُل گھومتی ہے۔

کُنْڈی (بضمِ اوّل) (نون غنّہ) (اُر۔ا۔مث) (۱) دُھلے ہوئے یا رنگے ہوئے کپڑوں کو صاف کرنے کا کام۔ کپڑوں کی صفائی جو موگروں کے ذریعے سے کی جائے (۲) موگری (۳) مار پیٹ۔ زد و کوب۔

کُنڈی کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) موگری سے کپڑوں کی صفائی کرنا (۲) اِستری کرنا (۳) مارنا پیٹنا۔ گت بنانا۔

کُنڈی گر (اُر۔صف) ریشمی اور عُمدہ کپڑوں کو صاف کرنے والا۔

کُنْڈے (اُر۔ا۔مذ) (۱) کُنڈا کی جمع (۲) کُنڈا کی مغیّرہ صورت۔

کُنڈے تولنا (اُر۔محاورہ) پرندے کا اپنے شہ پر سمیٹ کر دونوں بازوؤں کو اُڑنے کی غرض سے جنبش دینا (۲) (مجازاً) کہیں جانے کا ارادہ کرنا۔

کُنْڈ (نون غنّہ) (س۔ا۔مذ) (۱) گڑھا (۲) تالاب۔ حوض۔ پانی کا چشمہ۔

کَنْڈا (بفتح اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) اُپلا۔ تھاپی۔ جمع: کنڈوں۔ کنڈے۔

کنڈا ہونا (اُر۔محاورہ) خشک ہونا۔ دُبلا ہونا۔

کُنْڈا (بضمِ اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حلقہ۔ لوہے کا وہ حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں (۲) زنجیر۔ کنڈی۔ جمع: کُنڈوں۔ کُنڈے۔

کُنْڈال (بضمِ اوّل) (نون غنّہ) (ق۔ا۔مث) دیکھئے کُنڈلی۔

کِنڈرگارٹن (Kindergarten) (انگ۔ا۔مذ) چھوٹے بچّوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں سے تعلیم دی جاتی ہے۔

کنڈکٹر (Conductor) (انگ۔ا۔مذ) راہ نُما۔ راہ بر۔ پیش رو (۲) منتظم۔ مہتمم۔ منصرم۔ داروغہ (۳) کرائے کی گاڑیاں چلانے والا (۴) موصل۔ ناقل (حرارت)۔ وہ آلہ جو عمارتوں کو آسمانی بجلی سے محفوظ رکھتا ہے۔

کُنْڈَل (بضمِ اوّل و بفتح سوم) (نون غنّہ) (س۔ا۔مذ) حلقہ۔ دائرہ۔ چکّر (۲) کان کا بالا (۳) چاند یا سورج کا حلقہ۔ ہالہ۔ جمع: کنڈل۔ کنڈلوں۔

کنڈل مارنا (اُر۔محاورہ) (۱) سانپ کا جسم کو جلیبی کی شکل میں بنا کر بیٹھنا (۲) چاند کے گرد ہالہ پڑنا۔ سورج کا کنڈل میں ہونا۔

کُنْڈلی (کُنڈ۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹا سا حلقہ (۲) دَور۔ چکّر۔ گھیرا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جنم پتری (۴) سانپ کا جلیبی کی طرح بن کر بیٹھنا۔ جمع: کنڈلیاں۔ کنڈلیوں۔

کُنڈلی بنانا (اَر۔ محاورہ) زائچہ بنانا۔ جنم پتری بنانا۔

کنڈم (انگ۔ صف) Condemned کا مُوَرَّد۔ ناکارہ۔ نکمّا۔ رَدّ کیا ہوا۔ مُستَرد۔

کنڈم کرنا (اَر۔ محاورہ) ناکارہ کرنا۔ رَد کرنا۔ ناکارہ قرار دینا۔

کنڈنسر (Condenser) (انگ۔ ا۔ مذ) آلۂ تکثیف۔ بھاپ کے کثیف ہونے کا خانہ (انجن میں)۔

کُنڈی (بضمِ اوّل)(نون غُنّہ)(ہ۔ ا۔ مث) دروازے کی زنجیر۔ حلقہ در۔ جمع: کنڈیاں۔ کنڈیوں۔

کُنڈی دینا (لگانا) (اَر۔ محاورہ) زنجیر لگانا۔ دروازہ بند کرنا۔

کُنڈی کھڑکھڑانا (کھٹکھٹانا) (اَر۔ محاورہ) دروازے پر زنجیر مار کر بُلانا۔ دستک دینا۔ پکارنا۔

کُنڈی موندنا (اَر۔ محاورہ) دروازہ بند کرنا۔

کَنڈی (اَر۔ ا۔ مث)(مفتوحہ اوّل)(نون غُنّہ)(۱) سودا لانے کی ٹوکری (۲) میووں کا ہار جو ہندو بچے گلے میں ڈالتے ہیں (۳) اُپلوں کا ہار۔ جمع: کنڈیاں۔ کنڈیوں۔

کنڈیا (اَر۔ ا۔ مث) دیکھئے کنڈی جس کی یہ تصغیر ہے۔

کنڈیشن (Condition) (انگ۔ ا۔ مث) حالت۔ اَحوال۔

کَنز (بفتحِ اوّل)(نون غُنّہ)(ع۔ ا۔ مذ) خزانہ۔ مخزن۔ گنجینہ۔ جمع: کنوز۔

کَنَسْتَر (کَ۔ نَس۔ تَر)(انگریزی Canister کا مہند۔ ا۔ مذ) ٹین کا بکس۔ پیپا۔

کنسرٹ (Concert) (انگ۔ ا۔ مذ) نغمہ و سرود کا جلسہ۔

کنسیشن (Concession) (انگ۔ ا۔ مذ) رعایت۔

کنسورشیم (Consortium) (انگ۔ ا۔ مذ) اِدارہ۔ اَنجمن۔ مجلس۔ سبھا۔

کُنِش (کُ۔ نِش)(ف۔ ا۔ مث) کردار۔ افعال، نیک ہوں یا بد۔

کُنِشت (کُ۔ نِشت)(ف۔ ا۔ مذ)(۱) آتش کدہ (۲) بُت خانہ (۳) یہودیوں کا عبادت خانہ۔

کنعان (کِن۔ عان)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) فلسطین کا قدیم نام جہاں حضرت یوسف علیہ السلام پیدا ہوئے تھے (۲) حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو کافر تھا (۳) نمرود کے باپ کا نام۔

کَنَف (کَ۔ نَف)(ع۔ ا۔ مذ و مث)(۱) جانب۔ سَمت۔ طرف (۲) پناہ (۳) پرندے کا بازو (۴) کنارہ۔ ساحل۔ جمع: اَکناف۔

کنفرمڈ (Confirmed) (انگ۔ صف) مستقل۔ پکّا۔

کنفرمیشن (Confirmation) (انگ۔ ا۔ مث) مستقلی۔ اِستقلال۔ برقراری۔ توثیق۔ منظوری۔

کنفیڈریشن (Confederation) (انگ۔ ا۔ مث) خود مختار ملکوں کا اتحاد جو کسی خاص مقصد کے لئے تشکیل دیا جائے۔ حلیف اور متحد ریاستیں جو اندرونی معاملات میں آزاد ہوں۔

کَنک (نون غُنّہ)(ق۔ ا۔ مث) کلنک۔ دھبّا۔ داغ۔ عیب۔

کَنَک (کَ۔ نَک)(ہ۔ ا۔ مث) گیہوں۔ گندم (۲)(س۔ ا۔ مذ) سونا۔ طلا۔

کنکالا (کنکالن) (کن۔ کا۔ لا) (کن۔ کا۔ لن) (ہ۔ ا۔ مذ) ڈائن۔ جادوگرنی۔

کنکر (بفتحِ اوّل و سوم)(نون غُنّہ)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) چُونے کا سخت ٹکڑا (۲) سنگ ریزہ۔ جمع: کنکر۔ کنکروں۔

کنکر پتھر (اَر۔ ا۔ مث) کوڑا کرکٹ۔ اَلابَلا۔ واہیات (۲)(تحقیراً) جواہرات۔

کنکرسا (اَر۔ صف)(۱) نہایت سرد۔ خنک۔ بہت ٹھنڈا (۲) کنکر جیسا۔

کنکری (کنک۔ ری)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) ٹھیکری (۲) ڈلی۔ ٹکڑا۔ جمع: کنکریاں۔ کنکریوں۔

کنکریٹ (Concrete) (انگ۔ ا۔ مث) کنکر اور سیمنٹ کا مُرکّب۔

کنکریلا (کنک۔ ری۔ لا)(ہ۔ صف) کنکر ملا ہوا۔ کرکرا۔

کنکریلی (کنک۔ ری۔ لی)(ہ۔ صف) کنکریلا کی تانیث۔

کُنکُنا (کُن۔ کُ۔ نا)(ہ۔ صف) نیم گرم۔ شیر گرم۔ سہتا سہتا۔

کنکوّا (کن۔ کو۔ وا)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) کاغذ کا بنا ہوا پتنگ۔ گُڈی۔ تُکّل (۲) ایک بُوٹی۔ جمع: کنکووں۔ کنکوے۔

کنکوّا اُڑانا (بڑھانا) (اَر۔ محاورہ) پتنگ بازی کرنا۔ گُڈی کو ہوا پر تاننا۔

کنکوّا کاٹنا (اَر۔ محاورہ) مخالف کے پتنگ کی ڈور کو اپنی ڈور کے گھسّے سے کاٹ دینا۔

کنکوّا لڑانا (اَر۔ محاورہ)(۱) پتنگ بازی کرنا۔ پتنگوں کو گھسّوں سے کاٹ دینا یا کٹوا دینا۔

کنکوت (کن۔ کوت)(ہ۔ ا۔ مذ) کھڑے کھیت کا تخمینہ لگانے والا۔

کنکھجورا کن کے تحت دیکھئے۔

کنکی (کن۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) چاول کا چُورا۔ چاول کے ٹکڑے (۲) (ق۔ ا۔ مث) کنکر۔ جمع: کنکیاں۔ کنکیوں۔

کنکیاں (کن۔ کی۔ آں) (ہ۔ ا۔ مث) کنکی کی جمع۔ چاول کے ٹوٹے ہوئے ٹکڑے۔

کنگال (بفتحہ اوّل)(نون غُنّہ)(ہ۔ صف)(۱) مُفلس۔ محتاج۔ نادار۔ تنگ حال (۲) کال کا مارا۔ فاقہ کش۔

کنگال بانکا (اَر۔ صف) فاقہ مست۔ مُفلس شوقین۔

کنگال کر دینا (اَر۔ مص مُرکّب) مُفلس بنا دینا۔ نردھن کر دینا۔ محتاج کر دینا۔

کنگال گھر کا (اَر۔ صف) غریب گھر کا۔ محتاج خاندان کا۔

کنگال ہو جانا (اَر۔ محاورہ) مُفلس ہو جانا۔ محتاج ہو جانا۔ اِفلاس میں گھر جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کنگائی (فتح اول)(نون غنہ)(ق ۔ ا ۔ مث) کنگھی۔

کنگرو (Kangaroo)(انگ ۔ ا ۔ مذ) آسٹریلیا کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہیں۔ اس کے پیٹ میں ایک تھیلی ہوتی ہے جس میں وہ اپنے بچے کو بٹھالیتا ہے۔

کنگرہ (کنگ ۔ رہ)(ف ۔ ا ۔ مذ) دیکھئے کنگورہ۔

کنگری (کنگ ۔ ری)(ق ۔ ا ۔ مث) زرخرید لونڈی (۲)(صف) محتاج۔

کِنگری (کِنگ ۔ ری)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) ایک قسم کی بیل (۲)(پن) کپڑوں پر لگانے کا کنگرے دار فیتہ۔

کنگڑ (کنگڑا) (کنگ ۔ ڑا)(ار ۔ صف) موٹا۔ فربہ۔ قوی ہیکل۔

کنگلا (کنگ ۔ لا)(ہ ۔ صف) کنگال کی تصغیر بالتحقیر۔ مفلس۔ قلاش۔ محتاج۔ نادار۔

کنگلی (کنگ ۔ لی)(ہ ۔ صف) کنگلا کی تانیث۔

کنگن (بفتح اول و سوم)(نون غنہ)(ہ ۔ ا ۔ مذ) کلائی کا ایک زیور۔ دستینہ۔

کنگنا (کنگ ۔ نا)(ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ ڈورا جو دولہا کی کلائی پر باندھا جاتا ہے (۲) کنگن۔

کنگنی (کنگ ۔ نی)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) کارنس۔ دیوار کی کگر (۲) ایک چھوٹا سا چکنا اناج۔

کنگورا (کنگورہ) (نون غنہ)(ار ۔ ا ۔ مذ) وہ طاقچے جو قلعے کی فصیل یا عالیشان عمارتوں میں خوبصورتی کے لئے بنا دیتے ہیں (۲) کلغی۔ جیغہ (۳) خوش نما پر جو ٹوپی پر لگاتے ہیں (۴) سنگھاڑا۔ جمع: کنگوروں۔ کنگورے۔

کنگھا (بفتحہ اول)(نون غنہ)(ہ ۔ ا ۔ مذ)(۱) بال سلجھانے کا اوزار جس میں دندانے ہوتے ہیں۔ شانہ (۲) جولاہوں کا ایک اوزار جس سے بانا ٹھوکتے ہیں۔ جمع: کنگھوں۔ کنگھے۔

کنگھی (بفتحہ اول)(نون غنہ)(ہ ۔ ا ۔ مث) کنگھا کی تانیث۔ چھوٹا کنگھا (۲) ایک درخت کا نام جس کے پھول میں کنگھی کے سے دندانے ہوتے ہیں۔ جمع: کنگھیاں۔ کنگھیوں۔

کنگھی چوٹی (ار ۔ ا ۔ مث) آرائش۔ بناؤ سنگھار۔

کنگھی چوٹی کرنا (ار ۔ محاورہ) بناؤ سنگھار کرنا۔ بال سنوارنا۔ سر گوندھنا۔

کنگھی چوٹی میں اُلجھا رہنا (ار ۔ محاورہ) بناؤ سنگار میں مشغول رہنا۔

کنگھی کرنا (ار ۔ مص مُرکب) بال بنانا۔ بالوں کو کنگھی سے سُلجھانا۔

کُنمنانا (کُن ۔ مَ ۔ نا ۔ نا)(ہ ۔ مص) بے چین ہونا (۲) عذر کرنا۔

کُنندہ (کُ ۔ نَن ۔ دَہ)(ف ۔ صف) کرنے والا۔ مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے تحریر کنندہ۔

کِنّو (کِن ۔ نو)(ار ۔ ا ۔ مذ) سنگترے کی جدید ترقی یافتہ قسم جو سنگترے سے زیادہ شیریں ہے۔

کُنوار (بضم اول)(نون غنہ)(ہ ۔ ا ۔ مذ) ایک پودا جو اکثر دواؤں میں کام آتا ہے (۲) ہندی چھٹا مہینا۔ اسوج کا مہینا۔

کُنوارا (بضم اول)(نون غنہ)(ہ ۔ صف ۔ مذ) بن بیاہا مرد۔ مجرّد۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو۔ جمع: کنواروں۔ کنوارے۔

کُنوار پت (پتا) (کُنوار جَھل) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دوشیزگی۔ لڑکی کی شادی ہونے سے پہلے کا زمانہ۔

کُنوار پن (پنا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) دیکھئے کنوار پت۔

کُنواری (بضم اول)(نون غنہ)(ہ ۔ ا ۔ مث) بن بیاہی لڑکی۔ باکرہ۔ کنوارا کا مؤنث۔ جمع: کنواریاں۔ کنواریوں۔

کنواری اَرمان بیاہی پشیمان (ار ۔ مثل) نہ کرنے والا تو یاس میں پریشان اور کرنے والا مُصیبت میں حیران۔

کنواری کو سدا بسنت (ار ۔ مثل) آزاد اور مجرّد کے لئے ہر وقت خوشی ہے۔

کنواری کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں (ار ۔ مثل) کنوار پن کے زمانے میں لڑکی کا خرچ کچھ زیادہ نہیں ہوتا لیکن بیاہ دینے کے بعد اُس کا خرچ بڑھ جاتا ہے۔

کُنواں (کُوں ۔ واں)(ہ ۔ ا ۔ مذ) چاہ۔ کھو۔ جمع: کنووں۔ کنوئیں۔

کنواں اُگاڑنا (ار ۔ محاورہ) کنوئیں کی مٹی نکالنا۔ کنواں صاف کرنا۔

کنواں اندھا ہو جانا (ار ۔ محاورہ) کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کنوئیں کی تہہ کا بیٹھ جانا۔

کنواں بیچا ہے کنوئیں کا پانی نہیں بیچا (ار ۔ مثل) بے فائدہ تکرار اور حجت کا اظہار۔

کنواں ٹوٹنا (ار ۔ محاورہ) کنوئیں کا پانی کم ہو جانا۔

کنواں چھوڑ دینا (ار ۔ محاورہ)(۱) کنواں بند کر دینا (۲) آبپاشی سے باز رہنا۔

کنواں کھودنا (ار ۔ مص مُرکب) کنواں تیار کرنا (۲)(محاورہ) کسی سے بدی کرنا (۳) دُوسرے کے گرانے کو گڑھا کھودنا۔

کنواں کھودنے والا (ار ۔ صف)(۱) چاہ کن (۲)(مجازاً) بُرائی کرنے والا۔

کُنواسا (کنواں ۔ سا)(ہ ۔ ا ۔ مذ) نواسے کا بیٹا۔

کُنواسی (کنواں ۔ سی)(ہ ۔ ا ۔ مث) نواسی کی بیٹی۔

کنوائے (Convoy)(انگ ۔ ا ۔ مذ)(۱) بدرقہ (۲) فوجی دستہ یا سامانِ رسد (جس کے ہمراہ بدرقہ ہو)۔

کَنوتی (کَ ۔ نو ۔ تی)(ہ ۔ ا ۔ مث)(۱) گھوڑے کا کان (۲) کان کی بالی۔ مُرکی۔ جمع: کنوتیاں۔ کنوتیوں۔

کنوتیاں بدلنا (کھڑی کرنا) (ار ۔ محاورہ) گھوڑے کا دونوں کانوں کو کھڑا کرنا۔ چوکنا ہونا۔

کَنوٹھا (کَ ۔ نو ۔ ٹھا)(ہ ۔ ا ۔ مذ)(۱) کونا۔ گوشہ (۲) بغل۔ آغوش۔ جمع: کنوٹھوں۔ کنوٹھے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُنوَر (کُن۔وَر)(ھ۔ا۔مذ) کُن کے تحت دیکھیے۔

کُنوَر (بضمِ اوّل و بفتحِ دوم)(نون خفیف)(ھ۔ا۔مذ)(۱) لڑکا۔ بیٹا۔ پسر (۲) راجا کا بیٹا۔ کمار۔ شہزادہ (۳) اعزازی خطاب۔

کَنوَل (بفتحِ اوّل و سوم)(نون خفیف)(ھ۔ا۔مذ) تالابوں میں اُگنے والا ایک پودا اور اُس کا پھول۔ نیلوفر (۲) قمقہ۔ سُرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم بتی جلاتے ہیں (۳) شیشے کے ایک ظرف کا نام جس میں شمع روشن کرتے ہیں۔ جمع: کنول۔ کنولوں۔

کنول کِھلنا (اَر۔محاورہ)(۱) گُلِ نیلوفر کا شگفتہ ہونا (۲) دل کا خوش و خرم اور شاداب ہونا۔

کنول گٹّا (اَر۔ا۔مذ) کنول کا بیج۔

کنول نین (اَر۔صف) کنول کی سی آنکھوں والا۔ کٹورا سی آنکھوں والا۔

کَنوَنڈا (کَ۔نوں۔ڈا)(ھ۔صف) شرمندہ (۲) بدنام ذلیل (۳) عیبی۔ ناقص۔

کَنوَنڈی (کَ۔نوں۔ڈی)(ھ۔صف) کنونڈا کی تانیث۔

کنونڈی بلی چوہے سے کان کتراتی ہے (اَر۔مثل) احسان مندی شرمسار کرتی ہے (۲) بدعنوان افسر اپنے ماتحتوں سے بھی دبتا ہے۔

کنونشن (Convention) (انگ۔ا۔مذ) اِنعقاد۔ مجلس۔ اجتماع۔

کُنووں (ھ۔ا۔مذ) کنواں کی جمع۔

کُنووں میں بانس ڈالنا (ڈلوانا) (اَر۔محاورہ) سب جگہ تلاش کرنا یا کروانا۔ بہت ڈھونڈنا۔

کنویسَر (Canvasser) (انگ۔صف) ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کرنے والا۔

کنویسنگ (Canvassing)(انگ۔ا۔مث) ووٹوں کے حصول کی کوشش۔

کُنوئیں (ھ۔ا۔مذ)(۱) کنواں کی جمع (۲) کنواں کی مُغیّرہ صورت۔

کنوئیں بھانگ پڑنا (اَر۔محاورہ) سب کا متوالا اور پاگل ہو جانا۔ ادنیٰ سے لے کر اعلیٰ تک کا مست و بے ہوش ہو جانا۔

کنوئیں پر جاکر پیاسا آنا (اَر۔محاورہ) فیض کی جگہ جاکر محروم آنا۔

کنوئیں جھانکنا (اَر۔محاورہ)(۱) نہایت تلاش کرنا (۲) حیران و پریشان ہونا۔

کنوئیں جھنکانا (جھنکوانا) (اَر۔محاورہ) کنوئیں کا پانی یا تہہ دکھانا (۲) پاگل کتے کے کاٹے ہوئے شخص کو سات کنووں پر لے جاکر اُن کا پانی دکھانا (۳) حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ دربدر پھرانا۔ تھکا مارنا۔

کنوئیں کھودتے کو کھاتا تیار (اَر۔مثل) اوروں کی بُرائی کرنے والے کو بھی نقصان اور ضرر پہنچ کر ہی رہتا ہے۔ چاہ کن را چاہ در پیش۔

کنوئیں کی مٹی کنوئیں کو لگتی ہے (اَر۔مثل) جس قدر آمد ہوتی ہے اُسی قدر خرچ بھی ہوتا ہے۔ جہاں کی کمائی ہوتی ہے وہیں صرف بھی ہو جاتی ہے۔

کنوئیں کے پاس پیاسا جاتا ہے۔ کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا (اَر۔مثل) حاجت مند خود حاجت روا کے پاس جاتا ہے۔

کنوئیں میں بولنا (اَر۔محاورہ) نہایت آہستہ اور دبی آواز سے بولنا۔

کنوئیں میں پھینک دینا (اَر۔محاورہ) کنوئیں میں گرا دینا (۲) ضائع کرنا۔

کنوئیں میں دھکیل دینا (اَر۔محاورہ) لڑکی کی شادی کسی بُری جگہ کر دینا۔

کنوئیں میں ڈوب مرو (اَر۔مقولہ) شرم کرو۔ غیرت کرو۔

کُنہ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) کسی چیز کی اِنتہا۔ تہہ۔ حقیقت (۲) نکتہ۔ باریکی۔ بات کی تہہ۔ عِطر (۳) کسی چیز کی وجہ۔ طرز (۴) (ف۔ا۔مذ) دُشمنی۔ کینہ۔

کُنہ کو پہنچنا (اَر۔محاورہ) کسی بات کی تہہ کو پہنچنا۔

کُنہ نکالنا (اَر۔محاورہ) دُشمنی نکالنا۔ کینہ نکالنا۔

کُنہائی (کُن۔ہا۔اِی)(ھ۔ا۔مث) کھڑی فصل کا تخمینہ۔

کَنہیّا (کَن۔ہی۔یا)(ھ۔ا۔مذ)(۱) سری کرشن جی کا لقب (۲) خوبصورت لڑکا۔

کَنی (کَ۔نی)(ھ۔ا۔مث)(۱) ٹکڑا۔ ریزہ۔ پارہ۔ الماس کا ریزہ (۲) ٹوٹے ہوئے چاول (۳) خامی (۴) چاولوں کا کچّا رہ جانا۔ پُوری طرح نہ گلنا۔

کَنی رہ جانا (اَر۔محاورہ) چاولوں کا پُوری طرح نہ گلنا۔

کَنّی (کَن۔نی)(ھ۔ا۔مث)(۱) حاشیہ۔ کنارہ۔ سجاف۔ فیتہ (۲) کنکوّے کا بازو (۳) تمباکو کی کونپلیں جو ایک دفعہ کاٹنے کے بعد دُوسری دفعہ نکلتی ہیں۔

کَنّی باندھنا (اَر۔محاورہ) پتنگ کے بازو میں دھجّی باندھ کر اُس کے دونوں بازوؤں کو ہم وزن کرنا۔

کَنّی دار (اَر۔صف) وہ کپڑا جس کے کناروں پر کسی رنگ کی دھاری ہو۔

کَنّی دبانا (اَر۔محاورہ)(۱) قابو میں کرنا (۲) عاجز کرنا۔ تنگ کرنا۔

کَنّی دبنا (اَر۔محاورہ)(۱) فرماں بردار ہونا۔ عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا (۲) جھینپنا۔ لجانا۔ شرم کرنا۔ آنکھ نیچی کرنا (۳) ڈرنا۔ خائف ہونا۔

کَنّی کاٹنا (اَر۔محاورہ) کترانا۔ نظر بچا کر چلے جانا۔ ایک طرف ہو کر نکل جانا۔

کَنّی کھانا (اَر۔محاورہ) پتنگ کا ایک رُخ کو جھکنا۔ کنکوّے کا ایک طرف سے نیچا ہو کر اُڑنا۔

کَنے (کَ۔نے)(ق متعلق فعل) پاس۔ نزدیک (۲) قبضے میں (۳) گھر پر۔

کَنیا (کَ۔نی۔یا)(ھ۔ا۔مث) دیکھیے کنیا۔

کَنیا (کَن۔یا)(س۔ا۔مث)(۱) چھوٹی عُمر کی لڑکی۔ معصومہ (۲) دوشیزہ۔ کنواری (۳) بیٹی۔ دُختر (۴) دُلہن۔ عروس (۵) چھٹی راس۔ بُرج سنبلہ کا ہندی نام (۶) دُرگا دیوی۔

کنیادان (ھ۔ا۔مذ)(۱) جہیز (۲) بیٹی کو بیاہنے کے لیے لوگوں سے کچھ مانگنا۔

کنیانا (کَن۔یا۔نا)(ھ۔مص)(۱) کنکوّے کا ایک طرف کو جھکنا۔ پتنگ کا کنّی کھانا (۲) کنارہ کرنا۔ بچنا۔ کترانا (۳) شرمانا۔ آنکھ سامنے نہ کرنا (۴) پاس نہ پھٹکنا۔ الگ الگ رہنا۔

کُنیت (کُن۔یَت)(ع۔ا۔مث) وہ نام جو باپ' ماں' بیٹا' بیٹی وغیرہ کے تعلق سے بولا جائے۔

کَنیر (کَ۔نیر)(ھ۔ا۔مذ) ایک تلخ زہریلا درخت اور اُس کا پھل۔ اِس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کے پتوں کے سفوف کے جوشاندے سے پسّو اور کھٹمل مر جاتے ہیں۔

کنیر کا پھول (اَر۔ا۔مذ) (۱) گُلِ خرزہرہ (۲) لڑائی کا گھر (۳) (صف) فتنہ پرداز۔ فتنہ انگیز۔

کَنِیز (کَ۔نیز) (ف۔ا۔مث) لونڈی۔ باندی۔ اُردو جمع: کنیزوں۔ کنیزیں۔

کَنِیزَک (کَ۔نی۔زَک) (ف۔ا۔مث) کنیز کی تصغیر۔

کَنِیسَہ (کَ۔نی۔سَہ) (ف۔ا۔مذ) گرجا (۲) یہودیوں اور عیسائیوں کا عبادت خانہ۔ اُردو جمع: کنیسوں۔ کنیسے۔

کَنِیف (کَ۔نیف) (ع۔ا۔مذ) بیتُ الخلاء۔ پاخانہ۔ جائے ضرور۔

ک ـ و

کو (واو مجہول) (و۔علامتِ مفعول) واسطے۔ لئے۔ برائے۔

کَو (بفتحہ اوّل) (ق۔ تابع فعل) (۱) کب؟ (۲) کون؟ کس نے؟

کُو (واو معروف) (ف۔ا۔مذ) گلی۔ کوچہ۔ محلّہ۔

کُو بہ کُو (ف۔ متعلق فعل) دربدر۔ گلی گلی۔ کوچہ بکوچہ۔

کوّا (کو۔وا) (و۔ا۔مذ) (۱) ایک سیاہ رنگ کا چالاک پرندہ جو مُردار اور گندی چیزیں بھی کھاجاتا ہے۔ زاغ۔ کاگ (۲) گوشت کا وہ چھوٹا سا لوتھڑا جو آدمی کے حلق میں ہوتا ہے۔ جمع: کوّوں۔ کوّے۔

کوّا اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) حلق میں لٹکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے کو دبا کر دُرست کرنا۔

کوّا پری (اَر۔ا۔مث) کالی عورت۔ حبشن۔

کوّا پھنسانے کی چال ہے (اَر۔مثل) ہوشیار آدمی کو دامِ فریب میں لانے کی تدبیر ہے۔

کوّا ٹرٹراتا ہی ہے، دھان پکتے ہی ہیں (اَر۔مثل) دُشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوتا۔

کوّا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا (اَر۔مثل) اپنی اوقات سے بڑھ کر حوصلہ کرنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انسان اپنی حیثیت بھی گنوا دیتا ہے۔ جب کوئی بے حیثیت آدمی صاحب حیثیت آدمی کی ریس کر کے نقصان اُٹھائے تو اُس وقت کہتے ہیں۔

کوّا ناک لے گیا۔ ناک کو نہیں دیکھتے، کوّے کے پیچھے دوڑے جاتے ہیں (اَر۔مثل) جب کوئی شخص جھوٹی بات کی پیروی کرتا جائے اور تحقیق نہ کرے تو وہاں یہ مثل بولی جاتی ہے۔

کوآپریٹو سوسائٹی (Cooperative Society) (انگ۔ا۔مث) (۱) اَنجمنِ امدادِ باہمی (۲) مُشترکہ سرمائے سے کام کرنے والی جماعت۔

کُوار (و۔ا۔مذ) ہندی چھٹا مہینا۔ اسوج۔ نیز دیکھئے کُوار نمبر ۲۔

کُوار جاڑے کا دُوار (و۔ا۔مثل) اسوج کے مہینے سے سردی شروع ہو جاتی ہے۔

کوارا (کَ۔وَا۔را) (و۔ا۔مذ) دیکھئے کنوارا۔

کوار پت (کوار پھل) (و۔ا۔مذ) دیکھئے کنوار پت۔ کنوار پھل۔

کوار پن (کوار پنا) (و۔ا۔مذ) دیکھئے کنوار پن۔ کنوار پنا۔

کوارٹر (Quarter) (انگ۔ا۔مذ) (۱) چوتھا حِصّہ (۲) ہنڈرویٹ کا چوتھا حِصّہ۔ ۲۸ پونڈ کا وزن (۳) سہ ماہی۔ سال کا چوتھا حِصّہ (۴) مقام۔ جگہ۔ چھاؤنی (۵) محلّہ (۶) سپاہیوں یا افسروں کے رہنے کا مکان۔ اُردو جمع: کوارٹر۔ کوارٹروں۔

کوارٹر گارڈ (Quarter Guard) (انگ۔ا۔مذ) چھاؤنی۔ فوج یا پولیس گارڈ کی حوالات جہاں قید کی سزا پانے والے سپاہی رکھے جاتے ہیں۔

کوارٹر ماسٹر (Quarter Master) (انگ۔ا۔مذ) فوجی محکمے کا وہ افسر جو چھاؤنیوں کے لئے سامان مہیا کرتا ہے۔

کُواری (کُ۔وا۔ری) (و۔ا۔مث) دیکھئے کنواری۔

کِواڑ (کِ۔واڑ) (و۔ا۔مذ) (۱) لکڑی کا تختہ یا پٹ جس سے دروازہ بند کرتے ہیں (۲) دَر۔ دروازہ۔ جمع: کواڑ۔ کواڑوں۔

کِواڑ بند ہو جانا (اَر۔محاورہ) خاندان میں سے کسی کا نہ رہنا۔ سب کا مر جانا۔

کِواڑ توڑ توڑ کے کھانا (اَر۔محاورہ) مُصیبت کے دِن کاٹنا۔ جُوں توں عُمر بسر کرنا۔

کواڑ بھیڑنا (اَر۔مص مُرکّب) کواڑ بند کرنا لیکن کُنڈی نہ لگانا۔

کِواڑی (کِ۔وا۔ڑی) (و۔ا۔مث) (۱) کواڑ کی تصغیر (۲) انگرکھے وغیرہ کا وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے۔

کُواسا (کُ۔وا۔سا) (و۔ا۔مذ) دیکھئے کنواسا۔

کَواکِب (کَ۔وا۔کِب) (ع۔ا۔مذ) کوکب کی جمع۔

کُوانا (کَ۔وا۔نا) (و۔مص) بَرانا (۲) (کنایۃً) بدحواس ہو جانا۔

کِوانچ (کِ۔وانچ) (و۔ا۔مث) ایک درخت اور اُس کی پھلی کا نام جسے چھو جانے سے آدمی کے جسم میں خارش ہونے لگتی ہے۔

کَوائِف (کَ۔وا۔اِف) (اَر۔ا۔مذ) کیفیّت کی غلط جمع۔ (صحیح کیفیات)۔

کوائل (Coil) (انگ۔ا۔مذ) لچھا۔ گولا۔ پنڈا۔

کوب (واو مجہول) (ف۔صف فاعلی) مصدر کوفتن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کوٹنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے پاکوب۔ زرکوب (۲) (ف۔ا۔مث) ضرب۔ مار کٹائی۔ زد کے ساتھ بطور معطوف اِستعمال ہوتا ہے (زد و کوب)۔

کوبالٹ (Cobalt) (انگ۔ا۔مذ) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۸½ گنا بھاری ہوتا ہے۔

کوبانس (کو۔بانس) (و۔ا۔مذ) کوّوں کو بانس سے اُڑانے کا فعل (۲) کوّوں کے اُڑانے کی آواز۔

کوبرا (Cobra) (انگ۔ا۔مذ) سیاہ پھن دار نہایت زہریلا ناگ۔

کوبڑ (کو۔بڑ) (و۔ا۔مذ) بڑھاپے کے باعث پیٹھ کی ہڈّی کا نکل آنا۔ کُب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کوبہ (کو۔بَہ) (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) (۱) مٹی کوٹنے یا ڈھیلے پھوڑنے کا چوبی آلہ (۲) تھاپی۔ مُوگری۔ موسل (۳) چابک۔ کوڑا۔ تازیانہ۔ سانٹا۔ چھَی۔

کوبہ کاری (ف۔ا۔مث) (۱) چُونا وغیرہ کوٹنا (۲) مار پیٹ کرنا۔ زدوکوب کرنا۔

کوپ (واو مجہول) (س۔ا۔مذ) (۱) غصّہ۔ خفگی۔ کرودھ۔ عتاب۔

کوپَل (کو۔پَل) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے کونپل۔

کوپن (Coupon) (انگ۔ا۔مذ) پرچہ۔ رسید (۲) ٹکٹ کا ٹنی (۳) اِقرار نامہ۔ اُردو جمع: کوپن۔ کوپنوں۔

کُوت (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) اندازہ۔ تخمینہ۔ اٹکل۔ پرکھ۔ جانچ (۲) پیائش۔ ناپ (۳) مثلث قائمۃ الزاویہ کا قاعدہ۔

کوت (واو مجہول) (ا۔ا۔مث) چوبی شکنجہ جس میں بندوقیں رکھی جاتی ہیں۔

کوتاہ (واو مجہول) (ف۔صف) (۱) چھوٹا۔ اوچھا (۲) کم۔ تھوڑا (۳) مختصر۔ مُجمل (۴) تنگ۔ سُکڑا ہوا (۵) ٹھگنا۔ پست (۶) بے باقی۔ طے۔

کوتاہ اندیش (ف۔صف) بے سوچے سمجھے کام کرنے والا۔ عاقبت نااندیش۔ کم فہم۔

کوتاہ اندیشی (ف۔ا۔مث) کم فہمی۔ عاقبت نااندیشی۔

کوتاہ بین (ف۔صف) (۱) کم نظر۔ کم بین (۲) کوتاہ اندیش۔ عاقبت نااندیش۔

کوتاہ فہم (ف۔صف) کم فہم۔ کم عقل۔

کوتاہ قد (ف۔ع۔صف) ٹھگنا۔ بونا۔ پست قد۔

کوتاہ کرنا (ا۔مص مُرکب) (۱) چھوٹا کرنا۔ گھٹانا۔ مختصر کرنا (۲) طے کرنا۔ بے باق کرنا۔ نبٹانا۔ چکانا۔ چُکتا کرنا۔

کوتاہ گردن (ف۔صف) چھوٹی گردن والا۔ (مجازاً) شریر۔ فتنہ پرور۔

کوتاہ گردن تنگ پیشانی (ف۔صف) شریر و مُفسِد (کی نشانی)۔

کوتاہ نظر (ف۔صف) تنگ نظر۔ کم بین۔ کم فہم۔

کوتاہ ہمّت (ف۔صف) کم حوصلہ۔ پست ہمّت۔

کوتاہی (کو۔تا۔ہی) (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) (۱) کمی۔ نقص۔ کسر (۲) تنگی۔ ضیق۔ اُردو جمع: کوتاہیاں۔ کوتاہیوں۔

کوتاہی کرنا (ا۔محاورہ) کمی کرنا۔ کسر چھوڑنا۔ دریغ کرنا۔

کُوتک (کو۔تک) (ف۔ا۔مذ) ڈنڈا۔ عصا۔ لاٹھی۔ سونٹا۔

کوتک کھانا (ا۔محاورہ) پٹنا۔ مار کھانا۔

کوتَل (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) گھوڑا۔ خاص گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو امیروں کی سواری کے آگے محض سجاوٹ اور دکھاوے کے لئے رہے۔ جلو کا گھوڑا۔

کوتل گارد (کو۔تَل۔گا۔رد) (مہند۔ا۔مذ) دیکھئے کوارٹر گارڈ۔

کُوتنا (کوت۔نا) (ہ۔مص) اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ پرکھنا۔

کوتوال (کوت۔وال) (ف۔ا۔مذ) پولیس کا وہ عُہدے دار جس کے ماتحت کئی تھانے ہوں (۲) محافظِ قلعہ یا شہر۔ اُردو جمع: کوتوال۔ کوتوالوں۔

کوتوالی (کوت۔وا۔لی) (ا۔ا۔مث) کوتوال کا صدر مقام۔ بڑا تھانہ۔ جمع: کوتوالیاں۔ کوتوالیوں۔

کوتوالی چڑھنا (ا۔محاورہ) (۱) دنگا فساد، چوری یا فوجداری کے جُرم میں کوتوالی تک جانا (۲) بدمعاشوں میں نام لکھا جانا۔

کوتوالیا (کوت۔وال۔یا) (ق۔ا۔مذ) سپاہی۔

کوتہ (کو۔تہ) (ف۔صف) کوتاہ کا مخفف۔

کَوتھا (کو۔تھا) (ہ۔تابع فعل) کون سا؟

کوتھلا (کوتھ۔لا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تھیلا۔ تھیلی (۲) جیب۔ پاکٹ (۳) (مجازاً) پیٹ۔ شکم۔

کوتھلا بھرنا (ا۔محاورہ) پیٹ بھرنا (۲) اُدھوڑی تاننا۔

کوتھمیر (کوتھ۔میر) (ہ۔ا۔مذ) ہرا دھنیا۔ دھنیے کے پتّے۔

کَوتھی (کو۔تھی) (ہ۔متعلق فعل) کون سی؟

کُوتھی (کو۔تھی) (ہ۔ا۔مث) تلوار وغیرہ کے میان کا لوہا جو بطور شام لگا ہوتا ہے۔

کوتی (ق۔ا۔مذ) بندر۔

کوٹ (Coat) (انگ۔ا۔مذ) (۱) آستینوں والا فرنگی جامہ۔ آستینوں کی کُرتی (۲) اَستر کاری۔ دو یا زیادہ تہوں میں سے ایک تہہ (قلعی، رنگ وغیرہ کی)۔ اُردو جمع: کوٹ۔ کوٹوں۔

کوٹ (واو مجہول) (س۔ا۔مذ) (۱) قلعہ۔ حصار۔ گڑھ (۲) فصیل۔ شہر پناہ۔ چار دیواری (۳) احاطہ (۴) (مجازاً) قالب۔ جسم۔ شریر۔

کُوٹ (واو معروف) (ہ۔فعل) کوٹنا مصدر سے اَمر کا صیغہ (۲) کوٹنے کا فعل۔

کوٹ ڈالنا (ا۔محاورہ) (۱) کسی چیز سے خوب ضرب لگانا (۲) ضرب لگا کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

کُوٹ کر (ہ۔متعلق فعل) پیس کر۔ چُورا کرکے۔ اَز حد۔

کوٹ کر بھرنا (بھر دینا) (ا۔محاورہ) اتنا بھرنا کہ ظرف میں جگہ باقی نہ رہے۔ ٹھونس کے بھرنا (۲) (کنایۃً) کثرت کا اظہار کرنا۔

کوٹ کوٹ کر (ا۔متعلق فعل) بخوبی۔ بکثرت۔

کوٹ کوٹ کر موتی بھرنا (ا۔محاورہ) دُنیا کے تمام حُسن کو یکجا جمع کر دینا (۲) آنکھوں کا نہایت چمکدار اور بارونق ہونا۔

کوٹا (Quota) (انگ۔ا۔مذ) حِصّہ۔ جِتّہ۔ رسد۔

کوٹگا (کوٹ۔گا) (ق۔صف) ذلیل و خوار۔

کوٹلا (کوٹ۔لا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) چھوٹا قلعہ۔ گڑھی۔

کُوٹنا (کوٹ۔نا) (ہ۔مص) پیٹنا۔ کوبہ کاری کرنا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کچلنا (۳) مارنا۔ زدوکوب کرنا (۴) بجانا۔ ڈنکا بجانا۔

کوٹو (کو۔ٹو) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا اناج۔

کوٹھا (کو۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بالاخانہ۔ اُوپر کا کمرا (۲) مکان کی بڑی کوٹھڑی (۳) ذخیرہ۔ گودام (۴) پیٹ۔ شکم۔ معدہ (۵) بچّہ دان۔ رحم۔ جمع:

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کوٹھوں۔ کوٹھے۔

کوٹھا بگڑ جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) معدے کا غلیظ ہو جانا (۲) رحم یا بچّہ دان میں خرابی ہونا۔

کوٹھا لینا (کوٹھا لے کر بیٹھنا) (اُر۔ محاورہ) پیشہ کمانا۔ چکلے میں بیٹھنا۔ عصمت فروشی کرنا۔

کوٹھری (کوٹھڑی) (کوٹھ۔ری) (کوٹھ۔ڑی) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) حُجرہ۔ چھوٹا کمرا۔ جمع: کوٹھڑیاں۔ کوٹھڑیوں۔

کوٹھی (کو۔ٹھی) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) پکّا گھر (۲) گودام۔ ذخیرہ۔ غلّہ رکھنے کا ظرف (۳) بینک۔ ساہوکار یا صراف کی کوٹھی (۴) کارخانہ۔ بڑی دُکان (۵) بندوق کا خزانہ جس میں بارُود جا کر ٹھہرتی ہے (۶) امیروں کے رہنے کا مکان جو پُرانے شہر سے باہر ہو۔ بنگلا (۷) بچّہ دان۔ رحم۔ جمع: کوٹھیاں۔ کوٹھیوں۔

کوٹھی اُتارنا (اُر۔ محاورہ) کوئیں کی دیوار یا ستون کے نیچے سے مٹی نکال کر اُسے نیچے لے جانا۔

کوٹھی خانہ (اُر۔ا۔مذ) بدمعاشی کا اڈّا۔ وہ مکان جہاں عورتوں سے پیشہ کرایا جاتا ہو۔

کوٹھی بیٹھنا (بیٹھ جانا) (اُر۔ محاورہ) دیوالہ نکلنا۔ گھاٹا ہونا۔ ٹاٹ اُلٹ جانا۔

کوٹھی کُھلے کو ہاتھ نہ لگانا' سب کچھ آپ کا ہے (اُر۔ مثل) ایسے موقع پر بولتے ہیں جہاں کوئی مطلوبہ چیز تو نہ دے مگر زبانی کہتا جائے کہ سب کچھ آپ کا ہے۔

کوٹھی وال (ہ۔صف) ساہوکار۔ مہاجن۔ صراف۔ ہُنڈی کا بیوپار کرنے والا۔

کوٹھے (ہ۔ا۔مذ) (۱) کوٹھا کی جمع (۲) کوٹھا کی مُغیّرہ صورت۔

کوٹھے اُوپر تومڑی کیا دے گی سومڑی (اُر۔ مثل) کنجوس سے حاجت پُوری ہونے کی اُمید نہیں ہوتی۔

کوٹھے پر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) پیشہ کرانا۔ عصمت فروشی کرنا۔

کوٹھے چڑھ کر دیکھا' سب کا ایک ہی لیکھا (اُر۔ مثل) گھریلو جھگڑے سب جگہ ایک جیسے ہی ہوتے ہیں۔

کوٹھے چڑھنا (اُر۔ محاورہ) بات کا مشہور ہو جانا۔

کوٹھے والا رووے' چھپّر والا سووے (اُر۔ مثل) دولت مند کی نسبت غریب آدمی آسُودہ زندگی بسر کرتا ہے۔

کوٹھے والیاں (اُر۔ا۔مث) رنڈیاں۔ زنانِ بازاری۔

کوٹی (اُر۔ا۔مث) کوٹ کی تصغیر۔

کوثر (کو۔ثر) (ع۔ا۔مذ) بہشت کی ایک نہر۔ جنّت کا حوض۔

کوثر کی دھوئی زبان (اُر۔ا۔مث) پاک اور شگفتہ زبان۔

کوچ (Couch) (انگ۔ا۔مذ) صوفہ۔ اسپرنگ والی کُرسی۔

کوچ (Coach) (واو مجہول) (انگ۔ا۔مث) (۱) شاہی گاڑی۔ سواری گاڑی (۲) ریل کا ڈبّا (۳) اُستاد۔ معلّم (خصوصاً کھیلوں کا)۔

کوچ بان (وان) (اُر۔ا۔مذ) گھوڑا گاڑی چلانے والا۔

کُوچ (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جُلاہوں کا تانی صاف کرنے والا برش (۲) (مث) وہ موٹا پٹھا جو آدمی کی ایڑی کے اُوپر اور چوپایوں کے گُھٹنے کے نیچے ہوتا ہے۔ (اِن معنوں میں بیشتر جمع مستعمل ہے۔ مثلاً کوچیں کاٹنا)۔ اُردو جمع: کوچوں۔ کوچیں۔

کُوچ (واو معروف) (ف۔ا۔مذ) روانگی۔ رحلت۔ نقلِ مکان۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔

کُوچ بول دینا (اُر۔ محاورہ) روانگی کا حکم دینا۔ روانہ ہونا۔

کُوچ کا دن (اُر۔ا۔مذ) روانگی کا دن (۲) موت کا دن۔

کُوچ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) روانہ ہونا۔ سفر کرنا (۲) مرنا۔ وفات پانا (۳) رُخصت ہونا۔ وداع ہونا۔

کُوچ مقام (ف۔ع۔ا۔مذ) چلنا اور ٹھہرنا۔

کوچا (کو۔چا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) کچوکا۔ کسی نوکدار چیز یا تلوار وغیرہ کا تھوڑا سا زخم جو آر پار نہ ہوا ہو۔ جمع: کوچوں۔ کوچے۔

کوچا (کوچے) دینا (مارنا) (اُر۔ محاورہ) گودنا۔ زخم ڈالنا۔ طعنے مہنے دینا۔

کوچا کریلا (اُر۔ا۔مذ) کچوکے دیا ہوا کریلا (۲) چیچک کے داغ والا چہرہ۔

کوچا (کو۔چا) (اُر۔ا۔مذ) (۱) املی کی سبز پھلی جسے مرچ کے ساتھ پیس کر کھاتے ہیں۔

کوچک (کو۔چک) (ف۔صف) چھوٹا۔ خُرد۔ کوتاہ۔ ننھا۔ صغیر سن۔

کوچنا (کوچ۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) چُبھونا۔ چُھری یا کانٹے سے گودنا۔

کُوچہ (ف۔ا۔مذ) کُو کی تصغیر۔ گلی۔ محلّہ۔ باڑہ۔ اُردو جمع: کوچوں۔ کوچے۔

کُوچہ بکُوچہ (ف۔ متعلق فعل) گلی گلی۔ محلّے محلّے۔ کو بکو۔

کُوچہ بندی کرنا (اُر۔ محاورہ) محلوں یا گلیوں کے سرے پر دروازہ لگانا تاکہ چور وغیرہ اندر نہ آسکیں۔

کُوچہ گردی (ف۔ا۔مث) آوارہ گردی۔

کُوچہ گردی کرنا (اُر۔ محاورہ) آوارہ گردی کرنا۔ آوارہ پھرنا۔

کُوچی (کو۔چی) (ہ۔ا۔مث) سفیدی کرنے کا برش۔ سونے چاندی کا برش۔ جمع: کوچیاں۔ کوچیوں۔

کُود (ہ۔ا۔مث) جست۔ چھلانگ۔

کُود پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی معاملے میں بے جا دخل دینا۔

کُود پھاند (اُر۔ا۔مث) اُچھل کود۔ دوڑ دھوپ۔

کُودِتا (Coup d' etat) (انگ۔ا۔مذ) اعلیٰ فوجی افسروں کا جمہوری حکومت کا تختہ اُلٹ کر حکومت پر قبضہ کرلینا۔

کُودک (کو۔دک) (ف۔ا۔مذ) طِفل۔ لڑکا۔ بچّہ۔ جمع: کودکاں۔

کَودَن (کو۔دَن) (ف۔ا۔مذ) (۱) سُست رفتار بارکش گھوڑا (۲) (صف) کُند فہم۔ مُورکھ۔ نادان۔ اَحمق۔

کُودنا (کود۔نا) (ہ۔مص) (۱) اُچھلنا۔ پھاندنا۔ چھلانگیں مارنا (۲) نہایت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خوش ہونا۔ خوشی سے پھولا نہ سمانا (۳) گھمنڈ کرنا۔ اِترانا۔

کودوں (کو۔دوں) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا سخت غلّہ۔

کودوں دَلانا (اُر۔محاورہ) سخت کام لینا۔ کٹھن کام کرانا۔

کودوں دے کر پڑھنا (اُر۔محاورہ) مُفت پڑھنا۔ کم خرچ کر کے پڑھنا۔ ناقص تعلیم پانا۔

کودوں کا بھات کِن بھاتوں میں۔ میا ساس کِن ساسوں میں (اُر۔مثل) دُور کے رشتے کا کیا اعتبار۔

کوڈ (Code) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مجموعہ قوانین (۲) اِشاروں کا کلام۔ خفیہ لغت۔ برّی اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ۔

کَوَر (Cover) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ڈھکَن۔ ڈھکنا۔ سرپوش۔ چِلمنی (۲) پوشش۔ غلاف (۳) کتاب کا پٹھا۔ مقویٰ۔ دفتی۔ سرورق۔

کور (Corps) (واو مجہول) (انگ۔ا۔مث) فوج کا دستہ (جو کسی خاص کام کے لئے متعیّن کیا جائے)۔

کور (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) کنارہ۔ حاشیہ۔ کنّی۔ برل۔ سنجاف۔ مغزی۔ جمع: کوروں۔ کوریں۔

کور دینا (اُر۔محاورہ) (۱) کنّی دینا (۲) عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔

کور کسر (اُر۔ا۔مث) کمی۔ نقص۔ کمی بیشی۔ بُرائی بھلائی۔ قصور۔ قباحت۔

کور کسر نکالنا (اُر۔محاورہ) گھاٹا پُورا کرنا۔ کمی پُوری کرنا۔ نقص دُور کرنا۔ عیب دُور کرنا۔

کور (واو معروف) (ف۔صف) اندھا۔ نابینا۔ جمع: کوراں۔

کور باطِن (کور دِل) (ف۔صف) کند فہم۔ کج طبع۔ کم ذہن۔ ناسمجھ۔ کودن (۲) دل میں کینہ رکھنے والا۔

کور بخت (ف۔صف) بدبخت۔ بدنصیب۔ تیرہ بخت۔

کور بختی (ف۔ا۔مث) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔

کور چشم (کور دیدہ۔ کور نگاہ) (ف۔صف) اندھا۔ نابینا۔

کوردہ (ف۔ا۔مذ) (۱) کم آباد اور چھوٹا گاؤں جسے کوئی نہ جانتا ہو (۲) جاہلوں کی بستی۔

کور مادر زاد (ف۔صف) پیدائشی اندھا۔

کور مغز (ف۔صف) کوڑھ مغز۔ بیوقوف۔ اَحمق۔

کور مغزی (ف۔ا۔مث) بیوقوفی۔ حماقت۔

کور نمک (بغیر اضافت) (ف۔صف) نمک حرام۔ ناشکرا۔ احسان فراموش۔

کور (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے کَول۔

کورا (کو۔را) (واو مجہول) (ہ۔صف) نیا۔ غیر مستعمل (۲) سادہ۔ صاف۔ بے لاگ (۳) محض جاہل۔ اَحمق۔ نادان (۴) غریب۔ مُفلِس۔ تنگ دست (۵) بے مُروّت۔ بے وفا۔ رُوکھا (۶) خالص۔ بالکل۔

کورا بچنا (بچ جانا) (اُر۔محاورہ) صاف بچنا۔ بال بال بچنا۔

کورا برتن (اُر۔ا۔مذ) (۱) غیر مستعمل برتن (۲) (مجازاً) کنواری لڑکی۔

کورا پنڈا (اُر۔ا۔مذ) کنوارا۔ کنواری۔

کورا جانا (اُر۔محاورہ) خالی ہاتھ جانا۔

کورا رکھنا (اُر۔محاورہ) کچھ نہ سکھانا (۲) بالکل محروم رکھنا (۳) وعدہ وفا نہ کرنا۔

کورا رہ جانا (اُر۔محاورہ) بالکل محروم رہ جانا (۲) کچھ حاصل نہ ہونا (۳) جاہل رہنا۔

کورا کاغذ (اُر۔ا۔مذ) بے لکھا کاغذ۔ سادہ کاغذ۔

کورا نکل جانا (اُر۔محاورہ) بے داغ بچ جانا۔ صاف بچ جانا۔

کورانہ (کو۔را۔نہ) (ف۔صف) اندھوں کی طرح۔

کورٹ (Court) (انگ۔ا۔مذ و مث) (۱) قصر شاہی۔ محل سرا (۲) کچہری۔ عدالت۔ دربار (۳) ٹینس کھیلنے کا میدان (۴) (مص) اپنی طرف راغب کرنے کی کوشش کرنا (شادی کے لئے)۔

کورٹ آف وارڈ (Court of Ward) (انگ۔ا۔مث) نابالغوں کی جائیداد کے اِنتظام کا سررشتہ۔

کورٹ اِنسپکٹر (Court Inspector) (انگ۔ا۔مذ) پولیس کا وہ عہدے دار جو سرکار کی طرف سے عدالت میں مُقدّمات کی پیروی کرتا ہے۔

کورٹ شِپ (Courtship) (انگ۔ا۔مث) شادی سے قبل لڑکے لڑکی میں راز و نیاز۔

کورٹ مارشل (Court Martial) (انگ۔ا۔مذ) جنگی عدالت۔ فوجی عدالت۔

کورس (Course) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تعلیم کا زمانہ (۲) درسی کتاب (۳) گھڑ دوڑ کا میدان۔

کورس (Coarse) (انگ۔صف) ادنیٰ۔ معمولی۔ گھٹیا۔ موٹا۔ کھردرا۔ گنوارو۔

کورس کلاتھ (Coarse Cloth) (انگ۔ا۔مذ) ادنیٰ موٹا اور کھردرا کپڑا۔

کورَس (Chorus) (انگ۔ا۔مذ) (۱) وہ نغمہ جو سب مِل کر گائیں (۲) گانے والوں کی جماعت۔ چوکی۔ طائفہ۔

کورکور (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) کُتّے کے پلّے کو بُلانے کی آواز۔

کورَم (Quorum) (انگ۔ا۔مذ) اَرکان کی وہ تعداد جن کی موجودگی سے جلسے کی کارروائی جائز اور مؤثر ہو سکتی ہے۔

کورنِش (کور۔نِش) (ت۔کرنش کا مُفرس۔ا۔مث) (۱) خمیدگی۔ جُھکاؤ (۲) تسلیم۔ بندگی۔ آداب۔ جُھک کر سلام کرنا۔

کورنش بجا لانا (اُر۔محاورہ) آداب بجا لانا۔ تسلیم عرض کرنا۔ بندگی کرنا۔

کورنشات (کور۔نِ۔شات) (ف۔ا۔مث) کورنش کی فارسی جمع بقاعدہ عربی (خلاف فصاحت)۔

کورَو (کو۔رَو) (س۔ا۔مذ) دھرت راشٹر کے بیٹے۔ مہابھارت کی لڑائی میں یہی پانڈووں کے مقابلے پر تھے۔

کورو (کو۔رو) (ہ۔ا۔مذ) غلّے وغیرہ کی لکڑی یا جھانکڑ (۲) شہتیر۔

کوری (کو۔ری) (واو معروف) (ف۔ا۔مث) اندھاپن۔

کوری (کو۔ری) (واو مجہول) (ہ۔صف) کورا کی تانیث۔

کوری آنکھ سے دیکھنا (اُر۔محاورہ) بے حیائی سے دیکھنا۔ نڈر ہو کر دیکھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کورے (ہ۔صف)(۱) کورا کی جمع (۲) کورا کی مُغیّرہ صورت۔

کورے اُسترے سے سر مُونڈنا (اَر۔محاورہ) سخت سزا دینا (۲) لُوٹ لینا۔

کوریڈار (انگ۔ا۔مذ) (Corridor) (۱) غلام گردش۔ متعدد کمروں کے سامنے کا راستہ (۲) کسی مُلک کی مقبوضہ زمین کا وہ تنگ قطعہ جو کسی دُوسرے مُلک کے علاقے میں سے گُزرتا ہو۔

کوڑا (فتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ) بڑی کوڑی۔ کوڑی کا اسم مُکبّر۔ جمع: کوڑے۔ کوڑوں۔

کوڑا (کو۔ڑا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چابک۔ دُرّہ۔ تازیانہ (۲) تنبیہ۔ گوشمالی۔ جمع: کوڑوں۔ کوڑے۔

کوڑا لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) چابک مارنا۔ تازیانہ لگانا (۲) تنبیہ کرنا۔ گوشمالی کرنا۔

کُوڑا (کُو۔ڑا) (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گھاس پُھوس۔ خس و خاشاک (۲) خراب اور نکمّی چیزیں۔ الا بلا۔

کُوڑا کرکٹ (اَر۔ا۔مذ) گھاس پھوس۔ ردی اور نکمّی چیزیں۔

کُوڑا کرکٹ سمجھنا (اَر۔محاورہ) فضول خیال کرنا۔ کوئی وقعت نہ دینا۔

کُوڑا کرنا (پھیلانا) (اَر۔محاورہ) خس و خاشاک پھیلانا۔ کوڑا کرکٹ بکھیرنا۔

کوڑھ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) برص۔ جذام۔ ایک مرض جو فسادِ خون سے پیدا ہوتا ہے۔ اس میں یا تو بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں یا اعضا پر ورم ہو کر انگلیاں وغیرہ گرنے لگتی ہیں۔

کوڑھ ٹپکنا (چونا) (اَر۔محاورہ) برص یا جذام کی شدّت سے جا بجا زخم ہو کر بہنے لگنا۔

کوڑھ میں کھاج (اَر۔مثل) آفت پر آفت۔ تکلیف میں تکلیف۔ ایک تو کوڑھ اُس پر کھجلی اور بھی عذابِ جان۔

کُوڑھ (واو معروف)(ہ۔صف) مُورکھ۔ بے وقوف۔ اَحمق۔ غبی۔ اَبلہ۔

کُوڑھ پن (کُوڑھ پنا) (ہ۔ا۔مذ) بدسلیقگی۔ بدتمیزی۔ بے وقوفی۔

کُوڑھ مغز (اَر۔صف) بے وقوف۔ کُند ذہن۔ اَبلہ۔

کوڑھی (کو۔ڑھی) (واو مجہول) (ہ۔صف) جذامی۔ مجذوم۔ کوڑھ کا مریض۔ جمع: کوڑھی۔ کوڑھیوں۔

کوڑھی کے جُوں نہیں پڑتی (اَر۔مثل) جو خود مصیبت زدہ ہے اُس پر کیا آفت آئے۔ دراصل کوڑھی کا خون خراب ہو جاتا ہے جسے جُوں بھی پینے کے لائق نہیں سمجھتی۔

کوڑی (کو۔ڑی) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) ایک بیسی۔ بیس۔

کوڑی (فتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) خرمہرہ۔ ایک قسم کا چھوٹا سنکھ جو پُرانے زمانے میں ادنیٰ سکّے کا کام بھی دیتا تھا (۲) سینے کی ہڈی کے نیچے کا گڑھا (۳) کٹاری کی نوک (۴) (مجازاً) روپیہ۔ دولت (۵) مقدار قلیل۔ حبّہ۔ دمڑی۔ پائی۔ جمع: کوڑیاں۔ کوڑیوں۔

کوڑی بھر (اَر۔صف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

کوڑی پاس نہ ہونا (اَر۔محاورہ) نہایت مُفلس ہونا۔

کوڑی پھرنا (اَر۔محاورہ) چند آدمیوں کا کسی اَمر پر متفق اور ہم رائے ہونا۔

کوڑی پھیرا کرنا (اَر۔محاورہ) (بازار وغیرہ کے) بہت سے پھیرے کرنا۔ بار بار آنا جانا۔

کوڑی دانتوں سے اُٹھانا (اَر۔محاورہ) بہت کنجوسی کرنا۔

کوڑی کا آدمی (اَر۔ا۔مذ) حقیر و ذلیل آدمی۔ بیکار اور نکمّا آدمی۔

کوڑی کا کر دینا (اَر۔محاورہ) بے وقعت کر دینا۔ بے عزّت کر دینا۔

کوڑی کا مال نہیں (اَر۔محاورہ) محض نکمّا ہے۔ بے حقیقت ہے۔

کوڑی کا ہو جانا (اَر۔محاورہ) نکمّا اور خراب ہو جانا۔ کام کا نہ رہنا۔ نظروں سے گر جانا۔

کوڑی کفن کو نہ ہونا (اَر۔محاورہ) نہایت مُفلس اور محتاج ہونا۔

کوڑی کوڑی (اَر۔متعلق فعل) (۱) ایک ایک کوڑی (۲) ذرا ذرا۔ حبّہ حبّہ۔

کوڑی کوڑی ادا کرنا (اَر۔محاورہ) ایک ایک حبّہ چکا دینا۔ پائی پائی بے باق کر دینا۔

کوڑی کوڑی بھر پانا (اَر۔محاورہ) کُل وصول پانا۔

کوڑی کوڑی پر جان دینا (اَر۔محاورہ) بہت کنجوس ہونا۔

کوڑی کوڑی پر دانت رکھنا (اَر۔محاورہ) بہت لالچی ہونا۔

کوڑی کوڑی جوڑنا (اَر۔محاورہ) تھوڑا تھوڑا روپیہ جمع کرنا۔ نہایت کفایت شعاری اور کنجوسی سے پس انداز کرنا۔

کوڑی کوڑی کا حساب (اَر۔ا۔مذ) چھوٹی سے چھوٹی رقم کا حساب۔ مکمل حساب۔ باقاعدہ حساب۔

کوڑی کوڑی کو تنگ (حیران) ہونا (اَر۔محاورہ) نہایت تنگ دست ہونا۔ ایک ایک پیسے کے لئے پریشان ہونا۔

کوڑی کوڑی لینا (اَر۔محاورہ) سب کچھ وصول کرنا۔

کوڑی کوس دوڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) نہایت لالچی اور حریص ہونا۔ ایک ایک کوڑی کے لئے کوس بھر کا چکّر لگانا (۲) نہایت محنت و مشقت کرنا۔

کوڑی کو نہ پُوچھنا (اَر۔محاورہ) (۱) ذرا قدر نہ کرنا (۲) نہایت حقیر اور ذلیل جاننا۔

کوڑی کی بات ہو جانا (کوڑی کی عزّت ہو جانا) (اَر۔محاورہ) بات بگڑ جانا۔ کچھ عزّت نہ رہنا۔ آبرو نہ رہنا۔

کوڑی کے تین تین بِکنا (اَر۔محاورہ) (۱) نہایت ارزاں اور سستا بِکنا (۲) کمال بے قدری ہونا۔

کوڑی کے کام کا نہیں (اَر۔محاورہ) محض نکمّا اور ناکارہ ہے۔ بالکل بے مصرف اور بے کار ہے۔

کوڑی (کوڑیوں) کے مول بِکنا (اَر۔محاورہ) نہایت سستا اور ارزاں بِکنا۔

کوڑی نہ ملنا (اَر۔محاورہ) کچھ نہ مِلنا۔

کوڑی نہیں گانٹھ میں چلے باغ کی سیر (اَر۔مثل) کم مائیگی کی حالت میں بڑے کام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کوڑے (کو۔ڑے) (ہ۔ا۔مذ) کوڑا (بڑی کوڑی) کی جمع (۲) کوڑا کی مُغیّرہ صورت۔

کوڑے کر ڈالنا (اَر۔محاورہ) اونے پونے بیچ ڈالنا۔

کوڑیا (کو۔ڑیا) (ہ۔ا۔مث) کواڑ کی تصغیر۔ چھوٹا دروازہ۔ کھڑکی کا پٹ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کوڑیالا (کوڑ۔یا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا سفید چتیوں والا زہریلا سانپ (۲) ایک بوٹی (۳) مالدار۔ دولت مند۔ امیر۔
کوڑیاں (ہ۔ا۔مث) کوڑی کی جمع۔
کوڑیاں کرنا (اُر۔ محاورہ) سستے داموں بیچ دینا۔
کوڑیوں (ہ۔ا۔مث) کوڑی کی جمع۔
کوڑیوں کے مول بِکنا (اُر۔ محاورہ) نہایت سستا بکنا۔
کوڑیوں کے مول لینا (اُر۔ محاورہ) نہایت سستا خریدنا۔
کوڑیوں کے مول نہ لینا (اُر۔ محاورہ) بہت ناکارہ و حقیر سمجھنا۔ مُفت بھی نہ لینا۔
کُوز (واو معروف) (ف۔ا۔مذ) کوزہ کا مخفف۔ (پیٹھ کا) کُب۔
کُوز پُشت (کُوزہ پُشت) (ف۔صف) خمیدہ پشت۔ کُبڑا۔ کُبا۔
کُوزَہ (کو۔زہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ڈونگا (۲) ٹلّی (۳) مصری کے گول گول ڈلے (۴) مٹی کا آب خورہ (۵) (صف) خمیدہ۔ اُردو جمع: کوزوں۔ کوزے۔
کوزہ گر (ف۔صف) کُمہار۔ کاسہ گر۔ کلال۔
کُوزَہ نبات (ف۔ا۔مث) مصری کا کوزہ۔
کُوزے میں دریا بند کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی بڑے مضمون یا بیان کو نہایت مختصر کرکے اس طرح لکھنا کہ اختصار بھی ہو جائے اور مطلب بھی فوت نہ ہونے پائے۔
کُوزیاں (کوز۔یاں) (اُر۔ا۔مث) مٹی کے چھوٹے آبخورے۔
کوس (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) راستے کی ایک حدِ معیّنہ۔ دو میل کے لگ بھگ لمبائی (۲) آستین کا کف۔ جمع: کوس۔ کوسوں۔
کوس نہ چلی' بابل پیاسی (اُر۔مثل) کام کے شروع ہوتے ہی ہمت ہار دینا۔ تھک جانے کا اِظہار کرنا۔
کوس (واو مجہول) (ف۔ا۔مذ) دمامہ۔ بڑا طبل۔ دھونسا۔ بڑا نقارہ۔
کوسِ رِحلت (ف۔ع۔ا۔مذ) کوچ کا نقارہ۔ روانگی کی گھنٹی۔
کوسِ لِمَنِ المُلک (ع۔ا۔مذ) بڑائی کا ڈنکا۔ لن ترانی۔ دیکھئے لِمَنِ المُلک۔
کوسا (کو۔سا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بددُعا۔ بُرا بھلا کہنا۔
کوساکائی (کوساکاسی) (اُر۔ا۔مث) کوسنا۔ دُعائے بد۔ پھٹکار۔
کوسنا (کوس۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) بددُعا دینا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) پیٹنا۔ ماتم کرنا (۳) (ا۔مذ) بددُعا۔
کوسنا لگ جانا (اُر۔ محاورہ) بددُعا کا اثر ہونا۔
کوسوں (ہ۔ا۔مذ) کوس کی جمع۔
کوسوں تک (اُر۔ تابع فعل) دُور تک۔
کوسوں دُور (اُر۔ تابع فعل) بہت دُور۔
کوسوں دُور بھاگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دُور چلے جانا۔ الگ رہنا (۲) اَز حد نفرت کرنا۔
کوسے جئیں اَسیسے مریں (اُر۔مثل) جن کو بددُعا دی جاتی ہے وہ زندہ رہتے ہیں اور جن کو دُعا دی جاتی ہے وہ مر جاتے ہیں۔
کوش (واو مجہول) (س۔ا۔مذ) (۱) خزانہ۔ گنجینہ (۲) ڈکشنری۔ لغت (۳) میان۔ نیام۔ خانہ۔
کَوش (بفتحۂ اوّل) (ف۔ا۔مث) بغیر ایڑی کا جوتا۔ سلیپر۔
کوش (واو مجہول) (ف۔ لاحقہ فاعلی) مصدر کوشیدن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور برداشت کرنے یا جھیلنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے ستم کوش۔
کوشاں (کو۔شاں) (واو مجہول) (ف۔صف) کوشش کرنے والا۔
کوشِش (کو۔شِش) (ف۔ا۔مث) (۱) سعی۔ جدّ و جُہد۔ جتن۔ دوڑ دھوپ (۲) قصد (۳) جستجو (۴) پیروی۔ اُردو جمع: کوششوں۔ کوششیں۔
کوشش کرنا (اُر۔مص مُرکّب) جِدّ و جُہد کرنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔
کوشک (ش ساکن۔ ک موقوف) (ف۔ا۔مذ) قصر۔ محل۔ اَیوان۔ اُونچی اور بلند عمارت۔ راج مندر۔ جمع: کوشکہا۔
کوشی (کو۔شی) (واو مجہول) (ف۔ا۔مث) (۱) برداشت کرنا۔ جھیلنا (۲) محنت کرنا۔ کوشش کرنا۔ (مرکبات میں مستعمل ہے)۔
کوفت (واو مجہول) (ف ساکن) (ف۔ا۔مث) (۱) صدمہ۔ آزار (۲) درد۔ دُکھ۔ سختی۔ مُصیبت (۳) غم۔ رنجش (۴) تھکن۔ تکان (۵) کوٹنا۔
کوفت اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت یا تکلیف برداشت کرنا۔
کوفتَہ (کوف۔تہ) (ف۔صف) (۱) کوٹا ہوا (۲) ضرر رسیدہ (۳) (ا۔مذ) کوٹے ہوئے قیمے کے گول کباب جو شوربے میں ڈالتے ہیں۔ اُردو جمع: کوفتوں۔ کوفتے۔
کوفتہ بیختہ (ف۔ متعلق فعل) کوٹ چھان کر (۲) (صف) کوٹا اور چھانا ہوا۔
کوفتہ رانانِ تہی کوفتہ اَست (ف۔مثل) دُکھی اور غریب کے لئے سُوکھی روٹی بھی غنیمت ہے۔
کُوفی (کو۔فی) (ع۔صف) (۱) عراق کے شہر کوفہ سے منسوب (۲) کوفہ کا باشندہ (۳) بے وفا۔
کوک (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) کچی سِلائی۔ لمبے لمبے ٹانکے۔ بخیہ۔
کُوک (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) آواز بلند۔ صدائے بلند (۲) سُریلی آواز۔ ترانہ (۳) قمری' فاختہ وغیرہ کی آواز (۴) چیخ۔ شور۔ بِلکاری (۵) آہ۔ نالہ (۶) گھڑی' گھنٹے یا باجے وغیرہ میں چابی دینا۔ (کُوک دینا)۔
کُوک دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھڑی یا باجے میں چابی بھرنا (۳) آواز دینا۔
کُوک کرنا (مارنا) (اُر۔ محاورہ) آواز لگانا۔ چیخ مارنا۔
کوک (Coke) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کوئلا جو کول سے تیار کرتے ہیں۔ یہ دُھواں نہیں دیتا۔
کوک شاستر (ہ۔ا۔مذ) وہ کتاب جس میں عورتوں کی قسمیں اور آسنوں کے ڈھنگ لکھے ہیں۔ اِس کتاب کے مصنف کا نام پنڈت کوکا تھا۔ اِس پر اِس کتاب کا نام کوک شاستر رکھا گیا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کوکا (کو۔کا)(ہ۔ا۔مذ) سکھوں کے اُس فرقے کا نام جسے بھائی رام سنگھ بڑھئی نے قائم کیا تھا۔

کوکا (کو۔کا)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) باریک کیل (۲) کلی۔ سُرخ کنول۔ نیلوفر۔

کوکا بیلی (کو۔کا۔بے۔لی)(ہ۔ا۔مذ) گلِ نیلوفر۔ سُرخ کنول۔

کوکب (کو۔کب)(ع۔ا۔مذ) روشن تارا۔ بڑا تارا۔ محض ستارہ۔ جمع: کواکب۔

کوکبہ (کو۔ک۔بہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) ستارہ (۲) جماعت۔ انبوہ۔ بھیڑ بھاڑ (۳) شان و شکوہ (۴) شاہی جلوس۔ جلو۔

کوکر (کو۔کر)(ہ۔ا۔مذ) کتّا۔ سگ۔

کوکر بسیرا کرنا (ہ۔ محاورہ) ذرا کی ذرا سستانا۔ بہت کم آرام کرنا۔ بہت کم ٹھہرنا۔

کوکر چندی (ہ۔ا۔مث) ایک جنگلی بوٹی جس کے پتوں کو پیس کر کتّے کے کاٹنے کے زخم پر لیپ کرتے ہیں۔

کوکِلا (کو۔کِ۔لا)(واو مجہول)(س۔ا۔مث)(۱) کوئل (۲) ہُد ہُد۔

کوکلتاش (کو۔کل۔تاش)(ت۔ا۔مذ) بادشاہ کا دودھ شریک بھائی۔

کوکنا (کوک۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) کچی سلائی کرنا۔ لنگر ڈالنا۔ دھاگا ڈالنا۔

کوکنا (کوک۔نا)(واو معروف)(ہ۔مص)(۱) چیخنا۔ چلّانا۔ شور کرنا (۲) کوئل کا بولنا (۳) گھڑی گھنٹے یا باجے میں چابی دینا (۴) کراہنا۔ درد کی آواز نکالنا۔

کوکنار (کوک۔نار)(واو مجہول)(ف۔ا۔مث) پوست۔ خشخاش کا ڈوڈا۔

کوکنی (کوک۔نی)(واو مجہول)(ہ۔صف)(۱) چھوٹا۔ ننھا (۲) ادنیٰ درجے کا۔ گھٹیا۔

کوکنی (کوک۔نی)(ا۔ر۔مذ) ایک رنگ جو شہاب، لاجورد اور پھٹکری سے تیار ہوتا ہے۔

کوکو (کو۔کو)(ف۔ا۔مث) فاختہ کی آواز۔ قمری کی آواز۔

کوکو (کو۔کو)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) کوا۔ زاغ (۲) بچوں کو ڈرانے کی آواز۔

کوکو (Cocoa) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کا سفوف جو کاکاؤ نام کے ایک درخت کے بیجوں سے تیار کیا جاتا ہے (۲) ایک قسم کا مشروب جو اِس سفوف سے تیار کیا جاتا ہے۔

کوکہ (کو۔کہ)(واو مجہول)(ت۔ا۔مذ)(۱) اَنا کا بیٹا۔ دودھ پلانے والی کا لڑکا۔ رضاعی بھائی۔ دودھ شریک بھائی (۲)(ت۔ا۔مث) اَنا کی بیٹی۔ دودھ شریک بہن۔

کوکھ (واو مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) پیٹ۔ شکم۔ بطن (۲) پیٹ کے نیچے کی وہ جگہ جہاں ہڈی نہیں ہوتی (۳) حمل۔ گربھ (۴) (مجازاً) اولاد۔ جمع: کوکھوں۔ کوکھیں۔

کوکھ آباد رہے (ا۔ر۔دُعا) بچے جیتے رہیں۔

کوکھ اُجڑ جانا (ا۔ر۔ محاورہ)(۱) حمل گر جانا۔ حمل قرار نہ پانا۔ حمل نہ رہنا (۲) اولاد کا مرجانا۔ اولاد کا زندہ نہ رہنا۔

کوکھ بند (ا۔ر۔صف) بانجھ۔ عقیم۔

کوکھ جلی (ا۔ر۔صف) وہ عورت جسے بچوں کے مرنے کا صدمہ پہنچا ہو۔

کوکھ سے ٹھنڈی ہے (ا۔ر۔مثل) اولاد سے خوش ہے۔ اولاد والی ہے۔ گود بھری ہے۔

کوکھ ماری جانا (ا۔ر۔ محاورہ) بانجھ ہو جانا۔ حمل کے قابل نہ ہونا۔

کوکھ مانگ بھری پُری رہے (ا۔ر۔دُعائے خیر) تمہاری اولاد اور خاوند زندہ و سلامت رہے۔ گود بھری رہے۔ سہاگن بنی رہو۔

کوکھ مانگ سے ٹھنڈی ہونا (ا۔ر۔ محاورہ) اولاد اور خاوند کا سکھ دیکھنا۔ سُہاگن اور اولاد والی ہونا۔

کوکھ کی آنچ (ا۔ر۔ا۔مث) مادری محبت۔

کوکھیں (ہ۔ا۔مث) کوکھ کی جمع۔

کوکھیں لگنا (ا۔ر۔ محاورہ) بھوک کے مارے کوکھوں کا خالی معلوم ہونا۔ بھوکا ہونا۔

کوکئی (کو۔کَ۔ای)(ا۔ر۔ا۔مث) ایک قسم کا اُودا رنگ۔ کنول کا رنگ۔

کوکی (ا۔ر۔ا۔مث) دودھ شریک بہن۔ کوکہ کی تانیث۔

کوکین (Cocaine) (انگ۔ا۔مث) ایک نشہ آور اور بے حِس کر دینے والی دوا۔

گول (بفتحہ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لقمہ۔ نوالہ (۲) اَناج کی وہ مقدار جو چکّی میں پیسنے کے لئے ڈالتے ہیں۔ گالا (۳) کچّا اَناج جو بھون کر یا اسی طرح کھاتے ہیں (۴) غراروں کی دوا۔ غرارہ (۵) ایک قسم کی مچھلی (۶) کشمیری پنڈتوں کی ایک گوت۔

کول (Coal) (انگ۔ا۔مذ)(۱) کوئلا (۲) پتھر کا کوئلا۔

کول تار (Coaltar) (انگ۔ا۔مذ) تارکول۔ قیر۔

کول اِسٹیشن (Coal Station) (انگ۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں ریل کا اِنجن یا جہاز کوئلا لیتے ہیں۔

کول گیس (Coal Gas) (انگ۔ا۔مث) کوئلے کی گیس۔

کول (واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) تالاب۔ حوض۔ جھیل (۲) پیالہ۔ کٹورا۔

گول (واو معروف)(س۔ا۔مذ) ڈھلان (۲) دریا کا کنارہ۔ ساحل (۳) حاشیہ۔ کنارہ۔ سِرا (۴) اَنبار۔ ڈھیر (۵) تالاب۔ جھیل۔

کول (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) خلیج۔ کھاڑی (۲) غار۔ سُوراخ (۳) لمبا راستہ۔ گلی۔

کُول (Cool) (انگ۔صف) ٹھنڈا۔ سرد۔

کولا (کو۔لا)(بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دروازے کا اِدھر اُدھر کا پہلو۔ کونا۔ گوشہ (۲) وہ اَناج کی پولی جو کاٹنے کو دی جائے (۳) بغل۔ گود (۴) رنگترا۔ نارنگی۔ جمع: کولوں۔ کولے۔

کولا (ق۔ا۔مذ) گیدڑ۔

کولا (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے کوئلا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گُولا (گُولھا) (گو۔لا) (گو۔ لھا) (ھ۔ا۔مذ) پُٹھ۔ پٹھا۔ چوتڑ۔ سُرین۔ اِزار باندھنے کی جگہ۔ جمع: کولھوں۔ کولھے۔

گولا اُتر جانا (اُترنا) (اُر۔ محاورہ) کولھے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔

گولا کاٹنا (اُر۔ محاورہ) سزا دینا۔ سخت صدمہ پہنچانا۔

گولا مٹکانا (گولا مار کر چلنا) (اُر۔ محاورہ) چوتڑ نچانا۔ چُوتڑوں کو ہلا ہلا کر چلنا۔

کولائیاں (ق۔ا۔مث) قلابازیاں۔

کولتی (ق۔ا۔مث) جلتی ہوئی لکڑی۔

کولڈا (کول۔ ڈا) (ق۔ا۔مذ) کوڑا۔

کولر (Cooler) (انگ۔ا۔مذ) ٹھنڈا کرنے کا برتن یا مشین۔ خنک ساز۔

کولسا (کول۔سا) (ق۔ا۔مذ) کوئلا۔

کولھو (کو۔لھو) (ھ۔ا۔مذ) تیل یا رَس بیلنے کا آلہ۔ تیل یا رس نکالنے کی کل۔ جمع: کولھو۔ کولھوؤں۔

کولھو پیلنا (اُر۔ محاورہ) کولھو میں بیج ڈال کر تیل نکالنا۔ کولھو چلانا۔

کولھو سے پیلنا (اُر۔ محاورہ) بہت ایذا دینا۔

کولھو سے کھل اُتری بھی بیلوں جوگ (اُر۔مثل) آدمی بوڑھا ہو کر نکما ہو جاتا ہے۔

کولھو کا بَیل (اُر۔ا۔مذ وصف) تیلی کا بیل۔ نہایت محنتی۔ محنت کش۔ وہ جو ہر وقت کام میں لگا رہے۔

کولھو کاٹ موگری بنانا (اُر۔مثل) ادنیٰ کام کے لئے بڑا کام خراب کرنا۔ بڑے کام کی چیز کو بگاڑ کر چھوٹی چیز بنانا۔

کولھو کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس (کولھو کے بیل کو گھر ہی میں منزل ہے) (اُر۔مثل) مصیبت زدہ کو گھر میں بھی قرار نہیں ملتا۔

کولھو کے بیل کی طرح پلنا (اُر۔ محاورہ) سخت محنت و مشقت کرنا۔ کسی کام میں دن رات معروف رہنا۔

کولھو میں پلوا دینا (اُر۔ محاورہ) شکنجے میں کھنچوا دینا۔ سخت سزا دینا۔

کولھو میں پیل ڈالنا (پیلنا) (اُر۔ محاورہ) سخت سزا دینا۔ سخت تکلیف دینا۔

کولی (کولیا) (کو۔لی) (کول۔یا) (ھ۔ا۔مث) گود۔ دونوں ہاتھوں کا حلقہ۔ گودی۔ آغوش۔

کولی بھرنا (کولی میں بھر لینا) (اُر۔ محاورہ) گود میں لینا۔ بغل میں دبانا۔ بغل گیر ہونا۔ گلے لگانا۔

گولی (گو۔لی) (ھ۔ا۔مذ) (۱) جلاہا (۲) وہ سیاہی جو مہندی لگانے کے بعد مہندی لگے ہاتھوں میں نمودار ہوتی ہے۔

کولیشن (Coalition) (انگ۔ا۔مث) (۱) اتحاد۔ اتفاق (۲) مختلف جماعتوں کی متحدہ حکومت۔

کوم (ق۔ا۔مذ) پودے کی نوک۔

کومَل (کو۔مَل) (واو مجہول) (ھ۔صف) (۱) نرم۔ ملائم۔ نازک (۲) شیریں۔ میٹھا (۳) فصیح۔

گومَل (گومھل۔ گونھل) (ھ۔ا۔مذ) سیندھ۔ نقب۔ شگاف جو چور دیوار میں کر کے مکان کے اندر گھستے ہیں۔

گومل لگانا (اُر۔ محاورہ) نقب لگانا۔ سیندھ لگانا۔

کَون (بفتحۂ اوّل) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہونا۔ وجود میں آنا (۲) عالم موجودات۔ دُنیا۔ جہان۔ ہستی (۳) حادث ہونے والی چیز۔

کون و فساد (ع۔ا۔مذ) موجود ہونا اور تباہ ہو جانا۔ ہست و نیست۔ بُودنی و نابُودنی۔

کون و مکان (ع۔ا۔مذ) دُنیا۔ جہان۔ جگ۔ سنسار۔

کَون (بفتح اوّل) (ھ۔ کلمہ اِستفہام) (۱) کدام (۲) کیا چیز؟

کون بشر ہے (اُر۔روزمرّہ) کون شخص ہے؟ ہم نہیں جانتے۔

کون پرائی آگ میں گرتا ہے (اُر۔مثل) کوئی شخص کسی کے لئے مصیبت میں نہیں پڑتا۔ دُوسرے کی مصیبت کوئی اپنے سر نہیں لیتا۔

کون جانے (اُر۔روزمرّہ) (۱) خُدا جانے (۲) میں نہیں جانتا۔

کون دن تھے (اُر۔روزمرّہ) کیسے اچھے دن تھے۔ کیا اچھا زمانہ تھا۔

کون سا؟ (اُر۔ حرف اِستفہام) (۱) کون (۲) کیا (۳) کس قدر۔ کتنا؟

کون سا درخت ہے جسے ہوا نہیں لگتی؟ (اُر۔مثل) عیب اور تکلیف سے کوئی خالی نہیں۔

کون سا زہر مل گیا ہے؟ (اُر۔روزمرّہ) کیا بُرائی ہو گئی ہے؟

کون سکتا ہے (اُر۔روزمرّہ) کوئی نہیں سکتا۔

کون سی (ھ۔ کلمہ اِستفہام) کون سا کی تانیث۔

کون سی بات اُٹھا رکھی ہے (اُر۔روزمرّہ) کوئی کسر باقی نہیں رہنے دی۔

کون سے؟ (ھ۔ کلمہ اِستفہام) کون سا کی جمع (۲) کون سا کی مغیّرہ صورت۔

کون سے روز؟ (اُر۔روزمرّہ) کس دن؟

کون سے قرآن میں لکھا ہے؟ (اُر۔روزمرّہ) کس قاعدے سے جائز ہے؟

کون سے لعل لگے ہیں؟ (اُر۔روزمرّہ) کیا خاص بات ہے؟

کون سے مرض کی دوا ہو؟ (اُر۔روزمرّہ) کس کام کے ہو؟ محض نکمے اور بے مصرف ہو۔

کون کہتا ہے؟ (اُر۔روزمرّہ) کوئی نہیں کہتا۔ میں نہیں کہتا۔

کون کہے؟ (اُر۔روزمرّہ) بیان نہیں ہو سکتا۔

کون وقت ہُوا (اُر۔روزمرّہ) دیر ہو گئی۔ مُدّت ہو گئی۔

کون وقتوں سے (اُر۔متعلق فعل) بڑی دیر سے۔

کون ہوتا ہے؟ (اُر۔روزمرّہ) (۱) اُسے کیا واسطہ ہے؟ وہ کیا تعلق رکھتا ہے؟ (۲) کیا رشتہ ہے؟

کون ہے؟ (ھ۔ کلمہ اِستفہام) کون شخص ہے؟ تعارف کے لئے کہتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُون (واو معروف)(ف۔ ا۔ مث) مقعد۔ سُرین۔
کُونِ خر (ف۔ صف) گدھے کی مقعد۔ مرد ناداں۔ اَحمق۔ بے وقوف۔ بے تمیز۔ مُورکھ۔
کونا (کو۔ نا)(واو مجہول)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) گوشہ۔ زاویہ (۲) طرف۔ جانب۔ پہلو۔ جمع: کونوں۔ کونے۔
کونا کونا جھانکنا (اَر۔ محاورہ) بے اِنتہا تلاش کرنا۔ جستجو کرنا۔
کونا کھدرا (کونا کھترا) (اَر۔ ا۔ مذ) کونا دونا۔ گوشہ دوشہ۔
کونپَل (کوں۔ پَل)(واو مجہول)(ہ۔ ا۔ مث) شگوفہ۔ کلی۔ نئی چھوٹی ملائم پتّی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے۔ جمع: کونپلوں۔ کونپلیں۔
کونپل پُھوٹنا (نکلنا) (اَر۔ محاورہ) شگوفہ نکلنا۔ نئے پتے پُھوٹنا۔
کُونت (واو معروف)(نون غنّہ)(ہ۔ ا۔ مث) اَندازہ۔ تخمینہ۔ اٹکل۔ تشخیص۔
کُونتھنا (کُونتھنا) (کونت۔ نا)(کونتھ۔ نا)(ہ۔ مص) رفع حاجت کے واسطے زور کرنا۔ حالتِ قبض میں زور لگا کر پاخانہ نکالنا۔
کُونج (واو معروف) (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) قاز۔ کلنگ۔ راج ہنس۔ حواصل۔ مُرغابی۔ جمع: کونجوں۔ کونجیں۔
کونجڑی (ہ۔ ا۔ مث) سبزی فروش عورت۔ نیز دیکھئے کنجڑی۔
کونجڑی اپنے بیر کھٹے نہیں بتاتی (اَر۔ مثل) کوئی اپنی چیز کو بُرا نہیں کہتا۔
کُونچ (واو معروف)(نون غنّہ)(ہ۔ ا۔ مث) ایک زہریلا درخت اور اُس کی پھلی کا نام۔
کُونچ (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے کوچ (ہ)۔
کونچا (کوں۔ چا)(ہ۔ ا۔ مذ) بھڑ بھونجے کا کڑچھا جس سے بالو وغیرہ نکالتے ہیں۔
کونچا (کوں۔ چا)(ہ۔ ا۔ مذ) گھاس کا پودا۔
کونچی (کوں۔ چی)(ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے کوچی۔
کوند (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ ا۔ مث) بجلی کی چمک۔
کوندا (کوں۔ دا)(ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے کوند۔
کوندنا (کوند۔ نا)(ہ۔ مص) بجلی چمکنا۔
کونڈ (ہ۔ ا۔ مث)(۱) ناند (۲) کپڑے دھونے اور رنگنے کا برتن۔
کونڈا (کوں۔ ڈا)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) آٹا گوندھنے کا مٹی کا ظرف۔ ناند۔ پرات (۲) نذر و نیاز کی شیرینی۔ جمع: کونڈوں۔ کونڈے۔
کونڈا بھرنا (اَر۔ محاورہ) نذر پوری ہونے پر امام جعفرؑ کی نیاز دِلوانا۔
کونڈا کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی کے نام کی نیاز دلوانا۔
کونڈی (کوں۔ ڈی) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹا کونڈا جو اکثر مٹی یا پتھر کا ہوتا ہے۔ دَوری۔ جمع: کونڈیاں۔ کونڈیوں۔
کونسل (Counsel) (انگ۔ ا۔ مث)(۱) جماعت۔ مجلس۔ سبھا (۲) مجلس شوریٰ۔ مؤتمر۔ دیوان (۳) اَرکانِ مجلس۔
کونسل کرنا (اَر۔ محاورہ) صلاح مشورہ کرنا۔ منصوبہ گانٹھنا۔
کونسلر (Councillor) (انگ۔ ا۔ مذ) مجلس شوریٰ کا رُکن۔ کونسل کا رُکن۔ مشیر۔ صلاح کار۔
کونسلی (کونس۔ لی) (اَر۔ ا۔ مذ) صلاح کار۔ کونسل کا ممبر۔ مشیر۔ وکیل۔ پیروکار۔
کُوں کُوں (ہ۔ ا۔ مث) کُتّے کے پلّوں کی آواز۔
کونی (کو۔ نی)(ف۔ ا۔ مذ) وہ شخص جسے علتِ مشائخ ہو۔ بوبسیا۔
کونے (واو مجہول)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) کونا کی جمع (۲) کونا کی مغیّرہ صورت۔
کونے کی خیر منانا (اَر۔ محاورہ) گھر کی بھلائی چاہنا۔
کونے میں بیٹھ رہنا (اَر۔ محاورہ) گوشہ نشین ہو جانا۔
کونے میں پڑا رہنا (اَر۔ محاورہ) سب سے الگ رہنا۔
کونین (کو۔ نین)(ع۔ ا۔ مذ)(کون کا تثنیہ) دونوں جہان۔ ہر دو عالم۔ دین و دُنیا۔ ہر دو سَرا۔
کونین (Quinine) (انگ۔ ا۔ مث) ایک دوا جو ملیریا بُخار میں اِستعمال کی جاتی ہے۔
کوّوں (ہ۔ ا۔ مذ) کوّا کی جمع۔
کوّوں کے کوسنے سے کہیں ڈھور مرتے ہیں (اَر۔ مثل) خواہ مخواہ بددُعا دینے سے کسی کا نقصان نہیں ہوتا۔
کوہ (واو مجہول)(ف۔ ا۔ مذ) پہاڑ۔ وہ سنگلاخ قطعہ جو سطحِ زمین سے بلند ہو۔
کوہِ آتش فشاں (ف۔ ا۔ مذ) وہ پہاڑ جس میں گندھک کا مادّہ ہونے کے باعث آگ کے شُعلے اُٹھتے رہتے ہیں۔ جوالا مُکھی۔
کوہِ آدم (ف۔ ا۔ مذ) لنکا کے سلسلہ کوہ کی وہ بلند چوٹی جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام بہشت سے یہیں اُترے تھے۔ نیز دیکھئے آدم کی چوٹی۔
کوہِ اَلبُرز (ف۔ ا۔ مذ) اِیران کے شمال میں ایک بلند پہاڑ کا نام۔
کوہِ بے ستون (ف۔ ا۔ مذ) اِیران کا ایک پہاڑ جسے فرہاد نے کھود کر اپنی معشوقہ شیریں کے لئے جوئے شیر (دودھ کی نہر) نکالی تھی۔
کوہ پیکر (بغیر اضافت)(ف۔ صف) پہاڑ جیسے جسم والا۔ گرانڈیل۔ قوی جثہ۔
کوہ ٹوٹنا (اَر۔ محاورہ) بہت بڑی مُصیبت آنا۔
کوہ جگر (بغیر اضافت)(ف۔ صف) باحوصلہ آدمی۔ شُجاع۔ دلیر۔ بہادُر۔
کوہِ جُودی (ف۔ ا۔ مذ) وہ پہاڑ جس پر حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی طوفان کے ختم ہو جانے پر ٹھہری تھی۔
کوہِ رحمت (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) مکہ معظمہ کے پاس ایک پہاڑی۔
کوہِ رواں (ف۔ ا۔ مذ)(۱) چلنے والا پہاڑ (۲)(مجازاً) گھوڑا۔ ہاتھی۔
کوہسار (ف۔ ا۔ مذ)(۱) پہاڑی جگہ (۲) سلسلہ کوہ۔ جمع: کوہساراں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کوہستان (کوہ۔ اِستان) (ف۔ا۔مذ) (۱) پہاڑی ملک (۲) پہاڑوں کا سلسلہ۔ اُردو جمع: کوہستان۔ کوہستانوں۔

کوہِستانی (ف۔صف) (۱) کوہستان سے منسوب۔ پہاڑی۔ کوہی۔ پہاڑ کا (۲) پہاڑ کا رہنے والا۔

کوہِ سِینا (کوہِ طُور) (ف۔ا۔مذ) شام کا وہ مشہور پہاڑ جس پر خُدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی تجلّی دِکھائی تھی اور دس شرعی اَحکام نازل فرمائے تھے۔

کوہِ صَفا (ف۔ع۔ا۔مذ) مکہ معظمہ کے نزدیک ایک پہاڑی۔

کوہِ قاف (ف۔ا۔مذ) دیکھیے قاف۔

کوہ کَن (ف۔صف) پہاڑ کھودنے والا۔ شیریں کے عاشق فرہاد کا لقب جس نے کوہِ بے ستون کھود کر ایک نہر (جُوئے شیر) شیریں کے محل تک پہنچائی تھی۔

کوہ کَندن' کاہ بَر آوردن (ف۔مثل) کھودا پہاڑ نکلی سُوکھی گھاس۔ بے نتیجہ کام کرنا۔ ایسا کام کرنا جس میں مشقت زیادہ اور فائدہ کچھ نہ ہو۔ نیز دیکھیے کھودا پہاڑ نکلی چوہیا۔

کوہ کَنی (ف۔ا۔مث) پہاڑ کھودنا۔

کوہ کو کاہ سمجھنا (اُر۔محاورہ) دُشوار کام کو آسان سمجھنا۔

کوہِ نُور (ف۔ع۔ا۔مذ) ہندوستان کا ایک نہایت مشہور و معروف ہیرا جو ابراہیم لودھی کے تاج میں لگا تھا اور پانی پت کی لڑائی کے بعد بابر کے ہاتھ لگا تھا۔ آج کل حکومت برطانیہ کے پاس ہے۔

کوہان (کو۔ہان) (ف۔ا۔مذ) (۱) اُونٹ کی پیٹھ کی بلندی (۲) سانڈ یا بیل کا اُونچا کندھا۔ اُردو جمع: کوہان۔ کوہانوں۔

کوہسار (ف۔ا۔مذ) کوہ کے تحت دیکھیے۔

کوہِستان (ف۔ا۔مذ) کوہ کے تحت دیکھیے۔

کوہِستانی (ف۔صف) کوہ کے تحت دیکھیے۔

کوہی (کو۔ہی) (ف۔صف) پہاڑی۔ پہاڑ کا باشندہ۔ کوہ سے منسوب۔

کُوہی (کو۔ہی) (ہ۔ا۔مث) بہری۔ ایک قسم کا شِکرا جو کبوتروں کو پکڑتا ہے۔

کوئلا (کو۔ا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جلی ہوئی لکڑی کا بُجھایا ہوا ٹکڑا یا کان سے نکالا ہوا سیاہ مادّہ۔ جمع: کوئلوں۔ کوئلے۔

کوئلوں (ہ۔ا۔مذ) کوئلا کی جمع۔

کوئلوں پر مُہر ہونا (اُر۔محاورہ) بڑے بڑے اخراجات پر توجّہ نہ کرنا اور ادنیٰ خرچ پر کفایت دِکھانا۔ نیز دیکھیے اشرفیاں لُٹیں کوئلوں پر مُہر۔

کوئلوں کی دلالی میں (مُنہ بھی کالا کپڑے بھی کالے) ہاتھ کالے (اُر۔مثل) جس کام میں ناحق نام بدنام ہو اُس کی نسبت بولتے ہیں۔ بُرے کاموں میں پڑنے کا اَنجام بدنامی ہے۔

کوئلوں کے مول (اُر۔صف) بہت سستا۔

کوئلے (ہ۔ا۔مذ) (۱) کوئلا کی جمع (۲) کوئلا کی بدلی ہوئی شکل۔

کوئلے کی کان (اُر۔ا۔مث) وہ کان جس میں سے پتھر کا کوئلا نکلتا ہے۔

کوئی (کو۔اِی) (ہ۔کلمہ تنکیر) (۱) کچھ۔ کسی (۲) نامعلوم شخص (۳) تقریباً۔ لگ بھگ۔ تخمینۃً (۴) ایک آدھ۔ اکّادُکّا (۵) کہیں۔ ممکن ہے (۶) ذرا۔ ایک۔

کوئی اب بولے کوئی جب بولے' میری ٹکٹی شپا شپ بولے (اُر۔مثل) نہایت بے شرم اور بے حیا کی نسبت بولتے ہیں جو بے عزّت ہو کر بھی بکواس کرتا چلا جائے۔

کوئی آنکھوں کا اندھا کوئی عقل کا اندھا (اُر۔مثل) کوئی جہالت کے سبب سے بے وقوف اور کوئی پڑھا لکھا ہو کر جاہل۔

کوئی اِتنا نہیں (اُر۔محاورہ) کسی کو اتنی توفیق نہیں۔

کوئی بات اُٹھا نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) کچھ کسر نہ چھوڑنا۔ سب کچھ کہہ لینا۔ سب تدبیریں کر چکنا۔

کوئی بھی (اُر۔متعلق فعل) ایک شخص بھی (۲) اَیرا غیرا نتھو خیرا۔

کوئی بھی ماں کے پیٹ سے لے کر نہیں آتا (نکلتا) (اُر۔مثل) ہر شخص تجربے ہی سے سیکھتا ہے۔ ہر شخص کو سیکھنا پڑتا ہے۔

کوئی پَل (اُر۔ا۔مذ) تھوڑی دیر۔

کوئی پَل کا مہمان (اُر۔ا۔مذ) چند گھڑی کا مہمان۔ مرنے کے قریب۔

کوئی پُوچھتا نہیں (اُر۔مقولہ) کوئی پُرسان حال نہیں۔ کوئی توجہ نہیں دے رہا۔

کوئی تقدیر کے لکھے کو مِٹا نہیں سکتا (اُر۔مثل) کسی تدبیر سے تقدیر نہیں بدل سکتی۔

کوئی تن دُکھی کوئی من دُکھی' دُکھی سارا سنسار (اُر۔مثل) کسی کو کوئی دُکھ' کسی کو کوئی۔ دُنیا میں کوئی سُکھی نہیں۔

کوئی تو پُوچھے گا (اُر۔محاورہ) کوئی تو بازپُرس کرے گا۔ کوئی تو سُنے گا۔ کسی کو تو رحم آئے گا۔

کوئی تولوں بھاری' کوئی مولوں بھاری۔ کوئی تولوں کم کوئی مولوں کم (اُر۔مثل) کوئی کسی سبب سے عزّت والا ہے کوئی کسی سبب سے۔ ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق عزت رکھتا ہے۔

کوئی جئے کہ مرے اُن کو اپنے کام سے کام (اُر۔مثل) خود غرض آدمی کی نسبت بولتے ہیں جس کو کسی کے رنج و راحت کی پروانہ ہو۔

کوئی چیز ہے! (اُر۔محاورہ) بے کار چیز ہے۔

کوئی حال مست کوئی مال مست (اُر۔مثل) کوئی اپنی غریبی پر قناعت کیے ہوئے ہے کوئی اپنی دولت کے نشے میں چُور ہے۔ ہر ایک اپنے حال پر خوش ہے۔

کوئی دَم (اُر۔ا۔مذ) دیکھیے کوئی پَل۔

کوئی دَم کا دمامہ ہے (اُر۔مثل) زندگی بہت تھوڑی ہے۔

کوئی دَم کا مہمان (اُر۔محاورہ) قریب مرگ۔ جلد رُخصت ہونے والا۔

کوئی دَم میں (کو) (اُر۔متعلق فعل) عنقریب۔

کوئی دم میں مُرلیا باجے گی (اُر۔مثل) ابھی تھوڑی ہی دیر میں حقیقت معلوم ہو جائے گی (۲) عنقریب سزا ملے گی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کوئی دِن (اُر۔ متعلق فعل) چند روز۔ تھوڑے دِنوں کے لئے۔

کوئی دِن جاتا ہے (اُر۔ محاورہ) عنقریب۔ تھوڑی مدّت میں۔

کوئی دِن کی ہوا کھانا (اُر۔ محاورہ) تھوڑے دِن کی زندگی اور ہونا۔

کوئی دِن یاد کرو گے (اُر۔ محاورہ) ہماری قدر کچھ دن بعد ہوگی۔

کوئی سا (اُر۔ صف) چند اَشیا یا اَشخاص میں سے ایک۔ کوئی۔

کوئی سی (اُر۔ صف) کوئی سا کی تانیث۔

کوئی کسی کا درد بانٹ نہیں لیتا (اُر۔ محاورہ) رنج و غم خود ہی برداشت کرنے پڑتے ہیں۔

کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا (اُر۔ مثل) کسی کی مصیبت اور بلا کو کوئی شخص اپنے سر نہیں لیتا۔

کوئی کل سیدھی نہیں (اُر۔ محاورہ) کوئی پہلو ٹھیک نہیں۔ ہر بات میں پیچ ہے۔

کوئی کل نہ بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) کسی طرح چین سے نہ بیٹھنا۔

کوئی کم نہ سمجھے (اُر۔ روزمرّہ) (ہجوِ ملیح) یعنی آپ بڑے بدذات ہیں۔

کوئی کوئی (اُر۔ صف) ایک آدھ۔ اِکّا دُکّا۔ شاذ و نادر۔

کوئی کہاں سے لائے؟ (اُر۔ روزمرّہ) ناپید ہونے اور مجبوری ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

کوئی کیا جانے (اُر۔ روزمرّہ) کسی کو نہیں معلوم۔ مجھ کو نہیں معلوم۔

کوئی کیا کرے؟ (اُر۔ روزمرّہ) مجبوری ہے۔ چارہ نہیں (۲) بیکار ہے۔

کوئی گھڑی کا مہمان (اُر۔ اِ۔ مذ) دیکھئے کوئی دَم کا مہمان۔

کوئی مرے کوئی ملہار گائے (اُر۔ مثل) جب کسی کی مصیبت پر کوئی خوشی منائے تو اُس موقع پر بولتے ہیں۔

کوئی نہ کوئی (اُر۔ متعلق فعل) ایک نہ ایک۔ یہ نہیں وہ۔

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے مُنہ میں کے دانت ہیں (اُر۔ مثل) (۱) نہایت اَمن و چین کا زمانہ۔ ہر شخص بے خوف و آزاد ہے (۲) کس مپرسی کا اظہار۔

کوئی ہو (اُر۔ روزمرّہ) کیسے باشد۔ جو چاہے۔ کسی کی خصوصیت نہیں۔

کوئی ہے؟ (اُر۔ حرفِ ندا) (۱) مُلازم کو بُلانے کی آواز (۲) کیا کوئی شخص موجود ہے؟

کُوئے (کُو۔ اے) (ف۔ اِ۔ مذ) کُو (کُوچہ) کی اِضافی حالت۔

کَوِی (کَ۔ وِی) (س۔ اِ۔ مذ) (۱) شاعر (۲) عالم و فاضل شخص۔ جمع: کوی۔ کویوں۔

کوی راج (س۔ اِ۔ مذ) مَلِکُ الشُّعَراء۔

کوّے (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کوّا کی جمع (۲) کوّا کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

کوّے اُڑانی (کوّے تکنی) (اُر۔ اِ۔ مث) (۱) ادنیٰ درجے کی نوکرانی (۲) دیوانی۔ باولی۔

کوّے اُڑ جا (اُر۔ شگون) جب کوئی پردیس سے آنے والا ہو اور کوّا مُنڈیر پر آکر بولے تو عورتیں یہ فقرہ کہہ کر شگون لیتی ہیں کہ اگر وہ آنے والا ہوگا تو کوّا اُڑ جائے گا۔

کوّے کوسا کریں کھیت پکا کریں (اُر۔ مثل) ناحق بددُعا کا اثر نہیں ہوتا (۲) دُشمن کے بُرا چاہنے سے بُرا نہیں ہوتا۔

کوّے کوسنے سے کہیں ڈھور مرتے ہیں (اُر۔ مثل) دیکھئے کوّوں کے کوسنے سے۔

کوّے کھائے ہیں (اُر۔ مثل) عوام کا اِعتقاد ہے کہ کوّے کھانے سے اِنسان کی عُمر لمبی ہوتی ہے اور بال کالے ہو جاتے ہیں (۲) بہت بولنے والے کی نسبت بھی کہتے ہیں۔

کوّے کی دُم میں انار کلی (اُر۔ مثل) کالے رنگ کا آدمی سُرخ لباس پہنے تو کہتے ہیں۔

کویا (کو۔ یا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) آنکھ کا کونا۔ گوشۂ چشم (۲) شریفہ یا کٹھل کا دانہ یا گودا (۳) ریشم کے کیڑے کا خول۔ جمع: کوئے۔ کویوں۔

کوئل (کو۔ ئل) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک خوش آواز کالے رنگ کے پرند کا نام جو آموں کے موسم میں آتا ہے۔ جمع: کوئلوں۔ کوئلیں۔

کوئل کوکنا (اُر۔ مص مُرکّب) کوئل کا بولنا۔

ک ۔ ہ

کِہ (بکسرِ اوّل) (ف۔ حرفِ بیان) یعنی۔ جو۔ نیز۔ بلکہ (۲) عِلّت۔ سبب (۳) ناگاہ۔ دفعتہً (۴) یا (۵) تب۔ پھر۔ تاکہ۔

کِہ (بالکسر) (ف۔ صف) (تفضیلِ نفسی) چھوٹا۔ کم مرتبہ۔ ادنیٰ۔

کِہ تَر (کِہتَر) (ف۔ تفضیلِ بعض) زیادہ چھوٹا۔ مہتر کا نقیض۔

کِہ ترین (کِہترین) (ف۔ تفضیلِ کُل) سب سے چھوٹا۔ سب سے حقیر۔

کِہ و مِہ (ف۔ صف) چھوٹا بڑا۔ خُرد و کلاں۔ خاص و عام۔

کَہ (بفتحۂ اوّل) (ف۔ اِ۔ مذ) کاہ کا مُخفّف۔

کَہ رُبا (کَہرُبا) (ف۔ اِ۔ مذ) دیکھئے کاہ رُبا۔

کَہ رُبائی (کَہرُبائی) (ف۔ صف) کہربا سے منسوب (۲) برقی۔ مقناطیسی۔

کَہ رُبائیت (کَہرُبائیت) (ف۔ اِ۔ مث) کشش۔

کَہ کشاں (کَہکشاں) (ف۔ اِ۔ مث) دیکھئے کاہ کشاں۔

کَہ گِل (کَہگِل) (ف۔ اِ۔ مث) دیکھئے کاہ گِل۔

کَہ (کَہہ) (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ فعل) کہنا مصدر سے صیغۂ اَمر۔ مُنہ سے بول۔ بات کر۔ بیان کر (۲) کہنا یا بولنا کا فعل یا عمل۔

کَہ اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) بے سوچے سمجھے کچھ کہہ دینا۔

کَہ بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بُرا بھلا کہنا (۲) فوراً کہنا۔

کَہ دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا (۲) جتا دینا۔ بتا دینا۔ سمجھا دینا (۳) عرض کر دینا۔

کَہ دیں گے (اُر۔ محاورہ) کسی بات کے ٹالنے اور اِنکار کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کہہ ڈالنا (ار۔ محاورہ) بیان کر دینا۔
کہہ سُن کے (ار۔ متعلق فعل) خوشامد کر کے۔
کہہ مُکرنی (ار۔ا۔مث) ایک قسم کی پہیلی جس میں اُس کا جواب بھی ہوتا ہے۔
کہا (کَ۔ہا)(ہ۔فعل)(۱) کہنا کا ماضی (۲)(ہ۔ا۔مذ) بچن۔ سخن۔ قول۔ مقولہ (۳) کہا ہوا کلمہ۔
کہا سُنا (ار۔ا۔مذ)(۱) جُرم۔ تقصیر (۲) گِلہ۔ شکوہ (۳) مُنہ سے نکلا یا کانوں سے سُنا ہوا۔
کہا چاہیئے (ار۔روزمرّہ) کہنا چاہیے۔
کہا سُنا بخشوانا (ار۔ محاورہ) مرتے وقت خطائیں معاف کرانا۔
کہا سُنی (ار۔ا۔مث) لگائی بُجھائی۔ غیبت۔ اِدھر کی اُدھر کہنا۔
کہا کرنا (کہا ماننا) (ار۔ محاورہ) کہنے کے مُطابق کرنا۔ کہنے پر عمل کرنا۔
کہار (کَ۔ہار)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پانی لانے والا۔ مہرہ (۲) ڈولی یا پالکی اُٹھا کر چلنے والا۔ حمّال (۳) برتن مانجھنے والا۔ جمع: کہار۔ کہاروں۔
کہارَن (کَ۔ہا۔رَن)(ہ۔ا۔مث) کہار کی تانیث۔ جمع: کہارنوں۔ کہارنیں۔
کہاری (کَ۔ہا۔ری) (ہ۔ا۔مث) کہاروں کی مزدوری (۲) کہار کی تانیث۔ کہار کی بیوی۔ کہارن۔ جمع: کہاریاں۔ کہاریوں۔
کہاں (کَ۔ہاں)(ہ۔ کلمہ اِستفہام)(۱) کس جگہ؟ کدھر؟ کجا؟ (۲) نہیں۔ کب (۳) دُوری۔ فرقِ عظیم۔
کہاں تک (تلک)؟ (ار۔ متعلق فعل)(۱) کتنی دُور تک؟ (۲) کتنی دیر تک؟ کتنے عرصے تک؟ کب تک؟ تابہ کے؟ (۳) کتنا؟ کس قدر؟
کہاں جاتا ہے (ار۔ محاورہ) کِس جگہ (کِس کے پاس) جاتا ہے (۲) کہاں بچ کے جاتا ہے (۳) ضرور سزا پائے گا۔
کہاں جاؤں! (ار۔ محاورہ) (مایوسی کے عالم میں) کیا علاج کروں۔ کیا تدبیر کروں۔
کہاں راجا بھوج کہاں گنگوا تیلی (کہاں رام رام کہاں ٹیں ٹیں) (ار۔مثل) ادنیٰ کو اعلیٰ سے کیا نسبت۔ کہاں یہ کہاں وہ۔
کہاں سر پھوڑوں! (ار۔ محاورہ) کہاں جاؤں! کیا کروں! کوئی تدبیر بن نہیں آتی۔ عالمِ مجبوری اور ناچاری ہے۔
کہاں سے ٹپک پڑے؟ (ار۔ محاورہ) کدھر سے آ گئے؟ اچانک کہاں سے آ گئے؟
کہاں سے کہاں (ار۔ متعلق فعل)(۱) کدھر سے کدھر (۲) بہت آگے۔ بے ٹھکانے۔ کالے کوسوں۔
کہاں کا (ار۔ کلمہ اِستفہام)(۱) کِس جگہ کا؟ کِس شہر کا؟ (۲) کِس طرف کا؟ (۳) کیسا؟ کِس کام کا؟ کِس مطلب کا؟ (۴) کِس کا؟ (۵) کون سا؟ (۶) کب کا؟ کِس زمانے کا؟
کہاں کا آنا کہاں کا جانا (ار۔ محاورہ) کیسا آنا کیسا جانا۔ کیسی مُلاقات۔ کیا واسطہ۔ قطعی بے تعلّقی کا اِظہار۔
کہاں کی بلا پیچھے لگی (ار۔ محاورہ) کسی بات سے تنگ یا ناراض ہو کر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں کہ کس آفت میں پڑ گئے۔
کہاں کے تیس مار خاں ہیں (ار۔ محاورہ) کہاں کے اِتنے بہادر ہیں۔
کہاں کے ہیں؟ (ار۔ محاورہ) کون سے ملک کے ہیں؟ ایسے کون ہیں؟
کہاں لا کر پھنسایا (ار۔ محاورہ) کِس عذاب میں ڈال دیا! کِس مُصیبت میں مُبتلا کر دیا!
کہاں مر رہا؟ (ار۔ محاورہ) کہاں چلا گیا؟ ابھی تک نہیں آیا؟ کیوں دیر لگا دی؟
کہاں یہ کہاں وہ (ار۔مثل) اِن کا مُقابلہ کیا۔
کہانا (کَ۔ہا۔نا)(ہ۔مص)(۱) مشہور ہونا۔ کہلانا۔ نام رکھا جانا (۲) پیغام دینا۔
کہانت (کَ۔ہا۔نت)(ع۔ا۔مث) غیب کی بات بتانا۔ فال گوئی۔
کہانی (کَ۔ہا۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) حکایت۔ قِصّہ۔ داستان۔ اَفسانہ (۲) ذکر۔ بیان (۳) سرگزشت۔ گُزری ہوئی بات۔ جمع: کہانیاں۔ کہانیوں۔
کہانی جوڑنا (ار۔ محاورہ) اَفسانہ گھڑنا۔ قِصّہ بنانا۔
کہانی کہنا (ار۔ محاورہ) قِصّہ بیان کرنا (۲) حال سُنانا۔
کہانی ہے (ار۔ محاورہ) غلط بات ہے۔ جُھوٹی بات ہے۔ من گھڑت ہے۔
کہاوَت (کَ۔ہا۔وَت)(ہ۔ا۔مث) قول۔ بچن۔ مثل۔ ضربُ المثل۔ جمع: کہاوتوں۔ کہاوتیں۔
کہتے سُنتے (ہ۔ متعلق فعل) ہوتے ہوتے۔ آہستہ آہستہ۔
کہتے سُنتے نہ بنی (ار۔ محاورہ) کچھ جواب نہ بن پڑا۔
کہتے کہتے زبان دبا جانا (ار۔ محاورہ) باتیں کرتے کرتے کسی بات کو ٹال جانا۔
کہتے کے ساتھ ہی (ار۔ متعلق فعل) فوراً۔ حکم سنتے ہی۔ جھٹ پٹ۔ تُرت۔
کہتے کی زبان نہیں پکڑی جاتی (ار۔مثل) کہنے والے کو کوئی روک نہیں سکتا۔
کہتے ہوئے (ہ۔ متعلق فعل) مُنہ سے نکالتے ہوئے۔ زبان پر لاتے ہوئے۔
کہتے ہیں (ار۔روزمرّہ) روایت ہے۔
کُہر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مث) وہ بُخارات جو سردی کے موسم میں صبح اور شام کو دُھندسی پیدا کر دیتے ہیں۔
کُہَر (کَ۔ہَر)(ف۔ا۔مذ) گھوڑے کا ایک خاص رنگ۔ کمیت رنگ۔
کُہرا (کُہ۔را)(ہ۔ا۔مذ) دیکھیے کُہر۔
کُہرام (کُہ۔رام)(ہ۔ا۔مذ) بہت سے لوگوں کا رونا پیٹنا۔ واویلا۔ آہ و نالہ۔ آفت۔ قیامت۔ (سنسکرت لفظ کورام کا بگاڑ)۔
کہرام مچنا (ار۔ محاورہ) ماتم ہونا۔ رونا پیٹنا۔ شور ہونا۔ آفت برپا ہونا۔
کہَروا (کَ۔ہَر۔وا)(ہ۔ا۔مذ) کہاروں کا ناچ اور گانا (۲) وہ گانا جو طوائفیں صبح کے وقت گایا کرتی ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کہف (بفتحہ اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) غار۔ گڑھا۔
کہربا۔ کہ کے تحت دیکھئے۔
کہکشاں۔ کہ کے تحت دیکھئے۔
کہگل۔ کہ کے تحت دیکھئے۔
کہل (کَ۔ہَل)(ع۔ا۔مذ) اُدھیڑ۔ میانہ سال۔ نہ بوڑھا نہ جوان۔
کہلا بھیجنا (ار۔ محاورہ)(ہ۔مص) پیغام بھیجنا۔ بُلا بھیجنا۔
کہلانا (کہ۔لا۔نا)(ہ۔مص)(۱) دُوسرے شخص کی معرفت پیغام دینا (۲) اِقرار لینا (۳) دُوسری دفعہ پڑھوانا (۴) مشہور ہونا (۵) نامزد ہونا۔
کہلوانا (کہل۔وانا)(ہ۔مص) دیکھئے کہلانا نمبر ۱۔۳۔
کہن (کَ۔ہَن)(ہ۔ا۔مث) کہنے کا ڈھنگ۔ طرزِ گفتار (۲) کہاوت۔ قول۔ بچن۔ بات۔ مقولہ۔
کُہن (کُ۔ہَن)(ف۔صف) پُرانا۔ کُہنہ۔ سال خوردہ۔
کُہن سال (ف۔صف) بُڈّھا۔ بوڑھا۔ بڑی عُمر والا۔ معمر۔
کُہن سالی (ف۔ا۔مث) بُڑھاپا۔ پیری۔ ضعیفی۔
کہنا (کہ۔نا)(ہ۔مص)(۱) بیان کرنا۔ زبان پر لانا (۲) کھولنا۔ ظاہر کرنا (۳) اِطلاع دینا۔ خبر کرنا (۴) نام رکھنا (۵) بُرا کہنا۔ گالی دینا (۶) شعر کہنا (۷) سمجھانا۔ نصیحت کرنا (۸) تنبیہ کرنا۔ کان کھولنا (۹)(ہ۔ا۔مذ) مقولہ۔ قول۔ کہاوت (۱۰) ذکر۔ بیان (۱۱) نصیحت۔ پند (۱۲) حُکم۔ اِرشاد۔ فرمان (۱۳) گفتگو۔ بات چیت۔
کہنا بجا لانا (ار۔ محاورہ) حُکم کی تعمیل کرنا۔
کہنا ٹالنا (ار۔ محاورہ) بات نہ ماننا۔
کہنا سننا (ار۔ محاورہ)(۱) بہکانا۔ ورغلانا۔ بہلانا۔ پُھسلانا (۲) گالی گلوچ کرنا۔ بُرا بھلا کہنا (۳) سفارش کرنا (۴)(ار۔ا۔مذ) دخل۔ رسائی۔ پہنچ (۵) حُکم۔ اِختیار۔
کہنا کرنا (کہنا ماننا) (ار۔ محاورہ) حُکم بجا لانا۔ کہنے پر چلنا۔ تعمیلِ اِرشاد کرنا۔ بات ماننا۔
کُہنگی (کُہ۔نَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) پُرانا پن (۲) بُڑھاپا۔ پیری۔
کُہنہ (کُہ۔نہ)(ف۔صف) پُرانا۔ دیرینہ۔ سال خوردہ۔
کُہنہ مشق (ف۔ع۔صف) تجربہ کار۔ مشّاق۔
کُہنی (کُہ۔نی)(ہ۔ا۔مث) کلائی اور بازُو کا جوڑ۔ جمع: کُہنیاں۔ کُہنیوں۔
کُہنی چلانا (مارنا) (ار۔ محاورہ) کُہنی کی ضرب لگانا۔ کُہنی سے ہٹانا۔
کہنے (کہ۔نے)(ہ) کہنا کی مُغیّرہ صورت۔
کہنے پر جانا (عمل کرنا) (ار۔ محاورہ) کہا ماننا۔ کسی کی بات پر عمل کرنا۔
کہنے سکنے میں آجانا (ار۔ محاورہ) لگائی بُجھائی پر عمل کرنا۔
کہنے سے بات پرائی ہو جاتی ہے (ار۔ مثل) مُنہ سے نکالی ہوئی بات پر قابو نہیں رہتا۔
کہنے سے ضِد ہوا ہوتی ہے (ار۔ مثل) آدمی کو جس قدر سمجھاؤ اُسی قدر زیادہ ہٹ کرتا ہے۔
کہنے کو (ار۔ متعلق فعل)(۱) نام کو۔ برائے نام (۲) عیب لگانے یا عیب نکالنے کو۔
کہنے کو بات رہ گئی (ار۔ مثل) وقت نکل گیا۔ شکوہ شکایت اور گِلہ باقی رہ گیا۔
کہنے کو مُنہ میں زبان رکھتے ہیں (ار۔ محاورہ)(۱) سوال کا جواب دے سکتے ہیں۔ جیسا کہو گے ویسا سنو گے (۲) برائے نام زبان ہے۔ گویائی کے قابل نہیں۔
کہنے کی بات نہیں (ار۔ مثل) کہنے کے قابل نہیں۔ کچھ کہا نہیں جا سکتا۔
کہنے کی باتیں ہیں (ار۔ محاورہ) خالی باتیں ہی باتیں ہیں۔ صرف زبانی جمع خرچ ہے۔ عمل میں لانا مشکل ہے۔
کہنے میں (ار۔ متعلق فعل)(۱) مطیع۔ فرماں بردار (۲) قابو میں۔ بس میں۔
کہنے میں آجانا (ار۔ محاورہ) بہکانے میں آجانا۔ دھوکے میں آجانا۔ کسی بات کا اِعتبار کر لینا۔ کہے کا یقین کر لینا۔
کہنے میں ہونا (ار۔ محاورہ) بس میں ہونا۔ اِختیار میں ہونا۔
کُہو (کُ۔ہُو)(ہ۔ا۔مث) کویل کی آواز۔
کہو (کَ۔ہو) مصدر کہنا سے اَمر کا صیغہ۔ بولو۔
کہو دن کی سُنے رات کی (کہو کھیت کی سُنے کھلیان کی) (ار۔ مثل) سوال کچھ جواب کچھ۔ سوال کے برخلاف جواب دینا۔
کہوانا (کہ۔وا۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے کہلوانا۔
کہولت (کُ۔ہُو۔لت)(ع۔ا۔مث) آغازِ پیری۔ بڑھاپے کی شروعات۔
کہوں تو ماں ماری جائے۔ نہ کہوں تو باوا کُتا کھائے (ار۔ مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کسی بات کے کہنے اور نہ کہنے میں دونوں طرح خرابی پیدا ہونے کا ڈر ہو۔
کہی (کَ۔ہی)(ہ۔ا۔مث)(۱) بات (۲) کہا کی تانیث۔
کہی بدی (ہ۔ا۔مث) قول و قرار۔ باہمی عہد و پیان۔
کہی سُنی (ہ۔ا۔مث) لوگوں کا کہنا سُننا۔ ورغلانا۔ بہکانا۔
کہے (کَ۔ہے)(ہ۔فعل) کہا کی مُغیّرہ صورت۔
کہے جانا (ار۔ محاورہ) کوئی بات بار بار کہنا۔
کہے دینا (ار۔ محاورہ) کسی بات سے خبردار کرنا۔
کہے سکنے سے (ار۔ متعلق فعل) سمجھانے بُجھانے سے۔
کہے میں ہونا (ار۔ محاورہ) بس میں ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔
کہیتن (کَ۔ہِتن)(یائے معروف)(ف۔صف) بہت چھوٹا۔
کہیں (کَ۔ہیں)(بیائے معروف)(ہ۔ متعلق فعل)(۱) کسی جگہ۔ جائے۔ جا۔ دُوسری جگہ۔ اور جگہ (۲) کسی طرف۔ کسی جانب (۳) شاید۔ ایسا نہ ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کہیں اور (اَر۔ متعلق فعل) کسی اور جگہ۔ دُوسری جگہ۔

کہیں اوس سے پیاس بُجھتی ہے؟ (اَر۔ مثل) تھوڑی چیز کسی طرح کافی نہیں ہو سکتی۔

کہیں بُوڑھے توتے (طوطے) بھی پڑھتے ہیں؟ (اَر۔ مثل) زیادہ عُمر کا آدمی علم حاصل نہیں کر سکتا۔

کہیں پاؤں رکھتے ہیں کہیں پڑتا ہے (اَر۔ مثل) نشہ یا ضعف کی یہ حالت ہے کہ قدم لڑکھڑاتے ہیں۔

کہیں تِل دھرنے کو جگہ نہیں (اَر۔ مثل) بہت ہجوم ہے۔ بالکل جگہ نہیں۔

کہیں تھوک سے بھی ستّو سَنتے ہیں؟ (اَر۔ مثل) کم خرچ سے بڑا کام نہیں ہوتا۔

کہیں دائی سے پیٹ چُھپتا ہے؟ (اَر۔ مثل) خاص لوگوں سے راز پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

کہیں ڈُوبے بھی ترے ہیں؟ (اَر۔ مثل) بگڑوں کا سنورنا دُشوار ہے۔

کہیں سُنا ہے (اَر۔ مثل) تعجب کی بات ہے۔

کہیں سے (اَر۔ متعلق فعل) کسی جگہ سے۔ کسی مقام سے۔

کہیں سے کہیں (اَر۔ متعلق فعل) دُور دراز۔

کہیں کا کہیں (اَر۔ متعلق فعل) اِظہارِ بُعد و فرقِ عظیم کے موقع پر بولتے ہیں۔ کہاں کا کہاں۔

کہیں کا نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) دین و دُنیا سے جانا۔ کسی کام کا نہ رہنا۔ کسی قابل نہ رہنا۔ محض نکما ہو جانا۔

کہیں کا ہو رہنا (ہو جانا) (اَر۔ محاورہ) کسی جگہ رہ پڑنا۔ جہاں جانا اُسی جگہ کا ہو جانا۔ جا کر واپس نہ جانا۔

کہیں کہیں (اَر۔ متعلق فعل) بہت کم۔ کسی کسی جگہ۔

کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا۔ بھان متی نے کُنبہ جوڑا (اَر۔ مثل) بے میل رشتہ جتانے کے موقع پر بولتے ہیں۔

کہیں گرجیں کہیں برسیں (اَر۔ مثل) ایک کا غُصّہ دُوسرے پر نکالنا۔

کہیں ناخن سے بھی گوشت جُدا ہوا ہے؟ (اَر۔ مثل) اپنوں سے چھوٹنا مشکل ہے۔ رشتہ کسی طرح نہیں چھوٹتا۔ اپنوں سے اپنے نہیں چھوٹ سکتے۔

کہیں نہ کہیں (اَر۔ متعلق فعل) کسی نہ کسی جگہ۔ کسی نہ کسی مقام پر۔

کہیں نہیں (اَر۔ متعلق فعل) کسی جگہ نہیں۔ کسی موقع پر یا مقام پر نہیں۔ بالکل پتا نہیں۔

کہیں ہاتھوں کی لکیریں بھی مٹتی ہیں؟ (اَر۔ مثل) کہیں تقدیر بھی خطا کرتی ہے۔ تقدیر کا لکھا پُورا ہوتا ہے۔

کھ

کھابَدنا (اَر۔ محاورہ) ضبط کرنا۔ خاموش ہو جانا۔ برداشت کرنا۔ جواب نہ دینا۔

کھابڑ (کھا۔ بڑ) (ہ۔ صف) اُونچا نیچا۔ ناہموار۔

کھا بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) رقم دبا لینا۔

کھا پی ڈالنا (اَر۔ محاورہ) کھا جانا (۲) صَرف ہو جانا (۳) تباہ کر دینا۔

کھات (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) وہ مَیلا یا گوہ وغیرہ جسے گڑھا کھود کر دبا رکھتے ہیں اور کچھ عرصے بعد نکال کر کھیتوں میں ڈالتے ہیں۔ قُدرتی کھاد (۲) بوسیدہ اور گلی سڑی چیزیں۔

کھاتا (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) حساب کی کتاب۔ روزنامچہ۔ لیکھا۔ بہی (۲) لین دین۔ جمع: کھاتوں۔ کھاتے (۳) (صف) کھاتا ہوا۔ پیٹ بھرا۔

کھاتا بہی (ہ۔ اِ۔ مث) ہر اَسامی کے لئے علیحدہ حساب کی کتاب۔

کھاتا پڑنا (اَر۔ محاورہ) لین دین شروع ہونا۔

کھاتا پیتا (اَر۔ صف) خوش حال۔ آسُودہ حال۔

کھاتا ڈالنا (اَر۔ محاورہ) کسی سے لین دین جاری کرنا۔

کھاتا کرنا (اَر۔ محاورہ) روزنامچے سے پکّی بہی میں چڑھانا۔

کھاتڑی (کھات۔ ڑی) (ہ۔ اِ۔ مث) دریا کے کنارے کی فصل۔

کھاتگی (کھات۔ گی) (ق۔ اِ۔ مث) کھانا۔ خوراک۔ غذا۔

کھاتی (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) بڑھئی۔ نجّار۔ ہندوؤں کی ایک ذات (۲) کھاتا نمبر ۳ کی تانیث۔

کھاتی پیتی (اَر۔ صف) کھاتا پیتا کی تانیث۔

کھاتے (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کھاتا کی جمع (۲) کھاتا کی مُغیّرہ شکل۔

کھاتے پڑنا (اَر۔ محاورہ) حساب میں درج ہونا۔ روزنامچے سے پکّی بہی میں چڑھنا۔

کھاتے پیتے (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) کھاتا پیتا کی جمع (۲) (متعلق فعل) کھاتا پیتا ہوتے ہوئے بھی۔ خوش حالی کے باوجود۔

کھاتے پیتے لاتیں مارنا (اَر۔ محاورہ) آسُودگی میں بھی قسمت کا شاکی رہنا۔

کھاٹ (ہ۔ اِ۔ مث) چارپائی۔ پلنگڑی۔ جمع: کھاٹوں۔ کھاٹیں۔

کھاٹ پر پڑ کے کھانا (اَر۔ محاورہ) بیماری پر پیسا صرف ہونا۔ بیماری پر لگنا۔

کھاٹ پڑنا (اَر۔ محاورہ) بیمار ہو کر چارپائی پر پڑنا۔ صاحبِ فراش ہونا۔

کھاٹ سے اُتار لینا (اَر۔ محاورہ) قریبِ مرگ آدمی کو چارپائی سے اُتار کر زمین پر ڈال دینا تاکہ مر کر بُھوت نہ بن جائے۔ (ہندوؤں کا اعتقاد)۔

کھاٹ سے لگ جانا (اَر۔ محاورہ) بیمار ہو کر چارپائی پر پڑ جانا۔ بیماری کے باعث بہت کمزور ہو جانا۔

کھاٹ کھٹولا (اَر۔ اِ۔ مذ) اَستر بستر۔ اَنگڑ کھنگڑ۔ مال اَسباب۔ بوریا بستر۔

کھاٹ نکلنا (اَر۔ محاورہ) جنازہ نکلنا۔ اَرتھی نکلنا۔ مرنا۔

کھاج (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) کھجلی۔ خارش (۲) جماع کی خواہش۔

کھاجا (ہ۔ اِ۔ مذ) خوراک۔ غذا (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

کھاجانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہڑپ کر جانا۔ نگل جانا (۲) غبن کرنا۔ مار لینا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

غصّے کی نظر سے دیکھنا۔

کھاد (ہ۔ا۔مث)(۱) دیکھئے کھات (۲) پیشگی جو کاشت کار کو خوراک کے لئے دی جاتی ہے۔ جمع: کھادوں۔ کھادیں۔

کھادَر (کھا۔دَر)(ہ۔ا۔مث) نشیب۔ پست زمین۔ وہ زمین جہاں سیلاب رہے۔

کھادی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے کھدر۔

کھار (ہ۔ا۔مذ)(۱) شور۔ کلر۔ نمک (۲) تجّی۔ کاٹ کرنے والی چیز۔

کھار لگنا (اُر۔ محاورہ) شور لگنا۔ کلر لگنا۔

کھارا (ہ۔صف) شور۔ نمکین۔ کڑوا (۲) (پُورب) کھاس۔ لادی (۳) سرکی کی تیلیوں یا سرکنڈوں کا چوکھوٹا ٹوکرا جس پر دولھا کو پھیروں کے وقت کپڑا ڈال کر بٹھاتے ہیں۔

کھاڑوا (کھار۔وا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ کا موٹا کپڑا۔

کھاری (ہ۔صف) کھارا کی تانیث۔ نمکین۔ شور۔ تلخ۔ کڑوا۔

کھاری پن (ہ۔ا۔مذ) کھاری ہونے کا ذائقہ۔ کھاری ہونے کی کیفیت۔

کھاری کنواں (اُر۔ا۔مذ)(۱) وہ کنواں جس کا پانی نمکین' بدمزہ یا کڑوا ہو (۲)(کنایۃً) بے فیض دولت مند۔ بے مُروّت حاکم۔

کھاری کنوئیں میں ڈال دینا (اُر۔ محاورہ) ضائع کر دینا۔ کھو دینا۔ پھینک دینا۔ فائدے سے ہاتھ اُٹھا لینا۔ بے فائدہ کھو دینا۔

کھارے (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے کھاسی (۲) کھارا کی جمع (۳) کھارا کی مُغیّرہ صورت۔

کھاڑ (کھاڑُو) (ق۔صف) بہت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔

کھاڑی (ہ۔ا۔مث) خلیج۔ پانی کا وہ تنگ قطعہ جو دُور تک خشکی میں چلا گیا ہو۔ جمع: کھاڑیاں۔ کھاڑیوں۔

کھاس (ہ۔ا۔مث) وہ جالی دار بورا جس میں اُپلے یا مٹی کے برتن گدھوں پر لادتے ہیں۔

کھاکر (کھاکھر) (کھا۔کَر)(کھا۔کھر)(ہ۔ا۔مث) دستے دار لکڑی جس میں لوہے کی زنجیریں لگی ہوتی ہیں اور اس سے گھوڑے کو دوڑنے کی مشق کراتے ہیں۔

کھاکر (کے) ڈکار نہ لینا (اُر۔مثل)(۱) پرایا مال بالکل ہضم کر جانا (۲) قرض لے کر نہ دینا۔

کھاکسی (کھاک۔سی)(ہ۔ا۔مث) وہ موٹی موٹی لکیریں یا نشان جو بچّہ جننے کے بعد زچہ کی رانوں اور پیٹ پر پڑ جاتے ہیں۔

کھاگل (اُر۔ تابع فعل) کب تک؟ کہاں تک؟

کھاگ (ہ۔ا۔مذ) گینڈے کا سینگ جو خنجر' پیش قبض اور دستی چھریوں میں لگایا جاتا ہے۔

کھال (ہ۔ا۔مث)(۱) چمڑا۔ چام۔ چرم۔ دھوڑی۔ انسان و حیوان کے جسم کا پوست۔ جلد (۲) موٹکی (۳) پوست۔ چھلکا۔ چھال۔ جمع: کھالوں۔ کھالیں۔

کھال اُپاڑنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے کھال اُدھیڑنا۔

کھال اُتارنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی کے جسم سے پوست جُدا کرنا۔ چمڑی اُدھیڑنا (۲) سزا دینا۔ بدلہ لینا۔

کھال اُدھیڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) پوست اُتارنا (۲) تجّی یا کوڑے سے خوب مارنا۔

کھال اُڑانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے کھال اُتارنا اور کھال اُدھیڑنا۔

کھال بگڑنا (اُر۔ محاورہ) شامت آنا۔ پٹنے کو جی چاہنا۔

کھال کھنچنا (اُر۔ محاورہ) پوست اُترنا۔ چمڑا اُدھڑنا۔

کھال کھنچوانا (اُر۔محاورہ) کھال کھینچنا کا متعدی۔ زندہ انسان کی کھال اُتروانا۔

کھال کھینچنا (اُر۔محاورہ) چمڑا اُدھیڑنا۔ پوست اُتارنا۔ زمانہ قدیم کی سزا جس میں زندہ مُجرم کی کھال اتروا کر اُس میں بھُس بھروا دیا کرتے تھے۔

کھال میں مست ہونا (اُر۔ محاورہ) اپنے حال میں خوش رہنا۔ مگن ہونا۔

کھالا (ہ۔ا۔مذ)(۱) وہ نیچی زمین جس میں بہت سے ندی نالے ہوں (۲) زمین سیراب کرنے کی نالی (۳) غار۔ گڑھا۔ ندی نالے۔

کھالنا (کھال۔نا)(ق۔مص) کراہنا۔

کھالینا (اُر۔محاورہ)(۱) نوش کرنا۔ ہڑپ کر لینا (۲) مار لینا۔

کھام (ق۔ا۔مذ) ستون۔

کھان (ہ۔ا۔مث) دیکھئے کان (معدن)۔

کھان (ق۔ا۔مذ) کھانا۔

کھان پان (ق۔ا۔مذ) کھانا پانی۔

کھانا (ہ۔ا۔مذ)(۱) خوراک۔ طعام۔ بھوجن (۲) دعوت۔ ضیافت۔ مہمانی۔ جمع: کھانوں۔ کھانے (۳)(ہ۔مص) نوش کرنا۔ نگلنا (۴) حلق سے اُتارنا (۵) اُڑانا۔ غبن کرنا (۶) رشوت لینا (۷) فضول خرچی کرنا (۸) سہنا۔ برداشت کرنا (۹) ڈسنا۔ ڈنک مارنا (۱۰) مار ڈالنا۔ قتل کر دینا (۱۱) گلا دینا۔ بوسیدہ کر دینا (۱۲) ستانا (۱۳) برباد کرنا۔ ستیاناس کر دینا (۱۴) پریشان کرنا (۱۵) پٹنا۔ زدوکوب ہونا۔

کھانا اور غرّانا (اُر۔ محاورہ) بلّی کی سی عادت رکھنا۔ اپنے محسن کا احسان فراموش کرنا۔ ایک تو کھانا دُوسرے دھمکانا۔

کھانا پانی حرام کر لینا (اُر۔ محاورہ) کچھ نہ کھانا۔

کھانا بڑھانا (اُر۔ محاورہ) دسترخوان اُٹھانا۔

کھانا پرایا ہے پیٹ تو پرایا نہیں (اُر۔مثل) جب کوئی شخص زیادہ کھائے تو کہتے ہیں کہ کھانا پرایا سہی پیٹ تو تمہارا اپنا ہے۔ زیادہ کھا کر تکلیف اُٹھاؤ گے۔

کھانا پینا (اُر۔ا۔مذ) دانہ پانی۔ آب و خور۔

کھانا پینا لہو کرنا (اُر۔محاورہ) رنج یا غُصّہ دلا کر کھائے پیئے کو خاک میں ملانا۔

کھانا جوڑا (اُر۔ محاورہ) وہ طعام اور دولھا کا بیش قیمت جوڑا جو دُلہن کے گھر سے آتا ہے۔

کھانا چھاتی پر رہنا (اُر۔ محاورہ) کھانا ہضم نہ ہونا۔

کھانا زہر مار کرنا (اُر۔ محاورہ) غصّے میں کھانا۔ مجبوری سے کھانا۔

کھانا کھانا (اُر۔مص مُرکّب) روٹی کھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھانا کھلانا (اُر۔ محاورہ) روٹی کھلانا۔ دعوت دینا۔ ضیافت کرنا۔

کھانا نوش کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) تناول کرنا۔ کھانا کھانا۔

کھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو (ہاتھ یہاں دھو) (اُر۔ مثل) جلد آؤ۔ فوراً چلے آؤ۔ آنے میں دیر نہ کرو۔ جس طرح بیٹھے ہو اُسی طرح چلے آؤ۔

کھانپ (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) پھانک۔ ٹکڑا۔ قاش۔ جمع: کھانپوں۔ کھانپیں۔

کھانچ (کھانچا) (کھاں۔ چا) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) مرغیوں کو بند کرنے کا اُونچا ٹوکرا۔ ٹاپا (۲) چھابا۔ خوان۔ خوانچہ (۳) وقفہ۔ دیر۔ ڈھیل (۴) فرق۔ تاخیر (۵) گڑھا جو سڑک یا راستے میں ہو۔ جمع: کھانچوں۔ کھانچے۔

کھانچا پڑنا (اُر۔ محاورہ) تسلسل میں فرق ہونا۔ وقفہ ہونا۔ ناغہ ہونا۔

کھاندنا (کھاند۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ایک جگہ سے کھود کر دوسری جگہ درخت لگانا (۲) درخت لگانے کے لئے گڑھا کھودنا۔

کھانڈ (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) چینی۔ سفید شکر۔

کھانڈا (کھاں۔ ڈا) (ہ۔ اِ۔ مذ) ایک قسم کی سیدھی دو رُخی یا دو دھاری تلوار۔ تیغہ (۲) مچھلی کا قتلہ (۳) قصائی کا بُغدا۔ جمع: کھانڈوں۔ کھانڈے۔

کھانڈا بجنا (اُر۔ محاورہ) تلوار چلنا۔ شمشیر زنی ہونا۔ جنگ و جدل ہونا۔

کھانڈے (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کھانڈا کی جمع (۲) کھانڈا کی مُغیّرہ صورت۔

کھانڈے کی دھار پر چلنا (اُر۔ محاورہ) خطرناک کام کرنا۔

کھانسنا (کھانس۔ نا) (ہ۔ مص) کھانسی کی آواز نکالنا۔ کھوں کھوں کرنا۔ کھنکارنا۔

کھانسی (کھاں۔ سی) (ہ۔ اِ۔ مث) سُرفہ۔ سُعال۔ کھر کھر۔ کھوں کھوں۔ حلق کا یک لخت سُکڑنا تاکہ بلغم خارج ہو جائے۔

کھانکڑ (کھاں۔ کڑ) (ہ۔ صف) خشک۔ سوکھا ہوا۔ وہ چیز جو بہت خشک ہو گئی ہو۔

کھانکھ (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) خندق۔ کھائی۔

کھانگ (نُون غُنّہ) (ہ۔ اِ۔ مذ) ہاتھی یا سُؤر کے باہر نکلے ہوئے دانت۔

کھانے (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) کھانا کی جمع (۲) کھانا کی مُغیّرہ صورت۔

کھانے کمانے کا ٹھیکرا (اُر۔ اِ۔ مذ) روزی کا وسیلہ (۲) وہ لڑکی جسے رنڈی نے کمانے کے لئے پالا ہو۔ نوچی۔

کھانے کو اُونٹ، کمانے کو مجنوں (کھانے کو شیر کمانے کو بکری) (اُر۔ مثل) کھانے میں سب سے زیادہ اور کمانے میں سب سے کم۔

کھانے کو بسم اللہ، کمانے کو اَستغفِرُاللہ (اُر۔ مثل) کھانے میں چُستی اور کمانے یا کام کاج میں سُستی۔

کھانے کو دوڑنا (اُر۔ محاورہ) کاٹ کھانے کو دوڑنا۔ بدمزاجی سے پیش آنا۔

کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور (اُر۔ مثل) دیکھئے ہاتھی کے دانت۔

کھاؤ (کھا۔ اُو) (ہ۔ صف) پُرخور۔ بہت کھانے والا۔ پیٹو۔ چٹورا (۲) رشوت خور (۳) بہت خرچ کرنے والا۔

کھاؤ اُڑاؤ (اُر۔ صف) فضول خرچ۔ مُسرف۔ چٹورا۔ تن پَرور۔

کھاؤ میت (ہ۔ صف) کھانے پینے کا دوست۔ مطلب کا یار۔ مطلب کا آشنا۔ خود غرض۔

کھائے بکری کی طرح۔ سُوکھے لکڑی کی طرح (اُر۔ مثل) بہت کھا کر دُبلا نظر آنے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

کھائے پر کھایا وہ بھی گنوایا (اُر۔ مثل) زیادہ حرص کرنے والا پہلا جمع جتھا بھی کھو بیٹھتا ہے۔

کھائے جانا (ہ۔ مص مُرکّب) اِس موقع پر بولتے ہیں جب کسی چیز سے بے حد خوف معلوم ہوتا ہو (۲) تقاضا کر کے ستانا۔ تنگ کرنا (۳) لگاتار کھانا۔

کھائیں تو گھی سے نہیں تو جائیں جی سے (اُر۔ مثل) ہو تو اچھا ہو نہیں تو بھوکا مرنا منظور ہے۔

کھائیے من بھاتا پہنئے جگ بھاتا (اُر۔ مثل) جس چیز کو جی چاہے وہ کھانی چاہئے۔ لباس ایسا پہننا چاہئے جو رواج کے مطابق ہو۔

کھایا (ہ۔ صف) (۱) کھایا ہوا (۲) (فعل) کھانا مصدر سے ماضی کا صیغہ۔

کھایا پیا اُگل دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) عُمر بھر کی کمائی پیش کر دینا (۲) قے کر دینا۔

کھایا پیا انگ نہ لگنا (اُر۔ محاورہ) خوراک کا جزو بدن نہ ہونا۔ روز بروز دُبلا اور لاغر ہوتا۔

کھایا پیا نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خوب پیٹنا (۲) ایسی محنت لینا کہ آدمی بے حد تھک جائے۔

کھایا ہوا اُگلنا پڑا (اُر۔ مثل) جو رقم ماری تھی وہ دینی پڑی۔

کھبا (کھب۔ با) (ہ۔ صف) (۱) بایاں۔ اُلٹا۔ چپ (۲) بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ جمع: کھبّوں۔ کھبّے۔

کُھب جانا (کُھبنا) (ہ۔ مص) (۱) گُھس جانا۔ گڑ جانا۔ چُبھ جانا (۲) سَما جانا۔ پسندِ خاطر ہونا (۳) دل نشین ہونا۔

کُھب کُھب (ق۔ صف) خم دار۔

کھبالے (کھ۔ با۔ لے) (ق۔ صف) کھب والے۔ بانکے ترچھے۔

کھبّی (کھب۔ بی) (ہ۔ صف) کھبا کی تانیث۔

کھپاٹا (کھ۔ پا۔ ٹا) (ق۔ اِ۔ مذ) بانس کی تیلی۔

کھپاچ (کھ۔ پاچ) (ہ۔ اِ۔ مث) کھپچی۔ بانس کا ٹکڑا (۲) پھانس (۳) (صف) نہایت دُبلا پتلا آدمی۔ جمع: کھپاچوں۔ کھپاچیں۔

کھپا دینا (کھپانا) (کھ۔ پا۔ دے۔ نا) (کھ۔ پا۔ نا) (ہ۔ مص) برتنا۔ صَرف کرنا۔ کام میں لانا (۲) گھلانا۔ تحلیل کرنا (۳) کام تمام کرنا (۴) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۵) کھونا۔ گنوانا۔ ضائع کرنا (۶) جذب کرنا (۷) سمانا۔ بھرنا۔

کھپت (کھ۔ پت) (ہ۔ اِ۔ مث) صَرف۔ خرچ (۲) گنجائش۔ سمائی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھپٹ (کھپ۔پَٹ)(و۔صف) بوڑھا۔ بوڑھی۔

کھپٹا (کھپ۔ٹا)(و۔ا۔مذ) لکڑی یا اینٹ کا بنایا ہوا ٹکڑا (۲) کچے آم کا خشک کیا ہوا ٹکڑا۔ جمع: کھپٹوں۔ کھپٹے۔

کھپچ (کھ۔پَچ)(و۔ا۔مث) دیکھئے کھپاچ۔

کھپچا (کھپ۔چا)(و۔ا۔مذ) لکڑی کا کف گیر بڑا چمچہ۔

کھپچی (کھپ۔چی)(و۔ا۔مث) گود۔ بغل۔ آغوش۔

کھپچی (کھ۔پَچ۔چی)(و۔ا۔مث)(۱) بانس کا چِرا ہوا ٹکڑا۔ بانس کی تیلی یا تچی (۲)(صف) لاغر۔ دُبلا پتلا۔ دُبلی پتلی۔

کھپر (کھپ۔پَر)(و۔ا۔مذ)(۱) کھوپڑی۔ سر کی ہڈی (۲) تونبی۔ تونبے کا بنا ہوا برتن (۳) خون کی بھینٹ یا قربانی جو دیوتا کو چڑھائی جاتی ہے (۴) کشکول۔

کھپرا (کھپ۔را)(و۔ا۔مذ)(۱) چھال۔ چھلکا۔ پوست (۲) پھانک۔ قاش (۳) مٹی کا ٹھیکرا جو کھپریل پر بچھایا جاتا ہے۔ ٹائل (۴) ایک قسم کا کیڑا جو گیہوں میں پیدا ہو جاتا ہے۔ سُرسُری (۵) چوڑے پھل کا تیر۔ جمع: کھپروں۔ کھپرے۔

کھپری (کھپ۔ری)(و۔ا۔مث) مٹی کا چھوٹا ٹھیکرا (۲) ٹھیکرا جس پر روٹی پکاتے ہیں۔

کھپری مُنہ میں لگانا (اُر۔محاورہ) تہمت لگانا۔ رُسوا کرنا۔

کھپریل (کھپ۔رَیل)(و۔ا۔مث) کھپروں سے چھائی ہوئی چھت۔ جمع: کھپریلوں۔ کھپریلیں۔

کھپ کھپاٹ (ق۔ا۔مث)(۱) غصہ (۲) رَشک۔

کھپلا (کھپ۔لا)(و۔ا۔مذ)(۱) دیکھئے کھپٹا (۲) کھرنڈ۔

کھپنا (کھپ۔نا)(و۔مص)(۱) صَرف ہونا۔ خرچ میں آنا (۲) سمانا۔ اَٹنا۔ کسی چیز کا کسی چیز کے اندر آجانا (۳) جذب ہونا۔ سوکھنا۔ خشک ہونا (۴) بکنا ہونا۔ فروخت ہو جانا (۵) گھلنا۔ تحلیل ہونا (۶) کام آنا۔ مارا جانا (۷) سمائی ہونا۔ گور ہونا۔

کھتا (کھت۔تا)(و۔ا۔مذ)(۱) وہ گڑھا جس میں غلّہ بھر کر رکھتے ہیں۔ کھتی (۲) ذخیرہ۔ ڈھیر (۳) خزانہ۔ گنجینہ۔ جمع: کھتوں۔ کھتے۔

کھترا (کھت۔را)(و۔ا۔مذ)(۱) کونا۔ گوشہ (۲)(اُر۔صف) جس کے مُنہ پر چیچک کے داغ ہوں۔ جمع: کھتروں۔ کھترے۔ مؤنث کے لئے کھتری۔

کھترانی (کھت۔را۔نی)(و۔ا۔مث)(۱) کھتری کی تانیث۔ کھتری کی جورُو (۲) کھتری ذات کی عورت۔

کھترما (کھت۔رَم۔ما)(و۔ا۔مذ) کھتریوں کی برادری۔

کھتری (کھت۔ری)(و۔ا۔مذ) ہندوؤں کی چار بڑی ذاتوں میں سے دُوسرے درجے کی ذات۔ (برہمن کے بعد) کشتری۔ جمع: کھتری۔ کھتریوں۔

کھتونی (کھ۔تو۔نی)(و۔ا۔مث) گاؤں کی زمین کے حساب کتاب مع کیفیت تقسیم وغیرہ کا کاغذ۔

کھتونی عام (اُر۔ا۔مث) ایک کتاب جس میں سیاہے کی ہر رقم درج ہوتی ہے اور پٹواریوں کے پاس رہتی ہے۔

کھتی (کھت۔تی)(و۔ا۔مث) کھتا کی تصغیر۔

کھتی (کھت۔تی)(و۔ا۔مث) روپے پیسے جمع کرنے کی گولک (۲) خزانہ۔ دولت۔

کھتیانا (کھت۔یا۔نا)(و۔مص) روزنامچے سے نکال کر کھاتے میں چڑھانا۔ کھاتے میں جمع کرنا۔

کھٹ (بفتحہ اوّل)(و۔ا۔مث) چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔

کھٹ پٹ (اُر۔ا۔مث) جلد جلد چلنے کی آواز (۲) متواتر ٹکرانے کی آواز (۳) لڑائی بھڑائی۔ اَن بَن۔ ناچاقی۔

کھٹ پٹ کرنا (اُر۔محاورہ) فتنہ وفساد برپا کرنا۔

کھٹ پٹ ہونا (اُر۔محاورہ) لڑائی جھگڑا ہونا۔ اَن بَن ہونا۔

کھٹ سے (اُر۔متعلق فعل) فوراً۔

کھٹ کھٹ (اُر۔ا۔مث)(۱) دو چیزوں کے باہم ٹکرانے ٹوٹنے جانے یا بجنے کی آواز۔

کھٹ (بفتحہ اوّل)(و۔صف) کھٹا کا مخفف۔

کھٹ مٹھا (اُر۔صف) کچھ کھٹا کچھ میٹھا۔

کھٹ (بفتح اوّل)(و۔ا۔مث) کھاٹ کا مخفف۔

کھٹ بُنا (اُر۔ا۔مذ) چارپائی بُننے والا۔

کھٹ (بفتحہ اوّل)(س۔صف) چھ۔ شش۔

کھٹ راگ (کھٹراگ)(س۔ا۔مذ)(۱) چھ راگ: بھیروں۔ مالکوس۔ سری۔ میگھ۔ ہنڈول۔ دیپک (۲) وہ راگ جس میں یہ سب راگ شامل ہوں (۳)(مجازاً) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔ عذاب۔

کھٹ راگ میں پڑنا (اُر۔محاورہ) بکھیڑے میں پڑنا۔ فضول اور بے سُود کام میں پھنسنا۔ جھمیلے میں پڑنا۔ جنجال میں پڑنا۔

کھٹ (بضم اوّل)(و۔ا۔مث)(۱) کسی چیز کے ٹھُکنے کی آواز۔ کھٹکا (۲) بچوں کے پاری توڑنے یا کُٹی کرنے کی آواز۔ دیکھئے کُٹ۔

کھٹ بڑھئی (و۔ا۔مث) کٹھ پھوڑا۔ ایک لمبی چونچ والا پرندہ جو درخت میں سُوراخ کر کے کیڑے کھاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھٹا (کھٹ۔ٹا)(و۔ا۔مذ)(۱) ایک ترش پھل۔ گلگل (۲)(صف) ترش۔

کھٹا چوک (چوٹا) (ا۔صف) نہایت ترش۔ بہت کھٹا۔

کھٹا کھا رہنا (ا۔محاورہ) کسی سے ناراضی ہونا۔ خفا ہونا۔

کھٹا میٹھا (ا۔صف) کچھ ترش کچھ شیریں۔ کھٹ مٹھا۔

کھٹا میٹھا ہونا (ا۔محاورہ)(۱) دل للچانا۔ لالچ ہونا۔ منہ میں پانی بھر آنا (۲) شکر رنجی ہونا۔ اَن بَن ہونا۔

کھٹا ہو جانا (کھٹا ہونا) (ا۔محاورہ)(۱) ترش ہو جانا (۲) اچار کا تیار ہو جانا (۳) سڑ جانا (۴) بیزار اور متنفر ہو جانا۔

کھٹا پٹ (کھ۔ٹا۔پَٹ)(و۔ا۔مث)(۱) اَن بَن۔ لڑائی۔ تکرار۔ ناراضی۔ ناچاقی (۲) ہتھیاروں یا کسی چیز کے متواتر ٹکرانے کی آواز۔

کھٹا پٹی (کھ۔ٹا۔پ۔ٹی)(و۔ا۔مث) ہتھیاروں کا باہم ٹکرانا (۲) لڑائی جھگڑا۔ تکرار۔ بگاڑ۔ ناموافقت۔

کھٹا پٹی ہونا (ا۔محاورہ) اَن بَن ہونا۔ ناموافقت ہونا۔ رنجش ہونا۔ لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ شکر رنجی ہونا۔

کھٹاس (کھ۔ٹاس)(و۔ا۔مث)(۱) ترشی۔ کھٹائی (۲) خفگی۔ ناراضی۔ بدمزگی۔ کلفت۔

کھٹاس (کھٹ۔ٹاس)(و۔ا۔مذ) ایک قسم کا نیولا۔ مشک بلاؤ۔

کھٹاک (کھ۔ٹاک) دیکھئے کھٹاکا۔

کھٹاک سے (ا۔متعلق فعل)(۱) فوراً (۲) آواز کے ساتھ۔

کھٹاکا (کھ۔ٹا۔کا)(و۔ا۔مذ) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز۔ گرنے یا ٹوٹنے کی آواز۔ کھڑکا۔

کھٹائی (کھ۔ٹا۔ای)(و۔ا۔مث)(۱) ترشی۔ کھاس۔ کھٹا پن (۲) کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں۔ اچور۔

کھٹائی کھانا (ا۔محاورہ)(۱) ترشی کھانا (۲)(صف) ترشی سے رغبت رکھنے والا۔ کھٹائی کا عادی (۳)(مجازاً) وہ بھڑوا جو کسی نوچی کی کمائی کھائے (۴) نامرد۔ ہیجڑا۔ کر کا ڈھیلا (۵) بے غیرت۔

کھٹائی میں پڑنا (ا۔محاورہ)(۱) زیور کو صاف کرنے کے لئے ترشی میں ڈالا جانا (۲) بکھیڑے میں پڑنا (۳) وعدہ وعید میں پڑنا (۴) دیر لگنا۔ توقف کرنا۔

کھٹائی میں ڈالنا (ا۔محاورہ)(۱) زیور کو ترشی میں ڈالنا (۲) ٹال مٹول کرنا (۳) وعدہ وعید کرنا (۴) دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ملتوی کرنا۔

کھٹائی (کھ۔ٹا۔ای)(و۔ا۔مث)(۱) کھوٹا پن۔ کھوٹ (۲) عیب۔ برائی۔ نقص (۳) قصور (۴) بدی (۵) بدسلوکی (۶) دغا۔ فریب۔

کھٹک (کھ۔ٹک)(و۔ا۔مث) خلش۔ چبھن (۲) ٹیس (۳) رنج و غم۔

کھٹکتے رہنا (ا۔محاورہ) چبھتا رہنا (۲) بچے رہنا۔ الگ الگ رہنا۔

کھٹک جانا (ا۔محاورہ) چبھ جانا۔ اثر کر جانا (۲) ناگوار گزرنا۔ برا لگنا (۳) اُچٹ جانا۔ اُکھڑ جانا (۴) بگڑ جانا۔ درستی میں فرق آ جانا۔

کھٹکا (کھٹ۔کا)(و۔ا۔مذ) کسی چیز کے ٹکرانے یا گرنے کی خفیف آواز۔ کھڑکا۔ آہٹ (۲) خلش۔ چبھن (۳) بانس کا وہ ٹکڑا جو درختوں میں جانوروں کو ڈرانے کے لئے باندھ دیتے ہیں اور اُسے ہلاتے رہتے ہیں (۴) چٹخنی (۵) ٹِک۔ کانٹا (۶) سُریلی آواز کا وہ جھٹکا جس سے دل پر چوٹ لگتی ہے (۷) خوف۔ خطرہ۔ ڈر۔ اندیشہ۔ تردُّد (۸) شک وشبہ۔ جمع: کھٹکوں۔ کھٹکے۔

کھٹکا لگا رہنا (ا۔محاورہ) فکر و تشویش رہنا۔ اندیشہ اور دغدغہ لگا رہنا۔ خطرے میں جان رہنا۔

کھٹکا لگنا (ا۔محاورہ) اندیشہ ہونا۔ چنتا ہونا۔ فکر رہنا۔ تشویش رہنا۔

کھٹکا گزرنا (ا۔محاورہ) اندیشہ ہونا۔

کھٹکا مٹنا (ا۔محاورہ) اندیشہ دُور ہونا۔ فکر رفع ہونا۔

کھٹکا ہونا (ا۔محاورہ) آہٹ ہونا۔ کھڑکا ہونا (۲) فکر ہونا۔ سوچ ہونا (۳) خوف ہونا۔ اندیشہ ہونا۔

کُھٹکار (کھٹ۔کار)(و۔ا۔مث) آواز جو مچھلی پکڑنے کی چھڑی کو جنبش دینے سے ہوتی ہے۔

کُھٹکارنا (کھٹ۔کار۔نا)(و۔مص) مچھلی کا شست کو جنبش دینا۔

کھٹکانا (کھٹ۔کا۔نا)(ق۔مص) کھڑکانا۔

کھٹکتے رہنا (کھ۔ٹک۔تے۔رہ۔نا)(و۔مص) الگ الگ رہنا۔ بچے بچے رہنا۔ بچتے رہنا۔ کنارہ کش رہنا۔

کھٹکنا (کھ۔ٹک۔نا)(و۔مص)(۱) چبھنا۔ گُھبنا۔ خلش ہونا (۲) درد کرنا۔ ٹیس مارنا (۳) رڑکنا (۴) برا لگنا۔ گراں گزرنا (۵) کھڑکنا۔ بجنا (۶) لڑائی ہونا۔ بگڑنا (۷) اُچٹنا۔ کنارہ کش ہونا۔ بیزار ہونا (۸) خائف ہونا۔ ڈرنا۔ دہلنا۔ کنیانا۔ بدکنا۔ چونکنا (۹) تردُّد اور اندیشہ کرنا (۱۰) دل پر اثر کرنا (۱۱) بھلا لگنا۔ گُھبنا۔

کُھٹکنا (کھ۔ٹک۔نا)(و۔مص) پرند کے بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا (۲) چھلکا اتارنا (خربوزے، تربوز، چلغوزے کے بیج کو دانتوں سے دبا کر)۔

کھٹکھٹا (کھٹ۔کھ۔ٹا)(و۔ا۔مذ)(۱) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ جھمیلا (۲) کام۔ دھندا۔

کھٹکھٹانا (کھٹ۔کھ۔ٹا۔نا)(و۔مص) کھڑکھڑانا۔ دستک دینا۔

کِھٹکِھٹی (کھٹ۔کھ۔ٹی)(و۔ا۔مث) ہنسی۔ کھلکھلی۔ قہقہہ۔

کِھٹکِھٹی مار کر ہنسنا (ا۔محاورہ) قہقہہ مار کر ہنسنا۔

کُھٹکی (کھٹ۔کی)(و۔ا۔مث) ڈور کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹ جانے کے قابل کر دینا۔

کُھٹکی لگانا (ا۔ا۔مذ) ڈور کو دانت سے کاٹ دینا۔ ڈور میں دانتوں سے نشان ڈال دینا۔

کھٹلا (کھٹ۔لا)(و۔ا۔مذ) نااتفاقی۔ لڑائی جھگڑا (۲) رکاوٹ (۳) چیزیں جو قبضے یا ملکیت میں ہوں (۴) مال واسباب (۵) سامانِ سفر (۶) سامانِ خانہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

داری (۷) محنت مشقّت (۸) کام دھندا (۹) مُشکل کام (۱۰) معاملہ۔ مُقدمہ۔

کھٹلے (کھٹ۔ لے) (و۔ا۔مذ) کان کے اُوپر کے سُوراخ جو عورتیں زیور پہننے کے لئے چھدواتی ہیں۔

کھٹمل (کھٹ۔مَل) (و۔ا۔مذ) ایک سیاہی مائل سُرخ رنگ کا کیڑا جو چارپائی میں پیدا ہو جاتا ہے اور آدمی کا خون چُوستا ہے۔

کھٹنا (کھٹ۔نا) (و۔مص) کمانا۔ حاصل کرنا (۲) رُکنا (۳) کھڑا ہونا (۴) بات پر اڑا رہنا۔

کھٹو (کھٹ۔ٹو) (و۔صف) کماؤ۔ کمانے والا۔ محنتی۔

کھٹوائی پٹوائی (کھٹ۔وا۔ئی۔پٹ۔وا۔ئی) (و۔ا۔مث) دیکھئے اٹوائی کھٹوائی۔

کھٹولا (کھ۔ٹو۔لا) (و۔ا۔مذ) (۱) چھوٹا پلنگ (۲) پالنا۔ جھولنا۔ پنگوڑا۔ جمع: کھٹولوں۔ کھٹولے۔

کھٹولی (کھ۔ٹو۔لی) (و۔ا۔مث) چھوٹی سی چارپائی۔ کھٹیا۔

کھٹی (کھٹ۔ٹی) (و۔صف) کھٹا کی تانیث۔

کھٹی چھاچھ سے بھی گئے (ار۔مثل) کچھ فائدے کی اُمید تھی وہ بھی جاتی رہی۔

کھٹی میٹھی باتیں سُننا (ار۔محاورہ) بُری بھلی باتوں کو برداشت کرنا۔

کھٹے (کھٹ۔ٹے) (و۔صف۔ ۔مذ) کھٹا کی جمع (۲) کھٹا کی مُغیّرہ صورت۔

کھٹے میٹھے دِن (ار۔ا۔مذ) (۱) بُرے دِن (۲) حمل کا زمانہ۔

کھٹیا (کھٹ۔یا) (و۔ا۔مث) (۱) کھاٹ کی تصغیر۔ چھوٹی کھاٹ۔ پلنگڑی۔ چارپائی (۲) (مجازاً) اَرتھی۔ تابوت۔ جنازہ۔

کھٹیا پر بیٹھ کر کھانا (ار۔محاورہ) (۱) بیمار پڑ کر کھانا (۲) (بددُعا) بیماری میں صرف ہونا۔

کھٹیا نکلنا (ار۔محاورہ) اَرتھی نکلنا۔ جنازہ نکلنا۔

کھٹیک (کھ۔ٹیک) (یائے معروف) (و۔ا۔مذ) (۱) چمڑا رنگنے والا (۲) ہندوؤں کی ایک ذات جس کا پیشہ عموماً ہر قسم کے جانور پالنا ہے۔ اہیر۔

کھج (بکسرِ اوّل) (و۔ا۔مث) رنجیدگی۔ ملال۔ رنج۔ خفگی۔ ناراضی۔

کھجانا (کھ۔جا۔نا) (و۔مص) چڑانا۔ چھیڑنا۔ جلانا۔ ناراض کرنا۔

کھجانا (کھجلانا) (کھ۔جا۔نا) (کھج۔لا۔نا) (و۔مص) سہلانا۔ ناخن سے کھرچنا (۲) خارش ہونا۔ چُل ہونا۔ کھجلی ہونا (۳) (تحقیراً) سراہنا۔ تعریف کرنا۔

کھجلا (کھج۔لا) (و۔ا۔مذ) میدے کی بڑی پوری جس میں کئی پرت ہوتے ہیں۔ خطائی۔

کھجلاہٹ (کھج۔لا۔ہٹ) (و۔ا۔مث) خارش۔ کھجلی۔ چُل۔

کھجلی (کھج۔لی) (و۔ا۔مث) خارش۔ کھاج۔ خارشت۔ چُل۔

کھجلی اُٹھنا (ار۔محاورہ) (۱) خارش ہونا۔ چُل اُٹھنا (۲) پٹنے یا مار کھانے کو جی چاہنا (۳) خواہش جماع کا زور کرنا۔

کھجور (کھ۔جُور) (و۔ا۔مث) (۱) خُرما۔ ایک پھل اور اُس کا درخت جو جزائر کنیری سے لے کر جنوبی افریقہ اور ایشیا کے جنوبی ساحل سے لے کر پاک و ہند تک پایا جاتا ہے (۲) ایک قسم کی مٹھائی جس میں کھجور کی مانند نشان ڈال کر تلتے ہیں۔ جمع: کھجوروں۔ کھجوریں۔

کھجور چھڑی (و۔ا۔مث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں کھجور کی ٹہنیوں کے مُشابہ چھڑیاں بنی ہوتی ہیں۔

کھجورا (کھ۔جو۔را) نر کھجور جس میں پھل نہیں لگتا (۲) (صف) پلیٹیں پڑا ہوا۔ گُندھا ہوا۔

کھجوری (کھ۔جو۔ری) (و۔صف) کھجور سے منسوب۔ کھجور کی وضع کا۔ کھجور کی ٹہنی یا درخت کی مانند۔

کھجوری چوٹی (و۔ا۔مث) لہردار مضبوط گُندھے ہوئے بال۔

کھچا (کھ۔چا) (و۔صف) (۱) تنا ہوا۔ کسا ہوا۔ جکڑا ہوا (۲) کشیدہ۔ ناراض (۳) گراں۔ مہنگا (۴) (فعل) مصدر کھچنا کی ماضی۔

کھچا جانا (ار۔محاورہ) (۱) گراں ہونا۔ بھاؤ چڑھتا جانا (۲) کشش کے سبب کسی طرف چلا جانا۔

کھچا چلا آنا (ار۔محاورہ) کشش سے چلا آنا (۲) مال کا تیزی سے چلا آنا۔

کھچا رہنا (ار۔محاورہ) (۱) الگ رہنا۔ دُور دُور رہنا (۲) رُکا رہنا (۳) آزردہ رہنا۔ کشیدہ رہنا۔

کھچا کھچا (ار۔صف) ناراض۔ کشیدہ خاطر۔

کَھچا (کھ۔چا) (و۔صف) (۱) مِلا ہوا۔ جُڑا ہوا۔ خلط ملط (۲) جُڑا ہوا (جواہرات) (۳) ٹھُنسا ہوا۔

کَھچا کَھچ (کھ۔چا۔کھچ) (ار۔صف) خُوب بھرا ہوا (۲) بکثرت۔ کثرت سے۔

کھچاوٹ (کھ۔چا۔وٹ) (و۔ا۔مث) (۱) تناوٹ۔ کساوٹ (۲) کشش۔ جذب (۳) رُکاوٹ۔ کشیدگی۔ اِنقباض۔

کھچاؤ (کھ۔چا۔او) (و۔ا۔مذ) تناؤ۔ کساؤ۔ کھچاوٹ۔ کشیدگی۔ کشش۔

کھچائی (کھ۔چا۔ای) (و۔ا۔مث) (۱) دیکھئے کھچاوٹ (۲) کھینچنے کی اُجرت۔

کھچ جانا (کھچ۔جا۔نا) (و۔مص) (۱) تن جانا۔ کسا جانا۔ کشیدہ ہو جانا (۲) (محاورہ) آزردہ ہو جانا۔ خفا ہو کر ترکِ مُلاقات کرنا (۳) کنارہ کش ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھچڑا (کھچ۔ڑا)(اِ۔ مذ) نمکین کھانا جس میں گیہوں اور تمام دالیں ڈال کر عشرۂ محرم میں پکاتے ہیں۔

کھچڑی (کھچ۔ڑی)(اِ۔ مث)(۱) ایک خوراک جو دال اور چاول ملا کر پکاتے ہیں (۲) بیری کا پھول (۳) ملی جلی اشرفیاں اور روپے (۴) خفیہ صلاح مشورہ (۵) سیاہ اور سفید بال (۶) ہندوؤں کا ایک تہوار (۷) ناچ کی ایک سائی (۸)(صف) خلط ملط۔ ملا جلا۔

کھچڑی آنا (اِ۔ محاورہ) بیری کے درخت میں پھول آنا (۲) چھٹی کے روز زچہ کے لئے میکے سے کھچڑی آنا۔

کھچڑی پکانا (اِ۔ محاورہ) دال اور چاول ملا کر پکانا (۲) خفیہ صلاح مشورہ کرنا۔ سازش کرنا۔

کھچڑی پکنا (اِ۔ محاورہ) کسی کام کے متعلق خفیہ صلاح مشورہ ہونا۔ کھسر پھسر ہونا۔ چپکے چپکے چرچا ہونا۔

کھچڑی پکے کھدبد کھوں (اِ۔ مثل) فضول اور احمقانہ حرکت۔

کھچڑی ڈاڑھی (اِ۔ مث) وہ ڈاڑھی جس میں کچھ سیاہ اور کچھ سفید بال ہوں۔

کھچڑی کھاتے پہنچا اترنا (اِ۔ محاورہ) ناحق جھوٹی نزاکت جتانا۔ کمال نازک ہونا۔

کھچڑی ہو جانا (اِ۔ محاورہ)(۱) بالوں کا سیاہ اور سفید ہو جانا (۲) گڈمڈ ہو جانا۔ مل جل جانا۔

کھچ کھچ (اِ۔ مث) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

کھچ کے ملنا (اِ۔ محاورہ) صاف دلی سے نہ ملنا۔ آزردہ ہونا۔

کھچم کھچا (کھچ۔ چم۔ کھچ۔ چا) دھکا پیل۔ کشاکش۔ زیادہ آدمیوں کا ایک ہی چیز کو اپنی طرف کھینچنا۔

کھچنا (کھنچنا)(کچ۔ نا)(کھنچ۔ نا)(اِ۔ مص)(۱) کسا جانا۔ تننا (۲) کھسلنا (۳)(محاورہ) کنارہ کش ہونا (۴) عرق نکلنا (۵) عرصہ لگنا۔ طول پکڑنا (۶) اترنا۔ نقل ہونا (۷) گراں ہونا۔ مہنگا ہونا (۸) کشش ہونا۔

کھچوانا (کھچ۔ وا۔ نا)(اِ۔ مص) کھچنا کا متعدی۔

کھدانا (کھد۔ دا۔ نا)(اِ۔ مذ) وہ گڑھا جہاں سے چکنی مٹی کھودتے ہیں۔

کھدائی (کھد۔ دا۔ ای)(۱) کھودنے کا فعل (۲) کھدوانے کی اُجرت (۳) کندہ کاری۔

کھدبد (کھد۔ بد)(اِ۔ مث) کسی اناج کے اُبلنے کی آواز۔ پکنے کا شور۔

کھدبدانا (کھد۔ ب۔ دا۔ نا)(اِ۔ مص) اُبلنا۔ پکنا۔ کھولنا۔

کھدر (کھد۔ در)(اِ۔ مذ)(۱) موٹا کھردرا سفید دیسی کپڑا (۲)(صف) موٹا۔ کھردرا۔

کھدرا (کھد۔ را)(اِ۔ صف) کھردرا۔ ناہموار۔ اُونچا نیچا۔

کھدڑنا (کھد۔ دڑ۔ نا)(ق۔ مص) ہانکنا۔

کھدنا (کھد۔ نا)(اِ۔ مص)(۱) کندہ ہونا۔ کھودا جانا۔ نقش کیا جانا (۲) اُکھڑنا۔ مسمار ہونا۔ جڑ سے نکلنا۔

کھدنی (کھد۔ نی)(اِ۔ مث)(۱) کھدائی (۲) دولت کی تلاش میں زمین کھودنا (۳) جستجو۔ تلاش۔

کھدنی کرنا (اِ۔ محاورہ)(۱) خزانے کی تلاش میں زمین کھودنا (۲) چوری کا پتا چلانے کے لئے کھدائی کرنا۔

کھدوانا (کھد۔ وا۔ نا)(اِ۔ محاورہ) کھودنا کا متعدی المتعدی (۱) کندہ کرانا۔ نقش کرانا (۲) جڑ سے نکلوانا (۳) مسمار کرانا۔

کھدوائی (کھد۔ وا۔ ای)(اِ۔ مث) کھدوانے کی اُجرت۔ نیز دیکھئے کھدائی۔

کھدیا (کھد۔ یا)(اِ۔ مث) بھوک۔ اِشتہا۔

کھدیڑ (کھ۔ دیڑ)(فتح اوّل و یائے مجہول)(اِ۔ مث) تعاقب۔ پیچھا۔

کھدیڑنا (کھ۔ دیڑ۔ نا)(اِ۔ مص)(۱) تعاقب کرنا۔ پیچھا کرنا (۲) نکالنا۔ بھگانا۔ باہر کرنا۔

کھڈ (بفتحہ اوّل)(اِ۔ مذ)(۱) دو پہاڑوں کے بیچ کی گہرائی یا میدان۔ درہ (۲) خندق۔ کھائی۔ گڑھا۔ غار۔ جمع: کھڈ۔ کھڈوں۔

کھڈا (کھڈ۔ ڈا)(اِ۔ مذ) گڑھا۔ غار (۲) وہ گڑھا جو ہنستے وقت گال میں پڑ جاتا ہے۔ چاہِ غبغب (۳) گھٹنے کا گڑھا (۴) دندانہ (۵)(صف) کھوکھلا۔ خمیدہ۔ جمع: کھڈوں۔ کھڈے۔

کھڈا (ق۔ اِ۔ مذ) سُوراخ۔ چھید۔

کھڈی (کھڈ۔ ڈی)(اِ۔ مث) جولاہوں کے کام کرنے کا گڑھا۔ جمع: کھڈیاں۔ کھڈیوں۔

کھڈی (کھڈ۔ ڈی)(اِ۔ مث)(۱) قدمچہ۔ اینٹوں یا پتھروں کا وہ چولہا سا جس پر بیٹھ کر پاخانہ پھرتے ہیں (۲) دانتوں کا سُوراخ۔ رخنہ (۳) وہ جگہ جو دانت کے نکل جانے سے خالی ہو جاتی ہے۔ جمع: کھڈیاں۔ کھڈیوں۔

کھر (اِ۔ مذ) گائے بکری اور ہرن وغیرہ کے چرے ہوئے پاؤں۔ جو پاؤں چرے ہوئے نہیں ہوتے انہیں سُم کہتے ہیں۔ جمع: کھر۔ کھروں۔

کھر بندی (اِ۔ مذ) مویشیوں کی نعل بندی۔

کھرپکا (اِ۔ مذ) مویشیوں کی ایک بیماری جس میں اُن کے کھر زخمی ہو جاتے ہیں۔

کھر کھوج (اِ۔ مذ) نشان۔ سُراغ۔ پتا۔

کھرتار (تال)(اِ۔ مث) کھروں کی آواز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھر (بالضم) (و۔ا۔مث) کھانسی کی آواز۔

کھر کھانسی۔ تیری دائی کے گلے میں پھانسی (اَر۔ فقرہ) ایک مشہور فقرہ جو عورتیں بچے کو کھانسی کی تکلیف یا کھانستے وقت بہلانے کے واسطے زبان پر لاتی ہیں۔

کھر کھر کرنا (اَر۔ محاورہ) کھانسنا۔

کھرا (کھ۔را) (و۔صف) (۱) خالص۔ زرِ خالص۔ بے ملاوٹ (۲) اچھا۔ عمدہ۔ خوب (۳) صاف۔ سچا۔ خوش معاملہ (۴) صاف گو۔ کسی کا پاس اور لحاظ نہ کرنے والا (۵) نقد۔

کھرا پَن (و۔ا۔مذ) (۱) صفائی۔ خوش معاملگی (۲) خوبی۔ عمدگی (۳) دیانت داری۔ ایمان داری (۴) سچائی۔ صداقت (۵) صاف گوئی۔

کھرا پَن بگھارنا (اَر۔ محاورہ) صاف اور خوش معاملہ ہونے کا دعویٰ کرنا۔

کھرا کرنا (اَر۔ محاورہ) پرکھنا۔ چٹکی لگانا۔ نیز دیکھئے کھرے کرنا۔

کھرا کھوٹا (اَر۔ صف) بُرا بھلا۔ ایسا ویسا۔

کھرا کھوٹا پرکھنا (اَر۔ محاورہ) بُرے بھلے کی آزمائش کرنا۔ اچھے بُرے کو آزمانا۔

کھرا کھوٹا ہونا (اَر۔ محاورہ) نیت بگڑنا۔ نیت میں فرق آنا۔

کھرا کھیل (اَر۔ا۔مذ) (۱) خوش معاملگی۔ معاملے کی صفائی (۲) (متعلق فعل) جلد۔ فوراً۔

کھرا کھیل فرخ آبادی (اَر۔ا۔مذ) چونکہ فرخ آباد کا روپیہ کھرا مانا جاتا تھا اِس لئے خوش معاملگی کے معنی میں بولتے ہیں یعنی خوش معاملگی اچھی ہے۔

کُھرا (کھ۔را) (و۔ا۔مذ) (۱) کھر۔ ایڑی (۲) پاؤں کا نشان جو زمین پر پڑ جاتا ہے (۳) سُراغ۔ کھوج (۴) وہ پختہ جگہ جہاں کپڑے دھوتے اور برتن صاف کرتے ہیں۔ جمع: کھروں۔ کھرے۔

کَھرّا (کھر۔را) (و۔ا۔مذ) (۱) مسودہ۔ کچا حساب کتاب (۲) طول طویل خط۔

کُھرّا (کھر۔را) (و۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا اوزار جس سے کپڑے چھپتے اور اُن میں چُنٹ ڈالتے ہیں (۲) کھنگر۔ کھنگری۔ ایک مسالے کا نام جس سے چھاپنے کے ٹھپّے سے حروف مٹاتے ہیں (۳) (صف) دُرشت۔ سخت (۴) بدمزاج۔ اکھڑ (۵) بچھونے کے بغیر پلنگ یا تخت (۶) کھردرا۔ اُونچا نیچا۔

کھرائند (کھراہند) (نون غنہ) (و۔ا۔مث) پیشاب کی بدبو۔ بُری بُو۔

کھرب (کھرب) (کھ۔رب) (س۔ صف۔ و۔ا۔مذ) سو ارب۔ دس ہزار ملین۔

کھرپا (و۔ا۔مذ) (۱) کھڑاؤں (۲) بغل سے دامن تک کپڑے کی سیون۔

کُھرپا (کھر۔پا) (و۔ا۔مذ) (۱) گھاس کھودنے کا آلہ (بڑا) رمبا (۲) (مجازاً) کندۂ ناتراش۔ احمق۔ کاٹھ کا اُلّو۔ جمع: کھرپوں۔ کھرپے۔

کھرپا جالی سنبھالنا (اَر۔ محاورہ) گھاس کھودنے جانا۔ سائیسی کرنا۔

کُھرپی (کُھر۔پی) (و۔ا۔مث) چھوٹا کھرپا۔ کھرچنی۔ جمع: کھرپیاں۔ کھرپیوں۔

کھرچچ (کُھر۔چچ) (و۔ا۔مذ) دیکھئے کھڑچچ۔

کھرتل (کھر۔تل) (و۔صف) کھرا۔ صاف گو۔ بے ریا (۲) آزاد۔

کھرتوا (کھر۔ت۔وا) (و۔ا۔مذ) ایک قسم کی گھاس جو بتھوے کے ساگ کے مشابہ ہوتی ہے۔

کھرج (کَھرَج) (کھ۔رج) (و۔ا۔مث) ہندوستانی موسیقی کا پہلا سُر جو سب سے پست ہے۔ اسے سا بھی کہتے ہیں۔

کھرچال (کھر۔چال) (و۔ا۔مث) لوہے کا برتن جس میں راکھ چھانی جاتی ہے۔

کُھرچن (کھر۔چن) (و۔ا۔مث) (۱) وہ چیز جو پکی ہوئی ہانڈی کی پیندی میں جم جائے (۲) دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی (۳) آخری بچہ۔ پیٹ کی پوچھن (۴) بچا کھچا، پس ماندہ مال۔ جمع: کھرچنوں۔ کھرچنیں۔

کھرچن باقی ہے (اَر۔ محاورہ) پہلی جمع کی ہوئی دولت چلی آتی ہے۔ ابھی بہت کچھ باقی ہے۔ ابھی ختم نہیں ہوا۔

کُھرچنا (کھ۔رچ۔نا) (و۔مص) چھیلنا۔ کریدنا۔ رگڑنا۔

کھردرا (کھر۔د۔را) (و۔صف) ناہموار۔ دانے دار۔ اُونچا نیچا۔

کھردراپَن (و۔ا۔مذ) ناہمواری۔ کھرکھراہٹ (۲) دُرشتی۔

کھرسا (کھر۔سا) (و۔ا۔مذ) خشک موسم۔ وہ موسم جس میں گرمی کے باعث گھاس وغیرہ جل جاتی ہے (۲) قحط۔ کال۔ خشک سالی۔

کھرسیلا (کھر۔سے۔لا) (و۔صف) کھجلی والا۔ خارشی۔

کھرکھرا (کھر۔کھ۔را) (و۔ا۔مذ) (۱) کھردرا۔ ناہموار (۳) (و۔ا۔مذ) دیکھئے کھریرا۔

کھرگونیا (کھر۔گون۔یا) (اَر۔صف) کمینہ۔ کم عقل۔ سفلہ۔

کھرل (کھ۔رل) (و۔ا۔مث) پتھر کی کونڈی جو دوائیں پیسنے اور حل کرنے کے کام آتی ہے۔

کھرل کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی دوا کو کھرل میں حل کرنا۔ خوب باریک کرنا۔

کُھرلی (کُھر۔لی) (و۔ا۔مث) چوپایوں کو چارا دینے کی جگہ (۲) وہ ناند جس میں چوپایوں کا چارا ڈالتے ہیں۔ جمع: کھرلیاں۔ کھرلیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھرن (کھ۔رَن)(و۔ا۔مذ) سیاہ حلقہ جو طبلے پر بناتے ہیں۔

کھرنجا (کھ۔رَنجا)(و۔ا۔مذ) کھڑی اینٹوں کا فرش (۲) پتھر کا فرش یا سڑک۔

کھرنڈ (کھ۔رَنڈ)(و۔ا۔مذ) زخم کا انگور۔ وہ خشکی جو زخم اچھا ہونے کے بعد اُس کے اُوپر جم جاتی ہے۔ جمع: کھرنڈ۔ کھرنڈوں۔

کھرنڈ بندھنا (کھرنڈ جمنا) (اَر۔ محاورہ) زخم کا انگور بندھ کر اس پر خشکی آ جانا۔ زخم کے اُوپر پپڑی بندھ جانا۔

کِھرنی (کھِر۔نی)(و۔ا۔مث) ایک درخت اور اُس کا میٹھا پھل۔

کھروَٹ (کَھر۔وَٹ)(و۔ا۔مذ) منڈی۔ وہ شہر جس میں منڈی ہو (۲) دامنِ کوہ کا گاؤں۔

کھروچا (کھرونچا) (کھ۔رو۔چا) (کھ۔روں۔چا) (و۔ا۔مذ) خراش۔ رگڑ۔

کھروچنا (کھ۔روچ۔نا)(و۔مص) نوچنا۔ پنجہ مارنا۔

کھرونٹ (کھ۔رونٹ)(و۔ا۔مث) دیکھئے کھروچا۔

کھری (کھ۔ری)(و۔صف) کھرا کی تانیث۔

کھری بات (و۔ا۔مث) بے لگاؤ بات۔ صاف بات جس میں کسی کی طرف داری نہ ہو۔

کھری بولی (و۔ا۔مث) خالص زبان۔ ٹکسالی زبان۔

کھری سُنانا (اَر۔ محاورہ) صاف صاف سُنانا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔

کھری مزدوری چوکھا کام (اَر۔مثل) نقد مزدوری دینے سے کام بہت اچھا اور جلد ہوتا ہے۔

کھری (کھ۔ری)(و۔ا۔مث) جوتی کے تلے کا وہ حصہ جو ایڑی کے نیچے رہتا ہے۔ جوتی کا وہ حصہ جہاں نعل لگاتے ہیں۔

کھرّی (کھَر۔ری) (و۔صف) کھرّا کی تانیث۔ کھردری چارپائی۔ وہ چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو۔

کھرّی چارپائی پر سو کے آئے ہو (اَر۔ محاورہ) جب کوئی شخص خواہ مخواہ بدمزاجی کی باتیں کرتا ہے تو اُس سے کہتے ہیں یعنی یہ بدمزاجی بدخوابی کا نتیجہ تو نہیں ہے؟

کھرّی کھاٹ (و۔ا۔مث) وہ پلنگ جس پر بچھونا نہ ہو۔

کھرے (کھ۔رے) (و۔صف) (۱) کھرا کی جمع (۲) کھرا کی مُغیرہ صورت بحالتِ امالہ۔

کھرے دام (و۔ا۔مذ) پُوری قیمت۔

کھرے رہے (اَر۔ محاورہ) اچھے رہے۔ فائدے میں رہے۔

کھرے کرنا (اَر۔ محاورہ) نقد وصول کرنا۔

کھرے کھرے (اَر۔صف) نقد۔ چوکھے۔ بغیر دستوری یا بٹے کے۔

کھریا (کھریا)(و۔ا۔مث) ایک قسم کی سفید مٹی۔ چاک۔

کھریا میں کوئلا (اَر۔ا۔مث) ناموزوں اور بے میل بات۔

کھریا (کھر۔یا)(و۔ا۔مث) (۱) کپڑا چھنے کا کٹوری جیسا آلہ (۲) گھلنے کی چپنی (۳) دہی رکھنے کا ظرف۔

کھریرا (کھ۔ری۔را)(و۔ا۔مذ) گھوڑے کے بال صاف کرنے اور گرد نکالنے کا آہنی کنگھا۔ کھرکھرا۔ جمع: کھریروں۔ کھریرے۔

کھڑ (بفتحہ اوّل)(و۔ا۔مث) (۱) قیمتی موتی کا ریزہ (۲) کانچ کا ٹکڑا (۳) گھاس۔

کھڑا (کھ۔ڑا)(و۔صف) (۱) سیدھا۔ اُٹھا ہوا۔ قائم (۲) کچا۔ اُدھ گلا (۳) کچی سلائی کیا ہوا (۴) بغیر کٹا ہوا کھیت (۵) نصب۔ برقرار (۶)(مذ) عمود۔

کھڑا بہشت میں گیا (اَر۔ محاورہ) سیدھا جنت میں گیا۔

کھڑا پانی (اَر۔ا۔مذ) وہ پانی جو بہتا نہ ہو۔ بند پانی۔

کھڑا پچھاڑیں کھانا (اَر۔ محاورہ) بچے کا غصے یا ضد کے سبب اپنے آپ کو ہلکان کرنا۔ کھڑے ہو ہو کر گر پڑنا (۲) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔

کھڑا ترسنا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کا ہر لحہ منتظر رہنا۔

کھڑا داؤں (اَر۔ا۔مذ) قمار بازی میں وہ داؤں جو چلتے چلتے لگایا جاتا ہے۔ آخری داؤں۔

کھڑا دونا (اَر۔ا۔مذ) حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی نیاز جو مُراد پُوری ہونے پر فوراً دی جاتی ہے۔

کھڑا رکھنا (اَر۔ محاورہ) اِستادہ رکھنا۔ قائم رکھنا (۲) حساب چلتا رکھنا۔ باقی رکھنا۔ بے باق نہ کرنا۔

کھڑا رہ جانا (اَر۔ محاورہ) حیرت یا محویت میں کھڑا رہ جانا۔

کھڑا رہنا (اَر۔ محاورہ)(۱) ٹھہرا رہنا (۲) اِستادہ رہنا (۳) منتظر رہنا۔ راہ تکنا۔

کھڑا زبر (اَر۔ا۔مذ) عربی رسم الخط میں وہ چھوٹا الف جو کسی حرف پر ڈال دیا جاتا ہے۔

کھڑا زیر (اَر۔ا۔مذ) وہ زیر جسے یائے مجہول کی طرح پڑھا جائے۔

کھڑا کر کے دِکھانا (اَر۔ محاورہ) مانگنے کے جواب میں انگوٹھا کھڑا کر کے دکھانا۔ صاف اِنکار کرنا۔

کھڑا کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) اِستادہ کرنا۔ اُٹھانا۔ سیدھا کرنا (۲) برپا کرنا (۳) ٹھہرانا۔ روکنا (۴) جاری کرنا۔ قائم کرنا (۵) کچی سلائی کرنا (۶) نصب کرنا۔ گاڑنا (۷) کمانا۔ حاصل کرنا (۸) لنگر ڈالنا۔

کھڑا کھیت (اَر۔ا۔مذ) سبز کھیت جو ابھی کاٹا نہ گیا ہو (۲) لمبا میدان۔

کھڑا کھیل (اَر۔ا۔مذ) جُرأت کا معاملہ۔ ہاتھوں ہاتھ کا کام۔

کھڑا کھیل فرّخ آبادی۔ دیکھئے کھڑا کھیل۔

کھڑا نقشہ (اَر۔ا۔مذ) لمبا چہرہ۔ لمبوترا چہرہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھڑا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) اُٹھنا۔ اِستادہ ہونا (۲) گھوڑے کا چراغ پا ہونا (۳) برپا ہونا۔ بنیاد پڑنا (۴) ٹھہرنا۔ تھمنا (۵) گڑنا۔ نصب ہونا (۶) (کنایۃً) لڑنے پر آمادہ ہونا (۷) حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا (۸) کسی سرکاری ادارے یا اسمبلی وغیرہ کے لئے بطور اُمیدوار کھڑا ہونا۔

کھڑاڑا (ق۔ا۔مذ) دڑبا۔

کھڑاکا (کھ۔ڑا۔کا) (ہ۔ا۔مذ) کھڑکا۔ کھٹکا۔ جمع: کھڑاکوں۔ کھڑاکے۔

کھڑاکو (ق۔صف) مسخرہ۔ گنوار۔

کھڑاؤں (کھ۔ڑا۔ؤں) (ہ۔ا۔مث) لکڑی کی جوتی۔ جمع: کھڑاووں۔ کھڑاویں۔

کھڑبڑ (کھڑ۔بڑ) (ہ۔ا۔مث) ٹاپ کی متواتر آواز۔ کھٹ کھٹ۔

کھڑپچ (کھڑ۔پچ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) عیب۔ نقص (۲) نُجست۔

کھڑتل (کھڑ۔تل) (ق۔صف) خراب۔ برباد۔

کھڑک (کھ۔ڑک) (ہ۔ا۔مث) پتھریلی زمین (۲) جانوروں کا باڑا۔

کھڑکا (کھڑ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کھٹکا۔ آہٹ۔ (۲) دانت کریدنے کی چیز۔ سینک۔ جھٹکا۔

کھڑکانا (کھڑ۔کا۔نا) (ہ۔مص) کھٹ کھٹانا۔ زنجیر ہلانا۔ پکارنا۔ بُلانا (۲) جھڑکنا۔ دھمکانا۔

کھڑکائیگی (کھڑ۔کا۔اِ۔ے۔گی) (ق۔ا۔مث) قحط۔

کھڑکنا (کھ۔ڑک۔نا) (ہ۔مص) (۱) سُوکھے پتوں کا چرمرانا (۲) دیگوں کا بجنا (۳) بگاڑ ہونا۔ لڑائی ہونا۔

کھڑکھڑ (ہ۔ا۔مث) کھٹ کھٹ۔ کسی چیز کے ٹکرانے یا چلنے کی آواز۔ ہتھیاروں کے ٹکرانے کی آواز۔

کھڑکھڑانا (کھڑ۔کھ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) کھنکھنانا۔ بجانا۔ کھٹ کھٹ کرنا۔ کنڈی بجانا (۲) دھمکانا۔ خبر لینا۔ جھڑکنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

کھڑکھڑاہٹ (کھڑ۔کھ۔ڑا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) سُوکھے پتوں کے بجنے کی آواز (۲) دیگوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔

کھڑکھڑیا (کھڑ۔کھڑ۔یا) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی گاڑی جس میں بگھی کے گھوڑوں کو سدھاتے ہیں۔

کھڑکی (کھڑ۔کی) (ہ۔ا۔مث) جھروکا۔ دریچہ۔ چھوٹا دروازہ۔ غُرفہ۔ (پن) باری (۲) پگڑی کے اُوپر کا حصّہ جو کھلا رہتا ہے۔ جمع: کھڑکیاں۔ کھڑکیوں۔

کھڑکی دار انگرکھا (اُر۔ا۔مذ) وہ انگرکھا جو سینے پر سے کھلا ہو۔

کھڑکی دار پگڑی (اُر۔ا۔مث) مارواڑی پگڑی۔ وہ پگڑی جس کے آگے سوکھا سا ہوتا ہے۔

کھڑگ (کھ۔ڑگ) (کھڑگ) (ہ۔ا۔مث) تیغ۔ تلوار۔ شمشیر۔

کھڑگنجا (کھڑ۔گنجا) (ہ۔صف) (۱) سر سے گنجا (۲) چیچک رُو (۳) نہایت بدصورت اور کریہہ منظر (۴) بدحال۔

کھڑگنجی (ہ۔صف) کھڑگنجا کی تانیث۔

کھڑلا (کھڑ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دڑبا۔ مُرغی خانہ (۲) گڑھا (۳) (صف) ناہموار (۴) سُوراخ دار۔ کھڑی اینٹوں کا (فرش)۔

کھڑنجا (کھ۔ڑنجا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے کھرنجا۔

کھڑنگ (کھ۔ڑنگ) (ہ۔صف) نہایت سُوکھا۔ پاپڑ سا۔ کرارا۔

کھڑوا (کھڑ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ہندو بچوں کے ہاتھ پاؤں کا زیور۔

کھڑی (کھ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی تیراکی جس میں سیدھے کھڑے ہو کر تیرتے ہیں (۲) (صف) کھڑا کی تانیث۔ اِستادہ۔ اُٹھی ہوئی (۳) کچی۔

کھڑی ایڑی (اُر۔ا۔مث) ایسی ایڑی جس میں خم نہ ہو۔

کھڑی بولی (اُر۔ا۔مث) مردوں کے لب و لہجہ میں جو گفتگو کی جاتی ہے اُس کو کھڑی بولی کہتے ہیں (۲) گنگا اور جمنا کے دوآبے کی زبان۔

کھڑی چوٹ (اُر۔ تابع فعل) فوراً۔ اُسی وقت (۲) (ا۔مث) سیدھی چوٹ۔

کھڑی سواری (اُر۔ا۔مث) تھوڑی دیر کے لئے کہیں جانے کی سواری (اُر۔ تابع فعل) ذرا دیر کے لئے۔

کھڑی لگانا (اُر۔ محاورہ) کھڑے کھڑے تیرنا۔ کھڑی کی تیرائی تیرنا۔

کھڑی مسُور (اُر۔ا۔مث) ثابت مسور۔

کھڑی نیاز دینا (اُر۔ محاورہ) مُراد پوری ہونے پر فوراً نیاز دینا۔

کھڑی ہُنڈی (اُر۔ا۔مث) وہ ہُنڈی جس کا روپیہ ادا نہ ہوا ہو۔

کھڑے (کھ۔ڑے) (ہ۔صف) کھڑا کی جمع (۲) کھڑا کی مُغیّرہ صورت۔

کھڑے پانی نہ پینا (اُر۔ محاورہ) فوراً چلے جانا۔ ذرا نہ ٹھہرنا۔

کھڑے پاؤں (اُر۔ تابع فعل) کھڑے کھڑے۔ فوراً۔ اُسی وقت۔ عُجلت۔

کھڑے پاؤں بیٹھک دینا (اُر۔ محاورہ) فوراً حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کی نیاز دِلوانا۔ منّت ادا کرنا۔ ہاتھوں ہاتھ فاتحہ یا نیاز دِلوانا۔

کھڑے پہر کا روزہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) برابر کھڑے رہنا۔ بیٹھنے کا نام نہ لینا۔

کھڑے ترّے (اُر۔ متعلق فعل) کبھی کبھی۔ گاہے گاہے۔

کھڑے رہ جانا (اُر۔ محاورہ) محروم رہ جانا۔

کھڑے سُوکھا کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے اِنتظار میں دیر تک کھڑے رہنا۔

کھڑے قد (اُر۔ا۔مذ) آدمی کے قد کے برابر۔

کھڑے کا کھڑا رہ جانا (اُر۔ محاورہ) حیران رہ جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھڑے کرنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے کھرے کرنا جو فصیح ہے۔

کھڑے کھڑے (اَر۔ متعلق فعل) (۱) فوراً۔ جلد۔ شتاب۔ اُسی وقت (۲) ذرا کی ذرا۔ تھوڑی سی دیر کو۔ بے تاخیر (۳) دیر تک کھڑے رہ کر۔ عرصے تک اِنتظار کر کے۔

کھڑے کھڑے پھرنا (اَر۔ محاورہ) مُضطرب پھرنا۔ بے قرار پھرنا۔ پیٹ پکڑے پھرنا۔ نہایت تلملانا۔ گھبرائے گھبرائے پھرنا۔

کھڑے کھڑے ہو جانا (اَر۔ محاورہ) ذرا کی ذرا آ جانا۔ لمحہ بھر کو آ جانا۔ تھوڑی سی دیر کو آ جانا۔

کھڑے گھاٹ کپڑے دُھلوانا (اَر۔ محاورہ) کھڑے کھڑے کپڑے دُھلوانا۔ کپڑے دُھلنے کی جگہ جا کر کپڑے دُھلوا لینا۔

کھڑے مسالے کا سالن (اَر۔ ا۔ مذ) وہ سالن جس میں پسے ہوئے مسالے کے بجائے ثابت یا کٹا ہوا مسالا ڈالا جاتا ہے۔

کھڑُنچ (کھ۔ ڑُنچ) (و۔ ا۔ مث) (۱) خفیف زخم۔ کھرونٹ (۲) کینہ۔ دُشمنی۔ بغض۔ عداوت (۳) نکتہ چینی (۴) چھیڑ چھاڑ۔ بے جا تکرار۔

کھڑُنچ رکھنا (اَر۔ محاورہ) کینہ رکھنا۔ عداوت رکھنا۔

کھڑُنچ نکالنا (اَر۔ محاورہ) عیب چینی کرنا۔ نقص نکالنا (۲) دُشمنی کرنا۔ بیر کرنا (۳) چھیڑ چھاڑ کرنا۔ ناحق حُجت کرنا۔

کھڑُنچیا (کھ۔ ڑُنچ۔ یا) (اَر۔ صف) نکتہ چین۔ حاسِد۔ عیب جُو۔ دُشمن۔ بیری۔ معترض۔

کھساٹ (کھ۔ ساٹ) (ق۔ ا۔ مث) کھوسٹ۔ بوڑھی عورت۔

کھساری (کھ۔ سا۔ ری) (و۔ ا۔ مث) ایک قسم کا غلّہ جس کی دال کھاتے ہیں۔

کھسانا (کھ۔ سا۔ نا) (و۔ مص) دیوار کا کوئی حِصّہ گرانا۔

کھساندا (کھ۔ ساں۔ دا) (ق۔ ا۔ مذ) کندھا۔

کھس پُھس (و۔ ا۔ مث) دیکھئے کُھسر پُھسر۔

کھسرا (کھس۔ را) (و۔ ا۔ مث) دیکھئے خسرہ۔

کھسر پُھسر (کھ۔ سَر۔ پُھ۔ سَر) (و۔ ا۔ مث) کانا پُھوسی۔ سرگوشی۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔

کھسکانا (کھس۔ کا۔ نا) (و۔ مص) (۱) ہٹانا۔ سرکانا (۲) روانہ کرنا۔ ٹالنا (۳) الگ کرنا۔ غائب کرنا (۴) چُرانا (۵) ملتوی کرنا۔

کھسک جانا (کھسکنا) (کھ۔ سَک۔ جا۔ نا) (کھ۔ سَک۔ نا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سرک جانا۔ ہٹ جانا (۲) چلا جانا۔ آنکھ بچا کر نکل جانا۔ چپکے سے نکل جانا۔ دبک کر چلا جانا (۳) پھسل جانا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔

کھس کھس (کھس۔ کھس) (و۔ ا۔ مث) گھاس کٹنے کی آواز۔

کھسکھسا (کھس۔ کھ۔ سا) (و۔ صف) کرکرا۔

کھسکھسانا (کھس۔ کھ۔ سا۔ نا) (و۔ مص) کرکرانا۔

کھسکھساہٹ (کھس۔ کھ۔ سا۔ ہَٹ) (و۔ ا۔ مث) کرکرا ہونے کی کیفیت۔

کھسکھسی (کھس۔ کھ۔ سی) (و۔ ا۔ مث) کھسکھسا کی تانیث۔

کھسلنا (کھ۔ سَل۔ نا) (و۔ مص) پھسلنا۔ رپٹنا۔ کھسکنا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔

کھسوٹا (کھ۔ سو۔ ٹا) (واو مجہول) (و۔ ا۔ مذ) کُشتی کا ایک داؤں جس میں حریف کو آگے گھسیٹ لیتے ہیں۔

کھسوٹنا (کھ۔ سوٹ۔ نا) (واو مجہول) (و۔ مص) (۱) نوچنا۔ بال اُکھاڑنا (۲) زبردستی لے لینا۔

کھسیانا (کھس۔ یا۔ نا) (اَر۔ صف) رونی صورت کا۔ رو دینے والا (۲) شرمندہ۔ خجل۔ نادم۔ محجوب (۲) (اَر۔ مص) شرمندہ ہونا۔ شرمندگی مٹانے کے لئے ہنسنا۔ شرم کے مارے رونے کے قریب ہونا۔

کھسیانا کرنا (اَر۔ محاورہ) چڑانا۔ رُلانا۔ شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا۔

کھسیانا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) رو دینا۔ رو پڑنا (۲) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔

کھسیان پت (ق۔ ا۔ مث) شرمندگی۔ ندامت۔

کھسیانی (کھس۔ یا۔ نی) (و۔ صف) کھسیانا کی تانیث۔

کھسیانی بلی کھمبا نوچے (اَر۔ مثل) غصّے والا اور شرمندہ شخص دُوسروں پر اپنی جھلاہٹ اور شرمندگی اُتارتا ہے۔

کھسیانی ہنسی (اَر۔ ا۔ مث) وہ ہنسی جو حالتِ شرمندگی میں ہو۔ زہرخند۔

کھکّا (کھک۔ کا) (و۔ ا۔ مذ) (۱) خاکی۔ پنجابی فوج کا سپاہی جسے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں انگریزی سرکار نے خاکی وردی دی تھی (۲) (صف) عیّار۔ مکّار۔ جمع کھکّوں۔ کھکّے۔

کھکّل (کُھکّھل) (کھک۔ کل) (کُھک۔ کھل) (و۔ صف) کھوکھلا۔ خالی (۲) غریب۔ کنگال۔

کُھکھ (بضمِ اوّل) (و۔ صف) (۱) کھوکھلا۔ خالی (۲) تہی دست۔ مُفلس۔ نادار۔

کھکھارنا (کھ۔ کھار۔ نا) (ق۔ مص) (۱) زمین کو پنجوں سے کھودنا (۲) کریدنا۔ بخوبی تلاش کرنا (۳) معلوم کرنا (۴) دیکھئے کھنکھارنا۔

کھکھیڑ (کھکیڑ) (کھ۔ کھیڑ) (کھ۔ کیڑ) (بیائے مجہول) (و۔ ا۔ مث) رنج۔ مُصیبت۔ صعوبت۔ زحمت۔ پٹنا۔ سخت محنت۔

کھکیڑ اُٹھانا (اَر۔ مص مُرکّب) مُصیبت جھیلنا۔ رنج و مُصیبت سہنا۔ سختی برداشت کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھگ (بفتحہ اوّل)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی ہندوانہ اُونچی پگڑی۔

کھل (بفتحہ اوّل)(س۔ا۔مث) کھلی۔ تِل یا سرسوں کا پھوک۔

کھل کھا کھل (اَر۔ محاورہ) سستا مال خریدنے والے گاہک کو چڑانے کے لئے کہتے ہیں یعنی تجھ میں اِس چیز کے کھانے یا خریدنے کا حوصلہ نہیں۔ اِس کی جگہ کھل خرید لے جو سستی ہوگی۔

کھل (بفتحہ اوّل)(ہ۔ا۔مث) کھال کا مخفف۔

کھل اُپاڑ (ہ۔صف)(۱) کھال اُدھیڑنے والا (۲) کھال تک میں سے نکال لینے والا (۳) کج بحث۔

کُھلا (کھُ۔لا)(ہ۔صف)(۱) کھلا ہوا۔ کشادہ۔ وا۔ فراخ۔ چوڑا (۲) ننگا۔ صاف (۳) بے روک۔ آزادانہ (۴) عام۔ مشہور (۵) ظاہر۔ علانیہ۔

کُھلا دُشمن (اَر۔صف) ظاہری دُشمن۔

کُھلا ڈُلا (اَر۔صف) بے تکلّف۔ بے باک۔

کُھلا کُھلا (اَر۔صف)(۱) صاف صاف۔ کھرا کھرا (۲) دُور دُور۔ فاصلے سے (۳) فراخ۔ کشادہ۔

کِھلا (کھِ۔لا)(اَر۔صف) کِھلا ہوا۔ شگفتہ۔ خوش۔

کِھلا جانا (اَر۔ محاورہ) خوشی سے ہنسے جانا۔

کَھلابلی (کھ۔لا۔ب۔لی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے کھلبلی۔

کَھلار (کھ۔لار)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ڈھلواں جگہ (۲) غار۔ گڑھا۔ تہہ۔

کِھلاڑ (کھ۔لاڑ)(ہ۔صف۔مث) فاحشہ۔ مردوں کے ساتھ کھیلنے والی بدکار عورت (۲)(مذ) وہ شخص جو لہو ولعب کی طرف مائل ہو۔

کِھلاڑ پَن (اَر۔ا۔مذ) چھنال پن۔ چھنالا (۲) شوخی۔ چنچل پن۔

کِھلاڑن (کھ۔لا۔ڑن)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے کھلاڑ۔

کِھلاڑی (کھ۔لا۔ڑی)(ہ۔صف)(۱) کوئی کھیل کھیلنے والا۔ ماہرفن۔ اُستاد (۲) جواری (۳) کھلنڈرا۔ کھیل کود میں مصروف رہنے والا (۴) مداری۔ بازی گر۔ جمع: کھلاڑی۔ کھلاڑیوں۔

کَھلالا (کھ۔لا۔لا)(اَر۔ا۔مذ)(۱) بہت شور کرنے والی ندی ' نالا یا چشمہ (۲) سر پر پانی ڈال کر نہانا۔

کِھلانا (کھ۔لا۔نا)(ہ۔مص)(۱) کھانا کا متعدی۔ تناول کرانا۔ ضیافت کرنا (۲) کھیلنا کا متعدی۔ (بچے کو) بہلانا (۳) کھیل کرانا۔ کھیل میں شامل کرنا (۴) سانپ کو بین بجا کر یا منتر پڑھ کر جھومنے پر مائل کرنا (۵) بھوت پریت کو سر پر بُلانا (۶) کِھلنا کا متعدی۔ شگفتہ کرنا (۷) دانہ دانہ الگ کرنا۔ خستہ کرنا۔ بُھربُھرا کرنا (۸) پٹوانا (۹) مال پٹ کرانا۔

کِھلاؤ (کھ۔لا۔ؤ)(ہ۔صف) دُوسروں کو مال کھلانے والا۔ دریا دل۔ سخی۔

کِھلائی (کھ۔لا۔ای)(ہ۔ا۔مث)(۱) خوراک۔ خورش (۲) خوراک کی قیمت (۳) بچوں کو کھلانے والی عورت۔ دایہ۔

کِھلائی پلائی (اَر۔ا۔مث) کھانے پینے کی قیمت۔

کِھلائے سونے کا نوالہ ' دیکھے شیر کی نظر (اَر۔مثل) اولاد کو کھلائے تو حسب دل خواہ مگر اَدب و تہذیب سکھانے کے لئے اپنا رُعب ضرور قائم رکھے۔

کِھلائے کا نام نہیں ' رُلائے کا نام ہے (اَر۔مثل) نیک کام کی کوئی داد نہیں دیتا مگر بُری بات فوراً پکڑ لی جاتی ہے۔

کَھلبلا (کھل۔ب۔لا)(ق۔صف) بے چین۔

کَھلبلانا (کھل۔ب۔لا۔نا)(ہ۔مص) کھولنا۔ اُبلنا۔ جوش میں آنا۔

کَھلبلاہٹ (کھل۔ب۔لا۔ہٹ)(ہ۔صف) ایک فکر میں دُوسری فکر پیش آنے کی گھبراہٹ۔ اضطراب۔

کَھلبلی (کھل۔ب۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ہل چل۔ ہنگامہ۔ فتور۔ شور و شر۔ فتنہ وفساد (۲) گھبراہٹ۔ اِضطراب۔ بے قراری۔

کھلبلی پڑنا (کھلبلی مچنا) (اَر۔ محاورہ)(۱) ہل چل ہونا۔ ہنگامہ برپا ہونا۔ شور وشر ہونا۔ بلوہ مچنا (۲) گھبراہٹ ہونا۔ اِضطراب ہونا۔ بیقراری ہونا۔ جلدی پڑنا۔

کُھل بیٹھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) اچھی طرح آرام سے چار زانو ہو کر بیٹھنا (۲) دلی کدورت ظاہر کرنا۔

کُھل پڑنا (اَر۔ محاورہ) بے تکلّف ہو جانا۔ شرم کو درمیان سے اُٹھا دینا (۲) کسی چیز کا کُھل کر گر پڑنا۔

کُھلتا ہوا (اَر۔صف) موزوں۔ صاف۔

کُھل جا سِم سِم (اَر۔ا۔مذ) وہ اَلفاظ جن کے بولنے سے الف لیلہ کی ایک کہانی میں چوروں کے خزانے کا دروازہ کُھل جاتا تھا۔ سِم سِم عربی میں تِلوں کو کہتے ہیں جو ڈوڈے یا خول میں بند ہوتے ہیں۔

کُھل جانا (ہ۔مص) دیکھئے کھلنا۔

کِھل جانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے کِھلنا۔

کھلّو (کھل۔لو)(ہ۔ا۔مث)(۱) وہ بوڑھی عورت جس کے جسم پر گوشت کی بجائے کھال ہی کھال ہو (۲) چمڑے کی تھیلی۔

کھلڑی (کھل۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) کھال کی تصغیر۔ پوست۔ چمڑا۔ کھال۔

کُھل کر (کے) (ہ۔ تابع فعل)(۱) آرام سے اچھی طرح۔ آزادانہ۔ جی کھول کر (۲) بے حجاب ہو کر۔ بے تکلّف ہو کر (۳) ظاہر۔ علانیہ۔

کُھل کر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے کُھل بیٹھنا نمبر۱۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کُھل کر کہنا (ار۔ محاورہ) صاف صاف کہنا۔ علانیہ کہنا۔

کِھل کِھل (ف۔ ا۔ مث) ٹھٹھے یا قہقہے کی آواز۔

کِھلکِھلا کر (کے) ہنسنا (کِھلکِھلانا) (کِھل۔کِھ۔لا۔نا) (ار۔ محاورہ) زور سے ہنسنا۔ قہقہہ مارنا۔ خرم و شاداں ہونا۔

کُھلکُھلانا (کُھل۔کُھ۔لا۔نا)(ف۔ مص) انتڑیوں کا گڑگڑ کرنا۔ پیٹ بولنا۔

کُھل کھیلنا (ف۔ مص) شرم و حجاب اُٹھا کر علانیہ کوئی معیوب کام کرنا۔ مطلق آزاد ہو جانا۔ شرم و حیا بالائے طاق رکھنا۔

کُھلکا (کُھل۔کا)(ق۔ ا۔ مذ) بھینسا۔

کُھلّم کُھلّا (کُھل۔لَم۔کُھل۔لا)(ار۔ صف) بے روک ٹوک۔ علانیہ۔

کَھلنا (کَھل۔نا)(ف۔ مص) ناگوار ہونا۔ دوبھر ہونا۔

کِھلنا (کِھل۔نا)(ف۔ مص) (۱) کلی کا پھولنا۔ پھول کا شگفتہ ہونا (۲) پھول آنا (۳) خوش ہونا۔ ہنسنا (۴) زیب دینا۔ پھبنا۔ سجنا۔ نکھرنا۔

کُھلنا (کُھل۔نا)(ف۔ مص)(۱) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ کسی بندھی ہوئی چیز کا وا ہو جانا (۲) پھٹ جانا۔ شق ہو جانا (۳) عریاں ہونا۔ ننگا ہونا (۴) اُدھڑ جانا (۵) رسّی تُڑوا جانا (۶) صاف ہونا۔ کشادہ ہونا (۷) جاری ہونا۔ بہنے لگنا (۸) بے تکلف ہو جانا۔ بے حجاب ہو جانا۔ شرم اُٹھ جانا۔ لحاظ جاتا رہنا (۹) بادلوں کا چھٹ کر مطلع صاف ہو جانا (۱۰) آزاد ہونا (۱۱) مُرتہَن ہونا۔ بھید جانا (۱۲) گرہ سے جاتا رہنا (۱۳) روک نہ رہنا۔ بے لگام ہو جانا۔

کِھلنڈرا (کِھ۔لَن۔ڈرا)(ف۔ صف) کھلاڑی۔ کھیل کود میں مشغول رہنے والا۔ جمع: کِھلنڈروں۔ کِھلنڈرے۔

کِھلنڈری (کِھ۔لَن۔ڈ۔ری)(ف۔ صف) کھلنڈرا کی تانیث۔

کِھلّو (کِھل۔لو)(ف۔ صف و ف۔ مذ) ہر وقت ہنستا رہنے والا۔ کھلنڈرا۔ مؤنث کے لئے کِھلّو (واو مجہول)۔

کِھلّو باوَلی (ار۔ صف) بے موقع ہنسنے والی۔ ہنسوڑ (عورت)۔

کُھلوانا (کُھل۔وا۔نا)(ف۔ مص) کھولنا کا متعدی۔

کِھلوانا (کِھل۔وا۔نا)(ف۔ مص) کِھلانا کا متعدی۔

کِھلونا (کِھ۔لو۔نا) (ف۔ ا۔ مذ) بچوں کے کھیلنے کی چیز (۲) نازک اور دکھاوے کی چیز (۳) خوش طبع آدمی۔ مسخرہ۔ جمع: کھلونوں۔ کھلونے۔

کُھلی (کُھ۔لی)(ف۔ صف) کُھلا کی تانیث۔

کُھلی کتاب (ار۔ ا۔ مث) ظاہر۔ آشکارا۔

کَھلی (کَھ۔لی)(ف۔ ا۔ مث) تل یا سرسوں کا پھوک۔ نیز دیکھئے کھل۔

کِھلّی (کِھل۔لی)(ف۔ ا۔ مث) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ چُہل۔ مذاق۔ تمسخر۔

کِھلّی اُڑانا (کِھلّی کرنا) (ار۔ محاورہ) ہنسی اُڑانا۔ مذاق کرنا۔ چھیڑنا (۲) رُسوا کرنا۔ فضیحت کرنا۔

کُھلے (کُھ۔لے)(۱) کُھلا کی جمع (۲) کُھلا کی مغیرہ صورت۔

کُھلے بازار (کُھلے بندوں۔ کُھلے خزانے) (ار۔ صف) کُھلّم کُھلّا۔ علانیہ۔ ڈنکے کی چوٹ پر (۲) بے تکلف (۳) آزادانہ۔

کُھلے بالوں (ار۔ صف) بال کھولے ہوئے۔ بے حجابانہ۔

کُھلے بھاؤ (ار۔ صف) عام نرخ سے۔

کُھلے میدان میں (ار۔ متعلق فعل) علانیہ۔ سب کے سامنے۔

کَھلیان (کَھل۔یان) (ف۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں اناج کا ڈھیر لگاتے ہیں۔ خرمن۔ غلّے کا انبار۔ کوٹھی۔ جمع: کھلیان۔ کھلیانوں۔

کھلیان کر دینا (ار۔ محاورہ) توڑ پھوڑ کر ڈھیر کر دینا۔ ستیاناس کر دینا۔ تہ و بالا کر دینا۔ تباہ و برباد کر دینا۔

کَھم (بفتحِ اول)(ف۔ ا۔ مذ) (۱) کھَم۔ ستون (۲) رُکن (۳) مینار (۴) لاٹھ۔ جمع: کھم۔ کھموں۔

کَھماچ (کھ۔ماچ)(ف۔ ا۔ مث) ایک راگنی کا نام۔

کُھمانا (کُھ۔ما۔نا)(ق۔ مص) گھمانا۔

کھمبا (کھم۔با)(ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے کھم۔ جمع: کھمبوں۔ کھمبے۔

کھمبی (کھم۔بی) (ف۔ ا۔ مث) کُکرمتا۔ ایک قسم کی سفید نباتات جو اکثر برسات میں از خود پیدا ہو جاتی ہے اور اُسے تل کر کھاتے ہیں۔ سانپ کی چھتری۔ جمع: کھمبیاں۔ کھمبیوں۔

کھنچ (کھ۔نچ)(ف۔ ا۔ مذ) ایک پودا جس کی پھلی پکا کر کھاتے ہیں۔

کھنڈ (کھ۔نڈ)(ق۔ ا۔ مذ) روزن۔ سوراخ۔

کَھن (بفتحِ اول)(ف۔ ا۔ مذ) (۱) لکڑی میں سوراخ کرنا (۲) روپیہ بجنے کی آواز (۳) کھنڈ کا مخفف۔ منزل۔ درجہ۔ حصّہ (۴) آسمان (۵) معدن۔ کان۔

کَھن (بفتحِ اول)(ق۔ ا۔ مث)(۱) منزل (۲) عاجز۔ مصیبت زدہ۔

کھنجری (کھنج۔ری)(ف۔ ا۔ مث) دیکھئے خنجری۔

کھنجن (کھن۔جن)(ف۔ ا۔ مث) ایک سیاہ رنگ کا پرندہ۔ شاما۔

کھنچاؤ (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے کھچاؤ۔

کھنچنا (ف۔ مص) دیکھئے کھچنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھنڈ (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) دیوار کا چھوٹا طاق۔
کھنڈانا (کھن۔ڈا۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) تلوار وغیرہ کی باڑھ میں پڑ جانے والا دندانہ (۲) لکڑی یا دیوار میں خفیف سا سوراخ (۳) رخنہ (۴) گڑھا جہاں سے مٹی کھودی جائے (۵)(ہ۔مص) دوڑانا (۶) بھیجنا۔
کھنڈل (بفتحہ اوّل و سوم)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) وسیع میدان۔
کھنڈلنا (کھندل۔نا)(ہ۔مص) پامال کرنا۔ پاؤں سے مسلنا۔ کچلنا۔
کھنڈ (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(س۔ا۔مذ)(۱) ٹکڑا۔ حصّہ (۲) منزل۔ درجہ (۳) خطّہ۔ دیس۔ علاقہ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے روہیل کھنڈ۔ بندھیل کھنڈ)(۴) کتاب کا حصّہ۔ باب۔ ادھیائے (۵)(ا۔مث) کھانڈ کا مخفف۔
کھنڈسار (ہ۔ا۔مث) کھانڈ بنانے کا کارخانہ۔
کھنڈا (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) چاولوں کا چورا (۲) دورُخی تلوار۔
کھُنڈا (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔صف) کند۔ جو تیز نہ ہو۔
کھنڈانا (کھنڈا۔نا)(ہ۔مص) بکھیرنا۔ تتر بتر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
کھنڈت (کھن۔ڈت)(س۔ا۔مث)(۱) ٹکڑے ہونا۔ ابتری۔ پراگندگی (۲) خلل۔ مزاحمت۔ دست اندازی۔ حرج (۳) تردید۔ تنسیخ۔
کھنڈت پڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی کام میں حرج واقع ہونا (۲) کسی بات کا سلسلہ نہ رہنا۔
کھنڈر (بفتحہ اوّل و سوم)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ٹوٹا ہوا مکان۔ ویران مکان۔ ویرانہ (۲) ٹوٹے ہوئے مکانوں کے نشان۔ جمع: کھنڈر۔ کھنڈروں۔
کھنڈری (کھنڈ۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) فقیروں کا لباس جس میں پیوند لگے ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا پشمینہ۔
کھنڈلا (کھنڈ۔لا)(ہ۔ا۔مذ) قاش۔ پھانک۔ ٹکڑا۔ مچھلی کا قتلہ۔
کھنڈلا (کھنڈ۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(تحقیراً) جھونپڑا۔ چھوٹا سا گھر۔ ٹوٹا پھوٹا مکان (۲)(صف) وہ لڑکا جس کے آگے کے دودھ کے دانت ٹوٹ گئے ہوں۔
کھنڈلی (ہ۔صف) کھنڈلا کی تانیث۔
کھنڈن (کھن۔ڈن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) تردید۔ تنسیخ (۲) بُت شکنی (۳) ٹکڑے کرنا۔ تقسیم کرنا (۴) توڑنا (۵) کاٹنا (۶) تباہ و برباد کرنا۔
کھنڈنا (کھنڈ۔نا)(ہ۔مص) بکھرنا۔ پھیلنا۔ پریشان ہونا۔ منتشر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔
کھنڈوی (کھنڈ۔وی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا بیسن کا سالن۔
کھنڈے (ہ۔صف) کھنڈا کی مغیّرہ صورت۔
کھنڈے اُسترے سے سر مونڈنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کند اُسترے سے حجامت کرنا (۲) خوب تکلیف دینا (۳) کوٹ لینا۔ صفایا کر دینا۔
کھنس (کھ۔نس)(ہ۔ا۔مث)(۱) نفرت (۲) دشمنی (۳) غصہ (۴) حسد (۵) رشک۔
کھنسانا (کھن۔سا۔نا)(ہ۔مص)(۱) حسد کرنا (۲) دشمنی کرنا (۳) تیوری چڑھانا (۴) لگائی بجھائی کرنا۔
کھنسی (کھن۔سی)(ہ۔صف)(۱) لڑاکا۔ چڑچڑا (۲) خفا (۳) حاسد۔
کھنک (کھ۔نک)(ہ۔ا۔مث) بجنے کی آواز۔ جھنکار۔ روپے کی آواز۔ سُریلی آواز۔
کھنکا (کھن۔کا)(ق۔ا۔مث) جھنکار۔
کھنکار (کھنکھار) (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) بلغم۔ کف (۲) کھانسی کی آواز۔ وہ آواز جو بلغم کو ہٹانے یا گلا صاف کرنے کے واسطے نکالی جائے۔
کھنکارنا (کھنکھارنا) (کھنکار۔نا)(ہ۔مص)(۱) کھانسنا۔ کھانسنے کی آواز نکالنا (۲) کھانسی کے ذریعے سے اشارہ کرنا (۳) کھانس کر تھوکنا۔ گلا صاف کرنا۔
کھنکانا (کھن۔کا۔نا)(ہ۔مص) بجانا۔ جھنکارنا۔ کھڑکانا۔ روپیہ بجانا۔
کھنکتی ہوئی آواز (کھ۔نک۔تی)(اُر۔ا۔مث) دل فریب آواز۔
کھنکڑی (کھنک۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا پاپڑ۔ کراری پوری۔
کھنکنا (کھ۔نک۔نا)(ہ۔مص) بجنا۔ کھڑکنا۔ جھنکار ہونا۔ پرکھتے وقت روپے کا بجنا (۳) ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کی آواز۔
کھنکھ (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔صف) بہت خشک (۲) کمزور (۳) بوڑھا۔
کھنکھڑ (بفتحہ اوّل و سوم)(نون غنّہ)(ہ۔صف)(۱) خشک۔ سخت (۲) مُرجھایا ہوا۔
کھنکھن (کھن۔کھن)(ہ۔ا۔مث) بچے کے ناک میں رونے کی آواز۔
کِھنکھن کرنا (اُر۔ محاورہ) بیماری کے باعث بچے کا ناک میں رونا۔
کھنکھنا (کھن۔کھ۔نا)(ہ۔ا۔مذ) مٹی کا برتن جس میں دراڑ پڑ جائے۔
کھنکھنانا (کھن۔کھ۔نا۔نا)(ہ۔مص) دیکھیے کھنکانا۔
کِھنکھنانا (کھن۔کھ۔نا۔نا) بچے کا بیماری کے باعث ناک میں رونا۔
کھنگ (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ق۔ا۔مث) کھانسی۔
کھنگالنا (کھنگال۔نا)(ہ۔مص)(۱) پانی ڈال کر برتن ہلانا اور پانی پھینک دینا۔ پانی سے برتن صاف کرنا (۲) سرسری طور پر کپڑے کو دھونا اور صاف کرنا۔
کھنگر (کھنگڑ) (بفتحہ اوّل و سوم)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بہت جلی ہوئی اینٹیں (۲) دھات کا میل جو پگھلنے کے بعد نکلتا ہے (۳) ایک قسم کا مسالے کا پتھر جس سے چھاپے کا پتھر صاف کیا جاتا ہے۔
کھنگر لگ جانا (اُر۔ محاورہ) گوشت گھل کر صرف ہڈیاں رہ جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھو (کھوہ) (واو مجہول)(ف۔ا۔مث) غار۔ بھٹ۔ گڑھا۔ پہاڑ کے اندر کا ... خالی حصّہ۔ جمع: کھوؤں۔ کھوئیں (ہیں)۔

کھوّا (کھو۔وا)(ف۔ا۔مذ)(۱) شانہ۔ مونڈھا۔ کندھا۔ دوش۔ شانے کی ہڈی (۲)(صف) پیٹو۔ بسیار خور۔ جمع: کھوّوں۔ کھوّے۔

کھو بیٹھنا (ف۔مص مُرکّب) ضائع کر دینا۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا۔

کھوپ (واو مجہول)(ف۔ا۔مث) دیکھئے کھونپ۔

کھوپْرا (کھوپ۔را)(ف۔ا۔مذ)(۱) ناریل کا مغز (۲) کھوپڑی۔

کھوپْری (کھوپڑی) (کھوپ۔ری)(کھوپ۔ڑی)(ف۔ا۔مث) کاسۂ سر۔ سر کے اُوپر کا حِصّہ۔ سر کی ہڈی۔ جمع: کھوپڑیاں۔ کھوپڑیوں۔

کھوپڑی چٹخنا (چٹکنا) (اُر۔محاورہ) کاسۂ سر کا شق ہونا۔ تالو پھٹنا۔ شِدّتِ گرمی کے باعث کاسۂ سر کا پھٹ جانا۔

کھوپڑی کھُجل کھُجلانا (اُر۔محاورہ) مار کھانے کو جی چاہنا۔

کھوپڑی کھا جانا (اُر۔محاورہ) بک بک کر کے بھیجا کھا جانا۔ ستانا۔ دق کرنا۔

کھوپڑی گنجی کرنا (اُر۔محاورہ) اِس قدر مارنا کہ سر کے بال اُڑ جائیں۔

کھوٹ (واو مجہول)(ف۔ا۔مث)(۱) ملاوٹ۔ آمیزش (۲) نقص۔ عیب۔ قباحت۔ خطا۔ قصور (۳) نقصان۔ ضرر (۴) بدی۔ بُرائی۔ شرارت۔ بدذاتی۔ نامردگی (۵) دغا۔ فریب۔ کینہ۔ کپٹ۔ چھل۔

کھوٹ کرنا (اُر۔محاورہ) بُرائی کرنا۔ دُوسرے کو نقصان یا ضرر پہنچانا (۲) بے وفائی کرنا۔ دغا کرنا۔

کھوٹ ملانا (اُر۔محاورہ)(۱) خالص سونے چاندی میں کوئی ادنٰی دھات ملانا (۲) نقص کرنا۔ خلل ڈالنا (۳) بُرائی کرنا۔

کھوٹ نکالنا (اُر۔محاورہ) عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔

کھوٹا (کھو۔ٹا)(ف۔صف) کھرا کا نقیض۔ جعلی۔ غیر خالص سِکّہ (۲) بُرا۔ شریر۔ عیبی۔ ناقص۔ ناکارہ (۴) دغا باز۔ فریبی۔ مکّار (۵) بدنیت۔

کھوٹا بیٹا (اُر۔ا۔مذ) کپوت۔ ناخلف۔ نالائق بیٹا۔

کھوٹا پن (اُر۔ا۔مذ) کھوٹا ہونا۔

کھوٹا پیسا (اُر۔ا۔مذ) گھسا ہوا پیسا۔ وہ پیسا جو چلنے کے قابل نہ ہو۔

کھوٹا پیسا کھوٹا بیٹا بُرے وقت کام آتا ہے (اُر۔مثل) نکمّی اور خراب چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے۔

کھوٹا سِکّہ (اُر۔ا۔مذ) ناقص سِکّہ۔ جعلی سِکّہ۔

کھوٹا سماں (اُر۔ا۔مذ) بُرا زمانہ۔ کل جگ۔

کھوٹا کھرا (پرکھنا) دیکھنا (اُر۔محاورہ) بُرے بھلے کی آزمائش کرنا۔ پرکھنا۔

کھوٹا کھرا ہونا (اُر۔محاورہ) نیت کا ڈانواں ڈول ہونا۔ نیت بگڑنا۔ للچانا۔

کھوٹا مال (اُر۔ا۔مذ) ناقص مال۔

کھوٹی (ف۔صف)(۱) کھوٹا کی تانیث۔ غیر خالص۔ جعلی (۲) ناقص۔ نکمّی (۳) دغا باز' بدکار عورت۔

کھوٹی بات (اُر۔ا۔مث) دھوکے کی بات (۲) بُری بات۔

کھوٹی کرنا (اُر۔محاورہ) بدی کرنا۔ بُرائی کرنا۔

کھوٹی گھڑی (اُر۔ا۔مث) بُری گھڑی۔ بُرا وقت۔ منحوس گھڑی۔

کھوٹے (ف۔صف)(۱) کھوٹا کی جمع (۲) کھوٹا کی مُغیّرہ صورت۔

کھوٹے داموں (اُر۔تابع فعل) کم قیمت پر۔

کھوٹے کھرے کو پرکھنا (اُر۔محاورہ) نیک و بد کی جانچ پڑتال کرنا۔

کھوج (واو مجہول)(ف۔ا۔مذ و مث)(۱) سُراغ۔ آدمی کے پاؤں کا نشان (۲) ٹھکانا۔ پتا۔ نشان (۳) تلاش۔ جستجو (۴) خبر۔ واقفیت (۵) بُنیاد۔

کھوج پانا (اُر۔محاورہ) سُراغ ملنا۔ خبر پانا۔ نشان ملنا۔ ٹھکانا معلوم کرنا۔

کھوج (ڈھونڈنا) کرنا (اُر۔محاورہ) ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ پتا لگانا۔ سُراغ لگانا۔

کھوج کھونا (اُر۔محاورہ)(۱) نشان مٹانا۔ سُراغ گنوانا (۲) ستیاناس کرنا۔ بیڑا غرق کرنا۔ کسی کام کا نہ رکھنا۔

کھوج لگانا (اُر۔محاورہ) پتا لگانا۔ سُراغ لگانا۔ کسی شخص یا کسی چیز کے بڑی تلاش کے بعد نشان معلوم کرنا۔ تفتیش کرنا۔

کھوج مِٹا (اُر۔صف) خانہ خراب۔ خانہ ویران۔ بے نام و نشان۔ بددُعا۔ (عورت کے لئے کھوج مٹی)۔

کھوج مِٹانا (اُر۔محاورہ) نام و نشان نہ رکھنا۔ نیست و نابود کرنا۔ بیخ کنی کرنا۔ اِستیصال کرنا۔

کھوج مِٹ جانا (مِٹنا) (اُر۔محاورہ) نام و نشان نہ رہنا۔ معدوم ہو جانا۔ نیست و نابود ہو جانا۔

کھوج مِلنا (اُر۔محاورہ) سُراغ ملنا۔ پتا لگنا۔ خبر معلوم ہونا۔

کھوج نکالنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے کھوج لگانا۔

کھوج ہاتھ آنا (اُر۔محاورہ) پتا لگنا۔ سُراغ ملنا۔

کھو جانا (ف۔مص)(۱) گم ہو جانا۔ غائب ہو جانا (۲) بدحواس ہو جانا۔

کھوجُو (کھو۔جُو)(واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) بھوک (۲) ہانڈی میں بچا ہوا سالن۔

کھوجْڑا (کھوج۔ڑا)(ف۔ا۔مذ)(۱) کھوج۔ سُراغ (۲) نام و نشان۔

کھوجڑا جانا (اُر۔محاورہ) اُجڑ جانا۔ غارت ہونا۔ نام و نشان تک نہ رہنا۔ نیست و نابود ہونا۔

کھوجڑا جائے (اُر۔دُعائے بد۔عو) غارت ہو۔ برباد ہو۔ ستیاناس ہو۔ نام و نشان تک نہ رہے۔

کھوجڑے پِٹیا (اُر۔صف۔عو) خانہ خراب۔ نگوڑا۔ مؤنث کے لئے کھوجڑے پٹی۔

کھوجک (کھو۔جک) دیکھئے کھوجی۔

کھوجْنا (کھوج۔نا)(واو مجہول)(ف۔مص) تلاش کرنا۔ دریافت کرنا۔

کھوجی (کھوجیا) (کھو۔جی۔ کھوج۔یا)(ف۔ا۔مذ) سُراغ لگانے والا۔ سُراغ رساں۔ کھوج لگانے والا۔ جمع: کھوجی۔ کھوجیوں۔

کھوچُڑ (کھو۔چُڑ)(واو مجہول)(ف۔صف) ہوتے ہوئے کام کو روک دینے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

والا۔ رخنہ اَنداز۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانے والا۔ فسادی۔

کھود (واو مجہول)(اِ۔ مث)(۱) کھودنے کا فعل (۲) کھوج۔ کھونپ۔ بھونک (۳) (فعل) کھودنا مصدر کا اَمر۔

کھود کر (کھود کھود کر) پوچھنا (اَر۔ محاورہ) خوب چھان بین کرنا۔ طرح طرح سے پُوچھنا۔ نہایت تفتیش کرنا۔

کھود ڈالنا (اَر۔ محاورہ) زمین اُکھاڑنا (۲) جڑ سے اُکھاڑنا (گھاس۔ درخت) (۳) خالی کرنا (۴) تلاش کرنا۔

کھودنا (کھود۔ نا)(ف۔ مع)(۱) گڑھا کرنا (۲) جڑ سے اُکھاڑنا (۳) خالی کرنا۔ کُھرچنا۔ کُریدنا (۴) نقاشی کرنا۔ کندہ کرنا۔ منبّت کاری کرنا۔

کھودنی (ق۔ اِ۔ مث) جستجو۔ تلاش۔ دریافت۔ سُراغ۔

کھو دینا (ف۔ مع مُرکب)(۱) ضائع کر دینا۔ برباد کر دینا (۲) چُکتا کر دینا (۳) غائب کر دینا۔ گم کر دینا۔ گنوا دینا۔

کھور (واو مجہول)(اِ۔ مث)(۱) مویشیوں کے کھانے اور پانی پینے کی ناند یا نالی (۲) غار۔ کھوہ۔ چھوٹی وادی (۳) راستہ۔ گلی (۴) چپنی۔ ڈھکنا۔ سرپوش (۵) لحاف۔ رضائی۔

کھُورو (کھو۔ رو)(اِ۔ مذ)(۱) کھر دار جانوروں کی وہ حالت جس میں وہ زمین کو اپنے کھروں یا سُموں سے کھود کر کسی خواہش کا اِظہار کرتے ہیں (۲) بدی۔ خسارہ۔ شرارت۔ جھگڑا۔ تنازع (۳)(ق۔ اِ۔ مذ) خرابی۔ عیب۔

کھُورولانا (کرنا) (اَر۔ محاورہ)(۱) حیوانوں کا زمین پر کھر یا سُم دے دے مارنا (۲) شور مچانا (۳) جھگڑا کرنا۔ شرارت کرنا۔ فساد کرنا۔

کھوڑ (واو مجہول)(اِ۔ مث)(۱) دیکھیے کھور نمبرا (۲) مرے ہوئے بزرگوں کی ناراضی (۳) آسیب۔ خلل (۴) وہ تِلک جو ہندو صندل یا سیندور وغیرہ کا ماتھے پر لگاتے ہیں۔

کھوڑا (واو مجہول)(ق۔ اِ۔ مذ) ہتھکڑی (۲) لکڑی جو مویشی کے گلے میں باندھتے ہیں۔

کھوڑکا (ق۔ اِ۔ مذ) سُوکھا درخت۔

کھوڑل (کھو۔ ڑل)(ق۔ صف) ناقص۔ عیب دار۔

کھوسا (کھو۔ سا)(واو مجہول)(ف۔ صف)(۱) وہ شخص جس کے ڈاڑھی اور مونچھ نہ ہو (۲) ایک قبیلہ جو پنجاب اور سندھ میں آباد ہے۔

کھوسٹ (کھو۔ سٹ)(اَر۔ صف) بوڑھا پھوس۔ پیر فرتوت۔ کہن سال۔

کھوسنا (کھوس۔ نا)(واو مجہول)(ف۔ مع) کسی چیز کو کسی چیز میں اُڑس دینا۔ اٹکا دینا۔ اُلجھانا (۲) بال نوچنا۔

کھو کر سیکھنا (اَر۔ مع مُرکب) نُقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کرنا۔

کھوکھا (کھو۔ کھا)(واو مجہول)(اِ۔ مذ)(۱) وہ ہُنڈی جس کے روپے دیئے جا چکے ہوں (۲) لڑکا۔ طفل (۳) لکڑی کا بڑا صندوق (۴) لکڑی کی عارضی دُکان (۵)(صف) خالی۔ تہی۔ کھوکھلا۔ جمع: کھوکھوں۔ کھوکھے۔

کھوکھلا (کھو کھ۔ لا)(واو مجہول)(اَر۔ صف) پولا۔ خالی۔ کھکل۔ بے مغز۔ تھوتھا۔

کھوکھلی (کھو کھ۔ لی)(ف۔ صف) کھوکھلا کی تانیث۔

کھوکھیانا (کھوک۔ یا۔ نا)(اَر۔ مع) دیکھیے خوخیانا۔

کھول (واو مجہول)(ف۔ فعل) کھولنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

کھول کیسہ کھا ہریسہ (اَر۔ مثل) مال خرچ کر اور دُنیا کا مزہ اُٹھا۔

کھول کر (واو مجہول)(اَر۔ تابع فعل)(۱) ظاہر کر کے۔ واضح طور سے (۲) بے روک ٹوک۔ آزادانہ (۳) بخوبی۔ جیسا چاہیے۔

کھول کر کہنا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کو خُوب ظاہر کر کے کہنا۔ علانیہ کہنا۔ بے لاگ کہنا۔ صاف کہنا۔

کھولانا (کھو۔ لا۔ نا)(ف۔ مع)(۱) جوش دینا۔ اُبالنا (۲) جلانا۔ غم دینا۔

کھولتا ہُوا (ف۔ صف) اُبلتا ہوا۔ بہت گرم۔

کھولن (کھو۔ لن)(ف۔ اِ۔ مث)(۱) جوش۔ اُبال (۲) جلن۔ سوزش (۳) زخم۔ ٹیس۔

کھولنا (کھول۔ نا)(ف۔ مع)(۱) اُبلنا۔ پکنا۔ جوش کھانا۔ نہایت گرم ہونا (۲) دل ہی دل میں غم کھانا (۳) زخم یا پھوڑے میں جلن یا ٹیس ہونا۔

کھولنا (کھول۔ نا)(واو مجہول)(ف۔ مع)(۱) کسی بندھی ہوئی چیز کا وا کرنا (۲) ظاہر کرنا (۳) بھانڈا پھوڑنا (۴) پھاڑنا۔ چیرنا (۵) اُدھیڑنا (۶) رہا کرنا۔ آزاد کرنا (۷) ننگا کرنا۔ عُریاں کرنا (۸) سُلجھانا۔ حل کرنا (۹) صاف کرنا (۱۰) حجاب دُور کرنا۔ خاموشی دُور کرنا۔ ہم راز بنانا (۱۱) بادل کو دُور کرنا۔ بارش روکنا (۱۲) چوڑا کرنا (۱۳) قید و بند سے آزاد کرنا (۱۴) کسی بندھے ہوئے جانور کی چوری کرنا (۱۵) ہتھیار کمر سے جُدا کرنا (۱۶) قفل کو زنجیر سے جُدا کرنا۔

کھونا (کھو۔ نا)(واو مجہول)(ف۔ مع)(۱) گم کرنا۔ گنوانا (۲) بُھلانا۔ بسرانا (۳) ضائع کرنا۔ برباد کرنا (۴) بے قابو کرنا (۵) بگاڑنا (۶) رفع کرنا۔

کھونپ (واو مجہول)(نون غُنّہ)(اِ۔ مث) ایک قسم کی لمبی سلائی۔ لمبے لمبے ٹانکے۔ جمع: کھونپوں۔ کھونپیں۔

کھونپ بھرنا (اَر۔ محاورہ) موٹا موٹا سینا۔ تکیانا۔ ہلکے مارنا۔ (حقارتاً) سینا۔

کھونٹ (واو معروف)(نون غُنّہ)(اِ۔ مذ)(۱) کونا۔ گوشہ۔ زاویہ (۲) جانب۔ طرف۔ سمت۔ پہلو (۳) کان کا میل (۴) مُلک کا حِصّہ۔ قطعہ۔

کھونٹا (کھوں۔ ٹا)(اِ۔ مذ)(۱) میخ۔ کیل (۲) کولھو کی لاٹھ (۳) چکّی کا ہتھا (۴)(مجازاً) مددگار۔ حمایتی۔ جمع: کھونٹوں۔ کھونٹے۔

کھونٹا سا (اَر۔ صف) میخ کی مانند سیدھا اور مضبوط گڑا ہوا۔

کھونٹا تگڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) مضبوط سہارا ہونا۔ بڑا آدمی مددگار ہونا۔

کھونٹا سا بیٹھ جانا (گڑ جانا) (اَر۔ محاورہ) مضبوطی کے ساتھ جم کر بیٹھنا۔ کھونٹے کی طرح جم جانا۔

کھونٹی (کھوں۔ ٹی)(اِ۔ مث)(۱) چھوٹی میخ۔ کیل (۲) سارنگی یا ستار کے کان (۳) بالوں کی جڑ۔ جمع: کھونٹیاں۔ کھونٹیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھونٹی لینا (اُر۔ محاورہ) چھوٹے چھوٹے بال مونڈنا۔

کھونٹی مروڑنا (اُر۔ محاورہ) گوش مالی کرنا۔ سزا دینا۔ کان اینٹھنا۔

کھونٹی نہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت صفائی سے حجامت بنانا (۲) کوٹ کر بالکل صفایا کر دینا۔

کھونچ (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) کپڑے وغیرہ کی وہ جگہ جو کیل یا کانٹے سے اُلجھ کر پھٹ جائے (۲) چارپائی کی کان (۳) جسم کا وہ حصہ جو کسی صدمے سے پھٹ جائے۔

کھونچ آنا (لگنا) (اُر۔ محاورہ) کپڑے کا کسی چیز سے اُلجھ کر پھٹ جانا۔

کھونچا (کھوں۔چا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) بڑی کھونچ۔

کھونچا (کھوں۔چا) (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) ساڑھے چھ کا پہاڑہ۔

کھونچڑ (کھوں۔چڑ) (واو مجہول) (ہ۔صف) دیکھیے کھوچڑ۔

کھوندنا (کھوند۔نا) (ہ۔مص) پامال کرنا۔ روندنا۔ پاؤں سے مَلنا یا کچلنا۔

کھونڈا (کھوں۔ڈا) (ہ۔صف) وہ لڑکا جس کے آگے کے دودھ کے دانت ٹوٹے ہوئے ہوں۔ کھنڈلا۔ (مؤنث کے لئے کھونڈی)۔

کھونسڑا (کھونس۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) پُرانی اور ٹوٹی ہوئی جوتی۔

کھوں کھوں (ہ۔ا۔مث) کھانسی کی آواز۔

کھوں کھوں کرنا (اُر۔ محاورہ) کھانسنا۔ دھانسنا۔

کھوہ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے کھو۔

کھوئی (کھو۔ای) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) گنّے یا اِکھ کا پھوک جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے۔ جمع: کھوئیاں۔ کھوئیوں۔

کھوئے سے گئے (اُر۔ محاورہ) سٹ پٹا گئے۔ گھبرا گئے۔ حواس باختہ ہو گئے۔ متحیّر ہو گئے۔ اوسان جاتے رہے۔

کھوّے (کھوّ۔وے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کھوّا کی جمع (۲) کھوّا کی مغیرہ صورت۔

کھوّے رہ جانا (اُر۔ محاورہ) مونڈھے تھک جانا۔

کھوّے سے کھوّا چھلنا (اُر۔ محاورہ) شانے سے شانہ رگڑا جانا۔ بہت بھیڑ ہونا۔

کھوّے لگنا (اُر۔ محاورہ) اکھاڑے کی زمین سے پہلوان کا کندھا چھو جانا۔

کھوّیا (کھ۔وّی۔یا) (ہ۔صف) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔ جمع: کھوّیوں۔ کھوّیے۔

کھِوَیّا (کھ۔وَی۔یا) (ہ۔ا۔مذ) ناؤ چلانے والا۔ ملّاح۔ مانجھی۔ جمع: کھِوَیّوں۔ کھِوَیّے۔

کھویا (کھو۔یا) (ہ۔ا۔مذ) دودھ کا ماوا۔ ربڑی (۲) (فعل) کھونا مصدر سے ماضی کا صیغہ (۳) (صف) کھویا ہوا۔ گم۔ محو۔

کھویا (کھوئے) جانا (ہ۔مص) (۱) گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ حیران ہو جانا (۲) خراب ہو جانا۔

کھویا کھویا رہنا (اُر۔ محاورہ) کسی خیال میں محو رہنا۔ طبیعت کا بند رہنا۔

اِنقباض ہونا۔

کِھے (ہ۔ا۔مث) (۱) میلا۔ گوہ۔ نجاست (۲) خاک دُھول۔

کِھے کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) جھک مارنا۔ بے ہودہ بکنا (۲) (پن) بُرا کام کرنا۔

کھیارا (کھی۔آ۔را) (ق۔صف) مکّار۔ عیّار۔ بے مُروّت۔

کھیاری (ق۔صف) کھیارا کی تانیث۔ بے مُروّت عورت۔ عیّار عورت۔

کھیانا (کھی۔آ۔نا) (ق۔مص) کھسکانا۔ سرکانا (۲) گھس جانا۔ پُرانا ہو جانا۔

کھیپ (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) دریائی سفر (۲) بھرتی۔ بوجھ (۳) دفعہ شمار۔ بار۔ مرتبہ (۴) کھوٹ (۵) گروہ۔ جماعت۔ جمع: کھیپوں۔ کھیپیں۔

کھیپ بھرنا (اُر۔ محاورہ) بوجھ لادنا۔ مال بھرنا۔

کھیت (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کِشت۔ وہ زمین جس میں بویا جوتا جائے (۲) زمین۔ ملک۔ دیس۔ خطّہ (۳) کارزار۔ جنگ و جدل۔ جنگاہ (۴) چاند کی روشنی (۵) تلوار کا پَھل۔ جمع: کھیت۔ کھیتوں۔

کھیت آنا (اُر۔ محاورہ) کام آنا۔ مارا جانا۔ قتل ہو جانا۔

کھیت اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) کھیت لگان پر دینا۔

کھیت بانٹ (بٹ) (ہ۔ا۔مث) زمین کی تقسیم جو کھیتوں کے اِعتبار سے ہو۔

کھیت بھر (اُر۔ تابع فعل) ایک کھیت کے فاصلے پر۔

کھیت پتر (ہ۔ا۔مذ) زمین کا رہن نامہ۔ زمین کا کاغذ۔ خطِ زمین۔

کھیت پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی جگہ جنگ و جدل ہونا۔ بہت سے لوگوں کا مارا جانا۔ گھمسان کا رن پڑنا۔

کھیت چِٹھا (ہ۔ا۔مذ) پیمائش والوں کی کتاب جس میں زاویہ کی پیمائش لکھی جاتی ہے۔ پٹواریوں کا خسرہ۔

کھیت چھوڑ جانا (اُر۔ محاورہ) میدان جنگ سے بھاگ نکلنا۔ پیٹھ دکھانا۔

کھیت رہنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کام آنا۔ مارا جانا۔ قتل ہونا (۲) فریفتہ ہو جانا۔

کھیت کاٹنا (اُر۔ مص مُرکّب) فصل کاٹنا۔

کھیت کا لکھا پڑھا (اُر۔ صف) کسان۔ دہقان۔ دیہاتی۔ ہل چلانے والا۔

کھیت کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چاند نکلنا (۲) زراعت کرنا۔ بونا۔ جوتنا۔

کھیت کمانا (اُر۔ محاورہ) محنت کر کے کھیت کی زمین کو پیداوار کے قابل بنانا۔

کھیت کھائے گدھا، مارا جائے جولاہا (اُر۔ مثل) قصور کوئی کرے سزا کسی کو ملے۔

کھیت لہلہانا (اُر۔ محاورہ) کھیت کا سرسبز و شاداب ہونا۔

کھیت نلانا (اُر۔ محاورہ) زراعت کو خود رَو گھاس سے صاف کرنا۔ گھاس پات نکال کر پودوں کی جڑوں کو گودتے جانا۔

کھیت ہاتھ ہونا (کھیت ہاتھ رہنا) (اُر۔ محاورہ) میدان ہاتھ رہنا۔ فتح یابی ہونا۔ پالا جیتنا۔

کھیتی (کھے۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) زراعت۔ کِشت۔ بویا ہوا کھیت (۲) فصل۔ اناج۔ غلّہ (۳) اولاد (۴) اعمال۔ جمع: کھیتیاں۔ کھیتیوں۔

کھیتی باڑی (اُر۔ا۔مث) کسانی۔ کاشتکاری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کھیتی باڑی کرنا (اَر۔ محاورہ) زراعت کرنا۔ بونے جوتنے کا کام کرنا۔

کھیتی پانی بنتی اور گھوڑے کا تنگ۔ اپنے ہاتھ سنوارے چاہے لاکھ ہوں سنگ (اَر۔مثل) کھیتی کرنا، چٹھی لکھنا اور گھوڑے کے تنگ کو درست کرنا۔ یہ سب کام اپنے ہاتھ سے درست کرنا چاہئے۔

کھیتی خصم سیتی (اَر۔مثل) کام مالک ہی کی وجہ سے خوب ہوتا ہے۔ اگر مالک کسی کام میں خود توجہ نہ دے اور دوسروں پر چھوڑ دے تو وہ کام حسب دل خواہ نہیں ہو سکتا۔

کھیتی رکھے باڑ کو، باڑ رکھے کھیتی کو (اَر۔مثل) بادشاہ رعیت کے سبب اور رعیت بادشاہ کے سبب قائم رہتی ہے۔

کھیچڑ (کھی۔چڑ)(ق۔ا۔مث) شرارت۔ شوخی۔

کھید (یائے مجہول)(س۔ا۔مث)(۱) دُکھ۔ درد۔ تکلیف (۲) سوچ۔ فکر۔ غم۔ افسوس۔ ماتم۔ سوگ (۳) بیماری۔ روگ۔

کھیدا (کھے۔دا)(ہ۔ا۔مذ) جنگلی ہاتھیوں کو پکڑنے کا گڑھا جسے گھاس پھوس اور پتلی پتلی لکڑیوں سے پاٹ کر مٹی سے چھپا دیتے ہیں۔

کھیدنا (کھید۔نا)(یائے مجہول)(ہ۔مص)(۱) نکالنا۔ ہانکنا۔ باہر کرنا (۲) ستانا (۳) ہاتھیوں کا شکار کرنا۔

کھیر (ہ۔ا۔مث) دودھ اور چاول کا پکا ہوا ایک لذیذ کھانا۔ شیر برنج۔

کھیر چٹائی (اَر۔ا۔مث) بچے کا دودھ چھڑوانے کی رسم۔

کھیر کا دلیا ہو جانا (اَر۔محاورہ)(۱) قسمت پلٹ جانا۔ اقبال جاتا رہنا (۲) کچھ سے کچھ ہو جانا۔ سنوارا ہوا کام بگڑ جانا۔

کَھیرا (کھے۔را)(ہ۔صف)(۱) بھونسلا۔ خاکی (۲)(ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر۔

کھیرا (کھی۔را)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی ککڑی۔ جمع: کھیروں۔ کھیرے۔

کھیرا ککڑی کرنا (اَر۔محاورہ) بے دردی سے کوسنا۔ کھیرے ککڑی سے بھی کم سمجھ کر کسی کا مرنا چاہنا۔

کھیری (کھی۔ری)(ہ۔ا۔مث) بانکھ کا گوشت۔ جانوروں کے تھنوں کے اوپر کا گوشت جس میں دودھ بنتا ہے۔

کھیڑا (کھے۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بستی۔ چھوٹا سا گاؤں (۲) کئی قسم کا ملا جلا اناج۔

کھیڑی (کھے۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا سخت اور عمدہ لوہا۔ فولاد۔ اسپات۔

کھیس (یائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سوتی کپڑا جو اوڑھنے اور بچھانے کے کام آتا ہے۔ جمع: کھیس۔ کھیسوں۔

کھیس (یائے معروف)(ہ۔ا۔مث) وہ گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے پر پہلے تین روز نکلتا ہے (۲) دانت نکال کر ہنسنا۔

کھیسا (کھی۔سا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) تھیلی۔ کیسہ۔ جیب۔ پاکٹ (۲) وہ تھیلی جس کو ہاتھ میں پہن کر بدن کا میل صاف کرتے ہیں۔ کپڑے کا جھانواں۔ جمع: کھیسوں۔ کھیسے۔

کھیسیں (پہلی ی معروف دوسری مجہول)(ہ۔ا۔مث) کھیس نمبر ۲ کی جمع۔

کھیسیں نکالنا (اَر۔محاورہ) ہنسی میں دانت نکالنا۔

کھی کھی (ہ۔ا۔مث) ہنسنے کی ناگوار آواز۔

کھے کھے (کھے۔کھے)(ہ۔ا۔مث) ہے ہے کا مترادف۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ دانتا کل کل۔

کھیکٹا (کھیک۔ٹا)(یائے مجہول)(ق۔ا۔مث) سختی۔ مصیبت۔

کھیل (یائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بازی۔ بازیچہ۔ تماشا۔ کرتب (۲) دل بہلاوا۔ سیر۔ مشغلہ۔ شغل (۳) کاریگری (۴) کام۔ کاج۔ فعل۔ دھندا (۵) چھوٹا سا چشمہ جس میں مویشیوں کو پانی پلاتے ہیں۔ جمع: کھیل۔ کھیلوں (۶)(صف) سہل۔ آسان۔

کھیل آنا (اَر۔محاورہ) کسی کھیل سے واقف ہونا۔ کھیلنا جاننا۔

کھیل بگاڑنا (اَر۔محاورہ) بنا بنایا کام خراب کرنا۔ رخنہ ڈالنا۔

کھیل بگڑ جانا (اَر۔محاورہ) بنے ہوئے کام کا بگڑ جانا۔ کام میں رخنہ پڑنا۔

کھیل بنانا (اَر۔محاورہ) کام بنانا۔ یارانہ لگانا۔ بات بنانا۔

کھیل جانا (اَر۔محاورہ)(۱) گنوا دینا۔ کھپا دینا۔ جوکھوں یا ہلاکت میں ڈال دینا (۲) مر جانا۔ ہلاک ہو جانا۔ جان سے جاتا رہنا۔

کھیل جاننا (سمجھنا) (اَر۔محاورہ) آسان جاننا۔ بہت ہی سہل جاننا۔ سہج سمجھنا۔

کھیل کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) مذاق میں ڈالنا۔ کسی کام کو کام کی طرح نہ کرنا (۲) کھیلنا۔

کھیل کود (اَر۔ا۔مذ) لہو ولعب۔ اُچھل کود۔

کھیل کود کے گزارنا (اَر۔محاورہ) کھیل کود میں وقت کاٹنا۔

کھیل کھانا (اَر۔محاورہ) بدچلنی اور آوارگی میں زندگی گزارنا۔

کھیل کھلانا (اَر۔محاورہ)(۱) بازی کرانا (۲) ستانا۔ دق کرنا۔

کھیل کھیلنا (اَر۔محاورہ)(۱) بازی کرنا (۲) بے پروائی سے کام کرنا (۳) وقت کاٹنا۔ دفع الوقتی کرنا۔

کھیل کے دن (اَر۔ا۔مذ) لڑکپن کا زمانہ۔

کھیل نہیں (اَر۔محاورہ) آسان نہیں۔ دشوار ہے۔

کھیل ہاتھ لگنا (اَر۔محاورہ) دل کا بہلاوا ہاتھ آنا۔ شغل ہاتھ لگنا۔

کھیل ہے (اَر۔محاورہ)(۱) ادنیٰ بات ہے (۲) تماشا ہے۔ شغل ہے (۳) سہل ہے۔ آسان ہے۔

کھیل (ہ۔ا۔مث)(۱) بھنے ہوئے چاول یا اناج جو پھول گیا ہو (۲) ذرا سا۔ قلیل مقدار (۳) بھنا ہوا سہاگا یا دھات جو حرارت سے پھول جائے۔ جمع: کھیلوں۔ کھیلیں۔

کھیل اُڑ کر منہ میں نہ جانا (نہ پڑنا) (اَر۔محاورہ) کوئی چیز نہ کھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بالکل نہ کھانا۔

کھیل بتاشوں کا میل ہے (اَر۔ مثل) خوب جوڑی ملی ہے۔

کھیل کھیل ہو جانا (اَر۔ محاورہ) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ ریزہ ریزہ ہو جانا۔ خستہ ہو جانا۔ پارہ پارہ ہو جانا۔

کھیل ہونا (اَر۔ محاورہ) بُھن کر کھیل کی مانند ہو جانا۔

کھیلا کھایا (کھے۔لا۔ کھایا)(اَر۔ صف) تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔

کھیلنا (کھیل۔نا) (یائے مجہول) (ہ۔مص) (۱) بازی کرنا۔ کھیل کرنا (۲) اُچھلنا۔ کودنا (۳) لہو ولعب کرنا (۴) کام کرنا۔ کوئی فعل کرنا (۵) دِل بہلانا (۶) گُھورنا۔ بیتنا (۷) جوُا کھیلنا۔ قمار بازی کرنا (۸) بُھوت پریت یا جن پری کے اثر سے سر ہلانا۔

کھیلنا کھانا (اَر۔ محاورہ) زندگی کا لطف اُٹھانا۔

کھینا (کھے۔نا)(ہ۔مص)(۱) ناؤ چلانا۔ چپّو سے کشتی چلانا (۲) برداشت کرنا۔ سہنا (۳) جلانا۔ آگ پر رکھنا۔ دُھونی دینا (۴) ضرورت پر کسی کے کام آنا۔

کھینچ (یائے معروف و مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔امث) (۱) کشش۔ کھنچاؤ (۲) کمی۔ قِلّت۔ قحط۔ کال۔

کھینچ بُلانا (اَر۔ محاورہ) زبردستی بُلانا۔

کھینچ تان کے (اَر۔ تابع فعل) کوشش سے۔ زبردستی۔ گھسیٹ گھساٹ کر۔ بدقّت۔ بمشکل۔

کھینچ کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) کمی کرنا (۲) رکاوٹ کرنا۔

کھینچ لانا (اَر۔ محاورہ) پکڑ لانا۔ گھسیٹ لانا۔

کھینچا تانی (کھیں۔چا۔تا۔نی)(ہ۔امث) کشاکش۔ لڑائی جھگڑا۔

کھینچنا (کھینچ۔نا)(یائے معروف و مجہول)(نُون غُنّہ)(ہ۔مص)(۱) گھسیٹنا۔ تاننا۔ اینچنا (۲) جذب کرنا۔ چُوسنا (۳) غرور کرنا۔ اکڑنا (۴) جلد جلد لکھنا (۵) تصویر بنانا۔ عکس اُتارنا (۶) میان سے تلوار باہر نکالنا (۷) باہر لانا۔ نکالنا (۸) کمانا (۹) لٹکانا۔ چڑھانا (۱۰) روکنا۔ سمیٹنا (۱۱) بھرنا۔ لمبا یا ٹھنڈا سانس لینا (۱۲) حلقہ بنانا۔ گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ سرکل بنانا (۱۳) کاڑھنا۔ نقش بنانا (۱۴) اُوپر لانا۔ اُوپر چڑھانا (۱۵) جکڑنا۔ باندھنا۔

کھیوا (کھے۔وا)(ہ۔امذ)(۱) ناؤ کا کرایہ (۲) کشتی۔ ناؤ (۳) دریا کے پار اُترنا (۴) پھیرا (۵) کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ۔

کھیوا پار کرنا (لگانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) کشتی کو کنارے پہنچانا۔ بیڑا پار لگانا (۲) عاقبت بخیر کرنا۔ نجات دینا۔

کھیوٹ (کھے۔وٹ) (ہ۔امث) (۱) وہ سرکاری رجسٹر جس میں گاؤں کے مالکوں کے نام اور کیفیت مندرج ہوتی ہے۔ کاغذاتِ بندوبست (۲) خراج کی قسط۔ مال گزاری کا حصّہ۔

کھیوٹ دار (اَر۔ صف) گاؤں کا شریک۔ شریکِ حصّہ۔

کھیوٹ کھتونی (اَر۔امث)(۱) گاؤں کے بندوبست کا حساب کتاب (۲) مالکانِ اراضی اور اُن کی زمینوں کا حساب کتاب۔

کھیوٹیا (کھیون ہار۔ کھیویا) (کھے۔وٹ۔یا) (کھے۔وَن۔ہار۔ کھے۔وَیَ۔یا)(ہ۔امذ) دیکھئے کھویا۔

کھیئی (کھے۔ای)(ہ۔امث) سُوکھی ہوئی جھاڑی یا جھربیری کے وہ درخت جو باڑ لگانے اور جلانے کے کام آتے ہیں۔

ک۔ع

کَئی (کَ۔ای)(ف۔صف) کَے (بڑا بادشاہ) سے منسوب۔ شاہی۔

کَئی (کَ۔اِی)(اَر۔صف) چند۔ کتنے ہی۔ دوچار۔

کئی ایک (اَر۔صف) چند۔ چند ایک۔ دوچار۔

کئی بار (اَر۔ تابع فعل) چند مرتبہ۔ چند بار۔ اکثر۔ بارہا۔ کتنی دفعہ۔

کئی ہاتھ (اَر۔ تابع فعل) چند ہاتھ۔ بہت سا۔

کیئے (کی۔اے)() کیا کی جمع (۲) کیا کی مغیّر شکل۔

کیئے کی سزا پانا (کا پھل پانا) (اَر۔ محاورہ) بُرے کاموں کی سزا بھگتنا۔

ک۔ی

کی (ہ۔حرفِ اضافت) ”کا“ کی تانیث۔

کی خاطر (اَر۔ تابع فعل) کے لئے۔

کے (ہ۔ حرفِ اضافت)(۱) ”کا“ کی جمع (۲) دو فعلوں کے درمیان اِظہار عطف کے لئے جیسے پڑھ کے آیا۔

کِے (فتح کاف)(ہ۔استفہام عددی) کتنے؟ کتنی؟ کتنا؟

کِے بار؟ (اَر۔ تابع فعل) کتنی دفعہ؟ کتنی مرتبہ؟

کَے (ف۔امذ)(۱) بڑا بادشاہ۔ جمع: کیان (۲)(ف۔ حرفِ استفہام) کب؟

کے آمدی و کے پیر شدی (ف۔مثل) کب آئے یعنی پیدا ہوئے اور کب بوڑھے ہوئے۔ تھوڑے تجربے پر اترانے والے کو کہتے ہیں۔

کیا (ہ۔کلمہ استفہام)(۱) چہ (۲) آیا (۳) خواہ۔ چاہے (۴) کس قدر۔ کتنا (۵) استفہامِ انکاری (۶) کون۔ کدام (۷) اظہارِ عظمت کے لئے (۸) برائے نفی (۹) برائے تحسین و آفرین (۱۰) کراہت و نفرت کے واسطے (۱۱) کون سی بڑی بات ہے (۱۲) کیوں۔ کس لئے۔ کس واسطے (۱۳) حیرت و تعجب (۱۴) برائے کثرت۔

کیا آدمی ہے! (اَر۔ محاورہ) خوب آدمی ہے (۲)(طنزاً) بڑا شریر آدمی ہے۔

کیا آسمان کے تارے ہیں؟ (اَر۔مثل) ایسی نایاب چیز تو نہیں کہ نہ مل سکے۔

کیا آگ لگاؤں؟ (اَر۔ محاورہ) کیا کروں؟ نہایت بیزاری اور کراہت کے موقع پر بولتے ہیں۔

کیا آگ لینے آئے تھے؟ (اَر۔ محاورہ) فوراً آ کر چلے جانے والے کی نسبت طنزاً بولتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کیا آنکھوں میں خاک ڈالتے ہو (اُر۔ محاورہ) کیا صریح دھوکا دیتے ہو۔

کیا آئے کیا چلے (اُر۔ محاورہ) جب کوئی آتے ہی جانے کا اِرادہ کرتا ہے تو اُس وقت بولتے ہیں کہ یہ آنا نہ آنا تو برابر ہے۔

کیا اِجارہ ہے (اُر۔ محاورہ) قابو نہیں۔ دعویٰ نہیں۔

کیا اُدھار کی ماں مری ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا لین دین کا دستور دُنیا سے اُٹھ گیا ہے؟ تم نہ دوگے تمہارا دُوسرا بھائی موجود ہے۔ جب کوئی قرض دینے میں حجت کرے تو کہتے ہیں۔

کیا اصل ہے (اُر۔ محاورہ) کیا حقیقت ہے۔

کیا اُکھاڑ سکتا ہے (اُر۔ محاورہ) کچھ نقصان یا ضرر نہیں پہنچا سکتا۔

کیا اُن ہی کے سر ٹیکا (سہرا) ہے؟ (اُر۔ محاورہ) یہ کام اُن ہی پر موقوف و منحصر نہیں اور لوگ بھی کر سکتے ہیں۔

کیا ایسے لعل لگے ہیں؟ (اُر۔ محاورہ) کون سی خوبی ہے۔

کیا بات تھی (اُر۔ محاورہ) کوئی بڑی بات نہ تھی۔

کیا بات ہے! (اُر۔ محاورہ) کیا کہنا ہے۔ کیا خوب! سُبحان اللہ! شاباش! مرحبا! واہ وا!! (طنزاً بھی کہا جاتا ہے)۔

کیا بات رہی؟ (اُر۔ مقولہ) کیا عزت رہی۔

کیا بُرا تھا؟ (اُر۔ محاورہ) بہت اچھا تھا۔ بہت غنیمت تھا۔

کیا بُرائی ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کچھ عیب نہیں۔

کیا بڑا کام ہے (اُر۔ محاورہ) کچھ نہیں۔ آسان کام ہے۔

کیا بڑی عُمر ہے (اُر۔ محاورہ) جب کوئی شخص اپنی یاد یا اپنا ذِکر ہوتے وقت آ جائے تو اُسے یہ فقرہ سُناتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ ایسے شخص کی عُمر بڑی ہوتی ہے۔

کیا بساط ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کوئی قیمت نہیں۔ کچھ حقیقت نہیں۔

کیا بکتا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) غلط کہتا ہے۔ بے ہودہ کہتا ہے۔

کیا بگاڑا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا نُقصان کیا ہے؟

کیا بگڑتا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا نُقصان ہوتا ہے۔

کیا بلا (اُر۔ صف) غضب کا۔ قیامت کا۔

کیا بلا ہے (اُر۔ محاورہ) کوئی چیز نہیں۔ کچھ نہیں۔ ہیچ ہے۔

کیا بلّی نے چھینک دیا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) تم نے کیوں اس کام کو نہیں کیا؟

کیا بُور کے لڈّو ہیں؟ (اُر۔ محاورہ) کوئی نایاب چیز نہیں۔

کیا بھاڑ میں جھونکیں؟ (اُر۔ محاورہ) بیکار ہے۔ فضول ہے۔

کیا بھروسا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا اِعتبار ہے؟ کچھ ٹھکانا نہیں۔ اطمینان کے قابل نہیں۔

کیا بھیڑ کیا بھیڑ کی لات (اُر۔ مثل) بے حیثیت ہے۔ بے اصل ہے۔

کیا پاؤ گے؟ (اُر۔ محاورہ) کچھ نہیں ملے گا۔ کچھ حاصل نہ ہوگا۔

کیا پاؤں میں مہندی لگی ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کون سی بات یہاں آنے میں مانع ہے؟ جب کوئی شخص تکبّر کے باعث آنے جانے میں ہیر پھیر کرے تو اُس موقع پر بولتے ہیں۔

کیا پِدّی کیا پِدّی کا شوربا (اُر۔ مثل) نہایت بے قدر اور حقیر چیز کی نسبت بولتے ہیں۔

کیا پروا ہے (اُر۔ محاورہ) کوئی ڈر نہیں۔ کوئی اندیشہ نہیں۔

کیا پڑی ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا فکر ہے؟

کیا پوچھنا (ہے) (اُر۔ محاورہ) کیا کہنا ہے! کیا بات ہے!

کیا پُھولا پھرتا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیوں اِس قدر غافل ہے؟ کیوں اِس قدر مغرور ہے؟

کیا تعلّق؟ (اُر۔ محاورہ) کوئی تعلّق نہیں؟ کیوں؟ کس وجہ سے؟

کیا تماشا ہے! (اُر۔ محاورہ) حیرت کی بات ہے۔ انوکھی بات ہے۔

کیا تمہارے سُرخاب کا پر لگا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) تم میں کون سی خوبی ہے؟ کیا تم ہی سب سے بڑھ کر ہو؟

کیا تھا کیا ہوا (کیا تھا کیا ہو گیا) (اُر۔ محاورہ) (۱) بنا ہوا کام یا بنی ہوئی بات بگڑ گئی (۲) زمانہ اُلٹ پُلٹ ہو گیا۔

کیا ٹونا کرنے آئی تھیں؟ (اُر۔ محاورہ) جب کوئی عورت آ کر جلد چلی جائے یا تھوڑی دیر کے لئے آئے تو طنزاً یہ محاورہ بولا جاتا ہے۔

کیا ٹھکانا (اُر۔ محاورہ) کوئی حد نہیں۔ کوئی اِنتہا نہیں۔

کیا جاتا؟ (اُر۔ محاورہ) کون سا نقصان ہو جاتا؟ کون سا کام بگڑ جاتا؟

کیا جاتی دُنیا دیکھی ہے؟ (اُر۔ محاورہ) جب کسی بے رحم اور بے مُروّت سے کوئی رحم یا مُروّت کا کام ہو جائے یا کسی بخیل سے سخاوت ظہور میں آئے تو اُس وقت کہتے ہیں۔ کیا سبب ہوا جو تم نے دُنیا کو فانی سمجھ کر خلافِ عادت بات کر دی ہے۔

کیا جان پائی ہے! (کیا جان ہے) (اُر۔ محاورہ) کیا تاب و طاقت ہے! کیا مجال ہے!

کیا جانے (کیا جانئے) (اُر۔ محاورہ) خُدا جانے۔ ہمیں خبر نہیں۔ لاعلمی ظاہر کرنے کو بولتے ہیں۔

کیا جائے گا؟ (اُر۔ محاورہ) کیا نُقصان ہوگا؟

کیا جوڑ؟ (اُر۔ محاورہ) کیا مُقابلہ۔

کیا چاہئے؟ (اُر۔ محاورہ) (۱) کیا ضرورت ہے؟ کس چیز کی حاجت ہے؟ کیا مانگتے ہو؟ (۲) کیا بات ہے؟ کیا کہنا ہے؟ کیا پوچھنا ہے؟

کیا چلائی! (اُر۔ محاورہ) کیا بات ہے۔ کیا کہنا ہے۔

کیا چلے؟ (اُر۔ محاورہ) کچھ قابو اور اِختیار نہیں۔ عالمِ مجبوری و ناچاری ہے۔

کیا چوڑیاں ٹوٹ جائیں گی؟ (اُر۔ محاورہ) جب کوئی شخص کسی کام کے کرنے میں سُستی کرے تو طنزاً یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں۔

کیا چھاتی ہے! (اُر۔ محاورہ) کیا حوصلہ ہے۔ بڑا حوصلہ ہے۔

کیا چیز ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا حقیقت ہے؟ کم قدر اور حقیر چیز کی نسبت بولتے ہیں۔

کیا حقیقت ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کچھ حقیقت نہیں۔ ذلیل ہے۔ ہیچ ہے۔

کیا خاک رہا؟ (اُر۔ محاورہ) کچھ نہیں رہا۔ کچھ نہیں بچا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کیا خاک ہے (اُر۔ محاورہ) دیکھئے کیا چیز ہے۔
کیا خبر (اُر۔ محاورہ) خُدا جانے۔ کیا معلوم۔ کچھ خبر نہیں۔
کیا خُدائی ہے! (اُر۔ محاورہ) خُدا تعالیٰ کی کیسی قُدرت اور کیسی شان ہے۔ خُدا کی قُدرت ہے!
کیا خوب! (اُر۔ تابع فعل) (۱) کلمہ طنز و تعریف۔ واہ کیا کہنا ہے! سُبحان اللہ! (۲) ہوش کی لو۔ عقل کی بات کرو۔
کیا خوب آدمی تھا! (اُر۔ محاورہ) کسی نیک آدمی کے مرجانے کے بعد جب اُس کا ذکر کیا جاتا ہے تو یہ کلمہ اَفسوس کے ساتھ زبان پر لاتے ہیں۔
کیا خوب آدمی ہے! (اُر۔ محاورہ) نہایت اچھا آدمی ہے۔ قابلِ تعریف ہے۔ بھلامانس ہے۔
کیا خوب سمجھتے ہیں (اُر۔ محاورہ) آپ کچھ بھی نہیں سمجھتے۔
کیا خُو نکالی ہے (اُر۔ محاورہ) کیسی عادت اِختیار کی ہے۔ کیا بُری عادت ڈالی ہے۔
کیا دال بھات کا نوالہ ہے؟ (اُر۔ مثل) کچھ آسان بات نہیں۔
کیا دخل؟ (اُر۔ محاورہ) ممکن نہیں۔
کیا درجہ کر رکھا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا حال کر رکھا ہے؟ کیا دُرگت بنا رکھی ہے؟
کیا درزی کا کوچ کیا مقام (اُر۔ مثل) اکیلے آدمی کو سفر و حضر میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ مُفلس کو سفر کا تردُّد نہیں کرنا پڑتا۔
کیا دِل میں آئی (اُر۔ محاورہ) کیا بات ذہن میں آئی۔
کیا دَم (زندگی) کا بھروسا ہے (اُر۔ محاورہ) زندگی کا کچھ اِعتبار نہیں۔
کیا دَم ہے! (اُر۔ محاورہ) اچھی طاقت ہے۔ بہت دَم ہے۔
کیا دن تھے! (اُر۔ محاورہ) ایامِ گزشتہ کیسے اچھے تھے جو اب یاد آتے ہیں۔ کتنا اچھا زمانہ تھا۔
کیا دُور ہے (اُر۔ مثل) کچھ تعجب نہیں۔ کچھ بعید نہیں۔
کیا دِہاڑا کر رکھا ہے! (اُر۔ محاورہ) کیا درجہ کر رکھا ہے۔ کیا حال کر رکھا ہے۔
کیا دھوپ میں بال سفید کئے ہیں؟ (اُر۔ مثل) بُوڑھے اور عُمر رسیدہ ہونے پر بھی کوئی تجربہ نہ ہوا۔
کیا ڈر ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کچھ مضایقہ نہیں۔ کیا اندیشہ ہے۔ کوئی نُقصان نہیں۔
کیا ذکر ہے؟ (اُر۔ محاورہ) قطعاً انکار کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔ کسی چیز کا وجود کیسا۔ اس کا تو ذکر تک نہیں۔
کیا رکھا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) (۱) کچھ باقی نہیں (۲) کیا خصوصیت ہے؟ کیا انوکھا پن ہے؟
کیا رنگ ہے! (اُر۔ محاورہ) کیسی حالت ہے! کیا حال ہے!
کیا رہا؟ (اُر۔ محاورہ) (۱) کوئی اُمید نہیں رہی (۲) کچھ باقی نہیں رہا۔ آس ٹوٹ گئی۔ توقع اُٹھ گئی۔ وقتِ نزع قریب آپہنچا۔
کیا زمانہ ہے! (اُر۔ محاورہ) کیسا بُرا وقت ہے! کیا اِنقلاب ہے!
کیا سانپ سُونگھ گیا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیوں نہیں بولتے؟
کیا سانپ کا پاؤں دیکھا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) جب کوئی ناممکن بات ہو تو کہتے ہیں۔
کیا سبب؟ (اُر۔ محاورہ) کس وجہ سے؟ کس غرض سے؟
کیا ستم ہے! (اُر۔ محاورہ) اندھیر ہے۔ قہر ہے۔
کیا سمجھا تھا؟ (اُر۔ محاورہ) شاید کچھ اور سمجھا تھا۔ جیسا مُشاہدے اور تجربے میں آیا ویسا ہی سمجھا تھا۔
کیا سمجھ کر؟ (اُر۔ تابع فعل) ناحق۔ عبث۔ اپنی بساط اور فہم کے خلاف سمجھ کر۔
کیا سُوجھی؟ (اُر۔ محاورہ) کیا خیال پیدا ہوا؟ کیا دُھن بندھی ہے؟
کیا سے کیا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) اِنقلابِ عظیم ہو جانا۔ کچھ کا کچھ ہو جانا۔
کیا شاخ نکلی ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کون سی انوکھی اور عجیب بات ہوگئی ہے؟ ایسی کیا شان بڑھ گئی ہے؟
کیا شان میں بٹا لگ جائے گا؟ (بھٹّے پڑ جائیں گے)؟ (اُر۔ محاورہ) کون سا عزّت میں بٹا لگ جائے گا؟ جب کوئی شخص کسی کام کے کرنے میں پس و پیش کرتا ہے تو اُس وقت طنزاً یہ فقرہ بولا جاتا ہے۔
کیا شک ہے؟ (اُر۔ محاورہ) یقین ہے۔
کیا شے ہے! (اُر۔ محاورہ) (۱) عجیب چیز ہے (۲) (حقارتاً) بے وقعت ہے۔ بے قدر ہے۔
کیا صلاح ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیا مشورہ ہے؟ کیا کرنا چاہئے؟
کیا ضرورت ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کوئی ضرورت نہیں۔
کیا علاج (ہے؟) (اُر۔ محاورہ) کچھ چارہ نہیں۔ کوئی تدبیر نہیں۔
کیا غرض ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کیوں؟ کس لئے؟
کیا غضب ہے! (اُر۔ محاورہ) اندھیر ہے۔ قہر ہے۔ ستم ہے۔
کیا غم ہے؟ (اُر۔ محاورہ) (۱) کیا اندیشہ ہے؟ کیا فکر ہے؟ (۲) کچھ ڈر نہیں۔ کیا مضایقہ ہے۔
کیا فائدہ؟ (اُر۔ محاورہ) بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔
کیا فرض ہے؟ (اُر۔ محاورہ) کچھ فرض نہیں۔ ضروری نہیں۔
کیا قاضی کی گدھی چرائی ہے؟ (اُر۔ مثل) ہم نے کون سا گناہ یا جرم کیا ہے جس کے سبب ڈریں؟
کیا قاضی گِلہ کرے گا؟ (اُر۔ مثل) کچھ نُقصان یا ضرر نہیں ہوگا۔ کوئی شکوہ شکایت نہیں کرے گا۔ کوئی نام نہیں دھرے گا۔
کیا قہر ہے! (اُر۔ مقولہ) کیا غضب ہے۔ کیا ستم ہے۔
کیا قیامت کی گھڑی تھی! (اُر۔ محاورہ) سخت مُصیبت کا وقت تھا۔
کیا قیامت ہے! (اُر۔ محاورہ) (۱) کیا ستم ہے (۲) نہایت خوبصورت ہے۔ کس قدر حسین ہے۔
کیا کابُل میں گدھے نہیں ہوتے؟ (اُر۔ مثل) بے وقوف ہر جگہ ہوتے ہیں۔
کیا کام؟ (اُر۔ محاورہ) کچھ کام نہیں۔
کیا کچھ؟ (اُر۔ متعلق فعل) کس قدر؟ کتنا؟ بہت کچھ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کیا کچھ سُنا چاہتے ہو؟ (اَر۔ محاورہ) گالیاں سننے کو جی چاہتا ہے؟
کیا کرتا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) ایسا نہ کر۔ کیا کام کر رہا ہے۔
کیا کر لیا؟ (اَر۔ محاورہ) کیا نقصان پہنچایا؟ کچھ نقصان نہ پہنچا سکا۔
کیا کروں؟ (اَر۔ محاورہ) (۱) حیرانی، تعجب اور مجبوری کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ یعنی حیران ہوں۔ مجبور ہوں۔ کوئی تدبیر بتاؤ۔ کسی طرح تسلّی دو (۲) کِس کام میں لاؤں؟ مجھے نہیں چاہیئے۔
کیا کرے؟ (اَر۔ محاورہ) مجبور ہے۔ کچھ علاج نہیں ہو سکتا۔
کیا کرے گا؟ (کیا کر لے گا؟) (اَر۔ محاورہ) کچھ نہیں کر سکتا۔ کیا کر سکتا ہے؟
کیا کرے گا دولہ جسے دے مولا (اَر۔ مثل) جسے مولا دے اُسے ملے۔ تدبیر سے کچھ نہیں ہو سکتا۔ اللہ کی دین میں کسی کو دخل نہیں۔
کیا کمی ہے؟ (اَر۔ محاورہ) سب کچھ ہے۔ بہت کچھ ہے۔
کیا کوسُوں؟ (کہہ کر کوسُوں؟) (اَر۔ محاورہ) ہم تو ایسے ناراض ہیں کہ کوئی بد دُعا بھی ایسی نہیں پاتے جو اِس ملال کو رفع کرے اور ہمارا دل ٹھنڈا ہو۔
کیا کوئی آگ لگائے (اَر۔ محاورہ) بالکل بے کار ہے۔
کیا کھا کے؟ (اَر۔ متعلق فعل) کِس برتے پر؟
کیا کہنا ہے! (اَر۔ روزمرّہ) کلمۂ تحسین و طنز۔ کیا بات ہے! کیا پوچھنا ہے!
کیا کہیں؟ (اَر۔ محاورہ) مجبوری اور بے بسی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ کیا بیان کریں؟ کیا شکایت کریں؟ قابلِ بیان نہیں۔
کیا کہیں گے؟ (اَر۔ محاورہ) کیا خیال کریں گے؟ کیا شُبہ کریں گے؟
کیا کِیا؟ (اَر۔ محاورہ) (۱) افسوس، تعجب، حیرت اور پریشانی کے موقع پر بولتے ہیں۔ یعنی بڑا غضب کیا۔ نہایت شرم کی بات ہے (۲) کون سا بُرا کیا۔ کوئی بے جا بات نہیں کی۔
کیا کیا؟ (اَر۔ تابع فعل) (۱) کون کون سا؟ (۲) سب کچھ۔ کس قدر۔ کیسے کیسے۔
کیا کیا کچھ؟ (اَر۔ تابع فعل) کون کون سی بات۔ کون کون سی چیز۔ بہت کچھ۔
کیا کیا کچھ کہا (کیا کیا کچھ نہ کہا) (اَر۔ محاورہ) بہت بُرا بھلا کہا۔ کون کون سی بات نہ کہی۔
کیا کیا نہ ہُوا (اَر۔ محاورہ) کون سی بات رہ گئی؟ کون سی بے عزّتی تھی جو باقی رہ گئی؟
کیا کیجے؟ (اَر۔ روزمرّہ) کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔
کیا گت ہو گئی! (اَر۔ محاورہ) کیا حالت ہو گئی۔
کیا گوری؟ (اَر۔ محاورہ) کیسی گوری؟ کیا واقعہ پیش آیا؟
کیا گُل پھُولا (کھلا) ہے؟ (اَر۔ مثل) کیا خرابی نکلی ہے؟ کون سی عجیب و غریب بات ظہور میں آئی ہے؟
کیا گونگے کا گُڑ کھایا ہے؟ (اَر۔ مثل) کیوں نہیں بولتے؟ کیوں خاموشی اختیار کر لی ہے؟ کِس لئے گونگے بن گئے ہو؟
کیا گیا؟ (اَر۔ محاورہ) کیا نقصان ہوا۔
کیا لعل لگے ہیں؟ (کیا ایسے لعل لگے ہیں؟) (اَر۔ مثل) کون سی خوبی ہے؟

کیا لگتا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کیا خرچ (نقصان) ہوتا ہے؟ (۲) کچھ تعجب نہیں (۳) کیا رشتہ ہے؟
کیا لو گے؟ (اَر۔ محاورہ) کیا فائدہ اُٹھاؤ گے؟ کیا حاصل ہوگا؟ کیا پاؤ گے؟
کیا مال ہے! (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت اچھی چیز ہے (۲) نہایت کم قدر اور حقیر ہے۔ بے حقیقت اور ناچیز ہے (۳) کون ہے؟
کیا مجال ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کیا مقدور ہے؟ کیا تاب و طاقت ہے؟ کیا کر سکتا ہے۔ کیا حوصلہ ہے؟
کیا مچھلیاں ہیں جو سڑی جاتی ہیں؟ (اَر۔ مثل) کیا جلدی ہے؟ کِس بات کی جلدی پڑی ہے۔ جب کوئی لڑکیوں کی شادی کرنے کو کہے تو عورتیں کہتی ہیں۔
کیا مذکور (اَر۔ روزمرّہ) (۱) کیا تعریف ہو (۲) کچھ موقع محل نہیں۔
کیا مزے کی بات ہے! (اَر۔ روزمرّہ) کس قدر حیرت انگیز بات ہے! کس قدر پُر لطف بات ہے!
کیا معرکہ مارا؟ (اَر۔ روزمرّہ) بڑی فتح حاصل کی۔ (طنزاً کہتے ہیں)۔
کیا مصیبت ہے! (اَر۔ روزمرّہ) بڑی مصیبت ہے۔
کیا مقدور (اَر۔ روزمرّہ) کیا حقیقت۔ کیا مجال۔ کیا تاب۔
کیا معنی؟ (اَر۔ روزمرّہ) (۱) کیا وجہ؟ کیا سبب؟ کیوں؟ (۲) کیا غرض؟ (۳) کیا حوصلہ؟ کیا مجال؟
کیا ممکن؟ (اَر۔ روزمرّہ) ناممکن ہے۔ نہیں ہو سکتا۔
کیا مُنہ؟ (اَر۔ محاورہ) کیا مجال؟ کیا رُتبہ؟ کیا حقیقت؟
کیا مُنہ پر پھٹکار (لعنت) برستی ہے (اَر۔ مثل) کیا بے رونق اور اُداس چہرہ ہے۔
کیا مُنہ دِکھاؤ گے؟ (اَر۔ مثل) کیا جواب دو گے؟ کیوں کر سامنے آؤ گے؟
کیا مُنہ دِکھائیں؟ (اَر۔ مثل) بڑے شرمندہ ہیں۔ سخت منفعل ہیں۔
کیا مُنہ سے پھُول جھڑتے ہیں! (اَر۔ محاورہ) (۱) کیسا خوش گفتار و خوش بیان ہے! کیسا فصیح ہے! (۲) کسی شخص کی بدکلامی پر طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔
کیا مُنہ کا نوالہ ہے؟ (اَر۔ مثل) یہ کچھ آسان کام تو نہیں کہ جلد ہو جائے۔
کیا مُنہ لے کر جاؤں؟ (اَر۔ مثل) کِس مُنہ سے جاؤں؟ جاتے ہوئے شرم آتی ہے۔
کیا مُنہ میں پنجیری (گھنگنیاں) بھری ہوئی ہے؟ (ہیں؟) (اَر۔ مثل) بولتے کیوں نہیں؟
کیا مُنہ ہے؟ (اَر۔ مثل) کیا حوصلہ ہے؟ کیا مقدور ہے؟
کیا ناک لے کر بولتے (بات کرتے) ہو؟ (اَر۔ مثل) کِس مُنہ سے بات کرتے ہو؟ اپنے گریبان میں مُنہ ڈال کر شرماؤ۔
کیا نشہ پیا ہے؟ (اَر۔ روزمرّہ) کیوں بہکی بہکی باتیں کرتے ہو؟
کیا ننگی نہائے گی، کیا نچوڑے گی؟ (اَر۔ مثل) مُفلس آدمی کیا دے گا مُفلس کے پاس کیا دھرا ہے۔ نیز دیکھئے ننگی نہائے گی۔
کیا نہ چاہیئے؟ (اَر۔ روزمرّہ) (۱) کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے (۲) سب کچھ چاہیئے (۳) سب کچھ موجود ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کیا واسطہ؟ (اَر۔ تابع فعل) (۱) کیا تعلّق؟ کیا علاقہ؟ کیا نسبت؟ (۲) کیوں؟ کِس لئے؟ کیا سبب؟

کیا ہاتھوں میں مہندی لگی ہے؟ (اَر۔ مثل) کام کیوں نہیں کرتے؟

کیا ہستی ہے؟ (اَر۔ روزمرّہ) کیا حقیقت ہے۔ کچھ حقیقت نہیں۔ کمینہ ہے۔

کیا ہو؟ (اَر۔ روزمرّہ) تمہاری کوئی حقیقت نہیں (۲) اب کیا کیا جائے؟

کیا ہوا؟ (اَر۔ روزمرّہ) (۱) کیا حال گزرا؟ (۲) کون سا نقص رہ گیا؟ کیا بگڑ گیا؟ (۳) کیا بات ہے؟ کیا معاملہ ہے؟ (۴) کچھ تعجب نہیں (۵) کیا اندیشہ ہے؟ کیا ڈر ہے؟

کیا ہُوا تھا؟ (اَر۔ روزمرّہ) کِس خیال میں تھا؟ عقل کہاں تھی؟ حواس کہاں تھے؟

کیا ہوتا؟ (اَر۔ روزمرّہ) کیا حاصل ہوتا؟ کیا فائدہ ہوتا؟ کون سا کام بن جاتا؟ (۲) کیا بگڑ جاتا؟ کیا نقصان ہو جاتا؟ (۳) کیا مصیبت پڑتی؟ (۴) کیا اچھا ہوتا!

کیا ہوتا ہے؟ (اَر۔ روزمرّہ) کچھ فائدہ نہیں ہوگا۔ بیکار ہے (۲) اِس کا کیا نتیجہ ہوگا؟

کیا ہوگا؟ (اَر۔ روزمرّہ) (۱) کیا پیش آئے گا؟ (۲) کیا نقصان ہوگا۔ کیا بگڑے گا؟ (۳) کون سی آفت آجائے گی؟ (۴) کچھ نہیں ہوگا۔

کیا ہوگیا! (اَر۔ روزمرّہ) (۱) حیرت، تعجب، افسوس اور دفعتہً کسی معاملے کے دگرگوں ہو جانے پر بولتے ہیں (۲) کچھ ڈر نہیں۔

کیاہی (اَر۔ تابع فعل) (۱) بہت ہی۔ کثرت (۲) عُمدہ۔ حسبِ دل خواہ۔ مُبارک۔

کیا ہے؟ (اَر۔ روزمرّہ) (۱) کیا بات ہے؟ کیا معاملہ ہے؟ (۲) کون ہے؟ (۳) بیکار ہے۔ نکما ہے۔ بے حقیقت ہے (۴) کیوں ہے؟ (۵) کیا کہتے ہو؟

کیا ہجوے راہ مارتے ہیں؟ (اَر۔ مثل) آنے سے کیوں ڈرتے ہو؟

کیا یاد کروگے (کیا یاد رکھوگے) (اَر۔ محاورہ) بہت یاد کروگے۔ مدّت تک یاد کرتے رہوگے۔

کِیا (کی۔یا) (ہ۔ا۔مذ) کیا ہوا فعل۔ بُرے افعال (۲) (ہ۔فعل) کرنا مصدر سے صیغہ ماضی۔

کیا آگے (سامنے) آئے (اَر۔ بددعا) بُرے فعل کا خمیازہ اُٹھانا پڑے۔

کیا آگے آنا (اَر۔ محاورہ) بُرے اعمال کی سزا ملنا۔

کیا پانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے کیا آگے آنا۔

کیا دھرا اکارت (جانا) ہونا (اَر۔ محاورہ) جو کچھ کیا تھا سب غارت ہو جانا۔

کیا کرنا (اَر۔ محاورہ) ہمیشہ کوئی کام کرنا۔ کوئی کام مسلسل کرنا۔

کیّاد (کَی۔یاد) (ع۔صف) مکّار۔ عیّار۔ فریبی۔

کیاری (کِ۔یا۔ری) (ہ۔ا۔مث) کھیت یا باغ کا چھوٹا حصّہ یا تختہ۔ جمع: کیاریاں۔ کیاریوں۔

کیاسَت (ع۔ا۔مث) دانائی۔ زیرکی۔ فہم و فراست۔ ہوش و خِرد۔

کیان (کِ۔یان) (کَ۔یان) (ف۔ا۔مذ) کَے کی جمع۔ بڑے بادشاہ۔ ایران کے چار بڑے بادشاہ کیخسرو۔ کیقباد۔ کیکاؤس۔ کے لہراسپ۔

کیانی (ف۔صف) کیان سے منسوب۔

کیانگ (کِ۔یانگ) (ہ۔ا۔مذ) تبت کا گدھا۔

کیبرا (Cabaret) (انگ۔ا۔مذ) ناچ کی ایک قسم۔

کیبن (Cabin) (انگ۔ا۔مذ) کوٹھڑی۔ لکڑی کا کمرا۔ اُردو جمع: کیبن۔ کیبنوں۔

کیبل (Cable) (انگ۔ا۔مذ) سمندر کا برقی تار۔ بحری تار۔ اُردو جمع: کیبل۔ کیبلوں۔

کیبنٹ (Cabinet) (انگ۔ا۔مث) (۱) دیکھئے کابینہ (۲) چھوٹا کمرا۔ کوٹھڑی (۳) چھوٹی الماری۔

کیپ (Cap) (انگ۔ا۔مث) کلاہ۔ ٹوپی۔

کیپٹن (Captain) (انگ۔ا۔مذ) ایک فوجی عہدہ۔ کپتان (۲) جہاز کا کپتان۔ جنگی جہاز کا سردار (۳) کھیلوں میں کسی فریق کا لیڈر۔

کیپسول (Capsule) (انگ۔ا۔مذ) (۱) خول (۲) دوا رکھنے کا جھلّی دار لمبوترا خول (۳) بیج کا ڈوڈا۔

کَیت (کَیتھ) (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت اور اُس کا ترش پھل (۲) اِس پھل کی شراب۔

کیت (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دُم دار ستارہ۔ کیتو (۲) کیتکی کا مخفف جو ایک مشہور پھل ہے (۳) کوڑا۔ تازیانہ۔ بید۔ قچی۔

کیتک (کیتکی) (کے۔تک) (کے۔تَ۔کی) (ہ۔ا۔مث) ایک خوشبودار پھول جو کیوڑے کے مشابہ ہوتا ہے (۲) اِس پھول کا درخت۔

کیتلی (کیت۔لی) (اَر۔ا۔مث) (انگ Kettle کا مورّد) ایک ٹونٹی والا ظرف جس میں چائے یا پانی جوش کرتے ہیں۔ آفتابہ۔ جمع: کیتلیاں۔ کیتلیوں۔

کیتو (کے۔تو) (س۔ا۔مذ) (۱) جھنڈا (۲) دُم دار تارا۔ شہابِ ثاقب۔

کیتھ (کیتھا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے کیت۔

کیتھانا (کے۔تھا۔نا) (ہ۔ا۔مذ) کائستھوں کا محلّہ۔

کیتھولک (Catholic) (انگ۔صف) کٹّر اور راسخ العقیدہ عیسائی۔ رومن کیتھولک مذہب کا پابند۔

کَیتھی (کَے۔تھی) (ہ۔ا۔مث) ہندی زبان جو کائستھ لکھتے ہیں۔

کیتھیڈرل (Cathederal) (انگ۔ا۔مذ) بڑا گرجا جس میں اسقف کا تخت ہوتا ہے۔ کنیسہ اسقف۔

کیٹ (یائے معروف) (ہ۔ا۔مذ و مث) (۱) چراغ کی گاد (۲) حُقّے کا میل (۳) کیڑا مکوڑا۔

کیٹلاگ (Catalogue) (انگ۔ا۔مذ و مث) فرد۔ فہرست۔

کیچ (Catch) (انگ۔ا۔مذ) پکڑ۔ گرفت۔ کرکٹ میں گیند دبوچنے کا عمل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کیچ (یائے معروف) (اَر۔ا۔مث۔ لکھنؤ) دیکھئے کیچڑ۔

کیچڑ (کی۔چڑ) (ہ۔ا۔مث) (۱) گارا۔ گیلی غلیظ مٹی۔ دَلدل (۲) چیپڑ۔ آنکھ کی غلاظت۔

کیچڑ اُچھالنا (اَر۔ محاورہ) اِلزام لگانا۔ بُہتان باندھنا۔

کیچڑ کی کوڑی دانتوں سے اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) بے حد بخیل ہونا۔

کیچڑ میں پھنسنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دلدل میں دھنسنا (۲) کسی مُصیبت یا وقت میں گھرنا۔

کیچل (کیچلی) (کے۔چل) (کیچ۔لی) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے کینچل۔ کینچلی۔

کیچوا (کیچ۔وا) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا لمبا کیڑا جو برسات کے موسم میں نمناک زمین میں پیدا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا پیٹ کا کیڑا۔ کرمِ شکم۔ جمع: کیچوؤں۔ کیچوے۔

کَید (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا۔

کِیدھر (کی۔دھر) (ق۔ تابع فعل) دیکھئے کدھر۔

کیڈٹ (Cadet) (انگ۔ا۔مذ) فوجی کالج کا طالب علم۔ اُردو جمع: کیڈٹ۔ کیڈٹوں۔

کیر (بیائے معروف و مجہول) (ف۔ا۔مذ) (۱) عضوِ تناسُل۔ آلت (۲) لکیر۔

کیرا (کے۔را) (ہ۔صف) نیلی آنکھوں والا۔ کرنجا۔ اَزرق چشم۔

کیرت (کی۔رت) (ق۔ا۔مث) شُہرت۔ نیکی۔

کیرتن (کیر۔تن) (ہ۔ا۔مذ) تعریف۔ ذکر۔ گفتگو (۲) سِکھوں کا گرنتھ صاحب کو گا کر پڑھنا۔

کیریئر (Carrier) (انگ۔ا۔مذ) (۱) بوجھ لے جانے والا۔ حمّال۔ مزدور (۲) بائیسکل کا پچھلا حصّہ جس پر اسباب باندھا جاتا ہے۔

کیریئر (Career) (انگ۔ا۔مذ) چال چلن۔ روش۔ ترقی۔ نشوونما۔

کیری (کے۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) کچا آم (۲) ایک قسم کا ظرف جس میں عطر رکھ کر گلے میں لٹکاتے ہیں۔ جمع: کیریاں۔ کیریوں۔

کیری (کے۔ری) (ہ۔ا۔مث) نیلی یا فاختئی رنگ کی آنکھ (۲) کرنجی آنکھ والی عورت۔

کیریکٹر (Character) (انگ۔ا۔مذ) (۱) کردار۔ کسی شخص یا قوم کی خصوصیت۔ سرشت۔ سیرت۔ خاصیت۔ چال چلن (۲) وہ افراد جو افسانہ نویس اپنے قصّوں میں ایجاد کرتے ہیں۔

کیرم بورڈ (انگ۔ا۔مذ) ایک تختہ جس پر قرص نما گوٹیوں سے کھیلتے ہیں۔

کیری کیچر (Caricature) (انگ۔ا۔مذ) کسی شخص یا چیز کے نمایاں حصّے کو لے کر تصویر، تحریر یا بیان کے ذریعے سے خاکہ اُڑانا۔ خندہ آور بگاڑی ہوئی تصویر۔ ہجو کی تصویر۔

کیڑا (کی۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کِرم۔ کوڑا۔ حشرات الارض۔ گھن۔ رینگنے والا جانور (۲) سانپ۔ ناگ۔ جمع: کیڑوں۔ کیڑے۔

کیڑا اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) علّتِ مشائخ کا زور کرنا۔

کیڑا دبانا (اَر۔ محاورہ) نفسانی خواہش کا مٹانا۔ چُل مٹانا۔

کیڑا سا (اَر۔صف) چھوٹا سا۔ دُبلا پتلا۔

کیڑا کلبلانا (اَر۔ محاورہ) خواہشِ نفسانی کا زور ہونا۔ چُل بتوانے کو دل چاہنا۔

کیڑا لگنا (اَر۔ محاورہ) دیمک لگنا۔ کرم خوردہ ہونا۔ گھن لگنا۔

کیڑی (کی۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چیونٹی (۲) جونک۔ جمع: کیڑیوں۔ کیڑیاں۔

کیڑے (کی۔ڑے) ( ) (۱) کیڑا کی جمع (۲) کیڑا کی مغیرہ صورت۔

کیڑے پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سڑ جانے سے کسی چیز میں کرم پیدا ہو جانا (۲) عیب ہونا۔ نقص ہونا۔

کیڑے پڑیں (اَر۔ دُعائے بد) گلے سڑے۔

کیڑے ڈالنا (اَر۔ محاورہ) عیب نکالنا۔ نقص نکالنا۔

کیڑے کا چاٹ جانا (اَر۔ محاورہ) کیڑے کا کپڑے کو کھا جانا۔

کیڑے مکوڑے (اَر۔ا۔مذ) چھوٹے موٹے کیڑے۔

کیڑیاں (کی۔ڑی۔یاں) (ہ۔ا۔مث) کیڑی کی جمع۔

کیڑیاں لگانا (اَر۔ محاورہ) جونکیں لگانا۔

کیس (Case) (انگ۔ا۔مذ) (۱) معاملہ۔ وقوعہ۔ حالات۔ کیفیت (۲) مقدمہ۔ دعویٰ۔ نالش۔ عرضِ حال (۳) مریض جو ڈاکٹر کے زیرِ علاج ہو۔ بیمار کی حالت۔ مرض (۴) ڈھکنا۔ خانہ۔ پیٹی۔ بکس (۵) ٹائپ رکھنے کا خانہ، بکس یا فریم (۶) نظیر۔ تمثیل۔ حوالہ۔ اُردو جمع: کیس۔ کیسوں۔

کیس (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بال۔ سر کے بال۔ سر کے لمبے بال (۲) پرندکی چوٹی۔ کلغی۔ جمع: کیس۔ کیسوں۔

کیسا (کے۔سا) (ہ۔ تابع فعل) (۱) کس قسم کا؟ (۲) کس چیز کا؟ (۳) کس کام کا؟ (۴) کیوں؟ کس لئے؟ (۵) کس قدر؟ کتنا؟ کس درجہ؟ ازحد (۶) کس ڈھنگ سے؟ (۷) (اِستفہامِ اِنکاری) کیا ذِکر (۸) کہاں کا؟ کس کا؟

کیسا علاج کرتا ہوں (اَر۔ محاورہ) قرار واقعی سزا دینے کی جگہ بولتے ہیں کہ دیکھو کیسی سزا دیتا ہوں۔

کیسا کیسا (اَر۔ تابع فعل) طرح طرح سے۔ ہر طرح سے۔

کیسا ہی (اَر۔ تابع فعل) (۱) کتنا ہی۔ کسی قدر۔ تا بہ مقدور (۲) کسی قسم کا ہی۔ کسی طرح کا ہی۔

کیسر (کے۔سر) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) زعفران۔ زرد رنگ کا ایک نہایت خوشبودار پُھول۔

کیسری (کے۔س۔ری) (ہ۔صف) زعفرانی۔ زرد۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کیسری باناَ (ہ۔امذ) زعفرانی پوشاک جو ہندو دُولہا کو پہناتے ہیں۔ ہندو راجپوت میدانِ جنگ میں یہی لباس پہن کر جایا کرتے تھے۔

کِیسَہ (کی۔سَہ)(ف۔امذ) جیب۔پاکٹ (۲) تھیلا۔اُردو جمع: کیسوں۔کیسے۔

کیسہ بُر (ف۔صف) جیب کترا۔ اُچکا۔

کَیسی (کَے۔سی)(ہ۔تابع فعل) کیسا کی تانیث۔

کیسی مسجد کیسا مندر، جو دیکھو وہ دِل کے اندر (ار۔مثل) یہ قول وحدتُ الوجود والوں کا ہے۔اس سے اُن کی یہ مُراد ہے کہ دِل میں سب کچھ موجود ہے۔خُدا ہر جگہ موجود ہے۔

کَیش (بیائے مجہول)(ف۔امذ)(۱) مذہب۔ دین۔اِعتقاد (۲) عادت۔ خصلت (۳) صفت۔ وصف۔ طور طریقہ۔ ڈھنگ۔ روش (۴) ترکش۔ تیردان۔

کَیش (Cash) (انگ۔امذ) نقد روپیہ پیسا۔نقدی۔روکڑ۔

کیش بُک (Cash Book) (انگ۔امث) روکڑ بہی۔نقد کے حساب کی کتاب۔

کَیف (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔امذ)(۱) نشہ۔خمار۔سرور (۲) حالت۔کیفیت۔ (ع۔متعلق فعل) کیونکر؟ کیسا؟

کیف وکم (ع۔امذ) کیفیت وکمیت (۲)(تابع فعل) کیسا۔کتنا۔

کَیفَر (کَے۔فَر)(ف۔امذ) سزا۔پاداش۔بُرے کام کا بدلہ۔

کیفرِکردار (ف۔امذ) کئے کی سزا۔بُرے کام کا بدلہ۔

کیفرِکردار کو پہنچنا (ار۔محاورہ) کئے کی سزا پانا۔کرنی کا پھل پانا۔

کَیفی (کَے۔فی)(ع۔صف) متوالا۔مدہوش۔مخمور۔سرشار۔نشے میں چوُر۔

کَیفے (Cafe) (انگ۔امذ) قہوہ خانہ۔

کَیفِیَّت (کَے۔فی۔یَت)(ع۔امث)(۱) حالت۔ احوال۔ حقیقت۔ کوائف (۲) عالَم۔ رنگ ڈھنگ (۳) شرح۔ تفسیر۔ تشریح (۴) رونق (۵) مزہ۔ لُطف۔ سُرور۔ نشہ۔ جمع: کیفیات۔ (کوائف غلط ہے)۔ اُردو جمع: کیفیتوں۔کیفیتیں۔

کیفیتِ بندوبست (ع۔ف۔امث) بندوبست کی رپورٹ۔تحقیقات مکمل ہونے کی رپورٹ۔

کیفیت جب ہے (ار۔محاورہ) لُطف جب ہے۔

کیفیت طلب کرنا (ار۔محاورہ) اِستفسار کرنا۔ پُوچھنا۔ سرکاری طور پر دریافت کرنا۔بازپُرس کرنا۔

کیفیت لکھنا (ار۔محاورہ) تحریری رپورٹ کرنا۔

کیفیت میں رہنا (ار۔محاورہ) نشے میں رہنا۔

کیفیٹیریا (Cafeteria) (انگ۔امذ) وہ طعام گاہ جہاں گاہک اپنی خدمت خود کرتا ہے۔

کیک (Cake) (انگ۔امذ) ایک قسم کی انگریزی مٹھائی یا روٹی جو میدہ، انڈے، میوے وغیرہ ڈال کر سانچے کے ذریعے تنور میں پکائی جاتی ہے۔اُردو جمع: کیک۔کیکوں۔

کیکاباڑ (کی۔کَہ۔باڑ)(ق۔امذ) جانوروں کا چارا۔

کیکَر (کی۔کَر)(ہ۔امذ) ببول کا درخت۔مغیلاں۔جمع: کیکر۔کیکروں۔

کیکَری (کیک۔ری)(ہ۔امث)(۱) چھوٹا کیکر (۲) ایک قسم کی سِلائی۔ کپڑے کو کتر کر اُس کے اندر لنگرے سے بناتے چلے جاتے ہیں۔

کیکڑا (کیک۔ڑا)(بیائے مجہول)(ہ۔امذ) ایک آبی کیڑا جو بچھو سے مشابہ ہوتا ہے۔سرطان (۲) بُرج سرطان۔جمع: کیکڑے۔کیکڑوں۔

کیکنا (کیک۔نا)(بیائے معروف)(ہ۔مص) چیخنا۔چلانا۔پکارنا۔بندر کا کلکاری مارنا۔

کیل (بیائے معروف)(ہ۔امث)(۱) میخ۔لوہے کی کھونٹی (۲) مہاسوں یا پھوڑے کے اندر جمی ہوئی پیپ کا ڈورا (۳) ناک میں پہننے کا زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے (۴) لوہے کی میخ جو چکی میں ہوتی ہے۔جمع: کیلوں۔کیلیں۔

کیل ٹھونکنا (ار۔محاورہ) کسی چیز میں کیل داخل کرنا یا گاڑنا۔

کیل ڈالنا (ار۔محاورہ) بس میں لانا (۲) سانپ کو منتر کے زور سے ڈسنے سے روکنا (۳) کیل پر منتر پڑھ کر اُس کے ذریعے کسی کو قابو میں کرلینا۔

کیل کا کھٹکا نہیں (ار۔محاورہ) کسی شے کا خوف واندیشہ نہیں۔

کیل کانٹا (ار۔امذ)(۱) اسلحہ۔اَوزار (۲) ایک قسم کا زیور (۳) بچوں کا ایک کھیل۔

کیل کانٹے سے دُرست (لیس) ہونا (ار۔محاورہ) مُسلّح ہونا۔اپنا سامان لے کر تیار ہونا۔

کیل گھر (ار۔امذ) مذبح۔

کیل نکالنا (ار۔محاورہ)(۱) پُھنسی یا مہاسے کو دبا کر اُس کے اندر سے پیپ کا خشک مادّہ نکالنا (۲) مارتے مارتے گُوہ نکالنا۔خوب ٹھیک بنانا (۳) گائے بھینس وغیرہ کے بیانے پر تھنوں میں سے جما ہوا دودھ نکالنا۔

کیلا (کے۔لا)(ہ۔امذ) ایک درخت اور اُس کا پھل جس کی پھلی لمبی اور میٹھی ہوتی ہے۔جمع: کیلوں۔کیلے۔

کیلا (کی۔لا)(ہ۔امذ)(۱) کھونٹا۔بڑی میخ (۲) گوشت خور جانوروں کے وہ دونوں بڑے دانت جن کے ذریعے سے وہ گوشت کاٹتے یا شکار پکڑتے ہیں۔کچلی۔کتّا دانت۔

کیلشیم (Calcium) (انگ۔امذ) چُونا۔ایک کیمیاوی عنصر۔

کیلنا (بیائے معروف)(ار۔مص) منتر سے سانپ کو قابو میں کرنا (۲) منتر پڑھ کر مکان کے کونوں میں کیلیں گاڑنا تاکہ وہاں آسیب کا اثر نہ ہو (۳) آنے جانے سے روک دینا (۴) قابو میں کرنا (۵) جادو کے زور سے کسی کو بولنے سے باز رکھنا (۶) تسخیر کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کیلنڈر (Calendar) (انگ۔ا۔مذ) جنتری۔ تقویم۔ سال کی مہینوں اور دنوں میں تقسیم۔ اُردو جمع: کیلنڈر۔ کیلنڈروں۔

کیلوری (Calorie) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے حرارہ۔

کیلوس (کے۔لوس) (یو۔ا۔مذ) غذا کا معدے میں پہلا ہضم۔

کِیلی (کی۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) لکڑی کی کھونٹی (۲) لوہے کی لاٹھ (۳) کشتی کا ایک داؤں (۴) پیچ۔ جمع: کیلیاں۔ کیلیوں۔

کِیلی بارا چلانا (اُر۔محاورہ) کنواں چلانا۔ کنوئیں کا پانی بیلوں کے ذریعے سے نکالنا۔

کِیلی کرنا (اُر۔محاورہ) پہلوانوں کا کشتی کے وقت وہ پیچ کرنا جسے کیلی کہتے ہیں یعنی ٹانگوں میں ہاتھ ڈال کر گرانا۔

کِیلی والا (کِیلیا) (اُر۔صف) (۱) وہ شخص جو کنوئیں کے بَیل جوتتا ہے (۲) پانی کا چرس ڈالنے اور نکالنے والا۔

کیلیڈوسکوپ (Kaleidoscope) (انگ۔ا۔مذ) عکس نُما۔ عکس بِین۔ ایک نلکی جس میں رنگین شیشوں کے ٹکڑے لگے ہوتے ہیں جن کے عکس سے بے بدل اور متناسب شکلیں پیدا ہوتی ہیں اور نلکی کے پھرانے سے بدلتی رہتی ہیں۔

کیلیکو (Calico) (انگ۔ا۔مذ) چھپا ہوا کپڑا۔ چھینٹ۔ ہندوستان کا سوتی کپڑا جو کالی کٹ میں تیار ہوتا تھا اور انگلستان بھیجا جاتا تھا۔

کیمائس (Chamois) (انگ۔ا۔مذ) ہرن کی قسم کا ایک جانور جو مشرقی یورپ اور مغربی ایشیا میں پایا جاتا ہے۔

کیمپ (Camp) (انگ۔ا۔مذ) پڑاؤ۔ چھاؤنی۔ لشکرگاہ۔ فوجی ڈیرا۔ اُردو جمع: کیمپ۔ کیمپوں۔

کیمپ کلرک (Camp Clerk) (انگ۔ا۔مذ) وہ مُنشی جو لشکرگاہ میں آمدنی و خرچ وغیرہ کا حساب رکھتا ہے۔

کیمپس (Campus) (انگ۔ا۔مذ) یونیورسٹی سے متعلقہ عمارتیں۔

کیمخت (کی۔مخت) (ف۔ا۔مذومث) گھوڑے یا گدھے کی پیٹھ کی کھال۔ دانہ دار چمڑا۔ گودے کا چمڑا۔

کیمرا (Camera) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عکسی تصویر کھینچنے کا آلہ (۲) جج کا پوشیدہ کمرا۔ اُردو جمع: کیمروں۔ کیمرے۔

کیمرک (Cambric) (انگ۔ا۔مث) ایک نہایت عمدہ اور باریک لٹھا جو نین سکھ کے مشابہ ہوتا ہے۔

کیمسٹ (Chemist) (انگ۔ا۔مذ) دوا ساز۔ دوا فروش۔

کیمسٹری (Chemistry) (انگ۔ا۔مث) دیکھئے علم کیمیا۔

کیموس (کے۔موس) (یو۔ا۔مذ) رَس۔ وہ رقیق شے جو معدے میں کھانا ہضم ہونے کے بعد پیدا ہوتی ہے۔ غذا کا معدے میں دُوسرا ہضم۔

کیموفلاج (Camouflage) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مغالطے میں ڈالنا۔ تبدیلِ ہیئت کرنا (۲) (فوجی اصطلاح) توپوں، ٹینکوں، جہازوں وغیرہ کو دُشمن کے ہوا بازوں کی نظروں سے پوشیدہ رکھنے کے لئے درختوں کی ٹہنیوں وغیرہ سے ڈھانپنا۔

کیمیا (کی۔می۔یا) (ع۔ا۔مث) (۱) دیکھئے علم کیمیا (۲) رانگ کو چاندی یا تانبے کو سونا بنانا (۳) (مجازاً) اِکسیر۔ رسائن (۴) (اُر۔صف) تیر بہدف۔ نہایت مُفید۔ مُفید مطلب۔

کیمیا اثر (ف۔ع۔صف) کیمیا کا اثر رکھنے والی چیز۔ فوری اثر کرنے والی شے۔

کیمیا بنانا (اُر۔محاورہ) (۱) رسائن بنانا۔ تانبے کو سونا بنانا (۲) مطلب حاصل کرنا۔ آسانی سے روزی حاصل کرنا۔

کیمیا ساز (گر) (ف۔صف) (۱) مُوَس۔ کیمیا بنانے والا۔ زر ساز (۲) چالاک۔ مکّار۔

کیمیاگری (سازی) (ف۔ا۔مث) چاندی سونا بنانے کا فن۔

کیمیاوی (کیمیائی) (کیم۔یا۔وی) (کیم۔یا۔اِی) (ف۔صف) کیمیا سے متعلق۔

کیمیائی تبدیلی (اُر۔ا۔مث) کیمیاوی کایا پلٹ۔ تغیرِ کُلّی۔ بالکل بدل جانا۔ ٹھوس چیز کا سیال اور سیال چیز کا گیس بننا۔ (Chemical Transformation)

کیمیائے احمر (ع۔ا۔مث) سُرخ گندھک جو نایاب ہے اور جس کے متعلق خیال ہے کہ اِس سے تانبا سونا بن جاتا ہے۔

کِین (بیائے معروف) (ف۔ا۔مث) نفاق۔ حسد۔ بُغض۔ دُشمنی۔ عداوت۔ بَیر۔ کِینہ۔

کِیناں (کی۔ناں) (ف۔ا۔مث) متاع۔ پُونجی۔ مال۔

کینٹب (Cantab) (انگ۔صف) کیمرج یونیورسٹی کے متعلق۔ کیمرج یونیورسٹی کا تعلیم یافتہ۔

کینٹین (Canteen) (انگ۔ا۔مث) چھاؤنی اور بارکوں میں خور و نوش کی دُکان۔ اُردو جمع: کینٹینوں۔ کینٹینیں۔

کینچل (کینچلی) (کیں۔چل) (کینچ۔لی) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) سانپ کی سفید جھلی جو اُس کے جسم سے اُترتی ہے (۲) (مجازاً) لباس۔ پوشاک۔ جمع: کینچلیاں۔ کینچلیوں۔

کینچلی بدلنا (کینچلی جھاڑنا) (اُر۔محاورہ) (۱) سانپ کا پُرانی جھلی بدل کر نئی جھلی لانا (۲) پوشاک بدلنا۔ نکھرنا۔ رُوپ نکالنا۔

کینچوا (کینچ۔وا) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے کیچوا۔

کینڈا (بفتح اوّل و سکونِ دوم) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) نمونہ۔ پیمانہ۔ اندازہ۔ خاکہ۔ ناپ۔ دھج۔

کینڈا کرنا (اُر۔محاورہ) سرسری پیمائش کرنا۔ ناپنا۔ تخمینہ لگانا۔

کینڈل (Candle) (انگ۔ا۔مث) موم بتی۔

کینڈل پاور (Candle Power) (انگ۔ا۔مث) بتی طاقت۔ نُور کی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیمائش کی اکائی۔

کینسر (Cancer) (انگ۔ ا۔مذ) دیکھئے سرطان۔

کینسل (Cancel) (انگ۔ ا۔مث) قلم زد کرنا۔ منسوخ کرنا۔

کینگل (ق۔ ا۔مذ) ایک قسم کا میوہ جو جڑ کی شکل میں زمین میں بڑھتا ہے۔

کینوس (کین۔وَس) (Canvas) (انگ۔ ا۔مذ) کرمچ۔ ولایتی ٹاٹ۔ (تصویر، نقاشی وغیرہ کے لئے)۔

کِینَہ (کی۔نَہ) (ف۔ ا۔مذ) کین۔ حسد۔ بغض۔ عداوت۔ کپٹ۔

کینہ پرور (کینہ توز۔ کینہ ور۔ کینہ کش) (ف۔ صف) کینہ رکھنے والا۔ بغض رکھنے والا۔ دُشمنی رکھنے والا۔ حاسد۔ کپٹی۔

کینہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) عداوت رکھنا۔ دُشمنی رکھنا۔

کینیا (کین۔یا) (اُر۔ صف) (۱) کینہ توز (۲) مکار۔ فریبی۔ خود غرض۔

کیوان (کے۔واں) (ف۔ ا۔مذ) زُحل ستارہ۔ سنیچر (مجازاً) ساتواں آسمان۔

کیوٹی (کیو۔ٹی) (ھ۔ ا۔مث) جلی ہوئی دالیں۔

کیوریٹر (Curator) (انگ۔ ا۔مذ) (۱) منتظم۔ مہتمم۔ نگہبان۔ محافظ (عجائب گھر وغیرہ کا) (۲) رُکنِ مجلسِ انتظامیہ (جامعہ)۔

کیوڑا (کیو۔ڑا) (ھ۔ ا۔مذ) (۱) ایک درخت اور اُس کے پھول کا نام جس کی خوشبو نہایت عمدہ ہوتی ہے (۲) کیوڑے کا عرق۔

کیول (کے۔وَل) (س۔ صف) (۱) ایک۔ واحد۔ اکیلا (۲) صرف۔ بڑا (۳) تمام۔ بالکل۔ کامل۔

کیولری (Cavalry) (انگ۔ ا۔مث) گھڑسوار فوج۔ سواروں کا رسالہ۔

کیوں؟ (ھ۔ کلمۂ استفہام) کس لئے؟ کس سبب سے؟ کس خاطر؟ کس وجہ سے؟ کس باعث؟

کیوں اندھا نیوتا، کیوں دو بُلائے (اُر۔ مثل) اپنی بے وقوفی سے دوگنا نقصان اُٹھانے کی جگہ بولتے ہیں یعنی اندھے شخص کو بُلاؤ گے تو ایک کے ساتھ دُوسرا بھی آئے گا کیونکہ اندھا کسی کی مدد کے بغیر نہیں آسکتا۔

کیوں بے؟ کیوں رے؟ (اُر۔ تابع فعل) (حقارتاً) کیوں جی؟

کیوں جان نکلتی ہے؟ (کیوں دَم نکلتا ہے؟) (اُر۔ محاورہ) (۱) کس لئے مرا جاتا ہے؟ کس لئے گھبراتا ہے؟ تجھے کیا غرض؟ تجھے کیا مطلب؟ تجھ کو کیا پڑی ہے؟ (۲) جلدی کیا ہے؟

کیوں جی؟ (اُر۔ تابع فعل) کیوں صاحب؟

کیوں چبا چبا کر باتیں کرتے ہو؟ (اُر۔ مثل) کس لئے طنز آمیز باتیں کرتے ہو؟ کس واسطے اِس قدر اِتراتے ہو؟

کیوں دانت نکالتا ہے؟ (اُر۔ روزمرّہ) بے محل ہنسنے پر کہتے ہیں۔

کیوں کانٹوں میں گھسیٹتے ہو؟ (اُر۔ مثل) کس لئے شرمندہ کرتے ہو؟

کیوں کر؟ (اُر۔ تابع فعل) کس طرح؟ کس لئے؟ کیسے؟ کس بنا پر؟

کیوں کر عرض کروں؟ (اُر۔ مقولہ) کہہ نہیں سکتا۔ بیان کرنا مشکل ہے۔

کیوں کر ہو؟ (اُر۔ تابع فعل) کیا سامان ہو؟ کیا تدبیر ہو؟ کیسے ہو؟

کیوں کہ (کیونکہ) (اُر۔ تابع فعل) اِس لئے کہ۔ اِس طرح کہ۔

کیوں، کیسی کہی؟ (اُر۔ محاورہ) کیسی انوکھی بات کہی؟

کیوں گولر کا پیٹ پھڑواتا ہے (اُر۔ مثل) کیوں پوشیدہ عیوب ظاہر کراتا ہے۔

کیوں مرے جاتے ہو؟ (اُر۔ محاورہ) کیوں گھبراتے ہو؟ کیوں اِس قدر پریشان ہو رہے ہو؟

کیوں مغز کھاتا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) چپ رہو۔ بک بک نہ کرو۔

کیوں نہ ہو (اُر۔ کلمۂ تحسین و آفرین) سبحان اللہ واہ وا کیا کہنا ہے! (۲) کوئی اِنکار نہیں کرسکتا۔

کیوں نہیں (اُر۔ کلمۂ اقرار) (۱) کیا وجہ؟ کیا سبب؟ (۲) ضرور۔ بلاشبہ (۳) ایسے ہی ہو۔ ایسا ہی ہے۔ کون انکار کرسکتا ہے۔

کیوں، ہم نہ کہتے تھے؟ (اُر۔ محاورہ) آخر وہی ہوا جو ہم کہتے تھے۔

کیوی (Kiwi) (انگ۔ ا۔مذ) ایک پرندہ جو اُڑ نہیں سکتا۔ نیوزی لینڈ کے مرطوب جنگلوں میں پایا جاتا ہے۔

کیہاں (کے۔ہاں) (ف۔ ا۔مذ) گیہاں۔ زمانہ۔ جہان۔

کیتھل (کے۔تَل) (ھ۔ ا۔مث) شدید گرمی جب ہوا بند ہو۔ حبس۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گ

گ (گاف)(ف۔ا۔مذ) اُردو کا اُنتیسواں، فارسی کا چھبیسواں اور ہندی کا تیسرا حرف۔ عربی حروف تہجی میں یہ حرف نہیں ہے۔ عرب اِسے کاف فارسی یا عجمی کہتے ہیں۔ یہ حرف صحیح ہے اور کسی حرف علت سے مل کر آواز دیتا ہے۔ حساب اَبجد میں کاف شمار ہوتا ہے اور اس کے بھی بیس (۲۰) عدد فرض کیے گئے ہیں۔

گ۔ا

گا (ہ۔ا۔مذ) ہندوستانی موسیقی کے تیسرے سُر گاندھار یا گندھار کا مخفف۔

گا (ہ۔علامت مستقبل) جیسے آئے گا۔ پڑھے گا (۲) گانا۔ مصدر سے فعل امر۔

گاب (ہ۔ا۔مذ) گودا۔ مغز۔

گابا (گابھا) (ہ۔ا۔مذ)(۱) پیڑ کا نیا پتّا (۲) لکڑی کا گودا (۳) پُرانی رُوئی (۴) درخت کے پوست کا تازہ حصّہ۔ خاص کر کیلے کے پوست کا تازہ حصّہ (۵) کچی کھیتی۔ کچّا اناج۔ درخت کے اندر کا نرم حصّہ۔ مغز۔

گابھ (ہ۔ا۔مذ)(۱) حیوانات کا حمل (۲) کچّی فصل۔ کم پختہ غلّہ۔

گابھ ڈالنا (ہ۔مص مُرکّب) حیوانات کا خام حمل گرانا۔

گابھن (گابھنی) (ہ۔ا۔مث)(۱) مادہ حیوان جس کے پیٹ میں بچّہ ہو (۲) حاملہ عورت۔ جمع: گابھنوں۔ گابھنیں۔

گابھن (گابھنی) گابھ ڈالتی ہے (ہ۔محاورہ) بڑا رُعب اور دبدبہ ہے۔ خوف کے مارے حاملہ عورتوں کے حمل ضائع ہو جاتے ہیں۔

گابھی (ہ۔ا۔مث) کشتی یا جہاز کا ایک پردہ جو بادبان کی قسم کا ہوتا ہے۔

گات (ہ۔ا۔مث)(۱) بدن۔ جسم (۲) جسم کی خوب صورتی (۳) وضع۔ اسلوب (۴) حمل۔ پیٹ (۵) عورت کی چھاتیوں کی ہیئت مجموعی (۶) عورت کا اُوپر کا دھڑ۔

گات اُبھرنا (ہ۔محاورہ) عورت کے بالغ ہونے پر اُس کی چھاتیاں نمودار ہونا۔

گات اُسنگنا (ہ۔محاورہ) دیکھیے گات اُبھرنا۔

گات سے ہونا (ہ۔محاورہ) حمل سے ہونا۔ حاملہ ہونا۔

گات نکالنا (ہ۔محاورہ) جسم کا خوشنما ہونا۔

گاتی (ہ۔ا۔مث) چادر یا دوپٹے کو کندھوں کے اُوپر اور نیچے سے گزار کر سینے پر باندھنے کا ایک طریقہ۔

گاتی باندھنا (ہ۔محاورہ) چادر یا دوپٹے کو دونوں کندھوں کے اُوپر اور نیچے سے گزار کر سینے پر باندھنا۔

گاتے گاتے (ہ۔متعلق فعل) گا گا کر۔ الاپ الاپ کر۔

گاتے گاتے کلاونت ہو ہی جاتا ہے (ہ۔مثل) کام کرتے کرتے آدمی تجربہ کار ہو جاتا ہے۔ سیکھتے سیکھتے اِنسان ماہر ہو جاتا ہے۔

گاج (ہ۔ا۔مث) گرج۔ بجلی۔ برق (۲) غضب۔ قہر۔ غصّہ۔

گاج پڑنا (ہ۔محاورہ) بجلی گرنا۔

گاج گرنا (ہ۔محاورہ) خدا کا قہر نازل ہونا۔

گاجر (گا۔جر)(ہ۔ا۔مث) نارنجی یا بادامی رنگ کی ایک مخروطی جڑ جو ترکاری کے طور پر (کچی اور پکا کر) کھائی جاتی ہے۔ اِس کے پودے کے درمیان سے ڈنٹھل نکلتا ہے جس میں پتّے اور سفید پھول لگتے ہیں۔ سیاہ گاجر کی کانجی بنائی جاتی ہے جو ہاضم ہوتی ہے۔ گاجر میں وِٹامن اے پایا جاتا ہے۔ اِس کے علاوہ معدنی نمک اور کیلسیم بھی کافی مقدار میں ہوتی ہے۔ تقریباً تمام دُنیا میں کاشت کی جاتی ہے۔ جمع: گاجروں۔ گاجریں۔

گاجر بھتّا (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے گجر بھتّا۔

گاجر مُولی (ہ۔ا۔مث) دو ترکاریوں کے نام (۲)(صف) بے قدر۔ بے وقعت۔ سستی۔

گاجر مُولی سمجھنا (اُر۔محاورہ) کم قیمت خیال کرنا۔ بے قدر جاننا۔

گاجر مُولی کی طرح کاٹنا (اُر۔محاورہ) بہت سے آدمیوں کو آسانی سے ہلاک کر دینا۔

گاجنا (گاج۔نا)(ہ۔مص) گرجنا۔ چنگھاڑنا۔ دھاڑنا (۲) ناکود گھورنا (۳) خوش ہونا۔

گاچ (ہ۔ا۔مث) جالی کی طرح کا باریک کپڑا۔ جالی دار کپڑا۔

گاد (ہ۔ا۔مث) تلچھٹ۔ تیل یا شربت کے نیچے بیٹھا ہوا میل۔ نیچے کا گدلا اور گاڑھا تیل وغیرہ۔

گاد بیٹھنا (اُر۔محاورہ) تلچھٹ کا برتن کے نیچے بیٹھ جانا۔

گادا (ہ۔ا۔مذ)(۱) بھنا ہوا خام گیہوں اور جَو (۲) گیہوں اور جَو کی قریب قریب تیار فصل۔

گاڈنا (گاڈ۔نا)(ہ۔مص) دبانا۔ ٹھونسنا۔ بھرنا۔ بھینچنا۔

گادی (گا۔دی)(ہ۔ا۔مث) بوریا۔ گدّی۔ گدیلا۔

گاڈ (انگ۔ا۔مذ) (God) خدا۔ اللہ تعالیٰ۔ ایشور۔

گاڈر (گا۔ڈر)(ہ۔ا۔مث) بھیڑ۔

گاڈر (انگ Girder کا مؤرّد۔ا۔مذ) لوہے کا بڑا شہتیر۔

گاڈرو (گاڈ۔رو)(ہ۔ا۔مذ) ایک منتر جس سے سانپ کے زہر کا اثر دُور ہو جاتا ہے (۲) مداری۔ سپیرا۔

گار (ف۔لاحقہ فاعلی) کرنے والا۔ مُرکّبات میں لاحقہ کے طور پر آتا ہے، جیسے گناہ گار۔ مددگار۔

گار (ہ۔ا۔مث) اولا۔ ژالہ۔ پالا (۲) ایک سفید پتھر (ق)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گارا (ہ ۔ امذ) گوندھی ہوئی مٹی جس سے اینٹیں چنتے یا لپائی کرتے ہیں (۲) ایک راگنی کا نام (۳) لمبی کہانی۔

گارا بنانا (گارا کرنا) (اَر ۔ محاورہ) مٹی گوندھنا۔

گارا گانا (اَر ۔ محاورہ) گارا راگ گانا (۲) لمبی چوڑی کہانی سُنانا۔

گارد (گا ۔ رَد) (انگ Guard کا مؤرّد ۔ امذ) سپاہیوں کی چھوٹی ٹولی۔ پہرے دار۔ سنتری (۲) سپاہیوں کے رہنے کی جگہ۔ چوکی۔

گارڈ (Guard) (انگ ۔ امذ) محافظ۔ پہرے دار (۲) ریل گاڑی کا نگران۔

گارڈ آف آنر (انگ ۔ امذ) کسی اہم شخصیت کو سلامی دینے والا فوجی دستہ۔

گارڈن (Garden) (انگ ۔ امذ) باغ۔ گلستان۔ چمن۔ گلزار۔ پھلواری۔

گارڈن پارٹی (Garden Party) (انگ ۔ امث) وہ ضیافت جو کسی باغ میں دی جائے اور اس میں پھل اور چائے وغیرہ کا اہتمام ہو۔

گارڈنر (Gardener) (انگ ۔ امذ) مالی۔ باغبان۔

گارڈینیا (Gardenia) (انگ ۔ امذ) ایک جھاڑی جو عام طور پر مکان یا باغ کی باڑھ کے کام آتی ہے۔

گارڈین (Guardian) (انگ ۔ امذ) وہ شخص جو کسی نابالغ کی ذات یا جائیداد یا دونوں کا محافظ ہو (۲) سرپرست۔ نگران۔

گارنٹی (Guarantee) (انگ ۔ امث) ذمّے داری۔ ضمانت۔

گاڑا (ہ ۔ امذ) بندوق کی گولی (۲) کمین گاہ۔ گھات کی جگہ (۳) وہ لوگ جو کمین گاہ میں بیٹھیں (۴) بہت بڑی گاڑی (۵) گاڑنا مصدر سے فعلِ ماضی۔

گاڑا بٹھانا (گاڑے بٹھانا) (اَر ۔ محاورہ) کسی کو تاک میں بٹھانا۔ گھات میں بٹھانا۔

گاڑا بیٹھنا (گاڑے بیٹھنا) (اَر ۔ محاورہ) گھات لگانا۔ شکاریوں کا گھات میں بیٹھنا (۲) چوروں' ڈاکوؤں یا دُشمن کا گھات میں بیٹھنا۔

گاڑنا (گاڑ ۔ نا) (ہ ۔ مص) ٹھونکنا (۲) کسی چیز کو زمین میں دفن کرنا۔ دفنانا (۳) آگ کو راکھ کے نیچے دبانا (۴) پودا لگانا۔

گاڑھ (س ۔ امث) مُصیبت۔ مُشکل۔ دُشواری۔

گاڑھ پڑنا (اَر ۔ محاورہ) مُصیبت پیش آنا۔ مُشکل پڑنا۔

گاڑھا (گا ۔ ڑھا) (ہ ۔ صف) موٹا۔ دبیز (۲) غلیظ۔ کثیف۔ پتلا کی ضِد جیسے گاڑھا دودھ (۳) چالاک (۴) گہرا۔ دلی۔ جانی (۵) کھدّر (۶) جنگی ہاتھی (۷) مُشکل۔ سخت۔ دُشوار۔

گاڑھا پردہ (ہ ۔ امذ) گہرا پردہ۔

گاڑھا پسینا (ہ ۔ امذ) محنت و مشقت۔

گاڑھا پن (ہ ۔ امذ) (۱) کثافت (۲) موٹا ہونا۔

گاڑھا دھوتر (ہ ۔ امذ) معمولی موٹا کپڑا۔

گاڑھا وقت (ہ ۔ امذ) مشکلات کا زمانہ۔ مُصیبت کا وقت۔

گاڑھی (گا ۔ ڑھی) (ہ ۔ صف) گاڑھا کی تانیث۔

گاڑھی چھننا (اَر ۔ محاورہ) (۱) بھنگ کا خوب گاڑھا چھانا جانا (۲) (مجازاً) آپس میں خوب میل جول ہونا۔ کمال محبت ہونا (۳) بے تکلفی اور مذاق میں ایک دُوسرے کو سخت سُست کہنا (۴) بھنگ پی کر نشے میں ہونا۔

گاڑھی دوستی (اَر ۔ امث) بہت زیادہ میل جول۔ گہری یاری۔

گاڑھی کمائی (ہ ۔ امث) وہ مال جو کمال محنت و مشقت سے حاصل کیا گیا ہو۔

گاڑھی نیند (ہ ۔ امث) غفلت کی نیند۔ گہری نیند۔

گاڑھے (ہ ۔ صف) (۱) گاڑھا کی جمع (۲) گاڑھا کی مُغیرّہ صورت۔

گاڑھے بیٹھنا (ہ ۔ محاورہ) گھات میں بیٹھنا۔

گاڑھے پسینے کی کمائی (اَر ۔ امث) وہ مال و دولت جو بڑی محنت اور مشقت سے حاصل کیا گیا ہو۔ نیز دیکھئے گاڑھی کمائی۔

گاڑی (ہ ۔ صف) گاڑی ہوئی چیز (۲) (ا ۔ مث) اَسباب لادنے یا سوار ہونے کی پہیے دار چیز۔ چھکڑا۔ تانگہ۔ ریل گاڑی۔ موٹر کار۔ جمع: گاڑیاں۔ گاڑیوں۔

گاڑی بان (گاڑی وان) (اَر ۔ امذ) کوچوان۔ گاڑی چلانے والا۔

گاڑی بھر (اَر ۔ صف) بہت سا۔ بہت زیادہ۔

گاڑی بھر آشنائی جو بھر ناتا (اَر ۔ مثل) معمولی سی رشتے داری بہت زیادہ دوستی سے بہتر ہے۔

گاڑی بھر راستہ (اَر ۔ امذ) اِتنا راستہ جس میں سے گاڑی نکل جائے۔ چوڑا سا راستہ۔

گاڑی جوتنا (اَر ۔ محاورہ) بگھی وغیرہ میں گھوڑے کو جوڑنا یا لگانا۔

گاڑی چلانا (اَر ۔ محاورہ) گاڑی ہانکنا۔ کوچوانی کرنا (۲) گاڑی کو کرائے پر دینا یا خود چلانا۔

گاڑی چھوٹنا (اَر ۔ محاورہ) ریل کا اسٹیشن سے روانہ ہونا۔

گاڑی خانہ (اَر ۔ امذ) گاڑیاں رکھنے کی جگہ۔

گاڑی دیکھ کر پاؤں پھولتے ہیں (اَر ۔ مثل) آرام کے لئے بہانہ۔ جب کوئی خود ہمت نہ کرے اور دُوسروں کے سہارے چلے تو کہتے ہیں۔

گاڑی سا ڈیل گھل جانا (اَر ۔ محاورہ) موٹے آدمی کا دُبلا ہو جانا۔

گاڑی کاٹنا (اَر ۔ محاورہ) ٹرین سے کوئی ڈبا الگ کرنا (۲) گاڑی سے مال چوری کر لینا۔

گاڑی کھینچنا (اَر ۔ محاورہ) کنبے کا بوجھ یا کسی کام کی ذِمّے داری اپنے سر لینا۔

گاڑی لیٹ ہونا (اَر ۔ محاورہ) گاڑی کا وقتِ مقررہ پر نہ پہنچنا۔

گاڑی ہانکنا (اَر ۔ محاورہ) گاڑی کے جانور کو چلانا۔

گاز (Gauze) (انگ ۔ امذ) سُوتی دھاگوں سے بنا ہوا کپڑا۔

گازر (گا ۔ زر) (ف ۔ امذ) کپڑے دھونے والا۔ دھوبی۔

گاف (ف ۔ امذ) (۱) ایک حرف کا نام۔ گ (۲) بیہودہ باتیں۔ بکواس (۳) حد سے زیادہ بڑھ جانا۔

گاف (Golf) (انگ ۔ امذ) ایک مغربی کھیل جس میں ایک چھوٹی سی گیند کو ہاکی نما لکڑی سے مار کر گڑھے میں ڈالتے ہیں۔ گولف۔

گاگر (گا ۔ گر) (ہ ۔ امث) (۱) پانی رکھنے کا مٹی یا دھات کا گھڑا (۲) مٹی کا وہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

برتن جس میں شربت بھر کر مُنہ پر سُرخ کپڑا اور پھولوں کے ہار ڈال کر مزاروں پر چڑھاتے ہیں۔ جمع: گاگروں۔ گاگریں۔

گال (ہ۔ا۔مذ) رُخسار۔ چہرے کی جانب (۲) ایک قسم کا تمباکو (۳) گفتگو۔ باتیں (۴) لقمہ۔ گھونٹ (۵) اَناج کی مُٹھی جو چکّی میں ڈالیں (۶) روٹی کا ٹکڑا۔ جمع: گال۔ گالوں۔

گال بجانا (اَر۔ محاورہ) مُنہ سے بم بم کی آواز نکالنا (۲) بے ہودہ بکنا (۳) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔

گال پر گال (چڑھ جانا) چڑھنا (اَر۔ محاورہ) موٹاپے سے گالوں کا پُھول جانا (۲) بہت موٹا ہونا۔

گال پچک جانا (اَر۔ محاورہ) دُبلا ہو جانا۔

گال پُھلانا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) گالوں میں ہوا بھر کر اُنہیں اُونچا کرنا (۲) (محاورہ) رنجیدہ ہونا۔ غُصّہ کرنا۔ مُنہ سُجانا۔

گال سُجانا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے گال پُھلانا نمبر ۲۔

گال کاٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گال پر دانت مارنا (۲) زور سے بوسہ لینا۔

گال نیلے کرنا (اَر۔ محاورہ) زیادہ بوسوں سے گالوں کو نیلا کر دینا۔

گال (گالوں) میں چاول بھرنا (اَر۔ محاورہ) طعن و طنز سے باتیں کرنا۔ ڈینگ مارنا۔

گال والا جیتے۔ مال والا ہارے (اَر۔ مثل) زبان دراز کے آگے بھلے مانس کو خاموش ہونا پڑتا ہے۔ چالاک جھوٹا آدمی سچّے کو جھٹلا دیتا ہے۔

گال (ق۔ا۔مذ) کیچڑ۔ گارا۔

گالا (ہ۔ا۔مذ) (۱) دُھنی ہوئی رُوئی کا چھوٹا سا گچّھا (۲) پالے (قدرتی برف) کا گچّھا (۳) اَناج کی مُٹھی جو چکّی میں ڈالتے ہیں۔ جمع: گالوں۔ گالے۔

گالا سا (اَر۔ صف) (۱) رُوئی کی مانند مُلائم (۲) برف کی مانند سفید۔

گالا سے بال (اَر۔ صف) سفید بال۔

گالنا (ق۔ مص) گلانا۔ پگھلانا۔

گالو (گا۔ لو) (ہ۔ صف) باتونی۔ بکواسی۔

گالی (ہ۔ا۔مث) دُشنام۔ بدزبانی۔ فحش بات۔ جمع: گالیاں۔ گالیوں۔

گالی چڑھانا (اَر۔ محاورہ) ایسا کلمہ کہنا جس سے کوئی سُسرالی رشتہ بنتا ہو۔

گالی دینا (اَر۔ محاورہ) دشنام دینا۔ بُری بات مُنہ سے نکالنا۔

گالی دیئے سے گونگا بولے (اَر۔ مثل) بُری بات کوئی بھی نہیں سہارتا۔

گالی کھانا (اَر۔ محاورہ) دشنام سُننا۔ فحش بات سُننا۔

گالی گفتار (گالی گلوچ) (ہ۔ا۔مث) ایک دُوسرے کو گالیاں دینا۔

گالی مِلنا (اَر۔ محاورہ) گالی دی جانا۔

گالیاں (ہ۔ا۔مث) گالی کی جمع۔

گالیاں بکنا (اَر۔ محاورہ) فحش باتیں مُنہ سے نکالنا۔

گالیاں پانا (اَر۔ محاورہ) بُرا بھلا سُننا۔

گالیاں پڑنا (اَر۔ محاورہ) گالیاں دی جانا۔

گالیاں دینا (اَر۔ محاورہ) بدزبانی کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ دشنام طرازی کرنا۔

گالیاں سُننا (اَر۔ محاورہ) دشنام سُننا۔ بُرا بھلا سُننا۔

گالیاں سُہانیاں (اَر۔ مثل) پیاروں کی گالیاں اچھی معلوم ہوتی ہیں۔

گالیاں کھانا (اَر۔ محاورہ) بُرا بھلا سُننا۔

گالیاں گھڑ گھڑ کے دینا (اَر۔ محاورہ) نئی نئی گالیاں دینا۔ بنا بنا کر گالیاں دینا۔

گالیوں (ہ۔ا۔مث) گالی کی جمع۔

گالیوں پر اُتر آنا (اَر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنے لگنا۔

گالیوں پر زبان کھولنا (اَر۔ محاورہ) گالیاں دینے لگنا۔

گالیوں کا جھاڑ باندھنا (اَر۔ محاورہ) گالیوں کی بوچھاڑ کرنا۔ لگاتار گالیاں دیئے جانا۔

گالیوں کی بھرمار (اَر۔ا۔مث) لگاتار اور بے شمار گالیاں۔

گام (ہ۔ا۔مذ) (۱) گاؤں۔ قصبہ (۲) ضلع۔

گام (ف۔ا۔مذ) قدم (۲) ایک قدم کا فاصلہ (۳) گھوڑے کی ایک چال۔

گام زن (ف۔ صف) چلنے والا۔ تیز رو۔ تیز رفتار۔

گام فرسائی (ف۔ا۔مث) تیز چلنا۔

گامچی (گام۔ چی) (ف۔ا۔مث) ساز کا ایک ٹکڑا جو گھوڑے کی دُم میں لگایا جاتا ہے۔

گانا (ہ۔ مص) (۱) الاپنا۔ ترنم سے آواز نکالنا (۲) سراہنا۔ تعریف کرنا (۳) اپنے مطلب کی بات کرنا (۴) (ہ۔ا۔مذ) راگ۔ نغمہ۔

گانا بجانا (ہ۔ا۔مذ) راگ رنگ۔ نغمہ۔ سرود (۲) (مص) نغمہ سرا ہونا اور ساز بجانا۔

گانا رونا کس کو نہیں آتا (اَر۔ مثل) ایسی باتیں سب جانتے ہیں۔

گانٹھنا (گانٹھ۔ نا) (ہ۔ مص) اینٹوں کی چنائی کرنا (۲) پرونا۔

گانٹھ (نون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) گرہ (۲) جوڑ۔ بند (۳) گٹھڑی (۴) جز (۵) عداوت۔ نفاق۔ بیر (۶) عہدوپیمان۔ قول و قرار (۷) ہاتھ پاؤں اور اُنگلیوں کے جوڑ۔ گنّے اور بانس وغیرہ کی گرہ (۸) جیب۔ پاکٹ۔ جمع: گانٹھوں۔ گانٹھیں۔

گانٹھ اُکھڑنا (اَر۔ محاورہ) جوڑ ہل جانا۔

گانٹھ باندھنا (اَر۔ محاورہ) گرہ دینا (۲) یاد رکھنا (۳) عقد کرنا۔ نکاح کرنا۔

گانٹھ پڑنا (اَر۔ محاورہ) گرہ لگنا (۲) اَن بَن ہونا (۳) مُلائم کھانے کا پکتے پکتے بستہ ہو جانا۔

گانٹھ جوڑنا (اَر۔ محاورہ) نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا۔

گانٹھ دار (اَر۔ صف) گرہوں والا۔ جس میں گانٹھیں ہوں۔

گانٹھ دینا (اَر۔ محاورہ) گرہ دینا۔ گرہ لگانا۔

گانٹھ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز میں گرہ ڈال دینا۔

گانٹھ سے جانا (اَر۔ محاورہ) ذاتی نقصان ہو جانا۔ اپنی جیب سے روپیہ نکل جانا۔ اپنے پاس سے خرچ ہو جانا۔

گانٹھ کا (اَر۔ صف) اپنا۔ ذاتی۔ اپنے پاس کا۔

گانٹھ کا پُورا (اَر۔ صف) دولت مند۔ مالدار۔

گانٹھ کا پُورا عقل کا اندھا (اَر۔ مثل) بے وقوف مالدار جو سستی چیز مہنگے داموں خریدے۔ احمق دولت مند جو جلد فریب میں آجائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گانٹھ کا پیسا (ار۔ا۔مذ) ذاتی روپیہ۔ اپنا روپیہ۔ نج کی رقم۔
گانٹھ کا دے دے پر بیچ میں نہ پڑے (ار۔مثل) ضامن بننے سے نقد دینا بہتر ہے۔
گانٹھ کا دینا اور لڑائی مول لینا (ار۔مثل) اپنا نقصان برداشت کر کے جھگڑا مول لینا۔ پاس سے رقم دے کر دشمنی خریدنا۔
گانٹھ کاٹنا (ار۔محاورہ) جیب کترنا۔ ٹھگنا۔
گانٹھ کا کھونا (ار۔محاورہ) اپنی گرہ کا روپیہ ضائع کرنا۔
گانٹھ کترا (ک پر زبر) (ار۔صف۔وا۔مذ) جیب کترنے والا۔ جیب کترا۔
گانٹھ کترنا (ک پر زبر) (ار۔محاورہ) جیب کاٹ لینا (۲) چرانا (۳) غبن کرنا۔
گانٹھ کٹنا (ار۔محاورہ) جیب کٹ جانا (۲) جیب سے روپیہ چوری ہونا۔ ٹھگا جانا۔
گانٹھ کرنا (ار۔محاورہ) (۱) اتفاق کرنا۔ سازش کرنا (۲) اپنی جیب میں روپیہ رکھنا (۳) جمع کرنا۔ جوڑنا۔
گانٹھ کھولنا (ار۔محاورہ) (۱) گرہ کھولنا (۲) (کنایۃً) کینہ دور کرنا۔ صلح صفائی کرنا (۳) خوب خرچ کرنا۔
گانٹھ گٹھیلا (ار۔صف) گرہ دار۔ بہت سی گرہوں والا (۲) مضبوط۔ گانٹھوں سے گتھا ہوا۔
گانٹھ گرہ میں کچھ نہ ہونا (ار۔محاورہ) بالکل مُفلس ہونا۔ پاس کچھ نہ ہونا۔
گانٹھ لینا (ار۔محاورہ) قبضے میں کر لینا (۲) ہم خیال کرنا۔ ملانا۔ موافق کر لینا۔
گانٹھ میں باندھنا (ار۔محاورہ) نصیحت کی بات یاد رکھنا۔ عبرت حاصل کرنا (۲) اپنے قبضے میں کر لینا۔
گانٹھ میں پیسا نہ رکھنا (ار۔محاورہ) سب خرچ کر ڈالنا۔
گانٹھ میں رکھنا (ار۔محاورہ) نقدی اپنی جیب میں رکھنا۔ اپنے قبضے میں رکھنا۔
گانٹھ میں زر ہے تو نر ہے' نہیں تو خر ہے (ار۔مثل) اگر آدمی کے پاس دولت ہے تو دانا اور عقل مند ہے' ورنہ بے وقوف بدھو ہے۔
گانٹھ نہ مٹھی' پھڑ پھڑاتی اُٹھی (ار۔مثل) پاس تو کچھ نہیں خرچ کرنے کو جی چاہتا ہے۔
گانٹھا (گاں۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) گرہ دار حصّہ۔ ڈنٹھل۔
گانٹھنا (گانٹھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) گرہ دینا۔ باندھنا (۲) جوتے کی مرمت کرنا (۳) خیال باندھنا (۴) کسی کو ساتھ ملانا۔ سازش کرنا (۵) قابو میں کرنا۔
گانٹھی (گاں۔ٹھی) (ار۔ا۔مث) دیکھئے گانٹھ۔ جمع: گانٹھیاں۔ گانٹھیں۔
گانجا (گانجھا) (گاں۔جا) (گاں۔جھا) (ہ۔ا۔مذ) بھنگ کا پودا۔ ایک درخت کا نام جس کے بیج نشہ آور ہوتے ہیں اور انہیں چلم میں بھر کے پیتے ہیں۔
گانجنا (گانجھنا) (گانج۔نا) (گانجھ۔نا) (ہ۔مص) مل دل ڈالنا۔ کپڑے کی تہیں خراب کرنا۔
گانجے (ہ۔ا۔مذ) گانجا کی مغیّرہ صورت۔
گانجے کا دم (ہ۔ا۔مذ) گانجے کا کش۔ گانجے کا دُھواں۔
گانجے والا (ہ۔ا۔مذ) گانجا پینے والا۔ گانجا بیچنے والا۔

گاندھار (گاں۔دھار) (س۔ا۔مذ) علم موسیقی کے سات سُروں میں سے تیسرا سُر۔ نیز دیکھئے "گا" اور "گندھار"۔
گاندھی۔ دیکھئے گندھی۔
گانسا (گاں۔سا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) زاویہ (۲) انگوٹھے اور انگلیوں کا درمیانی حصّہ۔
گانسنا (ہ۔مص) (۱) آر پار سوراخ کرنا (۲) گھیر لینا (۳) پھنسانا۔
گانسی (گاں۔سی) (ہ۔ا۔مث) لوہے کا پھل جو تیر میں لگاتے ہیں۔
گانکن (گاں۔کن) (ہ۔ا۔مث) پھوڑا جس کا منہ نہ ہو۔ دُنبل۔
گانو (نون غنہ) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گاؤں۔
گانہ (ف۔صف) گُونہ کا مخفف۔ اعداد کے آخر میں آ کر گُنا کے معنی دیتا ہے جیسے دوگانہ (دوگُنا)۔ پنجگانہ (پانچ گُنا)۔
گانے والے کا مُنہ نہیں رہتا اور ناچنے والے کا پَیر (ار۔مثل) جس کی جو عادت ہوتی ہے وہ جاری رہتی ہے۔
گاؤ (گاو) (ف۔ا۔مذ و مث) (۱) بیل (۲) گائے (۳) ایک بُرج کا نام۔
گاوِ پرواری (ف۔ا۔مذ) گھر کا پلا ہوا بیل۔ موٹا تازہ بیل۔
گاؤ پشت (ف۔صف) (۱) مخروطی (۲) آسمان۔
گاؤ پلنگ (ف۔ا۔مذ) زرافہ۔
گاؤ پیکر (ف۔صف) (۱) گائے کے بدن کا (۲) فریدوں کے گُرز کا نام۔
گاؤ تکیہ (ار۔ا۔مذ) لمبا اور بڑا تکیہ جس پر پشت لگا کر بیٹھتے ہیں۔
گاؤ چشم (ار۔صف) بڑی آنکھوں والا (۲) (ا۔مذ) ایک انگریزی پُھول۔ ڈیزی۔
گاوِ خراس (ف۔ا۔مذ) کولھو کا بیل۔
گاؤ خورد ہونا (ار۔محاورہ) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ ضائع ہونا۔
گاؤ دُم (ف۔صف) (۱) مخروطی (۲) (ف۔ا۔مث) تُرئی۔ قرنا۔
گاؤ زبان (ف۔ا۔مث) ایک بوٹی جس کے پتوں پر گائے کی زبان کی طرح کے اُبھار ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا لمبوترا پراٹھا جو تنور میں پکایا جاتا ہے۔
گاوِ زر (زریں) (ف۔ا۔مذ) (۱) سونے کا پیالہ جس کی شکل گائے کی سی ہوتی ہے (۲) گاوِ سامری۔
گاوِ زمین (ف۔ا۔مذ) قدیم خیال کے مطابق وہ بیل جس کے ایک سینگ پر زمین رکھی ہوئی ہے۔
گاؤ زور (ف۔صف) شہ زور۔ بہت طاقت ور۔ وہ شخص جو بہت گرانڈیل اور طاقت ور ہو مگر داؤ پیچ سے نابلد ہو (۲) (ا۔مث) گاؤ زوری۔
گاؤ زہرہ (ف۔ا۔مذ) تکونا پتھر (۲) پتھری جو گائے کے پتے سے نکلتی ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔
گاوِ سامری (ف۔ا۔مذ) وہ سونے کا بچھڑا جو حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں سامری نے بنایا تھا۔
گاوِ عنبر (ف۔ا۔مذ) وہ سمندری گائے جس کی نسبت لوگ خیال کرتے ہیں کہ وہ عنبر اُگلتی ہے۔
گاوِ فلک (ف۔ا۔مذ) گاوِ گردوں۔ بُرج ثور۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گاؤ کشی (ف۔ امث) گائے کو ذبح کرنا۔ گائے کا ذبیحہ۔

گاؤ کوہان دار (ف۔ا۔مذ) جنگلی گایوں کا نر جس کی پیٹھ پر کوہان ہوتا ہے۔

گاؤ گاہ گاہ۔ ماہی ہر ماہ۔ بُز ہر ہر پگاہ (ف۔ مقولہ) طبیبوں کا خیال ہے کہ گائے کا گوشت کبھی کبھی، مچھلی کا ہر ماہ اور بکری کا گوشت ہر روز کھانا چاہئے۔

گاؤ مادہ (ف۔ا۔مث) گائے۔

گاؤ ماہی (ف۔ا۔مث) ایک جانور جو نصف مچھلی اور نصف بیل ہے۔ ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق زمین اُس کے سینگ پر کھڑی ہے۔

گاؤمیش (ف۔ا۔مث) بھینس۔

گاہ (ف۔ امث) (۱) وقت۔ سماں (۲) جگہ۔ مقام۔ مکان (۳) بار۔ دفعہ۔ موقع (۴) (ف۔ متعلق فعل) کسی وقت۔ کبھی۔

گاہ بہ گاہ (گاہ گاہ) (ف۔ تابع فعل) کبھی کبھی۔ کبھی کبھار۔ کسی کسی وقت (۲) بھولے بسرے۔

گاہک (گا۔ ہک) (ہ۔ا۔مذ) خریدار۔ مشتری۔ جمع: گاہک۔ گاہکوں۔

گاہکی (گا۔ ہَ۔ کی) (ہ۔ا۔مث) خریداری۔

گاہَن (گا۔ ہَن) (ہ۔ا۔مذ) ہل چلاتے ہوئے کھیت کی گھاس نکالنے کا آلہ۔

گاہنا (گاہ۔ نا) (ہ۔ مص) مَسلنا۔ روندنا۔ اناج پر بیلوں کو پھرانا تاکہ بُھس اور اناج الگ الگ ہو جائے (۲) تلاش کرنا۔

گاہے (ف۔ متعلق فعل) کبھی۔ کسی وقت۔

گاہے باشد کہ کودکِ ناداں۔ زِ غلط بر ہدف زند تیرے (ف۔ مقولہ) بچّہ بھی غلطی سے نشانے پر تیر مار دیتا ہے۔ جب کوئی شخص اتفاقیہ صحیح بات کہہ دیتا ہے تو کہا جاتا ہے۔

گاہے تولہ گاہے ماشہ (ار۔ مقولہ) متلوّن مزاج شخص کے متعلق کہا جاتا ہے۔

گاہے گاہے (ف۔ تابع فعل) دیکھئے گاہ بہ گاہ۔

گاہے ماہے (ف۔ تابع فعل) مہینے بعد۔ مہینے میں ایک دفعہ (۲) کبھی کبھار کبھی کبھی۔

گائڈ (انگ۔ا۔مذ) (Guide) راہ نُما۔ پیشوا۔ رہبر۔ جمع: گائڈ۔ گائڈوں۔

گاؤں (گا۔ اُوں) (ہ۔ا۔مذ) موضع۔ دیہہ۔ گرام۔ کاشت کاروں کی بستی۔ جمع: گاؤں۔ گاؤوں۔

گاؤں۔ ناؤں۔ ٹھاؤں (ہ۔ روزمرّہ) گاؤں؟ نام؟ محلّہ؟ پتا بتاؤ۔

گاؤن (انگ۔ا۔مذ) (Gown) مغربی وضع کا لمبا چغہ۔ جبّہ جو پادری عموماً اور ڈگری لینے والے طلبا اور وکلا اور یونیورسٹی کے اراکین وغیرہ خاص موقعوں پر پہنتے ہیں (۲) مغربی عورتوں کا ایک لباس۔

گائے (گا۔ اے) (ہ۔ا۔مث) (۱) مادہ گاؤ۔ گئو (۲) (کنایۃً) غریب۔ بے ضرر۔ بے زبان۔ جمع: گائیں۔ گایوں۔

گائے جنے۔ بیل کی دُم پھٹے (ار۔ مثل) سخی دے اور حاسد کو صدمہ ہو۔

گائے کا بچھیا تلے اور بچھیا کا گائے تلے کرنا (ار۔ محاورہ) حکمتِ عملی سے کام لینا۔ تدبیر سے مطلب براری کرنا۔

گائے کرنا (ار۔ محاورہ) گائے ذبح کرنا۔

گائے کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے (ار۔ مثل) ماں باپ کو اولاد کی پرورش مشکل معلوم نہیں ہوتی۔

گائے کی طرح کانپنا (ار۔ محاورہ) بہت ڈرنا۔

گائے نہ بچھی۔ نیند آوے اچھی (ار۔ مثل) جس کے پاس کچھ نہیں وہ بے فکری کی نیند سوتا ہے۔

گائیدہ (گائے۔ دہ) (ف۔ صف) وہ لڑکی جس نے اپنی بکارت کھودی ہو۔ کنواری لڑکی کا زنا کرانا۔

گائتری (گا۔ یَت۔ ری) (س۔ا۔مث) رگ وید کا ایک منتر جسے دل ہی دل میں پڑھتے ہیں۔

گائیک (گا۔ یک) (س۔ صف۔ و۔ا۔مذ) مُغنّی۔ گویّا۔ گانے والا۔ جمع: گائیک۔ گائیکوں۔

گائیکا (گا۔ ی۔ کا) (س۔ صف۔ و۔ا۔مث) گائیک کی تانیث۔

گائیکی (گا۔ ی۔ کی) (ہ۔ا۔مث) گانے کا انداز یا طرز۔

گ۔ب

گب (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حمل۔ گربھ (۲) (ہ۔ا۔مث) گائے۔

گبّا (گبھا) (گب۔ با) (گبھ۔ ہا) (ہ۔ا۔مذ) توشک۔ گدیلا۔ گدّے۔ رُوئی دار نرم بچھونا۔

گبد (گ۔ بَد) (ہ۔ صف) بے وقوف۔ بُھس۔ کم عقل۔

گبدا (گب۔ دا) (ہ۔ صف) موٹا تازہ۔ لحیم وشحیم۔

گبر (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ف۔ا۔مذ) آتش پرست۔ زردشت کا پیرو۔

گبّر (گب۔ بَر) (ہ۔ صف) مغرور۔ متکبّر (۲) مالدار۔ دولتمند۔

گبرو (گبھرو) (گب۔ رُو) (گبھ۔ رُو) (ہ۔ صف) نوجوان۔ نوخیز (۲) (ہ۔ا۔مذ) دولہا۔ نوشہ۔

گبرون (گب۔ رُون) (ار۔ا۔مذ) ایک قسم کا موٹا کپڑا۔

گبریلا (گب۔ ری۔ لا) (ہ۔ا۔مذ) بھونرے کی مانند پَر دار کالا کیڑا جو گوبر میں ہوتا ہے۔

گبھانا (گ۔ بھا۔ نا) (ہ۔ مص) چبھونا۔ گھونپنا۔ گھسیڑنا (۲) اڑ لگانا۔ آنکس لگانا۔

گبھونی (گھَ۔ بو۔ نی) (ہ۔ا۔مث) وہ زمین جو گاؤں کے ارد گرد ہو۔

گبھیلا (گ۔ بھی۔ لا) (ہ۔ا۔مذ) سخت چیز۔ سخت گولیاں۔ سُدّہ جو قبض کی وجہ سے انتڑیوں میں پڑ جاتا ہے۔ جمع: گبھیلوں۔ گبھیلے۔

گبھیلے (گ۔ بھی۔ لے) (ہ۔ا۔مذ) گبھیلا کی جمع (۲) گبھیلا کی بدلی ہوئی شکل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گ۔پ

گپ (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مث) جھوٹی بات۔ افواہ (۲) شیخی۔ ڈینگ (۳) افسانہ (۴) بکواس۔ لغویات۔ جمع: گپوں۔ گپیں۔

گپ اُڑانا (اَر۔ محاورہ) جھوٹی بات مشہور کرنا۔ جھوٹی باتیں کرنا۔

گپ اُڑنا (اَر۔ محاورہ) جھوٹی بات مشہور ہونا۔ بے تکی باتیں مشہور ہونا۔

گپ زن (اَر۔ صف) گپیں ہانکنے والا (۲) ڈینگ مارنے والا۔

گپ شپ (ہ۔ا۔مث) ہنسی دل لگی کی باتیں۔ جھوٹی باتیں۔

گپ مارنا (گپ ہانکنا) (اَر۔ محاورہ) جھوٹ بولنا۔ شیخی بگھارنا۔

گُپ (بضمِ اوّل) (ہ۔صف) (۱) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی (۲) اندھا۔

گُپ چُپ (ہ۔صف) خاموش۔ چپ چاپ (۲) (ہ۔متعلق فعل) خاموشی سے۔ مخفی طور سے۔

گُپ چُپ کی مٹھائی (کے لڈّو) (ہ۔ا۔مث۔مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو منہ میں رکھتے ہی گھل جاتی ہے۔

گُپ چُپ کی مٹھائی کھانا (اَر۔ محاورہ) خاموش رہنا۔ منہ سے نہ بولنا۔

گپّا (گپ۔پا) (ہ۔ا۔مذ) دھوکا۔ فریب۔

گپّا دینا (اَر۔ محاورہ) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔

گپّا کھانا (اَر۔ محاورہ) دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔

گپاگپ (گ۔پا۔گپ) (ہ۔ا۔مذ) جلد جلد کھانے اور نگلنے کی آواز (ہ۔متعلق فعل) بکثرت۔ بافراط۔

گُپت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (س۔صف) پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔ در پردہ۔ غائب (۲) محفوظ۔ بچا ہوا۔

گُپت آمدنی (اَر۔ا۔مث) بالائی آمدنی۔ وہ آمدنی جو ظاہر نہ ہو۔ رشوت۔

گُپت دان (ہ۔ا۔مذ) خفیہ طور پر خیرات۔

گُپت کرنا (اَر۔ محاورہ) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

گُپت مار (ہ۔ا۔مث) وہ مار جس کا نشان بہ ظاہر دکھائی نہ دے (۲) طعنہ۔ طنز۔

گُپت مال (ا۔ا۔مذ) چھپا خزانہ۔ دفینہ۔

گُپت ہونا (اَر۔ محاورہ) چھپ جانا۔ غائب ہو جانا۔

گُپتی (گپ۔تی) (ہ۔ا۔مث) وہ تلوار جو دستی چھڑی میں مخفی ہوتی ہے۔ جمع: گپتیاں۔ گپتیوں۔

گپڑ (گ۔پڑ) (ہ۔ا۔مث) گپ۔ بیہودہ بات۔ بکواس۔

گپڑ چوتھ (ہ۔ا۔مث) گڈمڈ۔ غلط سلط۔ جو بات سمجھ میں نہ آئے۔

گپڑ شپڑ (ہ۔ا۔مث) بے ہودہ باتیں۔ گپ شپ۔

گپکنا (گ۔پک۔نا) (ہ۔مص) (۱) نگلنا (۲) ہوا میں جاتے ہوئے گیند کو ہاتھ میں لے لینا۔

گپ گپ (ہ۔ا۔مث) دیکھئے گپاگپ۔

گپھا (گ۔پھا) (ہ۔ا۔مذ) غار۔ کھوہ۔ چھپنے کی جگہ۔ جمع: گپھاؤں۔ گپھائیں۔

گُپھا (گپ۔پھا) (ہ۔ا۔مذ) پھندنا (۲) زری کے تاروں یا پھولوں کا گچھا۔ جمع: گپھوں۔ گپھے۔

گُپھے (ہ۔ا۔مذ) سر کے سامنے کے ڈھلکے ہوئے بال جو عورتیں زینت کے لئے اُلٹا دیتی ہیں (۲) گپھا کی جمع (۳) گپھا کی مغیرہ شکل۔

گُپھے دار (ہ۔ف۔صف) پھندے دار۔

گپّی (گپیا) (گپ۔پی) (گپ۔پی۔یا) فضول باتیں کرنے والا۔ جھوٹا۔ شیخی باز۔ (ہ۔صف)

گ۔ت

گت (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مث) س: گتی۔ حرکت۔ چال۔ رفتار (۲) حالت کیفیت (۳) کریاکرم۔ مُردے کے جلانے یا دفنانے کی رسم (۴) مار پیٹ۔ زدوکوب (۵) لے۔ طرز۔ سُر۔ نغمہ (۶) ایک قسم کا ناچ (۷) خوشی۔ فرحت (۸) جلوس (۹) چالاکی۔ عیاری۔ جمع: گتوں۔ گتیں۔

گت بجانا (اَر۔ محاورہ) ساز بجانا۔ کوئی لے چھیڑنا۔ ساز کو ایک خاص انداز سے بجانا۔

گت بنانا (اَر۔ محاورہ) ڈھنگ بنانا۔ وضع اختیار کرنا (۲) باجے کے سُر گانے کے موافق بنانا (۳) سازوں کے بجانے کا نیا طرز ایجاد کرنا (۴) بُرا حال کرنا۔ سزا دینا۔ مارنا پیٹنا۔

گت بھرنا (اَر۔ محاورہ) ناچ کا ٹھاٹھ بنانا۔ راگ کے اُصول کے مطابق ناچنا۔

گت چلنا (اَر۔ محاورہ) گت پر ناچنا۔

گت کا (ہ۔صف) وضع کا ڈھنگ کا۔ ٹھکانے کا (۲) اچھا۔ عمدہ۔ قابلِ تعریف۔

گت کرانا (اَر۔ محاورہ) دُرگت بنوانا۔ بُری حالت کرانا۔

گت کرنا (اَر۔ محاورہ) تجہیز و تکفین کرنا (۲) مُردے کی رسم ادا کرنا (۳) مارنا پیٹنا (۴) اِستعمال میں لانا۔ اونے پونے فروخت کرنا۔

گت ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام میں آنا (۲) مار کھانا۔ سزا پانا (۳) مُردے کا کریاکرم ہونا (۴) نجات ہونا (۵) بِک جانا۔ دام کھرے ہونا۔

گتّا (گت۔تا) (ہ۔ا۔مذ) موٹا پٹھا جس سے کتابوں کی جلد باندھتے ہیں۔

گتکا (گت۔کا) (ہ۔ا۔مذ) پٹا کھیلنے کی لکڑی۔

گتھ جانا (ہ۔مص) بھڑ جانا۔ لڑتے لڑتے آپس میں لپٹ جانا۔

گتھم گتھا (گتھ۔تھم۔گتھ۔تھا) (اَر۔ا۔مذ) کشتم کشتا۔ لڑائی جھگڑا۔

گتھم گتھا ہونا (اَر۔ محاورہ) گتھنا۔ لڑائی میں باہم لپٹ جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گُتھنا (گُتھ۔نا)(ف۔مص) لڑائی میں باہم لپٹنا۔ بھڑنا (۲) پرویا جانا۔ نتھی ہونا (۳) محو ہونا۔ غرق ہونا (۴) پھنس جانا۔

گُتھواں (گُتھ۔واں)(ف۔صف) بٹا ہوا۔ ملا ہوا۔ گندھا ہوا۔

گُتھوانا (گُتھ۔وا۔نا)(ف۔مص) گُتھنا کا متعدی۔ بھروانا (۲) گندھوانا۔

گُتھی (گُتھ۔تھی)(ف۔ا۔مث) گرہ۔ اُلجھن۔ پیچ۔ اُلجھاؤ (۲) دُشواری۔ مشکل (۳) تھیلی۔ جمع: گتھیاں۔ گتھیوں۔

گُتھی پڑنا (اُر۔ محاورہ) اُلجھاؤ ہونا۔ سُوت میں گرہ پڑنا (۲) دِل میں گرہ پڑنا۔ عداوت ہونا (۳) معاملے میں پیچ پڑنا۔ اُلجھاؤ پیدا ہونا۔

گُتھی سُلجھانا (اُر۔ محاورہ) گرہ کھولنا (۲) عُقدہ حل کرنا۔

گُتھی سُلجھنا (اُر۔ محاورہ) گرہ کھل جانا (۲) عقدہ حل ہو جانا۔

گتی (گ۔تی)(س۔ا۔مث) دیکھئے گت۔

گِتّی (گِت۔تی)(ف۔ا۔مث) سپاہیوں کی ایک قسم کی چھوٹی سی پگڑی (۲) بچّوں کا ایک کھیل۔

گتّیا (گت۔تیا)(ف۔ا۔مذ) طبلہ بجانے والا۔ طبلچی۔ جمع: گتیوں۔ گتیے۔

گ۔ٹ

گٹ (بالفتحہ اوّل)(ف۔ا۔مذ) نگلنے یا حلق سے اُترنے کی آواز۔ غٹ (۲) بوتل یا صراحی سے پانی نکلنے کی آواز (۳) فوج۔ مجمع۔ اَنبوہ۔ ہجوم۔

گٹ پٹ (ف۔ا۔مث) باہم گتھ جانا (۲) اَنبار۔ ڈھیر (۳) بے ترتیبی۔

گِٹ پِٹ (ف۔ا۔مث) انگریز گٹ پٹ بولتے ہیں۔ اس لئے ہندوستانیوں نے انگریزی زبان کا نام گِٹ پِٹ رکھ دیا۔

گٹ گٹ (ف۔ا۔مذ)(۱) پانی کے جلد جلد پینے کی آواز۔ غٹ غٹ (۲) ایک برتن سے دُوسرے برتن میں پانی اُنڈیلنے کی آواز۔ قلقل۔

گٹّا (گٹ۔ٹا)(ف۔ا۔مذ) ٹخنے یا کلائی کا جوڑ (۲) ہتھے کا وہ حصّہ جہاں دونوں نیچے ملائے جاتے ہیں (۳) وہ نشان جو سجدے کرنے سے پیشانی پر پڑ جاتا ہے (۴) پاؤں کی پشت کی وہ سختی جو زمین پر ٹکنے سے ہو جاتی ہے (۵) ایک قسم کی مٹھائی (۶) ڈاٹ۔ کارک۔ جمع: گٹوں۔ گٹّے۔

گٹّا سی جان (ف۔ا۔مث) پیاری جان۔ جانِ شیریں۔

گِٹّا (گِٹ۔ٹا)(ف۔ا۔مذ) دھاگے کی تکلی۔

گِٹّا (گِٹ۔ٹا)(ف۔صف)(۱) بونا۔ ٹھنگنا۔ پست قد (۲)(ف۔ا۔مذ) کنکر یا اینٹ کا چھوٹا ٹکڑا۔

گٹّا پارچا (گٹّا پرچا) (گٹ۔ٹا۔پار۔چا)(گٹ۔ٹا۔پر۔چا)(ملائی۔ا۔مذ) ربڑ کی مانند ایک مادّہ جو درختوں کے دُودھ سے بنایا جاتا ہے۔

گِٹّھ (گِٹّک) (گِٹ۔ٹھ)(گِٹ۔ٹک)(ف۔صف) بونا۔ پست قد (۲)(ف۔ا۔مث) چلم کے سُوراخ میں رکھنے کی ٹھیکری۔

گٹر (انگ۔ا۔مذ)(Gutter) نالی۔ موری۔ پرنالا۔ بدرو۔

گٹرگوں (گُٹ۔رُ۔گوں)(ف۔ا۔مث) دیکھئے غٹرغوں۔

گٹکا (گُٹ۔کا)(ف۔ا۔مذ) بڑی گولی (۲) شطرنج کا مُہرہ (۳) چھوٹی سی کتاب (۴) ایک مُرکّب مسالا جسے لوگ بجائے پان کے اِستعمال کرتے ہیں۔

گِٹکری (گِٹ۔کَ۔ری)(ف۔ا۔مث) وہ پیچ دار آواز جو گانے والوں کے گلے سے گاتے وقت نکلتی ہے (۲) روڑا۔ اینٹ یا کنکر کا چھوٹا ٹکڑا۔

گِٹکری (لینا) نکالنا (اُر۔ محاورہ) گاتے گاتے آواز کو لپکانا (۲) آواز کو جنبش دینا۔ آواز کو لہرا دینا۔

گُٹکنا (گُ۔ٹک۔نا)(ف۔مص) کبوتر کا بولنا۔ غٹرغوں کرنا (۲) نگل جانا۔

گٹھ (بالفتحہ اوّل)(ف۔ا۔مث) گانٹھ کا مخفّف۔ گرہ۔ عقدہ (۲) بڑا بقچہ۔

گٹھ بندھن (گٹھ جوڑ) (ف۔ا۔مذ) گرہ۔ بندھن۔ ہندوؤں میں دُولھا دُلہن کے آنچلوں کی وہ گرہ جو پھیروں کے وقت لگائی جاتی ہے (۲) دو آدمیوں کا ایک دِل ہونا۔ دوستی۔ اِتحاد۔

گٹھ جوڑ باندھنا (کرنا) (اُر۔ محاورہ) دُولھا دُلہن کے آنچلوں کو گرہ لگا دینا۔ بیاہ کرنا۔ نکاح کرنا۔ عقد کرنا (۲) دوستی کرنا۔ اِتحاد کرنا۔

گٹھ کٹ (گٹھ کٹا) (ف۔ا۔مذ) جیب کترا۔ اُچکّا۔ ٹھگ۔

گٹھا (گٹھ۔ٹھا)(ف۔ا۔مذ) کسی چیز کا بڑا گٹھر۔ بوجھ (۲) بقچہ (۳) پیاز یا لہسن کی گانٹھ (۳) تین گز کا پیمانہ۔ جریب کا بیسواں حصّہ (۴) کلائی یا ٹخنے کا جوڑ۔

گٹھانا (گَ۔ٹھا۔نا)(ف۔مص) گانٹھنا کا متعدی المتعدی۔ سلوانا۔ جُوتے یا چمڑے کے سامان کی مرمت کرانا۔ پیوند لگوانا۔

گٹھاؤ (ف۔ا۔مذ)(۱) جوڑنا۔ ملانا (۲) بنانا۔ بناوٹ (۳) تدبیر۔ مشورہ۔ سازش (۴) ملاوٹ۔ جوڑ۔

گٹھاؤ باندھنا (اُر۔ محاورہ) تعلّق پیدا کرنا (۲) انجمن بنانا (۳) مشورہ کرنا۔

گٹھائی (گَ۔ٹھا۔ای)(ف۔ا۔مث) سلائی۔

گٹھڑ (گٹھ۔ٹھڑ)(ف۔ا۔مذ) بڑی گٹھڑی۔

گٹھڑی (گٹھ۔ڑی)(ف۔ا۔مث)(۱) بقچی۔ بنڈل (۲) مقدار۔ تعداد۔ جمع: گٹھڑیاں۔ گٹھڑیوں۔

گٹھڑی باندھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) متفرق چیزوں کو کپڑے میں باندھنا (۲) مال جمع کرنا۔

گٹھڑی حلال بقچہ مُردار (اُر۔ مثل) کسی کی بہت بڑی چیز کو حلال جان کر خورد بُرد کرنا اور تھوڑی سی چیز کو حرام سمجھ کر ایمان داری ظاہر کرنا۔

گٹھڑی کر دینا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں باندھ کر یا توڑ کر ایک جگہ ڈال دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کسی کو باندھ دینا۔ پوٹ بنا دینا۔

گٹھڑی مارنا (اَر۔ محاورہ) لوٹنا۔ مال مارنا۔ چوری کرنا۔ چرانا۔

گُٹھَل (گُٹھ۔ ٹھل) (و۔ا۔مذ) بڑی گرہ۔ بڑی گانٹھ (۲) گٹلی۔ غدود (۳) بڑی گٹھلی (۴) گرہ (۵) (صف) سخت (۶) جما ہوا۔ بستہ (۷) کُند (۸) کُند ذہن۔ غبی۔ بیوقوف۔

گُٹھلی (گُٹھ۔ لی) (و۔ا۔مث) (۱) پھل کا بیج۔ تخم (۲) گٹھی (۳) گانٹھ۔ جمع: گٹھلیاں۔ گٹھلیوں۔

گٹھنا (گٹھ۔ نا) (و۔مص) سِلنا۔ پیوند لگنا (۲) مل جانا۔ شریک ہونا (۳) سجنا۔

گٹھوانا (گٹھ۔ وا۔ نا) (و۔مص) دیکھئے گٹھانا۔

گٹھوانسی (گٹھ۔ وان۔ سی) (و۔ا۔مث) جریب کے گٹھے کا بیسواں حصّہ۔

گٹھوت (گ۔ ٹھوت) (و۔ا۔مث) (۱) میل جول (۲) سازش۔

گٹھونڈ (گ۔ ٹھونڈ) (و۔ا۔مث) تحویل۔ تھیلی میں رکھی ہوئی امانت۔

گٹھی (گٹھ۔ ٹھی) (و۔ا۔مث) (۱) گرہ۔ گانٹھ (۲) جوڑ۔ بند (۳) چھوٹا بنڈل (۴) پیاز یا لہسن کی پوتھی یا گانٹھ۔

گٹھیا (گٹھ۔ یا) (و۔ا۔مث) جوڑوں کے درد کی ایک بیماری۔ وجع مفاصل۔ گٹھیا بائی (۲) اناج یا روئی رکھنے کی کوٹھڑی۔

گٹھیلا (گ۔ ٹھی۔ لا) (و۔صف) گرہ دار۔ گانٹھوں والا (۲) مضبوط۔ سخت۔

گٹھیلی (گ۔ ٹھی۔ لی) (و۔صف) گٹھیلا کی تانیث۔

گٹی (گٹ۔ ٹی) (و۔ا۔مث) نیل کا نرچ کاتا ہوا ٹکڑا (۲) مٹی کا ڈھیلا۔

گِٹّی (گِٹ۔ ٹی) (و۔ا۔مث) چرخی۔ ریل جس پر تاگا لپٹا ہوتا ہے (۲) چلم کی ٹھیکری۔ جمع: گِٹّیاں۔ گِٹّیوں۔

گ۔ج

گج (فتح اوّل) (س۔ا۔مذ) (۱) ہاتھی۔ فیل (۲) عدد (۳) مٹی کا ٹیلا۔

گج باگ (و۔ا۔مذ) آنکس۔ ہاتھی چلانے کا ہتھیار۔

گج پال (و۔ا۔مذ) فیل بان۔ مہاوت۔

گج پتی (و۔ا۔مذ) ہاتھیوں کا راجا (۲) ہاتھی کا مالک (۳) سب سے بڑا ہاتھی (۴) مہاوت۔ فیل بان۔

گج دنت (نون غنّہ) (و۔ا۔مذ) ہاتھی دانت۔

گج راج (و۔ا۔مذ) بہت بڑا ہاتھی۔ ہاتھیوں کا سردار۔

گج گاہ (و۔ا۔مذ) سُرا۔ گائے کی دُم کے بالوں کے پھندنے جو ہاتھی کے سر کے دونوں طرف سجاوٹ کے لئے لٹکاتے ہیں۔

گج گمنی (و۔ا۔مث) ہاتھی کی چال (۲) شاندار مستانہ چال۔

گج موتی (و۔ا۔مذ) بہت بڑا موتی۔ ہندوؤں کا خیال ہے کہ سب سے بڑا موتی ہاتھی کی پیشانی سے نکلتا ہے۔

گج نال (و۔ا۔مث) بہت بڑی جنگی توپ۔ قلعہ شکن توپ۔

گجا (گ۔ جا) (و۔ا۔مذ) (۱) چھکڑے کا ایک حصّہ (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔ گُرما۔ بالوشاہی (۳) بھتنی۔

گجال (گ۔ جال) (و۔ا۔مث) (۱) کھونٹی جس پر کپڑے ٹانگتے ہیں (۲) ایک قسم کی مچھلی۔

گجر (گ۔ جر) (و۔ا۔مذ) (۱) گھنٹے یا گھڑیال کی آواز۔ چار بجے، آٹھ بجے اور بارہ بجے گھنٹے کا بجنا (۲) صبح صادق کا وقت (۳) گاجر کا مخفف (۴) گیہوں یا جو یا سُرخ و سفید گیہوں ملے ہوئے۔

گجر بجنا (اَر۔ محاورہ) گھنٹے یا گھڑیال کا لگاتار بجنا (۲) صبح صادق کے وقت گھڑیال بجنا (۳) صبح ہونا۔ تڑکا ہونا۔

گجر بجے (گجر دَم) (و۔ تابع فعل) علی الصباح۔ تڑکے۔ بہت سویرے۔

گجر بھت (گجر بھتا) (گ۔ جر۔ بھت) (گ۔ جر۔ بھت۔ تا) (و۔ا۔مذ) گاجر اور بھات۔ کدوکش کر کے دودھ اور چاولوں میں پکائی ہوئی گاجریں۔

گجر بھتا بنانا (اَر۔ محاورہ) خلط ملط کر دینا۔ اچھے بُرے کو ملا دینا۔

گجرا (گج۔ را) (و۔ا۔مذ) (۱) پھولوں کا ہار۔ پھولوں کا زیور جو عورتیں کلائیوں میں پہنتی ہیں (۲) کلائی میں پہننے کا ایک قسم کا زیور (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ مشروع۔ جمع: گجروں۔ گجرے۔

گجرا ہار (و۔ا۔مذ) دُہرا گندھا ہوا پھولوں کا ہار (۲) گلے میں پہننے والا سونے کا خوب صورت ہار۔

گَجری (گج۔ ری) (و۔ا۔مث) کلائی میں پہننے کی موٹی سی چوڑی۔

گُجری (گج۔ ری) (و۔ا۔مث) گوجری۔ گوجر ذات کی عورت۔ جمع: گجریاں۔ گجریوں۔

گُجری (گج۔ ری) (ق۔ا۔مث) منڈی۔ چوک۔ بازار۔

گجگجا (گج۔ گ۔ جا) (و۔صف) گیلا گیلا۔ نم۔ گلگلا (۲) کچا۔ نیم پختہ۔

گجگجانا (گج۔ گ۔ جا۔ نا) (و۔مص) بیج کا پھلی میں آواز دینا (۲) بہت کاروبار ہونا (۳) اکٹھے ہونا (۴) کھڑکنا (۵) کیڑوں کا رینگنا۔ کلبلانا۔

گجنی (گج۔ نی) (و۔ا۔مث) زمین۔ ڈھیلا۔ مٹی (۲) گاچنی۔ ملتانی مٹی۔

گجوا (گج۔ وا) (و۔ا۔مذ) ناک کا میل جو اندر جم جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گُجھا (گُجھ۔جھا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بہت سا مال۔ دبا ہوا خزانہ (۲) ڈھیر۔ انبار۔
گُجھا (مارنا) دبا بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) فریب سے کسی کی دولت حاصل کرنا۔
گُجھا (گُجھ۔جھا)(ہ۔صف) پوشیدہ۔ مخفی۔
گُجھی (گُجھ۔جھی)(ہ۔صف) گُجھا کی تانیث۔ اندرونی۔ مخفی۔
گُجھی (چوٹ) مار (ہ۔ا۔مث)(۱) اندرونی صدمہ (۲) مخفی ضرب۔ وہ چوٹ جس کا کوئی ظاہری نشان نہ ہو۔ بھیتری مار۔
گُجھی گرمی (ہ۔ا۔مث) ایسی گرمی جس میں حبس ہو مگر گرمی معلوم نہ ہو۔
گَجَئی (گَ۔جَئی)(ہ۔ا۔مث) ایک برساتی کیڑا۔ کن سلائی۔
گُجَئی (گُ۔جَئی)(ہ۔ا۔مذ) گیہوں اور جو باہم ملے ہوئے۔ گوجی۔
گُجیا (گُج۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) یک قسم کی مٹھائی (۲) کرن پھول (۳) ایک کیڑا جو کان میں گھس جاتا ہے۔ کن سلائی۔

گ۔ چ

گچ (بفتح اوّل)(ف۔ہ۔ا۔مذ) چونا یا سیمنٹ کا مسالا جو اینٹوں کو جوڑنے یا پلستر کرنے میں استعمال ہوتا ہے (۲) پکا فرش۔ پکی چھت (۳) اوکھلی (۴) (صف) بہت گاڑھا (۵) دیر ہضم۔ ثقیل۔
گچ کاری (ف۔ا۔مث) چونے کا کام۔
گچاگا (گَ۔چا۔گا)(ہ۔صف) نوعمر۔ نوخیز۔ نوجوان۔
گچاگچ (گَ۔چا۔گچ)(ہ۔ا۔مذ) ملائم گوشت میں تلوار یا خنجر وغیرہ گھسنے کی آواز۔
گچ پچ (گِچ۔پِچ)(ہ۔صف)(۱) فربہ۔ موٹا (۲) بھرپور۔ بھرا پُرا (۳) بکثرت۔ گچھا گچھ۔ پاس پاس۔
گُچھا (گُچھ۔چھا)(ہ۔ا۔مذ) خوشہ۔ اناج کی بالی (۲) جھرمٹ۔ بھیڑ (۳) پُھندنا (۴) لچھا (۵) (صف) اکٹھا۔ مجموعہ۔ گندھا ہوا۔ مضبوط۔ جمع: گچھوں۔ گچھے۔
گُچھی (گُچھ۔چھی)(ہ۔ا۔مث)(۱) گچھا کی تانیث۔ جمع: گچھیاں۔ گچھیوں (۲) گیہوں اور جو ملا ہوا غلّہ (۳)(صف) چُندھی (۴) خمار آلود۔
گُچّی (گُچ۔چی)(ہ۔ا۔مذ) چھوٹے منہ کا ننھا سا گڑھا جس میں بچے کوڑیوں سے کھیلتے ہیں۔ گیند ڈالنے کا گڑھا۔
گُچّی آنکھ (اُر۔ا۔مث) چھوٹی آنکھ۔
گُچّی پالا (ہ۔ا۔مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں گڑھا کھود کر کھیلتے ہیں۔

گ۔ د

گد (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔مث) زمین پر دے مارنے کی آواز۔
گدا (گ۔دا)(ف۔ا۔مذ) فقیر۔ بھکاری۔ منگتا۔ جمع: گدایاں۔
گداگر (ف۔ا۔مذ) منگتا۔ بھکاری۔ گدا۔ اُردو جمع: گداگر۔ گداگروں۔
گداگر تواضع کند خوئے اُوست (ف۔مثل) تواضع کرنا فقیر کی عادت ہے۔ تواضع اور انکسار کے موقع پر بولتے ہیں۔
گداگری (ف۔ا۔مث) بھیک مانگنے کا کام۔
گداگری کرنا (اُر۔ محاورہ) بھیک مانگنا۔ بھکشا مانگنا۔
گدّا (گد۔دا)(ہ۔ا۔مذ) جوار، جو یا گیہوں کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو (۲) توشک۔ گدیلا۔ روئی دار بستر (۳) چری کی پولی (۴) ہاتھی کا چار جامہ (۵) قیاس (۶) فریب۔ دھوکا۔ جمع: گدّوں۔ گدّے۔
گِدّا (گِد۔دا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی چلتی ہوئی لے کے گیت۔
گدّا (گد۔دا)(ہ۔ا۔مذ) ٹہنا۔ درخت کی موٹی شاخ۔ جمع: گدّوں۔ گدّے۔
گداختہ (گُ۔داخ۔تہ)(ف۔صف) پگھلا ہوا۔ گلا ہوا۔ گداختن مصدر سے اِسمِ مفعول۔
گداز (گُ۔داز)(ف۔صف) پگھلانے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے دِل گداز (۲) نرم۔ مُلائم۔
گداز کرنا (اُر۔ محاورہ) نرم کرنا۔ پگھلانا۔ مُلائم کرنا۔
گدازی (گُ۔دا۔زی)(ف۔ا۔مث) نرمی۔ مُلائمت۔
گداکا (گُ۔دا۔کا)(ہ۔ا۔مذ) سڈول جسم کا معشوق۔ نوخیز محبوب۔
گداگد (گُ۔دا۔گد)(ہ۔ا۔مث) پے در پے گرنے کی آواز۔
گدالا (گُ۔دا۔لا)(ہ۔ا۔مذ) بڑی کدال جس سے زمین کھودتے ہیں۔
گدام (انگ Godown کا مؤرّد)(ہ۔ا۔مذ) ذخیرہ رکھنے کی جگہ۔ گودام۔
گدائی (گُ۔دا۔ای)(ف۔ا۔مث) گداگری۔ بھیک مانگنا۔
گدائی کرنا (اُر۔مص مُرکّب) بھیک مانگنا۔ فقیر بننا۔ خیرات لینا۔
گدایانہ (گُ۔دا۔یا۔نہ)(ف۔صف) فقیروں کی طرح۔
گدبدانا (اُر۔ محاورہ) رنج و غم سے بول نہ سکنا (۲) خوش ہونا۔
گدّر (گد۔دَر)(ہ۔صف) اَدھ پکّا۔ نیم پختہ (۲) پھل جو پک جانے کے قریب ہو۔
گدرانا (گد۔را۔نا)(ہ۔مص) نیم پختہ ہونا۔ پھل کا پک جانے کے قریب پہنچنا (۲) جوانی کا آغاز ہونا۔ جوبن پر آنا۔
گدراہٹ (گد۔را۔ہٹ)(ہ۔ا۔مث) پھل کے پکنے کے قریب ہونے کی حالت۔
گدرایا (گد۔را۔یا)(ہ۔صف) گدرایا ہوا۔ آدھا کچا آدھا پکا۔ گدر۔
گدرایا ہُوا بدن (اُر۔ا۔مذ) جوانی میں بھرا ہوا بدن۔ گوشت سے خوب

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بھرا ہوا جسم۔

گُدڑی (گُد۔ڑی) (و۔ا۔مث) فقیروں کا جُبّہ جس میں بہت سے پیوند لگے ہوئے ہوں۔ گودڑی۔ خرقہ (۲) وہ بازار جس میں ہر قسم کی پُرانی چیزیں بکتی ہوں۔ جمع: گدڑیاں۔ گدڑیوں۔

گُدڑی کا (لعل) لال (اِر۔ا۔مذ) غریب گھرانے میں صاحب ہُنر۔ شریف شخص جو مُفلسی میں مُبتلا ہو۔ وہ ہُنرمند جو اپنے کمال پر پردہ ڈالے۔ چُھپا رُستم۔

گُدڑیا (گُ۔دڑ۔یا) (و۔ا۔مث) گدڑی کی تصغیر۔ چھوٹی گدڑی (۲) وہ شخص جو گدڑی پہنے رہے (۳) پھٹے پُرانے کپڑے پہننے والا (۴) خیمہ اور فرش کرائے پر دینے والا۔

گُدڑیا (پیر) فقیر (اِر۔ا۔مذ) گدڑی پہننے والا فقیر۔

گُدکا (گُد۔کا) (و۔ا۔مذ) چمڑے کا مُڑا ہوا ڈنڈا۔ گتکا۔

گُدگُدا (گُد۔گُ۔دا) (و۔صف) نرم۔ مُلائم۔ پلپلا۔

گُدگُدانا (گُد۔گُ۔دا۔نا) (و۔مص) اُنگلیوں سے جسم چُھو کر ہنسانا (۲) اُبھارنا۔ بھڑکانا (۳) چھیڑنا۔ مذاق کرنا (۴) شوق بڑھانا۔ گھوڑے کے پیٹ کو پاؤں لگانا تاکہ تیز دوڑے۔

گُدگُداہٹ (گُد۔گُ۔دا۔ہٹ) (و۔ا۔مث) گدگدی کا اثر۔

گُدگُدائیے وہاں تک جہاں تک ہنسی آئے (اِر۔مثل) دل لگی وہیں تک اچھی ہے جہاں تک ناگوار نہ گزرے۔

گُدگُدی (گُد۔گُ۔دی) (و۔ا۔مث) جسم کو اُنگلیوں سے چُھونے کے باعث ہنسی کی کیفیت (۲) جوش۔ شوق۔ مستی۔

گُدگُدی کرنا (اِر۔محاورہ) دیکھئے گدگدانا۔

گُدگُدے (گُد۔گُ۔دے) (و۔ا۔مذ) اُبلی ہوئی جوار۔ گھنگھنیاں جو نرم اور مُلائم ہو گئی ہوں۔

گُدلا (گُد۔لا) (و۔صف) مَیلا۔ مکدّر۔ گاڑھا۔ غلیظ۔

گُدلاپن (و۔صف) میل۔ کدورت۔

گُدلانا (گُد۔لا۔نا) (و۔مص) رقیق شے کا مٹی ملنے کی وجہ سے مَیلا ہونا۔

گُدما (گُد۔ما) (و۔ا۔مذ) ایک قسم کا مُلائم پشم دار کمبل۔

گُدنا (گُد۔نا) (و۔مص) سُوئی سے جسم کے کسی حصّے میں سُرمہ یا نیل بھرا جانا (۲) نشان جو گودنے سے جسم پر پڑ جاتا ہے۔

گُدوانا (گُد۔وا۔نا) (و۔مص) گودنا کا متعدی۔ بدن پر سوئی اور نیل وغیرہ سے بیل بُوٹے بنوانا۔

گُدوائی (گُد۔وا۔ای) (و۔ا۔مث) بدن پر بیل بُوٹے گدوانے کی اُجرت۔

گِدھ (و۔ا۔مذ) چیل کی قسم کا ایک مُردار خور پرندہ۔ جمع: گِدھ۔ گِدھوں۔

گَدھا (گَ۔دھا) (و۔ا۔مذ) (۱) ایک لدّو جانور جو گھوڑے سے چھوٹا ہوتا ہے اور بوجھ ڈھونے، گاڑی کھینچنے اور سواری کے کام آتا ہے۔ خر (۲) (صف) احمق۔ نادان۔ بیوقوف۔ جمع: گدھوں۔ گدھے۔

گدھا برسات میں بھوکا مرے (اِر۔مثل) احمق اپنے خیالات سے آپ ہی مصیبت میں پڑتا ہے۔

گدھا پن (و۔ا۔مذ) بے وقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔

گدھا پیٹے گھوڑا نہیں ہوتا (اِر۔مثل) بیوقوف کو ادب سکھانے سے کچھ فائدہ نہیں۔

گدھا دھوئے سے بچھڑا نہیں ہوتا (اِر۔مثل) کمینہ اچھا لباس پہننے سے شریف نہیں بن سکتا۔

گدھا کیا جانے زعفران کی قدر (اِر۔مثل) بیوقوف اچھی چیز کی قدر نہیں کرسکتا۔

گدھا گھوڑا ایک بھاؤ (گدھا گھوڑا ایک برابر) (اِر۔مثل) بدتمیزی، بے انصافی اور قدر ناشناسی کے موقع پر بولتے ہیں۔ اچھی بُری چیز کا ایک نرخ۔

گدھا گیا دُم کی تلاش میں۔ کٹا آیا کان (اِر۔مثل) احمق اپنے نُقصان کی تلافی کے لئے کوشش کرتا ہوا نُقصان کر بیٹھا۔

گدھا مرے کمہار کا۔ دھوبن ستی ہو (اِر۔مثل) نُقصان کسی کا ہو جی کسی کا کُڑھے۔

گدھوں (و۔ا۔مذ) گدھا کی جمع۔

گدھوں بخار چڑھنا (اِر۔محاورہ) شدّت سے بُخار چڑھنا۔

گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں؟ (اِر۔مثل) اگر نادانوں سے کام نکلے تو ہُنرمندوں کو کون پُوچھے۔

گدھوں کے ہل پھرنا (چلنا) (اِر۔محاورہ) اُجڑ جانا۔ ویران ہو جانا۔

گدھوں کے ہل چلوانا (اِر۔محاورہ) گدھوں کے ہل چلنا کا متعدی۔

گدھی (و۔ا۔مث) مادہ خر۔ گدھا کی تانیث (۲) (صف) بے وقوف عورت۔

گدھی بھی جوانی میں بھلی لگتی ہے (اِر۔مثل) جوانی میں بدشکل بھی اچھا لگتا ہے۔

گدھے (و۔ا۔مذ) گدھا کی جمع (۲) گدھا کی مغیرہ صورت۔

گدھے پر چڑھانا (اِر۔محاورہ) گدھے پر سوار کرنا۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ تشہیر کرنا۔

گدھے پر کتابیں لادنا (اِر۔محاورہ) بے وقوف کو علم پڑھانا۔

گدھے کا کھایا پاپ میں نہ پُن میں (اِر۔مثل) جو شخص مستحق نہ ہو اُسے دینے کا عذاب نہ ثواب۔ بُرے لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا بیکار ہے۔

گدھے کا ماس کُتّے کے دانت (اِر۔مثل) گوشتِ خر دندانِ سگ کا ترجمہ۔ گدھے کے گوشت کو کتّا ہی کھاتا ہے۔ جب دو بُرے آدمی آپس میں لڑیں تو کہتے ہیں۔

گدھے کو آدمی بنانا (اِر۔محاورہ) بیوقوف کو عقل مند بنانا۔

گدھے کو انگوری باغ (گدھے کو پُوری حلوا۔ گدھے کو گُلقند) کی کیا قدر (اِر۔مثل) احمق بڑے رُتبے یا اعلیٰ کام کی قدر نہیں کرتا۔

گدھے کو باپ بنانا (اِر۔محاورہ) کام نکالنے کے لئے بے وقوف کی منت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سماجت کرنا۔

گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا (اُر۔ محاورہ) بدوں کے ساتھ بھلائی کر کے دُکھ اور تکلیف اُٹھانا۔

گدھے کو گدھا کھجاتا ہے (اُر۔ مثل) احمق کو احمق ہی سراہتا ہے۔

گدھے کے مُنہ میں خشکہ (اُر۔ مثل) نااہل کو کوئی اچھی چیز دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔

گدھے والا (اُر۔ا۔مذ) وہ شخص جو کرائے کے لئے گدھے رکھے (۲) وہ شخص جو گدھے پر چیزیں لادنے کا کام کرے۔

گدھیٹری (گَ۔دھے۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) بے تمیز اور بے سلیقہ عورت۔ پھوہڑ عورت۔

گدھیلا (گَ۔دھے۔لا)(ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے پاس بہت گدھے ہوں۔

گدّی (گد۔دی)(ہ۔ا۔مث) تختِ شاہی۔ مسندِ حکومت (۲) گدیلا۔ مسند (۳) کاغذ یا کپڑے کی تہ۔ جمع: گدیاں۔ گدیوں۔

گدّی پر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) مسندِ حکومت پر جلوہ گر ہونا (۲) کسی پیر، بُزرگ یا گُرو کے بعد اُس کا گدّی نشین ہونا۔

گدّی سے اُتارنا (اُر۔ محاورہ) حکومت سے معزول کرنا۔ تخت سے اُتارنا۔

گدّی نشین (ہ۔ف۔صف) تخت نشین۔ وہ شخص جو حکومت کی گدّی پر بیٹھے (۲) درویشوں، پیروں اور فقیروں کا جانشین۔

گدّی نشینی (ہ۔ف۔ا۔مث) تخت نشینی (۲) پیر یا گرو وغیرہ کا جانشین بننا۔

گدّی (گد۔دی)(ہ۔ا۔مث) سر کا پچھلا حصّہ۔ گردن کا پچھلا حصّہ۔

گدّی بھانا (گدّی ناپنا) (اُر۔ محاورہ) دھپ لگانا۔ گدّی پر چپت مارنا۔

گدّی سے زبان کھینچنا (نکالنا) (اُر۔ محاورہ) گردن کے پچھلے حصے کو چیر کر زبان نکال لینا۔ پُرانے زمانے کی ایک سزا۔

گدیلا (گَ۔دے۔لا)(ہ۔ا۔مذ) رُوئی کا گدا۔ توشک (۲) ہاتھی کے اُوپر رکھنے کی گدّی۔ جمع: گدیلوں۔ گدیلے۔

گدیہ (گد۔یہ)(ف۔ا۔مذ) گدائی کرنا۔ بھیک مانگنا۔

گدیہ گر (ف۔صف) دیکھئے گداگر۔

گدیہ گری (ف۔ا۔مث) دیکھئے گداگری۔

گ۔ڈ

گڈ (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مث) گاڑی کا مخفف۔ بیل گاڑی۔ چھکڑا۔ گڈا (۲) (ہ۔ا۔مذ) دو آدمیوں یا چند آدمیوں کا اتفاق (۳) کاغذوں کا مجموعہ۔ ملے جلے کاغذ (۴) مجموعہ۔

گڈمڈ (ہ۔صف) ملا جلا۔ گڑبڑ۔

گڈمڈ کرنا (اُر۔ محاورہ) ملا دینا۔ گڑبڑ کرنا۔

گڈمڈ ہونا (اُر۔ محاورہ) مخلوط ہونا۔ مل جانا۔

گڈ (Good)(انگ۔صف)(۱) اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔ خوب (۲) پارسا۔ نیک۔ شریف (۳) مُفید۔

گڈ فرائی ڈے (Good Friday)(انگ۔ا۔مذ) مسیحی عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰؑ کو سُولی دیئے جانے کا دن۔ مسیحی اِس دن کو بہت مُقدس سمجھتے ہیں کیونکہ اِس روز حضرت عیسیٰؑ نے جان دے کر نسلِ اِنسانی کے گُناہوں کا کفارہ ادا کیا تھا۔ گڈ فرائڈے ایسٹر سے قبل آنے والے جمعے کو منایا جاتا ہے۔

گڈ مارننگ (Good Morning)(انگ۔ا۔مذ) صُبح سلامتی سے گُزرے۔ صُبح کا سلام۔

گڈا (گڈ۔ڈا)(ہ۔ا۔مذ) چھکڑا۔ بوجھ لادنے کی بَیل گاڑی (۲) مٹی کا ڈھیلا (۳) ٹیلا (۴) حد کا نشان۔ بُرجی (۵) گڑھا۔ جمع: گڈوں۔ گڈے۔

گڈا (گڈ۔ڈا)(ہ۔ا۔مذ) کپڑے کا بنا ہوا آدمی کا پُتلا۔ جمع: گڈوں۔ گڈے۔

گڈا بنانا (اُر۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔

گڈریا (گَ۔ڈر۔یا)(ہ۔ا۔مذ) بھیڑ بکریاں چرانے والا۔ گوالا۔ مویشی چرانے والا۔ چرواہا۔ راعی۔ جمع: گڈریوں۔ گڈریے۔

گڈز (Goods)(انگ۔ا۔مذ) مال۔ سامان۔ اسباب۔

گڈز آفس (Goods Office)(انگ۔ا۔مذ) مال کا دفتر۔ مال گُدام کا دفتر۔

گڈز ٹرین (Goods Train)(انگ۔ا۔مث) مال گاڑی۔ وہ ریل گاڑی جس میں صرف سامان آتا جاتا ہے۔

گڈز کلرک (Goods Clerk)(انگ۔ا۔مذ) مال گُدام کا بابو۔

گڈھ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم)(ہ۔ا۔مذ) گڑھ۔ کوٹ۔ قلعہ۔ حصار۔

گڈھ جیتنا (ہ۔ محاورہ) گڑھ فتح کرنا۔ قلعہ فتح کرنا (۲) کوئی اہم کام کرنا۔ کسی مُشکل یا مُصیبت سے رہائی پانا۔

گڈھ کپتان (ہ۔ا۔مذ) قلعے کا افسر۔ قلعے کی مرمّت کرانے والا افسر۔

گڈھا (گڈ۔ڈھا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گڈا نمبر ۵۔

گڈھی (گَ۔ڈھی)(ہ۔ا۔مث) گڑھی۔ چھوٹا قلعہ۔ گڈھ کی تصغیر۔

گڈّی (گڈ۔ڈی)(ہ۔ا۔مث)(۱) کاغذ کے دس دستے۔ تاش کے پتوں کا مجموعہ (۲) ترکاری کا مجموعہ (۳) ترکاری کا مُٹھا۔ جمع: گڈیاں۔ گڈیوں۔

گڈّی (گڈ۔ڈی)(ہ۔ا۔مث) ہڈیوں کا جوڑ (۲) ایک قسم کا پتنگ (۳) پرندے کے پر کی گرہ جو اُسے اُڑنے سے باز رکھنے کے لئے باندھ دیتے ہیں (۴) گُڑیا (۵) ایک قسم کا چھوٹا حقّہ۔ گُڑگُڑی۔ جمع: گڈیاں۔ گڈیوں۔

گڈّے (گڈ۔ڈے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گڈا کی جمع (۲) گڈا کی مُغیرہ صورت۔

گڈّے (گڈ۔ڈے)( )(۱) گڈا کی جمع (۲) گڈا کی مُغیرہ صورت۔

گڈّے گُڑیا کی شادی (اُر۔ا۔مث) معمولی کام (۲) گُڑیا گڈّے کا بیاہ۔ لڑکیوں کا ایک کھیل۔

گ۔ر

گر (بفتحۂ اوّل)(ف۔ حرفِ شرط)(۱) اگر کا مُخفف (۲)(ف۔صف) گار کا مُخفف۔ اسما کے آخر میں آ کر اُنہیں اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور بنانے والا'

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے کاری گر۔ قلعی گر۔ صورت گر (۳)
صاحب۔ مالک جیسے تونگر۔
گر جاں طلبی مُضایقہ نیست۔ زر می طلبی سخن دریں است (ف۔ مثل) اگر تو جان مانگے تو حاضر ہے لیکن پیسے مانگے تو مشکل ہے۔ بخیل کو روپیہ جان سے زیادہ عزیز ہوتا ہے۔
گرچہ (ف۔ حرف شرط) اگرچہ کا مُخفف۔
گر ضرورت بُود روا باشد (ف۔ مثل) ضرورت کے وقت سب کچھ جائز ہے۔
گر قبول اُفتد زہے عزّو شرف (ف۔ مثل) نذر یا کسی تحفے کو پیش کرتے وقت کہا کرتے ہیں یعنی اگر یہ حقیر تحفہ قبول ہو جائے تو کیا ہی عزت اور شرف ہے۔
گر نہ بُود چوب تر۔ فرماں نہ بُرد گاو خر (ف۔ مثل) اگر گیلی لکڑی نہ ہو تو گائے اور گدھا حکم نہیں مانتے۔ جب تک کسی کا ڈر نہ ہو کوئی کسی کی اطاعت نہیں کرتا۔
گر ہمیں مکتب اُست و ہمیں مُلّا ' کار طفلاں تمام خواہد شد (ف۔ مثل) جب بڑوں کا یہ حال ہو تو چھوٹوں کا خدا حافظ۔
گُر (بالضم) (ہ۔ ا۔ مذ) اصول۔ قاعدہ کلیّہ۔ راز۔ نکتہ۔ باریکی (۲) کسی کام کے کرنے کا خاص طریقہ کار یا قاعدہ۔ فارمولا (Formula) (۳) گُرو کا مخفف۔ مُرشد۔ راہ نُما۔ اُستاد۔
گُر بھائی (ہ۔ ا۔ مذ) پیر بھائی۔ ایک گُرو کے چیلے۔ ایک اُستاد کے شاگرد (۲) ہم جماعت۔ ہم مکتب۔
گُردوارہ (ہ۔ ا۔ مذ) گُرو کے رہنے کا مکان (۲) سکھوں کی دھرم سالا۔
گُرمکھی (ہ۔ ا۔ مث) گُرو کے مُنہ (مکھ) کی زبان یعنی پنجابی زبان۔ سکھ پنجابی کو گُرمکھی کہتے ہیں۔ گُرمکھی رسم الخط دیوناگری سے ملتا جلتا ہے۔
گُرا (گُ۔را) (ہ۔ صف) سُرخی مائل رنگ۔ لاکھی رنگ۔
گِرا (گِ۔را) (ہ۔ صف) گِرا ہوا۔ محتاج۔ غریب۔ ذلیل (۲) گِرنا کا ماضی۔
گِرا پڑا (اُر۔ صف) زمین پر گِرا اور پڑا ہوا (۲) ذلیل۔ خوار۔
گِرا پڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کی حد سے زیادہ رغبت کرنا۔
گِرا جاتا (اُر۔ محاورہ) کمزوری محسوس کرنا۔ گھبرا جانا۔
گِرا کہ گِرا (اُر۔ صف) اب بہت جلد گِرا چاہتا ہے۔
گِرا نہیں سنبھلتا (اُر۔ مثل) ذلت پاکر پھر وقار حاصل نہیں ہوتا۔
گِراب (گِ۔راب) (اُر۔ ا۔ مذ) کارتوس کے چھرّوں سے بڑی گولی۔ بڑا چھرّا۔
گراری (گَ۔را۔ری) (ہ۔ ا۔ مث) دھاگا یا رَسّی بٹنے کا آلہ (۲) دھاگا لپیٹنے کی ریل (۳) کنوئیں کی چرخی (۴) مشینوں کا پُرزہ جو پہیے کی شکل کا ہوتا ہے۔ جمع: گراریاں۔ گراریوں۔
گُراز (گُ۔راز) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) نرسُور (۲) شُجاع۔ بہادُر۔
گُراس (گُ۔راس) (گِ۔راس) (ہ۔ ا۔ مذ) لُقمہ۔ نوالہ۔

گراف (Graph) (انگ۔ ا۔ مذ) خاکہ۔ اعداد و شمار کا علامتی خاکہ۔
گرام (گ۔رام) (س۔ ا۔ مذ) گاؤں۔ موضع۔ بستی (۲) راگ کے سُروں کا مجموعہ۔
گرام (Gramme) (انگ۔ ا۔ مذ) (اعشاری نظام) وزن کی اکائی۔ کلوگرام کا ہزارواں حصّہ۔ تقریباً ایک ماشہ۔
گرامر (Grammar) (انگ۔ ا۔ مث) صرف و نحو۔ زبان کی قواعد۔
گراموفون (Gramophone) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک آلہ جس کے ریکارڈ سے آواز نکلتی ہے۔
گرامی (گِ۔را۔می) (ف۔ صف) بہت بُزرگ۔ مکرم۔ معظم۔
گرامی قدر (ف۔ ع۔ صف) معزز۔ بُزرگ۔ قدر و منزلت والا۔
گرامی مَنِش (ف۔ صف) بُزرگ طبیعت والا۔
گرامی نامہ (ف۔ ا۔ مذ) بڑے کا خط۔ بُزرگ کا رُقعہ۔
گِراں (گِ۔راں) (ف۔ صف) ثقیل۔ وزنی۔ بھاری۔ بوجھل (۲) مہنگا (۳) ناگوار۔ تکلیف دہ (۴) بیش قیمت۔ انمول (۵) سخت۔ دُرشت۔ کڑا (۶) سُست۔ کاہل (۷) مُشکل۔ دُشوار۔
گِراں بار (ف۔ صف) بھاری بوجھ سے لدا ہوا (۲) باروَر۔ پھل لانے والا (۳) مال دار۔
گِراں باری (ف۔ ا۔ مث) زیر باری (۲) پریشانی۔
گِراں بہا (ف۔ صف) قیمتی۔ بیش قیمت۔ بہت مہنگا۔
گِراں بہ حکمت ' ارزاں بہ علّت (ف۔ مثل) بیش قیمت چیز اچھی ہوتی ہے۔ سستی چیز میں کوئی نہ کوئی خرابی ہوتی ہے۔
گِراں پایہ (ف۔ صف) بڑا آدمی۔ بڑے پائے کا شخص۔ صاحب قدر و منزلت۔
گِراں جان (ف۔ صف) سخت جان والا (۲) ایسا شخص جسے زندگی دُوبھر ہو (۳) سُست۔ کاہل۔
گِراں خاطر (ف۔ صف) دُوبھر۔ اجیرن۔ ناگوارِ طبع (۲) ناراض۔ آزردہ۔ رنجیدہ۔ غمگین۔
گِراں خواب (ف۔ صف) وہ شخص جو بہت سوئے۔ جو دیر تک سوتا رہے (۲) غافل۔
گِراں خوابی (ف۔ ا۔ مث) غفلت (۲) کاہلی (۳) بہت سونا۔
گِراں سر (ف۔ صف) متکبّر۔ مغرور۔
گِراں سرشت (ف۔ صف) باوقار (۲) مغرور۔ متکبّر۔
گِراں سنج (ف۔ صف) وزنی (۲) بیش قیمت۔
گِراں قدر (ف۔ صف) عالی مرتبہ۔ معزز۔
گِراں کرنا (اُر۔ محاورہ) مہنگا کرنا۔ بھاؤ چڑھانا۔
گِراں گزرنا (اُر۔ محاورہ) ناگوار ہونا۔ بُرا لگنا۔ دُوبھر ہونا۔ ناپسند ہونا۔
گِراں گوش (ف۔ صف) بہرا۔ جو اُونچا سُنے۔
گِراں گیر (ف۔ صف) سخت گیر۔ جابر۔
گِراں مایگی (ف۔ صف) بُزرگی۔ سرداری (۲) دولت مندی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گِراں مایہ (ف۔ صف) نفیس۔ قیمتی (۲) بڑا آدمی جو صاحبِ قدر و منزلت ہو۔

گِراں ہونا (اُر۔ محاورہ) دُوبھر ہونا (۲) بھاری ہونا (۳) مہنگا ہونا۔ بھاؤ چڑھنا۔

گِرانا (گِ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) نیچے ڈالنا۔ پھینکنا (۲) ڈھانا۔ مسمار کرنا (۳) دے مارنا۔ پٹکنا (۴) درجہ توڑنا۔ مرتبہ گھٹانا (۵) قیمت کم کرنا (۶) ڈھال کرنا۔

گرانٹ (Grant) (انگ۔ اِ۔ مث) منظوری۔ مالی اعانت۔

گرانٹ اِن ایڈ (انگ۔ اِ۔ مث) مالی امداد جو حکومت رفاہِ عامّہ کے اِداروں کو دیتی ہے۔

گرانڈ (Grand) (انگ۔ صف) اعلیٰ۔ بڑا۔ نہایت اہم۔

گرانڈ جیوری (Grand Jury) (انگ۔ اِ۔ مث) وہ اعلیٰ عدالت جس میں بارہ سے کم اور تیس سے زیادہ پنچ نہ ہوں۔

گِرانی (گِ۔ را۔ نی) (ف۔ اِ۔ مث) مہنگائی۔ بھاؤ کی تیزی (۲) بدہضمی۔ بوجھ۔

گِرانیِ خاطِر (طبع) (ف۔ اِ۔ مث) بیزاری۔ طبیعت کی ناگواری۔

گِرائی (ف۔ اِ۔ مث) گیرائی کا مُخفّف (۱) پکڑ۔ گرفت (۲) محکم تنگی۔

گِراہ (گِ۔ راہ) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) مگرمچھ۔ نہنگ۔ گھڑیال (۲) شارک۔

گراؤنڈ (Ground) (انگ۔ اِ۔ مث) (۱) زمین (۲) میدان۔

گُربُز (گُرپُز) (ف۔ صف) مکّار۔ حیلہ گر۔ دغاباز۔

گُربُزی (گُرپُزی) (گُر۔ بُ۔ زی) (گُر۔ پُ۔ زی) (ف۔ اِ۔ مث) مکّاری۔ فریب۔ دھوکا۔

گُربَہ (گُر۔ بَہ) (ف۔ اِ۔ مث) بلّی۔

گُربہ چشم (ف۔ صف) بلّی کی سی آنکھوں والا۔ نیلی آنکھوں والا۔

گُربہ کُشتن روزِ اوّل (ف۔ مثل) رُعب پہلے ہی دن بیٹھتا ہے۔

گُربۂ مسکین (ف۔ صف) ایسا شخص جو دیکھنے میں غریب ہو لیکن افعال میں شریر ہو۔

گَربھ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (س۔ اِ۔ مذ) حمل (۲) کچا بچّہ۔ جنین۔

گربھ اِستھان (س۔ اِ۔ مذ) رحم۔ بچّہ دان۔

گربھ پات (س۔ اِ۔ مذ) اِسقاطِ حمل۔ حمل گرنا۔

گِر پڑ کر (کے) (ہ۔ تابع فعل) (۱) جُوں تُوں کر کے۔ بہت مشکل سے (۲) مُصیبت اُٹھا کر (۳) منّت سماجت کر کے۔

گِر پڑ کے مِلنا (اُر۔ محاورہ) بے وضعی سے ملنا۔ بہت عاجزی سے مِلنا۔

گِر پڑنا (گِر۔ پڑ۔ نا) (ہ۔ محاورہ) (۱) زمین پر آپڑنا۔ بلندی سے پستی پر آنا۔ نیچے آرہنا (۲) دیوار یا مکان کا بیٹھ جانا (۳) نہایت کمزور اور نحیف ہونا (۴) تباہ و برباد ہو جانا (۵) مائل ہو جانا (۶) سنبھلنے یا پنپنے کے قابل نہ رہنا۔

گِرپڑے کی ہر گنگا (ہ۔ مثل) مجبوری اور عاجزی ظاہر کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

گِرتا (ہ۔ صف) گِرتا ہوا۔ گرنے والا۔

گِرتا پڑتا (اُر۔ تابع فعل) اُفتاں و خیزاں۔ اُٹھتا بیٹھتا۔ گھبراہٹ کے عالم میں۔

گِرتی (ہ۔ صف) گِرتا کی تانیث۔

گِرتی پڑتی (ہ۔ صف) گِرتا پڑتا کی تانیث۔

گَرَج (گَ۔ رَج) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) وہ آواز جو بجلی کی چمک کے بعد بادلوں سے سُنائی دیتی ہے۔ بجلی کی کڑک (۲) شیر کی دھاڑ (۳) ہاتھی کی چنگھاڑ (۴) چیخ۔ زور کی آواز (۵) مصدر گرجنا کا اَمر۔

گرج کر بولنا (اُر۔ محاورہ) چیخ کر بولنا۔ کڑاکے کی آواز نکالنا۔

گَرجا (گَر۔ جا) (ہ۔ اِ۔ مذ) وہ موتی جس میں بال پڑا ہوا ہو۔

گِرجا (گِر۔ جا) (پُر۔ اِ۔ مذ) کلیسا۔ عیسائیوں کا عبادت خانہ۔ چرچ۔ جمع: گِرجاؤں۔ گِرجے۔

گِر جانا (ہ۔ محاورہ) (۱) نیچے گرنا (۲) تلف ہونا۔ ضائع ہونا (۳) غریب ہو جانا (۴) (بھاؤ) کم ہو جانا۔

گرجتے ہیں سو برستے نہیں (اُر۔ مثل) دیکھئے جو گرجتے ہیں وہ۔

گَرجنا (گَ۔ رَج۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) غُصّے میں چیخنا۔ چلّا کر بولنا۔ شور مچانا (۲) بادلوں کا کڑکنا (۳) شیر کا دھاڑنا۔ ہاتھی کا چنگھاڑنا۔

گُرچ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک گھاس جو بیل کی طرح پھیلتی ہے۔

گَرد (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) غبار۔ خاک۔ دُھول (۲) (ف۔ صف) بے حقیقت۔ ناچیز (۳) پھرنے والا۔ چکّر کھانے والا۔ سفر کرنے والا۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے آوارہ گرد۔ جہاں گرد۔ دشت گرد۔

گردِ آفتاب (ف۔ اِ۔ مث) ذرّے جو سُورج کی کرنوں میں چمکتے ہیں۔

گرد آلود (ف۔ صف) مٹّی میں ملا ہوا۔ غبار آلود۔ وہ چیز جس پر گرد جمی ہوئی ہو۔

گرد اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) ہوا کے زور سے غبار کا زمین سے بلند ہونا۔

گرد اُڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) غبار اُڑانا۔ خاک اُڑانا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

گرد بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) غبار کا تہ نشین ہونا۔ غبار کا نیچے جم جانا (۲) میل جمنا (۳) آندھی کا کم ہونا۔

گرد پڑنا (اُر۔ محاورہ) غبار کا اُڑ کر کسی کے جسم یا کپڑوں وغیرہ پر پڑنا۔

گرد پوش (ف۔ اِ۔ مذ) وہ کاغذ جو کتاب کو میلا ہونے سے بچاتا ہے۔ ڈسٹ کور۔

گرد پونچھنا (اُر۔ محاورہ) دُھول صاف کرنا۔

گرد جمنا (اُر۔ محاورہ) غبار کا ایک جگہ بیٹھ جانا۔

گرد جھاڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دُھول صاف کرنا (۲) مارنا۔ سزا دینا۔

گرد چھٹنا (اُر۔ محاورہ) فضا سے دُھول صاف ہو جانا۔

گرد کرنا (اُر۔ محاورہ) بے نُور کرنا۔ ماند کرنا۔ مات کرنا۔ ہرانا (۲) کپڑے میلے کرنا۔

گرد کو نہ پہنچنا (اُر۔ محاورہ) پیچھے رہ جانا۔ برابری نہ کر سکنا۔ عاجز رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گرد نامہ (ف۔ا۔مذ) وہ مربع کاغذ کا ٹکڑا جس پر دُعائیں لکھ کر گھر کے ستون میں یا کسی درخت پر باندھتے ہیں تاکہ بھاگا ہوا آدمی واپس آ جائے۔

گرد و باد (ف۔ا۔مث) دُھول اور ہوا (آندھی)۔

گرد و غبار (ف۔ا۔مذ) مٹی اور دُھول۔ خاک اور دُھول۔

گرد ہونا (اَر۔محاورہ) مات ہونا۔ ہارنا (۲) بے رونق ہونا۔ ماند ہونا (۳) شرمندہ ہونا (۴)(مص) کسی جگہ خاک دُھول ہونا۔

گرد ہے (اَر۔محاورہ) ہیچ ہے۔ بے حقیقت ہے۔ کچھ حیثیت نہیں رکھتا۔

گِرد (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔صف) آس پاس۔ نواح (۲) مدوّر۔ گول (۳)(ا۔مذ) حلقہ۔ چکر۔ گھیرا۔

گِرد آب (ف۔ا۔مذ) دیکھیے بھنور۔

گِرد آور (ف۔ا۔مذ) پٹواریوں کے حلقے یا چنگی کے علاقے کا افسر (۲) گشت کرنے والا عہدے دار۔

گِرد آوری (ف۔ا۔مث)(۱) گرد آور کا منصب (۲) گشت۔ دورہ (۳) نگرانی (۴) گشت کرنے کا حلقہ یا علاقہ (۵) محکمۂ مال کے کسی عہدے دار کا فصلوں کے اندراج کے لئے گشت۔

گِرد باد (گِرد۔باد)(ف۔ا۔مذ)(۱) بگولا (۲) وہ شدید و تیز ہوائیں جو گول اور مدوّر خطوطِ متساوی الحرارت کے اندر چلتی ہیں۔ ان میں ہوا کا دباؤ مرکز میں کم ہوتا جاتا ہے اور چاروں طرف بتدریج بڑھتا چلا جاتا ہے۔ (Cyclone)۔ نیز دیکھیے مطلب گرد باد۔

گِرد بالش (ف۔ا۔مث) وہ گول اور چھوٹا تکیہ جو سوتے وقت رُخساروں کے نیچے رکھا جاتا ہے۔

گِرد پھرنا (اَر۔محاورہ) طواف کرنا۔ صدقے جانا۔

گِرد گھما (اَر۔صف) آوارہ گرد (۲) مُفلس قلاش مجن۔

گِرد نُما (ف۔ا۔مذ) وہ آلہ جس کے ذریعے سمت معلوم کی جاتی ہے۔ (Periscope)۔

گِرد و پیش (گرد و نواح) (ف۔ا۔مذ) آس پاس کا علاقہ۔ قُرب و جوار۔

گِرد ہونا (اَر۔محاورہ) پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا۔

گُرد (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔صف) بہادر۔ پہلوان۔ طاقتور۔ جمع: گُرداں۔

گَردا (گر۔دا)(ا۔مذ) گرد۔ دُھول۔ غُبار۔ خاک۔

گِرداب (ف۔ا۔مذ) گرد کے تحت دیکھیے۔

گِردا گِرد (گر۔دا۔گرد)(ف۔تابع فعل) چاروں طرف۔ اردگرد۔

گَرداں (گر۔داں)(ف۔صف) پھرنے والا۔ دوّار (۲) اُلٹا ہوا۔ پلٹا ہوا۔

گَردان (گر۔دان)(ف۔ا۔مث) پھراؤ (۲) ترتیب کے مطابق صیغوں کا دُہرانا (۳) بار بار پڑھنا یا کہنا۔

گردان کرنا (اَر۔محاورہ) صیغوں کو بالترتیب زمانہ اور واحد و جمع وغیرہ کے لحاظ سے پڑھنا۔

گَردانْنا (گر۔دان۔نا)(اَر۔مص) کسی مصدر کے تمام صیغوں کو پڑھنا (۲) دُہرانا۔ دُور کرنا (۳) ماننا۔ تسلیم کرنا۔

گَردانی (گر۔دا۔نی)(اَر۔ا۔مث) چادر یا دوپٹا جو عورتیں نماز پڑھتے وقت خاص طریقے سے اوڑھتی ہیں۔

گرداور (ف۔ا۔مذ) گرد کے تحت دیکھیے۔

گرداوری (ف۔ا۔مث) گرد کے تحت دیکھیے۔

گِرد باد (گرد۔باد)(ف۔ا۔مذ) گرد کے تحت دیکھیے۔

گَرْدِش (گر۔دش)(ف۔ا۔مث) چکر۔ دَور۔ پھیر (۲) انقلاب۔ تغیّر (۳) ادبار۔ بدنصیبی۔ بداقبالی (۴) سختی۔ مُصیبت۔ آفت۔ جمع: گردشوں۔ گردشیں۔

گردشِ افلاک (ایّام۔ بخت) (ف۔ا۔مث) آسمانوں' دِنوں' قسمت کی گردش یعنی بدنصیبی۔

گردشِ چشم (ف۔ا۔مث)(۱) آنکھوں کی حرکت (۲) توجّہ سے دیکھنا۔

گردشِ دوراں (زمانہ) (ف۔ا۔مث) زمانے کا چکر۔

گردش زدہ (ف۔صف) مُصیبت کا مارا۔

گردشِ زمین (ف۔ا۔مث) زمین کی دو گردشیں ہیں۔ ایک محوری جس میں زمین اپنے محور کے گرد ۲۴ گھنٹے میں پورا چکر لگاتی ہے جس سے دن رات بنتے ہیں۔ دُوسری دَوری گردش جس میں زمین ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۹ منٹ اور ۱۲ سیکنڈ میں سُورج کے گرد ایک چکر پُورا کرتی ہے جس سے مختلف موسم ظہور میں آتے ہیں۔ اس پورے چکر کو ایک سال کہتے ہیں اور اسے شمسی سال کہا جاتا ہے۔

گردش (کرنا) کھانا (اَر۔محاورہ) گھومنا۔ چکر کھانا۔ مُصیبت میں مبتلا ہونا۔

گردشِ لیل و نہار (ف۔ع۔ا۔مث) دن رات کا چکر۔ آفت۔ مُصیبت۔

گردش میں آنا (ہونا) (اَر۔محاورہ) چکر میں آنا۔ مُصیبت میں پھنسنا۔

گِرْدگاں (گرد۔گاں)(ف۔ا۔مذ) اخروٹ۔

گَرْدَن (گر۔دن)(ف۔ا۔مث)(۱) گلا۔ گلو (۲) صُراحی کا اُوپر کا حصّہ جہاں سے خم شروع ہوتا ہے۔ جمع: گردنوں۔ گردنیں۔

گردن اُڑانا (اُڑا دینا) (اَر۔محاورہ) قتل کرنا۔ گردن کاٹنا۔ سر قلم کرنا۔

گردن اکڑ جانا (اَر۔محاورہ) گردن اینٹھ جانا۔ گردن کے پٹھوں کا سخت ہو جانا (۲) مغرور ہو جانا۔

گردن اینٹھی رہنا (اَر۔محاورہ) خفا رہنا۔ اکڑا رہنا۔ کھچا کھچا رہنا۔

گردن بند (ف۔ا۔مذ) ایک زیور کا نام۔

گردن پر اِحسان ہونا (اَر۔محاورہ) اِحسان کے بوجھ سے سر جُھکا ہونا۔

گردن پر بوجھ رہنا (اَر۔محاورہ)(۱) سر پر عذاب رہنا (۲) اِحسان مند ہونا (۳) ناگوار ہونا (۴) سرگردانی کا موجب ہونا۔

گردن پر بوجھ لینا (اَر۔محاورہ) اپنے سر ذمّے داری لینا۔ ممنونِ اِحسان ہونا۔

گردن پر بوجھ ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) بارِ اِحسان میں رہنا (۲) گناہوں کے عذاب کا سر پر ہونا (۳) ناگوارِ خاطر ہونا (۴) گراں بار ہونا۔

گردن پر جُوا رکھنا (اَر۔محاورہ) بوجھ اُٹھانا (۲) کوئی بھاری کام ذمّے لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گردن پر چُھری پھیرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذبح کرنا (۲) صریح ظلم کرنا۔
گردن پر چُھری چلنا (اَر۔ محاورہ) ذبح کیا جانا (۲) حق تلفی ہونا۔ بہت ظلم ہونا۔
گردن پر حق رہنا (اَر۔ محاورہ) کسی کے ذمّے کسی کا حق رہنا۔
گردن پر خط کھینچنا (اَر۔ محاورہ) جلاّد کا مُجرم کو قتل کرنے سے پہلے گردن پر نشان لگانا تاکہ تلوار نشان پر لگے۔
گردن پر خنجر چلانا (اَر۔ محاورہ) بہت ظلم کرنا۔
گردن پر خون رہنا (اَر۔ محاورہ) کسی کے قتل کا وبال گردن پر رہنا۔
گردن پر خون سوار ہونا (اَر۔ محاورہ) خونی کا اپنی زندگی سے ہاتھ دھو کر کسی کے پیچھے پڑ جانا۔
گردن پر خون لینا (اَر۔ محاورہ) قتل کی ذمّے داری اپنے اُوپر لینا۔
گردن پر خون ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ سر پر ہونا۔ قتل کے گناہ کا مجرم اور خون کا ذمّے دار ہونا۔
گردن پر سوار ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کی گردن پر چڑھنا (۲) سخت تقاضا کرنا۔ کسی بات یا کام کے لئے اَز حد تنگ اور مجبور کرنا۔
گردن پر وبال ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کے ذمّے عذاب ہونا (۲) کسی گناہ کا جب تک کفارہ ادا نہ ہو اُس کا بوجھ ہونا۔
گردن پکڑ کر نکال دینا (اَر۔ محاورہ) بے عزّت کر کے نکال دینا۔
گردن پھنسانا (اَر۔ محاورہ) (۱) گردن کا پھندے میں ڈالنا (۲) اپنے آپ کو مصیبت میں پھنسانا (۳) ضامن ہونا۔ ذمّے داری لینا۔
گردن پھنسنا (اَر۔ محاورہ) بلا میں گرفتار ہو جانا۔ خطرے میں پڑنا۔
گردن پھیرنا (اَر۔ محاورہ) منحرف ہونا۔ سرکشی کرنا۔ حُکم نہ ماننا۔
گردن توڑ بخار (اَر۔ ا۔ مذ) ایک خطرناک بخار جس میں گردن اکڑ جاتی ہے۔
گردن توڑنا (اَر۔ محاورہ) کسی کو مارنا پیٹنا۔ سزا دینا۔ مغلوب کرنا۔
گردن جُھکا کر چلنا (اَر۔ محاورہ) اِنکسار کرنا۔ عاجزی کرنا۔
گردن جُھکانا (اَر۔ محاورہ) (۱) گردن نیچے کرنا۔ بوجھ کے مارے گردن خم کرنا (۲) تسلیم بجالانا۔ اَدب سے سلام کرنا (۳) اطاعت کرنا۔ عاجزی کرنا (۴) شرمندہ ہونا۔ اِحسان مند ہونا۔
گردن جُھکنا (اَر۔ محاورہ) گردن نیچی ہونا (۲) سلام کے لئے جُھکنا (۳) زیرِ بار اِحسان ہونا (۴) شرمندہ ہونا (۵) مطیع ہونا (۶) عاجزی ظاہر کرنا۔
گردن چُھڑوانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کو مُصیبت سے نجات دِلانا۔ آزاد کرانا (۲) مُصیبت سے رہائی حاصل کرنا۔ نجات پانا۔
گردن حلال کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذبح کرنا۔ قتل کرنا (۲) ظلم کرنا (۳) حق تلفی کرنا۔
گردن دبانا (اَر۔ محاورہ) مغلوب کرنا۔ قابو میں کرنا۔
گردن دبی ہونا (اَر۔ محاورہ) ممنونِ اِحسان ہونا۔
گردن ڈالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گردن نیچی کرنا (۲) شرمندگی یا عاجزی سے گردن جُھکا دینا۔
گردن ڈھلکنا (ڈھلنا) (ڈھ۔ لک۔ نا) (ڈھل۔ نا) (اَر۔ محاورہ) (۱)

گردن کا ٹوٹ جانا۔ منکا ڈھلنا (۲) مرنے کے قریب ہونا۔
گردن زدنی (ف۔ صف) کُشتنی۔ واجبُ القتل۔ قتل کئے جانے کا سزاوار۔ مار ڈالنے کے قابل۔
گردن زن (ف۔ ا۔ مذ) گردن مارنے والا۔ جلاّد۔
گردن سے جُوا اُتارنا (اَر۔ محاورہ) آزاد ہونا۔ اطاعت اور فرماں برداری سے نجات پانا۔
گردن فراز (ف۔ صف) سرکش۔ متکبّر۔ باغی۔
گردن کا بوجھ اُتارنا (اَر۔ محاورہ) ذمّے داری سے سُبک دوش ہونا۔
گردن کاٹنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) گردن سے سر جدا کرنا۔ قتل کرنا (۲) (محاورہ) حق تلفی کرنا۔ بہت ظلم ڈھانا۔
گردن کا ڈورا (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) وہ سیاہ ڈورا جو نظرِ بد کے خیال سے گلے میں پہنتے ہیں (۲) گردن کی لچک (رقاصہ کی) (۳) گردن کا ناپ۔
گردن کا منکا (مہرہ) (اَر۔ ا۔ مذ) پشت کی وہ ہڈی جہاں سے گردن شروع ہوتی ہے۔
گردن کا منکا ڈھلکنا (ڈھلنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) گردن کی پچھلی ہڈی کا نیچے لٹک جانا (۲) مرنے لگنا۔ نیز دیکھئے گردن ڈھلکنا۔
گردن کٹنا (اَر۔ محاورہ) گلا کٹنا۔ قتل ہونا۔ حلال ہونا (۲) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔
گردن کش (ک پر زبر) (ف۔ صف) منحرف۔ باغی۔ متکبّر۔ گردن فراز۔
گردن کشی (ک پر زبر) (ف۔ ا۔ مث) (۱) بغاوت۔ نافرمانی (۲) غرور۔ تکبّر (۳) قوت۔ طاقت (۴) شرارت۔ شوخی۔
گردن مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) قتل کرنا (۲) تکلیف دینا۔ نقصان پہنچانا۔
گردن مارو اور گریبان میں منہ ڈالو (اَر۔ مثل) نقصان کر کے چاپلوسی کرو۔ بظاہر نیک بن کر لوگوں کو ٹھگو۔
گردن مروانا (اَر۔ محاورہ) قتل کروانا۔ ہلاک کروانا۔
گردن مروڑنا (اَر۔ مص) گلا گھونٹنا (۲) کسی جانور کو گلا گھونٹ کر مارنا۔
گردنِ مینا (ف۔ ا۔ مث) صُراحی کی گردن۔ صُراحی کا اُوپر کا پتلا حصّہ۔
گردن میں تسبیح ڈالنا (اَر۔ محاورہ) زُہد و تقویٰ اِختیار کرنا۔
گردن میں ہاتھ دے کر نکالنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے گردن پکڑ کر نکال دینا۔
گردن میں ہاتھ دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) باہر نکالنے کے لئے گردن پکڑنا (۲) پیار کرنا۔ محبت کرنا۔
گردن ناپنا (اَر۔ محاورہ) (۱) درزی کا گردن کی پیمائش کرنا (۲) گردن پکڑ کے نکال دینا (۳) مار ڈالنا۔
گردن نہ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) شرمندگی سے آنکھ سامنے نہ کرنا۔ اُف نہ کرنا۔ دَم نہ مارنا۔
گردن نیچی ڈالنا (اَر۔ محاورہ) شرم سے گردن جُھکا لینا۔
گردن نیچی ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) گردن جُھکنا (۲) شرمندہ ہونا (۳) غرور ڈھے جانا۔
گردن وہاں ماریئے جہاں پانی نہ (ملے) ہو (اَر۔ مثل) بہت بُرے آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گردن ہلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) اِنکار کرنا۔ منکر نا (۲) اِقرار کرنا۔

گردن ہلنے لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بڑھاپے کے باعث گردن میں رعشہ ہو جانا (۲) بہت بوڑھا ہو جانا۔

گُردنا (گُر۔دَ۔نا) (اُر۔اِ۔مذ) (۱) موٹی گردن (۲) دھول دھپا۔

گُردنی (گُر۔دَ۔نی) (ف۔اِ۔مث) (۱) گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا جو گردن سے لے کر ٹخنوں تک ہوتا ہے (۲) کُشتی کا ایک داؤ۔

گردنی دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) گردن میں ہاتھ دے کر نکال دینا (۲) گردن پر چانٹا لگانا۔

گردنی مارنا (اُر۔ محاورہ) گردن پر ہاتھ مارنا۔

گردُوں (گَر۔دُوں) (ف۔اِ۔مذ) (۱) آسمان۔ چرخ۔ آکاش۔ فلک (۲) رتھ۔ بہلی (۳) گاڑی۔ چھکڑا۔

گردُوں اقتدار (ف۔صف) صاحبِ منزلت۔ صاحبِ قدرت۔ زبردست۔

گردُوں پر دماغ ہونا (اُر۔ محاورہ) آسمان پر دماغ ہونا۔ بہت متکبر ہونا۔

گردُوں پر کلاہ پھینکنا (اُر۔ محاورہ) ٹوپی اُچھالنا۔ خوشی سے اِترانا۔ فخر کرنا۔

گردُوں پناہ (ف۔صف) جس کی آسمان حفاظت کرے۔ بادشاہ کی صفت۔

گردُوں پر تھوکے اُسی پر پڑے (اُر۔مثل) آسمان پر تھوکا اپنے مُنہ پر آتا ہے۔

گردُوں تمکین (ف۔صف) عزت یا طاقت میں آسمان کے برابر۔

گردُوں رکاب (سریر) (ف۔صف) بادشاہ۔

گردُوں سرشت (ف۔صف) مغرور۔ متکبر (۲) باوقار (۳) ناموافق۔

گردُوں گرداں (ف۔اِ۔مذ) پھرنے والا آسمان۔

گردُوں وقار (ف۔ع۔صف) بڑے اختیار اور مرتبے والا۔

گردُوں ہمت (ف۔ع۔صف) بلند ہمت۔

گُردہ (گُر۔دہ) (ف۔اِ۔مذ) خاکہ (۲) مصوروں کے اِستعمال کا سفوف۔

گِردہ (گِر۔دہ) (ف۔اِ۔مذ) دائرہ۔ حلقہ۔ کُنڈلی (۲) اِحاطہ (۳) ایک قسم کی خمیری روٹی (۴) چھوٹی گول ٹکیا۔ قُرص (۵) گول کپڑا جو پاندان کی تھالی میں رکھا جاتا ہے۔ وہ گول کپڑا جس پر حقہ رکھتے ہیں (۶) پُرانے زمانے کا چاندی کا سکہ (۷) گول طشتری۔

گُردہ (گُر۔دہ) (ف۔اِ۔مذ) اِنسان یا حیوان کا ایک اندرونی عضو جو آنتوں کے پیچھے ریڑھ کی ہڈی کے قریب جوڑے کی شکل میں ہوتا ہے۔ گُردوں کا خاص کام خون میں سے غیر ضروری مادّوں کو علیحدہ کر کے مثانے میں پہنچانا ہے جو انہیں پیشاب کے ساتھ خارج کر دیتا ہے (۲) جُرأت۔ حوصلہ۔ دلیری (۳) ایک قسم کی چھوٹی توپ (۴) ایک قسم کا کف گیر (۵) ایک قسم کی چھوٹی لگام۔ جمع: گُردوں۔ گُردے۔

گُردہ ہونا (اُر۔ محاورہ) حوصلہ ہونا۔ دلیری ہونا۔ جُرأت ہونا۔

گَردی (گَر۔دی) (ف۔اِ۔مث) (۱) تبدیلی۔ اِنقلاب (۲) جدائی (۳) بدنصیبی۔ بدبختی۔ اِدبار (۴) گشت۔ گھومنا پھرنا۔ مُرکّبات میں مستعمل ہے۔ جیسے کوچہ گردی۔

گَردِیدہ (گَر۔دی۔دہ) (ف۔صف) (۱) پھرا ہوا۔ مُڑا ہوا (۲) بدلا ہوا (۳) ناراض۔

گُرز (گُ۔رَز) (ہ۔اِ۔مذ) گدھ کی طرح کا ایک جانور (۲) نیل کنٹھ۔

گُرز (ف۔اِ۔مذ) ایک ہتھیار جو اُوپر سے گول' موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے۔ اُردو جمع: گُرز۔ گُرزوں۔

گُرز بردار (ف۔صف) گُرز اُٹھانے والا (۲) پہلوان۔ جنگ جُو۔

گُرزِ گاؤ سر (ف۔اِ۔مذ) (۱) فریدوں بادشاہ کے گُرز کا نام (۲) گُرز جس کی شکل گائے کے سر کی سی ہو۔

گُرز مار (اُر۔صف) فقیروں کا ایک فرقہ جو گُرز لئے پھرتا ہے۔ اگر کوئی خیرات نہ دے تو اپنے آپ کو زخمی کر لیتا ہے۔

گُرس (Gross) (انگ۔اِ۔مذ) بارہ درجن۔ ۱۴۴ عدد۔

گُرسَل (گُر۔سَل) (ہ۔اِ۔مث) مینا کی قسم کا زرد چونچ والا پرندہ۔

گُرسنگی (گُر۔سِ۔نَ۔گی) (گُ۔رُس۔نَ۔گی) (گُ۔رَس۔نَ۔گی) (گُرس۔نَ۔گی) (ف۔اِ۔مث) بھوک۔ اِشتہا۔

گُرسنہ (گُر۔سِ۔نہ) (گُ۔رُس۔نہ) (گُرس۔نہ) (ف۔صف) بھوکا۔

گُرسنہ چشم (ف۔صف) بخیل۔ کمینہ۔ لالچی۔

گُرسنہ چشمی (ف۔اِ۔مث) حرص۔ لالچ۔

گُرسی (گُر۔سی) (ق۔اِ۔مث) کٹولا۔ جھونپڑا۔ چھپّر۔

گِرِفت (گِ۔رِفت) (ف۔اِ۔مث) پکڑ (۲) دستہ۔ قبضہ (۳) اِعتراض (۴) مزاحمت (۵) مطالبہ۔

گِرفت کرنا (اُر۔ محاورہ) پکڑنا (۲) اِعتراض کرنا۔ مزاحمت کرنا۔ تھامنا۔

گِرفت میں آنا (اُر۔ محاورہ) چنگل میں آنا۔ قابو میں آنا۔ پکڑا جانا۔

گِرفتار (گِ۔رِف۔تار) (ف۔صف) پکڑا ہوا۔ قیدی۔ اسیر (۲) پھنسا ہوا۔

گِرفتار رہنا (اُر۔ محاورہ) پھنسا رہنا۔ مقیّد رہنا۔

گِرفتار شُدہ (ف۔صف) اسیر۔ قیدی۔ گرفتار۔

گِرفتار کرنا (اُر۔ محاورہ) پکڑ لینا۔ قید کرنا۔ اسیر بنانا۔

گِرفتار ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) پکڑا جانا (۲) پھنسنا (۳) مبتلا ہونا۔

گِرفتاری (گِ۔رِف۔تا۔ری) (ف۔اِ۔مث) پکڑ (۲) قید۔ نظر بندی۔ جمع: گرفتاریاں۔ گرفتاریوں۔

گِرِفتگی (گِ۔رِف۔تَ۔گی) (ف۔اِ۔مث) (۱) پکڑ (۲) گھٹاؤ (۳) لکنت (۴) آواز کا بھاری پن (۵) ملول ہونا (۶) جلا ہونا۔

گِرفتگی آواز (ف۔اِ۔مث) گلا پڑنا۔ آواز کا بیٹھ جانا۔

گِرِفتہ (گِ۔رِف۔تہ) (ف۔صف) پکڑا ہوا۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے اجل گرفتہ۔

گِرفتہ خاطر (دِل) (ف۔صف) ناخوش۔ رنجیدہ۔ ملول۔

گِرفتہ لب (ف۔صف) عاجزی یا حیرانی کی وجہ سے چُپ چاپ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گِرکر (گِر کے) (ار۔ متعلق فعل) اصل مقام سے نیچے ہو کر۔
گُرگ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) بھیڑیا۔ جمع: گُرگاں۔
گُرگ آشتی (ف۔ا۔مث) منافقانہ صلح۔ مکر و فریب کی دوستی۔
گُرگ آشنائی (ف۔ا۔مث) ظاہری دوستی۔ بظاہر دوستی اور باطن میں دُشمنی۔
گُرگِ اجل (ف۔ا۔مث) موت کا بھیڑیا۔ موت۔
گُرگِ باراں دیدہ (ف۔صف) تجربہ کار۔ خرانٹ۔ آزمودہ کار۔
گُرگِ بغل (گُرگِ بغلی) (ف۔صف) چھپا ہوا دُشمن جو ساتھ رہ کر دُشمنی کرے۔
گُرگِ کہن (ف۔صف) بوڑھا اور پُرانا بھیڑیا (۲) بڑا بھاری مکّار۔
گُرگا (گُر۔گا) (ہ۔ا۔مذ) چھوکرا۔ چیلا۔ شاگرد (۲) نوکر۔ ادنیٰ مُلازم (۳) (صف) بدکار (۴) نہایت شریر (۵) گھٹنے کا جوڑ۔ جمع: گُرگوں۔ گُرگے۔
گُرگابی (گُر۔گا۔بی) (ار۔ا۔مث) انگریزی جوتا جو صرف پنجے تک ہوتا ہے۔ جمع: گُرگابیاں۔ گُرگابیوں۔
گِرگٹ (گِر۔گٹ) (ہ۔ا۔مذ) ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں میں سے ایک جانور۔ اس کی دُم لمبی ہوتی ہے اور جلد کے نیچے خلیے ہوتے ہیں جو نظامِ عصبی کی مدد سے جلد جلد سکڑتے اور پھیلتے ہیں جس سے اس کا رنگ بدلتا ہے۔ جمع: گرگٹ۔ گرگٹوں۔
گِرگٹ کی دوڑ بٹورے تک (ار۔مثل) ہر شخص اپنے ٹھکانے پر جا کر پناہ لیتا ہے۔ ہر شخص اپنے مربّی پر بھروسا کرتا ہے۔
گِرگٹ کی طرح رنگ بدلنا (گِرگٹ کے سے رنگ بدلنا) (ار۔محاورہ) نہایت متلوّن مزاج ہونا۔ ایک حال پر نہ رہنا۔ گھڑی میں کچھ ہونا گھڑی میں کچھ۔
گِرگٹ کی طرح کبھی کالا کبھی لال ہونا (ار۔محاورہ) غُصّے سے چہرے کا رنگ بدلنا۔
گَرگج (گر۔گج) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مچان۔ پاڑ (۲) قلعہ۔ بُرج (۳) پہلوان۔
گَرگرانا (گر۔گ۔را۔نا) (ہ۔مص) بٹیروں کو جال کی طرف ہنکانا۔
گرل (Girl) (انگ۔ا۔مث) لڑکی۔ بچّی۔ دوشیزہ۔ کنواری۔
گرلز اِسکول (Girls School) (انگ۔ا۔مذ) لڑکیوں کا اسکول۔
گرلز گائیڈ (Girls Guide) (انگ۔ا۔مذ) اِسکاؤٹنگ کی طرح لڑکیوں کا نظام۔
گَرم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) جلتا ہوا۔ تتّا۔ دہکتا ہوا (۲) اِختلاط رکھنے والا (۳) مستعد۔ تند۔ تیز (۴) خفا۔ ناراض (۵) تیز رفتار (۶) تیز دھار (۷) شوخ۔ چلبلا (۸) صفراوی (۹) بارونق (۱۰) غالب۔ فائق (۱۱) پُر اثر۔ پُر زور (۱۲) بہت زیادہ (۱۳) (تابع فعل) شتاب۔ جلد (۱۴) خوب کھرے۔
گرم اِختلاط (ف۔صف) از حد بے تکلّف۔ گہرا دوست۔
گرم اِختلاطی (ف۔ا۔مث) گہری دوستی۔ بہت بے تکلّفی۔
گرم بازاری (ف۔ا۔مث) بہت گاہکی اور خریداری۔ خرید و فروخت کی کثرت۔ بڑا لین دین اور بیوپار۔ گہما گہمی۔

گرم بولنا (ار۔محاورہ) بدمزاجی سے جواب دینا۔
گرم جوشی (ف۔ا۔مث) تپاک۔ اِختلاط (۲) سرگرمی۔ جوش۔ شوق (۳) کوشش۔ سعی۔
گرم خانہ (ف۔ا۔مذ) سردیوں میں نازک پودوں کو رکھنے کا مکان۔ گرین ہاؤس (۲) سردیوں کا موسم گزارنے کا مکان۔
گرم خبر (ف۔ا۔مث) عام خبر۔ افواہ۔ دُھوم۔
گرم خُو (ف۔صف) غضب ناک۔ تُند خُو۔ تیز مزاج۔
گرم خیز (ف۔صف) تیز چلنے والا (۲) چالاک۔
گرم دستی (ف۔ا۔مث) تیز دستی۔
گرم رفتار (رَو) (ف۔صف) تیز رو۔ جلدی چلنے والا۔
گرم رفتاری (ف۔ا۔مث) تیز چلنا۔ تیز رفتاری۔
گرم سرد (ف۔صف) شیر گرم۔ تتّا اور ٹھنڈا (۲) بُرا بھلا۔ نیک و بد۔
گرم سرد اُٹھانا (سہنا) (ار۔محاورہ) بُرا بھلا وقت دیکھنا۔ زمانے کی مصیبتوں کو برداشت کرنا۔
گرمِ سفر (ف۔صف) حالتِ سفر میں۔ سفر میں سرگرم۔
گرم سیر (ف۔صف) (وہ علاقہ) جس کی آب و ہوا گرم ہو۔
گرم عناں (ف۔صف) تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
گرم فغاں (ف۔صف) رونے دھونے میں مصروف۔
گرم فقرہ سُوجھنا (ار۔محاورہ) کوئی نئی شوخی کی بات سمجھ میں آنا۔
گرم کپڑے (ار۔ا۔مذ) اُونی یا رُوئی دار کپڑے۔ جاڑے کی پوشاک۔
گرم کرنا (ار۔محاورہ) آگ پر رکھ کر سینکنا (۲) غُصّہ دلانا (۳) تیز کرنا۔ دوڑانا۔
گرم مزاج (ف۔صف) بدمزاج۔ غُصیلا۔ تُند خُو۔
گرم مزاجی (ف۔ا۔مث) تُند خُوئی۔ بدمزاجی۔
گرم مسالا (ف۔ار۔ا۔مذ) زیرہ، سیاہ مرچ، لونگ، الائچی اور دارچینی کا مجموعہ۔
گرم و سرد آزمانا (ار۔محاورہ) زمانے کی مصیبتیں سہنا۔ تجربہ کار ہونا۔
گرم و سردِ زمانہ چشیدہ (ف۔صف) تجربہ کار۔ جس نے رنج و غم اُٹھائے ہوں۔ معمّر۔
گرم ہونا (ار۔محاورہ) تپنا۔ جلنا (۲) اُبلنا (۳) خفا ہونا۔ تیز ہونا (۴) بارونق ہونا۔
گرما (گر۔ما) (ف۔ا۔مذ) گرمی کا موسم (۲) سردے کی طرح کا ایک میٹھا پھل۔
گرمابہ (گر۔ما۔بہ) (ف۔ا۔مذ) حمام۔ نہانے کا گرم مکان۔
گرما گرم (گر۔ما۔گرم) (ف۔صف) جلتا ہوا (۲) تازہ بتازہ (۳) پُر جوش۔ رقّت خیز۔ رُلانے والا (۴) ظریف الطبع۔ چرب زبان (۵) شوخ۔ چلبلا (۶) تڑاق پڑاق۔
گرما گرم باتیں (ار۔ا۔مث) شوخ باتیں۔ محبت کی باتیں۔
گرما گرمی (ف۔ا۔مث) تیزی۔ غُصّہ۔ جوش۔
گرما گرمی سے (ار۔تابع فعل) بڑے تپاک سے۔ تیزی اور جوش کے ساتھ۔
گرمانا (گر۔ما۔نا) (ار۔مص) (۱) گرم ہونا (۲) خفا ہونا۔ غُصّے میں بھرنا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جوش میں آنا (۴) گرم رفتار ہونا (۵) مادہ جانور کا مستی میں آنا۔

گرمائی (گر۔ما۔ای) (اُر۔اِمث) گرمی تپش (۲) (صف) گرما کے متعلق۔

گرمی (گر۔می) (ف۔اِمث) تپش۔ حرارت (۲) موسم گرما (۳) تپاک۔ گرم جوشی (۴) شوخی۔ طراری (۵) تیزی۔ تندی (۶) غصّہ (۷) شہوت۔ خواہشِ نفسانی (۸) آتشک کا مرض (۹) گرمی دانے (۱۰) اندرونی حرارت (۱۱) پسینا (۱۲) جوانی۔ اُمنگ (۱۳) ولولہ۔ جوش (۱۴) محبت۔ اُلفت۔ جمع: گرمیاں۔ گرمیوں۔

گرمیِ بازار (ف۔اِمث) بازار کی رونق۔ خرید و فروخت کی کثرت (۲) شہرت۔ ناموری۔

گرمی پڑنا (اُر۔محاورہ) موسم گرما کا آنا۔ دھوپ پڑنا۔

گرمی چڑھ جانا (اُر۔محاورہ) دماغ میں خلل آنا۔

گرمی چھانٹنا (اُر۔محاورہ) مزاج کی گرمی نکالنا (۲) غصّے کا اظہار کرنا۔

گرمی دانے (اُر۔اِمذ) چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے موسم میں بدن پر نکل آتے ہیں۔ پِت۔

گرمیِ سخن (ف۔اِمث) بات کرنے کی خوبی۔ شعر کی تاثیر۔

گرمی سے جواب دینا (اُر۔محاورہ) جھلا کر جواب دینا۔ غصّے سے جواب دینا۔

گرمی کا پھونکے دینا (اُر۔محاورہ) بے حد تپش ہونا۔ سخت گرمی پڑنا۔

گرمی کرنا (اُر۔محاورہ) بدن میں گرمی بڑھا دینا (۲) شوخی کرنا۔ شرارت کرنا۔

گرمی کے دِن (اُر۔اِمذ) گرمیوں کا موسم۔

گرمی کے رنگ (اُر۔اِمذ) ہلکے رنگ (کے کپڑے) جو گرمی کے موسم میں پہنے جاتے ہیں مثلاً ہلکا گلابی۔ آبی۔ اگرئی۔ بادامی۔ پیازی۔ خشخاشی۔ زود ھیا۔ ملاگیری وغیرہ۔

گرمی کے کپڑے (اُر۔اِمذ) وہ ٹھنڈی پوشاک جو موسم گرما میں پہنی جائے۔

گرمیِ مضمون (ف۔اِمث) مضمون کی شوخی۔

گرمی نکالنا (اُر۔محاورہ) (۱) حرارت رفع کرنا (۲) غصّہ نکالنا۔ مار پیٹ کرنا (۳) جماع کی خواہش مٹانا۔

گرمی ہونا (اُر۔محاورہ) گرمی پڑنا (۲) آتشک ہونا (۳) حرارت بڑھنا۔

گرنا (گر۔نا) (ہ۔مص) اُوپر سے نیچے آپڑنا (۲) پھسلنا۔ لڑھکنا (۳) شکست کھانا (۴) بھاؤ کم ہونا۔ نرخ گھٹنا (۵) مکان کا منہدم ہونا (۶) ہجوم کرنا (۷) حمل ساقط ہونا (۸) قدر نہ رہنا (۹) مائل ہونا (۱۰) لالچ کرنا۔

گرنتھ (گ۔رَنتھ) (س۔اِمذ) کتاب (۲) سکھوں کی مُقدس کتاب۔

گرنتھی (گ۔رَن۔تھی) (ہ۔صف) مؤلف۔ کتاب لکھنے والا۔ تصنیف و تالیف کا کام کرنے والا (۲) سکھوں کی مذہبی کتاب گرنتھ کا عالم۔

گرنڈ (گ۔رَنڈ) (ہ۔اِمذ) چکی کا وہ حصّہ جس میں آٹا گرتا اور جمع ہوتا ہے۔

گِرَو (گ۔رَو) (ف۔اِمذ) رہن۔ گروی۔ شئے مکفولہ یا مرہونہ (۲) شرط۔ بازی۔

گِرَو کرنا (اُر۔محاورہ) رہن کرنا۔ کسی چیز کو نقدی کے عوض ضامن رکھنا۔

گِرَو نامہ (ف۔اِمذ) رہن نامہ۔ گہنے رکھنے کا تمسک۔

گرو ہونا (اُر۔محاورہ) گروی ہونا۔ رہن رکھا جانا۔

گُرُو (گ۔رُو) (س۔اِمذ) پیر۔ مُرشد (۲) بُزرگ (۳) اُستاد۔ مُعلّم (۴) کاملِ فن۔ جگت اُستاد (۵) (طنزاً) شریر۔ مُفسد۔ ہوشیار۔ چالاک۔ خرانٹ۔

گُرو بڑا کہ چیلا؟ (اُر۔مثل) ایک سے ایک بڑھ کر۔

گُرو گھنٹال (ہ۔اِمذ) بہت بڑا اُستاد۔ سب کا پیر (۲) بدمعاشوں کا سرغنہ۔ بہت چالاک اور خرانٹ آدمی۔

گُروا (گ۔رُو۔آ) (ہ۔صف) بھاری (۲) ضروری۔ اہم (۳) معزز۔

گروپ (انگ۔اِمذ) (Group) ٹولی۔ جماعت۔ مجمع۔ حلقہ۔ درجہ۔ کئی چیزوں کا مجموعہ۔ اُردو جمع: گروپ۔ گروپوں۔

گِرُوَر (گر۔وَر) (ہ۔اِمذ) پہاڑ۔ کوہ۔ پربت۔

گروسر (انگ۔اِمذ) (Grocer) پنساری۔ بقّال۔ چھوٹی چھوٹی دوائیں یا مسالے بیچنے والا۔

گروسری (Grocery) ( ) (۱) پنساری کی دُکان یا پیشہ (۲) پنساری کا سامان۔

گُروِنی (گر۔وِ۔نی) (ہ۔اِمث) حاملہ عورت۔

گروہ (گ۔روہ) (ف۔اِمذ) ٹولی۔ منڈلی۔ جماعت۔ جرگہ۔ مجمع (۲) غول۔ پرندوں کی جماعت (۳) نوع۔ قسم۔ درجہ۔ ذات۔ اُردو میں بکسر اوّل مستعمل ہے۔ جمع: گروہ۔ گروہوں۔

گروہ بندی (ف۔اِمث) گروہ بنانا۔ جماعت قائم کرنا۔

گِروی (گر۔وی) (اُر۔اِمث) رہن۔ گرو۔ وہ چیز جو رہن رکھی گئی ہو۔

گروی پتر (ہ۔اِمذ) رہن نامہ۔

گروی دار (اُر۔صف) وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز گروی رکھی گئی ہو۔

گروی رکھنا (اُر۔محاورہ) رہن رکھنا۔

گروی سے چھڑانا (اُر۔محاورہ) رہن سے نکالنا۔ فک الرّہن کرنا۔

گِروی (گر۔وی) (ہ۔اِمذ) ایک قسم کا کیڑا جو فصلوں کو لگ جاتا ہے جس سے دانہ نہیں پڑتا۔

گرویدگی (گر۔وی۔دَ۔گی) (ف۔اِمث) رغبت۔ میلان۔ فریفتگی۔ عشق۔

گرویدہ (گر۔وی۔دَہ) (ف۔صف) فریفتہ۔ عاشق۔ شیفتہ۔ پریمی۔

گرویدہ ہونا (اُر۔مص مُرکّب) عاشق و شیدا ہونا۔ دلدادہ ہونا۔ کسی پر جان دینا (۲) سر ہونا۔ درپے ہونا۔

گِرہ (گ۔رَہ) (س۔اِمذ) سیارہ (۲) ہندو جوتش کے مطابق ان ۹ اجرام فلکی کو کہتے ہیں (۱) سورج (۲) چاند (۳) منگل (۴) بدھ (۵) برہسپت (۶) شکر (۷) سنیچر (۸) راہو (۹) کیت۔

گرہ آنا (ہ۔محاورہ) بُرا ستارہ آنا۔ نحوست آنا۔ اِدبار آنا۔

گرہ پتر (ہ۔اِمذ) اچھے بُرے پھلوں کا زائچہ۔ لگن۔ کنڈلی۔

گِرہ (گ۔رَہ) (ف۔اِمث) (۱) گانٹھ۔ عقدہ (۲) جیب۔ پاکٹ (۳) گز

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کا سولھواں حِصّہ۔ قریباً تین انگل کی چوڑائی (۴) جوڑ۔ گنّے وغیرہ کا وہ حِصّہ جہاں ایک پور دُوسری پور سے ملتی ہے (۵) کدورت۔ رَنج (۶) سدّہ۔ گتھّی (۷) بند کا آخری شعر (۸) مُشکل۔ اُردو جمع: گرہوں۔ گرہیں۔

گِرہ باز (ف۔ صف) ایک قسم کا کبوتر جو پرواز میں قلابازیاں کھاتا ہے۔

گِرہ باندھنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کو یاد رکھنے کے لئے رُومال یا پگڑی وغیرہ میں گانٹھ دینا (۲) کسی چیز کو سنبھال کر رکھنا۔

گِرہ بُر (ف۔ صف) جیب کترا۔ وہ شخص جو لوگوں کی جیب کتر کر مال نکال لے۔

گِرہ پڑنا (گِرہ پڑ جانا) (اُر۔ محاورہ) گانٹھ پڑنا۔ اُلجھنا (۲) محبت میں فرق آنا۔ دُشمنی ہونا۔ عداوت ہونا۔

گِرہ ٹٹولنا (اُر۔ محاورہ) مال و دولت کی طلب ظاہر کرنا (۲) دُوسرے کا مال لینے کی کوشش کرنا۔

گِرہ دار (ف۔ صف) بہت سی گانٹھوں والا۔ گٹھیلا۔

گِرہ دینا (اُر۔ محاورہ) گانٹھ لگانا۔ یاد رکھنا۔

گِرہ سے جانا (کا جانا) (اُر۔ محاورہ) اپنی جیب سے خرچ ہونا۔ ذاتی نُقصان ہونا۔

گِرہ کاٹنا (اُر۔ محاورہ) جیب کترنا۔

گِرہ کا دیجئے پر ضامن نہ ہوجئے (اُر۔ مثل) کسی کی ضمانت نہ دیجیے۔ ضامن بننے کی نسبت گرہ سے روپیہ دے دینا بہتر ہے۔

گِرہ کا کھونا (اُر۔ محاورہ) اپنا نُقصان کرنا۔

گِرہ کٹ (گِرہ کاٹ) (اُر۔ صف) جیب کترا۔ گرہ بُر۔

گِرہ کٹنا (اُر۔ محاورہ) گانٹھ کٹنا۔ جیب کٹنا۔

گِرہ کُشا (ف۔ صف) گانٹھ کھولنے والا۔ مُشکل کُشا۔

گِرہ کھلنا (اُر۔ محاورہ) عُقدہ وا ہونا (۲) جیب کا کترا جانا۔ ذاتی نُقصان ہو جانا۔

گِرہ کھولنا (اُر۔ محاورہ) گانٹھ کھولنا۔ عُقدہ وا کرنا (۲) دِل کی کدورت نکال دینا۔ رَنجش دُور کرنا۔

گِرہ گانٹھ میں (اُر۔ تابع فعل) قبضے میں۔ کسی کے پاس۔

گِرہ گیر (ف۔ صف) بَل کھائے ہوئے۔ مُڑا ہوا۔ پیچیدہ۔

گِرہ لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دیکھئے گرہ باندھنا (۲) مصرع پر دُوسرا مصرع لگانا (۳) دِل میں رَنجش ڈالنا۔

گِرہ میں (اُر۔ تابع فعل) قبضے میں۔ تحویل میں۔ پاس۔

گِرہ میں باندھنا (اُر۔ محاورہ) قبضے میں کرنا (۲) یاد رکھنا۔

گِرہ میں پیسا (مال) ہونا (اُر۔ محاورہ) مالدار ہونا۔ دولت مند ہونا۔

گِرہ میں کوڑی نہیں اور بازار کی سیر (اُر۔ مثل) مُفلسی میں اُمیرانہ وضع اختیار کرنا۔

گِرہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) گُتھی سلجھنا۔ پیچ دُور ہونا۔ مُشکل حل ہونا۔

گِرہَشت (گِ۔ رَہَست) (گِ۔ رہست) (و۔ ا۔ مث) عیال داری۔ قبیل داری۔ دُنیاداری۔ خانہ داری۔

گِرہَشتَن (گِ۔ رَہ۔ شَن) (و۔ صف۔ وا۔ مث) (۱) زوجہ۔ بیوی (۲) سُگھڑ، سلیقہ شعار عورت۔ نیز دیکھئے گرہستی۔

گِرہَشتی (گِ۔ رَہ۔ س۔ تی) (و۔ صف۔ وا۔ مذ) دُنیا دار۔ عیال دار۔ گھر والا (مرد)۔

گِرہَن (گ۔ رَ۔ ہَن) (س۔ ا۔ مذ) گہن (۲) کسوف و خسوف۔ سُورج پر چاند کا یا چاند پر زمین کا سایہ پڑنے سے اُن کا سیاہ نظر آنا۔

گِرہن لگنا (اُر۔ محاورہ) سُورج یا چاند میں اَندھیرا ہونا (۲) داغ لگنا۔ عیب لگنا۔

گَرّی (گَر۔ ری) (و۔ ا۔ مث) ڈول کی رسّی لپیٹنے کی چرخی۔

گِری (گِ۔ ری) (و۔ ا۔ مث) مغز۔ تُخم (۲) کھوپا۔ کھوپرا۔ ناریل کا مغز (۳) گودا۔ جمع: گریاں۔ گریوں (۴) (صف) گِری ہوئی۔

گَری (گَ۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) بنانا۔ کرنا۔ مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے شیشہ گری۔ صنعت گری۔ کاری گری۔

گرے (انگ۔ صف) (Grey) خاکستری۔ بُھورا۔ قدرے سفید قدرے سیاہ۔

گرے ہاؤنڈ (انگ۔ ا۔ مذ) (Grey Hound) کُتّے کی ایک نسل۔ شکاری کُتّا۔

گُرّیا (گُر۔ یا) (س۔ ا۔ مث) پیٹھ کی ہڈیوں کا مجموعہ (۲) سانپ کا پنجر (۳) شیشے کا موتی (۴) تسبیح یا ہار کا دانہ یا موتی۔

گِریاں (گِر۔ یاں) (ف۔ صف) روتا ہوا۔ نالاں۔

گِریبان (گِ۔ ری۔ بان) (ف۔ ا۔ مذ) پوشاک کا وہ حِصّہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے۔ اُردو میں بیائے مجہول مستعمل ہے۔ اُر جمع: گریبان۔ گریبانوں۔

گریبان پُرزے ہونا (اُر۔ محاورہ) گریبان چاک چاک ہونا۔

گریبان پکڑنا (اُر۔ محاورہ) گریبان پکڑ کر گھسیٹ لینا۔ سخت تقاضا کرنا۔

گریبان پھاڑنا (تار تار کرنا) (اُر۔ محاورہ) وحشت کے سبب کپڑے پھاڑنا۔ دیوانہ ہونا۔ سودائی ہونا (۲) بہت رَنج کرنا۔

گریباں دری (ف۔ ا۔ مث) گریبان پھاڑنا۔

گریباں دریدہ (ف۔ صف) وہ شخص جس کا گریبان پھٹا ہوا ہو۔ پریشان حال۔ بدحال۔ مُصیبت زدہ۔

گریبانِ کوہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جو پہاڑ کے درمیان ہو۔

گریبان کھینچنا (اُر۔ محاورہ) جبراً کوئی کام لینے کے لئے گریبان سے پکڑ کر لے جانا۔

گریباں گیر (ف۔ صف) گریباں پکڑنے والا۔ روکنے والا۔ مُقابلہ کرنے والا۔ مُزاحم (۲) دعویدار۔ اِلزام لگانے والا۔

گریبان میں مُنہ چھپانا (اُر۔ محاورہ) شرمندہ ہونا۔ آنکھیں نیچی کرنا۔

گریبان میں مُنہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) نہایت شرمندہ ہونا۔ شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا (۲) سر جُھکا کر غور کرنا۔

گریبان میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا گریبان پکڑنا (۲) سخت تقاضا کرنا۔

گِرے پڑنا (و۔ مص مُرکب) ٹوٹے پڑنا۔ ہجوم کرنا۔

گریپ فروٹ (انگ۔ ا۔ مذ) ایک تُرشاوا پھل۔

گریٹ (Great) (انگ۔ صف) بڑا۔ عظیم۔ بہت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گریجویٹ (Graduate) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) بی ۔ اے پاس ۔ سند یافتہ (۲) عطار کا دوا ناپنے کا گلاس۔

گریچوئٹی (Gratuity) (انگ ۔ ا ۔ مث) بخششیں ۔ انعام ۔ زرِ انعام ۔ صلہ ۔ عطیہ ۔ وظیفہ۔

گریڈ (Grade) (انگ ۔ ا ۔ مذ) پایہ ۔ رُتبہ ۔ مرتبہ ۔ درجہ۔

گریز (گُ ۔ ریز) (بیائے مجہول) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) بھاگنا ۔ فرار (۲) علیحدگی ۔ اجتناب ۔ پرہیز (۳) قصیدے میں تمہید کے بعد اصل مقصد کی طرف متوجہ ہونا۔

گریزپا (ف ۔ صف) بھاگنے والا ۔ بھگوڑا (۲) وحشت زدہ (۳) ناپائیدار۔ گھر سے اکثر بھاگ جانے والا (نوکر ۔ غلام)۔

گریز کرنا (ا ر ۔ مص مُرکب) بھاگنا (۲) (صف) پرہیز کرنا (۳) معترض ہونا۔

گریزاں (گُ ۔ رے ۔ زاں) (ف ۔ صف) بھاگنے والا ۔ معترض۔

گریس (Grease) (انگ ۔ ا ۔ مث) چربی ۔ چکنائی ۔ روغن۔

گِرَیل (گِر ۔ یَل) (ہ ۔ ا ۔ مذ) وہ آدمی جو سستی کے باعث کسی جگہ پڑا رہے (۲) وہ کبوتر جو حریف کے مکان پر گرے۔

گریمر (انگ ۔ ا ۔ مذ) دیکھئے گرامر۔

گرین (Grain) (بیائے مجہول) (انگ ۔ ا ۔ مذ) بیج ۔ تخم (۲) اناج ۔ غلہ (۳) دانہ ۔ ریزہ ۔ ٹکڑا (۴) ڈیڑھ رتی کا ایک وزن (۵) نہایت خفیف مقدار۔

گرین (Green) (انگ ۔ صف) ہرا ۔ سبز۔

گرینٹ (گ ۔ رینٹ) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ لکڑی جس پر کنوئیں کی چرخی چلتی ہے۔

گرینچ (Greenwich) (گرین ۔ اِچ) (گرین ۔ اِج) (انگ ۔ ا ۔ مذ) گرینچ وسیع تر لندن کا ایک شہر ہے جو دریائے ٹیمز کے کنارے آباد ہے ۔ یہاں کا عرضِ بلد صفر ہے چنانچہ یہاں کے وقت کو برطانیہ کا معیاری وقت قرار دیا گیا ہے اور تقریباً تمام دُنیا میں وقت کا اندازہ اسی سے لگایا جاتا ہے ۔ اِسے گرینچ ٹائم کہتے ہیں۔

گرینیڈ (Grenade) (انگ ۔ ا ۔ مذ) چھوٹا بم ۔ ہتھ گولا۔

گریہ (گِر ۔ یَہ) (ف ۔ ا ۔ مذ) رونا پیٹنا ۔ آہ و زاری۔

گریہ شادی (ف ۔ ا ۔ مذ) خوشی کی حالت میں رونا۔

گریہ شبنم (ف ۔ ا ۔ مذ) اوس گرنا۔

گریہ شمع (ف ۔ ا ۔ مذ) موم کے قطرے جو موم بتی کے جلنے سے گرتے ہیں۔

گریہ شیشہ (ف ۔ ا ۔ مذ) شراب کا صراحی سے جام میں گرنا۔

گریہ کرنا (ا ر ۔ مص مُرکب) رونا پیٹنا ۔ واویلا کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ آنسو بہانا۔

گریہ کناں (ف ۔ صف) گریہ کرنے والا ۔ نالاں ۔ گریاں۔

گریہ مستانہ (ف ۔ ا ۔ مذ) شراب کی مستی میں رونا۔

گریہ مند (ناک) (ف ۔ صف) رونے والا۔

گریہ و زاری (ف ۔ ا ۔ مث) واویلا ۔ کہرام ۔ آہ و بکا ۔ رونا پیٹنا۔

گ ۔ ڑ

گُڑ (بضمِ اوّل) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گنے کا جما ہوا رَس ۔ قندِ سیاہ (۲) مٹھاس ۔ شیرینی (۳) (صف) میٹھا ۔ شیریں۔

گُڑ انبہ (ا ر ۔ ا ۔ مذ) گڑ کے شیرے میں پکائی ہوئی کچے آموں کی پھانکیں۔

گُڑ دھانی (ہ ۔ ا ۔ مث) بھنے ہوئے چاولوں یا گیہوں میں گڑ ملا کر بنائے ہوئے مرنڈے ۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

گُڑ دیئے مرے تو زہر کیوں دیجئے (گُڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دو) (ا ر ۔ مثل) جو کام آسانی اور نرمی سے نکل سکے اُس میں سختی نہیں چاہیئے۔

گُڑ دینا (ا ر ۔ محاورہ) (۱) میٹھی میٹھی باتیں کرنا (۲) بوسہ دینا۔

گُڑ کا شیرہ (ا ر ۔ ا ۔ مذ) گڑ کا بہت گاڑھا شربت ۔ راب۔

گُڑ کلھیا میں پھوڑنا (ا ر ۔ محاورہ) دیکھئے کلھیا میں گڑ پھوڑنا۔

گُڑ کھانا اور گلگلوں سے پرہیز کرنا (ا ر ۔ مثل) چھوٹی بُرائی سے بچنا اور بڑی بُرائی کا خیال نہ کرنا۔

گُڑ کی جوتی (ا ر ۔ مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کسی چیز کے نایاب ہونے پر غریب لوگ اُس کی شکل تک دیکھنے کو ترسیں مگر امیر لوگ اُسے بے تحاشا استعمال کریں۔

گُڑ لینا (ق ۔ محاورہ) بوسہ لینا ۔ چومنا۔

گُڑ نہ دے تو گُڑ سی بات تو کہے (ا ر ۔ مثل) کوئی اچھا کام نہ کر سکو تو نرمی سے بول کر ہی خوش کر دو۔

گُڑ ہوگا تو مکھیاں بھی آئیں گی (ا ر ۔ مثل) دولت ہوگی تو بہتیرے یار بن جائیں گے۔

گڑا (گَ ۔ ڑا) (ہ ۔ ا ۔ مذ) بڑا پولا (۲) ڈھیر ۔ کھلیان (۳) (صف) گڑا ہوا ۔ دفن کیا ہوا (۴) (فعل) گڑنا مصدر سے فعل ماضی مطلق۔

گڑا بٹائی (ہ ۔ ا ۔ مث) اناج وغیرہ کی وہ تقسیم جو اندازے سے انبار لگا کر کی جائے۔

گڑا دبا مال (ا ر ۔ ا ۔ مذ) وہ مال جو دفن کیا گیا ہو۔

گڑا گڑایا (ا ر ۔ صف) گڑا ہوا ۔ دفن کیا ہوا۔

گڑا ہونا (ا ر ۔ مص) دبا ہونا ۔ دفن ہونا۔

گُڑاکو (گُ ۔ ڑا کو) (ہ ۔ ا ۔ مذ) گڑ ملا ہوا تمباکو ۔ بنا ہوا تمباکو ۔ پینے کا تمباکو۔

گڑبڑ (گڑ ۔ بڑ) (ہ ۔ ا ۔ مث) جھمیلا ۔ بکھیڑا ۔ افراتفری ۔ بدانتظامی ۔ کھلبلی (۲) (صف) گڈمڈ ۔ خلط ملط۔

گڑبڑ جھالا (ا ر ۔ ا ۔ مذ) (۱) مینہ اور آندھی (۲) بدنظمی۔

گڑبڑ کرنا (ا ر ۔ محاورہ) (۱) گڈمڈ کرنا (۲) بے ایمانی کرنا (۳) جھگڑا کرنا (۴) فتنہ پھیلانا۔

گڑبڑانا (گڑ ۔ بَڑا ۔ نا) (ہ ۔ مص) گھبرانا ۔ پریشان ہونا۔

گڑبڑاہٹ (گڑ ۔ بَڑا ۔ ہٹ) (ہ ۔ ا ۔ مث) گڑبڑ ۔ افراتفری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گڑبُوی (گڑ۔ب۔ڑی)(و۔ا۔مث) کھلبلی۔ افراتفری۔ بدانتظامی۔
گڑپ (گ۔ڑپ)(و۔ا۔مث) جلدی سے کسی مُلائم چیز میں گھس جانے کی آواز۔ غڑپ (۲)(صف) جلد۔ جھٹ۔
گڑپنکھ (گڑ۔پنکھ)(و۔ا۔مذ) بڑے بڑے پروں والا پرندہ (۲) ڈھیلی پوشاک پہننے والا آدمی۔
گڑتی (گڑ۔تی)(ق۔ا۔مذ) ساتھی۔ دوست۔ یار۔
گڑجانا (گڑ۔جا۔نا)(و۔مص) دھنس جانا (۲) دب جانا (۳) نہایت شرمندہ ہونا (۴) قائم ہوجانا (۵) جم جانا۔ اڑ جانا۔
گڑریا (گ۔ڑر۔یا)(و۔ا۔مذ) چرواہا۔ گڈریا۔
گڑگج (گڑ۔گج)(و۔ا۔مذ) قلعے کا وہ بُرج جس پر توپیں نصب کی جاتی ہیں۔
گڑگڑ (گڑ۔گڑ)(و۔ا۔مث) پیٹ کے بولنے کی آواز (۲) حقّہ پینے کی آواز۔
گڑگڑ کرنا (اُر۔ محاورہ) پیٹ بولنا۔ آنتوں کا بولنا (۲) حقّے کا گڑگڑانا۔
گڑگڑا (گڑ۔گ۔ڑا)(و۔ا۔مذ) بڑا حقّہ۔
گڑگڑانا (گڑ۔گ۔ڑا۔نا)(و۔مص) گرجنا۔ کڑکنا (۲) توپوں کا لگاتار چھوٹنا۔
گِڑگِڑانا (گِڑ۔گ۔ڑا۔نا)(و۔مص) عاجزی کرنا۔ منت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ اِلتجا کرنا۔
گڑگڑانا (گڑ۔گ۔ڑا۔نا)(و۔مص) آنتوں کا بولنا۔ پیٹ کا آواز دینا۔ قراقر ہونا (۲) حقّے کا بولنا۔
گڑگڑاہٹ (گڑ۔گ۔ڑا۔ہٹ)(و۔ا۔مث) گرج۔ کڑک (۲) توپوں کے لگاتار چھوٹنے کی آواز۔
گِڑگِڑاہٹ (گِڑ۔گ۔ڑا۔ہٹ)() عاجزی۔ منت سماجت۔ خوشامد۔ اِلتجا۔
گڑگڑاہٹ (گڑ۔گ۔ڑا۔ہٹ)(و۔ا۔مث) پیٹ کے بولنے کی آواز۔
گڑگڑی (گڑ۔گ۔ڑی)(و۔ا۔مث) ایک خاص وضع کا چھوٹا سا حقّہ۔
گڑگوڑ (گڑ۔گو۔ڑ)(و۔ا۔مذ) پھٹے پُرانے کپڑے۔ چیتھڑے۔
گڑگی (گڑ۔گی)(ق۔ا۔مث) پاجامہ۔
گڑوم (گ۔ڑم)(و۔ا۔مذ) ورم جو سر پر چوٹ لگنے سے ہوجائے۔
گڑون (گ۔ڑن)(و۔ا۔مث) دَلدل۔ کیچڑ۔
گڑنا (گڑ۔نا)(و۔مص) زمین دفن ہونا (۲) چُبھنا (۳) جمنا (۴) قائم ہونا (۵) کھڑا ہونا (۶) شرمندہ ہونا۔
گڑنت (گ۔ڑنت)(نون غنّہ)(و۔ا۔مث) دفینہ۔ زمین میں گڑی ہوئی چیز۔ وہ چیز جس پر منتر پڑھ کر زمین میں دفن کردیا جائے۔
گڑنگ (گ۔ڑنگ)(نون غنّہ)(و۔ا۔مث) شیخی۔ ڈینگ۔ بڑائی۔

گڑنگیا (گ۔ڑنگ۔یا)(و۔صف) شیخی بگھارنے والا۔ ڈینگ مارنے والا۔ ڈینگیا۔
گڑوا (گڑ۔وا)(و۔ا۔مذ)(۱) پانی رکھنے کا بڑا برتن۔ بڑی گڑوی (۲) آفتابہ (۳) سرسوں کے پھولوں کا گلدستہ۔
گڑوانا (گڑ۔وا۔نا)(و۔مص) گاڑنا کا متعدی۔ زمین میں دبوانا۔ دفن کرانا۔
گڑولنا (گ۔ڑول۔نا)(و۔ا۔مذ) ایک چھوٹی سی گاڑی جس پر بچے کو کھڑے ہوکر چلنا سکھاتے ہیں۔
گڑونا (گ۔ڑو۔نا)(و۔مص) گاڑنا۔ گھسیڑنا (۲) سُوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ چبھونا۔
گڑھ (بفتحہ اوّل وسکونِ دوم)(و۔ا۔مذ) گڈھ۔ قلعہ۔ کوٹ۔ حصار۔ دمدمہ۔
گڑھ جیتنا (و۔ محاورہ) قلعہ فتح کرنا (۲) کوئی بڑا کام کرنا (۳) کسی مشکل یا مُصیبت سے رہائی پانا۔
گڑھ کپتان (و۔ا۔مذ) جمعدار (۲) حاکم قلعہ (۳) قلعوں کی مرمت کرانے والا افسر۔ انجینئر۔
گڑھا (و۔ا۔مذ) غار (۲) کھڈ۔ کھائی (۳) قبر۔ گور۔ جمع: گڑھوں۔ گڑھے۔
گڑھا بھرنا (اُر۔ محاورہ) گڑھے کو مٹی سے پُر کرنا (۲) بُری بھلی چیز سے پیٹ پُر کرنا (۳) کمی یا گھاٹا پورا کرنا۔
گڑھت (گ۔ڑھت)(و۔ا۔مث) گڑھنا۔ گڑھنے کا انداز۔
گڑھل (گ۔ڑھل)(و۔ا۔مذ) ایک درخت جس میں سُرخ رنگ کے پھول آتے ہیں اِن پھولوں کا شربت بناتے ہیں۔
گڑھنا (گڑھ۔نا)(و۔مص) ڈھالنا۔ بنانا۔ تیار کرنا۔ دھات کو کوٹ پیٹ کر کوئی شکل دینا۔
گڑھنت (نون غنّہ)(و۔ا۔مث)(۱) شکل۔ بناوٹ (۲) بات بنانا۔
گڑھواڑ (گڑھ۔واڑ)(و۔صف) موٹا۔ گاڑھا۔
گڑھی (گ۔ڑھی)(و۔ا۔مث) چھوٹا قلعہ۔ کوٹلا۔ گڑھ کا اِسم تصغیر۔
گڑھی پھاندنا (و۔ محاورہ) کارِ نمایاں کرنا۔ بڑی بہادری کا کام کرنا۔
گڑھی ٹوٹنا (و۔ محاورہ) قلعے کا فتح ہونا۔
گڑھی فتح کرنا (اُر۔مص مُرکّب) قلعہ فتح کرنا (۲) کسی مہم کو سرکرنا۔ غالب آنا۔
گڑھیا (گ۔ڑھیا)(و۔ا۔مث) گڑھا کی تصغیر۔ چھوٹا گڑھا (۲) کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ (۳) ایک قسم کا چھوٹا نیزہ۔ برچھی (۵) وہ گڑھا جہاں برسات کا پانی جمع ہو۔
گڑے (گ۔ڑے)(و۔صف) گڑا کی جمع۔ گڑے ہوئے (۲) گڑا کی بدلی ہوئی صورت۔
گڑے مُردے اُکھاڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) پُرانے قصّے دُہرانا (۲) بھولی بسری باتیں چھیڑنا (۳) پُرانے فتنے جگانا۔
گڑیا (گڑ۔یا)(و۔ا۔مث) کپڑے کی بنی ہوئی پُتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں (۲) بچّی (۳) خوبصورت لڑکی یا لڑکا (۴) غریب اور حقیر سی بیوی (۵) کھوئیں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کی گھرنی یا چرخی کی کھونٹی۔ جمع: گُڑیاں۔ گُڑیوں۔

گُڑیا سنوار دینا (اَر۔ محاورہ) مقدور کے مطابق بیٹی کا بیاہ کر دینا۔

گُڑیا کے بیاہ میں چیوں کی بیل (اَر۔ مثل) جیسا دیکھنا ویسا برتنا۔ جیسا موقع ویسا خرچ۔ چیا املی کے بیج کو کہتے ہیں۔

گُڑیاں کھیلنا (اَر۔ محاورہ) لڑکیوں کا کپڑے کی پتلیوں کے ساتھ کھیلنا (۲) لڑکیوں کی سی باتیں کرنا (۳) لڑکیوں کا سا کھیل کھیلنا (۴) ناتجربہ کار ہونا۔

گُڑیوں کا بیاہ (اَر۔ محاورہ) گُڈے گُڑیا کی شادی (۲) غریبوں کا بیاہ جس میں کوئی دھوم دھام نہ ہو۔

گُڑیوں کا کھیل (اَر۔ محاورہ) آسان کام۔ نہایت سہل بات۔

گُڑیوں کا میلا (م۔ا۔مذ) ہندوؤں کا ایک میلا جو لکھنؤ میں لگتا تھا۔

گ ۔ ز

گز (بفتحہ اوّل)(ف۔ا۔مذ) تین فٹ کا ناپ۔ ۱۶ گرہ یا ۳۶ اِنچ کا پیمانہ (۲) وہ آلہ جس سے سارنگی بجاتے ہیں (۳) بندوق صاف کرنے کی سلاخ۔ جمع: گز۔ گزوں۔

گزِ اِلٰہی (ف۔ا۔مذ) اکبر شاہی گز جو ۳۳ اِنچ کا ہوتا تھا اور لکڑی ناپنے کے کام آتا تھا۔ کپڑا اِس سے نہیں ناپتے تھے۔

گز اور سِکّہ جاری ہونا (اَر۔ محاورہ) شاہی رُعب داب قائم ہونا۔

گز بنا دینا (اَر۔ محاورہ) مارتے مارتے سیدھا کر دینا۔

گز بن جانا (اَر۔ محاورہ) مارا مارا پھرنا۔

گز بھر (اَر۔ا۔مذ) پورا گز۔ تین فٹ کے برابر۔

گز بھر کا (اَر۔صف) بہت طول طویل۔ بہت لمبا۔

گز بھر کی زبان (اَر۔ا۔مث) زیادہ اور بڑھ بڑھ کر باتیں کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔

گُزار (گُ۔زار)(ف۔لاحقہ) گزاردن مصدر سے صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور ادا کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے شکرگزار۔

گُزارِش (گُ۔زا۔رِش)(ف۔ا۔مث) عرض۔ درخواست (۲) بیان۔ خبر۔ جمع: عربی قاعدے سے: گزارشات۔ اُردو جمع: گزارشوں۔ گزارشیں۔

گزارش پذیر (ف۔صف) گزارش کے لائق۔

گزارش نامہ (ف۔ا۔مذ) خط جو چھوٹے کی طرف سے بڑے کے نام ہو۔

گُزارنا (گُ۔زار۔نا)(اَر۔مص) ادا کرنا (۲) بِتانا (۳) چھوڑنا۔ مُہلت دینا (۴) عُمر بسر کرنا (۵) پیش کرنا۔

گُزارہ (گُ۔زا۔رَہ)(ف۔ا۔مذ) نباہ (۲) گزر اوقات۔ وجہِ معیشت (۳) پہنچ۔ رسائی۔ دخل۔

گزارہ کرنا (اَر۔ محاورہ) بسر اوقات کرنا۔ دِن کاٹنا۔ نباہنا۔ کام چلانا۔

گزارہ ہونا (اَر۔ محاورہ) بسر ہونا۔ کٹنا۔ نبھنا۔

گُزارے (گُ۔زا۔رے)(اَر۔ا۔مذ) گزارہ کی مُغیرّہ صورت۔

گزارے کا جھونپڑا (اَر۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں مُشکل سے گزارہ ہو۔

گزارے کی صورت (شکل) نکلنا (اَر۔ محاورہ) کمائی کی صورت بننا۔ نوکری کی تدبیر ہونا۔ فکرِ معاش ہونا۔

گزارے کی ناؤ (اَر۔ا۔مث) وہ کشتی جس میں سوار ہو کر مسافر دریا پار جائیں۔

گُزاشت (گُ۔زاشت)(ف۔ا۔مث) گزاشتن مصدر کی ماضی مطلق۔ چھوڑی ہوئی چیز۔ اُردو میں تنہا اِستعمال نہیں ہوتا۔ مُرکّبات میں بطور لاحقہ آتا ہے جیسے واگزاشت۔ فروگزاشت۔

گُزاشتنی (گُ۔زاشت۔نی)(ف۔صف) چھوڑ دینے یا ترک کرنے کے لائق۔

گُزاف (گُ۔زاف)(ف۔ا۔مث) بکواس۔ بیہودہ گفتگو۔

گزٹ (Gazette)(انگ۔ا۔مذ) اَخبار۔ وہ اَخبار جس میں سرکاری اِعلانات چھپتے ہیں۔

گزٹ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) گزٹ میں درج ہو جانا۔ کسی خبر کا سرکاری طور پر چھپ کر مشتہر ہو جانا۔

گزر (گَ۔زَر)(ف۔ا۔مث) گاجر۔

گُزر (گُ۔زَر)(ف۔ا۔مذ) راستہ۔ راہ۔ سڑک (۲) گھاٹ (۳) دخل۔ باریابی۔ رسائی۔ پہنچ۔ آمدورفت (۴) نباہ۔ گزران۔ گزارہ (۵) اُترائی۔ عبور (۶) گزرنا مصدر کا فعلِ اَمر۔

گزر اوقات (ف۔ا۔مث) دیکھیے گزر بسر۔

گزر بسر (ف۔ا۔مث) بسر اوقات۔ گزارہ۔

گزر جانا (اَر۔ محاورہ) چلا جانا۔ بیت جانا (۲) نکل جانا (۳) مر جانا۔ فوت ہو جانا۔

گزرِ عام (ف۔ا۔مذ) عام راہ۔ شارعِ عام۔ سب کے آنے جانے کا راستہ۔

گزر کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) اِتفاق سے جا نکلنا (۲) دِن کاٹنا۔ بسر اوقات کرنا۔ گزارہ کرنا (۳) پُورا کرنا۔ نباہنا۔

گزر کی صورت (اَر۔ا۔مث) بسر اوقات کا ذریعہ یا تدبیر۔

گزرگاہ (ف۔ا۔مث)(۱) راستہ (۲) سڑک۔ شارعِ عام۔

گزر گئی گزران کیا جھونپڑی کیا میدان (اَر۔ مثل) اخیر عُمر میں جب بہت سی زندگی گزر چکی ہو اچھا بُرا سب برابر ہے۔

گزر گیا (اَر۔ محاورہ) بیت گیا (۲) مر گیا۔

گزرنامہ (ف۔ا۔مذ) پروانہ راہ داری۔

گزر نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) گزارہ نہ ہونا (۲) رسائی نہ ہونا۔

گزر ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) گزارہ ہونا (۲) کسی طرف جا نکلنا۔

گُزران (گُز۔ران)(ف۔ا۔مث) گزارہ۔ بسر اوقات (۲)(صف) گزر جانے والا۔ ناپائیدار۔

گُزراننا (گُز۔ران۔نا)(اَر۔مص) پیش کرنا۔

گُزرنا (گُ۔زَر۔نا)(اَر۔مص) بیتنا۔ بیت جانا (۲) مرنا۔ دُنیا سے کوچ کرنا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) اِتفاق سے کسی جگہ نکل آنا (۴) چھوڑنا (۵) پیش آنا (۶) بسر ہونا (۷) نباہ کرنا۔ موافق آنا (۸) پار ہونا (۹) رُخصت ہونا۔ چلنا (۱۰) دل میں سمانا۔ مرضی ہونا (۱۱) حد سے بڑھ جانا (۱۲) جی میں خیال آنا (۱۳) باز آنا (۱۴) رائیگاں جانا۔ ضائع ہونا۔

گُذری (گُذ۔ ری) (اِ۔ اِ۔ مث) (۱) شام کا بازار (۲) وہ مقام جہاں شام کو کسی راستے کے کنارے سودا بیچنے والے آکر بیٹھ جاتے ہیں (۳) (اِ۔ فعل) گُذرنا مصدر سے ماضی کا صیغہ واحد مؤنث۔ بیتی۔

گُذری سو دل پر گُذری (اِ۔ مثل) سب صدمے دل پر اُٹھائے۔ زبان سے اُف تک نہ کی۔

گُذشت (گُ۔ ذَشت) (ف۔ فعل) گُذشتن مصدر سے ماضی۔ گُذر گیا۔ گُذر گئی۔

گُذشت آنچہ گُذشت (ف۔ مثل) جو کچھ اب تک گُذرا یا ہوا وہ ہو گیا۔ آیندہ اِحتیاط چاہیے (۲) بڑا صدمہ ہوا جو قابل بیان نہیں۔

گُذشتنی (گُ۔ ذَش۔ تَ۔ نی) (ف۔ صف) گُذرنے والی۔ گُذرنے کے قابل۔

گُذشتہ (گُ۔ ذَش۔ تَہ) (ف۔ صف) گُذرا ہوا۔ بیتا ہوا۔

گذشتہ را صلوٰۃ۔ آیندہ را اِحتیاط (ف۔ مثل) گُذری ہوئی بات کو جانے دو۔ آیندہ کے لئے اِحتیاط کرو۔

گزک (گَ۔ زَک) (ف۔ اِ۔ مث) وہ چیز جو نشہ پیتے وقت مُنہ کا ذائقہ بدلنے کے لئے کھائیں۔ نُقل (۲) ایک مٹھائی جو تِلوں اور چینی یا گُڑ سے بنائی جاتی ہے۔ گجک۔ تِل شکری۔

گزک دان (ف۔ اِ۔ مذ) گزک رکھنے کا ظرف۔

گزک کرنا (اِ۔ محاورہ) نُقل کرنا۔ ناشتے کی بجائے کھانا (۲) اُڑانا۔ چٹ کر جانا۔

گزَند (گَ۔ زَند) (نون غُنّہ) (ف۔ اِ۔ مث) صدمہ۔ آفت۔ رنج۔ نُقصان۔ دُکھ۔ اِیذا۔ تکلیف۔

گزند پہنچانا (اِ۔ محاورہ) نُقصان پہنچانا۔

گزند ہونا (اِ۔ محاورہ) تکلیف ہونا۔ صدمہ ہونا۔ اِیذا ہونا۔

گزندہ (گَ۔ زَن۔ دَہ) (ف۔ صف) ڈنک مارنے والا۔ ڈسنے والا (سانپ۔ بچھو)۔

گزی (گَ۔ زی) (اِ۔ اِ۔ مذ) موٹا سوتی کپڑا۔

گزی گاڑھا پہننا (اِ۔ محاورہ) موٹا جھوٹا پہن کر گُزارہ کرنا۔

گزیٹڈ آفیسر (انگ۔ اِ۔ مذ) وہ افسر جس کا نام سرکاری گزٹ میں چھپتا ہے۔ یہ درجہ دوم کا یا اُس سے اعلیٰ افسر ہوتا ہے۔

گزیٹیئر (Gazetteer) (انگ۔ اِ۔ مذ) ایسی لُغت یا اِنسائیکلوپیڈیا جس میں مختلف مقامات کے تاریخی اور جُغرافیائی حالات درج ہوں۔ فرہنگ جغرافیہ۔

گزیدہ (گَ۔ زی۔ دَہ) (ف۔ صف) ڈسا ہوا۔ کاٹا ہوا۔ جمع: گزیدگان۔

گُزیدہ (گُ۔ زی۔ دَہ) (ف۔ صف) چنا ہوا۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ۔

گُزیر (گُ۔ زیر) (ف۔ اِ۔ مذ) چارہ۔ علاج۔ تدبیر۔ اُردو میں صرف ناگزیر کی ترکیب میں مستعمل ہے۔

گُزین (گُ۔ زیں) (ف۔ صف) (۱) پسندیدہ۔ دلچسپ (۲) گُزیدن مصدر سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پسند کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خلوت گُزیں۔

گ۔ س

گسا (گَس۔ سا) (ہ۔ اِ۔ مذ) لُقمہ۔ نِوالہ۔

گُسار (گُ۔ سار) (ف۔ صف) (۱) دُور کرنے والا۔ رفع کرنے والا (۲) کھانے پینے والا۔ مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے غم گُسار۔ مے گُسار۔

گُسائیں (گُ۔ سا۔ ایں) (ہ۔ اِ۔ مذ) گوسائیں کا مُخفف۔ گاؤں کا سائیں۔ گاؤں کا مالک (۲) سوامی (۳) زاہد۔ جوگی۔ سنت۔ مہنت۔

گستاخ (گُس۔ تاخ) (ف۔ صف) شوخ۔ شریر۔ بے شرم۔ مُنہ پھٹ۔ بے اَدب۔ غیر مہذب۔

گستاخ دست (ف۔ صف) (۱) چالاک (۲) سُبک دست۔

گستاخ رُوئی (ف۔ اِ۔ مث) بے شرمی۔ بے حیائی۔

گستاخانہ (گُس۔ تا۔ خا۔ نہ) (ف۔ تابع فعل) شوخی سے۔ گستاخی سے۔ بے اَدبی سے۔ بیباکانہ۔

گستاخی (گُس۔ تا۔ خی) (ف۔ اِ۔ مث) (۱) شوخی۔ بے اَدبی۔ بے شرمی (۲) تحقیر۔ حقارت (۳) شرارت۔

گستاخی کرنا (اِ۔ مص مُرکب) بے اَدبی کرنا۔ شرارت کرنا۔ شوخی کرنا۔

گستاخی مُعاف (اِ۔ روزمرّہ) میری خطا معاف فرمائیے۔ (معذرت کا کلمہ)۔

گُستانگر (گُس۔ تاں۔ گر) (ہ۔ صف) بے وقوف۔ بے شعور۔ اَحمق۔ جاہل۔ ناشائستہ۔

گُستر (گُس۔ تَر) (ف۔ صف) گُستردن مصدر سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پھیلانے والا 'کسی چیز کی اِفراط کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے کرم گُستر۔

گُسترَدہ (گُس۔ تَر۔ دَہ) (ف۔ صف) وہ چیز جو بچھائی جائے (۲) پھیلایا ہوا۔

گستاپو (Gestapo) (انگ۔ اِ۔ مذ) ہٹلر کے زمانے میں نازی جرمنی کی خُفیہ پولیس۔

گُسِستہ (گُ۔ سِس۔ تَہ) (ف۔ صف) ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔ رُکا ہوا۔

گُسستہ عِناں (ف۔ صف) آزاد۔ بے لگام (گھوڑا) (۲) کُھلا۔ بے قید۔

گُسِل (گُ۔ سِل) (ف۔ صف) مصدر گُسلیدن سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور تباہ کرنے والا' توڑنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے جاں گُسِل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گسیختہ (گُ۔سِیخ۔تہ)(ف۔صف مفعولی) ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔
گسیختہ عِناں (ف۔صف) وہ گھوڑا جس کی باگیں ٹوٹ گئی ہوں (۲) بے قابو۔

گ۔ش

گشت (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث) دَور۔ چکر۔ دَورہ۔ رَوند (۲) پھرنا۔ چکر لگانا۔
گشت پھرنا (کرنا۔ لگانا۔ مارنا) (اُر۔محاورہ) چکر لگانا۔ دَورہ کرنا۔
گشت سلامی (ف۔ا۔مث) وہ نذرانہ جو حاکم کو دَورے کے وقت دیا جاتا تھا۔
گشت کرنا (اُر۔محاورہ) پھرنا۔ دَورہ کرنا۔ چکر لگانا۔
گشت ناچنا (اُر۔محاورہ) کنچنیوں کا برات کے آگے ناچتے ہوئے جانا (۲) برات کے ساتھ ناچتے ہوئے چلنا۔
گشتہ (گَش۔تہ)(ف۔صف) پھرا ہوا۔ اُلٹا ہوا۔ بدلہ ہوا۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے برگشتہ۔
گشتی (گَش۔تی)(ف۔صف) (۱) پھرنے والا۔ گشت لگانے والا (۲) پہریدار۔ سنتری۔
گشتی چِٹھی (ف۔اُر۔ا۔مث) وہ حکم جو تمام افسروں کو بھیجا جائے۔ سرکلر۔
گشتیا (اُر۔ا۔مذ) چوکیدار (۲) محصول اکٹھا کرنے والا۔

گ۔ف

گف (بفتحۂ اوّل)(اُر۔صف) موٹا۔ گاڑھا (۲) خوب ٹھونک کر بنا ہوا (کپڑا)۔
گُفت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث) بات چیت۔ بول۔ لفظ (۲) گفتن مصدر سے ماضی کا صیغہ۔ اُس نے کہا۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے۔
گفت و شنید (ف۔ا۔مث) کہنا سُننا۔ ذکر اذکار (۲) بحث۔
گُفتار (گُف۔تار)(ف۔ا۔مث) بول چال۔ گفتگو۔ قول۔ مقولہ (۲)(صف) کہنے والا۔ مُرکّبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے شیریں گفتار۔
گفتگو (گُف۔تَ۔گو)(ف۔ا۔مث) بات چیت۔ بول چال۔ تقریر۔
گفتگو درمیان آنا (اُر۔محاورہ) بات چیت ہونا۔
گفتگو کرنا (اُر۔مص مُرکّب) بات چیت کرنا۔
گُفتنی (گُف۔تَ۔نی)(ف۔صف) کہنے کے لائق۔ بیان کرنے کے قابل۔
گُفتہ (گُف۔تہ)(ف۔صف) گفتن مصدر سے اسم مفعول۔ کہا ہوا۔
گِفٹ (Gift) (انگ۔ا۔مذ) (۱) عطا۔ تحفہ عطیہ۔ ہدیہ (۲) خداداد قابلیت۔

گ۔گ

گِگ (Gig) (انگ۔ا۔مث) ہلکی گاڑی۔ ٹمٹم۔

گگر (گگرا) (گَ۔گَر)(گگ۔را)(ہ۔ا۔مذ) دھات کا گھڑا۔ پانی کا بڑا برتن۔ بڑی گاگر۔
گگری (گگریا) (گگ۔ری) (گَ۔گَر۔یا) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا گگرا۔ چھوٹی گاگر۔
گُگل (گُگ۔گُل)(س۔ا۔مذ) ایک درخت جس کا گوند خوشبودار ہوتا ہے۔ کوگل۔
گُگلا (گُگ۔لا)(ق۔ا۔مذ) دیوانہ۔
گگن (گَ۔گَن)(س۔ا۔مذ)(۱) آسمان۔ ہوا کا کرہ (۲) لہر۔ موج (۳)(صف) نہایت بلند۔
گگن کھیلنا (ہ۔محاورہ) پانی کو بلندی کی طرف اُچھالنا (۲) لہروں کا خوب اُچھلنا۔
گگن کے بچّے والی مرغی (ہ۔ا۔مث) ثریا۔ پروین۔ سات سہیلیوں کا گچھا یا جُھمکا۔
گگن ہونا (اُر۔محاورہ) بلند ہونا۔ اُونچا ہونا۔ آسمان سے لگنا۔

گ۔ل

گل (بفتحۂ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) گلا کا مخفف (۲) گال کا مخفف۔
گل بہیاں (بیاں) ڈالنا (ہ۔محاورہ) محبت سے گلے میں بانہیں ڈالنا۔ ناز کرنا۔
گل پھڑا (ہ۔ا۔مذ) مچھلی کا جبڑا جس سے وہ سانس لیتی ہے (۲) پرندے کی چونچ سے نیچے لٹکتی ہوئی کھال (۳) آدمی کے مُنہ کے دونوں گوشے۔
گل پُھولا (اُر۔صف) وہ شخص جس کے گال پُھولے ہوئے ہوں۔
گل پھیڑ (ہ۔ا۔مذ) گلے کی گلٹی۔ گردن کی تھیلی۔
گل تکیہ (اُر۔ا۔مذ) وہ چھوٹا اور گول تکیہ جو سوتے وقت رُخساروں تلے رکھتے ہیں۔
گل تنگ ہونا (اُر۔محاورہ) بہت بے خبر ہونا۔ بہت غافل ہونا۔
گل تنی (ہ۔ا۔مث) بیلوں کے گلے کی رسّی جو جوئے کے ساتھ باندھی جاتی ہے۔
گل چندڑا (ہ۔ا۔مذ)(۱) کپڑے کا ٹکڑا جو گلے میں باندھ کر زخمی ہاتھ کو اُس میں لٹکائے رکھتے ہیں (۲) ہم زاد۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔
گل جوٹ (ہ۔ا۔مذ) وہ رسّی جو دو بیلوں کو آپس میں جُتے رہنے کے لئے باندھتے ہیں۔
گل خپ (اُر۔ا۔مذ) ہاتھا پائی۔ باہمی تکرار۔
گل خور (اُر۔ا۔مث) پھندے دار رسّی جو مویشیوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔
گل دینا (اُر۔محاورہ)(۱) پھانسی دینا (۲) کسی چیز کو کُنڈی میں لگا دینا۔
گل گل چوتھ ملانا (اُر۔محاورہ) مزے اُڑانا۔ خوشی منانا (۲) تر مال کھانا۔
گل مالا (ہ۔ا۔مث) کنٹھا۔ گجرا۔ گلے کا ہار۔
گل مُچھے (ہ۔ا۔مذ) رُخساروں کے پاس خوب بڑھائے ہوئے بال۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گِل (بکسرِ اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) گارا۔ گیلی مٹی (۲) کیچڑ۔ دلدل۔
گِلِ اَرمنی (ف۔ا۔مث) آرمینیا کی مٹی۔ ایک قسم کی سیاہی مائل سُرخ مٹی۔
گِلِ حِکمت (ف۔ا۔مث) مٹی اور کپڑے سے برتن کا منہ بند کرنے کا عمل۔ کپڑوٹی۔
گِلِ حکمت کرنا (اُر۔محاورہ) مٹی اور کپڑے سے برتن کا منہ بند کرنا کہ بھاپ باہر نہ نکل سکے۔
گِلِ خراسانی (ف۔ا۔مث) کھریا مٹی۔
گِل خورہ (ف۔ا۔مذ) کینچوا۔
گِل در گِل (ف۔ا۔مث) مٹی میں مل کر مٹی ہو جانا۔
گِل مالہ (ف۔ا۔مذ) ایک آلہ جس سے مٹی لیپتے ہیں۔
گُل (بضمِ اوّل)(ف۔ا۔مذ) پھول (۲) جسم کو داغنے کا نشان (۳) چراغ کی بتّی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سِرا (۴) جوتے کی ایڑی کا چمڑا (۵) معشوق (۶) داغ۔ دھبا (۷) پھانسی (۸) حقّے کا جلا ہوا تمباکو (۹) وہ سفید دھبا جو آنکھوں میں پڑ جاتا ہے (۱۰) آگ سے جل جانے کا نشان۔ جمع: گُل ہا۔ اُردو جمع: گُل۔ گُلوں۔
گُلِ آفتاب (ف۔ا۔مذ) سُورج مکھی کا پھول۔
گُلِ احمر (ف۔ا۔مذ) سُرخ پھول۔
گُلِ اشرفی (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا گول پھول۔
گُل افشاں (ف۔صف) (۱) پھول بکھیرنے والا (۲) خوش گفتار (۳) (مث) ایک قسم کی آتش بازی۔ پھل جھڑی۔
گُل افشانی (ف۔ا۔مث)(۱) پھول بکھیرنا (۲) خوش بیانی۔
گُل افشانی کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) خوش بیانی سے باتیں کرنا (۲) طعن و طنز کی باتیں کرنا۔
گُلِ انار (ف۔ا۔مذ)(۱) انار کا پھول (۲) دیکھیے گُلنار۔
گُل اندام (ف۔صف) پھول کے سے جسم والا۔ ریشمی کپڑے کی ایک قسم۔
گُلِ اورنگ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا پھول جو گھنڈی کی وضع کا ہوتا ہے۔ ایک قسم کا گیندا۔
گُل بار (ف۔صف) پھول برسانے والا۔
گُل باری (ف۔ا۔مث) پھول برسانا۔
گُل بازی (ف۔ا۔مث) پھولوں کا کھیل جس میں پھول ایک دوسرے کی طرف پھینکتے ہیں۔
گُل بانگ (ف۔ا۔مث)(۱) چہچہا۔ بلبل کی آواز (۲) شادی کی دھوم دھام کا شور (۳) نعرۂ جنگ (۴) مژدہ۔ خوش خبری۔
گُل بدن (ف۔صف)(۱) پھول جیسے نازک بدن والا (۲)(ا۔مذ) ایک قسم کا دھاری دار ریشمی کپڑا۔
گُلِ بَرگ (ف۔ا۔مذ)(۱) گلاب کی پتّی۔ گلاب کی پنکھڑی (۲) نازک اندام محبوب۔
گُلِ بکاولی (ف۔ا۔مذ) سفید رنگ کا ایک خوشبودار پھول جس کے پودے کا رنگ ہلدی کی طرح زرد ہوتا ہے۔
گُل بُن (ف۔ا۔مذ)(۱) گلاب کے پودے کی جڑ۔ درخت کا وہ حصّہ جو زمین کے ساتھ لگا ہوتا ہے (۲) گلاب کا پودا۔
گُل بو (ف۔ا۔مث) پھول کی خوشبو۔
گُل بُوٹا (اُر۔ا۔مذ) پھول اور اُس کا پودا (۲) بیل بُوٹا۔ زیب و زینت۔
گُل بُوٹے جمانا (اُر۔محاورہ) پھول بوٹے ترتیب سے لگانا۔
گُلِ بیگانہ (ف۔ا۔مذ) خود رو پھول۔ جنگلی پھول۔
گُلِ پاپوش (گُلِ کفش) (ف۔ا۔مذ) وہ پھول جو ابریشم یا کلابتوں سے بنا کر زنانہ جوتیوں پر ٹانکتے ہیں۔
گُلِ پلاس (ف۔ا۔مذ) ڈھاک کا پھول جو سُرخ ہوتا ہے۔
گُل پوش (ف۔صف) پھولوں سے چھپا ہوا (۲) پھولوں کا لباس پہنے ہوئے۔
گُل پھولنا (اُر۔محاورہ)(۱) پھول کھلنا (۲) کوئی عجیب بات ظہور میں آنا۔
گُلِ پیادہ (ف۔ا۔مذ) وہ گلاب جس میں خوشبو نہیں ہوتی۔
گُل پیرہن (ف۔صف) پھولوں کے سے لباس والا۔
گُل پیرہنی (ف۔ا۔مث)(۱) پیراہن کا پھول کی طرح ہونا (۲) نزاکت۔
گُل پھینکنا (اُر۔محاورہ) ایک دوسرے کو پھول مارنا۔
گُلِ تر (ف۔ا۔مذ)(۱) تازہ پھول (۲) حسینوں کا چہرہ۔ حسین۔
گُل تراش (ف۔ا۔مذ) چراغ کی بتّی کترنے کی قینچی۔ گُل گیر۔
گُل تراشنا (اُر۔محاورہ) چراغ کی بتّی یا شمع کا جلا ہوا حصّہ قینچی یا گُل گیر سے کاٹنا۔
گُلِ تسبیح (ف۔ا۔مذ) تسبیح کا امام جو تمام دانوں کے اوپر پرویا جاتا ہے۔
گُلِ جعفری (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا زرد پھول جو گیندے سے مشابہ ہوتا ہے۔
گُل جھڑنا (اُر۔محاورہ) چراغ یا سگرٹ کی راکھ گرنا (۲) درخت سے پھولوں کا از خود گرنا۔
گُلِ چاندنی (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا سفید پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے۔ گُلِ مہتاب۔ (بے اضافت بھی صحیح ہے)۔
گُل چشم (ف۔صف) وہ شخص جس کی آنکھ میں پھلی یا سفیدی ہو۔
گُلِ چکاں (ف۔ا۔مذ) مہوے کا پھول۔
گُل چہرہ (ف۔صف) پھول جیسے چہرے والا۔
گُل چھرّے (اُر۔ا۔مذ) عیش و عشرت۔ اللّے تللّے۔ (فعل: اُڑانا)۔
گُل چھڑی (اُر۔ا۔مث) پھولوں کی چھڑی۔
گُل چیں (ف۔صف) پھول توڑنے والا۔ مالی۔ باغبان۔
گُل خطمی (گُلِ خیرو) (ف۔ا۔مذ) نیلے رنگ کا ایک پھول جو بطور دوا استعمال ہوتا ہے۔
گُلخن (ف۔ا۔مذ)(۱) بھٹی۔ تنور۔ چولھا (۲) کوڑا کرکٹ۔
گُلخن افروز (ف۔صف) بھٹی جلانے والا۔
گُل خنداں (ف۔صف) کھلا ہوا پھول۔
گُل خندہ (ف۔ا۔مذ) منہ کھول کر ہنسنا۔ قہقہہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گل خود رَو (ف۔ا۔مذ) ایسے پھول جو جنگل اور باغ کے نواح میں خود بخود اُگیں۔
گل خوردہ (ف۔صف) داغ کھائے ہوئے۔
گل وار (ف۔صف) (۱) وہ چیز جس پر پھول بنے ہوں (۲) داغ دار۔ دھبے دار (۳) (اِ۔مذ) شیر کی قسم کا ایک درندہ۔
گل دام (ف۔ا۔مذ) (۱) پھولوں کا جال (۲) جال (۳) پنجرا۔
گل دان (ف۔ا۔مذ) پھول دان۔ پھولوں کا گل دستہ رکھنے کا برتن۔
گل داؤدی (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا پھول۔(Chrysanthemum)۔
گل دستہ (ف۔ا۔مذ) (۱) پھولوں کا مجموعہ۔ پھولوں کا گچھا (۲) طاق یا محراب جہاں اذان ہو (۳) غزلوں کا رسالہ یا مجموعہ۔
گل دستہ باندھنا (اُر۔محاورہ) پھولوں کو خاص طریقے سے سجانا۔
گل دُم (ف۔ا۔مذ) بُلبُل کی قسم کا ایک پرندہ جس کی دُم کے نیچے سُرخ نشان ہوتا ہے۔
گل دوپہری (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا پھول جو موسم گرما میں دوپہر کو کھلتا ہے (۲) (کنایۃً) شریر و مُفسد آدمی۔
گل دوز (ف۔صف) وہ چیز جس پر پھول بوٹے کڑھے ہوں۔
گل دیگر شگفت (ف۔مثل) دیکھئے اِیں گلِ دیگر۔
گل دینا (اُر۔محاورہ) جسم کو داغنا (۲) پھانسی پر چڑھانا۔
گل رُخ (گل رُخسار) (ف۔صف) وہ شخص جس کا چہرہ گلاب کی طرح سُرخ ہو۔ خوبصورت۔
گل رعنا (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخ اور زرد پھول۔
گل رنگ (ف۔صف) جس کا رنگ سُرخ ہو۔ لال۔ ارغوانی۔
گل رُو (ف۔صف) گلاب کے سے چہرے والا۔ خوبصورت۔
گل ریز (ف۔ا۔مذ) کپڑا جس پر سُرخ پھول کڑھے ہوئے ہوں (۲) خزاں کا موسم (۳) (مث) ایک قسم کی آتش بازی (۴) (صف) پھول بکھیرنے والا۔
گل ریزی (ف۔ا۔مث) پھولوں کا جھڑنا (۲) پھلجھڑی (۳) خوش بیانی۔
گل زار (ف۔ا۔مذ) باغ۔ گلشن۔ پھلواری (۲) رونق (۳) ایک قسم کا خط۔ دیکھئے خطِ ریحان (گلزار)۔
گلزارِ ابراہیم (خلیل) (ف۔ا۔مذ) وہ آگ جس میں نمرود نے حضرت ابراہیمؑ خلیل اللہ کو ڈال دیا تھا اور وہ خُدا کے حکم سے سرد ہو کر باغ بن گئی تھی۔
گلزارِ قالی (قالین) (ف۔ا۔مذ) وہ پھول بوٹے جو قالین پر بنے ہوتے ہیں۔
گل زمین (ف۔ا۔مث) زمین کا سرسبز اور شاداب قطعہ۔
گُلستان (گُل۔اِستان) (ف۔ا۔مذ) پھولوں کا مقام۔ باغ۔ گلزار۔ چمن۔ پھلواری (۲) شیخ سعدی کی مشہور کتاب کا نام۔
گل سرا (گل سہرا) (ق۔ا۔مذ) ایک زیور جو شادی شدہ عورتیں گلے میں پہنتی ہیں۔
گل سرسبد (ف۔ا۔مذ) سب سے اچھا پھول جسے ٹوکری (سبد) میں سب پھولوں کے اُوپر رکھتے ہیں (۲) (کنایۃً) عُمدہ۔ منتخب۔
گل سُوری (ف۔ا۔مث) ایک بہت خوشبودار گلاب۔

گل سوسن (ف۔ا۔مذ) آسمانی رنگ کا ایک پھول۔
گل شب افروز (ف۔ا۔مذ) رات کو کھلنے والے ایک پھول کا نام۔
گل شبّو (ف۔ا۔مذ) گلِ شب افروز۔ ایک پھول جو رات کے وقت خوشبو دیتا ہے۔ شبّو (شب بو) شب کو خوشبو دینے والا۔
گل شکر (ف۔ا۔مذ) گل قند۔
گل شمع (ف۔ا۔مذ) شمع کا گُل (۲) شمع کی لو۔
گُلشن (گُل۔شن) (ف۔ا۔مذ) باغ۔ پھلواڑی۔ چمن۔ گلزار۔
گلشن آرا (ف۔صف) باغ کو سجانے والا۔ باغ بان۔
گلشن ایجاد (ف۔ا۔مذ) دُنیا۔
گلشن سرا (ف۔ا۔مذ) وہ مکان جو باغ میں ہو۔
گل صد برگ (ف۔ا۔مذ) گیندے کا پھول۔
گل عباسی (ف۔ا۔مذ) ایک پھول کا نام جو سُرخ، زرد یا سفید ہوتا ہے۔
گل عِذار (ف۔صف) (۱) پھول جیسے رُخساروں والا۔ لال لال گالوں والا (۲) خوبصورت۔
گل فام (ف۔صف) پھول کے سے رنگ والا۔
گل فشانی (ف۔ا۔مث) دیکھئے گل افشانی۔
گل قند (ف۔ا۔مذ) ایک دوا جو گلاب کے پھولوں کو شکر میں ملا کر بناتے ہیں۔
گل کار (ف۔صف) نقاشی کا کام کرنے والا۔
گل کاری (ف۔ا۔مث) نقاشی۔ بیل بُوٹے کا کام۔
گل کترنا (اُر۔محاورہ) (۱) پھول تراشنا۔ بیل بوٹے بنانا (۲) جلی ہوئی بتی کو کاٹنا۔ بتی کا جلا ہوا سرا جھاڑنا (۳) عجیب و غریب کام کرنا (۴) شرارت کرنا (۵) انوکھی بات کرنا (۶) اِتہام لگانا۔
گل کدہ (ف۔ا۔مذ) پھولوں کا گھر۔ باغ۔ پھلواڑی۔
گل کرنا (اُر۔محاورہ) چراغ بجھانا۔ دیا بڑھانا۔
گل کھانا (اُر۔محاورہ) حسد کرنا (۲) عاشق ہونا (۳) معشوق کے چھلّے کو گرم کر کے اپنے بدن پر داغ دینا۔
گل کھلانا (اُر۔مص) (۱) پھول کھلانا (۲) (محاورہ) فساد کھڑا کرنا۔ آفت لانا۔ کوئی عجیب و غریب اور انوکھا کام کرنا (۳) الزام دینا۔ تہمت دھرنا۔
گل کھلنا (اُر۔مص) (۱) پھول کا شگفتہ ہونا (۲) (محاورہ) کوئی نئی یا انوکھی بات ظاہر ہونا (۳) بھید کھلنا (۴) دھوم مچنا (۵) فساد برپا ہونا (۶) طوفان اُٹھنا (۷) بُہتان لگنا۔
گل کیس (ف۔ا۔مذ) ایک پھول کا نام جو مرغ کی کلغی کی طرح ہوتا ہے۔
گل گشت (ف۔ا۔مث) باغ کی سیر۔ سیرِ چمن۔
گل گوں (ف۔صف) گلاب کی طرح سُرخ رنگ کا (۲) چالاک گھوڑا۔
گل گونہ (ف۔ا۔مذ) غازہ۔ رنگین سفوف جسے عورتیں خوبصورتی کے لئے چہرے پر ملتی ہیں۔ اُبٹنا۔ پاؤڈر۔
گل گیر (ف۔ا۔مذ) شمع یا چراغ کی بتی کترنے کی قینچی۔
گل لالہ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخ پھول۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گُل مُشکی (ف۔ا۔مذ) ایک سیاہ رنگ کا خوشبودار پھول۔

گُل مہندی (ف۔ا۔مذ) مہندی کا پھول۔

گُل میخ (ف۔ا۔مذ) ایک موٹی کیل جس کے اُوپر موٹا سا پھول بنا ہوتا ہے (۲) موٹی کیل۔

گُل نار (گُلنار) (ف۔ا۔مذ) گُلِ اَنار کا مُخفف (۲) اَنار کی قسم کا ایک درخت جس میں پھل نہیں آتا صرف پھول آتے ہیں (۳) (کنایۃً) نہایت سُرخ۔

گُل ناشگفتہ (ف۔ا۔مذ) (۱) کلی۔ غنچہ (۲) کنواری لڑکی۔

گُل نافرمان (ف۔ا۔مذ) اُودے رنگ کا پھول۔

گُل نسرین (ف۔ا۔مذ) جنگلی گُلاب۔ سیوتی۔

گُل نشاط (ف۔ا۔مذ) شراب۔

گُل نیلوفر (ف۔ا۔مذ) کنول۔

گُل و بلبل (ف۔ا۔مذ) عاشق و معشوق۔

گُل و لالہ (ف۔ا۔مذ) (۱) معشوق لوگ (۲) طوائف۔ اَربابِ نشاط۔

گُل ہزارہ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا بہت سی پنکھڑیوں والا پھول۔ گیندا۔

گُل ہونا (اَر۔محاورہ) چراغ بُجھنا (۲) رونق ختم ہونا (۳) عزّت کا گر جانا۔

گَلا (گَ۔لا) (ہ۔صف) (۱) گلا ہوا۔ خوب پکا ہوا (۲) بوسیدہ۔ بے جان (۳) سڑا ہوا (۴) پگھلا ہوا۔

گلا سڑا (اَر۔صف) بوسیدہ۔ نکما۔ خراب۔ گلا اور سڑا ہوا۔

گُلّا (گُل۔لا) (ہ۔ا۔مذ) دُکان دار کا بکری کی نقدی رکھنے کا برتن۔ جمع: گلّے۔ گلّوں۔

گَلا (گَ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گلو۔ حلق۔ گردن (۲) آواز۔ سُر (۳) گریبان۔ جمع: گلوں۔ گلے۔

گلا آنا (اَر۔محاورہ) حلق کے کوّے کا ورم کر جانا۔ گلے میں چھالا یا ورم ہو جانا۔ گلے میں درد ہونا۔

گلا اُٹھانا (اَر۔محاورہ) حلق کے کوّے کو انگوٹھے سے دبانا تاکہ وہ اپنی جگہ پر آ جائے۔ بچوں کے تالو کو انگوٹھے سے اُٹھانا۔

گلا بُلانا (اَر۔محاورہ) گویّوں کا گانے کے وقت گلے میں آواز کو گردش دینا۔

گلا بند ہو جانا (اَر۔محاورہ) آواز بیٹھ جانا۔

گلا بندھانا (اَر۔محاورہ) (۱) قرض لینا۔ مقروض ہونا (۲) ذمّے دار ہونا۔ اپنے اُوپر بوجھ لینا (۳) نکاح پڑھا لینا۔ آزادی بیچنا (۴) ضروری اِخراجات روک کر کچھ جمع کرنا۔

گلا بندھنا (اَر۔محاورہ) قرض دار ہونا۔ مقروض ہونا۔

گلا بیٹھنا (پڑنا) (اَر۔محاورہ) آواز کا بھاری ہو جانا۔ آواز بھرّا جانا۔

گلا پکڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) گردن پکڑنا (۲) کسیلی چیز کھانے سے گلے میں تکلیف ہونا (۳) تنگ کرنا۔ ستانا۔

گلا پھاڑنا (اَر۔محاورہ) زور سے بولنا۔ چیخ کر بولنا۔ چِلّانا۔

گلا پھانسنا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی چیز سے گلا دبانا (۲) پھندے میں پھنسانا (۳) قرض میں مُبتلا ہونا۔

گلا پھٹ جانا (اَر۔محاورہ) آواز کا بے سُرا ہو جانا۔

گلا پھِرنا (اَر۔محاورہ) آواز کا گانے میں گردش کرنا۔

گلا پُھولنا (اَر۔محاورہ) گل پھڑا نکلنا۔ گلا سُوجنا۔ گلے میں ورم ہونا۔

گلا خشک ہونا (اَر۔محاورہ) گلے میں رطوبت باقی نہ رہنا (۲) پیاس لگنا۔

گلا دابنا (اَر۔محاورہ) (۱) گلے کو دبانا (۲) بولنے سے روکنا۔

گلا دبانا (اَر۔محاورہ) گلا گھونٹنا۔ سانس روکنا (۲) بات کرنے سے روکنا۔

گلا دبایا جانا (اَر۔محاورہ) ظُلم ہونا۔ زبردستی ہونا (۲) بولنے سے روکا جانا۔

گلا کاٹ مرنا (اَر۔محاورہ) خودکشی کرنا۔

گلا کاٹنا (اَر۔محاورہ) (۱) سر قلم کرنا۔ قتل کرنا (۲) حق دبانا۔ زبردستی کسی کا حق مار لینا (۳) ظُلم کرنا۔ سختی کرنا۔

گلا کاٹی (اَر۔ا۔مث) سارنگی سے مِلتا جُلتا ایک باجا۔

گلا کٹانا (گلا کٹوانا) (اَر۔محاورہ) مقتول ہونا۔ قتل کیا جانا۔

گلا کُھل جانا (اَر۔محاورہ) پڑی ہوئی آواز کا صاف ہو جانا۔

گلا کھولنا (اَر۔محاورہ) (۱) گلے کا پھندا دُور کرنا (۲) گلا صاف کرنا۔

گلا گُھٹنا (اَر۔محاورہ) گلا بھچنا۔ گلا دبنا۔

گلا گھونٹ کے سُلا دینا (اَر۔محاورہ) گلا گھونٹ کے مار دینا۔

گلا گھونٹنا (اَر۔محاورہ) گلا دبانا۔ بولنے نہ دینا۔

گلا مسوسنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے گلا گھونٹنا۔

گلا ملانا (اَر۔محاورہ) آواز ملانا۔

گُلاب (گُل۔آب) (ف۔ا۔مذ) ایک پھول اور اُس کا پودا۔ اس کے تنے اور شاخوں میں کانٹے ہوتے ہیں۔ پیوند کاری کے ذریعے اس کی بہت سی اَقسام بنالی گئی ہیں جن میں سُرخ، پیلے اور سفید وغیرہ پھول لگتے ہیں لیکن ان میں سے اکثر میں خوشبو نہیں ہوتی۔ جنگلی یا دیسی گلاب سُرخ اور خوشبودار ہوتا ہے۔ اُردو جمع: گلاب۔ گلابوں۔

گلاب باڑی۔ دیکھئے گُلال باڑی۔

گُلاب پاش (ف۔ا۔مذ) وہ صُراحی نما برتن جس میں عرقِ گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں۔

گُلاب جامن (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کی جامن جس میں گلاب کی سی خوشبو ہوتی ہے (۲) ایک قسم کی مٹھائی جس کا رنگ جامن کی طرح ہوتا ہے۔

گُلاب کِھنچوانا (اَر۔محاورہ) گُلاب کا عرق نِکلوانا۔

گُلاب کھینچنا (اَر۔محاورہ) گُلاب کا عرق نکالنا۔

گُلاب کی پتّی (پنکھڑی) (اَر۔ا۔مث) (۱) برگِ گل (۲) لبِ نازک۔

گُلابو شتابو (اَر۔ا۔مث) دو کٹھ پتلیاں جو ٹھمکے لگاتی ہیں۔

گِلابہ (گِل۔آبہ) (بکسرِ اوّل) (ف۔ا۔مذ) گارا۔ پنچارا۔

گُلابی (گُ۔لا۔بی) (ف۔صف) گلاب کے پھول کی طرح ہلکے سُرخ رنگ کا۔ گہرا پیازی (۲) (ا۔مث) شراب کی بوتل۔ شراب کا گلاس۔ ساغر۔

گُلابی آنکھ (اَر۔ا۔مث) شربتی آنکھ۔ مخمور آنکھ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گلابی اُردو (اُر۔ا۔مث) اُردو تحریر کا وہ اسلوب جسے مُلّا رموزی نے رواج دیا۔

گلابی پوش (ف۔صف) وہ شخص جو گلابی لباس پہنتا ہو۔

گلابی جاڑا (اُر۔ا۔مذ) ہلکا جاڑا۔ سردی کے اِبتدائی اور آخری دِن۔

گلاپا (ہ۔ا۔مذ) گولائی۔ گول ہونا۔

گلاس (Glass) (انگ۔ا۔مذ) پانی پینے کا برتن۔ پیالہ۔ ساغر۔ ایک قسم کا آب خورہ (۲) شیشہ۔ کانچ (۳) آئینہ۔ اُردو جمع: گلاس۔ گلاسوں۔

گُلال (گُ۔لال) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخ سفوف جو ہولی کے دِنوں میں ہندو ایک دُوسرے پر چھڑک کر خوشی مناتے ہیں (۲) سنگھاڑے کا باریک پسا ہوا آٹا جس میں مختلف قسم کے رنگ ملاتے ہیں۔

گُلال باڑی (اُر۔ا۔مث) وہ شاہی باغ جو شاہی محل سے ملحق ہو (۲) وہ باغ جو بڑے مکان سے ملحق ہو۔

گلانا (گ۔لا۔نا) (ہ۔مص) پگھلانا (۲) گوشت' ترکاری وغیرہ کو پکا کر نرم کرنا (۳) سڑانا (۴) بیماری یا غم کا بدن کو دُبلا کر دینا (۵) ضائع کرنا (۶) بوسیدہ کرنا۔

گُلالٹین (اُر۔ا۔مث) قنات پر لٹکائی جانے والی لالٹین۔

گِلاوا (گِلابہ) (ہ۔ا۔مذ) کیچڑ۔ گارا۔ لیپ پوت۔

گلاوٹ (گ۔لا۔وٹ) (ہ۔ا۔مث) گلانے کی اہلیت۔ تحلیل۔ وہ چیز جس سے گوشت وغیرہ گل جائے۔

گَلاؤ (گَ۔لا۔اُو) (ہ۔صف) (۱) گلنے والا (۲) جلد سڑنے والا پھل۔

گُلائی (گُ۔لا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) گولائی۔ گولاپا۔ گول ہونا۔

گلائیڈر (Glider) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ہوائی جہاز جو اِنجن کے بغیر چلتا ہے۔

گَلتھی (گَ۔لتھ۔تھی) (ہ۔ا۔مث) اُبلے ہوئے نرم چاول (۲) (صف) مُلائم۔ نرم۔

گلٹ (Gilt) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ملمع کا پترا یا پانی (۲) ظاہری خوبصورتی۔

گِلٹ (گِ۔لٹ) (ہ۔ا۔مذ) بڑی گھٹی۔ ورم۔

گِلٹی (گِل۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) رَسَولی۔ گانٹھ۔ گرہ (۲) غدود (۳) گلے کے اندر کا پھوڑا۔

گلڈ (Guild) (انگ۔ا۔مذ) ہم پیشہ لوگوں کی انجمن۔ جماعت۔ یونین۔

گلستان۔ گل کے تحت دیکھیے۔

گلشن۔ گل کے تحت دیکھیے۔

گلسرین (Glycerine) (انگ۔ا۔مث) ایک بے رنگ' میٹھی اور سیال شے جو چکنائی سے تیار ہوتی ہے اور تیل یا دوا کے طور پر اِستعمال ہوتی ہے۔

گَلگَل (دونوں گ مفتوح) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا نیبو۔ ترنج۔

گُلگُلا (گُل۔گُ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا میٹھا پکوان۔

گلگِلا (گل۔گ۔لا) (بالکسر) (ہ۔صف) گیلا گیلا۔ تر۔ نمدار۔ نرم۔

گلگلانا (گل۔گ۔لا۔نا) (ہ۔مص) نرم کرنا۔ پگھلانا۔

گلگلاہٹ (گل۔گ۔لا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) نرمی۔ مُلائمت (۲) نرم کرنے کا فعل۔

گُلگُلی (گُل۔گُ۔لی) (ہ۔ا۔مث) گلگلا کا اسمِ تصغیر۔ چھوٹا گلگلا۔

گل گوتھنا (گل۔گوتھ۔نا) (ہ۔صف) گوشت سے بھرا ہوا۔ موٹا۔ پلپلا۔ بھاری بھر کم۔

گُلم (گُ۔لم) (ہ۔ا۔مذ) وہ سخت آماس جو پیشانی یا سر پر کسی چوٹ کے باعث پیدا ہو جائے۔ گُرم۔

گلنا (گل۔نا) (ہ۔مص) (۱) گھلنا (۲) پگھلنا (۳) پکنا (۴) بوسیدہ ہونا۔ سڑنا (۵) داغ لگنا (۶) ضائع ہونا (۷) اُجڑنا۔ ستیاناس ہونا (۸) گرنا۔

گلنا سڑنا (اُر۔محاورہ) بوسیدہ ہونا۔ سڑ کے بیکار ہو جانا۔

گِلو (گِ۔لو) (ہ۔ا۔مث) ایک بیل جو خشک کر کے دوا کے طور پر اِستعمال کی جاتی ہے۔ بخار کے لئے مُفید ہے۔

گُلّو (گل۔لو) (ہ۔ا۔مث) گلہری۔ چھوٹی لڑکیوں کا خطاب۔

گُلو (گُ۔لو) (ف۔ا۔مذ) (۱) گلا۔ حلق۔ گردن (۲) آواز۔ لَے۔ سُر۔

گلو بُریدہ (ف۔صف) جس کا گلا کٹا ہوا ہو۔

گلو بستہ (ف۔صف) خاموش۔ ساکت۔ جس کا گلا بند ہو۔

گلوبند (ف۔ا۔مذ) گلے میں باندھنے کا اُونی یا ریشمی پٹکا۔

گلو خلاصی (ع۔ف۔ا۔مث) رہائی۔ چھٹکارا۔ نجات۔

گلوسوز (ف۔صف) نہایت میٹھی اور لذیذ چیز۔ نہایت شیریں۔

گلوکار (ف۔اُر۔صف) گویّا۔ مغنّی۔ گانے والا یا والی۔

گلوگیر (ف۔صف) (۱) گردن پکڑنے والا۔ اِلزام لگانے والا (۲) وہ کسیلی چیز جو گلے کو پکڑے (۳) لالچی۔ طامع (۴) دامن گیر۔

گلوب (Globe) (انگ۔ا۔مذ) گولا۔ گول چیز۔ کرہ (۲) کرۂ زمین۔

گِلوری (گِ۔لو۔ری) (ہ۔ا۔مث) پان کا بیڑا۔ بنا ہوا پان جو ایک خاص وضع سے لپیٹا جاتا ہے۔ جمع: گلوریاں۔ گلوریوں۔

گلوکوز (Glucose) (انگ۔ا۔مذ) انگور کی شکر جو بچوں' کم زوروں اور بیماروں کو پلائی جاتی ہے۔

گُلولہ (گُ۔لو۔لہ) (ف۔ا۔مذ) گولی۔ گولا۔ غلہ۔ غلولہ۔

گِلوندا (گِ۔لوں۔دا) (ہ۔ا۔مذ) مہوے کا پھول یا اُس کی کلی۔

گلّہ (گل۔لہ) (ف۔ا۔مذ) جھنڈ۔ غول۔ مویشیوں کا ریوڑ۔

گلّہ بان (ف۔ا۔مذ) چرواہا۔ گڈریا۔ ریوڑ والا۔ بکریاں اور دیگر مویشی چرانے والا۔ اُردو جمع: گلّہ بان۔ گلّہ بانوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گلہ بانی (ف۔ا۔مث) نگہبانی۔ محافظت۔ ریوڑ کی رکھوالی۔

گِلہ (گِ۔لہ)(ف۔ا۔مذ) شکوہ۔ شکایت۔ اُلاہنا۔ جمع: گِلوں۔ گِلے۔

گِلہ زبان پر لانا (اُر۔ محاورہ) شکوہ کرنا۔ شکایت کرنا۔

گِلہ شکوہ (ف۔ا۔مذ) اُلاہنا۔ شکوہ شکایت۔

گِلہ کرنا (اُر۔ محاورہ) اُلاہنا دینا۔ شکوہ کرنا۔ شکایت کرنا۔

گِلہ گُزاری (ف۔ا۔مث) شکوہ۔ شکایت۔

گِلہرا (گِ۔لہ۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گلہری کا نر (۲) پان رکھنے کا برتن۔

گِلہری (گِ۔لہ۔ری)(ہ۔ا۔مث) چوہے کی مانند ایک جانور جس پر کالی کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔ دُم لمبی اور گُپھّے دار ہوتی ہے۔ درختوں پر رہتا ہے۔ جمع: گلہریاں۔ گلہریوں۔

گلہری کا پیڑ ٹھکانا (اُر۔ مثل) ہر شخص کو اپنی ہی جگہ آرام ملتا ہے۔

گِلہریا (گِ۔لہ۔ریا)(ہ۔ا۔مذ) وہ پتنگ جس میں دھاریاں ہوتی ہیں۔

گلھڑ (گل۔ھڑ)(ہ۔ا۔مذ) گلے کا پُھولا ہوا غدود۔ گلے کی ایک بیماری۔

گلہی (گل۔ہی)(ہ۔ا۔مث) بحری جہاز یا کشتی کا اگلا حصّہ۔

گَلی (گ۔لی)(ہ۔ا۔مث) کوچہ۔ محلّے کے اندر کا راستہ۔ آبادی کے اندر تنگ سڑک۔ جمع: گلیاں۔ گلیوں۔

گلی جھکانا (اُر۔ محاورہ) آوارہ پھرانا۔

گلی کوچہ (اُر۔ا۔مذ) محلّہ۔ کوچہ۔

گلی گلی (اُر۔ تابع فعل) ہر گلی میں۔ ہر کوچے میں۔ کوچہ بکوچہ۔

گُلّی (گل۔لی)(ہ۔ا۔مث) مکّی کا بھٹّا (۲) کیوڑے کا پھول (۳) وہ گول اور چھوٹی لکڑی جو خول کے اندر دی جاتی ہے (۴) چاندی سونے کا ڈلا (۵) صیقل کرنے کا ایک اوزار (۶) مہال کی وہ جگہ جس میں شہد ہوتا ہے (۷) گھوڑے کی دُم کی ہڈی۔ جمع: گُلّیاں۔ گُلّیوں۔

گُلّی بندھنا (اُر۔ محاورہ) پورا جوان ہونا۔ سِنِ بلوغت کو پہنچنا (۲) شہد کا مُہال میں پک جانا۔

گِلی (گِ۔لی)(ف۔صف)(۱) مٹّی کا بنا ہوا (۲) کچّا۔ ناپائیدار۔

گِلّی (گِل۔لی) (بکسر اوّل) (ہ۔ا۔مث) لکڑی کا چھوٹا سا ٹکڑا جو دونوں طرف سے نوک دار ہوتا ہے اور جسے لڑکے ڈنڈے سے مار کر اُچھالتے ہیں۔ جمع: گِلّیاں۔ گِلّیوں۔

گِلّی ڈنڈا (ہ۔ا۔مذ) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جو گلی ڈنڈے سے کھیلا جاتا ہے۔ اِس میں دو لکڑیاں ہوتی ہیں۔ ایک چھوٹی جسے گلی کہتے ہیں اور دُوسری بڑی اور لمبی جسے ڈنڈا کہتے ہیں۔

گِلّی ڈنڈا کھیلنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گلی ڈنڈے کا کھیل کھیلنا (۲) وقت ضائع کرنا۔ آوارہ پھرنا۔

گلے (گ۔لے)(۱) گلا کی جمع (۲) گلا کی مغیرہ صورت۔

گلے باز (اُر۔ صف)(۱) خوش آواز۔ اچھی آواز والا (۲) گویّا۔

گلے بندھنا (اُر۔ محاورہ) ذمّے پڑنا۔ بلاخواہش کسی چیز کا سر پڑنا (۲) کسی ناپسند عورت کا نکاح میں آنا۔

گلے پر چُھری پھیرنا (چُھری چلانا) (اُر۔ محاورہ) بہت ظلم کرنا۔ حق تلفی کرنا۔ جبر و تشدّد کرنا۔

گلے پڑ کے سودا کرنا (اُر۔ محاورہ) زبردستی بیچنا۔ خواہ مخواہ کوئی چیز دینا۔

گلے پڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) ذمّے پڑنا (۲) پیچھے پڑنا (۳) زبردستی چمٹے جانا (۴) بلاخواہش نکاح ہونا (۵) بغیر خواہش یا مرضی کے کوئی چیز دینا۔

گلے پڑے کا سودا (اُر۔ مثل) زبردستی کا سودا جو جبرًا سر منڈھا جائے۔

گلے تک بھرنا (اُر۔ محاورہ) کسی ظرف کو پُورا پُورا بھرنا۔

گلے تک پانی ہونا (اُر۔ محاورہ) ڈوب جانے کے قریب ہونا۔

گلے دراز (ق۔ صف) زبان دراز۔ چالاک۔

گلے سے اُترنا (اُر۔ محاورہ)(۱) حلق سے اترنا۔ نگلا جانا (۲) سمجھ میں آنا۔

گلے سے لگانا (اُر۔ محاورہ) چھاتی سے لگانا۔ چمٹانا۔ معانقہ کرنا۔ پیار کرنا۔

گلے کا تعویذ بنانا (اُر۔ محاورہ)(۱) کمال حفاظت سے رکھنا (۲) ہر وقت ساتھ رکھنا۔

گلے کا توڑا (اُر۔ا۔مذ) گلے میں پہننے کی سونے کی زنجیر۔

گلے کا جوڑا (اُر۔ا۔مذ) وہ لباس جو زیب تن ہو۔

گلے کا ہار (اُر۔ا۔مذ)(۱) ایک زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے (۲) وہ بچّہ جو ہر وقت ماں سے چمٹا رہے (۳)(صف) ناگوارِ خاطر۔ اجیرن (۴) وہ جو کسی وقت جُدا نہ ہو (۵) نہایت عزیز۔ پیارا۔

گلے کا ہار ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) چمٹنا۔ پیچھے پڑنا (۲) وبالِ جان ہونا (۳) بارِ خاطر ہونا۔

گلے کی رگیں پُھلانا (اُر۔ محاورہ) غصّے ہونا۔ ناراض ہونا۔

گلے گلے (اُر۔ تابع فعل) گلے تک۔

گلے گلے پانی (اُر۔ا۔مذ) اِتنا پانی جس میں آدمی کی گردن ڈوب جائے۔

گلے لگانا (اُر۔ محاورہ)(۱) چھاتی سے لگانا۔ پیار کرنا۔ چمٹانا (۲) زبردستی کوئی چیز ذمّے لینا۔

گلے لگ کر رونا (اُر۔ محاورہ) کسی سے مِل کر رونا۔ دردمندوں کا باہم مِل کر اظہار ہمدردی کرنا۔

گلے لگنا (اُر۔ محاورہ) بغل گیر ہونا۔ چھاتی سے لگنا۔ لپٹنا۔ چمٹنا۔

گلے مِلنا (اُر۔ محاورہ)(۱) ہم آغوش ہونا۔ گلے لگنا (۲) صلح صفائی کرنا (۳) مُلاقات کرنا۔

گلے ملوا دینا (اُر۔ محاورہ) صُلح کروا دینا۔ صفائی کرا دینا۔ رنجش دُور کرانا۔

گلے (مڑھنا) منڈھنا (اُر۔ محاورہ) زبردستی کوئی چیز حوالے کرنا۔

گلے میں اٹکنا (پھنسنا) (اُر۔ محاورہ) بدمزہ یا ناپسند کھانے کا حلق سے نیچے نہ اُترنا۔

گلے میں پانی ٹپکانا (اُر۔ محاورہ) دَم نکلتے وقت حلق میں پانی چوانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گلے میں جان اٹکنا (اُر۔ محاورہ) نزع کا عالم ہونا۔

گلے میں زنجیر پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بیاہ ہونا (۲) بند ہونا۔ مقید ہونا۔

گلے میں طوق پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دیوانے کا زنجیروں سے جکڑا جانا (۲) مصیبت میں مُبتلا ہونا (۳) کسی کی غلامی کرنا۔

گلے میں کانٹے پڑنا (اُر۔ محاورہ) حلق خشک ہونا۔

گلے میں گرہ ہونا (اُر۔ محاورہ) آواز نہ نکلنا۔

گلے میں گھنگرو بولنا (اُر۔ محاورہ) نزع کا وقت ہونا۔

گلے میں ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گلے میں بانہیں حمائل کرنا (۲) گردن میں ہاتھ ڈال کر تقاضا کرنا۔

گلے میں ہڈی نہیں (اُر۔ محاورہ) نہایت سُریلی اور دل کش آواز ہے۔

گلے میں ہونا (اُر۔ محاورہ) لباس پہنے ہونا۔

گلیا (گل۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تھکا ہارا بیل (۲) کام چور۔

گُلیا (گُل۔یا) (ہ۔ا۔مذ) رنگریز جو ریشمی کپڑے اور بانات رنگتا ہے۔

گلیارا (گل۔یا۔را) (ہ۔ا۔مذ) کوچہ۔ چھوٹی گلی۔ جمع: گلیاروں۔ گلیارے۔

گلیاں (گل۔یاں) (ہ۔ا۔مث) گلی کی جمع۔

گلیاں جھانکنا (اُر۔ محاورہ) آوارہ پھرنا۔ حیران و پریشان پھرنا۔

گلیاں چھاننا (اُر۔ محاورہ) کسی کی تلاش میں سرگرداں پھرنا۔

گلیانا (گل۔یا۔نا) (ہ۔مص) (۱) گالیاں دینا (۲) زبردستی گلے سے اُتارنا۔

گلیر (گل۔یر) (ہ۔صف) سُست۔ کاہل (۲) گلا ہوا (۳) پھوہڑ (۴) غلیظ۔

گلیز (گ۔لیز) (Glaze) (انگ۔ا۔مذ) چمک۔ مٹی یا چینی کے برتن پر روغن جس سے چمک آجائے۔

گلیشیر (Glacier) (انگ۔ا۔مذ) برف کی چٹان جو آہستہ آہستہ نیچے کو سمندر کی طرف سرکے۔

گِلیم (گ۔لیم) (ف۔ا۔مث) کمبل۔ اُونی کپڑا۔ دُھسّا۔ کملی۔

گلیم پوش (ف۔ا۔مذ) کملی پوش۔ جو کمبل اوڑھے رکھے۔

گلینڈ (Gland) (انگ۔ا۔مذ) غدود۔ گلٹی۔ گانٹھ۔

گلیوں (گل۔یوں) (ہ۔ا۔مث) گلی کی جمع۔

گلیوں کی خاک چھاننا (اُر۔ محاورہ) مارا مارا پھرنا۔ پریشان حال پھرنا۔

گ۔م

گم (Gum) (بفتحہ اوّل) (انگ۔ا۔مذ۔مث) گوند۔

گُم (بضم اوّل) (ف۔صف) کھویا ہوا (۲) ضائع۔ رائیگاں (۳) غائب۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا (۴) ناپید (۵) مغرور (۶) حواس باختہ۔ حیران۔ پریشان۔

گم راہ (ف۔صف) (۱) راستہ بھولا ہوا۔ آوارہ۔ بہکا ہوا (۲) بے دین۔ بددین۔ بدعتی (۳) برگشتہ۔ سرکش۔ متمرّد (۴) مغرور۔ متکبر۔

گمراہ ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) راستہ بھول جانا۔ بہکنا۔ بھٹکنا (۲) بے دین ہونا۔ پھر جانا۔ منحرف ہونا (۳) متکبر ہونا۔ مغرور ہونا۔

گم راہی (ف۔ا۔مث) (۱) بے راہی۔ کج روی (۲) تمرّد۔ انحراف (۳) بے دینی۔ بدعت۔

گم شُدہ (ف۔صف) (۱) کھویا ہوا۔ ضائع شُدہ (۲) مغرور۔ بھاگا ہوا (۳) بھولا ہوا (۴) حواس باختہ۔

گم شُدگی (گم۔شُ۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) کھویا جانا۔

گم صُم (ف۔ع۔صف) گونگا بہرا (۲) خاموش۔ چپ چاپ۔ حیران۔ ششدر۔

گم صُم رہ جانا (اُر۔ محاورہ) چپ چاپ رہ جانا۔ جھجک کر رہ جانا۔ حیران و ششدر رہ جانا۔

گم کردہ (ف۔صف) کھویا ہوا۔

گم کردہ آشیاں (ف۔صف) گھر بھولا ہوا جانور۔

گم کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) کھو دینا (۲) چھپانا (۳) ضائع کرنا (۴) چُرانا (۵) بھلانا۔

گم گشتہ (ف۔صف) کھویا ہوا (۲) بھاگا ہوا (۳) بھولا ہوا۔

گم نام (ف۔صف) غیر معروف۔ جس کو کوئی نہ جانتا ہو (۲) پوشیدہ۔ مخفی (۳) نام ظاہر کئے بغیر۔

گم نامی (ف۔ا۔مث) پوشیدگی۔ نامعلومی۔

گم ہونا (اُر۔مص مُرکّب) ضائع ہونا۔ غائب ہونا (۲) کسی خیال میں محو ہونا (۳) بے خبر ہونا (۴) کسی چیز کا کھو جانا (۵) بدحواس ہونا۔

گُما (گُم۔ما) (ہ۔ا۔مث) بڑی اور موٹی اینٹ۔ ڈبل اینٹ۔

گُماشتہ (گُ۔ماش۔تہ) (ف۔ا۔مذ) وہ شخص جسے کوئی کام سپرد کیا گیا ہو۔ کارندہ (۲) منیم۔ وکیل۔

گماشتہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) نائب بنانا۔ منیجر مقرّر کرنا۔ کارندہ قرار دینا۔ ایجنٹ بنانا۔

گماشتہ گری (ف۔ا۔مث) گماشتہ کا کام۔

گُمان (گُ۔مان) (ف۔ا۔مذ) (۱) خیال۔ اندازہ (۲) شک و شبہ۔ احتمال۔ ظن (۳) وہم۔ وسواس (۴) غرور۔ گھمنڈ۔

گمان بھرا (اُر۔صف) مغرور۔ گھمنڈی۔ مؤنث کے لئے گمان بھری۔

گمان پڑنا (اُر۔ محاورہ) شک ہونا۔

گمانِ غالب (قوی) (ف۔ع۔ا۔مذ) پکا خیال۔ یقین کا بدل۔ احتمال قوی۔

گمان کرنا (اُر۔مص مُرکّب) خیال کرنا۔ شبہ کرنا (۲) فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔

گمان گزرنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) شک ہونا۔ شبہ ہونا۔ خیال میں آنا۔

گمان ہے (اُر۔ محاورہ) یقین ہے۔ اغلب ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گُمانا (گُ۔ما۔نا)(اُر۔مص)(۱) کھونا۔ گم کرنا (۲) آپے میں نہ رہنا۔

گُمانی (گُ۔ما۔نی)(ف۔صف)(۱) متکبّر۔ مغرور (۲) بدظن۔ وہمی (۳) (ا۔مث) گمان کرنا۔ بد کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (بدگمانی)۔

گمبھیر (گم۔بھیر)(س۔صف) گہرا۔ عمیق (۲) بُردبار (۳) دُور اَندیش (۴) بھاری (۵) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پھوڑا جو پیٹھ یا گردن پر نکلتا ہے۔

گَمت (گَ۔مت)(ہ۔ا۔مث) تفریح۔ تماشا۔

گمت گاہ (ق۔ا۔مث) تفریح گاہ۔ تماشا گاہ۔

گُمتی (گُم۔تی)(ہ۔صف) خوش دل۔ خوش طبع۔ کھلاڑی۔

گُمّت (گُم۔مت)(ہ۔ا۔مث) منڈلی۔ جتھا۔ ٹولی۔ سنگت (۲) مطلب۔ غرض (۳) رائے۔ صلاح۔ مشورہ۔

گُمٹ (گُم۔مٹ)(ہ۔ا۔مذ) گنبد۔ بُرج۔

گُمٹی (گُم۔ٹی)(ہ۔ا۔مث) چھوٹا گنبد۔ بُرجک۔

گُمٹی (گُم۔ٹی) (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کا پھول دار یا دھاری دار مضبوط سُوتی کپڑا۔ انگریزی ڈمٹی (Dimity) کا بگاڑ۔

گُمر (گُ۔مر)(ہ۔ا۔مذ) گمان۔ گھمنڈ۔ غرور۔ تکبّر۔

گمک (گَ۔مک)(ہ۔ا۔مث)(۱) ڈھول، طبلے یا باجے کی آواز (۲) گرج۔ کڑک (۳) صدمہ۔ تصادم (۴) وہ گونج دار آواز جو گانے والوں کے منہ سے بھاری ہو کر نکلے۔

گُمکا (گُم۔کا)(ہ۔ا۔مذ) بڑے منہ کا مٹی کا برتن۔ ناند۔

گمکیلا (گم۔کی۔لا)(ہ۔صف) خوشبودار۔ مسالے دار۔

گملا (گم۔لا)(ہ۔ا۔مذ) مٹی کا برتن جس میں پودے لگاتے ہیں۔ جمع: گملوں۔ گملے۔

گ۔ن

گن (Gun) (انگ۔ا۔مث) بندوق۔ توپ۔

گن پاؤڈر (Gun Powder) (انگ۔ا۔مذ) بارود۔

گن کاٹن (Gun Cotton) (انگ۔ا۔مذ) ایک مادّہ جو رُوئی اور شورے کے تیزاب سے تیار کیا جاتا ہے اور توپ میں بطور پاؤڈر استعمال ہوتا ہے۔

گُن (بالضم)(ہ۔ا۔مذ) عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ (۲) اعمال۔ کرتوت۔ لچھن (۳) صفت۔ اثر۔ تاثیر (۴) تعریف۔ مدح (۵) ہنر۔ فن (۶) خوبی۔ عمدگی۔ نیکی۔ بھلائی (۷) رسّی جس سے ملاح کشتی کھینچتے ہیں (۸) احسان۔ مہربانی۔ عنایت۔ جمع: گنوں۔ گنوں۔

گن بھرے ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) ہنرمند ہونا۔ خوبیاں ہونا (۲) شرارت سے بھرپور ہونا۔

گن کار (ہ۔ا۔مذ) گن والا۔

گن گانا (اُر۔محاورہ) تعریف کرنا۔ مدح سرائی کرنا۔

گن ماننا (اُر۔محاورہ) اِحسان ماننا۔ ممنون ہونا۔

گن وان (گن وَنت)(ہ۔صف)(۱) ہنرمند (۲) ہمہ صفت موصوف۔

گنونتا (گن۔ونتا)(ہ۔صف) ہنرمند۔ گن والا (مرد)۔

گنونتی (گن۔ونتی)(ہ۔صف) گنونتا کی تانیث۔ دانش مند۔ سلیقہ شعار۔ سگھڑ (عورت)۔

گن گن (ہ۔ا۔مث)(۱) آہستہ آہستہ گانا یا پڑھنا (۲) بھنبھناہٹ (۳) اپنے آپ سے باتیں کرنا (۴) ناک میں بولنا۔

گُنا (گُ۔نا)(ہ۔ا۔مذ) چند۔ مرتبہ۔ بار۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے دوگنا۔ چوگنا۔ سوگنا۔

گنّا (گن۔نا)(ہ۔ا۔مذ) نیشکر۔ پونڈا۔ ایک پودا جس کے رس سے گڑ اور شکر بناتے ہیں۔ جمع: گنوں۔ گنّے۔

گِنانا (گِ۔نا۔نا)(ہ۔مص) شمار کروانا۔ گنوانا۔

گُناہ (گُ۔ناہ)(ف۔ا۔مذ) مذہبی احکام کے خلاف عمل۔ عِصیان۔ جرم۔ خطا۔ قصور۔ پاپ۔ اُردو جمع: گناہ۔ گناہوں۔

گناہ آمرز (بخش) (ف۔صف) گناہ بخشنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

گناہ بخشنا (اُر۔محاورہ) خطا معاف کرنا۔ قصور معاف کرنا۔

گناہِ بے لذّت (ف۔اُر۔ا۔مذ) وہ گناہ جس کے کرنے میں کچھ فائدہ نہ ہو۔

گناہ دھونا (اُر۔محاورہ) گناہ مٹانا یا محو کرنا۔

گناہ دھویا جانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے گناہ دھونا جس کا یہ لازم ہے۔

گناہ رکھنا (اُر۔محاورہ) کسی پر ناکردہ قصور ثابت کرنا۔ جھوٹا اِلزام لگانا۔

گناہ سمیٹنا (اُر۔محاورہ) گناہ کا وبال اپنے سر لینا۔

گناہِ صغیرہ (ف۔ع۔ا۔مذ) معمولی گناہ۔ ادنیٰ گناہ۔ جرم خفیف۔

گناہ کا وبال پڑنا (اُر۔محاورہ) گناہ کا خمیازہ بھگتنا۔ قصور کی سزا پانا۔

گناہِ کبیرہ (عظیم) (ف۔ع۔ا۔مذ) بھاری جرم۔ بڑا گناہ۔ وہ گناہ جس کی سزا قرآن شریف یا شرع میں مقرر ہو۔ فرائض مذہبی کا ادا نہ کرنا۔

گناہ کرنا (اُر۔مص مرکب) کوئی ایسا کام کرنا جس کے کرنے کی قانون و مذہب میں ممانعت ہو۔

گناہ گار (ف۔صف) گناہ کرنے والا۔ عاصی۔ پاپی۔ بدکار۔ فاسق (۲) خطاکار۔ مجرم۔

گناہ گار کرنا (بنانا) (اُر۔محاورہ)(۱) گناہوں میں مبتلا کرنا (۲) شرمندہ کرنا (۳) ملزوم بنانا۔

گناہ گاری (ف۔ا۔مث)(۱) قصور۔ خطا۔ جرم (۲) تاوان جو مالی عدالت کی طرف سے وصول کیا جائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گناہوں (گُ۔نا۔ہوں)(اُر۔ا۔مذ) گناہ کی جمع۔

گناہوں کی گٹھڑی (اُر۔ا۔مث) بہت سے گناہوں کا بوجھ۔

گُنبد (گُم۔بد)(ف۔ا۔مذ) گول چھت۔ عمارت کا بالائی حصّہ جو گول ہو۔ اُردو جمع: گنبد۔ گنبدوں۔

گنبدِ اَزرق (گنبدِ فیروزہ رنگ)(ف۔ا۔مذ) نیلا گنبد۔ آسمان۔

گنبدِ بے دَر (ف۔ا۔مذ) بے ستون کا گنبد۔ آسمان۔

گنبدِ خضرا (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) سبز آسمان (۲) آنحضرت ﷺ کے مزار مُبارک کا گنبد۔

گنبد کی آواز (صدا) (اُر۔ا۔مث) گنبد کی گونج (۲) جیسا کہنا ویسا سُننا۔

گنبدِ گرداں (ف۔ا۔مذ) آسمان (لفظی معنی گھومنے والا گنبد)۔

گنبدِ مینا (گنبدِ مینائی) (ف۔ا۔مذ) آسمان۔

گُنبدی (ف۔ا۔مذ) ایک ستون والا خیمہ۔ گول خیمہ۔ گنبد کی شکل کا خیمہ۔

گِنت (گِ۔نت)(س۔ا۔مث) علمِ حساب۔ شمار۔ مرکبات میں جیسے اَن گنت۔

گنت ودّیا (ہ۔ا۔مث) علمِ ہندسہ۔ علمِ ریاضی۔

گُنت (ق۔ا۔مذ) کنارہ۔

گِنتی (گِن۔تی)(ہ۔ا۔مث)(۱) حساب۔ تعداد۔ اَندازہ۔ شمار۔ مختلف اَعداد کو اِنفرادی یا اِجتماعی شکل میں شمار کرنا (۲) حاضری۔

گنتی کے (اُر۔حلق فعل) تھوڑے سے۔ چند۔

گنتی کے دِن (اُر۔ا۔مذ) زندگی کے چند دن۔

گنتی گِنوانا (اُر۔محاورہ) نام کی تعداد ظاہر کرنا۔ نمائشی خانہ پُری کر کے دکھانا۔

گنتی میں لانا (اُر۔محاورہ)(۱) شمار میں لانا۔ حساب میں داخل کرنا (۲) بات پُوچھنا۔ خاطر میں لانا۔

گُنٹا (گُن۔ٹا)(ق۔ا۔مذ) تالاب۔

گَنٹھا (گَن۔ٹھا)(ہ۔ا۔مذ) پیاز کی گرہ۔ جمع: گنٹھوں۔ گنٹھے۔

گَنٹھنا (گنٹھ۔نا)(ہ۔مص) سیا جانا۔ گانٹھا جانا۔

گَنٹھی (گَن۔ٹھی)(ہ۔ا۔مث) گنٹھا کی تصغیر۔ جمع: گنٹھیاں۔ گنٹھیوں۔

گَنٹھیا (گنٹھ۔یا)(ہ۔ا۔مث) جوڑوں کا درد۔ گٹھیا۔ نقرس۔ وجعُ المفاصل۔

گَنج (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) خزانہ۔ دفینہ۔ ذخیرہ۔ گودام۔ مخزن۔ خزینہ (۲) اَناج کی منڈی۔ بازار۔ اَنبار۔ ڈھیر۔ جمع: گنجہا۔

گنج بخش (ف۔صف)(۱) خزانہ بخشنے والا۔ بہت بڑا فیّاض۔ لکھ داتا (۲) حضرت علی ہجویریؒ کا لقب۔

گنج بے رنج نہیں (اُر۔مثل) امیر آدمی کو کئی پریشانیاں ہوتی ہیں۔

گنجِ حکیم (ف۔ا۔مذ) سورۂ فاتحہ۔

گنج ڈالنا (لگانا) (اُر۔محاورہ) اَناج کی منڈی آباد کرنا (۲) اَنبار لگانا۔

گنجِ رواں (ف۔ا۔مذ) قارون کا خزانہ جو روایت کے مطابق برابر زمین میں دھنستا جا رہا ہے (۲) وہ خزانہ جو کبھی خالی نہ ہو۔

گنجِ شائگاں (ف۔ا۔مذ) بہت بڑا خزانہ یا چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو۔

گنجِ شہیداں (ف۔ا۔مذ) وہ بڑی قبر جس میں شہیدوں کو دفن کر دیتے ہیں۔

گنجِ فریدوں (ف۔ا۔مذ) ایرانی موسیقی کے ایک راگ کا نام۔

گنجِ قارون (ف۔ا۔مذ) قارون کا خزانہ۔ کنجوس دولت مند کا خزانہ (۲) بہت بڑا خزانہ جس میں سے کچھ خرچ نہ ہوا ہو۔

گَنج (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں سر کے بال جھڑ جاتے ہیں۔

گنجا (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔صف) وہ شخص جس کے سر پر بال نہ ہوں۔ گنجے سر والا آدمی۔ جمع: گنجوں۔ گنجے۔

گُنجان (گُن۔جان)(ہ۔صف) گھنا۔ پاس پاس۔ متّصل۔

گُنجانی (گُن۔جا۔نی)(ہ۔ا۔مث) گھنا ہونا۔

گُنجائش (گُن۔جا۔اِش)(ف۔ا۔مث)(۱) سمائی۔ ٹھکانا۔ جگہ (۲) فائدہ۔ بچت۔ کفایت (۳) حوصلہ۔ مقدور۔

گنجائش پزیر (ف۔صف) سمانے کے قابل۔ جو سما سکے۔

گنجائش رکھنا (اُر۔محاورہ) اِتنی جگہ ہونا کہ اِس میں کچھ سما سکے۔

گُنجائی (گُن۔جا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) ایک کیڑے کا نام جو برسات میں پیدا ہوتا ہے۔ کنسلائی۔

گُنجرنا (گُنجر۔نا)(ہ۔مص) زور سے چیخنا۔ دہاڑنا۔ گرجنا۔

گنجفہ (گن۔ج۔فہ)(ف۔ا۔مذ) ایک کھیل کا نام جس میں ۹۶ گول پتّے ہوتے ہیں اور تین کھلاڑی۔

گنجفہ اَبتر ہونا (اُر۔محاورہ) گنجفہ کے ناقص پتّے حصّے میں آنا۔

گنجفہ باز (ف۔صف)(۱) گنجفہ کھیلنے والا (۲) مکّار۔ چالباز۔ فریبی۔

گنجفہ کا ورق (اُر۔ا۔مذ) گنجفہ کا پتّا۔

گُنجلک (گنج۔لک)(اُر۔ا۔مث)(۱) شکن۔ سلوٹ (۲) گانٹھ۔ گرہ۔ عقدہ (۳) اُلجھن۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔

گنجلک کی باتیں (اُر۔ا۔مث) پیچیدہ باتیں۔ گول مول باتیں۔

گنجوُر (گن۔جُور)(ف۔ا۔مذ) دولت مند۔ امیر آدمی۔ غلطُ العام ہے۔ صحیح گنج ور ہے۔

گُنجھیا (گُنجھ۔یا)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا تلا ہوا سموسا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گنجی (ہ۔ا۔مث) گنجا کی تانیث۔ جمع: گنجیاں۔ گنجیوں۔

گنجی پنہاری اور گوکھرو کا اینڈوا (ار۔مثل) اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا۔

گنجی کبوتری محلوں میں (آتری) ڈیرا (ار۔مثل) بدصورت اور کمینے کو کسی اعلیٰ درجے پر دیکھ کر کہتے ہیں۔

گنجے (ہ۔صف) (۱) گنجا کی جمع (۲) گنجا کی مُغیّرہ حالت۔

گنجے کو خُدا ناخن نہ دے (ار۔مثل) کمینے کو خُدا اتنا اِختیار نہ دے کہ وہ شریفوں کو تنگ کرے۔

گنجیا (گنج۔یا) (ہ۔ا۔مث) گاڑی بان یا گھسیارے کے اوزاروں کا تھیلا۔

گُنجیا (گُنج۔یا) (ہ۔ا۔مث) کان کا ایک زیور۔

گنجڑی (گن۔ جِ۔ ڑی) (ہ۔ا۔مذ) گانجا پینے والا۔

گنجیفہ (گن۔جی۔فہ) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے گنجفہ۔

گنجینہ (گن۔جی۔نہ) (ف۔ا۔مذ) خزانہ۔ دفینہ (۲) ذخیرہ۔ مال گودام۔

گنجینہ دار (ف۔صف) خزانچی۔

گند (بفتحہ اوّل) (نون غنہ) (ف۔ا۔مث) بدبو۔ عفونت۔ تعفّن (۲) نجاست۔ غلاظت۔ گندگی (۳) کوڑا کرکٹ (۴) خراب اور نکمّی چیز (۵) جھگڑا۔ بکھیڑا۔

گند پاک ہونا (گند کٹنا) (ار۔محاورہ) جھگڑا پاک ہونا۔ رنج و مشقت سے نجات پانا۔

گند پڑنا (ار۔محاورہ) (۱) کوڑا کرکٹ پھیلنا (۲) بکھیڑا ہونا۔

گَنْدا (ار۔صف) دیکھئے گندہ۔

گَنْدانا (ق۔مص) گوندھنا۔

گَنْدَر (گن۔دَر) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کیڑا جو اناج میں لگ جاتا ہے۔

گَنْدَک (گن۔دَک) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے گندھک۔

گندگی (نون غنہ) (ف۔ا۔مث) (۱) بدبو۔ عفونت۔ بساند (۲) غلاظت۔ نجاست۔ ناپاکی۔

گندگی پھیلانا (ار۔محاورہ) (۱) بدبو پھیلانا۔ سڑاند پھیلانا (۲) کسی جگہ کو میلا کرنا (۳) نامہذب گفتگو کرنا۔

گَنْدُم (گن۔دُم) (ف۔ا۔مذومث) س: گودھم۔ دیکھئے گیہوں۔

گندم از گندم بروید جو ز جو (ف۔مثل) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے (لفظی معنی گندم سے گندم اُگتا ہے اور جو بونے سے جو)۔

گندم اگر بہم نرسد جو (بھس) غنیمت است (ار۔مثل) اگر زیادہ فائدہ میسّر نہ ہو تو تھوڑا ہی سہی (لفظی معنی: اگر گندم نہ مل سکے تو جو یا بھس ہی غنیمت ہے)۔

گندم گُوں (ف۔صف) گندمی رنگ کا۔ سانولا۔

گندم نُما (ف۔صف) دھوکے باز۔ مکّار۔ چالاک۔ دغاباز۔

گندم نما جَو فروش (ف۔صف) گندم دکھا کر جو بیچنے والا۔ جس کے ظاہر و باطن میں فرق ہو۔ مکّار۔ دغا باز۔ دھوکا دینے والا۔

گندم نُمائی (ف۔ا۔مث) فریب۔ دغا بازی۔

گَنْدُمی (گن۔دُ۔می) (ف۔صف) گندم کے رنگ کا۔ گندم گوں۔ سانولا۔

گَنْدنا (گَند۔نا) (ف۔ا۔مذ) ایک ترکاری کا نام جو لہسن سے مشابہ ہوتی ہے۔

گَنْدوڑا (گن۔دو۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) کھانڈ کی ٹکیا یا روٹی جو ہندو شادیوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

گَنْدہ (بفتحہ اوّل) (نون غنہ) (ف۔صف) ناپاک۔ غلیظ۔ نجس (۲) میلا (۳) بدبُودار (۴) بگڑا ہوا۔ سڑا ہوا (۵) بدزبان (۶) بُرا (۷) خراب (۸) بے ہُودہ۔

گندہ انڈا (ار۔ا۔مذ) (۱) خراب انڈا (۲) نافرمان و بدچلن بیٹا۔ پسرِ ناہنجار۔

گندہ بروزہ (ف۔ا۔مذ) ایک بدبُودار مادّہ جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے۔ ایک قسم کی گوند۔

گندہ بغل (ف۔صف) وہ شخص جس کی بغلوں سے بُو آئے۔

گندہ بہار (ف۔ا۔مث) وہ بارش جو موسم سرما میں ہو۔

گندہ دماغ (ف۔صف) مغرور۔ متکبّر۔

گندہ دہن (ف۔صف) وہ شخص جس کے مُنہ سے بُو آئے۔

گندہ کرنا (ار۔محاورہ) ناپاک کرنا (۲) خراب کرنا (۳) ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا (۴) عصمت دری کرنا۔

گَنْدھ (نون غنہ) (س۔ا۔مذ) بُو (۲) بدبو (۳) سُرخ صندل۔ گھسا ہوا صندل۔

گَنْدھار (گن۔دھار) (ہ۔ا۔مذ) ایک ہندوستانی راگ کا نام۔

گَنْدھاوٹ (گندھا۔وٹ) (ہ۔ا۔مث) بالوں کے گوندھنے کا انداز (۲) پھولوں کا ہار بنانے کا طریقہ۔

گَنْدھرب (گن۔دَھرب) (س۔ا۔مذ) (۱) راجا اندر کے دربار کا گویا (۲) اچھا گانے والا۔ قوال۔ مغنّی (۳) ایک پرندے کا نام (۴) خوبصورت حسینہ (۵) مزیدار راگ۔

گندھرب بیاہ (س۔ا۔مذ) عورت اور مرد کا اپنی مرضی سے بغیر کسی رسم کے بیاہ کرنا۔

گَنْدھک (گن۔دَھک) (ہ۔ا۔مث) زرد رنگ کا ایک عنصر جو زمین سے نکلتا ہے۔

گَنْدھنا (گندھ۔نا) (ہ۔مص) آٹے میں پانی ڈال کر ملانا (۲) سر کے بالوں کا گُتھنا (۳) ہار کا گُتھنا۔

گَنْدھوانا (گندھ۔وا۔نا) (ہ۔مص) گوندھنا کا متعدی المتعدی۔ آٹے میں پانی ڈال کر ملوانا (۲) بال یا ہار گُتھوانا۔

گَنْدھی (گن۔دھی) (ہ۔ا۔مذ) عطر پھلیل بیچنے والا۔ عطّار۔ گاندھی۔

گَنْدی (نون غنہ) (ار۔صف) گندہ کی تانیث۔ ناپاک عورت۔ غلیظ عورت (۲) فحش غیر مہذب گفتگو (۳) خراب، ناکارہ، نکمّی چیز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گندی بوٹی کا گندہ شوربا (اَ۔ مثل) بدوں کی بُری اولاد۔ بُرے کام کا بُرا نتیجہ۔

گندی گندی باتیں کرنا (اَ۔ محاورہ) گالیاں بکنا۔ بے شرمی کی باتیں زبان پر لانا۔

گندیلا (گَن دی۔ لا) (ہ۔ صف) گوند والا۔ وہ درخت جس میں سے گوند نکلے۔

گنڈا (بفتحۂ اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) حلقہ۔ چھلاّ۔ کڑا۔ چوڑی (۲) چار عدد۔ چار کوڑیاں (۳) گھوڑوں کے گلے میں ڈالنے کا پٹاّ (۴) وہ بڑا ڈورا جس پر منتر یا کوئی عمل پڑھ کر گرہ دیتے جاتے ہیں اور بچوں کے گلے میں یا بازو پر بیماری دُور کرنے کے لئے باندھتے ہیں۔ جمع: گنڈوں۔ گنڈے۔

گنڈا باندھنا (اَ۔ محاورہ) افسوں پڑھے ہوئے چند سیاہ دھاگوں کو دفعِ آسیب یا ازالہ مرض کے لئے گلے میں باندھنا۔

گنڈا پٹا (اَ۔ ا۔ مذ) ساز جو گھوڑے کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

گنڈا پہنانا (اَ۔ محاورہ) گنڈا گلے میں ڈالنا۔

گنڈا تعویذ (اَ۔ ا۔ مذ) منتر۔ جنتر۔ جھاڑ پھونک۔ جادو۔ ٹونا۔

گُنڈا (بضمِ اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) لُچّا۔ شہدا۔ بدکار۔ اوباش۔ بدمعاش۔ غنڈا۔ جمع: گُنڈوں۔ گُنڈے۔ اُردو میں زیادہ تر غنڈا مستعمل ہے۔

گُنڈا گردی (ہ۔ ف۔ ا۔ مث) بدمعاشوں کا دَور دَورہ۔ گُنڈوں کا راج۔

گنڈاسا (گنڈا۔ سا) (نُون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چارا کاٹنے کا ہتھیار (۲) لاٹھی میں لگا ہوا لوہے کا تیز ہتھیار۔ جمع: گنڈاسوں۔ گنڈاسے۔

گنڈاسی (گنڈا۔ سی) (ہ۔ ا۔ مث) گنڈاسا کی تانیث۔ چھوٹا گنڈاسا۔

گُنڈلا (گُنڈ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) دائرہ۔ حلقہ۔ کُنڈل۔

گُنڈلی (گُنڈ۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) گُنڈلا کی تانیث۔ کُنڈلی۔

گُنڈلی مارنا (ہ۔ محاورہ) سانپ کا حلقہ کرکے بیٹھنا۔ نیز دیکھئے کُنڈلی مارنا جو زیادہ مستعمل ہے۔

گنڈولا (Gondola) (اطالوی۔ ا۔ مذ) شہر وینس کی نہروں میں چلنے والی کشتیاں۔

گنڈی (بفتحۂ اوّل) (نُون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) جادو کا حلقہ (۲) مٹی کا بند جو تالاب کے گرد بناتے ہیں۔

گنڈیری (گنڈے۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) گنّے کی چھوٹی سی پوری۔ جمع: گنڈیریاں۔ گنڈیریوں۔

گنڈیری دار (ہ۔ ف۔ صف) گرہوں والا۔ چھلے کا نیچا (۲) رنگ برنگ کی چیز۔

گنر (Gunner) (انگ۔ ا۔ مذ) بندوقچی۔ توپچی۔ توپ خانے کا افسر۔

گنگ (بفتحۂ اوّل) (نُون غنّہ) (ف۔ ا۔ مث) دریائے گنگا کا مُعرّب۔

گنگ و جمن (ف۔ ا۔ مث) دریائے گنگا اور جمنا۔

گُنگ (بضمِ اوّل) (نُون غنّہ) (ف۔ صف) گونگا۔ زبان سے نہ بول سکنے والا۔

گنگ محل (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) اکبر بادشاہ کا وہ محل جو اُس نے انسان کی طبعی زبان دریافت کرنے کے لئے بنوایا تھا۔

گنگا (بفتحۂ اوّل) (نُون غنّہ) (س۔ ا۔ مث) ہندوستان کا مشہور دریا جس میں نہانے سے ہندوؤں کے اعتقاد کے مطابق پاپ دُور ہو جاتے ہیں۔ اس میں مُردوں کی راکھ یا ہڈیاں ڈالنا باعثِ نجات سمجھا جاتا ہے۔ نیز دیکھئے گنگوتری۔

گنگا اُٹھانا (ہ۔ محاورہ) دریائے گنگا کا پانی ہاتھ میں لے کر قسم کھانا۔

گنگا اَشنان (گنگا نہان) (ہ۔ ا۔ مذ) گنگا میں نہانا۔

گنگا بہانا (اَ۔ محاورہ) (۱) فیض جاری کرنا (۲) کسی کام سے فراغت پانا۔

گنگا بہنا (اَ۔ محاورہ) (۱) فیض جاری ہونا۔ داد و دہش ہونا (۲) (ہ۔ مص) دریائے گنگا کا رواں ہونا۔

گنگا پار کرنا (ہ۔ محاورہ) (۱) جلاوطن کرنا (۲) گنگا کو عبور کرنا۔

گنگا جل (ہ۔ ا۔ مذ) دریائے گنگا کا پانی جسے پوتر مانا جاتا ہے۔

گنگا جلی (ہ۔ ا۔ مث) وہ برتن جس میں گنگا کا پانی رکھا جائے۔

گنگا جلی اُٹھانا (ہ۔ محاورہ) دیکھئے گنگا اُٹھانا۔

گنگا جمنا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہندوؤں کے دو مقدس دریاؤں کے نام (۲) (صف) ملا جلا۔ دو رنگا۔

گنگا جمنی (اَ۔ صف) ملا جلا۔ دو رنگا (۲) سنہری اور روپہلی (۳) (اَ۔ ا۔ مث) کان کا ایک زیور (۴) سیاہ اور سفید رنگ۔ ابلق۔

گنگا دھر (ہ۔ ا۔ مذ) مہادیو شِو۔

گنگا ساگر (س۔ ا۔ مذ) (۱) وہ جگہ جہاں گنگا سمندر سے ملتی ہے۔ دریائے گنگا کا دہانہ (۲) ہندوؤں کے استعمال کا ٹونٹی دار لوٹا۔ آفتابہ۔

گنگا کس نے کھدائی ہے (اَ۔ مثل) ایسے کام قدرتی ہوتے ہیں۔

گنگا لابھ ہونا (ہ۔ محاورہ) گنگا پر جا کر مرنا۔

گنگا مدار کا ساتھ (ہ۔ ا۔ مذ) ہندو و مسلم اتحاد۔

گنگا نہانا (اَ۔ محاورہ) (۱) دریائے گنگا میں اشنان کرنا (۲) کسی مشکل کام کو انجام پر پہنچانا (۳) پاک ہونا۔ گناہ دھلنا (۴) قرضے سے سبکدوش ہونا (۵) بیٹی کے فرض سے فارغ ہونا (۶) ثواب کمانا۔

گنگا یاترا (ہ۔ ا۔ مث) نہانے کے لئے دریائے گنگا پر جانا۔ قریب مرگ آدمی کو گنگا کنارے لے جانا۔

گنگال (نُون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) پانی رکھنے کا بڑا برتن۔ گاگر۔

گُنگنا (گُن۔ گُ۔ نا) (ہ۔ صف) ناک میں بولنے والا۔ مُخنخا (۲) نیم گرم پانی۔

گُنگنانا (گُن۔ گُ۔ نا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ناک میں بولنا (۲) دھیمی آواز سے گانا۔ مُنہ ہی مُنہ میں گانا۔

گُنگناہٹ (گُن۔ گُ۔ نا۔ ہٹ) (ہ۔ ا۔ مث) گُنگنانے کا فعل۔

گِن گِن (کر) کے (ہ۔ تابع فعل) ایک ایک کرکے (۲) سنبھال سنبھال کر (۳) چھانٹ چھانٹ کر (۴) بمشکل تمام۔ جوں توں کرکے۔

گِن گِن کے دِن (کاٹنا) گزارنا (اَ۔ محاورہ) مصیبت کے دن پُورے کرنا (۲) جوں توں کرکے دن تمام کرنا۔

گِن گِن کے قدم رکھنا (اَ۔ محاورہ) آہستہ آہستہ چلنا (۲) ڈر ڈر اور سنبھل سنبھل کر چلنا (۳) نہایت نزاکت سے قدم اُٹھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گنگوتری (گنگوت۔ری) (س۔ا۔مث) دریائے گنگا کے منبع کا نام جو کوہ ہمالیہ میں ہے۔
گِننا (گِن۔نا) (ہ۔مص) (۱) گنتی کرنا۔ شمار کرنا (۲) جانچنا۔ اندازہ کرنا۔
گُننا (گُن۔نا) (ہ۔مص) مشق کرنا۔
گنوار (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔صف) گاؤں کا رہنے والا۔ دیہاتی (۲) کسان۔ زمیندار (۳) نادان (۴) اَن پڑھ۔ جاہل۔ غیر مہذب۔ جمع: گنوار۔ گنواروں۔
گنوار پن (ہ۔صف) بے سلیقگی۔ بدتہذیبی۔ بیوقوفی۔ اُجڈ پن۔
گنوار کا لٹھ (اُر۔ا۔مذ) دہقان کی بڑی موٹی لاٹھی (۲) (صف) ناشایستہ۔ بدتمیز (۳) بداَخلاق۔ کج خلق۔
گنوار کا ہانسا توڑے پانسا (ہ۔مثل) اَحمق کا مذاق نُقصان دیتا ہے۔
گنوار گنّا نہ دے بھیلی دے (اُر۔مثل) بے وقوف آدمی جنّت کر کے نُقصان اُٹھاتا ہے۔
گنواڑو (گنوا۔ڑو) (اُر۔صف) گنواروں کا سا۔ بدنُما۔ بھدّا۔ بدزیب۔
گنواری (ہ۔صف) (۱) گنوار کی تانیث (۲) گنوارو کی تانیث۔
گنواری باتیں (اُر۔ا۔مث) دہقانوں کی سی باتیں۔
گنوانا (گنوا۔نا) (بفتحۂ اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔مص) ضائع کرنا۔ برباد کرنا۔ کھونا۔
گِنوانا (گِن۔وا۔نا) (ہ۔مص) شمار کرانا۔ گنتی کرانا۔
گنوریا (Gonorrhoea) (اَنگ۔ا۔مذ) جنسی مرض جس میں پیشاب کے مقام سے پیپ نکلتی ہے۔ سوزاک۔
گُنہ (گُ۔نہ) (ف۔ا۔مذ) گُناہ کا مُخفف۔
گِنی (Guinea) (اَنگ۔ا۔مث) سونے کا ایک انگریزی سِکّہ جو اکتیس شلنگ کا ہوتا ہے۔
گِنی پِگ (Guinea Pig) (اَنگ۔ا۔مذ) چُوہے کی شکل کا ایک چھوٹا سا پستانیہ (ممَل)۔ جنوبی امریکا میں اِس کی تیرہ اَقسام پائی جاتی ہیں۔
گِنی فول (Guinea Fowl) (اَنگ۔ا۔مذ) مُرغی کی ایک قِسم۔ افریقہ اور مدغاسکر میں اِس کی سات اَقسام پائی جاتی ہیں۔
گِنی بوٹی میا شوربا (اُر۔مثل) صرف گُزارے کے قابل۔ بقدرِ ضرورت۔ بہت کھینچ تان کر۔ نہایت کفایت شعاری۔ کنجُوسی۔
گُنی (گُ۔نی) (ہ۔صف) (۱) ہُنرمند۔ کامل۔ خُدا رسیدہ (۲) لائق۔ فائق (۳) سانپ کا منتر جاننے والا (۴) سیانا۔ جادو ٹونا کرنے والا۔
گُنیا (گُن۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مضروب فیہ۔ جس میں ضرب دیں (۲) بڑھئی یا راج کا ٹیڑھی چیز کو سیدھا کرنے والا آلہ۔ نیز دیکھیے گونیا۔
گنیش (گ۔نیش) (س۔ا۔مذ) شِوجی اور پاربتی کا بیٹا جسے ہندو دانائی اور مُشکل کُشائی کا دیوتا مانتے ہیں۔ اِس کا سر ہاتھی کا اور بدن اِنسان کا ہوتا ہے۔
گنیش چوتھ (ہ۔ا۔مث) ہندوؤں کا ایک تہوار جو گنیش جی کے اعزاز میں منایا جاتا ہے۔

گ۔و

گُو (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) گُوہ۔ پاخانہ۔ گُنّی۔ غلاظت۔ فُضلہ۔ میلا۔ براز۔ نجاست۔
گُو اُچھالنا (اُر۔محاورہ) بُری بات کو شُہرت دینا۔ بدنام کرنا۔
گُو تھاپتے پھرنا (اُر۔محاورہ) سودائی بنے پھرنا۔ مجنونانہ حرکتیں کرتے پھرنا۔ دیوانہ وار پھرنا۔ پاگل ہو جانا۔
گُو در گُو مُرغی کا گُو (اُر۔مثل) نہایت خراب چیز کے لئے مستعمل ہے۔
گُو کا ٹوکرا سر پر اُٹھانا (اُر۔محاورہ) بُرائی سر پر لینا۔
گُو کا کیڑا (اُر۔ا۔مذ) وہ کیڑا جو فُضلے میں پیدا ہوتا ہے (۲) (صف) نہایت غلیظ۔ گندہ۔
گُو کا کیڑا گُو ہی میں خوش رہتا ہے (اُر۔مثل) جو شخص جیسی صحبت میں پلا ہوتا ہے ویسی ہی صحبت اُس کو بھلی معلوم ہوتی ہے۔
گُو کرنا (اُر۔محاورہ) پاخانہ کرنا۔ رفع حاجت کرنا۔
گُو کھانا (اُر۔محاورہ) جھک مارنا۔ جُھوٹ بولنا۔ بیہودہ بکنا۔
گُو مُوت کرنا (اُر۔محاورہ) بچّے کی پرورش کرنا (۲) کسی کی خدمت کرنا۔
گُو میں ڈھیلا ڈالیں نہ چھینٹیں پڑیں (اُر۔مثل) شریر یا کمینے آدمی سے اُلجھے گا تو ذِلّت اُٹھائے گا۔
گُو میں کوڑی گرے تو دانتوں سے اُٹھائے (اُر۔مثل) ایسا کنجُوس ہے کہ نجاست کی بھی پروا نہیں کرتا۔
گُو نہ کھا (اُر۔محاورہ) (۱) جھک نہ مار۔ بکواس نہ کر۔ بک بک نہ کر (۲) جُھوٹ نہ بول۔ شیخی نہ مار۔
گُو نہیں چھی چھی (اُر۔مثل) کسی کی تھوڑی ذِلّت اور رُسوائی پر بولتے ہیں۔
گُو ہو جانا (اُر۔محاورہ) میلا ہو جانا۔
گو (واو مجہول) (ف۔لاحقہ) گُفتن مصدر سے اَمر کا صیغہ (بمعنی کہو) جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور کہنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے دُعاگو (۲) (ف۔حرفِ شرط) ہرچند۔ اگرچہ۔ بالفرض (۳) (ف۔ا۔مث) گیند۔ اِن معنوں میں بواوِ معروف (گُو) بھی صحیح ہے۔
گو کہ (ف۔تابع فعل) باوجود اِس کے۔ باوصف اِس کے۔
گو مگو (ف۔ا۔مذ) (۱) کہو۔ مت کہو۔ تذبذب۔ کسی بات کے کہنے یا نہ کہنے کے متعلق سوچ (۲) (ف۔صف) مشکوک (۳) پوشیدہ (۴) ناگفتہ بہ۔
گوار (گ۔وار) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا غلّہ جو مویشیوں کو دودھ کی زیادتی کے لئے کھلایا جاتا ہے۔
گوارا (گ۔وا۔را) (ف۔صف) (۱) زُود ہضم۔ انگ لگنے والا (۲) خوش ذائقہ۔ من بھاتا (۳) سہارنے کے قابل۔ قابلِ برداشت (۴) منظور۔ پسندِ خاطر۔ اُردو میں بفتحۂ اوّل مستعمل ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گوارا کرنا (اُر۔ محاورہ) برداشت کرنا۔ سہارنا (۲) ماننا۔ منظور کرنا۔

گوال (گوالا) (گ۔ وال) (گ۔ وا۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) گائے، بھینسیں پالنے والا۔ جمع: گوالوں۔ گوالے۔

گوالن (گ۔ وا۔ لن) (ہ۔ ا۔ مث) گوالا کی تانیث۔ جمع: گوالنوں۔ گوالنیں۔

گوالن اپنے دہی کو کھٹا نہیں کہتی (اُر۔ مثل) اپنی چیز کو کوئی بُرا نہیں کہتا۔

گوانا (گ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) گانا کا متعدی المتعدی۔ کسی کو گانے کے لئے کہنا۔

گواہ (گ۔ واہ) (ف۔ ا۔ مذ) گواہی دینے والا۔ شاہد۔ فارسی جمع: گواہان۔ اُردو جمع: گواہ۔ گواہوں۔

گواہ بنانا (اُر۔ محاورہ) (۱) شاہد ٹھہرانا (۲) جھوٹا گواہ بنانا۔

گواہِ بے لوث (ف۔ صف) کھرا اور خود مختار گواہ۔

گواہِ تعلیمی (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) سکھایا پڑھایا ہوا گواہ۔

گواہ ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) گواہ کا فریقِ مخالف سے مل جانا (۲) گواہ کا بیان بگڑ جانا۔

گواہِ حاشیہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جو کسی تحریر کے حاشئے پر دستخط کرے۔

گواہ دینا (اُر۔ محاورہ) دعوے کے ثبوت یا اپنی برأت کے لئے شاہد پیش کرنا۔

گواہِ رُویت (گواہِ عینی۔ گواہِ مشاہدہ) (ف۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جس نے اپنی آنکھوں سے کوئی معاملہ دیکھا ہو۔ چشم دید گواہ۔ عینی گواہ۔

گواہِ سماعی (سمعی) (ف۔ ا۔ مذ) سُنی سُنائی بات کی گواہی دینے والا۔

گواہ طلب کرنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) عدالت میں گواہی دینے والے کا بُلایا جانا۔

گواہ کا مل جانا (اُر۔ محاورہ) گواہ کا فریقِ ثانی کا حامی ہو جانا۔

گواہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شاہد بنانا (۲) آگاہ کرنا۔ جتانا۔

گواہِ مرقومُ الحاشیہ (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جس نے دستاویز کے حاشئے پر اپنی گواہی لکھی ہو۔ نیز دیکھئے گواہِ حاشیہ۔

گواہِ مندرجہ دستاویز (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) وہ گواہ جس نے دستاویز پر دستخط کئے ہوں۔

گواہی (گ۔ وا۔ ہی) (ف۔ ا۔ مث) شہادت۔ گواہ کا بیان۔ اُردو جمع: گواہیاں۔ گواہیوں۔

گواہی اُلٹی ہو جانا (اُر۔ محاورہ) شہادت کا خلاف ہو جانا۔

گواہی دینا (اُر۔ محاورہ) شہادت دینا۔ اظہار دینا۔

گواہی کرنا (لکھنا) (اُر۔ محاورہ) کسی دستاویز پر شہادت کے طور پر اپنے دستخط کرنا۔

گوائی (گ۔ وا۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مث) گانے کی اُجرت۔

گوبر (گو۔ بر) (ہ۔ ا۔ مذ) چوپایوں کا فُضلہ۔ سرگیں۔ میلا۔

گوبر گنیش (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گوبر کا بنا ہوا گنیش (۲) (صف) نہایت بدصورت، بدنما، بے ڈول چیز (۳) موٹا (۴) سُست۔ کاہل (۵) احمق۔ کند ذہن۔

گوبردھن (گو۔ بر۔ دھن) (ہ۔ ا۔ مذ) ہندو دیومالا میں مویشیوں کا محافظ دیوتا (۲) ایک تہوار جو دیوالی کے دوسرے دن منایا جاتا ہے۔

گوبر نکال دینا (اُر۔ محاورہ) بہت مارنا۔

گوبری (گو۔ ب۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) پتلی مٹی اور گوبر کا گارا جس سے لپائی کرتے ہیں۔

گوبریلا (گوب۔ ری۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) گوبر کا کیڑا۔

گوبند (گو۔ بند) (ہ۔ ا۔ مذ) کرشن جی کا ایک لقب۔ س: گووند۔

گوبھی (گو۔ بھی) (ہ۔ ا۔ مث) کرم کلا۔ ایک ترکاری جس کی تین قسمیں ہیں: پھول گوبھی۔ بند گوبھی۔ گانٹھ گوبھی۔

گوپ (واو مجہول) (س۔ ا۔ مذ) گوجر۔ گوالا۔

گوپ (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) سونے چاندی کے تاروں کی گندھی ہوئی زنجیر (۲) سونے کا ہار (۳) سونے چاندی کی پہنچی (۴) گندھے ہوئے ریشم کا کمر بند۔

گوپال (گو۔ پال) دیکھئے گُوپال۔

گُوپال (گُو۔ پال) (ف۔ ا۔ مذ) گُرز۔ لڑائی کے ایک ہتھیار کا نام۔

گوپَن (گوپھن) (گو۔ پن۔ گو۔ پھن) (ہ۔ ا۔ مذ) گوپیا۔ فلاخن۔ سوت کا بنا ہوا آلہ جس میں پتھر یا مٹی کی گولی رکھ کر مارتے ہیں۔

گوپی (گو۔ پی) (س۔ ا۔ مث) گوالن۔ گوجری۔ گائے چرانے والی (۲) دودھ بیچنے والی (۳) کرشن جی کے ساتھ بچپن میں کھیلنے والی گوالوں کی لڑکیوں کا لقب۔ جمع: گوپیاں۔ گوپیوں۔

گوپیا (گو۔ پ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) گوپن۔ فلاخن۔ جمع: گوپیئے۔ گوپیوں۔

گوپیا پھرانا (چلانا) (اُر۔ محاورہ) فلاخن سے پرندوں کو اُڑانا۔

گوت (گوتر) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) خاندان۔ گھرانا۔ حسب نسب (۲) قوم۔ فرقہ۔ قبیلہ۔

گوتم (گو۔ تم) (س۔ ا۔ مذ) بدھ مذہب کا بانی ساکی منی جو ریاست کپل وستو میں پیدا ہوا تھا۔

گوتھنا (گوتھ۔ نا) (ہ۔ مص) پرونا۔ گوندھنا۔ سینا۔

گوتی (گو۔ تی) (واو مجہول) (ہ۔ صف) ہم نسل۔ ایک خاندان کے۔

گوٹ (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) حاشیہ۔ سنجاف۔ کنارہ۔ کور۔ لیس (۲) چوسر کی نرد (۳) دعوت (۴) گاؤں۔ موضع (۵) جماعت۔ گروہ (۶) دھاگا لپیٹنے کی ریل (۷) وہ لکڑی جو تخت یا صندوقچے کے اردگرد لگاتے ہیں۔ جمع: گوٹوں۔ گوٹیں۔

گوٹا (گوٹہ) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) کناری۔ چاندی یا سونے کے تاروں کا بافتہ۔ پتلی لیس۔ جمع: گوٹوں۔ گوٹے۔

گوٹا کناری (اُر۔ ا۔ مث) چاندی سونے کے تاروں کی لیس جو ریشم کے بانے کی بُنی جاتی ہے۔

گوج (ق۔ ا۔ مث) اسرار۔ پوشیدہ بات۔

گوجر (گو۔ جر) (ہ۔ ا۔ مذ) برِّ صغیر کی ایک قدیم زمیندار قوم۔ جمع: گوجر۔ گوجروں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گوجرا (گوج۔ را)(ہ۔ا۔مذ) گیہوں اور جَو ملا ہوا اناج۔

گوجری (گوج۔ ری)(ہ۔ا۔مث) گوجر کی تانیث۔ گجری۔ گوجر قوم کی عورت۔ جمع: گوجریاں۔ گوجریوں۔

گوجھا (گو۔ جھا)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) جیب۔ کیسہ۔ پاکٹ (۲) ایک قسم کا پکوان۔ سموسہ (۳) ایک قسم کی خاردار گھاس (۴)(صف) خُفیہ۔ چھپا ہوا۔

گوجھے (ہ۔ا۔مذ)(۱) گوجھا کی جمع (۲) گوجھا کی مغیرہ صورت۔

گوجھے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ (ہ۔مثل) گھر کی تکلیفیں کچھ گھر والے ہی جانتے ہیں۔

گوچنا (گونچنا) (گوچ۔ نا)(گونچ۔ نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) کسی چیز کو ہوا کے رُخ اِس طرح ہاتھوں پر لینا کہ زمین پر گرنے نہ پائے۔

گوچنی (گوچ۔ نی)(ہ۔ا۔مث) گیہوں اور چنے ملا ہوا غلّہ۔

گود (واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) آغوش۔ پہلو۔ کنار۔ جمع: گودوں۔ گودیں۔

گود بٹھانا (اُر۔ محاورہ) متبنّیٰ کرنا۔ لے پالک بنانا۔

گود بھرنا (اُر۔ محاورہ) حاملہ عورتوں کی رَسم۔ شگون کے طور پر دُوسری عورتیں حاملہ کی گود میں سات قسم کے میوے اور سات قسم کی ترکاریاں رکھتی ہیں۔

گود بھری (اُر۔ صف) بچّے والی۔ صاحبِ اولاد۔

گود بھری رہے (اُر۔ دُعا) گود میں ہر وقت بچّہ رہے۔ اولاد زندہ سلامت رہے۔

گود پسار کے کوسنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پھیلا کے یا دامن پھیلا کے کسی کے لئے بددُعا کرنا۔

گود پسارنا (پھیلانا) (اُر۔ محاورہ) دامن پھیلانا۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔

گود دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) اپنا بچّہ کسی کی گود میں ڈالنا (۲) اپنا بچّہ کسی کو لے پالک بنانے کے لئے دینا۔

گود کا (اُر۔ صف) دودھ پیتا بچّہ۔ شیر خوار۔

گود کا پالا (اُر۔ صف) بہت پیارا۔

گود کھلانا (اُر۔ محاورہ)(۱) بچّے کو گود میں بٹھا کر بہلانا (۲) پالنا۔ پرورش کرنا۔ بچّے کو دودھ پلانا۔

گود کھلایا گود میں نہیں رہتا (اُر۔ مثل) اِنسان ہمیشہ یکساں اور ایک حال میں نہیں رہتا (۲) بے وقوف بچّہ بڑا ہو کر بے وقوف نہیں رہتا۔

گود لینا (اُر۔ محاورہ) متبنّیٰ کرنا۔ لے پالک بنانا۔

گود میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا (اُر۔ مثل) دیکھئے بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا۔

گود میں لینا (اُر۔ محاورہ) آغوش میں لینا۔ زانوؤں پر بٹھانا۔

گودا (گو۔ دا)(ہ۔ا۔مذ) مغز۔ بھیجا (۲) گری (۳) اَندرونی حصّہ (۴) خلاصہ۔ کسی چیز کا بہترین حصّہ (۵) ہڈی کے اَندر کی نرم چیز۔ مینگ۔ مغزِ استخواں۔

گودا نکالنا (اُر۔ محاورہ) مغز باہر نکالنا۔

گودام (انگ Godown کا مؤرّد۔ ا۔مذ) دیکھئے گدام۔

گودڑ (گو۔ دڑ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) پھٹا پُرانا اور ناکارہ کپڑا (۲) پُرانی رُوئی جو لحاف وغیرہ سے نکالی جائے (۳) آنکھوں کا میل۔

گودڑ خیل (اُر۔ صف) پھوہڑ اور بدسلیقہ عورت۔

گودڑ کا لال (لعل) (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے گدڑی کا لعل۔

گودڑ گانٹھنا (اُر۔ محاورہ) پھٹے پُرانے کپڑے میں پیوند لگانا۔

گودڑ میں گندوڑا نکلنا (اُر۔ محاورہ) جاہلوں کے ہاں عالم کا پیدا ہونا۔ بُروں میں اچھا نکلنا۔

گودنا (گود۔ نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) بدن میں سُوئی سے سُرمہ یا نیل بھرنا (۲) آم یا آملہ یا کسی اور پھل میں سوئی یا کسی اور شے سے سُوراخ کرنا۔

گودی (واو مجہول)(اُر۔ا۔مث)(۱) گود۔ آغوش۔ کنار۔ جھولی (۲) پہلو۔ کوکھ (۳) دامن۔ آنچل (۴) بندرگاہ کا ایک حصّہ۔ جمع: گودیاں۔ گودیوں۔

گودی پھیلا پھیلا کر دُعا دینا (اُر۔ محاورہ) دِل سے دُعا دینا۔

گودی میں بیٹھ کے ڈاڑھی نوچے (اُر۔ مثل) بہت بے اَدب ہے۔ جس سے نفع حاصل کرے اُسی کی توہین کرے۔

گوڈا (ق۔ا۔مذ) گھٹنا۔ زانو۔

گَور (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مث) دیوی پاربتی (۲) ہندوؤں میں شادی کی ایک رَسم۔

گور (واو مجہول)(ف۔ا۔مث) قبر۔ تُربت۔ مزار۔

گور بنانا (اُر۔ محاورہ) قبر کھودنا۔

گور پر چُونا پھیرنا (اُر۔ محاورہ) مرے ہوئے کی یاد تازہ کرنا (۲) نام روشن کرنا۔

گور پر رونا (اُر۔ محاورہ) قبر پر بیٹھ کر رونا (۲) کسی کی اچھی صفات یاد کر کے رونا۔

گور پرست (ف۔ صف) قبر کی پرستش کرنے والا۔ قبر پرست۔

گور پر گور نہیں ہوتی (اُر۔ مثل) ایک شخص کے قابض ہوتے ہوئے دُوسرے کو دخل نہیں ہوتا۔

گور جھانک آنا (اُر۔ محاورہ) بیمار کا مرتے مرتے بچ جانا۔

گور خانہ (ف۔ا۔مذ)(۱) مقبرہ۔ قبر (۲) غار۔ گڑھا (۳) ایسا مکان جس میں کھڑکی اور روشن دان نہ ہو۔

گورستان (گور۔ اِستان)(ف۔ا۔مذ) قبرستان۔

گور سے پیٹھ نہ لگنا (اُر۔ محاورہ) مرنے کے بعد بھی چین نہ ملنا۔

گورِ غریباں (ف۔ا۔مث) زمین کا وہ ٹکڑا جہاں مسافروں کو دفن کرتے ہیں۔ بیکسوں کا گورستان۔ غریبوں کی ٹوٹی پھوٹی قبریں۔

گور کا مُنہ جھانک آنا (کر پھرنا) (اُر۔ محاورہ) کسی مُہلک بیماری سے نجات پانا۔ اَز سرِ نو زندگی حاصل کرنا۔

گور کفن کرنا (اُر۔ محاورہ) تجہیز و تکفین کرنا۔

گورکن (ک پر زبر)(ف۔ا۔مذ) قبر کھودنے والا۔ وہ شخص جس کا پیشہ قبر کھودنے اور مُردے دفن کرنے کا ہو۔

گور کنارے جا لگنا (پہنچنا) (اُر۔ محاورہ) مرنے کو تیار بیٹھنا۔ قریب مرگ ہونا (۲) نہایت بوڑھا ہونا۔

گور کھودنا (اُر۔ مص مُرکّب) قبر کھودنا۔ قبر تیار کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گور کی گود میں پلنا (اُر۔ محاورہ) کمال ایذا اور تکلیف میں پرورش پانا۔
گور کے مُردے اُکھاڑنا (اُر۔ محاورہ) پچھلی باتوں کو یاد کرنا (۲) پُرانے جھگڑے نکالنا۔
گور کے مُردے سے بدتر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بہت لاغر اور ضعیف ہو جانا۔
گور گڑھا (اُر۔ ا۔ مذ) تجہیز و تکفین۔
گور گڑھا کرنا (اُر۔ محاورہ) مُردے کی تجہیز و تکفین کرنا (۲) نیست و نابود کرنا۔
گور میں انگارے بھرنا (اُر۔ محاورہ) گناہ گار ہونا۔ بدی کرنا۔ عذاب کمانا۔
گور میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں (اُر۔ محاورہ) چند روز کے مہمان ہیں۔ نہایت بوڑھے ہیں۔ مرنے کے قریب ہیں۔
گور میں دُھواں اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) عذابِ قبر ہونا۔
گور میں کیڑے پڑیں (اُر۔ بددُعا) لاش میں کیڑے پڑیں۔
گور میں لات مار کر کھڑا ہونا (اُر۔ محاورہ) سخت بیماری سے شفا پانا۔
گورا (گو۔ را) (واو مجہول) (ہ۔ صف) چِٹّا۔ سفید رنگ کا (۲) خوبصورت۔ حسین (۳) (اُر۔ ا۔ مذ) یورپین سپاہی۔ فرنگی۔ جمع: گوروں۔ گورے۔
گورا پن (ہ۔ ا۔ مذ) رنگ کی سفیدی۔ صباحت۔
گورا چِٹّا (اُر۔ صف) بہت گورا۔ خوبصورت۔ حسین و جمیل۔
گورا شاہی (اُر۔ صف) (۱) گوروں کے استعمال کا (۲) (ا۔ مث) فرنگیوں کی حکومت (۳) (ا۔ مذ) فرنگی سپاہیوں کے پہننے کا بہت مضبوط بوٹ۔
گورا گٹّا (ق۔ صف) سُرخ و سفید۔
گورا گورا (اُر۔ صف) بہت خوبصورت۔ حسین و صبیح۔
گورا (گو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) چڑیا کا نر۔ گوریا کا نر۔
گورِستان (ف۔ ا۔ مذ) گور کے تحت دیکھیے۔
گورخر (ف۔ ا۔ مذ) جنگلی گدھا۔ وسط ایشیا میں پایا جاتا ہے۔
گورکھا (گور۔ کھا) (ہ۔ ا۔ مذ) نیپال کا باشندہ۔ ان کی اکثریت تبتی منگول نسل کی ہے۔ جمع: گورکھوں۔ گورکھے۔
گورکھ دھندا (دھندھا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک پیچیدہ قفل جس کا کھولنا مشکل ہوتا ہے (۲) پیچیدہ معاملہ۔ جمع: گورکھ دھندوں۔ دھندے۔
گورنس (Governess) (انگ۔ ا۔ مث) اُستانی۔ خاتون اتالیق۔ رؤسا کے گھروں میں چھوٹے بچوں کی نگران یا آیا۔
گورنر (Governor) (انگ۔ ا۔ مذ) حاکم اعلیٰ۔ ناظم اعلیٰ (۲) صوبے کا حاکم اعلیٰ (۳) کالج یا اسکول کا افسر اعلیٰ یا اُس کی مجلسِ انتظامیہ کا رکن (۴) وہ پُرزہ جس کے ذریعے مشین کو گیس پہنچتی ہے۔ اُردو جمع: گورنر۔ گورنروں۔
گورنر جنرل (Governor General) (انگ۔ ا۔ مذ) وائسرائے۔ نائب سلطنت۔
گورنری (گَ۔ وَر۔ نَ۔ ری) (اُر۔ ا۔ مث) گورنر کا عہدہ (۲) گورنر کی حکومت۔
گورنمنٹ (Government) (انگ۔ ا۔ مث) سرکار۔ حکومت۔ حُکمرانی۔ راج۔ عمل داری۔
گورنمنٹ ہاؤس (انگ۔ ا۔ مذ) گورنر کی سرکاری اقامت گاہ۔
گورُو (گو۔ رُو) (ہ۔ ا۔ مذ) گائے، بھینس اور دُوسرے سینگ والے مویشی۔
گورُو (گو۔ رُو) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھیے گُرو۔
گوری (گو۔ ری) (س۔ ا۔ مث) (۱) پاربتی۔ مہادیو شو کی استری (۲) چھوٹی بچی۔ باکرہ۔ دوشیزہ (۳) مالکوس راگ کی دُوسری راگنی کا نام۔
گوری (واو مجہول) (ہ۔ صف) گورا کی تانیث۔ سفید فام عورت۔
گوری کا جوبن چٹکیوں میں جانا (اُر۔ محاورہ) کسی کے حُسن کی بے قدری ہونا۔ کسی چیز کی خوبی کا ضائع جانا۔
گوریا (گوریّا) (گو۔ ر۔ یا) (گو۔ ری۔ یا) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چڑیا (۲) مٹی کا چھوٹا حقہ۔
گوریلا (Gorilla) (انگ۔ ا۔ مذ) بن مانس۔ بندر کی سب سے بڑی قسم۔
گوریلا (Guerrilla) (ہسپانوی۔ ا۔ مذ) دُشمن کے مقبوضہ علاقوں میں قابض فوجوں پر چھپ کر حملہ کرنے والا حریت پسند۔ اسے اُردو میں چھاپہ مار بھی کہتے ہیں۔ اُردو جمع: گوریلوں۔ گوریلے۔
گوریلا جنگ (اُر۔ ا۔ مذ) دُشمن کی فوجوں کے خلاف "مارو اور بھاگو" قسم کی غیر منظم جنگ جس کا مقصد قابض فوجوں میں خوف و ہراس پھیلانا، اُن کے سامانِ رَسد کو تباہ کرنا اور مواصلات کے نظام کو درہم برہم کرنا ہے۔ (Guerrilla Warfare)۔
گوڑ (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ ا۔ مذ) بنگال کا درمیانی حصّہ (۲) گوڑ کا باشندہ (۳) برہمنوں کا ایک اعلیٰ فرقہ (۴) بنگال کے قدیم دارالحکومت کا نام۔
گوڑ (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) پاؤں۔ قدم (۲) پنڈلی۔ ٹانگ (۳) ٹخنا (۴) زمین کھودنا۔ ہل چلانا۔
گوڑ پڑنا (گوڑ لگنا) (ہ۔ محاورہ) پاؤں پڑنا۔ خوشامد کرنا۔
گوڑ دینا (گوڑ کے رکھ دینا) (ہ۔ محاورہ) خراب کر دینا۔ پڑھا لکھا بُھلا دینا۔
گوڑا (گو۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) گوڑا۔ گھٹنا۔ جمع: گوڑوں۔ گوڑے۔
گوڑنا (گوڑ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہل چلانا۔ زمین کھودنا (۲) اناج سے بُھس نکالنا (۳) خراب کرنا۔
گوڑی (گو۔ ڑی) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) فائدہ۔ نفع۔ وہ مال جو محنت و مشقت کے بغیر حاصل ہو (۲) چوری کرنا۔ لے جانا۔
گوڑی کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کمانا (۲) فائدہ اُٹھانا۔
گوڑی ہاتھ سے جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) کمائی نہ ہونا۔ کچھ ہاتھ نہ لگنا (۲) شکار جاتا رہنا۔
گوڑی (گو۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گُڑ کی شراب (۲) ایک راگنی کا نام۔
گوڑیت (گو۔ ڑیت) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گاؤں کا چوکیدار (۲) مُخبر۔
گوز (واو معروف) (ف۔ ا۔ مذ) پاد۔ ریح۔ وہ گندی ہوا جو مقعد سے باآواز بلند خارج ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گوز اُڑانا (گوز مارنا) (اَر۔ محاورہ) پاد مارنا (۲) بیکار وقت ضائع کرنا۔
گوز پر گوز وُضو پر وُضو (اَر۔ مثل) بڑے مکار کی نسبت بولتے ہیں۔
گوزِ شتر (ف۔ ا۔ مذ) بے بنیاد، بے وقعت، باد ہوائی، بیہودہ، بے اثر، بے تاثیر بات۔
گوزِ شتر زمین کا نہ آسمان کا (اَر۔ مثل) یہ مثل بے تکی بات کی نسبت بولتے ہیں۔
گوزِ شتر سمجھنا (اَر۔ محاورہ) خاطر میں نہ لانا۔ بیہودہ اور لغو خیال کرنا۔ بے وقعت سمجھنا۔
گوزن (گَ۔ وَزن) (ف۔ ا۔ مث) پہاڑی یا جنگلی گائے۔ بارہ سنگا۔ سانبھر۔
گوسالہ (گو۔ سا۔ لہ) (ف۔ ا۔ مذ) گائے کا ایک سالہ بچہ۔ بچھڑا۔
گوسالۂ فلک (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) بُرج ثور۔
گوسائیں۔ دیکھئے گسائیں۔
گوسپند (گوسفند) (گوس۔ پَند) (گوس۔ فَند) (ف۔ ا۔ مث) بھیڑ۔ بھیڑی۔ دُنبہ۔ مینڈھا۔ بکری۔ بکرا۔ جمع: گوسپنداں۔ گوسفنداں۔
گوش (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) کان۔ اُذن۔ وہ عضو جس سے جاندار سنتے ہیں۔ جمع: گوش ہا۔
گوش بر آواز ہونا (بدَر ہونا۔ براہ ہونا) (اَر۔ محاورہ) کسی کی بات سننے کا منتظر ہونا۔ کسی خبر کے آنے کی اُمید رکھنا۔
گوش بُریدہ (ف۔ صف) کن کٹا۔ جس کا کان کٹا ہوا ہو۔
گوش بہ فریاد (ف۔ صف) فریاد سننے پر متوجہ۔
گوشِ دِل سے سننا (اَر۔ محاورہ) ذوق و شوق سے سننا۔ بڑی توجہ سے سننا۔
گوش زد (ف۔ صف) وہ بات جو سُنی جائے۔
گوشِ شِنوا (ف۔ ا۔ مذ) سننے والا کان۔ جو سُن کر کہا مانے اور عبرت حاصل کرے۔
گوش گزار کرنا (اَر۔ محاورہ) سُنانا۔ اِطلاع دینا۔ آگاہ کرنا۔
گوش مال (گوش مالی) (ف۔ ا۔ مث) تنبیہ۔ تادیب۔ سزا۔
گوش مالی دینا (اَر۔ محاورہ) کان اینٹھنا۔ تنبیہ کرنا۔
گوشوارہ (گوش۔ وا۔ رہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کان کا بالا۔ آویزہ (۲) بہت بڑا موتی (۳) خُلاصہ۔ حساب۔ میزان۔ جوڑ (۴) کسی نقشے یا رجسٹر کی پیشانی۔ اُردو جمع: گوشواروں۔ گوشوارے۔
گوشِ ہوش (ف۔ ا۔ مذ) ہوش کے کان۔ ہوشیاری۔
گوشِ ہوش سے سننا (اَر۔ محاورہ) غور سے سننا۔ نصیحت پکڑنا۔
گوشت (واو مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) لحم۔ ماس۔
گوشت پوست (ف۔ ا۔ مذ) ماس اور کھال۔ تمام اعضا۔
گوشت خر دندانِ سگ (ف۔ مثل) گدھے کا گوشت کتے کے دانتوں کے لئے ہے۔ خراب چیز خراب جگہ صَرف ہوتی ہے۔ دو بُرے شخصوں کے آپس میں لڑنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
گوشت خوار (خور) (ف۔ صف) گوشت کھانے والا۔
گوشت سے ناخن جدا کرنا (اَر۔ محاورہ) اپنوں کو چھڑانا۔ گہرے دوستوں میں تفرقہ ڈالنا۔
گوشت سے ناخن جدا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) اپنوں کا چھوٹ جانا (۲) کوئی ناممکن اور دُشوار کام ہونا۔
گوشت کا لوتھڑا (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) گوشت کا ٹکڑا (۲) بالکل نکما جس سے کچھ نہ ہو سکے۔ اپاہج، سُست، بیوقوف آدمی۔
گوشت میں بھرا ہونا (اَر۔ محاورہ) پُر گوشت ہونا۔ فربہ ہونا۔ موٹا ہونا۔
گوشت ناخنوں سے کبھی جدا نہیں ہوتا (اَر۔ مثل) اِنسان رشتے داروں اور عزیزوں سے جدا نہیں ہو سکتا۔
گوشوارہ۔ گوش کے تحت دیکھئے۔
گوشہ (گو۔ شہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کونا (۲) خلوت۔ تنہائی۔ کنارہ۔ تخلیہ (۳) طرف۔ جانب (۴) کمان کا سرا۔ جمع: گوشہ ہا۔ اُردو جمع: گوشوں۔ گوشے۔
گوشۂ تنہائی (ف۔ ا۔ مذ) تنہائی کی جگہ۔ خلوت۔
گوشۂ چشم (ف۔ ا۔ مذ) آنکھ کا کونا۔
گوشہ دار (ف۔ صف) کونے رکھنے والا۔
گوشۂ دِل میں جگہ دینا (اَر۔ محاورہ) یاد رکھنا۔
گوشۂ دہن (ف۔ ا۔ مذ) مُنہ کا کونا۔ باچھ۔
گوشۂ زنجیر (ف۔ ا۔ مذ) زنجیر کا حلقہ۔
گوشۂ عافیت (ف۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں کوئی جھگڑا بکھیڑا نہ ہو۔ اَمن کی جگہ۔
گوشۂ کمان (ف۔ ا۔ مذ) کمان کی نوک جس میں تانت اَٹکی ہوتی ہے۔
گوشہ گیر (گزین) (ف۔ صف) گوشے میں بیٹھنے والا۔ دُنیا سے مُنہ موڑنے والا۔
گوشہ گیر ہونا (اَر۔ محاورہ) گوشہ نشین ہونا۔ دُنیا سے کنارہ کش ہونا۔
گوشہ نشین (ف۔ صف) دیکھئے گوشہ گیر۔
گوشہ نشینی (ف۔ ا۔ مث) عزلت۔ تنہائی۔ علیحدگی۔ گوشے میں بیٹھنا۔
گوشے (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) گوشہ کی اُردو جمع (۲) گوشہ کی مُغیرہ صورت۔
گوشے میں بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) دُنیا کے بکھیڑوں سے الگ ہو جانا۔ اعتکاف میں بیٹھنا۔
گوکل (گو۔ کُل) (س۔ ا۔ مذ) کرشن جی کی پیدائش کا مقام۔
گوکھا (گو۔ کھا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گائے کا چمڑا (۲) (صف) اَحمق۔ بیوقوف۔
گوکھرو (گوکھ۔ رُو) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک کانٹا جو سہ گوشہ ہوتا ہے۔ بھکڑا۔ خسک (۲) گوکھرو کا پودا یا بیل (۳) لوہے کے کانٹے جو دُشمن کی راہ میں ڈال دیتے ہیں (۴) کان کا ایک زیور (۵) مُقیش کا موڑا ہوا گوٹا (۶) ایک مرض جو اِنسان کے تلووں اور جانوروں کے کُھروں میں ہوتا ہے۔
گوگا (گو۔ گا) (ہ۔ ا۔ مذ) خاکروبوں کا پیر۔
گوگرد (گو۔ گرد) (ف۔ ا۔ مذ) گندھک۔ کبریت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گوگل (گو۔گل)(ہ۔ا۔مذ) ایک درخت کا خوشبودار گوند۔

گوگلی (Googly) (انگ۔ا۔مث) کرکٹ کی گیند پھینکنے کا ایک طریقہ۔

گول (Goal) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ہاکی' پولو' فٹ بال اور بعض دُوسرے مغربی کھیلوں میں دو نشانوں کے بیچ کی جگہ جس میں ہاکی وغیرہ کی گیند نکالتے ہیں (۲) ایک بار کی جیت۔ اُردو جمع: گول۔ گولوں۔

گول (واو مجہول)(س۔صف) (۱) مدوّر۔ چکّر دار (۲) وہ بات جو بخوبی سمجھ میں نہ آئے۔ مشکوک۔ پیچیدہ (۳)(ہ۔ا۔مذ) کُرہ۔ دائرہ۔ گیند۔

گول بات (اَر۔ا۔مث) مُبہم بات جو ٹھیک طرح سمجھ میں نہ آئے۔ پیچ دار بات۔

گول بدن (اَر۔ا۔مذ) جسم جو مُٹاپے کی وجہ سے گول ہوگیا ہو۔ بھرا ہوا بدن۔

گول شاخ (اَر۔ا۔مث) بھری ہوئی شاخ جو کسی جانب دبی ہوئی نہ ہو۔

گول گپا (اَر۔صف)(۱) گول مٹول۔ موٹا تازہ (۲)(ا۔مذ) سونٹھ کا بتاشا۔

گول گرارہ (اَر۔ا۔مذ) کنوئیں کا گول چرخ۔

گول گول (اَر۔صف)(۱) مشتبہ۔ مُبہم۔ مشکوک (۲) مدوّر۔ گول۔

گول گول کہنا (اَر۔محاورہ) صاف صاف نہ کہنا۔ اِس طرح بیان کرنا کہ بخوبی سمجھ میں نہ آئے۔

گول گھر (اَر۔ا۔مذ) قید خانہ۔

گول مال (اَر۔صف)(۱) رَلا مِلا۔ مِلا جُلا (۲) مشتبہ۔ مشکوک (۳) غائب (۴)(ا۔مذ) سازش (۵) غبن۔ خیانت۔

گول مال کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) گڈمڈ کرنا (۲) غبن کرنا۔ خیانت کرنا (۳) غائب کرنا۔ چرا لینا (۴) اَٹ سَٹ کرنا۔ سازش کرنا۔

گول مرچ (اَر۔ا۔مث) کالی مرچ۔

گول مُنہ (اَر۔ا۔مذ) آفتابی چہرہ۔ چوڑا مُنہ۔

گول مول (اَر۔صف)(۱) مدوّر۔ نہایت گول (۲) موٹا تازہ اور ٹھگنا آدمی (۳) پیچیدہ۔ مبہم۔

گول مول جواب (اَر۔ا۔مذ) پیچیدہ جواب۔ مُبہم جواب۔

گول (ہو) رہنا (اَر۔محاورہ) خاموش ہو رہنا۔ جواب نہ دینا۔

گولا (گو۔لا)(واو مجہول)(اَر۔ا۔مذ)(۱) گھیرا (۲) تاگوں کی پِچک (۳) گیند (۴) ستون کے گرد اُبھرا ہوا حلقہ (۵) ایک قسم کا کبوتر (۶) پگڑی کا قالب جس پر دستار بند پگڑی باندھا کرتے ہیں (۷) ناریل کے اندر کی گری (۸) اناج کا کوٹھا۔ اناج کی منڈی (۹) پکا کنواں جو اندر سے اَستر کاری کیا ہوا ہو (۱۰) گول شہتیر (۱۱) بڑی گولی جو توپ میں ڈالتے ہیں (۱۲) ہوا جو اِنسان کے پیٹ میں گھومتی ہے اور اُس سے درد ہوتا ہے (۱۳) اُن چرخی چلانے کی گول لکڑی (۱۴) پکی سڑک کا درمیانی اُبھرا ہوا حصّہ (۱۵) ایک قسم کی آتش بازی۔ جمع: گولوں۔ گولے۔

گولا اُٹھانا (اَر۔محاورہ) پُرانی رسم کے مطابق اپنی صداقت اور برأت کے لئے جلتے ہوئے لوہے کو ہاتھ میں پکڑ لینا کہ اگر ہم سچے ہوں گے تو اِس گرم لوہے کا کوئی اثر نہ ہوگا اور جُھوٹے ہوئے تو جلا دے گا۔

گولا چلانا (اَر۔محاورہ) گولا مارنا۔ توپ چھوڑنا۔

گولا دھار برسنا (اَر۔محاورہ) موسلا دھار مینہ برسنا۔ زور کی بارش ہونا۔

گولا لاٹھی (اَر۔ا۔مث) ہاتھ پاؤں سمیٹ کر لیٹنے کی حالت۔

گولا لاٹھی کرنا (اَر۔محاورہ) ہاتھ پاؤں باندھ کر گھٹنوں میں لاٹھی دے کر اُٹھانا جو ایک سزا ہے (۲) مائیں چھوٹے بچّوں کے چاروں ہاتھ پیر اکٹھے پکڑ کر اُن کو اُٹھاتی ہیں جو بچّوں کی ایک ورزش ہے۔

گولائی (گو۔لا۔اِی)(ہ۔ا۔مث) دَور۔ چکّر۔ جمع: گولائیاں۔ گولائیوں۔

گولڈ (Gold) (انگ۔ا۔مذ) سونا۔ زر۔ طِلا (۲) روپیہ۔ پیسا۔ مال۔ دولت (۳) خوبصورت۔ شاندار۔ قیمتی۔

گولڈ فِش (Gold Fish) (انگ۔ا۔مث) تازہ پانی کی ایک چھوٹی سی خوبصورت مچھلی۔ عموماً سُرخ' سُنہری' سفید اور سیاہ رَنگ کی ہوتی ہے۔

گولڈن (Golden) (انگ۔صف) طِلائی۔ سُنہری۔ سونے کا (۲) چمکدار۔ قیمتی۔ عُمدہ (۳) زرخیز۔

گُولر (گُو۔لر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک پھل جو انجیر سے مشابہ ہوتا ہے (۲) اس پھل کا درخت جس میں پُھول نہیں آتے (۳) کپاس۔ کپاس کا ڈوڈا۔ جمع: گُولر۔ گُولروں۔

گولر کا پُھول (اَر۔صف) نایاب۔ کمیاب۔ ناپید۔

گولر کا پُھول کِھلنا (اَر۔محاورہ) عجیب بات ہونا۔

گولر کا پیٹ پھڑوانا (اَر۔محاورہ) بھید کھلوانا۔ پوشیدہ یا دبی ہوئی بات کو ظاہر کروانا۔

گولر کا کباب (اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا کباب جو گوشت کو جوش دے کر اور پودینہ اور سُرخ مرچ بھر کر پکاتے ہیں۔

گولر کا کیڑا (اَر۔ا۔مذ) وہ کیڑا جو گولر کے اندر رہتا ہے (۲) وہ شخص جو گھر سے باہر نہ نکلتا ہو۔ تنگ نظر' قناعت پرست آدمی۔

گولر کپکنا (گَ۔پَک۔نا)(اَر۔محاورہ) چبا چبا کر باتیں کرنا۔

گولف (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے گاف۔

گُولک (گُو۔لک)(ہ۔ا۔مذ ومث)(۱) گلّا۔ روزمرّہ کی بکری رکھنے کا ظرف (۲) حرامی بچّہ۔

گولہ (گو۔لہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) گیند (۲) دھات یا مٹّی کی گول شکل (۳) کُرہ۔ توپ کا گولا۔ اُردو جمع: گولوں۔ گولے۔

گولہ انداز (گولنداز) (ف۔ا۔مذ) توپچی۔ توپ چلانے والا۔

گولہ باری کرنا (اَر۔محاورہ) توپ کے گولے پھینکنا۔

گولی (گو۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) گولا کی تصغیر (۲) کسی ٹھوس چیز کی مدوّر شکل (۳) بندوق یا پستول کی گولی (۴) افیون کی گولی (۵) دوا کی ٹکیا (۶) چھوٹی گول چیز (۷) بچّوں کے کھیلنے کی گولی۔ جمع: گولیاں۔ گولیوں۔

گولی بارُود کہیں جائے 'طلب لینے سے کام (اَر۔مثل) کسی کا کام بگڑے یا سنورے اپنے مطلب اور تنخواہ سے کام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گولی بچا جانا (اُر۔ محاورہ) کسی مشکل کام سے الگ ہو جانا۔
گولی بنانا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کو مدوّر شکل کا بنانا۔
گولی بیٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) گولی کا کسی جگہ لگ جانا۔
گولی پر گولی لگانا (اُر۔ محاورہ) متواتر گولیاں چلانا۔
گولی پلانا (اُر۔ محاورہ) بندوق میں گولی بھرنا۔
گولی چلانا (اُر۔ محاورہ) گولی مارنا۔ کسی کو گولی کا نشانہ بنانا۔
گولی چوکنا (اُر۔ محاورہ) نشانہ خطا جانا۔
گولی دینا (اُر۔ محاورہ) دوا کی ٹکیا کھلانا۔
گولی ڈھالنا (اُر۔ محاورہ) سانچے میں گولی بنانا۔
گولی کا ٹپا (اُر۔ اِ۔ مذ) وہ فاصلہ جہاں تک بندوق کی گولی جا سکے۔
گولی کان پر سے نکل جانا (اُر۔ محاورہ) کسی صدمے یا آفت سے بال بال بچ جانا۔
گولی کھانا (اُر۔ محاورہ) بندوق کی گولی لگنا۔
گولی لگنا (اُر۔ محاورہ) بندوق کا نشانہ لگنا (۲) گولی کی ضرب یا زخم آنا۔
گولی لگے (اُر۔ بددعا) بندوق سے مارا جائے۔
گولی مارنا (اُر۔ محاورہ) گولی چلانا۔ جان سے مارنا۔
گولی مارو (اُر۔ کلمۂ نفرت) دُور کرو۔ ایسے کام کا نام نہ لو۔
گولیاں (ہ۔ اِ۔ مث) گولی کی جمع۔
گولیاں چلنا (اُر۔ محاورہ) بندوق وغیرہ سے مسلسل گولیاں چلائی جانا۔
گولیاں کھیلتے ہیں (اُر۔ محاورہ) ابھی تک بچّے ہیں۔ ناسمجھ ہیں۔
گولیاں کھیلنا (اُر۔ محاورہ) گولیوں کا کھیل کھیلنا (۲) بچپن کا زمانہ ہونا۔
گولیوں (اُر۔ اِ۔ مث) گولی کی جمع۔
گولیوں کا مینہ برسنا (اُر۔ محاورہ) گولیوں کی بوچھاڑ ہونا۔ لگاتار گولیاں چلنا۔
گومتا (گوم۔ تا) (ہ۔ اِ۔ مذ) ایک دوا کا نام۔
گومڑ (گومڑا) (گو۔ مڑ) (گوم۔ ڑا) (ہ۔ اِ۔ مذ) سُوجن۔ ورم۔ اماس (۲) ڈنبل۔ پھوڑا۔
گومڑا پڑنا (اُر۔ محاورہ) چوٹ کے باعث سوجن کا ظاہر ہونا۔
گومڑی (گو۔ مَ۔ ڑی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) گومڑ کی تصغیر (۲) پھنسی۔ دانہ۔
گومگو (گو۔ مَ۔ گو) گو کے تحت دیکھیے۔
گوں (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ اِ۔ مث) مطلب۔ غرض۔ واسطہ (۲) خواہش۔ ضرورت (۳) قابل۔ لائق۔
گوں کا (اُر۔ اِ۔ مذ) مطلب کا۔ غرض کا۔ لالچی (۲) کام کا۔
گوں کا یار (اُر۔ صف) مطلب کا یار۔ خود غرض۔
گوں گانٹھنا (گوں نکالنا) (اُر۔ محاورہ) مطلب براری کرنا۔ میل جول کر کام بنا لینا۔ چاپلوسی کر کے مطلب نکال لینا۔
گوں گانٹھیا (اُر۔ صف) چاپلوسی کر کے مطلب نکالنے والا۔
گوں گیر (اُر۔ صف) خود غرض۔ مطلبی۔
گوں نکل گئی آنکھ بدل گئی (اُر۔ مثل) مطلب نکال لینے کے بعد بے

پروا ہو گیا۔
گَون (واو معروف) (ہ۔ اِ۔ مث) خرجین۔ باربردار جانور پر سامان لادنے کا تھیلا جو عموماً ٹاٹ یا موٹے بالوں یا رسیوں سے بنایا جاتا ہے۔
گُوں (واو معروف) (نونِ غنّہ) (ف۔ اِ۔ مذ) رنگ (۲) طرز۔ ڈھنگ۔ مُرکّبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے نیل گوں۔
گونا (ہ۔ اِ۔ مذ) دولھا کا سسرال جا کر دلہن کو اپنے گھر لانا۔
گوناگوں (گو۔ نا۔ گوں) (ف۔ صف) طرح طرح کا۔ رنگ برنگ۔
گونتھنا (گونتھ۔ نا) (ہ۔ مص) ریشم کے تاروں کو آپس میں لپیٹنا۔ گوندھنا۔
گونج (واو معروف) (نونِ غنّہ) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) دیکھیے صدائے بازگشت (۲) شور۔ گرج (۳) شیر کی آواز (۴) ناک کا ایک زیور۔
گونج اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) آواز سے پُر ہو جانا۔ شور و فغاں سے لبریز ہونا۔
گونجنا (گونج۔ نا) (اُر۔ مص) آواز کا پہاڑ گنبد یا دیوار سے ٹکرا کر واپس آنا (۲) شیر کا دہاڑنا (۳) کبوتر کا مستی میں بولنا۔
گونچ (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) رتّی۔ گھونگچی (۲) ایک قسم کی مچھلی۔
گونچنا (گونچ۔ نا) (ہ۔ مص) کسی چیز کو ہوا کے رُخ اِس طرح ہاتھ میں لینا کہ گرنے نہ پائے۔ نیز دیکھیے گوچنا۔
گوند (واو مجہول) (نونِ غنّہ) (ہ۔ اِ۔ مذ و مث) ایک قسم کا لیس دار مادّہ جو درختوں سے نکلتا ہے۔
گوند پنجیری (گوند کھانے) (اُر۔ اِ۔ پہلا مث دُوسرا مذ) گوند اور آٹے کی بنی ہوئی پنجیری یا کھانے وغیرہ جو زچّہ کو کھلائے جاتے ہیں۔
گوند پنجیری اور ہی کھائیں۔ زچّہ رانی پڑی کراہیں (اُر۔ مثل) مزے اور اُڑائیں تکلیف کوئی اُٹھائے۔
گوند دانی (اُر۔ اِ۔ مث) وہ برتن جس میں بھیگا ہوا گوند رکھا جاتا ہے۔
گوند کش (ک پر زبر) (ف۔ صف) جس سے گوند دانی میں سے گوند نکالا جاتا ہے۔
گوندا (گوں۔ دا) (ہ۔ اِ۔ مذ) بُھنے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا آٹا جو پرندوں کو کھلایا جاتا ہے (۲) گھتھی۔
گوندا دِکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) بُلبلوں کو باہم لڑانے کے لئے چارا دکھا کر بھڑکانا (۲) ورغلانا۔ اُکسانا۔ لڑوانا۔
گوندلا (گوند۔ لا) (ہ۔ صف) مدوّر۔ گول۔
گوندنی (گوندی) (گوند۔ نی) (گوں۔ دی) (ہ۔ اِ۔ مث) ایک درخت اور اُس کا پھل جو نہایت لیس دار ہوتا ہے۔ جمع: گوندنیاں۔ گوندنیوں۔
گوندھنا (گوندھ۔ نا) (ہ۔ مص) آٹے میں پانی ملا کر روٹی کے قابل کرنا (۲) مہندی لگانا (۳) سَر کے بالوں کو باہم بُننا۔ چوٹی کرنا (۴) پرونا۔
گونڈ (واو مجہول) (نونِ غنّہ) (س۔ اِ۔ مذ) گونڈوانہ (اڑیسہ) کا رہنے والا۔ بھارت کی ایک غیر ترقی یافتہ قدیم قوم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گونڈا (گوں۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گاؤں۔ گاؤں کے قریب کے کھیت (۲) گاڑی کی سڑک۔ شاہ راہ (۳) وہ خیرات جو دُلہن کے گھر برات پہنچنے کے وقت دیتے ہیں۔ جمع: گونڈوں۔ گونڈے۔

گونڈ ملار (گونڈ۔م۔لار) (ہ۔ا۔مث) کھماج ٹھاٹھ کی ہندوستانی راگنی۔

گونڑا (گوں۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) جہاز کا شہتیر۔

گونگا (گوں۔گا) (ہ۔صف) وہ شخص جو بول نہ سکے۔ گنگ (۲) چپ۔ خاموش۔ جمع: گونگوں۔ گونگے۔

گونگی (گوں۔گی) (ہ۔صف) گونگا کی تانیث۔ جمع: گونگیاں۔ گونگیوں۔

گونگے (گوں۔گے) (ہ۔صف) (۱) گونگا کی جمع (۲) گونگا کی مُغیرہ صورت بحالت اِمالہ۔

گونگے کا اِشارہ گونگا ہی سمجھے (اُر۔مثل) ہر جنس اپنی ہی جنس سے میل کھاتی ہے۔

گونگے کا خواب یا سپنا (اُر۔ا۔مذ) وہ بات جس سے آدمی واقف ہو مگر زبان سے نہ کہہ سکے (۲) مبہم بات جس کا سمجھنا مُشکل ہو۔

گونگے کا گُڑ (اُر۔ا۔مذ) وہ لذت جو بیان نہ ہو سکے۔

گونگے کا گُڑ کھانا (اُر۔محاورہ) چپ رہنا۔ کچھ بیان نہ کر سکنا۔

گونگے کا گُڑ کھٹا نہ میٹھا (اُر۔مثل) بیان نہ کر سکنے کے قابل بات۔ ناقابلِ اظہار بات۔

گونگے کی مٹھائی (اُر۔ا۔مث) نہایت ہی لطیف اور مزیدار چیز (۲) ایسا لُطف جو بیان سے باہر ہو۔

گونگے نے سپنا دیکھا من ہی من میں پچھتائے (اُر۔مثل) کسی بات کے بیان کرنے کو جی چاہے مگر بیان نہ کر سکے۔

گونہ (گُو۔نہ) (ف۔ا۔مذ) اُسلوب۔ وضع۔ رنگ (۲) (صف) واحد۔ ایک۔ کسی قدر۔ ذرا سا۔

گونہ گونہ (ف۔صف) طرح طرح کا۔ انواع و اقسام کا۔

گونہار (گون۔ہار) (ہ۔ا۔مذ و مث) وہ عورتیں جو دُلہن کے ساتھ میکے سے سسرال جاتی ہیں (۲) وہ لوگ جو دولھا کے ساتھ گونے کے لئے جاتے ہیں۔

گونی (ق۔ا۔مث) پانی یا غلہ رکھنے کا بڑا مٹی کا برتن۔

گونیا (گو۔نِ۔یا) (ف۔ا۔مث) ایک مثلث شکل کا اوزار جس سے معمار عمارت یا دیوار کی کجی اور راستی دریافت کرتے ہیں۔

گوہ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) ایک رینگنے والا جانور جو چھپکلی کے مشابہ ہوتا ہے۔ سُوسمار۔

گوہ (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گُو مع مرکبات۔

گوہا چھی چھی (گو۔ہا۔چھی۔چھی) (اُر۔ا۔مث) غلاظت۔ نجاست۔ پلیدی (۲) بک بک۔ جھک جھک۔ گالی۔ بدتہذیبی (۳) جھگڑا۔ بحث۔ تکرار۔

گوہار (گو۔ہار) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) واویلا۔ فریاد۔ اِستغاثہ (۲) غُل۔ شور (۳) ایک آدمی کا کئی آدمیوں سے مُقابلہ (۴) گالی۔ گلوچ۔

گوہار لڑنا (اُر۔محاورہ) ایک آدمی کا بہت سے لوگوں سے لڑنا۔

گوہاری (گو۔ہا۔ری) (ہ۔صف) ساتھی۔ مددگار (۲) بہت زرخیز زمین۔

گوہان (گو۔ہان) (ہ۔ا۔مذ) گاؤں۔ موضع۔ دیہہ۔

گوہانجنی (گو۔ہانج۔نی) (اُر۔ا۔مث) گوہائی۔ آنکھ کی پھنسی جو پلک کے نیچے ہوتی ہے۔

گوہانی (گو۔ہا۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گاؤں کے آس پاس کے کھیت (۲) عُمدہ قسم کی زمین۔

گوہائی (گو۔ہا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) (۱) آنکھ کی پھنسی۔ گوہانجنی (۲) بیلوں سے روندوا کر بالیوں سے دانے نکالنا۔ گاہنا۔ گاہنے کا عمل۔

گوہر (گو۔ہَر) (ف۔ا۔مذ) (۱) موتی۔ مروارید (۲) جوہر۔ قیمتی پتھر (۳) مادّہ۔ اصل۔ نسل۔

گوہر آگیں (ف۔صف) وہ چیز جس میں موتی جڑے ہوں۔

گوہر افشاں (ف۔صف) (۱) فیض پہنچانے والا (۲) خوش بیان۔

گوہر بار (ف۔صف) موتی برسانے والا۔ زبان اور قلم کی صفت میں استعمال ہوتا ہے۔

گوہر بیندھنا (اُر۔محاورہ) موتی میں سُوراخ کرنا۔

گوہر تاب (اُر۔ا۔مذ) ایک پیرہن جسے عورتیں گرمیوں میں پہنتی ہیں اور وہ اس قدر باریک ہوتا ہے کہ سارا جسم نمایاں ہوتا ہے (۲) موتی کی طرح چمکنے والا۔

گوہرِ تر (ف۔ا۔مذ) آنسو (۲) اچھی باتیں۔

گوہرِ سُفتہ (ف۔ا۔مذ) بندھا ہوا یا چھدا ہوا موتی (۲) وہ بات جو مشہور ہو۔

گوہر سنج (ف۔صف) خوش بیان۔

گوہرِ شب تاب (**گوہرِ شب چراغ**) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا لعل جو رات کو چراغ کی طرح چمکتا ہے۔

گوہر غلطاں (ف۔ا۔مذ) اعلیٰ قسم کا گوہر۔

گوہر فروش (ف۔ا۔مذ) موتی بیچنے والا۔

گوہرِ ناسُفتہ (ف۔ا۔مذ) ان چھدا موتی۔

گوہر نگار (ف۔صف) جڑاؤ۔ موتیوں سے جڑا ہوا۔

گوہری (گو۔ہَ۔ری) (ف۔صف) جوہری (۲) گوہر کی آب و تاب رکھنے والا۔

گوہونا (گو۔ہو۔نا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سانپ۔

گوہی (گو۔ہی) (ہ۔صف) گُو میں لتھڑا ہوا۔ بہت گندہ۔ غلیظ۔

گوئٹھا (گو۔ا۔ٹھا) (ہ۔ا۔مذ) اُپلا۔ کنڈا۔

گوئندہ۔ دیکھئے گویندہ۔

گوئنڈ (گو۔اِنڈ) (ہ۔ا۔مث) گاؤں کے پاس کی زمین۔

گوئی (گو۔ای) (ف۔ا۔مث) بولنے کا فعل یا عمل۔ بولنا۔ (مرکبات میں)۔

گوئی (گو۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک ہل میں جُتے ہوئے دو بیل (۲) رُوئی کی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وہ مقدار جو ایک بار اُنگلیوں میں تولی جائے۔

گوئے (گو۔اے)(گو۔اِے)(ف۔ا۔مذ) گیند۔ گو (واو معروف ومجہول)۔

گوئے باز (ف۔صف)(۱) گیند کھیلنے والا (۲) وہ بازی گر جو کئی گیند ہوا میں پھینکتا اور پکڑتا ہے۔

گوئے سبقت لے جانا (اُر۔محاورہ) غالب آنا۔ بڑھ جانا۔

گوئیاں (ہ۔ا۔مث) سہیلی۔

گوئیڑا (گو۔ایں۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) گاؤں کے قریب کی زمین۔ گوہانی۔

گویا (گو۔یا)(ف۔صف)(۱) بولنے والا۔ خوش گفتار (۲) مانند۔ مثل۔ ہو بہو (۳) تسلیم کیا جانا (۴) حیوانِ ناطق۔

گویّا (گ۔وَیْ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) گانے والا۔ مُطرب۔ مُغنّی۔ موسیقار۔ جمع: گویّے۔ گویّوں۔

گویائی (گو۔یا۔اِی)(ف۔ا۔مث)(۱) نُطق۔ گفتار۔ بول چال۔ بات چیت (۲) بولنے کی طاقت۔ فصاحت۔ بلاغت۔

گویم مُشکل وگرنہ گویم مُشکل (ف۔مثل) کہوں تو مُشکل۔ نہ کہوں تو مُشکل۔

گوئندہ (ف۔صف) کہنے والا (والی)(۲) مخبر۔ جاسوس۔

گ۔ہ

گہ (بفتحۂ اوّل)(ف۔ظرفِ زماں)(۱) گاہ کا مخفف (۲) کبھی۔

گہ (بالفتح)(ہ۔ا۔مث)(۱) کمرے یا مکان کی بلندی (۲) طبقہ۔ درجہ (۳) قبضہ۔ دستہ۔ ہتھیار کو پکڑنے کی جگہ۔ ہینڈل۔

گہ بیٹھنا (اُر۔محاورہ) جم کر بیٹھنا (۲) تلوار کے قبضے کا ہاتھ میں جم جانا۔

گُہر (گُ۔ہَر)(ہ۔ا۔مث) کیلے کی پھلی۔

گُہر (گُ۔ہَر)(ف۔ا۔مذ) گوہر کا مخفف۔ دیکھئے گوہر۔

گہرا (گہ۔را)(ہ۔صف)(۱) عمیق۔ اتھاہ۔ ڈُباؤ (۲) نہایت تیز (۳) شوخ۔ گاڑھا (رنگ)(۴) بھاری۔ پکّا۔

گہرا اِخلاص (اُر۔ا۔مذ) پکّی دوستی۔ بے حد محبت۔

گہرا پردہ (اُر۔ا۔مذ) سخت پردہ۔ شرم وحجاب۔

گہرا پن (ہ۔ا۔مذ) گہرائی۔ گہرا ہونا۔

گہرا خیال (اُر۔ا۔مذ) دُور کا خیال۔

گہرا دوست (اُر۔ا۔مذ) سچّا دوست۔ بے تکلّف دوست۔

گہرا رنگ (اُر۔ا۔مذ) شوخ رنگ۔ وہ رنگ جس میں سیاہی نمودار ہو۔

گہرا زخم (اُر۔ا۔مذ) کاری زخم۔ مُہلک زخم۔

گہرا سُہاگ (اُر۔ا۔مذ)(۱) میاں بیوی میں بے حد پیار (۲) بڑا میل جول۔

گہرا ہاتھ لگانا (مارنا) (اُر۔محاورہ)(۱) زور کا ہاتھ مارنا (۲) بڑا بھاری غبن کرنا۔ بڑی چوری کرنا (۳) بہت نفع کمانا (۴) کسی بڑے خاندان کی عورت کے ساتھ تعلق پیدا کرنا۔

گہرا یار (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے گہرا دوست۔

گہرا یارانہ (اُر۔ا۔مذ) پکّی دوستی۔

گہرانا (گہ۔را۔نا)(ہ۔مص) گہرا ہونا۔ عمیق ہونا۔

گُہرانا (گُہ۔را۔نا)(ہ۔مص) بلند آواز سے بُلانا۔ پکارنا۔

گہراؤ (گہ۔را۔او)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گہرائی۔

گہرائی (گہ۔را۔اِی)(ہ۔ا۔مث) گہرا ہونا۔ عُمق۔ قعر۔ جمع: گہرائیاں۔ گہرائیوں۔

گہری (گہ۔ری)(ہ۔صف)(۱) گہرا کی تانیث (۲) باریک۔ دقیق۔

گہری بات (اُر۔ا۔مث) باریک خیال۔ دقیق اور مُشکل خیال۔ تہہ کی بات۔

گہری چھننا (اُر۔محاورہ)(۱) نہایت گاڑھی بھنگ چھننا (۲) گاڑھی دوستی ہونا۔ نہایت اخلاص ہونا۔ پکّا یارانہ ہونا (۳) از حد لڑائی ہونا۔ بحث ہونا۔

گہری گھٹنا (اُر۔محاورہ)(۱) بھنگ کا کثرت سے رگڑا اور پیا جانا (۲) بہت محبت ہونا۔ خاص یارانہ ہونا۔

گہری نیند سونا (اُر۔محاورہ) بے خبر سونا (۲) سکھ کی نیند سونا۔ آرام سے سونا۔

گہرے (گہ۔رے)(ہ۔صف) گہرا کی مُغیّرہ صورت بحالت اِمالہ۔

گہرے سانس بھرنا (اُر۔محاورہ) لمبے سانس لینا۔ ٹھنڈے سانس لینا۔

گہرے کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) بہت نفع کمانا۔ خاطر خواہ فائدہ حاصل کرنا (۲) مال مارنا۔

گہرے ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) خوب نفع ہونا (۲) خوب مال مارنا۔

گہک (گَ۔ہَک)(ہ۔ا۔مث) خوشی۔ مسرّت۔ نشے کی لہر۔ جوش۔ تیزی۔

گہکنا (گَ۔ہَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) خوشی سے بولنا (۲) نشے کے جوش میں ہونا (۳) تیز ہو کر بولنا۔

گہما گہمی (گہ۔ما۔گہ۔می)(ہ۔ا۔مث) چہل پہل۔ دھوم دھام۔ رونق۔

گہن (گَ۔ہن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دیکھئے گرہن (۲) داغ۔ عیب۔

گہن پڑنا (لگنا) (ہ۔محاورہ)(۱) گرہن لگنا (۲) عیب لگنا۔ داغ لگنا۔

گہن چھٹنا (ہ۔محاورہ) گرہن ختم ہونا۔

گہن میں آنا (اُر۔محاورہ)(۱) سُورج یا چاند کو گرہن لگنا (۲) آدمی یا حیوان کے کسی عضو کا ٹیڑھا یا ناقص ہو جانا۔

گہنا (گہ۔نا)(ہ۔مص)(۱) گرہن لگنا (۲) رہن رکھنا (۳)(ہ۔ا۔مذ) زیور۔ جمع: گہنوں۔ گہنے۔

گہنانا (گہ۔نا۔نا)(ہ۔مص)(۱) گرہن لگنا (۲) مدھم پڑنا۔ رونق گھٹنا۔ ماند پڑنا (۳) کسی عضو کا پیدائشی ٹیڑھا ہونا۔

گہنی (گہ۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) وہ گائے جو چاند گہن کے وقت پیدا ہو اور اُس کے بدن میں کوئی نقص ہو (۲) چھوٹے قد کی گائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گہنے (گہ۔نے)(ہ۔ا۔مذ) گہنا (زیور) کی جمع۔

گہنے رکھنا (اُر۔محاورہ) گہنے رہن رکھنا۔

گہنوا (گہ۔وا)(ہ۔ا۔مذ) موچنا۔ چمٹی۔

گہوارہ (گہ۔وا۔رَہ)(ف۔ا۔مذ) (۱) مہد۔ پنگوڑا۔ ہنڈولا۔ بچوں کے سُلانے یا بہلانے کا جھولا (۲) وہ چارپائی جس پر محراب نُما لکڑیاں باندھ کر عورتوں کا جنازہ لے جاتے ہیں۔ اُردو جمع: گہواروں۔ گہوارے۔

گہواں (گہ۔واں)(اُر۔صف) دیکھئے گیہواں۔

گہے (گَ۔ہے)(ف۔متعلق فعل) گاہے کا مخفف۔ کبھی کبھی۔

گہیرا (گَ۔ہے۔را)(ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک چھوٹا سا زہریلا کیڑا جو مَٹیالے رنگ کا ہوتا ہے اور جنگلوں یا کھنڈروں میں بل بنا کر رہتا ہے (۲) ایک قسم کا نہایت زہریلا گرگٹ۔

گھ

گھابرا (گھاب۔را)(ہ۔صف) گھبرایا ہوا۔ پریشان۔

گھات (ہ۔ا۔مث)(۱) تاک۔ داؤں۔ موقع (۲) فریب۔ دھوکا۔ چال (۳) ارادہ۔ مطلب (۴) کمین گاہ۔ وہ جگہ جہاں شکار یا دُشمن کے اِنتظار میں بیٹھیں (۵) جادو۔ ٹونا۔ جمع: گھاتوں۔ گھاتیں۔

گھات پانا (اُر۔محاورہ) موقع پانا۔ قابو حاصل کرنا۔

گھات پر آنا (چڑھنا)(اُر۔محاورہ) قابو میں آنا۔ چال میں آنا۔

گھات تاکنا (اُر۔محاورہ) موقع ڈھونڈنا۔

گھات چلانا (اُر۔محاورہ)(۱) داؤ چلانا۔ وار کرنا (۲) جادو کرنا۔

گھات چلنا (اُر۔محاورہ) چال بازی کارگر ہونا۔

گھات سُوجھنا (اُر۔محاورہ) تدبیر ذہن میں آنا۔

گھات کرنا (اُر۔محاورہ) خُفیہ تدبیر کرنا۔

گھات کھیلنا (اُر۔محاورہ) دُوسرے کو غافل پا کر اپنا مطلب نکالنا۔

گھات لگانا (اُر۔محاورہ) تاک میں بیٹھنا۔

گھات میں آنا (اُر۔محاورہ) دَم میں آنا۔ دھوکے میں آنا۔ چال میں آنا۔ فریب کھانا۔

گھات میں بیٹھنا (اُر۔محاورہ) شکار یا دُشمن کی تاک میں کسی جگہ چُھپ کر بیٹھنا (۲) موقع ڈھونڈنا۔

گھات میں پھرنا (اُر۔محاورہ) تاک میں پھرنا۔ موقع ڈھونڈتے پھرنا۔

گھات میں رہنا (اُر۔محاورہ) تاک میں رہنا۔

گھاتا (ہ۔ا۔مث) مول لی ہوئی چیز پر کوئی چیز لے لینا۔

گھاتک (گھا۔تک)(س۔ا۔مذ)(۱) خونی۔ قاتل (۲) جان کا لاگو۔

گھاتوں (ہ۔ا۔مث) گھات کی جمع۔

گھاتوں میں آنا (اُر۔محاورہ) فریب میں آنا۔ چالوں میں آنا۔

گھاتی (ہ۔صف۔ وا۔مذ)(۱) موقع کی تاک میں رہنے والا (۲) چال باز (۳) خود غرض۔ مطلبی۔

گھاتے (ہ۔ا۔مث) گھاتا کی مُغیّرہ صورت۔

گھاتے میں (ہ۔متعلق فعل) خریدی ہوئی چیز سے زیادہ مُنافع میں۔ مُفت۔

گھاتیا (گھاتُو) (ہ۔صف)(۱) وہ شخص جو کسی کی گھات میں رہے (۲) خود غرض۔ مطلبی۔ نیز دیکھئے گھاتی۔

گھاتیں (ہ۔ا۔مث) گھات کی جمع۔

گھاتیں بتانا (اُر۔محاورہ) چالیں بتانا۔ چالبازیاں سِکھانا۔

گھاٹ (ہ۔ا۔مذ)(۱) دریا یا تالاب سے اُترنے کا مقام۔ دریا یا تالاب پر دھوبیوں کا کپڑے دھونے کا مقام (۲) تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اُس کا خم شروع ہوتا ہے (۳) طرف۔ جانب۔ سمت (۴) انگیا کا گریبان (۵) راہ۔ راستہ (۶) ناؤ کا کرایہ (۷) کمی (۸) دغا (۹) بھارت کے دو پہاڑی سلسلے۔ جمع: گھاٹ۔ گھاٹوں۔

گھاٹ اُترنا (اُر۔محاورہ) گھاٹ کو عبور کرنا۔

گھاٹ کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) کمی کرنا (۲) دغا کرنا۔ فریب کرنا۔

گھاٹ کھڑا کرنا (ق۔محاورہ) بہانہ سازی کرنا۔

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا (اُر۔محاورہ) جگہ جگہ پھر کر تجربہ حاصل کرنا۔ جہاندیدہ اور تجربہ کار ہونا۔

گھاٹ لگنا (اُر۔محاورہ) کشتی کا کنارے پر لگنا۔

گھاٹ مار (اُر۔صف) جو چُنگی اور راہداری کا محصول نہ دے۔

گھاٹ مارنا (اُر۔محاورہ) پُل کا محصول نہ دینا۔ اُترائی کا محصول ادا نہ کرنا۔

گھاٹ مانجھی (ہ۔ا۔مذ) وہ ملّاح جو کشتیوں کے کرائے کا اِنتظام کرتا ہے۔

گھاٹ وال (گھاٹیا)(ہ۔صف) وہ برہمن جو گھاٹوں پر اشنان کراتا اور ٹیکا لگاتا ہے۔

گھاٹا (ہ۔ا۔مذ) نُقصان۔ خسارہ۔ کمی۔ جمع: گھاٹوں۔ گھاٹے۔

گھاٹا آنا (اُر۔محاورہ) نُقصان ہونا۔

گھاٹا اُٹھانا (اُر۔محاورہ) خسارہ برداشت کرنا۔

گھاٹا بھرنا (اُر۔محاورہ) نُقصان کی تلافی کرنا۔

گھاٹا پڑنا (اُر۔محاورہ) نُقصان ہونا۔

گھاٹا دیکھنا (اُر۔محاورہ) خسارے کا اندیشہ ہونا۔

گھاٹا کھانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے گھاٹا اُٹھانا۔

گھاٹا ہونا (اُر۔محاورہ) خسارہ ہونا۔ نُقصان ہونا۔

گھاٹی (ہ۔ا۔مث)(۱) دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ پہاڑ یا پہاڑیوں کے درمیان خشکی کا قطعہ۔ درّہ (۲) پروانۂ راہداری۔ چالان (۳) حلق۔

گھاٹیا (گھا۔ٹِ۔یا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گھاٹ وال۔

گھاس (ہ۔ا۔مث) کاہ۔ گیاہ۔ پودوں کا ایک گروہ جس میں چراگاہی اَقسام کے علاوہ وہ پودے بھی شامل ہیں جن سے غلّہ حاصل ہوتا ہے جیسے گندم، جَو،

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باجرہ، مکئی، گنّا وغیرہ۔ جمع: گھاسوں۔ گھاسیں۔

گھاس پات (ہ۔ا۔مذ) خس و خاشاک۔ سبزی۔

گھاس پھوس (ہ۔ا۔مذ) کوڑا کرکٹ۔

گھاس تک نہ ڈالنا (اَر۔ محاورہ) کچھ خاطر مدارات نہ کرنا۔ گھاس جیسی حقیر چیز بھی آگے نہ رکھنا (۲) سرد مہری کا برتاؤ کرنا۔ بے رُخی برتنا۔

گھاس کاٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھاس تراشنا (۲) بے سوچے سمجھے جلد جلد بولنا کہ سمجھ میں نہ آسکے (۳) بے دلی سے کام کرنا۔

گھاس کھانا (کھا جانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) حیوانوں کا گھاس چرنا (۲) بے عقل ہو جانا۔ حماقت کی بات کرنا۔

گھاس کھودنا (اَر۔ محاورہ) زمین سے گھاس نکالنا (کھر پے سے)۔ عقل و شعور کے خلاف کام کرنا۔ ذلیل کام کرنا۔

گھاس کے گٹھے میں سُوئی ڈھونڈنا (اَر۔ مثل) بے کار کام کرنا۔

گھاس والا (اَر۔ محاورہ) گھاس بیچنے والا۔ گھاس کاٹنے والا۔

گھاگ (ہ۔صف) پُرانا۔ تجربہ کار۔

گھاگر (گھا۔گر) (ہ۔ا۔مث) بٹیر کی ایک قسم۔

گھاگھرا (گھاگرا) (گھاگھ۔را) (گھاگ۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لہنگا۔ پشواز۔ اِسکرٹ (۲) ایک دریا کا نام (۳) ایک قسم کا کبوتر۔

گھاگھرا پلٹن (اَر۔ا۔مث) اسکاٹ لینڈ کے پہاڑی گوروں کی پلٹن جو ایک قسم کا گھاگرا پہنتی ہے۔

گھاگھرا گھول (ق۔صف) پریشان۔ بے قرار۔

گھاگھس (گھاگس) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا دوغلا مُرغا۔

گھال (ہ۔ا۔مث) شرارت (۲) نقصان (۳) آفت۔ مصیبت (۴) تباہی۔

گھال میل (ہ۔صف) ملا جُلا۔ گڈمڈ (۲) (ہ۔ا۔مذ) میل ملاپ۔ ربط ضبط۔

گھال میل رکھنا (اَر۔ محاورہ) میل ملاپ رکھنا۔ اتحاد رکھنا۔

گھال میل کر دینا (اَر۔ محاورہ) ملا جُلا دینا۔ گڈمڈ کر دینا۔ خلط ملط کر دینا۔

گھالا (ق۔ا۔مث) (۱) آفت۔ مصیبت (۲) شرارت (۳) نُقصان۔

گھالنا (گھال۔نا) (ہ۔مص) (۱) برباد کرنا۔ تباہ کرنا (۲) (ق۔مص) ڈالنا۔ پھینکنا (۳) قائم کرنا۔

گھام (ہ۔ا۔مث) دھوپ۔ گرمی۔ تپش۔

گھامڑ (گھا۔مَڑ) (ہ۔صف) (۱) گرمی کی ماری ہوئی گائے (۲) بدحواس۔ بے اوسان (۳) اَحمق۔ سادہ لوح (۴) بدسلیقہ۔ پھوہڑ (۵) سُست۔ کاہل۔

گھان (ہ۔ا۔مذومث) (۱) اناج یا سرسوں کی وہ مقدار جو کولھو میں یکبارگی ڈالی جائے (۲) پکوان کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کڑاہی میں ڈالی جائے (۳) چنے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ بھونی جائے۔

گھان اُتارنا (ہ۔ محاورہ) گھان تیار کرنا۔

گھان پڑنا (اَر۔ محاورہ) گھان ڈالنا کا لازم۔

گھان ڈالنا (ہ۔ محاورہ) (۱) ایک دفعہ کسی معیّن مقدار کا کڑاہی، چکّی یا بھاڑ میں ڈالنا (۲) کسی کام کو ہاتھ لگانا۔

گھانٹی (گھاں۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گلا۔ حلق (۲) حلق کا کوّا (۳) گانٹھ۔ کئی رنگ کے چیتھڑے جو محرم کے فقیر پاؤں میں باندھتے ہیں۔

گھانی (گھا۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) تلوں یا سرسوں کی وہ مقدار جو یکبارگی کولھو میں ڈالی جائے (۲) مٹّی کا تغار (۳) تیل پیلنے کی مشین۔ گنّے کا رس نکالنے کی مشین۔ جمع: گھانیاں۔ گھانیوں۔

گھانی کرنا (اَر۔ محاورہ) کولھو چلانا۔ تیل نکالنا۔

گھاؤ (گھا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گہرا زخم۔ جراحت (۲) نُقصان۔ خسارہ۔ جمع: گھاؤ۔ گھاؤوں۔

گھاؤ آنا (اَر۔ محاورہ) زخمی ہونا۔

گھاؤ بھرنا (اَر۔ محاورہ) زخم کا اچھا ہو کر برابر ہونا (۲) نُقصان کی تلافی ہونا۔

گھاؤ کرنا (اَر۔ محاورہ) زخم ڈالنا۔

گھاؤ کھانا (اَر۔ محاورہ) زخمی ہونا۔

گھاؤ گھپ (اَر۔صف) (۱) فضول خرچ (۲) غبن کرنے والا۔

گھاؤ گھپ کرنا (اَر۔ محاورہ) فضول خرچی کرنا۔ غبن کرنا۔

گھاؤ میں نون مرچ لگانا (اَر۔ محاورہ) دُکھ پر دُکھ پہنچانا۔ زخم پر نمک مرچ چھڑکنا۔

گھائی (گھا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ (۲) چَل۔ فریب۔ دھوکا۔ مغالطہ (۳) چولھے کی وہ جگہ جہاں روٹی سینکتے ہیں۔ جمع: گھائیاں۔ گھائیوں۔

گھائی (گھائیاں) بتانا (اَر۔ محاورہ) (۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا (۲) ٹالنا (۳) حیلہ بچانا۔

گھائی کی میری توے کی تیری (اَر۔ مثل) خود غرض آدمی کے حق میں کہتے ہیں۔

گھائیں (گھا۔ایں) (ہ۔ا۔مث) (۱) طرف۔ جانب (۲) مددگار۔ ساتھی۔ ہمراہی۔ طرف دار (۳) بار۔ دفعہ۔

گھائیں مائیں کر دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِدھر اُدھر کر دینا۔ اُڑا دینا۔ غائب کر دینا (۲) آج کل کرنا۔ ٹالنا۔

گھائل (گھا۔ئل) (ہ۔صف) (۱) زخمی (۲) عشق کا مارا۔ دل فگار۔

گھائل کی گت گھائل جانے (ہ۔ مثل) مصیبت زدہ کا دُکھ مصیبت زدہ ہی جانتا ہے۔

گھائل کرنا (ہ۔ محاورہ) زخمی کرنا۔ مجروح کرنا۔

گھائل ہونا (ہ۔ محاورہ) (۱) زخمی ہونا۔ مجروح ہونا (۲) عاشق ہونا۔

گھبرا جانا (گھب۔را۔جا۔نا) (اَر۔ محاورہ) بدحواس ہو جانا۔ بے قرار ہونا۔ پریشان ہونا۔

گھبرا دینا (اَر۔ محاورہ) پریشان کر دینا۔ بدحواس کر دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گھبرا کر (کے) (اَر۔ متعلق فعل) مضطرب ہو کر (۲) جلدی سے۔

گھبرانا (ف۔ مص) اوسان جاتے رہنا۔ سٹ پٹانا۔ تلملانا۔ بے قرار ہونا۔ پریشان ہونا۔ ڈر جانا۔

گھبراہٹ (گھب۔ را۔ ہٹ) (ف۔ ا۔ مث) بے قراری۔ اضطراب۔ بدحواسی۔ ہل چل۔ جلدی۔ پریشانی۔

گھبرائی ہوئی ڈومنی پھر پھر سُہلے گائے (اَر۔ مثل) گھبراہٹ کے وقت عقل ٹھکانے نہیں رہتی۔ (سُہلا یا سوہلا: شادی کا گیت)۔

گھپ (بضم اوّل) (ف۔ صف) نہایت تاریک۔ سخت اندھیرا۔

گھپلا (گھپ۔ لا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) گڑبڑ۔ جھگڑا (۲) شور و غل (۳) حساب میں گڑبڑ (۴) غبن۔ خیانت۔ فراڈ۔ دھوکا۔ جمع: گھپلوں۔ گھپلے۔

گھپلا پڑنا (اَر۔ محاورہ) گڑبڑ ہو جانا۔ حساب میں غلطی پڑنا۔

گھپلا ڈالنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑا ڈالنا۔ گڑبڑ کرنا۔

گھپنا (گھپ۔ نا) (ف۔ مص) گھونا جانا۔

گھپنا (گھپ۔ نا) (ف۔ مص) گھونپا جانا۔ بھونکا جانا (کسی دھار دار چیز کا کسی جسم میں)۔

گھپونا (گھ۔ پو۔ نا) (ف۔ مص) گھونپنا۔ بھونکنا۔

گھٹ (بفتحۂ اوّل) (ف۔ صف) کم۔ تھوڑا (۲) (ا۔ مث) گھٹا (۳) (ا۔ مذ) دل۔

گھٹ کا مال (اَر۔ ا۔ مذ) ادنیٰ درجے کا مال۔ کم قیمت مال۔

گھٹا (گھ۔ ٹا) (ف۔ ا۔ مث) (۱) گہرے سیاہ بادل (۲) غبار۔ کدورت۔ جمع: گھٹاؤں۔ گھٹائیں۔

گھٹا اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) بادلوں کا آسمان پر ظاہر ہونا۔ بدلی چھانا۔

گھٹا اُمنڈنا (اَر۔ محاورہ) بادل کا گھر کر آنا۔ بادل گھرنا۔ ابر کا کثرت سے چھانا۔

گھٹا ٹوپ (اَر۔ ا۔ مث) (۱) پالکی، پینس یا گھوڑا گاڑی کا غلاف جو گرد و غبار اور بارش سے محفوظ رکھنے کے لئے ڈالتے ہیں (۲) (صف) اندھیرا گھپ۔

گھٹا جھومتی آنا (اَر۔ محاورہ) گھٹا کا چاروں طرف سے گھرنا۔

گھٹا جھومنا (اَر۔ محاورہ) بادل چھانا۔ بادلوں کا گھرنا۔

گھٹا چھانا (اَر۔ محاورہ) ابر گھرنا۔ بادل گھرنا۔ ابر کا آسمان کو گھیر لینا۔

گھٹّا (گھٹ۔ ٹا) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) نقب۔ سیندھ (۲) چھید۔ رخنہ۔ شگاف۔ دراز (۳) وہ نشان جو سجدوں کی کثرت سے ماتھے پر پڑ جاتا ہے۔ گٹا (۴) خاک۔ دھول۔ گرد و غبار۔

گھٹانا (گھ۔ ٹا۔ نا) (ف۔ مص) (۱) کم کرنا (۲) نرخ گرانا (۳) درجہ توڑنا (۴) منہا کرنا۔ وضع کرنا (۵) دُبلا کرنا۔

گھٹاؤ (گھ۔ ٹا۔ او) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) کمی۔ قلت۔ تخفیف (۲) دریا کا اُتار۔

گھٹاؤ بڑھاؤ (ف۔ ا۔ مذ) کمی بیشی۔ ترقی تنزل۔

گُھٹاؤ (گھ۔ ٹا۔ او) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) گھٹن۔ حبس۔ ضیق (۲) گھمس۔

گھٹا ہوا (گھ۔ ٹا۔ ہوا) (ف۔ صف) (۱) پسا ہوا (۲) پختہ کار۔ تجربہ کار۔ عیّار۔ چالاک۔ ہوشیار (۳) منڈا ہوا (سر)۔

گھٹائی (گھ۔ ٹا۔ ای) (ف۔ ا۔ مث) رگڑائی۔ پالش۔ کسی چیز کو رگڑ رگڑ کر حل کرنے کا عمل۔

گھٹتی (گھٹ۔ تی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) کمی۔ تخفیف (۲) زوال۔ انحطاط۔

گھٹتی کا پہرا (اَر۔ ا۔ مذ) زوال کا زمانہ۔ کمی کا زمانہ۔

گھٹّس (گھٹ۔ ٹس) (ف۔ ا۔ مث) گھٹن۔ تنگ و تاریک جگہ میں دَم کا گھٹ جانا۔

گھٹک (گھ۔ ٹک) (س۔ ا۔ مذ) (۱) دلال (۲) ثالث (۳) درمیان میں پڑ کر شادی کرانے والا شخص۔

گھٹکنا (گھ۔ ٹک۔ نا) (ف۔ مص) (۱) غبن کرنا (۲) نگلنا۔

گھٹ گھٹ کے (ف۔ تابع فعل) رُک رُک کے۔ سانس رُک رُک کر۔

گھٹ گھٹ کے مرنا (جان دینا) (اَر۔ محاورہ) تنگی اور تکلیف برداشت کر کے جان دینا۔ بے کسی اور کس مپرسی کی حالت میں مرنا۔

گھٹن (گھ۔ ٹن) (ف۔ ا۔ مث) ہوا بند ہونے سے ایسی گرمی کہ دَم گھٹ جائے۔ حبس۔

گھٹنا (گھٹ۔ نا) (ف۔ مص) (۱) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا (۲) اُترنا (۳) تنزل ہونا (۴) دُبلا ہونا (۵) نرخ کم ہونا۔ بھاؤ گرنا۔

گھٹنا بڑھنا (اَر۔ محاورہ) کمی زیادتی ہونا۔

گُھٹنا (گھٹ۔ نا) (ف۔ مص) (۱) گھوٹا جانا۔ حل ہونا۔ کھرل ہونا۔ یک جان ہونا (۲) پالش ہونا۔ ریگ مال ہونا (۳) سر منڈنا (۴) سانس رُکنا (۵) بھرنا۔ پُر ہونا۔ سمانا (۶) موافقت کرنا (۷) دوستی ہونا (۸) شرمندہ ہونا۔

گھٹنّا (گھ۔ ٹن۔ نا) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) جانگیے سے کچھ بڑا گھٹنوں تک پاجامہ (۲) پاجامے کے نیچے پہننے کی پوشش۔

گھٹنا (گھٹ۔ نا) (ف۔ ا۔ مذ) زانو۔ پنڈلی۔ گوڈا۔ ران کے بیچ کا جوڑ۔ ران اور پنڈلی کے درمیان کا جوڑ۔ جمع: گھٹنوں۔ گھٹنے۔

گھٹنوں (گھٹ۔ نوں) (ف۔ ا۔ مذ) گھٹنا کی جمع۔

گھٹنوں کے بَل چلنا (اَر۔ محاورہ) زانو کے بل چلنا۔ رینگنا۔ آہستہ چلنا۔

گھٹنوں گھٹنوں (اَر۔ تابع فعل) گھٹنوں تک۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گھٹنوں میں سر دے کے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) غم یا فکر کے مارے سر جھکا کر بیٹھنا۔ سوچ میں بیٹھنا (۲) مایوس ہو کر بیٹھ جانا۔
گھٹنوں میں سر دے لینا (اُر۔ محاورہ) شرما جانا۔ شرم کے مارے گردن نیچی کر لینا۔
گھٹنے (گھٹ۔نے)(و۔ا۔مذ) گھٹنا کی جمع (۲) گھٹنا کی بدلی ہوئی صورت۔
گھٹنے پیٹ کو جاتے ہیں (اُر۔مثل) ہر شخص اپنوں کی پاس داری کرتا ہے۔
گھٹنے ٹیک دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھٹنے زمین پر رکھ دینا (۲) شکست تسلیم کرنا۔ ہار مان لینا۔
گھٹنے سے لگائے بیٹھے رہنا (اُر۔ محاورہ) پاس سے جدا نہ ہونے دینا۔ جان کے ساتھ لگا کر رکھنا۔
گھٹنے نبویں پڑیں گے تو پیٹ کی طرف (اُر۔مثل) دیکھئے گھٹنے پیٹ کو جاتے ہیں۔
گھٹنیوں چلنا (گھٹ۔نیوں) (اُر۔ محاورہ) دونوں ہاتھوں اور دونوں زانوؤں کے بل چلنا۔
گھٹوار (گھٹوال) (گھٹ۔وار)(وال)(و۔ا۔مث) ملاح۔ کشتی بان۔
گھٹوانا (گھٹ۔وا۔نا)(و۔مص) حل کرانا۔ کھرل کرانا (۲) سر یا ڈاڑھی منڈوانا۔
گھٹی (گھ۔ٹی)(و۔ا۔مث) کی تخفیف۔
گھٹی (گھٹ۔ٹی)(و۔ا۔مث)(۱) دوا جو بچے کا پیٹ صاف کرنے کے لئے جوش دے کر پلاتے ہیں (۲) عادت۔ طبیعت۔ خصلت۔
گھٹی میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) عادی ہونا۔ طبیعت میں داخل ہونا۔ بچپن میں کسی چیز کا عادی ہونا۔
گھٹی میں پلانا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھٹی کی جگہ پلانا۔ گھٹی میں ملا کر پلانا (۲) بچپن سے کسی بات کا عادی کرنا۔
گھٹی میں ہونا (اُر۔ محاورہ) فطرت میں ہونا۔ بچپن سے کسی بات کا عادی ہونا۔
گھٹیا (گھٹیل) (گھٹ۔یا) (گھٹ۔یل) (و۔صف) (۱) کم قیمت۔ معمولی۔ ارزاں (۲) ادنیٰ (۳) کمینہ۔
گھچ پچ (و۔ا۔مث)(۱) کثرت۔ بھیڑ۔ جمگھٹ (۲) بہت گنجان اور پاس پاس لکھا ہوا۔
گھچ پچ بولنا (اُر۔ محاورہ) جلدی جلدی بولنا کہ کچھ سمجھ میں نہ آئے۔
گھر (و۔ا۔مذ)(۱) مکان۔ خانہ (۲) رہنے کی جگہ۔ مسکن (۳) ٹھکانا (۴) خول۔ کیس (۵) ہمٹ۔ کھوہ۔ بل (۶) گھونسلا۔ آشیانہ (۷) وطن۔ دیس۔ جائے پیدائش۔ خاندان۔ گھرانا۔ جمع: گھر۔ گھروں۔

گھر آباد کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھر میں بسنا (۲) بیوی لانا۔ شادی کرنا۔
گھر آپڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے گھر میں جا کر ٹھہر جانا۔
گھر آئے کتے کو بھی نہیں نکالتے (اُر۔مثل) اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے۔ ہر ایک کی خاطر تواضع کی جاتی ہے۔
گھر آئے کی شرم (لاج) (اُر۔ا۔مث) گھر پر آنے کا لحاظ اور پاس۔
گھر آئے ناگ نہ پوجے۔ بانبی پوجن جائے (اُر۔مثل) جو گھر آئی دولت چھوڑ کر دوسری جگہ تلاش کرنے جائے' یہ مثل اُس کی جہالت اور حماقت پر بولتے ہیں۔
گھر اُجڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھر برباد ہونا۔ خانہ ویرانی ہونا (۲) گھر لٹنا (۳) میاں بیوی میں نااتفاقی ہونا (۴) خاوند یا جورو کا مر جانا۔
گھر اُف ہو جانا (اُر۔ محاورہ) خانہ خراب ہو جانا۔ گھر بالکل تباہ ہو جانا۔ گھر میں کچھ نہ رہنا۔
گھر اُکھڑوا کے پھنکوانا (اُر۔ محاورہ) گھر منہدم کروانا۔
گھر بار (اُر۔ا۔مذ)(۱) گھر۔ خانہ۔ مکان (۲) اسباب خانہ داری (۳) بال بچے (۴) خاندان۔ کنبہ۔
گھر بار بسا لینا (اُر۔ محاورہ) شادی کر لینا۔
گھر بار بسنا (اُر۔ محاورہ) شادی ہونا۔
گھر بار تمہارا کوٹھی کُٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا (اُر۔مثل) یہ کہاوت ایسے موقع پر بولتے ہیں جب جھوٹی باتوں سے دِل پرچانا مقصود ہو اور مطلوبہ شے نہ دینے کا ارادہ ہو۔
گھر بار چھوڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مکان اور گرہستی کے سب تعلقات ترک کرنا (۲) دیس چھوڑنا۔
گھر بار خالصے لگ جانا (اُر۔ محاورہ) گھر ضبط ہو جانا۔ گھر تباہ ہو جانا۔
گھر بار کا دھندا (اُر۔ا۔مذ) خانہ داری کا کام۔
گھر بار لٹانا (اُر۔ محاورہ) گھر تباہ کر دینا۔
گھر بارو (اُر۔صف)(۱) وہ شخص جو گھر اور عیال و اطفال رکھتا ہو (۲) معتمد۔ قابل اعتبار۔
گھر بار ہونا (اُر۔ محاورہ) اہل و عیال ہونا۔ مکان ہونا۔
گھر باری (اُر۔صف)(۱) عیال دار۔ بال بچے دار (۲) دُنیا دار۔ گرہستی۔
گھر برباد کرنا (اُر۔ محاورہ) گھر کی دولت فضول خرچ کر دینا۔
گھر برباد ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھر تباہ ہونا۔ خانہ خراب ہونا (۲) شوہر یا بیوی کا مر جانا (۳) کسی سرپرست یا بزرگ کا سر سے اُٹھ جانا۔
گھر بسا (اُر۔صف)(۱) گھر گھسنا۔ وہ شخص جو ہر وقت گھر میں بیٹھا رہے (۲) سست۔ کاہل۔
گھر بسانا (اُر۔ محاورہ) گھر آباد کرنا۔ شادی کرنا۔
گھر بسنا (اُر۔ محاورہ) گھر آباد ہونا۔ شادی ہونا۔
گھر بسی (اُر۔صف) بیوی۔ زوجہ۔ جورُو۔
گھر بگاڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھر تباہ کرنا (۲) میاں بیوی میں نااتفاقی کرانا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) اغوا کرنا۔

گھر بگڑنا (اُر۔ محاورہ) میاں بیوی میں نا اتفاقی ہونا (۲) بیوی کا مر جانا۔

گھر بنا لینا (اُر۔ محاورہ) مکان تعمیر کر لینا (۲) رسائی حاصل کر لینا۔

گھر بنانا (اُر۔ محاورہ)(۱) مکان بنانا۔ مکان تعمیر کرنا (۲) پاؤں جمانا۔ اطمینان سے بیٹھنا (۳) گھر بھرنا (۴) گھر سنوارنا (۵) گھر کا انتظام کرنا (۶) شادی کرنا۔

گھر بند کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) گھر کو تالا لگانا (۲)(محاورہ) شطرنج کی چال میں بادشاہ یا کسی اور مُہرے کو کسی خانے میں جانے سے روکنا۔ چوسر کی بازی میں گوٹ کا گھر بند کرنا۔

گھر بند ہو جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) شطرنج یا چوسر میں کسی مُہرے کا کسی خانے میں نہ جا سکنا (۲)(مص مُرکّب) گھر کو قفل لگنا۔

گھر بندی (اُر۔ صف) وہ لونڈی جو خانہ زاد ہو۔

گھر بول اُٹھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) رونق آ جانا (۲) گھر کے آثار سے خوش حالی ظاہر ہونا۔

گھر بولنا (اُر۔ محاورہ) بُلبُل کا چہکنا۔ خوش اِلحان پرند کا چہچہانا۔

گھر بھائیں بھائیں کرنا (اُر۔ محاورہ) گھر سے ڈر لگنا۔ گھر کا سُنسان ہونا۔

گھر بھر (اُر۔ تابع فعل) گھر کے سب لوگ۔

گھر بھر کے باہر بھرے (اُر۔ دُعائیہ فقرہ) اِس قدر دولت ہو کہ گھر میں رکھنے کی جگہ نہ ملے اور باہر رکھے۔

گھر بھرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مکان کو اَسباب یا غلّے سے پُر کرنا (۲) دولت گھسیٹنا (۳) گھاٹا پورا کرنا (۴) لوگوں کو مکان میں جمع کرنا۔

گھر بہ گھر (اُر۔ تابع فعل) گھر گھر۔ خانہ بہ خانہ۔ دربدر (ترکیب غلط ہے)۔

گھر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) تنہائی اختیار کرنا (۲) بیکار ہونا (۳) کام کاج چھوڑنا۔ مُلازمت سے دست بردار ہونا (۴) مکان کا گر جانا۔ مسمار ہونا۔

گھر بیٹھی روٹی (اُر۔ ا۔ مث) بلا محنت و مشقت کئے آمدنی۔ گھر سے باہر آئے جائے بغیر کمائی (۲) پنشن۔ وظیفہ۔ کرایہ۔

گھر بیٹھے (اُر۔ تابع فعل) بے سعی و کوشش۔ بلا تردُّد۔ خانہ نشینی کی حالت میں۔ کہیں جائے بغیر۔

گھر بیٹھے پیر دوڑانا (اُر۔ محاورہ) سحر اور جادُو کے زور سے کسی کو اپنے گھر بُلوانا (۲) جبراً کسی کو گھر بُلوانا۔

گھر بیٹھے پانا (اُر۔ محاورہ) بغیر محنت و مشقت حاصل کرنا۔

گھر بیٹھے کی تنخواہ (اُر۔ ا۔ مث) تنخواہ جو بغیر خدمت ملے۔

گھر بیٹھے مول لینا (اُر۔ محاورہ) بازار نہ جانا اور گھر کے دروازے پر سودا خرید لینا (۲) خواہ مخواہ اپنے سر ذمّے داری لینا۔

گھر بے چراغ ہونا (اُر۔ محاورہ) والی وارث کے مر جانے سے گھر کا ویران ہونا۔

گھر پر گنگا آئی (اُر۔ مثل) بغیر محنت و مشقت کے کام ہو گیا۔

گھر پڑا رہنا (اُر۔ محاورہ) گھر سے باہر نہ جانا (۲) کسی کے گھر ہر وقت رہنا۔

گھر پڑتی (و۔ متعلق فعل) فی مکان۔ فی گھر۔

گھر پڑنا (اُر۔ محاورہ) عورت کا کسی مَرد کے نکاح میں آنا۔

گھر پکڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی جگہ ٹھہر جانا۔ قیام کرنا۔

گھر پورا کرنا (اُر۔ محاورہ) گھر کی ضرورتیں پُوری کرنا (۲) اپنا نقصان پُورا کرنا۔

گھر پھاندنا (اُر۔ محاورہ) چوری چھپے بدکاری کے لئے کسی کے گھر جانا۔ چور کا دیوار پھاند کر اندر آنا۔

گھر پھوٹے گنوار لُوٹے (اُر۔ مثل) گھر میں نا اتفاقی ہو تو دُوسرے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔

گھر پھوڑنا (اُر۔ محاورہ) نقب لگانا۔ چوری کرنا۔

گھر پھونک تماشا دیکھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) دولت برباد کر کے خوش ہونا (۲) فضول خرچی کرنا (۳) نقصان اُٹھا کر تجربہ حاصل کرنا۔

گھر تاکنا (اُر۔ محاورہ) نقب لگانے کے لئے کوئی گھر تلاش کرنا (۲) گھر ڈھونڈنا۔

گھر تباہ کرنا (اُر۔ محاورہ) گھر اُجاڑنا۔ گھر برباد کرنا۔

گھر تباہ ہونا (اُر۔ محاورہ) گھر اُجڑنا۔ گھر برباد ہونا۔

گھر تجنا (اُر۔ محاورہ) گھر چھوڑ دینا۔ تارکُ الدُّنیا ہونا۔

گھر تک پہنچانا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی کو گھر تک چھوڑ آنا (۲) انجام تک پہنچانا۔ پُورا پُورا قائل کرنا۔ کوئی حجت باقی نہ رکھنا۔

گھر تک پہنچنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے مکان تک جانا (۲) ماں بہن کی گالی دینا۔

گھر تنگ پُو جبر جنگ (اُر۔ مثل) اپنی بساط سے بڑھ کر کام کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

گھر جاتا رہنا (اُر۔ محاورہ) خاوند سے تعلّق منقطع ہونا۔ طلاق ہونا۔ خاوند کا مر جانا۔ گھر اُجڑ جانا۔

گھر جانا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) اپنے مکان کو جانا (۲)(محاورہ) گھر اُجڑنا۔ خانہ ویران ہونا (۳) میاں بیوی میں علیحدگی ہو جانا (۴) دوستی ختم ہونا۔

گھر جانی من مانی (اُر۔ مثل) اپنی خواہش کے مطابق ہر کام کرنا۔

گھر جانے کا راستہ نہ ملنا (اُر۔ محاورہ) گھبرا جانا۔

گھر جلے کسی کا تاپے کوئی (اُر۔ مثل) نقصان کسی کا ہو فائدہ کوئی اور اُٹھائے۔

گھر جنوائی (اُر۔ ا۔ مذ) وہ داماد جو سُسرال میں آباد ہو جائے۔

گھر جنوائی رکھنا (اُر۔ محاورہ) بیٹی کو بیاہ کر داماد سمیت اپنے گھر رکھنا۔

گھر جوت (واو مجہول)(اُر۔ ا۔ مث) اپنی کھیتی۔ گھر کی کھیتی۔ ذاتی زراعت۔

گھر جھانکنا (اُر۔ محاورہ) تھوڑی دیر کے لئے گھر میں قدم رکھنا۔

گھر جھکنی (اُر۔ صف) وہ عورت جو دُوسرے گھروں میں ماری ماری پھرے۔

گھر جہنّم ہے (دوزخ ہے) (اُر۔ روزمرّہ) گھر مصیبت ہے۔ گھر لڑائی بھڑائی کی وجہ سے رہنے کے قابل نہیں۔

گھر چڑھ کر لڑنے کو آنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے مکان پر آ کر لڑنا۔

گھر چلانا (اُر۔ محاورہ) گھر کا خرچ اُٹھانا۔ گھر کا انتظام سنبھالنا۔

گھر چلنا (اُر۔ محاورہ) گھر کا انتظام چلنا۔ گھر کا خرچ اُٹھنا۔

گھر چھوٹا سَمدھیانا بڑا (اُر۔ مثل) حیثیت کم شُہرت زیادہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گھر چھوڑنا (چھوڑ دینا) (اُر۔ مص مُرکب) (۱) گھر میں آمد و رفت نہ رکھنا۔ مکان میں سکونت نہ رکھنا (۲) مکان خالی کر دینا۔

گھر چَین تو باہر چَین (اُر۔ مثل) گھر میں آرام ملے تو باہر بھی ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے۔ نیز دیکھئے گھر عید۔

گھر خاک سیاہ کرنا (کر دینا) (اُر۔ محاورہ) گھر تباہ کر دینا۔

گھر خاک میں ملانا (اُر۔ محاورہ) گھر تباہ کرنا۔

گھر خالی کرنا (اُر۔ محاورہ) گھر سے اسباب وغیرہ نکال لینا۔

گھر خالی ہونا (اُر۔ محاورہ) مکان کا غیر آباد ہونا۔

گھر دار (اُر۔ صف) گھر والا۔ بال بچے والا۔ کُنبے والا۔ دُنیا دار۔

گھر داری (اُر۔ ا۔ مث) خانہ داری۔ گرہستی۔

گھر داماد (اُر۔ ا۔ مذ) دیکھئے گھر جنوائی۔

گھر در (اُر۔ ا۔ مذ) شوہر۔ شوہر کا گھر۔

گھر دِکھانا (اُر۔ محاورہ) کسی کو مکان پر لے جانا۔ مکان کی شناخت کروانا۔

گھر دواری (اُر۔ ا۔ مث) محصول جو ہر گھر سے وصول کیا جائے۔

گھر دُوار (اُر۔ ا۔ مذ) گھر بار۔

گھر دُور بھروتا بھاری (اُر۔ مثل) گھر دُور ہے اور بوجھ بھاری ہے یعنی سخت مُصیبت ہے۔

گھر دیکھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) گھر تاک رکھنا۔ گھر سے واقف ہو جانا (۲) کسی کے گھر بار جانا۔

گھر دیکھ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کے گھر بار بار جانا (۲) مکان دیکھ لینا۔ گھر سے واقف ہونا۔ مانوس ہو جانا۔

گھر ڈبونا (اُر۔ محاورہ) گھر برباد کرنا۔ گھر اُجاڑنا (۲) خاندان کو بدنام کرنا۔

گھر ڈھانا (اُر۔ محاورہ) گھر مُنہدم کرنا۔ گھر مسمار کرنا۔

گھر سبیل (اُر۔ ا۔ مث) وہ سرکاری روپیہ جو زمینداروں کو گھر بنانے کے لئے تقاوی کے طور پر دیا جاتا ہے۔

گھر سجانا (اُر۔ مص مُرکب) مکان کو آراستہ کرنا۔

گھر سر پر اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) بہت شور و غُل مچانا۔

گھر سُکھ تو باہر چَین (اُر۔ مثل) گھر میں راحت ہو تو باہر بھی آرام ملتا ہے۔

گھر سُونا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) مکان سے بہت سے آدمیوں کا نکل جانا۔

گھر سے (اُر۔ تابع فعل) (۱) مکان سے (۲) گرہ سے۔ پلّے سے (۳) اندرونِ خانہ سے۔ بیوی کی طرف سے (۴) بیوی۔ گھر والی۔

گھر سے باہر کرنا (اُر۔ محاورہ) گھر سے نکال دینا۔ گھر میں نہ رکھنا۔

گھر سے بے گھر کرنا (اُر۔ محاورہ) گھر سے باہر نکال دینا۔ خانہ خراب کرنا۔

گھر سے بے گھر ہونا (اُر۔ محاورہ) خانہ خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔

گھر سے پاؤں نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) باہر پھرنے کی عادت ڈالنا (۲) حد سے باہر جانے لگنا۔

گھر سے دینا (اُر۔ محاورہ) پلّے سے دینا۔ گرہ سے دینا۔ اپنے پاس سے دینا۔ نقصان اُٹھانا۔ تاوان دینا۔

گھر سے کھونا (اُر۔ محاورہ) گرہ سے خرچ کرنا۔ ضائع کرنا (۲) نقصان اُٹھانا۔

گھر سے لڑ کر تو نہیں چلے؟ (اُر۔ بول چال) کسی کے خواہ مخواہ لڑنے کے وقت بولتے ہیں۔

گھر سے مرتے دم نکلنا (اُر۔ محاورہ) زندگی بھر گھر میں رہنا۔

گھر سے نکالنا (اُر۔ محاورہ) گھر سے بے دخل کرنا۔ گھر میں رہنے نہ دینا۔

گھر سے نکلنا (اُر۔ محاورہ) گھر سے باہر چلے جانا۔

گھر سینا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہر وقت گھر میں پڑے رہنا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا (۲) بے کار اور نکمّا رہنا۔ سُست ہو جانا۔

گھر صاف (کر دینا) کرنا (اُر۔ محاورہ) جھاڑو سے گھر کی صفائی کرنا (۲) گھر کے رہنے والوں میں سے کسی کو زندہ نہ چھوڑنا (۳) پُورا گھر لوٹ لینا۔

گھر عید تو باہر عید (اُر۔ مثل) گھر میں آرام ہو تو باہر بھی دِل خوش رہتا ہے۔

گھر کا (اُر۔ صف) (۱) گھریلو۔ گھر سے متعلق (۲) اپنا۔ ذاتی (۳) رشتے دار (۴) خدمت گار جو ہمیشہ خدمت کرتا ہو جیسے گھر کا نائی، گھر کا دھوبی وغیرہ۔

گھر کا آدمی (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) رشتے دار۔ بھائی بند (۲) ذاتی مُلازم۔ نِج کا غلام (۳) واقف کار۔ جان پہچان والا (۴) بندہ۔ مملوک (۵) جورُو۔ خاوند۔

گھر کا آنگن ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) گھر تباہ ہو جانا۔ خانہ ویرانی ہونا۔

گھر کا آٹا کون گیلا کرے (اُر۔ مثل) اپنی گرہ سے کون خرچ کرے۔

گھر کا اُجالا (اُر۔ ا۔ مذ) نہایت عزیز بیٹا (۲) وہ شخص جس سے گھر کی رونق ہو۔

گھر کا بامن (اُر۔ ا۔ مذ) خاندانی پروہت یا گرُو۔

گھر کا باوا آدم نرالا ہے (اُر۔ مثل) اِس گھر کی ہر بات انوکھی ہے۔

گھر کا بوجھ اُٹھانا (سنبھالنا) (اُر۔ محاورہ) گھر کا اِنتظام کرنا۔ گھر کے خرچ کا کفیل ہونا۔

گھر کا بوجھ پڑنا (اُر۔ محاورہ) گھر کے اِنتظام اور اخراجات کا بوجھ اپنے سر ہونا۔ اُمورِ خانہ داری میں مُبتلا ہونا۔

گھر کا بھاڑا (اُر۔ ا۔ مذ) مکان کا کرایہ۔

گھر کا بھرا پُرا (اُر۔ صف) خاندانی اَمیر۔

گھر کا بھولا (اُر۔ صف) گھر میں سب سے زیادہ بے وقوف۔ سیدھا سادہ۔ نادان۔

گھر کا بھیدی (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) وہ شخص جو گھر کے کل راز جانتا ہو (۲) راز دان۔ محرم۔ ہمدم۔

گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے (اُر۔ مثل) راز دار کی دُشمنی سخت خطرناک ہوتی ہے۔ (رام چندر جی نے راون کے بھائی بھبھیشن کی مدد سے لنکا کو فتح کیا تھا۔ اِس کہاوت میں اسی کی طرف اِشارہ ہے)۔

گھر کا جوگی جوگنا، آن گاؤں کا سِدھ (و۔ مثل) اپنے وطن میں قدر نہیں ہوتی۔

گھر کاٹ کھانے (کاٹنے) کو دوڑتا ہے (اُر۔ محاورہ) گھر میں جی گھبراتا ہے۔ گھر نہایت بھیانک اور ویران معلوم ہوتا ہے۔

گھر کا چراغ (اُر۔ ا۔ مذ) گھر کا اُجالا۔ گھر کا نُور۔ بیٹا۔

گھر کا حساب (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) ذاتی حساب کتاب۔ خانگی لین دین (۲) اپنی ہی سمجھ کا حساب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گھر کا خرچ (اَر۔ اِ۔ مذ) خانگی اخراجات۔
گھر کا دھندا (اَر۔ اِ۔ مذ) گھر کا کام کاج۔ اُمورِ خانہ داری۔
گھر کا راستہ (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) وہ راستہ جو اپنے مکان کی طرف جائے (۲) نہایت آسان اور سہل کام۔
گھر کا راستہ بتانا (اَر۔ محاورہ) ٹالنا۔ رُخصت کرنا۔
گھر کا راستہ بُھول جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی جگہ ایسا جی لگنا کہ گھر جانے کا خیال نہ آنا (۲) ایسا بدحواس ہو جانا کہ گھر کا راستہ بھی بُھول جائے۔
گھر کا راستہ سمجھنا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کو نہایت آسان اور سہل جاننا۔
گھر کا راستہ لو (اَر۔ محاورہ) سِدھارو۔ چلو۔ ہٹو۔ رُخصت ہو جاؤ۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔
گھر کا راستہ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) چلا جانا (۲) کسی جگہ سے ناکام واپس آنا۔
گھر کا کام (کاج) (اَر۔ اِ۔ مذ) گھر کا دھندا۔ خانگی اُمور۔
گھر کا گھر (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) کنبہ بھر۔ گھر کے تمام لوگ۔ گھر بھر۔ سارا گھر (۲) گھر کا تمام مال و اسباب۔
گھر کا گھر وا کر دینا (اَر۔ محاورہ) گھر کو تباہ کر دینا۔
گھر کا گھر وا ہو جانا (اَر۔ محاورہ) گھر کا تباہ و برباد ہو جانا۔
گھر کا مال (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) ذاتی روپیہ۔ ذاتی دولت (۲) گھر کا سامان۔
گھر کا مالک (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) گھر والا۔ مالکِ مکان (۲) شوہر۔
گھر کا مرد (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) شوہر (۲) خاندان یا کُنبے قبیلے کا مرد (۳) وہ مرد جو اپنے گھر میں شیر اور باہر بھیڑ ہو۔
گھر کا نام اُچھالنا (ڈبونا) (اَر۔ محاورہ) گھر کا نام بدنام کرنا۔ خاندانی عزت برباد کرنا۔ خاندان کے نام کو بٹا لگانا۔
گھر کا نہ گھاٹ کا (اَر۔ صف) کہیں کا نہیں۔ بالکل ناکارہ۔
گھر کا ہُوا نہ در کا (اَر۔ محاورہ) کہیں کا نہ رہا۔ نِکما ہو گیا۔
گھر کتی کا (اَر۔ صف) (۱) گھر کے کتے ہوئے سُوت کا (۲) گھر کا بنا ہوا سُوت (۳) مُفت کا۔ مُفت برابر۔
گھر کرِ ستر بلا سر دھر (اَر۔ مَثل) خانہ داری ستر بلاؤں کو قبول کرنے کے برابر ہے۔
گھر کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) جگہ بنانا۔ جگہ کرنا۔ رسائی کرنا۔ گنجائش کرنا (۲) گھر بسا کر رہنا۔ گھر آباد کرنا (۳) خاوند سے نباہ کرنا (۴) بیٹھنا۔ گھسنا (۵) قبضہ کرنا۔ تصرّف کرنا (۶) گھر بنانا۔ رہنا۔ بسنا (۷) گھونسلا بنانا (۸) چھید کرنا۔ سُوراخ کرنا (۹) گھر کے کام کاج میں نہایت کفایت شعاری کرنا (۱۰) بیاہ کرنا (۱۱) قیام کرنا۔ جمنا (۱۲) اثر کرنا۔ سرایت کرنا (۱۳) سمائی کرنا۔ گنجائش کرنا۔
گھر کھا لینا (اَر۔ محاورہ) کسی کا گھر لوٹ لینا۔ ستیاناس کر دینا۔
گھر کھائے جاتا ہے (اَر۔ محاورہ) دیکھئے گھر کاٹ کھانے کو دوڑتا ہے۔
گھر کھوج مِٹا (اَر۔ صف) خانہ ویران۔ خانہ خراب۔
گھر کھوج مِٹی (اَر۔ صف) وہ عورت جس کے گھر کا تباہی اور بربادی میں نام و نشان تک مِٹ گیا ہو۔ خانماں برباد (عورت)۔

گھر کھوج مٹے (اَر۔ بدُعا) گھر برباد ہو جائے۔ تباہ ہو جائے۔
گھر کھود کر میدان کر دینا (اَر۔ محاورہ) گھر کو مُنہدم کر دینا۔
گھر کھود کر تماشا دیکھنا (اَر۔ محاورہ) گھر کی دولت ضائع کر کے عیش کرنا۔
گھر کھونا (اَر۔ محاورہ) گھر برباد کرنا۔ گھر اُجاڑنا (۲) خاوند سے بگاڑ کرنا۔
گھر کی (اَر۔ صف) (۱) خانہ ساز۔ خانگی (۲) ذاتی۔ اپنی۔ نج کی (۳) آپس کی۔
گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری (اَر۔ مَثل) گھر کی کم آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے۔ وطن کی آدھی روٹی پردیس کی ساری سے اچھی ہے۔
گھر کی بات (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) گھر کا بھید (۲) آپس کی بات۔ آپس کا معاملہ (۳) اپنے ہاتھ کا کام۔ نہایت سہل اور آسان کام۔
گھر کی بیوی ہانڈنی گھر کتوں جوگا (اَر۔ مَثل) جب گھر کی بیوی اِدھر اُدھر پھرے گی تو گھر میں کتے لوٹیں گے۔
گھر کی پتلی باسی ساگ (اَر۔ مَثل) بے جا شیخی بگھارنا۔ گھر میں مٹی کے برتن اور باسی ساگ کے سوا کچھ بھی نہیں مگر باہر شیخی بگھاری جاتی ہے۔
گھر کی پونجی (اَر۔ اِ۔ مث) گھر کا سرمایہ۔ گھر کا مال و متاع۔
گھر کی جلی بَن میں گئی بَن میں لاگی آگ۔ بَن بیچارہ کیا کرے جو ہیں ہمارے بھاگ (اَر۔ مَثل) بدنصیب کا کہیں ٹھکانا نہیں۔ جہاں جائے گا مُصیبت ہی اُٹھائے گا۔
گھر کی جورو کی چوکسی کہاں تک؟ (اَر۔ مَثل) اپنے ہی گھر میں رہنے والے شخص کی نگہبانی کرنی بڑی مُشکل ہے۔
گھر کی شوبھا گھر والے سے (اَر۔ مَثل) مکان کی رونق صاحبِ خانہ ہی سے ہوتی ہے۔
گھر کی طرح بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) آرام سے بیٹھنا۔ فراغت سے بیٹھنا۔ چین سے بیٹھنا۔ بلا تکلف بیٹھنا۔
گھر کی طرح رہنا (اَر۔ محاورہ) بے تکلّفی سے بسر کرنا۔ اپنا گھر سمجھ کر رہنا۔
گھر کی کھانڈ کرکری، چوری کا گُڑ میٹھا (اَر۔ مَثل) حلال کی کمائی کی قدر نہیں۔ ناجائز کمائی زیادہ پسند ہے۔
گھر کی کھیتی (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) نج کی کھیتی۔ اپنی کھیتی (۲) موروثی مال (۳) اولاد (۴) ڈاڑھی مُونچھ۔
گھر کی لونڈی (اَر۔ اِ۔ مث) گھر کی کنیز (۲) بے حد مطیع۔ بہت اطاعت گزار۔
گھر کی مُرغی دال برابر (اَر۔ مَثل) گھر کی اچھی چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی۔
گھر کے پاس نہ پھٹکنا (اَر۔ محاورہ) گھر کی طرف مطلق رُخ نہ کرنا۔ گھر نہ جانا۔
گھر کے پیروں کو تیل کا ملیدہ (اَر۔ مَثل) گھر والوں کی بے قدری اور غیروں کی خاطر مدارات۔
گھر کے جالے لیتے پھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھر کے کونے کونے کو جھانکتے اور ٹٹولتے پھرنا (۲) بے فائدہ کام کرنا۔
گھر کے گھر (اَر۔ متعلق فعل) (۱) گھر ہی میں۔ گھر کے اندر (۲) برابر۔ نفع میں نہ نقصان میں (۳) (اَر۔ اِ۔ مذ) بہت سے گھر۔ بہت سے خاندان۔
گھر کے گھر بند ہو گئے (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت سے گھر تباہ ہو گئے (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بستیاں ویران ہو گئیں۔

گھر کے گھر بیٹھ گئے (اُر۔ محاورہ) بارش کی کثرت سے بہت سے مکانات گر پڑے۔

گھر کے گھر رہنا (اُر۔ محاورہ) نہ نفع ہونا نہ نقصان۔ برابر برابر رہنا۔

گھر کے گھر صاف ہو جانا (اُر۔ محاورہ) بہت سے خاندانوں کا تباہ ہو جانا۔

گھر کے گھر میں (اُر۔ تابع فعل) باہمی طور پر۔ آپس میں۔

گھر کے لوگ (آدمی) (اُر۔ ا۔ مذ) بال بچے۔ سارا کنبہ۔

گھر کے ہُوئے نہ دَر کے (اُر۔ مثل) نہ گھر کے قابل رہے نہ باہر کے۔ کہیں کے نہ رہے۔

گھر گرہست (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گھر کا نظام (۲) گھر سے متعلق اُمور۔

گھر گرہستی (ہ۔ ا۔ مث) گھر کا انتظام (۲) گھر میں رہنے والی شریف عورت۔

گھر گھاٹ (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) چال ڈھال۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق (۲) خو۔ خصلت۔ عادت۔ طبیعت (۳) نشان۔ پتا۔ مقام۔ ٹھکانا۔

گھر گھاٹ معلوم ہونا (اُر۔ محاورہ) تمام باتوں کی واقفیت اور آگاہی ہونا۔ طور طریق معلوم ہونا۔ سارے بھید جاننا۔

گھر گھالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھر برباد کرنا۔ لوٹنا۔ فریب سے مال مارنا (۲) عاشق بنانا۔ موہنا۔ فریفتہ کرنا۔

گھر گھر (اُر۔ متعلق فعل) (۱) خانہ بخانہ۔ ہر گھر میں۔ ہر مکان میں۔ سب جگہ (۲) سب کے گھروں میں۔ ہر کس و ناکس کے گھر میں۔

گھر گھر پھرنا (اُر۔ محاورہ) مارا مارا پھرنا۔

گھر گھر جھانکنا (اُر۔ محاورہ) ہر گھر میں جانا۔

گھر گھر چراغ جلنا (اُر۔ محاورہ) ہر گھر میں خوشی ہونا۔ عام خوشی ہونا۔

گھر گھر عید ہے (اُر۔ محاورہ) عام خوشی ہے۔ سب خوش و خرم ہیں۔

گھر گھر کے جالے لینا (اُر۔ محاورہ) ہر ایک کو ٹٹولتے پھرنا۔ گھر گھر پھرنا۔

گھر گھر کے مزے چکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ایک گھر میں نہ رہنا۔ ملازم یا نوکر کا ایک جگہ نہ ٹھہرنا (۲) تجربہ کار ہونا۔

گھر گھر لئے پھرنا (اُر۔ محاورہ) ہر جگہ لئے پھرنا۔ دربدر لئے پھرنا۔

گھر گھر مانگتے پھرنا (اُر۔ محاورہ) ہر گھر سوال کرتے پھرنا (۲) قرض لیتے پھرنا۔

گھر گھر مٹیالے چُولہے ہیں (اُر۔ مثل) سب ایک جیسے ہیں۔ کوئی آسودہ اور فارغ البال نہیں۔ سب ایک حال میں ہیں۔

گھر گھسڑو (گھر گھسنا) (اُر۔ صف) وہ مرد جو ہر وقت زنان خانے میں بیٹھا رہے۔ عورتوں میں بیٹھنے والا شخص۔

گھر گھوڑا نخاس میں مول (اُر۔ مثل) (۱) بے دکھائے کسی چیز کی تعریف کرنا (۲) جو چیز پاس نہ ہو اُس کا مول تول کرنا۔

گھر گئی (اُر۔ صف) خانہ خراب عورت۔ رانڈ۔ بیوہ۔

گھر گیا (اُر۔ صف) نگوڑا۔ خانہ خراب مرد۔

گھر لُٹانا (اُر۔ محاورہ) بے جا داد و دہش کرنا (۲) بہت فضول خرچی کرنا۔

گھر لُٹ جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مکان میں چوری ہونا (۲) کسی موت سے گھر کا تباہ ہونا۔

گھر لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) مکان مول لینا (۲) گھر کرائے پر لینا۔

گھر ملتا ہے تو بَر نہیں ملتا، بَر ملتا ہے تو گھر نہیں ملتا (اُر۔ مثل) بیٹیوں کو اچھا رشتہ نہ ملنے پر کہا جاتا ہے۔

گھر مُوسنا (اُر۔ محاورہ) گھر میں چوری کرنا۔ گھر کا صفایا کرنا۔ لوٹنا۔

گھر میں (اُر۔ تابع فعل) زوجہ۔ بیوی۔

گھر میں آگ لگانا (اُر۔ محاورہ) گھر تباہ کرنا۔ نیست و نابود کرنا۔

گھر میں آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مکان میں داخل ہونا (۲) کسی سیارے کا بُرج میں داخل ہونا (۳) ہاتھ لگنا۔ اپنی ذات کو فائدہ پہنچنا۔

گھر میں آئی جوئے، ٹیڑھی پگڑی سیدھی ہوئے (اُر۔ مثل) بیاہ ہوتے ہی سارا بانکپن نکل جاتا ہے۔ بیوی آتے ہی گھر بار کی فکر ہو جاتی ہے۔ (جوئے: جورو۔ بیوی)۔

گھر میں بُھونی بھانگ نہیں ہے اور باہر نیوتے سات (اُر۔ مثل) مُفلس و قلاش ہوتے ہوئے بھی شیخی بگھارتے ہیں۔

گھر میں بیٹھ رہنا (اُر۔ محاورہ) گوشہ نشین ہو جانا۔

گھر میں بیٹھے شکار کرنا (کھیلنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) گھر بیٹھے مال مارنا۔ گھر کے اندر ہی لوگوں کو ٹھگنا (۲) گھر کے اندر مزے اُڑانا۔

گھر میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بیوی بننا (۲) کسی بیسوا کا پیشہ ترک کر کے نکاح کرنا (۳) کسی کی داشتہ بننا۔

گھر میں جورو کا نام بہو بیگم رکھ لینے سے کیا ہوتا ہے (اُر۔ مثل) اپنی عزّت اپنے مُنہ سے نہیں ہوا کرتی۔

گھر میں جو شہد ہے تو کاہے کو بَن جائیں؟ (اُر۔ مثل) اگر بغیر محنت و مشقت کے روزی مل جائے تو دوڑ دھوپ کی کیا ضرورت ہے۔

گھر میں چُوہے لوٹتے ہیں (قلابازیاں کھاتے ہیں) (اُر۔ مثل) اس قدر مُفلس ہیں کہ گھر کے چوہے تک بھوک کے مارے لوٹنیاں لگا رہے ہیں۔

گھر میں خاک اُڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت غریبی اور مُفلسی ہونا۔

گھر میں دوا، ہائے ہم مرے (اُر۔ مثل) اُس بے وقوف آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے جس کے پاس ضرورت کی چیز موجود ہو مگر وہ اُس کا استعمال نہ جانتا ہو۔

گھر میں دھان نہ پان، بیٹی (بی بی) کو بڑا گمان (اُر۔ مثل) مُفلسی میں غرور کرنا۔ غربت میں شیخی بگھارنا۔

گھر میں دیکھو چھلنی نہ چھاج، باہر میاں تیر انداز (اُر۔ مثل) غریب شیخی خورے کے متعلق کہتے ہیں۔

گھر میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بیسوا کے ساتھ نکاح کر کے اُسے بیوی بنا لینا۔

گھر میں سُوت نہ کپاس، جولاہے سے لٹھم لٹھا (اُر۔ مثل) دیکھئے سُوت نہ کپاس۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گھر میں شیر باہر بھیڑ (اُر۔مثل) گھر والوں پر بے جا حکومت کرنا اور باہر والوں سے دبنا۔

گھر میں کھانے کو نہیں، اٹاری پر دُھواں (اُر۔مثل) شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔

گھر میں گھر، لڑائی کا ڈر (اُر۔مثل) ایک گھر میں دُوسرا گھر بنا دیا جائے تو ہمیشہ جھگڑا رہتا ہے۔

گھر میں نہ سمانا (اُر۔محاورہ) گھر میں نہ آسکنا۔ مکان کی گنجائش سے زیادہ ہونا۔

گھر میں نہیں تاگا، البیلا مانگے پاگا (گھر میں نہیں دانے بی بی چلی بُھنانے) (اُر۔مثل) مُفلس شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔ (پاگا: گھوڑا)۔

گھر نہ بار میاں محلے دار (اُر۔مثل) مفت کی شیخی بگھارنے اور خواہ مخواہ اترانے والا۔

گھر نہ بر (اُر۔مثل) اکیلی عورت۔

گھر نہ بسنا (اُر۔محاورہ) میاں بیوی کی آپس میں نہ بننا۔

گھر نہ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) تباہ نہ ہونا۔ موافقت نہ ہونا (۲) خانہ داری کا اِنتظام نہ ہونا (۳) ٹھکانا نہ ہونا۔

گھر واس (ہ۔ا۔مذ) رہنے کی جگہ۔ مکان۔

گھر والا (اُر۔ا۔مذ) (۱) صاحبِ خانہ۔ مکان کا مالک (۲) شوہر۔

گھر والی (اُر۔ا۔مث) (۱) گھر کی مالکہ (۲) بیوی۔ بیگم۔

گھر ویران ہونا (اُر۔مص مُرکب) (۱) گھر اُجڑنا۔ گھر تباہ و برباد ہونا (۲) بیوی کا مرنا (۳) میاں بیوی میں نااتفاقی ہو جانا۔

گھر ہو آؤ (اُر۔محاورہ) یہ کام تمہاری خواہش کے مُطابق نہیں ہوگا۔

گھر ہونا (اُر۔محاورہ) تباہ ہونا۔ میاں بیوی میں اِتفاق ہونا (۲) گھر میں سلیقہ اور اِنتظام ہونا (۳) سُوراخ ہونا۔ چھید ہونا (۴) گنجائش ہونا۔ سمائی ہونا۔

گھرّا (گھر۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آنکھ کی ایک دوا کا نام (۲) وہ آواز جو حالتِ نزع میں سانس رُک رُک کر نکلنے سے پیدا ہوتی ہے۔

گھرّا چلنا (اُر۔محاورہ) حالتِ نزع میں حلق میں گھنگھرو بولنا۔ اخیر دَم ہونا۔ مرتے وقت سانس رُک رُک کر نکلنا۔

گھرّا لگنا (اُر۔محاورہ) گھنگھرو بولنا۔ قریبِ مرگ ہونا۔

گھرّاٹا (گھر۔را۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) خرّاٹا۔

گھرانا (گھ۔را۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) خاندان۔ کنبہ۔ قبیلہ (۲) سلسلۂ نسب۔ پُشت۔ نسل۔ اولاد۔ جمع: گھرانوں۔ گھرانے۔

گھر آنا (گھر۔آ۔نا) (ہ۔مص) اُمنڈ آنا۔ چھا جانا۔ ہجُوم کر لینا۔

گھرائی (گھ۔را۔ئی) (ہ۔ا۔مث) پھاٹک سے مویشی گھرانے کی اُجرت۔

گھرج (گھ۔رج) (ہ۔ا۔مث) وہ لکڑی یا ہاتھی دانت کا ٹکڑا جو ستار میں لگاتے ہیں اور جس پر تار کستے ہیں۔

گھر جانا (گھر۔جا۔نا) (ہ۔مص) دُشمن کے حلقے میں آجانا (۲) محصور ہو جانا (۳) رنج اور مُصیبت میں مُبتلا ہو جانا۔

گھرسنا (گھ۔رس۔نا) (ہ۔مص) گھسیٹنا۔ کسی چیز میں اٹکا دینا۔

گھر کر آنا (اُر۔محاورہ) اُمنڈ کر آنا۔ چھا جانا۔

گھرکنا (گھ۔رک۔نا) (ہ۔ا۔مث) گھرکی دینا۔ ڈانٹنا۔ گھورنا۔ دھمکانا۔ جھڑکی دینا۔

گھرکی (گھُڑکی) (ہ۔ا۔مث) جھڑکی۔ دھمکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ جمع: گھرکیاں۔ گھرکیوں۔

گھرکی دینا (اُر۔محاورہ) جھڑکنا۔ گھرکنا۔ ڈانٹنا۔ دھمکانا۔ ڈرانا۔

گھرکی کھانا (گھرکی سُننا) (اُر۔محاورہ) گھرکی برداشت کرنا۔

گھر گھر (ہ۔ا۔مث) چکّی کی آواز۔ مشین کی آواز۔

گھرگھرانا (ہ۔مص) غرّانا۔

گھرگھراہٹ (گھر۔گھ۔را۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) گھرگھر کی آواز۔

گھرنا (ہ۔مص) گھیرے میں آنا۔ محصور ہونا (۲) گھومنا۔ چھانا۔ اُمنڈنا۔

گھرنائی (گھرنئی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی ناؤ جو گھڑوں سے بنائی جاتی ہے۔

گھرنی (گھر۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چرخی۔ پُلی۔ گھمانے کا آلہ (۲) رسّی بٹنے کی کل (۳) دورانِ سر (۴) ایک آبی پرند۔ رام چڑیا (۵) لوٹن کبوتر۔

گھرنی کھانا (اُر۔محاورہ) لوٹنی کھانا۔ گھومنا۔ چکر کھانا۔

گھروا (گھر۔وا) (ہ۔ا۔مذ) گھر کی تصغیر۔ چھوٹا سا گھر۔

گھرواہا (گھروایا) (گھر۔وا۔ہا) (گھر۔وا۔یا) (ہ۔ا۔مذ) گھروا۔ جھونپڑا۔ کُٹیا۔

گھروندا (گھ۔روں۔دا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گڑیوں کا گھر۔ چھوٹا سا مٹی کا گھر (۲) (صف) ناپائیدار۔ جمع: گھروندوں۔ گھروندے۔

گھریا (گھر۔یا) (ہ۔ا۔مث) کٹھالی۔ مٹی کی کُلھیا جس میں سونا ڈھالتے ہیں (۲) نرغہ۔

گھریا میں گھرنا (اُر۔محاورہ) نرغے میں گھرنا۔

گھریلو (گھ۔رے۔لو) (ہ۔صف) (۱) خانگی۔ گھر کا (۲) خانہ ساز۔ گھر کا بنا ہوا (۳) پالتو۔ گھر کا پلا ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گھڑ (ہ۔ا۔مذ) گھوڑا کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔
گھڑ بہلی (ہ۔ا۔مث) گھوڑوں کی رتھ۔
گھڑ چڑھا (سوار) (ہ۔صف) (۱) گھوڑے پر چڑھا ہوا (۲) پکا سوار۔ عمدہ سواری جاننے والا۔
گھڑ چڑھی (اُر۔ا۔مث) بیاہ کے موقع پر دولھا کا گھوڑے پر سوار ہو کر دلہن کے گھر جانا۔ برات (۲) ایک قسم کی چھوٹی سی توپ جسے گھوڑے پر رکھ کر ہر جگہ آسانی سے لے جا سکتے ہیں (۳) رسالہ۔ سواروں کی فوج۔
گھڑ دَوڑ (اُر۔ا۔مث) گھوڑوں کی دوڑ۔ گھوڑوں کو شرط بد کر دوڑانا۔
گھڑ دوڑ کا میدان (اُر۔ا۔مذ) ریس کورس۔
گھڑ سال (سالا۔ سار) (اُر۔ا۔مذ) اصطبل۔ طویلہ۔
گھڑ مکھی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی مکھی جو گھوڑے کو بہت تنگ کرتی ہے۔
گھڑ مُنہا (گھڑ۔مُوں۔ہا) (ہ۔ا۔مث) وہ شخص جس کا منہ گھوڑے کے منہ سے ملتا جلتا ہو۔ لمبے منہ یا تھوتھنی والا۔
گھڑ نال (ہ۔ا۔مث) گھوڑے پر لے جانے والی توپ۔
گھڑا (ہ۔ا۔مذ) پانی رکھنے کا مٹی کا برتن۔ جمع: گھڑوں۔ گھڑے۔
گھڑانا (گھڑوانا) (ہ۔مص) بنوانا۔ (زیور وغیرہ)۔
گھڑاوَن (گھ۔ڑا۔وَن) (ہ۔ا۔مث) گھڑنے کی اُجرت۔
گھڑائی (گھڑوائی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گھڑنے کی اُجرت۔ زیور وغیرہ بنانے کی مزدوری (۲) گھڑت۔ ساخت۔ بناوٹ۔
گھڑت (ہ۔ا۔مث) (۱) ساخت۔ بناوٹ (۲) تصنع۔ جھوٹی بات۔
گھڑکی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے گھرکی۔
گھڑ گھڑاہٹ (گھڑ۔گھ۔ڑا۔ہَٹ) (ہ۔ا۔مث) گھڑ گھڑ کی آواز۔ گاڑی یا چکی چلنے کی آواز۔ گھر گھراہٹ بھی مستعمل ہے۔
گھڑنا (گھڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بنانا (۲) اینٹ کو تراش کر دُرست کرنا (۳) زیور بنانا (۴) جھوٹی بات بنانا (۵) قلم یا پنسل تراشنا (۶) روٹی بنانا (۷) مارنا۔ زدوکوب کرنا (۸) گزرنا۔ واقع ہونا (ق)۔
گھڑَنت (گھ۔ڑَنت) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے گھڑت۔
گھڑوں (ہ۔ا۔مذ) گھڑا کی جمع۔
گھڑوں پانی پڑ جانا (اُر۔محاورہ) بہت شرمندہ ہونا۔
گھڑونچی (گھ۔ڑوں۔چی) (ہ۔ا۔مث) لکڑی کا وہ چوکھٹا جس پر پانی کے گھڑے رکھتے ہیں۔ جمع: گھڑونچیاں۔ گھڑونچیوں۔
گھڑی (گھ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) گھنٹے کا ۵/۲ حصہ۔ ۲۴ منٹ کا وقفہ۔ رات دن کا ساٹھواں حصہ (۲) ساعت (۳) وقت۔ زمانہ۔ سماں (۴) وقت بتانے کا آلہ۔ جمع: گھڑیاں۔ گھڑیوں۔
گھڑی بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) گھڑی کا گزرنا نہایت دُشوار ہونا۔ وقت مشکل سے کٹنا۔
گھڑی بھر (اُر۔تابع فعل) ایک گھڑی۔ ایک ساعت (۲) لحہ بھر۔ لحظہ بھر۔
گھڑی بھر کی بے شرمی' سارے دن کا آرام (اُر۔مثل) بے شرم کچھ نہ کچھ حاصل کر لیتا ہے۔ عموماً رنڈیوں کے متعلق کہا جاتا ہے۔
گھڑی بھر میں (اُر۔تابع فعل) دَم بھر میں۔ ایک لمحے میں۔ فوراً۔
گھڑی پل کی آس نہیں' کہے کال کی بات (اُر۔مثل) دَم بھر کا بھروسا نہیں۔ کل کی نسبت بات کرتے ہیں۔
گھڑی پہاڑ ہونا (اُر۔محاورہ) وقت مشکل سے کٹنا۔
گھڑی تولہ گھڑی ماشہ۔ دیکھئے گھڑی میں تولہ۔
گھڑی دو گھڑی (اُر۔تابع فعل) تھوڑی دیر میں۔
گھڑی ساز (اُر۔ا۔مذ) گھڑی کی مرمت کرنے والا۔
گھڑی ساعت پر ہونا (اُر۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔ کوئی دَم کا مہمان ہونا۔ دَم توڑنا۔
گھڑی کو کنا (اُر۔محاورہ) گھڑی کو چابی دینا۔
گھڑی گھڑی (اُر۔تابع فعل) (۱) دَم بدم۔ لحظہ بہ لحظہ۔ لحہ بہ لحہ (۲) بار بار۔ پے در پے۔ متواتر۔ لگاتار۔
گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت (اُر۔مثل) ذرا سی بات میں خوش ہونا' ذرا سی بات میں بگڑ جانا۔
گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ (اُر۔مثل) غیر مستقل مزاج۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ۔ کبھی کچھ کبھی کچھ۔ دَم بھر میں طبیعت بدلنے والا۔
گھڑی میں گھڑیال ہے (ہ۔مثل) مرتے دیر نہیں لگتی۔ (ہندو معمر مُردے کی ارتھی گھڑیال بجاتے ہوئے شمشان لے جاتے ہیں)۔
گھڑیا (اُر۔ا۔مث) گھڑا کی تصغیر (۲) کٹھالی جس میں سونا چاندی پگھلایا جاتا ہے (۳) شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا چھتا۔ مُہال (۴) رحم۔ بچہ دان۔
گھڑیال (گھڑ۔یال) (ہ۔ا۔مذ) پیتل کا وہ گھنٹا جو مندروں یا امیروں کے دروازے پر بجایا جاتا ہے (۲) مگر۔ مگرمچھ کی ایک قسم جس کی تھوتھنی مگرمچھ سے چھوٹی مگر چوڑی ہوتی ہے۔
گھڑیالی (گھڑ۔یا۔لی) (ہ۔ا۔مذ) گھڑیال بجانے والا۔
گھس (بفتحۂ اوّل) (ہ۔ا۔مث) گھاس کا مخفف۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔
گھس کھدا (ہ۔ا۔مذ) (۱) گھسیارا۔ گھاس کھودنے والا (۲) (صف) ادنیٰ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کمینہ۔ رذیل (۳) اناڑی۔ ناشائستہ۔ ناکارہ۔ نادان۔ اَحمق۔ بے وقوف۔

گِھس (بکسرِ اوّل) (ہ۔ فعل) گِھسنا مصدر سے اَمر کا صیغہ (۲) گِھسنا کا عمل۔

گِھس جانا (اَر۔ محاورہ) رگڑا جانا۔ پُرانا ہو جانا۔

گِھس گِھس (اَر۔ا۔مث) (۱) قلم کی آواز (۲) گِھسنے کا عمل۔

گِھس کر لگانے کو نہیں (اَر۔ محاورہ) بالکل نہیں۔ مطلق نہیں۔ ذرا نہیں۔

گُھس (بضمِ اوّل) (ہ۔ فعل) گُھسنا مصدر کا فعل اَمر (۲) گُھسنا کا عمل یا فعل۔

گُھس آنا (اَر۔ محاورہ) (ہ۔مص) بلا اجازت مکان میں داخل ہو جانا۔

گُھس بیٹھنا (ہ۔مص) اندر ہو بیٹھنا (۲) چُھپ جانا (۳) پاس پاس بیٹھنا۔

گُھس پڑنا (اَر۔ محاورہ) بے کھٹکے کسی مکان میں داخل ہو جانا۔

گُھس پَیٹھ (ہ۔ا۔مث) (۱) دخل۔ پہنچ۔ رسائی۔ باریابی (۲) کسی کی حدود میں چوری چُھپے داخل ہونے کا عمل۔ مداخلت کاری۔ در اندازی۔

گُھس پَیٹھ کر (کے) (ہ۔ متعلق فعل) یارانہ گانٹھ کر۔ راہ و رسم پیدا کر کے۔

گُھس پَیٹھیا (ہ۔صف۔وا۔مذ) غیر کی حدود میں زبردستی یا چوری چُھپے داخل ہونے والا۔ مداخلت کار۔ در انداز۔ جمع: گُھس پیٹھیوں۔ گُھس پیٹھیے۔

گُھس کر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) مل کر بیٹھنا۔ جُڑ کر بیٹھنا۔

گِھسّا (گِھس۔سا) (گِھس۔سا) (ہ۔ا۔مذ) رگڑ۔ رگڑا (۲) گھوڑے کو گاڑی میں جوتنے کے لئے سدھانے کی لکڑی۔ جمع: گِھسّوں۔ گِھسّے۔

گِھسّا دینا (اَر۔ محاورہ) رگیدنا۔ رگڑا دینا۔

گِھسّا لگنا (اَر۔ محاورہ) رگڑ لگنا۔

گِھسّا میری (اَر۔ا۔مذ) بچّوں کا ایک کھیل۔

گِھسا (گھِ۔سا) (ہ۔صف) گِھسا ہوا۔ فرسُودہ۔ کہنہ۔ پُرانا۔

گُھسانا (گُھ۔سا۔نا) (اَر۔مص) داخل کرنا۔ گُھسیڑنا۔

گِھساؤ (گھِ۔سا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) رگڑ (۲) فرسُودگی۔ پُرانا پن۔

گِھسائی (گھِ۔سا۔ای) (اَر۔ا۔مث) گِھسانے یا گِھسوانے کی اُجرت۔

گِھسٹتے گِھسٹتے پھرنا (اَر۔ محاورہ) کھنچے کھنچے پھرنا۔ دربدر پھرنا۔

گِھسٹنا (گھِ۔سٹ۔نا) (ہ۔مص) کھنچنا (۲) زمین سے رگڑتے ہوئے چلنا۔

گُھسَم گُھسّا (گُھس۔سَم۔گُھس۔سا) (ہ۔ا۔مذ) ایک دُوسرے کو زمین پر رگڑے دینا (۲) ایک پتنگ کی ڈور سے دُوسرے پتنگ کی ڈور کو رگڑا دینا۔

گِھسَن (گھِ۔سَن) (ہ۔ا۔مث) رگڑ۔

گِھسَن پٹّی (ہ۔ا۔مث) مارکٹائی۔

گِھسنا (گِھس۔نا) (ہ۔مص) (۱) رگڑ آنا۔ رگڑ لگنا (۲) پُرانا ہونا۔ فرسُودہ ہونا (۳) وزن میں کم ہونا (۴) رگڑنا۔ پیسنا۔ حل کرنا۔

گُھسنا (گُھس۔نا) (ہ۔مص) اندر جانا۔ داخل ہونا (۲) دخل دینا۔ مداخلت کرنا۔

گُھسوانا (گُھس۔وا۔نا) (ہ۔مص) گُھسنا مصدر کا متعدی۔ داخل کروانا۔

گِھسوانا (گِھس۔وا۔نا) (ہ۔مص) گِھسانا مصدر کا متعدی اور گِھسنا مصدر کا متعدی المتعدی۔

گِھسّے (گِھس۔سے) (ہ۔ا۔مذ) گِھسّا کی جمع (۲) گِھسّا کی مُغیرہ صورت۔

گِھسّے دینا (لگانا) (اَر۔ محاورہ) رگڑنا۔

گھسیارا (گھس۔یا۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گھاس کھودنے والا (۲) گھاس بیچنے والا۔ جمع: گھسیاروں۔ گھسیارے۔

گھسیارن (گھسیاری) (ہ۔ا۔مث) گھسیارا کی تانیث۔ گھاس کھودنے یا بیچنے والی عورت۔ جمع: گھسیارنیں۔ گھسیارنوں۔

گھسیٹ (گھ۔سیٹ) (ہ۔ا۔مث) وہ نشان جو زمین پر کسی چیز کے گھسیٹنے سے ظاہر ہو (۲) (فعل) گھسیٹنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

گھسیٹا گھسائی (گھ۔سی۔ٹا۔گھ۔سا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) کھینچا کھینچی۔ کھینچا تانی۔

گھسیٹن (گھ۔سی۔ٹن) (ہ۔ا۔مث) گھسیٹنے کا نشان۔ وہ نشان جو کسی چیز کے زمین پر کھینچنے سے پڑ جاتا ہے۔ گھسیٹ۔

گھسیٹنا (گھ۔سیٹ۔نا) (ہ۔مص) کھینچنا۔ زمین پر رگڑتے ہوئے لے جانا (۲) جلد جلد بُرا بھلا لکھ دینا (۳) مُصیبت میں مبتلا کرنا۔

گھسیڑنا (گھ۔سیڑ۔نا) (بیائے مجہول) (ہ۔مص) اندر داخل کرنا (۲) ٹھونسنا (۳) ایک چیز کو دُوسری چیز میں زور سے داخل کرنا۔

گھکوار (گھک۔وار) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گھیکوار۔

گھگرا (گھگ۔را) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گھاگرا۔

گھگری (گھگریا) (گھگ۔ری) (گھ۔گر۔یا) (ہ۔ا۔مث) گھگرا کی تصغیر اور تانیث۔

گھگّو (گھگ۔گو) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اُلّو۔ چُغد۔ بیوقوف (۲) مٹّی کا ایک کھلونا جو پھونکنے سے بجتا ہے (۳) دُخانی کارخانوں کے انجن کی آواز۔

گھگّی (گھگ۔گی) (ہ۔ا۔مث) فاختہ۔ جمع: گھگّیاں۔ گھگیوں۔

گھگّی (گھگ۔گی) (ہ۔ا۔مث) ہچکی۔ روتے وقت سانس کا رُک رُک کر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نکلنا (۲) خوف یا دہشت کے مارے مُنہ سے گھی گھی کی آواز نکلنا۔

گھگّی بندھ جانا (اُر۔ محاورہ) روتے روتے سانس بند ہو جانا۔ ہچکی بندھ جانا (۲) ڈر کے مارے بول نہ سکنا۔

گھگیانا (گھگ۔یا۔نا) (ہ۔مص) (۱) گھگّی بندھ جانا (۲) عاجزی کرنا۔ منّت سماجت کرنا۔ گڑگڑانا۔

گھل (ہ۔فعل) گھلنا مصدر کا فعلِ اَمر۔

گھل جانا (ہ۔مص) پگھل جانا (۲) نرم ہو جانا۔ گداز ہو جانا۔ پتلا ہو جانا (۳) پانی ہو جانا۔ رقیق ہو جانا (۴) تھک جانا۔ مضمحل ہو جانا (۵) دُبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ سُوکھ جانا۔

گھل کر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) گھل مل کر بیٹھنا۔ بے تکلّفی سے بیٹھنا۔

گھل گھل کر (کے) (اُر۔ متعلق فعل) تحلیل ہو ہو کر۔ دُبلا ہو ہو کر۔

گھل گھل کر آخر (تمام) ہونا (اُر۔ محاورہ) تحلیل ہو ہو کر مرنا۔ غم، بیماری یا عشق سے رنجھ رنجھ کر دَم دینا۔ دُبلا اور لاغر ہو کر مرنا۔

گھل گھل کر (کے) کانٹا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) غم یا بیماری کے باعث گھل گھل کر دُبلا ہونا۔ سُوکھ کر کانٹے کی طرح لاغر ہو جانا۔

گھل گھل کر مرنا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے گھل گھل کر تمام ہونا۔

گھل مِل جانا (اُر۔ محاورہ) ایک ہو جانا۔ یک جان ہو جانا (۲) دوستی گانٹھ لینا۔ بے تکلّف ہونا۔

گھل مِل کر (کے) بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) مِل جُل کر بیٹھنا۔ محبت سے پاس جا کر بیٹھنا۔

گھل مل کر رہنا (اُر۔ محاورہ) پیار محبت سے رہنا۔ مِل جُل کر بسر کرنا۔

گھلا (گھ۔لا) (ہ۔صف) گھلا ہوا۔

گھلا جانا (اُر۔ محاورہ) دُبلا ہوا جانا۔

گھلا مِلا (اُر۔صف) بے تکلّف (۲) حل کیا ہوا۔ خوب ملا ہوا۔

گھلانا (ہ۔مص) گھلنا کا متعدی (۱) پگھلانا۔ مُلائم کرنا (۲) دُبلا کرنا۔

گھلاوٹ (گھ۔لا۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) نرمی۔ مُلائمت (۲) گھلنا کا فعل۔

گھلنا (گھل۔نا) (ہ۔مص) پگھلنا۔ گداختہ ہونا۔ رقیق ہونا (۲) گداز ہونا۔ مُلائم ہونا۔ نرم ہونا (۳) حل ہونا (۴) دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا (۵) پتلا پڑنا۔

گھلوانا (گھل۔وا۔نا) (ہ۔مص) حل کرانا۔ پگھلوانا۔ گھولنا کا متعدی المتعدی۔

گھُلُّو مِٹھُّو ہو جانا (اُر۔ محاورہ) جلد مِل جُل جانا۔ بے تکلّف ہو جانا۔

گھمانا (گھ۔ما۔نا) (ہ۔مص) پھرانا۔ چکّر دینا۔ سیر کرانا۔ گشت کرانا۔ گھومنا کا متعدی۔

گھماؤ (گھ۔ما۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پھیر۔ چکّر (۲) زمین کا وہ رقبہ جسے بیل ایک دن میں جوت لیں۔

گھماؤں (گھ۔ما۔اُوں) (ہ۔ا۔مذ) آٹھ کنال یا دو بیگہ زمین۔

گھمبیر (گھم۔بیر) (س۔صف) دیکھیے گمبھیر۔

گھمرا (گھم۔را) (ہ۔ا۔مذ) ایک پودے کا نام۔ ایک کیڑے کا نام۔

گھمر گھمر (گھ۔مَر۔گھ۔مَر) (اُر۔ا۔مث) چکّی چلنے کی آواز۔

گھمرول (گھم۔رول) (ہ۔ا۔مث) اژدحام۔ افراتفری (۲) لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد (۳) گھبراہٹ۔ حیرانی۔ پریشانی۔

گھمڑی (گھم۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) چکّر۔ دورانِ سر۔ جمع: گھمڑیاں۔ گھمڑیوں۔

گھمڑیاں لینا (اُر۔ محاورہ) چکّر کھانا۔ گرد پھرنا۔ گھیرنیاں کھانا۔

گھمس (گھ۔مَس) (ہ۔ا۔مث) حبس۔ مینہ کے بعد ہوا کا بند ہونا اور سخت گرمی ہونا۔

گھمسان (گھم۔سان) (ہ۔ا۔مذ) لڑائی۔ رن۔ جنگ۔ رزم (۲) قتلِ عام۔ خوں ریزی (۳) لاشوں کے اَنبار کے اَنبار (۴) بھیڑ۔ ہجوم (۵) تباہی۔ بربادی (۶) زیر و زبر۔ اُوپر تلے۔

گھمسان پڑنا (اُر۔ محاورہ) کُشت و خون ہونا۔

گھمسان کا رن پڑنا (اُر۔ محاورہ) کُشتوں کے پُشتے لگ جانا۔ لاشوں کے ڈھیر لگ جانا۔

گھمسان کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) خوں ریزی کرنا۔ کُشت و خون کرنا (۲) جان توڑ کر لڑنا۔

گھمسان کی جنگ (لڑائی) (اُر۔ا۔مث) بڑے معرکے کی جنگ۔ بڑی بھاری لڑائی۔

گھمسان ہونا (اُر۔ محاورہ) کُشتوں کے پُشتے لگ جانا۔ مقتولوں کے ڈھیر لگ جانا (۲) فوج کا ہجوم ہونا۔ لشکر اکٹھا ہونا۔

گھمکا (گھم۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حبس۔ گھمس (۲) انقباض۔

گھم گھم (ہ۔ا۔مث) رتھ کے چلنے کی آواز۔ کہاروں کی آواز جو ڈولی لے جاتے ہوئے نکالتے ہیں۔

گھمنڈ (گھ۔منڈ) (بفتحہ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تکبّر۔ غرور۔ کبر۔ نخوت (۲) خود نُمائی۔ نمود۔ دکھاوٹ (۳) خود بینی۔ خود پسندی (۴) فخر۔ ناز۔ شیخی (۵) بَل۔ زور۔ طاقت (۶) بھروسا۔ سہارا۔ اُمید۔

گھمنڈ پر آنا (اُر۔ محاورہ) تکبّر کرنا۔ مغرور ہونا۔ اِترانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گھمنڈ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تکبّر کرنا۔ غرور کرنا۔ شیخی کرنا۔ اِترانا (۲) ناز کرنا۔ فخر کرنا۔

گھمنڈ نکال دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) نیچا دِکھانا۔ شیخی دُور کر دینا (۲) ہرا دینا۔

گھمنڈ نکل جانا (اَر۔ محاورہ) غرور دُور ہو جانا۔

گھُمنڈ (گھ۔ منڈ) (بضمِ اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) بادلوں کا چھانا۔ اَبر کا ہجوم کرنا۔

گھُمنڈنا (گھ۔ منڈ۔ نا) (ہ۔ مص) بادل گھرنا۔ اَبر چھانا۔

گھمنڈی (گھ۔ مَن۔ ڈی) (ہ۔ صف) (۱) متکبّر۔ مغرور (۲) خود نُما۔ خود پسند (۳) شیخی خورا (۴) اِترانے والا۔ فخر کرنے والا۔

گھُمنی (گھم۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) سر گھومنا۔ سر چکرانا۔

گھمیر (گھمیری) (گھ۔ میر) (گھ۔ می۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) چکّر۔ دوران سر۔ درد سر۔

گھن (بفتحِ اوّل) (س۔ ا۔ مذ) اَبر۔ گھٹا۔ بادلوں کا ہجوم (۲) بہت بڑا ہتھوڑا (۳) اَہرن (۴) جسم۔ بدن۔ اَنگ۔ شریر (۵) ایک قسم کی خوشبودار گھاس (۶) تعداد۔ گنتی (۷) وُسعت۔ فراخی (۸) مضبوطی (۹) کھنکار۔ بلغم (۱۰) گھنٹا۔ گھڑیال (۱۱) ایک قسم کا رَقص (۱۲) (صف) موٹا۔ دبیز (۱۳) بھاری۔ ٹھوس۔ وزنی (۱۴) سخت۔ کڑا (۱۵) بھرا ہوا (۱۶) بہت (۱۷) مبارک (۱۸) مستقل۔ دائمی (۱۹) گنجان۔

گھن پڑنا (اَر۔ محاورہ) ہتھوڑے کی چوٹ لوہے پر پڑنا (۲) کوئی دلی صدمہ یا رُوحانی تکلیف پہنچنا۔

گھن چکر (اَر۔ صف) (۱) بہت چکّر کھانے والا۔ بہت گردش کرنے والا (۲) آوارہ گرد (۳) بے وقوف۔ نادان (۴) (ا۔ مذ) آتش بازی کا چکّر جو آگ دینے سے خوب گردش کرتا ہے (۴) سُورج مُکھی کا پھول (۵) آسمان (ق)۔

گھن چکر میں آنا (اَر۔ محاورہ) مصیبت میں پھنسنا۔ گردش میں آنا۔

گھن دار (اَر۔ صف) گھنا۔ پاس پاس۔ گنجان۔

گھن شیام (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سیاہ بادل (۲) کرشن جی کا ایک لقب۔

گھن کا (اَر۔ صف) (۱) گنجان (۲) شاخ در شاخ اور سایہ دار (درخت)۔

گھن کا سکّہ (اَر۔ ا۔ مذ) رائج سکّہ۔ سکّۂ رائج الوقت۔

گھن کی چوٹ (اَر۔ ا۔ مث) بھاری چوٹ۔ ضرب شدید۔ سخت چوٹ۔

گھن گرج (اَر۔ ا۔ مث) (۱) بجلی کی کڑک۔ زور کی کڑک (۲) نہایت شور وغُل (۳) (صف) وزنی (۴) پُر شور۔

گھن گھور (گھنگھور) (ہ۔ صف) گہرا (بادل)۔ ڈراؤنی اور گہری (گھٹا)۔

گھنگھور گھٹا (ہ۔ ا۔ مث) بہت گہری گھٹا۔ بہت برسنے والے بادل۔

گھنگھور گھٹا چھانا (اَر۔ محاورہ) کالی اور گہری گھٹا کا نمودار ہونا۔

گھن مارنا (اَر۔ محاورہ) ضرب لگانا۔

گھِن (بکسرِ اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کراہت۔ نفرت۔ اِکراہ۔ تنفّر (۲) متلی۔ اُلٹی۔ قے۔

گھِن آنا (کھانا) (اَر۔ محاورہ) کراہت آنا۔ نفرت کرنا۔

گھُن (بضمِ اوّل) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک کیڑا جو لکڑی یا غلّے کو کھاتا ہے۔

گھُن جھڑنا (اَر۔ محاورہ) کرم خوردہ لکڑی کا بُرادہ جھڑنا۔

گھُن لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کیڑا لگنا۔ لکڑی یا غلّے میں کیڑے کا پیدا ہو جانا (۲) ایسا مرض یا فکر لگ جانا جو دَم کے ساتھ جائے۔

گھنا (گھ۔ نا) (س۔ صف) گنجان۔ چیزوں کا اِس طرح پاس پاس ہونا کہ بیچ میں کسی دُوسری چیز کی گنجائش نہ ہو۔

گھُنا (گھُ۔ نا) (ہ۔ صف) گھُنا ہوا۔ جسے گھُن لگ گیا ہو۔

گھُنّا (گھُن۔ نا) (اَر۔ صف) (۱) بات کو سمجھ کر اَنجان بننے والا (۲) دل میں بات رکھنے والا۔ میسنا۔ کینہ پرور۔

گھناؤنا (گھ۔ ناؤ۔ نا) (ہ۔ صف) جس سے گھِن آئے۔ مکروہ۔

گھناؤنی (ہ۔ صف) گھناؤنا کی تانیث۔

گھنٹ (گھن۔ نٹ) (س۔ ا۔ مذ) وہ گھنٹا جو ہاتھی کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔

گھنٹا (بفتحِ اوّل) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گھڑیال۔ بڑی گھنٹی (۲) وقت بتانے کا بڑا آلہ۔ کلاک (۳) ساٹھ منٹ کا وقت۔ جمع: گھنٹوں۔ گھنٹے۔

گھنٹا بجانا (اَر۔ محاورہ) گھنٹے پر چوٹ لگانا۔ گھڑیال بجانا۔

گھنٹا گھر (اَر۔ ا۔ مذ) وہ اُونچا مینار جس پر کلاک کی بڑی بڑی سوئیاں دُور سے وقت بتاتی ہیں۔

گھنٹا ہلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھنٹا ہلا کر پُوجا کرنا (۲) وقت گزاری کرنا۔ بے فائدہ کام کرنا۔

گھنٹالی (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹی گھنٹی۔

گھنٹی (بفتحِ اوّل) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) گھنٹا کی تانیث و تصغیر۔ چھوٹا گھنٹا یا گھڑیال۔ جمع: گھنٹیاں۔ گھنٹیوں۔

گھنٹے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گھنٹا کی جمع (۲) گھنٹا کی مُغیّرہ صورت۔

گھنٹے مورچھل سے اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) ہندو بُوڑھے کے جنازے کو بڑی دُھوم دھام اور باجے گاجے کے ساتھ مرگھٹ میں لے جانا۔

گھنج (بفتحِ اوّل) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) گردن۔ گلا (۲) نرخرہ۔ حلق۔

گھنڈی (بضمِ اوّل) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گریبان کو بند کرنے کے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لئے کپڑے یا دھاگے کا گول بٹن (۲) دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ (۳) گرہ (۴) کدورت (۵) رُکاوٹ۔ اِنقباض۔ جمع: گھنڈیاں۔ گھنڈیوں۔

گھنڈی کھولنا (اَر۔ محاورہ) گرہ کھولنا۔ بند کھولنا۔ بٹن کھولنا۔

گھنڈی لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بند باندھنا۔ بٹن لگانا (۲) گھنڈی ٹانکنا۔

گھنگچی (گھنگ۔چی) (ہ۔ا۔مث) سُرخ رتی۔ ایک قسم کے سُرخ دانے جن کا مُنہ سیاہ ہوتا ہے۔ سونا وغیرہ۔ تولنے کا ایک وزن۔ ⅛ ماشہ۔

گھنگرالے (گھنگ۔رالے) (ہ۔صف) گھنگروالے (بال)۔ بَل کھائے ہوئے (بال)۔ نیز دیکھئے گھنگریالے۔

گھنگرو (گھنگ۔رو) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بجنے والا زیور (۲) گلے کی وہ آواز جو جان کنی کے وقت سانس کے رُک کر نکلنے یا بلغم کے پھنس جانے سے نکلتی ہے (۳) چھوٹے گول گھنٹے جو ناچتے وقت پاؤں میں باندھ لیتے ہیں (۴) چنے کا ڈوڈا۔ جمع: گھنگرو۔ گھنگروؤں۔

گھنگرو باندھنا (اَر۔ محاورہ) ناچنے میں شاگرد ہونا (۲) ناچنے کی تیاری کرنا۔

گھنگرو بند بھائی (اَر۔ا۔مذ) ناچنے گانے والے آپس میں ایک دُوسرے کو کہتے ہیں۔

گھنگرو بولنا (اَر۔ محاورہ) (۱) گھنگروؤں کا چھن چھن کرنا (۲) موت کے قریب ہونا۔ جان کنی کے وقت سانس کا رُک رُک کر نکلنا۔

گھنگریا (گھنگر۔یا) (ہ۔ا۔مث) بچوں کے پہننے کا ایک قسم کا چھوٹا لہنگا۔

گھنگریالے (اَر۔صف) دیکھئے گھنگرالے۔

گھنگنی (گھنگ۔نی) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) اُبالا ہوا غلّہ (چنے، مٹر، جوار، گیہوں) جو نمک ملا کر کھایا جاتا ہے۔ جمع: گھنگنیاں۔ گھنگنیوں۔

گھنگنیاں مُنہ میں بھر کر بیٹھ جانا (اَر۔ محاورہ) خاموشی اختیار کرنا۔ چُپ سادھنا۔

گھنگولنا (گھنگول۔نا) (ہ۔مص) کسی رقیق چیز یا پانی میں ہاتھ ڈال کر ہلانا۔ گدلا کرنا (۲) خوب ہلانا۔

گھنگھنانا (گھن۔گھ۔نا۔نا) (ہ۔مص) پہیے یا چرخی کے جلدی جلدی چلنے یا چکر کھانے سے آواز پیدا ہونا۔

گھننا (گھن۔نا) (ہ۔مص) گھن لگنا۔ خراب ہو جانا۔

گھنونا (گھ۔نو۔نا) (ہ۔صف) دیکھئے گھناؤنا۔

گھنونی (ہ۔صف) دیکھئے گھناؤنی۔

گھنی (گھ۔نی) (س۔صف) گھنا کی تانیث۔

گھنی چھاؤں (اَر۔ا۔مث) گنجان سایہ جس میں سے دھوپ نہ چھنے۔

گھنی (گھ۔نی) (ہ۔صف) گھنا کی تانیث۔

گھنّی (گھن۔نی) (ہ۔صف) گھنّا کی تانیث۔

گھنّی سادھنا (اَر۔ محاورہ) جان کر خاموش رہنا۔

گھنّی مُنّسی (اَر۔صف) مکری۔ دیدہ و دانستہ تنگ کرنے کے لئے چپ سادھنے والی (عورت)۔

گھنیانا (گھن۔یا۔نا) (ہ۔مص) کسی مکروہ چیز سے طبیعت کا گھن کھانا۔ گندی چیز سے نفرت کرنا۔

گھنیرا (گھ۔نے۔را) (ہ۔صف) (۱) گھنا۔ گہرا (۲) بہت۔

گھنیری (گھ۔نے۔ری) (ہ۔صف) گھنیرا کی تانیث۔

گھنیس (گھنیش) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) ایک آبی پرندے کا نام۔ دھنیس۔ گھن چری۔ (Grey horn-bill)۔

گھوا (گھو۔آ) (ہ۔ا۔مذ) ایک کیڑے کا نام جو تالاب کے کنارے رہتا ہے (۲) سرکنڈے کے اُوپر کا پُھول جو رُوئی کے مانند ہوتا ہے۔

گھوٹ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گھوٹنا مصدر سے امر کا صیغہ (۲) پالش۔

گھوٹا (گھو۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) کاغذ گھوٹنے کا مُہرا۔ صاف یا چمکیلا بنانے کا اوزار (۲) اُسترے سے سر یا ڈاڑھی کی صفائی۔ چار اَبرو کا صفایا۔

گھوٹنا (گھوٹ۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) رگڑنا۔ حل کرنا۔ باریک کرنا (۲) مُہرے سے صفائی کرنا (۳) رٹنا۔ بار بار پڑھ کر ذہن نشین کرنا۔

گھور (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) (۱) غلاظت۔ میل۔ چرک (۲) نظر بازی۔ غصّے کی نظر۔

گھور گھور کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) تُند نظر سے دیکھنا۔

گھور (واو مجہول) (ہ۔صف) خوفناک (۲) (مذ) مہادیو شیوجی کا لقب۔

گھورا (گھو۔را) (ہ۔ا۔مذ) چوپایوں کے رہنے کی سایہ دار جگہ۔ جمع: گھوروں۔ گھورے۔

گھورا (گھو۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ جگہ جہاں کوڑا کرکٹ پھینکا جائے (۲) میلا۔ چرک۔ گوہ وغیرہ۔ جمع: گھوروں۔ گھورے۔

گھوراگھاری (گھو۔را۔گھا۔ری) (اَر۔ا۔مث) نظربازی۔ ایک دُوسرے کو محبت کی نظر سے بغور دیکھنا۔

گھورچی (گھور۔چی) (ہ۔ا۔مث) تاگے کی گرہ۔ اُلجھن۔

گھورنا (گھور۔نا) (ہ۔مص) (۱) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ غور سے دیکھنا (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خفگی کی نظر سے دیکھنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا (۳) دیدار بازی کرنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ آنکھیں لڑانا۔

گھوڑا (گھو۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک چوپایہ جس کے سُم ٹھوس ہوتے ہیں اور دُم اور ایال لمبی ہوتی ہے۔ سواری کے کام آتا ہے (۲) اسپ۔ مَرکب۔ تَوسَن (۳) شطرنج کا ایک مُہرہ (۴) بندوق کا گھوڑا۔ وہ چٹخنی جس کے دبانے سے بندوق چلتی ہے۔ جمع: گھوڑوں۔ گھوڑے۔

گھوڑا اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کو دوڑانا۔ گھوڑا بھگانا۔

گھوڑا اُڑانا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔

گھوڑا اَڑنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا جگہ سے نہ ہلنا۔ گھوڑے کا سرکشی کرنا۔

گھوڑا اُلانگنا (اُر۔ محاورہ) نئے گھوڑے پر پہلی بار سواری کرنا۔

گھوڑا اُلٹنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا رُوگردان ہونا یا واپس مُڑ جانا۔

گھوڑا اور پھوڑا جتنا رولو اُتنا ہی بڑھے (اُر۔ مثل) دونوں پر ہاتھ پھیرا جائے تو بہت بڑھتے ہیں۔

گھوڑا بڑھانا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھوڑے کو آگے کرنا (۲) گھوڑا اُٹھانا۔ گھوڑا تیز چلانا۔ گھوڑا دوڑانا۔

گھوڑا بڑھ جانا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا سبقت لے جانا۔

گھوڑا بھر جانا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا بند بند تھک کر جکڑ جانا۔

گھوڑا پالانا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے پر کاٹھی یا زین رکھنا۔

گھوڑا پائے پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) بندوق کے گھٹے کو چاپنے پر زور ڈالنے کے لئے اُٹھانا۔

گھوڑا پھیرنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کو سدھانا (۲) گھوڑے کو واپس کرنا۔

گھوڑا پھینکنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کو کسی کے پیچھے دوڑانا۔

گھوڑا چراغ پا ہونا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔

گھوڑا چڑھانا (اُر۔ محاورہ) بندوق کے گھٹے کو اُوپر اُٹھانا۔

گھوڑا چمکانا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کو تیز چلانا۔

گھوڑا چھوڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھوڑے کو گھوڑی پر بچہ کشی کے لئے چڑھانا (۲) گھوڑا دوڑانا (۳) گھوڑے کو اُس کی مرضی پر چھوڑنا (۴) جُتے ہوئے گھوڑے کو گاڑی سے نکالنا (۵) گھوڑے کو چرنے کے لئے کھلا چھوڑنا۔

گھوڑا داغ ہونا (اُر۔ محاورہ) سواروں کے زُمرے میں نوکر ہونا۔

گھوڑا دوڑانا (ہ۔مص) گھوڑا بھگانا۔ گھوڑا تیز چلانا۔

گھوڑا ڈالنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا (۲) گھوڑے کو کسی کے پیچھے لگانا۔

گھوڑا ران کے نیچے ہونا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کی سواری ہونا۔

گھوڑا کسنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑا سواری کے لئے تیار کرنا۔

گھوڑا گھاس سے آشنائی کرے تو بھوکا مرے (اُر۔ مثل) مُروّت برتنے سے فائدہ نہیں ہوتا۔ اپنا مطلب کوئی نہیں چھوڑتا۔

گھوڑا گھر سال ہی میں قیمت پاتا ہے (اُر۔ مثل) ہر چیز اپنی ہی جگہ قابلِ قدر ہوتی ہے۔ گھوڑے کی پوری قیمت تھان ہی پر ملتی ہے۔

گھوڑا مارنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑا بھگانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگانا۔

گھوڑا ملا تو کوڑا بھی مل جائے گا (اُر۔ مثل) بڑا کام ہو جائے تو چھوٹا بھی ہو جائے گا۔

گھوڑا نکالنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھوڑے کو گاڑی کے لئے سدھانا۔ گھوڑے کو سواری کے قابل بنانا (۲) گھوڑے کو آگے لے جانا۔ گھوڑا بڑھانا (۳) محرم کے دِنوں میں شیعوں کا دُلدُل نکالنا۔

گھوڑوں (ہ۔ا۔مذ) گھوڑا کی جمع۔

گھوڑوں کو گھر کتنی دُور (اُر۔ مثل)(۱) گھوڑوں کے آگے مسافت اور فاصلہ کچھ چیز نہیں (۲) کام کرنے والے کے لئے سب کچھ آسان ہے۔

گھوڑی (ہ۔ا۔مث)(۱) گھوڑا کی تانیث۔ مادۂ اسپ (۲) سوّیاں بنانے کی مشین (۳) وہ لکڑی جو گوٹے کے تنے رہنے کے لئے تار کے نیچے کھڑی کر دیتے ہیں (۴) کپڑا ڈالنے کی چوبی تپائی (۵) بچّوں کا ایک کھیل: گھوڑی بن سوار آیا (۶) بانس کے بیچ میں سے چری ہوئی لکڑی جس سے ختنے کے وقت کھال دبا کر کاٹتے ہیں۔ جمع: گھوڑیاں۔ گھوڑیوں۔

گھوڑی چڑھانا (اُر۔ محاورہ)(۱) ختنے کی رَسم ادا کرنا (۲) چری ہوئی لکڑی سے بچے کے آلۂ تناسُل کی کھال دبا کر ختنہ کرنا (۳) بارات چڑھانا۔

گھوڑی چڑھنا (اُر۔ محاورہ) تندرست ہو کر کسی مُقدس مقام پر شکریہ ادا کرنے جانا (۲) ختنے کی رَسم ادا ہونا (۳) دُولھا بن کر دُلہن کے مکان پر جانا۔

گھوڑے (ہ۔ا۔مذ)(۱) گھوڑا کی جمع (۲) گھوڑا کی مُغیرہ شکل۔

گھوڑے بیچ کر سونا (اُر۔ محاورہ) پاؤں پھیلا کر سونا۔ بے فکری سے سونا۔

گھوڑے جوڑے کی خیر (اُر۔ دُعا) میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا سلامت رہے۔

گھوڑے دوڑانا (اُر۔ محاورہ)(۱) بہت محنت کرنا۔ بہت کوشش کرنا (۲) دُور کی باتیں سوچنا۔

گھوڑے سوار (اُر۔ صف۔ وا۔ مذ)(۱) گھڑسوار۔ اَسپ سوار۔ گھڑ چڑھا (۲) جلدباز۔ گھڑسوار زیادہ مستعمل ہے۔

گھوڑے کو لات اور آدمی کو بات (اُر۔ مثل) نادان کو مار پیٹ اور عقل مند آدمی کو اشارہ کافی ہے۔

گھوڑے کی دُم بڑھے گی تو اپنی ہی مکھی اُڑائے گا (اُر۔ مثل) ہر شخص اپنی ترقی سے خود ہی فائدہ اُٹھاتا ہے۔ اَوروں کے کام نہیں آتا۔

گھوڑے کی شادی کرنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑا بیچنا (چونکہ گھوڑے کی نسبت بیچنے کا لفظ استعمال کرنا بُرا سمجھتے ہیں اس لئے بیچنے کی بجائے شادی کرنا کہتے ہیں)۔

گھوڑے گھوڑے لڑیں موچی کا زین ٹوٹے (اُر۔ مثل) زبردستوں کے جھگڑوں میں کمزور ناحق نُقصان اُٹھاتا ہے۔ کرے کوئی بھرے کوئی۔

گھوڑے گئے گدھوں کا راج آیا (اُر۔ مثل) شریف گئے ذلیل اُن کی جگہ آ گئے۔

گھوڑیاں (اُر۔ا۔مث)(۱) گھوڑی کی جمع (۲) وہ گیت جو عورتیں شادی کے موقع پر گاتی ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گھوس (واو معروف)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا چوہا۔ گھونس (۲) رشوت۔

گھوس دان (ہ۔ا۔مذ) چوہے دان جس میں چوہے پکڑتے ہیں۔

گھوسَٹ (گھو۔سَٹ)(ہ۔ا۔مذ) اُلّو۔ چھوٹا اُلّو۔

گھوسلا (گھوس۔لا)(ہ۔ا۔مذ) مرہٹوں کا ایک قبیلہ۔

گھوسَم گھونسا (گھو۔سَم۔گھوں۔سا)(ہ۔ا۔مذ) مُکّے بازی۔ مار کُٹائی۔

گھوسَن (گھو۔سَن)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) گھوسی کی تانیث۔ دودھ بیچنے والی گوالن۔ جمع: گھوسنیں۔ گھوسنیوں۔

گھوسی (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) گائے، بھینس پالنے والا۔ مسلمان گوالا۔ جمع: گھوسی۔ گھوسیوں۔

گھوش (واو مجہول)(س۔ا۔مذ) (۱) شور۔ ڈھول کی آواز (۲) چنگھاڑ۔ دہاڑ (۳) زبان (۴) گوالوں کے رہنے کا مقام (۵) گوالوں کی ذات (۶) بنگالی کائستھوں کی ایک گوت۔

گھوکنا (گھوک۔نا)(ہ۔مص) سبق کو بار بار پڑھنا۔ رٹنا۔ یاد کرنا۔

گھوکس (گھو۔کس)(ہ۔ا۔مذ) بُرج۔ فصیل۔ گرگج۔

گھوگی (گھو۔گی)(ہ۔ا۔مث) جیب۔ کیسہ (۲) گھگھی۔ فاختہ۔ ٹوٹرو۔

گھول (واو مجہول)(ہ۔فعل) گھولنا مصدر کا صیغہ امر (۲) گھولنا کا عمل یا فعل۔

گھول پینا (ہ۔مص) شربت کی طرح پانی میں ڈال کر پی جانا (۲) کچھ بھی نہ سمجھنا۔ ہیچ جاننا (۳) مار ڈالنا۔

گھول کے پلانا (اُر۔محاورہ) تعویذ گھول کے پلانا (۲) کسی کو جلد کچھ سکھا دینا۔

گھول گھال کے (اُر۔تابع فعل) گھول کے۔ پانی میں حل کر کے۔

گھول میل (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گھال میل۔

گھولا (اُر۔ا۔مذ) پانی میں حل کی ہوئی افیون۔ گھولوا (۲) ایک قسم کی مچھلی۔

گھولنا (گھول۔نا)(ہ۔مص) پانی یا کسی رقیق چیز میں کچھ ملانا۔ حل کرنا (۲) چوسنا۔

گھولوا (گھول۔وا)(ہ۔ا۔مذ) (۱) پانی میں حل کی ہوئی اَفیون۔ گھولا (۲) کسی دوا کا عرق (۳) شوربا۔ پیچ۔ ڈلیا۔

گھولوا پڑنا (اُر۔محاورہ) کسی کام میں دِقت پیش آنا۔

گھولوا گھولنا (اُر۔محاورہ) (۱) رقیق بنانا۔ گھول کر پتلا کرنا (۲) اَفیون کو پانی میں حل کرنا (۳) دیر لگانا۔ ڈھیل دینا۔

گھوم (واو معروف)(اُر۔ا۔مذ) (۱) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں وہ کسی ستون کے گرد چکر لگاتے ہیں (۲) چکر (۳)(اُر۔فعل) گھمانا مصدر کا صیغہ امر (۴) گھومنے کا عمل۔

گھوم جانا (ہ۔محاورہ) چکرا جانا۔

گھومتا گھامتا (ہ۔صف) پھرتا پھراتا۔

گھومتی گھامتی (ہ۔صف) گھومتا گھامتا کی تانیث۔

گھومتے گھامتے (ہ۔صف) گھومتا گھامتا کی جمع اور مغیرہ شکل۔

گھومنا (گھوم۔نا)(ہ۔مص) (۱) پھرنا۔ چکر لگانا۔ سیر کرنا (۲) چکرانا۔

گھومنا گھامنا (اُر۔محاورہ) چکر لگانا۔ دورہ کرنا۔ سیر کرنا۔

گھومنی (گھوم۔نی)(ہ۔ا۔مث) دورانِ سر۔ دردِ سر۔ نیز دیکھئے گھمنی۔

گھونا (گھو۔نا)(ہ۔صف) تجربہ کار۔ گُرانٹ۔ ہوشیار۔

گھونپنا (گھونپ۔نا)(نون غنہ)(ہ۔مص) بُری طرح سینا (۲) گھسیڑنا۔

گھونٹ (واو معروف)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) (۱) جرعہ۔ چُسکی۔ پانی یا کسی رقیق چیز کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اُترے (۲) حقے کا دَم۔ کش۔ جمع: گھونٹ۔ گھونٹوں۔

گھونٹ اُتارنا (اُر۔محاورہ) گھونٹ حلق کے نیچے لے جانا۔

گھونٹ بھرنا (اُر۔محاورہ) (۱) جرعہ پینا (۲) حقے کا دَم لگانا۔

گھونٹ پینا (اُر۔محاورہ) دیکھئے گھونٹ بھرنا۔

گھونٹ گھونٹ کر کے پینا (اُر۔محاورہ) ذرا ذرا پینا۔ تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔

گھونٹ لگانا (اُر۔محاورہ) حقے کا دَم لگانا۔

گھونٹ لینا (اُر۔محاورہ) (۱) پانی کا گھونٹ لینا (۲) حقے کا دَم لگانا۔

گھونٹ (واو مجہول)(ہ۔فعل) گھونٹنا مصدر کا صیغہ امر۔

گھونٹ گھونٹ کے رکھنا (اُر۔محاورہ) مجبور کر کے رکھنا۔

گھونٹ گھونٹ کے مارنا (اُر۔محاورہ) جلا جلا کر مارنا۔ دُکھ دے دے کر مارنا۔

گھونٹنا (گھونٹ۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) (۱) گلا دبانا۔ دَم روکنا۔ سانس بند کرنا (۲) تنگ کرنا۔ دِق کرنا۔

گھونٹنا (گھونٹ۔نا)(واو مجہول)(ہ۔مص) دیکھئے گھوٹنا بمعنی رگڑنا۔

گھونٹوانا (گھونٹ۔وا۔نا)(ہ۔مص) گھونٹنا کا متعدی المتعدی۔ دیکھئے گھٹوانا جو زیادہ مستعمل ہے۔

گھونٹی (گھوں۔ٹی)(ہ۔ا۔مث) گھٹی۔ ایک دوا جو نومولود بچے کو اُس کا پیٹ صاف کرنے کے لئے دیتے ہیں۔ گھٹی زیادہ مستعمل ہے۔

گھونس (نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے گھوس۔

گھونسا (گھوں۔سا)(ہ۔ا۔مذ) (۱) مُکّا۔ مُشت (۲) ضرب۔ چوٹ۔ صدمہ۔ جمع: گھونسوں۔ گھونسے۔

گھونسا جڑنا (چلانا۔ مارنا۔ لگانا) (اُر۔محاورہ) مُکّا لگانا۔

گھونسا لگنا (اُر۔محاورہ) (۱) اچانک صدمہ ہونا (۲) مُکّا لگنا۔

گھونسلا (گھونس۔لا)(واو مجہول)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) (۱) پرندوں کا گھر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آشیانہ (۲) چھوٹا سا گھر۔ جھونپڑا۔ جمع: گھونسلوں۔ گھونسلے۔

گھونسلا بنانا (اُر۔ محاورہ) (۱) پرندوں کا آشیانہ بنانا (۲) چھوٹا سا گھر تعمیر کرنا (۳) (مجازاً) کسی کو معمولی سی مُلازمت دِلانا۔

گھونسلا نوچنا (اُر۔ محاورہ) آشیانے کو ویران کرنا۔

گھونسم گھاسا (گھوں۔سَم۔گھا۔سا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے گھوسم گھوسا۔

گھونسیا (گھونس۔یا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) رشوت خور۔

گھونگا (واو مجہول) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول جو ہڈی کی مانند ہوتا ہے۔ سیپی یا سنکھ کی قسم سے ہے۔ جمع: گھونگوں۔ گھونگے۔

گھونگٹ (گھونگھٹ) (گھُنگ۔گَٹ) (گھُنگ۔گھَٹ) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بُرقع۔ نقاب۔ پردہ۔ چادر کا مُنہ پر پڑا ہوا پلاّ (۲) روک۔ حجاب۔ دروازے کی اندرونی دیوار (۳) شرم۔ لاج۔ لحاظ۔ حیا۔

گھونگٹ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) پردہ دُور کرنا۔ بے حجاب کرنا یا ہونا (۲) پردہ اونچا کرنا۔

گھونگٹ اُلٹنا (اُر۔ محاورہ) دُلہن کا بے حجاب ہونا (۲) گھونگٹ ہٹا دینا۔

گھونگٹ کا چراغ دان (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا چراغ دان۔

گھونگٹ کاڑھنا (اُر۔ محاورہ) گھونگٹ نکالنا۔

گھونگٹ کرنا (اُر۔ محاورہ) پردہ کرنا۔ دوپٹے سے مُنہ چُھپانا (۲) لحاظ کرنا۔ شرم کرنا (۳) گھوڑے کا اپنی گردن کو پیچھے کی طرف موڑنا (۴) فوج کا پسپا ہونا۔

گھونگٹ کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) لشکر یا فوج کا مُڑ جانا یا رُخ بدلنا (۲) شکست کھانا۔ مُنہ موڑنا۔ بھاگ نکلنا۔

گھونگٹ کھولنا (اُر۔ محاورہ) نقاب اُٹھانا۔ حجاب دُور کرنا۔ مُنہ دِکھانا۔

گھونگٹ کی دیوار (اُر۔ا۔مث) دروازے کے سامنے کی اندرونی دیوار۔ پردے کی دیوار۔

گھونگٹ لینا (اُر۔ محاورہ) گھونگٹ چہرے پر لینا۔ مُنہ چُھپانا۔

گھونگٹ نکالنا (اُر۔ محاورہ) پردہ کرنا۔ مُنہ چُھپانا۔

گھونگٹ والی (اُر۔ صف) (۱) بُرقع پوش' پردہ دار' حیا والی' شرم والی عورت (۲) دُلہن۔ عروس۔

گھونگر (گھوں۔گَر) (ہ۔ا۔مذ) بالوں کا قُدرتی پیچ و خم۔

گھونگر والے بال (گھونگریالے بال) (ہ۔ا۔مذ) پیچ در پیچ بال۔ نیز دیکھیے گھنگرالے۔

گھونگرو (گھونگ۔رُو) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے گھنگرُو۔

گھونگھی (گھوں۔گھی) (ہ۔ا۔مث) مٹّی کا پکایا ہوا گھونگے کی شکل کا ٹکڑا جو کھپروں کے بیچ میں کھپریل میں رخنہ بندی کرنے کے لئے رکھتے ہیں (۲) ایک کیڑے کا نام۔

گھونگنی (گھونگ۔نی) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے گھنگنی۔

گھوئیاں (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کی ترکاری۔ اَروی۔

گھی (ہ۔ا۔مذ) روغنِ زرد۔ پگھلایا ہوا مکھن (۲) (صف) نرم۔ مُلائم۔

گھی اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) گھی جذب کرنا۔

گھی جاٹ کا' تیل ہاٹ کا (اُر۔ مثل) گھی زمیندار کے ہاں ہی خالص مل سکتا ہے اور تیل دُکاندار کے ہاں کیونکہ وہاں پڑا رہنے سے اُس کا میل نیچے بیٹھ جاتا ہے۔

گھی چپڑنا (اُر۔مص مُرکّب) روٹی یا کسی چیز پر تھوڑا سا گھی لگانا۔

گھی داغ کرنا (اُر۔ محاورہ) گھی کڑکڑانا۔ گھی کا بگھار لگانا۔

گھی سنوارے سالنا' بڑی بہُو کا نام (اُر۔ مثل) کرے کوئی نام کسی کا ہو۔ لذت گھی سے ہوتی ہے اور نام پکانے والی کا ہوتا ہے۔

گھی کا کُپا لُنڈھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) روغنِ زرد کا اوندھا ہونا (۲) کسی بہت بڑے رئیس' اُمیر یا بادشاہ وقت کا مرجانا۔

گھی کہاں گیا؟ کھچڑی میں (اُر۔ مثل) جب اپنا مال اپنے ہی عزیز و اقارب پر خرچ ہو یا ایسا نقصان ہو جس سے اپنوں کو فائدہ پہنچے تو اُس موقع پر بولتے ہیں۔ گویا ہمارا مال ہمارے ہی کام آیا۔

گھی کھچڑی (اُر۔ صف) شیر و شکر۔ نہایت گہرے دوست۔ گھُلے مِلے یار۔

گھی کے چراغ جلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُراد بر آنے پر مزار' درگاہ یا مندر وغیرہ میں چراغوں میں تیل کی بجائے گھی ڈالنا۔ (مجازاً) نہایت خوشی منانا (۲) اِس قدر دولت مند ہونا کہ تیل کی بجائے گھی کے چراغ جلائے۔

گھی کے سے گھونٹ آتے ہیں (اُر۔ محاورہ) بہت گھی پڑا ہے۔ چیز نہایت لذیذ اور ذائقہ دار ہے۔

گھی کے کُپّے کے پاس جا لگنا (اُر۔ محاورہ) کسی مالدار کے پاس رسائی ہو جانا۔

گھی گر پڑا مجھے روکھی ہی بھاتی ہے (اُر۔ مثل) یہ مثل اپنی مجبوری اور شرمندگی کو چُھپانے کے موقع پر بولتے ہیں جیسے انگور کھٹے ہیں۔

گھی نکالنا (اُر۔ا۔مذ) مکھن سے گھی نکالنا۔

گھی والا (اُر۔ا۔مذ) روغن فروش۔ گھی بیچنے والا۔

گھیا (گھی۔آ) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی ترکاری۔ کدّو۔

گھیا توری (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کی لمبی' سیاہ اور نرم و مُلائم توری۔

گھیا کدّو (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا لمبا کدّو۔

گھیا کَش (ک پر زبر) (اُر۔ا۔مذ) ایک آلہ جس سے کدّو کو رگڑ کر باریک کرتے ہیں۔ کدّو کش۔

گھیاں (ہ۔ا۔مث) دیکھیے گھوئیاں۔

گھیپنا (گھیپ۔نا) (یائے مجہول) (ہ۔مص) خوب مِلانا (۲) چھیلنا۔ کھرچنا۔

گھیٹلا (گھیٹ۔لا) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا زنانہ جوتا جو

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آگے سے مُڑا ہوا ہوتا ہے۔ لمبی نوک کا جُوتا۔

گھیر (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دَور۔ محیط۔ گھیرا۔ گرداگرد۔ چکّر۔ گھماؤ (۲) حلقہ۔ دائرہ۔ احاطہ۔ صحن (۳) گھیرنا مصدر کا صیغہ اَمر (۴) گھیرنا کا عمل۔

گھیر دار (ہ۔صف) فراخ۔ کشادہ۔ ڈھیلا ڈھالا۔

گھیر گھار کر لانا (اُر۔محاورہ)(۱) محاصرہ کر کے لانا (۲) چاروں طرف سے اکٹھا کر کے لانا۔ ہر طرف سے سمیٹ سماٹ کر ایک جگہ لانا۔

گھیرا (گھے۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گرداگرد۔ حلقہ۔ دائرہ (۲) محیط۔ چکّر۔ باڑ (۳) چار دیواری۔ حصار۔ فصیل (۴) نرغہ۔ محاصرہ۔

گھیرا ڈالنا (اُر۔محاورہ) محاصرہ کرنا۔ چاروں طرف سے گھیر لینا۔

گھیرنا (گھیر۔نا)(یائے مجہول)(ہ۔مص) احاطہ کرنا۔ محصور کرنا (۲) چار دیواری بنانا۔ جنگلا لگانا۔ باڑ لگانا (۳) بند کرنا۔ روکنا (۴) پکڑنا۔ جکڑنا (۵) قبضہ کرنا۔

گھیرنی (گھیر۔نی)(بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) چرخہ چلانے کا ہتھا۔

گھیروا (گھے۔رُا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا رہن جس میں زمین بطور امانت رکھی جاتی ہے اور سود قابلِ ادا ہوتا ہے۔

گھیکوار (گھیکواڑ) (گھیک۔وار)(گھیک۔واڑ)(ہ۔ا۔مذ) ناگ پھنی کے خاندان کا ایک پودا جس کے پتّے لمبے، موٹے اور نوکیلے ہوتے ہیں اور اُن سے لیس دار مادّہ نکلتا ہے۔ (پن) گوارگندل۔

گھیلا (گھی۔لا)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی جنگلی بیل۔

گھینٹ (بیائے مجہول)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مذ) گلا۔ گلو۔ حلق۔

گھینٹا (گھیں۔ٹا)(بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) سؤر کا بچّہ۔ بچۂ خوک۔

گھینٹی (گھیں۔ٹی)(ہ۔ا۔مث) گھینٹا کی تانیث۔

گھینگھا (گھینگا) (گھیں۔گھا)(گھیں۔گا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گلہڑ۔

گھیو (گھے۔او)(ق۔ا۔مذ) گھی۔

گھیور (گھی۔وَر)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی مٹھائی جو میدے اور گھی کی آمیزش سے تل کر بنائی جاتی ہے۔

گھیورا (گھی۔اُو۔را)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چھوٹا گھیرا۔

گ۔و

گئو (گ۔او)(س۔ا۔مث) گائے۔ بقر۔ نیز دیکھئے گاؤ۔

گئو پال (ہ۔صف۔وا۔مذ) گوالا۔ گایوں کو پالنے والا (۲) کرشن جی کا لقب۔

گئو دان (ہ۔ا۔مذ) گائے کو خیرات کرنا۔

گئو دنتی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا پتھر جس کا کُشتہ بخار میں مفید ہوتا ہے۔ اسے ہڑتال گئو دنتی بھی کہتے ہیں۔

گئورس (ہ۔ا۔مذ)(۱) دودھ (۲) دہی (۳) چھاچھ۔ لسّی۔

گئوسالا (گئوشالا) (ہ۔ا۔مذ) گایوں کے رہنے کی جگہ۔

گئوگھاٹ (ہ۔ا۔مذ) دریا یا تالاب کا وہ مقام جو مویشیوں کے پانی پینے کے لئے بنایا جاتا ہے۔

گئومکھی (ہ۔ا۔مث)(۱) بانات وغیرہ کی وہ تھیلی جس میں ہندو مالا ڈال کر جپتے ہیں (۲) ہمالیہ پہاڑ کی ایک کھوہ جہاں سے گنگا نکلتی ہے۔

گئو ہتیا (ہ۔ا۔مث) گائے کو ذبح کرنے کا گناہ۔ گاؤکشی۔

گئی (گ۔ای)(ہ۔فعل)(۱) جانا مصدر سے ماضی کا صیغہ مؤنث واحد غائب (۲)(صف) گزری ہوئی (۳)(ا۔مث) درگزر (۴) غفلت۔

گئی بُو بُودار کی اور رہی کھال کی کھال (اُر۔مثل) عزّت یا دولت کھو کر جیسے تھے ویسے کے ویسے ہی رہے۔

گئی بیتی (اُر۔صف۔مث)(۱) گیا بیتا کی تانیث۔ گزری ہوئی۔ فراموش شدہ (۲) ناقابلِ اعتبار۔ نکمّی۔

گئی کرنا (اُر۔محاورہ) درگزر کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ جان کر ٹالنا (۲) کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا (۳) صبر کرنا۔ سہارنا۔ برداشت کرنا (۴) غفلت کرنا۔ چوکنا۔

گئی گزری (اُر۔صف۔مث) ناچیز۔ حقیر۔ بے وقعت (۲) بھولی ہوئی۔ پرائی۔

گئے (گ۔اے)(ہ۔فعل) جانا مصدر سے ماضی کا صیغہ مذکر جمع غائب۔ گیا کی جمع۔

گئے بیچارے روزے ’رہے ایک کم تیس‘ (اُر۔مثل)(۱) جب پہلا روزہ رکھ لیا تو باقی کے بھی رکھے برابر سمجھو (۲) جب ایک مُشکل کام کا کوئی حصّہ کر لیا تو وہ آسان نظر آئے گا۔

گئے تھے روزے بخشوانے نماز گلے پڑی (گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے) (اُر۔مثل) ایک کام سے عذر کیا دُوسرا کام اور سپرد ہوگیا۔ اُلٹے لینے کے دینے پڑے۔

گئے گزرے (اُر۔صف) گیا گزرا کی جمع۔ بدتر۔ ناکارہ۔ بیکار۔ بے وقعت۔

گئے گزرے زمانے میں (اُر۔تابع فعل) بُرے وقت میں۔ مُفلسی میں تنگ دستی میں۔

گئے وقت میں (اُر۔تابع فعل) بُرے وقت میں۔ بداقبالی کے زمانے میں۔

گ۔ی

گی (ہ۔لاحقۂ مستقبل) گا کی تانیث (۲)(ف لاحقۂ اسم کیفیت) وہ لاحقہ جو ہائے مختفی پر ختم ہونے والے اسم صفت کی ہ دُور کر کے "گی" بڑھانے سے اُسے اسم کیفیت بنا دیتا ہے۔ جیسے کشیدہ سے کشیدگی۔ سنجیدہ سے سنجیدگی وغیرہ۔

گیے (ہ۔لاحقۂ مستقبل) گا کی جمع۔

گیا (گ۔یا)(ہ۔فعل)(۱) مصدر جانا سے ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب۔ چلا گیا۔ گزر گیا (۲) تباہ ہوا۔ برباد ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گیا اور آیا (اُر۔ روز مرّہ) فوراً واپس آنے کے لئے بولتے ہیں۔

گیا بیتا (اُر۔ صف) (۱) گزرا ہوا۔ پچھلا (۲) نکمّا۔ ناکارہ۔ ناقابلِ استعمال۔ بیکار (۳) خراب۔ بُرا۔

گیا گزرا (اُر۔ صف) (۱) گزرا ہوا۔ رفتہ۔ گزشتہ (۲) معدوم۔ مفقود (۳) ناکارہ۔ نکمّا۔ بیکار (۴) خراب۔ بُرا (۵) کم حوصلہ۔ بُزدل (۶) نہایت کمزور۔ ناتواں (۷) بے حیثیت۔ ناچیز۔ بے قدر (۸) بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ نالائق۔ بدچلن (۹) مُفلس۔ غریب۔ قلاش (۱۰) ناقابلِ وصول (۱۱) تباہ شدہ (۱۲) (مصدر جانا کی ماضی) کسی کام کا نہ رہا۔

گیا گوایا (اُر۔ صف) گزرا اور بیتا ہوا۔ جو گزر چکا ہو۔

گیا وقت (اُر۔ مذ) وہ وقت جو گزر چکا ہو۔

گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں (اُر۔ مثل) گزرا ہوا وقت دوبارہ نہیں مل سکتا۔ جو موقع ہاتھ سے نکل جائے پھر میسّر نہیں آتا۔ فرصت کو غنیمت سمجھو۔

گیابھ (گ۔ یابھ) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے گابھ۔

گیابھن (گیابھنی) (گ۔ یا۔ بھن) (گ۔ یابھ۔ نی) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے گابھن۔

گیارہ (گ۔ یا۔ رہ) (ہ۔ا۔ عدد) ایک اور دس (۱۱)۔

گیارھواں (گ۔ یارہ۔ واں) (ہ۔ عددِ ترتیبی و کسری) یازدہم۔ دسویں کے بعد کا درجہ (۲) گیارھواں حصّہ۔ $\frac{1}{11}$

گیارھویں (گ۔ یارہ۔ ویں) (یائے معروف) (ہ۔ صفت ترتیبی) (۱) گیارھواں کی تانیث (۲) حضرت غوث الاعظم کی نیاز جو گیارھویں ربیع الآخر کو دی جاتی ہے۔ بعض لوگ ہر قمری مہینے کی گیارھویں تاریخ کو دیتے ہیں۔

گیارھویں (یائے مجہول) (ہ۔ صفتِ ترتیبی) گیارھواں کی مُغیّرہ صورت۔

گیان (گ۔ یان) (س۔ا۔مذ) (۱) علم۔ دانش (۲) عقل۔ فہم (۳) علمِ الٰہی۔ علمِ معرفت۔ عرفان۔

گیان چرچا (ہ۔ا۔مذ) علمی یا مذہبی ذکر اذکار۔ علمی یا مذہبی مُباحثہ۔

گیان چوسر (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی چوسر جو کاغذ پر چھپی ہوتی ہے اور پانچ یا سات کوڑیوں سے کھیلی جاتی ہے۔

گیان دوڑانا (ہ۔ محاورہ) بہت سوچ بچار کرنا۔ سوچ میں ڈوب جانا۔

گیان وان (ہ۔ صف) عالم۔ فاضل۔ وِدوان۔

گیانی (گ۔ یا۔ نی) (س۔ صف) عارف۔ خُدا شناس۔ عالم۔ فاضل۔ جمع: گیانی۔ گیانیوں۔

گیاہ (گ۔ یاہ) (ف۔ا۔مث) (۱) ہری گھاس (۲) خشک گھاس۔ کاہ۔

گیبر (گے۔ بر) (ہ۔ا۔مث) ایک پرندے کا نام۔

گیبرڈین (Gabardine) (انگ۔ا۔مذ) سوتی یا ریشمی کپڑا جس میں اُون کی آمیزش ہوتی ہے۔

گیپ (Gap) (انگ۔ا۔مذ) (۱) خلا۔ دراز۔ شگاف۔ رخنہ (۲) خندق۔ کھائی (۳) پہاڑ کے درمیان تنگ راستہ۔

گیپا (گی۔ پا) (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا پُلاؤ۔

گیپائی (گی۔ پا۔ ئی) (ف۔ا۔مذ) گیپا بیچنے والا۔

گیت (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مذ) راگ۔ بھجن۔ سرود۔ نغمہ۔ جمع: گیت۔ گیتوں۔

گیت گانا (ہ۔ مص مُرکّب) نغمہ سرائی کرنا (۲) (اُر۔ محاورہ) تعریف کرنا۔

گیتا (گی۔ تا) (س۔ا۔مث) (۱) راگ۔ گیت۔ نغمہ۔ بھجن (۲) بحث۔ مُباحثہ۔ چرچا۔ ذکر اذکار۔ تذکرہ (۳) ہندوؤں کی ایک مذہبی کتاب جس میں کرشن جی کے اُس وعظ کو پیش کیا گیا ہے جو انہوں نے ارجن کو مہابھارت کی جنگ کے موقع پر دیا تھا (۴) مقدس نظم۔

گیتی (گی۔ تی) (گے۔ تی) (ف۔ا۔مث) دُنیا۔ عالم۔ جہان۔ زمانہ۔ سنسار۔ جگ۔

گیتی آرا (ف۔ صف) جہان کو آراستہ کرنے والا (۲) نہایت خوبصورت (۳) بادشاہ (۴) بصرہ کا ایک خوبصورت پُھول جس کی خوشبو اُس کے سوکھ جانے کے بعد بھی کستوری کی طرح رہتی ہے۔

گیتی آفریں (ف۔ صف) عالم کو پیدا کرنے والا۔ خُدائے تعالیٰ۔

گیتی افروز (گیتی فروز) (ف۔ صف) (۱) جہان کو روشن کرنے والا (۲) (کنایۃً) سُورج۔ خورشید۔ آفتاب۔ مہر۔

گیتی بان (ف۔ صف) دُنیا کا محافظ۔ ہفت اقلیم کا بادشاہ۔

گیتی پژوہ (ف۔ صف) (۱) دُنیا دار۔ دُنیا کا طالب (۲) (کنایۃً) بادشاہ۔ سلطان۔

گیتی پناہ (ف۔ا۔مذ) (کنایۃً) بادشاہ۔

گیتی نَورد (ن۔ ورد) (ف۔ صف) دُنیا جہان کی سیر کرنے والا۔ بہت پھرنے پھرانے والا۔

گیٹ (Gate) (انگ۔ا۔مذ) (۱) دروازہ۔ پھاٹک (۲) راہ۔ راستہ۔

گیٹ اَپ (Get-Up) (انگ۔ا۔مث) (۱) انداز۔ وضع۔ طرز۔ ظاہری حُسن (۲) کتاب کی لکھائی چھپائی وغیرہ۔

گیٹس (گے۔ ٹس) (انگریزی گارٹر (Garter) کا موَرّد۔ا۔مذ) موٹے کپڑے یا چمڑے کی پٹی جسے سوار پنڈلیوں پر کس لیتے ہیں (۲) ربڑ یا سوت کا فیتہ جو موزوں پر چڑھا لیا جاتا ہے تاکہ وہ نیچے کو نہ اتریں۔ جمع: گیٹس۔ گیٹسوں۔

گیج (Gauge) (یائے مجہول) (انگ۔ا۔مث) ناپ۔ پیمائش۔ گنجائش۔

گیدڑ (گی۔ دڑ) (ہ۔ا۔مذ) ایک جنگلی جانور جو کتّے سے ذرا چھوٹا اور لومڑی سے ذرا بڑا ہوتا ہے۔ شغال (۲) (صف) بُزدل۔ جمع: گیدڑ۔ گیدڑوں۔

گیدڑ اوروں کو شگون بتائے آپ اپنی گردن کتّوں سے کٹوائے (اُر۔ مثل) اپنی خبر نہیں اوروں کو مشورہ دیتے پھرتے ہیں۔

گیدڑ بولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گیدڑوں کا بھونکنا (۲) بدشگونی کی علامت ظاہر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہونا (۳) اُجڑنا۔ ویران ہونا۔ غیر آباد ہونا۔

گیدڑ بھبکی (بھپکی) (اُر۔ا۔مث) (۱) گیدڑ کی طرح غرا کر ڈرانا (۲) دِکھاوے کی دھمکی۔ بے اثر دھمکی۔ جمع: گیدڑ بھبکیاں۔ گیدڑ بھبکیوں۔

گیدڑ بھبکی دکھانا (اُر۔ محاورہ) جھوٹ موٹ ڈرانا۔

گیدڑ کی جمعداری اٹکی ہوئی ہے (اُر۔مثل) زبردستی کی حکومت ہے۔

گیدڑ کی کم بختی (شامت) آئے تو گاؤں کو بھاگا جائے (اُر۔مثل) جب بُرے دِن آتے ہیں تو تدبیریں بھی اُلٹی سوجھتی ہیں۔

گیدڑ کے کہنے سے بیر نہیں پکتے (اُر۔مثل) اُمیدیں حسبِ مُراد پُوری نہیں ہوتیں۔

گِیدھنا (گیدھ۔نا) (بیائے معروف) (ہ۔مص) چسکا پڑ جانا۔ حریص ہو جانا۔

گِیدی (گی۔دی) (ف۔صف) (۱) بے عزت۔ بے حمیت (۲) بھڑوا۔ دیوث (۳) نامرد۔ ہیجڑا (۴) بُزدِل (۵) اَحمق۔ نادان۔ بے وقوف۔ گید سے منسوب ہے جس کے معنی چیل کے ہیں۔ لوگوں کا خیال ہے کہ وہ چھ مہینے نر اور چھ مہینے مادہ رہتی ہے۔

گیدی خر (ف۔صف) بہت بڑا بے وقوف۔ اُلّو۔ گدھا۔

گیر (بیائے معروف) (ف۔لاحقہ) گرفتن مصدر سے صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل بنا دیتا ہے اور پکڑنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے دِل گیر۔ عالم گیر وغیرہ۔

گیرودار (ف۔ا۔مث) (۱) پکڑ دھکڑ (۲) جنگ و جدل۔ لڑائی (۳) حکومت (۴) شان و شوکت۔

گیراج (Garage) (انگ۔ا۔مذ) (۱) موٹر خانہ (۲) گُدام۔ گودام۔

گیرائی (گی۔را۔ئی) (ف۔ا۔مث) (۱) گرفتگی۔ پکڑ (۲) ٹھگی کا محکمہ (۳) خُفیہ پولیس کا محکمہ۔

گیرنا (گیر۔نا) (بیائے مجہول) (ہ۔مص) (۱) گرانا (۲) لگانا (۳) بنانا۔ تیار کرنا۔ (اب متروک ہے)۔

گیرو (گے۔رُو) (ہ۔ا۔مذ) گِل اَرمنی۔ ایک قسم کی لال مٹی۔ گیری۔

گیروا (گیر۔وا) (بیائے مجہول) (ہ۔صف) لال رنگ کا۔ گیرو رنگ کا۔ گہرا گلابی۔

گیری (گی۔ری) (ف۔ا۔مث) پکڑنا۔ لینا۔ مُرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے دست گیری۔ مُلک گیری وغیرہ۔

گیریزن (Garrison) (انگ۔ا۔مث) (۱) قلعے کی فوج (۲) قلعے یا شہر کی حفاظتی فوج۔

گیڑی (گے۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) وہ لکڑی جس سے لڑکے اِس طرح کھیلتے ہیں کہ ایک لکیر کھینچ کر اُس سے تھوڑے فاصلے پر لکڑی رکھتے ہیں اور دُوسرا لڑکا اُس پر اپنی لکڑی کی چوٹ لگا کر لکیر سے پار پہنچانے کی کوشش کرتا ہے اور کامیابی کی صورت میں وہ لکڑی جیت لیتا ہے۔ جمع: گیڑیاں۔ گیڑیوں۔

گیڑیاں کھیلنا (اُر۔ محاورہ) نادان و بے ہُنر ہونا۔

گیزر (Geyser) (انگ۔ا۔مذ) (۱) گرم پانی کا قُدرتی چشمہ جو تھوڑے وقفے سے زمین میں سے پھوٹتا ہے اور گرم پانی اور گیس ہوا میں اُچھالتا ہے (۲) گیس کا ہیٹر جو پانی گرم کرتا ہے۔

گیس (Gas) (انگ۔ا۔مث) ایسی مادّی چیز جو ہلکی اور ہوا کی مانند ہو۔ مثلاً بھاپ، آکسیجن، نائٹروجن، ہائیڈروجن وغیرہ۔ اُردو جمع: گیسوں۔ گیسیں۔

گیسٹ (Guest) (انگ۔ا۔مذ) مہمان۔

گیسٹ ہاؤس (Guest House) (انگ۔ا۔مذ) مہمان خانہ۔

گیسُو (گے۔سُو) (ف۔ا۔مذ) (۱) سر کے لمبے بال (۲) زُلف۔ لٹ۔ کاکل۔ اُردو جمع: گیسُو۔ گیسوؤں۔

گیسُو بُریدہ (ف۔صف) (۱) جس کے گیسو کٹے ہوئے ہوں (۲) فاحشہ، بے حیا عورت۔

گیسُو چھُٹنا (اُر۔ محاورہ) زُلفوں کا بکھر کر شانوں پر لہرانا۔

گیسُودار (ف۔صف) (۱) گیسو والا (۲) (مجازاً) پیرزادہ۔

گیسُو دراز (ف۔صف) (۱) لمبے گیسوؤں والا (۲) مشہور بُزرگ خواجہ میر سیّد محمد کا لقب۔

گیسُوئے شمع (ف۔ا۔مذ) شمع کا دُھواں۔

گیگلا (گیگ۔لا) (بیائے مجہول) (ہ۔صف) سادہ لوح۔ بھولا۔ اَحمق۔ مُورکھ۔

گیگلا پن (ہ۔ا۔مذ) بھولا پن۔ سادہ لوحی۔ حماقت۔ بے وقوفی۔

گیگلی (گیگ۔لی) (ہ۔صف) گیگلا کی تانیث۔

گیل (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مث) راستہ۔ راہ۔ باٹ۔ سڑک۔ پگ ڈنڈی۔ بٹیا (۲) کیلوں کا گچھا (۳) (تابع فعل) ساتھ۔ سنگ۔ ہمراہ۔

گیل گیل (ہ۔ تابع فعل) ساتھ ساتھ۔

گیل لگے پھرنا (اُر۔ محاورہ) پیچھے پیچھے پھرنا۔ ساتھ ساتھ رہنا۔

گِیلا (گی۔لا) (ہ۔صف) بھیگا ہوا۔ نم آلود۔ تر۔

گِیلا سِیلا (ہ۔صف) سیل کی وجہ سے نم۔

گِیلا ہونا (ہ۔مص مُرکب) بھیگنا۔ تر ہونا۔

گیلانی (گی۔لا۔نی) (ف۔صف) (۱) شمال مغربی فارس کے ایک صُوبہ گیلان سے منسوب (۲) جیلانی کا مفرس۔ دیکھئے جیلانی۔

گیلری (Gallery) (انگ۔ا۔مث) (۱) دالان۔ برآمدہ (۲) کمرے کے اندر کا چھجا۔ شہ نشین (۳) (تھیٹر) سب سے اُونچی نشست (۴) تصویر خانہ۔ نگار خانہ۔ اُردو جمع: گیلریاں۔ گیلریوں۔

گیلڑ (گے۔لڑ) (ہ۔صف) پہلے خاوند کا وہ بچہ جسے عورت اپنے ساتھ دُوسرے خاوند کے ہاں لائی ہو۔ ربیب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گیلن (Gallon) (انگ۔ ا۔ مذ) رقیق اشیا ناپنے کا پیمانہ جو ۵۵ء۴ لیٹر یا ۸ پائنٹ کے برابر ہوتا ہے۔

گیلی (گے۔ لی) (و۔ ا۔ مث) (۱) تنے کی کاٹی ہوئی گول لکڑی جس سے شہتیر نکلتے ہیں (۲) بیوقوف عورت (ق)۔

گیلی (Galley) (انگ۔ ا۔ مث) چھاپے خانے کی اصطلاح میں لکڑی کا وہ خانہ جس میں کمپوز شدہ ٹائپ کی قطاریں لگی ہوتی ہیں۔

گیلی (گی۔ لی) (و۔ صف) گیلا کی تانیث۔

گیلی لکڑی سیدھی ہو سکتی ہے (ار۔ مثل) بچے کی تربیت ہو سکتی ہے۔

گیلے (و۔ صف) (۱) گیلا کی جمع (۲) گیلا کی مغیّرہ صورت۔

گیلے سوکھے دونوں جلتے ہیں (ار۔ مثل) سخت اندھیر اور ناانصافی ہے۔

گیم (Game) (انگ۔ ا۔ مذ و مث) (۱) کھیل (۲) کھیل کی ایک بازی (۳) کسی کھیل کا پورا سامان (۴) دل لگی۔ تمسخر (۵) سیر۔ تفریح (۶) تماشا۔ سوانگ (۷) شکار (۸) شکار کے جانور۔

گیں (بیائے معروف) (ف۔ صف) آگین کا مخفف جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم صفت بنا دیتا ہے اور بھرا ہوا کے معنی دیتا ہے جیسے غمگین، اندوہگین، سرگین، شرگین۔

گینا (گے۔ نا) (و۔ ا۔ مذ) چھوٹے قد کا بیل (۲) مال و دولت (۳) جھاڑی۔

گینتی (گینتی) (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم) (نون غنّہ) (و۔ ا۔ مث) زمین کھودنے کا ایک نوکدار آہنی اوزار۔ کدال۔ جمع: گینتیاں۔ گینتیوں۔

گیند (بیائے مجہول) (نون غنّہ) (و۔ ا۔ مذ و مث) چمڑے کپڑے یا ربڑ کا وہ گولا جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔ جمع: گیند۔ گیندوں۔ (گیندوں۔ گیندیں)۔

گیند بلّا (و۔ ا۔ مذ) ڈنڈے اور گیند کا کھیل۔ کرکٹ۔

گیندا (گیں۔ دا) (بیائے مجہول) (نون غنّہ) (و۔ ا۔ مذ) گُل صد برگ۔ ایک قسم کا زرد پھول اور اُس کا پودا۔ امریکا، افریقہ، یورپ اور ایشیا میں اس کی متعدد اقسام پائی جاتی ہیں۔

گینڈوا (گینڈ۔ وا) (بیائے مجہول) (نون غنّہ) (و۔ ا۔ مذ) (۱) تکیہ (۲) پیٹ میں پیدا ہونے والا ایک کیڑا۔ جمع: گینڈووں۔ گینڈوے۔

گینڈا (گیں۔ ڈا) (بیائے مجہول) (نون غنّہ) (و۔ ا۔ مذ) بھینسے کے برابر، موٹی اور سخت کھال کا، ایک شہ زور پستانیہ (ممیل)۔ اِس کی دو قسمیں ہیں۔ پہلی قسم کے جانوروں کی تھوتھنی پر ایک سینگ اور دُوسری قسم کے جانوروں کی تھوتھنی پر دو سینگ ہوتے ہیں۔ اوّل الذکر جنوبی ایشیا اور شرق الہند اور ثانی الذکر افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ جمع: گینڈوں۔ گینڈے۔

گینگ (Gang) (انگ۔ ا۔ مذ) جتھا۔ ٹولی۔ طائفہ۔ گروہ (۲) مجرموں کا گروہ۔

گینگ ریپ (Gang-Rape) (انگ۔ ا۔ مذ) عورت کے ساتھ اجتماعی زیادتی۔ کسی عورت کے ساتھ بہت سے لوگوں کا زنا بالجبر۔

گینگلا۔ دیکھئے گیگلا۔

گینی (گے۔ نی) (و۔ ا۔ مث) چھوٹے قد کی موٹی گائے۔

گیہان (گے۔ ہان) (ف۔ ا۔ مذ) جہان۔ زمانہ۔

گیہان خدیو (ف۔ ا۔ مذ) جہان کا بادشاہ۔ خداوند۔

گیہواں (گیہ۔ واں) (و۔ صف) گیہوں کے رنگ کا۔ گندمی۔

گیہوں (گے۔ ہوں) (و۔ ا۔ مذ) گندم۔ کنک۔ ایک غلّہ جو دُنیا میں (چاول کے بعد) سب سے زیادہ اِستعمال کیا جاتا ہے۔ بہت قدیم اناج ہے۔ موئن جودڑو کے کھنڈروں اور فراعنۂ مصر کے مقبروں میں اِس کے دانے ملے ہیں۔ منطقہ ہائے معتدلہ میں کاشت کیا جاتا ہے۔

گیہوں کی بال نہیں دیکھی (ار۔ مثل) نہایت ناتجربہ کار اور نادان ہے۔ یہ بھی معلوم نہیں کہ گیہوں کا پودا اور اُس کی بال کیسی ہوتی ہے۔

گیہوں کی روٹی کو فولادی پیٹ چاہیے (ار۔ مثل) نعمت کھا کر پچا لینے کو بھی حوصلہ چاہیے۔ دولت پا کر عاجز رہنے کا مادّہ چاہیے۔

گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے (ار۔ مثل) امیروں کے ساتھ غریبوں کی بھی شامت آ جاتی ہے۔ گنہگار کے ساتھ اُس کا بے گناہ ساتھی بھی گرفتار بلا ہو جاتا ہے۔ بُرے کے ساتھ اچھا بھی دھر لیا جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ل

ل (لام) (ع۔ا۔مذ) اُردو کا تیسواں، فارسی کا ستائیسواں، عربی کا تیئسواں اور ہندی کا اٹھائیسواں حرف۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے تیس (۳۰) عدد مانے گئے ہیں۔ یہ حرف اُردو مصادر کو متعدی بناتا ہے، جیسے جینا سے جلانا، پینا سے پلانا۔ کبھی متعدی مصدر میں تاکیدی خصوصیت پیدا کرتا ہے جیسے دِکھانا سے دِکھلانا، بتانا سے بتلانا۔ کبھی اَلفاظ کے آخر میں آکر مصدریّت کا فائدہ دیتا ہے جیسے دیکھ بھال، چال ڈھال۔ کبھی نسبت کے واسطے آتا ہے جیسے بوجھل۔ عربی میں کلمے کی ابتدا میں آکر "لئے" کے معنی دیتا ہے جیسے لِلّٰہ۔ لفظِ شوال کا مُخفّف بھی ہے۔ یہ شمسی حرف ہے۔ اِس سے پہلے "ال" آئے تو لام پڑھا نہیں جائے گا اور دُوسرے لام کو مُشدّد کر دے گا جیسے اَللّطیف۔ یہ حرفِ صحیح ہے اور کسی حرفِ علّت کے ساتھ مل کر آواز دیتا ہے۔

ل-ا

لآلی (لَ۔آ۔لی) (ع۔ا۔مذ) لولو کی جمع۔ موتی۔ گوہر۔ مروارید۔

لا (مص۔ فعل) لانا مصدر کا صیغہ اَمر (۲) لاکر جیسے لا اُتارنا بمعنی لاکر اُتارنا۔

لا (ع۔ کلمہ نفی) بغیر۔ بنا۔ نہیں۔ نہ (۲) الجبرا میں مقدار مجہول و نامعلوم۔

لااُبالی (ع۔صف) لغوی معنی: میں پروا نہیں کرتا (۱) نڈر۔ دلیر (۲) بے فکر۔ بے پروا (۳) لامذہب۔ رند مشرب (۴) شوخ۔ بے شرم۔

لااُبالی پن (اُر۔ا۔مذ) بے پروائی۔ بے فکری۔ شوخی۔

لااُبالی کارخانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) نہایت بدانتظامی۔

لااُحصی (ع۔مقولہ) میں اِحاطہ نہیں کرسکتا۔ ایک حدیثِ نبوی ﷺ کی طرف اِشارہ ہے جس کے معنی ہیں (اے خُدا) میں تیری صِفات کا شمار نہیں کرسکتا۔ تجھ میں وہ سب صِفات موجود ہیں جو تُو نے آپ اپنی نسبت بیان فرمائی ہیں۔

لاأدری (ع۔ کلمہ اِنکار) لا أعلم۔ مجھے معلوم نہیں۔ میں نہیں جانتا۔

لااَدریا (ع۔صف) متشکّک۔ وہ شخص جسے خُدا کے وجود اور عدم وجود کے بارے میں شبہ ہو۔ نیز دیکھئے ناستک۔

لااَدریت (ع۔ا۔مث) متشککین کا یہ نظریہ کہ ہم خُدا کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے کیونکہ اِنسان کسی صورت میں بھی خُدا کا اِدراک نہیں کرسکتا۔

لااِلٰہ (ع۔ تابع فعل) (۱) لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ کا مُخفّف (۲) معاذ اللہ۔ توبہ ہے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (ع۔ کلمہ طیّب) خُدا کے سوا کوئی پرستش کے قابل نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اُس کے رسول ہیں۔

لاباس (ع۔ تابع فعل) کچھ مضایقہ نہیں۔

لابُد (ع۔ تابع فعل) (۱) بے شک۔ یقیناً۔ قطعی (۲) مجبوراً۔

لابُدی (ع۔صف) لازمی۔ ضروری۔ یقینی۔

لاپتا (اُر۔صف) بے پتا۔ جس کا پتا نہ ہو۔ گم۔ غائب۔

لاپروا (اُر۔صف) بے پروا۔ (فصحا بے پروا بولتے ہیں)۔

لاپروائی (اُر۔ا۔مث) (۱) بے پروائی۔ غفلت (۲) بے خوفی۔ (فصحا بے پروائی اِستعمال کرتے ہیں)۔

لاتعداد (ع۔صف) بے حساب۔ بے شمار۔

لاثانی (ع۔صف) بے مثل۔ بے نظیر۔ یگانہ۔ یکتا۔ فرد۔

لاجُرعہ (ع۔صف) بغیر گھونٹ کے۔ ایک ہی سانس میں پی جانا۔

لاجرم (ع۔ تابع فعل) (۱) بے شک۔ یقیناً (۲) مجبوراً۔

لاجواب (ع۔صف) (۱) خاموش۔ چپ (۲) مغلوب۔ عاجز (۳) جھوٹا (۴) بے نظیر۔ بے مثل۔ جس کا جواب نہ ہو۔

لاجواب کر دینا (اُر۔محاورہ) ہرا دینا۔ جواب نہ بننے دینا۔ تھکا دینا۔ بند کر دینا۔

لاچار (اُر۔صف) (۱) ناچار۔ لاعلاج (۲) محتاج، غریب، مُفلس (۳) بے بس۔ معذور (۴) (اُر۔ متعلق فعل) ہار کر۔ مجبور ہو کر۔ تھک کر۔ (فصحا ناچار بولتے ہیں)۔

لاچار کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) مجبور کرنا۔ بے بس کرنا (۲) اپاہج کرنا۔ ناکارہ کرنا (۳) مُفلس بنانا۔ تنگ دست کر دینا۔

لاچار ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) لاعلاج ہونا (۲) مجبور ہونا (۳) عاجز ہونا۔ ہارنا۔ تھکنا (۴) محتاج ہونا (۵) مُفلس اور تنگدست ہونا۔

لاچاری (اُر۔ا۔مث) (۱) ناچاری۔ مجبوری (۲) عاجزی (۳) محتاجی۔ غریبی۔ مُفلسی۔ مُصیبت۔ (فصحا ناچاری بولتے ہیں)۔

لاچاری پربت سے بھاری (اُر۔مثل) درماندگی یا مجبوری پہاڑ سے بھی زیادہ بھاری ہے۔

لاحاصل (ع۔صف) بے فائدہ۔ فضول۔ نکمّا۔ بے کار۔ بے نتیجہ۔

لاحل (ع۔صف) جو حل نہ ہو سکے۔ مُشکل۔ دُشوار۔ کٹھن۔ دقیق۔

لاحول (ع۔کلمہ نفرت) (۱) اِظہارِ نفرت و حقارت کا کلمہ (۲) شیطان کے بھگانے اور بھوت پریت دفع کرنے کا کلمہ۔

لاحول بھیجنا (اُر۔محاورہ) لعنت بھیجنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔

لاحول پڑھنا (اُر۔محاورہ) شیطان یا بھوت پریت بھگانے کے لئے لاحول ولاقوۃ اِلّا باللّٰہ پڑھنا۔

لاحول ولاقوۃ (ع۔کلمہ نفرت) اِظہارِ نفرت و بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (ع۔ کلمہ پناہ) کسی کو کوئی قدرت و طاقت حاصل نہیں لیکن خُدائے بُزرگ و بلند کو سب کچھ حاصل ہے۔

لاخراج (ع۔صف) وہ زمین جس پر سرکاری محصول نہ ہو۔ معافی۔ وہ زمین جس کا مالیہ نہ دینا پڑے۔

لاخراج دار (ع۔ف۔صف) وہ زمین دار جس کو سرکاری محصول نہ دینا پڑے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لادعویٰ (ع۔ا۔مذ) دست برداری۔ فارغ خطی۔ بے تعلق ہونے کی سند۔

لادعویٰ دینا (لکھنا) (اُر۔ محاورہ) کسی حق یا دعوے کو چھوڑ دینا۔

لادوا (ع۔صف) لاعلاج۔ جس کی دوا نہ ہو سکے۔

لاریب (ع۔ تابع فعل) بلاشُبہ۔ یقیناً۔ بیشک۔

لازوال (ع۔صف) جس کو زوال نہ ہو۔ غیرفانی۔ اَزلی۔ قدیم۔

لاسخن (ع۔ف۔صف) خاموش۔ بے زبان (۲) (ا۔مذ) بدزبانی۔ گستاخی۔

لاشریک (ع۔صف) جس کا کوئی شریک نہ ہو۔ خُدا جس کا کوئی شریک نہیں۔

لاشَے (ع۔صف) ہیچ۔ بے وقعت۔ معدوم۔

لاطائل (ع۔صف) لاحاصل۔ بے فائدہ۔ بے سُود۔ بیکار۔

لاعلاج (ع۔صف) (۱) جس کا علاج نہ ہو سکے۔ لادوا (۲) ناچار۔

لاعِلم (ع۔صف) بے علم۔ جسے معلوم نہ ہو۔ کسی بات کا نہ جاننے والا۔ ناواقف۔ اَنجان۔

لاعِلمی (ع۔ف۔ا۔مث) بے خبری۔ کسی بات کا علم نہ ہونا۔

لاغرض (ع۔صف) بے غرض۔

لافانی (ع۔صف) جس کو فنا نہ ہو۔ ہمیشہ رہنے والا۔

لافتیٰ اِلّا علیؓ لاسَیف اِلّا ذُوالفِقار (ع۔ مقولہ) حضرت علیؓ کے سوا کوئی بہادر نہیں اور ذُوالفقار کے سوا کوئی تلوار نہیں۔

لاکلام (ع۔صف) (۱) وہ کلام جس میں کچھ جائے گفتگو نہ ہو (۲) بلاشُبہ۔ یقیناً۔ ضرور۔ البتہ۔

لاکلامی (ع۔ف۔ا۔مث) خاموشی۔ چپ رہنا (۲) (صف) بے شُبہ۔ یقینی۔

لامتناہی (ع۔صف) غیر محدود۔ جس کی کوئی حد نہ ہو۔

لامحالہ (ع۔ تابع فعل) (۱) ناچار (۲) بالضرور۔ یقیناً۔

لامذہب (ع۔صف) جس کا کوئی مذہب نہ ہو۔ بے دین۔ دہریہ۔

لامذہبیّت (دہریت) (ع۔ا۔مث) مذہب سے کوئی تعلق نہ ہونا۔

لامرکزیّت (ع۔صف) جس کا کوئی مرکز نہ ہو (۲) مرکزی حکومت کو توڑنا (۳) بنکاری کی ایک اِصطلاح۔

لامکان (ع۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں مکانیت کی تخصیص نہ ہو۔ عالم قُدس جس کی کوئی سمت اور جگہ متعیّن نہیں۔ خُدائے تعالیٰ کی تعریف کا کلمہ۔

لامکان پرواز (سَیر) (ع۔ف۔صف) عالم بالا تک پہنچنے والا۔ مُراد نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم۔

لاوارث (ع۔صف) وہ مال یا شخص جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ وہ چیز جس کا کوئی مالک یا حقدار نہ ہو۔

لاوارثی (ع۔صف۔مث) وہ شے جس کا کوئی مالک یا حقدار نہ ہو۔

لاوَلد (ع۔صف) بے اولاد۔ جس کے کوئی اولاد نہ ہو۔

لاوَنعم (ع۔ تابع فعل) نہیں' ہاں۔ آرے' بلے۔

لایجوز (ع۔صف) جائز نہیں۔ ناجائز۔

لایحصیٰ (ع۔صف) بے حد۔ بے شمار۔

لایزال (ع۔صف) ہمیشہ رہنے والا۔ بے زوال۔ قدیم۔ دائم۔ اللہ تعالیٰ کی صفت۔

لایعقل (ع۔صف) بے وقوف۔ نادان۔ بے عقل۔

لایعلم (ع۔صف) جاہل۔ بے علم۔

لایعنی (ع۔صف) بیہودہ۔ لغو۔ بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔ فضول۔ لاحاصل۔

لایموت (ع۔صف) نہ مرنے والا۔ غیرفانی۔

لایَنبغی (لا۔یَم۔بَ۔غی) (ع۔صف) نامناسب۔ جو لائق نہ ہو۔

لاینحل (ع۔صف) جو حل نہ ہو سکے۔ مُشکل۔ پیچیدہ۔

لاینفک (لا۔یَن۔فک) (ع۔صف) جُدا نہ ہونے والا۔

لا (Law) (انگ۔ا۔مذ) قانون۔ ضابطہ۔ قاعدہ۔

لاب (ق۔ا۔مذ) لابھ کا بگاڑ۔ فائدہ۔

لابہ (لا۔بَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) درخواست۔ خواہش (۲) دُعا (۳) طنز (۴) مذاق (۵) خوشامد۔

لابہ گر (ف۔صف) چاپلوسی کرنے والا۔ خوشامدی۔

لابھ (س۔ا۔مذ) (۱) فائدہ۔ نفع (۲) حصول۔ تحصیل (۳) بالائی آمدنی۔ رشوت (۴) نجوم کا گیارھواں گھر (۵) حرص۔ طمع۔ لالچ۔ لوبھ۔

لابی (انگ۔ا۔مث) (Lobby) پارلیمنٹ یا اسمبلی کا بڑا کمرا جہاں ممبر حضرات ملاقاتیوں سے ملتے ہیں (۲) باحیثیت افراد کا گروہ جو قانون سازی کے عمل پر اثر اَنداز ہونے کی طاقت رکھتا ہو۔

لات (ہ۔ا۔مث) پاؤں کی ضرب۔ ٹھوکر۔ جمع: لاتوں۔ لاتیں۔

لات کا آدمی بات سے نہیں مانتا (اُر۔مثل) دیکھئے لاتوں کے بُھوت۔

لات مار کر کھڑا ہونا (اُر۔محاورہ) بچّہ جن کر تندرستی کے ساتھ اُٹھنا۔ جننے سے بخیریت فارغ ہونا۔

لات مارنا (اُر۔محاورہ) پاؤں کی ٹھوکر لگانا (۲) نفرت ظاہر کرنا۔ بے عزّتی کرنا (۳) ترک کر دینا۔ چھوڑنا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ دست بردار ہونا۔

لات مُکّی (اُر۔ا۔مث) لاتوں اور مُکّوں کی لڑائی۔

لاتوں (ہ۔ا۔مث) لات کی جمع۔

لاتوں کا بُھوت (دیو) باتوں سے نہیں مانتا (اُر۔مثل) کمینہ جُوتیاں کھائے بغیر سیدھا نہیں ہوتا۔

لاتیں (ہ۔ا۔مث) لات کی جمع۔

لاتیں چلانا (اُر۔محاورہ) لاتوں سے مارنا۔ ٹھوکریں لگانا (۲) دولتّیاں مارنا۔

لاتیں کھانا (اُر۔محاورہ) لاتوں سے مار کھانا۔

لاٹ (انگ Lord کا مہند۔ا۔مذ) (۱) مالک۔ آقا (۲) اَمیر (۳) برطانیہ کا اعزازی خطاب (۴) گورنر (۵) حاکم صوبہ۔

لاٹ پادری (اُر۔ا۔مذ) سب سے بڑا پادری۔ اسقف اعظم۔

لاٹ (انگ۔ا۔مذ) (Lot) چیزوں کا اَنبار۔ ڈھیر۔ تھوک۔

لاٹ بندی (اُر۔ا۔مث) چیزوں کے الگ الگ اَنبار لگانا۔

لاٹری (انگ۔ا۔مث) (Lottery) قُرعہ اَندازی۔ جُوئے کی ایک قسم۔ اُردو

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جمع: لاٹریاں۔ لاٹریوں۔
لاٹنا (لاٹ۔نا) (ق۔مص) ذلیل کرنا۔
لاٹھ (ہ۔ا۔مث) (۱) تھم۔ ستون۔ کھمبا (۲) کولھو کی موٹی اور لمبی لکڑی (۳) مُوسَل۔ دستہ۔ موگری (۴) چرخی کی سب سے لمبی اور بیچ کی کھونٹی۔ جمع: لاٹھوں۔ لاٹھیں۔
لاٹھی (ہ۔ا۔مث) عصا۔ جریب۔ ہاتھ کی لکڑی۔ لٹھ۔ جمع: لاٹھیاں۔ لاٹھیوں۔
لاٹھی پاٹھی (ہ۔ا۔مث) مار پیٹ۔ زدوکوب۔
لاٹھی پونگا (ہ۔ا۔مث) لاٹھی اور سوٹنا۔ لٹھ اور بانس۔ لٹھم لٹھا۔ مار پیٹ۔ جوتی پیزار۔
لاٹھی پونگا کرنا (اُر۔محاورہ) لٹھم لٹھا کرنا۔ جوتی پیزار کرنا۔ مار پیٹ کرنا۔
لاٹھی ٹوٹے نہ باسن پھوٹے (اُر۔مثل) اس طرح کام لینا کہ کسی کا بھی نقصان نہ ہو۔ نرمی سے کام لینا۔
لاٹھی لٹھول (ل۔ٹھو۔ول) (اُر۔ا۔مذ) جوتی پیزار۔ مار پیٹ۔ زدوکوب۔
لاٹھی مارے پانی جدا نہیں ہوتا (اُر۔مثل) رشتے داروں یا بھائی بندوں میں بہکانے سکھانے سے فرق نہیں پڑ سکتا۔
لاٹھی ہاتھ کی، بھائی ساتھ کا (اُر۔مثل) لاٹھی وہ جو ہاتھ میں ہو اور بھائی وہ جو ساتھ دے۔
لاج (انگ۔ا۔مث) (Lodge) مکان۔ منزل۔ عمارت۔
لاج (ہ۔ا۔مث) (۱) شرم۔ حیا۔ غیرت (۲) عزّت۔ آبرو۔
لاج آنا (لگنا) (ہ۔محاورہ) شرم آنا۔
لاج رکھنا (اُر۔محاورہ) آبرو نہ بگڑنے دینا۔ عزّت بچانا۔ شرم رکھنا۔
لاج سے مرنا (لاجوں مرنا) (اُر۔محاورہ) بہت زیادہ شرمسار ہونا۔ شرم کے مارے زمین میں گڑ جانا۔
لاج کرنا (اُر۔مص مُرکّب) شرم کرنا۔
لاج کھانا (اُر۔محاورہ) شرم آنا۔
لاج کھونا (گنوانا) (اُر۔محاورہ) بے شرم ہو جانا۔ بے حیا ہو جانا۔
لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری (اُر۔مثل) عزّت اور شرم کے مارے بدلحاظی نہ کرنا اور نقصان اُٹھانا۔
لاج لجانا (اُر۔محاورہ) شرمانا۔
لاج لگنا (اُر۔محاورہ) شرم آنا۔
لاجنا (لاج۔نا) (ق۔مص مُرکّب) شرمانا۔
لاجوَرد (لا۔جَ۔وَرد) (ف۔ا۔مذ) (۱) نیلے رنگ کا ایک چمکدار پتھر (۲) نیل۔ نیلا رنگ۔
لاجوَردی (لا۔جَ۔وَر۔دی) (ف۔صف) لاجورد کے رنگ کا۔ گہرا نیلا۔
لاجونتی (لاج۔وَن۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوئی موئی کا پودا (۲) شرم والی، غیرت مند، پاکدامن (عورت)۔
لاچا (پن۔ا۔مذ) ریشمی تہ بند۔ جمع: لاچوں۔ لاچے۔

لاچین (ت۔ا۔مذ) شاہین شکاری۔
لاحق (لا۔حِق) (ع۔صف) ملا ہوا۔ پیوستہ۔ وابستہ۔ کسی چیز کے پیچھے لگا ہوا۔
لاحق ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) ملنا۔ چمٹنا۔ لپٹنا۔ وابستہ ہونا (۲) کوئی بیماری لگنا۔
لاحقہ (لا۔حِ۔قہ) (ع۔صف) لاحق کی تانیث۔ آگے لگا ہوا۔ وابستہ۔ جمع: لواحق (۲) (ا۔مذ) وہ لفظ جو کسی لفظ کے آخر میں آئے اور اُس کے معنی میں اضافہ کر دے جیسے نامہ بر، دل بر میں بَر۔ (Suffix)۔
لاد (ہ۔ا۔مث) بار۔ بوجھ۔ لدا ہوا بوجھ۔
لاد پھاند (ہ۔ا۔مث) اسباب باندھنا اور بار کرنا۔
لاد چلنا (ہ۔مص) کوچ کرنا۔ بستر بوریا سمیٹ کر رخصت ہونا۔
لاد دے لدا دے، لدانے والا ساتھ دے (اُر۔مثل) چیز بھی دے، اُسے لدوا بھی دے اور ایک آدمی بھی دے جو جا کر اُتروا دے۔ ہر طرح کا بوجھ دوسرے پر ڈالنے والا۔
لادنا (لاد۔نا) (ہ۔مص) اسباب بھرنا۔ بوجھ رکھنا۔ بہت سا بوجھ رکھ دینا۔
لادو (ہ۔صف) دیکھئے لدّو۔
لادی (لا۔دی) (ہ۔ا۔مث) بوجھ۔ بھار۔ بوجھا۔ دھوبیوں کی گٹھڑی۔ جمع: لادیاں۔ لادیوں۔
لادیا (لا۔دِیا) (ہ۔صف۔مذ) باربردار۔ بوجھ لاد کر لے جانے والا۔
لاڈ (ہ۔ا۔مذ) پیار۔ اخلاص۔ محبت۔
لاڈ پیار (اُر۔ا۔مذ) پیار۔ اخلاص۔ محبت۔
لاڈ لڈانا (اُر۔محاورہ) چاؤ چوچلے میں پرورش کرنا۔ ناز و نعمت سے پالنا۔
لاڈا (ہ۔صف) (۱) پیارا۔ معشوق (۲) ناز و نعمت میں پالا ہوا (۳) (ا۔مذ) عاشق (۴) دولہا (۵) نیل کا کچا پودا۔
لاڈا لاڈی (اُر۔ا۔مذ) (۱) عاشق و معشوق (۲) دولھا دلہن۔ لاڑا لاڑی۔ بنا۔ بنی۔
لاڈلا (لاڈ۔لا) (ہ۔صف) پیارا۔ معشوق۔ ناز و نعمت سے پالا ہوا۔
لاڈلا پُوت کُورے مُوت (اُر۔مثل) زیادہ لاڈ پیار سے اولاد بدتمیز اور گستاخ ہو جاتی ہے۔
لاڈ لپیٹ کی باتیں (اُر۔ا۔مث) ظاہرداری کی باتیں۔ گول مول باتیں۔
لاڈلی (لاڈ۔لی) (ہ۔صف) لاڈلا کی تانیث۔
لاڈو (لا۔ڈو) (ہ۔صف) (۱) لاڈلی (۲) دلہن۔ عروس۔
لار (ہ۔ا۔مث) قطار۔ صف۔ پَرا۔ اونٹوں کی قطار۔
لارا (لا۔را) (ہ۔ا۔مث) حیلہ۔ بہانہ۔
لارالیری (ہ۔ا۔مث) حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔
لارالیری کا یار، کبھی نہ اُترے پار (اُر۔مثل) حیلے بہانے بنانے والا ہمیشہ ناکام رہتا ہے۔ اُس سے کوئی کام نہیں نکل سکتا۔
لارالیری لگانا (اُر۔محاورہ) حیلہ حوالہ کرنا۔ ٹالنا۔ آج کل کرنا۔
لارڈ (Lord) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے لاٹ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لارڈز (Lord's) (انگ۔ ا۔ مذ) انگلستان کا مشہور کرکٹ کا میدان جسے ٹامس لارڈ نام کے ایک شخص نے ۱۷۸۶ء میں لندن میں بنایا تھا۔ یہاں ایم سی سی کا ہیڈ کوارٹر ہے۔

لاروا (Larva) (انگ۔ ا۔ مذ) کیڑے کے انڈے سے نکلنے کے بعد کی حالت۔ جھانجا۔ پہلا رُوپ۔

لاری (Lorry) (انگ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی موٹر گاڑی۔ جمع: لاریاں۔ لاریوں۔

لاڑ (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے لاڈ پیار۔

لاڑھیا (لاڑھ۔یا) (ہ۔ ا۔ مذ) بُری چیز کی تعریف کر کے اُسے بکوا دینے والا۔ دلال (۲) (صف) مکّار۔ فریبی۔ دغاباز۔

لاڑھیاپن (ہ۔ ا۔ مذ) دغابازی۔ دھوکے بازی۔

لازِب (لا۔زِب)(ع۔ صف) چپکنے والا۔

لازِم (لا۔زِم)(ع۔ صف) چمٹا ہوا۔ وابستہ۔ ملحق (۲) ضرور۔ واجب۔ فرض (۳) صرف و نحو میں وہ فعل جو صرف فاعل پر ہی ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے (۴) ذمہ۔ تعلّق۔ جمع: لوازم۔

لازم آنا (اُر۔ محاورہ) ضروری ہونا۔ یقینی نتیجہ نکلنا۔

لازم و ملزوم (ع۔ صف) ایک دُوسرے سے متعلق۔ ایک دُوسرے سے وابستہ۔ واجب۔ ضرور۔

لازِمہ (لا۔زِ۔مَہ) (ف۔ ا۔ مذ) جوڑ۔ میل۔ سامان۔ ضروری اَسباب۔ جمع: لوازم۔

لازِمی (لا۔زِ۔می)(ع۔ صف) ضروری۔ لابدی۔ واجب۔

لاسا (ہ۔ ا۔ مذ)(۱) ایک لیس دار مادّہ جو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور اس سے پرندوں کو پکڑا جاتا ہے (۲) چسکا۔ عادت (۳) نشاستہ۔ گوند۔

لاسا لگانا (اُر۔ محاورہ)(۱) پرندے پکڑنے کے لئے کسی چیز پر چیپ دار مادّہ لگانا (۲) دو شخصوں کو بھڑوانا۔ جھگڑا کرا دینا (۳) پھنسانا۔ چپکانا۔

لاسا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) چپک جانا۔

لاسے (ہ۔ ا۔ مذ) لاسا کی مغیرہ صورت۔

لاسے پر لگانا (اُر۔ محاورہ) مانوس کرنا۔ ہلانا۔ گرویدہ بنانا۔ یار بنانا۔

لاسِلکی (لا۔سِل۔کی)(ع۔ ا۔ مث) بلا تار کی برقی رو جس سے ریڈیو وغیرہ چلتے ہیں۔ وائرلیس (Wireless)۔

لاش (ت۔ ا۔ مث) مُردہ جسم۔ نعش۔ لاشہ۔ میّت۔ جمع: لاشوں۔ لاشیں۔

لاش پٹی (اُر۔ ا۔ مث) خون یا سببِ موت کی اطلاعی رپورٹ۔

لاش پڑنا (اُر۔ محاورہ) مارا جانا۔ ہلاک ہونا۔ مُردہ ہو کر گرنا۔

لاش ڈالنا (اُر۔ محاورہ) قتل کرنا۔ مار کر ڈھیر کرنا۔

لاشعاعیں (اُر۔ ا۔ مث) وہ خاص قسم کی شُعاعیں جو ٹھوس اَجسام میں سے گزر جاتی ہیں اور اُن سے جسم کے اندر کی تصویر لی جاتی ہے۔ (X-Rays)۔

لاشہ (لا۔شہ)(ف۔ ا۔ مذ) لاش۔ مُردہ جسم۔ نعش۔

لاطِینی (لا۔طی۔نی) (انگ Latin کا مُعرّب۔ ا۔ مث) قدیم روما کی زبان۔ آریائی زبانوں کی ایک شاخ اور دُنیا کی قدیم زبانوں میں سے ایک۔ یورپ کی تقریباً تمام بڑی زبانوں کی ماں اور رُومی کلیسا کی مذہبی زبان ہے۔

لاغر (لا۔غر) (ف۔ صف) دُبلا پتلا۔ نزار۔

لاغری (لا۔غ۔ری)(ف۔ ا۔ مث) دُبلاپن۔ کمزوری۔ ناطاقتی۔ ناتوانی۔

لاف (ف۔ ا۔ مث) شیخی۔ بڑائی۔ ڈینگ۔ خودستائی۔

لاف زن (ف۔ صف) شیخی باز۔ ڈینگیا۔ بڑبولا۔

لاف زنی (ف۔ ا۔ مث) شیخی۔ خودستائی۔ تعلّی۔

لاف زنی کرنا (اُر۔ محاورہ) شیخی بگھارنا۔ اِترانا۔ ڈینگ مارنا۔

لاف و گزاف (ف۔ ا۔ مث) بیہودہ سرائی۔ شیخی۔ تعلّی۔

لاکٹ (Locket) (انگ۔ ا۔ مذ) گھنڈی۔ تکمہ۔ تُک۔ تعویذ۔ گلے میں پہننے کا زیور۔ اُردو جمع: لاکٹ۔ لاکٹوں۔

لاکھ (ہ۔ صف)(۱) سو ہزار کی تعداد۔ لکھ (۲) بہت۔ بے حد۔ بہتیرے۔ بہت سے۔ ہر چند (۳)(ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا گوند جو لاکھ کے کیڑے سے پیدا ہوتا ہے جسے پگھلا کر مُہر لگائی جاتی ہے۔

لاکھ بات کی ایک بات (اُر۔ ا۔ مث) مختصر مگر پُر مغز بات۔

لاکھ باتیں (اُر۔ ا۔ مث) مختلف قسم کی باتیں۔

لاکھ بسوے (اُر۔ تابع فعل) ضرور۔ یقیناً۔ بلاشُبہ۔

لاکھ پر بھاری ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت بہادُر و دلیر ہونا (۲) لاثانی ہونا۔ بے نظیر ہونا۔

لاکھ جان (جی) سے (اُر۔ تابع فعل) ہزار جان سے۔ نہایت شوق سے۔ بدل و جان۔

لاکھ کا گھر خاک کر دینا (اُر۔ محاورہ) تمام دولت و عزّت خاک میں ملا دینا۔ بنا بنایا کام بگاڑ دینا۔

لاکھ کوئی کہے (اُر۔ روزمرّہ) کوئی کچھ کہے۔ ہر چند کوئی کہے۔

لاکھ لاکھ بناؤ دینا (اُر۔ محاورہ) بہت زیب و زینت دینا۔ بہت بھلا لگنا۔

لاکھ لاکھ کوس (اُر۔ ا۔ مذ) دُور دُور۔

لاکھ لاکھ شکر (اُر۔ ا۔ مذ) خُدا کا بے حد شکر۔

لاکھ من کا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) بہت بھاری اور بوجھل ہونا (۲) صاحب عزّت و وقار ہونا (۳) بھاری بھرکم ہونا۔

لاکھ میں (اُر۔ تابع فعل) (۱) ہزاروں میں۔ سینکڑوں میں۔ بہتیروں کے سامنے (۲) ضرور۔ یقیناً۔ بیشک۔

لاکھ میں ایک (اُر۔ صف) منتخب۔ چُنا ہوا۔ چھٹا ہوا۔

لاکھ میں کہنا (اُر۔ محاورہ) علی الاعلان کہنا۔ کُھل کر کہنا۔

لاکھ ہاتھی لُٹ گیا پھر سوا لاکھ ٹکے کا ہے (اُر۔ مثل) امیر کتنا ہی غریب ہو جائے پھر بھی اُس کی عزّت برقرار رہتی ہے۔

لاکھا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) لاکھ کا سُرخ رنگ جسے عورتیں خوبصورتی کے لئے ہونٹوں پر لگاتی ہیں۔ ہونٹوں پر لگانے کی سُرخی (۲) لاکھی رنگ کا گھوڑا (م)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ایک قسم کا جنگلی مُرغ۔

لاکھواں (لاکھ۔واں)(ہ۔صف) لاکھ سے نسبت رکھنے والا۔

لاکھوں (ہ۔صف) لاکھ کی جمع۔ بہت۔ بے شمار۔

لاکھوں پر بند نہ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) دیکھئے لاکھوں پر بھاری ہونا (۲) عورت کا بہت آوارہ اور بدچلن ہونا۔

لاکھوں پر بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے لاکھ پر بھاری ہونا۔

لاکھوں گھڑے پانی پڑنا (اُر۔محاورہ) بہت شرمندہ ہونا۔ نیز دیکھئے گھڑوں پانی پڑنا۔

لاکھوں میں (اُر۔متعلق فعل) دیکھئے لاکھ میں۔

لاکھی (لا۔کھی)(ہ۔صف) لاکھ کے رنگ کا۔ سُرخ۔ گھوڑے کا ایک رنگ (۲) لاکھ کا بنا ہوا۔

لاگ (ہ۔ا۔مث)(۱) تعلّق۔ علاقہ۔ نسبت (۲) اُنس۔ محبت۔ لگن (۳) مزہ۔ چسکا (۴) شوق۔ رغبت (۵) عداوت۔ دُشمنی۔ بَیر (۶) کرتب۔ شُعبدہ۔ طلسم (۷) جادُو۔ ٹونا۔ منتر (۸) دوا دارو (۹) سہارا۔ مدد۔

لاگ باندھنا (اُر۔محاورہ) دُشمنی پیدا کرنا۔

لاگ پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) عداوت پیدا کرنا (۲) تعلّق یا لگاؤ پیدا کرنا۔

لاگ دار (اُر۔صف)(۱) رشتے دار (۲) بہنوئی (۳) دوست۔ یار۔ آشنا۔

لاگ ڈانٹ (اُر۔ا۔مث) اَن بَن۔ عِناد۔ بُغض۔ عداوت۔ دُشمنی۔

لاگ رکھنا (اُر۔محاورہ) تعلّق رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ دُشمنی رکھنا۔

لاگ سے (اُر۔تابع فعل) مدد سے۔ سہارے سے۔

لاگ کھلانا (اُر۔محاورہ)(۱) جادُو کی ہوئی کوئی چیز کھلانا (۲) جادو کرنا (۳) کشتہ کھلانا۔

لاگ لپیٹ (اُر۔ا۔مث)(۱) جانب داری۔ پاس داری۔ حمایت (۲) دغا۔ مکر۔ فریب۔

لاگ لگنا (اُر۔محاورہ)(۱) عشق ہونا۔ لگن ہونا (۲) شوق ہونا۔ اُمنگ ہونا۔ نیا رشتہ نکلنا (۳) ٹیکس لگنا۔

لاگت (لا۔گت)(ہ۔ا۔مث)(۱) اصل خرچ۔ صَرف (۲) قیمت۔ مول۔ بھاؤ۔ نرخ۔

لاگت آنا (بیٹھنا۔ لگنا) (اُر۔محاورہ) خرچ ہونا۔ صَرف ہونا۔ خرچ اُٹھنا۔

لاگو (لا۔گو)(ہ۔صف۔وا۔مذ)(۱) درپے (۲) یار۔ دوست۔ آشنا (۳) خواہش مند۔ چاہنے والا (۴) ساتھی۔ خبرگیر (۵) طرف دار (۶) خریدار۔ گاہک (۷) اطلاق۔ عائد ہونے والی چیز (۸) دُشمن۔

لاگو ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) چاہنا۔ خواہش رکھنا (۲) خریدار ہونا (۳) پیچھے پڑنا (۴) شریک حال ہونا (۵) حامی ہونا (۶) مطلب رکھنا (۷) اطلاق ہونا۔ عائد ہونا۔

لاگوٹ (ق۔ا۔مث) محبت۔ پیار۔

لال (ہ۔ف۔صف)(۱) سُرخ۔ احمر۔ سُوہا (۲) دہکتا ہوا۔ انگارا سا (۳) گونگا بہرا (۴) خشم ناک۔ غُصّے میں بھرا ہوا (۵)(ا۔مذ) ایک قسم کا بیش قیمت پتھر۔ لعل (۶) ایک چھوٹا سا خوش آواز پرند (۷) لڑکا (۸) بیٹا۔ فرزند۔

لال اُگلنا (اُر۔محاورہ) مُنہ سے موتی جھڑنا (۲) عجیب باتیں کرنا (۳) گالیاں دینا۔

لال انگارا (اُر۔صف)(۱) انگارے کی طرح سُرخ (۲) نہایت سُرخ (۳) غُصّے میں بھرا ہوا۔ غضب ناک۔

لال بجھکّو (اُر۔صف) پرلے درجے کا بے وقوف۔ وہ اَحمق جسے اپنی عقل پر بڑا گھمنڈ ہو۔ بُوجھ بجھکّو۔

لال بُخار (اُر۔ا۔مذ) متعدی بخار جس میں جسم پر سُرخ دانے نکل آتے ہیں۔ سُرخ بُخار۔

لال بھبُوکا (اُر۔صف)(۱) نہایت سُرخ (۲) غُصّے کے باعث سُرخ (چہرہ)۔

لال بیگ (اُر۔ا۔مذ)(۱) خاکروبوں کا پیشوا (۲) ایک پردار کیڑا۔ تل چٹا۔ کاک روچ۔

لال بیگی (لال بیگیا) (اُر۔صف۔وا۔مذ) لال بیگ کا معتقد۔ خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔

لال پانی (اُر۔ا۔مذ)(۱) حیض کا خون (۲) سُرخ رنگ کی شراب۔

لال پری (اُر۔ا۔مث)(۱) سُرخ پوشاک پہننے والی پری (۲) اِندر سبھا کے قصّے کی ایک پری (۳) شراب سُرخ۔ لال شراب۔

لال پڑ جانا (اُر۔محاورہ) سُرخ ہو جانا۔ غضب ناک ہو جانا۔ انتہائی غُصّہ آنا۔

لال پلکا (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخ کبوتر جس کا پوٹا، دُم اور بازو سفید ہوتے ہیں۔

لال پیارا تو اُس کا خیال بھی پیارا (اُر۔مثل) جو من بھا جائے اُس کی ہر بات پسند ہوتی ہے۔

لال پیلا (اُر۔صف) غضب ناک۔ خشم ناک۔ غُصّے میں بھرا ہوا۔

لال پیلی آنکھیں کرنا (نکالنا) (اُر۔محاورہ) غُصّے کی نگاہ سے دیکھنا۔ بہت ناراض ہونا۔

لال خاں کا لکڑا (اُر۔ا۔مذ) مُجرم کو سزا دینے کا ایک بھاری شہتیر جو بیچ میں سے چرا ہوا اور سُوراخ والا ہوتا ہے۔ اُس میں مُجرم کے پاؤں رکھ کر دونوں ٹکڑوں کو ملا دیتے ہیں۔

لال ڈورے (اُر۔ا۔مذ)(۱) سُرخ تار (۲) سُرخ تاگے (۳) لال لال رگیں جو آنکھوں میں دِکھائی دیتی ہیں۔

لال رکابی (اُر۔ا۔مث) حضرت فاطمہ زہرا کی نیاز۔ صحنک۔

لال سوداگر (اُر۔ا۔مذ) وہ کم مایہ سوداگر جو اِدھر مال لے اور اُدھر جھٹ تھوڑے سے منافع پر بیچ ڈالے۔ ٹٹ پونجیا۔

لال کتاب (اُر۔ا۔مث)(۱) وہ کتاب جس میں تمام باتوں کا جواب حسبِ مرضی یا حسبِ حال مل جائے (۲) بندوبست کی کتاب۔ پٹواریوں یا قانون گویوں کی سرکاری کتاب۔

لال کُرتی (اُر۔ا۔مث) گوروں کی پلٹن جو سُرخ وردی پہنتی تھی۔

لال کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) سُرخ کرنا (۲) لوہے کو آگ میں تپا کر سُرخ کرنا (۳) مالا مال کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لال گُودڑ میں نہیں چُھپتا (اَر۔ مثل) اچھی چیز چھپائے نہیں چھپتی۔

لال مرچ (اَر۔ا۔مث) سُرخ مرچ۔

لال ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) سُرخ ہو جانا (۲) غصّے میں چہرہ تمتما اُٹھنا (۳) غضب ناک ہونا۔ خفا ہونا (۴) پَھل پکنا۔ پُختہ ہونا۔

لالا (ف۔ا۔مذ)(۱) غلام (۲)(صف) روشن۔ درخشاں۔

لالا (ہ۔ا۔مذ)(۱) جناب۔ صاحب۔ معزز ہندوؤں کا خطاب (۲) بنیا۔ ساہو کار۔ مہاجن (۳) والد کا خطاب۔ ابا۔ باوا (۴) عزیز۔ پیارا (۵) خسر۔ سسُر۔

لالا شاہی (اَر۔ا۔مذ) پینے کا تمباکو جو سیاہ قند میں بناتے تھے۔

لالٹین (لال۔ٹین) (انگ Lantern کا مُتجنّد۔ا۔مث) وہ فانوس جس میں شیشے لگے ہوئے ہوں۔ شیشے کی قندیل۔ جمع: لالٹینوں۔ لالٹینیں۔

لالچ (لا۔لچ)(ہ۔ا۔مذ) حرص۔ طمع۔ لوبھ (۲) ترغیب۔ پُھسلاوا (۳) رشوت۔

لالچ بُری بلا ہے (اَر۔ مثل) حرص سے بڑھ کر کوئی آفت نہیں۔

لالچ خورا (اَر۔ صف) لالچی۔ حریص۔ طمع کرنے والا۔

لالچ دینا (اَر۔ محاورہ) طمع دینا۔ لوبھ دینا۔ پُھسلانا۔ ترغیب دینا۔

لالچ کرنا (اَر۔ مص) طمع کرنا۔ حرص کرنا۔

لالچ میں آنا (اَر۔ محاورہ) لوبھ میں آنا۔ دَم میں آنا۔ طمع میں پھنسنا۔

لالچی (لال۔چی)(ہ۔صف) حریص۔ طامع۔ لوبھی۔

لالچی بندہ (اَر۔ا۔مذ) خود غرض۔ لوبھی۔ مطلبی۔

لالڑی (لال۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹا لال۔ یاقوت (۲) نامژ۔

لالن (ق۔ا۔مذ) معشوق۔ محبوب۔

لالوں (ہ۔صف) لال کی جمع۔

لالوں کا لال (ہ۔صف)(۱) سُرخ و سفید رنگ والا (۲) بہت پیارا۔ لاڈلا۔

لالوں لال (اَر۔ صف) نہایت سُرخ۔

لالہ (لا۔لہ)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُرخ پھول جس کے اندر سیاہ داغ ہوتا ہے (۲) خشخاش کا پھول (۳) مشاعرے میں شُعرا کے سامنے رکھی جانے والی شمع (لکھنؤ)۔

لالہ بناگوش (ف۔صف) جس کے کان کی لو سُرخ ہو۔

لالہ رُخ (لالہ رُخسار۔ لالہ رُو۔ لالہ عذار) (ف۔صف) سُرخ چہرے والا۔ معشوق۔ دِل بَر۔

لالہ رنگ (ف۔صف) جس کا رنگ سُرخ ہو۔

لالہ زار (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ کھیت جس میں لالہ کے بُوٹے ہوں (۲) (کنایۃً) باغ۔ گُلزار۔ چمن۔

لالۂ طُور (ف۔ا۔مذ) آتشِ طُور۔

لالہ فام (لالہ گُوں)(ف۔صف) لال۔ سُرخ رنگ کا۔

لالی (لا۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) سُرخی (۲) عزّت۔ آبرو۔ سُرخ رُوئی (۳) عزیزہ (۴) ہمشیر۔ بہن (۵) لالچ (ق)۔

لالی رہ جانا (اَر۔ محاورہ) عزّت رہ جانا۔ آبرُو بچ جانا۔ بات بنی رہنا۔

لالی پاپ (Lollypop) (انگ۔ا۔مذ) بچّوں کی چُوسنے والی مٹھائی۔

لالے (لا۔لے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) آرزو۔ اِشتیاق۔ تمنّا۔ اَرمان (۲) کسی چیز سے نااُمید ہونا۔

لالے پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اَرمان ہونا۔ آرزو ہونا (۲) نہایت نااُمید ہونا (۳) مُصیبت میں پھنسنا (۴) دُشوار ہونا۔ مُشکل ہونا۔

لام (اَر۔ا۔مذ) فوج یا پلٹن کا مجموعہ وغیرہ۔ بریگیڈ۔ فوج کا دستہ (یہ لفظ غالباً فرانسیسی لفظ Larme کا مُوَرّد ہے)۔

لام باندھنا (اَر۔ محاورہ) چاروں طرف سے لشکر جمع کرنا۔ لڑائی کا سامان کرنا۔

لام (ع۔ا۔مذ)(۱) حرف "ل" کا تلفّظ (۲)(تشبیہ) زُلف (۳)(ف۔صف) خمیدہ۔ ٹیڑھا۔

لام کاف (ع۔ا۔مذ) گالی گُفتار۔ بُرا بھلا۔ واہی تباہی۔

لام کاف بکنا (اَر۔ محاورہ) گالی گلوچ کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ فحش بکنا۔

لاما (Llama) (انگ۔ا۔مذ) اُونٹ سے ملتا جلتا جنوبی امریکا کا ایک جانور۔

لاما (س۔ا۔مذ) تبت کے بُدھ پیشواؤں کا لقب۔

لامال (ق۔ا۔مث) قطار۔

لامِس (لا۔مِس)(ع۔صف) چُھونے والا۔

لامِسَہ (لا۔مِ۔سَہ)(ع۔ا۔مث) لامِس کی تانیث۔ چُھونے یا مَس کرنے والی قوّت یا حِس۔

لامِع (لا۔مِع)(ع۔صف) چمکنے والا۔ روشن۔ درخشاں۔

لان (Lawn) (انگ۔ا۔مذ) گھاس کا قطعہ۔ سبزہ زار۔

لانا (لا۔نا)(ہ۔مص)(۱) لے آنا۔ حاضر کرنا۔ پیش کرنا۔ سامنے کرنا (۲) اُٹھانا۔ برپا کرنا (۳) مول لینا۔ خریدنا۔

لانا بندی (اَر۔ا۔مث) معاملہ۔ مال گُزاری۔ ہلوں کے مُطابق لگان۔

لانبا (لاں۔با)(ہ۔صف) لمبا۔ اُونچا۔ طویل۔ دراز۔

لانبی (لاں۔بی)(ہ۔صف) لانبا کی تانیث۔

لانچ (Launch) (انگ۔ا۔مث) پٹرول یا بھاپ سے چلنے والی بڑی کشتی۔

لانڈا (لاں۔ڈا)(ق۔صف) لنڈورا۔

لانڈری (Laundry) (انگ۔ا۔مث) کپڑے دھونے کا کارخانہ۔

لانڈکا (ق۔ا۔مذ) بھیڑیا۔

لانگ (نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) کٹے ہوئے اَناج کا ڈھیر۔ کھلیان۔ خرمن (۲) بُھس۔ بُھوسا۔ چوکر (۳) مقدار۔ اَندازہ۔ تعداد۔ نیل کی سبز پتّیاں جن سے نیل کا رنگ بنتا ہے۔

لانگ (نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) دھوتی کا وہ حصّہ جو آگے لٹکتا رہتا ہے اور جسے پیچھے کی طرف اُڑس لیتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لانگا ٹیر (لاں۔گا۔ٹیر) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) قطار۔ صف۔ پرا۔ ڈار۔ سلسلہ۔

لانگن (لانگھن) (لاں۔گن) (لاں۔گھن) (ہ۔ا۔مث) اُلانگن کا مخفف۔ پھاند۔ چھلانگ۔

لانگنا (لانگھنا) (لانگ۔نا) (لانگھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) اُلانگنا۔ چھلانگ مارنا۔ اُچھلنا۔ کودنا (۲) عُبور کرنا۔ اُوپر سے گُزر جانا (۳) گھوڑے پر پہلے پہل سواری کرنا۔

لانی (ق۔ا۔صف) رنگیلا۔

لاوا (Lava) (انگ۔ا۔مذ) آتش فشاں پہاڑ سے نکلنے والا سیّال مادّہ۔

لاوک (لا۔وُک) (ق۔ا۔مذ) (۱) خمیر اُٹھانے کا کونڈا (۲) سُرمہ۔

لاوَن (لا۔وَن) (ہ۔ا۔مذ) سالن۔ ترکاری وغیرہ۔ وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھائیں۔

لاہ (ہ۔ا۔مذ) (۱) کونپل کا بڑا اور کمزور پتّا (۲) جالی کے مانند ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۳) مُہر لگانے کی لاکھ۔

لاہا (لا۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) لابھ۔ فائدہ۔ نفع۔

لاہن (لا۔ہَن) (ہ۔ا۔مذ) شراب کا خمیر جو بیر، پیپل اور بڑ کے درختوں کی چھال سے اُٹھایا جاتا ہے۔

لاہُوت (ع۔ا۔مذ) عالمِ ذاتِ الٰہی جس میں سالک کو فنافی اللہ کا درجہ حاصل ہوتا ہے۔ نیز دیکھئے عالمِ لاہوت۔

لاہُوتی (ع۔صف) لاہوت سے متعلق۔

لاہوری (لا۔ہو۔ری) (ہ۔صف) پاکستانی صوبہ پنجاب کے دارالحکومت لاہور سے منسوب (۲) لاہور کا باشندہ (۳) ایک پھوڑے کا نام۔ کاربنکل۔

لاہوری نمک (اُر۔ا۔مذ) وہ نمک جو پنجاب میں نمک کی کان سے نکلتا ہے۔

لاہی (لا۔ہی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کا پودا (۲) ایک قسم کی سرسوں (۳) ایک قسم کا ریشمی کپڑا (۴) سُرخ رنگ جس میں سیاہی غالب ہو۔

لائبریری (Library) (انگ۔ا۔مث) کتب خانہ۔ دارالمطالعہ۔ اُردو جمع: لائبریریاں۔ لائبریریوں۔

لائبریرین (Librarian) (انگ۔ا۔مذ) محافظِ کتب خانہ۔ کتب خانے کا ناظم۔

لائٹ (Light) (انگ۔ا۔مث) روشنی۔ اُردو جمع: لائٹوں۔ لائٹیں۔

لائٹ ہاؤس (Light House) (انگ۔ا۔مذ) مینار جس پر جہازوں کی راہ نمائی کے لئے روشنی کی جاتی ہے۔ روشنی کا مینار۔

لائٹر (Lighter) (انگ۔ا۔مذ) سگرٹ جلانے کا آلہ۔

لائحہ (لا۔ا۔حہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کوئی چمکیلی چیز (۲) کوئی واضح چیز (۳) ثبوت (۴) فہرست (۵) پروگرام۔ منصوبہ۔ جمع: لوائح۔

لائحۂ عمل (ع۔ا۔مذ) دستورالعمل۔ پروگرام۔ نظامِ عمل۔

لائسنس (Licence) (انگ۔ا۔مذ) اجازت نامہ۔ پرمٹ۔ اُردو جمع: لائسنس۔ لائسنسوں۔

لائسنس دار (اُر۔صف) جسے کوئی چیز رکھنے یا بیچنے کی اجازت ہو۔

لائف (Life) (انگ۔ا۔مث) زندگی۔ حیات۔ جیون۔

لائف انشورنس (Life Insurance) (انگ۔ا۔مذ) زندگی کا بیمہ۔

لائف بوٹ (Life Boat) (انگ۔ا۔مث) بچاؤ کی کشتی۔ وہ کشتی جو جہازوں میں خطرے کے وقت مسافروں کے استعمال کے لئے رکھی جاتی ہے۔

لائق (لا۔اِق) (ع۔صف) (۱) قابل۔ مُناسب۔ زیبا۔ موزوں۔ واجب (۲) روا۔ جائز (۳) بجا۔ دُرست (۴) کافی۔ مکتفی۔ وافی (۵) ہُنرمند۔ گُنی۔ ذی جوہر۔ مُستعد۔ اہل۔ دانا۔ ہوشیار۔

لائق فائق (ع۔ف۔صف) لیاقت میں فوقیت رکھنے والا۔

لائقہ (لا۔اِ۔قہ) (ع۔صف) لائق کی تانیث۔

لائم (لا۔اِم) (ع۔صف) ملامت کرنے والا۔

لائن (Line) (انگ۔ا۔مث) (۱) خط۔ لکیر (۲) ریل کی لوہے کی سڑک (۳) قطار (۴) وضع۔ طرز۔ انداز۔ اُردو جمع: لائنوں۔ لائنیں۔

لائن اختیار کرنا (اُر۔محاورہ) کسی طریقے پر چلنا۔ وضع یا انداز اختیار کرنا۔

لائن کلیئر (Line Clear) (انگ۔ا۔مذ) ریل کی سڑک صاف اور آمد و رفت کے قابل ہونے کی سَنَد۔

لاؤ (لا۔او) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چرس کھینچنے کی موٹی رسّی۔ موٹا رسا (۲) اس قدر زمین جو ایک دن میں ایک چرس کے ذریعے سے بھری جائے (۳) مانگ۔ طلب (۴) قرض جو بے ضمانت لیا جائے (۵) خوشامد۔

لاؤلپیٹ کی باتیں (اُر۔ا۔مث) گول مول باتیں۔

لاؤلشکر (اُر۔ا۔مذ) فوجی بھیڑ بھاڑ۔ لشکر اور اُس کے ہمراہی۔ ہجوم۔ ازدحام۔

لاؤڈ اسپیکر (Loud Speaker) (انگ۔ا۔مذ) آلۂ مکبّر الصوت۔ ایک آلہ جو برقی قوت کے ذریعے آواز کو اُونچا کرتا ہے۔

لاؤنا (ق۔مص) لگانا۔

لاؤنج (Lounge) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مکان میں اُٹھنے بیٹھنے کا کمرا (۲) ہوائی اڈّے کی اِنتظار گاہ۔

لاؤنی (لا۔اُ۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کے گیت (۲) فصل کاٹنے کی مزدوری (۳) خراج مال گزاری۔ معاملہ۔

لائی (لا۔ای) (ہ۔ا۔مث) (۱) فصل کاٹنا (۲) خودرو چاول (۳) بُھنا ہوا اناج (۴) ایک قسم کی مٹھائی (۵) (فعل) لانا مصدر سے صیغہ واحد غائب مؤنث۔

لائی لُوجی (لا۔ای۔لو۔جی) (ہ۔ا۔مث) خوشامد۔

لائے (ف۔ا۔مث) شراب وغیرہ کی تلچھٹ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لَب (بفتحِ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) ہونٹ (۲) کنارہ (۳) طرف۔ جانب (۴) ساحل۔ کراڑا (۵) حاشیہ۔ دَور۔ کنی (۶) مُنڈیر (۷) تھوک۔ لعابِ دہن۔ اُردو جمع: لب۔ لبوں۔

لبِ آب (ف۔ا۔مذ) دریا' ندی یا حوض وغیرہ کا کنارہ۔

لبِ بام (ف۔ا۔مذ) کوٹھے یا چھت کا کنارہ۔

لب بستہ (ف۔صف) مُنہ بند۔

لب بند ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) شیرینی سے ہونٹوں کا چپک جانا (۲) مُنہ بند ہونا۔ خاموش ہونا۔

لب بہ لب (ف۔صف) لب سے لب ملائے ہوئے (۲) مُقابلہ کرنے والا۔

لب پر آنا (اُر۔محاورہ) زبان پر آنا۔ کچھ کہا جانا۔

لب پر آہ ہونا (اُر۔محاورہ) زبان پر آہ و زاری ہونا۔ ظُلم کی شکایت ہونا۔ شِکوہ ہونا۔

لب پر دَم ہونا (اُر۔محاورہ) مرنے کے قریب ہونا۔

لب پر رکھا ہونا (اُر۔محاورہ) پہلے سے کچھ کہنے کو تیار ہونا۔

لب پر لانا (اُر۔محاورہ) کچھ کہنا۔ تذکرہ کرنا۔

لب پر مُہر لگانا (کرنا) (اُر۔محاورہ) خاموش ہو جانا۔

لب تر کرنا (اُر۔محاورہ) تھوڑا سا پانی پینا۔

لب تشنہ (بے اضافت)(ف۔صف)(۱) پیاسا (۲) آرزُو مند۔

لبِ تقریر (ف۔ا۔مذ)(کنایۃً) تقریر۔

لبِ تیغ (ف۔ا۔مذ) تلوار کی دھار۔

لبِ جام (ف۔ا۔مذ) پیالے کا کنارہ۔

لبِ جُو (ف۔ا۔مذ) ندی کا کنارہ۔

لب چبانا (اُر۔محاورہ) حسرت و افسوس کرنا۔

لب چُوسنا (اُر۔محاورہ) ہونٹوں کو دانتوں میں دبا کر چُوسنا۔

لب خشک ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) پیاس کا غلبہ ہونا (۲)(کنایۃً) بے حد تعریف کرنا۔

لبِ دریا (ف۔ا۔مذ) دریا کا کنارہ۔ کراڑا۔ ساحل۔

لب دوز (ف۔صف) سِیے ہوئے لب۔ چپ۔ خاموش۔

لب ریز (یائے مجہول)(ف۔صف) بھرا ہوا۔ پُر۔ لبالب۔

لبِ سوفار (ف۔ا۔مذ) تیر کی نوک۔

لب سینا (اُر۔محاورہ)(۱) بولنے نہ دینا (۲) خاموش رہنا۔

لبِ شیریں (ف۔ا۔مذ) میٹھے ہونٹ۔

لب کُشائی (ف۔ا۔مث) مُنہ کھولنا۔ بات کرنا۔

لب کھولنا (اُر۔محاورہ) بات کرنا۔ بولنا۔

لبِ گور ہونا (اُر۔محاورہ) گور کنارے پہنچنا۔ مرنے کے قریب ہونا۔

لبِ گویا (ف۔ا۔مذ) بولنے والے لب۔

لب لگانا (اُر۔محاورہ) تھوک لگانا۔ لعابِ دہن لگانا۔

لبِ نوشیں (ف۔ا۔مذ) میٹھے ہونٹ۔ لبِ شیریں۔

لب نہ ہلانا (اُر۔محاورہ) چپ رہنا۔ خاموش رہنا۔

لب و لہجہ (ف۔ا۔مذ) تلفظ۔ طرزِ کلام۔ طرزِ گفتگو۔

لُبّ (بضمِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مذ) عِطر۔ نچوڑ۔ خُلاصہ۔ سَت۔ مغز۔ جمع: لُبُوب۔

لُبِّ لُباب (ع۔ا۔مذ) خُلاصے کا خُلاصہ۔ عِطر کا عِطر۔ سَت کا سَت۔ نہایت خالص۔

لَبادَہ (لَ۔با۔دہ)(ف۔ا۔مذ) رُوئی دار پُھغہ۔ بجبہ۔ فرغل۔ اُردو جمع: لبادوں۔ لبادے۔

لَباڑ (لَباڑی) (لَ۔باڑ)(لَ۔با۔ڑی)(ہ۔صف)(۱) جُھوٹا۔ کاذب (۲)(ق۔ا۔مذ) لُٹیرا۔

لِباس (لِ۔باس)(ع۔ا۔مذ)(۱) پوشاک۔ جامہ۔ کپڑے (۲) رُوپ۔ شکل۔ بھیس۔ جمع: لباسات۔ اَلبِسہ۔ اُردو جمع: لباس۔ لباسوں۔

لَبالَب (لَ۔با۔لَب)(ف۔صف) لبریز۔ بھرا ہوا۔ کناروں تک بھرا ہوا۔

لبالب ہونا (اُر۔محاورہ) مُنہ تک بھرا ہونا۔ پُر ہونا۔ لبریز ہونا۔

لُبدا (لُب۔دا)(ق۔صف) فریفتہ۔

لُبدانا (لُب۔دا۔نا)(ق۔مص) گرویدہ کرنا۔ فریفتہ کرنا۔

لُبدان ہار (لُب۔دان۔ہار)(ق۔صف) فریفتہ کرنے والا۔

لُبدی (لُب۔دی)(ہ۔ا۔مث)(۱) لگدی۔ لُپڑی۔ پُلٹس (۲) گنے کا گُودا۔

لِبرٹی (Liberty)(انگ۔ا۔مث) آزادی۔ حُرّیت۔

لِبرل (Liberal)(انگ۔صف) آزاد خیال۔ سب کا بھلا چاہنے والا۔ جمہوری اور معاشرتی اِصلاحات کا حامی۔ خیرخواہِ خلائق۔

لِبرل ازم (Liberalism)(انگ۔ا۔مذ) آزاد خیالی' جمہوری اور معاشرتی اِصلاحات کی موافقت کا نظریہ۔

لَبَڑ (لَ۔بَڑ)(ہ۔صف) جُھوٹا۔ بیہودہ۔

لبڑ خندا (اُر۔صف۔مذ) بیہودہ گو۔ جُھوٹا۔ لپاڑی۔

لبڑ خندی (اُر۔صف۔مث) لبڑ خندا کی تانیث۔

لَبڑ دھوں دھوں (اُر۔ا۔مث)(۱) غُل۔ شور۔ ہنگامہ (۲) بے ایمانی (۳) بدانتظامی۔ بدعملی۔

لَبَڑ سَبَڑ (لَ۔بَڑ۔سَ۔بَڑ)(اُر۔ا۔مث) بیہودگی۔ بدسلیقگی۔ پھوہڑپن۔

لَبڑو (لَب۔ڑو)(واو مجہول)(ہ۔صف) جُھوٹی' بیہودہ' بکواسی' باتُونی' چرب زبان (عورت)۔

لَبلَب (لَب۔لَب)(ہ۔صف) کم عقل۔ بے وقوف۔

لَبلَبا (لَبلَبہ) (لَب۔لَ۔بہ)(ہ۔صف)(۱) لیس دار۔ چپکنے والا (۲)(ہ۔ا۔مذ) پیلے رنگ کا ایک بڑا غدود جو معدے کے پیچھے ہوتا ہے اور دو قسم کے عرق تیار کرتا ہے۔ ایک عرق غذا کے ہضم میں مدد دیتا ہے اور دُوسرا جسم میں شکر جذب ہونے میں۔ (Pancreas)۔

لَبلَبی (لَب۔لَ۔بی)(لَب۔لِ۔بی)(ہ۔ا۔مث) بندوق اور پستول وغیرہ کا وہ پُرزہ جس کو دبانے سے گھوڑا گرتا ہے (۲)(صف) لبلبا نمبر ا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لبلوس (لب-لوس)(ہ-صف)(۱) ننگا۔ بے حیا (۲) بے وقوف۔

لبن (لَ-بَن)(ع-ا-مذ) دودھ۔

لبنی (لب-نی)(ہ-ا-مث) مٹی کی چھوٹی سی ٹھلیا۔

لبنی (لب-نا)(ع-ا-مذ)(۱) ایک درخت جس سے میٹھا دودھ نکلتا ہے (۲) (مث) دودھ دینے والی اُونٹنی۔

لبوب (لُ-بوب)(ع-ا-مذ) لُب (مغز) کی جمع۔

لبوں (لَ-بوں)(اُر-ا-مذ) لب کی جمع۔

لبوں پر آنا (ہونا) (اُر-محاورہ)(۱) کہنے کے لئے کوئی بات مُنہ پر آنا (۲) انتہا کو پہنچنا (۳) کناروں پر پہنچنا۔

لبوں پر جان (دم) آنا (اُر-محاورہ) مرنے کا وقت قریب ہونا۔

لبھانا (لُ-بھا-نا)(ہ-مص)(۱) لالچ دینا۔ للچانا (۲) مائل کرنا۔ عاشق بنانا۔ موہنا (۳) پھسلانا۔ بہکانا۔ ورغلانا۔

لبھاؤ (لُ-بھاؤ)(ہ-ا-مذ)(۱) لالچ۔ ترغیب (۲) کوئی چیز جو سودے کے بعد مفت دی جائے۔ رونگا۔ (پن) جھونگا۔

لبھیڑا (لَ-بھے-ڑا)(ہ-ا-مذ) لسوڑا۔

لبی (لَ-بی)(ہ-ا-مث) گنے کا اُبلا ہوا رس۔ راب۔

لبے آجانا (ہ-محاورہ) تالو میں ورم ہو جانا۔

لبیب (لَ-بیب)(ع-صف) دانا۔ عقل مند۔

لبیدا (لَ-بے-دا)(ہ-ا-مذ) سونٹا۔ لٹھ۔ لاٹھی۔ ڈانگ۔

لبیر (لَ-بیر)(ہ-ا-مث) لبیرا کی تانیث۔

لبیرا (لَ-بی-را)(ہ-ا-مذ) دھجی۔ چیتھڑا۔ لیر۔

لبیک (لب-بیک)(ع-ا-مذ و مث) حاضر ہوں۔ موجود ہوں۔ حاجی میدانِ عرفات میں بار بار یہ کلمہ کہتے ہیں۔

لبیں (بیائے مجہول)(اُر-ا-مث) ہونٹوں کے اُوپر کے بال۔ مونچھیں۔

لبیں لینا (اُر-محاورہ) مونچھیں کترنا یا مونڈنا۔

ل-پ

لپ (بفتح اوّل)(ہ-ا-مث) مُٹھی بھر مقدار۔

لپا (لپ-پا)(ہ-ا-مذ) تھپڑ۔ چانٹا۔ لپڑ۔

لپا ڈگی (لپ-پا-ڈگ-گی)(ہ-ا-مث) گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی۔

لپاٹی (لپاٹیا) (لَ-پا-ٹی)(لَ-پاٹ-یا)(ہ-صف) جھوٹا۔ کاذب۔ دروغ گو۔

لپالپ (لَ-پا-لپ)(ہ-تابع فعل) جلد جلد۔ جھٹ پٹ۔ فوراً۔

لپانا (لِ-پا-نا)(ہ-مص) لپائی کرانا۔ پلستر کرانا۔ لیپنا کا متعدی۔

لپائی (لِ-پا-ئی)(ہ-ا-مث) کہگل۔ پلستر۔ لیپنے کا کام (۲) لیپنے کی اُجرت۔

لپائی پُتائی (ہ-ا-مث) لیپنا اور پوتنا۔ پلستر کر کے سفیدی کرنا۔

لپٹ (لَ-پٹ)(ہ-ا-مث)(۱) شُعلہ۔ لَو۔ آنچ۔ گرمی (۲) ہوا کی لہر (۳) مہک۔ خوشبو (۴) لُو۔ گرم ہوا۔

لپٹ آنا (اُر-محاورہ) خوشبو کی لہر آنا۔ جھونکا آنا۔

لپٹ دینا (اُر-محاورہ) خوشبو دینا۔ مہک دینا۔

لپٹ لگ جانا (لگنا) (اُر-محاورہ) لو لگنا۔ آگ کی گرمی پہنچنا۔ شُعلے کا جلا دینا۔

لپٹ (لِ-پَٹ)(اُر-فعل) مصدر لپٹنا کا صیغہ امر (۲)(ا-مث) لپٹنے کا عمل۔

لپٹ پڑنا (اُر-محاورہ) گتھ جانا۔

لپٹ جانا (اُر-محاورہ) جوشِ محبت سے گلے لگ جانا۔

لپٹ کر (اُر-تابع فعل) ہم بغل ہو کر۔ چمٹ کر۔

لپٹا (لپ-ٹا)(ہ-ا-مذ)(۱) موٹے آٹے کا حلوا (۲) راب۔ پتلا شیرہ۔ گو جو تمباکو میں ملاتے ہیں (۳) ایک قسم کی گھاس (۴) رشتہ۔ ناتا۔

لپٹا جانا (اُر-محاورہ) زبردستی کسی سے گتھ جانا۔ چمٹ جانا۔

لپٹا لینا (اُر-محاورہ) چمٹا لینا۔ بغل گیر ہونا (۲) کٹے ہوئے پتنگ کی ڈور کو اُڑتے ہوئے پتنگ میں اُلجھا لینا۔

لپٹانا (ہ-مص)(لپ-ٹا-نا)(۱) چمٹانا۔ گلے لگانا۔ پیار کرنا (۲) اُلجھانا۔ لپیٹنا (۳) چپکانا (۴) ساتھ لگانا۔ ملانا (۵) پیچھے لگانا۔ بھڑوانا (۶) کنکوا اُڑانا (۷) شادی کرنا۔ رشتہ کرنا۔

لپٹنا (لِ-پٹ-نا)(ہ-مص)(۱) چمٹنا۔ پیچھے لگنا۔ چسپاں ہونا۔ چپکنا (۳) چھاتی سے لگنا (۴) عاشق ہونا (۵) دوستی ہونا۔ پھنسنا (۶) بھڑنا۔ گتھنا (۷) مُبتلا ہونا (۸) مصروف ہونا (۹) کُشتی کرنا (۱۰) بَل کھانا (۱۱) کنکوے کا اُلجھنا (۱۲) بند ہونا۔ ملفوف ہونا۔

لپٹنت (لپ-ٹنت)(ہ-ا-مث)(۱) بغل گیری۔ ہم آغوشی (۲) کُشتی۔ کونت۔

لپٹی (ہ-ا-مث)(۱) لپٹا۔ آٹے کا حلوا (۲) کوئی لیس دار میٹھی چیز۔

لپ جھپ (لپ-جھپ)(اُر-ا-مث)(۱) پھرتی۔ تیزی۔ جلدی (۲) فریب۔ مکاری۔ چالاکی (۳) چوری (۴)(اُر-متعلق فعل) فوراً۔ جھٹ پٹ۔

لپڑ (لپ-پڑ)(ہ-ا-مذ) تھپڑ۔ طمانچہ۔ چانٹا۔

لپڑ شپڑ (لَ-پڑ-شَ-پڑ)(اُر-ا-مث) جلدی جلدی بولنا (۲) ایسی بات جو سمجھ میں نہ آئے (۳) ٹال مٹول (۴)(صف) خلط ملط۔ گڈمڈ۔

لپڑ لپڑ (لَ-پڑ)(اُر-ا-مث) بے ڈھنگے پن سے کھانے پینے کی آواز (۲) بکواس۔

لپڑ لپڑ کرنا (ہ-مص) بیہودہ بکنا۔ بکواس کرنا۔

لپڑی (لپ-ڑی)(ہ-ا-مث)(۱) لیپ۔ پُلٹس۔ ضماد (۲) میدے وغیرہ کی پوٹلی جس سے ٹکور یا سینک کرتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لُپڑی باندھنا (اُر۔ محاورہ) لُگدی باندھنا۔ ضماد کرنا۔ پُلٹس باندھنا۔

لَپڑی (لَپ۔ ڑِی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پھٹا پُرانا کپڑا۔ بسترا (۲) صافہ۔ پگڑی۔

لپسی (لَپ۔ سی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) آٹے کا پتلا حلوا۔ سیرا (۲) لئی (۳) (صف) بوڑھا پھوس۔ نہایت بوڑھا۔

لَپک (لَ۔ پک) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کوندا (بجلی کا)۔ روشنی۔ چکارا۔ چمک (۲) لاٹ۔ لَو۔ شعلہ۔ لپٹ (۳) دھڑک۔ تڑپ (۴) ٹیس۔ زخم کی سوزش (۵) کود پھاند۔ چھلانگ (۶) (فعل) لپکنا مصدر سے صیغۂ امر۔

لپک جھپک (اُر۔ ا۔ مث) تیزی۔ طراری۔ چُستی۔ پھرتی۔ جلدبازی۔ (اُر۔ متعلق فعل) جلد جلد۔ تیزی سے۔

لپک کر (اُر۔ متعلق فعل) جلدی سے۔ دوڑ کر۔ فوراً۔ تُرت۔

لپک لینا (اُر۔ محاورہ) جھپٹ لینا۔ اُچھلتی ہوئی چیز کو ہاتھوں پر لینا۔ چھین لینا۔

لپکا (لَپ۔ کا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) بدعادت (۲) لت۔ عادت۔ خُو (۳) مزہ۔ چسکا (۴) بدمعاش (۵) (ہ۔ فعل) لپکنا مصدر کا ماضی مطلق مذ۔

لپکا پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مزہ پڑنا۔ چسکا لگنا (۲) بُری عادت پڑنا۔

لپکا جانا (چُھٹنا) (اُر۔ محاورہ) عادت ترک ہونا۔

لپکا ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی بُرے کام کی عادت ہونا۔ چسکا پڑنا۔ عادی ہونا۔

لپکانا (لَپ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) بھگانا۔ کُتے کو شکار پر دوڑانا (۲) ہاتھ آگے کرنا یا پھیلانا۔

لپکنا (لَ۔ پک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) دوڑنا۔ جھپٹنا (۲) اُچکنا۔ چھیننا (۳) چھلانگ مارنا (۴) ٹیس پڑنا (۵) بجلی چمکنا (۶) دھڑکنا۔ پھڑکنا (۷) دوڑ کر جانا۔ حملہ کرنا (۸) آگ کا تیز ہونا۔ شعلہ بھڑکنا۔

لپکی (لَپ۔ کی) (اُر۔ ا۔ مث) (۱) ٹانکا۔ سیون (۲) شلنگا۔ کچی سلائی (۳) گوٹ۔ کنارہ (۴) لپکنا مصدر کا صیغۂ ماضی مطلق مث۔

لپکی بھرنا (لپکی مارنا) (اُر۔ محاورہ) ٹانکا لگانا۔ کچی سلائی کرنا۔

لُپکی (لُپ۔ کی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ڈر۔ خوف۔ دہشت (۲) ڈر سے چھپ جانا۔

لپ لپ (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کُتے کے کھانے پینے کی آواز (۲) زبان سے چاٹنے یا پوپلے مُنہ سے کھانے کی آواز۔

لپ لپ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کھانے میں کُتے کی طرح آواز نکالنا (۲) بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔

لپ لپ کھانا (اُر۔ محاورہ) جلد جلد کھانا۔ بغیر چبائے کھا جانا۔

لِپنا (لِپ۔ نا) (ہ۔ مص) اُستر کاری ہونا۔ پلستر ہونا۔

لِپوانا (لِپ۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) لیپنا کا متعدی۔ پلستر کرانا۔ نیز دیکھئے لپانا۔

لِپوائی (لِپ۔ وا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) لپائی کی اُجرت۔ کہگل کرانے کی مزدوری۔

لپوڑیا (لَ۔ پوڑ۔ یا) (ہ۔ صف) منت سماجت کر کے کام نکالنے والا۔ خوشامدی۔

لپیٹ (لَ۔ پیٹ) (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پیچ۔ بل (۲) مکر۔ فریب۔ دغا (۳) گھیرا۔ دور۔ محیط (۴) اُلجھاوا۔ جنجال (۵) مُصیبت۔ آفت (۶) (ہ۔ فعل) لپیٹنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

لپیٹ جھپیٹ (ہ۔ ا۔ مث) فریب۔ مکر۔ پیچ۔ داؤ۔ فتنہ۔

لپیٹ لپاٹ کر (اُر۔ تابع فعل) باندھ کر۔ تہ کر کے۔

لپیٹ کی باتیں (اُر۔ ا۔ مث) چالاکی اور فریب کی باتیں۔

لپیٹ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) شریک کر لینا۔ ملا لینا۔ جُرم میں شریک کر لینا۔ اُلجھا لینا (۲) تہ کر لینا۔

لپیٹ میں آجانا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں پھنس جانا (۲) پھنس جانا۔

لپیٹن (لَ۔ پے۔ ٹن) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) پیچ (۲) چرخ (۳) بیلن جس پر جُولاہے کپڑا لپیٹتے ہیں۔

لپیٹنا (لَ۔ پیٹ۔ نا) (بیائے مجہول) (ہ۔ مص) (۱) تہ کرنا۔ سمیٹنا۔ باندھنا۔ کسنا (۲) آلودہ کرنا۔ لتھیڑنا (۳) اُلجھانا۔ ملانا (۴) چھپانا۔ ڈھانکنا۔

لپیٹواں (لَ۔ پیٹ۔ واں) (واو مجہول) (ہ۔ صف) (۱) پیچیدہ۔ ملفوف (۲) ملا ہوا (۳) زیر پردہ۔ پوشیدہ (۴) بل دار۔ پیچ دار۔

لپیٹواں بات (اُر۔ ا۔ مث) گول بات۔ پیچیدہ بات۔ چال کی بات۔ فریب کی بات۔

ل۔ت

لت (بفتح اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) بُری عادت (۲) خُو۔ خصلت۔ علت۔ لپکا (۳) لات کا مخفف۔

لت پت (لتھ پتھ) (ہ۔ صف) (۱) آلودہ۔ بھرا ہوا (۲) خراب حال۔ خستہ حال۔

لت پت کر دینا (اُر۔ محاورہ) آلودہ کر دینا۔ بھر دینا۔

لت پت ہونا (اُر۔ محاورہ) بھر جانا۔ آلودہ ہونا۔ ملوث ہونا۔

لت پڑنا (اُر۔ محاورہ) عادت پڑنا۔

لت پیچھے لگنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا عادی ہو جانا۔

لت خور (خوار) (اُر۔ صف) (۱) لاتیں کھانے والا۔ ذلیل۔ کمینہ (۲) (اُر۔ ا۔ مذ) غُلام۔ بُردہ (۳) دہلیز۔ آستانہ (۴) (لکھنؤ) دروازے کی دہلیز کے نیچے رکھا جانے والا تختہ (۵) باورچی خانے میں بچھائی جانے والی دری یا قالین۔

لت ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بُری عادت کا عادی ہو جانا۔

لت گھٹ (اُر۔ ا۔ مث) عادتیں۔ خصلتیں۔

لتا (س۔ ا۔ مث) (۱) انگور کی بیل (۲) لمبی اور پتلی عورت۔

لتّا (لت۔ تا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گودڑ۔ چیتھڑا (۲) پارچہ۔ کپڑا۔ جمع: لتوں۔ لتے۔

لتاڑ (لَ۔ تاڑ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ملامت۔ سرزنش (۲) دُکھ۔ مصیبت (۳) کام کاج کی زیادتی (۴) دوڑ دُھوپ (۵) پامالی (۶) دباؤ (۷) لتاڑنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لتاڑ میں آنا (اَر۔ محاورہ) گردش میں آنا۔ مصیبت میں پھنسنا۔

لتاڑنا (لَ۔تاڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) لاتیں مارنا۔ روندنا۔ پامال کرنا۔ خراب کرنا (۲) دھتکارنا۔ ملامت کرنا (۳) (ق۔مص) محنت لینا۔

لترا (لت۔را) (ہ۔صف) (۱) اِدھر کی اُدھر کہنے والا۔ چغل خور۔ پیٹ کا ہلکا۔ غمّاز (۲) بکواسی۔ بکّی (۳) بے وفا۔ بے مُروّت۔

لتراپن (ہ۔ا۔مذ) اِدھر کی اُدھر لگانا۔ فساد کرانا۔

لتری (لت۔ری) (ہ۔صف) لترا کی تانیث۔

لتری کان کتری (اَر۔ محاورہ) وہ عورت جو اپنے لترانے کے سبب کان کاٹ دینے کے لائق ہو یا جس کے کان کاٹ دیئے گئے ہوں۔ غمّازہ۔

لتری (لت۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) پُرانی جوتی (۲) دال کی ایک قسم۔

لتّو (لت۔تو) (اَر۔صف) لاتیں مارنے والا (گھوڑا)۔

لتھ پتھ (ہ۔صف) دیکھئے لت پت۔

لتھڑ پتھڑ (لَ۔تھڑ۔پ۔تھڑ) (ہ۔صف) دیکھئے لت پت۔

لتھڑنا (لِ۔تھڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) آمیز ہونا۔ مخلوط ہونا۔ ملنا (۲) لتھ پتھ ہونا۔ بھرنا۔ ملوث ہونا۔ آلودہ ہونا (۳) شور بور ہونا۔

لتھیڑنا (لَ۔تھیڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) کیچڑ یا کسی گاڑھی چیز میں لت پت کرنا (۲) آمیز کرنا۔ ملانا (۳) آلودہ کرنا (۴) موٹا موٹا لیپ کرنا۔

لتّی (لت۔تی) (ہ۔ا۔مث) (۱) لتّو کی ڈوری (۲) پگڑی (۳) لات۔

لتّے (لت۔تے) (۱) لتّا کی جمع (۲) لتّا کی مغیّرہ شکل۔

لتّے کا سانپ بن جانا (اَر۔ محاورہ) بے حد مُبالغہ کرنا۔

لتّے لینا (اَر۔ محاورہ) دھجیاں اُڑانا (۲) آڑے ہاتھوں لینا (۳) لتاڑنا۔ سرزنش کرنا (۴) عاجز کرنا (۵) ذلیل کرنا (۶) کپڑے اُتارنا۔

لتیا (لت۔یا) (اَر۔صف) بُری عادت والا۔ علّتی۔

لتیانا (لت۔یا۔نا) (اَر۔مص) لاتیں مارنا۔

ل۔ٹ

لٹ (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) جٹا۔ بالوں کی لڑی۔ زُلف (۲) رسّی۔ ڈوری (۳) لات کا مخفف۔ جمع: لٹوں۔ لٹیں۔

لٹا (لُ۔ٹا) (ہ۔صف) لٹا ہوا۔ تباہ حال (۲) (ہ۔فعل) لٹنا مصدر سے ماضی۔

لٹا پٹا (ہ۔صف) لوٹا ہوا۔ تباہ حال۔ برباد۔

لٹا ہاتھی بتورا سا (اَر۔مثل) اُمرا کے پاس تباہی میں بھی بہت کچھ ہوتا ہے۔

لٹا ہاتھی سوا لاکھ ٹکے کا (اَر۔مثل) گیا گزرا امیر بھی غریبوں سے بہتر ہوتا ہے۔

لٹانا (لِ۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پسارنا۔ پھیلانا۔ فرش یا چارپائی پر ڈالنا (۲) بچّے کو سُلانا (۳) قبر میں ڈالنا (۴) پچھاڑنا (۵) چت کرنا۔

لُٹانا (لُ۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) روپیہ برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔

لٹاؤ (لُ۔ٹا۔اُو) (ہ۔صف) فضول خرچ۔ اڑاؤ کھاؤ۔

لٹائی (لُ۔ٹا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) پتنگ کی ڈور لپیٹنے کی چھوٹی چرخی۔

لٹ پٹ (ہ۔صف) (۱) رنگیلا۔ بانکا۔ چھیل چھبیلا (۲) متوالا (۳) اُلٹ پلٹ (۴) اُلجھا ہوا (۵) آڑا ترچھا۔ بے ترتیبی سے لپیٹا ہوا۔

لٹر (لُ۔ٹر) (ہ۔صف) بدوضع اور بیہودہ مرد۔

لِٹر (Litre) (انگ۔ا۔مذ) اعشاری نظام میں سیّال چیزوں کے ناپنے کا پیمانہ۔

لِٹریچر (Literature) (انگ۔ا۔مذ) اَدب۔ علم ادب۔ اِنشا پردازی۔

لُٹس (لُٹ۔ٹس) (ہ۔ا۔مث) لوٹ مار۔ لوٹ کھسوٹ۔

لٹس مچانا (اَر۔ محاورہ) لوٹ مچانا۔ چھینا جھپٹی کرنا۔ غارت گری کرنا۔

لٹک (لَ۔ٹک) (ہ۔ا۔مث) لٹکاؤ۔ آویزش (۲) ناز و ادا۔ آن بان (۳) لہر۔ موج۔ ترنگ (۴) سایہ۔ بھوت پریت وغیرہ کا اثر (۵) لت۔ عادت (۶) لاپروائی (۷) عشق۔ محبت (۸) پردہ۔ جھالر۔ (فعل) لٹکنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

لٹک جاتی رہنا (جانا) (اَر۔ محاورہ) بانکپن جاتا رہنا۔ ناز و انداز نہ رہنا۔

لٹک چال (اَر۔ا۔مث) مستانہ چال۔ ناز و ادا کی چال۔

لٹک میں آنا (اَر۔ محاورہ) موج میں آنا۔ ترنگ میں آنا۔

لٹک کر چلنا (اَر۔ محاورہ) مستانہ چال سے چلنا۔ جھوم کر چلنا۔ ناز نخرے سے قدم اُٹھانا۔

لٹکا (لُٹ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جادو۔ منتر۔ ٹونا ٹوٹکا۔ موہنی منتر (۲) شعبدہ۔ کرتب۔ عیاری۔ چالاکی (۳) چٹکلا (۴) طور۔ طریقہ۔ تدبیر۔ داؤں پیچ (۵) شغل۔ دل بہلاوا (۶) مکر۔ فریب (۷) چلتا ہوا نسخہ۔ اکسیر (۸) (ہ۔صف) لٹکا ہوا۔ معلّق (۹) (ہ۔فعل) لٹکنا مصدر سے ماضی کا صیغہ۔ لٹکانا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

لٹکا چل جانا (اَر۔ محاورہ) منتر یا جادو چل جانا۔

لٹکا رکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آویزاں رکھنا (۲) حیلے بہانے سے کسی کے کام کو ٹالتے رہنا (۳) کسی کام کی تکمیل نہ کرنا۔

لٹکا ہاتھ آنا (اَر۔ محاورہ) آسان تدبیر سُوجھنا۔

لٹکانا (لٹ۔کا۔نا) (ہ۔مص) (۱) معلّق کرنا۔ آویزاں کرنا (۲) پھانسی دینا (۳) اٹکائے رکھنا۔ اُلجھانا (۴) اُمید میں رکھنا۔ انتظار میں رکھنا۔

لٹکن (لٹ۔کن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لٹکنے والی چیز (۲) ناک کا ایک زیور (۳) لکڑی کی چھوٹی سی کھونٹی جس پر گھڑا یا صُراحی رکھتے ہیں (۴) کلاک کا پنڈولم (۵) شاقول۔ ساہول۔ جمع: لٹکن۔ لٹکنوں۔

لٹکنا (لَ۔ٹک۔نا) (ہ۔مص) (۱) آویزاں ہونا۔ معلّق ہونا (۲) پھانسی لگنا (۳) رُکنا۔ اٹکنا (۴) منتظر رہنا۔ اُمیدوار رہنا (۵) مدّتوں بیمار رہنا (۶) لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا (۷) آگے نہ بڑھنا۔ پیچھے رہنا۔

لٹکوانا (لَ۔ٹک۔وا۔نا) (ہ۔مص) لٹکنا کا متعدی۔ آویزاں کرانا (۲) پھانسی لگوانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لِٹمس (لِٹ۔مَس) (Litmus) (انگ۔ا۔مذ) نیلے رنگ کا مواد جو بعض کیمیائی اشیا اور سبزیوں وغیرہ سے اَخذ کیا جاتا ہے۔ جس کاغذ میں اسے جذب کیا جاتا ہے اُسے لِٹمس پیپر کہتے ہیں۔

لُٹنا (لُٹ۔نا)(ہ۔مص) دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا۔ کمزور ہونا۔

لُٹنا (لُٹ۔نا)(ہ۔مص) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ چوری ہونا۔ مالی نقصان اُٹھانا۔ گھر کا اُجڑنا۔ گھر ویران ہونا۔

لَٹُو (لَٹ۔ٹُو)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک گول مخروطی کھلونا جو دیر تک گھومتا رہتا ہے (۲) سیدھ معلوم کرنے کا آلہ۔ ساقول (۳)(کنایۃً) عاشق۔ جمع: لٹو۔ لٹوؤں۔

لٹو ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۲) محو ہونا (۳) چکر کھانا۔

لُٹوانا (لُٹ۔وا۔نا)(ہ۔مص) لوٹنا کا متعدی۔ غارت کرانا۔ تباہ کرانا۔ صرف کرانا۔ مہنگا سودا دِلوانا۔ نقصان کرانا۔

لَٹورا (لَ۔ٹو۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا پرندہ (۲)(بفتح دوم) اُلجھے ہوئے بالوں کی لٹ۔ جمع: لٹورے۔ لٹوروں۔

لَٹوری (لَ۔ٹو۔ری)(ہ۔ا۔مث) اُلجھے ہوئے بالوں کی چھوٹی لٹ۔ جمع: لٹوریاں۔ لٹوریوں۔

لٹوریوں (ہ۔ا۔مث) لٹوری کی جمع۔

لٹوریوں والی (ہ۔صف) ڈائن۔ چڑیل۔ جادوگرنی۔

لَٹوریا (لَ۔ٹو۔ریا)(ہ۔ا۔مذ) جٹادھاری۔ لٹوں والا جوگی۔ گیسو دراز۔

لَٹھ (ہ۔ا۔مذ)(۱) موٹی لکڑی۔ سونٹا۔ لاٹھی۔ ڈانگ (۲) چرخے یا کسی اور چیز کی لاٹھ۔ جمع: لٹھ۔ لٹھوں۔

لٹھ باز (اُر۔صف) لاٹھی سے لڑنے والا۔

لٹھ بازی (اُر۔ا۔مث) لاٹھیوں کی لڑائی۔ لٹھم لٹھا۔

لٹھ بند (اُر۔صف) لاٹھی باندھنے والا۔ اُجڈ۔

لٹھ چلنا (اُر۔محاورہ) لاٹھیوں سے لڑائی ہونا۔

لٹھ سا مار دینا (اُر۔محاورہ) سخت بات کہہ دینا۔ نہایت درشت جواب دینا۔

لٹھ مارنا (اُر۔مص) لاٹھی سے ضرب لگانا (۲)(اُر۔محاورہ) دیکھیے لٹھ سا مار دینا۔

لَٹھا (لَٹھ۔ٹھا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) شہتیر۔ لکڑی کا چوڑا ٹکڑا۔ ریلوے سلیپر (۲) جریب کا دسواں حصّہ (۳) ایک قسم کا سُوتی کپڑا۔

لَٹھیا (لَٹھ۔یا)(ہ۔ا۔مث) لاٹھی کی تصغیر۔ چھوٹی لاٹھی۔

لَٹھیت (لَ۔ٹھیت)(ہ۔صف) لاٹھی سے لڑنے والا۔ لٹھ باز۔

لُٹیا (لُٹ۔یا)(ہ۔ا۔مث) چھوٹا لوٹا۔ گڑوی۔ جمع: لٹیاں۔ لٹیوں۔

لُٹیا ڈبونا (اُر۔محاورہ)(۱) کام خراب کر دینا۔ بات بگاڑنا (۲) نقصان اُٹھانا۔ ہمّت ہارنا (۳) آبرو کھونا۔ توہین کرانا۔

لُٹیا ڈوبنا (اُر۔محاورہ)(۱) کام خراب ہونا (۲) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ گھاٹا ہونا۔ دیوالا نکلنا (۳) بے عزّت ہونا۔

لُٹیا ڈوبی اَے ہرداس۔ گھوڑی دانہ کھائے نہ گھاس (ہ۔مقولہ) کام بالکل بگڑ گیا ہے۔ اب سُدھرنے کی اُمید نہیں۔

لُٹیرا (لُ۔ٹے۔را)(ہ۔صف۔وا۔مذ) لوٹ مار کرنے والا۔ راہ زن۔ قزاق۔ ڈاکو۔ جمع: لٹیروں۔ لٹیرے۔

ل۔ج

لَج (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مث) لاج کا مخفف۔

لجّا (لَج۔جا)(س۔ا۔مث) شرم۔ حیا۔ غیرت۔ لاج۔

لَجاجت (لَ۔جا۔جَت)(ف۔ا۔مث) عاجزی۔ منت سماجت۔ خوشامد۔

لَجالو (لَ۔جا۔لو)(ہ۔صف)(۱) شرم والا۔ باحیا (۲)(ا۔مذ) ایک پودا جو آدمی کے ہاتھ لگانے سے مُرجھا جاتا ہے۔ لاج ونتی۔ چھوئی موئی۔

لِجام (لِ۔جام)(ع۔ا۔مث) لگام کا معرّب۔ باگ۔ عِنان۔

لَجانا (لَ۔جا۔نا)(ہ۔مص) شرمانا۔ شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔ خجل ہونا۔

لَجاؤُ (لَ۔جا۔اُو)(ہ۔صف) لجالو۔ باحیا۔ شرمیلا۔

لَجلاج (لَج۔لاج)(ہ۔ا۔مذ)(۱) شطرنج کے موجد کا نام (۲) شطرنج یا چوسر کا اُستاد (۳) صاف کیا ہوا پارہ۔

لِجلجا (لِج۔لِ۔جا)(ہ۔صف) پلپلا۔ لچکدار۔ مُلائم۔ لیس دار۔

لُجّہ (لُج۔جہ)(ع۔ا۔مذ) دریا۔ ندی کا بھنور۔ منجدھار۔

لُجّۂ آفت (ع۔ف۔ا۔مذ) سخت مصیبت۔

لَجیلا (لَ۔جی۔لا)(ہ۔صف) باحیا۔ شرمیلا۔ حیادار۔

ل۔چ

لُچ (بضمِ اوّل)(ف۔صف)(۱) ننگا۔ برہنہ (۲) بدچلن۔ آوارہ۔ بدکار۔ بدمعاش۔

لُچ بہادُر (ف۔ا۔مذ) غنڈوں کا سردار۔ نہایت شُہدا۔ چھٹا ہوا بدمعاش۔

لُچّا (لُچ۔چا)(ہ۔صف۔وا۔مذ)(۱) بے شرم۔ بے باک (۲) بدمعاش۔ شُہدا۔ غنڈا۔ اوباش (۳) فسادی۔ جھگڑالو۔ شریر (۴) اُچکّا۔ ٹھگ (۵) عیبی۔ جمع: لچّوں۔ لچّے۔

لُچّا پَن (لُچ پَن)(ہ۔ا۔مذ) شُہدا پن۔ بے شرمی۔ بدچلنی۔ شرارت۔ بدکاری۔

لَچانا (لَ۔چا۔نا)(ہ۔مص) ٹیڑھا کرنا۔ جھکانا (۲) کمزور کرنا (۳) مغلوب کرنا۔

لُچَر (لُ۔چَر)(ہ۔صف)(۱) لغو۔ مُہمل۔ بے ہودہ (۲) بے وقوف۔ احمق (۳) بے ربط۔ بے معنیٰ۔ بے تکی (بات)۔

لَچک (لَ۔چک)(ہ۔ا۔مث)(۱) نرمی۔ مُلائمت (۲) کسی چیز کا نزاکت سے حرکت کرنا۔ لرزش (۳) جھٹکا۔ ضرب۔ ہچکولا (۴) کجی۔ خم۔ جھکاؤ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لچک آجانا (اُر۔ محاورہ) جھٹکا آجانا۔ ضرب آجانا۔

لچک جانا (اُر۔ محاورہ) بَل کھانا۔ مُڑ جانا۔ لرز جانا۔ کانپ جانا۔

لچک دار (اُر۔ صف) وہ چیز جس میں لچک ہو۔ لرزاں۔ لہردار۔

لچکا (لَچ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ضرب۔ جھٹکا۔ ہچکولا (۲) موچ۔ چک (۳) ایک قسم کا پتلا گوٹا (۴) جنبش۔ لرزش۔

لچکانا (لَچ۔کا۔نا) (ہ۔مص) نرم چیز کو ہلانا۔ لرزش دینا۔ جنبش دینا۔

لچکنا (لَ۔چک۔نا) (ہ۔مص) (۱) خمیدہ ہونا۔ جھکنا۔ مُڑنا۔ بَل کھانا (۲) لرزنا۔ کانپنا۔ ہلنا جلنا۔

لچکیلا (لَچ۔کی۔لا) (ہ۔صف) لچک دار۔

لچ لچ (ہ۔ا۔مث) لچکنے کی آواز۔

لچلچا (لَچ۔لَ۔چا) (ہ۔صف) لُعاب دار سالن۔ رَس دار سالن۔

لچلچانا (لَچ۔لَ۔چا۔نا) (ہ۔مص) لیس دار ہونا۔ لعاب دار ہونا۔ چکیلا ہونا (۲) چاٹنا (ق)۔

لچنا (لَچ۔نا) (ہ۔مص) (۱) جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا (۲) فروتنی کرنا۔ عاجزی کرنا (۳) مغلوب ہونا۔

لچھا (لچھ۔چھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سُوت کی اَنٹی (۲) ایک زیور (۳) اُلجھی ہوئی ڈور (۴) مسلسل اور پیچیدہ لپٹے ہوئے تار (۵) بہت باریک کتری ہوئی پیاز یا ادرک (۶) ریشم جیسے باریک تاروں کی ایک مٹھائی جو کھانڈ سے تیار کی جاتی ہے (۷) آواز کی پیچیدگی۔ گٹکری۔ جمع: لچھوں۔ لچھے۔

لچھمن (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے لکشمن۔

لچھمی (لچھ۔می) (ہ۔ا۔مث) (۱) حُسن و دولت کی دیوی۔ لکشمی (۲) دھن۔ دولت۔ مال (۳) شان و شوکت۔ حشمت۔ دبدبہ (۴) حُسن۔ خوبصورتی۔ جمال (۵) بہو۔ بیٹے کی بیوی (۶) لڑکیاں۔ بیٹیاں (۷) رام چندرجی کی بیوی سیتا۔

لچھمی بِن آدر کون کرے (ہ۔مثل) دولت کے بغیر کوئی نہیں پُوچھتا۔

لچھمی گھر میں آنا (ہ۔محاورہ) دولت کا گھر میں آنا۔ صاحبِ اقبال ہونا (۲) گھر میں خوش نصیب اور مبارک قدم بہو کا آنا (۳) خوش نصیب بیٹی پیدا ہونا۔

لچھمی نارائن کرنا (ہ۔محاورہ) بسم اللہ کرنا۔ کھانا شروع کرنا۔

لچھن (لچھ۔چھن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) علامت۔ نشانی۔ آثار۔ انداز (۲) طور۔ طریق۔ ڈھنگ (۳) کرتوت۔ فعل۔ کام (۴) عادت۔ خصلت۔ کردار (۵) عیب۔ بدنامی (۶) حال۔ کیفیت (۷) اعمال۔ کرم۔ عموماً بطور جمع مستعمل ہے (اس کے لچھن اچھے نہیں)۔

لچھن جھڑ جانا (جھڑنا) (ہ۔محاورہ) پہلی سی رونق نہ رہنا۔ منہ کا نور اُڑ جانا۔ رنگ رُوپ جاتا رہنا۔ حُسن کا زوال پزیر ہونا۔

لچھن سیکھنا (لچھن پکڑنا) (ہ۔محاورہ) کسی کے ڈھنگ سیکھنا۔ کسی کی بُری عادت پکڑنا۔

لچھی (ہ۔ا۔مث) (۱) خُون اور پانی کی آمیزش (۲) لچھا کی تصغیر۔ چھوٹا لچھا (۳) (پن) ایک قسم کا گانا۔ جمع: لچھیاں۔ لچھیوں۔

لچھے (لچ۔چھے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لچھا کی جمع (۲) لچھا کی بدلی ہوئی شکل۔

لچھے دار (اُر۔صف) (۱) پیچیدہ۔ پیچ دار۔ پیچ در پیچ (۲) سلسلہ وار۔ متواتر۔ برابر (۳) ڈورے دار (۴) مزے دار۔

لچھے دار باتیں (اُر۔ا۔مث) (۱) مزے دار باتیں (۲) مسلسل باتیں۔ پیچ دار باتیں۔

لچھیانا (لچھ۔یا۔نا) (ہ۔مص) ڈور یا دھاگے کا چرخی پر لپیٹنا۔

لچئی (لُ۔چَئی) (ہ۔ا۔مث) میدے کی مُلائم اور پتلی پوری۔

لچئی سا پیٹ (اُر۔ا۔مذ) نہایت نرم پیٹ۔

لچی (لُچ۔چی) (ہ۔صف) لُچا کی تانیث۔ شُہدی۔ بدچلن۔ بدمزاج۔ لڑاکا۔ فضول خرچ۔ بے ہُودہ (عورت)۔ جمع: لچیاں۔ لچیوں۔

لچیلا (لَ۔چی۔لا) (ہ۔صف) لوچدار۔ لیسدار (۲) نرم۔ مُلائم۔ نازک۔

ل۔ح

لحاظ (لِ۔حاظ) (ع۔ا۔مذ) (۱) نظر۔ نگاہ (۲) اَدب۔ حفظِ مراتب (۳) شرم۔ حیا (۴) مُروّت۔ ملاحظہ (۵) خیال۔ دھیان (۶) پرہیز۔ اجتناب (۷) توجّہ (۸) غیرت۔ حمیّت۔

لحاظ آنا (اُر۔محاورہ) مُروّت آنا (۲) شرم آنا۔

لحاظ اُٹھا دینا (اُر۔محاورہ) بے شرم ہو جانا۔ بے غیرت ہو جانا۔ بے حیا بن جانا۔

لحاظ رکھنا (اُر۔محاورہ) (۱) دھیان رکھنا۔ خیال رکھنا (۲) اَدب کا خیال رکھنا (۳) شرم کرنا (۴) پرہیز کرنا۔

لحاظ کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) اَدب کرنا (۲) پاس کرنا (۳) شرم کرنا۔ حیا کرنا (۴) مُروّت سے پیش آنا۔

لحاظ کھونا (کھو دینا) (اُر۔محاورہ) (۱) اَدب و مُروّت کو قائم نہ رہنے دینا (۲) شرم نہ رہنے دینا۔

لحاظ نہ کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) اَدب نہ کرنا۔ حفظِ مراتب کا خیال نہ رکھنا (۲) شرم نہ کرنا۔ حیا نہ کرنا (۳) مُروّت سے پیش نہ آنا۔ خیال نہ کرنا۔

لحاظ والا (اُر۔صف) (۱) شرم و حیا والا (۲) بامُروّت۔

لحاظ والی (اُر۔صف) لحاظ والا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لحاف (لِ۔حاف) (ع۔ا۔مذ) رضائی جس میں رُوئی بھری ہو۔ جمع : لحاف۔ لحافوں۔

لحد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) قبر۔ مزار۔ تُربت۔ گور۔ قبر کے اندر کا وہ گڑھا جس میں مُردے کو رکھا جاتا ہے۔ جمع : اَلحاد۔ لُحُود۔

لحد سے اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) قیامت کے روز مُردوں کا زندہ ہو کر قبروں سے نکلنا۔

لحد میں اُتارنا (اُر۔ محاورہ) مُردے کو قبر میں دفن کرنا۔

لحظہ (لَح۔ظَہ)(ع۔ا۔مذ) پَل۔ لمحہ۔ پلک جھپکنے کا عرصہ۔

لحظہ بہ لحظہ (اُر۔ تابع فعل) دم بہ دم۔ ساعت بہ ساعت۔ ہر دم۔ ہر گھڑی۔

لحم (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) گوشت۔ ماس۔ جمع : لُحُوم۔

لحمیہ (ع۔ا۔مذ) دیکھئے پروٹین۔ (Protein)۔

لحن (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) آواز (۲) سُریلی آواز۔ خوش آوازی۔ خوش خوانی۔

لحنِ داؤدی (ع۔ا۔مذ) حضرت داؤد علیہ السّلام کی آواز جو سُریلے پن کی وجہ سے مشہور ہے۔ (کنایۃً) سُریلی آواز۔

لُحُوق (لُ۔حُوق)(ع۔ا۔مذ) دو یا زیادہ چیزوں کا مل جانا۔ آمیزش۔

لُحُوم (لُ۔حُوم)(ع۔ا۔مذ) لحم کی جمع۔

لحیم (لَ۔حِیم)(ع۔صف) موٹا۔ فربہ۔ پُر گوشت۔

لحیم شحیم (ع۔صف) موٹا تازہ۔ فربہ اندام۔ توانا۔

ل۔خ

لخ (بفتح اوّل)(ق۔ا۔مذ) لقا کبوتر۔

لخت (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) ٹکڑا۔ پارہ۔ حصّہ۔

لختِ جگر (ف۔ا۔مذ) جگر کا ٹکڑا (۲) اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی۔

لختِ جگر کھانا (اُر۔ محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔

لختیہ (لَخ۔تِیَہ)(ف۔ا۔مذ) جمے ہوئے خون کا لوتھڑا۔ ٹکڑا۔

لخ لخ (بفتح اوّل)(ف۔صف)(۱) لاغر۔ دُبلا۔ پتلا (۲) بھوک (۳)(ا۔مث) وہ آواز جو حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے۔

لخ لخ کرنا (اُر۔ محاورہ) پیاس کی شدّت سے پرندوں کے گلے سے آواز نکلنا۔

لخلخانا (لَخ۔لَ۔خا۔نا)(اُر۔مص) بھوک پیاس سے تڑپنا۔ بھوک سے نڈھال ہونا۔

لخلخہ (لَخ۔لَ۔خَہ)(ف۔ا۔مذ) چند خوشبودار چیزوں کا مجموعہ جو تقویتِ دماغ کے لئے مریض کو سنگھاتے ہیں۔

ل۔د

لدا (لَ۔دا)(ہ۔صف) لدا ہوا۔ بوجھ رکھا ہوا۔

لدا پھندا (لَ۔دَ۔پھَندا)(ہ۔صف) اچھی طرح لدا ہوا۔ بہت بھرا ہوا۔ بوجھ تلے دبا ہوا۔ اسباب ساتھ لئے ہوئے۔

لدالد (لَ۔دا۔لَد)(ہ۔ا۔مث)(۱) اونچائی سے کسی چیز کے گرنے کی آواز (۲) درختوں سے پھلوں کے گرنے کی آواز (۳) کنوئیں میں گرنے کی آواز (۴)(صف) لگاتار۔ پے در پے۔

لدانا (لَ۔دا۔نا)(ہ۔مص) لادنا کا متعدی المتعدی۔ نیز دیکھئے لدوانا۔

لداوا (لَ۔دا۔وا)(ہ۔ا۔مذ) بوجھ۔ بھار۔ اسباب۔ جمع : لداووں۔ لداوے۔

لداؤ (لَ۔دا۔اؤ)(ہ۔ا۔مذ) بوجھ۔ بھار۔ لادنے کا اسباب۔

لداؤ کی چھت (اُر۔ا۔مث) وہ چھت جو صرف چونے سے ڈاٹ لگا کر بنا دیں۔ اس چھت پر کڑیاں نہیں ہوتیں۔ گنبد نما چھت۔

لدنا (لد جانا) (لد۔نا)(لد۔جا۔نا)(ہ۔مص)(۱) بوجھ رکھا جانا (۲) بھر جانا۔ پُر ہو جانا (۳) چلا جانا۔ گزر جانا (۴) مر جانا۔ انتقال کر جانا (۵) درخت پر بہت سا پھل ہونا۔

لدنی (لَ۔دُن۔نی)(ع۔ا۔مذ) علمِ خدا داد۔ وہ علم جو وحی یا الہام وغیرہ کے ذریعے حاصل ہو۔

لدو (لد۔دُو)(ہ۔صف)(۱) بوجھ اُٹھانے کے قابل۔ بار برداری کے لائق (۲) وہ حیوان جو بار برداری کے کام آئے۔

لدو کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) بار برداری کے قابل بنانا (۲) سواری کے قابل نہ رکھنا۔

لدوانا (لد۔وا۔نا)(ہ۔مص) لادنا کا متعدی المتعدی۔ بار کرانا۔ بوجھ رکھوانا۔

لدوائی (اُر۔ا۔مث) لدوانے کی اُجرت۔

لدھڑ (لَد۔ھڑ)(ہ۔صف)(۱) موٹا اور بدوضع کاغذ یا کپڑا (۲) بھاری اور بھدّا (۳) کُند ذہن۔

لدی (لَ۔دی)(ہ۔صف) لدا کی تانیث۔ لدی ہوئی۔

لدی پھندی (اُر۔صف) لدا پھندا کی تانیث۔

ل۔ڈ

لڈو (لڈ۔ڈُو)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ڈھیلا۔ ڈلا۔ کلوخ (۲) بیسن یا مونگ کے آٹے کی گول مٹھائی (۳)(کنایۃً) نفع۔ فائدہ۔ جمع : لڈو۔ لڈوؤں۔

لڈو بانٹنا (اُر۔ محاورہ) کسی خوشی کی تقریب میں شیرینی تقسیم کرنا۔ خوشی منانا۔

لڈو کھلانا (اُر۔ محاورہ)(۱) مٹھائی کھلانا۔ منہ میٹھا کرنا (۲) رشوت دینا۔

لڈو کہے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا (اُر۔مثل) زبری چاپلوسی اور خالی خولی باتوں سے مطلب برآری نہیں ہوتی۔ بغیر لئے دیئے کچھ کام نہیں چلتا۔

لڈی (لڈ۔ڈی)(پن۔ا۔مث) ایک قسم کا پنجابی مردانہ ناچ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ل۔ذ

لذات (لذائذ) (لذ۔ذات)(لَ۔ذا۔اِذ)(ع۔ا۔مث) لذّت کی جمع۔ مزے۔ ذائقے۔ لذتیں۔
لذائذِ نفسانی (ع۔ا۔مث) نفسانی لذتیں۔ شہوت پرستی۔
لذّت (لذ۔ذَت)(ع۔ا۔مث)(۱) مزہ۔ ذائقہ۔ سواد (۲) حظ۔ جمع: لذائذ۔ لذات۔ اُردو جمع: لذّتوں۔ لذّتیں۔
لذّت اُٹھانا (اُر۔محاورہ)(۱) مزہ لینا۔ لطف حاصل کرنا۔ حظ اُٹھانا (۲) ذائقہ لینا۔
لذّت آشنا (ع۔ف۔صف) لذّت حاصل کرنے والا۔ لذّت کا خوگر۔
لذّت پرست (پسند) (ف۔صف) لذّت کا شیدا۔ مزے کا عاشق۔
لذّت پرستی (پسندی) (ف۔ا۔مث) لذّت پسند ہونا۔
لذّت چکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) مزہ چکھنا۔ مزہ لینا۔ سواد پانا (۲) لطف حاصل کرنا۔
لذّت دینا (اُر۔محاورہ) مزہ دینا۔
لذّتیّت (لذ۔ذِ۔تی۔یَت)(ع۔ا۔مث) لذّت پرستی۔
لذِیذ (لَ۔ذیذ)(ع۔صف)(۱) خوش ذائقہ۔ مزیدار (۲) خوشگوار۔ پُر لطف۔

ل۔ر

لَر (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا گز جس سے زمین ناپی جاتی ہے۔ اس کی لمبائی ساڑھے چار فُٹ سے ساڑھے چھ فُٹ تک ہوتی ہے۔
لُر (بضم اوّل)(ف۔صف) اَحمق۔ اَجہل۔ بے تمیز۔
لرپن (لرپنا) (اُر۔ا۔مذ) حماقت۔ بے وقوفی۔
لَرز اُٹھنا (اُر۔محاورہ) خوف سے کانپ جانا۔
لَرزاں (لَر۔زاں)(ف۔صف) لرزنے والا۔ ہلنے والا۔
لَرزانا (لَر۔زا۔نا)(اُر۔مص) کپکپا دینا۔ ڈرانا۔ خوف دلانا۔
لَرز جانا (اُر۔محاورہ) تھرّا جانا۔ کانپ اُٹھنا۔ ڈرنا۔
لَرزِش (ف۔ا۔مث) رَعشہ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ اُر جمع: لرزشوں۔ لرزشیں۔
لَرزَنا (لَ۔رَز۔نا)(اُر۔مص)(۱) کانپنا۔ تھرّانا۔ ڈرنا (۲) ہلنا۔ جنبش کرنا۔
لَرزَہ (لَر۔زَہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) تھرتھراہٹ۔ لرزش۔ رَعشہ۔ کپکپاہٹ (۲) وہ کپکپی جو خوف یا بیماری کی حالت میں ہوتی ہے (۳) زلزلہ۔ بھونچال۔
لرزہ آنا (اُر۔محاورہ)(۱) کانپنا۔ خوف آنا (۲) بھونچال آنا۔
لرزہ براندام (ف۔صف) وہ جس پر کپکپی طاری ہو۔ کانپنے والا۔
لرزہ چڑھنا (اُر۔محاورہ) کپکپی چڑھنا۔ بیماری یا خوف سے تھر تھر کانپنا۔
لَرزے (اُر۔ا۔مذ) لرزہ کی مُغیّرہ شکل۔
لرزے سے بُخار آنا (اُر۔مص مُرکّب) کپکپاہٹ کے ساتھ بُخار آنا۔

ل۔ڑ

لَڑ (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) لڑی۔ ہار۔ سلسلہ (۲) ڈور یا رَسّی کا بَل (۳) قطار۔ صف (۴) پلّہ۔ کنارہ۔ دامن (۵) گرہ۔ گانٹھ (۶) وسیلہ۔ تعلق۔ رشتہ (۷)(فعل) لڑنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔
لڑ بندھنا (اُر۔محاورہ) تعلّق ہونا۔ واسطہ ہونا۔
لڑ بندی (ق۔ا۔مث) فہرست۔
لڑ بیٹھنا (پڑنا) (اُر۔محاورہ) خواہ مخواہ لڑنے لگنا۔
لڑ جانا (اُر۔محاورہ) ٹکرا جانا۔ مُقابل ہونا۔
لڑ لگانا (اُر۔محاورہ) وسیلہ یا تعلّق پیدا کرنا۔ بیاہنا۔ شادی کرنا۔
لڑ مرنا (اُر۔محاورہ)(۱) تکرار کرنا (۲) لڑ کر مر جانا۔ آخری دَم تک لڑنا۔
لڑ ملانا (اُر۔محاورہ) تعلّق پیدا کرنا۔ سلسلہ پیدا کرنا۔
لڑ میں رہنا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی کا طرف دار بنا رہنا۔ ساتھ دینا (۲) جیب میں ہونا۔ پلّے ہونا۔
لَڑا (لَ۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) لڑی کا مذکر۔ بڑی لڑی۔ سِلک۔
لَڑاک (لڑاکا۔ لڑاکو) (ہ۔صف)(۱) جنگ جُو۔ جھگڑالو (۲) شریر (۳) بدخو۔ بدمزاج۔ تُرش رُو۔
لڑاکا کے چار کان (اُر۔مثل) جس عورت کو لڑائی کا چسکا ہو وہ لڑنے کے لئے ہمیشہ کوئی بہانہ تلاش کر لیتی ہے۔
لَڑانا (لَ۔ڑا۔نا)(ہ۔مص)(۱) لڑائی کرانا۔ جنگ کرانا (۲) کشتی کرانا۔ بھڑانا (۳) دو چیزوں کو باہم ٹکرانا۔
لَڑاوُ (لَ۔ڑا۔وُ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ڈور جو ایک مرتبہ کنکوا لڑانے کے قابل ہو (۲)(صف) لڑنے کے قابل۔
لَڑائی (لَ۔ڑا۔اِی)(ہ۔ا۔مث)(۱) جنگ۔ رزم۔ معرکہ۔ جھگڑا۔ فساد۔ مار پیٹ (۲) مُقابلہ۔ آمنا سامنا (۳) شجّی (۴) عداوت۔ خفگی۔ اَن بَن۔ جمع: لڑائیاں۔ لڑائیوں۔
لڑائی باندھنا (اُر۔محاورہ) جنگ کی ٹھہرانا۔ دُشمنی کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔
لڑائی بھڑائی (اُر۔ا۔مث) دنگا فساد۔ جنگ و جدل۔
لڑائی اور آگ کا بڑھانا کیا (اُر۔مثل) اِن دونوں کا بڑھانا آسان ہے۔
لڑائی پر اتر آنا (اُر۔محاورہ) لڑائی جھگڑے پر آمادہ ہو جانا۔
لڑائی پر جانا (اُر۔محاورہ) لام پر جانا۔ میدانِ جنگ میں جانا۔
لڑائی تُل جانا (اُر۔محاورہ) جنگ کا موقع قریب آجانا۔ مہم سر پر آجانا۔
لڑائی ٹھن جانا (اُر۔محاورہ) لڑائی کا یقین ہونا۔ لڑائی ٹھہر جانا۔
لڑائی چھڑنا (اُر۔محاورہ) جنگ شروع ہونا۔
لڑائی کا گھر (اُر۔ا۔مذ) فساد کی جڑ۔ فتنہ پرداز۔ جھگڑا ڈالنے والا۔ فساد کرانے والا۔
لڑائی کا گھر ہانسی، روگ کا گھر کھانسی (اُر۔مثل) لڑائی کی ابتدا ہنسی مذاق سے ہوتی ہے اور بیماری کا آغاز کھانسی سے۔
لڑائی کا میدان (کھیت) (اُر۔ا۔مذ) میدانِ جنگ۔ رزم گاہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لڑائی کی پوٹ (اِ۔ا۔مث) جھگڑالو۔ فسادی۔

لڑائی لڑنا (اِ۔ محاورہ) جنگ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔

لڑائی مارنا (اِ۔ محاورہ) شکست دینا۔ حریف کو مغلوب کرنا۔ لڑائی سر کرنا۔ میدان فتح کرنا۔

لڑائی مول لینا (اِ۔ محاورہ) خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا۔ ناحق مصیبت میں پڑنا۔ چھیڑ خانی کرنا۔

لڑائی میں لڈّو نہیں بٹتے (مٹھائی نہیں بٹتی) (اِ۔ مثل) لڑائی خوشی کی جگہ نہیں۔ لڑائی آسان کام نہیں۔

لڑائی ناندھنا (اِ۔ محاورہ) لڑائی کا سلسلہ جاری رکھنا۔

لڑائی ہونا (اِ۔ محاورہ) جنگ ہونا۔ تنازع ہونا۔

لڑبڑا (لڑ۔ب۔ڑا) (ہ۔صف) دیکھیے لجلجا۔

لڑبڑانا (لڑ۔ب۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) (۱) زبان میں لکنت ہونا۔ ہکلانا۔ رُک رُک کر بولنا (۲) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا۔

لڑت (لَ۔ڑت) (ہ۔ا۔مث) لڑنت۔ جنگ کرنے کا انداز۔ کشتی۔ لڑائی۔ پہلوانی۔

لڑتی میں پڑنا (ق۔مص) مغالطے میں پڑنا۔

لڑتوں کے پیچھے بھاگتوں کے آگے (اِ۔ مثل) بُزدل اور ڈرپوک آدمی کے لئے بولا جاتا ہے۔

لڑ جانا (اِ۔ محاورہ) لڑ کے تحت دیکھیے۔

لڑکا (لڑ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) طفل۔ کودک۔ چھوکرا۔ بالک۔ بچّہ (۲) بیٹا۔ پُوت۔ پسر (۳) (کنایۃً) ناتجربہ کار۔ نادان۔ جمع: لڑکوں۔ لڑکے۔

لڑکا بالا (اِ۔ا۔مذ) دیکھیے لڑکے بالے۔

لڑکا بننا (اِ۔ محاورہ) بے وقوفی کی حرکت کرنا۔ نادانی کی بات کرنا۔

لڑکا بے دُودھ پالنا (اِ۔ محاورہ) کسی نہ کسی سہارے پر رکھنا۔ اُمید پوری نہ ہونے دینا۔ ٹالنا۔

لڑکا جنے بیوی اور پٹّی باندھیں میاں (اِ۔ مثل) تکلیف کوئی اُٹھائے اور اظہار تکلیف کوئی کرے۔

لڑکا گود لینا (اِ۔ محاورہ) کسی بچّے کو متبنّیٰ بنانا۔

لڑکپن (لَ۔ڑک۔پن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بچپن۔ طفولیّت (۲) کم سنی کا زمانہ (۳) اوچھاپن۔ چھچھوراپن (۴) بے پروائی (۵) نادانی۔

لڑکپن کی باتیں (اِ۔ا۔مث) نادانی کی باتیں۔ ناسمجھی کی باتیں۔

لڑکو! (ہ۔ا۔مذ) لڑکا کی جمع بحالتِ ندا۔

لڑکوں (ہ۔ا۔مذ) لڑکا کی جمع۔

لڑکوں کا باوا (بابا) ہے (اِ۔ مثل) لڑکوں سے زیادہ شریر ہے۔

لڑکوں کا کھیل (اِ۔ا۔مذ) (۱) بچّوں کا کھیل۔ بچّوں کا دل بہلاوا (۲) آسان کام۔ سہل بات (۳) (طنزاً) ادنیٰ کام۔

لڑکوں کا کھیل چڑیوں کا مرن (اِ۔ مثل) ناسمجھ کے آگے جان کی کچھ قدر نہیں۔

لڑکوں کا کھیل نہیں ہے (اِ۔ مثل) بچّوں کا کھیل نہیں ہے۔ آسان کام نہیں ہے۔ دُشوار ہے۔

لڑکوں میں کھیلنا (اِ۔ محاورہ) لڑکوں کے ساتھ کھیلنا۔

لڑکھڑا کر چلنا (اِ۔ محاورہ) ڈگمگا کر چلنا۔ مستانہ چال سے چلنا۔ ٹھوکریں کھا کر چلنا۔

لڑکھڑانا (لڑ۔کھ۔ڑا۔نا) (ہ۔مص) ڈگمگانا۔ پاؤں کا کانپنا (۲) لرزنا۔ تھرّانا (۳) ہلنا (۴) بے راہ ہونا۔ بہکنا۔ نیت بگڑنا۔ ایمان میں فرق آنا۔

لڑکی (لڑ۔کی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوکری۔ کنیا۔ بیٹی۔ دُختر (۲) دوشیزہ (۳) (کنایۃً) کم عمر۔ نادان۔ ناسمجھ۔ جمع: لڑکیاں۔ لڑکیوں۔

لڑکی تیرا بیاہ کریں، کہا میں کیسے کہوں (اِ۔ مثل) جہاں کسی بات کی خواہش ہو مگر کہی نہ جائے۔

لڑکی والا (اِ۔ا۔مذ) لڑکی کا باپ۔ دُلہن کا باپ۔

لڑکے (ہ۔ا۔مذ) (۱) لڑکا کی جمع (۲) لڑکا کی بدلی ہوئی شکل بحالتِ اِمالہ۔

لڑکے بالے (اِ۔ا۔مذ) بال بچّے۔ عیال و اطفال۔

لڑکے کے پاؤں پالنے میں پہچانے جاتے ہیں (اِ۔ مثل) دیکھیے پُوت کے پاؤں۔

لڑکے والا (اِ۔ا۔مذ) (۱) لڑکے کا باپ (۲) دُولہا کا باپ۔

لڑکیو! (ہ۔ا۔مث) لڑکی کی جمع بحالتِ ندا۔

لڑ مرنا (اِ۔مص) لڑ کے تحت دیکھیے۔

لڑنا (لڑ۔نا) (ہ۔مص) جھگڑنا۔ تکرار کرنا (۲) بھڑنا۔ مقابلہ کرنا (۳) باہم ٹکرانا (۴) باہم ضد کرنا (۵) زور آزمائی کرنا۔ کشتی کرنا (۶) مطابق ہو جانا (ایک کے شعر کا دُوسرے کے شعر سے) (۷) نصیبہ جاگ جانا (قسمت لڑ گئی)۔

لڑنا بھڑنا (جھگڑنا) (اِ۔ محاورہ) آپس میں جھگڑا فساد کرنا۔ بحث و تکرار کرنا۔

لڑنا (ق۔مص) (۱) چٹ جانا۔ چڑھنا (۲) لڑھکنا۔

لڑنت (لَ۔ڑنت) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے لڑت۔

لڑنتیا (لَ۔ڑنت۔یا) (ہ۔صف) لڑنے والا۔ پہلوان۔

لڑنے مرنے کو تیار (اِ۔صف) جان دینے پر آمادہ۔

لڑوانا (لڑ۔وا۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے لڑنا جس کا یہ متعدّی ہے۔

لڑھانا (لُ۔ڑھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھسلانا (۲) لڑھکانا (۳) بہانا۔ گرانا (۴) مار گرانا۔ مار کر گرا دینا۔

لڑھکانا (لڑھ۔کا۔نا) (ہ۔مص) زمین پر گھومتا ہوا پھینکنا۔

لڑھکنا (لُ۔ڑھک۔نا) (ہ۔مص) (۱) پھسلنا۔ لڑھکنی کھانا۔ ڈگمگانا (۲) مرنا۔ اِنتقال کرنا۔

لڑھکنی (لُ۔ڑھک۔نی) (ہ۔ا۔مث) لوٹنی۔ لوٹ۔ لڑھکنا کا فعل۔ جمع:

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لُڑھکنیاں۔ لُڑھکنیوں۔

لُڑھکنی (لُڑھکنیاں) کھانا (اُر۔ محاورہ) پھسل جانا۔ قلابازی کھانا۔ لڑھکنا۔

لُڑھنا (لُڑھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) لڑھکنا۔ پھسلنا (۲) بہنا۔ گرنا (۳) بندوق یا توپ کا نشانہ بننا (۴) مرجانا۔

لُڑھی (لُ۔ڑھی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی بیل گاڑی۔

لُڑھیانا (لُڑھ۔یا۔نا) (ہ۔مص) تیپچی کرنا۔ کنارہ دبا کر سینا۔

لَڑی (لَ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہار۔ موتیوں کی مالا۔ لَر (۲) جھڑی۔ سلسلہ۔ تسلسل۔ جمع: لڑیاں۔ لڑیوں۔

لَڑیت (لَ۔ڑیت) (ہ۔صف۔ وا۔مذ) دیکھئے لڑنتیا۔

لڑے فوج نام سردار (سرکار) کا (اُر۔مثل) کام کسی کا نام کسی کا۔

لڑیں سانڈ باڑی کا بھُرکس (اُر۔مثل) بڑوں کی لڑائی میں چھوٹوں کا نقصان ہوتا ہے۔

ل۔ز

لَزِج (لَ۔زِج) (ع۔صف) لعاب دار۔ لیس دار۔ چیپ دار۔

لُزوجت (لُ۔زو۔جت) (ع۔ا۔مث) لیس۔ چیپ۔ لعاب۔

لُزوق (لُ۔زوق) (ع۔ا۔مذ) چپکنا۔ چسپاں ہونا۔

لُزوم (لُ۔زوم) (ع۔ا۔مذ) لازم ہونا۔ واجب ہونا۔ ضرور۔ لازم۔

لُزوم مالایَلزِم (ع۔ا۔مذ) غیر ضروری کو ضروری قرار دینا۔

ل۔س

لَس (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) لیس۔ لعاب۔ چیپ۔

لس لگا (اُر۔ا۔مذ) تعلق۔ واسطہ۔ سبب۔

لس دار (اُر۔صف) لعاب دار۔ چیپ دار۔

لِسان (لِ۔سان) (ع۔ا۔مث) زبان۔ بولی۔ بھاشا۔ جمع: اَلسِنہ۔

لِسانُ العَصر (ع۔صف) اپنے وقت کا فصیح الکلام۔ اکبر الہ آبادی کا لقب۔

لِسانُ الغَیب (ع۔صف) غیب کی زبان۔ حافظ شیرازی کا لقب۔

لَسّان (لَس۔سان) (ع۔ا۔مبالغہ) (۱) بہت بولنے والا۔ بکّی (۲) خوش گفتار۔ شیریں زبان (۳) چرب زبان۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔

لَسّانی (لَسّانیّت) (ع۔ف۔ا۔مث) شیریں زبانی (۲) لفاظی۔ بکواس۔ شیخی۔

لِسانی (لِ۔سا۔نی) (ع۔صف) زبان سے متعلق۔

لِسانیات (لِ۔سا۔نی۔یات) (ع۔ا۔مث) دُنیا کی زبانوں کی ابتدا و ارتقا اور تشکیل کے قانون کا علم۔

لِسٹ (انگ۔ا۔مث) (List) فہرست۔ فرد۔

لَسلسا (لَس۔لَ۔سا) (ہ۔صف) لعاب دار۔ لیس دار۔ چیپ دار۔

لَسلساتا (لَس۔لَ۔سا۔تا) (ق۔صف) سرسبز۔ تروتازہ۔

لَسَن (لَس۔سَن) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے لہسن۔

لِسنا (لِس۔نا) (ہ۔مص) (۱) آلودہ ہونا۔ لتھڑنا (۲) چسپاں ہونا (۳) ٹھیک بیٹھنا۔

لَسوڑا (لَ۔سو۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) ایک چیپ دار پھل۔ سپستان۔

لَسّی (لَس۔سی) (ہ۔ا۔مث) پانی مِلا ہوا دودھ (۲) دہی اور پانی کا مرکب۔ چھاچھ۔

ل۔ش

لَش (بفتح اوّل) (اُر۔ا۔مث) کتّے کو کسی پر جھپٹانے کا اشارہ کرنے کی آواز۔ ہوچھ ہوچھ۔

لَشتَر (لَش۔تَر) (اُر۔صف) ناکارہ۔ سُست۔

لَشتَم پَشتَم (لَش۔تَم۔پَش۔تَم) (اُر۔تابع فعل) بُری بھلی طرح۔ جُوں تُوں کر کے۔ مشکل سے۔

لشکارنا (لَش۔کار۔نا) (اُر۔مص) کتّے کو شکار پر جھپٹانے کے لئے لش لش کرنا۔

لَشکر (لَش۔کر) (ف۔ا۔مذ) (۱) بے قاعدہ فوج (۲) بھیڑ بھاڑ۔ ہجوم۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔ اردو جمع: لشکر۔ لشکروں۔

لشکر آرا (ف۔صف) لشکر آراستہ کرنے والا۔ لشکر تیار کرنے والا۔

لشکر اکٹھا کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) فوج اکٹھی کرنا۔ سپاہ فراہم کرنا (۲) بہت سے آدمی جمع کرنا۔ بھیڑ لگانا۔

لشکر ٹوٹنا (ٹوٹ پڑنا) (اُر۔محاورہ) فوج کا دُشمن پر اچانک حملہ کرنا۔

لشکرِ جرّار (ف۔ع۔ا۔مذ) بڑا بھاری لشکر۔

لشکر جمانا (اُر۔محاورہ) فوج کو ترتیب دینا۔

لشکر شِکن (ف۔صف) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔

لشکر کا لشکر (اُر۔ا۔مذ) بہت ہجوم۔ بھاری انبوہ۔

لشکر کشی (ک پر زبر) (ف۔ا۔مث) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔

لشکر کی اگاڑی، آندھی کی پچھاڑی (اُر۔مثل) لشکر کا سامنا اور آندھی کا آخیر دونوں نقصان دہ ہوتے ہیں۔

لشکر کی بولی (لشکری بولی۔ لشکری زبان) (اُر۔ا۔مث) فوجی بولی۔ وہ بولی جس میں بھانت بھانت کی زبانیں مل گئی ہوں۔ ملی جُلی زبان۔

لشکر گاہ (ف۔ا۔مث) کیمپ۔ چھاؤنی۔ سپاہ کا پڑاؤ۔

لشکر میں اُونٹ بدنام (اُر۔مثل) دیکھئے شہر میں اونٹ بدنام۔

لَشکری (لَش۔کَ۔ری) (ف۔صف) سپاہی۔ فوجی۔ لشکر سے متعلق۔

ل۔ط

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لطافت (لَ۔طا۔فَت)(ع۔ا۔مث)(۱) عُمدگی۔ خوبی (۲) نرمی۔ مُلائمت (۳) پاکیزگی۔ صفائی (۴) نزاکت (۵) خوبصورتی (۶) مزہ۔ ذائقہ۔ لذت (۷) باریکی۔ نکتہ (۸) فصاحت۔ جمع: لطافتوں۔ لطافتیں۔

لطائف (لَ۔طا۔اِف)(ع۔ا۔مذ) لطیفہ کی جمع۔

لطائف الحِیَل (لَ۔طا۔اِ۔فُل۔حِ۔یَل) (ع۔ا۔مذ) حیلے بہانے جو دُوسروں کو ناگوار نہ گزریں۔

لطائف سِتّہ (ع۔ا۔مذ) چھ لطیفے جو سالکوں کے لئے حاصل کرنا لازمی ہیں (۱) لطیفہ نفس۔ ناف کے مقام سے لفظ اللہ نکالنا (۲) لطیفہ قلب جس کا محل دل ہے (۳) لطیفہ رُوح جس کا مقام سینے میں دائیں طرف ہے (۴) لطیفہ سر جس کا مقام فم معدہ ہے (۵) لطیفہ خفی جس کا محل پیشانی ہے (۶) لطیفہ اخفیٰ جس کا مقام کاسہ سر ہے۔

لطائف غیبی (ع۔ف۔ا۔مذ) غیب کی نیکیاں۔ وہ نیکیاں اور عنایات جو محض خُدا کی طرف سے ہوں۔

لُطف (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) عنایت۔ مہربانی (۲) خوبی۔ عُمدگی (۳) نرمی۔ مُلائمت (۴) لذت۔ مزہ۔ حلاوت (۵) خوش طبعی۔ جمع: اَلطاف۔

لطف اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) مزہ حاصل کرنا۔

لطف تب تھا (اُر۔ روزمرّہ) مزہ اُس وقت ملتا۔

لطف جانا (اُر۔ محاورہ) بے لُطفی ہونا۔ بدمزگی ہونا۔

لطف دینا (اُر۔ محاورہ) مزہ دینا۔

لطف فرمانا (اُر۔ محاورہ) مہربانی کرنا۔

لطف کن لطف کہ بیگانہ شود حلقہ بگوش (ف۔ مقولہ) مہربانی کر تاکہ غیر بھی تیرے غُلام ہو جائیں۔

لطف یہ ہے (اُر۔ روزمرّہ) خوبی یہ ہے۔ عُمدگی یہ ہے۔ عجب یہ ہے۔

لُطفی (لط۔ فی)(ف۔ صف) حبشی۔ لے پالک۔

لطمہ (لط۔ مہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) تھپڑ۔ طمانچہ۔ مُکا (۲) دریا کا تھپیڑا۔

لطیف (لَ۔طیف)(ع۔ صف)(۱) نازک۔ نرم۔ مُلائم۔ سُبک (۲) صاف۔ شفاف (۳) پاکیزہ۔ سُتھرا (۴) لذیذ۔ مزے دار۔ خُوب۔ عُمدہ (۵) پاک۔ مُقدس۔

لطیف الطبع (لطیف المزاج)(ع۔ صف) زندہ دل۔ خوش مزاج۔ رحم دل۔ سلیم الطبع۔

لطیفہ (لَ۔طی۔فہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) انوکھی چیز (۲) چٹکلا۔ دل چسپ بات۔ شگوفہ (۳) انوکھا۔ عجیب (۴)(صف) لطیف کی تانیث۔ جمع: لطائف۔ اُردو جمع: لطیفوں۔ لطیفے۔

لطیفہ باز (ع۔ف۔ صف) دیکھئے لطیفہ طراز۔

لطیفہ بازی (ع۔ف۔ا۔مث) دیکھئے لطیفہ طرازی۔

لطیفہ طراز (لطیفہ گو)(ع۔ف۔ صف) ظریف۔ خوش مزاج۔ بذلہ سنج۔ چٹکلے بیان کرنے والا۔

لطیفہ طرازی (گوئی)(ف۔ا۔مث) چٹکلے بازی۔ بذلہ سنجی۔ ظرافت۔

ل۔ع

لُعاب (لُ۔عاب)(ع۔ا۔مذ)(۱) تھوک۔ آبِ دہن۔ کف۔ رال (۲) لیس۔ چیپ۔

لعاب دار (ع۔ف۔ صف) چیپ دار۔ لسلسا۔

لِعان (لِ۔عان)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک دُوسرے پر لعنت کرنا (۲) اصطلاح فقہ میں شوہر کا اپنی بیوی پر زنا کی تُہمت لگانا اور پھر قاضی کے سامنے اپنے سچے ہونے کی چار مرتبہ قسم کھانا اور پانچویں مرتبہ کہنا کہ اگر میں جُھوٹ بولوں تو مجھ پر خُدا کی لعنت ہو۔ اِسی طرح عورت کا قسم کھانا۔ اِس کے بعد نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔

لَعب (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) کھیل کود۔ دل بہلاوا۔ سیر تماشا۔

لُعبت (لُع۔ بت)(ع۔ا۔مث)(۱) پتلی۔ گڑیا۔ گُڈا۔ مورت۔ بُت (۲) کھلونا۔ کھیل۔

لُعبتِ چین (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) چینی گڑیا (۲)(کنایۃً) معشوق۔

لَعل (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) سُرخ رنگ کا ہیرا۔ لال۔ اُردو جمع: لعل۔ لعلوں۔

لعلِ آبدار (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) چمکدار ہیرا (۲) معشوق کے ہونٹ۔

لعل اُگلنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُنہ سے پھول جھڑنا۔ خوش کلام ہونا (۲) بدزبانی کرنا۔ گالی بکنا۔

لعلِ بدخشاں (بدخشانی)(ع۔ف۔ا۔مذ) بدخشاں کا موتی۔ عُمدہ لعل۔

لعلِ پیکانی (ع۔ف۔ا۔مذ) تیر کی شکل کا ترشا ہوا لعل جسے عورتیں بُندوں کی طرح کانوں میں پہنتی ہیں۔

لعلِ رُمانی (ع۔ف۔ا۔مذ) سُرخ رنگ کا لعل۔

لعلِ شب چراغ (ع۔ف۔ا۔مذ) رات کو چراغ کی طرح چمکنے والا لعل۔

لعل گوں (ع۔ف۔ صف) لعل کے رنگ کا۔ سُرخ۔

لعل لب (ع۔ف۔ صف) سُرخ ہونٹ۔

لعل لگانا (اُر۔ محاورہ) بہار بڑھا دینا۔ شان بڑھا دینا۔

لعل لگنا (اُر۔ محاورہ)(۱) قیمتی ہونا۔ انمول ہونا (۲) انوکھا پن ہونا۔

لعل لگے ہونا (اُر۔ محاورہ) انوکھا ہونا۔ ممتاز ہونا۔

لعلِ ناسُفتہ (ع۔ف۔ا۔مذ) بن چھدا لعل۔ وہ لعل جس میں سُوراخ نہ ہو۔

لَعلیں (لع۔ لیں)(ف۔ صف) لعل سے منسوب۔

لَعن (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) لعنت۔ ملامت۔ نفرین۔ پھٹکار۔ دُھتکار۔ جھڑکی۔ سرزنش۔

لعن طعن (ع۔ا۔مث) لعنت ملامت۔ بُرا بھلا۔ نفرین۔ پھٹکار۔

لعنت (لع۔ نت)(ع۔ا۔مث) پھٹکار۔ نفرین۔ سرزنش۔ دُھتکار۔ سخت سُست۔ بُرا بھلا۔ اُردو جمع: لعنتیاں۔ لعنتیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلَی الْکَاذِبِیْن (ع۔ مقولہ) جھوٹوں پر خدا کی لعنت۔

لعنت برسنا (اُر۔ محاورہ) بے رونقی ہونا (۲) ہر شخص کا لعنت کرنا۔

لعنت بکار شیطان (ع۔ ف۔ روزمرّہ) شیطان کے کام پر لعنت۔ کسی کام سے بیزاری ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔

لعنت بھیجنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نفریں کرنا۔ بُرا بھلا کہنا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۳) بددُعا دینا۔ کوسنا۔

لعنت بھیجو نام نہ لو (اُر۔ کلمہ نفرت) ذکر نہ کرو۔ جانے دو۔

لعنت کا طوق (اُر۔ ا۔ مذ) رُسوائی۔ ذِلّت۔

لعنت کا مارا (اُر۔ صف) مردُود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔

لعنت ملامت کرنا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ سخت سُست کہنا۔ شرمندہ کرنا۔ ذلیل کرنا۔ دُھتکارنا۔

لَعْنَتی (لَع۔ نَ۔ تی) (ف۔ صف) مردُود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔

لَعُوق (لَ۔ عُوق) (ع۔ ا۔ مذ) چاٹنے کی لیس دار دوا۔ چٹنی۔

لَعِیْن (لَ۔ عِین) (ع۔ صف) ملعون۔ مردُود۔ لعنتی۔ بدبخت۔ دوزخی۔ جہنّمی۔

ل۔غ

لُغات (لُ۔ غات) (ع۔ ا۔ مذ و مث) (۱) لُغت کی جمع (۲) ڈکشنری۔

لَغام (لَ۔ غام) (ف۔ ا۔ مث) دیکھئے لگام۔

لَغایَت (لَ۔ غا۔ یَت) (ع۔ تابع فعل) آخر تک۔ انجام تک۔

لُغت (لُ۔ غت) (ع۔ ا۔ مذ و مث) (۱) بولی۔ زبان (۲) فرہنگ۔ ڈکشنری۔ حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق مرتبہ مجموعہ الفاظ جس میں ہر لفظ کے مقابل اُس کے معنی اُسی زبان یا کسی دُوسری زبان میں درج ہوں۔ جمع: لُغات۔ اُردو جمع: لغت۔ لغتوں۔ (لغتوں۔ لغتیں)۔

لُغت تراش (ع۔ ف۔ صف) لسّان۔ لفّاظ۔ لغت بنانے والا۔

لُغت جھاڑنا (اُر۔ محاورہ) علمیت جتانا۔ غیر معروف اور مُشکل الفاظ بولنا۔

لُغت چھانٹنا (اُر۔ محاورہ) نہایت مُشکل اور ناموزوں الفاظ اِستعمال کر کے علمیّت کا اِظہار کرنا۔

لُغز (لُغْز) (ع۔ ا۔ مث) معمّا۔ بُجھارت۔ پہیلی۔ چیستان۔

لَغْزِش (لَغ۔ زِش) (ف۔ ا۔ مث) (۱) پھسلن۔ پھسلاہٹ (۲) لرزش۔ جنبش۔ کپکپی (۳) خطا۔ سہو۔ غلطی۔ بُھول چُوک۔ گمراہی۔ ضلالت۔ اُردو جمع: لغزشوں۔ لغزشیں۔

لغزش آنا (اُر۔ محاورہ) پھسلنا۔ بہکنا۔ لڑکھڑانا۔ اِستقلال میں فرق آنا۔ گمراہ ہونا۔ بیان میں فرق آنا۔

لغزش کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گمراہ ہونا۔ بہکنا (۲) ڈگمگانا۔ لڑکھڑانا (۳) کانپنا (۴) بھول چوک کرنا۔

لغزش کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ڈگمگانا۔ پھسلنا (۲) بہکنا۔ گمراہ ہونا۔

لَغْو (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ صف) (۱) بیہودہ۔ واہیات۔ نامعقول۔ مُہمل۔ بے معنی۔ بے کار۔ بے فائدہ (۲) بکواس۔ ژٹل۔ جھک۔ لایعنی بات۔ جمع: لغویات۔

لغو بکنا (اُر۔ محاورہ) بیہودہ بکنا۔ واہیات باتیں زبان پر لانا۔ بے معنی باتیں کہنا۔

لَغْوی (لَغ۔ وی) (لُ۔ غَ۔ وی) (ع۔ صف) (۱) لغت سے منسوب (۲) ماہرِ لغت۔

لَغْوِیات (لَغ۔ وِی۔ یات) (ع۔ ا۔ مث) لغویت کی جمع۔ بیہودہ باتیں یا افعال و حرکات۔

لَغْوِیَّت (لَغ۔ وِی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) بیہودگی۔ جمع: لغویات۔

ل۔ف

لَفّ (بفتح اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ صف) لپٹا ہوا۔ تہ کیا ہوا۔ شامل۔ مُنسلک۔

لَفّ و نشر (ع۔ ا۔ مذ) لغوی معنی لپیٹنا اور پھیلانا۔ علمِ بیان کی اِصطلاح میں وہ صفت جس میں اوّل چند چیزوں کا ذکر کریں پھر چند اور چیزیں بیان کریں جو پہلی چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں مگر اس طرح کہ ہر ایک کی نسبت اپنے منسوب اِلیہ سے ہو جائے۔

لَفّاظ (لَف۔ فاظ) (ع۔ ا۔ مُبالغہ) (۱) مُبالغہ آمیز باتیں کرنے والا (۲) خوش بیان۔ شیریں زبان۔

لَفّاظی (لَف۔ فا۔ ظی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) فصاحت۔ خوش بیانی (۲) بکواس۔ بک بک (۳) شیخی۔ ڈینگ۔

لِفافَہ (لِ۔ فا۔ فہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) وہ چیز جو کسی چیز پر لپیٹی جائے (۲) کاغذ کا غلاف جس میں خط وغیرہ بند کیا جاتا ہے (۳) بناوٹ۔ دِکھاوا۔ ظاہری سامان۔ دھوکا۔ قلعی۔ ملمع (۴) ہلکی یا جلد ٹوٹ جانے والی چیز (۵) بھید۔ راز۔ اُردو جمع: لفافوں۔ لفافے۔

لفافہ بنانا (اُر۔ محاورہ) ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا۔ دھوکا دینا۔

لفافہ سر بمہر (بہ مُہر) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ لفافہ جسے مُہر لگا کر بند کیا گیا ہو۔

لفافہ کرنا (اُر۔ محاورہ) دِکھاوا کرنا۔ ہلکا سا خول یا ملمع چڑھانا۔

لفافہ کُھل جانا (اُر۔ محاورہ) چٹھی کے مضمون کا معلوم ہو جانا۔ بھید فاش ہو جانا۔ فریب کُھل جانا۔

لِفْٹ (Lift) (انگ۔ ا۔ مذ و مث) مشین جس کے ذریعے لوگ ایک منزل سے دُوسری منزل پر جاتے ہیں۔

لِفْٹَنَنْٹ (انگریزی Lieutenant کا مورّد۔ ا۔ مذ) (۱) کپتان کے ماتحت ایک فوجی افسر۔ کپتان کا نائب۔ بحری فوج کا افسر (۲) (طنزاً) بڑا حاکم۔

لَفْظ (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) کلمہ۔ شبد۔ بات۔ لغت۔ وہ بامعنی کلمہ جو مُنہ سے نکلے۔ جمع: الفاظ۔ اُردو جمع: لفظ۔ لفظوں۔

لفظ بلفظ (ع۔ ف۔ صف) حرف بحرف۔ ایک ایک لفظ۔ ہُوبہُو۔ تفصیل وار۔ صاف صاف۔

لَفْظاً (لَف۔ ظَن) (ع۔ تابع فعل) لفظ کے اعتبار سے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لفظی (لف۔ ظی)(ع۔ صف) اصلی۔ حقیقی۔ لغوی۔ باتوں کی۔ الفاظ کی۔
لفنگ (لفنگا) (ل۔ فنگ) (ل۔ فنگا) (ا۔ صف) لچا۔ شُہدا۔ غنڈا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بے غیرت۔ شیخی باز۔ جمع: لفنگوں۔ لفنگے۔
لفیف (ل۔ فیف) (ع۔ صف) لپٹا ہوا۔ تہ کیا ہوا (۲) جمع کیا ہوا (۳) پیچیدہ (۴)(ع۔ا۔ مذ) مختلف لوگوں کا ہجوم۔

ل۔ق

لَق (بفتح اوّل)(ف۔ صف)(۱) صاف۔ چٹیل (۲) گنجا۔
لق و دق (ف۔ صف) جہاں گھاس پات اور درخت وغیرہ نہ ہوں۔ چٹیل (میدان)۔ ویرانہ۔
لُقا (لُق۔ قا)(ا۔ا۔ مذ) ایک قسم کا کبوتر جو اکثر اپنی گردن دُم کے ساتھ لگائے رکھتا ہے۔
لِقا (لِ۔ قا)(ع۔ا۔ مث)(۱) دیدار۔ ملاقات (۲) چہرہ۔ صورت۔ شکل۔
لُقا (لُق۔ قا)(ا۔ صف) لچا۔ شہدا۔ بدمعاش۔
لقات (ل۔ قات)(ا۔ صف) نہایت دُبلا۔ (فارسی لکات کا بگاڑ)۔
لقب (ل۔ قب)(ع۔ا۔ مذ) وہ نام جو کسی خاص مدح یا ذم کے سبب پڑ گیا ہو۔ جمع: القاب۔
لُقطہ (لُقَطہ) (ع۔ا۔ مث) راستے سے اُٹھائی ہوئی گری پڑی چیز۔
لقلق (لق۔ لق)(فارسی لک لک کا مُعرّب۔ا۔ مذ) سارس۔
لقلقہ (لق۔ ل۔ قہ)(ع۔ا۔ مذ)(۱) سارس کے زور سے بولنے کی آواز (۲) رُعب داب۔ حوصلہ۔ ہمت۔ ظرف (۳) لہجہ۔ خوش الحانی۔ قوتِ بیان۔
لُقمان (لق۔ مان)(ع۔ا۔ مذ)(۱) ایک مشہور حکیم جس کی حکایات' اقوال اور نصائح مشہور ہیں اور اُن کا ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے (۲)(مجازاً) عاقل۔ دانا۔ نہایت تجربہ کار آدمی۔
لقمان کو حِکمت سِکھانا (ا۔ محاورہ) عقل مند کو تدبیر بتانا۔ لغو کام کرنا۔
لُقمہ (لق۔ مہ)(ع۔ا۔ مذ) نوالہ۔ کھانے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ مُنہ میں ڈالی جائے۔ اُردو جمع: لقموں۔ لقمے۔
لقمۂ اجل ہونا (ا۔ محاورہ) موت کا نوالہ ہونا۔ مرجانا۔
لقمہ پھنسنا (ا۔ مص مُرکب) حلق میں نوالہ اٹکنا۔
لقمۂ تر (ع۔ ف۔ا۔ مذ) عمدہ اور لذیذ غذا۔
لقمۂ حرام (ع۔ا۔ مذ) حرام کی آمدنی۔ حرام کا مال۔
لقمہ حلق سے نہ اترنا (ا۔ محاورہ) بہت ناگوار گزرنا۔
لقمۂ چرب (ع۔ ف۔ا۔ مذ) لذیذ خوراک۔
لقمہ دینا (ا۔ محاورہ)(۱) نوالہ دینا (۲) دُوسرے کی بات میں بولنا (۳) کسی کو قرآن شریف یا اور کوئی چیز سُناتے وقت بُھول چُوک بتانا (۴) توپ میں گولہ بارود ڈالنا (۵) رشوت دینا۔

لقمہ کر جانا (ا۔ محاورہ) نگل جانا۔ چٹ کر جانا۔ اُڑا جانا۔
لقمہ کھانا (ا۔ محاورہ) حافظ کا قرآن پڑھتے ہوئے بھول جانا یا چُوک جانا۔
لُقندرا (لُ۔ قند۔ را)(ا۔ صف) بدمعاش۔ لچا۔ شہدا۔ غنڈا۔ بدچلن۔
لقوہ (لق۔ وہ)(ع۔ا۔ مذ) ایک مرض جس میں مُنہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔
لقوہ مار جانا (مارا جانا) (ا۔ محاورہ) لقوہ کا مرض ہو جانا۔ مُنہ ٹیڑھا ہو جانا۔
لُقّہ (لق۔ قہ)(ا۔ صف) دیکھئے لقا۔

ل۔ک

لُک (بضم اوّل)(ف۔ا۔ مذ)(۱) روغن۔ وارنش۔ جلا (۲) لو۔ شعلہ۔ لوکا۔
لکائیہ (لک۔ کا۔ ئیہ)(ا۔ا۔ مث) بے حیا اور فاحشہ عورت۔
لُکان (لُ۔ کان)(ہ۔ا۔ مذ) کشتی کا ایک داؤ جس میں حریف کو تھکا کر نیچے لایا جاتا ہے۔
لُکانا (لُ۔ کا۔ نا)(ہ۔ مص) چُھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
لُکٹی (لکھٹی) (لُک۔ ٹی)(لکھ۔ ٹی)(ہ۔ا۔ مث)(۱) ادھ جلی لکڑی جس سے آگ کریدتے ہیں (۲) بی جمالو۔ لڑائی کرا دینے والی عورت۔
لکچر (Lecture)(انگ۔ا۔ مذ)(۱) درس۔ سبق (۲) وعظ۔ تقریر۔ زبانی مضمون۔ اُپدیش۔
لکچرار (Lecturer)(انگ۔ا۔ مذ)(۱) واعظ (۲) درس دینے والا (۳) اُپدیشک۔ تقریر کرنے والا۔ مقرّر۔
لگد (ل۔ گد)(ف۔ا۔ مث) لات۔ ٹھوکر۔ دولتّی۔
لگد زن (ف۔ صف) لاتیں مارنے والا۔
لگد کوب (ف۔ صف) دیکھئے لگدزن۔
لگد کوبی (ف۔ا۔ مث) دولتیاں مارنا۔ لاتیں مارنا۔
لکّڑ (لک۔ کڑ)(ل۔ کڑ)(ہ۔ا۔ مذ) شہتیر۔ بڑی لکڑی۔ لٹھا۔ جمع: لکڑو۔ لکڑوں۔
لکڑ بگھا (ل۔ کڑ۔ بگ۔ گھا)(ہ۔ا۔ مذ) بھیڑیئے کی قسم کا ایک جنگلی جانور۔ چرخ۔ جمع: لکڑ بگھوں۔ لکڑ بگھے۔
لکڑہارا (ہ۔ا۔ مذ) لکڑیاں بیچنے والا۔ لکڑیاں چیرنے پھاڑنے والا۔ جمع: لکڑہاروں۔ لکڑہارے۔
لکڑی (لک۔ ڑی)(ہ۔ا۔ مث)(۱) ہیزم۔ کاٹھ۔ چوب (۲) چھڑی۔ ہاتھ میں رکھنے کی لکڑی۔ لاٹھی۔ عصا۔ سونٹا (۳) سہارا۔ مدد۔ آسرا (۴) پٹا۔ چوب بازی (۵)(کنایۃً) سخت۔ کڑا۔ جمع: لکڑیاں۔ لکڑیوں۔
لکڑی پکڑانا (ا۔ محاورہ) سہارا دینا۔
لکڑی پھینکنا (ا۔ محاورہ) پٹا پھینکنا۔ چوب بازی کرنا۔
لکڑی کے بَل بندریا ناچے (ا۔ مثل)(۱) ہر شخص اپنے حامی کے بل پر کُودتا ہے (۲) ڈر کے مارے سب کچھ کرنا پڑتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لکڑیاں (ہ۔ا۔مث) لکڑی کی جمع۔

لکڑیاں چلنا (اُر۔ محاورہ) لاٹھیوں سے مار پیٹ ہونا۔

لکڑیاں دینا (اُر۔ محاورہ) مُردے کو جلانا۔ کریا کرم کرنا۔

لکڑیاں کھانا (اُر۔ محاورہ) لاٹھیوں سے مار کھانا۔ لکڑیوں سے پٹنا۔

لکشمن (لَکش۔ مَن) (س۔ صف) خوش نصیب۔ خوش حال (س۔ا۔مذ) راجا رام چندر جی کے چھوٹے بھائی کا نام جس نے بن باس میں اُن کا ساتھ دیا تھا۔

لکشمی (لَکش۔ مِی) (س۔ا۔مث) دیکھیے لچھمی۔

لک لکاٹ (ق۔ا۔مث) چمک۔ رونق۔

لکلکانا (لَک۔لَ۔کا۔نا) (ق۔مص) پیاس یا گرمی سے بے دَم ہو جانا۔

لکلکایا (لَک۔لَ۔کا۔یا) (ق۔ا۔مذ) لخلخہ۔

لک لک کرنا (ق۔مص) چمکنا۔

لَک لَکنا (ق۔مص) چمکنا۔

لُکنا (لُک۔نا) (ہ۔مص) پوشیدہ ہونا۔ چھپنا۔ مخفی ہونا۔

لُکنت (لُک۔نَت) (ع۔ا۔مث) ہکلاپن۔ رُک رُک کر بولنے کا مرض۔

لُکَنجن (لُ۔کَن۔جَن) (ہ۔ا۔مذ) لک انجن۔ وہ سُرمہ جس کی نسبت خیال ہے کہ اُس کے لگانے سے آدمی دُوسروں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جاتا ہے۔

لکہ (لَک۔کہ) (ف۔ا۔مذ) ٹکڑا۔ پارچہ (عام طور پر ابر اور دھوئیں کے لئے مستعمل ہے)۔ (لکۂ اَبر: بادل کا ٹکڑا۔ بدلی)۔

لکھ (بفتحہ اول) (ہ۔ا۔مذ) لاکھ کا مخفف۔ سو ہزار کی تعداد۔ (مرکبات میں مستعمل ہے)۔

لکھ بخش (داتا) (اُر۔صف) (۱) نہایت سخی۔ بہت فیاض (۲) قطبُ الدّین ایبک کا لقب۔

لکھ پتی (ہ۔صف) وہ شخص جس کے پاس لاکھ روپیہ ہو۔ دھنی۔ دولت مند۔ امیر۔

لکھ پیڑا (بیائے مجہول) (ہ۔صف۔وا۔مذ) وہ باغ جس میں بہت سے پیڑ ہوں (خصوصاً آموں کے)۔

لکھ لُٹ (ہ۔صف) بہت فضول خرچ۔ مُسرف۔ کھاؤ اُڑاؤ۔

لِکھ (بالکسر) (ہ۔فعل) لِکھنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

لکھ دینا (اُر۔ محاورہ) تحریر کر دینا۔ نوشتہ تقدیر کر دینا۔

لکھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) یاد رکھنا۔ یقین رکھنا۔

لکھ رکھو (اُر۔ محاورہ) یاد رکھو۔ یقینی سمجھو۔

لکھ لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) تحریر کر لینا (۲) رجسٹر میں درج کر لینا (۳) یاد کر لینا۔

لکھا (لِکھ۔کھا) (لِ۔کھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نوشتہ۔ لکھا ہوا (۲) قضا۔ بھاگ۔ تقدیر۔ قسمت۔ خُدائی اَمر۔

لکھا آگے آنا (اُر۔ محاورہ) قسمت کا لکھا پیش آنا۔

لکھا پڑھا (اُر۔صف) تعلیم یافتہ۔ خواندہ۔

لکھا پڑھی (اُر۔ا۔مث) نوشت و خواند۔ تحریر۔ نوشتہ۔

لکھا پورا کرنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت برداشت کرنا۔ بُرے دِن کاٹنا۔

لکھا ہے (اُر۔ روزمرّہ) روایت ہے۔ تحریر ہے۔

لکھاڑی (لِ۔کھا۔ڑی) (لِ۔کھا۔ری) (ہ۔صف) لکھنے والا۔ مصنّف۔ محرر۔

لکھانا (لِ۔کھا۔نا) (ہ۔مص) (۱) لکھوانا۔ تحریر کرانا (۲) تحریری اقرار نامہ لینا (۳) مشق کرانا۔ لکھنا کا متعدی المتعدّی۔

لکھائی (لِ۔کھا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) تحریر۔ ہینڈ رائٹنگ (۲) لکھنے کا کام (۳) لکھنے کی مزدوری۔ لکھنے کی اُجرت۔

لکھت (لِ۔کھت) (ہ۔ا۔مث) تحریر۔ نوشت (۲) اقرار نامہ (۳) دستاویز۔

لکھت پڑھت کرنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) تحریری عہد و پیمان ہونا۔ دستاویز لکھی جانا۔

لکھن (ق۔ا۔مث) دیکھیے لچھن۔

لکھنا (لکھ۔نا) (ق۔مص) دیکھنا۔

لکھنا (لکھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) تحریر کرنا۔ لکھائی کرنا (۲) کتابت کرنا (۳) کسی کی قسمت میں مقرّر کرنا۔

لکھنا پڑھنا (اُر۔ا۔مذ) نوشت و خواند۔ لکھائی پڑھائی۔

لکھنڈر (لَ۔کھنڈر) (ق۔ا۔مث) قلابازی۔

لکھنی (لیکھنی) (لکھ۔نی) (لیکھ۔نی) (ہ۔ا۔مث) کِلک۔ قلم۔

لکھوانا (لکھ۔وانا) (ہ۔مص) لکھنا کا متعدی المتعدّی۔ نیز دیکھیے لکھانا۔

لکھوٹا (لَ۔کھو۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سُرخی جو عورتیں ہونٹوں پر لگاتی ہیں (۲) لاکھ کی مُہر جو لفافوں یا پارسلوں پر لگائی جاتی ہے۔

لکھوری (لَ۔کھو۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی چھوٹی اینٹ (۲) ایک قسم کی چھوٹی بھڑ۔ کُمہاری۔

لکھوکھا (واو مجہول) (اُر۔ا۔عدد) لاکھوں۔ لاتعداد۔

لکھی (لکھ۔کھی) (ہ۔صف) لکھ پتی۔ لاکھ روپے کی حیثیت والا۔

لکھی (لِک۔کھی) (لِ۔کھی) (ہ۔ا۔مث) لکھا کی تانیث۔ لکھی ہوئی۔ معیّن۔ قضا و قدر۔

لکھے مُوسیٰ پڑھے خُدا (اُر۔مثل) ایسی تحریر جو کسی سے پڑھی نہ جائے۔ کہتے ہیں کہ حضرت موسیٰ خُدا سے اِشاروں کنایوں میں باتیں کرتے تھے جنہیں صرف خُدا ہی سمجھ سکتا تھا۔ بعض حضرات کی رائے میں یہ مثل اِس طرح ہے "لکھے مُوسا پڑھے خود آ"۔ مُو بمعنی بال اور سا بمعنی مانند۔ یعنی بال جیسی باریک تحریر جسے صرف لکھنے والا ہی پڑھ سکتا ہے۔

لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل (اُر۔مثل) عالمانہ وضع رکھنے والا جاہل جسے لکھنا پڑھنا تو آتا نہ ہو مگر فضیلت کا دعویدار ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لکھیرا (ل۔کھے۔را)(ہ۔ا۔مذ) لاکھ کا کام کرنے والا۔ لاکھ کی چیزیں بنانے والا۔

لکیر (ل۔کیر)(ہ۔ا۔مث)(۱) خط۔ لائن۔ سلسلہ۔ قطار۔ سطر (۲) پُرانا دستور۔ قدیم رَسم۔ جمع: لکیروں۔ لکیریں۔

لکیر پر چلنا (اَر۔محاورہ) پُرانے طریقے کے مطابق چلنا۔ پُرانی رَسموں کا پابند رہنا۔

لکیر پیٹنا (اَر۔محاورہ)(۱) پُرانی رَسم پر چلنا (۲) فضول اور بے سُود کام کرنا (۳) اَفسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا۔

لکیر کا فقیر (اَر۔صف)(۱) پُرانی روش کا پابند۔ وہ شخص جو اپنی عقل سے کام نہ لے (۲) کسی شے پر فریفتہ۔

لکیر کھینچنا (اَر۔محاورہ)(۱) خط کھینچنا۔ رُول کرنا (۲) نشان لگانا (۳) حد باندھنا (۴) قلم پھیرنا۔ مِٹانا (۵) توبہ کرنا۔ کان پکڑنا۔ عہد کرنا۔ (اِن معنوں میں ناک سے زمین پر لکیر کھینچنا مستعمل ہے)۔

لکیرنا (ل۔کیر۔نا)(ہ۔مص)(۱) لکیر یا خط کھینچنا (۲) منتر سے محدود کرنا (۳) خاکہ بنانا۔

ل۔گ

لَگ (بفتح اوّل)(ہ۔حرف ربط)(۱) قریب۔ پاس۔ تک۔ مرکبات میں مستعمل ہے (۲)(ہ۔فعل) لگنا کا اَمر۔

لگ بھگ (اَر۔تابع فعل) قریب قریب۔ ملتا جلتا۔ مُشابہ۔

لگ بیٹھنا (اَر۔محاورہ) قریب ہو کر بیٹھنا۔ مل کے بیٹھنا۔

لگ جانا (اَر۔محاورہ)(۱) چُھو جانا (۲) چوٹ آ جانا (۳) مائل ہو جانا۔ رُجوع ہو جانا (۴) شروع ہو جانا (۵) اَثر کر جانا (۶) کھٹک جانا۔ چُبھ جانا (۷) جل جانا (۸) بھر جانا (۹) کپڑے وغیرہ کو کھا جانا (کیڑا لگ جانا)(۱۰) عادت ہو جانا۔

لگ چلنا (اَر۔محاورہ)(۱) ساتھ ہو لینا۔ ہمراہ چلنا۔ پاس ہو کر چلنا۔ چُھو کر چلنا۔ مِل کر چلنا (۲) دوستی بڑھانا۔ یار بنانا۔ محبت جتانا (۳) لپٹنا۔ چمٹنا۔

لگ لپٹ کر (اَر۔تابع فعل) کوشش کر کے۔ محنت کر کے۔

لگا (لَ۔گا)(ہ۔صف)(۱) ملا ہوا۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ پیوستہ۔ چسپاں (۲) گلا سڑا (۳) لگنا مصدر کا فعل ماضی (۴) لگانا مصدر کا صیغہ اَمر۔

لگا بندھا (اَر۔صف)(۱) مُطیع۔ فرماں بردار (۲) مقرر کیا ہوا۔ ٹھہرایا ہوا (۳) آشنا۔ یار (۴) متعلق۔ وابستہ (۵) قیدی۔ پابند۔ گرفتار۔

لگا تار (اَر۔صف) پے در پے۔ برابر۔ متواتر۔

لگا تو تیر' نہیں تو تُکّا (اَر۔مثل) ہوگیا تو ٹھا نہ ہوا تو خیر۔ آدمی کو ہمت نہیں ہارنی چاہئے' چاہے کام ہو یا نہ ہو۔

لگا جانا (اَر۔محاورہ) پیچھے پڑا رہنا۔ تعاقب کئے جانا۔

لگا دینا (اَر۔محاورہ)(۱) چپکا دینا۔ چسپاں کر دینا (۲) شامل کر دینا (۳) مار دینا (تحقیر)(۴) نصب کر دینا۔

لگا (لگائے) رکھنا (اَر۔محاورہ)(۱) بچا رکھنا۔ اُٹھا رکھنا (۲) اُمید وار رکھنا۔ مشغول رکھنا۔ معروف رکھنا (۳) پاس سے جدا نہ ہونے دینا۔

لگا رہنا (اَر۔محاورہ)(۱) ساتھ رہنا۔ پیچھے رہنا۔ چمٹا رہنا (۲) جاری رہنا (۳) معروف رہنا (۴) جما رہنا۔ مستقل رہنا۔

لگا سو بھگا (اَر۔مثل) جو کام شروع ہوا وہ انتہا کو پہنچا۔ زمانے کو گزرتے دیر نہیں لگتی۔

لگا لانا (اَر۔محاورہ) بھگا کر لے آنا۔ بہانے سے لے آنا۔ دَم دلاسا دے کر لے آنا۔

لگا لگایا (اَر۔صف)(۱) بنا بنایا۔ جُڑا جُڑایا۔ جما جمایا (۲) صَرف شُدہ (۳) آراستہ۔ دُرست۔

لگا لے جانا (چلنا) (اَر۔محاورہ) پُھسلا کر لے جانا۔

لگا لینا (اَر۔محاورہ)(۱) ساتھ کر لینا۔ یار بنا لینا (۲) مشغول کر لینا (۳) اپنے مطلب کا بنا لینا (۴) شروع کر لینا (۵) گنتی میں شامل کر لینا۔ مُجرا کر لینا۔ محسوب کر لینا۔

لگا مارنا (اَر۔محاورہ) عیب دھرنا۔ تہمت لگانا۔ اِلزام رکھنا۔ بدنام کرنا۔

لگا ہوا (اَر۔صف)(۱) ملا ہوا۔ پاس (۲) معروف (۳) دوست۔ یار (۴) وابستہ۔ متعلق (۵) عادی۔ خوگر (۶) سدھا ہوا (۷) داغ دار۔ داغی۔

لگاؤ (لگ۔گاؤ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لاگ۔ پیار۔ محبت۔ عشق۔ دوستی۔ تعلق۔ واسطہ۔ نسبت۔ ربط (۲) برابری۔ ہمسری (۳) ڈھنگ۔ ڈول (۴) شروع۔ آغاز (۵) پہنچ۔ رسائی۔ دخل (۶) ناؤ کھینے کا چپّو (۷) لمبا بانس۔

لگّا سگّا (ہ۔ا۔مذ) محبت۔ رابطہ۔ آنٹ سانٹ۔ میل جول۔ واقفیت۔ رسائی۔

لگّا کھانا (اَر۔محاورہ)(۱) مُطابقت ہونا (۲) ہم پلّہ ہونا۔ برابر کا ہونا (۳) نسبت رکھنا۔

لگّا لگانا (اَر۔محاورہ)(۱) اِبتدا کرنا۔ پہل کرنا (۲) آشنائی کا اِلزام لگانا (۳) آشنائی کرنا۔

لگّا نہ ہونا (اَر۔محاورہ) کچھ مناسبت نہ ہونا۔ بہت فرق ہونا۔

لگام (لِ۔گام)(ف۔ا۔مث) باگ۔ عنان۔ گھوڑے کے مُنہ کا دہانہ۔ اُردو جمع: لگاموں۔ لگامیں۔

لگام چڑھانا (لگام دینا) (اَر۔محاورہ)(۱) جانور کے مُنہ میں دہانہ چڑھانا (۲) روکنا۔ بند کرنا۔ تھامنا۔ قابو میں کرنا (۳) چُپ کرنا۔

لگام چھوڑ دینا (اَر۔محاورہ)(۱) آزاد کر دینا۔ روک ٹوک موقوف کر دینا (۲) قابو نہ رہنا۔

لگام کھینچنا (اَر۔مص مرکب)(۱) گھوڑے کو روکنے کے لئے باگ کھینچنا (۲)(اَر۔محاورہ) احتیاط کرنا۔

لگام لئے پھرنا (اَر۔محاورہ) رسّی لئے پھرنا۔ کسی کو پکڑنے کے لئے رسّی لئے پیچھے پیچھے پھرنا۔

لگان (لِ۔گان)(ہ۔ا۔مذ) معاملہ۔ زمین کا خراج۔ باج۔ کر۔ سرکاری محصول۔ زر آمدن جو زمین سے حاصل ہو۔

لگانا (لَ۔گا۔نا)(ہ۔مص)(۱) چُھونا (۲) جوڑنا۔ ملانا۔ چسپاں کرنا۔ پیوست کرنا۔ ٹانکنا۔ سینا (۳) شامل کرنا۔ ساتھ جوڑنا (۴) بونا (۵) اُکسانا۔ اُبھارنا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۶) چغلی کھانا (۷) سجانا (۸) ترتیب سے رکھنا (۹) مشغول رکھنا۔ مصروف رکھنا (۱۰) سدھانا۔ ہلانا (۱۱) پھنسانا۔ اُلجھانا (۱۲) تہمت دھرنا۔ عیب لگانا (۱۳) مقرر کرنا (۱۴) محسوب کرنا (۱۵) مول تجویز کرنا (۱۶) داؤں پر رکھنا۔ بازی پر رکھنا (۱۷) مارنا۔ ضرب لگانا (۱۸) بنانا (پان)۔

لگانا بجھانا (اُر۔ محاورہ) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔

لگانے (ہ) لگانا کی مغیرہ صورت۔

لگانے میں آنا (اُر۔ محاورہ) لگائی بجھائی کا اثر لینا۔ بہکائے میں آنا۔

لگانے والا (اُر۔ صف۔ مذ) چغل خور۔ غیبت کرنے والا۔

لگاوَٹ (لَ۔گا۔وَٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) لگاؤ۔ تعلّق۔ علاقہ۔ میلان۔ رُجحان۔ میل ملاپ (۲) سازش (۳) دوستی۔ یارانہ۔ آشنائی (۴) ناز نخرہ۔

لگاوٹ دِکھانا (اُر۔ محاورہ) توجّہ ظاہر کرنا۔ دوستی کا دَم بھرنا۔

لگاوٹ باز (ہ۔ صف) (۱) لگاوٹ کرنے میں مشاق (۲) یارانہ گانٹھنے کا ماہر۔

لگاوٹ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) محبت جتانا۔ آشنائی جتانا۔ اُنس ظاہر کرنا (۲) غمزہ کرنا۔ ناز کرنا۔

لگاوٹ کی باتیں (اُر۔ا۔مث) (۱) دُوسرے کے دل میں محبت پیدا کرنے والی باتیں (۲) پھسلانے والی باتیں۔

لگاوٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) بناوٹی محبت کا اِظہار ہونا۔

لگاؤ (لَ۔گا۔او) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تعلّق۔ علاقہ۔ نسبت (۲) پیچ۔ دخل۔ باریابی (۳) میل ملاپ۔ راہ و رَسم۔ محبت۔ پیار (۴) رشتہ۔ ناتا۔ یگانگی (۵) مُناسبت۔ جوڑ۔ ہمسری (۶) آمیزش۔ لاگ (۷) شرکت (۸) رُجحان۔ میلانِ طبع (۹) ایما۔ اِشارہ۔ نیز دیکھیے لگاوٹ۔

لگائی (لَ۔گا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) (۱) عورت (۲) بیوی۔

لگائی بُجھائی (لَ۔گا۔اِی۔بُ۔جھا۔اِی) (ہ۔ا۔مث) چغل خوری۔ بدگوئی۔ غمازی۔ تہمت۔ بُہتان۔ اِلزام۔

لگائی لُتری (اُر۔ا۔مث) ایک کی بُرائی دُوسرے سے کرنا۔ لگائی بجھائی۔

لگت (لَ۔گت) (ق۔ تابع فعل) فوراً۔ اُسی وقت۔

لگتا (اُر۔ صف) تعلّق۔ رشتے دار (۲) ملتا جلتا (۳) چُبھتا ہوا۔ ناگوار (۴) جلتا ہوا۔

لگتا ہُوا (اُر۔ صف) (۱) چُھوتا ہوا۔ ملتا ہوا۔ مُشابہ۔ ملتا جلتا (۲) چبھنے والا۔ کاٹ کرنے والا۔ زخم ڈالنے والا (۳) موثّر (۴) قرینِ قیاس (۵) ناگوار۔

لگتا ہے (اُر۔ تابع فعل) معلوم ہوتا ہے۔ دِکھائی دیتا ہے۔

لگتی (لگ۔تی) (اُر۔ صف۔ مث) لگتا کی تانیث۔

لگتی کہنا (اُر۔ محاورہ) چُبھتی ہوئی بات کہنا۔ موثر بات کہنا۔ پسندیدہ بات کہنا۔

لگتی لگاتی بات (اُر۔ا۔مث) وہ بات جو کسی موقع پر چسپاں یا قرینِ قیاس ہو۔ چبھتی ہوئی بات۔

لگتے ہاتھ (اُر۔ تابع فعل) دیکھیے لگے ہاتھ (ہاتھوں)۔

لگدی (لگ۔دی) (ہ۔ا۔مث) کسی گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی۔

لگڑ (لَ۔گڑ) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا باز۔ شِکرا۔

لگڑا (لگ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) چیتھڑا۔ پھٹا پُرانا کپڑا۔

لگڑ بھگڑ (لَ۔گڑ۔بھ۔گڑ) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے لکڑ بگھا۔

لگڑنا (لَ۔گڑ۔نا) (ق۔مص) رگڑنا۔

لگسی (لگ۔سی) (ہ۔ا۔مث) لمبی لکڑی جس کا سرا ٹیڑھا ہوتا ہے اور اُس سے درختوں سے پھل توڑنے کا کام لیا جاتا ہے۔

لگماترا (لگ۔ما۔ترا) (ہ۔ا۔مث) اِعراب۔ حرفوں کی علامات و حرکات۔ زبر، زیر، پیش وغیرہ (۲) یار۔ آشنا۔

لگن (لَ۔گن) (ف۔ا۔مذ) (۱) طشت۔ طاس۔ پرات۔ ٹب۔ چلمچی (۲) شمعدان۔ اگروان۔

لگن (لَ۔گن) (س۔ا۔مث) (۱) تعلّق۔ نسبت (۲) دُھن۔ خیال۔ چت۔ شوق۔ خواہش۔ محبت۔ عشق (۳) (ا۔مذ) گھڑی۔ ساعت۔ وقت۔ سماں۔ مہورت (۳) پیغام شادی۔ شادی کی تاریخ اور وقت کا تقرر (۴) آفتاب کے بُرج حمل میں تحویل کرنے کی ساعت۔

لگن دھرنا (ہ۔ محاورہ) شادی کا روز مقرر کرنا۔

لگن کُنڈلی (ہ۔ا۔مث) جنم پتری۔ زائچہ۔

لگن لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) محبت ہونا۔ عشق ہونا (۲) دِل لگنا۔ دھیان لگنا۔ خیال بندھنا۔

لگنا (لگ۔نا) (ہ۔مص) (۱) چسپاں ہونا۔ ملنا۔ جُڑنا (۲) سِلنا۔ ٹنکنا (۳) شامل ہونا۔ نتھی ہونا (۴) جمنا۔ قائم ہونا (۵) اُگنا۔ پیدا ہونا (۶) کھڑا ہونا۔ نصب ہونا (۷) چوٹ آنا۔ ضرب پہنچنا (۸) ٹکر کھانا (۹) محسوس ہونا۔ مس ہونا (۱۰) مُقابل ہونا۔ برابر ہونا (۱۱) شروع ہونا۔ آغاز ہونا (۱۲) باہم آشنائی کرنا (۱۳) موثر ہونا۔ کارگر ہونا (۱۴) جلنا۔ سُلگنا۔ مشتعل ہونا (۱۵) ہضم ہونا۔ اَنگ لگنا (۱۶) ہم بستر ہونا۔ جماع کرنا (۱۷) سر ہونا۔ پیچھے پڑنا (۱۸) سجایا جانا۔ ترتیب سے رکھا جانا (۱۹) مشغول ہونا۔ مصروف ہونا (۲۰) ذِمّہ پڑنا۔ سر پڑنا (۲۱) گھسنا۔ چُبھنا (۲۲) تیز ہونا۔ دھار پر رکھا جانا (۲۳) کنارے پر پہنچنا (۲۴) خرچ ہونا۔ صرف ہونا (۲۵) بازی پر لگانا۔ داؤں پر رکھنا (۲۶) اِستعمال میں آنا۔ برتا جانا (۲۷) جُڑا جانا۔ مرصّع کیا جانا (۲۸) بکنا (۲۹) پان بنا (۳۰) قیمت قرار پانا (۳۱) اِلزام لگنا (۳۲) جُوتے کا کاٹنا (۳۳) تاک میں ہونا۔

لگنت (لَ۔گنت) (نون غنہ) (ہ۔ا۔مث) مجامعت۔ جماع۔

لگنت پدیا (ہ۔ا۔مث) وہ علم جس میں جماع کے طریق اور ڈھنگ بتائے جاتے ہیں۔ کوک شاستر۔

لگنی (لگ۔نی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا لگن۔

لگو (لگو بندھو) (لگ۔گو) (لگ۔گو۔بَن۔دُھو) (ہ۔صف) یار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آشنا۔ دوست۔

لگوا (لگواڑ) (لگ۔وا) (لگ۔واڑ) (ہ۔صف) یار۔ آشنا (۲) مطلبی۔ خود غرض۔ مطلب کا یار۔

لگوانا (لگ۔وا۔نا) (ہ۔مص) لگانا کا متعدی المتعدی۔

لگی (لگ۔گی) (ہ۔ا۔مث) (۱) مچھلی پکڑنے کی لچکدار چھڑی (۲) پھل توڑنے کی لمبی چھڑی (۲) لمبی ونجی۔ لیر (۳) ناؤ ٹھہرانے کا لمبا بانس۔

لگی (لَ۔گی) (ہ۔ا۔مث) (۱) خواہش۔ آرزو۔ عشق۔ لگن (۲) بھوک۔

لگی بجھنا (اُر۔محاورہ) (۱) خواہش پوری ہونا (۲) روٹی پیٹ میں پڑنا۔ بھوک رفع ہونا (۳) غصّہ دھیما ہونا۔

لگی بُری ہوتی ہے (اُر۔مثل) عشق بُری بلا ہے۔ محبت میں بُرا بھلا کچھ نہیں سوجھتا۔

لگی توروزی نہیں توروزہ (اُر۔مثل) اِنتہائی غریبی کے متعلق کہا جاتا ہے۔

لگی کو بجھانا (اُر۔محاورہ) (۱) عشق کی آگ کو دبانا (۲) آرزو پوری کرنا (۳) پیٹ میں ڈالنا۔ بھوک مِٹانا (۴) غصّہ فرو کرنا (۵) فتنہ و فساد کو مِٹانا۔

لگی کہنا (اُر۔محاورہ) طرف داری کی بات کہنا۔ موافق کہنا۔ خوشامد کرنا۔

لگی لپٹی (اُر۔صف) کسی کے موافق۔ طرف داری کی۔

لگی لپٹی رکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) طرف داری کرنا۔ رعایت کرنا (۲) صاف نہ کہنا۔ شک و شبہ میں رکھنا۔

لگی لگائی (اُر۔صف) لگی ہوئی۔ طے شُدہ۔ مُقررہ۔

لگی میں اور لگانا (اُر۔محاورہ) مُصیبت پر اور مُصیبت ڈھانا۔

لگی نہ رکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) لاگ لپٹ نہ رکھنا۔ پاس نہ رکھنا۔ کسر نہ رکھنا۔ رُو رعایت نہ کرنا (۲) قطع تعلّق کر لینا۔ بالکل بگاڑ لینا۔

لگی ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) محبت ہونا (۲) دُھن ہونا (۳) ناجائز تعلّق ہونا۔

لگی ہُوئی بات (اُر۔ا۔مث) منگنی۔ نسبت۔

لگے (لَ۔گے) (اُر۔متعلق فعل) قریب۔ پاس۔ نزدیک۔ ساتھ۔ ہمراہ۔

لگے اُنگلی پکڑتے پہنچا پکڑنے (اُر۔مثل) تھوڑا سا سہارا پاکر اور آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ معمولی سہارا پاکر سر پر چڑھنا۔

لگے بندھے (اُر۔صف) علاقہ دار۔ متعلقین۔

لگے جانا (اُر۔محاورہ) (۱) ساتھ ساتھ جانا۔ پیچھے پیچھے جانا (۲) چین نہ لینے دینا۔ پیچھے پڑے رہنا۔

لگے دم مٹے غم (اُر۔مقولہ) نشہ پینے سے غم دُور ہوتا ہے (نشہ بازوں کا مقولہ)۔

لگے رہنا (اُر۔محاورہ) ساتھ رہنا۔ ہمراہ رہنا۔ پیچھے رہنا۔

لگے لگے (اُر۔تابع فعل)(۱) پاس پاس۔ قریب قریب۔ پہلو بہ پہلو۔ ساتھ ساتھ (۲) ایک کلمہ جس سے بندروں کو ہنکاتے ہیں۔

لگے ہاتھ (لگے ہاتھوں) (اُر۔تابع فعل) (۱) ساتھ کے ساتھ۔ اسی وقت (۲) اسی سلسلے میں۔

لگ یگ (ق۔متعلق فعل) فوراً۔ جُوں ہی۔

ل۔ل

لَلا (لل۔لا) (ل۔ل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بچہ۔ طفل۔ بالک۔ لڑکا (۲) بیٹا۔ پُوت (۳) کرشن جی کا لقب (۴) (صف) پیارا۔ لاڈلا (۵) نادان۔ کم سن۔ نو عُمر (۶) اَحمق۔ بے وقوف۔ گاؤدی۔

لَلاٹ (ل۔لاٹ) (س۔ا۔مذ) (۱) ماتھا۔ پیشانی (۲) بھاگ۔ نصیب۔ قسمت۔

لَلِت (ل۔لِت) (س۔صف) (۱) مرغوب۔ پسندِ خاطر (۲) خوبصورت۔ حسین (۳) شوخ۔ چنچل۔ چلبلی (۴) ولولۂ عشق۔ جذبۂ محبت (۵) (ہ۔ا۔مث) ایک راگنی۔

للچانا (لل۔چا۔نا) (ہ۔مص) (۱) لالچ کرنا۔ حرص کرنا (۲) آرزو کرنا۔ تمنا کرنا (۳) مائل ہونا (۴) طمع دینا۔ لُبھانا۔

للچاہٹ (لل۔چا۔ہٹ) (ہ۔ا۔مث) لالچ۔ طمع۔ حرص (۲) خواہش۔ آرزو۔

لَلک (لَ۔لک) (ہ۔ا۔مث) (۱) اُمنگ۔ شوق (۲) جوش۔ ولولہ (۳) لالچ۔ لوبھ۔ طمع۔ حرص (۴) خیال۔ دُھن۔ لَو (۵) لہر۔ موج۔

للکار (لل۔کار) (ہ۔ا۔مث) (۱) نعرہ۔ سخت آواز (۲) ہانک۔ پُکار (۳) ڈپٹ۔ دھمکی۔ جھڑکی۔ رُعب کی آواز۔

للکارنا (لل۔کار۔نا) (ہ۔مص) (۱) نعرہ مارنا۔ آواز لگانا (۲) پکارنا (۳) دھمکانا۔ دُھتکارنا۔ کڑک کر بولنا۔

لَلّو (لل۔لو) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) زبان۔ جیبھ (۲) بولی۔ بول چال۔ گفتگو (۳) چٹور پن۔ چاٹ۔

لَلّو پتّو (لل۔لو۔پت۔تو) (واو مجہول) (اُر۔ا۔مث) خوشامد درآمد۔ چاپلوسی۔ سخن سازی۔ چکنی چپڑی باتیں۔

لَلّو پتّو کرنا (اُر۔محاورہ) زبانی عزّت کرنا۔ خوشامد کرنا۔ سخن سازی کرنا۔

للو میں سانپ ڈسے (اُر۔دُعائے بد) جُھوٹ بولنے والے کی زبان میں سانپ ڈسے۔

للو نہ رہنا (اُر۔محاورہ) بن بولے نہ رہنا۔ زبان تالو سے نہ لگنا۔

لَلُّو (لل۔لُو) (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) لَلاَ۔ لڑکا۔

للوا (لل۔وا) (ہ۔ا۔مذ) لَلُّو۔ لڑکا۔

لِلّٰہ (لِل۔لاہ) (ع۔تابع فعل) خُدا کے لئے۔ برائے خُدا۔ خُدا کے نام پر۔

لِلّٰہِ الحمد (لِل۔لا۔ہِل۔حمد) (ع۔کلمہ ندا) (۱) سب تعریف خُدا کے لائق ہے (۲) خُدا کا شکر ہے۔

لِلّٰہِ الحمد والمنّۃ (ع۔کلمہ ندا) خُدا کا شکر و احسان ہے۔

لِلّٰہ فی اللہ (ع۔متعلق فعل) خُدا کی راہ۔ اللہ کے واسطے۔

لِلّٰہی (لل۔ل۔ہی) (ع۔صف) خُدا کے لئے۔ جس میں ذاتی غرض نہ ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جو ذاتی مطلب کے لئے نہ ہو۔
لِلّٰہیّت (لِل۔لا۔ہی۔یَت) (ع۔ا۔مث) بے غرضی۔ خلوص۔
لَلِّیانا (لَل۔یا۔نا) (ہ۔مص) خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ منت کرنا۔

ل۔م

لَم (بفتح اوّل) (ہ۔صف) لمبا کا مخفف۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)۔
لم ترڈنگا (نون غنہ) (اُر۔صف) دراز قد۔ قد آور۔
لم بڈنگا۔ لم ٹنگو (اُر۔صف) (۱) بڑی بڑی، لمبی ٹانگوں والا (۲) لم ڈھینگ۔ کلنگ۔
لم چھڑو (لم چھڑوا) (اُر۔صف) لمبا۔ قد آور۔ طویلُ القامت۔
لم دراز (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا سفید کپڑا جس کا عرض بڑا ہوتا ہے۔
لم ڈگو (اُر۔صف) لمبے لمبے قدم بھرنے والا۔
لم ڈور (اُر۔ا۔مث) لمبی ڈور۔ شکار کی ڈور۔
لم ڈھینگ (ڈھینک) (اُر۔ا۔مذ) (۱) ایک قد آور آبی طیُور۔ لم ٹنگو (۲) (کنایۃً) لمبی ٹانگوں والا (مرد)۔ بے وقوف۔
لم کنّا (لم۔کن۔نا) (اُر۔صف) لمبے لمبے کانوں والا (۲) (اُر۔ا۔مذ) خرگوش۔
لَم (بفتح اوّل) (ع۔حرفِ نفی) نہ۔ نہیں۔
لم یزل (لم۔ی۔زل) (ع۔صف) لازوال۔ اٹل۔ ہمیشہ رہنے والا۔ غیر فانی۔
لِم (بکسر اوّل) (ع۔ا۔مث) (۱) اصلیت۔ کنہ۔ بات کی تہ (۲) باعث۔ سبب۔ وجہ (۳) بہتان۔ الزام۔ تہمت۔
لم دھرنا (لم رکھنا) (اُر۔محاورہ) تہمت دھرنا۔ الزام لگانا۔ عیب لگانا۔
لم لگانا (اُر۔محاورہ) الزام لگانا۔ عیب لگانا۔ قصوروار ٹھہرانا۔
لَمبا (لم۔با) (اُر۔صف) (۱) دراز۔ طویل۔ بلند۔ اونچا۔ طویلُ القامت (۲) بہت۔ زیادہ۔ کثیر۔
لمبا بننا (اُر۔محاورہ) رخصت ہونا۔ چل دینا۔ بھاگ جانا۔
لمبا ترڈنگا (اُر۔صف) دیکھئے لم ترڈنگا۔
لمبا چوڑا (اُر۔صف) فراخ۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ وسیع۔ طویل و عریض۔
لمبا دفتر (اُر۔ا۔مذ) طویل مضمون۔
لمبا سفر کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) دور کا سفر کرنا (۲) دنیا سے کوچ کرنا۔ مرجانا۔
لمبا کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) دراز کرنا۔ طول میں بڑھانا (۲) روانہ کرنا۔ رخصت کرنا (۳) برخاست کرنا۔
لمبا ہونا (اُر۔محاورہ) طویل ہونا (۲) چل دینا۔ رفوچکر ہونا۔ رخصت ہونا۔
لمباڑا (لم۔با۔ڑا) (ق۔ا۔مذ) بنجاروں جیسی ایک قوم۔
لمبان (لم۔بان) (ہ۔ا۔مذومث) درازی۔ لمبائی۔ طول۔ طوالت۔

لمبان چوڑان (اُر۔ا۔مذومث) لمبائی چوڑائی۔ طول و عرض۔
لمبانا (لم۔با۔نا) (ہ۔مص) لمبا کرنا۔
لمبائی (لم۔با۔ای) (ہ۔ا۔مث) درازی۔ طوالت۔ طول۔
لمبائی چوڑائی (اُر۔ا۔مث) طول و عرض۔ لمبان چوڑان (۲) قد و قامت۔ جسامت۔
لمبر (لم۔بر) (انگریزی Number کا مورّد۔ا۔مذ) (۱) ہندسہ۔ عدد۔ رقم (۲) درجہ۔ رُتبہ۔ منصب۔ عہدہ (۳) باری۔ وار۔ نوبت (۴) مقررہ نشان۔ علامت (۵) شمار۔ گنتی۔ تعداد۔
لمبر آنا (اُر۔محاورہ) (۱) نوبت آنا۔ باری آنا (۲) امتحان میں نمبر پانا۔
لمبر چڑھانا (اُر۔محاورہ) امتحان میں ملنے والے نمبروں کو رجسٹر میں درج کرنا (۲) درجے میں ترقی دینا۔
لمبر دار (اُر۔ا۔مذ) مقدم۔ گاؤں کا چودھری جو مال گزاری وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کرتا ہے۔
لمبر سے خارج ہونا (اُر۔محاورہ) فہرست سے خارج ہونا۔ نام کٹنا۔
لمبر قائم رہنا (اُر۔محاورہ) (قانون) پہلی ہی مسل پر کارروائی ہونا۔
لمبر وار (اُر۔صف) نمبروار۔ سلسلہ وار۔ باری باری سے۔ درجہ بدرجہ۔
لمبری (لم۔ب۔ری) (اُر۔صف) (۱) نمبر کے مطابق۔ نمبر کا۔ نمبر والا (۲) نشان لگا ہوا (۳) سرکار کی طرف سے مقرر کیا ہوا پیمانہ (۴) پولیس کے رجسٹر میں درج شدہ بدمعاش۔
لمبری دعویٰ (مقدمہ۔نالش) (اُر۔ا۔مذومث) نالشِ عام۔ دعویٰ عام۔
لمبتڑ (لم۔بتڑ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) معمولی سے زیادہ لمبا (۲) لمبا اور احمق آدمی۔
لمبو (لم۔بو) (ہ۔صف) لمبا۔ دراز قد۔ لانبا۔ طویلُ القامت۔
لمبوترا (لم۔بوت۔را) (ہ۔صف) چوڑا کم اور لمبا زیادہ۔ بیضوی۔ کتابی۔
لمبی (لم۔بی) (ہ۔صف) لمبا کی تانیث۔
لمبی تان کر سونا (اُر۔محاورہ) اطمینان سے سونا۔ غفلت کی نیند سونا۔
لمبی تاننا (اُر۔محاورہ) (۱) بے فکری سے سونا (۲) دور کا سفر کرنا۔ مدت تک اپنے ملک سے دور رہنا (۳) مرجانا۔ سفرِ آخرت اختیار کرنا۔
لمبی چوڑی ہانکنا (اُر۔محاورہ) (۱) شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا (۲) لمبی داستان سنانا۔
لمبی داستان (اُر۔ا۔مث) طول طویل کہانی۔
لمبی سانس بھرنا (لینا) (اُر۔محاورہ) دیر تک سانس لینا۔ آہ سرد کھینچنا۔ افسوس کرنا۔ پچھتانا۔ نزع کا وقت ہونا۔
لمبیاں لینا (اُر۔محاورہ) (۱) مبالغہ کرنا (۲) ڈینگیں مارنا۔ اترانا (۳) تیز چلنا۔
لمپ (Lamp) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے لیمپ۔
لمحہ (لم۔حہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کوندا۔ بجلی کی چمک (۲) پلک مارنے کا وقفہ۔ چشم زدن (۲) ثانیہ۔ پل۔ دقیقہ۔ سکنڈ۔ جمع: لمحات۔ اردو جمع: لمحوں۔ لمحے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لمحہ بھر (اُر۔ تابع فعل) ذرا سی دیر۔ پل بھر۔ ایک نظر۔

لمحوں (لَم۔حوں)(اُر۔ا۔مذ) لمحہ کی اُردو جمع۔

لمحوں بعد (اُر۔متعلق فعل) چند سکنڈ بعد (لمحوں کے بعد غیر فصیح ہے)۔

لمس (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) مَس۔ کسی چیز کو ہاتھ لگانا (۲) کسی چیز کو چھو کر معلوم کرنے کی قوّت۔ قوّتِ لامسہ۔

لمعان (لَم۔عان)(ع۔صف) چمکیلا۔ چمکنے والا۔

لمعہ (لَم۔عَہ)(ع۔ا۔مذ) چمک۔ روشنی۔ نور (۲) شعاع۔ کرن۔ جمع: لمعات۔

لمکنا (لَ۔مَک۔نا)(ہ۔مص) لپکنا۔ جھپٹنا۔ دوڑنا۔ لپک کر جانا۔ لمبے لمبے ڈگ بھرنا۔

لِمَنِ المُلک (لِ۔مَ۔نِل۔مُلک)(ع۔کلمۂ استفہامیہ)(۱) کس کا ملک ہے؟ قرآن شریف میں ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ بتاؤ آج کس کی حکومت اور سلطنت ہے؟ (۲) بے جا ناز و فخر۔

لمیٹڈ (Limited)(انگ۔صف) شرکتِ محدود۔ وہ کمپنی جس کے حصّے داروں کی ذمّے داری محدود ہوتی ہے۔

ل۔ن

لن (بفتح اوّل)(ع۔حرف نفی) نہ۔ مت۔ ہرگز۔

لن ترانی (قرآن کی ایک آیت کا جزو)(۱) "تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا" خُدا کا جواب حضرت موسیٰؑ کو جب انہوں نے اُسے دیکھنے کی خواہش کی (۲) (اُر۔ا۔مث) خودستائی۔ تعلّی۔ انانیت۔ شیخی۔ ڈینگ۔ جمع: لن ترانیاں۔ ترانیوں۔

لن ترانی کرنا (کی لینا) (اُر۔محاورہ) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ دُون کی لینا۔

لن ترانیاں (ع۔ا۔مث) شیخیاں۔ ڈینگیں۔ تعلّیاں۔

لنبا (لَم۔با)(ہ۔صف) دیکھیے لمبا۔

لنبان (لَم۔بان) دیکھیے لمبان۔

لنبائی (لَم۔با۔ای)(ہ۔ا۔مث) دیکھیے لمبائی۔

لِنٹل (Lintel)(انگ۔ا۔مذ) بے ڈاٹ کی چھت۔

لُنج (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(ف۔صف) ہاتھ پاؤں سے معذور۔ لنگڑا لولا۔

لُنج مُنج (اُر۔صف) لنگڑا۔ لُنجا۔

لُنجا (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(اُر۔صف۔وا۔مذ) لُنج۔ لنگڑا لولا۔ ہاتھ پاؤں سے معذور۔ جمع: لُنجوں۔ لُنجے۔

لنجھاڑا (لنجھیڑا) (لَن۔جھا۔ڑا)(لَن۔جھے۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) دُنیا کے بکھیڑے۔ دُنیاوی تعلّقات۔

لنچ (Lunch)(انگ۔ا۔مذ) دوپہر کا کھانا۔ حاضری۔ چاشت کا کھانا۔

لُنڈ (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔صف)(۱) سر کٹا ہوا دھڑ۔ بے سر کا تڑپتا ہوا جسم (۲) کٹا ہوا (۳) بن پتوں اور بن شاخوں کا درخت۔ سُوکھا ٹھنٹھ۔

لُنڈ مُنڈ (اُر۔صف)(۱) وہ شخص جس کا سر، ڈاڑھی اور مونچھیں مُنڈی ہوئی ہوں۔ صفاچٹ (۲) بن پتوں اور بن شاخوں کا درخت (۳) مُفلس۔ تنگ دست۔ بے سروسامان۔

لنڈا (اُر۔صف)(۱) دُم بُریدہ۔ لنڈورا۔ دُم کٹا (۲) وہ درخت جس میں شاخیں اور پتے نہ ہوں (۳) بےکس۔ بے یار و مددگار۔ وہ شخص جس کا کوئی ساتھی نہ ہو۔

لنڈ گری (لنڈ۔گ۔ری)(ہ۔ا۔مث) کو کھنی۔ قلابازی۔

لنڈگری (لنڈگریاں) کھانا (اُر۔محاورہ) قلابازی کھانا۔ گر کر لوٹ پوٹ ہو جانا۔

لنڈورا (لنڈو۔را)(ہ۔صف)(۱) دُم بُریدہ۔ لنڈا۔ دُم کٹا (۲) بے یار و مددگار۔ بےکس۔ جمع: لنڈوروں۔ لنڈورے۔

لنڈوری (لنڈو۔ری)(ہ۔صف) لنڈورا کی تانیث۔ جمع: لنڈوریاں۔ لنڈوریوں۔

لنڈوری فاختہ (اُر۔ا۔مث) وہ عورت جس کا کوئی سہارا نہ ہو۔

لنڈھانا (لنڈھا۔نا)(ہ۔مص) اُوندھانا۔ بہانا۔ کسی رقیق چیز کو برتن سے زمین پر گرانا۔

لُنڈھکنا (لنڈھک۔نا)(ہ۔مص)(۱) گر جانا (۲) مرجانا (۳) لُڑھکنا۔

لنڈھنا (لنڈھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) بہنا (۲) لُڑھکنا۔ غلطیدہ ہونا۔

لنڈی (ہ۔ا۔مث) حقارت کا کلمہ عورت کے واسطے۔

لنڈی (اُر۔صف) لنڈوری۔ لنڈا کی تانیث۔

لنک (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ڈھیر۔ انبار۔ تودہ (۲)(ہ۔ا۔مث) باگ۔ عنان (۳) میان۔ کمر۔

لنک لگنا (ہ۔محاورہ) انبار لگنا۔ ڈھیر لگنا۔

لنکا میں جو چھوٹا سو باون گز کا (اُر۔مثل) چھوٹے سے بڑے تک سب بُری عادتوں میں مُبتلا ہیں۔

لنگ (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ف۔صف) لنگڑا۔ لولا۔ اپاہج (۲)(ف۔ا۔مذ) لنگڑاپن۔ پاؤں کا نقص۔

لنگ کرنا (اُر۔محاورہ) لنگڑانا۔ کسی نقص کے باعث پُورا پاؤں زمین پر نہ لگنا۔

لنگ (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) قطار۔ صف۔ سلسلہ (۲) طرف۔ جانب۔ سمت۔ سِرا۔ کنارہ (۳) دیوار۔ قنات۔ اوٹ۔ پردہ (۴) دھوتی کا کولا یا پلّا۔

لِنگ (بکسرِ اوّل)(نون غنّہ)(س۔ا۔مذ) عضوِ تناسل۔

لُنگ (بضمِ اوّل)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) گھٹنوں تک تہ بند۔ لنگوٹی۔

لنگارا (لنگاڑا) (لنگا۔را)(لنگا۔ڑا)(ہ۔صف)(۱) بے حیا۔ بے شرم۔ ڈھیٹ (۲) لُچّا۔ لفنگا۔ شُہدا (۳) شریر۔ بدمعاش (۴) فسادی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لنگر (بفتح اول و سوم)(نون غنّہ)(ف-ا-مذ)(۱) جہاز یا قافلے کا ٹھہراؤ (۲) بحری جہازوں کو اپنی جگہ پر قائم رکھنے والا ایک بھاری آہنی آنکڑا جو سمندر کی تہہ میں پیوست ہو جاتا ہے جس سے جہاز حرکت نہیں کر سکتا (۳) وہ جگہ جہاں روزانہ فقیروں کو کھانا تقسیم ہو (۴) وہ کھانا جو فقرا کو دیا جاتا ہے (۵) بڑے آدمیوں کا باورچی خانہ (۶) خیمہ کھڑا کرنے کا موٹا رسّا (۷) پہلوانوں کا لنگوٹ (۸) دھڑ کے نیچے کا حصّہ۔ کولھے۔ چوتڑ (۹) بوجھ۔ وزن (۱۰) گھنٹے کا ٹھکن۔ پنڈولم (۱۱) لمبا بخیہ۔ اُردو جمع: لنگر۔ لنگروں۔

لنگر اُٹھانا (اَر-محاورہ) جہاز کا لنگر کھینچ لینا۔ جہاز روانہ کرنا۔

لنگر بانٹنا (اَر-محاورہ) لنگر کا کھانا غریبوں میں تقسیم کرنا۔

لنگر باندھنا (اَر-محاورہ)(۱) لنگوٹ باندھنا (۲) مجامعت سے پرہیز کرنا۔

لنگر بٹنا (اَر-محاورہ) غربا میں روزانہ مفت کھانا تقسیم ہونا۔

لنگر توڑنا (اَر-محاورہ) پہلوان کا اپنے حریف کو زمین پر سے اُٹھا لینا۔ شکست دینا۔

لنگر جاری کرنا (اَر-محاورہ) روزانہ خیرات تقسیم کرنا۔

لنگر خانہ (اَر-ا-مذ) مساکین و فقرا کے لئے روزمرہ کھانا تقسیم ہونے کی جگہ۔ خیرات خانہ (۲) باورچی خانہ۔ رسوئی۔

لنگر ڈالنا (اَر-محاورہ)(۱) جہاز یا کشتی کو کنارے پر ٹھہرانا (۲) ٹھہرنا۔ قیام کرنا (۳) بوجھ ڈالنا (۴) مجرم کے پاؤں میں زنجیر ڈالنا (۵) دُور دُور بخیہ کرنا۔

لنگر کا بوجھ (اَر-ا-مذ) بہت وزنی۔

لنگر کا ٹکڑا (اَر-ا-مذ) خیرات کا کھانا۔ بھیک۔

لنگر کرنا (اَر-محاورہ) جہاز کو ٹھہرانا۔

لنگر گاہ (ف-اَر-ا-مث) بندرگاہ۔ جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ۔

لنگر لنگوٹ (اَر-ا-مذ) پہلوانوں کا لنگوٹ۔

لنگر لنگوٹا باندھنا (کَسنا) (اَر-محاورہ) کشتی لڑنے کو تیار ہونا۔

لنگر لنگوٹا دینا (لنگر لنگوٹا آگے رکھنا) (اَر-محاورہ) کسی پہلوان کی شاگردی اختیار کرنا۔

لنگر ہونا (اَر-محاورہ) جہاز یا کشتی کا کنارے پر ٹھہرنا۔

لنگروا (لَنگر-وا)(نون غنّہ)(ہ-صف) بے حیا۔ بے غیرت (۲) لُچّا۔ لفنگا۔

لنگری (لَنگ-رِی)(ف-صف)(۱) لنگر سے منسوب جیسے لنگر کا کھانا (۲) (مذ) ایک قسم کا بڑا طشت (۳) وہ شخص جو محتاج خانے میں مساکین و غربا کو کھانا تقسیم کرے (۴)(مث) پان رکھنے کی چھوٹی گہری تھالی۔ لگنی (۵) وہ اُتھلی تھالی جس میں لنگر کا کھانا تقسیم کرتے ہیں۔

لنگڑ (بفتح اول و سوم)(نون غنّہ)(اَر-ا-مذ) وہ پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا جسے بچے ڈور میں باندھ کر آپس میں لڑاتے ہیں اور اس سے کٹے ہوئے پتنگ بھی لوٹتے ہیں۔ (پن) کانٹی۔ جمع: لنگڑ۔ لنگڑوں۔

لنگڑا (لنگ-ڑا)(اَر-صف)(۱) ایک ٹانگ سے معذور۔ اپاہج۔ پاشکستہ (۲) بودا۔ کمزور (۳)(اَر-ا-مذ) ایک مشہور آم۔ جمع: لنگڑوں۔ لنگڑے۔

لنگڑانا (لنگ-ڑا-نا)(ہ-مص) لنگ کرنا۔ پاؤں میں نقص ہونا۔ پورا پاؤں ٹھیک کر نہ چلنا۔

لنگڑی (لنگ-ڑی)(ہ-صف) لنگڑا کی تانیث۔

لنگڑی کا درد (اَر-ا-مذ) دیکھئے عرق النساء۔

لنگڑی کتو آسمان پر گھونسلا (اَر-مثل) اپنی لیاقت سے بڑھ کر کام کرنا۔

لنگوا فرینکا (Lingua Franca) (انگ-ا-مث) ایک مصنوعی زبان جو مختلف زبانوں کا ملغوبہ ہے۔

لنگوٹ (بفتحہ اوّل)(نون غنّہ)(واو مجہول)(ہ-ا-مذ) کاچھا۔ کم عرض کا کپڑا جو فقرا یا پہلوان باندھتے ہیں۔ جمع: لنگوٹ۔ لنگوٹوں۔

لنگوٹ بند (اَر-صف)(۱) لنگوٹ باندھے رہنے والا (۲) مُجرّد۔ عورت سے بچنے والا۔

لنگوٹ پاڑنا (اَر-محاورہ) کشتی لڑنا ترک کر دینا۔

لنگوٹ وار (اَر-صف) وہ پتنگ یا کنکوّا جس کے نیچے کی طرف رنگین مثلثی یا لمبا کاغذ لگا ہوتا ہے۔

لنگوٹ کا سچّا (اَر-صف) وہ شخص جو غیر عورت سے پرہیز کرے۔ زنا سے بچنے والا۔ پارسا۔ پرہیزگار۔

لنگوٹ کھولنا (اَر-محاورہ)(۱) مجامعت کرنا (۲) زنا کرنا۔

لنگوٹا (لنگو-ٹا)(اَر-ا-مذ) دیکھئے لنگوٹ۔ جمع: لنگوٹوں۔ لنگوٹے۔

لنگوٹی (لنگو-ٹی)(اَر-ا-مث)(۱) لنگوٹا کی تانیث (۲) چھوٹی دھوتی۔ کپڑے کا وہ چھوٹا سا ٹکڑا جس کا ایک سرا سُرین میں سے نکال کر کمر میں باندھ لیتے ہیں۔ جمع: لنگوٹیاں۔ لنگوٹیوں۔

لنگوٹی باندھے پھرنا (اَر-محاورہ)(۱) نہایت غریبی کے باعث ننگا پھرنا (۲) بچہ ہونا۔ کم سن ہونا۔

لنگوٹی بندھوا دینا (اَر-محاورہ) بالکل مُفلس و قلاش بنا دینا۔ سب کچھ لوٹ لینا۔

لنگوٹی کُھلنا (اَر-محاورہ) پردے کی دیوار گر جانا (۲) پردہ فاش ہو جانا۔

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا (اَر-محاورہ) تنگ دستی میں مزے اُڑانا۔ مُفلسی میں عیش و عشرت کرنا۔

لنگوٹی میں مست (اَر-صف) غریبی میں خوش۔ بے فکرا۔

لنگوٹے (لنگو-ٹے) (اَر-ا-مذ) (۱) لنگوٹا کی جمع (۲) لنگوٹا کی مغیّرہ صورت۔

لنگوٹے کا ڈھیلا (اَر-صف) عیّاش۔ زانی۔

لنگوٹے کا سچّا (اَر-صف) دیکھئے لنگوٹ کا سچّا۔

لنگوٹیا (لنگوٹ-یا) (اَر-صف) (۱) لنگوٹ بند (۲) بچپن کا یار۔ پُرانا اور گہرا دوست۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لنگوچا (لنگو۔چا) (ہ۔ا۔مذ) بھیڑ بکری وغیرہ کی آنت جس میں قیمہ بھر کر تلتے ہیں۔ (Sausage)۔

لنگور (بفتحِ اوّل) (نون غنّہ) (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بندر جس کا مُنہ کالا اور دُم لمبی ہوتی ہے۔ جمع: لنگور۔ لنگوروں۔

لنگوری (لنگو۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) چوری کا مال برآمد کرانے میں امداد (۲) چور پکڑوانے کا انعام (۳) گھوڑے کی ایک چال۔

لنگھانا (لنگھا۔نا) (ہ۔مص) پار اُتارنا۔ ندی یا دریا سے پار کرنا۔

لنگھن (نون غنّہ) (س۔ا۔مذ) (۱) کود پھاند۔ چھلانگ (۲) پار اُترنا۔ دریا عبور کرنا (۳) روزہ۔ فاقہ۔

لنگھنا (لنگھ۔نا) (نون غنّہ) (ہ۔مص) پار ہونا۔ عبور کرنا۔ اُلانگھنا۔ پھلانگنا۔

لنگی (بفتحِ اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) پیشاب۔ بول۔ مُوت۔

لُنگی (بضمِ اوّل) (نون غنّہ) (اُر۔ا۔مث) (۱) تہ بند۔ دھوتی (۲) سر سے باندھنے کی رنگین دھاری دار پگڑی۔ جمع: لنگیاں۔ لنگیوں۔

لُنیا (لُن۔یا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قوم جس کا پیشہ کنوئیں کھودنا اور دیوار بنانا ہے۔

ل۔و

لَو (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) شُعلہ۔ لپٹ۔ بھبُوکا۔ لاٹ (۲) دھیان۔ توجّہ۔ خیال۔ یکسُوئی (۳) آس۔ اُمید۔ توقّع (۴) شوق۔ محبت (۵) کان کی نچلی۔ کان کے نیچے کے رُخ کی نوک۔ کچیا۔ جمع: لوویں۔ لویں۔

لو اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) شُعلے کا بلند ہونا۔ لاٹ نکلنا۔

لو بجھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شُعلہ فرو ہونا (۲) خواہش مٹنا۔

لو بھڑکنا (اُر۔ محاورہ) چراغ میں تیل ختم ہونے پر شُعلے کا بھڑک اُٹھنا۔

لو دینا (اُر۔ محاورہ) شُعلہ نکلنا۔ بے حد چمک دکھانا۔

لو لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) تصوُّر باندھنا۔ خیال باندھنا۔ توجّہ دینا۔ رجوع ہونا۔ ہر وقت دھیان لگانا (۲) عشق کرنا۔ دل لگانا۔ عاشق ہونا (۳) خواہش کرنا۔ آرزُو مند ہونا۔

لو لگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تصوُّر بندھنا۔ خیال بندھنا۔ توجّہ ہونا۔ رجوع ہونا (۲) عبادت یا ذِکرِ خُدا میں مصروف ہونا (۳) خواہش ہونا۔ اِشتیاق ہونا (۴) اُمید بندھنا۔ آس بندھنا (۵) تپش لگنا۔ لپٹ لگنا (۶) بار بار نام لینا۔ دیر تک ذِکر کیے جانا۔

لَو (بفتحِ اوّل) (ع۔ حرفِ شرط) اگر۔

لو فرضنا (لو۔ف۔رَض۔نا) (ع۔ تابع فعل) اگر ہم نے فرض کیا۔ بالفرض۔ فرض کرو۔

لولاک (ع۔ تلمیح) حدیث قُدسی لَولَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ کی طرف اشارہ ہے یعنی اگر تیری (رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی) ذات نہ ہوتی تو میں (اللہ) آسمانوں (کائنات) کو پیدا نہ کرتا۔

لو (واو مجہول) (اُر۔ مصدر لینا سے امر کا صیغہ) (۱) پکڑو۔ سنبھالو (۲) کسی شخص کو اپنی طرف مُخاطب کرنے کا کلمہ۔ سنو۔ دیکھو۔ خیال کرو (۳) کلام کو خوبصورت بنانے کا کلمہ۔ تحسین کلام کا کلمہ (۴) تعجب کا کلمہ۔ واہ! کیا خوب!

لو اور تماشا دیکھو (اُر۔ روزمرّہ) حیرت انگیز بات ظاہر کرنے پر کہتے ہیں۔

لو اور سنو (اُر۔ روزمرّہ) دیکھیے لو اور تماشا دیکھو۔

لو جی (صاحب) (اُر۔ روزمرّہ) تعجب اور حیرت کے مقام پر کہتے ہیں۔

لُو (بضمِ اوّل) (ہ۔ا۔مث) وہ گرم ہوا جو موسمِ گرما میں چلتی ہے۔ بادِ سَموم۔

لُو چلنا (اُر۔ محاورہ) گرم ہوا چلنا۔

لُو لگنا (اُر۔ محاورہ) گرم ہوا کا اثر ہونا۔ گرم ہوا لگنے سے بیمار ہو جانا۔

لوا (ل۔وا) (ہ۔ا۔مذ) بٹیر کی قسم کا ایک چھوٹا سا پرندہ جو جھاڑیوں میں رہتا ہے۔

لِوا (لِ۔وا) (ع۔ا۔مذ) عَلَم۔ جھنڈا۔ فوج کا نشان۔

لواحِق (لَ۔وا۔حِق) (ع۔ا۔مذ) لاحِق اور لاحِقہ کی جمع (۱) متعلقین۔ رشتے دار۔ بھائی بند (۲) نوکر چاکر۔

لواحِقین (ع۔ا۔مذ) لواحق کی جمع۔

لوارا (لَ۔وا۔را) (ہ۔ا۔مذ) گوسالہ۔ بچھڑا۔ گائے کا بچّہ۔

لوازِم (لَ۔وا۔زِم) (ع۔ا۔مذ) لازم اور لازمہ کی جمع۔ ضروری چیزیں۔ اَسباب۔

لوازِمات (لَ۔وا۔زِ۔مات) (ع۔ا۔مذ) لوازم کی جمع۔

لوازِمَہ (لَ۔وا۔زِ۔مَہ) (اُر۔ا۔مذ) لازمہ کی غلط جمع۔

لِواطَت (لِ۔وا۔طَت) (ع۔ا۔مث) اِغلام۔ لڑکوں کے ساتھ بدفعلی۔

لِوا لانا (اُر۔ محاورہ) جا کر اپنے ساتھ لانا۔

لوامِع (لَ۔وا۔مِع) (ع۔ا۔مذ) لامع کی جمع۔

لَوّامَہ (لَو۔وا۔مَہ) (ع۔ اِسمِ مُبالغہ) (۱) سخت ملامت کرنے والا (۲) نفس کی ایک قسم جو اِنسان کو بُرے کام کرنے پر ملامت کرتی ہے۔

لِوانا (لِ۔وا۔نا) (ہ۔مص) لینا کا متعدی المتعدی (۱) خرید کروانا۔ مول لے دینا (۲) اُٹھوانا (۳) بدلوانا۔

لوائِح (لَ۔وا۔ئِح) (ع۔ا۔مذ) لائحہ کی جمع۔

لوبان (لو۔بان) (واو مجہول) (ف۔اُر۔ا۔مذ) ع: کُبان کا مفرس یا مُوَرّد۔ ایک قسم کا گوند جو آگ پر رکھنے سے خوشبُو دیتا ہے۔

لوبھ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حرص۔ لالچ۔ طمع (۲) تمنّا۔ آرزُو (۳) کنجُوسی۔

لوبھ کرنا (ہ۔مص مُرکّب) لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔ حرص کرنا۔

لوبھی (لو۔بھی) (واو مجہول) (ہ۔صف) حریص۔ لالچی۔ طامع۔

لوبیا (لوب۔یا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) ماش کی قسم کا پودا جس کی کچّی پھلیوں اور دانوں کو پکا کر کھاتے ہیں۔ (پنج) رُواں۔

لوپ (س۔صف) (واو مجہول) (۱) مخفی۔ پوشیدہ۔ چُھپا ہوا (۲) نیست و

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نابود۔ معدوم۔

لوٹنا (لوپ۔نا) (ق۔مص) بہلانا۔

لوتھ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) لاش۔ مُردہ جسم۔

لوتھ پڑنا (ہ۔محاورہ) مُردہ ہو کر گرنا۔

لوتھ پوتھ (واو مجہول) (ہ۔صف) تھک کر چُور۔ مُردہ جسم کی طرح۔

لوتھ ڈالنا (ہ۔محاورہ) مار کر گرا دینا۔ لاش ڈال دینا۔

لوتھڑا (لوتھ۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا جس میں ہڈی نہ ہو۔ مُضغہ۔ پارچہ۔ منجمد خون کا ٹکڑا۔ جمع: لوتھڑوں۔ لوتھڑے۔

لوٹ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) لوٹنی۔ لوٹھکنی۔ غلطیدگی (۲) کروٹ۔ پہلو (۳) (صف) عاشق۔ مفتوں۔ فریفتہ۔

لوٹ پوٹ (اَر۔صف) (۱) لوٹنیاں کھاتا ہوا۔ لڑھکتا پھڑکتا (۲) عاشق۔ فریفتہ۔ مفتون۔ مُضطر۔ بے قرار (۳) اُوپر تلے۔ اُلٹ پلٹ۔

لوٹ پوٹ ہو جانا (ہونا) (اَر۔محاورہ) (۱) تڑپ جانا۔ پھڑک جانا (۲) فریفتہ ہونا (۳) تڑپ کر مر جانا۔ دفعتہً مر جانا۔

لوٹ جانا (لوٹ ہو جانا۔ لوٹ ہونا) (اَر۔محاورہ) (۱) لوٹھکنیاں کھانے لگنا۔ زمین پر لوٹنے لگنا (۲) غش آجانا (۳) مر جانا (۴) عاشق ہو جانا (۵) بے قرار ہو جانا۔ تڑپ جانا (۶) مُکر جانا۔ اِنکار کرنا۔ پھر جانا۔ برگشتہ ہو جانا (۷) اَزحد خوش ہونا۔ بہت پسند کرنا (۸) للچانا۔ ریجھنا (۹) قربان ہونا۔ تصدّق ہونا۔ صدقے ہونا۔

لوٹ لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) لوٹھکنا (۲) مچلنا۔ ضد کرنا۔

لوٹ ہو جانا (اَر۔محاورہ) (۱) کسی چیز کے حُسن و خوبی کو دیکھ کر وجد میں آ جانا (۲) عاشق ہونا (۳) کمال اِشتیاق ہونا۔

لُوٹ (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) دُوسرے کے مال پر ناجائز قبضہ۔ زبردستی قبضہ۔ غارت گری۔ تاراج۔ چھینا جھپٹی (۲) ظلم۔ اَندھیر (۳) موج۔ لہر۔

لُوٹ پر کمر باندھنا (اَر۔محاورہ) لُوٹ مار کا پیشہ اِختیار کرنا۔

لُوٹ پڑنا (مچنا) (اَر۔محاورہ) لُوٹ مار ہونا۔ غارت گری ہونا۔ ظلم ہونا۔ اَندھیر ہونا۔

لُوٹ ڈالنا (مچانا) (اَر۔محاورہ) زبردستی کرنا۔ غارت گری کرنا۔ کُھلم کُھلا مال مارنا۔

لُوٹ کا مال (اَر۔ا۔مذ) (۱) مالِ غنیمت (۲) چوری کا مال۔ ناجائز حاصل کیا ہوا سامان (۳) مُفت کا مال (۴) نہایت سستا مال۔

لُوٹ کھانا (اَر۔مص مُرکّب) کسی کا مال زبردستی لے لینا۔

لُوٹ کھسوٹ (مار) (دُوسرا واو مجہول) (اَر۔ا۔مث) غارت گری۔ ڈاکا۔ قزاقی۔ راہ زنی۔

لُوٹ کے مُوسل بھی بھلے (اَر۔مثل) مُفت میں ادنیٰ چیز بھی مِل جائے تو غنیمت ہے۔

لُوٹ لائے کُوٹ کھائے (اَر۔مثل) مُفت کا مال حاصل کیا اور مزے اُڑائے۔

لُوٹ لینا (اَر۔محاورہ) (۱) مال چھین لینا (۲) موہ لینا۔ عاشق کر لینا (۳) چوری کر لینا۔ مال مار لینا (۴) تباہ و برباد کر دینا۔

لُوٹ میں پڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) لُوٹا جانا (۲) لُوٹ مار میں مصروف ہونا۔

لُوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے (اَر۔مثل) مُفت میں جو بھی مِل جائے وہی اچھا ہے۔

لوٹا (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا ٹونٹی والا برتن۔ آفتابہ۔ بڑی لُٹیا۔ جمع: لوٹوں۔ لوٹے۔

لوٹا اُٹھانا (لوٹا رکھنا) (اَر۔محاورہ) ادنیٰ درجے کی نوکری کرنا۔

لوٹا سجّی (لوٹن سجّی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی سفید یا گلابی رنگ کی کھار۔

لُوٹا کُوٹ (لُو۔ٹا۔کُوٹ) (ہ۔ا۔مث) (۱) لوٹ مار۔ قزاقی۔ راہ زنی۔ غارت گری (۲) اَندھیر۔ ظلم۔

لَوٹانا (لَو۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) (۱) واپس کرنا۔ پھیرنا (۲) اُوپر تلے کرنا۔ نیچے کا اُوپر اور اُوپر کا نیچے کرنا۔

لَوٹ پَوٹ (اَر۔ا۔مث) (اہلِ مطابع کی اِصطلاح) دو رُخی چھپائی۔ دو پُشتہ چھپائی۔

لوٹتا پھرنا (واو مجہول) (اَر۔محاورہ) تڑپتے پھرنا۔ زمین پر لوٹھکتا پھرنا۔

لُوٹم لاٹ (لُو۔ٹم۔لاٹ) (ہ۔ا۔مث) ایک دُوسرے کو لُوٹنا۔

لوٹن (لو۔ٹن) (واو مجہول) (ہ۔صف) لوٹنے والا۔ پھڑکنے والا۔ تڑپنے والا۔

لوٹن کبوتر (اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کے سر پر ہاتھ پھیر کر چھوڑ دینے سے وہ لوٹنیاں کھانے لگتا ہے۔ قلابازیاں کھانے والا کبوتر۔

لَوٹنا (لَوٹ۔نا) (ہ۔مص) (۱) واپس ہونا۔ پھرنا۔ ہٹنا۔ واپس پھرنا (۲) اُلٹنا۔ پلٹنا۔ رُخ بدلنا۔

لوٹنا (لوٹ۔نا) (واو مجہول) (ہ۔مص) (۱) لوٹھکنا۔ کروٹیں بدلنا (۲) مچلنا۔ بچے کا ضد کرنا (۳) پھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ تلملانا۔ بے چین ہونا (۴) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۵) پاؤں پر گر پڑنا (۶) وجد میں آنا۔ رقص کرنا۔ نہایت خوش ہونا (۷) اَزحد پسند کرنا۔

لُوٹنا (لُوٹ۔نا) (واو معروف) (ہ۔مص) (۱) لُوٹ کھسوٹ کرنا۔ غارت کرنا۔ زبردستی چھین لینا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) عاشق کرنا۔ شیدا کرنا (۴) مال مارنا۔ غبن کرنا (۵) حاصل کرنا (مزہ، لُطف وغیرہ کے ساتھ)۔

لوٹنی (لوٹ۔نی) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) قلابازی۔ لوٹھکنی (۲) صاف جواب۔ بالکل اِنکار۔ جمع: لوٹنیاں۔ لوٹنیوں۔

لوٹنی لینا (اَر۔محاورہ) بالکل اِنکار کرنا۔ صاف مُکر جانا۔ بے ایمانی کرنا۔

لوٹنیاں کھانا (اَر۔محاورہ) تڑپنا۔ قلابازیاں کھانا۔ بے قرار ہونا۔ پھڑکنا۔

لَوٹھا (لَو۔ٹھا) (ہ۔صف) ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ مُسٹنڈا۔

لَوٹھی (لَو۔ٹھی) (ہ۔صف) لَوٹھا کی تانیث۔

لوٹے (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لوٹا کی جمع (۲) لوٹا کی بدلی ہوئی شکل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لوٹے اُٹھوانا (اُر۔ محاورہ) ذلیل کام لینا۔
لوٹے ڈالنا (اُر۔ محاورہ) غُسل کرنا۔
لوٹے میں نمک ڈالنا (اُر۔ محاورہ) عہد کرنا۔ جب دو آدمی کوئی عہد کرتے ہیں تو پانی کے لوٹے میں نمک ڈال کر کہتے ہیں کہ جو عہد توڑے وہ نمک کی طرح گُھل جائے۔
لوث (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) آمیزش۔ ملاوٹ (۲) آلودگی (۳) داغ۔ عیب۔
لوچ (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) چیپ۔ لیس (۲) نرمی۔ مُلائمت۔ نزاکت۔ لچک۔
لوچ دار (اُر۔ صف) لیس دار۔ مُلائم۔ نازک۔ لچک دار۔
لوچڑا (لوچ۔ ڑا) (ہ۔ صف) نامرد۔ بودیسا۔
لوچن (لو۔ چن) (س۔ ا۔ مذ) آنکھ۔ دیدہ۔ چشم۔
لوح (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) لکھنے کی تختی (۲) قبر کے سرہانے کا پتھر یا سِل (۳) سرورق۔ ٹائیٹل پیج۔ سرنامہ۔ عنوان (۴) وہ بیل بوٹے جو کسی کتاب کے شروع میں بنا دیتے ہیں۔ جمع: اَلواح۔
لوحِ پیشانی (جبیں) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ماتھا۔ پیشانی۔
لوحِ تُربت (لوحِ قبر۔ لوحِ مرقد۔ لوحِ مزار) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) قبر کے سرہانے کا پتھر جس پر تاریخ وفات وغیرہ لکھی جاتی ہے۔
لوحِ زَبر جَد (ع۔ ف۔ ا۔ مث) تورات جو قرآن شریف کے نازل ہونے کے بعد منسوخ ہوگئی ہے۔
لوحِ سیمیں (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) چاندی کی تختی (۲) (کنایۃً) معشوق کا پیٹ اور پیشانی۔
لوحِ طِلسم (ع۔ ف۔ ا۔ مث) وہ تختی جس میں طلسم کے کھولنے کا طریق اور حقیقت کندہ کرکے دفن کر دیتے ہیں۔
لوحِ محفوظ (ع۔ ا۔ مث) وہ تختی جس پر خُدا نے دُنیا میں ہونے والے ہر فعل کی نسبت اِبتدا سے اِنتہا تک لکھ رکھا ہے اور اِس میں ردوبدل نہیں ہوسکتا۔
لوحِ مشق (ع۔ ا۔ مث) (۱) تختۂ مشق۔ وہ تختی جس پر بچّے مشق کرتے ہیں (۲) وہ چیز جو کثرت سے اِستعمال میں آئے (۳) زیرِ مشق۔
لوح نویس (ع۔ ف۔ صف۔ وا۔ مذ) نقاش۔ مصوّر۔ کتابوں کا سرورق بنانے والا۔
لوح و قلم (ع۔ ا۔ مذ) (۱) تختی اور خامہ (۲) خُدا کے اَحکام کی تختی اور اُن کو لکھنے کا قلم۔
لوحَشَ اللہ (ع۔ کلمۂ تحسین) لا اَوحَشَ اللہ (خدا وحشت نہ دے) کا مُخفّف۔ تعظیم و اِستعجاب کے موقع پر بطور کلمۂ تحسین اِستعمال کرتے ہیں۔
لودھ (لوڈھرا) (لودھ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی بُوٹی جو رَنگنے کے کام آتی ہے۔ لودھ درخت کی چھال جو دوا کے طور پر اِستعمال ہوتی ہے۔
لودھا (لو۔ دھا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک نومُسلم فرقہ۔
لودھی (لودی) (لو۔ دھی) (لو۔ دی) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
لوڈ (Load) (انگ۔ ا۔ مذ) بوجھ۔ بھار۔ وزن۔
لوڈو (Ludo) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا کھیل جس میں پاسا اِستعمال ہوتا ہے۔
لوذ (بفتح اوّل) (ع۔ ا۔ مث) پناہ۔ پناہ گیری۔
لوذعی (لو۔ ذ۔ عی) (ع۔ صف) نہایت عقل مند۔ دانا۔ زود فہم۔
لورا (لو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) آوارہ مرد۔
لوری (لو۔ ری) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) ہلکی آواز کے سُریلے گیت جو عورتیں بچّوں کو سُلانے یا بہلانے کے لئے آہستہ آہستہ گاتی ہیں۔ جمع: لوریاں۔ لوریوں۔
لوری دینا (اُر۔ محاورہ) بچّے کو سُلانے یا بہلانے کے لئے گیت گانا۔
لوڑ (لوڑھ) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) ضرورت۔ خواہش۔ حاجت۔ چاہ۔
لوڑنا (لوڑ۔ نا) (واو مجہول) (ق۔ مص) طلب کرنا۔ چاہنا۔ تلاش کرنا۔
لوڑھنا (لوڑھ۔ نا) (واو مجہول) (ہ۔ مص) کپاس سے بیج علیحدہ کرنا۔
لوڑھی (لو۔ ڑھی) (ہ۔ ا۔ مث) کالی دیوی کا تہوار۔
لوڑیا پشت (ق۔ ا۔ مذ) گاؤ تکیہ۔
لوڑیجنا (لو۔ ڑیج۔ نا) (ق۔ مص) لازم ہونا۔ فرض ہونا۔
لوز (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بادام (۲) ایک مثلثی وضع کی تراشی ہوئی مٹھائی۔
لوزیات (لوز۔ یات) (ع۔ ا۔ مث) بادام کی مٹھائیاں۔
لوزینہ (لو۔ زی۔ نہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بادام کا حلوا (۲) ایک قسم کی مٹھائی جس میں بادام ڈالتے ہیں۔
لوس (ہ۔ ا۔ مث) جلن کی بُو۔ سالن وغیرہ جل جانے کی بُو۔
لوس لگنا (ہ۔ محاورہ) سالن وغیرہ میں داغ لگ جانا۔
لوط (ع۔ ا۔ مذ) ایک مشہور پیغمبر جو حضرت اِبراہیمؑ کے بھتیجے تھے اور جنھیں خُدا نے ملک شام کے شہر سدوم کے لوگوں کی ہدایت کے لئے بھیجا تھا۔ اُن کی قوم امرد پرست تھی۔ (لغوی معنی: غلاف۔ پردہ)۔
لوطی (لو۔ طی) (ع۔ صف) (۱) لوط پیغمبرؑ کی قوم (۲) (مجازاً) اِغلام کرنے والا۔
لوفر (Loafer) (انگ۔ ا۔ مذ) کھلنڈرا۔ آوارہ۔ وقت برباد کرنے والا۔
لوک (واو مجہول) (س۔ ا۔ مذ) (۱) اِنسان۔ آدمی۔ بشر۔ لوگ۔ عوام (۲) عالمِ اَرواح (۳) دُنیا۔ عالَم۔ جہان (۴) نیچے کا طبقہ۔ تحتُ الثریٰ۔
لوک آچار (لوک بیوہار) (ہ۔ ا۔ مذ) ملکی رسُوم۔ مُلک کا دستور۔
لوک پال (ہ۔ ا۔ مذ) پروردگارِ عوام۔ راجا۔ بادشاہ۔
لوک سبھا (ہ۔ ا۔ مث) عوامی محفل۔ بھارت کی قومی اسمبلی۔ ایوانِ زیریں۔
لوک کہانیاں (ہ۔ ا۔ مث) وہ عوامی اَفسانے جو سینہ بہ سینہ چلے آتے ہیں اور جن کے مصنف نامعلوم ہیں۔ (Folk Lore)۔
لوک گیت (ہ۔ ا۔ مذ) ایسے گیت جو کسی مُلک کے عوام قومی تہواروں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میلوں ٹھیلوں اور دیگر تقریبات میں گاتے ہوں اور جن کے مصنف نامعلوم ہوں۔ ان گیتوں سے کسی قوم کے تہذیب و تمدن، رَسم و رواج اور مذہبی عقائد کا پتا لگایا جا سکتا ہے۔(Folk Songs)۔

لوک ناتھ (س۔ا۔مذ) لوگوں کا سردار (۱) راجا۔ بادشاہ (۲) شِو۔ برہما۔ وشنو۔

لوک ناچ (ہ۔ا۔مذ) عوام کے قدیم ناچ جو کسی رَسم یا تیوہار سے تعلق رکھتے ہوں۔(Folk Dance)۔

لُوکا (لو۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لاٹ۔ لو۔ لپٹ۔ آگ کا شعلہ (۲) جلتی ہوئی لکڑی۔

لُوکا لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) آگ لگانا۔ جلانا۔ جُھلسنا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا (۳) چغلی کھانا۔ اِدھر کی بات اُدھر لگانا۔

لُوکا لگے (اُر۔دُعائے بد۔عو) آگ لگے۔ غارت ہو۔

لوکاٹ (انگ۔ا۔مذ) (Loquat) ناشپاتی کی شکل کا ایک کھٹ مٹھا زرد رنگ کا پھل جس کا وطن چین اور جاپان ہے۔

لوکارِتم (لو۔کار۔ِتم)(ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا حساب جو حساب کے پھیلاؤ کو بہت مختصر کر دیتا ہے۔

لوکا لوک (لوکا۔لوک)(س۔ا۔مذ) پہاڑوں کا وہ فرضی سلسلہ جو تمام دُنیا کے گرد حد کے طور پر خیال کیا گیا ہے۔

لوکڑا (لوک۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) لڑکا۔ طِفل۔ (خصوصاً وہ لڑکا جو مندر میں کسی دیوی کی خدمت پر مامور ہو)۔

لوکل (Local) (انگ۔صف) مقامی۔ کسی خاص مقام سے متعلق۔

لوکل سیلف گورنمنٹ (Local Self-Government) (انگ۔ا۔مث) مقامی حکومت خود اِختیاری۔ ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل کمیٹیاں۔ بلدیات۔

لوکنا (لوک۔نا)(ہ۔مص) بجلی چمکنا۔

لوکھڑی (لوکھ۔ڑی)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) لومڑی۔

لوکی (لو۔کی)(ہ۔ا۔مث) کدو۔ لمبا گھیا۔

لوگ (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) بنی نوع اِنسان۔ بہت سے آدمی۔ اَشخاص۔ خلقت۔ جمع: لوگ۔ لوگوں۔

لوگ باگ (ہ۔ا۔مذ) عوام۔ عام لوگ۔

لوگ لُگائی (ہ۔ا۔مذ) مرد و عورت۔ مرد و زن۔

لوگو! (ہ۔ا۔مذ) لوگ کی جمع بحالتِ ندا۔

لُولا (لو۔لا)(ہ۔صف)(۱) جس کے ہاتھ پیر نہ ہوں (۲) پیروں سے اپاہج۔ لنگڑا (۳) ٹنڈا اور لنگڑا۔ ہاتھ پاؤں سے معذور۔ اپاہج۔ لُنجا۔ جمع: لولوں۔ لولے۔

لولاسی (لو۔لا۔سی)(ہ۔ا۔مث) پھولوں کی چھڑیاں جو سالیاں دُولھا کو اُس روز مارتی ہیں جب وہ پہلی دفعہ زنانہ مکان میں جاتا ہے۔

لولاک (ع۔تلمیح) لو (ع) کے تحت دیکھئے۔

لُؤلُؤ (لو۔لو)(ع۔ا۔مذ) موتی۔ مروارید۔ گوہر۔ جمع: لآلی۔

لُولُو (لو۔لو)(ہ۔ا۔مذ) بچوں کا آلۂ تناسل۔ پُھنو۔ لُلّی۔

لُولُو (لو۔لو)(ف۔ا۔مذ) ایک فرضی ڈراؤنی چیز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں۔ ہوّا (۲) اِیران کی ایک خوبصورت قوم۔ گرجی (۳)(اُر۔صف) بے وقوف۔ اَحمق (۴) پاگل۔ سودائی۔ خبطی۔ دیوانہ۔ باؤلا۔

لُولُو بنانا (اُر۔محاورہ) اَحمق بنانا۔ پاگل بنانا۔

لُولی (لو۔لی۔لو۔لی)(ف۔ا۔مث) کنچنی۔ رَنڈی۔ ناچنے گانے والی عورت۔

لُولیٔ فلک (چرخ۔گردُوں) (ف۔ا۔مث) زُہرہ۔ ایک مشہور سیارہ۔

لَولِین (لو۔لِین)(ہ۔صف) محو۔ مستغرق۔ کسی خیال میں ڈوبا ہوا۔

لَومَت (لو۔مَت)(ع۔ا۔مث) ملامت۔

لومتِ لائم (ع۔ا۔مث) ملامت کرنے والے کی ملامت۔

لومڑی (لوم۔ڑی)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث)(۱) رُوباہ۔ بلّی کے قد کے برابر ایک جنگلی جانور (۲)(کنایۃً)(صف) عیّار۔ مکّار۔ فریبی۔ جمع: لومڑیاں۔ لومڑیوں۔

لومڑی کے شکار کو جایئے تو شیر کا سامان کر لیجئے (اُر۔مثل) معمولی کام کے لئے بھی کافی اِنتظام چاہیے۔

لَون (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) رَنگ (۲) چہرے کی رَنگت (زردی، سُرخی، سفیدی)۔

لُون (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مذ) نمک۔ کھار۔ نُون۔ (واو مجہول سے بھی صحیح ہے)۔

لُون مرچ لگانا (اُر۔محاورہ) بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ حاشیہ چڑھانا۔ بھڑکانا۔

لُونا (لو۔نا)(ہ۔صف)(۱) سلونا۔ نمکین (۲) کھاری۔ شور۔ کڑوا (۳)(ہ۔ا۔مذ) وہ کھار جو دیواروں یا زمین میں پیدا ہو جاتا ہے۔

لُونار (لو۔نار)(ہ۔ا۔مذ)(۱) شور کی زمین۔ وہ زمین جس میں کھار ہو (۲) وہ جگہ جہاں نمک بنایا جاتا ہے۔

لُونْب (واو معروف)(نُون غُنّہ)(ق۔ا۔مث) لومڑی۔

لَونبڑ (لَوں۔بڑ)(ہ۔صف)(۱) لمبا۔ طویلُ القامت (۲) اَحمق۔ بے وقوف۔

لَونجی (لَوں۔جی)(ہ۔ا۔مث) کچے آموں کی پھانکوں کا اچار۔

لَوند (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم)(نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) وہ مہینا جو ہر تیسرے سال قمری سنہ میں بڑھایا جاتا ہے تاکہ قمری اور شمسی سنہ برابر ہو جائیں۔ اس کو لوند کا مہینا کہتے ہیں (۲)(کنایۃً) زیادہ۔ فاضل۔

لَوندا (لَوں۔دا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ڈلا۔ ڈھیلا (۲) گندھی ہوئی مٹی یا مکھن وغیرہ کا ڈلا (۳) لگدی۔

لَونڈا (لَوں۔ڈا)(ہ۔ا۔مذ) لڑکا۔ چھوکرا۔ وہ لڑکا جس کے ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو (۲) بیٹا (۳) غلام (۴) کام کاج کرنے والا لڑکا (۵) بدفعلی کرانے والا لڑکا (۶)(کنایۃً) ناداں۔ ناتجربہ کار (۷) سِفلہ۔ چھچھورا۔ جمع: لونڈوں۔ لونڈے۔

لونڈاپن (ہ۔ا۔مذ)(۱) چھوکرا پن۔ لڑکپن (۲) سِفلہ پن۔ چھچھورا پن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لَونڈَر (اَنگ۔ا۔مذ) (Lavender) (۱) ایک قسم کی خوشبودار گھاس (۲) ایک قسم کا انگریزی عطر۔

لونڈوں (ہ۔ا۔مذ) لونڈا کی جمع۔

لونڈوں کھدیڑی (کھیڑی) (ہ۔صف) وہ عورت جو نوجوانوں کی تلاش میں رہے۔

لونڈوں ہائی (لونڈھائی) (ہ۔صف) لڑکوں سے صحبت رکھنے والی عورت۔

لَونڈی (لوں۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) (۱) کنیز۔ باندی (۲) خدمت کرنے والی خادمہ۔ ٹہلنی۔ جمع: لونڈیاں۔ لونڈیوں۔

لونڈی اور کے پَیر دھوئے اپنے پیر دھوتی لجائے (ہ۔مثل) اوروں کا کام کرنا مگر اپنا کام کرتے ہوئے شرمانا۔

لونڈی بچہ (اَر۔ا۔مذ) وہ شخص جو باندی کے پیٹ سے ہو۔

لونڈی کا جنا (اَر۔ا۔مذ) دیکھئے لونڈی بچہ۔

لونڈی کو لونڈی کہا رو دی' بیوی کو لونڈی کہا ہنس دی (اَر۔مثل) شریف کا حوصلہ بلند ہوتا ہے اور رذیل کا کم۔

لونڈی کی جنی (اَر۔ا۔مث) لونڈی کا جنا کی تانیث۔

لونڈی کی خوشامد سے سُسرال میں باس (اَر۔مثل) نوکروں اور خادموں کو خوش رکھنے سے مالک بھی خوش رہتا ہے۔

لونڈی ہو کے کمانا بیوی ہو کے کھانا (اَر۔مثل) محنت سے عار نہ کرنے والا امیرانہ زندگی بسر کرتا ہے۔

لَونڈے (لوں۔ڈے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لونڈا کی جمع (۲) لونڈا کی مغیرہ صورت۔

لونڈے لپاڑیے (اَر۔ا۔مذ) لگّی چھوکرے۔

لونڈے باز (اَر۔صف) اِغلام کرنے والا۔ بچہ باز۔ لوطی۔

لونڈے بازی (اَر۔ا۔مث) اِغلام۔ لواطت۔

لونڈے لاڑیے (اَر۔ا۔مذ) ناتجربہ کار بچے۔

لَونگ (فتحِ اوّل و سکونِ دوم) (نونِ غنہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) قرنفل۔ ایک خوش بُودار پودے کی کلی جو نہایت تیز اور خوش بُودار ہوتی ہے یہ پودا جزائرِ شرقُ الہند میں پایا جاتا ہے (۲) ناک کا ایک زیور جو لونگ کی شکل کا ہوتا ہے۔ ناک کی کیل۔

لونگ چڑے (لونچڑے) (ہ۔ا۔مذ) بیسن کی پھلکیاں۔ بیسن کی آمیزش سے بنائے ہوئے کباب۔

لَونی (لو۔نی) (اَر۔ا۔مث) لونا کی تانیث (۱) شور۔ کھار (۲) وہ نمکین مٹی جو دیواروں سے جھڑتی ہے۔

لونی لگنا (اَر۔محاورہ) دیوار میں شور لگنا۔

لَونیا (لون۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا ساگ جو نمکین اور ترش ہوتا ہے (۲) نمک بنانے والا (۳) نمک فروش۔ نمک کی سوداگری کرنے والا۔

لوہ (واو مجہول) (س۔ا۔مذ) لوہا۔ آہن۔

لوہ پھکوی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی پھٹکری۔

لوہ چُون (ہ۔ا۔مذ) لوہے کا چورا۔ برادۂ آہن۔

لوہا (لو۔ہا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آہن۔ حدید۔ ایک سخت دھات جس سے اوزار اور ہتھیار بنائے جاتے ہیں (۲) تلوار (۳) (صف) مضبوط۔ سخت۔ بھاری۔

لوہا بجانا (اَر۔محاورہ) تیغ زنی کرنا۔ تلواروں سے لڑنا۔

لوہا برسنا (اَر۔محاورہ) تلوار چلنا۔ کشت و خون ہونا۔ جنگ ہونا۔

لوہا تیز ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) تلوار یا چھری کا تیز ہونا (۲) قابو چلنا۔ زور چلنا (۳) خفا ہونا۔ بگڑنا۔ غالب ہونا۔

لوہا جانے لوہار جانے' دھونکنے والے کی بلا جانے (اَر۔مثل) اپنے معاملے کو تو فریقین ہی اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ دُوسرے کو کیا خبر۔

لوہا دینا (کرنا) (اَر۔محاورہ) کپڑے پر اِستری کرنا۔

لوہا لاٹھ (اَر۔صف) (۱) نہایت مضبوط۔ بہت سخت (۲) مُشکل قافیہ یا ردیف کے اشعار۔

لوہا لوٹ جانا (کوٹنا) (اَر۔محاورہ) (۱) تلوار کا ٹیڑھا پڑنا (۲) وار خالی جانا (۳) کام بگڑ جانا۔ نصیبہ بگڑ جانا۔

لوہا لینا (اَر۔محاورہ) (کسی سے) جنگ کرنا۔ لڑنا۔

لوہا مان جانا (ماننا) (اَر۔محاورہ) (۱) کسی کی دلیری' شجاعت یا سنگ دلی کا قائل ہونا (۲) کسی کو اپنے سے بڑا ماننا۔ کسی کی اُستادی کا قائل ہونا۔

لوہار (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) لوہے کی چیزیں بنانے والا۔ آہن گر۔ جمع: لوہار۔ لوہاروں۔

لوہار خانہ (اَر۔ا۔مذ) جس جگہ لوہار کام کرتے ہیں۔ جمع: لوہار خانوں۔ لوہار خانے۔

لوہڑی (لوہ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے لوڑھی۔

لوہو (ق۔ا۔مذ) لہُو کی قدیم صورت۔

لوہے (ہ۔ا۔مذ) لوہا کی بدلی ہوئی شکل۔

لوہے ٹھنڈے ہو گئے (اَر۔محاورہ) حوصلہ پست ہو گیا۔ اُمنگ غائب ہو گئی۔ ارادہ جاتا رہا۔

لوہے کا پانی (اَر۔ا۔مذ) تلوار کی آب۔

لوہے کا دل (اَر۔صف) نڈر۔ سخت دل۔

لوہے کی چھاتی کر لینا (اَر۔محاورہ) (۱) پتھر کا جگر کر لینا۔ دل سخت کر لینا (۲) مُصیبت جھیلنے کا خوگر ہو جانا۔

لوہے کے چنے (اَر۔ا۔مذ) سخت اور مُشکل کام۔

لوہے کے چنے چبانا (اَر۔محاورہ) سخت اور مُشکل کام کرنا۔

لوہے کے چنے چبوانا (اَر۔محاورہ) بہت مُشکل کام کروانا۔

لوہے میں ڈوبا ہونا (اَر۔محاورہ) پُوری طرح مسلح ہونا۔

لوہیا (لوہ۔یا) (ہ۔صف۔ و۔ا۔مذ) لوہے کی چیزیں بیچنے والا۔

لوئر (Lower) (اَنگ۔صف) (۱) چھوٹا۔ ادنیٰ۔ گھٹیا (۲) نچلا۔ ماتحت (۳) ابتدائی۔

لوئر کلاس (اَنگ۔ا۔مث) (۱) ابتدائی جماعت۔ چھوٹا درجہ (۲) نچلا طبقہ۔

لوئی (لو۔ای) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) اُونی چادر (۲) گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ جمع: لوئیاں۔ لوئیوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لوئی اُترنا (اَر۔ محاورہ) بے غیرت ہونا۔

لوِے (لَ۔وے)(م۔ متعلق فعل)(۱) اُوپر کو (۲) قریب۔ نزدیک۔

لوے لگنا (اَر۔ محاورہ) یقین ہونا۔ اِعتبار ہونا (۲) پاس آنا۔ قریب آنا۔

لوئیں (لَ۔ویں)(م۔ا۔مث) لو (کان کی نوک) کی جمع۔

لوئیں بکھرنا (اَر۔ محاورہ) نزع کی حالت میں کان کی لوئیں بکھر جانا۔

ل۔ہ

لَہار (لَ۔ہار)(ق۔ا۔مذ) نشہ (۲) لہر۔

لُہار (لُ۔ہار)(م۔ا۔مذ) لوہار کا مخفف۔

لِہاڑا (لِ۔ہا۔ڑا)(اَر۔صف) نادہند۔ لین دین کا کھوٹا۔ لے کر نہ دینے والا۔

لَہاس (لَ۔ہاس)(م۔ا۔مذ)(۱) موٹا رسّا (۲) جہاز کا رسّا (۳) بڑا ٹوکرا۔ جھال۔

لَہاسی (لَ۔ہا۔سی)(م۔ا۔مث) کشتی کھینچنے کی چھوٹی رسّی۔

لُہان (لُ۔ہان)(م۔صف) خون آلود۔ لہو میں لتھڑا ہوا۔ یہ لفظ لہو کے ساتھ بطور لاحقہ اِستعمال ہوتا ہے۔ لہولہان۔

لَہاؤ (لَ۔ہا۔او)(م۔ا۔مذ) چوچلے۔ نخرے۔

لَہبَر (لَہ۔بَر)(م۔ا۔مذ)(۱) چوغہ۔ لبادہ۔ جبّہ (۲) ایک قسم کا دراز قد طوطا (۳) پھریرا۔ نیزہ۔ علم۔ جھنڈا۔ نشان۔

لَہَٹنا (لَ۔ہَٹ۔نا)(م۔مص) طبیعت کا مائل ہونا۔

لَہجَہ (لَہ۔جَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) اَلفاظ کی آواز۔ تلفّظ کلام (۲) زبان۔ محاورہ۔ بول چال (۳) طرزِ کلام۔ اَندازِ گفتگو (۴) لے۔ سُر۔ اُردو جمع: لہجوں۔ لہجے۔

لُہچُون (لُہ۔چُون)(م۔ا۔مذ) لوہ چون کا مخفف۔ لوہے کا بُرادہ۔

لِہٰذا (لِے۔ہا۔ذا)(ع۔ تابع فعل) اِسی واسطے۔ اِسی لئے۔ پس۔ الحاصل۔ الغرض۔ القصّہ۔

لَہَر (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم)(م۔ا۔مث)(۱) پانی کی موج۔ تلاطم۔ جوار بھاٹا (۲) اُمنگ۔ ترنگ (۳) وجد۔ حال (۴) وہم۔ خیال (۵) دیوانگی۔ سودا۔ خبط۔ جنون (۶) کسی مرض یا زہر وغیرہ کا دورہ۔ ہُڑک (۷) سوزش۔ جلن۔ تیزی۔ ٹیس۔ چبک (۸) خواہش جماع۔ خرمستی (۹) کشیدہ کی دھاری دار بیل (۱۰) ہرے پودوں کی جنبش۔ لہلہاہٹ (۱۱) دھیان۔ کسی کی یاد یا خیال کا دل میں آنا۔ (بفتح اوّل و دوم بھی صحیح ہے)۔ جمع: لہروں۔ لہریں۔

لہر آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) موج آنا۔ تلاطم ہونا (۲) تصوّر بندھنا۔ خیال آنا (۳) شوق پیدا ہونا (۴) زہر کے اَثر سے پیچ و تاب کھانا۔

لہر اُٹھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) موج کا اُونچا ہونا۔

لہر بَہَر (اَر۔ا۔مث)(۱) خوشحالی۔ خوش اِقبالی (۲) کسی چیز کی اِفراط۔

لہر بَہَر ہونا (اَر۔ محاورہ) روپے پیسے کی طرف سے فارغ البالی ہونا۔ اِقبال یاور ہونا۔

لہر چڑھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) پانی کا زور پر ہونا (۲) زہر کا اَثر کرنا۔

لہر چھوٹنا (اَر۔ محاورہ) مستی چھوٹنا۔ جماع کو جی چاہنا۔

لَہریں (م۔ا۔مث) لہر کی جمع۔

لہریں گننا (اَر۔ محاورہ) وقت ضائع کرنا۔ بیکار رہنا۔ تضیع اوقات کرنا۔

لہریں لینا (اَر۔ محاورہ)(۱) لہرانا۔ جھومنا۔ ہلنا (۲) دریا کا موجیں مارنا۔

لَہرا (لَہ۔را)(م۔ا۔مذ)(۱) چلتی ہوئی لے۔ طبیعت میں جوش پیدا کرنے والا سُر۔ سارنگی کی ایک گت (۲) سُر۔ آواز۔ لے۔ ترانہ۔ نغمہ۔

لہرا اُڑانا (اَر۔ محاورہ)(۱) سُریلی آواز سے گانا (۲) خوب مارنا۔

لَہرانا (لَہ۔را۔نا)(م۔مص)(۱) موج مارنا۔ پانی کا لہریں لینا (۲) لہلہانا۔ ہلنا۔ جنبش کرنا (۳) اُڑنا (۴) خراٹے بھرنا (۵) للچانا۔ مائل ہونا (۶) سانپ کا چلنا۔

لَہری (لَہ۔ری)(م۔صف) ترنگی۔ موجی۔ من چلا۔ زندہ دل۔ ظریف۔ مخصول۔ خوش مزاج۔

لَہریا (لَہ۔ریا)(م۔صف)(۱) لہردار۔ دھاری دار (۲)(اَر۔ا۔مذ) ایک قسم کا کپڑا جس میں آڑی ترچھی دھاریاں ہوتی ہیں۔

لَہسَن (لَہ۔سَن)(اَر۔ا۔مذ)(۱) لسن۔ تھوم۔ پیاز سے مشابہ ایک ترکاری جو ہنڈیا میں بطور مسالا اِستعمال ہوتی ہے (۲) وہ سیاہ یا سُرخ داغ جو جسم پر ہو جاتا ہے۔

لَہسُنیا (لَہ۔سُن۔یا)(اَر۔ا۔مذ) لہسن سے مشابہ ایک بیش قیمت جواہر۔

لَہک (لَ۔ہَک)(م۔ا۔مث)(۱) شعلہ۔ لاٹ (۲) لہلہاہٹ۔ بہار۔ جوبن (۳) چمک (۴) خوشبو جو ہوا کے ساتھ پھیلے۔

لہک لہک کر (اَر۔ تابع فعل) جھوم جھوم کر۔ خوش ہو ہو کر۔ اُمنگ کے ساتھ۔

لَہکارنا (لَہ۔کار۔نا)(م۔مص) پُچکارنا۔ تھپکی دینا۔ اُکسانا (گھوڑے وغیرہ کو)۔

لَہکانا (لَہ۔کا۔نا)(م۔مص)(۱) بھڑکانا۔ اُکسانا۔ اُبھارنا (۲) آگ سلگانا۔ آگ دہکانا (۳) چمکانا۔ اُجلوانا۔ صیقل کرانا (۴) آواز لگوانا (۵) کسی پرند کو بلوانا۔

لَہکنا (لَ۔ہَک۔نا)(م۔مص)(۱) چہکنا۔ چہچہانا۔ نغمہ سرا ہونا (۲) بھڑکنا۔ جلنا۔ دہکنا۔ مشتعل ہونا (آگ کا)(۳) لہلہانا۔ لہرانا (۴) چمکنا۔ روشن ہونا۔

لَہلوٹ (لَہ۔لوٹ)(م۔صف) بے قرار۔ بے تاب۔

لَہلَہانا (لَہ۔لَ۔ہا۔نا)(م۔مص)(۱) جھومنا۔ ہوا سے ہلنا (سبزہ، کھیت)(۲) تر و تازہ ہونا۔ پھولنا پھلنا۔

لَہلَہاہَٹ (لَہ۔لَ۔ہا۔ہَٹ)(م۔ا۔مث)(۱) کھیت کے ہوا سے ہلنے کی کیفیت (۲) سرسبزی۔ شادابی۔

لَہَن (لَ۔ہَن)(م۔ا۔مذ) وہ اَجزا جنھیں خمیر کر کے شراب کھینچتے ہیں۔

لَہنا (لَہ۔نا)(م۔ا۔مذ)(۱) قسمت۔ نصیب۔ بھاگ۔ بخت۔ بہرہ (۲) فائدہ۔ نفع۔ حاصل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لہنا بہنا (ہ۔ امذ)(۱) قسمت کا ساجھا (۲) حاصل حصول (۳) نصیب۔

لَہنگا (بفتح اوّل وسکونِ دوم)(نون غنّہ)(ہ۔ امذ) عورتوں کا غرارہ۔ گھگرا۔

لہنگا پہننا (اَر۔ محاورہ)(۱) زنانہ لباس پہننا۔ عورت کا بھیس بدلنا (۲) چوڑیاں پہننا۔ عورت بن جانا۔

لَہُو (لَ۔ ہُو)(ہ۔ امذ)(۱) لوہو۔ خون۔ دَم۔ ایک خِلط (۲) اپنا۔ یگانہ۔ ایک باپ دادا کی اولاد (۳)(کنایۃً) بہت سُرخ۔

لہو آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) خُون کے دست آنا (۲) خُون نکلنا۔

لہو اُترنا (اَر۔ محاورہ)(۱) خُون جمع ہو جانا (آنکھوں میں غصّے کی وجہ سے) (۲) سخت غصّہ آنا۔

لہو اُگلنا (اَر۔ محاورہ) خُون تھوکنا۔

لہو اُونٹنا (اَر۔ محاورہ) غم وغصّہ کے سبب خُون کا جوش میں آنا۔

لہو برسنا (اَر۔ محاورہ)(۱) نہایت خُوں ریزی ہونا (۲) غصّے کی حالت میں آنکھیں سُرخ ہونا۔

لہو بگڑنا (اَر۔ محاورہ) خُون میں فساد آجانا (۲) کوڑھ ہو جانا (۳) آتشک ہو جانا۔

لہو بن کے دوڑنا (اَر۔ محاورہ) رگ و پے میں سرایت کر جانا۔

لہو بولنا (اَر۔ محاورہ) قتل کا ثبوت ہونا۔ خُون کا ثبوت مل جانا۔

لہو بہانا (اَر۔ محاورہ)(۱) خُون نکالنا (۲) جان سے مار ڈالنا۔ قتل کرنا (۳) جان دینا۔ ہلاک ہونا (۴) قتل وخونریزی کرنا۔

لہو پانی (پسینا) ایک کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) کسی کام میں سخت محنت کرنا (۲) بے حد رنج اُٹھانا۔ اپنے آپ کو بے حد تکلیف دینا (۳) ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ غصّہ کرنا (۴) کسی کو سخت تکلیف دینا۔ ستانا۔

لہو پانی کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) رنج وغصہ میں مُبتلا کرنا (۲) بہت رَنج اُٹھانا۔ بہت محنت ومشقت جھیلنا۔

لہو پی کر رہ جانا (اَر۔ محاورہ) غصّے کو ضبط کرنا۔ خُون کا سا گھونٹ پی کر رہ جانا۔ جی ہی جی میں جلنا۔

لہو پینا (اَر۔ محاورہ)(۱) خُون پینا۔ خُون چوسنا (۲) تکلیف دینا۔ نہایت دق کرنا (۳) قتل کرنا۔ جان لینا۔

لہو ترنگ (اَر۔ امذ) ایسا نغمہ جس میں خُونِ دل شامل ہو۔

لہو تھوکنا (اَر۔ محاورہ)(۱) خُون کی قے کرنا۔ پھیپھڑے میں زخم کی وجہ سے مُنہ سے لہو آنے لگنا (۲) تپ دق کا مریض ہونا۔

لہو ٹپکنا (اَر۔ محاورہ)(۱) لہو گرنا۔ لہو بہنا (۲) نہایت سُرخ وسفید ہونا (۳) کسی جلدی مرض کے سبب جسم سے خُون بہنا۔ کوڑھ ہو جانا (۴) غصّے سے آنکھیں سُرخ ہو جانا۔

لہو جوش کھانا (اَر۔ محاورہ) خُون کا جوش کھانا۔

لہو چاٹنا (اَر۔ محاورہ) لہو کا مزہ لینا۔ تلوار یا خنجر وغیرہ سے قتل کرنا۔

لہو چڑھنا (اَر۔ محاورہ) قاتل کی حرکات سے قتل کا اندازہ ہونا۔

لہو خشک ہونا (لہو سُوکھ جانا) (اَر۔ محاورہ)(۱) ڈر جانا۔ غم یا خوف سے جسم میں خُون نہ رہنا (۲) خوف کے مارے دَم فنا ہونا۔

لہو دینا (اَر۔ محاورہ)(۱) خُون چھوڑنا (۲) فصد کھولتے وقت رگ سے خُون نکلنا۔

لہو رُلانا (اَر۔ محاورہ) خُون رُلانا۔ بہت رُلانا۔

لہو رونا (اَر۔ محاورہ) خُون رونا۔ بہت رونا۔

لہو سفید ہو جانا (اَر۔ محاورہ) محبت نہ رہنا۔ مُروّت نہ رہنا۔ ہمدردی نہ رہنا۔

لہو کا پیاسا (اَر۔ صف۔ مذ) جانی دُشمن۔ جان کا لاگو۔

لہو کا جوش (اَر۔ امذ) ماستا۔ مادری محبت (۲) ایک خُون ہونے کی محبت۔

لہو کا گھونٹ پی کے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) غم وغصّہ ضبط کرنا۔

لہو کا مینہ برسنا (اَر۔ محاورہ) بکثرت خُوں ریزی ہونا۔

لہو کا ہلکا (اَر۔ امذ)(۱) لطیف اور صاف خُون والا۔ وہ شخص جس کا خُون جلد اثر قبول کرے (۲) نہایت نرم دل (۳) وہ شخص جو کسی کا صدمہ یا خُون دیکھ کر غش کھا جائے۔

لہو کُتنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے لہو آنا۔

لہو کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) خُون میں ڈبونا (۲) دُکھ دینا۔ عیش تلخ کرنا۔

لہو کی دھار چھوٹنا (اَر۔ محاورہ) لہو کا دھار بن کر نکلنا۔

لہو کی قسم دینا (اَر۔ محاورہ) لہو کا واسطہ دے کر قسم کھلوانا۔

لہو کی ندیاں بہانا (اَر۔ محاورہ) بہت خُوں ریزی کرنا۔

لہو کے سے گھونٹ پینا (اَر۔ محاورہ)(۱) غم کھانا (۲) سخت تکلیف یا صدمہ اُٹھانا۔ غصّے کو مار کر رہ جانا۔ کمال ضبط کرنا۔ اُف نہ کرنا۔

لہو لگا کر شہیدوں میں (داخل ہونا) مِلنا (اَر۔ مثل) ذرا سا کام کر کے اپنے آپ کو بڑوں میں شمار کرنا۔ کسی کام میں تھوڑا سا شریک ہو کر اپنا نام کرنا۔

لہو لُہان (اَر۔ صف) خُون آلودہ۔ خُون میں لتھڑا ہوا۔

لہو لُہان کرنا (اَر۔ محاورہ) ایسا زخمی کرنا کہ تمام بدن خُون آلود ہو جائے۔

لہو لینا (اَر۔ محاورہ) خُون لینا۔ فصد کھولنا۔

لہو مِلنا (اَر۔ محاورہ) میل جول ہونا۔ اِتحاد ہونا۔

لہو میں نہانا (اَر۔ محاورہ) بہت زخمی ہونا۔

لہو میں ہاتھ رنگنا (اَر۔ محاورہ)(۱) خُون کرنا۔ قتل کرنا (۲) کسی کے خُون سے ہاتھوں کو رنگین کرنا۔

لہو ہو کر بہہ جانا (اَر۔ محاورہ) دل وجگر کا خُون ہو کر بہہ جانا (شاعرانہ تخیل ہے)۔

لہو ہونا (اَر۔ محاورہ) مجروح ہونا۔ زخمی ہونا (۲) سُرخ ہونا۔ لال ہونا۔

لَہو (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ امذ) کھیل۔ بازی۔

لہو ولعب (ع۔ امذ) کھیل کود۔ سیر وتماشا۔ عیش ونشاط۔ تفریح۔ ہنسی مذاق۔

لُہوا (لُ۔ وا)(ق۔ امذ)(۱) لوہا (۲) تلوار۔

لہوا چابنا (اَر۔ محاورہ) لوہا چبانا۔ بہادری دکھانا۔

لُہوار (لُ۔ وار)(ق۔ امذ) لوہار۔

لہیڈی (لِ۔ ہَیں۔ ڈی)(ہ۔ امث) ٹوکری کے ذریعے نیچی جگہ سے اُونچی جگہ (کھیت وغیرہ میں) پانی پہنچانا۔

ل ۔ ی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لِئی (اَر۔ صف) دیکھئے لیٔی۔

لِئے (لِ۔اِے) (و۔ متعلق فعل) واسطے۔ اِس غرض سے۔ برائے۔ لے کر۔ لئے ہوئے (۲) مفعول جمع مذکر کی صورت میں لیا کے بجائے (۳) تکمیلِ فعل کے لئے جیسے "کیا آپ نے انگور کھالئے؟"

لئے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) ضِد کرنا۔

لئے پھرنا (اَر۔ محاورہ) بار بار ذِکر کرنا۔ بار بار کہنا (۲) ساتھ لے کر پھرنا۔

لئے دیئے رہنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے لیا دیا رہنا۔

لَئِیق (لَ۔اِیق) (اَر۔ صف) لائق۔ قابل۔

لَئِیم (لَ۔اِیم) (ع۔ صف) (۱) وہ کنجوس جو نہ خود کھائے نہ دُوسروں کو دے (۲) کمینہ۔ سفلہ۔ جمع: لِئام۔

لَئِیمُ الطّبع (لَ۔اِی۔مُط۔طبع) (ع۔ صف) وہ شخص جس کی طبیعت میں کنجُوسی اور خِسّت ہو۔

ل۔ے

لَے (بفتحۂ اوّل) (و۔ ا۔ مث) (۱) آواز۔ سُر۔ آہنگ۔ لحن۔ لہجہ (۲) شوق۔ آرزُو۔ تمنّا (۳) دُھن۔ رَٹ (۴) تسلسل۔ سلسلہ۔

لَے بڑھنا (پڑنا) (اَر۔ محاورہ) چسکا لگنا۔ عادت پڑنا۔ مزہ پڑنا۔

لَے بُھول جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) عادت بُھول جانا (۲) سِٹّی گُم ہو جانا۔

لَے چھانا (اَر۔ محاورہ) آواز کا گُونج جانا۔ کسی مقام میں کیفیت طاری ہونا۔

لَے لینا (اَر۔ محاورہ) گانا شروع کرنا۔ الاپنا۔

لَے میں ڈُوبی ہوئی آواز (اَر۔ ا۔ مث) وہ آواز جو اصولِ موسیقی کے مُطابق ہو۔

لے (بکسرِ اوّل) (و۔ فعل) لینا کا اَمر (۱) پکڑ۔ گرفت کر (۲) سنبھال۔ قابُو کر (۳) (حرفِ ندا و حیرت) متوجّہ ہو۔ سُن۔ جان۔ آگاہ ہو۔ دیکھ (۴) (تابع فعل) لے کر۔ ساتھ لے کر۔ مُرکّبات کے شروع میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے لے بھاگنا۔ لے آنا وغیرہ۔

لے آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کوئی چیز اُٹھا لانا (۲) جا کر کسی کو ہمراہ لانا (۳) باہر سے لانا (۴) دُوسرے مقام سے لانا۔

لے اُڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لے کر بھاگ جانا (۲) بھڑکا دینا۔ تیز کرنا (۳) نشے میں ہونا۔ نشے میں ہوش و حواس کھو دینا۔ مزہ دوبالا کر دینا (۴) رونق بڑھا دینا (۵) لے جانا۔ پہنچا دینا (۶) نقل اُڑا لینا (۷) طرز حاصل کر لینا (۸) بات کا بتنگڑ بنا دینا۔

لے بھاگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کو لے کر فرار ہو جانا (۲) بھگا کر لے جانا (۳) کسی کی طرز اُڑا لینا۔

لے بھاگُو (اَر۔ صف) (۱) طرز اُڑا لینے والا (۲) وہ شخص جس نے بغیر اُستاد کے کوئی کام اِختیار کر لیا ہو۔ بے اُستادا۔ اتائی۔

لے بھی (اَر۔ تابع فعل) میں کہتا ہوں۔ سنو یار (۲) تعجب ہے۔

لے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی تباہ و برباد کر دینا (۲) اپنے ساتھ گرانا (۳) کسی عورت کو گھر میں ڈال لینا۔

لے پالک (اَر۔ صف) متبنّیٰ۔ گود لیا ہوا۔ وہ بچّہ جسے لے کر پال لیا ہو۔ جمع: لے پالک۔ لے پالکوں۔

لے پڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ساتھ لے کر لیٹ جانا (۲) ساتھ لے کر گر پڑنا۔

لے جانا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کو اپنے ساتھ لے کر چلے جانا۔

لے دوڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لے کر بھاگ جانا (۲) بے موقع اور بے ڈھنگے طریقے سے بیان کرنا (۳) ساتھ لے کر دوڑنا۔

لے دے (اَر۔ ا۔ مث) (۱) لینا دینا (۲) کبھی لینا کبھی دینا (۳) دوڑ دھوپ۔ جِدّوجُہد۔ کوشش (۴) سرزنش۔ لعنت۔ ملامت۔ لتاڑ۔

لے دے کر (کے) (اَر۔ تابع فعل) (۱) بڑی محنت اور کوشش سے۔ بمشکل (۲) بے باقی کر کے۔ دے دلا کر۔ کاٹ کوٹ کے۔ بانٹ بونٹ کے (۳) بصرف۔ فقط۔ کُلہم۔

لے دے کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خُوب کوشش کرنا۔ جِدّوجُہد کرنا (۲) سرزنش کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ ڈانٹنا ڈپٹنا۔

لے دے ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) جھگڑا ہونا۔ تکرار ہونا (۲) کوشش ہونا۔

لے ڈالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شامل کر لینا (۲) تباہ کر دینا۔ بُرا حال کر دینا (۳) عاجز کر دینا۔

لے دینا (اَر۔ محاورہ) دِلوا دینا۔ مول لے دینا۔

لے ڈوبنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی ڈبو دینا (۲) اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی نُقصان پہنچانا۔

لے کوٹ (اَر۔ صف) قرض لے کر نہ دینے والا۔ نادہند۔ لے کر مُکر جانے والا۔ لُچّڑ۔

لے لے کرنا (اَر۔ محاورہ) اِشتعال دِلانا۔ اُکسانا۔

لے لے ہونا (اَر۔ محاورہ) اِعتراضات ہونا۔

لے لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) چھین لینا۔ مار لینا۔ دبا لینا (۲) خرید لینا۔ اپنا کر لینا (۳) سنبھال لینا۔ قابُو میں کر لینا (۴) واپس لے لینا۔ پھیر لینا (۵) جا پہنچنا۔ منزل طے کر لینا (۶) جا لینا۔ پکڑ لینا (۷) بہم پہنچانا۔ حاصل کر لینا۔

لے مرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لے ڈوبنا۔ لے بیٹھنا۔ اپنے ساتھ دُوسرے کو بھی نُقصان پہنچانا (۲) اِلزام دھرنا۔ چوری لگانا (۳) دبا لینا۔ مار لینا (۴) حاصل کر لینا۔ کما لینا۔

لیے (لِی۔یے) (و۔ تابع فعل) دیکھئے لئے۔

لیا (لِ۔یا) (و۔ فعل) لینا مصدر سے صیغہ ماضی۔

لیا دیا (و۔ ا۔ مذ) اَعمال کا نتیجہ۔ کرنی کا پھل۔ وہ نیکی جو کبھی کی ہو۔

لیا دیا آگے آجانا (اَر۔ محاورہ) نیکی بدی کا نتیجہ مِلنا۔ کرنی کا پھل مِلنا۔

لیا دِیا رہنا (اَر۔ محاورہ) بے تکلّف نہ ہونا۔ کم آمیز ہونا۔

لیا گیا (اَر۔ محاورہ) شرمندہ ہوا۔ رُسوا ہوا۔ ذلیل ہوا۔

لیا ہی نہیں جاتا (اَر۔ محاورہ) منائے نہیں منتا۔ قابُو میں نہیں آتا۔

لِیاقت (لِ۔یا۔قت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) قابلیّت۔ اِستعداد (۲) وصف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جوہر۔ خوبی۔ عُمدگی (۳) دانائی۔ ہوشیاری (۴) کسی چیز کے حاصل کرنے کا مادّہ (۵) شائستگی۔ تمیز (۶) حوصلہ (۷) ظرف۔ مقدور۔ مقدرت۔

لیالی (لَ۔یا۔لی) (ع۔ا۔مث) لَیل کی جمع۔

لیام (لِ۔یام) (ع۔صف) لَئیم کی جمع۔

لیانہارا (لِ۔یان۔ہا۔را) (ق۔صف) لانے والا۔

لیبارٹری (Laboratory) (انگ۔ا۔مث) وہ کمرا جہاں سائنس کے تجربات کئے جاتے ہیں۔ دارالتجربہ۔ مَعمل۔

لیبڑ (لے۔بَر) (ہ۔ا۔مذ) مُنہ کا لُعاب جس میں چیپ ہو۔

لیبر (Labour) (انگ۔ا۔مث) محنت۔ مشقت۔

لیبر پارٹی (Labour Party) (انگ۔ا۔مث) (۱) مزدوروں کی جماعت (۲) انگلستان کی ایک سیاسی پارٹی جو مزدوروں کی نمائندگی کی دعویدار ہے۔

لیبر گورنمنٹ (Labour Government) (انگ۔ا۔مث) لیبر پارٹی کی حکومت۔

لیبڑ (لی۔بڑ) (ہ۔ا۔مذ) آنکھ کا میل۔ چیپڑ۔

لیبل (Label) (انگ۔ا۔مذ) کاغذ کپڑے یا دھات کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اُس کا نام، نوعیت اور مالک کا پتا نشان وغیرہ بتانے کے لئے لگایا جاتا ہے۔ چِٹ۔ سرنامہ۔

لیپ (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) ضماد۔ پلستر۔ وہ دوا جو پانی یا روغن میں ملا کر کسی جگہ لگائی جائے (۲) کہگل۔ لپائی۔

لیپ پوت برابر کرنا (اَر۔محاورہ) عیب چُھپانا۔ پردہ پوشی کرنا۔

لیپ چیپ (اَر۔ا۔مذ) کسی کے سر کوئی چیز منڈھنا۔ کسی کے ذمے کرنا۔

لیپا (لی۔پا) (ہ۔ا۔مذ) پلستر۔ کہگل۔

لیپا پوتا (ہ۔صف) (۱) لیپا اور پوتا ہوا۔ پلستر کیا ہوا (۲) بنا بنایا۔ کیا کرایا۔

لیپا پوتی کرنا (اَر۔محاورہ) بات بنانا۔ بہانے کرنا۔ پردہ پوشی کرنا۔

لیپ کا سال (اَر۔ا۔مذ) عیسوی سن کا وہ سال جس کے اعداد چار سے تقسیم ہو جائیں۔ اس سال فروری کا مہینا اُنتیس دن کا ہوتا ہے۔ (Leap Year)۔

لیپن (لِ۔پَن) (ق۔ا۔مث) لیپ۔

لیپنا (لیپ۔نا) (ہ۔مص) (بیائے معروف و مجہول) (۱) پوتنا۔ کہگل کرنا۔ سفیدی کرنا۔ گوبری پھیرنا۔ پلستر کرنا (۲) (کنایۃً) چُھپانا۔ مخفی کرنا۔

لیپنے کا نہ پوتنے کا (اَر۔صف) کسی کام کا نہیں۔ نکما اور بے کار۔

لیت (بفتحِ اوّل) (ع۔حرفِ تمنّا) کاش۔ کاش کہ۔ کسی ایسی چیز کے لئے کہتے ہیں جس کا ملنا ناممکن ہو۔

لیت و لعل (ع۔ا۔مث) ٹال مٹول۔ آج کل۔ بہانہ۔ عُذر۔ حیلہ حوالہ۔

لیتڑا۔ لیتھڑا (لیت۔ڑا۔لیت۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) پُرانا اور ٹوٹا ہوا جوتا۔ جمع: لیتڑوں۔ لیتڑے۔

لیتڑے پڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) جوتیاں پڑنا (۲) نہایت ذلیل ہونا۔

لیتھ (Lathe) (انگ۔ا۔مث) خراد کی مشین۔

لیتھوگرافی (Lithography) (انگ۔ا۔مث) طباعت کا وہ طریقہ جس میں پہلے کاغذ پر لکھ کر اُسے پتھر یا دھات کی پلیٹ پر اُتار کر چھپائی کرتے ہیں۔

لیٹ (Late) (انگ۔صف) (۱) دیر سے آنے والا (۲) (تابع فعل) دیر سے۔ بے وقت۔ وقت کے بعد۔ ٹائم کے پیچھے۔

لیٹر (Litre)۔ دیکھئے لِٹر۔

لیٹر (Letter) (انگ۔ا۔مذ) خط۔ چِٹھی۔

لیٹر بکس (Letter Box) (انگ۔ا۔مذ) خطوں کا صندوق۔ ڈاک خانے کا سُرخ ڈبا جس میں چِٹھیاں ڈالتے ہیں۔

لیٹرین (Latrine) (انگ۔ا۔مذ) سنڈاس۔ پاخانہ۔ جائے ضرور۔

لیٹنا (لیٹ۔نا) (بیائے مجہول) (ہ۔مص) (۱) سیدھا ہو کر پڑنا۔ پسرنا۔ سونا۔ آرام کرنا (۲) پاؤں پڑنا۔ خوشامد کرنا۔ عجز کرنا (۳) ہار ماننا۔ مغلوب ہونا (۴) زمین پر گر جانا۔

لیج (لیجر) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) رسّی جسے ڈول میں باندھ کر کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں۔

لیجر (Ledger) (انگ۔ا۔مث) روزنامچہ۔ بہی کھاتا۔ روزانہ حساب کی کتاب۔

لیجسلیٹیو (Legislative) (انگ۔صف) قانون ساز۔

لیجسلیٹیو اسمبلی (Legislative Assembly) (انگ۔ا۔مث) صُوبے (یا ملک) کی مجلس قانون ساز۔

لیجسلیٹیو کونسل (Legislative Council) (انگ۔ا۔مث) صُوبے یا مُلک کی مجلس قانون ساز جس میں خاص طبقوں کے نمائندے شامل ہوں۔

لیچھی (لی۔چھی) (ہ۔ا۔مث) وہ چیز جو پان کی گلوری کا عرق نکلنے کے بعد رہ جاتی ہے (پان کی پھِیی) (۲) نکمّی چیز۔

لیچڑ (لی۔چڑ) (ہ۔صف) (۱) خسیس۔ بخیل۔ کنجوس (۲) نادہند۔ قرضہ لے کر نہ دینے والا۔ بدمعاملہ۔

لیچڑ پن (ہ۔ا۔مذ) (۱) کنجوسی۔ بخیلی (۲) نادہندگی۔ بدمعاملگی۔

لیچی (Lichee (Litchi)) (چینی۔ا۔مث) (۱) ایک کھردرے چھلکے والا سُرخی مائل کھٹ مِٹھا چینی پھل۔ جمع: لیچیاں۔ لیچیوں۔

لید (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) گھوڑے گدھے ہاتھی وغیرہ کا فضلہ یا گوبر۔

لیدر (Leather) (انگ۔ا۔مذ) کمایا ہوا چمڑا۔

لیڈر (Leader) (انگ۔ا۔مذ) (۱) رہنما۔ سرکردہ۔ سربراہ۔ سردار (۲) اڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔ اڈیٹوریل۔ اُردو جمع: لیڈر۔ لیڈروں۔

لیڈنگ آرٹیکل (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے "لیڈر نمبر ۲"۔

لیڈی (Lady) (انگ۔ا۔مث) (۱) بی بی۔ بیگم (۲) معزز عورت۔ خاتون۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) لارڈ کی بیگم۔

لِیر (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) دھجّی۔ کترَن۔ کپڑے کی لمبی اور پتلی پٹی۔ چیتھڑا۔ جمع: لیروں۔ لیریں۔

لیر لیر کرنا (اَر۔ محاورہ) دھجیاں اُڑانا۔ پھاڑ ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

لیریں لٹکنا (اَر۔ محاورہ) پُرانا ہو کر لباس کا تار تار ہو جانا (۲) غریب ہونا۔

لِیری (لی۔ری) (ہ۔ا۔مث) کنکوے کے پچھاوے میں لگانے کی لمبی دھجّی۔

لِیرے (لی۔رے) (ہ۔ا۔مذ) چیتھڑے۔ دھجیاں (عموماً جمع اِستعمال ہوتا ہے)۔

لیرے لگنا (اَر۔ محاورہ) کپڑوں کا تار تار ہو جانا (۲) بہت غریب ہونا۔

لیزر (Laser) (انگ۔ا۔مث) Light Amplification by Stimulated Emmission of Radiation کا مُخفف۔ روشنی کی شُعاع اَفشانی اور تابش بڑھانے کا آلہ جس میں روشنی کی کرن ایک بلور سے پھینکی جاتی ہے۔ یہ روشنی مائکرو مشینری، کمپیوٹر سازی اور جراحی میں اِستعمال ہوتی ہے۔ اِس کی متعدّد اَقسام ہیں۔

لیزم (لے۔زم) (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی نرم اور لچک دار کمان جس میں تانت کی جگہ لوہے کی زنجیر اور بہت سی کٹوریاں لگی ہوتی ہیں۔

لَیس (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (اَر۔صف) کمربستہ۔ مُستعد۔ تیار۔ آمادہ۔ کیل کانٹے سے دُرست۔

لَیس (Lace) (انگ۔ا۔مث) فیتہ۔ جھالر۔ گوٹا کناری۔ ڈوری۔

لِیس (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) چیپ۔ چپچپاہٹ۔ گوبر اور بھوسا ملی ہوئی مٹی۔

لیس دار (اَر۔صف) چپچپا۔ چپکنے والا۔

لِیس (بیائے معروف و مجہول) (ف۔ا۔مذ) (۱) چاٹنا (۲) (ف۔صف) چاٹنے والا۔ مُرکبات میں مستعمل ہے جیسے کاسہ لیس۔

لیسنا (لیس۔نا) (اَر۔مص) پلستر کرنا۔ لیپنا۔ لگانا۔ (بیائے مجہول)۔

لیک (ف۔ حرفِ اِستدراک) لیکن کا مُخفف (بیائے مجہول)۔

لِیک (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) لکیر۔ راہ۔ باٹ۔ سڑک۔ پگڈنڈی (۲) گاڑی کے پہیّے کا نشان (۳) اِنعام جو حسبِ دستور کمینوں کو دیا جاتا ہے (۴) رَسم و رواج۔ ریت۔ دستور۔ قاعدہ (۵) داغ۔ عیب۔ جمع: لیکوں۔ لیکیں۔

لیک پیٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لکیر پیٹنا۔ قدیم رَسم و رواج اور پُرانے دستور پر چلنا (۲) کسی بات کو بار بار دُہرانا۔

لیک سے بے لیک ہونا (اَر۔ محاورہ) گمراہ ہونا۔ بے راہ ہونا۔ سیدھا راستہ چھوڑ دینا۔

لیک لیک چلنا (اَر۔ محاورہ) راستے پر چلنا۔ راہ راہ چلنا۔ پُرانے رَسم و رواج کا پابند ہونا۔

لیکر (Lacquer) (انگ۔ا۔مذ) لکڑی، پیتل اور کاغذ وغیرہ پر لاکھ کی وارنش کا کام۔ کشمیری نقش کاری۔

لیکن (لے۔کِن) (ف۔ حرفِ اِستدراک) مگر۔ اِلّا۔ پر۔

لیکوریا (Lecueraea) (انگ۔ا۔مذ) سیلانُ الرّحم۔

لیکوڈیٹر (Liquidator) (انگ۔ا۔مذ) بُھگتان کرنے والا۔ قرض بے باق کرنے والا۔ وہ سرکاری اَفسر جو کمپنیوں یا فرموں کے دیوالیہ ہو جانے پر بُھگتان کرتا ہے۔

لیکوڈیشن (Liquidation) (انگ۔ا۔مث) لیکوڈیٹر کی تحویل میں بُھگتان۔

لیکھ (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) لکھی ہوئی چیز۔ تحریر (۲) تقدیر کا لکھا (۳) دستخط۔

لِیکھ (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) چھوٹی جوں۔ ڈھک (۲) دیکھیے لیک۔

لیکھا (لے۔کھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) حساب۔ لین دین (۲) پکّا حساب۔ بہی کھاتا (۳) معاملہ۔ برتاؤ۔ بیوہار۔ جمع: لیکھوں۔ لیکھے۔

لیکھا جوکھا (ہ۔ا۔مذ) لین دین۔ حساب کتاب۔

لیکھا کرنا (ہ۔ محاورہ) حساب کرنا۔ لین دین کی رقم معلوم کرنا۔

لیکھے (لے۔کھے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) لیکھا کی جمع (۲) (ہ۔ تابع فعل) حساب سے۔ حسابوں۔ نزدیک۔

لیکھے والا (ہ۔صف) (۱) ساہوکار (۲) مُحاسب

لیگ (League) (انگ۔ا۔مث) جمعیت۔ مجلس۔ جماعت۔

لیگ آف نیشنز (League of Nations) (انگ۔ا۔مث) جمعیۃُ الاقوام۔

لَیل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) رات۔ شب۔ جمع: لیالی۔

لیل و نہار (ع۔ا۔مذ) رات اور دن۔ شب و روز۔

لیلا (لے۔لا) (ہ۔ا۔مذ) بکری یا بھیڑ کا بچّہ۔ برّہ۔ جمع: لیلوں۔ لیلے۔

لیلا (لی۔لا) (س۔ا۔مث) (۱) کھیل۔ لہو و لعب۔ عیش و نشاط۔ سیر و تماشا۔ کرتب (۲) بہروپ (۳) قُدرت (۴) کرشمہ۔ عجوبہ۔

لیلا دھاری (ہ۔صف) ایکٹر۔ تماشا دکھانے والا۔

لیلا رچانا (ہ۔ محاورہ) سوانگ رچانا۔ تماشا کرنا۔

لیلاوتی (ہ۔صف) (۱) عیش و نشاط کی رسیا (عورت) (۲) حسین (عورت)۔

لیلۃ (لے۔لت) (ع۔ا۔مث) لیل۔ رات۔ شب۔

لیلۃُ الاَسرا (لے۔لَ۔تل۔اَس۔را) (ع۔ا۔مث) شبِ معراج۔

لیلۃُ البدر (لے۔لَ۔تل۔بدر) (ع۔ا۔مث) قمری مہینے کی چودھویں رات جس میں چاند پُورا ہوتا ہے۔

لیلۃُ القدر (لے۔لَ۔تل۔قدر) (ع۔ا۔مث) شبِ قدر۔ رمضان المبارک کے آخری عشرے کی ایک طاق رات جس میں عبادت کرنے کا ثواب ہزار ماہ سے زیادہ ہوتا ہے۔ عموماً رمضان کی ستائیسویں شب شبِ قدر کہلاتی ہے۔

لیلیٰ (لَیلیٰ) (لے۔لا) (لے۔لی) (ع۔صف) کالی۔ شب رنگ۔ سیاہ فام۔ سانولی (۲) حسینہ۔ جمیلہ۔ معشوقہ (۳) (مث) قیس (مجنوں) کی معشوقہ۔

لیلیٰ را بہ چشمِ مجنوں باید دید (ف۔ مثل) معشوق کو عاشق کی نظر سے دیکھنا چاہیے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لیمپ (Lamp) (انگ ۔ ا ۔ مذ) انگریزی طرز کا چراغ جس پر شیشے کی چمنی لگی ہوتی ہے۔ اُردو جمع: لیمپ۔ لیمپوں۔

لیمن (Lemon) (انگ ۔ ا ۔ مذ) لیمُو۔ نیبُو۔ تُرنج۔

لِیمُو (لِیمُوں) (لی ۔ مُو) (لی ۔ مُوں) (ف ۔ ا ۔ مذ) نیبُو۔ تُرنج۔ ایک تُرش گول پھل۔

لیمُو نچوڑ (اَر ۔ صف) مُفت خورا۔

لیمو نیڈ (Lemonade) (انگ ۔ ا ۔ مذ) لیمُو کا میٹھا پانی یا شربت۔

لَین (بیائے مجہول) (ہ ۔ ا ۔ مذ) لینے کا عمل۔ حصُول۔ حاصل کرنا۔

لین دین (ہ ۔ ا ۔ مذ) (۱) لینا دینا۔ داد و ستد (۲) حساب کتاب (۳) معاملہ۔ برتاؤ۔ بیوہار (۴) خرید و فروخت (۵) واسطہ۔ تعلُّق۔ سروکار (۶) کاروبار۔ تجارت۔ سوداگری۔

لین دین کرنا (اَر ۔ محاورہ) (۱) معاملہ کرنا (۲) بیوپار کرنا (۳) خرید و فروخت کرنا۔ کاروبار کرنا۔ تجارت کرنا۔

لین (Lane) (انگ ۔ ا ۔ مث) گلی۔ تنگ سڑک۔

لَین (انگریزی Line کا بگاڑ ۔ اَر ۔ ا ۔ مث) (۱) لکیر۔ خط۔ جدوَل۔ رُول (۲) ڈوری۔ رسّی (۳) حد۔ مینڈھ (۴) قطار۔ صف۔ باڑ (۵) سطر (۶) ریل کی پٹڑی (۷) چھاؤنی۔ کیمپ۔

لین ڈوری (اَر ۔ ا ۔ مث) (۱) وہ خیمہ جو آگے جاتا ہے۔ پیش خیمہ (۲) وہ فوجی سامان جو کوچ سے پیشتر روانہ کیا جاتا ہے۔

لین کلیئر (اَر ۔ ا ۔ مذ) لائن کلیئر (Line Clear)۔ ریل کی پٹڑی صاف اور قابلِ آمدورفت ہونے کی سَند۔

لینا (لے ۔ نا) (ہ ۔ مص) (۱) پکڑنا۔ گرفت کرنا (۲) حاصل کرنا۔ اَخذ کرنا (۳) سنبھالنا۔ سہارنا۔ تھامنا (۴) خریدنا (۵) قرض لینا (۶) فتح کرنا (۷) وصول کرنا۔ اُگاہنا (۸) اِستقبال کرنا (۹) پیش آنا (۱۰) مار ڈالنا (جان لینا) (۱۱) (ا ۔ مذ) وہ روپیہ جو لینا ہو۔ قرضہ۔

لینا ایک نہ دینا دو (اَر ۔ محاورہ) حاصل نہ حصول۔ فائدہ نہ غرض۔ کسی سے نہ ایک لیں گے نہ دو دینے پڑیں گے۔

لینا دینا (اَر ۔ ا ۔ مذ) (۱) لین دین۔ داد و ستد (۲) حساب کتاب (۳) برتاؤ۔ معاملہ۔

لینا لوانا (اَر ۔ ا ۔ مذ) قابلِ وصول قرضہ۔

لینا لینا (اَر ۔ کلمۂ ندا) (۱) بھاگتے ہوئے اِنسان یا چور کی نسبت کہتے ہیں یعنی پکڑو پکڑو۔ بھاگنے نہ پائے (۲) (گرتے ہوئے کے متعلق) لینا۔ تھامنا۔

لینانہ دینا باتوں کا جمع خرچ (اَر ۔ مثل) فضول وقت گزارنا۔ زری باتیں ہی باتیں کرنا جن کا نتیجہ کچھ نہ نکلے۔ ناحق کی دردسری۔

لینا نہ دینا' کارے نہ مسئلے (اَر ۔ مثل) فضول۔ بے ہُودہ۔ لاحاصل۔ بے فائدہ۔ کچھ حاصل نہ حصول۔

لِینَت (لی ۔ نَت) (ع ۔ ا ۔ مث) نرمی۔ مُلائمت۔

لینڈ (Land) (انگ ۔ ا ۔ مث) (۱) زمین۔ خشکی (۲) سرزمین۔ مُلک۔

لینڈ لارڈ (Land Lord) (انگ ۔ ا ۔ مذ) مالکِ زمین۔ زمین دار (۲) مالکِ مکان۔

لینڈ (بیائے مجہول) (نُون غنّہ) (ہ ۔ ا ۔ مذ) فُضلہ۔ گندگی۔ گُوہ۔

لینڈو (Landau) (انگ ۔ ا ۔ مث) چار پہیّوں کی گاڑی جس کی چھت گرائی جا سکتی ہے۔ فٹن۔

لینڈی (لیں ۔ ڈی) (بیائے مجہول) (ہ ۔ ا ۔ مث) (۱) چھوٹا لینڈ۔ بندھا ہوا پاخانہ (۲) چھوٹا کتّا جو شکار کے قابل نہیں ہوتا (۳) (کنایۃً) بُزدل۔ ڈرپوک۔ نامرد۔

لینڈی پُھولنا (اَر ۔ محاورہ) مغرور ہونا۔

لینڈی تر ہونا (اَر ۔ محاورہ) غرور زیادہ ہونا۔ گھمنڈ بڑھنا۔ بہت خوش ہونا۔

لینڈی کتّا (اَر ۔ ا ۔ مذ) (۱) بازاری اور عام کتّا (۲) ڈرپوک اور بودا کتّا۔

لینڈی کتّے کی موت مارنا (اَر ۔ محاورہ) (۱) نہایت آسانی سے مار ڈالنا (۲) نہایت ذِلّت سے مارنا۔

لینز (Lens) (انگ ۔ ا ۔ مذ) عدسہ۔ کیمرے کا عدسہ۔

لِینو ٹائپ (Linotype) (انگ ۔ ا ۔ مذ) ایک کمپوزنگ مشین جو مواد کو ٹھوس لائنوں میں مُرتّب کرتی ہے جنہیں Slugs کہتے ہیں۔ بالعموم اَخبارات کی طباعت میں اِستعمال ہوتی ہے۔

لینی (لے ۔ نی) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ رَسم جو بچّے کو دایہ سے واپس لینے پر ادا کی جاتی ہے۔

لینے (لے ۔ نے) (ہ) لینا کی مُغیّرہ صورت۔

لینے آنا (اَر ۔ محاورہ) کسی کو بُلانے کے لئے آنا (۲) کسی کے اِستقبال کے لئے آنا۔

لینے دینے میں نہ ہونا (اَر ۔ محاورہ) لاتعلُّق ہونا۔ بے غرض ہونا۔

لینے کو بڑھنا (اَر ۔ محاورہ) اِستقبال کے لئے آگے بڑھنا۔

لینے کے دینے پڑ جانا (اَر ۔ محاورہ) فائدے کی جگہ نُقصان ہونا۔

لینے میں نہ دینے میں (اَر ۔ صف) بے غرض۔ لاتعلُّق۔ کسی کے بُرے میں نہ بھلے میں۔

لیوا (لے ۔ وا) (ہ ۔ صف) (۱) لینے والا۔ مُحصِّل (۲) (ا ۔ مذ) گائے' بھینس یا بکری کا تھن (۳) ہانڈی کے پیندے پر چڑھانے کی مٹی۔

لیوَر (Lever) (انگ ۔ ا ۔ مذ) مشین میں لگی ہوئی دھات کی سلاخ جو وزن کو اُوپر اُٹھاتی ہے۔

لیوَل (Level) (انگ ۔ ا ۔ مذ) (۱) ہموار سطح (۲) معماروں کا ایک اوزار جس سے سطح کی یکسانیت دیکھتے ہیں۔ گنیا (۳) (صف) مُساوی۔ برابر۔ یکساں۔ ایک سطح پر۔

لیوی (Levy) (انگ ۔ ا ۔ مث) (۱) تحصیل۔ محصُول (۲) تحصیلِ مال گزاری یا لگان۔ ٹیکس کی وصولی (۲) جنگ کے لئے فوج کی بھرتی۔

لیہی (لے ۔ ہی) (ہ ۔ ا ۔ مث) دیکھئے لیئی۔

لیئی (لے ۔ اِی) (ہ ۔ ا ۔ مث) وہ لیس دار مادّہ جو میدے کو پانی میں پکا کر کاغذ وغیرہ جوڑنے کے لئے بناتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

م

م (میم) (ع۔ا۔مذ) اُردو کا اکتیسواں' فارسی کا اٹھائیسواں' عربی کا چوبیسواں اور ہندی کا پچیسواں حرف۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے چالیس (۴۰) عدد فرض کئے گئے ہیں۔ یہ قمری حرف ہے۔ اگر اِس سے پہلے "ال" آئے گا تو لام آواز دے گا جیسے "المرکز"۔ عربی لفظ کے شروع میں مفتوح آئے تو اسے اِسم ظرف یا اِسم مفعول بنا دیتا ہے جیسے مجلس۔ مضموم آئے تو اِسم فاعل بنا دیتا ہے جیسے محافظ۔ یہ حرفِ صحیح ہے یعنی کسی حرفِ عِلّت سے مل کر آواز دیتا ہے۔ فارسی میں محبوب کے دہن کی علامت ہے۔ فارسی میں اسمائے اَعداد کے بعد آ کر اُن کو صفتِ ترتیبی بنا دیتا ہے جیسے دوم۔

م۔ا

مآب (مَ۔آب) (ع۔ا۔مذ) (۱) لوٹ کر جانے کی جگہ۔ جائے بازگشت۔ واپسی کی جگہ۔ اُردو میں مُرکّبات میں مستعمل ہے جیسے عزّت مآب۔ رسالت مآب۔ فضیلت مآب۔

مِآت (مِ۔آت) (ع۔ا۔مذ) مِاۃ کی جمع۔ صدہا۔ کئی سو۔

مآثر (مَ۔آثِر) (ع۔ا۔مذ) ماثرہ کی جمع (۱) اچھے آثار۔ اچھے کام (۲) یادگاریں۔ نشانیاں (۳) قدیم مکان جس کے آثار باقی ہوں۔

مآخِذ (مَ۔آ۔خِذ) (ع۔ا۔مذ) ماخذ کی جمع۔

مآرِب (مَ۔آ۔رِب) (ع۔ا۔مث) مارِبہ کی جمع۔ ضروری چیزیں۔ ضروریات۔

مآل (مَ۔آل) (ع۔ا۔مذ) (۱) مرجع۔ جائے بازگشت۔ جائے رجوع۔ لوٹنے کی جگہ (۲) انجام۔ نتیجہ۔ خاتمہ۔ آخر۔

مآل اندیش (ع۔ف۔صف) دُور اَندیش۔ انجام کو سوچنے والا۔

مآل اندیشی (ع۔ف۔ا۔مث) دُور اندیشی۔ سوچ بچار۔ انجام بِینی۔

مآل کار (ع۔ف۔تابع فعل) (۱) انجام کار۔ آخر کار۔ آخر کو (۲) (ع۔ف۔ا۔مذ) نتیجہ۔ کرنی کا پھل۔

ما (ھ۔ا۔مث) ماں کا مُخفّف۔

ما (فِ۔ض۔ جمع متکلّم) من کی جمع۔ ہم۔

مابخیر شما بسلامت (ف۔مقولہ) ہم خیریت سے' تم سلامتی سے۔ ہم جدا' تم جدا۔ ہم الگ' تم الگ۔ ہمارا تم سے کوئی واسطہ نہیں۔

مابدولت (ف۔روزمرّہ) ہم صاحبِ سطوت و حکومت۔ وہ کلمہ جو بادشاہ اپنے متعلّق اِستعمال کرتے تھے۔

مادرچہ خیالیم و فلک درچہ خیال (ف۔مثل) (۱) ہم کس خیال میں ہیں اور آسمان کیا سوچ رہا ہے (۲) خلافِ اُمید کسی اَمر کے پیش آنے پر بولتے ہیں۔ نیز دیکھئے من درچہ خیالیم۔

ماچہ می سرائیم و طنبورۂ ماچہ می سراید (ف۔مثل) ہم کچھ گا رہے ہیں' ہمارا طنبورہ کچھ اور ہی گا رہا ہے۔ دیکھئے من چہ می سرایم و طنبورۂ من چہ می سراید۔

مارا ازیں گیاہِ ضعیف اِیں گماں نہ بُوُد (ف۔مثل) مجھے اِس کمزور گھاس سے یہ توقع نہ تھی۔ کوئی کمزور شخص اپنی ہمّت سے زیادہ کام کرے تو اُس وقت کہتے ہیں۔

ماراچہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت (ف۔مثل) ہمیں اِس سے کیا غرض کہ بیل آیا اور گدھا چلا گیا۔ کسی کے آنے جانے پر بے پروائی کا اظہار مقصود ہو تو بولتے ہیں۔

ماوشما (ف۔ا۔مذ) ہم اور تم۔ عام لوگ۔ ہرکس و ناکس۔

ماومن (ف۔ا۔مذ) ہم اور مَیں۔ خودستائی۔ خود پسندی۔

ما (ع۔حرفِ نفی) (۱) نہ۔ نہیں۔ مت (۲) (اِسم موصول) جو کچھ۔ جو کہ۔ کوئی چیز (۳) (کلمۂ اِستفہام) کیا؟ کیا چیز؟ کون؟ کیوں کر؟ کیسے؟ کیوں؟

مابَعد (ع۔صف) پیچھے آنے والا۔ جو کچھ بعد میں آئے۔

مابَعدَ الطّبیعیات (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ شئے جو طبیعات یا موجودات سے ماورا ہو (۲) وہ عِلم جو ہستی کو اس کی عینی شکل میں بیان کرنے کی سعی کرتا ہے (۳) الٰہیات (Metaphysics)۔

مابَعدَ الطّبیعی (ع۔صف) مابعد الطّبیعیات سے منسوب۔

مابقا (مابقیٰ) (ع۔صف) باقی بچا ہوا۔ جو باقی رہ گیا ہو۔ بقیہ۔

مابہ الاحتیاج (ما۔بِہ۔ِل۔اِح۔تِ۔یاج) (ع۔ا۔مذ) ضرورت کی چیز یا چیزیں جن کی حاجت ہو۔

مابہ الاِمتیاز (ع۔ا۔مذ) وہ چیز جس سے شناخت ہو سکے۔ باعثِ اِمتیاز۔ نشانِ اِمتیاز۔

مابہ النّزاع (ما۔بِ۔ہِن۔نِ۔زاع) (ع۔ا۔مذ) جھگڑے کی بِنا۔ فساد کا باعث۔ وہ بات جس پر جھگڑا ہوا ہو۔

مابَین (ع۔تابع فعل) اَثنا۔ وَسط۔ دوران۔ درمیان۔ بیچ۔

مابَین تحقیقات (ع۔تابع فعل) تحقیقات کے دَوران میں۔

مابَین فریقین (ع۔تابع فعل) دو فریقوں (گروہوں) کے درمیان۔

ماتحت (ع۔صف وا۔مذ) (۱) زیرِ فرمان۔ زیرِ حکم۔ جو نیچے ہو۔ تابع (۲) نائب۔ مددگار۔ ہاتھ بٹانے والا۔

ماتقدّم (ما۔تَ۔قَد۔دَم) (ع۔صف) اوّل کا۔ پہلے کا۔ جو پہلے گزرے۔ مذکورہ بالا۔

ماجرا (ع۔ا۔مذ) (۱) سرگزشت۔ جو کچھ گزر گیا (۲) واقعہ۔ واردات (۳) حالت۔ کیفیت۔

ماحَصَل (ماحاصِل) (ع۔ا۔مذ) (۱) حاصل شدہ۔ حاصل کی ہوئی شئے۔ نتیجہ۔ پھل۔ ثمرہ (۲) نفع۔ منافع۔ فائدہ (۳) پیداوار۔ غلّہ۔ اناج۔ جنس (۴)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خلاصہ۔ لُبِّ لُباب۔

ماحَضَر (ما۔ حَ۔ ضَر) (ع۔ ا۔ مذ) جو موجود ہو۔ جو کچھ حاضر ہو۔ دال روٹی۔ بے تکلف کھانا۔

ماحول (ع۔ ا۔ مذ) گرد و پیش۔ پاس پڑوس۔ جمع: ماحولیات۔

مادام (ف۔ تابع فعل) (۱) ہمیشہ۔ مُدام۔ دائم (۲) جب کہ۔ جب تک۔ تاوقتیکہ۔

مادامَ الحیات (ع۔ تابع فعل) عمر بھر۔ تمام عُمر۔ زندگی بھر۔ تازیست۔

مازاغ (ع) قرآن شریف کی آیت مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی کی طرف اشارہ ہے یعنی آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی شب مقامِ قربِ الٰہی میں نہ کسی طرف آنکھ پھیری اور نہ حُکمِ الٰہی کی نافرمانی کی۔

ماسَبَق (ع۔ صف) گزشتہ۔ گزرا ہوا۔ جو پہلے گزر چکا ہو۔ جو بیت چکا ہو۔ اوّل الذکر۔

ماسَلَف (ع۔ صف) گزرا ہوا۔ بیتا ہوا۔ گزشتہ۔

ماسوا (ع۔ حرفِ اِستثنا) (۱) بجز۔ علاوہ ازیں۔ علاوہ بریں۔ اس کے علاوہ۔ اس کے سوا (۲) صوفیوں کی اِصطلاح میں ذاتِ باری تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے ماسوا ہے۔

ماشاءاللہ (ع۔ تابع فعل) (۱) جو اللہ نے چاہا۔ جو اللہ چاہے۔ جو خُدا کرے۔ اگر خُدا نے چاہا۔ جو خُدا کی مرضی (۲) (کلمۂ تحسین و آفرین) واہ وا۔ آپ کے کیا کہنے۔ سُبحان اللہ (۳) کسی خوب صورت چیز کو دیکھ کر کہتے ہیں جیسے فارسی میں چشم بد دُور (۴) طنزًا بھی کہتے ہیں۔ ماشاءاللہ ہاتھ پاؤں نکالنے لگے ہو۔

ماصَدَق (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جو کہ دُرست ہو (۲) مضمون۔ معنی۔

مافات (ع۔ صف) جو فوت ہوا۔ جو گزر گیا۔

مافوق (ع۔ صف) جو فوقیت رکھتا ہو۔ جو اُوپر ہو۔ اعلیٰ۔ اُونچا۔ بلند۔ ممتاز۔ برتر۔ فائق۔ بُزرگ تر۔ معظم۔

مافوقُ الفِطرت (ع۔ صف) عقل و ذہن سے بالاتر۔ اِنتہائی حیرت انگیز۔

مافی الضمیر (ما۔ فِض۔ ضَ۔ میر) (ع۔ ا۔ مذ) دل کی بات۔ نیت۔ غرض۔ مطلب۔ مقصد۔ مُدعا۔

مافیہا (ما۔ فی۔ ہا) (ع۔ ا۔ مذ) جو کچھ اس میں ہے۔ جو کچھ دُنیا میں ہے۔

ماقبل (ع۔ صف) پہلے کا۔ جو پہلے ہو۔

ماقبل الذکر (ما۔ قب۔ لذ۔ ذِکر) (ع۔ ا۔ مذ) جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو۔ مذکورہ بالا۔

ماقَلّ و دَلّ (ما۔ قل۔ لا۔ و۔ دل۔ لا) (ع۔ ا۔ مذ) تھوڑا جس کے معنی زیادہ ہوں۔

مالاکلام (ع۔ ا۔ مذ) جس میں کسی شک اور اعتراض کی گنجائش نہ ہو۔

مالایطاق (ع۔ ا۔ مذ) طاقت سے بڑھ کر کام۔ وہ کام جو کسی کی طاقت اور قدرت سے باہر ہو۔

مالاینحل (ع۔ صف) جو حل نہ ہو سکے۔ مُشکل مسئلہ۔ جو ناقابلِ حل ہو۔ کٹھن۔ سخت۔ بہت دُشوار۔ اَدق۔

مالہٗ وماعلیہ (ما۔ لَ۔ ہو۔ و۔ ما۔ علیہ) (ع۔ ا۔ مذ) جو اس کے لئے ہے اور جو کچھ اس پر ہے (۱) معاملے کے تمام پہلو (۲) بُرائی اور بھلائی۔ نفع و نقصان۔

مامضٰی (ما۔ مَ۔ ضا) (ع۔ صف) جو گزر گیا۔ جو ہو چکا۔ گزشتہ۔

ماوجب (ع۔ صف) جس کا کرنا واجب ہو۔

ماوَرا (ع۔ صف) بجز۔ سوا۔ اس کے علاوہ۔ علاوہ بریں۔ بالاتر۔

ماورائے عدالت (ع۔ اُ۔ صف) عدالت سے بالا بالا۔ عدالت میں مقدمہ چلائے بغیر۔ (Extra-judicial)۔

مایتحلل (ما۔ یَ۔ تَ۔ حَل۔ لِل) (ع۔ صف) جو گھل کر غائب ہو گیا ہو۔ کوئی چیز دُوسری چیز میں حل ہو کر اپنا وجود کھو بیٹھی ہو۔

مایحتاج (ع۔ ا۔ مذ) وہ چیز جس کی ضرورت ہو۔ اِنسانی ضرورت کی چیزیں۔ ضروریات۔

مایُرید (ما۔ یُ۔ رید) (ع۔ صف) (۱) جو خُدا چاہتا ہے (۲) خُدا کی مرضی۔ مشیّتِ خُداوندی۔

مایُعرف (ع۔ صف) (۱) جو معلوم ہو (۲) کُل۔ کُل شئے مقبوضہ۔

مایُقرا (ع۔ صف) جو پڑھا جائے۔

ماینطِقُ عَنِ الھَویٰ (آیتِ قرآنی) نہیں بولتے اپنی مرضی سے۔ سورہ نجم کی آیت جس میں پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے متعلق فرمایا گیا ہے کہ وہ اپنی طرف سے کچھ نہیں کہتے۔ جو کچھ کہتے ہیں خُدا کے حُکم سے کہتے ہیں۔

مابُون (ع۔ ا۔ مذ) (۱) وہ شخص جسے اِغلام (عِلّتِ اُبنہ) کی عادت ہو۔ بوسیا (۲) نامرد۔ زنانہ (۳) مشتبہ۔

ماپ (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے ناپ۔

ماپ تول (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے ناپ تول۔

ماپ کا پورا (ہ۔ صف) دیکھئے ناپ کا پُورا۔

ماپا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) پیمائش کرنے والا۔ رقبہ بندی کرنے والا (۲) (صف) ماپا ہوا۔ جس کی پیمائش کر لی گئی ہو۔ جس کی رقبہ بندی کر دی گئی ہو۔

ماپا شوربا اور گِنی بوٹیاں (اُر۔ مثل) (۱) جِست۔ کنجُوسی (۲) کفایت شعاری (۳) کھانے پینے کی چیزوں کی کمی۔

ماپنا (ماپ۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھئے ناپنا۔

مات (ق۔ ا۔ مث) (۱) ماتا۔ ماں۔ مادر (۲) ماتر کا مخفف۔

مات (ف۔ ا۔ مث) (۱) ہار۔ شکست۔ زک۔ ہزیمت۔ شطرنج یا بیت بازی میں ہار (۲) (صف) ہارا ہوا (۳) بے رونق۔

مات دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) شکست دینا۔ ہرانا۔ زک دینا (۲) نیچا دکھانا۔ مغلوب کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ خجل کرنا۔ بازی لے جانا (۳) شطرنج یا بیت بازی میں فریقِ مخالف پر غالب آنا۔

مات کرنا (اُر۔ محاورہ) شکست دینا۔ ہرانا۔ بازی لے جانا (۲) مغلوب کرنا۔ نیچا دکھانا۔ شرمندہ کرنا (۳) شطرنج کی بازی یا بیت بازی میں حریف کو ہرا دینا (۴) فوقیت لے جانا۔ کسی کام میں بڑھ جانا۔

مات کھانا (اُر۔ محاورہ) بازی میں ہار جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مات ہو جانا (مات ہونا) (اَر۔ محاورہ) (۱) شکست کھا جانا۔ ہارنا (۲) شرمندہ ہونا۔ ماند ہو جانا۔

ماتا (ہ۔ا۔مث) (۱) والدہ۔ مادر۔ ماں (۲) بڑی عورت کو عزّت سے کہتے ہیں جمع: ماتائیں۔ ماتاؤں (۳) چیچک۔ سیتلا (۴) (صف۔مذ) مدہوش۔ مست۔

ماتا پِتا (ہ۔ا۔مذ) (۱) ماں باپ۔ والدین (۲) بُزرگ۔ آقا۔ مالک۔ مائی باپ۔

ماتا پُوجنا (ہ۔مص مُرکّب) سیتلا کی پُوجا کرنا۔

ماتا سیتلا کے دِن (ہ۔ا۔مذ) وہ زمانہ جب چیچک کا بہت زور ہوتا ہے۔

ماتا نکلنا (اَر۔ محاورہ) چیچک نکلنا۔ سیتلا اُبھرنا۔

ماتر (س۔صف) اکیلا۔ تنہا۔ فقط۔ تھوڑا سا۔ کسی قدر۔

ماترا (مات۔را) (س۔ا۔مث) (۱) ناپ۔ پیمائش (۲) کسی دوا کی مقدار یا اندازہ (۳) ہندی حرفوں کے اعراب (۴) مال۔ دھن۔ دولت (۵) ناگری حروف کا حِصّہ یا جُز (۶) وہ وقت جو چھوٹی حرکت کے بولنے میں لگے۔ لحہ۔ لحظہ (۷) شیشہ (۸) زیور۔ گہنا (۹) مادّہ۔

ماترا لگانا (ہ۔ محاورہ) اعراب دینا۔ حروفِ عِلّت کو حروفِ صحیح کے ساتھ ملا کر پڑھنا۔

ماتَم (ما۔تَم) (ع۔ا۔مذ) (۱) مُصیبت۔ آفت۔ چِنتا (۲) سوگ (۳) رَنج۔ غم۔ ملال۔ الم۔ اندوہ۔ کہرام (۴) مرنے کا غم۔ گریہ و زاری (۵) سینہ زنی (۶) غمِ حسین رضی اللہ عنہ میں سینہ کُوٹنا۔ اُردو جمع: ماتم۔ ماتموں۔

ماتم پُرسی (ع۔ف۔ا۔مث) تعزیت۔ پُرسا۔ ورثائے میّت کے ساتھ ہمدردی۔

ماتم پُرسی کرنا (اَر۔ محاورہ) تعزیت کرنا۔ پُرسا دینا۔ ورثائے میّت سے ہمدردی کرنا۔

ماتم پڑنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی موت پر کُہرام مچنا۔

ماتم خانہ (سرا۔گدہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) غم کا گھر۔ سوگ کا گھر۔ وہ گھر جس میں کوئی مُصیبت یا غمی ہوگئی ہو۔

ماتم دار (ع۔ف۔صف) ماتمی۔ سوگوار۔ سوگی۔

ماتم داری (ع۔ف۔ا۔مث) غم۔ سوگ۔ رنج۔ اَلَم۔ کُہرام۔ گریہ و زاری۔

ماتم زدہ (ع۔ف۔صف) سوگوار۔ ماتمی۔ غمگین۔ رنجور۔

ماتم کرنا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) رنج کرنا۔ غم کرنا (۲) سوگ کرنا۔ مُردے کو رونا (۳) مرثیہ خوانی کرنا۔ سینہ کوبی کرنا۔ امام حسینؑ کے غم میں سینہ کُوٹنا۔

ماتمی (ما۔ت۔ی) (ف۔صف) ماتم کرنے والا۔ سوگوار۔ ماتم سے تعلّق رکھنے والا۔

ماتمی باجا (اَر۔ا۔مذ) وہ باجا جو ماتم میں بجاتے ہیں۔

ماتمی پوشاک (اَر۔ا۔مث) نیلے یا سیاہ رنگ کا لباس جو رنج و غم کی حالت میں پہنا جاتا ہے۔

ماتھا (ہ۔ا۔مذ) (۱) پیشانی۔ جبین۔ ناصیہ۔ جبہہ۔ سر کا اگلا حِصّہ جو بھوؤں کے اوپر اور بالوں کے نیچے ہوتا ہے (۲) ناؤ کا اگلا حِصّہ۔ جمع: ماتھوں۔ ماتھے۔

ماتھا پیٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر پیٹنا۔ ماتم کرنا (۲) پچھتانا۔ افسوس کرنا۔

ماتھا پیٹن کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ظاہر داری کا سلام کرنا (۲) مغز مارنا۔ دیر تک سمجھانا۔

ماتھا چِپٹی (اَر۔صف) وہ عورت جس کا ماتھا چپٹا اور بدنما ہو۔

ماتھا ٹھنکنا (ٹھ۔نک۔نا) (اَر۔ محاورہ) کسی کام کے بُرے انجام کے متعلق پہلے سے خبر ہو جانا۔

ماتھا ٹیکنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سجدہ کرنا۔ عبادت کرنا (۲) خوشامد کرنا۔

ماتھا رگڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیشانی گھِسنا۔ عاجزی سے سجدے کرنا۔ جبہہ سائی کرنا (۲) خوشامد کرنا۔ نہایت عاجزی کرنا۔

ماتھا کُوٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سر پیٹنا (۲) افسوس کرنا۔

ماتھا گودنا (اَر۔ محاورہ) قیدی یا غلام کی پیشانی گود کر نیل بھرنا۔

ماتھا مارنا (اَر۔ محاورہ) سر مارنا۔ مغز پچّی کرنا۔ سر کھپانا۔

ماتھُر (ما۔تھُر) (ہ۔صف۔و۔ا۔مذ) (۱) بھارت کے شہر متھرا کا باشندہ (۲) کائستھوں کی ایک ذات۔ متھرا کے برہمنوں کی ایک ذات۔

ماتھے (ہ۔ا۔مذ) (۱) ماتھا کی جمع (۲) ماتھا کی مُغیّرہ حالت۔

ماتھے پیتنا (اَر۔ محاورہ) آفت آنا۔ مُصیبت آنا۔

ماتھے پر افشاں چننا (اَر۔ محاورہ) پیشانی پر ستارے جمانا۔ عورتیں خوب صورتی کے لئے ایسا کرتی ہیں۔

ماتھے پر الف کھینچنا (اَر۔ محاورہ) فقیر ہو جانا۔ آزاد منش ہو جانا۔

ماتھے پر بل پڑنا (اَر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ غصّے ہونا۔ چیں بہ جبیں ہونا۔

ماتھے پر پسینا ہونا (اَر۔ محاورہ) تکلیف، غم یا شرمندگی کی وجہ سے پیشانی پر پسینا آ جانا۔

ماتھے پر ٹیکا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی اَمر کا کسی پر منحصر ہونا۔

ماتھے پر شکن پڑنا (ہونا) (اَر۔ محاورہ) پیشانی پر بل پڑنا۔ رنج یا ناگواری سے پیشانی پر بل پڑ جانا۔

ماتھے پر گولی لگنا (اَر۔ محاورہ) کسی بات کے ہونے سے پہلے اُس کی بُری علامتیں نظر آنے لگنا۔

ماتھے جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذمّہ پڑنا۔ سر لگنا۔ تھپنا (۲) نُقصان ہونا۔

ماتھے چاند ٹھوڑی تارا (اَر۔ مثل) خوب صورتی کی تعریف یعنی ماتھا چاند سا روشن ہے اور ٹھوڑی تارے کی طرح چمک رہی ہے۔

ماتھے کا گٹّا (اَر۔ا۔مذ) وہ نشان جو سجدے کرنے سے پیشانی پر پڑ جاتا ہے۔

ماتھے مارنا (اَر۔ محاورہ) واپس کرنا۔ لوٹانا۔ پھیرنا۔ واپس کرنا۔ متّھے مارنا۔

ماتھے مڑھنا (اَر۔ محاورہ) ذمّے ڈالنا۔ زبردستی کوئی بات تھوپنا۔

ماتھے ہونا (اَر۔ محاورہ) ذمّے ہونا۔

ماتی (ہ۔صف۔مث) ماتا نمبر۴ کی تانیث۔ سرشار۔ مست۔ متوالی۔ مدہوش۔

ماٹ (ہ۔ا۔مذ) (۱) مٹکا۔ خُم (۲) نیل کا حوض۔

ماٹ بگڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نیل کا مٹکا (حوض) خراب ہو جانا (۲) (کنایۃً) افواہ اُڑنا (۳) راجا کا مرجانا۔

ماٹھ (ہ۔ا۔مث) (۱) بھٹی (۲) (مذ) بڑا مٹکا۔ ماٹ۔ خُم (۳) ہندو فقیروں کی جھونپڑی یا خانقاہ۔ مٹھ (۴) پاٹ شالہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ماٹھو (ما۔ ٹھو)(ہ۔ صف)(۱) مسخرہ آدمی۔ بیوقوف شخص (۲) ایک قسم کا بندر۔

ماٹی (ہ۔ ا۔ مث)(۱) مٹّی۔ خاک۔ دُھول۔ گرد۔ غبار (۲) زمین۔

ماٹی پھانکنا (پَھنکنا) (ہ۔ محاورہ) جلنا۔ حسد کرنا۔ دُشمنی کرنا۔ بیر کرنا۔

ماٹی میں رُلنا (اُر۔ محاورہ)(۱) خاک میں مِلنا۔ دفن ہونا (۲) خراب ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ بگڑ جانا۔

ماثُور (ماثُورہ) (ما۔ ثُور)(ماثُو۔ رَہ)(ع۔ صف)(۱) اثر قبول کیا ہوا (۲) نقل کیا ہوا (۳) وہ جو حدیث سے معلوم ہو۔

ماجِد (ما۔ جِد)(ع۔ صف) بُزرگ۔ قابلِ احترام شخص۔ معزز آدمی۔

ماجِدہ (ما۔ جِ۔ دَہ)(ع۔ صف) ماجد کی تانیث۔

ماجرا (ما۔ جَ۔ را) ما (ع) کے تحت دیکھیے۔

ماجُو (ما۔ جُو)(ہ۔ ا۔ مذ) مازُو۔ ایک درخت کا پھل۔

ماجُوج (ما۔ جُوج)(ع۔ ا۔ مذ) دیکھیے یاجُوج ماجُوج۔

ماجُور (ما۔ جُور)(ع۔ صف مفعولی) اُجر دیا گیا۔ ثواب دیا گیا۔ نیک بدلہ دیا گیا۔

ماجُوم (ہ۔ ا۔ مث) معجون کا مُعرّب (۲) ایک مٹھائی جس میں بھنگ ملائی جاتی ہے۔

ماجھی (ما۔ جھی)(ہ۔ ا۔ مذ) دیکھیے مانجھی۔

ماچا (ہ۔ ا۔ مذ)(۱) اُونچی اور بہت بڑی چارپائی (۲) وہ اُونچی جگہ جہاں بیٹھ کر کھیت سے پرندوں کو اُڑاتے ہیں۔ ٹانڈ۔ مچان۔

ماچا توڑ (ہ۔ صف)(۱) جو ہر وقت چارپائی پر پڑا رہے۔ سُست۔ کاہل (۲) راج پوت سپاہیوں کی ایک قسم جو بھنگ میں مست پڑے رہتے تھے مگر بوقت جنگ بڑی بہادری دکھاتے تھے۔ انہیں اکبر کے عہد میں اَحدی کہا جاتا تھا۔

ماچھ (ماچھی) (ہ۔ ا۔ مث) مچھلی۔ ماہی۔

ماچی (ما۔ چی)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) چھوٹی چارپائی۔ پلنگڑی (۲) وہ جالی دار تھیلا جو گاڑی کے پیچھے اسباب وغیرہ رکھنے کے لئے ہوتا ہے (۳) لکڑی کا وہ آلہ جو ہل چلاتے وقت بیلوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔

ماحضر (ع۔ ا۔ مذ) ما (ع۔ ا۔ موصول) کے تحت دیکھیے۔

ماحول (ع۔ ا۔ مذ) ما (ع۔ ا۔ موصول) کے تحت دیکھیے۔

ماحی (ما۔ حی)(ع۔ صف فاعلی) نیست کرنے والا۔ محو کرنے والا۔ مٹانے والا۔

ماخَذ (ما۔ خَذ)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز نکلے۔ اَخذ کرنے یا لینے کی جگہ۔ منبع۔ نکاس (۲) اصل۔ بنیاد (۳) مادّہ۔ مبدا۔ جمع: مآخذ۔

ماخُوذ (ما۔ خُوذ)(ع۔ صف مفعولی)(۱) اَخذ کیا ہوا۔ حاصل کیا گیا (۲) گرفتار۔ پکڑا ہوا۔ پھنسا ہوا۔ بازپرس میں مبتلا۔ جمع: ماخوذین۔

ماخُوذ کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) پکڑنا۔ گرفتار کرنا (۲) پھنسانا۔ لپیٹنا (۳) اِلزام لگانا۔

ماخولیا (ما۔ خو۔ لیا)(یو۔ ا۔ مذ) دیکھیے مالیخولیا جس کا یہ مخفف ہے۔

مادام (فر۔ ا۔ مث) میڈم۔ خاتون۔ بیگم۔

مادِح (ما۔ دِح)(ع۔ صف فاعلی) تعریف کرنے والا۔

مادَر (ما۔ دَر)(ف۔ ا۔ مث) والدہ۔ ماں۔ اماں۔ ماتا۔ جمع: مادراں۔

مادر بہ خطا (ف۔ صف) حرامی۔ ولدُالزّنا۔

مادر پدر آزاد (ف۔ صف) ہر قسم کی مذہبی اور اخلاقی پابندیوں سے آزاد۔

مادر پدر ہونا (اُر۔ محاورہ) گالی گلوچ کرنا۔ ایک دُوسرے کو گالیاں دینا۔

مادر خواہی (خواہر) کرنا (اُر۔ محاورہ) ماں بہن کی گالی دینا۔

مادرِ رَضاعی (ف۔ ع۔ ا۔ مث) دودھ پلانے والی۔

مادر زاد (ف۔ صف) پیدائشی۔ جنم کا (جیسے مادر زاد اَندھا)۔

مادرِ علاتی (ف۔ ع۔ ا۔ مث) سوتیلی ماں۔

مادرِ گیتی (ف۔ ا۔ مث) زمین۔ دھرتی ماتا۔

مادَرانہ (ما۔ دَ۔ رانَہ)(ف۔ صف) ماں سے متعلق۔

مادَری (ما۔ دَ۔ ری)(ف۔ صف)(۱) ماں کی طرف منسوب (۲) پیدائشی۔ فطری۔

مادری زبان (ف۔ ا۔ مث) ماں کی زبان۔ ماں بولی۔ اپنی بولی۔

مادَہ (ما۔ دَہ)(ف۔ ا۔ مث) عورت ذات۔ نر کا مؤنث۔ (جانوروں کے لئے مستعمل ہے)۔

مادّہ (ماد۔ دَہ)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) علم طبیعیات کے مطابق ہر وہ چیز جس کے بارے میں ہم اپنے حواسِ خمسہ سے کچھ خاصیتیں معلوم کر سکیں۔ مادّے کی تین حالتیں ہوتی ہیں: ٹھوس، مائع اور گیس (۲) ہر چیز کی اصل جس سے کوئی شئے بنائی جائے (۳) جوہر۔ قابلیت۔ صلاحیت (۴) ماخذ۔ اصل۔ جڑ۔ منبع (۵) کسی بات کے سمجھنے کی قوت۔ عقل۔ ادراک۔ سمجھ (۶) جسم۔ وجود (۷) مواد۔ پیپ۔ جمع: مواد۔

مادّہ پرست (ع۔ ف۔ صف) مادّہ کو سب کچھ سمجھنے والا۔ خُدا کا منکر۔ دہریہ۔

مادّہ ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) لیاقت یا استعداد ہونا (۲) کسی چیز کی اَصلیت (جڑ) ہونا۔

مادّۂ تولید (ع۔ ا۔ مذ) وہ رقیق مادّہ جو مرد کے عضوِ تناسل سے خارج ہوتا ہے اور اِستقرارِ حمل کا باعث بنتا ہے۔ منی۔

مادھو (واو مجہول)(س۔ صف)(۱) میٹھا۔ شہد کا بنا ہوا (۲) موسم بہار کا (۳) شری کرشن کا لقب۔

مادّی (ماد۔ دی)(ع۔ صف) ذاتی۔ اصلی۔ قُدرتی۔ طبعی۔

مادّیات (ماد۔ دی۔ یات)(ع۔ ا۔ مث) مادّیت کی جمع۔ مادّی چیزیں۔ مخلوقات۔

مادِیان (ما۔ دِ۔ یان)(ف۔ ا۔ مث) یہ لفظ واحد ہے۔ گھوڑی۔ مادۂ اسپ۔

مادِّیت (ماد۔ دی۔ یَت)(ع۔ ا۔ مث) جسمانیت۔ جسمیت۔ مادّہ ہونا۔ جمع: مادیات۔

مادِین (ف۔ ا۔ مث) ہر حیوان اور پرند کی مادہ۔ اُردو جمع: مادینوں۔ مادینیں۔

ماڈرن (Modern)(انگ۔ صف) جدید۔ نئی روشنی کا۔ زمانہ حال کا۔

ماڈل (Model)(انگ۔ ا۔ مذ)(۱) نمونہ۔ مثالی نمونہ۔ نقشہ (۲) ناپ۔ پیمانہ (۳) سانچا۔ قالب (۴) طور طریق۔

ماذَنَہ (ما۔ ذَ۔ نَہ)(ع۔ ا۔ مذ) مینار جہاں سے اذان دی جائے۔ جہاں سے کسی چیز کا اعلان یا منادی کی جائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ماذُون (ما۔ ذُون)(ع۔ صف) اجازت دیا گیا۔

مار (ف۔ ا۔ مذ) سانپ۔ ناگ۔ افعی۔ جمع: ماراں۔ مارہا۔

مارِ آستین (ف۔ ا۔ مذ) آستین کا سانپ۔ میٹھی چھری۔ بغلی گھونسا۔ دوست نما دُشمن۔

مارِ بَر گنج (ف۔ ا۔ مذ) خزانے پر سانپ۔ اُس کنجوس کے متعلق کہا جاتا ہے جس کے پاس دولت تو ہو مگر نہ خود اپنی ذات پر خرچ کرے اور نہ کسی کو دے۔

مار پیچ (اُر۔ ا۔ مذ)(۱) سانپ کی سی لہر (۲) سیاہ رنگ کا گُچھا جو جھنڈے کے سر پر لگا دیتے ہیں (۳) کئی سانپوں کے مانند باہم پیچیدہ تصویر (۴) پیچ دار راستہ۔ ٹیڑھا راستہ۔

مارخور (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا پہاڑی بکرا جو سانپ کھاتا ہے۔

مارِ دو زبان (ف۔ صف) دو زبان والا سانپ (کنایۃً) مُنافق آدمی۔

مارِ زُلف (ف۔ ا۔ مذ) زلف کا سانپ۔ معشوق کی زلف کو سیاہی اور پیچ و خم کی وجہ سے سانپ سے اِستعارہ کرتے ہیں۔

مارِ ضحّاک (ف۔ ا۔ مذ) وہ سانپ جو ایران کے بادشاہ ضحاک کے کاندھوں پر پیدا ہوگئے تھے اور آدمی کا بھیجا کھاتے تھے۔

مار گزِیدہ (ف۔ صف) وہ جسے سانپ نے کاٹ کھایا ہو۔

مار گزیدہ از ریسماں می ترسد (ف۔ مثل) سانپ کا ڈسا ہوا رسّی سے ڈرتا ہے۔ جس چیز سے نقصان پہنچا ہو اُس کے ہم شکل سے بھی خوف آتا ہے۔

مار گیر (ف۔ ا۔ مذ)(۱) سپیرا (۲)(صف) مکّار۔ دغاباز۔ حیلہ ساز۔

مار گیسُو (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے مارِ زُلف۔

مار ماہی (ف۔ ا۔ مث) ایک قسم کی مچھلی۔ بام مچھلی۔

مار مُہرہ (ف۔ ا۔ مذ) وہ مہرہ جو سانپ کے سر سے نکالا جاتا ہے (۲) زہر کا تریاق۔

مار (ہ۔ ا۔ مث) (۱) چوٹ۔ ضرب۔ مار پیٹ۔ زدوکوب (۲) دھکّا۔ صدمہ۔ آسیب (۳) دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ عذاب۔ رنج۔ کوفت (۴) تنگی۔ مُفلسی (۵) ٹوٹا۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ حق تلفی۔ خیانت (۶) لُوٹ۔ غارت (۷) سزا (۸) غضبِ الٰہی۔ وبال (۹) کثرت۔ بُہتات۔ اِفراط (۱۰) علاج۔ دفعیہ (۱۱) لالچ۔ طمع (۱۲) فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ چال (۱۳) توڑ۔ زور (۱۴) سعی۔ کوشش (۱۵) کاروبار۔ کام کاج (۱۶) خرچ۔ صَرف (۱۷) لعنت۔ پھٹکار۔ دُھتکار۔ بددُعا (۱۸) دھمکی۔ ڈراوا (۱۹) پوتنی مٹی (۲۰) چکنی مٹی جس میں دھان پیدا ہوتا ہے (۲۱) مارنا مصدر کا امر (۲۲)(صف) مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا۔

مار اُتارنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مار ڈالنا (۲) مرنے کے قریب کر دینا (۳) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا (۴) فریفتہ کرنا۔

مار بھگانا (اُر۔ محاورہ) مار کر بھگا دینا۔ شکست دینا۔ ہرا دینا۔

مار بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) یکایک مارنا۔ اچانک پیٹ دینا (۲) غصب کر لینا۔ مار لینا۔

مار پٹائی (اُر۔ ا۔ مث) مار کٹائی۔ زدوکوب۔ لڑائی جھگڑا۔

مار پٹنا (اُر۔ محاورہ) مارا جانا۔ زدوکوب ہونا۔

مار پڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) پٹنا۔ زدوکوب ہونا (۲) آفت آنا (۳) صبر پڑنا۔

مار پیٹ (اُر۔ ا۔ مث) دیکھئے مار پٹائی۔

مار پیٹ کے (اُر۔ متعلق فعل) بڑی مشکل سے۔ دِقّت سے۔

مار پیٹ کئے جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) متواتر مارے جانا (۲) کوشش کئے جانا۔ کوشش میں کسر نہ اُٹھا رکھنا۔

مار پیچھے سنّوار (نون غنّہ)(اُر۔ مثل)(۱) لڑائی کے بعد صلح (۲) رُسوائی کے بعد نیک نامی۔ ذلّت کے بعد عزّت۔

مار چلنا (اُر۔ محاورہ) مارنا شروع کر دینا۔

مار دِلوانا (اُر۔ محاورہ) پٹوانا۔ زدوکوب کرانا۔

مار دھاڑ (اُر۔ ا۔ مث) مار پیٹ۔ زدوکوب۔ لڑائی۔ جنگ و جدل۔

مار دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) قتل کر دینا۔ ہلاک کر دینا (۲) مار پیٹ کرنا (۳) شکست دینا۔ ہرا دینا (۴) دست درازی کر بیٹھنا۔

مار ڈالنا (اُر۔ محاورہ)(۱) قتل کر دینا۔ ہلاک کر دینا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ موہ لینا (۴) بیتاب کر دینا۔ پھڑکا دینا (۵) ہنساتے ہنساتے لوٹا دینا۔

مار ذبح کرنا (ق۔ محاورہ) کام تمام کرنا۔ جیتا نہ چھوڑنا۔ قتل و غارت کرنا۔ مار ڈالنا۔

مار رکھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کام تمام کرنا۔ بچ کر نہ جانے دینا۔ مُردے کے برابر کر دینا (۲) فریفتہ کر لینا۔ عاشق بنا لینا (۳) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا (۴) ناجائز طور پر قبضہ کر لینا۔ ہتھیا لینا۔

مار سے بھوت بھاگتا ہے (مار کے آگے بھوت بھاگتا ہے) (اُر۔ مثل) مار کے آگے سب سرکشی اور شرارت دُور ہو جاتی ہے۔

مار کٹائی (اُر۔ ا۔ مث) مار پیٹ۔ مار دھاڑ۔ زدوکوب۔

مار کر پچڑا کر دینا (اُر۔ محاورہ) بہت مارنا۔ نہایت زدوکوب کرنا۔

مار کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) توپ کے گولے یا بندوق کی گولی کا کسی فاصلے تک جانا (۲) حملہ کرنا۔

مار کھا جانا (اُر۔ محاورہ) دھوکے میں آ جانا۔ فریب میں آ جانا۔

مار کھانا (اُر۔ محاورہ)(۱) پٹنا۔ سزا پانا۔ ضرب کھانا (۲) ہار جانا۔ شکست کھانا (۳) فریب یا دغابازی سے کمانا۔

مار کھانے کی باتیں (اُر۔ ا۔ مث) سزا پانے کے کام۔ قابلِ سزا افعال۔

مار کھانے کی نشانی (اُر۔ صف) کم زور۔ ناتواں۔

مار کھلوانا (اُر۔ محاورہ) پٹوانا۔ سزا دِلوانا۔

مار کے (اُر۔ تابع فعل)(۱) پیٹ کر۔ زدوکوب کر کے (۲) بہت۔ بے حد۔ کثرت سے۔

مار کے اَتّو بنا دینا (اُر۔ محاورہ) اتنا مارنا کہ بدن پر نشان پڑ جائیں۔ بہت زیادہ مارنا۔

مار کے بچھا دینا (مار کے لِٹا دینا) (اُر۔ محاورہ) بہت مارنا۔ بے حد زدوکوب کرنا۔

مار گُسیاں تیری آس (اُر۔ مثل) نوکر مالک سے یا بیوی خاوند سے کہتی ہے کہ جتنا چاہے مار لے۔ میں تو تیرے بھروسے پر ہوں۔

مار لانا (اُر۔ محاورہ)(۱) شکار کرنا۔ مار کے لے آنا (۲) غصب کر لینا۔ دھوکے سے حاصل کرنا۔ چرا لینا۔ لُوٹ کھسوٹ کر لانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مار لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) دبا لینا۔ غصب کر لینا (۲) لوٹ لینا۔ تباہ کر دینا (۳) غبن کرنا۔ ناجائز طور سے لے لینا (۴) پیٹ لینا۔ تھپڑ لگا لینا (۵) جیت لینا۔ فتح کر لینا۔ مغلوب کر لینا (۶) قابو میں کر لینا۔ مطیع کر لینا۔

مار مار (اَر۔ اِ۔ مث) ہنکائے جانے کا شور۔

مار مار دُھول اُڑا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت مارنا (۲) مار کر ناچار کر دینا۔

مار مار (کر) کے بھرکس نکال دینا (اَر۔ محاورہ) بہت مارنا۔

مار مار (کر) کے سیدھا کرنا (اَر۔ محاورہ) پیٹ پیٹ کر دُرست کرنا۔

مار مار کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیٹنے کا حُکم دینا (۲) جنگ و جدل پر اُکسانا (۳) سرزنش کرنا۔ للکارنا (۴) نہایت کوشش کرنا۔ خوب جدّوجہد کرنا (۵) بہت محنت و مشقت کرنا (۶) نہایت جلدی کرنا (۷) مار پیٹ کرنا (۸) شور و غل کرنا۔

مار مارنا (اَر۔ محاورہ) پیٹنا۔ زدوکوب کرنا۔

مار مار ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) مار مار کرنا کا لازم (۲) بڑا تقاضا یا تاکید ہونا۔

مار مرنا (اَر۔ محاورہ) دُوسرے کو قتل کر کے اپنے آپ کو ہلاک کرنا۔ خودکشی کرنا۔

مار میں جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ڈوبنا۔ ضائع ہونا۔ جاتا رہنا (۲) لٹ جانا۔ غارت جانا (۳) بٹے کھاتے میں پڑنا۔ وصول نہ ہونا۔

مار ہٹانا (اَر۔ محاورہ) مار بھگانا۔ شکست دینا۔

مارا (ما۔ را) (و۔ صف) (۱) مارا ہوا۔ کشتہ۔ مقتول (۲) ڈسا ہوا۔ گزیدہ (۳) تباہ شدہ (۴) دُکھی۔ ستایا ہوا (۵) (اِ۔ مذ) بارانی زمین۔ (پن) میرا۔

مارا جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) قتل ہونا۔ ہلاک ہونا (۲) ضائع ہونا۔ تلف ہونا (۳) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۴) غائب ہونا (۵) ذلیل ہونا۔ رُسوا ہونا (۶) لٹ جانا۔ چوری ہو جانا (۷) رقم کا وصول نہ ہونا۔

مارا دھاڑی (ق۔ اِ۔ مث) مار پیٹ۔ جھگڑا۔ مار دھاڑ۔

مارا مار (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) کثرت۔ افراط۔ بہتات۔ زیادتی۔ افزونی (۲) کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ (۳) مار پیٹ۔ مار دھاڑ (۴) بل چل۔ افراتفری۔ بھاگڑ (۵) محنت۔ جاں فشانی۔ مشقت (۶) کش مکش۔ کشاکش۔ دھکا پیل (۷) ظلم و ستم جو کسی پر ہر طرف سے ہو (۸) (متعلق فعل) پے در پے۔ پیہم۔ لگاتار۔

مارا مار کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دوڑ دھوپ کرنا۔ بہت کوشش کرنا (۲) جلدی کرنا۔ شتابی کرنا۔

مارا مارا پھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) آوارہ پھرنا۔ خراب و خستہ پھرنا۔ دربدر پھرنا (۲) ٹھوکریں کھاتے پھرنا۔ بھٹکتے پھرنا۔

مارا ہوا (اَر۔ صف مفعولی) (۱) قتل کیا ہوا (۲) تباہ کیا ہوا۔ برباد کیا ہوا۔ اُجاڑا ہوا (۳) کشتہ کیا ہوا۔

ماربل (Marble) (انگ۔ اِ۔ مذ) سنگِ مرمر۔ ایک قسم کا اعلیٰ درجے کا پتھر جو کئی رنگ کا ہوتا ہے۔

مار پاڑو (ق۔ صف) مُہلک۔ ہلاک کرنے والا۔

مارتا (مار۔ تا) (و۔ صف فاعلی) مارنے والا۔ ضرب لگانے والا۔

مارتا پیر (اَر۔ اِ۔ مذ) زبردست آدمی جو دُوسرے پر قابو پالے۔

مارتول (مار۔ تول) (و۔ اِ۔ مذ) ہتھوڑا۔ موگرا۔

مارتے (و۔ صف) (۱) مارتا کی جمع (۲) مارتا کی مُغیّرہ صورت۔

مارتے خاں (اَر۔ اِ۔ مذ) زبردست۔ زور آور۔ بہادر۔

مارتے کا ہاتھ پکڑا جاتا ہے، کہتے کا مُنہ نہیں پکڑا جاتا (اَر۔ مثل) مارنے والے کا ہاتھ تو پکڑا جا سکتا ہے مگر بدزبان کی زبان نہیں پکڑی جا سکتی۔

مارتے کے پیچھے بھاگتے کے اگاڑی (اَر۔ مثل) بُزدل کے متعلق کہتے ہیں۔

مارتے مارتے بھور کر دینا (گٹھڑی بنا دینا) (اَر۔ محاورہ) بہت مارنا۔ بُری طرح پیٹنا۔ نہایت سخت مارنا۔

مارٹ (Mart) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) نیلام گھر (۲) منڈی۔ تجارتی مرکز۔

مارٹر (Mortar) (انگ۔ اِ۔ مث) (۱) اوکھلی۔ ہاون (۲) ایک قسم کی چھوٹی توپ۔

مارجن (Margin) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) حاشیہ۔ آخری حد (۲) زائد رقم جو کمی بیشی پُوری کرنے کو رکھی جائے۔

مارچ (March) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) سنہ عیسوی کا تیسرا مہینا جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے (۲) کُوچ۔ روانگی (۳) باقاعدہ قدم اُٹھانا۔ معیّن رفتار سے چلنا۔

مارچ پاسٹ (March Past) (انگ۔ اِ۔ مذ) فوج کی سلامی۔

مارچوبہ (ف۔ اِ۔ مذ) ایک سبزی جس کی کچّی کونپلیں بطور سلاد کھاتے ہیں۔ (Asparagus)۔

مارشل (Marshal) (انگ۔ اِ۔ مذ) سپہ سالار۔ جنرل۔

مارشل (Martial) (انگ۔ صف) جنگی۔ حربی۔ عسکری۔ فوجی۔

مارشل لا (Martial Law) (انگ۔ اِ۔ مذ) فوجی قانون۔ جنگی قانون۔

مارفیا (Morphia) (انگ۔ اِ۔ مذ) افیون کا ست جو درد کی تکلیف کم کرنے کے لئے اِستعمال کیا جاتا ہے۔

مارک (Mark) (انگ۔ اِ۔ مذ) (۱) نشانی۔ نشانہ۔ علامت (۲) کوئی نشان جو ناخواندہ آدمی دستخط کی جگہ بنائے (۳) اِمتحان کے سوالات کے نمبر (۴) داغ۔ دھبا (۵) معیار سے بلند (۶) جرمنی کا ایک سِکّہ۔

مارک کرنا (اَر۔ محاورہ) نشان لگانا۔ علامت بنانا۔ نقش کرنا (۲) نقشے پر کسی نشانی کو ظاہر کرنا۔

مارکا (مار۔ کا) (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) علامت۔ پہچان۔ نشانی (۲) وہ نشان جو کسی سلطنت کی طرف سے اُس سلطنت کی علامت ظاہر کرے (۳) وہ علامت جو کوئی کمپنی اپنے کارخانے کی مصنوعات کے لئے مقرر کرے۔

مارکر (Marker) (انگ۔ صف و اِ۔ مذ) (۱) نشان لگانے والا۔ نشان کرنے والا (۲) کھوجی۔

مارکسزم (Marxism) (انگ۔ اِ۔ مذ) دیکھئے مارکسیّت۔

مارکسی (اَر۔ اِ۔ مذ) کارل مارکس کے نظریات کا حامل۔ کیمونسٹ۔

مارکسیّت (مارک۔ سی۔ یَت) (اَر۔ اِ۔ مث) وہ اقتصادی، سیاسی اور سماجی نظریات جن کی بنا مشہور جرمن دانش ور اور ماہرِ اقتصادیات کارل مارکس اور فریڈرک اینگلز نے ڈالی تھی۔ کیمونزم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مارکوئیس (Marquis) (Quess) (انگ۔ا۔مذ) نواب۔ ڈیوک سے چھوٹا ایک انگریزی خطاب۔

مارکیٹ (Market) (انگ۔ا۔مث) بازار۔ منڈی۔ گزری۔ پیٹھ۔

مارگ (بسکونِ سوم و چہارم) (س۔ا۔مذ) (۱) راستہ۔ راہ۔ باٹ۔ سبیل۔ طریق۔ پنتھ (۲) طرح۔ طور۔ طریقہ۔ رنگ ڈھنگ (۳) زہر کا اتار (۴) چارہ۔ علاج۔ تدبیر۔ اُپائے۔

مارگرین (Margarine) (انگ۔ا۔مذ) مصنوعی مکھن جس میں چکنائی کی مقدار کم ہوتی ہے۔

مارنا (مار۔نا) (ہ۔مص) (۱) پیٹنا۔ زدوکوب کرنا (۲) ضرب لگانا۔ چوٹ لگانا (۳) حملہ کرنا (۴) سزا دینا۔ ڈانٹنا (۵) لگانا۔ جڑنا (۶) وار کرنا۔ حملہ کرنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا (۷) فنا کرنا۔ نیست و نابود کرنا (۸) فتح کرنا۔ جیتنا۔ تسخیر کرنا (۹) بازی لینا۔ کشتی جیتنا (۱۰) حریف کے مہرے کو پیٹنا (۱۱) ہنکانا۔ دُھتکارنا۔ بھگانا (۱۲) پھانسنا (۱۳) غبن کرنا۔ خورد بُرد کرنا۔ اُڑا لینا (۱۴) پٹکنا۔ دے مارنا (۱۵) پچھاڑنا (۱۶) قابو میں کرنا (۱۷) اِشارہ کرنا آنکھ سے (۱۸) پانی کے اندر جانا (غوطہ مارنا)۔

مارننگ (Morning) (انگ۔ا۔مث) صبح۔

مارنے والے سے جِلانے والا بڑا ہے (اَر۔مثل) جب دُشمن بُرائی یا ہلاکت میں پُوری کوشش کر چکے اور خُدا کی مہربانی سے کوئی نُقصان نہ پہنچے تو کہتے ہیں۔

مارُو (ما۔رُو) (ہ۔ا۔مذ) (۱) مارنے والا۔ ہلاک کرنے والا (۲) مُخالف سمتوں میں ملے ہوئے ہرن کے دو سینگ (۳) ایک راگنی۔

مارواڑ (مار۔واڑ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) جودھ پور (بھارت) کا علاقہ (۲) ایک قسم کے گیت جو راج پوتانہ میں گائے جاتے ہیں (۳) ایک قسم کا سفید کبوتر جس کے پروں پر سفید چِتّیاں ہوتی ہیں۔

ماروت (ما۔رُوت) (ع۔ا۔مذ) دیکھئے ہارُوت و مارُوت۔

مارُوں گھٹنا پُھوٹے آنکھ (اَر۔مثل) بے محل اور بے جوڑ بات پر کہتے ہیں۔

ماری (ما۔ری) (اَر۔ا۔مث) مار۔ ضرب۔

ماری پڑنا (اَر۔محاورہ) مار پڑنا۔ شامت آنا۔ جان پر بننا۔ صدمہ پہنچنا۔

مارے (ہ۔تابع فعل) (۱) وجہ۔ سبب۔ خاطر۔ لئے۔ واسطے۔ کارن (۲) مارنا کا مضارع (۳) (صف) مارے ہوئے۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔

مارے آپ لگاوے تاپ (اَر۔مثل) آپ کرے اور دُوسرے کے سر لگائے۔

مارے اور رونے نہ دے (اَر۔مثل) زبردست ظلم کرے اور فریاد بھی نہ سُنے۔

مارے باندھے (اَر۔تابع فعل) زبردستی۔ مجبوری سے۔

مارے باندھے کا سودا (اَر۔ا۔مذ) مجبوری کا معاملہ۔

مارے جُوتیوں کے سر پر ایک بال نہ رکھوں (چھوڑوں) (اَر۔محاورہ) کسی پر بہت غصّہ ظاہر کرنے کے لئے یہ کلمات بولتے ہیں۔

مارے سپاہی نام سردار کا (اَر۔مثل) کام کوئی کرے نام کسی کا ہو۔ نیز دیکھئے کاٹے باڑھ نام تلوار کا۔

مارے سے پدلیا اچھا (اَر۔مثل) دھمکی سے کام نکال لینا چاہئے۔

مارے مارے پھرنا (اَر۔محاورہ) بھٹکتے پھرنا۔ بیکار گھومنا۔

مارے نہ چُوہی نام فتح خاں (اَر۔مثل) مُفت میں بہادُر مشہور ہو گئے۔

مارے نہ کوٹے دِل ہی دِل میں گھونٹے (اَر۔مثل) چپکے چپکے دِل کو تکلیف پہنچانا۔ اَندر ہی اَندر دِل دُکھانا۔

مارے ہنسی کے لوٹ جانا (لوٹ پوٹ ہو جانا) (واو مجہول) (اَر۔محاورہ) ہنسی کی شِدّت سے بے تاب ہو جانا۔

مارے ہَول کے (اَر۔تابع فعل) خوف کی شِدّت سے۔ ڈر کے مارے۔

ماڑا (ما۔ڑا) (ہ۔صف) (۱) بودا۔ کم زور۔ کم طاقت۔ ناتواں (۲) دُبلا پتلا۔ لاغر (۳) بوڑھا۔ ضعیف (۴) غریب۔ مسکین (۵) مُفلس۔ کنگال۔ تنگ دست (۶) نکما۔ خراب۔ کھوٹا (۷) حقیر۔ ناچیز (۸) کمینہ۔ ادنیٰ۔ نیچ۔

ماڑی (ما۔ڑی) (ہ۔صف) (۱) ماڑا کی تانیث (۲) (ا۔مث) کلف۔ اہار (۳) اُوپر کی منزل۔ اٹاری۔ جمع: ماڑیاں۔ ماڑیوں۔

ماڑُو (ما۔ڑُو) (ف۔ا۔مث) ماجو۔ ایک مشہور دوا۔

ماس (س۔ا۔مذ) (۱) مہینا (۲) چاند۔ ماہ۔ قمر (۳) (ہ۔ا۔مذ) گوشت۔

ماس کھائے ماس بڑھے، گھی کھائے بَل ہو۔ ساگ کھائے اوجھ بڑھے، بوتا کہاں سے ہو (ہ۔مثل) گوشت کھانے سے بدن کا گوشت بڑھتا ہے۔ گھی کھانے سے طاقت آتی ہے۔ ساگ کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے مگر طاقت نہیں آتی۔

ماس نوچنا (ہ۔محاورہ) بوٹیاں کاٹنا۔ بھنبھوڑنا۔ گوشت اُتارنا۔

ماسٹر (Master) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مالک۔ مختار۔ قابض (۲) آقا۔ کارخانے کا مالک (۳) صاحبِ خانہ (۴) ماہرِ فن۔ اُستاد۔ مُعلّم (۵) بڑے لوگوں کے بچّوں کو مُلازم اِس نام سے پکارتے ہیں۔

ماسٹر پیس (Master Piece) (انگ۔ا۔مذ) شاہکار۔ بہترین کاریگری کا نمونہ۔ اعلیٰ صنعت۔

ماسِکہ (ما۔سِ۔کہ) (ع۔صف) وہ قوت جو غذا کو معدے میں ہضم کے لئے روکتی ہے۔

ماسی (ہ۔ا۔مث) ماں کی بہن۔ خالہ۔

ماش (ہ۔ا۔مذ) اُڑد۔ ایک لیس دار سیاہی مائل سبز اَناج جس کی دال وغیرہ بناتے ہیں۔

ماش مارنا (اَر۔محاورہ) ماش کے دانوں پر جادُو ٹونا کر کے کسی پر پھینکنا۔ ٹونا کرنا۔

ماشا (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے ماش (۲) ریل۔ گُٹی۔ وہ گھرکی جس پر طِلا بے دھاگا لپیٹتے ہیں۔

ماشاءاللہ۔ ما (ع۔ا۔موصول) کے تحت دیکھئے۔

ماشہ (ما۔شہ) (ف۔ا۔مذ) آٹھ رَتّی کا وزن۔ تولے کا بارھواں حِصّہ۔

ماشہ بھر (اَر۔صف) (۱) ایک ماشے کی مقدار۔ پُورا آٹھ رَتّی (۲) ذرا سا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ماشہ تولہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔
ماشی (ما۔شی) (ہ۔ صف) ماش کے رنگ کا۔ سبز کاہی۔ سیاہی مائل سبز۔
ماضی (ع۔ اِ۔ مث) مصدر کا وہ صیغہ جس سے گزرا ہوا زمانہ ظاہر ہو Past Tense (۲) (اُر۔ اِ۔ مذ) کسی شخص کا گزرا ہوا زمانہ (Past Time)۔
ماضی اِحتمالی (ع۔ اِ۔ مث) وہ ماضی جس سے گزشتہ زمانے میں کسی فعل کے صادر ہونے کا احتمال یا شک ہو۔ مثلاً: بکر آیا ہوگا۔
ماضی اِستمراری (ع۔ اِ۔ مث) وہ ماضی جس میں زمانہ گزشتہ میں کسی فعل کا لگاتار واقع ہونا ظاہر ہو۔ جیسے کھاتا تھا یا کھا رہا تھا۔
ماضی بعید (ع۔ اِ۔ مث) وہ ماضی جس سے دُور کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے آیا تھا۔
ماضی تمنائی (شرطی) (ع۔ اِ۔ مث) وہ ماضی جس میں تمنا یا شرط پائی جائے جیسے کاش! وہ آتا۔
ماضی شکیہ۔ دیکھئے ماضی اِحتمالی۔
ماضی قریب (ع۔ اِ۔ مث) وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے۔ جیسے حمید آیا ہے۔
ماضی مطلق (ع۔ اِ۔ مث) وہ ماضی جس میں زمانے کے قریب و بعید ہونے کا لحاظ نہ ہو بلکہ مطلق گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے جیسے باسط آیا۔
ماضی معطوفہ (ع۔ اِ۔ مث) وہ ماضی جس میں کسی بات یا کلام کا بار بار ہونا ظاہر ہو (بذریعہ عطف)۔
ماضی ناتمام۔ دیکھئے ماضی اِستمراری۔
ماضِیَہ (ما۔ضی۔یَہ) (ع۔ صف) گزرا ہوا۔ بیتا ہوا۔ گزشتہ۔ پیشتر کا۔
ماغ (ف۔ اِ۔ مذ) ایک قسم کا کبوتر۔
مافیا (Mafia) (انگ۔ اِ۔ مذ) جرائم پیشہ لوگوں کا منظم گروہ۔
ماقوتی (ما۔قو۔تی) (ع۔ اِ۔ مث) ایک قسم کا حلوا۔
مأکول (ما۔کول) (ع۔ صف) (۱) کھایا ہوا (۲) (مذ) کھانے کی چیز۔ غذا۔ خوراک۔
مأکولات (ما۔کو۔لات) (ع۔ اِ۔ مذ) ماکول کی جمع۔ کھانے کی چیزیں۔
ماکھن (ما۔کھن) (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) مکھن۔ مسکا۔ کچا گھی (۲) روغن۔ تیل (۳) گاڑھا پکا ہوا دودھ۔ ربڑی۔
ماکھو (ما۔کھو) (ہ۔ اِ۔ مث) افواہ۔ شہرت۔ چرچا۔
ماکھی (ہ۔ اِ۔ مث) مکھی۔
ماکیاں (ما۔کِ۔یاں) (ف۔ اِ۔ مث) مُرغی۔ یہ لفظ جمع نہیں مفرد ہے۔
ماگھ (س۔ اِ۔ مذ) دسویں ہندی مہینے کا نام۔ وسط جنوری تا وسط فروری۔
ماگھ تِلی بیساکھ بُھوکی (ہ۔ مثل) ہمیشہ مفلس۔ سدا کنگال۔
مال (ہ۔ اِ۔ مث) وہ ڈور جو چرخے میں تکلے کو متحرک کرتی ہے۔ وہ چمڑے کی پٹی جو مشین کو متحرک کرتی ہے (۲) مالا۔ ہار (۳) (پن) کنوئیں کا موٹا رسا۔

مال (Mall) (انگ۔ اِ۔ مث) شہر کی بڑی سڑک۔ ٹھنڈی سڑک۔ دی مال۔
مال (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) دھن۔ دولت۔ نقدی۔ مایہ۔ پونجی (۲) اَسباب۔ جائیداد۔ سامان (۳) سوداگری کی چیزیں (۴) خاص ملکیت جس میں دُوسرے کا تصرّف نہ ہو (۵) بیش قیمت چیزیں۔ قیمتی شَے (۶) گائے بھینس۔ مویشی۔ عرب میں اُونٹ، دُنبہ وغیرہ (۷) مال گزاری۔ لگان۔ محصول۔ خراج۔ معاملہ (۸) پیداوار۔ آمدنی۔ زراعت (۹) نفیس کھانا۔ قیمتی طعام (۱۰) اصل حقیقت۔ کائنات۔ ہستی۔ وجود (۱۱) ڈاک کی تھیلی (۱۲) وہ چیز جس پر چٹھی پڑے۔ لاٹری کا اِنعام (۱۳) ایک ہی عدد کے باہمی ضرب سے جو حاصل ہو۔ جیسے سولہ چار کا مال ہے (۱۴) نیل جو فروخت ہوتا ہے (۱۵) دانے دار نیل کی گاد جو بھٹی میں پانی خشک ہو جانے پر رہ جاتی ہے (۱۶) نوعمر نوچی۔ جمع: اَموال۔
مال آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی دُوسری جگہ سے سوداگری کا سامان آنا (۲) نوعمر نوچی کا بازار میں آنا۔
مال اُڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) روپیہ لُٹانا۔ فضول خرچی کرنا (۲) لذیذ اور نفیس چیزیں کھانا (۳) روپیہ خُورد بُرد کرنا۔ غبن کرنا۔ خیانت کرنا۔
مالِ اَموات (ع۔ اُر۔ اِ۔ مذ) لاوارث مال۔ مُردوں کا مال۔
مالِ بازیافتہ (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) وہ مال جو ملزم (چور) سے برآمد ہوا ہو۔
مالِ برآمد (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) (۱) وہ مال جو دساور کو بھیجا جائے۔ اپنے ملک سے دُوسرے ملک میں لے جا کر فروخت کرنے کی جنس (۲) چوری کا مال جو ملزم سے واپس لیا گیا ہو۔
مال پچا بیٹھنا (پچنا) (اُر۔ محاورہ) غبن کرنا۔ خیانت کرنا۔
مال پر زکوٰۃ ہے (اُر۔ مثل) آمد پر ہی خرچ ہوتا ہے۔ آمدنی ہی پر زکوٰۃ منحصر ہے۔
مال پرست (ع۔ ف۔ صف) مال کی پرستش کرنے والا۔ بندۂ سیم و زر۔
مال پڑا پانا (اُر۔ محاورہ) بے محنت و مشقت دولت ملنا۔
مال تال (مال ٹال) (اُر۔ اِ۔ مذ) روپیہ پیسا۔ مال و متاع۔
مال چیرنا (اُر۔ محاورہ) غبن کرنا۔ مال ہضم کرنا۔ غصب کرنا۔
مالِ حرام (ع۔ اِ۔ مذ) ناجائز مال۔ چوری کا مال۔ بُری کمائی۔
مالِ حرام بُوَد بجائے حرام رفت (ف۔ مثل) ناجائز مال جس طرح آیا تھا اُسی طرح چلا گیا۔ جیسی بُری کمائی تھی ویسی ہی بُری جگہ خرچ ہوئی۔
مالِ حِصّہ داری (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) ساجھے کی پونجی۔ شرکت کا مال۔ حِصّہ داری کا سرمایہ۔
مال خانہ (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) گودام۔ ذخیرہ۔ بھنڈار۔ کوٹھی۔ جنس گھر۔
مالدار (ع۔ ف۔ صف) دولت مند۔ دھنی۔ روپے والا۔ زردار۔ صاحبِ زر۔
مالداری (ع۔ ف۔ اِ۔ مث) دولت مندی۔ تونگری۔ ثروت۔
مال زادہ (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) حرام کا بچہ۔ پیشہ ور عورت کا بچہ۔ قرم ساق۔ بھڑوا۔
مال زادی (ع۔ ف۔ اِ۔ مث) (۱) فاحشہ عورت۔ رنڈی۔ قحبہ۔ بازاری عورت (۲) کٹنی۔ تانکہ۔ دلالہ۔
مالِ سائر (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) مال گزاری کے علاوہ چُنگی، سڑک، مدرسہ وغیرہ کے محاصل۔
مال سستے پر ڈھالنا (اُر۔ محاورہ) سستا بیچنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مالِ شراکت (اُر-ا-مذ) حِصّہ داری کا مال۔ ساجھے کی پُونجی۔
مالِ ضامِن (ع-ف-ا-مذ) نقدی کی ضمانت دینے والا۔ ضمانت کا روپیہ ادا کرنے کا ذِمّے دار۔
مالِ ضامنی (ع-ف-ا-مث) مال کی ضمانت۔
مالِ ضبطی (ع-ف-ا-مذ) سرکاری حُکم سے قبضہ کیا ہوا مال۔ قرق کیا ہوا مال۔
مالِ طیِّب (ع-ا-مذ) پاکیزہ مال۔ حلال کی کمائی۔
مالِ عرب پیشِ عرب (ف-مثل) اپنا مال اپنی ہی آنکھوں کے سامنے محفوظ رہتا ہے۔
مالِ غنیمت (ع-ا-مذ) لُوٹ کا مال۔ وہ دولت جو مُسلمانوں کو غیر مُسلموں سے لڑائی میں ہاتھ آئے۔
مالِ غیرمنقولہ (ع-ا-مذ) وہ مال جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ منتقل نہ کیا جا سکے جیسے زمین، مکان وغیرہ۔
مالِ فرود (ع-ف-ا-مذ) گودام کا مال۔ کوٹھی یا دُکان کا مال۔
مال کا بندوبست (اُر-ا-مذ) خرچ کا اِنتظام۔ بندوبست پیداوار کا اِنصرام۔ مال گزاری کی تجویز۔
مالِ کاسِد (ع-ف-ا-مذ) کھوٹا مال۔ وہ مال جس کی بازار میں مانگ نہ ہو اور کم قیمت پر بیچا جائے۔
مال کا مُنہ کرتا ہے جان کا مُنہ نہیں کرتا (اُر-مثل) بخیل کی نسبت بولتے ہیں جو مال کے مُقابلے میں جان کی پروا نہیں کرتا۔
مال کا نُقصان جان کی خیر (اُر-محاورہ) اُس وقت بولتے ہیں جب مال کا نُقصان ہو کر جان بچ جائے۔
مال کٹنا (اُر-محاورہ) (۱) مال چوری جانا (۲) مال کا کثرت سے بکنا۔
مال کھینچنا (اُر-محاورہ) مال کمانا۔ مال حاصل کرنا۔
مال کیا ہے (اُر-مقولہ) کوئی حقیقت نہیں۔ کیا شے ہے۔
مال گاڑی (اُر-ا-مث) وہ ریل گاڑی جس میں مال روانہ کیا جاتا ہے۔
مال گزار (ع-ف-ا-مذ) مال گزاری ادا کرنے والا۔ سرکار کو زمین کا لگان ادا کرنے والا۔
مال گزاری (ع-ف-ا-مث) زمین کا لگان (Land Revenue)۔
مالِ لاوارث (ع-ا-مذ) وہ مال جس کا کوئی وارث اور دعوے دار نہ ہو۔
مال لُٹے سرکار کا مرزا کھیلیں پھاگ (اُر-مثل) دُوسروں کے مال پر عیش اُڑانا۔
مال مارنا (اُر-محاورہ) غبن کرنا۔ ٹھگنا۔ فریب سے لینا۔ چوری کرنا۔
مال مارُو (اُر-صف) غبن کرنے والا۔ خورد بُرد کرنے والا۔ خائن۔ غاصب۔
مالِ متاع (ع-ا-مذ) دیکھئے مال و متاع۔
مالِ مُجرم (مُلزوم) (ع-اُر-ا-مذ) چور۔
مالِ محمولہ (ع-ا-مذ) مال جو بذریعہ گاڑی، ناؤ یا جہاز دُوسری جگہ لاد کر لے جائیں۔ جہاز پر لدا ہوا مال۔
مال مست (ع-ف-صف) دولت کے نشے میں سرشار۔ دولت پر مغرور۔ بے فکرا۔

مالِ مسرُوقہ (ع-ا-مذ) وہ مال جو چوری کیا جائے۔ چوری شُدہ مال۔
مالِ مفت (ع-ف-ا-مذ) (۱) محنت یا کوشش کے بغیر حاصل کیا ہوا مال (۲) بن داموں ملا ہوا مال۔
مالِ مفت دلِ بے رحم (اُر-مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب دُوسرے کا مال بے دریغ صَرف کیا جائے۔
مالِ مقرُوقہ (ع-ا-مذ) وہ مال جو قرق کیا گیا ہو۔ ضبط شُدہ مال۔
مالِ منقولہ (ع-ا-مذ) وہ مال یا جائیداد جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ منتقل کی جا سکے۔
مالِ مُوذی نصیبِ غازی (ف-مثل) بخیل کا مال کسی کو ملنے پر بولتے ہیں۔
مالِ وقف (ع-ا-مذ) وہ مال جو خُدا کے نام پر عام اِستعمال کے لئے چھوڑ دیا جائے مثلاً مسجد، مندر، سرائے وغیرہ۔
مال و متاع (ع-ا-مذ) سامان اور روپیہ پیسا۔ دولت و اسباب وغیرہ۔
مالا (ہ-ا-مث) (۱) پھولوں، موتیوں یا سونے کا ہار۔ گجرا (۲) ہندوؤں کی تسبیح (۳) (ا-مذ) ایک درخت کا نام (۴) قطار۔ سلک (۵) وہ نشان جو فولادی تیغ اور شمشیرِ ہندی کے دونوں طرف ہوتا ہے۔
مالا پھیرنا (جپنا) (اُر-محاورہ) تسبیح پڑھنا۔ سمرن جپنا۔
مالا مال (ما-لا-مال) (اُر-صف) (۱) دولت مند۔ تونگر۔ خوش حال۔ زردار (۲) بہت۔ کثیر (۳) لبریز۔ معمور۔ بھرا ہوا۔
مالا مال کر دینا (اُر-محاورہ) اُمیر بنا دینا۔ دولت مند بنا دینا۔
مال پُوا (مال پُوڑا) (ہ-ا-مذ) ایک قسم کی روغنی روٹی۔ گلگلا۔
مالتی (مال-تی) (ہ-ا-مث) (۱) ایک بُوٹی کا نام۔ ایک قسم کی بیل (۲) ایک قسم کے پُھول کا نام۔ چنبیلی (۳) جوان عورت (۴) دریا۔ چاندنی رات۔
مالتی بسنت (ہ-ا-مذ) ایک کُشتہ جو سونے کے ورقوں اور موتیوں سے تیار کیا جاتا ہے۔
مالتی پھل (ہ-ا-مذ) جائفل۔
مالتی مالا (ہ-ا-مث) چنبیلی کے پُھولوں کا ہار۔
مالٹ (Malt) (انگ-ا-مذ) شراب سازی کے لئے تیار کئے ہوئے جو یا کوئی اور اناج۔ شعیر۔
مالٹا (مال-ٹا) (اُر-ا-مذ) سنگترے کے خاندان کا ایک پھل جو ترش و شیریں ہوتا ہے۔
مالدا (مال-دا) (ہ-ا-مذ) ایک اعلیٰ قسم کا آم۔
مال سری (مال-سَ-ری) (س-ا-مث) (۱) ایک راگنی جو بعد دوپہر اگہن پُوس میں گائی جاتی ہے (۲) دیکھئے مولسری۔
مالش (ما-لِش) (ف-ا-مث) (۱) ملنا۔ رگڑنا (۲) متلی۔ جی کا متلانا۔
مالِک (ما-لِک) (ع-ا-مذ) (۱) صاحب۔ آقا۔ خُداوند۔ حاکم۔ سردار (۲) خُدائے تعالیٰ۔ رب۔ ایشور (۳) کسی چیز کی ملکیت رکھنے والا (۴) خصم۔ شوہر (۵) حضرت امام مالکؒ جن کے پیرو مالکی کہلاتے ہیں (۶) دوزخ کا دربان (۷) (صف) قابض۔ مختار۔ جمع: ملاک۔ ملّاک۔ مالکان۔ اُرجمع: مالک۔ مالکوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مالکُ المُلک (ما۔لِ۔کُل۔مُلک) (ع۔ا۔مذ) (۱) مُلک کا مالک۔ بادشاہ۔ شہنشاہ (۲) خُدائے تعالیٰ۔

مالکِ حقیقی (ع۔ا۔مذ) اصلی مالک۔ خداوند تعالیٰ۔

مالکِ خود کاشت (ع۔ف۔ا۔مذ) اپنی زمین خود بونے والا مالک۔

مالکِ علیَ الاِطلاق (ع۔لَل۔اِط۔لاق) (ع۔ا۔مذ) مالکِ مطلق۔ ہر کام کا مالک و مختار خدائے تعالیٰ۔

مالک کرنا (اُر۔ محاورہ) مالک بنانا۔ قبضہ دینا۔ مختار کرنا۔ اِختیار دینا۔

مالکِ مکان (ع۔ف۔ا۔مذ) گھر والا۔ صاحبِ خانہ۔

مالک ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) وارث ہونا۔ والی ہونا۔ قابض ہونا (۲) مختار ہونا۔ مجاز ہونا (۳) سرپرست ہونا۔ مُربّی ہونا۔

مالِکانَہ (ما۔لِ۔کا۔نہ) (ف۔صف) (۱) مالک کے طور پر (۲) زمین داری کا حق۔ حقِ زمین جو کاشتکار سالانہ یا ماہانہ نقدی یا جنس کی صورت میں زمین دار کو ادا کرتا ہے۔

مالکانہ رُسُوم (ف۔ا۔مث) ملکیت کا حق۔ حقیت کا روپیہ۔

مال کنگنی (ہ۔ا۔مث) ایک درخت جس کے بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے اور ادویہ میں استعمال ہوتا ہے۔

مالکوس (مال۔کوس) (ہ۔ا۔مذ) ایک راگ کا نام جو رات کو گایا جاتا ہے۔

مالکی (مالکیَّہ) (ما۔لِ۔کی) (ما۔لِ۔کی۔یَہ) (ع۔صف) (۱) حضرت امام مالکؒ سے منسوب (۲) اہلِ سنّت کا وہ فرقہ جو فقہ میں امام مالک کا مقلد ہے۔

مالِن (ما۔لن) (ہ۔ا۔مث) مالی کی بیوی۔ پھول بیچنے والی۔

مالُوف (ما۔لُوف) (ع۔صف) اُلفت کیا گیا۔ جس سے اُلفت کی جائے۔ مانُوس۔ محبوب۔ پیارا۔

مالی (ہ۔ا۔مذ) ایک قوم جو باغبانی کرتی ہے۔ باغبان۔ جمع: مالی۔ مالیوں۔

مالی (ما۔لی) (ع۔صف) (۱) مال سے منسوب (Financial) (۲) مال گزاری سے منسوب (۳) معاملۂ مال سے متعلق۔

مالی پیشکار (ع۔ف۔ا۔مذ) واصل باقی نویس۔ مال گزاری یا مُعاملے کا جمع خرچ لکھنے والا۔ محررِ مال گزاری۔

مالی کام (ع۔اُر۔ا۔مذ) مال گزاری کے متعلق کام۔ زمین کے متعلق کام کاج۔

مالیات (ما۔لی۔یات) (ع۔اُر۔ا۔مث) مالی اُمور۔ خزانہ۔

مالیاتی (ما۔لِ۔یا۔تی) (ع۔اُر۔ [illegible] ے متعلق۔ [illegible] معاملات سے متعلق۔

مالِیَّت (ما۔لی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) پونجی۔ سرمایہ (۲) دھن۔ دولت (۳) قیمت۔ مول (۴) قدر و منزلت۔ وقعت (۵) تشخیص۔

مالیَتی (ع۔اُر۔صف) مالیت سے منسوب۔ مالیت کا۔ رقم کا۔

مالیخولیا (یو۔ا۔مذ) ماخولیا۔ ایک قسم کا جنون۔ پاگل پن۔ خفقان۔

مالیدَہ (ما۔لی۔دہ) (ف۔صف) (۱) ملا ہوا (۲) (مذ) دیکھئے ملیدہ۔

مالیَہ (ع۔ا۔مذ) (۱) مالیت (۲) مال گزاری۔ خراج۔ حکومت کی سالانہ آمدنی۔

مام (ہ۔ا۔مث) اِستطاعت۔ بساط۔ طاقت۔ بَل۔ بوتا۔ مقدرت۔

مام (ماما) (ف۔ا۔مث) (۱) ماں۔ والدہ (۲) بوڑھی عورت (۳) کھانا پکانے والی عورت۔ باورچن (۴) خادمہ۔ مُلازمہ۔ دائی (۵) کنیز۔ باندی۔ لونڈی۔

ماما اصیل (اُر۔ا۔مث) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔

ماماگری (ماماگیری) (ف۔ا۔مث) (۱) کھانا پکانے کی مُلازمت (۲) خدمت گاری کا پیشہ۔

مامتا (ام۔تا) (ہ۔ا۔مث) ممتا۔ ماں کی محبت۔

مامتا ٹھنڈی رہنا (اُر۔ محاورہ) بچّے کو دیکھ دیکھ کر ماں کا خوش رہنا۔

مامَن (ما۔مَن) (ع۔ا۔مذ) امن کی جگہ۔ پناہ گاہ۔ آرام کی جگہ۔ ٹھکانا۔

مامو (ماموں) (ما۔مو) (ما۔موں) (ہ۔ا۔مذ) ماں کا بھائی۔ (پن) ماماں۔

مامو (ماموں) اللہ بخش (اُر۔ا۔مذ) عورتوں کا ایک فرضی جن جس کی وہ نیاز دلاتی ہیں۔

مامُور (ما۔مُور) (ع۔صف) (۱) مقرر۔ متعین (۲) حکم کیا گیا۔ اجازت دیا گیا۔

مامور ہونا (اُر۔ محاورہ) کوئی کام سپرد ہونا۔ مقرر ہونا۔

مامُول (ما۔مُول) (ع۔صف) اُمید کیا گیا۔ وہ چیز جس کی اُمید ہو۔

مامُون (ما۔مُون) (ع۔صف) محفوظ۔ بے خوف۔

مامی (ما۔می) (ہ۔ا۔مث) (۱) ماموں کی بیوی۔ مُمانی (۲) ماں کی محبت۔ ماں کی سی طرف داری۔

مامی پینا (اُر۔ محاورہ) کسی کی طرف داری کی بات کہنا۔ طرف داری کرنا۔

مامیراں (ما۔می۔راں) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے ممیرا۔

ماں (ہ۔ا۔مث) اماں۔ والدہ۔ مادر۔ ماتا۔ جمع: ماؤں۔ مائیں۔

ماں ایلی‘ باپ تیلی‘ بیٹا (پوت) شاخِ زعفران (اُر۔مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی نیچ قوم کا یا کمینہ شیخی مارے یا کوئی ادنیٰ ماں باپ کی اولاد فخرِ خاندان ہو جائے۔

ماں باپ کا لاڈلا (اُر۔ا۔مذ) وہ لڑکا جسے والدین نے بڑے ناز و نعم سے پالا ہو۔

ماں بہن کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو ماں بہن کی گالی دینا۔

ماں بیٹیوں میں چھنالا نہیں چھپتا (اُر۔مثل) قریبی رشتے داروں یا پاس رہنے والوں سے عیب نہیں چُھپ سکتا۔

ماں بیٹیوں میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بَیر پڑا (اُر۔مثل) آپس کی لڑائی لڑائی نہیں سمجھی جاتی۔

ماں پسنہاری‘ پوت چھیلا‘ چوتڑ پر باندھے بُور کا تھیلا (اُر۔مثل) غریب بیٹا فیشن کرے تو کہتے ہیں۔

ماں پسنہاری بھلی‘ باپ ہفت ہزاری نہ بھلا (اُر۔مثل) ماں کی محبت باپ کی محبت سے زیادہ ہوتی ہے۔

ماں پر پُوت پتا پر گھوڑا‘ بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا (اُر۔مثل) اولاد اپنے ماں باپ پر جاتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ماں تیلن، باپ پٹھان، بیٹا دیکھو شاخ زعفران (اَر۔مثل) دیکھئے ماں الی، باپ تلی، بیٹا شاخ زعفران۔

ماں ٹینی باپ کلنگ، بچّے نکلے رنگ برنگ (اَر۔مثل) دوغلی اور بد اطوار اولاد یا نالائق خاندان کے متعلق کہتے ہیں۔

ماں جایا (اَر۔ا۔مذ) برادرِ حقیقی۔ سگا بھائی۔

ماں جائی (اَر۔ا۔مث) ہمشیر۔ سگی بہن۔

ماں جَنا (اَر۔ا۔مذ) بھائی جو ماں کے پیٹ سے ہو۔ ماں جایا۔

ماں چاہے بیٹی کو، بیٹی چاہے موئے ڈھینگ کو (اَر۔مثل) ماں بیٹی سے جس قدر محبت کرتی ہے، بیٹی نہیں کرتی۔ شادی کے بعد وہ اپنے خاوند سے زیادہ محبت کرتی ہے۔

ماں چھوڑ موسی (ماسی) سے ٹھٹّھا (اَر۔مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی چھوٹا بدتمیزی کرے۔

ماں چیل باپ کوّا (اَر۔مثل) کم اصل۔ دوغلا۔

ماں سے سوا چاہے سو پھاپھا کٹنی کہلائے (اَر۔مثل) ماں سے زیادہ پیار جتانا کسی خاص غرض سے ہوتا ہے۔

ماں سے لے کر کون آیا ہے (اَر۔مثل) سب سکھائے ہی سیکھتے ہیں۔ ماں کے پیٹ سے سیکھ کر کوئی نہیں آتا۔

ماں فقیرنی پوت فتح خاں (اَر۔مثل) کم اصل اور نیچ خاندان کے مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں۔ نیز دیکھئے ماں تیلن باپ پٹھان۔

ماں کا پیٹ کمہار کا آوا، کوئی کالا کوئی گورا (اَر۔مثل) جس طرح کمہار کے آوے سے برتن پکے، کچّے، سُرخ اور سیاہ نکلتے ہیں اسی طرح ماں کے پیٹ سے بھی کالے اور گورے بچّے پیدا ہوتے ہیں۔

ماں کا دودھ (اَر۔ا۔مذ) (۱) شیرِ مادر۔ ماں کے پستانوں سے نکلنے والا دودھ (۲) (صف) نہایت مفید (۳) حلال۔ جائز۔

ماں کو نہ باپ کو، جو بنے گی سو آپ کو (اَر۔مثل) ہر نیک و بد عمل کا ذمّے دار کرنے والا ہی ہوتا ہے۔

ماں کے پیٹ سے لے کر کوئی نہیں آتا (اَر۔مثل) سیکھا سکھایا کوئی نہیں پیدا ہوتا۔ کام سیکھنے ہی سے آتا ہے۔ نیز دیکھئے ماں سے لے کر۔

ماں کے پیٹ سے لے کر نکلنا (اَر۔مثل) سیکھا سکھایا پیدا ہونا۔ بغیر کسی سے سیکھے کوئی کام کرنا۔

ماں مارے اور ماں ہی پکارے (اَر۔مثل) اپنا چاہے کتنی ہی تکلیف دے پھر بھی اپنا ہی کہلائے گا۔ اپنوں کی سختی بُری نہیں لگتی۔

ماں مرے ماسی جئے (اَر۔مثل) ماں مرے گی تو خالہ پال لے گی۔ ماں اور خالہ کی محبت میں کوئی فرق نہیں۔

ماں نہ ماں کا جایا سبھی لوگ پرایا (اَر۔مثل) اُس جگہ کی نسبت بولتے ہیں جہاں کوئی اپنا واقف نہ ہو۔

مان (س۔ا۔مذ) (۱) گھمنڈ۔ غرور۔ تکبّر۔ نخوت۔ کبر۔ فخر (۲) عزّت۔ قدر و منزلت (۳) خاطر تواضع۔ آؤ بھگت (۴) ناز۔ نخرہ (۵) ارمان۔ شوق۔ چاؤ۔ تمنّا (۶) (ہ۔فعل) ماننا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

مان بھری (ہ۔صف۔مث) (۱) اَرمان بھری۔ آرزومند۔ مشتاق۔ پُر اَرمان (۲) مغرور۔ دماغ دار۔ مزاج دار۔ متکبّر۔ گھمنڈی۔

مان پان (مان تان) (ہ۔ا۔مذ) عزّت۔ آبرو۔

مان جانا (اَر۔محاورہ) (۱) تسلیم کرلینا۔ منظور کرلینا (۲) راضی ہو جانا۔ اِقرار کرلینا (۳) اُستادی کا قائل ہو جانا۔ اعتراف کرنا۔

مان ڈھینا (اَر۔محاورہ) غرور نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا۔

مان رکھنا (اَر۔محاورہ) (۱) بات رکھنا۔ عزّت رکھنا۔ خاطر مدارت کرنا۔ تعظیم و تکریم کرنا (۲) تمنّا پوری کرنا۔ مُراد بر لانا (۳) بات ماننا۔ کہا ماننا۔

مان رہنا (اَر۔محاورہ) (۱) عزّت رہنا۔ بات رہنا (۲) ماتحت رہنا۔ زیرِ سایہ رہنا۔ تابع رہنا۔

مان کا پان بہت ہوتا ہے (اَر۔مثل) عزّت کے ساتھ تھوڑا ملنا بھی بہت ہوتا ہے۔

مان کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا (۲) تکبّر کرنا۔ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ دماغ کرنا۔ مزاج کرنا۔ اترانا۔

مان گمان (ہ۔ا۔مذ) گھمنڈ۔ غرور۔ تکبّر۔ نخوت۔ ناز۔ تمکنت۔ کبر۔

مان گون (ہ۔ا۔مذ) (۱) ناز و نیاز۔ ناز برداری (۲) عزّت۔ قدر و منزلت۔

مان گون رکھنا (ہ۔محاورہ) حسبِ خواہش مُراد پوری کرنا (۲) دل رکھنا۔ ناز برداری کرنا۔ ناز اُٹھانا (۳) عزّت کرنا۔ بات رکھنا۔

مان گون والی (ہ۔صف) آن بان والی۔ ناز و ادا والی۔ عزّت والی۔

مان لینا (اَر۔محاورہ) منظور کرلینا۔ تسلیم کرنا۔ اِقرار کرنا۔ اعتراف کرنا۔

مان مرجانا (ہ۔محاورہ) (۱) تکبّر نہ رہنا۔ گھمنڈ جاتا رہنا (۲) دل مرجانا۔ اُمنگ نہ رہنا (۳) عاجز ہو جانا۔

مان مہُت (ہ۔ا۔مذ) (۱) مان گمان (۲) ناز۔ نخرہ۔ ناز و غمزہ (۳) چاؤ۔ چوچلا (۴) ناز بے جا۔ ناز یا غمزہ (۶) قدر و منزلت۔ تعظیم و تکریم۔

مان نہ مان میں تیرا مہمان (اَر۔مثل) اُس شخص کی نسبت بولتے ہیں جو بن بُلائے کسی کے یہاں جائے یا خواہ مخواہ بغیر پوچھے کسی کو صلاح دے۔

مانا (ق۔مص) سمانا۔ کسی چیز میں آجانا۔

مانا (ہ۔فعل) ماننا مصدر سے صیغۂ ماضی۔ فرض کیا۔ تسلیم کیا۔ منظور کیا۔

مانا (ف۔صف) برابر۔ مانند۔ مشابہ (۲) (متعلق فعل) یقیناً (۳) یک لخت۔ فی الفور (۴) (ا۔مذ) پارسیوں کی مقدس کتاب ژند میں خُدا کا نام۔

مانت (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے ماننا۔

مانتا (مان۔تا) (ہ۔ا۔مث) (۱) منّت۔ اپنے اُوپر کسی بات کا فرض کرلینا (۲) عقیدہ۔ اعتقاد (۳) نیّت۔ عہد (۴) تعظیم و تکریم (۵) (ہ۔صف) ماننے والا۔

مانتا ہُوں (ہ۔فعل) قائل ہوں۔ تمہاری ہوشیاری اور چالاکی کو تسلیم کرتا ہوں۔ کیا بات ہے تمہاری۔

مانتھا (مان۔تھا) (ق۔ا۔مذ) ماتھا۔

مانج (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) (۱) دلدل کی زمین (۲) ترائی۔ کچھار (۲) (ہ۔فعل)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مانجنا مصدر سے صیغہ اَمر۔

مانجنا (مانج۔نا)(نون غنہ)(ف۔مص)(۱) صاف کرنا۔ برتن ملنا۔ اُجالنا۔ صیقل کرنا۔ جلا کرنا (۲) سُوت کا۔ بٹی ہوئی ڈور یا تاگے کو تر کپڑے سے صاف کرنا۔

مانجھ (نون غنہ)(ف۔امث)(۱) ایک راگنی کا نام (۲) وسط۔ بیچ۔

مانجھا (ماں۔جھا)(ف۔امذ)(۱) وہ کلف دار مسالا جو ڈور پر تیزی اور چمک کے لئے پھیرتے ہیں (۲) وہ ضیافت جو دُولہا کی طرف سے شادی سے پہلے دی جاتی ہے (۳) زرد پوشاک جو دُلہن کو مائیوں میں پہناتے ہیں۔ مائیوں کا زرد جوڑا (۴) دولہا دُلہن کا شادی سے پہلے کونے میں بیٹھ جانا۔

مانجھن (ماں۔جھن)(ف۔امث) مانجھی کی بیوی۔ کشتی چلانے والی عورت۔

مانجھی (ماں۔جھی)(ف۔امذ) ملاح۔ کشتی چلانے والا۔

مانجی (ف۔امث) گھرونجی کی قسم کا آرہ جو کُسم کا رنگ ٹپکانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

مانڈ (نون غنہ)(ف۔امذ)(۱) گوبر کا ڈھیر۔ سوکھا ہوا گوبر جسے اُپلوں کی طرح جلاتے ہیں (۲)(ف۔امث) غار۔ بھٹ۔ کھوہ (۳)(ف۔صف) جس کی آب وتاب اور چمک جاتی رہے۔

مانڈ پڑ جانا (ف۔محاورہ) آب وتاب نہ رہنا۔ مدّھم پڑ جانا۔ پھیکا پڑ جانا۔ رنگ کی شوخی جاتی رہنا۔

مانڈ کرنا (ف۔محاورہ) بدرنگ کر دینا۔ بے رونق کر دینا۔ آب وتاب زائل کرنا۔

مانڈ ہونا (ف۔محاورہ) دیکھئے مانڈ کرنا جس کا یہ لازم ہے۔

ماند (نون غنہ)(ف۔فعل)(۱) مصدر ماندن (تھکنا۔ رہنا) کا صیغہ ماضی (۲) (ف۔امث) قیام۔ سکونت۔

ماند و بُود (ف۔امث) رہنے سہنے کا طریقہ۔ طرزِ بُود و باش۔

ماندا (ماں۔دا)(ف۔صف) بیمار۔ مریض۔ علیل۔ روگی۔

ماندا پڑنا (ف۔محاورہ)(۱) بیمار پڑنا (۲) عاجز ہونا۔

ماندگی (ف۔امث)(۱) تکان۔ تھکن۔ کسل۔ سُستی (۲) ایک قسم کا جنون (۳) بیماری۔ علالت۔ جسمانی۔ روگ۔ آزار۔

ماندہ (ماں۔دہ)(ف۔صف)(۱) تھکا ہوا۔ خستہ۔ بیمار۔ تھکا کے ساتھ مستعمل ہے (تھکا ماندہ)(۲) بچا ہوا۔ پیچھے رہا ہوا۔ مرکبات میں جیسے باقی ماندہ۔ درماندہ۔

مانڈ (نون غنہ)(ف۔امذ)(۱) اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی۔ پیچ۔ مانڈی (۲) کلف۔ آہار (۳) ایک قسم کا مارواڑی گیت۔

مانڈا (ماں۔ڈا)(ف۔امذ)(۱) ایک قسم کی نہایت پتلی اور بڑی روٹی جو میدے میں گھی ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے۔ لچی (۲) سفید جالا جو آنکھ کی پتلی پر آجاتا ہے۔

مانڈل (ماں۔ڈل)(ف۔امذ) لوہے کا حلقہ جو پانی کے چرس کے منہ پر لگا ہوتا ہے۔

مانڈنا (مانڈ۔نا)(ف۔مص)(۱) مسلنا۔ کچلنا۔ پاؤں کے نیچے روندنا (۲) گوندھنا۔ سانا (۳) بنانا۔ رچانا (۴) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ رقم کرنا۔ ٹھاننا۔ پکا ارادہ کرنا۔ عزم بالجزم کرنا۔

مانڈی (ماں۔ڈی)(ف۔امث) دیکھئے مانڈ نمبر ۱۔۲

مانس (ما۔نس)(ما۔نُس)(ف۔امذ) س: منش کا بگاڑ۔ آدمی۔ انسان۔

مان سُون (Monsoon) (انگ۔امث)(۱) موسمی ہوائیں جو گرمیوں میں بحرِ ہند سے جنوب مغرب کو چلتی ہیں اور بارش لاتی ہیں (۲) برسات کا موسم۔

مانع (ما۔نع)(ع۔صف)(۱) منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ سدِّراہ (۲)(ا۔مذ) ممانعت۔ روک۔ اٹکاؤ۔

مانع آنا (اَر۔محاورہ) سدِّراہ ہونا۔ منع کرنا۔ مُزاحم ہونا۔ معترض ہونا۔

مانعِ عفونت (ع۔امث) جراثیم کش اُدویہ جو عمل جراحی میں استعمال ہوتی ہیں۔ (Antiseptics)۔

مانعِ حمل (ع۔امذ و مث) حمل روکنے والی ادویہ یا طریقہ۔

مانِک (ما۔نک)(س۔امذ)(۱) یاقوت۔ لعل (۲) گوہر۔ جوہر۔

مانک ٹیکا (ف۔امذ) ایک قسم کا ماتھے پر لٹکانے کا جڑاؤ زیور۔

مانگ (نون غنہ)(ف۔امث)(۱) سر کے بالوں کے بیچ کی لکیر۔ چیر (۲) کنواری لڑکی جس کی نسبت ہوگئی ہو (۳) منگیتر۔ شوہر (۴) خواہش۔ چاہ۔ گاہکی۔ طلب۔ ضرورت جیسے ایسی چیزوں کی بڑی مانگ ہے (۵) انگیا کی دونوں کٹوریوں کے بیچ کی سلائی۔ جمع: مانگوں۔ مانگیں (۶) مانگنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

مانگ اُجڑنا (اَر۔محاورہ) بیوہ ہو جانا۔ رانڈ ہو جانا۔

مانگ آنا (اَر۔محاورہ)(۱) مانگا جانا (۲) خریداری ہونا۔

مانگ بھرنا (اَر۔محاورہ)(۱) مانگ میں موتی یا سیندھور بھرنا جو اکثر شادی کے موقع پر بھرتے ہیں (۲) بیاہ دینا۔ شادی کر دینا۔

مانگ بھری (ف۔صف)(۱) سہاگن۔ خاوند والی (۲) پیاری۔ عزیزہ۔

مانگ پٹی (اَر۔امث) بالوں کی دُرستی۔ کنگھی چوٹی۔

مانگ پٹی میں لگا رہنا (اَر۔محاورہ) بناؤ سنگار میں مشغول رہنا۔

مانگ تانگ کر (اَر۔متعلق فعل) قرض اُدھار کرکے۔ اِدھر اُدھر سے لے لوا کر۔

مانگ تانگ کر کام چلانا (اَر۔محاورہ) اِدھر اُدھر سے لے لوا کر کام نکالنا۔

مانگ تانگ کر کھانا (اَر۔محاورہ) بھیک مانگ کر گزارہ کرنا۔

مانگ ٹھنڈی رہے (اَر۔دُعا) خاوند جیتا رہے۔ سہاگ بنا رہے۔

مانگ ٹھنڈی ہے (اَر۔محاورہ) خاوند زندہ ہے۔ سہاگن ہے۔

مانگ جلی (اَر۔صف) بیوہ۔ وہ عورت جس کا خاوند مرگیا ہو۔

مانگ چڑنا (اَر۔صف) ازالہ بکر ہونا۔ کنوار پنا دُور ہونا (طوائفوں کی اِصطلاح)۔

مانگ دار (مانگیا) (اَر۔امذ) ایک قسم کا کنکوا جس میں مانگ کی شکل بنی ہوتی ہے۔

مانگ دار خربوزہ (اَر۔امذ) ایک قسم کا خربوزہ جس میں مانگ کی طرح لکیریں بنی ہوتی ہیں۔

مانگ سنوارنا (اَر۔محاورہ) بال دُرست کرنا۔ کنگھی چوٹی کرنا۔

مانگ کوکھ سے ٹھنڈی رہے (اَر۔دُعا) شوہر اور بچے جیتے رہیں۔

مانگ کھلنا (اَر۔محاورہ) منگیتر لڑکے یا لڑکی کے مرجانے سے رشتہ نہ رہنا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) بیاہی عورت کا مر جانا۔

مانگ کیا مانگتا ہے؟ (اُر۔ محاورہ) بادشاہ یا امیر لوگ کسی سے خوش ہو کر کہتے تھے یعنی جو مانگے گا وہ ملے گا۔

مانگ لینا (اُر۔ محاورہ) عاریتاً لے لینا۔ اُدھار لے لینا۔

مانگ میں آگ لگنا (اُر۔ محاورہ) بیوہ ہونا۔ رانڈ ہونا۔

مانگ میں سیندور بھرنا (صندل بھرنا۔ موتی بھرنا) (اُر۔ محاورہ) عورتیں مانگ میں کبھی سیندور اور کبھی صندل بھرتی ہیں اور کبھی مانگ کی جگہ موتی کی لڑیاں آویزاں کرتی ہیں جو سہاگن ہونے کی نشانی ہے۔

مانگ نکالنا (اُر۔ محاورہ) سر کے بالوں کے بیچ میں کنگھی سے لکیر بنانا۔

مانگ ہونا (اُر۔ محاورہ) ضرورت ہونا۔ طلب ہونا۔

مانگا (ماں۔گا) (ہ۔ صف) طلب کیا ہوا۔ مُستعار لیا ہوا۔

مانگا تانگا (ہ۔ صف) قرض لیا ہوا۔ اُدھار لیا ہوا۔ عاریتاً لیا ہوا۔

مانگا کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) مانگتے رہنا۔

مانگا ہُوا (ہ۔ صف) مُستعار لیا ہوا۔ اُدھار لیا ہوا۔

مانگنا (مانگ۔نا) (ہ۔ مص) (۱) درخواست کرنا۔ چاہنا۔ طلب کرنا (۲) نسبت کی درخواست کرنا۔ سگائی چاہنا (۳) اِلتجا کرنا (۴) اُدھار چاہنا۔ قرض طلب کرنا (۵) تقاضا کرنا۔

مانگی تھی نیچے کو، مِلی اُوپر کو (اُر۔ مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی چیز مانگی ہوئی چیز کے خلاف ملے۔

مانگے (ماں۔گے) (ہ۔ صف) (۱) مانگا کی جمع (۲) مانگا کی مغیّرہ صورت۔

مانگے پر تانگا اور بُڑھیا کی برات (اُر۔ مثل) اُس وقت کہتے ہیں جب ایک شخص کوئی چیز خود مانگ کر لایا ہو اور دُوسرا شخص اُس سے وہی چیز مانگ کر کام نکالے۔

مانگے تانگے (اُر۔ تابع فعل) مانگ تانگ کر۔ اُدھار لے کر۔

مانگے تانگے کا (کی) (اُر۔ صف) (۱) مانگا ہوا۔ مانگی ہوئی (۲) مُستعار لی ہوئی (۳) لی ہوئی۔

مانگے تانگے کام چلے تو بیاہ کرے بلا (پیزار) (اُر۔ مثل) جب آسانی سے کام ہو جائے تو محنت کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

مانگے دینا (اُر۔ محاورہ) عاریتاً دینا۔ مُستعار دینا۔

مانگے کی منگنی اور گُڑیا کا سنگار (اُر۔ مثل) جب کوئی پُرانی چیز مانگ کر اِستعمال کرے اور اُس پر اِترائے تو اُس وقت کہتے ہیں۔

مان لینا (ہ۔ مص) مان کے تحت دیکھئے۔

مان مَت (ہ۔ا۔مذ) شور۔ واویلا۔ چیخ پکار۔ ہُلّڑ۔ ہنگامہ۔ غُل غپاڑا۔

ماننا (مان۔نا) (ہ۔ مص) (۱) تسلیم کرنا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا (۲) قیاس کرنا (۳) خیال کرنا۔ اثر ماننا (۴) سُستی کرنا (۵) تعظیم و تکریم کرنا۔ اَدب کرنا۔ اِحترام کرنا (۶) پاس داری کرنا (۷) اُستاد جاننا۔ کسی کے ہُنر یا کمال کا اِقرار کرنا (۸) پرستش کرنا۔ اِعتقاد رکھنا (۹) بُزرگوں کی ارواح کے لئے کچھ دینے کا عہد کرنا (۱۰) راضی ہونا۔ خوش ہونا (۱۱) اِقرار کرنا۔ اِقبال کرنا (۱۲) تابع ہونا۔ مطیع ہونا (۱۳) کہا ماننا (۱۴) جاننا۔

مانند (ما۔نند) (ف۔ صف) مثل۔ نظیر۔ مُشابہ۔ مُطابق۔ جیسا (۲) ہُوبہُو۔ بعینہٖ۔

مانو (ما۔نو) (ہ۔ صف) (۱) جیسا۔ گویا (۲) ماننا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔ تسلیم کرو۔ قبول کرو (۳) فرض کرو۔ جانو (۴) (اُر۔ا۔مث) پیار سے بلّی کو کہتے ہیں۔

مانو تو ایشور نہیں تو پتھر (ہ۔ مثل) اِعتقاد ہی سے کسی کی عزت و حُرمت ہوتی ہے۔

مانو نہ مانو (اُر۔ روزمرّہ) تم کو ماننے نہ ماننے کا اِختیار ہے۔

مانوس (ما۔نوس) (ع۔ صف) اُنس کیا ہوا۔ مرغوب۔ ہلا ہوا۔

مانوس ہو جانا (اُر۔ محاورہ) ہل جانا۔ گھُل مِل جانا۔

مانی (ما۔نی) (ف۔ا۔مذ) ۲۱۶ء۔۲۷۶ء کا ایک مشہور و معروف ایرانی نقّاش و مصوّر جو نبوّت کا جھوٹا دعویٰ کرتا تھا اور نقّاشی کو اپنا معجزہ بتاتا تھا۔ کتاب "ارژنگ" اسی کا مُرقّع ہے۔

مانی (ہ۔ا۔مث) (۱) دایہ۔ آیا۔ بچّوں کو کھلانے والی عورت (۲) وہ چھوٹی سی سُوراخ دار لکڑی جو چکّی کی کیلی میں ڈالی جاتی ہے جس سے چکّی کا پاٹ بہ آسانی پھرتا ہے۔

مانی (ہ۔ صف) مغرور۔ متکبّر۔ گھمنڈی۔ مان کرنے والا۔

مانیٹر (Monitor) (انگ۔ا۔مذ) جماعت کا وہ ہوشیار لڑکا جو اُستاد کی غیر حاضری میں جماعت کا اِنتظام کرتا ہے۔

ماوا (ماویٰ) (ع۔ا۔مذ) جائے پناہ۔ گھر۔ ٹھکانا۔

ماوا (ہ۔ا۔مذ) (۱) مادّہ۔ اصل۔ جوہر (۲) بہت زیادہ کڑھا ہوا دودھ۔ کھویا (۳) سامان۔ مسالا (۴) کلف۔ ماڑی۔ کانجی (۵) سرشت۔ خمیر (۶) دودھ۔ نشاستہ (۷) انڈے کی زردی۔

ماوراء۔ ما (ع) کے تحت دیکھئے۔

ماوس (ما۔وس) (ہ۔ا۔مذ) اماوس کا مُخفّف۔

ماہ (ف۔ا۔مذ) (۱) چاند۔ قمر۔ ماہتاب۔ چندرماں (۲) مہینا۔

ماہِ الٰہی (ف۔ا۔مذ) موسمِ بہار کا ایک شمسی مہینا۔ سنہ الٰہی کا مہینا۔ اِس سنہ کو شہنشاہ اکبر نے اِیجاد کیا تھا۔

ماہ بہ ماہ (بماہ) (ف۔ متعلق فعل) ماہ وار۔ ماہانہ۔ ہر مہینے۔

ماہ پارہ (ف۔ صف) چاند کا ٹکڑا۔ خوب صورت۔ حسین۔

ماہ پرست (ف۔ صف) (۱) چاند کی پُوجا کرنے والا (۲) (مجازاً) چکور۔

ماہ پیکر (ف۔ صف) چاند جیسے جسم والا۔ محبوب کی تعریف میں مستعمل ہے۔

ماہ تاب (ف۔ا۔مذ) (۱) چاند۔ قمر (۲) گنجفہ کا وزیر (۳) ایک قسم کی آتش بازی ماہ تابی (۴) (ا۔مث) چاندنی۔ چاند کی روشنی۔

ماہتاب دینا (اُر۔ محاورہ) توپ کے فلیتے کو آگ دینا۔

ماہِ تاباں (ف۔ا۔مذ) چمکنے والا چاند۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ماہ تابی (ف۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کا تربوز (۲) چکوترہ (۳) ایک قسم کا کپڑا جس پر اجرامِ فلکی کی سُنہری یا رُوپہلی شکلیں منقوش ہوتی ہیں (۴) ایک قسم کی آتش بازی جس کے چھوڑنے سے چاند جیسی روشنی ہو جاتی ہے۔

ماہِ تمام (ف۔ا۔مذ) پُورا چاند۔ چودھویں رات کا چاند۔ ماہِ کامل۔ بدر۔ پورن ماشی۔ نیز دیکھئے ماہِ چہاردہ۔

ماہ جبیں (ف۔صف) چاند جیسی پیشانی والا۔ حسین۔ خوب صورت۔

ماہِ جلالی (ف۔ا۔مذ) موسمِ بہار کا ایک شمسی مہینا۔ فروردین۔ اِس کی نسبت سلطان جلال الدین سلجوقی سے ہے جس کے زمانے میں سنِ جلالی ایجاد ہوا۔

ماہِ چاردہ (ف۔ا۔مذ) چودھویں رات کا چاند۔ بدر۔ ماہِ تمام۔ پُورن ماشی۔

ماہِ چہار ہفتہ (ف۔ا۔مذ) چاند جو اٹھائیس روز کے بعد بہت باریک ہو جاتا ہے اور نظر نہیں آتا۔ (کنایۃً) معدوم چیز۔

ماہ در عقرب (ف۔ا۔مذ) چاند کا بُرجِ عقرب میں آنا۔ اِس موقع پر اچھا کام کرنا منع ہے۔

ماہِ دو ہفتہ (ف۔ا۔مذ) چودھویں رات کا چاند۔ نیز دیکھئے ماہِ تمام۔

ماہ رُخ (رُو) (ف۔صف)(۱) چاند جیسے چہرے والا (۲) (ا۔مذ) سفید رنگ کا کبوتر۔

ماہِ روزہ (ف۔ا۔مذ) رمضان کا مہینا۔

ماہِ سیام (ف۔ا۔مذ) دیکھئے ماہِ نخشب۔

ماہ سیما (طلعت) (ف۔صف) چاند جیسی پیشانی والا۔

ماہِ شمسی (ف۔ا۔مذ) شمسی سال کا مہینا۔

ماہِ صیام (ف۔ع۔ا۔مذ) رمضان کا مہینا۔

ماہِ عزا (ف۔ع۔ا۔مذ) غم و ماتم کا مہینا۔ محرم کا مہینا (اہلِ تشیع کے نزدیک)۔

ماہ لقا (ف۔صف) چاند جیسی شکل والا۔

ماہِ کامل (ف۔ا۔مذ) پُورا چاند۔ چودھویں رات کا چاند۔ ماہِ تمام۔

ماہِ کنعان (کنعانی) (ف۔ا۔مذ) کنعان کا چاند۔ حضرت یوسفؑ سے مُراد ہے۔

ماہِ مُنیر (ف۔ا۔مذ) چمکنے والا چاند۔

ماہِ نخشب (ف۔ا۔مذ) وہ چاند جو حکیم ابن عطا معروف بہ مقنع نے اجزائے سیمابی کی ترکیب سے بنا کر نخشب کے کنوئیں سے نکالا تھا۔ یہ چار مہینے تک نکلتا رہا۔ نخشب ماوراء النہر کا ایک شہر ہے۔

ماہِ نو (ف۔ا۔مذ) مہینے کا پہلا چاند۔ نیا چاند۔ ہلال۔

ماہِ نیم ماہ (ف۔ا۔مذ) چودھویں رات کا چاند۔ ماہِ دو ہفتہ۔ ماہِ کامل۔

ماہ وار (ماہوار) (ف۔صف) ہر مہینے۔ ماہ بماہ (۲) (ا۔مذ) مشاہرہ۔ تنخواہ۔

ماہ واری (ماہواری) (اُ۔ا۔مث)(۱) وظیفہ جو نوکروں کو مہینا گزرنے کے بعد دیتے ہیں (۲) حیض جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے۔

ماہ و سال (ف۔ا۔مذ) مہینے اور سال (۲) (ف۔ تابع فعل) ہمیشہ۔ مدام۔

ماہ وش (ف۔صف) چاند کی طرح۔ چاند جیسا۔ نہایت حسین۔

ماہ و ماہی تک زلزلہ پڑ جانا (اُ۔ محاورہ)(۱) آسمان و زمین تک بے حد شور و غُل ہونا (۲) مہیب آواز آنا۔

ماہانہ (ماہیانہ) (ما۔ہا۔نہ)(ما۔ہی۔یا۔نہ) (ف۔صف) ماہ بہ ماہ۔ ماہوار (۲) (مذ) وہ تنخواہ یا وظیفہ جو ہر مہینے دیا جائے۔ وہ رقم یا چیز جو ہر مہینے کے بعد دی جائے۔

ماہر (ع۔صف) کامِل فن۔ تیز فہم (۲) واقف کار۔ تجربہ کار۔ جمع: ماہرین۔

ماہو (ما۔ہو)(و۔ا۔مث) ایک برساتی کیڑے کا نام جو اکثر کان میں گھس جاتا ہے۔ کن سلائی۔

ماہُون (ما۔ہُون)(و۔ا۔مذ) ایک کیڑا جو کپاس کو کھا جاتا ہے۔

ماہی (ما۔ہی)(ف۔ا۔مث) مچھلی۔ جمع: ماہیاں۔

ماہی بان (ف۔ا۔مذ) مچھلیوں کی نگرانی کرنے والا۔ مچھلی گھاٹ کا چوکیدار۔

ماہیِ بے آب (ف۔ا۔مث) وہ مچھلی جو پانی سے باہر نکال لی جائے (۲) (صف) بہت بے تاب۔ بہت بے قرار۔

ماہی پروری (ف۔ا۔مث) مچھلی پالن۔ مچھلیوں کی پرورش۔

ماہی پُشت (ف۔صف) گُنبدی۔ مُحدّب۔ قُبّہ دار۔ وہ چیز جو آس پاس سے نیچی اور درمیان میں اُونچی ہو (۲) ایک قسم کا کارچوب جو مچھلی کی پیٹھ سے مُشابہ ہوتا ہے۔ اس کو ماہی پشت کا جال بھی کہتے ہیں۔

ماہی توا (ف۔و۔ا۔مذ) ایک قسم کا گہرا توا جس میں مچھلی یا کباب تلتے ہیں۔

ماہی خوار (خور) (ف۔صف) مچھلی کھانے والا (۲) (ا۔مذ) بگلا۔ بوتی مار۔

ماہی دنداں (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی مچھلی کا دانت جس سے تلواروں کے قبضے بناتے ہیں۔

ماہی زریں (ف۔ا۔مث) ریگ ماہی۔ ایک قسم کی مچھلی جو ریت میں ہوتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ سقنقور ہے۔

ماہی کاری (ف۔ا۔مث) مچھلیاں پیدا کرنا اور پکڑنا۔

ماہی گیر (ف۔ا۔مذ) مچھلیاں پکڑنے والا۔ مچھیرا۔

ماہی گیری (ف۔ا۔مث) مچھلیاں پکڑنا۔ ماہی گیر کا کام یا پیشہ۔

ماہی ماہی را خورد، ماہی گیر ہر دو را خورد (ف۔مثل) بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو کھا گئی۔ ماہی گیر دونوں کو کھا گیا۔ سیر کو سوا سیر۔

ماہی مراتب (ف۔ا۔مذ) وہ اعزازی نشان جو بہ شکلِ سیارات بادشاہوں کی سواری کے آگے ہاتھیوں پر چلتے تھے۔

ماہیانہ (ف۔ا۔مذ) دیکھئے ماہانہ۔

ماہیّت (ما۔ہی۔یت)(ع۔ا۔مث)(۱) حقیقت۔ کیفیت (۲) اصل۔ جوہر۔ مادّہ۔ مغز۔

ماء (ع۔ا۔مذ)(۱) پانی۔ جل (۲) عرق۔

ماءُ الجُبن (ما۔اُل۔جُبن)(ع۔ا۔مذ) وہ پانی جو دودھ کو پھاڑنے کے بعد رہ جاتا ہے۔

ماءُ الحیات (ع۔ا۔مذ)(۱) آبِ حیات (۲) کیمیا گروں کی اِصطلاح میں ایک مُرکّب دوا کا نام جو کُشتے کو اصلی حالت پر لے آتی ہے۔

ماءُ الشّباب (ما۔اُش۔شَ۔باب)(ع۔ا۔مذ) وہ آب و تاب جو جوان کے چہرے پر ہوتی ہے۔

ماءُ الشّعیر (ما۔اُش۔شَ۔عیر)(ع۔ا۔مذ) جَو کا پانی۔ جَو آش۔ آشِ جو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ماءُ اللَّحم (ماء۔ اُل۔ لَحم) (ع۔ا۔مذ) گوشت کا پانی جو کشید کر کے نکالا جائے۔
ماءُ الوَرد (ما۔ اُل۔ وَرد) (ع۔ا۔مذ) گلاب کا عرق۔
ماءِ مَعِین (ع۔ا۔مذ) جاری پانی۔ صاف اور پاک پانی۔
مِاَۃ (م۔ اَت) (ع۔ا۔عدد) صد۔ سو (۱۰۰)۔
مائِدَہ (ما۔ءِ۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) دسترخوان جس پر کھانا چنا ہو (۲) قرآن شریف کی ایک سُورۃ کا نام۔
مائِر (ما۔ئِر) (ع۔صف) جو دُوسرے مُلکوں سے اپنی ضرورت یا فروخت کے لئے غلہ خرید کر لائے۔
مائِس (ع۔صف) جو غرور سے چلے (۲) جو شانے ہلا کر چلے۔ اکڑ کر چلنے والا۔
مائِع (ع۔ا۔مذ) ایسی مادّی چیز جو بہ سکتی ہو جیسے دودھ، پانی، تیل وغیرہ۔
مائع پیما (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے رقیق چیزوں کی پیمائش کی جاتی ہے۔ (Hydrometer)۔
مائعات (ما۔ءِ۔عات) (ع۔ا۔مذ) مائع کی جمع۔ وہ بہنے والی چیزیں جو مثل پانی کے رقیق ہوں۔
مائِل (ما۔ئِل) (ع۔صف) (۱) راغب۔ متوجہ (۲) میلان رکھنے والا۔ شائق۔ عاشق (۳) جھکا ہوا۔ خمیدہ (۴) ڈھلواں (۵) تھوڑا سا۔ جیسے سیاہی مائل سُرخ۔
مائل کرنا (اُر۔مص مُرکب) راغب کرنا۔ متوجہ کرنا۔
مائل ہونا (اُر۔مص مُرکب) راغب ہونا۔ متوجہ ہونا۔ رجوع ہونا۔ رَغبت کرنا۔
مأؤف (ما۔ؤف) (ع۔صف) بے حِس۔ وہ جس کو صدمہ پہنچا ہو۔ (عضو کے لئے مستعمل ہے)۔
مائی (ماوی) (ما۔ای) (ما۔وی) (ع۔صف) آبی۔ پانی سے نسبت رکھنے والا۔ جس کا تعلق پانی سے ہو۔
مائی (ما۔ای) (ہ۔ا۔مث) والدہ۔ ماں (۲) ضعیفہ۔ بُڑھیا۔ جمع: مائیاں۔ مائیوں۔
مائی باپ (ہ۔ا۔مذ) (۱) والدین۔ ماتا پِتا۔ مادر و پدر (۲) خُداوندِ نعمت۔ پالن ہار۔ ولی نعمت۔ حاکم۔ سردار۔ اَن داتا۔
مائی کا پُوت (ہ۔ا۔مذ) ماں کا بیٹا۔ ماں کا لاڈلا۔ نازوں کا پلا ہوا۔
مائی کا لال (ہ۔ا۔مذ) اپنی ماں کا پیارا بیٹا۔ ماں کا لاڈلا بیٹا (۲) بہادر۔ سُورما۔
مائیک (Mike) (انگ۔ا۔مذ) مائیکروفون کا مُخفف۔
مائیکروسکوپ (Microscope) (انگ۔ا۔مث) خُردبین۔ ایک آلہ جس سے چھوٹی سے چھوٹی چیز دیکھ سکتے ہیں۔
مائیکروفون (Microphone) (انگ۔ا۔مذ) آلۂ نشرُالصّوت۔
مائیں (ہ۔ا۔مث) ایک پھل جو مازو سے مشابہ ہوتا ہے اور بطور دوا کام آتا ہے۔
مائینس (Minus) (انگ۔ا۔مث) منفی کی نشانی (-)۔ منفی۔ کمی۔
مائیاں (ما۔ای۔یاں) (ہ۔ا۔مث) (۱) مائی کی جمع۔ غریب عورتیں۔ خادمائیں (۲) شادی کی ایک رسم جس میں دُلہن اور دُولھا کو شادی سے کچھ دن پہلے زرد کپڑے پہنا کر اَندر بٹھا دیتے ہیں۔
مائیوں بٹھانا (اُر۔ محاورہ) شادی سے کچھ روز پہلے دُولھا دُلہن کو زرد کپڑے پہنا کر بٹھانا۔ خاص کر لڑکی کو ایسی جگہ بٹھانا جہاں بجز اِس کی سہیلیوں کے اور کوئی نہیں جاتا۔
مائیوں بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) گوشہ نشین ہونا۔ خلوت نشین ہونا۔ گھر سے باہر نہ نکلنا۔
مایا (س۔ا۔مث) خُدا کی قُدرت۔ ایشور کی شکتی (۲) ظہورِ قُدرت۔ نیچر (۳) رحم۔ دیا۔ کرپا (۴) پیار۔ محبت (۵) دھوکا۔ فریب (۶) دھن۔ دولت۔ زر (۷) عجیب چیز۔ نادر شئے (۸) رونق۔ بہار۔ کیفیت (۹) کرامت۔ کرشمہ (۱۰) رُوح۔ جان۔ آتما۔ پران (۱۱) سامان۔ دستگاہ (۱۲) دُنیا۔ خلقت۔ مخلوق۔
مایاپتر (ہ۔ا۔مذ) دولت مند۔ مال دار۔ زردار۔ دھنی (۲) لالچی۔ حریص۔ لوبھی۔
مایاپتی (ہ۔ا۔مذ) ایشور۔ پرمیشور۔ خُدائے تعالیٰ۔
مایا جال (ہ۔ا۔مذ) دولت کا چکر۔ حرص۔ لالچ۔ لوبھ۔
مایا رُوپی (ہ۔ا۔مث) فریبی۔ پُرفریب۔ دھوکے کی ٹٹی۔
مایا کو مایا ملے کر کر لمبے ہاتھ۔ تُلسی داس گریب کی کوئی نہ پُوچھے بات (ہ۔مثل) دولت مند ہی کو اور دولت ملتی ہے (۲) اُمیر لوگ اُمیر ہی سے ملتے ہیں۔ غریب کو کوئی پُوچھتا تک نہیں۔
مایا کے ہیں تین نام: پرسُو، پرسا، پرس رام (ہ۔مثل) جوں جوں اِنسان کے پاس دولت جمع ہوتی جاتی ہے اُس کی عزت بڑھتی جاتی ہے۔
مایُوس (ما۔یُوس) (ع۔صف) نااُمید۔ نراش۔ بے آس (۲) ناکام۔ نامُراد۔ بے نیلِ مَرام (۳) دِل شکستہ۔
مایوس کرنا (اُر۔مص مُرکب) نااُمید کرنا۔ ناکام کرنا۔ نراش کرنا۔ دِل توڑنا۔
مایوس ہونا (اُر۔مص مُرکب) مایوس کرنا کا لازم۔
مایُوسی (ع۔ا۔مث) نااُمیدی۔ ناکامی۔ شکستہ دِلی۔ اُر جمع: مایوسیاں۔ مایوسیوں۔
مایہ (ما۔یَہ) (ف۔ا۔مث) پُونجی۔ جمع جتھا۔ سرمایہ (۲) زر اصل۔ راسُ المال (۳) مادّہ۔ جوہر (۴) دستگاہ۔
مایہ دار (ف۔صف) دولت مند۔ مال دار۔ دھن والا۔
مایہ ناز (ف۔صف) فخر و ناز کا سبب۔

م۔ب

مُباح (مُ۔باح) (ع۔صف) جائز۔ روا۔ حلال۔ دُرست۔ مسنون۔ پاک۔ شُدھ۔ پوتر۔ جمع: مُباحات۔
مباح کرنا (اُر۔ محاورہ) حلال ٹھہرانا۔ جائز قرار دینا۔
مَباحِث (مَ۔با۔حِث) (ع۔ا۔مذ) مَبحث کی جمع۔ بحثیں۔ بحث کے مقامات۔
مُباحَثہ (مُ۔با۔حَ۔ثہ) (ع۔ا۔مذ) بحث۔ مناظرہ۔ تکرار۔ سوال و جواب۔ جمع: مباحثوں۔ مباحثے۔
مُباحثہ کرنا (اُر۔مص مُرکب) بحث کرنا۔ مناظرہ کرنا۔
مُباحِیّت (مُ۔با۔حی۔یَت) (ع۔ا۔مث) مُباح ہونے کی حالت۔ جائز ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُبادا (مُ۔با۔دَا)(ف۔ کلمۂ دُعا) ایسا نہ ہو۔ خُدا نہ کرے۔ خُدانخواستہ۔

مُبادِر (مُ۔با۔دِر)(ع۔صف) جلدی کرنے والا (۲) گزشتہ۔ سابق (۳) جُرأت مند۔ دلیر۔

مُبادَرت (مُ۔با۔دَ۔رَت)(ع۔ا۔مث) جلدی۔ تیزی۔ شتابی۔ سُرعت (۲) سبقت۔ (۳) دلیری۔ جُرأت۔ چالاکی۔ چُستی۔

مُبادلہ (مُ۔با۔دَ۔لہ)(ع۔ا۔مذ) اَول بدل۔ باہم تبادلہ کرنا۔

مُبادلۂ جنس (ع۔ف۔ا۔مذ) جنس دے کر جنس لینا۔(Barter System)۔

مَبادی (مَ۔با۔دی)(ع۔ا۔مث) مَبدَء کی جمع (۲) اِبتدائی اُصول۔ بُنیادی باتیں۔ جمع الجمع: مبادیات۔

مبادیُ الحساب (ع۔ا۔مث) حساب کی اِبتدائی کتاب۔

مبادیُ العلوم (ع۔ا۔مث) علم کی اِبتدائی باتیں جن کا جاننا حصولِ علم کے لئے ضروری ہے۔

مُباذَرت (مُ۔با۔ذَ۔رَت)(ع۔ا۔مث) لُٹانا۔ کھونا۔ پھینکنا۔

مُبار (ف۔ا۔مذ) پکوان۔ گلگلے۔ پوڑے۔

مُبارِز (مُ۔با۔رِز)(ع۔صف) آگے بڑھ کر لڑنے والا سپاہی۔ جنگ جُو۔ جنگی بہادر۔ مَن چلا۔ جمع: مُبارزین۔

مُبارَزت (مُ۔با۔رَ۔زَت)(ع۔ا۔مث) لڑائی۔ جنگ (۲) لڑائی کے واسطے صف سے باہر آنا۔

مبارزت طلبی (ع۔ا۔مث) لڑائی کے لئے اپنے مُقابل یا حریف کو طلب کرنا۔ قدیم جنگوں میں اِس کا رواج تھا۔

مُبارَک (مُ۔با۔رَک)(ع۔صف) باعثِ برکت۔ برکت دیا گیا۔ بابرکت (۲) خوش قسمت۔ نصیبہ وَر۔ بھاگوان (۳) نیک۔ سعید۔ موافق۔ لائق (۴) (کلمۂ ندا) خوش آمدید۔ خوشا۔ مرحبا۔

مبارک باد (ع۔ف۔ا۔مث) لغوی معنی مبارک ہو (۱) خوش خبری۔ مژدہ۔ تہنیت۔ شادیانہ (۲) دُعائے خیر۔ اشیرباد۔

مبارک باد دینا (اُر۔محاورہ) خوشی کی تہنیت دینا۔ بدھائی دینا۔ بدھاوا دینا۔

مبارک سلامت (ع۔ا۔مث) خوشی کی باہمی مُبارک باد۔ آپس میں ایک دُوسرے کو مُبارک باد دینا۔

مبارک فال (ع۔صف) جس سے نیک شگون ظاہر ہو۔

مبارک قدم (ع۔صف) وہ شخص جس کا آنا باعث برکت ہو۔

مبارک ہو (اُر۔کلمۂ دُعا) خُدا نیک کرے۔ راس آئے۔ سازگار ہو۔

مُبارَکی (مُ۔با۔رَ۔کی)(اُر۔ا۔مث) (۱) مُبارک باد۔ تہنیت (۲) دُعائے خیر (۳) نیکی۔ سعادت (۴) دانے جو تپ محرقہ میں نکل آتے ہیں۔

مُباشَرت (مُ۔با۔شَ۔رَت)(ع۔ا۔مث) عورت مرد کی ہم بستری۔ جماع۔ مجامعت۔ صحبت۔

مَبالِغ (مَ۔با۔لِغ)(ع۔ا۔مذ) مَبلَغ کی جمع۔ روپے۔ نقد رقوم۔

مُبالَغہ (مُ۔با۔لَ۔غہ)(ع۔ا۔مذ) (۱) کسی بات کو بہت بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔ حد سے زیادہ تعریف یا بُرائی کرنا۔ حد سے زیادہ بڑھانا (۲) زیادہ گوئی (۳) کسی کام میں سخت کوشش کرنا۔

مُبالغہ آرائی (ف۔ا۔مث) دیکھئے مبالغہ کرنا۔

مبالغہ کرنا (اُر۔محاورہ) زیادہ گوئی کرنا۔ بڑھا کر بیان کرنا۔ اصل کے خلاف کہنا۔ حد سے زیادہ تعریف یا مذمت کرنا۔

مَبانی (مَ۔با۔نی)(ع۔ا۔مذ) مبنیٰ کی جمع (۱) بُنیادیں (۲) مکانات۔ عمارتیں۔

مُباہات (ع۔ا۔مث)(۱) فخر۔ بڑائی۔ شیخی (۲) شان و شوکت۔

مُباہَلہ (مُ۔با۔ہَ۔لہ)(ع۔ا۔مذ) ایک دُوسرے کے حق میں بددعا کرنا۔ ایک دُوسرے کو بُرا کہنا۔ نفرین کرنا۔ اِصطلاح شریعت میں کسی متنازعہ فیہ مسئلے کو خُدا پر چھوڑتے ہوئے بددعا کرنا کہ جو جھوٹا ہو وہ برباد ہو جائے۔

مُبتَدا (مُب۔تَ۔دا)(ع۔ا۔مذ)(۱) آغاز۔ شروع۔ پہل۔ اوّل۔ اِبتدا (۲) اِصطلاح علم نحو میں جملہ اِسمیہ کا پہلا جز جس کے متعلق کوئی خبر دی جائے۔

مبتدا و خبر (ع۔ا۔مث) اوّل و آخر۔ اِبتدا و اِنتہا (۲) اِسم اور اُس کی خبر۔ مُسندالیہ و مُسند۔

مبتدا و خبر ندارد (ف۔مقولہ) وہ بات جس کا سر پیر نہ ہو۔ بے سروپا بات۔ لغو اور بے ہودہ بات۔

مُبتَدَع (مُب۔تَ۔دَع)(ع۔صف مفعولی۔وا۔مذ) نئی اِیجاد۔ وہ کام جو دین میں نیا نکالا گیا ہو۔

مُبتَدِع (مُب۔تَ۔دِع)(ع۔صف فاعلی) دین میں نئی بات نکالنے والا۔ بدعت کرنے والا۔

مُبتَدی (مُب۔تَ۔دی)(ع۔صف۔وا۔مذ) اِبتدا کرنے والا۔ نو آموز۔ شروع کرنے والا۔ اَبجد خواں۔ جمع: مبتدیان۔

مُبتَذَل (مُب۔تَ۔ذَل)(ع۔صف مفعولی) ذلیل۔ حقیر۔ رذیل۔ سفلہ۔ کمینہ۔ بے قدر۔ خفیف۔

مُبتَسِم (مُب۔تَ۔سِم)(ع۔صف) کھلنے والا۔ ہنسنے والا۔

مُبتَلا (مُب۔تَ۔لا)(ع۔صف)(۱) پکڑا ہوا۔ گرفتار۔ ماخوذ (۲) پھنسا ہوا۔ اُلجھا ہوا۔ لپٹا ہوا۔ گھرا ہوا (۳) بَلا یا آفت میں پڑا ہوا (۴) مشغول۔ مصروف (۵) فریفتہ۔ عاشق۔ شیدا۔ مفتون۔ دل دادہ۔

مبتلا کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) پھنسا لینا۔ اُلجھا دینا (۲) فریفتہ کرنا۔ عاشق کر لینا۔

مبتلا ہونا (اُر۔محاورہ) گرفتار ہونا۔ پھنسنا۔ اُلجھنا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

مبتلائے آفت (مبتلائے بَلا) (ع۔ف۔صف) مُصیبت میں پھنسا ہوا۔ آفت میں گرفتار۔ مُصیبت کا مارا۔

مبتلائے عشق (ع۔ف۔صف) عشق میں گرفتار۔ عاشق۔ دالہ و شیدا۔

مَبحَث (مَب۔حَث)(ع۔صف۔وا۔مذ) بحث۔ معاملہ (۲) بحث یا تفتیش کی کوئی بات یا مقام۔ جمع: مباحث۔

مَبدا (مَبدَء) (مَب۔دا)(ع۔ا۔مذ)(۱) شروع ہونے کی جگہ۔ ظاہر ہونے کی جگہ (۲) آغاز۔ شروع۔ اِبتدا (۳) اصل۔ بُنیاد (۴) چشمہ۔ جمع: مَبادی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَبدءِ فیض (ع۔ا۔مذ) فیض کا سرچشمہ۔ خُدائے تعالیٰ۔

مُبدِع (مُب۔دِع) (ع۔صف فاعلی) نئی چیز پیدا کرنے والا۔ بے مادّہ بنانے والا۔ اللہ تعالیٰ۔

مُبَدَّل (مُ۔بَد۔دَل) (ع۔صف) بدلا ہوا۔ پلٹا ہوا۔ تبدیل شدہ۔ حقیر۔

مُبَذِّر (مُ۔بَذ۔ذِر) (ع۔صف) فضول خرچ۔ اِسراف کرنے والا۔ جمع: مُبذِّرین۔

مَبذُول (مَب۔ذُول) (ع۔صف) (۱) خرچ کیا گیا (۲) مُنعطِف۔

مُبَرّا (مُ۔بَر۔را) (ع۔صف) پاک۔ بے عیب۔ صاف۔ منزّہ۔

مُبَرَّد (مُ۔بَر۔رَد) (ع۔صف مفعولی) سرد کیا ہوا۔ ٹھنڈا کیا ہوا۔

مُبَرِّد (مُ۔بَر۔رِد) (ع۔صف فاعلی) سَرد کرنے والا۔

مُبَرِّدات (مُ۔بَر۔رِ۔دات) (ع۔ا۔مث) سَرد کرنے والی چیزیں۔ وہ دوائیں جن کی تاثیر سَرد ہو۔

مَبرَز (مَب۔رَز) (ع۔ا۔مذ) پاخانہ نکلنے کی جگہ۔ مقعد۔ دُبر۔

مُبرَم (مُب۔رَم) (ع۔صف) مضبوط۔ اُستوار۔ مستحکم۔ ضروری۔ نہ ٹلنے والی۔ ھٰذنی۔

مَبرُور (مَب۔رُور) (ع۔صف) نیکی کیا گیا۔ پاک۔ مقدّس۔ گُناہوں سے بَری (۲) مقبول۔ قبول کیا گیا جیسے حجِ مبرور۔

مَبرُوص (ع۔صف) برص کا مریض۔ پُھلبہری کا مریض۔

مُبَرہَن (مُ۔بَر۔ہَن) (ع۔صف) دلیل سے ثابت کیا ہوا۔

مَبسُوط (مَب۔سُوط) (ع۔صف مفعولی) پھیلا ہوا۔ کُشادہ۔ فراخ۔

مُبَشَّر (مُ۔بَش۔شَر) (ع۔صف مفعولی) جس کی خوشخبری دی گئی ہو۔ خوشخبری دیا گیا۔

مُبَشِّر (مُ۔بَش۔شِر) (ع۔صف فاعلی) بشارت دینے والا۔ خوش خبری سُنانے والا۔ جمع: مبشرین۔

مُبَصِّر (مُ۔بَص۔صِر) (ع۔صف) (۱) دیکھنے والا۔ مشاہدہ کرنے والا (۲) پرکھنے والا۔ صرّاف (۳) تبصرہ کرنے والا۔ جمع: مبصّرین۔

مبصّر بہی (اَر۔ا۔مذ) (قانون) بہی کی جانچ پڑتال کرنے والا۔

مُبطِل (مُب۔طِل) (ع۔صف فاعلی) باطل کرنے والا۔

مَبعُوث (مَب۔عُوث) (ع۔صف) اُٹھایا گیا۔ بھیجا گیا۔ پیدا کیا گیا۔

مبعوث ہونا (اَر۔محاورہ) نبی کا بھیجا جانا۔

مَبغُوض (مَب۔غُوض) (ع۔صف مفعولی) بُغض کیا گیا۔ دُشمن رکھا گیا۔ قابلِ نفرت۔

مَبلَغ (مَب۔لَغ) (ع۔صف) (۱) روپے کی رقم۔ تعدادِ زر (۲) کُل۔ تمام (۳) حد۔ نہایت۔

مُبَلِّغ (مُ۔بَل۔لِغ) (ع۔صف فاعلی) پہنچانے والا۔ تبلیغ کرنے والا۔ مشنری۔ جمع: مُبلّغین۔

مَبنا (مَبنیٰ) (مَب۔نا) (ع۔ا۔مذ) (۱) بنیاد (۲) عمارت۔ جمع: مبانی۔

مَبنی (مَب۔نی) (ع۔صف) بُنیاد رکھا ہوا۔ بُنیاد رکھنے کی جگہ۔ جس پر کسی چیز کی بنا ہو (۲) وہ کلمہ جس کے آخری حرف میں کسی عامل سے تبدیلی نہ ہو۔

مبنی ہونا (اَر۔محاورہ) کسی بات کا کسی بات پر موقوف ہونا۔ منحصر ہونا۔

مُبہَم (مُب۔ہَم) (ع۔صف) مشکوک۔ وہ جس کا مطلب صاف نہ ہو۔ گول مول (بات)۔

مَبہُوت (مَب۔ہُوت) (ع۔صف) (۱) حیران۔ متحیر۔ ہکّا بکّا (۲) دیوانہ۔ باولا (۳) نشے میں چُور۔ مخمور۔ مدہوش۔

مُبَہّی (مُ۔بَہ۔ہی) (ع۔صف) قوتِ باہ بڑھانے والا۔ شہوت زیادہ کرنے والا۔

مُبَہّیات (مُ۔بَہ۔ہی۔یات) (ع۔ا۔مث) مُبہّی کی جمع۔ قوتِ باہ بڑھانے والی دوائیں۔

مَبیع (مَ۔بیع) (ع۔صف) خرید کی ہوئی چیز۔ بِکا ہوا مال۔

مُبِین (مُ۔بِین) (ع۔صف) ظاہر۔ صاف۔ کُھلا ہوا۔ آشکارا۔ صریح۔ روشن۔

مُبَیَّن (مُ۔بَی۔یَن) (ع۔صف) (۱) بیان کیا گیا۔ بیان کیا ہوا (۲) نحو میں وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اُس کی تفسیر میں واقع ہو۔

مُبَیَّنہ (ع۔صف) مبیّن کی تانیث لیکن مذ و مث دونوں کے لئے مستعمل ہے۔

م۔پ

مَپان (مَ۔پان) (ہ۔ا۔مث) ناپ۔ نپان۔ پیمائش۔

مَپانا (مَ۔پا۔نا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پیمانہ۔ ناپنے کی چیز (۲) (مص) ماپنا کا متعدی المتعدی۔ نپوانا۔ پیمائش کرانا۔

مَپائی (ہ۔ا۔مث) نپائی۔ پیمائش۔

مپائی ہونا (ہ۔مص مرکب) ناپا جانا۔ اندازہ کیا جانا۔

مَپت (مَ۔پَت) (ہ۔ا۔مث) ناپ۔ پیمائش۔

مَپنا (مَپ۔نا) (ہ۔مص) ناپا جانا۔ پیمائش ہونا۔ اندازہ کیا جانا۔

مَپوانا (مَپ۔وا۔نا) (ہ۔مص) نپوانا۔ ناپ کرانا۔ پیمائش کرانا۔ نیز دیکھئے مپانا۔

م۔ت

مَت (بفتحِ اوّل) (ہ۔کلمۂ نفی) نہ۔ نہیں۔

مت پُوچھو (اَر۔محاورہ) قابلِ بیان نہیں۔ کراہت اور رغبت دونوں موقعوں پر آتا ہے (۲) ایسا اچھا ہے کہ قابلِ بیان نہیں (۳) ایسی سخت مصیبت ہے کہ کہنے کے لائق نہیں۔

مت کر ساس بُرائی۔ تیرے بھی آگے جائی (اَر۔مثل) ساس جیسا اپنی بہو سے کرے گی ویسا ہی اُس کی بیٹی کے ساتھ ہوگا۔

مَت (بفتحِ اوّل) (س۔ا۔مث) (۱) سمجھ بوجھ۔ عقل۔ دانش۔ فہم۔ ادراک۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دانائی (۲) رائے۔ نصیحت (۳) عادت (۴) (ا۔مذ) مذہب۔ مِلّت۔ دھرم۔ عقیدہ۔ اعتقاد۔ جمع : متوں۔ متیں۔

مت اُلٹنا (مت اُلٹی ہونا) (اُر۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا۔

مت بدلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سمجھ کا کچھ سے کچھ ہو جانا (۲) طرز بدلنا۔

مت پلٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رائے بدل جانا (۲) سمجھ اُلٹی ہو جانا۔

مت پھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رائے بدلنا (۲) عقل ماری جانا۔

مت پھیرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رائے دینا۔ عقل کی بات بتانا۔ نصیحت کرنا (۲) اُلٹی پٹی پڑھانا۔

مت دینا (اُر۔ محاورہ) بات سمجھانا۔ رائے دینا۔

مت مار دینا (اُر۔ محاورہ) عقل زائل کر دینا۔ عقل کام کرنے کے قابل نہ رکھنا۔

مت ماری پڑنا (ماری جانا) (اُر۔ محاورہ) عقل جاتی رہنا۔ بے وقوف بننا۔

مت ہونا (اُر۔ محاورہ) عقل ہونا۔ سمجھ ہونا۔

متا (م۔تا) (ق۔ا۔مث) (۱) مجال۔ طاقت (۲) مت۔ مشورہ۔ رائے۔

مُتبارِز (مُ۔تَ۔با۔رِز) (ع۔صف) وہ جنگ جُو جو آگے بڑھ کر حریف کے مقابلے پر آئے۔ جمع : متبارزین۔

مُتابعت (مُ۔تا۔بَ۔عَت) (ع۔ا۔مث) (۱) پیروی (۲) فرماں برداری۔ اطاعت۔

مُتاثّر (مُ۔تَ۔اَث۔ثِر) (ع۔صف) اثر قبول کرنے والا۔ اثر پذیر۔

مُتاخّر (مُ۔تَ۔اَخ۔خِر) (ع۔صف) پیچھے آنے والا۔

مُتاخّرین (مُ۔تَ۔اَخ۔خِ۔رین) (ع۔صف) متاخّر کی جمع۔ پیچھے آنے والے لوگ۔ اخیر زمانے والے۔

مُتاذّی (مُ۔تَ۔اَذ۔ذی) (ع۔صف) اذیت پانے والا۔ تکلیف پانے والا۔

متارا (م۔تا۔را) (مت۔تا۔را) (ق۔ا۔مذ) مال و متاع۔

متاس (م۔تاس) (ہ۔ا۔مث) پیشاب کرنے کی حاجت۔

متاسا (م۔تا۔سا) (ہ۔صف) وہ جسے پیشاب کرنے کی حاجت ہو۔

مُتاسّف (مُ۔تَ۔اَس۔سِف) (ع۔صف) افسوس کرنے والا۔

متاع (مَ۔تاع) (ع۔ا۔مذ و مث) پونجی۔ اثاثہ۔ تجارت کا سامان۔

متاعِ غرور (ع۔ا۔مث) (کنایۃً) دُنیا۔ جہان۔

مُتاعی (مُ۔تا۔عی) (ع۔ف۔ا۔مث) اہلِ تشیع میں وہ عورت جس سے متعہ کیا گیا ہو۔ مقررہ مدت کے لئے نکاحی عورت۔

مُتالّم (مُ۔تَ۔اَل۔لِم) (ع۔صف) اَلم پایا ہوا۔ جسے رنج پہنچا ہو۔ رنجیدہ۔ دُکھیا۔

متالی (م۔تا۔لی) (ہ۔ا۔مث) وہ جگہ جو گھوڑے کے پیشاب کرنے کے لئے ہو (۲) گھاس جس پر گھوڑے نے پیشاب کیا ہو۔

مُتامّل (مُ۔تَ۔اَم۔مِل) (ع۔صف) تامّل کرنے والا۔ سوچنے والا۔

متانا (م۔تا۔نا) (ہ۔مص) (۱) بچّے کو پیشاب کرانا (۲) (ا۔مذ) جسم میں پیشاب کی تھیلی۔ مثانہ۔ پھکنا۔

متانت (مَ۔تا۔نَت) (ع۔ا۔مث) سنجیدگی۔ مضبوطی۔ پختگی۔ اُستواری۔ سنگینی (۲) تہذیب (۳) خیالات کی آراستگی اور دُرستی۔ زبان کا بے ہودہ الفاظ اور خیالات سے پاک ہونا۔

مُتانی (مُ۔تا۔نی) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے مُتالی۔

مُتاہِّل (مُ۔تَ۔اَہ۔ہِل) (ع۔صف) اہلیہ کرنے والا۔ بیاہا۔ شادی شدہ۔ بیوی بچّے والا۔

مُتبادِر (مُ۔تَ۔با۔دِر) (ع۔صف) (۱) جلدی کر کے آگے بڑھ جانے والا (۲) جلد ذہن میں آنے والا (۳) جلد نکلنے والا۔

مُتبادِل (مُ۔تَ۔با۔دِل) (ع۔صف) بدلنے والا۔ باری سے آنے یا کام کرنے والا۔

مُتبادِلہ (مُ۔تَ۔با۔دِ۔لہ) (ع۔صف) وہ جو بدلے (۲) (مذ) (اِصطلاح اقلیدس) دو خطوط متوازی پر جب تیسرا خط آ کر گرے تو اُس خط کے دونوں طرف کے داخلی زاویے متبادلہ کہلاتے ہیں بشرطیکہ متصلہ نہ ہوں۔

مُتبائن (مُ۔تَ۔با۔اِن) (ع۔صف) (۱) الگ الگ۔ باہم مختلف۔ متناقض (۲) وہ عدد جس کے اجزائے ضربی نہ ہو سکیں۔

مُتبحّر (مُ۔تَ۔بَح۔حِر) (ع۔صف) علم کا دریا۔ بہت بڑا عالم۔ فاضلِ اجل۔

مُتبدّل (مُ۔تَ۔بَد۔دِل) (ع۔صف) (۱) بدلنے والا۔ تبدیل کرنے والا (۲) کسی چیز کا معاوضہ لینے والا۔

مُتبرّک (مُ۔تَ۔بَر۔رَک) (ع۔صف) (۱) برکت والا۔ مقدس۔ پاک۔ صاف۔ پوتر (۲) معزز۔ بزرگ۔ قابلِ تعظیم۔

مُتبرّکہ (مُ۔تَ۔بَر۔رَ۔کہ) (ع۔صف) برکت والی چیز۔ پاک چیز۔

مُتبسّم (مُ۔تَ۔بَس۔سِم) (ع۔صف) مُسکرانے والا (۲) شگفتہ۔ کھلا ہوا۔

مُتّبع (مُت۔تَ۔بِع) (ع۔صف) اِتباع کرنے والا۔ پیچھے چلنے والا۔ پیروی کرنے والا۔

مُتبنّٰی (مُ۔تَ۔بَن۔نا) (ع۔صف) فرزندی میں لیا ہوا۔ گود لیا ہوا۔ لے پالک۔ بیٹا بنایا ہوا۔

مُتبنّٰی کرنا (اُر۔مص مُرکّب) بیٹا بنانا۔ فرزندی میں لینا۔ گود لینا۔

مَتبوع (مَت۔بوع) (ع۔صف) (۱) اتباع کیا گیا۔ پیروی کیا گیا (۲) (ا۔مذ) سردار۔ پیشوا۔

مُتجانِس (مُ۔تَ۔جا۔نِس) (ع۔صف) ہم جنس ہونے والا۔

مُتجاوِز (مُ۔تَ۔جا۔وِز) (ع۔صف) اپنی حد سے بڑھنے والا۔ تجاوز کرنے والا۔

مُتجسِّس (مُ۔تَ۔جَس۔سِس) (ع۔صف) تجسس کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُتَجَلِّی (مُ۔تَ۔جَل۔لا)(ع۔صف) روشن۔ آشکارا۔ چمک دار۔

مُتَحَارِب (مُ۔تَ۔حا۔رِب) (ع۔صف) آپس میں جنگ کرنے والا۔ جمع: مُتحاربین۔

مُتَحَجِّر (مُ۔تَ۔حَج۔جِر)(ع۔صف)(۱) پتھر کی طرح سخت (پھوڑا)(۲) پتھر کی مانند چیز۔ پتھر میں بدلی ہوئی چیز۔ (Fossil)۔

مُتَّحِد (مُت۔تَ۔حِد)(ع۔صف) اِتحاد رکھنے والا۔ متفق۔ ملا ہوا۔ شامل۔

مُتَّحِدُ المفہوم (مُت۔تَ۔حِ۔دُل۔مَف۔ہُوم) (ع۔صف) جس کا مطلب ایک ہو۔

مُتَحَرِّک (مُ۔تَ۔حَر۔رِک)(ع۔صف)(۱) حرکت کرنے والا۔ جاری۔ رواں (۲) نحو میں وہ حرف جس پر کوئی حرکت یعنی زبر، زیر یا پیش ہو۔

مُتحَف (مُت۔حَف)(ع۔ا۔مذ) عجائب خانہ۔

مُتَحَقَّق (مُ۔تَ۔حَق۔قَق) (ع۔صف مفعولی) تحقیق کیا گیا۔ ٹھیک۔ دُرست۔ صحیح۔

مُتَحَقِّق (مُ۔تَ۔حَق۔قِق)(ع۔صف فاعلی) تحقیق کرنے والا۔ کسی چیز کو صحیح اور دُرست کرنے والا۔ جمع: مُتحقّقین۔

مُتَحَلِّی (مُ۔تَ۔حَل۔لی)(ع۔صف) زیور پہننے والا۔ آراستہ ہونے والا۔

مُتَحَمِّل (مُ۔تَ۔حَم۔مِل)(ع۔صف) تحمّل کرنے والا۔ برداشت کرنے والا۔ مستقل مزاج۔ صابر۔

مُتَحَیِّر (مُ۔تَ۔حَی۔یِر)(ع۔صف) حیرت کرنے والا۔ متعجب۔ حیرت زدہ۔ حیران۔ حواس باختہ۔ ہکا بکا۔

مُتَحَیِّرَہ (مُ۔تَ۔حَی۔یِ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ)(علم ہیئت) ذیل کے پانچ سیارے خمسہ متحیّرہ کہلاتے ہیں: عطارد۔ زہرہ۔ مریخ۔ مشتری اور زحل۔ یہ سیارے کبھی کبھی اپنی معمول کی رفتار سے پیچھے کی طرف لوٹ جاتے ہیں اور پھر اپنی معمول کی رفتار پر چلنے لگتے ہیں۔

مُتَخَاصِم (مُ۔تَ۔خا۔صِم) (ع۔صف) خصومت کرنے والا۔ لڑنے والا۔ مخالف۔ دُشمن۔ جھگڑالو۔ جمع: متخاصمین۔

مُتَخَاصِمِین (مُ۔تَ۔خا۔صِ۔مِین) (ع۔صف) متخاصم کی جمع (۲) (ع۔ا۔مذ) طرفین جو جھگڑا کریں۔ فریقین۔ باہم مخالف۔ مُدّعی اور مُدّعا علیہ۔

مُتَخَالِف (مُ۔تَ۔خا۔لِف) (ع۔صف) ایک دُوسرے کا مُخالف۔ باہم مخالفت کرنے والا۔ جمع: متخالفین۔

مُتَخَصِّص (مُ۔تَ۔خَص۔صِص) (ع۔صف) خصوصیت رکھنے والا۔ کسی فن کا ماہر خصوصی۔ (Specialist)۔

مُتَخَلْخِل (مُ۔تَ۔خَل۔خِل)(ع۔صف) اندر سے خالی۔ پولا (۲) ڈھیلا ڈھالا۔

مُتَخَلِّص (مُ۔تَ۔خَل۔لِص)(ع۔صف فاعلی) تخلّص رکھنے والا۔

مُتَخَلِّل (مُ۔تَ۔خَل۔لِل)(ع۔صف فاعلی) خلل ڈالنے والا۔

مُتَخَیِّل (مُ۔تَ۔خَی۔یِل) (ع۔صف فاعلی) خیال کرنے والا۔ تصوّر کرنے والا۔

مُتَخَیَّل (مُ۔تَ۔خَی۔یَل)(ع۔صف مفعولی) خیال کیا گیا۔ خیال میں لایا ہوا۔

مُتَخَیَّلَہ (مُ۔تَ۔خَی۔یَ۔لَہ) (ع۔صف مفعولی) خیال کیا گیا۔ جہاں خیال پیدا ہو یعنی دماغ۔

مُتَخَیِّلَہ (مُ۔تَ۔خَی۔یِ۔لَہ)(ع۔صف فاعلی۔مث) خیال میں لانے والی (۲) دیکھیے قوتِ متخیلہ۔

مُتَدَارِک (مُ۔تَ۔دا۔رِک) (ع۔صف فاعلی) کھوئی ہوئی چیز کو پانے والا (۲) عروض میں ایک بحر کا نام جو بعد میں اِیجاد ہوئی اور پہلی بحروں میں شامل کی گئی۔

مُتَدَاوَل (مُ۔تَ۔دا۔وَل) (ع۔صف مفعولی) ہاتھوں میں پھری ہوئی چیز۔ دست بہ دست پہنچی ہوئی چیز۔ مُروّج۔

مُتَدَاوَلَہ (مُ۔تَ۔دا۔وَ۔لَہ)(ع۔صف مفعولی۔مث) متداول کی تانیث جو جمع کا اِفادہ بھی کرتی ہے۔

مُتَدَیِّن (مُ۔تَ۔دَی۔یِن)(ع۔صف) دین دار۔ ایمان دار۔ دیانت دار۔ امین۔ امانت دار۔ معاملے اور بات کا سچّا اور پُورا۔

مُتَذَبْذِب (مُ۔تَ۔ذَب۔ذِب)(ع۔صف فاعلی) پس و پیش کرنے والا۔ تذبذب کرنے والا۔ تردُّد میں پڑنے والا۔ جمع: متذبذبین۔

مُتَذَبْذَب (مُ۔تَ۔ذَب۔ذَب) (ع۔صف مفعولی) تذبذب میں پڑا ہوا۔ لٹکا ہوا۔

مُتَذَکَّرَہ (مُ۔تَ۔ذَک۔کَ۔رَہ)(ع۔صف) ذکر کیا گیا۔ مذکورہ۔

متذکرہ بالا (ع۔ف۔صف) جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہو۔ مرقومہ بالا۔

متذکرۂ ذیل (ع۔ف۔صف) وہ جس کا ذکر آگے آئے گا۔

مِتَّر (مِت۔تَر) (و۔ا۔مذ) وہ لڑکا جو کھیل میں سردار بنایا جائے۔ سرگروہ۔ سرغنہ (۲) دوست۔ یار۔ آشنا۔

مُتَرادِف (مُ۔تَ۔را۔دِف) (ع۔صف) ہم ردیف۔ دو ایسے لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں۔ جمع: مترادِفات۔

مِترائی (مِت۔را۔ئی)(و۔ا۔مث) دوستی۔ یارانہ۔

مُتَرَتَّب (مُ۔تَ۔رَت۔تَب)(ع۔صف مفعولی) ترتیب دیا گیا۔

مُتَرَتِّب (مُ۔تَ۔رَت۔تِب)(ع۔صف فاعلی) ترتیب دینے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُتَرجِم (مُ۔ تَر۔ جِم)(ع۔ صف فاعلی) ترجمہ کرنے والا۔ جمع: مُترجمین۔

مُتَرجَم (مُ۔ تَر۔ جَم)(ع۔ صف مفعولی) ترجمہ کیا ہوا۔ باترجمہ۔

مُتَرَدِّد (مُ۔ تَ۔ رَد۔ دِد)(ع۔ صف فاعلی) تردُّد کرنے والا۔ فکر مند۔ پس و پیش کرنے والا۔ سوچ میں پڑ جانے والا (۲) پریشان۔ مُضطرب۔

مَترس از بلائے کہ شب درمیان اَست (ف۔ مثل) مُصیبت سے مت ڈر۔ ابھی رات درمیان میں ہے۔ اُس مُصیبت کی فکر میں پریشان نہ ہونا چاہئے جو ابھی نہ آئی ہو۔

مُتَرَسِّل (مُ۔ تَ۔ رَس۔ سِل)(ع۔ صف فاعلی) خط بھیجنے والا۔ جمع: مترسلین۔

مُتَرَشِّح (مُ۔ تَ۔ رَش۔ شِح)(ع۔ صف فاعلی) ترشح کرنے والا۔ ٹپکنے والا۔

مُتَرَشَّح (مُ۔ تَ۔ رَش۔ شَح)(ع۔ صف مفعولی) ٹپکا ہوا۔ ظاہر۔

مُتَرَصِّد (مُ۔ تَ۔ رَص۔ صِد)(ع۔ صف فاعلی) اُمیدوار۔ اُمید رکھنے والا۔ آس لگانے والا۔

مُتَرَقَّب (مُ۔ تَ۔ رَق۔ قَب)(ع۔ صف مفعولی) اِنتظار کیا گیا۔ اُمید کیا گیا۔

مُتَرَقِّب (مُ۔ تَ۔ رَق۔ قِب)(ع۔ صف فاعلی) اِنتظار کرنے والا۔ مُنتظر۔ اُمیدوار۔

مُتَرَقَّبَہ (مُ۔ تَ۔ رَق۔ قَ۔ بَہ)(ع۔ صف) مترقَّب کی تانیث۔ انتظار کی ہوئی۔ اُمید کی ہوئی چیز۔

مُتَرَنِّم (مُ۔ تَ۔ رَن۔ نِم)(ع۔ صف فاعلی) گانے والا۔

مَتروک (مَت۔ رُوک)(ع۔ صف) ترک کیا ہوا۔ چھوڑا ہوا۔

مَتروکات (مَت۔ رُو۔ کات)(ع۔ صف۔ وا۔ مذ) متروکہ کی جمع۔ چھوڑی ہوئی چیزیں۔

مَتروکہ (مَت۔ رُو۔ کہ)(ع۔ صف) متروک کی تانیث۔ ترک کی ہوئی۔ چھوڑی ہوئی۔

مُتَزاید (مُ۔ تَ۔ زا۔ ید)(ع۔ صف فاعلی) زائد ہونے والا۔ زیادہ ہونے والا۔ بڑھنے والا۔

مُتَزَلزِل (مُ۔ تَ۔ زَل۔ زِل)(ع۔ صف فاعلی) کانپنے والا۔ ڈگمگانے والا۔ جنبش کرنے والا۔ لرزاں۔

مُتَساوی (مُ۔ تَ۔ سا۔ وی)(ع۔ صف) ایک دُوسرے کے مساوی۔ برابر۔

مُتَسَلِّط (مُ۔ تَ۔ سَل۔ لِط)(ع۔ صف فاعلی) غالب ہونے والا۔ قبضہ کرنے والا۔

مُتَشابِہ (مُ۔ تَ۔ شا۔ بِہ)(ع۔ صف)(۱) مانند۔ ہمشکل۔ ہم صورت۔ یکساں (۲) مشتبہ۔ مشکوک۔ جس کے بارے میں کچھ شبہ ہو (۳)(ا۔ مذ) بھول چوک۔ شبہ۔ جمع: مُتشابہات۔

مُتَشابِہ لگنا (اُر۔ محاورہ) شُبے میں پڑنا۔ بھول جانا۔ چوکنا۔ یہ محاورہ خاص کر قرآن شریف کے لئے ہے کیونکہ بعض آیات کے مختلف موقعوں پر آجانے سے حافظ کہیں سے کہیں پڑھ جاتے ہیں۔

مُتَشابِہات (مُ۔ تَ۔ شا۔ بِ۔ ہات)(ع۔ ا۔ مث) متشابہ کی جمع۔ قرآن شریف کی وہ آیتیں جن کے معنی خُدائے تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا (۲) وہ آیات جن کے ایک سے زائد معنی ہو سکتے ہیں۔

مُتَشاعِر (مُ۔ تَ۔ شا۔ عِر)(ع۔ صف) جو شاعر نہ ہو مگر اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے۔ بناوٹی شاعر۔ جمع: متشاعرین۔

مُتَشَدِّد (مُ۔ تَ۔ شَد۔ دِد)(ع۔ صف فاعلی) سختی کرنے والا۔ جمع: متشدِّدین۔

مُتَشَرِّع (مُ۔ تَ۔ شَر۔ رِع)(ع۔ صف فاعلی) شریعت پر عمل کرنے والا۔ پابندِ شرع۔ پارسا۔ پرہیزگار۔

مُتَشَکِّر (مُ۔ تَ۔ شَک۔ کِر)(ع۔ صف فاعلی) شکر ادا کرنے والا۔ شکرگزار۔

مُتَشَکِّک (مُ۔ تَ۔ شَک۔ کِک)(ع۔ صف فاعلی) شُبہ کرنے والا۔ شک کرنے والا۔

مُتَشَکِّل (مُ۔ تَ۔ شَک۔ کِل)(ع۔ صف فاعلی) شکل اِختیار کرنے والا۔ صورت قبول کرنے والا۔

مُتَشَکّی (مُ۔ تَ۔ شَک۔ کی)(ع۔ صف فاعلی)(۱) شکایت کرنے والا (۲) جھگڑنے والا (۳) شک میں پڑنے والا۔ مُتشکِّک۔

مُتَصادِم (مُ۔ تَ۔ صا۔ دِم)(ع۔ صف فاعلی) ٹکرا جانے والا۔

مُتَصاعِد (مُ۔ تَ۔ صا۔ عِد)(ع۔ صف فاعلی) صعود کرنے والا۔ اُوپر چڑھنے والا۔

مُتَصَدِّع (مُ۔ تَ۔ صَد۔ دِع)(ع۔ صف) سر میں درد کرنے والا۔ تکلیف دینے والا۔

مُتَصَدّی (مُ۔ تَ۔ صَد۔ دی)(ع۔ ا۔ مذ) دیوان۔ محاسب۔ جمع خرچ نویس (۲) محرّر۔ کاتب۔ منشی۔ نائب۔ گماشتہ (۳) منتظم۔ اِنتظام کرنے والا (۴) ذمے دار۔ کفیل۔

مُتَصَرِّف (مُ۔ تَ۔ صَر۔ رِف)(ع۔ صف فاعلی) قبضہ کرنے والا۔ قابض۔

مُتَصَرَّفہ (مُ۔ تَ۔ صَر۔ رَ۔ فہ)(ع۔ صف) وہ چیز جو قبضے میں آ گئی ہو۔

مُتَّصَف (مُت۔ تَ۔ صَف)(ع۔ صف مفعولی) وصف کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔ موصوف۔ جس کے ساتھ کوئی صفت لگی ہو۔

مُتَّصِف (مُت۔ تَ۔ صِف)(ع۔ صف فاعلی) صِفت رکھنے والا۔

مُتَّصِل (مُت۔ تَ۔ صِل)(ع۔ صف) اِتصال رکھنے والا۔ پاس۔ قریب۔ نزدیک۔ لگا ہوا۔ برابر ملنے والا۔ لگاتار۔ پے در پے۔

مُتَصَنِّع (مُ۔ تَ۔ صَن۔ نِع)(ع۔ صف) تصنع کرنے والا۔ بناوٹ کرنے والا۔

مُتَصَوِّر (مُ۔ تَ۔ صَو۔ وِر)(ع۔ صف فاعلی) تصوّر کرنے والا۔ دل میں نقشہ جما لینے والا۔ خیال قائم کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُتَصَوَّر (مُ۔تَ۔صَوْ۔وَر) (ع۔صف مفعولی) تصوّر میں لایا ہوا۔ خیال کیا گیا۔ سوچا ہوا۔

مُتَصَوِّف (مُ۔تَ۔صَوْ۔وِف) (ع۔صف) صُوفی بننے والا۔ جمع: متصوفین۔

مُتَضاد (مُ۔تَ۔ضاد) (ع۔صف) برعکس۔ خلاف۔ اُلٹا۔

مُتَضَرِّع (مُ۔تَ۔ضَر۔رِع) (ع۔صف فاعلی) رونے والا۔ عاجزی کرنے والا۔

مُتَضَمَّن (مُ۔تَ۔ضَم۔مَن) (ع۔صف مفعولی) داخل کیا ہوا۔ شامل کیا ہوا۔

مُتَضَمِّن (مُ۔تَ۔ضَم۔مِن) (ع۔صف فاعلی) لپیٹ میں لینے والا۔ داخل۔ شامل۔ مشتمل۔ مندرج۔

مُتَظَلِّم (مُ۔تَ۔ظَل۔لِم) (ع۔صف فاعلی) ظلم کی شکایت کرنے والا۔ فریادی۔ دادخواہ۔

مُتَعارِض (مُ۔تَ۔عا۔رِض) (ع۔صف) ایک دُوسرے کے سامنے آنے والا۔ ایک دُوسرے کے خلاف۔ جمع: متعارِضین۔

مُتَعارَف (مُ۔تَ۔عا۔رَف) (ع۔صف مفعولی) مشہور۔ معروف۔ آپس میں جان پہچانے والے۔ جمع: متعارفین۔

مُتَعارَفہ (مُ۔تَ۔عا۔رَ۔فہ) (ع۔صف) متعارف کی تانیث۔

مُتَعاقِب (مُ۔تَ۔عا۔قِب) (ع۔صف فاعلی) تعاقب کرنے والا۔ پیچھے آنے والا۔

مُتَعاقِد (مُ۔تَ۔عا۔قِد) (ع۔صف فاعلی) عہد و پیمان کرنے والا۔

مُتَعاقِدین (مُ۔تَ۔عا۔قِ۔دِین) (ع۔صف۔وا۔مذ) مُتعاقِد کی جمع۔ باہم معاہدہ کرنے والے۔

مُتَعال (مُ۔تَ۔عال) (ع۔صف) عالی۔ بلند۔ برتر۔ بزرگ۔ خُدا کے لئے مستعمل ہے۔

مُتَعالی (مُ۔تَ۔عا۔لی) (ع۔صف) بلند۔ برتر (۲) خُدائے تعالیٰ کا نام۔

مُتَعاہِد (مُ۔تَ۔عا۔ہِد) (ع۔صف فاعلی) دیکھئے مُتعہّد۔

مُتَعَجِّب (مُ۔تَ۔عَج۔جِب) (ع۔صف فاعلی) تعجب کرنے والا۔ حیران۔ متحیر۔ دنگ۔ ششدر۔

مُتَعَدَّد (مُ۔تَ۔عَد۔دَد) (ع۔صف مفعولی) گِنے ہوئے۔ تھوڑے۔ چند (۲) بہت۔ کئی۔ بہتیرے (۳) مختلف۔ جُدا جُدا۔ متفرق۔ گِنتی کے۔

مُتَعَدّی (مُ۔تَ۔عَد۔دی) (ع۔صف فاعلی) حد سے بڑھنے والا (۲) وہ مرض جو ایک سے دُوسرے کو لگے (۳) نحو میں وہ فعل جو مفعول کو چاہے۔

متعدّی اَمراض (ع۔ا۔مذ) چھوت چھات سے پیدا ہونے والی بیماریاں۔

متعدّیُ المُتَعدّی (ع۔صف) مُتعدی کا متعدّی جیسے بھروانا جو بھرنا کا متعدّی ہے۔

مُتَعَذِّر (مُ۔تَ۔عَذ۔ذِر) (ع۔صف) مُشکل۔ دُشوار۔ محال کے قریب۔

مُتَعَرِّض (مُ۔تَ۔عَر۔رِض) (ع۔صف فاعلی) (۱) روکنے والا (۲) آگے آنے والا۔

مُتَعَصِّب (مُ۔تَ۔عَص۔صِب) (ع۔صف) تعصّب کرنے والا۔ مذہب یا قوم کی پچ کرنے والا۔ جمع: متعصّبین۔

مُتَعَفِّن (مُ۔تَ۔عَف۔فِن) (ع۔صف مفعولی) سڑا ہوا۔ بدبُودار۔ بُسا ہوا۔

مُتَعَلِّق (مُ۔تَ۔عَل۔لِق) (ع۔صف فاعلی) (۱) تعلّق رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا (۲) رشتے دار۔ قرابتی۔ وابستہ (۳) شامل۔ مشمول۔ منسلک (۴) ماتحت۔ تابع۔ جمع: متعلقین۔

متعلّقِ فعل (ع۔ا۔مذ) (علم نحو) کلام کا وہ جزو جس سے کسی فعل یا صفت کا مفہوم مُعیّن ہوتا ہے۔ تابع فعل۔

متعلّق کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) شامل کرنا۔ ملانا۔ ملحق کرنا (۲) جوڑنا۔ چسپاں کرنا۔ ساتھ لگانا (۴) سونپنا۔ سپُرد کرنا۔

مُتَعَلِّقات (مُ۔تَ۔عَل۔لِ۔قات) (ع۔صف) مُتعلقہ کی جمع (۲) (ا۔مذ) وہ چیزیں جو کسی دُوسری چیز سے تعلّق رکھیں۔ کسی دُوسری چیز سے وابستہ چیزیں۔

مُتَعَلِّقہ (مُ۔تَ۔عَل۔لِ۔قہ) (ع۔صف فاعلی مث) متعلّق کی تانیث۔

مُتَعَلِّقِین (مُ۔تَ۔عَل۔لِ۔قِین) (ع۔صف۔وا۔مذ) متعلّق کی جمع۔ تعلّق رکھنے والے۔ بیوی بچّے۔ گھر کے لوگ۔ نوکر چاکر۔

مُتَعَلِّم (مُ۔تَ۔عَل۔لِم) (ع۔صف) تعلیم پانے والا۔ طالب علم۔ شاگرد۔ تلمیذ۔ چیلا۔ مُبتدی۔ جمع: متعلّمین۔

مُتعَہ (مُت۔عہ) (ع۔ا۔مذ) شیعہ مذہب میں کچھ مُدّت کے لئے عورت سے نکاح کر لینا۔ (مہر معجّل کے ساتھ)۔

مُتَعَہِّد (مُ۔تَ۔عَہ۔ہِد) (ع۔صف فاعلی) (۱) عہد کرنے والا (۲) ذمّے دار۔ کام میں مشغول (۳) ہم عصر۔ ایک زمانے کے (۴) ٹھیکے دار۔ مُستاجر۔ جمع: مُتعہّدین۔

مُتَعَیَّن (مُ۔تَ۔عَی۔یَن) (ع۔صف مفعولی) تعیُّن کیا ہوا۔ مقرّر کیا ہوا۔ کسی کام پر لگایا ہوا۔

متعیّن کرنا (اُر۔محاورہ) تعینات کرنا۔ مقرّر کرنا۔ کام پر لگانا۔ نامزد کرنا۔ نوکر رکھنا۔

مُتَعَیَّنہ (مُ۔تَ۔عَی۔یَ۔نہ) (ع۔صف) متعیّن کی تانیث۔

مُتَغائِر (مُ۔تَ۔غا۔اِر) (ع۔صف) الگ۔ جُدا۔

مُتَغَزِّل (مُ۔تَ۔غَز۔زِل) (ع۔صف فاعلی) غزل کہنے والا۔ غزل گو شاعر۔

مُتَغَیَّر (مُ۔تَ۔غَی۔یَر) (ع۔صف مفعولی) بدلا ہوا۔ تبدیل شدہ۔ پلٹا ہوا۔

مُتَغَیِّر (مُ۔تَ۔غَی۔یِر) (ع۔صف فاعلی) بدلنے والا۔ تبدیل ہونے والا۔ قابلِ تغیّر (۲) غیر مستقل۔ بے ثبات۔

مُتَفاوَت (مُ۔تَ۔فا۔وَت) (ع۔صف مفعولی) فرق کیا گیا۔ دُور کیا ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُتَفاوِت (مُ۔ تَ۔ فا۔ وِت) (ع۔ صف فاعل) فرق رکھنے والا۔ ایک دُوسرے سے دُور ہونے والا۔ مُخالف۔ متضاد۔

مُتَفَحِّص (مُ۔ تَ۔ فَح۔ حِص) (ع۔ صف فاعل) ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔ جستجو کرنے والا۔ متلاشی۔ کھوجی (۲) تحقیق کرنے والا۔ محقق۔

مُتَفَرِّد (مُ۔ تَ۔ فَر۔ رِد) (ع۔ صف) اکیلا۔ تنہا۔ یگانہ۔

مُتَفَرِّع (مُ۔ تَ۔ فَر۔ رِع) (ع۔ صف فاعل) کسی چیز سے اُس کی شاخ کی طرح نکلنے والا۔

مُتَفَرِّق (مُ۔ تَ۔ فَر۔ رِق) (ع۔ صف) جُداجُدا۔ الگ الگ۔ پراگندہ۔ منتشر۔

مُتَفَرِّقات (مُ۔ تَ۔ فَر۔ رِ۔ قات) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) متفرقہ کی جمع۔ مختلف چیزیں (۲) حساب کی مختلف رقمیں (۳) زمین کے وہ جُدا جُدا اور مختلف حصے جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں۔

مُتَّفِق (مُت۔ تَ۔ فِق) (ع۔ صف فاعل) (۱) اتفاق کرنے والا۔ ملا ہوا۔ شامل۔ لگا ہوا (۲) رضامند۔ موافق (۳) ہم خیال۔ ہم رائے۔ ہم صلاح۔ جمع: متفقین۔

مُتَّفِق الرّائے (مُت۔ تَ۔ فِ۔ قُر۔ رائے) (ع۔ صف) ہم رائے۔ ہم صلاح۔ ہم مشورہ۔ ہم خیال۔

متفق اللفظ (ع۔ تابع فعل) ایک زبان ہو کر۔ یک جان ہو کر۔

متفق ہونا (اُر۔ محاورہ) موافق ہونا۔ ایک زبان ہونا۔ ایک دل ہونا۔

مُتَّفَق (مُت۔ تَ۔ فَق) (ع۔ صف مفعولی) اتفاق کیا ہوا۔

مُتَّفَق علیہ (ع۔ صف) جس پر اتفاق کیا گیا ہو۔ سب کی رائے اور مرضی کے مطابق۔

مُتَّفَقہ (مُت۔ تَ۔ فَ۔ قَہ) (ع۔ صف) مُتفق کی تانیث۔

مُتَفَکِّر (مُ۔ تَ۔ فَک۔ کِر) (ع۔ صف) فکرمند۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ اُداس۔

مُتَفَنِّن (مُ۔ تَ۔ فَن۔ نِن) (ع۔ صف) مختلف فن جاننے والا۔

مُتَفَنّی (مُ۔ تَ۔ فَن۔ نی) (اُر۔ صف) مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ عیار۔ فتنہ پرور۔

مُتَقابِل (مُ۔ تَ۔ قا۔ بِل) (ع۔ صف) (۱) مُقابلہ کرنے والا۔ حریف (۲) آمنے سامنے۔

مُتَقارِب (مُ۔ تَ۔ قا۔ رِب) (ع۔ صف) (۱) ایک دُوسرے کے نزدیک (۲) عروض میں ایک بحر کا نام۔

مُتَقاضی (مُ۔ تَ۔ قا۔ ضی) (ع۔ صف فاعل) تقاضا کرنے والا۔ مانگنے والا۔ طلب کرنے والا۔

مُتَقاطِع (مُ۔ تَ۔ قا۔ طِع) (ع۔ صف فاعل) ایک دُوسرے کو کاٹنے والا۔

مُتَقاطِر (مُ۔ تَ۔ قا۔ طِر) (ع۔ صف فاعل) قطرہ قطرہ ٹپکنے والا۔

مُتَقاعِد (مُ۔ تَ۔ قا۔ عِد) (ع۔ صف) (۱) بیٹھنے والا (۲) مُلازمت سے سبکدوش ہو کر بیٹھنے والا۔ ریٹائرڈ (۳) سبکدوش۔

مُتَقَدِّم (مُ۔ تَ۔ قَد۔ دِم) (ع۔ صف) (۱) آگے بڑھنے والا (۲) اگلا۔ پہلے زمانے کا۔ سابق۔ پُرانا۔

مُتَقَدِّمین (مُ۔ تَ۔ قَد۔ دِ۔ مین) (ع۔ صف) مُتقدم کی جمع۔ اگلے زمانے کے۔ سابقین۔

مُتَّقی (مُت۔ تَ۔ قی) (ع۔ صف) پرہیزگار۔ گناہوں سے بچنے والا۔ خلاف شرع کاموں سے پرہیز کرنے والا۔ خداترس۔

مُتَکَبِّر (مُ۔ تَ۔ کَب۔ بِر) (ع۔ صف) تکبر کرنے والا۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ خودپسند (۲) کمال بُزرگی والا۔ بُزرگ منش۔ خُدائے تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔

مُتَکَفِّل (مُ۔ تَ۔ کَف۔ فِل) (ع۔ صف فاعلی) کفالت کرنے والا۔ کفیل۔ ضامن۔ ذمّہ دار۔

مُتَکَلِّف (مُ۔ تَ۔ کَل۔ لِف) (ع۔ صف فاعلی) (۱) تکلّف کرنے والا (۲) کوشش کرنے والا۔ جمع: متکلفین۔

مُتَکَلِّم (مُ۔ تَ۔ کَل۔ لِم) (ع۔ صف فاعلی) کلام کرنے والا۔ بات کرنے والا۔

مُتَکَلِّمین (مُ۔ تَ۔ کَل۔ لِ۔ مین) (ع۔ صف) متکلم کی جمع (۱) کلام کرنے والے لوگ (۲) (ع۔ ا۔ مذ) وہ لوگ جو مذہبی اُمور عقلی دلائل سے ثابت کرتے ہیں۔ علم کلام کے ماہر۔

مُتَّکی (مُت۔ تَ۔ کی) (ع۔ صف) تکیہ کرنے والا۔ بھروسا کرنے والا۔

مُتَلاشی (مُ۔ تَ۔ لا۔ شی) (اُر۔ صف) تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ جستجو کرنے والا۔ ترکی لفظ تلاش سے عربی طریقے پر اسم فاعل بنایا گیا ہے۔ غلطُ العام ہے۔

مُتَلاطِم (مُ۔ تَ۔ لا۔ طِم) (ع۔ صف) تلاطم برپا کرنے والا۔ تھپیڑے مارنے والا۔ موج زن۔ طوفانی۔

مَتلانا (مَت۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) طبیعت کا مالش کرنا۔ قے کرنے کو جی چاہنا۔ دِل یا جی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

مُتَلَذِّذ (مُ۔ تَ۔ لَذ۔ ذِذ) (ع۔ صف) لذّت اُٹھانے والا۔ مزہ چکھنے والا۔ لُطف اُٹھانے والا۔

مُتَلَوِّن (مُ۔ تَ۔ لَو۔ وِن) (ع۔ صف) ہر لحظہ رنگ بدلنے والا۔ غیر مستقل مزاج۔ جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو۔

مُتَلَوِّن مزاج (ع۔ صف) غیر مستقل طبیعت والا۔ جس کا مزاج گھڑی گھڑی بدلتا رہے۔

مَتلی (مَت۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) اُبکائی۔

متلی ہونا (اُر۔ مص مرکب) اُبکائی آنا۔ جی متلانا۔ طبیعت کا مالش کرنا۔

مُتَماثِل (مُ۔ تَ۔ ما۔ ثِل) (ع۔ صف) (۱) بعینہٖ ویسا۔ بالکل یکساں۔ مُماثل۔ (Identical) (۲) متماثلہ: متماثل کا مونث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُتَمادی (مُ۔تَ۔ما۔دی)(ع۔صف) لمبا۔ دراز۔ طویل۔

مُتَمَتِّع (مُ۔تَ۔مَت۔تِع)(ع۔صف فاعل) فائدہ اُٹھانے والا۔ نفع حاصل کرنے والا۔ مستفید (۲) حج اور عمرہ دونوں ایک ہی وقت میں کرنے والا۔

مُتَمَدِّن (مُ۔تَ۔مَد۔دِن)(ع۔صف) شہر میں بسنے والا۔ مُہذّب۔

مُتَمَرِّد (مُ۔تَ۔مَر۔رِد)(ع۔صف) تمرّد کرنے والا۔ سرکشی کرنے والا۔ نافرمان۔ سرکش۔ باغی۔

مُتَمَسِّک (مُ۔تَ۔مَس۔سِک)(ع۔صف) چنگل مارنے والا۔ پکڑنے والا (۲) ماننے والا۔

مُتَمَکِّن (مُ۔تَ۔مَک۔کِن)(ع۔صف) جگہ پکڑنے والا۔ قرار پکڑنے والا۔ جاگزین۔ قائم۔

مُتَمَلِّق (مُ۔تَ۔مَل۔لِق)(ع۔صف فاعل) تملّق کرنے والا۔ خوشامدی۔ ہاں میں ہاں ملانے والا۔

مُتَمِّم (مُ۔تَم۔مِم)(ع۔صف فاعل) تمام کرنے والا۔ پُورا کرنے والا۔ ختم کرنے والا۔

مُتَمَنّی (مُ۔تَ۔مَن۔نی)(ع۔صف فاعل) تمنا کرنے والا۔ آرزُو رکھنے والا۔ خواہش مند۔

مُتَمَوِّج (مُ۔تَ۔مَو۔وِج)(ع۔صف فاعل) موجیں مارنے والا۔ لہریں مارنے والا۔

مُتَمَوِّل (مُ۔تَ۔مَو۔وِل)(ع۔صف) مال دار۔ دولت مند۔

مُتَمَیِّز (مُ۔تَ۔مَی۔یِز)(ع۔صف)(۱) الگ ہونے والا (۲) جُدا۔

مَتْن (فتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔امذ)(۱) کتاب کی اَصل عبارت۔ کتاب، کپڑے یا سڑک کے بیچ کا حصہ (۲)(صف) درمیان۔ وسط (۳) پُشت (۴) مضبوط۔

مَتْنا (مَت۔نا)(ھ۔امذ) گنّے کی ایک قسم (۲)(ھ۔مص) مشورہ کرنا۔ صلاح کرنا۔ اِتفاق کرنا۔ متفق ہونا۔

مُتنا (مُت۔نا)(ق۔مص) مُتنا۔

مُتنا (مُت۔نا)(ھ۔صف) وہ بچہ جسے بستر پر پیشاب کر دینے کی عادت ہو۔

مُتَنازَع (مُ۔تَ۔نا۔زَع)(ع۔صف مفعولی) تنازع کیا گیا۔ جھگڑا کیا گیا۔ وہ چیز جس پر جھگڑا ہو۔

مُتنازع فِیہ (ع۔صف) وہ جس پر نزاع ہو۔ جس پر جھگڑا ہو۔

مُتَنازِعَہ (مُ۔تَ۔نا۔زِ۔عَہ)(ع۔صف) مُتنازع کی تانیث۔ وہ چیز جس کی بابت جھگڑا ہو۔

مُتَناسِب (مُ۔تَ۔نا۔سِب)(ع۔صف) تناسب رکھنے والا۔ باہم نسبت رکھنے والا۔

مُتَناقِص (مُ۔تَ۔نا۔قِص)(ع۔صف) نقص رکھنے والا۔ ناقص۔ ناتمام۔

مُتَناقِض (مُ۔تَ۔نا۔قِض)(ع۔صف) نقیض۔ مُخالف۔ برعکس۔ اُلٹا۔ خلاف۔

مُتَناہی (مُ۔تَ۔نا۔ہی)(ع۔صف) اِنتہا کو پہنچنے والا۔

مُتَنَبِّہ (مُ۔تَ۔نَب۔بِہ)(ع۔صف) متنبہ کیا گیا۔ خبردار۔ آگاہ۔ ہوشیار۔ چوکس۔

مُتنبہ کرنا (اُر۔محاورہ) آگاہ کرنا۔ جتانا۔ خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔

مُتَنَبّی (مُ۔تَ۔نَب۔بی)(ع۔صف)(۱) نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرنے والا (۲) ایک بلند پایہ عرب شاعر کا تخلص۔

مُتَنْجَن (مُ۔تَن۔جَن)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا میٹھا پلاؤ جس میں نیبو کی تُرشی ڈالی جاتی ہے۔

مُتَنَزِّہ (مُ۔تَ۔نَز۔زِہ)(ع۔صف) عیب سے دُور رہنے والا۔

مُتَنَفِّر (مُ۔تَ۔نَف۔فِر)(ع۔صف فاعل) نفرت کرنے والا۔ کراہت کرنے والا۔ بے زار۔

مُتَنَفِّس (مُ۔تَ۔نَف۔فِس)(ع۔صف)(۱) سانس لینے والا (۲) اِنسان۔ آدمی۔ بشر۔ شخص۔ نفر۔

مُتَنَوِّع (مُ۔تَ۔نَو۔وِع)(مُ۔تَ۔نَو۔وَع)(ع۔پہلا صف فاعل۔ دُوسرا صف مفعولی) نوع بہ نوع۔ قسم قسم کا۔

مَتَنگ (ق۔ا۔مذ) ہاتھی۔

مُتْنی (مُت۔نی)(ھ۔ا۔مث) پیشاب کرنے کا عضو۔

مُتَواتِر (مُ۔تَ۔وا۔تِر)(ع۔صف) ایک کے بعد ایک۔ یکے بعد دیگرے۔ لگاتار۔ سلسلہ وار۔ مسلسل۔

مُتَوارِث (مُ۔تَ۔وا۔رِث)(ع۔صف) میراث پانے والا۔

متوارث اَمراض (ع۔اَر۔ا۔مذ) موروثی اَمراض۔ ایسی بیماریاں جو بچوں کو ورثے میں ملیں۔ (Hereditary Diseases)۔

مُتَوارِد (مُ۔تَ۔وا۔رِد)(ع۔صف) باہم ایک جگہ اُترنے والا۔ ایک دُوسرے کے بعد آنے والا۔

مُتَوازی (مُ۔تَ۔وا۔زی)(ع۔صف) برابر فاصلے پر رہنے والا۔ اِصطلاح ہندسہ میں وہ دو خط جو برابر فاصلے پر ہوں اور دونوں پہلوؤں پر بڑھانے کے باوجود آپس میں نہ ملیں اور برابر فاصلے پر رہیں۔ (Parallel Lines)۔

مُتوازیُ الاضلاع (مُ۔تَ۔وا۔زی۔یُل۔اَض۔لاع)(ع۔ا۔مذ) ایک چار اَضلاع کی شکل جس کے مُقابل کی طرفوں کے ہر دو جوڑے باہم متوازی ہوں۔ (Parallelogram)۔

مُتَواضِع (مُ۔تَ۔وا۔ضِع)(ع۔صف فاعل)(۱) تواضع کرنے والا۔ عاجزی کرنے والا (۲) خاطر و مدارت کرنے والا۔ آؤ بھگت کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

متوال (مَت-وال)(ق-صف) متوالا۔

متوالا (مَت-وا-لا)(ہ-صف)(۱) مست۔ مدہوش۔ نشے میں چور۔ مخمور۔ مدماتا (۲)(مجازاً) مغرور۔ گھمنڈی (۳) وہ بڑا گول پتھر جو قلعے کی دیوار پر سے دُشمن کو دفع کرنے کے لئے لُڑھکاتے ہیں۔ جمع: متوالوں۔ متوالے۔

متوالا ہونا (اَر-مص مُرکّب) مست ہونا۔ مدہوش ہونا۔ نشے میں چور ہونا۔

متوالی (مَت-وا-لی)(ہ-صف) متوالا کی تانیث۔

مُتَوالی (مُ-تَ-وا-لی)(ع-صف) لگاتار آنے والا۔ لگاتار۔ پیہم۔ متواتر۔

متوالیُ الحرکات (مُ-تَ-وا-لی-یُل-حَ-رَ-کات)(ع-صف) وہ (لفظ) جس کے تین حرف متحرک ہوں۔

مُتَوَجِّہ (مُ-تَ-وَج-جِہ)(ع-صف فاعل) توجہ کرنے والا۔ دھیان دینے والا۔ راغب (۲) مُخاطِب (۳) مہربان۔ نظرِ عنایت کرنے والا۔

متوجہ ہونا (اَر-مص مُرکّب)(۱) توجہ کرنا۔ دھیان دینا (۲) مخاطب ہونا۔

مُتَوَحِّش (مُ-تَ-وَح-حِش)(ع-صف)(۱) وحشت میں ڈالنے والا (۲) وحشت میں پڑنے والا۔ غیر مانوس (۳) نفرت کرنے والا۔

مُتَوَرِّع (مُ-تَ-وَر-رِع)(ع-صف) تورّع کرنے والا۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ عابد۔ زاہد۔

مُتَوَرِّم (مُ-تَ-وَر-رِم)(ع-صف) ورم کرنے والا۔ سُوجنے والا۔ سُوجا ہوا۔

مُتوڑا (مُ-تو-ڑا)(اَر-صف) بستر پر مُوت دینے والا۔

مُتَوَسِّط (مُ-تَ-وَس-سِط)(ع-صف) اوسط درجے کا۔ درمیانی۔ بیچ کا (۲) معمولی۔ ترسی۔ جمع: متوسطین۔

متوسطُ الحال (مُ-تَ-وَس-سِ-طُل-حال)(ع-صف) اوسط درجے کی حالت والا۔ نہ امیر نہ غریب۔ درمیانی حیثیت کا۔ متوسط طبقے کا۔

مُتَوَسِّل (مُ-تَ-وَس-سِل)(ع-صف)(۱) وسیلہ ڈھونڈنے والا۔ وسیلہ بنانے والا۔ نزدیکی چاہنے والا۔ سبب تلاش کرنے والا (۲) وسیلہ ہونے والا۔ جمع: متوسّلین۔

مُتَوَطِّن (مُ-تَ-وَط-طِن)(ع-صف) وطن اختیار کرنے والا۔ رہنے والا۔ باشندہ۔ ساکن۔ مقیم۔

مُتَوَفّی (مُ-تَ-وَف-فا)(ع-صف) وفات پایا ہوا۔ مرا ہوا۔ جہان سے گزرا ہوا۔ جمع: متوفّین۔ فارسی جمع: متوفیان۔

مُتَوَقِّع (مُ-تَ-وَق-قِع)(ع-صف فاعل) توقّع کرنے والا۔ اُمیدوار۔ آس لگانے والا۔ جمع: متوقّعین۔

مُتَوَقَّع (مُ-تَ-وَق-قَع)(ع-صف مفعولی) توقّع کیا گیا۔ جس کی توقّع یا اُمید ہو۔

مُتَوَقِّف (مُ-تَ-وَق-قِف)(ع-صف فاعل) توقّف کرنے والا۔ دیر لگانے والا۔ ٹھہرنے والا۔ جمع: متوقّفین۔

مُتَوَکِّل (مُ-تَ-وَک-کِل)(ع-صف فاعل) توکّل کرنے والا۔ بھروسا کرنے والا۔ صابر۔ جمع: متوکّلین۔

مُتَوَکِّلاً عَلَی اللّٰہ (مُ-تَ-وَک-کِ-لَن-عَ-لَل-لاہ)(ع-متعلق فعل) اللہ پر توکّل کر کے۔ خُدا پر بھروسا کر کے۔

مُتَوَکِّلانہ (مُ-تَ-وَک-کِ-لا-نَہ)(ع-صف) خُدا کے بھروسے پر۔ متوکّل کی مانند۔

مُتَوَلِّد (مُ-تَ-وَل-لِد)(ع-صف) تولّد ہونے والا۔ پیدا ہونے والا۔

مُتَوَلّی (مُ-تَ-وَل-لی)(ع-صف) انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ منصرم۔

مُتَوَہِّم (مُ-تَ-وَہ-ہِم)(ع-صف) وہم کرنے والا۔ وسواسی۔

متھا (مَتھ-تھا)(ہ-امذ) ماتھا۔ پیشانی۔ جبین۔

متھا پھوٹوَل (مَتھ-پھوٹ-ٹول)(ہ-امذ) معمولی صاحب سلامت۔

مُتَہاوِن (مُ-تَ-ہا-وِن)(ع-صف)(۱) سُستی کرنے والا۔ غافل (۲) حقیر۔ خوار۔ ذلیل۔

متھانی (مَ-تھا-نی)(ہ-امث) وہ لکڑی جس سے دہی بلوتے ہیں۔ رئی (پن) مدھانی۔ جمع: متھانیاں۔ متھانیوں۔

مُتہری (مُ-تِہ-ری)(ہ-امث) اصطبل میں وہ جگہ جو گھوڑوں کے پیشاب کے لئے بنائی جاتی ہے۔ مُتالی۔

مُتَّہَم (مُت-تَ-ہَم)(ع-صف مفعولی) جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔

مُتَّہِم (مُت-تَ-ہِم)(ع-صف فاعل) تہمت لگانے والا۔

مِتھُن (مِ-تھُن)(س-امذ) آسمان کا تیسرا بُرج جسے جوزا بھی کہتے ہیں۔

متھنا (مَتھ-نا)(ہ-مص)(۱) ہلانا۔ بلونا۔ چکر دینا (۲) مکھن نکالنے کے لئے دہی کو بلونا (۳) کسی بات کو بار بار سوچنا (۴) تفتیش کرنا۔

متھنی (مَتھ-نی)(ہ-امث) دیکھئے متھانی۔

مِتّی (مِ-تی)(ہ-امث)(۱) تاریخ (۲) سُود (۳) دستوری۔ کمیشن۔

متی پکنا (ہ-محاورہ) روپیہ ادا کرنے کی تاریخ کا پورا ہو جانا۔ ہُنڈی کی میعاد کا ختم ہو جانا۔

متی چڑھانا (ہ-محاورہ) تاریخ ڈالنا۔ تاریخ لکھنا۔

متی کاٹا (ہ-امذ) وہ حساب جس کے مطابق ہنڈی پر مدّتِ معینہ کا سُود لیتے ہیں۔ کٹوتی۔

متی کاٹنا (ہ-محاورہ) سُود یا کمیشن کی رقم وضع کرنا۔

متی وار (ہ-صف) تاریخ وار۔

مَتیا (مَت-یا)(ق-صف) مَست۔

مَتیرا (مَ-تی-را)(ہ-امذ) ایک قسم کا چھوٹا اور بہت میٹھا تربوز۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُتَیَقَّن (مُ-تَ-یَق-قَن) (ع-صف مفعولی) یقین کیا گیا۔ وہ اَمر جس کا یقین ہو۔ یقینی۔
مُتَیَقِّن (مُ-تَ-یَق-قِن) (ع-صف فاعلی) یقین کرنے والا۔
مَتِین (مَ-تین) (ع-صف) (۱) مضبوط۔ مستحکم۔ اُستوار (۲) سنجیدہ۔ مستقل مزاج (۳) دقیق۔ مُشکل۔

م-ٹ

مَٹ (بفتحِ اوّل) (ق-ا-مذ) مکان۔
مُٹا (ق-صف) موٹا۔
مُٹاپا (مُ-ٹا-پا) (ہ-ا-مذ) موٹا پن۔ فربہی۔ موٹا ہونے کی حالت۔
مُٹاپا چڑھنا (اَر-محاورہ) جسم کا پھول جانا۔ فربہ ہونا۔
مِٹانا (مِ-ٹا-نا) (ہ-مص) (۱) نابود کرنا۔ زائل کرنا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) کھرچنا۔ چھیلنا (۴) منسوخ کرنا۔ رَد کرنا۔
مِٹا ہُوا (ہ-صف) محو کیا ہوا۔ اُڑا ہوا۔
مُٹائی (مُ-ٹا-ای) (ہ-ا-مث) موٹا پن۔ فربہی۔
مُٹ بھیڑ (بیائے مجہول) (ہ-ا-مث) (۱) مُٹھ بھیڑ۔ مُڈ بھیڑ۔ آمنا سامنا۔ رُوبہ رُو مُقابلہ (۲) گتھ جانا (۳) اِتّفاقیہ مُلاقات۔
مِٹ جانا (ہ-مص) (۱) تباہ و برباد ہو جانا۔ بے نشان ہو جانا (۲) عاشق ہونا (۳) محو ہو جانا (۴) زائل ہو جانا۔
مَٹَر (مَ-ٹَر) (ہ-ا-مذ) ایک قسم کی سبز پھلی جس کے دانے پکا کر کھاتے ہیں۔
مٹر پکانا (اَر-محاورہ) پریشان ہونا۔ دِقّت میں پڑنا۔
مٹری آنکھیں (اَر-ا-مث) چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔
بھٹرسے دیدے (اَر-ا-مذ) دیکھئے مٹری آنکھیں۔
مٹرگشت (ہ-ا-مذ) سیر۔ ہوا خوری۔ آوارہ گردی۔
مٹرگشت کرنا (اَر-مص مُرکّب) (۱) سیر کرنا۔ ہوا خوری کرنا (۲) آوارہ پھرنا۔ بے فائدہ پھرنا۔
مٹریلا چنا (ہ-ا-مذ) چنے جن میں مٹر ملے ہوں۔
مُٹَر مُٹَر (مُ-ٹَر-مُ-ٹَر) (ہ-صف) چھوٹے بچّوں کے جلد جلد کام کرنے اور جلد جلد دیکھنے کے لئے مستعمل ہے۔
مُٹر مُٹر دیکھنا (اُر-محاورہ) چھوٹے بچّوں کا حیرت اور تعجب سے دیکھنا۔ چپکے پڑے ہوئے دیکھنا۔
مُٹَری (مَٹ-ری) (ہ-ا-مث) چھوٹا مٹر۔
مَٹَک (مَ-ٹک) (ہ-ا-مث) ناز نخرہ۔ چوچلا (۲) نخرے کی چال۔ ناز کی رفتار۔
مٹک چٹک (اَر-ا-مث) (۱) تیزی۔ طراری۔ شوخی (۲) باتیں کرنے میں سر اور اعضا کو خاص اَنداز سے حرکت دینا۔
مَٹکا (مَٹ-کا) (ہ-ا-مذ) خُم۔ بڑا گھڑا۔ جمع: مٹکوں۔ مٹکے۔

مَٹکانا (مَٹ-کا-نا) (ہ-مص) (۱) گھمانا۔ پھرانا۔ گردش دینا جیسے آنکھیں مٹکانا (۲) ہلانا۔ نچانا جیسے ہاتھ مٹکانا۔ کولھے مٹکانا (۳) کسی کے ساتھ تمسخر آمیز حرکتیں کرنا۔
مَٹکنا (مُ-ٹک-نا) (ہ-مص) (۱) نخرہ کرنا۔ ناز دکھانا (۲) ہاتھوں کو نچانا۔ کولھے ہلانا (۳) زنانہ حرکتیں کرنا۔
مَٹکو (مَ-ٹک-کو) (ہ-صف) ناز نخرہ کرنے والی۔ مٹک مٹک کر چلنے والی۔
مَٹکی (مَٹ-کی) (ہ-ا-مث) (۱) چھوٹا گھڑا۔ ٹھلیا (۲) شراب کا گھڑا (۳) دہی جمانے کا برتن۔ چاٹی۔ جمع: مٹکیاں۔ مٹکیوں۔
مَٹکینا (مَٹ-کی-نا) (ہ-ا-مذ) آب خورہ۔ کوزہ۔
مُٹّل (مُٹلّا) (مُٹ-ٹل) (مُ-ٹل-لا) (ہ-صف) موٹے جسم کا۔ بہت موٹا۔ بھدّا۔
مٹن (Mutton) (انگ-ا-مذ) بھیڑ یا بکری کا گوشت۔
مٹن چاپ (Mutton Chop) (انگ-ا-مذ) انگریزی طرز کے پسندے جو سینے کے گوشت سے تیار کئے جاتے ہیں۔
مِٹنا (مِٹ-نا) (ہ-مص) (۱) ناپید ہونا۔ معدوم ہونا۔ محو ہونا (۲) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۳) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (۴) منسوخ ہونا (۵) (مجازاً) کسی کام میں بہت محنت و مشقت کرنا۔
مِٹوانا (مِٹ-وا-نا) (ہ-مص) مِٹنا کا متعدی۔ برباد کرانا۔ نابود کرانا۔ محو کرانا۔
مَٹھ (بفتحِ اوّل) (ہ-ا-مذ) مندر۔ بُت خانہ۔ بُت کدہ (۲) خانقاہ۔ دھرم شالا۔ پاٹ شالا۔ مذہبی مدرسہ (۳) ہندو فقیروں کی جھونپڑی۔ کٹیا (۴) نیل کا حوض۔
مٹھ دھاری (ہ-ا-مذ) مہنت۔ جوگی۔ بیراگی۔
مٹھ مارا جانا (اَر-محاورہ) (۱) خراب ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ ستیاناس ہو جانا (۲) نیل کا حوض خراب ہو جانا۔
مِٹھ (بکسرِ اوّل) (ہ-صف) میٹھا کا مُخفّف۔ شیریں۔
مٹھ بولا (اَر-صف) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ شیریں کلام۔
مٹھلونا (واو مجہول) (اَر-صف) (۱) کم نمک کا۔ پھیکا۔ سیٹھا (۲) جس میں کچھ میٹھا پن ہو۔
مُٹھ (بضمِ اوّل) (ہ-ا-مذ) (۱) مُوٹھ کا مُخفّف۔ مُشت۔ مُکّا۔ گھونسا (۲) پنجہ۔ مٹھی۔ چنگل (۳) قبضہ۔ دستہ۔ پکڑ۔
مُٹھ بھیڑ (ہ-ا-مث) دیکھئے مُٹ بھیڑ اور مُڈ بھیڑ۔
مُٹھ مرد (ہ-ا-مذ) (۱) مضبوط آدمی۔ قوی ہیکل، زبردست، زور آور شخص (۲) چور۔ لٹیرا۔ راہ زن۔
مُٹھ مردی (ہ-ا-مث) (۱) شہ زوری۔ زور آوری۔ طاقت۔ قوت (۲) سینہ زوری۔ زبردستی۔ جبر و تعدّی۔ ظلم و ستم۔ اَندھیر۔
مَٹھا (مَ-ٹھا) (ہ-ا-مذ) دہی جو مسکہ نکل جانے کے بعد رہ جاتا ہے۔ چھاچھ۔
مَٹّھا (مَٹھ-ٹھا) (ہ-صف) (۱) سُست۔ کاہل۔ ڈھیلا۔ دھیما (۲) گھوڑا جو آہستہ چلے (۳) کند ذہن۔ غبی۔ موٹی سمجھ کا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُٹھاپن (اَ۔ا۔مذ) سُستی۔ کُند ذہن ہونا۔

مُٹھا (مُٹھ۔ ٹھا)(و۔ا۔مذ)(۱) مُٹھی۔ لپ (۲) بنڈل۔ گڈا۔ کاغذوں کا پشتارہ (۳) قبضہ۔ دستہ۔ مُٹھ۔ ہل کا وہ حصّہ جہاں سے اُسے پکڑتے ہیں (۴) لکڑی کا وہ اوزار جسے تانت پر مار کر روئی دُھنتے ہیں۔ جمع: مُٹھوں۔ مُٹھے۔

مٹھار مٹھار کے باتیں کرنا (اَر۔ محاورہ) چبا چبا کر باتیں کرنا۔ مزے لے لے کر باتیں کرنا۔ تمکنت کے ساتھ باتیں کرنا۔

مٹھارنا (مَ۔ ٹھار۔ نا)(و۔مص)(۱) گول کرنا۔ مدوّر بنانا (۲) لَس پیدا کرنا۔ آٹے کو لوچ دینا۔ لکی دینا (۳) مزے لے لے کر باتیں کرنا۔ باتیں بنانا۔ باتیں بگھارنا (۴) پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔ فراخ کرنا (۵) مفصل بیان کرنا۔ شرح کرنا۔ تفسیر کرنا۔

مِٹھاس (مِ۔ ٹھاس)(و۔ا۔مث) شیرینی۔ حلاوت۔ رس۔

مِٹھائی (مِ۔ ٹھا۔ اِی)(و۔ا۔مث) شیرینی۔ لڈو، پیڑا، جلیبی وغیرہ۔

مٹھائی بٹنا (اَر۔ محاورہ) شیرینی تقسیم ہونا۔ فائدہ ہونا۔ نعمت پانا۔

مٹھائی چڑھانا (اَر۔ محاورہ) مزاروں پر مٹھائی رکھنا۔

مٹھائی سے مُنہ بھر دینا (اَر۔ محاورہ) دل خوش کر دینا۔

مِٹھڑی (مِٹھ۔ ڑی)(و۔ا۔مث) میٹھی تلی ہوئی خستہ ٹکیا۔

مِٹھڑیاں (مِٹھ۔ ڑِ۔ یاں)(و۔ا۔مث) دودھ پیتے بچّے کی ہچکیاں۔

مِٹھّو (مِٹھ۔ ٹھو)(و۔ا۔مذ)(۱) توتا (۲) پیاری پیاری باتیں کرنے والا بچّہ (۳) بچّوں کا پیار۔ بوسہ۔ چوما۔

مُٹھو سا (مُ۔ ٹھو۔ سا)(و۔ا۔مذ)(۱) وہ شخص جو رنج یا فکر کے باعث خاموش رہے اور کسی سے بات نہ کرے (۲) گھنّا آدمی۔ وہ شخص جو اپنے دل کا حال کسی سے نہ کہے۔

مِٹھی (مِٹھ۔ ٹھی)(و۔ا۔مث)(۱) بچّوں کا پیار۔ بوسہ (۲) میٹھی (ق)۔

مُٹھی (مُٹھ۔ ٹھی)(و۔ا۔مث) مُشت۔ قبضہ۔ چنگل (۲) مُکّی (۳) ایک مُشت کے برابر مقدار۔ لپ بھر (۴) گرفت۔ پکڑ (۵) بند ہاتھ کی مقدار جو ناپنے میں آتی ہے (۶) مالش (۷) وہ مُٹھی بھر غلّہ جو خیرات کے لئے نکالتے ہیں۔ جمع: مٹھیاں۔ مٹھیوں۔

مُٹھی بھر (و۔ا۔مث) لپ بھر۔ ایک مُشت مقدار کے برابر۔

مُٹھی (مُٹھیاں) بھرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) مالش کرنا (۲) پاؤں دبانا۔

مُٹھی گرم کرنا (اَر۔ محاورہ) رشوت دینا۔ مُنہ بھرائی دینا۔ کسی کے ہاتھ میں نقدی دینا (۲) ناجائز فائدہ اُٹھانا۔

مُٹھی مُٹھی (اَر۔ تابع فعل) مُٹھی بھر۔ لپ بھر۔

مُٹھی مِلنا (اَر۔ محاورہ) رشوت پہنچنا۔

مُٹھی میں (اَر۔ تابع فعل) قبضے میں۔ قابو میں۔

مُٹھی میں دھرا ہونا (اَر۔ محاورہ) پاس موجود ہونا۔

مُٹھی میں دینا (اَر۔ محاورہ) کسی کے ہاتھ میں دینا۔

مُٹھی میں طاق ہونا (اَر۔ محاورہ) اِستخارہ میں قاعدہ ہے کہ اگر طاق ہوتا ہے تو کام کی اجازت ہوتی ہے۔

مُٹھی میں ہوا بند کرنا (اَر۔ محاورہ) ناممکن کام کرنے کا ارادہ کرنا۔

مُٹھی میں ہونا (اَر۔ محاورہ) قابو میں ہونا۔ قبضے میں ہونا۔ اِختیار میں ہونا۔

مُٹھیا (مُٹھ۔ یا)(و۔ا۔مث)(۱) ہل کی موٹھ (۲) کمان کی وہ جگہ جہاں ہاتھ رہتا ہے (۳) قبضہ۔ موٹھ (۴) گز کی پتی (۵) ایک قسم کا زیور جو گول ہوتا ہے اور اُس میں تعویذ رکھ کر باندھتے ہیں۔

مُٹھیا قلم (اَر۔ا۔مذ) چھوٹا قلم جو مٹھی سے چھوٹا ہوتا ہے۔

مُٹھیانا (مُٹھ۔ یا۔ نا)(و۔مص)(۱) ہاتھ میں پکڑنا۔ بیر کا موٹھ کرنا (۲) قبضے میں لانا۔ مٹھی میں لینا۔ ہتھیانا۔

مِٹّی (مِٹ۔ ٹی)(مَٹ۔ ٹی)(و۔ا۔مث)(۱) زمین۔ دھرتی (۲) کیچڑ (۳) خاک۔ دھول (۴) دُنیا۔ سنسار۔ کرۂ زمین (۵) ریت۔ ریگ (۶) راکھ۔ خاکستر (۷) خمیر۔ سرشت۔ مادّہ۔

مٹی اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) مرنا۔ فوت ہونا۔

مٹی اُڑانا (اَر۔ محاورہ) خاک اُڑانا۔ بار بار آنا جانا۔

مٹی برباد کرنا (اَر۔ محاورہ) میّت کو رُسوا کرنا۔ کسی کو رُسوائے عام کرنا۔ ذلیل و خوار کرنا۔ بدنام کرنا۔

مٹی پڑنا (اَر۔ محاورہ)(۱) میّت کا قبر میں دفن ہونا (۲) جھگڑے یا تنازع کا ختم ہونا۔

مٹی پکڑنا (اَر۔ محاورہ) جگہ پکڑنا۔ جم جانا۔ مقام کرنا۔

مٹی پکڑے سونا ہوتا ہے (اَر۔ مثل) ایسا صاحبِ اِقبال ہے کہ مٹی پر بھی ہاتھ ڈالتا ہے تو وہ سونے کی طرح فائدہ دیتی ہے۔

مٹی پلید کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) ذلیل و رُسوا کرنا۔ بُرا حال کرنا۔ دُرگت بنانا (۲) ستانا۔ دق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔

مٹی پلید ہونا (خراب ہونا۔ خوار ہونا) (اَر۔ محاورہ) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ برباد ہونا۔ نہایت دُکھ میں ہونا۔

مٹی تھوپنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز پر مٹی لگانا۔ پلستر کرنا۔ کہگل کرنا۔

مٹی ٹھکانے لگانا (اَر۔ محاورہ) اچھی طرح کفن دفن کرنا۔

مٹی ٹھکانے لگنا (اَر۔ محاورہ) اچھی طرح کفن دفن ہونا۔ مُردے کی تجہیز و تکفین حسبِ قاعدہ سرانجام پانا۔

مٹی خراب رہنا (اَر۔ محاورہ) پریشان رہنا۔ سرگرداں رہنا۔

مٹی خراب کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) مُردے کی تجہیز و تکفین اچھی طرح نہ کرنا (۲) رُسوا کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا (۳) ستانا۔ تکلیف دینا۔ حیران کرنا (۴) احمق بنانا۔ ہنسی اُڑانا (۵) برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ ستیاناس کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مٹی خرابہ (اِ۔ امذ)(۱) بربادی۔ تباہی۔ خرابی۔ ستیاناسی (۲) بے عزتی۔ ذلّت۔ رُسوائی۔

مٹی خراب ہونا (اِ۔ محاورہ) میّت کا اچھی طرح نہ اُٹھایا جانا (۲) بدنام ہونا۔ خوار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ رُسوا ہونا (۳) دُرگت بننا۔ بُرا حال ہونا (۴) رِق ہونا۔ حیران ہونا (۵) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۶) آوارہ ہونا۔ پریشان ہونا۔ بے قدر ہونا۔ بے قدری ہونا۔

مٹی دینا (اِ۔ محاورہ) دفن کرنا۔ دفنانا۔ قبر میں گاڑنا۔ میّت کے دفن ہونے کے بعد قبر پر تھوڑی مٹی ڈالنا۔

مٹی ڈالنا (اِ۔ محاورہ)(۱) خاک ڈالنا (۲) چھپانا۔ پردہ پوشی کرنا (۳) لعنت بھیجنا (۴) ٹالنا۔ معاف کرنا۔ درگزر کرنا۔

مٹی ڈلوانا (اِ۔ محاورہ) جب کسی کی کوئی چیز چوری ہو جاتی ہے تو مشتبہ اشخاص سے کسی خاص جگہ پر مٹی ڈلواتے ہیں تاکہ چور مال کو وہاں ڈال دے اور اِس طرح اُس کا پردہ ڈھکا رہے۔

مٹی ڈھونا (اِ۔ محاورہ)(۱) مٹی اُٹھانے کی مزدوری کرنا۔ قلی کا کام کرنا (۲) سخت مصیبت اُٹھانا۔ بے نفع کام کرنا۔

مٹی ڈھے جانا (اِ۔ محاورہ)(۱) بدن قابو میں نہ رہنا۔ جسم کی سکت جاتی رہنا (۲) مرنے کے دن قریب آجانا۔

مٹی سے مٹی مل جانا (اِ۔ محاورہ) میّت کا دفن ہو جانا۔ پیوندِ خاک ہو جانا۔

مٹی عزیز کرنا (اِ۔ محاورہ)(۱) مٹی ٹھکانے لگانا۔ مُردے کے دفن میں شریک ہونا۔ اپنے ہاتھوں سے دفن کرنا (۲) گاڑنا۔ دابنا۔

مٹی کا پتلا (اِ۔ امذ) خاکی جسم (مجازاً) انسان۔

مٹی کا پنجر (اِ۔ امذ) خاکی قالب۔ خاکی جسم۔

مٹی کا تیل (اِ۔ امذ) ایک قسم کا بدبودار تیل جو زمین سے نکلتا ہے اور لیمپ وغیرہ میں جلایا جاتا ہے۔ کروسین آئل۔

مٹی کا عطر (اِ۔ امذ) ایک قسم کا عطر جس کا جزوِ اعظم ملتانی یا پنڈول مٹی ہے۔

مٹی کا کھینچ لانا (اِ۔ محاورہ) قضا کا اُس جگہ لے آنا جہاں کی موت ہو۔

مٹی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں (اِ۔ مثل) ادنیٰ چیز بھی دیکھ بھال کر لینی چاہئے۔ معمولی کام بھی خوب سوچ سمجھ کر اور اِحتیاط سے کرنا چاہئے۔

مٹی کا مادھو (اِ۔ امذ) احمق۔ بے وقوف آدمی۔

مٹی کرنا (اِ۔ محاورہ)(۱) خاک میں ملانا۔ مٹی کی طرح بے قدر کر دینا۔ خراب کرنا۔ بگاڑنا (۲) مٹی کے رنگ کا کر دینا۔ میلا کرنا (۳) بے لطف کرنا۔ کھانا ٹھنڈا کر دینا (۴) برباد کرنا۔ گنوانا۔

مٹی کی مُورت (اِ۔ امث) مٹی کا بنا ہوا پتلا۔

مٹی کے برابر (اِ۔ صف) نہایت بے عزت۔ بہت بے وقعت۔

مٹی کے مول (اِ۔ صف) نہایت سستا۔ کوڑیوں کے مول۔ بہت ارزاں۔

مٹی لے ڈالنا (اِ۔ محاورہ) بار بار آنا جانا۔

مٹی مانگنا (اِ۔ محاورہ) لوگوں سے اپنے دفن میں شرکت کی تمنا کرنا۔

مٹی میں اَٹنا (سَننا) (اِ۔ محاورہ) خاک میں رُلنا۔

مٹی میں رنگنا (اِ۔ محاورہ) ملتانی مٹی میں رنگنا۔

مٹی میں لوٹنا (اِ۔ محاورہ) خاک میں رُلنا۔ خاک پر لوٹنا۔

مٹی میں مٹی مِلانا (اِ۔ محاورہ)(۱) دفن کرنا (۲) مٹانا۔ ناپید کرنا۔

مٹی میں مِل جانا (مِلنا) (اِ۔ محاورہ)(۱) خاک میں مل جانا (۲) جسم کا خاک ہو جانا (۳) بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا۔

مٹی میں مِلانا (اِ۔ محاورہ)(۱) خاک میں ملانا (۲) مِٹانا۔ ناپید کرنا۔ بے نشان کرنا (۳) دفن کرنا (۴) بے لطف کرنا (۵) ضائع کرنا۔ گنوانا۔

مٹی ہو جانا (ہونا) (اِ۔ محاورہ)(۱) خاک میں مل جانا۔ خاک ہو جانا (۲) بگڑ جانا۔ بوسیدہ ہو جانا۔ نکما ہو جانا (۳) بے رونق ہو جانا۔ ماند ہو جانا (۴) مُردہ دل ہو جانا (۵) شرما جانا۔ شرمندہ ہو جانا (۶) کھانے کا ٹھنڈا ہو کر بے لطف ہو جانا (۷) دفن ہونا۔

مٹیا (مٹ۔یا)(ہ۔ صف)(۱) مٹی کے رنگ کا (۲) چکنی مٹی کی زمین۔

مٹیا مُسوس (اِ۔ صف) نہایت بوڑھا اور ناتواں جس کی مٹی یعنی جسم مُسوس کی طرح ہو گیا ہو۔

مٹیا سانپ (اِ۔ امذ) بھورے رنگ کا سانپ جس پر کالی چتیاں ہوتی ہیں۔

مٹیا محل (اِ۔ امذ)(۱) چکنی مٹی کا بنا ہوا محل (۲) دہلی کے ایک محلے کا نام۔

مِٹیا (مِٹ۔یا)(ہ۔ امث) مٹی کا چھوٹا برتن جس میں دودھ، دہی، گھی وغیرہ رکھتے ہیں۔

مٹیار (مٹ۔یار)(ہ۔ صف)(۱) مٹی کا۔ مٹی کے رنگ کا۔ بھورا (۲) گدلا۔ مکدّر (۳)(پ۔ امث) دوشیزہ۔ نوجوان لڑکی۔

مٹیال (مٹ۔یال)(ہ۔ امذ) گڑھا جس سے مٹی کھودی جائے۔ (پن) کھوبا۔

مٹیالا (مٹ۔یا۔لا)(ہ۔ صف)(۱) مٹی کا بنا ہوا (۲) مٹی کے رنگ کا۔ بھورا (۳) مٹی میں بھرا ہوا۔ مٹی میں لتھڑا ہوا۔ مؤنث کے لئے مٹیالی۔

مٹیانا (مٹ۔یا۔نا)(ہ۔ مص)(۱) سُن کر ٹال جانا۔ تمرا پن کرنا۔ چپ رہنا (۲) درگزر کرنا (۳) چراغ گُل ہو جانا (۴) مٹی مل کر صاف کرنا (۵) مٹی کا پلستر کرنا (۶) مٹی ہو جانا (۷) ہموار ہو جانا۔

م ۔ ث

مُثاب (مُ۔ثاب)(ع۔ صف) ثواب دیا گیا۔ اجر کے لائق۔ ثواب کے قابل۔

مِثال (مِ۔ثال)(ع۔ امث)(۱) نظیر۔ مثل۔ مانند (۲) تصویر۔ صورت۔ نمونہ۔ تمثال (۳) کہانی۔ حکایت (۴) کہاوت۔ جمع: اَمثِلہ۔ اُردو جمع: مثالوں۔ مثالیں۔

مثال دینا (اِ۔ محاورہ) تشبیہ دینا۔ مشابہت ظاہر کرنا۔ نظیر دینا۔

مَثالِب (مَ۔ثا۔لِب)(ع۔ امذ) مثلب کی جمع۔

مِثالی (ع۔ صف) نمونے کا۔ نمونے کی۔

مَثانہ (مَ۔ثانہ)(ع۔ امذ) جسم کے اندر پیشاب کی تھیلی۔

مُثبَت (مُث۔بَت)(ع۔ صف مفعولی)(۱) ثابت کیا گیا۔ قائم کیا گیا (۲) ساکن کیا گیا (۳) جو منفی نہ ہو (۴) جس میں فعل کا ہونا پایا جائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُثْبِت (مُث-بِت) (ع-صف فاعلی) ثابت کرنے والا۔ تصدیق کرنے والا۔ منظور کرنے والا (۲) اِقراری۔ اِثباتی (۳) مُدلّل۔

مُثْبَت (مُثْبَتہ) (مُث-بَت) (مُث-بَ-تہ) (ع-صف مفعولی) (۱) ثابت شدہ۔ مقرّر شدہ (۲) تصدیق کیا ہوا (۳) لکھا ہوا (۴) مُہر لگا ہوا۔ اسٹامپ لگا ہوا۔ نشان لگا ہوا۔

مُثْبِتہ اِسْٹام (اَ-مذ) وہ کاغذ جس پر اسٹام لگایا گیا ہو۔

مِثْقال (مِث-قال) (ع-اِمذ) (۱) ساڑھے چار ماشہ وزن (۲) سونے کا ایک سکّہ جو عرب میں رائج ہے۔

مَثَل (مَ-ثَل) (ع-اِمث) (۱) کہاوت (۲) مثال (۳) کہانی۔ داستان۔ جمع: اَمثال۔

مِثْل (بکسرِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع-صف) (۱) مانند۔ موافق۔ جیسا۔ ملتا ہوا۔ ہم شکل۔ یکساں۔ نظیر۔ ویسا ہی (۲) دیکھیے مِسل۔

مَثَلاً (مَ-ثَ-لَن) (ع-صف) جیسے۔ جس طرح۔ گویا۔

مَثَلا (مَث-لا) (ق-اِمث) مثل۔ کہاوت۔

مَثْلَب (مَث-لَب) (ع-اِمذ) (۱) عیب (۲) عیب کی جگہ۔ جمع: مثالِب۔

مُثَلَّث (مُ-ثَل-لَث) (ع-اِمذ) (۱) سہ گوشہ۔ تکون۔ وہ سطح جو تین خطوطِ مستقیم سے گھری ہوئی ہو۔ تین ضلعوں کی شکل۔ △ (۲) وہ نظم جس کے ہر بند میں تین مصرعے ہوں (۴) وہ علم جس میں مثلث بنا کر سطح کی پیمائش کی جاتی ہے (۵) زاویوں کی پیمائش کا علم (۶) علمِ عروض کے ایک وزن کا نام جس میں تین رُکن ہوتے ہیں (۷) ایک خوشبو کا نام جس کے سہ گوشہ قرص ہوتے ہیں (۸) ایک قسم کا تعویذ جس میں سہ در سہ خانے ہوتے ہیں۔

مُثَلَّث حادَّۃُ الزّاوِیہ (حاد-دَ-تُو-زا-وِ-یَہ) (ع-اِمذ) وہ مثلث جس کا زاویہ قائمہ سے کم ہو۔

مُثَلَّث قائمُ الزّاوِیہ (قا-اِ-مُز-زا-وِ-یَہ) (ع-اِمذ) وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو۔

مُثَلَّث مُتَساوِیُ الاَضلاع (مُ-تَ-سا-وِی-یُل-اَض-لاع) (ع-اِمذ) وہ مثلث جس کے سب ضلعے آپس میں برابر ہوں۔

مُثَلَّث مُتَساوِیُ السّاقَین (مُ-تَ-سا-وِی-یُس-سا-قَین) (ع-اِمذ) وہ مثلث جس کے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں۔

مُثَلَّث مُختَلِفُ الاَضلاع (مُخ-تَ-لِ-فُل-اَض-لاع) (ع-اِمذ) وہ مثلث جس کے تینوں ضلعے برابر نہ ہوں۔

مُثَلَّث مُنفَرِجۃُ الزّاوِیہ (مُن-فَ-رِ-جَ-تُو-زا-وِ-یَہ) (ع-اِمذ) وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔

مُثَلَّثی (مُ-ثَل-لَ-ثی) (ع-صف) تکونا۔ تکونیا۔ تکھونٹا۔

مُثْلَہ (مُث-لہ) (ع-اِمذ) مُردے کے کان، ناک کاٹنا۔ (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

مُثْمِر (مُث-مِر) (ع-صف) ثمردار۔ پھل دار (۲) فائدہ دینے والا۔ نتیجہ خیز۔

مُثَمَّن (مُ-ثَم-مَن) (ع-صف) ہشت پہلو۔ آٹھ ضلعوں کا (۲) (اِمذ) آٹھ ضلعوں کی شکل (۳) (اِمث) اِصطلاحِ عروض میں ایک بحر جس میں آٹھ رُکن ہوتے ہیں (۴) وہ بند جس میں آٹھ مصرعے ہوں۔

مُثَنّات (ع-اِمث وصف) (۱) شِکن (۲) دوہرا۔ شکن والا (۳) بیت (۴) گانا (۵) (توریت کے سوا) یہودیوں کی ایک کتاب۔

مُثَنّٰی (مُ-ثَن-نا) (ع-اِمذ) (۱) ثانی۔ دُوسرا (۲) نقل مطابق اَصل۔ دوسرا پرت (۳) جوڑ۔ جوڑا۔ جُفت۔

مُثَنّٰی بِہٖ (بِ-ہی) (ع-صف) وہ اصل جس سے نقل کی گئی ہو۔

مَثْنَوی (مَث-نَ-وی) (ع-اِمث) (۱) دو دو والا (۲) نظم کی ایک قسم جس میں کوئی مسلسل بات بیان کی جاتی ہے۔ اس میں ہر شعر کا قافیہ جدا لیکن ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور اَشعار کی تعداد مقرّر نہیں ہوتی۔ جمع: مثنویات۔ اُردو جمع: مثنویاں۔ مثنویوں۔

م-ج

مُجاب (مُ-جاب) (ع-صف مفعولی) جواب دیا گیا (۲) منظور کیا گیا۔

مُجابُ الدَّعوات (مُ-جا-بُد-دَع-وات) (ع-صف) وہ شخص جس کی دُعائیں قبول کی گئی ہوں۔

مُجادِل (مُ-جا-دِل) (ع-صف) لڑنے والا۔ جھگڑنے والا۔ جمع: مجادلین۔

مُجادَلہ (مُ-جا-دَ-لہ) (ع-اِمذ) (۱) لڑائی۔ جنگ۔ ہنگامہ۔ خوں ریزی (۲) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ تنازع (۳) دُشمنی۔ عداوت۔ خصومت (۴) حُجت۔ تکرار۔ مباحثہ۔

مَجاذِیب (مَ-جا-ذیب) (ع-صف) مجذوب کی جمع۔

مَجاری (مَ-جا-ری) (ع-اِمذ) مجریٰ کی جمع۔ جاری ہونے کے مقامات۔

مَجارِیَہ (مَ-جا-رِ-یَہ) (ع-صف) (قانون) جاری شدہ۔ رواں شدہ۔ پاس شدہ۔ رواں۔ مروّجہ۔

مَجاز (مَ-جاز) (ع-صف) (۱) حقیقت کے برعکس۔ وہ جس کی اَصلیت نہ ہو (۲) وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنوں کے علاوہ دُوسرے معنوں میں اِستعمال ہو جیسے مٹی کے اصلی معنی خاک اور مجازی معنی موت ہیں (۳) بااِختیار۔ اِختیار دیا گیا۔

مجازِ سماعت (ع-صف) (۱) سُننے یا منظور کرنے کا اِختیار (۲) وہ حاکم جسے کسی مقدمے کی سماعت کا اِختیار ہو۔

مجازِ مُرسَل (ع-اِمذ) علمِ بیان میں صفت بیانیہ سے مُراد ہے جس میں سبب سے مُسبّب، کُل سے جزو، لازم سے ملزوم، ذکر سے صاحبِ ذکر اور ظرف سے مظروف مُراد لیے جا سکتے ہیں۔

مجاز ہونا (اَر-محاورہ) کسی اَمر کا اَز روئے شرع یا قانون اِختیار رکھنا۔ مختار ہونا۔ کسی بات کو کر سکنے کی طاقت رکھنا۔

مَجازاً (مَ-جا-زَن) (ع-متعلق فعل) (۱) فرضاً۔ مُراداً (۲) حسبِ قانون (۳) شرعاً۔ اَز روئے شرع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَجازی (مَ۔جا۔زی)(ع۔صف)(۱) غیر حقیقی۔ غیر اصلی (۲) فرض کیا ہوا۔ فرضی۔ مُرادی (۳) نقلی۔ جعلی۔ مصنوعی۔

مَجال (مَ۔جال) (ع۔ا۔مث) طاقت۔ قُدرت۔ بساط۔ حوصلہ۔ مقدور۔ بَس۔ قابُو۔

مجال رکھنا (اَ۔محاورہ) کسی بات کی قُدرت رکھنا۔ کسی کام کی تاب وطاقت رکھنا۔

مجال ہونا (اَ۔محاورہ) طاقت ہونا۔ قُدرت ہونا۔

مَجالس (مَ۔جا۔لِس)(ع۔ا۔مث) مجلس کی جمع۔

مُجالَسَت (مُ۔جا۔لَ۔سَت) (ع۔ا۔مث) باہم مِل کر بیٹھنا۔ مِل جُل کر بیٹھنا۔ ہم نشینی۔

مَجامِع (مَ۔جا۔مِع)(ع۔ا۔مذ) مجمع کی جمع۔

مُجامَعَت (مُ۔جا۔مَ۔عَت)(ع۔ا۔مث) ہم بستری۔ جماع۔ صحبت۔ ہم خوابی۔

مُجانَسَت (مُ۔جا۔نَ۔سَت) (ع۔ا۔مث) ہم جنسی۔ ہم جنس ہونا۔ ہم قومی۔

مَجانِق (مَجانِیق) (مَ۔جا۔نِق)(مَ۔جا۔نِیق)(ع۔ا۔مث) منجنیق کی جمع۔

مَجانِین (مَ۔جا۔نِین)(ع۔ا۔مذ) مجنون کی جمع۔

مُجاوِر (مُ۔جا۔وِر)(ع۔ا۔مذ)(۱) ہم سایہ۔ پڑوسی۔ پاس رہنے والا (۲) کسی خانقاہ یا درگاہ کا جھاڑو دینے والا خادم۔ جمع: مجاوِرین۔

مُجاوَرَت (ع۔ا۔مث)(۱) ہمسائیگی۔ قُرب (۲) بے تکلفی (۳) مسجد یا کسی مزار پر بطور مجاور رہنا۔

مُجاوِری (مُ۔جا۔وِ۔ری)(ع۔ا۔مث) مجاور کا عُہدہ۔ مجاور کا حق۔

مُجاہِد (مُ۔جا۔ہِد)(ع۔صف فاعلی۔مذ)(۱) کوشش کرنے والا۔ جاں فشانی کرنے والا (۲) خُدا کی راہ میں لڑنے والا۔ کافروں سے جہاد کرنے والا۔ جمع: مجاہدین۔

مُجاہِدَہ (مُ۔جا۔ہِ۔دَہ)(ع۔صف فاعلی۔مث) مُجاہد کی تانیث۔

مُجاہَدَہ (مُ۔جا۔ہَ۔دَہ) (ع۔ا۔مذ)(۱) کوشش۔ سعی۔ جدّ و جہد۔ جاں فشانی (۲) نفس کُشی۔ ریاضت۔

مُجاہِدِین (مُ۔جا۔ہِ۔دِین)(ع۔صف) مجاہد کی جمع۔

مَجاہِیل (مَ۔جا۔ہِیل)(ع۔ا۔مذ) مجہول کی جمع۔

مَجبُور (مَج۔بُور)(ع۔صف مفعولی) جبر کیا گیا۔ ناچار۔ تنگ۔ بے بس۔

مجبور کرنا (اَ۔محاورہ) ناچار کرنا۔ تنگ کرنا۔ بے بس کرنا۔ دبانا۔ ستانا۔

مجبور ہونا (اَ۔محاورہ) تنگ آنا۔ عاجز ہونا۔ ناچار ہونا۔

مَجبُوراً (مَج۔بُو۔رَن)(اَ۔تابع فعل) مجبور ہو کر۔ عاجز آکر۔ تنگ آکر۔ بے اِختیاری کی حالت میں۔

مَجبُوری (مَج۔بُو۔ری)(اَ۔ا۔مث) عاجزی۔ بے بسی۔ ناچاری۔

مُجتَبیٰ (مُج۔تَ۔با)(ع۔صف)(۱) چُنا ہوا۔ منتخب۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی صفت (۲) حضرت امام حسن کی صفت۔

مُجتَمِع (مُج۔تَ۔مِع)(ع۔صف) اکٹھا۔ جمع کیا ہوا۔

مُجتَمِعاً (مُج۔تَ۔مِ۔عَن)(ع۔تابع فعل) مجموعی طور پر۔ یک جائی طور پر۔

مُجتَنَب (مُج۔تَ۔نَب)(ع۔صف مفعولی) جس سے بچا جائے۔ اِجتناب کیا ہوا۔ پرہیز کیا گیا۔

مُجتَنِب (مُج۔تَ۔نِب) (ع۔صف فاعلی) اِجتناب کرنے والا۔ پرہیز برتنے والا۔ علیحدگی اِختیار کرنے والا۔ دُور رہنے والا۔

مُجتَہِد (مُج۔تَ۔ہِد) (ع۔صف) جدّ و جہد کرنے والا۔ کوشش کرنے والا (۲) راہِ صواب پیدا کرنے والا۔ ٹھیک اور عُمدہ راستہ نکالنے والا (۳) اِجتہاد کرنے والا۔ کتاب و سُنّت سے دینی مسائل کا حل نکالنے والا (۴)(مذ) فرقہ اِمامیہ کا فقیہہ۔ جمع: مُجتہدین۔

مُجتَہِدانَہ (مُج۔تَ۔ہِ۔دا۔نَہ)(ع۔تابع فعل) مجتہدوں کے طریقے پر۔

مَجحَر (مَج۔حَر)(ع۔ا۔مذ) پناہ گاہ۔ چھپنے کی جگہ۔

مَجد (بفتحۂ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔صف) بڑائی۔ بُزرگی۔ شرف۔ عظمت۔

مُجَدِّد (مُ۔جَد۔دِد)(ع۔صف فاعلی) تجدید کرنے والا۔ پُرانے کو نیا کرنے والا۔

مجدِّدِ الفِ ثانی (ع۔ا۔مذ) دُوسرے ہزار برس کا مجدّد۔ مُراد حضرت شیخ احمد سرہندی جو ۹۸۱ھ میں بمقام سرہند (بھارت) پیدا ہوئے اور ۱۰۳۴ھ میں وفات پائی۔

مجدِّدِ وقت (ع۔صف) وہ کامل بُزرگ جو ہر صدی کے شروع میں پیدا ہوتا اور مُسلمانوں میں رائج شُدہ بدعات کی اِصلاح کرتا ہے۔

مُجَدَّداً (مُ۔جَد۔دَ۔دَن)(ع۔تابع فعل) نئے سرے سے۔ اَز سرِ نو۔

مَجذُوب (مَج۔ذُوب)(ع۔صف مفعولی)(۱) جذب کیا گیا۔ کھینچا گیا (۲) جسے جذبِ اِلٰہی نے کھینچ لیا ہو۔ خُدا کی محبت میں غرق (۳) بے ہوش۔ مست۔ بے خود۔ آپے سے باہر (۴) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ سودائی۔ جمع: مجاذیب۔

مجذُوب کی بَڑ (اَ۔ا۔مث) بے معنی باتیں۔ بے سر و پا باتیں۔ مجنونانہ بکواس۔

مَجذُور (مَج۔ذُور)(ع۔صف مفعولی) فی نفسہٖ ضرب کھایا ہوا۔ کسی عدد کو اُسی عدد سے ضرب دینے پر جو حاصلِ ضرب آئے اُسے مجذور کہتے ہیں جیسے چار کا مجذور سولہ ہے۔

مَجذُوم (مَج۔ذُوم)(ع۔صف مفعولی) جُذامی۔ کوڑھی۔ مبرُوص۔

مَجرا (مَج۔را)(ع۔ا۔مذ) جاری ہونے کا مقام۔ جمع: مجاری۔

مجرائے آب (ع۔ف۔ا۔مذ) پانی جاری ہونے کی جگہ جیسے بدرر و نالی وغیرہ۔

مُجرا (مُج۔را) (ع۔ا۔مذ)(۱) کٹوتی۔ منہائی۔ محسوب (۲) سلام۔ آداب۔ کورنش۔ تسلیمات (۳) مرثیہ جو رُباعی' غزل' قطعہ یا قصیدے کے طور پر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کہا جاتا ہے اور اُس کے مطلع میں مُجرا یا سلام کا لفظ لایا جاتا ہے (۴) ناچ رنگ۔ رقص و سماع۔ صبح یا شام کا رقص (۵) باریابی۔ جمع: مُجروں۔ مُجرے۔

مُجرا پانا (اُر۔ محاورہ) (۱) باریابی پانا۔ اُمیر یا بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہونا (۲) روپیہ وصول پانا۔ بھرپانا۔

مُجرا دینا (اُر۔ محاورہ) وضع کرنا۔ حساب میں لگا دینا۔ کاٹ دینا۔ حساب میں محسوب کر دینا۔

مُجرا طلبی (ط۔ ل۔ بی) (ع۔ ا۔ مث) دعویٰ بالمقابل۔ اُلٹا دعویٰ۔ دعوے پر دعویٰ۔ باز دعویٰ۔

مُجرا عرض کرنا (اُر۔ محاورہ) سلام کرنا۔ آداب بجا لانا۔

مُجرا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) آداب و تسلیمات بجا لانا (۲) ناچنا گانا (۳) حساب میں لگانا۔ محسوب کر لینا۔

مُجرا لینا (اُر۔ محاورہ) حساب میں لگا لینا۔ وضع کر لینا۔

مُجرا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) ناچ گانا ہونا۔ رقص و سرود ہونا (۲) وصول ہونا۔ وضع ہونا۔ حساب میں لگایا جانا۔

مُجرائی (مُج۔ را۔ ای) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) آداب بجا لانے والا۔ سلام کرنے والا (۲) منصب دار۔ درباری۔ وہ درباری جو بادشاہوں یا اُمرا کو صرف سلام کرنے کی تنخواہ لیتے تھے (۳) مرثیہ خواں (۴) (ا۔ مث) وصولی۔ منہائی۔ کٹوتی۔

مُجرِّب (مُ۔ جر۔ رِب) (ع۔ صف فاعلی) تجربہ کرنے والا۔ آزمانے والا۔

مُجرَّب (مُ۔ جر۔ رَب) (ع۔ صف مفعولی) تجربہ کیا ہوا۔ آزمایا ہوا۔ آزمودہ۔ موثر۔

مُجرَّبات (مُ۔ جر۔ رَ۔ بات) (ع۔ ا۔ مذ) تجربہ کی ہوئی ادویہ۔ آزمائے ہوئے نسخے (۲) وہ کتاب یا بیاض جس میں آزمودہ دواؤں کے نسخے درج ہوں۔

مُجرَّد (مُ۔ جر۔ رَد) (ع۔ صف) (۱) جریدہ۔ اکیلا۔ تنہا (۲) وہ شے جو مادے سے پاک ہو (۳) بن بیاہا۔ غیر شادی شدہ۔ ناکتخدا۔ بغیر بیوی بچوں والا (۴) وہ شخص جو دُنیا سے الگ ہو گیا ہو۔ سنیاسی۔ تارکُ الدنیا۔

مُجرد رہنا (اُر۔ محاورہ) آزاد رہنا۔ اکیلا رہنا۔ بن بیاہا رہنا۔ شادی نہ کرنا۔

مُجرد سب سے اعلیٰ جس کے لڑکا نہ بالا (مُجرد سب سے اعلیٰ جس کے سُسر نہ سالا) (اُر۔ مثل) چھڑا آدمی سب سے اچھا ہے جس کو کسی کا غم نہ فکر۔

مُجرَّدات (مُ۔ جر۔ رَ۔ دات) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مُجرد کی جمع۔ غیر مادّی یا غیر جسمانی وجود۔ غیر محسوس چیزیں (۲) ملائک۔ اَرواح۔

مُجرَّدی (مُ۔ جر۔ رَ۔ دی) (ع۔ ا۔ مث) کنوارا پن۔ تنہائی۔ آزادی۔ تجرُّد۔

مُجرم (مُج۔ رِم) (ع۔ صف۔ و۔ ا۔ مذ) جرم کرنے والا۔ گناہ گار۔ خطاکار۔ پاپی۔ عاصی۔ خاطی۔ جمع: مُجرمین۔ اُردو جمع: مُجرم۔ مُجرموں۔

مُجرم اِشتہاری (ع۔ ا۔ مذ) وہ مُجرم جس کی گرفتاری کا اِشتہار دیا جا چکا ہو۔

مُجرم عادی (ع۔ ا۔ مذ) عادی مُجرم۔ وہ مُجرم جسے جرم کرنے کی عادت ہو گئی ہو۔ بار بار جرم کرنے والا۔

مُجرم فراری (ع۔ ا۔ مذ) بھاگا ہوا مُجرم۔

مُجرم قرار دینا (اُر۔ محاورہ) مُجرم ٹھہرانا۔ قصور وار ٹھہرانا۔

مُجرم ہونا (اُر۔ محاورہ) خطاوار ہونا۔ قصور وار ہونا۔

مُجرمانہ (مُج۔ رِ۔ مانہ) (ع۔ ف۔ صف) مُجرم سے متعلق۔

مُجرمانہ حملہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ حملہ جو کسی عورت پر زنا کی نیت سے کیا جائے۔

مَجرُوح (مَج۔ رُوح) (ع۔ صف) زخمی۔ گھائل۔ چوٹ کھایا ہوا۔ جس کے زخم لگا ہو۔

مُجرئی (مُج۔ رَ۔ ای) دیکھئے مُجرائی نمبر ۱ تا ۳۔

مجسٹریٹ (Magistrate) (انگ۔ ا۔ مذ) حاکم فوجداری۔

مجسٹریٹی (اُر۔ ا۔ مث) (۱) مجسٹریٹ کا عُہدہ (۲) اِختیارِ حکومت۔

مجسٹک (Majestic) (انگ۔ صف) شاہانہ۔ عالی شان۔ پُرشکوہ۔ شاندار۔ باوقار۔

مُجسّم (مُ۔ جس۔ سَم) (ع۔ صف) جسم والا۔ وہ چیز جس میں طول و عرض اور عمق ہو۔ مسطّح (۲) سر سے پاؤں تک۔

مُجسّمات (مُ۔ جس۔ سَ۔ مات) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) مجسمہ کی جمع (۲) وہ اجسام جن میں طول، عرض اور عمق پایا جائے۔

مُجسّمہ (مُ۔ جس۔ سَ۔ مَہ) (ع۔ ا۔ مذ) بُت۔ مُورتی۔ اِسٹیچو۔ جمع: مُجسّمات۔ اُردو جمع: مُجسّموں۔ مُجسّمے۔

مجسّمہ ساز (ع۔ ف۔ صف) مٹی اور پتھر کے بُت بنانے والا۔

مجسّمہ سازی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) بُت بنانے کا کام۔

مُجلّا (مُ۔ جل۔ لا) (ع۔ صف) جلا کیا ہوا۔ چمکایا ہوا۔ صاف کیا ہوا۔ روشن۔ آشکارا۔

مُجلّد (مُ۔ جل۔ لد) (ع۔ صف) جلد بندھا ہوا۔ جلد بندی کیا ہوا۔

مَجلِس (مَج۔ لِس) (ع۔ ا۔ مث) (۱) بیٹھنے کی جگہ۔ اَنجمن۔ بزم۔ جلسہ۔ مجمع۔ سبھا۔ وہ جگہ جہاں آدمیوں کا گروہ جمع ہو (۲) شُہدائے کربلا کے ماتم اور فاتحہ کا مجمع۔ جمع: مجالِس۔ اُردو جمع: مجلسوں۔ مجلسیں۔

مجلس آرا (افروز) (ف۔ صف) مجلس کو زینت دینے والا۔ مجلس کو رونق بخشنے والا۔

مجلس اِحتسابِ فلمی (ع۔ ا۔ مث) وہ مجلس جو فلموں کی جانچ پڑتال کے لئے مامور ہو۔ سنسر بورڈ۔

مجلسِ اِنتظامیّہ (مُنتظمہ) (ع۔ ا۔ مث) اِنتظام کرنے والی جماعت۔

مجلس برہم ہونا (اُر۔ محاورہ) مجلس کے اِنتظام میں خرابی پیدا ہونا۔ مجلس میں گڑبڑ ہونا۔

مجلس حیراں (اُر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی نہایت عُمدہ مِسّی جو عورتیں ملتی ہیں۔

مجلس خانہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ مکان جو مجلس کے لئے مخصوص ہو (۲) حضرت امام حسین علیہ السلام کے ماتم کی مجلسیں ہونے کا مکان (۳) دربار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

دیوانِ عام۔

مجلسِ شوریٰ (ع۔ا۔مث) مشورہ دینے والی مجلس۔ مجلسِ مشاورت۔

مجلسِ عاملہ (ع۔ا۔مث) منتخب ارکان کی کمیٹی جو عملی طور پر کسی جماعت کی کارکردگی کی ذمے دار ہوتی ہے۔ (Working Committee)۔

مجلسِ عامّہ (ع۔ا۔مث) عام اجلاس۔ (General Meeting)۔

مجلسِ قائمہ (ع۔ا۔مث) مستقل کمیٹی جو مقرّر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے۔ (Standing Committee)۔

مجلس کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) جلسہ کرنا (۲) حضرت امام حسین علیہ السلام کے ماتم کے لئے جلسہ کرنا (۳) مرثیہ خوانی کرنا۔

مجلس کی رونق (ار۔ صف) (۱) مجلس کی رونق بڑھانے والا (۲) مسخرہ۔

مجلس گرم ہونا (ار۔ محاورہ) مجلس میں رونق آنا۔ گرما گرم بحث ہونا۔ خوب باتیں ہونا۔

مجلسِ مضامین (ع۔ار۔ا۔مث) ایسی مجلس جس میں اُن قراردادوں پر بحث کی جاتی ہے جو اجلاسِ عام میں پیش کی جانے والی ہوں۔ (Subject Committee)۔

مَجلِسی (مَج۔لِ۔سی) (ع۔صف) مجلس سے متعلق۔ اہلِ مجلس۔ وہ شخص جو شریکِ جلسہ ہو۔

مُجلّہ (م۔جَل۔لہ) (ع۔ا۔مذ) رسالہ۔ میگزین۔

مِجمَر (مِج۔مَر) (ع۔ا۔مذ) وہ برتن جس میں خوشبودار چیزیں جلاتے ہیں۔ عُوددان۔

مَجمَع (مَج۔مَع) (ع۔ا۔مذ) (۱) مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ جلسہ (۲) ہجوم۔ بھیڑ۔ انبوہ۔

مجمعِ اخلاق (ع۔ا۔مذ) اچھے اوصاف کا مجموعہ۔

مجمع البحرین (مَج۔مَ۔عل۔بَح۔رَین) (ع۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں دو سمندر یا دو دریا ملتے ہوں۔ دو دریاؤں کا ملاپ۔

مجمع الجزائر (ع۔ا۔مذ) بہت سے جزیروں کا مجموعہ۔

مجمع النجوم (مَج۔مَ۔عُن۔نُ۔جوم) (ع۔ا۔مذ) ستاروں کا وہ گروہ جو کسی جانور (شیر، ریچھ وغیرہ) کی شکل بنائے۔

مجمع چھٹنا (ار۔ محاورہ) بھیڑ کم ہونا۔

مجمع خلافِ قانون (ع۔ف۔ا۔مذ) قانون کے خلاف لوگوں کا اکٹھا ہونا۔ خلافِ قانون ہنگامہ۔ مجمع ناجائز۔

مجمعِ عام (ع۔ا۔مذ) عام لوگوں کی بھیڑ۔ عوام کا ہجوم۔

مَجمَعہ (مَج۔مَ۔عہ) (ف۔ا۔مذ) بڑا طباق۔ سینی۔

مُجمَل (مُج۔مَل) (ع۔صف) اجمال کیا گیا۔ مختصر کیا گیا۔ خلاصہ۔ اختصار۔

مجمل حساب (ع۔ا۔مذ) سرسری حساب۔ وہ حساب جو تفصیل کے ساتھ نہ ہو۔ حساب کا گوشوارہ۔

مُجمَلاً (مُج۔مَ۔لَن) (ع۔ تابع فعل) اجمال کے طور پر۔ مختصر طریقے سے۔ فی الجملہ۔ مختصراً۔

مَجمُوع (مَج۔مُوع) (ع۔صف) جمع کیا گیا۔ تمام۔ سب۔ میزان۔ کُل۔ جمع: مجامیع۔

مَجمُوعہ (مَج۔مُو۔عہ) (ع۔صف) (۱) مجموع کی تانیث جو جمع کا افادہ بھی کرتی ہے۔ جمع کیا ہوا۔ اکٹھا کیا ہوا۔ جوڑ (۲) (ار۔ا۔مذ) ذخیرہ۔ خزانہ۔ مخزن۔ کلیات (۳) پشتارہ۔ بنڈل۔ گٹھا۔ جمع: مجموعوں۔ مجموعے۔

مجموعۂ تعزیراتِ پاکستان (ع۔ار۔ا۔مذ) قانون کی وہ کتاب جس میں پاکستان میں ہونے والے جرائم کے لئے سزاؤں کا قانون درج ہے۔ (Pakistan Penal Code)۔

مجموعۂ تعزیراتِ ہند (ع۔ا۔مذ) وہ کتاب جس میں انگریزی حکومت نے اہلِ ہند کے لئے سزاؤں کے قانون درج کئے تھے۔ (Indian Penal Code)۔

مجموعۂ قوانین (ع۔ا۔مذ) قانون کا ذخیرہ۔ وہ کتاب جس میں متعدد قوانین اکٹھے کئے گئے ہوں۔

مجموعۂ کلام (ع۔ا۔مذ) کلام کا ذخیرہ۔ وہ کتاب جس میں کسی شاعر کا اُس وقت تک کہا گیا تمام کلام درج کر دیا گیا ہو۔

مجموعہ کا عطر (ار۔ا۔مذ) ایک عطر کا نام جس میں کئی خوشبوئیں شامل ہوتی ہیں۔

مجموعی (مَج۔مُو۔عی) (ع۔صف) تمام۔ یکجا طور پر۔ اکٹھا۔

مجموعی قیمت (ع۔ا۔مث) اکٹھی قیمت۔ کُل دام۔

مَجنُون (مَج۔نُون) (ع۔صف) (۱) دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ سودائی۔ خبطی۔ باؤلا (۲) قیسِ عامری کا لقب جو لیلیٰ کا عاشق تھا۔ عشق کی دیوانگی کے سبب مجنون نام پڑ گیا (۳) عاشق۔ شیدا۔ مفتون۔ فریفتہ (۴) نہایت دُبلا پتلا اور کمزور آدمی۔ جمع: مجانین۔ اُردو جمع: مجنون۔ مجنونوں۔

مجنونِ دَوری (ع۔ف۔صف) جو ہمیشہ پاگل نہ رہے۔ کبھی کبھی پاگل پن کا دورہ پڑتا ہو۔

مجنوں کر دینا (ار۔ محاورہ) دیوانہ بنا دینا۔ پاگل کر دینا۔ خبطی کر دینا۔

مجنوں کو لیلیٰ کا کتّا بھی پیارا (ار۔ مثل) جس سے محبت ہو اُس کی ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہے۔

مَجنُونِیَّت (مَج۔نُو۔نی۔یت) (ع۔ا۔مث) پاگل پن۔ دیوانگی۔

مُجَوَّز (مُ۔جَو۔وَز) (ع۔صف مفعولی) تجویز کیا گیا۔ جائز کیا گیا۔

مُجَوِّز (مُ۔جَو۔وِز) (ع۔صف فاعلی) (۱) تجویز کرنے والا۔ رائے دینے والا (۲) جائز رکھنے والا۔ جمع: مجوّزین۔ مجوّزان۔

مجوّزانِ قانون (ع۔ف۔ا۔مذ) قانون بنانے والے۔ واضعانِ قانون۔

مُجَوَّزَہ (مُ۔جَو۔وَ۔زہ) (ع۔صف) مجوز کی تانیث۔ تجویز کیا ہوا۔ مقررہ۔ معینہ۔ جمع: مجوّزات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَجُوس (مَ۔جُوس)(ع۔ا۔مذ) مجوسی کی جمع۔

مَجُوسا (مَ۔جُو۔سا)(ا۔ا۔مذ) لکڑی جو چھت کے نیچے کھڑی کرتے ہیں۔اُڑانا۔

مَجُوسی (مَ۔جُو۔سی)(ع۔ا۔مذ) آتش پرست۔گبر۔زردشت کا پیرو۔پارسی۔ جمع: مجوس۔اُردو جمع: مجوسی۔مجوسیوں۔

مُجَوَّف (مُ۔جَوْ۔وَف)(ع۔صف) جوف کیا ہوا۔اَندر سے خالی۔کھوکھلا۔ پولا۔تھوتھا۔

مُجھ (ہ۔ضمیر واحد متکلم) میں کی مفعولی حالت۔ایک کلمہ جس کا اپنے نفس پر اطلاق کیا جاتا ہے جیسے مجھ کو۔

مجھ سے (ہ۔تابع فعل)(۱) میری ذات سے (۲) مجھ جیسے۔

مجھ کو (ہ۔ضمیر واحد متکلم مفعولی) مجھے۔میری ذات کو۔

مجھ کو پیٹے (اُ۔کلمۂ قسم) میرا ماتم کرے۔ایک قسم کی قسم ہے۔

مجھ میں آیا (اُ۔محاورہ) میں ذمّے دار ہوں۔میں ضامن ہوں۔

مُجھلا (مُجھ۔لا)(ہ۔ا۔مذ) جھگڑا۔بکھیڑا۔جھمیلا۔

مَجْھَلَہ (مَج۔ھَ۔لَہ)(ع۔ا۔مذ) کوئی چیز جو بے وقوفی، غفلت یا جہالت ظاہر کرے۔

مَجْہُول (مَج۔ہُول)(ع۔صف)(۱) نامعلوم۔غیر معلوم (۲) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو (۳) سُست۔کاہل۔آرام طلب۔نکمّا۔نکھٹو (۴) جبر و مقابلہ میں نامعلوم رقم۔

مجہولِ مُطلق (ع۔ف۔صف) بالکل جاہل۔سخت جاہل۔

مجہولُ النَّسَب (مَج۔ہُو۔لُن۔نَ۔سَب)(ع۔صف) وہ شخص جس کے حسب نسب اور اصل نسل میں شبہ ہو۔

مَجھولا (مَ۔جھو۔لا)(دو مجھول)(ہ۔صف) منجھلا۔بیچ کا۔درمیانی۔وسطی۔ میانہ۔متوسّط (۲) بڑا دیگچہ۔چھوٹی دیگ۔

مَجھولی (مَ۔جھو۔لی)(ہ۔صف)(۱) منجھلی۔درمیانی۔وسطی (۲)(اُ۔ا۔مث) ایک قسم کی چھوٹی بیل گاڑی۔

مُجھی (مُ۔جھی)(اُ۔کلمۂ ضمیر) مجھ ہی کا مخفف۔

مُجھے (مُ۔جھے)(اُ۔ضمیر واحد متکلم مفعولی) دیکھئے مجھ کو۔

مجھے اور نہ تجھے ٹھور (اُ۔مثل) مجھے تیرے بغیر اور تجھے میرے بغیر چین نہیں۔

مجھے مُنہ نہ دکھا (اُ۔محاورہ) مجھ کو اپنی شکل نہ دِکھلا۔میرے سامنے مت آ۔دُور ہو جا۔

مُجھیلا (مُ۔جھے۔لا)(ہ۔ا۔مذ) جھگڑا۔قضیہ۔لڑائی۔ٹنٹا۔

مجھیلا پڑنا (اُ۔محاورہ) جھگڑا ہونا۔بکھیڑا ہونا۔

مجھیلا ڈالنا (اُ۔محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔بکھیڑا اُٹھانا۔

مُجِیب (مُ۔جِیب)(ع۔صف)(۱) جواب دینے والا (۲) قبول کرنے والا (۳) خدا تعالیٰ کا نام۔

مُجِیبُ الدَّعوات (مُ۔جی۔بُد۔دَع۔وات)(ع۔صف) دُعائیں قبول کرنے والا۔مُراد خدائے تعالیٰ۔

مَجِیٹھ (مَ۔جِیٹھ)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی سُرخ لکڑی جس کے رنگ سے کپڑے رنگے جاتے ہیں۔

مَجِید (مَ۔جِید)(ع۔صف) بُزرگ۔بُزرگ وار۔گرامی۔اسمائے باری تعالیٰ میں سے ایک۔

مَجِیدی (مَ۔جی۔دی)(ع۔ا۔مذ) ایک تُرکی سکّہ۔

مُجِیر (مُ۔جِیر)(ع۔صف) دست گیر۔پناہ دینے والا۔

مَجِیرا (مَ۔جی۔را)(ہ۔ا۔مذ) پیتل کی وہ چھوٹی چھوٹی کٹوریاں جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لئے دونوں ہاتھوں سے بجاتے ہیں۔جمع: مجیروں۔مجیرے۔

م۔چ

مَچ (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مث) بُھول چُوک (۲) جہالت (۳) بے توجہی (۴) نیند کا خُمار (۵) سونے کا ٹکڑا جو پرکھنے کے لئے بطور نمونہ لیا جائے (پن) الاف۔

مچّا (مَچ۔چا)(ہ۔ا۔مذ) گوشت کا بڑا ٹکڑا۔لوتھڑا۔مضغہ۔

مُچا مُچ (مُ۔چا۔مُچ)(ہ۔صف) کھچاکھچ۔بھرپور۔لبریز۔لبالب (۲)(ا۔مث) چارپائی کے چوں چوں کرنے کی آواز۔

مَچان (مَ۔چان)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ٹانڈ۔وہ تختہ یا لکڑیاں جو دیوار میں اسباب وغیرہ رکھنے کے لئے اونچی جگہ لگا دیتے ہیں (۲) درخت پر وہ جگہ جو شیر کے شکار کے لئے بناتے ہیں (۳) باغ اور کھیت میں وہ اونچی جگہ جو پھلوں اور فصل کی حفاظت کے لئے بنائی جاتی ہے۔جمع: مچان۔مچانوں۔

مَچانا (مَ۔چا۔نا)(ہ۔مص)(۱) رچانا۔عمل میں لانا۔برپا کرنا (۲) گاڑی میں جوتنا۔

مَچک (مَ۔چَک)(ہ۔ا۔مث) لچک۔لرزش۔

مَچکا (مَچ۔کا)(ہ۔ا۔مذ) سستاپن۔ارزانی (۲) فرق۔تفاوت (۳) وقفہ۔ڈھیل۔

مچکا پڑنا (مچکا کھانا) (ہ۔محاورہ)(۱) سستا ہو جانا۔بازار کا مندا ہو جانا (۲) کسی چیز کی آمد کا کم ہو جانا (۳) ڈھیل پڑ جانا۔وقفہ ہو جانا۔

مَچکانا (مَچ۔کا۔نا)(ہ۔مص) لچکانا۔ہلانا۔جنبش دینا۔جُھکانا۔

مچکانا (مَچ۔کا۔نا)(ہ۔مص) آنکھ مارنا۔جھپکانا۔پلک مارنا۔آنکھ موندنا اور کھولنا۔

مَچکنا (مَ۔چَک۔نا)(ہ۔مص) لرزنا۔تھرتھرانا۔کانپنا (۲) چارپائی کا چوں چوں کرنا۔

مَچلا (مَچ۔لا)(ہ۔صف) مکر۔گھنّا۔ڈھیٹ۔ضدی۔ہٹھیلا۔

مچلاپن (ہ۔ا۔مذ) ضد۔ہٹ۔اڑ۔مکراپن۔ڈھٹائی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَچلانا (مچ۔لا۔نا)(ہ۔مص)(۱) ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ بہانہ کرنا (۲) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اَڑ جانا۔ اِصرار کرنا۔

مُچلانا (مُچ۔لا۔نا)(ہ۔مص) جی متلانا۔ مالش کرنا۔ قے آنا۔ اُبکائی آنا۔

مَچلائی (مچ۔لا۔اِی)(ہ۔امث) ڈھٹائی۔ ضد۔ ہٹ۔ شوخی۔

مُچلکہ (مُ۔چل۔کہ)(ف۔امذ)(۱) عہد نامہ۔ قول و قرار (۲) کسی کام کے نہ کرنے کا تحریری عہد جو ملزم کی طرف سے ہو۔ اُردو جمع: مچلکوں۔ مچلکے۔

مچلکہ لکھانا (لکھوانا) (ار۔محاورہ) کسی بات کے نہ کرنے کا تحریری عہد لینا۔ عہد نامہ یا اقرار نامہ تحریر کرانا۔

مچلکہ لینا (ار۔محاورہ) کسی اَمر کے نہ کرنے کا تحریری اِقرار نامہ لینا۔

مچلکہ نکلنا (ار۔محاورہ) مچلکہ لینے کا حُکم صادر ہونا۔

مَچلنا (مَ۔چل۔نا)(ار۔مص)(۱) ضد پر آنا۔ ہٹ کرنا۔ اِصرار کرنا۔ ڈھٹائی کرنا۔ بپھرنا (۲) ٹال مٹول کرنا۔ ٹالنا۔ تجاہل عارفانہ کرنا (۳) رونا۔ بلکنا (۴) کسی چیز کو لینے یا نہ دینے کی ہٹ کرنا۔

مَچلی (مچ۔لی)(ہ۔صف)(۱) مچلا کی تانیث۔ شوخ۔ ڈھیٹ۔ ضدن (۲) حیلہ باز۔ گُھنّی (۳) مکری۔ سُست۔ کاہل (عورت)۔

مچ مچانا (مچ۔مَ۔چا۔نا)(ہ۔مص) گرمانا۔ شہوت یا مستی کے جوش میں آنا۔

مچ مچاہٹ (مچ۔مَ۔چا۔ہٹ)(ہ۔امث)(۱) شہوت یا مستی کا جوش (۲) چارپائی کی چوں چوں۔

مَچنا (مچ۔نا)(ہ۔مص)(۱) رچنا۔ بسنا (۲) عمل میں آنا۔

مُچنا (مُچ۔نا)(ہ۔مص) بند ہونا۔ مُندنا۔

مَچوانا (مچ۔وا۔نا)(ہ۔مص) مچنا کا متعدی۔ عمل کرانا۔ جیسے غُل مچوانا۔

مُچوانا (مُچ۔وا۔نا)(ہ۔مص) مچنا کا متعدی۔ بند کرانا۔ مُندوانا۔

مچھ (بفتحہ اوّل)(ہ۔امذ) بڑی مچھلی۔

مچھ راند (نون غنّہ)(ہ۔امث) مچھلی کی بو۔

مچھ رنگا (ہ۔امذ) ایک آبی پرندہ جو مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے۔ رام چڑیا۔

مَچھر (مچھ۔ھر)(ہ۔امذ) ایک چھوٹا سا پردار کیڑا جو آدمی اور جانور کا خون چوستا ہے۔ پشہ۔ جمع: مچھر۔ مچھروں۔

مچھر کی جھول (ار۔امث) نہایت کم قیمت اور ادنیٰ درجے کی چیز۔ حقیر چیز۔

مچھر کی جھول کا چور (ار۔امذ) چھوٹی موٹی چیزیں چُرانے والا۔ اُچکا۔ اُٹھائی گیرا۔

مچھلہارا (مچھ۔چھل۔ہا۔را)(ق۔امذ) مچھیرا۔

مچھلی (مچھ۔لی)(ہ۔امث) ماہی۔ مچھی۔ ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں میں سب سے نچلے طبقے کا ٹھنڈے خون والا دریائی جانور (۲) اِنسان کے بازو کا گوشت جو کسی قدر اُبھرا ہوتا ہے (۳) جانور کی پنڈلی کا گوشت (۴) مچھلی کی شکل کا کان میں پہننے کا ایک زیور (۵) ناک میں پہننے کا بُلاق (۶) مچھلی کی صورت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو بعض زیورات میں لگائے جاتے ہیں (۷) بچوں کا ایک کھیل جس میں مچھلی کی شکل کا کھلونا بالوں میں لگاتے اور نچاتے ہیں (۸) وہ گوشت جو رانوں کے جوڑ میں ہوتا ہے۔ جمع: مچھلیاں۔ مچھلیوں۔

مچھلی تو نہیں کہ سڑ جائے گی (ار۔مثل) بیٹی کی شادی کی نسبت بولتے ہیں۔ یعنی اتنی جلدی کیا ہے۔ جب کہیں اتفاق لگے گا کر دیں گے۔

مچھلی کا تیل (ار۔امذ) ایک خاص قسم کی مچھلی (کاڈ) کی کلیجی کا تیل جو سِل اور دِق (ٹی بی) میں مفید ہے۔

مچھلی کا چارا (ار۔امذ) وہ چیز جسے کانٹے میں لگا کر مچھلی کا شکار کرتے ہیں۔

مچھلی کا کانٹا (ار۔امذ)(۱) ایک قسم کی سلائی جو چادر یا کھیس پر کرتے ہیں (۲) اُستخوانِ ماہی۔ مچھلی کی ہڈیاں پسلیاں۔

مچھلی کا کھانا (ار۔امذ) ایک قسم کی نیاز۔ عورتیں پکے ہوئے چاولوں کے طباق پر مچھلی کے کباب رکھ کر حضرت سلیمانؑ کی نیاز دلواتی ہیں۔

مچھلی کی طرح تڑپنا (ار۔محاورہ) بہت بے چین ہونا۔ اَز حد بے قرار ہونا۔

مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے (ار۔مثل) اپنے آبائی کام سے ہر شخص واقف ہوتا ہے۔

مچھلی مارکیٹ (بازار) (ار۔امث و مذ)(۱) مچھلی بکنے کی جگہ (۲) وہ جگہ جہاں بہت شور و غل ہو۔

مچھلی والا (ار۔امذ) مچھلی بیچنے والا۔

مچھلیاں (ہ۔امث) مچھلی کی جمع۔

مچھلیاں پڑنا (ار۔محاورہ) ورزش کے باعث ڈنڑوں پر تیاری آ کر عضلات کا اُبھر آنا۔

مُچھندر (مُ۔چھن۔دَر)(مُ۔چھن۔دَر)(ہ۔صف) بڑی بڑی مونچھوں والا (۲) چوہا۔ موش (۳) مسخرہ۔ بے ہودہ آدمی۔ بدوضع۔ یاوہ گو (۴) دیوث۔

مچھوا (مچھ۔وا)(ہ۔امذ) ماہی گیر۔ مچھلیاں پکڑنے والا اور بیچنے والا۔

مُچھی (مچھ۔چھی)(ہ۔امث) مچھلی۔ ماہی (۲) بوسہ۔ جمع: مچھیاں۔ مچھیوں۔

مچھی بھون (بھ۔وَن)(۱) بادشاہوں، راجاؤں یا امیروں کے محل کا وہ تالاب جس میں مچھلیاں پالی جاتی ہیں (۲) لکھنؤ کے ایک مشہور شاہی محل کا نام۔

مچھیاں لینا (ار۔محاورہ) بوسے لینا۔ پیار کرنا۔

مُچھیں (مچھ۔چھیں)(ق۔امذ) مونچھیں۔

مچھیرا (مَ۔چھے۔را)(ہ۔امذ) مچھلیاں پکڑنے والا۔ ماہی گیر۔

مُچھیل (مُ۔چھیل)(ہ۔صف) بڑی بڑی مونچھوں والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

م ۔ ح

مُحابا (مُ۔حا۔با)(ع۔ا۔مذ)(۱) لحاظ۔ مُروّت۔ پاس داری۔ مَصلحت۔ اِعانت (۲) فروگزاشت (۳) اِحتیاط (۴) ڈر۔ خوف۔

مُحاذ (مَ۔ ذ)(ع۔ا۔مذ)(۱) مُقابلے کی جگہ۔ میدان۔ اُردو جمع: مَحاذ۔ محاذوں (۲)(متعلق فعل) سامنے۔ مُقابل۔

محاذ آرائی (ع۔ف۔ا۔مث) محاذ جنگ کی آراستگی۔ لڑائی۔ جنگ۔

محاذِ جنگ (ع۔ف۔ا۔مذ) لڑائی کا میدان۔

محاذ قائم کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی کے مُقابلے کے لئے ساز و سامان تیار کرنا (۲) دُشمن ہونا۔ مُخالفت کرنا۔

مُحاذی (مُ۔حا۔ذی)(ع۔صف) مُقابل۔ سامنے۔ رُوبرُو۔ برابر۔

مُحارِب (مُ۔حا۔رب)(ع۔صف) لڑنے والا۔ جنگ کرنے والا۔ جمع: مُحاربین۔

مُحارَبہ (مُ۔حا۔رَ۔بہ)(ع۔ا۔مذ) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ مُجادلہ۔ جمع: مُحاربات۔

مَحارِم (مَ۔حا۔رم) محرم کی جمع۔

مَحارِیب (مَ۔حا۔ریب) محراب کی جمع۔

مُحاسِب (مُ۔حا۔سِب)(ع۔ا۔مذ)(۱) علم حساب سے واقف۔ حساب دان (۲) حساب کرنے والا۔ پڑتال کرنے والا۔ جمع: مُحاسبین۔

محاسبِ اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) حساب کی جانچ پڑتال کرنے والوں کا سب سے بڑا افسر۔ (Auditor General)۔

محاسبِ دِہ (ع۔ف۔ا۔مذ) گاؤں کا حساب رکھنے والا۔ پٹواری۔

مُحاسَبہ (مُ۔حا۔سَ۔بہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) حساب۔ شمار۔ پڑتال (۲) حساب کے متعلق پوچھ گچھ۔

محاسبہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) حساب طلب کرنا۔ روپے کی پُوچھ گچھ کرنا۔

محاسبہ لینا (اُر۔مص مُرکّب) حساب لینا۔ پُرسش کرنا۔

مَحاسِن (مَ۔حا۔سِن)(ع۔ا۔مذ) حُسن کی جمع۔ اچھائیاں۔ خُوبیاں۔ بھلائیاں۔ نیکیاں (۲) ڈاڑھی مُونچھیں۔

مُحاصِر (مُ۔حا۔صِر)(ع۔صف فاعلی) محاصرہ کرنے والا۔ گھیرنے والا۔ جمع: محاصرین۔

مُحاصَرہ (مُ۔حا۔صَ۔رہ)(ع۔ا۔مذ) گھیرا ڈالنا۔ چاروں طرف سے بند کر دینا۔ راہ بندی۔ قلعہ بندی۔ ناکا بندی۔ اُردو جمع: محاصروں۔ محاصرے۔

مُحاصرہ اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) ناکا بندی چھوڑ دینا۔ گھیرا ہٹالینا۔

مُحاصرہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) چاروں طرف سے گھیر لینا۔

مُحاصرے (اُر۔ا۔مذ)(۱) مُحاصرہ کی جمع (۲) مُحاصرہ کی مُغیرہ شکل۔

مُحاصرے میں آجانا (اُر۔ محاورہ) ہر طرف سے گھر جانا۔

مُحاصِرِین (مُ۔حا۔صِ۔رین)(ع۔ا۔مذ) مُحاصر کی جمع۔ گھیرا ڈالنے والے۔ محاصرہ کرنے والے۔

مَحاصِل (مَ۔حا۔صِل)(ع۔ا۔مذ) محصول کی جمع۔ (۱) پیداوار کے محصول۔ مُعاملہ۔ لگان۔ مال گُزاری۔ خراج (۲) حاصل۔ آمدنی۔ نفع۔ پھل۔ نتیجہ۔

محاصلِ خام (ع۔ف۔ا۔مذ) کچی نکاسی۔ غیر مستقل آمدنی جس میں مال گُزاری بھی شامل ہو۔

مُحاضِر (ع۔صف) جو سامنے کھڑا ہو۔ جمع: مُحاضرین۔

مُحاضِرات (ع۔ا۔مذ) یاد رکھی ہوئی باتیں یا چیزیں۔ گُوری ہوئی کہانیاں۔ علم تاریخ (۲) معلومات۔

مُحاط (مُ۔حاط)(ع۔صف مفعولی)(۱) گھیرا گیا۔ احاطہ کیا گیا (۲) سمجھا گیا۔

مُحافِظ (مُ۔حا۔فِظ)(ع۔صف فاعلی)(۱) حفاظت کرنے والا۔ نگہبانی کرنے والا۔ نگران۔ پاسبان۔ چوکیدار (۲) سرپرست۔ مُربّی۔ وَلی۔ جمع: مُحافظین۔

محافظِ حقیقی (ع۔ا۔مذ) اصلی حفاظت کرنے والا۔ خُدائے تعالیٰ۔

محافظ خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) مکان جس میں فیصلہ شدہ مسلیں اور کاغذات رکھتے ہیں۔

محافظِ دفتر (ع۔ا۔مذ) نگرانِ دفتر۔ مسلوں کی حفاظت کرنے والا۔

محافظِ مُحتبس (ع۔بس)(ع۔ا۔مذ) داروغہ جیل۔ جیل خانے کا داروغہ۔

مُحافَظت (مُ۔حا۔فَ۔ظت)(ع۔ا۔مث) حفاظت۔ پاس بانی۔ رکھوالی (۲) سرپرستی۔ اہتمام۔

مَحافِل (مَ۔حا۔فِل)(ع۔ا۔مث) محفل کی جمع۔

مُحافَہ (مُ۔حا۔فہ)(ف۔ا۔مذ) وہ بند دو دار سواری جس میں عورتیں بیٹھتی ہیں اور کہار اُٹھا کر چلتے ہیں۔ ڈولی۔ ڈولا۔ فینس۔ پالکی۔ میانہ۔

مُحاق (مُ۔حاق)(ع۔ا۔مذ) یہ لفظ "م" کے زیر، زبر اور پیش تینوں طرح صحیح ہے۔ (۱) چاند کا گھٹنا (۲) چاند کے گھٹنے کے دن جو پندرھویں تاریخ سے شروع ہوتے ہیں (۳) ماہِ قمری کی آخری تین تاریخیں جن میں چاند نظر نہیں آتا۔

محاق میں آنا (اُر۔ محاورہ) چاند کا زوال شروع ہونا۔

مُحاکات (مُ۔حا۔کات)(ع۔ا۔مث)(۱) باہمی بات چیت۔ باہمی داستان گوئی (۲) ایک دُوسرے سے مشابہ ہونا۔ کسی چیز یا حالت کی نقل کرنا۔

مُحاکَمہ (مُ۔حا۔کَ۔مہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) فیصلہ کرانے کے لئے حاکم کے پاس جانا۔ اِنصاف طلبی (۲) منصف بن کر جھگڑا نمٹانا۔ جمع: مُحاکمات۔

مَحال (مَ۔حال)(ع۔ا۔مذ)(۱) محل کی جمع۔ مکانات۔ مقامات۔ منازل (۲) محلّے (۳) جائیدادِ غیر منقولہ۔ پرگنے۔ ضلعے۔ جاگیریں (۴)(اُر۔ا۔مذ) شہد کی مکھیوں کا چھتّا۔ اِن معنوں میں مُفرد اِستعمال ہوتا ہے۔

محالِ آبکاری (ع۔ف۔ا۔مذ) شراب کا محکمہ۔

محالِ حضور (ع۔ا۔مذ) ایسی جاگیر جس کے مالک کو براہِ راست مال گُزاری خزانۂ صدر میں داخل کرنے کی اجازت ہو۔

مُحال (مُ۔حال)(ع۔صف)(۱) غیر ممکن۔ اَن ہونی (۲) دُشوار۔ مُشکل۔ کٹھن۔ جمع: مُحالات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُحالِ مطلق (ع۔ صف) قطعاً ناممکن۔
مُحالات (م۔حا۔لات)(ع۔ا۔مذ) مُحال کی جمع۔ ناممکن باتیں۔ وہ چیزیں جن کا ہونا سخت دُشوار ہو۔ مُشکلات۔ دُشواریاں۔
مَحامِد (م۔حا۔مِد)(ع۔ا۔مذ) مَحمدت کی جمع۔ اچھائیاں۔ عُمدہ اوصاف۔
مُحاوَرات (م۔حا۔وَ۔رات)(ع۔ا۔مذ) مُحاورہ کی جمع۔
مُحاوَرہ (م۔حا۔وَ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ہم کلامی۔ باہمی گفتگو۔ بول چال۔ بات چیت۔ سوال جواب (۲) مشق۔ مہارت (۳) وہ کلمہ یا کلام جسے اہلِ زبان نے لُغوی معنی کی مُناسبت یا غیر مُناسبت سے کسی خاص مفہوم کے لئے مخصوص کرلیا ہو۔ جمع: محاورات۔ اُردو جمع: محاوروں۔ محاورے۔
محاورہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) عادت ہو جانا۔ مشق ہو جانا۔
محاورہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) عادت ڈالنا۔ مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔
مُحِب (م۔حِبّ)(ع۔ صف) محبّ رکھنے والا۔ محبت کرنے والا۔ یار۔ دوست۔ مشفق۔ شفیق۔ جمع: محبّان۔
مُحِبُّ الوطن (مُحِبِّ وطن)(ع۔ف۔ صف) وطن سے محبت کرنے والا۔
مُحِبانہ (م۔حِب۔با۔نَہ)(ف۔ صف) دوست کی مانند۔
مَحَبَّت (مَ۔حَب۔بَت)(ع۔ا۔مث)(۱) اُلفت۔ پیار۔ چاہ۔ دوستی۔ یارانہ (۲) عشق۔ لگن۔ اُردو جمع: محبتوں۔ محبتیں۔
محبت آمیز (ع۔ صف) محبت بھرا۔ پیار کا۔ اُلفت آمیز۔
محبت اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) محبت کا جوش مارنا۔ دوستی کا ولولہ اُٹھنا۔
محبت جتانا (اُر۔ محاورہ) اِظہارِ محبت کرنا۔ اُلفت ظاہر کرنا۔
محبت دِل لگی نہیں (اُر۔ مقولہ) عشق آسان نہیں۔
محبتِ دلی (قلبی) (ع۔ا۔مث) بے حد محبت۔ سچّا عشق۔
محبت رکھنا (اُر۔ محاورہ) دوستی رکھنا۔ چاہنا۔ پیار کرنا۔
محبت کا بھوکا (اُر۔ صف) محبت کا آرزو مند۔
محبت کا جوش (اُر۔ا۔مذ) ولولۂ عشق۔
محبت کا دَم بھرنا (اُر۔ محاورہ) اُلفت کا اِقرار کرنا۔ عشق ظاہر کرنا۔ دوستی کا دعویٰ کرنا۔
محبت کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) چاہنا۔ پیار کرنا۔ عاشق ہونا۔
محبتِ کُل (ع۔ا۔مث) سب سے برابر محبت۔ صوفیوں کی اِصطلاح میں سب کو دوست خیال کرنا۔
محبت کی نظر (نگاہ) ڈالنا (اُر۔ محاورہ) اُلفت کی نگاہ سے دیکھنا۔ نظرِ التفات کرنا۔ توجّہ کی نگاہ کرنا۔
محبت کے مارے سدا گور کنارے (اُر۔ مقولہ) عاشق ہمیشہ تکلیف میں رہتے ہیں۔
محبت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) خط یا چٹھی جو کسی عزیز کی طرف سے آئے۔
مَحْبَس (مَح۔بَس)(ع۔ا۔مذ) قید خانہ۔ زندان۔ جیل خانہ۔
مَحبُوب (مَح۔بُوب)(ع۔ صف) جس سے محبت کی جائے۔ پیارا۔ دوست۔ منظورِ نظر (۲) معشوق۔ دلدار۔ دِل رُبا۔ اُردو جمع: محبوب۔ محبوبوں۔
محبوبِ اِلٰہی (ع۔ا۔مذ) خُدا کا پیارا (۲) حضرت نظام الدین اولیاؒ کا لقب جن کا مزار دہلی میں مرجعِ خاص و عام ہے۔
محبوبِ خُدا (کبریا) (ع۔ا۔مذ) خُدا کا محبوب۔ پیغمبرِ اعظم ﷺ کا لقب۔
مَحبُوبَہ (مَح۔بُو۔بَہ)(ع۔ صف) محبوب کی تانیث۔ اُردو جمع: محبوباؤں۔ محبوبائیں۔
مَحبُوبی (مَح۔بُو۔بی)(ع۔ف۔ا۔مث) پیاراپن۔ معشوقی۔
مَحبُوبِیَّت (مَح۔بُو۔بی۔یَت)(ع۔ا۔مث) دیکھئے محبوبی۔
مَحبُوس (مَح۔بُوس)(ع۔ صف) حبس میں رکھا گیا۔ قید میں رکھا گیا۔ اسیر۔ زندانی۔ مُقیّد۔
مُحِبّی (م۔حِب۔بی)(یائے متکلم)(ع۔ صف) میرے محب۔ میرے دوست۔
مُحتاج (مُح۔تاج)(ع۔ صف)(۱) ضرورت مند۔ حاجت مند۔ طلب گار۔ خواہش مند۔ غریب۔ مُفلس (۲) لُولا۔ لنگڑا۔ اندھا۔ وہ شخص جس کے کسی عضو میں نقص ہو۔
محتاج خانہ (ع۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں غریب، اپاہج اور معذور رکھے جاتے ہیں۔ وہ مکان جہاں محتاجوں کی پرورش کی جاتی ہے۔
محتاج کرنا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) مفلس کرنا۔ دست نگر بنا دینا (۲) ہاتھ پاؤں توڑ دینا۔
محتاج ہونا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) حاجت مند ہونا۔ مُفلس ہونا۔ دست نگر ہونا (۲) اپاہج ہونا۔
مُحتاجی (مُحتاجگی) (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) اِفلاس۔ تنگ دستی۔ غریبی (۲) دست نگری (۳) مجبوری۔ ناچاری۔
مُحتاط (مُح۔تاط)(ع۔ صف)(۱) اِحتیاط کیا ہوا (۲) وہ شخص جو ہر مُعاملے میں اِحتیاط برتے۔ اِحتیاط سے چلنے والا۔ ہوشیار۔
مُحتَرِز (مُح۔تَ۔رِز)(ع۔ صف فاعلی) اِحتراز کرنے والا۔ پرہیز کرنے والا۔ اپنے آپ کو بچانے والا۔ ہوشیار۔ محتاط۔
مُحتَرِف (مُح۔تَ۔رِف)(ع۔ صف) پیشہ ور۔ اہلِ حرفہ۔
مُحتَرِق (مُح۔تَ۔رِق)(ع۔ صف مفعولی) جلا ہوا۔ جسے آگ لگی ہو۔
مُحتَرَم (مُح۔تَ۔رَم)(ع۔ صف مفعولی) اِحترام کیا گیا۔ مُعزّز۔ واجبُ التعظیم۔ بزرگ۔
مُحتَرَمہ (مُح۔تَ۔رَ۔مَہ)(ع۔ صف) محترم کی تانیث۔ قابلِ تعظیم عورت۔
مُحتَسِب (مُح۔تَ۔سِب)(ع۔ صف۔ وا۔مذ)(۱) حساب لینے والا (۲) اِحتساب کرنے والا۔ وہ حاکم جو خلافِ شرع باتوں کی ممانعت کرے۔ حاکمِ شرعی۔ مُفتی۔ قاضی۔ کوتوال۔
محتسب را درونِ خانہ چہ کار (ف۔ مثل) کسی کو دُوسرے کے گھر کے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

معاملات میں دخل دینے کا حق نہیں۔

مُحتشم (مُ۔ تَ۔ شم) (ع۔ صف مفعولی وا۔ مذ) اِحتشام والا۔ نوکر چاکر والا۔ اَمیر۔ دولت مند۔ رئیس۔ نواب۔

مُحتکِر (ع۔ صف) غلّے کا گرانی کی خاطر ذخیرہ کرنے والا سوداگر۔ ذخیرہ اَندوز۔

مُحتلِم (مُ۔ تَ۔ لِم) (ع۔ صف) جسے اِحتلام ہو جائے۔ جو سِنِ بلوغت کو پہنچ جائے۔

مُحتمَل (مُ۔ تَ۔ مَل) (ع۔ صف مفعولی) اِحتمال کیا گیا۔ شک کیا ہوا۔ مشکوک۔ مُشتبہ۔

مُحتمَلات (مُ۔ تَ۔ مَ۔ لات) (ع۔ ا۔ مذ) مُحتمل کی جمع۔ شُبہات۔

مُحتوِی (مُ۔ تَ۔ وِی) (ع۔ صف) احاطہ کرنے والا۔ گھیر لینے والا۔ شامل۔

مُحجّر (مُ۔ حَ۔ جَر) (ع۔ صف) جالی دار۔

محجُوب (مَح۔ جُوب) (ع۔ صف مفعولی) حجاب کیا ہوا۔ پردے میں۔ پوشیدہ۔ مخفی (۲) جو کسی کی میراث پانے سے محروم ہو (۳) شرمندہ۔ نادم۔ منفعل۔

مُحدّب (مُ۔ حَد۔ دَب) (ع۔ صف) بیچ میں سے اُبھرا ہوا۔ اُبھرواں۔ قُبّہ دار۔

مُحدّب شیشہ (ع۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا گول بیچ میں سے اُبھرا ہوا شیشہ جس کے ذریعے چیزیں بڑی معلوم ہوتی ہیں۔ اسے سُورج کے سامنے کیا جائے تو سُورج کی کرنیں اُس میں سے گزر کر ایک مرکز پر جمع ہو جاتی ہیں۔ اگر وہاں کوئی نازک چیز یا سیاہ کپڑا رکھا ہو تو وہ جل اُٹھتا ہے۔

مُحدِّث (مُ۔ حَد۔ دِث) (ع۔ ا۔ مذ) علمِ حدیث کا جاننے والا۔ فقیہ۔ جمع: مُحدِّثین۔

مُحدِث (مُح۔ دِث) (ع۔ صف فاعلی) (۱) نئی بات نکالنے والا (۲) بے وضو ہو جانے والا۔

محدُود (مَح۔ دُود) (ع۔ صف مفعولی) (۱) حد کیا گیا۔ گھرا ہوا۔ احاطہ کیا ہوا (۲) مقررہ۔ معیّنہ۔

محدود ذمہ داریاں (ع۔ ا۔ مث) مشترکہ سرمائے کی کمپنی کے حِصّہ داروں کی ذمہ داریاں۔ وہ ذمہ داریاں جو اُن کے حصص کی نامزد رقم تک محدود ہوں۔ (Limited Liabilities)۔

محدود کرنا (اُر۔ محاورہ) گھیر دینا۔ احاطہ کر دینا۔ باندھنا۔ روکنا۔

محذُوف (مَح۔ ذُوف) (ع۔ صف مفعولی) حذف کیا گیا۔ علیحدہ کیا ہوا۔ الگ کیا گیا۔ نکالا گیا۔

مِحراب (مِح۔ راب) (ع۔ ا۔ مث) (۱) (لغوی معنی) لڑنے کی جگہ (۲) (اِصطلاحی معنی) وہ قوس یا کمان نما جگہ جہاں امام کھڑا ہو کر نماز پڑھاتا ہے (۳) ڈاٹ۔ گول دروازہ (۴) کمرے میں سب سے اُونچی بیٹھنے کی جگہ (۵) حُجرۂ خاص۔ شاہی خلوت گاہ۔ جمع: محاریب۔ اُردو جمع: محرابوں۔ محرابیں۔

محرابِ تیغ (ع۔ ا۔ مث) شمشیر کا ٹیڑھا پھل۔

محراب دار (ع۔ ف۔ صف) کمان کی مانند۔ قوس نما۔ گول۔

محراب سُنانا (اُر۔ محاورہ) پُورا قرآن مجید سُنانا۔

محراب (گاہ) گہ (ع۔ ف۔ ا۔ مث) مسجد میں سجدہ کرنے کی جگہ۔

مِحرابی (ع۔ را۔ بی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) مسجد (۲) ایک قسم کی تلوار (۳) محراب کی شکل میں تراشی ہوئی ڈاڑھی (۴) (صف) محراب سے متعلق۔

مُحرَّر (مُ۔ حَ۔ رَر) (ع۔ صف مفعولی) لکھا ہوا۔ تحریر شُدہ۔

مُحرِّر (مُ۔ حَ۔ رِر) (ع۔ صف فاعلی) تحریر کرنے والا۔ لکھنے والا۔ کاتِب۔ راقِم۔ مُنشی۔ نویسندہ۔ جمع: محررین۔ محرّران۔

محرّرِ حسابات (ع۔ ا۔ مذ) وہ منشی جو حساب لکھنے پر مقرر ہو۔ (Accounts Clerk)۔

محرّر رسید (ع۔ ا۔ مذ) وہ منشی جو رسید دینے پر مامور ہو۔ (Receipt Clerk)۔

مُحرَّرہ (مُ۔ حَ۔ رَ۔ رَہ) (ع۔ صف مفعولی) تحریر کیا ہوا۔ لکھا ہوا۔ مرقومہ۔

مُحرِّری (مُ۔ حَ۔ رِ۔ رِی) (ع۔ ا۔ مث) تحریر کا کام۔ لکھنے کا کام۔ منشی گری (۲) محرّر کا عُہدہ۔

مُحرَّف (مُ۔ حَ۔ رَف) (ع۔ صف مفعولی) تحریف کیا گیا۔ مطلب سے پھیرا ہوا۔ ٹیڑھا۔ کج۔ اُلٹا (۲) بدلا ہوا۔ جگہ سے ہٹا ہوا۔

مُحرِّف (مُ۔ حَ۔ رِف) (ع۔ صف فاعلی) (۱) تحریف کرنے والا۔ بدلنے والا (۲) مذہب کو اپنے مفاد کا ذریعہ بنانے والا۔

مُحرِق (مُح۔ رِق) (ع۔ صف فاعلی) جلا دینے والا۔

مُحرَق (مُح۔ رَق) (ع۔ صف مفعولی) جلایا ہوا۔

مُحرِقہ (مُح۔ رِ۔ قہ) (ع۔ صف۔ مث) (۱) مُحرِق کی تانیث۔ جلانے والی (۲) ایک قسم کا میعادی بخار۔ دیکھئے تپِ مُحرقہ۔

مُحرِّک (مُ۔ حَ۔ رِک) (ع۔ صف فاعلی) (۱) حرکت دینے والا۔ تحریک کرنے والا۔ ہلانے والا (۲) اُبھارنے والا۔ اُکسانے والا۔ جمع: محرکین۔

محرَم (مَح۔ رَم) (ع۔ ا۔ مذ) ایسا قریبی رشتے دار جس کے ساتھ نکاح جائز نہ ہو (۲) وہ شخص جس سے پردہ ضروری نہ ہو (۳) شوہر (۴) رازدار۔ ہم راز۔ واقف۔ روشناس (۵) (اُر۔ ا۔ مث) اَنگیا کی کٹوری۔ اَنگیا۔ جمع: محارم۔

محرمِ اَسرار (ع۔ صف) پوشیدہ باتوں کا جاننے والا۔

محرمِ راز (ع۔ صف) راز سے آگاہ۔ ہم راز۔ راز دار۔

محرمِ کار (ع۔ صف) (۱) کسی کام سے واقف (۲) ماہر۔ تجربہ کار۔

محرم ہونا (اُر۔ محاورہ) واقف ہونا۔ جاننا۔ رازدار ہونا۔

مُحرِم (مُح۔ رِم) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) حج کے لئے اِحرام باندھنے والا۔

مُحرَّم (مُ۔ حَ۔ رَم) (ع۔ صف مفعولی) (۱) حرام کیا گیا (۲) تعظیم کیا گیا۔ عزت کیا گیا (۳) (ا۔ مذ) اسلامی سال کا پہلا مہینا۔ وہ مہینا جس میں حضرت امام حسین علیہ السلام شہید کئے گئے۔ ماتم کا مہینا۔ سوگ کا مہینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُحَرَّم کا سپاہی (اُر۔ا۔مذ) وہ شخص جو محرم میں حضرت امام حسینؑ کی مصیبت یاد کر کے لڑنے مرنے پر آمادہ ہو اور بعدازاں کچھ بھی نہیں۔ چند روزہ جوش دِکھانے والا۔ دو دِن کا بہادر (۲) وہ لڑکا جسے عورتیں منّت کے مُطابق محرم میں سبز کپڑے پہناتی ہیں۔

مُحَرَّم کی پیدائش (اُر۔صف) وہ شخص جو ایامِ محرم میں پیدا ہوا ہو (۲) (مجازاً) سوگی۔ دُکھی۔ رونی صورت والا۔ ہمیشہ غمگین اور رنجیدہ رہنے والا۔

مُحَرَّمات (مُ۔حَ۔رَ۔مات) (ع۔صف) مُحَرَّمہ کی جمع۔ ممنوع اَشیا۔ وہ باتیں جن سے روکا گیا ہو۔ منع کی ہوئی چیزیں۔

مَحْرَمات (مَ۔رَ۔مات) (ف۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کا سُوتی یا ریشمی کپڑا جس پر لال لال دھاریاں ہوتی ہیں (۲) گوٹے گوکھرو لہریئے اور سلمے ستارے سے مُرصّع کپڑا (۳) ایک قسم کا پشمینہ۔

مُحْرِمَہ (مُ۔رِ۔مَہ) (ع۔ا۔مث) مُحرِم کی تانیث۔ اِحرام باندھنے والی۔

مَحْرُور (مَ۔رُور) (ع۔صف مفعولی) حرارت والا۔ گرم (۲) آزادکردہ غلام۔

مَحرُورُ المِزاج (مَ۔رُو۔رُل۔مِ۔زاج) (ع۔صف) جس کے مزاج میں حرارت ہو۔ گرم طبیعت والا۔ تیز مزاج۔

مَحْرُوس (ع۔صف) (۱) محفوظ (۲) زیرِنگرانی۔ زیرِحفاظت۔

مَحْرُوسَہ (مَ۔رُو۔سَہ) (ع۔صف) محروس کی تانیث۔

مَحْرُوف (ع۔صف) اُلٹا کیا گیا۔

مَحْرُوق (مَ۔رُوق) (ع۔صف) جلا ہوا۔

مَحْرُوم (مَ۔رُوم) (ع۔صف) (۱) حرام کیا گیا۔ باز رکھا گیا (۲) بے نصیب۔ ناکام۔ نااُمید۔ مایُوس۔ نراش۔

مَحرُومُ الاِرْث (مَ۔رُو۔مُل۔اِرث) (ع۔صف) وراثت سے محروم رکھا گیا۔ وہ جسے وراثت سے خارج کر دیا جائے۔

محروم پھرنا (اُر۔محاورہ) مایُوس واپس ہونا۔

محروم رکھنا (اُر۔محاورہ) مایُوس رکھنا۔ باز رکھنا۔

محروم کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کا حق مار لینا۔ حق نہ دینا (۲) کسی کام سے روکنا۔

مَحْرُومی (مَحْرُومِیَّت) (مَ۔رُو۔می) (مَ۔رُو۔مِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) نااُمیدی۔ مایُوسی۔ ناکامی۔

مَحْزُون (مَ۔زُون) (ع۔صف) غمگین۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ دِل گیر۔ ملول۔

مُحْسِن (مُ۔سِن) (ع۔صف) (۱) اِحسان کرنے والا۔ بھلائی کرنے والا۔ سلوک کرنے والا (۲) سخی۔ فیّاض۔ مُربّی۔ سرپرست۔ معاون۔ مددگار۔ جمع: مُحسنین۔

محسن کُش (ع۔ف۔صف) اِحسان کرنے والے کے ساتھ بُرائی کرنے والا۔ ناشکرا۔ اِحسان نہ ماننے والا۔

مُحْسِنات (مُ۔سِ۔نات) (ع۔ا۔مث) مُحسنہ کی جمع۔ اچھائیاں۔ بھلائیاں۔ نیکیاں۔ خوبیاں (۲) اِحسانات۔ سلوک۔

مَحْسُوب (مَ۔سُوب) (ع۔صف) (۱) حساب کیا گیا۔ شمار کیا گیا (۲) وضع کیا گیا۔ حساب میں لگایا گیا۔

محسوب ہونا (اُر۔مص مُرکّب) حساب میں لگنا۔ وضع ہونا۔ مُجرا ہونا۔

مَحْسُود (مَ۔سُود) (ع۔صف مفعولی) جس سے حسد کیا جائے۔ حسد کیا گیا۔

مَحْسُوس (مَ۔سُوس) (ع۔صف مفعولی) وہ شئے جو حواسِ خمسہ میں سے کسی کے ذریعے معلوم ہو (۲) ظاہر۔ معلوم۔ آشکارا۔ (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

مَحْسُوسات (ع۔ا۔مذ) محسوس کی جمع۔ وہ چیزیں جو محسوس ہو سکیں۔

مَحْشَر (مَ۔شَر) (ع۔ا۔مذ) (۱) میدانِ حشر۔ قیامت کے دن اکٹھا ہونے کی جگہ (۲) قیامت۔

محشر آرا (ع۔ف۔صف) محشر کو سجانے والا۔ روزِ قیامت لوگوں کو اکٹھا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ۔

محشر بپا ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) قیامت برپا ہونا (۲) بڑا ہنگامہ ہونا۔

محشر خرام (ف۔صف) جس کا چلنا قیامت برپا کرے۔ شوخ رفتار۔ معشوق کے لئے مستعمل ہے۔

مَحْشَری (مَ۔شَ۔ری) (ع۔ف۔ا۔مذ) محشر کے لوگ۔

مَحْشُور (مَ۔شُور) (ع۔صف) حشر کیا گیا۔ قیامت میں اُٹھایا گیا۔

مُحَشّیٰ (مُ۔حَش۔شا) (ع۔صف) حاشیہ چڑھا ہوا۔ شرح کے ساتھ۔ مُشرّح۔

مُحَصِّل (مُ۔حَص۔صِل) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) وصول کرنے والا۔ محصول وصول کرنے والا (۲) (اُر۔ا۔مذ) تحصیل کا سپاہی (۳) تحصیل دار۔ جمع: محصلین۔ اُردو جمع: محصّل۔ محصلوں۔

مُحَصِّلی (مُ۔حَص۔صِ۔لی) (ع۔اُر۔ا۔مث) مُحصّل کا عُہدہ یا کام۔

مُحْصَن (مُ۔صَن) (ع۔صف مفعولی) (۱) جس کی حفاظت کی جائے (۲) پاک دامن۔ پارسا (۳) شادی شُدہ (۴) جس کے گرد دیوار بنائی جائے۔

مُحْصِن (ع۔صف فاعلی) (۱) بچانے والا۔ حفاظت کرنے والا (۲) نیک۔ پارسا۔

مُحْصَنات (مُ۔صَ۔نات) (ع۔صف۔مث) مُحصَنہ کی جمع۔

مُحْصَنَہ (مُ۔صَ۔نَہ) (ع۔صف) پارسا عورت۔ نیک بیوی۔

مَحْصُور (مَ۔صُور) (ع۔صف) حصر کیا گیا۔ گھرا ہوا۔ گھیرا ہوا۔ قلعہ بند۔ روکا ہوا۔ مُقیّد۔ جمع: محصورین۔

محصور کرنا (اُر۔محاورہ) گھیرنا۔ گھیرا ڈالنا۔ قلعہ بند کرنا۔

محصور ہونا (اُر۔محاورہ) گھر جانا۔ قلعہ بند ہو جانا۔ گھیرے میں آ جانا۔

مَحْصُورِین (مَ۔صُو۔رِین) (ع۔صف) محصور کی جمع۔ گھیرے ہوئے لوگ۔ قلعہ بند لوگ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَحصُول (مَح۔صُول) (ع۔ا۔مذ) (۱) زرِ خراج۔ زرِ مال گُزاری۔ ٹیکس (۲) لگان (۳) اُجرت۔ کرایہ (۴) آمدنی۔ جمع: محاصِل۔ اُر جمع: محصول۔ محصولوں۔

محصُول چُنگی (اُر۔ا۔مذ) وہ محصول جو میونسپل کمیٹی شہر کی حدود میں لانے والی چیزوں پر لگاتی ہے۔

محصُول ڈاک (اُر۔ا۔مذ) ڈاک خرچ۔ ڈاک کے ذریعے بھیجنے کی اُجرت۔ پوسٹیج۔

محصُولِ سائر (ع۔ا۔مذ) مختلف قسم کے محصول۔

مَحصُولی (مَح۔صُو۔لی) (ف۔ا۔مث) قابلِ محصول شئے۔ محصول لئے جانے کے قابل چیز (۲) (ا۔مث) وہ زمین جس کی مال گُزاری ادا کی جائے۔

مَحض (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔صف) (۱) نرا۔ خالص (۲) (متعلق فعل) صرف فقط۔ تمام۔ سرتاسر۔ سراسر۔

مَحضَر (مَح۔ضَر) (ع۔ا۔مذ) (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) وہ کاغذ جو قاضی کی مُہر سے مزیّن کیا گیا ہو (۳) وہ درخواست جس پر کسی بات کے لئے بہت سے لوگ اپنے دستخط اور مُہریں ثبت کریں اور حاکم کو بھیجیں۔ مجموعی عرض داشت۔ جمع: محاضر۔ اُردو جمع: محضر۔ محضروں۔

محضرِ خون (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ محضر جس پر کسی کے واجبُ القتل ہونے کی تصدیق کی گئی ہو۔ قتل نامہ (۲) وہ محضر جس سے کسی کا قتل کیا جانا ثابت کیا جائے۔

محضر نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) شہادتوں اور مُہروں سے تصدیق کیا ہوا کاغذ۔ متفقہ عرض داشت۔

مَحظُوظ (مَح۔ظوظ) (ع۔صف) (۱) بہرہ مند۔ نصیبہ ور (۲) مسرور۔ خوش و خرم۔ شاد۔ شادمان۔ مگن۔

مَحفِل (ع۔ا۔مث) مجلس۔ جلسہ۔ انجمن۔ جمع: محافل۔ اُر جمع: محفلوں۔ محفلیں۔

محفل برخاست ہونا (اُر۔مص مُرکّب) جلسہ ختم ہونا۔

محفل برہم ہونا (اُر۔مص مُرکّب) محفل کا بدمزہ ہونا۔ لوگوں کا چلا جانا۔ محفل خراب ہونا۔

محفل پر چھا جانا (اُر۔محاورہ) اہلِ محفل پر رُعب قائم کر لینا۔ محفل والوں پر رنگ جما لینا۔

محفل جمنا (اُر۔محاورہ) جلسہ ہونا۔ مجلس منعقد ہونا۔

محفلِ رقص و سرود (ع۔ف۔ا۔مث) ناچ گانے کی محفل۔

محفل سرد پڑنا (اُر۔محاورہ) جلسے کا بے رونق ہو جانا۔

محفلِ عروسی (ع۔ا۔مث) شادی کی محفل۔

محفل کرنا (اُر۔محاورہ) جلسہ کرنا۔ مجلس کرنا۔ سبھا جوڑنا۔

مَحفُوظ (مَح۔فوظ) (ع۔صف) (۱) حفاظت کیا گیا (۲) صحیح سلامت۔

مَحفُوظَہ (مَح۔فو۔ظہ) (ع۔صف) محفوظ کی تانیث۔

مَحق (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) مٹانا۔ محو کرنا۔ منسوخ کرنا (۲) جلانا۔

مُحِق (مُ۔حِق) (ع۔صف) (۱) سچ بولنے والا (۲) انصاف کرنے والا (۳) حق دار (۴) یقینی طور پر جاننے والا (۵) قدر کرنے والا۔

مُحَقَّر (مُ۔حَق۔قَر) (ع۔صف مفعولی) (۱) حقیر کیا گیا۔ ذلیل کیا گیا۔ حقیر (۲) کمینہ۔ ذلیل۔

مُحَقِّق (مُ۔حَق۔قِق) (ع۔صف فاعلی) (۱) تحقیق کرنے والا۔ وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے۔ حکیم۔ فلسفی (۲) جو درجہ حقیقت کو پہنچ گیا ہو۔ جمع: محققین۔

مُحَقَّق (مُ۔حَق۔قَق) (ع۔صف مفعولی) (۱) تحقیق کیا گیا (۲) مانا گیا۔ تسلیم کیا گیا۔ دُرست۔

مُحَقِّقانہ (مُ۔حَق۔قِ۔قا۔نہ) (ف۔ تابع فعل) (۱) تحقیق کی رُو سے (۲) صداقت کے اعتبار سے۔

مَحَک (مَ۔حَک) (ع۔ا۔مث) کسوٹی۔ وہ سیاہ پتھر جس پر سونا چاندی پرکھا جاتا ہے۔

مُحکَم (مُح۔کَم) (ع۔صف) مضبوط۔ مستحکم۔ پائیدار۔ مستقل۔ پکّا۔

مُحکَمات (مُح۔کَ۔مات) (ع۔ا۔مث) قرآن مجید کی وہ آیات جن کے معنی صاف اور واضح ہوں۔

مَحکَمہ (مَح۔کَ۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) حکم کرنے کی جگہ۔ عدالت۔ کچہری۔ دربار (۲) صیغہ۔ سررشتہ۔ اُردو جمع: محکمہ جات۔ محکموں۔ محکمے۔

مَحکُوک (مَح۔کوک) (ع۔صف) چھیلا گیا (۲) نگینہ جس پر کچھ کندہ کیا گیا ہو۔

مَحکُوم (مَح۔کوم) (ع۔صف) (۱) حکم کیا گیا (۲) تابع۔ ماتحت۔ زیرِ فرمان (۳) رعیت۔ رعایا۔ نوکر چاکر۔ جمع: محکومین۔

مَحکُومَہ (مَح۔کو۔مَہ) (ع۔صف) محکوم کی تانیث۔

مَحَل (مَ۔حَل) (ع۔ا۔مذ) (۱) منزل۔ مکان۔ گھر (۲) موقع۔ وقت (۳) بادشاہوں، نوابوں، راجاؤں یا امیروں کا مکان۔ قصر۔ اَیوان (۴) (اُر۔ا۔مث) ملکہ۔ بیگم۔ رانی۔ بیوی۔ جمع: محلّات۔

محل آیا جی محل آیا، سر مُونڈی دو لونڈیاں۔ اسباب آیا جی اسباب آیا، گلا ٹوٹی دو ہانڈیاں (اُر۔مثل) دھوم دھام تو بہت مگر دیا کچھ نہیں۔

محل اُٹھانا (اُر۔محاورہ) عالی شان مکان بنانا۔

محل پانا (اُر۔محاورہ) موقع پانا۔

محلِ خاص (اُر۔ا۔مث) تمام بیگمات یا رانیوں میں سے چہیتی بیگم۔ سب بیگموں میں افضل۔ پٹ رانی۔ بڑی رانی۔

محل خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) رئیسوں کا حرم۔ زنان خانہ۔

محلِ خطر (ع۔ف۔ا۔مذ) خطرے کی جگہ۔ خطرے کا موقع۔

محل دار (ع۔ف۔ا۔مذ) محل کی حفاظت کرنے والا۔ ایک عُہدہ دار جو محل کا محافظ ہوتا تھا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

محل دارنی (اُر۔اِمث) محل کی پہرے دار عورت۔ قلماقنی۔

محل سرا (ع۔ف۔اِمث) بادشاہوں' نوابوں اور راجاؤں کا زنان خانہ۔ حرم سرا۔

محلِ نظر (ع۔مف) فکر و تامّل کی جگہ۔ جائے غور۔ موقعِ اِعتراض۔

مَحلّات (مَ۔حَل۔لات) (ع۔اِمذ) محل کی جمع۔ محلّہ کی جمع۔

مَحلّاتی (مَ۔حَل۔لا۔تی) (ع۔مف) محلّات سے متعلق۔

محلّاتی سازشیں (ع۔اُر۔اِمث) وہ سازشیں جو حصولِ اقتدار کے لئے اَندرونِ محل کی جاتی ہیں۔ (Palace Intrigues)۔

مُحلَّل (مُ۔حَل۔لَل) (ع۔صف مفعولی) حل کیا ہوا۔ تحلیل کیا ہوا۔ گھلایا ہوا۔

مُحلِّل (مُ۔حَل۔لِل) (ع۔صف فاعلی) حل کر دینے والی چیز۔ گھلا دینے والی شئے۔

مَحلُول (مَح۔لُول) (ع۔صف مفعولی۔واِمذ) حل کیا ہوا۔ جب دو یا دو سے زیادہ اَشیا آپس میں اِس طرح گھل مِل جائیں کہ بظاہر ایک ہی نظر آئیں تو اِسے اُن چیزوں کا محلول کہتے ہیں۔ (Solution)۔

مَحلّہ (مَ۔حَل۔لہ) (ع۔اِمذ) (۱) اُترنے کی جگہ۔ منزل۔ ٹھکانا (۲) شہر کا کوئی حصہ۔ ٹولا۔ پورہ۔ کوچہ۔ گلی۔ جمع: محلّات۔ اُردو جمع: محلّوں۔ محلّے۔

محلّہ (محلّے) دار (ع۔ف۔اِمذ) (۱) محلّے کا چودھری۔ محلّے کا بڑا آدمی۔ میر محلّہ (۲) ایک محلّے کے رہنے والے (۳) خاکروب۔ مہتر۔ بھنگی۔

محلّہ (محلّے) داری (اُر۔اِمث) محلّہ دار ہونا۔

محلّہ دیکھنا (کمانا) (اُر۔محاورہ) بھنگیوں کا محلّے میں صفائی کرنا۔

مُحلّی (مُ۔حَل۔لی) (اُر۔اِمذ) خواجہ۔ خوجہ۔ مخنث۔ وہ نامرد آدمی جو شاہی حرم سرا میں آنے جانے کا مجاز ہوتا تھا۔

مُحلّٰی (مُ۔حَل۔لا) (ع۔صف) آراستہ کیا ہوا۔

مُحمَّد (مُ۔حَم۔مَد) (ع۔صف) (۱) بہت تعریف کیا گیا۔ نہایت سراہا گیا (۲) (اِمذ) حضرت پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اِسمِ مبارک۔

مَحمِدَت (مَح۔مِ۔دَت) (ع۔اِمث) تعریف۔ توصیف۔ ستائش۔

مُحمّدی (مُ۔حَم۔مَ۔دی) (ع۔صف) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے نسبت رکھنے والا۔ آں حضرت ﷺ کا پیرو۔ مُسلمان۔

مَحمِل (مَح۔مِل) (ع۔اِمذ) کجاوہ۔ اُونٹ کا ہودہ۔ جمع: محامل۔

محمل نشین (ع۔ف۔صف) کجاوے میں بیٹھا ہوا۔ محمل میں بیٹھنے والا۔

مَحمُود (مَح۔مُود) (ع۔صف) تعریف کیا گیا۔ سراہا گیا (۲) رسولِ اکرم ﷺ کا صفاتی نام۔

محمود کے رہے' مسعود کے انڈے دے (اُر۔مثل) آرام کسی کے ہاں پائے اور فائدہ کسی کو پہنچائے۔

مَحمُودی (مَح۔مُو۔دی) (ع۔اِمث) (۱) ایک قسم کی باریک ململ (۲) عرب کا ایک نُقرئی سِکّہ (۳) افغانوں کا ایک قبیلہ۔

مَحمُول (مَح۔مُول) (ع۔صف) حمل کیا گیا۔ لادا گیا۔ اُٹھایا گیا (۲) قیاس گمان کیا گیا۔ ظن کیا گیا (۳) علمِ منطق میں وہ خبر جو مبتدا کے مقابل واقع ہوتی ہے۔

محمول علیہ (ع۔صف) جس پر قیاس کیا جائے۔

مَحمُولہ (مَح۔مُو۔لہ) (ع۔صف) محمول کی تانیث۔

مِحَن (مِ۔حَن) (ع۔اِمث) محنت کی جمع۔ تکلیفیں۔ بلائیں۔

مِحنت (مِح۔نَت) (ع۔اِمث) رنج۔ دُکھ۔ تکلیف (۲) سرگرمی۔ کوشش۔ مشقت۔ ریاضت (۳) مزدوری۔ کام کاج۔ پیدائشِ دولت کا' زمین کے بعد' دُوسرا اہم عامل (۴) کام کی اُجرت۔ جمع: مِحَن۔ اُردو جمع: محنتوں۔ محنتیں۔

محنت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) تکلیف برداشت کرنا۔ دُکھ سہنا۔ جان مارنا۔ کوشش کرنا۔

محنت اکارت جانا (اُر۔مص مُرکب) محنت برباد جانا۔ محنت کا ضائع جانا۔ کیا کرایا خاک میں مِل جانا۔

محنت برباد گناہ لازم (اُر۔مقولہ) محنت اکارت گئی۔ اُلٹا اِلزام آیا۔

محنت ٹھکانے لگنا (اُر۔محاورہ) کوشش کا صِلہ ملنا۔

محنت رائیگاں (جانا) ہونا (اُر۔محاورہ) محنت کا کچھ صِلہ نہ ملنا۔

محنتِ شاقّہ (ع۔اِمث) سخت محنت۔ دُشوار کام۔ سعیِ بلیغ۔

محنت کرنا (اُر۔مص مُرکب) (۱) کام کرنا۔ مزدوری کرنا (۲) کوشش کرنا (۳) کاشت کرنا۔

محنت کش (ک پر زبر) (ع۔ف۔صف۔واِمذ) محنت کرنے والا۔ جفاکش۔ مزدور۔

محنت کو راحت ہے (اُر۔مقولہ) محنت سے ہی اِنسان ترقی کرتا ہے۔

مِحنتانہ (مِح۔نَ۔تا۔نہ) (ع۔اُر۔اِمذ) محنت کا صِلہ۔ وکیل کی فیس۔

مِحنتی (مِح۔نَ۔تی) (اُر۔صف) محنت کرنے والا۔ جفاکش (۲) مزدور۔ قلی۔

مَحو (فتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (ع۔صف) زائل۔ دُور۔ گُم۔ معدوم۔ مِٹا ہوا۔ فنا (۲) فریفتہ۔ عاشق (۳) چھپا ہوا۔ مِٹایا ہوا۔

محو کر دینا (اُر۔مص مُرکب) مِٹا دینا۔ دُور کر دینا۔ گُم کر دینا (۲) بُھلا دینا (۳) متحیّر کر دینا۔ حیران کر دینا (۴) عاشق کر لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ موہ لینا۔

محو ہو جانا (اُر۔مص مُرکب) (۱) فکر میں ڈُوب جانا (۲) ہٹ جانا۔ گُم ہو جانا۔ غائب ہو جانا (۳) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا (۴) حیران ہو جانا۔

مِحوَر (مِح۔وَر) (ع۔اِمذ) دُھرا جس پر پہیا گردش کرتا ہے۔ کِیلی۔

محورِ زمین (ع۔ف۔اِمذ) قطبین کے درمیان وہ فرضی خط جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے۔

مِحوَری (مِح۔وَ۔ری) (ع۔صف) محور سے متعلق۔

محوری طاقتیں (اُر۔اِمث) دُوسری جنگِ عظیم میں نازی جرمنی اور فسطائی اٹلی کے اِتحاد کا نام۔ (Axis Powers)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُحَوَّل (مُحَوَّلہ) (مُ۔حَوْ۔وَل) (مُ۔حَوْ۔وَ۔لَہ) (ع۔ صف مفعولی) حوالے کیا گیا۔ سپرد کیا گیا (۲) حوالہ دیا گیا۔

مُحَوّلہ بالا (ع۔ف۔ صف) جس کا اُوپر حوالہ دیا گیا ہے۔ متذکرہ بالا۔ مذکورہ بالا۔ مرقومہ بالا۔

مُحَوّلہ حاشیہ (ع۔ف۔ا۔مذ) جس کا حوالہ حاشیے پر دیا گیا ہو۔

مَحْوِیَّت (مَحْ۔وِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) خیال میں گُم یا غرق ہونا۔ اِستغراق۔

مُحْیِی (مُ۔حْی) (ع۔ صف) (۱) مخلوق کو حیات بخشنے والا۔ زندہ کرنے والا (۲) خُدائے تعالیٰ کا ایک نام۔

مُحْیُ الدّین (ع۔ صف) (۱) دین کو زندہ کرنے والا (۲) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا لقب (۳) شہنشاہ اورنگ زیب کا نام۔

مُحَیِّر (مُ۔حَیْ۔یِر) (ع۔ صف) حیران کرنے والا۔ تعجب میں ڈالنے والا۔

مُحَیِّرُ العُقول (مُ۔حَیْ۔یِ۔رُل۔عُ۔قُول) (ع۔ صف) عقلوں کو حیرانی میں ڈالنے والا۔ تعجب میں ڈالنے والا۔ عجیب و غریب۔

مُحِیط (مُ۔حِیط) (ع۔ صف) (۱) احاطہ کرنے والا۔ گھیرنے والا (۲) (ا۔مذ) دائرے کا گول خط (۳) دَور۔ چکر۔ گھیرا۔ گردا۔

مُحیط ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) احاطہ کرنا۔ گھیر لینا (۲) حاوی ہونا۔ غالب ہونا۔ چھا جانا۔

مُحِیل (مُ۔حِیل) (ع۔ صف) فریبی۔ مکار۔ حیلہ گر۔

م۔خ

مُخ (ع۔ا۔مذ) مغزِ سر۔ گُودا۔

مُخابَرہ (مُ۔خا۔بَ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) خبر رسانی۔ باہم خبریں پہنچانا۔

مُخادِم (مُ۔خا۔دِم) (ع۔ صف۔وا۔مذ) مخدوم کی جمع۔

مَخارِج (مَ۔خا۔رِج) (ع۔ا۔مذ) مخرج کی جمع۔

مَخازِن (مَ۔خا۔زِن) (ع۔ا۔مذ) مخزن کی جمع۔

مُخاصِم (مُ۔خا۔صِم) (ع۔ صف) خصومت کرنے والا۔ دُشمنی کرنے والا۔ دُشمن۔ جمع: مُخاصِمین۔

مُخاصِمانہ (مُ۔خا۔صِ۔مانَہ) (ع۔ف۔ صف) دُشمنی سے بھرا ہوا۔

مُخاصَمَت (مُ۔خا۔صَ۔مَت) (ع۔ا۔مث) دُشمنی۔ مخالفت۔ عداوت۔ لاگ۔ بَیر۔ اُردو جمع: مخاصمتوں۔ مخاصمتیں۔

مُخاطَب (مُ۔خا۔طَب) (ع۔ صف مفعولی) جسے خطاب کیا جائے۔ جس سے بات کی جائے۔ جمع: مخاطبین۔

مُخاطِب (مُ۔خا۔طِب) (ع۔ صف فاعلی) خطاب کرنے والا۔ بات کرنے والا۔ بولنے والا۔ جمع: مخاطِبین۔

مُخاطب ہونا (اَر۔ محاورہ) متوجہ ہونا۔ خطاب کرنا۔ بات کرنا۔

مُخاطَبَت (مُ۔خا۔طَ۔بَت) (ع۔ا۔مث) (۱) ایک دُوسرے کو مخاطب کرنا۔ (۲) کلام۔ بات۔

مُخاطَرہ (مُ۔خا۔طَ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ڈر۔ خوف۔ اَندیشہ۔ جوکھوں (۲) وہ بات جو ذہن میں آجائے۔

مُخافات (مُ۔خا۔فات) (ع۔ا۔مث) مخافت کی جمع۔ خطرے۔ اندیشے۔ خدشے۔

مُخافَت (مُ۔خا۔فَت) (ع۔ا۔مث) خوف۔ اَندیشہ۔ ڈر۔ خطرہ۔

مُخالَطَت (مُ۔خا۔لَ۔طَت) (ع۔ا۔مذ) باہم اِختلاط۔ میل جول۔ دوستی۔ میل ملاپ۔ اِتحاد۔

مُخالِف (مُ۔خا۔لِف) (ع۔ صف۔وا۔مذ) دُشمن۔ عدو۔ بَیری (۲) خلاف۔ برعکس۔ اُلٹا۔ جمع: مخالفین۔ اُردو جمع: مخالف۔ مخالفوں۔

مُخالف ہونا (اَر۔مص مُرکّب) خلاف ہونا۔ دُشمن ہونا۔ باغی ہونا۔

مُخالَفَت (مُ۔خا۔لَ۔فَت) (ع۔ا۔مث) (۱) دُشمنی۔ عداوت۔ رُوگردانی (۲) ضِد (۳) اِختلاف۔ کشیدگی۔ اُردو جمع: مخالفتوں۔ خالفتیں۔

مُخالفت کرنا (اَر۔مص مُرکّب) اِختلاف کرنا۔ اعتراض کرنا۔

مُخالفت ہونا (اَر۔مص مُرکّب) اَن بَن ہونا۔ باہم کشیدگی ہونا۔

مُخْبِر (مُخ۔بِر) (ع۔ صف۔وا۔مذ) خبر دینے والا۔ جاسُوس۔ خُفیہ نویس۔ جمع: مُخبرین۔ اُردو جمع: مُخبر۔ مُخبروں۔

مُخبرِ صادِق (ع۔ا۔مذ) سچا مُخبر۔ (کنایۃً) حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

مُخْبِری (مُخ۔بِ۔ری) (ف۔ا۔مث) خُفیہ خبر رسانی۔ جاسُوسی۔

مَخبُوط (مَخ۔بُوط) (ع۔ صف) خبطی۔ جنونی۔ مجنون۔ بدحواس۔ سودائی۔

مخبوطُ الحواس (مَخ۔بُو۔طُل۔حَ۔واس) (ع۔ صف) دیوانہ۔ پاگل۔ سودائی۔ حواس باختہ۔

مُختار (مُخ۔تار) (ع۔ صف۔وا۔مذ) (۱) جسے کوئی اِختیار دیا گیا ہو۔ بااختیار۔ مجاز (۲) سربراہ کار۔ ولی۔ سرپرست (۳) گماشتہ۔ وکیل۔

مختارِ خاص (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کے ذمّے کوئی خاص کام کیا گیا ہو۔

مختارِ ریاست (ع۔ا۔مذ) ریاست یا جائیداد وغیرہ کا منتظم۔

مختارِ عام (ع۔ا۔مذ) وہ گماشتہ جسے ہر بات کے کرنے کا اِختیار دیا گیا ہو۔ وہ شخص جس کے نام مختار نامہء عام ہو۔

مختارِ عدالت (ع۔ا۔مذ) کچہری کا مختار۔ پبلک اٹارنی۔

مختارِ کار (ع۔ا۔مذ) کام کرنے کا مجاز۔ سربراہ کار۔ مہتمم۔

مختار کرنا (اَر۔ محاورہ) اِختیار دینا۔ اجازت دینا۔ مجاز ٹھہرانا۔

مختارِ کُل (مختارِ مُطلق) (ع۔ا۔مذ) پُورا صاحب اِختیار۔ مکمل بااختیار۔ جسے قطعی اختیار حاصل ہو۔ مُدارالمہام۔

مختار نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تحریر جس کے ذریعے کسی شخص کو مختار بنایا گیا ہو۔

مختار نامہء خاص (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی خاص کام یا اَمر کی بابت تحریر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مختار نامۂ عام (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی شخص کو عام اُمور کی نسبت مختار کر دینے کی تحریر۔
مختار ہونا (اُر۔محاورہ) بااختیار ہونا۔ مجاز ہونا۔
مُختاری (مُخ۔تا۔ری)(ع۔ا۔مث) سربراہی۔ مختاری کا پیشہ یا کام۔
مختاری کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) مختاری کا پیشہ کرنا (۲) اِنتظام کرنا۔
مُختال (مُخ۔تال)(ع۔صف) مغرور۔ متکبر۔ جو اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھے۔
مُختَتَم (مُخ۔تَ۔تَم)(ع۔صف مفعولی) ختم کیا گیا۔
مُختَتِم (مُخ۔تَ۔تِم)(ع۔صف فاعلی) ختم کرنے والا۔
مُختَرِع (مُخ۔تَ۔رِع)(ع۔صف فاعلی) اختراع کرنے والا۔ اِیجاد کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔ مُوجد۔ واضع۔ بانی۔ جمع: مخترعین۔
مُختَرَع (مُخ۔تَ۔رَع)(ع۔صف مفعولی)(۱) اختراع کیا گیا۔ اِیجاد کیا گیا (۲) اِیجاد کی ہوئی یا گھڑی ہوئی کوئی چیز یا لفظ۔
مُختَرَعات (مُخ۔تَ۔رَ۔عات)(ع۔ا۔مث) وہ چیزیں جو اِیجاد کی گئی ہوں۔
مُختَص (مُخ۔تَص)(ع۔صف) مخصُوص کیا گیا۔ خاص کیا گیا۔ چُنا گیا۔
مُختَصَر (مُخ۔تَ۔صَر)(ع۔صف مفعولی) اِختصار کیا گیا۔ خُلاصہ۔ اِنتخاب۔ مُجمل۔ تھوڑا (۲) چھوٹا۔
مختصری بات (ع۔ا۔مث) وہ بات جس میں طوالت نہ ہو۔
مختصر طور پر (اُر۔تابع فعل) قِصہ کوتاہ۔ اِختصار سے۔
مختصر کرنا (اُر۔مص مُرکب) اِختصار کرنا۔ کم کرنا۔ گھٹانا۔ چھانٹنا۔
مختصر نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) دیکھئے اِختصار نویس۔
مُختَصَراً (مُخ۔تَ۔صَ۔رَن)(ع۔تابع فعل) اختصار کے ساتھ۔ مختصر طور پر۔
مُختَفی (مُخ۔تَ۔فی)(ع۔صف) پوشیدہ۔ خُفیہ۔ مخفی۔
مُختَل (مُخ۔تَل)(ع۔صف مفعولی) بگڑا ہوا۔ درہم برہم۔
مُختَلُّ الحواس (مُخ۔تَ۔لُل۔حَ۔واس)(ع۔صف) حواس باختہ۔ مخبوط الحواس۔ وہ شخص جس کے اوسان میں فتور آ گیا ہو۔ فاترُالعقل۔
مُختَلَط (مُخ۔تَ۔لَط)(ع۔صف مفعولی) ملا ہوا۔ گڈمڈ۔
مُختَلِط (ع۔صف فاعلی) اِختلاط کرنے والا (۲) نامعلوم۔ گمنام (شجرۂ نسب)۔
مُختَلِف (مُخ۔تَ۔لِف)(ع۔صف فاعلی)(۱) علیحدہ۔ جُدا (۲) قِسم قِسم کا۔ طرح طرح کا۔
مُختَلِفُ الاَضلاع (مُخ۔تَ۔لِ۔فُل۔اَض۔لاع) (ع۔صف) وہ مثلث جس کے اَضلاع یا پہلو ایک جیسے نہ ہو۔
مُختَلِفُ الطَّبائع (مُخ۔تَ۔لِ۔فُط۔طَ۔با۔اِع) (ع۔صف) قسم قسم کی طبیعتوں کے۔
مُختَلِفُ العقائد (مُخ۔تَ۔لِ۔فُل۔عَ۔قا۔اِد) (ع۔صف) الگ الگ عقیدوں کے۔

مُختَلَف (مُخ۔تَ۔لَف)(ع۔صف مفعولی) اِختلاف کیا گیا۔
مختلف فِیہ (بفتحِ لام)(ع۔صف) وہ جس میں اِختلاف ہو جیسے بُلبُل کی تذکیر و تانیث مختلف فیہ ہے۔
مَختُوم (مَخ۔تُوم)(ع۔صف مفعولی) مُہر کیا ہوا۔ مُہر شُدہ (۲) بند کیا ہوا۔ مُقفل۔
مَختُون (مَخ۔تُون)(ع۔صف مفعولی) ختنہ کیا ہوا۔
مُخَدَّر (مُ۔خَد۔دَر)(ع۔صف مفعولی) پردے میں رکھا ہوا۔ چُھپا ہوا۔ پردہ نشین۔ پردہ دار۔
مُخَدِّر (مُ۔خَد۔دِر)(ع۔صف فاعلی) بے حِس کر دینے والا۔ سُن کرنے والا (۲) نیند لانے والا۔ خواب آور۔
مُخَدَّرات (مُ۔خَد۔دَ۔رات) (ع۔ا۔مث) مُخدّر کی جمع۔ پردہ نشین خواتین۔ نیک و پارسا عورتیں۔
مُخَدِّرات (مُ۔خَد۔دِ۔رات) (ع۔ا۔مث) سُن کر دینے والی دوائیں۔ خواب آور دوائیں۔
مَخدُوش (مَخ۔دُوش) (اُر۔صف) خدشے سے بھرا ہوا۔ پُرخطر۔ شک و شُبہ کیا ہوا۔ وَسوسہ کیا ہوا۔ غلط العام ہے۔ خدشہ سے اسم مفعول بنایا گیا ہے۔
مَخدُوم (مَخ۔دُوم) (ع۔صف مفعولی) خدمت کیا گیا۔ قابلِ تعظیم۔ بُزرگ۔ آقا۔ مالک۔ ولی نعمت۔ مُربّی۔
مَخدُومہ (مَخ۔دُو۔مَہ)(ع۔صف) مخدُوم کی تانیث۔
مَخدُومِیَّت (مَخ۔دُو۔مِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) مخدوم ہونے کی حالت یا کیفیت۔
مَخذُول (ع۔صف مفعولی) ذلیل کیا گیا۔ ذلیل و خوار۔
مُخَرَّب (مُ۔خَر۔رَب)(ع۔صف مفعولی) خراب شُدہ۔ بگڑا ہوا۔
مُخَرِّب (مُ۔خَر۔رِب)(ع۔صف فاعلی) خراب کرنے والا۔ برباد کرنے والا۔
مُخَرِّبُ الاَخلاق (مُ۔خَر۔رِ۔بُل۔اَخ۔لاق)(ع۔صف) اَخلاق کو خراب کرنے والا۔
مَخرَج (مَخ۔رَج)(ع۔ا۔مذ) خارج ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ۔ منبع۔ مصدر (۲) اصل۔ جڑ۔ مادّہ۔ جمع: مخارج۔
مَخرُوط (مَخ۔رُوط) (ع۔صف مفعولی)(۱) چھیلا گیا۔ تراشا گیا (۲) گاجر کی شکل کا۔ گاؤدُم۔
مَخرُوطی (مَخ۔رُو۔طی)(ع۔صف) گاؤدُم۔ گاجر کی شکل کا۔
مَخزَن (مَخ۔زَن) (ع۔ا۔مذ) خزانے کی جگہ۔ جمع کرنے کی جگہ۔ خزانہ۔ گودام۔ ذخیرہ۔ اسٹور۔ جمع: مخازِن۔
مَخزَنُ الاَسرار (مَخ۔زَ۔نُل۔اَس۔رار) (ع۔ا۔مذ) بھیدوں کا ذخیرہ۔ وہ جسے بہت سے راز معلوم ہوں۔
مَخزَنُ العُلوم (ع۔ا۔مذ) ایک قسم کی کتاب جس میں مختلف علوم کا تذکرہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہو۔ (Encyclopedia)۔

مَخزُوم (ع۔ صف مفعولی) جس کی ناک چھدی ہو (۲) عرب کے ایک قبیلے کا نام۔

مَخزُون (ع۔ صف) خزانے میں رکھا گیا۔ شاملِ خزانہ۔

مَخزُونَہ (ع۔ صف) مخزون کی تانیث۔ خزانے میں رکھی ہوئی چیز۔ گڑی ہوئی چیز۔ دفینہ۔

مَخصُوص (مَخ۔ صُوص) (ع۔ صف مفعولی) خاص کیا گیا۔ نامزد کیا گیا۔

مخصوص کرنا (اُر۔ مص مُرکب) خاص کرنا۔ نامزد کرنا۔

مُخَضِّب (مُ۔ خَض۔ ضِب) (ع۔ صف) خضاب لگانے والا۔ وسمہ لگانے والا۔ رنگنے والا۔

مُخضَّر (مُ۔ خَض۔ ضَر) (ع۔ صف مفعولی) سبز۔ سرسبز (۲) مُبارک۔ بابرکت۔

مُخَضرَم (مُخ۔ ضَ۔ رَم) (ع۔ صف مفعولی) لونڈی کا بچہ جسے باپ کا نام معلوم نہ ہو (۲) جس نے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانے دیکھے ہوں۔

مُخَطَّط (مُ۔ خط۔ طط) (ع۔ صف مفعولی) خط والا۔ لکیروں والا۔ وہ چیز جس پر دھاریاں پڑی ہوں۔ دھاری والا۔

مَخطُوب (ع۔ صف مفعولی) (۱) منسوب (۲) وعدہ کیا گیا۔

مَخطُوبَہ (مَخ۔ طُو۔ بَہ) (ع۔ صف۔ مث) وہ عورت جس کی منگنی ہو گئی ہو۔

مَخطُور (مَخ۔ طُور) (ع۔ صف مفعولی) (۱) خطرہ کیا گیا۔ اندیشہ کیا گیا (۲) وہ بات جو دل میں گزرے۔ دل میں پیدا ہونے والا خیال (۳) خطرناک۔

مَخطُورات (مَخ۔ طُو۔ رات) (ع۔ ا۔ مذ) مخطور کی جمع۔ دلی خطرے۔ اندیشے۔

مُخطِی (مُخ۔ طی) (ع۔ صف فاعلی) جس سے بے ارادہ خطا ہو جائے۔ وہ جو غلطی سے خطا کرے۔

مُخَفَّف (مُ۔ خف۔ فَف) (ع۔ صف) تخفیف کیا گیا۔ کم کیا گیا۔ گھٹایا گیا۔ اختصار کیا گیا (۲) وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف کم کیا گیا ہو جیسے بود سے بُد۔

مَخفی (مَخ۔ فی) (ع۔ صف) چُھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ ڈھکا۔

مخفی رکھنا (کرنا) (اُر۔ مص مُرکب) چُھپانا۔ پوشیدہ رکھنا۔

مخفی نہ رہے (اُر۔ روزمرّہ) چُھپا نہ رہے۔ واضح ہو۔ معلوم ہو۔

مُخِل (مُ۔ خِل) (ع۔ صف فاعلی) (۱) خلل ڈالنے والا (۲) رخنہ انداز۔ مُفسِد۔ فتنہ پرداز۔

مخل ہونا (اُر۔ مص مُرکب) خلل ڈالنا۔ خلل انداز ہونا۔ ڈسٹرب کرنا۔

مُخَلّا (مُ۔ خَل۔ لا) (ف۔ صف مفعولی) دیکھیے مُخلّی۔

مُخَلَّد (مُ۔ خَل۔ لد) (ع۔ صف مفعولی) (۱) ہمیشہ کا۔ دائمی (۲) جو بڑھاپے میں بھی کام کے لائق ہو۔

مُخلِص (مُخ۔ لِص) (ع۔ صف فاعلی) خالص۔ بے میل۔ سچا۔ صادِق۔ راست باز (۲) سچا دوست۔ یارِ صادق۔ جمع: مُخلصین۔

مُخلِصانَہ (مُخ۔ لِ۔ صا۔ نَہ) (ف۔ تابع فعل) خلوص سے۔ اخلاص کے ساتھ۔ سچے دل سے۔ سچی ہمدردی کے طور پر۔

مَخلَصی (مَخ۔ لَ۔ صی) (ف۔ ا۔ مث) نجات۔ چھٹکارا۔ رہائی۔

مُخَلَّط (مُ۔ خَل۔ لَط) (ع۔ صف مفعولی) اچھی طرح ملا ہوا۔

مُخَلَّع (مُ۔ خَل۔ لَع) (ع۔ صف مفعولی) خلعت دیا گیا۔ خلعت پہنایا گیا۔

مَخلُوط (مَخ۔ لُوط) (ع۔ صف مفعولی) ملا جلا۔ گڈ مڈ۔

مخلوطُ النَّسل (مَخ۔ لُو۔ طُن۔ نَسل) (ع۔ صف) وہ شخص جو ایک نسل سے نہ ہو۔ دوغلا۔

مَخلُوق (مَخ۔ لُوق) (ع۔ صف مفعولی) خلق کیا گیا۔ پیدا کیا ہوا (۲) (ا۔ مث) خلق۔ خلقت۔ کائنات۔ دُنیا۔ سنسار۔ جمع: مخلوقات۔

مُخَلّی (مُ۔ خَل۔ لا) (ع۔ صف) خالی کیا گیا۔ آزاد کیا گیا۔ رہا کیا گیا۔

مُخَلّی بالطّبع (بط۔ طَبع) (ع۔ صف) طبیعت پر چھوڑا گیا۔ بے تکلّف۔ آزاد۔

مُخَمَّر (مُ۔ خَم۔ مَر) (ع۔ صف) خمیر کیا گیا۔ خمیر اُٹھایا گیا۔ گوندھا ہوا۔

مُخَمِّر (مُ۔ خَم۔ مِر) (ع۔ صف فاعلی) خمیر کرنے والا۔

مُخَمَّس (مُ۔ خَم۔ مَس) (ع۔ صف مفعولی) پنج گوشہ۔ پانچ ضلعوں والی شکل (۲) (ا۔ مذ) وہ نظم جس میں ہر بند پانچ مصرعوں کا ہو۔

مُخَمَّسات (مُ۔ خَم۔ مَ۔ سات) (ع۔ ا۔ مذ و مث) مُخَمَّس کی جمع۔

مَخمَصَہ (مَخ۔ مَ۔ صَہ) (ع۔ ا۔ مذ) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ جھنجھٹ۔ جمع: مخمصوں۔ مخمصے۔

مَخمَصے (مَخ۔ مَ۔ صے) (اُر۔ ا۔ مذ) مخمصہ کی جمع (۲) مخمصہ کی مغیرہ صورت۔

مخمصے میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑے میں پڑنا۔ عذاب میں گرفتار ہونا۔ مشکل میں پھنسنا۔

مَخمَل (مَخ۔ مَل) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ایک نہایت مُلائم روئیں دار کپڑا (۲) ایک سُرخ اور بہت مُلائم پُھول۔

مخمل کاشانی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ایک اعلیٰ قسم کی مخمل۔

مَخمَلی (مَخمَلِیں) (مَخ۔ مَ۔ لی) (مَخ۔ مَ۔ لیں) (ع۔ ف۔ صف) مخمل کا (۲) مخمل جیسا۔

مَخمُور (مَخ۔ مُور) (ع۔ صف) نشے میں چور۔ مَست۔ مدہوش۔ متوالا۔

مَخمُورِیّت (مَخ۔ مُو۔ ری۔ یَت) (ف۔ ا۔ مث) مخمور ہونے کی کیفیت یا حالت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُخَوِّف (مُ۔خَو۔وِف)(ع۔صف فاعلی) خوف دِلانے والا۔ ڈرانے والا۔

مُخَنَّث (مُ۔خن۔نث)(ع۔صف مفعولی۔وا۔مذ) ہیجڑا۔زنانہ۔زنخا۔نامرد۔

مَخَول (مَ۔خَول)(ار۔ا۔مذ) مذاق۔ٹھٹھا۔چھیڑخانی۔

مَخَولیا (مَ۔خَول۔یا)(ار۔صف) ہنسی مذاق کرنے والا۔مسخرہ۔ظریف۔ہنسوڑ۔

مُخَیِّر (مُ۔خَی۔یِر)(ع۔صف فاعلی) (۱) خیرات کرنے والا۔ سخی۔ فیّاض۔ نہایت نیک (۲) اختیار دینے والا۔ جمع: مخیّرین۔

مُخَیَّل (مُ۔خَی۔یَل)(ع۔صف مفعولی) خیال کیا گیا۔ سوچا گیا۔

مُخَیِّلَہ (مُ۔خَی۔یِ۔لَہ)(ع۔صف فاعلی۔وا۔مث) خیال کرنے کی قوت۔ قوتِ خیال۔

م۔د

مَدّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کشش۔ کھچاؤ (۲) چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا چڑھاؤ۔ جزر کا نقیض (۳) درازی۔ پھیلاؤ (۴)(ا۔مث) لمبا خط جو حساب یا عرضی میں کھینچ کر اس کے نیچے حساب یا مضمون شروع کرتے ہیں (۵) سررشتہ۔ دفتر۔ صیغہ (۶) عنوان۔ سرنامہ۔ جمع: مدّات (۷)(مذ و مث) الف ممدودہ کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت (~)(۸) باب (۹) اندراج (۱۰) رقم۔

مَدِّ امانت (ع۔ا۔مث) بصیغہ امانت۔ رقمِ امانت۔ حسابِ امانت۔

مَدِّ سُرمہ (ع۔ف۔ا۔مث) سُرمے کا خط جو آنکھوں میں کھینچا جاتا ہے۔

مَدِّ فاضِل (ع۔ا۔مث) وہ مد جو بے کار ہو (۲)(کنایۃً) فضول اور بے کار چیز۔

مَدِّ مُقابِل (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) مُخالف۔ برابر کا دعوے دار۔ حریف۔ رقیب۔ برابر کی چوٹ۔ برابر کا جوڑ (۲) برابر کا خط۔ (۳) جمع اور خرچ کی مد جو ایک دُوسرے کے محاذی ہوتی ہے (۴) دو سوداگروں کا باہمی کھاتا۔

مَدِّ نظر (نگاہ) (ع۔ا۔مث)(۱) وہ چیز جو نگاہ کے سامنے ہو۔ پیشِ نظر (۲) ارادہ۔ قصد۔

مَدّ و جَزر (ع۔ف۔ا۔مذ) جوار بھاٹا۔ چاند کی کشش سے سمندر کے پانی کا اُتار چڑھاؤ۔ سمندر کا پانی ۲۵ گھنٹوں میں دو دفعہ چڑھتا اور دو دفعہ اُترتا ہے۔ چڑھاؤ کو مد اور اُتار کو جزر کہتے ہیں۔

مَدّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔مص)(۱) پھیلنا (۲) لمبا کرنا۔ دراز ہونا۔

مَدَّ ظِلُّکُم (ظِل۔لُ۔کُم)(ع۔دُعا)(خدا کرے) آپ کا سایۂ عاطفت دراز ہو یعنی عمر لمبی ہو۔ کم جمع کی ضمیر ہے لیکن واحد کے لئے تعظیماً استعمال ہوتی ہے۔

مَدَّ ظِلُّہٗ (ظِل۔لُ۔ہُو)(ع۔دُعا)(خدا کرے) اُس (مرد) کا سایہ دراز ہو۔

مَدَّ ظِلُّہا (ظِل۔لُ۔ہا)(ع۔دُعا)(خدا کرے) اُس (عورت) کا سایہ دراز ہو۔

مَدَّ ظِلُّہُم (ظِل۔لُ۔ہُم)(ع۔دُعا) اُن کا سایہ دراز ہو (ہُم جمع کی ضمیر ہے)۔

مَد (بفتحِ اوّل)(س۔ا۔مذ)(۱) خمار۔ نشہ۔ سرشاری۔ مدہوشی (۲) شراب۔ بادہ (۳) خوشی۔ مسرت۔ فرحت (۴) غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ (۵) جنون۔ دیوانگی (۶) مَنی۔ نُطفہ (۷) وہ پانی جو مستی کی حالت میں ہاتھی کی کنپٹی سے ٹپکے یا پستانوں یا درختوں سے ٹپکے (۸) ندی۔ دریا۔

مدبھرا (ہ۔صف۔مذ) مَست۔ نشے میں چوُر۔

مدبھری (ہ۔صف۔مث) مدبھرا کی تانیث۔

مدبھرے نین (ہ۔ا۔مذ) نشیلی آنکھیں۔ مَست آنکھیں۔

مد پر آنا (ہ۔محاورہ)(۱) مَست ہونا (۲) جوان ہونا۔

مدماتا (ہ۔صف۔مذ)(۱) سرشار۔ مخمور۔ مَست۔ مدہوش۔ نشے میں چوُر (۲) خود بین۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر (۳) جوان۔ جوبن پر آیا ہوا (۴) نفس پرست (۵) خواہش مند۔ عاشق۔

مدماتی (ہ۔صف) مدماتا کی تانیث۔

مُد (بضمِ اوّل)(ع۔ا۔مذ) ایک پیمانہ جو وزن میں دو رطل ہوتا ہے۔

مَدّا (مَد۔دا)(ہ۔صف) دیکھئے منڈا۔

مَدّات (مَد۔دات)(ع۔ا۔مث) مد (ع) کی جمع۔

مَدّاح (مَد۔داح)(ع۔صف) تعریف کرنے والا۔ جمع: مدّاحین۔

مَدّاحی (مَد۔دا۔حی)(ع۔ا۔مث) تعریف کرنے کا فعل۔ ثناخوانی۔ مدح سرائی۔

مَداخِل (مَ۔دا۔خِل)(ع۔ا۔مث) مدخل کی جمع۔

مداخِل و مَخارِج (ع۔ا۔مذ) آمدنی و خرچ۔ روپے کی درآمد برآمد۔

مُداخَلَت (مُ۔دا۔خَ۔لَت)(ع۔ا۔مث) دخل۔ دَست اَندازی۔ مزاحمت۔ تعرُّض (۲) قبضہ۔ قابو۔ تصرُّف۔

مداخلتِ بے جا (ع۔ف۔ا۔مث)(قانون) کسی کی زمین یا مکان میں بغیر اُس کی اجازت کے جُرم کرنے یا کسی کو بے عزّت کرنے یا رنج دینے کے لئے داخل ہونا۔

مداخلتِ صریح (ع۔ا۔مث) کھلم کھلا دَست اَندازی۔ علانیہ کسی کے گھر میں گھس جانا۔

مداخلت کرنا (اُر۔محاورہ) دخل اَنداز ہونا۔ دَست اَندازی کرنا (۲) بیچ میں بولنا۔

مِداد (مِ۔داد)(ع۔ا۔مث) روشنائی۔ دوات کی سیاہی۔

مداد پاک کُن (ع۔ف۔ا۔مذ) حرف مٹانے کی چیز۔ ربڑ وغیرہ۔

مَدار (مَ۔دار)(ہ۔ا۔مث) آک کا پودا جس کے پتوں سے دودھ اور ڈوڈوں سے روئی کی مانند ریشے نکلتے ہیں۔

مدار کا ٹِڈّا (اُر۔ا۔مذ) آک پر بیٹھنے والا سبز رنگ کا کیڑا جس کے پَر سُرخ ہوتے ہیں۔

مدار کی بُڑھیا (اُر۔ا۔مث) آک کے ڈوڈے میں سے نکلے ہوئے رُوئیں یا ریشے جو ہوا میں اُڑتے پھرتے ہیں۔

مَدار (مَ۔دار)(اُر۔ا۔مذ) شاہ مدار۔ ایک درویش کا نام جن کا مزار مکھن پور (یُو۔پی۔ بھارت) میں ہے۔ عورتیں اُن کے مزار پر منتیں مانتی ہیں۔

مدار کا چاند (اُر۔ا۔مذ) عورتوں کی زبان میں جمادی الاوّل کا مہینا۔

مَدار (مَ۔دار)(ع۔ا۔مذ) گردش کی جگہ۔ اَجرامِ فلکی کے گردش کرنے کا راستہ (۲) دَور کرنے کی چوُل۔ دُھری۔ کیلی (۳) منحصر کیا گیا۔ موقوف کیا گیا۔ جس پر کوئی بات ٹھہری ہو۔ انحصار (۴) دائرہ (۵) قرار۔ ٹھہراؤ۔ قیام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مدارِ ارضی (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ فرضی راستہ جس پر زمین سُورج کے گرد چکّر لگاتی ہے۔

مدار المہام (مَ۔دا۔رُل۔مَ۔ہام)(ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس پر اُمورِ سلطنت کا دارومدار ہو۔ وزیرِ اعظم۔

مدارِ کار (ع۔ف۔ا۔مذ) کام کا اِنحصار۔ موقوف علیہ۔

مُدارا (مُ۔دا۔را)(ف۔ا۔مذ) مُدارات کا مخفف۔

مُدارات (مُ۔دا۔رات)(ع۔ا۔مث) خاطر تواضع۔ اچھی طرح پیش آنا۔ آؤ بھگت۔ (عموماً خاطر کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے)۔

مَدارِج (مَ۔دا۔رِج)(ع۔ا۔مذ) مَدرَج کی جمع۔ درجے۔ رُتبے۔ مناصب۔

مَدارِس (مَ۔دا۔رِس) (ع۔ا۔مذ) مدرسہ کی جمع۔ مدرسے۔ مکاتب۔ درس گاہیں۔

مَداری (مَ۔دا۔ری)(ہ۔ا۔مذ) (۱) شُعبدہ باز۔ ہاتھ کی چالاکی سے کھیل تماشے کرنے والا (۲) بھان متی۔ نٹ۔ بازی گر۔ بندر، ریچھ اور سانپ کا تماشا کرنے والا۔

مَداریا (مَ۔دا۔ریا)(اُ۔ا۔مذ)(۱) حضرت شاہ مدار کے سلسلے کا پیرو (۲) ایک قسم کا چھوٹا نقّارہ۔

مُدافَع (مُ۔دا۔فَع)(ع۔صف مفعولی) جس کی مخالفت کی جائے۔ جسے روکا جائے۔

مُدافِع (مُ۔دا۔فِع)(ع۔صف فاعلی) دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا۔

مُدافعت (مُ۔دا۔فَ۔عت)(ع۔ا۔مث)(۱) دفع کرنا (۲) مزاحمت کرنا (۳) روک۔ دفیہ۔ تردید۔

مُدام (مُ۔دام)(ع۔صف) (۱) ہمیشہ۔ سدا۔ بہت۔ دائم۔ متواتر (۲) (ا۔مث) شراب۔ مے۔

مُداوا (مُ۔دا۔وا)(ف۔ا۔مذ) عربی مُداوات کا مخفف۔

مُداوات (ع۔ا۔مث)(۱) دوا۔ علاج۔ درماں (۲) تدبیر۔ چارہ۔

مُداوَمت (مُ۔دا۔وَ۔مت)(ع۔ا۔مث) ہمیشگی۔ قیام۔ ثبات۔ دوام۔

مُداوَنتی (مُ۔دا۔وَن۔تی)(ق۔ا۔مث) مغالطہ۔

مُداہِن (مُ۔دا۔ہِن)(ع۔صف) سُستی کرنے والا (۲) بات چھپانے والا۔

مُداہَنت (مُ۔دا۔ہَ۔نت) (ع۔ا۔مث) (۱) خوشامد۔ چرب زبانی۔ جھوٹ۔ جو دل میں ہو اس کے خلاف ظاہر کرنا (۲) سُستی۔

مَدائح (مَ۔دا۔ءِح)(ع۔ا۔مذ) مدیحہ کی جمع۔ تعریفیں۔ ستائشیں۔

مَدائن (مَ۔دا۔ءِن)(ع۔ا۔مذ)(۱) مدینہ (شہر) کی جمع (۲) عراقِ عرب کا ایک شہر جو نوشیرواں کا پایہ تخت تھا۔

مُدایَنت (مُ۔دا۔یَ۔نت)(ع۔ا۔مث) قرضے کا لین دین۔

مُدبِر (مُد۔بِر)(ع۔صف)(۱) پیٹھ پھیرنے والا (۲) واپس آنے یا جانے والا (۳) بدنصیب۔ بدبخت۔

مُدَبِّر (مُ۔دَب۔بِر)(ع۔صف۔وا۔مذ) تدبیر کرنے والا۔ عاقل۔ دانش مند (۲) مشیر۔ صلاح کار۔ جمع: مُدبّرین۔ فارسی جمع: مُدبّران۔ اُردو جمع: مُدبّرے۔ مُدبّروں۔

مُدبِّران (مُ۔دَب۔بِ۔ران)(ف۔ا۔مذ) مُدبّر کی جمع۔

مدبّرانِ سلطنت (ع۔ا۔مذ) اراکینِ سلطنت۔ کارپردازانِ سلطنت۔ اُمرا۔ وزرا۔

مدبّرانِ فلک (ع۔ا۔مذ)(کنایۃً) سات سیارے۔ سبعہ سیارہ۔

مُدبّری (مُ۔دَب۔بِ۔ری) (ف۔ا۔مث) (۱) اِنتظام۔ اِنصرام (۲) (مجازاً) عقل مندی (۳) مُدبّر کا عُہدہ۔

مُدبّرین (مُ۔دَب۔بِ۔رین)(ع۔صف۔وا۔مذ) مُدبّر کی جمع۔

مُدبِری (مُد۔بِ۔ری)(ع۔ا۔مث) بدبختی۔ بدنصیبی۔

مُدّت (مُد۔دَت)(ع۔ا۔مث)(۱) عرصہ۔ میعاد۔ مُہلت (۲) وقت۔ زمانہ (۳) وقفہ۔ ڈھیل۔ اُردو جمع: مُدّتوں۔ مُدّتیں۔

مُدّت العمر (ع۔ تابع فعل) ساری عُمر۔ تمام زندگی۔ عُمر بھر۔ جیتے جی۔

مدّتِ حیات (ع۔ا۔مث) عرصۂ حیات۔ زندگی کے دن۔ پُوری زندگی۔

مدّتِ عِدّت (ع۔ا۔مث) طلاق یا شوہر کے اِنتقال کے بعد کی میعاد جس کے اندر عورت کو نکاح کرنا جائز نہیں۔

مدّتِ مدید (ع۔ا۔مث) لمبا زمانہ۔ عرصۂ دراز۔

مدّتِ مقرّرہ (ع۔ا۔مث) میعادِ معیّنہ۔ بندھی ہوئی میعاد۔

مدّت میں (اُ۔ تابع فعل) عرصے میں۔ دِنوں میں۔

مدّت ہوئی (اُ۔روزمرّہ) عرصہ گزرا۔ بہت زمانہ ہو گیا۔

مُدّتوں (مُد۔دَ۔توں)(اُ۔ا۔مث)(۱) مدّت کی جمع (۲)(اُ۔ تابع فعل) عرصۂ دراز تک۔ بہت زمانے تک۔

مدّتوں کی بات (اُ۔ا۔مث) عرصۂ دراز کی بات۔

مُدّثِّر (مُد۔دَث۔ثِر)(ع۔صف)(۱) وہ جس نے کمبل یا لحاف لپیٹا ہوا ہو (۲) قرآن شریف کی ایک سُورت۔

مدح (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) تعریف۔ توصیف۔ ستائش (۲) وہ نظم جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو۔

مدح خواں (سَرا)(ع۔ف۔صف) ثناخواں۔ تعریف کرنے والا۔

مدح خوانی (مدح سرائی)(ع۔ف۔ا۔مث) ثناگوئی۔ تعریف و توصیف کرنا۔

مِدحت (مِد۔حت)(ع۔ا۔مث) مدح۔ تعریف۔ ثنا۔ ستائش۔

مَدحیّہ (مَد۔حی۔یَہ)(ع۔صف) قابلِ تعریف چیز۔ منسوب بہ مدح۔

مَدخَل (مَد۔خَل)(ع۔ا۔مذ) داخل ہونے کی جگہ (۲) دروازہ (۳) مالیہ۔ آمدنی۔

مُدخَل (مُد۔خَل)(ع۔صف مفعولی) داخل کیا گیا (۲) داخل دفتر کیا گیا۔

مُدخِل (مُد۔خِل)(ع۔صف فاعلی) داخل کرنے والا۔ داخل ہونے والا۔

مَدخَن (مَد۔خَن)(ع۔ا۔مذ) دُھواں نکلنے کی جگہ۔ چمنی۔ دودکش۔

مَدخَنہ (مَد۔خَ۔نہ)(ع۔ا۔مث) دیکھئے مدخن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَدخُول (ع۔ صف مفعولی) داخل کیا گیا۔

مَدخُولہ (مد۔ خو۔ لہ)(ع۔ صف)(۱) بے نکاحی عورت جسے گھر میں ڈال لیا ہو (۲) وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو۔

مَدَد (م۔ دَد)(ع۔ ا۔ مث)(۱) کمک۔ امداد۔ سہارا۔ اعانت (۲) رسد۔ خوراک (۳) راج۔ مزدور (۴) اُجرت۔ مزدوری۔

مدِ اللہ (ع۔ ف۔ کلمۂ سلام) عشق اللہ کا جواب جو آزاد فقیر بجائے وعلیکم السلام کے اِستعمال کرتے ہیں۔

مدد بانٹنا (اُر۔ محاورہ) مزدوروں کو مزدوری تقسیم کرنا۔

مدد پہنچانا (اُر۔ محاورہ) سہارا دینا۔ دست گیری کرنا۔ کمک پہنچانا۔ رسد پہنچانا۔

مدد خرچ (اُر۔ ا۔ مث)(۱) بطور اِمداد کچھ دینا۔ خرچ میں امداد کرنا (۲) وہ رقم جو بطور امداد دی جائے۔ تقاوی۔

مدد کرنا (اُر۔ مص مُرکب) دست گیری کرنا۔ کمک دینا۔ سہارا دینا۔ پُشتی کرنا۔

مددگار (ع۔ ف۔ صف) مدد کرنے والا۔ معاون۔ حمایتی۔ مُعین۔

مدد لگانا (اُر۔ محاورہ) معماروں اور مزدوروں کو تعمیر کے کام پر لگانا۔

مدد مانگنا (اُر۔ مص مُرکب) اَمداد چاہنا۔ سہارا طلب کرنا۔ حمایت کی درخواست کرنا۔

مددِ مُحرِّر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) نائب محرر۔ وہ اہلکار جو کار تحریر میں اپنے سے بالا تر محرر کی مدد کرے۔

مددِ معاش (ع۔ ا۔ مث)(۱) کھانے پینے کا سہارا۔ پرورش کا وسیلہ (۲) وظیفہ۔ پنشن۔ وہ جاگیر جو علما اور درویشوں کو بطور امداد دی جائے۔

مَدِر (م۔ دِر)(س۔ ا۔ مذ) ایک پودا جس کے پھول سُرخ ہوتے ہیں۔ دواؤں میں کام آتا ہے۔ خیار۔

مُدِر (م۔ دِر)(ع۔ صف) پیشاب لانے والی (دوا)۔ جمع: مدرات۔

مُدرا (مد۔ را)(س۔ ا۔ مث) انگوٹھی۔ چھلا (۲) مُہر۔ چھاپ۔ مُہر والی انگوٹھی (۳) زر۔ سِکّہ (۴) جوگیوں کے کان کا چوبی کنڈل (۵) تمغہ (۶) کالر۔ پٹا (۷) پروانہ راہداری جس پر مُہر ہو (۸) قفل۔ تالا (۹) اُنگلیوں پر گننا۔

مُدِرات (م۔ دِ۔ رات)(ع۔ ا۔ مث) مُدِر کی جمع پیشاب لانے والی دوائیں۔

مُدَرِّس (م۔ دَر۔ رِس)(ع۔ ا۔ مذ) درس دینے والا۔ پڑھانے والا۔ معلّم۔ ٹیچر۔ اُستاد۔ اتالیق۔ جمع: مدرّسین۔

مَدرَسہ (مد۔ رَ۔ سہ)(ع۔ ا۔ مذ) جائے درس۔ پڑھانے کی جگہ۔ مکتب۔ اسکول۔ پاٹ شالا۔ جمع: مدارس۔ اُردو جمع: مدرسوں۔ مدرسے۔

مدرسۂ اِبتدائی (مدرسۂ تحتانی) (ع۔ ا۔ مذ) وہ مدرسہ جس میں شروع کی تعلیم دی جاتی ہو۔ پرائمری اسکول۔

مدرسۂ فوقانی (مدرسۂ فوقانیہ) (ع۔ ا۔ مذ) وہ مدرسہ جہاں میٹرک (دسویں) کی تعلیم دی جاتی ہو۔ ہائی اسکول۔

مدرسۂ وُسطٰی (ع۔ ا۔ مذ) وہ مدرسہ جس میں درمیانی درجوں کی تعلیم دی جاتی ہو۔ مڈل اسکول۔

مُدَرِّسی (م۔ دَر۔ رِ۔ سی)(ع۔ ا۔ مث) درس دینے کا پیشہ۔ معلّمی۔

مُدرِک (مد۔ رِک)(ع۔ صف)(۱) اِدراک کرنے والا۔ سمجھنے والا۔ مطلب کو پہنچنے والا (۲) دانا۔ عقیل۔ فہیم۔ ذہین۔

مُدرِکہ (مد۔ رِ۔ کہ)(ع۔ صف)(۱) مُدرِک کی تانیث (۲) وہ قوت جس سے اِنسان اَشیا کی حقیقت دریافت کر سکے یعنی عقل اور ذہن۔

مُدری (مد۔ ری)(ق۔ ا۔ مث) دیکھئے مُندری۔

مُدرے (مد۔ رے)(ق۔ ا۔ مث) بالیاں۔ مُندرے۔

مَدریا (مَ۔ دَر۔ یا)(ہ۔ ا۔ مذ) چھوٹا مٹی کا حقہ۔

مُدّعا (مد۔ دَ۔ عا)(ع۔ ا۔ مذ) مطلب۔ مقصد۔ مُراد۔ غرض۔ خواہش۔ ارادہ (۲) مال۔ ملکیت۔ مالِ مسروقہ (۳) وہ عورت جس کی خواہش کی جائے۔

مُدّعا بر آنا (اُر۔ محاورہ) مطلب پُورا ہونا۔

مُدّعا بِہا (بِ۔ ہا)(ع۔ صف)(قانون) وہ چیز جس کے لئے دعویٰ کیا گیا ہو۔

مُدّعا پکڑنا (اُر۔ محاورہ) چوری پکڑنا۔ چوری کا مال نکالنا۔ مالِ مسروقہ برآمد کرنا۔

مُدّعا (پورا) حاصِل ہونا (اُر۔ محاورہ) مقصد بر آنا۔ مُراد پُوری ہونا۔

مُدّعا علیہ (ع۔ ا۔ مذ) وہ شخص جس پر دعویٰ کیا جائے۔ (مث) مُدّعا علیہا۔

مُدّعا علیہ ترتیبی (ع۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو بہ غرضِ ترتیب مقدمہ مُدّعا علیہ کیا گیا ہو اور جس کے مُقابلے میں کوئی دادرسی مطلوب نہ ہو۔

مُدّعا علیہ گردانا (اُر۔ مص مُرکب) ملزوم ٹھہرانا۔ اِلزام دھرنا۔

مُدّعا نکلنا (اُر۔ محاورہ)(قانون) چوری کا مال برآمد ہونا۔ مالِ مسروقہ پکڑا جانا۔

مُدّعا ہونا (اُر۔ مص مُرکب) مطلب ہونا۔ مقصد ہونا۔ مُراد ہونا۔

مَدعُو (مد۔ عو)(ع۔ صف) دعوت دیا گیا۔ بُلایا گیا۔ جمع: مدعوئین۔

مُدَّعی (مد۔ دَ۔ عی)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) دعویٰ کرنے والا۔ نالشی۔ دعوے دار۔ مستغیث۔ سائل (۲) رقیب۔ حریف۔ غیر۔ جمع: مُدّعیان۔

مُدَّعی سُست گواہ چُست (اُر۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب خود صاحبِ غرض تو سُستی برتے اور حمایتی جوش و سرگرمی کا اِظہار کریں۔

مُدّعی مُدّعا علیہ (ع۔ ا۔ مذ) وہ دونوں فریق جو کسی معاملے میں عدالت کی طرف رجوع ہوں۔ فریقین۔

مُدّعی مدّعا علیہ ناؤ میں شاہد تیرتے جائیں (اُر۔ مثل) اپنے حمایتی اور مدد دینے والوں کی بے قدری پر بولتے ہیں۔

مُدّعی ہونا (اُر۔ محاورہ) دعوے دار ہونا۔ نالشی ہونا۔

مُدّعیہ (مد۔ دَ۔ عی۔ یہ)(ع۔ ا۔ مث) دعویٰ کرنے والی عورت۔ مستغیثہ۔

مُدغَم (مد۔ غم)(ع۔ صف مفعولی) پیوست کیا گیا۔ تشدید کے ذریعے ایک حرف دُوسرے میں ملا ہوا۔ ایک جنس کے دو حرفوں کو باہم ملا کر اور ایک کو ساقط کر کے تشدید لگا دیتے ہیں جیسے حمام اصل میں حم مام تھا۔ پہلے میم کو دوسرے میم میں مدغم کر دیا گیا۔

مَدفَن (مد۔ فن)(ع۔ ا۔ مذ) دفن ہونے کی جگہ۔ وہ گڑھا جس میں مُردہ دفن کیا جائے۔ قبر۔ گور۔ مزار۔ مقبرہ۔ جمع: مدافن۔

مَدفُوع (مد۔ فوع)(ع۔ صف) دفع کیا گیا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَدْفُون (مَد۔فُون)(ع۔صف)(۱) دفن کیا ہوا۔ گاڑا ہوا (۲) پوشیدہ۔ مخفی۔
مُدَقِّق (مُ۔دَق۔قِق)(ع۔صف) باریک بین۔ دقیقہ رس۔ باریک باتیں بیان کرنے والا۔
مَدْقُوق (مَد۔قُوق)(ع۔صف) تپ دِق کا مریض۔ وہ شخص جسے دق ہو گئی ہو۔
مَدَک (مَ۔دَک)(ہ۔ا۔مث) ایک نشہ آور چیز جو تمباکو کی طرح چلم میں بھر کر پیتے ہیں۔
مدک باز (مدکی۔مدکیا)(ہ۔صف) مدک کا نشہ کرنے والا۔ مدک پینے والا۔
مُدِل (مُ۔دِل)(ق۔ا۔مذ) اصل زر۔ سرمایہ۔ پونجی۔
مُدَلَّل (مُ۔دَل۔لَل)(ع۔صف مفعولی) دلیل سے ثابت کیا ہوا۔ معقول۔ ٹھیک۔ درست۔
مَدْلُول (مَد۔لُول)(ع۔صف مفعولی) دلالت کیا گیا۔ بتایا گیا۔
مُدَمِّغ (مُ۔دَم۔مِغ)(ا۔صف) دماغ دار۔ متکبر۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ بددماغ۔ (اردو میں عربی طریقے پر اسم فاعل بنا لیا گیا ہے)۔
مَدَن (مَ۔دَن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) خواہش کرنے کا فعل (۲) محبت۔ عشق۔ جوش جوانی۔ شہوت (۳) شہد کی مکھی (۴) موسم بہار (۵) ہم بغل ہونے کا ایک طریقہ (۶) کئی پودوں کا نام۔
مدن بان (ہ۔ا۔مذ)(۱) محبت کا تیر (۲) بیلے کی قسم کا ایک پھول۔
مدن گور (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی خوش آواز طوطی۔
مدن مد (ہ۔ا۔مث) جوانی کی مستی۔
مُدُن (مُ۔دُن)(ع۔ا۔مذ) مدینہ (شہر) کی جمع۔
مدنایک (مدن۔نایک)(ہ۔ا۔مذ) سردار۔
مَدَنی (مَ۔دَ۔نی)(ع۔صف) مدینہ کا باشندہ۔ مدینہ سے منسوب (۲) شہری۔
مَدَنِیُّ الطَّبع (مَ۔دَ۔نی۔یُط۔طبع)(ع۔صف) فطرتاً اپنے ساتھیوں سے مل جل کر رہنے والا۔
مَدَنِیَّت (مَ۔دَ۔نی۔یَت)(ع۔ا۔مث) شہریت۔ شہری پن۔
مَدُّو (مَد۔دُو)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کوہان۔ اونٹ یا سانڈ کی پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ (۲) وہ زخم جو گھوڑے کے کندھے پر ہو۔
مدو آنا (لگنا۔ پکنا)(ہ۔محاورہ) گھوڑے کے کندھے پر زخم ہو جانا۔
مدو ساہی پیسا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا موٹا پیسا جس کا چلن اب نہیں رہا۔
مدو جزر (ع۔ا۔مذ) مد (ع) کے تحت دیکھیے۔
مُدَوَّر (مُ۔دَو۔وَر)(ع۔صف) دائرہ نما۔ گول۔
مُدَوِّن (مُ۔دَو۔وِن)(ع۔صف فاعلی) ترتیب دینے والا۔ جمع کرنے والا۔
مُدَوَّن (مُ۔دَو۔وَن)(ع۔صف مفعولی) جمع کیا ہوا۔ ترتیب دیا ہوا۔
مَدھ (فتح اول و سکون دوم)(ہ۔ا۔مذ)(۱) شہد۔ پھولوں کا رس (۲) شراب۔ کوئی نشہ آور چیز (۳) غرور۔ تکبر (۴) موسم بہار۔ بسنت رت (۵) عنفوانِ شباب (۶) مستی (۷) وہ رطوبت جو درختوں سے ٹپکتی ہے۔ نیز دیکھیے

مدھ (۸)(صف) درمیان۔ وسط۔ بیچ۔
مدھ پر آنا (مدھ میں آنا)(ہ۔محاورہ) جوان ہونا۔ پھل کا پکنے پر آنا۔
مدھ مات (ہ۔ا۔مث) ایک راگنی کا نام۔
مدھ ماتا (ہ۔صف۔مذ) نشے میں مست۔ نیز دیکھیے مدماتا۔
مدھ ماتی (ہ۔صف) مدھ ماتا کی تانیث۔
مَدھُر (مَ۔دھُر)(س۔صف)(۱) شیریں۔ میٹھا۔ مزے دار (۲) سُریلا (۳) من پسند۔ پیارا۔ مرغوب (۴) دھیما۔ نرم۔ ملائم۔ متوسط درجے کا۔
مدھربانی (ہ۔ا۔مث) شیریں کلامی۔ میٹھا بول۔
مدھر بولنا (ہ۔مص مرکب) میٹھا بولنا۔ شیریں کلامی سے پیش آنا۔
مدھر چال (ہ۔ا۔مث) خراماں۔ مٹک چال۔ معشوقانہ چال۔
مَدھرا (مَدھ۔را)(ہ۔صف) متوسط۔ درمیانہ۔ میانہ۔
مَدھری (مَ۔دھ۔ری)(ا۔صف) میٹھی۔ رسیلی۔ مرغوب۔ من پسند۔
مَدّھم (مَد۔دھم)(ہ۔صف) آہستہ۔ دھیما (۲) متوسط۔ میانہ۔ نہ اچھا نہ برا (۳) نیچا۔ کم (۴) ہلکا۔ خفیف (۵) بے آب۔ پھیکا (۶)(ا۔مذ) ایک سُر۔
مدھم بیچنا (ا۔محاورہ) سستا بیچنا۔ ارزاں کر دینا۔ قیمت سے گرا کر فروخت کرنا۔
مدھم ٹھاٹھ (ہ۔ا۔مذ)(۱) سست آدمی (۲) ستار کا وہ ٹھاٹھ جو مدھم سُر پر قائم کیا جائے۔
مدھم سُر (ہ۔ا۔مذ) سرگم کا چوتھا سُر۔ دھیما سُر جو گندھار سے ایک درجہ بلند ہے اور اس کا مخرج معدہ اور مخفف ما ہے۔
مدھم کرنا (ا۔مص مرکب)(۱) کم کرنا۔ گھٹانا (۲) دھیما کرنا۔ آہستہ کرنا۔ پھیکا اور بے روپ کرنا۔
مدھم ہونا (ا۔مص مرکب)(۱) سست ہونا (۲) کم ہونا۔ دھیما ہونا۔
مَدھو (مَ۔دھو)(س۔ا۔مذ)(۱) شہد (۲) شراب (۳) موسم بہار (۴) دودھ (۵) پانی۔ جل (۶) ایک قسم کا درخت (۷) ایک راکشس (۸)(صف) شیریں۔ میٹھا۔
مدھو ماکھی (س۔ا۔مث) شہد کی مکھی۔
مدھوکر (مَ۔دھو۔کر)(ہ۔ا۔مذ) بھونرا۔
مدھیا (مدھیہ)(مدھ۔یا)(ہ۔صف) وسطی۔ درمیانی۔
مَدْہُوش (مَد۔ہُوش)(ع۔صف مفعولی) بدمست۔ متوالا۔ حیران۔ متحیر۔ ہکابکا۔ (اردو میں بواو مجہول مستعمل ہے)۔
مدہوشی (مد۔ہوشی)(ف۔ا۔مث) بدمستی۔ متوالا پن۔ بے ہوشی۔
مَدِیح (مَدِیحَہ)(مَ۔دیح)(مَ۔دی۔حہ)(ع۔ا۔مث) تعریف۔ توصیف۔ ثنا۔ جمع: مدائح۔
مَدِید (مَ۔دید)(ع۔صف) لمبا۔ طویل۔ دراز (۲) عروض میں ایک بحر کا نام۔
مُدِیر (مُ۔دیر)(ع۔ا۔مذ)(۱) چکر دینے والا۔ گھمانے والا (۲) اخبار کا اڈیٹر۔ جمع: مدیران۔ اردو جمع: مدیرے۔ مدیروں۔
مدیرا (مَ۔دے۔را)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی شراب (۲) ایک قسم کی مُرغابی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَدِینَہ (م۔دی۔نہ)(ع۔ا۔مذ) شہر۔ بلدہ۔ نگری (۲) حجاز عرب کا مُقدّس شہر جہاں حضرت پیغمبرِ اسلام صلّی اللہ علیہ وسلّم کا روضۂ مُبارک ہے۔ پہلے اِس کا نام یثرب تھا جب رسول اللہ ﷺ یہاں تشریف لائے تو مدینۃُ النبی سے موسوم ہوا۔ اب صرف مدینہ کہلاتا ہے۔ جمع: مدائن۔ مُدُن۔

مدینۃُ السّلام (ع۔ا۔مذ) سلامتی کا شہر۔ امن کا شہر۔ بغداد کا لقب۔

مدینۃُ العِلم (ع۔ا۔مذ) علم کا شہر۔ محمد ﷺ کا لقب۔

مَدیُون (مَد۔یُون)(ع۔صف۔وا۔مذ) قرض دار۔ مقروض۔

م۔ڈ

مُڈاسا (م۔ڈا۔سا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھیے مُنڈاسا۔

مِڈل (Middle) (انگ۔صف)(۱) وسط۔ درمیانہ درجہ (۲) درمیان۔

مِڈل چی (اُر۔کلمۂ حقارت) وہ شخص جس نے صرف مِڈل کا امتحان پاس کیا ہو۔

مِڈل اِسکول (Middle School) (انگ۔ا۔مذ) اوسط درجے کی تعلیم کا مدرسہ۔ میٹرک سے نچلے درجے کی تعلیم کا اسکول۔ وہ اسکول جہاں آٹھویں درجے تک تعلیم دی جاتی ہے۔ مدرسۂ وُسطیٰ۔

مِڈوائف (Midwife) (انگ۔ا۔مث) دائی۔ جنائی۔ قابلہ۔

مُڈھ (ہ۔ا۔مذ)(۱) کسی چیز کا نچلا حصہ۔ جڑ۔ بُنیاد (۲) بُوڑھا آدمی (۳) سرغنہ۔ سردار۔ چودھری۔ سرگروہ۔

مُڈھ بھیڑ (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) آمنا سامنا۔ مُلاقات۔ نیز دیکھیے مُٹھ بھیڑ۔

مُڈھا (مُذ۔ڈھا)(ہ۔ا۔مذ) پتنگ کا سرا۔

م۔ذ

مَذاق (م۔ذاق)(ع۔ا۔مذ)(۱) شعور۔ تمیز۔ سلیقہ (۲) چاٹ۔ مزہ۔ لذّت۔ سواد۔ چسکا (۳) قوتِ ذائقہ (۴) باہمی اختلاط۔ آپس کا تمسخر یا چُہل (۵) ہنسی۔ دل لگی۔ ٹھٹھا۔ ظرافت۔ تمسخر۔ کھلی (۶) رغبت۔ میلان۔ رُجحان۔

مذاق اُڑانا (اُر۔محاورہ) تمسخر کرنا۔ ہنسی کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔

مذاقِ سُخن (ع۔ف۔ا۔مذ) شعر و شاعری کا سلیقہ۔

مذاق سے (اُر۔تابع فعل) ظرافت سے۔ چھیڑ سے۔ ہنسی سے۔

مذاق کا آدمی (اُر۔ا۔مذ) ظریف۔ خوش طبع۔ زندہ دل۔

مَذاقاً (م۔ذا۔قن)(ع۔تابع فعل) ہنسی سے۔ ظرافت سے۔ دل لگی کے طور پر۔

مَذاقِیَہ (م۔ذا۔قِ۔یَہ)(اُر۔صف و تابع فعل)(۱) ہنسی کے طور پر۔ ظرافتاً (۲) مذاق سے منسوب جیسے مذاقیہ بات (۳) دل لگی کرنے والا۔ مخولیا۔ ظریف (آدمی)۔

مُذاکَرہ (م۔ذا۔کَ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) باہم ذکر کرنا۔ آپس میں بات چیت کرنا۔ مباحثہ۔ جمع: مُذاکرات۔

مَذاہِب (م۔ذا۔ہِب)(ع۔ا۔مذ) مذہب کی جمع۔

مَذبَح (مذ۔بَح)(ع۔ا۔مذ) ذبح کرنے کی جگہ۔ بُوچڑ خانہ۔ جمع: مذابح۔

مُذَبذَب (م۔ذب۔ذب)(ع۔صف) غیر مستقل مزاج۔ متردّد۔ دھکڑ پکڑ کرنے والا۔ ڈانواں ڈول۔ ایک خیال پر قائم نہ رہنے والا۔

مَذبُوح (مذ۔بُوح)(ع۔صف مفعولی) ذبح کیا گیا (۲) مقتول۔ جمع: مذبوحات۔

مَذبُوحی (ف۔ا۔مث) ذبح ہونے کی حالت یا کیفیت۔

مُذَکِّر (م۔ذک۔کر)(ع۔صف فاعلی) یاد دلانے والا۔ نصیحت کرنے والا۔

مُذَکَّر (م۔ذک۔کر)(ع۔صف مفعولی)(۱) یاد دلایا ہوا (۲) نصیحت کیا ہوا (۳)(ع۔ا۔مذ) نَر۔ مَرد۔

مَذکُور (مذ۔کور)(ع۔صف مفعولی)(۱) ذکر کیا گیا (۲) ذکر۔ گفتگو۔ بات (۳) افواہ۔ چرچا۔ شہرت۔

مذکور آنا (اُر۔محاورہ) ذکر آنا۔ ذکر ہونا۔

مذکور نکلنا (اُر۔محاورہ) ذکر چھڑنا۔

مَذکُورَہ (مذ۔کو۔رَہ)(ع۔صف مفعولی) مذکور کی تانیث۔

مذکورہ بالا (ع۔ف۔صف) جس کا ذکر اوپر کی عبارت میں کیا گیا ہو۔ محوّلہ بالا۔ متذکرہ بالا۔

مَذکُوری (مذ۔کو۔ری)(اُر۔ا۔مذ)(۱) وہ بلا تنخواہ چپراسی جو مال گزاری وصول کرنے پر تعینات ہو اور جسے رقمِ طلبانہ سے اُجرت دی جاتی ہو (۲) سمن وغیرہ کی تعمیل کرانے والا چپراسی۔

مُذِل (م۔ذِل)(ع۔صف) ذلیل کرنے والا (۲) خُدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

مَذَلَّت (م۔ذل۔لت)(ع۔ا۔مث) ذلّت۔ رُسوائی۔ بدنامی۔ خواری۔ بے عزتی۔

مَذَمَّت (م۔ذم۔مت)(ع۔ا۔مث) بُرائی۔ ہجو۔ ملامت۔

مَذمُوم (مذ۔موم)(ع۔صف۔مذ)(۱) بُرا۔ خراب۔ قبیح (۲) وہ جس کی بُرائی کی جائے۔

مَذمُومَہ (مذ۔مو۔مہ)(ع۔صف۔مث) بُری۔ خراب۔

مُذنِب (مذ۔نب)(ع۔صف) گنہگار۔ عاصی۔ پاپی۔ جمع: مذنبین۔

مَذہَب (مذ۔ہب)(ع۔ا۔مذ) راستہ۔ طریقہ (۲) ایمان۔ دھرم۔ عقیدہ۔ پنتھ (۳) مِلّت۔ مشرب (۴) رائے۔ جمع: مذاہب۔ اُردو جمع: مذہب۔ مذہبوں۔

مذہب بدلنا (اُر۔محاورہ) دُوسرا مذہب اختیار کرنا۔

مذہب پھیلانا (اُر۔محاورہ) دین کی اشاعت کرنا۔ دین کو ترقی دینا۔ پنتھ بڑھانا۔

مذہب میں ملانا (اُر۔محاورہ) دین میں شامل کرنا۔ پنتھ میں داخل کرنا۔

مُذَہَّب (م۔ذہ۔ہب)(ع۔صف) سونا چڑھا ہوا۔ سونے کا ملمّع کیا ہوا۔

مَذہَبی (مذ۔ہ۔بی)(اُر۔صف) مذہب سے منسوب۔ مذہب سے تعلق رکھنے والا۔ مذہب سے متعلق۔

مذہبی سِکھ (اُر۔ا۔مذ) چوہڑا جو سکھ ہو گیا ہو۔

مَذہَبِیَّت (ع۔ا۔مث) مذہب سے متعلق ہونے کی کیفیت۔ مذہبی تعلق۔

مَذی (م۔ذی)(ع۔ا۔مث) وہ پتلا مادّہ جو شہوت کے غلبے سے نکلتا ہے۔

م۔ر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَرا (مَ۔را)(ہ۔صف)(۱) بُرا ہوا۔ مُردہ (۲) بدبخت (۳) کھوٹی دھات۔

مَرا (مَ۔را)(ف۔ض) میرا۔ مجھ کو۔

مِرا (مِ۔رَا)(ہ۔ض) میرا کا مخفف۔

مِرآت (مِرآۃ) (مِر۔آت) (ع۔ا۔مذ) آئینہ۔ آرسی۔ مُنہ دیکھنے کا شیشہ۔ دَرپَن۔ جمع: مَرایا۔

مَراتِب (مَ۔را۔تِب)(ع۔ا۔مذ) مرتبہ کی جمع۔

مراتبِ تمہیدی (ع۔ا۔مذ) اِبتدائی باتیں۔ اِبتدائی اُمور۔

مراتب طے کرنا (اُر۔محاورہ) مدارج طے کرنا۔ دریافت طلب اُمور کا فیصلہ کرنا۔ مرحلوں اور درجوں کا تصفیہ کرنا۔

مَراثی (مَ۔را۔ثی)(ع۔ا۔مذ) مرثیہ کی جمع۔

مَراجانا (اُر۔محاورہ) بے تاب ہوا جانا۔ کسی کام کے لئے جلدی کرنا۔

مَراجِع (مَ۔را۔جِع)(ع۔ا۔مذ) مرجع کی جمع۔

مُراجَعَت (مُراجَعَہ) (مُ۔را۔جَ۔عَت)(مُ۔را۔جَ۔عَہ)(ع۔ا۔مث) واپسی۔ واپس ہونا۔ لوٹنا۔ رجوع۔

مُراجعت کرنا (اُر۔مص مُرکّب) لوٹنا۔ واپس ہونا۔ اُلٹا پھر آنا۔

مَراحِل (مَ۔را۔حِل)(ع۔ا۔مذ) مرحلہ کی جمع۔

مَراحِم (مَ۔رَا۔حِم)(ع۔ا۔مذ) مرحمت کی جمع۔

مراحمِ خُسروانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) شاہی مہربانیاں۔ شاہی عطیات۔

مُراد (مُ۔راد)(ع۔ا۔مث) اِرادہ۔ مطلب۔ مقصد۔ غرض۔ خواہش۔ تمنّا۔ آرزو (۲) مَنّت۔ نذر۔ بھینٹ (۳) مفہوم۔ منشا۔ جمع: مُرادات۔ اُر جمع: مُرادوں۔ مُرادیں۔

مُراد بَر آنا (بَر لانا) (اُر۔محاورہ) مقصد پُورا ہونا۔ مقصد پُورا کرنا۔

مُراد پانا (اُر۔محاورہ) مطلب بَر آنا۔ آرزو پُوری ہونا۔ مقصد میں کامیاب ہونا۔

مُراد پر آنا (اُر۔محاورہ)(۱) بالغ ہونا (۲) کسی چیز کا کام کے لائق ہونا۔

مُراد پر ہونا (اُر۔محاورہ) فصلوں اور پھلوں کا اِستعمال کے قابل ہونا۔

مُراد پوری کرنا (اُر۔محاورہ) آرزو بَر لانا۔ مطلب پُورا کرنا۔ کام نکالنا۔

مُراد حاصل ہونا (اُر۔محاورہ) کام بننا۔ غرض حاصل ہونا۔ تمنّا پُوری ہونا۔

مُرادِ دعویٰ (ع۔ا۔مذ) (قانون) دعویٰ دائر کرنے کی اصل غرض۔ مُدّعائے نالش۔

مُراد کو پہنچنا (اُر۔محاورہ) مقصد میں کامیاب ہونا۔ مُراد حاصل ہونا۔

مُراد لینا (اُر۔محاورہ)(۱) معنی نکالنا۔ نتیجہ نکالنا۔ قیاس کرنا (۲) غرض پُوری کرنا۔ کام لینا۔

مُراد (مُرادیں) مانگنا (اُر۔محاورہ) دل کا مقصد پُورا ہونے کی دُعا مانگنا۔

مُراد ماننا (اُر۔محاورہ) مَنّت ماننا۔

مُراد ملنا (اُر۔محاورہ) دلی مقصد پُورا ہونا۔

مُراد مند (ع۔ف۔صف) خواہش مند۔ آرزو مند۔ محتاج۔

مُراد ہے (اُر۔تابع فعل) مطلب ہے۔ منشا ہے۔ غرض ہے۔ مفہوم ہے۔

مُرادات (مُ۔را۔دات)(ع۔ا۔مث) مُراد کی جمع۔

مُرادِف (مُ۔را۔دِف)(ع۔صف)(۱) کسی کے پیچھے بیٹھنے یا سوار ہونے والا (۲) ہم معنی جیسے خانہ مُرادف ہے گھر کا۔ جمع: مُرادفات۔

مُرادوں (اُر۔ا۔مث) مُراد کی اُردو جمع۔

مُرادوں کے دِن (اُر۔ا۔مذ) ایامِ جوانی۔ شباب کا زمانہ۔

مُرادی (مُ۔رَا۔دی)(ع۔صف)(۱) منشا کے مُطابق۔ مُراد کے موافق (۲) فرضی۔ اِصطلاحی۔

مُراری (مُ۔را۔ری)(س۔ا۔مذ) راکھشس کا دُشمن (۲) کرشن جی کا لقب۔

مُراسلات (مُ۔را۔س۔لات)(ع۔ا۔مذ) مُراسلہ کی جمع۔

مُراسَلت (مُ۔را۔س۔لت)(ع۔ا۔مث)(۱) باہمی خط وکتابت۔ ایک دُوسرے کو چٹھیاں لکھنا (۲)(قانون) اطلاع۔ طلبی۔ سمن۔

مُراسَلہ (مُ۔را۔س۔لہ) (ع۔ا۔مذ) چٹھی۔ خط۔ نامہ۔ رُقعہ۔ جمع: مُراسلات۔ اُردو جمع: مُراسلوں۔ مُراسلے۔

مُراسلۂ تقرر (ع۔اُر۔ا۔مذ) مُلازمت کا پروانہ۔(Appointment Letter)۔

مَراسِم (مَ۔را۔سِم)(ع۔ا۔مذ) مَرسوم کی جمع (۱) رسومات۔ رسمیں۔ نشانیاں (۲) برتاؤ۔ دستور (۳) تعلقات۔ میل جول۔

مُراعات (مُ۔را۔عات)(ع۔ا۔مث) جانوروں کا باہم مِل کر چَرنا (۲) نگاہ رکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا (۳)(اِصطلاحاً) رعایت۔ سلوک۔ مروّت۔ لحاظ۔ توجُّہ۔

مُراعاتُ النّظیر (مُ۔را۔عا۔تُن۔نَ۔ظیر)(ع۔ا۔مث) علمِ بدیع کی ایک صنعت کا نام۔ کئی چیزیں جن میں باہم مُناسبت ہو ایک جگہ جمع کرتے ہیں۔ اِس کو صنعتِ رعایتِ لفظی بھی کہتے ہیں۔

مُراغَبت (مُ۔را۔غَ۔بَت)(ع۔ا۔مث) رغبت (۲) آرزو۔ خواہش۔

مُرافَعہ (مُ۔را۔فَ۔عَہ)(ع۔ا۔مذ) اپیل۔ نگرانی۔ ایک حاکم کے فیصلے سے مطمئن نہ ہو کر اُس سے بڑے حاکم کے پاس داد خواہی کرنا۔ جمع: مُرافعات۔

مُرافعۂ آخر (ع۔ا۔مذ) وہ اپیل جس کے بعد اور اپیل نہ ہو سکے۔

مُرافعۂ اُولیٰ (ع۔ا۔مذ) پہلی اپیل۔

مُرافعہ کرنا (اُر۔محاورہ) اپیل کرنا۔ ایک حاکم کی عدالت سے مقدمہ ہار کر حاکمِ بالا کے رُوبرُو اپیل کرنا۔

مُرافَقَت (مُ۔را۔فَ۔قَت)(ع۔ا۔مث) باہمی میل جول۔ ہم نشینی۔ اِتحاد۔ باہمی رفاقت۔

مِراق (مِ۔راق)(ع۔ا۔مذ) ایک قسم کا مالیخولیا۔ جنون۔ سَودا۔

مُراقِب (مُ۔را۔قِب)(ع۔صف) مُراقبہ کرنے والا۔

مُراقَبہ (مُ۔را۔قَ۔بَہ)(ع۔ا۔مذ) غور۔ تصوُّر۔ سوچ بچار۔ دھیان۔ گیان۔ گردن جُھکا کر فکر کرنا۔ حضوریِ دل سے خُدا کا دھیان کرنا۔ سب چیزوں کو چھوڑ کر خُدا کا دھیان کرنا۔

مِراقی (مِ۔را۔قی)(ع۔صف) جنونی۔ جو جنون میں مُبتلا ہو۔

مَراکِب (مَ۔را۔کِب)(ع۔ا۔مذ) مَرکب کی جمع۔ سواریاں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَرام (مَ۔رام)(ع۔ا۔مذ) مُراد۔ مطلب۔ مقصد۔

مُراہِق (مُ۔را۔ہِق)(ع۔صف) بالغ ہونے کے قریب لڑکا۔

مَراہِم (مَ۔را۔ہِم)(ع۔ا۔مذ) مرہم کی جمع۔

مَرایا (مَ۔را۔یا)(ع۔ا۔مذ)(۱) مرآۃ کی جمع (۲) علمِ مناظرہ کی ایک شاخ۔

مُربّا (مُ۔رَب۔با)(ع۔ا۔مذ) وہ پھل وغیرہ جو کھانڈ کے قوام میں ملا کر رکھا گیا ہو۔ اُردو جمع: مُربّوں۔ مُربّے۔

مُربّا ڈالنا (اُر۔محاورہ) میوے کو قند کے شیرے میں ڈالنا۔

مُربّع (مُ۔رَب۔بَع)(ع۔ا۔مذ) چوگوشہ۔ چوکھونٹا۔ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے باہم برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں (۲) ہر چوکور چیز جس کے طول و عرض برابر ہوں (۳) ایک قسم کی نشست۔ جمع: مرابع۔ اُردو جمع: مُربّعوں۔ مُربّعے۔

مُربّع بیٹھنا (اُر۔محاورہ) چار زانو بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔

مَربُوط (مَر۔بُوط)(ع۔صف) رَبط کیا گیا۔ بندھا ہوا۔ لگا ہوا۔ وابستہ۔

مَر بُھکّا (مَر۔بُھک۔کا)(ہ۔صف) وہ جو کھانے سے کبھی سیر نہ ہو۔ پیٹو (۲) کنگال۔

مَر بھی (مَر۔بھی)(ہ۔مص مرنا کا اَمر) سو جا۔ سو بھی جا۔

مُربّی (مُ۔رَب۔بی)(ع۔صف۔وا۔مذ) پرورش کرنے والا۔ تربیت کرنے والا۔ سرپرست۔ پشت پناہ۔ حامی۔

مُربّی بنانا (اُر۔محاورہ) سرپرست قرار دینا۔ معاون بنانا۔ پشت پناہ ٹھہرانا۔

مُربّی بننا (اُر۔محاورہ) سرپرستی اختیار کرنا۔ حامی ہونا۔ کسی کی پرورش کا ذمہ لینا۔

مُربّی بیار مُربّا بخور (ف۔مثل) کسی مُربّی کو لا اور مُربّا کھا۔ اُس صورت میں کامیابی ہو سکتی ہے کہ کوئی مُربّی ہو۔

مَر پٹ کر (کے) (اُر۔تابع فعل) نہایت کوشش سے۔ بڑی محنت سے۔ سخت مشقت کے ساتھ۔

مَرتا (ہ۔صف) مرتا ہوا۔ نیم جان۔ جاں بہ لب۔ قریب ہلاکت۔

مرتا کیا نہ کرتا (اُر۔مثل) جس کی جان پر آبنتی ہے وہ سب کچھ کر گزرتا ہے۔

مرتا ہے (اُر۔محاورہ) بڑا شوقین ہے۔ جان دیتا ہے۔ عاشق ہے۔

مُرتاض (مُر۔تاض)(ع۔صف) ریاضت کرنے والا۔ علم و ہنر یا تصوّف میں مشقت اُٹھانے والا۔

مُرتّب (مُ۔رَت۔تَب)(ع۔صف مفعولی)(۱) ترتیب دیا گیا۔ قرینے سے لگایا گیا (۲) اکٹھا کیا گیا۔ تالیف کیا گیا (۳) تیار۔ مکمل۔

مرتّب کرنا (اُر۔مص مُرتّب) ترتیب دینا۔ دُرست کرنا۔ تالیف کرنا۔ قاعدے سے چُننا۔

مُرتِّب (مُ۔رَت۔تِب)(ع۔صف فاعلی) ترتیب دینے والا۔ جمع: مُرتّبین۔

مَرتبان (مَر۔تَ۔بان)(ف۔ا۔مذ) اچار چٹنی رکھنے کے لئے چینی یا مٹی کا برتن جس پر روغن کیا گیا ہو۔ اُردو جمع: مرتبان۔ مرتبانوں۔

مَرتَبَت (مَر۔تَ۔بَت)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے مرتبہ۔

مَرتَبہ (مَر۔تَ۔بہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) درجہ۔ رُتبہ۔ منصب۔ عُہدہ (۲) بار۔ دفعہ۔ جمع: مَراتِب۔ اُردو جمع: مرتبوں۔ مرتبے۔

مُرتَد (مُر۔تَد)(ع۔صف مفعولی)(۱) اسلام سے پھرا ہوا۔ منحرف (۲) مردود۔ ملعون۔ جمع: مُرتدین۔

مُرتد ہو جانا (اُر۔مص مُرکّب) دین سے پھر جانا۔ مُلحد ہو جانا۔ کافر ہو جانا۔

مُرتَسَم (مُر۔تَ۔سَم)(ع۔صف مفعولی) نشان کیا گیا۔ مُہر لگایا گیا۔

مُرتَشی (مُر۔تَ۔شی)(ع۔صف) رشوت لینے والا۔ رشوت خور۔

مُرتَضوی (مُر۔تَ۔ضَ۔وی)(ع۔صف) حضرت علی مرتضیٰؓ سے نسبت رکھنے والا۔ حضرت علی مرتضیٰؓ کی طرف منسوب۔

مُرتَضیٰ (مُر۔تَ۔ضا)(ع۔صف) پسندیدہ۔ مقبول (۲) حضرت علیؓ کا لقب۔

مُرتَعِش (مُر۔تَ۔عِش)(ع۔صف) اِرتعاش کرنے والا۔ کانپنے والا۔

مُرتَفِع (مُر۔تَ۔فِع)(ع۔صف) اُونچا۔ بلند۔

مُرتَکِب (مُر۔تَ۔کِب)(ع۔صف فاعلی) ارتکاب کرنے والا۔ کسی فعل کا کرنے والا (۲) قصوروار۔ مُجرم۔ جمع: مُرتکبین۔

مَرتِل (مَر۔تِل)(ہ۔صف) نہایت کمزور۔ مرئل۔ مَرتیلیا۔

مُرتَہِن (مُر۔تَ۔ہِن)(ع۔ا۔مذ) رہن رکھنے والا۔ گرو رکھنے والا۔

مُرتَہِنِ قابض (ع۔صف) رہن کئے ہوئے مال یا جائیداد پر قبضہ رکھنے والا۔ گرودار۔

مَرتے (مَر۔تے)(ہ۔صف)(۱) مرتا کی جمع (۲) مرتا کی مُغیرہ صورت۔

مرتے جیتے (اُر۔تابع فعل) جس طرح ہو سکا۔ جُوں تُوں کر کے۔ بُری بھلی طرح۔

مرتے جیتے بسر ہونا (اُر۔محاورہ) کسی نہ کسی طرح زندگی کے دن پُورے ہونا۔

مرتے دم تک (اُر۔تابع فعل) اخیر وقت تک۔ نزع کے وقت تک۔

مرتے کو مارنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت زدہ کو اور مُصیبت میں ڈالنا۔

مرتے کو ماریں شاہ مدار (اُر۔مثل) غریب ہی کو ہر ایک ستاتا ہے۔ (دیکھئے مدار)۔

مرتے مرتے (اُر۔محاورہ)(۱) ساری زندگی۔ آخری وقت تک (۲) حالتِ نزع میں۔

مرتے مر گیا (اُر۔محاورہ) یہاں تک نوبت پہنچی کہ مر گیا۔

مَرتیلیا (مَر۔تے۔لی۔آ)(ہ۔صف)(۱) مرتا ہوا (۲) دُبلا۔ لاغر۔ بہت کمزور۔ بے حد ناتواں (۳) سُست۔ کاہل۔

مِرتیو (مِر۔تیو)(ہ۔ا۔مث) اجل۔ موت۔ قضا۔

مَرثیہ (مَر۔ثِ۔یہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ نظم جس میں کسی شخص کے انتقال پر غم کا اظہار کیا گیا ہو اور مرحوم کے اوصاف بیان کئے گئے ہوں (۲) وہ نظم جس میں شُہدائے کربلا کے مصائب اور شہادت کا ذکر ہو۔ جمع: مراثی۔ اُردو جمع:

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مرثیوں۔ مرثیے۔

مرثیہ پڑھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مرثیہ خوانی کرنا (۲) ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔ مُردے کے اوصاف بیان کر کے رونا۔ نوحہ خوانی کرنا۔

مرثیہ خواں (خاں) (ع۔ ف۔ صف) مرثیہ پڑھنے والا۔ وہ شخص جو مجالسِ عزا میں مرثیے پڑھنے کا پیشہ کرتا ہو۔

مرثیہ خوانی (خانی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) مرثیہ پڑھنا۔ نوحہ خوانی۔

مرثیہ خوانی کرنا (اُر۔ محاورہ) مرثیہ پڑھنا۔

مَرَج (مَ۔ رَج) (ع۔ ا۔ مذ) خرابی۔ تباہی۔ ہرج کے ساتھ مستعمل ہے

مَرجان (مَر۔ جان) (ع۔ ا۔ مذ) مونگا۔ چھوٹا موتی۔

مَر جانا (مَر۔ جا۔ نا) (ہ۔ مص) اِنتقال کر جانا (۲) کسی وجاہت کا کُشتہ ہو جانا (۳) فریفتہ ہو جانا۔ عاشق ہو جانا (۴) تباہ ہو جانا۔ سخت نقصان ہو جانا (۵) نہایت شرمندہ ہونا (۶) خواہش نہ رہنا (۷) بجھ جانا۔ فرو ہو جانا۔ نیز دیکھیے مرنا۔

مُرَجَّح (مُ۔ رَج۔ جَح) (ع۔ صف مفعولی) ترجیح دیا گیا۔ غلبہ دیا گیا۔ افضل۔ فائق۔

مُرَجِّح (مُ۔ رَج۔ جِح) (ع۔ صف فاعلی) ترجیح دینے والا۔

مُرَجَّز (مُ۔ رَج۔ جَز) (ع۔ صف) نثر کی ایک قسم جس میں دو فقروں کے کلمات ہم وزن اور ہم قافیہ ہوتے ہیں۔

مَرجِع (مَر۔ جِع) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) رجوع کرنے کی جگہ۔ لوٹنے کی جگہ۔ جائے پناہ۔ ٹھکانا (۲) وہ لفظ جس کی طرف ضمیر پھرے۔ جمع: مراجع۔

مرجع خلائق (عام) (ع۔ ا۔ مذ) وہ شخص یا ٹھکانا جہاں سب رجوع ہوں۔

مَرجُوع (مَرجُوعہ) (مَر۔ جوع) (مَر۔ جو۔ عہ) (ع۔ صف) رجوع کیا گیا۔ لوٹایا گیا (۲) عدالت میں پیش کیا گیا۔

مَرجَعیّت (مَر۔ جَ۔ عی۔ یت) (ع۔ ا۔ مث) مرکزیت۔

مُرجھانا (مُر۔ جھا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) کُملانا۔ پژمردہ ہونا۔ افسردہ ہونا (۲) لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا (۳) خشک ہونا۔ سوکھنا (۴) غمگین ہونا۔ اُداس ہونا۔

مُرجھَن (مُر۔ جھَن) (ق۔ صف) پژمُردہ۔ مُرجھایا ہوا۔

مُرجیا (مَر۔ جیا) (ہ۔ صف۔ مذ) (۱) وہ جو مرتے مرتے بچا ہو (۲) نہایت سست۔ مُردہ دل۔

مَرجیونا (مَر۔ جیو۔ نا) (ہ۔ صف) مرتے مرتے بچا ہوا۔ نہایت دُبلا پتلا۔ ادھ موا۔ بہت ناتواں۔

مَرجیونی (مَر۔ جیو۔ نی) (ہ۔ صف) مرجیونا کی تانیث۔

مِرچ (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک پھل جو عموماً سرخ لیکن زرد، سیاہ اور سفید بھی ہوتا ہے۔ اس کا مزہ بہت تیز ہوتا ہے اور ہنڈیا میں بہ طور مسالا ڈالا جاتا ہے (۲) (اُر۔ صف) نہایت تیز (۲) قیامت۔ آفت۔
جمع: مرچوں۔ مرچیں۔

مُرچڑا (مَر۔ چ۔ ڑا) (ہ۔ صف) اصل منڈچڑا (۱) اپنا سر چیر دینے والا۔ اپنا سر پھاڑ ڈالنے والا (۲) ایک قسم کے فقیر جو اپنا سر زخمی کر کے بھیک مانگتے ہیں (۳) ضدی۔ ہٹیلا۔

مُرچڑا پن (ہ۔ ا۔ مذ) سینہ زوری۔ مرچڑے فقیر کی سی ضد۔ ہٹیلاپن۔

مُرچڑا پن دکھانا (اُر۔ محاورہ) منڈچڑے فقیروں کی سی حرکتیں کرنا۔ سینہ زوری دکھانا۔

مَر چلنا (ہ۔ مص مُرکّب) مرنے کے قریب ہونا۔ مرنے لگنا۔

مَرچنٹ (Merchant) (انگ۔ ا۔ مذ) سوداگر۔ تاجر۔

مُرچَنگ (مُر۔ چنگ) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک باجا جسے مُنہ سے بجاتے ہیں۔

مَرچیا دیو (مر۔ چ۔ یا۔ دیو) (ہ۔ صف) (۱) بونا اور پست قد دیو (۲) بہت تیز مزاج اور غصیلا آدمی۔

مرچیں (بیائے مجہول) (ہ۔ ا۔ مث) مرچ کی جمع۔

مرچیں سی لگنا (لگ اُٹھنا) (اُر۔ محاورہ) جھنجھلا جانا۔ جھلا جانا۔ کسی بات کا ناگوار گزرنا۔ بُرا لگنا۔ آگ سی لگ جانا (۲) حسد سے جل جانا۔

مَرحَبا (مَر۔ حَ۔ با) (ع۔ کلمہ بدا) شاباش۔ آفرین۔ کیا کہنا۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ۔

مَرحَلہ (مَر۔ حَ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سفر کی جگہ۔ کوچ کی جگہ (۲) دن بھر کا سفر۔ منزل۔ بارہ میل کی مسافت (۳) وہ جگہ جہاں سفر کے بعد مسافر قیام کریں (۴) بڑی منزل (۵) درجہ۔ مرتبہ (۶) سفر۔ کوچ (۷) قلعے کے گرد ایک قسم کی عمارت جس پر بیٹھ کر جنگ کرتے تھے (۸) اہم کام۔ مشکل مہم۔
جمع: مراحل۔ اُردو جمع: مرحلوں۔ مرحلے۔

مرحلہ طے کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) منزل پُوری کرنا (۲) کام نپٹانا۔ معاملہ نپٹانا۔ اہم کام کرنا۔

مَرحَمَت (مَر۔ حَ۔ مت) (ع۔ ا۔ مث) مہربانی۔ رحم۔ کرم۔ عنایت۔ نوازش۔
جمع: مراحم۔

مرحمت فرمانا (اُر۔ مص مُرکّب) عنایت کرنا۔ کرم کرنا۔ مہربانی فرمانا۔

مرحمت نامہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) عنایت نامہ۔ نوازش نامہ۔

مَرحُوم (مَر۔ حوم) (ع۔ صف۔ مذ) (۱) رحمت کیا گیا۔ بخشا گیا۔ مغفور۔ جنتی (۲) مرا ہوا۔ فوت شدہ۔ متوفیٰ۔ جمع: مرحومین۔

مَرحُومہ (مَر۔ حو۔ مہ) (ع۔ صف۔ مث) مرحوم کی تانیث۔ جمع: مرحومات۔

مُرَخَّص (مُ۔ رَخ۔ خَص) (ع۔ صف مفعولی) (۱) رُخصت کیا گیا۔ اجازت دیا گیا (۲) روانہ کیا گیا۔

مرخص ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) رُخصت ہونا۔ چل پڑنا۔ سدھارنا۔

مُرَخَّم (مُ۔ رَخ۔ خَم) (ع۔ صف مفعولی) (۱) نرم کیا گیا (۲) وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرا دیا گیا ہو جیسے گوز مرخم ہے گوزن کا اور ماں مرخم ہے ماندکا۔

مَرد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) نر۔ مذکر (۲) آدمی۔ بشر۔ شخص۔ منش (۳) خاوند۔ شوہر۔ پتی (۴) (صف) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ سُورما۔
جمع: مرداں۔ مردان۔ اُردو جمع: مرد۔ مردوں۔

مرد آدمی (ف۔ ا۔ مذ) شریف۔ بھلامانس۔ مُہذّب (شخص)۔

مردِ آخر بیں مُبارک بندہ ایست (ف۔ مقولہ) عاقبت اندیش انسان

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بہت اچھا ہوتا ہے۔

مرد آزما (اَفگن) (ف۔ صف) قوی۔ شہ زور۔

مرد آسا (ف۔ صف) مرد کی طرح۔

مرد باید کہ ہراساں نہ شود' مشکلے نیست کہ آساں نہ شود (ف۔ مثل) آدمی کو ہمت نہ ہارنی چاہئے۔ ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے۔

مرد باید کہ گیرد اندر گوش' گر نوشت اَست پند بر دیوار (ف۔ مثل) عقل مند وہ ہے جو دیوار پر لکھی ہوئی نصیحت کو بھی حاصل کرتا ہے۔

مرد بچہ (ف۔ صف) دلیر۔ بہادر۔ جواں مرد۔ شُجاع۔

مرد بننا (اَر۔ محاورہ) جُرأت دِکھانا۔ حوصلہ دِکھانا۔

مرد پن (اَر۔ ا۔ مذ) مرد کی خاصیت۔ آدمیت۔ اِنسانیت۔

مردِ تازہ ولایت (ف۔ ا۔ مذ) جو شخص حال ہی میں ولایت سے آیا ہو (۲) وہ شخص جو اپنے مُلکی بھائیوں سے تو دُور بھاگے اور غیر ملکیوں کی نقل کرے۔

مرد چُوں پیر شود' حرص جواں می گردد (ف۔ مثل) بُڑھاپے میں (کھانے پینے' عورت یا پیسے کی) حرص بڑھ جاتی ہے۔

مردِ حق (ف۔ ا۔ مذ) ولی۔ عارف۔ پارسا۔

مردِ خُدا (ف۔ ا۔ مذ) خُدا شناس۔ پرہیزگار (۲) شریف بُزرگ کی شان میں بھی کہتے ہیں خواہ وہ زاہد و مرتاض ہو یا نہ ہو (۳) حُسنِ کلام کے لئے بھلے مانس کی جگہ اور کبھی طنز کے طور پر اِستعمال کرتے ہیں جیسے مردِ خُدا تم کیسے بُزدِل ہو۔

مردِ غیب (ع۔ ا۔ مذ) ایک غیبی ہستی جو زمین کے گرد چکر لگاتی ہے۔

مردِ کار آمد (ف۔ ا۔ مذ) وہ شخص جو کسی کام کو بخوبی انجام دے۔

مرد کا قول (اَر۔ ا۔ مذ) پکّی بات۔ معقول بات۔ پائیدار بات۔

مرد کی بات (اَر۔ ا۔ مث) دیکھئے مرد کا قول۔

مرد کی ذات (مرد کی صورت) (اَر۔ ا۔ مث) مرد کی جنس۔ نر۔ مذکر۔

مرد کی صورت نہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) عورت کا مرد کے پاس نہ جانا۔ عورت کا مُجرّد رہنا۔

مرد کی موت نامرد کے ہاتھ (اَر۔ مثل) اُس وقت بولتے ہیں جب کم زور اور پست ہمت کسی بہادُر کو مارے۔

مرد مانس (اَر۔ ا۔ مذ) مرد کی ذات۔ مرد۔ منش۔ پُرش۔

مرد مانس گھر ہی بھلے (اَر۔ مقولہ) شریف آدمی وہی ہے جو گھر ہی میں رہے یعنی آوارہ اور بدچلن نہ ہو۔

مرد مرے نام کو' نامرد مرے نان کو (اَر۔ مثل) شریف اور بہادُر لوگ عزّت و شہرت کی خاطر جان دے دیتے ہیں مگر ذلیل آدمی روٹی کے لئے خوار ہوتا ہے۔

مردِ معقول (ف۔ ع۔ ا۔ مذ) بھلامانس۔ شریف۔ مُہذّب۔ شائستہ۔ ذی فہم۔ سمجھ دار۔ دانا۔ زیرک۔

مردِ میدان (ف۔ ا۔ مذ) بہادُر۔ جری۔ دلیر۔ سُورما۔

مرد و زن (ف۔ ا۔ مذ) مرد و عورت۔ عام لوگ۔

مرد ہونا (اَر۔ محاورہ) بہادُر ہونا۔ دلیر ہونا۔

مُرداد (مُر۔ داد)(ف۔ ا۔ مذ) پانچواں شمسی مہینا جو انگریزی مہینے جولائی' اگست اور ہندی مہینے بھادوں کے مُطابق ہوتا ہے۔

مُردار (مُر۔ دار)(ف۔ صف)(۱) اپنی موت سے مرا ہوا (۲) ناپاک۔ نجس۔ حرام (۳) مُردہ۔ بے جان (۴) حقارت کا کلمہ جو بحالتِ ناراضی کہا جاتا ہے۔ نالائق۔ نابکار۔

مُردار پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) بے جان ہو جانا۔

مُردار خوار (ف۔ صف) وہ جو مُردہ جانوروں کو کھائے جیسے گِدھ' چیل' کوّا وغیرہ۔

مُردار سنگ (ف۔ ا۔ مذ) ایک دوا کا نام جو پتھر کی مانند ہوتی ہے۔

مُردار مال (ف۔ ا۔ مذ) حرام مال۔ ناجائز دولت۔ خلافِ شرع حاصل کیا ہوا مال۔

مُردار ہڈّی پر اَڑنا (اَر۔ محاورہ) حرام مال پر تکرار کرنا۔

مُردار ہو جانا (اَر۔ محاورہ) حرام ہو جانا۔ ناجائز ہو جانا۔ ذبح کے قابل نہ رہنا۔

مُرداری (مُر۔ دا۔ ری)(اَر۔ ا۔ مث) چھپ کلی۔ چل پاسہ۔ (پن) کرلی۔

مَردامَردی (مَر۔ دا۔ مَر۔ دی)(اَر۔ ا۔ مث) زبردستی۔

مَردان (مَر۔ داں)(ف۔ ا۔ مذ) مرد کی جمع۔

مردانِ خُدا (ف۔ ا۔ مذ) خُدا کے خاص بندے۔ باخُدا لوگ۔

مَردانگی (مَر۔ دا۔ ن۔ گی)(ف۔ ا۔ مث) مردی۔ بہادُری۔ دلیری۔ جوانمردی۔

مَردانہ (مَر۔ دا۔ نہ)(ف۔ صف)(۱) مرد سے متعلق۔ مرد سے نسبت رکھنے والا۔ مرد کے مانند (۲) (متعلق فعل) دلیری سے۔ جُرأت سے (۳) (اَر۔ ا۔ مذ) مکان کا وہ حِصّہ جہاں مرد بیٹھتے ہوں۔

مردانہ بھیس (اَر۔ ا۔ مذ) مردوں کا سا لباس۔ مرد کا روپ۔

مردانہ جوڑا (اَر۔ ا۔ مذ) مردوں کے پہننے کا لباس۔

مردانہ چال (اَر۔ ا۔ مث) مردوں کی سی رفتار۔

مردانہ کام (اَر۔ ا۔ مذ) ہمّت اور بہادُری کا کام۔

مردانہ مکان (اَر۔ ا۔ مذ) وہ مکان جس میں مرد رہتے ہوں (۲) مردانہ بیٹھک۔

مردانہ وار (اَر۔ صف) مردوں کی طرح۔ بہادُروں کی مانند۔ دلیرانہ۔

مردانہ ہونا (اَر۔ محاورہ) گھر کی عورتوں کا پردے میں چلا جانا۔ گھر میں پردہ ہو جانا۔

مَردانی (اَر۔ صف)(۱) مرد سے منسوب (۲) وہ عورت جو اپنے آپ کو مردوں کے مُشابہ بنائے (۳) جُرأت والی عورت۔ بہادُر خاتون۔ مردوں کے سے کام کرنے والی عورت۔ (خوب لڑی مردانی وہ تو جھانسی والی رانی تھی)۔

مردانی صحنک (صَح۔ نک)(اَر۔ ا۔ مث) وہ صحنک (نیاز) جو مرد کھاتے ہیں۔

مَردانیّت (مَر۔ دا۔ نی۔ یَت)(اَر۔ ا۔ مث) مردانگی۔ دلیری۔ جُرأت۔

مَردانے (اَر۔ صف)(۱) مردانہ کی جمع (۲) مردانہ نمبر ۳ کی مُغیرہ صورت۔

مردانے آدمی (اَر۔ ا۔ مذ) بہادُر لوگ۔ شُجاع لوگ۔

مُرَدّد (مُ۔ رَد۔ دَد)(ع۔ صف مفعولی) رَد کیا گیا۔ واپس کیا گیا (۲) تردید کیا گیا۔

مُرَدِّد (مُ۔ رَد۔ دِد)(ع۔ صف فاعلی)(۱) پھیرنے والا۔ واپس کرنے والا (۲) تردید کرنے والا۔ جمع: مُرَدِّدین۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُرَدَّف (مُ۔رَد۔دَف) (ع۔صف) جس میں ردیف پائی جائے۔

مَرَدَک (مَر۔دَک) (ف۔صف) مرد کی تصغیر۔ حقیر آدمی۔ ذلیل آدمی۔

مُردگاں (مُر۔دَ۔گاں) (ف۔ا۔مذ) مُردہ کی جمع۔

مَردُم (مَر۔دُم) (ف۔ا۔مذ) مرد۔ اِنسان۔ آدمی۔ لوگ۔ یہ لفظ اسم جنس ہے۔ واحد پر بھی اس کا اِطلاق ہوتا ہے اور جمع پر بھی۔

مَردُمِ آبی (ف۔ا۔مذ) جَل مانس۔ دریائی آدمی۔ اِنسانی صورت کے حیوانات جو سمندر میں رہتے ہیں۔

مَردُم آزار (ف۔صف) لوگوں کو ستانے والا۔ ظالم۔ بے رحم۔ مُوذی۔

مَردُم آمیز (ف۔صف) لوگوں میں گُھل مِل جانے والا۔ خلیق۔ متواضع۔ ملن سار۔

مَردُمِ چشم (ف۔ا۔مذ) آنکھ کی پتلی۔

مَردُمِ خاکی (ف۔ا۔مذ) اِنسان۔

مَردُم خوار (خور) (ف۔صف) آدم خور۔ وہ لوگ یا جانور جو آدمیوں کو کھا جاتے ہیں۔

مَردُم خیز (ف۔صف) وہ مقام جہاں قابل اور بہادر لوگ پیدا ہوں۔

مَردُمِ دیدہ (ف۔ا۔مذ) آنکھ کی پتلی۔ مردمِ چشم۔

مَردُم شماری (ف۔ا۔مث) آدمیوں کی گنتی۔

مَردُم شناس (ف۔صف) وہ شخص جو آدمیوں کی اہلیت اور قابلیت کو جانچ لے۔

مَردُم شناسی (ف۔ا۔مث) اچھے بُرے آدمیوں کو پہچاننے کا وصف۔

مَردُم قالی (مردمِ قالین) (ف۔صف) (۱) اِنسان کی شکل جو قالین پر بنی ہوتی ہے (۲) بے مصرف آدمی۔

مَردُم کُش (ف۔صف) اِنسان کو قتل کرنے والا۔

مَردُم کُشی (ف۔ا۔مث) اِنسان کو ہلاک کرنا۔

مَردُم گیا (مردم گیاہ) (ف۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی چینی گھاس جس کی جڑ اِنسان کی شکل کی سی ہوتی ہے۔ اس کے پتے آفتاب کے مقابل رہتے ہیں۔ مشہور ہے کہ اس کو اُکھاڑنے والا فوراً مر جاتا ہے (۲) تُزکِ جہانگیری میں بمعنی حنظل آیا ہے۔

مَردُم ماہی (ف۔ا۔مث) ایک قسم کی مچھلی جس کا دھڑ اِنسان جیسا ہوتا ہے۔

مَردُمَک (مَر۔دُ۔مَک) (ف۔ا۔مث) آنکھ کی پُتلی۔ مردمِ چشم۔ مردمِ دیدہ۔

مَردُمی (مَر۔دُ۔می) (ف۔ا۔مث) (۱) بہادری۔ شجاعت۔ دلیری (۲) اِنسانیت۔ مُروّت۔ خلق۔

مِردَنگ (نونِ غنّہ) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی ڈھولک جو طبلے کی طرح ایک طرف سے بجائی جاتی ہے (۲) شیشے کا فانوس جسے شمع کے اُوپر رکھ دیا جاتا ہے۔

مِردنگی (مِر۔دَن۔گی) (ہ۔ا۔مذ) مِردنگ بجانے والا۔

مُردَنی (مُر۔دَ۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) موت کے آثار۔ علامت مرگ جو چہرے پر خون خشک ہونے سے پائی جاتی ہے (۲) مرنا (۳) قضا۔ موت۔

مُردنی پھرنا (اُر۔محاورہ) موت کے آثار ظاہر ہونا۔ چہرے کا رنگ زرد پڑ جانا۔

مُردنی چھاجانا (اُر۔محاورہ) چہرے پر موت کے آثار ظاہر ہونا۔

مُردنی میں جانا (اُر۔محاورہ) مُردے کی تجہیز و تکفین میں شریک ہونا۔

مَردُوا (مَر۔دُ۔وا) (ہ۔ا۔مذ۔ع) مرد کی تصغیر۔ مردَک (۲) غیر شخص۔ بیگانہ مرد۔

مَردُود (مَر۔دُود) (ع۔صف) (۱) رَدّ کیا گیا۔ راندہ ہوا۔ بے عزت کیا گیا۔ ملعون۔ نابکار (۲) نالائق۔ بدنصیب۔ نکما۔ اُردو جمع: مردُودے۔ مردُودوں۔

مردُودِ درگاہِ خُداوندی (ع۔ف۔صف) خُدا کی درگاہ سے دُھتکارا ہوا۔ شیطان۔ ابلیس۔

مردُودُ الشّہادۃ (مَر۔دُو۔دُش۔شَ۔ہا۔دَت) (ع۔صف) وہ شخص جس کی گواہی ناقابل قبول ہو۔

مردُود ہونا (اُر۔محاورہ) نکالا جانا۔ ملعون ہونا۔

مُردوں (اُر۔ا۔مذ) مُردہ کی جمع۔

مُردوں سے شرط باندھ کر سونا (اُر۔محاورہ) بہت دیر تک سونا۔ بہت غافل سونا۔

مُردوں کی ہڈیاں اُکھیڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) مرے ہوئے لوگوں کی باتیں نکالنا (۲) مُردوں کو بُرائی کے ساتھ یاد کرنا (۳) اساتذہ کے کلام پر نکتہ چینی کرنا (۴) اگلے لوگوں کی پیروی کرنا۔ پُرانے مضامین باندھنا۔

مُردوں کی ہڈیاں چچوڑنا (اُر۔محاورہ) بُزرگوں کے کارناموں پر فخر کرنا۔

مَردُوے (مَر۔دُ۔وے) (اُر۔ا۔مذ۔ع) مردوا کی جمع۔

مُردَہ (مُر۔دَہ) (ف۔صف) (۱) بے جان۔ بے رُوح۔ مَرا ہوا۔ فوت شدہ۔ متوفی (۲) (مجازاً) کمزور۔ ناتواں۔ نحیف۔ لاغر۔ دُبلا (۳) بہت بوڑھا۔ نہایت عُمر رسیدہ (۴) مُرجھایا ہوا۔ افسُردہ (۵) (ا۔مذ) لاش۔ میت۔ جنازہ۔ جمع: مُردگان۔ اُردو جمع: مُردوں۔ مُردے۔

مُردہ اُٹھانا (اُر۔محاورہ) تجہیز و تکفین کرنا۔ گور گڑھا کرنا۔ میت کی رسمیں ادا کرنا۔

مُردہ اُٹھنا (اُر۔محاورہ) جنازہ اُٹھنا۔

مُردہ باد (ف۔نعرہ) مرجائے۔ تباہ ہو جائے۔ غارت ہو جائے۔

مُردہ بن جانا (اُر۔محاورہ) بے جان ہو جانا۔ بہت کمزور ہو جانا۔

مُردہ بہ دستِ زندہ (ف۔مثل) مُردہ زندہ کے ہاتھ میں۔ جب آدمی مر گیا تو زندہ جو چاہے اُس کا حال کرے وہ بے اختیار ہوتا ہے۔ بے کس اور بے بس کے حق میں بولتے ہیں۔

مُردہ بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) میت کا بوجھل ہونا۔ لاش کا وزنی ہونا۔ عوام میں مشہور ہے کہ گناہ گار کی لاش وزنی ہو جاتی ہے۔

مُردہ پسند (پرست) (ف۔صف) مرنے کے بعد قدر کرنے والا۔

مُردہ خراب ہونا (اُر۔محاورہ) میت کی مٹی پلید ہونا۔ مُردے کا رُسوا ہونا۔

مُردہ خوار (ف۔صف) (۱) مُردہ کھانے والا (۲) غیبت کرنے والا۔

مُردہ دِل (ف۔صف) (۱) اُداس۔ آزردہ۔ رنجیدہ۔ دل گیر۔ مغموم (۲) سُست۔ کاہل (۳) بے ذوق۔

مُردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں، اپنے حلوے مانڈے سے کام (اُر۔مثل) خود غرض کو اپنے مطلب سے کام، خواہ کوئی مرے یا جیئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُردہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) مرا ہوا دیکھنا۔ جنازہ دیکھنا۔ ایک قسم کی سخت قسم جیسے ہمارا مُردہ دیکھے جو آج جائے۔

مُردہ سا پڑا رہنا (اُر۔ محاورہ) سُست پڑا رہنا۔

مُردہ سنگ (ف۔ ا۔ مذ) دیکھئے مُردار سنگ۔

مُردہ شو (ف۔ صف) مُردہ نہلانے والا۔ میّت کو غُسل دینے والا۔ غسّال۔

مُردہ شو کے حوالے (اُر۔ بددُعا) مرجائے۔ موت آجائے۔

مُردہ شو لے جائے (اُر۔ بددُعا) میّت نہلانے والا اُٹھا لے جائے۔ غسّال کے سپرد ہو۔ دُنیا سے رُخصت ہو جائے۔

مُردہ کر دینا (کر ڈالنا) (اُر۔ محاورہ) مرنے کے قریب پہنچا دینا۔ بہت کمزور کر دینا (۲) مار ڈالنا۔ ذبح کر دینا۔

مِردھا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گاؤں کا حاکم (۲) چوب داروں اور قاصدوں کا اَفسر۔

مَردی (مَر۔ دی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) مردانگی۔ مَردمی۔ بہادری (۲) آدمیت۔ اِنسانیت۔ مُرکبات میں جیسے جواں مردی۔

مُردے (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) مُردہ کی جمع (۲) مُردہ کی مغیرہ صورت۔

مُردے پر تین دِن بھاری (اُر۔ مثل) مُردے کے لئے پہلے تین دِن بہت سخت ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ تین دن تک مُردے کا حساب کتاب ہوتا ہے۔

مُردے پر جیسے سو من مٹی ویسے ہزار من (اُر۔ مثل) جب مُصیبت ہی سہنی ہے تو جیسی تھوڑی ویسی بہت۔

مُردے جِلانا (اُر۔ محاورہ) مُردے زندہ کرنا۔

مُردے سے بدتر (اُر۔ صف) بہت ضعیف اور کمزور۔

مُردے کا مال (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) مال متروکہ (۲) لاوارث مال (۳) بہت سستا مال۔

مُردے کو بیٹھ کر روتے ہیں اور روزی کو کھڑے ہو کر (اُر۔ مثل) روزی کا غم مُردے کے غم سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

مُردے کی نیند سونا (اُر۔ محاورہ) بہت غافل ہو کر سونا۔

مَردے از غیب بُروں آید و کارے بکُند (یائے مجہول برائے وحدت و تنکیر) (ف۔ مقولہ) غیب سے کوئی مرد آتا ہے اور کام کر دیتا ہے۔ جب کوئی کام ہونے والا ہوتا ہے تو غیب سے اُس کے اَسباب پیدا ہو جاتے ہیں۔

مَر رہنا (مَر۔ رَہ۔ نا) (ہ۔ مص) مرجانا۔ موت آجانا (۲) (مجازاً) کام میں دیر لگانا۔ جہاں جانا وہیں بیٹھ رہنا (۳) بے خبر ہونا (۴) سو رہنا۔

مَرز (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) زمین۔ قابلِ کاشت زمین (۲) حد۔ سرحد۔

مَرزبان (ف۔ ا۔ مذ) (۱) زمین دار۔ حاکم زمین (۲) سرحد کا افسر۔ سرحدی صُوبے کا گورنر (۳) صُوبے دار (۴) شاہ۔ شہزادہ (۵) آتش پرستوں کا سردار۔ جمع: مرزبانان۔

مرزبُوم (ف۔ ا۔ مث) (۱) پیدائش کی جگہ۔ جنم بھومی (۲) مُلک کی حدود (۳) مملکت۔ سلطنت۔

مرزا (مر۔ زا) (ف۔ ا۔ مذ) میرزا کا مُخفّف (۱) امیر زادہ۔ شہزادہ (۲) مُغل زادہ (۳) خاندانِ مُغلیہ کے شہزادوں کا لقب۔ نیز دیکھئے میرزا۔

مرزا پھویا (اُر۔ ا۔ مذ) نہایت نازک اَندام آدمی۔ لاغر۔ دُبلا پتلا۔ آرام طلب۔ تن آسان (آدمی)۔

مرزا چھیلا (اُر۔ ا۔ مذ) چھیل چھبیلا۔ رنگیلا۔ سجیلا۔

مرزا منشی (مُ۔ نِ۔ شی) (اُر۔ ا۔ مث) نازک طبعی۔ نازک مزاجی۔

مرزا مہین (اُر۔ صف) نازک بدن۔ دُبلا پتلا۔

مِرزائی (مِر۔ زا۔ ای) (ف۔ ا۔ مث) (۱) شہزادگی (۲) حکومت کی بُو۔ تکبّر۔ غرور (۳) حکومت۔ سرداری (۴) صدری۔ کُرتی۔ واسکٹ۔ نیم آستین (۵) (صف) مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو۔

مرزائی کرنا (اُر۔ محاورہ) تکبّر کرنا۔ غرور کرنا۔

مرزائی کی بُو (اُر۔ ا۔ مث) حکومت کا نشہ۔ سلطنت کا گھمنڈ۔

مِرزائیت (مِر۔ زا۔ ای۔ یَت) (ف۔ ا۔ مث) احمدیت۔ مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی ماننے والا مذہب۔

مَرزن جوش (گوش) (ف۔ ا۔ مث) ایک خوش بُودار گھاس۔ چوہا کنی۔

مَرزُوق (مَر۔ زُوق) (ع۔ صف) رزق دیا گیا۔

مِرزَئی (مِر۔ زَ۔ اِی) () مرزائی کا مخفّف۔

مُرسَل (مُر۔ سَل) (ع۔ صف مفعولی) (۱) ارسال کیا گیا۔ بھیجا ہوا۔ رسول۔ پیغمبر۔ نبی۔ جمع: مُرسَلین (۲) حدیث کی ایک قسم۔

مُرسَل اِلَیہ (ع۔ صف) جس کی طرف بھیجا جائے۔

مُرسِل (مُر۔ سِل) (ع۔ صف فاعلی۔ مذ) اَرسال کرنے والا۔ بھیجنے والا۔ خط بھیجنے والا۔ جمع: مُرسِلین۔

مُرسَلہ (مُر۔ سَ۔ لہ) (ع۔ صف) مُرسَل کی تانیث۔

مُرسَلہ بند (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ہار کا گنڈا۔

مُرسَلین (مُر۔ سَ۔ لین) (ع۔ ا۔ مذ) مُرسَل کی جمع۔ بہت سے رسُول۔ بہت سے پیغمبر۔

مَرسُوب (ع۔ صف) (۱) تہ میں بیٹھا ہوا (۲) (مث) تلچھٹ۔

مَرسُوم (مَر۔ سُوم) (ع۔ صف مفعولی) (۱) رَسم ڈالا گیا۔ قاعدہ باندھا گیا (۲) نشان کیا گیا (۳) تنخواہ۔ وظیفہ۔ مُشاہرہ۔

مُرشِد (مُر۔ شِد) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) (۱) ہدایت کرنے والا۔ سیدھی راہ بتانے والا۔ راہ نما۔ ہادی۔ پیر (۲) اُستاد (۳) (طنزاً) چالاک۔ عیّار۔ ہوشیار۔ شریر۔ فریبی۔ دغاباز۔ پاکھنڈی۔ گرو گھنٹال۔ جمع: مُرشِدین۔ اُر جمع: مُرشِد۔ مُرشِدوں۔

مُرشد زادہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) پیر کا بیٹا (۲) بادشاہ کا رشتے دار۔

مُرشِدی (مُر۔ شِ۔ دی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) پیر ہونے کا پیشہ (۲) راہ راست دکھانا۔ ہدایت کرنا (۳) (ی نسبتی) میرا پیر۔

مَرصَد (ع۔ ا۔ مث) (۱) اُمید گاہ۔ گھات (۲) رصد گاہ۔

مُرَصّع (مُ۔ رَص۔ صَع) (ع۔ صف) (۱) جڑاؤ۔ موتی یا جواہرات جڑا ہوا (۲) آراستہ (۳) وہ نثر یا نظم جس میں ہر لفظ کے مقابلے میں دُوسرا لفظ اُسی وزن یا قافیے کا ہو (۴) خوش بیانی سے آراستہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُرَصَّع رقم (ع۔ صف) نہایت خوبصورت لکھنے والا۔ خوش نما لکھنے والے کاتب کی تعریف۔

مُرَصَّع زبان (ع۔ ف۔ صف) نہایت خوش بیان۔

مُرَصَّع ساز (مُرَصَّع کار) (ع۔ ف۔ صف) نگینے یا جواہرات جڑنے والا۔ جڑیا۔

مُرَصَّع سازی (مُرَصَّع کاری) (ف۔ ا۔ مث) جڑنے کا کام۔ جڑت۔

مُرَصَّع نگار (ع۔ ف۔ صف) بہت خوش قلم۔ نہایت خوشخط لکھنے والا۔

مَرصُوص (مَر۔ صُوص) (ع۔ صف) بہت مضبوط کیا ہوا۔ رانگ پلایا ہوا۔ سیسہ پلایا ہوا۔

مَرصُوصَہ (مَر۔ صُو۔ صَہ) (ع۔ صف) مرصوص کی تانیث۔

مَرَض (مَ۔ رَض) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بیماری۔ دُکھ۔ روگ۔ آزار (۲) لت۔ عادت۔ جمع: اَمراض۔ اُردو جمع: مرض۔ مرضوں۔

مرض اُٹھ کھڑا ہونا (اُر۔ محاورہ) بیماری پیدا ہو جانا۔

مرضِ اصلی (ع۔ ا۔ مذ) وہ مرض جو خود پیدا ہو اور کسی دُوسرے مرض کا تابع نہ ہو۔

مرضُ الموت (ع۔ ا۔ مذ) وہ مرض جس میں مُبتلا ہو کر آدمی مر جائے۔

مرض بگڑنا (اُر۔ محاورہ) بیماری کا خراب صورت اختیار کر لینا۔ مرض کا خطرناک حالت میں داخل ہونا۔ بیماری بڑھ جانا۔

مرضِ حادّ (ع۔ ا۔ مذ) شدید بیماری۔

مرض خانہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) بیماری کا گھر (۲) بیماروں کے رہنے کا مکان۔

مرض عارض ہونا (اُر۔ محاورہ) بیماری کا پیچھے لگ جانا۔ مرض لاحق ہونا۔

مرض کا توتا (طوطا) پالنا (اُر۔ محاورہ) بکھیڑے میں پڑنا۔

مرض کی دوا ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی مصرف کا ہونا۔ کسی کام کا ہونا۔

مرض لاحق ہونا (اُر۔ محاورہ) بیماری ہونا۔

مرضِ لاحِقہ (ع۔ ا۔ مذ) موجودہ بیماری۔

مرضِ لا دوا (ع۔ ا۔ مذ) وہ بیماری جس کا علاج نہ ہو۔

مرضِ متعدّی (ع۔ ا۔ مذ) وہ بیماری جو ایک سے دُوسرے کو لگے۔ چھوت کی بیماری۔

مرضِ مُزمِن (ع۔ ا۔ مذ) پرانی بیماری۔

مرضِ مقامی (ع۔ ا۔ مذ) وہ بیماری جو کسی خاص مقام سے مخصوص ہو۔

مرضِ مُہلِک (ع۔ ا۔ مذ) ہلاک کرنے والا مرض۔ وہ بیماری جس میں جان کا اَندیشہ ہو۔

مَرضا (مَرضیٰ) (مَ۔ رَ۔ ضا) (ع۔ ا۔ مذ) مریض کی جمع۔

مُرضِعَہ (مُر۔ ضِ۔ عَہ) (ع۔ صف۔ وا۔ مث) بچے کو دودھ پلانے والی عورت۔ دائی۔ اَنّا۔

مَرضی (مَر۔ ضی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) پسندیدگی۔ خوشنودی۔ اِقرار۔ منظوری (۲) اجازت (۳) خواہش۔

مرضی پلٹنا (ملنا) (اُر۔ محاورہ) اتفاق رائے ہونا۔ دِل ملنا۔ باہم رضامند ہونا۔

مرضی ملے کا سودا (اُر۔ ا۔ مذ) رضامندی کا معاملہ۔ رضامندی پر موقوف۔

مرضیِ مَولیٰ از ہمہ اَولیٰ (ف۔ مقولہ) مالک کی رضا سب سے بہتر ہے۔ ہر اَمر میں خُدا کی رضا پر راضی رہنا چاہئے۔ کنایہ ہے اِنسان کی بے بسی سے۔

مرضی میں آنا (اُر۔ محاورہ) پسند ہونا۔ رائے کے موافق ہونا۔

مَرطُوب (مَر۔ طوب) (ع۔ صف) تر۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ سیلا۔

مَرطُوبِیَّت (مَر۔ طو۔ بی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) تری۔ نمی۔

مَرعُوب (مَر۔ عوب) (ع۔ صف) رُعب میں آیا ہوا۔ ڈرا ہوا۔

مَرعی (مَر۔ عی) (ع۔ صف) (۱) رعایت کیا گیا (۲) ملحوظ رکھا گیا۔ لحاظ کیا گیا (۳) عائد کیا گیا۔ حکومت کیا گیا۔

مَرغ (بفتح اول و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) ہری گھاس۔ سبزہ۔

مرغ زار (ف۔ ا۔ مذ) سبزہ زار۔ گیاہستان۔

مُرغ (بضمِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ ا۔ مذ) پرند۔ اُڑنے والا جانور (۲) مُرغا۔ خروس۔ جمع: مُرغان۔ اُردو جمع: مُرغوں۔ مُرغے۔

مُرغ آتش بار (زن) (ف۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی آتش بازی۔

مُرغ آتش خوار (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) چکور۔ کبک۔

مُرغ باد نما (ف۔ ا۔ مذ) ٹین کا بنا ہوا وہ مرغ جو ہوا کا رُخ بتاتا ہے۔

مُرغ باز (ف۔ صف) مُرغ پالنے اور لڑانے والا۔

مُرغ بازی (ف۔ ا۔ مث) مُرغ لڑانا۔

مُرغ بام (ف۔ ا۔ مذ) (۱) بُلبُل (۲) فاختہ۔ قمری۔

مُرغ بسم اللہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم جسے مُرغ کی صورت میں لکھا جائے۔

مُرغ چمن (خوش اِلحان) (ف۔ ا۔ مذ) بُلبُل۔ عندلیب۔ وہ پرندہ جس کی آواز سُریلی ہو۔

مُرغ حق گو (زیرک۔ شب آویز) (ف۔ ا۔ مذ) ایک پرند جو رات کو اُلٹا لٹک کر حق حق کی آواز نکالتا ہے۔

مُرغ خانگی (خا۔ نَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مذ) گھر کا پلا ہوا مُرغ۔ پالتو مُرغ۔

مُرغ خیال (ف۔ ا۔ مذ) خیال کا مُرغ۔ خیال کو پرواز کے باعث مُرغ سے تشبیہ دیتے ہیں۔

مُرغ دست آموز (ف۔ ا۔ مذ) ہاتھ پر ہلایا ہوا پرندہ۔ وہ سدھایا ہوا پرند جو چھوڑنے کے بعد پھر ہاتھ پر آ بیٹھے۔

مُرغ دِل (ف۔ ا۔ مذ) حرکت کرنے کی وجہ سے دِل کا مُرغ سے اِستعارہ کرتے ہیں۔

مُرغ دیبا (ف۔ ا۔ مذ) ریشم کے دھاگے سے کپڑے پر مُرغ کی بنی ہوئی تصویر۔

مُرغ رنگین (زرّیں) تاج (ف۔ ا۔ مذ) تیتر اور مور سے ملتا ہوا مُرغی کے برابر سبز رنگ کا ایک پرند جس کے سر پر چمک دار کلغی ہوتی ہے۔ ایک قسم کا جنگلی مُرغ۔

مُرغ سحر (صبح) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) مُرغ جو صبح کے وقت اذان دیتا ہے (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صبح کو چھپانے والا پرندہ۔

مُرغِ سِدرَہ (ف۔ع۔ا۔مذ) بیری پر رہنے والا پرندہ۔ مُراد حضرت جبرئیلؑ۔ مُسلمانوں کے عقیدے میں ساتویں آسمان پر ایک بیری کا درخت (سِدرہ) ہے جو حضرت جبرئیلؑ کا مقام ہے۔ اُس کے آگے کسی کی رسائی ممکن نہیں۔

مُرغِ سُلیمان (ف۔ا۔مذ) حضرت سُلیمانؑ کا پرند۔ ہُدہُد جو حضرت سلیمانؑ کا خط لے کر بلقیس ملکہ سبا کے پاس گیا تھا۔

مُرغِ شاہانہ سر (ف۔ا۔مذ) ہُدہُد۔

مُرغِ شب آہنگ (مرغِ شب خیز) (ف۔ا۔مذ) رات کو گانے والا پرند۔ بُلبُل۔

مُرغِ عیسیٰؑ (مسیحا) (ف۔ا۔مذ) وہ پرندہ جسے حضرت عیسیٰؑ نے مٹی کا بنا کر دَم پھونکا تھا۔

مُرغِ قبلہ نُما (ف۔ا۔مذ) آلۂ قبلہ نُما کے اندر وہ پُرزہ جو سمتِ قبلہ بتاتا ہے۔ قبلہ نُما کی سُوئی۔

مُرغ کی ایک ہی ٹانگ (مُرغے کی ایک ہی ٹانگ) (اَر۔مثل) اپنی بات کی رَٹ۔ اپنے جھوٹے قول کی پچ۔ بے جا بات کی اَڑ۔

مُرغِ مجنوں (ف۔ا۔مذ) وہ پرند جس نے مجنوں کے سر پر گھونسلا بنایا تھا۔

مُرغِ مصلّی (مُ۔صَل۔لا) (ف۔ا۔مذ) وہ شخص جو ظاہر میں نمازی اور باطن میں مکار ہو۔

مُرغِ نامہ آور (ف۔ا۔مذ) ہُدہُد (۲) خط لانے والا کبوتر (۳) قاصد۔ پیک۔

مُرغِ نامہ بَر (ف۔ا۔مذ) وہ کبوتر جس کے گلے میں چٹھی باندھ کر بھیجیں۔

مُرغِ نو گرفتار (ف۔ا۔مذ) وہ پرند جو نیا نیا پکڑا گیا ہو۔

مُرغِ ہمایوں فال (ف۔ا۔مذ) مُبارک شگون والا طائر۔ ہُما۔

مُرغا (مُر۔غا) (اَر۔ا۔مذ) مُرغی کا نَر۔ خروس۔ جمع: مُرغوں۔ مُرغے۔

مُرغا بنانا (اَر۔محاورہ) ٹانگوں کے نیچے سے ہاتھ نکال کر کان پکڑنے پر مجبور کرنا۔

مُرغا نہ ہوگا تو کیا اذان نہ ہوگی (مُرغا بانگ نہ دے گا تو کیا صبح نہ ہوگی) (اَر۔مثل) کوئی کام کسی کی ذات خاص پر موقوف نہیں۔ رہتی دُنیا تک کام ہوتے ہی رہیں گے۔

مُرغا ہضم بکری پر دَم (اَر۔مثل) چھوٹی چیز لے کر بڑی پر نظر رکھنا۔

مُرغابی (مُر۔غا۔بی) (ف۔ا۔مث) مُرغِ آبی۔ ایک آبی پرندہ۔

مُرغان (مُر۔غاں) (ف۔ا۔مذ) مُرغ کی جمع۔

مرغانِ اُولی الاَجنِحَہ (او۔لِل۔اَج۔نَ۔حَہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) بازُو رکھنے والے پرند۔ کنایہ ہے فرشتوں سے۔

مُرغَّن (مُ۔رَغ۔غَن) (ف۔صف عربی قاعدے سے) بہت سا گھی پڑا ہوا۔ خوب روغن دار۔

مَرغُوب (مَر۔غوب) (ع۔صف) (۱) رغبت کیا گیا۔ پسندیدہ۔ من پسند۔ قابلِ رغبت۔ من بھاتا (۲) دِل کش۔ دِل رُبا۔ محبوب۔ پیارا (۳) خوبصورت (۴) مزیدار۔ لذیذ۔ جمع: مرغوبات۔

مرغوب آنا (اَر۔محاورہ) پسند آنا۔ من کو بھانا۔

مرغوبُ الطبع (مَر۔غو۔بُط۔طَبع) (ع۔صف) دِل کو پسند آنے والا۔ جی کو بھائے۔

مَرغوبات (مَر۔غو۔بات) (ع۔ا۔مث) مرغوب کی جمع۔ پسندیدہ چیزیں۔

مَرغول (مرغولہ) (مَر۔غول) (مَر۔غو۔لہ) (ت۔صف) پیچ دار۔ پیچیدہ۔ خم دار۔ ٹیڑھا۔ گھنگھریالا۔ بَل کھائے ہوئے۔ مُڑا ہوا (۲) ڈنڈی دار یا کنگرے دار محراب (۳) مدوّر بنا ہوا آنکھم (۴) پیچیدہ آواز۔ ٹکری۔

مَرغولنا (ق۔مص) چہچہانا۔

مَرغولی (ق۔ا۔مث) (۱) خوشی (۲) پرندوں کا چہچہانا۔

مُرغوں (اَر۔ا۔مذ) مُرغا کی جمع۔

مُرغوں کی پالی (اَر۔ا۔مث) (۱) وہ جگہ جہاں مُرغے لڑائے جاتے ہیں (۲) مُرغوں کی لڑائی۔

مُرغوں کی پالی بندھنا (اَر۔محاورہ) مُرغوں کا اکھاڑا جمنا۔ مُرغوں کی لڑائی ہونا۔

مُرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ (اَر۔مثل) اِنسان اپنے مطلب ہی کی بات سوچتا ہے۔ جیسا خیال ہوتا ہے ویسے ہی خواب نظر آتے ہیں۔

مُرغی (مُر۔غی) (اَر۔ا۔مث) مُرغے کی مادہ۔ ماکیاں۔ جمع: مُرغیاں۔ مُرغیوں۔

مُرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو سواد (مزہ) نہ آیا (اَر۔مثل) ایک شخص نے دُوسرے کے لئے بے حد کوشش کی مگر دُوسرے نے کوئی قدر نہ کی۔

مُرغی انڈے کی بحث (اَر۔ا۔مث) بے نتیجہ بحث۔ بے کار حُجت۔

مُرغی بٹھانا (اَر۔محاورہ) مُرغی کو انڈے سینے کے لئے بٹھانا۔

مُرغی کا (اَر۔صف) بطور گالی بولتے ہیں یعنی مُرغی کا جنا ہوا۔

مُرغی کا گوہ (اَر۔ا۔مذ) ناکارہ شئے۔ نکمّی چیز۔

مُرغی کو تکلے کا (گھاؤ) داغ بہت ہے (اَر۔مثل) غریب کو تھوڑا نُقصان بھی بہت ہے۔

مُرغی کی (اذان) بانگ (اَر۔ا۔مث) وہ اذان جو خلافِ فطرت مُرغی دے بیٹھتی ہے۔ لوگ اِسے منحوس خیال کر کے مُرغی کو ذبح کر دیتے ہیں۔

مُرغی کی ایک ہی ٹانگ (اَر۔مثل) دیکھئے مُرغ کی ایک ہی ٹانگ۔

مُرغی کی بانگ کون سُنتا ہے (اَر۔مثل) عورت کی بات کا کیا اِعتبار۔

مُرغی میجر (اَر۔ا۔مذ) (مذاقاً) مُرغیوں کا سوداگر۔ مُرغیاں پالنے والا۔

مُرغی نچاوَنی کا (اَر۔صف) بطور دُشنام کے اِستعمال کرتے ہیں۔ چڑیا کا۔

مُرغی والا (اَر۔ا۔مذ) (۱) مُرغی کا جنا (۲) وہ شخص جو مُرغیاں بیچتا ہے۔

مَرفُوع (مَر۔فُوع) (ع۔صف) (۱) رَفع کیا گیا۔ اُٹھایا گیا۔ بلند کیا گیا (۲) علمِ صَرف میں وہ حرف جس پر پیش ہو (۳) (ا۔مث) وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچے۔

مرفوعُ القلم (مَر۔فو۔عُل۔قَ۔لَم) (ع۔صف) وہ جس کا جُرم قابلِ باز پُرس نہ ہو۔ معذور۔ دیوانہ۔ مخبوطُ الحواس۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُرَفَّہ (مُ۔رَف۔فَہ)(ع۔صف) آسُودہ۔خوش حال۔پیٹ بھرا ہوا۔فارغُ البال۔
مُرَفَّہُ الحال (مُ۔رَف۔فَ۔ہُل۔حال)(ع۔صف) خوش حال۔آسُودہ۔
مَرقَد (مَر۔قَد)(ع۔امذ) سونے کی جگہ۔آرام گاہ۔خواب گاہ (۲) تُربت۔قبر۔گور۔مزار۔
مُرَقَّع (مُ۔رَق۔قَع)(ع۔صف)(۱) مرمت شدہ۔جس میں پیوند لگے ہوں (۲)(امذ) فقیروں کی گُدڑی (۳) تصویروں کی کتاب۔البم (۴) قطعات رکھنے کی کتاب (۵)(کنایۃً) لاجواب۔اُردو جمع: مرقعوں۔مرقعے۔
مُرَقَّع اُتارنا (اُر۔محاورہ) تصویر بنانا۔
مُرَقَّع اُتروانا (اُر۔محاورہ) تصویر بنوانا۔
مُرَقَّع بن جانا (اُر۔محاورہ) حیران ہو جانا۔تصویر بن جانا۔
مُرَقَّع درہم برہم ہونا (اُر۔محاورہ) جو لوگ ایک جگہ جمع ہوں اُن کا منتشر ہو جانا۔جلسے کا منتشر ہونا۔
مُرَقَّع کھینچنا (اُر۔محاورہ) تصویر کھینچنا۔
مَرقُوم (مَر۔قُوم)(ع۔صف) لکھا ہوا۔لکھا گیا۔
مرقُومُ الحاشیہ (ع۔صف)(قانون) حاشیے پر لکھا ہوا۔
مرقُومُ الذَّیل (ع۔صف) نیچے لکھا ہوا۔
مرقُوم کرنا (اُر۔مص مُرکّب) لکھنا۔تحریر کرنا۔
مرقُوم ہونا (اُر۔مص مُرکّب) مرقوم کرنا کا لازم۔لکھا جانا۔
مَرقُومَہ (مَر۔قُو۔مَہ)(ع۔صف) مرقوم کی تانیث۔لکھی ہوئی۔
مرقُومَہ بالا (ع۔ف۔صف) اُوپر لکھی ہوئی۔
مُرکانا (مُر۔کا۔نا)(ہ۔مص) مروڑنا۔موڑنا۔بَل دینا۔
مَرکَب (مَر۔کَب)(ع۔امذ) وہ شَے جس پر سوار ہوں۔سواری۔جمع: مَراکِب۔
مَرکَبِ تازی (ع۔ف۔امذ) عربی گھوڑا۔
مَرکَبِ چوبیں (ع۔ف۔امذ) تابوت۔
مُرَکَّب (مُ۔رَک۔کَب)(ع۔صف) ترکیب دیا ہوا۔ملا ہوا۔مخلوط (۲) وہ کلام جس میں ایک سے زیادہ کلمات ہوں (۳) دوات کی روشنائی۔جمع: مُرکّبات۔
مُرَکَّبِ تام (ع۔امذ) وہ مُرکّب کلام جس سے سُننے والے کو پُورا فائدہ ہو۔
مُرکّب کرنا (اُر۔مص مُرکّب) کئی چیزوں کو ملانا۔
مُرَکَّبات (مُ۔رَک۔کَ۔بات)(ع۔امذ) مُرکّب کی جمع۔
مُرَکَّباتِ ناقصہ (ع۔امذ) وہ مُرکّب کلام جس سے سُننے والے کو پُورا فائدہ نہ ہو۔وہ ہمیشہ جُملے کا جُزو ہوتا ہے۔قواعد میں اس کی تقریباً تیرہ قسمیں ہیں۔
مَر کر (کے) (اُر۔متعلق فعل)(۱) بہ مُشکل تمام۔نہایت دُشواری سے (۲) مرنے کے قریب پہنچ کر۔
مَر کر بچنا (مر کے بچنا) (اُر۔محاورہ) مرتے مرتے بچنا۔ہلاکت کے قریب پہنچ کر بچ جانا۔دوبارہ زندگی پانا۔
مَر کر چھوٹنا (اُر۔محاورہ) جان دے کر خلاصی پانا۔موت کے بعد چھٹکارا پانا۔
مَرکَز (مَر۔کَز)(ع۔امذ) کسی چیز کو کھڑا کرنے کی جگہ۔نوک دار چیز (۲) کسی چیز کا درمیانی حصّہ۔عین وسط۔درمیان۔قلب۔نُقطۂ اجتماع (۳) دائرے کے بیچ کا وہ نُقطہ جس سے اُس کے مُحیط تک جتنے خط کھینچے جائیں سب آپس میں برابر ہوں (۴) وہ آڑی لکیر جو کاف یا گاف پر کھینچی جاتی ہے (۵) دَورہ کرنے کی جگہ۔مدار۔دُھری۔کیلی۔وہ شَے جس کے گرد کوئی چیز گھُومے۔جمع: مراکز۔
مرکزِ ثقل (ع۔امذ) کسی جسم کا وہ نُقطہ کہ جب اُس جسم کو کسی نوک دار چیز پر ٹھہرایا جائے تو اُس کے سارے اجزا ملے رہیں اور جسم گرے نہیں۔
مرکزِ چرخ (ع۔امذ) آسمان کا مرکز۔زمین۔قدیم لوگوں کا خیال تھا کہ تمام عالم کا مرکز زمین ہے اور آسمان زمین کے گرد گردش کرتا ہے۔
مرکزِ خاک (ع۔ف۔امذ) کُرۂ ارض کا مرکز۔زمین کا بیچوں بیچ۔
مرکزِ خورشید (ع۔ف۔امذ) سُورج کا مرکز۔چوتھا آسمان۔
مرکزِ دولت (ع۔امذ) دارُالسلطنت۔پایہ تخت۔راجدھانی۔
مرکزِ زمین (ع۔ف۔امذ) مرکزِ خاک۔زمین کا وسطی نُقطہ۔مدارِ اَرضی۔دُنیا کی کیلی۔دُنیا کی دُھری۔
مرکز گریز قوت (ع۔ف۔امث) وہ قُوت جس کی وجہ سے ایک ایسا جسم جو دائرے کی شکل میں دُوسرے جسم کے گرد حرکت کر رہا ہو' خطِ ماسکہ کی صورت میں پیچھے ہٹنے کی کوشش کرنے لگے۔(Centrifugal Force)۔
مَرکَزَہ (مَر۔کَ۔زَہ)(اُر۔امذ) مرکزی حصہ جس کے گرد اور چیزیں جمع ہوتی ہیں۔(Nucleus)۔
مُرکنا (مُ۔رَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) بَل کھانا۔مُڑنا۔موچ آنا (۲) ٹُوٹنا۔
مَرکنٹائل (Mercantile) (انگ۔صف) تجارتی۔تاجرانہ کاروبار کے متعلق۔
مَرکُوز (مَر۔کُوز)(ع۔صف)(۱) گڑا ہوا۔محکم کیا ہوا (۲)(مجازاً) منظور کیا گیا۔پسند کیا گیا۔دِل نشین (۳) ایک نُقطے پر جمع کیا گیا۔
مرکوزِ خاطر (ع۔صف) دِل میں بیٹھا ہوا۔دِل نشین۔
مرکوز کرنا (اُر۔مص مُرکّب) ایک نُقطے پر جمع کرنا۔
مَر کھپنا (ہ۔مص)(۱) مر کر خاک میں مِل جانا۔مر کر تمام ہو جانا (۲) بہت زیادہ کوشش کرنا۔
مَرکھنا (مَر۔کھ۔نا)(اُر۔صف) وہ جانور جسے سینگ مارنے کی عادت ہو۔جمع: مرکھنوں۔مرکھنے۔مؤنث کے لئے مرکھنی۔
مُرکی (مُر۔کی)(ہ۔امث) کان کا ایک زیور۔چھوٹی سی بالی۔
مَر کے (اُر۔تابع فعل) فوت ہو کر۔دُنیا سے گُزر کر۔
مَرگ (بفتح اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ف۔امث) موت۔اَجل۔
مرگِ آساں (ف۔امث) وہ موت جو آسانی سے آجائے اور جلدی سے دَم نکل جائے۔
مرگِ اتفاقی (ف۔امث) وہ موت جو اچانک آجائے۔ناگہانی موت۔
مرگِ انبوہ جشنے دارد (ف۔مثل) عام مُصیبت ایک قسم کا جشن بن جاتی ہے۔عام مُصیبت کا رنج نہیں ہوتا۔دُوسروں کی مُصیبت دیکھ کر اپنا رنج کم ہو جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مرگ پیچ (ف۔ا۔مذ) پگڑی کا ایک خاص قسم کا پیچ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اُس پیچ کا باندھنے والا مرنے کو تیار ہے۔

مرگِ تازہ (ف۔ا۔مث) نیا حادثہ۔

مرگِ جوانانہ (ف۔ا۔مث) جوانی کی موت۔

مرگِ طبعی (ف۔ا۔مث) طبعی موت۔ قُدرتی موت۔ اپنی موت۔ وہ موت جو پُوری عُمر پر پہنچ کر آئے۔

مرگِ مُفاجات (مرگِ ناگہانی) (ف۔ا۔مث) اتفاقی موت۔ ناگہانی موت۔

مرگِ نو (ف۔ا۔مث) (۱) تازہ موت (۲) نیا حادثہ۔

مرگِ نو مبارک باد (ف۔مقولہ) اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی تازہ حادثہ پیش آ جائے۔

مِرگ (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہرن۔ آہو۔ چکارا (۲) چوپایہ۔ حیوان (۳) پانچواں نچھتر۔

مِرگ چھالا (ہ۔ا۔مذ) ہرن کی بالوں سمیت کھال جس پر بیٹھ کر درویش عبادت کرتے ہیں۔

مِرگ سالا (شالا) (ہ۔ا۔مذ) ہرنوں کے رہنے کی جگہ۔

مِرگ کی آنکھ (اُر۔ا۔مث) ہرن کی طرح بڑی بڑی خوبصورت آنکھیں۔

مِرگ کی سی آنکھیں، چیتے کی سی کمر (اُر۔مقولہ) خوب صورت عورت کی تعریف میں کہتے ہیں۔

مِرگ مارنا (اُر۔محاورہ) (۱) ہرن کا شکار کھیلنا (۲) ایک رَسم جس میں لڑکا پیدا ہونے پر باپ زچہ کی چارپائی پر کھڑے ہو کر چھت میں تیر مارتا ہے۔

مِرگ مَدھ (ہ۔ا۔مذ) کستوری۔ مُشکِ نافہ۔

مِرگ نین (ہ۔ا۔مث) (۱) ہرن کی آنکھ (۲) (ہ۔صف) ہرن جیسی آنکھ والی۔

مِرگان (ق۔ا۔مذ) دیکھئے مرگ چھالا۔

مَرگانگ (مَر۔گانگ) (ہ۔ا۔مذ) دھات وغیرہ کا کُشتہ۔

مَرگل (مَر۔گل) (ہ۔ا۔مث) تلی ہوئی مچھلی (۲) تلی ہوئی مچھلی کے ٹکڑے۔

مَرگھٹ (مَر۔گھٹ) (ہ۔ا۔مذ) مسان۔ شمشان۔ ہندوؤں کے مُردے جلانے کی جگہ۔ (گھٹ: گھاٹ کا مُخفف)۔ جمع: مرگھٹ۔ مرگھٹوں۔

مرگھٹ کا کُھتّا (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے اگیا بیتال۔

مِرگی (مِر۔گی) (ہ۔ا۔مث) ایک اعصابی مرض جس میں آدمی اچانک زمین پر گر کر بے ہوش ہو جاتا ہے، ہاتھ پیر ٹیڑھے ہو جاتے ہیں اور مُنہ سے جھاگ نکلتا ہے۔ صَرع۔

مِرگی آنا (اُر۔محاورہ) مرگی کا دَورہ پڑنا۔ مرگی کا مرض ہونا۔

مِرگیا (مِر۔گ۔یا) (ہ۔صف) وہ آدمی جس کو مرگی کا مرض ہو۔

مَر گیا مردُود جس کا فاتحہ نہ دُرُود (اُر۔مثل) مُوذی، شریر اور نکمّے آدمی کی موت پر بولتے ہیں۔

مُرلی (مُر۔لی) (ہ۔ا۔مث) بانسری۔ نَے۔ الغوزہ۔ جمع: مُرلیاں۔ مُرلیوں۔

مُرلی دَھر (ہ۔ا۔مذ) مُرلی بجانے والا۔ شری کرشن کا لقب۔

مُرلی دُھن (ہ۔ا۔مث) بانسری کی سُریلی اور دلکش آواز۔

مُرلیا (مُر۔ل۔یا) (ہ۔ا۔مث) چھوٹی مُرلی۔ چھوٹی بانسری۔

مُرلیا باجنا (ہ۔محاورہ) (۱) مُرلی کا بجنا (۲) دست آنا۔

مَرَم (مَ۔رَم) (س۔ا۔مذ) (۱) بدن کا کوئی نازک مقام۔ نازک عضو (۲) کسی چیز کا اندرونی حصہ۔ دِل۔ باطن (۳) جوڑ (۴) کوئی چیز جو خُفیہ رکھی جائے۔ راز۔ بھید (۵) علم۔ دانش۔ گیان (۶) مطلب۔ مقصد۔ غرض۔ مُدعا۔

مُرَم (مُ۔رَم) (ہ۔ا۔مث) (۱) کنکریلی مٹی (۲) بُھربُھری چٹان (۳) ٹوٹے ہوئے ریزہ ریزہ پتھر۔ روڑی۔

مَرَمّت (مَ۔رَم۔مَت) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) دُرستی۔ اِصلاح۔ ٹوٹی ہوئی چیز کو ٹھیک کرنا۔ ترمیم۔ پھٹے کپڑے کی دُرستی (۲) سزا۔ گوشمالی۔ مار پیٹ۔

مرمّت طلب (ع۔صف) دُرستی کے قابل۔ ٹھیک ہونے کے لائق۔

مرمّت کرانا (اُر۔مص مُرکب) مرمّت کرنا کا متعدی المتعدی۔ دُرست کرانا۔

مرمّت کرنا (اُر۔مص مُرکب) (۱) ٹھیک کرنا۔ دُرست کرنا (۲) (محاورہ) مارنا پیٹنا۔ گوش مالی کرنا۔ گت بنانا۔

مَرمِٹا (ہ۔صف) (۱) جو فنا اور بے نشان ہو گیا ہو (۲) عاشق۔

مَرمِٹنا (مَر۔مِٹ۔نا) (اُر۔مص) (۱) قتل ہونا (۲) کمال مشقت برداشت کرنا (۳) فنا ہو جانا۔ تباہ و برباد ہو جانا (۴) عاشق ہو جانا۔

مَرمَر (یو۔ا۔مذ) دیکھئے سنگِ مَرمَر۔

مُرمُرا (مُر۔مُ۔را) (ہ۔ا۔مذ) بُھنے ہوئے چاول جنھیں چباتے وقت مُر مُر کی آواز نکلتی ہے۔ جمع: مُرمُروں۔ مُرمُرے۔

مَر مَر جانا (اُر۔مص مُرکب) بہت مشقت اُٹھانا۔

مَر مَر کر (مَر مَر کے) (اُر۔تابع فعل) بڑی مُشکل سے۔ بہت محنت برداشت کر کے۔

مَر مَر کے بچنا (اُر۔محاورہ) مرنے کے قریب پہنچ کر جان بچ جانا۔ مرضِ مُہلک سے صحت پانا۔

مَر مَر کے جینا (اُر۔محاورہ) نئے جنم سے پیدا ہونا۔ خطرناک بیماری سے نجات پانا۔

مَر مَر کے دِن گزارنا (اُر۔محاورہ) بڑی مُشکل سے زندگی کاٹنا۔

مُرمُروں (ہ۔ا۔مذ) مُرمُرا کی جمع۔

مُرمُروں کا تھیلا (اُر۔ا۔مذ) (۱) مُرمُروں کی بوری (۲) بہت موٹا آدمی۔

مُرمُرے (ہ۔ا۔مذ) (۱) مُرمُرا کی جمع (۲) مُرمُرا کی مُغیرہ صورت۔

مُرمُرے کا گوکھرو (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا پتلا گوٹا۔

مَرمَریں (مَر۔مَ۔ریں) (ف۔صف) مَرمَر کی مانند (سفید اور چمکیلا)۔

مُرَمّم (مُ۔رَم۔مَم) (ع۔صف مفعولی) ترمیم کیا ہوا۔ اِصلاح شُدہ۔ ٹھیک کیا ہوا۔ دُرست کیا ہوا۔

مُرَمّمہ (مُ۔رَم۔مَ۔مَہ) (ع۔صف) مُرمّم کی تانیث۔ اصلاح کی ہوئی۔ ٹھیک کی ہوئی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَرمُوز (ع۔ صف) رمزیہ۔

مَرَن (مَ۔رَن) (ہ۔ا۔مذ) (۱) قضا۔ موت۔ مرگ۔ اجل (۲) مرنے کا وقت۔ وقتِ مرگ (۳) جان دینا۔ مرجانا۔

مرن برت (ہ۔ا۔مذ) وہ روزہ (فاقہ) جسے کرتے کرتے اِنسان مرجائے۔

مَرنا (مَر۔نا) (ہ۔مص) فوت ہونا۔ اِنتقال کرنا۔ وفات پانا۔ دَم نکلنا۔ دُنیا سے گزرنا۔ چل بَسنا (۲) جان جوکھوں میں ڈالنا۔ ہلاک ہونا۔ جان دینا۔ جان سے گزرنا (۳) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ لٹو ہونا (۴) کمال محنت کرنا۔ اَزحد مشقت کرنا۔ لہو پانی ایک کرنا۔ کشٹ کرنا (۵) پسند ہونا۔ مرغوب ہونا۔ بھانا (۶) کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا (۷) مُرجھانا۔ کُملانا۔ پژمردہ ہونا۔ سُوکھ جانا (۸) طاقت نہ رہنا۔ سکت نہ رہنا۔ سُوکھ کر خراب ہو جانا جیسے چونا مرنا (۹) ڈوبنا۔ وصول نہ ہونا۔ بٹے کھاتے میں لکھا جانا مثلاً اسامی مرنا (۱۰) ٹوٹا آنا۔ خسارہ بیٹھنا۔ نقصان ہونا (۱۱) قماربازوں کی اِصطلاح میں ہارنا جیسے بازی مرنا (۱۲) دھات وغیرہ کا کشتہ ہونا جیسے پارہ مرنا (۱۳) تباہ ہونا۔ برباد ہونا (۱۴) سونا۔ نیند لینا۔ آنکھ جھپکانا (۱۵) نہایت شرمندہ ہونا (۱۶) نہایت بیزاری اور خفگی ظاہر کرنے کے لئے بھی آتا ہے جیسے جاؤ مرو۔

مرنا بھرنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت جھیلنا۔ تکلیف اُٹھانا۔

مرنا جینا (اُر۔ا۔مذ) موت زندگی۔ شادی غمی۔

مرنا جینا لگ رہا ہے (اُر۔ مثل) زندگی اور موت کا سلسلہ جاری ہے۔

مَرنجاں مَرنج (مَ۔رنجاں۔مَ۔رنج) (ف۔صف) لغوی معنی: نہ کسی کو رنجیدہ کرو نہ خود رنجیدہ ہو۔ وہ شخص جس سے کسی کو رنج نہ پہنچے۔ سب سے ہنس بول کر رہنے والا۔ صُلح کُل۔

مُرَنڈا (مُ۔رَنڈا) (ہ۔ا۔مذ) بھنے ہوئے گیہوں وغیرہ جن میں گُڑ اور گھی ملا کر لڈو بناتے ہیں۔ جمع: مُرنڈوں۔ مُرنڈے (۲) (صف) بُجر بُر۔ سُوکھا ہوا۔

مُرنڈا (بنا دینا) کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گٹھڑی بنانا۔ توڑنا۔ مروڑنا (۲) ٹھونسنا (۳) شیدا بنانا۔

مُرنڈوں (مرنڈے) کی رسم (اُر۔ا۔مث) جب بچہ پانچ مہینے کا ہو کر مٹھیاں کھولنے اور بند کرنے لگتا ہے تو نانی کے گھر سے مرنڈا آتا ہے اور رشتے داروں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

مَرنے (ہ۔ فعل) مرنا کی حالت مُغیّرہ۔

مرنے تک کی فرصت نہیں (مرنے کی فرصت نہیں) (اُر۔ مقولہ) دَم بھر کی فُرصت نہیں۔ ذرا فرصت نہیں۔ بہت مصروفیت ہے۔

مرنے جائیں مَلار گائیں (اُر۔ مثل) آزاد طبع اور بے پروا کی نسبت بولتے ہیں کہ مصیبت آرہی ہے مگر خوش ہیں۔ ذرا پروا نہیں۔

مرنے جوگا (اُر۔ صف) مِٹ جانے کے قابل۔ مرنے کے لائق۔ (کوسنا)۔

مرنے کو (اُر۔ تابع فعل) مرنے کے لئے۔ جان دینے کو۔ ہلاک ہونے کے واسطے۔

مرنے کو بیٹھا ہے (اُر۔ محاورہ) موت کے قریب ہے۔ بہت بوڑھا ہوگیا ہے۔ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے۔

مرنے کو چلے کفن کا ٹوٹا (اُر۔ مثل) بہانہ بنانے والے شخص کی بابت بولتے ہیں کہ مرنے کا تو دعویٰ ہے مگر کفن میسّر نہ ہونے کا بہانہ ہو رہا ہے۔

مرنے لگنا (اُر۔ محاورہ) مرنے کے قریب ہونا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

مرنے کو کیا ہاتھی گھوڑے جوتے جاتے ہیں؟ (اُر۔ مثل) موت کسی وقت بھی آسکتی ہے۔ زندگی کا کوئی اِعتبار نہیں۔

مرنے کے نام سے موت آنا (اُر۔ محاورہ) مرنے سے بہت ڈرنا۔

مرنے والا (ہ۔ صف) (۱) مرنے کا اِرادہ کرنے والا (۲) وہ شخص جو مرگیا ہو۔ مرحوم (۳) عاشق۔ شیدا (۴) بہادر۔ شجاع۔ من چلا۔ جان پر کھیلنے والا۔

مرنے والی (ہ۔ صف) مرنے والا کی تانیث۔

مَروا (مَر۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کی گھاس (۲) ایک خوشبودار پودا۔

مِروا (مِر۔وا) (ہ۔ا۔مذ) چھوٹی ٹھلیا۔

مُروا (مُر۔وا) (ہ۔ا۔مذ) وہ لکڑی جسے دیوار پر رکھ کر اُس کے اوپر مٹی کے کھپرے رکھتے ہیں۔

مَروارِید (مَر۔وا۔رید) (ف۔ا۔مذ) موتی۔ گوہر۔ دُر۔

مرواریدِ ناسُفتہ (ف۔ا۔مذ) اَن بندھا موتی۔

مَروانا (مَر۔وا۔نا) (ہ۔مص) مارنا کا متعدی۔ ہلاک کرانا (۲) اِغلام یا جماع کرانا۔

مُرَوَّت (مُ۔رَوّ۔وَت) (ع۔ا۔مث) (۱) مردانگی۔ بہادری۔ جواں مردی (۲) لحاظ۔ رعایت (۳) اَخلاق۔ خُلق۔ بھل منسی۔ اِنسانیت (۴) سخاوت۔ فیاضی۔ توفیق۔

مروت برتنا (اُر۔ محاورہ) اَخلاق سے پیش آنا۔ انسانیت کا برتاؤ کرنا۔

مروت توڑنا (اُر۔ محاورہ) بداَخلاقی سے پیش آنا۔ رُکھائی برتنا۔ اِنسانیت ملحوظ نہ رکھنا۔

مروت کرنا (اُر۔مص مُرکّب) پاس کرنا۔ لحاظ کرنا۔

مروت والا (اُر۔ صف) بااَخلاق۔ ملاحظہ کا۔ رحم دِل۔

مَروٹنا (مَ۔رُو۔ٹ۔نا) (ہ۔مص) اکڑ کر چلنا۔ ناز سے چلنا۔

مُرَوَّج (مُ۔رَوّ۔وَج) (ع۔صف مفعولی) رواج دیا گیا۔ رائج کیا گیا۔ چلایا گیا۔ جاری (۲) رسمی۔ معمولی۔ مستعمل۔

مُرَوِّج (مُ۔رَوّ۔وِج) (ع۔صف فاعلی) رواج دینے والا۔ رائج کرنے والا۔ چلانے والا۔

مَروج (مَ۔روج) (ہ۔ا۔مذ ومث) سُہاگ پُڑے کی خوشبودار چیزیں جو دُلہن کی مانگ میں بھرتے ہیں۔

مُرَوَّجہ (ع۔صف) مُروّج کی تانیث۔

مِروَحہ (مِر۔وَ۔حَہ) (ع۔ا۔مذ) دستی پنکھا۔ جمع: مَراوِح۔

مِروحہ جُنباں (ع۔ف۔صف) پنکھا جھلنے والا۔

مِروحہ جُنبانی (ع۔ف۔ا۔مث) پنکھا جھلنے کی خدمت۔

مُرُور (مُ۔رُور) (ع۔ا۔مذ) گُزرنا۔ چلا جانا۔ منقضی ہونا۔

مَروڑ (مَ۔روڑ) (ہ۔ا۔مذ ومث) پیچ۔ خم۔ بَل۔ زور (۲) تمکنت۔ نخوت (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اینٹھن۔ تشنج (۴) موڑ توڑ (۵) پیٹ کا بَل۔ قراقر۔ پیچش۔ نیز دیکھیے مروڑا۔

مروڑ اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے مروڑا اُٹھنا۔

مروڑ پھلی (اَر۔ا۔مث) ایک قسم کی پھلی جو پیچش کی دوا میں کام آتی ہے۔

مروڑ پھینکنا (اَر۔ محاورہ) توڑ موڑ کر پھینک دینا۔

مروڑ دینا (ڈالنا) (اَر۔ محاورہ) موڑ دینا۔ مُڑکا دینا۔ پھیر دینا۔

مروڑ کی بات (اَر۔ا۔مث) اینچ پیچ کی بات (۲) اکڑ یا طعن وطنز کی بات۔

مروڑ لینا (اَر۔ محاورہ) نچوڑنا۔ مسوسنا۔

مروڑ میں رہنا (اَر۔ محاورہ) اکڑ میں رہنا۔ گھمنڈ میں رہنا۔

مروڑ میں مرا جانا (اَر۔ محاورہ) سخت غصے میں پیچ وتاب کھانا۔

مروڑا (م۔رو۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پیچش۔ اینٹھن (۲) وہ درد جو پاخانہ آتے وقت ہوتا ہے۔ جمع: مروڑوں۔ مروڑے۔

مروڑا اُٹھنا (ہ۔ محاورہ) پیٹ میں پیچ ہونا۔ قراقر ہونا۔ پیچش کی تکلیف ہونا۔

مَروڑنا (مَ۔روڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بَل دینا۔ پھیرنا (۲) اینٹھنا (۳) دبوچنا۔ دبانا (۴) نچوڑ دینا جیسے بُخار نے بچے کو دو ہی دن میں مروڑ دیا (۵) توڑنا۔ کھانا جیسے مُفت کی روٹیاں مروڑنا۔

مَروڑی (مَ۔رو۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ آٹا جسے روٹی پکاتے میں بتیوں کی صورت میں ہاتھ سے مَلواتے رہتے ہیں (۲) بدن کے میل کی بتیاں (۳) پیچ۔ جمع: مروڑیاں۔ مروڑیوں۔

مروڑی دے کر دھونا (اَر۔ محاورہ) بَل دے کر دھونا۔

مروڑی دے کر سینا (اَر۔ محاورہ) موڑ دے کر سینا۔ بَل دے کر سینا۔

مروڑی دینا (اَر۔ محاورہ) بَل دینا۔ مروڑنا۔

مروڑی (مروڑیاں) کھانا (ہ۔ محاورہ) بَل کھانا۔ اینٹھنا۔ اکڑنا۔ پیچ وتاب کھانا۔

مروڑے (ہ۔ا۔مذ) مروڑا کی جمع۔

مروڑے اُٹھنا (ہ۔ محاورہ) دیکھیے مروڑا اُٹھنا۔

مروڑے کے درد (ہ۔ا۔مذ) وہ درد جو بچے کی پیدائش کے وقت عورت کے ہوتے ہیں۔ دردِ زہ۔

مُرَوّق (مُ۔رَوْ۔وَق) (ع۔صف) صاف کیا ہوا۔ مُصفّا۔ مقطر۔ خالص۔

مِرونا (مِ۔رو۔نا) (ق۔مص) گشت کرنا۔ آوارہ پھرنا۔

مَروَہ (مَر۔وَہ) (ع۔ا۔مذ) مکّۂ معظمہ میں ایک پہاڑی۔

مَروِی (مَر۔وِی) (ع۔صف) روایت کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔

مَرّہ (مَر۔رَہ) (ع۔صف) ایک بار۔ ایک دفعہ۔

مَرہٹا (مَر۔ہَ۔ٹا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قوم جو مہاراشٹر (ہندوستان) کی رہنے والی ہے (۲) اِس قوم کا کوئی فرد۔ جمع: مرہٹوں۔ مرہٹے۔

مَرہٹی (مَر۔ہَ۔ٹی) (ہ۔صف) (۱) مرہٹا سے منسوب (۲) (ا۔مث) مرہٹی زبان (۳) ایک قسم کے گیت (۴) بدعملی۔ ابتری۔ بدنظمی۔

مرہٹی ساڑی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی ساڑی جس میں پنڈلیاں کھلی رہتی ہیں۔ مرہٹا وضع کی ساڑی۔

مرہٹی گھس گھس (اَر۔ا۔مث) مرہٹوں کے راج کی بدانتظامی اور اَبتری۔ نہایت بدنظمی۔ کمال ابتری۔

مَرہَم (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ گاڑھی نرم اور چکنی دوا جو زخم پر لگائی جاتی ہے (۲) (مجازاً) کسی قسم کے زخم کا علاج (۳) وہ چیز جو تسکین دے۔ جمع: مرا...

مرہم پٹی کرنا (اَر۔ محاورہ) زخم کا علاج کرنا۔ زخمی کا علاج مُعالجہ۔

مرہم دان (ف۔ا۔مذ) مرہم رکھنے کا ڈبا۔

مرہم رکھنا (اَر۔ محاورہ) زخم پر مرہم لگانا۔

مرہم زنگار (ف۔ا۔مذ) ایک خاص قسم کا مرہم جو سبز رنگ کا ہوتا ہے۔

مرہم کی بتی (اَر۔ا۔مث) وہ بتی جو مرہم میں لت پت کر کے زخم بھرنے کے لئے رکھی جاتی ہے۔

مرہم لگانا (اَر۔ محاورہ) زخم پر مرہم چپڑنا۔ مرہم کا لیپ کرنا۔

مُرہَن (مُر۔ہَن) (ہ۔ا۔مث) تمباکو کا چورا۔ سوکھا اور کٹا ہوا تمباکو۔

مَرہُون (مَر۔ہُون) (ع۔صف) رہن کیا گیا۔ گرو رکھا گیا۔

مرہونِ منّت (ع۔صف) احسان مند۔ ممنون۔ شکر گزار۔

مَرہُونہ (مَر۔ہُو۔نہ) (ع۔صف) رہن رکھی ہوئی چیز۔ مرہون کی تانیث۔

مَرئی (مَر۔ای) (ع۔صف) دیکھی گئی۔ جو چیز دیکھنے میں آئے۔ جس کو دیکھ سکیں۔

مَرئیات (مَر۔ای۔یات) (ع۔صف۔وا۔مث) مرئی کی جمع۔ وہ چیزیں جو دیکھی جا سکیں۔

مَری (مَ۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) وبا۔ مرضِ عام جیسے ہیضہ، طاعون (۲) وبائے حیوانات (۳) (صف) مَرا کی تانیث۔ مری ہوئی (۴) مرنا مصدر سے صیغہ ماضی مطلق واحد غائب مؤنث۔

مری بھیڑ خواجہ خضر کے نام (اَر۔مثل) اِس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص کھوئی ہوئی یا ناقص شئے کو اللہ کے نام پر خیرات کر کے مُفت ثواب کمانا چاہے۔

مری پڑنا (اَر۔ محاورہ) وبا پھیلنا۔ کسی عام مرض کا پُھوٹ پڑنا۔

مری جوں (اَر۔صف) (کنایۃً) بہت کاہل اور سُست آدمی (۲) نہایت کنجوس۔

مری کیوں؟ سانس نہ آیا (اَر۔مثل) اِظہارِ مُصیبت کے لئے بولتے ہیں۔

مری مٹی کی نشانی (اَر۔ا۔مث) مُردے کی یادگار۔ اولاد۔

مِری (مِ۔ری) (ہ۔ض) میری کا مُخفف۔

مِری جان (اَر۔کلمۂ محبت) میری جان۔ جانِ مَن۔ عزیزِ من۔ معشوق کو یا اُس کو جو بہت عزیز ہو اِس لفظ سے خطاب کرتے ہیں۔

مُری (مُ۔ری) (ع۔ا۔مث) نرم ہڈی۔ مُرکی ہڈی۔ گلے سے معدے تک کی نلی۔

مُرّی (مُر۔ری) (ہ۔ا۔مث) گرہ۔ پھندا۔ مروڑی۔

مَرے (مَ۔رے) (ہ۔صف) (۱) مَرا کی جمع اور بدلی ہوئی شکل۔ مَرے ہوئے۔ فوت شدہ (۲) (ہ۔بددُعا) مَر جائے۔

مرے پر سو دُرّے (اَر۔مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص کسی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُصیبت میں مُبتلا ہو اور دُوسری مُصیبت بھی آ جائے۔

مرے پیچھے (اَر۔ تابع فعل) مرنے کے بعد۔

مرے تو شہید مارے تو غازی (اَر۔ مقولہ) ہر بات میں اچھائی ہے۔

مرے جاتا (اَر۔ محاورہ) بے قرار ہونا۔ جلدی کرنا۔

مرے کو ماریں شاہ مدار (اَر۔ مثل) مُصیبت زدہ کو اور ایذا پہنچانا۔ نیز دیکھئے مدار (اَر۔ا۔مذ)۔

مرے مُردے اُکھاڑنا (اَر۔ محاورہ) گڑے مُردے اکھاڑنا۔ پچھلی باتوں کو چھیڑنا۔

مرے ہوئے ہونا (اَر۔ محاورہ) فریفتہ ہونا۔

مِرے (مِ۔رے) (ہ۔ض) میرے کا مُخفف۔

مِرّیخ (مِر۔ریخ) (ع۔ا۔مذ) سُورج کا ایک سیارہ جو سُورج سے چوتھے نمبر پر ہے اور سُرخ ستارے کی طرح دِکھتا نظر آتا ہے۔ علم نجوم کے مطابق یہ سیارہ ساتویں آسمان پر ہے اور اسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔ منگل سیارہ۔ جلاّدِ فلک۔

مُرید (مُ۔رید) (ع۔ا۔مذ) (۱) خواہش مند۔ مُشتاق (۲) ارادہ کرنے یا رکھنے والا (۳) مطیع۔ فرماں بردار۔ معتقد (۴) دینی شاگرد۔ چیلا۔ بالکا۔ جمع: مُریدان۔ اُردو جمع: مُرید۔ مُریدوں۔

مُرید کرنا (اَر۔ محاورہ) چیلا بنانا۔ بالکا بنانا (۲) فرماں بردار بنانا۔ معتقد کرنا۔

مُریدنی (مُ۔رید۔نی) (اَر۔ا۔مث) مُرید کی تانیث۔

مُریدی (مُ۔ری۔دِی) (ع۔ا۔مث) پیروی۔ شاگردی۔ مُرید ہونا۔

مَریض (مَ۔ریض) (ع۔صف۔مذ) بیمار۔ علیل۔ روگی۔ جمع: مَرضا۔ اُردو جمع: مریض۔ مریضوں۔

مَریضہ (مَ۔ری۔ضَہ) (ع۔صف۔مث) بیمار عورت (مریض کی تانیث)۔

مَریَل (مَر۔یَل) (ہ۔صف) نہایت دُبلا پتلا۔ لاغر۔ کم زور۔ ناتواں۔

مریل ٹٹو (اَر۔صف) بہت سُست رفتار۔ نہایت کاہل۔

مَریَم (مَر۔یَم) (ع۔صف) (۱) کنواری۔ دوشیزہ۔ کنیا (۲) پارسا۔ باعصمت۔ پاک دامن (۳) (ع۔ا۔مث) حضرت عیسیٰؑ کی والدہ ماجدہ کا نام۔

مریم کا پنجہ (اَر۔ا۔مذ) ایک خوشبودار گھاس جو پنجے کی شکل کی ہوتی ہے۔ کہتے ہیں کہ دردِ زہ کے وقت حضرت مریمؑ نے اُس پر ہاتھ رکھا تھا۔ اس سبب سے یہ شکل بن گئی۔

مِرینُہ (مِ۔ری۔نہ) (انگ مرینو (Merino) کا مؤرّد۔ا۔مذ) ایک قسم کا اُونی کپڑا جو مرینو بھیڑ کے اُون سے بنایا جاتا ہے۔

م۔ڑ

مُڑ آنا (ہ۔مص) لوٹ آنا۔ واپس آنا۔ پلٹ آنا۔

مُڑ اسا (مُ۔ڑا۔سا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے مُنڈاسا۔

مُڑ جانا (ہ۔مص) (۱) واپس ہو جانا۔ پھر جانا (۲) جھکنا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔

مَڑک (مَ۔ڑک) (ہ۔ا۔مث) (۱) اینٹھ۔ ٹیڑھ۔ بل۔ کجی۔ مروڑ (۲) گر۔ قاعدہ کلیہ (۳) ساز باز۔ داؤ۔ گھات۔ جوڑ توڑ۔

مُڑ کر نہ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُنہ موڑ کر نہ دیکھنا۔ دوبارہ نہ دیکھنا (۲) رُخ نہ کرنا۔ بات نہ پوچھنا۔

مُڑکنا (مُ۔ڑک۔نا) (ہ۔مص) ٹوٹنا۔ چٹکنا۔ چٹ چٹ ٹوٹنا جیسے چوڑیاں مُڑکنا۔

مُڑ کے کروٹ نہ لینا (اَر۔ محاورہ) توجہ نہ کرنا۔ خبر نہ لینا۔ ٹل جانا۔

مُڑ مُڑ کر دیکھنا (اَر۔ محاورہ) پھر پھر کر دیکھنا۔ کسی عزیز کو بار بار پھر کر دیکھنا۔

مُڑنا (ہ۔مص) (۱) لوٹنا۔ واپس ہونا۔ پلٹنا (۲) بل کھانا۔ خم کھانا۔

مُڑوا (مُڑ۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا غلّہ۔

مُڑھنا (مُڑھ۔نا) (ہ۔مص) منڈھنا۔ پوشش کرنا۔ کھال وغیرہ چڑھانا۔

مُڑھوانا (مُڑھ۔وا۔نا) (ہ۔مص) مُڑھنا کا متعدی المتعدی۔ کھال چڑھوانا۔ پوشش کرانا۔ منڈھوانا۔

مُڑھی (مُ۔ڑھی) (ہ۔ا۔مث) (۱) جھونپڑی (۲) چھوٹا مندر۔ سادھ۔ جمع: مڑھیاں۔ مڑھیوں۔

مَڑی (ق۔ا۔مث) باغ کی کیاری۔ کھیت۔

م۔ز

مَزا (مَ۔زا) (ف۔ا۔مذ) اصل مزہ ہے لیکن قافئے کے لئے الف کے ساتھ بھی آتا ہے۔ دیکھئے مزہ۔

مِزاج (مِ۔زاج) (ع۔ا۔مذ) (۱) طبیعت۔ سرشت۔ خمیر (۲) گُن۔ خاصیت۔ خاصہ۔ اثر (۳) عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ (۴) مادّہ۔ جوہر۔ حقیقت۔ اصلیت (۵) تکبّر۔ غرور۔ دماغ۔ کبر (۶) دِل (۷) ناز نخرہ۔ بطور جمع بھی استعمال ہوتا ہے (آپ کے مزاج کیسے ہیں؟)۔

مزاج آشنا (ع۔ف۔صف) طبیعت شناس۔ مزاج پہچاننے والا۔ مزاج دان۔ عادت سے واقف۔

مزاج آگ کرنا (اَر۔ محاورہ) طبیعت میں زیادہ گرمی پیدا کر دینا۔ غُصّہ دِلانا۔

مزاج آگ ہونا (اَر۔ محاورہ) طبیعت میں بہت زیادہ گرمی پیدا ہونا۔ غُصّہ آنا۔

مزاج آنا (اَر۔ محاورہ) طبیعت کا مائل ہونا۔

مزاج اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) بدمزاجی برداشت کرنا۔ ناز برداری کرنا۔

مزاج اُٹھنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی ناز برداری کی برداشت ہونا۔ غمزے سہے جانا۔

مزاج اچھا؟ (اَر۔ کلمہ مزاج پُرسی) طبیعت تو دُرست ہے؟

مزاج اچھا تو ہے؟ (اَر۔ کلمۂ مزاج پُرسی) (۱) طبیعت تو دُرست ہے؟ (۲) خیریت دریافت کرنے کے لئے کہتے ہیں (۳) جب کسی کے چہرے سے بیماری یا اُداسی ظاہر ہو اُس وقت بھی کہا جاتا ہے۔

مزاج اِصلاح پر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بدمزاجی کم ہونا (۲) مرض میں افاقہ ہونا۔ اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔

مزاج اِعتدال پر ہونا (اَر۔ محاورہ) طبیعت میں زیادہ تیزی یا گرمی کا نہ ہونا۔ مزاج ٹھیک حالت پر ہونا۔ مزاج دُرست ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مزاج ایک حال پر رہنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا ایک حالت پر قائم ہونا۔

مزاج ایک ہونا (اُر۔ محاورہ) خاصیت یکساں ہونا۔ طبیعتوں میں کامل موافقت ہونا۔

مزاج بحال ہونا (اُر۔ محاورہ) بیمار کی طبیعت کا اصلی حالت کی طرف آنا۔ مرض کم ہونا۔

مزاج بدلا ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا رنگ کچھ کا کچھ ہونا۔

مزاج بد ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) مزاج بُرا ہونا۔ بدمزاج ہونا۔

مزاج برہم کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) ناراض کر دینا۔ غصّہ دِلا دینا۔

مزاج برہم ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) ناراض ہونا۔ غصّہ آنا۔ بدمزاج ہونا۔

مزاج بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) عادت خراب کرنا۔ طبیعت میں غصّہ اور تیزی پیدا کرنا۔

مزاج بنا دینا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کی اِصلاح کر دینا (۲) خاصیت پیدا کر دینا۔

مزاج بننا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کی اصلاح ہونا۔

مزاج بہکنا (اُر۔ محاورہ) خللِ دماغ ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

مزاج بہلنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت بہلنا۔

مزاج بے مزہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بیمار ہونا۔ علیل ہونا۔

مزاج پانا (اُر۔ محاورہ) توجّہ پانا۔ رُخ معلوم کرنا (۲) رنگِ طبیعت معلوم کرنا۔

مزاج پُرسی کرنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا حال پُوچھنا۔ خیریّت معلوم کرنا۔

مزاج پوچھنا (اُر۔ محاورہ) خیریّت دریافت کرنا۔ مزاج کا حال پُوچھنا۔

مزاج پہچاننا (اُر۔ محاورہ) مزاج شناس ہونا۔ عادت سے واقف ہونا۔

مزاج پھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) باؤلا ہونا۔ دیوانہ ہونا (۲) بددماغ ہونا۔

مزاج پھڑک جانا (اُر۔ محاورہ) طبیعت خوش ہو جانا۔

مزاج پھیرنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت دُوسری طرف متوجّہ کرنا۔ طبیعت ہٹانا۔ برگشتہ ہونا۔

مزاج پیٹی (اُر۔ صف۔ مث) بددماغ، دماغ دار، مغرور، گھمنڈی عورت۔ نک چڑھی عورت۔

مزاج پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) کیفیت و خاصیت پیدا کرنا۔

مزاج تولے ماشے ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت نازک مزاج ہونا۔ ذرا ذرا میں طبیعت بدلتی رہنا۔

مزاج تیز ہونا (اُر۔ محاورہ) غصّہ ور ہونا۔ غُصیلا ہونا۔

مزاج ٹیڑھا ہونا (اُر۔ محاورہ) نازک مزاج ہونا۔

مزاج چل جانا (اُر۔ محاورہ) دیوانہ ہو جانا۔ دماغ خراب ہو جانا۔

مزاج چوتھے فلک پر ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت مغرور ہونا۔

مزاج چھپنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا حال ظاہر نہ ہونا۔

مزاجِ خانقاہی (ع۔ف۔ا۔مذ) بے عملی کا رُجحان۔

مزاج خفا ہونا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ غُصّہ آنا۔

مزاج دار (ع۔ف۔ صف) مغرور۔ متکبّر۔ خودپسند۔

مزاج داں (ع۔ف۔صف) طبیعت سے واقف۔ مزاج سے آگاہ۔

مزاج دُرست رکھنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کو ٹھیک حالت پر رکھنا۔

مزاج دُرست ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا ٹھیک حال پر ہونا۔ طبیعت کا اِصلاح پر ہونا۔

مزاج دیکھنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کو دیکھنا کہ خوش ہے یا ناخوش۔

مزاج راہ پر آنا (اُر۔ محاورہ) مزاج اِصلاح پر آنا۔ طبیعت دُرست ہونا۔

مزاج رنگین ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت میں شوخی ہونا۔ مزاج میں رنگیلا پن ہونا۔

مزاج ساتویں آسمان پر ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت مغرور ہونا۔ بڑا گھمنڈ کرنا۔

مزاج شاد ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا خوش ہونا۔

مزاج شریف (عالی۔ مُبارک۔ مُعلّیٰ) (اُر۔ کلمۂ مزاج پُرسی) آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ خیریّت سے ہیں؟ مزاج کیسے ہیں؟ آپ کی طبیعت اچھی ہے؟

مزاج شناس (ع۔ف۔ صف) مزاج داں۔ مزاج آشنا۔ طبیعت سے واقف۔

مزاج شناسی (ع۔ف۔ا۔مث) طبیعت سے واقف ہونا۔ کسی کی طبیعت کو جاننا۔

مزاجِ عالی، نہ توشک نہ نہالی (اُر۔ مثل) غریبی میں امیرانہ مزاج دکھانے والے پر طنزاً بولا جاتا ہے۔

مزاج عرش پر ہونا (اُر۔ محاورہ) نہایت مغرور ہونا۔

مزاج قابو میں نہ رہنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا بے اختیار ہونا۔

مزاج قائم نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت میں اِستقلال نہ ہونا۔

مزاج کا نقشہ بگڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کا ناگوار گُزرنا۔

مزاج کرنا (اُر۔ محاورہ) غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ تکبّر کرنا۔

مزاج کی اُفتاد (اُر۔ا۔مث) طرزِ طبیعت۔ طبیعت کا رنگ ڈھنگ۔

مزاج کی لینا (اُر۔ محاورہ) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔

مزاج کے مارے (اُر۔ تابع فعل) غرور کے سبب۔ تکبّر کے باعث۔ گھمنڈ سے۔

مزاج کے مارے مرے جانا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ غرور کرنا۔

مزاج لڑ جانا (اُر۔ محاورہ) دو شخصوں کے مزاج کا موافق آنا۔

مزاج مِل جانا (مِلنا) (اُر۔ محاورہ) طبیعت کا ایک دُوسرے کے موافق ہونا۔

مزاج میں آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) طبیعت میں آنا۔ سمجھ میں آنا۔ خیال میں آنا (۲) اِترانا۔ غرور کرنا۔ نخوت کرنا۔

مزاج میں خودی سمانا (اُر۔ محاورہ) طبیعت میں خودپسندی آ جانا۔

مزاج میں دخل ہونا (درخور ہونا) (اُر۔ محاورہ) کسی کی طبیعت پر قابو ہونا۔ کسی کے مزاج تک رسائی ہونا۔

مزاج نازک ہونا (اُر۔ محاورہ) ذرا سی بات بھی برداشت نہ کر سکنا۔

مزاج ناساز ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت علیل ہونا (۲) مزاج میں کچھ بُرہمی ہونا۔

مزاج نہ پایا جانا (اُر۔ محاورہ) مزاج نہ ملنا۔ نہایت مغرور ہونا۔ بہت اِترانا۔ غرور کے سبب کسی کی طرف توجّہ نہ ہونا۔

مزاج والا (اُر۔ صف۔ مذ) مغرور۔ متکبّر۔ گھمنڈی۔

مزاج والی (اُر۔ صف۔ مث) مغرور عورت۔ متکبّر خاتون۔

مزاج ہاتھ سے جاتا رہنا (اُر۔ محاورہ) طبیعت بے قابو ہو جانا۔

مزاج ہوا پر ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت مغرور ہونا۔

مزاج ہونا (اُر۔ محاورہ) مغرور ہونا۔

مزاج یکسُو ہونا (اُر۔ محاورہ) طبیعت کو اطمینان ہونا۔ طبیعت پریشان نہ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مِزاجاً (م۔زا۔جن)(ع۔تابع فعل) طبیعت کی رُو سے۔خاصیت کے اعتبار سے۔

مِزاح (م۔زاح)(ع۔ا۔مذ) خوش طبعی۔ ہنسی مذاق۔ دِل لگی۔

مُزاحِف (م۔زا۔حِف)(ع۔صف) گری ہوئی چیز۔ اپنی اصل سے دُور شے (۲)(ا۔مذ) علم عروض میں وہ رُکن جو سالم نہ رہا ہو بلکہ اُس میں کچھ تغیر آ گیا ہو۔

مُزاحِفات (م۔زا۔حِ۔فات)(ع۔ا۔مذ) وہ بحور جن میں زحاف واقع ہو۔

مُزاحِم (م۔زا۔حِم)(ع۔صف) مُزاحمت کرنے والا۔ روکنے والا۔ حائل۔ مانع۔

مُزاحِم ہونا (اُر۔مص مُرکب) روکنا۔ حائل ہونا۔ سدِراہ ہونا۔ مانع ہونا۔

مُزاحمت (م۔زا۔حَ۔مَت)(ع۔ا۔مث) روک۔ ممانعت۔ تعرض۔

مُزاحمتِ بے جا (ع۔ف۔ا۔مث) قانون کے خلاف روک ٹوک۔

مُزاحمتِ بالارادہ (بِل۔اِ۔را۔دَہ)(ع۔ا۔مث)(قانون) وہ روک ٹوک جو جان بُوجھ کر کی جائے۔

مِزاجیہ (م۔زا۔جی۔یَہ)(ع۔صف)(۱) مزاح سے منسوب (۲) مسخرہ۔

مَزار (م۔زار)(ع۔ا۔مذ) زیارت کرنے کی جگہ۔ درگاہ۔ آستانہ۔ مقبرہ۔ قبر۔ تربت۔ گور۔ جمع: مزارات۔ اُردو جمع: مزار۔ مزاروں۔

مَزارِع (ع۔ا۔مذ) مزرع کی جمع۔

مُزارِع (م۔زا۔رِع)(ع۔ا۔مذ) کھیتی کرنے والا۔ کسان۔ کاشتکار۔ جمع: مزارعین۔ اُردو جمع: مزارع۔ مزارعوں۔

مُزارع تابع مرضی مالک (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ کاشتکار جسے زمیندار جب چاہے نکال دے۔

مُزارع چھپّر بند (اُر۔ا۔مذ) وہ کاشتکار جس کا حق قدیم سے چلا آتا ہو۔

مُزارعت (م۔زا۔رَ۔عَت)(ع۔ا۔مث)(۱) باہم کھیتی باڑی کرنا (۲) زرعی زمین کو بٹائی، پٹّے یا ٹھیکے پر دینا۔

مَزامِیر (م۔زا۔میر)(ع۔ا۔مذ) مِزمار کی جمع۔

مزا میرِ داؤد (ع۔ا۔مذ) حضرت داؤد علیہ السّلام کی کتاب زبور کی آیتیں۔

مُزاوَجت (م۔زا۔وَ۔جَت)(ع۔ا۔مث) زوج ہونا۔ بیاہ۔ شادی۔

مُزاوَلت (م۔زا۔وَ۔لَت)(ع۔ا۔مث) کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ روزمرہ مشق۔

مِزائل (انگ۔مِسائل (Missile) کا مؤرّد۔ا۔مذ) موٹروں کی طاقت سے پرواز کرنے والا خوفناک جنگی ہتھیار جسے سینکڑوں میل دُور مقررہ مقام پر گرایا جا سکتا ہے۔ اُردو جمع: مزائل۔ مزائلوں۔

مَزبَلہ (مَز۔بَ۔لَہ)(ع۔ا۔مذ) فِلتھ ڈپو۔ وہ مقام جہاں کوڑا کرکٹ اور نجاست ڈالتے ہیں۔

مَزبُور (مَز۔بُور)(ع۔ا۔مذ) اُوپر لکھا ہوا۔ مذکورُ الصّدر۔ مذکورہ بالا۔

مُزجات (مُز۔جات)(ع۔صف) تھوڑا۔ ناچیز۔ ادنیٰ۔

مُزَخرَف (م۔زَخ۔رَف)(ع۔ا۔مث) بناوٹ کی بات۔ وہ جھوٹی بات جو سچ کی طرح آراستہ کی گئی ہو۔ بیہودہ بات۔

مُزَخرَفات (م۔زَخ۔رَ۔فات)(ع۔ا۔مث) مُزخرف کی جمع۔ جھوٹی باتیں۔ بناوٹی باتیں۔ واہیات باتیں۔

مُزد (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث) مزدوری۔ اُجرت۔ طلب۔ تنخواہ۔ صِلہ۔ بدلہ۔

مُزدَلِفہ (مُز۔دَل۔فَہ)(ع۔ا۔مذ) منیٰ اور عرفات کے درمیان ایک مقام جہاں حاجی عرفات سے واپسی پر ۹ اور ۱۰ ذی الحجہ کی رات کو قیام کرتے ہیں۔

مَزدُور (مَز۔دُور)(ف۔ا۔مذ) مزدوری کرنے والا۔ اُجرت پر کام کرنے والا۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ محنتی۔ (اصل مُزدور تھا)۔ اُردو جمع: مزدور۔ مزدوروں۔

مزدور خوش دِل کند کار بیش (ف۔مثل) اچھی اُجرت پانے والا مزدور زیادہ کام کرتا ہے۔

مَزدُوری (مَز۔دُو۔ری)(ف۔ا۔مث)(۱) اُجرت۔ کام کا معاوضہ۔ محنت کا صِلہ (۲) محنت۔ مشقت۔ محنتانہ۔ (اصل: مُزدوری)۔

مزدوری پر جانا (اُر۔محاورہ) محنت پر جانا۔ کام پر جانا۔

مزدوری کرنا (اُر۔محاورہ) محنت مشقت کا کام کرنا۔

مزدوری لنڈوری (اُر۔مثل) مزدوری کو قیام نہیں ہوتا۔ کبھی ملی کبھی نہ ملی۔

مَزرَع (مَز۔رَع)(ع۔ا۔مذ) کھیتی۔ کھیت۔ کِشت۔ جمع: مزارع۔

مزرع آخرت (ع۔ا۔مث) عاقبت کی کھیتی۔ نیکی۔ بھلائی۔

مَزرَعہ (مَز۔رَ۔عَہ)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے مزرع۔

مَزرُوع (ع۔صف)(۱) بویا گیا (۲) کھیت میں بوئی ہوئی چیز۔

مَزرُوعہ (مَز۔رُو۔عَہ)(ع۔صف)(۱) بویا ہوا۔ کاشت کیا ہوا (۲) بویا ہوا کھیت۔ کاشت کی ہوئی زمین۔

مُزَعفَر (م۔زَع۔فَر)(ع۔صف)(۱) زعفرانی۔ زرد (۲)(ا۔مذ) زعفران میں رنگے ہوئے میٹھے چاول کا پلاؤ۔

مَزعُوم (مَزعُومہ) (مَز۔عُوم)(مَز۔عُو۔مَہ)(ع۔صف) گمان کیا ہوا۔ زعم کیا ہوا۔

مُزَکّیٰ (م۔زَک۔کا)(ع۔صف مفعولی) پاک کیا گیا۔ زکوٰۃ دیا گیا۔

مُزَکّی (م۔زَک۔کی)(ع۔صف فاعلی) پاک کرنے والا (۲) زکوٰۃ دینے والا۔

مَزَلّت (م۔زَل۔لت)(ع۔ا۔مث) پھسلنے کی جگہ۔

مُزَلّف (م۔زَل۔لف)(ع۔صف) زُلفوں سے گھرا ہوا۔ زُلف والا۔ معشوق۔

مِزمار (مِز۔مار)(ع۔ا۔مث) بانسری۔ باجا۔ نَے وغیرہ۔ مطربوں کے ساز۔ جمع: مزامیر۔

مُزَمِّل (م۔زَم۔مِل)(ع۔صف)(۱) کپڑوں میں لپٹا ہوا (۲) قرآن شریف کی ایک سورۃ۔

مُزمِن (مُز۔مِن)(ع۔صف) پُرانا۔ کُہنہ۔

مُزمِنہ (مُز۔مِ۔نَہ)(ع۔صف) مزمن کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَزْمُور (مَز۔مُور)(ع۔ا۔مث)(۱) دیکھئے مِزمار (۲) نغمہ۔ مُناجات۔

مُزَمَّہ (مُ۔زَم۔مَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ چمڑے یا رَسّی کا حلقہ جو گھوڑے کی پچھاڑی میں بندھا ہوتا ہے تاکہ گھوڑا آگے نہ بڑھ سکے (۲) اُونٹ کی مُہار۔ نکیل۔ گھوڑے کی باگ۔ اُردو جمع: مُزمّوں۔ مُزمّے۔

مزمے لینا (اُر۔محاورہ) خبر لینا۔ تنگ کرنا۔ ٹھیک بنانا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

مُزَوِّر (مُ۔زَوّ۔وِر) (ع۔صف) (۱) جُھوٹا۔ دروغ گو (۲) بدمعاش۔ بدچلن۔ لُچّا۔ شُہدا (۳) زیارت کرانے والا۔ جمع: مزوّرین۔

مَزَہ (مَ۔زہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) لذّت۔ سواد۔ ذائقہ (۲) چسکا۔ چاٹ (۳) لطف۔ حظ۔ رَس۔ بہار (۴) خوشی۔ عیش۔ عشرت (۵) شباب (۶) لت۔ عادت۔ دَھت (۷) سیر۔ تماشا (۸) حالت۔ کیفیّت۔ گت۔ درجہ (۹) سزا۔ جزا۔ تعزیر۔ اُردو جمع: مزوں۔ مزے۔

مزہ آنا (آجانا) (اُر۔محاورہ) لطف آنا۔ لذّت حاصل ہونا۔

مزہ اُٹھانا (اُر۔محاورہ)(۱) لطف حاصل کرنا۔ حظ اُٹھانا (۲) تکلیف برداشت کرنا (۳) بُرے کام کی سزا پانا۔ رنج اُٹھانا۔

مزہ اُڑانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے مزے اُڑانا۔

مزہ بُھولنا (اُر۔محاورہ) ذائقہ یاد نہ رہنا۔

مزہ پانا (اُر۔محاورہ)(۱) لطف حاصل کرنا۔ حظ اُٹھانا۔ لذّت پانا (۲) کیے کی سزا پانا۔ رنج اُٹھانا۔

مزہ پڑنا (اُر۔محاورہ) عادت پڑنا۔ چاٹ پڑنا۔

مزہ تو یہ ہے (اُر۔محاورہ) لطف اِس بات میں ہے۔

مزہ ٹپکنا (اُر۔محاورہ) لطف کا نمایاں ہونا۔

مزہ جانا (اُر۔محاورہ) لطف جاتا رہنا۔

مزہ جب ہے (اُر۔روزمرّہ) لطف جب ہے۔

مزہ چکھانا (اُر۔محاورہ)(۱) ذائقہ چکھانا۔ کسی چیز میں سے تھوڑا سا یہ معلوم کرنے کے لئے کھلانا کہ سواد ٹھیک ہے (۲) سزا دینا۔

مزہ چکھ لینا (اُر۔محاورہ) نتیجہ بُھگتنا۔

مزہ چکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) لذّت حاصل کرنا (۲) خمیازہ بُھگتنا۔

مزہ دِکھانا (اُر۔محاورہ)(۱) بہار دِکھانا (۲)(طنزاً بھی مستعمل ہے) سزا دینا۔

مزہ دیکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) ذائقہ معلوم کرنا (۲) سیر دیکھنا۔ تماشا دیکھنا (۳) سزا پانا۔ پاداش کو پہنچنا۔

مزہ دینا (اُر۔محاورہ) لطف دینا۔ ذائقہ بخشنا۔ لذّت دینا۔

مزہ زہر ہونا (اُر۔محاورہ) ذائقہ تلخ ہونا۔

مزہ کِرکِرا کرنا (اُر۔محاورہ) رنگ میں بھنگ ڈالنا۔ بے لطف کرنا۔

مزہ کِرکِرا ہونا (اُر۔محاورہ) رنگ میں بھنگ پڑنا۔ بے لطف ہونا۔

مزہ کرنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے مزے کرنا۔

مزہ کھلنا (اُر۔محاورہ) ناگوار گزرنا۔

مزہ کھینچنا (اُر۔محاورہ) لطف حاصل ہونا۔

مزہ کٹ جانا (اُر۔محاورہ) لطف جاتا رہنا۔

مزہ لگا ہونا (اُر۔محاورہ) چسکا ہونا۔

مزہ لگ جانا (اُر۔محاورہ) چسکا پڑ جانا۔

مزہ لُوٹنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے مزے لوٹنا۔

مزہ لینا (اُر۔محاورہ) دیکھئے مزے لینا۔

مزہ مِلنا (اُر۔محاورہ)(۱) لذّت آنا (۲) سزا پانا۔ کارِ بد کا عوض پانا۔

مزہ نکلنا (اُر۔محاورہ) نتیجہ یا فائدہ حاصل کرنا۔

مزہ ہونا (اُر۔محاورہ) لطف ہونا۔ سیر ہونا۔ تماشا ہونا۔

مزہ ہے (اُر۔محاورہ) عیش ہے۔ بڑا لطف ہے۔ عجب کیفیت ہے۔

مَزے (مَ۔زے)(اُر۔ا۔مذ)(۱) مزہ کی جمع (۲) مزہ کی مُغیرہ صورت۔

مزے اُڑانا (اُر۔محاورہ) عیش کرنا۔ بہار لوٹنا۔ لطف حاصل کرنا۔

مزے دار (اُر۔صف) لذّت والا۔ لذیذ۔ اچھے ذائقہ کا۔

مزے داری (اُر۔ا۔مث) لذّت۔ لطف۔ حظ۔

مزے سے گزرنا (اُر۔محاورہ) آرام سے بسر ہونا۔

مزے کا (اُر۔صف) بامزہ۔ پُر لطف۔

مزے کرنا (اُر۔محاورہ) انوکھی بات کرنا (۲) عیش کرنا۔ خوش فعلیاں کرنا۔

مزے کی بات (اُر۔ا۔مث) ہنسی کی بات۔ تماشے کی بات۔ لطف کی بات۔

مزے کے مارے (اُر۔تابع فعل) لذّت کے باعث۔ لطف کے سبب۔

مزے لوٹنا (اُر۔محاورہ) عیش کرنا۔ بہار لوٹنا۔ لطف حاصل کرنا۔

مزے لینا (اُر۔محاورہ) لطف حاصل کرنا۔

مزے میں (اُر۔تابع فعل) لطف کے ساتھ۔

مزے میں آنا (اُر۔محاورہ) خوشی میں آنا۔ چاؤ میں آنا (۲) ناز کرنا۔ اِترانا۔

مزے میں گزرنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے مزے سے گزرنا۔

مزے ہی مزے ہیں (اُر۔محاورہ) عیش ہی عیش ہے۔ مطلب اچھی طرح حاصل ہوگیا ہے۔

مُزَیَّب (مُ۔زَیْ۔یَب)(ف۔صف) زیبا۔ سجا ہوا۔ فارسی زیب سے عربی قاعدے پر اِسم مفعول بنایا گیا (غیر فصیح ہے)۔

مَزِید (مَ۔زید)(ع۔ا۔مذ) اِضافہ۔ زیادتی۔ افزونی۔ بیشی۔ بڑھوتری۔

مزید برآں (ع۔ف۔تابع فعل) اِس کے سوا۔ اِس سے بڑھ کر۔

مزید علیہ (ع۔صف) زیادہ کیا گیا۔ بڑھایا گیا۔

مزید فیہ (ع۔صف) زیادہ۔ فالتو۔ زائد۔

مزید مال (مزیدی مال) (ع۔اُر۔ا۔مذ) وہ شَے جو مستعمل ہو کر بطور زائد شَے کے پڑی ہو۔ اِستعمال شُدہ چیز۔ سستا مال۔

مَزِیر (مَ۔زِیر)(ع۔صف) سخت۔ سخت دِل۔ نِڈر۔

مُزِیل (مُ۔زِیل)(ع۔صف) مِٹانے والا۔ کسی چیز کے آثار کو دُور کرنے والا۔ زائل کرنے والا۔

مُزَیَّن (مُ۔زَیْ۔یَن)(ع۔صف مفعولی) زینت دیا گیا۔ سجایا ہوا۔ آراستہ۔ مکلّف۔

م۔ژ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُژدہ (مُژ۔دَہ)(ف۔ا۔مذ) خوش خبری۔ بشارت۔ مُبارک باد۔ تہنیت۔

مژدہ باد (ف۔ کلمۂ دُعا) مُبارک ہو۔ خوشخبری ہو۔

مژدہ باد اَے مرگ ' عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے (اَر۔ مثل) جس سے امداد کی توقع تھی وہ خود مُصیبت میں گرفتار ہے۔

مژدہ پہنچانا (اَر۔ محاورہ) خوش خبری دینا۔ بشارت دینا۔

مژدہ سُنانا (اَر۔ محاورہ) خوش خبری لا کر دینا۔

مِژگان (مِژ۔گاں)(ف۔ا۔مث) مِژہ کی جمع۔ پلکیں۔

مِژہ (مِ۔ژہ)(ف۔ا۔مث) پلک۔ جمع: مژگاں۔

م ۔ س

مَس (بفتح اوّل)(ع۔ا۔مذ)(۱) چھونے کا فعل (۲) لگاؤ۔ رغبت۔ میل۔ رُجحان (۳) چھونا۔ ہاتھ لگانا۔ ملنا۔ رگڑنا۔

مَس کرنا (اَر۔ محاورہ) چھونا۔ ہاتھ لگانا۔

مَس ہونا (اَر۔ محاورہ) رُجحان ہونا۔ رغبت ہونا۔ میل ہونا۔ لگاؤ ہونا۔

مِس (بکسر اوّل)(ف۔ا۔مذ) تانبا۔ ایک دھات جس کے برتن وغیرہ بنتے ہیں۔

مِس خام (ف۔ا۔مذ) کچا تانبا۔ وہ تانبا جو کان سے نکالنے کے بعد ابھی صاف نہ کیا گیا ہو۔

مِس گر (ف۔صف) تانبے کے برتن بنانے والا۔ ٹھٹھیرا۔ کسیرا۔

مِس گری (ف۔ا۔مث) ٹھٹھیرے کا کام یا پیشہ۔

مِس لاطِل (ع۔ف۔ا۔مذ) خالص تانبا۔

مِس (بکسر اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) روشنائی (۲)(ا۔مذ) بہانہ۔ حیلہ۔ عذر۔

مِس (Miss)(انگ۔ا۔مث)(۱) دوشیزہ۔ ناکتخدا لڑکی (۲) نشانے کا خطا جانا۔ ناکام رہنا (۳) نہ مل سکنا (۴) نہ پکڑ سکنا۔

مِس کرنا (انگ۔ اَر۔ مص مُرکب) بھولنا۔ چوکنا۔ غلطی سے چھوڑنا۔ چھوٹ دینا۔ کسی کی کمی محسوس کرنا۔

مَسا (مَسّا) (مَ۔سا)(مَس۔سا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گوشت کا سیاہ دانہ جو بدن پر پڑ جاتا ہے۔ بڑا تل۔ خال کلاں (۲) زائد گوشت جو بواسیر کے سبب مقعد میں پیدا ہو جاتا ہے (۳) بندوق کی مکھی (۴) گھنڈی۔ اُبھرا ہوا دانہ جو گھڑی کے ڈھکنے یا ڈبیوں پر ہوتا ہے۔ جمع: مسوں۔ مسے۔

مَسا (مَ۔سا)(ع۔ا۔مث) شام۔ سانجھ۔

مِسّا (مِس۔سا)(ہ۔ا۔مذ) ملا جُلا اناج۔ موٹا جھوٹا اناج۔ غریبوں کے کھانے کا سستا اناج۔

مِسّا کُسّا (ہ۔ا۔مذ) موٹا جھوٹا اناج۔

مُسابَقَت (مُ۔سا۔بَ۔قَت)(ع۔ا۔مث) باہم سبقت لے جانا۔ آگے بڑھ جانا۔ سبقت۔

مَساج (Massage)(انگ۔ا۔مذ) مالش کرنا۔ اعصابی طاقت کے لئے ہاتھوں سے جسم کو ملنا۔

مَساجِد (مَ۔سا۔جِد)(ع۔ا۔مث) مسجد کی جمع۔

مَسّاح (مَس۔ساح)(ع۔ا۔مذ) پیمائش کرنے والا۔ ناپنے والا۔

مَساحَت (مَ۔سا۔حَت)(ع۔ا۔مث) زمین کی پیمائش۔

مَساس (مَ۔ساس)(ع۔ا۔مذ) چھونا۔ ہاتھ پھیرنا۔ ہاتھ سے ملنا۔

مُساعِد (مُ۔سا۔عِد)(ع۔صف) مددگار۔ معاون۔ موافق۔

مُساعَدَت (مُ۔سا۔عَ۔دَت)(ع۔ا۔مث) یاری۔ یاوری۔ اعانت۔ مدد۔

مَساعی (مَ۔سا۔عی)(ع۔ا۔مث) مسعات کی جمع۔ کوششیں۔

مساعیِ جمیلہ (ع۔ا۔مث) نیک کوششیں۔

مَسافَت (مَ۔سا۔فَت)(ع۔ا۔مث)(۱) دُوری۔ فاصلہ۔ عرصہ۔ سفر (۲) سفر کی تکان۔ جمع: مسافات۔

مسافت اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) سفر کی تکان برداشت کرنا۔

مسافت طے ہونا (اَر۔ محاورہ) راستہ کٹنا۔ فاصلہ طے ہونا۔

مُسافِر (مُ۔سا۔فِر)(ع۔ا۔مذ)(۱) سفر کرنے والا۔ راہ گیر (۲) پردیسی۔ فارسی جمع: مُسافران۔ اُردو جمع: مُسافر۔ مُسافروں۔

مُسافر خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) مُسافروں کے ٹھہرنے کا مکان۔ سرائے (۲)(کنایۃً) دُنیا۔ اُردو جمع: مسافر خانوں۔ مسافر خانے۔

مُسافر گاڑی (اَر۔ا۔مث) وہ ریل گاڑی جس میں مُسافر سوار ہوتے ہیں۔ پسنجر ٹرین۔

مُسافِران (ف۔ا۔مذ) مُسافر کی جمع۔

مُسافرانِ عدم (ف۔ا۔مذ) عدم کا سفر کرنے والے۔ مُردہ لوگ۔

مُسافِرانہ (مُ۔سا۔فِ۔را۔نَہ)(ع۔ف۔صف) مُسافر کی طرح۔ پردیسیوں کی مانند۔

مُسافِرت (مُ۔سا۔فِ۔رَت)(ع۔ا۔مث) سفر۔ سیاحی (۲) پردیس۔

مُسافِری (مُ۔سا۔فِ۔ری)(اَر۔ا۔مث)(۱) سیاحی۔ سفر (۲) پردیس۔

مَسا کر کے (ہ۔ تابع فعل) بہت تھوڑا سا۔ بہ مُشکل تمام۔ وقت سے۔ جیسے مسا کر کے آدھ سیر ہو گا۔ نیز دیکھئے مسا مسا کر۔

مَساکِن (مَ۔سا۔کِن)(ع۔ا۔مذ) مسکن کی جمع۔

مَساکین (مَ۔سا۔کین)(ع۔ا۔مذ) مسکین کی جمع۔

مَسالا (مَ۔سا۔لا)(اَر۔ا۔مذ)(۱) سامان۔ ہر چیز کی تیاری کی ضروریات اور لوازم جیسے نمک، مرچ، لہسن، پیاز، سالن کا مسالا ہے (۲) گوٹا کناری۔ گوکھرو وغیرہ (۳) پان میں ڈالنے کا مُرکب (۴) سُرخی چونا (۵) بُھنا ہوا ناریل اور دھنیا وغیرہ جو محرّموں میں پان کی بجائے کھاتے ہیں۔ جمع: مسالوں۔ مسالے۔

مسالا بنانا (اَر۔ محاورہ) مسالا مُرکب کرنا۔ مسالا تیار کرنا۔

مسالا ٹانکنا (اَر۔ محاورہ) گوٹا کناری وغیرہ لگانا۔

مسالا ڈالنا (اَر۔ محاورہ) کھانے میں گرم مسالا وغیرہ ڈالنا۔

مَسالِک (مَ۔سا۔لِک)(ع۔ا۔مذ) مسلک کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُسالَمہ (مُ-سا-لَ-مہ)(ف-ا-مذ)(۱) باہم سلام پڑھنا۔ خاص طور سے شہدائے کربلا کی یاد میں سلام پیش کرنا (۲) وہ مجلس جس میں سلام پڑھے جائیں۔ (اہلِ ہند کی اختراع ہے)۔

مَسالے (اُر-ا-مذ)(۱) مسالا کی جمع (۲) مسالا کی بدلی ہوئی شکل۔

مسالے دار (اُر-صف) چٹپٹی۔ چٹپٹا۔ وہ چیز جس میں مسالا پڑا ہو۔

مسالے کا تیل (اُر-ا-مذ) ایک قسم کا مُرکّب تیل۔

مَسام (مَ-سام)(ع-ا-مذ) جسم کے وہ سُوراخ جن میں سے پسینا نکلتا ہے۔

مَسامات (مَ-سا-مات)(ع-ا-مذ) مسام کی جمع۔

مُسامحَت (مُ-سا-مَ-حت)(ع-ا-مث)(۱) چشم پوشی کرنا۔ کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا (۲) نرمی کا برتاؤ کرنا (۳) سُستی۔ کاہلی۔

مُسامَرت (مُ-سا-مَ-رت)(ع-ا-مذ) قصہ کہنا۔ کہانی سُنانا۔

مَسامساکر (اُر-تابع فعل) کھینچ تان کے۔ بڑی مُشکل سے۔ نیز دیکھئے مسا کر کے۔

مَسان (مَ-سان)(ہ-ا-مذ)(۱) مرگھٹ۔ وہ جگہ جہاں ہندوؤں کے مُردے جلائے جاتے ہیں۔ شمشان (۲) بچّوں کی ایک بیماری جس میں بچہ سُوکھتا جاتا ہے۔ اُمّ الصِّبیان۔ دِقُّ الاطفال (۳) سِفلی عمل جس سے خبیث روح کو قابُو میں کرتے ہیں۔ جنتر منتر (۴) خبیث بُھوت۔

مَسانڈ (مَ-سانڈ)(ق-ا-مذ) خیال۔

مَسانی (مَ-سا-نی)(ہ-ا-مث) چھوٹی چیچک۔ کھسرا۔ سیتلا دیوی کی بہن۔

مسانی کا بکرا (ہ-ا-مذ) قُربانی کا بکرا۔ وہ بکرا جو سیتلا دیوی کو بھینٹ کیا جاتا ہے۔

مَسانیا (مَ-سا-نِ-یا)(ہ-ا-مذ) وہ جو جلی ہوئی لاش کی راکھ اور ہڈیاں اُٹھائے (۲) وہ جو خبیث ارواح کو نکالے۔

مُساوات (مُ-سا-وات)(ع-ا-مث) برابری۔ ہمسری (۲) باہم برابر کرنا۔ حالت کا برابر ہونا (۳)(الجبرا) نامعلوم مقدار کی قیمت معلوم کرنے کا قاعدہ۔

مُساواتِ ذاتی (ع-ا-مث)(جبرومقابلہ کی اصطلاح) وہ مساوات جس میں حرفِ مجہول کی کوئی سی قیمت کیوں نہ ہو، ہر حالت میں مساوات کی طرفین برابر رہتی ہیں۔

مُساواتِ شرطی (ع-ا-مث)(جبر و مقابلہ) وہ مُساوات کہ جس میں حرف مجہول کی جب تک کوئی خاص قیمت مقرر نہ کریں، مساوات کی شرط برابر نہ ہو۔

مُساوات نکالنا (اُر-محاورہ) مساوات کی نامعلوم مقدار کی قیمت دریافت کرنا۔

مُساوی (مُ-سا-وِی)(ع-صف) برابر۔ یکساں۔

مُساوِیُ الاَضلاع (مُ-سا-وِی-یُل-اَض-لاع)(ع-ا-مث) وہ شکل جس کے سب ضلعے برابر ہوں۔

مُساہَلَت (مُ-سا-ہَ-لت)(ع-ا-مث) تساہُل کرنا۔ سُستی کرنا۔

مُساہَمت (مُ-سا-ہَ-مت)(ع-ا-مث) شرکت۔ ساجھا (۲) قرعہ اندازی۔

مَسائِل (مَ-سا-اِل)(ع-ا-مذ) مسئلہ کی جمع۔

مُسَبَّب (مُ-سَب-بَب)(ع-صف مفعولی) سبب کیا گیا۔ باعث۔ وجہ۔

مُسَبِّب (مُ-سَب-بِب)(ع-صف فاعلی) سبب پیدا کرنے والا۔

مُسَبِّبُ الاَسباب (ع-صف) سبب پیدا کرنے والا۔

مُسَبِّبِ حقیقی (ع-صف-وا-مذ) خداوند تعالیٰ۔

مُسَبِّح (مُ-سَب-بِح)(ع-صف فاعلی) سُبحان اللہ کہنے والا۔ تسبیح کرنے والا۔ خداتعالیٰ کی پاکیزگی بیان کرنے والا۔

مُسَبِّحانِ مَلاءِ اَعلیٰ (ع-ف-ا-مذ) خدا کی پاکیزگی بیان کرنے والی بُزرگ ہستیاں۔ (کنایۃً) فرشتے۔

مُسَبِّحہ (مُ-سَب-بِ-حہ)(ع-صف)(۱) مُسبّح کی تانیث (۲)(ا-مث) شہادت کی اُنگلی۔ سبّابہ۔

مُسَبَّع (مُ-سَب-بَع)(ع-صف-وا-مذ)(۱) سات حصّے کیا گیا۔ سات پہلو والی چیز۔ سات برابر ضلعوں والی شکل (۲) سات مصرعوں کا بند۔

مَسبُوق (مَس-بُوق)(ع-صف)(۱) سابق۔ گُزرا ہوا۔ گزشتہ (۲) اِصطلاحِ فقہ میں وہ شخص جو ایک یا کئی رکعتیں فوت ہو جانے کے بعد جماعت میں شریک ہوا ہو۔

مسبُوقُ الذِّکر (مَس-بُو-قُذ-ذِکر)(ع-صف) جس کا سابق میں ذکر آچکا ہو۔ جو بیان کیا جا چکا ہو۔

مَست (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف-صف)(۱) متوالا۔ مدھ ماتا۔ نشے میں چُور۔ مخمور (۲) پُرشہوت۔ جوانی میں بھرا ہوا (۳) سرشار۔ بے خود۔ اُردو جمع: مست۔ مستوں۔

مست آواز (ف-ا-مث) وہ آواز جو سُننے والوں کو بے خود کر دے۔ آواز جو سُننے والوں کے دِلوں میں سرور اور نشہ پیدا کر دے۔

مستِ ازل (مستِ اَلَست) (ف-ع-صف) جو روزِ ازل سے مست ہو۔ (مُراد) مجذوب کامل۔

مست بوک (اُر-ا-مذ) مستی میں بھرا ہوا بکرا۔

مست مولا (اُر-ا-مذ) بےپروا آدمی۔ آزاد طبع شخص۔

مست مہینا (اُر-ا-مذ) پھاگن کا مہینا۔ ہولی کا مہینا جو مستی کے مشاغل کے لئے مخصوص ہے۔

مست ہاتھی (اُر-ا-مذ) ہاتھی جو مستی کے باعث دیوانہ ہو گیا ہو۔

مست ہو جانا (ہونا) (اُر-مص مرکّب)(۱) متوالا ہو جانا۔ نشے میں چور ہو جانا (۲) بے ہوش ہونا (۳) اِترانا۔ گھمنڈ کرنا۔ مغرور ہونا (۴) شہوت میں بھرنا۔ مدھ پر آنا (۵) جوانی میں بھرنا۔ جوش میں آنا۔ بہت خوش ہونا (۷) دیوانہ ہونا۔ مجنون ہونا۔ مجذوب ہونا۔

مُستاجِر (مُس-تا-جر)(ع-ا-مذ) ٹھیکے دار۔ اجارے پر لینے والا۔ زمیندار۔ جمع: مُستاجرین۔ اُردو جمع: مُستاجر۔ مُستاجروں۔

مستاجرِ سرکاری (ع-ا-مذ) سرکاری ٹھیکے دار۔

مُستاجِری (مُس-تا-جِ-ری)(ف-ا-مث) ٹھیکے داری۔ اجارہ داری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُستاصَل (مُس۔تا۔صَل)(ع۔صف مفعولی) جڑ سے اُکھڑا ہوا۔ برباد۔ تباہ۔

مُستاصِل (مُس۔تا۔صِل)(ع۔صف فاعلی) جڑ سے اُکھاڑنے والا۔

مُستامِن (مُس۔تا۔مِن)(ع۔صف) پناہ مانگنے والا۔ اَمن چاہنے والا۔

مستان (مَس۔تان)(اَ۔ا۔مذ) مَست کی تخریب۔ مجذوب۔ دیوانہ۔ مجنون۔

مستان شاہ (اَ۔ا۔مذ) مست فقیر۔ گدائے مجذوب۔

مستانا (مَس۔تا۔نا)(اَ۔مص) مستی پر آنا۔ مدھ پر آنا۔ گرماجانا۔ مستی کرنا۔

مُستانِس (مُس۔تا۔نِس) (ع۔صف فاعلی) اُلفت رکھنے والا۔ آرام پانے والا۔

مُستانِفہ (مُس۔تا۔نِ۔فہ)(ع۔صف)(۱) پہل کرنے والا (۲) جُدا۔ علیحدہ (۳)(اصطلاحِ نحو) وہ جُملہ جس کو سابقہ جملے سے معناً تو ربط ہو مگر لفظاً کچھ تعلّق نہ ہو۔

مستانہ (مَس۔تا۔نہ)(ف۔صف)(۱) مست کی طرح۔ متوالے کی طرح (۲) مجذوب۔ متوالا۔ بے خود۔ جمع: مستانوں۔ مستانے۔

مستانہ چال (اَ۔ا۔مث) لڑکھڑاتی چال۔ جھومتی ہوئی چال۔

مستانی (مَس۔تا۔نی)(اَ۔صف۔وا۔مث) مستانہ نمبر۲ کی تانیث۔ متوالی۔ دیوانی۔ مجنونہ۔

مُستاہِل (مُس۔تا۔ہِل)(ع۔صف) لائق۔ سزاوار۔

مُستَبِد (مُس۔تَ۔بِد)(ع۔صف) خود مختار۔ مطلق العنان۔ جمع: مُستبدّین۔

مُستَبِدانہ (مُس۔تَ۔بِد۔دا۔نہ)(ف۔صف) خود مختارانہ۔ جابرانہ۔

مُستَبدَل (مُس۔تَب۔دَل)(ع۔صف مفعولی) بدل کیا گیا۔ بدل چاہا گیا۔

مُستَبدِل (مُس۔تَب۔دِل) (ع۔صف فاعلی) بدل کرنے والا۔ بدل چاہنے والا۔

مُستَبشِر (مُس۔تَب۔شِر)(ع۔صف) خوش خبری چاہنے والا۔ خوش ہونے والا۔

مُستَبصِر (مُس۔تَب۔صِر)(ع۔صف) بینائی چاہنے والا۔ جس کا دل بینا ہو۔

مُستَبعَد (مُس۔تَب۔عَد)(ع۔صف)(۱) دُور۔ بعید (۲) دور از قیاس۔ دُشوار۔

مُستَتِر (مُس۔تَ۔تِر)(ع۔صف) چُھپنے والا۔ پوشیدہ۔

مُستَثنیٰ (مُس۔تَث۔نا)(ع۔صف) اِستثنا کیا گیا۔ الگ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھوٹا ہوا۔ ماسوا۔ اِلّا۔ مگر۔ بجُز (۲) وہ شخص یا چیز جسے علیحدہ کر دیا گیا ہو (۳) اِصطلاحِ نحو میں وہ اسم جو حرفِ استثنا کے بعد واقع ہوا ہو۔ جمع: مستثنیات۔

مُستَثنیٰ کرنا (اَ۔مص مُرکّب) علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا۔ کسی میں سے کسی کو جُدا کرنا۔

مُستَثنیٰ مِنہُ (مِن۔ہو)(ع۔صف) وہ شخص یا چیز جس میں سے مستثنیٰ کو الگ کر دیا گیا ہو۔

مُستَثنیات (مُس۔تَث۔نِ۔یات)(ع۔صف) مستثنیٰ کی جمع۔

مُستَجاب (مُس۔تَ۔جاب)(ع۔صف) جواب دیا گیا۔ (مجازاً) قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔

مُستَجابُ الدَّعَوات (مُس۔تَ۔جا۔بُد۔دَع۔وات)(ع۔صف) جس کی دُعائیں قبول ہوں۔ جس کی دُعائیں درگاہِ الٰہی میں شرفِ قبولیت پائیں۔

مُستَجمِع (مُس۔تَج۔مِع)(ع۔صف فاعلی) جمع کرنے والا۔

مُستَجمِعُ الصّفات (مُس۔تَج۔مِ۔عُص۔صِفات)(ع۔صف) جس میں تمام خوبیاں جمع ہوں۔

مُستَجمَع (مُس۔تَج۔مَع)(ع۔صف مفعولی)(۱) جمع کیا گیا (۲)(ع۔ا۔مذ) جمع ہونے کی جگہ۔

مُستَجیب (مُس۔تَ۔جیب) (ع۔صف) جواب دینے والا۔ دُعا قبول کرنے والا۔

مُستَجیبُ الدَّعَوات (مُس۔تَ۔جی۔بُد۔دَع۔وات)(ع۔صف) دُعائیں قبول کرنے والا۔ خدا تعالیٰ۔

مُستَحاضہ (مُس۔تَ۔حا۔ضہ)(ع۔صف) وہ عورت جسے معمول سے زیادہ عرصے تک حیض آئے۔

مُستَحَب (مُس۔تَ۔حَب)(ع۔صف) محبت کیا گیا۔ پسند کیا گیا۔ پسندیدہ (۲)(ا۔مذ) فقہ کی اصطلاح میں عبادات میں سے وہ فعل جسے آنحضرت ﷺ نے پسند فرما کر خود کیا ہو یا اُس کا ثواب بیان فرمایا ہو۔ جمع: مستحبّات۔

مُستَحسَن (مُس۔تَح۔سَن)(ع۔صف) نیک۔ پسندیدہ۔ خوب۔ بہتر۔

مُستَحضَر (مُس۔تَح۔ضَر)(ع۔صف) یاد رکھا ہوا۔ وہ بات جو یاد ہو۔

مُستَحِق (مُس۔تَ۔حِق)(ع۔صف)(۱) حق دار۔ حق رکھنے والا۔ دعوے دار (۲) لائق۔ قابل۔ سزاوار (۳) درویش۔ مفلس۔ مسکین۔ نادار۔ جمع: مستحقین۔

مُستَحکَم (مُس۔تَح۔کَم) (ع۔صف) پکّا۔ مضبوط۔ سخت۔ قائم رہنے والا۔

مُستَحیل (مُس۔تَ۔حِیل) (ع۔صف) (۱) بدلا ہوا۔ ایک حال سے دُوسرے حال میں بدلنے والا (۲) حیلہ جُو۔ بہانہ ساز (۳) ناممکن۔ محال۔

مُستَخرَج (مُس۔تَخ۔رَج)(ع۔صف مفعولی) نکالا ہوا۔ خارج کیا ہوا۔

مُستَخرِج (مُس۔تَخ۔رِج)(ع۔صف فاعلی) نکالنے والا۔ خارج کرنے والا۔

مُستَخلَص (مُس۔تَخ۔لَص)(ع۔صف) چھوڑا گیا۔ خلاص کیا گیا۔

مُستَدعی (مُس۔تَد۔عی)(ع۔صف) استدعا کرنے والا۔ خواہش مند۔ کسی بات کو چاہنے والا۔ ملتجی۔ جمع: مستدعین۔

مُستَدیر (مُس۔تَ۔دِیر)(ع۔صف) گول۔ مُدوّر۔

مُستَرَد (مُس۔تَ۔رَد)(ع۔صف) رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا۔

مُستَرشِد (مُس۔تَر۔شِد) (ع۔صف) ہدایت طلب کرنے والا۔ سیدھی راہ چاہنے والا۔ مُرید۔ جمع: مسترشدین۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُسْتَرْضِی (مُس۔ تَر۔ ضی) (ع۔ صف) رضا چاہنے والا۔ خوشنودی چاہنے والا۔

مِسْتَرِی (مِس۔ تَ۔ رِی) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) اہلِ حرفہ کا افسر۔ کاری گروں کا اُستاد (۲) کسی پیشے کا کاری گر۔ خصوصاً لوہار، بڑھئی، معمار۔ (انگریزی مسٹر یا ماسٹر کا بگاڑ)۔ جمع: مستری۔ مستریوں۔

مُسْتَزاد (مُس۔ تَ۔ زاد) (ع۔ صف) (۱) بڑھایا گیا۔ زیادہ کیا گیا۔ افزوں (۲) عروض میں وہ غزل جس کے ہر مصرع یا شعر کے بعد ایسا زائد ٹکڑا لگا ہو جو اسی مصرع کے رُکنِ اوّل اور رُکنِ آخر کے برابر ہو۔

مُسْتَسْقِی (مُس۔ تَس۔ قی) (ع۔ صف) (۱) وہ جو پانی طلب کرے (۲) وہ شخص جسے جلندھر کی بیماری ہو۔

مُسْتَشار (مُس۔ تَ۔ شار) (ع۔ صف) جس سے مشورہ کیا جائے۔

مستشارِ قانونی (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ شخص جس سے قانونی مشورہ لیا جائے۔

مُسْتَشْرِق (مُس۔ تَش۔ رِق) (ع۔ صف) وہ فرنگی جو مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر ہو۔ جمع: مُستشرقین۔

مُسْتَشْہِد (مُس۔ تَش۔ ہِد) (ع۔ صف) گواہی چاہنے والا۔ شہادت طلب کرنے والا۔ جمع: مستشہدین۔

مُسْتَشِیر (مُس۔ تَ۔ شیر) (ع۔ صف) مشورہ کرنے والا۔

مُسْتَشْفٰی (مُس۔ تَش۔ فا) (ع۔ ا۔ مذ) شفاخانہ۔ ہسپتال۔

مُسْتَضِی (مُس۔ تَ۔ ضی) (ع۔ صف) روشنی چاہنے والا۔ روشنی قبول کرنے والا۔

مُسْتَطاب (مُس۔ تَ۔ طاب) (ع۔ صف) خوش گوار۔ اچھا۔ عمدہ۔ خوب (۲) مبارک۔ خجستہ۔ سعید۔ نیک۔

مُسْتَطِیع (مُس۔ تَ۔ طیع) (ع۔ صف) استطاعت رکھنے والا۔ صاحبِ مقدور۔

مُسْتَطِیل (مُس۔ تَ۔ طیل) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) (۱) طویل۔ لمبا (۲) وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویئے قائمے ہوں اور مقابل کے ضلعے برابر ہوں یا جس کی لمبائی چوڑائی سے بڑی ہو۔

مُسْتَظْہِر (مُس۔ تَظ۔ ہِر) (ع۔ صف) (۱) مدد چاہنے والا۔ امداد کا خواہاں (۲) ظہور چاہنے والا۔

مُسْتَعار (مُس۔ تَ۔ عار) (ع۔ صف) مانگا ہوا۔ اُدھار لیا ہوا۔ چند روزہ جیسے حیاتِ مستعار۔

مُسْتَعان (مُس۔ تَ۔ عان) (ع۔ صف) (۱) مدد طلب کیا گیا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک نام۔

مُسْتَعْجِل (مُس۔ تَع۔ جِل) (ع۔ صف) تعجیل کرنے والا۔ جلدی کرنے والا۔ جلد باز۔

مُسْتَعْجِلانہ (مُس۔ تَع۔ جِ۔ لا۔ نَہ) (ع۔ ف۔ صف) جلد بازی سے۔

مُسْتَعِد (مُس۔ تَ۔ عِدّ) (ع۔ صف) (۱) آمادہ۔ تیار۔ موجود۔ کمربستہ (۲) چست۔ چالاک۔ ہوشیار۔ طرار۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

مُسْتَعِدی (مُس۔ تَ۔ عِد۔ دی) (ف۔ ا۔ مث) آمادگی۔ تیاری۔

مُسْتَعْذِر (مُس۔ تَع۔ ذِر) (ع۔ صف) عذر چاہنے والا۔

مُسْتَعْفِی (مُس۔ تَع۔ فی) (ع۔ صف) معافی چاہنے والا۔ نوکری چھوڑنے والا۔ استعفا دینے والا۔

مُسْتَعْمِرہ (مُس۔ تَع۔ مِ۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مث) نو آبادی۔ کالونی۔

مُسْتَعْمَل (مُس۔ تَع۔ مَل) (ع۔ صف) عمل میں لایا ہوا۔ کام میں لایا ہوا۔ برتا ہوا۔

مستعمل ہونا (اَر۔ مص مُرکب) استعمال میں آنا۔ کام میں لایا جانا۔ برتنے میں آنا۔

مُسْتَعِین (مُس۔ تَ۔ عین) (ع۔ صف) مدد چاہنے والا۔ امداد طلب کرنے والا۔

مُسْتَغاث (مُس۔ تَ۔ غاث) (ع۔ صف) وہ جس سے فریاد چاہیں۔

مستغاث علیہ (ع۔ صف) جس کے خلاف استغاثہ کیا گیا ہو۔ مدعا علیہ۔ جس پر نالش کی گئی ہو۔

مُسْتَغْرِب (مُس۔ تَغ۔ رِب) (ع۔ صف) وہ مشرقی جو مغربی علوم کا ماہر ہو۔

مُسْتَغْرَق (مُس۔ تَغ۔ رَق) (ع۔ صف مفعولی) (۱) غرق شدہ۔ ڈوبا ہوا (۲) نہایت مصروف۔

مُسْتَغْرِق (مُس۔ تَغ۔ رِق) (ع۔ صف فاعلی) غرق ہونے والا۔

مُسْتَغْفِر (مُس۔ تَغ۔ فِر) (ع۔ صف) استغفار کرنے والا۔ گناہوں کی معافی مانگنے والا۔

مُسْتَغْنِی (مُس۔ تَغ۔ نی) (ع۔ صف) (۱) آزاد۔ بری۔ بے پروا (۲) دولت مند۔ مال دار۔ آسودہ حال۔ فارغ البال۔ مطمئن۔

مُسْتَغِیث (مُس۔ تَ۔ غیث) (ع۔ صف۔ مذ) استغاثہ کرنے والا۔ دادخواہ۔ نالشی۔ مدعی۔ دعوے دار۔ سائل۔

مُسْتَغِیثہ (ع۔ صف) مُستغیث کی تانیث۔ دعویدار عورت۔

مُسْتَفاد (مُس۔ تَ۔ فاد) (ع۔ صف) فائدہ حاصل کیا ہوا۔ جو چیز فائدے میں حاصل ہو۔

مُسْتَفاض (مُس۔ تَ۔ فاض) (ع۔ صف) فیض چاہا ہوا۔

مُسْتَفْتِی (مُس۔ تَف۔ تی) (ع۔ صف) فتویٰ طلب کرنے والا۔ کسی مُعاملے میں شرعی حکم چاہنے والا۔

مُسْتَفْسِر (مُس۔ تَف۔ سِر) (ع۔ صف) استفسار کرنے والا۔ پوچھنے والا۔ تحقیق کرنے والا۔ محقق۔

مُسْتَفِید (مُس۔ تَ۔ فید) (ع۔ صف) فائدہ چاہنے والا۔ فائدہ طلب کرنے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

والا۔ فائدہ اُٹھانے والا۔

مُسْتَفِیض (مُس۔ تَ۔ فِیض) (ع۔ صف) (۱) فیض چاہنے والا۔ فیض کا خواہاں (۲) فائدہ اُٹھانے والا۔

مُسْتَقْبِل (مُس۔ تَق۔ بِل) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) (۱) آگے آنے والا۔ آیندہ (۲) وہ فعل جو آنے والے زمانے سے تعلق رکھے۔ زمانہ آیندہ۔

مُسْتَقَر (مُس۔ تَ۔ قَر) (ع۔ ا۔ مذ) ٹھہرنے کی جگہ۔ جائے قرار۔ ٹھکانا۔

مُسْتَقِل (مُس۔ تَ۔ قِل) (ع۔ صف) مضبوط۔ مستحکم۔ اَٹل۔ برقرار۔ پائیدار۔ پکّا۔ قائم (۲) ہمیشہ۔ مُدام۔

مُستقل اَسامی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) پکّی اسامی۔ پائیدار نوکری۔

مُستقل رہنا (اُر۔ محاورہ) قائم رہنا۔ برقرار رہنا۔ جما رہنا۔

مُستقل مزاج (ع۔ صف) وہ جس کے مزاج میں اِستقلال ہو۔

مُستقل ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) (۱) پکّا ہونا۔ پائیدار ہونا (۲) قائم ہونا۔ برقرار ہونا (۳) مُلازمت پر پکّا ہونا۔

مُسْتَقْلی (مُس۔ تَق۔ لی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) کسی عُہدے پر پکّا کیا جانا۔ (Confirmation) (۲) مضبوطی۔ مستحکمی۔

مُسْتَقِیم (مُس۔ تَ۔ قیم) (ع۔ صف) سیدھا۔ راست۔ دُرست۔ مضبوط۔

مَسْتَک (مَس۔ تَک) (س۔ ا۔ مث) (۱) ہاتھی کا ماتھا (۲) ماتھا۔ پیشانی۔

مُسْتَکْبِر (مُس۔ تَک۔ بِر) (ع۔ صف) متکبّر۔ مغرور۔ گھمنڈی۔

مُسْتَکْفِی (مُس۔ تَک۔ فی) (ع۔ صف) کفایت چاہنے والا۔

مُسْتَلِذ (مُس۔ تَ۔ لِذ) (ع۔ صف) لذّت پانے والا۔

مُسْتَلْزِم (مُس۔ تَل۔ زِم) (ع۔ صف) کوئی کام اپنے اُوپر لازم کرنے والا۔

مُستلزم سزا (ع۔ ف۔ صف) سزا کے قابل۔

مُسْتَمِد (مُس۔ تَ۔ مِد) (ع۔ صف) اِمداد چاہنے والا۔

مُسْتَمِر (مُس۔ تَ۔ مِر) (ع۔ صف) (۱) ہمیشہ رہنے والا۔ دائم (۲) مضبوط۔ پائیدار۔ مستقل (۳) پیوستہ۔

مُسْتَمِع (مُس۔ تَ۔ مِع) (ع۔ صف) سُننے والا۔

مُسْتَمَنْد (مُس۔ تَ۔ مَند) (ع۔ صف) (۱) غمگین (۲) (مجازاً) حاجت مند۔ ضرورت والا۔ جمع: مستمندان۔

مُسْتَنَد (مُس۔ تَ۔ نَد) (ع۔ صف) سند پایا ہوا۔ تصدیق کیا ہوا۔ مصدّقہ۔ قابلِ اعتبار۔ قابلِ اعتماد۔ معتبر۔

مُسْتَنْبَط (مُس۔ تَم۔ بَط) (ع۔ صف) اَخذ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھانٹا گیا۔

مُسْتَنْصَر (مُس۔ تَن۔ صَر) (ع۔ صف مفعولی) مدد طلب کیا گیا۔ مدد مانگا ہوا۔

مُسْتَنْصِر (مُس۔ تَن۔ صِر) (ع۔ صف فاعلی) مدد طلب کرنے والا۔ مدد مانگنے والا۔

مُسْتَنِیر (مُس۔ تَ۔ نیر) (ع۔ صف) روشنی طلب کرنے والا۔ روشن۔

مُسْتَوْجِب (مُس۔ تَو۔ جِب) (ع۔ صف) واجب کرنے والا۔ لازم ہونے والا۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار۔

مُسْتَوْدَع (مُس۔ تَو۔ دَع) (ع۔ صف مفعولی) (۱) امانت رکھا گیا (۲) امانت رکھی ہوئی چیز۔

مُسْتَوْدِع (مُس۔ تَو۔ دِع) (ع۔ صف فاعلی) امانت کا نگران۔

مَسْتُور (مَس۔ تور) (ع۔ صف) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

مَسْتُورات (مَس۔ تُو۔ رات) (ع۔ ا۔ مث) مستورہ (مستور کی تانیث) کی جمع۔ پردہ نشین عورتیں۔

مَسْتُوری (مَس۔ تُو۔ ری) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) مستور ہونے کی حالت۔ پوشیدگی (۲) پارسائی۔

مُسْتَوْفی (مُس۔ تَو۔ فی) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پُورا لینے والا (۲) (مجازاً) محاسبِ اعلیٰ جو اپنے ماتحتوں کے حساب کتاب کی جانچ کرے۔

مَسْتُول (مَس۔ تُول) (پُر۔ ا۔ مذ) جہاز یا کشتی کا ستون۔

مُسْتَوْلی (مُس۔ تَو۔ لی) (ع۔ صف) غالب۔ چھا جانے والا۔ قابُو پانے والا۔

مَسْتُوں (اُر۔ صف) مست کی جمع۔

مستوں کے گھوڑے (اُر۔ صف۔ وا۔ مذ) نہایت اَحمق۔ بہت بے وقوف۔

مُسْتَوی (مُس۔ تَ۔ وی) (ع۔ صف) برابر۔ ہموار۔

مُسْتَہام (مُس۔ تَ۔ ہام) (ع۔ صف) سرگشتہ۔ حیران۔ پریشان۔

مُسْتَہْزِن (مُس۔ تَ۔ ہِن) (ع۔ صف) کسی کو حقیر سمجھنے والا۔

مَسْتی (مَس۔ تی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) نشہ۔ خمار۔ کیف۔ مدہ (۲) مدہوشی۔ بدمستی۔ متوالا پن (۳) رغبتِ جماع۔ جوشِ شہوت۔ باہ۔ شَبق۔ خواہشِ نفسانی۔ وہ حالت یا کیفیت جو پرندوں یا دُوسرے حیوانات کی ہیجانِ شہوت کے وقت ہوتی ہے۔ جیسے مور، کبوتر، شیر یا ہاتھی کی مستی (۴) وہ پانی جو جوشِ شہوت میں حیوانات کے کان، گردن یا آنکھ کے قریب ٹپکتا ہے (۵) حیوانات کی منی (۶) وہ پانی جو بعض درختوں سے ٹپکتا ہے جیسے نیم کی مَستی (۷) خوشی کی حرکتیں (۸) غرور۔ تکبّر (سلاجیت کو پہاڑوں کی مستی کہا جاتا ہے)۔ اُردو جمع: مستیاں۔ مستیوں۔

مستی آنا (اُر۔ محاورہ) شہوت ہونا۔ گرم ہونا۔

مستی اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) مجامعت کو جی چاہنا۔ جماع کی خواہش ہونا۔

مستی ٹپکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) منی کا رس رس کر گرنا (۲) درختوں سے بدبُودار پانی کا چونا (۳) نشیلا پن پایا جانا (۴) حرکات و سکنات سے جوشِ شہوت یا جوشِ جوانی کا ظاہر ہونا۔

مستی جھاڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شہوت بُجھانا (۲) نشہ دُور کرنا (۳) شرارت نکالنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مستی جھڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نشہ ہرن ہونا (۲) شرارت نکل جانا (۳) اوسان دُرست ہو جانا۔
مستی چڑھنا (اُر۔ محاورہ) متوالا ہونا۔ نشے میں ہونا۔ مستی میں بھرنا۔ شہوت کا جوش پر ہونا۔
مستی چھانا (اُر۔ محاورہ) نشے میں ہونا۔ مدہوش ہونا۔
مستی کا عالم (اُر۔ ا۔ مذ) نشے کی حالت۔ بے خودی کی کیفیت۔
مستی کرنا (اُر۔ محاورہ) خوش فعلیاں کرنا۔
مستی میں آنا (اُر۔ محاورہ) مَدھ پر آنا۔
مستی میں بھرنا (اُر۔ محاورہ) شہوت کا زور ہونا۔
مستی نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) منی نکالنا (۲) شرارت دُور کر دینا۔
مستی نکلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نشہ اُترنا (۲) مزاج دُرست ہو جانا۔
مستی ہونا (اُر۔ محاورہ) مجامعت کی خواہش ہونا۔
مَسَک (مَ۔ سَک) (ہ۔ ا۔ مث) خاموشی۔ سکوت۔
مَسَک مارنا (ہ۔ محاورہ) سوتا بن جانا۔ ڈھیٹ بن کر بیٹھے رہنا۔
مِسٹر (Mister) (انگ۔ ا۔ مذ) تعظیمی خطاب جو مردوں کے نام سے پہلے اِستعمال ہوتا ہے۔ صاحب۔ جناب۔ جمع: میسٹرز۔
مِسٹرس (Mistress) (انگ۔ ا۔ مث) عورت کے واسطے تعظیمی خطاب (۲) داشتہ۔
مُشٹنڈا (مُس۔ ٹن۔ ڈا) (ہ۔ صف) موٹا تازہ آدمی۔ ہٹا کٹا شخص۔ جمع: مُشٹنڈوں۔ مُشٹنڈے۔
مُشٹنڈی (مُس۔ ٹن۔ ڈی) (ہ۔ صف) مُشٹنڈا کی تانیث۔ موٹی عورت۔ ہٹی کٹی عورت۔
مَسجد (مَس۔ جِد) (ع۔ ا۔ مث) سجدہ کرنے کی جگہ۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ مُسلمانوں کا عبادت خانہ۔ جمع: مساجد۔ اُردو جمع: مسجدوں۔ مسجدیں۔
مسجدِ اَقصیٰ (ع۔ ا۔ مث) (۱) دُور کی مسجد (۲) بیتُ المقدس میں وہ مسجد جو حضرت سلیمانؑ نے بنائی تھی۔
مسجد ٹھنڈی کرنا (اُر۔ محاورہ) مسجد ڈھانا۔ مسجد شہید کرنا۔
مسجدِ جامع (ع۔ ا۔ مث) وہ مسجد جہاں جمعے کی نماز ہوتی ہے۔
مسجدِ حرام (مسجدُالحرام) (ع۔ ا۔ مث) کعبہ۔ اِسے مسجد حرام اِس لئے کہتے ہیں کہ حُرمت کے باعث اِس کی حدود میں کئی جائز باتیں حرام ہو جاتی ہیں جیسے کسی جاندار کو مارنا۔
مسجد ڈھا کر امام باڑا بنانا (اُر۔ محاورہ) فرض کام کو چھوڑ کر سُنّت و مستحب کام کرنا۔
مسجد ڈھے گئی محراب رہ گئی (اُر۔ مثل) اصلی چیز جاتی رہی۔ صرف نشانی رہ گئی۔
مسجد شہید کرنا (اُر۔ محاورہ) مسجد کو منہدم کرنا۔ مسجد کو ڈھانا۔
مسجدِ ضرار (ع۔ ا۔ مث) ایسی مسجد جو کسی مسجد کے مقابلے میں اُس کو ضرر پہنچانے کے لئے بنائی جائے۔

مسجد کا مُلّانا (اُر۔ ا۔ مذ) وہ مُلّا جس کی گزر بسر مسجد کی روٹیوں پر ہو۔
مسجد میں اینٹ اُلٹ کر رکھنا (اُر۔ محاورہ) اپنی سچائی ثابت کرنے کی ایک رسم۔ مُسلمان عورتوں کا عقیدہ ہے کہ اگر کوئی جُھوٹا آدمی مسجد میں اینٹ اوندھی کر کے رکھ دے تو وہ برباد ہو جاتا ہے۔
مسجد میں چراغ جلانا (اُر۔ محاورہ) منّت پوری ہونے پر مسجد کے طاق میں چراغ روشن کرنا (۲) روشنی کی غرض سے مسجد میں چراغ روشن کرنا۔
مسجد میں چُونا لگانا (اُر۔ محاورہ) سخت قسم کھانا۔ مسلمان عورتوں کا اِعتقاد ہے کہ اگر جُھوٹا شخص مسجد میں جا کر آنکھوں میں چونا لگائے تو آنکھیں سفید ہو جاتی ہیں اور وہ اَندھا ہو جاتا ہے۔
مسجدِ نبوی (ع۔ ا۔ مث) وہ مسجد جو مدینہ منورہ میں نبی اکرم ﷺ کے مزار مُقدّس کے قریب ہے۔
مُسَجَّع (مُ۔ سَ۔ جَع) (ع۔ صف) قافئے دار عبارت۔ وہ عبارت یا مضمون جس میں قافئے کا اِہتمام ہو۔
مُسَجَّل (مُ۔ سَ۔ جَل) (ع۔ صف) (۱) کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مُہر ثبت ہو (۲) دُرست۔ صحیح۔ ثابت شُدہ (۳) رجسٹری شُدہ۔ (Registered)۔
مَسجُود (مَس۔ جُود) (ع۔ صف) سجدہ کیا گیا۔ جسے سجدہ کریں۔
مَسح۔ مَسَح (مَس۔ حَ۔ و نیز بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پونچھنا۔ چُھونا۔ ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) وضو یا غُسل کرتے وقت کسی عضو پر ہاتھ پھیرنا۔
مَسحُور (مَس۔ حُور) (ع۔ صف) جس پر سحر کیا گیا ہو۔ جس پر جادُو کیا گیا ہو۔
مَسحُوق (مَس۔ حُوق) (ع۔ صف) پسا ہوا۔ گِھسا ہوا۔
مَسحی (ع۔ صف) جس پر مسح جائز ہو۔ چمڑے کا موزہ وغیرہ۔
مَسخ (بفتحہ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ صف) اچھی صورت بدل کر بُری صورت ہو جانا۔
مسخ کرنا (اُر۔ محاورہ) شکل بگاڑنا۔ بدنما کرنا۔
مسخ ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) صورت بگڑ جانا۔
مُسَخَّر (مُ۔ سَخ۔ خَر) (ع۔ صف) تسخیر کیا گیا۔ تابع کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا۔ فتح کیا گیا۔
مَسخَرگی (مَس۔ خَ۔ رَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) مسخرہ پن۔ ٹھٹھا۔ ٹھٹھول۔
مَسخَرہ (مَس۔ خَ۔ رَہ) (ف۔ ا۔ مذ) ٹھٹھے باز۔ مذاقیہ۔ ہنسوڑ (مرد)۔
مسخرہ پن (ف۔ اُر۔ ا۔ مذ) ٹھٹھے بازی۔ ہنسی مذاق۔ بھانڈ پن۔
مَسخَری (مَس۔ خَ۔ رِی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) مسخرہ پن۔ مذاق (۲) (صف) مذاقیہ عورت۔ ظریف عورت۔ جمع: مسخریاں۔ مسخریوں۔
مسخری کرنا (اُر۔ محاورہ) مذاق کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔
مسخری میں اُڑا ڈالنا (اُر۔ محاورہ) کسی بات کو مذاق میں ٹال دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُسَدَّس (مُ۔سَد۔دَس)(ع۔ا۔مذ)(۱) علم ہندسہ میں چھ ضلعوں کی شکل جس کے سب ضلعے اور زاویے برابر ہوں (۲) نظم کی وہ قسم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں۔

مَسدُود (مَس۔دُود)(ع۔صف)(۱) بند کیا گیا۔ روکا گیا (۲) بند۔ رُکا ہوا۔

مُسَر (مُ۔سَر)(س۔ا۔مث) دیکھئے مسُور۔

مَسَرَّت (مَ۔سَر۔رَت)(ع۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔ اِنبساط۔

مُسرِف (مُس۔رِف)(ع۔صف) فضول خرچ۔ شاہ خرچ۔ بہت خرچ کرنے والا۔ کھاؤ اُڑاؤ۔

مَسرُور (مَس۔رُور)(ع۔صف) خوش۔ شادمان۔ مگن۔

مَسرُوق (مَس۔رُوق)(ع۔صف) چوری کیا گیا۔ چُرایا گیا۔

مَسرُوقہ (مَس۔رُو۔قہ)(ع۔صف) مسروق کی تانیث۔ چُرائی ہوئی چیز۔

مِسِز (Missis) (انگ۔ا۔مث) بیگم۔ بیوی۔

مُسَطَّح (مُ۔سَط۔طَح)(ع۔صف) پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ چوڑا۔ کھُلا۔

مِسطَر (مِس۔طَر)(ع۔ا۔مذ) وہ کاغذ جس پر سطریں کھینچنے کے لئے ڈورے لگاتے ہیں (۲) وہ آلہ جس سے جدول کھینچتے ہیں (۳) وہ پیلا کاغذ جس پر سیاہ لکیریں ہوتی تھیں اور اُس پر لیتھو کی چھپائی کے لئے کاتب خاص سیاہی سے لکھتے تھے۔

مِسطر کرنا (کھینچنا) (اُر۔ محاورہ) رُول کرنا۔ ایک دُوسرے کے محاذ میں خط کھینچنا۔

مَسطُور (مَس۔طُور)(ع۔صف)(۱) سطر کیا گیا۔ سطر بندی کیا گیا (۲) اُوپر لکھا گیا۔ مرقومہ بالا۔

مَسعات (مَس۔عات)(ع۔ا۔مث) کوشش۔ جدّوجہد۔

مَسعُود (مَس۔عُود)(ع۔صف)(۱) سعید۔ نیک۔ مُبارک (۲) خوش نصیب۔ بختاور۔ سعادت مند۔

مَسقَط (مَس۔قَط)(ع۔ا۔مذ) گرنے کی جگہ (۲) خلیج فارس کا ایک ساحلی شہر۔

مسقطُ الرّاس (مَس۔قَ۔طُر۔راس)(ع۔ا۔مذ) پیدا ہونے کی جگہ۔ جائے پیدائش۔ مولِد۔ وطن۔ زاد بُوم۔ جنم بھوم۔

مسقط کا حلوا (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا حلوا جو مسقط میں اونٹنی کے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

مُسَقَّف (مُ۔سَق۔قَف)(ع۔صف) چھت ڈالا گیا۔ پاٹا گیا۔ چھت دار۔ جس پر چھت ڈالی گئی ہو۔

مِشک (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) مُشک کا مُعرّب۔ دیکھئے مُشک۔

مَسک (مَ۔سَک)(ہ۔ا۔مث)(۱) کپڑے کی ذرا سی پھٹن۔ زور پڑنے کے سبب کپڑے کا ذرا سا نکل جانا (۲) دباؤ۔ دھکا۔

مسک جانا (اُر۔ محاورہ) کپڑے کا خفیف سا پھٹ جانا۔

مسک لینا (اُر۔ محاورہ) چھین لینا۔ فریب سے لینا۔

مُسَکّا (مُ۔سَک۔کا)(ہ۔ا۔مذ) وہ چھینکا جو چوپایوں کے مُنہ پر باندھ دیتے ہیں تاکہ وہ کسی چیز پر مُنہ نہ مار سکیں۔

مَسکا مَسکی (مَس۔کا۔مَس۔کی)(ہ۔ا۔مث) دبانا۔ بھینچنا۔

مُسکان (مُس۔کان)(ہ۔ا۔مث) مسکراہٹ۔ تبسّم۔

مَسکانا (مَس۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) کپڑے کو اس طرح پھاڑنا کہ تانے کے تار الگ نہ ہوں (۲) ناچنے والے کا اپنے بدن کو لچکانا۔

مُسکانا (مُس۔کا۔نا)(ہ۔مص) ٹوٹنا۔ چٹ چٹ ہو جانا۔ جیسے چوڑیاں مُسکا گئیں۔

مُسکاونا (مُس۔کاو۔نا)(ق۔مص) مُسکرانا۔

مُسکِت (مُس۔کِت)(ع۔صف) چُپ کرانے والا۔ خاموش کرانے والا (۲) لاجواب کر دینے والا۔

مَسکٹ (Musket) (انگ۔ا۔مث) بندوق۔ تفنگ۔

مُسکٹانا (مُس۔کٹا۔نا)(ق۔مص) مسکرانا۔

مُسکِر (مُس۔کِر)(ع۔صف) نشہ آور۔ نشہ پیدا کرنے والی چیز۔ مستی لانے والی چیز۔

مُسکِرات (مُس۔کِ۔رات)(ع۔ا۔مث) مُسکِر کی جمع۔ نشہ لانے والی چیزیں۔

مُسکرانا (مُس۔کَ۔را۔نا)(ہ۔مص) تبسّم کرنا۔ ہونٹوں ہی ہونٹوں میں ہنسنا۔

مُسکراہٹ (مُس۔کَ۔را۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث) تبسّم۔ دَبی دَبی ہنسی۔

مَسکَن (مَس۔کَن)(ع۔ا۔مذ) سکونت کی جگہ۔ رہنے کا مقام۔ گھر۔ مکان۔ ٹھکانا۔ جمع: مساکن۔

مُسَکِّن (مُ۔سَک۔کِن)(ع۔صف) تسکین دینے والا۔ تسکین بخش۔

مَسکنا (مَ۔سَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) پھٹنا۔ کپڑے کا ذرا سا پھٹ جانا (۲) بات کا جواب دینا۔ عذر کرنا (۳) دبانا۔ بھینچنا (۳) اپنی جگہ سے ہلنا۔ جنبش کرنا۔

مُسَکِّنات (مُ۔سَک۔کِ۔نات)(ع۔صف۔وا۔مث) مُسکّن کی جمع۔ مُسکّن دوائیں۔ تسکین بخش دوائیں۔

مَسکَنَت (مَس۔کَ۔نَت)(ع۔ا۔مث) مسکینی۔ غریبی۔ مُفلسی (۲) عاجزی۔

مِشکوٹ (انگ Mess-court کا مُورّد۔ا۔مث)(۱) صلاح۔ مشورہ (۲) خُفیہ سازش۔

مَسکُورا (مَس۔کُو۔را)(ہ۔ا۔مذ) مسوڑھا۔

مَسکوڑا (مَس۔کو۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) کروٹ کا دھچکا جیسے ایک ہی مسکوڑے میں ہر زئی نکل گئی۔

مسکوڑا لینا (اُر۔ محاورہ) دھچکے سے کروٹ لینا۔ دفعتہً پہلو بدلنا۔

مسکوڑا مارنا (اُر۔ محاورہ) زور سے کروٹ لینا۔

مَسکُوک (مَس۔کُوک)(ع۔صف) سکّہ لگا ہوا۔ ٹھپا کیا ہوا۔ سرکاری چھاپ کا۔

مَسکُون (مَس۔کُون)(ع۔صف)(۱) سکونت کیا گیا۔ آباد (۲) رہنے کے قابل۔

مَسکہ (مَس۔کہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) مکھن۔ تازہ نکلا ہوا کچا گھی جو تپایا نہ گیا ہو (۲) اصطلاح کیمیا میں پارہ جو دواؤں سے مُنجمد کیا گیا ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مسکہ باز (اُر۔ صف) چاپلوسی کرنے والا۔

مسکہ لگانا (اُر۔ محاورہ) چاپلوسی کرنا۔ بے جا خوشامد کرنا۔

مِسکِین (مِس۔کِین) (ع۔ صف) (۱) غریب۔ مُفلس۔ کنگال۔ نادار (۲) عاجز۔ ناتواں۔ بے چارہ (۳) حلیم۔ بُردبار (۴) اصطلاحِ فقہ میں وہ شخص جس کے پاس اِتنا مال نہ ہو کہ زکوٰۃ واجب ہو۔ جمع : مساکین۔ اُردو جمع : مسکین۔ مسکینوں۔

مِسکین صُورت (ع۔ صف) (۱) جس کی صورت پر مسکینی اور غربت برستی ہو (۲) جو حقیقت میں شریر مگر ظاہر میں بھولا بھالا نظر آتا ہو۔

مِسکین طبع (ع۔ صف) غریب طبیعت۔ حلیم۔ بُردبار۔ وہ شخص جس کی طبیعت میں شرارت نہ ہو۔

مِسکینی (مِس۔کی۔نی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) غریبی۔ مُفلسی (۲) حلم (۳) اِنکسار۔ عاجزی۔ فروتنی۔

مَسَل ڈالنا (ہ۔ مص) کُچل ڈالنا۔ روند ڈالنا۔

مَسَل کر (اُر۔ تابع فعل) پیس کر۔ توڑ مروڑ کر۔

مَسَل کر رکھ دینا (اُر۔ محاورہ) پیس ڈالنا۔ کُچل ڈالنا۔

مِسْل (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (اُر۔ ا۔ مث) مُقدّمے کی کارروائی کے کاغذات جو ایک جگہ مُنسلک ہوں۔ روئیدادِ مقدمہ۔ جمع : مِسلوں۔ مِسلیں۔ نیز دیکھیے مِثل۔

مِسل داخلِ دفتر کرنا (اُر۔ محاورہ) مُقدّمے کی کارروائی ختم ہونے کے بعد مِسل کا محافظ خانے میں بھیجا جانا۔

مِسل مُرتّب کرنا (اُر۔ محاورہ) مُقدّمے کے کاغذات ترتیب وار مُرتّب کرنا۔

مَسَلا (مَس۔لا) (ق۔ ا۔ مذ) مثل۔ کہاوت۔

مُسَلّح (مُ۔سَل۔لح) (ع۔ صف) ہتھیار بند۔ ہتھیار لگائے ہوئے۔

مُسلّح ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) ہتھیار لگا کر لڑنے کو تیار ہونا۔ کمربستہ ہونا۔

مَسْلَخ (مَس۔لخ) (ع۔ ا۔ مذ) جانوروں کی کھال کھینچنے کی جگہ۔ مذبح۔ کمیلا۔ بوچڑ خانہ۔

مُسَلْسَل (مُ۔سَل۔سَل) (ع۔ صف) سلسلہ وار۔ لگاتار۔ متواتر۔ پے در پے۔

مُسَلَّط (مُ۔سَل۔لط) (ع۔ صف مفعولی) (۱) مغلوب کیا گیا۔ فتح کیا گیا (۲) مقرّر کیا گیا۔ تعینات کیا گیا۔

مُسَلِّط (مُ۔سَل۔لِط) (ع۔ صف فاعلی) تسلّط کرنے والا۔ قبضہ کرنے والا۔ غالب۔ طاقت ور۔

مُسلّط ہونا (اُر۔ محاورہ) سر پر سوار ہونا (۲) چھایا ہوا ہونا (۳) قابو یافتہ ہونا۔

مَسْلَک (مَس۔لک) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) راہ۔ راستہ (۲) طریقہ۔ قاعدہ۔ دستور۔ جمع : مسالِک۔ اُردو جمع : مسلک۔ مسلکوں۔

مُسْلِم (مُس۔لِم) (ع۔ صف) مذہب اسلام کا پیرو۔ مُسلمان۔ جمع : مُسلمین۔

مُسَلَّم (مُ۔سَل۔لَم) (ع۔ صف) پُورا۔ کامل۔ ثابت۔ سارا۔ سب (۲) تسلیم کیا گیا۔ مانا گیا (۳) دُرست۔ بجا۔ ٹھیک۔ بے شک (۴) ضرور۔ واجب۔ فرض۔

مُسلّمُ الثّبوت (مُ۔سَل۔ل۔مُس۔ث۔بُوت) (ع۔ صف) جو ثبوت کا محتاج نہ ہو۔ مانا ہوا۔

مُسَلمان (مُ۔سَل۔مان) (ف۔ ا۔ مذ) مُسلم۔ مومن۔ اُر جمع: مسلمان۔ مسلمانوں۔

مسلمان ہونا (اُر۔ محاورہ) اِسلام لانا۔ دینِ محمدی ﷺ میں داخل ہونا۔

مُسَلمانان (ف۔ ا۔ مذ) مُسلمان کی جمع۔

مُسلمانان در گور و مُسلمانی در کتاب (ف۔ مثل) مُسلمان مر گئے اور اِسلام کتابوں میں لکھا رہ گیا۔ پکّے مُسلمانوں کے نہ ہونے پر بطور افسوس کہتے ہیں۔

مُسَلمانَنی (مُ۔سَل۔مان۔نی) (اُر۔ ا۔ مث) مُسلمان عورت۔

مُسَلمانی (مُ۔سَل۔ما۔نی) (اُر۔ صف) (۱) مُسلمان سے منسوب۔ مُسلمان سے نسبت رکھنے والا (۲) (اُر۔ ا۔ مث) اِسلام (۳) ختنہ۔

مسلمانی آباوانی (اُر۔ مثل) مُسلمانی باعثِ برکت ہے۔

مُسْلِمَہ (مُس۔لِ۔مَہ) (ع۔ صف) مُسلم کی تانیث۔ مُسلمان عورت۔ جمع : مُسلمات۔

مُسَلَّمہ (مُ۔سَل۔لَ۔مَہ) (ع۔ صف) مانی ہوئی (باتیں)۔ تسلیم شدہ (اُمور)۔

مُسْلِمِین (مُس۔لِ۔مِین) (ع۔ ا۔ مذ) مُسلم کی جمع۔

مَسَلنا (مَ۔سَل۔نا) (ہ۔ مص) ہاتھوں سے کُچلنا۔ بھینچ دبانا۔

مَسْلُوب (مَس۔لُوب) (ع۔ صف) سلب کیا گیا۔ چھین لیا گیا۔ مٹایا گیا۔ نابُود کیا گیا۔

مَسْلُوبُ الاختیار (مَس۔لُو۔بُل۔اِخ۔تِ۔یار) (ع۔ صف) جس کے اِختیار چھین لیے گئے ہوں۔

مَسلُوبُ الحواس (مسلُوبُ العقل) (ع۔ صف) جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں۔ دیوانہ۔ پاگل۔ سِڑی۔ سودائی۔

مَسْلُوک (ع۔ صف) (۱) جاری کیا گیا (۲) سلوک کیا گیا۔ اِحسان کیا گیا۔

مَسْلُول (مَس۔لُول) (ع۔ صف) سِل (دِق) کی بیماری والا (۲) کھینچا ہوا۔

مِسْلی (مِس۔لی) (اُر۔ صف) وہ جس کی مِسل بنی ہوئی ہو۔ سزا یافتہ۔

مُسَمّاۃ (مُ۔سَم۔مات) (ع۔ ا۔ مث) لفظی معنی نام رکھی گئی۔ وہ لفظ یا خطاب جو عورت کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے۔ نیز دیکھیے مُسمّی۔

مِسْمار (مِس۔مار) (ع۔ ا۔ مث) میخ۔ کھونٹی۔ کیلی۔ کیل (۲) (ف۔ صف) گرایا ہوا۔ مُنہدم۔ ڈھایا ہوا۔

مِسمار کرنا (اُر۔ محاورہ) ڈھانا۔ مُنہدم کرنا۔ ویران کرنا۔ برباد کرنا۔

مِسْماع (مِس۔ماع) (ع۔ ا۔ مذ) سُننے کا آلہ۔

مِسماعُ الصّدر (مِس۔ما۔عُص۔صَدر) (ع۔ ا۔ مذ) وہ آلہ جس کے دونوں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سرے ڈاکٹر اپنے کان میں اور آخری سرا مریض کے سینے یا پُشت سے لگا کر مرض کی تشخیص کرتے ہیں۔ صدر بین۔ (Stethoscope)۔

مِسمریزم (Mesmerism) (انگ۔ ا۔ مذ) ڈاکٹر مسمر (۱۷۳۴ء۔ ۱۸۱۵ء) باشندہ آسٹریا کا ایجاد کردہ ایک علم جس میں تصوّر یا خیال کا اثر دوسرے کے ذہن میں جاگزیں کر کے پوشیدہ اور آیندہ کے حالات پُوچھے جاتے ہیں۔

مَسْمُسی (مَس۔ مُ۔ سی) (ہ۔ صف) دیکھنے میں سیدھی سادی اور مسکین صورت۔

مُسْمُسی صورت (اُر۔ ا۔ مث) غریب صورت۔ گربہ مسکین۔ دیکھنے میں بھولی بھالی مگر باطن میں شریر۔

مُسَمَّط (مُ۔ سَم۔ مَط) (ع۔ صف) (۱) پروئی ہوئی چیز۔ موتیوں کو لڑیوں میں پرویا ہوا (۲) موتیوں کی لڑی (۳) وہ شعر جس میں کئی جگہ ایک قسم کا قافیہ ہو (۴) وہ نظم جس میں تین سے لے کر دس تک مصرعے ہوں۔

مُسَمَّن (مُ۔ سَم۔ مَن) (ع۔ صف مفعولی) موٹا کیا گیا۔ فربہ کیا گیا۔ موٹا۔ فربہ۔

مُسَمِّن (مُ۔ سَم۔ مِن) (ع۔ صف فاعلی) فربہ کرنے والا۔ موٹا کرنے والا۔

مَسْمُوع (مَس۔ مُوع) (ع۔ صف) سُنا گیا۔ قبول کیا گیا۔

مَسْمُوم (مَس۔ مُوم) (ع۔ صف) (۱) زہر دیا گیا۔ وہ جس نے زہر کھا لیا ہو (۲) زہریلا۔ زہر ملا ہوا۔

مُسَمّٰی (مُ۔ سَم۔ ما) (ع۔ صف) موسوم کیا گیا۔ نام رکھا گیا۔ پکارا گیا۔ مَردوں کے نام سے پہلے آتا ہے جیسے مُسمّیٰ چراغ دین۔ نیز دیکھئے مُسمّاۃ۔

مُسِن (مُ۔ سِنّ) (ع۔ صف) (۱) سن رسیدہ۔ عمر رسیدہ۔ بوڑھا (۲) پُرانا۔ کہنہ (۳) تجربہ کار۔ دانا۔

مِسْنا (مِس۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) گُھلنا۔ پِسنا (۲) مُرمُر ہونا۔

مُسْنا (مُس۔ نا) (ہ۔ مص) لُٹنا۔ لوٹا جانا۔

مَسْنَد (مَس۔ نَد) (ع۔ ا۔ مث) تکیہ لگا کر بیٹھنے کی جگہ۔ تکیہ گاہ۔ تخت۔ جمع : مسانِد۔ اُردو جمع : مسندوں۔ مسندیں۔

مسند آرا (ف۔ صف) مسند کو زینت دینے والا۔ مسند نشین۔

مسند حکومت (ع۔ ف۔ ا۔ مث) تختِ شاہی۔

مسند کا گدھا (اُر۔ ا۔ مذ) بے وقوف اُمیر۔

مسند لگانا (اُر۔ محاورہ) مسند بچھانا۔

مسند نشین (ع۔ ف۔ صف) مسند پر بیٹھنے والا۔ بادشاہ والیِ ملک۔

مسند نشین ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) مسند پر بیٹھنا۔ بادشاہ ہونا۔

مسند نشینی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) تخت نشینی۔

مُسْنَد (مُس۔ نَد) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا (۲) سہارا دیا گیا (۳) نحو کی اصطلاح میں خبر کو کہتے ہیں۔

مُسْنَد اِلَیہ (ع۔ ا۔ مذ) علم نحو میں مُبتدا کو کہتے ہیں۔

مَسْنُون (مَس۔ نُون) (ع۔ صف) سُنّت کی گئی۔ وہ کام جسے حضرت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے خود کیا ہو۔

مِسواک (مِس۔ واک) (ع۔ ا۔ مث) داتن۔ دانت صاف کرنے کی ریشہ دار لکڑی۔ اُردو جمع : مسواکوں۔ مسواکیں۔

مِسواک کرنا (اُر۔ محاورہ) داتن سے دانت صاف کرنا۔

مُسْوانا (مُس۔ وا۔ نا) (اُر۔ مص) چوری کرانا۔ کھوانا۔

مُسَوَّدَہ (مُ۔ سَوْ۔ وَ۔ دَہ) (ع۔ ا۔ مذ) وہ تحریر جو سرسری طور پر لکھی جائے اور جسے صاف و صحیح کرنے کی ضرورت ہو۔ وہ تحریر جو بہ طور خاکہ لکھی گئی ہو (۲) منصوبہ۔ مُدّعا۔ مطلب۔ جمع : مُسَوّدات۔ اُردو جمع : مسوّدوں۔ مسوّدے۔

مُسَوَّدہ گانٹھنا (اُر۔ محاورہ) مضمون بنانا (۲) ارادہ باندھنا۔ منصوبہ تیار کرنا۔

مَسُور (مَ۔ سُور) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا غلّہ جو بطور دال پکایا جاتا ہے۔ (س: مَسُر کا مُہنّد)۔

مَسُوڑا (مَسُوڑھا) (مَ۔ سُو۔ ڑا) (مَ۔ سُو۔ ڑھا) (ہ۔ ا۔ مذ) دانتوں کے اُوپر کا گوشت۔ جمع : مسوڑے۔ مسوڑوں۔

مَسوسا (مَ۔ سو۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذ) پچھتاوا۔ ندامت۔ پشیمانی (۲) نقصان جو چُپکے سے برداشت کیا جائے (۳) دباؤ۔ بوجھ۔ زور (۴) جوش جس کو دبایا جائے۔

مسوسا دے دے رہنا (اُر۔ محاورہ) صبر سے برداشت کرنا۔ شکایت زبان پر نہ لانا۔

مَسوسنا (مَ۔ سوس۔ نا) (اُر۔ مص) (۱) بَل دینا۔ مروڑنا۔ نچوڑنا (۲) پچھتانا۔ افسوس کرنا۔ دل میں رنج کرنا۔ کُڑھنا۔ صدمے کے باعث دل پر ہاتھ رکھنا۔ جبراً صبر کو گوارا کرنا۔

مَسُوں (مَ۔ سُوں) (ق۔ تابع فعل) مُجھ سے۔

مَسہری (مَ۔ سہ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) چھپر کھٹ۔ ایک قسم کا پردہ دار پلنگ جو مکھیوں، مچھروں سے محفوظ ہو کر سونے کے لئے بنایا جاتا ہے۔ جمع : مَسہریاں۔ مَسہریوں۔

مُسْہِل (مُس۔ ہِل) (ع۔ صف) (۱) اِسہال لانے والا۔ دست آور۔ وہ دوا جس سے دست آئیں (۲) (ا۔ مذ) جلاب۔

مُسہِل دینا (اُر۔ محاورہ) جُلاّب دینا۔ دست آور دوا کھلانا۔

مُسہِل لینا (اُر۔ محاورہ) جُلاّب لینا۔ دست آور دوا استعمال کرنا۔

مَسْئَلہ (مَس۔ اَ۔ لہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) سوال۔ پُوچھی ہوئی بات (۲) دینی بات۔ دینی قانون۔ جمع : مسائل۔ اُردو جمع : مسئلوں۔ مسئلے۔

مسئلہ کُھل جانا (اُر۔ محاورہ) مسئلہ حل ہو جانا۔ بات صاف ہو جانا۔ معاملے کی پیچیدگی دُور ہو جانا۔

مَسْئُول (مَس۔ اُول) (ع۔ صف) سوال کیا گیا۔ جس سے سوال کیا جائے۔ ذمّے دار۔ جواب دہ۔

مسئول اِلیہ (ع۔ صف) جس سے سوال کیا جائے۔ جس سے مسئلہ دریافت کیا جائے۔

مَسْئُولہ (مَس۔ اُو۔ لہ) (ع۔ صف) مسئول کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مِسّی (م۔سی)(س۔ا۔مث) سیاہی۔ روشنائی۔

مِسی (اِ۔سی)(ف۔صف) مِس سے منسوب۔ تانبے کا۔ تانبے کا بنا ہوا۔

مِسی جوش (اَر۔ا۔مذ) تانبے کا پکا ٹانکا۔

مِسی جوش کرانا (اَر۔محاورہ) پکا ٹانکا لگوانا۔

مِسّی (مِس۔سی)(ہ۔ا۔مث) چنے کا آٹا ملی ہوئی روٹی۔

مِسّی تِسّی (ہ۔ا۔مث) دال دلیا۔ موٹے جھوٹے اَناج کی روٹی۔

مِسّی (مِس۔سی)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا منجن جسے عورتیں بطور سنگار اِستعمال کرتی ہیں (۲) طوائفوں کی اِصطلاح میں ایک تقریبِ شادی۔ اِس دن سے کسبیاں مِسّی ملنا شروع کرتی ہیں۔ اُس روز بڑا جشن ہوتا ہے اور جو شخص اِس رقم کا کفیل ہوتا ہے وہ باکرہ نوچی کا ازالہ بکارت کرتا ہے۔

مِسّی اُدھڑنا (مِسّی چھوٹنا) (اَر۔محاورہ) دانتوں پر مِسّی کا نہ رہنا۔

مِسّی سُرمہ (مِسّی کاجل) (اَر۔ا۔مذ) عورتوں کا سنگار۔

مِسّی کاجل کرنا (اَر۔محاورہ) دانتوں پر مِسّی ملنا اور آنکھوں میں سُرمہ لگانا۔ عورتوں کا بناؤ سنگار۔

مِسّی کرنا (اَر۔محاورہ) نوچی کے ازالہ بکارت کی تقریب کرنا۔

مِسّی کی اُنگلی (اَر۔ا۔مث) بیچ کی اُنگلی اور چھنگلیا کے درمیان کی اُنگلی۔ عورتیں اِس سے مِسّی لگاتی ہیں۔

مِسّی کی دھڑی (اَر۔ا۔مث) مِسّی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔

مِسّی کی لکیر (اَر۔ا۔مث) وہ سیاہ خط جو مِسّی لگانے سے دانتوں کے درمیان ظاہر ہوتا ہے۔

مِسّی لگانا (ملنا) (اَر۔محاورہ) دانتوں اور ہونٹوں پر مِسّی ملنا۔

مِسّی ہونا (اَر۔محاورہ) نوچی کے ازالۂ بکارت کی تقریب ہونا۔

مَسِیت (م۔سیت)(اَر۔ا۔مث) مسجد کا بگڑا ہوا تلفظ۔ جمع: مسیتوں۔ مسیتیں۔

مَسِیح (م۔سیح)(ع۔ا۔مذ) حضرت عیسیٰؑ کا لقب جو بطور معجزہ مُردے کو زندہ کردیتے تھے۔

مَسِیحا (م۔سی۔حا)(ف۔ا۔مذ) مسیح کا مُفرس۔ دیکھئے مسیح۔

مسیحا دَم (مسیحا نفس) (ف۔صف) وہ جس کی پھونک میں اعجازِ مسیحا ہو یعنی مُردوں کو زندہ کرنے والا۔

مسیحا نفسی (نَ۔فَ۔سی)(ف۔ا۔مث) جس کی پھونک میں زندہ کردینے کا اِعجاز ہو۔ مسیحائی۔

مَسِیحائی (م۔سی۔حا۔اِی) (ف۔ا۔مث) حضرت عیسیٰؑ کے معجزے والی طاقت۔ حیات بخشی۔ مُردوں کو زندہ کرنا۔

مسیحائی دِکھانا (کرنا) (اَر۔محاورہ) (۱) زندہ کرنا۔ حیات بخشنا۔ اعجاز دِکھانا (۲) مرتے کو بچانا۔ جاں بلب بیمار کو تندرست کرنا۔

مَسِیحی (م۔سی۔حی)(ع۔صف) (۱) حضرت عیسیٰؑ سے منسوب (۲) عیسائی مذہب کا پیرو۔ عیسائی۔ نصرانی۔ اُردو جمع: مسیحی۔ مسیحیوں۔

مَسِیحِیّت۔ دیکھئے عیسائیت۔

مَسِیر (م۔سیر)(ع۔ا۔مذ)(۱) سیر کرنے کا مقام (۲) جانا۔ چلنا۔ سیر کرنا۔

مَسِیں (م۔سیں)(بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) مونچھوں کا رُواں جو عنفوانِ شباب میں نکلتا ہے۔ (جمع اِستعمال ہوتا ہے)۔

مسیں بھیگنا (اَر۔محاورہ) مونچھوں کا رُواں نکلنا۔ سبزہ آغاز ہونا۔

مَسِینا (م۔سی۔نا)(ہ۔ا۔مذ) موٹا اَناج۔ غریبوں کے کھانے کا غلّہ۔

م۔ش

مُشابِہ (مُ۔شا۔بہ)(ع۔صف) مانند۔ مثل۔ نظیر۔ ہم شکل۔ مطابق۔ یکساں۔ جمع: مُشابہات۔

مُشابَہت (مُ۔شا۔بَ۔ہَت)(ع۔ا۔مث)(۱) مُطابقت۔ موافقت (۲) شکل۔ شبیہ۔ تشبیہ۔

مُشابہت پائی جانا (اَر۔محاورہ) مطابقت ہونا۔ موافقت ہونا۔ ایک دُوسرے سے ملنا۔

مُشاتَمت (مُ۔شا۔تَ۔مَت)(ع۔ا۔مث) ایک دُوسرے کو گالیاں دینا۔ باہم گالی گلوچ۔

مُشاجَرہ (مُ۔شا۔جَ۔رہ)(ع۔ا۔مذ) مُخالفت۔

مُشار (مُ۔شار)(ع۔صف) اِشارہ کیا گیا۔ بتایا گیا۔ جتایا گیا۔

مُشارٌ اِلیہ (مُ۔شا۔رُن۔اِ۔لیہ)(ع۔صف) وہ جس کی طرف اِشارہ کیا گیا ہو۔ جس کا اُوپر اِشارہ آچکا ہو۔ مذکورُ الصّدر۔

مَشارِب (مَ۔شا۔رِب)(ع۔ا۔مذ)(۱) مَشرب کی جمع۔ پانی پینے کی جگہیں (۲) مذاہب۔ طریقے۔ مسالک۔

مَشارِق (مَ۔شا۔رِق)(ع۔ا۔مذ) مشرق کی جمع۔

مُشارَکت (مُ۔شا۔رَ۔کت)(ع۔ا۔مث) باہم شرکت کرنا۔ حصّے داری۔

مَشّاطَگی (مَش۔شا۔طَ۔گی)(ف۔ا۔مث) مشّاطہ کا کام۔

مَشّاطہ (مَش۔شا۔طہ)(ع۔ا۔مث)(۱) وہ عورت جو عورتوں کا بناؤ سنگار کرے (۲) وہ عورت جو شادی کرائے۔

مُشاعَرہ (مُ۔شا۔عَ۔رہ)(ع۔ا۔مذ) باہم شعرخوانی۔ شاعروں کا جمع ہوکر شعرخوانی کرنا۔ اُردو جمع: مُشاعروں۔ مُشاعرے۔

مُشاعرہ اُکھڑ جانا (اَر۔محاورہ) شعروسخن کا جلسہ درہم برہم ہوجانا۔

مُشاعرہ پڑھنا (اَر۔محاورہ) مشاعرے میں شعرخوانی کرنا۔

مُشاعرہ جمنا (اَر۔محاورہ) شعروسخن کی محفل جمنا۔ مشاعرے کا رنگ پر آنا۔

مَشاغِل (مَ۔شا۔غِل)(ع۔ا۔مذ) مشغلہ کی جمع۔

مُشافَہہ (مُ۔شا۔فَ۔ہہ)(ع۔ا۔مذ) سامنے۔ رُوبرُو۔ منہ درمنہ۔

مَشّاق (مَش۔شاق)(ع۔ا۔مُبالغہ) نہایت مشق رکھنے والا۔ بہت مہارت رکھنے والا۔ ماہر کامل۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُشاقی (مَش۔شا۔قی)(ف۔ا۔مث) مہارت۔ مشق۔ تجربہ۔

مُشاکِل (مُ۔شا۔کِل)(ع۔صف) ہم شکل۔ مانند (۲) عروض کی ایک بحر۔

مُشاکَلت (مُ۔شا۔کَ۔لت)(ع۔ا۔مث) ہم شکلی۔ ہم شکل ہونا۔

مَشامّ (مَ۔شامّ)(ع۔ا۔مذ) مشم کی جمع۔ (دماغ میں) سونگھنے کی قوت کی جگہ۔

مشامِ جاں (ع۔ف۔ا۔مذ) دماغ۔

مُشاوَرَت (مُ۔شا۔وَ۔رَت)(ع۔ا۔مث) آپس میں مِل کر مشورہ کرنا۔ باہم صلاح کرنا۔

مُشاہِد (مُ۔شا۔ہِد)(ع۔صف) مُشاہدہ کرنے والا۔ مُعاینہ کار۔ جمع: مُشاہدین۔

مُشاہَدہ (مُ۔شا۔ہَ۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) دیکھنا۔ دید۔ مُعاینہ (۲) صوفیوں کی اِصطلاح میں نُورِ اِلٰہی کا نظارہ۔ جمع: مُشاہدات۔

مُشاہدہ کرنا (اَر۔محاورہ) دیکھنا۔ مُعاینہ کرنا۔ دیکھ کر تجربہ کرنا۔ تصوُّف کی اِصطلاح میں نُورِ اِلٰہی سے مشرف ہونا۔

مُشاہَرہ (مُ۔شا۔ہَ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) ماہوار تنخواہ۔ طلب۔ وظیفہ۔ جمع: مُشاہرات۔

مَشاہِیر (مَ۔شا۔ہیر)(ع۔ا۔مذ) مشہور کی جمع۔ نامور لوگ۔ مشہور لوگ۔

مَشائخ (مَ۔شا۔اِخ)(ع۔ا۔مذ) شیخ کی جمع۔ بزرگ لوگ۔ اکابرِ دین جیسے عُلما۔ صُوفیہ۔

مَشّائِین (مَش۔شا۔اِین)(ع۔ا۔مذ) مَشّائی کی جمع بمعنی چلنے والے (۲) وہ حکما جو ایک دُوسرے کے پاس جا کر تحصیلِ علم کیا کرتے تھے (۳) اِن حکما کا ایک گروہ جو حقائقِ اشیا کو دلائل سے ثابت کرتا تھا۔

مُشایَعَت (مُ۔شا۔یَ۔عَت)(ع۔ا۔مث) کسی کو رُخصت کرنے کے لئے چند قدم ساتھ جانا (۲) پیروی۔ تعظیم۔

مَشّائِیَّت (مَش۔شا۔اِی۔یَت) (ع۔ا۔مث) حقائق اشیا کو دلائل سے ثابت کرنے کا طریقہ۔

مُشَبَّک (مُ۔شَب۔بَک)(ع۔صف) جالی دار۔ وہ شے جس میں سُوراخ ہوں۔

مُشَبَّہ (مُ۔شَب۔بَہ)(ع۔صف) تشبیہ دیا گیا۔ مثال دیا گیا۔ نظیر دیا گیا۔ وہ چیز جسے کسی دُوسری چیز سے تشبیہ دی جائے۔

مُشَبَّہ بِہٖ (بِ۔ہی)(ع۔صف) وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے۔

مُشت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) مُکّا۔ گھونسا (۲)(ا۔مث) مُٹھی (۳) تھوڑی چیز۔

مُشتِ اُستخواں (ف۔ا۔مث) مُٹھی بھر ہڈیاں (۲) نہایت لاغر۔ بہت دُبلا پتلا۔

مُشت پَر (ف۔ا۔مث)(۱) تھوڑے سے پر (۲)(کنایۃً) ذرا سی جان۔ پرندوں کے لئے مستعمل ہے۔

مُشتِ خاک (ف۔ا۔مث)(۱) مُٹھی بھر خاک (۲)(مجازاً) اِنسان جو خاک سے بنا ہے۔

مُشت زَن (ف۔صف۔وا۔مذ)(۱) مُکّے باز۔ باکسر (۲) کُشتی لڑنے والا۔ پہلوان (۳) جلق لگانے والا۔

مُشت زنی (ف۔ا۔مث)(۱) جلق۔ جلق لگانا (۲) مُکّے بازی۔ باکسنگ۔

مُشتِ غبار (ف۔ا۔مث)(۱) مُٹھی بھر دُھول (۲) مُردہ اِنسان کی خاک جو بَدن کے گل سڑ جانے کے بعد ذرا سی رہ جاتی ہے۔ (مراد) اِنسان۔

مُشت مال (مُشت مالی) (ف۔ا۔مث)(۱) مالش جو پہلوان بدن کو سخت بنانے کے لئے کراتے ہیں (۲) مالش جو حمام میں نہانے والے کراتے ہیں۔

مُشتاق (مُش۔تاق)(ع۔صف)(۱) آرزُو مند۔ شائق۔ خواہاں۔ طالب۔ خواہش مند (۲) منتظر۔ اِنتظار کرنے والا۔ جمع: مُشتاقین۔ مشتاقان۔

مُشتاقانہ (مُش۔تا۔قا۔نَہ)(ف۔صف) مشتاق کے مانند۔ آرزُو مندانہ۔

مُشتَبِہ (مُش۔تَ۔بِہ)(ع۔صف) مشکوک۔ جس میں شُبہ ہو۔ شُبہ والا۔

مُشتَّت (مُ۔شت۔تت)(ع۔صف) پراگندہ۔ پریشان۔

مُشتَرَک (مُش۔تَ۔رَک)(ع۔صف مفعولی) شریک کیا گیا۔ شرکت کیا ہوا (۲) وہ لفظ جس کے کئی معنی ہوں۔ وہ چیز جس میں کئی لوگوں کا ساجھا ہو۔

مُشتَرِک (مُش۔تَ۔رِک)(ع۔صف فاعلی) شریک۔ شرکت کرنے والا۔

مُشتَرَکہ (مُش۔تَ۔رَ۔کہ)(ع۔صف) مُشترک کی تانیث۔ شرکت کی۔ ساجھے کی۔

مُشتَری (مُش۔تَ۔ری)(ع۔صف)(۱) خریدار۔ مول لینے والا (۲)(ا۔مذ) ایک سیارے کا نام جو چھٹے آسمان پر ہے اور سعدِ اکبر سمجھا جاتا ہے۔ برجیس۔ برہسپت۔ جوپیٹر (۳) کیمیاگروں کی اِصطلاح میں رانگ کی قلعی۔

مُشتریِ بیعِ مشرُوط (ع۔صف) شرط پر چیز خریدنے والا۔

مُشتری ہوشیار باش (ف۔مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب خریدار سودا دیکھ بھال کر نہ لینے کے باعث نُقصان اُٹھائے۔

مُشتَعِل (مُش۔تَ۔عِل)(ع۔صف) بھڑکنے والا۔ شُعلے مارنے والا۔

مُشتَغِل (مُش۔تَ۔غِل)(ع۔صف) مشغول ہونے والا۔ معروف۔

مُشتَق (مُش۔تَق)(ع۔صف) نکلا ہوا۔ وہ لفظ جو کسی دُوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔ وہ صیغہ جو مصدر سے بنا ہو۔

مُشتَمِل (مُش۔تَ۔مِل)(ع۔صف) شامل ہونے والا۔ شامل۔ شریک۔

مُشتَہَر (مُش۔تَ۔ہَر)(ع۔صف مفعولی) شُہرت دیا گیا۔ مشہور کیا گیا۔

مُشتَہَر کرنا (اَر۔محاورہ) مشہور کرنا۔ اِشتہار دینا۔ منادی کرنا۔

مُشتَہِر (مُش۔تَ۔ہِر)(ع۔صف فاعلی) شُہرت دینے والا۔ اِشتہار دینے والا۔ مشہور کرنے والا۔ جمع: مشتہرین۔

مُشتَہی (مُش۔تَ۔ہی)(ع۔صف)(۱) خواہش کرنے والا۔ آرزُو کرنے والا (۲) اِشتہا پیدا کرنے والا۔ بھوک لگانے والا۔

مُشتے (مُش۔تے)(ف۔ا۔مذ) مُشت کی مُغیرہ صورت۔ (یائے مجہول برائے وحدت و تنکیر)۔

مُشتے کہ بعد اَز جنگ یاد آید بر کلّۂ خود باید زد (ف۔مثل) لڑائی کے بعد

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اگر مُکّا مارنا یاد آئے تو اپنے ہی مُنہ پر مارنا چاہئے۔ موقع کے بعد کوئی بات یاد آنے سے سوائے پچھتاوے کے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

مُشتے نمونہ از خروارے (ف۔ مثل) ڈھیر میں سے مُٹھی بھر۔ تھوڑے سے نمونے سے کُل چیز کی اصلیت معلوم ہو جاتی ہے۔

مُشْک (ہ۔ا۔مث) دیکھئے مُسْک۔

مِشْٹ (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (س۔صف) شیریں۔ میٹھا۔

مِشْٹان (مِش۔ٹان) (س۔ا۔مث) مٹھائی۔ لذیذ کھانا۔

مُشْٹنڈا (ہ۔صف) دیکھئے مُسٹنڈا۔

مُشْٹنڈی (ہ۔صف) دیکھئے مُسٹنڈی۔

مُشَجَّر (مُ۔شَج۔جَر) (ع۔صف) درختوں کی شکل میں نقش کی ہوئی شئے۔ وہ کپڑا جس پر درختوں کی تصویریں بنی ہوں۔

مُشْح (ق۔ا۔مذ) مشک۔

مُشَخَّص (مُ۔شَخ۔خَص) (ع۔صف مفعولی) تشخیص کیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔ مُعیّن۔ مُقرّر۔

مُشَخِّص (مُ۔شَخ۔خِص) (ع۔صف فاعلی) تشخیص کرنے والا۔ تجویز کرنے والا۔

مُشَخَّصہ (مُ۔شَخ۔خَ۔صَہ) (ع۔صف) مُشخّص کی تانیث۔

مُشَدَّد (مُ۔شَد۔دَد) (ع۔صف) (۱) تشدید دیا گیا۔ وہ حرف جس پر تشدید ہو (۲) باندھا گیا۔ مضبوط کیا گیا۔

مِشْر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم) (س۔صف) (۱) ملا جلا۔ گڈمڈ۔ مخلوط (۲) شریف۔ معزز۔ عزّت دار (۳) حکیم۔ طبیب۔ وَید (۴) برہمنوں کا لقب (۵) رسوئی کرنے والا برہمن۔ پانی پلانے والا برہمن۔

مِشْرانی (مِش۔را۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) مِشر کی بیوی (۲) برہمنی۔

مَشْرَب (مَش۔رَب) (ع۔ا۔مذ) (۱) پانی پینے کی جگہ۔ چشمہ۔ جھیل (۲) دین۔ مذہب۔ ملّت (۳) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ جمع: مشارب۔

مُشَرَّح (مُ۔شَر۔رَح) (ع۔صف) تشریح کیا گیا۔ شرح کیا گیا۔ صاف۔ مُفصّل۔ واضح۔

مُشَرَّف (مُ۔شَر۔رَف) (ع۔صف) شرف دیا گیا۔ عزّت بخشا گیا۔ معزز۔ محترم۔

مُشرّف بہ اِسلام ہونا (اُر۔محاورہ) مُسلمان ہونے کی عزّت حاصل کرنا۔ دینِ اِسلام قبول کرنا۔ دینِ محمّدی میں داخل ہونا۔

مُشرّف ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) عزّت حاصل کرنا۔ اِمتیاز پانا (۲) کسی بُزرگ یا اپنے سے زیادہ معزّز شخص کی مُلاقات کرنا۔ باریاب ہونا۔

مُشْرِف (مُش۔رِف) (ع۔صف۔ وا۔مذ) (۱) بلند جگہ۔ اُونچا مقام (۲) بلند ہونے والا۔ اُونچائی پر چڑھنے والا (۳) خبردار۔ نگران (۴) صدر محرر۔ میرمنشی (۵) خزانہ کا عہدے دار۔

مَشْرِق (مَش۔رِق) (ع۔ا۔مذ) سورج نکلنے کی سمت۔ پورب۔ جمع: مشارق۔

مَشْرِقی (مَش۔رِ۔قی) (ف۔صف) (۱) مشرق سے منسوب۔ پوربی (۲) ایشیائی کیونکہ ایشیا یورپ کے مشرق میں ہے۔

مَشْرِقَین (مَش۔رِ۔قَین) (ع۔ا۔مذ) مشرق کا تثنیہ۔ مشرق و مغرب۔

مُشْرِک (مُش۔رِک) (ع۔صف) شرک کرنے والا۔ وہ شخص جو خُدا کے ساتھ کسی اور کو شریک کرے۔ جمع: مشرکین۔

مَشْرُوب (ع۔صف) (۱) پیا ہوا (۲) (ا۔مذ) پینے کی چیز۔ جمع: مشروبات۔

مَشْرُوح (ع۔صف) کھول کر بیان کیا گیا۔

مَشْرُوحاً (مَش۔رُو۔حَن) (ع۔ تابع فعل) تشریح کے ساتھ۔ تفصیل کے ساتھ۔

مَشْرُوط (مَش۔رُوط) (ع۔صف) شرط کیا گیا۔ کسی شرط پر موقوف۔

مَشْرُوع (مَش۔رُوع) (ع۔صف) شرع کے موافق۔ جائز کیا گیا (۲) (ا۔مذ) ایک قسم کا کپڑا جو ریشم اور رُوئی کے سُوت کو ملا کر بنایا جاتا ہے۔

مَشْرُوعِیّت (مَش۔رُو۔عی۔یَت) (ع۔ا۔مث) شرعاً جائز ہونا۔ شرعی جواز۔

مُشْعِر (مُش۔عِر) (ع۔صف) خبر دینے والا۔ اِطلاع دینے والا۔ جتلانے والا۔ ظاہر کرنے والا۔

مَشْعَر (مَش۔عَر) (ع۔ا۔مذ) قربانی کی جگہ۔

مَشْعَرُ الحرام (مَش۔عَ۔رُل۔حَ۔رام) (ع۔ا۔مذ) مکۂ معظمہ میں وہ جگہ جہاں حجاج ایامِ حج میں قربانی کرتے، سر مُنڈاتے اور عبادت کرتے ہیں۔

مَشْعَل (مَش۔عَل) (ع۔ا۔مث) (۱) روشنی کی جگہ۔ چراغ دان (۲) بہت موٹی بتّی۔ شمع۔ اُردو جمع: مشعلوں۔ مشعلیں۔

مشعل بردار (ع۔ف۔صف) مشعل اُٹھانے والا۔ مشعل روشن کرنے والا۔

مشعل جلانا (اُر۔محاورہ) مشعل روشن کرنا۔

مشعل دِکھانا (اُر۔محاورہ) راہ نمائی کرنا۔

مشعل کی بُو دماغ میں سمائی ہے (اُر۔مثل) غریبی میں تمکنت رکھتا ہے۔ رسّی جل گئی بل نہیں گیا۔

مشعل کے نیچے سے نکلا ہُوا ہے (اُر۔مثل) زنانوں کے ساتھ ناچا ہوا ہے۔

مشعل لے کر ڈھونڈنا (اُر۔محاورہ) بہت تلاش کرنا۔ اَز حد جستجو کرنا۔ چراغ لے کر ڈھونڈنا۔

مَشْعَلچی (مَش۔عَل۔چی) (ف۔ا۔مذ) مشعل اُٹھانے والا۔ مشعل دِکھانے والا۔ اُردو جمع: مشعلچی۔ مشعلچیوں۔

مشعلچی آپ ہی اندھا ہے (اُر۔مثل) راہ نما آپ ہی بے راہ ہے۔ (مشعلچی کو اپنے سامنے مشعل کی وجہ سے دِکھائی نہیں دیتا)۔

مَشْعَلہ (مَش۔عَ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) چراغ دان۔ شمع دان۔

مَشْغَلہ (مَش۔غَ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) شغل۔ کام۔ تفریح (۲) کھیل۔ تماشا (۳) ہنسی۔ مخول۔ جمع: مشاغل۔ اُردو جمع: مشغلوں۔ مشغلے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مشغلۂ سلطانی (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ صندوقچہ جو بادشاہ کی سواری کے ساتھ چلتا تھا اور فریادی اُس میں اپنی درخواستیں ڈالتے تھے۔

مشغلہ ہاتھ آنا (اُر۔محاورہ) دل بہلانے کی بات مل جانا۔ ہنسی اُڑانے کا موقع ملنا۔

مَشغُول (مَش۔غُول)(ع۔صف) شغل میں لگا ہوا۔ مصروف۔

مَشغُولی (مَش۔غُو۔لی)(ف۔ا۔مث) مصروفیت۔ مشغولیت۔

مَشغُولِیَّت (مَش۔غُو۔لی۔یَت)(ع۔ا۔مث) مصروفیت۔

مُشفِق (مُش۔فِق)(ع۔صف) شفقت کرنے والا۔ مہربان۔ شفیق۔ جمع: مشفقان۔

مشفقِ مَن (ع۔ف۔القاب) میرے مہربان۔ یہ فقرہ دوستوں کے خطوں میں بطور القاب لکھا جاتا ہے۔

مُشفِقانَہ (مُش۔فِ۔قا۔نَہ)(ف۔تابع فعل) ہمدردانہ۔ دوستانہ۔ مشفق کی حیثیت سے۔

مُشفِقِی (یائے متکلم)(ع۔صف) میرے دوست۔ میرے مہربان۔

مَشق (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) مہارت (۲) بار بار لکھنا یا کوئی کام کرنا (۳) تختی یا وصلی جس کی مشق کی ہو۔ اُردو جمع: مشقوں۔ مشقیں۔

مشق بڑھانا (اُر۔محاورہ) کسی کام کو زیادہ کرنے کی عادت ڈالنا۔

مشق رہنا (اُر۔محاورہ) کسی بات کی عادت جاری رہنا۔

مشقِ سخن (ف۔ا۔مث) شعر و سخن کی مہارت۔ شعر کہنا۔

مشق کرنا (اُر۔مص مُرکب)(۱) مہارت پیدا کرنا (۲) بار بار لکھنا (۳) لگاتار کوئی کام کیے جانا۔

مُشقاب (مُش۔قاب)(ف۔ا۔مذ) بڑی اور گہری رکابی یا پلیٹ۔

مَشَقَّت (مَ۔شَق۔قَت)(ع۔ا۔مث)(۱) محنت۔ ریاضت (۲) محنت طلب کام کاج۔ مزدوری (۳) دُکھ۔ تکلیف۔ اُردو جمع: مشقتوں۔ مشقتیں۔

مشقت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) محنت کرنا۔ دُکھ جھیلنا۔ تکلیف برداشت کرنا۔

مشقت اُٹھنا (اُر۔محاورہ) تکلیف برداشت ہونا۔

مَشقی (مَش۔قی)(ف۔صف)(۱) مشق کیا ہوا۔ منجھا ہوا (۲)(ا۔مث) مشق کرنے کی وصلی (۳) لکھنے کا موٹا کاغذ۔

مَشک (بفتحۂ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث) پانی بھرنے کی کھال۔ وہ سلی ہوئی کھال جس میں پانی بھرا جاتا ہے۔ اُردو جمع: مشکوں۔ مشکیں۔

مشک اُٹھانا (اُر۔محاورہ) سقے کا کام کرنا۔

مشک ہے دریا کی (اُر۔ا۔مث) بچوں کا ایک کھیل ہے۔ چھوٹے بچے مشک کی طرح ایک بچے کو کمر پر لاد کر یہ فقرہ کہتے ہیں اور جب کوئی بچہ پانی مانگتا ہے تو کہتے ہیں کہ اوک بناؤ۔ جب وہ اوک بناتا ہے تو مشک بنا ہوا بچہ اُس کی اوک میں تھوک دیتا ہے۔

مُشک (بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) خوشبودار سیاہ رنگ کا مادّہ جو نیپال، تبت، تاتار، خطا اور ختن میں ایک قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے۔ کستوری (۲) شعرا زلفِ معشوق کی سیاہی کو مُشک سے تشبیہ دیتے ہیں (۳)(صف) کالا۔ سیاہ۔

مُشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید (ف۔مثل) مُشک وہ ہے جو خود خوشبو دے نہ کہ عطار بتائے۔ اچھی چیز خود ہی اپنی خوبی ظاہر کر دیتی ہے۔ تعریف کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

مُشک بار (ف۔صف) خوش بو برسانے والا۔ نہایت معطر۔ خوش بودار۔

مُشک بلاؤ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا جنگلی بلا جس سے خوشبو آتی ہے۔

مُشک بو (مُشک بیز)(ف۔صف) خوشبودار۔ معطر۔ معنبر۔ مشک میں بسا ہوا۔

مُشک بید (بیائے مجہول)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا بید جس کا پھول خوشبودار ہوتا ہے۔

مُشک فام (ف۔صف) جس کا رنگ مثل مشک سیاہ ہو۔ کالا۔ سیاہ۔

مُشکِ نافہ (ف۔ا۔مذ) ہرن کے پیٹ کی وہ تھیلی جس میں مشک ہوتا ہے۔

مُشَکَّل (مُ۔شَک۔کَل)(ع۔صف) شکل دیا گیا۔ مجسّم۔

مُشکِل (مُش۔کِل)(ع۔صف)(۱) دُشوار۔ کٹھن۔ سخت (۲) پیچیدہ۔ اُلجھا ہوا (۳)(ع۔اُر۔ا۔مث) دُشواری۔ سختی۔ مصیبت۔ دِقت۔ جمع: مُشکلات۔ اُردو جمع: مُشکلوں۔ مُشکلیں۔

مُشکل آ پڑنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت آ پڑنا۔ یکایک کوئی دُشواری پیش آ جانا۔

مُشکل آسان ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) دُشواری دُور ہونا۔ سختی رفع ہونا۔ مصیبت سے نجات پانا۔ اڑی نکلنا۔ عذاب سے چھوٹنا (۲) جان کنی سے نجات پانا۔ جان نکلنا۔ مر جانا۔

مُشکل آنا (اُر۔محاورہ) دُشواری پیش آنا۔ مُصیبت آنا۔

مُشکل بننا (پڑنا) (اُر۔محاورہ) مُصیبت پڑنا۔ دِقت پیش آنا۔

مُشکل پسند (ع۔ف۔صف) دُشواری پسند کرنے والا۔ وہ جو نظم و نثر میں مُشکل اور اَدَق اَلفاظ اِستعمال کرے۔

مُشکل راستہ (ع۔ف۔ا۔مذ) کٹھن راہ۔ وہ راستہ جس پر سفر کرنے میں تکلیف ہو۔

مُشکل سے (اُر۔تابع فعل) دِقت سے۔ جُوں تُوں کر کے۔

مُشکل سے مُشکل (اُر۔صف) بہت مُشکل۔ کمال پیچیدہ۔

مُشکل سے نکلنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت سے چھٹکارا پانا۔

مُشکل کٹ جانا (اُر۔محاورہ) مُصیبت دُور ہو جانا۔

مُشکل کر دینا (اُر۔محاورہ) دُشوار کر دینا۔

مُشکل کُشا (ف۔صف)(۱) مُشکل حل کرنے والا۔ مُصیبت دُور کرنے والا۔ مُشکل آسان کر دینے والا (۲) حضرت علیؓ کا لقب۔

مُشکل کُشا کا کھڑا دونا (اُر۔ا۔مذ) حضرت علیؓ کی نیاز جو مُشکل دُور ہونے کے بعد دی جاتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُشکل کُشائی (ف۔ا۔مث) مُشکل آسان کرنا۔

مُشکل کُشائی کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا کام بنانا۔ کسی کو آفت سے نجات دِلانا۔ مُصیبت دُور کرنا۔

مُشکل کی بات (اُر۔ا۔مث) وقت طلب بات۔ پیچیدہ مُعاملہ۔

مُشکل میں پڑنا (اُر۔ محاورہ) آفت میں پھنسنا۔ بلا میں گرفتار ہونا۔ مُصیبت میں مُبتلا ہونا۔

مُشکل میں کام آنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں مدد کرنا۔

مُشکل ہونا (اُر۔ محاورہ) دُوبھر ہونا۔ دُشوار ہونا۔

مُشکلات (مُش۔کِ۔لات) (ع۔ا۔مث) مُشکل کی جمع۔ سختیاں۔ دُشواریاں۔ پیچیدگیاں۔

مُشکلوں (مُش۔کِ۔لوں) (اُر۔ا۔مث) مشکل کی جمع۔

مُشکلوں سے (اُر۔ تابع فعل) دِقت سے۔ دُشواری سے۔

مُشکلے نیست کہ آساں نہ شود۔ مرد باید کہ ہراساں نہ شود (یائے مجہول برائے وحدت و تنکیر) (ف۔ مقولہ) کوئی ایسی مُشکل نہیں جو آسان نہ ہو جائے۔ آدمی کو نااُمید نہ ہونا چاہئے۔ اِس شعر کو مصیبت میں تسکین دینے کے واسطے اِستعمال کرتے ہیں۔

مِشکوٰۃ (مِش۔کات) (ع۔ا۔مث) (۱) چراغ دان۔ فانوس (۲) حدیث کی مشہور کتاب۔

مَشکور (مَش۔کُور) (ع۔صف) (۱) شُکر کیا ہوا۔ جس کا شکریہ ادا کیا جائے (۲) پسندیدہ۔

مَشکوری (مَش۔کُو۔ری) (ف۔ا۔مث) شکرگزاری۔

مَشکوک (مَش۔کُوک) (ع۔صف) شک کیا گیا۔ گُمان کیا گیا۔ مُشتبہ۔

مشکوک بنا دینا (اُر۔ محاورہ) اِس طرح کام کرنا کہ اُس کے دُرست ہونے میں شُبہ ہو۔

مُشکوے (ف۔ا۔مذ) (۱) بُت خانہ (۲) شاہی محل۔ حویلی۔ گُرمی۔ بالاخانہ (۳) شیریں خسرو کا خلوت خانہ۔

مُشکوے زرّیں (مشکوے مُعلّٰی) (ف۔ا۔مذ) بادشاہی حرم سرا۔ شاہی محل۔ اُمراء و رؤسا کا دولت خانہ۔

مُشکی (مُش۔کی) (ف۔صف) مُشک کے رنگ کا۔ سیاہ (۲) سیاہ رنگ کا گھوڑا۔

مَشکیزہ (مَش۔کی۔زہ) (ف۔ا۔مث) چھوٹی مَشک۔

مَشکیں (مَش۔کیں) (یائے مجہول) (اُر۔ا۔مث) مَشک کی جمع۔

مشکیں چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) پتلے دست بکثرت آنا۔

مُشکیں (مُش۔کیں) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) دونوں بازو۔ دونوں شانے۔

مُشکیں باندھنا۔ (اُر۔ محاورہ) شانوں کو پشت کی طرف ملا کر جکڑنا۔

مُشکیں کسنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے مُشکیں باندھنا۔

مُشکیں (مُش۔کیں) (یائے معروف) (ف۔صف) (۱) مُشکی۔ مُشک کے مانند۔ سیاہ۔ کالا (۲) مُشک کی سی خوشبو کا۔ مُشک آلودہ۔

مُشکیں پرند (ف۔ا۔مذ) سیاہ بادل۔

مَشلول (مَش۔لُول) (ع۔صف) جس کے ہاتھ پیر بے حس ہو گئے ہوں۔ اپاہج۔

مَشمول (مَش۔مُول) (ع۔صف) شامل کیا گیا۔ شریک کیا گیا۔ ملایا گیا۔

مَشمولہ (مَش۔مُو۔لہ) (ع۔صف) مشمول کی تانیث۔ شامل۔ شریک۔ ملایا ہوا۔ مُلحق۔ پیوستہ۔ جمع: مشمُولات۔

مِشن (Mission) (مِ۔شَن) (انگ۔ا۔مذ) (۱) رسالت۔ پیغمبری (۲) پادریوں کے رہنے کی جگہ (۳) سفارت۔ وفد (۴) پیغام۔ تبلیغ (۵) تبلیغی جماعت۔

مِشن اِسکول (Mission School) (انگ۔ا۔مذ) (۱) وہ اسکول جو کوئی مشن چلائے (۲) عیسائیوں کا اسکول۔

مِشنری (Missionary) (انگ۔صف) (۱) تبلیغی ادارے (۲) تبلیغی جماعت کا رُکن۔

مَشوَرَت (مَش۔وَ۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) صلاح۔ مشورہ۔ باہمی تجویز (۲) سازش۔

مشورت کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) (۱) دیکھئے مشورہ کرنا (۲) سازش کرنا۔

مَشوَرہ (مَش۔وَ۔رہ) (ف۔ا۔مذ) صلاح۔ باہمی تجویز۔ اُردو جمع: مشوروں۔ مشورے۔

مشورہ دینا (اُر۔ محاورہ) صلاح دینا۔

مشورہ رہنا (اُر۔ محاورہ) کسی سے وقتاً فوقتاً صلاح ہونا۔

مشورہ کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) صلاح کرنا۔ رائے لینا۔ تدبیر پوچھنا۔

مشورہ لینا (اُر۔ محاورہ) رائے لینا۔ صلاح لینا۔ تجویز دریافت کرنا۔

مُشَوَّش (مُ۔شَوْ۔وَش) (ع۔صف مفعولی) پریشان۔ مُضطرب۔ حیران۔

مُشَوِّش (مُ۔شَوْ۔وِش) (ع۔صف فاعلی) پریشان کرنے والا۔ گھبرا دینے والا۔

مَشہَد (مَش۔ہَد) (ع۔ا۔مذ) (۱) حاضر ہونے کی جگہ (۲) شہید ہونے کی جگہ۔ شہادت گاہ۔ شہیدوں کا قبرستان (۳) ایران کا ایک مشہور شہر جسے طوس بھی کہتے ہیں اور جہاں حضرت امام علی موسیٰ رضاؑ کا مزار ہے۔

مَشہُود (مَش۔ہُود) (ع۔صف) حاضر کیا گیا۔ موجود۔ ظاہر۔ ثابت کیا گیا۔

مَشہُور (مَش۔ہُور) (ع۔صف) شہرت کیا گیا۔ نامور۔ معروف۔ جمع: مشاہیر۔

مشہور کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) شُہرت دینا۔

مشہور و معرُوف (ع۔صف) نامی۔ نامور۔ جسے سب جانتے ہوں۔

مشہور ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) شُہرت ہونا۔

مشہور ہے (اُر۔ روزمرّہ) افواہ ہے۔ خلق کی زبان پر ہے۔ کہتے ہیں۔

مُشہی (مُش۔ہی) (ع۔صف) اِشتہا پیدا کرنے والا۔ بُھوک لگانے والا۔

مَشی (مَ۔شی) (ع۔ا۔مذ) پیادہ پا چلنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مشی فی النَّوم (ع۔ا۔مذ) خواب خرامی۔ نیند میں چلنا۔ نیند میں چلنے کی بیماری۔

مَشِیَّت (مَ۔شی۔یَت) (ع۔ا۔مث) خواہش۔ مرضی۔ ارادہ (۲) قسمت۔ تقدیر۔

مشیّتِ ایزدی (ع۔ف۔ا۔مث) اللہ کی مرضی۔ حکمِ ربی۔ تقدیرِ الٰہی۔

مشیّت میں گُزرنا (اَر۔ محاورہ) خدا کی مرضی ہونا۔

مَشِیخَت (مَ۔شی۔خت) (ع۔ا۔مث) (۱) بُزرگی (۲) شیخی۔ غرور۔ گھمنڈ۔

مشیخت پناہ (ع۔ف۔صف) (۱) بُزرگ۔ بُزرگوار (۲) شیخی بگھارنے والا۔

مشیخت کِرکِری ہونا (اَر۔ محاورہ) غرور نکل جانا۔

مشیخت مآب (ع۔صف) ڈینگ مارنے والا۔ شیخی خورا۔ غرور سے بھرا ہوا۔

مُشِیر (مُ۔شیر) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) مشورہ دینے والا۔ صلاح کار۔ تدبیر بتانے والا۔ رائے دینے والا (۲) کار پرداز۔ دیوان۔ مصاحِب۔ جمع: مُشیران۔ اُردو جمع: مُشیر۔ مُشیروں۔

مُشیرُالدَّولہ (مُ۔شی۔رُد۔دَو۔لہ) (ع۔ا۔مذ) سلطنت کا صلاح کار۔ ایک شاہی خطاب جو بڑے اُمرا اور وزرا کو دیا جاتا تھا۔

مُشیرِ خاص (ع۔ا۔مذ) خاص صلاح کار۔ مصاحب خاص۔ دیوانِ خاص۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔

مُشیرِ مال (ع۔ا۔مذ) وزیرِ مال۔ محکمہ مال کا اعلیٰ عہدیدار۔

مُشِیران (مُ۔شی۔ران) (ف۔ا۔مذ) مُشیر کی جمع۔

مُشیرانِ سلطنت (ف۔ا۔مذ) ارکانِ حکومت۔ حکومت کے امیر و وزیر۔ حکومت کے صلاح کار۔

مُشِیشا (مُشی۔شا) (ق۔ا۔مذ) ایک پرندے کا نام۔

مُشَیَّن (مُ۔شَی۔یَن) (اَر۔صف) (غلط العوام) شان دار۔ رُعب والا۔ خوبصورت۔ وجیہہ۔ تمکنت والا۔

مشین (Machine) (انگ۔ا۔مث) کل۔ میکانکی آلہ جس کی مدد سے تھوڑی قوت لگا کر زیادہ کام کیا جا سکتا ہے۔ اُردو جمع: مشینوں۔ مشینیں۔

مشین گن (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی توپ جس سے گولیاں جلد جلد چلتی ہیں۔

مشینری (Machinery) (انگ۔ا۔مث) کل پُرزے۔ کلیں۔ مشینیں (۲) کل کی ساخت۔ فنی تدبیریں جن سے فنکار کام لے۔

م۔ص

مَصّ (بفتح اوّل و تشدیدِ دوم) (ع۔ا۔مذ) چوسنا۔

مُصاب (مُ۔صاب) (ع۔صف) دُکھیارا۔ مُصیبت زدہ۔

مُصابرت (مُ۔صا۔بَ۔رَت) (ع۔صف) صبر کرنا۔ صبر۔

مَصابیح (مَ۔صا۔بیح) (ع۔ا۔مذ) مِصباح کی جمع۔

مُصاحِب (مُ۔صا۔حِب) (ع۔ا۔مذ) ساتھی۔ جلیس۔ ہم نشین۔ ہم صحبت۔ ندیم۔ خاص دوست۔ جمع: مصاحبین۔ اُردو جمع: مصاحب۔ مصاحبوں۔

مُصاحَبت (مُ۔صا۔حَ۔بَت) (ع۔ا۔مث) ہم نشینی۔ ساتھ رہنا۔ ساتھ اُٹھنا بیٹھنا۔

مَصاحِف (مَ۔صا۔حِف) (ع۔ا۔مذ) مُصحف کی جمع۔

مَصادِر (مَ۔صا۔دِر) (ع۔ا۔مذ) مصدر کی جمع۔

مُصادَرت (مُ۔صا۔دَ۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) ڈنڈ۔ تاوان (۲) واپسی۔

مُصادَقت (مُ۔صا۔دَ۔قَت) (ع۔ا۔مث) باہم دِلی دوستی۔

مُصادَمت (مُ۔صا۔دَ۔مَت) (ع۔ا۔مث) صدمہ پہنچانا۔ تصادم۔ ٹکرانا۔ ٹکراؤ۔

مُصارِع (مُ۔صا۔رِع) (ع۔صف) کُشتی گیر۔ ہاتھا پائی کرنے والا۔

مُصارَعت (مُ۔صا۔رَ۔عَت) (ع۔ا۔مث) دنگل۔ کُشتی۔

مَصارِف (مَ۔صا۔رِف) (ع۔ا۔مذ) مصرف کی جمع۔

مصارفِ بے جا (ع۔ف۔ا۔مذ) غیر ضروری خرچ۔ فضول اخراجات۔

مَصاف (مَ۔صاف) (ع۔ا۔مث) مصف کی جمع۔

مُصافات (ع۔ا۔مث) دوستی۔ اِخلاص۔

مُصافحہ (مُ۔صا۔فَ۔حہ) (ع۔ا۔مذ) مُلاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ مِلانے کا فعل۔

مصافحہ کرنا (اَر۔مص مُرکّب) ملتے وقت ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔

مَصالِح (مَ۔صا۔لِح) (ع۔ا۔مث) مصلحت کی جمع۔

مُصالَحت (مُ۔صا۔لَ۔حَت) (ع۔ا۔مث) باہمی صُلح۔ آپس میں میل ملاپ کرنا۔

مَصالحہ (ا۔مذ) دیکھیے مسالا جو صحیح ہے۔

مُصاہَرت (مُ۔صا۔ہَ۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) خُسر بنانا (۲) داماد بنانا (۳) سمدھیانہ۔

مَصائب (مَ۔صا۔اِب) (ع۔ا۔مذ) مُصیبت کی جمع۔

مِصْباح (مِص۔باح) (ع۔ا۔مذ) چراغ۔ دیا (۲) صُبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ۔ جامِ صبوحی۔ جمع: مصابیح۔

مُصَبِّر (مُ۔صَب۔بِر) (ع۔ا۔مذ) ایلوا۔ ایک کڑوی دوا۔

مُصَحِّح (مُ۔صَح۔حِح) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) صحت کرنے والا۔ صحیح کرنے والا (۲) پروف ریڈر۔ جمع: مُصحّحین۔

مُصْحَف (مُص۔حَف) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں (۲) قرآنِ مجید (۳) (مجازاً) رُخسارِ معشوق۔ بفتح میم و بکسر میم بھی صحیح ہے۔ جمع: مصاحف۔

مصحف اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) کلامِ مجید کی قسم کھانا۔

مصحفِ بغلی (ع۔ف۔ا۔مذ) چھوٹی تقطیع کا کلام مجید۔

مصحفِ مجید (مُقدّس۔ ناطق) (ع۔ا۔مذ) قرآن شریف۔ کلام اللہ۔

مُصْحَفی (مُص۔حَ۔فی) (ع۔صف) مُصحف سے نسبت رکھنے والا۔

مَصْحوب (مَص۔حوب) (ع۔صف) ساتھ کیا گیا۔ ہمراہ۔ ساتھ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مِصداق (مِص۔داق)(ع۔ا۔مذ) وہ چیز جو کسی کی سچائی ثابت کرے۔ آلۂ تصدیق۔ ثبوتِ صداقت (۲) وہ شے جس پر کسی معنی کا اطلاق ہو (۳) گواہی۔ شہادت۔ بات کی سچائی کا مجازاً ثبوت۔

مَصدَر (مَص۔دَر)(ع۔ا۔مذ)(۱) صادر ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ۔ سرچشمہ۔ جڑ۔ بُنیاد (۲) نحو میں وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں۔ اُردو میں مصدر کے آخر میں نا ہوتا ہے اور اِس میں کوئی زمانہ نہیں پایا جاتا جیسے آنا لانا وغیرہ۔ جمع: مصادِر۔

مصدرِ اصلی (ع۔ا۔مذ) وہ مصدر جسے اہلِ زبان نے مصدر ہی کے لئے وضع کیا ہو جیسے بونا۔ کہنا۔ جانا وغیرہ۔

مصدرِ جعلی (وضعی) (ع۔ا۔مذ) وہ مصدر جس میں دُوسری زبانوں کے الفاظ پر علامت مصدر بڑھا کر مصدر بنا لیا گیا ہو جیسے دُعا کرنا۔ خوش ہونا۔ آزمانا۔ ہٹ کرنا۔

مصدرِ لازم (ع۔ا۔مذ) وہ مصدر جو صرف فاعل کو چاہے جیسے دوڑنا۔ سونا۔

مصدرِ متعدّی (ع۔ا۔مذ) وہ مصدر جو فاعل اور مفعول دونوں کو چاہے۔ جیسے کھانا۔ لکھنا۔

مَصدَری (مَص۔دَ۔ری)(ف۔صف)(۱) مصدر سے منسوب (۲) اصل یا بُنیاد کے متعلق۔

مُصَدَّق (مُ۔صَد۔دَق)(ع۔صف مفعولی) تصدیق کیا گیا۔ آزمائش کیا گیا۔ تجربہ کیا گیا۔

مُصَدِّق (مُ۔صَد۔دِق)(ع۔صف فاعلی) تصدیق کرنے والا۔ سچائی کی گواہی دینے والا۔ ثابت کرنے والا۔ جمع: مُصدِّقین۔

مُصَدَّقہ (مُ۔صَد۔دَ۔قہ)(ع۔صف) مُصَدَّق کی تانیث۔ جس کی تصدیق ہوگئی ہو جیسے مُصدّقہ عدالت۔

مُصَدِّع (مُ۔صَد۔دِع)(ع۔صف) دردِسر پیدا کرنے والا۔ تکلیف دینے والا۔

مَصدُور (مَصدُورَہ) (مَص۔دُور)(مَص۔دُو۔رَہ)(ع۔صف) صادر کیا گیا۔

مِصر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) شہر۔ بلدہ۔ نگر (۲) افریقہ کے شمال مشرق میں ایک اِسلامی مُلک جو حضرت یوسفؑ، حضرت موسیٰؑ اور فرعون کی وجہ سے مشہور ہے۔

مِصر کا بازار (اُ۔ا۔مذ) وہ بازار جہاں حضرت یوسفؑ کو قافلے والوں نے فروخت کیا تھا۔

مُصِر (مُ۔صِر)(ع۔صف) اِصرار کرنے والا۔ کسی چیز پر اڑ جانے والا۔

مُصَرَّح (مُ۔صَر۔رَح)(ع۔صف مفعولی) تصریح کیا گیا۔ صراحت کیا گیا۔ مفصّل۔

مُصَرِّح (مُ۔صَر۔رِح)(ع۔صف فاعلی) صراحت کرنے والا۔ تفصیل کرنے والا۔

مِصرَع (مِص۔رَع)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک کواڑ۔ ایک پٹ (۲) آدھا شعر۔ نصف بیت۔ اُردو جمع: مصرعوں۔ مصرعے۔

مصرع برجستہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مصرع جو بے ساختہ موزوں ہو جائے۔

مصرع پیچیدہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مصرع جس کا مضمون مُشکل اور دقیق ہو۔

مصرع تر (ع۔ف۔ا۔مذ) شگفتہ اور عُمدہ مصرع۔

مصرع دولخت ہونا (اُ۔محاورہ) شعر کے دونوں مصرعوں میں ربط نہ ہونا۔

مصرع طرح (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مصرع جو بحر اور ردیف و قافیہ بتانے کے لئے بہ طور نمونہ دیا جائے۔

مصرع طرح کرنا (اُ۔محاورہ) طرح کے لئے مصرع تجویز کرنا۔

مصرع قد (ع۔ف۔ا۔مذ) قد کا اِستعارہ مصرع سے کرتے ہیں۔

مصرع لڑنا (اُ۔محاورہ) ایک شاعر کے مصرع سے دُوسرے شاعر کا مصرع مُطابق ہونا۔

مصرع لگانا (اُ۔محاورہ) ایک مصرع پر دُوسرا مصرع لگا کر شعر پُورا کرنا۔

مِصرَعہ (مِص۔رَ۔عَہ)(ع۔ف۔ا۔مذ) دیکھئے مِصرَع۔

مَصرَف (مَص۔رَف)(ع۔ا۔مذ) خرچ کرنے کی جگہ۔ خرچ کرنے کا موقع (۲) مطلب۔ کام۔ غرض۔ جمع: مصارِف۔

مُصرِف (مُص۔رِف)(ع۔صف) صارِف۔ صَرف کرنے والا۔ خرچ کرنے والا۔

مَصرُوع (مَص۔رُوع)(ع۔صف) وہ جسے مرگی کی بیماری ہو۔ مرگی کا مریض۔

مَصرُوف (مَص۔رُوف)(ع۔صف)(۱) صَرف کیا گیا۔ پھیرا گیا (۲) مشغول۔ کام میں لگا ہوا۔

مِصری (مِص۔ری)(ع۔صف۔و۔ا۔مذ)(۱) مِصر سے منسوب۔ مصر کا باشندہ (۲)(ا۔مث) شکاری چاقو (۳) ایک قسم کی تلوار (۴) شیرہ۔ راب (۶)(اُ۔ا۔مث) دانہ دار قند۔ قند کی ڈلیاں۔

مصری کا کوزہ (اُ۔ا۔مذ) مصری کا بنا ہوا گول ڈلا۔

مصری کھلانا (اُ۔محاورہ) قتل کرنا۔ تلوار، کٹار، خنجر یا پیش قبض سے ہلاک کرنا (۲) نسبت کرنا۔ منگنی کی رسم ادا کرنا۔

مصری کی ڈلی (اُ۔ا۔مث)(۱) مصری کا ٹکڑا (۲)(صف) نہایت شیریں۔ بہت میٹھا۔

مُصطَفَوی (مُص۔طَ۔فَ۔وی)(ع۔صف) مُصطفیٰ سے منسوب۔

مُصطَفٰی (مُص۔طَ۔فا)(ع۔صف)(۱) چنا ہوا۔ اِنتخاب کیا ہوا۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ۔ مقبول (۲) حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کا لقب۔

مُصطَکی (مُصطَگی) (مُص۔طَ۔کی)(مُص۔طَ۔گی)(ع۔ف۔ا۔مث) ایک قسم کا زرد گوند جو پستے کے درخت سے نکلتا ہے۔

مُصطَلَح (مُص۔طَ۔لَح)(ع۔صف مفعولی) اِصطلاح کیا ہوا۔ اِصطلاح۔

مُصطَلَحات (مُص۔طَ۔لَ۔حات)(ع۔ا۔مث) مُصطلح کی جمع۔

مَصَف (مَ۔صَف)(ع۔ا۔ظرف) صف باندھنے کی جگہ۔ جمع: مصاف۔

مُصَفّا (مُ۔صَف۔فا)(ع۔صف) پاک۔ صاف۔ ستھرا ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُصَفِّی (مُ۔صَف۔فی)(ع۔صف) صاف کرنے والا۔ جمع: مُصفّیات۔

مُصَفِّیِ خون (ع۔صف) خون صاف کرنے والا۔

مِصْقَل (مِصْقَلَہ) (مِص۔قَل) (مِص۔قَ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) صیقل کرنے کا آلہ۔ چمکدار بنانے کا اوزار۔

مُصَلّا (مُصَلّیٰ) (مُ۔صَل۔لا) (ع۔ا۔مذ) نماز پڑھنے کی جگہ۔ عبادت گاہ۔ مسجد (۲) جانماز۔ بوریا۔ دری۔ صف وغیرہ۔ اُردو جمع: مصلّوں۔ مُصلّے۔

مُصْلِح (مُص۔لِح)(ع۔صف)(۱) اِصلاح کرنے والا۔ دُرست کرنے والا۔ نیکی کی طرف لانے والا۔ عیوب دُور کرنے والا (۲) اصطلاحِ طب میں ضرر سے بچانے والا۔ جمع: مصلحین۔

مَصْلَحَت (مَص۔لَ۔حَت)(ع۔ا۔مث)(۱) نیک صلاح۔ اچھا مشورہ۔ مناسب تجویز (۲) خوبی۔ بھلائی (۳) حکمت۔ پالیسی۔ جمع: مصالح۔ اُردو جمع: مصلحتوں۔ مصلحتیں۔

مصلحت اندیش (ج)(ع۔ف۔صف) مناسب اور معقول بات سوچنے والا۔

مصلحتِ ایزدی (ع۔ا۔مث) خُدا کی حکمت۔ خدا کی مرضی۔

مصلحت خواہ (ع۔ف۔صف) خیرخواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔ بہی خواہ۔

مصلحت دیکھنا (اُر۔محاورہ) خوبی دیکھنا۔ بھلائی دیکھنا۔

مصلحت کار (ع۔ف۔صف)(۱) ٹھیک کام کرنے والا (۲) جو معاملات میں ماہر ہو۔

مصلحتِ مُلکی (ع۔ا۔مث) معاملاتِ سلطنت کے مطابق تدبیر۔ رموزِ مملکت۔ راج نیتی۔

مصلحتِ وقت (ع۔ا۔مث) وقت کے مُناسب۔

مَصْلَحَۃً (مَص۔لَ۔حَ۔تَن)(ع۔متعلق فعل) بھلائی کی بُنیاد پر۔ بطور مصلحت۔

مَصْلُوب (مَص۔لوب)(ع۔صف) صلیب پر چڑھایا گیا۔ سولی دیا گیا۔

مُصَلِّی (مُ۔صَل۔لی)(ع۔صف) صلوٰۃ ادا کرنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ نمازی (۲)(اُر۔صف) نومسلم۔ خاک روب۔ جمع: مُصلّیاں۔

مُصْمَت (مُص۔مَت)(ع۔صف)(۱) خاموش (۲) حرفِ علّت۔

مُصَمَّم (مُ۔صَم۔مَم)(ع۔صف) پکّا۔ مضبوط۔ اُستوار۔ محکم۔

مصمّم ارادہ (ع۔ا۔مذ) پکّا ارادہ۔ عزم بالجزم۔

مُصَنِّف (مُ۔صَن۔نِف)(ع۔ا۔مذ) تصنیف کرنے والا۔ طبع زاد لکھنے والا۔ اپنے دِل سے کوئی بات بنانے والا۔ جمع: مصنّفین۔

مُصَنِّفَہ (مُ۔صَن۔نِ۔فَہ)(ع۔ا۔مث) مُصنّف کی تانیث۔ جمع: مصنّفات۔

مُصَنَّفَہ (مُ۔صَن۔نَ۔فَہ)(ع۔صف مفعولی) تصنیف کی ہوئی۔ لکھی ہوئی۔

مَصْنُوع (مَص۔نوع)(ع۔صف) صنعت کیا ہوا۔ بنایا ہوا۔

مَصْنُوعَہ (ع۔صف) مصنوع کی تانیث۔

مَصْنُوعات (مَص۔نُو۔عات)(ع۔ا۔مذ و مث) مصنوعہ کی جمع۔ بنائی ہوئی چیزیں۔ کارخانے میں بنی ہوئی اشیا۔ پراڈکٹس۔

مَصْنُوعی (ع۔صف) بنایا ہوا۔ جو قُدرتی نہ ہو۔ بناوٹی۔ نقلی۔ جعلی۔

مُصَوَّر (مُ۔صَو۔وَر)(ع۔صف مفعولی) تصویر بنایا گیا۔ باتصویر۔

مُصَوِّر (مُ۔صَو۔وِر)(ع۔ا۔مذ)(۱) تصویر بنانے والا۔ نقّاش۔ آرٹسٹ (۲) رنگ بھرنے والا۔ بیل بُوٹے بنانے والا (۳) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔ جمع: مصوّرین۔ فارسی جمع: مصوّران۔ اُردو جمع: مُصوّر۔ مُصوّروں۔

مُصَوِّری (مُ۔صَو۔وِ۔ری)(ع۔ف۔ا۔مث) تصویر کشی۔ تصویریں بنانے کا ہُنر۔ تصویر کشی کا پیشہ۔ فنونِ لطیفہ میں سے ایک فن۔

مَصْئُون (مَص۔اُون)(ع۔صف) محفوظ۔ نگہبانی کیا گیا۔

مَصْئُونَہ (ع۔صف) مصئون کی تانیث۔

مُصِیب (مُ۔صیب)(ع۔صف) بات کی تہ کو پہنچنے والا۔ ٹھیک کہنے والا۔

مُصِیبَت (مُ۔صی۔بَت)(ع۔ا۔مث)(۱) رنج۔ دُکھ۔ تکلیف (۲) حادثہ۔ صدمہ (۳) نحوست۔ بداقبالی۔ اِدبار (۴) دِقّت۔ مُشکل۔ دُشواری۔ جمع: مصائب۔ اُردو جمع: مصیبتوں۔ مصیبتیں۔

مصیبت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) دُکھ جھیلنا۔ تکلیف برداشت کرنا۔

مصیبت اُٹھنا (اُر۔محاورہ) دُکھ سہا جانا۔ تکلیف برداشت ہونا۔

مصیبت بن جانا (اُر۔محاورہ) جان کا عذاب ہو جانا۔ دُو بھر ہو جانا۔

مصیبت بھرنا (بھگتنا) (اُر۔محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ دُکھ جھیلنا۔

مصیبت پڑنا (اُر۔محاورہ) آفت آنا۔ بپتا پڑنا۔

مصیبت پیٹنا (اُر۔محاورہ) دُکھ بھوگنا۔ تکلیف اُٹھانا۔

مصیبت جھیلنا (اُر۔محاورہ) سختی برداشت کرنا۔ دُکھ سہنا۔

مصیبت دیکھنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت پیش آنا۔ تکلیف سہنا۔

مصیبت زدہ (ع۔ف۔صف) مُصیبت کا مارا۔ بدبخت۔ تباہ۔ خستہ حال۔ خراب و خستہ۔

مصیبت سے جان چھوٹنا (اُر۔محاورہ) تکلیف سے نجات پانا۔

مصیبت کا پہاڑ (اُر۔ا۔مذ) بڑی مُصیبت۔

مصیبت کاٹنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت برداشت کرنا۔

مصیبت کٹ جانا (اُر۔محاورہ) دُکھ کا زمانہ بسر ہو جانا۔

مصیبت کدہ (ع۔ف۔ا۔مذ) مُصیبت کا گھر۔ تکلیف کا مقام۔

مصیبت کے دن ٹالنا (اُر۔محاورہ) دُکھ کی مُدّت بسر کرنا۔

مصیبت کے دن کاٹنا (اُر۔محاورہ) تکلیف کا زمانہ بسر کرنا۔

مصیبت مارا (اُر۔صف) آفت زدہ۔ مُصیبت زدہ۔ مؤنث کے لئے مُصیبت ماری۔

مصیبت مول لینا (اُر۔محاورہ) خواہ مخواہ کوئی جھگڑا اپنے ذمّے لے لینا۔

مصیبت میں پڑنا (اُر۔محاورہ) آفت یا جھگڑے میں مُبتلا ہونا۔

مصیبت ناک (ع۔ف۔صف) مُصیبت میں مُبتلا کرنے والا۔

مصیبتِ ناگہانی (ع۔ف۔ا۔مث) وہ صدمہ یا حادثہ جو اچانک پیش آ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جائے۔ بلائے ناگہانی۔

مُصَیقَل (مُ۔صَے۔قَل) (ع۔صف) صیقل کیا گیا۔ زنگ وغیرہ سے صاف کیا گیا۔ پالش کیا گیا۔

م۔ض

مُضار (مُ۔ضار) (ع۔ا۔مذ) مضرّت کی جمع۔ نقصانات۔

مُضارِب (مُ۔ضا۔رِب) (ع۔ا۔مذ) (۱) جنگ کرنے والا (۲) نفع میں شراکت کی بُنیاد پر کسی کا مال فروخت کرنے والا۔ گماشتہ۔ ایجنٹ۔

مُضارَبت (مُضارَبہ) (مُ۔ضا۔رَ۔بَت) (مُ۔ضا۔رَ۔بَہ) (ع۔ا۔مث) نفع میں شریک بنا کر کسی کو تجارت کے لئے مال دینا (۲) ایک فریق کا مال، دُوسرے فریق کی محنت۔ نفع میں دونوں برابر کے شریک (۳) لغوی معنی: تلوار مارنا۔ جنگ کرنا۔

مُضارِع (مُ۔ضا۔رِع) (ع۔ا۔مذ) مشابہ۔ مانند (۲) اصطلاحِ قواعدِ زبان میں وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں۔

مُضاعَف (مُ۔ضا۔عَف) (ع۔صف) دُگنا۔ دُونا۔ دوچند (۲) اصطلاحِ علمِ صَرف میں وہ کلمہ جس کے آخر میں ایک جنس کے دو حرف آئیں۔

مُضاف (مُ۔ضاف) (ع۔صف) (۱) جُڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ پیوستہ۔ نتھی کیا ہوا۔ منسلک۔ شامل (۲) اضافہ کیا گیا۔ زیادہ کیا گیا (۳) منسوب۔ متعلق (۴) علمِ نحو میں وہ اِسم جو کسی دُوسرے اِسم کے ساتھ لگایا جائے۔ جیسے امجد کی کتاب۔ اِس میں کتاب مضاف اور امجد مضاف الیہ ہے۔

مُضاف اِلَیہ (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جس کے ساتھ کوئی دُوسرا اِسم منسوب کیا جائے۔

مُضافات (مُ۔ضا۔فات) (ع۔ا۔مذ) مضاف کی جمع۔ متعلقات۔ منسوبات۔ ضمیمہ۔ تتمہ (۲) قرب وجوار۔ اِردگرد۔ اَطراف وجوانب۔ مفصلات۔ شہر کے آس پاس کے قصبے اور گاؤں۔

مُضافاتِ شہر (ع۔ف۔ا۔مذ) شہر کے آس پاس کی آبادی، گاؤں یا قصبے۔

مَضامِین (مَ۔ضا۔مین) (ع۔ا۔مذ) مضمون کی جمع۔

مُضایَقہ (مُ۔ضا۔یَ۔قہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) تنگی۔ دُشواری۔ ایک دُوسرے کو تنگ کرنا (۲) حرج۔ قباحت (۳) ڈر۔ خوف (۴) پروا۔

مَضبُوط (مَض۔بُوط) (ع۔صف) ضبط کیا گیا۔ قبضہ کیا گیا (۲) پکّا۔ پائیدار۔ دیرپا۔ اُستوار (۳) شہ زور۔ قوی۔ طاقت والا (۴) توانا۔ تندرست۔ ہٹا کٹا۔

مضبوط رہنا (اُر۔ محاورہ) مستقل رہنا۔ جما رہنا۔ ثابت قدم رہنا۔

مَضبُوطی (مَض۔بُو۔طی) (اُر۔ا۔مث) استقلال۔ پائیداری۔ طاقت۔ ہمّت۔ جرأت (۲) اطمینان۔ دِل جمعی۔ تسلّی۔

مَضحَک (مَض۔حَک) (ع۔ا۔مذ) ہنسی کا مقام۔ وہ چیز جس پر لوگ ہنسیں۔

مُضحِک (مُض۔حِک) (ع۔صف) ہنسانے والا۔

مُضحِکات (مُض۔حِ۔کات) (ع۔ا۔مذ) ہنسانے والی باتیں۔ لطیفے۔

مُضحِکہ (مُض۔حِ۔کہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہنسی۔ ٹھٹھا۔ تمسخر۔ مذاق (۲) مسخرہ۔ وہ شخص جس کا مذاق اُڑائیں۔

مضحکہ (اُڑانا) کرنا (اُر۔ محاورہ) ٹھٹھا کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔ مذاق اُڑانا۔ مسخرہ بنانا۔

مضحکہ خیز (ع۔ف۔صف) ہنسی مذاق کی (بات)۔ ہنسانے والی (بات یا حرکت)۔

مُضِر (مُ۔ضِر) (ع۔صف) ضرر پہنچانے والا۔ نقصان رساں۔ جمع: مضرات۔

مُضر ہونا (اُر۔ محاورہ) نقصان رساں ہونا۔

مِضراب (مِض۔راب) (ع۔ا۔مث) ستار بجانے کا آلہ۔ زخمہ۔

مُضِرّات (مُ۔ضِر۔رات) (ع۔ا۔مذ ومث) نقصان پہنچانے والی چیزیں۔

مَضرّت (مَ۔ضَر۔رَت) (ع۔ا۔مث) ضرر۔ نقصان۔ زیاں۔

مضرّت رساں (ع۔ف۔صف) نقصان پہنچانے والا۔ زیاں کار۔

مضرّت رسانی (ع۔ف۔ا۔مث) نقصان پہنچانا۔ تکلیف دہی۔ ایذا رسانی۔

مَضرُوب (مَض۔رُوب) (ع۔صف) ضرب کھایا ہوا۔ چوٹ لگا ہوا۔ وہ شخص جسے چوٹ آئی ہو (۲) اصطلاحِ حساب میں وہ عدد جس کو ضرب دیا جائے۔

مضروب فیہ (ع۔صف) وہ عدد جس سے ضرب دی جائے۔

مُضطَر (مُض۔طَر) (ع۔صف مفعولی) ضرر رسیدہ۔ تکلیف میں مبتلا۔ (مجازاً) بے بس۔ بے اختیار (۲) بے تاب۔ بے قرار۔ بے چین۔ پریشان۔ آزردہ۔

مُضطَرِب (مُض۔طَ۔رِب) (ع۔صف فاعلی) بے چین۔ بے قرار۔

مُضطَربُ الحال (ع۔صف) پریشان حال۔ گھبرایا ہوا۔

مُضطَرِبانہ (مُض۔طَ۔رِ۔با۔نہ) (ع۔ف۔ تابع فعل) بیقراری سے۔ بے چینی کی حالت میں۔

مُضعِف (مُض۔عِف) (ع۔صف) ضعیف کرنے والا۔ کم زور بنانے والا۔

مُضغَہ (مُض۔غَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) لوتھڑا۔ گوشت کا ٹکڑا (۲) وہ جنین جس میں ابھی جان نہ پڑی ہو (۳) لُقمہ۔ نوالہ۔

مضغۂ گوشت (ع۔ف۔ا۔مذ) گوشت کا لوتھڑا (۲) نکما اور بے کار آدمی۔

مُضِل (مُ۔ضِل) (ع۔صف) گمراہ کرنے والا۔ بہکانے والا۔

مَضِلّت (مَ۔ضِل۔لت) (ع۔ا۔مث) گمراہی۔

مِضمار (مِض۔مار) (ع۔ا۔مذ) میدان۔ ہموار اور وسیع میدان (۲) میدانِ جنگ۔ وہ جگہ جہاں گھوڑا دوڑاتے ہیں۔ جمع: مضامیر۔

مُضمَحِل (مُض۔مَ۔حِل) (ع۔صف) (۱) محو ہونے والا۔ گُم ہونے والا (۲) کم زور۔ دُبلا پتلا۔ ناتواں۔ لاغر (۳) اُداس۔ دِل گیر۔ رنجیدہ۔ مغموم۔

مضمحل ہونا (اُر۔ محاورہ) نڈھال ہو جانا۔

مُضمَر (مُض۔مَر) (ع۔صف) پوشیدہ۔ مخفی۔ دِل میں رکھا گیا۔

مَضمَضَہ (مَض۔مَ۔ضہ) (ع۔ا۔مث) کُلّی منہ میں پھرانا۔ کُلّی۔

مُضَمَّن (مُ۔ضَم۔مَن) (ع۔صف) شامل کیا گیا۔ ضمنی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَضْمُوم (مَض۔مُوم) (ع۔صف) ضمّہ دیا گیا۔ وہ حرف جس پر پیش ہو۔
مَضْمُون (مَض۔مُون) (ع۔ا۔مذ) ضمن میں لیا ہوا۔ درمیان میں ڈالی ہوئی چیز (۲) مطلب۔ معنی۔ بیان (۳) اِنشا۔ اداریہ (۴) بات۔ سخن۔ جمع: مضامین۔
مضمون آفرین (ع۔ف۔صف) نئی بات پیدا کرنے والا۔
مضمون آفرینی (ع۔ف۔ا۔مث) ذہن سے نئی بات نکالنا۔
مضمون باندھنا (اُر۔محاورہ) کسی مضمون کو شعر میں نظم کرنا۔
مضمون بٹھانا (اُر۔محاورہ) مضمون کو عبارت میں ٹھیک موقع پر جگہ دینا۔
مضمون بندھنا (اُر۔محاورہ) کسی مضمون کا شعر میں نظم ہونا۔
مضمون پست ہونا (اُر۔محاورہ) مطلب گھٹیا ہونا۔
مضمون ٹپکنا (اُر۔محاورہ) مضمون ظاہر ہونا۔
مضمون چرانا (اُر۔محاورہ) دُوسرے کے مضمون کو اپنے نام سے شائع کرانا۔
مضمون ڈھل جانا (اُر۔محاورہ) مضمون کا اچھی عبارت میں لکھا جانا۔
مضمون روشن ہونا (اُر۔محاورہ) مضمون صاف ہونا۔
مضمون سُست ہونا (اُر۔محاورہ) مضمون بے لُطف اور بے مزہ ہونا۔
مضمون سُلجھنا (اُر۔محاورہ) بات کی پیچیدگی جاتی رہنا۔
مضمون سُوجھنا (اُر۔محاورہ) مضمون خیال میں آنا۔
مضمون کی بندش (اُر۔ا۔مث) مضمون کی بناوٹ۔
مضمون گانٹھنا (اُر۔محاورہ) مطلب حاصل کرنا۔
مضمون گڑھنا (گھڑنا) (اُر۔محاورہ) تہمت لگانا۔
مضمون لڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) مضمون کا حسبِ منشا سُوجھنا (۲) کسی کے مضمون سے مضمون کا مطابق ہونا۔
مضمون مُبتذل ہونا (اُر۔محاورہ) مضمون کا اپنے مقام سے گرا ہونا۔
مضمون نکالنا (اُر۔محاورہ) مقصد سمجھنا۔ تہ کی بات نکالنا۔
مضمون نگار (نویس) (ع۔ف۔صف) مضمون لکھنے والا۔ اِنشا پرداز۔
مضمون نگاری (نویسی) (ع۔ف۔ا۔مث) مضمون لکھنا۔
مضمون واحِد ہونا (اُر۔محاورہ) مطلب ایک ہونا۔ ایک غرض میں دو شخصوں کا شامل ہونا۔
مضمون ہاتھ (آنا) لگنا (اُر۔محاورہ) نئی بات خیال میں آنا۔ مضمون سُوجھنا۔
مَضٰی (مَ۔ضا) (ع۔ماضی مطلق) گزر گیا۔ بیت گیا۔
مضٰی ما مضٰی (ع۔مقولہ) جو ہوا سو ہوا۔ گزرا سو گزرا۔ گزشت آنچہ گزشت۔

م ۔ ط

مَطابِخ (مَ۔طا۔بِخ) (ع۔ا۔مذ) مطبخ کی جمع۔ باورچی خانے۔
مَطابِع (مَ۔طا۔بِع) (ع۔ا۔مذ) مطبع کی جمع۔ چھاپے خانے۔
مُطابِق (مُ۔طا۔بِق) (ع۔صف) (۱) موافق۔ برابر۔ یکساں۔ مانند (۲) بہ موجب۔ حسبِ مُناسب۔ بہ لحاظ۔
مُطابَقت (مُ۔طا۔بَ۔قت) (ع۔ا۔مث) موافقت۔ مُشابہت۔ برابری۔

مَطار (مَ۔طار) (ع۔ا۔مذ) اُڑنے کی جگہ۔ ہوائی اڈّا۔
مُطارَحہ (مُ۔طا۔رَ۔حہ) (ع۔ا۔مذ) گفتگو۔ بحث۔ مشورہ۔
مُطاع (مُ۔طاع) (ع۔صف) اطاعت کیا گیا۔ سردار۔ بُزرگ۔ مُربّی۔ وہ شخص جس کی اطاعت کی جائے۔
مَطاعِن (مَ۔طا۔عِن) (ع۔ا۔مذ) مَطعَن کی جمع۔ عیب۔ طعنے۔
مَطاف (مَ۔طاف) (ع۔ا۔مذ) طواف کی جگہ۔
مَطالِب (مَ۔طا۔لِب) (ع۔ا۔مذ) مطلب کی جمع۔
مُطالَبہ (مُ۔طا۔لَ۔بہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) دعویٰ۔ نالش (۲) اپنا حق چاہنا۔ مانگنا۔ تقاضا کرنا۔
مطالبہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) طلب کرنا۔ تقاضا کرنا۔ مانگنا۔ دعویٰ دار ہونا۔
مَطالِع (مَ۔طا۔لِع) (ع۔ا۔مذ) مَطلع کی جمع۔ طلوع ہونے کے مقامات۔
مُطالَعہ (مُ۔طا۔لَ۔عہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) غور۔ توجّہ۔ دھیان۔ کسی چیز کو اُس سے واقفیت پیدا کرنے کی غرض سے دیکھنا (۲) کتب بینی۔
مطالعہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) پڑھنا۔ کتاب دیکھنا۔
مُطاوَعت (مُ۔طا۔وَ۔عت) (ع۔ا۔مث) اطاعت کرنا۔ فرماں برداری۔
مُطایَبہ (مُ۔طا۔یَ۔بہ) (ع۔ا۔مذ) خوش طبعی۔ مُہذّب تفریح۔ مزاح۔ جمع: مُطایبات۔
مَطَب (مَ۔طب) (ع۔ا۔مذ) وہ مکان جہاں بیٹھ کر طبیب مریضوں کا علاج کرتا ہے۔ کلینک۔ اُردو جمع: مطب۔ مطبوں۔
مَطبَخ (مَط۔بَخ) (ع۔ا۔مذ) کھانا پکانے کی جگہ۔ باورچی خانہ۔ جمع: مطابخ۔
مَطبَع (مَط۔بَع) (ع۔ا۔مذ) طبع کرنے کی جگہ۔ چھاپہ خانہ۔ پریس۔ جمع: مطابع۔
مَطبُوخ (مَط۔بُوخ) (ع۔صف) (۱) آگ پر پکائی ہوئی۔ پکی ہوئی (۲) (ا۔مذ) جوشاندہ۔ جوش دی ہوئی دوا۔
مَطبُوع (مَط۔بُوع) (ع۔صف) (۱) طبع کیا ہوا۔ چھپا ہوا (۲) پسند کیا گیا۔ مرغوب۔ مَن پسند۔ پسندیدہ۔
مَطبُوعہ (مَط۔بُو۔عہ) (ع۔صف) مطبوع کی تانیث۔ طبع شُدہ۔ چھپی ہوئی۔ جمع: مطبُوعات۔ چھپی ہوئی کتابیں وغیرہ۔
مِطحَن (مِط۔حَن) (ع۔ا۔مث) چکّی۔ پیسنے کا آلہ۔
مَطحُول (مَط۔حُول) (ع۔صف) تلی کا مریض۔
مَطَر (مَ۔طر) (ع۔ا۔مذ) بارش۔ باراں۔ مینہ۔
مِطراق (مِط۔راق) (ع۔ا۔مذ) (۱) ہتھوڑی (۲) نظیر۔ مثال۔
مُطرِب (مُط۔رِب) (ع۔ا۔مذ) (۱) خوش کرنے والا (۲) گویّا۔ قوّال۔ گانے والا۔ ڈوم۔ کلاونت۔ اُردو جمع: مُطرب۔ مُطربوں۔
مُطرِبہ (مُط۔رِ۔بہ) (ع۔ا۔مث) مُطرب کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَطْرُوح (مَط۔رُوح) (ع۔صف) حقیر۔ ناپسندیدہ (۲) نکالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔

مَطْرُود (مَط۔رُود) (ع۔صف) (۱) دُھتکارا ہوا۔ نکالا ہوا۔ مردُود (۲) دُور بھیجا ہوا۔ شہر بدر کیا ہوا۔

مُطْعِم (مُط۔عِم) (ع۔صف) کھلانے والا (کھانا)۔

مَطْعَن (مَط۔عَن) (ع۔ا۔مذ) طعن۔ طعنہ۔

مَطْعُون (مَط۔عُون) (ع۔صف) طعنہ دیا گیا۔ عیب نکالا گیا۔ بدنام۔ رُسوا۔

مطعونِ خلائق (ع۔صف) رُسوائے عالم۔ دُنیا بھر کا بدنام۔ وہ شخص جسے خلقت لعنت ملامت کرے۔

مُطَلّا (مُ۔طَل۔لا) (ع۔صف) جِلا کیا گیا۔ سُنہرا۔ زرّیں۔ طلائی۔

مَطْلَب (مَط۔لَب) (ع۔ا۔مذ) مقصد۔ غرض۔ منشا۔ خواہش۔ جمع: مطالِب۔

مطلب اٹکنا (اَر۔محاورہ) غرض اُڑنا۔ خواہش پُوری نہ ہونا۔

مطلب اُلٹا دینا (اُلٹ دینا) (اَر۔محاورہ) مضمون کچھ کا کچھ کر دینا۔ مفہوم بدل دینا۔

مطلب بر آری (ع۔ف۔ا۔مث) کام نکلنا۔ حاجت روائی۔ حصولِ مُدّعا۔ حصولِ مقصد۔

مطلب بر آری کرنا (اَر۔مص مُرکّب) مقصد پورا کرنا۔ حاجت روائی کرنا۔

مطلب بر آنا (اَر۔مص مُرکّب) مقصد پُورا ہونا۔ مُراد حاصل ہونا۔

مطلب پر آنا (اَر۔محاورہ) تمہید کے بعد اپنے منشا کی بات کہنا یا لکھنا۔

مطلب پر لانا (اَر۔محاورہ) مطلب پُورا کرنے پر آمادہ کرنا۔

مطلب پورا کرنا (اَر۔محاورہ) مُراد بر لانا۔ مقصد میں کامیاب ہونا۔

مطلب چبا جانا (اَر۔محاورہ) صاف صاف مطلب ظاہر نہ کرنا۔

مطلب حل ہونا (اَر۔محاورہ) مطلب سمجھ میں آنا (۲) کار برآری ہونا۔

مطلب خبط ہونا (اَر۔محاورہ) بات بے معنی ہونا۔ تحریر یا تقریر کا بے معنی ہونا۔

مطلب رکھنا (اَر۔محاورہ) غرض رکھنا۔ واسطہ رکھنا۔

مطلبِ سعدی دیگر اَست (ف۔مثل) سعدی کا مطلب دُوسرا ہے یعنی ظاہراً یوں ہے مگر دِلی مقصد کچھ اور ہے۔

مطلب سے مطلب ہونا (اَر۔محاورہ) اپنے کام سے کام ہونا۔ اپنے کام سے غرض رکھنا۔

مطلب فوت ہونا (اَر۔محاورہ) غرض حاصل نہ ہونا۔

مطلب کا آشنا (یار) (اَر۔صف) خود غرض۔ مطلبی۔ جو صرف اپنے مطلب کے لئے یار بنا ہو۔

مطلب کو پہنچانا (اَر۔محاورہ) کام بنا دینا۔ کامیاب کر دینا۔

مطلب کُھل جانا (اَر۔محاورہ) غرض ظاہر ہو جانا۔

مطلب کہنا (اَر۔محاورہ) غرض بیان کرنا۔

مطلب کی (اَر۔تابع فعل) غرض کی۔ جس میں مطلب پایا جائے۔

مطلب کی بات (اَر۔ا۔مث) کارآمد بات (۲) اصل بات (۳) وصل کی بات۔

مطلب کی (بات) سُنانا (اَر۔محاورہ) اپنی غرض کی بات کہنا۔

مطلب کی سُوجھنا (اَر۔محاورہ) غرض کی بات خیال میں آنا۔ اپنے فائدے کی بات سوچنا۔

مطلب کی گھات چلنا (اَر۔محاورہ) اپنا فائدہ دیکھنا۔ اپنے فائدے کی بات مدِّنظر رکھنا۔

مطلب کے واسطے گدھے کو باپ بناتے ہیں (اَر۔مثل) غرض نکالنے کے لئے ادنیٰ کی بھی خوشامد کرتے ہیں۔

مطلب نکالنا (اَر۔محاورہ) بات سمجھنا۔ غرض پُوری کرنا۔ غرض حاصل کرنا۔

مطلب نکلنا (اَر۔محاورہ) خواہش پُوری ہونا۔ مقصد حاصل ہونا۔

مطلب ہو جانا (اَر۔محاورہ) کام بن جانا۔ کامیاب ہو جانا۔ خواہش پُوری ہونا۔

مَطْلَبی (مَطْلَبِیا) (مَط۔لَ۔بی) (مَط۔لَب۔یا) (اَر۔صف) خود غرض۔ ابنُ الوقت۔

مَطْلَع (مَط۔لَع) (ع۔ا۔مذ) طلوع ہونے کی جگہ۔ مشرق (۲) غزل یا قصیدے کے شروع کا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں۔ جمع: مطالِع۔

مطلع صاف ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) آسمان کا اَبر و غبار سے صاف ہونا (۲) کسی جگہ ایک آدمی بھی نہ ہونا (۳) دُشمنوں سے مقام کا خالی ہونا (۴) روک ٹوک نہ ہونا (۵) (کنایۃً) ڈاڑھی مُونچھ کا نہ ہونا۔ ابھی سبزہ آغاز نہ ہونا۔

مطلعِ صبح (ع۔ا۔مذ) اُفق کا وہ مقام جہاں صبح کی روشنی پہلے پہل ظاہر ہوتی ہے۔

مُطَّلَع (مُط۔طَ۔لَع) (ع۔صف) اِطلاع دیا گیا۔ خبردار کیا ہوا۔ واقف۔ آگاہ۔

مطّلع کرنا (اَر۔محاورہ) اِطلاع دینا۔ خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔ واقف کرنا۔

مُطْلَق (مُط۔لَق) (ع۔صف) (۱) آزاد۔ بے قید (۲) بالکل۔ قطعی جیسے آزاد مطلق (۳) قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا چاہیے۔

مُطْلَقُ الرِّجْلَیْن (مُط۔لَ۔قُر۔رِج۔لَین) (ع۔صف) وہ گھوڑا جس کے پاؤں کا رنگ بدن کے رنگ سے مختلف ہو۔

مُطْلَقُ العِنَان (مُط۔لَ۔قُل۔عِ۔نان) (ع۔صف) بے لگام۔ جس کی لگام چھوٹ گئی ہو (۲) خود مختار۔ آزاد۔ خودسر۔ مُستبد۔

مُطْلَقُ الیَدَین (مُط۔لَ۔قُل۔یَ۔دَین) (ع۔صف) وہ گھوڑا جس کے اگلے دونوں پیر سفید ہوں۔

مُطْلَقُ الیَسَار (مُط۔لَ۔قُل۔یَ۔سار) (ع۔صف) وہ گھوڑا جس کے دونوں پچھلے پاؤں سفید ہوں۔

مُطْلَقُ الیَمِین (مُط۔لَ۔قُل۔یَ۔مِین) (ع۔صف) وہ گھوڑا جس کے دونوں دائیں پاؤں سفید ہوں۔

مُطْلَقاً (مُط۔لَ۔قَن) (ع۔تابع فعل) بالکل۔ قطعی۔ اصلاً۔

مُطَلَّقہ (مُ۔طَل۔لَ۔قہ) (ع۔صف) طلاق دی ہوئی عورت۔

مَطْلُوب (مَط۔لُوب) (ع۔صف) (۱) طلب کیا گیا۔ مانگا گیا۔ خواہش کیا گیا (۲) مقصود۔

مَطْمَح (مَط۔مَح) (ع۔ا۔مذ) (۱) نظر پڑنے کی جگہ (۲) مقصود۔ جمع: مطامح۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَطمحِ نظر (ع۔ا۔مذ) مرکزِ نگاہ۔ اصلی مقصد۔

مُطمَئِن (مُط۔مَ۔اِن)(ع۔صف) اِطمینان پانے والا۔ خاطر جمع رکھنے والا۔ بے فکر۔ آسودہ۔

مُطَوِّعَہ (مُ۔طَوْ۔وِ۔عَہ)(ع۔صف) وہ مُسلمان جسے جہاد سے مستثنیٰ کر دیا گیا ہو مگر وہ اپنی خوشی سے جہاد کرے (۲) رضاکار۔

مُطَوِّف (مُ۔طَوْ۔وِف)(ع۔صف) طواف کرنے والا۔

مُطَوَّق (مُ۔طَوْ۔وَق)(ع۔صف) طوق پڑا ہوا۔ قید کیا گیا۔

مُطَوَّل (مُ۔طَوْ۔وَل)(ع۔صف) لمبا۔ دراز۔ طویل۔

مُطَہَّر (مُ۔طَہ۔ہَر)(ع۔صف مفعولی۔مذ) پاک۔ صاف (۲) معصوم۔

مُطَہِّر (مُ۔طَہ۔ہِر)(ع۔صف فاعلی) پاک کرنے والا۔

مُطَہَّرات (مُ۔طَہ۔ہَ۔رات)(ع۔ا۔مث) مُطَہَّرہ کی جمع۔

مُطَہَّرہ (مُ۔طَہ۔ہَ۔رَہ)(ع۔صف مفعولی) مُطَہَّر کی تانیث۔

مُطَہِّرہ (مُ۔طَہ۔ہِ۔رَہ)(ع۔صف فاعلی) مُطَہِّر کی تانیث۔

مُطَیِّب (مُ۔طَیْ۔یِب)(ع۔صف فاعلی)(۱) خوشبو دینے والا۔ خوشبودار۔ معطّر (۲) پاک ہونے والا۔

مُطَیَّب (مُ۔طَیْ۔یَب)(ع۔صف مفعولی) پاک کیا گیا۔ خوش بو میں بسا ہوا۔

مَطِیر (مَ۔طِیر)(ع۔صف) برسنے والا۔ بارش کرنے والا۔

مُطِیع (مُ۔طِیع)(ع۔صف) اطاعت کرنے والا۔ فرماں بردار۔ تابع۔ حکم بردار۔ ماتحت۔ (اَفعال: ہونا۔ کرنا۔ رہنا۔ بنانا)۔

م۔ظ

مَظالِم (مَ۔ظا۔لِم)(ع۔ا۔مذ) مَظلَمہ کی جمع۔

مَظاہِر (مَ۔ظا۔ہِر)(ع۔ا۔مذ) مَظہَر کی جمع۔

مُظاہِر (مُ۔ظا۔ہِر)(ع۔صف) مُظاہرہ کرنے والا۔ جمع: مُظاہِرین۔

مُظاہَرہ (مُ۔ظا۔ہَ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) مدد دینا۔ کسی خاص اَمر میں تائید کے اِظہار کے لئے جمع ہونا۔ مجمع کر کے گشت کرنا۔ کسی بات کی موافقت یا مُخالفت کے لئے جوش و جذبات کا اِظہار۔ ڈیمانسٹریشن۔

مَظرُوف (مَظ۔رُوف)(ع۔صف) برتن میں رکھی ہوئی چیز۔

مُظَفَّر (مُ۔ظَف۔فَر)(ع۔صف) ظفریاب۔ منصور۔ فتح یاب۔ فتح مند۔

مُظلِم (مُظ۔لِم)(ع۔صف)(۱) تاریک۔ سیاہ (۲) مخفی۔ پوشیدہ۔

مَظلِمَہ (مَظ۔لِ۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا۔ اَندھیر۔ بے اِنصافی۔ جمع: مظالم۔ (لام پر زبر سے بھی صحیح ہے)۔

مَظلُوم (ع۔صف) ظلم کیا گیا۔ ستم رسیدہ۔ ستایا ہوا۔ جمع: مظلومین۔

مَظلُومَہ (مَظ۔لو۔مَہ)(ع۔صف) مظلوم کی تانیث۔

مَظلُومی (مَظ۔لو۔می)(ع۔ف۔ا۔مث) دیکھئے مظلومیت۔

مَظلُومِیَّت (مَظ۔لو۔مِی۔یَت)(ع۔ف۔ا۔مث) مظلوم ہونا۔ مظلوم ہونے کی حالت۔

مَظنُون (مَظ۔نُون)(ع۔صف) ظن کیا گیا۔ شک کیا گیا۔ مُشتبہ۔ مشکوک۔

مَظِنَّہ (مَ۔ظِن۔نَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) گمان کرنے کی جگہ۔ شک کرنے کا موقع (۲) گمان۔ قیاس۔ خیال۔

مَظہَر (مَظ۔ہَر)(ع۔ا۔مذ) ظاہر ہونے کی جگہ۔ جائے ظہور۔ تماشا گاہ۔ اسٹیج۔ اکھاڑا۔ تماشا دکھانے کا چبوترا۔ جمع: مَظاہِر۔

مُظہِر (مُظ۔ہِر)(ع۔صف) ظاہر کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ گواہ۔ شاہد۔ مخبر۔ جاسُوس۔ خبر رساں۔

م۔ع

مَع (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم)(ع۔تابع فعل) ساتھ۔ ہمراہ۔ سمیت۔ سَنگ۔

مَعَ الحدیث (مَ۔عَل۔حَ۔دیث)(ع۔تابع فعل) القصہ۔ الغرض۔ الحاصل۔

مَعَ الخیر (مَ۔عَل۔خیر)(ع۔صف) خیریت سے۔ سلامتی سے۔ بخیر و عافیت۔

مَع ہذا (مَع۔ہا۔ذا)(ع۔تابع فعل) علاوہ بریں۔ باوجود اِس کے۔ ساتھ اِس کے۔

مَعاً (مَ۔عَن)(ع۔تابع فعل) ایک ساتھ۔ ساتھ مِل کر (۲) فی الفور۔ فوراً۔ اِسی وقت۔ دفعتہً۔ ایک ہی وقت۔ ایک ہی دفعہ۔

مِعا (مِ۔عا)(ع۔ا۔مث) آنت۔ انتڑی۔

مَعابِد (مَ۔عا۔بِد)(ع۔ا۔مذ) معبد کی جمع۔

مَعابِر (مَ۔عا۔بِر)(ع۔ا۔مث) معبر کی جمع۔

مُعاتَب (مُ۔عا۔تَب)(ع۔صف مفعولی) عتاب کیا گیا۔ معتوب۔

مُعاتِب (مُ۔عا۔تِب)(ع۔صف فاعلی) عتاب کرنے والا۔ خفا ہونے والا۔ سرزنش کرنے والا۔

مَعاد (مَ۔عاد)(ع۔ا۔مذ)(۱) لوٹ کر جانے کی جگہ۔ واپس جانے کا مقام (۲) عقبیٰ۔ آخرت۔ قیامت۔ حشر۔

مُعادِل (مُ۔عا۔دِل)(ع۔صف) برابر۔ مساوی۔ اِنصاف کے ساتھ۔

مُعادَلت (مُ۔عا۔دَ۔لت)(ع۔ا۔مث) برابری۔ مساوات۔ اِنصاف۔ نیاؤ۔ نیائے۔

مَعادِن (مَ۔عا۔دِن)(ع۔ا۔مث) معدن کی جمع۔

مَعاذ (مَ۔عاذ)(ع۔ا۔مث) بچاؤ کی جگہ۔ جائے پناہ۔

مَعاذَاللّٰہ (ع۔کلمۂ استغفار) پناہ بخدا۔ خُدا کی پناہ۔ اللہ محفوظ رکھے! توبہ توبہ!

مَعارِج (مَ۔عا۔رِج)(ع۔ا۔مث) معراج کی جمع۔

مُعارِض (مُ۔عا۔رِض)(ع۔صف) مُعترض۔ جھگڑا کرنے والا۔ مخالف۔ مُدّعی۔ حریف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُعارَضہ (مُ۔عا۔رَ۔ضَہ) (ع۔ا۔مذ) جھگڑا۔ ٹنٹا۔ مُناقشہ۔ جمع: مُعارَضات۔

مُعارِف (مُ۔عا۔رِف) (ع۔ا۔مذ) معرفت کی جمع۔

مُعارِک (مُ۔عا۔رِک) (ع۔ا۔مذ) معرکہ کی جمع۔

مُعارَکت (مُعارَکہ) (مُ۔عا۔رَ۔کت) (مُ۔عا۔رَ۔کہ) (ع۔ا۔مذ) لڑائی۔ جنگ۔

مَعاش (مَ۔عاش) (ع۔ا۔مث) رزق۔ خوراک۔ روزی (۲) وہ شے جس سے بسر اوقات کی جائے۔

مَعاش دار (ع۔ف۔صف) جاگیر دار۔

مُعاشَرت (مُ۔عا۔شَ۔رَت) (ع۔ا۔مث) مل جل کر زندگی بسر کرنا۔

مُعاشَرتی (مُ۔عا۔شَ۔رَ۔تی) (ع۔صف) معاشرت سے متعلق۔

مُعاشَرہ (مُ۔عا۔شَ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) جماعتی زندگی جس میں ہر فرد کو رہنے سہنے' اپنی ترقی اور فلاح و بہبود کے لئے دُوسروں سے واسطہ پڑتا ہے۔ سوسائٹی۔ سماج۔ اُردو جمع: معاشروں۔ معاشرے۔

مَعاشی (مَعاشیاتی) (مَ۔عا۔شی) (مَ۔عا۔شِ۔یا۔تی) (ع۔صف) روزی اور بسر اوقات کے متعلق۔ اِقتصادی۔

مَعاشیات (مَ۔عا۔شی۔یات) (ع۔ا۔مث) اِقتصادیات۔ وہ علم جس میں دولت کی پیدائش' مُبادلہ' صَرف اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے۔ (Economics)۔

مَعاشیات دان (ع۔ا۔مذ) علم معاشیات کا ماہر۔ (Economist)۔

مُعاصِر (مُ۔عا۔صِر) (ع۔صف) ہم عصر۔ ہم زمانہ۔ ہم عہد۔ جمع: مُعاصرین۔

مُعاصِرانہ (مُ۔عا۔صِ۔را۔نہ) (ع۔ف۔صف) مُعاصر سے منسوب۔

مُعاصِرین (مُ۔عا۔صِ۔رین) (ع۔ا۔مذ) مُعاصر کی جمع۔ ہم عصر' ہم زمانہ لوگ۔ ایک زمانے کے لوگ۔

مَعاصی (مَ۔عا۔صی) (ع۔ا۔مذ) معصیت کی جمع۔

مُعاطَفت (مُ۔عا۔طَ۔فت) (ع۔ا۔مث) مہربانی۔ الطاف۔ کرم۔ عنایت۔

مُعاف (مُ۔عاف) (ع۔صف) بخشا گیا۔ عفو کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔ بری۔ آزاد۔

مُعاف رکھنا (اُر۔محاورہ) باز رکھنا۔ درگزر کرنا۔

مُعاف کرنا (اُر۔مص مُرکّب) بخشنا۔ درگزر کرنا۔ عفو کرنا۔ چھوڑنا۔

مُعاف کرو (اُر۔روزمرہ) جاؤ۔ رُخصت ہو۔ سدھارو۔

مُعافی (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) بخشش۔ رہائی۔ خلاصی۔ نجات۔ عفو۔ مغفرت (۲) وہ زمین جس کا لگان سرکار سے معاف ہو۔ اُردو جمع: معافیاں۔ معافیوں۔

مُعافیِ اِستمراری (دائمی) (ع۔ا۔مث) دوامی جاگیر۔ وہ زمین جو ہمیشہ کے واسطے معافی کے طور پر دے دی جائے۔

مُعافی چاہنا (اُر۔محاورہ) معذرت کرنا۔ عذر خواہی کرنا۔

مُعافیِ حینِ حیات (ع۔ا۔مث) وہ زمین جو کسی کو زندگی بھر کے لئے بلا لگان عطا کی جائے۔

مُعافی دار (ع۔صف) عطا کی ہوئی زمین کا مالک۔

مُعافی مانگنا (اُر۔محاورہ) قصور سے درگزر کرنے کی درخواست کرنا۔ عذر معذرت کرنا۔

مُعافی نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) معافی کی درخواست۔ معافی کی تحریر۔

مُعاقَبت (مُ۔عا۔قَ۔بت) (ع۔ا۔مث) (۱) سزا۔ ڈنڈ۔ سیاست (۲) عقوبت۔ عذاب۔

مُعاقِد (مُ۔عا۔قِد) (ع۔صف فاعلی) (۱) عقد کرنے والا۔ نکاح کرنے والا (۲) عہد و پیمان کرنے والا۔

مُعالِج (مُ۔عا۔لِج) (ع۔ا۔مذ) علاج کرنے والا۔ حکیم۔ طبیب۔ وید۔ ڈاکٹر۔ جمع: مُعالجین۔

مُعالَجات (مُ۔عا۔لَ۔جات) (ع۔ا۔مذ) مُعالجہ کی جمع۔

مُعالَجہ (مُ۔عا۔لَ۔جہ) (ع۔ا۔مذ) علاج۔ دوا دارو۔ جمع: مُعالَجات۔

مَعالِم (مَ۔عا۔لِم) (ع۔ا۔مذ) مَعلَم کی جمع۔ نشانیاں۔ علامتیں۔

مَعالی (مَ۔عا۔لی) (ع۔ا۔مذ) مَعلیٰ کی جمع۔ اُونچائیاں۔ بلندیاں۔

مُعامَلات (مُ۔عا۔مَ۔لات) (ع۔ا۔مذ) مُعاملہ کی جمع۔

مُعاملاتِ مُلکی (ع۔ف۔ا۔مذ) سلطنت کے کام۔ کاروبارِ حکومت۔ سیاسی اُمور۔

مُعامَلت (مُ۔عا۔مَ۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) لین دین۔ بیوپار۔ کاروبار (۲) کوئی بات (۳) باہم کوئی فیصلہ کرنا۔ قول و قرار۔

مُعامَلہ (مُ۔عا۔مَ۔لہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) عمل۔ کام کاج۔ کاروبار۔ دھندا۔ باہم مل کر کوئی کام کرنا (۲) لین دین۔ خرید و فروخت۔ بنج بیوپار (۳) واقعہ۔ وہ بات جو عمل میں آئے (۴) قول و قرار (۵) بات۔ جھگڑا۔ قضیہ (۶) خاص بات۔ تعلق۔ واسطہ۔ سابقہ۔ برتاؤ (۷) محاصل۔ مال گزاری۔ لگان۔ جمع: مُعاملات۔ اُردو جمع: مُعاملوں۔ مُعاملے۔

مُعاملہ ادا کرنا (اُر۔محاورہ) مال گزاری دینا۔

مُعاملہ باندھنا (اُر۔محاورہ) (۱) اُن باتوں کو نظم کرنا جو خیالی نہ ہوں بلکہ عمل میں آئی ہوں (۲) عاشق و معشوق کے نجی واقعات نظم کرنا۔

مُعاملہ بندی (ع۔ف۔ا۔مث) معاملاتِ عشق کو نظم کرنا۔

مُعاملہ بن جانا (اُر۔محاورہ) مقصد حاصل ہو جانا۔ کام دُرست ہو جانا۔

مُعاملہ بننا (اُر۔محاورہ) کام بننا۔ کام دُرست ہونا۔ بات چیت ہونا۔

مُعاملہ پڑنا (اُر۔محاورہ) کام پڑنا۔ تعلق پڑنا۔ واسطہ ہونا۔

مُعاملہ پکّا کرنا (اُر۔محاورہ) بات طے کرنا۔ قطعی فیصلہ کرنا۔ سودا پختہ کرنا۔

مُعاملہ پیش کرنا (اُر۔محاورہ) فیصلے کے لئے کسی کے پاس مُعاملہ لے جانا۔

مُعاملہ دان (رَس۔ شناس۔ فہم) (ع۔ف۔صف) فہیم۔ تجربہ کار۔ بات کی تہ کو پہنچنے والا۔

مُعاملہ دانی (رَسی۔ شناسی۔ فہمی) (ع۔ف۔ا۔مث) بات کی تہ کو پہنچنا۔ کاروبار سے واقفیت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُعاملۂ سنگین (ع۔ف۔ا۔مذ) اہم بات۔ سخت مُعاملہ۔
مُعاملہ کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) بات چیت کرنا۔ کسی اَمر کی نسبت طے کرنا (۲) لین دین کرنا۔ سودا کرنا۔ خرید و فروخت کرنا (۳) فیصلہ کرنا (۴) عہد و پیمان کرنا۔ مِل جُل کر کام کرنا۔
مُعاملہ کھٹائی میں پڑ جانا (اُر۔محاورہ) بات طے ہونے میں دیر ہو جانا۔
مُعاملہ ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) کام ٹھیک ہونا۔ بات چیت ہونا۔ کام بننا۔ کارروائی ہونا (۲) سودا طے ہونا۔ بھاؤ چُکنا (۳) فیصلہ ہونا۔
مُعاملے (اُر۔ا۔مذ) مُعاملہ کی اُردو جمع (۲) مُعاملہ کی بدلی ہوئی صورت۔
مُعاملے کا کھوٹا (اُر۔صف) بے ایمان۔ دغا باز۔ خائن۔
مُعاملے کا (سچّا) کھرا (اُر۔صف) ایمان دار۔ بات کا پُورا۔ دیانت دار۔ لین دین کا کھرا۔
مُعانِد (مُ۔عا۔نِد) (ع۔صف۔وا۔مذ) عِناد رکھنے والا۔ دُشمن۔ مُخالف۔ عدو۔ جمع: مُعانِدین۔
مُعانِدانَہ (مُ۔عا۔نِ۔دا۔نَہ) (ع۔ف۔صف) دُشمنوں کی طرح۔
مُعانَدت (مُ۔عا۔نَ۔دَت) (ع۔ا۔مث) دُشمنی۔ عداوت۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔
مُعانِق (مُ۔عا۔نِق) (ع۔صف) بغل گیر ہونے والا۔ گلے ملنے والا۔
مُعانَقَہ (مُ۔عا۔نَ۔قَہ) (ع۔ا۔مذ) باہم بغل گیر ہونا۔ گلے ملنا۔
مُعانی (مُ۔عا۔نی) (ع۔ا۔مث) (۱) معنی کی جمع (۲) (ا۔مذ) وہ علم جس سے اَلفاظ کا صحیح موقعِ اِستعمال اور معنوں کا دُرست و موزوں ہونا معلوم ہوتا ہے۔
مُعاوَدت (مُ۔عا۔وَ۔دَت) (ع۔ا۔مث) واپسی۔ واپس آنا۔ لوٹنا۔ پھر آنا۔
مُعاوَضت (مُ۔عا۔وَ۔ضت) (ع۔ا۔مث) بدلہ۔ پلٹنا۔ تاوان۔
مُعاوَضَہ (مُ۔عا۔وَ۔ضَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) بدلہ۔ عوض۔ تاوان۔ ہرجہ (۲) اُجرت۔ حقِ خدمت۔ (اَفعال: ادا کرنا یا ہونا۔ دینا۔ دِلانا۔ پانا۔ ملنا)۔ جمع: مُعاوضات۔ اُردو جمع: مُعاوضوں۔ مُعاوضے۔
مُعاوِن (مُ۔عا۔وِن) (ع۔صف) اعانت کرنے والا۔ مددگار۔ دست گیر۔ حمایتی۔ جمع: مُعاونین۔
مُعاوِنِ جُرم (ع۔ف۔صف) جُرم میں شریک۔ مُلزم کی مدد کرنے والا۔
مُعاوَنَت (مُ۔عا۔وَ۔نَت) (ع۔ا۔مث) مدد۔ حمایت۔ اِمداد۔ سہارا۔ تائید۔
مُعاہِد (مُ۔عا۔ہِد) (ع۔صف۔وا۔مذ) عہد و پیمان کرنے والا۔ قول و قرار کرنے والا۔ جمع: مُعاہدین۔
مُعاہَدہ (مُ۔عا۔ہَ۔دَہ) (ع۔ا۔مذ) باہم قول و قرار۔ عہد نامہ۔ جمع: مُعاہدات۔ اُردو جمع: مُعاہدوں۔ مُعاہدے۔
مُعاہدۂ ساقِطُ الِتّفاذ (مُ۔عا۔ہَ۔دَہ۔اِ۔سا۔قِ۔طُن۔نِ۔فاذ) (ع۔ا۔مذ) ناجائز اِقرارنامہ۔ وہ مُعاہدہ جو جاری نہ ہو سکے۔
مُعاہدۂ مُمکِنُ الِانفساخ (مُ۔عا۔ہَ۔دَہ۔اِ۔مُم۔کِ۔نُل۔اِن۔فِ۔ساخ) (ع۔ا۔مذ) ٹوٹ سکنے والا مُعاہدہ۔

مُعایِب (مُ۔عا۔یِب) (ع۔ا۔مذ) مَعیب کی جمع۔ عیوب۔ نقائص۔ خرابیاں۔ کھوٹ۔ بُرائیاں۔
مُعایَنَہ (مُ۔عا۔یَ۔نَہ) (ع۔ا۔مذ) مُلاحظہ۔ جانچ پڑتال۔ مُطالعہ۔ مُشاہدہ۔ سامنے دیکھنا۔ اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔
مُعاینہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) مُلاحظہ کرنا۔ دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) پرکھنا۔
مَعْبَد (مَع۔بَد) (ع۔ا۔مذ) عبادت گاہ۔ جائے پرستش۔ جمع: معابد۔
مَعْبَر (مَع۔بَر) (ع۔ا۔مذ) دریا کے پار اُترنے کی جگہ۔ گھاٹ۔ پُل۔
مِعْبَر (مِع۔بَر) (ع۔ا۔مث) دریا کو عبور کرنے کی سواری۔ کشتی۔ ناؤ۔ ڈونگا۔
مُعَبِّر (مُ۔عَب۔بِر) (ع۔صف) خواب کی تعبیر بیان کرنے والا۔
مَعْبُود (مَع۔بُود) (ع۔صف۔وا۔مذ) عبادت کیا گیا۔ جس کی عبادت کی جائے۔ جمع: معبودین۔ فارسی جمع: معبودان۔
مُعْتاد (مُع۔تاد) (ع۔صف) (۱) عادی۔ خوگر (۲) (ا۔مذ) مقدارِ خوراک۔ خوراک کا اندازہ۔
مُعْتَبَر (مُع۔تَ۔بَر) (ع۔صف) (۱) اِعتبار کیا گیا۔ بھروسے کے قابل (۲) دُرست۔ ٹھیک۔ راست۔
مُعْتَبَری (مُع۔تَ۔بَ۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) قابلِ اعتبار ہونا۔
مُعْتَد (مُع۔تَد) (ع۔صف) اَپنایا گیا۔ شمار کیا گیا۔
معتدبہ (بِ۔ہی) (ع۔صف) (۱) معتبر۔ قابلِ اعتماد (۲) معقول۔ بہت سا (۳) تعداد یا مقدار میں زیادہ۔ (بسکونِ ہائے ہوز مُستعمل ہے)۔
مُعْتَدِل (مُع۔تَ۔دِل) (ع۔صف) اِعتدال والا۔ درمیانی درجے کا۔ متوسط۔
مُعتدِلُ المزاج (مُع۔تَ۔دِ۔لُل۔مِ۔زاج) (ع۔صف) جس کے مزاج میں سردی گرمی وغیرہ اوسط درجے کی ہو۔
معتدل ہونا (اُر۔محاورہ) اَوسط درجے کا ہونا۔
مُعْتَرِض (مُع۔تَ۔رِض) (ع۔صف۔و۔مذ) اعتراض کرنے والا۔ روک ٹوک کرنے والا۔ مُزاحم۔ جمع: مُعترضین۔
مُعترض ہونا (اُر۔محاورہ) اِعتراض کرنا۔ روکنا۔ سدِّراہ ہونا۔ مُزاحمت کرنا۔
مُعْتَرِف (مُع۔تَ۔رِف) (ع۔صف) اِعتراف کرنے والا۔ اِقرار کرنے والا۔ اِقبالی۔ اِقراری۔ جمع: مُعترفین۔
مُعْتَزِل (مُع۔تَ۔زِل) (ع۔صف) جُدا ہونے والا۔ اِختلاف کرنے والا۔ جمع: مُعتزلین۔
مُعْتَزِلَہ (مُع۔تَ۔زِ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) روشن خیال مُسلمانوں کا ایک فرقہ جو نقل کی بجائے عقل پر زور دیتا تھا' یُونانی فلسفے سے متاثر تھا اور عقلیّت پسند کہلاتا تھا۔ اس کا سرخیل خلافتِ بنی عبّاس کا قاضیُ القُضات ابنِ ابی داؤد تھا۔ ان کے نزدیک قرآن مخلوق ہے' قدیم نہیں ہے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کی توحید عقلاً معلوم ہو سکتی ہے۔ اس لئے وحی کے بغیر ہی اہلِ عقل و حکمت توحید پر ایمان لا سکتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ کو مُنزّہ عن الصّفات خیال کرتے تھے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یعنی خُدا میں متضاد صِفات نہیں ہو سکتیں۔ مامون رشید کے دَور میں یہ سرکاری مذہب تھا۔

مُعتَزِلی (مُع۔تَ۔زِ۔لی)(ع۔صف) فرقہ معتزلہ کا پیرو۔

مُعتَصِم (مُع۔تَ۔صِم)(ع۔صف) بھروسا رکھنے والا۔ سہارا پکڑنے والا۔ توکّل کرنے والا (۲) خُدا کا بندہ۔

مُعتَضِد (مُع۔تَ۔ضِد)(ع۔صف) مدد لینے والا۔ امداد چاہنے والا۔

مُعتَقِد (مُع۔تَ۔قِد)(ع۔صف) اِعتقاد رکھنے والا۔ جمع: معتقدین۔

معتقد ہونا (اُر۔محاورہ) اِعتقاد رکھنا۔ ایمان لانا۔ پیروی کرنا۔ بھروسا کرنا۔

مُعتَقَدات (مُع۔تَ۔قَ۔دات)(ع۔ا۔مذ) معتقدہ کی جمع۔ وہ اُمور جن پر ایمان لایا گیا ہو۔

مُعتَقَدَہ (مُع۔تَ۔قَ۔دَہ)(ع۔ا۔مذ) عقیدہ۔ اِعتقاد۔ جمع: مُعتَقَدات۔

مُعتَکِف (مُع۔تَ۔کِف)(ع۔صف) ماہِ رمضان کے آخری عشرہ میں اِعتکاف میں بیٹھنے والا۔ عبادت کے لئے ایک کونے میں بیٹھنے والا۔ گوشہ نشین۔ جمع: مُعتکفین۔

مُعتَل (مُع۔تَل)(ع۔صف)(۱) بیمار۔ کمزور (۲) اِصطلاحِ علمِ صَرف میں وہ فعل یا اسم جس میں حرفِ عِلّت ہو۔

مُعتَمَد (مُع۔تَ۔مَد)(ع۔صف مفعولی)(۱) اِعتماد کیا گیا۔ بھروسا کیا گیا۔ قابلِ اِعتبار (۲) سیکرٹری۔ جمع: معتمدین۔

معتمدِ اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) اِنتظامیہ میں گورنر کے بعد کا عُہدہ۔ چیف سیکرٹری۔

معتمد علیہ (ع۔صف) جس پر اعتبار کیا جائے۔ اِعتباری۔ معتبر۔ بھروسے کا۔

مُعتَمِد (مُع۔تَ۔مِد)(ع۔صف فاعلی) اِعتماد کرنے والا۔ بھروسا کرنے والا۔

مَعتُوب (مَع۔تُوب)(ع۔صف) جس پر عتاب کیا جائے۔ اُردو والوں نے یہ لفظ عتاب سے بنایا ہے۔ عربی میں نہیں ہے۔ جمع: مَعتُوبِین۔

مُعجَب (مُع۔جَب)(ع۔صف) مغرور۔ متکبّر۔ گھمنڈی۔

مُعجِب (مُ۔عِ۔جِب)(ع۔صف) تعجب میں ڈالنے والا۔ حیرت میں ڈالنے والا۔

مُعجِز (مُع۔جِز)(ع۔صف) عاجز کرنے والا۔ طاقتِ بشری سے باہر۔

معجز بیان (ع۔صف) فصاحت و بلاغت سے تقریر کرنے والا۔ بڑا خوش بیان۔

معجز بیانی (ع۔ا۔مث) بیان میں اعجاز ہونا۔

معجز رقم (ع۔صف) جس کی تحریر کا دوسرے مُقابلہ نہ کر سکیں۔

معجز نگار (ع۔ف۔صف) بے مثل مضمون لکھنے والا۔

معجز نُما (ع۔ف۔صف) مُعجزہ دِکھانے والا۔

مُعجِزات (مُع۔جِ۔زات)(ع۔ا۔مذ) مُعجزہ کی جمع۔ خلافِ فِطرت باتیں۔

مُعجِزَہ (مُع۔جِ۔زَہ)(ع۔ا۔مذ) وہ کام جو اِنسانی عقل و فکر اور طاقت سے باہر ہو۔ وہ خلافِ قانونِ قُدرت بات جو نبی سے ظاہر ہو۔ جمع: مُعجزات۔ اُردو جمع: معجزوں۔ معجزے۔

مُعجزہ دِکھانا (اُر۔محاورہ) نبی یا پیغمبر کا وہ بات کر دِکھانا جو اِنسانی طاقت سے باہر ہو۔

مُعجزہ کرنا (اُر۔محاورہ) قوتِ اِنسانی سے باہر بات کرنا۔

مُعَجَّل (مُ۔عَج۔جَل)(ع۔صف مفعولی) فوراً۔ جلد۔ ہاتھوں ہاتھ۔ دست بدست۔

مُعَجِّل (مُ۔عَج۔جِل)(ع۔صف فاعلی) جلدی کرنے والا۔ جلد باز۔

مُعجَم (مُع۔جَم)(ع۔صف)(۱) نُقطے والا حرف۔ منقوطہ (۲) لُغات۔ ڈکشنری۔

مَعجُون (مَع۔جُون)(ع۔صف) مُرکّب آمیختہ۔ گوندھا ہوا (۲)(ا۔مث) کوئی مُرکّب دوا جو کئی دواؤں کو ملا کر آٹے کی طرح گوندھ کر بنائی گئی ہو (۳) قوام جو کھانڈ اور بھنگ سے تیار کیا جاتا ہے۔ جمع: معاجین۔

مَعدِل (مَع۔دِل)(ع۔صف) پھرنے کی جگہ۔ واپسی کی جگہ۔

معدِلُ النّہار (مَع۔دِ۔لُن۔نَ۔ہار)(ع۔ا۔مذ) آسمان پر وہ فرضی دائرہ جو خطِ اِستوا کے محاذات میں ہے۔ آفتاب جب اِس پر آتا ہے تو رات دن برابر ہوتے ہیں۔

مَعدِلَت (مَع۔دِ۔لت)(ع۔ا۔مث) عدل۔ اِنصاف۔ نیائے۔

مَعدِن (مَع۔دِن)(ع۔ا۔مذ و مث) کان۔ کھان۔ وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں اور کوئلا وغیرہ نکالیں۔ جمع: معادِن۔

مَعدِنی (مَع۔دِ۔نی)(ع۔صف) معدن سے منسوب (۲) فلزاتی۔ دھاتی۔

مَعدِنِیات (مَع۔دِ۔نی۔یات)(ع۔ا۔مث) معدنی کی جمع۔ وہ چیزیں جو کان سے نکلیں۔ دھاتیں۔ فلزات۔

مَعدُود (مَع۔دُود)(ع۔صف) گِنا گیا۔ شُمار کیا گیا (۲) چند۔ گنتی کے۔ تھوڑے۔

معدودے چند (ع۔ف۔صف) گنتی کے۔ بہت تھوڑی تعداد میں۔

مَعدُولہ (مَع۔دُو۔لہ)(ع۔صف) وہ واو (و) جو لکھنے میں تو آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے۔ جیسے خود۔ خوش۔ خویش۔ اِسے واوِ معدولہ کہتے ہیں۔

مَعدُوم (مَع۔دُوم)(ع۔صف) مِٹایا گیا۔ نیست کیا گیا۔ فنا کیا گیا۔ نابُود۔ ناپید۔ کالعدم۔

معدُوم کرنا (اُر۔مص مُرکّب) نیست کرنا۔ مِٹانا۔ فنا کرنا۔

معدُوم ہونا (اُر۔مص مُرکّب) معدوم کرنا کا لازم۔

مَعدُومی (مَع۔دُو۔می)(ع۔ف۔ا۔مث) ناپید ہونا۔ کالعدم ہونا۔

مِعدَہ (مِع۔دَہ)(ع۔ا۔مذ) پیٹ کے اندر کی تھیلی جس میں کھانا ہضم ہوتا ہے۔

مُعَذَّب (مُ۔عَذ۔ذَب)(ع۔صف مفعولی) سزا دیا گیا۔ عذاب دیا گیا۔

مُعَذِّب (مُ۔عَذ۔ذِب)(ع۔صف فاعلی) عذاب دینے والا۔

مَعذِرَت (مَع۔ذِ۔رَت)(ع۔ا۔مث) عذر۔ حیلہ۔ بہانہ۔

مَعذُور (مَع۔ذُور)(ع۔صف)(۱) عذر کیا گیا۔ بہانہ کیا گیا۔ مجبور۔ ناچار (۲) اپاہج۔ جمع: معذورین۔ اُردو جمع: معذور۔ معذوروں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

معذورُ الخِدمت (ع۔ صف) (۱) نوکری سے مُعاف کیا گیا (۲) بیمار (۳) پنشن یافتہ۔

معذور رکھنا (اُر۔ محاورہ) مُعاف رکھنا۔ قابلِ عُذر سمجھنا۔

مَعذُوری (مَع۔ذُو۔رِی) (ع۔ف۔ا۔مث) مجبوری۔

مُعَرّا (مُعَرّیٰ) (مُ۔عَر۔را) (ع۔صف) (۱) ننگا۔ برہنہ۔ خالی۔ سادہ (۲) پاک۔ صاف (۳) آزاد۔ کھلا (۴) وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ چڑھا ہو (۵) بلاترجمہ قرآنِ شریف (۶) سادہ نثر (۷) وہ نظم جس میں قافئے کی پابندی نہ ہو۔

مِعراج (مِع۔راج) (ع۔ا۔مث) (۱) لغوی معنی زینہ 'سیڑھی' اُوپر چڑھنے کی چیز (۲) درجۂ اعلیٰ۔ مرتبۂ بلند۔ وہ رُتبہ یا درجہ جس سے زیادہ تصوّر میں نہ آ سکے۔ جمع: معارج (۳) حضرت رسولِ خُدا صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کا آسمان پر جانا اور تجلّیاتِ الٰہی کا نظارہ کرنا۔

مِعراج کی رات (اُر۔ا۔مث) رجب کی ستائیسویں رات جس میں رسولِ مقبول صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم معراج کو تشریف لے گئے تھے۔

مُعَرَّب (مُ۔عَر۔رَب) (ع۔صف) وہ لفظ جسے عربی بنا لیا گیا ہو اور دراصل دُوسری زبان کا ہو۔

مُعرَب (مُع۔رَب) (ع۔صف) اِعراب لگایا گیا۔

مَعرَض (مَع۔رَض) (ع۔ا۔مذ) (۱) ظاہر ہونے کی جگہ (۲) دوران۔

مُعَرَّف (مُ۔عَر۔رَف) (ع۔صف مفعولی) تعریف کیا گیا (۲) نشان کیا گیا۔

مُعَرِّف (مُ۔عَر۔رِف) (ع۔صف فاعلی) (۱) تعریف کرنے والا۔ مدّاح۔ پہچاننے والا (۲) وہ شخص جو دربار میں ہر درباری کو اُس کے درجے اور نمبر پر بٹھاتا ہے (۳) وہ شخص جو کسی آدمی کو بادشاہ کے سامنے پیش کر کے اُس کا حال بیان کرتا ہے۔

مَعرِفت (مَع۔رِ۔فت) (ع۔ا۔مث) (۱) شناخت۔ پہچان (۲) علمِ الٰہی۔ قانونِ قُدرت یا فطری اَشیا کی واقفیت (۳) خُدا شناسی (۴) ذریعہ۔ سبب۔ وسیلہ۔ جمع: معارف۔

مَعرِفہ (مَع۔رِ۔فہ) (ع۔ا۔مذ) وہ اِسم جو ایک مُعیّن شئے کے لئے وضع کیا گیا ہو۔ نکرہ کی ضِد۔

مَعرَکہ (مَع۔رِ۔کہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) میدانِ جنگ۔ لڑائی کا میدان۔ رزم گاہ (۲) لڑائی۔ جنگ (۳) جھگڑا۔ قضیہ۔ نزاع (۴) ہنگامہ۔ جمع: معارک۔ اُردو جمع: معرکوں۔ معرکے۔

مَعرَکۃُ الآرا (مَع۔رِ۔کَ۔تُل۔آ۔را) (ع۔صف) اِختلافی۔ جس میں رائے کا اِختلاف پایا جائے۔ (آرا: رائے کی جمع)۔

معرکہ آرا (ع۔ف۔صف) معرکے کو آراستہ کرنے والا۔ صف آرا۔ جنگ آور۔ جنگ جُو (۲) زبردست۔ زور آور۔ (آرا: مصدر آرستن کا اسمِ فاعل)۔

معرکہ آرائی (ع۔ف۔ا۔مث) صف آرائی۔ لڑائی۔ جنگ۔ جنگ کے لئے ایک دُوسرے کے مُقابل ہونا۔

معرکہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔

معرکہ جھیلنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی لڑنا۔ مقابلہ کرنا۔

معرکہ جیتنا (سر کرنا) (اُر۔ محاورہ) فتح حاصل کرنا۔ لڑائی میں غالب آنا۔

معرکہ سر ہونا (اُر۔ محاورہ) مُقابلے میں فتح حاصل ہونا۔

معرکہ گاہ (ع۔ف۔ا۔مذ) لڑائی کی جگہ۔ میدانِ جنگ۔

معرکہ گرم ہونا (اُر۔ محاورہ) لڑائی کا زوروں پر ہونا۔ سخت ہنگامہ ہونا۔

معرکہ گُزرنا (اُر۔ محاورہ) جھگڑا ہونا۔ مُقابلہ ہونا۔

معرکہ مارنا (اُر۔ محاورہ) مُقابلے میں کامیابی حاصل کرنا۔

معرکہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ہنگامہ ہونا۔ لڑائی ہونا۔ مُقابلہ ہونا۔

مَعرکے (اُر۔ا۔مذ) معرکہ کی جمع (۲) معرکہ کی مُغیّرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

معرکے کا (اُر۔صف) (۱) دُشوار۔ مُشکل۔ بھاری (۲) دھوم دھام کا۔

معرکے کا آدمی (اُر۔ا۔مذ) مردِ میدان۔ بہادُر آدمی۔

مَعرُوض (مَع۔رُوض) (ع۔صف) (۱) عرض کیا گیا۔ پیش کیا گیا (۲) (ا۔مذ) اِلتماس۔ عرض۔ گُزارش۔ درخواست۔

مَعرُوضہ (مَع۔رُو۔ضہ) (ع۔صف) معروض کی تانیث۔ (ا۔مذ) عرضی۔ عریضہ۔ گزارش۔ جمع: معروضات۔

مَعرُوضی (ع۔صف) خارجی۔ واقعی۔ (Objective)۔

مَعرُوضِیّت (ع۔ا۔مث) (اِصطلاحِ فلسفہ) یہ نظریہ کہ خارجی اَشیا کا علم مقدّم اور حقیقی ہے۔ (Objectivism)۔

مَعرُوف (مَع۔رُوف) (ع۔صف) (۱) مشہور۔ معلوم۔ ظاہر۔ الم نشرح (۲) نیکی۔ نیک بات (۳) علمِ صَرف میں وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو جیسے ناصر نے کریم سے کہا (۴) وہ "و" جس کے پہلے پیش ہو اور خوب کھینچ کر پڑھا جائے جیسے نُور۔ حُور (۵) وہ "ی" جس کے پہلے کسرہ ہو اور خوب کھینچ کر پڑھی جائے جیسے وزیر۔ نظیر۔

مُعِزّ (مُ۔عِز) (ع۔صف) (۱) عزّت دینے والا (۲) خُدا تعالیٰ کا ایک نام۔

مُعَزَّز (مُ۔عَز۔زَز) (ع۔صف) عزّت دار۔ باوقعت۔ بُزرگ۔ بڑا۔ بڑا شریف۔ جمع: معزّزین۔

مَعزُول (مَع۔زُول) (ع۔صف) (۱) موقوف کیا گیا۔ نوکری سے برطرف کیا گیا (۲) تخت یا گدّی سے اُتارا گیا (۳) بےکار کیا ہوا۔

مَعزُولی (مَع۔زُو۔لی) (ع۔ف۔ا۔مث) موقوفی۔ مُعطّلی۔ برطرفی۔ بےکاری۔

مُعَسکَر (مُ۔عَس۔کَر) (ع۔ا۔مذ) لشکر اُترنے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔ لشکر گاہ۔

مَعشَر (مَع۔شَر) (ع۔ا۔مذ) (۱) گروہ (۲) سوسائٹی۔

مُعَشَّر (مُ۔عَش۔شَر) (ع۔صف) (۱) دس سے منسوب۔ دس پہلو کا (۲) نظم کی ایک قسم۔

مَعشُوق (مَع۔شُوق) (ع۔صف۔ و۔ا۔مذ) عشق کیا گیا۔ جس پر کوئی عاشق ہو۔ محبوب۔ پیارا۔ دل بر۔ دلِ رُبا۔ اُردو جمع: معشوق۔ معشوقوں۔

مَعشُوقانہ (مَع۔شُو۔قا۔نہ) (ف۔صف) (۱) معشوق سے منسوب۔ محبوب کے مانند (۲) دل کش۔ دل فریب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَعْشُوقَہ (مَع۔شُو۔قَہ)(ع۔ا۔مث) معشوق کی تانیث۔ محبوبہ۔

مَعْشُوقی (مَع۔شُو۔قی)(ع۔ف۔ا۔مث) دل فریبی۔ دل بری۔ دل رُبائی۔ محبوبیت (۲) دوستی۔ محبت۔

مُعَصْفَر (مُ۔عَص۔فَر)(ع۔صف) کُسُم سے رَنگا ہوا۔

مُعَصْفَری (مُ۔عَص۔فَ۔ری)(ع۔ف۔صف) زرد۔ سُرخ۔

مَعْصُوم (ع۔صف)(۱) بے گناہ۔ بے قصور۔ پاک دامن (۲) ننھا۔ کمسن۔ بچہ (۳) بھولا۔ سیدھا سادہ۔ جمع: معصومین۔ اُ۔جمع: معصوم۔ معصوموں۔

مَعْصُومِیَّت (مَع۔صُو۔مِی۔یَت)(ع۔ف۔ا۔مث) بے گناہی۔ پاک دامنی۔ سادگی۔ بھولا پن۔ بچپن۔

مَعْصِیَت (مَع۔صِی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) گناہ۔ قصور۔ خطا۔ پاپ (۲) نافرمانی۔ انحراف۔ جمع: مَعاصی۔

مُعَطَّر (مُ۔عَط۔طَر)(ع۔صف) خوشبودار۔ خوشبو میں بسا ہوا۔

مُعَطَّل (مُ۔عَط۔طَل)(ع۔صف)(۱) بے کار۔ کام سے خالی (۲) سست۔ کاہل۔ ڈھیلا (۳) نکما (۴) کچھ دنوں کے لئے بے کار (۵) بنجر۔ غیر مزروعہ۔ اُفتادہ زمین۔

معطل ڈال رکھنا (اُ۔محاورہ) بے کار رکھنا۔ کسی کام میں نہ لانا۔

معطل کرنا (اُ۔محاورہ) کچھ عرصے کے لئے کام سے ہٹا دینا۔

معطل ہونا (اُ۔محاورہ) معطل کرنا کا لازم۔

مُعَطَّلی (مُ۔عَط۔طَ۔لی)(ع۔ف۔ا۔مث) بے کاری۔ کام سے علیحدگی۔

مَعْطُوف (مَع۔طُوف)(ع۔صف) پھیرا گیا۔ پلٹا ہوا۔ موڑا ہوا۔ جھکایا گیا (۲) نحو میں وہ کلمہ جو حرفِ عطف کے بعد واقع ہو۔

معطوف علیہ (ع۔صف) وہ کلمہ یا کلام جو حرفِ عطف سے پہلے واقع ہو۔

مُعْطی (مُع۔طی)(ع۔صف)(۱) عطا کرنے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام۔ جمع: مُعطیان۔

مُعطی لہٗ (لَ۔ہُو)(ع۔صف) وہ جس کے لئے کچھ عطا کیا گیا ہو۔

مُعَظَّم (مُ۔عَظ۔ظَم)(ع۔صف) بُزرگی دیا گیا۔ بُزرگ۔ بڑا شریف۔ واجبُ التعظیم۔ جمع: معظمین۔

مُعَظَّمَہ (مُ۔عَظ۔ظَ۔مَہ)(ع۔صف) تعظیم کی ہوئی۔ بُزرگ عورت۔ محترم خاتون۔ معظم کی تانیث۔ جمع: معظمات۔

مُعَقَّد (مُ۔عَق۔قَد)(ع۔صف) پیچیدہ۔

مَعْقُول (مَع۔قُول)(ع۔صف)(۱) عقل دیا گیا۔ عقل میں لایا گیا (۲) قرینِ عقل۔ پسندیدۂ عقل (۳) مناسب۔ واجب۔ ٹھیک۔ بجا۔ دُرست (۴) اچھا۔ بھلا۔ پسندیدہ (۵) مہذب۔ شائستہ (۶) قابل۔ لائق۔ لئیق (۷) حسبِ اطمینان۔ خاطرخواہ (۸) موزوں۔ زیبا۔ شایان۔ پھبتا ہوا (۹) کافی (۱۰) قائل۔ ماننے والا (۱۱) مقابلے سے عاجز۔ لاجواب (۱۲) وہ جو حواسِ پنجگانہ سے محسوس نہ ہو (۱۳) فلسفہ۔ منطق۔ جمع: معقولات (۱۴)(طنزاً) کیا خوب۔

معقول آدمی (ع۔ف۔ا۔مذ) مہذب آدمی۔ شائستہ انسان۔ سمجھ دار آدمی۔

معقول تنخواہ (ع۔ف۔ا۔مث) کافی تنخواہ۔ اچھا مشاہرہ۔

معقول کرنا (اُ۔محاورہ) قائل کرنا۔ لاجواب کرنا۔ (قائل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)۔

معقول می شوند چو معزول می شوند (ف۔مثل) جب لوگ اپنے عُہدے سے ہٹا دیئے جاتے ہیں تو انہیں عقل آ جاتی ہے۔ (وہ بہت متواضع و منکسرالمزاج بن جاتے ہیں)۔

مَعْقُولات (مَع۔قُو۔لات)(ع۔ا۔مذ) معقول کی جمع۔ علومِ حکمت و فلسفہ و منطق۔

مَعْقُولی (مَع۔قُو۔لی)(ع۔ف۔صف) منطقی۔ فلسفی۔

مَعْقُولِیَّت (مَع۔قُو۔لی۔یَت)(ع۔ف۔ا۔مث) انسانیت۔ سمجھ بوجھ۔ پسندیدگی۔ مناسبت۔

مَعْکُوس (مَع۔کُوس)(ع۔صف) اُلٹا۔ اوندھا۔ ٹیڑھا۔

مُعَلّا (مُ۔عَل۔لا)(ع۔صف) دیکھئے مُعلّٰی۔

مُعَلَّق (مُ۔عَل۔لَق)(ع۔صف مفعولی) لٹکا ہوا۔ آویزاں۔ لٹکایا ہوا۔

مُعَلَّقَہ (ع۔صف)(۱) معلق کی تانیث۔ لٹکی ہوئی (۲) وہ عورت جس کو شوہر نہ طلاق دے اور نہ اُس سے تعلق رکھے۔

مَعْلَم (مَع۔لَم)(ع۔ا۔مذ)(۱) علامت۔ نشانی (۲) ذنیا۔ جمع: مَعالم۔

مُعَلِّم (مُ۔عَل۔لِم)(ع۔ا۔مذ)(۱) علم سِکھانے والا۔ اُستاد۔ مدرس۔ گرو (۲) ملاح (۳) مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ میں وہ شخص جو حج و عمرہ کرنے والوں کو دُعائیں پڑھاتا ہے۔ جمع: معلمین۔

مُعَلِّمُ الْمَلَکُوت (مُ۔عَل۔لِ۔مُل۔مَ۔لَ۔کُوت)(ع۔ا۔مذ) فرشتوں کا اُستاد۔ شیطان جس کی بابت مشہور ہے کہ فرشتوں کو تعلیم دیا کرتا تھا۔

مُعلّمِ اوّل (ع۔ا۔مذ) اَرسطو جس نے علمِ حکمت کو سب سے پہلے تحریر میں لا کر پڑھانا شروع کیا۔

مُعلّمِ ثانی (ع۔ا۔مذ) ابونصر فارابی کا لقب جس نے اَرسطو کی کتبِ حکمت کا عربی میں ترجمہ کر کے تعلیم دینا شروع کی۔

مُعلّمِ ثالث (ع۔ا۔مذ) شیخ بوعلی سینا کا لقب جس نے فارابی کے بعد حکمت کی سو کتابیں تصنیف کیں۔

مُعَلِّمَہ (مُ۔عَل۔لِ۔مَہ)(ع۔ا۔مث) مُعلم کی تانیث۔ تعلیم دینے والی عورت۔ اُستانی۔ جمع: مُعلّمات۔

مُعَلِّمی (مُ۔عَل۔لِ۔می)(ع۔ف۔ا۔مث) بچوں کو پڑھانے کا پیشہ۔ مدرسی۔

مُعْلِن (مُع۔لِن)(ع۔صف) اِعلان کرنے والا۔

مَعْلُول (مَع۔لُول)(ع۔صف)(۱) علت کیا گیا (۲)(ا۔مذ) وہ شے جس کا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کوئی باعث ' عِلّت یا سبب ہو۔ (Effect) (۳) وہ چیز جسے عِلّت یا اَسباب سے ثابت کریں (۴) اِصطلاحِ منطق میں نتیجہ۔ پھل۔ ثمرہ۔

مَعلُوم (مَع۔لُوم) (ع۔صف) جانا گیا۔ تمیز کیا گیا (۲) ظاہر۔ روشن۔ واضح۔ نمودار (۳) مشہور و معروف (۴) ناممکن۔ دُشوار جیسے اُن تک رسائی معلوم۔

معلوم دینا (اَر۔ محاورہ) دِکھائی دینا۔ سُوجھنا۔ نظر آنا۔

معلوم کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔ پتا چلانا (۲) سمجھنا۔ جاننا۔ خیال میں لانا (۳) پہچاننا۔ تمیز کرنا (۴) تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ جانچنا۔ اِمتحان کرنا۔

معلوم نہیں (اَر۔ تابع فعل) خبر نہیں۔ میں نہیں جانتا۔ خُدا معلوم۔

معلوم ہوتا ہے (اَر۔ روزمرّہ) خیال گزرتا ہے۔ نظر آتا ہے۔

معلوم ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ظاہر ہونا۔ بھید کُھلنا (۲) دِکھائی دینا۔ نظر آنا۔ سُوجھنا (۳) تمیز ہونا۔ شناخت ہونا۔ پہچان میں آنا (۴) محسوس ہونا۔ حِس میں آنا (۵) خیال میں آنا۔ قدرِ عافیت کُھلنا۔ خبر ہونا۔

مَعلُومات (مَع۔لُو۔مات) (ع۔ا۔مث) معلومہ کی جمع۔ واقفیت۔ تجربہ۔ علمی لیاقت۔ محسوسات۔ علم۔

مَعلُومہ (مَع۔لُو۔مَہ) (ع۔صف) جانی گئی۔ جس کا حال پہلے سے معلوم ہو۔ معلوم کی تانیث۔

مَعلیٰ (مَع۔لا) (ع۔ا۔مث) (۱) بلندی۔ فرازی (۲) بُزرگی۔

مُعلّیٰ (مُ۔عل۔لا) (ع۔صف) بلند کیا گیا۔ فراز۔ عالی۔ اُونچا۔ بُزرگ۔ مُعظّم۔

معلیٰ اَلقاب (ع۔صف) بڑے القاب والا۔ عالی رُتبہ۔ عالی جاہ۔

مُعمّا (مُ۔عَم۔ما) (ع۔ا۔مذ) (۱) مخفی ' پوشیدہ ' مُبہم چیز۔ پہیلی۔ چیستان۔ وہ بات جو بطور رمز بیان کی جائے (۲) پیچیدہ بات۔ اُلجھا ہوا مسئلہ۔

معما حل کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پہیلی بُوجھنا۔ چیستان سمجھنا (۲) پیچیدہ یا مُشکل بات سُلجھانا۔

معما کُھلنا (اَر۔ محاورہ) پوشیدہ بات کا ظاہر ہونا۔ راز اَفشا ہونا۔

مِعمار (ع۔ا۔مذ) عمارت بنانے والا۔ راج۔ مستری۔ اَر جمع: معمار۔ معماروں۔

مِعماری (مِع۔ما۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) راج گیری۔ عمارت سازی۔ مکان تعمیر کرنے کا پیشہ۔

مُعمّر (مُ۔عَم۔مَر) (ع۔صف) عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ بڑی عُمر کا۔ کُہن سال۔

مَعمَل (ع۔ا۔مذ) عمل کرنے کی جگہ۔ تجربہ گاہ۔ (Laboratory)۔

مَعمُور (مَع۔مُور) (ع۔صف) (۱) بھرا ہوا۔ لبریز (۲) آباد۔ بسا ہوا۔

معمور کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بھرنا (۲) آباد کرنا۔ بسانا۔

مَعمُورہ (مَع۔مُو۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) آبادی۔ بستی (۲) مزروعہ زمین۔ کاشت شدہ زمین۔ جمع: معمورات۔

مَعمُوری (مَع۔مُو۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) بھرا ہونا۔ لبریز ہونا (۲) آباد ہونا۔

مَعمُول (مَع۔مُول) (ع۔صف) (۱) عمل کیا گیا۔ وہ شخص جس پر عمل کیا گیا ہو (۲) (ا۔مذ) وہ بات جو روزمرّہ کی جائے۔ روٹین (۳) رواج۔ دستور۔ قاعدہ۔ سرشتہ۔ جمع: معمولات۔

معمول باندھنا (اَر۔ محاورہ) دستور مقرر کرنا۔ رویّہ اِختیار کرنا۔ قاعدہ باندھنا۔

معمول بموجب (ع۔ف۔ تابع فعل) قاعدے کے مطابق۔ دستور کے موافق۔

معمول بندھنا (اَر۔ محاورہ) قاعدہ مقرر ہونا۔ رواج پڑنا۔

معمول پڑنا (اَر۔ محاورہ) کسی کام کے کرنے کی عادت ہو جانا۔ روز کی عادت ہونا۔

معمول سے (اَر۔ تابع فعل) معمول کے موافق۔ حسبِ دستور۔

معمول کے دِن (اَر۔ا۔مذ) حیض آنے کے دِن۔ ایّامِ ماہواری۔

معمول کے دِن ٹل جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) حیض کا زمانہ ٹل جانا۔ حیض نہ آنا (۲) (کنایۃً) پیٹ رہ جانا۔ حمل کی علامت ظاہر ہونا۔

مَعمُولی (مَع۔مُو۔لی) (ع۔ف۔صف) (۱) مُروّجہ۔ رَسمی (۲) ادنیٰ۔

معمولی کارروائی (اَر۔ا۔مث) کارروائی جو عام طور پر ہوتی ہے۔ ضابطے کی کارروائی۔

مُعَنبَر (مُ۔عَم۔بَر) (ع۔صف) عنبر کی خوشبو میں بسا ہوا۔ مُعطّر۔ خوشبودار۔

مُعَنوَن (مُ۔عَن۔وَن) (ع۔صف) (۱) عُنوان دیا گیا (۲) دیباچہ کیا گیا (۳) نامزد کیا گیا۔ کسی کے نام منسوب کیا گیا۔

مَعنَوی (مَع۔نَ۔وی) (ع۔صف) (۱) معنی سے منسوب (۲) اَصلی۔ ذاتی۔ حقیقی (۳) اَندرونی۔ باطنی۔

معنوی اَولاد (فرزند) (ع۔ف۔مشذ) (۱) روحانی اولاد (۲) (کنایۃً) شاگرد۔ معتقد۔ پیرو۔

مَعنَوِیّت (مَع۔نَ۔وی۔یَت) (ع۔ا۔مث) معنوی کا اسمِ کیفیت۔ اَصلیت۔ مقصدیت۔

مَعنیٰ (مَعنی) (مَع۔نا) (مَع۔نی) (ع۔ا۔مذ) (۱) مقصد۔ اِرادہ۔ مُدّعا۔ مطلب۔ منشا۔ مُراد (۲) سبب۔ وجہ۔ باعث (۳) اَصلیت۔ ماہیّت۔ حقیقت۔ جمع: معانی۔ اُردو جمع: معنوں۔ معنے۔

معنیٰ اُلٹ دینا (اَر۔ محاورہ) مطلب بدل دینا۔ مطلب کچھ کا کچھ کر دینا۔

معنیٰ بیان کرنا (اَر۔ محاورہ) مطلب سمجھانا۔ ترجمہ کرنا۔

معنیٔ بیگانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تازہ مضمون جو پہلے کسی نے نہ باندھا ہو۔

معنیٰ پرور (ع۔ف۔صف) معنی پیدا کرنے والا۔ ماہر اِنشا پرداز۔

معنیٔ پیچیدہ (ع۔ف۔صف) اُلجھا ہوا مطلب۔ وہ مطلب جو بغیر غور و خوض کے سمجھ میں نہ آئے۔

معنیٰ خیز (ع۔ف۔صف) پُر معنی۔

معنیٰ دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) معنی لکھنا۔ معنی بیان کرنا (۲) دلالت کرنا۔ جتانا۔

معنیٰ رکھنا (اَر۔ محاورہ) مطلب رکھنا۔ ظاہر کرنا۔

معنیٰ کُھلنا (اَر۔ محاورہ) مطلب ظاہر ہونا۔

مَعناً (مَع۔نَن) (ع۔ تابع فعل) معنی کے اعتبار سے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَعُوذتان (مَعُوذَتَین) (ع۔ا۔مث) قرآنِ مجید کی آخری دو سورتیں' سورہ الفلق اور سورہ الناس۔

مَعُونت (مَ۔عو۔نت) (ع۔ا۔مث) مدد۔ مدد کرنا۔

مَعْہُود (مَع۔ہُود) (ع۔صف) (۱) عہد کیا گیا۔ اِقرار کیا گیا (۲) مشروط (۳) مقرر (۴) پُرانا۔ قدیم (۵) مشہور و معروف۔ نامی۔ نامور۔

مَعْہُودِ خارجی (ع۔ا۔مذ) وہ نکرہ جو کسی وجہ سے ذاتِ مُعیّن پر دلالت کرے جیسے خلیل سے حضرت ابراہیم علیہ السّلام مُراد لینا۔

مَعْہُودِ ذہنی (ع۔ا۔مذ) وہ اسمِ نکرہ جو ذہنِ متکلّم یا مخاطب میں معیّن ہو۔

مِعْیار (مِع۔یار) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ ذریعہ جس سے کسی چیز کی خاصیت کو جانچا جاتا ہے۔ (Criterion)۔ کسوٹی۔ محک۔ کھرا کھوٹا جانچنے کا پتھر (۲) ناپنے یا وزن کرنے کا آلہ (۳) اندازہ۔ پیمانہ۔ قاعدہ (۴) پرکھ۔ جانچ۔

معیار بندی (ع۔ف۔ا۔مث) درجہ بدرجہ کرنا۔ (Standardization)۔

مِعْیاری (مِع۔یا۔ری) (ع۔ف۔صف) معیار سے منسوب (۲) پرکھا ہوا جانچا ہوا۔ کھرا۔ اعلیٰ درجے کا۔

مِعْیاری وقت (ع۔اُر۔ا۔مذ) وہ وقت جو کوئی حکومت کسی مرکزی مقام کے وقت کو صحیح مان کر سارے مُلک میں رائج کرے۔ (Standard Time)۔ نیز دیکھیے گرینچ ٹائم۔

مَعِیب (مَ۔عیب) (ع۔صف) عیب دار۔ ناقص۔ عیبی۔

مَعِیّت (مَ۔عی۔یَت) (ع۔ا۔مث) ساتھ۔ ہم راہ ہونا۔

مَعِیشت (مَ۔عی۔شت) (ع۔ا۔مث) زندگی۔ زندگانی۔ زیست۔ حیات (۲) عیش (۳) روزگار۔ روزی۔

معیشتِ عملی (ع۔ا۔مث) علمِ معاشیات کی وہ قسم جو عمل میں آئے۔ (Applied Economics)۔

مُعِین (مُ۔عین) (ع۔صف) (۱) اِعانت کرنے والا۔ مددگار۔ معاون (۲) خُدا کا ایک نام۔

مُعَیَّن (مُ۔عَی۔یَن) (ع۔صف) مقرر کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ مُقررہ۔ معہود۔ (۲) علمِ ہندسہ میں وہ شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں مگر زاویے قائمے نہ ہوں۔

معیّن کرنا (اُر۔مص مُرکّب) مُقرر کرنا۔ ٹھہرانا۔

معیّن ہونا (اُر۔مص مُرکّب) مُقرر ہونا۔ قرار پانا۔ ٹھہرنا۔

مُعَیَّنہ (ع۔ا۔مث) مُعیّن کی تانیث۔

مَعْیُوب (مَع۔یُوب) (ع۔صف) (۱) عیب دار (۲) بُرا۔ نکمّا (۳) قابلِ شرم۔ باعثِ ندامت۔

م۔غ

مُغ (بضمِ اوّل) (ف۔ا۔مذ) (۱) آتش پرست۔ پارسی۔ گبر۔ مجوسی (۲) کلال۔ مے فروش۔ جمع: مُغاں۔

مُغ بچہ (ف۔ا۔مذ) (۱) آتش پرست کا لڑکا (۲) کلال کا لڑکا (۳) خوبصورت لڑکا (۴) بھنگ پینے والوں کی اِصطلاح میں بھنگ کا بیج۔

مَغارِب (مَ۔غا۔رِب) (ع۔ا۔مث) مغرب کی جمع۔

مَغازی (مَ۔غا۔زی) (ع۔ا۔مذ) مغزیٰ کی جمع۔ غازیوں کے اوصاف کا بیان۔

مُغالطہ (مُ۔غا۔لَ۔طہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ مکر۔ دَم۔ جھانسا (۲) بُھول چُوک۔ اُردو جمع: مُغالطوں۔ مُغالطے۔

مُغالطہ دینا (اُر۔محاورہ) فریب دینا۔ غلطی میں ڈالنا۔ گُم راہ کرنا۔

مُغالطہ ڈالنا (اُر۔محاورہ) غلطی ڈالنا۔ شُبہ ڈالنا۔

مُغاں (مُ۔غاں) (ف۔ا۔مذ) مُغ کی جمع۔

مُغائر (مُغایِر) (ع۔صف) ناموافق۔ مخالف۔ غیر۔ مختلف۔

مُغایَرت (مُ۔غا۔یَ۔رَت) (ع۔ا۔مث) غیریت۔ اجنبیت۔ ناموافقت۔ بے گانگی۔

مُغْتَنَم (مُغ۔تَ۔نَم) (ع۔صف) غنیمت سمجھا گیا۔ غنیمت۔

مُغْتَنَمات (مُغ۔تَ۔نَ۔مات) (ع۔ا۔مث) مُغتنمہ کی جمع۔ غنیمت چیزیں۔

مُغْتَنَمہ (ع۔صف) مُغتنم کی تانیث۔

مَغْرِب (مَغ۔رِب) (ع۔ا۔مث) سُورج غروب ہونے کی جگہ۔ پچھم۔ جمع: مَغارب (۲) (ا۔مذ) یورپ۔

مغرب سے آفتاب نکلنا (اُر۔محاورہ) قیامت کی علامت ظاہر ہونا۔ مُسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے قریب مغرب سے آفتاب طلوع ہوگا۔

مغرب کی نماز (اُر۔ا۔مث) نمازِ مغرب۔ وہ نماز جو سُورج ڈوبنے کے عین بعد پڑھی جاتی ہے۔

مَغْرِبی (مَغ۔رِ۔بی) (ع۔صف) مغرب کا۔ پچھم کا۔ فرنگی۔ یورپ کا۔ یورپی۔

مَغْرِبِیّت (مَغ۔رِ۔بی۔یَت) (ع۔ا۔مث) مغرب کا اثر۔ یورپ کے انداز و اطوار و اقدار۔

مُغَرَّق (مُ۔غر۔رَق) (ع۔صف) (۱) پانی میں ڈوبا ہوا (۲) جگمگاتا ہوا (۳) سونے چاندی میں لپا ہوا۔

مُغْرَق (مُغ۔رَق) (ع۔صف) ڈوبا ہوا (۲) غرق کیا ہوا (۳) مُبالغہ کیا ہوا۔

مَغْرُور (مَغ۔رُور) (ع۔صف) متکبّر۔ خود پرست۔ گھمنڈی۔

مغرور ہونا (اُر۔محاورہ) غرور کرنا۔ اِترانا۔ شیخی مارنا۔

مَغْرُوری (مَغ۔رُو۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔

مَغْز (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) دماغ۔ بھیجا (۲) گری۔ گُودا۔ کسی چیز کا اندرونی حصّہ۔ جمع: مغزیات (۳) (مجازاً) عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ فراست (۴) جز۔ انجام۔ اصل۔ خُلاصہ (۵) تکبّر۔ غرور۔ دماغ۔

مغز اُڑا جانا (اُر۔محاورہ) دماغ پریشان ہونا۔

مغزِ اُستخواں (ع۔ف۔ا۔مذ) ہڈی کا گُودا۔

مغز بھنّانا (اُر۔محاورہ) دماغ چکرانا۔ تیز خوشبو یا بدبو سے دماغ پریشان ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مغز پچی کرنا (اَر۔ محاورہ) دیر تک دماغ لڑانا۔ دیر تک سمجھانا۔ بک بک کرنا۔ سر مارنا۔ بحث و تکرار کرنا۔

مغز پلپلا کر دینا (اَر۔ محاورہ) مارتے مارتے سر پولا کر دینا۔ سر پر بہت سے جُوتے یا دھپ رسید کرنا۔

مغز پھرنا (اَر۔ محاورہ) بددماغ ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

مغز چاٹنا (اَر۔ محاورہ) دماغ کھانا۔ بک بک کر کے دُوسرے کا دماغ خالی کر دینا۔ جان کھانا۔ باتوں سے دق کر دینا۔

مغز چٹ (اَر۔ صف) بکی۔ بکواسی۔ فضول باتوں سے دُوسرے کا دماغ پریشان کرنے والا۔

مغز چٹی (اَر۔ ا۔ مث) بکواس۔ بک بک۔ جھک جھک۔

مغز چل جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) دیوانہ ہو جانا (۲) مغرور ہو جانا۔

مغز خالی کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی کو دیر تک سمجھائے جانا۔ سر مارنا۔

مغز خالی ہونا (اَر۔ محاورہ) مغز خالی کرنا کا لازم۔

مغز دار (ع۔ ف۔ صف) (۱) گودے دار (۲) چرب۔

مغز روشن (اَر۔ ا۔ مث) (کنایۃً) نسوار۔

مغز زنی کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) سر کھپانا۔ دماغ لڑانا۔

مغزِ سخن (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) بات کی تہ۔ کلام کی حقیقت۔

مغز سے اُتارنا (نکالنا) (اَر۔ محاورہ) دماغ سے نہایت عُمدہ بات نکالنا۔

مغز سے دماغ خالی ہونا (اَر۔ محاورہ) کم عقل ہونا۔ بے وقوف ہونا۔

مغز سے کیڑے جھاڑنا (اَر۔ محاورہ) متکبر کا غرور توڑنا (۲) سر پر جُوتے مارنا۔

مغز کا (اَر۔ صف) اچھے دماغ کا۔ سمجھ دار۔ عالی دماغ۔

مغز کو چڑھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نشے کا دماغ پر اَثر ہونا (۲) اِترانا۔ مغرور ہو جانا (۳) پاگل ہو جانا۔

مغز (کھا جانا) کھانا (اَر۔ محاورہ) بک بک سے دماغ چاٹ جانا۔ غُل مچانا۔ شور کرنا۔

مغز کھپانا (اَر۔ محاورہ) سمجھانے کی کوشش کرنا۔

مغز کی کِیل نکلنا (نکل جانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) غرور ختم ہو جانا۔ گھمنڈ مِٹ جانا (۲) جوشِ جوانی کم ہو جانا۔ شہوت فرو ہونا۔

مغز کے کیڑے اُڑانا (اَر۔ محاورہ) بکواس کر کے دماغ پریشان کرنا۔

مغز کے کیڑے جھڑنا (نکل جانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) سزا پانا (۲) مزاج دُرست ہو جانا۔ سیدھا ہو جانا (۳) غرور مِٹ جانا۔

مغز کے کیڑے نہ اُڑاؤ (اَر۔ روزمرّہ) بکواس مت کرو۔ دماغ نہ کھاؤ۔

مغز مارنا (اَر۔ محاورہ) کوشش کرنا۔ سر کھپانا۔

مغز میں کیڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) جھکّی ہونا۔ نہایت باتونی ہونا۔

مغزی (مَغ۔ زی) (اَر۔ ا۔ مث) (۱) پتلی گوٹ۔ کور (۲) ایک قسم کا حلوا۔

مغسُول (مَغ۔ سُول) (ع۔ صف) غُسل دیا گیا۔ دھویا ہوا۔

مغشُوش (مَغ۔ شُوش) (ع۔ صف) (۱) دغاباز۔ دھوکے باز۔ ریاکار۔ بے وفا (۲) کھوٹا۔

مغضُوب (مَغ۔ ضُوب) (ع۔ صف) غضب کیا گیا۔ جس پر غُصّہ یا عتاب ہو۔

مِغفَر (مِغ۔ فَر) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) لوہے کی جالی جو خود کے اندر پہنی جاتی ہے (۲) خود۔ لوہے کا ٹوپ جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔ جمع: مغافر۔

مَغفِرت (مَغ۔ فِ۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) بخشش۔ نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ خلاصی۔ برأت۔

مغفُور (ع۔ صف) مغفرت کیا گیا۔ بخشا گیا۔ مرحوم۔ بہشتی۔ جمع: مغفورین۔

مُغل (مُ۔ غَل) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قوم جس کا اصلی وطن منگولیا ہے۔ منگول۔ تاتاری۔ ترکوں کا ایک اعلیٰ قبیلہ (۲) سادہ دِل۔ جمع: مُغلاں۔ اُردو جمع: مُغل۔ مُغلوں۔

مُغل پٹھان (اَر۔ ا۔ مذ) ایک کھیل جو خانے کھینچ کر سولہ کنکریوں سے کھیلا جاتا ہے۔

مُغل پٹھان لڑنا (اَر۔ محاورہ) پکتی ہانڈی میں سے جو آواز نکلتی ہے اُسے مُغل پٹھان لڑنا کہتے ہیں۔ کھدربدر ہونا۔ کھدبد ہونا۔

مُغلا (مُغ۔ لا) (ف۔ ا۔ مذ) مُغل کی تصغیر۔

مُغلانی (مُغ۔ لا۔ نی) (اَر۔ ا۔ مث) (۱) مُغل قوم کی عورت (۲) درزن۔ کپڑے سینے والی عورت۔ خاص کروہ عورت جو خواتینِ مُغلیہ کے خاص وضع اور تراش کے کپڑے سیا کرتی تھی (۳) محل سرا میں رہنے والی خادمہ۔ مُلازمہ۔ ماما۔ جمع: مُغلانیاں۔

مُغلائی (مُغ۔ لا۔ ای) (ف۔ صف) مُغلوں کی طرز کا۔ مُغلوں کی طرز و روش کی چیز۔

مُغَلّظ (مُ۔ غَل۔ لَظ) (ع۔ صف مفعولی) (۱) گاڑھا (۲) دبیز۔ موٹا۔ سخت (۳) مضبوط (۴) فحش۔ ناپاک (۵) گندہ۔ میلا۔

مُغَلِّظ (مُ۔ غَل۔ لِظ) (ع۔ صف فاعلی) گاڑھا کرنے والا۔

مُغَلّظات (مُ۔ غَل۔ لَ۔ ظات) (ع۔ ا۔ مث) موٹی موٹی گالیاں۔ فحش باتیں۔ فحش گالیاں۔

مُغلّظات بکنا (سُنانا) (اَر۔ محاورہ) فحش گالیاں دینا۔ گندی گالیاں دینا۔

مُغلَق (مُغ۔ لَق) (ع۔ صف) (۱) بند کیا گیا۔ بند کیا ہوا۔ مُقفل (۲) دقیق۔ مُشکل۔ دُوراز فہم۔

مُغلِم (مُغ۔ لِم) (ع۔ صف) اِغلام کرنے والا۔ لُوطی۔

مَغلُوب (مَغ۔ لُوب) (ع۔ صف) غلبہ کیا گیا۔ ہارا ہوا۔ مفتوح۔ شکست خوردہ (۲) دبا ہوا۔ عاجز۔ زیر۔

مغلوبُ الغضب (ع۔ صف) جو جلد غُصّے میں آجائے۔ تیز مزاج۔ تُند مزاج۔

مغلوب کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) ہرانا۔ دبانا۔ عاجز کرنا (۲) فتح کرنا۔ تابع کرنا (۳) تھکانا۔

مغلوب ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) مغلوب کرنا کا لازم۔

مَغلُوبیّت (مَغ۔ لُو۔ بی۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) اطاعت۔ عاجزی۔ فرمانبرداری۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَغلوط (مَغ۔لوط)(ع۔صف) غلط کیا گیا۔

مَغلول (ع۔صف) جس کی گردن میں طوق ڈالا گیا ہو۔

مُغلَئی (مُغ۔لَ۔اِی)(ف۔صف) مُغل سے منسوب۔ مُغلوں کی وضع کی کوئی چیز۔

مُغلَئی پھوڑا (اُر۔اِ۔مذ) ایک قسم کا پھوڑا جو بہت دِنوں میں اچھا ہوتا ہے۔ اورنگ زیب جب گولکنڈہ اور بیجاپور کی ریاستیں فتح کرنے دکن گیا تو خرابیٔ آب وہوا کے باعث سپاہیوں کے بدن میں پھوڑے نکل آئے جو بہت دِنوں بعد ٹھیک ہوئے۔

مُغلَئی ٹوپی (اُر۔اِ۔مث) ایک قسم کی اُونچے گوشوں والی ٹوپی۔

مُغلَئی ہاڑ (اُر۔اِ۔مث) چوڑی چکلی ہڈی (مُغلوں کا چہرہ چوڑا اور بدن کی ہڈیاں چکلی ہوتی ہیں)۔

مُغلی (مُغ۔لی)(ف۔صف) مُغل سے منسوب۔ مُغلئی۔

مُغلی بیماری (اُر۔اِ۔مث) بچّوں کا ایک مرض جس میں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ اُمّ الصّبیان (۲) پسلی کا خلل۔ مسان کا مرض۔

مُغلی پیچ (اُر۔اِ۔مذ) مُغلوں کے داؤں گھات۔

مُغلی گھٹی (اُر۔اِ۔مث) ایک خاص قسم کی گھٹی جو مُغل بچّوں کو دی جاتی تھی۔

مُغلیہ (مُ۔غَل۔یا)(مُغ۔لی۔یَہ)(ف۔صف) مُغل خاندان سے منسوب۔

مُغَم (مُ۔غَم)(ق۔صف) مغموم۔

مَغموم (مَغ۔موم)(ع۔صف) غمگین۔ رنجیدہ۔ ملول۔ دِل گیر۔ آزردہ۔ غم زدہ۔ اُداس۔ فکرمند۔ پریشان۔

مُغنی (مُغ۔نی)(ع۔صف) بے نیاز کر دینے والا۔ غنی کر دینے والا (۲) خُدا تعالیٰ کا ایک نام۔

مُغَنّی (مُ۔غَن۔نی)(ع۔اِ۔مذ) گویّا۔ ڈوم۔ میراثی۔ اُر جمع: مُغنّی۔ مغنّیوں۔

مُغَنّیہ (مُ۔غَن۔نِ۔یَہ)(ع۔اِ۔مث) مُغنّی کی تانیث۔

مُغول (ع۔اِ۔مذ) دیکھیے مُغل۔

مُغوی (ع۔صف) اِغوا کرنے والا۔ گمراہ کرنے والا۔

مُغویہ (مُغ۔وِ۔یَہ)(ع۔صف) مُغوی کی تانیث۔

مُغیلاں (مُ۔غی۔لاں)(ع۔اِ۔مذ) کیکر۔ ببول۔ ایک خاردار درخت۔

م۔ف

مَفاتیح (مَ۔فا۔تیح)(ع۔اِ۔مث) مِفتاح کی جمع۔ کُنجیاں۔ چابیاں۔

مُفاجات (ع۔صف) اچانک۔ دفعتہً۔ ناگاہ۔ فوراً۔ یکایک۔ ناگہاں۔ اُردو میں عموماً مرگ کے ساتھ مستعمل ہے (مرگِ مفاجات)۔

مُفاخَرت (مُ۔فا۔خَ۔رَت)(ع۔اِ۔مث) بڑائی۔ شیخی۔ لاف زنی۔ ڈینگ۔ فخر۔ ناز۔ گھمنڈ۔

مَفاد (مَ۔فاد)(ع۔اِ۔مذ)(۱) فائدہ کی جگہ (۲) نفع۔ فائدہ۔ جمع: مفادات۔

مفاد پرست (ع۔ف۔صف) مطلبی۔ خود غرض۔ اپنے فائدے سے غرض رکھنے والا۔

مفاد پرستی (ع۔ف۔اِ۔مث) خود غرضی۔ اپنے فائدے سے غرض رکھنا۔

مَفادات (ع۔اِ۔مذ) مفاد کی جمع۔

مُفارَقت (مُ۔فا۔رَ۔قت)(ع۔اِ۔مث) جدائی۔ فرقت۔ علیحدگی۔

مَفاسِد (مَ۔فا۔سِد)(ع۔اِ۔مث) مفسدہ کی جمع۔ فساد۔ خرابیاں۔ بُرائیاں۔ فتنے۔ جھگڑے۔

مَفاصِل (مَ۔فا۔صِل)(ع۔اِ۔مث) مَفصَل کی جمع۔ ہڈی کے جوڑ۔ بند۔

مُفاصَلہ (مُ۔فا۔صَ۔لہ)(ع۔اِ۔مذ)(۱) باہمی فرق۔ دُوری۔ مسافت (۲) وقفہ۔ دیر۔ عرصہ۔

مُفاوَضات (مُ۔فا۔وَ۔ضات)(ع۔اِ۔مث) مفاوضہ کی جمع۔

مُفاوَضت (مُ۔فا۔وَ۔ضت)(ع۔اِ۔مث) سپرد کرنا۔ ایک دُوسرے کو سونپنا۔

مُفاوَضہ (مُ۔فا۔وَ۔ضہ)(ع۔اِ۔مذ)(۱) خط۔ چٹھی۔ نامہ۔ مکتوب (۲) وہ خط جو بڑے کی طرف سے چھوٹے کو یا اعلیٰ کی طرف سے ادنیٰ کو لکھا جائے۔ جمع: مُفاوضات۔

مُفت (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔صف)(۱) بلا قیمت۔ بِن داموں۔ بے عوض (۲) ناحق۔ بے فائدہ۔ لاحاصل (۳) ضائع۔ اکارت۔ رائیگاں (۴) بلا سبب۔ بے وجہ۔ بے قصور (۵) بے محنت۔ بلا مشقت۔

مُفت آنا (اُر۔محاورہ) بلا قیمت حاصل ہونا۔ بن داموں مل جانا۔

مُفت بَر (ف۔صف) بلا قیمت لے جانے والا۔ مُفت خورا۔

مُفت بَری (ف۔اِ۔مث) بلا قیمت حاصل کرنا۔ مُفت ستانی۔

مُفت بہا دینا (اُر۔محاورہ) قیمتی چیز سستی بیچ ڈالنا۔

مُفت بھی نہ پُوچھنا (اُر۔محاورہ) نہایت بے قدری کرنا۔

مُفت جان جانا (اُر۔محاورہ) ناحق مارا جانا۔

مُفت خُدا (مَولیٰ) (ف۔صف) خُدا واسطے۔ بیکار۔

مُفت (خور) خورا (ف۔صف) بلا محنت کھانے والا۔ مُفت کھانے والا۔

مُفت خوری (اُر۔اِ۔مث) مُفت کھانا۔ بلا محنت کھانا۔

مُفت راچہ گُفت (ف۔مقولہ) جو چیز مُفت ملے اُس میں کیا کلام۔

مُفت سِتاں (ف۔صف) مُفت لے جانے والا۔

مُفت سِتانی (ف۔اِ۔مث) مُفت لینا۔

مُفت کا (اُر۔صف) بے فائدہ۔ خواہ مخواہ۔

مُفت کا دردِ سر (اُر۔اِ۔مذ) بے فائدہ تکلیف۔

مُفت کا شکار ہے (اُر۔محاورہ) بے مشقت حاصل ہونے والی چیز ہے۔

مُفت کرم داشتن (ف۔مَثل) خواہ مخواہ اِحسان جتانا۔

مُفت کی (اُر۔صف) "مُفت کا" کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُفت کی ٹھائیں ٹھائیں (اَر۔اِ۔مث) بے کار جھگڑا۔

مُفت کی شراب (اَر۔اِ۔مث) بِن داموں کی چیز۔ بلا قیمت مال۔

مُفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے (اَر۔مثل) مُفت کی چیز حاصل کرنے میں باشرع آدمی بھی جائز و ناجائز کا خیال نہیں کرتا۔

مُفت گُناہ گار کرنا (اَر۔محاورہ) خواہ مخواہ جھگڑے میں پھنسا دینا۔

مُفت میں (اَر۔صف و تابع فعل) (۱) بے قیمت۔ بلا اُجرت۔ یونہی۔ بن داموں (۲) ناحق۔ بلا سبب (۳) بیکار میں (۴) ضائع۔ اکارت۔

مُفت ہاتھ لگنا (اَر۔محاورہ) بلا داموں حاصل ہونا۔ محنت و مشقت کے بغیر ملنا۔

مِفتاح (مِف۔تاح) (ع۔اِ۔مث) کنجی۔ چابی۔ تالی۔ جمع: مفاتیح۔

مُفتِح (مُ۔فت۔تِح) (ع۔صف) (۱) فتح کرنے والا۔ جیتنے والا۔ فاتح (۲) کھولنے والا۔ وہ دوا جو سُدّوں کو خارج کرے۔

مُفتّحات (مُ۔فت۔تِ۔حات) (ع۔اِ۔مث) وہ دوائیں جو پتھری اور سُدّے کو کھلا دیتی ہیں۔

مُفتخر (مُف۔تَ۔خِر) (ع۔صف) فخر کرنے والا۔ شیخی باز۔ جمع: مُفتخرین۔

مفتخر (کرنا) فرمانا (اَر۔محاورہ) فخر عطا فرمانا۔ عزّت بخشنا۔

مُفتَرض (مُف۔تَ۔رَض) (ع۔صف) فرض کیا گیا۔

مُفترضات (مُف۔تَ۔رَ۔ضات) (ع۔اِ۔مذ و مث) وہ چیزیں جو فرض کی گئی ہوں۔

مُفتری (مُف۔تَ۔ری) (ع۔صف) افترا پرداز۔ الزام لگانے والا۔ بہتان لگانے والا (۲) شریر۔ مُفسد۔ دغا باز۔ فریبی۔

مُفتِّش (مُ۔فت۔تِش) (ع۔صف) تفتیش کرنے والا۔ دریافت کرنے والا۔ جمع: مفتشین۔

مُفتقِر (مُف۔تَ۔قِر) (ع۔صف) فقیر۔ کنگال۔ غریب۔ محتاج۔

مَفتُوح (مَف۔توح) (ع۔صف) (۱) کھولا گیا (۲) فتح کیا گیا۔ جیتا گیا (۳) وہ حرف جس پر زبر ہو۔

مَفتوحہ (مَف۔تو۔حہ) (ع۔صف) مفتوح کی تانیث۔ جمع: مفتوحات۔

مَفتُون (مَف۔تون) (ع۔صف) (۱) فتنے میں ڈالا ہوا (۲) مجازاً۔ شیدا۔ فریفتہ۔ عاشق۔

مفتون ہونا (اَر۔مص مُرکّب) عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔

مُفتی (مُف۔تی) (ع۔اِ۔مذ) فتویٰ دینے والا۔ حاکمِ شرع۔ فقیہ۔ جمع: مفتیان۔

مُفتیہ (ع۔اِ۔مث) مفتی کی تانیث۔ فتویٰ دینے والی عورت۔ جمع: مفتیات۔

مَفخَر (مَف۔خَر) (ع۔صف) قابلِ فخر چیز۔ جس پر فخر کیا جا سکے۔ مایہ ناز چیز۔ جمع: مفاخر۔

مُفخّر (مُ۔فَخ۔خَر) (ع۔صف) فخر کیا گیا۔ معزز۔

مُفخّم (مُ۔فَخ۔خَم) (ع۔صف) بزرگ دکھایا گیا۔ بزرگ۔

مَفر (مَ۔فَر) (ع۔اِ۔مذ و مث) (۱) بھاگنے کی جگہ۔ جائے فرار (۲) چارۂ کار۔

مُفرِّح (مُ۔فر۔رِح) (ع۔صف) (۱) فرحت دینے والا۔ خوش کرنے والا۔ فرحت بخش (۲) اِصطلاحِ طب میں وہ دوا جو طبیعت کو فرحت بخشے۔

مفرّحِ قلب (ع۔ف۔صف) دل کو فرحت دینے والی دوا۔

مُفرّحات (مُ۔فر۔رِ۔حات) (ع۔اِ۔مث) وہ دوائیں جو طبیعت کو فرحت بخشیں۔

مُفرد (مُف۔رَد) (ع۔صف) (۱) تنہا۔ اکیلا۔ علیحدہ (۲) واحد۔ ایک (۳) غیر مُرکّب۔ یگانہ۔ یکتا۔

مُفرد سوار (ع۔اِ۔مذ) وہ سوار جو اکیلا میدانِ جنگ میں لڑے اور کسی کی مدد کا محتاج نہ ہو۔

مُفردات (مُف۔رَ۔دات) (ع۔اِ۔مث) مُفردہ کی جمع (۱) دوائیں جو مُرکّب نہ ہوں (۲) حروفِ تہجی جب الگ الگ لکھے جائیں جیسے ا۔ب۔ت وغیرہ (۳) وہ کتاب جس میں مُفرد دواؤں کا حال ہو (۴) امام راغب اِصفہانی کی تفسیرِ قرآن کا نام۔

مُفرّس (مُ۔فر۔رَس) (ع۔صف) فارسی بنایا گیا۔ غیر زبان کا لفظ جسے فارسی بنا لیا گیا ہو۔ جیسے ڈھول سے دُہُل۔

مُفرِط (مُف۔رِط) (ع۔صف) بہت زیادہ۔ اِفراط سے۔ کثرت سے۔

مَفرُور (مَف۔رُور) (ع۔صف) (۱) بھاگا ہوا۔ فراری۔ رُوپوش (۲) وہ شخص جو کوئی جرم کر کے بھاگ جائے۔

مَفروری (مَف۔رُو۔ری) (ع۔ف۔اِ۔مث) بھاگ جانا۔

مَفرُوش (مَف۔رُوش) (ع۔صف) بچھایا گیا۔ فرش کیا گیا۔

مَفرُوض (مَف۔رُوض) (ع۔صف) فرض کیا گیا۔ مانا گیا۔ فرضی۔ قیاسی۔

مَفروضہ (ع۔صف) (۱) مفروض کی تانیث (۲) (ع۔اِ۔مذ) وہ بات جو اِستدلال کی بنیاد کے طور پر مان لی جائے۔ (Hypothesis)۔ جمع: مفروضات۔

مَفرُوق (مَف۔رُوق) (ع۔صف) (۱) فرق کیا گیا۔ جُدا کیا گیا (۲) وہ عدد جسے کسی عدد میں سے تفریق کیا گیا ہو۔

مفرُوق مِنہُ (مِن۔ہو) (ع۔صف) وہ عدد جس میں سے کوئی عدد تفریق کیا گیا ہو۔

مُفسِد (مُف۔سِد) (ع۔صف) فساد کرنے والا۔ خرابی ڈالنے والا۔ جھگڑالو (۲) باغی۔ بغاوت کرنے والا (۳) لوگوں کو آپس میں لڑا دینے والا۔ شریر۔ جمع: مُفسدین۔

مُفسِدانہ (مُف۔سِ۔دا۔نہ) (ع۔ف۔صف) مُفسد کی مانند۔ فسادی کی طرح۔ فتنہ پرداز کی طرح۔ باغیانہ۔

مَفسَدہ (مَف۔سَ۔دَہ) (ع۔اِ۔مذ) تباہی۔ فساد۔ جھگڑا۔ ہنگامہ۔ جمع: مفاسد۔

مفسدہ (اُٹھانا) برپا کرنا (اَر۔محاورہ) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُفسِدَہ پرداز (ع۔ف۔صف) فسادی۔ جھگڑالو۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔
مُفسِدَہ پردازی (ع۔ف۔ا۔مث) فتنہ انگیزی۔ شرارت۔
مُفَسِّر (مُ۔فَس۔سِر)(ع۔صف) تفسیر کرنے والا۔ شارح۔ کلامِ مجید کے معنی اور مطلب بیان کرنے والا۔ جمع: مُفسِّرین۔
مَفصِل (مَف۔صِل)(ع۔ا۔مذ) بدن کا جوڑ۔ اعضا کا جوڑ۔ جمع: مَفاصِل۔
مُفَصَّل (مُ۔فَص۔صَل)(ع۔صف) تفصیل کیا گیا۔ صاف۔ واضح۔ کھول کر بیان کیا گیا۔
مفصّل بیان کرنا (اُر۔محاورہ) تفصیل وار بیان کرنا۔ جُدا جُدا کہنا۔ کھول کر بیان کرنا۔
مفصّل جمع (ع۔اُر۔ا۔مذ) لگان کی وہ مجموعی رقم جو نمبردار کاشتکاروں سے وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کرتے ہیں۔
مُفَصَّلات (مُ۔فَص۔صَ۔لات)(ع۔ا۔مذ) شہر کے اردگرد کے قصبات و دیہات۔
مُفَصَّلَہ (مُ۔فَص۔صَ۔لَہ)(ع۔صف) مُفصّل کی تانیث۔
مفصلۂ ذیل (ع۔صف) وہ چیزیں جن کی تفصیل نیچے لکھی ہوئی ہے۔
مُفطِر (مُف۔طِر)(ع۔صف)(۱) روزہ توڑنے والا (۲) روزہ کھولنے والا۔
مَفعُول (مَف۔عول)(ع۔صف) فعل کیا گیا۔ وہ اسم جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو۔
مفعول بِہٖ (بِ۔ہی)(ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جس پر فاعل کا کوئی کام واقع ہوا ہو۔
مفعولِ ثانی (ع۔ا۔مذ) فعل کا دُوسرا مفعول۔ جیسے کریم نے پنسل سے کاغذ پر لکھا۔ اِس میں کاغذ مفعولِ ثانی ہے۔
مفعول فِیہِ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو وقوعِ فعل کے مکان یا زمانے پر دلالت کرے یعنی جس میں فاعل کا فعل واقع ہوا ہو۔ جیسے محمود نے صبح گھر پر سبق یاد کیا۔ اِس میں صبح اور گھر مفعول فیہ ہیں۔
مفعول لَہٗ (لَ۔ہُو)(ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو فعل کے سبب پر دلالت کرے جیسے حامد نے کتاب پڑھنے کے لئے مانگی۔
مفعول مالم یُسَمَّ فاعِلُہٗ (ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو فاعل کا قائم مقام ہو۔
مفعولِ مطلق (ع۔ا۔مذ) وہ حاصل مصدر جو بہ طور مفعول کے فعل کے ساتھ مذکور ہو جیسے تم کیسی چال چلتے ہو۔
مفعول مَعَہٗ (مَع۔ہُو)(ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہ کا شریکِ حال ہو جیسے اعظم نے ناصر کے ساتھ کھانا کھایا۔
مفعول مِنْہُ (مِن۔ہو)(ع۔ا۔مذ) وہ مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے جیسے "بڑھئی نے آری سے لکڑی چیری" میں آری۔
مَفقُود (مَف۔قُود)(ع۔صف) کھویا ہوا۔ غائب۔ ناپید۔ ندارد۔
مفقودُالخبر (مَف۔قُو۔دُل۔خَ۔بَر)(ع۔صف) وہ شخص جس کی کوئی خبر نہ ہو۔ لاپتا۔

مفقود ہونا (اُر۔محاورہ) غائب ہونا۔ لاپتا ہونا۔ ناپید ہونا۔
مُفَکِّر (مُ۔فَک۔کِر)(ع۔صف) فکر کرنے والا۔ سوچنے والا۔ جمع: مُفکّرین۔
مَفلَر (Muffler) (انگ۔ا۔مذ)(۱) گلوبند۔ گلوپوش (۲) کوئی چیز جس سے آواز دب جائے۔
مُفلِس (مُف۔لِس)(ع۔صف) غریب۔ کنگال۔ محتاج۔ نادار۔ فقیر۔ بے زر۔
مُفلس بنا دینا (اُر۔محاورہ) غریب کر دینا۔ محتاج کر دینا۔
مُفلس سے سوال حرام ہے (اُر۔مثل) غریب کو تکلیف دینا ناجائز ہے۔
مُفلس کا مال (اُر۔ا۔مذ) سستا مال۔ ارزاں سامان۔
مُفلسا بیگ (مُف۔لِ۔سا۔بیگ)(اُر۔ا۔مذ) ننگا بھوکا۔ نہایت محتاج۔ کنگال۔
مُفلِسی (مُف۔لِ۔سی)(ف۔ا۔مث) غریبی۔ ناداری۔ محتاجی۔
مفلسی آنا (اُر۔محاورہ) غریبی آنا۔ محتاج ہو جانا۔
مفلسی چھانا (اُر۔محاورہ) ناداری میں گرفتار ہونا۔ غریبی میں مبتلا ہونا۔
مفلسی میں آٹا گیلا (اُر۔مثل) ناداری میں ناگزیر خرچ کی صورت نکل آنا۔ تکلیف میں تکلیف۔ محتاجی میں نقصان ہو جانا۔
مفلسی میں شوق نباہنا (اُر۔محاورہ) غربت میں فضول خرچی کا حوصلہ کرنا۔ لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا۔
مَفلُوج (مَف۔لوج)(ع۔صف) وہ شخص جسے فالج کی بیماری ہو۔ فالج کا مارا ہوا۔ فالج کا مریض۔
مَفلُوک (مَف۔لوک)(ع۔صف) مفلس۔ تباہ حال۔ خستہ حال۔ فلاکت زدہ۔
مفلوکُ الحال (ع۔ف۔صف) تباہ حال۔ خستہ حال۔
مُفَوَّض (مُ۔فَو۔وَض)(ع۔صف مفعولی) سپرد کیا ہوا۔ سونپا ہوا۔ امانت رکھا ہوا۔
مُفَوِّض (مُ۔فَو۔وِض)(ع۔صف فاعلی) سپرد کرنے والا۔ سونپنے والا۔
مُفَوَّضَہ (مُ۔فَو۔وَ۔ضَہ)(ع۔صف مفعولی) مُفوَّض کی تانیث۔
مَفہُوم (مَف۔ہُوم)(ع۔صف)(۱) سمجھا گیا۔ جو سمجھ میں آئے (۲)(ا۔مذ) منشا۔ ارادہ۔ منصوبہ۔
مفہوم ہونا (اُر۔مص مُرکّب) سمجھا جانا۔ خیال میں آنا۔ معلوم ہونا۔
مُفِید (مُ۔فید)(ع۔صف) فائدہ مند۔ سُود مند۔ فائدہ دینے والا۔
مفید پڑنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) کارآمد ہونا۔ موافق آنا۔
مفیدِ مطلب (اُر۔صف) جس سے مطلب یا مقصد پورا ہو۔
مُفِیض (مُ۔فیض)(ع۔صف) فیض پہنچانے والا۔ فائدہ رساں۔

م۔ق

مُقابا (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے مُقابَہ۔
مَقابِر (مَ۔قا۔بِر)(ع۔ا۔مذ) مقبرہ کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُقابِل (م۔ قا۔بِل) (ع۔صف) (۱) سامنے ۔ رُوبرو (۲) دُشمن۔ مُخالف۔ حریف (۳) برابر۔ مساوی (۴) نظیر۔ مثل۔ مانند۔ مطابق۔

مقابل (ہونا) ہو جانا (اَر۔ محاورہ) لڑنے کو سامنے کھڑا ہو جانا۔ بھڑ جانا۔ سامنا کر بیٹھنا۔

مُقابَلہ (م۔ قا۔بَ۔لَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) آمنا سامنا۔ مُٹھ بھیڑ (۲) برابری۔ ہمسری (۳) مُخالفت۔ ضد۔ اِختلاف (۴) پڑتال۔ جانچ (۵) جنگ۔ جدل۔ لڑائی (۶) بحث۔ تکرار (۷) اِصطلاحِ نجوم میں ایک ستارے کی دُوسرے ستارے کی طرف ایک سو اسّی درجے کے فاصلے سے نظر۔ ایک ستارے کا دُوسرے ستارے کے سامنے ہونا۔

مقابلہ بدنا (اَر۔ محاورہ) شرط لگا کر مقابلہ کرنا۔

مقابلہ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُطابقت کرنا (۲) لڑائی کرنا۔ جنگ کرنا (۳) بحث کرنا۔ تکرار کرنا (۴) سامنے آنا۔ برابری کرنا (۵) گستاخی کرنا (۶) جانچ کرنا۔ پڑتال کرنا (۷) مُخالفت کرنا۔ ضد کرنا (۸) دھڑا باندھنا۔

مُقابلے (اَر۔ا۔مذ) مُقابلہ کی بدلی ہوئی صورت۔

مقابلے پر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) فوج کا لڑنے کے لئے سامنے آنا (۲) لڑنے کے لئے کھڑا ہونا (۳) مزاحم ہونا۔ سدِّ راہ ہونا۔ مُعترض ہونا۔

مقابلے پر کھڑا ہونا (اَر۔ محاورہ) الیکشن میں کسی اُمیدوار کے ساتھ مُقابلہ کرنا (۲) لڑائی پر آمادہ ہونا۔

مُقابِہ (م۔ قا۔بِہ) (اَر۔ا۔مذ) مُقوّیٰ سے بنایا ہوا۔ سنگار دان۔ آرائش کا صندوقچہ۔

مُقاتِل (م۔ قا۔تِل) (ع۔صف) کسی کے ساتھ لڑنے والا۔ مُقابلے پر قتل کرنے والا۔

مُقاتَلہ (ع۔ا۔مذ) باہم قتال وجدال۔ قتل۔ کُشت وخون۔ خوں ریزی۔

مَقادِیر (م۔ قا۔دِیر) (ع۔ا۔مث) مِقدار کی جمع۔ اندازے۔ تعداد۔ شمار۔

مقادیرِ اَبعاد (ع۔ا۔مث) طول وعرض اور عُمق کی مقداریں۔

مقادیرِ غیر مُتماثِلہ (ع۔ا۔مث) جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں جن کے حروف مختلف ہوں۔

مقادیرِ مُتماثِلہ (ع۔ا۔مث) جبر و مقابلہ میں وہ مقداریں جن کے حروف یکساں اور اعداد مختلف ہوں۔

مقادیرِ مجہولہ (ع۔ا۔مث) غیر معلوم مقداریں۔

مقادیرِ معلومہ (ع۔ا۔مث) وہ مقداریں جو معلوم ہوں۔

مُقارَبت (م۔ قا۔رَ۔بت) (ع۔ا۔مث) (۱) قریب آنا (۲) قُرب۔ قُربت۔ نزدیکی۔

مُقارِن (م۔ قا۔رِن) (ع۔صف) (۱) نزدیک۔ قریب (۲) درمیان۔ اثنا۔ دوران۔

مُقارَنت (م۔ قا۔رَ۔نت) (ع۔ا۔مث) قرین ہونا۔ نزدیک ہونا۔ پاس ہونا۔ اکٹھا ہونا۔

مَقاصِد (مَ۔ قا۔صِد) (ع۔ا۔مذ) مقصد کی جمع۔ مطالب۔ اَغراض۔ مُرادیں۔

خواہشات۔ ارادے۔

مُقاطِع (م۔ قا۔طِع) (ع۔صف) کاٹنے والا۔ قطع کرنے والا۔ کسی چیز کو اجارے اور ٹھیکے پر لینے والا۔

مَقاطِع (مَ۔ قا۔طِع) (ع۔ا۔مذ) مقطع کی جمع۔

مُقاطَعہ (م۔ قا۔طَ۔عہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کاٹنا۔ علیحدہ علیحدہ کرنا (۲) تعلق نہ رکھنا۔ قطع تعلق۔ بائیکاٹ۔

مقاطعۂ جوُعی (ع۔ا۔مذ) بھوک ہڑتال۔

مَقال (م۔ قال) (ع۔ا۔مث) گفتگو۔ بات چیت۔ کلام۔

مَقالہ (م۔ قا۔لہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) کہی ہوئی بات۔ قول۔ مقولہ (۲) تحریر (۳) اُقلیدس کا ہر حصّہ جس میں اقلیدس کے دعوے، اُن کے ثبوت اور شکلیں درج ہوں (۴) کتاب کا باب۔ حصّہ۔ فصل۔ جمع: مقالات۔

مقالۂ اِفتتاحیہ (ع۔ف۔ا۔مذ) اخبار کا لیڈنگ آرٹیکل۔ اداریہ۔ اڈیٹر کا تبصرہ۔ شروع کا مضمون۔

مَقام (مَ۔ قام) (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹھہرنے کی جگہ۔ مکان۔ مسکن۔ ٹھکانا۔ گھر (۲) منزل۔ اُترنے کی جگہ۔ پڑاؤ (۳) محل۔ موقع۔ وقت۔ جمع: مقامات۔

مقامِ اِبراہیمؑ (ع۔ا۔مذ) بیتُ اللہ میں اُس پتھر کا نام جس پر حضرت ابراہیمؑ نے کھڑے ہو کر خانہ کعبہ کی بُنیاد رکھی تھی یا نماز ادا کی تھی۔

مقام بولنا (اَر۔ محاورہ) ٹھہرنے کا حکم دینا۔

مقام دینا (اَر۔ محاورہ) تعزیت کو جانا۔ ماتم پُرسی کے لئے کسی کے گھر جانا (۲) درجہ دینا۔ رُتبہ دینا (۳) گھوڑے کو آرام دینا۔

مقام کرنا (اَر۔ محاورہ) ٹھہرنا۔ اُترنا۔

مقامِ گفتگو (ع۔ف۔ا۔مذ) محلِّ اعتراض۔ شک وشُبہ کی گنجائش۔

مقامِ محمود (ع۔ا۔مذ) (۱) پسندیدہ درجہ (۲) خوبیوں کا سب سے اعلیٰ درجہ (۳) اُس مقام کا نام جہاں شبِ معراج آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم گئے تھے۔

مقامِ مُصلّٰی (ع۔ا۔مذ) دیکھئے مقامِ ابراہیمؑ۔

مقامِ مُعیّن (ع۔ا۔مذ) مقرر جگہ۔ خاص جگہ۔

مقامِ ہُو (ع۔ف۔ا۔مذ) سنّاٹے کی جگہ۔

مقام ہونا (اَر۔ محاورہ) ٹھہرنا۔ قیام ہونا۔

مُقام (م۔ قام) (ع۔ا۔مذ) (موسیقی) پردۂ سرود۔ جمع: مُقامات۔

مُقامات (ع۔ا۔مذ) مُقام کی جمع۔ علم موسیقی کے بارہ پردے۔

مَقامات (مَ۔ قا۔مات) (ع۔ا۔مذ) مَقام کی جمع۔

مُقامِر (م۔ قا۔مِر) (ع۔صف۔وا۔مذ) قمار باز۔ جواری۔

مُقامَرت (م۔ قا۔مَ۔رت) (ع۔ا۔مث) قمار بازی۔ جوئے بازی۔

مَقامی (م۔ قا۔می) (ع۔صف) مقام سے منسوب (۱) ٹھہرا ہوا۔ ساکن۔ قائم (۲) کسی خاص جگہ سے متعلق۔ لوکل۔

مقامی رنگ (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی مقام کا انداز۔ وہ انداز جو کسی زمین، جگہ یا علاقے سے منسوب ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مقامی وقت (ع-ف-ا-مذ) کسی جگہ کا وہ وقت جو طلوع و غروبِ آفتاب سے ظاہر ہوتا ہے اور اسی جگہ کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔

مُقاوَمَت (مُ-قا-وَ-مَت)(ع-ا-مث) مُقابلہ۔ برابری۔

مَقبَرہ (مَق-بَ-رَہ)(ع-ا-مذ) قبر کی جگہ۔ روضہ۔ درگاہ۔ مزار۔ گور۔ مرقد۔ وہ عمارت جو قبر پر بنائی جائے۔ جمع: مقابر۔

مُقبِل (مُق-بِل)(ع-صف فاعلی)(۱) حق کا فرمان قبول کرنے والا (۲) اِقبال مند۔ دولت مند۔ صاحبِ اِقبال۔ بھاگ وان (۳) رُوبَرُو ہونے والا۔

مُقبَل (مُق-بَل)(ع-صف مفعولی)(۱) قبول کیا گیا۔ رُوبَرُو کیا گیا (۲) منہ چڑھا (۳) عزت والا۔

مَقبُوض (مَق-بُوض)(ع-صف) قبضہ کیا گیا۔ پکڑا گیا۔ قبضے میں لیا گیا۔

مَقبُوضَہ (مَق-بُو-ضَہ)(ع-صف) قبضہ کیا گیا۔ وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے۔ جمع: مقبوضات۔

مَقبُول (مَق-بُول)(ع-صف) قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔ پسندیدہ۔ برگزیدہ۔ پیارا۔ محبوب۔

مقبولِ بارگاہ (ع-ف-صف) خُدا کا پیارا۔ محبوبِ الٰہی۔

مقبول ہونا (اُر-مص مُرکّب) قبول ہونا۔ پسندیدہ ہونا۔ منظور ہونا۔

مَقبُولِیَّت (مَق-بُو-لی-یَت)(ع-ا-مث) قبولیت۔ اِجابت۔ منظوری۔

مُقتَبِس (مُق-تَ-بِس)(ع-صف فاعلی)(۱) اِقتباس کرنے والا (۲) روشنی لینے والا (۳) دُوسرے شخص سے فائدہ اُٹھانے والا۔

مُقتَبَس (مُق-تَ-بَس)(ع-صف مفعولی) اِقتباس کیا گیا۔ فائدہ اُٹھایا گیا۔

مُقتَدا (مُق-تَ-دا)(ع-صف-وا-مذ) پیروی کیا گیا۔ وہ شخص جس کی لوگ پیروی کریں۔ پیشوا۔ راہ نُما۔ جمع: مقتدایان۔

مُقتَدِر (مُق-تَ-دِر)(ع-صف فاعلی) اِقتدار رکھنے والا۔ طاقتور۔ قوی۔ زور آور۔ معزز۔ جمع: مقتدرین۔

مُقتَدَر (مُق-تَ-دَر)(ع-صف مفعولی) اِقتدار دیا گیا۔ صاحبِ اِقتدار۔

مُقتَدی (مُق-تَ-دی)(ع-ا-مذ)(۱) پیروی کرنے والا۔ پیرو (۲) اِمام کے پیچھے کھڑا ہونے والا۔ اُردو جمع: مقتدی۔ مقتدیوں۔

مُقتَضا (مُق-تَ-ضا)(ع-صف)(۱) تقاضا کیا گیا (۲) چاہا گیا۔ خواہش کیا گیا (۳)(ع-ا-مذ)(مجازاً) مطلب۔ مُراد۔ موقع۔ مصلحت۔

مقتضائے اِنصاف (ع-صف) اِنصاف کی رُو سے۔ اِنصاف کے مُطابق۔

مقتضائے وقت (ع-صف) مُناسبِ وقت۔ حسبِ تقاضائے وقت۔ مصلحتِ وقت کے مُطابق۔

مُقتَضَب (مُق-تَ-ضَب)(ع-صف)(۱) کاٹا گیا۔ نکالا گیا (۲) عروض کی ایک بحر۔

مُقتَضی (مُق-تَ-ضی)(ع-صف) تقاضا کرنے والا۔ خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔

مَقتَل (ع-ا-مذ) قتل کرنے کی جگہ۔ مذبح۔ مسلخ۔ کمیلا۔ جمع: مقاتل۔

مَقتُول (مَق-تُول)(ع-صف) قتل کیا گیا۔ مارا گیا۔ جمع: مقتولین۔

مِقدار (مِق-دار)(ع-ا-مث)(۱) اندازہ۔ شمار۔ وزن۔ تول (۲) جسامت۔ ڈیل ڈول (۳) تعداد۔ رقم (۴) مجموعہ۔ میزان۔ جوڑ۔ حاصل (۵) پھیلاؤ۔ وُسعت۔ جمع: مقادیر۔ اُردو جمع: مقداروں۔ مقداریں۔

مقدارِ مُثبتہ (ع-ا-مث) جبر و مُقابلہ میں وہ مقدار جس کی داہنی طرف جمع کی علامت ہو۔

مقدارِ مجہول (ع-ا-مث)(جبر و مقابلہ) وہ مقدار جس کی قیمت معلوم نہ ہو۔ نامعلوم رقم۔

مقدارِ مُرکّب (ع-ا-مث)(جبر و مقابلہ) وہ مقدار جس کے کئی اجزا ہوں اور ہر جزو کی داہنی طرف جمع یا نفی کی علامت ہو۔

مقدارِ معرُوف (ع-ا-مث) وہ رقم جو معلوم ہو۔ رقم معلوم۔

مقدارِ مقرّرہ (ع-ا-مث) مقرر کی ہوئی مقدار۔ تجویز کی ہوئی رقم۔

مقدارِ منفیہ (ع-ا-مث)(جبر و مقابلہ) وہ مقدار جس کی داہنی طرف نفی کی علامت ہو۔

مُقدّر (مُ-قد-دَر)(ع-صف)(۱) پہلے سے لکھا گیا۔ اندازہ کیا گیا۔ تقدیر کیا گیا (۲) وہ لفظ جو عبارت میں نہ ہو مگر اُس کے معنی لئے جائیں۔ محذوف (۳)(ا-مذ) قسمت کا لکھا۔ تقدیر۔ نصیب۔ قسمت۔ سرنوشت۔ اُردو جمع: مقدر۔ مقدروں۔

مقدر آزمانا (اُر-محاورہ) قسمت کی آزمائش کرنا۔ نصیبے کا اِمتحان کرنا۔

مقدر آزمائی (ع-ف-ا-مث) قسمت کا اِمتحان۔ تقدیر کی آزمائش۔

مقدر بدلنا (اُر-محاورہ) تقدیر کا بدل جانا۔ حالات دُوسرے ہو جانا۔

مقدر برگشتہ ہونا (اُر-محاورہ) قسمت بگڑنا۔ تقدیر برخلاف ہونا۔

مقدر پر پتھر پڑنا (اُر-محاورہ) تقدیر بگڑ جانا۔

مقدر پلٹنا (اُر-محاورہ) تقدیر برگشتہ ہونا۔ تقدیر بگڑنا۔

مقدر پھوٹنا (اُر-محاورہ) تقدیر بگڑنا۔ قسمت خراب ہونا۔

مقدر پھوڑنا (اُر-محاورہ) تقدیر آزمائی کرنا۔

مقدر جاگنا (اُر-محاورہ) دن پھرنا۔ اِقبال کا زمانہ آنا۔ اچھے دن آنا۔

مقدر چمکنا (اُر-محاورہ) تقدیر جاگنا۔ بھلے دن آنا۔ قسمت یاور ہونا۔

مقدر ڈھیلوں سے پھوڑنا (اُر-محاورہ) کنایہ ہے بدقسمتی سے۔

مقدر راستے پر آنا (اُر-محاورہ) قسمت سیدھی ہو جانا۔ اِقبال کے دن آنا۔

مقدر سامنے ہونا (اُر-محاورہ) قسمت موافق ہونا۔ طالع یاور ہونا۔

مقدر سے زور نہیں چلتا (اُر-محاورہ) تقدیر کے سامنے تدبیر کارگر نہیں ہوتی۔ جو قسمت میں ہے' ہو کر رہتا ہے۔

مقدر سو جانا (اُر-محاورہ) تقدیر کا برخلاف ہو جانا۔

مقدر سیدھا ہونا (اُر-محاورہ) قسمت موافق ہونا۔

مقدر کا پیچ (اُر-ا-مذ) تقدیر کا پھیر۔

مقدر کا چکّر (اُر-ا-مذ) قسمت کی گردش۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مقدر کا کروٹ لینا (اَر۔ محاورہ) تقدیر بدلنا۔ خوش قسمتی کا زمانہ آنا۔
مقدر کا لکھا (اَر۔ا۔مذ) نوشتۂ تقدیر۔
مقدر کا ہیٹا (ہے۔ٹا)(اَر۔صف۔مذ) بد قسمت۔ بدنصیب۔
مقدر کی ہیٹی (ہے۔ٹی)(اَر۔صف۔مث) مقدر کا ہیٹا کی تانیث۔
مقدر کے آگے کسی کی نہیں چلتی (اَر۔مثل) نوشتۂ تقدیر کے خلاف کسی کا زور نہیں چلتا۔
مقدر لڑنا (اَر۔ محاورہ) قسمت موافق ہونا۔ اقبال یاور ہونا۔
مقدر میں لکھا ہونا (اَر۔ محاورہ) نوشتۂ تقدیر ہونا۔ قسمت میں لکھا ہونا۔
مقدر میں ہونا (اَر۔ محاورہ) تقدیر میں ہونا۔
مَقْدِرَت (مَق۔دِ۔رَت)(ع۔ا۔مث)(۱) قُدرت۔ طاقت۔ قُوّت (۲) بساط۔ حیثیت۔
مَقْدِس (مَق۔دِس)(ع۔ا۔مذ) پاک جگہ۔ جمع: مقادِس۔
مُقَدَّس (مُ۔قَد۔دَس)(ع۔صف)(۱) پاک کیا گیا (۲) پاک۔ معصوم۔ بےگناہ (۳) بُزرگ۔ پارسا۔ فرشتہ خصلت۔
مُقَدَّس کتاب (ع۔ا۔مث) پاک کتاب۔ آسمانی کتاب۔
مُقَدَّسَہ (مُ۔قَد۔دَ۔سَہ)(ع۔صف) مُقدس کی تانیث۔
مَقْدَم (مَق۔دَم)(ع۔ا۔مذ) آمد۔ ورود۔ تشریف آوری۔ قدم رنجہ فرمائی۔ رونق افروزی (۲) وہ جگہ جہاں سے کوئی آئے (۳) پاؤں رکھنے کی جگہ۔
مُقَدِّم (مُ۔قَد۔دِم)(ع۔صف فاعلی)(۱) بڑھ کر آگے جانے والا (۲) پیش کرنے والا (۳) خُدا تعالیٰ کا ایک نام۔
مُقَدَّم (مُ۔قَد۔دَم)(ع۔صف مفعولی)(۱) پیش کیا گیا۔ آگے کیا گیا (۲) پہلا۔ اگلا۔ گزشتہ۔ سابقہ۔ قدیم (۳) اعلیٰ۔ اُونچا۔ معزز۔ برتر۔ بُزرگ (۴) واجب۔ فرض۔ ضروری۔ لازم۔ مُناسب (۵)(اَر۔ا۔مذ) آگے کا حِصّہ (۶) گاؤں کا نمبردار۔ چودھری۔ سرکردہ (۷) زمین داروں میں ایک عزّت کا لقب (۸)(حساب) پہلی رقم (۹) قصابوں کی اِصطلاح میں ران کا وہ حِصّہ جو چڈّے سے ملحق ہے (۱۰) منطق میں شرط کا پہلا جز۔ قضیہ (۱۱) نجوم کی اِصطلاح میں قمر کی چھبیسویں منزل۔
مُقدّم (جاننا) سمجھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) زیادہ ضروری جاننا۔ کسی کام کو اوّل خیال کرنا۔ کسی چیز یا کام کو ترجیح دینا (۲) واجب جاننا۔ لازم قرار دینا۔
مُقدّم ہونا (اَر۔ محاورہ) پہلے ہونا۔ کسی کام کا زیادہ ضروری ہونا۔ دُوسرے پر ترجیح ہونا۔
مُقَدَّمات (مُ۔قَد۔دَ۔مات)(ع۔ا۔مذ) مُقدّمہ کی جمع۔
مُقَدِّمَہ (مُ۔قَد۔دِ۔مَہ)(ع۔صف)(۱) مُقدّم کی تانیث۔ آگے چلنے والا۔ آگے جانے والا (۲) فوج کا وہ حِصّہ جو آگے بھیج دیا جائے۔ ہراوَل (۳) کتاب کا دیباچہ۔ تمہید۔
مُقَدِّمَۃُ الجَیش (مُ۔قَد۔دِ۔مَ۔تُل۔جَیش)(ع۔ا۔مذ) ہراوَل فوج۔ فوج کے آگے آگے چلنے والا فوجی دستہ جو راستے کے کوائف اور دُشمن کے ٹھکانوں کے بارے میں اپنی فوج کی رہنمائی کرتا ہے (۲) پیش خیمہ (۳) فوج کا حاکم اعلیٰ۔ سپہ سالار۔ سرغنہ۔
مُقَدَّمَہ (مُ۔قَد۔دَ۔مَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) نالش۔ دعویٰ۔ اِستغاثہ (۲) حادثہ۔ وقوعہ۔ واردات۔ واقعہ (۳) مُعاملہ۔ موقع (۴) بات۔ مسئلہ۔ جمع: مقدمات۔ اُردو جمع: مقدموں۔ مقدمے۔
مقدمہ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) جھگڑا کھڑا کرنا۔
مقدمہ باز (ع۔ف۔صف) وہ شخص جسے مُقدّمے لڑنے کا بہت شوق ہو۔
مقدمہ بازی (ع۔ف۔ا۔مث) نالش۔ عدالتی چارہ جوئی۔ عدالت میں مقدمہ لڑنا۔
مقدمہ بنانا (اَر۔ محاورہ) جھوٹا دعویٰ تیار کرنا۔
مقدمہ جیتنا (اَر۔ محاورہ) عدالت سے دعوے میں کامیاب ہونا۔
مقدمہ داخلِ دفتر ہونا (اَر۔ محاورہ) مُقدّمے کی کارروائی بند ہونا۔ مُقدمہ خارج ہونا۔
مقدمہ قابلِ دست اندازی پولیس (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مُقدمہ جس میں پولیس افسر مُلزم کو بغیر وارنٹ کے گرفتار کر سکے۔
مقدمہ کھڑا کرنا (اَر۔ محاورہ) جھگڑا اُٹھانا۔ فساد پیدا کرنا۔
مقدمہ لڑنا (اَر۔ محاورہ) نالش کرنا۔ دعویٰ پیش کرنا۔
مقدمہ مُرتب کرنا (اَر۔ محاورہ) مُقدّمے کو ترتیب دینا۔
مُقَدَّمی (مُ۔قَد۔دَ۔می)(ع۔ف۔صف)(۱) مُقدّم کا پیشہ۔ نمبرداری کا عُہدہ (۲) مُقدّم کے حقوق (۳) مُقدّم کے متعلق۔
مَقْدُور (مَق۔دُور)(ع۔ا۔مذ)(۱) قُدرت۔ طاقت۔ قُوّت۔ زور۔ بَل۔ شکتی۔ بوتا (۲) حوصلہ۔ تاب۔ مجال (۳) حیثیت ۔ گنجائش۔ قابلیت۔ سمائی (۴) بس۔ قابُو۔ دسترس۔ اِختیار (۵) رسائی۔ پہنچ۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ سہارا (۶) جُرأت۔ دلیری (۷) دولت۔ ثروت۔ مایہ۔
مقدور بھر (تک) (اَر۔ متعلق فعل) جہاں تک ممکن ہو۔ طاقت کے مُطابق۔
مقدور چلنا (اَر۔ محاورہ) بس چلنا۔ قابُو چلنا۔ زور چلنا۔
مقدور رکھنا (اَر۔ محاورہ)(۱) قُدرت رکھنا۔ حوصلہ رکھنا۔ جُرأت رکھنا (۲) دولت مند ہونا۔
مقدور سے باہر پاؤں رکھنا (اَر۔ محاورہ) حیثیت سے بڑھ کر چلنا۔ اپنی حد سے آگے بڑھنا۔
مقدور کی بات (اَر۔ا۔مث) روپے کا کھیل۔ دولت کی بات۔
مقدور والا (اَر۔صف) صاحبِ دولت۔ اَمیر۔ پیسے والا۔
مقدور ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) حوصلہ ہونا۔ تاب ہونا۔ مجال ہونا (۲) قابُو ہونا۔ بساط ہونا۔ حیثیت ہونا (۳) زر ہونا۔ مال و دولت ہونا (۴) زور ہونا۔ طاقت ہونا۔ سمائی ہونا۔
مُقِر (مُ۔قِر)(ع۔صف) اِقرار کرنے والا۔ اِقراری۔ مُعترف۔ اِعتراف کرنے والا۔ ماننے والا۔ تسلیم کرنے والا۔
مُقِر مُجرم (ع۔ا۔مذ) وہ مُجرم جس نے اپنے جُرم کا اِقرار کر لیا ہو۔
مُقِر ہونا (اَر۔مص مُرکب) اِقرار کرنا۔ ماننا۔ تسلیم کر لینا۔
مَقَر (مَ۔قَر)(ع۔ا۔مذ) جائے قرار۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ مسکن۔ قیام گاہ۔ قرار گاہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مقرّرِ خلافت (ع۔ف۔ا۔مذ) دارُالخلافہ۔

مِقراض (مِق۔راض)(ع۔ا۔مث) قینچی۔کترنی۔

مِقراض کی طرح زبان چلنا (اُر۔محاورہ) قینچی کی طرح زبان چلنا۔بہت تیزی سے بولنا۔جلدی جلدی باتیں کرنا۔

مِقراضہ (مِق۔را۔ضہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا تیر جس کا پھل قینچی کی طرح دو شاخہ ہوتا ہے (۲) گُل گیر۔گُل تراش (۳) ایک قسم کا حلوا۔

مُقرَّب (مُ۔قر۔رَب)(ع۔صف)(۱) قریب کیا گیا۔بُزرگی دیا گیا (۲) (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جسے قُربت حاصل ہو۔مُصاحبِ خاص۔دوست۔ہمراز۔مُنہ چڑھا۔مُنہ لگا۔جمع: مقرّبین۔مُقرّبان۔

مُقرّبِ بارگاہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ شخص جسے دربار میں آنے کی اجازت ہو۔بادشاہ کے پاس رہنے والا۔معزّز درباری۔

مُقرَّر (مُ۔قر۔رَر)(ع۔صف)(۱) قرار کیا گیا۔ٹھہرایا گیا (۲) پکایا گیا (۳) تعینات۔مامُور۔مُعیّن (۴) عہد کیا گیا (۵) (تابع فعل) بلاشبہ۔یقیناً۔ضرور۔

مقرّر کرنا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) ٹھہرانا۔معیّن کرنا (۲) نوکر رکھنا۔جگہ دینا (۳) قیمت چکانا (۴) لگانا (۵) تجویز کرنا۔

مُقرِّر (مُ۔قر۔رِر)(ع۔صف) تقریر کرنے والا۔لکچرار۔جمع: مقرّرین۔

مُقرَّرہ (مُ۔قر۔رَ۔رہ)(ع۔صف) مقرّر کی تانیث۔قرار دیا گیا (دی گئی)۔ٹھہرایا گیا (ٹھہرائی گئی)۔تجویز کیا گیا (تجویز کی گئی)۔مجوّزہ۔معیّنہ۔حسبِ دستور۔

مُقرِّرہ (مُ۔قر۔رِ۔رہ)(ع۔صف) مقرِّر (تقریر کرنے والا) کی تانیث۔

مُقرَّری (مُ۔قر۔رَ۔ری)(ع۔اُر۔ا۔مث) تقرر (۲) لگان (۳) تنخواہ۔وظیفہ۔

مُقرَّض (مُ۔قر۔رَض)(ع۔صف) کاٹا ہوا۔قینچی سے کاٹا ہوا۔

مُقرنَس (مُ۔قر۔نَس)(ع۔صف)(۱) بلند (۲) گول (۳) (ا۔مذ) بلند مخروطی عمارت جس پر چکر دار سیڑھیوں سے چڑھتے ہیں اور اس میں تصویریں لگی ہوتی ہیں (۴) ایک قسم کی پگڑی۔

مَقرُوض (مَق۔رُوض)(ع۔صف) جس پر کسی کا قرض ہو۔قرض دار۔مدیُون۔

مقروض ہونا (اُر۔مص مُرکّب) قرض دار ہونا۔

مَقرُوق (مَق۔رُوق)(اُر۔صف) قرق کیا گیا۔ضبط کیا گیا۔اُردو والوں نے عربی لفظ قُرق سے اسمِ مفعول بنایا ہے۔

مَقرُون (مَق۔رُون)(ع۔صف)(۱) نزدیک کیا گیا۔پاس۔قریب (۲) وہ عدد جس کے ساتھ اُس کا معدود بھی آئے۔

مُقسِط (مُق۔سِط)(ع۔صف)(۱) عادِل۔مُنصِف (۲) خُدا تعالیٰ کا ایک نام۔

مَقسُوم (مَق۔سُوم)(ع۔صف) تقسیم کیا گیا۔بانٹا گیا (۲) (ا۔مذ) علمِ حساب میں وہ عدد جسے تقسیم کیا گیا ہو (۳) حِصّہ۔بخرہ۔نصیب۔تقدیر۔بخت۔مقدر۔

مقسوم پر پتھر پڑنا (اُر۔محاورہ) مُقدّر پر پتھر پڑنا۔قسمت پھُوٹنا۔تقدیر بگڑ جانا۔

مقسوم جاگنا (اُر۔محاورہ) مُقدّر جاگنا۔نصیبہ یاور ہونا۔دِن پھرنا۔اچھے دن آنا۔

مقسوم چمکنا (اُر۔محاورہ) مُقدّر چمکنا۔قسمت بیدار ہونا۔بخت یاور ہونا۔

مقسوم علیہ (ع۔صف) وہ عدد جس پر کوئی عدد تقسیم کیا جائے۔

مقسوم علیہ اعظم (ع۔صف) وہ بڑے سے بڑا عدد جو کئی عددوں کو پُورا تقسیم کر دے۔عادِ اعظم۔

مقسوم کا اُترنا (اُر۔محاورہ) جو چیز قسمت میں ہو اُس کا مِلنا۔

مقسوم کا لکھا (اُر۔ا۔مذ) مُقدّر کا لکھا۔نوشتۂ تقدیر۔سرنوشت۔

مُقَشَّر (مُ۔قش۔شَر)(ع۔صف) چھلکا اُتارا ہوا۔پوست دُور کیا ہوا۔

مَقصَد (مَق۔صَد)(ع۔ا۔مذ)(۱) قصد کرنے کی جگہ۔وہ جگہ جہاں کا ارادہ ہو (۲) مطلب۔مُدّعا۔مُراد۔نیّت۔ارادہ۔منشا۔معنی۔جمع: مقاصِد۔

مقصد بر آنا (اُر۔محاورہ) مُراد پُوری ہونا۔مطلب حاصل ہونا۔

مقصد کھلنا (اُر۔محاورہ) مقصد ظاہر ہونا۔منشا ظاہر ہونا۔

مقصد ملنا (اُر۔محاورہ) مطلب حاصل ہونا۔

مقصدور (ع۔ف۔صف) نصیبہ وَر۔خوش نصیب۔کامیاب۔

مُقَصِّر (مُ۔قص۔صِر)(ع۔صف فاعلی)(۱) قصور کرنے والا۔کوتاہی کرنے والا (۲) کم کرنے والا۔

مُقَصَّر (مُ۔قص۔صَر)(ع۔صف مفعولی) کم کیا گیا۔

مَقصُود (مَق۔صُود)(ع۔صف)(۱) قصد کیا گیا۔ارادہ کیا گیا (۲) (ا۔مذ)(مجازاً) مطلب۔مُراد۔غرض۔مُدّعا۔

مقصود بالذّات (بِذ۔ذات)(ع۔صف) وہ چیز جو اصل مقصود ہو۔جو بذاتِ خود مقصود ہو۔

مقصودِ کُن فکاں (ع۔ا۔مذ)(کنایۃً) ذاتِ گرامی حضور نبی اکرم ﷺ (دیکھیے کُن فکاں)۔

مَقصُور (مَق۔صُور)(ع۔صف) کم کیا گیا۔چھوٹا کیا گیا۔

مَقصُورہ (مَق۔صُو۔رہ)(ع۔صف)(۱) مقصور کی تانیث (۲) (ا۔مذ) مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔

مُقَطَّر (مُ۔قط۔طَر)(ع۔صف) ٹپکایا ہوا۔قطرہ قطرہ کرکے ٹپکایا اور صاف کیا ہوا۔

مَقطَع (مَق۔طَع)(ع۔ا۔مذ) غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلّص آتا ہے۔جمع: مقاطِع۔اُردو جمع: مقطعوں۔مقطعے۔

مقطع کا بند (اُر۔ا۔مذ)(۱) نظم کا آخری بند جس میں شاعر کا تخلّص ہو (۲) وہ خاص بات جس کا کہنا یا لکھنا اصل مقصود ہو۔

مُقَطَّع (مُ۔قط۔طَع)(ع۔صف)(۱) تراشا ہوا۔چھانٹا ہوا۔تراش خراش سے آراستہ کیا ہوا (۲) مُہذّب۔سنجیدہ۔شائستہ (۳) قابلِ اعتبار۔معتمد۔

مقطّع ڈاڑھی (اُر۔ا۔مث) شرع کے مطابق تراشی ہوئی ڈاڑھی۔

مقطّع صورت (اُر۔ا۔مث) مُہذّب شکل۔

مُقَطَّعات (مُ۔قط۔طَ۔عات)(ع۔ا۔مذ)(۱) مُقطّعہ کی جمع۔کپڑے کے ٹکڑے۔کترنیں۔ریشمی کپڑے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے (۲) بحرِ رجز کے اشعار۔سُبک وزن اشعار (۳) وہ حروف جو قرآن شریف کی بعض سورتوں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کے شروع میں آتے ہیں جیسے الم۔ یٰسین۔ حم۔

مَقطُوع (مَق۔طوع) (ع۔صف) (۱) تراشا ہوا۔ کاٹا گیا (۲) قافلے سے بچھڑا ہوا۔

مَقعَد (مَق۔عد) (ع۔ا۔مث) لغوی معنی بیٹھنے کی جگہ۔ دُبر۔ کون۔

مُقعّر (مُ۔قع۔عر) (ع۔صف) (۱) گہرا۔ عمیق (۲) گڑھا۔

مُقفّل (مُ۔قف۔فل) (ع۔صف) قُفل لگا ہوا۔ تالا پڑا ہوا۔

مقفل کرنا (اُر۔مص مُرکب) قفل لگانا۔ تالا لگا کر بند کرنا۔

مُقفّٰی (مُ۔قف۔فا) (ع۔صف) قافیہ کیا گیا۔ قافئے دار۔ مُسجّع۔

مُقلِّب (مُ۔قل۔لِب) (ع۔صف) بدلنے والا۔ پلٹنے والا۔ پھیرنے والا۔

مُقلِّبُ القلوب (ع۔صف) دِلوں کو پھیر دینے والا۔ خدا تعالیٰ۔

مُقلِّد (مُ۔قل۔لِد) (ع۔صف) (۱) تقلید کرنے والا۔ پیرو۔ مُرید۔ معتقد (۲) نقال۔ مسخرہ (۳) وہ مُسلمان جو چار اماموں میں سے کسی کا پیرو ہو۔ جمع: مقلدین۔

مَقلُوب (مَق۔لوب) (ع۔صف) (۱) پلٹا گیا۔ اُلٹا گیا (۲) علم بیان کی ایک صنعت کا نام جس کی عبارت اُلٹی سیدھی یکساں پڑھی جاتی ہے جیسے شاباش۔

مقلوبِ بعض (ع۔صف) وہ صنعتِ مقلوب جس میں کہیں کے حروف کہیں ملا کر عبارت موزوں کر لیں جیسے اسم سے سام۔

مقلوبِ کُل (ع۔صف) وہ صنعتِ مقلوب جس میں حروف کی تبدیلی بالترتیب ہو جیسے مان: نام۔ اناج: جانا۔

مقلوبِ مُستوی (ع۔صف) وہ صنعتِ مقلوب جس میں پُورے لفظ یا کلام کو اُلٹ کر پڑھیں تو بھی عبارت وہی رہے۔ جیسے درد۔ قلق۔ نازاں۔ ساس۔

مِقناطِیس (مِق۔نا۔طیس) (یو۔ا۔مذ) ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ چمبک پتھر۔ آہن رُبا۔

مِقناطِیسی (مِق۔نا۔طی۔سی) (ع۔صف) مقناطیس سے منسوب (۲) پُرکشش۔

مِقناطِیسِیّت (مِق۔نا۔طی۔سی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) مقناطیسی کشش (۲) کشش۔

مِقنانا (مِق۔نا۔نا) (اُر۔مص وضعی) برقی رو گزارنے یا کسی مستقل مقناطیس کے رگڑنے سے کسی لوہے کے ٹکڑے میں مقناطیسی خاصیتیں پیدا کرنا۔ (Magnetise)۔

مِقناؤ (اُر۔ا۔مذ) مقناطیسی خاصیت پیدا کرنے کا عمل۔ مقناطیسی عمل۔ (Magnetization)۔

مِقنعہ (مِقنَع) (مِق۔نَ۔عہ) (مِق۔نَع) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ باریک کپڑا جو دُلہن کے سہرے کے نیچے باندھتے ہیں (۲) باریک چادر جو عورتیں پردے کے لئے چہرے پر ڈال لیتی ہیں۔

مُقنِّن (مُ۔قن۔نن) (ع۔صف) قانون بنانے والا۔ قانون جاننے والا۔ جمع: مُقنِّنین۔

مُقنّنہ (مُ۔قن۔نِ۔نہ) (ع۔ا۔مث) مُقنّن کی تانیث۔ قانون ساز اسمبلی۔ (Legislative)۔

مِقوَد (مِق۔وَد) (ع۔ا۔مث) (۱) دھاگا۔ ڈوری۔ رسّی (۲) جہاز کا رسا۔ کشتی کی رسّی۔

مُقوّس (مُ۔قو۔وَس) (ع۔صف) کمان کی طرح خم کھائے ہوئے۔

مَقُولہ (مَ۔قو۔لہ) (ع۔ا۔مذ) بات۔ کہاوت۔ قول۔ بچن۔ ضرب المثل۔

مُقوِّم (مُ۔قو۔وِم) (ع۔صف) قیمت مقرر کرنے والا۔ سیدھا رکھنے والا۔

مُقوّی (مُ۔قو۔وِی) (ع۔صف) قُوت دینے والا۔ قُوت بخشنے والا۔

مُقوّیٰ (مُ۔قو۔وا) (ع۔صف) (۱) قوی کیا گیا۔ مضبوط کیا گیا (۲) (ا۔مذ) پٹھا۔ دفتی (۳) دفتی کا بنا بکس جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔

مَقہُور (مَق۔ہور) (ع۔صف) قہر کیا گیا۔ جس پر غُصّہ ہو۔ جمع: مقہورین۔

مُقیّی (مُ۔قَ۔اِی) (ع۔صف) قے لانے والی چیز۔

مِقیاس (مِق۔یاس) (ع۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں۔ پیمانہ۔

مقیاسُ الحرارت (ع۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے گرمی کا اندازہ کریں۔ (Thermometer)۔

مقیاسُ اللّبن (ع۔ا۔مذ) دودھ جانچنے کا آلہ۔ (Lactometer)۔

مقیاسُ الماء (ع۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے پانی کے اُتار چڑھاؤ کا اندازہ کیا جاتا ہے۔ پنسال۔ (Hydrometer)۔

مقیاسُ المَطر (ع۔ا۔مذ) بارش ناپنے کا آلہ۔ (Rain Gauge)۔

مقیاسُ الموسم (مقیاسُ الہوا) (ع۔ا۔مذ) موسم کے تغیر و تبدل معلوم کرنے کا آلہ۔ (Barometer)۔

مُقیت (مُ۔قیت) (ع۔صف) (۱) روزی دینے والا۔ قُوت (خوراک) بخشنے والا (۲) خدا تعالیٰ کا ایک نام۔

مُقیّد (مُ۔قَی۔یَد) (ع۔صف) قید کیا گیا۔ قیدی۔ اسیر۔ پابند۔ بندی وان۔

مُقیّش (مُ۔قیش) (ع۔ مُقیّش کا مؤرّد۔ ا۔مذ و مث) سونے چاندی کے تار۔ سونے چاندی کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا۔ جیسے زری۔ بادلہ۔ اطلس۔ تمامی۔ تاش۔

مُقیّشی (مُ۔قَے۔شی) (اُر۔صف) سونے چاندی کے تاروں کا۔ زربفت کا۔ بادلے کا۔

مقیشی ڈاڑھی (اُر۔ا۔مث) زردی مائل سفید ڈاڑھی۔ خوبصورت سفید بُراق ڈاڑھی۔

مقیشی گوکھرو (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا گوکھرو جو تاروں کو موڑ کر بنایا جاتا ہے۔

مُقیم (مُ۔قیم) (ع۔صف) (۱) قیام کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔ فروکش ہونے والا۔ رہنے والا (۲) قائم۔ قیام پذیر (۳) وہ شخص جو کسانوں اور باغبانوں کی سبزی اور پھل پھول وغیرہ بطور آڑھتی نیلام کرتا ہے۔ جمع: مقیمان۔

مقیم ہونا (اُر۔مص مُرکب) قیام کرنا۔ ٹھہرنا۔ رہنا۔ بسنا۔ اُترنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

م۔ک

مُک (بالضم) (ہ۔ا۔مذ) مُکّا کا مخفف۔
مُکّا (مُک۔کا)(ہ۔ا۔مث) مکّی۔ بڑی جوار۔
مُکّا (مُک۔کا) (ہ۔ا۔مذ) گھونسا۔ مُشت۔ بند مُٹھی جس سے ضرب لگائی جائے۔ جمع: مُکّوں۔ مُکّے۔
مکّا چلانا (اُر۔ محاورہ) مُکّے سے مارنا۔
مکّا چلنا (اُر۔ محاورہ) مُکّے سے مار پیٹ ہونا۔ مُکّے بازی ہونا۔
مکّا لگانا (مارنا) (اُر۔ محاورہ) گھونسا مارنا۔
مُکابَرہ (مُ۔کَ۔بَ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) بڑائی جتانا۔ شیخی۔ غرور۔ گھمنڈ (۲) جھگڑا۔ قضیہ۔ لڑائی (۳) مُقابلہ۔ مُجادلہ۔
مَکاتِب (مَ۔کا۔تِب)(ع۔ا۔مذ) مکتب کی جمع۔
مُکاتَب (مُ۔کا۔تَب)(ع۔صف) وہ غلام جسے کچھ معاوضہ لے کر آزاد کر دیا گیا ہو۔
مُکاتبات (مُ۔کا۔تَ۔بات)(ع۔ا۔مذ) مُکاتبہ کی جمع۔
مُکاتَبت (مُ۔کا۔تَ۔بَت)(ع۔ا۔مث) باہم خط وکتابت۔ مُراسلت۔
مُکاتَبہ (مُ۔کا۔تَ۔بَہ)(ع۔ا۔مذ) نامہ۔ خط۔ چٹھی۔ جمع: مُکاتبات۔
مَکاتیب (مَ۔کا۔تیب)(ع۔ا۔مذ) مکتوب کی جمع۔ چٹھیاں۔ خطوط۔ رُقعے۔
مَکّار (مَک۔کار)(ع۔صف) مکر کرنے والا۔ فریبی۔ دغاباز۔ دھوکے باز۔ عیّار۔
مَکارِم (مَ۔کا۔رِم)(ع۔ا۔مذ) مَکرُمت کی جمع۔ بزرگیاں۔ خوبیاں۔ محاسن۔ اچھے اوصاف۔ قابلِ تعریف کام (۲) نوازشیں۔ مہربانیاں۔
مَکارِہ (مَ۔کا۔رِہ) (ع۔ا۔مث) مکروہ کی جمع۔ ناپسندیدہ چیزیں۔ قابلِ کراہت باتیں۔
مَکّارَہ (مَک۔کا۔رَہ)(ع۔صف) مکّار کی تانیث۔ مکّار عورت۔ فریبن۔
مکّاری (مَک۔کا۔ری)(ع۔ا۔مث) دغابازی۔ فریب کاری۔ عیّاری۔
مَکاسِب (مَ۔کا۔سِب)(ع۔ا۔مذ) کَسب کی جمع۔ ہنر۔ پیشے۔
مُکاشَفَت (مُ۔کا۔شَ۔فَت) (ع۔ا۔مث) بھید کھولنا۔ پردہ فاش کرنا۔ اُمورِ غیبی کا اِنکشاف کرنا۔ اِظہار۔ اِفشا۔ جمع: مکاشفات۔
مُکاشَفَہ (مُ۔کا۔شَ۔فَہ)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے مکاشفت۔
مُکافات (مُ۔کا۔فات) (ع۔ا۔مث) (۱) عوض۔ بدلہ۔ تاوان (۲) پاداش۔ سزا۔ اِنتقام۔
مکافاتِ عمل (ع۔ا۔مث) اَعمال کی پاداش۔ کرنی کا پھل۔ کیے کا بدلہ۔
مکافات کو پہنچنا (اُر۔ محاورہ) کیے کی سزا ملنا۔
مُکالَمہ (مُ۔کا۔لَ۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) گفتگو۔ زبانی سوال وجواب۔ ہم کلامی جمع: مکالمات۔ اُردو جمع: مکالموں۔ مکالمے۔
مَکان (مَ۔کان)(ع۔ا۔مذ) رہنے کی جگہ۔ گھر۔ مسکن۔ جمع: اَمکِنَہ۔ اُردو جمع: مکان۔ مکانوں۔
مکان بدلنا (اُر۔ محاورہ) گھر تبدیل کرنا۔ ایک گھر سے دُوسرے گھر میں منتقل ہونا۔
مکان بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) مکان بیٹھ جانا۔ مکان گر جانا۔
مکان دار (ع۔ف۔صف) مالک مکان۔ گھر والا۔
مکان دیکھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) خریدنے یا کرائے پر لینے کے لئے گھر کا معاینہ کرنا (۲) مکان تلاش کرنا۔
مکان دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھر کرائے پر دینا (۲) گھر فروخت کر دینا۔
مکانِ ضرور (ع۔ف۔ا۔مذ) بیتُ الخلا۔ پاخانہ۔
مکان لینا (اُر۔ محاورہ)(۱) گھر کرائے پر لینا (۲) گھر مول لینا۔
مکانِ ہُو (ع۔ف۔ا۔مذ) سنّاٹے کی جگہ۔
مَکانات (مَ۔کا۔نات)(ع۔ا۔مذ) مکانہ کی جمع۔
مَکانَہ (ع۔ا۔مذ) مکان۔ مسکن۔ گھر۔
مَکائِد (مَ۔کا۔اِد)(ع۔ا۔مذ) مکیدہ کی جمع۔
مُکَبِّر (مُ۔کَب۔بِر)(ع۔صف)(۱) تکبیر کہنے والا۔ اللہ اکبر کہنے والا (۲) بلند کرنے والا۔
مُکبّرُ الصَّوت (مُ۔کَب۔بِ۔رُص۔صوت)(ع۔ا۔مذ) آواز کو بلند کرنے والا۔ لاؤڈ اسپیکر۔
مُکت (بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم)(س۔صف)(۱) چھوٹا ہوا۔ رہا۔ آزاد (۲) گناہ کی سزا سے بچا ہوا۔ نجات پایا ہوا۔
مکت داتا (ہ۔صف) نجات دہندہ۔ شفاعت کرنے والا۔
مُکتّا (مُک۔تا)(ہ۔صف) بہت سا۔ بے افراط۔ بہ کثرت۔ کافی۔ بخوبی۔
مُکتّا (مُک۔تا)(س۔ا۔مذ) موتی۔ دُر۔ گوہر۔
مَکتَب (مَک۔تَب) (ع۔ا۔مذ) لکھنے پڑھنے کی جگہ۔ مدرسہ۔ درس گاہ۔ اسکول۔ جمع: مکاتب۔
مکتب خانہ (گاہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) مدرسہ۔ اسکول۔ پاٹ شالا۔
مکتبِ خیال (فکر) (ع۔ا۔مذ) کسی خاص خیال یا نظریہ کے لوگوں کا گروہ۔
مَکتَبہ (مَک۔تَ۔بَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) دفتر (۲) کتب خانہ۔ اُردو جمع: مکتبوں۔ مکتبے۔ مکتبہ جات۔
مُکتَسِب (مُک۔تَ۔سِب) (ع۔صف) (۱) اِکتساب کرنے والا۔ حاصل کرنے والا۔ فائدہ اُٹھانے والا (۲) مؤنث کے لئے مُکتَسِبہ۔
مُکتَفی (مُک۔تَ۔فی)(ع۔صف) کافی۔ پورا۔ وافی۔
مَکتوب (مَک۔توب)(ع۔صف)(۱) لکھا گیا۔ لکھا ہوا (۲)(ا۔مذ) خط۔ نامہ۔ چٹھی۔ جمع: مکاتیب۔ مکتوبات۔
مکتوب اِلیہ (ع۔ا۔مذ) جس کے نام خط لکھا جائے۔
مَکتوم (مَک۔توم)(ع۔صف) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
مُکتی (س۔ا۔مذ)(۱) نجات۔ مغفرت۔ بخشش (۲) رہائی۔ چھٹکارا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُکتی فوج (ہ۔ا۔مث) عیسائیوں کی ایک جماعت جس کا کام عیسائیت کی تبلیغ کرنا ہے۔ (Salvation Army)۔

مُکُٹ (مُ۔کُٹ)(ہ۔ا۔مذ) مور کا سا تاج۔ وہ تاج جو ہندوؤں میں دولہا کے سر پر رکھتے ہیں۔

مکٹ مال (ق۔ا۔مذ) موتیوں کا ہار۔

مُکٹا (مُک۔ٹا)(ہ۔ا۔مث) پُوجا کرنے کی ریشمی دھوتی۔

مُکث (بفتح اوّل، بکسر اوّل و بضم اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) دیر۔ توقّف۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ بچر مچر۔ اِلتوا۔ اِنتظار۔ سہل انگاری۔

مَکحَل (مَک۔حَل)(ع۔ا۔مث) سُرمہ دانی۔

مِکحَل (مِک۔حَل)(ع۔ا۔مث) سُرمہ لگانے کا آلہ۔ سلائی۔

مَکحُول (مَک۔حُول)(ع۔صف) سُرمہ لگی ہوئی آنکھ۔

مُکدّر (مُ۔کد۔دَر)(ع۔صف)(۱) کدورت آمیز۔ گدلا۔ مَیلا (۲) ملول۔ ناراض۔ رنجیدہ۔ غمگین۔

مُکذِّب (مُ۔کذ۔ذِب)(ع۔صف) جُھٹلانے والا۔ جھوٹا بنانے والا۔

مَکر (مَ۔کر)(س۔ا۔مذ) آسمان کے دسویں بُرج کا نام۔ جدی۔

مکر (چک) منڈل (س۔ا۔مذ) خطِ جدی۔

مَکر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ چھل۔ حیلہ۔ بہانہ (۲) بہروپ۔ بھیس (۳) جھوٹ۔ خلافِ توقع بات (۴) ریا۔ نِفاق۔ دورنگی (۵) چالاکی۔ عیّاری۔ چال۔

مکر چاندنی (اُر۔ا۔مث) پچھلی رات کی دُھندلی سی چاندنی جو صبح ہونے کا دھوکا دیتی ہے۔ صبحِ کاذب۔

مکر چکر (اُر۔ا۔مذ ومث) دھوکا دھڑی۔ چھل بل۔ دغا فریب۔ حیلہ بہانہ۔

مکر چکر کی کہانی آدھا تیل آدھا پانی (ہ۔مثل) دغا فریب کی باتیں جن میں آدھا سچ اور آدھا جھوٹ ہوتا ہے۔

مکر کرنا (گانٹھنا) (اُر۔محاورہ) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔

مکر ہائیا (ہ۔صف۔مذ) مکّار۔ فریبی۔

مکر ہائی (ہ۔صف۔مث) مکر ہائیا کی تانیث۔

مُکر جانا (مُ۔کر۔جا۔نا)(اُر۔مص مُرکّب) اِنکار کر دینا۔ قول سے پھر جانا۔ مُنکر ہو جانا۔

مُکرَّر (مُ۔کر۔رَر)(ع۔صف) دوبارہ۔ پھر۔ دُوسری دفعہ۔ بار دیگر۔

مکرّر۔ سہ کرّر (ع۔ف۔صف) دوبارہ تبارہ۔ بار بار۔ کئی مرتبہ۔

مُکرَّم (مُ۔کر۔رَم)(ع۔صف مفعولی) عزّت دیا گیا۔ بُزرگ۔ محترم۔ معظّم۔ معزّز۔

مکرّم بندہ (ع۔صف) میرے محترم۔ جنابِ من۔ بندہ پرور۔ بندہ نواز۔ بُزرگوں کا القاب۔

مَکرُمَت (ع۔ا۔مث) بُزرگی۔ مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ جمع: مکارم۔

مُکرَمی (مُ۔کر۔ر۔مِی)(یائے متکلم)(ع۔صف) میرے مکرم۔ مکرمِ بندہ۔

مُکرنا (مُ۔کر۔نا)(اُر۔مص)(۱) اپنے قول سے پھرنا۔ اِقرار سے اِنکار کرنا (۲) مال مار لینا۔ بے ایمانی کرنا۔

مُکرنی (مُ۔کر۔نی)(ہ۔ا۔مث) چار مصرعوں کی ہندی پہیلی جس کے اِبتدائی تین مصرعوں میں ایک مسلسل مضمون ہوتا ہے مگر چوتھے مصرعے کا مضمون اِن کے بالکل خلاف ہوتا ہے۔ اِسے کہہ مکرنی بھی کہتے ہیں۔ جیسے:

سگری رین چھتین پر راکھا — رنگ روپ سب وا کا چاکھا
بھور بھئی جب دیا اُتار — اے سکھی ساجن؟ نا سکھی ہار

اس کے مُوجد امیر خسرو ہیں۔

مَکرونی (Macrony)(انگ۔ا۔مث) ایک قسم کا کھانا۔ آٹے کے سیو جو اندر سے کھوکھلے ہوتے ہیں اور پکا کر کھائے جاتے ہیں۔

مَکرُوہ (مَک۔رُوہ)(ع۔صف)(۱) کراہت کیا گیا۔ نفرت انگیز۔ گھناؤنا۔ بھونڈا۔ بدنما۔ ناپسند۔ نامرغوب (۲)(ا۔مذ) قابلِ کراہت چیز (۳) فقہ کی اِصطلاح میں ناجائز چیز۔ وہ بات جو بعض اماموں کے نزدیک حلال اور بعض کے نزدیک ناجائز ہو۔ جمع: مکروہات۔

مکروہ تحریمہ (تحریمی) (ع۔ا۔مذ) بالکل ناجائز۔ وہ مکروہ جو حرام کے قریب ہو۔

مکروہ تنزیہی (ع۔ا۔مذ) وہ مکروہ جو حلال کے قریب ہو۔

مکروہات (مَک۔رُو۔ہات)(ع۔ا۔مذ) مکروہ کی جمع (۱) نفرت انگیز چیزیں (۲) واہیات باتیں۔ بیہودہ کام۔ دُنیا کے جھگڑے۔

مَکری (مَک۔ری)(ق۔صف) مکّار۔

مُکری (مُک۔ری)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے مُکرنی۔

مَکڑ (مکڑا) (مَک۔کڑ)(مَک۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) مکڑی کا نر۔

مکڑانا (مَک۔ڑا۔نا)(ہ۔مص) اکڑ کر چلنا۔ غرور کرنا۔ اِترانا۔ تکبّر کرنا۔

مکڑائی (ہ۔ا۔مث) سرکشی۔ سرتابی۔

مُکڑنا (مُ۔کڑ۔نا)(ہ۔مص) اکڑنا۔ اینٹھنا۔

مکڑی (مَک۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) مکڑ کی مادہ۔ عنکبوت۔ ایک قسم کا کیڑا جو اپنے لُعاب سے جالا تنتا ہے۔

مکڑی کا جالا (اُر۔ا۔مذ) مکڑی کا بنا ہوا تانا بانا۔ تارِ عنکبوت۔

مکسچر (Mixture)(انگ۔ا۔مذ)(۱) آمیزش (۲) دواؤں کا سیال مُرکّب۔

مُکسّر (مُ۔کس۔سَر)(ع۔صف)(۱) ٹُوٹا ہوا۔ شکستہ (۲) مُربع۔ مکعب (۳) عرض، طول اور موٹائی کا حاصلِ ضرب۔

مکسُوبہ (مَک۔سُو۔بہ)(ع۔صف) حاصل کیا گیا۔ حاصل کیا ہوا۔

مکسُور (مَک۔سُور)(ع۔صف) زیر دیا ہوا حرف۔ وہ حرف جس کے نیچے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

زیر ہو۔

مَکسُورَہ (مَک۔سُو۔رَہ)(ع۔صف) مکسور کی تانیث۔

مَکشُوف (مَک۔شُوف)(ع۔صف) کھولا گیا۔ واضح۔ ظاہر۔

مُکَعَّب (مُ۔کَع۔عَب)(ع۔صف)(۱) چار گوشہ کیا گیا (۲) جس کی لمبائی، چوڑائی اور گہرائی برابر ہو (۳) وہ عدد جو کسی عدد کو آپس میں تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو۔

مَکفُوف (مَک۔فُوف)(ع۔صف)(۱) پیراہن لپٹا ہوا (۲) عروض میں سات حرفوں کا لفظ جس کا آخری لفظ گرا دیا گیا ہو۔

مَکفُول (مَک۔فُول)(ع۔صف) کفالت میں دیا گیا۔ ضمانت میں محفوظ کیا گیا۔ رہن رکھا گیا۔ گرو رکھا ہوا۔

مُکلاوَہ (مُک۔لا۔وَہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گونا۔ ہندوؤں میں شادی کے بعد دولھا کا دُلہن کو پہلی بار گھر لے جانا (۲) مسلمانوں میں شادی کے بعد دُلہن کا سسرال سے میکے یا میکے سے سسرال جانا۔

مُکَلَّف (مُ۔کَل۔لَف)(ع۔صف مفعولی)(۱) پُر تکلف۔ مُزیّن۔ سجا ہوا۔ بھڑکیلا (۲) تکلیف دیا گیا (۳) عاقل۔ بالغ۔

مُکَلِّف (مُ۔کَل۔لِف)(ع۔صف)(۱) تکلیف دینے والا (۲) بُلانے والا۔ تقریب میں شریک ہونے کی تکلیف دینے والا۔

مُکَلَّل (مُ۔کَل۔لَل)(ع۔صف)(۱) سر پر تاج رکھا گیا۔ تاجدار (۲) چمکایا گیا۔ چمکدار۔ بھڑکیلا۔ جگمگاتا ہوا۔ مُرصّع۔ جڑاؤ۔

مَکمَکانا (مَک۔مَکانا)(ق۔مص) مہکانا۔ معطّر کرنا۔

مَکمَکنا (مَک۔مَک۔نا)(ق۔مص) مہکنا۔ معطّر ہونا۔

مُکَمَّل (مُ۔کَم۔مَل)(ع۔صف) کامل کیا گیا۔ پُورا کیا گیا۔ تمام۔ کامل۔ کُل۔ پُورا۔ ثابت۔

مَکمَن (مَک۔مَن)(ع۔ا۔مث) گھات۔ کمین گاہ۔ جمع: مکامن۔

مَکنَت (مَک۔نَت)(ع۔ا۔مث) قُدرت۔ طاقت۔ توانائی۔ تونگری۔

مَکَند (مَ۔کَند)(نونِ غنّہ)(س۔ا۔مذ)(۱) وشنو بھگوان (۲) ایک قسم کا گوند (۳) پارا۔ سیماب (۴) جواہر۔

مَکنُون (مَک۔نُون)(ع۔صف) پوشیدہ۔ چُھپا ہوا۔ سربستہ۔

مَکنُونِ خاطر (ع۔ف۔ا۔مث) دل کی پوشیدہ بات۔ دلی راز۔

مَکو (مَ۔کو)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) ایک بوٹی جو کئی امراض میں کام آتی ہے۔

مکو کی بھُجیا (اَ۔ا۔مث) مکو کے اُبلے ہوئے پتے جو بعض بیماریوں میں مریض کو کھلائے جاتے ہیں۔

مَکوڑا (مَ۔کو۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) بڑا کیڑا۔ بڑا چیونٹا۔

مُکوکَب (مُ۔کو۔کَب)(ع۔صف) وہ چیز جس پر سنہری چاند تارے بنے ہوئے ہوں۔

مَکُول (مَ۔کُول)(ہ۔ا۔مث) چاک۔ کھریا مٹی۔

مُکَوِّن (مُ۔کَو۔وِن)(ع۔صف فاعلی) پیدا کرنے والا۔

مُکَوَّن (مُ۔کَو۔وَن)(ع۔صف مفعولی) پیدا کیا گیا۔

مُکَوَّنات (مُ۔کَو۔وَ۔نات)(ع۔ا۔مذ) مُکوّن کی جمع۔ مخلوقات۔ موجودات۔

مَکّہ (مَک۔کہ)(ع۔ا۔مذ) عرب کا وہ مشہور عالم شہر جہاں خانہ کعبہ ہے اور جہاں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔ تعظیماً مکّہ معظّمہ کہتے ہیں۔

مُکھ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم)(س۔ا۔مذ) مُنہ۔ چہرہ۔

مُکھ بند (ہ۔ا۔مذ) گھوڑوں کے ایک مرض کا نام جس میں تلے اُوپر کے جبڑے بیٹھ کر مُنہ بند ہو جاتا ہے۔

مُکھ پان (ہ۔ا۔مذ) پان کی شکل کا پیتل وغیرہ کا ٹکڑا جسے خوبصورتی کے لئے قفل پر چابی لگانے کی جگہ جڑ دیتے ہیں۔

مُکھ تال (ہ۔ا۔مث)(۱) انترا۔ استھائی۔ ٹیپ (۲) وہ آواز جو گویّے مُنہ سے نکالتے ہیں۔

مُکھ میں رام پیٹ میں چُھری (اَ۔مثل) مُنہ میں رام رام بغل میں چُھری۔ ظاہر میں نیک باطن میں بد۔

مَکھا (مَکھ۔کھا)(ہ۔ا۔مذ) بڑی مکھی۔ نیلے رنگ کی بڑی مکھی۔

مَکھانا (مَ۔کھا۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کنول کا بیج جو بھون کر کھایا جاتا ہے۔ تال مکھانا (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

مُکھڑا (ہ۔ا۔مذ)(۱) پیارا چہرہ (۲) گیت کا پہلا شعر۔ جمع: مکھڑوں۔ مکھڑے۔

مُکھڑا تلووں کو نہ پہنچے (اَ۔مثل) اِنسان کے گورے رنگ کی تعریف میں کہتے ہیں کہ فلاں شخص اِتنا خوب صورت ہے کہ دُوسرے کے چہرے کا رنگ اُس کے تلووں کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

مَکھن (مَکھ۔کھن)(ہ۔ا۔مذ) کچا تازہ گھی۔ مسکہ۔

مکھن لگانا (اَ۔محاورہ) مسکہ لگانا۔ خوشامد کرنا۔

مکھن نکالنا (اَ۔محاورہ) دہی یا کچے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالنا۔

مَکھنا (مَکھ۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بے دانت کا ہاتھی (۲) ایک قسم کا بڑا ہاتھی جو جھوم جھوم کر چلتا ہے۔

مکھنا دیو (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا بڑا دیو۔

مکھنا ہاتھی (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے مکھنا۔

مَکھنِیا (مَک۔کھن۔یا)(ہ۔ا۔مذ) مکھن بیچنے والا۔

مَکھون (ق۔ا۔مذ) کُھمل۔

مَکھی (مَکھ۔کھی)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کے ایک ایک یا دو دو پر سفید ہوتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مکھی (مَکھ ـ کھی)(ہ ـ ا ـ مث) مگس۔ ایک پردار کیڑا جس کے دو پر ہوتے ہیں اور سر میں ایک سونڈ جیسا آنکڑا ہوتا ہے۔ اس کی دو بڑی قسمیں ہیں: گھریلو مکھی جو گندگی پھیلاتی ہے اور شہد کی مکھی جو پھولوں کے رس سے شہد بناتی ہے (۲) بندوق کا وہ اُبھرا ہوا نشان جسے نظر کی سیدھ میں رکھ کر نشانہ لگاتے ہیں۔ جمع: مکھیاں۔ مکھیوں۔

مکھی اُڑا دینا (سی اُڑا دینا)(ار ـ محاورہ) اُچٹتا ہوا سلام کرنا۔

مکھی پر مکھی مارنا (ار ـ محاورہ) بے سمجھے بوجھے نقل کرنا۔ ہوبہو نقل کر دینا۔

مکھی چوس (ار ـ صف) نہایت کنجوس۔ بے حد بخیل۔ ایسا بخیل کہ اگر سالن میں مکھی پڑ جائے تو اسے بھی چوس کر پھینکے۔

مکھی چھوڑنا اور ہاتھی نگلنا (ار ـ مثل) چھوٹی باتوں میں دیانت داری جتانا اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا۔

مکھی کی طرح نکال دینا (ار ـ محاورہ) بالکل واسطہ نہ رکھنا۔ دودھ کی مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا۔

مکھی مار (ار ـ صف)(۱) وہ شخص جسے دیکھ کر بہت کراہت آئے (۲) بے سمجھے جوں کی توں نقل کرنے والا (۳) ایک کیڑا جو مکھیاں کھاتا ہے۔

مکھی مار بڑا چمار (ار ـ مثل) غریبوں کو ستانے والا نہایت کمینہ ہوتا ہے۔

مکھی ناک پر نہیں بیٹھنے دینا (ار ـ مثل) دیکھئے ناک پر مکھی۔

مکھی نگلنا (ار ـ محاورہ) عذاب مول لینا۔ جان بوجھ کر مصیبت میں پھنس جانا۔

مکھیاں (مَکھ ـ کھی ـ یاں)(ہ ـ ا ـ مث) مکھی کی جمع۔

مکھیاں اُڑانا (ار ـ محاورہ)(۱) مکھیاں بھگانا (۲) خوشامد سے مکھیاں جھلنا (۳) بے کار رہنا۔ خالی رہنا (۴) آتشک میں مبتلا ہونا۔

مکھیاں بھنکنا (بھِن ـ نک ـ نا)(ار ـ محاورہ)(۱) مکھیوں کا کسی چیز پر بھن بھن کرنا (۲) سرد بازاری ہونا (۳) کریہہ منظر ہونا۔ گھناؤنا ہونا۔

مکھیاں جھلنا (ار ـ محاورہ)(۱) مکھیاں ہٹانا۔ چنور کرنا (۲) بے کار رہنا (۳) سرد بازاری ہونا (۴) آتشک میں مبتلا ہونا۔

مکھیاں مارنا (ار ـ محاورہ) بے کار رہنا۔ بے شغل رہنا۔

مکھیر (مَ ـ کھیر)(ہ ـ ا ـ مذ) شہد۔ انگبیں۔

مکھیوں (مَکھ ـ کھی ـ یوں)(ہ ـ ا ـ مث) مکھی کی جمع۔

مکھیوں کا چھتا (ار ـ ا ـ مذ) مکھیوں کا ہجوم۔ مکھیوں کا جھنڈ (۲) شہد کا چھتا۔

مکھیوں کے چھتے کو چھیڑنا (ار ـ محاورہ)(۱) بھڑوں یا شہد کی مکھیوں کے چھتے کو چھیڑنا (۲) شریروں کو چھیڑنا۔

مکھیہ (مُکھ ـ یہ)(س ـ ا ـ مذ) سردار (۲) گاؤں کا چودھری۔ جمع: مکھیوں۔ مکھیئے۔

مکھیہ منتری (ہ ـ ا ـ مذ) بڑا وزیر۔ وزیر اعلیٰ۔ چیف منسٹر۔

مکئی (مَ ـ کئی)(ہ ـ ا ـ مث) ایک قسم کا غلہ جو ایشیائی اور یورپی ملکوں میں عام ہوتا ہے۔

مکّی (مَک ـ کی)(ع ـ صف) مکّے کا رہنے والا۔ مکّے کا۔ مکّے سے منسوب۔

مُکّی (مُک ـ کی)(ہ ـ ا ـ مث) ہتھیلی پر بندھی ہوئی اُنگلیاں۔ مُٹھی۔ مُشت۔ ڈُک۔

مُکّی دینا (ار ـ محاورہ) آٹا گوندھنا۔

مُکّی لات (ار ـ ا ـ مث) مار پیٹ۔

مُکّی لگانا (ار ـ محاورہ) آرام کی غرض سے پاؤں پر مُکّیاں مارنا۔

مُکّے (مُک ـ کے)(ہ ـ ا ـ مذ)(۱) مُکّا کی جمع (۲) مُکّا کی مغیرہ صورت۔

مُکّے باز (ار ـ ا ـ مذ) مُکّے بازی یا باکسنگ کا کھلاڑی۔ باکسر۔

مُکّے بازی (ار ـ ا ـ مث) باکسنگ۔ ایک قدیم کھیل جس میں دو کھلاڑی خاص قسم کے دستانے پہن کر ایک دوسرے کے جبڑوں اور سر پر مُکّے مارتے ہیں۔ جو کھلاڑی فرش پر گر پڑتا ہے وہ ہار جاتا ہے۔

مِکیال (مِک ـ یال)(ع ـ ا ـ مذ) غلہ ناپنے کا آلہ۔ پیمانہ۔

مُکیانا (مُک ـ یا ـ نا)(ہ ـ معـ) مُکّی لگانا۔ مُکّی مارنا۔

مکیدہ (مَ ـ کی ـ دَہ)(ع ـ ا ـ مذ) مکر و فریب۔ بدخواہی۔

مکین (مَ ـ کین)(ع ـ صف) مکان دار۔ مکان میں رہنے والا۔ صاحب خانہ۔

مکین ہونا (ار ـ معـ مُرکّب) رہنا۔ بسنا۔ آباد ہونا۔

مکینکس (مَ ـ کے ـ نکس)(Mechanics)(انگ ـ ا ـ مذ) کلوں یا مشینوں کا علم۔ علم جرِثقیل۔

مکینکل (مَ ـ کے ـ نی ـ کل)(Mechanical)(انگ ـ صف) کلوں کے متعلق۔ جرِثقیل کے متعلق۔

مکینکل اِنجینئر (Mechanical Engineer)(انگ ـ ا ـ مذ) مشینوں یا کلوں کے علم کا ماہر۔ علم جرِثقیل کی پوری پوری واقفیت رکھنے والا۔

مکینکل ورکس (Mechanical Works)(انگ ـ ا ـ مذ) وہ کارخانہ جہاں کلوں کا کام ہوتا ہے۔

م ـ گ

مَگ (بفتحِ اوّل)(ہ ـ ا ـ مذ) س: مارگ کا بگاڑ۔ راہ۔ راستہ۔ باٹ (۲) انتظار (۳) وہ کبوتر جو جنگلی کبوتروں کی مادہ کو اپنے ساتھ اُڑا کر گھر لے آئے۔

مگ دیکھنا (ہ ـ محاورہ) راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ منتظر رہنا۔

مگ (Mug)(انگ ـ ا ـ مذ) بڑا ہتّھے والا گلاس۔ اردو جمع: مگ۔ مگوں۔

مگدر (مَ ـ گدر)(ہ ـ ا ـ مذ) ایک قسم کے لڈو جو ہندوؤں میں مرنے پر تقسیم کئے جاتے ہیں۔

مُگدر (مُگ ـ دَر)(ہ ـ ا ـ مذ) وہ بھاری لکڑی جس کے درمیان میں مُوٹھ لگی ہوتی ہے اور جسے ورزش کے لئے اُٹھاتے ہیں۔ جمع: مُگدر۔ مُگدروں۔

مُگدر (پھرانا) ہلانا (ار ـ محاورہ) مگدروں کی جوڑی گھمانا۔

مگدھ بھاشا (ہ ـ ا ـ مث) ماگدھی زبان جو مگدھ (صوبہ بہار) میں بولی جاتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَگدھی (مَگ۔دھی)(ہ۔صف) مگدھ دیش کا رہنے والا۔ صوبہ بہار کا باشندہ (۲) کسانوں کی ایک قوم جو صوبہ بہار میں پائی جاتی ہے (۳) برہمنوں کی ایک قوم۔

مِگدَمبَر (مِگ۔دَم۔بَر)(ہ۔ا۔مذ) لکڑی کا وہ مکان جو ہاتھیوں پر کسا ہوتا تھا اور جس میں شاہانِ اودھ سفر کرتے تھے (۲) ایک قسم کا بہت اُونچا خیمہ (۳) کاغذ کی ایک آرائشی چیز جو ساچق کی رسم میں جلوس کے آگے آگے لے کر چلتے ہیں۔

مَگَر (مَ۔گَر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مگرمچھ۔ نہنگ۔ شیر آبی (۲) کان کا ایک زیور۔ مگر کی شکل کا آویزہ۔

مَگَر (مَ۔گَر)(ف۔حرفِ استدراک)(۱) لیکن۔ پر۔ بجز۔ اِلّا۔ ماسوا (۲) شاید (۳) پھر۔ باایں ہمہ۔

مُگرا (مُگ۔را)(ہ۔صف)(۱) گھمنا۔ مکّار۔ وہ شخص جو غرور کے سبب کسی کی نہ سُنے (۲) کام چور۔ کاہل۔ سُست (۳) مغرور۔ متکبّر۔ خود پسند (۴) ڈھیٹ۔ ضدی۔ ہٹیلا (۵) سرکش۔ باغی۔ کج بحث۔

مُگراپَن (ہ۔ا۔مذ)(۱) گھمنا پَن۔ مکاری۔ سرکشی (۲) سُستی۔ کاہلی (۳) غرور۔ گھمنڈ۔

مُگرانا (ہ۔مص)(۱) غرور کرنا (۲) سرکشی کرنا (۳) غافل ہونا (۴) ضد کرنا۔

مُگرائی (مُگ۔را۔ای)(ہ۔ا۔مث)(۱) غرور۔ تکبّر (۲) کاہلی۔ سُستی (۳) مکاری (۴) ڈھٹائی (۵) غفلت (۶) ضد (۷) سرکشی (۸) گھمناپن۔

مَگرمچھ (مَ۔گر۔مچھ)(ہ۔ا۔مذ) ایک رینگنے والا لمبی تھوتھنی کا بھدّا اور ڈراؤنا گوشت خور دریائی جانور جس کی تقریباً ۱۵ قسمیں افریقہ، ایشیا، آسٹریلیا اور وسطی امریکا میں پائی جاتی ہیں۔ مادہ انڈے دیتی ہے۔ جمع: مگرمچھ۔ مگرمچھوں۔ نیز دیکھئے گھڑیال۔

مگرمچھ کے آنسو (اَر۔مذ) جھوٹ موٹ کے آنسو۔

مُگری (مُگ۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھپّر کا وہ حصّہ جو سب سے اُوپر اور ماہی پشت ہوتا ہے (۲)(صف) مُگرا کی تانیث۔

مَگس (مَ۔گس)(ف۔ا۔مث)(۱) مکھی (۲) شہد کی مکھی۔

مگس ران (ف۔صف) چوری، چنور یا مورچھل ہلانے والا خادم۔ مکھیاں اُڑانے والا۔

مگس رانی (ف۔ا۔مث) مکھیاں اُڑانے کی خدمت۔ چنور ہلانا۔

مگس کی قے (اَر۔ا۔مث) شہد۔

مَگسی (مَ۔گ۔سی)(ف۔صف)(۱) مکھی کے رنگ کا۔ سیاہی مائل (۲) وہ گھوڑا جس کے تمام بدن کے بال سفید اور سارے جسم پر سُرخی کی چھیلیں ہوں اور دُم اور ایال یک رنگ ہو (۳) مگس سے منسوب (۴) ایک بلوچ قبیلہ۔

مَگَن (مَ۔گَن)(س۔صف)(۱) ڈوبا ہوا۔ غرق۔ مستغرق (۲) خوش۔ مسرور (۳) بے خود۔ مست۔

مگنا (مَگ۔نا)(ق۔مص) فرسودہ ہونا۔ بوسیدہ ہونا۔

مگنتا (مَ۔گن۔تا)(س۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔ مسرت۔ انبساط۔

مَگھر (ہ۔ا۔مذ) بکرمی سال کا ساتواں مہینا۔ وسط اکتوبر تا وسط نومبر۔

مُگھم (مُگ۔گھم)(اَر۔صف) عربی مُبہم سے بنا ہوا (۱) گول مول بات (۲) جواریوں کی اِصطلاح میں برابر سرابر۔ نہ ہار نہ جیت۔

مُگھم رہنا (اَر۔محاورہ)(۱) جواریوں کی اِصطلاح میں نہ ہارنا نہ جیتنا۔ برابر رہنا (۲) عزّت بنی رہنا۔ راز فاش نہ ہونا۔

مُگھم میں (اَر۔تابع فعل) رمز میں۔ اشارے میں۔ کنائے میں۔

مُگھم میں کہنا (اَر۔محاورہ) گول مول بات کہنا۔ کنائے میں بات کرنا۔

م۔ل

مَل (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) فُضلہ۔ پاخانہ۔ غلاظت۔ مَیلا (۲) تلچھٹ (۳) جھاگ۔ مَیل جو اُوپر آجائے (۴) دھاتوں کا مَیل۔ زنگار (۵) گُناہ۔ عصیان (۶) گندی چیزیں جو بدن سے نکلتی ہیں۔

مَل (بفتح اوّل)(س۔ا۔مذ)(۱) پیشہ ور پہلوان (۲) مداری۔ بازی گر۔ نٹ (۳) پیالہ (۴) رُخسار۔ گال۔ کنپٹی (۵) وشنو جیوں کے نام کا آخری جزو جیسے ٹوڈر مل۔ بقالوں کا خطاب (۶)(صف) بہادر۔ شجاع۔ سورما (۷) اعلیٰ۔ بہترین۔

مِل (Mill) (انگ۔ا۔مث) چکّی (۲) آٹے، کپڑے، کاغذ وغیرہ کی کل یا مشین۔

مُل (بضم اوّل)(ہ۔متعلق فعل) آخرکار۔ بہرحال۔ لیکن۔ مگر۔

مُل (بضم اوّل)(ف۔ا۔مث) شراب۔ مے۔ دارو۔ بادہ۔

مَلا (مَ۔لا)(ع۔صف)(۱) بھرا ہوا۔ پُر (۲) ظاہر۔ واضح۔ آشکار۔

مَلا (مَ۔لا)(ع۔ا۔مذ)(۱) گروہ (۲) شریف لوگ۔

ملاءِ اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) فرشتے۔

مُلّا (مُل۔لا)(عربی مَولیٰ یا مولوی کی تخریب۔ت۔ا۔مذ)(۱) نہایت عمدہ لکھنے والا (۲) عالم۔ فاضل (۳) مسجد میں نماز پڑھانے والا۔ بچّوں کو پڑھانے والا۔ جمع: مُلّایان۔ اُردو جمع: مُلّاؤں۔ مُلّوں۔ مُلّے۔ نیز دیکھئے مُلّانا۔

مُلّا کی ڈاڑھی تبرّک ہی تبرّک میں گئی (اَر۔مثل) بے فائدہ اور فضول خرچ ہونے کے موقع پر بولتے ہیں۔

مُلّا کی دوڑ مسجد تک (اَر۔مثل) ہر شخص کی کوشش اُس کے حوصلے اور مقدور تک ہوتی ہے۔ جہاں تک آدمی کی دسترس ہو اُس سے آگے نہیں جا سکتا۔

مُلّا کی ماری حلال (اَر۔مثل) بڑے آدمیوں کا بُرا کام بھی دُرست اور جائز سمجھا جاتا ہے۔

مُلّا گری (ع۔ف۔ا۔مث) مُدرّسی۔ معلّمی۔

مُلّا نہ ہوگا تو کیا مسجد میں اذان نہ ہوگی؟ (اَر۔مثل) کوئی کام کسی کے بغیر رُکا نہیں رہتا۔

مُلابَست (مُ۔لا۔بَ۔سَت)(ع۔ا۔مث) مُشابہت۔ تعلّق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مِلاپ (مِ-لاپ)(ہ-ا-مذ)(۱) میل جول۔ اتفاق (۲) صُلح صفائی۔ باہم رضا مندی (۳) موافقت۔ سنجوگ (۴) مُلاقات۔ وصل۔ وصال (۵) محبت۔ دوستی۔ ربط و ضبط (۶) سازوں کی ہم آہنگی۔

ملاپ دار (اِ-صف) واقف کار۔ مُلاقاتی۔ جان پہچان والا۔ دوست۔ آشنا۔

ملاپ رکھنا (اِ-محاورہ) میل جول رکھنا۔ اتفاق کے ساتھ بسر کرنا۔

ملاپ کرانا (اِ-مص مُرکب) صُلح صفائی کرانا۔ تصفیہ کرانا۔

ملاپ ہونا (اِ-مص مُرکب) صُلح ہونا۔ صفائی ہونا۔

مِلاجُلا (مِ-لا-جُ-لا)(ہ-صف) مخلوط۔ گڈمُڈ۔

ملاجُلا رہنا (اِ-محاورہ) پیار محبت سے رہنا۔ مِل جُل کر بسر کرنا۔ سلوک سے رہنا۔

مَلّاح (مَل-لاح)(ع-ا-مذ) کشتی بان۔ ناؤ چلانے والا۔ کھویا۔ ناخدا۔ جمع: ملّاحان۔ اُردو جمع: ملّاح۔ ملّاحوں۔

ملّاح در چمن است و کشتی در فرنگ (ف-مثل) دو شخصوں یا دو چیزوں کے درمیان بڑا فاصلہ ہونے پر بولتے ہیں۔

ملّاح کا لنگوٹا ہی بھیگتا ہے (اِ-مثل) غریب کا زیادہ نُقصان نہیں ہوتا۔

مَلاحَت (مَ-لا-حت)(ع-ا-مث) نمکینی۔ نمکین ہونا (۲) سانولاپن (چہرے کا)۔

مَلاحِد (مَلاحِدَہ) (مَ-لا-حِد)(مَ-لا-حِ-دَہ)(ع-ا-مذ) مُلحِد کی جمع۔

مُلاحَظَہ (مُ-لا-حَ-ظہ)(ع-ا-مذ)(۱) مُعاینہ۔ مُشاہدہ۔ دیکھنا (۲) غور۔ توجّہ (۳)(اِ-ا-مذ) لحاظ۔ مُروّت (۴) سامنے۔ پیش۔ جمع: مُلاحظات۔

مُلاحظہ سے گُزرنا (اِ-محاورہ) نظر سے گزرنا۔ دیکھنے میں آنا۔

مُلاحظہ شُد (ع-ف-صف) دیکھ لیا گیا۔ دیکھا گیا۔

مُلاحظہ کا (اِ-صف) لحاظ کا۔ بامروّت۔ سفارشی۔ سفارش والا۔

مُلاحظہ کرنا (فرمانا) (اِ-محاورہ)(۱) دیکھنا۔ مُعاینہ کرنا (۲) لحاظ کرنا۔ طرف داری کرنا (۳) پڑتال کرنا۔ جانچنا (۴) مطالعہ کرنا۔

مُلاحظہ ہونا (اِ-محاورہ)(۱) دیکھا جانا۔ معاینہ ہونا (۲) پیش ہونا (۳) پڑتال ہونا۔ جانچ ہونا (۴) لحاظ ہونا۔ مُروّت ہونا۔

مُلاحظے (اِ-ا-مذ) مُلاحظہ کی مغیرہ صورت۔

مُلاحظے کی جگہ مُلاحظہ ہے (اِ-مثل) مُروّت کی جگہ مُروّت کی جاتی ہے۔

مُلاحظے میں آنا (اِ-محاورہ) کسی حاکم کی نظر سے گزرنا (۲) لحاظ میں آنا۔

مُلاحظے میں گزرنا (اِ-محاورہ) نظر سے گزرنا۔ کسی افسر کے زیرِ نظر ہونا۔

مُلاحظے میں ہونا (اِ-محاورہ) کاغذات کا کسی حاکم کے زیرِ نظر ہونا۔

مُلاحظے والا (اِ-صف) سفارش والا۔ رُسوخ والا۔

مَلّاحَن (ملّاحنی) (مَل-لا-حَن)(مَل-لاح-نی)(اِ-ا-مث) ملّاح کی بیوی۔

مَلّاحی (مَل-لا-حی)(ع-ا-مث)(۱) ملّاح کا پیشہ (۲) ملّاح کی اُجرت (۳) مُبہم گالی جس میں نام نہ لیا جائے۔ جمع: ملّاحیاں۔

ملّاحی سُنانا (ملّاحیاں سُنانا) (اِ-محاورہ) آوازے کسنا۔ گول مول طعنے تشنے دینا۔

ملّاحی کی ملّاحی اور بانس کے بانس کھائے (اِ-مثل) ایک نُقصان کی جگہ بہت سے نُقصان اُٹھانے کے موقع پر بولتے ہیں۔ دوہرا نُقصان۔

ملّاحی گالیاں (اِ-ا-مث) وہ گالیاں جو کسی کا نام لئے بغیر دی جائیں۔

ملّاحی ہاتھ (اِ-ا-مذ) تیرنے کا ایک خاص طریقہ جس میں لمبے لمبے ہاتھ مار کر دریا کا راستہ طے کیا جاتا ہے۔

مُلاذ لاہُوا (مُ-لا-ذ-لا-ہُو-آ)(ہ-صف) مَسلا ہوا۔ کام میں لایا ہوا۔ مستعمل۔

مَلاذ (مَ-لاذ)(ع-ا-مذ) بچاؤ کی جگہ۔ جائے پناہ۔

مُلاذا (مُ-لا-ذا)(ق-ا-مذ) ملاحظہ۔

مَلار (مَلہار) (ہ-ا-مث) وہ گیت جو موسم برسات میں گائے جاتے ہیں۔

ملار گانا (اِ-محاورہ)(۱) برسات کے گیت گانا (۲) خوشی منانا۔ آنند کرنا۔

مُلازِم (مُ-لا-زِم)(ع-ا-مذ)(۱) پاس رہنے والا (۲)(مجازاً) نوکر۔ خادِم۔ جمع: مُلازمین۔ فارسی جمع: ملازمان۔ اُردو جمع: مُلازم۔ مُلازموں۔

مُلازم خاص (ع-ف-ا-مذ) اپنا خاص نوکر۔ نج کا نوکر۔

مُلازم رکھنا (اِ-محاورہ) کسی کو تنخواہ پر خدمت کے لئے رکھنا۔ نوکر رکھنا۔

مُلازمِ سرکار (ع-ف-ا-مذ) سرکاری نوکر۔ حکومت کا مُلازم۔

مُلازم کرنا (اِ-محاورہ) نوکر رکھنا۔

مُلازم ہونا (اِ-محاورہ) مُلازمت کرنا۔ نوکری کرنا۔

مُلازَمَت (مُ-لا-زَ-مَت)(ع-ا-مث)(۱) کسی کے پاس ہمیشہ رہنا (۲) خدمت۔ نوکری۔ ٹہل۔ سیوا (۳) بڑے کی مُلاقات۔ اُردو جمع: مُلازمتوں۔ مُلازمتیں۔

مُلازمت اختیار کرنا (اِ-محاورہ)(۱) نوکر ہونا۔ نوکری قبول کرنا (۲) خدمت کرنا۔

مُلازمت پیشہ (ع-ف-صف) وہ شخص جس کا پیشہ نوکری ہو۔

مُلازمت حاصل کرنا (اِ-محاورہ)(۱) کسی امیر کی خدمت میں حاضر ہونا۔ کسی بڑے سے مُلاقات کرنا۔ باریاب ہونا (۲) نوکری ملنا۔ کوئی خدمت اپنے ذمے لینا۔

مُلاطَفَت (مُ-لا-طَ-فَت)(ع-ا-مث) نیکی۔ بھلائی۔ الطاف۔ مہربانی۔ عنایت۔

مُلاطَفَہ (مُ-لا-طَ-فَہ)(ع-ا-مذ)(۱) مُلاطفت (۲)(مجازاً) عنایت نامہ۔ مراسلہ۔ چٹھی۔ رُقعہ (۳) باہم بھیجے ہوئے خطوط کا مجموعہ۔

مَلاعِب (مَ-لا-عِب)(ع-ا-مذ) ملعب کی جمع (۱) ہنسی مذاق (۲) کھیلنے کی جگہیں۔ گراؤنڈ۔

مُلاعَبَت (مُ-لا-عَ-بَت)(ع-ا-مث) کھیل کود۔ ہنسی مذاق۔

مَلاعِن (مَ-لا-عِن)(ع-ا-مذ) ملعنہ کی جمع۔ قابلِ لعنت چیزیں۔

مُلاعَنَت (مُ-لا-عَ-نَت)(ع-ا-مث) ایک دوسرے پر لعنت کرنا (خصوصاً) میاں بیوی کا۔

مَلاعِین (ملاعِنَہ) (مَ-لا-عِین)(مَ-لا-عِ-نَہ)(ع-ا-مذ) ملعون کی جمع۔

مُلاقات (مُ-لا-قات)(ع-ا-مث) ایک دوسرے سے ملنا۔ میل ملاپ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

آنا جانا (۲) ہم نشینی۔ باہمی محبت (۳) واقفیت۔ صاحب سلامت۔ جان پہچان (۴) بات چیت۔ مِلنا جُلنا۔ اُردو جمع : ملاقاتوں۔ ملاقاتیں۔

مُلاقات بازدید (ع۔ف۔ا۔مث) کسی ہم رُتبہ شخص سے اپنے مکان پر ملنے کے بعد اُس کے گھر جا کر پھر مُلاقات کرنا۔

ملاقات پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) میل ملاپ قائم کرنا۔ ربط ضبط حاصل کرنا۔ شناسائی بہم پہنچانا۔ دوستی کی بُنیاد رکھنا۔

ملاقات رکھنا (اُر۔ محاورہ) صاحب سلامت رکھنا۔ میل جول رکھنا۔ ملتے رہنا۔

ملاقات کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مِلنا (۲) دوستی کرنا۔

ملاقات کروانا (اُر۔ محاورہ) مِلانا۔ شناسائی کرانا۔ آشنائی کرانا۔ باہم مِلوانا۔

ملاقات ہونا (اُر۔ محاورہ) راہ و رسم ہونا۔

مُلاقاتی (مُ۔لا۔قا۔تی) (اُر۔ا۔مذ) مُلاقات والا۔ ملنے والا۔ یار۔ دوست۔ جان پہچان والا۔ جمع : ملاقاتی۔ ملاقاتیوں۔

مُلاقی (مُ۔لا۔قی) (ع۔ف۔صف) ملنے والا۔ مُلاقات کرنے والا۔

مُلاقی ہونا (اُر۔ مص مُرکب) مِلنا۔ مُلاقات کرنا۔

مَلاگیری (مَ۔لا۔گی۔ری) (اُر۔صف) صندل کے رنگ کا۔

مَلال (مَ۔لال) (ع۔ا۔مذ) رنج۔ غم۔ کلفت (۲) اَفسوس (۳) زحمت۔

ملال آنا (اُر۔ محاورہ) دل میں رنج و کدورت آنا۔ رنج ہونا۔

ملال اُٹھانا (کھینچنا) (اُر۔ محاورہ) تکلیف سہنا۔ زحمت برداشت کرنا۔

مَلالت (مَ۔لا۔لت) (ع۔ا۔مث) رنج۔ کلفت۔ اُداسی۔

مِلا لینا (مِ۔لا۔لے۔نا) (اُر۔ محاورہ) (۱) گانٹھ لینا۔ ہم راز بنا لینا (۲) شریک کر لینا۔ شامل کر لینا (۳) مُخالف کو اپنی طرف کر لینا (۴) آمیز کر لینا۔ مُرکب کر لینا۔ باہم پڑتال کر لینا۔ مُقابلہ کر لینا۔

مَلامت (مَ۔لا۔مت) (ع۔ا۔مث) بُرا بھلا۔ جھڑکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ سرزنش۔ لعن طعن۔ فضیحت۔ دُھتکار۔

ملامت کرنا (اُر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔ جھڑکیاں دینا۔

مَلامتی (مَ۔لا۔مَ۔تی) (ع۔صف) لعنتی۔ لعنت کیا گیا۔ مردُود (۲) فقیروں کا ٹولا جو بظاہر احکام شرع کی پابندی نہیں کرتا مگر چھپ کر عبادت کرتا ہے۔

مَلامتیہ۔ دیکھئے ملامتی نمبر ۲۔

مِلان (مِ۔لان) (ھ۔ا۔مذ) (۱) مُقابلہ۔ تقابل (۲) ملاپ۔ اتحاد۔ اتفاق (۳) فیصلہ۔ تصفیہ (۴) میزان۔

مِلانا (مِ۔لا۔نا) (ھ۔مص) (۱) مُطابق کرنا۔ مُقابلہ کرنا۔ موازنہ کرنا۔ فرق نکالنا (۲) مُرکب کرنا۔ آمیز کرنا (۳) شناسائی کرانا۔ مُلاقات کرانا (۴) شامل کرنا۔ ملحق کرنا (۵) رازدار بنانا۔ گانٹھنا (۶) لڑانا۔ مُقابلہ کرانا (۷) سازوں کو ہم آہنگ کرنا۔

مُلانا (مُلانہ) (مُل۔لا۔نا) (اُر۔ا۔مذ) (۱) تحقیر سے مُلا کو کہتے ہیں (۲) مسجد کی روٹیاں کھانے والا (۳) سیدھا سادہ آدمی۔ جمع : مُلانوں۔ مُلانے۔

مِلانہار (مِلان۔ہار) (ق۔صف) ملانے والا۔

مُلانی (اُر۔ا۔مث) مُلا کی بیوی۔ مُعلِّمہ۔ اُستانی۔ جمع : مُلانیاں۔ مُلانیوں۔

مُلانے (مُل۔لا۔نے) (اُر۔ا۔مذ) مُلانا کی جمع۔

مُلانے کھلانا (اُر۔ محاورہ) مُلاؤں کی دعوت کرنا۔ مسکینوں کو کھلانا۔

مِلاوا (ملا۔وا) (ق۔ا۔مذ) ملاپ۔ وصل۔

مِلاوٹ (مِ۔لا۔وَٹ) (ھ۔ا۔مث) (۱) آمیزش۔ کھوٹ (۲) سازش۔

مَلائک (مَلائکہ) (مَ۔لا۔اِک) (مَ۔لا۔اِ۔کہ) (ع۔ا۔مذ) مَلک کی جمع۔ فرشتے۔

مُلائم (مُ۔لا۔اِم) (ع۔صف) نرم۔ پلپلا (۲) بُردبار۔ حلیم (۳) نازک۔ دُبلا پتلا۔

مُلائم چارا (اُر۔ا۔مذ) ہلکی غذا۔ حلوا۔ چاول۔ کھچڑی وغیرہ۔

مُلائم کرنا (اُر۔ محاورہ) دھیما کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔ غُصّہ فرو کرنا (۲) نرم کرنا۔

مُلائم ہونا (اُر۔ محاورہ) نرم ہونا۔ دھیما ہونا۔ غُصّہ ٹھنڈا ہونا۔

مُلائمت (مُ۔لا۔اِ۔مت) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) نرمی (۲) نزاکت۔ لاغری (۳) مُوافقت۔ مُناسبت۔

مِلاؤ (مِ۔لا۔او) (ھ۔ا۔مذ) ملاوٹ۔ میل۔ آمیزش۔ کھوٹ۔

مَلائی (مَ۔لا۔اِی) (ھ۔ا۔مث) (۱) دودھ یا دہی کے اُوپر کی پپڑی۔ بالائی (۲) گھوڑے کی مالش (۳) مالش کی اُجرت۔ جمع : ملائیاں۔ ملائیوں۔

ملائی پڑنا (اُر۔ محاورہ) دودھ یا دہی کے اُوپر پپڑی جمنا۔

مَلائیاں (ھ۔ا۔مث) ملائی کی جمع۔

ملائیاں کھانا (اُر۔ محاورہ) دُوسرے کے مال سے نفع حاصل کرنا۔

مَلبا (مَل۔با) (ھ۔ا۔مذ) (۱) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک (۲) گرے ہوئے مکان کی اینٹیں وغیرہ۔

ملبا خرچ (اُر۔ا۔مذ) وہ رقم جو نمبردار کاشتکاروں سے لے کر افسروں کی آؤ بھگت پر خرچ کرتا ہے۔

مِل بانٹ کے (اُر۔ تابع فعل) اِتفاق کے ساتھ۔ نفع میں شریک ہو کر۔

مُلَبَّب (مُ۔لَب۔بَب) (اُر۔صف) غلط العوام ہے۔ لبالب بھرا ہوا۔ لبریز۔ مُنہ تک بھرا ہوا۔ بھرپور۔ (ف لب سے اِسم مفعول بنایا گیا ہے)۔

مُلَبَّس (مُ۔لَب۔بَس) (ع۔صف مفعولی) (۱) لباس پہنے ہوئے (۲) عیب چھپایا ہوا (۳) پوشیدہ۔

مُلَبِّس (مُ۔لب۔بِس) (ع۔صف فاعلی) پوشیدہ کرنے والا۔ عیب چھپانے والا۔

مَلبُوس (مَل۔بُوس) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) لباس پہنے ہوئے (۲) پہننے کے کپڑے۔ لباس۔ پوشاک۔

مَلبُوسات (مَل۔بُو۔سات) (ع۔ا۔مذ) ملبوس کی جمع۔ کپڑے۔ پوشاکیں۔

مِل بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) سلوک سے بیٹھنا۔ محبت سے رہنا۔

مَلَکت (مَ۔لکت) (ھ۔ا۔مث) گھسا ہوا سکہ۔

مِلّت (مِل۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) دین۔ مذہب۔ شریعت۔ دھرم (۲)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فرقہ۔ قوم۔ گروہ۔ جمع: مِلَل۔ اُردو جمع: ملتوں۔ ملّتیں۔

مِلّتِ بَیضا (ع۔ا۔مث) (۱) روشن ملّت۔ تابناک مِلّت (۲) (کنایۃً) اُمّتِ مُسلمہ۔ مُسلمان۔ مُسلمان قوم۔

مِلّت (مِل۔لت) (ہ۔ا۔مث) (۱) ملاپ۔ راہ و رسم۔ میل جول (۲) صحبت۔ سنگت (۳) مِلنساری۔

مِلّت کا آدمی (اُر۔ا۔مذ) مِلنسار آدمی۔ ملاحظے والا آدمی۔

مِلتا جُلتا (اُر۔صف) مُشابہ۔ مانند۔ مِثل۔

مُلتانی (ہ۔صف) (۱) شہر مُلتان سے منسوب۔ مُلتان کا رہنے والا (۲) (ا۔مث) ایک قسم کی چکنی مٹی۔ گاچی (۳) ایک راگنی (۴) ملتانی زبان۔ سرائیکی۔

مُلتَبَس (مُل۔ت۔بس) (ع۔صف) (۱) چُھپایا ہوا۔ پوشیدہ کیا گیا (۲) شک کیا گیا۔

مُلتَجی (مُل۔تَ۔جی) (ع۔صف) اِلتجا کرنے والا۔ درخواست کرنے والا۔ منّت ساجت کرنے والا۔

مُلتَزِم (مُل۔ت۔زِم) (ع۔صف فاعلی) اِلتزام کرنے والا۔ اپنے اُوپر کوئی بات لازم کر لینے والا۔ وہ جو کسی چیز کی ذمّے داری لے۔

مُلتَزَم (مُل۔ت۔زَم) (ع۔صف مفعولی) لازم کیا گیا (۲) (ع۔ا۔مذ) بیتُ اللہ میں رُکنِ یمانی کے سامنے ایک مقام جہاں کی جانے والی دُعا قبول ہوتی ہے۔

مُلتَفِت (مُل۔ت۔فِت) (ع۔صف) اِلتفات کرنے والا۔ متوجّہ ہونے والا۔

مُلتَمِس (مُل۔ت۔مِس) (ع۔صف) اِلتماس کرنے والا۔ عرض کرنے والا۔

مُلتَوی (مُل۔ت۔وِی) (ع۔صف) (۱) اِلتوا کرنے والا۔ دیر کرنے والا (۲) توقّف کرنے والا۔ ٹھہرنے والا۔

ملتوی رکھنا (کرنا) (اُر۔محاورہ) اِلتوا میں ڈالنا۔ ڈھیل میں ڈالنا۔ روکنا۔ ٹھہرانا۔ ہٹانا۔ کچھ عرصے کے لئے موقوف رکھنا یا عمل درآمد نہ کرنا۔

ملتوی ہونا (اُر۔محاورہ) توقّف میں پڑنا۔ کچھ عرصے کے لئے عمل درآمد نہ ہونا۔

مُلتَہِب (مُل۔ت۔ہِب) (ع۔صف فاعلی) بھڑکانے والا۔

مُلتَہَب (مُل۔ت۔ہَب) (ع۔صف مفعولی) بھڑکتا ہوا۔ شُعلہ زن۔

مَلَٹ (مَ۔لٹ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) موٹا کاغذ۔ کتاب کا پٹھا (۲) خیمے کی میخ ٹھوکنے کی موگری۔

مِلٹری (Military) (انگ۔ا۔مث) فوج۔ سینا۔ عسکر۔ سپاہ۔

ملٹری پولیس (Military Police) (انگ۔ا۔مث) فوجی پولیس۔

مُلَٹھی (مُ۔لٹھ۔ٹھی) (ہ۔ا۔مث) مُلہٹی۔ مُلیٹھی۔ گھونگچی کے درخت کی جڑ۔ اصلُ السُّوس۔ ایک دوا جو کھانسی کے لئے مفید ہے۔

مَلجا (مَل۔جا) (ع۔ا۔مذ) جائے پناہ۔ پناہ ملنے کی جگہ۔ وہ مقام جہاں جا کر آدمی اپنی جان بچالے۔ مامَن۔

مَلجا و ماوا (ع۔ا۔مذ) پناہ ملنے کی جگہ۔

مِل جانا (اُر۔محاورہ) (۱) جُڑ جانا۔ پیوستہ ہو جانا (۲) صُلح و صفائی ہو جانا (۳) شامل ہو جانا۔ شریک ہو جانا (۴) دوچار ہونا۔ مُلاقات ہونا (۵) حاصل ہونا۔ وصول ہو جانا۔

مِل جُل کر (کے) (اُر۔متعلق فعل) اکٹھے ہو کر۔ سُلوک سے۔ اِتّحاد کے ساتھ۔

مَلِیچھ (مَ۔لیچھ) (لام کے نیچے زیر) (ہ۔صف) (۱) پلید۔ مَیلا۔ ناپاک۔ غلیظ۔ اگھوری۔ ناپاک قوم (۲) جنگلی آدمی۔ وحشی آدمی (۳) کافر۔ بے دین۔

مِلح (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) نمک۔ نون۔ کھار۔ شور۔

مُلحِد (مُل۔حِد) (ع۔صف) کافر۔ بے دین۔ راہِ حق سے پھرا ہوا۔

مُلحَق (مُل۔حَق) (ع۔صف مفعولی) جُڑا ہوا۔ لگا ہوا۔ ملا ہوا۔ پیوستہ۔ منسلک۔

ملحق کرنا (اُر۔مص مُرکّب) شامل کرنا۔ مِلانا۔ داخل کرنا۔

مُلحِق (مُل۔حِق) (ع۔صف فاعلی) جُڑنے والا۔ ملنے والا۔ شامل۔ داخل۔ شریک۔

مُلحَقات (مُل۔حَ۔قات) (ع۔ا۔مذ) مُلحقہ کی جمع۔ وہ چیزیں جو بعد میں ملا دی گئی ہوں۔

مُلحَقہ (مُل۔حَ۔قہ) (ع۔صف) ملحق کی تانیث۔

مَلحُوظ (مَل۔حوظ) (ع۔صف) لحاظ کیا گیا۔ خیال کیا گیا۔

ملحوظِ خاطر (ع۔ف۔صف) (۱) دلی خیال۔ دِلی توجّہ (۲) دِل سے خیال رکھا گیا۔

ملحوظ رکھنا (اُر۔محاورہ) لحاظ رکھنا۔ خیال رکھنا۔ یاد رکھنا۔

مَلَخ (مَ۔لَخ) (ف۔ا۔مث) ٹِڈی۔

مُلَخَّص (مُ۔لَخ۔خَص) (ع۔صف) (۱) خالص کیا گیا۔ پاک کیا گیا۔ خالص۔ پاک (۲) خُلاصہ کیا گیا۔ خُلاصہ۔ مختصر۔

مُلَذَّذ (مُ۔لذ۔ذَذ) (ع۔صف مفعولی) لذیذ۔ مزے دار۔ لذّت دار۔ خوش ذائقہ۔ مزے کا۔

مُلَذِّذ (مُ۔لذ۔ذِذ) (ع۔صف) لذّت دینے والا۔

مُلَر مُلَر (مُ۔لَر۔مُ۔لَر) (ہ۔متعلق فعل) عاجزی سے۔ غریبی اور مسکینی سے۔ بھولے پن سے۔

مُلزَم (مُل۔زَم) (ع۔ا۔مذ) اِلزام لگایا ہوا۔ گنہ گار۔ قصور وار۔ (اُردو میں بکسرِ زا غلطُ العام ہے)۔ جمع: مُلزمین۔ اُردو جمع: مُلزم۔ مُلزموں۔

مُلزَمہ (ع۔ا۔مث) مُلزم کی تانیث۔

مَلزُوم (مَل۔زوم) (ع۔صف) لازم کیا گیا۔ جو جُدا نہ ہو سکے۔ متعلق۔ شریکِ حال۔

مُلصَق (مُل۔صَق) (ع۔صف) مِلا ہوا۔ متّصل۔ پیوستہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُلَطِّف (مُ۔لَط۔طِف)(ع۔صف) رقیق کرنے والی دوا۔ ملیّن کرنے والی دوا۔
مَلْعَب (مَل۔عَب)(ع۔ا۔مذ) کھیل کی جگہ۔ جمع: مَلاعِب۔
مَلْعَنَہ (مَل۔عَ۔نَہ)(ع۔ا۔مث) پلیدی (۲) قابلِ لعنت چیز۔ جمع مَلاعِن۔
مَلْعُون (ع۔صف) لعنت کیا گیا۔ مردود۔ لعین۔ نکالا ہوا۔ جمع مَلاعِنَہ۔ مَلاعِین۔
مَلْغُوبا (مَل۔غو۔با) (اُر۔ا۔مذ) (۱) آلائش۔ آلودگی۔ جسم کے اندر کی آلائش۔ انتڑیاں۔ اوجھڑی۔ مواد۔ پیپ (۲) کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک (۳) ٹوٹی پھوٹی چیزوں کا انبار۔
مَلْفُوظ (مَل۔فُوظ)(ع۔صف)(۱) پڑھا گیا۔ جو پڑھنے میں آئے (۲) مُنہ سے بولی ہوئی بات۔ جمع: ملفوظات۔
مَلْفُوف (مَل۔فُوف)(ع۔صف) لپیٹا ہوا۔ لفافے میں بند۔ سربند۔ بند۔
مُلَقَّب (مُ۔لَق۔قَب)(ع۔صف) (۱) لقب دیا گیا۔ خطاب دیا گیا (۲) معروف۔ نام زد۔
مَلَک (مَ۔لَک)(بفتح لام)(ع۔ا۔مذ) فرشتہ۔ جمع: ملائک۔ ملائکہ۔
مَلَکُ الموت (مَ۔لَ۔کُل۔مَوت)(ع۔ا۔مذ) موت کا فرشتہ۔ رُوح قبض کرنے والا فرشتہ۔ جان نکالنے والا فرشتہ۔ عزرائیل۔
مَلَکُ الموت کا گھر دیکھنا (اُر۔محاورہ) گھر میں لگاتار موتیں ہو جانا۔
مَلَک خصلت (ع۔ف۔صف) مَلَک سیرت۔ مَلَک نہاد۔ فرشتے کی سی عادت والا۔ معصوم۔ نیک۔ بے گناہ۔
مَلِک (مَ۔لِک)(بکسر لام)(ع۔ا۔مذ) بادشاہ۔ سلطان۔ فرماں روا۔ شہریار (۲) ایک خطاب جو مسلمان قوموں میں رائج ہے۔ جمع: مُلوک۔
مَلِکُ التُّجار (مَ۔لِ۔کُت۔تُج۔جار)(ع۔ا۔مذ) بہت بڑا تاجر۔
مَلِکُ الشُّعَراء (مَ۔لِ۔کُش۔شُ۔عَ۔را)(ع۔ا۔مذ) شاعروں کا بادشاہ۔ بہت بڑا شاعر۔ راج کوی۔ وہ خطاب جو بادشاہ کی طرف سے اعلیٰ درجے کے شاعر کو دیا جاتا تھا۔
مَلِکُ العرش (مَ۔لِ۔کُل۔عَرش)(ع۔ا۔مذ) عرش کا بادشاہ۔ خدا تعالیٰ۔
مَلِک زادہ (ع۔ف۔صف) شاہ زادہ۔
مِلْک (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) مِلکیت۔ زمین داری۔ جاگیر۔ معافی۔ جائیداد (۲) مال و اسباب (۳) حق۔ حقیت۔ جمع: اَملاک۔
مِلکِ یمین (ع۔ا۔مث) لونڈی۔ غلام۔
مُلْک (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) دیس۔ ولایت۔ کشور۔ اِقلیم (۲) سلطنت۔ راج۔ بادشاہت۔ علاقہ۔ عمل داری۔ قلم رو (۳) احاطہ۔ پرگنہ۔ صوبہ (۴) شہر۔ نگر (۵) خلقت۔ لوگ۔ جمع: اَملاک۔ اُردو جمع: مُلک۔ مُلکوں۔
مُلک بدر کرنا (اُر۔محاورہ) جلا وطن کرنا۔
مُلکِ بقا (ع۔ا۔مذ) ہمیشہ رہنے والا مُلک۔ عاقبت۔ اگلا جہان۔
مُلکِ خُدا (ع۔ا۔مذ) خُدا کا ملک۔ دُنیا۔ کائنات۔
مُلکِ خُدا تنگ نیست پائے گدا لنگ نیست (ف۔مثل) خُدا کا مُلک تنگ نہیں اور فقیر کا پاؤں لنگڑا نہیں۔ کسی خاص مقام پر موقوف نہیں۔ ہر جگہ کوشش کرنی چاہئے۔
مُلکِ خموشاں (ع۔ف۔ا۔مذ)(کنایۃً) شہرِ خموشاں۔ قبرستان۔
مُلک داری (ع۔ف۔ا۔مث) حکومت۔ سلطنت۔
مُلک رانی (ع۔ف۔ا۔مث) مُلک کا اِنتظام کرنا۔ سیاست۔
مُلک ستانی (ع۔ف۔ا۔مث) مُلک لینا۔ جیت۔ فتح۔ تسخیر۔ فتح یابی۔ حکمرانی۔ بادشاہی۔
مُلک سے خارج کرنا (اُر۔مص مُرکّب) دیس نکالا دینا۔ بن باس دینا۔ جلا وطن کرنا۔ شہر بدر کرنا۔
مُلکِ عدم (ع۔ا۔مذ) وہ عالم جس میں مرنے کے بعد روح رہتی ہے۔ عاقبت۔
مُلک گیری (ف۔ا۔مث) مُلک لینا۔ مُلک فتح کرنا۔
مَلَکات (مَ۔لَ۔کات)(ع۔ا۔مذ و مث) مَلَکہ کی جمع۔ عادتیں۔ صفات۔ خوبیاں۔
مَلَکاتِ رَدِیّہ (ع۔ا۔مذ)(۱) بُری قوتیں۔ بُری عادتیں (۲) وہ آٹھ بُری خصلتیں جو اَخلاق کی کتابوں میں بہ تفصیل لکھی ہیں۔ حسد۔ بخل۔ بغض۔ حرص۔ کِذب۔ غضب۔ کبر۔ بے حیائی۔
مَلَکاتِ فاضِلَہ (ع۔ا۔مذ) نیک عادتیں۔ عُمدہ خصلتیں۔ وہ چار خصلتیں جو کتبِ اَخلاق میں تفصیل سے درج ہیں۔ حکمت۔ شجاعت۔ عِفت۔ عدالت۔
مَلکانا (مَل۔کا۔نا)(ہ۔مص)(۱) بنا بنا کر بولنا (۲)(ا۔مذ) ایک نو مُسلم قوم۔
مُلَکّٹ (مُل۔کٹ)(ہ۔ا۔مث) انگیا کی کٹوری جس میں چھاتی رہتی ہے۔
مِل کر (اُر۔تابع فعل) متفق ہو کر۔ متحد ہو کر۔ مل جل کر۔
مل کر چلنا (اُر۔مص) اِتفاق سے رہنا۔ میل جول کے ساتھ بسر کرنا۔
مل کر دغا دینا (اُر۔محاورہ) دوست بن کر دغا دینا۔
مَلکنا (مَ۔لَک۔نا)(ہ۔مص) اِترانا۔ مٹکنا۔
مَلَکوت (مَ۔لَ۔کوت)(ع۔ا۔مذ)(۱) بادشاہی۔ سلطنت۔ حکومت۔ حکمرانی (۲) فرشتوں کا عالم۔ فرشتوں کے رہنے کا مقام (۳) فرشتے۔ ملائکہ (۴) صوفیوں کی اِصطلاح میں عالمِ اَرواح۔
مَلَکوتی (مَ۔لَ۔کو۔تی)(ع۔صف) فرشتوں کے متعلق۔ فرشتوں جیسی۔
مَلَکوتی صِفات (ع۔صف)(۱) فرشتوں جیسی خصلتوں والا (۲)(ا۔مث) نیک عادتیں۔
مَلَکَہ (مَ۔لَ۔کَہ)(لام پر زبر)(ع۔ا۔مذ) مہارت۔ مشق۔ لیاقت۔ قابلیت۔ اِستعداد۔ ہُنر۔ تجربہ۔ اُستادی۔ فہم۔ اِدراک۔ جمع: مَلَکات۔
مَلَکہ حاصِل ہونا (اُر۔محاورہ) مہارت ہونا۔ خوب مشق ہونا۔ نہایت تجربہ ہونا۔
مَلِکَہ (مَ۔لِ۔کہ)(ع۔ا۔مث)(۱) مَلِک کی تانیث۔ بادشاہ کی بیوی۔ بادشاہ بیگم۔ حکمران خاتون (۲) شہزادی۔ بادشاہ زادی (۳) مُہال کی سب سے بڑی مکھی جس کے ساتھ اور مکھیاں بہ طور پیش خدمت رہتی ہیں۔ جمع: مَلِکات۔
مَلِکہ مُنوّر (اُر۔ا۔مث) بڑے قسم کی منور۔
مَلِکۂ مُعَظَّمہ (ع۔ا۔مث) بڑی ملکہ۔ بُزرگ ملکہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَلَکی (مَ۔لَ۔کی)(ع۔صف) مَلَک سے منسوب۔ فرشتے کی مانند۔
مَلَکی صِفات۔ دیکھئے مَلکوتی صِفات۔
مِلکی (مِل۔کی)(ع۔ا۔مذ) مِلک والا۔ زمین دار۔ جاگیردار۔
مِلکی کیا جانے پرائے دِل کی (اَر۔مثل) جاگیردار خودغرض ہوتے ہیں۔ دُوسروں کی تکلیف کا خیال نہیں رکھتے۔
مِلکی نہ کہے دِل کی (اَر۔مثل) زمین دار دل کا بھید نہیں دیتا۔
مُلکی (مُل۔کی)(ع۔صف)(۱) مُلک کا۔ مُلک سے تعلّق رکھنے والا (۲) قومی۔ وطن کا (۳) حکمرانی کے متعلق۔
مِلکِیّت (مِل۔کی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) قبضہ۔ تصرّف (۲) جائیداد۔ زمینداری۔ اَملاک۔ مال۔ اَسباب۔
مَلگِجا (مَل۔گَ۔جا)(ہ۔صف) مَیلا۔ مٹی کے رنگ کا۔ غبار آلود۔ کچھ میلا کچھ اُجلا۔
مَلگجا پَن (ہ۔ا۔مذ) مٹی کے رنگ کا ہونا۔
مَلگِجی (مَل۔گَ۔جی)(ہ۔صف) مَلگجا کی تانیث۔ میلی۔ مٹی کے رنگ کی۔
مِل گئے کی بات ہے (اَر۔مقولہ)(۱) اتفاقیہ اَمر ہے (۲) اگر مِل گئے تو مُلاقات ہے ورنہ کچھ نہیں۔
مَلَل (مَ۔لَل)(ع۔ا۔مذ) اندوہ۔ غم۔ تنگی۔
مِلَل (مِ۔لَل)(ع۔ا۔مث)(۱) مِلّت کی جمع۔ مذاہب۔ ادیان (۲) اقوام۔
مَلماس (مَل۔ماس)(ہ۔ا۔مذ)(۱) نحس مہینا۔ منحوس مہینا۔ وہ مہینا جس میں ہندو خوشی کی رسمیں نہیں کرتے (۲) لوند۔ کبیسہ۔
مُلَمّع چی (مُ۔لَم۔چی)(اَر۔ا۔مذ) مُلمّع کرنے والا۔ مُلمّع ساز۔
مُلَمّع (مُ۔لَم۔مَع)(ع۔صف)(۱) روشن کیا گیا۔ چمکتا ہوا۔ درخشاں (۲) گِلٹ کیا ہوا۔ سونا چاندی چڑھایا ہوا (۳)(ا۔مذ) جھول۔ گِلٹ۔ سونے چاندی کے ورق۔ پتر یا پانی جو کسی چیز پر چڑھایا جائے (۴) قلعی (۵) بُرا دِکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ۔ بناوٹ (۶) اِصطلاحِ عروض میں ایک زبان کی نظم جس میں دُوسری زبان کا ایک مصرع یا ایک یا زیادہ شعر ملا دیئے جائیں۔
مُلمّع پھرنا (چڑھنا) (اَر۔محاورہ) مُلمّع ہونا۔ گِلٹ ہونا۔ سونا یا چاندی چڑھنا۔
مُلمّع ساز (گر) (ع۔ف۔صف۔ وا۔مذ) مُلمّع کرنے والا۔ سونا چاندی چڑھانے والا۔ مُلمّع چی۔
مُلمّع سازی (کاری۔گری) (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) مُلمّع کرنا۔ مُلمّع کرنے کا عمل (۲) مُلمّع ساز کا پیشہ یا کام۔
مُلمّع کار (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) مُلمّع کرنے والا (۲) جس کا ظاہر کچھ ہو باطن کچھ ہو۔
مُلمّع کرنا (اَر۔مص مُرکّب)(۱) گِلٹ کرنا۔ سونا یا چاندی چڑھانا (۲) چمکانا۔ آب دینا۔ جِلا دینا۔

مُلمّع کھل جانا (اَر۔محاورہ) اصلیّت معلوم ہو جانا۔ نمائشی کارروائی کا حال معلوم ہو جانا۔
مَلمَل (مَل۔مَل)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا۔
مَلمَلا (مَل۔مَ۔لا)(ہ۔صف) نمکین۔ کھاری (۲) غمگین۔ دِل گیر۔ اُداس۔
مَلمَلانا (مَل۔مَ۔لا۔نا)(ہ۔صف) پچھتانا۔ افسوس کرنا۔
مَلمَلاہَٹ (مَل۔مَ۔لا۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث)(۱) اُداسی۔ غمگینی (۲) افسوس۔ پچھتاوا۔ دریغ۔ حسرت۔
مَلملاہٹ آنا (اَر۔محاورہ) افسوس ہونا۔ پچھتانا۔
مِل مِل کر (کے) رونا (اَر۔محاورہ) گلے لگ لگ کر رونا۔
مَل مَل کے دھونا (اَر۔محاورہ) کسی چیز کو خوب رگڑ رگڑ کر دھونا۔
مِلَن (مِ۔لَن)(ہ۔ا۔مث) مُلاقات۔ ملنا۔ میل جول۔
مِلنسار (مِ۔لَن۔سار)(ہ۔صف) ہر ایک سے ملنے والا۔ خلیق۔ خوش اَخلاق۔
مِلنساری (ہ۔ا۔مث) خوش اَخلاقی۔ راہ و رَسم۔ ربط ضبط۔ میل جول۔
مَلنا (مَل۔نا)(اَر۔مص)(۱) رگڑنا۔ مَسلنا (۲) مالش کرنا (۳) لیپ کرنا (۴) مانجھنا (۵) گھوڑے وغیرہ کے جسم پر کھریرا کرنا جیسے گھوڑا ملنا (۶) مروڑنا۔ اینٹھنا جیسے کان ملنا۔
مَلنا دَلنا (اَر۔محاورہ) مَسلنا۔ مالش کرنا۔ کسی چیز کو ہاتھ کا دباؤ دے کر رگڑنا۔
مِلنا (مِل۔نا)(ہ۔مص)(۱) پیوستہ ہونا۔ مُلحق ہونا۔ ایک ذات ہونا (۲) مُرکّب ہونا۔ دو چیزوں کا یکجا ہونا (۳) گڈمڈ ہونا۔ خلط ملط ہونا (۴) مُلاقات ہونا۔ سامنا ہونا۔ اکٹھا ہونا (۵) حاصل ہونا۔ ہاتھ میں آنا۔ میسّر ہونا۔ ہاتھ لگنا (۶) فائدہ ہونا (۷) گلے ملنا۔ بغل گیر ہونا (۸) سازش کرنا (۹) شامل ہونا (۱۰) مُطابق ہونا۔ مُشابہ ہونا (۱۱) قابو میں آنا (۱۲) عطا ہونا۔ عنایت ہونا (۱۳) ربط ضبط ہونا۔ راہ و رَسم رکھنا۔ دوستی پیدا کرنا۔ یارانہ گانٹھنا (۱۴) متفق الرّائے ہونا۔ رائے میں شریک ہونا (۱۵) مَس ہونا۔ چھُوا جانا (۱۶)(ا۔مذ) میل جول۔ راہ و رَسم۔ مُلاقات (۱۷) رُخصت کے وقت مُعانقہ کرنا (۱۸) کسی کام کا موقع ملنا (۱۹) دکھائی دینا۔
مِلنا جُلنا (اَر۔ا۔مذ) میل ملاپ۔ راہ و رَسم۔ مُلاقات۔
مَلَنگ (مَ۔لَنگ)(نونِ غُنّہ)(ہ۔صف)(۱) بے خود۔ آپے سے باہر (۲)(ا۔مذ) مُجرّد آدمی (۳) موٹا تازہ آدمی (۴) آزاد فقیر۔ جمع: ملنگ۔ ملنگوں۔
مِلنی (مِل۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) مُلاقات۔ درشن (۲) اِستقبال۔ پیشوائی (۳) ایک رَسم جس میں شادی کے بعد سمدھی مع دیگر عزیز و اقارب ایک دُوسرے سے ملتے ہیں۔ ملاوا (۴) وہ روپیہ جو دُلہن والے دولھا والوں کو ملتے وقت دیتے ہیں۔
مَلُّو (مَلّھو) (مَل۔لو)(مَل۔لھو)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ریچھ۔ بھالو (۲) بندر۔
مَلّو (مَل۔لو)(ہ۔ا۔مذ) وہ پرند جس کے پاؤں باندھ کر جال میں ڈال دیتے ہیں تاکہ اور پرند آ کر پھنسیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَلوانا (مَل۔وا۔نا)(ہ۔مص) مَلنا کا متعدی۔ مالش کروانا (۲) صاف کرانا۔

مِلوانا (مِل۔وا۔نا)(ہ۔مص) مِلنا کا متعدی (۱) آمیز کرانا۔ شریک کرانا (۲) مُلاقات کرانا۔ صلح کرانا۔

مُلَوَّث (مُ۔لَو۔وَث)(ع۔صف)(۱) لتھڑا ہوا۔ آلودہ۔ بھرا ہوا (۲) ناپاک۔ نجس۔ پلید (۳) گُناہ گار۔ قصوروار۔

مَلُوک (مَ۔لُوک)(ہ۔صف) حسین۔ خوبصورت (۲)(ا۔مذ) ایک قسم کا کیڑا۔

مُلُوک (مُ۔لُوک)(ع۔ا۔مذ) مَلِک کی جمع۔ بہت سے بادشاہ۔ سلاطین۔

مُلُوکانہ (مُ۔لُو۔کا۔نہ)(ع۔ف۔صف) ملوک سے منسوب۔ شاہانہ۔ خسروانہ۔

مُلُوکِیّت (مُ۔لُو۔کی۔یت)(ع۔اُر۔ا۔مث) بادشاہی نظام حکومت۔

مَلُول (مَ۔لُول)(ع۔صف) اُداس۔ رنجیدہ۔ غمگین۔

مَلُولا (مَ۔لُو۔لا)(اُر۔ا۔مذ) غم۔ ملال۔ حسرت۔ اَرمان۔ رنج۔ افسوس۔ پچھتاوا۔

مَلُولے (مَ۔لُو۔لے)(اُر۔ا۔مذ) مَلولا کی جمع۔

مَلُولے آنا (اُر۔ محاورہ) رنج ہونا۔ پچھتاوا ہونا۔

مَلُولے بھرے ہونا (اُر۔ محاورہ) بہت سے اَرمان ہونا۔

مَلُولے ہونا (اُر۔ محاورہ) غم ہونا۔ اَرمان ہونا۔ حسرتیں ہونا۔

مُلَوَّن (مُ۔لَو۔وَن)(ع۔صف)(۱) رَنگا ہوا (۲) رنگ برنگ کا۔ گوناگوں۔ بوقلموں۔

مِلَونی (مِ۔لَو۔نی)(ہ۔ا۔مث) ملاوٹ۔ آمیزش۔ کھوٹ۔

مَلْہار (مَل۔ہار)(ہ۔ا۔مث) دیکھیے مَلار۔

مَلْہَٹی (مَل۔ہَٹ۔ٹی)(ہ۔ا۔مث) دیکھیے مُلَٹھی۔

مُلْہَم (مُل۔ہَم)(ع۔صف مفعولی) اِلہام کیا گیا۔ وہ شخص جس کے دل میں غیب سے کوئی بات پڑے۔

مُلْہِم (مُل۔ہِم)(ع۔صف فاعلی) اِلہام کرنے والا۔ دِل میں کوئی بات ڈالنے والا۔

مُلہِمِ غیب (ع۔صف) غیب کی خبر دینے والا۔

مِلّی (مِل۔لی)(ع۔صف) مِلّت سے منسوب۔

مِلّیہ (ع۔صف) مِلّی کی تانیث۔

مَلیا (مَل۔یا)(ہ۔ا۔مث) مٹی یا لکڑی کی ہنڈیا جیسا ایک چھوٹا برتن۔

مَلیامیٹ (مَل۔یا۔میٹ)(یائے مجہول)(ہ۔صف) پامال۔ روندا ہوا۔ تباہ و برباد۔ ناپید۔ نیست و نابُود۔ (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

مِلی بھگت (ہ۔ا۔مث) سازش۔ باہمی مشورہ۔

مِلی جُلی (ہ۔صف) مِلا جُلا کی تانیث۔

مَلے پَنج (مَ۔لِ۔پَنج)(اُر۔صف) چابک سواروں کی اِصطلاح میں آٹھ برس سے زیادہ عُمر کا گھوڑا۔

مُلَیٹھی (مُ۔لے۔ٹھی)(ہ۔ا۔مث) دیکھیے مُلَٹھی۔

مَلِیچ (مَلیچھ) (مَ۔لیچ)(مَ۔لیچھ)(ہ۔صف) دیکھیے مَلِچھ۔

مَلِیح (مَ۔لیح)(ع۔صف)(۱) نمکین۔ سلونا (۲) سانولا۔

مَلِیدہ (مَ۔لی۔دہ)(اُر۔ا۔مذ) مالیدہ کا مخفف (۱) ایک قسم کا مُلائم پشمینہ جو مَل کر نرم کیا جاتا ہے (۲) چُورما۔ روٹی کو ریزہ ریزہ کر کے اُس میں گھی اور شکر ملا لیتے ہیں (۳) ہر چیز جو ٹکڑے ٹکڑے کر کے مَل ڈالی گئی ہو۔

مَلیریا (Malaria)(انگ۔ا۔مذ) ایک وبائی بخار جو خاص قسم کے مچھروں (Anopheles) کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔

مَلیشیا (Militia)(انگ۔ا۔مث)(۱) رضاکار فوج (۲)(ا۔مذ) سیاہی مائل کپڑا جس کی عام طور پر وردیاں بنتی ہیں۔

مِلی گرام (Milligramme)(انگ۔ا۔مذ) گرام کا ہزارواں حصّہ۔

مِلی میٹر (Millimeter)(انگ۔ا۔مذ) علم مَساحت میں ایک پیمانہ جو میٹر کا ہزارواں حصّہ ہوتا ہے۔

مُلَیِّن (مُ۔لَی۔یِن)(ع۔صف) مُلائم کرنے والا۔ نرم کرنے والا۔ قبض دُور کرنے والا۔

مِلیَن (Million)(انگ۔ا۔مذ) دس لاکھ۔

مَلِینہ (مَ۔لی۔نہ)(اُر۔ا۔مذ) دیکھیے مرینہ۔

م۔م

مَم (بفتحِ اوّل)(اُر۔ا۔مذ)(۱) دودھ پیتے بچّوں کی زبان میں پانی (۲) عورت کی چھاتی۔ چُوچی۔

مَمات (مَ۔مات)(ع۔ا۔مث) موت۔ مَرگ۔ مرنا۔ مَرن۔

مُماثِل (مُ۔ما۔ثِل)(ع۔صف) مانند۔ مثل۔ مُشابہ۔ برابر۔ نظیر۔

مُماثَلت (مُ۔ما۔ثَ۔لت)(ع۔ا۔مث) مُشابہت۔ مانند ہونا۔

مُمارَسَت (مُ۔ما۔رَ۔سَت)(ع۔ا۔مث) مشق۔ تجربہ۔

مُماس (مُ۔ماس)(ع۔صف)(۱) مَس کرنے والا۔ چھونے والا (۲) اُقلیدس میں وہ خط جو دُوسرے خط کو چھوتا ہوا گزرے (۳) وہ نُقطہ جہاں کوئی چیز چھوئے۔

مُماکھی (مُ۔ما۔کھی)(ہ۔ا۔مث) شہد کی مکھی۔

مَمالِک (مَ۔ما۔لِک)(لام مکسور)(ع۔ا۔مذ) مملکت کی جمع۔

ممالکِ غیر (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مُلک جو اپنی سلطنت سے باہر ہوں۔

ممالکِ غیر آئین (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مُلک جن میں قانون کی پابندی نہ ہو۔

ممالکِ محرُوسہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ مُلک جو کسی بادشاہ یا حکومت کے تابع ہوں۔

ممالکِ مُفَوَّضہ (مُ۔فَو۔وَ۔ضہ)(ع۔ا۔مذ) سپرد کئے ہوئے مُلک۔ وہ مُلک جو ایک بادشاہ دُوسرے بادشاہ کو ہارنے کے بعد دے دے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَمالِیک (مَ۔ما۔لِیک)(ع۔ا۔مث) مملوک کی جمع۔

مُمانَعَت (مُ۔ما۔نَ۔عَت)(ع۔ا۔مث) روک۔بندش۔مناہی۔منع کرنا۔

مُمانی (مُ۔ما۔نی)(اُر۔ا۔مث) ماموں کی بیوی۔مامی۔جمع: ممانیاں۔ممانیوں۔

مِمبر (Member) (انگ۔ا۔مذ)(۱) مجلس کا رُکن۔کمیٹی کا رُکن (۲) حصّے دار۔ پتّی دار۔شریک۔اُردو جمع: ممبران۔ممبر۔ممبروں۔

مِمبر شِپ (Membership) (انگ۔ا۔مث) رُکنیت۔ممبری۔

مَمتا (مَم۔تا)(س۔ا۔مث) خودی۔انانیت (۲) کسی چیز سے محبت اس وجہ سے کہ اپنی ہے (۳) ملکیت کا خیال (۴) خود غرضی (۵) اُنس۔محبت (۶) تکبّر۔ غرور (۷) شخصیت (۸) لالچ۔حرص (۹) وہ محبت جو ماں کو اولاد سے ہوتی ہے۔

مُمتاز (مُم۔تاز)(ع۔صف)(۱) اِمتیاز دیا گیا (۲) اِنتخاب کیا گیا۔چُنا گیا (۳) عزّت دیا گیا۔معزّز (۴) اعلیٰ۔افضل۔سرفراز۔برتر۔برگزیدہ۔عالی رُتبہ (۵) نامی۔نامور۔مشہور (۶) شریف۔ذی شان۔والا قدر۔

ممتاز فرمانا (کرنا) (اُر۔محاورہ) عزّت بخشنا۔مرتبہ بڑھانا۔معزز کرنا۔

مُمتَحِن (مُم۔تَ۔حِن)(ع۔صف۔وا۔مذ) امتحان لینے والا۔پڑتال کرنے والا۔جانچنے والا۔پرکھنے والا۔جمع: مُمتحنین۔

مُمتَد (مُم۔تَد)(ع۔ا۔مذ)(۱) پھیلایا گیا۔دراز کیا گیا (۲) لمبا۔طویل۔

مُمتَلی (مُم۔تَ۔لی)(ع۔صف) بھرا ہوا۔لبریز۔معمور۔اٹا ہوا۔

مُمتَنَع (مُم۔تَ۔نَع)(ع۔صف مفعولی) باز رکھا گیا۔روکا گیا۔

مُمتَنِعُ الجواب (مُم۔تَ۔نِ۔عُل۔جواب)(ع۔صف) جس کا جواب نہ ہو۔

مُمتَنِع (مُم۔تَ۔نِع) (ع۔صف فاعلی) منع کرنے والا۔روکنے والا۔باز رکھنے والا۔

مُمثّی (مُم۔ثی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے مُثّی۔

مُمَثِّل (مُ۔مَث۔ثِل)(ع۔ا۔مذ) اداکار۔ایکٹر۔

مُمِدّ (مُ۔مِد)(ع۔صف) مدد کرنے والا۔مددگار۔معاون۔ساتھی۔

مَمدُوح (مَم۔دوح)(ع۔صف) تعریف کیا گیا۔جس کی تعریف کی جائے۔ جمع: ممدوحین۔

مَمدُوحہ (مَم۔دو۔حہ)(ع۔صف) ممدوح کی تانیث۔جمع: ممدوحات۔

مَمدُود (مَم۔دود)(ع۔صف) پھیلایا گیا۔مد دیا گیا۔بڑھایا گیا۔لمبا کیا گیا۔ وسیع کیا گیا۔

مَمدُودہ (مَم۔دو۔دہ)(ع۔صف) ممدود کی تانیث۔

مَمَر (مَ۔مَر)(ع۔ا۔مذ) گزرنے کی جگہ۔راہ گزر۔راستہ۔راہ۔

مَمرِیز (مَم۔ریز)(اُر۔ا۔مث) لوہے کی دندانہ دار پھرکی جو سواروں کے بوٹ کی ایڑی میں چابک کا کام دیتی ہے۔(مہمیز کا بگڑا ہوا ہے)۔

مَمزُوج (مَم۔زوج)(ع۔صف) ملایا ہوا۔آمیختہ۔

مُمسِک (مُم۔سِک)(ع۔صف)(۱) پکڑنے والا۔روکنے والا (۲) کنجوس۔ بخیل۔شوم (۳) اِمساک بڑھانے والا۔

مُمکِن (مُم۔کِن)(ع۔صف)(۱) جو ہو سکے۔ہونے کے قابل۔قابلِ امکان (۲) آسان۔سہل (۳)(ع۔ا۔مذ) مجال۔مقدور۔طاقت (۴) منطق میں وہ شئے جو معرضِ زوال و فساد میں ہو۔جمع: ممکنات۔

مُمکِنُ الحُصُول (مُمکِنُ الوصُول) (ع۔صف) وہ چیز جو حاصل ہونے کے قابل ہو۔وصول ہونے کے لائق چیز۔

مُمکِنُ الوقُوع (ع۔صف) وہ بات جس کے واقع ہونے کا امکان ہو۔ ہونے کے قابل بات۔

مُمکِنات (مُم۔کِ۔نات)(ع۔ا۔مذ) ممکن کی جمع۔وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہو۔

مَملِکَت (مَم۔لِ۔کَت)(مُم۔لِ۔کَت)(ع۔ا۔مث) ریاست۔سلطنت۔ بادشاہت۔حکومت۔راج۔

مَملُو (مَم۔لو)(ع۔صف) بھرا ہوا۔لبریز۔پُر۔

مَملُوک (مَم۔لوک)(ع۔ا۔مذ)(۱) جس پر قبضہ کیا جائے۔مقبوضہ (۲) غلام۔بندہ۔جمع: ممالیک۔

مَملُوکہ (مَم۔لو۔کہ)(ع۔صف) مملوک کی تانیث۔

مملوکہ و مقبُوضہ (ع۔صف) خریدا اور قبضہ کیا ہوا۔

مَمنُوع (مَم۔نوع)(ع۔صف)(۱) منع کیا گیا۔روکا گیا (۲) ناجائز۔ناروا۔ خلافِ شرع۔خلافِ قانون۔جمع: ممنوعات۔

مَمنُوعہ (مَم۔نو۔عہ)(ع۔صف) ممنوع کی تانیث۔

مَمنُون (مَم۔نون)(ع۔صف) احسان مند۔شکرگزار۔

ممنون کرنا (اُر۔مص مُرکّب) شکرگزار کرنا۔احسان مند کرنا۔

ممنون ہونا (اُر۔مص مُرکّب) ممنون کرنا کا لازم۔شکرگزار ہونا۔

مَمنُونِیَّت (مَم۔نو۔نی۔یَت)(ع۔ف۔ا۔مث) احسان مندی۔

مَمولا (مَ۔مو۔لا)(ہ۔ا۔مذ) ایک چھوٹا پرند جس کے پیٹ پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں۔جھانپو۔جمع: ممولوں۔ممولے۔

مَمولے (مَ۔مو۔لے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ممولا کی جمع (۲) ممولا کی مغیرہ صورت بحالتِ اِمالہ۔

ممولے چھپتا (اُر۔محاورہ) بہت خاطر تواضع کرنا۔مارے خاطر کے بچھے جانا۔ سر آنکھوں پر بٹھانا۔

مَمّی (Mummy) (انگ۔ا۔مث)(۱) لاش جو مسالا لگا کر محفوظ رکھی جائے (۲) بچّے پیار سے ماں کو کہتے ہیں۔

مَمّیا (مَم۔یا)(اُر۔صف) ماما یا ماموں سے منسوب۔

ممیا (مُمیا) سُسر (ہ۔ا۔مذ) خاوند یا بیوی کا ماموں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ممیا ساس (ہ۔ا۔مث) خاوند یا بیوی کی مُمانی۔

مَمیانا (مَم۔یا۔نا) (اَر۔مص) بکری کا بولنا۔ مَیں مَیں کرنا۔

مُمیت (مُ۔مِیت) (ع۔صف) (۱) مارنے والا (۲) خُدا تعالیٰ کا ایک نام۔

مَمیرا (مَ۔می۔را) (اَر۔ا۔مذ) ایک گٹھیلی جڑ جو ہلدی سے مُشابہ ہوتی ہے اور بینائی کے لئے نہایت مُفید دوا ہے۔

مُمیرا (مُ۔مے۔را) (ہ۔صف) ماموں زاد۔ ماموں کا بیٹا۔

مُمیری (مُ۔مے۔ری) (ہ۔صف) ماموں کی بیٹی۔

مُمیَّز (مُ۔مَی۔یَز) (ع۔صف مفعولی) تمیز کیا گیا۔ پہچانا گیا۔

مُمیِّز (مُ۔مَی۔یِز) (ع۔صف فاعلی) تمیز کرنے والا۔ بھلے بُرے کو پہچاننے والا۔

مُمیِّزہ (مُ۔مَی۔یِ۔زہ) (ع۔صف) مُمیِّز کی تانیث۔

م۔ن

مَن (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دِل۔ جی۔ خاطر۔ قلب۔ ضمیر (۲) چالیس سیر کا وزن (۳) سانپ کا مُہرہ (۴) کنوئیں کی مینڈھ۔

من اٹکا تن جھٹکا (اَر۔مثل) دِل لگتے ہی بدن سُوکھ گیا۔

من اٹکنا (اَر۔محاورہ) دِل آنا۔ عشق ہونا۔ محبت ہونا۔

من اُکتانا (اَر۔محاورہ) جی سیر ہو جانا۔ گھبرانا۔ بے زار ہو جانا۔

من اُگلنا (اَر۔محاورہ) سانپ کا اپنے مُہرے کو مُنہ سے نکالنا۔

من اُلجھنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے مَن اٹکنا۔

من اُمراؤ کرم دَلِدَّری (اَر۔مثل) دِل میں امیرانہ حوصلے ہیں مگر قسمت خراب ہے۔

من بسنا (اَر۔محاورہ) دِل میں سمانا۔ دِل میں جگہ کر لینا۔

من بھاتا (ہ۔صف) مرغوبِ خاطر۔ دِل پسند۔

من بھاتا کھائیے جگ بھاتا پہنئے (اَر۔مثل) کھانا اپنی پسند کا کھانا چاہئے اور لباس وہ پہننا چاہئے جسے لوگ پسند کریں۔

من بھاری کرنا (اَر۔محاورہ) کُوسنا۔ اُداس ہونا۔ غمگین ہونا۔

من بھاوَنا (من بھاوَن۔ من بھایا) (اَر۔صف) دیکھئے من بھاتا۔

من بھائے (چاہے) مُنڈیا ہلائے (اَر۔مثل) دِل تو چاہتا ہے مگر بہ ظاہر انکار ہے۔ اُوپری دِل سے انکار۔

من بھر (اَر۔صف) (۱) ایک من وزن۔ چالیس سیر وزن کے برابر (۲) خاطر خواہ۔ دِل کے موافق۔ جی بھر کے۔

من بھر جانا (بھرنا) (اَر۔محاورہ) طبیعت سیر ہو جانا۔

من بھر کا سر ہلاتے ہیں پیسا بھر کی زبان نہیں ہلائی جاتی (اَر۔مثل) مغرور آدمی کی نسبت بولتے ہیں جو سر ہلا کر جواب دے مگر زبان سے جواب نہ دے۔

من پھٹ جانا (اَر۔محاورہ) طبیعت بے زار ہو جانا۔ نفرت ہو جانا۔

من چلا (اَر۔صف) بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ سُورما۔ نڈر۔ بے خوف۔ بیباک۔

من چلتا ہے، ٹٹو نہیں (اَر۔مثل) حوصلہ بڑا ہے مقدور کچھ نہیں۔ حوصلہ ہے لیکن کچھ ہو نہیں سکتا۔

من چلنا (اَر۔محاورہ) (۱) دِل چاہنا۔ کسی کی طرف دِل کا رغبت کرنا (۲) دِل قابُو میں نہ رہنا۔ دیوانہ ہونا۔

من چلی (اَر۔صف) من چلا کی تانیث۔

من چنگا تو کٹھوتی میں گنگا (ہ۔مثل) اگر دِل ٹھیک ہے، اعتقاد سچا ہے تو خُدا ہر جگہ موجود ہے۔ (کٹھوتی: لکڑی کا پیالہ)۔

من چھوڑنا (اَر۔محاورہ) سانپ کا من نکال کر رکھ دینا۔

من رنجن (ہ۔صف) خوش گوار۔ دِل خوش کرنے والا۔ دِل کو خوش کرنے کا فعل (۲) (ہ۔ا۔مذ) تفریح۔ کھیل تماشے۔

من سانچا تو سب سانچا (ہ۔مثل) اِعتقاد ٹھیک ہو تو سب کام ٹھیک ہوتے ہیں۔

من سمجھوتی (اَر۔ا۔مث) اِطمینانِ خاطر۔ دِل کو سمجھا لینا۔

من کا چیتا (ہ۔ا۔مذ) دِل کا چاہتا۔ دِل کی خواہش۔

من کا میلا (کھوٹا) (اَر۔ا۔مذ) بد باطن۔ کینہ پرور۔ ریاکار۔ منافق۔

من کچا کرنا (اَر۔محاورہ) ہمت ہارنا۔ دِل توڑنا۔

من کرنا (اَر۔محاورہ) دِل چاہنا۔ خواہش کرنا۔ جی چاہنا۔

من کھٹا ہونا (اَر۔محاورہ) طبیعت بیزار ہونا۔ جی بُرا ہونا۔

من کی من میں رہنا (اَر۔محاورہ) دِل کی حسرت دِل ہی میں رہ جانا۔ اَرمان پُورا نہ ہونا۔

من کی موج (اَر۔ا۔مث) دِل کی لہر۔ دِل کی ترنگ۔

من کے چیتے ہونا (اَر۔محاورہ) دِل کی مُراد پُوری ہونا۔

من کے لڈو پھوڑنا (اَر۔محاورہ) خیالی پلاؤ پکانا۔ دِل ہی دِل میں خوش ہونا۔

من کے ہارے ہار ہے، من کے جیتے جیت (ہ۔مثل) دِل چھوڑ دینے سے کچھ نہیں ہوتا۔ حوصلے ہی سے کام بنتا ہے۔

من لبھانا (اَر۔محاورہ) دِل کو مائل کرنا۔ دِل کو فریفتہ کرنا۔

من للچانا (اَر۔محاورہ) جی چاہنا۔ دِل کا خواہش کرنا۔

من مار رہنا (اَر۔محاورہ) دِل کی خواہش اِختیار میں کرنا۔ دِل مسوس کر رہنا۔

من مار کے بیٹھ رہنا (اَر۔محاورہ) صبر کر کے رہ جانا۔ مایُوس ہو کر بیٹھ جانا۔

من مارنا (اَر۔محاورہ) صبر کرنا۔ دِل کی خواہش دبانا۔

من مانا (اَر۔صف۔مذ) خاطر خواہ۔ حسبِ منشا۔

من مانتا (اَر۔صف) حسبِ دِل خواہ۔ خاطر خواہ۔ دِل کے موافق۔

من مانی (اَر۔صف۔مث) من مانا کی تانیث۔

من مانی گھر جانی (اَر۔مثل) بے جا ضِد پر کہتے ہیں۔

من مانی مُراد پانا (اَر۔محاورہ) خاطر خواہ آرزو پُوری ہونا۔

من مانے (اَر۔صف) من مانا کی مُغیرہ صورت۔

من مست (اَر۔صف) زندہ دِل۔ خوش طبع۔ ظریف۔ ہنس مکھ۔

من مِلنا (اَر۔محاورہ) دِل ملنا۔ دِل کا موافق ہونا۔

من من بھر کے پاؤں (اَر۔ا۔مذ) پاؤں کا سُوج کر بھاری ہو جانا۔ بہت زیادہ تکان سے پاؤں کا بھاری ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

من موجی (اُر۔صف) خود مختار۔ آزاد طبع۔ زندہ دِل۔

من موہن (ہ۔صف) دِل کو موہ لینے والا۔ معشوق۔ پیارا۔ دِل رُبا۔

من میٹھا (اُر۔ محاورہ) قُربان کرنا۔ صدقے کرنا۔

من مَیلا کرنا (اُر۔ محاورہ) رنجیدہ ہونا۔ اُداس ہونا۔

من میں شیخ فرید بغل میں اینٹیں (اُر۔مثل) ظاہر کچھ' باطن کچھ۔

من ہارنا (اُر۔ محاورہ) ہمّت ہارنا۔

من ہَر (ہ۔صف) دِل چھین لینے والا۔ من موہن۔ معشوق۔

من ہرَن (ہ۔صف) دِل چُرانے والا۔ محبوب۔

من ہرنا (ہ۔ محاورہ) دِل چُرانا۔ دِل چھیننا۔

مَنّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم)(س۔ا۔مذ) قیمتی پتھر۔ جواہر۔

مَن (بفتحِ اوّل)(ع۔کلمہ صِلہ) وہ شخص۔ کوئی شخص۔ جو شخص۔ جس نے۔

مَن جرّبَ المُجرّبَ حلّت بہِ النّدامہ (ع۔مقولہ) جو آزمائے ہوئے کو آزماتا ہے اُسے ندامت ہوتی ہے۔

مَنّ (بفتحِ اوّل و تشدیدِ دوم)(ع۔ا۔مذ) (۱) احسان۔ منّت (۲) ضرر۔ نُقصان۔ کمی (۳) ایک شیریں رطوبت جو درختوں کے پتّوں پر جم جاتی ہے۔

منّ و سلویٰ (ع۔ا۔مذ) میٹھی رطوبت اور بٹیریں۔ وہ کھانا جو حضرت موسیٰؑ کے لشکر بنی اسرائیل پر جب کہ وہ بھوک سے پریشان تھے' شام کے ایک جنگل میں نازل ہوا۔ درختوں پر میٹھی رطوبت جم جاتی تو وہ اُسے اکٹھا کر لیتے اور بٹیریں جنگل میں آجاتیں تو انہیں مار کر بھون لیتے۔

مَن (بفتحِ اوّل)(ف۔ض۔ واحد متکلّم) مَیں۔

من آنم کہ من دانم (ف۔مثل) میں جیسا ہوں خود ہی جانتا ہوں۔ تعریف کے جواب میں اپنی عاجزی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم کہ با من ہرچہ کرد آں آشنا کرد (ف۔مثل) مجھے غیروں سے کوئی شکایت نہیں۔ میں اپنوں ہی کا ستایا ہوا ہوں۔

من تُرا حاجی بگویم تو مرا حاجی (مُلّا) بگو (ف۔مثل) میں تجھے حاجی کہتا ہوں تو مجھے حاجی (مُلّا) کہہ۔ اُس موقع پر بولتے ہیں جب دو شخص ایک دُوسرے کی تعریف کریں۔

من چہ می سرایم و طنبورۂ من چہ می سراید (ف۔مثل) میں کیا گا رہا ہوں اور میرا طنبورہ کیا گا رہا ہے۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کسی شخص کا بیان اُس کی تحریر کے خلاف ہو یا کسی شخص کا بیان دُوسرے سے مختلف ہو۔ نیز دیکھئے ما چہ می۔

من خوب می شناسم پیرانِ پارسا را (ف۔مثل) میں پرہیزگار پیروں کو خوب جانتا ہوں یعنی میں مکّار آدمیوں سے اچھی طرح واقف ہوں۔

من درچہ خیالیم و فلک درچہ خیال (ف۔مثل) میں کس خیال میں ہوں اور آسمان کس خیال میں ہے۔ اُس وقت مستعمل ہے جب کوئی امر منصوبے کے خلاف واقع ہو۔ نیز دیکھئے ما درچہ خیالیم۔

من نہ کردم شُما حذر بکنید (ف۔مثل) میں نے نہیں کیا تم پرہیز کرنا۔ خود تکلیف اُٹھا کر دُوسروں کو نصیحت کرنا۔

من نہ گویم کہ ایں مکُن آں کُن' مصلحت بیں وکار آساں کُن (ف۔مثل) میں نہیں کہتا یہ کر اور وہ کر۔ مصلحت دیکھ اور جو کام آسان ہے وہ کر۔

مِن (بالکسر)(ع۔حرفِ جر) (۱) میں۔ سے۔ پر۔ اُوپر۔ کا (۲) ماسوا۔ بہ سبب۔ بمقابلہ اِس کے (۳) مانند۔ مُشابہ (۴) ساتھ۔ مع۔

مِنَ اللہ (ع۔متعلق فعل) اللہ کی طرف سے۔ غیب سے۔

مِن اوّلہٖ اِلیٰ آخِرہٖ (اَو۔وَ۔لِ۔ہی۔ا۔لا۔آ۔خِ۔رِ۔ہی) (ع۔مقولہ) اوّل سے آخر تک۔ از سر تا پا۔ از ابتدا تا انتہا۔

مِن بعد (مَم۔بعد)(ع۔تابع فعل)(۱) بعد سے۔ پس ازاں۔ بعد ازاں۔ (۲) فوراً جلدی۔ ابھی۔ فی الفور۔

مِن جانبِ اللہ (ع۔متعلق فعل)(۱) خُدا کی طرف سے۔ غیب سے (۲) خود بخود۔ آپ ہی آپ۔

مِن جُملہ (ع۔ تابع فعل) سب میں سے۔ تمام میں سے۔ کُل میں سے۔

مِن حیثُ المجموع (نے۔ثُل۔نج۔مُوع)(ع۔تابع فعل) مجموعی حیثیت سے۔

مِن کُلِّ وُجوہ (ع۔تابع فعل) ہر طرح۔ ہر صورت سے۔ بہر حال۔ بہر صورت۔

مِن کُلِّ وَجہ (ع۔ تابع فعل) ہر صورت سے۔ ہر طرح۔ بہر حال۔

مِن وَجہ (ع۔متعلق فعل) ایک وجہ سے۔ ایک صورت سے۔

مِن وعَن (ع۔ تابع فعل) حرف بحرف۔ مُفصّل۔ واضح۔ تفصیل وار (۲) ہُو بہُو۔ جُوں کا تُوں۔

مِنہُ (مِن۔ہو)(ع۔ تابع فعل) اِس کا۔ اِس سے۔

مِنہُم (مِن۔ہُم)(ع۔ تابع فعل) (۱) منہُ کی جمع (۲) اِسی زُمرے میں۔ مخالفین کے زمرے میں۔

مُن (س۔ا۔مذ) جوگی۔ سادھو۔ زاہد۔ مرتاض۔

مُن (ق۔ا۔مذ) مُنہ۔

مِنا (مِنیٰ) (مِ۔نا)(ع۔ا۔مذ) مکّہ معظّمہ اور عرفات کے درمیان ایک مقام جو پہاڑیوں میں واقع ہے اور جہاں حاجی دس سے بارہ ذی الحجہ تک قُربانی کرتے ہیں۔

مُنّا (مُن۔نا)(اُر۔ا۔مذ) پیار سے چھوٹے بچّے کو کہتے ہیں۔ لاڈلا۔ پیارا۔ ننھا۔

مَناب (مَ۔ناب)(ع۔ا۔مذ)(۱) کھڑے ہونے کی جگہ (۲) قائم مقام ہونا۔

مَنابِر (مَ۔نا۔بِر)(ع۔ا۔مذ) مِنبر کی جمع۔

مَنابِع (مَ۔نا۔بِع)(ع۔ا۔مذ) منبع کی جمع۔

مَنات (مَ۔نات)(ع۔ا۔مذ) عرب کے ایک مشہور بُت کا نام۔ زمانہ جاہلیت میں جس کی پرستش کی جاتی تھی۔

مُناجات (مُ۔نا۔جات)(ع۔ا۔مث)(۱) سرگوشی۔ کانا پھوسی (۲) دُعا۔ عرض۔ التجا (۳) وہ نظم جس میں خُدا کی تعریف اور اپنی عاجزی کا اظہار کر کے دُعا مانگی جائے۔ اُردو جمع: مناجاتوں۔ مناجاتیں۔

مُناجاتی (مُ۔نا۔جا۔تی)(اُر۔صف) مناجات کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُناد (مُ۔ناد)(ع۔صف) ندا کرنے والا۔ پکارنے والا۔

مُنادَمَت (مُ۔نا۔دَ۔مَت)(ع۔ا۔مث) ہم نشینی۔ مصاحبت۔

مُنادیٰ (مُ۔نا۔دا)(ع۔صف) پکارا گیا۔ بُلایا گیا۔ وہ جس کو پکاریں۔

مُنادی (مُ۔نا۔دی)(ع۔صف) پکارنے والا۔ اعلان کرنے والا۔ ڈھنڈورچی (۲)(ا۔مث) ڈھول کی آواز جو اس غرض سے ہو کہ لوگ آگاہ ہو جائیں (۳) وعظ۔ دین کی تلقین (۴) ڈونڈی۔ ڈھنڈورا۔

مُنادی پھرنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) اعلان ہونا۔ ڈونڈی پٹنا۔

مُنادی پھیرنا (کرنا) (اُر۔محاورہ) اعلانِ عام کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔

مَنادِیل (مَ۔نا۔دِیل)(ع۔ا۔مث) مندیل کی جمع۔ پگڑیاں۔

مَنار (مَنارہ) (مَ۔نار)(مَ۔نا۔رہ)(ع۔ا۔مذ) مینار۔ نور کی جگہ (۲) چراغ دان (۳) اُونچا ستون۔ لاٹھ۔ پیل پایہ۔ کھم۔ بلند ستون جو مسجد کے پہلو میں بنائے جاتے ہیں (۴) ماذنہ۔ اذان دینے کی جگہ۔ مسجد کے اندر اُونچا ستون۔

منارِ خاموشی (ع۔ف۔ا۔مذ) دخمہ۔ ایک اُوپر سے کھلی اور گول عمارت جس کی دیواروں میں طاق بنے ہوتے ہیں۔ ان طاقوں میں پارسی اپنے مُردوں کو رکھ دیتے ہیں تاکہ انہیں گدھ وغیرہ کھا جائیں۔ پارسیوں کا مرگھٹ۔

مُنازَعَت (مُ۔نا۔زَ۔عَت)(ع۔ا۔مث) جھگڑا۔ قضیہ۔ نزاع۔ تکرار۔ بحث۔

مُنازَع فِیہ (مُ۔نا۔زَع۔فِیہ)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے مُتنازع فیہ۔

مَنازِل (مَ۔نا۔زِل)(ع۔ا۔مث) منزل کی جمع۔

منازلِ قمر (ع۔ا۔مث) چاند جس راستے پر زمین کے گرد چکر لگاتا ہے اُسے اٹھائیس حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ انہیں منازلِ قمر کہتے ہیں۔ نکشتر۔ نچھتر۔

مُناسِب (مُ۔نا۔سِب)(ع۔صف)(۱) نسبت رکھنے والا۔ موزوں۔ لائق۔ زیبا۔ شایاں (۲) ٹھیک۔ دُرست۔ معقول۔ بہتر (۳) لازم۔ جائز۔ روا۔

مُناسَبَت (مُ۔نا۔سَ۔بَت)(ع۔ا۔مث) باہمی تعلّق۔ علاقہ۔ موزونیت۔ نسبت۔

مناسبت رکھنا (اُر۔محاورہ) تعلّق یا علاقہ رکھنا۔ باہمی لگاؤ رکھنا۔ آپس میں نسبت ہونا۔

مُناسَخہ (مُ۔نا۔سَ۔خہ)(ع۔ا۔مذ) فقہ اِسلامی میں ایک قاعدہ جس کی رُو سے وارثوں کے حصے ٹھہرائے جاتے ہیں۔

مَناسِک (مَ۔نا۔سِک)(ع۔ا۔مذ) مَنسک کی جمع۔ حج کے اَرکان۔ حاجیوں کی عبادت کے مقامات۔

مَناصِب (مَ۔نا۔صِب)(ع۔ا۔مذ) منصب کی جمع۔

مُناصَحَت (مُ۔نا۔صَ۔حَت)(ع۔ا۔مث) دل سے نصیحت کرنا۔ سمجھانا۔

مُناصَفَت (مُناصَفہ) (مُ۔نا۔صَ۔فَت)(مُ۔نا۔صَ۔فہ)(ع۔ا۔مذ) برابر کے دو حصے کرنا۔ نصفا نصفی کرنا۔ آدھوں آدھ کرنا۔

مَناط (مَ۔ناط)(ع۔ا۔مذ)(۱) مقصد (۲) بُنیاد۔

مناطِ دعویٰ (ع۔ا۔مذ) دعوے کی بُنیاد۔ بنائے دعویٰ۔

مَناظِر (مَ۔نا۔ظِر)(ع۔ا۔مذ) منظر کی جمع۔

مُناظِر (مُ۔نا۔ظِر)(ع۔ا۔مذ) مناظرہ کرنے والا۔ بحث کرنے والا۔ حجتی۔

مُناظَرہ (مُ۔نا۔ظَ۔رہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) بحث۔ مُباحثہ۔ تکرار (۲) وہ علم جس میں بحث کرنے کے قوانین درج ہیں (۳) کسی چیز کی حقیقت و ماہیت کے لئے باہم فکر کرنا۔ جمع: مناظرات۔

مُناظَمَہ (مُ۔نا۔ظَ۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) آپس میں نظمیں پڑھنا۔ جمع: مناظمات۔

مَنافِذ (مَ۔نا۔فِذ)(ع۔ا۔مذ) منفذ کی جمع۔ راستے۔ رخنے۔ روزن۔ سُوراخ۔ مسامات۔

مُنافِر (مُ۔نا۔فِر)(ع۔صف) نفرت کرنے والا۔

مُنافَرَت (مُ۔نا۔فَ۔رَت)(ع۔ا۔مث) [illegible] گھن۔ پرہیز۔

مُنافَسَت (مُ۔نا۔فَ۔سَت)(ع۔ا۔مث) ایک کا دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا۔

مَنافِع (مَ۔نا۔فِع)(ع۔ا۔مذ) منفعت کی جمع۔

منافعِ باقی (منافعِ زائد) (ع۔ف۔ا۔مذ) [illegible]

منافعِ خام (ع۔ف۔ا۔مذ) کل آمدنی [illegible] اور نفع شامل ہو۔

منافعِ عُمومیہ (ع۔ف۔ا۔مذ) عوام [illegible]

منافعِ مستمرہ (مس۔تَ۔مِر۔رہ)(ع۔ا۔مذ) [illegible] جاری رہیں۔

مُنافِع (مُ۔نا۔فِع)(ع۔صف فاعل) نفع [illegible]

مُنافَعہ (مُ۔نا۔فَ۔عہ)(ع۔ا۔مذ) نفع [illegible]

مُنافِق (مُ۔نا۔فِق)(ع۔صف) نفاق رکھنے والا [illegible] وہ شخص جس کے دل میں کچھ ہو زبان پر کچھ۔ ظاہر میں دوست [illegible] دشمن۔ شریعت اسلامیہ میں وہ شخص جو بظاہر مسلمان مگر دل سے [illegible]: منافقین۔

مُنافَقَت (مُ۔نا۔فَ۔قَت)(ع۔ا۔مث) [illegible] کے خلاف ہونا۔ ریاکاری۔ مکاری۔ ظاہر میں دوستی باطن [illegible]

مُنافی (مُ۔نا۔فی)(ع۔صف) نفی کرنے [illegible]

مَناقِب (مَ۔نا۔قِب)(ع۔ا۔مذ) منقبت کی جمع (۱) تعریفیں۔ خوبیاں۔ بھلائیاں۔ اچھائیاں۔ اوصاف (۲) [illegible] کی مدح۔

مُناقَشَہ (مُ۔نا۔قَ۔شہ)(ع۔ا۔مذ) [illegible] جمع: مناقشات۔

مُناقِض (مُ۔نا۔قِض)(ع۔صف) [illegible] ناموافق۔

مُناقَضَہ (مُ۔نا۔قَ۔ضہ)(ع۔ا۔مذ) [illegible] دوسرے کی بات کو توڑنا۔ بحث۔ مباحثہ۔ جھگڑا۔

مُناکَحَت (مُ۔نا۔کَ۔حَت)(ع۔ا۔مث) باہم نکاح کرنا۔ عقد۔ اِزدواج۔

مَنال (مَ۔نال)(ع۔ا۔مذ) جاگیر۔ جائیداد۔ مال و اسباب۔ دھن۔ دولت۔

مُنال (مُ۔نال)(ہ۔ا۔مذ) ہمالیہ کا چکور جس کا رنگ سبز لاجوردی اور سر پر کلغی ہوتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَنّان (مَن۔نان) (ع۔صف۔وا۔مذ) بہت احسان کرنے والا۔ نہایت نیکی کرنے والا۔ خُدا تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔

مَنانا (مَ۔نا۔نا) (ہ۔مص) (۱) روٹھے ہوئے کو راضی کرنا۔ رضامند کرنا (۲) رچانا۔ جیسے جشن منانا۔

مَناہِج (مَ۔نا۔ہِج) (ع۔ا۔مذ) مَنہَج کی جمع۔ راستے۔ طریقے۔ سڑکیں۔

مَناہی (مَ۔نا۔ہی) (ع۔ا۔مث) منہی کی جمع (۱) منع کی ہوئی چیزیں۔ ناجائز باتیں۔ خلافِ شرع کام (۲) روک ٹوک۔ مُمانعت۔

مَنائی (مَ۔نا۔ای) (ق۔ا۔مث) مناہی کا بگڑا ہوا۔

مُنبَت (مُ۔نَب۔بَت) (ع۔صف) (۱) اُگایا ہوا (۲) اُبھرا ہوا۔ وہ نقش جو اپنی سطح سے اُوپر کو اُٹھا ہو۔

مُنبت کاری (ع۔ف۔ا۔مث) بیل بُوٹے کا کام جو لکڑی اور کپڑے وغیرہ پر کیا جاتا ہے۔

مِنبَر (مِم۔بَر) (ع۔ا۔مذ) وہ بلند مقام جس پر سے امام جمعہ اور عیدین کا خطبہ پڑھتا ہے۔ وعظ کہنے کا مقام۔ تقریر کرنے کی بلند جگہ۔ وہ لکڑی کا زینہ جس پر بیٹھ کر مرثیہ پڑھتے ہیں۔ جمع: منابر۔

منبر کو بنائے، مسجد کو ڈھائے (اُر۔مثل) چھوٹی باتوں سے پرہیز اور بڑی ممنوعہ باتوں پر دلیر۔

مُنبَسِط (مُم۔بَ۔سِط) (ع۔صف) پھیلنے والا۔ (مجازاً) خوش۔ مسرور۔ شاد۔

مَنبَع (مَم۔بَع) (ع۔ا۔مذ) (۱) نکلنے کی جگہ (۲) وہ جھیل یا چشمہ جس میں سے دریا نکلے۔ جمع: منابع۔

مِنَّت (مِن۔نَت) (ع۔ا۔مث) (۱) عاجزی۔ خوشامد۔ چاپلوسی (۲) احسان۔ بھلائی۔ سلوک (۳) شکریہ۔ شکر گزاری۔ جمع: مِنَن۔ اُردو جمع: مِنّتوں۔ مِنّتیں۔

مِنّت اُٹھانا (اُر۔محاورہ) احسان لینا۔

مِنّت پذیر (ع۔ف۔صف) احسان مند۔ احسان ماننے والا۔

مِنّت دار (ع۔ف۔صف) (۱) احسان مند۔ ممنون (۲) عاجزی کرنے والا۔

مِنّت دار کرنا (اُر۔محاورہ) احسان مند کرنا۔ ممنون بنانا۔

مِنّت سماجت (خوشامد) (ع۔ف۔ا۔مث) عاجزی۔ خوشامد درآمد۔

مِنّت شناس (ع۔ف۔صف) احسان مند۔

مِنّت کرنا (اُر۔محاورہ) عاجزی کرنا۔ انکسار کرنا۔ التجا کرنا۔ خوشامد کرنا۔

مِنّت کَش (ک پر زبر) (ع۔ف۔صف) احسان مند۔ احسان اُٹھانے والا۔

مِنّت کشی (ع۔ف۔ا۔مث) احسان مندی۔ ممنونیت۔

مِنّت کھینچنا (اُر۔محاورہ) احسان اُٹھانا۔

مِنّت گُزار (ع۔ف۔صف) شکر گزار۔

مِنّت لینا (اُر۔محاورہ) احسان برداشت کرنا۔

مَنّت (مَن۔نَت) (ہ۔ا۔مث) ماننا۔ نیت۔ نذر۔ عہد۔ نیاز۔ بھینٹ۔ جمع: مَنّتوں۔ مَنّتیں۔

مَنّت اُتارنا (اُر۔محاورہ) مُراد پُوری ہونے پر نذر و نیاز کرنا۔

مَنّت بڑھانا (اُر۔محاورہ) (۱) بھینٹ دینا۔ عہد پُورا کرنا۔ ماننا کو ادا کرنا۔ کسی بُزرگ کے نام پر کچھ دینے یا کسی کام کے کرنے کا وعدہ کیا ہو تو اُسے پُورا کرنا (۲) مُراد پُوری ہونے پر گنڈا' طوق' بیڑی وغیرہ اُتارنا۔

مَنّت چڑھانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے مَنّت بڑھانا۔

مَنّت پُوری ہونا (اُر۔محاورہ) مانگی ہوئی مُراد حاصل ہونا۔

مَنّت کا چراغ (اُر۔ا۔مذ) مُراد پُوری ہونے پر عورتیں مسجد میں جو گھی کا چراغ یا شمع جلاتی ہیں۔

مَنّت کا چھلّا اُٹھانا (اُر۔محاورہ) عورتیں چاندی کا چھلّا دھو کر اُٹھاتی ہیں اور مُراد پُوری ہونے پر چھلّا فروخت کر کے نیاز دلاتی ہیں۔

مَنّت کا طوق (اُر۔ا۔مذ) کسی پیر یا دیوتا کے نام کا طوق جو بچّے کے گلے میں میعادِ مقررہ تک ڈالا جاتا ہے۔

مَنّت کی بیڑی (ہنسلی) (اُر۔ا۔مث) کسی پیر فقیر کے نام کی بیڑی یا ہنسلی جو بچّے کے گلے میں میعادِ مقررہ تک ڈالی جاتی ہے۔

مَنّت کی شمع (اُر۔ا۔مث) دیکھئے مَنّت کا چراغ۔

مَنّت کے بال (اُر۔ا۔مذ) وہ بال یا چوٹی جو کسی بُزرگ یا دیوتا کے نام پر بچّے کے سر پر میعادِ مقررہ تک رکھی جائے۔

مَنّت مانگنا (اُر۔محاورہ) کسی بُزرگ کی نذر و نیاز کر کے مُراد چاہنا۔

مَنّت ماننا (اُر۔محاورہ) نذر ماننا۔

مُنتَج (مُن۔تَج) (ع۔صف مفعولی) نتیجہ دیا ہوا۔

مُنتِج (مُن۔تِج) (ع۔صف فاعلی) نتیجہ دینے والا۔ ثمر بخشنے والا۔

مُنتَخَب (مُن۔تَ۔خَب) (ع۔صف) (۱) انتخاب کیا گیا۔ چُنا گیا۔ چھانٹا گیا۔ پسندیدہ۔ چُنا ہوا۔ برگزیدہ (۲) نایاب۔ عجیب۔ یکتا۔

مُنتخبِ روزگار (ع۔ف۔صف) بے مثل۔ لاجواب۔

مُنتخب کرنا (اُر۔محاورہ) انتخاب کرنا۔ چھانٹنا۔ چُننا۔ پسند کرنا۔ اختیار کرنا۔

مَنتَر (مَن۔تَر) (س۔ا۔مذ) جادُو۔ ٹونا۔ سحر۔ افسُوں (۲) وید کا کوئی حصّہ۔

منتر پڑھنا (اُر۔محاورہ) عمل پڑھنا۔ افسُوں خوانی کرنا۔

منتر پھونکنا (اُر۔محاورہ) جادُو پڑھ کر دَم کرنا۔

منتر جنتر (ہ۔ا۔مذ) جادُو۔ ٹونا۔ جھاڑ پھونک۔

منتر چلانا (اُر۔محاورہ) جادُو کرنا۔ ٹونا کرنا۔

منتر چلنا (اُر۔محاورہ) جادُو کا کارگر ہونا۔ ٹونے کا اثر ہونا۔

منتر دینا (اُر۔محاورہ) تلقین کرنا۔ مُرید کو دینی ہدایت کرنا۔ چیلا بنانا۔ مُرید کرنا۔

منتر مارنا (اُر۔محاورہ) جادُو چلانا۔ ٹونا کرنا۔

مَنتری (مَنت۔ری) (س۔ا۔مذ) (۱) ہدایت کرنے والا۔ ہادی۔ راہ بر۔ پیر۔ مُرشد (۲) صلاح کار۔ وزیر۔ مشیر (۳) جادُوگر۔ ساحر۔ فسُوں ساز۔

مُنتَسِب (مُن۔تَ۔سِب) (ع۔صف فاعلی) نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔

مُنتَشِر (مُن۔تَ۔شِر) (ع۔صف فاعلی) (۱) بکھرنے والا۔ پھیلنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پراگندہ ہونے والا (۲) متفرق۔ تتر بتر (۳) حیران۔ پریشان۔
منتشر کرنا (اَ۔ مص مُرکّب) بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔ تتر بتر کرنا۔
منتشر ہونا (اَ۔ مص مُرکّب) مُنتشر کرنا کا لازم۔ بکھرنا۔ تتر بتر ہونا۔
مُنتَظِر (مُن۔ تَ۔ ظِر) (ع۔ صف فاعلی) اِنتظار کرنے والا۔ راہ تکنے والا۔ اُمیدوار۔ آس لگانے والا۔
مُنتظرِ حکم (ع۔ صف) حکم کا اِنتظار کرنے والا۔ نہایت فرماں بردار۔
مُنتظر رکھنا (اَ۔ محاورہ) اِنتظار میں رکھنا۔ اُمیدوار بنانا۔ راہ دکھانا۔
مُنتظر رہنا (اَ۔ محاورہ) راہ دیکھنا۔ اُمید میں رہنا۔
مُنتَظَر (مُن۔ تَ۔ ظَر) (ع۔ صف مفعولی) اِنتظار کیا گیا۔ جس کا اِنتظار کیا جائے۔ (کبھی اے حقیقتِ مُنتظر نظر آ لباسِ مجاز میں)۔
مُنتَظِری (مُن۔ تَ۔ ظِ۔ ری) (ف۔ اِ۔ مث) اِنتظار۔
مُنتَظِم (مُن۔ تَ۔ ظِم) (ع۔ صف۔ و۔ اِ۔ مذ) (۱) اِنتظام کرنے والا۔ اِہتمام کرنے والا۔ ناظم۔ مُنصرم (۲) کفایت شِعار۔ جُزرَس۔ جمع: مُنتظمین۔
مُنتَفِع (مُن۔ تَ۔ فِع) (ع۔ صف) نفع حاصل کرنے والا۔ فائدہ اُٹھانے والا۔
مُنتَفِی (مُن۔ تَ۔ فی) (ع۔ صف) فنا ہونے والا۔ نیست ہونے والا۔
مُنتَقِل (مُن۔ تَ۔ قِل) (ع۔ صف فاعلی) مکان بدلنے والا۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانے والا۔
مُنتَقَل (مُن۔ تَ۔ قَل) (ع۔ صف مفعولی) ایک جگہ سے دُوسری جگہ گیا ہوا یا کیا گیا۔
مُنتقَل اِلیہ (ع۔ صف) جس کی طرف کوئی چیز یا معاملہ مُنتقل کیا گیا ہو۔
مُنتقل کرنا (اَ۔ مص مُرکّب) بدلنا۔ تبدیل کرنا۔ ایک کے نام سے دُوسرے کے نام پر کرنا۔ بیچ کرنا۔
مُنتَقِم (مُن۔ تَ۔ قِم) (ع۔ صف) اِنتقام لینے والا۔ بدلہ لینے والا۔ عوض لینے والا۔ خُدا تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔ جمع: مُنتقمین۔
مُنتقمِ حقیقی (ع۔ اِ۔ مذ) اصلی بدلہ لینے والا۔ خُدا تعالیٰ۔
مُنتقمِ مجازی (ع۔ اِ۔ مذ) ظاہری بدلہ لینے والا۔ حاکم۔ بادشاہ۔
مُنتہا (مُنتَہیٰ) (مُن۔ تَ۔ ہا) (ع۔ صف مفعولی) (۱) اِنتہا کیا گیا۔ اِنتہا کو پہنچا ہوا۔ انجام کو پہنچا ہوا (۲) پُورا۔ کامل۔ تمام۔ مکمل (۳) (اِ۔ مذ) نتیجہ۔ انجام۔ ثمرہ۔ ماحصل۔ حاصِل۔
مُنتَہی (مُن۔ تَ۔ ہی) (ع۔ صف فاعلی) (۱) اِنتہا کو پہنچنے والا (۲) وہ شخص جو تحصیلِ علم مکمل کر چکا ہو (۳) کامل۔ لائق۔ عالم۔ فاضل۔ جمع: مُنتہیان۔
مِنّتی (مِن۔ تی) (ہ۔ اِ۔ مث) بِنتی عاجزی۔ خوشامد۔ مِنّت۔
مِنَٹ (Minute) (انگ۔ اِ۔ مذ) گھنٹے کا ساٹھواں حِصّہ۔ ساٹھ سیکنڈ کا وقفہ۔ پَل۔ اُردو جمع: منٹ۔ منٹوں۔

مِنٹ (Mint) (انگ۔ اِ۔ مث) سِکّے ڈھالنے کی جگہ۔
مَنثُور (مَن۔ ثُور) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) اَن بندھا موتی۔ دُرِ ناسُفتہ (۲) پھیلا ہوا۔ مُنتشر (۳) نثری۔
مَنج (فتح اوّل) (نُون غُنّہ) (ق۔ صف) بے نُور۔
مَنجھ (فتح اوّل) (نُون غُنّہ) (ہ۔ صف) بیچ کا (کی)۔ وسطی۔ مرکزی۔
منجدھار (مَنج۔ دھار) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) دریا کے بیچ کی دھار جو بہت تیز ہوتی ہے (۲) مُصیبت۔ مُصیبت کی جگہ۔
منج (منجھ) رُوپ (ہ۔ اِ۔ مذ) پویا۔ انڈے سے نکلنے کے بعد کیڑے کی دُوسری حالت (پہلی حالت کو پِل رُوپ کہتے ہیں)۔
منجا (مَن۔ جا) (ہ۔ اِ۔ مذ) دیکھئے منجھا۔
مَن جانا (اَ۔ مص مُرکّب) راضی ہو جانا۔
مُنجَذِب (مُن۔ جَ۔ ذِب) (ع۔ صف) جذب ہونے والا۔
مُنجَر (مُن۔ جر) (ع۔ صف) کھنچا ہوا۔
منجلاب (مَن۔ جَ۔ لاب) (ف۔ اِ۔ مذ) گندہ پانی ڈالنے کی جگہ (۲) گندہ پانی۔
مُنجَلی (مُن۔ جَ۔ لی) (ع۔ صف) روشن۔ ظاہر۔ آشکار۔
مُنجِّم (مُ۔ نَج۔ جِم) (ع۔ اِ۔ مذ) ستاروں کا علم جاننے والا۔ نجومی۔ جوتشی۔ اختر شناس۔ جمع: مُنجّمین۔ اُردو جمع: منجّم۔ منجّموں۔
مُنجَمِد (مُن۔ جَ۔ مِد) (ع۔ صف) سردی سے جما ہوا۔ بستہ۔
منجمد ہونا (اَ۔ مص مُرکّب) سردی سے جمنا۔ بستہ ہونا۔
منجن (ہ۔ اِ۔ مذ) دانتوں کو صاف کرنے کا سفوف۔
منجنا (منج۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) رگڑ کر صاف ہونا۔ اُجلا ہونا (۲) صیقل ہونا (۳) شائستہ ہونا (۴) تجربہ کار ہونا۔
مَنجنیق (مَن۔ جَ۔ نیق) (مَن۔ جَ۔ نِیق) (ع۔ اِ۔ مذ) ایک آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر پھینکے جاتے تھے۔ [illegible] قدیم وضع کی مشین [illegible]۔ اُردو جمع: منجنیقوں۔ منجنیقیں۔
منجھ (نُون غُنّہ) (ہ۔ صف) دیکھئے منج۔
منجھدھار۔ دیکھئے منجدھار۔
مَنجھا (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) چوکی۔ بڑی کھاٹ۔ بڑی چارپائی (۲) چرخے کا درمیانی حصّہ جس کے اوپر مال رہتی ہے۔ اٹیرن کے بیچ کی لکڑی۔ جمع: منجھوں۔ منجھے۔
منجھا ڈالنا (اَ۔ محاورہ) (۱) کسی کام کو آیندہ کے لئے اُٹھا رکھنا۔ کام میں توقف کرنا۔ دیر لگانا (۲) بڑی کھاٹ بچھانا۔
مَنجھلا (منجھ۔ لا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ صف) منجھ یعنی بیچ کا۔ درمیان کا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

منجھلا روزہ (اَر۔ا۔مذ) رمضان شریف کا چودھواں روزہ۔

منجھلی (منجھ۔لی)(ہ۔صف) منجھلا کی تانیث۔

منجھنا (منجھ۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے منجنا۔

منجھو (مَن۔جھو)(ہ۔صف) منجھلا۔ درمیانی۔

منجھولا (منجھو۔لا)(ہ۔صف)(۱) بڑا نہ چھوٹا۔ درمیانہ۔ متوسط (۲)(ا۔مذ) اوسط درجے کا دیگچہ۔ (یہ لفظ جاندار چیز کے لئے مستعمل نہیں ہے)۔

منجھولی (منجھو۔لی)(ہ۔صف)(۱) منجھولا کی تانیث (۲)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی چھوٹی بہلی (۳) میانہ قد کی عورت۔

منجھے (مَن۔جھے)(ق۔ضمیر) مجھے۔

منجھیلا (مَن۔جھے۔لا)(ہ۔ا۔مذ) دیر۔ التوا۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ تعویق۔

منجھیلا پڑنا (ہ۔محاورہ) ڈھیل پڑنا۔ وقفہ ہونا۔ دیر لگنا۔

منجھیلا ڈالنا (ہ۔محاورہ) دیکھئے منجھا ڈالنا۔

منجھیلی (مَن۔جھے۔لی)(ہ۔ا۔مث) دوپہر (۲)(صف) سنسان۔ چپ چاپ۔

منجھیلی رات (ہ۔ا۔مث) سنسان رات۔ ڈراؤنی رات۔

منجیرا (منجی۔را)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے مجیرا۔

مُنْحَرِف (مُن۔حَ۔رِف)(ع۔صف)(۱) پھرنے والا (۲) خم کھایا ہوا۔ ترچھا۔ ٹیڑھا (۳) باغی۔ سرکش۔ غدار۔ جمع: مُنحرفین۔

مُنْحَصِر (مُن۔حَ۔صِر)(ع۔صف فاعلی)(۱) گھیر لینے والا (۲) اِنحصار کرنے والا (۳) متعلق۔ وابستہ۔

مُنْحَصَر (مُن۔حَ۔صَر)(ع۔صف مفعولی)(۱) گھیرا ہوا (۲) اِنحصار کیا ہوا (۳) موقوف۔ مشروط۔

منحصر علیہ (ع۔صف)(۱) جس پر اِنحصار ہو (۲) جس پر موقوف ہو۔

مُنْحَنی (مُن۔حَ۔نی)(ع۔صف)(۱) جُھکا ہوا۔ خمیدہ۔ ٹیڑھا (۲) دُبلا۔ لاغر۔ کمزور۔ نحیف۔

مَنْحُوس (مَن۔حُوس)(ع۔صف)(۱) بدبخت۔ بدنصیب (۲) بُرا۔ بد۔ زِشت (۳) مکروہ۔ گھناؤنا۔

مَنْخَر (مَن۔خَر)(مِن۔خَر)(ع۔ا۔مذ) نتھنا۔ ناک کا سُوراخ۔

مُنْخَنِقَہ (مُن۔خَ۔نِ۔قَہ)(ع۔صف) وہ جانور جو گلا گھٹنے سے مرا ہو۔

مَنْد (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ق۔صف) سُست۔

مَنْد (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ف۔لاحقہ) لاحقۂ صفت نسبت جو کسی اسم کے بعد آ کر اُسے صفت بنا دیتا ہے اور والا' صاحب کے معنی دیتا ہے جیسے دانش مند' احسان مند وغیرہ۔

مَنْدا (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔صف)(۱) کم۔ ہلکا۔ دھیما۔ مدھم (۲) سستا۔ اَرزاں (۳)(ا۔مذ) کساد بازاری۔

مندا بیچنا (اَر۔محاورہ) سستا بیچنا۔ اَرزاں فروخت کرنا۔

مندا پڑ جانا (پڑنا) (اَر۔محاورہ)(۱) دھیما ہونا۔ سُست ہونا۔ ڈھیلا ہونا (۲) ماند ہونا۔ مدھم پڑنا (۳) اَرزاں ہونا۔ سستا ہونا۔

مندا لگانا (اَر۔محاورہ) کم قیمت پر بیچنا۔ سستا بیچنا۔

مندا ہونا (اَر۔مص مُرکّب) سستا ہونا۔ اَرزاں ہونا۔ کساد بازاری ہونا۔

مُنْدا (مُن۔دا)(ق۔ا۔مذ) گلّہ۔ ریوڑ۔

مَنْدِر (مَن۔دِر)(مَن۔دَر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گھر۔ مکان۔ محل (۲) شوالہ۔ معبد۔ پرستش گاہ۔ پُوجا کی جگہ۔

مُنْدرا (مُند۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جوگیوں کے کان کا کُنڈل (۲) کان کا ایک زیور۔

مُنْدَرِج (مُن۔دَ۔رِج)(ع۔صف) درج کیا گیا۔ لکھا گیا۔ لکھا ہوا۔

مُنْدَرِجہ (مُن۔دَ۔رِ۔جہ)(ع۔صف) درج شدہ۔ درج کیا گیا۔ جمع: مُندرجات۔

مُندرجۂ بالا (ع۔صف) اُوپر لکھا ہوا۔

مُنْدَرِس (مُن۔دَ۔رِس)(ع۔صف)(۱) مِٹا ہوا۔ کاٹا ہوا۔ پھٹا ہوا (۲) خارج کیا ہوا (۳) گھسا ہوا۔

مُنْدَری (مُند۔ری)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھلّا جو کان میں ڈالتے ہیں (۲) اُنگلی میں پہننے کا چھلّا۔ انگوٹھی۔

مُنْدَریا (مُن۔دَر۔یا)(ہ۔ا۔مث) مُندری کی تصغیر۔ چھوٹی انگوٹھی۔

مُنْدَفِع (مُن۔دَ۔فِع)(ع۔صف) دفع ہونے والا۔ دُور ہونے والا۔

مَنْدَل (مَن۔دَل)(ہ۔ا۔مث)(۱) ڈھول۔ پکھاوج۔ طبلہ۔ دھونسا (۲) چرخے کے بیچ کی لکڑی جس پر مال پھرتی ہے (۳) وہ دائرہ جو عمل پڑھنے والے حفاظت کی خاطر اپنے گرد بنا لیتے ہیں (۴) چشمہ۔ منبع۔ سوتا۔

مَنْدلا (مند۔لا)(ہ۔ا۔مذ) درخت کا وہ حصّہ جو جڑ سے لے کر شاخ تک ہوتا ہے۔ تنا۔

مُنْدَمِل (مُن۔دَ۔مِل)(ع۔صف) بھرنے والا (زخم)۔

مُنْدنا (مُند۔نا)(ہ۔مص)(۱) بند ہونا۔ مچنا (۲) بھرنا جیسے دروازہ مُندنا (۳) غائب ہونا۔ چھپنا۔

مَنْدُوب (مَن۔دُوب)(ع۔ا۔مذ) نمایندہ۔ جمع: مندوبین۔

مَنْدھر (مَن۔دھر)(ق۔ا۔مذ) مندر۔ مکان۔

مَنْدی (نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) مندا کی تانیث۔ کساد بازاری۔ مال کم نکلنا۔

مِنْدیل (مِن۔دِیل)(ع۔ا۔مث)(۱) طلائی پگڑی۔ لنگی۔ سُنہری دستار (۲) تولیہ۔ رُومال۔ انگوچھا (۳) کمر کا پٹکا۔ پٹی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنڈ (بضم اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سر۔ کھوپڑی (۲) ایک راکشس (۳) سرکردہ۔ سردار۔ سرغنہ۔ اُستاد (۴) درخت جس کے پتے گر گئے ہوں (۵)(صف) شوخ۔ بے حیا (ق)۔

مُنڈ جانا (اَر۔ محاورہ) لُٹ جانا۔

مُنڈ چڑا (مُنڈ چڑھا)(ار۔صف) ایک قسم کے فقیر جو پیسا نہ ملنے پر اپنے سر یا بدن کو زخمی کر لیتے ہیں۔ ضدی۔ ہٹی۔

مُنڈ چڑا پن (ار۔ا۔مذ) ضِد۔ ہٹیلا پن۔

مَنڈا (نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بنگال کی ایک مشہور مٹھائی (۲) ایک قسم کی چپاتی (۳) آنکھ کی جھلی۔

مُنڈا (نون غنہ)(ہ۔صف)(۱) مُنڈا ہوا سر۔ وہ آدمی جس کا سر مُنڈا ہوا ہو (۲) درخت جس کی شاخیں نہ ہوں (۳) جانور جس کے سینگ نہ ہوں (۴) مینار۔ گنبد۔ مندر یا گرجا جس پر کلس نہ ہو (۵) ایک قسم کا جوتا جس کی نوک نہیں ہوتی (۶)(پن۔ا۔مذ) لڑکا۔ بچہ (۷) پتنگ کا سرا۔

مُنڈاسا (مُنڈا۔سا)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) پھینٹا۔ پگڑی۔ عمامہ۔ دستار۔ جمع: مُنڈاسوں۔ مُنڈاسے۔

مُنڈاسا باندھنا (ار۔ محاورہ)(۱) پگڑی باندھنا (۲) سر چڑھنا۔

مُنڈاسا بکھرانا (ار۔ محاورہ) برہم ہونا۔ بے مُروّتی کرنا۔

مُنڈاسا کسنا (ار۔ محاورہ) دیکھئے مُنڈاسا باندھنا۔

مُنڈان (مُن۔ڈان)(ق۔ا۔مث)(۱) موجودات (۲) دُنیا۔ جہان۔

مُنڈانا (مُنڈا۔نا)(ہ۔مص) اُسترا پھروانا۔ بال صاف کرانا۔

مُنڈائی (مُنڈا۔ای)(ہ۔ا۔مث) مُونڈنے کا کام (۲) مُونڈنے کی اُجرت۔

مَنڈپ (مَن۔ڈپ)(س۔ا۔مذ)(۱) ایک عارضی عمارت جسے شادی وغیرہ کے لئے سجائیں (۲) وہ جگہ جس کے گرد قناتیں اور اُوپر شامیانہ لگا ہو (تقریب کے لئے)۔ پنڈال۔ جمع: منڈپ۔ منڈپوں۔

مَنڈف (مَن۔ڈف)(ق۔ا۔مذ) منڈپ۔ شامیانہ۔

مَنڈک (مَن۔ڈک)(س۔ا۔مذ) نائی۔ حجام۔

مُنڈکڑی (مُن۔ڈک۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) گھٹنوں میں سر دے کر بیٹھنے کا طریقہ۔

مُنڈکڑی مارنا (ہ۔ محاورہ) گھٹنوں میں سر دے کر سونا۔ اٹواٹی کھٹواٹی لے کر پڑ جانا۔ غمگین حالت میں سونا۔

مَنڈل (نون غنہ)(س۔ا۔مذ) گھیرا۔ دائرہ۔ چکر۔ گولا (۲) گول خیمہ یا تمبو (۳) احاطہ۔ صوبہ۔ ضلع۔ پرگنہ (۴) نمبردار۔ گاؤں کا پٹواری (۵) گردش۔

منڈل باندھنا (ہ۔ محاورہ)(۱) جھرمٹ کرنا۔ حلقہ باندھنا (۲) اَندھیرا چھانا۔

مَنڈلاتے مَنڈلاتے پھرنا (ار۔ محاورہ) ڈانواں ڈول پھرنا۔ اِدھر اُدھر پھرنا۔ مارے مارے پھرنا۔ اِرد گرد چکر کھانا۔

مَنڈلانا (مَنڈ۔لا۔نا)(نون غنہ)(ہ۔مص)(۱) چکر لگانا۔ گھومنا۔ حلقہ باندھ کر پھرنا (۲) گول دائروں میں اُڑنا (۳) بادل کا گھر آنا۔

مَنڈلی (مَنڈ۔لی)(ہ۔ا۔مث) ٹولی۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ جھنڈ۔ جمع: منڈلیاں۔ منڈلیوں۔

مُنڈلی (مُنڈ۔لی)(ہ۔صف) مُنڈی ہوئی عورت۔ وہ عورت جس کے سر پر بال نہ ہوں۔

مُنڈَن (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے مُونڈن۔

مُنڈنا (مُنڈ۔نا)(نون غنہ)(ہ۔مص)(۱) حجامت بننا۔ بال مُونڈے جانا (۲) چوری ہونا۔ لُٹنا (۳) دھوکے میں آ کر نُقصان اُٹھانا۔

مَنڈنا (مَنڈ۔نا)(ق۔مص) بنانا۔

مُنڈو (مُن۔ڈو)(ہ۔صف)(۱) وہ عورت جس کا سر مونڈا گیا ہو (۲) بدبخت عورت (۳) وہ عورت جس کا خاوند مر گیا ہو۔ رانڈ۔ بیوہ۔

مَنڈوا (مَنڈ۔وا)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک لونی قسم کا غلّہ (۲) تھیٹر۔ تماشا گاہ۔ پنڈال۔ شامیانہ۔

مُنڈوانا (مُنڈ۔وا۔نا)(ہ۔مص)(۱) مُونڈنا کا متعدی۔ بال صاف کرانا (۲) چوری کرانا۔ لُٹوانا۔ ٹھگوانا (۳) دھوکے سے خرچ کرانا۔

مَنڈوکا (مَن۔ڈو۔کا)(ہ۔صف) حرامی بچہ۔ ولدُ الزنا۔

مَنڈھا (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) وہ سائبان یا شامیانہ جو ہندوؤں میں شادی کے روز بطور رَسم تانا جاتا ہے اور جس کے نیچے دولہا دُلہن کے پھیرے ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کے گیت جو دُلہن کی رُخصتی کے وقت گائے جاتے ہیں (۳) وہ ٹٹی یا بانس وغیرہ کا ڈھانچا جس پر بیل چڑھاتے ہیں۔

منڈھا چھوانا (ہ۔ محاورہ) شادی کا سائبان تنوانا۔

منڈھا جانا (ہ۔مص) کسی کام میں پُورے طور پر مصروف ہو جانا (۲) مڑھا جانا۔

مَنڈھنا (مَنڈھ۔نا)(ہ۔مص) پوشش کرنا۔ کپڑا [illegible] چڑھانا۔ مڑھنا۔ ڈھانپنا۔ ڈھانکنا (۳) ذمے لگانا۔ سر کرنا [illegible] چپکنا۔ چپکا ہونا۔

مَنڈھوانا (مَنڈھ۔وا۔نا)(ہ۔مص) [illegible] کا متعدی۔ پوشش کرانا۔ مڑھوانا (۲) کسی کے سر ڈلوانا۔ ذمے دھروانا۔

مَنڈھوائی (ہ۔ا۔مث) منڈھنے کی اُجرت۔ پوشش کرانے کی مزدوری۔

مَنڈھی (مَنڈھیا)(مَن۔ڈھی)(مَنڈھ۔یا)(ہ۔ا۔مث)(۱) جھونپڑی۔ مڑھی۔ کٹیا (۲) جوگیوں کے رہنے کا چھوٹا سا گنبد۔ سائبان۔

مَنڈی (نون غنہ)(ہ۔ا۔مث) تجارت گاہ۔ بازار۔ ہاٹ۔ بڑا بازار۔ تھوک فروشی کی جگہ۔ جمع: منڈیاں۔ منڈیوں۔

منڈی لگنا (ار۔ محاورہ) منڈی کا کاروبار شروع ہونا۔ بازار لگنا۔

مُنڈی (نون غنہ)(ہ۔صف) مُنڈا کی تانیث (۱) بن بالوں کی۔ بن شاخوں کی۔ سر مُونڈی ہوئی (۲) وہ مادہ جانور جس کے سینگ نہ ہوں (۳) بے نوک کی جوتی (۴) ایک بُوٹی (۵) سر۔ کھوپڑی۔

مُنڈی تولنا (ار۔ محاورہ) غرور سے سر اُونچا کرنا۔

مُنڈیا (مُنڈ۔یا)(ہ۔ا۔مث) مُونڈی کی تصغیر۔ چھوٹا سا سر۔ ذرا سی کھوپڑی۔

مَنڈیانا (مَنڈ۔یا۔نا)(ہ۔مص) کلف لگانا۔ مانڈی لگانا۔ مانڈنا۔ چاول کی پیچ یا نشاستہ وغیرہ سے کپڑے یا کاغذ کو سخت بنا کر صاف کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَنڈیٹ (Mandate) (انگ۔ا۔مذ) (۱) حاکم عدالت کا حکم۔ ہدایت (۲) حق وکالت۔ انجمن اقوام کی طرف سے کسی ترقی یافتہ ملک کو کسی ترقی پذیر ملک پر حکومت کا عارضی اختیار۔ انتداب۔ تولیت (۳) (قانون) معاہدہ جس کی رُو سے کوئی شخص بلامعاوضہ کسی خدمت کے انجام دینے کا اقرار کرے۔

مُنڈیر (نون غنّہ) (یائے مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) دیوار کا اُوپر کا حصّہ جو ڈھلواں ہوتا ہے (۲) پشتہ۔ مینڈھ۔ جمع: منڈیروں۔ منڈیریں۔

مُنڈیر باندھنا (اُر۔محاورہ) پشتہ باندھنا۔ مینڈ بنانا۔ ذرا سی دیوار اُٹھا کر حد بنانا۔

مُنڈیری (ہ۔ا۔مث) مُنڈیر کی تصغیر۔ جمع: منڈیریاں۔ منڈیریوں۔

مِنروا (Minerva) (انگ۔ا۔مث) رُومی دیومالا میں فنون اور دست کاری کی دیوی۔

مَنْزا (مَن۔زا) (ق۔ا۔مذ) دل۔

مَنْزِل (مَن۔زِل) (ع۔ا۔مث) (۱) اُترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام۔ سرائے۔ ٹھکانا۔ مُسافر خانہ۔ پڑاؤ (۲) ایک دِن کا سفر۔ مرحلہ (۳) گھر۔ مکان۔ مسکن (۴) مکان کا ایک درجہ (۵) چاند کا گھر۔ بُرج (۶) قرآن مجید کے سات حصّوں میں سے ایک حصّہ۔ جمع: منازل۔ اُردو جمع: منزلوں۔ منزلیں۔

منزل اُٹھانا (اُر۔محاورہ) مکان بنانا۔

منزلِ اوّل (ع۔ا۔مث) پہلی منزل۔ (مجازاً) موت۔ قبر۔

منزل بہ منزل (ع۔ف۔تابع فعل) (۱) پڑاؤ پڑاؤ۔ ایک ایک پڑاؤ (۲) درجہ بدرجہ۔

منزل بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) سفر کا مُشکل ہونا۔

منزل پر پہنچنا (اُر۔محاورہ) اصل مقام پر پہنچنا۔

منزل دراز ہونا (اُر۔محاورہ) معمولی مسافت کا لمبا معلوم ہونا۔

منزل دینا (اُر۔محاورہ) جنازے کو راستے میں ذرا سی دیر کے لئے رکھ دینا۔ مُردے کو آرام دینا۔

منزل طے ہونا (اُر۔محاورہ) سفر پُورا ہونا۔ ٹھکانے پر پہنچنا۔

منزل کاٹنا (اُر۔محاورہ) راستہ طے کرنا۔

منزل کٹنا (اُر۔محاورہ) سفر طے ہونا۔ مسافت طے ہونا۔

منزل کٹھن ہونا (اُر۔مص مُرکّب) منزل کڑی ہونا۔ راستے کا دُشوار ہونا۔ سفر کا مُشکل ہونا۔

منزل کھوٹی ہونا (اُر۔محاورہ) راستے میں اِتنی دیر لگنا کہ منزل تک ٹھیک وقت پر نہ پہنچ سکنا۔ مقامِ مقصود تک پہنچنے سے رہ جانا۔

منزل کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) ایک پڑاؤ کا راستہ چلنا (۲) کچھ چل کر ٹھہر جانا۔

منزل گاہ (ع۔ف۔ا۔مث) اُترنے کی جگہ۔ قیام کرنے کی جگہ۔ (گاہ زائد ہے)۔

منزل مارنا (اُر۔محاورہ) مسافت طے کرنا۔ سفر ختم کرنا (۲) مُشکل حل کرنا۔

منزلِ مقصود (ع۔ا۔مث) وہ جگہ جہاں پہنچنے کا ارادہ ہو۔

منزلِ مقصود کو پہنچنا (اُر۔محاورہ) ٹھکانے پر پہنچنا۔ مُراد حاصل ہونا۔ مطلب بر آنا۔

منزلِ ہستی (ع۔ف۔ا۔مث) (کنایۃً) عُمر۔ زندگی۔

مُنَزَّل (مُنْزَل) (مُن۔زَل) (مُ۔نَو۔زَل) (ع۔صف مفعولی) نیچے اُتارا گیا۔ نازل کیا گیا۔

مُنْزِل (مُن۔زِل) (ع۔صف) نیچے اُترنے والا۔ اِنزال ہونے والا۔

مُنزِل ہونا (اُر۔محاورہ) اِنزال ہونا۔ منی نکلنا۔ جھڑنا۔

مَنزِلت (مَن۔زِ۔لت) (ع۔ا۔مث) (۱) توقیر۔ قدر۔ عزّت۔ اعزاز۔ وُقعت (۲) درجہ۔ مرتبہ۔

منزلہ (مَن۔زِ۔لہ) (ع۔صف) درجے کا۔ کھنڈوالا جیسے دو منزلہ۔

مُنزوی (مُن۔زَ۔وی) (ع۔صف) گوشہ نشین۔ خلوت گزین۔ گوشہ گیر۔

مُنَزَّہ (مُ۔نَو۔زَہ) (ع۔صف) عیبوں سے بَری۔ پاک۔ مُبرّا۔

مُنزّہ عَنِ الخطا (مُ۔نَو۔زَہ۔عَ۔نِل۔خَ۔طا) (ع۔صف) جو خطا نہ کرے۔ عیب و خطا سے مُبرّا۔

مَنْسا (مَ۔نَ۔سا) (س۔ا۔مث) مَنشا۔ خواہش۔ مُراد۔ مطلب۔ مقصد۔ چاہ۔

منسا پُورن کرنا (ہ۔مص مُرکّب) مُراد بر لانا۔ آرزُو پُوری کرنا۔

منسٹر (Minister) (انگ۔ا۔مذ) وزیر۔ دیوان۔ مدارُالمہام۔

مُنْسَرِح (مُن۔سَ۔رِح) (ع۔صف) (۱) آسان۔ آسان کیا گیا (۲) (ا۔مث) عروض کی ایک بحر۔

مَنْسَک (مَن۔سَک) (ع۔ا۔مذ) (۱) عبادت گاہ (۲) مکّۂ معظّمہ میں وہ جگہ جہاں حاجی قُربانی کرتے ہیں (۳) عبادت کا طریقہ۔ جمع: مناسِک۔

مُنْسَلِک (مُن۔سَ۔لِک) (ع۔صف) پرویا ہوا۔ نتھی کیا ہوا۔ شامل۔ شمول۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

مَنسُوب (مَن۔سُوب) (ع۔صف۔مذ) (۱) نسبت کیا گیا۔ متعلق کیا ہوا (۲) جس سے نسبت یعنی منگنی ہو۔ منگیتر۔

منسوب کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) نسبت کرنا (۲) سگائی کرنا۔ منگنی کرنا۔

مَنسُوبہ (مَن۔سُو۔بہ) (ع۔صف۔مث) (۱) منسوب کی تانیث۔ نسبت دی ہوئی۔ متعلقہ (۲) جس سے منگنی ہوئی ہو۔ منگیتر (عورت)۔

مَنسُوج (مَن۔سُوج) (ع۔صف) بُنا ہوا۔

مَنسُوخ (مَن۔سُوخ) (ع۔صف) رد کیا گیا۔ ترک کیا گیا۔

مَنسُوخی (مَن۔سُو۔خی) (ف۔ا۔مث) نیست ہونا۔ مِٹنا۔ نابود ہونا۔ رد ہونا۔

مَنُش (مَ۔نُش) (ہ۔ا۔مذ) (۱) آدمی۔ مرد۔ شخص (۲) خاوند۔ شوہر۔ پتی۔

مَنِش (مَ۔نِش) (ف۔ا۔مث) طبیعت۔ عادت۔ خُو۔ خصلت۔

مَنْشا (مَن۔شا) (ع۔ا۔مذ) (۱) پیدا ہونے کی جگہ (۲) (مجازاً) سبب۔ باعث۔ وجہ (۳) ارادہ۔ مطلب۔ مقصد۔ مُراد۔ منصوبہ۔ عندیہ۔

مُنْشَآت (مُن۔شَ۔آت) (ع۔ا۔مذ) عبارتیں۔ تصنیفات۔ مسوّدات۔

مِنشار (مِن۔شار) (ع۔ا۔مذ) (۱) لکڑی چیرنے کا آلہ۔ آرا (۲) اناج علیحدہ کرنے کا آلہ جس کے ایک طرف دستہ اور دُوسری طرف بڑا سا کنگھا ہوتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنْشَرِح (مُن۔شَ۔رِح) (ع۔صف فاعلی) کھلنے والا۔

مُنْشَرَح (مُن۔شَ۔رَح) (ع۔صف مفعولی) (۱) کھلا ہوا۔ عیاں۔ ظاہر۔ آشکار (۲) خوش۔ بشاش۔

مُنْشَعِب (مُن۔شَ۔عِب) (ع۔صف) پھیلا ہوا۔ پراگندہ۔ مُنتشر۔ شاخ در شاخ۔

مَنْشُور (مَن۔شُور) (ع۔صف) (۱) تتر بتر۔ بکھرا ہوا (۲) (ع۔ا۔مذ) شاہی فرمان۔ پروانہ (۳) جماعتی اعلان۔ (Manifesto) (۴) شیشہ جس میں سے شُعاعیں گُزر کر پھیل جاتی ہیں۔ جمع: مناشیر۔ اُردو جمع: منشور۔ منشوروں۔

منشورِ مُثلّثی (ع۔ا۔مذ) تکونا شیشہ جس میں سے شُعاعیں گُزر کر مختلف رنگوں میں تقسیم ہو کر پھیل جاتی ہیں۔

مُنْشِی (مُن۔شی) (ع۔صف) (۱) پیدا کرنے والا۔ آغاز کرنے والا (۲) لکھنے والا (۳) (ا۔مذ) محرّر۔ خصدی (۴) مضمون نگار۔ اُردو جمع: مُنشی۔ مُنشیوں۔

مُنشیِ چرخ (**مُنشیِ فلک**) (ع۔ف۔ا۔مذ) عطارد سیارہ۔

مُنشی خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) فارسی دفتر۔ اُردو دفتر (۲) ڈاک بنگلوں کے ساتھ ایک چھوٹا سا مکان جس میں افسروں کے منشی ٹھہرتے ہیں۔

منشی گری (ع۔ف۔ا۔مث) محرّری۔ کتابت۔ لکھنے کا کام۔

مُنَشّی (مُ۔نَش۔شی) (ار۔صف) نشہ آور۔ نشیلی۔ نشہ لانے والی چیز۔ (اردو والوں نے فارسی لفظ نشہ سے عربی قاعدے کے مُطابق صفتِ فاعلی بنائی جو اب غلط العام ہے)۔

مُنَشّیات (مُ۔نَش۔شی۔یات) (ار۔ا۔مث) مُنشّی کی جمع۔ نشہ آور اشیا۔

مُنْشِیانہ (مُن۔شِ۔یا۔نہ) (ف۔صف) منشیوں کا سا (۲) منشی کا محنتانہ۔

مَنْصَب (مَن۔صَب) (ع۔ا۔مذ) (۱) رُتبہ۔ عُہدہ۔ درجہ۔ مرتبہ (۲) کام۔ خدمت (۳) حوصلہ۔ مجال۔ طاقت۔ جمع: مناصب۔

منصب دار (ع۔ف۔صف) (۱) عُہدے دار۔ عامل (۲) نسلاً بعد نسلٍ وظیفہ پانے والا۔

مَنْصَبی (مَن۔صَ۔بی) (ع۔صف) منصب سے منسوب۔ عُہدے کے متعلق جیسے فرضِ منصبی۔

مُنْصَرِف (مُن۔صَ۔رِف) (ع۔صف) (۱) پھر جانے والا۔ ایک حال سے دُوسرے حال میں لوٹ جانے والا۔ باغی۔ منحرف (۲) اِصطلاحِ صرف و نحو میں وہ صیغہ جس کی گردان ہو سکے۔

مُنْصَرِم (مُن۔صَ۔رِم) (ع۔صف۔وا۔مذ) منتظم۔ اِنتظام کرنے والا۔ مہتمم۔ سربراہ کار۔ مینیجر۔ منیم۔ جمع: مُنصرمین۔

مُنْصِف (مُن۔صِف) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) اِنصاف کرنے والا۔ عادِل (۲) دیوانی کا ایک عہدیدار۔ جمع: مُنصفین۔

مُنصف مزاج (ع۔ف۔صف) اِنصاف پسند۔ کھرا۔ دو ٹوک بات کہنے والا۔ لگی لپٹی نہ رکھنے والا۔

مُنْصِفانہ (مُن۔صِ۔فا۔نہ) (ف۔صف) اَزرُوئے اِنصاف۔ عدل کے اِعتبار سے۔ دو ٹوک۔ ٹھیک ٹھیک۔

مُنْصِفی (مُن۔صِ۔فی) (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) اِنصاف۔ عدل۔ فیصلہ۔ تصفیہ (۲) مُنصف کا عُہدہ۔ مُنصف کی عدالت۔ (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

مُنصفی اُٹھ جانا (اُر۔محاورہ) اِنصاف نہ رہنا۔ بے اِنصافی ہونا۔ ظُلم ہونا۔

مُنصفی شرط ہے (اُر۔محاورہ) اِنصاف کرنا چاہیے۔

مَنْصُوب (مَن۔صُوب) (ع۔صف) (۱) کھڑا۔ سیدھا۔ قائم۔ نصب کیا گیا۔ کھڑا کیا گیا (۲) وہ حرف جس پر زبر ہو۔ مفتوح۔

مَنْصُوبہ (ع۔صف) (۱) منصوب کی تانیث۔ کھڑی ہوئی (چیز) (۲) (ا۔مذ) تجویز۔ تدبیر (۳) اِرادہ۔ مقصد۔ منشا۔ عندیہ۔ پلان۔ اُر جمع: منصوبوں۔ منصوبے۔

منصوبہ باز (ع۔ف۔صف) اِرادے گانٹھنے والا۔ سوچنے والا۔ دُور اَندیش۔ مُدبّر۔

منصوبہ باندھنا (اُر۔محاورہ) اِرادہ کرنا۔ ٹھاننا۔ کسی بات کو دِل میں پختہ کرنا۔

منصوبہ بندی (ع۔ف۔ا۔مث) تجویز کرنا۔ تدبیر کرنا۔ خاکہ یا نقشہ بنانا۔ طریقِ عمل تجویز کرنا۔ پلاننگ۔

مَنْصُور (مَن۔صُور) (ع۔صف) نُصرت دیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ مظفر۔ فتح مند۔

مَنْصُوص (مَن۔صُوص) (ع۔صف) (۱) تحقیق کیا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا (۲) قرآنِ مجید کی وہ آیت جو قابلِ تاویل نہ ہو (۳) وہ حدیث جو کامل طور سے ثابت ہو گئی ہو۔

مَنَصَّہ (مَ۔نَص۔صَہ) (ع۔ا۔مذ) ظاہر ہونے کی جگہ۔ جلوہ گاہ (۲) وہ تخت یا چوکی جس پر دُلہن کو بٹھا کر جلوہ کراتے ہیں (۳) حجلۂ عروسی جسے خوب سجایا جائے۔

منصّۂ شہود (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں کسی چیز کا جلوہ دکھایا جائے۔

مُنْضَبَط (مُن۔ضَ۔بَط) (ع۔صف مفعولی) پیوستہ کیا ہوا۔ مضبوط کیا ہوا۔

مُنْضَبِط (مُن۔ضَ۔بِط) (ع۔صف فاعلی) مضبوط کرنے والا۔ پیوستہ کرنے والا۔ ضبط میں لانے والا۔

مُنْضِج (مُن۔ضِج) (ع۔ا۔مذ) پکانے والی دوا۔ وہ دوا جو مواد کو پکا کر قابلِ اِخراج کرے۔ خِلط کو پکانے والی دوا۔

مُنْضَم (مُن۔ضَم) (ع۔صف) ملایا گیا۔ ملایا ہوا۔ شامل۔ پیوستہ۔ ملحق۔

مُنْطَبِع (مُن۔طَ۔بِع) (ع۔صف) چھپنے والا۔ منقوش ہونے والا۔

مُنْطَبِق (مُن۔طَ۔بِق) (ع۔صف) برابر۔ موافق۔ اُوپر تلے ٹھیک آنے والا۔

مُنْطَفی (مُن۔طَ۔فی) (ع۔صف) بُجھنے والا۔ بُجھا ہوا۔

مَنْطِق (مَن۔طِق) (ع۔ا۔مث) نُطق۔ گویائی۔ گفتگو۔ بات۔ بات چیت۔ فصاحت۔ خوش کلامی (۲) تلفظ۔ لہجہ (۳) ٹھیک طور سے سوچنے کا علم۔ وہ علم جو منطقی دلائل سے حق کو حق اور ناحق کو ناحق ثابت کرتا ہے۔ علم دلیل۔

منطق بگھارنا (**چھانٹنا**) (اُر۔محاورہ) حجت کرنا۔ باتیں بنانا۔ چناں چنیں کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مِنطَقات (مِن۔طَ۔قات)(ع۔ا۔مذ) مِنطقہ کی جمع۔

مِنطَقَہ (مِن۔طَ۔قَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) کمر میں باندھنے کا پٹکا (۲) وہ فرضی خط جو زمین کے چاروں طرف کھنچا ہوا ہے۔ دائرہ۔ حلقہ۔ جمع: مناطِق۔ مِنطقات۔ اُردو جمع: منطقوں۔ منطقے۔

مِنطقۃُ البُرُوج (ع۔ا۔مذ) وہ بڑا دائرہ جس پر بارہ بُرج آسمانی واقع ہیں۔ راس منڈل۔ راس چکر۔

مِنطقۂ بارِدَہ (ع۔ا۔مذ) وہ خِطۂ زمین جہاں تمام سال سخت سردی پڑتی ہے اور برف جمی رہتی ہے۔

مِنطقۂ بارِدَہ جنوبی (ع۔ا۔مذ) قُطبِ جنوبی کے گرد کا خِطّہ جہاں سارا سال نہایت سردی ہوتی اور برف جمی رہتی ہے۔

مِنطقۂ بارِدَہ شِمالی (ع۔ا۔مذ) قُطبِ شمالی کے قریب وہ خِطّہ جہاں تمام سال برف جمی رہتی اور سخت سردی ہوتی ہے۔

مِنطقۂ حارّہ (**مِنطقۂ مُحرِقہ**)(ع۔ا۔مذ) خطِ اِستوا کے قریب کا وہ خِطّہ جہاں سُورج کی کرنیں سیدھی پڑنے کے باعث ہمیشہ گرمی رہتی ہے۔

مِنطقۂ مُعتدِلہ (ع۔ا۔مذ) زمین کا وہ خِطّہ جہاں سردی اور گرمی برابر رہتی ہے۔

مَنطِقی (**مَنطِقیا**)(مَن۔طِ۔قی)(مَن۔طِق۔یا)(پہلا ع دُوسرا اُر۔صف) علمِ منطق جاننے والا۔ حجتی۔ جھگڑالو۔

مَنطُوق (مَن۔طُوق)(ع۔صف)(۱) بولا گیا (۲)(ع۔ا۔مذ) کلام۔ سخن۔ بات چیت۔ قول۔ مضمون۔

مُنطَوِی (مُن۔طَ۔وِی)(ع۔صف) لپٹا ہوا۔ ملفوف۔ پیچیدہ۔

مَنظَر (مَن۔ظَر)(ع۔ا۔مذ)(۱) جائے نظر۔ آنکھ۔ نظر (۲) نظارہ۔ سیر گاہ۔ تماشا گاہ (۳) چہرہ۔ صورت۔ شکل (۴) حدِّ نظر (۵) دریچہ۔ کھڑکی۔ روزن۔ سُوراخ (۶) اُونچی عمارت۔ لاٹھ۔ مینار۔ جمع: مناظِر۔

منظرِ چشم (ع۔ف۔ا۔مث) آنکھ کی پتلی۔

منظرِ عام (ع۔ف۔ا۔مذ) کھلی جگہ۔ گزرگاہِ عام۔ شاہ راہِ عام۔

مُنَظَّم (مُ۔نَظ۔ظَم)(ع۔صف)(۱) دھاگے میں پرویا ہوا (۲) موزوں کلام (۳) وہ چیز جو اِنتظام کے ساتھ ہو۔

مَنظُور (مَن۔ظُور)(ع۔صف)(۱) دیکھا گیا۔ نظر کیا گیا (۲) پسندیدہ۔ مقبول۔ مانا گیا۔

منظورِ خاطر (ع۔ف۔صف) دِل پسند۔ مقبول۔ پسندیدہ۔

منظورِ خُدا (ع۔ف۔ا۔مذ) مرضیِ مولا۔ مشیّتِ اِیزدی۔

منظورِ نظر (ع۔ف۔صف)(۱) نظر کو پسند۔ مرغوب (۲) عزیز۔ پیارا۔ محبوب۔ بیٹا (۳) وہ شخص جس پر کسی کی نظرِ عنایت ہو۔

منظورِ نظر ہونا (اُر۔محاورہ) دِل کو اچھا لگنا۔ دِل میں کھبنا۔ نظر پر چڑھنا۔

مَنظُوری (مَن۔ظُو۔ری)(ع۔ف۔ا۔مث) مرضی۔ قبولیت۔ اِجازت۔

منظوری کی اسامی (اُر۔ا۔مث) وہ نوکری جس کی حکومت سے منظوری ہوئی ہو اور اُس میں پنشن کا حق بھی ہو۔

مَنظُوم (مَن۔ظُوم)(ع۔صف)(۱) پرویا گیا۔ مُنسلک کیا گیا (۲) نظم کیا گیا۔ اَشعار میں لایا گیا۔

مَنظُومَہ (مَن۔ظُو۔مَہ)(ع۔صف) منظوم کی تانیث۔ جمع: منظومات۔

مَنع (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) باز رکھنا۔ روکنا (۲)(صف) نادُرست۔ نامُناسب۔ ناجائز (۳) خلافِ قانون۔ خلافِ شرع۔ خلافِ رسم و رواج۔

منع کرنا (اُر۔مص مُرکّب) روکنا۔ باز رکھنا۔

مُنعَدِم (مُن۔عَ۔دِم)(ع۔صف) نیست و نابود ہونے والا۔ ناپید ہونے والا۔

مُنعَطِف (مُن۔عَ۔طِف)(ع۔صف) پھرنے والا۔ لوٹنے والا۔ مُڑنے والا۔ خم کھانے والا۔ (کنایۃً) متوجّہ ہونے والا۔

مُنعَقِد (مُن۔عَ۔قِد)(ع۔صف)(۱) اِنعقاد پانے والا۔ بندھنے والا (۲) ٹھہرنے والا۔ مقرّر ہونے والا۔

مُنعقِد ہونا (اُر۔محاورہ) ہونا۔ ٹھہرنا۔ قرار پانا۔ قائم ہونا۔

مُنعَکِس (مُن۔عَ۔کِس)(ع۔صف)(۱) عکس قبول کرنے والا (۲) اُلٹا۔ اوندھا۔ مقلوب۔ سرنگوں۔ پلٹا ہوا (۳) وہ شعاع جو اُلٹ کر آئی ہو۔

مُنعِم (مُن۔عِم)(ع۔صف)(۱) نعمت دینے والا (۲) اَمیر۔ غنی۔ زردار۔ متموّل۔ دھنی (۳) آقا۔ ولی نعمت۔ مُربیّ (۴) فیّاض۔ سخی۔ مخیّر۔ دریا دِل۔

مُنَغَّص (مُ۔نَغ۔غَص)(ع۔صف)(۱) گدلا۔ مکدّر (۲) ناراض۔ رنجیدہ۔ اَفسردہ۔ حزیں۔ ملول۔

مَنفَذ (مَن۔فَذ)(ع۔ا۔مذ)(۱) راستہ۔ گزرگاہ (۲) سُوراخ۔ مسام۔ رخنہ۔ روزن۔ جمع: منافِذ۔

مُنفَرِج (مُن۔فَ۔رِج)(ع۔صف) کشادہ۔ وسیع۔ کھلا ہوا (۲) خوش۔

مُنفَرِجَہ (مُن۔فَ۔رِ۔جَہ)(ع۔صف) مُنفرج کی تانیث۔

منفرجہ زاویہ (ع۔ا۔مذ) دیکھئے زاویہ مُنفرجہ۔

مُفَرِّح (مُن۔فَ۔رِح)(ع۔صف)(۱) فرحت دینے والا۔ خوشی بخشنے والا (۲) خوش۔ شاد۔

مُنفَرِد (مُن۔فَ۔رِد)(ع۔صف)(۱) تنہا۔ اکیلا (۲) یکتا۔ یگانہ۔ واحد۔

مُنفَصَل (مُن۔فَ۔صَل)(ع۔صف مفعولی)(۱) جُدا کیا گیا۔ علیحدہ کیا ہوا (۲) فیصلہ شدہ۔

مُنفَصِل (مُن۔فَ۔صِل)(ع۔صف فاعلی)(۱) جُدا ہونے والا۔ علیحدہ ہونے والا (۲) فیصل ہونے والا۔

مُنفَصَلَہ (مُن۔فَ۔صَ۔لَہ)(ع۔صف) مُنفصَل کی تانیث۔

مَنفَعَت (مَن۔فَ۔عَت)(ع۔ا۔مث) نفع۔ فائدہ۔ سُود۔ حاصِل۔ یافت۔ جمع: منافِع۔ اُردو جمع: منفعتوں۔ منفعتیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنْفَعِل (مُن۔فَ۔عِل) (ع۔صف) (۱) اَثر قبول کرنے والا (۲) نادِم۔ شرمندہ۔شرم سار۔

مُنْفِق (مُن۔فِق)(ع۔صف) خرچ کرنے والا۔کسی کو روٹی کپڑا دینے والا۔

مُنْفَک (مُن۔فَک)(ع۔صف) جدا کیا گیا۔الگ کیا گیا۔

مَنْفی (مَن۔فی)(ع۔صف)(۱) نفی کیا گیا۔تفریق کیا گیا۔گھٹایا گیا (۲) خارج کیا گیا (۳) جدا کیا گیا (۴) مُثبت کی ضد۔

مُنْقاد (مُن۔قاد)(ع۔صف) مُطیع۔تابع فرمان۔فرماں بردار۔

مِنْقار (مِن۔قار)(ع۔ا۔مث) چونچ۔اُردو جمع: منقاروں۔منقاریں۔

منقار زیرِ پر رہنا (ہونا)(اَر۔محاورہ) خاموش رہنا۔دبکے رہنا۔

مِنْقاش (مِن۔قاش)(ع۔ا۔مذ)(۱) موچنا۔سانسی۔نقش کرنے والا آلہ (۲) کانٹا نکالنے اور بال اُکھاڑنے کا آلہ۔

مِنْقَب (مِن۔قَب) (ع۔ا۔مذ) ایک اوزار جس سے پیٹ میں سے پانی نکالتے ہیں۔

مَنْقَبَت (مَن۔قَ۔بَت) (ع۔ا۔مث) تعریف۔توصیف۔ثنا۔صفت۔ (عموماً اہلِ بیتؓ وصحابہؓ کے لئے مستعمل ہے)(۲) کوئی چیز جس پر اِنسان فخر کرے یا جو اُسے دُوسروں سے ممتاز کرے۔

مُنْقَبِض (مُن۔قَ۔بِض)(ع۔صف) کھنچ کر بندھا ہوا۔کھنچا ہوا۔سمٹا ہوا۔ سکڑا ہوا (۲) اَفسردہ۔مکدّر۔ناراض۔ناخوش (طبیعت۔مزاج)۔

مُنَقَّح (مُ۔نَق۔قَح)(ع۔صف) تنقیح کیا ہوا۔پاک کیا ہوا۔جھوٹ سے پاک۔سچ۔

مُنْقَسَم (مُن۔قَ۔سَم)(ع۔صف مفعولی) تقسیم کیا گیا۔بانٹا ہوا۔تقسیم شُدہ۔

مُنْقَسِم (مُن۔قَ۔سِم)(ع۔صف فاعلی) تقسیم ہونے والا۔

مُنَقَّش (مُ۔نَق۔قَش)(ع۔صف) نقش کیا گیا۔نقشین۔بیل بوٹے دار۔

مُنْقَضَب (مُن۔قَ۔ضَب)(ع۔صف)(۱) کاٹا گیا۔جدا کیا گیا (۲) جو اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔

مَنْقَصَت (مَن۔قَ۔صَت)(ع۔ا۔مث) کمی۔گھاٹا۔نُقصان (۲) عیب۔نقص۔

مُنْقَضَب (ع۔صف) سکڑا ہوا۔تخفیف شُدہ (۲)(ا۔مث) عروض کی ایک بحر۔

مُنْقَضی (مُن۔قَ۔ضی)(ع۔صف) گزرنے والا۔گزرا ہوا۔گزشتہ۔بیتا ہوا۔

مُنْقَطَع (مُن۔قَ۔طَع) (ع۔صف) (۱) قطع کیا گیا (۲) اِختتام کو پہنچا ہوا (۳) فیصل شُدہ۔تصفیہ شُدہ۔

منقطع کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) فیصلہ کرنا۔تصفیہ کرنا (۲) توڑنا۔کاٹنا۔جدا کرنا۔قطع کرنا۔

منقطع ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) فیصلہ ہونا۔تصفیہ ہونا (۲) ٹوٹنا۔کٹنا۔قطع ہونا۔جدا ہونا۔

مَنْقَل (مَن۔قَل)(ع۔ا۔مث) انگیٹھی۔سِگڑی۔جمع: مناقل۔

مِنْقَلا (مِن۔قَ۔لا) (ت۔ا۔مذ) فوج کا وہ حِصّہ جو لشکر کے آگے رہے۔ ہراول۔

مُنْقَلِب(مُن۔قَ۔لِب)(ع۔صف)(۱) پلٹنے والا۔اُلٹنے والا (۲) اَوندھا۔

منقلب گردباد (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ ہوا جس کا سب سے زیادہ دباؤ مرکز میں ہوتا ہے اور چاروں طرف بتدریج کم ہوتا چلا جاتا ہے۔یہ ہوائیں اَندر سے باہر کی طرف چلتی ہیں۔گردباد کے مُخالف رُخ ہونے کی وجہ سے انہیں مُنقلب گردباد کہا جاتا ہے۔(Anti -Cyclone)۔

مُنْقَلِبات (مُن۔قَ۔لِ۔بات)(ع۔ا۔مذ)(۱) مُنقلبہ کی جمع (۲) وہ بُرج جن کے طالع میں کام دُرست نہیں ہوتا۔یہ چار ہیں: حمل' سرطان' جدی اور میزان۔

مُنْقَلِبہ (مُن۔قَ۔لِ۔بہ)(ع۔صف) مُنقلِب کی تانیث۔

مَنْقُوش (مَن۔قُوش)(ع۔صف) نقش کیا گیا۔کندہ کیا گیا۔

مَنْقُوط (مَنْقُوطَہ) (مَن۔قُوط)(مَن۔قُو۔طَہ) (ع۔صف) نقطہ دیا گیا۔ نُقطے دار۔نُقطے والا۔

مَنْقُول (مَن۔قُول)(ع۔صف)(۱) نقل کیا گیا۔بیان کیا گیا (۲) لکھا گیا۔ اُتارا گیا (۳) ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جایا گیا (۴) وہ علم جس میں صرف اُن باتوں سے بحث ہو جو دُوسروں نے بیان کی ہیں۔

منقول عنہٗ (ع۔ا۔مذ) وہ تحریر یا کتاب جس سے کوئی عبارت نقل کی گئی ہو۔

منقول ہے (اَر۔روزمرّہ) روایت ہے۔

مَنْقُولہ (مَن۔قُو۔لہ)(ع۔صف)(۱) منقول کی تانیث (۲) ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانے کے قابل۔قابلِ اِنتقال (چیز)۔

منقولہ جائیداد (ع۔ف۔ا۔مث) دیکھئے جائیدادِ منقولہ۔

مُنَقّیٰ (مُ۔نَق۔قا)(ع۔صف مفعولی)(۱) صاف کیا ہوا۔بیج نکالا ہوا۔مُصفّیٰ (۲)(ا۔مذ) ایک قسم کی بڑی کشمش۔اُردو جمع: منقوں۔منقے۔

مُنَقّی (مُ۔نَق۔قی)(ع۔صف فاعلی) صاف کرنے والا۔

مَنْکا(مَن۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مالا کا دانہ۔تسبیح کا دانہ (۲) کانچ۔عقیق۔نگینہ یا کسی پتھر کا دانہ۔سونے یا چاندی کا دانہ (۳) وہ مُہرے جن کو فقیر گلے میں ڈالے رہتے ہیں (۴) مالا۔تسبیح۔سُمرن (۵) گردن کا مُہرہ (۶) ریڑھ کی ہڈی کا بالائی حِصّہ۔جمع: منکوں۔منکے۔

منکا پھیرنا (اَر۔محاورہ) مالا جپنا۔تسبیح پھیرنا۔

منکا ٹوٹنا (اَر۔محاورہ) گردن کی ہڈی کا ٹوٹ جانا۔

منکا ڈھل جانا (ڈھلکنا۔ڈھلنا)(اَر۔محاورہ) مرتے وقت گردن کا خم کھا جانا۔علامتِ مرگ ظاہر ہونا۔

مُنْکَر (مُن۔کَر) (ع۔صف مفعولی) (۱) اِنکار کیا گیا (۲) مکروہ۔خراب۔ ناشائستہ۔نامشروع۔جمع: منکرات (۳)(ا۔مذ) ایک فرشتے کا نام جو نکیر فرشتے کے ساتھ مل کر قبر میں سوال کرے گا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

منکر نکیر (ن ـ کیر) (ع ـ ا ـ مذ) وہ دو فرشتے جو قبر میں مُردے سے سوال کرتے ہیں۔

مُنکِر (مُن ـ کِر) (ع ـ صف فاعلی) اِنکار کرنے والا۔ مُکر جانے والا۔ رَد کرنے والا۔ نہ ماننے والا (۲) خُدا کا اِنکار کرنے والا۔ کافر۔ بے دین۔ جمع: منکرین۔

منکرِ نعمت (ع ـ ف ـ صف) ناشکرا۔ ناشکرگُزار۔ اِحسان فراموش۔

منکر ہونا (اُر ـ محاورہ) مُکرنا۔ اِنکار کرنا۔ نہ ماننا۔ قول سے پھرنا۔

مُنکَسِر (مُن ـ کَ ـ سِر) (ع ـ صف) (۱) اِنکسار کرنے والا (۲) شکستہ۔ ٹوٹا ہوا (۳) عاجز۔ مسکین۔

مُنکسِرُالمزاج (منکسر مزاج) (ع ـ صف) غریب مزاج۔ مسکین طبع وہ جس کی طبیعت میں اِنکسار ہو۔

مُنکَشِف (مُن ـ کَ ـ شِف) (ع ـ صف) کُھلنے والا۔ کُھلا ہوا۔ عیاں۔ ظاہر۔ آشکار۔

مِنکنا (مِ ـ نک ـ نا) (ہ ـ مص) (۱) چوکنا ہونا (۲) عذر و حجت کرنا۔

مَنکوحہ (مَن ـ کو ـ حہ) (ع ـ صف) نکاحی عورت۔ بیوی۔ زوجہ۔ جورو۔ اِستری۔

منکوس (مَن ـ کوس) (ع ـ صف) اوندھا۔ سرنگوں۔

مَنکھ (مَ ـ نکھ) (ہ ـ ا ـ مذ) دیکھئے منش۔

مَنگانا (مَنگا ـ نا) (نون غنہ) (ہ ـ مص) کسی کے ذریعے طلب کرنا۔ منگوانا۔

منگائی مِتّی اُٹھا لایا مٹّی (اُر ـ مثل) بے وقوف کی نسبت بولتے ہیں کہ منگائی کوئی چیز تھی یہ اور کچھ لے آیا۔

مَنگتا (منگ ـ تا) (ہ ـ صف ـ وا ـ مذ) بھیک مانگنے والا۔ بھکاری۔ فقیر۔ گدا۔

منگتی (منگ ـ تی) (ہ ـ صف ـ وا ـ مث) (۱) منگتا کی تانیث۔ بھکارن (۲) درخواست۔ طلب۔ مانگنا۔

منگتی لگانا (ہ ـ محاورہ) (۱) تحصیلِ مال کا کام کرنا (۲) تقاضا کرنا۔

مَنگَٹ (مَن ـ گٹ) (ہ ـ ا ـ مث) (۱) کلائی (۲) ٹخنا (۳) گھوڑے کے سُم اور ٹخنے کے درمیان کا حصّہ۔ گامچی۔

منگٹی (منگ ـ ٹی) (ہ ـ ا ـ مث) پہنچی۔ کلائی کا ایک زیور۔

مُنگچھی (منگ ـ چھی) (ہ ـ ا ـ مث) منگوچھی۔ مونگ کی پھلوری۔ پکوڑی۔ پُھلکی۔

منگسر (منگ ـ سَر) (ہ ـ ا ـ مذ) دیکھئے مگر۔

منگل (بفتح اوّل و سوم) (نون غنہ) (س ـ ا ـ مذ) (۱) خوشی۔ شادمانی۔ مسرّت۔ جشن (۲) خوشی کا گیت (۳) مریخ سیارہ (۴) پیر کے بعد والا دن۔ سہ شنبہ (۵) رونق۔ چہل پہل (۶) تندرستی۔ سلامتی (۷) (صف) مبارک۔ نیک۔

منگل گانا (ہ ـ مص مُرکّب) خوشی کے گیت گانا۔

منگل ہونا (ہ ـ محاورہ) رونق ہونا۔ چہل پہل ہونا۔ جشن ہونا۔ (اُردو میں جنگل میں منگل ہونا کی ترکیب سے مستعمل ہے)۔

مَنگلا (منگ ـ لا) (ہ ـ ا ـ مث) (۱) سفید یا نیلی پُھول والی گھاس (۲) ایک قسم کی کرنج (۳) اِلی (۴) باعصمت بیوی (۵) اُوما دیوی کا لقب۔

منگلاچار (ہ ـ ا ـ مذ) مُبارکباد۔ بدھائی۔ خوشی۔ تہنیت۔

منگلا مُکھی (ہ ـ ا ـ مذ و مث) اربابِ نشاط۔ ڈوم۔ بھانڈ۔

مَنگلی (منگ ـ لی) (ہ ـ صف) (۱) خوش۔ مسرور۔ شاد (۲) فتح مند۔ کامیاب (۳) غصّہ ور۔ غُصیل۔ تُند مزاج (۴) وہ بچّہ جو منگل (مریخ) سیارے کے زیرِ اثر پیدا ہوا ہو۔

منگنا (منگ ـ نا) (ق ـ مص) مانگنا۔ چاہنا۔

منگنی (منگ ـ نی) (ہ ـ ا ـ مث) (۱) سگائی۔ شادی کی نسبت (اَفعال: کرنا۔ ہونا) (۲) کسی سودے کے ساتھ کوئی اور چیز بلا قیمت طلب کرنا (۳) اُدھار۔ قرض۔

منگنی نہ ٹنگنی گوئیا کا بیاہ (اُر ـ مثل) وہاں کہتے ہیں جہاں شادی کا نرا آرام ہی آرام ہو۔

منگنیز (Manganese) (انگ ـ ا ـ مذ) ایک سیاہ دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے (۲) ایک فلزی عنصر جس کی یہ دھات آکسائیڈ ہے۔

منگوانا (منگ ـ وا ـ نا) (ہ ـ مص) منگانا۔ کسی کے ذریعے کوئی چیز طلب کرنا۔ مانگنا کا متعدی المتعدی۔

منگوچی (منگوچھی) (ہ ـ ا ـ مث) منگچھی۔ مونگ کی تلی ہوئی بڑیاں۔

منگورا (منگو ـ را) (ہ ـ ا ـ مذ) بیسن کی پُھلوری یا پُھلکی۔

منگوری (منگو ـ ری) (ہ ـ ا ـ مث) ماش کی پُھلوری یا پُھلکی۔

منگوس (ق ـ ا ـ مذ) نیولا۔

منگولین (Mongollan) (انگ ـ صف) (۱) منگولیا سے منسوب (۲) منگولیا کا باشندہ (۳) زرد رنگ کے لوگ۔

منگیتر (منگے ـ تر) (ہ ـ صف) منسوب۔ منسوبہ۔ وہ لڑکا یا لڑکی جس کی نسبت ہو گئی ہو۔

مَنَم (مَ ـ نَم) (ف ـ ض واحد متکلم) (۱) میں ہوں (۲) (ف ـ ا ـ مث) خودستائی۔ شیخی۔

مِن مِن (مِنمِن) (ہ ـ تابع فعل) آہستگی سے۔ سج سج۔ دھیرے دھیرے۔ سُستی سے۔ دیر سے۔ ڈھیل سے۔

مِن مِن کرنا (اُر ـ محاورہ) (۱) سُستی کرنا۔ کام میں نہایت دیر لگانا۔ سوچ سوچ کر آہستہ آہستہ کرنا (۲) ناک میں بات کرنا۔

مِنمِنا (مِن ـ مِ ـ نا) (اُر ـ صف) ناک میں بولنے والا۔

مُنمُنا (مُن ـ مُ ـ نا) (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) ایک کڑوا کالا دانہ جو گیہوں کے ساتھ آتا ہے اور آٹے کو کڑوا کر دیتا ہے (۲) (صف) مُنّا۔ چھوٹا۔

مُنمُنا سا (ہ ـ صف) بہت چھوٹا۔ رائی کے برابر۔ نہایت کمزور اور پست قد (آدمی)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مِنمِناتا (مِن۔مِ۔نا۔نا) (ہ۔مص) ناک میں بولنا۔ مِنمِنا کر بات کرنا (۲) بڑبڑانا۔

مُنمُنی (مُن۔مُ۔نی) (اَر۔صف) مُنمُنا کی تانیث۔

مِنمِنی (مِن۔مِ۔نی) (اَر۔صف) مِنمِنا کی تانیث۔

مِنمِنی آواز (ہ۔ا۔مث) وہ آواز جو ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو۔

مِنَن (مِ۔نَن) (ع۔ا۔مث) مِنّت کی جمع۔

مَننا (مَن۔نا) (ہ۔مص) رُوٹھ کر راضی ہونا۔ رنجیدگی رفع کرنا۔

مِننا (مِن۔نا) (ق۔مص) گننا۔ شمار کرنا۔ ناپنا۔

مَنُو (مَ۔نُو) (س۔ا۔مذ) (۱) اِنسان۔ سوچنے والی مخلوق (۲) دُنیا کا پہلا انسان۔ آدم (۳) ہندوؤں کے مذہبی قانون دھرم شاستر کا مصنف۔

مَنُّو (مَن۔نُو) (ہ۔ا۔مذ) مانو۔ بندر۔ میمون۔ بوزنہ۔

مَنوا (مَن۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) من۔ دِل۔ رُوح۔ آتما (۲) مصدر منوانا کا اَمر۔

مَنوا کے چھوڑنا (اَر۔محاورہ) اپنی بات تسلیم کرا لینا۔ اِقرار کرا لینا۔

مِنوال (مِن۔وال) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ لکڑی جس پر جلاہا کپڑا بُن بُن کر لپیٹتا جاتا ہے (۲) (مجازاً) طرز۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریق۔ وضع۔ دستور۔ رَسم۔

مَنوانا (مَن۔وا۔نا) (ہ۔مص) تسلیم کرانا۔ اِقرار کرانا۔

مِنوچہر (ف۔صف) دیکھیے مینوچہر۔

مُنَوَّر (مُ۔نَو۔وَر) (ع۔صف) روشنی دیا گیا۔ نُورانی۔ روشن۔ چمک دار۔

منورتھ (مَ۔نو۔رَتھ) (س۔ا۔مذ) مطلب۔ مُدّعا۔ مقصد۔ خواہش۔ اِرادہ۔

منورتھ سِدھ (منورتھ سپھل) (ہ۔دُعا) مُراد بر آئے۔ مقصد پُورا ہو۔

مَنّ و سَلویٰ (ع۔ا۔مذ) مَن (ع۔ا۔مذ) کے تحت دیکھیے۔

منوسمرتی (سَم۔رِ۔تی) (س۔ا۔مث) منو کا دھرم شاستر۔ قانون کی کتاب جسے ہندومت کے مُطابق خالقِ کائنات برہما کے بیٹے منو نے تصنیف کیا تھا اور جس پر ہندو عمل کرتے ہیں۔

مُنَوِّم (مُ۔نَو۔وِم) (ع۔صف) نیند لانے والی (والا)۔

مُنَوَّن (مُ۔نَو۔وَن) (ع۔صف) تنوین والا (حرف)۔ وہ حرف جس پر دو زبر، دو زیر یا دو پیش ہوں۔

منوہر (مَ۔نو۔ہَر) (س۔صف) دِل رُبا۔ خوبصورت۔ حسین۔ خوب رُو۔ شکیل۔

مَنَوِی (ع۔صف) منی بمعنی نُطفہ سے منسوب۔

مُنہ (مُنھ) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سُوراخ۔ روزن۔ چھید (۲) موری۔ موکھا۔ کھڑکی۔ دریچہ (۳) دَر۔ دروازہ (۴) غار۔ گڑھا (۵) راہ۔ راستہ۔ گورگاہ۔ نکاس (۶) دہن۔ دہانہ۔ مُکھ (۷) چہرہ۔ رُخ۔ رُو (۸) شکل۔ صورت (۹) پاس۔ لحاظ۔ خاطر۔ مُلاحظہ (۱۰) لیاقت۔ حوصلہ۔ مقدرت۔ جُرأت (۱۱) زبان (۱۲) کلمہ۔ کلام (۱۳) رُوبرُو۔ سامنے ("پر" کے ساتھ۔ مُنہ پر)۔ نوک۔ دھار۔ اَنی (۱۴) طرف۔ سمت۔ جانب (۱۵) سبب۔ وجہ (سے کے ساتھ)۔

مُنہ آنا (اَر۔محاورہ) (۱) مُنہ میں چھالے پڑ جانا (۲) آوازے کسنا۔ طعنہ مارنا۔ طنز کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ طعن و تشنیع کرنا۔

مُنہ اُتر جانا (اُترنا) (اَر۔محاورہ) (۱) دُبلا ہو جانا۔ چہرے کا رنگ روپ جاتا رہنا (۲) چہرے سے رَنج کے آثار ظاہر ہونا۔

مُنہ اِتنا سا نکل آنا (اَر۔محاورہ) مُنہ دُبلا ہو جانا۔

مُنہ اُٹھا کر (مُنہ اُٹھائے) (اَر۔تابع فعل) (۱) بے دھڑک۔ اندھا دُھند۔ بے سوچے سمجھے۔ بے پروائی سے (۲) بے تحاشا۔ بغیر غور کیے۔

مُنہ اُٹھا کر چلنا (اَر۔محاورہ) (۱) راستہ دیکھ کر نہ چلنا۔ شُترِ بے مہار کی طرح چلنا (۲) بے خبر ہو کر چلنا۔ بے پروائی سے چلنا۔

مُنہ اُٹھا کر کہنا (اَر۔محاورہ) بے سوچے سمجھے کہنا۔

مُنہ اُٹھانا (اَر۔محاورہ) کسی طرف جانا۔ کہیں کا ارادہ کرنا۔

مُنہ اُٹھائے جانا (اَر۔محاورہ) بے دھڑک جانا۔ دیکھے بھالے بغیر جانا۔

مُنہ اُٹھ جانا (اَر۔محاورہ) بلا سوچے سمجھے کسی طرف کا رُخ ہونا۔

مُنہ اُٹھے (مُنہ اُجالے) (اَر۔تابع فعل) سویرے۔ تڑکے۔ دِن نکلے۔

مُنہ اُجلا ہو جانا (اَر۔محاورہ) (۱) چہرے کا رنگ نکھر آنا (۲) عزت رہ جانا۔ رُوسیاہی سے بچ جانا۔ سُرخ رُو ہونا۔

مُنہ اُداس ہونا (اَر۔محاورہ) چہرے سے اُداسی ظاہر ہونا۔

مُنہ اِس قابل ہونا (اَر۔محاورہ) اِتنی لیاقت ہونا۔

مُنہ اشکِ ندامت سے دھونا (اَر۔محاورہ) شرمندہ ہو کر رونا۔

مُنہ اشکوں سے دھونا (اَر۔محاورہ) بہت رونا۔ اِتنا رونا کہ چہرہ آنسوؤں سے تر ہو جائے۔

مُنہ اندھیرے (اَر۔تابع فعل) صُبح تڑکے۔ علی الصباح۔ پَو پھٹے۔ صبحِ صادق کے وقت۔ مُنہ اُٹھے۔

مُنہ اوندھا کر لیٹنا (اَر۔محاورہ) (۱) رَنج یا فکر میں مُنہ لپیٹ کر پڑ رہنا (۲) ناراض ہو کر الگ جا پڑنا۔

مُنہ بانا (اَر۔محاورہ) (۱) مُنہ کھولنا۔ مُنہ پھاڑنا۔ جمائی لینا (۲) اپنی بے وقوفی پر ہنس پڑنا (۳) مر جانا۔ چل بسنا۔

مُنہ باندھ کے بیٹھنا (اَر۔محاورہ) (۱) مُنہ بند کر کے بیٹھنا (۲) خاموش رہنا۔ چُپ رہنا۔

مُنہ باندھے ہوئے بیٹھنا (اَر۔محاورہ) فاقے سے ہونا۔

مُنہ بخشنا (اَر۔محاورہ) طاقت دینا۔ کوئی بات کرنے کی قوت عطا کرنا۔

مُنہ بُرا بنانا (اَر۔محاورہ) رَنجش سے تیوری چڑھانا۔ ناراضی ظاہر کرنا۔

مُنہ بسورنا (اَر۔محاورہ) رونے کی صورت بنانا۔

مُنہ بگاڑ دینا (اَر۔محاورہ) مار مار کر چہرہ زخمی کر دینا (۲) مُنہ کا ذائقہ خراب کر دینا۔

مُنہ بگاڑنا (اَر۔محاورہ) مُنہ بنانا (۲) تیوری چڑھانا۔ غُصّے کی سی صورت بنانا (۳) مار مار کر چہرہ زخمی کر دینا (۴) مُنہ ٹیڑھا کر کے ہنسنا (۵) مُنہ کو بدمزہ کرنا۔

مُنہ بگڑا ہوا ہونا (اَر۔محاورہ) قہر و غضب کا ظاہر ہونا۔ ناراض ہونا۔

مُنہ بگڑ جانا (بگڑنا) (اَر۔محاورہ) (۱) چہرے کی حالت خراب ہو جانا۔ صورت کا دُرست نہ رہنا (۲) مُنہ بدمزہ ہو جانا۔ مُنہ کا ذائقہ خراب ہونا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تیوری چڑھ جانا۔ چہرے کا رنگ متغیر ہو جانا۔ غصّہ آ جانا۔

مُنہ بنا بیٹھنا (منہ بنا کر بیٹھنا) (اَر۔ محاورہ) بگڑ بیٹھنا۔ ناراض ہو جانا۔ منہ پُھلا کر بیٹھ جانا۔

مُنہ بنا کر (اَر۔ تابع فعل) چہرے سے نفرت ظاہر کر کے۔

مُنہ بنا کر بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) ناراض ہو جانا۔ بگڑ بیٹھنا۔ چیں بجبیں ہونا۔

مُنہ بنا لینا (اَر۔ محاورہ) خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ تیوری چڑھا لینا۔

مُنہ بنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بُری صورت بنانا۔ چہرے کو بدنما کرنا۔ رونے کی صورت بنانا (۲) ناراض ہونا۔ غصّے کی صورت بنانا۔ رنجیدہ ہونا (۳) بدذائقہ چیز کھاتے یا پیتے وقت چہرے کی ہیئت بگاڑ لینا۔

مُنہ بناؤ (اَر۔ محاورہ) ہوش میں آؤ۔ ہوش کی دوا کرو۔

مُنہ بن جانا (مُنہ بننا) (اَر۔ محاورہ) (۱) تیوری چڑھنا۔ خفگی ہونا۔ ناراضی ہونا (۲) منہ ٹیڑھا ہونا۔ صورت بگڑ جانا۔

مُنہ بند (اَر۔ صف) لب بستہ۔ خاموش۔ چُپ چاپ (۲) کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔

مُنہ بند کر دینا (اَر۔ محاورہ) بولنے سے روک دینا۔ چُپ کرا دینا۔

مُنہ بند کر لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) خاموش ہو جانا (۲) منہ پر کپڑا یا ہاتھ رکھ لینا۔

مُنہ بند کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بولنے سے روکنا۔ خاموش کرنا (۲) رشوت دے کر اپنے خلاف کہنے سے باز رکھنا۔

مُنہ بند کلی (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) شگوفہ۔ بن کِھلا پھول (۲) باکرہ۔ دوشیزہ۔ کنواری۔

مُنہ بند ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) چُپ ہونا۔ خاموش ہونا۔ بات نہ کر سکنا (۲) کوئی بدی یا چغلی کرنے سے رُکنا (۳) زخم بھرنا۔

مُنہ بندھے (و۔ اِ۔ مذ) جین مذہب کے سادھو جو کپڑا منہ پر اس لئے باندھ لیتے ہیں کہ کوئی جاندار منہ میں نہ چلا جائے۔

مُنہ بنوا رکھو (منہ بنوا لو۔ منہ بنواؤ) (اَر۔ محاورہ) اس قابل تو ہو جاؤ۔ اُمید نہ رکھو۔ منہ دھو رکھو۔ اس خیال سے باز آؤ۔

مُنہ بنوانا (اَر۔ محاورہ) لیاقت پیدا کرنا۔ کسی کام کے لائق ہونا۔

مُنہ بولا (اَر۔ صف) منہ سے کہا ہوا۔ زبان سے بولا ہوا۔

مُنہ بولا بھائی (بیٹا) (اَر۔ اِ۔ مذ) وہ شخص جسے زبان سے کہہ کر بھائی یا بیٹا بنا لیا ہو۔ مؤنث کے لئے منہ بولی۔

مُنہ بولتی (اَر۔ صف) بولتی ہوئی۔ گویا۔ تصویر یا شبیہ کی تعریف میں کہتے ہیں یعنی ایسی ہو بہو بنائی ہے کہ معلوم ہوتا ہے ابھی بولنے والی ہے۔

مُنہ بھر آنا (مُنہ بھر آتا) (اَر۔ محاورہ) منہ میں پانی یا رطوبت کا آ جانا۔

مُنہ بھرائی (اَر۔ اِ۔ مث) رشوت۔

مُنہ بھرائی دینا (مُنہ بھر دینا) (اَر۔ محاورہ) رشوت دینا۔

مُنہ بھر کے (اَر۔ تابع فعل) (۱) لبالب۔ لبریز۔ بھرپور (۲) تمام و کمال (۳) نہایت۔ اَز حد۔ بھرپور (۴) خاطر خواہ۔ مَن مانا۔ بخوبی۔

مُنہ بھر کے کوسنا (اَر۔ محاورہ) بیدردی سے کوسنا۔ بیدھڑک کوسنا۔ کوسنے میں کسر نہ اُٹھا رکھنا۔

مُنہ بھر کے گالی دینا (اَر۔ محاورہ) فحش بکنا۔ شرم ناک گالی دینا۔

مُنہ بھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) منہ پُر کرنا۔ منہ میں لقمہ دینا (۲) سائل کو اتنا دینا کہ اُس کی نیت بھر جائے (۳) رشوت دے کر منہ بند کرنا۔

مُنہ بھری (اَر۔ اِ۔ مث) رشوت۔

مُنہ بھڑاک (اَر۔ صف) منہ کے بَل۔ اَوندھا۔ گرنے کے لئے مستعمل ہے۔

مُنہ بھی سامنے نہ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ذرا توجہ نہ کرنا (۲) شکل نہ دکھانا۔

مُنہ پانا (اَر۔ محاورہ) توجہ پانا۔ رُخ پانا۔ راضی پانا۔ خوش پانا۔

مُنہ پر پاؤں رگڑنا (اَر۔ محاورہ) بہت منت سماجت کرنا۔

مُنہ پر (اَر۔ تابع فعل) (۱) سامنے۔ رُوبرو۔ بالمقابل (۲) ہونٹوں پر۔ لبوں پر (۳) چہرے پر۔ چہرے کے اُوپر۔

مُنہ پر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زبان پر آنا (۲) ظاہر ہونا۔ پیش ہونا۔ نمودار ہونا۔

مُنہ پر آئی بات (اَر۔ اِ۔ مث) زبان پر آئی ہوئی بات۔

مُنہ پر آئی ہوئی نہیں رُکتی (اَر۔ مثل) جو بات زبان پر آجاتی ہے کہنی ہی پڑتی ہے۔

مُنہ پر بات لانا (اَر۔ محاورہ) بھید کھولنا۔ راز فاش کرنا۔ بات کا اظہار کرنا۔

مُنہ پر بحالی ہونا (اَر۔ محاورہ) چہرے پر تازگی ہونا۔

مُنہ پر برسنا (اَر۔ محاورہ) صورت سے ظاہر ہونا۔ چہرے سے آشکار ہونا۔ چہرے سے پایا جانا۔

مُنہ پر بسنت پھولنا (کھلنا) (اَر۔ محاورہ) چہرہ زرد پڑ جانا۔ چہرے پر خوف چھا جانا۔

مُنہ پر پانی پھر جانا (اَر۔ محاورہ) چہرے پر رونق آ جانا۔ منہ پر تازگی آ جانا۔

مُنہ پر پلا رکھ کے رونا (اَر۔ محاورہ) دوپٹے کا کونا منہ پر رکھ کر رونا۔ منہ ڈھانپ کر رونا۔

مُنہ پر پُوت پیچھے حرامی مُوت (اَر۔ مثل) سامنے تعریف، غیر حاضری میں بدگوئی۔

مُنہ پر پھٹکار برسنا (اَر۔ محاورہ) منہ کا بے رونق ہونا۔

مُنہ پر پھینک مارنا (اَر۔ محاورہ) خفگی سے کوئی چیز واپس کر دینا۔ منہ پر مارنا۔

مُنہ پر تھوک دینا (اَر۔ محاورہ) نہایت شرمندہ اور ذلیل کرنا۔ منہ پر کہہ دینا۔

مُنہ پر ٹھیکری رکھ لینا (اَر۔ محاورہ) لحاظ نہ کرنا۔ بے مُروّتی کرنا۔ بدلحاظ ہو جانا۔

مُنہ پر جانا (اَر۔ محاورہ) لحاظ کرنا۔ خیال کرنا۔ مُروّت کرنا۔

مُنہ پر جوتی لگنا (اَر۔ محاورہ) نہایت شرمندگی ہونا۔

مُنہ پر جوگنی ہونا (اَر۔ محاورہ) چہرے سے بدشگونی ظاہر ہونا۔ (جوگنی: چڑیل)۔

مُنہ پر چرچا کرنا (اَر۔ محاورہ) سامنے بات کہنا۔

مُنہ پر چڑھنا (اَر۔ محاورہ) مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ لڑنے کے لئے کھڑا ہونا (۲) مقابل ہونا۔ سامنے ہونا۔ رُوبرو ہونا (۳) گستاخ ہونا (۴) منہ لگنا۔ مصاحب بننا۔

مُنہ پر چھوپا دینا (اَر۔ محاورہ) خاموشی اختیار کرنا۔ (چھوپا: پلستر)۔

مُنہ پر خاک اُڑنا (اَر۔ محاورہ) چہرے کا بے رونق ہونا۔ چہرے کا نُور جاتا رہنا۔

مُنہ پر خاک مَلی ہے (اَر۔ مثل) (۱) اچھی چیز کو بُری طرح سے رکھا ہے (۲) مفلسی ظاہر کر کے دولت کو چھپایا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنہ پر خوشامد نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) پاسداری نہ کرنا۔ صاف بات کہنا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔

مُنہ پر دامن رکھ کے رونا (اُر۔ محاورہ) مُنہ ڈھانپ کر رونا۔

مُنہ پر رکھ دینا (رکھنا) (اُر۔ محاورہ) کسی کا عیب اُس کے سامنے کہہ دینا۔

مُنہ پر رونق آجانا (اُر۔ محاورہ) چہرہ بشاش ہو جانا۔

مُنہ پر زردی پھر جانا (کھنڈ جانا) (اُر۔ محاورہ) چہرہ پیلا پڑ جانا۔ چہرہ سفید ہو جانا۔ مُردنی چھا جانا۔

مُنہ پر سخن آنا (اُر۔ محاورہ) بات زبان پر آنا۔

مُنہ پر سُرخی ہونا (اُر۔ محاورہ) بشاش ہونا۔ صحت مند ہونا۔

مُنہ پر سیدھی پھیرنا (اُر۔ محاورہ) (ق) ۔ صاف گوئی سے کام لینا۔ رُوبرُو بولنا۔

مُنہ پر شفق پھولنا (اُر۔ محاورہ) مارے خوشی کے چہرہ سُرخ ہو جانا۔ مُنہ پر سُرخی آجانا۔

مُنہ پر صاف صاف کہنا (اُر۔ محاورہ) کھری کھری سُنانا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔

مُنہ پر فاختہ اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ فق ہو جانا۔ چہرے پر ہوائیاں اُڑنے لگنا۔

مُنہ پر قُفل لگ جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ بند ہو جانا۔ چُپ ہو جانا۔

مُنہ پر کچھ پیٹھ پر کچھ (مُنہ پر اور پیٹھ پیچھے اور) (اُر۔ مثل) ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔ بہ ظاہر دوست بہ باطن دُشمن۔

مُنہ پر کچھ نہ بولنا (کہنا) (اُر۔ محاورہ) رُوبرُو کچھ نہ کہنا۔

مُنہ پر کوسنا (اُر۔ محاورہ) سامنے بُرا بھلا کہنا۔

مُنہ پر کہہ بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) سامنے کہہ دینا۔ آمنے سامنے کہنا۔ مُنہ دَر مُنہ کہہ دینا۔

مُنہ پر کہنا خوشامد ہے (اُر۔ مثل) یعنی ہم آپ کے سامنے جو آپ کی تعریف کر رہے ہیں یہ خوشامد نہیں حقیقت ہے۔ ہم پیٹھ پیچھے بھی آپ کی تعریف کرتے ہیں۔

مُنہ پر کہے سو مونچھ کا بال (اُر۔ مثل) مرد وہی ہے جو سچ بات مُنہ پر کہہ دے۔

مُنہ پر کھانا (اُر۔ محاورہ) سامنے زخم کھانا۔ بہادری سے مُقابلہ کرنا۔

مُنہ پر کھری کھری کہنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی بُرائی اُس کے سامنے بیان کر دینا۔

مُنہ پر کی ساری باتیں ہیں (اُر۔ مثل) سامنے تو محبت اور پیٹھ پیچھے عداوت۔

مُنہ پر لانا (اُر۔ محاورہ) کہنا۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

مُنہ پر لکھا ہونا (اُر۔ محاورہ) چہرے سے صاف ظاہر ہونا۔

مُنہ پر لگا لے جانا (اُر۔ محاورہ) کسی خطرناک چیز کے سامنے پہنچا دینا۔

مُنہ پر مارنا (اُر۔ محاورہ) خراب چیز کو واپس دے دینا۔

مُنہ پر مُردنی پھرنا (چھانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) چہرہ زرد ہو جانا (۲) علاماتِ مرگ ظاہر ہونا۔

مُنہ پر مہتاب چھُٹنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ فق ہو جانا۔ چہرہ سفید پڑ جانا۔ چہرے کا رنگ پھیکا پڑ جانا۔

مُنہ پر مُہر کر دینا (مُہر کرنا۔ لگانا) (اُر۔ محاورہ) مُنہ بند کر دینا۔ بات کرنے سے باز رکھنا۔ خاموش رہنے کا حکم دینا۔

مُنہ پر مُہر لگنا (مُہر ہونا) (اُر۔ محاورہ) مُنہ پر قُفل لگنا۔ خاموش ہونا۔ چُپ ہو جانا۔

مُنہ پر میٹھا ہونا (اُر۔ محاورہ) سامنے شیریں کلام ہونا دِل میں کھوٹ ہونا۔

مُنہ پر ناک نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) شرم و حیا نہ ہونا۔ غیرت نہ ہونا۔ اپنی عزّت و آبرُو کا خیال نہ ہونا۔

مُنہ پر نمک ہونا (اُر۔ محاورہ) چہرے پر ملاحت ہونا۔ خوبصورتی ہونا۔ سانولا سلونا ہونا۔

مُنہ پر نُور برسنا (اُر۔ محاورہ) چہرہ پُر نُور ہونا۔ نُورانی ہونا۔ مُتّقی و پرہیزگار ہونا۔ عابد و زاہد ہونا۔

مُنہ پر نُور نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) چہرے پر رونق نہ ہونا۔ چہرہ بے رُوپ ہونا۔

مُنہ پر نہ تھوکنا (اُر۔ محاورہ) حقارت کی نظر سے دیکھنا۔ بے حیثیت سمجھنا۔

مُنہ پر نہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) زبان پر نہ رکھنا۔ ذائقہ نہ چکھنا (۲) سامنے نہ کہنا۔ رُوبرُو زبان پر نہ لانا۔

مُنہ پر ہاتھ پھیرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بدلہ لینے کا اِشارہ کرنا (۲) کسی کام کو پُورا کرنے کا اظہار کرنا (۳) فاتحہ پڑھ کر یا دُعا مانگ کر مُنہ پر ہاتھ پھیرنا۔

مُنہ پر ہاتھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) بولنے سے روکنا۔ بات نہ کرنے دینا۔ مُنہ بند کرنا۔

مُنہ پر ہوائیاں اُڑنا (چھُوٹنا) (اُر۔ محاورہ) مُنہ فق ہونا۔ حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ چہرے کا رنگ اُڑ جانا۔

مُنہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حوصلہ ہونا۔ جُرأت ہونا (۲) افواہ ہونا۔ چرچا ہونا۔ مشہور ہونا (۳) کھانے میں آنا۔

مُنہ پڑی (اُر۔ صف) مشہورِ خاص و عام۔ زبان زدِ خلائق۔

مُنہ پسار کر رہ جانا (اُر۔ محاورہ) حیران رہ جانا۔ ہکّا بکّا رہ جانا۔

مُنہ پسارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کے کھانے یا لینے کو مُنہ بڑھانا (۲) حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔

مُنہ پکڑنا (اُر۔ محاورہ) بولنے نہ دینا۔ بات کرنے سے روکنا۔

مُنہ پھاڑ کر کہنا (اُر۔ محاورہ) چلّا کر کہنا۔

مُنہ پھاڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ کھولنا۔ زور سے بولنا (۲) مُنہ پھیلانا۔ مُنہ بنانا۔ اپنی بے وقوفی پر ہنسنا (۳) زبان درازی کرنا۔

مُنہ پھٹ (اُر۔ صف) (۱) مُنہ زور۔ زبان دراز۔ بدلحاظ۔ بدزبان (۲) موقع بے موقع بولنے والا۔

مُنہ پھرانا (اُر۔ محاورہ) بے رُخی کرنا۔ صورت سے بے زار ہونا۔

مُنہ پھر جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ کا ٹیڑھا ہو جانا (تھپّڑ وغیرہ کی ضرب سے) (۲) لقوے کا مرض ہو جانا (۳) مُنہ سامنے سے ہٹ جانا۔ رُخ پھر جانا۔ شکست کھانا۔ بھاگ جانا (۴) خُوب سیر ہو جانا۔ جی بھر جانا۔ اُکتا جانا (۵) دھار کا مُڑ جانا۔ نوک ٹیڑھی ہو جانا (۶) توجّہ نہ رہنا۔ خیال دُوسری طرف ہو جانا۔

مُنہ پھلا کر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہو جانا۔ خفگی کی علامت ظاہر کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنہ پُھلانا (اُر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ مُنہ سُجانا۔

مُنہ پھوڑ کر (اُر۔ تابع فعل) بے شرم ہو کر۔ بے غیرت بن کر۔ آزادانہ۔ بیباکانہ۔

مُنہ پھوڑ کر کہنا (اُر۔ محاورہ) بے غیرتی سے کہنا۔ بے شرم ہو کر کہنا۔

مُنہ پھوڑ کر مانگنا (اُر۔ محاورہ) بے شرم بن کے طلب کرنا۔ بے حیائی کر کے مانگنا۔

مُنہ پُھولنا (اُر۔ محاورہ) آزردہ ہونا۔ خفا ہونا۔

مُنہ پھیر دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ موڑ دینا۔ رُخ پھیر دینا (۲) جی بھر دینا۔ طبیعت سیر کر دینا (۳) پسپا کر دینا۔ بھگا دینا۔ مغلوب کر دینا۔

مُنہ پھیر کے چلنا (اُر۔ محاورہ) نفرت ظاہر کرنا۔

مُنہ پھیر کے کہنا (اُر۔ محاورہ) ناز و ادا سے کوئی بات مُنہ دُوسری طرف کر کے کہنا۔

مُنہ پھیر کر نہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) بے توجہی کرنا۔ پروا نہ کرنا۔

مُنہ پھیر لینا (اُر۔ محاورہ) بے اعتنائی کرنا۔ بے توجہی کرنا۔ رُوگردانی کرنا۔

مُنہ پھیرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ موڑ دینا۔ رُخ پھیر دینا (۲) مُنہ دُوسری طرف کر لینا۔ بے توجہی کرنا۔ بے مُروّتی کرنا (۳) ناراض ہونا (۴) جی بھر دینا۔ طبیعت سیر کر دینا (۵) پسپا کر دینا۔ بھگا دینا۔ مغلوب کر دینا۔

مُنہ پھیلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ کھولنا (۲) زیادہ مانگنا۔ بہت لالچ کرنا (۳) مول بڑھانا۔ زیادہ قیمت مانگنا۔

مُنہ پھیلائے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) منتظر رہنا۔ مانگنے اور لینے کے لئے آمادہ رہنا۔

مُنہ پیٹنا (اُر۔ محاورہ) نہایت غصّہ یا غم کی حالت میں اپنے چہرے پر تھپڑ مارنا۔

مُنہ پیلا پڑ جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ پر زردی چھا جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔

مُنہ تک آنا (اُر۔ محاورہ) زبان تک آنا۔ ہونٹوں تک آنا (۲) کناروں تک بھر جانا۔

مُنہ تک جگر آنا (اُر۔ محاورہ) جی گھبرانا۔ طبیعت بہت پریشان ہونا۔

مُنہ تک کے رہ جانا (اُر۔ محاورہ) حیرانی سے خاموش رہ جانا۔

مُنہ تکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ کی طرف دیکھنا۔ چہرے کی طرف نگاہ کرنا (۲) جواب کا منتظر رہنا (۳) حسرت و یاس کی نگاہوں سے دیکھنا (۴) حیران و ششدر رہ جانا (۵) لاجواب ہونا (۶) تعجب سے دیکھنا۔

مُنہ تمتمانا (اُر۔ محاورہ) چہرہ سُرخ ہو جانا۔

مُنہ تنگ کرنا (اُر۔ محاورہ) نہ بولنا۔ چپ رہنا۔

مُنہ توپا (ہ۔ ا۔ مذ) مُنہ بھرائی۔ رشوت۔

مُنہ تو دیکھو (دیکھئے) (اُر۔ محاورہ) (۱) اِس قابل تو ہو جاؤ۔ اتنی لیاقت تو پیدا کرو (۲) تمہاری کیا حقیقت ہے۔ کیا مجال ہے۔ تم سے اور یہ کام!

مُنہ توڑ کے جواب دینا (اُر۔ محاورہ) صاف جواب دینا۔ بے باکی سے جواب دینا۔

مُنہ توڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ پر ضرب لگانا (۲) لاجواب کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

مُنہ تھتھانا۔ دیکھئے مُنہ پُھلانا۔

مُنہ ٹوٹ جانا (ٹوٹنا) (اُر۔ محاورہ) مُنہ پر چوٹ آنا۔

مُنہ ٹوٹ جائے (اُر۔ بددُعا) مُنہ پر چوٹ آئے۔

مُنہ ٹیڑھا کرنا (اُر۔ محاورہ) نفرت و آزردگی سے مُنہ بگاڑنا۔

مُنہ ٹیڑھا ہونا (اُر۔ محاورہ) مُنہ بگڑ جانا (۲) تیوری چڑھنا۔ خفگی کی صورت بننا۔

مُنہ جوڑنا (اُر۔ محاورہ) کانا پھوسی کرنا۔ ذکر اذکار کرنا (۲) غیبت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔

مُنہ جُھٹال کر کھڑا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) یُونہی برائے نام کھا کر چلے جانا۔

مُنہ جُھٹالنا (اُر۔ محاورہ) برائے نام کھانا۔ نام کرنے کو کھانا۔ یوں ہی ذرا سا چکھ لینا۔ مُنہ جھوٹا کرنا۔

مُنہ جھٹک جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ اُتر جانا۔ دُبلا ہو جانا۔

مُنہ جُھلسنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ کو آگ لگانا۔ مُنہ کو جلا کر سیاہ کرنا (۲) لعنت بھیجنا (۳) رشوت دینا (۴) قرضہ ادا کرنا۔ دے دلا کر فارغ ہونا۔

مُنہ جھوٹا کرنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے مُنہ جُھٹالنا۔

مُنہ چاٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) پیار کرنا (۲) خوشامد کرنا۔ ناز برداری کرنا۔

مُنہ چاہئے (اُر۔ محاورہ) ہمّت و حوصلہ کی ضرورت ہے۔ دل گردہ چاہئے۔ قابلیت درکار ہے۔

مُنہ چٹوّل (اُر۔ ا۔ مث) (۱) چوما چاٹی۔ پیار محبت (۲) بک بک۔ بکواس۔

مُنہ چُرانا (اُر۔ محاورہ) صورت نہ دِکھانا۔ سامنے نہ آنا۔ گریز کرنا۔

مُنہ چرخا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے مُنہ بگڑ جانا۔

مُنہ چڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کو چڑانے کے لئے مُنہ ٹیڑھا کر کے دکھانا (۲) کسی دُوسرے کے مُنہ کی نقل بدنمائی کے ساتھ کرنا (۳) بھونڈی نقل کرنا۔

مُنہ چڑھا (اُر۔ صف) سرچڑھا۔ مُنہ لگا۔ گستاخ۔ بے ادب۔ ضدی۔

مُنہ چڑھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ لگانا۔ عزّت دینا (۲) گستاخ بنانا۔ بے ادب کرنا (۳) مُصاحب بنانا۔ مُقرب بنانا (۴) ناک بھوں چڑھانا۔ مُنہ بنانا۔ تیوری چڑھانا۔ ناپسندیدگی کی علامت ظاہر کرنا۔

مُنہ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُصاحب بننا۔ مُنہ لگنا (۲) تیوری چڑھنا (۳) گستاخ ہونا (۴) مُقابل ہونا۔ سامنے آنا۔ برابری کرنا (۵) چہرے پر نمایاں ہونا۔ زبان پر چڑھنا (۶) پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ درپے ہونا۔ حجت کرنا۔ بحث کرنا (۷) مقابلہ کرنا (۸) ہمسری اور برابری کا دعویٰ کرنا۔

مُنہ چکنا پیٹ خالی (اُر۔ مثل) ظاہر میں بڑی ٹیپ ٹاپ باطن میں خانہ خراب۔

مُنہ چلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ کو حرکت دینا (۲) کھانا۔ چبانا (۳) بگالی کرنا (۴) گھوڑے کا کاٹنا۔ مُنہ سے پکڑنا (۵) بدزبانی کرنا۔ گالیاں دینا۔

مُنہ چلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ کا متحرک ہونا (۲) کھاتے رہنا (۳) زبان چلنا۔ بک بک کئے جانا۔ چپ نہ بیٹھنا۔

مُنہ چلے ستر بلا ٹلے (اُر۔ مثل) تمام طاقت کھانے پینے ہی سے ہے۔

مُنہ چنگ (اُر۔ ا۔ مذ) ایک باجا جو مُنہ سے بجایا جاتا ہے۔

مُنہ چور (اُر۔ صف) بہت حیادار۔ بڑا شرم والا۔ وہ شخص جو شرم و حجاب کی وجہ سے کسی کے سامنے مُنہ نہ کرے۔

مُنہ چُومتے ہی گال کاٹا (اُر۔ مثل) شروع ہی میں نقصان پہنچایا۔

مُنہ چُوم کے چھوڑ دینا (اُر۔ محاورہ) ذلیل و شرمندہ کر کے چھوڑ دینا۔ کام نکال کے دھتا بتا دینا۔

مُنہ چُوم لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) بوسہ لینا (۲) بہت تعریف کرنا۔ خوش گفتاری کا قائل ہو جانا۔ داد دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنہ چُھپانا (اَ۔ محاورہ) (۱) سامنے نہ آنا۔ پردہ کرنا۔ چہرے پر پردہ ڈالنا (۲) شرمندہ ہونا۔ شرمسار ہونا۔ شرمانا (۳) کنارہ کرنا۔ پہلوتہی کرنا (۴) آنکھ چُرانا۔ نظر چُرانا۔

مُنہ چُھٹ (اَ۔ صف) دیکھیے مُنہ پھٹ۔

مُنہ چُھوانا (اَ۔ محاورہ) (۱) برائے نام پوچھ لینا۔ اُوپرے دِل سے کہنا (۲) جُھوٹی خاطر کرنا۔ ظاہرداری کی تواضع کرنا۔

مُنہ چھوٹا اور بڑی بات (اَ۔ مثل) دیکھیے چھوٹا مُنہ اور بڑی بات۔

مُنہ چُھونا (اَ۔ محاورہ) (۱) اُوپرے دِل سے کہنا (۲) ذرا بات کرنا۔ ذرا بولنا۔

مُنہ چھیتنا (اَ۔ محاورہ) تھپڑ مارنا۔ مُنہ کو طمانچے مار کر زخمی کرنا۔

مُنہ خام کرنا (اَ۔ محاورہ) مُنہ بند کرنا۔ آٹے سے برتن کا مُنہ بند کرنا۔ گِل حکمت کرنا۔ کپڑوٹی کرنا۔

مُنہ خُدا کی طرف ہونا (اَ۔ محاورہ) خُدا پر بھروسا کرنا۔

مُنہ خراب کرنا (اَ۔ محاورہ) مُنہ بگاڑنا (۲) مُنہ کا مزہ بگاڑنا (۳) گالیاں دینا۔

مُنہ خراب ہونا (اَ۔ محاورہ) (۱) مُنہ بگڑنا (۲) بدزبانی ہونا۔ زبان گندی ہونا (۳) مُنہ بدمزہ ہونا۔

مُنہ خشک ہو جانا (اَ۔ محاورہ) (۱) گرمی یا پیاس کی حِدّت سے زبان سُوکھ جانا (۲) خوف چھاجانا۔ چہرہ زرد پڑ جانا۔ مُنہ فق ہو جانا۔ گھبرا جانا۔

مُنہ در مُنہ (اَ۔ تابع فعل) رُوبرُو۔ آمنے سامنے۔

مُنہ در مُنہ خالہ نانی، پیٹھ پیچھے دُشمن جانی (اَ۔ مثل) ظاہر میں خوشامد کی باتیں، دَرپردہ دُشمنی۔

مُنہ در مُنہ کہنا (اَ۔ محاورہ) سامنے کہنا۔ مُنہ پر کہنا۔ رُوبرُو کہنا۔ بے جھجک کہنا۔

مُنہ دِکھانا (اَ۔ محاورہ) سامنے آنا۔ مُلاقات کرنا۔ رُوبرُو ہونا۔

مُنہ دِکھانا مشکل ہے (مُنہ دِکھانا مشکل ہو گیا) (اَ۔ محاورہ) بہت ہی ندامت ہے جس کے سبب سامنے نہیں آ سکتا۔

مُنہ دِکھانے کی جگہ (باقی) نہیں (اَ۔ محاورہ) نہایت شرمندگی کے باعث سامنے نہیں جا سکتا۔

مُنہ دِکھانے کی صورت نہ رہنا (اَ۔ محاورہ) شرمندگی کے باعث سامنے آنے کا موقع نہ رہنا۔

مُنہ دِکھانے کے قابل نہ رہنا (اَ۔ محاورہ) نہایت شرمندگی کے باعث سامنے آنے کے لائق نہ رہنا۔

مُنہ دِکھائی (دِکھلائی) (اَ۔ اِ۔ مث) رُونمائی۔ وہ نقدی جو پہلے پہل دُلہن کا مُنہ دیکھ کر سُسرال والے دیتے ہیں۔

مُنہ دِکھائی دینا (اَ۔ محاورہ) کسی چمکدار چیز، شیشہ۔ یا پانی وغیرہ میں اپنا عکس نظر آنا۔

مُنہ دُھواں ہو جانا (اَ۔ محاورہ) چہرے پر ہوائیاں اُڑنا۔

مُنہ دھو آؤ (دھو رکھو۔ دھو ڈالو) (اَ۔ محاورہ) اِس کام کی اُمید نہ رکھو۔ تم اِس کام کے قابل نہیں۔

مُنہ دے کر بات کرنا (اَ۔ محاورہ) متوجہ ہو کر بات چیت کرنا۔

مُنہ دیکھ (اَ۔ محاورہ) لیاقت پیدا کر۔ کسی قابل بن (اپنا کے ساتھ)۔

مُنہ دیکھا (اَ۔ صف) مُنہ دیکھنے والا۔ حلقہ بگوش۔ فرماں بردار۔ مُطیع۔

مُنہ دیکھا کرنا (اَ۔ محاورہ) حیرت سے چہرہ تکنا (۲) کسی بات کا منتظر ہونا۔

مُنہ دیکھتے رہ جانا (اَ۔ محاورہ) حیران و ششدر رہ جانا (۲) نااُمید ہو جانا۔

مُنہ دیکھتے رہنا (اَ۔ محاورہ) رُعب و دبدبہ میں آکر کچھ کہہ نہ سکنا۔

مُنہ دیکھ کر اُٹھنا (اَ۔ محاورہ) صبح سویرے اُٹھ کر کسی کی صورت دیکھنا۔ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ صبح سویرے اُٹھ کر اگر کسی مُبارک اِنسان کی صورت دیکھی جائے تو سارا دِن خوشی سے بسر ہوتا ہے اور اگر منحوس سامنے آ جائے تو رَنج وغم میں دِن تمام ہوتا ہے۔

مُنہ دیکھ کر بات کرنا (اَ۔ محاورہ) خوشامد کی باتیں کرنا۔

مُنہ دیکھ کر رہ جانا (اَ۔ محاورہ) (۱) مُنہ تکتا رہ جانا۔ مایُوس ہو کر رہ جانا۔ نااُمید ہو جانا (۲) حیران ہو جانا (۳) لاجواب ہو کر رہ جانا۔ جواب نہ بن پڑنا۔

مُنہ دیکھ کے بیڑا، چُوتڑ دیکھ کے پیڑھا (اَ۔ مثل) ہر شخص سے اُس کی حیثیت اور مرتبے کے مُطابق سلوک کرنا چاہیے۔

مُنہ دیکھ کے تھپڑ لگایا جاتا ہے (اَ۔ مثل) حیثیت دیکھ کر برتاؤ کیا جاتا ہے۔

مُنہ دیکھنا (اَ۔ محاورہ) (۱) صورت دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا (۲) آئینے میں شکل دیکھنا (۳) حیرانی سے مُنہ دیکھنا۔ حسرت سے مُنہ تکنا۔ تعجب سے دیکھنا (۳) جواب کا اِنتظار کرنا۔

مُنہ دیکھو (اَ۔ محاورہ) ذرا اُن کی لیاقت پر نظر کرو۔ کیا حوصلہ ہے۔

مُنہ دیکھی (اَ۔ صف) سامنے کی۔ مُنہ پر کی۔ خوشامد کی۔

مُنہ دیکھی کہنا (اَ۔ محاورہ) طرف داری کی بات کہنا۔

مُنہ دیکھے کی (اَ۔ تابع فعل) ظاہری۔ اُوپری۔ دِکھاوے کی۔ خوشامد کی۔ نمائشی۔

مُنہ دیکھے کی اُلفت (چاہ۔ پریت۔ محبت) (اَ۔ اِ۔ مث) ظاہری محبت۔ دِکھاوے کا پیار۔ نمائشی اِخلاص۔ جُھوٹی محبت۔

مُنہ دیکھے کی باتیں (اَ۔ اِ۔ مث) اُوپری باتیں۔ ظاہرداری کی باتیں۔ دِکھاوے کی باتیں۔

مُنہ دیکھے کی (دیکھی) سب کہتے ہیں، خُدا لگتی کوئی نہیں کہتا (اَ۔ مثل) اِنصاف کی بات کوئی نہیں کہتا۔ سب خوشامد اور طرف داری کی باتیں کرتے ہیں۔

مُنہ دینا (اَ۔ محاورہ) (۱) برتن میں جانور کا مُنہ ڈالنا۔ چارا کھانا (۲) دھیان دینا۔ متوجہ ہونا (۳) عہد کرنا۔

مُنہ ڈالنا (اَ۔ محاورہ) کسی جانور کا کسی چیز میں مُنہ داخل کرنا (۲) مُرغ کا لڑنا۔

مُنہ ڈھانپ کر رونا (اَ۔ محاورہ) نہایت رونا پیٹنا۔ بہت گریہ و زاری کرنا۔

مُنہ ڈھانپنا (اَ۔ محاورہ) (۱) مُنہ پر کپڑا ڈالنا (۲) رونا۔ نوحہ کرنا (۳) شرم سے مُنہ چُھپا لینا۔

مُنہ ڈھانک کر رونا (اَ۔ محاورہ) مُنہ پر کپڑا رکھ کر رونا۔

مُنہ ڈھانکنا (ڈھکنا) (اَ۔ محاورہ) دیکھیے مُنہ ڈھانپنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنہ ڈھک کر رونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے مُنہ ڈھانپ کر۔
مُنہ ذرا سا نکل آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) چہرے کا دُبلا اور کمزور ہو جانا (۲) نہایت لاغر اور ناتواں ہو جانا۔
مُنہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) پاس کرنا۔ لحاظ کرنا۔ توجّہ کرنا۔ رُو رعایت کرنا۔
مُنہ روشن ہونا (اُر۔ محاورہ) مُنہ پر رونق ہونا۔
مُنہ زبانی (اُر۔ محاورہ)(۱) زبانی۔ بے لکھے۔ بلا تحریر (۲) نوکِ زبان۔ حفظ۔
مُنہ زرد ہو جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) چہرے کا رنگ پیلا پڑ جانا۔ اُداس ہو جانا (۲) ڈر جانا۔
مُنہ زور (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ پھٹ۔ بدزبان۔ بُرا بھلا بکنے والا۔ بکّی۔ بکواسی۔ چپ نہ رہنے والا (۲) شریر گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو لگام نہ مانے۔ وہ تیز گھوڑا جو روکے نہ رُکے۔
مُنہ زوری (اُر۔ ا۔ مث)(۱) بدزبانی۔ بدلگامی۔ سخت کلامی۔ بیہودہ گوئی (۲) شرارت۔ شوخی۔ سرکشی۔
مُنہ زوری کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بدزبانی کرنا۔ بدلگامی کرنا (۲) شوخی کرنا۔ شرارت کرنا۔
مُنہ زہر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ کا مزہ تلخ ہو جانا۔
مُنہ سامنے نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) حجاب یا شرم سے سامنے نہ آنا۔
مُنہ سُت جانا (اُر۔ محاورہ) مُنہ کا دُبلا ہو جانا۔
مُنہ سُجانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُنہ پُھلانا۔ اُداس ہونا۔ ناراض ہونا۔ غمگین ہونا (۲) تھپڑوں سے مُنہ لال کرنا۔
مُنہ سُرخ ہو جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) غضب ناک ہو جانا۔ غصّے سے چہرہ لال ہو جانا (۲) جوانی یا نشے سے مُنہ تمتمانا۔
مُنہ سفید پڑ جانا (سفید ہو جانا) (اُر۔ محاورہ) خوف چھا جانا۔ سخت حیرت میں پڑ جانا۔ رنگ اُڑ جانا۔ مُنہ فق ہو جانا۔
مُنہ سُکڑ جانا (اُر۔ محاورہ) چہرے پر دُبلاپن چھا جانا۔ مُنہ کی رونق نہ رہنا۔
مُنہ سکوڑنا (سکیڑنا) (اُر۔ محاورہ) ناک بھوں چڑھانا۔ مُنہ بنانا۔ چیں بہ جبیں ہونا۔ تُرش رُو ہونا۔ ناراضی ظاہر کرنا۔
مُنہ سلونا کرنا (اُر۔ محاورہ) کوئی نمکین چیز کھانا خصوصاً میٹھی چیز کے بعد۔
مُنہ سنبھالنا (اُر۔ محاورہ) زبان کو قابو میں کرنا۔ زبان کو لگام دینا۔
مُنہ سنبھالو (اُر۔ محاورہ) زبان کو روکو۔ سوچ سمجھ کر بات کرو۔ زبان درازی مت کرو۔
مُنہ سُوجا رہنا (اُر۔ محاورہ) غصّے یا بدمزاجی سے مُنہ پُھولا رہنا۔
مُنہ سُوکھ جانا (سُوکھنا) (اُر۔ محاورہ) پیاس یا خوف کے باعث مُنہ خشک ہو جانا۔
مُنہ سے (اُر۔ تابع فعل) زبان سے۔ خاطر سے۔ لحاظ سے۔ رعایت سے۔
مُنہ سے آواز نہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) بات نہ ہو سکنا۔ ڈر کے مارے گھگھی بندھ جانا۔
مُنہ سے آہ نہ کرنا (اُر۔ محاورہ) شکوہ نہ کرنا۔ شکایت نہ کرنا۔
مُنہ سے اقرار لینا (اُر۔ محاورہ) وعدہ لینا۔ اِقبال کرانا۔
مُنہ سے اُگلنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُنہ سے نکالنا۔ مُنہ سے باہر لانا (۲) کہنا۔

دل کی بات زبان پر لانا۔
مُنہ سے بات اُچکنا (چھیننا۔ لے لینا۔ لینا۔ لپکنا) (اُر۔ محاورہ) جو بات دُوسرا کہنے لگا ہو وہ اُس سے پہلے کہہ دینا۔
مُنہ سے بات (نکالنا) نکلنا (اُر۔ محاورہ) کہا جانا۔ بات زبان پر آنا۔
مُنہ سے بات نہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) غصّے یا دہشت کے سبب بول نہ سکنا۔
مُنہ سے باتیں نکالنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بددُعا دینا۔ کوسنا (۲) کسی کے متعلق باتیں کرنا۔
مُنہ سے بس کرنا (اُر۔ محاورہ) زبان سے اِنکار کرنا۔ کافی سمجھنا۔
مُنہ سے بولنا (اُر۔ محاورہ) زبان سے بات کرنا۔ جواب دینا۔
مُنہ سے بولو، سر سے کھیلو (اُر۔ مثل) بات چیت کرو۔ خاموش نہ رہو۔
مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے (اُر۔ مثل) بالکل خاموش ہے۔ نہ بات کرتا ہے نہ اِشارہ۔
مُنہ سے پھوٹنا (اُر۔ محاورہ) بولنا۔ جواب دینا۔ زبان سے کچھ کہنا۔
مُنہ سے پُھول جھڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) نہایت خوش گفتار اور فصیح الکلام ہونا۔ شیریں کلام ہونا (۲)(طنزاً) بدزبان ہونا۔
مُنہ سے (تو) پھوٹو (اُر۔ محاورہ) کچھ تو بولو۔ جواب تو دو۔ ہاں یا نہ کرو۔
مُنہ سے تو کہو (اُر۔ محاورہ) بات تو کرو۔ زبان تو ہلاؤ۔
مُنہ سے دُودھ ٹپکنا (اُر۔ محاورہ) نادان اور نا سمجھ ہونا۔ ناتجربہ کار ہونا۔
مُنہ سے دُودھ کی بُو آنا (اُر۔ محاورہ)(۱) نادان بچہ ہونا (۲) کم عقل اور بے وقوف ہونا۔
مُنہ سے رال ٹپک پڑنا (اُر۔ محاورہ) نہایت للچانا۔ اَز حد خواہش ہونا۔
مُنہ سے سُنا چاہتے ہو؟ (اُر۔ محاورہ) گالیاں کھانے (سُننے) کو جی چاہتا ہے؟
مُنہ سے سیاہی دھونا (اُر۔ محاورہ) بدنامی مٹانا۔
مُنہ سے کلیجا نکل پڑنا (اُر۔ محاورہ) دم اُلٹ جانا۔ دِل گھبرا جانا۔ جی اکتانا۔ گھبرا کر دم نکل جانا۔
مُنہ سے کچھ کا کچھ نکلنا (اُر۔ محاورہ) کہنا کچھ چاہنا اور زبان سے اُس کے خلاف نکلنا۔
مُنہ سے کیا پُھول جھڑتے ہیں! (اُر۔ محاورہ) (۱) کیا پُرلطف باتیں کرتے ہیں! (۲) ناگوار باتوں پر بھی طنزاً کہتے ہیں۔
مُنہ سے لام کاف مت نکالو (اُر۔ محاورہ) بدزبانی نہ کرو۔ خاموش رہو۔
مُنہ سے لعل اُگلنا (اُر۔ محاورہ) نہایت خوش کلام اور خوش گفتار ہونا۔ فصاحت اور شیریں زبانی سے کلام کرنا۔
مُنہ سے لگانا (اُر۔ محاورہ)(۱) پینے کے لئے کوئی ظرف مُنہ سے لگانا۔ لب آشنا کرنا (۲) دُوسرے کے مُنہ سے کوئی ظرف لگانا (۳) بجانے والا ساز مُنہ سے لگانا۔
مُنہ سے مُنہ ملانا (اُر۔ محاورہ) چوما چاٹی کرنا۔ بوس و کنار کرنا (۲) ہم کلام ہونا (۳) گستاخانہ بات چیت کرنا۔
مُنہ سے مہابا ہے (اُر۔ مثل)(۱) خاطر سے خاطر اور محبّت سے محبّت ہے (۲) مالک کی موجودگی میں نوکر دُرست کام کرتا ہے۔
مُنہ سے نام نکالنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی چیز کا تذکرہ کرنا (۲) دعوٰی کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنہ سے نکل جانا (نکلنا) (اَر۔ محاورہ) بے ساختہ کوئی بات زبان سے نکل جانا۔

مُنہ سے نکلی کوٹھوں چڑھی (اَر۔ مثل) بات مُنہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے۔ راز کی بات کسی سے نہیں کہنی چاہیے۔ نیز دیکھیے مُنہ نکلی۔

مُنہ سے نکلی، ہُوئی پرائی (اَر۔ مثل) کوئی بات کہنے کے بعد راز نہیں رہتی۔

مُنہ سے نیک و بد نکالنا (اَر۔ محاورہ) بُرا بھلا کہنا۔

مُنہ سیا جانا (اَر۔ محاورہ) مُنہ پر مُہر لگائی جانا۔ بولنے نہ دینا۔

مُنہ سیاہ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُنہ کالا کرنا۔ بدنام کرنا۔ کلنک کا ٹیکا لگانا (۲) خضاب لگانا۔

مُنہ سیدھا کر دینا (اَر۔ محاورہ) خوب مارنا۔

مُنہ سی دینا (اَر۔ محاورہ) خاموش کر دینا۔ مُنہ بند کر دینا۔

مُنہ سینا (اَر۔ محاورہ) (۱) خاموش کرنا۔ چُپ کرنا (۲) خاموش ہونا۔ چُپ رہنا (۳) رشوت دینا۔

مُنہ شکر سے بھر دینا (اَر۔ محاورہ) خوش خبری سُنانے کے عوض مُنہ میٹھا کرنا۔

مُنہ فق ہو جانا (فق ہونا) (اَر۔ محاورہ) مُنہ سفید پڑ جانا۔ اَوسان جاتے رہنا۔ گھبرا جانا۔ ڈر جانا۔ رُعب میں آ جانا۔ خوفزدہ ہو جانا۔

مُنہ قبلے کی طرف مُڑ جانا (اَر۔ محاورہ) مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ مرتے وقت نیک آدمی کا مُنہ قبلے کی طرف ہو جاتا ہے۔

مُنہ کا پھوہڑ (اَر۔ صف) بدزبان۔ بدلگام۔ مُنہ پھٹ۔

مُنہ کا تھوبڑا ہو جانا (اَر۔ محاورہ) پٹ جانا۔ مار کھا کر مُنہ سُوج جانا۔

مُنہ کا روغن اُڑ جانا (اَر۔ محاورہ) چہرے کی آب جاتی رہنا۔

مُنہ کا سچّا (اَر۔ صف) وعدے کا پکّا۔

مُنہ کا کچّا (اَر۔ صف) (۱) وہ گھوڑا جو لگام کے جھٹکے کو نہ سہار سکے۔ نرم مُنہ کا گھوڑا (۲) اصیل مُرغ (۳) وہ آدمی جس کی بات ناقابلِ اِعتبار ہو۔

مُنہ کا کڑا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُنہ زور (۲) مضبوط دھار کا۔

مُنہ کا کہا ہونا (اَر۔ محاورہ) مُنہ سے نکلی ہوئی بات کا ہو جانا۔ کہے کے مطابق ہونا۔

مُنہ کالا (اَر۔ صف) (۱) بدنام۔ رُسوا (۲) بداَفعال۔ بدکردار (۳) (بددُعا) خُدا غارت کرے۔

مُنہ کالا جات اُجالا (اَر۔ مثل) شریفوں کی اولاد مگر عمل بُرے۔

مُنہ کالا کر (اَر۔ محاورہ) دفع ہو۔ جا دفان ہو۔ مُنہ نہ دِکھلا۔

مُنہ کالا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) چہرے پر سیاہی ملنا (۲) رُسوا کرنا یا ہونا۔ بدنام کرنا یا ہونا (۳) زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا (۴) دفان ہونا۔ دفع ہونا۔

مُنہ کا مُنہ میں ہاتھ کا ہاتھ میں نوالہ رہ گیا (اَر۔ روزمرّہ) اُس موقع پر بولتے ہیں جب اِنسان کوئی صدمے کی خبر سُن کر فوراً کھانا چھوڑ دے۔

مُنہ کا میٹھا (اَر۔ صف) زبان کا میٹھا۔ خلیق۔ شیریں گفتار۔

مُنہ کا میٹھا پیٹ کا کھوٹا (اَر۔ مثل) باتیں دوستوں کی سی مگر دل میں عداوت۔

مُنہ کا نوالہ (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) لقمۂ دہن (۲) نہایت سہل اور آسان کام۔

مُنہ کا نوالہ نہیں (نوالہ تو نہیں ہے) (اَر۔ مثل) آسان کام نہیں ہے۔

مُنہ کا نوالہ سمجھنا (اَر۔ محاورہ) ادنیٰ اور آسان سمجھ لینا۔

مُنہ کا نوالہ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) مُنہ میں چلا جانا (۲) سہل اور آسان ہو جانا۔

مُنہ کا نُور اُڑ جانا (اَر۔ محاورہ) چہرے کی آب و تاب جاتی رہنا۔

مُنہ کُپّے کی طرح پُھولنا (اَر۔ محاورہ) کنایہ ہے کمال غُصّہ اور خفگی سے۔ بہت خفا ہونا۔

مُنہ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سُوراخ کرنا۔ چھید کرنا (۲) زخم یا پھوڑے کا سُوراخ ظاہر ہونا۔ پُھوٹنا (۳) لحاظ کرنا۔ پاس کرنا (۴) مُنہ سامنے کرنا (۵) لالچ کرنا۔

مُنہ کس کا ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کسی کی مجال نہیں۔ کسی کا حوصلہ نہیں۔

مُنہ کِلنا (اَر۔ محاورہ) زبان بند ہونا۔ کسی کے خلاف کہنے سے رُکنا۔

مُنہ کو آگ لگانا (جُھلسا لگانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) مُلاقات ترک کرنا۔ مِلنا جُلنا چھوڑ دینا (۲) کوسنا۔

مُنہ کو بنوانا (اَر۔ محاورہ) اپنے آپ کو کسی کام کے لائق کرنا۔ قابلیت پیدا کرنا۔

مُنہ کو پھیر لینا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے مُنہ پھیر لینا۔

مُنہ کو جگر آنا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے مُنہ کو کلیجا آنا۔

مُنہ کو خون لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خون کی چاٹ لگنا۔ خون کا مزہ پڑ جانا۔ گوشت کھانے کی عادت پڑ جانا۔ شکار کا مزہ پڑ جانا (۲) مُفت کا مال کھانے کی عادت پڑ جانا (۳) رشوت کا عادی ہونا۔

مُنہ دِکھا نہ سکنا (اَر۔ محاورہ) مُنہ سامنے نہ کر سکنا۔ سامنے جاتے ہوئے شرم آنا۔

مُنہ کو سنبھالنا (اَر۔ محاورہ) بدزبانی سے باز آنا۔ بیہودہ باتیں کرنے سے رُکنا۔

مُنہ کو سات توؤں کی کالک لگ جانا (اَر۔ محاورہ) سخت بدنامی ہونا۔ بہت رُسوائی ہونا۔

مُنہ کو قفل دینا (قفل لگا دینا) (اَر۔ محاورہ) (۱) خاموشی اِختیار کرنا (۲) کھانے پینے سے رُکنا۔

مُنہ کو کالک لگانا (اَر۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔ کلنک کا ٹیکا لگانا۔

مُنہ کو کلیجا آنا (اَر۔ محاورہ) دَم اُلٹنا۔ غم و غُصّہ برداشت نہ ہو سکنا۔ دل نہایت بیزار ہونا۔ بہت جی گھبرانا۔

مُنہ کو لگام دو (اَر۔ محاورہ) بدزبانی نہ کرو۔ زبان سنبھال کر بات کرو۔

مُنہ کو لگام نہیں (اَر۔ مثل) چُپ نہیں رہتا۔ بے سوچے سمجھے بول اُٹھتا ہے۔

مُنہ کو لگا ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کا چسکا ہونا۔

مُنہ کو لگنا (اَر۔ محاورہ) مزہ پڑنا۔ چسکا لگنا۔ چاٹ پڑنا (۲) خوش ذائقہ معلوم ہونا۔

مُنہ کو لُوکا لگے (اَر۔ بددُعا) چہرہ جُھلس جائے۔ تباہ ہو جائے۔ برباد ہو جائے۔

مُنہ کو لہُو لگنا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے مُنہ کو خون لگنا۔

مُنہ کو مزہ لگا دینا (اَر۔ محاورہ) چٹورا بنا دینا۔ زبان کی چاٹ ڈال دینا۔

مُنہ کو موڑنا (اَر۔ محاورہ) مُنہ پھیرنا۔ بے رُخی کرنا۔ بے مُروّتی کرنا۔

مُنہ کہاں ہے؟ (اَر۔ محاورہ) کیا تاب و طاقت ہے۔ کیا مجال ہے۔

مُنہ کھائے آنکھ لجائے (اَر۔ مثل) اِحسان کرنے والے کے سامنے سر جُھکانا ہی پڑتا ہے۔

مُنہ کُھل جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) دہن کُشادہ ہو جانا (۲) مُنہ پھٹ ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

بدزبان ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا (۳) ازالہ بکر ہو جانا (۴) چھتے وغیرہ کی جھال کھل جانا (۵) چہرہ بے نقاب ہو جانا۔

مُنہ کُھلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) دہن فراخ ہونا (۲) بدزبان ہونا (۳) بیان کرنے یا کہنے پر آمادہ ہونا (۴) چہرہ بے نقاب ہونا۔

مُنہ کُھلوانا (اَر۔ محاورہ) مُنہ فراخ کرانا (۲) بولنے پر مجبور کرنا (۳) گستاخ بنانا (۴) بات کرنے کی جُرأت دِلانا۔ زبان سے نکلوانا (۵) بے نقاب کرانا۔

مُنہ کھول کر رہ جانا (اَر۔ محاورہ) کچھ کہتے کہتے خاموش ہو جانا۔ کچھ کہنا چاہنا لیکن کہہ نہ سکنا۔

مُنہ کھولنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زبان کھولنا۔ بات کرنا۔ کہنا (۲) گالیوں پر اُتر آنا۔ باتیں سُنانا۔ زبان چلانا (۳) نقاب اُٹھانا۔ گھونگھٹ ہٹانا۔

مُنہ کی اوٹ کرنا (اَر۔ محاورہ) پردہ کرنے کے لئے کوئی چیز چہرے کے سامنے کرنا۔ آگ یا دھوپ سے بچنے کے لئے کوئی چیز مُنہ کے آگے کرنا۔

مُنہ کی بات (اَر۔ اِ۔ مث) کہی ہوئی بات۔ مُنہ سے نکلی ہوئی بات۔

مُنہ کی بات چھین لینا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے مُنہ سے بات اُچکنا۔

مُنہ کی پَچی (اَر۔ صف) وہ تلوار جس کی باڑھ نہ مُڑے (۲) وعدے کی پکی عورت۔

مُنہ کی کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُنہ پر چوٹ کھانا (بچے پاڑوں کا محاورہ) (۲) اوندھے مُنہ گرنا۔ سر کے بَل گرنا (۳) تھپڑ کھانا۔ طمانچہ کھانا (۴) سزا پانا۔ مار کھانا (۵) شرمندہ ہونا۔ خفت اُٹھانا (۶) صاف دھوکا کھانا۔ کسی کے فریب میں آنا (۷) ہار جانا۔ شکست کھانا (۸) جس بات کا دعویٰ ہو اُسے نہ کر سکنا (۸) نقصان اُٹھانا۔

مُنہ کی کھلانا (کھلوانا) (اَر۔ محاورہ) شرمندہ کرنا۔ نادم کرنا۔

مُنہ کی گئی لوئی تو کیا کرے گا کوئی (اَر۔ مثل) اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص جان بوجھ کر بے شرمی اختیار کرلے۔

مُنہ کی لوئی اُتر جانا (اَر۔ محاورہ) بے شرم ہونا۔ بے غیرت ہو جانا۔ شرم و حیا جاتی رہنا۔

مُنہ کی مکھی نہ اُڑا سکنا (اَر۔ محاورہ) بہت کمزور و ناتواں ہو جانا۔

مُنہ کی میٹھی ہاتھ کی جھوٹی (اَر۔ مثل) میٹھی باتیں تو کرتی ہے مگر دیتی دلاتی کچھ نہیں۔

مُنہ کے آگے خندق نہیں (اَر۔ محاورہ) بڑا بکواسی ہے۔

مُنہ کے بَل (بھَل) آنا (گرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) اس طرح گرنا کہ چہرہ زمین پر لگے (۲) ذِلّت اُٹھانا۔ ذلیل ہونا۔

مُنہ کے کوّے اُڑ جانا (اَر۔ محاورہ) چہرہ سفید پڑ جانا۔

مُنہ کے لائق نہیں (اَر۔ محاورہ) اس قابل نہیں کہ اُس سے بات کی جائے۔

مُنہ کے لچھن جھڑنا (اَر۔ محاورہ) شرم و حیا جاتی رہنا۔ بے غیرت ہو جانا۔

مُنہ کیا ہے (اَر۔ محاورہ) کیا حوصلہ ہے۔ کیا مجال ہے۔

مُنہ کیل دینا (کیلنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) جادو یا منتر سے مُنہ کو بند کرنا (۲) زہریلے جانور کے مُنہ کو کاٹنے کے قابل نہ رکھنا (۳) خاموش کر دینا (۴) رشوت دے کر اپنے خلاف ہونے سے باز رکھنا۔

مُنہ گُڑھیا میں دھو رکھو (اَر۔ مثل) اس کی اُمید نہ رکھو۔ جب کوئی چیز دینا نہ چاہیں تو مذاقاً کہتے ہیں۔ (گڑھیا: چھوٹا گڑھا)۔

مُنہ لال کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تھپڑ مار کر چہرہ سُرخ کر دینا (۲) پان وغیرہ سے مُنہ سُرخ کرنا۔

مُنہ لال ہو جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) غصّے سے چہرہ سُرخ ہو جانا (۲) ناموری حاصل ہونا۔ کامیاب ہونا۔ تھپڑ لگنے سے چہرہ سُرخ ہو جانا۔

مُنہ لپیٹ کر پڑا رہنا (پڑنا) (اَر۔ محاورہ) غمگین اور اُداس ہو کر پڑا رہنا۔ غم کے مارے مُنہ پر کپڑا ڈال کر لیٹ رہنا۔

مُنہ لٹکانا (اَر۔ محاورہ) (۱) غصّے ہونا۔ ناراض ہونا (۲) شرمندگی سے مُنہ جھکانا (۳) کوئی دوا مُنہ میں ڈال کر رطوبت ٹپکنے کے لئے مُنہ کو نیچے کی طرف کرنا۔

مُنہ لگا (اَر۔ صف) سرچڑھا۔ موَنّث کے لئے مُنہ لگی۔

مُنہ لگانا (اَر۔ محاورہ) مُنہ سے چھُونا (۲) مُنہ سے جھوٹا کرنا۔ جھٹالنا (۳) کھانا۔ چکھنا۔ زبان پر رکھنا (۴) گستاخ بنانا۔ بے ادب کرنا۔ سرچڑھانا (۵) یار بنانا۔ مصاحب بنانا (۶) عزّت دینا۔ توجّہ کرنا۔ مہربانی سے پیش آنا (۷) حمایت کرنا۔

مُنہ لگائی ڈومنی گاوے تال بے تال (مُنہ لگائی ڈومنی بچوں (کُنبے) سمیت آئی (اَر۔ مثل) اُس وقت کہتے ہیں جب ذرا سی مہربانی سے کوئی سر پر چڑھنے لگے۔

مُنہ لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُنہ سے چھوا جانا (۲) مصاحب بننا۔ یار بننا (۳) عزّت سے پیش آنا (۴) سرچڑھنا۔ گستاخ ہونا (۵) مُقابل بننا۔ برابری کرنا (۶) چسکا پڑنا۔ مزہ پڑنا (۷) حجت کرنا۔ تکرار کرنا۔

مُنہ لے کے آنا (اَر۔ محاورہ) صورت دکھانا۔

مُنہ لے کے پھرنا (اَر۔ محاورہ) بے اتفاقی کے سبب محروم جانا۔ مایوس ہو کر واپس ہونا۔

مُنہ لے کے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) شرمندہ ہو جانا۔

مُنہ مارا (ماری) (اَر۔ صف۔ مذ و مث) عورتیں اُس کے متعلق کہتی ہیں جو لذیذ چیزوں کے کھانے سے پرہیز کرے۔

مُنہ مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کاٹنا۔ ڈسنا۔ ڈنک مارنا (۲) شکاری کُتّے کا شکار کو مُنہ سے پکڑنا (۳) چونچ مارنا (۴) مُنہ بند کر دینا۔ خاموش کرنا۔ لاجواب کر دینا (۵) جلد جلد کھانا (۶) طعنہ دینا۔

مُنہ مانگا (اَر۔ صف) حسبِ منشا۔ خواہش کے مطابق۔ جیسا مُنہ سے کہا تھا۔

مُنہ مانگا بَر پایا (اَر۔ مثل) (۱) خواہش کے مُوافق شوہر ملا (۲) حسبِ دل خواہ کام ہوا۔ جو چاہا سو ہوا۔

مُنہ مانگنا (اَر۔ محاورہ) فریاد کرنا۔

مُنہ مانگی مُراد (اَر۔ اِ۔ مث) دلی خواہش۔ دلی تمنّا۔

مُنہ مانگی مُراد نہیں ملتی (اَر۔ مقولہ) اپنا چاہا نہیں ہوتا۔ جو خدا چاہتا ہے وہی ہوتا ہے۔

مُنہ مانگی موت نہیں ملتی (اَر۔ مثل) جو آدمی چاہتا ہے وہ نہیں ہوتا۔ خدا کا چاہا ہوتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنہ مانگے دام (اَر۔ا۔مذ) مُنہ سے طلب کی ہوئی قیمت۔

مُنہ مسکوڑنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے مُنہ سکوڑنا۔

مُنہ مَسَل ڈالنا (اَر۔محاورہ) (۱) مُنہ کو ہاتھ سے رگڑ ڈالنا (۲) (کنایۃً) دنداں شکن جواب دینا۔

مُنہ مُلاحظہ (اَر۔ا۔مذ) لحاظ۔ پاس داری۔

مُنہ موڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) مُنہ ہٹانا۔ رُوگرداں ہونا۔ کسی کے شریکِ حال نہ ہونا۔ پہلوتہی کرنا (۲) ("سے" کے ساتھ) توجّہ نہ کرنا (۳) باغی ہونا ("نے" کے ساتھ) (۴) پرہیز کرنا۔ باز رہنا (۵) اِنکار کرنا (۶) شکست کھانا۔ پسپا ہونا (۷) بے وفائی کرنا۔ بے مُروّتی کرنا (۸) دھار مُڑنا (۹) ("کا" کے ساتھ) شکست دینا (دُشمن کا مُنہ موڑ دیا) (۱۰) (طرف کے ساتھ) متوجّہ ہونا۔

مُنہ میٹھا کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) مٹھائی کھلانا۔ مٹھائی کھانا (۲) عنایت فرمانا۔ دینا۔ بخشنا (۳) نذرانہ دینا (۴) رشوت دینا (۵) نسبت کرنا۔ منگنی کرنا۔

مُنہ میں آنا (اَر۔محاورہ) زبان پر آنا۔ زبان سے نکلنا۔

مُنہ میں آیا سو بک دیا (اَر۔محاورہ) بے سوچے سمجھے بات کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ ("جو" کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے)۔

مُنہ میں بات کرنا (بولنا) (اَر۔محاورہ) مُنہ میں بولنا۔ اِس طرح بولنا کہ سمجھ میں نہ آئے۔ چُپکے چُپکے بات کرنا۔

مُنہ میں پانی بھر آنا (اَر۔محاورہ) خُوشی کے خیال سے یا کسی عُمدہ چیز کی خواہش سے مُنہ میں لُعاب آجانا (۲) جی للچانا (۳) مزہ یاد آنا۔ شوق پیدا ہونا۔

مُنہ میں پانی (ٹپکانا) چُوانا (اَر۔محاورہ) مرتے وقت مُنہ میں پانی کے قطرے ٹپکانا (۲) اخیر وقت کام آنا۔

مُنہ میں پڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) کھانے میں آنا۔ مُنہ میں جانا (۲) مشہور ہونا۔ زبان زد ہونا۔

مُنہ میں پڑھنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے مُنہ ہی مُنہ میں پڑھنا۔

مُنہ میں تِنکا لینا (اَر۔محاورہ) (۱) دانتوں میں تنکا دبانا (۲) عاجزی کرنا۔ ہاتھ جوڑنا۔ پاؤں پڑنا۔

مُنہ میں تھوک بِلونا (اَر۔محاورہ) بے ہودہ اور بے معنی باتیں کرنا۔

مُنہ میں خاک (اَر۔بدُعا) بُرا چاہنے والے کی بات پر کہا جاتا ہے (تیرے مُنہ میں خاک) (۲) گُستاخانہ کلام کے جواب میں کہتے ہیں۔ اِنکار کے وقت کہتے ہیں۔

مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (اَر۔مثل) ایسا بُوڑھا ہے کہ نہ مُنہ میں دانت رہے ہیں نہ پیٹ میں انتڑیاں۔

مُنہ میں دانہ جانا (اَر۔محاورہ) کچھ تھوڑا سا کھالینا۔

مُنہ میں روٹی سر پر جُوتی (اَر۔مثل) بہت بے عزّتی سے روٹی ملنے پر بولتے ہیں۔

مُنہ میں زبان حلال ہے (اَر۔مثل) مُنہ میں زبان سچ بات کہنے کے لئے ہے۔ حلال اِس واسطے کہا کہ آدمی حلال چیز کو مُنہ میں لے جاتا ہے۔

مُنہ میں زبان رکھنا (مُنہ میں زبان ہونا) (اَر۔محاورہ) (۱) گویائی کی طاقت رکھنا یا ہونا (۲) بات کرسکنا۔ جواب دے سکنا۔

مُنہ میں زبان نہ ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) گونگا ہونا (۲) خاموش رہنا۔ بات نہ کرسکنا (۳) بہت مسکین و فرماں بردار ہونا۔

مُنہ میں زبان نہیں (اَر۔محاورہ) نہایت غریب طبیعت اور خاموش آدمی ہے۔

مُنہ میں زبان ہے (اَر۔محاورہ) کہنے اور بولنے کی طاقت ہے۔ بات کرنے کی جُرأت ہے۔

مُنہ میں سب کچھ دِل میں خاک نہیں (اَر۔مثل) محض ظاہرداری ہی ظاہرداری ہے۔

مُنہ میں صابون گُھلا ہونا (اَر۔محاورہ) مُنہ پھیکا اور بدمزہ ہونا۔

مُنہ میں قُفل لگ جانا (اَر۔محاورہ) خاموش ہو جانا۔

مُنہ میں کالک لگ جانا (اَر۔محاورہ) بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔

مُنہ میں کے دانت ہیں؟ (اَر۔مثل) (۱) تم کون ہو؟ کیا حالات ہیں؟ (۲) کیا طاقت ہے؟ کیا کرسکتے ہو؟

مُنہ میں گُنگُنانا (اَر۔محاورہ) آہستہ آہستہ گانا۔

مُنہ میں گھنگھنیاں بھری ہونا (اَر۔محاورہ) خاموش رہنا۔

مُنہ میں گھی شکر (اَر۔مثل) اُس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی خوش خبری سُنائے۔ (تیرے مُنہ میں گھی شکر)۔

مُنہ میں لگام نہ ہونا (اَر۔محاورہ) زبان دراز ہونا۔

مُنہ میں لُوکا دینا (اَر۔محاورہ) مُنہ جُھلسنا۔ کوئی بے ہودہ بات کہے تو کہتے ہیں۔

مُنہ میں مُوتنا (اَر۔محاورہ) ذلیل کرنا۔ خفیف کرنا۔

مُنہ میں مُہر لگانا (لگنا) (اَر۔محاورہ) خاموشی اِختیار کرنا۔ چُپ سادھنا۔

مُنہ میں نام پھرنا (اَر۔محاورہ) کسی کا نام یاد نہ آنا۔

مُنہ نپوڑنا (اَر۔محاورہ) (۱) دانت نکالنا۔ بے وقوفوں کی طرح ہنسنا (۲) جواب نہ بن پڑنا۔

مُنہ نکل آنا (اَر۔محاورہ) چہرہ کمزور ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔

مُنہ نکلی کوٹھوں چڑھی (اَر۔مثل) دیکھئے مُنہ سے نکلی کوٹھوں چڑھی۔

مُنہ نوچ لینا (اَر۔محاورہ) (۱) ناخنوں سے چہرہ کھرچ ڈالنا (۲) (کنایۃً) کسی کو خلافِ مرضی بات نہ کرنے دینا۔

مُنہ نہ پھیرنا (اَر۔محاورہ) مُقابلے پر کھڑا رہنا۔ پیچھے نہ ہٹنا۔

مُنہ نہ پڑنا (اَر۔محاورہ) حوصلہ نہ ہونا۔ کہنے کی جُرأت نہ ہونا۔

مُنہ نہ دِکھانا (اَر۔محاورہ) شرم کے باعث روپوش ہو جانا۔

مُنہ نہ دیکھنا (اَر۔محاورہ) صورت سے بے زار ہونا۔ اَز حد بے زار ہونا۔

مُنہ نہ کُھلواؤ (اَر۔محاورہ) زبان نہ کُھلواؤ۔ رہنے دو۔ بس چُپ رہو ورنہ کچّا چِٹھا کھول کے رکھ دیا جائے گا۔

مُنہ نہ لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) مُنہ کے پاس نہ لانا (۲) توجّہ نہ کرنا (۳) بے توقیر سمجھ کر بات نہ کرنا۔ دوست نہ بنانا۔

مُنہ نہیں (اَر۔مثل) حوصلہ نہیں۔ جُرأت نہیں۔

مُنہ ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) سُوراخ ہونا (۲) پاس ہونا۔ لحاظ ہونا (۳) حوصلہ ہونا۔ مجال ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنہ ہی مُنہ مارے اور توبہ توبہ پکارے (اَر۔مثل) اپنا اِلزام مظلوم کے سر تھوپے۔ خود ہی سزا دے اور خود ہی پناہ مانگے۔

مُنہ ہی مُنہ میں (اَر۔ تابع فعل) چپکے چپکے۔ ہونٹوں میں۔

مُنہ ہی مُنہ میں پڑھنا (کہنا) (اَر۔ محاورہ) چپکے چپکے کہنا یا پڑھنا۔ اِس طرح آہستہ آہستہ پڑھنا یا بولنا کہ دُوسرا نہ سمجھ سکے۔

مُنہ ہے (اَر۔مثل) (۱) شرم ہے۔ پاس ہے۔ لحاظ ہے۔ مُروّت ہے (۲) (طنزاً) طاقت نہیں۔ مجال نہیں۔

مُنْہا (مُوں۔ہا) (ق۔ا۔مذ) طعن۔ تشنیع۔

مِنْہا (مِن۔ہا) (ع۔ا۔مذ) تفریق۔ مُجرا۔ وضع۔ نفی۔ منفی۔

منہا کرنا (ہونا) (اَر۔مص مُرکّب) تفریق کرنا۔ گھٹانا۔ خارج کرنا (ہونا)۔

مِنْہاج (مِن۔ہاج) (ع۔ا۔مذ) کھلی سڑک۔ شاہ راہ۔ شارع عام۔

مَنْہار (م۔ن۔ہار) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے منہیار۔

مَنْہارَن (مَنْہاری) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے منہیاری۔

مُنْہامُنّہ (مُوں۔ہا۔مُنْہ) (ہ۔صف) مُنہ تک بھرا ہوا۔ لبریز۔ بھرپور۔ لبالب۔

مِنْہائی (مِن۔ہا۔اِی) (ع۔ا۔مث) تفریق۔ نفی۔ گھٹاؤ۔ وضع۔

مِنہائی دار (ف۔صف) قابل لگان زمین رکھنے والا۔

مُنْہَدِم (مُن۔ہَ۔دِم) (ع۔صف فاعلی) گرنے والا۔ ڈھینے والا۔

مُنْہَدَم (مُن۔ہَ۔دَم) (ع۔صف مفعولی) گرا ہوا۔ مسمار۔ زمین بوس۔

مِنْہدی (مِنْہ۔دی) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مث) ایک پودا جس کی پتّیاں پیس کر لگانے سے ہاتھ سُرخ ہو جاتے ہیں (۲) شادی سے پہلے ایک رَسم جس میں دولھا کے گھر سے دُلہن کے یہاں منہدی کے ساتھ سنگار کی چیزیں بھیجی جاتی ہیں (۳) مُحرّم کی ساتویں کو رنگین کاغذ مڑھ کر ایک ڈھانچ بناتے ہیں اور حضرت قاسمؑ کی منہدی کے نام سے امام باڑوں میں لے جاتے ہیں (۴) وہ نظمیں جو شادی یا محرم کی منہدی کے موقعوں پر پڑھی جاتی ہیں۔

مِنہدی بنانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پیروں میں لگانے کے لئے مہندی تیار کرنا۔

مِنہدی بندھوانا (اَر۔ محاورہ) منہدی لگوانا۔

مِنہدی تو پاؤں میں نہیں لگی ہے؟ (اَر۔مثل) آتے کیوں نہیں؟ بہانے بناتے ہیں۔ نیز دیکھئے پاؤں میں مہندی لگنا۔

مِنہدی جانا (اَر۔ محاورہ) دولھا کے گھر سے دُلہن کے ہاں منہدی روانہ ہونا۔

مِنہدی چُھٹنا (چُھوٹنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) منہدی چُھروانا کا لازم (۲) کوئی نُقصان ہونا۔

مِنہدی چُھروانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں لگائی ہوئی منہدی دھونا۔

مِنہدی رچانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں منہدی ملنا۔

مِنہدی رچنا (اَر۔ محاورہ) منہدی کا رنگ آنا۔

مِنہدی کا چور (اَر۔ا۔مذ) ہاتھ پاؤں کی ذرا سی جلد جو کہیں کہیں منہدی نہ لگنے سے ظاہر ہو۔

مِنہدی کی ٹٹّی (اَر۔ا۔مث) منہدی کے پودوں کی قطار۔

مِنہدی کی مچھلی (اَر۔ا۔مث) دیکھئے منہدی کا چور۔

مِنہدی گوندھنا (اَر۔مص مُرکّب) پسی ہوئی منہدی کو پانی میں حل کرنا۔

مِنہدی لگانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے منہدی رچانا۔

مِنہدی ملنا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پیروں میں منہدی لگانا۔

مُنْہَزِم (مُن۔ہَ۔زِم) (ع۔صف) شکست کھانے والا۔ پیٹھ دکھانے والا۔ لڑائی سے بھاگ جانے والا۔

مُنْہَضِم (مُن۔ہَ۔ضِم) (ع۔صف) ہضم ہونے والا۔ پچنے والا۔

مُنْہَمِک (مُن۔ہَ۔مِک) (ع۔صف) اِنہماک کرنے والا۔ کسی کام میں بہت مصروف۔

مُنْہنال (مُنْہ۔نال) (ہ۔ا۔مث) دھات وغیرہ کی چھوٹی سی نلی جسے نَیچہ پینے کی جگہ لگا دیتے ہیں۔

مَنْہی (مَن۔ہی) (ع۔صف) منع کی گئی۔ ممانعت کی گئی۔ روکی گئی۔

مَنْہیات (مَن۔ہی۔یات) (ع۔ا۔مذ) منہی کی جمع۔

منہیات شرعی (ع۔ا۔مذ) وہ باتیں جن کا کرنا شریعت کی رُو سے منع ہے۔

مَنْہیار (مَن۔ہی۔یار) (ہ۔ا۔مذ) چوڑیاں بنانے اور بیچنے والا۔ جمع: منہیار۔ منہیاروں۔

مَنْہیارَن (ہ۔ا۔مث) منہیار کی تانیث۔ جمع: منہیارنوں۔ منہیارنیں۔

مَنی (مَ۔نی) (ع۔ا۔مث) وہ سفید لیس دار رطوبت جو عضوِ تناسل سے بوقتِ اِنزال نکلتی ہے۔ دھات۔ نُطفہ۔

مَنی (مَ۔نی) (ت۔ا۔مث) غرور۔ تکبّر۔ خود بینی۔ نخوت۔ خودی۔

مَنی (Money) (انگ۔ا۔مذ) روپیہ۔ نقدی۔

منی آرڈر (Money Order) (انگ۔ا۔مذ) روپیہ جو ڈاک کے ذریعے بھیجا جاتا ہے۔

منی آرڈر فارم (Money Order Form) (انگ۔ا۔مذ) وہ کاغذ جس کی خانہ پُری کر کے روپیہ بھیجنے کے لئے ڈاک خانے میں دیتے ہیں۔

منی بیگ (Money Bag) (انگ۔ا۔مذ) نقدی رکھنے کا بٹوا۔

مُنی (مُ۔نی) (س۔ا۔مذ) عابد۔ زاہد۔ مرتاض۔ رِشی۔ تپسوی۔

مُنّی (مُن۔نی) (ہ۔ا۔مث) (۱) مُنّا کی تانیث۔ چھوٹی بچّی (۲) چھوٹی چیز۔

مَنے (مَ۔نے) (ق۔متعلق فعل) میں۔ درمیان۔

مُنّیا (مُن۔یا) (ہ۔ا۔مث) لال کی مادہ۔ پدڑی۔

منیا بول جانا (اَر۔ محاورہ) اچھا شگون ہونا۔ نیک فال ہونا۔

مُنیب (مُ۔نیب) (ع۔ا۔مذ) آقا۔ مالک۔ مُربّی۔ سرپرست (۲) میر منشی۔

منیجر (Manager) (انگ۔ا۔مذ) منتظم۔ مہتمم۔

مُنیر (مُ۔نیر) (ع۔صف) روشن۔ چمکدار۔ روشنی دینے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُنِیم (مُ۔نِیم) (اَر۔ا۔مذ) مُنیب کا بگڑا ہوا۔ مُحاسِب۔ محرّر۔ حساب کتاب رکھنے والا۔ جمع: مُنیم۔ مُنیموں۔

م۔و

مُو (واو معروف)(ف۔ا۔مذ) بال۔ کیس۔
مُوباف (ف۔ا۔مذ) وہ دھجّی، پٹی یا فیتہ جو عورتیں چوٹی میں ڈال کر گوندھتی ہیں۔ چوٹی میں باندھنے کا کپڑا۔ (پن) پراندہ۔ اُردو جمع: مُوباف۔ مُوبافوں۔
مُوباف ڈالنا (اَر۔ محاورہ) چوٹی میں موباف ڈال کر گوندھنا۔
مُوبمُو (مُو۔بَہ۔مُو)(ف۔صف) بال بال۔ ذرا ذرا۔ حرف بحرف۔ سب کا سب۔ کُل۔
مُوپریشاں (ف۔صف) جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں۔ ژولیدہ مُو۔
مُوتراش (ف۔ا۔مذ) بال کاٹنے والا۔ اُسترہ۔
مُوشِگاف (ف۔صف) باریک بین۔ نکتہ رس۔ بال کی کھال نکالنے والا۔
مُوشگافی (ف۔ا۔مث) باریک بینی۔ نکتہ چینی۔ بال کی کھال نکالنا۔
مُوقلم (ف۔ا۔مذ) مصوروں کا باریک برش۔ بالوں کا قلم۔
مُو (ق۔ا۔مذ) مُنہ۔
مُوّا (مُو۔وا)(ہ۔ا۔مذ) ایک درخت کا نام جس کے پھلوں کو کھاتے، بیجوں کا تیل نکالتے اور پھولوں کی شراب بناتے ہیں۔
مُوا (مُ۔ا)(مُو۔آ)(ہ۔صف)(۱) مرا ہوا۔ مُردہ۔ بے جان (۲)(عو) نگوڑا۔ نامُراد۔ خانہ خراب (۳) مرگیا۔ فوت ہوگیا۔
مُوا بادل (ہ۔ا۔مذ) اسفنج۔ اَبرِ مُردہ۔
مُوا جاتا ہے (اَر۔ محاورہ)(۱) مرا جاتا ہے۔ دَم نکلا جاتا ہے (۲) مِٹا جاتا ہے۔ فریفتہ ہوا جاتا ہے۔
مُوا ہُوا (اَر۔صف)(۱) مرا ہوا۔ مُردہ (۲) فریفتہ۔ عاشق۔
مَواثِیق (مَ۔وا۔ثِیق)(ع۔ا۔مذ) میثاق کی جمع۔
مَوّاج (مَو۔واج)(ع۔صف) موجیں مارنے والا۔ لہریں لینے والا۔ طوفان خیز۔ تندوتیز۔
مَواجِب (مَ۔وا۔جِب)(ع۔ا۔مذ) مُوجب کی جمع (۱) تنخواہیں۔ مُشاہرے (۲) اُجرتیں۔
مُواجَہہ (مُ۔وا۔جَ۔ہَہ)(ع۔ا۔مذ) رُوبرو ہونا۔ سامنے آنا۔ مُقابل ہونا۔
مُواخات (مُ۔آ۔خات)(ع۔ا۔مث) بھائی چارا۔ بھائی بندی۔
مُواخِذ (مُ۔آ۔خِذ)(ع۔صف) پکڑنے والا۔ گرفت کرنے والا۔ جواب طلب کرنے والا۔
مُواخَذہ (مُ۔آ۔خَ۔ذہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) جواب طلبی۔ گرفت۔ بازپُرس (۲) بدلہ۔ عوض۔ مکافات۔
مُواخذہ دار (ع۔ف۔صف) جواب دہ۔ ذمّے دار۔
مُواخذہ سے بری کرنا (اَر۔ محاورہ) جواب طلبی یا بازپُرس سے نجات دلانا۔
مُواخذہ کرنا (اَر۔مص مُرکّب) جواب طلب کرنا۔ بازپُرس کرنا۔ پکڑنا۔
مَواد (مَ۔واد)(ع۔ا۔مذ) مادّہ کی جمع۔ (اُردو میں واحد مستعمل ہے)۔ پیپ۔ غلاظت۔ رطوبت (۲) اسباب۔ سامان۔ مسالا (۳) چیزیں۔ اشیا (۴) قابلِ مطالعہ اشیاء۔ ریڈنگ میٹر۔
مَوادِ فاسِد (ع۔ا۔مذ) خراب مادّہ۔
مُوازَنہ (مُ۔وا۔زَ۔نہ)(ع۔ا۔مذ) برابری۔ ہم وزنی۔ ہم وزن ہونا۔ اندازہ کرنا۔
مُوازنہ رقبہ بندی (ع۔ف۔ا۔مذ) ایسی فہرست یا نقشہ جس سے رقبہ بندی کا اندازہ معلوم ہوتا ہے۔
مُوازی (مُ۔آ۔زی)(ع۔ا۔مذ)(۱) برابر۔ مُقابل (۲) ہم قیمت (۳)(تابع فعل) تخمیناً۔ قیاساً۔ یہ لفظ اکثر گنتی آنوں بیگھوں وغیرہ کے ساتھ تعداد ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے جیسے موازی چار آنے۔ موازی دو بیگھہ۔
مُواسات (مُ۔آ۔سات)(ع۔ا۔مث) مدد۔ غمخواری۔ صلح۔ یاری۔ درگزر۔
مَواشی (مَ۔وا۔شی)(ع۔ا۔مذ) ماشیہ کی جمع (۱) بہت تیز چلنے والا (۲) چوپائے۔ بیل۔ گائے۔ گھوڑا۔ گدھا۔ بھینس۔ بھیڑ۔ بکری۔ اُونٹ وغیرہ۔
مُواصَلات (مُ۔وا۔صَ۔لات)(ع۔ا۔مذ) ذرائع خبر رسانی۔ (Means of Communication)۔
مُواصَلت (مُ۔وا۔صَ۔لت)(ع۔ا۔مث) مُلاقات۔ وصل۔ ملنا۔ پیوستگی۔
مَواضِع (مَ۔وا۔ضِع)(ع۔ا۔مذ) موضع کی جمع۔
مَواضِعات (مَ۔وا۔ضِ۔عات)(ع۔ا۔مذ) موضع کی جمع الجمع۔
مَواطِن (مَ۔وا۔طِن)(ع۔ا۔مذ) مَوطِن کی جمع۔
مُواظَبت (مُ۔وا۔ظَ۔بت)(ع۔ا۔مث) ایک کام ہمیشہ کئے جانا۔ کام میں لگا رہنا۔
مَواعِظ (مَ۔وا۔عِظ)(ع۔ا۔مث) مَوعِظت کی جمع۔
مَواعِید (مَ۔وا۔عِید)(ع۔ا۔مذ) میعاد کی جمع۔ مَوعُود کی جمع۔
مُوافِق (مُ۔وا۔فِق)(ع۔صف)(۱) مُطابِق۔ یکساں۔ برابر کا۔ ہم شکل۔ ٹھیک۔ مُشابہ (۲) لائق۔ سزاوار (۳) موافقت کرنے والا۔
مُوافِق آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) مُطابق آنا۔ ٹھیک ہونا۔ دُرست آنا (۲) مزاج یا طبیعت کے مُناسب ہونا۔
مُوافقت (مُ۔وا۔فَ۔قت)(ع۔ا۔مث) مُطابقت۔ برابری۔ ساتھ۔ اتفاق۔ دوستی۔ رسائی۔
مُوافقت کرنا (اَر۔مص مُرکّب) اتفاق کرنا۔ ملنا۔ ملاپ کرنا۔ دوستی کرنا۔
مُوافقت ہونا (اَر۔مص مُرکّب) اتفاق ہونا۔ مزاج ملنا۔
مَواقِع (مَ۔وا۔قِع)(ع۔ا۔مذ) موقع کی جمع۔
مَواقِف (مَ۔وا۔قِف)(ع۔ا۔مذ) موقف کی جمع۔
مَواکِب (مَ۔وا۔کِب)(ع۔ا۔مذ) مَوکب کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُؤاکَلَت (مُ۔آ۔کَ۔لَت) (ع۔ا۔مث) باہم مل کر کھانا۔

مُوالات (مُ۔وا۔لات) (ع۔ا۔مث) باہمی اِتحاد۔ آپس کی دوستی۔

مُوالی (مُ۔وا۔لی) (ع۔ا۔مذ) مَولیٰ کی جمع۔

مُوالِید (مُ۔وا۔لِید) (ع۔ا۔مذ) مولود کی جمع۔

موالید ثلاثہ (سہ گانہ) (ع۔ف۔ا۔مذ) تین قسم کی مخلوق: نباتات۔ جمادات۔ حیوانات۔

مُؤانَسَت (مُ۔آ۔نَ۔سَت) (ع۔ا۔مث) باہمی اُنس رکھنا۔ اُنس۔ محبت۔ دوستی۔

مُوانِع (مُ۔وا۔نِع) (ع۔ا۔مذ) مانع کی جمع۔ رکاوٹ پیدا کرنے والی چیزیں۔

مُواہِب (مُ۔وا۔ہِب) (ع۔ا۔مذ) مَوہبت کی جمع۔

مُواہَبَت (مُ۔وا۔ہَ۔بَت) (ع۔ا۔مث) سخاوت۔ فیّاضی۔ خیر خیرات۔ بخشش۔ عطا۔

مُوائِد (مُ۔وا۔اِد) (ع۔ا۔مذ) مائدہ کی جمع۔

مُوبَد (مو۔بَد) (مو۔بِد) (ف۔ا۔مذ) (۱) آتش پرستوں کا مُلّا (۲) حکیم۔ فلاسفر۔ دانش ور۔

موپ (ق۔ا۔مذ) سازوسامان۔

موپلا (موپ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) جنوبی ہند میں ایک مُسلم قوم جو عرب نسل سے ہے اور مالا بار میں آباد ہے۔ جمع: موپلوں۔ موپلے۔

مُوت (واو معروف) (ہ۔ا۔مذ) پیشاب (۲) نُطفہ۔ منی (۳) لڑکا۔ اولاد۔

مُوت آنا (اَر۔ محاورہ) پیشاب کی حاجت ہونا۔

مُوت اٹکنا (اَر۔ محاورہ) پیشاب بند ہونا۔

مُوت پاتر (ہ۔ا۔مذ) پیشاب کرنے کا برتن۔

مُوت دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیشاب نکل جانا (۲) ڈر جانا۔

مُوت سے نکال کر گُوہ میں ڈالنا (اَر۔ محاورہ) ذلیل سے ذلیل تر کرنا۔

مُوت کا چلّو ہاتھ میں دینا (اَر۔ محاورہ) بھلائی کے عوض بُرائی کرنا۔ نیکی کے بدلے بدی کرنا۔ کسی کی ساری خدمت خاک میں ملا دینا۔

مُوت کی دھار پر مارنا (اَر۔ محاورہ) ذلیل جاننا۔ ہیچ سمجھنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ کچھ قدر و قیمت نہ جاننا۔

مُوت کے ریلے میں بہا دینا (اَر۔ محاورہ) بے قدری سے ضائع کر دینا (۲) عیاشی میں روپیہ برباد کرنا۔

مُوت لگنا (اَر۔ محاورہ) پیشاب کی حاجت ہونا۔

مُوت نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پیشاب خارج ہونا (۲) بہت ڈرنا۔ بے حد خوف کھانا۔

مَوت (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) طبعی زندگی کا ختم ہو جانا۔ اَجل۔ مرگ۔ قضا۔ وفات۔ مِرتیو۔ اِنتقال (۲) خرابی۔ شامت (۳) تباہی۔ بربادی (۴) نیستی۔ نابودی۔ زوال۔ جمع: اَموات۔ اَر جمع: موتوں۔ موتیں۔

موت آجانا (اَر۔ محاورہ) مرجانا۔ اِنتقال کر جانا۔

موت آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مرنا۔ قضا آنا (۲) ناگوار گزرنا۔ کسی کام کا کرنا شاق گزرنا۔ دَم نکلنا (۲) شامت آنا۔ خرابی آنا۔ آفت آنا۔

موت آنکھوں کے آگے پھرنا (اَر۔ محاورہ) مرنے کا دھیان پیشِ نظر ہونا۔

موت اور گاہک کا کوئی اِعتبار نہیں (اَر۔ مثل) موت کے لئے ہر وقت تیّار رہنا چاہئے۔ معلوم نہیں کس وقت آ جائے۔ یہی حال گاہک کا ہے۔ لہٰذا دُکان دار کا بھی دُکان پر ہر وقت موجود ہونا لازم ہے۔

موت بھلی کہ جان کندنی (کَنی)؟ (اَر۔ مثل) نزع کی تکلیف سے موت بہتر ہے۔ روز روز کی مُصیبت سے ایک دفعہ کا مر جانا ہی اچھا ہے۔

موت پتر (اَر۔ا۔مذ) وصیّت نامہ۔

موت پڑنا (اَر۔ محاورہ) دَم نکلنا۔ دُشوار معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا۔ گھبرا جانا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔

موت چاہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مرنے کی آرزو کرنا۔ موت قبول کرنا (۲) شامت چاہنا۔

موت سر پر کھڑی ہے (سر پر کھیلتی ہے) (اَر۔ مثل) موت بالکل قریب ہے۔ مرنے کا وقت آگیا ہے۔

موت کا بازار تیز (گرم) ہونا (اَر۔ محاورہ) کثرت سے موتیں واقع ہونا۔

موت کا پسینا آنا (اَر۔ محاورہ) حالتِ نزع میں ٹھنڈا پسینا آنا۔ موت کی تکلیف سے چہرے پر پسینا آ جانا۔

موت کا پیام (اَر۔ا۔مذ) قضا کا پیغام۔ موت کا وقت۔ موت کا بُلاوا۔

موت کا ڈھلکا (اَر۔ا۔مذ) موت کے قریب آنکھوں سے پانی بہنا۔ نیل ڈھلنا۔

موت کا سامنا (اَر۔ا۔مذ) قضا کا رُوبرو ہونا۔ ہلاکت کا مُقابلہ۔

موت کا سر پر سوار ہونا (سر پر کھیلنا) (اَر۔ محاورہ) موت قریب آنا۔ شامت آنا۔

موت کا طمانچہ (اَر۔ا۔مذ) موت کا تھپّڑ۔ موت کا صدمہ۔

موت کا فرشتہ (اَر۔ا۔مذ) مَلکُ الموت۔ عزرائیل (۲) جانی دُشمن۔

موت کا کھانا (اَر۔ا۔مذ) وہ کھانا جو میّت ہو جانے پر لوگوں کو کھلایا جاتا ہے۔

موت کا کھٹکا (اَر۔ا۔مذ) موت کا ڈر۔ موت کا خطرہ۔

موت کا گھیرنا (اَر۔ محاورہ) مرنے کا سامان ہونا۔

موت کا مرض (اَر۔ا۔مذ) وہ بیماری جس میں مُبتلا ہو کر آدمی مرے۔

موت کا ہنسنا (اَر۔ا۔مذ) قضا کا کسی کے غرور اور بیہودہ اَفعال پر تمسخر کرنا کہ مرنے کو بیٹھا ہے اور ایسے کاموں میں مُبتلا ہے۔

موت کو پکڑا تو بُخار پر راضی ہُوا (موت کو پکڑا تو زحمت قبول کی۔ موت کو پکڑے تو تپ کو راضی ہو) (اَر۔ مثل) جب آدمی مُصیبت میں گرفتار ہوتا ہے تو تھوڑی مُصیبت کو غنیمت سمجھتا ہے۔ مُشکل کام پر مجبور کریں گے تو آسان کام پر راضی ہو جائے گا۔

موت کی گھڑی (اَر۔ا۔مث) مرنے کا وقت۔

موت کی گھڑی سر پر کھڑی (اَر۔ مثل) موت ہر وقت قریب ہے۔

موت کی ہچکی آنا (اَر۔ محاورہ) جان کَندنی کے وقت ہچکیاں آنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

موت کے دِن پورے کرنا (اُر۔ محاورہ) زندگی کا زمانہ بسر کرنا۔ بڑی تکلیف و مُصیبت میں بسر ہونا۔ بے مزگی سے عُمر گزرنا۔

موت (کے) کنارے (اُر۔ صف) موت کے قریب۔

موت کے گھاٹ اُتارنا (اُر۔ محاورہ) مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔

موت کے مُنہ میں جانا (اُر۔ محاورہ) خطرے میں پڑنا۔

موت لائی ہے (اُر۔ محاورہ) شامت لے کر آئی ہے۔ موت نے بُلایا ہے۔

موت نظر آنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت کے سامان دِکھائی دینا۔ سخت مُشکل نظر آنا۔

موت نے گھر دیکھ لیا ہے (موت گھر دیکھ گئی ہے) (اُر۔ مثل) مُصیبت نے گھر کا راستہ دیکھ لیا ہے۔ اب بار بار آئے گی۔

موت ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) میت ہونا (۲) خرابی ہونا۔ مُصیبت ہونا۔

موت ہے (اُر۔ محاورہ) آفت ہے۔ مُصیبت ہے۔ بڑی دُشواری ہے۔

مُوتاری (مُو۔ تا۔ ری) (ق۔ ا۔ مذ) جوگیوں کا عصا۔

مُؤتمر (مُو۔ تَ۔ مَر) (ع۔ ا۔ مث) کانفرنس۔ مجلسِ شوریٰ۔

مُوتنا (مُوت۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پیشاب کرنا (۲) اِظہارِ نفرت کرنا۔

موتھا (مو۔ تھا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ میں سے دانے نکلتے ہیں۔

موتھرا (موتھ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) گھوڑے کا ایک مرض جس میں پاؤں کے غدود میں پانی بھر جاتا ہے اور جانور لنگ کرنے لگتا ہے۔

مَوتیٰ (مَو۔ تا) (ع۔ ا۔ مذ) میت کی جمع۔

موتی (مو۔ تی) (واو مجہول) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گوہر۔ دُر۔ مروارید۔ لُولُو۔ جمع: موتی۔ موتیوں (۲) (ہ۔ صف) صاف شفاف۔ آب دار۔

موتی اُگلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) موتی مُنہ سے باہر نکالنا (۲) شیریں کلامی کرنا۔ میٹھا بول بولنا۔

موتی برسانا (اُر۔ محاورہ) موتی لُٹانا (۲) گُہر باری کرنا (۳) اعلیٰ قسم کی گفتگو کرنا۔

موتی بندھنا (ب مکسور) (اُر۔ محاورہ) موتی میں سُوراخ ہونا۔

موتی بیندھنا (اُر۔ محاورہ) موتی میں سُوراخ کرنا۔

موتی پاک (پاگ) (اُر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی مٹھائی جس پر ٹکیوں کے موتی سے اُبھرے ہوتے ہیں۔

موتی پرونا (اُر۔ محاورہ) (۱) موتیوں کی لڑی بنانا (۲) (کنایۃً) دل آویز باتیں کرنا (۳) خوشخط لکھنا (۴) عُمدہ مضمون لکھنا (۵) لگا تار رونا۔

موتی ٹھنڈے ہونا (اُر۔ محاورہ) موتی ٹوٹ جانا (۲) صُبح ہوتے وقت موتی ٹھنڈے معلوم ہوتے ہیں۔ اِس لئے یہ صُبح ہونے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔

موتی جھرا (ہ۔ ا۔ مث) ایک بیماری جو عام طور پر بچّوں کو ہوتی ہے۔ اِس میں سینے پر باریک باریک سُرخ دانے نکل آتے ہیں۔

موتی جھیل (اُر۔ ا۔ مث) ایک خوبصورت تالاب کا نام جو لکھنؤ کے عیش باغ میں ہے۔

موتی چُگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) موتی کھانا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ ہنس موتی کھاتا ہے (۲) (کنایۃً) دولت مند ہونا۔

موتی چُور (اُر۔ صف) چمکیلا۔ آب دار۔ چمک دار۔ موتیوں کے چُورے کی طرح چمک دار (۲) آنکھوں کی تعریف میں مستعمل ہے (۳) ایک قسم کی مٹھائی جس میں گول ٹکیاں ہوتی ہیں (۴) کابلی کبوتر کی چمکدار آنکھیں۔

موتی چُور کے لڈّو (اُر۔ ا۔ مذ) ایک قسم کے لڈّو جن کے دانے موتی کے برابر ہوتے ہیں۔

موتی چُور کی زنجیر (اُر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی خاص زنجیر۔

موتی چھیدنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے موتی بیندھنا۔

موتی خاک میں رولنا (اُر۔ محاورہ) اچھی چیز کی بے قدری کرنا۔

موتی رولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) موتیوں کو سمیٹ کر جمع کرنا (۲) خوب روپیہ کمانا۔ دولت گھسیٹنا۔ مُفت کا مال اُڑانا۔

موتی سی آبرُو (اُر۔ ا۔ مث) وہ آبرُو جو بے عیب ہو۔

موتی سی آبرُو پر پانی پھر جانا (پانی پھرنا) (اُر۔ محاورہ) عزّت دار آدمی کا بے عزّت ہو جانا۔

موتی سے مانگ بھرنا (اُر۔ محاورہ) مانگ کے بالوں میں موتی پرونا۔

موتی کا ٹھنڈا ہونا (اُر۔ محاورہ) موتی ٹوٹ جانے یا خراب ہو جانے کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔

موتی کا چُونا (اُر۔ ا۔ مذ) جلے ہوئے موتیوں کا سفوف جو اُمیر لوگ پان میں بطور چونے کے اِستعمال کرتے ہیں۔

موتی کُوٹ کُوٹ کر بھرنا (اُر۔ محاورہ) نہایت خوبصورت بنانا۔

موتی کُوٹ کُوٹ کر بھرے ہیں (اُر۔ محاورہ) نہایت چمکدار اور خوب صورت ہیں۔ (خوب صورت آنکھوں کے لئے اِستعمال ہوتا ہے)۔

موتی کی آب (اُر۔ ا۔ مث) موتی کی چمک۔

موتی کی سی آب اُتر جانا (اُر۔ محاورہ) عزّت جاتی رہنا۔

موتی کی سی آبرُو (اُر۔ ا۔ مث) دیکھئے موتی سی آبرُو۔

موتی کی سیپی (اُر۔ ا۔ مث) وہ سیپی جس میں موتی پیدا ہوتا ہے۔

موتی کی لڑی (اُر۔ ا۔ مث) (۱) موتی کی مالا۔ موتیوں کا ہار۔ سِلکِ مروارید (۲) (کنایۃً) چمک دار دانتوں کی قطار۔

موتی کے ساتھ تولنا (اُر۔ محاورہ) موتیوں کے ہم وزن اور ہم پلّہ سمجھنا۔ بڑی قدر اور عزّت کرنا۔

موتی گرجنا (اُر۔ محاورہ) موتی کا تڑکنا۔

موتی محل (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) موتیوں کا بنا ہوا محل (۲) ایک خوبصورت محل جو لال قلعہ دہلی میں سنگِ سُرخ اور سنگِ مَرمَر کا بنا ہوا ہے۔

موتی مسجد (اُر۔ ا۔ مث) سنگِ مَرمَر کی خوبصورت مسجد۔

موتیا (مو۔ تِ۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) موتی کی مانند (۲) (ہ۔ ا۔ مذ) بیلے کی ایک عُمدہ قسم (۳) آنکھ کی ایک بیماری (۴) ہلکا زرد رنگ (۵) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی چیچک جس میں سُرخ پھنسیاں نکل آتی ہیں۔

موتیا بند (ہ۔ ا۔ مذ) آنکھ میں پانی اُتر آنے کا مرض جس سے بینائی جاتی رہتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

موتیا دانت (ہ۔ا۔مث) نہایت خوش نما دانت۔

موتیوں (ہ۔ا۔مذ) موتی کی جمع۔

موتیوں سے مُنہ بھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خوش گفتاری یا خوش خبری کے انعام میں مُنہ موتیوں سے بھر دینا (یہ اگلے بادشاہوں کا دستور تھا) (۲) مالا مال کر دینا۔ بخشش سے نہال کر دینا۔

موتیوں کا جھالا (اَر۔ا۔مذ) کان کا ایک زیور جس میں کثرت سے موتی ہوتے ہیں۔

موتیوں کا مینہ برسنا (اَر۔ محاورہ) موتیوں کی اِفراط۔

موتیوں کا نوالہ (اَر۔ا۔مذ) تر مال۔ نہایت عُمدہ غذا۔

موتیوں میں تولنا (اَر۔ محاورہ) موتیوں کے ہم وزن سمجھنا۔ نہایت عزّت دار جاننا۔ بہت قدر و منزلت کرنا۔

موتیوں میں لَدنا (اَر۔ محاورہ) موتیوں کا زیور کثرت سے پہنے ہونا۔

موٹ (ق۔ا۔مث) رَسّی۔

موٹ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک غلہ۔ موٹھ (۲) گٹھڑی۔ پوٹلی۔ بستہ۔ بقچی (۳) چرس۔ چڑے کا بڑا ڈول۔

موٹا (مو۔ٹا) (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) لحیم و شحیم۔ فربہ۔ تنومند۔ تیّار (۲) گاڑھا۔ دبیز (۳) اونیٰ درجے کا (۴) سخت ناگوار۔ فحش (۵) مضبوط۔ قوی۔ ہٹا کٹا (۶) جلی۔ خفی کا نقیض۔

موٹا اناج (ہ۔ا۔مذ) جُوار۔ باجرا۔ مکا وغیرہ۔ غریبوں کے کھانے کا سستا اَناج۔

موٹا پن (ہ۔ا۔مذ) فربہی۔ تنومندی۔

موٹا تازہ (اَر۔صف) لحیم و شحیم۔ تندرست۔ توانا۔ تیّار۔ فربہ۔

موٹا جھوٹا (اَر۔صف) ادنیٰ قسم کا۔ گھٹیا۔

موٹا جھوٹا پہننا (کھانا) (اَر۔ محاورہ) غریبانہ گُزارہ کرنا۔

موٹا دِکھائی دینا (اَر۔ محاورہ) کم نظر آنا۔ صاف نہ دِکھائی دینا۔

موٹا سا طوفان (اَر۔ا۔مذ) بڑا بھاری اِلزام۔ بہتانِ عظیم۔

موٹا قلم (اَر۔ا۔مذ) (۱) جلی خط۔ بڑے بڑے حرف (۲) جلی قلم۔ وہ قلم جس سے موٹے حرف لکھے جائیں۔

موٹا کام (اَر۔ا۔مذ) باریک کام کی ضِد۔ وہ کام جس میں زیادہ غور و فکر اور عقل کی ضرورت نہ ہو۔

موٹر (Motor) (انگ۔ا۔مث) بگھی نما گاڑی جو پٹرول سے چلتی ہے۔ کار (۲) توانائی پیدا کرنے والی مشین۔

موٹھ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) موٹ۔ ایک قسم کا غلّہ۔

مُوٹھ (واو معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) دستہ۔ قبضہ۔ گرفت (۲) مُٹھی۔ مُشت (۳) جادو۔ سحر۔ ٹونا۔ منتر۔

مُوٹھ چلانا (اَر۔ محاورہ) جادُو کرنا۔ منتر پھونکنا۔

مُوٹھ کرنا (اَر۔ محاورہ) بٹیروں کو مُٹھی میں رکھ کر تیار کرنا اور سدھانا۔

مُوٹھ مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کبوتر کو مُٹھی سے پکڑ لینا (۲) مُٹھی بھر لینا (۳) جادُو چلانا۔ منتر کرنا۔

موٹھڑا (موٹھ۔ڑا) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا موٹا سُوتی دھاری دار کپڑا (۲) نُقرئی یا طلائی کام جو تلوار یا کٹار پر بنا ہوتا ہے۔

مُوٹھی (ق۔ا۔مث) مُٹھی۔

موٹی (مو۔ٹی) (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) موٹا کی تانیث۔ فربہ عورت (۲) گاڑھی۔ غلیظ۔ دبیز (۳) فحش۔ سخت (۴) مضبوط۔ قوی۔

موٹی اسامی (اَر۔ا۔مث) دولت مند آدمی۔ مالدار۔ دھنی۔

موٹی بات (موٹی سی بات) (اَر۔ا۔مث) سیدھی بات۔ صاف بات۔ عام فہم، صریح بات۔

موٹی گالی (اَر۔ا۔مث) فحش گالی۔ سخت گالی۔

مُؤَثِّر (مُ۔اَث۔ثِر) (ع۔صف فاعل) تاثیر کرنے والا۔ اثر کرنے والا۔ کارگر۔

مُوَثَّق (مُ۔اَث۔ثق) (ع۔صف) پکّا۔ مضبوط۔

مَوج (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) (۱) لہر۔ ترنگ۔ تلاطم (۲) اُمنگ۔ جوش۔ ولولہ۔ طبیعت کی خوشی (۳) خیال۔ وہم (۴) کثرت۔ اِفراط۔ بُہتات۔ فراغ۔ جمع: اَمواج۔ اُردو جمع: موجوں۔ موجیں۔

موج آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لہر آنا۔ ترنگ اُٹھنا (۲) شادابی اور سرسبزی ہونا (۳) خیال آجانا۔ دُھن بندھنا۔

موج اُمنڈنا (اَر۔ محاورہ) (۱) لہر کا زور سے اُٹھنا (۲) دل میں جوش اور ولولہ پیدا ہونا۔

موج بوریا (حصیر) (ع۔ف۔ا۔مث) وہ خطوط اور نشانات جو بوریے یا چٹائی کی بناوٹ میں ہوتے ہیں۔

موج پر ہونا (اَر۔ محاورہ) خوشی میں ہونا۔ ترنگ میں ہونا (۲) زوروں پر ہونا۔

موجِ تبسّم (ع۔ا۔مث) وہ لکیری جو مُسکراتے وقت ہونٹوں پر نمودار ہوتی ہے (۲) مُسکراہٹ۔

موج خیز (ع۔ف۔صف) لہریں مارنے والا۔ طوفان اُٹھانے والا۔

موجِ ریگ (ع۔ف۔ا۔مث) نہر کی سی شکلیں جو ہوا چلنے سے ریت میں پیدا ہو جاتی ہیں۔

موج زن (ع۔ف۔صف) ٹھاٹھیں مارنے والا۔ موجیں مارنے والا۔

موجِ سراب (ع۔ف۔ا۔مث) ریگستان میں جو لہریں ریت میں ہوا کے چلنے سے پیدا ہو جاتی ہیں۔ نیز دیکھیے موجِ ریگ۔

موج کرنا (اَر۔ محاورہ) مزے اُڑانا۔ عیش و آرام کرنا۔

موج مارنا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے موجیں مارنا۔

موج میں آنا (اَر۔ محاورہ) ترنگ میں آنا۔ لہر میں آنا۔ مزے میں آنا۔

موجِ نسیم (ع۔ف۔ا۔مث) ہوا کا جھونکا۔

مُوجِب (مُو۔جب) (ع۔صف) (۱) واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا (۲) (ا۔مذ) فرض۔ واجب (۳) سبب۔ باعث۔ وجہ۔ عِلّت (۴) موافق۔ لائق۔ جمع: مُوجبات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُوجِبَہ (مُو۔جِ۔بَہ) (ع۔صف) مُوجب کی تانیث (۱) اِقراری۔ اِثباتی۔ مُثبت (۲) ضروری چیز۔

مُوجِد (مُو۔جِد) (ع۔صف۔وا۔مذ) اِیجاد کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔ بانی۔ بِنا ڈالنے والا۔ جمع: مُوجِدین۔ اُردو جمع: مُوجِد۔ مُوجِدوں۔

مُوجَز (مُو۔جَز) (ع۔صف) (۱) مُختصر (۲) خُلاصہ۔ اِنتخاب۔ اِختصار۔

مُؤَجَّل (مُ۔اَج۔جَل) (ع۔صف) مُہلت دیا گیا۔ فرصت دیا گیا۔ کسی وقت پر موقوف رکھا گیا۔

مَوجُود (مَو۔جُود) (ع۔صف) (۱) وجود کیا گیا۔ پیدا کیا گیا (۲) حاضر۔ سامنے۔ رُوبرُو (۳) اب۔ اِس وقت (۴) تیار۔ مہیا۔ مستعد (۵) قائم۔ برقرار (۶) حاصل۔ میسّر۔ دستیاب (۷) پاس۔ جمع: موجُودات۔

موجُود رہنا (اَر۔ محاورہ) پاس رہنا۔ حاضر رہنا۔ سامنے رہنا۔ برقرار رہنا۔

موجُود فی الخارج (ع۔صف) جو خارج یا ظاہر میں موجود ہو۔ خیالی نہ ہو۔

موجُود کر دینا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) حاضر کرنا۔ رُوبرُو کرنا۔ پیش کرنا (۲) پیدا کرنا (۳) مہیا کرنا۔ بہم پہنچانا (۴) آمادہ کرنا۔ مُستعد کرنا۔

مَوجُودات (مَو۔جُو۔دات) (ع۔اِ۔مث) موجود کی جمع (۱) وہ کُل چیزیں جو خُدا نے پیدا کی ہیں۔ کائنات۔ مخلوقات۔

موجُوداتِ خارجی (ع۔ف۔اِ۔مث) وہ چیزیں جو محض ذہن میں نہیں بلکہ خارجی طور پر موجود ہیں۔

موجودات لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) حاضری لینا۔ گنتی لینا۔ شمار کرنا۔ مُعاینہ کرنا۔ پڑتال کرنا (۲) حساب لینا۔ جائزہ لینا۔ مال و اثاثہ دیکھنا بھالنا۔

مَوجُودگی (مَو۔جُو۔دَ۔گی) (ف۔اِ۔مث) حاضری۔ حضوری۔

موجودگی میں (اَر۔صف) سامنے۔ رُوبرُو۔

مَوجُودَہ (مَو۔جُو۔دَہ) (ع۔صف) حال کا۔ اَب کا۔ حاضر۔ اِس وقت کا۔

مُوَجَّہ (مُ۔وَج۔جَہ) (ع۔صف) (۱) پسندیدہ۔ مرغوب۔ خُوب۔ عُمدہ (۲) قابل (۳) معقول۔ مُدلّل۔

مَوجِہ (مَو۔جِہ) (ف۔اِ۔مذ) دیکھئے موج۔

مَوجی (مَو۔جی) (اَر۔صف) لہری۔ آزادطبع۔ ظریف۔

موجی بندہ (اَر۔صف) آزادطبع آدمی۔ دِل کا بادشاہ۔ خوش مزاج۔

موجی جیوڑا (اَر۔صف) آزادمنش۔ دِل کی خوشی کا تابع۔ خوش رہنے والا۔

مَوجیں (یائے مجہول) (اَر۔اِ۔مث) موج کی جمع۔

موجیں اُڑانا (اَر۔ محاورہ) (۱) پانی کی لہر اُڑانا (۲) عیش کرنا۔

موجیں دِکھانا (اَر۔ محاورہ) جوش اور ولولہ ظاہر کرنا۔ زور دکھانا۔

موجیں کرنا (اَر۔ محاورہ) خوشیاں منانا۔ مزے اُڑانا۔ عیش کرنا۔

موجیں مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زور سے بہنا۔ لہریں مارنا (۲) عیش کرنا۔

موچ (واو مجہول) (ہ۔اِ۔مث) (۱) کجی۔ لچک (۲) کسی عضو کا مُڑ جانا یا کھنچ جانا۔ زیادہ تر پاؤں کے لئے مستعمل ہے۔

موچ آنا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا بے موقع پڑ جانے سے مُڑ جانا۔

موچا (مو۔چا) (واو مجہول) (ہ۔اِ۔مذ) (۱) کیلے کا درخت (۲) کونپل۔

موچرس (موچ۔رَس) (واو مجہول) (ہ۔اِ۔مث) سیمل کے درخت کا گوند جو بطور دوا مستعمل ہے۔

موچری (موچ۔ری) (واو مجہول) (ہ۔اِ۔مث) جوتی۔ جوتا۔

موچن (مو۔چَن) (ہ۔اِ۔مث) موچی کی تانیث۔

موچنا (موچ۔نا) (واو مجہول) (اَر۔اِ۔مذ) بال اُکھاڑنے کا آلہ۔ بال چُننے کا اوزار۔

مُوچھ (مُونچھ) (واو معروف) (نُون غُنّہ) (ہ۔اِ۔مث) ہونٹوں کے اُوپر کے بال۔ بُرُوت۔ جمع: موچھوں۔ موچھیں۔

مُوچھ کا بال (اَر۔اِ۔مذ) مُقرّب اور بارُسوخ آدمی۔ ناک کا بال۔

مُوچھ مروڑا (اَر۔اِ۔مذ) موچھوں پر تاؤ دینے والا۔ بہادری جتانے والا۔ شیخی باز۔

مُوچھ مروڑا روٹی توڑا (اَر۔مثل) اُس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی مُفت کی روٹی کھائے اور شیخی بگھارتا پھرے۔

مُوچھ مُنڈا (اَر۔صف) جس کی موچھیں مُنڈی ہوئی ہوں۔

مُوچھاکڑا (مُو۔چھاک۔ڑا) (ہ۔صف) بڑی بڑی مُونچھوں والا۔

مُوچھاں (ق۔اِ۔مث) مُوچھ کی جمع۔ مُوچھیں۔

مُوچھندر (مُو۔چھن۔دَر) (ہ۔صف) دیکھئے مچھندر۔

مُوچھیل (مُو۔چھیل) (ہ۔صف) بڑی بڑی مونچھوں والا۔

مُوچھوں (ہ۔اِ۔مث) مُوچھ کی جمع۔

مُوچھوں پر تاؤ دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُوچھوں کے بالوں کو بَل دینا (۲) غرور سے یا غُصے کی حالت میں موچھیں مروڑنا۔

مُوچھوں سے چنگاریاں نکلنا (اَر۔ محاورہ) نہایت غصیل ہونا۔ بہت غضب ناک ہونا۔

مُوچھوں کا گونڈا (اَر۔اِ۔مذ) وہ نیاز جو عورتیں لڑکوں کی مَسیں بھیگنے پر دِلاتی ہیں۔

مُوچھیں (یائے مجہول) (ہ۔اِ۔مث) مُوچھ کی جمع۔

مُوچھیں اُکھڑوا دینا (اُکھڑوانا) (اَر۔ محاورہ) سزا کے طور پر مُجرم کی مُونچھیں نُچوا دینا۔

مُوچھیں چڑھانا (اَر۔ محاورہ) موچھوں کو بَل دے کر اُوپر کی طرف اُٹھا دینا۔

مُوچھیں منڈوانا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُوچھوں پر اُسترہ پھروانا (۲) اپنی غلطی ماننا۔ ہار تسلیم کرنا۔ جوش میں آکر کہتے ہیں کہ ایسا نہ ہوا تو موچھیں مُنڈوا دوں گا۔

مُوچھیں نیچی کر لینا (اَر۔ محاورہ) زبردست کے مُقابلے میں شیخی اور اکڑ فوں چھوڑ دینا۔

موچی (مو۔چی) (واو مجہول) (ہ۔اِ۔مذ) چمڑا سینے والا۔ چرم دوز۔ جوتے بنانے والا۔ جمع: موچی۔ موچیوں۔

موچی کے موچی ہی رہے (اَر۔مثل) کوئی ترقی نہیں کی۔ جیسے تھے ویسے ہی رہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

موچی موچی لڑیں سرکار کا زین ٹوٹے (اَر۔مثل) لڑے کوئی اور نُقصان کسی کا ہو۔

مُوَحِّد (مُ۔وَح۔حِد)(ع۔صف)(۱) خُدا کو ایک ماننے والا (۲) پکّا مُسلمان۔ سچّا مُسلمان۔ جمع: مُوَحِّدِین۔

مُوَحِّدانَہ (مُ۔وَح۔حِ۔دا۔نَہ)(ع۔ف۔صف) مُوحدوں کی طرح۔ خُدا کو ایک ماننے والوں کی مانند۔

مُوَحِّش (مُ۔وَح۔حِش)(ع۔صف) وحشت میں ڈالنے والا۔ غمگین کرنے والا۔ فکر مند بنانے والا۔ وحشت انگیز۔

مُؤخَّر (مُ۔اَخ۔خَر)(ع۔صف) آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ آخری۔ اَخیر کا۔

مُؤخَّرُالذِّکر (مُ۔اَخ۔خَ۔رُذ۔ذِکر)(ع۔صف) جس کا ذکر بعد میں آئے۔

مُؤَدَّب (مُ۔اَد۔دَب)(ع۔صف مفعولی) اَدب سِکھایا گیا۔ شائستہ۔ مُہذّب۔ تہذیب یافتہ۔

مُؤَدِّب (مُ۔اَد۔دِب)(ع۔صف فاعلی) اَدب سِکھانے والا۔ اَتالیق۔ اُستاد۔

مُؤدِّبانَہ (مُ۔اَد۔دِ۔با۔نَہ)(ع۔ف۔ تابع فعل) اَدب سے۔ تہذیب کے ساتھ۔ شائستگی سے۔

مُوَدَّت (مُ۔وَد۔دَت)(ع۔ا۔مث) پیار۔ محبّت۔ دوستی۔

مَوْدُود (مَو۔دُود)(ع۔صف) جسے دوست بنایا گیا ہو۔ محبوب۔ دوست۔ آشنا۔

مودھو (مو۔دُھو)(ہ۔صف) اَحمق۔ بے وقوف۔ سیدھا سادہ۔ مُورکھ۔ نادان۔

مودی (مو۔دی)(واو مجہول)(س۔ا۔مذ) اَناج کا سوداگر۔ غلّہ بیچنے والا۔ بقال (۲) وہ بنیا جس کی دُکان سے اُدھار کا لین دین ہو (۳) سامانِ رسد کا داروغہ۔

مودی پنا کرنا (اَر۔محاورہ) کنجُوسی کرنا۔

مودی خانہ (ہ۔ف۔ا۔مذ) گودام گھر۔ ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ اَناج وغیرہ رکھنے کا کمرا۔

مُوڈ (Mood) (انگ۔ا۔مذ) کیفیتِ مزاج۔ رنگ۔ حالت۔

مُؤذِّن (مُ۔اَذ۔ذِن)(ع۔صف۔مذ) اذان دینے والا۔ بانگی۔ جمع: مُؤذّنین۔ اُردو جمع: مُؤذّن۔ مُؤذّنوں۔

مُوذِی (ع۔صف) ایذا دینے والا۔ تکلیف پہنچانے والا۔ ستانے والا (۲) جابر۔ ظالم (۳) شریر۔ بدذات (۴)(مجازاً) بخیل۔ کنجوس۔ اُر جمع: مُوذی۔ مُوذیوں۔

موذی (پن) پنا (اَر۔ا۔مذ)(۱) ایذا رسانی۔ تکلیف دہی (۲) شرارت۔ شوخی (۳) بخل۔ کنجوسی۔

مُوذی کا چنگل (اَر۔ا۔مذ) زبردست کا پنجہ۔ ظالم کی گرفت۔

مُوذی کا مال (اَر۔ا۔مذ) مالِ مُوذی۔ ظالم کا مال۔ کنجوس کا مال۔

مُوذی کا مال سب کو حلال (اَر۔مثل) ظالم یا کنجوس کا مال جس کے ہاتھ لگ جاتا ہے اُڑا لیتا ہے۔

مُوذی کا مال نکلے پھوٹ کر کھال (اَر۔مثل) ظلم سے حاصل کیا ہوا مال کسی کو پچ نہیں سکتا۔

مُوذی کو نماز چھوڑ کر ماریئے (اَر۔مثل) ایذا دینے والے کو ہر حالت میں مار ڈالنا چاہیے۔

مَور (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مذ)(۱) آم کا پھول۔ بور (۲) تاج۔ کلغی (۳) کلی۔ شگوفہ۔

مور آنا (اَر۔محاورہ) آم کے درخت میں شگوفے آنا۔ بور آنا۔

مور (واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) طاؤس۔ ایک خوبصورت رنگین پروں والا تیتر اور بٹیر کے خاندان کا ایشیائی پرندہ۔ جمع: مور۔ موروں۔

مورپنکھی (اَر۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی جو مور کی شکل کی ہوتی ہے (۲) مور کے پروں کا پنکھا (۳) ایک قسم کی پنکھیا جو کھولنے سے مور کے پروں کی مانند گول ہو جاتی ہے (۴) ایک گھاس کا نام۔

مورچال (اَر۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کی ورزش جس میں ہاتھ زمین پر رکھ کر اور پاؤں اُوپر کر کے چلتے ہیں (۲) مور کا ناچ (۳) مستانہ چال (۴) خندق۔

مورچنگ (اَر۔ا۔مذ) ایک ساز۔

مورچھل (اَر۔ا۔مذ) موروں کے پروں کا چنور۔

مور کا چنگھاڑنا (کوکنا) (اَر۔محاورہ) مور کا بولنا۔

مور کی سی گردن (اَر۔ا۔مث) صُراحی دار گردن۔ خوبصورت اور لمبی گردن۔

مورمکٹ (ہ۔ا۔مذ) مور کی کلغی۔

مور ناچتا ہے 'جب اپنے پاؤں دیکھتا ہے' رو دیتا ہے (اَر۔مثل) خوبصورت آدمی کے لئے ذرا سا عیب بھی بُرا معلوم ہوتا ہے۔

مور (واو مجہول)(ف۔ا۔مث) چیونٹی۔

مور بال دار (ف۔ا۔مث) پردار چیونٹی۔

مور خور (ف۔ا۔مذ) ایک پستانیہ چوپایہ جو صرف چیونٹیاں کھاتا ہے۔ (Ant Eater)۔

مور و ملخ (ف۔ا۔مث) چیونٹی اور ٹڈی (۲)(صف) بے شمار۔ اَن گنت۔

مُور (Moors) (انگ۔ا۔مذ) شمالی افریقہ کے بربر قبائل جنہوں نے اسپین فتح کیا تھا۔ اہلِ روم انہیں ماؤری کہتے تھے۔ ہسپانوی زبان میں یہ لفظ مورو بنا اور انگریزی میں مُور۔

مورال (Morale) (انگ۔ا۔مذ) حوصلہ۔ ہمت۔

مُورت (مُو۔رَت)(اَر۔ا۔مث) صورت۔ بُت۔ پتھر یا دھات کی بنی ہوئی شبیہ۔ پُتلی۔

مُورتی (مُور۔تی)(س۔ا۔مث) بُت۔ صنم۔ پُتلی۔

مُورتی پوجن (ہ۔ا۔مث) بُت پرستی۔ بُتوں کی پُوجا۔

مُورِث (مُو۔رِث)(ع۔صف۔وا۔مذ) وارث کرنے والا۔ وہ شخص جس سے ورثہ ملا ہو۔

مورثِ اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) سب سے بڑا مُورث۔ سب سے بڑا مربّی یا بُزرگ جس سے ورثہ ملا ہو۔ جدِّ اعلیٰ۔ وہ پہلا شخص جس کا ورثہ اُس کی اولاد کو ملے۔

مورچا (مور۔چا)(واو مجہول)(اَر۔ا۔مذ) وہ گڑھا جو قلعے کے چاروں طرف کھودتے ہیں۔ خندق۔ کھائی (۲) وہ خندق جو لڑائی کے لئے کھودتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جمع: مورچوں۔ مورچے۔

مورچا اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) لڑنے والی فوج کا اپنی جگہ سے چلا جانا۔

مورچا باندھنا (مورچا بندی کرنا) (اُر۔ محاورہ) خندق کھودنا۔ لڑائی کے لئے دُھس تیار کرنا۔

مورچا توڑنا (اُر۔ محاورہ) مورچا درہم برہم کرنا۔ مورچا قائم نہ رہنے دینا۔

مورچا جیتنا (اُر۔ محاورہ) دُشمن کے مورچے پر قبضہ کرلینا۔

مورچا (لینا) مارنا (اُر۔ محاورہ) دُشمن کے مورچے پر قبضہ کرلینا۔

مورْچہ (مور۔چہ) (واو مجہول) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) زنگ۔ زنگار۔ پھپھوندی (۲) مور (چیونٹی) کی تصغیر۔

مورچہ دوڑنا (اُر۔ محاورہ) زنگ لگنا۔ پھپھوندی لگنا۔

مورچے (اُر۔ اِ۔ مذ) (۱) مورچہ (ف) کی جمع (۲) مورچہ کی مُغیّرہ صورت۔

مورچے کا کھاجانا (اُر۔ محاورہ) زنگ لگ کر کوئی چیز خراب ہوجانا۔

مورچے (اُر۔ اِ۔ مذ) (۱) مورچا (اُر) کی جمع (۲) مورچا کی مُغیّرہ صورت۔

مورچے پر جانا (اُر۔ محاورہ) لام پر جانا۔ جنگ کے لئے روانہ ہونا۔

مورچے پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نشانے پر رکھنا (۲) مُقابلے پر رکھنا۔ سامنے رکھنا (۳) موت کے مُنہ میں بھیجنا۔

مُوَرِّخ (مُو۔ اَر۔ رِخ) (ع۔ اِ۔ مذ) تاریخ لکھنے والا۔ تاریخ نگار۔ جمع: مُورِّخین۔

مُوَرِّخانہ (مُو۔ اَر۔ رِ۔ خا۔ نہ) (ف۔ صف) تاریخ لکھنے والوں کی طرح۔

مُوَرَّخہ (مُ۔ اَر۔ رَ۔ خہ) (ع۔ صف) تاریخ دیا گیا۔ لکھا ہوا۔ مرقومہ۔

مُوَرَّد (مُ۔ اَر۔ رَد) (اُر۔ صف) غیر زبان کا لفظ جسے اُردو بنا لیا گیا ہو۔

مُورِد (مُو۔ رِد) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) اُترنے 'پہنچنے' آنے 'ٹھہرنے کی جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے کوئی گُزرے (۲) تالاب۔ جوہڑ۔ چشمہ۔ آدمیوں اور حیوانوں کے پانی پینے کی جگہ۔ جمع: مُوارِد۔

مُورِدِ اِلزام (ع۔ صف) جس پر کوئی اِلزام وارد ہو۔ مُلزم۔

مُورِدِ عنایات (لطف۔ کرم) (ع۔ اِ۔ مذ) وہ شخص جس پر عنایت اور لُطف وکرم کیا جائے۔

مُورَکھ (بسکونِ را) (س۔ صف) اَحمق۔ بے وقوف۔ گھامڑ۔ نادان۔ ناواقف۔ جاہل۔ (اُردو میں بفتحِ را مستعمل ہے)۔

مُورکھ پن (ہ۔ اِ۔ مذ) حماقت۔ بے وقوفی۔

مُورکھ کی ساری رَین چاتر کی ایک گھڑی (اُر۔ مثل) بے وقوف جس کام کو رات بھر میں نہیں کرسکتا عقل مند اُسے ذرا سی دیر میں کرلیتا ہے یا بے وقوف کی صحبت سے رات بھر میں فائدہ حاصل نہیں ہوتا جو عقل مند سے ایک گھڑی میں ہوجاتا ہے۔

مورْنی (مور۔نی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) مور کی مادہ (۲) عورتوں کے کان کا ایک زیور۔

مُورُوث (مُو۔ رُوث) (ع۔ صف) (۱) وارث کیا گیا (۲) ورثہ میں ملا ہوا۔

مُورُوثی (مُو۔ رُو۔ ثی) (ع۔ صف) باپ دادا کا۔ جدی پُشتی۔

موری (مو۔ ری) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) نالی۔ بدررو۔ پانی کے نکاس کا راستہ (۲) مُنہ۔ دہانہ۔ سُوراخ (۳) پاجامے کا پائنچہ۔ جمع: موریاں۔ موریوں۔

موری پر جانا (ہ۔ محاورہ) پیشاب کرنے جانا۔

موری چھوٹنا (ہ۔ محاورہ) (کنایۃً) پیٹ چلنا۔ دست آنا۔

موری کا کیڑا (ہ۔ اِ۔ مذ) (۱) گندی نالی کا کیڑا (۲) (کنایۃً) وہ بچّہ جو پیدا ہوتے ہی مرجائے۔

موری کا کیڑا موری میں خوش رہتا ہے (اُر۔ مثل) جو گندگی میں پلا بڑھا ہو اُسے گندگی ہی میں رہنا اچھا معلوم ہوتا ہے۔

موری کی اینٹ چوبارے چڑھی (اُر۔ مثل) کمینے کو اعلیٰ رُتبہ ملا۔

موری میں پتھر پھینکو گے تو چھینٹیں اُڑیں گی (اُر۔ مثل) گندے معاملے میں پڑو گے تو بدنامی ہوگی۔

موڑ (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) گھماؤ۔ وہ جگہ جہاں سے راستہ مُڑے۔ راہ کی کجی یا پھیر (۲) پھیر۔ چکّر۔ پیچ۔ خم۔ جمع: موڑ۔ موڑوں۔

موڑ توڑ (اُر۔ اِ۔ مذ) چکّر۔ پھیر۔ گھماؤ۔

موڑ دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) پھیر دینا۔ واپس کرنا (۲) جُھکا دینا (۳) ہٹا دینا۔ ایک طرف سے دُوسری طرف رُخ پھیر دینا۔

موڑ کا آزار (اُر۔ اِ۔ مذ) بواسیر کا مرض۔

موڑ کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُڑ جانا۔ واپس ہوجانا (۳) شکست کھانا۔

موڑنا (موڑ۔نا) (واو مجہول) (ہ۔ مص) (۱) پھیرنا۔ گھمانا۔ چکّر دینا (۲) بَل دینا (۳) واپس کرنا۔ لوٹانا (۴) اُلٹا پھیرنا۔ واپس لانا (۵) رُخ بدلنا۔

مُوڑھ (ہ۔ صف) بے وقوف۔ نادان۔ جاہل۔

موڑھا (مو۔ ڑھا) (واو مجہول) (ہ۔ اِ۔ مذ) سرکنڈے کی بنی ہوئی کُرسی۔ مونڈھا۔

مَوز (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ اِ۔ مذ) کیلے کی پھلی۔

مَوزُوں (مَو۔ زُوں) (ع۔ صف) (۱) اچھا ہوا۔ تُلا ہوا۔ زیبا۔ پھبتا ہوا۔ لائق۔ مُناسب۔ واجب۔ ٹھیک۔ دُرست (۲) وہ شعر جس کی بحر وغیرہ بالکل دُرست ہو (۳) مقبول۔ پسندیدہ۔

موزوں طبع (ع۔ ف۔ صف) وہ شخص جس کی طبیعت موزوں ہو۔ وہ شخص جو شعر کہہ سکتا ہو خواہ شاعر نہ ہو۔

موزوں طبعی (ع۔ ف۔ اِ۔ مث) طبیعت کا موزوں ہونا۔

موزوں کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شعر کو وزن اور بحر سے دُرست کرنا (۲) ٹھیک کرنا۔ دُرست کرنا۔

موزوں ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) شعر کا وزن اور بحر دُرست ہونا (۲) ٹھیک ہونا۔ دُرست ہونا۔

مَوزُونِیّت (مَو۔ زُو۔ نی۔ یت) (ع۔ اِ۔ مث) پسندیدگی۔ سنجیدگی۔ زیبائش۔ پھبن۔

موزہ (مو۔ زہ) (واو مجہول) (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) جُراب۔ چمڑے کی جُراب (۲) بُوٹ۔ اُردو جمع: موزوں۔ موزے۔

موزہ ساز (ف۔ صف) جُوتے بنانے والا۔ موچی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

موزہ گیر (ف۔ا۔مذ) وہ گھوڑا جو اپنے سوار کی ٹانگ کو کاٹے یا موزے پر مُنہ مارے۔

موزے (اُر۔ا۔مذ) موزہ کی جمع (۲) موزہ کی بدلی ہوئی صورت بحالتِ اِمالہ۔

موزے کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ (موزے کا گھاؤ میاں جانے یا پاؤں) (اُر۔مثل) اپنی تکلیف اِنسان آپ ہی خوب جانتا ہے۔ اَندرونی معاملات کو دُوسرا نہیں جان سکتا۔

مُوسا (مُو۔سا)(ہ۔ا۔مذ) خالو۔

مُوسا (مُو۔سا)(ہ۔ا۔مذ) چوہا۔

موساکنی (ہ۔ا۔مث) ایک خوشبودار گھاس جس کے پتے چوہے کے کان کی طرح ہوتے ہیں۔

مُوسائی (مُو۔سا۔ئی)(ع۔صف) حضرت موسیٰ کا پیرو۔ یہودی۔

مُوسَر (مُو۔سَر)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے مُوسَل۔

مُوسْرا (مُوس۔را)(ہ۔ا۔مذ) چوہا۔

مُوسْری (مُوس۔ری)(ہ۔ا۔مث) چوہیا۔

مُؤَسِّس (مُ۔اَس۔سِس)(ع۔صف) بُنیاد رکھنے والا۔ بانی۔

مُؤَسَّسَہ (مُ۔اَس۔سَ۔سَہ)(ع۔ا۔مذ) وہ اِدارہ جو کسی خاص مقصد یا فلاحی مقصد کے لئے قائم کیا گیا ہو۔ وہ سرمایہ جو خاص مقصد کے لئے وقف کیا گیا ہو۔ (Foundation)۔

مُوس کے کھا جانا (اُر۔محاورہ) کسی کا مال دغا و فریب سے کھا جانا۔ ٹھگ کر یا لوٹ کر کھا جانا۔

مُوس کے کھک کر دینا (اُر۔محاورہ) لُوٹ لُوٹ کر فقیر بنا دینا۔ دغا سے مال لے کر محتاج کر دینا۔

مُوسَل (مُو۔سَل)(ہ۔ا۔مذ) اَناج کُوٹنے کا آلہ۔ جمع: مُوسَل۔ مُوسلوں۔

مُوسْلا (مُوس۔لا)(ہ۔ا۔مذ) (۱) مُوسَل کی تصغیر (۲) چھڑی۔ چھڑی (۳) جریب۔ عصا (۴) پچکاری کی ڈنڈی (۵) جڑ۔

مُوسلا دھار (ہ۔صف) وہ مینہ جو دیر تک زور سے برسے۔

مُوسلا دھار برسنا (پڑنا) (اُر۔محاورہ) بہت زور سے بارش ہونا۔ چھاجوں مینہ برسنا۔

مُوسلوں ڈھول بجانا (ہ۔محاورہ) پکار پکار کے کسی بات کی تشہیر کرتے پھرنا۔ زور و شور سے اعلان کرنا۔

مُوسْلی (مُوس۔لی)(ہ۔ا۔مث)(۱) جڑ۔ بیخ۔ اصل (۲) مُوسَل کی تصغیر۔

مَوسِم (مَو۔سِم)(ع۔ا۔مذ) کسی مقام کے خاص وقت یا خاص مُدّت میں درجہ حرارت، ہوا کے رُخ اور بارش کے اثر سے پیدا ہونے والی کیفیت (۲) وقت۔ سال (۳) زمانہ (۴) رُت۔ فصل۔ اُردو جمع: موسم۔ موسموں۔

موسمِ بہار (ع۔ا۔مذ) بہار کا زمانہ۔ پھاگن۔ مارچ کا مہینا۔

موسمِ خزاں (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) پت جھڑ کا موسم۔ خریف (۲) پیری۔ بُڑھاپا۔ زوال کا زمانہ۔ ڈھلتی جوانی۔

موسمِ گُل (ع۔ف۔ا۔مذ) بہار کا موسم۔

موسم ہونا (اُر۔محاورہ) کسی فصل کا اپنے وقتِ معیّنہ پر سال کے اَندر ہونا۔

موسِمی (مَو۔سِ۔می)(ع۔صف) موسم سے متعلق۔ موسم کا۔ رُت کا۔ وقت کا۔ موقع کا۔

مَوسِمیات (مَو۔سِم۔یات)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے علمِ موسمیات۔

مَوسِمیاتی (ف۔صف) موسمیات سے متعلق۔

مُوسْنا (مُوس۔نا)(ہ۔مص) لُوٹ لینا۔ ٹھگ لینا۔ دغا فریب سے روپیہ کھا لینا۔

مَوسُوم (مَو۔سُوم)(ع۔صف)(۱) نام رکھا گیا (۲) مخاطب۔ مُلقّب (۳) نشان دیا گیا۔ نقش کیا گیا۔

مُوسَوی (مُو۔سَ۔وی)(ع۔صف) حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے پیرو۔ یہودی۔ موسائی۔

مَوسی (مَو۔سی)(ہ۔ا۔مث) ماں کی بہن۔ خالہ۔ ماسی۔

مُوسیٰ (مُو۔سا)(ع۔ا۔مذ)(۱) اُسترہ (۲) تابُوت (۳) ایک مشہور پیغمبر کا نام جن پر توریت نازل ہوئی' یہودی جن کے پیرو ہیں۔

موسیرا (مَو۔سے۔را)(ہ۔ا۔مذ) خالہ زاد بھائی۔ ماں کی بہن کا بیٹا۔

موسیقار (مُو۔سی۔قار)(ف۔ا۔مذ)(۱) گویّا۔ گانے والا (۲) ایک باجا (۳) ایک خیالی پرند جس کی بابت کہا جاتا ہے کہ اُس کی چونچ میں بہت سے سُوراخ ہوتے ہیں جن میں سے طرح طرح کی راگنیاں اور چنگاریاں نکلتی ہیں۔ ققنس بھی اِسی کو کہتے ہیں۔

مُوسِیقی (مُو۔سی۔قی)(ع۔ا۔مث) گانے بجانے کا علم۔ راگ ودیا۔

موسیو (مو۔سِ۔یو)(Monsieur)(فر۔ا۔مذ) جناب۔ مسٹر۔ جمع: میسرز۔

مُوش (ف۔ا۔مذ) چوہا۔

مُوشِ دَشتی (صحرائی) (ف۔ا۔مذ) جنگلی چوہا۔

مُوش کور (مُوشکِ کور) (ف۔ا۔مث) اندھا چوہا۔ چھچھوندر۔

مُوش گیر (ف۔ا۔مذ) ایک شکاری پرند جو چوہے کھاتا ہے۔

مُوَشَّح (مُ۔وَش۔شَح)(ع۔صف) زیور سے آراستہ کیا گیا۔ مُزیّن۔ سجایا گیا۔

مُوشَک (مُو۔شَک)(ف۔ا۔مذ) چھوٹا سا چوہا (۲)(مث) چوہیا (۳) چھچھوندر۔

مُوشکِ پَرّاں (ف۔ا۔مث) چمگادڑ۔ شپر۔

موشن (Motion) (انگ۔ا۔مث)(۱) حرکت۔ جنبش (۲) تحریک۔ تجویز (۳)(ا۔مذ) اجابت۔ پاخانہ (اِن معنوں میں جمع مستعمل ہے)۔

مُوشی (مُو۔شی)(ف۔صف) جنگلی چوہے کے رنگ کا گھوڑا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

مُوصِل (ع۔صف)(۱) پہنچانے والا (۲) جس میں سے برقی رو گزر سکے۔

مَوصُوف (مَو۔صُوف)(ع۔صف) تعریف کیا گیا۔ ممدوح۔ جس کی تعریف

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یا توصیف کی جائے۔ مؤنث کے لئے موصُوفہ۔
مَوصُول (ع۔ صف) (۱) ملا ہوا۔ پہنچا ہوا۔ وصول شدہ (۲) (ا۔ مذ) وہ ناتمام اِسم جو کسی جملے میں اکیلا معنی نہیں دیتا۔
مَوصُولہ (ع۔ صف) موصول کی تانیث۔
مُوصِی (مُو۔صی) (ع۔ صف) وصیّت کرنے والا۔
مُوصیٰ (مُو۔صا) (ع۔ صف) وہ شخص جس کو وصیّت کی گئی ہو۔
مُوصیٰ بِہٖ (ع۔ ا۔ مث) وہ شئے جس کے دینے کی وصیّت کی گئی ہو۔
مُوصیٰ لہٗ (ع۔ ا۔ مذ) وہ شخص جس کے حق میں وصیّت کی گئی ہو۔
مُوصِیَہ (مُو۔صِ۔یَہ) (ع۔ صف) وصیّت کرنے والی۔ مُوصی کی تانیث۔
مُوضِح (مُو۔ضِح) (ع۔ صف) واضح کرنے والا۔ روشن کرنے والا۔
مَوضِع (مَو۔ضِع) (ع۔ ا۔ مذ) گاؤں۔ جگہ۔ ض کی زیر اور زبر دونوں مستعمل ہیں۔ اُردو میں زبر ہی ہے۔ جمع: مَواضِع۔ مواضعات۔ فارسی جمع: موضع جات۔
موضع وار (ع۔ ف۔ متعلق فعل) گاؤں گاؤں۔ گاؤں کی ترتیب سے (۲) نمبر وار۔
مَوضُوع (مَو۔ضوع) (ع۔ صف) (۱) وضع کیا گیا۔ رکھا گیا (۲) (مذ) مُدّعا۔ مضمون (۳) علم منطق میں مُبتدا جو خبر کے مقابل ہو (۴) بامعنی لفظ (۵) اصل شئے جس کے متعلق کسی علم میں بحث کریں۔ جمع: موضوعات۔
موضوع لہٗ (ع۔ ا۔ مذ) مقصود جس سے کسی علم میں بحث کریں۔
مَوضُوعی (مَو۔ضو۔عی) (ع۔ صف) نفسی۔ خیالی۔ داخلی۔ (Subjective)۔
مَوطِن (مَو۔طِن) (ع۔ ا۔ مذ) وطن۔ اپنا دیس۔ زاد بوم۔ جنم بھوم۔ جمع: مَواطِن۔
مَوعِدَت (مَو۔عِ۔دَت) (ع۔ ا۔ مث) عہد۔ پیمان۔ وعدہ۔ اِقرار۔
مَوعِظَت (مَو۔عِ۔ظَت) (ع۔ ا۔ مث) پند۔ نصیحت۔ جمع: مَواعِظ۔
مَوعُود (مَو۔عود) (ع۔ صف) (۱) وعدہ کیا گیا۔ اِقرار کیا گیا (۲) وہ شئے جس کا اِقرار کیا گیا ہو۔ جمع: مَواعید۔
مَوفُور (مَو۔فور) (ع۔ صف) (۱) وافر کیا گیا۔ زیادہ کیا گیا (۲) بہت۔ بہ اِفراط۔ بکثرت۔ بے اِنتہا (۳) پُورا۔ مکمل۔
مُوَقّت (مُ۔وَق۔قت) (ع۔ صف) خاص طور پر ٹھہرایا گیا۔ زمانے کے ساتھ مُتعیّن کیا گیا۔ کسی خاص وقت پر ٹھہرایا ہوا۔
مُوَقّتُ الشُّیُوع (مُ۔وَق۔قُ۔تُش۔شُ۔یُوع) (ع۔ صف) ٹھیک وقت پر شائع ہونے والا۔
مُوَقّر (مُؤقّر) (مُ۔اَق۔قَر) (مُ۔وَق۔قَر) (ع۔ صف) (۱) وُقعت دیا گیا۔ توقیر کیا گیا (۲) عزّت دار۔ معزز۔ حُرمت والا۔
مَوقَع (مَو۔قَع) (ع۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں کوئی چیز واقع ہو۔ جائے وقوع۔ محلِ وقوع (۲) خاص وقت۔ خاص مقام۔ مُناسب وقت۔ جمع: مواقع۔
موقع بموقع (ع۔ تابع فعل) وقت وقت پر۔ جگہ جگہ۔
موقع بننا (ملنا) (اَر۔ محاورہ) موقع حاصل ہونا۔

موقع بے موقع (ع۔ تابع فعل) ٹھکانے بے ٹھکانے۔ وقت بے وقت۔
موقع پانا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے موقع ملنا۔
موقع پر (ع۔ تابع فعل) خاص وقت پر۔ عین وقت پر۔ مُناسب جگہ پر۔
موقع پڑنا (اَر۔ محاورہ) اِتفاق پیش آنا۔
موقع پکڑنا (اَر۔ محاورہ) وقت سے فائدہ اُٹھانا۔ موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔
موقع تکنا (دیکھنا) (اَر۔ محاورہ) وقت کا منتظر رہنا۔ گھات میں لگا رہنا۔ مُناسب وقت کی فکر میں رہنا۔
موقع جانے دینا (اَر۔ محاورہ) وقت پر فائدہ نہ اُٹھانا۔ موقع کو کھو دینا۔
موقع دینا (اَر۔ محاورہ) مُہلت دینا۔ مُناسب وقت دینا۔
موقع سے (اَر۔ تابع فعل) وقت دیکھ کر۔ مُناسب وقت پر۔ ڈھنگ سے۔
موقع شرط ہے (اَر۔ روزمرّہ) اگر موقع مل جائے۔
موقع کو جانے نہ دینا (اَر۔ محاورہ) وقت پر فائدہ اُٹھانا۔
موقع کی (اَر۔ متعلق فعل) مُناسب وقت کی۔ ڈھنگ کی (بات وغیرہ)۔
موقع ملنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مُناسب وقت ہاتھ لگنا (۲) گھات پر چڑھنا (۳) وقت ملنا۔ مُہلت ملنا۔
موقع نکل جانا (اَر۔ محاورہ) وقت نکل جانا۔ موقع کھو دینا۔
موقعِ واردات (ع۔ ا۔ مذ) وہ جگہ جہاں جُرم واقع ہوا ہو۔
موقع ہاتھ سے دینا (اَر۔ محاورہ) موقع کھو دینا۔ موقع جانے دینا۔
موقع ہاتھ لگنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے موقع ملنا۔
مَوقِف (مَو۔قِف) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) کھڑے ہونے کی جگہ۔ ٹھہرنے کا مقام (۲) نُقطۂ نظر۔ جمع: مَواقِف (۳) حجاز میں ایک مقام جو مکّے سے سات کوس پر ہے اور جس کو عرفات بھی کہتے ہیں۔
مَوقُوف (مَو۔قُوف) (ع۔ صف) (۱) ٹھہرایا گیا۔ کھڑا کیا گیا۔ برخاست کیا گیا۔ نوکری سے علیحدہ کیا گیا (۲) منسُوخ کیا گیا۔ روکا گیا (۳) ملتوی کیا گیا (۴) اِنحصار کیا گیا۔ منحصر (۵) خُدا کے نام پر چھوڑا گیا۔ وقف کیا گیا۔ عام کر دیا گیا (۶) وہ حرف جو خود اور اُس کا ماقبل متحرک نہ ہو (۷) وہ حدیث جس کے راویوں کا سلسلہ صحابہؓ تک پہنچے۔
موقوف اِلیہ (ع۔ صف) وہ شخص جس کے لئے وقف کیا گیا ہو۔
موقوف رکھنا (اَر۔ محاورہ) کسی پر منحصر کرنا۔ ملتوی کرنا۔
موقوف عَلَیہ (ع۔ صف) وہ شخص جس پر کسی کام کا فیصلہ منحصر کیا گیا ہو۔ ثالث۔ پنچ۔ منصف۔
موقوف کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) برخاست کرنا۔ نوکری سے علیحدہ کرنا (۲) ملتوی رکھنا (۳) کسی پر منحصر کرنا۔
مَوقُوفی (مَو۔قُو۔فی) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) برطرفی۔ برخاستگی۔ معزولی (۲) اِلتوا۔ توقّف۔ ڈھیل۔
موقوفی میں آجانا (آنا) (اَر۔ محاورہ) موقوف ہونا۔ برطرف ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

موک (ق۔ا۔مذ) شکوہ۔منہ۔

موکا (ق۔ا۔مذ)(۱) گونگا (۲) خاموش۔چپ۔

مَوکِب (مو۔کِب)(ع۔ا۔مذ)(۱) لشکر۔فوج۔سپاہ (۲) اَردل کی سپاہ' پیدل ہو یا سوار (۳) سواری کا جلو۔جمع: مَواکِب۔

مَوکِبی (مَو۔کِ۔بی)(ع۔ف۔صف) جلوکا۔وہ جو اردل میں ہمراہ ہو۔

مُؤکَّد (مُ۔اَک۔کَد)(ع۔صف مفعولی) تاکید کیا گیا۔

مُؤکِّد (مُ۔اَک۔کِد)(ع۔صف فاعلی) تاکید کرنے والا۔

مُؤَکَّل (مُؤَکَّل) (مُ۔وَک۔کَل)(مُ۔اَک۔کَل)(ع۔ا۔مذ) وہ شخص جسے کوئی کام سپرد ہو (۲) ذمے دار۔محافظ۔وہ فرشتہ جو کسی کام پر مقرر ہو۔جمع: مؤکّلین۔

مُؤکِّل (مُؤکِّل) (مُ۔وَک۔کِل)(مُ۔اَک۔کِل)(ع۔ا۔مذ) وہ شخص جو وکیل مقرر کرے۔کام سپرد کرنے والا۔اپنا کام وکیل کو دینے والا۔

مُؤکِّلہ (مُ۔وَک۔کِ۔لہ)(ع۔ا۔مث) موکّل عورت۔

موکلا (مو۔کلا)(ہ۔صف)(۱) کھلا ہوا۔کشادہ (۲) کافی۔وافی (۳) آزاد (۴)(ہ۔ا۔مذ) بڑا سا سوراخ (دیوار میں) (۵) ایک پودا (۶) ایک گھاس۔

موکو (مو۔کو)(ہ۔ض) مجھ کو۔مجھے۔

موکو نہ توکو' لے بھاڑ میں جھونکو (ہ۔مثل) نہ میرے کام کا نہ تمہارے کام کا۔ایسی چیز کا کیا کرنا۔دُور کرو۔

موکھا (مو۔کھا)(ہ۔ا۔مذ) سوراخ۔روشن دان۔جھروکا۔

موگرا (واو معروف و مجہول)(اُر۔ا۔مذ)(۱) دوہرا موتیا۔بڑا بیلا (۲) بڑی مُوگری (۳) کڑوں کے وہ سرے جو گول گھنڈی کی طرح ہوتے ہیں (۴) ایک قسم کا چاول (۵) بندوق کا گز۔

موگری (واو معروف و مجہول)(ہ۔ا۔مث) کوٹنے کا آلہ۔

موگرے (موگ۔رے)(ہ۔ا۔مذ) مولی کے بیجوں کی پھلیاں جو ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہیں۔

مُول (واو معروف)(ہ۔ا۔مذ)(۱) جڑ۔اصل۔بُنیاد (۲) پُونجی۔سرمایہ۔زرِ اصل (۳) نسل۔اولاد۔

مُول سے بیاج پیارا ہوتا ہے (ہ۔مثل)(۱) مال سے زیادہ اُس کی آمدنی بھلی ہوتی ہے (۲) بیٹے سے پوتے پوتی زیادہ عزیز ہوتے ہیں۔

مول (واو مجہول)(اُر۔ا۔مذ)(۱) قیمت۔دام (۲) نرخ۔بھاؤ۔

مول بڑھانا (اُر۔محاورہ) قیمت یا نرخ زیادہ کرنا۔

مول بننا (اُر۔محاورہ) قیمت طے ہونا۔سودا ہونا۔

مول توڑنا (اُر۔محاورہ) قیمت گھٹانا۔نرخ کم کرنا۔

مول تول (اُر۔ا۔مذ) قیمت کا تعیّن۔سودا۔

مول ٹھہرانا (اُر۔محاورہ) قیمت چکانا۔نرخ مقرر کرنا۔نرخ زیادہ ہونا۔

مول چڑھانا (اُر۔محاورہ) نرخ بڑھانا۔اُونچی قیمت کرنا۔نرخ زیادہ کرنا۔

مول چڑھنا (اُر۔محاورہ) مول چڑھانا کا لازم۔نرخ زیادہ ہونا۔

مول چکانا (اُر۔محاورہ) بھاؤ طے کرنا۔مول ٹھہرانا۔قیمت کا فیصلہ کرنا۔

مول دینا (اُر۔محاورہ) قیمتاً دینا۔بیچنا۔فروخت کرنا۔قیمت لے کر دینا۔

مول گھٹانا (اُر۔محاورہ) مول توڑنا۔قیمت کم کرنا۔

مول گھٹنا (اُر۔محاورہ) قیمت کم ہونا۔مول گھٹانا کا لازم۔

مول لگانا (اُر۔محاورہ) قیمت مقرر کرنا۔دام لگانا۔

مول لگنا (اُر۔محاورہ) مول لگانا کا لازم۔قیمت مقرر ہونا۔قیمت ٹھہرنا۔

مول لے کر چھوڑ دینا (چھوڑنا) (اُر۔محاورہ)(۱) خرید کر آزاد کر دینا (۲) غلام بنا کر چھوڑ دینا (۳) غلامی میں بھی نہ رکھنا۔بہت ادنیٰ سمجھنا۔

مول لے لینا (اُر۔محاورہ)(۱) غُلام بنا لینا۔خرید لینا (۲) نہایت اِحسان کرنا۔

مول لینا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کو خریدنا (۲) غلام بنانا (۳) اپنے سر مصیبت لینا۔

مول نہ رکھنا (اُر۔محاورہ) نہایت بیش قیمت ہونا۔

مول ہونا (اُر۔محاورہ) قیمت ہونا۔بھاؤ ٹھہرنا۔

مَولا (مَولیٰ) (مَو۔لا)(ع۔ا۔مذ) مالک۔آقا۔صاحب۔والی۔سردار (۲) خُداتعالیٰ (۳) بادشاہ۔سلطان۔حاکم (۴) آزاد کیا ہوا غُلام (۵) مددگار۔مُعاون۔دوست۔شریک۔ساتھی۔یار (۶) ہمسایہ۔پڑوسی (۷) حضرت۔جناب۔جمع: مَوالی۔

مولا بخش (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) خُدا کا دیا ہوا۔بخشِ اِلٰہی (۲) شہنشاہ اکبر کے وقت کا ایک بڑا جوتا جو شریر مجرموں کی سزا کے لئے بنایا جاتا تھا (۳) مُسلمانوں میں ایک نام (۴)(اُر۔ا۔مذ) اُستاد کا ڈنڈا۔

مولا بھلا کرے گا (اُر۔فقیروں کی دُعا) اللہ اَجر دے گا۔

مولا دولا (اُر۔صف)(۱) بھولا بھالا۔بے پروا (۲) سخی۔

مولا علیؓ (ع۔ا۔مذ) حضرت علیؓ (۲) آزاد فقیر سلام کے جواب میں کہتے ہیں۔

مولا ہاتھ بڑائیاں' جس چاہے تس دے (اُر۔مثل) تمام عزتیں' مرتبے اور بزرگیاں خُدا کے قبضے میں ہیں جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

مَولانا (مَولٰینا) (ع۔ا۔مذ) لغوی معنی ہمارا مَولا یا آقا۔علما کا اعزازی خطاب۔

مولانا بالفضلِ اَولٰینا (ع۔صف) صاحبِ علم و فضل۔

مُولا (ق۔ا۔مذ) کونا۔گوشہ۔

مَولائی (مَو۔لا۔اِی)(ع۔ف۔ا۔مث) سرداری۔امیری۔امارت۔

مَولِد (مَو۔لِد)(ع۔ا۔مذ) پیدا ہونے کی جگہ۔جائے ولادت۔وطن۔جنم بھومی۔

مُوَلَّد (مُ۔وَل۔لَد)(ع۔صف) نیا پیدا شدہ۔(مجازاً) وہ عجمی جس نے عرب میں پرورش پائی ہو (۲) وہ عجمی لفظ جسے اہلِ عرب نے اپنے کلام میں اِستعمال کیا ہو۔

مولڈ (Mould)(انگ۔مص) کسی خاص شکل میں ڈھالنا۔

مولڈر (Moulder)(انگ۔صف) ڈھالنے والا۔سانچے بنانے والا۔

مولڑ (مو۔لڑ)(ہ۔ا۔مذ) مول لیا ہوا۔زرخرید غلام۔

مولسری (مول۔سَ۔ری)(ہ۔ا۔مث) ایک درخت جس کے پھول نہایت خوشبودار ہوتے ہیں (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے سے پھول

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کڑھے ہوتے ہیں۔

مُؤَلِّف (مُ۔اَل۔لِف)(ع۔صف فاعلی)(۱) تالیف کرنے والا۔ جمع کرنے والا (۲) مختلف کتابوں کی مدد سے کتاب لکھنے والا۔ جمع: مؤلفین۔

مُؤَلَّف (مُ۔اَل۔لَف)(ع۔صف مفعولی) تالیف کیا گیا۔ ترتیب دیا گیا۔

مُؤَلَّفہ (مُ۔اَل۔لَ۔فَہ)(ع۔صف) مؤلَّف کی تانیث۔ تالیف کی ہوئی۔ جمع کی ہوئی۔ جمع: مؤلفات۔

مُؤَلِّفہ (مُ۔اَل۔لِ۔فَہ)(ع۔صف) مؤلِّف کی تانیث۔

مُؤلِم (مُو۔لِم)(ع۔صف) درد دینے والا۔ الم دینے والا۔

مُولَمی (مُو۔لَ۔می)(ہ۔صف) دیوانہ۔ سڑی۔ بدمزاج۔

مَولنا (مَول۔نا)(ہ۔مص) آم کے درخت میں پھول آنا۔ بُور آنا۔

مَولُود (مَو۔لُود)(ع۔صف)(۱) جنا ہوا (۲)(ع۔ا۔مذ) پیدائش کا دن (۳) بیٹا۔ لڑکا۔ پسر (۴) وہ مجلس جس میں حضور پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کا بیان کیا جائے۔

مولود خواں (ع۔ف۔صف۔وا۔مذ) جو مولود شریف پڑھے۔ وہ شخص جو پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حالات سُنائے۔

مولود شریف (ع۔ا۔مذ) میلاد شریف۔ جناب پیغمبرِ اسلام ﷺ کی پیدائش کا بیان (۲) وہ مجلس جس میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کا ذکر کیا جائے۔

مولودِ مسعود (ع۔صف) خوش نصیب بچہ۔

مَولُودی (مَو۔لُو۔دی)(ع۔ف۔ا۔مذ) دیکھئے مولود خواں۔

مَولَوِن (مَول۔وَن)(اُر۔ا۔مث)(۱) مولوی کی بیوی۔ مُلّانی (۲) مسائلِ اسلامی کی عالمہ۔

مَولَوی (ع۔ا۔مذ)(۱) شرعِ اسلامی کے اَحکام جاننے والا۔ عالمِ دین۔ فقیہہ (۲) پابندِ شریعت (۳) مُعلّم (۴) علما کا لقب۔ اُردو جمع: مولوی۔ مولویوں۔

مولوی گری (ع۔ف۔ا۔مث) پڑھانے کا پیشہ۔

مَولَوِیّت (مَو۔لَ۔وی۔یَت)(ع۔ا۔مث) مولوی ہونا۔ مولوی کا کام یا پیشہ۔

مُوَلَّہ (مُ۔وَل۔لَہ)(ع۔صف) عاشق۔ فریفتہ۔ شیدا (۲) دیوانہ۔ مجنون۔

مُولی (مُو۔لی)(ہ۔ا۔مث) ایک ترکاری جو جڑ ہوتی ہے۔ جمع: مولیاں۔ مولیوں۔

مُولی اپنے ہی پتوں بھاری (اُر۔مثل) اپنا ہی گُزارہ مُشکل ہے' دُوسروں کو کیا دیں گے۔

مُولی کے چور کو سُولی (اُر۔مثل) ذرا سے قصور پر سخت سزا۔

مُولی گاجر کی طرح (اُر۔تابع فعل) نہایت بے قدری سے۔ نہایت بے دردی سے۔

مُولیرا (مُو۔لے۔را)(ہ۔صف) ماموں زاد۔

مُولیرا بھائی (ہ۔ا۔مذ) ماموں زاد بھائی۔

مُولیری (مُو۔لے۔ری)(ہ۔صف) مولیرا کی تانیث۔

مُولیری بہن (ہ۔ا۔مث) ممیری بہن۔ ماموں زاد بہن۔

موم (واو مجہول)(ف۔ا۔مذ) وہ چکنا اور نرم مادّہ جسے شہد کی مکھیاں شہد کے ساتھ جمع کرتی ہیں (۲)(تشبیہا) مُلائم۔ نرم۔

موم بتّی (اُر۔ا۔مث) وہ بتّی جو موم سے بنائی جائے۔ مومی شمع۔

موم تو نہیں ہو جو پگھل جاؤ گے (اُر۔مثل) ایسے نازک نہ بنو۔ ذرا سے کام سے مر نہ جاؤ گے۔

موم جامہ (ف۔ا۔مذ) وہ کپڑا جس پر موم کا روغن کیا گیا ہو۔ واٹر پروف کپڑا۔

موم دِل (ف۔صف) رحم دِل۔ نرم دِل۔ ترس کھانے والا۔

موم روغن (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا روغن جو کسی خوشبودار تیل میں موم کو پگھلا کر تیار کیا جاتا ہے اور پھٹے ہوئے مُنہ پر لگایا جاتا ہے۔

موم کا (اُر۔صف)(۱) موم کا بنا ہوا (۲) نہایت نرم و نازک۔ موم کی طرح نرم۔

موم کا کھلونا (اُر۔ا۔مذ) ناپائیدار چیز۔

موم کا ہو جانا (اُر۔محاورہ) نہایت نازک ہو جانا۔

موم کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) نرم کرنا۔ ملائم کرنا (۲) پانی کرنا۔ پگھلانا۔ گلانا (۳) سنگ دلی دُور کرنا۔ رحم دل بنانا (۴) اپنی بات منوانا۔

موم کی مچھلی (اُر۔ا۔مث) مچھلی جسے لڑکے موم سے بنا کر پانی میں تراتے ہیں۔

موم کی مریم (اُر۔ا۔مث) بہت نازک عورت۔

موم کی ناک (اُر۔ا۔مث) غیر مستقل مزاج۔ وہ شخص جسے جس طرف چاہو کر لو۔ جو ہر ایک کے کہنے میں آ جائے۔

موم ہونا (اُر۔محاورہ) موم کرنا کا لازم۔

مُؤمِن (مُو۔مِن)(ع۔صف۔وا۔مذ)(۱) ایمان لانے والا۔ ایمان دار (۲) مُسلمان جولاہا (۳) شیعہ۔ اہلِ تشیّع۔ جمع: مومنین۔

مُؤمِنِیّت (مو۔مِ۔نی۔یَت)(ع۔اُر۔ا۔مث) مومن ہونا۔ مُطیع و فرماں بردار ہونا۔

مُؤمِنِین (مو۔مِ۔نِین)(ع۔ا۔مذ) مومن کی جمع۔

مومی (مو۔می)(واو مجہول)(ف۔صف) موم سے منسوب۔ موم کا۔ موم کا بنا ہوا۔

مومی چھینٹ (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کی نہایت مُلائم چھینٹ۔

مومی شمع (ف۔ا۔مث) موم کی بنی ہوئی شمع۔ موم بتّی۔

مومی موتی (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا جھوٹا موتی جو موم کی لاگ سے بنایا جاتا ہے۔

مُومیٰ (مو۔ما)(ع۔صف) اِشارہ کیا گیا۔ ایما کیا گیا۔

مُومیٰ اِلیہ (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس کی طرف اِشارہ کیا جائے۔ مُشارٌ اِلیہ۔

مومیا (موم۔یا)(ف۔ا۔مث)(۱) مسالا لگی اور سوکھی ہوئی لاش۔ ممی (۲) وہ مسالا جسے لگا کر لاش کو محفوظ کرتے ہیں۔

مومیائی (موم۔یا۔ای)(ف۔ا۔مث) ایک دوا جو موم کی طرح نرم ہوتی ہے اور زخم و ضرب کے لئے بہت مفید ہے۔

مومیائی نکالنا (اُر۔محاورہ) سخت محنت لینا (۲) چربی نکالنا (۳) خوب مارنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُون (ق۔ا۔مذ) مُنہ۔

مَون (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔ا۔مث) چپ۔ خاموشی۔

مَون برت (ہ۔ا۔مذ) چپ کا روزہ۔ خاموش رہنے کا عہد۔

مُونا (مو۔نا)(ہ۔ا۔مذ) بڑا برتن۔ گھڑا۔ مٹکا (۲) ٹوکرا۔ سانپ رکھنے کا پٹارا۔

مُونا (مو۔نا)(ہ۔مص) مرنا۔ فوت ہونا۔

مُؤنّث (مُ۔اَن۔نَث)(ع۔صف) عورت۔ مادین۔ نر کی ضد۔

مُونج (واو معروف)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی گھاس جس کی رسّی بٹی جاتی ہے۔

مُونج کا بان (ہ۔ا۔مذ) مونج کی بنی ہوئی باریک ڈوری جس سے چارپائی بنتے ہیں۔

مُونج کی رسّی (ہ۔ا۔مث) مونج کی بنی ہوئی رسّی۔

مُونجھ (واو معروف)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) گھوڑے اور گائے بھینس وغیرہ کا ایک مرض جس میں آنکھ کے نیچے ایک غدود ہو جاتا ہے جس میں سے سیاہ خون بہتا ہے۔

مُونچھ (ہ۔ا۔مث) دیکھیے مُوچھ۔

مُونڈنا (مُونڈ۔نا)(نون غنّہ)(ہ۔مص) بند کرنا۔ ڈھانپنا۔

مُونڈ (واو معروف)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سر۔ مُنڈیا۔ سیس۔ ماتھا۔ مستک (۲) مصدر مونڈنا کا اَمر۔

مُونڈ کر کھانا (اَر۔ محاورہ)(۱) لوگوں کی حجامت بنا کر روزی کمانا (۲) لوٹ کر کھانا۔ دھوکا دے کر مال لینا۔

مُونڈ مارنا (ہ۔ محاورہ)(۱) گردن مارنا۔ سر کاٹنا۔ قتل کرنا (۲) سر سے مارنا۔ واپس کرنا۔ پھیرنا۔ جیسے یہ پیالہ اُس کے ہی مُونڈ مارو۔

مُونڈ مُنڈانا (ہ۔ محاورہ) سر گُھٹوانا۔ اُسترے سے سر کے بال صاف کرانا۔

مُونڈا (مُوں۔ڈا)(ہ۔صف)(۱) مُنڈا ہوا۔ اُسترے سے صاف کیا ہوا (۲) مصدر مُونڈنا سے صیغہ ماضی مطلق۔

مُونڈن (مُوں۔ڈن)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک رسم جس میں مسلمان ساتویں دن بچّے کے بال مُنڈاتے ہیں۔ عقیقہ (۲) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں پہلے پہل کسی دیوتا کے مندر میں لڑکے کے بال مُونڈے جاتے ہیں۔

مُونڈنا (مُونڈ۔نا)(ہ۔مص)(۱) بالوں کو اُسترے سے صاف کرنا (۲) چیلا بنانا (۳) دھوکا دے کر مال مارنا۔

مُونڈھا (موں۔ڈھا)(واو مجہول)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کندھا۔ شانہ۔ دوش (۲) سرکنڈوں اور مونج کی بنی ہوئی کرسی۔ جمع: مونڈھوں۔ مونڈھے۔

مُونڈھوں (موں۔ڈھوں)(ہ۔ا۔مذ) مونڈھا کی جمع۔

مونڈھوں کے فرشتے (اَر۔ا۔مذ) کراماً کاتبین۔ اعمال لکھنے والے فرشتے۔

مُونڈھے (موں۔ڈھے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مونڈھا کی جمع (۲) مونڈھا کی مغیرہ صورت۔

مونڈھے پر بٹھانا (اَر۔ محاورہ) کسب کرانا۔ کوٹھے پر بٹھانا۔ پیشہ کرانا۔

مونڈھے والی (اَر۔ا۔مث) رنڈی۔ کسبی۔ پیشہ کرانے والی۔

مُونڈی (مُوں۔ڈی)(ہ۔صف)(۱) مُونڈا کی تانیث۔ مُنڈی ہوئی۔ اُسترے سے صاف کی ہوئی (۲) سر۔ مُنڈیا۔

مُونڈی بھیڑ (اَر۔ا۔مث)(۱) وہ بھیڑ جس کے بال کٹے ہوئے ہوں (۲) مُفلس۔ قلّاش۔

مُونڈی کاٹا (اَر۔صف)(۱) سرکٹا۔ بن سرا (۲) واجبُ القتل۔ مُوا (عو)۔

مُونِس (مو۔نِس)(ع۔صف) اُنس رکھنے والا۔ آرام دینے والا۔ ساتھی۔ دوست۔ یار۔

مُونِسِ تنہائی (ع۔ف۔صف) تنہائی کا دوست۔ غم بٹانے والا۔ خلوت کا ساتھی۔

مون سُون (Monsoon) (انگ۔ا۔مث) وہ موسمی ہوائیں جو بحرِ ہند سے اُٹھ کر برّاعظم ایشیا کے مشرقی اور جنوب مشرقی حصّے میں بارش برساتی ہیں۔

مُونگ (واو معروف)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) ماش کی قسم کا ایک سبز رنگ کا غلّہ جس کی دال بھی کھاتے ہیں۔

مُونگ پُلاؤ (اَر۔ا۔مذ) مونگ اور چاولوں کی کھچڑی۔

مُونگ پھلی (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا میوہ جس کی پھلیوں میں سے بادام کی طرح دانے نکلتے ہیں۔

مُونگ چھاتی پر دَلنا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے چھاتی پر مونگ دلنا۔

مُونگ کی پھلیاں (اَر۔ا۔مث)(۱) مونگ (غلّہ) کی پھلیاں (۲) پتلی اور نازک اُنگلیاں۔

مُونگ کی دال (ہ۔ا۔مث) دَلے ہوئے مُونگ۔

مُونگ کی دال کھانے والا (اَر۔ا۔مذ)(۱) بنیا۔ بقّال (۲) کمزور۔ ڈرپوک۔

مُونگ مانگتے پھرنا (اَر۔ محاورہ) فریاد کرتے پھرنا۔

مُونگ موٹھ میں چھوٹا بڑا کون؟ (اَر۔مثل) برادری میں سب برابر ہیں۔

مُونگا (ہ۔ا۔مذ) مرجان۔ حجرُ البحر۔ ایک قسم کے سمندری کیڑوں کے گھر جن کی کثرت سے پُورے پُورے جزیرے بن جاتے ہیں۔ جمع: مونگوں۔ مونگے۔

مُونگچی (مُونگری۔ مُونگوری) (مُونگ۔چی) (مُونگ۔ری) (مُوں۔گو۔ری)(اَر۔ا۔مث) ایک قسم کا کھانا جو مُونگ سے بنایا جاتا ہے۔ مونگ کی بڑی۔ جمع: مونگچیاں۔ مونگچیوں۔

مُونگیا (مُوں۔گ۔یا)(ہ۔صف) مُونگے کے رنگ کا۔ سیاہی مائل سبز رنگ۔

مُونہہ (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے مُنہ۔

مُونہاں (مُوں۔ہاں)(ہ۔ا۔مذ) گھوڑے کا ایک مرض جس سے منہ میں چھالے پڑ جاتے ہیں۔

مُونہا مُونہی ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) دُوبدُو جھگڑا ہونا (۲) باہمی آزردگی۔ رنجش۔ (مُونہا: مُنہ)۔

مُونی (مُو۔نی)(ہ۔صف)(۱) چُپ چاپ آدمی۔ جوگیوں کا ایک فرقہ جو

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خاموش رہتا ہے (۲) نوکری۔

موہ (واو مجہول) (س۔ا۔مث) (۱) پیار۔ محبت (۲) لاڈ۔ ناز (۳) عشق۔ فریفتگی (۴) خواہش۔ لوبھ۔ لالچ (۵) جادو۔ ٹونا۔ منتر۔

موہ جانا (ہ۔ محاورہ) عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا۔

موہ رُوپی (ہ۔صف) (۱) دھوکے میں ڈالنے والا۔ فریب دینے والا (۲) دل فریب۔ صورت دکھا کر لُبھا لینے والا۔

موہ کرنا (ہ۔ محاورہ) (۱) لُبھانا۔ عاشق بنانا (۲) پیار کرنا۔ محبت کرنا۔

موہ لینا (ہ۔ محاورہ) فریفتہ کر لینا۔ عاشق بنا لینا۔ لُبھا لینا۔

موہ میں آنا (ہ۔ محاورہ) عشق کے بس میں ہونا۔ فریفتہ ہو جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔ سکتے میں آ جانا۔

مُوہِب (مُو۔ہِب) (ع۔صف) ہبہ کرنے والا۔ بخشنے والا۔

مَوہِب (مَو۔ہِب) (ع۔ا۔مث) بخشش۔ خیرات۔ جمع: مَواہِب۔

مَوہِبَت (مَو۔ہِ۔بَت) (ع۔ا۔مث) عطا۔ بخشش۔ نذر۔ بھینٹ۔ پیش کش۔

مَوہِبتِ عظمٰی (ع۔ف۔ا۔مث) بہت بڑی نعمت۔ بہت بڑی بخشش۔

موہت (مو۔ہت) (س۔صف) (۱) جادو سے فریفتہ کیا ہوا۔ عاشق۔ شیدا (۲) بے ہوش۔ غش۔ مُتحیّر۔

مُوہِم (مُو۔ہِم) (ع۔صف) وہم میں ڈالنے والا۔

موہَن (مو۔ہَن) (س۔صف) (۱) موہ لینے والا۔ فریفتہ کرنے والا (۲) دِل فریب۔ دِل رُبا۔ نہایت خوبصورت (۳) کرشن جی کا لقب۔

موہن بھوگ (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کی مٹھائی۔ حلوا۔ سیرا۔ میٹھا (۲) (پن) کڑاہ (۳) ایک قسم کا آم۔

موہن لتا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پودا جس کی بابت مشہور ہے کہ اِس میں فریفتہ کرنے کی خاصیت ہے۔

موہن مالا (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا گلے کا ہار۔

موہنا (موہ۔نا) (ہ۔مص) فریفتہ کرنا۔ عاشق بنانا (۲) تسخیر کرنا۔ جادو کرنا۔

موہنی (موہ۔نی) (س۔صف) (۱) موہن کی تانیث۔ موہنے والی۔ دِل رُبا۔ دِل فریب۔ نہایت خوبصورت (عورت) (۲) (ہ۔ا۔مث) دِل رُبائی۔ دِل بری۔ دِل فریبی۔ حُسن کا جادو (۳) ساحرہ۔ جادوگرنی۔

مَوہُوب (مَو۔ہُوب) (ع۔صف) مرحمت کیا گیا۔ دیا گیا۔ بخشا گیا۔ عنایت کیا گیا۔ ہبہ کیا گیا۔

موہوب اِلَیہ (ع۔صف) جس کے نام پر ہبہ کیا گیا ہو۔

مَوہُوم (مَو۔ہُوم) (ع۔صف) وہم کیا گیا۔ وہمی۔ قیاسی۔ فرضی۔

مَوہُومی (مَو۔ہُو۔می) (ع۔ف۔صف) وہمی۔ خیالی۔ تصوری۔ فرضی۔

موہے (ہ۔ض) مجھے۔ مجھ کو۔

موہے اور نہ توہے ٹھور (ہ۔مثل) نہ مجھے تیرے بغیر اور نہ تجھے میرے بغیر چین آتا ہے۔

موئی (مو۔اِی) (ہ۔صف) (۱) مری ہوئی۔ مُردہ (۲) بد نصیب۔ اُجڑی ہوئی (عورت)۔

موئی بچھیا بامَن کو دان (ہ۔مثل) اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی بُری چیز خُدا کے نام پر دی جائے۔

موئی جُوں (ہ۔صف) (۱) سُست قدم۔ کاہل وجود (۲) نہایت غریب۔

موئی کیوں کہ سانس نہ آیا (ہ۔مثل) اِنسان کی زندگی سانس چلنے تک ہے۔ جہاں سانس بند ہوئی آدمی رُخصت ہوا۔

موئی مائی ٹوٹی سگائی (ہ۔مثل) جہاں ماں مری سارے تعلقات اور رشتے ختم ہو گئے۔ بُزرگوں ہی کے دَم سے چھوٹوں میں تعلقات قائم رہتے ہیں۔

موئی مٹی (ہ۔ا۔مث) (۱) میّت۔ نعش۔ لاش (۲) (صف) مرا ہوا۔ مُردہ۔

موئی مٹی کی نشانی (اُر۔ا۔مث) مرے ہوئے آدمی کی یادگار۔ مرے ہوئے عزیز کی اولاد۔

موئے (مو۔اِے) (مُو۔اِے) (ہ۔صف) (۱) مُوا کی جمع۔ مرے ہوئے (۲) بد نصیب۔ کم بخت۔ خانہ خراب (۳) مر گئے۔ فنا ہو گئے۔

موئے بیل کی بڑی بڑی آنکھیں (اُر۔مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کسی مرے ہوئے کی زیادہ تعریف کرے۔

موئے پر تین دِن بھاری (اُر۔مثل) مُسلمانوں کے عقیدے میں مُردے سے تین دن تک اعمال کی پُرسش ہوتی ہے۔

موئے پر سو دُرّے (اُر۔مثل) آفت زدہ پر آفت۔ مُصیبت کے مارے ہوئے پر اور مُصیبت۔ مرنے کے بعد بھی سزا کے قابل۔ مرے کو ماریں شاہ مدار۔

موئے جان ہار (اُر۔کلمۂ نفرت۔عو) بیزاری اور نفرت کے موقع پر کہتے ہیں۔

موئے جیتے (اُر۔ا۔مذ) مُردہ اور زندہ۔

موئے جیتے اُکھاڑ ڈالنا (اُر۔محاورہ) مرے ہوؤں اور زندوں کے عیب نکالنا۔

موئے شیر سے جیتی بلّی بھلی (اُر۔مثل) زور آور مُردے سے کم زور زندہ بہتر ہے۔

موئے کا کوئی نام نہیں۔ جیتے کا سب کوئی (اُر۔مثل) زندہ کی سب خوشامد کرتے ہیں۔ مُردے کا کوئی نام بھی نہیں لیتا۔

موئے کی قبر اور جیتے کا گھر (اُر۔مثل) مُردے کو قبر میں اور زندوں کو اپنے گھر میں آرام ملتا ہے۔ ہر شخص اپنے ہی مقام پر خوش رہتا ہے۔

مُوئے (مُو۔اِے) (ف۔ا۔مذ) مُو (بال) کی اِضافی صورت۔

مُوئے آتش دیدہ (ف۔ا۔مذ) آگ دکھایا ہوا بال۔ جل کر بَل کھایا ہوا بال۔

مُوئے زِہار (ف۔ا۔مذ) ناف کے نیچے کے بال۔ جھانٹیں۔

مُوئے مبارک (ف۔ع۔صف) کسی بُزرگ کے مقدس بال۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی ریشِ مُبارک کے بالوں کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔

موئیا (مو۔یا) (ف۔ا۔مذ) سُوت کا چھوٹا لچھا۔ سُوت کی اَنٹی۔

موئیا سا پیٹ (اُر۔ا۔مذ) نہایت نرم اور نازک پیٹ۔

مُؤیِّد (مُ۔ای۔یِد) (ع۔صف فاعلی) تائید کرنے والا۔ مدد کرنے والا۔ قوت دینے والا۔ مددگار۔ معاون۔ حمایتی۔ جمع: مُؤیدین۔

مُؤیَّد (مُو۔اَی۔یَد) (ع۔صف مفعولی) تائید کیا گیا۔ مدد دیا گیا۔ حمایت کیا گیا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَوِیز (مَ-وِیز)(ع-ا-مذ) بڑے سُوکھے ہوئے انگور۔

مویزِ مُنقّٰی (مُنقّا) (ع-ا-مذ) بیج نکال کر صاف کیے ہوئے بڑے بڑے انگور۔

مَوِیشِی (مَ-وِے-شی)(اُر-ا-مذ) دیکھئے مواشی جس کی یہ تخریب ہے۔

مویشی خانہ (اُر-ا-مذ) وہ جگہ جہاں ڈھور ڈنگر رکھے جائیں۔

م-ہ

مَہ (بفتحِ اوّل)(ف-ا-مذ) ماہ کا مُخفّف۔ چاند۔

مَہ نُور می فشاند و سگ بانگ می زند (ف-مثل) چاند نور برساتا ہے اور کتا بھونکتا ہے۔ حاسد اور بدخواہ غُل مچاتے ہیں مگر کام کرنے والے اپنے کام میں لگے رہتے ہیں۔

مَہِ نَو می شود ماہِ تمام آہستہ آہستہ (ف-مثل) نیا چاند آہستہ آہستہ پُورا چاند ہو جاتا ہے۔ کمال رفتہ رفتہ حاصل ہوتا ہے۔

مِہ (بکسرِ اوّل)(ف-صف) بڑا۔ کلاں۔ بُزرگ۔ سردار۔

مِہ تَر (مِہتَر) (مِہ-تَر)(ف-صف-وا-مذ) مِہ کی تفضیل بعض۔ بہت بڑا۔ بُزرگ۔ سردار۔ آقا۔ مالک۔ امیر (۲)(اُر-ا-مذ) بھنگی۔ خاک روب۔ حلال خور۔ چمار۔

مَہا (مَ-ہا)(س-صف)(۱) بڑا۔ بُزرگ۔ اعلیٰ۔ معزز (۲) کلاں۔ عظیم (۳) خاندانی۔ شریف۔

مہا اُوت (س-صف) نہایت بے وقوف۔

مہا برہمن (ہ-ا-مذ) بڑا برہمن۔ مُردوں کا کریا کرم کرنے والا۔

مہابلی (ہ-صف) بڑا طاقت ور۔ نہایت زبردست۔ شہ زور۔

مہا بھارت (ہ-ا-مث)(۱) بڑی لڑائی۔ جنگِ عظیم (۲) وہ لڑائی جو کورو اور پانڈو کے درمیان کوروکشیتر کے میدان میں اٹھارہ روز تک جاری رہی (۳) وہ کتاب جس میں کورو پانڈو کی لڑائی کا حال لکھا ہے۔

مہا بھاگ (ہ-صف) بڑا خوش نصیب۔ بلند اقبال (۲)(ا-مذ) خوش قسمتی۔

مہابیر (وِیر) (ہ-ا-مذ) بڑا بہادر۔ ہنومان کا خطاب۔

مہا پاپ (ہ-ا-مذ) بڑا بھاری گُناہ۔

مہا پاپی (ہ-صف) بہت بڑا گُناہ گار۔ نہایت فاسق و فاجر۔

مہا پُرش (ہ-صف)(۱) بڑا آدمی۔ مہاتما۔ مُقدّس۔ معصوم (۲)(مجازاً) شریر۔ عیار۔ بدمعاش۔

مہا پرشاد (ہ-ا-مذ) تبرک۔ جگن ناتھ کا پرشاد۔

مہا پرلے (ہ-ا-مذ) قیامت۔ دُنیا کے فنا ہونے کا دِن جو ہندوؤں کے عقیدے کے مطابق ۴۳ ارب ۲۰ کروڑ برس کے بعد ہوتا ہے۔

مہا پنکشی (ہ-ا-مذ) اُلّو۔ چُغد۔ بُوم۔

مہا پُورا (ہ-صف) سب گُنوں میں پُورا۔ پانچوں عیب والا۔ بہت چالاک و مکّار۔

مہاتل (ہ-ا-مذ) زمین کا پانچواں طبقہ۔ پانچواں پاتال۔

مہاتم (ہ-ا-مذ)(۱) بڑائی۔ عظمت (۲) ثواب۔ اجر۔ نیک بدلہ۔

مہاتما (ہ-ا-مذ) مہا آتما۔ بُزرگ رُوح۔ ولی۔ نیک آدمی (۲) اتما۔ نیک۔ سعید۔

مہاجال (ہ-ا-مذ) مچھلیاں پکڑنے کا بہت بڑا جال۔

مہاجن (ہ-ا-مذ)(۱) بڑا آدمی (۲) دولت مند۔ غنی (۳) سوداگر۔ بیوپاری (۴) ساہوکار۔ صرّاف (۵) خزانچی۔ ہُنڈی والا۔

مہاجنتر (ہ-ا-مذ)(۱) بڑا قفل۔ بڑا تالا (۲) کلوں کا کارخانہ۔

مہاجنی (ہ-ا-مث) ساہوکاری۔ سوداگری۔

مہاجنی پرچہ (چٹھی) (ہ-ا-مذ و مث) ہُنڈی۔ وہ کاغذ جس پر کسی کو روپیہ دینے کا حُکم لکھا ہوتا ہے۔

مہادَنت (ہ-ا-مذ) ہاتھی یا سؤر کا دانت۔

مہادھات (ہ-ا-مث) سب دھاتوں سے اعلیٰ دھات۔ سونا۔ چاندی۔

مہادھن (ہ-ا-مذ) سونا۔

مہادیو (ہ-ا-مذ) بڑا دیوتا۔ برہما۔ وشنو۔ شو۔

مہاڈول (ہ-ا-مذ) بڑا اور عُمدہ ڈولا۔ ایک قسم کی پالکی۔

مہاراج (ہ-ا-مذ)(۱) بڑا راجا۔ راجوں کا راجا (۲) برہمنوں اور ہندوؤں کے اُونچے خاندانوں کا خطاب۔

مہاراج اُدھیراج (ہ-ا-مذ) راجوں کا راجا۔ سب سے بڑا راجا۔ شہنشاہ۔

مہاراجا (ہ-ا-مذ) شہنشاہ۔ بڑا راجا۔

مہاراشٹر (ہ-ا-مذ)(۱) عظیم قوم (۲) مرہٹوں کا وطن۔

مہارانی (ہ-ا-مث) راجا کی بڑی بیوی۔ بڑے مرتبے کی رانی۔

مہاسبھا (ہ-ا-مث)(۱) بڑی انجمن (۲) ہندوؤں کی ایک مذہبی و سیاسی انجمن کا نام (۳) کھانے کا بڑا کمرا۔

مہاسنکھ (ہ-ا-مذ) گنتی کا آخری درجہ۔ سو سنکھ (۲) مُردے کی کھوپڑی۔

مہاشا (شے) (ہ-ا-مذ) آریہ سماجی ہندو (۲) کرشن جی کے ایک بیٹے کا نام۔

مہاشیر (ہ-ا-مث) ایک قسم کی بڑی مچھلی۔

مہاکال (ہ-ا-مذ) شوجی کا لقب۔

مہاکالی (ہ-ا-مث) دُرگاہ دیوی۔ شوجی کی بیوی پاربتی۔

مہاکوپ (ہ-ا-مذ)(۱) گہرا کنواں (۲) غصّہ۔

مہاکوڑھ (ہ-ا-مذ) برص کی بیماری۔ جذام۔

مہاماتر (ہ-ا-مذ) مہاوت۔ فیل بان۔

مہاماری (ہ-ا-مث) بہت بڑی وبا۔ ہیضہ۔ طاعون۔

مہامانس (نُون غُنّہ)(ہ-ا-مذ) بہت قیمتی گوشت۔ انسان کا گوشت۔

مہامائی (ہ-ا-مث) دُرگا دیوی۔

مہامنتری (ہ-ا-مذ) بڑا وزیر۔ وزیراعظم۔

مہامنڈل (ہ-ا-مذ) ایک قسم کا بڑا ڈولا جس میں رانیاں سوار ہوتی تھیں۔

مہانومی (ہ-ا-مث) اُس ہندی مہینے کی اندھیری راتوں کی نویں تاریخ جس میں دُرگا جی کی پُوجا ہوتی ہے۔

مہایاترا (ہ-ا-مث) بڑا سفر۔ بڑی زیارت۔ بنارس کی زیارت کے لئے جانا۔

مُہابت (مُ-ہا-بَت)(ع-ا-مث)(۱) ڈر۔ خوف۔ ہیبت۔ دہشت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہَول۔ رُعب (۲) (ف۔ ا۔ مث) شان و شکوہ۔ جاہ و جلال (۳) غُصّہ۔ غضب (۴) متانت۔ سنجیدگی۔

مہابت بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) ڈر چھا جانا۔ وحشت بیٹھنا۔ رُعب بیٹھنا۔

مُہاجِر (مُ۔ہا۔جِر) (ع۔ صف) (۱) ہجرت کرنے والا۔ اپنے وطن کو چھوڑنے والا (۲) وہ شخص جس نے رسولِ مقبول صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے زمانے میں مکّے سے مدینے کو ہجرت کی۔ جمع: مُہاجرین۔ اُردو جمع: مُہاجر۔ مُہاجروں۔

مُہاجرت (مُ۔ہا۔جَ۔رَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ہجرت۔ جُدائی۔ مُفارقت (۲) ترکِ وطن۔ اپنا وطن چھوڑ کر کسی دُوسرے ملک میں جا بسنا۔

مُہار (مُ۔ہار) (مُ۔ہار) (ف۔ ا۔ مث) اُونٹ کی نکیل۔

مَہارت (مَ۔ہا۔رَت) (ع۔ ا۔ مث) مشق۔ کسرت۔ ربط۔ عادت۔ سبھاؤ (۲) اِستعداد۔ دخل۔ لیاقت۔ دسترس۔ پہنچ۔ رسائی (۳) اُستادی۔ کاری گری۔ ہُنرمندی (۴) تیزدستی۔ چابک دستی (۵) علم و شعور۔ وقوف۔ قابلیت۔ واقفیت۔

مُہاسا (مُ۔ہا۔سا) (ہ۔ ا۔ مذ) جوانی کی پُھنسی۔ وہ دانے جو عہدِ شباب میں مُنہ پر نکل آتے ہیں۔ جمع: مُہاسوں۔ مُہاسے۔

مُہاسا (مُہاسے) نکلنا (اَر۔ محاورہ) جوشِ جوانی کے سبب مُنہ پر پُھنسیاں نکل آنا۔

مَہاگنی (Mahogany) (انگ۔ ا۔ مذ) عمارتی لکڑی کی ایک قسم جو امریکا کے مختلف اقسام کے درختوں سے حاصل کی جاتی ہے اور بہت پائیدار ہوتی ہے۔

مُہال (مُ۔ہال) (ہ۔ ا۔ مث) شہد کی مکھیوں کا چھتّا۔

مَہالِک (مَ۔ہا۔لِک) (ع۔ ا۔ مث) مَہلکہ کی جمع۔ خوفناک جگہیں۔ ہلاک ہونے کے مقامات۔

مَہام (مَ۔ہام) (ع۔ ا۔ مذ) مُہم کی جمع۔ بڑے بڑے کام۔

مُہانا (مُ۔ہا۔نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دریا کا دہانہ (۲) وہ مقام جہاں دو دریا ملیں۔

مَہاوَت (مَ۔ہا۔وَت) (ہ۔ ا۔ مذ) مہاماتر کا بگاڑ۔ فیل بان۔

مَہاوَٹ (مَ۔ہا۔وَٹ) (ہ۔ ا۔ مث) جاڑے کی بارش جو ماگھ کے مہینے میں ہوتی ہے۔

مَہاوَر (مَہاوَڑ) (مَ۔ہا۔وَر) (مَ۔ہا۔وَڑ) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا سُرخ رنگ جو لاکھ سے تیار کیا جاتا ہے۔

مَہبِط (مَہ۔بِط) (ع۔ ا۔ مذ) اُترنے کی جگہ۔ جمع: مہابط۔

مَہَنت (مَ۔ہَنت) (س۔ صف) (۱) بڑا۔ جلیل القدر۔ معزز۔ ماننے کے قابل (۲) (ا۔ مذ) بڑائی۔ بُزرگی۔

مہتا (مَہ۔تا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سردار۔ زمیندار (۲) کاتب۔ مُحرّر۔ منشی۔

مہتاب (مَہ۔تاب) (ف۔ ا۔ مذ) ماہتاب کا مخفّف (۱) چاندنی (۲) چاند (۳) ایک قسم کی آتش بازی۔

مہتاب کا کھیت کرنا (اَر۔ محاورہ) چاند طلوع ہونا۔

مہتابی (مَہ۔تا۔بی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) ماہتابی کا مخفّف۔ ایک قسم کی آتش بازی (۲) کم خواب۔ زربفت تمامی۔ بادلہ (۳) کٹہرے دار بڑا اُونچا چبوترا۔

مَہتاری (مَہ۔تا۔ری) (ہ۔ ا۔ مث) ماں۔ والدہ۔ ماتا۔ مائی۔

مُہتَدیٰ (مُہ۔تَ۔دا) (ع۔ صف مفعولی) ہدایت کیا گیا۔

مُہتَدی (مُہ۔تَ۔دی) (ع۔ صف فاعلی) ہدایت پانے والا۔ سیدھے راستے پر چلنے والا۔

مِہتَر (مِہ۔تَر) (ف۔ ا۔ مذ) مِہ (بُزرگ۔ سردار) کے تحت دیکھیے۔

مِہترانی (مِہ۔تَ۔را۔نی) (اَر۔ ا۔ مث) (۱) بھنگن (۲) چماری۔

مُہتَم (مُہ۔تَم) (ع۔ صف) اہم۔ ضروری۔

مُہتم بالشّان (بش۔شان) (ع۔ صف) (۱) نہایت ضروری (۲) شان و شوکت والا۔

مُہتمِم (مُہ۔تَ۔مِم) (ع۔ ا۔ مذ) اِہتمام کرنے والا۔ منتظم۔ سربراہ کار۔ جمع: مہتمین۔

مُہتمِمی (مُہ۔تَ۔مِ۔می) (ف۔ ا۔ مث) مہتمم کا کام۔ منیجری۔

مُہتو (مُ۔ہتو) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) گاؤں کا نمبردار۔ چودھری (۲) وہ شخص جسے زمین کا مالک لگان وصول کرنے کے لئے مقرّر کرے۔ ایجنٹ (۳) گاؤں کا چوکیدار (۴) محرّر۔ منشی (۵) اہمیّت۔

مَہجُور (مَہ۔جُور) (ع۔ صف) جدا۔ چھوڑا گیا۔ فراق زدہ۔ جمع: مہجورین۔

مَہجُوری (مَہ۔جُو۔ری) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ہجر۔ جُدائی۔ فراق۔ مفارقت۔

مَہد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) پنگوڑا۔ پالنا۔ گہوارہ۔ ہنڈولا۔ جھولا (۲) بستر۔ بچھونا (۳) (مجازاً) ڈولا۔ محافہ۔ قفس۔ پالکی (۴) چھپر کھٹ۔ مسہری۔

مہد سے لحد تک (اَر۔ تابع فعل) پنگوڑے سے قبر تک۔ بچپن سے مرتے دم تک۔

مہد عُلیا (ع۔ ا۔ مث) اُونچے اور بڑے پردے والی بیگم۔ عُلیا حضرت۔ تعظیماً بادشاہوں یا امیروں کی بیگموں کے لئے اِستعمال کیا جاتا ہے۔

مَہدی (مَہ۔دی) (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) ہدایت یافتہ۔ راہ نما۔ پیشوا۔ ہادی۔ رہبر (۲) شیعہ مُسلمانوں کے بارھویں امام جن کا ظہور قُربِ قیامت میں ہوگا۔

مُہذّب (مُ۔ہَذ۔ذَب) (ع۔ صف) تہذیب دیا گیا۔ تہذیب یافتہ۔ شائستہ۔ خلیق۔ نیک خصلت۔ عیبوں سے پاک۔

مَہر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) روپیہ یا جنس جو مُسلمانوں کے نکاح کے وقت مرد کے ذمّے عورت کو دینا مقرّر کیا جاتا ہے۔ حقِ زوجیت۔ کابین۔

مہر باندھنا (اَر۔ محاورہ) مہر کی رقم مقرّر کرنا۔

مہر بخشنا (اَر۔ محاورہ) مہر معاف کرنا۔

مہر بندھنا (اَر۔ محاورہ) مہر مقرّر ہونا۔

مہرِ شرعی (ع۔ ا۔ مذ) وہ مہر جو شرعِ محمدی ﷺ کے مطابق مرد کی حیثیت دیکھ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کر مقرّر کیا جائے۔

مَہرِ فاطمہؓ (ع۔ا۔مذ) حضرت فاطمہؓ کا مہر جو چار مثقال چاندی کا تھا جس کے تقریباً ڈیڑھ صد روپیہ ہوتے ہیں۔ (مجازاً) مہرِ قلیل۔

مَہرِ مِثل (ع۔ا۔مذ) وہ مہر جو عورت کے ددھیال میں رائج ہو۔

مَہرِ مُعَجَّل (م۔عَج۔جل) (ع۔ا۔مذ) وہ مہر جو نکاح کے ساتھ ہی خلوت سے پہلے ادا کیا جائے۔

مَہرِ مُؤَجَّل (م۔اَج۔جل) (ع۔ا۔مذ) وہ مہر جو کسی اور وقت ادا کیا جائے۔ وہ مہر جس کی مدّت مقرّر ہو اور فی الفور ادائیگی ضروری نہ ہو۔ تاخیر سے ادا کیا جانے والا مہر۔

مَہرنامہ (ع۔ا۔مذ) نکاح نامہ۔ وہ کاغذ جس پر نکاح کے متعلق شہادتیں اور مہر کی مقدار لکھی جاتی ہے۔

مِہر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مث) (۱) محبّت۔ مُحِب۔ دوستی۔ اُلفت۔ پیار۔ شفقت (۲) ہمدردی۔ رحم (۳) ترس (۴) مامتا۔ اُلفتِ مادری (۵) آفتاب۔ سُورج۔ شمس (۶) شمسی مہینوں میں سے ساتویں مہینے کا نام جو ہندی اسوج اور انگریزی ستمبر کے مطابق ہوتا ہے (۷) ہر شمسی مہینے کی سولھویں تاریخ یا سولھواں دِن۔

مِہربان (ف۔صف) (۱) مہربانی کرنے والا۔ محبت کرنے والا۔ رفیق۔ شفیق (۲) توجہ کرنے والا۔ عنایت سے پیش آنے والا (۳) دوست۔ یار۔

مِہربان (کرنا) کردینا (اُر۔محاورہ) توجہ دِلانا۔ نرم دِل کر دینا۔

مِہربانِ مَن (ف۔ا۔مذ) میرے کرم فرما۔

مِہربان ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) رحم دِل ہونا۔ ترس کھانا (۲) خوش ہونا۔ راضی ہونا۔

مِہربانی (ف۔ا۔مث) (۱) عنایت۔ شفقت۔ نوازش۔ کرپا (۲) توجہ۔ اِلتفات۔ دھیان۔ خیال۔

مِہربانی سے پیش آنا (اُر۔محاورہ) اَخلاق سے پیش آنا۔ اچھا برتاؤ کرنا۔ عنایت فرمانا۔

مِہربانی نامہ (ف۔ا۔مذ) عنایت نامہ۔ الطاف نامہ۔ دوستانہ خط۔

مِہرجبیں (طلعت) (ف۔صف) حسین۔ خوب صورت۔ سُورج کی شکل والا۔ معشوق۔

مِہر کرنا (اُر۔مص مُرکّب) مہربانی کرنا۔ فضل کرنا۔ شفقت کرنا۔

مِہر کی نظر (اُر۔ا۔مث) عنایت اور مہربانی کی نگاہ۔

مِہر گستر (ف۔صف) کمال مہربانی کرنے والا۔

مِہر (گیا) گیاہ (ف۔ا۔مث) (۱) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ اِنسانی چہرے سے مشابہ ہوتی ہے (۲) سُورج مکھی کا پھول۔

مِہر گیتی اَفروز (ف۔ا۔مذ) زمین کو روشن کرنے والا آفتاب۔

مِہر وَرز (ف۔ا۔مذ) عاشق۔

مِہر وَش (ف۔صف) سُورج کی مانند۔ حسین۔ خوبصورت۔

مِہر و محبّت (ف۔ا۔مث) محبت اور شفقت۔

مِہر ہونا (اُر۔محاورہ) مہر کرنا کا لازم۔ مہربانی ہونا۔ فضل ہونا۔

مِہر ہے پر دُودھ نہیں (اُر۔مثل) نری ظاہر داری ہے۔ لینا دینا کچھ نہیں۔

مُہر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مث) چھاپ۔ کسی چیز پر کھدا ہوا نام (۲) خاتم۔ انگوٹھی (۳) اشرفی۔ سونے کا ایک سکّہ۔ اُردو جمع: مُہروں۔ مُہریں۔

مُہر اُٹھنا (اُر۔محاورہ) مُہر کا نقش اُبھرنا۔ مُہر کا نمایاں ہونا۔

مُہر بردار (ف۔صف) وہ شاہی مُلازم جس کے پاس مُہر خاص رہتی ہے۔ محافظِ مُہر۔

مُہر برلب (ف۔صف) لب پر مُہر یعنی خاموش۔

مُہر بند (ف۔صف) جسے مُہر لگا کر بند کر دیا گیا ہو۔

مُہر ثبت کرنا (اُر۔محاورہ) مُہر لگانا۔

مُہر حاکم (ف۔ع۔ا۔مث) مُہر منصفی۔ مُہر عدالت۔

مُہر خاص (دستی) (ف۔ا۔مث) انگوٹھی کی مُہر جو ہر وقت اپنے قبضے میں رہے۔

مُہر خاموشی (سکوت) (ف۔ا۔مث) چُپ۔ سکوت۔

مُہر دار (ف۔صف) دیکھئے مُہر بردار۔

مُہر دہاں (مُہر دہن) (ف۔ا۔مث) دیکھئے مُہر خاموشی۔

مُہر سجدہ (نماز) (ف۔ع۔ا۔مث) خاک شفا کی ٹکیا جسے اہلِ تشیع نماز میں سجدے کی جگہ رکھتے ہیں۔

مُہر سلیمان (سُلیمانی) (ف۔ا۔مث) حضرت سُلیمانؑ کی مُہر جس پر اِسمِ اعظم کندہ تھا۔ اِسی کی وجہ سے دیو، جن، پری وغیرہ آپ کے مُطیع تھے۔

مُہر شاہی (ف۔ا۔مث) بادشاہ کی مُہر۔ گورنمنٹ کی چھاپ۔

مُہر کرنا (لگانا) (اُر۔محاورہ) (۱) کاغذ پر چھاپ لگانا (۲) سر بہ مُہر کرنا۔ سربند کرنا۔ بند کرنا (۳) تصدیق کرنا۔ گواہی دینا۔

مُہر کَن (ک پر زبر) (ف۔صف) مُہر کھودنے والا۔

مُہر نامہ (ف۔ا۔مذ) مُہر جو اعتبار کے لئے کاغذ کی پیشانی پر کر دیتے ہیں۔

مُہر نبوّت (ف۔ع۔ا۔مث) نقش نبوت جو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے دونوں مونڈھوں کے درمیان تھا۔

مُہر وصل (ف۔ا۔مث) وہ مُہر جو اعتبار کے لئے بڑے کاغذوں پر مقامِ وصل یعنی جوڑوں پر کر دیتے ہیں۔

مُہر ہو جانا (ہونا) (اُر۔محاورہ) تصدیق ہو جانا۔

مَہرا (مَہ۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کہار۔ ڈولی یا پالکی اُٹھانے والا (۲) کہاروں کا افسر۔

مَہرا (مَہ۔را) (ہ۔ا۔مذ) وہ شخص جو زنانہ لباس پہنے اور زنانی بولی بولے۔ زنانہ۔ زنخا۔

مُہرا (مُہ۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) سامنا۔ آگا (۲) نشانہ۔ زد۔

مُہرا آنا (اُر۔محاورہ) آوازہ کسنا۔ طعنہ دینا۔ چھیڑنا۔ اشارتاً طنز کرنا۔

مِہرارُو (مِہ۔را۔رُو) (ہ۔ا۔مث) عورت۔ جورو۔ بیوی۔

مُہرانہ (مُہ۔را۔نا) (ف۔ا۔مذ) وہ رقم جو کاغذ پر سرکاری مُہر لگانے کے عوض لی جائے۔

مہربان۔ مِہر کے تحت دیکھئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُہرہ (مُہ۔رہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) کاغذ وغیرہ گھوٹنے کا آلہ (۲) شطرنج کی گوٹ (۳) کوڑی۔ سیپ۔ صدف (۴) ایک قسم کا پتھر (۵) سانپ کا مَن (۶) گردن اور ریڑھ کی ہڈی کا ٹکڑا (۷) لوہاروں اور سُناروں کا ہتھوڑا (۸) ہر وہ چیز جو کام کرنے میں اوزار کا کام دے (۹) تریاق۔ اُر جمع: مُہروں۔ مُہرے۔

مُہرہ باز (ف۔صف) شُعبدہ باز۔ عیّار۔

مُہرہ بازی (ف۔ا۔مث) شُعبدہ بازی۔ جادُو کا کھیل۔

مُہرہ دبانا (اُر۔ محاورہ) سدِّراہ ہونا۔ روکنا۔

مُہرۂ سجدہ۔ دیکھئے مُہرِ نماز۔

مُہرہ کرنا (اُر۔ محاورہ) گھوٹا پھیرنا۔ چکانا۔

مُہرۂ لاجوَرد (ف۔ا۔مذ)(کنایۃً) آسمان۔

مُہرہ لینا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کا بیڑا اُٹھانا۔

مُہرۂ مار (ف۔ا۔مذ) سانپ کا مُہرہ۔ وہ پتھر جس کی بابت مشہور ہے کہ مارگزیدہ کے زخم سے زہر چوس لیتا ہے۔

مُہرۂ نماز۔ دیکھئے مُہرِ سجدہ۔

مَہری (مَہ۔ری)(ہ۔ا۔مث) مَہرا کی تانیث۔ کہارن۔ کہار کی بیوی۔

مُہری (مُہ۔ری)(ف۔صف)(۱) مُہر کیا ہوا۔ مُہر لگا ہوا (۲) گھوٹا پھرا ہوا۔

مُہری (مُہ۔ری)(ہ۔ا۔مث)(۱) موری۔ بدرو۔ نالی (۲) بندوق کا سُوراخ۔ نال (۳) آستین یا پاجامے کا مُنہ۔

مِہری (مِہ۔ری)(ف۔ا۔مث) اِلتفات۔ شفقت۔ محبت۔ دوستی۔ (مرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے سرد مہری)۔

مَہزُوم (مَہ۔زُوم)(ع۔صف) شکست کھایا ہوا۔ شکست دیا ہوا۔

مَہک (مَ۔ہَک)(ہ۔ا۔مث) خوشبُو۔ میٹھی باس۔ نکہت۔

مہک جانا (اُر۔ محاورہ) خوشبُو میں بس جانا۔ مُعطّر ہو جانا۔

مَہکار (مَہ۔کار)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے مہک۔

مَہکانا (مَہ۔کا۔نا)(ہ۔مص) خوشبُو پھیلانا۔ خوشبُودار کرنا۔

مَہکنا (مَ۔ہَک۔نا)(ہ۔مص) خوشبُو پھیلنا۔ معطّر ہونا۔ خوشبُو میں بسنا۔

مَہکیلا (مَہ۔کی۔لا)(ہ۔صف) خوشبُودار۔ مہکتا ہوا۔

مِہلا (مِ۔ہ۔لا)(س۔ا۔مث) عورت۔ خاتون۔

مُہلَت (مُہ۔لَت)(ع۔ا۔مث)(۱) دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔ توقُّف (۲) فرصت (۳) چھٹی۔ تعطیل۔

مُہلت دینا (اُر۔ محاورہ) ڈھیل دینا۔ موقع دینا۔ اجازت دینا۔

مُہلت ملنا (اُر۔ محاورہ) فرصت مِلنا۔ چھٹی مِلنا۔ وقت حاصل ہونا۔ موقع مِلنا۔

مُہلِک (مُہ۔لِک)(ع۔صف فاعلی)(۱) ہلاک کرنے والا۔ مار ڈالنے والا۔ قتل کرنے والا۔ قاتل (۲) سخت ضرر رساں۔

مُہلک بیماری (ع۔ا۔مث) ہلاک کر دینے والا مرض۔ خطرناک بیماری۔

مَہلَکہ (مَہ۔لَ۔کہ)(ع۔ا۔مذ) ہلاکت کی جگہ۔ جمع: مہالِک۔

مُہِم (مُ۔ہِم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بڑا کام۔ بھاری کام۔ معرکے کا کام۔ مُشکل کام (۲) جنگ۔ لڑائی۔ جمع: مُہمّات۔ مُہام۔

مُہم جیتنا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُشکل کام انجام دینا (۲) جنگ فتح کرنا۔

مُہم سر کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) لڑائی فتح کرنا (۲) نہایت سخت اور دُشوار کام کو آسان کر لینا۔

مَہما (مَہ۔ما)(ہ۔ا۔مث)(۱) بڑائی۔ بُزرگی۔ عظمت۔ شان و شوکت (۲) مہربانی۔ عنایت۔ مُروّت۔ نوازش (۳) مدح۔ تعریف و توصیف۔

مہما سے بولنا (ہ۔ محاورہ) نرمی اور مہربانی سے بات کرنا۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا۔

مہما کرنا (ہ۔ محاورہ)(۱) تعریف و توصیف کرنا (۲) تعظیم و تکریم کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ خاطر و مدارات کرنا۔

مُہمّات (مُ۔ہِم۔مات)(ع۔ا۔مذ) مُہم کی جمع۔

مِہماز (مِہ۔ماز)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے مہمیز۔

مِہمان (مِہ۔مان)(ف۔ا۔مذ) جو آدمی کچھ عرصے کے لئے کسی کے یہاں آ کر ٹھہرے (۲) دعوت میں آنے والا۔ جمع: مہماناں۔ اُردو جمع: مہمان۔ مہمانوں۔

مہمان اُترنا (اُر۔ محاورہ) بچّہ پیٹ میں آنا۔ حمل ٹھہرنا۔

مہمان خانہ (ف۔ا۔مذ) مہمانوں کے ٹھہرنے کا مکان۔ مہمان سرا۔ مسافرخانہ۔

مہمان داخِل (ف۔صف) بطور مہمان۔ عارضی طور پر۔

مہمان دار (ف۔صف)(۱) جس کے یہاں کوئی مہمان آئے۔ میزبان (۲) وہ شخص جو مہمانوں کی آؤ بھگت پر مقرر ہو۔

مہمان داری (ف۔ا۔مث) مہمان نوازی۔ مہمان رکھنا۔ مہمان کی خاطر تواضع۔

مہمان سرا (ف۔ا۔مث) دیکھئے مہمان خانہ۔

مہمانِ طفیلی (ف۔ا۔مذ) وہ شخص جو مہمان کے ساتھ میزبان کے یہاں آئے۔

مہمانِ عزیز (ف۔ا۔مذ) ذی عزّت مہمان۔

مہمان کرنا (اُر۔ محاورہ) مہمان رکھنا۔ گھر بُلانا۔

مہمان نواز (ف۔صف) مہمانوں کی خاطر تواضع کرنے والا۔

مہمان نوازی (ف۔ا۔مث) مہمانوں کی خاطر تواضع۔

مِہمانی (مِہ۔ما۔نی)(ف۔ا۔مث) مہمانوں کی خاطر تواضع۔ مہمان داری۔ مہمان نوازی۔

مہمانی کرنا (اُر۔ محاورہ) دعوت کرنا۔ مہمان بُلانا۔ ضیافت کرنا۔ کسی کو کھانا کھلانا۔

مُہمَل (مُہ۔مَل)(ع۔صف)(۱) چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا (۲) بیکار۔ نکمّا (۳) بے ہودہ۔ فضول (۴) بے معنی۔ لغو۔ زائد (۵) سُست۔ مجہول۔ اَحدی۔ کاہل (۶) وہ حرف جس پر نُقطہ نہ ہو۔

مُہمَلات (مُہ۔مَ۔لات)(ع۔ا۔مث) مُہملہ کی جمع۔ بے ہودگیاں۔ فضول باتیں۔

مُہمَلہ (مُہ۔مَ۔لہ)(ع۔صف) دیکھئے مُہمل جس کی یہ تانیث ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَہْمُوز (مَہ۔مُوز)(ع۔صف)(۱) معیوب۔ عیب دار (۲) عربی کا وہ کلمہ جس کے اصلی حرفوں میں سے کوئی ایک ہمزہ ہو۔

مَہْمُوم (مَہ۔مُوم)(ع۔صف) مغموم۔ غمگین۔ اندوہگیں۔ رنجیدہ۔

مِہْمِیز (مِہ۔میز۔بیائے معروف)(مَہ۔میز۔بیائے مجہول)(ف۔ا۔مث) مہماز۔ وہ خاردار چکری جو گھوڑ سواروں کے جوتوں کی ایڑی میں لگی ہوتی ہے اور جس سے وہ گھوڑوں کو ایڑ لگاتے ہیں۔ جمع: مہمیزوں۔ مہمیزیں۔

مہمیز خور (ف۔صف) وہ گھوڑا جسے مہمیز کھانے کی عادت پڑ گئی ہو۔ اڑیل ٹٹو۔

مہمیز کرنا (اُر۔محاورہ) ایڑ لگانا۔ گھوڑے کو ایڑ لگا کر چلانا۔

مِہْنا (مِہ۔نا)(ہ۔ا۔مذ) طعنہ۔ تشنیع۔ سرزنش۔ اُردو میں طعنہ مہنا کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

مہنا مَت (مِہ۔نا۔مَت)(ہ۔ا۔مث) رونا پیٹنا۔ بلبلانا۔

مُہْنال (مُہ۔نال)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے مُنہ نال۔

مَہَنْت (مَ۔ہَنت)(نون غنہ)(س۔ا۔مذ)(۱) جوگی۔ گُسائیں۔ سادھوؤں کا سردار (۲) بہت موٹا آدمی (۳)(طنزاً) شرارتی آدمی۔ بگلا بھگت۔

مَہَنْتائی (مَ۔ہَن۔تائی)(ہ۔ا۔مث) مہنت کا کام۔

مُہَنَّد (مُ۔ہَن۔نَد)(ع۔صف) دُوسری زبان کا لفظ جسے لفظی یا معنوی تصرّف کر کے ہندی بنا لیا گیا ہو جیسے رپورٹ سے رپٹ۔

مُہَنْدِس (مُ۔ہَن۔دِس)(ع۔ا۔مذ)(۱) ہندسہ دان۔ علم ہندسہ کا عالم۔ اُقلیدس کا ماہر (۲) نجومی۔ جوتشی۔ جمع: مُہندسین۔

مُہندسِ فلک (ع۔ف۔ا۔مذ) زحل سیارہ۔

مِہْندی (مِنہ۔دی)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے مہندی۔

مَہْنگا (مَ۔ہنگا)(ہ۔صف) گراں۔ قیمتی۔ زیادہ مول کا۔ زیادہ قیمت کا۔

مہنگا سماں (اُر۔ا۔مذ) گرانی کا زمانہ۔ قحط۔ کال۔

مہنگا کرنا (اُر۔مص مُرکّب) قیمت چڑھا دینا۔ مول زیادہ کر دینا۔

مہنگا ہونا (اُر۔مص مُرکّب) گراں ہونا۔ زیادہ قیمت ہونا۔

مَہْنگی (مَ۔ہنگی)(ہ۔صف) مہنگا کی تانیث۔

مَہْوا (مَہ۔وا)(ہ۔ا۔مذ) ایک درخت جس کا پھل کھاتے، بیجوں کا تیل نکالتے اور پھولوں کی شراب بناتے ہیں۔

مہوا ٹپکنا (اُر۔محاورہ) مہوے کے پھلوں کا درخت سے گرنا۔

مُہُور (مُ۔ہُور)(ق۔ا۔مث) مُہر۔

مُہُورَت (مُ۔ہُو۔رَت)(مُ۔ہُورت)(پہلا ہندی دُوسرا سنسکرت۔ا۔مذ)(۱) دن کا تیسواں حصہ۔ اڑتالیس منٹ (۲) مُبارک گھڑی۔ شگن۔ وقت۔ موقع۔ علم نجوم کے مطابق کسی کام کے کرنے کا مُبارک وقت۔

مہورت دیکھنا (ہ۔محاورہ) کسی کام کے لئے ستاروں کی چال کے مطابق مُبارک وقت معلوم کرنا۔

مہورت کرنا (ہ۔محاورہ) کسی کام کو اچھی گھڑی دیکھ کر ہاتھ لگانا۔

مُہَوِّس (مُ۔ہَو۔وِس)(ع۔صف)(۱) لالچی۔ حریص۔ ہوس ناک (۲)(اُر۔ا۔مذ) کیمیاگر۔ سونا چاندی بنانے والا۔

مُہَوِّسی (مُ۔ہَو۔وِ۔سی)(اُر۔ا۔مث)(۱) لالچ۔ حرص (۲) کیمیاگری۔

مَہ وَش (مَہوَش)(ف۔صف) مَہ کے تحت دیکھئے۔

مَہُوک (مَ۔ہُوک)(ہ۔ا۔مذ) کوئل کی قسم کا ایک پرند۔

مَہُون (مَ۔ہُون)(ق۔ا۔مذ) مہینا۔

مُہَیّا (مُ۔ہَیْ۔یا)(ع۔صف) تیار۔ آمادہ۔ لیس۔ حاضر۔ موجود۔

مہیا کرنا (اُر۔محاورہ) موجود کرنا۔ حاضر کرنا۔ تیار کرنا۔

مَہِیب (مَ۔ہیب)(ع۔صف) خوفناک۔ خطرناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔ (اُردو میں بضمِ اوّل مستعمل ہے)۔

مُہَیِّج (مُہَیَّج) (مُ۔ہَیْ۔یِج)(مُ۔ہیج)(ع۔صف) اُٹھانے والا۔ ہیجان خیز۔ غبار پیدا کرنے والا۔

مَہِیر (مَ۔ہیر)(بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گھی کا میل (۲) چھاچھ میں اُبلے ہوئے چاول یا کوئی اور اناج۔

مہیرو (مَ۔ہے۔رو)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے مہیر۔

مہیری (مَ۔ہے۔ری)(ہ۔ا۔مث) چھاچھ میں پکا ہوا دلیا، باجرہ وغیرہ۔

مہیریاں (مَ۔ہیر۔یاں)(ق۔ا۔مث) بالوں کی پٹیاں۔ لٹیں۔

مَہیش (مَ۔ہیش)(بیائے معروف)(مَ۔ہیش)(بیائے مجہول)(س۔ا۔مذ) بڑا دیوتا۔ شوجی کا نام۔

مہیلا (مَ۔ہے۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) گھوڑوں کے لئے اُبلا ہوا دانہ جس میں گُڑ بھی ملایا جاتا ہے۔ سانی (۲) نہایت بے مزہ کھانا۔

مَہین (مَ۔ہین)(اُر۔صف)(۱) باریک۔ پتلا۔ رقیق (۲) نازک۔ کومل (۳)(ع۔صف) لاغر۔ ضعیف۔

مہین آواز (اُر۔ا۔مث) باریک آواز۔ نرم آواز۔

مَہینا (مَ۔ہی۔نا)(اُر۔ا۔مذ) ماہ۔ تیس دن یا اس سے کم و بیش کا عرصہ۔ سال کا بارھواں حصہ (۲) تنخواہ۔ وظیفہ۔ طلب۔ مشاہرہ۔ جمع: مہینوں۔ مہینے۔

مہینا بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) مہینا منحوس ہونا۔

مہینا بھر (اُر۔صف) تمام مہینے۔ پورے مہینے تک۔

مہینا چڑھنا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی کے ذمے مہینے کی تنخواہ کا واجب ہو جانا۔ مشاہرہ نہ ملنا (۲) حیض کے دن ٹل جانا۔ معمول کے دن گزر جانا۔

مہینا دار (اُر۔صف) ماہانہ تنخواہ کا نوکر۔

مَہینے (مَ۔ہی۔نے)(اُر۔ا۔مذ)(۱) مہینا کی جمع (۲) مہینا کی مُغیرہ صورت۔

مہینے سے ہونا (اُر۔محاورہ) حیض سے ہونا۔ ایام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔

مہینے کے مہینے (اُر۔تابع فعل) ماہوار۔ ہر تیس دن کے بعد۔ چاند کے چاند۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مَئی (م۔ای)(ہ۔ا۔مذ) ہل چلے کھیت کو ہموار کرنے کا طریقہ۔
مَئی (م۔ای)(انگ May کا مؤرّد۔ا۔مذ) عیسوی سَن کا پانچواں مہینا جو اکتیس دِن کا ہوتا ہے۔

م۔ی

مے (بفتحِ اوّل)(ف۔ا۔مث) شراب۔ خمر۔ بادہ۔ دارو۔ دُخترِ رَز۔ مُل۔ صہبا۔ بنتُ العنب۔
مئے آتشین (ف۔ا۔مث) سُرخ رنگ کی شراب۔
مے آشام (ف۔صف) شراب پینے والا۔
مے اُڑانا (اُر۔محاورہ) شراب پینا۔
مئے انگوری (ف۔ا۔مث) انگور کی شراب۔
مئے پُرتگال (مئے پُرتگالی)(ف۔ا۔مث) ایک قسم کی شراب جو پُرتگال میں بنائی جاتی ہے۔
مے پرست (ف۔صف)(۱) شراب کی پرستش کرنے والا (۲) شراب پینے والا۔ شراب خوار۔
مے پرستی (ف۔ا۔مث) شراب خوری۔ بادہ پیائی۔ مے نوشی۔
مے خانہ (مَیکدہ)(ف۔ا۔مذ) شراب خانہ۔
مے خوار (مے کش۔ مے گسار۔ مے نوش)(ف۔صف) شرابی۔ شراب پینے والا۔
مے خواری (مے کشی۔ مے گساری۔ مے نوشی)(ف۔ا۔مث) شراب نوشی۔ دارو پینا۔
مے خوش (ف۔صف)(۱) کھٹ مِٹھا (۲) انار جو کھٹ مٹھا ہو۔
مے ڈھلنا (اُر۔محاورہ) شراب کا بوتل سے نکلنا۔
مئے طہور (ف۔ع۔ا۔مث) پاک شراب۔ جنت کی شراب۔
مے فروش (ف۔صف) شراب بیچنے والا۔ کلال۔
مے فروشی (ف۔ا۔مث) شراب بیچنا۔
مئے کافور (ف۔ا۔مث) شراب جس کی حِدّت گھٹانے کے لئے کافور ملا دیتے ہیں۔
مے گوں (ف۔صف) شراب کے رنگ کا۔ سُرخ۔ لال۔
مئے ناب (ف۔ا۔مث) خالص شراب۔
مَیّا (مَیْ۔یا)(ہ۔ا۔مث) ماں کی تصغیر۔ اماں۔ والدہ۔
میّا باوا مرگئے' یہی وہر یا کر گئے (ہ۔مثل) بے سوچے سمجھے بیٹی کو بد مزاج کے ساتھ بیاہ دینا۔
مَیات (مَ۔یات)(ق۔ا۔مث) مات۔ شکست۔
مِیان (مِ۔یان)(ف۔ا۔مذ)(۱) بیچ۔ وسط۔ درمیان (۲) کمر (۳) نیام۔ تلوار وغیرہ رکھنے کا خانہ۔
مِیان بالا (ف۔صف) متوسط قد کا۔ درمیانی ڈیل کا آدمی۔
مِیان تہ (ف۔ا۔مث) بیچ کی تہ۔
مِیان تہی (ف۔ا۔مث) وہ بستر جس کے ابرے اور استر کے بیچ میں رُوئی کی تہ ہو۔
مِیانِ دو آب (ف۔ا۔مذ) دو دریاؤں کے بیچ کی زمین۔ دو آبہ۔
مِیان سے باہر ہونا (نکلنا)(اُر۔محاورہ)(۱) تلوار کا نیام سے نکلنا (۲) غُصّے کے سبب آپے سے باہر ہو جانا۔ آپے میں نہ رہنا۔
مِیان سے کھینچنا (کھینچ لینا)(اُر۔محاورہ)(۱) مرنے مارنے پر تیار ہو جانا (۲) تلوار میان سے باہر کر لینا۔
مِیان میں کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) تلوار کو غلاف میں کرنا (۲) صلح کرنا۔ لڑائی سے باز آنا۔
میاں (مِ۔یاں)(اُر۔ا۔مذ) میراں بہ معنی سرداروں کا سردار کا مُخفف۔ آقا۔ والی۔ وارث۔ خُداوند۔ مالک۔ سرکار۔ حضور۔ حاکم۔ سردار (۲) صاحب زادہ۔ بیٹا (۳) خاوند۔ شوہر۔ خصم (۴) جناب۔ جنابِ عالی (۵) یار۔ دوست۔ بھائی (۶) اُستاد۔ مُعلّم۔ مُدرّس۔ پڑھانے والا (۷) شہزادہ۔ صاحب عالم۔ امیرزادہ۔ کنور (۸) پہاڑی راجاؤں کے خاندان کے لوگ۔
میاں آدمی (اُر۔ا۔مذ) نیک آدمی۔ بھلامانس۔ شریف آدمی۔
میاں بھائی (اُر۔ا۔مذ)(۱) بڑا بھائی (۲) کلمۂ محبت جو برابر والے یا چھوٹے کو سمجھاتے وقت اِستعمال کرتے ہیں۔
میاں بیوی (اُر۔ا۔مذ) زن و شوہر۔ خاوند بیوی۔
میاں بیوی راضی تو کیا کرے گا قاضی (اُر۔مثل) جب آپس میں اتفاق ہو تو دُوسرا کس طرح دخل در معقولات کر سکتا ہے۔
میاں پھریں لال گلال' بیوی کے بُرے اَحوال (اُر۔مثل) شوہر تو باہر چھیلا بنے پھرتے ہیں گھر میں بیوی کے پاس کچھ نہیں۔
میاں جی (اُر۔ا۔مذ) اُستاد۔ مُعلّم۔ مدرّس۔ پڑھانے والا۔
میاں جی گری (اُر۔ا۔مث)(۱) بچّے پڑھانے کا پیشہ یا نوکری (۲) پیام رسانی۔ قاصدی (۳) کُٹناپا۔ دلالی۔
میاں صاحِب (اُر۔ا۔مذ)(۱) حضرت سلامت۔ جنابِ عالی (۲) پیر و مُرشِد۔ قبلہ و کعبہ۔
میاں کماؤ بیوی اُڑاؤ (اُر۔مثل) شوہر کما کر لاتا ہے اور بیوی فضول خرچی میں ختم کر دیتی ہے۔
میاں کی جُوتی میاں کا سر (اُر۔مثل) آدمی اپنے ہاتھوں کے کئے سے لاچار ہے۔
میاں کی ڈاڑھی واہ ہی واہ میں گئی (اُر۔مثل) بے فائدہ اور بے نتیجہ خرچ کے موقع پر بولتے ہیں۔
میاں کے میاں گئے۔ بُرے بُرے پیٹے آئے (اُر۔مثل) نقصان پر نقصان ہوا۔ مُصیبت پر مُصیبت آئی۔
میاں گھر نہیں' بیوی کو ڈر نہیں (اُر۔مثل)(۱) ننگ و ناموس کیونکر سلامت رہے (۲) مالک کی غیر موجودگی میں ماتحتوں کے غلط طرزِ عمل پر بھی بولتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میاں گئے رونڈ بیوی گئیں پٹ رونڈ (اُر۔ مثل) خاوند گھر سے باہر جائے تو بیوی بھی چل دیتی ہے۔ اُس عورت کے لئے کہتے ہیں جو شوہر کے باہر جاتے ہی گھر سے نکل کھڑی ہوتی ہے۔

میاں مِٹھو (اُر۔ا۔مذ) (۱) میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا۔ پیار سے طوطے کو کہتے ہیں (۲) جانور (۳) (صف) سیدھا سادہ۔ بھولا بھالا۔ سادہ لوح (۴) اپنی تعریف آپ کرنے والا۔

میاں مِٹھو بنا دینا (بنانا) (اُر۔ محاورہ) طوطے کی طرح رٹا دینا۔ اَلفاظ اَزبر کرا دینا۔

میاں مِٹھو پڑھو تو پڑھو نہیں تو پنجرا خالی کرو (اُر۔ مثل) کام کرنا ہے تو کرو نہیں تو رُخصت ہو۔

میاں مودھو ہیں (اُر۔ مثل) بے وقوف ہیں۔ اَحمق ہیں۔

میاں ناک کاٹنے کو پھریں بیوی کہے مجھے نتھ گھڑا دو (اُر۔ مثل) ایک کا کچھ مطلب ہو دُوسرا کچھ سمجھے۔ ایک دُوسرے سے بے زار ہو اور وہ اُس سے اپنی خواہشات پُوری کرنے کا طلب گار ہو۔

مِیانا (م۔یا۔نا) (اُر۔ا۔مذ) ڈولا۔ پینس۔ پالکی۔ سکھ پال (۲) گاڑی کی بلّی۔ بانس۔

میانہ (م۔یا۔نہ) (ف۔ صف) (۱) متوسط درجے کا۔ منجھلا (۲) وسطی۔ درمیانی۔ بیچ کا (۳) (ا۔مذ) کیلی۔ دُھری۔ مرکز۔

میانہ رَو (ف۔ صف) متوسط چال چلنے والا۔ وہ جو قول و فعل میں نہ زیادتی اختیار کرے نہ کمی۔

میانہ رَوی (ف۔ا۔مث) اوسط درجے کی روش۔ کفایت شعاری۔ اِعتدال۔

میانہ قد (ف۔ا۔مذ) متوسط قد۔ نہ لمبا نہ کوتاہ۔

میانہ گیر (ف۔ صف) اِعتدال پسند۔ افراط و تفریط سے دُور رہنے والا۔

میانی (م۔یا۔نی) (اُر۔ا۔مث) دونوں پائینچوں کے بیچ کا کپڑا۔

میاؤں (م۔یا۔اُوں) (ہ۔ا۔مث) بلّی کی آواز۔

میاؤں کو کون پکڑے گا؟ (اُر۔ مثل) دیکھئے بلّی کی میاؤں کو کون پکڑ سکتا ہے۔

میپ (Map) (انگ۔ا۔مذ) مُلک یا زمین کا نقشہ۔

میپل (Maple) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت جو شمالی نصف کرہ میں پایا جاتا ہے۔ اس کی ۱۰۰ کے قریب اَقسام ہیں۔ اس کی ایک قسم سے کینیڈا میں کھانڈ بنائی جاتی ہے۔

مَیِّت (مَی۔یت) (ع۔ا۔مث) جنازہ۔ مُردہ۔ لاش۔ نعش۔ جمع: مَوتیٰ۔

مِیت (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) (۱) یار۔ دوست۔ شفیق۔ ساتھی (۲) عاشق۔ معشوق۔

مِیتا (مِی۔تا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گھڑا (۲) پیالہ۔

میتھڈ (Method) (انگ۔ا۔مذ) طریقہ۔ سلیقہ۔ قاعدہ۔ ترتیب۔ ڈھب۔ ڈھنگ۔

میتھی (مے۔تھی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا خوشبودار ساگ۔

میتھین (مے۔تین) (ف۔ا۔مث) چھینی۔ ٹانکی۔ ریتی۔

میٹ (Mate) (انگ۔ا۔مذ) (۱) ساتھی۔ رفیق۔ ہمراہی (۲) قلیوں کا افسر۔ مزدوروں کا جمعدار۔

میٹر (Matter) (انگ۔ا۔مذ) (۱) مادّہ جس سے چیزیں بنتی ہیں (۲) معاملہ (۳) مواد (کتاب وغیرہ کا)۔

میٹر (Meter) (انگ۔ا۔مذ) ناپنے کا آلہ۔ پیمانہ۔

میٹر (Metre) (انگ۔ا۔مذ) ایک گز سوا تین اِنچ کا پیمانہ۔

میٹرک (مَیٹ۔رک) (اُر۔ صف) میٹریکولیٹ کا مخفف۔

میٹرن (Matron) (انگ۔ا۔مث) شفاخانے یا مدرسے کی منتظمہ۔

میٹریکولیٹ (Matriculate) (انگ۔ صف) دسویں جماعت پاس۔

میٹریکولیشن (Matriculation) (انگ۔ا۔مذ) انگریزی کی دسویں جماعت۔

میٹل (Metal) (انگ۔ا۔مذ) دھات۔ فلز۔

میٹنا (میٹ۔نا) (بیائے مجہول) (ہ۔مص) برباد کرنا۔ مِٹانا۔ خاک میں مِلانا۔ نیست و نابُود کرنا۔

میٹنگ (Matting) (انگ۔ا۔مث) چٹائی۔ بوریا۔

میٹنگ (Meeting) (انگ۔ا۔مث) (۱) جلسہ۔ بزم۔ مجلس۔ سبھا (۲) میل۔ مُلاقات۔ مِلنا۔ اِتصال (۳) مجمع۔ کمیٹی۔ پنچایت۔

میٹنی (Matinee) (انگ۔ا۔مذ) سہ پہر کا تماشا یا شو۔

میٹھا (مِی۔ٹھا) (ہ۔ صف) (۱) شیریں (۲) مزے دار۔ لذیذ۔ خوش ذائقہ (۳) سُست رفتار۔ ڈھیلا۔ دھیما۔ کاہل۔ کند ذہن (۴) نرم۔ ہلکا (۵) (اُر۔ا۔مذ) شیرینی۔ مٹھاس۔ مٹھائی (۶) گڑ۔ قند (۷) حلوا (۸) ایک قسم کا شیریں لیمو (۹) بُردبار آدمی۔ وہ شخص جسے غصّہ نہ آئے (۱۰) فائدہ۔ طمع۔ لالچ (۱۱) زنانہ۔ زنخا (۱۲) ایک قسم کا کپڑا (۱۳) ایک قسم کا زہر۔

میٹھا آدمی (اُر۔ا۔مذ) شیریں کلام آدمی۔ بُردبار یا حلیم شخص۔

میٹھا اور بھر کٹوری (اُر۔ مثل) (۱) اچھی چیز اور بہت سی (۲) زیادہ ہوس کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔

میٹھا برس (میٹھا سال) (اُر۔ا۔مذ) عُمر کا اٹھارواں سال۔ چونکہ عورتیں اٹھارویں سال کو منحوس سمجھتی ہیں اس لئے بطورِ شگونِ نیک یہ نام دیا گیا۔

میٹھا بولنا (اُر۔ محاورہ) شیریں کلامی سے گفتگو کرنا۔ نرمی سے بات چیت کرنا۔ خوش اَخلاقی سے پیش آنا۔

میٹھا پانی (اُر۔ا۔مذ) (۱) آبِ شیریں (۲) لیمونیڈ۔

میٹھا پوئیا (اُر۔ا۔مذ) گھوڑے کی چال جو نہ بہت تیز ہو اور نہ بہت سُست۔

میٹھا تمباکو (اُر۔ا۔مذ) پینے کا تمباکو جس میں گُڑ زیادہ ڈالتے ہیں۔

میٹھا تیل (اُر۔ا۔مذ) تِلوں کا تیل۔

میٹھا تیلیا (اُر۔ا۔مذ) ایک پودا جس کی جڑ زہریلی ہوتی ہے۔ سنکھیا۔

میٹھا ٹھگ (اُر۔ا۔مذ) میٹھی میٹھی باتیں کرکے ٹھگنے والا۔ جھوٹا دوست۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خوشامدی دوست۔
میٹھا درد (ار۔ ا۔ مذ) ہلکا ہلکا درد۔ دھیما درد۔
میٹھا زہر (ار۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا زہر جو دیر سے اثر کرتا ہے۔
میٹھا مُنہ (ار۔ ا۔ مذ) (۱) تلوار یا چھری کی کُند دھار (۲) کسی میٹھی چیز کا مُنہ میں ڈالنا (۳) منگنی کی رَسم۔
میٹھا میٹھا (ار۔ صف) کم کم۔ تھوڑا تھوڑا۔ ہلکا ہلکا۔
میٹھا میٹھا ہَپ۔ کڑوا کڑوا تھو (ار۔ مثل) اچھی چیز لے لینا اور بُری سے پرہیز کرنا۔
مِیٹھی (ی۔ ٹھی) (ہ۔ صف) میٹھا کی تانیث۔ شیریں۔
میٹھی آنکھوں سے دیکھنا (ار۔ محاورہ) محبت بھری نگاہ سے دیکھنا۔
میٹھی بات (ار۔ ا۔ مث) مُلائم بات۔ نرم بات۔ دِلچسپ گفتگو۔
میٹھی باتیں کرنا (ار۔ محاورہ) نرمی سے بولنا۔ مزے مزے کی باتیں کرنا۔
میٹھی باڑھ (ار۔ ا۔ مث) چُھری وغیرہ کی کم تیز اور کُند دھار۔ موٹی دھار۔
میٹھی بولی (ار۔ ا۔ مث) شیریں زبانی۔ مُلائم اور نرم گفتگو۔
میٹھی جڑی (لکڑی) (ار۔ ا۔ مث) مُلیٹھی۔ اصلُ السُّوس۔
میٹھی چتون (ار۔ ا۔ مث) پیاری پیاری نظر۔
میٹھی چُھری (ار۔ صف) جو شخص بہ ظاہر دوست اور بہ باطن دُشمن ہو۔ دوست نُما دُشمن۔ مارِ آستین۔
میٹھی چُھری زہر میں بجھی (ار۔ مثل) ظاہر میں نرم کلام۔ دل میں دُشمنی۔
میٹھی عید (ار۔ ا۔ مث) عیدُ الفِطر۔
میٹھی گالی (ار۔ ا۔ مث) (۱) وہ گالی جو تلخ نہ گُزرے (۲) معشوق کی گالی۔
میٹھی مار (ار۔ ا۔ مث) وہ مار جس سے نشان ظاہر نہ ہو۔ گُپت مار۔
میٹھی مار دینا (ار۔ محاورہ) اِس طرح مارنا کہ چوٹ ظاہر نہ ہو۔
میٹھی مُراد (ار۔ ا۔ مث) اچھی مُراد۔
میٹھی میٹھی باتیں کرنا (ار۔ محاورہ) دیکھئے میٹھی باتیں کرنا۔
میٹھی میٹھی پھوار (ار۔ ا۔ مث) ہلکی ہلکی پھوار۔
میٹھی نظر (نگاہ) (ار۔ ا۔ مث) محبت کی نظر۔ عاشقانہ نظر۔
میٹھی نظریں (میٹھی میٹھی نظریں۔ نگاہیں) (ار۔ ا۔ مث) (۱) محبت و اُلفت کی نگاہیں (۲) عاشقانہ نگاہیں۔
میٹھی نیند (ار۔ ا۔ مث) خوابِ راحت۔ خوابِ نوشیں۔ سُکھ کی نیند۔
مِیٹھے (ی۔ ٹھے) (ہ۔ صف) میٹھا کی مُغیّرہ صورت۔
میٹھے سے مرے تو زہر کیوں دے (ار۔ مثل) اگر نرمی سے کام نکل سکتا ہے تو سختی کیوں کی جائے۔
میٹھے کھٹے کو جی چاہنا (کھٹے میٹھے کو جی چاہنا) (ار۔ محاورہ) مجامعت کی رغبت ہونا۔ ہم بستری کی خواہش ہونا۔
میٹھے کے لالچ میں جُھوٹا کھاتے ہیں (ار۔ مثل) نفع کی طمع میں سخت کلامی اور سختی برداشت کرتے ہیں۔

میٹھے کے واسطے نہ سلونے کے واسطے (ار۔ مثل) بغیر کسی طمع کے۔
میٹھے میں سلونا ملانا (ار۔ محاورہ) بدمزگی پیدا کرنا۔
میٹھے والے (ار۔ ا۔ مذ) وہ ٹھگ جو مسافروں کو میٹھا تیلیا کھلا کر مار ڈالتے تھے۔
مَیٹیریَل (Material) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) دیکھئے میٹر نمبر ۱ (۲) (صف) مادّی۔
مِیثاق (ی۔ ثاق) (ع۔ ا۔ مذ) قول و قرار۔ عہد و پیمان۔ مُعاہدہ۔ جمع: مواثیق۔
میجر (Major) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک فوجی عُہدہ جو کپتان سے اُوپر اور لیفٹیننٹ کرنل کے نیچے ہوتا ہے۔ اِس کا نشان چاند تارا ہے۔
میجر جنرل (Major General) (انگ۔ ا۔ مذ) فوج کا ایک اعلیٰ عُہدہ جو بریگیڈیئر سے اوپر اور لیفٹیننٹ جنرل سے نیچے ہوتا ہے۔ اِس کا نشان ایک دُوسرے کو قطع کرتی ہوئی دو تلواریں اور بیٹن (عصا) ہے۔
میجسٹی (Majesty) (انگ۔ ا۔ مث) شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔ دبدبہ۔ رُعب داب۔ کرّوفر (۲) منصبِ شاہی۔
میجک (Magic) (انگ۔ ا۔ مذ) علمِ تسخیر۔ جادُو۔ ٹونا۔ سحر۔ افسوں۔
میجک لینٹرن (انگ۔ ا۔ مث) وہ لالٹین جس سے اندھیرے میں چلتی پھرتی تصویریں دِکھائی جاتی ہیں۔
مِیچنا (مِیچْنا) (یچ۔ نا) (مِیچ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ہاتھ سے مَلنا۔ مَسلنا (۲) مِلانا۔ آمیزش کرنا (۳) رگڑنا۔ صاف کرنا (۴) گوندھنا۔
میچ (Match) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) مُقابل۔ حریف (۲) مثیل۔ جواب (۳) ہمسر۔ ہم پلّہ (۴) مُقابلہ۔ مقابلے کا (۵) جوڑ۔ دُولھا دُلہن۔
میچ کھیلنا (ار۔ محاورہ) کسی کھیل میں کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
مِیچنا (مِیچ۔ نا) (ار۔ مص) (آنکھ) بند کرنا۔
مِیخ (یائے مجہول) (ف۔ ا۔ مث) کِیل (۲) کھونٹی۔ کھونٹا۔ جمع: میخوں۔ میخیں۔
میخ اکھاڑنا (ار۔ محاورہ) (۱) کھونٹا اکھاڑنا (۲) سواروں کا ایک کرتب جس میں وہ گھوڑا دوڑاتے ہوئے گڑی میخ کو اکھاڑ کر لے جاتے ہیں۔
میخ ٹھونکنا (ار۔ محاورہ) (۱) کیل جڑنا (۲) دبانا۔ مغلوب کرنا (۳) ہاتھ پاؤں میں کیل ٹھونکنا۔ صلیب پر چڑھانا۔ (ایسی سزائیں پہلے زمانے میں دی جاتی تھیں)۔
میخ چو (ار۔ ا۔ مذ) چو غالباً چوب کا مُخفف ہے۔ میخ ٹھونکنے کا آلہ۔ موگری۔
میخ دی میخ چو نہیں دیا (ار۔ مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی شخص بڑے حوصلے سے نہایت قیمتی چیز دے دے لیکن لینے والا کوئی حقیر سی شے نہ ملنے پر شکایت کرے۔
میخ مارنا (ار۔ محاورہ) (۱) کیل ٹھونکنا۔ کھونٹی گاڑنا (۲) مغلوب کرنا۔ ہرانا۔ شکست دینا۔ بھانجی مارنا (۳) نقب لگانا۔
مَیدان (مَے۔ دان) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) صاف اور وسیع سطح زمین۔ چٹیل زمین۔ جمع: میدان۔ میدانوں (۲) (ار۔ ا۔ مذ) لڑائی۔ مُقابلہ۔ جنگ (۳) جوہریوں کی اصطلاح میں جواہرات کا طول و عرض (۴) قلم کا ترشا ہوا حِصّہ۔
میدان جانا (ار۔ محاورہ) جنگل جانا۔ پاخانے جانا۔ قضائے حاجت کے لئے باہر جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میدانِ جنگ (صَف آرائی۔ کارزار) (ف۔ا۔مذ) لڑائی کا میدان۔ وہ جگہ جہاں لڑائی ہو۔
میدان جیتنا (اُر۔ محاورہ) جنگ فتح کرنا۔ معرکہ سر کرنا۔
میدان چھوڑ جانا (چھوڑنا) (اُر۔ محاورہ) لڑائی سے مُنہ موڑنا۔ میدانِ جنگ سے بھاگ جانا۔
میدانِ حشر (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ میدان جہاں قیامت کے روز لوگ حساب کتاب کے لئے جمع ہوں گے۔
میدان خالی ہونا (اُر۔ محاورہ) میدان میں حریف نہ ہونا۔ کوئی مدِمقابل یا روکنے ٹوکنے والا نہ ہونا۔
میدان داری (ف۔ا۔مث) لڑائی۔ جنگ۔
میدان داری کرنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) لڑائی کرنا۔ جنگ ہونا۔
میدان دینا (اُر۔ محاورہ) جگہ دینا۔ راستہ دینا۔ جگہ چھوڑنا۔ پرے ہٹنا۔ لڑائی کا موقع چھوڑ کر بھاگ جانا۔
میدان روکنا (اُر۔ محاورہ) میدان پر قابض رہنا۔
میدان رہنا (اُر۔ محاورہ) جنگ رہنا۔ معرکہ رہنا۔
میدان سے قدم اُکھڑنا (اُر۔ محاورہ) ہمّت ہارنا۔
میدان صاف ہے (اُر۔ محاورہ) کوئی روکنے ٹوکنے والا نہیں ہے۔
میدان کا دھنی (اُر۔ا۔مذ) شجاع۔ بہادُر۔
میدانِ کارزار (ف۔ا۔مذ) دیکھئے میدانِ جنگ۔
میدان کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مکان وغیرہ کو گرا کر زمین ہموار کرنا (۲) لڑنا۔ جنگ کرنا۔ صف آرائی کرنا (۳) مجمع کو منتشر کرنا۔
میدان مارنا (اُر۔ محاورہ) لڑائی جیتنا۔ معرکہ مارنا۔
میدان مانگنا (اُر۔ محاورہ) وُسعت چاہنا۔
میدانِ محشر (ف۔ا۔مذ) دیکھئے میدانِ حشر۔
میدان میں (اُر۔ا۔مذ) کھلی جگہ۔
میدان میں آنا (اُر۔ محاورہ) لڑنے کو نکلنا۔ سامنے آنا۔ مُقابلے پر آنا۔
میدان میں اُترنا (اُر۔ محاورہ) اکھاڑے میں آنا۔ لڑنے کو سامنے آنا۔
میدان میں جھنڈا گاڑنا (اُر۔ محاورہ) فتح حاصل کرنا۔
میدان ہاتھ سے جانا (اُر۔ محاورہ) ہار ہونا۔ شکست کھانا (۲) موقع نکل جانا۔
میدان ہاتھ میں آنا (رہنا) (اُر۔ محاورہ) فتح پانا۔ لڑائی جیتنا۔
میدان ہاتھ ہونا (اُر۔ محاورہ) سرسہرا ہونا۔ کامیاب ہونا۔ فتح یاب ہونا۔
میدان ہونا (اُر۔ محاورہ) لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا۔ مُقابلہ ہونا۔
مَیدانی (ئے۔ دِ۔نی) (ف۔صف) (۱) میدان کے متعلق (۲) (اُر۔ا۔مث) لالٹین جو صحن میں روشنی کے لئے لٹکاتے ہیں (۳) (ا۔مذ) نقیب۔
مَیدَنی (ئے۔دَ۔نی) (س۔ا۔مث) (۱) زمین۔ دھرتی (۲) وہ زمین جس پر پاپیادہ چل کر کسی مُقدس مقام کو جاتے ہیں۔
مَیدَہ (ئے۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) نہایت باریک آٹا۔
میدہ سا (اُر۔صف) میدے کی مانند۔ نہایت باریک۔
میدہ (میدے) کی لوئی (اُر۔ا۔مث) نہایت نرم پیٹ۔
میدہ کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت باریک کرنا۔
میدہ لکڑی (اُر۔ا۔مث) ایک جڑ جو دوا کے طور پر اِستعمال کی جاتی ہے۔
میدہ و شہاب (اُر۔صف) خوبصورت۔ سُرخ و سفید (آدمی)۔
مَیدھ (بیائے مجہول) (ھ۔ا۔مذ) قُربانی۔
میڈل (Medal) (انگ۔ا۔مذ) تمغا۔
مَیڈم (Madam) (انگ۔ا۔مث) بیگم۔ خاتون۔ خانم۔
میڈیا (Media) (انگ۔ا۔مذ) میڈیم کی جمع لیکن بطور واحد اِستعمال ہوتا ہے۔ ذریعۂ ابلاغ۔ اخبار' رسالہ' ریڈیو' ٹیلے وژن وغیرہ۔ نیز دیکھئے الیکٹرانک میڈیا۔ پرنٹ میڈیا۔
میڈیسن (Medicine) (انگ۔ا۔مث) پینے یا کھانے کی دوا۔ دوا۔
میڈیکل (Medical) (انگ۔صف) دوا کے متعلق۔ طبّی۔
میڈیکل کالج (انگ۔ا۔مذ) وہ کالج جہاں ڈاکٹری کی اعلیٰ تعلیم دی جاتی ہے۔ ڈاکٹری کی اعلیٰ درس گاہ۔
میڈیم (Medium) (انگ۔صف) درمیانی درجہ۔ درمیانی منزل۔ اوسط (۲) (ا۔مذ) لوازم زندگی (۳) ذریعہ۔ وسیلہ (۴) وہ باؤلر جس کی گیند نہ زیادہ تیز ہو اور نہ زیادہ ہلکی۔
میئر (Mayor) (انگ۔ا۔مذ) رئیس بلدیہ۔ کارپوریشن کا صدر۔
مِیر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) (۱) امیر کا مُخفف۔ اَفسر۔ سردار۔ سرکردہ۔ سالار۔ چودھری۔ مُقدم (۲) ہادی۔ راہ نُما۔ پیشوائے دین (۳) سیّدوں کا اِعزازی لقب (۴) شہزادہ (۵) تاش کا بادشاہ۔
میرِ آب (ف۔ا۔مذ) آب دریا کا محافظ۔
میر آتش (بہ اِضافت و بغیر اِضافت) (ف۔ا۔مذ) داروغۂ توپ خانہ۔
میر آخور (ف۔ا۔مذ) داروغۂ اِصطبل۔
میر بار (بے اِضافت) (ف۔ا۔مذ) وہ شخص جو بادشاہوں اور اَمیروں کے دربار میں آنے کی اجازت اپنے اِطمینان پر دیتا ہے۔
میر بحر (بے اِضافت) (ف۔ا۔مذ) (۱) امیرُالبحر۔ میرِ آب۔ جہازی سپہ سالار (۲) دریا کے گھاٹ کا داروغہ۔ بندرگاہ کا منتظم۔
میر بحری (بے اِضافت) (ف۔ا۔مث) (۱) امیرُالبحر کا عُہدہ (۲) بحری فوج کا اِنتظام کرنے والا محکمہ۔
میر بخشی (بے اِضافت) (ف۔ا۔مذ) تنخواہ تقسیم کرنے والا عُہدے دار۔
میر پچھوی (اُر۔ا۔مذ) ہیجڑوں کا ایک نامعلوم مورثِ اعلیٰ۔
میر پچھوی کی کڑھائی (اُر۔ا۔مث) وہ پکوان جسے ہیجڑے کسی کو اپنے فرقے میں شامل کرتے وقت تیار کر کے اپنے مورثِ اعلیٰ کی نیاز دِلاتے ہیں۔
میر توک (بے اِضافت) (ف۔ا۔مذ) سپہ سالار۔ فوج کا اِنتظام کرنے والا۔
میرجی (اُر۔ا۔مذ) (۱) میراثیوں کا خطاب (۲) میر صاحب' سیّد صاحب کی جگہ بھی بولتے ہیں۔
میرِ حاجّ (ف۔ع۔ا۔مذ) حاجیوں کا سردار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میرِ دفتر (ف ۔ ا ۔ مذ) کسی دفتر کا افسر۔

میرِ دَہ (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) دس آدمیوں کا سردار۔ دس قاصدوں اور چوبداروں کا سردار۔

میرِ دِہ (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) گاؤں کا سردار۔ نمبردار۔ مُقدم (۲) جریب کش۔

میر دیوان (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) سررشتہ دار۔ نائب پیشکار۔

میرزا (ف ۔ صف ۔ وا ۔ مذ) امیرزادہ کا مخفف۔ شہزادہ۔ رئیس زادہ۔ مغل زادہ۔ مغلوں کا لقب۔ نیز دیکھیے مرزا۔

میرزا منش (ف ۔ صف) شہزادوں جیسی خُو بُو والا۔ تنک مزاج۔ نازک مزاج۔ شاہانہ مزاج۔

میر سامان (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) (۱) بادشاہوں یا امیروں کے کھانے کا انتظام کرنے والا۔ مہتمم مطبخ (۲) خان ساماں۔ بکاول۔

میر شکار (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ مُلازم شاہی جس کے سپرد شکاری جانوروں کی نگرانی ہو۔

میرِ عرب (ف ۔ ا ۔ مذ) مُراد حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔

میرِ عرض (ف ۔ ا ۔ مذ) بادشاہی مُلازم جو لوگوں کی عرض و معروض پیش کرے۔ عرض بیگی۔

میرِ عمارت (ف ۔ ا ۔ مذ) مہتمم تعمیرات۔ انجینئر۔

میر فرش (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ پتھر جو فرش کو دبانے کے لئے چاروں کونوں پر رکھے جاتے ہیں۔

میرِ قافلہ (کارواں) (ف ۔ ا ۔ مذ) قافلے کا سردار۔

میرِ کلام (ف ۔ ا ۔ مذ) نہایت اچھا مقرر۔ جادو بیان خطیب۔

میرِ مجلس (میرِ محفل) (ف ۔ ا ۔ مذ) صدرِ جلسہ۔ صدر نشینِ بزم۔ بے اضافت بھی صحیح ہے۔

میرِ محکمہ (ف ۔ ا ۔ مذ) صیغے یا سررشتے کا افسر۔

میر محلّہ (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) محلّے کا چودھری۔ کسی کوچے کا سردار۔

میرِ مشاعرہ (ف ۔ ا ۔ مذ) محفلِ مشاعرہ کا صدر۔

میر مطبخ (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) باورچی خانے کا مہتمم۔ بکاول۔

میرِ منزل (ف ۔ ا ۔ مذ) وہ شخص جو لشکر کے آگے آگے چل کر پڑاؤ کا انتظام کرتا ہے۔

میر منش (بے اضافت) (ف ۔ صف) نازک مزاج۔ نیز دیکھیے میرزا منش۔

میر منشی (بے اضافت) (ف ۔ ا ۔ مذ) سررشتہ دار۔ پیشکار اعلیٰ۔ صدر محرّر۔ ہیڈ کلرک۔

میرِ میدان (ف ۔ ا ۔ مذ) بہادر۔ دلاور۔ شُجاع۔

مَیرا (ے ۔ را) (ہ ۔ ا ۔ مذ) زمین کی وہ قسم جس میں چکنی مٹی اور ریت ملی ہوتی ہے۔

میرا (بے ۔ را) (ہ ۔ ض متکلم اضافی) اپنا۔ اپنی ذات کا۔ خود کا۔

میرا باپ سخی تھا پرائے بردے آزاد کرتا تھا (ار ۔ مثل) شیخی خورے کی بابت بولتے ہیں جو آپ تو کسی قابل نہ ہو مگر بزرگوں کی باتوں پر گھمنڈ کرتا پھرے۔

میرا ابل منطق نہیں پڑھا ہُوا (ار ۔ مثل) سیدھے سادے آدمی اپنے کام سے غرض رکھتے ہیں۔ فضول جھگڑوں میں نہیں پڑتے۔

میرا تیرا (ار ۔ کلمہ ضمیر) اجنبیت اور بیگانگی ظاہر کرنے کے موقع پر بولتے ہیں۔

میرا حلوا کھائے (میرا ماتم کرے ۔ میرا مُردہ دیکھے) (ار ۔ سخت قسم) اگر میرا کہا نہ مانے تو مجھے مرا ہوا دیکھے۔

میرا ذمّہ (ار ۔ روزمرّہ) میں اس بات کا ذمّے دار ہوں۔

میرا سلام ہے (ار ۔ محاورہ) میں باز آیا۔ مجھے منظور نہیں۔ خدا بچائے۔

میرا شیر (بہادُر ۔ سُورما) (ار ۔ ا ۔ مذ) کبھی دل بڑھانے کے لئے اور کبھی طنزاً کہتے ہیں۔

میرا کام آپ کا نام (ار ۔ مثل) میرا مطلب حل ہو جائے گا اور آپ کی ناموری ہو گی۔

میرا کیا گیا (ار ۔ روزمرّہ) میرا کیا نُقصان ہوا۔ ہمارا کیا بگڑا۔

میرا کیا نہ اپنا کیا (ار ۔ مثل) میرے کام کا رکھا نہ اپنے کام کا۔

میرا لہو پیئے (ار ۔ سخت قسم) میرا خون بہائے۔ مجھے قتل کرے۔

میرا ماتھا جبھی ٹھنکا تھا (ار ۔ محاورہ) مجھے اُسی وقت اندیشہ ہوا تھا۔ میں پہلے ہی تاڑ گیا تھا۔

میرا مُردہ اب بھی تیرے زندے پر بھاری ہے (ار ۔ مثل) میں مجبوری میں بھی تجھ سے بہتر کام کر سکتا ہوں۔

میرا مُنہ نہیں (ار ۔ محاورہ) میرا حوصلہ نہیں۔ مجھے طاقت نہیں۔ میری زبان میں اتنی طاقت نہیں۔

میراث (می ۔ راث) (ع ۔ ا ۔ مث) ورثہ۔ ترکہ۔ وہ جائیداد وغیرہ جو مرنے والے کی طرف سے حق داروں کو ملتی ہے۔

میراثن (ار ۔ ا ۔ مث) ڈومنی۔ مُطربہ۔ میراثی کی بیوی۔ جمع: میراثنوں۔ میراثنیں۔

میراثی (می ۔ را ۔ ثی) (ار ۔ ا ۔ مذ) گویا۔ ڈوم۔ مُطرب۔ مُغنّی۔ گانے بجانے والی ایک قوم۔ جمع: میراثی۔ میراثیوں۔

میراں (می ۔ راں) (ف ۔ ا ۔ مذ) میرِ میراں۔ بُزرگوں کا بُزرگ۔ سرداروں کا سردار۔

میراں جی (ار ۔ ا ۔ مذ) حضرت خواجہ مُعین الدین چشتیؒ اور حضرت غوث الاعظمؒ کا لقب (۲) ربیع الآخر کا مہینا۔

میراں جی کا چاند (ار ۔ ا ۔ مذ) سنہ ہجری کا چوتھا مہینا ربیع الآخر جس میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نیاز ہوتی ہے۔ گیارہویں کا مہینا۔

میرزا (میر ۔ زا) (ف ۔ ا ۔ مذ) میر کے تحت دیکھیے۔

میرزائی (میر ۔ زا ۔ ای) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) شہزادگی۔ بُزرگی۔ شرافت۔ عالی خاندانی۔ نجابت (۲) تکبر۔ نازک مزاجی۔ ناز۔ گھمنڈ (۳) کُرتی۔ صدری۔ مرزئی۔ واسکٹ۔ نیم جامہ (۴) مرزا غلام احمد قادیانی کو ماننے والا۔

میری (می ۔ ری) (ف ۔ ا ۔ مث) (۱) میر کا اسم کیفیت۔ سرداری (۲) (ف ۔ صف) سب پر فوقیت لے جانے والا۔ جو سب میں اوّل رہے۔

میری (بے ۔ ری) (ہ ۔ کلمہ ضمیر) میرا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میری آنکھوں سے دیکھو (اُر۔مثل) اِس نظرِ خصوصیت سے دیکھو جو مجھ کو حاصل ہے۔ اُس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی کسی اچھی بُری چیز میں تمیز نہ کر سکے۔

میری بلّی اور مجھی سے میاؤں (اُر۔مثل) میرا ماتحت و مُطیع اور مجھ سے مقابلہ کرے۔

میری بھتّی کھائے (اُر۔قسم) دیکھیے میرا حلوا کھائے۔

میری پاپوش سے (پیزار سے۔ جُوتی سے) (اُر۔روزمرّہ) مجھے کچھ پروا نہیں۔

میری توبہ (اُر۔قسم) میں باز آیا۔ میں بیزار ہوں۔

میری جان گئی (اُر۔روزمرّہ) میں مرا۔ میری جان پر آ بنی۔ مجھے نہایت تکلیف ہے۔

میری جُوتی سے (اُر۔روزمرّہ) میری بلا سے۔

میری جُوتی میرے ہی سر (اُر۔مثل) ہمارا ہی کھائے اور ہمی پر غُرائے۔

میری دائی کو کوستی ہے (اُر۔مثل) مجھے کوستی ہے۔

میری سُنو (اُر۔روزمرّہ) میری بات یا نصیحت یا مشورہ غور سے سنو۔

میری سی میرے آگے، تیری سی تیرے آگے (اُر۔مثل) ہر ایک کے سامنے پہنچ کر اُسی کی ہاں میں ہاں ملانا۔

میری طرف بھی دیکھنا (اُر۔محاورہ) میرا بھی لحاظ کرنا۔ مجھ پر بھی نظرِ عنایت رکھنا۔

میری مُرغی کی تین ٹانگ (اُر۔مثل) اپنی چیز کی تعریف۔

میرے (یے۔رے) (ہ۔ضمیرِ متکلم اضافی) (۱) میرا کی جمع (۲) میرا کی مُغیرہ یا ظرفی صورت (۳) (ضمیر فاعلی) خود۔ آپ۔

میرے آگے نام نہ لو (اُر۔روزمرّہ) میں اس سے اتنا متنفر ہوں کہ اُس کا نام بھی سننا نہیں چاہتا۔

میرے دونوں میٹھے (اُر۔روزمرّہ) (۱) میرا ہر طرح فائدہ ہے (۲) مجھے دونوں ہی عزیز ہیں۔

میرے مُنہ سے (اُر۔متعلق فعل) میرے طفیل۔ میری خاطر۔ میری وجہ سے۔

میرے مُنہ میں خاک (اُر۔روزمرّہ) عورتیں نظرِ بد سے بچانے کے لئے کہتی ہیں۔

میرے ہے سو راجا کے نہیں اور راجا میرا منگتا (اُر۔مثل) شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں جو اپنی کسی چیز پر گھمنڈ کرے۔

میڑا (ے۔ڑا) (ہ۔اِ۔مذ) جُتے ہوئے کھیت کی زمین کو ہموار کرنے کا پٹڑا۔ سُہاگہ۔

میڑا پھیرنا (ہ۔محاورہ) جُتے ہوئے کھیت کی زمین کو پٹڑا پھیر کر ہموار کرنا۔

میز (بیائے مجہول) (ف۔اِ۔مث) لکڑی کا اُونچا تختہ جس پر کھانا رکھ کر کھاتے ہیں یا لکھنے کا کام کرتے ہیں۔ ٹیبل۔ اُردو جمع: میزوں۔ میزیں۔

میزبان (ف۔اِ۔مذ) وہ شخص جس کے یہاں مہمان آئے۔ مہمان دار۔

میزبانی (ف۔اِ۔مث) مہمان کی تواضع۔ مہمان نوازی۔ مہمان کی خدمت۔

میز لگانا (اُر۔محاورہ) میز پر کھانا چُننا۔

میزاب (ی۔زاب) (ع۔اِ۔مذ) پرنالا۔

میزان (ی۔زان) (ع۔اِ۔مث) (۱) ترازو (۲) تُلا راس۔ آسمان کا ساتواں بُرج (۳) جمع۔ مجموعہ۔ جوڑ۔ ٹوٹل۔ اُردو جمع: میزان۔ میزانوں۔

میزانِ اعمال (عدل) (ع۔اِ۔مث) مُسلمانوں کے عقیدے میں وہ میزان جس میں قیامت کے روز لوگوں کے اعمال تولے جائیں گے۔

میزان پٹنا (اُر۔محاورہ) (۱) موافقت ہونا (۲) سودا ہونا۔ سجاؤ بننا (۳) رائے ملنا۔

میزان دینا (لگانا) (اُر۔محاورہ) جوڑنا۔ جمع کرنا۔

میزانِ کُل (ع۔اِ۔مث) تمام عددوں یا رقموں کا مجموعہ۔

میزان کھڑی ہونا (اُر۔محاورہ) میزان قائم ہونا۔

میزان مِلنا (اُر۔محاورہ) موافقت ہونا۔ رائے ملنا۔ مرضی ملنا۔

میزانیہ (ی۔زا۔نِ۔یَہ) (ع۔ف۔اِ۔مذ) بجٹ۔ آمد و خرچ کا تخمینہ۔

میس (Mess) (انگ۔اِ۔مذ) (۱) کھانا۔ خوراک۔ طعام (۲) طعام گاہ (۳) اکٹھے کھانے والوں کی جماعت۔

مُیَسّر (مُ۔یَس۔سَر) (ع۔صف مفعولی) (۱) آسان کیا گیا۔ وہ چیز جو آسانی سے مل سکے (۲) دستیاب۔ حاصل (۳) موجود۔

مُیَسّر ہونا (اُر۔محاورہ) حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ مِلنا۔

مُیَسِّر (مُ۔یَس۔سِر) (ع۔صف فاعلی) آسان کرنے والا۔

میسرز (Messrs)۔ دیکھیے مِسٹر اور موسیو، جن کی یہ جمع ہے۔

مَیسَرہ (ے۔سَ۔رَہ) (ع۔اِ۔مذ) بائیں طرف۔ بائیں بازو کی فوج۔

میش (بیائے مجہول) (ف۔اِ۔مث) بھیڑ۔ بھیڑی۔ گوسفند۔ مینڈھا۔

میش چشم (ف۔صف) (۱) بھیڑ کی سی آنکھوں والا (۲) شرمیلا۔ نیچی نظروں والا۔

میشا (ے۔شا) (اُر۔اِ۔مذ) بکری یا بھیڑ کے بچے کا مُلائم چمڑا۔

میعاد (ی۔عاد) (ع۔اِ۔مث) مقررہ وقت۔ معینہ مُدّت (۲) وعدے کا وقت۔

میعاد بڑھانا (اُر۔محاورہ) وقت یا مُہلت زیادہ کرنا۔ مقررہ مُدّت کو وُسعت دینا۔

میعاد بولنا (اُر۔محاورہ) قید کا حُکم لگانا۔ قید کرنا۔

میعادِ غیر مُنقضیہ (ع۔اِ۔مث) وہ مقررہ مُدّت جو ختم نہ ہوئی ہو۔

میعاد کاٹنا (اُر۔محاورہ) قید کی مُدّت پُوری کرنا۔

میعاد گزرنا (اُر۔محاورہ) مُدّت پُوری ہونا۔ مُہلت تمام ہونا۔ وعدے کا زمانہ ختم ہونا۔

میعادِ مُقرّرہ (ع۔اِ۔مذ) قرار دیا ہوا زمانہ۔ حسبِ معمول۔

میعادی (ی۔عا۔دی) (اُر۔صف) مُعیّن وقت والا (۲) قیدی۔ سزا یافتہ۔

میعادی بُخار (اُر۔اِ۔مذ) وہ بُخار جو ایک خاص مُدّت تک رہے۔

میعادی ہُنڈی (اُر۔اِ۔مث) وہ ہُنڈی جسے ادا کرنے کے لئے وقت مقرر ہو۔

میغ (بیائے مجہول) (ف۔اِ۔مذ) (۱) کالی گھٹا (۲) دُھند۔ کُہر۔

میقات (ی۔قات) (ع۔اِ۔مذ) (۱) وقت۔ مقررہ وقت (۲) حرم کعبہ کے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

باہر کی وہ حدود جہاں سے حاجی کے لئے احرام باندھنا ضروری ہوتا ہے۔

مَیکا (ے۔کا)(ہ۔ا۔مذ) عورت کے والدین کا گھر۔ جمع: میکوں۔ میکے۔

میکا بسانا (اُر۔محاورہ) عورت کا سُسرال چھوڑ کر ماں باپ کے گھر جا رہنا۔

میک اَپ (Makeup) (انگ۔ا۔مذ) چہرے کی آرائش۔

میکانی (اُر۔صف) مشینوں اور کلوں کے متعلق۔ (Mechanical) کا مورّد۔

میکانیات (اُر۔ا۔مث) کلوں کا علم۔ (Mechanics)۔

میکانیت (اُر۔ا۔مث) مشینوں اور کلوں کا علم۔ (Mechanism)۔

میکائیل (ی۔کا۔ئیل)(ع۔ا۔مذ) وہ فرشتہ جو مخلوق کی روزی رسانی پر مُقرر ہے۔

میکھ (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) مینڈھا۔ بھیڑا (۲) ایک بُرج کا نام جو پہلے آسمان پر ہے اور اپنے ستاروں کی ہیئت سے مینڈھے کی شکل کا معلوم ہوتا ہے۔ جس روز آفتاب اِس بُرج میں آتا ہے تو یہ نوروز کہلاتا ہے اور یہ مارچ کا مہینا ہوتا ہے۔ ایران میں موسم بہار کا آغاز اور پاک و ہند میں اِختتام انہی دِنوں میں ہوتا ہے۔

میکے (ے۔کے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) میکا کی جمع (۲) میکا کی مُغیّرہ صورت۔

میکے والے (ہ۔ا۔مذ) دُلہن کے رشتے دار مرد۔

میکے والیاں (ہ۔ا۔مث) دُلہن کی رشتے دار عورتیں۔

میکینک (Mechanic) (انگ۔ا۔مذ) کاریگر۔ مشینوں کی مرمت کرنے والا۔ مشین چلانے والا۔ مستری۔

میگڈمبَر (میگ۔ڈم۔بَر)(ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کی بڑی عماری جو ہاتھی پر رکھی جاتی ہے (۲) ایک قسم کا بہت اُونچا خیمہ۔

میگزین (Magazine) (انگ۔ا۔مذ)(۱) خزانہ۔ گنجینہ۔ مخزن۔ گودام (۲) بارُود خانہ (۳) متفرق مضامین کا رسالہ۔

میگنا کارٹا (Magnacharta) (انگ۔ا۔مذ) منشورِ آزادی۔ منشورِ اعظم۔ ایک منشور جو ۱۲۱۵ء میں انگریزوں نے بادشاہ جان سے لیا تھا جس کی رُو سے انگریز قوم کو شخصی اور سیاسی آزادی ملی تھی۔

میگنٹ (Magnet) (انگ۔ا۔مذ) مقناطیس۔ آہن رُبا۔

میگنیشیا (Magnesia) (انگ۔ا۔مذ) ایک کڑوی انگریزی دوا جو مُسہل میں کام آتی ہے۔

میگنیشیم (Magnasium) (انگ۔ا۔مذ) ایک دھاتی عنصر جو آزاد حالت میں نہیں ملتا۔ اِس کے مُرکّبات ملتے ہیں۔ یہ چاندی کی سی چمک والی دھات ہے۔ اِس کے تار اور ورق بنائے جاسکتے ہیں۔ فوٹوگرافی میں جہاں تیز روشنی کی ضرورت ہوتی ہے اِستعمال ہوتی ہے۔ آتش بازی اور سگنل دینے کے کام بھی آتی ہے۔

میگھ (بیائے مجہول)(س۔ا۔مذ)(۱) بادل۔ اَبر۔ گھٹا (۲) مینہ۔ بارش (۳) ایک ہندی راگ (۴) ایک راکشس کا نام۔

میگھ پتی (ہ۔ا۔مذ) بادلوں کا دیوتا۔ پانی برسانے والا دیوتا۔

میگھ راگ (ملہار) (ہ۔ا۔مذ) ایک ہندی راگ جو ساون بھادوں میں گایا جاتا ہے۔

میگھ ناد (ہ۔ا۔مذ)(۱) رعد کی سی آواز والا۔ کڑکیلی آواز والا (۲) کڑک۔ گرج۔

میگھ گھام (ہ۔ا۔مث) بادل کی گرمی۔ اُمس۔ وہ حبس جو اَبر کے باعث ہو جاتا ہے۔

مَیل (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ) جُھکاؤ۔ خمیدگی (۲) رغبت۔ رُجحان۔ میلان۔ توجہ۔ رُجوع۔ خواہش (۳) رعایت۔ پاسداری۔ جانب داری۔

میلِ خاطر (ع۔ا۔مذ) دِل کی رغبت۔ اِلتفات۔

مَیل (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کیچ۔ کیچڑ۔ چیکٹ۔ چیپڑ (۲) فُضلہ۔ گاد (۳) زنگ۔ مورچہ (۴) کدورت۔ رنج جو دِل میں کسی کی طرف سے آجائے (۵) ایک کلمہ جس سے فیل بان ہاتھی کو چلاتے ہیں۔

میل آنا (اُر۔محاورہ) کدورت پیدا ہونا۔ ناراضی ہونا۔

میل بیٹھنا (اُر۔محاورہ)(۱) گرد جم جانا (۲) زنگ لگ جانا۔ میل کا تہ میں بیٹھ جانا (۳) کدورت ہونا۔

میل چھانٹنا (کاٹنا) (اُر۔محاورہ) میل دُور کرنا۔ اُجلا کرنا۔

میل چھٹنا (کٹنا) (اُر۔محاورہ) میل دُور ہونا۔ میل صاف ہونا۔

میل خورا (اُر۔صف) میل چُھپانے والا رنگ جیسے کالا' خاکی وغیرہ (۲) وہ کپڑا جو کام میں آتے آتے میلا ہوگیا ہو۔ وہ کپڑا جو نمائشی کپڑوں کے نیچے پہنا جائے (۳) زین کا نمدہ۔

میل کا بَیل بنانا (اُر۔محاورہ) بات کا بتنگڑ بنانا۔ ذرا سی بات کو بہت بڑھا دینا۔

میل کچیل (کُ۔چیل)(اُر۔ا۔مذ) دُھول۔ گرد۔ کیچ۔

میل کی بتّی (اُر۔ا۔مث) میل کی وہ بتّی کی سی شکل جو جسم کو ہاتھ سے ملنے سے بن جاتی ہے۔

میل لانا (اُر۔محاورہ) دِل میں کدورت لانا۔ رنجیدہ ہونا۔ بُرا ماننا۔

مِیل (بیائے معروف)(ع۔ا۔مذ)(۱) سُرمہ لگانے کی سلائی۔ سینک۔ سلاخ (۲) ستون۔ کھم۔ لاٹھ (۳) ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ۔ تقریباً آدھا کوس (۴) بُرجوں کے اُوپر کی کیل۔ کلس۔ مطلق کیل۔ اُردو جمع: میلیں۔ میلوں۔

میل پیما (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ آلہ جس سے میلوں کے حساب سے فاصلے کی پیمائش ہوتی ہے۔

میل (Mail) (بیائے مجہول)(انگ۔ا۔مث)(۱) ڈاک۔ خطوط (۲) ڈاک کا تھیلا (۳) ہرکارہ (۴) ڈاک گاڑی۔

میل ٹرین (انگ۔ا۔مث) ڈاک گاڑی۔ وہ ریل گاڑی جس میں خط اور چٹھیاں آتی جاتی ہوں۔

میل کوچ (انگ۔ا۔مث) ڈاک کی گاڑی۔

میل (بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک دُوسرے سے ملنا (۲) اِتحاد۔ دوستی۔ ربط ضبط۔ ملاپ۔ راہ و رسم (۳) ناتا۔ رشتے داری۔ قرابت (۴) مناسبت۔ نسبت (۵) جوڑ۔ ہمسری (۶) ایک چیز کی دُوسری چیز میں ملاوٹ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میل جول (اُر۔ا۔مذ) مِلنا جُلنا۔ پیار۔ اخلاص۔ اتحاد۔ اِختلاط۔

میل دینا (اُر۔ محاورہ) اتفاق اور ربط ضبط پیدا کرنا۔

میل رکھنا (اُر۔ محاورہ) راہ و رسم رکھنا۔ پیار اور اخلاص رکھنا۔

میل کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مِلانا۔ آمیزش کرنا (۲) ملاپ کرنا۔ اخلاص کرنا۔ دوستی کرنا۔

میل کھانا (اُر۔ محاورہ) مُناسب ہونا۔ موزوں ہونا۔ مُطابق ہونا۔

میل مِلاپ (اُر۔ا۔مذ) میل جول۔ اتحاد۔ ارتباط۔

مَیلا (بے۔لا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) انبوہ۔ ازدحام۔ ہجوم (۲) سیر اور تماشے کے لئے لوگوں کا جمع ہونا (۳) سیر۔ تماشا (۴) فقرا کا جلسہ۔ فقیروں کی پنچایت (۵) کسی زیارت گاہ پر مقررہ تاریخوں میں لوگوں کا اجتماع۔ کسی جگہ کے خاص موسم میں جانوروں اور دُوسری اَشیا کا فروخت کے لئے جمع ہونا۔ جمع: میلوں۔ میلے۔

میلا ٹھیلا (اُر۔ا۔مذ) سیر و تماشا۔ بھیڑ بھاڑ۔

میلا جُڑنا (لگنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی خاص مقام پر بہت سے لوگوں کا بطور سیر و تماشا جمع ہونا (۲) بھیڑ لگنا۔ انبوہ ہو جانا۔ ٹھٹ لگنا۔

میلا لگا رہنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت لوگوں کا ہجوم ہونا۔

مَیلا (ے۔لا)(ہ۔صف)(۱) گدلا۔ غبار آلود۔ مُکدّر۔ خاک دُھول میں بھرا ہوا۔ چکٹ۔ ملگجا۔ بے آب (۲) مورچہ لگا ہوا۔ زنگ آلود۔ زنگ خوردہ (۳) غلیظ۔ کثیف۔ نجس (۴) بخلا۔ کمینہ۔ رذیل (۵) بدچلن۔ بدوضع۔ اوباش (۶) گُناہ گار۔ فاسق۔ فاجر (۷) اُچکّا۔ اُٹھائی گیرا (۸)(ا۔مذ) فُضلہ۔ پیشاب۔ پاخانہ۔ کچرا۔ کوڑا کرکٹ۔

میلا پن (ہ۔ا۔مذ) کدورت۔ نجاست۔ غلاظت۔

میلا چکٹ (اُر۔صف) بہت میلا۔ وہ کپڑا جس میں بہت میل ہونے سے چیپ چپاہٹ آ جائے۔

میلا سر ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے سر میلا ہونا۔

میلا کُچیلا (کُ۔چے۔لا)(اُر۔صف) خاک دُھول میں بھرا ہوا۔ چکٹ۔

میلا کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) گدلا کرنا۔ بے آب کرنا (۲) پاخانہ پھرنا (۳) گندہ کرنا۔ غلیظ کرنا۔

مِیلاد (مِی۔لاد)(ع۔ا۔مذ) پیدا ہونے کا زمانہ۔ پیدائش کا وقت (۲) پیدائش۔

میلادُ النّبی ﷺ (مِی۔لا۔دُن۔نَ۔بی)(ع۔ا۔مذ) رسولِ اکرم ﷺ کی پیدائش۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی پیدائش کا دن۔

مَیلان (مَے۔لان)(ع۔ا۔مذ) توجہ۔ اِلتفات۔ رُجحان۔ خواہش۔

مِیلانَہ (مِی۔لا۔نہ)(اُر۔ا۔مذ) فی میل اُجرت یا کرایہ۔

مَیل مَیل (ہ۔ا۔مذ) ہاتھی کو چلانے کا کلمہ۔

میلنا (میل۔نا)(اُر۔مص) جوڑنا۔ ملانا۔ شامل کرنا (۲) ڈالنا۔ واصل کرنا۔

مَیلی (مَے۔لی)(ہ۔صف) مَیلا کی تانیث۔

مَیلے (مَے۔لے)(ہ۔صف)(۱) مَیلا کی جمع (۲) مَیلا کی بدلی ہوئی صورت۔

میلے سر سے ہونا (اُر۔ محاورہ) عورت کا حیض سے ہونا۔ ایام سے ہونا۔ کپڑوں سے ہونا۔

میلے کا بھائی نوشادر (اُر۔مثل) دونوں گندے ہیں۔ جیسا یہ ویسا وہ۔

مِیلے (بے۔لے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) میلا کی جمع (۲) میلا کی بدلی ہوئی صورت۔

میلے میں جھمیلا ہی ہُوا کرتا ہے (اُر۔مقولہ) جہاں بہت سے لوگ جمع ہوں وہاں اکثر لڑائی جھگڑا ہو جاتا ہے۔

مِیلَین اَخضرَین (ع۔ا۔مذ) صفا و مروہ کے درمیان دو ستون۔ حاجی ایک ستون کے پاس آتے ہیں تو دُوسرے ستون تک قدرے دوڑ کر گزرتے ہیں۔

مَیم (بیائے مجہول)(انگ۔ا۔مث) انگریزی میڈم کا بگڑا ہوا۔ بیگم۔ خاتون۔ خانم۔ اُردو جمع: میموں۔ میمیں۔

مِیم (بیائے معروف)(ع۔ا۔مذ) حرف م کا نام (۲)(تشبیہاً) دہنِ معشوق۔

میمانسا (بے۔مان۔سا)(س۔ا۔مذ) ہندو فلسفے کا ایک شاستر۔

مَیمَل (Mammal) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے پستانیہ۔

مَیمنا (میم۔نا)(بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) بکری کا بچّہ۔

مَیمنَت (مَے۔مَ۔نَت)(ع۔ا۔مث)(۱) برکت۔ سعادت۔ خوشی۔ کامرانی (۲) عروج۔ اقبال مندی۔

مَیمنہ (مَے۔مَ۔نہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) دائیں طرف (۲) دائیں بازو کی فوج۔

میمورنڈم (Memorandum) (انگ۔ا۔مذ) (۱) یادداشت۔ رُوداد (۲) دستاویز (۳) غیر رسمی خط۔

میموریَل (Memorial) (انگ۔ا۔مذ) (۱) یادگار (۲) یادداشت۔ عرضداشت۔ محضر (۳) روئیداد۔ وقائع۔ سوانح۔

مَیمون (مَے۔مُون)(ع۔صف)(۱) مُبارک۔ خجستہ۔ مسعود۔ محمود۔ نیک بخت۔ بھاگوان (۲)(ف۔ا۔مذ) بندر۔ لنگور۔

مَیں (بیائے مجہول)(ہ۔حرف جار) اندر۔ بھیتر۔

مَیں (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم)(نون غنّہ)(اُر۔کلمہ ضمیر متکلم)(۱) اپنی ذات۔ خود آپ (۲) غرور۔ تکبّر۔

میں بھرُوں سرکار کے میرے بھرے سقّا (اُر۔مثل) جو شخص اوروں کا کام خود کرے اور اپنا کام دُوسروں پر ڈالے اُس کے متعلق کہتے ہیں۔

میں بھی رانی تُو بھی رانی کون ڈالے سر پر پانی (کون بھرے پنگھٹ پہ پانی) (اُر۔مثل) کاہلوں کی نسبت کہتے ہیں جو کام کرنے سے جی چُراتے ہیں۔

میں جب جانُوں (اُر۔روزمرّہ) مجھے اُس وقت یقین آئے۔

میں جانُوں (اُر۔روزمرّہ)(۱) میں ذمّے دار ہوں (۲) مجھے گمان ہوتا ہے۔ مجھے خیال گزرتا ہے۔

میں خوب سمجھتا ہُوں (اُر۔روزمرّہ) سب کچھ خوب جانتا ہوں۔

میں ڈال ڈال تُو پات پات (اُر۔مثل) تو مجھ سے بھی زیادہ چالاک ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

میں خوش میرا خُدا خوش (اَر۔مثل) میں راضی ہوں۔ میری عین خوشی ہے۔ میں صدقِ دل سے منظور کرتا ہوں۔

میں کچھ نہیں کہتا (اَر۔روزمرّہ) میں شکوہ نہیں کرتا۔

میں کون تو کون (اَر۔تابع فعل) میرا تیرا کیا واسطہ۔ میں کیا جانوں تو کون ہے۔

میں کہاں تم کہاں (اَر۔روزمرّہ) ایک دُوسرے میں کوئی مُطابقت نہیں۔

میں کیا میری اَوقات کیا (اَر۔روزمرّہ) میری حیثیت کیا ہے۔ میں بہت حقیر ہوں۔

میں کیا تیری جُوتی تلے کی ہُوں؟ (اَر۔مثل) میں تجھ سے کم درجے کی نہیں۔

میں کی گردن (گلے) پر چُھری (اَر۔مثل) میں بکری کی آواز ہے اور میں خودی کو بھی کہتے ہیں لہٰذا معنی یہ ہوئے کہ جس طرح میں کہنے والی بکری ذبح کی جاتی ہے اسی طرح مغرور بھی ایک دن برباد اور ہلاک ہو جاتا ہے۔

میں میں (اَر۔غرور و نخوت کا کلمہ) انانیت۔ خود ستائی (۲) بکری کی آواز۔ بکری۔

میں میں تُو تُو (اَر۔ا۔مث) جھگڑا۔ گالی گلوچ۔ تُوتُو میں میں زیادہ مستعمل ہے۔

میں میں کرنا (اَر۔محاورہ) بکری کا بولنا۔

میں نہ کہتا تھا (اَر۔روزمرّہ) جو میں کہتا تھا وہی ہوا۔

میں نہ مانوں (اَر۔روزمرّہ) مجھے اعتبار نہیں۔ مجھے یقین نہیں۔ میں نہیں مانتا۔

میں نے کیا بس ملا دیا تھا؟ (اَر۔مثل) میں نے کیا بُری بات کہی تھی؟

میں نے کیا تمہاری گدھی چُرائی ہے؟ (اَر۔مثل) میں نے تمہارا کون سا قصور کیا ہے جو بُرا بھلا کہہ رہے ہو؟

میں ہارا تم جیتے (اَر۔محاورہ) بحث میں عاجزی ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

میں ہُوں یا خُدا کی ذات ہے (اَر۔مثل) تنہائی اور بے کسی کے اظہار کے لئے کہتے ہیں۔

مِین (بیائے معروف) (س۔ا۔مث) (۱) مچھلی (۲) آسمان کا بارھواں بُرج جس کی شکل مچھلی کی سی نظر آتی ہے۔

مِین میکھ (ہ۔ا۔مث) عیب۔ قباحت۔

مِین میکھ نکالنا (اَر۔محاورہ) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔

مِینا (ی۔نا) (ف۔ا۔مذ) (۱) بہشت۔ آسمان (۲) رنگ برنگ کا شیشہ (۳) ایک قسم کے پتھر کا نام (۴) شراب کی بوتل۔ صُراحی۔ قرابہ (۵) مُرصّع کاری۔ نقش و نگار۔ وہ سبز کام جو شیشے اور چاندی سونے کے زیور اور برتن پر بناتے ہیں (۶) (کنایۃً) شراب۔ نیز دیکھئے مینو۔

مینا بازار (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ بازار جو بادشاہ کی سیر کے لئے لگایا جائے اور اُس میں طرح طرح کی چیزیں سجائی جائیں (۲) زنانہ بازار۔ وہ بازار جہاں عورتیں ہی ہر طرح کی چیزیں بیچتی ہیں۔

میناکار (ف۔صف) مُرصّع ساز۔ جڑاؤ کام کرنے والا۔

میناکاری (ف۔ا۔مث) (۱) چاندی سونے پر مُرصّع سازی۔ نگینے کا کام (۲) باریکی۔ مُوشگافی۔

میناکاری چھانٹنا (اَر۔محاورہ) مین میکھ نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ ذرا ذرا سی بات میں نقص نکالنا۔

مینائے لاجوَرد (ف۔ا۔مذ) (کنایۃً) آسمان۔

مَینا (ئے۔نا) (ہ۔ا۔مث) (۱) ایک خوش اِلحان پرند (۲) چھوٹے بچے جو پیاری پیاری باتیں کرتے ہیں۔

مَینا جو "مَیں نا" کہے دُودھ بھات بت کھائے۔ بکری جو مَیں کرے اُلٹی کھال کھنچائے (ہ۔مثل) عاجزی سے عزّت زیادہ ہوتی ہے اور غرور سے نقصان پہنچتا ہے۔

مِینار (ی۔نار) (اَر۔ا۔مذ) دیکھئے منار۔ منارہ۔

مِین پھل (ہ۔ا۔مذ) اندرائن۔ حنظل۔ ایک نہایت کڑوا پھل۔

مینٹل پیس (Mantle Piece) (انگ۔ا۔مذ) تختۂ آتشدان۔ آتشدان کے اُوپر کا مچان۔

مینڈّھی (میں۔ڈھی) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے مِنہدی۔

مینڈ (ہ۔ا۔مث) ستار کا ایک پُرزہ یا اُس کی مسلسل آواز۔

مینڈ (یائے مجہول) (نُونِ غنّہ) (ہ۔ا۔مث) کھیت کی مُنڈیر۔ باڑ۔ پشتہ۔ حد۔ کنارہ (۲) موج۔ لہر (۳) گھاٹ۔ مَن۔ کنوئیں کی منڈیر۔ جمع: مینڈوں۔ مینڈیں۔

مینڈبندی (ہ۔ا۔مث) حد بندی۔ حد باندھنا۔

مینڈ پڑنا (اَر۔محاورہ) موجیں اُٹھنا۔ پانی کا لہریں لینا۔

مینڈک (میں۔ڈک) (ہ۔ا۔مذ) ریڑھ کی ہڈی والا ایک جل تھلیا جانور جو جوہڑوں کے کنارے رہتا ہے۔ اِس کی مادہ مینڈکی انڈے دیتی ہے۔ جمع: مینڈک۔ مینڈکوں۔

مینڈک پھوڑا (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا پھوڑا جو پاؤں کے تلوے میں ہوتا ہے اور بہت تکلیف دیتا ہے۔

مینڈکی (مینڈ۔کی) (ہ۔ا۔مث) مادہ مینڈک۔ جمع: مینڈکیاں۔ مینڈکیوں۔

مینڈکی چلی مدار کو (اَر۔مثل) کمینے یا نکمے آدمی نے بھی بڑا حوصلہ کیا۔

مینڈکی کو بھی زکام ہُوا (اَر۔مثل) اپنی حد سے بڑھ کر شیخی مارنے والے کی بابت بولتے ہیں۔

مینڈنا (مینڈ۔نا) (ہ۔مص) لتھیڑنا۔ آلودہ کرنا۔ کُچلنا۔

مینڈھا (میں۔ڈھا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دُنبہ۔ میش نر (۲) آسمان کا بارھواں بُرج۔ میکھ راس (۳) لہر۔ موج۔ وہ لہر جو بادِ مُخالف کی شدّت سے دریا میں اُٹھتی ہے (۴) بھڑ جب تک ڈنک نہیں مارتی اُس کو مینڈھا کہتے ہیں۔ جمع: مینڈھوں۔ مینڈھے۔

مینڈھا اُچھلنا (اَر۔محاورہ) ہوا کی شِدّت سے دریا میں لہریں اُٹھنا۔

مینڈھے (ہ۔ا۔مذ) (۱) مینڈھا کی جمع (۲) مینڈھا کی مُغیّرہ صورت۔

مینڈھے لڑانا (اَر۔محاورہ) تماشا دیکھنے کے لئے دو مینڈھوں کی لڑائی کرانا (۲) (کنایۃً) فساد ڈلوا دینا اور خود تماشا دیکھنا۔

مینڈھی (مینڈی) (میں۔ڈھی) (میں۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) بالوں کی گُندھی ہوئی لٹ۔ جمع: مینڈیوں۔ مینڈیاں۔

مینڈیاں گوندھنا (اَر۔محاورہ) بالوں کی جدا جدا لٹیں گوندھنا۔ بالوں کی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

لٹیں بنا کر سر گوندھنا۔

مینڈیانا (ہ۔مص) کھیت کا کنارہ بنانا۔ کھیت کی مُنڈیر بنانا۔

مینڈیٹ۔ دیکھئے مَنڈیٹ۔

مینڈیل (مَین۔سِل)(ہ۔ا۔مذ) ہڑتال۔ سُرخ سنکھیا۔

مینشن (Mansion) (انگ۔ا۔مذ) (۱) بڑا مکان۔ محل۔ قصر۔ حویلی (۲) سرکاری اقامت گاہ۔

مینگنی (مِینگ۔نی)(پہلا نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث) چوہے' اُونٹ' بکری' خرگوش وغیرہ کا فضلہ جو گولیوں کی طرح ہوتا ہے۔

مینگنیز (Manganese) (انگ۔ا۔مذ) ایک سیاہ دھات جو شیشہ سازی میں کام آتی ہے۔ یہ عنصر بھی ہے اور بہت سی بھرتوں میں ملائی جاتی ہے۔ لوہے میں ملا کر فولاد بناتے ہیں۔ اس کا مُرکب (پوٹیشیم پرمینگنیٹ) کنوؤں میں جراثیم مارنے کے لئے ڈالا جاتا ہے۔

مینو (مِی۔نُو)(ف۔ا۔مذ) (۱) بہشت۔ فردوس۔ جنّت۔ آسمان (۲) رنگین شیشہ جو زیور پر جڑا جاتا ہے۔ سبز رنگ کا آبگینہ' نگ یا جواہر۔ نیز دیکھئے مینا۔

مینو آئین (اساس۔ سواد۔ سرشت) (ف۔صف) نہایت خوب صورت۔ جنت نظیر۔

مینوچہر (ف۔صف) آسمان کے سے چہرے والا۔ نہایت حسین۔

مینو (Menu) (انگ۔ا۔مث) فہرستِ طعام۔

مینو فیکچرر (Manufacturer) (انگ۔ا۔مذ) صناع۔ کاریگر۔ دستکار۔

مینوئل (Manual) (انگ۔ا۔مذ) رسالہ۔ دستی کتاب۔ کتابچہ۔ دستورالعمل (۲) مذہبی رسوم کے آداب۔

مینہ (بیائے مجہول)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) بارش۔ برکھا۔

مین ہول (Man Hole) (انگ۔ا۔مذ) نالی یا بدرو کے اُوپر اِتنا بڑا سوراخ جس میں آدمی داخل ہو سکے۔

مینیا (Mania) (انگ۔ا۔مذ) خبط۔ مالی خولیا۔

مینی فیسٹو (Manifesto) (انگ۔ا۔مذ) منشور۔ محضر۔ اِعلان۔

میو (بے۔او)(ہ۔ا۔مذ) مُسلمان راجپوتوں کی ایک قوم جو میوات میں آباد ہے۔

میوات (بے۔وات) (ہ۔ا۔مذ) الور کے قریب ایک علاقہ جس میں میو لوگ آباد ہیں۔

میواتی (بے۔وا۔تی)(ہ۔صف) میوات سے منسوب۔ میوات کا رہنے والا۔

میوچل (Mutual) (انگ۔صف) طرفین کا۔ جانبین کا۔ باہمی۔ آپس کا۔ ایک دُوسرے کا مُشترکہ۔

میوزک (Music) (انگ۔ا۔مذ) موسیقی۔ راگ۔ نغمہ۔ سرود۔

میوزیکل (Musical) (انگ۔صف) موسیقی سے متعلق۔ گانے بجانے کا۔

میوزیم (Museum) (انگ۔ا۔مذ) عجائب گھر۔ عجائب خانہ۔

میوں (ہ۔ا۔مث) میاؤں۔ بلّی کی آواز۔

میوں بلائی (اُر۔ا۔مث)(۱) بلّی (۲) بے زبان۔ غریب۔

میونسپل (Municipal) (انگ۔صف) شہری۔ قصباتی۔

میونسپل کمشنر (انگ۔ا۔مذ) میونسپل کمیٹی کا ممبر۔ رُکن بلدیہ۔

میونسپلٹی (Municipality) (انگ۔ا۔مث) شہری لوگوں کی جماعت جو شہر کی صفائی' پانی' روشنی وغیرہ کا اِنتظام کرتی ہے۔ بلدیہ۔

میوہ (بے۔وہ)(ف۔ا۔مذ) پھل۔ ثمر۔ جیسے انگور' انار' سیب' کشمش' بادام وغیرہ۔ جمع: میوہ جات۔ اُردو جمع: میووں۔ میوے۔

میوہ دار (ف۔صف) پھل دار۔

میوہ فروش (ف۔صف) پھل بیچنے والا۔

میہمان (مِیہ۔مان)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے مہمان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ن

ن (نُون)(ع۔ا۔مذ) اُردو کا بتیسواں' فارسی کا اُنتیسواں' عربی کا پچیسواں اور ہندی کا بیسواں حرف۔ اَبجد میں اِس کے پچاس عدد مقرّر ہیں۔ یہ حرف ہندی اَلفاظ کے شروع میں نفی کے واسطے آتا ہے اور ہمیشہ مکسور ہوتا ہے۔ جیسے نِڈر۔ فارسی میں اَلفاظ کے آخر میں مصدر کی علامت ہے۔ جیسے کردن 'مُردن۔ ہندی اَلفاظ کے آخر میں آکر اُنہیں حاصل مصدر بنا دیتا ہے جیسے اُلجھن۔ اینٹھن۔ کبھی ہندی لفظ کے آخر میں آکر نسبت کا فائدہ دیتا ہے جیسے سُہاگن۔ کبھی تانیث ظاہر کرتا ہے جیسے مالن 'دھوبن۔ مؤنث اَلفاظ میں جن کے آخر میں یا ہو جمع کے واسطے آتا ہے جیسے گُڑیاں 'بُڑیاں۔ کسی لفظ میں پ 'پھ 'ب' بھ سے پیشتر آنے پر اِس کی آواز میم سے بدل جاتی ہے جیسے منبر' سَنبل۔ صوتی اِعتبار سے نُون کی دو قسمیں ہیں' نُون غُنّہ اور نُونِ اِعلانیہ یا مُعلنہ۔ نُون غُنّہ ناک میں بولا جاتا ہے اور اِس میں کوئی حرکت نہیں ہوتی جیسے چیونٹی۔ عربی اَلفاظ جن کے آخر میں نُون ہو اور نُون سے پہلے حرف عِلّت ہو اور حرف عِلّت کی حرکت ماقبل کی حرکت کے موافق نہ ہو تو نُون کا اِعلان ہوتا ہے جیسے دل' فرعون۔ اگر ماقبل کی حرکت موافق ہو تو غُنّہ ہوتا ہے جیسے قاذوں وغیرہ۔ یہ شمسی حرف ہے۔ اِس سے پہلے اگر "ال" آئے تو لام اپنی آواز نہیں دے گا بلکہ نُون کو مُشدّد کر دے گا۔ جیسے "اَلنّاظر"۔ اَلف کے ساتھ آئے تو جمع بنا دیتا ہے جیسے مرداں۔

ن۔ا

نا (ہ۔کلمہ)(۱) کلمۂ نفی۔ نہ۔ نہیں (۲) ہندی اُردو مصدر کی علامت جو کہ آخر میں آتی ہے (۳) اِثبات کی تاکید کے لئے جیسے بچّہ ہے نا۔ نفی کی تاکید کے لئے جیسے نا بابا۔ ہمارا دُور ہی سے سلام ہے (۴) زائد' حُسنِ کلام کے لئے جیسے چلو نا۔ آؤ نا۔

نا (ف۔کلمۂ نفی)(۱) نہ۔ نہیں (۲) بغیر۔ بن۔ بِنا۔

نا آزمُودَہ (ف۔صف) (۱) ناتجربہ کار۔ اناڑی (۲) (متعلق فعل) بغیر آزمائش۔ بغیر دیکھے بھالے۔ بغیر جانے بُوجھے۔

نا آزمُودَہ کار (ف۔صف)(۱) اناڑی۔ ناتجربہ کار۔ ناپختہ کار (۲) ناواقف۔

نا آشنا (ف۔صف) ناواقف۔ اَجنبی۔ جس سے جان پہچان نہ ہو۔ نامحرم۔

نا آشنائی (ف۔ا۔مث) جان پہچان نہ ہونا۔ ناواقفیت۔

نا آشنائے محض (ف۔صف) بالکل ناواقف۔

نا آگاہ (ف۔صف) ناواقف۔

نا اِتفاقی (ف۔ا۔مث) پُھوٹ۔ نِفاق۔ بگاڑ۔ عداوت۔ دُشمنی۔

نا اِلتفاتی (ف۔ا۔مث) بے پروائی۔ بے اِعتنائی۔

نا اُمید (ف۔صف) مایُوس۔ ناکام۔ بے آس۔ نراش۔

نا اُمید ہونا (اُر۔محاورہ) مایُوس ہونا۔ آس ٹُوٹنا۔

نا اُمیدی (ف۔ا۔مث) مایُوسی۔ ناکامی۔

نا اِنصاف (ف۔ع۔صف) وہ شخص جو اِنصاف نہ کرے۔ ظالم۔

نا اِنصافی (ف۔ا۔مث) بے اِنصافی۔ ظُلم۔ اَندھیر۔

نا اہل (ف۔ع۔صف) نالائق۔ نا قابل۔ ناشائستہ۔

نا اہلی (ف۔ا۔مث) نالائقی۔

نابالغ (ف۔ع۔صف) جو سنِ بلوغ کو نہ پہنچا ہو۔ اُر جمع: نابالغ۔ نابالغوں۔

نابالغی (ف۔ا۔مث) کم سِنی۔ خُردسالی۔ صِغرسِنی۔

نابکار (بَہ۔کار)(ف۔صف)(۱) نکمّا۔ بے فائدہ۔ بے کار (۲) بدذات۔

نابلَد (ف۔صف) اَنجان۔ ناواقف۔ ناآشنا۔

نابلَدی (ف۔ا۔مث) ناواقفیت۔

نابُود (ف۔صف) نیست۔ معدوم۔ فانی۔ ناپید۔

نابینا (ف۔صف) اَندھا۔ کور۔ اُردو جمع: نابینا۔ نابیناؤں۔

ناپاک (ف۔صف) (۱) پلید۔ نجس۔ گندہ۔ میلا (۲) وہ شخص جس پر نہانا واجب ہو۔

ناپاک ہونا (اُر۔محاورہ) پلید ہونا۔ گندہ ہونا۔ غُسل واجب ہونا۔

ناپاکی (ف۔ا۔مث) نجاست۔ گندگی۔

ناپاکی اُتارنا (اُر۔محاورہ)(۱) مُباشرت' اِنزال' اِحتلام وغیرہ کے بعد نہانا (۲) حیض ونفاس سے فارغ ہو کر غُسل کرنا۔

ناپائیدار (ف۔صف) بے ثبات۔ فانی۔ بودا۔ کم زور۔

ناپائیداری (ف۔ا۔مث) بے ثباتی۔ بوداپن۔ کم زوری۔

ناپختہ کار (ف۔صف) ناتجربہ کار۔

ناپدید (ف۔صف)(۱) جو ظاہر نہ ہو (۲) پوشیدہ۔ غائب۔ چُھپا ہوا۔ مخفی۔

ناپُرساں (ف۔صف) بے پروا۔ نہ پُوچھنے والا۔

ناپسند (ف۔صف) ناگوار۔ جو اچّھا نہ لگے۔

ناپسند کرنا (اُر۔محاورہ) نامنظور کرنا۔ قبول نہ کرنا۔ اچّھا نہ لگنا۔ بُرا لگنا۔

ناپسندِیدَگی (ف۔ا۔مث) پسند نہ ہونا۔ مرغوب نہ ہونا۔

ناپسندِیدَہ (ف۔صف) ناگوار۔ نامنظور۔ بارِ خاطر۔

ناپید (ف۔صف)(۱) معدُوم۔ فنا۔ نیست (۲) غائب۔ گُم۔

ناپید کرنا (اُر۔محاورہ) برباد کرنا۔ اُجاڑنا۔ فنا کرنا۔

ناپید ہونا (اُر۔محاورہ) اُجڑنا۔ گُم ہونا۔ تباہ و برباد ہونا (۲) قحط ہونا۔ کمی ہونا۔

ناپیدا (ف۔صف)(۱) غائب۔ چُھپا ہوا (۲) نابُود۔ نیست۔

ناپیدا کنار (ف۔صف) سمندر یا دریا جس کا کنارہ دِکھائی نہ دے۔

ناتجربہ کار (ف۔صف) اَنجان۔ ناواقف۔ اناڑی۔ جس کو کام کا تجربہ نہ ہو۔

ناتراش (ناتراشیدَہ) (ف۔صف)(۱) ناہموار (۲) اُجڈ۔ گنوار۔ بے ادب۔ کمینہ۔ سفلہ۔ عموماً گندہٗ ناتراش مستعمل ہے۔

ناتربیت یافتہ (ف۔صف) غیر مُہذّب۔ بدتمیز۔ بدتہذیب۔

ناترس (ف۔صف) بے رحم۔ سنگ دِل۔ ترس نہ کھانے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ناتمام (ف۔ صف) نامکمل۔ اُدھورا۔ ناقص۔
ناتواں (ف۔ صف) ناطاقت۔ بودا۔ لاغر۔ ضعیف۔ کم زور۔
ناتوانی (ف۔ا۔مث) کم زوری۔ ناطاقتی۔ نقاہت۔
ناجائز (ف۔ع۔ صف)(۱) جو دُرست نہ ہو (۲) شرعاً یا قانون کے خلاف۔
ناجائز مال (ف۔ع۔ا۔مذ) وہ مال جس کا لینا قانوناً یا شرعاً جائز نہ ہو۔
ناجنس (نُون غُنّہ)(ف۔ صف)(۱) غیرجنس۔ ناموافق۔ اَن میل (۲) کمینہ۔ سفلہ (۳) بے اَدب۔ ناشائستہ۔
ناچار (ف۔ صف) ناچارہ کا مخفف (۱) عاجز۔ مجبور۔ بیچارہ (۲) مُفلس۔ محتاج۔ اپاہج (۴) مایوس۔ نااُمید (۵) (تابع فعل) بالضرور (۶) مجبوراً۔ ہار کر۔ مجبور ہو کر۔
ناچار کر دینا (اَر۔ محاورہ) مجبور کر دینا۔ عاجز کر دینا۔
ناچاری (ف۔ا۔مث) بے چارگی۔ بے بسی۔ مجبوری۔
ناچاق (ف۔ صف)(۱) علیل (۲) بیمار (۳) دُبلا۔ کم زور۔
ناچاقی (ف۔ا۔مث)(۱) علالت (۲) بدمزگی۔ اَن بن۔ بگاڑ۔
ناچیز (ف۔ صف)(۱) ہیچ (۲) ناکارہ۔ نکما۔ ناقابل۔ حقیر۔ اَدنیٰ۔ ذلیل۔
ناحق (ف۔ صف)(۱) بے جا۔ نامُناسب۔ بے فائدہ (۲) بے اِنصافی سے۔
ناحق شناس (ف۔ صف) سچائی کو نہ پہچاننے والا۔ ظالم۔ بے اِنصاف۔ (صحیح: حق ناشناس)۔
ناحق شناسی (ف۔ا۔مث) بے اِنصافی۔ ظلم۔ (صحیح: حق ناشناسی)۔
ناحق کا (اَر۔ صف) فضول۔ بے فائدہ۔
ناحق کرنا (اَر۔ محاورہ) حق کے خلاف کرنا۔ ناانصافی کرنا۔ بے جا کرنا۔
ناحق کو (اَر۔ تابع فعل) بے سبب۔ بے فائدہ۔
ناحق کوش (ف۔ صف) ناحق بات کی کوشش کرنے والا۔
ناحق کہنا (اَر۔ محاورہ)(۱) حق کے خلاف کہنا (۲) جُھوٹ بولنا۔ جُھوٹ کہنا۔
ناخُدا (ف۔ا۔مذ)(۱) بحری جہاز کا کپتان۔ جہازران۔ ملّاح (۲) راہ نُما۔
ناخُدائی (ف۔ا۔مث)(۱) ناخُدا کا کام یا پیشہ (۲) راہ نُمائی۔
ناخُدا ترس (ف۔ صف)(۱) بے رحم۔ ظالم (۲) خُدا کا خوف نہ کرنے والا۔
ناخلف (ف۔ صف)(۱) نالائق۔ بدچلن۔ بدذات (۲) والدین کی اطاعت نہ کرنے والا۔
ناخواست (ف۔ صف) بے اِختیار۔ بے طلب۔ بے تلاش۔ بغیر چاہے۔
ناخواستہ (ف۔ صف) نہ چاہنے والا۔ نہ چاہا ہوا۔
ناخواندگی (ف۔ا۔مث) تعلیم نہ ہونا۔ جہالت۔
ناخواندہ (ف۔ صف)(۱) اَن پڑھ۔ بے علم۔ جاہل (۲) بغیر بُلایا ہوا۔ بن بُلایا۔
ناخواندہ مہمان (ف۔ا۔مذ)(۱) بن بُلایا مہمان (۲) طفیلی جو بن بُلائے کسی مدعُو کے ساتھ آئے۔
ناخوش (ف۔ صف)(۱) ناراض۔ جو راضی نہ ہو (۲) بیزار۔ نفرت کرنے والا (۳) بیمار۔ مریض۔
ناخوش گوار (ف۔ صف) ناپسندیدہ۔ جو بُرا معلوم ہو۔
ناخوش ہونا (اَر۔ محاورہ) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ بیزار ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔
ناخوشی (ف۔ا۔مث) خفگی۔ ناراضی۔ بے زاری۔ رنجش۔

نادار (ف۔ صف) غریب۔ محتاج۔ کنگال۔
ناداری (ف۔ا۔مث) مُفلسی۔ غریبی۔ تنگ دستی۔
ناداری آنا (اَر۔ محاورہ) مُفلس ہو جانا۔ کنگال ہو جانا۔
نادان (ف۔ صف)(۱) ناسمجھ۔ بے وقوف۔ اَحمق۔ جاہل۔ اَنجان (۲) کم سِن۔ چھوٹی عُمر کا۔
نادان بات کرے دانا قیاس کرے (اَر۔ مثل) بے وقوف فضول باتیں کرتا رہتا ہے۔ عقل مند ہر بات پرکھتا ہے۔
نادان بننا (اَر۔ محاورہ) تجاہُل عارفانہ کرنا۔ ایسے بھولے بننا کہ جیسے کچھ جانتے ہی نہیں۔
نادان پن (اَر۔ا۔مذ) بے وقوفی۔ جہالت۔
نادان دوست سے دانا دُشمن بھلا (اَر۔ مثل) بے وقوف دوست سے عقل مند دُشمن کی نسبت زیادہ نقصان پہنچتا ہے۔
نادان کی دوستی جی کا زیاں (نادان کی دوستی جی کا جنجال) (اَر۔ مثل) بے وقوف کی دوستی میں سراسر خطرہ ہے۔
نادانستگی (دا۔ نِس۔ تَ۔ گی)(ف۔ا۔مث) ناواقفیت۔ بے خبری۔ لاعلمی۔
نادانستہ (ف۔ تابع فعل) بے قصد۔ اَن جانے۔ بھولے سے۔ ناواقفیت سے۔ سہواً۔
نادانی (ف۔ا۔مث) جہالت۔ بے وقوفی۔ ناسمجھی۔
نادُرست (ف۔ صف) غلط۔ بے جا۔ نامُناسب۔
نادہند (ف۔ صف) قرض لے کر واپس نہ کرنے والا۔ حق مارنے والا۔
نادہندگی (نادہندی) (ف۔ا۔مث) قرض لے کر واپس نہ دینا۔ لچرپن۔
نادیدنی (دی۔ دَ۔ نی)(ف۔ا۔مث) وہ چیز جو دیکھنے کے قابل نہ ہو۔
نادیدہ (ف۔ صف)(۱) اَن دیکھا۔ جسے دیکھا نہ ہو (۲) ندیدہ۔ جس نے کبھی کچھ دیکھا نہ ہو۔
ناراست (ف۔ صف)(۱) ٹیڑھا۔ کج (۲) دروغ۔ جُھوٹ۔ نامُناسب (۳) کھوٹا آدمی۔
ناراض (ف۔ صف) ناخوش۔ رنجیدہ۔
ناراضی (ف۔ا۔مث) ناخوشی۔ رنجیدگی۔
نارَس (ف۔ا۔مث)(۱) کچّا۔ خام (۲) کچّی شراب (۳) کلی۔ گُل ناشگفتہ۔
نارسا (ف۔ صف)(۱) نہ پہنچنے والا (۲) بے اَثر (۳) نامُراد۔
نارسائی (ف۔ا۔مث) پہنچ نہ ہونا۔ باریابی نہ ہونا۔
نارسیدگی (رَ۔ سی۔ دَ۔ گی)(ف۔ا۔مث) خامی۔ آزمودہ کار نہ ہونا۔
نارسیدہ (ف۔ صف)(۱) نہ پہنچا ہوا (۲) خام۔ کچّا (۳) نامکمل (۴) نابالغ۔
ناروا (ف۔ صف)(۱) ناجائز۔ بے جا (۲) خلافِ شرع (۳) نامُناسب۔ خلافِ شان۔ بُرا۔ ناپسند (۴) وہ سِکّہ یا جنس جس کا رواج نہ ہو (۵) محروم۔ بے نصیب۔
نازیبا (ف۔ صف)(۱) نامُناسب۔ غیرموزوں (۲) بدزیب۔ بدنُما۔
ناساز (ف۔ صف) ناموافق۔ مخالف۔ برعکس (۲) ناسازگار (۳) بیمار۔ علیل۔
ناسازگار (ف۔ صف) مُخالف۔ ناموافق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ناسازگاری (ف۔ا۔مث) ناموافقت۔ مخالفت۔
ناسازی (ف۔ا۔مث)(۱) ناموافقت (۲) بیماری۔ علالت۔
ناسازیِ بخت (ف۔ا۔مث) بدقسمتی۔
ناسازیِ طبع (طبیعت) (ف۔ا۔مث) بیماری۔ بیمار ہونا۔
ناسپاس (ف۔صف) ناشکرگزار۔ ناشکرا۔ نمک حرام۔
ناسپاسی (ف۔ا۔مث) نمک حرامی۔ اِحسان نہ ماننا۔
ناستودہ (ف۔صف) ناپسندیدہ۔ بے ہُودہ۔ نالائق۔
ناسَرہ (ف۔صف) غیرخالص۔ کھوٹ ملایا ہوا۔ ناخالص۔
ناسزا (ف۔صف)(۱) نازیبا۔ نامُناسب۔ بے جا۔ غلط (۲) سِفلہ۔ کمینہ (۳) نالائق۔ بیوقوف۔
ناسزاوار (ف۔صف)(۱) نازیبا۔ نامناسب (۲) منحوس۔ نامُبارک۔
ناسُفتہ (ف۔صف) جس میں سُوراخ نہ ہو۔ اَن بندھا۔
ناسمجھ (اُر۔صف)(۱) بے وقوف۔ اَحمق۔ نادان (۲) کُند ذہن۔ غبی (۳) بچّہ۔ کم عُمر۔ کم سِن۔
ناسمجھی (اُر۔ا۔مث) بے وقوفی۔ نادانی۔ نافہمی۔ بھولا پَن۔
ناشاد (ف۔صف)(۱) رنجیدہ۔ غمگین (۲) بدقسمت۔
ناشاد جانا (اُر۔ محاورہ) نامُراد جانا۔ مایُوس جانا۔
ناشاد و نامُراد (ف۔صف) بدنصیب۔ بدبخت۔
ناشاد نامُراد جائے (اُر۔ بددُعا) ارمان لے کر مرجائے۔ دُنیا سے بے آس اولاد جائے۔
ناشائستگی (ناشایستگی) (شا۔اِس۔ت۔گی) (شا۔یَس۔ت۔گی) (ف۔ا۔مث) بدتہذیبی۔ بدتمیزی۔ گستاخی۔ نالائقی۔
ناشائستہ (شایستہ) (ف۔صف) نالائق۔ بدتہذیب۔ بداَخلاق۔ نازیبا۔
ناشُدنی (ف۔صف)(۱) ناممکن۔ محال (۲) ناخلف۔ بدبخت۔ بدنصیب۔
ناشکرا (اُر۔صف) اِحسان نہ ماننے والا۔ شکر نہ کرنے والا۔
ناشکری (ف۔ا۔مث)(۱) اِحسان نہ ماننا (۲) نمک حرامی۔
ناشکری کرنا (اُر۔ محاورہ) اِحسان نہ ماننا۔ نمک حرامی کرنا (۲) کفرانِ نعمت کرنا۔
ناشکیب (ف۔صف) بے صبر۔ بے قرار۔
ناشکیبائی (ف۔ا۔مث) بے صبری۔ بے قراری۔
ناشگفتہ (ف۔صف)(۱) بن کِھلا (کِھلی) (۲) ناخوش۔ اُداس۔ رنجیدہ۔
ناشناس (ف۔صف) جو پہچانتا نہ ہو۔ نہ پہچاننے والا۔
ناشنو (ناشنوا) (ف۔صف) جو کسی کا پُرسانِ حال نہ ہو۔ نہ سُننے والا۔ غافل۔ بے توجہ۔
ناصاف (ف۔صف) جو پاک و صاف نہ ہو۔
ناصبور (ف۔ع۔صف) بے صبر۔ بے قرار۔ مُضطرب۔
ناصواب (ف۔ع۔صف) نادُرست۔ بُرا۔ بُری۔ غلط۔
ناطاقت (ف۔ع۔صف) ضعیف۔ کم زور۔
ناطاقتی (طا۔ق۔تی) (ف۔ا۔مث) ناتوانی۔ لاغری۔ ضعف۔ کم زوری۔
ناعاقبت اندیش (ف۔صف) اَنجام نہ سوچنے والا۔ انجام کی فکر نہ کرنے والا۔ (صحیح: عاقبت نااندیش)۔
نافرجام (ف۔صف) عاقبت نااندیش۔ بداصل۔ بدانجام۔
نافرمان (نافرماں بردار) (ف۔صف)(۱) حُکم نہ ماننے والا۔ سرکش۔ گستاخ (۲) ایک پُھول کا نام جو اُودے رنگ کا ہوتا ہے۔
نافرمانی (نافرماں برداری) (ف۔ا۔مث) حُکم عدولی۔ سرکشی۔ حُکم نہ ماننا۔
نافہم (ف۔صف) نادان۔ بے سمجھ۔ کم عقل۔ بے وقوف۔
ناقابل (ف۔صف)(۱) نالائق۔ جاہل۔ اَن پڑھ (۲) ناموزوں۔
ناقابلِ برداشت (ف۔صف) برداشت سے باہر۔
ناقابلیت (ف۔ا۔مث) نالائقی۔ بے مقدوری۔ کم اِستعدادی۔
ناقدر (ناقدرا) (پہلا ف۔ دُوسرا اُر۔صف)(۱) کسی کی قدر نہ پہچاننے والا (۲) اِحسان فراموش۔ بے مُروّت۔
ناقدری (ف۔ا۔مث)(۱) بے قدری۔ بے وقری (۲) قدر نہ کرنے والی عورت۔
ناکارہ (ف۔صف)(۱) نکمّا۔ بے کار (۲) بُرا۔ خراب (۳) سُست۔ اپاہج۔
ناکام (ف۔صف)(۱) محروم۔ ناکامیاب (۲) نامُراد۔
ناکامی (ف۔ا۔مث)(۱) نااُمیدی۔ مایُوسی (۲) ناکامیابی۔ محرومی۔
ناکامیاب (ف۔صف) ناکام۔ نامُراد۔ فیل ہو جانے والا۔
ناکامیابی (ف۔ا۔مث)(۱) ناکامی (۲) کسی کام کا حسبِ منشا نہ ہونا۔ اِمتحان میں فیل ہو جانا۔
ناکتخدا (ناکدخُدا) (ناکَت (کَد) خُدا) (ف۔صف) بن بیاہا۔ بن بیاہی۔ جس کی شادی نہ ہوئی ہو۔ کنوارا۔ کنواری۔
ناکردنی (ف۔صف) جو کرنے کے لائق نہ ہو۔
ناکردہ (ف۔صف) نہ کیا ہوا (اکیلا اِستعمال نہیں ہوتا)۔
ناکردہ (جُرم) گُناہ (ف۔صف) بے گُناہ۔ بے قصور۔ بے خطا۔
ناکردہ کار (ف۔صف) ناتجربہ کار۔ ناپختہ کار۔ کچّا۔ خام۔ اَناڑی۔
ناکرنا (اُر۔ محاورہ) نفی میں جواب دینا۔
ناکرند بُرائی تو بھی کسی کی ہو جائی (مثل) بدی کا نتیجہ بُرا ہوتا ہے۔
ناکس (ف۔صف)(۱) ہیچ۔ کمینہ۔ سِفلہ۔ پاجی (۲) نالائق۔ ("ہرکس" کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔ ہرکس و ناکس)۔
ناکسی (ف۔ا۔مث)(۱) کم ظرفی۔ کمینہ پَن۔ پاجی پَن (۲) نالائقی۔
ناکند (ف۔صف۔و۔مذ)(۱) وہ بچھیرا جس کے ابھی دودھ کے دانت ہوں (۲) ناسمجھ۔ ناتجربہ کار۔
ناگاہ (ناگاہاں) (ف۔ متعلق فعل) اچانک۔ یکایک۔ نیز دیکھئے ناگہ۔ ناگہاں۔
ناگزیر (ف۔صف) ضروری۔ لازم۔ جس سے مفر نہ ہو۔
ناگفتنی (گُف۔ت۔نی) (ف۔صف) وہ بات جو کہنے کے قابل نہ ہو۔
ناگفتہ بہ (ف۔صف)(۱) جس کا نہ کہنا بہتر ہو (۲) شرم ناک۔
ناگوار (ف۔صف)(۱) ناپسند۔ مکروہ۔ خلافِ طبع (۲) وہ کھانا جو ہضم نہ ہو سکے (۳) بدذائقہ۔ بے لُطف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ناگوار گزرنا (معلوم ہونا) (اُر۔ محاورہ) بُرا لگنا۔ اچھا معلوم نہ ہونا۔ خلافِ طبع ہونا۔

ناگہ (ناگہاں) (ف۔ تابع فعل) ناگہ ناگاہ کا مخفف ہے (۱) اچانک۔ دفعتہً۔ یکایک (۲) بے خبری میں۔

ناگہانی (ف۔ صف) اِتفاقیہ۔ اَچانک۔

نالائق (ف۔ ع۔ صف)(۱) نااہل۔ سِفلہ۔ کمینہ (۲) بیجا۔ نامُناسب۔

نالائق پن (اُر۔ ا۔ مذ) کمینگی۔ سفلہ پن (۲) نااہلی۔

نالائقی (ف۔ ع۔ ا۔ مث)(۱) ناقابلیت۔ نااہلی (۲) کمینہ پن۔

نامانوس (ف۔ ع۔ صف) ناآشنا۔ اجنبی۔ بے گانہ۔

نامُبارک (ف۔ ع۔ صف) منحوس۔ بد۔ بُرا۔

نامتناہی (نامحدُود) (ف۔ ع۔ صف) لامحدود۔ بے اِنتہا۔ بے حد۔ بے تحاشہ۔ نیز دیکھئے لامتناہی جو زیادہ مستعمل ہے۔

نامحرم (ف۔ ع۔ صف)(۱) ناواقف۔ ناآشنا۔ اَنجان۔ غیر۔ اَجنبی (۲) وہ شخص جس سے نکاح جائز ہو۔ وہ شخص جس سے عورت کا پردہ واجب ہو۔

نامُراد (ف۔ ع۔ صف) ناکام۔ محروم۔ بے نصیب۔ کم بخت۔

نامُراد جانا (اُر۔ محاورہ) مُراد پُوری ہوئے بغیر جانا۔ ناکام جانا۔

نامُرادی (ف۔ ا۔ مث)(۱) ناکامی۔ محرومی (۲) بدنصیبی۔

نامربُوط (ف۔ صف) بے ربط۔ بے میل۔ ناموزوں۔ بے جوڑ۔ بے ترتیب۔

نامرد (ف۔ صف)(۱) ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخا (۲) ڈرپوک۔ بے حوصلہ (۳) وہ مرد جو عورت کے قابل نہ ہو (۴) وہ جو لڑائی میں بھاگ جائے۔

نامرد کرنا (اُر۔ محاورہ) ہیجڑا بنانا۔ مخنث کرنا۔

نامرد ہاتھی اپنے ہی لشکر کو مارتا ہے (اُر۔ مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی کم ہمت آدمی زبردست دُشمن پر تو وار نہ کر سکے اور اپنے ہی زیر دستوں پر بے جا رُعب جمائے۔

نامرد ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) ڈرپوک ہونا (۲) قوتِ شہوانی نہ ہونا۔ ہیجڑا ہونا۔

نامردی (ف۔ ا۔ مث) عدمِ رجولیت۔ عورت کے قابل نہ ہونا (۲) بُزدلی۔

نامُساعد (ف۔ ع۔ صف) ناموافق۔ ناسازگار۔

نامُساعدت (ف۔ ع۔ ا۔ مث) ناسازگاری۔ ناموافقت۔

نامسعود (ف۔ ع۔ صف) نامبارک۔

نامُسلم (ف۔ ع۔ صف) کافر۔ مُشرک۔ غیر مُسلم۔

نامُشخّص (مُ۔ شَخ۔ خَص)(ف۔ ع۔ صف)(۱) بے تحقیق۔ غیر مُعیّن (۲) جو ایک وضع پر قائم نہ رہے (۳) وہ جس کی پڑتال نہ لکھی گئی ہو (۴) بے حیثیت۔ بے شخصیت۔

نامُطابق (ف۔ ع۔ صف) ناموافق۔

نامطبُوع (ف۔ ع۔ صف) جس کا اعتبار نہ ہو۔

نامعقول (ف۔ ع۔ صف)(۱) ناپسندیدہ (۲) جو عقل میں نہ آسکے (۳) اَحمق۔ بے وقوف۔

نامعقولیت (ف۔ ع۔ ا۔ مث) بے وقوفی۔ حماقت۔

نامعلوم (ف۔ ع۔ صف)(۱) گُم نام۔ غیر مشہور (۲) جو معلوم نہ ہو۔

نامُلائم (ف۔ ع۔ صف)(۱) کرُا۔ سخت (۲) نامُناسب۔ نازیبا۔

ناممکن (ف۔ ع۔ صف) نہ ہونے والی۔ اَن ہونی۔ خارج اَز اِمکان۔

ناممکنات (ف۔ ع۔ صف) وہ باتیں جو ممکن نہ ہوں۔

نامُناسب (ف۔ ع۔ صف) ناپسندیدہ۔ نامعقول۔

نامنظور (ف۔ ع۔ صف) اِنکار کیا گیا۔ نامعقول۔ ناپسندیدہ۔ مُسترد۔

نامنظور کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) نہ ماننا۔ اِنکار کرنا۔ پسند نہ کرنا۔

نامنظوری (ف۔ ا۔ مث) کسی درخواست کا قبول نہ کیا جانا۔

ناموافق (ف۔ ع۔ صف) جو موافق نہ ہو۔ خلاف۔ ناگوار۔ خلافِ طبع۔

ناموافق ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) راس نہ آنا۔ خلاف ہونا۔

ناموافقت (ف۔ ع۔ ا۔ مث) اَن بَن۔ شکر رنجی۔ بگاڑ۔ موافق نہ ہونا۔ مُطابق نہ ہونا۔

ناموزُوں (ف۔ ع۔ صف)(۱) نازیبا۔ بے جوڑ۔ ناموافق۔ بے میل (۲) بے تالا۔ بے سُرا (۳) بحر سے خارج شعر وغیرہ۔

نامہربان (ف۔ صف)(۱) بے وفا۔ بے مُروّت۔ بے رحم (۲) دُشمن۔ بدخواہ۔ بداندیش۔ بیری۔

نامہربانی (ف۔ ا۔ مث) بے مُروّتی۔ دُشمنی۔

ناواجب (ف۔ ع۔ صف) بیجا۔ نامُناسب۔ نازیبا۔

ناواجبُ العمل (ف۔ ع۔ صف) جس پر عمل نہ ہو سکے۔

ناواقف (ف۔ صف)(۱) اَنجان۔ نامحرم (۲) جاہل۔ ناتجربہ کار۔

ناواقفیت (ف۔ ا۔ مث) جہالت۔ ناتجربہ کاری۔ اَن جان پَن۔

ناوقت (ف۔ صف) بے وقت۔ بے موقع۔

ناہموار (ف۔ صف)(۱) اُونچا نیچا (۲) ناموافق۔ بے ہودہ۔ نالائق۔ ناشائستہ۔

ناہنجار (ف۔ صف) بدچلن۔ بدذات۔ کمینہ۔ بدکردار۔

نایاب (ف۔ صف)(۱) وہ چیز جو میسّر نہ آئے۔ ناپید (۲) بیش قیمت (۳) وہ چیز جو بہت کم میسّر آئے۔

ناب (ف۔ صف)(۱) جس میں ملاوٹ نہ ہو۔ خالص۔ صاف۔ مُرکّبات میں جیسے شرابِ ناب (۲) (ف۔ ا۔ مث) تلوار کی نالی جو قبضے سے نوک تک دو طرفہ ہوتی ہے (۳) ستون کی نالی (۴) (ع۔ ا۔ مذ) کچلی۔ ڈاڑھ۔

نابدار (ناب۔ دار)(ف۔ صف) جس میں لکیریں یا نالیاں ہوں۔

نابدان (ناب۔ دان)(ف۔ ا۔ مذ) پانی نکلنے کی زمین دوز موری۔

نابِغہ (نا۔ بِ۔ غہ)(ع۔ صف) بے حد ذہین۔ فطین۔

نابھ (نابھی) (س۔ ا۔ مث) ناف۔

نابھارت (نا۔ بھا۔ رت)(ہ۔ ا۔ مث) وہ بھونری جو گھوڑے کے زیرِ ناف ہوتی ہے اور منحوس سمجھی جاتی ہے۔

ناپ (ہ۔ ا۔ مذ و مث) پیمانہ۔ اندازہ۔ پیمائش۔ ماپ (۲) ناپنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

ناپ تول (جوکھ) (ہ۔ ا۔ مث) پیمائش اور تول۔

ناپ کا پورا (اُر۔ صف) وہ جوان آدمی یا گھوڑا جو مقررہ ناپ میں ٹھیک ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ناپنا (ناپ۔نا)(ہ۔مص) پیمائش کرنا۔ اندازہ کرنا۔

نات (ہ۔ا۔مذ)(۱) دیکھئے ناتا (۲) دیکھئے ناتھ۔

نات کا نہ گوت کا "باٹا مانگے پوتھ کا (ہ۔مثل) اُس آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ رشتے داری جتائے (باٹا: حصہ۔ پوتھ: نگینہ 'شیشے کی گولیاں)۔

ناتا (ہ۔ا۔مذ) (۱) رشتہ۔ قرابت۔ رشتے داری۔ بھائی بندی (۲) تعلّق۔ علاقہ۔ واسطہ۔ میل۔ لگاؤ۔ جمع: ناتوں۔ ناتے۔

ناتا توڑنا (اُر۔ محاورہ) تعلّق نہ رکھنا۔ رشتہ توڑنا۔

ناتا ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) تعلّق نہ رہنا۔ رشتہ نہ رہنا۔

ناتا جوڑنا (اُر۔ محاورہ) رشتہ جوڑنا۔ نیا رشتہ قائم کرنا۔

ناتا چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) تعلّق ٹوٹ جانا۔

ناتن (ناتنی) (نا۔تن)(نا۔تِ۔نی)(ہ۔ا۔مث) نواسی۔

ناتھ (س۔ا۔مذ)(۱) آقا۔ مالک (۲) بیلوں کی ناک کی رسّی (۳) خاوند (۴) جوگیوں کا لقب (۵) پناہ۔ سہارا۔

ناتھنا (ناتھ۔نا)(ہ۔مص)(۱) سوراخ کرنا۔ چھیدنا (۲) بیل کے نتھنے میں رسّی ڈالنا (۳) قابو میں کرنا۔ بس میں کرنا (۴) شامل کرنا۔ پھانسنا۔

ناتی (ہ۔ا۔مذ)(۱) نواسہ (۲) لقمہ۔ نوالہ۔

ناتے (ہ۔ا۔مذ)(۱) ناتا کی جمع (۲) ناتا کی بدلی ہوئی صورت۔

ناتے دار (ناتے والے) (اُر۔ا۔مذ) رشتے دار۔

ناٹ (ق۔ا۔مذ)(۱) شہتیر۔ کڑی (۲) لاٹھ۔ ستون (۳) ناچ۔ ناچنا (۴) تماشا۔ نقل (۵) نٹ۔

ناٹ کا بچّہ تو قلابازی ہی کرے گا (اُر۔مثل) جو جس کام کے قابل ہو وہی کرتا ہے۔

ناٹا (ہ۔صف)(۱) ٹھگنا۔ بونا۔ چھوٹے قد کا (۲) شریر (۳) بیل جو ابھی سدھایا نہ گیا ہو۔

ناٹا پن (ہ۔ا۔مذ) قد کا چھوٹا ہونا۔

ناٹا سب سے ناٹا (اُر۔مثل) پست قد آدمی مضبوط یا شریر ہوتا ہے۔

ناٹک (نا۔ٹک)(س۔ا۔مذ)(۱) ناچنے والا۔ رقّاص۔ تماشا کرنے والا۔ بہروپیا۔ ایکٹر (۲) کھیل۔ تمثیل۔ ڈراما۔ جمع: ناٹک۔ ناٹکوں۔

ناٹک رچانا (اُر۔ محاورہ) سوانگ رچانا۔

ناٹک شال (س۔ا۔مذ) ناچنے گانے والا۔

ناٹک شالا (س۔ا۔مذ)(۱) ناچ گھر (۲) تھیٹر۔

ناٹکی (نا۔ٹ۔کی)(س۔ا۔مث) ناچنے والی عورت۔ رقّاصہ (۲) ایک قسم کا ناٹک۔

ناٹکیا (نا۔ٹک۔یا)(ہ۔ا۔مذ) سوانگی۔ بہروپیا۔ ایکٹر۔

ناٹنا (ناٹ۔نا)(ق۔مص)(۱) ناچنا (۲) انکار کرنا۔

ناٹھا (ہ۔صف) وہ شخص جس کا کوئی رشتے دار نہ ہو۔

ناٹھور (ہ۔صف) جس کی کوئی جگہ نہ ہو۔ بے ٹھکانا۔ بے ٹھور۔

ناٹھنا (ناٹھ جانا) (ق۔مص) بھاگنا۔ بھاگ جانا۔

ناثر (ع۔صف۔وا۔مذ) نثر لکھنے والا۔ عبارت نویس۔ مضمون نگار۔

ناج (ہ۔ا۔مذ) اناج کا مخفف۔ غلّہ۔

ناج پانی (ہ۔ا۔مذ) کھانے پینے کا سامان۔

ناج کی موج اگر برسے اسوج (ہ۔مثل) اسوج کے مہینے میں بارش ہو جائے تو فصل بہت اچھی ہوتی ہے۔

ناجو (واو مجہول)(ہ۔ا۔مث) ناز پروردہ عورت۔ لاڈلی۔

ناجی (ع۔صف) نجات پایا ہوا۔ گناہ معاف کیا ہوا۔ مغفور۔

ناچ (ہ۔ا۔مذ)(۱) رقص۔ آہنگ کے مطابق جسم کے اعضا کی جمالیاتی حرکت (۲) خوشی میں اُچھلنا کودنا۔

ناچ دِکھانا (اُر۔ محاورہ) کسی کے سامنے ناچنا۔

ناچ (رنگ) گانا (اُر۔ا۔مذ) ناچنا اور گانا۔

ناچ گھر (اُر۔ا۔مذ) وہ مکان جس میں ناچ ہوتا ہو۔ تماشاگاہ۔

ناچ (نچا دینا) نچانا (اُر۔ محاورہ)(۱) حیران و پریشان کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا (۲) دوڑ دھوپ کرانا۔

ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (اُر۔مثل) کسی شخص کو کام نہ آئے اور حیلے بہانے سے ٹالنا چاہے تو کہتے ہیں۔

ناچنا (ناچ۔نا)(ہ۔مص)(۱) رقص کرنا۔ تھرکنا۔ نرت کرنا (۲) غصّے یا خفگی میں تلملانا۔ بگڑنا (۳) اُچھلنا کودنا۔

ناچنی (ناچ۔نی)(ہ۔ا۔مث) رقّاصہ۔ ناچنے والی۔ رنگی۔

ناچنے نکلی تو گھونگھٹ کیسا (اُر۔مثل) جب کوئی کام کرنا ہی ہے تو شرم کیسی۔ کوئی معیوب کام کرنے پر کہتے ہیں۔

ناچے بامن دیکھے دھوبی (ہ۔مثل) اُلٹا زمانہ۔

ناچے کودے توڑے تان' وا کا دیکھنا راکھے مان (ہ۔مثل) جو شخص دُنیا میں اپنا وقت ہنسی خوشی سے گزارے اُسی کی عزّت ہوتی ہے۔

ناخُدا (نا۔خُ۔دا)(ف۔ا۔مذ) نا (ف۔ حرفِ نفی) کے تحت دیکھئے۔

ناخُدائی (نا۔خُ۔دا۔ای)(ف۔ا۔مث) نا (ف۔ حرفِ نفی) کے تحت دیکھئے۔

ناخن (ف۔ا۔مذ) ناخون کا مخفف (۱) اُنگلیوں کے سروں کی ہڈی (۲) چوپایوں کے کُھر یا سُم (۳) پرندوں اور درندوں کے پنجوں کے اُوپر کی ہڈی۔ اُردو جمع: ناخن۔ ناخنوں۔

ناخن بندی (ف۔ا۔مث)(۱) ملازمت۔ نوکری (۲) علاقہ۔ تعلّق (۳) مدد معاش۔ مدد خرچ۔

ناخن بھر (اُر۔صف) ذرا سا۔ قلیل مقدار میں۔

ناخن پر قربان کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت حقارت سے دیکھنا۔

ناخن پر لکھا ہونا (اُر۔ محاورہ) خوب یاد ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ناخن تدبیر (ف-ا-مذ) تدبیر کا ناخن جس سے گتھیاں سُلجھتی اور مسائل حل ہوتے ہیں۔

ناخن تراش (ف-ا-مذ) وہ آلہ جس سے ناخن کاٹتے ہیں۔ نہرنی۔ نہرنا۔

ناخن تراشنا (اُر-مص مُرکّب) ناخن کاٹنا۔

ناخن سے گوشت جُدا ہونا (اُر-محاورہ) اپنوں کا چھوٹ جانا۔ رشتے داروں کا جُدا ہونا۔

ناخن سے لکھنا (اُر-محاورہ) کاغذ پر ناخن سے حروف و اَلفاظ بنانا۔

ناخن سے ماس جُدا نہیں ہوتا (اُر-مثل) اپنے کسی حال میں غیر نہیں ہوتے۔ یگانوں کا جھگڑا جلد ختم ہو جاتا ہے۔

ناخن شمشیر (ف-ا-مذ) تلوار کی دھار۔

ناخن گاڑنا (اُر-محاورہ)(۱) ناخن چبھونا (۲) اِختیار جمانا۔

ناخن گڑنا (اُر-محاورہ)(۱) ناخن چبھنا (۲) نقشہ جمنا۔ اِختیار ہونا۔

ناخن گھسنا (اُر-محاورہ) حد سے زیادہ کوشش کرنا۔

ناخن گیر (ف-ا-مذ) دیکھئے ناخن تراش۔

ناخن لینا (اُر-محاورہ)(۱) ناخن تراشنا (۲) ہوش میں آنا (عقل کے ناخن لو) (۳) گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔

ناخن (ناخنوں) میں پڑے ہیں (اُر-مثل) ناخن کے میل کی طرح ہیں۔ کچھ حقیقت نہیں رکھتے۔

ناخن نہیں گر گئے ہیں (اُر-محاورہ) ہم تندرست ہیں۔ کسی کا اِحسان نہیں لینا چاہیے۔

ناخن نیلے ہونا (اُر-محاورہ)(۱) مرنے کی علامت ظاہر ہونا (۲) زہر کے اثر سے ناخن کا نیلا ہو جانا۔

ناخُنوں (اُر-ا-مذ) ناخن کی جمع۔

ناخنوں پر لکھا ہونا (اُر-محاورہ) دیکھئے ناخن پر لکھا ہونا۔

ناخنوں میں پڑے ہیں (اُر-مثل) دیکھئے ناخن میں پڑے ہیں۔

ناخنوں میں لکھ رکھنا (اُر-محاورہ) خیال رکھنا۔ یاد رکھنا۔

ناخنوں میں ہونا (اُر-محاورہ) چالاکیوں اور شرارتوں سے خوب واقف ہونا۔

ناخُنَہ (نا-خُ-نَہ)(ف-ا-مذ)(۱) مضراب۔ ستار بجانے کا مُڑا ہوا تار (۲) آنکھ کی ایک بیماری جس میں سفیدی مائل گوشت آنکھ کے کوئے میں پیدا ہو جاتا ہے (۳) گھوڑے کی آنکھ کے سُرخ ڈورے۔

ناخُون (ف-ا-مذ) دیکھئے ناخن۔ اس میں خون نہیں ہوتا اِس لئے یہ نام پڑا۔

ناخُونَہ (ف-ا-مذ) دیکھئے ناخنہ۔

ناد (ع-ا-مث)(۱) دعوت۔ پکار۔ ندا۔ بُلاوا۔ مُنادی (۲) دُہائی۔

نادِ علیؓ (ع-ا-مث)(۱) لفظی معنی علیؓ کو بلاؤ یا اُن سے مدد طلب کرو (۲) ایک دُعا (۳) وہ پتھر جس پر دُعائے نادِ علی کندہ ہوتی ہے جو بچوں کے گلے میں ڈالی جاتی ہے۔

ناد (س-ا-مذ)(۱) آواز۔ صدا۔ گونج۔ شور (۲) گانا۔

ناد بجانا (ہ-محاورہ) سینگ کی پونگی بجانا۔ نرسنگھا پھونکنا۔

ناد کرنا (اُر-محاورہ)(۱) گانا (۲) شیر کا گرجنا۔

نادِر (ع-صف)(۱) کم یاب۔ قلیل (۲) عُمدہ۔ عجیب۔ (ا-مذ) نادر شاہ بادشاہ۔

نادر پاٹ (ہ-ا-مذ) ایک قسم کا کپڑا جو بڑے عرض کا ہوتا ہے۔

نادر (شاہی) گردی (ف-ا-مث) نادر شاہ کے وقت جیسی بدانتظامی۔ ظلم۔ اَندھیر۔

نادِرَہ (نا-دِ-رَہ)(ع-صف)(۱) نادر کی تانیث (۲)(ا-مذ) اعجوبہ۔ عجیب و غریب چیز۔ جمع: نوادر۔ نوادرات (جمع الجمع)۔

نادِری (نا-دِ-ری)(ع-صف)(۱) نادر سے منسوب (۲) نادر شاہی (۳) (ا-مث) ایک قسم کی صدری (۴) گنجفے کا اِکّا۔

نادری چڑھانا (اُر-محاورہ) گنجفے میں شرم ناک مات دینا۔

نادری حکم (ع-ا-مذ) سخت اور جابرانہ حکم۔

نادِم (نا-دِم)(ع-صف) شرمندہ۔ پشیمان۔ خجل۔ شرم سار۔ جمع: نادِمین۔

ناڈھنا (ناڈھ-نا)(ہ-مص)(۱) بیلوں کو جوتنا یا جوڑنا (۲) شروع کرنا (۳) غلام بنانا۔

نادیا (نا-دِ-یا)(ہ-ا-مذ) وہ بیل جس کا کوئی عضو زیادہ ہو۔

نار (ہ-ا-مث)(۱) ناری کا مُخفّف۔ عورت۔ بیوی (۲) جُلاہوں کا ایک آلہ (۳) بیلوں کے جوئے میں لگایا جانے والا آلہ۔

نار (ف-ا-مذ) اَنار کا مُخفّف۔ مُرکّبات میں جیسے گُلنار۔

نارپستان (ف-صف)(۱) نوجوان لڑکی جس کی چھاتیاں ابھی لٹکی نہ ہوں (۲) نوجوان لڑکی کی چھاتیاں۔

نار (ع-ا-مث) آگ۔ آتش۔

نارِ خلیل (ع-ا-مذ) وہ آگ جس میں کافروں نے حضرت اِبراہیمؑ کو پھینک دیا تھا اور وہ خُدا کی قُدرت سے گلزار بن گئی تھی۔ نیز دیکھئے آتشِ اِبراہیمؑ۔

نارِ سقر (ع-ا-مث) دوزخ کی آگ۔

نارِ سعیر (ع-ا-مث) دوزخ کی آگ۔

نارائن (نا-را-ئن)(س-صف وا-مذ)(۱) قدیم (۲) ہمیشہ رہنے والا (۳) خُدا۔ وشنو کا لقب۔

نارائن تیل (ہ-ا-مذ)(۱) ایک قسم کا روغن جو بوٹیوں سے نکالا جاتا ہے (۲) مومیائی۔

نارائنی (نا-را-ئ-نی)(ہ-ا-مث) لچھمی۔ لکشمی۔ دُرگا دیوی۔

نارجیل (نار-جیل)(ف-ا-مذ) ناریل۔ کھوپرا۔ گری۔ نارگیر۔ نارگیل۔

نارجیل دریائی (ف-ا-مذ) سمندر کے کنارے اُگنے والا ناریل۔ ایک دوا۔

نارَد (نا-رَد)(ف-ا-مذ)(۱) پنّو جو کتوں کو پڑ جاتے ہیں (۲) کنجوس۔ بخیل۔

نارگیر (نارگیل) (س-ا-مذ) دیکھئے ناریل۔

نارمل (Normal)(انگ-صف) ٹھیک۔ دُرست۔ قاعدے کے مطابق۔ معتدل۔

نارمل اِسکول (انگ-ا-مذ) تعلیم کے اُصول سکھانے والا مدرسہ۔ پڑھانے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کی تعلیم دینے والا مدرسہ۔

نارَنج (نا۔رَنج)(ع۔ا۔مذ) نارنگ کا مُعرّب۔ سنگترہ۔

نارَنجی (نا۔رَن۔جی)(ع۔صف)(۱) نارنج کے رنگ کا (۲) سُرخی مائل زرد۔

نارَنگ (نا۔رَنگ)(ف۔ا۔مذ) ایک پودا اور اس کا پھل۔ سنگترہ۔ رنگترہ۔

نارَنگی (نا۔رَنگی)(ہ۔ا۔مث) چھوٹا نارنگ۔

نارُو (نارَوا) (ہ۔ا۔مذ) ایک بیماری جس میں اِنسان کے بدن سے تاگا سا نکلتا ہے۔ نہروا۔

ناری (س۔ا۔مث)(۱) نار۔ عورت (۲) بیوی۔ اِستری۔

ناری (ع۔صف) آگ سے منسوب۔ آگ کا بنا ہوا۔ جہنمی۔ دوزخی۔

نارِیَل (نار۔یَل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک درخت اور اُس کا پھل۔ پھل کے مغز کو کھوپرا کہتے ہیں۔ بھارت اور جنوب مشرقی ایشیا کی خاص پیداوار ہے۔ جزائر شرقُ الہند، غربُ الہند اور بحرُ الکاہل کے بعض جزیروں میں بھی پایا جاتا ہے (۲) حقہ جو کھوکھلے ناریل میں سُوراخ کر کے بناتے ہیں (۳) ایک قسم کی آتش بازی۔

ناڑ (ہ۔ا۔مث)(۱) نس۔ نبض (۲) گردن (۳)(ق۔ا۔مث) پناہ۔

ناڑ نیچی کرنا (اُر۔محاورہ) شرم سے گردن جھکانا۔ سر جھکانا۔

ناڑا (ہ۔ا۔مذ) ازار بند۔ نالا (۲) کچا زرد یا سُرخ رنگ کا سُوت۔ جمع: ناڑوں۔ ناڑے۔

ناڑا باندھنا (چڑھانا) (اُر۔محاورہ) منّت کے لئے روضے یا امام باڑے میں دھاگا باندھنا (۲)(اُر۔مص مُرکّب) ازار بند باندھنا۔

ناڑا چھوٹ کرنا (اُر۔محاورہ) پیشاب کرنا۔ مُوتنا۔

ناڑی (نا۔ڑی)(ہ۔ا۔مث)(۱) پودے کی شاخ یا ٹہنی (۲) بدن کا کوئی نالی دار عضو۔ نس۔ نبض (۳) بندوق کی نال (۴) انتڑی (۵) پھوڑا۔ زخم (۶) گھڑی (۷) ایک قسم کی آتش بازی۔

ناڑی چھوٹنا (ناڑی نہ بولنا) (اُر۔محاورہ)(۱) نبض نہ چلنا۔ نبض کا حرکت نہ کرنا (۲) سکتہ ہو جانا (۳) مر جانا۔ دَم نکل جانا (۴) کسی صدمے سے سُست ہو جانا۔

ناڑی دیکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) نبض دیکھنا (۲) خبر لینا۔

ناڑی سے روگ ملتا ہے (ہ۔مثل) نبض سے مرض معلوم ہوتا ہے۔ ہر چیز کے لئے کوئی نہ کوئی وسیلہ مل جاتا ہے۔

ناڑِیا (نا۔ڑِ۔یا)(ہ۔صف) نبض شناس۔ نبّاض۔

ناز (ف۔ا۔مذ)(۱) ادا۔ نخرہ۔ غمزہ (۲) پیار۔ لاڈ۔ چوچلا (۳) گھمنڈ۔ فخر۔ غرور (۴) بڑائی۔ عزّت۔ اُردو جمع: ناز۔ نازوں۔

ناز اُٹھانا (اُر۔محاورہ) نخرے یا چوچلے برداشت کرنا۔ ناز برداری کرنا۔

ناز بالش (ف۔ا۔مذ) پہلو کا تکیہ۔ نرم تکیہ۔

ناز بردار (ف۔صف) ناز اُٹھانے والا۔

ناز برداری (ف۔ا۔مث) ناز اُٹھانا۔ ناز یا چوچلے کی برداشت۔

ناز پروردہ (ف۔صف) لاڈلا۔ لاڈ میں پلا ہوا۔

ناز پیشہ (ف۔صف) ناز نخرے کرنے والا۔

ناز سے چلنا (اُر۔محاورہ) انداز سے چلنا۔ خراماں خراماں چلنا۔ مٹک مٹک کر چلنا۔

ناز (نازوں) کا پالا (ف۔صف) جو لاڈ اور پیار میں پلا ہو۔

ناز کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) نخرے کرنا۔ لاڈ کرنا (۲) اِترانا۔ غرور کرنا (۳) فخر کرنا۔

ناز میں آنا (اُر۔محاورہ) اِترانا۔ فخر کرنا۔

ناز (و) نخرہ (ف۔ا۔مذ) چاؤ چوچلا۔ لاڈ پیار۔

ناز و ادا (ف۔ا۔مذ) نخرہ۔ ادا۔ غمزہ۔ پیاری من موہنی حرکات۔

ناز و نعمت میں پلنا (اُر۔محاورہ) لاڈ پیار میں پلنا۔ آرام و آسائش میں پرورش پانا۔

ناز و نیاز (ف۔ا۔مذ)(۱) پیار۔ اِخلاص۔ لاڈ پیار۔ چاؤ چوچلا (۲) انداز۔ ناز و نخرہ۔

ناز ہونا (اُر۔محاورہ) فخر ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔

نازاں (نا۔زاں)(ف۔صف) ناز کرنے والا۔ فخر کرنے والا۔ مغرور۔

نازاں ہونا (اُر۔مص مُرکّب) فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ اِترانا۔

نازبُو (ناز۔بُو)(ف۔ا۔مث) ایک قسم کا خوشبودار پودا۔ سیاہ تُلسی۔

نازِش (نا۔زِش)(ف۔ا۔مث)(۱) ناز۔ فخر۔ گھمنڈ (۲) بے پروائی۔ بددماغی۔

نازش ہونا (اُر۔محاورہ) ناز ہونا۔ فخر ہونا۔

نازُک (نا۔زُک)(ف۔صف)(۱) دُبلا پتلا۔ ہلکا۔ چھریرا (۲) لطیف۔ نفیس (۳) نرم۔ کومل (۴) جلد ٹوٹ جانے والا (۵) خوب صورت (۶) کم زور (۷) باریک۔ دقیق (۸) تیز۔ تند (۹) ناز پروردہ۔ ناز کا پلا ہوا (۱۰) خطرناک۔ پیچیدہ۔

نازک ادا (انداز) (ف۔صف) خوش ادا۔ نفیس طور طریقوں والا۔

نازک اَندام (ف۔صف) چھریرے بدن کا۔ دُبلا پتلا۔ نازک جسم والا۔

نازک بات (اُر۔ا۔مث)(۱) لطیف بات (۲) اہم معاملہ۔ خطرناک بات۔

نازک بدن (ف۔صف)(۱) دُبلے پتلے جسم کا (۲) ایک قسم کی بیری جس کے بیر بہت میٹھے ہوتے ہیں (۴) ایک قسم کا باریک کپڑا۔ ڈوریا (۵) ایک قسم کا آلہ (۶) عُنّاب۔

نازک جگہ (ف۔اُر۔ا۔مث)(۱) بدن کا وہ مقام یا عضو جس پر چوٹ لگنے سے آدمی کی ہلاکت کا اندیشہ ہو (۲) وہ مقام جہاں ہلاکت کا اندیشہ ہو۔

نازک خیال (ف۔صف) عُمدہ خیالات والا۔ عالی دماغ۔ عالی خیال۔

نازک خیالی (ف۔ا۔مث) عُمدہ خیالات کا ہونا۔

نازک دماغ (ف۔صف)(۱) مغرور (۲) بددماغ۔ بدمزاج۔ چڑچڑا۔ تنک مزاج (۳) زُود رنج۔

نازک دماغی (ف۔ا۔مث) غرور۔ بددماغی۔ تنک مزاجی۔ چڑچڑاپن۔

نازک طبع (ف۔صف) نازک مزاج۔

نازک طبعی (ف۔ا۔مث) نازک مزاجی۔

نازک کام (اُر۔ا۔مذ) باریک کام۔ وہ کام جو پائیدار نہ ہو۔

نازک مزاج (ف۔صف) تنک مزاج۔ چڑچڑا۔ زود رنج۔

نازک مزاجی (ف۔ا۔مث) تنک مزاجی۔ چڑچڑاپن۔

نازک (مسئلہ) مُعاملہ (ف۔ا۔مذ) مُشکل امر۔ دقیق مسئلہ۔ اہم مُعاملہ۔

نازک وقت (ف۔ا۔مذ) مُشکل زمانہ۔ بُرا وقت۔ خطرے کا وقت۔

نازُکی (نا۔زُ۔کی)(ف۔ا۔مث)(۱) نزاکت۔ مُلائمت۔ نرمی (۲) خوبی۔ عُمدگی (۳) تنک مزاجی (۴) نفاست۔ لطافت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نازِل (نا۔زِل) (ع۔صف) اُترنے والا۔ نیچے آنے والا۔ وارِد ہونے والا۔ گزرنے والا۔

نازل کرنا (اُر۔مص مُرکّب) اُتارنا۔ وارِد کرنا۔

نازل ہونا (اُر۔مص مُرکّب) اُترنا۔ وارِد ہونا۔ نیچے آنا۔ آسمان سے اُترنا۔

نازِندہ (ف۔صف) دیکھئے نازاں۔

نازنین (ناز۔نِین) (ف۔صف۔وا۔مث) (۱) دل فریب۔ دل رُبا (۲) نازک اَندام۔ نازک اَدا (۳) خوب صورت۔ خوش وضع۔ ناز و ادا سے فریفتہ کرنے والی۔ خوش ادا عورت۔ جمع: نازنیناں۔

نازوں (اُر۔ا۔مذ) ناز کی جمع۔

نازوں کا پالا (اُر۔صف) لاڈ پیار سے پرورش کیا ہوا۔

نازی (Nazi) (انگ۔صف) ہٹلر کی فاشِسٹ (فسطائی) پارٹی کا رُکن۔

نازی اِزم (Nazism) (انگ۔ا۔مذ) جرمنی کی فسطائی تحریک جس کا بانی ہٹلر تھا۔ اِس تحریک کی بُنیاد اِس اِحساس پر رکھی گئی تھی کہ جرمن قوم دُنیا کی تمام اقوام سے برتر ہے اور اِسی کو دُنیا پر حکومت کرنے کا حق ہے۔ جنگِ عظیم دوم میں جرمنی کی شکست کے بعد یہ تحریک دَم توڑ گئی۔

ناس (ع۔ا۔مذ) (۱) اُناس کا مخفف جو اِنس کی جمع ہے۔ لوگ۔ اِنسان۔ مُرکّبات میں مستعمل ہے جیسے عوامُ النّاس۔

ناس (ہ۔ا۔مث) ہلاس۔ نسوار۔

ناس دانی (اُر۔ا۔مث) نسوار کی ڈبیا۔

ناس لینا (اُر۔محاورہ) ہلاس یا نسوار سُونگھنا یا ناک میں چڑھانا۔

ناس (ہ۔ا۔مذ) تباہی۔ بربادی۔ خرابی۔ س: وناش کا بگاڑ۔

ناس کرنا (ناس مارنا) (اُر۔محاورہ) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ خراب کر دینا۔

ناس ملا دینا (اُر۔محاورہ) ناس کرنا۔ خراب کر دینا۔

ناس ہونا (ہو جانا) (اُر۔محاورہ) برباد ہونا۔ تباہ ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ خراب ہونا۔

ناسا (ہ۔ا۔مذ) (۱) بڑی ناک (۲) ایک قسم کی پھنسی جو ناک میں ہوتی ہے۔

ناسپاتی (ناشپاتی) (ناس۔پا۔تی) (ناش۔پا۔تی) (ہ۔ا۔مث) سیب کی قسم کا مگر اِس سے کم درجے کا ایک پھل۔ جمع: ناشپاتیاں۔ ناشپاتیوں۔

ناس پال (ف۔ا۔مذ) (۱) اَنار کا چھلکا (۲) کچا اَنار (۳) ایک قسم کی آتش بازی۔

ناس پالی (ف۔صف) ناس پال سے متعلق۔

ناس پالی رنگ (اُر۔ا۔مذ) زرد [illegible] سبز رنگ۔ نسواری رنگ۔ اَنار کے چھلکے کا رنگ۔

ناستِک (ناس۔تِک) (س۔صف) وہ شخص جسے خُدا کے وجود اور عدمِ وجود دونوں پر شک ہو۔ جو خُدا کے وجود کا اِقرار کرے نہ اِنکار۔ اِسے دہریہ کہنا غلط ہے کیونکہ دہریہ سرے سے خُدا کے وجود کا منکر ہوتا ہے۔ نیز دیکھئے لا ادریہ۔

ناسِخ (نا۔سِخ) (ع۔صف) (۱) لکھنے والا۔ کاتب (۲) مِٹانے والا۔ منسوخ کرنے والا۔

ناسَک (نا۔سَک) (ہ۔ا۔مث) دیوار۔

ناسِک (نا۔سِک) (ع۔صف) (۱) خُدا پرست۔ عبادت گزار (۲) نیک۔ باعصمت۔

ناسُک (ناسُکا) (نا۔سُک) (نا۔سُ۔کا) (ق۔ا۔مث) (۱) ناک (۲) ہاتھی کی سُونڈ۔

ناسُوت (نا۔سُوت) (ع۔ا۔مذ) (۱) عالمِ اَجسام۔ دُنیا (۲) (مجازاً) شریعت۔ ظاہری عبادت۔

ناسُور (نا۔سُور) (ع۔ا۔مذ) جسم کی داخلی یا خارجی سطح پر وہ زخم جو ہمیشہ رِستا رہتا ہے۔ جمع: ناسُور۔ ناسُوروں۔

ناسُور بھرنا (اُر۔محاورہ) پُرانے زخم کا اچھا ہونا۔

ناسُور (پڑنا) پڑ جانا (اُر۔محاورہ) (۱) ہمیشہ جاری رہنے والا زخم ہونا (۲) بہت اِیذا یا تکلیف پہنچنا۔

ناسُور ڈالنا (اُر۔محاورہ) (۱) زخم ڈالنا۔ گھاؤ ڈالنا (۲) رنج پہنچانا۔ تکلیف دینا۔

ناسِی (نا۔سی) (ہ۔صف) ناس کرنے والا۔ تباہ کرنے والا۔

ناشپاتی (ہ۔ا۔مث) دیکھئے ناسپاتی۔

ناشتا (ناش۔تا) (ف۔ا۔مذ) (۱) نہاری۔ صُبح کا تھوڑا سا کھانا (۲) لُغوی معنی خالی پیٹ۔ بھوکا۔

ناشتا کرنا (اُر۔محاورہ) صُبح کا کھانا تناول کرنا۔

ناشِر (ع۔ا۔مذ) نشر و اشاعت کرنے والا۔ پبلشر۔ کتابیں چھاپنے والا۔ جمع: ناشرین۔ اُردو جمع: ناشر۔ ناشروں۔

ناصِب (نا۔صِب) (ع۔صف) کھڑا کرنے والا۔ قائم کرنے والا۔ نصب کرنے والا۔

ناصِح (نا۔صِح) (ع۔ا۔مذ) نصیحت کرنے والا۔ صلاح کار۔ جمع: ناصحین۔ اُردو جمع: ناصح۔ ناصحوں۔

ناصِر (نا۔صِر) (ع۔صف) مدد کرنے والا۔ مُعاوِن۔ حامی۔ جمع: اَنصار۔

ناصِیَہ (نا۔صِ۔یَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) پیشانی کے بال (۲) ماتھا۔ پیشانی۔

ناصیہ سا (فرسا) (ع۔ف۔صف) (۱) زمین پر پیشانی رگڑنے والا (۲) عاجز۔ بے چارہ۔ ناچیز۔

ناصیہ سائی (فرسائی) (ع۔ف۔ا۔مث) ماتھا رگڑنا۔ خوشامد۔ عاجزی۔

ناطِق (نا۔طِق) (ع۔صف) (۱) بولنے والا۔ گویا (۲) صاحبِ عقل (۳) مستحکم۔ مضبوط (۴) دُوسرے کو عاجز اور خاموش کر دینے والا۔ قطعی۔

ناطِقَہ (نا۔طِ۔قَہ) (ع۔صف) (۱) ناطق کی تانیث (۲) (ع۔ا۔مث) بولنے کی قوت۔ طاقتِ گویائی۔

ناطقہ بند کر دینا (اُر۔محاورہ) (۱) بولنے کی طاقت بند کر دینا (۲) لاجواب کر دینا۔ تنگ کرنا۔

ناظِر (نا۔ظِر) (ع۔صف) (۱) دیکھنے والا (۲) نگہبان۔ مُحافظ (۳) (ا۔مذ) عدالتوں کا ایک عہدیدار جو ماتحت مُلازموں کی نگرانی پر مامور ہوتا ہے (۴) محرّروں کا افسر۔ ہیڈ محرّر (۵) میر سامان (۶) خواجہ سرا۔ جمع: ناظرین۔ نُظّار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ناظِرَہ (نا۔ظِ۔رَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) دیکھنے کی قوت (۲) دیکھ کر پڑھنا (قرآن)۔
ناظرہ پڑھنا (اُر۔محاورہ) کلامِ پاک دیکھ کر پڑھنا۔
ناظرہ خواں (ع۔ف۔صف) وہ جو حافظِ قرآن تو نہ ہو مگر دیکھ کر پڑھ سکتا ہو۔
ناظِری (نا۔ظِ۔ری)(ع۔ف۔ا۔مث) ناظر کا منصب (۲) نگہبانی۔حفاظت۔
ناظِرِین (نا۔ظِ۔رین)(ع۔ا۔مذ) ناظر کی جمع (۱) دیکھنے والے (۲) پڑھنے والے۔مطالعہ کرنے والے۔
ناظِم (نا۔ظِم)(ع۔صف۔وا۔مذ)(۱) پرونے والا۔لڑی بنانے والا (۲) اِنتظام کرنے والا۔منتظم۔کارکن۔سربراہ (۳) نظم کہنے والا۔شاعر (۴) سیکرٹری (۵) گورنر۔صوبیدار۔جمع: نُظَما۔ناظمان۔ناظمین۔اُر جمع: ناظم۔ناظموں۔
ناظِمُ الاُمور (ع۔ا۔مذ) سفیر سے چھوٹے درجے کا سفارت کار جو کسی ملک میں اپنے مُلکی سفیر کی عدم موجودگی میں سفارت خانے کا اِنچارج ہوتا ہے۔(Charge De Affairs)۔
ناظِمِ تعلیم (ع۔ا۔مذ) وہ افسر جو تعلیم کا منتظم ہو۔ڈائریکٹر تعلیمات۔
ناظُورَہ (ع۔صف)(۱) محبوبہ۔خوب صورت عورت (۲) مالنوں کی سردار۔
ناعِم (نا۔عِم)(ع۔صف)(۱) نرم۔نازک (۲) آسان (۳) نرم مزاج (۴)(ا۔مذ) خیبر کا ایک قلعہ۔
ناعُورَہ (نا۔عو۔رَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) پن چکی یا پون چکی (۲) وہ رگ جس سے خون بہتا ہو (۳) پانی کا گھڑا۔
ناعُول (نا۔عول)(ف۔ا۔مث) چھوٹی کوٹھڑی جو زینے کے نیچے بناتے ہیں۔
ناغُول (نا۔غول)(ف۔ا۔مث)(۱) زینے کے اُوپر کی چھت (۲) سیڑھی۔
ناغَہ (نا۔غَہ)(ف۔صف)(۱) خالی۔بیکار (۲)(ا۔مذ) تعطیل۔غیر حاضری۔ اُردو جمع: ناغوں۔ناغے۔
ناغہ کرنا (اُر۔محاورہ) تعطیل کرنا۔غیر حاضر ہونا۔
ناغہ ہونا (اُر۔محاورہ) غیر حاضری یا تعطیل ہونا۔
ناغہ نویس (ف۔ا۔مذ) عُہدے دار جو مُلازموں کی حاضری لیتا اور غیر حاضری درج کرتا ہے۔
ناف (ف۔ا۔مث)(۱) پیٹ کے درمیان وہ سُوراخ جہاں رحمِ مادر میں بچّے کی آنول (آں۔ول) جُڑی ہوتی ہے (۲) وسیلہ۔درمیان۔بیچوں بیچ۔مرکز۔
نافِ اَرض (ف۔ا۔مث)(۱) زمین کا مرکز (۲) کعبہ شریف۔مکۂ معظمہ۔
ناف ٹلنا (ناف ٹل جانا) (اُر۔محاورہ) ناف کا بے جگہ ہو جانا۔دھرن ٹلنا۔
نافِ زمین (ف۔ا۔مث) دیکھیے نافِ ارض۔
نافِ شب (ف۔ا۔مث) آدھی رات۔رات کا درمیان۔
نافِذ (نا۔فِذ)(ع۔صف)(۱) جاری ہونے والا (۲) جاری۔مؤثر۔لاگو۔
نافذ کرنا (اُر۔محاورہ) جاری کرنا۔صادر کرنا۔
نافذ ہونا (اُر۔محاورہ) نافذ کرنا کا لازم۔
نافِذَہ (نا۔فِ۔ذَہ)(ع۔صف) نافذ کی تانیث۔جاری شدہ۔

نافِر (ع۔صف) مُتنفّر۔نفرت کرنے والا۔گھن کھانے والا (۲) بھاگنے والا۔
نافِع (نا۔فِع)(ع۔صف)(۱) مُفید۔فائدہ مند۔نفع دینے والا (۲) خُدا کا ایک صفاتی نام۔
نافِلَہ (نا۔فِ۔لَہ)(ع۔ا۔مث) وہ نفل یا عبادت جو فرض نہ ہو بلکہ برائے حصولِ ثواب کی جائے۔جمع: نوافل۔نیز دیکھیے نفل۔
نافلۂ اِشراق (ع۔ا۔مث) طلوعِ آفتاب کے بعد کی نفل نماز۔
نافَہ (نا۔فَہ)(ف۔ا۔مذ) مشک کی تھیلی۔ایک خاص ہرن کے پیٹ کی تھیلی جس میں مُشک ہوتا ہے (ناف سے مشتق ہے)۔
نافی (ع۔صف) اِنکار کرنے والا۔نفی کرنے والا۔مؤنث کے لیے نافیہ۔
ناقِد (نا۔قِد)(ع۔صف) پرکھنے والا۔تنقید کرنے والا۔پڑتال کرنے والا۔ جمع: ناقِدین۔اُردو جمع: ناقِد۔ناقدوں۔
ناقِص (نا۔قِص)(ع۔صف)(۱) اَدھورا۔غیر مکمل (۲) عیب دار۔خراب (۳) غیر خالص۔کھوٹا۔جمع: ناقصاں۔
ناقصُ الخِلقت (نا۔قِ۔صُل۔خِل۔قت)(ع۔صف) جس کا کوئی عضو پیدائشی طور پر خراب ہو۔
ناقصُ العقل (نا۔قِ۔صُل۔عَقل)(ع۔صف) کم عقل۔بے وقوف۔
ناقص عیار (ع۔صف) غیر معیاری۔جو معیار پر پُورا نہ اُترے۔
ناقص کرنا (اُر۔محاورہ) بگاڑنا۔خراب کرنا۔کھوٹ ملانا۔
ناقص ہونا (اُر۔محاورہ) ناقص کرنا کا لازم۔خراب ہونا۔کھوٹا ہونا۔
ناقِل (نا۔قِل)(ع۔صف)(۱) ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے جانے والا (۲) نقل کرنے والا۔بیان کرنے والا (۳) راوی۔جمع: ناقلان۔ناقلین۔
ناقُوس (نا۔قُوس)(ع۔ا۔مذ) سنکھ جو ہندو پُوجا کرتے وقت بجاتے ہیں۔
ناقوس پھونکنا (اُر۔مص مُرکّب) سنکھ بجانا۔
ناقَہ (ع۔ا۔مث) اُونٹنی۔سانڈنی۔
ناک (ف۔صف)(۱) پُر۔بھرا ہوا (۲) منسوب (۳) کلمۂ نسبت۔اَسما کے ساتھ مل کر صفت بناتا ہے جیسے اَفسوس ناک۔
ناک (ھ۔ا۔مث)(۱) چہرے کا وہ دو سُوراخوں والا لمبا عضو جس سے سانس لیتے ہیں اور جس کے ذریعے بُو کا اِحساس دماغ تک پہنچتا ہے (۲) غیرت۔شرم۔لحاظ (۳) نمود کی چیز (۴) آرائش (۶) عزّت۔آبرو۔بُزرگی۔کوئی چیز جو باعثِ فخر ہو (۷) مشہور و ممتاز اِنسان۔جمع: ناکوں۔ناکیں۔
ناک آنا (اُر۔محاورہ) ناک سے آلائش گرنا۔
ناک اُڑا دینا (اُر۔محاورہ)(۱) ناک کاٹنا (۲) بے عزّت کرنا۔
ناک اُونچی ہونا (اُر۔محاورہ) عزّت بڑھنا۔سُرخ رُوئی ہونا۔بول بالا ہونا۔
ناک بہنا (اُر۔محاورہ) ناک سے آلائش کا نکلنا۔
ناک بھوں (چڑھانا)(سکیڑنا) (اُر۔محاورہ)(۱) تیوری چڑھانا (۲) ناراض ہونا۔خفا ہونا (۳) بیزار ہونا۔نفرت ظاہر کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ناک بیٹھ جانا (بیٹھنا) (اُر۔ محاورہ) چوٹ یا مرض کی وجہ سے ناک کا چپٹا ہو جانا۔
ناک بیندھنا (اُر۔ محاورہ) ناک میں سُوراخ کرنا۔ ناک چھیدنا۔
ناک پاک کرنا (اُر۔ محاورہ) ناک صاف کرنا۔
ناک پچک جانا (پچکنا) (اُر۔ مص مُرکّب) ناک بیٹھ جانا۔
ناک پر اُنگلی رکھ کر بات کرنا (اُر۔ محاورہ) عورتوں یا زنخوں کی طرح باتیں کرنا۔
ناک پر پہیا پھر جانا (اُر۔ محاورہ) ناک کا چپٹا ہو جانا۔ ناک کا بیٹھ جانا۔
ناک پر (ٹِکا دینا) رکھ دینا (اُر۔ محاورہ) قیمت یا اُجرت فوراً ادا کر دینا۔
ناک پر غُصّہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ذرا ذرا سی بات پر ناراض ہونا۔ بہت جلد خفا ہو جانا۔
ناک پر کی مکھی تک نہ اُڑانا (اُر۔ محاورہ) بہت سُست اور کاہل ہونا۔
ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا (اُر۔ محاورہ) کسی کا ذرا احسان نہ اُٹھانا۔ کسی کا شرمندۂ احسان نہ ہونا۔ غیرت کو داغ نہ لگنے دینا۔
ناک پکڑتے دَم نکلنا (اُر۔ محاورہ) نہایت کم زور ہونا۔ نہایت لاغر ہونا۔
ناک پُھلانا (اُر۔ محاورہ) غرور یا غُصّے سے ناک کو چوڑا کر لینا۔
ناک چڑھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) تیوری چڑھانا نتھنے پھلانا (۲) ناراض ہونا (۳) غرور سے ناپسندیدگی کا اِظہار کرنا۔ نفرت سے خاطر میں نہ لانا۔
ناک چڑھی رہنا (اُر۔ محاورہ) تیوری چڑھی رہنا۔ بدمزاج بنا رہنا۔ ہر وقت ناراض رہنا۔
ناک چنے چبوانا (اُر۔ محاورہ) ناک میں دَم کرنا۔ بہت ستانا۔ عاجز کر دینا۔
ناک چوٹی (اُر۔ ا۔ مث) عزّت و آبرو۔
ناک چوٹی پر آفت آنا (اُر۔ محاورہ) عزّت و آبرو پر آفت آنا۔
ناک چوٹی کاٹنا (اُر۔ محاورہ) ذلیل و رُسوا کرنا۔ بے آبرو کرنا۔
ناک چوٹی کا ڈر ہونا (اُر۔ محاورہ) بے عزّتی کا خوف ہونا۔
ناک چوٹی میں گرفتار (رہنا) ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہر وقت بناؤ سنگار میں لگے رہنا (۲) نہایت غیرت دار و مغرور ہونا (۳) دُنیا کے بکھیڑوں میں پھنسے رہنا۔
ناک چوٹی ہاتھ ہونا (اُر۔ محاورہ) عزّت و آبرو پر کسی کا اِختیار ہونا۔ چوٹی کے بعد تمہارے' اُس کے وغیرہ کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔
ناک چھِی جانا (اُر۔ محاورہ) نتھ وغیرہ ڈالنے کا سُوراخ بڑا ہو جانا۔
ناک چھیدنا (اُر۔ مص مُرکّب) ناک میں سُوراخ کرنا۔ نیز دیکھئے ناک بیندھنا۔
ناک رکھ لینا (رکھنا) (اُر۔ محاورہ) عزّت رکھ لینا۔ بات رکھ لینا۔
ناک رگڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) زمین پر ناک گھسانا (۲) نہایت منّت و زاری کرنا۔ عجز و اِنکسار کرنا۔
ناک رگڑے کا بچّہ (اُر۔ ا۔ مذ) وہ بچّہ جو بہت سی منّتیں مان کر پیدا ہوا ہو۔ اللہ آمین کا بچّہ۔

ناک ساکھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) اپنی عزّت بچانا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔
ناک سِنکنا (سِ۔ نک۔ نا) (اُر۔ محاورہ) ناک صاف کرنا۔ ناک کی ریزش نکالنا۔
ناک (سکوڑنا) سکیڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ناک چڑھانا (۲) نفرت کرنا۔
ناک سے لکیریں کھینچنا (اُر۔ محاورہ) توبہ کرنا۔ اپنا قصور مان کر آیندہ کے لئے توبہ کرنا۔
ناک قلم ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) ناک کٹ جانا (۲) بے عزّتی ہو جانا۔
ناک کا بال (اُر۔ صف) مُنہ چڑھا۔ نہایت عزیز اور مُقرّب۔
ناک کا بانسا (باں۔ سا) (اُر۔ ا۔ مذ) دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈّی یا دیوار۔
ناک کا بانسا پھرنا (اُر۔ محاورہ) دونوں نتھنوں کے درمیان کی ہڈّی کا ٹیڑھا ہو جانا جو موت کی نشانی ہے۔
ناک کاٹ چوتڑوں تلے رکھنا (اُر۔ محاورہ) بے غیرتی اِختیار کرنا۔ بے شرمی کی باتیں کرنا۔
ناک کاٹنا (اُر۔ مص مُرکّب) کسی تیز دھار آلے یا دانتوں سے ناک کاٹ دینا (۲) محاورہ) بے عزّت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا۔
ناک کا جوا (ناک کا چوہا) (اُر۔ ا۔ مذ) وہ ریزش جو ناک میں جم کر سخت ہو جاتی ہے۔ ناک کا میل۔
ناک کان کاٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نکٹا اور بُوچا بنانا (۲) ذلیل و خوار کرنا۔
ناک کٹانا (اُر۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔
ناک کٹ جانا (اُر۔ محاورہ) عزّت و آبرو خاک میں مِل جانا۔
ناک کٹی (اُر۔ ا۔ مث) بدنامی۔ رُسوائی۔ بے عزّتی۔
ناک کٹی ہونا (اُر۔ محاورہ) رُسوائی ہونا۔
ناک کٹے (اُر۔ بددُعا) بدنام ہو۔ رُسوا ہو۔ اُس کی عزّت جائے۔
ناک کی پھُنگی (اُر۔ ا۔ مث) ناک کی نوک۔
ناک کی سیدھ (اُر۔ ا۔ مث) ٹھیک سامنے۔ سیدھے خط میں۔ بخطِ مستقیم۔
ناک کی کیل (لونگ) (اُر۔ ا۔ مث) وہ کیل جو عورتیں ناک میں ڈالتی ہیں۔ ناک کا بُورا۔ ناک کا تنکا۔
ناک کے پھیر سے بیان کرنا (اُر۔ محاورہ) بات کو طوالت سے بیان کرنا۔
ناک کے رستے نکل جانا (اُر۔ محاورہ) شیخی کرکری ہو جانا۔
ناک گھِسنی (اُر۔ ا۔ مث) عاجزی۔ منّت سماجت۔
ناک مارنا (اُر۔ محاورہ) ناپسندیدگی کا اِظہار کرنا۔ نیز دیکھئے ناک چڑھانا۔
ناک میں بولنا (اُر۔ محاورہ) منمنانا۔
ناک میں تیر دینا (اُر۔ محاورہ) بہت تنگ کرنا۔
ناک میں دم آنا (اُر۔ محاورہ) بہت تنگ ہونا۔ سخت پریشان ہونا۔
ناک میں دم آنے لگنا (اُر۔ محاورہ) جی گھبرانے لگنا۔ دَم اُلٹنے لگنا۔
ناک میں دم کرنا (اُر۔ محاورہ) ستانا۔ دِق کرنا۔ حیران کرنا۔
ناک میں دم ہونا (اُر۔ محاورہ) تنگ ہونا۔ عاجز ہونا۔
ناک نقشہ (اُر۔ ا۔ مذ) چہرے کے خدوخال۔
ناک نہ دی جانا (اُر۔ محاورہ) سخت بدبُو ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ناک نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) (۱) غیرت جاتی رہنا (۲) بے عزّت ہو جانا۔
ناک نہ کان، نتھ بالیوں کا اَرمان (اَر۔ مثل) حیثیت کچھ نہیں مگر حوصلے اُونچے۔
ناک والا (اَر۔ صف) (۱) عزّت والا۔ غیرت والا۔ (مؤنث) ناک والی۔
ناک ہو تو نتھیا سوجھے (اَر۔ مثل) اصلی چیز ہونی چاہئے۔ فروعات بعد میں بھی مہیا ہو سکتی ہیں۔
ناک آوٹ (انگ۔ ا۔ مذ) (Knock out) مُکّے بازی میں حریف کو مار کر اکھاڑے سے باہر نکال دینا یا زمین پر گرا دینا۔
ناکا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) سڑک کا آخیر۔ راستے کی حد (۲) مُہرا۔ سِرا (۳) راہ۔ راستہ (۴) گلی کوچے کا دروازہ (۵) شہر کا دروازہ (۶) چُنگی کی چوکی (۷) سُوئی کا چھید (۸) حد۔ کنارہ (۹) پانی کے گھُورنے کی جگہ (۱۰) پولیس کا چھوٹا تھانہ یا چوکی (۱۱) سڑک یا دَرّے میں داخل ہونے کی جگہ (۱۲) مگرمچھ کی قسم کا ایک دریائی جانور۔ جمع: ناکوں۔ ناکے۔
ناکا بند کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) حد بندی کرنا (۲) راستہ روکنا۔ راستے میں پہرا بٹھانا (۳) پانی کے بہاؤ کو روکنا۔
ناکا بند ہونا (اَر۔ محاورہ) راستہ رُک جانا۔
ناکا بندی (اَر۔ ا۔ مث) (۱) حد بندی (۲) راستہ روکنا۔
ناکا دار (اَر۔ صف) (۱) جس میں ناکا (سُوراخ) ہو (سُوئی) (۲) تعلقہ دار۔ ضلع دار (۳) چُنگی کا محرّر۔
ناکا روکنا (اَر۔ محاورہ) راستے پر پہرا بٹھانا۔ راستہ روکنا۔
ناکا سنبھالنا (اَر۔ محاورہ) راستہ روکنا۔ راستے پر پہرا ہونا۔
ناکح (ع۔ صف) نکاح کرنے والا۔
ناکڑا (ناک۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑی ناک۔
ناکو (ہ۔ ا۔ مذ) مگرمچھ۔ گھڑیال۔ نہنگ۔
ناکوں ناک (اَر۔ صف) ناک تک بھرا ہوا۔ لبالب۔ مُنہا مُنہ۔
ناکوں ناک بھر دینا (اَر۔ محاورہ) مُنہ تک بھر دینا۔ پورا بھر دینا۔ لبالب بھر دینا۔
ناکھنا (نا۔ کھ۔ نا) (ق۔ مص) رکھنا۔
ناکے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ناکا کی جمع (۲) ناکا کی مغیّرہ صورت۔
ناکے دار (اَر۔ صف) دیکھئے ناکا دار۔
ناکے میں سے نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سُوئی کے سُوراخ میں سے نکالنا (۲) دِق کرنا۔ ستانا (۳) مجبور کرنا (۴) دُرست کرنا۔ سیدھا کرنا۔
ناگ (س۔ ا۔ مذ) بڑا سانپ (۲) پھن دار سیاہ سانپ۔ کوبرا۔ جمع: ناگ۔ ناگوں۔
ناگ بیل (ہ۔ ا۔ مث) پان کی بیل۔ خیال ہے کہ سانپ اِس کے نیچے رہتا ہے اس لئے اِسے ناگ بیل کہتے ہیں۔
ناگ پنچمی (ہ۔ ا۔ مذ) ہندوؤں کا ایک تہوار جو پانچ ساون سُدی کو ہوتا ہے۔ ہندو اِس دن سانپوں کی پُوجا کرتے ہیں۔
ناگ پھنی (ہ۔ ا۔ مث) تھوہر کی ایک قسم جس کے پتوں کی شکل سانپ کے پھن کی طرح ہوتی ہے (Cactus)۔ نیز دیکھئے تھوہر۔
ناگ دنت (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھی دانت۔
ناگ دون (ہ۔ ا۔ مذ) ایک پودا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اِس کی لکڑی گھر میں ہو تو سانپ نہیں آتا۔
ناگ کھلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) بین بجا کر سانپ کو مست کرنا (۲) جان جوکھوں کا کام کرنا۔ خطرے میں پڑنا (۳) بدمزاج حاکم کی مُلازمت میں ہونا۔
ناگا (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قوم جو آسام کے پہاڑی علاقوں میں رہتی ہے (۲) اُس قوم کا ایک فرد (۳) دیکھئے ناغہ۔
ناگاہ (ف۔ متعلق فعل) نا کے تحت دیکھئے۔
ناگر (نا۔ گر) (س۔ صف) (۱) نگر یعنی قصبہ یا شہر کے متعلق (۲) شہری یا شہر کا رہنے والا (۳) چالاک۔ ہوشیار (۴) گجراتی براہمنوں کی ایک قوم (۵) بڑی آبادی (۶) (ق۔ ا۔ مذ) ہل (۷) ایک گھاس۔
ناگر بیل (ہ۔ ا۔ مث) دیکھئے ناگ بیل۔
ناگر پان (ہ۔ ا۔ مذ) بہترین قسم کا پان۔ عمدہ اور بڑا پان۔
ناگر موتھا (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی خوشبودار گھاس کی جڑ۔
ناگری (نا۔ گ۔ ری) (س۔ ا۔ مث) (۱) ہندی زبان کا رسمُ الخط۔ دیوناگری (۲) چالاک سازشی عورت (۳) ایک پودا۔
ناگل (نا۔ گل) (ہ۔ ا۔ مذ) ہل۔ قلبہ (۲) جوئے کی رسّی جس سے بیل جوڑتے ہیں۔
ناگن (نا۔ گن) (نا۔ گِن) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ناگ کی مادہ (۲) گُدّی کے اوپر سر کے بالوں میں ایک بھونری۔ جمع: ناگنوں۔ ناگنیں۔
ناگن سُونگھ جانا (ڈس جانا) (اَر۔ محاورہ) ناگن کا کاٹنا۔
ناگنی (نا۔ گ۔ نی) (ناگ۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) ناگ کی مادہ (۲) حسین عورت۔
ناگوری (نا۔ گو۔ ری) (ہ۔ صف) (۱) شہر ناگور واقع مارواڑ سے منسوب۔ یہاں کے بیل بہت مشہور ہیں (۲) ایک قسم کا جُوتا۔
ناگہ (ناگہاں) (ف۔ متعلق فعل) نا کے تحت دیکھئے۔
ناگیسر (نا۔ گے۔ سر) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا خوشبودار پھول اور اُس کا پودا۔
نال (ہ۔ ا۔ مث) (۱) وہ آنت جو رحم مادر میں بچّے کے پیٹ سے جُڑی ہوتی ہے اور جسے پیدائش پر کاٹ کے جُدا کر دیتے ہیں (۲) بندوق یا پستول کی نالی (۳) لوہے یا پتھر کا آلہ جسے پہلوان ورزش کے وقت اُٹھاتے ہیں (۴) (ق۔ صف) ساتھ۔ قریب۔
نال اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) پتھر یا لکڑی کا بنا ہوا آئندہ برائے ورزش اُٹھانا۔
نال کاٹنا (اَر۔ مص مرکّب) بچّے کی پیدائش کے وقت ناف کی نلی کاٹنا۔
نال کٹائی (اَر۔ ا۔ مث) دائی کا وہ حق جو نال کاٹنے پر دیا جاتا ہے۔
نال گڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بچّے کی ناف سے نال کاٹ کر زمین میں دبا دینا۔ دعویٰ یا استحقاق ہونا (۲) تعلّق ہونا (۳) زاد بوم ہونا۔ مسکن ہونا۔ جائے پیدائش ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نال نکالنا (اُر۔ محاورہ) ہر داؤں پر جوئے خانے کے مالک کا حصّہ الگ کرنا۔
نال (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ ریشہ جو قلم تراشتے وقت نکلتا ہے (۲) نَے۔ نرسَل جو اندر سے خالی ہو۔ جمع: نالوں۔ نالے۔
نالا (ھ۔ا۔مذ) (۱) رنگین گنڈے دار سُوت (۲) ازار بند (۳) چھوٹی ندی۔ چھوٹا دریا۔ برساتی نہر۔
نالاں (نا۔لاں) (ف۔صف) (۱) روتا ہوا۔ نالہ کرتا ہوا (۲) شاکی۔ فریادی۔ واویلا کرنے والا (۳) عاجز۔ تنگ۔
نالِش (نا۔لِش) (ف۔ا۔مث) (۱) رونا۔ گریہ و زاری (۲) فریاد۔ دُہائی۔ شکایت (۳) دعویٰ۔ حاکم کے سامنے چارہ جوئی۔ جمع: نالشیں۔ نالشوں۔
نالشِ استردادِ دعویٰ (ف۔ا۔مث) دعویٰ واپس لینے کی عرضی۔
نالشِ استقرارِ حق (ف۔ا۔مث) حق برقرار رکھنے کی نالش۔
نالش داغ دینا (داغنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) عدالت میں دعویٰ دائر کرنا (۲) فریاد کرنا۔
نالشِ مُفلسی (ف۔ا۔مث) وہ نالش جس میں مُفلس ہونے کے باعث تا حصولِ ڈگری عدالت کے رسوم ادا نہ کرنا پڑیں۔
نالشا نالشی (اُر۔ا۔مث) باہمی جھگڑے کی وجہ سے ایک دُوسرے پر دعویٰ دائر کرنا۔
نالشی (نا۔لِ۔شی) (ف۔صف) دعویدار (۲) فریادی۔ شکایت کرنے والا۔
نالکی (ھ۔ا۔مث) ایک قسم کی کُھلی پالکی۔ تام جھام۔ جمع: نالکیاں۔ نالکیوں۔
نالنا (نال۔نا) (ف۔مص) رونا پیٹنا۔ فریاد کرنا۔
نالہ (ف۔ا۔مذ) فریاد۔ واویلا (۲) شور۔ غُل۔ فُغاں۔ اُر جمع: نالوں۔ نالے۔
نالۂ دِل (ف۔ا۔مذ) دل سے نکلی ہوئی آہ۔ آہِ سرد۔
نالہ سر کرنا (اُر۔ محاورہ) فریاد کرنا۔ آہ کھینچنا۔
نالۂ سوزاں (ف۔صف) جلا دینے والی آہ۔
نالۂ شب گیر (ف۔صف) رات کے وقت کی آہ و فُغاں۔
نالہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) فریاد کرنا۔ آہ و فغاں کرنا۔ نالہ سر کرنا۔
نالہ کَش (فرسا) (ف۔صف) آہ و فُغاں کرنے والا۔ فریاد کرنے والا۔
نالہ کھینچنا (اُر۔ محاورہ) آہیں بھرنا۔
نالہ گر (ف۔صف) دیکھئے نالہ کش۔
نالۂ گرم (ف۔ا۔مذ) گرم آہ۔ وہ آہ جو کمال جوش سے نکلے۔
نالۂ مُرغِ سحر (ف۔ا۔مذ) صُبح کے وقت مُرغ کی بانگ۔
نالہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ سے آہ نکلنا۔
نالہ و شیون (شے۔وَن) (ف۔ا۔مذ) رونا پیٹنا۔ آہ و زاری۔
نالی (ھ۔ا۔مث) (۱) موری۔ پانی بہنے کا تنگ راستہ (۲) جسم کا کوئی گول سُوراخ دار حصّہ۔ نس۔ نبض۔ آنت۔ جمع: نالیاں۔ نالیوں۔
نام (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ لفظ جس سے کوئی شخص یا چیز پہچانی جائے (۲) اِسم۔ ناؤں (۳) لقب۔ کنیت۔ خطاب۔ عُرف۔ تخلّص (۴) شُہرت۔ ناموری (۵) عزّت۔ آبرو (۶) نسل۔ اولاد۔ خاندان (۷) تُہمت۔ اِلزام (۸) یادگار (۹) تعلّق۔ ذِمہ (۱۰) مُرکبّات کے آخر میں بھی اِستعمال ہوتا ہے جیسے گُمنام۔ بدنام۔ نیک نام۔ اُردو جمع: نام۔ ناموں۔
نام آسمان پر ہونا (اُر۔ محاورہ) بڑی شُہرت ہونا۔ بڑی نیک نامی ہونا۔
نام آور (ف۔صف) مشہور و معروف۔
نام آوری (ف۔ا۔مث) شُہرت۔ نام وری۔
نام اُٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) نام نہ رہنا۔ نام مِٹ جانا۔
نام اُچھلنا (اُر۔ محاورہ) بُرائی کی وجہ سے مشہور ہونا۔ بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔
نام اُڑ جانا (اُر۔ محاورہ) نشان تک باقی نہ رہنا۔ نیست و نابود ہو جانا۔
نام بازار تک جانا (اُر۔ محاورہ) لوگوں میں بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔
نام باقی رہنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مرنے کے بعد یاد کیا جانا (۲) شُہرت رہ جانا (۳) یادگار باقی رہ جانا (۴) نام کے سوا کچھ باقی نہ رہنا۔
نام بتانا (اُر۔ محاورہ) (۱) نام ظاہر کرنا (۲) اپنی شخصیّت کو متعارف کرانا۔
نام بدنام کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا (۲) عیب لگانا۔ اِلزام دھرنا۔
نام بُردہ (ف۔صف) وہ جس کا اُوپر نام لیا جا چکا ہے یا ذکر کیا جا چکا ہے۔
نام بڑا اور درشن چھوٹے (اُر۔مثل) جتنا نام ہے اُتنا کام نہیں۔ نام کے مطابق سامان نہیں۔
نام بڑا اُونچا کانوں سے بُوچا (اُر۔مثل) خاندان کی بدنامی کا باعث ہے۔
نام بڑا ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی اچھی بات کے لئے مشہور ہونا (۲) اعلیٰ خاندان کا ہونا۔
نام بڑا یا دام؟ (اُر۔مثل) نیک نامی دولت سے بہتر ہے۔
نام بِکنا (اُر۔ محاورہ) نام کی شُہرت سے چیز بکنا۔ نام کی قدر ہونا۔
نام بگاڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نام بدنام کرنا (۲) نام کو اصل حالت پر نہ رکھنا۔
نامِ بلند بہ از بامِ بلند (ف۔مثل) اُونچا نام اُونچے کوٹھے سے بہتر ہے۔ نیک نامی عالی شان عمارتوں اور مال و دولت سے بہتر ہے۔
نام بنام (ف۔ تابع فعل) نام وار۔ ہر ایک کو۔ ایک ایک کو۔ نام لے لے کر۔
نام بھی نہ لینا (اُر۔ محاورہ) سخت نفرت کرنا۔ بہت بیزار ہونا۔
نام بھی نہیں (اُر۔ محاورہ) کچھ نہیں۔ ذرا بھی نہیں۔
نام پانا (اُر۔ محاورہ) مشہور ہونا۔ نیک نامی حاصل کرنا۔ شُہرت ہونا۔
نام پر (اُر۔ تابع فعل) (۱) نام کے لئے۔ طفیل میں۔ واسطے (۲) شُہرت کے لئے (۳) کسی کے نام کی تعظیم کے لئے۔
نام پر بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) بھروسا کرنا۔ متوکّل رہنا (۲) نام کا پاس اور لحاظ کر کے کوئی بُرا کام نہ کرنا (۳) بیوہ کا اپنے مرحوم خاوند کی عزّت کی خاطر دُوسری شادی نہ کرنا۔
نام پر پاپوش (پیزار) مارنا (اُر۔ محاورہ) کسی سے بے حد بیزار ہونا۔
نام پر جانا (اُر۔ محاورہ) رعایت کرنا۔ لحاظ کرنا۔
نام پر جان دینا (اُر۔ محاورہ) شُہرت حاصل کرنے کی بے حد کوشش کرنا۔
نام پر حرف آنا (اُر۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔
نام پر کٹورا (لوٹا) پھیرنا (اُر۔ محاورہ) چور معلوم کرنے کے لئے دو آدمی

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کٹورے یا لوٹے کو انگلیوں سے پکڑتے ہیں اور مشتبہ اشخاص کے نام کی پرچیاں لوٹے میں ڈالتے ہیں اور کچھ پڑھتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ جب ملزم کے نام کی پرچی ڈالی جاتی ہے تو کٹورا یا لوٹا گھوم جاتا ہے۔
نام پر گالیاں پڑنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بُرا آدمی جس کا ذکر آتے ہی لوگوں کا گالیاں دینے لگنا (۲) نام لے کر گالیاں دینا۔
نام پر کھانا (اُر۔ محاورہ) کسی کی خاطر کوئی چیز خیرات کر دینا۔
نام پر (مِلنا) مرنا (اُر۔ محاورہ) شہرت کے لئے بے حد کوشش کرنا۔ شہرت کا بہت زیادہ طالب ہونا (۲) نام پر فدا ہونا۔
نام پر ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی کے متعلق ہونا۔ کسی کی ملکیت میں ہونا۔ نامزد ہونا۔
نام پڑ جانا (اُر۔ محاورہ) کسی نام سے مشہور ہو جانا۔ عُرف یا لقب ہو جانا۔
نام پکارنا (اُر۔ محاورہ) نام لے کر آواز دینا (۲) نام سے بُلانا (۳) حاضری لینا۔
نام پکڑ لینا (پکڑنا) (اُر۔ محاورہ) خواہ مخواہ نام لینا۔
نام پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) شہرت حاصل کرنا۔
نام پیروں کا کھائیں مُجاور (اُر۔ مثل) دُوسرے کے نام سے اپنا کام نکالنا۔
نام پیش کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کے لئے کسی کے نام کو تجویز کرنا۔
نام تجویز کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) نام پیش کرنا (۲) بچے کا نام رکھنا۔
نام تک کا روادار نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بے حد ناراض اور بے زار ہونا۔
نام تک سے واقف نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) نام بھی نہ جاننا۔ بالکل نہ جاننا۔
نام (ٹھہرا لینا) ٹھہرانا (اُر۔ محاورہ) کوئی نام رکھ لینا۔ نام مقرر کر لینا۔
نام جاگنا (اُر۔ محاورہ) دوبارہ مشہور ہونا۔ شہرت کا کم ہو جانے کے بعد پھر بڑھ جانا۔
نام جپنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا ہر وقت ذکر کرنا۔ ہر دم یاد کرنا۔
نام جھنڈے پر چڑھانا (اُر۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔
نام چار کو (اُر۔ متعلق فعل۔ ع) برائے نام۔ بہت تھوڑا۔
نام (چڑھنا) چڑھانا (اُر۔ محاورہ) نام رجسٹر میں درج ہونا۔ نام دفتر میں لکھا جانا۔
نام چلنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی یادگار باقی رہنا۔ نام قائم رہنا۔
نام چمکنا (اُر۔ محاورہ) شہرت پانا۔ نیک نام ہونا۔ مشہور ہونا۔
نام حاصل کرنا (اُر۔ محاورہ) شہرت پانا۔ مشہور ہونا۔
نام خارج کر دینا (اُر۔ محاورہ) رجسٹر یا تحریر سے نام کاٹ دینا۔ قلم زد کر دینا۔
نام خاک میں مِل جانا (اُر۔ محاورہ) سخت بدنام ہونا۔ بے وقعت ہو جانا۔
نامِ خُدا (ف۔ کلمہ دُعا)(۱) تعظیم و تکریم کے لئے اور خُدا کی قسم کی بجائے مستعمل ہے (۲) برکت اور نظرِ بد سے محفوظ رہنے کا کلمہ۔ چشم بد دُور۔ ماشاءاللہ (۳) تحسین و آفرین کا کلمہ۔ طنزاً بھی کہا جاتا ہے۔
نامِ خُدا کنوارا پنڈا ہے (اُر۔ محاورہ) چشم بد دُور ابھی کنواری ہے۔
نام خراب کرنا (اُر۔ محاورہ) بدنام کرنا۔
نام داخل یا درج ہونا (اُر۔ محاورہ) رجسٹر وغیرہ میں نام تحریر ہونا۔
نام دار (ف۔ صف) مشہور۔ نامی۔ نامور۔
نام دُنیا سے اُٹھے (اُر۔ بددُعا) مرجائے۔ مٹ جائے۔ کوئی نام لیوا باقی نہ رہے۔
نام دھرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) عیب لگانا۔ نکتہ چینی کرنا۔ بُرا کہنا (۲) قیمت مقرر کرنا۔
نام دینا (اُر۔ محاورہ) نام رکھنا۔ مشہور کرنا۔
نام ڈبونا (اُر۔ محاورہ) خاندان کے نام پر بٹا لگانا۔ بزرگوں کا نام بدنام کرنا۔
نام ڈوبنا (اُر۔ محاورہ) رُسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ عزّت جانا۔
نام رٹنا (اُر۔ محاورہ) بار بار نام لینا۔
نام رکھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بچے کا کوئی نام تجویز کرنا (۲) بُرا کہنا۔
نام روشن (کرنا) ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) شہرت ہونا (۲) (طنزاً) رُسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔
نام روک لینا (اُر۔ محاورہ) ترقی وغیرہ کے لئے نام نہ بھیجنا۔
نام زبان پر پھرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا نام ذہن سے اُتر جانا۔ کسی کا نام پُوری طرح یاد نہ آنا۔
نام زد (ف۔ صف)(۱) مشہور۔ معروف (۲) مُعیّن۔ مقرر (۳) کسی کام کے لئے تجویز کیا گیا (۴) منسوب۔ لڑکی جس کی منگنی ہو چکی ہو۔
نام زد کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی کام کے لئے تجویز کرنا (۲) منسوب کرنا۔
نام زدگی (ف۔ ا۔ مث) کسی شخص کو اِنتخاب کے لئے یا تقرر کے لئے نام زد کرنا۔ (Nomination)۔
نام زندہ کرنا (اُر۔ محاورہ)(۱) نام روشن کرنا (۲) یاد تازہ کرنا۔
نام ساکھ (اُر۔ ا۔ مذ) نام کا اِعتبار اور شہرت۔
نام سُننے سے رونگٹے کھڑے ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی سے بہت ڈرنا۔
نام سے (اُر۔ تابع فعل)(۱) نام لے کر۔ نام پر (۲) نام کی بدولت (۳) نام سُن کر۔ نام لینے سے۔ نام کے ساتھ (۴) بہانے سے۔
نام سے آشنا ہونا (اُر۔ محاورہ) معمولی واقفیت ہونا۔
نام سے بِکنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کا کسی کے نام کی وجہ سے بِکنا۔
نام سے بھاگنا (اُر۔ محاورہ) سخت متنفر ہونا۔ نام تک سننا گوارا نہ کرنا۔
نام سے تپ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) کسی سے بہت ڈرنا۔ بے حد خائف ہونا۔
نام سے جلنا (اُر۔ محاورہ) اِنتہائی دُشمنی اور نفرت ہونا۔
نام سے چڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا نام سُن کر ناراض ہو جانا۔ سخت نفرت کرنا۔
نام سے دم نکلنا (اُر۔ محاورہ) کسی سے بہت ڈرنا۔ بے حد خوف کھانا۔
نام سے کان پکڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی اُستادی یا کمال کا قائل ہونا۔
نام سے کانپنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے نام سے دم نکلنا۔
نام سے کانوں پر ہاتھ دھرنا (اُر۔ محاورہ) بے حد نفرت کرنا۔ سخت بے زار ہونا۔
نام سے مطلب (اُر۔ محاورہ) شہرت سے غرض۔
نام سے نفرت ہونا (اُر۔ مص مُرکب) بہت نفرت ہونا۔ نام سے چڑنا۔ نام لینا یا سننا گوارا نہ کرنا۔
نام کا ایک (اُر۔ صف)(۱) آفت کا پُرکالہ۔ بہت چالاک (۲) ضِدّی (۳) وعدے کا پکّا۔ ("اپنے" کے ساتھ مستعمل ہے)۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نام کا پاس (اَر۔ اِ۔ مذ) عزّت کا خیال۔
نام کا دُشمن ہونا (اَر۔ محاورہ) بے حد نفرت اور بے زاری ہونا۔
نام کا سِکّہ جاری ہونا (چلنا) (اَر۔ محاورہ) بے حد عزّت اور ناموری حاصل ہونا۔ لوگوں پر دھاک بیٹھنا۔
نام کا کُتّا نہ پالنا (اَر۔ محاورہ) بے حد بیزار ہونا۔
نام کا وظیفہ (اَر۔ اِ۔ مذ) کسی کو بہت یاد کرنا۔ کسی کا نام رٹنا۔
نام کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شُہرت حاصل کرنا۔ نیک نامی پیدا کرنا (۲) اِلزام دھرنا (۳) کسی کے ذِمّے ڈالنا۔ کسی کے لئے مخصوص کرنا۔
نام کندہ کرنا (اَر۔ محاورہ) نام کھودنا۔
نام کو (اَر۔ تابع فعل) بہت کم۔ ذرا سا۔ برائے نام۔ کہنے کو۔
نام کو آگ لگانا (اَر۔ محاورہ) نام نہ لینا۔ قریب نہ جانا۔
نام کو بٹّا (دھبّا) لگانا (اَر۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ عیب لگانا۔
نام کو مرنا (اَر۔ محاورہ) نام کے لئے جان دے دینا۔
نام کو نہ چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سب کچھ لے لینا (۲) کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ خاتمہ کر دینا۔ صفایا کرنا۔
نام کو نہ رکھنا (اَر۔ محاورہ) کچھ نہ رہنے دینا۔ بالکل مٹا دینا۔
نام کو نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) بالکل نہ رہنا۔ کچھ نہ رہنا۔ سب کچھ ختم ہو جانا۔
نام کو نہیں (اَر۔ محاورہ) بالکل نہیں۔ ذرا بھی نہیں۔
نام کی چیز (اَر۔ اِ۔ مث) (۱) وہ چیز جو کسی کے لئے منگائی جائے (۲) وہ چیز جو کسی کے لئے مخصوص ہو جائے یا نام زد کر دی جائے۔
نام کی رٹ (اَر۔ اِ۔ مث) کسی کے نام کا وِرد۔ ہر وقت کسی کو یاد کرنا۔
نام کی نوبت بجانا (اَر۔ محاورہ) اپنے نام کو مشہور کرنا۔ (لفظاً اپنے کے ساتھ)۔
نام کی تسبیح پڑھنا (اَر۔ محاورہ) نام رٹے جانا۔ ہر وقت نام لینا۔
نام کے لئے مرنا (اَر۔ محاورہ) نام وری کی خواہش میں جان و مال کی پروا نہ کرنا۔ ناموری کی بے حد خواہش ہونا۔
نام لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِلزام عائد کرنا۔ کوئی قصور کسی کے ذِمّے لگانا (۲) تُہمت لگانا۔
نام لگنا (اَر۔ محاورہ) اِلزام عائد ہونا۔ کوئی قصور کسی کے ذِمّے لگنا (۲) تُہمت لگنا۔
نام لے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) بے سوچے کسی پر اِلزام عائد کرنا۔
نام لے دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی پر اِلزام لگانا (۲) کسی قصور میں کسی کا نام بتا دینا۔
نام لے کر (کے) (اَر۔ تابع فعل) نام سے۔ نام کی بدولت۔
نام لے کر مانگ کھانا (اَر۔ محاورہ) کسی بُزرگ کے نام پر خیرات مانگ کر گزارہ کرنا۔
نام لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) نام زبان پر لانا (۲) نام رٹنا۔ نام جپنا (۳) تعریف کرنا۔ گُن گانا (۴) کسی کا ذکر کرنا (۵) واسطہ دینا (۶) تُہمت لگانا۔
نام لیوا (اَر۔ صف) (۱) یادگار (۲) بیٹا۔ وارث (۳) یاد کرنے والا۔ نام پر فخر کرنے والا۔
نام لیوا نہ پانی دیوا (اَر۔ مثل) سب مر گئے۔ کوئی باقی نہ رہا۔
نام میرا گاؤں تیرا (اَر۔ مثل) کمائے کوئی اُڑائے کوئی۔ خود لے لینا اور دوسرے کو کچھ نہ دینا۔
نام نامی (اَر۔ اِ۔ مذ) مشہور و معروف نام (عزّت کا کلمہ)۔
نام نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شُہرت پانا (۲) (طنزاً) بدنامی مول لینا۔ رُسوائی ہونا (۳) کسی مقدس کتاب سے اَخذ کرکے بچّے کا نام رکھا جانا (۴) عمل کے ذریعے چور کا نام دریافت کرنا۔
نام نکل جانا (نکلنا) (اَر۔ محاورہ) نام نکالنا کا لازم۔
نام نمود (ف۔ اِ۔ مذ) عزّت۔ ٹیپ ٹاپ۔ ظاہری ٹھاٹھ۔ نمائش۔ دکھاوا۔
نام نہاد (ف۔ صف) (۱) موسوم۔ نام زد (۲) کہنے کو۔ نام کو۔ برائے نام۔ اَصلیّت کے خلاف۔
نام نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) مٹ جانا۔ یادگار باقی نہ رہنا۔
نام نہ لو (اَر۔ بول چال) ذِکر نہ کرو۔ نفرت کے موقع پر کہتے ہیں۔
نام نہ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) سخت بیزار ہونا۔ زبان پر نام تک نہ لانا (۲) بالکل کوئی کام نہ کرنا۔
نام نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) وجود نہ ہونا (۲) شُہرت نہ ہونا۔
نام نہیں (اَر۔ محاورہ) (۱) پتا نہیں۔ سُراغ نہیں۔ بے نشان ہے (۲) وجود نہیں (۳) تذکرہ نہیں۔
نام وَر (نامْوَر) (ف۔ صف) نام آور کا مُخفّف۔ نامی۔ مشہور و معروف۔
نام وری (ف۔ اِ۔ مث) شُہرت۔ نیک نامی۔ نام آوری کا مُخفّف۔
نام و نشان (ف۔ اِ۔ مذ) (۱) اتا پتا۔ ٹھور ٹھکانا (۲) یادگار۔ آثار۔
نام و نشان باقی نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) نیست و نابُود ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ مٹ جانا۔
نام و نمود۔ دیکھئے نام نمود۔
نام و ننگ (ف۔ اِ۔ مذ) عزّت۔ آبرو۔ ناموس۔
نام ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِسم ہونا۔ لقب ہونا (۲) شُہرت ہونا (۳) تُہمت لگنا (۴) ذِمّے پڑنا۔ سر پڑنا (۵) شرکت ہونا (۶) مِلکیّت ہونا۔ نام پر چڑھنا۔
نام ہی نام ہے (اَر۔ محاورہ) حقیقت کچھ نہیں۔ صرف کہنے کو ہے۔
نام ہے (اَر۔ محاورہ) (۱) شُہرت ہے (۲) برائے نام ہے (۳) فی الحقیقت ہے۔ دراصل ہے۔
نامَم (نا۔ مَم) (ق۔ اِ۔ مذ) وہ ٹیکا جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں۔
ناموس (نا۔ مُوس) (ع۔ اِ۔ مث) (۱) آبرو۔ شرم۔ غیرت۔ موجبِ عزّت بات (۲) صاحبِ راز (۳) (اِ۔ مذ) حضرت جبرائیلؑ کا لقب (۴) فرشتہ (۵) اَحکامِ اِلٰہی (۶) اہلِ خانہ (۷) حرم سرا۔ زنان خانہ۔ جمع: نوامیس۔
ناموسِ اکبر (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) حضرت جبرائیلؑ کا لقب (۲) شریعت۔ قاعدہ۔ دستور۔
ناموس بگاڑنا (اَر۔ محاورہ) بے آبرو کرنا۔ عزّت و آبرو پر حرف آنا۔
ناموسی (نا۔ مُو۔ سی) (اَر۔ اِ۔ مث) بے عزّتی۔ بدنامی۔ رُسوائی۔ شرم۔ لحاظ۔
نامہ (ف۔ اِ۔ مذ) خط۔ چٹھی (۲) رسالہ۔ کتاب (۳) دفتر۔ رجسٹر (۴) دیکھئے ناواں (۵) مُرکّبات میں جیسے اِقرار نامہ۔ اعمال نامہ۔ اُر جمع: ناموں۔ نامے۔
نامۂ اَعمال (ع۔ اِ۔ مذ) وہ کتاب جس میں اعمال درج ہوں۔ وہ کتاب جس میں نکیرین (منکر نکیر) ہر ایک کے اعمال لکھتے ہیں اور جو قیامت کے روزِ خُدا کے حضور پیش کی جائے گی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نامۂ اعمال دھویا جانا (اُر۔ محاورہ) گناہوں کا بخشا جانا۔

نامۂ اعمال سیاہ ہونا (اُر۔ محاورہ) بے حد گناہ گار ہونا۔ اعمال نامے پر بہت سے گناہوں کا لکھا جانا۔

نامہ بر (ع۔ف۔صف) چٹھی رساں۔ قاصد۔ پیام بر۔

نامہ بری (ع۔ف۔ا۔مث) خط یا پیام لے جانے کا کام۔

نامۂ شوق (ف۔ا۔مذ) محبت آمیز خط۔ دوست کا خط۔

نامہ کھلا آنا (اُر۔ محاورہ) موت کی خبر آنا۔ پہلے دستور تھا کہ موت کی خبر کا خط کھلا بھیجتے تھے۔

نامہ نگار (ف۔ا۔مذ) (۱) خبر نویس۔ پرچہ نویس (۲) اخبار کا نمایندہ۔ رپورٹر۔

نامہ نگارِ خصوصی (ف۔ا۔مذ) وہ اخبار نویس جو کسی خاص معاملے کی اخبار کو رپورٹ دے۔

نامہ و پیام (پیغام) (ف۔ا۔مذ) خط و کتابت۔ سلام و پیام۔

نامی (ع۔صف) (۱) بڑھنے والا۔ نشو و نما پانے والا (۲) (ف۔صف) مشہور۔ نام والا۔ نام کا۔

نامی چور (اُر۔ا۔مذ) مشہور چور۔ بڑا بھاری چور۔

نامی گرامی (ف۔صف) بہت مشہور۔ مشہور و معروف۔ نامور۔

نامیاتی (ع۔صف) جس میں نشو و نما پانے کی صلاحیت ہو۔ (Organic)۔

نامِیَہ (نا۔مِی۔یَہ) (ع۔ا۔مث) بڑھنے کی قوت۔ نشو و نما پانے کی قوت۔

نان (ف۔ا۔مذ) روٹی۔ تنور کی روٹی۔ موٹی روٹی۔ اُردو جمع: نان۔ نانوں۔

نان بائی (ف۔ا۔مذ) روٹی پکانے والا۔ روٹی بیچنے والا۔

نان پاؤ (ف۔ا۔مذ) (۱) ڈبل روٹی (۲) ایک قسم کی خمیری روٹی۔

نان پُز (ف۔ا۔مذ) نان بائی۔ بھٹیارا۔

نانِ جویں (ف۔ا۔مذ) جو کی روٹی (۲) (مجازاً) روکھی سوکھی روٹی۔ دال دلیا۔

نانِ خشک (ف۔ا۔مذ) سوکھی روٹی۔ رُوکھی روٹی۔

نان خطائی (ف۔ا۔مث) میدہ، گھی اور شکر سے تیار کی ہوئی ایک قسم کی مٹھائی۔

نان خواہ (ف۔ا۔مذ) اجوائن۔

نان خورش (ف۔ا۔مذ) سالن، گوشت، مچھلی وغیرہ جو روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں۔

نانِ خورشید (ف۔ا۔مذ) قرصِ خورشید کو بطور اِستعارہ کہتے ہیں۔

نان فروش (ف۔ا۔مذ) روٹی بیچنے والا۔

نان کار (ف۔ا۔مث) وہ زمین جو مُلازم کو اُس کی خدمت کے صِلے میں گزارے کے لئے دی جائے۔

نان کے لئے مرنا (اُر۔ محاورہ) کھانے پر جان دینا۔ کھانے کو مُقدّم جاننا۔

نان و نفقہ (ف۔ا۔مذ) روٹی کپڑا۔ خانہ داری کا خرچ۔ بال بچّوں کے مصارف۔ وہ رقم جو بطور گزارہ کسی عورت کو خاوند کی طرف سے واجبُ الوصول ہو۔

نان و نمک (ف۔ا۔مذ) معمولی غذا۔ ایسی غذا جس میں تکلّف نہ ہو۔

نانا (ہ۔ا۔مذ) ماں کا باپ۔ جمع: نانوں۔ نانے۔

نانا دادا (ہ۔ا۔مذ) (۱) آباؤ اجداد۔ خاندان کے بُزرگ (۲) (مجازاً) گُرو۔ اُستاد۔

نانا کے ٹکڑے کھاوے دادا کا پوتا کہلاوے (اُر۔ مثل) خرچ کوئی اُٹھائے نام کسی کا ہو۔

نانٹھ (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) مُردے کا مال جس کا کوئی وارث نہ ہو۔ لاوارث مال۔

نانٹھا (ناں۔ٹھا) (ہ۔صف) جو لاوارث مر جائے۔

ناند (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مث) بڑا کونڈا۔ بڑا سا برتن جس میں جانوروں کو چارا کھلاتے ہیں۔ کُھرلی۔ جمع: ناندوں۔ ناندیں۔

نانْدا (ناں۔دا) (ہ۔ا۔مذ) گملا۔

ناندنا (ناند۔نا) (ق۔مص) (۱) تسلیم کرنا (۲) تلاش کرنا (۳) زندگی بسر کرنا۔ رہنا۔ بسنا۔

ناندھنا (ناندھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) شروع کرنا (۲) بیان کرنا (۳) اختیار کرنا (۴) چرخے کو گردش دینا (۵) جالی بُننے کا کام شروع کرنا۔

ناندھیا (ناندیا) بَیل (ہ۔ا۔مذ) نمائشی بیل جسے جگہ جگہ پھراتے ہیں اور جسے مالک کا کہا ماننے کی تربیت دی جاتی ہے۔

نانک (نا۔نک) (ہ۔ا۔مذ) سِکھ مذہب کے بانی اور پہلے گُرو (۲) وہ گھوڑا جس کے جسم پر دُور تک سفیدی ہو۔

نانک پنتھی (نا۔نک۔پَن۔تھی) (ہ۔صف) گُرو نانک کے پیرو سِکھ۔

نانک شاہی (ہ۔ا۔مذ) فقیروں کا ایک گروہ۔ ایک قسم کا موٹا پیسا جس کا اَب چلن نہیں۔

نانک ننھا ہو رہو' جیسے ننھی دُوب۔ پیڑ بڑے گر جائیں گے' دوب خوب کی خوب (ہ۔مقولہ) انکسار بہتر ہے۔

نانگا (ناں۔گا) (ہ۔صف) (۱) ننگا (۲) سادھوؤں کا ایک گروہ جو ننگے رہتے ہیں۔

نانگھنا (نانگھ۔نا) (ہ۔مص) پھاندنا۔ اُس چیز سے گزر جانا جو راستے میں حائل ہو۔ اُلانگنا۔

نانْو (ناؤں) (نُون غُنّہ) (ق۔ا۔مذ) نام۔

ناؤاں (نانْوَہ) (ناں۔واں) (ناں۔وَہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ رقم جو کسی کے نام پر لکھی ہوئی ہو۔ واجبُ الادا قرضہ (۲) ریزگاری۔

ناؤاں چکانا (اُر۔ محاورہ) حساب بے باق کرنا۔ قرضہ ادا کرنا۔

ناتھ (ہ۔حرفِ نفی) نہیں۔

نانھیال (نا۔نھ۔یال) (ہ۔ا۔مذ و مث) نانا کا گھر۔ نانا کا خاندان۔ نیز دیکھئے ننھیال۔

نانی (ہ۔ا۔مث) ماں کی ماں۔ نانا کی بیوی۔ جمع: نانیاں۔ نانیوں۔

نانی خصم کرے' دوھتا (نواسا) چٹّی بھرے (اُر۔ مثل) کرے کوئی اور بھرے کوئی۔

نانی نے خصم کیا' بُرا کیا۔ کر کے چھوڑا' یہ اور بُرا کیا (اُر۔ مثل) اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی معیوب کام کرے اور پھر خفت مِٹانے کے لئے اُس

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

سے بھی بُرا کام کرے۔

نانی یاد آنا (اُر۔ محاورہ) بہت محنت کا کام کرنا۔ محنت سے گھبرا جانا۔

نانی یاد دِلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) سخت محنت کرانا (۲) توبہ کرانا۔ کان پکڑوانا۔

ناوَک (نا۔وَک) (ف۔ا۔مذ) تیر۔ خدنگ۔ بان۔

ناوک انداز (فگن۔ زن) (ف۔صف) تیر چلانے والا۔

ناوک اندازی (افگنی۔زنی) (ف۔ا۔مث) تیر چلانا۔

ناوکِ مژگاں (ف۔ا۔مث) پلکوں کے تیر۔ تیر جیسی تیز اور لمبی پلکیں۔

ناول (انگ۔ا۔مذ) (Novel) طویل افسانہ۔ مسلسل اور لمبا قِصّہ جس میں متعدد افراد کی کردار نگاری کی گئی ہو۔ اُردو جمع: ناول۔ ناولوں۔

ناولسٹ (انگ۔ا۔مذ) (Novelist) ناول لکھنے والا۔ ناول نگار۔ ناول کا مصنف۔ قصہ نویس۔

ناولٹ (انگ۔ا۔مذ) (Novelette) چھوٹا ناول۔

ناہَر (نا۔ہَر) (ہ۔ا۔مذ) شیر۔ ببر شیر۔

ناہر سانس (ہ۔ا۔مذ) گھوڑے کا ایک مرض جس میں سانس پُھول جاتا ہے اور مُنہ سے آواز نکلتی ہے۔

ناہَرُو (نا۔ہَ۔رُو) (ہ۔ا۔مذ) سُوت جیسا باریک کیڑا جو پیٹ میں پڑ جاتا ہے۔ نہرو۔

ناہِید (نا۔ہید) (ف۔ا۔مث) زہرہ سیارہ۔ حُسن و محبت کی دیوی۔

ناہِیں (نا۔ہیں) (ہ۔ کلمہ نفی) نہیں۔

نائب (نا۔اِب) (ع۔ا۔مذ) (۱) ماتحت۔ مددگار۔ قائم مقام (۲) مختار۔ وکیل۔ سفیر۔

نائبُ السّلطنت (ع۔ا۔مذ) وائسرائے۔ گورنر۔ صوبیدار۔

نائب دیوان (ع۔ا۔مذ) خزانچی کا نائب۔

نائٹ (انگ۔ا۔مذ) (Knight) (۱) فوجی مصاحب۔ مرد میدان (۲) بانکا۔ ایک انگریزی خطاب۔ سر۔

نائٹ (انگ۔ا۔مث) (Night) (۱) رات (۲) (صف) رات کا۔ شبینہ۔

نائٹ کلب (انگ۔ا۔مذ) (Night Club) شبینہ کلب۔ تفریح گاہ جہاں رات کو ناچ گانا ہوتا ہے۔

نائٹرک ایسڈ (انگ۔ا۔مذ) (Nitric Acid) شورے کا تیزاب۔

نائٹروجن (انگ۔ا۔مذ) (Nitrogen) ایک بے رنگ و بُو اور بے ذائقہ گیس۔ ہوا کا ایک اہم جزو ہے۔

نائٹریٹ (انگ۔ا۔مذ) (Nitrate) نائٹرک ایسڈ اور الکحل کا مُرکّب۔ سوڈا۔ پوٹاس۔

نائرَہ (نا۔اِ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) شُعلہ۔ لپٹ۔ جمع: نوائر۔

نائک۔ دیکھئے نایک۔

نائکہ۔ دیکھئے نایکا۔

نائلان (نائلون) (انگ۔ا۔مذ) (Nylon) ایک جدید مصنوعی مُرکّب جو کپڑے وغیرہ بنانے میں اِستعمال ہوتا ہے۔

نائم (نا۔اِم) (ع۔صف) سونے والا۔

نائن (نا۔اِن) (ہ۔ا۔مث) نائی کی بیوی۔ جمع: نائنوں۔ نائنیں۔

ناؤ (ہ۔ا۔مث) کشتی۔ جمع: ناؤوں۔ ناویں۔

ناؤ چلانا (اُر۔مص مُرکّب) کشتی کھینا۔

ناؤ خشکی میں نہیں چل سکتی (اُر۔مثل) (۱) دولت مند آدمی کو بغیر خرچ کئے شہرت حاصل نہیں ہوسکتی (۲) کوئی کام بے محل اور خلاف دستور نہیں ہوا کرتا۔

ناؤ کنارے لگنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) کشتی کا کنارے پر پہنچنا (۲) (محاورہ) مُشکل آسان ہونا۔

ناؤ کھینا (کھے۔نا) (ہ۔مص مُرکّب) (۱) کشتی چلانا (۲) (محاورہ) کُنبے کا خرچ برداشت کرنا۔

ناؤ منجدھار میں پڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) کشتی کا بھنور میں پھنسنا (۲) مُعاملے کا پیچیدہ ہو جانا۔ سخت مُشکل آن پڑنا۔

ناؤ میں خاک اُڑانا (اُر۔محاورہ) (۱) جُھوٹا اِلزام لگانا۔ ناحق تُہمت دھرنا (۲) بہانہ ڈھونڈنا (۳) بیکار جُھوٹ بولنا۔

ناؤ نوش۔ دیکھئے نائے و نوش۔

نائی (ہ۔ا۔مذ) حجام۔ مُوتراش۔ جمع: نائی۔ نائیوں۔

نائی کی برات میں سب ہی ٹھاکُر (ہ۔مثل) کام کرنے والا کوئی نہیں البتہ حُکم دینے والے سب۔ اپنی قوم میں ہر کوئی عزت دار ہوتا ہے۔

نائی نائی بال کتنے؟ جَجمان جی آگے آتے ہیں (ہ۔مثل) جب کوئی بات ظاہر ہونے والی ہو اور اُس کی نسبت کوئی پُوچھے تو کہتے ہیں۔

نائے (نا۔اے) (ف۔ا۔مث) (۱) بانسری۔ نَے (۲) نَل (۳) نالی۔ نہر (۴) بید۔

نائے و نوش (ف۔ا۔مذ) نغمہ سُننا اور شراب پینا۔ عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں۔

نایک (نا۔یک) (س۔ا۔مذ) (۱) سردار۔ نمبردار (۲) سُورما۔ ہیرو (۳) فوج کا ایک چھوٹا عُہدہ (۴) گویّوں کا سردار یا اُستاد (۵) ہار کا سب سے بڑا ہیرا۔

نایکا (نا۔یِ۔کا) (س۔ا۔مث) (۱) نایک کی تانیث (۲) طوائفوں کی سردار (۳) دوشیزہ۔

نایِن (ہ۔ا۔مث) دیکھئے نائن۔

ن۔ب

نِب (انگ۔ا۔مذ و مث) (Nib) انگریزی قلم کی زبان جو دھات کی ہوتی ہے۔

نَبات (نَ۔بات) (ع۔ا۔مث) (۱) روئیدگی۔ سبزہ۔ بُوٹی۔ سبزی۔ ترکاری (۲) (ف۔ا۔مث) مصری۔ قند۔ چینی۔ جمع: نباتات۔

نبات چُنوانا (اُر۔محاورہ) شادی بیاہ کی ایک رَسم۔ دُلہن کے ہاتھوں، گُھٹنوں، کندھوں اور گُھٹنوں پر مصری کی ڈلیاں رکھ کر دُولھا کو مُنہ سے اُٹھوا کر کِھلانا۔

نَباتات (نَ۔با۔تات) (ع۔ا۔مث) نبات کی جمع۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نَباتاتی (نَباتی) (ع۔صف) گھاس کا۔ جڑی بوٹیوں کا۔ نباتات سے متعلق۔

نِبارا (نِ۔با۔را) (ق۔ا۔مذ) جُدائی۔ فراق۔

نِباڑا (نِ۔با۔ڑا) (ق۔ا۔مذ) (۱) فیصلہ (۲) کام (۳) گزارہ۔

نِباڑنا (نِ۔باڑ۔نا) (ق۔مص) (۱) نبیڑنا (۲) فیصلہ کرنا۔

نَبّاش (نَب۔باش) (ع۔صف) کفن چور۔

نَبّاض (نَب۔باض) (ع۔صف) نبض شناس۔ حکیم۔ طبیب (۲) ہوشیار۔ دانا۔

نَبّاضی (نَب۔با۔ضی) (ع۔ا۔مث) نبض شناسی۔

نِباہ (نِ۔باہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) تکمیل۔ کمال۔ کسی کام کو اُس کی حد تک پہنچانا (۲) وفاداری (۳) اختتام۔ انجام (۴) امن و امان سے رہنا (۵) وقت گزارنا (۶) گزارہ۔ بسر۔

نِباہ دینا (اَر۔محاورہ) گزار دینا۔ انجام تک پہنچا دینا۔ کسی کے ساتھ زندگی بسر کر دینا۔ آخر تک ساتھ دینا۔

نِباہ کرنا (اَر۔محاورہ) کسی کے ساتھ جس طرح بھی ہو زندگی بسر کرنا۔

نِباہنا (نِ۔باہ۔نا) (ہ۔مص) (۱) گزارنا (۲) وفاداری کرنا۔ کسی کے ساتھ زندگی بسر کرنا (۳) انجام کو پہنچانا۔

نِباہو (نِ۔با۔ہُو) (ہ۔صف) (واو معروف) بسر کرنے والا۔ نباہنے والا۔ وفادار۔

نِباہو (نِبھاؤ) (واو مجہول) (ہ۔ا۔مذ) گزارہ۔ باہم زندگی بسر کرنا۔ ثابت قدمی۔

نَبائر (نَ۔با۔ئر) (ف۔ا۔مذ) نبیرہ کی جمع۔ پوتے۔ نواسے۔ اہلِ فارس نے یہ جمع عربی طرز پر بنائی ہے۔

نِبٹارا (نِب۔ٹا۔را) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے نبٹاؤ۔

نِبٹانا (نِب۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے نمٹانا۔

نِبٹاؤ (نِب۔ٹا۔او) (ہ۔ا۔مذ) فیصلہ۔ تصفیہ۔ بھگتان۔ بے باقی۔

نِبٹنا (نِ۔بَٹ۔نا) (ہ۔مص) دیکھیے نمٹنا۔

نِبخَتا (نِ۔بَخ۔تا) (ہ۔صف) (۱) بدنصیب۔ کم بخت (۲) نگوڑا۔ مُوا۔

نِبخَتی (نِ۔بَخ۔تی) (ہ۔صف) نبختا کی تانیث۔ بدنصیب۔ کم بخت۔ موئی۔ نگوڑی۔

نَبَرد (نَ۔بَرد) (ف۔ا۔مث) لڑائی۔ جنگ۔

نبرد آزما ہونا (اَر۔محاورہ) لڑائی کرنا۔ جنگ کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

نبرد آزمائی (ف۔ا۔مث) لڑائی۔ مقابلہ۔ جنگ۔

نبرد پیشہ (ف۔صف) جنگ آزمودہ۔ پرانا جنگ جو سپاہی۔

نبرد گاہ (ف۔ا۔مث) جنگ کا میدان۔

نِبڑ جانا (نِبڑنا) (نِ۔بَڑ۔نا) (ہ۔مص) خرچ ہو جانا۔ انجام کو پہنچنا۔ باقی نہ رہنا۔ نمٹ جانا۔

نَبض (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) ناڑی۔ کلائی کی وہ جگہ جہاں رگ پھڑکتی ہے۔ تندرست آدمی کی رگ ایک منٹ میں ۷۰ سے ۸۰ مرتبہ پھڑکتی ہے۔ اس سے کم یا زیادہ ہو تو صحت میں خرابی کی علامت ہے۔ بچوں کی نبض بڑوں کی نبض سے تیز چلتی ہے۔ اُردو جمع: نبضوں۔ نبضیں۔

نبض اُبھرنا (اَر۔محاورہ) نبض کی حرکت کا کم ہو کر پھر چلتی ہوئی محسوس ہونا۔

نبضِ بارِد (ع۔ا۔مث) وہ نبض جس کا مقام چھونے سے سَرد معلوم ہو۔ یہ حرکت کی کمی کی دلیل ہے۔

نبضِ بطی (ع۔ا۔مث) سُست حرکت کرنے والی نبض جو کمزوری کی علامت ہے۔

نبض پہچان لینا (پہچاننا) (اَر۔محاورہ) راز معلوم کرنا۔ حال جان لینا۔

نبضِ جیّدُ الوزن (حَسَنُ الوزن) (ع۔ا۔مث) وہ نبض جو عُمر کے لحاظ سے دُرست ہو۔

نبض دیکھنا (اَر۔محاورہ) (۱) ناڑی دیکھنا۔ نبض پر اُنگلیاں رکھ کر اُس کی رفتار محسوس کرنا (۲) خبر لینا (۳) اصلیت معلوم کرنا۔

نبض ڈوبنا (اَر۔محاورہ) نبض کی رفتار کا محسوس نہ ہونا۔

نبض ساقط ہونا (اَر۔محاورہ) نبض کا حرکت نہ کرنا۔

نبضیں چھٹنا (چھوٹنا) (اَر۔محاورہ) (۱) نبضوں کا ساقط ہو جانا (۲) نزع کا عالم ہونا (۳) خوف زدہ ہو جانا (۴) حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔

نِبَل (نِ۔بَل) (ہ۔صف) (۱) کم زور۔ بے طاقت۔ نربل (۲) خراب۔ ناقص (۳) بیکس۔ بے یار و مددگار۔

نُبُوّت (نُ۔بُو۔وَت) (ع۔ا۔مث) نبی ہونا۔ نبی کا منصب۔ پیغمبری۔

نِبَولی (نِ۔بَو۔لی) (نِ۔بو۔لی) (ہ۔ا۔مث) نیم کا پھل۔ نم کولی۔

نَبَوی (نَ۔بَ۔وی) (ع۔صف) نبی سے نسبت رکھنے والا۔ نبی سے متعلق۔

نِبھاگا (نِ۔بھا۔گا) (ہ۔صف) بدبخت۔ بدنصیب (مرد)۔

نِبھاگی (نِ۔بھا۔گی) (ہ۔صف) نبھاگا کی تانیث۔ بدنصیب عورت۔

نِبھانا۔ دیکھیے نباہنا۔

نِبھاؤ (نِ۔بھا۔او) دیکھیے نباہو۔

نِبھَرا (نِ۔بَھ۔را) (ہ۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں نیم کے بہت سے درخت ہوں۔ نیم کے درختوں کا جُھنڈ۔

نِبھَرما (نِ۔بھر۔ما) (ق۔صف) بے شرم۔ بے حیا۔

نِبھنا (نبھ۔نا) (ہ۔مص) (۱) بسر ہونا۔ باہم گزر ہونا (۲) انجام کو پہنچنا۔ آخر تک رہنا (۳) آپس میں تعلقات اچھے رہنا۔

نَبی (نَ۔بی) (ع۔ا۔مذ) (۱) خبر رساں۔ خبر پہنچانے والا (۲) پیغمبر۔ خدا کا پیغام پہنچانے والا۔ جمع: انبیا۔ اُردو جمع: نبی۔ نبیوں۔

نبیِ مُرسَل (مُر۔سَل) (ع۔ا۔مذ) وہ نبی جو صاحبِ کتاب ہو۔ وہ پیغمبر جس پر کوئی آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو۔ رسُول۔

نَبیذ (نَ۔بیذ) (ع۔ا۔مث) (۱) کھجور یا تاڑ کا تازہ عرق (۲) تازہ پھلوں کا رَس (۳) وہ شراب جو کھجور اور جَو سے بنی ہو۔

نَبیرَہ (نَ۔بی۔رَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) پوتا (۲) نواسا۔ جمع: نبائر۔

نِبیڑنا (نِ۔بیڑ۔نا) (یائے مجہول) (ہ۔مص) پُورا کرنا۔ ختم کرنا۔ نمٹانا۔ انجام

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کو پہنچاتا۔

نِمٹیرو (نَ۔بے۔رُو)(ہ۔صف) ختم کرنے والا۔ انجام کو پہنچانے والا۔

ن۔پ

نپا (نَ۔پا)(ہ۔صف) اندازہ کیا ہوا۔ ناپا ہوا۔ جس کی پیمائش کی گئی ہو۔

نپا تُلا (اَر۔صف)(۱) مُقرّرہ۔ محدُود۔ کم نہ زیادہ (۲) تھوڑا۔

نپا شوربا اور گنی بوٹیاں (اَر۔مثل) مُفلسی کی حالت ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

نپٹ (نِ۔پَٹ)(ہ۔صف)(۱) محض۔ سراسر۔ بالکل۔ تمام۔ پُوری طرح۔ مکمل طور پر (۲)(ق) بہت۔

نپٹارا (نِپ۔ٹا۔را)(ہ۔ا۔مذ)(۱) فیصلہ (۲) خاتمہ۔ انجام۔

نپٹانا (نِپ۔ٹا۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے نمٹانا۔

نپٹنا (نِ۔پَٹ۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے نمٹنا۔

نِپل (Nipple) (انگ۔ا۔مذ) بھٹنی۔ گھنڈی۔ سرپستان۔

نپنا (نَپ۔نا)(ہ۔مص) پیمائش ہونا۔ ناپا جانا۔

نپوا (نَپ۔وا)(ہ۔ا۔مذ) ناپنے کا پیمانہ۔

نپوتا (نِ۔پُو۔تا)(ہ۔صف)(۱) بے اولاد۔ لاولد (۲) نگوڑا۔ نالائق۔

نپوتی (نِ۔پُو۔تی)(ہ۔صف) نپوتا کی تانیث۔ بے اولاد عورت۔ بدبخت عورت۔ نگوڑی۔

نپوتی روئے پُوتوں کو، سپُوتی روئے ٹوکوں کو (ہ۔مثل) دُنیا میں کوئی خوش نہیں۔ بے اولاد، اولاد کے لئے روتی ہے اور اولاد والی ٹکڑوں کی محتاج ہے۔

نپوتے (نِ۔پُو۔تے)(ہ۔ا۔مذ)(۱) نپوتا کی جمع (۲) نپوتا کی مُغیّرہ صورت۔

نپوتے کا گھر سُونا۔ مُورکھ کا ہردا سُونا۔ دَلِدّری کا سب کچھ سُونا (ہ۔مثل) بے اولاد کا گھر خالی، بے وقوف کا دل خالی اور بدقسمت کا سب کچھ خالی ہوتا ہے۔

ن۔ت

نت (بفتح اوّل)(ق۔ا۔مث) ڈور۔ رَسّی۔

نِت (بکسر اوّل)(ہ۔صف) ہمیشہ۔ سدا۔ دائم۔ ہر روز۔

نت اُٹھ (ہ۔تابع فعل) ہمیشہ۔ ہر روز۔ سدا۔

نت چنگی تیوہار کو ننگی (مندی)(ہ۔مثل) بخیلی کے موقع پر کہتے ہیں۔

نت کنواں کھودنا نت پانی پینا (ہ۔مثل) روز کمانا اور کھانا۔ جس قدر کمانا اسی قدر ہر روز خرچ کر ڈالنا۔

نت نئی چال چلنا (ہ۔محاورہ) ہر روز نئی تدبیر عمل میں لانا۔

نت کی بیوی پدنی اوروں کو دوش (ہ۔مثل) جو اپنا اِلزام دُوسروں پر تھوپے اس کے متعلق کہتے ہیں (۲) چڑانے والے کی نسبت بھی کہتے ہیں۔

نت دنت (ہ۔تابع فعل) ہمیشہ۔ سدا۔

نت نیا (ہ۔تابع فعل) تازہ بتازہ۔ نو بہ نو۔

نتائج (نَ۔تا۔اِج)(ع۔ا۔مذ) نتیجہ کی جمع۔

نتھ (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مث)(۱) ناک میں پہننے کا ایک زیور۔ نتھنی (۲) سُہاگ (۳) جانوروں کے ناک کی رَسّی۔ جمع: نتھوں۔ نتھیں۔

نتھ اُتارنا (اَر۔محاورہ) اِزالۂ بکارت کرنا (طوائفوں کی اِصطلاح)۔

نتھ اُترنا (اَر۔محاورہ) اِزالۂ بکارت ہونا (طوائفوں کی اِصطلاح)۔

نتھ بڑھانا (اَر۔محاورہ) نتھ کو اُتار کر رکھنا۔

نتھ جوڑی برقرار رہے (اَر۔دُعائیہ کلمہ) سُہاگ قائم رہے۔ شوہر زندہ رہے۔

نتھارنا (نِتھارنا)(نِ۔تھار۔نا)(نِ۔تار۔نا)(ہ۔مص) پانی کو صاف کرنا۔ پانی یا کسی رقیق شے سے میل کچیل دُور کرنا۔

نتھا ہُوا (ہ۔صف)(۱) جس کی ناک میں رسّی پڑی ہو (۲) جو دُوسرے کے قابو میں ہو۔

نِتھرا (نِتھ۔را)(ہ۔صف) نِتھرا ہوا۔ صاف۔ میل کچیل صاف کیا ہوا۔

نِتھرنا (نِ۔تھر۔نا)(ہ۔مص) صاف ہونا۔ میل کچیل سے پاک ہونا۔

نتھنا (نتھ۔نا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ناک کا سوراخ۔ جمع: نتھنوں۔ نتھنے (۲) بڑی نتھ (۳)(مص) ناک میں رسّی ڈالنا۔ قابو میں کرنا۔

نتھنوں (نتھ۔نوں)(ہ۔ا۔مذ) نتھنا کی جمع۔

نتھنوں میں تیر دینا (اَر۔محاورہ) بے حد تنگ کرنا۔ ناک چنے چبوانا۔ نہایت دِق کرنا۔

نتھنوں میں دَم آجانا (اَر۔محاورہ) ناک میں دَم آنا۔ پریشان ہو جانا۔ بہت تنگ ہونا۔

نتھنوں میں دَم کرنا (اَر۔محاورہ) ستانا۔ نہایت تنگ کرنا۔ ناک میں دَم کرنا۔

نتھنے (نتھ۔نے)(۱) نتھنا کی جمع (۲) نتھنا کی بدلی ہوئی شکل بحالت اِمالہ۔

نتھنے پُھلانا (ہ۔محاورہ) تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ غصّے ہونا۔

نتھنی (نتھ۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) چھوٹی نتھ (۲) تلوار کے قبضے کی کڑی (۳) بَیل کے ناک کی رَسّی۔ جمع: نتھنیاں۔ نتھنیوں۔

نتھنی اُتارنا (اَر۔محاورہ)(کنایۃً) دیکھئے نتھ اُتارنا۔

نتھنی اُترنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے نتھ اُترنا۔

نتھی (نتھ۔تھی)(ہ۔ا۔مث)(۱) کاغذوں میں پرونے کی ڈور (۲) وہ سب کاغذ جو یکجا ایک دھاگے میں پُروئے ہوئے ہوں (۳) شامل مِسل۔

نتھی کرنا (اَر۔مص مُرکب)(۱) مُنسلک کرنا (۲) ڈوری میں پروئے ہوئے کاغذوں میں مزید کاغذ شامل کرنا (۳) شامل کرنا۔

نتھی ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) کسی کے ساتھ زبردستی شامل ہونا۔ مُنسلک ہونا (۲) کاغذ کا ڈوری میں پرویا جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نتھیا (نتھ۔یا)(و۔ امث) چھوٹی سی نتھ۔ نتھ کی تصغیر۔

نَتیجہ (نَ۔تی۔جہ)(ع۔ امذ) حاصل۔ اَنجام۔ خاتمہ (۲) غرض۔ مطلب (۳) کسی قصّے یا کہانی کا ماحصل (۴) اِمتحان کا فیصلہ۔ فیل یا پاس (۵) پھل (۶) بدلہ۔ سزا (۷) اِصطلاحِ منطق میں وہ قول جو صُغریٰ کُبریٰ کو مِلا کر لفظِ مکرّر (حدِّاوسط) کے نکال دینے سے حاصل ہوتا ہے۔ جمع: نتائج۔ اُرجمع: نتیجوں۔ نتیجے۔

نتیجہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) ثمرہ پانا۔ کیے کی سزا پانا۔

نتیجہ نکالنا (اُر۔ محاورہ) ماحصل نکالنا۔ لبِ لُباب نکالنا۔

نتیجہ نکلنا (اُر۔ محاورہ) اَنجام معلوم ہونا۔ اِمتحان کا فیصلہ شائع ہونا۔

ن۔ٹ

نَٹ (بفتحِ اوّل)(و۔ امذ) (۱) بازی گر۔ شعبدہ باز۔ وہ لوگ جو جسمانی کرتب دِکھاتے ہیں (۲) ایک نیچ قوم (۳) ایک راگنی (۴) (صف) دغا باز۔ فریب کار۔ جمع: نٹ۔ نٹوں۔

نٹ بِدّیا (و۔ امث) شعبدہ گری۔ نٹ کا ہنر۔

نٹ کا تماشا (و۔ امذ) وہ کھیل جو نٹ دِکھاتے ہیں۔

نٹ کا بچّہ کلابازی ہی کرے گا (اُر۔ مثل) جس کا جو پیشہ ہے وہی اُس کام کو اچھی طرح کر سکتا ہے۔

نٹ کھٹ (و۔ صف) (۱) فتنہ پرداز۔ شریر۔ شوخ (۲) دغاباز۔ عیار۔ مکّار۔ بیباک (۳) نکھٹو۔ جو کماؤ نہ ہو۔

نٹ کھٹی (و۔ امث) (۱) عیّاری۔ شوخی۔ چالاکی۔ فریب (۲) دغابازی۔ بدمعاملگی (۳) دنگا۔ شرارت۔

نٹ کھٹی کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دنگا کرنا۔ فساد کرنا۔ چالاکی کرنا (۳) بدمعاملگی کرنا۔ عیّاری کرنا۔

نٹ نارائن (و۔ امذ) ایک راگ یا راگنی۔

نِٹَر (نِ۔ٹَر)(و۔ صف) (۱) غریب (۲) پُرانا۔ گھسا ہوا (۳) وہ زمین جس پر کئی مرتبہ کاشت ہو چکی ہو۔

نٹنا (نٹ۔نا)(ق۔ مص) (۱) اِنکار کرنا۔ منکر ہونا (۲) نٹوں کا پیشہ کرنا (۳) ناچنا۔ ایکٹ کرنا۔

نٹنگ (Knitting) (انگ۔ امث) بُننا۔

نٹنی (نٹ۔نی)(و۔ امث) (۱) نٹ کی جورو (۲) چالاک اور عیّار عورت۔ جمع: نٹنیاں۔ نٹنیوں۔

نٹنی بانس پر چڑھی تو گھونگھٹ کیسا (اُر۔ مثل) بے پردہ ہونے پر گھونگھٹ اور عزّت باقی نہیں رہتی۔

نٹوا (نٹ۔وا)(ق۔ امذ) قوال۔ بھانڈ۔ ناچنے والا۔ نقّال۔

نِٹھلّا (نِ۔ٹھل۔لا)(و۔ صف) (۱) خالی۔ بیکار۔ بے شغل (۲) (بالفتح) چھوٹے قد کا بیل۔

نٹھورا (نَ۔ٹھو۔را)(ق۔ صف) بھگوڑا۔

نٹیا (نٹ۔یا)(و۔ صف) (۱) چھوٹی قسم کا بیل (۲) چھوٹے قد کا آدمی۔ ٹھگنا۔ ناٹا کی تصغیر۔

ن۔ث

نِثار (نِ۔ثار)(ع۔ صف) (۱) صدقے۔ قُربان۔ واری۔ فریفتہ (۲) (امذ) صدقہ۔ تصدّق۔

نثار کرنا (اُر۔ محاورہ) نچھاور کرنا۔ قُربان کرنا۔

نثار ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) عاشق ہونا (۲) صدقے ہونا۔ قُربان ہونا (۳) فریفتہ ہونا۔

نَثّار (نث۔ثار)(ع۔ امذ) نثر لکھنے والا۔

نَثْر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ صف) (۱) پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔ تتر بتر (۲)(ع۔ امث) وہ عبارت جو منظوم نہ ہو۔

نثری (نث۔ری)(ف۔ صف) نثر سے متعلق۔

ن۔ج

نِج (بکسرِ اوّل)(س۔ صف)(۱) ذاتی۔ پرائیویٹ۔ اپنا (۲) گھریلو۔ خانگی۔

نج کاری (اُر۔ امث) سرکاری اِداروں کو نجی کمپنیوں کے ہاتھ فروخت کرنا۔ (Privatization)۔

نج کا نوکر (اُر۔ امذ) ذاتی ملازم۔ نجی نوکر۔

نَجابت (نَ۔جا۔بت)(ع۔ امث) اصالت۔ اعلیٰ خاندان یا نسل کا ہونا۔

نَجات (نَ۔جات)(نِ۔جات)(ع۔ امث) (۱) مخلصی۔ رہائی۔ گناہ مُعاف ہونا۔ چھٹکارا (۲) نروان۔

نجات پانا (مِلنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) چھٹکارا مِلنا (۲) گناہوں کی مُعافی ہونا (۳) مُکتی ہونا۔ نروان مِلنا (۴) مصیبت وغیرہ سے چھوٹنا (۵) بچنا (۶) مر جانا۔

نجات ہونا (اُر۔ محاورہ) رہائی ہونا۔ چھٹکارا پانا۔

نَجّار (نج۔جار)(ع۔ امذ) بڑھئی۔ ترکھان۔ لکڑی کا کام کرنے والا۔

نَجّاری (نج۔جا۔ری)(ع۔ ف۔ امث) بڑھئی کا کام یا پیشہ۔

نَجاسَت (نَ۔جا۔سَت)(نِ۔جا۔سَت)(ع۔ امث) گندگی۔ ناپاکی۔ غلاظت۔ بول و براز۔ پاخانہ۔

نَجانا (نَ۔جا۔نا)(ق۔ مص) غور سے دیکھنا۔

نِجانا (نِ۔جا۔نا)(ق۔ مص) (۱) خفا ہونا (۲) رنج ہونا۔

نَجانے (اُر۔ تابع فعل) (۱) نہ جانے کا مخفف (۲) میں نہیں جانتا۔ معلوم نہیں۔ کسے خبر (۳) شاید۔

نُجَبا (نُ۔جَ۔با)(ع۔ صف۔ وا۔ مذ) نجیب کی جمع۔ شُرفا۔ شریف لوگ۔

نَجدی (نج۔دی)(ع۔ صف) (۱) عرب کے علاقے نجد کا رہنے والا (۲) عبدالوہاب نجدی کا پیروکار۔ وہابی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نَجِس (ن۔جس)(ع۔صف) گندہ۔ ناپاک۔ پلید۔

نَجِسُ العَین (ن۔ج۔سُل۔عین)(ع۔صف) وہ چیز جو کُلیتہً نجس ہو۔ جس کا کھانا پینا' چھونا' لگانا ممنوع اور ناجائز ہو۔

نَجَف (نَ۔جف)(ع۔ا۔مذ)(۱) اُونچی زمین جہاں پانی نہ چڑھتا ہو (۲) دریا کے درمیان اُونچی جگہ۔ ٹیلا (۳) عراق کا مشہور شہر جہاں حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کا مزار ہے۔ تعظیماً نجفِ اشرف کہتے ہیں۔

نَجْم (فتح اول و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) ستارہ۔ سیارہ۔ تارا۔ جمع: نجوم۔

نَجْمُ الثّاقِب (نَج۔مُث۔ثا۔قِب)(ع۔ا۔مذ) چمکتا ہوا ستارہ۔ روشن ستارہ۔

نُجُوم (نُ۔جوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) نجم کی جمع (۲) ستاروں کا علم۔ دیکھئے علم نجوم۔

نُجُومی (نُ۔جو۔می)(ع۔ا۔مذ) علم نجوم کا ماہر۔ جوتشی۔

نِجھانا (نِ۔جھا۔نا)(ق۔مص) غور سے دیکھنا۔ نیز دیکھئے نجانا۔

نِجھول (نِ۔جھول)(ہ۔صف)(۱) وہ چال جس میں سوار کو دھکا محسوس نہ ہو (۲) وہ چیز جس میں جھول نہ ہو۔

نِجی (نِ۔جی)(اَر۔صف) ذاتی۔ اپنا۔ نج کا۔

نِجی حساب (اَر۔ا۔مذ) ذاتی حساب۔ گھر کا حساب۔ ذاتی لین دین۔

نِجی نوکر (ہ۔ا۔مذ) ذاتی مُلازم۔ نج کا نوکر۔

نَجِیب (نَ۔جیب)(ع۔صف) بزرگ۔ شریف۔ بھلامانس۔

نَجِیبُ الطَّرَفَین (نَ۔جی۔بط۔طَ۔رَ۔فَین)(ع۔صف) جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے صحیح النّسب ہو (۲) اصیل۔ خاندانی۔

ن۔چ

نُچا (بضم اوّل)(ہ۔صف) نوچا ہوا۔ نُچا ہوا۔

نُچا کھُچا (نُ۔چا۔کھُ۔چا)(ہ۔صف) نوچا کھسوٹا ہوا۔

نِچا مارنا (نَ۔چا۔مار۔نا)(اَر۔محاورہ) بہت تنگ کرنا۔ ستانا۔ ناک میں دَم کر دینا۔

نِچان (نِ۔چان)(ہ۔ا۔مذ ومث) پستی۔ نشیب۔ اُتار۔ ڈھلان۔

نَچانا (نَ۔چا۔نا)(ہ۔مص) ناچنا کا متعدی (۱) رقص کرانا۔ ناچ کرانا (۲) (محاورہ) ناک میں دَم کرنا۔ ستانا۔

نِچائی (نِ۔چا۔ای)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے نِچان۔

نِچُڑنا (نِ۔چُڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ گرنا (۲) دبانے یا بھینچنے سے عرق نکلنا (۳) دُبلا اور کمزور ہو جانا۔

نِچلا (نِچ۔لا)(ہ۔صف)(۱) نیچے کا (۲) خاموش۔ چُپ چاپ۔ ساکت۔

نِچلا بیٹھنا (اَر۔محاورہ) سکون سے بیٹھنا۔ شرارت نہ کرنا۔

نِچلا رہنا (اَر۔محاورہ) اِنسانیت سے رہنا۔ شائستگی سے رہنا۔ حرکاتِ ناشائستہ نہ کرنا۔

نِچلا نہ بیٹھنا (اَر۔محاورہ) ایک حالت پر قائم نہ رہنا۔ کچھ نہ کچھ کئے جانا۔ سکون سے نہ بیٹھنا۔

نُچنا (نُچ۔نا)(ہ۔مص)(۱) نوچا جانا۔ کھسوٹا جانا (۲) کپڑے کا پھٹ جانا۔

نِچنت (نِ۔چنت)(ہ۔صف) بے فکر۔ بے پروا۔ فارغ۔ مطمئن۔

نِچنت ہونا (ہ۔محاورہ) مطمئن ہونا۔ بے فکر ہونا۔

نَچنیا (نَ۔چن۔یا)(ہ۔ا۔مذ) ناچنے والا لڑکا۔ بھانڈ۔ رقاص۔ زنانہ۔ زنخا۔

نَچوانا (نَچ۔وا۔نا)(ہ۔مص) دیکھئے نچانا۔

نَچوائی (نَچ۔وا۔ای)(ہ۔ا۔مث) ناچنے کی اُجرت۔

نِچوڑ (نِ۔چوڑ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) رَس۔ اَفشردہ (۲) لُبِّ لُباب۔ ست۔ عطر۔ جوہر (۳) خُلاصہ۔ حاصل۔ نتیجہ۔

نِچوڑ لینا (ہ۔مص مرکب)(۱) دبا کر عرق نکال لینا (۲) پی لینا۔ چوس لینا (۴) خشک کر دینا (۵) دُھلے ہوئے کپڑوں کو دبا کر اُن کا پانی نکال دینا (۶) (محاورہ) لاغر کر دینا۔ دُبلا کر دینا (۷) مُفلس کر دینا۔

نِچوڑنا (نِ۔چوڑ۔نا)(ہ۔مص)(۱) دبانا۔ سُوتنا (۲) دبا کر عرق یا پانی نکالنا (۳) چوس لینا (۴) (محاورہ) دُبلا کر دینا (۵) کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ مُفلس کر دینا۔

نَچویّا (نَچ۔وَیْ۔یا)(ہ۔صف) رقاص۔ ناچنے والا مرد۔

نِچھاور (نِ۔چھا۔ور)(ہ۔ا۔مذ) نثار۔ اُتار۔ وہ نقدی یا جنس جو کسی کے اُوپر بطور صدقہ بکھیری جائے۔

نِچھاور کرنا (اَر۔محاورہ) صدقہ اُتارنا۔ وارنا۔ نثار کرنا۔

نِچھتّر (نِ۔چھت۔تَر)(ہ۔ا۔مذ)(۱) طالع (۲) راس کا حِصّہ۔

نِچھتّری (نِ۔چھت۔تَ۔ری)(ہ۔صف) نچھتر سے منسوب۔ اچھے نچھتر کی پیدائش۔ بھاگوان۔ خوش نصیب۔ نیک۔ مُبارک۔

نِچھل (نِ۔چھل)(ق۔صف) صاف۔ خالص۔

ن۔ح

نُحاس (نُ۔حاس)(ع۔ا۔مذ) تانبا۔ مِس۔

نَحافت (نَ۔حا۔فت)(ع۔ا۔مث) کمزوری۔ لاغری۔ دُبلاپن۔

نَحْر (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) اُونٹ کو ذبح کرنا (۲) ذبح کرنا۔ قُربانی کرنا۔

نَحْس (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔صف) نامساعد۔ نامُبارک۔ ناسازگار۔ منحوس۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نحس قدم (ع۔صف) وہ جس کا آنا منحوس اور نامُبارک ثابت ہو۔

نحسَین فلک (ع۔ف۔ا۔مذ) آسمان کے دو منحوس سیارے۔ زُحل اور مریخ۔ (نحسین نحس کا تثنیہ)۔

نحل (بفتح اوّل وسکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) شہد کی مکھی۔

نحو (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ راہ۔ راستہ (۲) وہ عِلم جس سے کلمات کو جوڑنا' توڑنا' اُن کی ترکیب اور اُن کا باہمی تعلق معلوم ہو۔ جُملوں کا عِلم۔

نحوی (نَح۔وی)(ع۔صف) عِلم نحو کا ماہر۔

نحوُست (نُ۔حو۔ست)(ع۔ا۔مث) بدنصیبی۔ بدبختی۔ منحوس ہونا۔ نامُبارک ہونا۔ بدشگونی۔ اُردو جمع: نحوستوں۔ نحوستیں۔

نحوست چھانا (اُر۔محاورہ) بُرا اثر پڑنا۔ منحوس ہونا۔

نحِیف (نَ۔حِیف)(ع۔صف) دُبلا پتلا۔ کمزور۔ لاغر۔ ناتواں۔ ضعیف۔

ن۔خ

نخ (بفتح اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) کچّا ریشم۔ ریشم کا تار یا سُوت۔ پتنگ کی ڈور (۲) ایک قسم کا قالین (۳) کانچ کی چوڑی (۴) چند چیزیں۔

نخّاس (نَخ۔خاس)(ع۔ا۔مذ)(۱) چوپایوں کا بازار (۲) غُلاموں کا بازار (۳) منڈی۔ بازار۔

نخّاس پر بھیجنا (اُر۔محاورہ) بازار دکھانا۔ بیچنے کے لئے بازار بھیجنا۔

نخّاس چڑھنا (اُر۔محاورہ)(۱) بازار میں بِکنے یا مشتہر ہونے کے لئے جانا (۲) رُسوائے عام ہونا۔ بے حد بدنامی ہونا۔

نخّاس کی گھوڑی (اُر۔ا۔مث)(۱) بکاؤ گھوڑی (۲) کسبی۔ رنڈی۔ فاحشہ۔ قحبہ۔

نخّاس والی (اُر۔ا۔مث) بازاری عورت۔ بیسوا۔ رنڈی۔ کسبی۔

نخالص (نِ۔خا۔لِص)(اُر۔صف) جو خالص نہ ہو۔ ملاوٹ والا۔ ملاوٹی۔ (ن حرفِ نفی ہے)(۲)(نی۔خالِص)(اُر۔صف) نہایت خالص۔ سو فیصد خالص (نی بمعنی نہایت۔ خوب)۔

نخچیر (نَخ۔چیر)(ف۔ا۔مذ)(۱) شکار۔ صید۔ شکار کیا ہوا جانور (۲) جنگلی جانور۔

نخچیر گاہ (ف۔ا۔مث) شکار گاہ۔

نخرا (نخرہ) (نَخ۔را)(نَخ۔رَہ)(ف۔ا۔مذ) عِشوہ۔ غمزہ۔ اَدا۔ ناز۔ کرشمہ۔ جمع: نخروں۔ نخرے۔

نخرا بگھارنا (کرنا) (اُر۔محاورہ)(۱) چوچلے کرنا۔ ناز و اَنداز دکھانا۔ اِترانا (۲) حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔

نخرا تِلّا (ف۔ا۔مذ) ناز۔ نخرہ۔ لاڈ۔ پیار۔ عِشوہ۔

نخرا نکالنا (اُر۔محاورہ) حیلے حوالے کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ لاڈ کرنا۔

نخرے (نَخ۔رے)(اُر۔ا۔مذ)(۱) نخرہ کی جمع (۲) نخرہ کی بدلی ہوئی صورت بحالتِ اِمالہ۔

نخرے باز (اُر۔صف) نخرے کرنے والا۔ عِشوہ گر۔ اِترانے والا (والی)۔ مغرور۔

نخرے بازی (اُر۔ا۔مث) عِشوہ گری۔ اِترانا۔ غرور کرنا۔

نخرے پیٹی (اُر۔صف) نخرے باز عورت۔ مغرور عورت۔

نخرے کرنا (اُر۔محاورہ) دیکھئے نخرہ کرنا۔

نخرے میں آجانا (اُر۔محاورہ)(۱) مغرور ہو جانا (۲) اَدائیں دکھانے لگنا۔

نُخست (نُ۔خست)(ف۔ا۔مذ)(۱) اِبتدا۔ شروع۔ اوّل (۲)(صف) پہلا (۳)(تابع فعل) پہلے پہل۔ اِبتدائً۔

نُخست زاد (ف۔صف) بڑا بیٹا۔ پلوٹھی کا بیٹا۔ پہلوٹا۔

نُخستگی (نُ۔خست۔گی)(ف۔ا۔مث) پہلا عمل (۲) پہل۔ سبقت۔ تقدیم۔

نُخستین (نُ۔خس۔تین)(ف۔صف)(۱) پہلا۔ شروع کا۔ اِبتدائی (۲)(تابع فعل) شروع میں۔ پہلے پہل۔

نخشب (نَخ۔شب)(ف۔ا۔مذ) تُرکستان کے ایک شہر کا نام جہاں کہتے ہیں کہ حکیم ابنِ مُقنع نے کنوئیں سے ایک چاند نکالا تھا جس کی روشنی چار فرسنگ تک پہنچتی تھی۔ نیز دیکھئے چاہ نخشب۔

نَخَصمی (نَ۔خص۔می)(اُر۔صف) جس عورت کا خاوند نہ ہو۔ عورتیں عموماً تحقیراً دوسری عورتوں کو کہتی ہیں۔

نخل (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کھجور کا درخت (۲) عام درخت۔

نخلِ اُمید (ع۔ا۔مذ) اُمید کا نخل سے اِستعارہ کرتے ہیں۔

نخلِ اُمید بارور ہونا (اُر۔محاورہ) بیٹا پیدا ہونا۔

نخلِ اَیمَن (ع۔ا۔مذ) وادیِ ایمن میں کوہ طور کا وہ درخت جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سامنے تجلیِ الٰہی ظاہر ہوئی تھی۔ نخل طور۔

نخل بند (ع۔ف۔صف)(۱) باغبان۔ مالی (۲) موم کے درخت بنانے والا۔

نخل بندِ کاف و نُون (ع۔ف۔ا۔مذ) خُدا تعالیٰ سے مُراد ہے۔ دیکھئے کاف و نُون۔

نخلِ تابوت (ع۔ا۔مذ) وہ ہری شاخ جو جواں مرگ کے تابوت کے سرہانے باندھی جاتی ہے۔

نخلِ تمنّا (ع۔ا۔مذ) تمنّا کا نخل سے اِستعارہ کرتے ہیں۔ نیز دیکھئے نخلِ اُمید۔

نخلِ حیات (ع۔ا۔مذ) زندگی کا درخت۔ زندگی۔

نخلِ طور (ع۔ا۔مذ) دیکھئے نخلِ اَیمن۔

نخلِ ماتم (ع۔ا۔مذ) دیکھئے نخلِ تابوت۔

نخلِ مریم (ع۔ا۔مذ) کھجور کا وہ سُوکھا درخت جس کے نیچے حضرت مریمؑ حضرت عیسیٰؑ کی ولادت کے وقت بیٹھی تھیں اور اُن کی برکت سے وہ درخت سرسبز ہو گیا تھا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نخلِ ہستی (ف ـ ا ـ مذ) دیکھیے نخلِ حیات۔

نَخلِستان (نخل ـ اِستان) (ف ـ ا ـ مذ) کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔ ریگستان میں سرسبز و شاداب قِطعہ۔

نَخوَت (نَخ ـ وَت) (ع ـ ا ـ مث) گھمنڈ۔ غرور۔ خود بینی۔ تکبّر۔ اَبھیمان۔

نخوت کی ہوا بھرنا (اَر ـ محاورہ) بہت مغرور ہونا۔

نخوت سمانا (اَر ـ محاورہ) غرور ہونا۔ گھمنڈ ہونا۔

نُخُود (نُ ـ خُد) (نُ ـ خُود) (ف ـ ا ـ مذ) چنا۔

نخودِ آب (ف ـ ا ـ مذ) ایک قسم کا شوربا جو گوشت اور چنے کی دال سے تیار کیا جاتا ہے۔

نَخِیل (نَ ـ خِیل) (ع ـ ا ـ مذ) کھجور کا درخت۔ درخت۔

نَخِین (نَ ـ خِین) (اَر ـ ا ـ مث) کانچ یا لاکھ کی باریک چوڑیاں۔

ن ـ د

نَد (بفتحِ اوّل) (س ـ ا ـ مذ) دیکھیے ندی۔

نِدا (نِ ـ دا) (ع ـ ا ـ مث) (۱) آواز۔ صدا۔ پکار (۲) حرفِ ندا جیسے او' اے۔

نِدا دینا (اَر ـ محاورہ) بُلانا۔ آواز دینا۔

نَدارَد (نَ ـ دا ـ رَد) (ف ـ صف) (۱) کورا۔ خالی۔ نہیں (۲) نیست۔ غیر حاضر۔ غائب۔ گم۔

ندارد کرنا (اَر ـ مص مُرکّب) (۱) کسی حق کو چھوڑ دینا (۲) کسی چیز کو نیست و نابُود کر دینا۔

ندارد ہونا (اَر ـ محاورہ) (۱) مِٹ جانا۔ نیست و نابُود ہو جانا (۲) غیر حاضر ہونا۔ غائب ہونا۔

نَدّاف (نَد ـ داف) (ع ـ ا ـ مذ) رُوئی دُھنکنے والا۔ دُھنیا۔

نَدّافی (نَد ـ دا ـ فی) (ع ـ ا ـ مث) رُوئی دُھنکنے کا پیشہ۔

نَدامَت (نَ ـ دا ـ مَت) (ع ـ ا ـ مث) شرمندگی۔ اِنفعال۔ پشیمانی۔ خجالت۔ پچھتاوا۔ تاسُّف۔ خفّت۔

ندامت اُٹھانا (اَر ـ محاورہ) شرمندگی ہونا۔ خجالت ہونا۔

ندامت زدہ (ع ـ صف) پشیمان۔ شرمندہ۔

نِدائیہ (نِ ـ دا ـ اِی ـ یَہ) (ع ـ صف) وہ جُملہ جس میں ندا کا حرف آئے۔

نِدرا (نِد ـ را) (ق ـ ا ـ مث) نیند۔

نُدرَت (نُد ـ رَت) (ع ـ ا ـ مث) نُدرگی۔ انوکھا پَن۔ نادر پَن۔ کم یابی۔

نُدَما (نُ ـ دَ ـ ما) (ع ـ ا ـ مذ) ندیم کی جمع۔

نَدولا (نَ ـ دو ـ لا) (ہ ـ ا ـ مذ) چھوٹی ناند۔ کونڈا۔

نَدوَہ (نَد ـ وَہ) (ع ـ ا ـ مذ) مجلس۔ انجمن۔ سبھا۔

نِدھڑک (نِ ـ دَھ ـ ڑَک) (اَر ـ صف) بے خوف۔ نڈر۔ (نُون حرفِ نفی)۔

نَدی (نَدّی) (نَ ـ دی) (نَد ـ دی) (ہ ـ ا ـ مث) چھوٹا دریا۔

ندی تو کیوں گھبرائی؟ میں تو پہلے ہی پاؤں نہیں دھرتا (ہ ـ مثل) تم کیوں گھبراتے ہو؟ میں تو پہلے ہی تمہارے پاس نہیں آتا۔

ندی کا اُترنا (ہ ـ محاورہ) ندی کا پانی کم ہونا۔

ندی کا چڑھنا (ہ ـ محاورہ) ندی کا پانی معمول سے بڑھ جانا۔

ندی میں جانا پیاسے آنا (ہ ـ محاورہ) ناکام لوٹنا۔

نَدیا (نَد ـ یا) (ہ ـ ا ـ مث) دیکھیے ندی جس کی یہ تصغیر ہے۔

نَدِیدَہ (نَ ـ دی ـ دَہ) (ف ـ صف) (۱) نہ دیکھا ہوا۔ جسے کچھ میسّر نہ ہو (۲) (اَر ـ صف) جس نے کبھی اچھا کھانا نہ کھایا ہو اور کھانے والے کو گھورے (۳) حریص۔ لالچی۔ بخیل۔ کنجُوس۔ خسیس۔

نَدِیدی (نَ ـ دی ـ دی) (اَر ـ صف ـ مث) ندیدہ کی تانیث۔

نَدِیم (نَ ـ دِیم) (ع ـ ا ـ مذ) دوست۔ ہمنشین۔ ساتھی۔ مُصاحِب۔ جمع: نُدَما۔

ن ـ ڈ

نِڈَر (نِ ـ ڈَر) (ہ ـ صف) (۱) بے خوف۔ دلیر۔ بہادُر۔ شُجاع۔ جری (۲) بے لحاظ۔ (ن حرفِ نفی ہے)۔

نِڈرپن (ہ ـ ا ـ مذ) (۱) بے خوفی۔ بے باکی (۲) دلیری۔ جرأت۔

نِڈری (نِ ـ ڈَ ـ ری) (ہ ـ صف) نِڈر کی تانیث۔

نِڈری آنکھیں (اَر ـ ا ـ مث) دیدہ دلیر آنکھیں۔ جن آنکھوں میں ڈر نہ ہو۔

نِڈھال (نِ ـ ڈھال) (ہ ـ صف) سُست۔ تھکا ہوا۔ ضعیف و ناتواں۔ (نُون حرفِ نفی ہے)۔

ن ـ ذ

نَذر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع ـ ا ـ مث) (۱) مَنّت۔ صدقہ۔ قُربانی۔ بھینٹ۔ چڑھاوا (۲) نیاز۔ فاتحہ (۳) تحفہ (۴) اپنے اُوپر کوئی چیز واجب کر لینا۔ جمع: نُذور۔ نُذورات۔ اُردو جمع: نذروں۔ نذریں۔

نذر پکڑنا (اَر ـ محاورہ) ہدیہ دینا۔ تحفہ دینا۔ پیشکش کرنا۔

نذر پیش کرنا (اَر ـ محاورہ) دیکھیے نذر دکھانا۔

نذر چڑھانا (اَر ـ محاورہ) قبر یا تعزیے پر کوئی چیز بطور مَنّت چڑھانا۔

نذر دِکھانا (دِکھلانا) (اَر ـ محاورہ) ہاتھ پر نقدی رکھ کر حاکم یا رئیس کو پیش کرنا۔ حاکم ہاتھ لگا کر چھوڑ دیتے ہیں۔

نذر دینا (اَر ـ محاورہ) کسی بڑے آدمی کو کوئی چیز یا نقدی بطور تحفہ پیش کرنا (۲) رشوت دینا (۳) فاتحہ کرنا۔

نذر کا پنجہ چڑھانا (اَر ـ محاورہ) مَنّت پُوری ہونے پر امام باڑے کے عَلَم پر چاندی یا سونے کا پنجہ چڑھانا۔

نذر کرنا (گُزارنا۔ گُزراننا) (اَر ـ محاورہ) دیکھیے نذر دینا۔

نذر ماننا (اَر ـ محاورہ) مَنّت ماننا۔ کسی بات یا عہد کو اپنے اُوپر واجب کر لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نذر ہے (اُر۔ محاورہ) حاضر ہے۔ موجود ہے۔
نذرانہ (نذ۔را۔نہ)(ع۔ف۔ا۔مذ) تحفہ۔ ہدیہ۔ بھینٹ۔ پیشکش۔
نذریں (نذ۔ریں)(بیائے مجہول)(اُر۔ا۔مث) نذر کی جمع۔
نذریں گزرنا (اُر۔ محاورہ) حاکم کے سامنے تحفے یا نقدی پیش ہونا۔
نذیر (ن۔ذِیر)(ع۔صف) ڈرانے والا۔ خُدا کا خوف دِلانے والا۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا لقب۔

ن ۔ ر

نَر (بفتح اوّل)(ف۔ا۔مذ) مرد۔ مذکر۔ مادہ کا نقیض۔ اُردو جمع: نر۔ نروں۔
نرگاؤ (ف۔ا۔مذ) گائے کا نر۔ بیل۔
نرمادہ (نرمادِین)(ف۔ا۔مذ)(۱) مرد اور عورت (۲) طبلے کا دلیاں اور بایاں۔
نرمیش (ف۔ا۔مذ) مینڈھا۔ چھترا۔
نِر (س۔ حرفِ نفی و صف)(۱) نہ۔ نہیں (۲) بغیر۔ کم۔
نِرآدر (س۔صف)(۱) بے عزّت۔ ذلیل و خوار (۲) گستاخ۔ بدتمیز۔
نِرآدھار (ہ۔صف)(۱) بے وسیلہ۔ بے سہارا (۲) بے بُنیاد۔ بے اصل۔
نِرآس (نِراس)(ہ۔صف) مایوس۔ ناامید۔ نِراش۔
نِرآسا (نِراسا)(ہ۔ا۔مث) مایوسی۔ ناامیدی۔ نِراشا۔
نِرآکار (نِر۔آ۔کار)(ہ۔صف)(۱) جس کی کوئی شکل و صورت نہ ہو (۲) ایشور۔ خُدا۔
نِربُدھ (ہ۔صف) احمق۔ بے وقوف۔ کم عقل۔ نادان۔ بُدھو۔
نِربَل (ہ۔صف) کمزور۔ ناتواں۔
نِربندھ (ہ۔ا۔مذ) کسی بات پر زور دینا (۲) ثابت قدمی۔ اِستقلال (۳) اِصرار۔ ضِد۔ ہٹ (۴) اِرادہ۔ قصد (۵)(صف) سبکدوش (۶) بغیر زنجیر یا ہتھکڑی۔
نِربندھ کرنا (ہ۔ محاورہ) اِصرار کرنا۔ ضِد کرنا۔
نِربھاگی (ہ۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔ ابھاگی۔
نِربھے (ہ۔صف) بے خوف۔ بیباک۔ نِڈر۔ (بھے: خوف)۔
نِرپھل (ہ۔صف) بغیر پھل کا۔ بے ثمر۔ بے فائدہ۔ اکارت۔
نِرجل (ہ۔صف) بے آب و گیاہ۔ خشک۔
نِرجلا (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کا وہ برت جس میں پانی بھی نہیں پیا جاتا۔
نِرجلا اکادشی (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کا ایک تہوار جو گیارھویں سُدی جیٹھ کو ہوا کرتا ہے۔
نِردوش (ہ۔صف) بے خطا۔ بے قصور۔ معصوم۔ بے گُناہ۔
نِردوش ٹھہرانا (ہ۔ محاورہ)(۱) بے قصور ٹھہرانا (۲) رہا کرنا۔ چھوڑ دینا۔
نِردھن (ہ۔صف) مُفلس۔ نادار۔ کنگال۔
نِردَئی (ہ۔صف) ظالم۔ سنگ دل۔
نِرگُن (ہ۔صف) بے سلیقہ۔ بے ہُنر۔ جس میں کوئی گُن یا ہُنر نہ ہو۔
نِرلاج (ہ۔صف) بے شرم۔ بے حیا۔ بیباک۔
نِرمَل (نِرمَلا)(ہ۔صف) صاف۔ شفّاف۔ پاکیزہ۔ بے داغ۔ خالص۔
نِرموہی (ہ۔صف) سنگ دل۔ بے رحم۔ نِردَئی۔
نِروید (ہ۔صف) ویدوں کو نہ ماننے والا۔
نِرا (نِ۔را)(ہ۔صف) صرف۔ محض۔ اکیلا (۲) سراسر۔ بالکل (۳) فقط۔
نِرا بس کی گانٹھ ہے (اُر۔ محاورہ) بڑا شرارتی ہے۔
نِرا جون پور کا قاضی ہے (اُر۔ محاورہ) بڑا بے وقوف ہے۔
نِرا کاٹھ کا اُلّو ہے (اُر۔ محاورہ) بڑا بے وقوف ہے۔
نِراج (نِ۔راج)(ہ۔ا۔مذ)(۱)(نِ حرفِ نفی ہے) لاقانونیت (۲) فوضویت۔ حکومت دُشمنی۔ یہ سیاسی عقیدہ کہ مرکزی طاقت ظلم و تشدّد پر مبنی ہوتی ہے۔ اس لئے کسی مرکزی حکومت کی ضرورت نہیں۔(Anarchism)۔
نِراجی (نِ۔را۔جی)(ہ۔صف) حکومت دُشمن۔ فوضوی۔ نظریہ نِراج کا پیرو۔(Anarchist)۔
نِراش (نِر۔آش)(س۔صف) دیکھئے نِرآس۔
نِراشا (نِر۔آشا)(س۔ا۔مث) دیکھئے نِرآسا۔
نِرالا (نِ۔را۔لا)(ہ۔صف) انوکھا۔ سب سے الگ۔
نِرالاپن (ہ۔ا۔مذ) انوکھا پن۔
نِرالی (نِ۔را۔لی)(ہ۔صف) نِرالا کی تانیث۔
نَرانا (نَ۔را۔نا)(ہ۔مص) نلانا۔ نلائی کرنا۔ نرائی کرنا۔ باغ یا کھیت سے خود رو گھاس پھونس نکالنا۔ (بکسر نُون بھی صحیح ہے)۔
نَرائی (نَ۔را۔ئی)(ہ۔ا۔مث) نلائی۔ باغ یا کھیت کو خود رو گھاس پھونس اور کانٹوں وغیرہ سے صاف کرنا۔ (بکسر نُون بھی صحیح ہے)۔
نِربِسی (نِر۔بِ۔سی)(ہ۔ا۔مث) ایک دوا کا نام۔ جدوار (۲) ایک قسم کی گھاس۔
نِرت (نِ۔رت)(س۔ا۔مذ) ناچ۔ رقص۔
نِرخ (بکسر اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) بھاؤ۔ شرح۔ دَر۔ قیمت۔ مول۔
نرخ بڑھنا (اُر۔ محاورہ) بھاؤ چڑھ جانا۔
نرخ بڑھانا (اُر۔ محاورہ) قیمت زیادہ کرنا۔
نرخ بندی (اُر۔ا۔مث) قیمت کا فیصلہ کرنا۔ قیمت مقرّر کرنا۔
نرخ ٹوٹنا (اُر۔ محاورہ) بھاؤ گھٹنا۔
نرخ تیز ہونا (اُر۔ محاورہ) بھاؤ بڑھ جانا۔
نرخ چڑھانا (اُر۔ محاورہ) بھاؤ بڑھانا۔
نرخ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) نرخ چڑھانا کا لازم۔
نرخ نامہ (ف۔ا۔مذ) بازار کے بھاؤ کی فہرست۔
نَرخرا (نَر۔خَ۔را)(ہ۔ا۔مذ) ٹینٹوا۔ حلقوم۔ گلے کی نالی۔ (اصل نرکھرا ہے)۔
نرخرا بولنا (اُر۔ محاورہ) مرتے وقت حلق سے خرخراہٹ کی آواز نکلنا۔ گھرّا لگنا۔
نَرد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مث)(۱) ایک بازی جسے چوسر بھی کہتے ہیں (۲) چوسر کی گوٹ۔ شطرنج کا مُہرہ۔ (افعال: اُٹھانا۔ اُٹھنا۔ پِٹنا۔ پِٹنا۔ چلنا۔ مارنا۔ مرنا)۔
نَردبان (نَرد۔بان)(ف۔ا۔مذ) زینہ۔ سیڑھی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نَرس (Nurse) (انگ ۔ اِ ۔ مث) (۱) تیمارداری کرنے والی تربیت یافتہ عورت (۲) دایہ۔ بچّے کو دودھ پلانے والی۔

نَرسری (Nursery) (انگ ۔ اِ ۔ مث) پھول بُوٹے اُگانے اور اُن کی پرورش کرنے کی جگہ۔ پودوں کا ذخیرہ۔

نرسری اِسکول (انگ ۔ اِ ۔ مذ) چھوٹے بچّوں کا اِبتدائی مدرسہ۔

نَرسَل (نَر ۔ سَل) (ہ ۔ اِ ۔ مذ) سرکنڈا۔ نرکل۔

نَرسِنگ (Nursing) (انگ ۔ اِ ۔ مث) تیمارداری کرنا (۲) نرس کا پیشہ یا کام۔

نَرسِنگھا (نَر ۔ سِنگھا) (ہ ۔ اِ ۔ مذ) ایک قسم کا سینگ جسے بگل کی طرح بجاتے ہیں۔ تُرئی۔ سنکھ۔ قرنا۔ ناقوس۔ صُور۔

نَرغا (نَرغہ) (نَر ۔ غہ) (اَر ۔ اِ ۔ مذ) ف نرگہ کا مؤرّد (۱) آدمیوں کا گھیرا۔ محاصرہ (۲) انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ (۳) مُشکل۔ دُشواری۔ جمع: نرغوں۔ نرغے۔

نرغہ کرنا (اَر ۔ مص مُرکّب) چاروں طرف سے گھیرے میں لے لینا۔ محصُور کرنا۔

نرغہ ہونا (اَر ۔ مص مُرکّب) چاروں طرف سے دُشمنوں میں گھِر جانا۔ محصُور ہونا۔

نرغے (اَر ۔ اِ ۔ مذ) (۱) نرغا کی جمع (۲) نرغا کی بدلی ہوئی صورت۔

نرغے میں آ جانا (اَر ۔ محاورہ) (۱) چاروں طرف سے گھیر لیا جانا (۲) آفت میں مُبتلا ہو جانا۔ مُصیبت میں پھنس جانا۔

نرغے میں جان ہونا (اَر ۔ محاورہ) عذاب میں جان ہونا۔ مُصیبت میں پھنس جانا۔

نرغے میں لے لینا (اَر ۔ محاورہ) محصُور کر لینا۔ چاروں طرف سے گھیر لینا۔

نَرک (نَ ۔ رَک) (س ۔ اِ ۔ مذ) دوزخ۔ جہنم۔ پاتال۔

نَرکُل (نَر ۔ کُل) (ہ ۔ اِ ۔ مذ) نرسل۔ سرکنڈا۔ جمع: نرکل۔ نرکلوں۔

نَرکی (نَ ۔ رَ ۔ کی) (ہ ۔ صف) (۱) دوزخی۔ جہنمی۔ گُناہ گار (۲) جہنّم سے متعلق۔

نَرگِس (نَر ۔ گِس) (ف ۔ اِ ۔ مث) ایک پودا اور پھول جسے شُعرا آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں۔

نرگسِ بیمار (ف ۔ اِ ۔ مث) مخمور آنکھ۔ مست آنکھ۔

نرگسِ شہلا (ف ۔ اِ ۔ مث) نرگس کی ایک قسم جس کا درمیانی حصّہ زرد کی بجائے سیاہ ہوتا ہے۔

نرگسِ مخمور (ف ۔ اِ ۔ مث) نشیلی آنکھ۔ متوالی آنکھ۔

نرگستان (نرگس ۔ اِستان) (اَر ۔ اِ ۔ مذ) باغیچہ جس میں نرگس کے بہت سے پودے ہوں۔

نرگسی (نَر ۔ گِ ۔ سی) (ف ۔ صف) (۱) نرگس سے نسبت رکھنے والا۔ نرگس سے مشابہ (۲) ایک قسم کا کپڑا جس پر نرگس جیسے پھول بنے ہوتے ہیں (۳) ایک قسم کا کھانا۔

نرگسی پُلاؤ (ف ۔ اِ ۔ مذ) وہ پلاؤ جس میں اُبلے ہوئے انڈوں کو کونتوں میں پکا کر دو ٹکڑے کر کے رکھ دیتے ہیں۔

نرگسی چشم (آنکھ) (ف ۔ اَر ۔ صف) (۱) نرگس جیسی آنکھ والا (۲) (اِ ۔ مث) خوبصورت آنکھ۔ بڑی آنکھ۔

نرگسی کباب (ف ۔ اِ ۔ مذ) وہ کباب جن میں اُبلے ہوئے انڈوں کو گول گول کاٹ کر ایک ایک ٹکڑا ہر کباب میں رکھ دیا جاتا ہے۔

نَرم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف ۔ صف) (۱) مُلائم (۲) گُدگُدا (۳) پلپلا (۴) لوچدار (۵) ڈھیلا (۶) سُست (۷) مدّہم (۸) آسان (۹) ہلکا (۱۰) بُردبار (۱۱) نازک۔

نرم آواز (ف ۔ اِ ۔ مث) (۱) باریک اور سُریلی آواز۔ ہلکی اور میٹھی آواز (۲) (صف) مُلائم باتیں کرنے والا۔

نرم باتیں (اَر ۔ اِ ۔ مث) پیار کی باتیں۔ میٹھی باتیں۔

نرم چارا (اَر ۔ اِ ۔ مذ) مُلائم خوراک۔ زود ہضم خوراک۔

نرم چوب را کرم می خورد (ف ۔ مثل) نرم لکڑی کو کیڑے کھا جاتے ہیں۔ بھلے مانس کو سب لوٹتے ہیں۔

نرم خُو (ف ۔ صف) خوش خلق۔ پسندیدہ عادات والا۔ نیک مزاج۔

نرم دِل (ف ۔ صف) رحم دِل۔ نیک۔

نرم رَو (ف ۔ صف) دھیما (۲) آہستہ چلنے والا۔ سوچ سمجھ کر کام کرنے والا۔

نرم رَوی (ف ۔ اِ ۔ مث) (۱) آہستہ خرامی (۲) سوچ سمجھ کر کام کرنا۔

نرم زبان (ف ۔ صف) مُلائم باتیں کرنے والا آدمی۔

نرم کرنا (اَر ۔ محاورہ) دھیما کرنا۔ کسی کا غُصّہ فرو کرنا۔

نرم کوس (ف ۔ ہ ۔ اِ ۔ مذ) دو میل یا کوس سے کچھ کم فاصلہ۔

نرم گرم (ف ۔ صف) (۱) سخت سُست (۲) بُرا بھلا (زمانہ)۔

نرم گرم اُٹھانا (سہنا) (اَر ۔ محاورہ) (۱) بُری بھلی بات کو برداشت کرنا (۲) تجربہ کار ہونا۔

نرم لگام (ف ۔ صف) (۱) گھوڑا جو باگ کے اِشارے پر چلے (۲) فرماں بردار۔ اِشارہ سمجھنے والا۔

نَرما (اَر ۔ اِ ۔ مذ) غالباً ف نرمہ (نرم ۔ مُلائم) کا مؤرّد ہے (۱) سُنبل۔ سُنبل کی رُوئی (۲) ایک قسم کا عُمدہ کپڑا جو سُنبل کی رُوئی سے بنایا جاتا تھا (۳) ایک قسم کی اعلیٰ درجے کی رُوئی۔

نَرمانا (نَر ۔ ما ۔ نا) (اَر ۔ مص) نرم کرنا۔ دھیما کرنا۔ مُلائم کرنا۔

نَرمائی (نَر ۔ ما ۔ ئی) (اَر ۔ اِ ۔ مث) کسی مُعاملے میں میانہ روی۔

نَرماہٹ (نَر ۔ ما ۔ ہَٹ) (اَر ۔ اِ ۔ مث) نرمی۔ مُلائمت۔

نَرمہ (نَر ۔ مَہ) (ف ۔ صف) نرم۔ مُلائم۔ کسی چیز کا مُلائم حِصّہ۔

نرمہ گوش (ف ۔ اِ ۔ مذ) کان کا نرم و مُلائم حِصّہ۔ لَو۔ نرما گوش۔

نَرمی (نَر ۔ مِی) (ف ۔ اِ ۔ مث) (۱) مُلائمت۔ نازکی (۲) دھیما پَن (۳) مہربانی۔ رحم دِلی (۴) آہستگی (۵) پلپلا پَن (۶) لطافت (۷) آسانی (۸) بُردباری۔ برداشت۔

نرنجن (نِ ۔ رَن ۔ جَن) (س ۔ اِ ۔ مذ) رحیم۔ غفار۔ خُدا۔ ایشور۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نِروان (نِر۔ وان)(س۔ ا۔ مذ) نجات۔ مُکتی۔ (بُدھ مت کی اصطلاح) اپنے جذبات و خواہشات کو ختم کر دینا۔

نِرُوپ (نِ۔ رُوپ)(س۔ صف)(۱) جس کی کوئی شکل نہ ہو۔ جس کا کوئی جسم نہ ہو۔ ایشور۔ خُدا (۲) بدشکل۔ بدنُما۔ (نُون حرفِ نفی)۔

نِروگی (نِ۔ رو۔ گی)(ہ۔ صف) بیماری سے بچا ہوا۔ تندرست (نُون حرفِ نفی)۔

نَرّہ (نَر۔ رَہ)(ف۔ صف)(۱) مردانہ (۲) اکھڑ۔ اُجڈ (۳) گندہ۔ غلیظ (۴)(ا۔ مذ) آلۂ تناسُل (۵) درخت کا تنا (۶) ہیجڑا (۷) چابی کا گھر۔

نَرئی (نَ۔ رَئی)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) ایک قسم کی گھاس جو تالابوں میں اُگتی ہے (۲) گیہوں یا جو کا تنا۔

نِرّی (نِ۔ رِی)(ہ۔ صف) نِرا کی تانیث۔

نَرّی (نَ۔ رِی)(ف۔ ا۔ مث) بکری یا بھیڑ کا رنگا ہوا چمڑا۔

نَریش (نَ۔ ریش)(یائے مجہول)(ہ۔ ا۔ مذ) بادشاہ۔ شہزادہ۔ سردار۔

نَرینہ (نَ۔ ری۔ نہ)(ف۔ صف) نَر سے متعلق۔ مرد۔

ن۔ ڑ

نَڑ (بفتحِ اوّل)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) ایک قسم کا نرسل (۲) وہ قوم جو چوڑیاں بناتی ہے۔

نَڑا (نَ۔ ڑا)(نَڑ۔ ڑا)(ہ۔ ا۔ مذ) گاجر کے اندر کا سخت حصّہ جو قابلِ استعمال نہیں ہوتا۔ گاجر کی ہڈّی۔

نَڑی (نَ۔ ڑی)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) ایک قسم کی آتش بازی (۲) حُقّے کی نَے (۳) ایک آبی پرندہ۔

ن۔ ز

نَزّ (بفتحِ اوّل و تشدید دوم)(ع۔ صف)(۱) چُست۔ چالاک۔ پھرتیلا (۲) ذہین۔ ہوشیار (۳) ایک جگہ سے دُوسری جگہ دوڑ کر جانے والا (۴)(ا۔ مذ) چشمہ۔ سوتا (۵) شُتر مُرغ۔

نَزار (نَ۔ زار)(ف۔ صف)(۱) دُبلا پتلا۔ کمزور (۲) مُفلس۔ قلّاش۔ زار کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے (زار ونزار)۔

نِزاع (نِ۔ زاع)(ع۔ ا۔ مذ) جھگڑا۔ فساد۔ تکرار۔ تنازعہ۔ جمع: نزاعات۔

نِزاعِ لفظی (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) زبانی بحث و تکرار۔

نَزاکت (نَ۔ زا۔ کت)(ف۔ ا۔ مث)(۱) باریکی۔ پاکیزگی۔ نازک مزاجی۔ نازک مزاجی کا اظہار (۲) خوبی۔ لطافت۔ نفاست (۳) کمزوری۔ ناتوانی۔

نَزاہت (نَ۔ زا۔ ہت)(ف۔ ا۔ مث)(۱) بُری باتوں سے دُوری (۲) عیب سے پاک ہونا۔

نَزد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم و نیز بکسرِ اوّل)(ف۔ تابع فعل)(۱) قریب۔ نزدیک۔ پاس (۲) آگے۔ پیش۔

نَزدِیک (نَز۔ دِیک)(ف۔ تابع فعل)(۱) قریب۔ پاس (۲) رائے میں۔ سمجھ میں۔

نزدیک بین (اَر۔ صف) صرف پاس کی چیزیں دیکھنے والا۔

نزدیک تک نہ پھٹکنا (اَر۔ محاورہ) پاس تک نہ آنا۔ قریب نہ آنا۔

نَزدیکی (نَز۔ دِی۔ کی)(ف۔ صف)(۱) قُربت۔ قُرب (۲) جماع۔

نَزع (نَز۔ عَ)(نزْع)(ع۔ ا۔ مث) جاں کنی۔ دَم ٹوٹنا۔ قریب مرگ۔

نَزلہ (نَز۔ لہ)(ع۔ ا۔ مذ) ایک مرض جس کی رطوبت کا اثر حلق، آنکھوں، دانتوں اور بالوں پر ہوتا ہے۔

نزلہ برعضوِ ضعیف می ریزد (ف۔ مثل)(۱) نزلہ کمزور عضو پر ہی گرتا ہے۔ (۲) مُصیبت ہمیشہ کمزور پر ہی آتی ہے۔ کمزور اور غریب کی ہر جگہ خرابی ہے۔

نزلہ گرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) نزلے کا کسی عضو پر حملہ کرنا (۲) آفت آنا۔ شامت آنا۔

نُزُول (نُ۔ زُول)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) اُترنا (۲) نازل ہونا۔ فروکش ہونا (۳) وحی کا نازل ہونا (۴) آنکھوں سے متواتر پانی بہنا (۵) فوطوں میں پانی آجانا۔ فتق (۶)(ا۔ مث) سرکاری زمین۔ ضبط کی ہوئی زمین۔

نُزولِ اِجلال (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) کسی بڑے مرتبہ والے شخص کا آنا۔

نُزولِ وحی (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) پیغمبر پر اَحکامِ اِلٰہی کا نازل ہونا۔ وحی آنا۔

نُزُولی (نُ۔ زُو۔ لی)(اَر۔ ا۔ مث)(۱) شاہی فوج اور لشکر کا پڑاؤ (۲) وہ چیز جو ضبط ہو جائے (۳) نزول کا محکمہ۔

نُزہت (نُز۔ ہت)(ع۔ ا۔ مث)(۱) پاکیزگی۔ تروتازگی (۲) خوشی۔ اِنبساط۔ فرحت۔

نُزہت افزا (ع۔ ف۔ صف)(۱) خوشبو زیادہ کرنے والا (۲) فرحت بخش (۳) شاداب کرنے والا۔

نُزہت (کدہ) گاہ (ع۔ ف۔ ا۔ پہلا مذ دُوسرا مث) سیرگاہ۔ تفریحی مقام۔ سرسبز اور شاداب جگہ۔

نَزِیل (نَ۔ زِیل)(ع۔ صف)(۱) کسی جگہ اُترنے والا۔ کسی جگہ قیام کرنے والا (۲) مہمان۔ مُسافر۔

ن۔ ژ

نَژاد (نَ۔ ژاد)(نِ۔ ژاد)(ف۔ ا۔ مث) اصل۔ نسل۔ حسب۔ نسب۔ خاندان (۲) تخم۔ نُطفہ۔

نَژَند (نَ۔ ژند)(نِ۔ ژَند)(ف۔ صف)(۱) غمگین (۲) خوفناک (۳) ذلیل وخوار (۴) پست۔ نیچا (۵) ناراض۔ خفا۔

ن۔ س

نَس (بفتحِ اوّل)(ہ۔ ا۔ مث)(۱) رگ۔ ریشہ۔ خون کی باریک نالی (۲) عصب۔ پٹھا۔ عضلہ (۳)(عو) آلۂ تناسُل۔ جمع: نسوں۔ نسیں۔

نس بھڑک جانا (اَر۔ محاورہ)(۱) رگ کو چوٹ لگنا (۲) پٹھا یا رگ چڑھنا۔

نس دار (ہ۔ ف۔ صف) بہت سی رگوں والا۔ رگ دار۔ ریشے دار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نس کا مرنا (نس مرنا) (اَر۔ محاورہ) رگ کا کمزور ہو جانا۔ پٹھے کا کمزور ہو جانا۔

نس کٹا (اَر۔ صف) خواجہ سرا۔ ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخا۔

نِس (بکسرِ اوّل) (س۔ حرفِ نفی) نا۔ نہیں۔ بغیر (۲) (حرفِ جار) دُور۔ پرے۔

نِس (نِسا) (نِس) (نِ۔سا) (ہ۔ا۔مث) رات۔ شب۔

نِساچر (ہ۔ا۔مذ) (۱) رات کو پھرنے والا۔ چور۔ راہزن (۲) بھوت پریت۔

نِساچری (ہ۔ا۔مث) ڈائن۔ بھتنی۔ پچھل پائی۔

نِس دِن (ہ۔ متعلق فعل) رات دن۔ شب و روز۔ ہمیشہ۔ سدا۔

نِساء (نِ۔سا) (ع۔ا۔مث) اِمراۃ کی جمع۔ عورتیں۔ صنفِ نازک۔

نسّاب (نَس۔ساب) (ع۔ صف۔ وا۔مذ) علم الانساب جاننے والا۔

نسّاج (نَس۔ساج) (ع۔ا۔مذ) (۱) جُلاہا (۲) (صف) دروغ گو۔ سخن ساز۔

نساجال (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ جگہ جہاں بہت سی رگیں جمع ہوں۔ نسوں کا جال (۲) بہت بڑا جال جس سے نکلنا محال ہو۔ (نسا: نس بمعنی رگ)۔

نِسارنا (نِ۔سار۔نا) (ہ۔مص) نکال دینا۔ باہر کرنا۔ ہٹا دینا۔

نَسانا (نَ۔سا۔نا) (ہ۔مص) (۱) ہلاک کرنا (۲) تلف کرنا (۳) نکال دینا۔ بھگانا (۴) خرچ کرنا۔

نسائم (نَ۔سا۔ئم) (ع۔ا۔مث) نسیم کی جمع۔ نرم نرم ہوائیں۔ ہلکی ہلکی ہوائیں۔

نِساوَرا (نِ۔سا۔وَ۔را) (ہ۔صف) (۱) سبز رنگ کا کبوتر جس کے دو شاہ پَر سفید ہوتے ہیں۔

نَسَب (نَ۔سَب) (ع۔ا۔مذ) اصل۔ نسل۔ سلسلۂ خاندان۔ جمع: اَنساب۔

نسب ملنا (اَر۔ محاورہ) مختلف اشخاص کا ایک ہی خاندان کا ہونا۔ شجرہ ایک ہونا۔

نسب نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) خاندان کا شجرہ۔ کرسی نامہ۔

نسب نُما (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) علمِ حساب میں وہ عدد جس سے معلوم ہو کہ ایک عدد کے اتنے برابر حصے کئے گئے ہیں (۲) کسر کے نیچے کا ہندسہ۔

نِسبت (نِس۔بت) (ع۔ا۔مث) (۱) کسی چیز کی طرف منسوب ہونا (۲) علاقہ۔ واسطہ۔ تعلق (۳) مطابقت (۴) منگنی۔ سگائی۔ اُردو جمع: نسبتوں۔ نسبتیں۔

نسبت آنا (اَر۔ محاورہ) لڑکی کا رشتہ آنا۔ شادی کا پیغام آنا۔

نسبت ٹھہرانا (اَر۔ محاورہ) شادی کی بات پکی ہونا۔

نسبت دینا (اَر۔ محاورہ) تشبیہ دینا۔ نظیر دینا۔ تعلق ظاہر کرنا۔

نسبت رکھنا (اَر۔ محاورہ) تعلق رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔

نسبت کرنا (اَر۔ محاورہ) منگنی کرنا۔ منسوب کر دینا۔

نسبت ناتا (اَر۔ا۔مذ) شادی بیاہ۔ رشتے داری۔

نسبت ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) تعلق ہونا۔ مطابقت ہونا۔ مشابہت ہونا (۲) منگنی ہونا۔ بات ٹھہرنا۔

نِسبتی (نِس۔بَ۔تی) (اَر۔صف) رشتے دار۔ قرابت دار۔ نسبت رکھنے والا۔

نسبتی بھائی (اَر۔ا۔مذ) (۱) بہنوئی (۲) سالا۔ برادرِ نسبتی۔

نَسَبی (نَ۔سَ۔بی) (ع۔صف) خاندانی۔ نسب سے تعلق رکھنے والا۔

نَسبیات (ع۔اَر۔ا۔مذ) دیکھئے علم نسبیات۔

نِستارا (نِس۔تا۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چھٹکارا۔ رہائی۔ نجات۔ خلاصی (۲) گزرنا۔ عبور کرنا (۳) قرض کی ادائیگی۔

نَسترن (نَس۔تَ۔رَن) (ف۔ا۔مث) گلاب کی قسم کا ایک پودا جس کے پھول سفید اور خوش بُودار ہوتے ہیں۔ سیوتی۔ سیوتی کا پھول۔

نستعلیق (نَس۔تع۔لیق) (ع۔ا۔مذ) نسخ و تعلیق کا مخفف (۱) ایک رسم الخط جو نسخ اور تعلیق خطوں کو ملا کر بنایا گیا ہے (۲) فارسی و اُردو کا رسم الخط جو صاف اور سیدھا ہوتا ہے (۳) (صف) مہذب۔ متین۔ نفیس۔

نَسخ (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) نقل۔ تحریر کی نقل (۲) تردید۔ منسوخی۔ تنسیخ (۳) عربی کا قدیم رسم الخط۔

نُسخہ (نُس۔خہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) نوشتہ۔ لکھا ہوا۔ مکتوب (۲) کتاب۔ جلد۔ مجلّد رسالہ (۳) کاغذ کا وہ پرچہ جس پر طبیب دوائیں تجویز کرتا ہے (۴) ترکیب۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ جمع: نُسخ۔ فارسی جمع: نسخہ جات۔ اُردو جمع: نسخوں۔ نسخے۔

نسخہ باندھنا (اَر۔ محاورہ) طبیب کے لکھے ہوئے نسخے کے مطابق عطار کا اَدویات کی پڑیاں باندھنا۔

نسخہ لکھنا (اَر۔ محاورہ) پرچے پر دوا اور ترکیبِ استعمال لکھنا۔

نَسر (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) چیل کی قسم کا ایک مُردار خور پرند۔ گِدھ (۲) عقاب۔

نسرِ طائر (ع۔ا۔مذ) ستاروں کا ایک گچھا جس کی شکل اُس گِدھ کی طرح ہے جو پَر پھیلائے اُوپر کی طرف اُڑتا ہے۔

نسرِ واقع (ع۔ا۔مذ) ایک ستارہ جو قطبِ جنوبی کی طرف ہے۔ اس کے پہلوؤں میں دو ستارے ہیں جو اِس سے اِس طرح مل گئے ہیں کہ اس کی صورت اُس گِدھ جیسی بن گئی ہے جو کندھے جوڑے ہوئے ہو۔ اِسے نسرِ چرخ اور نسرِ فلک بھی کہتے ہیں۔

نسرین (نَس۔رِین) (ف۔ا۔مث) سیوتی کا پودا اور پُھول۔ ایک قسم کا سفید گلاب۔ نسترن۔

نسرین بدن (نسرین تن۔ نسرین رُخ) (ف۔صف) پُھول سے جسم والا۔ محبوب۔

نس طور (نسطور) (نَس۔طور) (ع۔ا۔مذ) پیرِ دانا۔ آتش پرستوں کا پیشوا۔

نَسَق (نَ۔سَق) (ع۔ا۔مذ) (۱) قاعدہ۔ دستور (۲) بندوبست۔ انتظام۔

نَسل (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) (۱) آل اولاد۔ بال بچے۔ قبیلہ۔ خاندان۔ اُردو جمع: نسلوں۔ نسلیں۔

نسل بڑھانا (اَر۔ محاورہ) اولاد زیادہ کرنا۔ پود بڑھانا۔

نسل پدری (پِ۔دَ۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) باپ کا خاندان۔ جدی خاندان۔

نسل دار (ع۔ف۔ا۔مث) اصیل۔ اچھی ذات کا۔ اچھے خاندان کا۔ عالی نسب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نَسل کُشی (بفتح کاف) (ع۔ف۔ا۔مث) اِنتخاب و اِختلاط سے جانوروں کی ترقی یافتہ و اعلیٰ اَقسام پیدا کرنا۔

نَسل کُشی (بضمِ کاف) (ع۔ف۔ا۔مث) کسی قوم یا نسل کا بڑے پیمانے پر قتل کیا جانا۔ یہ اِصطلاح اُس وقت وجود میں آئی جب جرمن نازیوں نے ساٹھ لاکھ یہودیوں کو موت کے گھاٹ اُتار دیا تھا۔

نسلاً بعدَ نسلٍ (نَس۔لَن۔بَع۔دَ۔نَس۔لِن) (ع۔تابع فعل) پُشت در پُشت۔

نَسلی (نَس۔لی) (ع۔صف) نسل سے متعلق۔ اچھی نسل کا۔

نَسنا (نَس۔نا) (ہ۔مص) غائب ہونا۔ بھاگنا۔ چلا جانا۔

نَس ناس (نَس۔ناس) (ع۔ا۔مذ) (۱) اِنسان سے مُشابہ ایک خیالی جانور جس کی ایک ٹانگ، ایک ہاتھ اور ایک آنکھ ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا شیطان۔

نَس ناسِ ہندی (ع۔ا۔مذ) ہندوستانی بندر یا لنگور۔

نَس وار (نَسوار) (ہ۔ا۔مث) سُونگھنے کا پسا ہوا تمباکو۔ ہلاس۔ ناس۔

نِسوان (نِس۔واں) (ع۔ا۔مث) نساکی جمع۔ عورتیں۔ خواتین۔ مستورات۔

نِسوانی (نِس۔وا۔نی) (ع۔صف) عورتوں سے متعلق۔ عورتوں سے منسوب۔

نُسوت (نِ۔سوت) (واو مجہول) (ہ۔صف) (۱) خالص۔ صاف۔ نِتھرا ہوا (۲) بغیر ملاوٹ کا (۳) ایک پودے کا نام۔

نَسیاً مَنسِیا (نَس۔یَم۔مَن۔سِ۔یا) (ع۔صف) ذہن سے اُترا ہوا۔ بُھولا ہوا۔ فراموش شدہ۔

نِسیان (نِس۔یان) (ع۔ا۔مذ) (۱) بُھول چُوک۔ فراموشی (۲) ایک مرض جس میں اِنسان کے ذہن سے گزشتہ واقعات محو ہو جاتے ہیں۔

نِسیانی (نِس۔یا۔نی) (ع۔صف) بُھلکّڑ۔ بُھول جانے والا۔ یاد نہ رکھنے والا۔

نَسیلا (نَ۔سی۔لا) (ہ۔صف) مضبوط۔ ریشے دار۔

نَسیم (نَ۔سیم) (ع۔ا۔مث) (۱) پچھلی رات کی نرم و معطر ہوا۔ صبح کی ٹھنڈی ہوا (۲) مطلق ہوا۔ جمع: نسائم۔

نسیمِ سَحَر (سَحَری) (ع۔ا۔مث) صُبح کی ہوا۔ ہلکی ہلکی خوشبودار ہوا۔

نَسینی (نَ۔سے۔نی) (ہ۔ا۔مث) لکڑی کی سیڑھی۔

نِسیہ (نِس۔یہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) قرض۔ اُدھار (۲) تاخیر۔ دیر (۳) موقع (۴) بُھولی ہوئی چیز۔ بے فائدہ چیز (۵) قرض کی ادائیگی کے لئے دی جانے والی مُہلت یا وقت۔

ن۔ش

نَشا (نَ۔شا) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے نشہ۔

نَشابیل (س۔ا۔مذ) ذیل کے بُرجوں کا مجموعی نام: ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ قوس اور جدی۔

نَشأۃ (نَش۔اَت) (ع۔ا۔مث) (۱) پیدائش۔ نئی زندگی (۲) اُگنا۔ پُھوٹنا (۳) دُنیا۔ جہان۔

نشأۃِ ثانیہ (ع۔ا۔مث) کسی قوم یا مُلک کا اَز سرِ نو ترقی کرنا۔ دوبارہ عروج پانا۔ (Renaissance)

نَشأتین (نَش۔اَ۔تین) (ع۔ا۔مذ) نشأۃ کا تثنیہ۔ دونوں جہان۔ دُنیا اور عقبیٰ۔

نِشاخاطِر (اَر۔ا۔مث) نشاطِ خاطر کا بگاڑ۔

نَشاط (نَ۔شاط) (ع۔ا۔مث) خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔ مزہ۔

نَشاط افزا (انگیز) (ع۔ف۔صف) فرحت بڑھانے والا۔ خوشی زیادہ کرنے والا۔

نشاطِ خاطِر (ع۔ف۔ا۔مث) دِل جمعی۔ تسلّی۔ اِطمینان۔

نشاطِ کار (ع۔ف۔ا۔مذ) کام کرنے کی اُمنگ۔ کارگزاری کا شوق۔

نَشّاف (نَش۔شاف) (ع۔صف) جذب کرنے والا۔ جاذب۔

نِشان (نِ۔شان) (ف۔ا۔مذ) (۱) آثار (۲) کھوج۔ پتا۔ سُراغ (۳) ٹھپّا۔ چھاپا (۴) یادگار (۵) جھنڈا۔ علَم (۶) مقام (۷) داغ۔ دھبا (۸) بادشاہ کا فرمان (۹) تمغا (۱۰) اثر۔ علامت (۱۱) کارخانے کی مُہر۔ ٹریڈ مارک (۱۲) کُھرا۔ کھوج (۱۳) پھوڑے یا زخم کا داغ (۱۴) ہدف۔ نشانہ (۱۵) کسی جماعت کی علامت۔ جمع: نشانات۔ اردو جمع: نشان۔ نشانوں۔

نشان باقی نہ چھوڑنا (رکھنا) (اَر۔محاورہ) نیست و نابُود کر دینا۔ برباد کرنا۔

نشان بردار (ف۔صف) علَم بردار۔ جھنڈا لے کر چلنے والا۔

نشانِ پا (ف۔ا۔مذ) قدم کا نشان جو چلنے میں زمین پر بن جاتا ہے۔

نشان پانا (اَر۔محاورہ) پتا پا لینا۔ سُراغ پانا۔

نشان پر سہرا چڑھانا (اَر۔محاورہ) منّت پُوری ہونے کے بعد تعزیے کے علَم پر پُھولوں کے سہرے چڑھانا۔

نشان پڑنا (اَر۔محاورہ) دھبا پڑنا۔ چوٹ کی علامت باقی رہنا۔

نشان چڑھانا (اَر۔محاورہ) منگنی یا ساچق کے روز انگوٹھی چھلّا وغیرہ دُلہن کو پہنانا۔

نشانِ حیدر (ف۔ا۔مذ) پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز جو برطانیہ کے وکٹوریا کراس کے برابر ہے۔

نشان دہی (ف۔ا۔مث) سُراغ رسانی۔ پتا دینا۔ ٹھکانا بتانا۔

نشان رہ جانا (اَر۔محاورہ) علامت رہ جانا۔ یادگار باقی رہ جانا۔

نشان سے گُور جانا (اَر۔محاورہ) نام وری حاصل کرنے کی خواہش باقی نہ رہنا۔

نشان کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) دھبا ڈالنا (۲) نمبر ڈالنا (۳) صحیح کرنا۔

نشان گاڑنا (اَر۔محاورہ) جھنڈا گاڑنا۔

نشان مٹنا (اَر۔محاورہ) نام و نشان باقی نہ رہنا۔ کوئی یادگار باقی نہ چھوڑنا۔

نشان مِلنا (اَر۔محاورہ) سُراغ مِلنا۔ پتا معلوم ہونا۔

نشان نہ رکھنا (اَر۔محاورہ) نیست و نابُود کر دینا۔ تباہ و برباد کر دینا۔

نشان نہ ہونا (اَر۔محاورہ) پتا نہ ہونا۔ معدوم ہونا۔

نِشانات (ف۔ا۔مذ) نشان کی عربی قاعدے سے جمع۔

نِشانچی (نِ۔شان۔چی) (ف۔ا۔مذ) (۱) عُمدہ نشانہ لگانے والا۔ قادر انداز (۲) جھنڈا بردار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نِشانَہ (نِ۔شا۔نہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) ہدف۔ وہ علامت جو گولی یا تیر کی مشق کے لئے بنائی جائے۔ گولی یا تیر مارنے کی جگہ۔ شست۔ زد۔ اُردو جمع: نشانوں۔ نشانے۔

نشانہ اُڑا دینا (اُڑانا) (اَر۔ محاورہ) نشانے کا ہدف پر بیٹھنا۔ گولی یا تیر مار کر ہدف کا نشان اُڑا دینا۔

نشانہ انداز (ف۔ صف) ٹھیک نشانہ لگانے والا۔ نشانچی۔

نشانہ باندھنا (اَر۔ محاورہ) نشانہ تاکنا۔ شست لگانا۔

نشانہ بنانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہدف بنانا (۲) ہدف ملامت بنانا۔

نشانہ بچنا (اَر۔ محاورہ) نشانہ خطا ہو جانا۔

نشانہ بننا (اَر۔ محاورہ) (۱) گولی یا تیر وغیرہ مارنے کی جگہ بننا (۲) گولی وغیرہ لگنا (۳) ہدف ملامت بننا۔

نشانہ بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) گولی یا تیر صحیح نشانے یا ہدف پر لگنا۔

نشانہ پَٹ پڑنا (اَر۔ محاورہ) نشانہ خطا ہونا۔ گولی وغیرہ کا نشانے پر نہ لگنا۔

نشانہ (تاکنا) جوڑنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے نشانہ باندھنا۔

نشانہ چُوکنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے نشانہ خطا ہونا۔

نشانہ خالی نہ جانا (اَر۔ محاورہ) وار خالی نہ جانا۔ شست پر لگنا۔

نشانہ خطا کرنا (اَر۔ محاورہ) نشانہ چوک جانا۔ نشانہ ہدف پر نہ لگنا۔

نشانہ خطا ہونا (اَر۔ محاورہ) گولی کا نشانے پر نہ لگنا۔ نشانہ بچنا۔ نشانہ پٹ پڑنا۔

نشانہ کرنا (لگانا۔ مارنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) شست باندھ کر گولی یا تیر نشانے پر مارنا (۲) شکار کرنا (۳) چاند ماری کرنا۔

نشانہ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) گولی یا تیر سے مارا جانا۔ مر جانا۔ شکار ہونا (۲) آماج گاہ بننا۔

نِشانی (نِ۔شا۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) یادگار (۲) پہچان۔ شناخت۔ علامت (۳) آل اولاد۔ نسل۔ خاندان (۴) انگوٹھی جو منگنی کے روز دُلہن اور دولھا کو پہناتے ہیں۔ اُردو جمع: نشانیاں۔ نشانیوں۔

نشانی دینا (اَر۔ محاورہ) کوئی چیز بطور یادگار دینا۔

نشانی رکھنا (اَر۔ محاورہ) یادداشت کے واسطے کتاب میں کوئی چیز رکھنا۔

نشانی کرنا (اَر۔ محاورہ) ناخواندہ شخص کا دستخط کی جگہ لکیر بنانا۔

نشانی کا چھلا (اَر۔ا۔مذ) وہ چھلا جو بطور یادگار کسی کو دیا جائے۔

نِشانے (اَر۔ا۔مذ) (۱) نشانہ کی جمع (۲) نشانہ کی مغیرہ شکل۔

نشانے پر بیٹھنا (پڑنا۔ پہنچنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) گولی یا تیر کا صحیح جگہ پر لگنا (۲) مقصد بر آنا۔ تدبیر کارگر ہونا (۳) بات کا اثر ہونا۔

نِشتَر (نش۔تر) (ف۔ا۔مذ) نیشتر کا مخفف۔ زخم چیرنے کا اوزار۔

نشتر دینا (اَر۔ محاورہ) نشتر لگانا۔ نشتر سے چیرنا۔

نشتر زن (ف۔ صف) نشتر دینے والا۔ فصّاد۔ فصد کھولنے والا۔

نشتر زنی (ف۔ا۔مث) نشتر لگانا۔ نشتر لگانے کا عمل۔

نشتر کھانا (اَر۔ محاورہ) تکلیف اُٹھانا۔ صدمہ اُٹھانا۔

نشتر لگانا (اَر۔ محاورہ) کسی عضو میں نشتر چبھونا۔

نشتر مارنا (اَر۔ محاورہ) نشتر سے کام لینا۔ نشتر کو بے ساختہ چبھو دینا۔

نَشْٹ (س۔ا۔مث) (۱) تباہی۔ بربادی (۲) (صف) کھویا ہوا۔ پنہاں۔ گمشدہ (۳) ضائع شدہ۔ تباہ۔ برباد۔ (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

نِشچت (نش۔چت) (س۔صف) (۱) معلوم کیا ہوا۔ تحقیق کیا ہوا (۲) فیصلہ شدہ (۳) (مذ) یقین (۴) فیصلہ۔ نتیجہ (۵) (متعلق فعل) یقینی طور پر۔

نِشچنت (نش۔چنت) (س۔صف) بے فکر۔ بے پروا۔ جسے کوئی کام نہ ہو۔

نِشچے (نش۔چے) (س۔ا۔مذ) (۱) تفتیش۔ تحقیقات (۲) پکی رائے۔ فیصلہ (۳) یقین۔ ایمان (۴) اِرادہ۔ منشا۔

نشچے کرنا (ہ۔ محاورہ) (۱) یقین کرنا (۲) دریافت کرنا (۳) اِرادہ کرنا (۴) فیصلہ کرنا (۵) اطمینان کرنا (۶) ذمے لینا۔ ضمانت دینا۔

نَشر (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) زندہ کرنا۔ زندہ ہونا (۲) اِشاعت۔ پھیلاؤ (۳) بکھیرنا (۴) خبر مشہور کرنا۔

نشر کرنا (اَر۔ محاورہ) ریڈیو کے ذریعے آواز پھیلانا۔ براڈ کاسٹ کرنا۔

نشری (ع۔صف) نشر سے منسوب۔

نشریات (نش۔ری۔آت) (ع۔ا۔مث) نشریہ کی جمع۔ براڈ کاسٹنگ۔

نشریہ (نش۔ری۔یہ) (ع۔ا۔مذ) وہ بات جو ریڈیو کے ذریعے پھیلائی جائے۔

نِشَست (نِ۔شست) (ف۔ا۔مث) (۱) بیٹھک (۲) موزونیت (۳) صحبت۔ ہم نشینی (۴) بیٹھنے کی جگہ۔ کرسی۔ سیٹ (۵) اجلاس (۶) پارے کا بیٹھ جانا۔ اُردو جمع: نشستوں۔ نشستیں۔

نشست برخاست (ف۔ا۔مث) (۱) اُٹھنا بیٹھنا (۲) اُٹھنے بیٹھنے کی تمیز۔

نشست ٹھہرانا (اَر۔ محاورہ) بیٹھنے کی جگہ مقرر کرنا۔

نشست گاہ (ف۔ا۔مث) بیٹھک۔ دیوان خانہ۔ بیٹھنے کی جگہ۔

نَشو (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) بالیدگی۔ رُوئیدگی۔ نمو۔ پیداوار (۲) اُگنا۔ پیدا ہونا۔ بڑھنا۔ پھولنا پھلنا۔

نشو و نما (ن پر زبر) (ع۔ا۔مث) (۱) بالیدگی۔ روئیدگی۔ پھلنا پھولنا۔ پرورش پانا (۲) رونق۔ ظہور۔ ترقی۔

نشو و نما پانا (اَر۔ محاورہ) (۱) نمو ہونا۔ پرورش پانا۔ سرسبز و شاداب ہونا (۲) ترقی کرنا۔ بڑھنا۔ پھلنا پھولنا۔

نُشور (نُ۔شور) (ع۔ا۔مذ) (۱) مُردے کا روزِ حشر اُٹھنا (۲) حشر۔ قیامت۔

نشہ (نَشّہ) (نَ۔شہ) (نَش۔شہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) مستی۔ سرور۔ خمار۔ وہ کیفیت جو شراب' افیون وغیرہ کے اِستعمال کے بعد پیدا ہوتی ہے (۲) غرور۔ گھمنڈ (۳) ولولہ۔ ترنگ۔ اُردو جمع: نشوں۔ نشے۔

نشہ آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) سرور آنا۔ نشہ چڑھنا (۲) مزہ آنا۔ لطف آنا۔

نشہ آور (ف۔صف) نشہ لانے والا (والی)۔

نشہ اُترنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خمار جاتا رہنا۔ نشہ آور چیز کا اثر ختم ہو جانا (۲) ہوش میں آنا (۳) غرور جاتا رہنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نشہ اُس نے پیا، خمار تمھیں چڑھا (اَر۔ مثل) امیر آدمی کے رشتے دار فخر کریں تو کہا جاتا ہے۔
نشہ بودا ہونا (اَر۔ محاورہ) ایسا نشہ ہونا جس سے جرأت اور دلیری جاتی رہے۔
نشہ پانی (اَر۔ ا۔ مذ) نشے کی چیز۔ بھنگ وغیرہ۔
نشہ پانی کرانا (اَر۔ محاورہ) نشے کی چیز کھانے پینے کو دینا (۲) رشوت دینا۔
نشہ پیدا ہونا (اَر۔ محاورہ) نشہ آور چیز کھانے سے سُستی کی حالت ہونا۔
نشہ جمنا (اَر۔ محاورہ) نشے کا پائیدار ہونا۔
نشہ جوان ہونا (اَر۔ محاورہ) نشے کا تیزی پر ہونا۔
نشہ چڑھنا (اَر۔ محاورہ) سرور ہونا۔ مست ہونا۔ مخمور ہونا۔
نشہ رہنا (اَر۔ محاورہ) سرور رہنا۔ مستی قائم رہنا۔
نشۂ شباب (جوانی) (ف۔ ا۔ مذ) جوانی کا جوش۔
نشہ کرکرا کرنا (اَر۔ محاورہ) رنگ میں بھنگ ڈالنا۔ مزہ بگاڑنا۔ عیش میں خلل ڈالنا۔
نشہ کرکرا ہونا (اَر۔ محاورہ) نشہ کرکرا کرنا کا لازم۔
نشہ کرنا (اَر۔ محاورہ) نشہ آور چیز استعمال کرنا (۲) نشیلی چیزوں کا عادی ہونا۔
نشہ مٹی کرنا (اَر۔ محاورہ) نشہ کرکرا کرنا۔ رنگ میں بھنگ ڈالنا۔
نشۂ مردانگی (مر۔ دا۔ ن۔ گی) (ف۔ ا۔ مذ) مردانگی کا غرور۔ مردانگی کا جوش۔ بہادری اور مردانگی پر ناز۔
نشہ ہرن ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی خوف یا صدمے کے باعث نشے کا ختم ہو جانا۔ ہوش میں آجانا (۲) غفلت جاتی رہنا۔
نشہ ہونا (اَر۔ محاورہ) سرور ہونا۔ خمار چڑھنا۔ مدہوشی طاری ہونا۔
نشے (نَ۔ شے) (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) نشہ کی جمع (۲) نشہ کی بدلی ہوئی صورت۔
نشے باز (اَر۔ صف) نشے کا عادی۔ نشے کا شوقین۔ شرابی۔ بھنگی۔ بھنگڑ۔ چرسی۔ افیمی۔
نشے سے (میں) بہکنا (اَر۔ محاورہ) بدمست ہو کر بے ہودہ باتیں کرنا (۲) مغرور ہونا۔
نشے کا اُتار (اَر۔ ا۔ مذ) نشے کا کم ہونا۔ خمار کا جاتا رہنا۔
نشے کے ڈورے (اَر۔ ا۔ مذ) آنکھ کی رگوں کی سُرخی جو خمار سے آنکھوں سے ظاہر ہوتی ہے۔
نشے میں چُور (غَیں) (اَر۔ صف) بے حد مخمور۔ سرشار۔ مدہوش۔ بدمست۔
نشیب (نَ۔ شیب) (بیائے مجہول) (ف۔ ا۔ مذ) پستی۔ گہرائی۔ نیچان۔
نشیب و فراز (ف۔ ا۔ مذ) اونچ نیچ۔ اُتار چڑھاؤ۔
نَشید (نَ۔ شید) (ع۔ ا۔ مذ) گانے کی آواز۔ سرور۔ نغمہ۔ سُر۔ الاپ۔
نشید خواں (ف۔ صف) نغمہ سنج۔ لحن سے گانے والا۔ مغنّی۔
نَشیلا (نَ۔ شی۔ لا) (اَر۔ صف) (۱) نشے میں سرشار۔ بدمست۔ متوالا (۲) نشہ آور۔ جس سے نشہ پیدا ہو۔
نَشیلی (نَ۔ شی۔ لی) (اَر۔ صف) نشیلا کی تانیث۔
نشیلی آنکھیں (اَر۔ ا۔ مث) خمار آلود آنکھیں۔ مست آنکھیں۔

نشیمن (نَ۔ شے۔ مَن) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) مسکن (۲) آشیانہ۔ گھونسلا۔
نشیمن کرنا (اَر۔ محاورہ) بسیرا کرنا۔ گھونسلا بنانا۔
نشیمن گاہ (ف۔ ا۔ مث) خلوت گاہ۔ آرام گاہ۔
نَشین (نَ۔ شین) (ف۔ لاحقہ فاعلی) فارسی مصدر نشستن کا صیغہ امر جو اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور بیٹھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے گوشہ نشین۔
نَشینی (نَ۔ شی۔ نی) (ف۔ ا۔ مث) بیٹھنا۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے تخت نشینی۔

ن۔ ص

نَص (بفتح اول و تشدید دوم) (ع۔ صف۔ وا۔ مث) (۱) کھود کھود کر پوچھنا۔ چھان بین کرنا (۲) ظاہر۔ آشکار (۳) قطعی حُکم۔ ناطق حُکم (۴) قرآن پاک کی وہ آیت جو صاف اور صریح ہو (۵) وہ کلام جو واضح اور صاف ہو۔ جمع: نُصوص۔
نصِ قرآنی (ع۔ ا۔ مث) صاف اور صریح آیت۔
نصِ ناطق (ع۔ ا۔ مث) قطعی حُکم۔ ایسا کلام جس میں شک و شبہ کی گنجائش نہ ہو۔
نِصاب (نِ۔ صاب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) پڑھائی کا کورس۔ معیّن درس (۲) سرمایہ۔ پونجی۔ سال بھر کی آمدن اور خرچ کے بعد جو مال بچ رہے۔ اس پر شرعاً زکوٰۃ فرض ہوتی ہے (۳) جانچ۔ تول۔ اندازہ (۴) جڑ۔ بنیاد (۵) ترازو کی موٹھ (۶) چاقو کا دستہ۔ تلوار کا قبضہ۔
نصابِ تعلیم (ع۔ ا۔ مذ) درس و تدریس کی وہ کتابیں جو کسی خاص جماعت کے لئے مقرّر کی گئی ہوں۔
نِصابی (نِ۔ صا۔ بی) (ع۔ صف) نصاب سے متعلق۔ نصاب کی۔
نَصاریٰ (نَ۔ صا۔ را) (ع۔ ا۔ مذ) نصران یا نصرانی کی جمع۔ حضرت عیسیٰ کے پیرو۔
نَصائح (نَ۔ صا۔ اِح) (ع۔ ا۔ مث) نصیحت کی جمع۔
نَصب (بفتح اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) گاڑنا۔ کھڑا کرنا۔ لگانا۔ قائم کرنا۔ برپا کرنا (۲) زَبر۔ زَبر کی علامت۔ جمع: انصاب۔
نصب العین (نص۔ بُل۔ عین) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) اصلی مقصد۔ دلی منشا (۲) اُصول۔ آدرش۔
نصب کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) کھڑا کرنا۔ گاڑنا۔ بپا کرنا۔ قائم کرنا۔
نَصر (بفتح اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) مدد۔ حمایت۔ کمک (۲) فتح۔ ظفر۔ نُصرت۔
نَصرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتحٌ قَرِیب (آیتِ قرآنی) خُداوند تعالیٰ کی مدد شاملِ حال ہو تو فتح نزدیک ہے۔ سفر پر جانے والے یا جنگ پر جانے والے سے کہتے ہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نَصرانی (نَص۔را۔نی) (ع۔ صف) (۱) کنعان کے قصبہ ناصرہ (جہاں حضرت عیسیٰؑ کی ولادت ہوئی تھی) سے منسوب (۲) دینِ مسیح کا پیرو۔ عیسائی۔
نَصرانِیَّت (نَص۔را۔نی۔یَت) (ع۔ امث) عیسائی مذہب۔ مسیحی عقائد کی باتیں۔
نُصرَت (نُص۔رَت) (ع۔ امث) (۱) مدد۔ حمایت (۲) فتح۔ جیت۔
نِصف (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ صف) آدھا۔ نیم۔
نِصفُ النَّہار (نِص۔فُن۔نَ۔ہار) (ع۔ امذ) دوپہر کا وقت۔ دن کا نصف۔
نِصف دائرہ (ع۔ امذ) دائرے کا نصف جس میں قُطر دائرے کو دو برابر حِصّوں میں تقسیم کرتا ہے۔
نِصف قُطر (ع۔ امذ) قطر کی کُل لمبائی کا آدھا۔
نِصفا (نِصف) نِصفی (اُر۔ صف) آدھا آدھا۔ آدھوں آدھ۔ آپس میں برابر کی تقسیم۔
نَصَفَت (نَص۔فَت) (ع۔ امث) اِنصاف۔ عدل۔
نَصُوح (نَ۔صُوح) (ع۔ صف۔ وامذ) (۱) خالص۔ صاف (۲) پکّی توبہ۔
نَصُوحا کی توبہ (اُر۔ امث) وہ توبہ جو ہمیشہ کے لئے ہو۔
نُصُوص (نُ۔صُوص) (ع۔ امث) نص کی جمع۔ قرآن کریم کی وہ آیات جن کے معانی صاف اور صریح ہوں۔
نَصِیب (نَ۔صِیب) (ع۔ امذ) (۱) قسمت۔ طالع۔ تقدیر۔ مقدّر (۲) حِصّہ۔ بھاگ۔ بہرہ (۳) حاصل۔ میسّر (۴) جس کے مقدر میں کوئی بات ہو۔ ان معنوں میں مرکبات میں اِستعمال ہوتا ہے جیسے حرماں نصیب۔ خوش نصیب۔ اُردو جمع: نصیب۔ نصیبوں۔
نصیب آزمانا (اُر۔ محاورہ) قسمت آزمانا۔ کوشش کرنا اور نتیجے کو قسمت پر چھوڑ دینا۔
نصیبِ اَعدا (ع۔ شگون کا کلمہ) دُشمنوں کو نصیب ہو۔ دُشمن کو میسّر ہو۔
نصیب اُلٹنا (بگڑنا) (اُر۔ محاورہ) قسمت کا پلٹا کھانا۔ حالات کا بگڑ جانا۔
نصیب پانا (اُر۔ محاورہ) اپنی قسمت کا لکھا حاصل کرنا (۲) مقدّر کا لکھا سامنے آنا۔
نصیب پلٹنا (اُر۔ محاورہ) حالات میں اِنقلاب رُونما ہونا۔ حالات کا بہتر ہو جانا۔
نصیب پھرنا (اُر۔ محاورہ) اچھے دن آنا۔ حالات کا سازگار ہونا۔
نصیب (پھوٹنا) پھوٹ جانا (اُر۔ محاورہ) قسمت بگڑ جانا۔ مُصیبت آنا۔
نصیب ٹیڑھا ہونا (اُر۔ محاورہ) بدقسمت ہونا۔
نصیب جاگنا (اُر۔ محاورہ) قسمت کُھلنا۔ حالات کا سازگار ہونا۔
نصیب چمکنا (اُر۔ محاورہ) تقدیر جاگنا۔ حالات کا سازگار ہو جانا۔
نصیبِ خُفتہ (ع۔ ف۔ امذ) (۱) سویا ہوا نصیب۔ بدقسمتی (۲) (صف بغیر اضافت) بدبخت۔ بدنصیب۔
نصیبِ دُشمناں (ف۔ کلمہ دُعا) دُشمن کو نصیب ہو۔ دُشمن کو میسّر ہو۔
نصیب سو جانا (اُر۔ محاورہ) بدبختی کا زمانہ ہونا۔
نصیب سے (اُر۔ تابع فعل) قسمت سے۔ خوش قسمتی اور بدقسمتی دونوں کے لئے بولا جاتا ہے۔
نصیب سیدھا ہونا (اُر۔ محاورہ) قسمت یاور ہونا۔
نصیب کا لکھا (اُر۔ امذ) مقدّر۔ مقسُوم۔ نوشتۂ تقدیر۔
نصیب (کُھل جانا) کُھلنا (اُر۔ محاورہ) قسمت اچھی ہونا۔ حالات کا بہتر ہونا۔
نصیب کی شامت (اُر۔ امث) بدقسمتی۔ بدبختی۔
نصیب کی قسم کھانا (اُر۔ محاورہ) کسی کی خوش قسمتی کی قسم کھانا۔
نصیب کیا دکھاتا ہے (اُر۔ محاورہ) آیندہ کیا پیش آتا ہے۔ (دیکھو کے ساتھ)۔
نصیب لڑانا (اُر۔ محاورہ) قسمت آزمائی کرنا۔ کوشش کرنا۔
نصیب لڑنا (اُر۔ محاورہ) تقدیر یاور ہونا۔ حالات بہتر ہونا۔
نصیب میں لکھا ہونا (اُر۔ محاورہ) قسمت میں ہونا۔ نوشتۂ تقدیر ہونا۔
نصیب نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) حاصل نہ ہونا۔ میسّر نہ ہونا۔
نصیب ہونا (اُر۔ محاورہ) حاصل ہونا۔ میسّر ہونا۔ دستیاب ہونا۔
نصیب یاور ہونا (اُر۔ محاورہ) خوش قسمت ہونا۔
نصیبوں (نَ۔صی۔بوں) (اُر۔ امذ) نصیب کی جمع۔
نصیبوں پر پتھر پڑنا (اُر۔ محاورہ) مقدر خراب ہو جانا۔ قسمت بگڑ جانا۔
نصیبوں جلا (اُر۔ صف) بدقسمت۔ بدطالع۔ بدبخت۔
نصیبوں جلی (اُر۔ صف) نصیبوں جلا کی تانیث۔
نصیبوں سے (اُر۔ تابع فعل) قسمت سے۔ نصیب سے۔
نصیبوں کا ستارہ چمکنا (اُر۔ محاورہ) اِقبال کا زمانہ ہونا۔ حالات بہتر ہونا۔
نصیبوں کو دُعا دو (اُر۔ محاورہ) تقدیر کا احسان مانو۔ قسمت کے شکر گزار ہو۔
نصیبوں کو رونا (اُر۔ محاورہ) بدقسمتی کی شکایت کرنا۔
نصیبوں کی خوبی (اُر۔ امث) (طنزًا) بدنصیبی۔ بدبختی۔ شامت۔
نصیبوں کے بلیا پکائی کھیر ہوگیا دلیا (اُر۔ مثل) قسمت کی بدنصیبی۔ کیا کچھ اور ہو گیا کچھ۔ (بلیا: بلی۔ بلوان۔ طاقتور)۔
نصیبوں میں ہونا (اُر۔ محاورہ) تقدیر میں ہونا۔
نَصِیبَہ (نَ۔صی۔بَہ) (ع۔ امذ) قسمت۔ نصیب۔ تقدیر۔ بھاگ۔ مقدّر۔ اُردو جمع: نصیبوں۔ نصیبے۔
نصیبہ پھر جانا (اُر۔ محاورہ) تقدیر اچھی ہونا۔ اچھے دن آنا۔ بہتر وقت آنا۔
نصیبہ سو جانا (اُر۔ محاورہ) قسمت بگڑ جانا۔ نیز دیکھئے نصیب سو جانا۔
نصیبہ وَر (ع۔ ف۔ صف) خوش قسمت۔ بھاگوان۔
نَصِیبی (نَ۔صی۔بی) (ف۔ صف) (۱) نصیب سے متعلق۔ نصیب کا (۲) (اُر۔ امث) نصیب۔ قسمت۔ مرکبات میں مستعمل ہے جیسے خوش نصیبی۔ بدنصیبی۔
نَصِیبے (نَ۔صی۔بے) (اُر۔ امذ) نصیبہ کی جمع (۲) نصیبہ کی مُغیّرہ شکل۔
نصیبے کا دھنی (اُر۔ صف) خوش قسمت۔ بلند اِقبال۔
نصیبے کا سکندر (اُر۔ صف) کمال بلند اِقبال۔ اِنتہائی بخت آور۔ بے حد خوش قسمت۔ مقدّر کا سکندر۔
نصیبے ور (اُر۔ ف۔ صف) دیکھئے نصیبہ وَر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نصیبے میں (اُر۔ تابع فعل) قسمت میں۔ مقدّر میں۔

نَصِیحَت (نَ۔صی۔حت) (ع۔ا۔مث) (۱) پند۔ اچھی صلاح۔ نیک مشورہ (۲) فہمائش (۳) تنبیہ۔ عبرت۔ جمع: نصائح۔ اُردو جمع: نصیحتوں۔ نصیحتیں۔

نصیحت آمیز (ع۔ف۔صف) (۱) وہ بات جس میں نیک مشورہ شامل ہو (۲) عبرت دِلانے والی بات۔

نصیحت بہ لقمان آموختن (ف۔مثل) لقمان کو حکمت سکھانا۔ جاننے والے کو کوئی بات بتانا۔

نصیحت پانا (اُر۔ محاورہ) (۱) نصیحت حاصل کرنا۔ عبرت پکڑنا۔ ہدایت پانا (۲) سزا پانا۔ پاداش ملنا۔

نصیحت پذیر (ع۔ف۔صف) نصیحت قبول کرنے والا۔ نیک مشورے کو مان لینے والا۔

نصیحت دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) سمجھانا۔ نیک بات بتانا (۲) تنبیہ کرنا۔ گوش مالی کرنا۔ عبرت دِلانا۔

نصیحت قبول کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی اچھی بات مان لینا۔

نصیحت کرنا (اُر۔مص مُرکّب) سمجھانا۔ نیک صلاح دینا۔

نصیحت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ تحریر جس میں پند و نصائح تحریر ہوں۔

نَصِیر (نَ۔صِیر) (ع۔صف) (۱) مدد کرنے والا۔ معاون (۲) دوست۔ جمع: اَنصار۔

نُصَیری (نُ۔صَے۔ری) (ع۔ا۔مذ) ایک فرقے کا نام جس کا بانی نُصیر نام کا ایک شامی تھا۔ اِس فرقے کے لوگ حضرت علیؓ کو خُدا مانتے ہیں (۲) ایک قبیلے کا نام جو شام اور ایشیائے کوچک میں آباد ہے (۳) (صف) نُصیری فرقے کا پیرو۔ نُصیری فرقے سے منسوب۔

ن۔ض

نَضارَت (نَ۔ضا۔رَت) (ع۔ا۔مث) تازگی۔ آب داری۔ چمک دمک۔

نُضج (بفتحِ اول و نیز بضمِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) میوے کا پکنا (۲) اطبّا کی اِصطلاح میں خلطِ فاسد کا رقیق یا غلیظ ہو کر نکلنا۔ مادّے کا پکنا (۳) گوشت وغیرہ کا پکنا۔

نَضِیج (نَ۔ضِیج) (ع۔صف) پختہ۔ پکا ہوا۔ نرم۔ گداز۔

نَضِیجُ الرّائے (نَ۔ضی۔جُر۔رائے) (ع۔صف) پختہ رائے والا۔ اچھا صلاح کار۔

نَضِیر (نَ۔ضِیر) (ع۔صف) (۱) آب دار۔ تازہ (۲) سونا۔ زر۔ طِلا۔

ن۔ط

نِطَع (بکسرِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) چمڑے کا بچھونا (۲) چمڑے کا دسترخوان جو کپڑے کے دسترخوان کے نیچے بچھاتے ہیں (۳) چمڑے کا ٹکڑا۔

نُطفَہ (نُط۔فَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) صاف شفّاف پانی (۲) منی (۳) اولاد۔

نُطفۂ (بے) ناتحقیق (ع۔صف) (۱) حرامی۔ وہ شخص جس کی نسبت یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا باپ کون ہے (۲) بد اصل۔ بدذات۔ بے حد شریر۔ فتنی۔

نُطفہ (ٹھہرنا) قرار پانا (اُر۔ محاورہ) حمل ہونا۔ پیٹ میں بچّہ پڑنا۔

نُطفۂ حرام (ع۔صف) شرارتی۔ حرامی۔ ولدُالزّنا۔

نُطق (بضمِ اول و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) گویائی۔ بولنے کی قوّت (۲) بات۔ گفتگو۔

نِطاق (نِ۔طاق) (ع۔ا۔مذ) کمر کا پٹکا۔

نُطُول (نُ۔طول) (ع۔ا۔مذ) دھار مارنے یا چھڑکنے کا پانی۔ دواؤں کا جوش دیا ہوا پانی جس سے دھارتے ہیں۔

ن۔ظ

نُظّار (نُظ۔ظار) (ع۔ا۔مذ) ناظر کی جمع۔ نظر کرنے والے۔ دیکھنے والے۔

نَظارَت (نَ۔ظا۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) دیکھنا (۲) محافظت۔ نگہبانی (۳) ناظر کا عُہدہ۔ ناظر کا محکمہ اور دفتر۔

نَظّارگی (نظ۔ظا۔رَ۔گی) (ف۔ا۔مث) نظارہ۔ دیدار۔ نظارہ بازی۔ تماش بینی۔

نَظّارہ (نَظارہ) (نظ۔ظا۔رہ) (نَ۔ظا۔رہ) (ع۔ا۔مذ) دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) نظربازی۔ دیدار۔ درشن (۳) نظر۔ چتون۔ اُر جمع: نظاروں۔ نظارے۔

نظارہ باز (ع۔ف۔صف) نظربازی کرنے والا۔ تاڑنے والا۔

نظارہ بازی (ع۔ف۔ا۔مث) نظربازی۔ گھورا گھاری۔

نظارہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) دیکھنا۔

نظارہ مارنا (اُر۔ محاورہ) دیکھنا۔ گھورنا۔ تاکنا۔ جھانکنا۔

نَظافَت (نَ۔ظا۔فت) (ع۔ا۔مث) پاکیزگی۔ صفائی۔

نِظام (نِ۔ظام) (ع۔ا۔مذ) (۱) موتیوں کی لڑی (۲) جڑ۔ بُنیاد (۳) سلسلہ۔ ترتیب (۴) بندوبست۔ انتظام (۵) آراستگی (۶) طریقہ (۷) صلاح کار (۸) ترتیب۔ جمع: نُظُم۔ فارسی جمع: نظام ہا۔ اُردو جمع: نظام۔ نظاموں۔

نظامُ الاَوقات (نِ۔ظا۔مُل۔اَو۔قات) (ع۔ا۔مذ) پروگرام۔

نظامِ بطلیموس (ع۔ا۔مذ) حکیم بطلیموس کا نظام جس میں زمین کو مرکز قرار دیا گیا ہے اور اس کے گرد سورج' چاند' ستاروں کو گردش کرتے مانا گیا ہے۔

نظامِ شمسی (ع۔ا۔مذ) سورج کا نظام۔ سیاروں کا وہ حلقہ جس کا مرکز سورج ہے۔ اِس نظام میں درج ذیل نو سیارے اور اُن کے چاند' سیارچے اور دُم دار تارے شامل ہیں (۱) عطارد (۲) زُہرہ (۳) زمین (۴) مریخ (۵) مُشتری (۶) زُحل (۷) یورےنس (۸) نیپچون (۹) پلوٹو۔

نِظامَت (نِ۔ظا۔مَت) (ع۔ا۔مث) (۱) ناظم کا عُہدہ۔ ناظم کا کام (۲) اِنتظام۔ بندوبست (۳) محکمہ۔ دفتر۔ ڈائریکٹوریٹ۔

نِظامی (نِ۔ظا۔مِی) (ف۔صف) (۱) سلسلۂ نظامیہ کا مُرید جو حضرت نظام الدّین اولیاؒ سے منسوب ہے (۲) نظام المُلک وزیر سے منسوب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نِظامیہ (ن۔ ظا۔ ی۔ یہ)(ع۔ ا۔ مث)(۱) بغداد کی قدیم یونیورسٹی (۲) جنگی فوج (۳) تصوّف کا ایک سِلسِلہ جو حضرت نظام الدین اولیاؒ سے منسوب ہے۔

نَظائر (ن۔ ظا۔ ار)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) نظیرۃ کی جمع جو نظیر کی تانیث ہے۔ اُردو میں نظیر کی جمع کے طور پر مستعمل ہے۔ دیکھئے نظیر۔

نَظَر (ن۔ ظر)(ع۔ ا۔ مث)(۱) بغور دیکھنا (۲) نگاہ۔ آنکھ (۳) بصارت (۴) غور۔ تامّل (۵) نگرانی۔ دیکھ بھال (۶) تمیز۔ جانچ پرکھ (۷) توجّہ۔ مہربانی (۸) معاینہ (۹) تخمینہ۔ اندازہ (۱۰) اُمید۔ توقع (۱۱) بھوت پریت کا اثر۔ آسیب۔ جمع: اَنظار۔ اُردو جمع: نظروں۔ نظریں۔

نظر آنا (اُر۔ محاورہ)(۱) دکھائی دینا۔ سُوجھنا (۲) دھیان میں آنا۔

نظر اُتارنا (اُر۔ محاورہ) صدقہ دینا۔ کسی عمل یا منتر سے بُری نظر کا اثر دُور کرنا۔

نظر اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) آنکھ اونچی کرنا۔ آنکھ اُٹھانا۔

نظر اُٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) اتفاقاً نگاہ پڑ جانا۔ اتفاقاً دیکھ لینا۔

نظرِ اِلتفات (ع۔ ا۔ مث) مہربانی کی نظر۔ محبت کی نظر۔

نظر اللہ پر رکھنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) خُدا پر بھروسا ہونا۔ مایُوس نہ ہونا۔

نظر انداز کرنا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) توجّہ نہ کرنا (۲) ناپسند کرنا (۳) نامنظور کرنا (۴) نگاہ سے گرانا۔

نظراندازی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) چشم پوشی۔

نظرباز (ع۔ ف۔ صف) حُسن پرست۔

نظربازی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) گھورا گھوری۔ تاک جھانک۔

نظر باندھنا (اُر۔ محاورہ) نظر بندی کرنا۔ شُعبدہ بازی۔

نظر بچانا (بچا جانا) (اُر۔ محاورہ)(۱) آنکھ چُرانا۔ کترانا۔ بچ کر نکل جانا (۲) ٹالنا۔

نظرِ بد (ع۔ ف۔ ا۔ مث)(۱) بُری نظر (۲) بُری نظر کا اثر۔

نظر بدلنا (اُر۔ محاورہ)(۱) سلوک میں فرق آنا (۲) ارادہ بدلنا۔ نیت بدلنا۔

نظر بڑھنا (اُر۔ محاورہ) دیکھنے کی قوّت زیادہ ہونا۔ بصارت تیز ہونا۔

نظربند (ع۔ ف۔ صف) وہ شخص جسے عدالت میں مقدمہ چلائے اور سزا دیئے بغیر قید میں رکھا جائے یا اُس کی نقل و حرکت پر پابندی لگا دی جائے۔ (افعال: کرنا۔ ہونا)۔

نظربندی (ع۔ ف۔ ا۔ مث)(۱) قید۔ حراست (۲) شُعبدہ۔ جادُوگری۔

نظر بھر کر دیکھنا (اُر۔ محاورہ) خوب غور سے دیکھنا۔ سیر ہو کر دیکھنا۔

نظر پتھر میں اثر کرتی ہے (اُر۔ مثل) نظر کا اثر پتھر جیسی سخت چیز پر بھی ہو جاتا ہے۔

نظر پتھرا جانا (اُر۔ محاورہ) بینائی جاتی رہنا۔ مرتے وقت آنکھوں کا بے جان ہو جانا۔ نگاہ کا ایک ہی جگہ ٹھہر جانا۔

نظر پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے نظروں پر چڑھنا۔

نظر پڑنا (پڑ جانا) (اُر۔ محاورہ)(۱) دیکھنے میں آنا (۲) دکھائی دینا۔ معلوم ہونا۔

نظر پھر جانا (پھرنا) (اُر۔ محاورہ)(۱) ناراض ہو جانا (۲) بے مُروّت ہو جانا۔

نظر پھسلنا (اُر۔ محاورہ) نگاہ نہ ٹھہرنا۔ کسی چیز کا نہایت صاف و شفاف ہونا۔

نظر پہچاننا (اُر۔ محاورہ) تیور سے شناخت کر لینا۔

نظر پھیر لینا (اُر۔ محاورہ) بے توجّہی کرنا۔ بے مُروّتی کرنا۔

نظر پھینکنا (اُر۔ محاورہ) نگاہ ڈالنا۔ دیکھنا۔

نظر پیدا کرنا (اُر۔ محاورہ) جانچ کی صلاحیت حاصل کرنا۔ قابلیت پیدا کرنا۔ ملکہ حاصل کرنا۔

نظر تاڑ لینا (اُر۔ محاورہ) نگاہ سے پہچان لینا۔ نظر سے اندازہ کر لینا۔

نظر تیز پڑنا (اُر۔ محاورہ) غُصّے سے دیکھا جانا۔ غُصّے کی نگاہ پڑنا۔

نظر ٹھہرنا (اُر۔ محاورہ) نظر جمنا۔ نگاہ قائم ہونا۔

نظرِ ثانی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) دوبارہ دیکھنا۔ ترمیم یا تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا۔

نظرِ ثانی کرنا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) دوبارہ پڑتال کرنا۔ پھر دیکھنا (۲) ترمیم و تصحیح کی غرض سے دوبارہ دیکھنا۔

نظر جلانا (اُر۔ محاورہ) نظر بد کا دفعیہ۔ کپڑے پر توے کی سیاہی مل کر اور تیل میں بھگو کر بیمار کے سامنے جلاتے ہیں۔

نظر جمنا (اُر۔ محاورہ) نگاہ ٹھہرنا۔ بغور دیکھے جانا۔

نظر جھاڑنا (اُر۔ محاورہ) اَفسوں یا دُعا پڑھ کر نظرِ بد کے دفعیئے کا عمل کرنا۔

نظر جھپکنا (اُر۔ محاورہ) کسی چمکدار چیز کو دیکھ کر آنکھوں کا چُندھیا جانا۔

نظر چار سُو ہونا (اُر۔ محاورہ) چاروں طرف نگاہ رکھنا۔ ہوشیار رہنا۔ چوکنا ہونا۔

نظر (نظریں) چُرانا (اُر۔ محاورہ)(۱) نظر بچانا۔ کترانا۔ نظر ملا کر نہ دیکھنا (۲) کام سے پہلوتہی کرنا۔

نظر چڑھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) خیال میں آنا۔ قدر پانا (۲) پرکھا جانا (۳) پسند آنا۔ دل کو بھانا (۴) معزز ہونا۔ وقعت پانا۔

نظر خُدا پر ہونا (اُر۔ محاورہ) مایوسی کا عالَم ہونا۔

نظر خِیرہ ہونا (اُر۔ محاورہ) روشن اور چمکیلی چیز دیکھ کر نگاہ چُندھیا جانا۔

نظر دُرست ہونا (اُر۔ محاورہ) تیور اچھے ہونا۔

نظر دو چار ہونا (اُر۔ محاورہ) نگاہ کا نگاہ کے سامنے ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔

نظر دوڑانا (اُر۔ محاورہ)(۱) تلاش کرنا۔ چاروں طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا (۲) غور کرنا۔ جائزہ لینا۔

نظر ڈالنا (اُر۔ محاورہ) نگاہ کرنا۔ دیکھنا۔ معاینہ کرنا (۲) سرسری نظر سے دیکھنا۔

نظر رکھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) توجّہ رکھنا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ عاشقانہ نگاہ ڈالنا (۲) خبر رکھنا۔ نگرانی کرنا (۳) اِرادہ کرنا۔ نیت رکھنا (۴) شناخت رکھنا۔ تمیز رکھنا (۵) اُمید رکھنا۔ توقع رکھنا۔

نظر سے (اُر۔ تابع فعل) لحاظ کر کے۔ خیال کر کے۔

نظر سے اُترنا - (اُر۔ محاورہ) خفیف ہونا۔ بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔

نظر سے اوجھل ہونا (اُر۔ محاورہ) سامنے نہ ہونا۔

نظر سے ٹپکنا (اُر۔ محاورہ) نگاہ سے ظاہر ہونا۔

نظر سے گرنا (اُر۔ محاورہ) ذلیل و بے قدر ہونا۔ حقیر سمجھا جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نظر سے گزرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) تجربہ ہونا (۲) دیکھا جانا۔

نظر سے نظر ملنا (اَر۔ محاورہ) رُوبرُو ہونا۔ آنکھیں چار ہونا۔

نظر سے (نکل جانا) نکلنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دیکھنے میں آنا۔ آنکھوں کے سامنے سے گزرنا (۲) نظر سے غائب ہونا۔

نظر سیدھی ہونا (اَر۔ محاورہ) مہربانی کی نظر ہونا۔

نظرِ غلط انداز (ف۔ صف) ایسی نگاہ سے دیکھنا کہ معلوم نہ ہو سکے کہ دیکھ رہا ہے۔ عاشق کو دھوکا دینے والی معشوق کی نگاہ۔

نظر فریب (ع۔ف۔ صف) نظر کو دھوکا دینے یا لبھانے والا۔

نظر کا تعویذ (اَر۔ا۔ مذ) نظرِ بد کے دفعیہ کے لئے تعویذ۔

نظر کا کھا جانا (اَر۔ محاورہ) نظر لگ جانا۔ نظرِ بد سے ضرر پہنچنا۔

نظر کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دیکھنا۔ نظر ڈالنا (۲) اِشارہ کرنا (۳) توجّہ کرنا۔

نظر کے سامنے رکھنا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں سے دُور نہ ہونے دینا۔

نظرِ کیمیا اثر (ف۔ا۔ مث) فیض پہنچانے والی نگاہ۔

نظر گاہ (ف۔ا۔ مث) تماشا گاہ۔ سیرگاہ۔

نظر گزر (ف۔ اَر۔ا۔ مث)(۱) نظرِ بد کا اثر (۲) نظرِ بد کا اثر زائل کرنے کے لئے کوئی چیز۔

نظر گزر کا ٹیکا (اَر۔ا۔ مذ) کاجل کا ٹیکا جو عورتیں نظرِ بد کے دفعیہ کے لئے بچّوں کے ماتھے پر لگاتی ہیں۔

نظر گڑنا (اَر۔ محاورہ) نگاہ کا کسی جگہ مرکوز ہو جانا۔

نظر لڑ جانا (اَر۔ محاورہ) آمنا سامنا ہو جانا۔ آنکھ لڑ جانا۔

نظر لگا (اَر۔ صف) شخص یا چیز جس پر نظرِ بد کا اثر ہو۔

نظر لگانا (اَر۔ محاورہ) بُری نظر کا اثر ہونا۔

نظر (لگ جانا) لگنا (اَر۔ محاورہ) بُری نظر کا اثر ہو جانا۔ بھوت پریت کا سایہ ہونا۔

نظر مارنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ مارنا۔ اِشارہ کرنا۔

نظر ملانا (اَر۔ محاورہ) آنکھ سامنے کرنا۔ آنکھ ملانا۔

نظر میں (اَر۔ تابع فعل)(۱) نگاہ میں (۲) رُوبرُو۔ سامنے۔ دھیان میں۔ خیال میں (۳) شناخت میں۔ تمیز میں (۴) دیکھنے میں۔

نظر میں آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) معلوم ہونا۔ سُجھائی دینا (۲) دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا (۳) نظرِ بد کا اثر ہونا۔

نظر (نظروں) میں بھانپنا (اَر۔ محاورہ) نگاہوں میں تاڑ لینا۔

نظر (نظروں) میں پھر جانا (پھرنا) (اَر۔ محاورہ) تصوّر میں آ جانا۔ خیال ہی خیال میں دکھائی دینا۔

نظر (نظروں) میں تاڑ لینا (اَر۔ محاورہ) نگاہ سے بھانپ لینا۔

نظر (نظروں) میں تُلنا (اَر۔ محاورہ) نگاہ سے جانچا جانا۔ دھیان میں ہونا۔

نظر (نظروں) میں تولنا (اَر۔ محاورہ) نگاہ سے جانچ لینا۔ اندازہ کرنا۔

نظر (نظروں) میں ٹھہرنا (اَر۔ محاورہ) کسی کا نگاہ میں جچ جانا۔ پسند کر لینا۔

نظر (نظروں) میں جانچ لینا (اَر۔ محاورہ) اندازہ کر لینا۔

نظر (نظروں) میں جچنا (اَر۔ محاورہ) پسند آنا۔ بھلا معلوم ہونا۔

نظر (نظروں) میں جمنا (اَر۔ محاورہ) با وقعت ہونا۔ عزّت دار ہونا۔

نظر (نظروں) میں جہان اندھیر ہونا (اَر۔ محاورہ) بہت زیادہ غم یا مصیبت ہونا۔

نظر (نظروں) میں چبھنا (اَر۔ محاورہ) بُرا معلوم ہونا۔ بُرا لگنا۔

نظر (نظروں) میں چڑھنا (اَر۔ محاورہ) بہت پسند آنا۔

نظر (نظروں) میں حقیر ہونا (اَر۔ محاورہ) دل سے اُتر جانا۔ قدر کھو بیٹھنا۔ بے وقعت ہونا۔

نظر (نظروں) میں خار ہونا (اَر۔ محاورہ) بُرا لگنا۔ ناگوار ہونا۔

نظر (نظروں) میں رکھنا (اَر۔ محاورہ) زیرِ نگرانی رکھنا۔ دھیان میں رکھنا۔ نگاہ میں رکھنا۔

نظر (نظروں) میں رہنا (اَر۔ محاورہ) سامنے رہنا۔ خیال یا دھیان میں رہنا۔

نظر (نظروں) میں سُبک ہونا (اَر۔ محاورہ) بے وقعت ہونا۔

نظر (نظروں) میں سمانا (اَر۔ محاورہ) پیارا لگنا۔ مقبول ہونا۔ صاحب وقعت ہونا۔

نظر (نظروں) میں کُھبنا (اَر۔ محاورہ) اچھا لگنا۔ پسند آنا۔

نظر (نظروں) میں کھٹکنا (اَر۔ محاورہ) بُرا معلوم ہونا۔ ناگوار ہونا۔ ناقابلِ برداشت ہونا۔

نظر (نظروں) میں ہونا (اَر۔ محاورہ) خیال میں ہونا۔ یاد ہونا۔ ذہن میں ہونا۔

نظر نہ آنا (اَر۔ محاورہ)(۱) دکھائی نہ دینا (۲) ناپید ہونا۔

نظر نہ ٹھہرنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کی آب و تاب کی وجہ سے نظر قائم نہ رہنا۔ چکاچوند ہونا۔

نظر نہ ملنا (اَر۔ محاورہ) آنکھ سامنے نہ ہونا۔ شرم کی وجہ سے آنکھ اُٹھا کر بات نہ کر سکنا۔

نظر نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) توجّہ نہ ہونا۔ پروا نہ ہونا۔

نظر والا (اَر۔ صف) جس کو نظر لگی ہو (۲) اہلِ نظر۔ صاحبِ بینش و بصیرت۔

نظرہیا (اَر۔ صف) وہ شخص جس کی نظر سے نقصان پہنچے۔ نذیدہ۔

نظرہائی (اَر۔ صف) نظرہیا کی تانیث۔

نظر ہو جانا (اَر۔ محاورہ) نظرِ بد کا اثر ہو جانا۔ نظر لگ جانا۔ جن پری کا سایہ ہو جانا۔ آسیب کا اثر ہونا۔

نظر ہونا (اَر۔ محاورہ)(۱) پہچان ہونا۔ تمیز ہونا۔ پرکھ ہونا۔ جانچ ہونا (۲) نظر لگنا (۳) توجّہ ہونا۔ خیال ہونا۔ دھیان ہونا (۴) علم نجوم میں ایک ستارے کا دُوسرے ستارے پر اثر انداز ہونا (۵) توقع ہونا۔

نظرا جانا (نظرایا جانا) (اَر۔ محاورہ) بُری نظر کا اثر ہونا (۲) نظر لگ جانا۔

نظروں (اَر۔ا۔ مث) نظر کی جمع۔

نظروں میں غائب ہو جانا (اَر۔ محاورہ) آنکھوں کے سامنے سے کسی چیز کا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

جاتے رہنا۔ دیکھتے ہی دیکھتے کسی چیز کا گم ہو جانا۔

نظروں میں کھٹکنا (اُر۔ محاورہ) حقیر ہونا۔ بے قدر ہونا۔ وُقعت نہ ہونا۔

نظروں میں غُبار چھا جانا (اُر۔ محاورہ) دُھندلا نظر آنا۔

نظروں نظروں میں (اُر۔ تابع فعل) نگاہوں کے سامنے۔ آنکھوں میں۔ آنکھوں کے سامنے۔

نظروں نظروں میں کھائے جانا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں سے غُصّہ اور خفگی کا اِظہار کرنا۔ لال پیلی آنکھیں دِکھانا۔

نظری (ن۔ ظَ۔ رِی) (ع۔ صف) (۱) بدیہی کا مُقابل (۲) ناپسند۔ نامنظور (۳) پامال۔ بے وُقعت۔ نظر سے گرا ہوا۔ ناقص (۴) خیالی۔ قیاسی (۵) وہ علم جس میں موجودات کے تصوّر سے بحث کی جاتی ہے۔

نظرے ("ے" حرف تنکیر و استدراک) (ف۔ ا۔ مث) ایک نگاہ۔

نظرے خوش گُذرے (ف۔ صف) جلدی سے گزر جانے والی نگاہ۔ اُڑتی ہوئی نظر۔ سرسری نظر۔ چھچلتی ہوئی نظر۔

نظریات (ن۔ ظَ۔ رِی۔ یات) (ع۔ ا۔ مذ) نظریہ کی جمع۔ مسائلِ فکری۔ اُصول۔ قاعدے۔ تعلیمات۔

نظریاتی (ن۔ ظَ۔ رِی۔ یا۔ تی) (ع۔ صف) منسوب بہ نظریات۔ فکری۔

نظریں (بیائے مجہول) (اُر۔ ا۔ مث) نظر کی جمع۔

نظریں بچا کر دیکھنا (اُر۔ محاورہ) چُھپ کر دیکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ نگاہ بچا کر دیکھنا۔

نظریں چُرانا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے نظر چُرانا۔

نظریہ (ن۔ ظَ۔ رِی۔ یَہ) (ع۔ ا۔ مذ) وہ مسئلہ جس میں نظر و فکر سے کام لیا جائے۔ تھیوری۔ اُصول۔ جمع: نظریات۔

نظریۂ اِرتقا (ع۔ ا۔ مذ) ڈارون کا نظریہ کہ جاندار چیزوں کو کسی نے موجودہ شکل میں خلق نہیں کیا بلکہ ہر شے بقائے اصلح اور اِنتخاب کے اُصول کے تحت بدلتی اور ترقی کرتی رہتی ہے۔

نظریۂ اِضافیّت (ع۔ ا۔ مذ) آئن شائن کا نظریہ کہ زمان و مکان مطلق حقیقت نہیں بلکہ اِضافی حیثیت رکھتے ہیں۔

نَظم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) لڑی۔ سِلک (۲) موزوں کلام۔ شعر۔ اُردو جمع: نظموں۔ نظمیں (۳) (ع۔ ا۔ مذ) بندوبست۔ اِنتظام۔

نظم سنج (گستر) (ف۔ صف) شاعر۔

نظم (سنجی) گُستری (ف۔ ا۔ مث) شاعری۔ اَشعار موزوں کرنا۔

نظم کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) منظوم کرنا۔ کسی واقعے کو نظم میں بیان کرنا۔

نظمِ مُعرّیٰ (ع۔ ا۔ مث) ایسی نظم جس میں قافیے نہ ہوں۔ بلینک ورس۔

نظم و نَسَق (ف۔ ا۔ مذ) بندوبست۔ اِنتظام۔ حکومت کے قاعدے قانون۔

نظم ہونا (اُر۔ محاورہ) کسی مضمون کا اَشعار میں موزوں ہونا۔

نَظِیر (ن۔ ظِیر) (ع۔ صف) (۱) مانند۔ مثل (۲) نمونہ۔ مثال۔ تمثیل۔ جمع: نظائر۔

نظیر دینا (اُر۔ محاورہ) حوالہ دینا۔ مثال پیش کرنا۔

نظیر ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) مثال ہونا۔

نَظِیف (ن۔ ظِیف) (ع۔ صف) پاکیزہ۔ پاک۔ حلال۔ جمع: نظائف۔

ن ۔ ع

نَعت (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) مدح۔ ثنا۔ تعریف و توصیف (۲) رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی شان میں مدحیہ اَشعار۔ اُردو جمع: نعتوں۔ نعتیں۔

نعت خواں (ع۔ ف۔ صف) نعت پڑھنے والا۔

نعتیہ (ع۔ صف) نعت سے منسوب۔ اَشعار جو رسولِ پاک ﷺ کی توصیف میں ہوں۔

نعتیہ کلام (ع۔ ا۔ مذ) حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی توصیف میں کہے ہوئے اَشعار۔

نعرہ (نَع۔ رَہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) للکار۔ بلند آواز۔ شور (۲) آہ و بکا۔ ہاؤ ہو۔ فارسی جمع: نعرہ ہا۔ اُردو جمع: نعروں۔ نعرے۔

نعرۂ تکبیر (ع۔ ا۔ مذ) اللہ اکبر کا نعرہ۔

نعرۂ حیدری (ع۔ ا۔ مذ) حضرت علیؓ کا نعرہ۔

نعرہ زن (ع۔ ف۔ صف) نعرہ مارنے والا۔ للکارنے والا (۲) فریاد کرنے والا۔

نعرہ زنی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) شور کرنا (۲) فریاد کرنا۔

نعرہ کھینچنا (لگانا) (اُر۔ محاورہ) نعرہ مارنا۔

نعرہ مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) للکارنا۔ زور کی آواز نکالنا۔ پُکارنا (۲) شور کرنا (۳) فریاد کرنا۔

نَعش (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) (۱) تابوت۔ ارتھی (۲) لاش۔ میت۔ لاشہ۔ اُردو جمع: نعشوں۔ نعشیں۔

نَعل (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) جوتا۔ کفش۔ پاپوش (۲) گھوڑے کے سُم میں لگانے کا آہنی حلقہ (۳) لوہا جو جوتی کی ایڑی میں مضبوطی کی غرض سے لگاتے ہیں (۴) خراج۔ نذرانہ جو حاکم یا رئیس کو ادا کیا جائے۔ جمع: نعال۔ اُردو جمع: نعل۔ نعلوں۔

نعل باندھنا (اُر۔ محاورہ) گھوڑے کے سُموں پر آہنی حلقے جڑنا۔

نعل بند (ع۔ ف۔ صف) نعل بنانے والا۔ نعل باندھنے والا۔

نعل بندی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) نعل باندھنے کا پیشہ (۲) نعل لگانے کی اُجرت۔

نعل بہا (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) وہ خراج یا ٹیکس جو بطور نذرانہ ادا کیا جائے۔

نعلِ چوبی (ف۔ ا۔ مث) لکڑی کی کھڑاؤں۔

نعل در آتش (ف۔ صف) بے قرار۔ بے چین۔ مُضطرب۔ گھبرایا ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نعل لگانا (اُر۔ محاورہ) لوہے کا حلقہ جوتی کی ایڑی یا چوپاؤں کے سُموں میں لگانا۔

نَعلَین (نَع۔لین) (ع۔ا۔مذ) نعل کا تثنیہ۔ دونوں جوتیاں۔ جُوتوں کا جوڑا۔

نَعلَین تحتَ العَین (ع۔مقولہ) جُوتوں کو اپنی نگاہوں کے سامنے رکھنا چاہئے تاکہ کوئی چُرا نہ لے۔

نعلین دَر بَغَلین (اُر۔ مقولہ) جُوتوں کو بغل میں دبا کر رکھنا چاہئے تاکہ چوری نہ ہو جائیں۔

نِعَم (نِ۔عَم) (ع۔ا۔مث) نعمت کی جمع۔

نِعمَ البَدَل (ع۔ا۔مذ) اچھا بدلہ۔ نیک عوض۔

نُعمان (نُع۔مان) (ع۔ا۔مذ) (۱) خون (۲) گُلِ لالہ کی ایک قسم جس کا رنگ سُرخ ہوتا ہے۔

نِعمَت (نِع۔مَت) (ع۔ا۔مث) (۱) مال و دولت۔ ثروت (۲) بخشش۔ عطیہ (۳) لذیذ چیز۔ جمع: نِعَم۔ نعمات۔ اُردو جمع: نعمتوں۔ نعمتیں۔

نعمت پروَردہ (ع۔ف۔صف) ناز میں پالا ہوا۔ عیش و آرام میں پرورش پایا ہوا۔

نعمت خانہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) کھانے پینے کا سامان رکھنے کی الماری (۲) کھانا کھانے کا کمرا۔

نعمتِ عظمیٰ (ع۔ف۔ا۔مث) بہت بڑی نعمت۔

نعمتِ غیر مُترقّبہ (مُ۔تَ۔رَق۔قَ۔بَہ) (ع۔ف۔ا۔مث) وہ اچھی چیز جو غیر متوقع طور پر ملے۔ وہ دولت جس کے حصُول کا گمان نہ ہو۔

نعمت کدَہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) نعمت کا گھر (۲) بہشت۔

نعمت کی ماں کا کلیجا (اُر۔ا۔مذ) کوئی عُمدہ چیز۔

نَعناع (نَعنَع) (نَع۔ناع) (ع۔ا۔مذ) پودینہ۔

نَعُوذُ (نَ۔عُوذُ) (ع۔جمع متکلم) ہم پناہ مانگتے ہیں۔

نَعُوذُ باللہ (ع۔کلمۂ پناہ) ہم خُدا کی پناہ مانگتے ہیں۔ خُدا کی پناہ۔ خدا بچائے۔ اللہ محفوظ رکھے۔ اللہ امان میں رکھے۔

نُعُوظ (نُ۔عُوظ) (ع۔ا۔مذ) شہوت۔ عضوِ تناسُل کا کھڑا ہونا۔ اِستادگی۔ اِنتشار۔

نَعِیم (نَ۔عِیم) (ع۔ا۔مذ) (۱) نعمت۔ مال (۲) نیکی (۳) پہنچ۔ رسائی (۴) لاڈ۔ پیار۔ ناز (۵) اِنعام میں ملی ہوئی چیز (۶) (صف) صاحبِ نعمت۔ نعمت والا۔

ن۔غ

نَغز (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔صف) خُوب۔ عُمدہ۔ اچھا۔ اعلیٰ۔ افضل۔ فائق۔

نَغز گفتار (گو) (ف۔صف) شیریں کلام۔ جس کی گفتگو عُمدہ اور پاکیزہ ہو۔

نَغز گوئی (ف۔ا۔مث) عُمدہ اسلوبِ بیان۔

نَغمات (نَغ۔مات) (ع۔ا۔مث) نغمہ کی جمع۔

نغمگی (نَغ۔مَ۔گی) (ع۔ف۔ا۔مث) نغمہ کی کیفیت۔

نَغمَہ (نَغ۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) گیت۔ ترانہ۔ ترنُّم۔ جمع: نغمات۔ اُر جمع: نغموں۔ نغمے۔

نغمہ پرداز (نغمہ ریز۔ نغمہ زن۔ نغمہ سرا۔ نغمہ سنج۔ نغمہ طراز۔ نغمہ کار) (ع۔ف۔صف) اچھا گانے والا۔

نغمہ پردازی (ریزی۔ زنی۔ سرائی۔ سنجی۔ طرازی) (ف۔ا۔مث) اچھا گانا۔ عُمدہ گانا۔

نغمۂ تر (ع۔ف۔ا۔مذ) دلچسپ گانا۔ شیریں راگ۔

ن۔ف

نَفّاخ (نَف۔فاخ) (ع۔صف) (۱) پھونک مارنے والا۔ پھُلانے والا (۲) ریح پیدا کرنے والا۔ پیٹ میں ہوا بھرنے والا۔ بادی۔

نِفاختا (نِ۔فاخ۔تا) (اُر۔صف۔عو) مُنافق۔ مکّار۔ چالباز۔ دوغلا۔

نِفاختی (نِ۔فاخ۔تی) (اُر۔صف) بے وَقعت۔ حقیر۔ ذلیل۔

نَفاذ (نَ۔فاذ) (ع۔ا۔مذ) (۱) جاری ہونا۔ صدور۔ ایک چیز کا دُوسری چیز سے نکلنا (۲) عائد ہونا۔ لاگو ہونا۔

نِفاس (نِ۔فاس) (ع۔ا۔مذ) وہ خون جو عورت کو بچّے کی پیدائش کے بعد چالیس روز تک آتا ہے۔

نَفاسَت (نَ۔فا۔سَت) (ع۔ا۔مث) خُوبی۔ عُمدگی۔ لطافت۔ صفائی۔ پاکیزگی۔

نِفاق (نِ۔فاق) (ع۔ا۔مذ) (۱) پھُوٹ۔ ظاہر میں دوستی باطن میں دُشمنی (۲) بگاڑ۔ نااتّفاقی۔

نِفاق پڑنا (اُر۔ محاورہ) پھُوٹ پڑنا۔ آپس میں بگاڑ ہونا۔

نفاق ڈالنا (اُر۔ محاورہ) بگاڑ ڈالنا۔ دُشمنی پیدا کرنا۔

نفاق رکھنا (اُر۔ محاورہ) کینہ رکھنا۔ بُغض رکھنا۔ کپٹ رکھنا۔

نَفائس (نَ۔فا۔اِس) (ع۔ا۔مذ) نفیسہ کی جمع۔ نفیس چیزیں۔

نِفط (بفتحِ اوّل و نیز بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مذ) مٹی کا تیل۔

نَفتا (نَف۔تا) (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا کبوتر جس کا رنگ نیلا اور پَر سفید ہوتے ہیں۔

نَفخ (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) پھُونکنا (۲) ہوا بھَرنا (۳) پھُولنا۔

نفخِ صُور (ع۔ا۔مذ) صُور پھُونکنا۔ دیکھئے صُورِ اِسرافیل۔

نَفَر (نَ۔فَر) (ف۔ا۔مذ) (۱) تین سے دس تک آدمیوں کا گروہ (۲) نوکر۔ مُلازم۔ ادنیٰ خادِم (۳) کام کرنے والا (۴) مزدور۔ اُردو جمع: نفر۔ نفروں۔

نَفرا (نَف۔را) (اُر۔ا۔مذ) ادنیٰ نوکر۔ کمین۔

نَفرائی (نَف۔را۔اِی) (ق۔ا۔مث) نوکری۔ خِدمت گاری۔

نَفرَت (نَف۔رَت) (ع۔ا۔مث) (۱) گھِن۔ کراہت (۲) بیزاری۔ تنفُّر (۳) ناپسندیدگی۔ ناگواری۔ اُردو جمع: نفرتوں۔ نفرتیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نفرت آنا (اُر۔ محاورہ) کراہت معلوم ہونا۔ گھن کھانا۔

نفرت انگیز (ع۔ ف۔ صف) نفرت دِلانے والا۔ کراہت دِلانے والا۔

نفرت بڑھنا (اُر۔ محاورہ) باہمی بیزاری زیادہ ہونا۔

نفرت رکھنا (اُر۔ محاورہ) گھن کھانا۔ کسی چیز سے کراہت آنا۔

نفرت زدہ (ع۔ ف۔ صف) وہ شخص جس سے لوگ نفرت کریں۔

نفرت کرنا (اُر۔ محاورہ) کراہت محسوس کرنا (۲) حقارت کی نظر سے دیکھنا۔

نفرتِ کُلّی (کُل۔ لی)(ع۔ ف۔ ا۔ مث) سخت نفرت۔ قطعی نفرت۔

نفرت کھانا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے نفرت کرنا۔

نفرت ہونا (اُر۔ محاورہ) بیزاری ہونا۔ متنفّر ہونا۔ کراہت ہونا۔

نَفَری (نَ۔ فَ۔ ری) (اُر۔ ا۔ مث) (۱) روزانہ مزدوری۔ اُجرت (۲) ایک آدمی کا ایک دِن کا کام (۳) فی آدمی (۴) تعداد۔

نفری میں نخرا کیا (اُر۔ مثل) واجب حق دینے میں احسان کیا۔

نَفرِین (نَف۔ رِین)(ع۔ ا۔ مث) ملامت۔ پھٹکار۔ لعنت۔

نفرین اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) لعنت ملامت برداشت کرنا۔

نفرین کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) لعنت کرنا۔ پھٹکار کرنا۔

نَفَس (نَ۔ فَس)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) سانس۔ دَم (۲) گھڑی۔ ساعت۔ لحظہ۔ دقیقہ۔ لمحہ۔ جمع: اَنفاس۔

نفسِ بازپَس (واپسیں) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) حالتِ نزع میں آخری سانس جو جاکر نہ آئے۔

نفس پرور (ع۔ ف۔ صف) راحت پہنچانے والا۔ رُوح افزا۔

نفسِ تنگ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) سانس جو دُشواری سے آئے۔

نفسِ سرد (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) ٹھنڈی آہ۔ آہِ سرد۔

نفس شُماری (ع۔ ف۔ ا۔ مث) نزع کا وقت جب سانس گنے جائیں۔

نفسِ گرم (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) گرم آہ۔ جلے دِل کی فریاد۔

نَفْس (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ ا۔ مذ)(۱) جان۔ رُوح (۲) ذات۔ وجود۔ ہستی (۳) حقیقت۔ اَصلیت (۴) اصل شے۔ ہست (۵) لُبِّ لُباب (۶) عضوِ تناسُل (۷) خواہشِ نفسانی۔ جمع: نُفُوس۔

نفسُ الاَمر (نف۔ سُل۔ اَمر)(ع۔ ا۔ مذ) حقیقت۔ درحقیقت۔ اصل مُدّعا۔ واقعی بات۔

نفسُ الاَمری (ع۔ ا۔ مث) نفسُ الاَمر سے منسوب۔ وہ حالاتِ واقعی جنہیں دوست دُشمن سب نے مانا ہے۔

نفسِ اَمّارہ (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) بہت حُکم کرنے والا (۲) انسان کی وہ خواہش جو بُرائی کی طرف مائل کرے۔

نفسِ بہیمی (نف۔ سِ۔ بَ۔ ہی۔ می) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) (۱) جنسی خواہش (۲) بدی کی طرف رغبت۔ گناہ کی طرف مَیلان۔

نفس (پرست) پرور (ع۔ ف۔ صف) شہوت پرست۔ عیّاش۔

نفس (پرستی) پروری (ع۔ ف۔ ا۔ مث)(۱) خواہشات کے کہنے پر چلنا (۲) شہوت پرستی۔ عیّاشی۔ خود غرضی۔

نفس رُبا (ع۔ ف۔ صف) وہ کلام جس کا پڑھنا آسان ہو۔

نفس کُش (ع۔ ف۔ صف) (۱) نفسانی خواہشات کو کُچلنے والا (۲) زاہد۔ پرہیزگار۔

نفس کُشی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) دُنیاوی خواہشات کو کُچلنا۔ پارسائی۔ پاک دامنی۔

نفسِ لوّامہ (نف۔ سِ۔ لَو۔ وا۔ مہ) (ع۔ ا۔ مذ) گُناہ سرزد ہونے کے بعد اپنے آپ کو لعنت ملامت کرنے والا نفس۔

نفس مارنا (اُر۔ محاورہ) دُنیاوی خواہشات کو کُچلنا۔ دِل کو مارنا۔ طبیعت پر قابو پانا۔ پاک دامن رہنا۔ نیز دیکھیے نفس کُشی۔

نفسِ مطلب (مضمون) (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) منشا۔ اصل مُدّعا۔ اصل مطلب۔ اصل مقصد۔

نفسِ مُطمئِنّہ (نف۔ سِ۔ مُط۔ مَ۔ اِن۔ نہ)(ع۔ ا۔ مذ) حُکمِ الٰہی پر چلنے والا نفس جو بُری باتوں سے پاک صاف رہے۔ مطمئن ضمیر۔

نفسِ ناطِقہ (ع۔ ا۔ مذ) (۱) بولنے والی انسانی رُوح (۲) وہ شخص جو کسی دُوسرے کی ناک کا بال بنا ہو۔

نفسِ نفیس (ع۔ ا۔ مذ)(۱) خُدا کی ذاتِ پاک (۲) ذاتِ خاص۔ خود بدولت۔ اپنے آپ۔ (ان معنوں میں بنفسِ نفیس بولتے ہیں)۔

نَفسا نفسی (نف۔ سا۔ نف۔ سی)(اُر۔ ا۔ مث) دیکھیے نفسی نفسی۔

نَفسانی (نف۔ سا۔ نی)(ع۔ صف) نفس سے منسوب۔ نفس کا۔

نَفسانیّت (نف۔ سا۔ نی۔ یَت) (ع۔ ف۔ ا۔ مث) (۱) خود غرضی (۲) غرور۔ نخوت۔

نَفسی (نف۔ سی)(ع۔ صف) نفس سے منسوب۔ ذاتی۔

نفسی نفسی (ع۔ ا۔ مث) اپنی اپنی ذات۔ خود غرضی۔ آپا دھاپی۔

نفسی نفسی پڑنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) اپنی اپنی فکر کرنا اور دُوسرے کی پروا نہ کرنا۔

نفسی نفسی کا دِن (اُر۔ ا۔ مذ) روزِ قیامت جب ہر ایک کو اپنی اپنی پڑی ہو گی۔

نَفسِیّات (نف۔ سی۔ یات)(ع۔ ا۔ مث)(۱) نفس سے متعلقہ باتیں (۲) دیکھیے علمِ نفسیات۔

نَفسِیاتی (نف۔ سی۔ یاتی)(ف۔ صف) نفسیات سے منسوب۔

نفسیاتی تجزیہ (ع۔ ا۔ مذ) انسان کے ذہنی محرکات اور اعمال کی جانچ پڑتال۔

نفسیاتی جنگ (ف۔ ا۔ مذ) دیکھیے سرد جنگ۔

نَفط (ع۔ ا۔ مذ) نفت کا معرّب۔ دیکھیے نفت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نَفْع (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) حاصِل۔ نتیجہ۔ پَھل۔ ثمرہ (۲) مُنافع۔ سُود۔

نفع اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) فائدہ حاصل کرنا۔

نفع رسانی (ع۔ف۔ا۔مث) فائدہ پہنچانا۔

نفع نُقصان (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) فائدہ اور ٹوٹا (۲) بُرائی بھلائی۔ بُرا بھلا (۳) علمُ الحساب کا ایک قاعدہ جس سے تجارت میں نفع اور نُقصان معلوم کیا جاتا ہے۔

نَفَقَہ (نَ۔فَ۔قَہ)(ع۔ا۔مذ) بال بچّوں کا خرچ۔ گُزارہ۔ کفالت۔ بیوی کے روٹی کپڑے کا خرچ جو شوہر کے ذِمّے ہوتا ہے (اُردو میں بہ سکونِ فا مستعمل ہے)۔

نَفْل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ عبادت جو فرض نہ ہو۔ وہ نماز جو فرض، واجب اور سُنّت کے علاوہ پڑھی جائے۔ زائد عبادت جو شُکرانہ کے طور پر ادا کی جائے (۲) زائد عطیّہ۔ جمع: نوافل۔ اُردو جمع: نفل۔ نفلوں۔

نَفْلی (نف۔لی)(ع۔صف) نفل سے متعلق۔

نُفُوذ (نُ۔فُوذ)(ع۔ا۔مذ)(۱) سرایت کرنا۔ اندر گھسنا (۲) گُزرنا۔ جاری ہونا۔ اَثر کرنا۔

نُفوذ کرنا (اُر۔ محاورہ) سرایت کرنا۔ اَثر کرنا۔ اَندر گھسنا۔

نَفُور (نَ۔فُور)(ع۔صف) نفرت کرنے والا (۲)(بضمِ اوّل) بھاگنا۔ نفرت کرنا۔

نُفُوس (نُ۔فُوس)(ع۔ا۔مذ) نَفس کی جمع۔ روحیں۔ ہستیاں۔

نفوسِ قُدسِیّہ (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) پاک روحیں (۲) بُزرگانِ دین (۳) پیغمبر۔ فرشتے (۴) نیک مخلوق۔ نیک لوگ۔

نَفْی (نَ۔فی)(ع۔ا۔مث) اِثبات کی ضِد۔ کسی چیز کے وجُود سے اِنکار۔

نفی میں جواب دینا (اُر۔ محاورہ) اِنکار کرنا۔ نامنظور کرنا۔ نہیں کرنا۔

نفی و اِثبات (ع۔ا۔مذ) اِنکار و اقرار۔

نَفِیر (نَ۔فِیر)(ع۔صف)(۱) نفرت کرنے والا۔ مُتنفّر۔ نَفُور (۲) وہ لوگ جو کسی کام کے لئے آگے آگے جائیں (۳)(ف۔ا۔مث) آواز جو سونے کی حالت میں نکلتی ہے (۴) نفیری شہنائی۔ تُرئی (۵) نالہ۔ فریاد۔ چیخ پکار۔ واویلا۔

نفیرِ عام (ع۔ا۔مذ)(۱) عام لوگوں کا بغاوت یا چڑھائی کرنا (۲) اُمرا کے نام حکم کہ وہ اپنے لشکر لے کر حاضر ہوں۔

نَفیرچی (نَ۔فیر۔چی)(ف۔صف۔وا۔مذ) نفیری بجانے والا۔

نَفیری (نَ۔فی۔ری)(ف۔ا۔مث) شہنائی۔ تُرئی۔ الغوزہ۔

نَفِیس (نَ۔فِیس)(ع۔صف)(۱) عُمدہ۔ اعلیٰ درجے کا (۲) قیمتی۔ بیش بہا (۳) لطیف۔ پاکیزہ۔ پاک و صاف۔

نَفِیسَہ (نَ۔فی۔سَہ)(ع۔صف) نفیس کی تانیث۔

نَفیسی (نَ۔فی۔سی)(اُر۔ا۔مث) کلائی میں پہننے کا ایک زیور۔

ن۔ق

نَقّاب (ع۔ا۔مذ) نقب لگانے والا۔ سُرنگ کھودنے والا۔

نِقاب (نِ۔قاب)(ع۔ا۔مذ و مث) گھونگٹ۔ بُرقع۔ چہرے پر ڈالنے کا پردہ۔ اُردو جمع: نقاب۔ نقابوں۔ (نقابیں۔ نقابوں)۔

نِقاب (اُٹھانا) اُلٹنا (کھولنا) (اُر۔ محاورہ) گھونگٹ کھولنا۔ پردہ ہٹانا۔ مُنہ پر سے پردہ سرکانا۔

نقاب پوش (ع۔ف۔صف) جس نے مُنہ پر نقاب ڈال رکھا ہو۔

نقاب چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) مُنہ پر پردہ ڈال لینا۔ چہرہ چُھپا لینا۔

نقاب دار (ع۔ف۔صف) نقاب پہننے والا۔

نقاب ڈالنا (اُر۔ محاورہ) چہرے کو نقاب سے چھپالینا۔

نَقّاد (نَق۔قاد)(ع۔ا۔مذ)(۱) پرکھنے والا۔ کھوٹا کھرا دیکھنے والا (۲) اچھائی بُرائی ظاہر کرنے والا (۳) ناقِد۔ تنقید اور تبصرہ کرنے والا۔ اُر جمع: نقّاد۔ نقّادوں۔

نَقّارچی (نَق۔قار۔چی)(ف۔ا۔مذ) نقارہ بجانے والا۔ نوبت بجانے والا۔

نَقّارخانہ (ف۔ا۔مذ) نقارہ بجانے کی جگہ۔ نوبت خانہ۔

نقارخانے میں طوطی کی آواز کون سُنتا ہے (اُر۔مثل) بہت شور و غُل میں کمزور آواز کو کوئی نہیں سُن سکتا (۲) بڑے آدمیوں کی رائے کے مُقابلے میں چھوٹوں کی آواز اَن سُنی ہو کر رہ جاتی ہے۔

نَقّارہ (نُقارہ) (ف۔ا۔مذ) نوبت۔ دھونسا۔ بڑا ڈھول۔

نقارہ بجاتے پھرنا (اُر۔ محاورہ) مُشتہر کرتے پھرنا۔ منادی کرنا۔

نقارہ بجا کے (اُر۔ متعلق فعل) کُھلم کُھلا۔ علانیہ۔

نقارہ ہو جانا (اُر۔ محاورہ) اُبھر جانا۔ پُھول جانا۔

نَقّارے (نُقارے) (اُر۔ا۔مذ) نقارہ کی جمع۔

نقارے باج دمامے باج گئے (اُر۔مثل) بڑی نمود اور شُہرت ہوئی۔ دُھوم مچ گئی۔

نقارے پر چوب (چوٹ) پڑنا (اُر۔ محاورہ) نقارہ بجنا۔ طبل بجنا۔

نقارے کی چوٹ (اُر۔ا۔مث) کُھلے بندوں۔ علانیہ۔

نَقّاش (ع۔صف) نقش و نگار بنانے والا۔ مصوّر۔ اُر جمع: نقّاش۔ نقّاشوں۔

نقّاشِ اَزل (ع۔ا۔مذ)(کنایۃً) خُدا۔

نَقّاشی (نَق۔قا۔شی)(ع۔ا۔مث) نقش و نگار بنانے کا پیشہ۔ مُصوّری۔ گُل کاری۔ مُنبّت کاری۔

نِقاط (نِ۔قاط)(ع۔ا۔مذ) نُقطہ کی جمع۔

نَقّال (نَق۔قال)(ع۔ا۔مذ) نقلیں کرنے والا۔ بھانڈ۔ اُر جمع: نقّال۔ نقّالوں۔

نَقّالی (نَق۔قا۔لی)(اُر۔ا۔مث) نقل کرنے کا پیشہ۔ بھانڈ پنا۔

نَقاہت (نَ۔قا۔ہت)(ع۔ا۔مث) ضُعف۔ کم زوری۔ ناطاقتی۔ ناتوانی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نَقافُص (نَ۔قا۔فُص)(ع۔ا۔مث) نُقص کی جمع۔

نَقب (فتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث) سیندھ۔ سُرنگ۔ شگاف۔ چور کا دیوار میں بڑا سُوراخ کرنا۔

نقب زن (ع۔ا۔مذ) نقب لگانے والا۔ سیندھ لگانے والا چور۔

نقب زنی (ع۔ف۔ا۔مث) سیندھ لگانا۔ دیوار توڑنا۔ سُرنگ کھودنا۔ چوری۔

نقب لگانا (اُر۔ محاورہ) دیوار یا فصیل میں سُوراخ کرنا۔ سیندھ لگانا۔ دیوار میں سوراخ کر کے چوری کی غرض سے اندر داخل ہونا۔

نَقد (فتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) کھرا کھوٹا پرکھنا (۲) سِکّہ (۳) وہ رقم جو فوراً ادا کی جائے (۴) پُونجی۔ سرمایہ۔ جمع: نُقُود۔

نقدِ جاں (نقدِ دِل) (ع۔ف۔ا۔مذ) جان یا دل جو سب سے بڑی دولت ہیں۔

نقدِ دَم (ع۔صف) اکیلا۔ تنہا۔ مُجرّد۔

نقد مال (ع۔ا۔مذ) نعمت۔ تر مال۔ عُمدہ مال۔

نقد نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) نقد ادائیگی کا سرٹیفکیٹ۔

نقد و تبصرہ (ع۔ا۔مذ) کسی کتاب کی بُرائی بھلائی کو پرکھنا اور اُس کے متعلق رائے دینا۔

نقد و جنس (ع۔ا۔مذ) مال و اسباب۔ روپیہ پیسا اور اشیا۔

نقد وقت (ع۔ا۔مذ) سرِدست۔ ابھی۔ اِسی وقت۔

نقداً نقد (اُر۔ تابع فعل) ہاتھوں ہاتھ۔ دست بدست۔ ایک ہاتھ لینا دوسرے ہاتھ دینا۔ اُسی وقت ادا کرنا۔ فوراً قیمت دینا۔ اُدھار نہ کرنا۔

نقدی (نَق۔دی)(اُر۔ا۔مث) روپیہ۔ مال و زر۔ دولت۔ رقم۔

نقدی بنانا (اُر۔ محاورہ) نقد رقم حاصل کرنا۔ روپیہ پیدا کرنا۔

نِقرِس (نِق۔رِس)(ع۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا گنٹھیا۔ وہ درد جو پاؤں کے انگوٹھے میں ہوتا ہے۔ پاؤں کے انگوٹھے کا گنٹھیا۔

نُقرہ (نُق۔رہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) چاندی (۲) ہر وہ چیز جو سفید ہو (۳) سفید گھوڑا جس کی آنکھیں بھوری ہوں۔

نُقرئی (نُق۔رَ۔ئی)(ع۔صف) نقرہ سے متعلق۔ چاندی کا۔ چاندی کا بنا ہوا۔ چاندی جیسا سفید۔

نَقش (فتحِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) نگاہ۔ صورت۔ شبیہ۔ مُورت۔ مُورتی۔ تصویر (۲) پھول بوٹوں کا کام۔ مُنبّت کاری۔ بیل بوٹے۔ کندہ کاری (۳) چھاپ۔ مُہر۔ ٹھپّا (۴) نَرد کی بازی میں جیت کا داؤں۔ ایک قسم کا جوا (۵) تعویذ (۶) نشان۔ کھوج۔ علامت (۷) خیال۔ تصوّر (۸) تاثیر۔ اثر (۹) جادُو۔ ٹونا۔ منتر۔ افسوں (۱۰) لکھا ہوا۔ منقوش۔ کھُدا ہوا۔ جمع: نُقوش۔ اُردو جمع: نقش۔ نقشوں۔

نقشِ آب (برآب)(ع۔ف۔ا۔مذ) پانی کا نقش۔ پانی پر نقش۔ فانی۔ جلد مِٹ جانے والا۔ بے ثبات۔

نقش اُبھرنا (اُر۔ محاورہ) نقش کا سطح سے اُونچا ہو جانا۔

نقش اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) حروف اِس طرح مِلانا کہ دھبّا نہ پڑے۔

نقشِ اوّل (ع۔ف۔ا۔مذ) پہلی تحریر۔ مُسوّدہ۔

نقشِ باطِل (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) نقش جو مِٹا دینے کے قابل ہو (۲) فانی۔ مِٹ جانے والا۔ فنا ہونے والا۔

نقش بٹھانا (اُر۔ محاورہ) رُعب جمانا۔ رُسُوخ پیدا کرنا۔

نقش بند (ع۔ف۔ا۔مذ) نقاش۔ مُصوّر۔ گُل کار۔

نقش بندی (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) نقاشی۔ مُصوّری (۲) حضرت خواجہ بہاءُ الدّین نقش بند کے مُرید۔

نقش بندیّہ (ع۔ف۔ا۔مذ) صُوفیہ کا ایک سِلسلہ جو حضرت خواجہ بہاءُ الدّین نقش بند سے چلا ہے۔

نقش بہ دیوار (بردیوار)(ع۔ف۔صف) حیران۔ ششدر۔ ہکّا بکّا۔ بے حِس و حرکت۔

نقش بھرنا (اُر۔ محاورہ) تعویذ کے خانوں کو پُر کرنا۔

نقش بیٹھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) اثر ہو جانا۔ قائم ہو جانا (۲) کسی کے دل میں کسی کی جگہ ہو جانا (۳) نشان بن جانا۔

نقشِ پا (ع۔ف۔ا۔مذ) پاؤں کا نشان۔ سُراغ۔ کھوج۔

نقش پرداز (ع۔ف۔ا۔مذ) مصوّر۔ نقاش۔

نقشِ تسخیر (ع۔ا۔مذ) محبوب کو قابو میں کرنے والا تعویذ۔

نقشِ ثانی (ع۔ف۔ا۔مذ) دُوسرا نقش جو پہلے نقش یا تحریر سے بہتر ہوتا ہے۔

نقش جمانا (اُر۔ محاورہ) رُعب بٹھانا۔ متاثر کرنا۔ رُسُوخ پیدا کرنا۔

نقش جمنا (اُر۔ محاورہ) اثر قائم ہونا۔ رُعب بیٹھنا۔

نقشِ مُحِب (ع۔ا۔مذ) محبت کا تعویذ۔

نقشِ حیرت (ع۔ف۔صف) حیرت کی تصویر۔ ششدر۔ مبہوت۔ حیران۔

نقشِ درہم (ع۔ا۔مذ) وہ نشان جو سِکّے پر ثبت ہوتے ہیں۔

نقشِ دل کرنا (اُر۔ محاورہ) دل پر کندہ کرنا۔ دل پر جما لینا۔ خوب یاد رکھنا۔

نقشِ دل ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) پختہ یقین ہونا (۲) دل پر دیرپا اثر چھوڑنا۔

نقشِ دیوار (ع۔ف۔ا۔مذ) حیران۔ سراسیمہ۔ ہکّا بکّا۔ نیز دیکھیے نقش بہ دیوار۔

نقشِ دیوار ہو جانا (اُر۔ محاورہ) سکتے کے عالم میں رہ جانا۔ بے حِس و حرکت ہو جانا۔

نقشِ سُویدا (ع۔ا۔مذ) وہ سیاہ داغ جو دل میں ہوتا ہے۔

نقش طراز (گر)(ع۔ف۔ا۔مذ) نقاش۔ مصوّر۔

نقشِ قدم (ع۔ف۔ا۔مذ) پاؤں کا نشان۔ سُراغ۔ کھوج۔ نیز دیکھیے نقشِ پا۔

نقشِ قدم پر چلنا (اُر۔ محاورہ) کسی کی پُوری پُوری تقلید کرنا۔

نقش کالحجر (نَق۔شُل۔حَ۔جَر)(ع۔ا۔مذ) پتھر کی لکیر۔ پتھر کے نشان کی مانند نہ مٹنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نقش کرنا (اُر۔مص مُرکّب) چھاپنا۔ بیل بُوٹے بنانا یا کھودنا۔

نقش کَندہ کرنا (اُر۔مص مُرکّب) نقش کھودنا۔

نقش کھینچنا (اُر۔محاورہ) نقشہ کھینچنا۔

نقش کی چال (اُر۔ا۔مث) وہ ترتیب جس سے نقش یا تعویذ کے خانے پُر کرتے ہیں۔

نقش گھولنا (اُر۔محاورہ) تعویذ کو پانی یا کسی مشروب میں دھونا۔

نقش لکھنا (اُر۔محاورہ) عامل کا تعویذ لکھنا۔

نقش مِٹانا (اُر۔محاورہ) کسی قسم کے نشانوں کو خواہ وہ تحریر سے متعلق ہوں یا تصویر سے دُھو ڈالنا یا بگاڑ دینا۔

نقشِ مُراد (ع۔ا۔مذ) مقصد۔ آرزو۔ تمنّا۔

نقش و نگار (ع۔ف۔ا۔مذ) بیل بوٹے۔ پُھول پتّی۔

نقش (ہو جانا) ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) دِل نشین ہو جانا (۲) کندہ ہونا۔ لکھا جانا۔

نُقشاں چُننا (اُر۔محاورہ) عیب نکالنا۔ عیب گیری کرنا۔

نَقشہ (نَق۔شہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) تصویر۔ شبیہ۔ رُوپ۔ صورت۔ شکل۔ چہرہ۔ حلیہ (۲) کسی قطعۂ زمین، برّاعظم یا مُلک کے طبعی خط و خال کو کاغذ پر ظاہر کرنا (۳) ساخت۔ بناوٹ (۴) طرز۔ سج دھج۔ وضع قطع (۵) نمونہ۔ مثال۔ خاکہ۔ چربہ (۶) عمارت یا اور کسی چیز کی صورت جو بطور خاکہ تیار کی جائے (۷) سانچا۔ قالب۔ ڈھانچ (۸) حالت۔ کیفیت (۹) بُرا حال (۱۰) فہرست۔ فرد (۱۱) چالان۔ سال کی خانہ پُری (۱۲) شطرنج کی چال۔ فارسی جمع: نقشہ جات۔ اُردو جمع: نقشوں۔ نقشے۔

نقشہ آنکھوں کے سامنے ہونا (اُر۔محاورہ) کسی چیز کی کیفیت تصوّر میں پیش نظر ہونا۔

نقشہ اُتارنا (اُر۔محاورہ) تصویر کھینچنا۔ فوٹو لینا۔ خاکہ بنانا۔

نقشہ اُڑانا (اُر۔محاورہ) چربہ اُتارنا۔ طرز کی نقل کرنا۔

نقشہ بدل جانا (اُر۔محاورہ) حالت یا شکل کا تغیر ہو جانا۔

نقشہ بگاڑنا (اُر۔محاورہ) صورت بگاڑنا۔ حال سے بے حال کر دینا۔

نقشہ بگڑنا (اُر۔محاورہ) حال سے بے حال ہونا۔ صورت بگڑ جانا۔ بدنظمی اور بدانتظامی ہونا۔

نقشہ بنانا (اُر۔محاورہ) تصویر بنانا۔ خاکہ اُتارنا۔

نقشہ بن کر بگڑ جانا (اُر۔محاورہ) حالت سنبھل کر خراب ہو جانا۔

نقشہ پیدائش و اَموات (اُر۔ا۔مذ) وہ رجسٹر جس میں کسی علاقے کے لوگوں کی پیدائش و اموات درج کی جاتی ہیں۔

نقشہ پیما (ع۔ف۔ا۔مذ) ہر نقشے کے نیچے ایک پیمانہ دے دیا جاتا ہے کہ ایک انچ اتنے میلوں کے برابر ہے۔ اُسے نقشہ پیما کہتے ہیں۔ (Chartometer)۔

نقشہ تیز ہونا (اُر۔محاورہ) اِقبال یاور ہونا۔ خوش حالی کا دور دورہ ہونا۔

نقشہ جمانا (اُر۔محاورہ) (۱) راہ و رسم پیدا کرنا۔ اِعتبار جمانا۔ رُسوخ حاصل کرنا۔ تصوّر جمانا (۳) تدبیر کرنا۔ موقع نکالنا۔

نقشہ جم کر اُکھڑنا (اُر۔محاورہ) اثر پیدا ہو کر مٹ جانا۔

نقشہ جمنا (اُر۔محاورہ) (۱) بات بننا۔ رسائی ہونا۔ اِعتبار ہونا۔ رُسوخ ہونا۔ مطلب حاصل ہونا (۲) تصوّر قائم ہونا۔ خیال بندھنا۔

نقشہ حدود بست (اُر۔ا۔مذ) وہ نقشہ جس میں کھیتوں کی حد بندی درج ہو۔ پیمائش دیہہ کی فہرست۔

نقشہ کھنچ جانا (اُر۔محاورہ) تصویر سامنے آ جانا۔ آنکھوں کے سامنے منظر پھر جانا۔

نقشہ نکالنا (اُر۔محاورہ) اِلزام لگا کر بدنام کرنا۔

نقشہ نکلنا (اُر۔محاورہ) بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔

نقشہ نویس (ع۔ف۔صف) (۱) نقشہ بنانے والا۔ مُصوّر۔ نقّاش (۲) بعض عدالتوں میں ایک عُہدے کا نام۔

نقشی (نقشیں) (نَق۔شی) (نَق۔شین) (ف۔صف) مُنقّش۔ جس پر نقش بنے ہوں۔

نَقص (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) کم کرنا۔ کم ہونا (۲) کجی۔ کوتاہی۔ کسر (۳) عیب۔ بُرائی۔ کھوٹ۔ خرابی۔ جمع: نقائص۔

نقص نکالنا (اُر۔محاورہ) عیب نکالنا۔ اِعتراض کرنا۔

نُقصان (نُق۔صان) (ع۔ا۔مذ) کمی۔ کوتاہی۔ قباحت۔ حرج۔ ضرر۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ جمع: نُقصانات۔ اُردو جمع: نُقصان۔ نُقصانوں۔

نُقصان اُٹھانا (اُر۔محاورہ) خسارہ برداشت کرنا۔

نُقصان بھرنا (اُر۔محاورہ) ٹوٹا بھرنا۔ خسارہ پُورا کرنا۔ گھاٹا دینا۔

نُقصان پہنچانا (اُر۔محاورہ) ضرر پہنچانا۔ ایذا دینا۔

نُقصان رساں (ف۔صف) نُقصان پہنچانے والا۔

نُقصان رسانی (ع۔ف۔ا۔مث) تکلیف دہی۔ ایذا پہنچانا۔

نُقصان کرنا (اُر۔مص مُرکّب) (۱) کام بگاڑنا۔ حرج کرنا۔ فائدے سے باز رکھنا (۲) تکلیف دینا۔ ضرر پہنچانا (۳) ضائع کرنا۔ کھونا۔ خراب کرنا۔

نَقض (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) ٹوٹ پُھوٹ۔ توڑنا پھوڑنا۔ بگاڑنا۔

نقضِ اِعتماد (ع۔ا۔مذ) اِعتماد شکنی۔ وشواس گھات۔

نقضِ امن (ع۔ا۔مذ) امن شکنی۔ فساد۔ جھگڑا۔

نقضِ عہد (ع۔ا۔مذ) وعدہ خلافی۔ عہد شکنی۔

نُقَط (نُق۔طَ) (ع۔ا۔مذ) نُقطہ کی جمع۔

نُقطَہ (ع۔ا۔مذ) بندی۔ صفر (۲) مرکز۔ جمع: نِقاط۔ نُقَط۔ اُر جمع: نُقطوں۔ نُقطے۔

نُقطۂ اِنتخاب (ع۔ا۔مذ) وہ نُقطہ جو کسی کتاب کے حاشیے پر یا کسی عبارت یا شعر پر اِظہار پسندیدگی کے طور پر لگایا جائے۔

نُقطۂ اِنجماد (ع۔ا۔مذ) وہ درجہ حرارت (۳۲ درجہ فارن ہائیٹ یا صفر درجہ سینٹی گریڈ) جس پر پانی جم کر برف بن جاتا ہے۔ (Freezing Point)۔

نُقطہ (نُقطے) اور شوشے کا فرق (اُر۔ا۔مذ) خفیف سا فرق۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نقطۂ جاسُوس (ع۔ا۔مذ) وہ نُقطہ جو عامِل تعویذ میں مقصد برآری کے لئے لگاتے ہیں۔

نُقطۂ جوش (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ درجۂ حرارت (۱۰۰ سینٹی گریڈ) جس پر مائع گیس میں تبدیل ہونے لگتا ہے۔(Boiling Point)۔

نقطہ دینا (اُر۔محاورہ) کسی حرف پر نُقطہ لگانا۔

نُقطۂ عُروج (ع۔ا۔مذ) کمال۔ اِنتہا۔ اِنتہائی بلندی۔

نقطہ (نقطے) کا فرق نہ ہونا (اُر۔محاورہ) ذرا بھی فرق نہ ہونا۔

نقطہ گاہ (ع۔ا۔مث) دائرے کا مرکز (۲) مکۂ مکرمہ جسے مرکزِ زمین کہا جاتا ہے۔

نقطہ لگانا (اُر۔محاورہ) (۱) عیب لگانا۔ دھبا لگانا (۲) دیکھئے نقطہ دینا۔

نُقطۂ مُقابل (ع۔ا۔مذ) ہمسر۔ حریف۔ برابر کا۔ مثل۔

نقطۂ موہوم (ع۔ا۔مذ) فرضی نقطہ۔ وہ نقطہ جو نظر نہ آئے (۲) جُزو لا یتجزیٰ۔

نُقطۂ نظر (نگاہ) (ع۔ا۔مذ) مرکزِ نگاہ۔ اندازِ نظر۔ دیکھنے یا سوچنے کا انداز یا ڈھنگ۔ اندازِ فکر۔

نقطۂ نُور ریز (ع۔ف۔ا۔مذ) روشنائی کی وہ بُوند جو قلم کی نوک سے کاغذ پر ٹپک پڑے۔

نقطۂ مرکز دائرہ (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) مرکزِ زمین (۲) (کنایۃً) حضرت محمد رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

نَقل (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مث) (۱) تبدیلی۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا (۲) چربہ۔ مثنیٰ (۳) نمونہ۔ نظیر (۴) لطیفہ۔ چٹکلا (۵) روایت۔ کہانی (۶) رُوپ۔ سوانگ (۷) ایک حرف کی حرکت دُوسرے حرف کو دینا۔ جمع: نقُول۔ اُردو جمع: نقلوں۔ نقلیں۔

نقل (اُتارنا) اُڑانا (اُر۔محاورہ) (۱) کسی تحریر کو نقل کرنا (۲) کسی کی صُورت سے اپنی صُورت مشابہ کرنے کی کوشش کرنا۔ طرز اُڑانا۔ سوانگ بھرنا۔

نقل النقل (نقل در نقل) (نِق۔لُن۔نقل) (ع۔ا۔مث) نقل کی نقل۔

نقل راچہ عقل (ف۔مثل) نقل کرنے کے واسطے زیادہ عقل کی ضرورت نہیں ہوتی۔

نقل کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) کسی لکھی ہوئی چیز کو بجنسہٖ دُوسری چیز پر اُتارنا (۲) سوانگ کرنا۔ رُوپ بھرنا (۳) بیان کرنا۔ حکایت کرنا (۴) ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا (۵) دُوسروں کی صورت اور انداز کی شکل بنانا (۶) تمسخر کرنا۔

نقلِ کفر کفر نباشد (ف۔مثل) کفر کی نقل کرنے سے ناقل کافر نہیں ہو جاتا۔

نقل مطابق اصل (ع۔اُر۔ ۔) اصل یا اوریجنل کی ہُوبہو نقل۔ (A true copy)۔

نقل مکان (ع۔ا۔مذ) ایک مقام سے دُوسری جگہ جانا۔ مکان تبدیل کرنا۔

نقل نویس (ع۔ف۔صف) عدالتوں کے فیصلوں اور دستاویزوں کی نقل کرنے والا اہل کار۔

نقل نویسی (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) منشی گری۔ محرّری۔ نقل کرنے کا کام (۲) بے سمجھے بُوجھے دُوسرے کی تحریر کی نقل کرنا۔

نقل وحمل (ع۔ا۔مذ) اُٹھانا اور لے جانا۔ باربرداری۔(Transportation)۔

نقلِ وطن (ع۔ا۔مث) اپنا وطن چھوڑ کر کسی دُوسرے مُلک میں جا بسنا۔(Migration)۔

نقل ہے (اُر۔روزمرّہ) (۱) کہتے ہیں۔ منقول ہے۔ روایت ہے (۲) روایتی۔ سماعی۔ رواجی۔ زبانی۔

نُقل (بضمِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ف۔ا۔مذ) (۱) وہ چیز جو کسی نشہ آور چیز کے بعد تبدیلِ ذائقہ کے لئے کھائیں (۲) ایک قسم کی مٹھائی۔

نُقل فروش (ف۔صف) نُقل بیچنے والا۔

نُقل کرنا (اُر۔محاورہ) ناشتا کرنا۔ نُقل کی طرح کھانا۔ ٹونگنا۔

نُقلِ ماتم (ف۔ا۔مذ) وہ نُقل جو مجلس یا موت میں تقسیم کئے جاتے ہیں۔

نُقلِ (مجلس) محفل (ف۔ا۔مذ) مسخرہ جس کی ذات سے محفل کی تفریح ہو۔

نَقلی (نَق۔لی) (اُر۔صف) جھُوٹا۔ مصنوعی۔ جعلی۔ کھوٹا (۲) ظریف۔ نقّال۔

نقلیا (نَق۔لی۔آ) (اُر۔صف) نقّال۔ بھانڈ۔

نقلیں (نق۔لیں) (اُر۔ا۔مث) نقل کی جمع۔

نقلیں کرنا (اُر۔محاورہ) کسی کے اَفعال وحرکات کی نقل کرنا۔

نُقُود (نُ۔قُود) (ع۔ا۔مذ) نقد کی جمع۔ رقمیں۔

نُقُوش (نُ۔قُوش) (ع۔ا۔مذ) نقش کی جمع۔

نُقُوع (نُ۔قُوع) (ع۔ا۔مذ) بھیگی ہوئی دوا یا میوہ (۲) بھیگی ہوئی دوا کا پانی۔

نَقی (نَ۔قی) (ع۔صف۔وا۔مذ) (۱) پاک۔ صاف۔ خالص (۲) دسویں امام حضرت علی بن محمد کا لقب۔

نَقیب (نَ۔قیب) (ع۔ا۔مذ) (۱) لوگوں کے خاندان اور ذاتی حالات سے واقفیت رکھنے والا (۲) تشہیر کرنے والا۔ خبر دینے والا (۳) مدح خواں (۴) بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے آواز لگانے والا۔ دربار یا ضیافت میں آنے والوں کی خبر پہنچانے والا۔ ہرکارہ۔ چوب دار۔ اُردو جمع: نقیب۔ نقیبوں۔

نَقیض (ع۔صف) اُلٹا۔ برعکس۔ ضد (۲) (ا۔مذ) دُشمن (۳) (ا۔مث) دُشمنی۔

نَقیہ (نَ۔قیہ) (ع۔صف) ناتواں۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناطاقت۔

ن ۔ ک

نَک (بفتحِ اوّل) (اُر۔ا۔مث) ناک کا مخفف۔

نک بال (اُر۔ا۔مذ) ناک کا بال۔

نک بہنا (اُر۔صف) جس کی ناک بہتی رہے۔

نک پوڑا (ق۔ا۔مذ) نک پُڑی۔ ناک کا نتھنا۔

نک پُڑی (ق۔ا۔مث) نتھنا۔

نک توڑا (و۔ا۔مذ) (۱) ناز۔ نخرہ (۲) غرور۔ نخوت (۳) طنز آمیز بات جو ناک چڑھا کر کہی جائے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نک توڑے اُٹھانا (اُر۔ محاورہ) نخرے برداشت کرنا۔ ناز اُٹھانا۔

نک چڑھا (اُر۔صف) بدماغ۔ مزاج دار۔ مغرور۔ (مث کے لئے) نک چڑھی۔

نک چھکنی (اُر۔ا۔مث) ایک بُوٹی جسے سُونگھنے سے چھینکیں آتی ہیں۔

نک دم (اُر۔ا۔مذ) ناک میں دَم (۲) (صف) حیران۔ پریشان۔

نک سِک سے دُرست (اُر۔صف) دیکھئے نکھ سِکھ سے دُرست۔

نک کٹا (نکٹا) (اُر۔صف۔وا۔مذ) (۱) کٹی ہوئی ناک والا (۲) بے غیرت۔

نک کٹی (نکٹی) (اُر۔صف) (۱) نک کٹا کی تانیث (۲) (اُر۔ا۔مث) بے عزّتی۔ بدنامی۔

نک کٹی ہونا (اُر۔ محاورہ) بے عزّتی ہونا۔ تحقیر ہونا۔ بدنامی ہونا۔

نک گھِسنی (اُر۔ا۔مث) ناک رگڑنا۔ منّت سماجت۔ عاجزی۔

نک گھِسنی کرنا (اُر۔ محاورہ) ناک رگڑنا۔ منّت سماجت کرنا۔ عاجزی کرنا۔

نکھ (بفتحِ اوّل) (ق۔ا۔مذ) (۱) ناخن (۲) وضع قطع۔

نُکّا (نُک۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) کوڑی۔ چھوٹا سکّہ۔ خرمُہرہ (۲) دانہ۔ پانسا۔

نِکّا (نِک۔کا) (ہ۔صف۔مذ) (۱) چھوٹا۔ خُرد۔ ننھا (۲) مختصر۔ کم (۳) ناقص (۴) نازک۔ باریک (۵) ناتمام۔ اَدھورا (۶) ٹھِگنا۔ پست قد۔

نُکّا (نُک۔کا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نوک دار چیز کی نوک (۲) تُکیلا۔ تیکھا۔ گیڑی کا کھیل۔

نُکّا ٹوپی (اُر۔ا۔مث) اُونچی ٹوپی۔ وہ ٹوپی جس کو اُونچا کر کے سر پر رکھیں۔

نُکّا لگانا (اُر۔ محاورہ) (۱) گیڑی مارنا (۲) زک پہنچانا (۳) ضرب لگانا (۴) صدمہ پہنچانا۔

نَکات (نَ۔کات) (ہ۔صف) خراب۔ بیکار۔ نِکمّا۔

نِکات (نِ۔کات) (ع۔ا۔مذ) نُکتہ کی جمع۔ باریکیاں۔

نِکاح (نِ۔کاح) (ع۔ا۔مذ) (۱) عقد۔ بیاہ۔ شادی۔ مُسلمانوں کے ہاں وہ شرعی رَسم جس کے ادا ہونے پر مرد و عورت میاں بیوی بن جاتے ہیں۔

نکاح باندھنا (اُر۔ محاورہ) نکاح پڑھانا۔

نکاح پڑھانا (اُر۔ محاورہ) قاضی کا عورت اور مرد کو رشتۂ اِزدواج میں مُنسلک کرنا۔

نکاح پڑھائی (اُر۔ا۔مث) نکاح پڑھانے کی اُجرت۔

نکاحِ ثانی (ع۔ا۔مذ) دُوسرا نکاح۔

نکاح کرنا (اُر۔مص مُرکّب) شادی کرنا۔ عقد کرنا۔

نکاح کی سی شرطیں کرنا (اُر۔ محاورہ) کٹ حجتی کرنا۔

نکاحِ مُتعہ (ع۔ا۔مذ) عارضی نکاح۔ دیکھئے مُتعہ۔

نکاحِ موَقّت (ع۔ا۔مذ) مُتعہ۔ نکاح جو صرف کسی خاص مُدّت کے لئے ہو۔

نکاح نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) کاغذ جس پر شادی کی تفصیلات درج ہوں۔

نکاح ہونا (اُر۔مص مُرکّب) عقد ہونا۔ بیاہ ہونا۔ شادی ہونا۔

نِکاحی (نِ۔کا۔حی) (ف۔صف) نکاح کر کے لائی ہوئی عورت۔ منکوحہ۔

نکاحی بیاہی (اُر۔ا۔مث) وہ عورت جسے رَسم نکاح ادا کر کے برات کے ساتھ لایا جائے۔ عزّت و آبرو سے بیاہ کر لائی ہوئی عورت (۲) شادی شُدہ عورت۔

نکاحی نہ بیاہی نہرو بہو کہاں سے آگئی؟ (اُر۔مثل) اُس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو خواہ مخواہ رشتے دار بن بیٹھے۔

نُکار (نُ۔کار) (ق۔ا۔مذ) کھنکارا۔

نَکارا (نَ۔کا۔را) (ق۔صف) ناکارہ۔

نِکارنا (نِ۔کار۔نا) (ق۔مص) نکالنا۔

نِکاس (نِ۔کاس) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اصل۔ بِنا۔ جڑ (۲) آغاز۔ شروع (۳) منبع۔ سوت۔ مبدأ (۴) نسل۔ خاندان (۵) صدُور۔ ظہور (۶) اِخراج۔ برآمد۔

نِکاسی (نِ۔کا۔سی) (ہ۔ا۔مث) (۱) مَحاصِل۔ پیداوار (۲) فائدہ۔ مُنافع (۳) بکری۔ مال کی فروخت (۴) روانگی۔ برآمد (۵) چُنگی۔ محصُولِ راہ داری (۶) سرحد۔

نَکال (نَ۔کال) (ع۔ا۔مذ) عذاب۔ سزا۔ رَنج۔ دُکھ۔ عقوبت۔

نِکال (نِ۔کال) (ہ۔فعل) نکالنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

نکال بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) بے خیالی میں کوئی بات کہہ دینا۔

نکال پیٹھال کے دِن (اُر۔ا۔مذ) فصل کی تبدیلی کے دن۔

نکال دینا (اُر۔ محاورہ) موقوف کر دینا۔ باہر کر دینا۔ دُور کر دینا۔ خارج کر دینا۔

نکال لانا (اُر۔ محاورہ) (۱) اغوا کر کے لے آنا۔ بھگا لے جانا (۲) چُرا لانا۔

نکال لے جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) چُرا کر لے جانا (۲) عورت کو بھگا لے جانا (۳) نجات دِلانا (۴) باہر لے جانا۔

نکال لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) سوال حل کر لینا (۲) چُرا لینا (۳) کسی جگہ سے کوئی چیز برآمد کر لینا (۴) پہیلی بوجھنا۔

نِکالا (نِ۔کا۔لا) (ق۔ا۔مث) چیچک۔

نِکالا (نِ۔کا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شہر بدر (۲) اِخراج۔

نِکالا ملنا (اُر۔ محاورہ) شہر بدر کیا جانا۔ نکالا جانا۔ جلاوطن کیا جانا۔

نِکالنا (نِ۔کال۔نا) (اُر۔مص) (۱) باہر کرنا۔ خارج کرنا (۲) علیحدہ کرنا۔ جُدا کرنا۔ چھانٹنا۔ منتخب کرنا (۳) وضع کرنا۔ تفریق کرنا (۴) اِیجاد کرنا۔ دِل سے کوئی بات پیدا کرنا۔ کسی چیز کو رواج دینا (۵) حل کرنا۔ سُلجھانا (۶) کاڑھنا۔ بیل بُوٹے نکالنا (۷) سدھانا۔ گھوڑے کو سواری یا دوڑ کے قابل بنانا (۸) موقوف کرنا۔ جواب دے دینا۔ برطرف کرنا (۹) شروع کرنا (۱۰) بدلہ لینا۔

نِکانا (نِ۔کا۔نا) (ہ۔مص) کھیتوں اور کیاریوں سے خودرَو گھاس پھُونس نکالنا۔

نِکائی (نِ۔کا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) (۱) نِکانا کا عمل (۲) کھیت نکائی کی اُجرت۔

نَکبت (نک۔بت) (ع۔ا۔مث) اِفلاس۔ بدحالی۔ غربت۔

نُکتہ (نُک۔تہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) باریکی۔ تہ کی بات۔ باریک بات (۲) لطیفہ۔ چٹکلا (۳) رخنہ۔ عیب (۴) وہ چمڑا جو گھوڑے کے مُنہ پر رہتا ہے۔ جمع: نِکات۔ اُردو جمع: نکتوں۔ نکتے۔

نکتہ باقی نہ چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرنا۔

نکتہ بیں (ع۔ف۔صف) نازک خیال۔

نکتہ بینی (ع۔ف۔ا۔مث) نازک خیالی۔ باریک بینی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نکتہ پرداز (پَرور۔ شناس۔ سَنج) (ع۔ف۔صف) خوش گفتار۔ سخن شناس۔ عقل مند۔ ہوشیار۔

نکتہ پردازی (پروری۔ شناسی۔ سنجی) (ف۔ا۔مث) (۱) خوش گفتاری۔ سخن شناسی۔ وضاحت (۲) عقل مندی۔

نکتہ چیں (ع۔ف۔صف) عیب ڈھونڈنے والا۔

نکتہ چینی (ع۔ف۔ا۔مث) عیب گیری۔ مین میکھ نکالنا۔ بُرائی نکالنا۔

نکتۂ خفی (ع۔ف۔ا۔مذ) چُھپا ہوا بھید۔

نکتہ دان (ع۔ف۔صف) باریک بات جاننے والا۔ دقیقہ رس۔

نکتہ رس (ع۔ف۔صف) تیز فہم۔ زیرک۔ ذکی۔

نکتہ رسی (ع۔ف۔ا۔مث) تیز فہمی۔ زیرکی۔ ذکاوت۔

نکتہ گیر (ع۔ف۔صف) عیب جُو۔ نکتہ چیں۔

نکتہ گیری (ف۔ا۔مث) عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔

نکتہ نواز (ع۔ف۔صف) لطیف بات کی قدر کرنے والا۔

نُکتی (نُک۔تی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی مٹھائی جو بیسن سے موتیوں کے برابر بنائی جاتی ہے۔ جمع: نکتیاں۔ نکتیوں۔ (پن) نُکدی۔

نکتی پُلاؤ (اُر۔ا۔مذ) وہ پُلاؤ جس میں چنے کی نکتیاں پڑی ہوں۔

نُکتے (نُک۔تے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) نکتہ کی جمع (۲) نکتہ کی بدلی ہوئی صورت۔

نکتے کی بات (اُر۔ا۔مث) باریک اور معنی خیز بات۔ تہ کی بات۔

نکتے نکالنا (اُر۔محاورہ) عیب نکالنا۔

نِکَٹ (نِ۔کَٹ) (ہ۔صف) قریب۔ نزدیک۔

نکٹا (نک۔ٹا) (ہ۔صف۔وا۔مذ) (۱) ناک کٹا ہوا (۲) سیاہ رنگ کی مُرغابی (۳) کوڑی جس سے جوا کھیلتے ہیں (۴) ایک قسم کا نقش گانا (۵) بے حیا۔ بے غیرت۔ جمع: نکٹوں۔ نکٹے۔ نیز دیکھئے نک کٹا۔

نکٹا بُوچا سب سے اُونچا (اُر۔مثل) مُفلس شیخی خورا۔

نکٹا جیے بُرے اَحوال (اُر۔مثل) بدنام آدمی کی زندگی تلخی سے بسر ہوتی ہے۔

نکٹائی (Necktie) (اَنگ۔ا۔مث) مغربی وضع کی پٹی جو قمیص کے کالر میں لگائی جاتی ہے۔

نکٹی (نک۔ٹی) (ہ۔صف۔مث) (۱) وہ عورت جس کی ناک کٹی ہوئی ہو (۲) بے حیا اور بے غیرت عورت (۳) بلّی۔

نکٹی کا جنا (اُر۔ا۔مذ) کمینہ۔ بد اصل۔ ذلیل۔ رذیل (آدمی)۔

نکٹے (نک۔ٹے) (ہ۔صف۔مذ) (۱) نکٹا کی جمع (۲) نکٹا کی مُغیرّہ صورت۔

نکٹے کا کھائے 'اوچھے کا نہ کھائے' (اُر۔مثل) بے حیا کا اِحسان اُٹھانا اتنا بُرا نہیں جتنا کم ظرف کا اِحسان اُٹھانا۔

نکٹے کی ناک کٹی 'سوا گز اور بڑھی' (اُر۔مثل) بے عزّت آدمی ذلّت کو بھی فخر سمجھتا ہے۔

نکِرہ (نَ۔کِ۔رَہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) ناشناسی (۲) وہ اِسم جو غیر مُعیّن چیز کے لئے آئے جیسے کتاب۔ آدمی۔ درخت۔

نُکڑ (نُک۔کَڑ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نوک کی تصغیر۔ سرا۔ نوک۔ آخیر۔ اِنتہا (۲) کونا۔ گوشہ۔ موڑ۔ جمع: نُکڑو۔ نُکڑوں۔

نُکس (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) مرض کا عود کر آنا۔ پھر بیمار ہو جانا۔

نِکَسنا (نِ۔کَس۔نا) (ق۔مص) نکلنا۔

نکسیر (نک۔سیر) (ہ۔ا۔مث) ناک سے خون بہنا۔

نکسیر بھی نہ پُھوٹی (اُر۔مثل) ذرا سا صدمہ نہیں پہنچا۔ ذرا سی بھی تکلیف نہیں ہوئی۔

نکسیر پُھوٹنا (اُر۔محاورہ) ناک سے خون بہنا۔

نِکل (Nickel) (اَنگ۔ا۔مذ) ایک قسم کی سفید دھات جس کی جلا دُوسری دھاتوں کے سامان پر کی جاتی ہے۔

نِکل (نِ۔کل) (ہ۔فعل) نکالنا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

نکل آنا (اُر۔مص) (۱) باہر آنا۔ ظاہر ہونا (۲) پیدا ہونا (۳) زمین سے باہر آنا۔ پُھوٹنا۔

نکل بھاگنا (اُر۔مص) (۱) چل دینا۔ فرار ہو جانا (۲) قابُو سے نکل جانا (۳) بچ کر چلا جانا۔

نکل پڑنا (اُر۔مص مُرکب) (۱) ظاہر ہو جانا۔ سامنے آجانا (۲) باہر آجانا (۳) گر جانا۔ کُھل پڑنا (۴) ٹپک جانا (۵) اُگل دینا۔

نکل جانا (اُر۔محاورہ) چلا جانا۔ بھاگ جانا (۲) دُور ہو جانا (۳) جاتا رہنا۔ زائل ہو جانا (۴) سبقت لے جانا۔ آگے بڑھ جانا (۵) کپڑے کا پھٹ جانا۔ رفاقت ترک کر دینا (۶) نجات پانا۔

نکل چلنا (اُر۔محاورہ) (۱) اپنی حیثیت اور بساط سے بڑھ جانا (۲) اِترانا۔ مغرور ہو جانا۔ گستاخ ہو جانا۔ بے باک ہو جانا۔

نکل کھڑا ہونا (اُر۔محاورہ) چل دینا۔ رُخصت ہونا۔ باہر جانا۔ سفر پر روانہ ہونا۔

نِکلا (نِک۔لا) (ہ۔فعل) نکلنا مصدر کا ماضی مطلق۔

نِکلنا (نِ۔کَل۔نا) (اُر۔مص) (۱) اُگنا۔ پُھوٹنا۔ اُوپر آنا (۲) بہنا۔ جاری ہونا (۳) پیدا ہونا (۴) ظاہر ہونا۔ سامنے آنا۔ باہر آنا۔ برآمد ہونا۔ طلوع ہونا (۵) بلند ہونا۔ اُٹھنا (۶) ثابت ہونا (۷) زائد ہونا (۸) چلا جانا۔ بھاگنا (۹) خارج ہونا (۱۰) سبقت لے جانا (۱۱) پھٹ جانا (۱۲) حاصل ہونا۔

نکلنا بیٹھنا (اُر۔محاورہ) آمد و رفت رکھنا۔

نِکلوانا (ہ۔مص) نکلنا کا متعدّی۔

نِکلی (نِک۔لی) (ہ۔فعل) نکلا کی تانیث۔

نکلی ہونٹوں چڑھی کوٹھوں (اُر۔مثل) بات مُنہ سے نکلتے ہی مشہور ہو جاتی ہے۔

نکلیس (Necklace) (اَنگ۔ا۔مذ) گلے کا ایک زیور۔ گلوبند۔ چمپاکلی۔ کنٹھا۔ مالا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نِکَمّا (نِ۔کَم۔ما)(ہ۔صف)(۱) بے کار۔ ناکارہ۔ بے مصرف (۲) خالی۔ مُعطّل (۳) بُرا۔ خراب (۴) ناچیز۔ حقیر۔

نکما کر دینا (اُر۔ محاورہ) خراب کر دینا۔ بیکار کر دینا۔

نکما ہو جانا (اُر۔ محاورہ)(۱) بے کار ہو جانا (۲) کام کے قابل نہ رہنا۔

نِکَمّی (نِ۔کَم۔مِی)(ہ۔صف) نکما کی تانیث۔

نکو (نِ۔کو)(ق۔ حرفِ نفی) نہیں۔

نَکُّو (نَک۔کُو)(ہ۔صف)(۱) بدنام۔ رُسوا (۲) مطعون (۳) بڑی ناک والا۔ لمبی ناک والا۔

نکو بنانا (اُر۔ محاورہ) بدنام کرنا۔ رُسوا کرنا۔

نکو بننا (اُر۔ محاورہ) بدنام ہونا۔ رُسوا ہونا۔ انگشت نُما ہونا۔

نِکو (نِ۔کو)(ف۔صف) نیکو کا مخفف۔ خوب اچھا۔ نیز دیکھیے نیکو مع مُرکبات۔

نِکوکار (ف۔صف) نیک۔ اچھے اَفعال کا مالک۔

نِکو مَحضَر (ف۔ع۔صف) نیک خصلت۔

نِکو نام (ف۔صف) اچھی شُہرت والا۔ نیک نام۔

نَک وا (نکوا) (نَک۔وا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سُوئی کا سُوراخ۔ ناکا (۲) ترازو کی ڈنڈی کا سُوراخ۔

نِکوٹین (Nicotine) (اَنگ۔ا۔مث) تمباکو کا زہر۔

نِکوسنا (نِ۔کوس۔نا)(ہ۔مص) دانت نکالنا، جانوروں کی طرح۔

نِکوہش (نِ۔کو۔ہِش)(ف۔ا۔مث)(۱) ملامت۔ سرزنش (۲) دھمکی۔ پھٹکار۔ (بفتح ہائے ہوز بھی صحیح ہے)۔

نِکوہیدہ (نِ۔کو۔ہی۔دہ)(ف۔صف) خراب۔ بُرا۔ مذموم۔ ملامت کیا گیا۔

نِکوئی (نِ۔کو۔ای)(ف۔ا۔مث) نیکی۔ راستی۔

نکوئی بابداں کردن چناں اَست کہ بد کردن بجائے نیک مرداں (ف۔ مثل) بد کے ساتھ نیکی کرنا ایسا ہی ہے جیسے نیکوں کے ساتھ بُرائی کرنا۔

نکوئی کُن و دَر آب انداز (ف۔ مثل) نیکی کر دریا میں ڈال۔ کسی کے ساتھ نیکی کر کے صلے کی اُمید نہیں رکھنی چاہیے۔

نَکھ (بفتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ہاتھ پاؤں کی اُنگلی کا ناخن (۲) ایڑی (۳) ایک خوشبودار جڑ (۴) کچا اَبریشم۔

نکھ سِکھ سے دُرست (اُر۔صف) ایڑی (نکھ) سے اُوپر (سِکھ) تک۔ یعنی پاؤں سے سر تک خوب صورت۔ بے عیب۔

نکھ سے سِکھ تک (اُر۔ تابع فعل) ایڑی سے چوٹی تک۔ اوّل سے آخر تک۔ تمام و کمال۔ اَز سرتاپا۔

نِکھاد (نِ۔کھاد)(ہ۔ا۔مذ) ایک بلند اور اُونچا سُر۔ ہندی موسیقی کا ساتواں سُر جس کا اِختصار نی ہے۔

نِکھار (نِ۔کھار)(ہ۔ا۔مذ) صفائی۔ اُجلا پن۔ زیب و زینت۔ آرائش۔ خوبصورتی۔

نِکھارنا (نِ۔کھار۔نا)(ہ۔مص) میل صاف کرنا۔ میل کاٹنا۔ اُجلا کرنا۔

نَکہت (نَک۔ہَت)(ع۔ا۔مث) پُھول کی خوشبو۔ مہک۔

نِکھَت (نِ۔کھت)(ہ۔ا۔مذ) ہر مہینے کے پندرہ روز جن کے ذریعے بارش کا حساب کرتے ہیں۔

نِکھَٹّر (نِ۔کھٹّر)(ہ۔صف)(۱) ناچیز (۲) بدمزہ۔ ناقص۔

نِکھَٹّو (نِ۔کھٹ۔ٹو)(ہ۔صف)(۱) ناکارہ۔ نکما (۲) وہ شخص جو کچھ نہ کمائے (۳) سُست۔ احدی (۴) اَحمق۔ بے وقوف۔ جمع: نکھٹو۔ نکھٹوؤں۔

نکھٹو آئے لڑتا۔ کماؤ آئے ڈرتا (اُر۔ مثل) ناکارہ آدمی ہر وقت بیوی سے لڑتا رہتا ہے اور کمانے والا بیوی سے ڈرتا ہے۔

نکھٹو کی جورو سدا ننگی (اُر۔ مثل) کاہل اور بیکار کے گھر ہمیشہ مفلسی رہتی ہے۔

نِکھَد (نِ۔کھد)(ہ۔صف) بہت ہی بُرا۔ بہت نکما۔

نِکھرا (نِکھ۔را)(ہ۔صف)(۱) نکھرا ہوا۔ صاف سُتھرا۔ پاکیزہ (۲) جوبن پر آیا ہوا۔ آراستہ۔

نِکھرنا (نِ۔کھر۔نا)(ہ۔مص)(۱) صاف ہونا۔ اُجلا ہونا۔ میل کٹنا (۲) چمکنا (۳) رونق آنا (۴) بننا۔ سنورنا۔

نِکھری (نِکھ۔ری)(ہ۔صف) نکھرا کی تانیث۔

نِکھنڈ (نِ۔کھنڈ)(ہ۔صف)(۱) آدھا (۲) ٹھیک۔ عین۔

نِکھنڈ آدھی رات (ہ۔ا۔مث) ٹھیک آدھی رات۔

نِکھور (نِ۔کھور)(ق۔ا۔مث) تخّی۔

نِکھوڑا (نِ۔کھو۔ڑا)(ہ۔صف) بے مُروّت۔

نَکّی (نَک۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) ناک میں بولنے والا (۲) جُوئے کی کوڑی۔ جُوئے کا ایک داؤں۔ ایک قسم کا جوا۔

نَکِیر (نَ۔کیر)(ع۔ا۔مذ) قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ۔

نَکِیرَین (نَ۔کی۔رَین)(ع۔ا۔مذ) مُردے سے سوال و جواب کرنے والے دو فرشتے۔ منکر نکیر۔

نَکیل (نَ۔کیل)(بیائے مجہول)(ہ۔ا۔مث) اُونٹ کی مُہار۔ اُونٹ کے ناک کی رَسّی۔ جمع: نکیلوں۔ نکیلیں۔

نکیل ہاتھ میں ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) قابو میں ہونا۔ قبضے میں ہونا (۲) لگام ہاتھ میں ہونا۔

نُکیلا (نُ۔کی۔لا)(ہ۔صف)(۱) نوکدار۔ گاؤدُم۔ مخروطی (۲) بانکا۔ طرح دار۔

نکیلا پن (ہ۔ا۔مث)(۱) خوش وضعی۔ بانکپن (۲) نوک کی تیزی۔

نُکیلی (نُ۔کی۔لی)(ہ۔صف) نکیلا کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ن۔گ

نگ (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) نگینہ۔ قیمتی پتھر یا شیشہ جو زیور میں جڑا جائے۔ اُردو جمع: نگ۔ نگوں۔
نگ بَجُونا (اُر۔ محاورہ) نگینہ چسپاں کرنا۔ نگینہ بٹھانا۔
نگ کی چُوڑیاں (اُر۔ا۔مث) چوڑیاں جن میں چھوٹے نگ جڑے ہوتے ہیں۔
نِگار (نِ۔گار) (ف۔ا۔مذ) (۱) تصویر (۲) بُت۔ مُورتی (۳) خوبصورت معشوق۔ محبوب (۴) وہ شکل جو عورتیں اپنے ہاتھ پر مہندی سے بناتی ہیں (۵) زیبائش۔ آرائش۔ زینت (۶) نگاشتن (نگاریدن) کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لکھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے افسانہ نگار۔
نگار اَرمنی (ف۔ا۔مث) فرہاد کی محبوبہ شیریں۔
نگار بندی (ف۔ا۔مث) حنا بندی۔ مہندی سے نقش بنانا۔ مہندی لگانا۔
نگار خانہ (ف۔ا۔مذ) تصویر خانہ۔ پکچر گیلری۔ آرٹ گیلری۔
نِگارِستان (نِ۔گار۔اِستان)(ف۔ا۔مذ) نگار خانہ۔
نِگارِش (نِ۔گا۔رِش)(ف۔ا۔مث) تحریر۔ نوشت۔
نِگارِیں (نِ۔گا۔رِیں)(ف۔صف) (۱) مہندی لگا ہوا۔ منقّش۔ آراستہ (۲) معشوق۔ محبوب۔
نِگالی (نِ۔گا۔لی)(ہ۔ا۔مث) حقّے کی نَے کا وہ سِرا جس میں مُنہال لگاتے ہیں (۲) نیچا بنانے کی نَے (۳) چھوٹا پیچوان۔
نِگاہ (نِ۔گاہ)(ف۔ا۔مث) (۱) نظر۔ چتون (۲) تیور۔ بصارت (۳) آنکھ (۴) شناخت۔ پرکھ (۵) توجّہ۔ عنایت۔ مہربانی (۶) نظارہ (۷) نگرانی۔ رکھوالی۔ چوکسی۔ نظر بندی (۸) اُمید۔ بھروسا۔ خیال۔ توقع۔ اُردو جمع: نگاہوں۔ نگاہیں۔
نگاہ اُٹھا کر نہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) خیال میں نہ لانا۔ مغرور ہونا۔ بات نہ پُوچھنا۔ بے رُخی کرنا۔
نگاہ اُونچی ہونا (اُر۔ محاورہ) بلند خیال ہونا۔ عالی حوصلہ ہونا۔ نگاہ بلند ہونا۔
نگاہ ایک سی ہونا (اُر۔ محاورہ) سب کو ایک نظر سے دیکھنا۔ ہر ایک سے برابر کا سلوک کرنا۔
نِگاہ بان (نِگہبان)(ف۔صف) چوکیدار۔ محافظ۔
نِگاہ بانی (نِگہبانی)(ف۔ا۔مث) حفاظت۔ پاسبانی۔ نگرانی۔ چوکیداری۔
نگاہِ بد (ف۔ا۔مث) بُری نظر۔
نگاہ بد کرنا (اُر۔ محاورہ) بُری نظر سے دیکھنا۔
نگاہ بدلنا (اُر۔ محاورہ) ناخوش ہونا۔ بے توجّہ ہونا۔
نگاہ بدلی ہونا (اُر۔ محاورہ) بے توجّہی ہونا۔ خفگی ہونا۔
نگاہ بلند ہونا (اُر۔ محاورہ) عالی خیال اور عالی حوصلہ ہونا۔
نگاہ بھر کے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) غور سے دیکھنا۔
نگاہ پر چڑھنا (اُر۔ محاورہ) نظر میں کھبنا۔ نظروں میں جچنا۔ باوقعت ہونا۔
نگاہِ پرورش (ف۔صف) عنایت اور مہربانی کی نگاہ۔
نگاہ پڑنا (اُر۔ محاورہ) دیکھا جانا۔ دیکھنے میں آنا۔
نگاہ پلٹنا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے نگاہیں پلٹنا۔
نگاہ پہچاننا (اُر۔ محاورہ) تیور پہچاننا۔ صورت دیکھ کر مزاج کی کیفیت معلوم کر لینا۔ خیالات کا اندازہ کرنا۔ واقف ہونا۔
نگاہ پھرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) توجّہ نہ رہنا۔ اِلتفات نہ رہنا (۲) اِدھر اُدھر نظر ڈالنا۔ گرد و پیش دیکھنا۔
نگاہ پھسلنا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے نگاہیں پھسلنا۔
نگاہ (پھیر لینا) پھیرنا (اُر۔ محاورہ) توجّہ ہٹا لینا۔ کسی چیز سے رُوگردانی کرنا۔
نگاہ ترچھی کرنا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں سے غُصّہ ظاہر ہونا۔
نگاہ ٹیڑھی ہونا (اُر۔ محاورہ) ناخوش ہونا۔ خفا ہونا۔
نگاہ جانا (اُر۔ محاورہ) نگاہ کا کسی طرف اُٹھ جانا۔
نگاہ جھپکنا (اُر۔ محاورہ) نظر جھپکنا۔ چُندھیا جانا۔
نگاہ چار کرنا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے نگاہیں چار کرنا۔
نگاہ چار ہونا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے نگاہیں چار ہونا۔
نگاہ چُرانا (اُر۔ محاورہ) دیکھیے نگاہیں چُرانا۔
نگاہ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) پسند آنا۔ نظر میں سمانا۔
نگاہِ حسرت آلود (ف۔ا۔مث) حسرت بھری نگاہ۔
نگاہ (نِگہ) دار (ف۔صف) نگہبان۔ پاسبان۔ محافظ۔
نگاہ داری (نِگہ داری)(ف۔ا۔مث) نگہبانی۔ چوکیداری۔ پاسبانی۔
نگاہ (نِگہ) داشت (ف۔ا۔مث) حفاظت۔ نگرانی۔ چوکسی۔
نگاہ دوڑانا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں سے تلاش کرنا۔ خیال کرنا۔
نگاہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) تیور سے خیالات کا اندازہ کرنا۔ نظروں سے مزاج کی کیفیت معلوم کرنا۔
نگاہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) دیکھنا۔
نگاہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نظر رکھنا۔ توجّہ رکھنا (۲) خیال رکھنا۔ دیکھنا۔ نگرانی کرنا (۳) پرکھنے کی صلاحیت ہونا۔
نگاہ رُوبرُو (اُر۔ کلمۂ ندا) نگاہ سامنے رکھو۔ نقیب جب کسی شخص کو بادشاہ کے سامنے پیش کرتے تھے تو یہ کلمہ کہا کرتے تھے۔
نگاہ سے (اُترنا) گِرنا (اُر۔ محاورہ) بے وقعت ہو جانا۔
نگاہِ شوق (ف۔ا۔مث) خواہش بھری نگاہ۔
نگاہِ غلط انداز (ف۔ا۔مث) اُچٹتی ہوئی نگاہ۔ ایسی نظر سے دیکھنا کہ معلوم نہ ہو کس طرف دیکھا جا رہا ہے۔
نگاہ کا کام (اُر۔ا۔مذ) بہت باریک کام۔
نگاہ کا کام کرنا (اُر۔ محاورہ) نظر پہنچنا۔ اثر کرنا۔
نگاہ کا مارا (اُر۔ صف) عاشق۔ چاہنے والا۔
نگاہِ کج (ف۔ا۔مث) ترچھی نظر۔ غُصّے کی نظر۔
نگاہِ کرم (ف۔ا۔مث) مہربانی کی نظر۔
نِگاہ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دیکھنا (۲) سوچنا۔ خیال کرنا (۳) جانچنا۔ پرکھنا (۴) توجّہ کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نگاہِ گرم (ف۔ا۔مث) تیز نگاہ۔ غصّے کی نگاہ۔
نگاہ لڑانا (اُر۔ محاورہ) آنکھیں لڑانا۔ نظربازی کرنا۔ آنکھ سے آنکھ ملانا۔
نگاہ لڑنا (اُر۔ محاورہ) آنکھ سے آنکھ ملنا۔ عاشق ہونا۔
نگاہ ملانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے نگاہیں ملانا۔
نگاہ ملنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے نگاہیں ملنا۔
نگاہ مَیلی ہونا (اُر۔ محاورہ) رَنجش ہونا۔ دِل میں کدُورت آجانا۔
نگاہ میں (اُر۔ تابع فعل) دیکھئے نگاہوں میں۔
نگاہ میں آنا (اُر۔ محاورہ) جچنا۔ اَندازہ ہونا۔
نگاہ میں پھرنا (اُر۔ محاورہ) دھیان میں آنا۔ خیال میں آنا۔ یاد آنا۔
نگاہ میں جچنا (اُر۔ محاورہ) پسند آنا۔
نگاہ میں خار ہونا (اُر۔ محاورہ) نظر کو بُرا لگنا۔ پسند نہ آنا۔
نگاہ میں رکھنا (اُر۔ محاورہ) خیال رکھنا۔ نگہبانی کرنا۔ متوجّہ رہنا۔
نگاہ میں سُبک ہونا (اُر۔ محاورہ) بے وقعت اور بے قدر ہونا۔
نگاہ میں سمانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے نگاہوں میں سمانا۔
نگاہ میں کُھبنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے نگاہوں میں کھبنا۔
نگاہ میں ہونا (اُر۔ محاورہ) دھیان میں ہونا۔ خیال رہنا۔
نگاہِ ناز (ف۔ا۔مث) ناز و اَنداز کی نظر۔ معشوقانہ نظر۔
نگاہ نہ ٹھہرنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کی چمک کے باعث اُس پر نظر نہ جمنا۔
نگاہ نہ ملانا (اُر۔ محاورہ) متوجّہ نہ ہونا۔ بے رُخی اِختیار کرنا۔
نگاہ نیچی کرنا (اُر۔ محاورہ) شرم و حیا سے آنکھ نیچی کرنا۔
نگاہِ (نِگَہِ) واپسیں (ف۔ا۔مث) مرتے وقت کی نگاہ جو آخری وقت ڈالی جائے۔
نِگاہوں (اُر۔ا۔مث) نگاہ کی جمع۔
نگاہوں میں (اُر۔ تابع فعل) نظر میں۔ خیال میں۔
نگاہوں میں باتیں کرنا (اُر۔ محاورہ) آنکھوں کے اِشاروں سے مطلب کی بات سمجھانا۔
نگاہوں میں تولنا (اُر۔ محاورہ) دیکھ کر مزاج کی کیفیت معلوم کرنا۔ نگاہوں سے منشا دریافت کرنا۔
نگاہوں میں ٹھہرنا (اُر۔ محاورہ) پسند آنا۔
نگاہوں میں سمانا (اُر۔ محاورہ) پسند ہونا۔
نگاہوں میں کُھبنا (اُر۔ محاورہ) مرغوب ہونا۔ پسند ہونا۔
نگاہوں میں کہنا (اُر۔ محاورہ) آنکھ کے اِشارے سے دِلی مُدّعا ظاہر کرنا۔ آنکھ کے اِشارے سے بات سمجھانا۔
نگاہوں میں ہلکا ہونا (اُر۔ محاورہ) حقیر ہونا۔
نِگاہیں (اُر۔ا۔مث) نگاہ کی جمع۔
نگاہیں پلٹنا (اُر۔ محاورہ) توجّہ نہ کرنا۔ بے پروا ہو جانا۔
نگاہیں پھسلنا (اُر۔ محاورہ) زیادہ صاف یا چمک دار چیز پر نگاہ نہ ٹھہرنا۔
نگاہیں چار کرنا (اُر۔ محاورہ) رُوبرو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔
نگاہیں چار ہونا (اُر۔ محاورہ) آمنا سامنا ہونا۔

نگاہیں چُرانا (اُر۔ محاورہ) نظر سامنے نہ کرنا۔ آنکھ سے آنکھ نہ ملانا۔
نگاہیں ملانا (اُر۔ محاورہ) مُقابل ہونا۔ آنکھیں چار کرنا۔
نگاہیں مِلنا (اُر۔ محاورہ) نگاہیں چار ہونا۔ رُوبرو ہونا۔
نگر (ن۔گر) (ہ۔ا۔مذ) شہر۔ بَلدہ۔ قصبہ۔
نِگر (نِ۔گر) (ف۔ لاحقہ فاعلی) نگریستن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل بنا دیتا ہے اور دیکھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے دَست نگر۔
نِگران (نِ۔گ۔ران) (ف۔صف) دیکھنے والا۔ نگہبان۔ محافظ۔ پاسبان۔
نِگرانی (نِ۔گَ۔را۔نی) (ف۔ا۔مث) (۱) دیکھ بھال (۲) حفاظت۔ اِنتظام۔
نگری (نگ۔ری) (ہ۔ا۔مث) نگر کی تصغیر۔ چھوٹی بستی۔
نگلا (نگ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) چھوٹی بستی۔ گاؤں کی آبادی کا ایک حصّہ۔
نِگلانا (نِگ۔لا۔نا) (ہ۔مص) نگلنا کا متعدّی۔
نِگلنا (نِ۔گل۔نا) (ہ۔مص) حلق سے نیچے اُتارنا (۲) کھانا (۳) غبن کرنا۔
نِگم (نِ۔گم) (س۔ا۔مذ) (۱) آسمانی کتاب (۲) بازار۔ میلا ٹھیلا (۳) سڑک (۴) شہر۔ قصبہ (۵) سوداگر۔
نگند (ن۔گند) (نُون غُنّہ) (ہ۔ا۔مذ) ایک مُصفّیِ خون بُوٹی۔
نگندنا (ن۔گند۔نا) (ہ۔مص) لحاف یا کسی رُوئی دار کپڑے میں ڈورے ڈالنا۔
نگندہ (ن۔گند۔دہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بخیہ (۲) رضائی یا لحاف میں دُور دُور ڈورے ڈالنا۔ جمع: نگندوں۔ نگندے۔
نگندے ڈالنا (اُر۔ محاورہ) رُوئی دار کپڑے میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا۔ ڈورے ڈالنا۔
نِگوڑا (نِ۔گو۔ڑا) (ہ۔صف) (۱) جس کے گھٹنے یا پاؤں نہ ہوں (۲) نِکمّا۔ ناکارہ (۳) منحوس۔ نامُراد۔ اُجڑا ہوا۔ محتاج (۴) اکیلا۔ جمع: نگوڑوں۔ نگوڑے۔
نِگوڑا ناٹھا (ہ۔صف) (۱) لاوارث۔ بے اولاد (۲) وہ شخص جس کے کوئی آگے پیچھے نہ ہو۔
نِگوڑی (نِ۔گو۔ڑی) (ہ۔مف) نگوڑا کی تانیث۔
نگوڑی ناٹھی (ہ۔مف) نگوڑا ناٹھا کی تانیث۔
نِگوں (نِ۔گوں) (ف۔صف) (۱) خمیدہ (۲) اَوندھا۔ اُلٹا۔
نِگوں بخت (ف۔صف) بدنصیب۔ بدقسمت۔
نِگوں سار (ف۔صف) (۱) اوندھا (۲) شرم سے سر جھکائے ہوئے۔
نِگوں ہمّت (ف۔صف) کم حوصلہ۔ بُزدل۔
نِگہ (نِ۔گہ) (ف۔ا۔مث) نگاہ کا مخفف۔ مُرکبات نگاہ کے ذیل میں دیکھئے۔
نگہت (نگ۔ہت) غلط ہے۔ دیکھئے نکہت۔
نِگھرا (نِ۔گھ۔را) (ہ۔صف) بے گھر۔ خانہ بدوش۔ بے خانماں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نِکھر گھٹ (نِ۔ کھر۔ گھٹ) (ق۔صف) شوخ چشم۔

نِکیائی (نِ۔کَ۔یا۔ئی) (ق۔صف) (۱) بے اِحتیاط (۲) کُند ذہن۔ بے عقل۔ اَحمق۔

نَگیں (نَ۔گیں) (ف۔ا۔مذ) دیکھئے نگینہ۔

نَگینہ (نَ۔گی۔نہ) (ف۔ا۔مذ) نگ۔ قیمتی پتھر۔ اُردو جمع: نگینوں۔ نگینے۔

نگینہ جڑنا (اُر۔محاورہ) زیور میں نگ لگانا۔ نگ جڑنا۔

نگینہ ساز (ف۔صف) جواہرات تراشنے والا۔

نگینہ سازی (ف۔ا۔مث) جواہرات تراشنے کا کام یا پیشہ۔

ن۔ل

نَل (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) موٹی نلی (۲) اَندر سے کھوکھلی گول اور لمبی چیز (۳) نال (۴) بانس کا نلوا (۵) نرکل۔ سرکنڈا۔ جمع: نل۔ نلوں۔

نل کُنواں (اُر۔ا۔مذ) وہ کنواں جس سے نل کے ذریعے پانی نکالا جائے۔ ٹیوب ویل۔

نل کھونچا (اُر۔ا۔مذ) سریش لگا کر چڑیاں پکڑنے کی بڑی سی پھنکو۔

نَلا (نَ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) پیشاب کی نالی (۲) ناف کی مانند ایک پٹھا (۳) پاؤں کی ہڈی (۴) (ق۔ا۔مذ) نل۔

نلا ٹل جانا (اُر۔محاورہ) ناف کا اپنی جگہ سے سرک جانا۔

نَلانا (نَ۔لا۔نا) (ہ۔مص) کھرپی سے پودوں کے اِردگرد کی زمین پولی کرنا۔ گوڈی کرنا۔

نِلاہَٹ (نِ۔لا۔ہَٹ) (ہ۔صف) نیلا پن۔ نیلی رنگت۔

نَلائی (نَ۔لا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) کھیت نلانے کی اُجرت (۲) نلانے کا کام۔ گوڈی۔

نَلڈا (نَلوا) (نَل۔ڈا) (نَل۔ڑا) (ق۔ا۔مذ) حلقوم۔

نِلجّا (نِ۔لج۔جا) (ہ۔صف) بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت۔ (ن یا نی حرف نفی ہے)۔

نِلجّی (نِ۔لج۔جی) (نلجّا کی تانیث۔

نَلکا (نَل۔کا) (اُر۔ا۔مذ) چھوٹا نل۔ ہینڈ پمپ۔ جمع: نلکوں۔ نلکے۔

نَلوا (نَل۔وا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) نل کی تصغیر (۲) چھوٹا سا نل (۳) کاغذ وغیرہ رکھنے کے لئے ٹین یا دھات کا نل۔

نَلوانا (نَل۔وا۔نا) (ہ۔مص) نلانا کا متعدی۔ کھیت کی صفائی کرانا۔ گھاس پھوس صاف کرانا۔

نَلوائی (نَل۔وا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) نلوانے کی اُجرت۔

نِلوہ (نِ۔لوہ) (ہ۔صف) (۱) بے لوث۔ خالص۔ صاف (۲) کھرے کھرے (۳) مُفت میں (۴) وہ کام جو بے اعانت اور بلا شرکت غیرے کیا جائے (۵) وہ روپیہ جو بلا محنت مِل جائے۔ (ن حرف نفی)۔

نِلوہ الگ ہو جانا (ہ۔محاورہ) کورا بچ جانا۔ بغیر کسی گزند کے بچ کر نکل جانا۔

نِلوہ چلا جانا (ہ۔محاورہ) صاف چلا جانا۔ بے لاگ چلا جانا۔

نَلی (نَ۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) نَے۔ نال۔ پنڈلی کی ہڈی (۲) جولاہے کی نالی (۳) بندوق کی نال (۴) نرکل جو اَندر سے خالی ہو۔

نَلِیا (نَل۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) چڑی مار۔ صیاد (۲) (ہ۔ا۔مث) نال کی تصغیر۔ چھوٹی نال۔

ن۔م

نَم (بفتح اوّل) (ف۔ا۔مذ) (۱) گیلا پن۔ رطوبت۔ سیل۔ تری (۲) (ف۔صف) تر۔ گیلا۔ مرطوب۔

نم خوردہ (دیدہ۔ رسیدہ) (ف۔صف) سیلا ہوا۔ مرطوب۔

نم گیر (ف۔صف) نمی جذب کر لینے والا۔

نم گیرہ (ف۔ا۔مذ) وہ کپڑا جو اوس کی نمی جذب کرنے کے لئے پلنگ پر چھت گیری کی طرح ڈال دیتے ہیں۔ شامیانہ۔ سائبان۔

نم ناک (ف۔صف) تر۔ گیلا۔ بھیگا ہوا۔ مرطوب۔

نَما (نَ۔ما) (ع۔ا۔مث) اُگنا۔ بڑھنا۔ پھلنا پھولنا۔ نمو کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (نشو ونما)۔

نُما (نُ۔ما) (ف۔لاحقہ فاعلی) نمودن مصدر سے اَمر کا صیغہ جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور 'دکھانے والا' ظاہر کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے قبلہ نُما۔

نَماز (نَ۔ماز) (ف۔ا۔مث) (۱) بندگی۔ پرستش (۲) نیاز۔ عاجزی۔ انکسار (۳) اہلِ اِسلام کی عبادت۔ اُردو جمع: نمازیں۔ نمازوں۔

نماز آنا (اُر۔محاورہ) نماز کی ترکیب معلوم ہونا۔ نماز پڑھنے کا سلیقہ ہونا۔

نماز ادا کرنا (اُر۔محاورہ) نماز پڑھی جانا۔ وقتِ مُقررہ پر نماز کا پڑھا جانا۔

نمازِ استسقا (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نماز جس میں بارش کے لئے دُعا کی جاتی ہے۔

نمازِ باجماعت (ف۔ع۔ا۔مث) جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جانا۔

نماز بخشوانے گئے' روزے گلے پڑ گئے (اُر۔مثل) ایک کام سے پیچھا چھڑانے کی کوشش میں دُوسرا کام ذمے پڑ گیا۔

نماز پر کھڑا ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) مُقتدی کا نماز شروع کرنا (۲) نماز ادا کرنے کے لئے کھڑا ہونا۔

نمازِ پنج گانہ (ف۔ا۔مث) پانچوں وقت کی نماز۔

نمازِ پیشیں (ف۔ا۔مث) ظہر کی نماز۔

نماز جانا (اُر۔محاورہ) نماز کا قضا ہونا۔ بروقت نماز ادا نہ کرسکنا۔

نمازِ جنازہ (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نماز جو مُردے کی لاش پر کھڑے ہی کھڑے پڑھتے ہیں۔

نمازِ چاشت (ف۔ا۔مث) وہ نماز جو طلوعِ آفتاب کے کچھ دیر بعد پڑھی جاتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نمازِ خُسُوف (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نماز جو چاند گرہن کے وقت پڑھتے ہیں۔

نمازِ شام (مغرب) (ف۔ا۔مث) مغرب کی نماز جو آفتاب غروب ہونے پر پڑھی جاتی ہے۔

نمازِ شکر (ف۔ع۔ا۔مث) شکرانے کی نماز۔

نمازِ ظہر (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نماز جو دوپہر ڈھلے پڑھی جاتی ہے۔ نمازِ پیشیں۔

نمازِ عِشاء (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نماز جو مغرب کے بعد پڑھی جاتی ہے۔ رات کی نماز۔

نمازِ عصر (ف۔ع۔ا۔مث) تیسرے پہر کی نماز جو غروب آفتاب سے کچھ دیر پہلے پڑھی جاتی ہے۔

نمازِ عید (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نماز جو عید کے دن ادا کی جاتی ہے۔

نمازِ فجر (ف۔ع۔ا۔مث) صبح کی نماز جو سورج طلوع ہونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے۔

نمازِ قصر (ف۔ع۔ا۔مث) وہ مختصر نماز جو حالتِ سفر میں پڑھی جاتی ہے۔

نمازِ قضا (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نماز جو وقت پر نہ پڑھی جا سکی ہو اور بعد میں پڑھی جائے۔

نماز قضا کرنا (اُر۔محاورہ) وقتِ مُعیّنہ پر نماز نہ پڑھنا۔

نمازِ کُسُوف (ف۔ا۔مث) وہ نماز جو سورج گہن کے وقت پڑھی جاتی ہے۔

نماز کو چھڑانے گئے، روزے گلے پڑے (اُر۔مثل) دیکھئے نماز بخشوانے گئے، روزے گلے پڑ گئے۔

نماز گُزار (ف۔صف) (۱) نماز ادا کرنے والا (۲) پابندِ نماز۔

نمازِ وِتر (ف۔ع۔ا۔مث) عشا کی نماز میں جو تین رکعت نماز پڑھی جاتی ہے۔

نمازِ وحشت (ف۔ع۔ا۔مث) وہ نماز جو کسی شخص کی موت کے بعد پہلی رات کو پڑھی جاتی ہے۔

نَمازی (ف۔صف) نماز کا پابند۔ نماز گزار۔ اُردو جمع: نمازی۔ نمازیوں۔

نمازی کا ٹکا (اُر۔ا۔مذ) بدی کا بدلہ۔ فعلِ بد کی سزا۔ وہ بات جس کی سزا کسی نہ کسی موقع پر مل کر رہے۔

نمازی کپڑے (اُر۔ا۔مذ) پاک لباس۔ ایسے کپڑے جن سے نماز پڑھی جا سکے۔

نُماشام (نُ۔ما۔شام) (ق۔متعلق فعل) سرِشام۔

نَمّام (نَم۔مام) (ع۔صف) چغل خور۔ اِدھر کی اُدھر کہنے والا۔ لُترا۔

نِمانا (نِ۔ما۔نا) (ق۔مص) (۱) جُھکانا (۲) (صف) مسکین۔ عاجز۔ سادہ۔

نُمائش (نُ۔ما۔اِش) (ف۔ا۔مث) (۱) دِکھاوا۔ نمود (۲) ظہور (۳) زرعی پیداوار، مصنوعات یا دُوسری مفید اور دلچسپ چیزوں کو کسی خاص جگہ پر لوگوں کو دِکھانا یا فروخت کرنا۔ اُردو جمع: نمائشوں۔ نمائشیں۔

نمائش گاہ (ف۔ا۔مث) وہ مقام جہاں نمائش منعقد ہو۔

نُمائشی (نُ۔ما۔اِ۔شی) (ف۔صف) دکھاوے کا۔ ظاہر میں اچھا۔

نُمائندگی (نُ۔ما۔ئِن۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) قائم مقامی۔ کسی کی جگہ پر کسی دُوسرے کا موجود ہونا۔ کسی تقریب میں کسی مُلک، جماعت یا گروہ کے ترجمان کی حیثیت سے شریک ہونا۔

نُمائندہ (نُ۔ما۔ئِن۔دَہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) قائم مقام۔ ترجمان۔ جمع: نمائندگان۔ اُردو جمع: نمائندوں۔ نمائندے۔

نُمائی (نُ۔ما۔ای) (ف۔ا۔مث) اِظہار۔ ظہور۔ اِعلان۔ اِشاعت۔ مُرکبات میں مستعمل ہے جیسے خود نمائی۔ خوش نمائی۔

نُمایاں (نُ۔ما۔یاں) (ف۔صف) (۱) ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا (۲) مشہور۔ نامور (۳) نکلا ہوا۔ اُبھرا ہوا۔

نمبر (Number) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تعداد (۲) درجہ (۳) باری۔ نوبت۔ اُردو جمع: نمبر۔ نمبروں۔ نیز دیکھئے لمبر۔

نمبر بڑھ جانا (اُر۔محاورہ) سبقت لے جانا۔

نمبر چھیننا (اُر۔محاورہ) ایک کا دُوسرے پر سبقت لے جانا۔

نمبردار (اُر۔ا۔مذ) وہ شخص جو کسی گاؤں یا اُس کے کسی حصّے کی مال گزاری وصول کر کے سرکاری خزانے میں داخل کراتا ہے۔

نمبر دینا (اُر۔محاورہ) اِمتحان میں مُمتحن کا مقررہ نمبروں میں سے نمبر دینا (۲) پرکھنا۔ معیار مقرر کرنا۔

نمبر ڈالنا (اُر۔محاورہ) نمبر کے لئے نشان ڈالنا۔

نمبر لگانا (اُر۔محاورہ) ترتیب سے نمبر کے نشان ڈالنا۔

نمبر لگنا (اُر۔محاورہ) نمبر لگانا کا لازم۔

نَمبری (نَم۔بَ۔ری) (اُر۔صف) (۱) نمبر سے نسبت رکھنے والا (۲) مشہور بدنام۔ جیسے نمبری بدمعاش۔

نمبری نالش (اُر۔ا۔مث) باقاعدہ نالش۔ عدالتِ مال کی نالش۔

نِمٹانا (نِم۔ٹا۔نا) (ہ۔مص) (۱) نمکتانا۔ چکانا۔ بے باق کرنا (۲) جھگڑا طے کرنا (۳) فیصلہ کرنا (۴) ختم کر دینا۔ نیز دیکھئے نبٹانا اور نپٹانا۔

نِمٹا ہُوا (اُر۔صف) (۱) نمکتا ہوا (۲) تجربہ کار۔ جہاں دیدہ۔ سیانا۔

نِمٹنا (نِ۔مَٹ۔نا) (اُر۔مص) (۱) نمکتنا۔ چکنا۔ بے باق ہونا (۲) جھگڑا طے ہونا۔ ختم ہونا (۳) فارغ ہونا (۴) فیصلہ ہونا (۵) نیز دیکھئے نبٹنا اور نپٹنا۔

نِمچھا (نِ۔مُچھ۔چھا) (ہ۔صف۔مذ) جس کی مُونچھیں نہ ہوں۔

نَمَد (نَ۔مَد) (ف۔ا۔مذ) نمدہ۔ اُون یا پشم کا بستر۔ ملائم بالوں کا بستر۔

نمد پوش (ف۔صف) کمبل پوش۔ وہ شخص جو پوستین یا پٹو کا لباس پہنے ہو۔ درویش۔ فقیر۔

نمد پوشی (ف۔ا۔مث) کمبل اوڑھنا۔

نمدِ زین (ف۔ا۔مذ) وہ نمدہ جو گھوڑے کی پشت پر زین کے نیچے ڈالتے ہیں۔

نمدا (نمدہ) (نَم۔دا) (نَم۔دَہ) (اُر۔ا۔مذ) وہ کپڑا جو اُون کو جما کر بناتے ہیں (۲) وہ اُونی کپڑا جو گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالتے ہیں۔

نمدہ بندھ جانا (اُر۔محاورہ) دیوالہ نکل جانا۔ مُفلس ہو جانا۔

نمدہ بندھوا دینا (اُر۔محاورہ) قلاش کر دینا۔ مُفلس کر دینا۔ سزا دینا۔ دیوالہ نکال دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نمرود (نم۔رُود) (ع۔ا۔مذ) بابل کا وہ بادشاہ جس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈلوایا تھا اور آگ اللہ کے حکم سے ٹھنڈی ہو گئی تھی۔ حضرت نوح علیہ السلام کا پڑپوتا تھا (۲) (کنایۃً) نہایت ظالم اور سرکش۔

نمستے (نَ۔مَس۔تے) (ہ۔ا۔مذ) تعظیماً سر جھکانا۔ بندگی۔ آداب۔ تسلیم۔ سلام۔

نمسکار (نَ۔مَس۔کار) (س۔ا۔مذ) آداب۔ تسلیم۔ بندگی۔

نمسکار کرنا (ہ۔مص مُرکّب) سلام کرنا۔ آداب کرنا۔ ہاتھ جوڑ کر سر جھکانا۔

نمش (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ف۔ا۔مث) دودھ کا جھاگ جس میں مصری ملا کر کھاتے ہیں۔

نمط (نَ۔مَط) (ع۔ا۔مذ) ڈھنگ۔ وضع قطع۔ مثل۔ مانند۔ روش۔

نمک (نَ۔مَک) (ف۔ا۔مذ) (۱) لون۔ ایک ٹھوس کھاری ذائقے دار چیز جس کا سفوف کھانوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اکثر چٹانوں کو کاٹ کر نکالا جاتا ہے یا سمندروں کے پانی کو سُکھا کر حاصل کیا جاتا ہے (۲) کھاری پن (۳) سانولا پن (۴) ملاحت (۵) روزی۔ روزینہ۔ تنخواہ (۶) سلونی چیز کا ذائقہ (۷) شوخیِ کلام کا لطف۔

نمک افشاں (ف۔صف) نمک چھڑکنے والا۔ تکلیف دینے والا۔ دُکھ پہنچانے والا۔

نمک آلود (ف۔صف) وہ چیز جس کو نمک میں لتھیڑا گیا ہو۔

نمک بر جراحت ہونا (ار۔محاورہ) زخم پر نمک چھڑکنا۔ زیادہ اذیت پہنچانا۔

نمک بند (ف۔صف) وہ زخم جس کو نمک بھر کر بند کر دیں۔

نمک پاش (ف۔صف) نمک چھڑکنے والا۔ دُکھ دینے والا۔ تکلیف میں زیادتی کرنے والا۔

نمک پاشی (ف۔ا۔مث) (۱) نمک چھڑکنا (۲) ستانا۔ زیادہ تکلیف دینا۔

نمک پروردہ (ف۔صف) خانہ زاد۔ نمک خوار۔ دیرینہ مُلازم۔ وفادار خادم۔

نمک پلکوں سے چُننا (ار۔محاورہ) دیکھئے پلکوں سے نمک چُننا۔

نمک پُھوٹ پُھوٹ کر نکلنا (ار۔محاورہ) نمک حرامی کی سزا ملنا۔

نمک تیز ہونا (ار۔محاورہ) کھانے میں نمک زیادہ ہونا۔

نمک چش (ف۔صف) نمک چکھنے والا۔

نمک چشی (ف۔ا۔مث) (۱) نمک چکھنا (۲) پہلے پہل بچّے کو نمک چکھانے کی رسم۔

نمک چکھنا (ار۔محاورہ) کھانے کو اس غرض سے چکھنا کہ نمک کی کمی بیشی کا پتا چل جائے۔

نمک چھڑکنا (ار۔مص) کھانے میں نمک ڈالنا۔ ستانا۔ تکلیف میں اضافہ کرنا۔

نمک حرام (ف۔صف) ناشکرا۔ وہ مُلازم جو اپنے آقا کا بدخواہ ہو۔

نمک حرامی (ف۔ا۔مث) ناشکری۔ آقا سے بے وفائی۔

نمک حلال (ف۔صف) احسان مند۔ شکر گزار۔ حق شناس۔ اپنے آقا کا خیر خواہ۔

نمک حلالی (ف۔ا۔مث) آقا کی خیر خواہی۔ شکر گزاری۔ حق شناسی۔

نمک حلالی کرنا (ار۔مص مُرکّب) اپنے آقا کی خیر خواہی اور ہمدردی کرنا۔

نمک خوار (ف۔صف) خادم۔ مُلازم۔ گھر میں پرورش کیا ہوا خادم۔

نمک خواری (ف۔ا۔مث) ملازمت۔ خدمت گزاری۔ نمک خوار کا اِسم کیفیت۔

نمک خوردن و نمکدان شکستن (ف۔مثل) نمک کھانا اور نمک دان کو توڑ دینا۔ محسن کشی کرنا۔ احسان فراموش اور ناشکر گزار ہونا۔

نمک دان (ف۔ا۔مذ) نمک رکھنے کا برتن۔

نمک دانی (ار۔ا۔مث) دیکھئے نمک دان۔

نمک زار (نمک سار) (ف۔ا۔مذ) نمک پیدا ہونے والی جگہ۔ نمک کی کان۔

نمک زہر کر دینا (ار۔محاورہ) بہت سا نمک ڈال دینا۔

نمک زہر ہو جانا (ار۔محاورہ) کھانے میں نمک بہت زیادہ پڑ جانا۔

نمک سنگ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا نمک۔

نمک کا اثر (ار۔ا۔مذ) وہ اثر جو کسی کی دی ہوئی روزی کھانے سے ہو۔

نمک کا پاس (ار۔ا۔مذ) کسی کی دی ہوئی روزی کھانے کا لحاظ۔

نمک کا حق ادا کرنا (ار۔محاورہ) وفاداری کرنا۔ نمک حلالی کرنا۔ مالک کی خیر خواہی کرنا۔

نمک کا سہارا (ار۔ا۔مذ) تھوڑا سا سہارا۔ رزق کا تھوڑا آسرا۔

نمک کھانا (ار۔محاورہ) کسی کی نوکری کرنا۔ کسی کی دی ہوئی روٹی کھانا۔

نمک کی قسم (ار۔ا۔مث) وفاداری ظاہر کرنے کو نمک کی قسم کھاتے ہیں۔

نمک کی کنکری کا سہارا (ار۔ا۔مذ) تھوڑے سے رزق کا آسرا۔ تھوڑا سا سہارا۔

نمک کی کنکری حرام ہونا (ار۔محاورہ) بالکل فاقے سے ہونا۔

نمک کی مار پڑنا (ار۔محاورہ) نمک حرامی کی سزا ملنا۔

نمک مرچ چھڑکنا (ار۔محاورہ) بہت دُکھ دینا۔ کمال ایذا دینا۔

نمک مرچ لگانا (ار۔محاورہ) (۱) مسالے دار بنانا۔ خوش ذائقہ بنانا (۲) مُبالغہ کرنا۔ بات بڑھا کر بیان کرنا (۳) بھڑکانا۔ اُکسانا۔

نمکولی (نَم۔کو۔لی) (ہ۔ا۔مث) نیم کے درخت کا پھل۔ نبولی۔ جمع: نمکولیاں۔ نمکولیوں۔

نمکین (نَم۔کِین) (ف۔صف) (۱) سلونا۔ نمک دار (۲) سانولا۔ گندمی رنگ کا (۳) کھاری۔

نمکینی (نَم۔کی۔نی) (ف۔ا۔مث) سلونا پن۔ ملاحت۔

نمل (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مث) چیونٹی۔ جمع: نمال۔

نمو (نَ۔مُو) (نُ۔مُو) (ع۔ا۔مث) بالیدگی۔ روئیدگی۔ پھلنے پھولنے کی قوت۔

نمود (نَ۔مُود) (نُ۔مُود) (ف۔ا۔مث) (۱) علامت۔ نشان (۲) رونق (۳) ظاہری خوبی (۴) ظاہر ہونا (۵) نمائش۔ بھڑک۔ دُھوم دھام (۶) ظہور۔ بالیدگی (۷) شان و شوکت۔ کرّوفر (۸) نظارہ۔ درشن (۹) دیدار۔ جلوہ۔ تجلّی (۱۰) شہرت۔ ناموری (۱۱) صورت۔ ہیئت۔

نمودِ بے بُود (ف۔ا۔مث) ناپائیدار دکھاوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نمُود کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ظاہرداری کرنا (۲) دھوم دھام کرنا۔ نمائش کرنا۔ ایسی بات کرنا جس سے شُہرت ہو۔

نمُود کھونا (اُر۔ محاورہ) شیخی کرکری ہونا۔ عزّت گنوانا۔

نمُود ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) دِکھائی دینا۔ اُبھرنا (۲) وجود ہونا (۳) شُہرت ہونا۔ نام ہونا (۴) آثار قائم رہنا۔ علامت یا نشان موجود ہونا (۵) نمائش ہونا۔ دھوم دھام ہونا (۶) چمکنا (۷) عزّت ہونا۔

نمُودار (ف۔ صف) عیاں۔ ظاہر۔ آشکار۔

نمُودار ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) نکلنا۔ ظاہر ہونا۔ عیاں ہونا۔

نمُوداری (نَ۔مُو۔دا۔ری) (ف۔ ا۔ مث) سرداری۔ سربراہی۔

نمُودی (نَ۔مُو۔دی) (اُر۔ صف) (۱) نمود والا۔ نامی گرامی (۲) ظاہری ٹھاٹ باٹ کا دِلدادہ۔

نمُودِیا (نَ۔مُو۔دیا) (اُر۔ ا۔ مذ) دولت کی شان دِکھانے والا۔ دِکھاوا کرنے والا۔ شیخی خورا۔

نمُونہ (نَ۔مُو۔نہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) وہ چیز جو دِکھانے کے لئے ہو (۲) نظیر۔ مثل۔ تمثیل (۳) نقشہ۔ نقل۔ قالب۔ سانچا۔ ڈول۔ اُرجمع: نمونوں۔ نمونے۔

نمونیا (Pneumonia) (انگ۔ ا۔ مذ) ذات الجنب۔ ایک مرض جو سردی لگنے کھانسی ہو جانے اور گلا خراب ہونے سے لاحق ہوتا ہے۔ اِس میں پھیپھڑے کے کسی حصّے میں ورم ہو جاتا ہے جس سے وہاں ہوا نہیں جا سکتی اور مریض کو سانس لینے میں سخت تکلیف ہوتی ہے اور اِس کا درجہ حرارت ۱۰۵ ڈگری تک بڑھ جاتا ہے۔

نمُوہا (نِ۔مُو۔ہا) (ہ۔ صف) (۱) کم گو۔ کم سخن۔ چُپ۔ خاموش (۲) غریب۔ مسکین۔

نمُوہی (نِ۔مُو۔ہی) (ہ۔ صف) نموہا کی تانیث۔ کم بولنے والی۔

نمی (نَ۔می) (ف۔ ا۔ مث) تری۔ گیلا پن۔ رطوبت۔

نمیقہ (نَ۔مِی۔قہ) (ع۔ ا۔ مذ) خط۔ نوشتہ۔ تحریر۔ جمع: نمائق۔

ن۔ن

نَن (Nun) (بفتحِ اوّل) (انگ۔ ا۔ مث) دُنیا چھوڑ دینے والی عیسائی عورت۔ راہبہ۔ وہ عورت جو اپنی زندگی عبادت و ریاضت کے لئے وقف کر دیتی ہے۔

ننّا (نَن۔نا) (اُر۔ صف) دیکھئے ننّھا مع مُرکبات۔

ننانوے (نِ۔نان۔وے) (ہ۔ صف) ایک کم سو۔ ۹۹۔

ننانوے کا پھیر (اُر۔ ا۔ مذ) دولت جمع کرنے کا لالچ۔ دولت بڑھانے کی فکر۔

ننانوے کے پھیر میں (آجانا) پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) روپیہ جمع کرنے کی فکر میں رہنا (۲) لالچ میں پھنسنا۔

نناواں (نِ۔نا۔واں) (ہ۔ صف) (۱) وہ جس کا نام لینا منحوس ہو (۲) ہیضہ (۳) مُنہ کا چھالا۔

نَن پَن (نَن۔پَن) (ق۔ صف) ننّھا پَن۔

نَند (نَنَد) (ہ۔ ا۔ مث) خاوند کی بہن۔ جمع: نندوں۔ نندیں۔

نِندا (نِن۔دا) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) اِلزام۔ قصور (۲) تنبیہ (۳) گالی۔ دُشنام۔ ملامت۔ مذمّت (۴) بے عزّتی (۵) نفرت۔ حقارت۔

نِنداسا (نِندا۔سا) (ہ۔ صف) نیند میں بھرا ہوا۔ خواب آلودہ۔

نندوسی (نندوئی) (نَن۔دو۔سی) (نَن۔دو۔ای) (ہ۔ ا۔ مذ) نند کا خاوند۔

نِندیا (نِند۔یا) (نُون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) نیند کی تصغیر۔

ننگ (پہلا نون مفتوح دُوسرا غُنّہ) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لحاظ۔ شرم۔ حیا (۲) ذِلّت۔ بدنامی۔

ننگِ آدم (ف۔ صف) بنی نوع اِنسان کے لئے باعثِ شرم۔

ننگ آنا (اُر۔ محاورہ) شرم آنا۔ غیرت آنا۔

ننگِ خلائق (ف۔ صف) خلقت کی ذِلّت کا باعث۔

ننگ و نام (ف۔ ا۔ مذ) عزّت اور شُہرت۔

ننگ و ناموس (ف۔ ا۔ مذ) (۱) لحاظ و شرم۔ عزّت و آبرو۔

ننگ و ناموس کو خیرباد کہنا (اُر۔ محاورہ) عزّت کھو دینا۔

ننگ و ناموس میں رخنہ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) عزّت میں فرق ڈالنا۔ بے عزّت کرنا۔

ننگ ہونا (اُر۔ محاورہ) عار ہونا۔ غیرت ہونا۔

ننگ (پہلا نُون مفتوح دُوسرا نُون غُنّہ) (اُر۔ صف) (۱) ننگا۔ برہنہ۔ عُریاں (۲) لُچا۔ شُہدا۔ بے حیا۔ بے عزّت (۳) قلّاش۔ نہایت مُفلس۔

ننگ دھڑنگ (اُر۔ صف) (۱) بالکل ننگا (۲) مُفلس۔ قلّاش۔

ننگا (پہلا نُون مفتوح دُوسرا غُنّہ) (ہ۔ صف) (۱) برہنہ۔ عُریاں (۲) بے حیا۔ بے شرم۔ بے عزّت (۳) لُچا۔ شُہدا (۴) مُفلس۔ قلّاش۔ جمع: ننگوں۔ ننگے۔

ننگا بُوچا (ہ۔ صف) مُفلس۔ قلّاش۔

ننگا بُوچا سب سے اُونچا (ہ۔ مثل) مُجرد اور مُفلس بالکل بے فکر ہوتا ہے۔

ننگا بھوکا (اُر۔ صف) جس کے پاس پہننے کو کپڑا ہو نہ کھانے کو روٹی۔

ننگا دھڑنگا (اُر۔ صف) دیکھئے ننگ دھڑنگ۔

ننگا ساٹھ رُوپے کمائے تیس پیسے کھائے (اُر۔ مثل) جس کے بیوی بچّے نہ ہوں وہ بہت کم خرچ کرتا ہے۔

ننگا سب سے چنگا (اُر۔ مثل) بے حیا کو کسی کا لحاظ نہیں ہوتا۔

ننگا کر دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کپڑے اُتار لینا۔ برہنہ کر دینا (۲) لُوٹ لینا (۳) زیور اُتار لینا (۴) کچھ نہ چھوڑنا۔

ننگا کھڑا اُجاڑ میں ' ہے کوئی کپڑے لے؟ (اُر۔ مثل) غریب اور مُفلس سے کوئی کیا لے گا۔

ننگا کھلا (اُر۔ صف) بالکل ننگا۔

ننگا لُچّا (اُر۔ صف) مُفلس بدمعاش۔

ننگا مادر زاد (اُر۔ صف) ایسا ننگا جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ننگوں (ہ۔مف) ننگا کی جمع۔
ننگوں کو بھوکوں نے لوٹ لیا (اَر۔مثل) بدمعاشوں نے بدمعاشوں کے ساتھ بدسلوکی کی۔
ننگوں کی بستی (اَر۔ا۔مث) وہ مقام جہاں کوئی قاعدہ قانون نہ ہو۔
ننگی (نون غنہ)(ہ۔مف)(۱) ننگا کی تانیث (۲) جس کے پاس زیور نہ ہو۔
ننگی تلوار (اَر۔ا۔مث)(۱) میان سے نکلی ہوئی تلوار (۲) صاف گو آدمی (۳) بے خوف آدمی۔
ننگی نہائے گی کیا نچوڑے گی کیا سکھائے گی؟ (اَر۔مثل) مُفلس اگر حوصلے والا بھی ہو تو کیا خرچ کرے گا۔ بے سرمایہ کی کچھ حقیقت نہیں۔
ننگے (ہ۔مف)(۱) ننگا کی جمع (۲) ننگا کی مغیّرہ صورت۔
ننگے پاؤں ننگے سر (اَر۔مف) حیران و پریشان۔ گھبرایا ہوا (۲) مصیبت زدہ۔
ننگیاتا (ننگ۔یا۔تا)(ہ۔مص) چھین لینا۔ ہڑپ کر جانا۔
ننھا (نُن۔ھا)(ہ۔مف)(۱) چھوٹا سا (۲) نادان۔ ناسمجھ (۳) لاڈلا۔ پیارا (۴) چھوٹا بچہ۔
ننھا بننا (اَر۔محاورہ) جان بوجھ کر نادان بننا۔ انجان بننا۔
ننھا بھولا (اَر۔مف) نادان۔ کم عقل۔
ننھا سا جیوڑا (اَر۔ا۔مذ) چھوٹا بچہ۔
ننھا سا کلیجا (اَر۔ا۔مذ) چھوٹا سا کلیجا۔ ڈرپوک۔
ننھا سا منہ گز بھر کی زبان (اَر۔مثل) چھوٹی حیثیت مگر بڑھ چڑھ کر باتیں کرنا۔
ننھا کاتنا (اَر۔محاورہ)(۱) باریک سوت کاتنا (۲) کنجوس ہونا۔ بے حد کفایت شعاری کرنا۔
ننھا منا (اَر۔مف) بہت چھوٹا۔
ننھیال (ننہال) (ننھ۔یال)(ن۔ن۔ہال)(ہ۔ا۔مث۔لکھنؤ) نانا کا گھر۔ نانا کا خاندان۔ نیز دیکھئے نانھیال۔
ننھی (نُن۔ھی)(ہ۔مف) ننھا کی تانیث۔
ننھی کا (اَر۔ا۔مذ)(۱) ننھی عورت کا جنا ہوا (۲) بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔ بھولا بھالا۔ سادہ۔
ننھیا (ننیا) (ننھ۔یا)(نُن۔یا)(ہ۔مف) نانا کا۔ نانا یا نانی سے متعلق۔
ننھیا (ننیا) ساس (اَر۔ا۔مث) زوجہ یا شوہر کی نانی۔
ننھیا (ننیا) سسر (اَر۔ا۔مذ) زوجہ یا شوہر کا نانا۔
ننیانا (نن۔یا۔نا)(ہ۔مص) منت کرنا۔ عاجزی کرنا۔

ن۔و

نَو (فتح اوّل)(ہ۔مف) آٹھ اور ایک۔ ایک کم دس۔ ۹۔
نو تری (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا جوا جو پانسوں سے کھیلا جاتا ہے۔
نو تیرہ بائیس بتا دینا (اَر۔محاورہ) ٹال مٹول کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ لیت و لعل کرنا۔
نورتن (ہ۔ا۔مذ)(۱) نو جواہرات: موتی۔ ہیرا۔ زمرّد۔ لعل۔ نیلم۔ پکھراج۔ مونگا۔ لاجورد اور یاقوت (۲) نو قابل آدمیوں کی کونسل۔ اکبر اور بکر ماجیت کے نورتن مشہور ہیں (۳) ایک قسم کا زیور جو بازوؤں میں پہنا جاتا ہے (۴) ایک قسم کی چٹنی۔
نو سو (ہ۔مُرکب عددی)(۱) نو سیکڑے (۲) بہت۔ بہت سے۔ بے انتہا۔
نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی (اَر۔مثل) بہت سے گناہ کر کے تائب ہونے کی کوشش کرنا۔
نوگٹی (اَر۔ا۔مث) ایک کھیل جس میں زمین پر چند خانے بنا کر ۹ ٹھیکریوں یا کوڑیوں سے کھیلتے ہیں۔
نوگرہ (اَر۔ا۔مذ) زائچہ میں نو سیاروں کی گردش، اُن کا اثر اور نام۔
نوگرہی (اَر۔ا۔مث) ہاتھوں کا ایک زیور۔ پہنچی جس میں نونگ یا جواہرات جڑے ہوتے ہیں۔ نوگری۔
نولکھا (اَر۔مف) نولاکھ کا۔ نہایت قیمتی۔
نولکھا ہار (اَر۔ا۔مذ) نو لاکھ روپے کا ہار۔ نہایت قیمتی اور بڑھیا ہار۔
نومانہ (اَر۔ا۔مذ) ایک رسم جو حمل کے نویں مہینے منائی جاتی ہے۔
نو نقد نہ تیرہ اُدھار (اَر۔مثل) قرض کے تیرہ سے نقد نو اچھے۔ جو سر دست مل جائے وہ بہتر ہے۔
نونگا (اَر۔ا۔مذ) بازوؤں کا ایک زیور جس میں نو نگینے جڑے ہوتے ہیں۔
نو نیزے پانی چڑھنا (اَر۔محاورہ) لڑائی جھگڑے میں طوالت ہونا۔
نَو (فتح اوّل)(ف۔مف) نیا۔ جدید۔ تازہ۔ ابھی کا۔
نو آباد (ف۔مف)(۱) حال ہی میں بسایا ہوا۔ تازہ آباد کیا ہوا (۲) وہ زمین جس میں پہلی دفعہ ہل چلایا گیا ہو۔
نو آبادکار (ف۔مف) کسی نئی جگہ پر نیا نیا آباد ہونے والا۔
نو آبادی (ف۔ا۔مث) نیا آباد کیا ہوا علاقہ۔ غیر ملکیوں کی کسی بیرونی اور نسبتاً کم آبادی والے مُلک میں آبادکاری۔ کالونی۔
نو آبادیات (ف۔ا۔مث) نو آبادی کی جمع۔ مقبوضات۔
نو آموز (ف۔مف)(۱) جس نے ابھی سیکھنا شروع کیا ہو (۲) ناتجربہ کار۔ مُبتدی۔
نو ایجاد (ف۔مف) نیا ایجاد کیا ہوا۔ حال میں ایجاد کیا ہوا۔
نوباوہ (ف۔ا۔مذ)(۱) ہر نئی اور تازہ چیز۔ خصوصاً میوہ (۲) نیا پودا۔
نوبرہ (ف۔ا۔مذ) نیا خریدا ہوا غلام۔
نو بہ نو (ف۔تابع فعل) تازہ بتازہ۔ نیا نیا۔
نو بہار (ف۔مف)(۱) موسم بہار کا شروع (۲) موسم بہار (۳) وہ چیز جس پر نئی رونق ہو۔
نو پیدا (ف۔مف) جو چیز ابھی وجود میں آئی ہو۔
نو توڑ (ف۔ہ۔ا۔مث) وہ زمین جو حال ہی میں قابلِ کاشت بنائی گئی ہو۔
نوجوان (ف۔مف) جس کی جوانی کا ابھی آغاز ہوا ہو۔ نوخیز۔ نوعمر۔ گبرو۔
نوجوانی (ف۔ا۔مث) شباب۔ نئی جوانی۔ بلوغ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نوچندی (اُ۔ا۔مث) نئے چاند سے منسوب۔نئے چاند کی پہلی جمعرات۔
نوخاستہ (ف۔صف)(۱) نوجوان (۲) تازہ اُگا ہوا (۳) ناتجربہ کار۔
نوخط (ف۔ع۔صف) وہ نوجوان جس کی مسیں بھیگ رہی ہوں۔سبزہ آغاز۔
نوخیز (ف۔صف)(۱) نوجوان (۲) تازہ اُگا ہوا (۳) ناتجربہ کار۔
نوخیزی (ف۔ا۔مث) نوخیز کا اِسم کیفیت۔
نودولت (دولت وار) (ف۔صف) وہ شخص جسے مفلسی کے بعد دولت ملی ہو۔جو خاندانی دولت مند نہ ہو۔اوچھا۔دولت پر گھمنڈ کرنے والا۔
نودولتیا (اُ۔صف) دیکھیے نودولت۔
نورَس (ف۔صف)(۱) نیا پہنچا ہوا (۲) نیا۔تازہ (میوہ)(۳) نوخیز۔نوجوان۔
نوروز (ف۔ا۔مذ) سال کا پہلا دن۔ایرانیوں کا قومی جشن۔
نوسِکھ (اُ۔صف) نیا سیکھا ہوا۔جو ماہر نہ ہو۔نوآموز۔
نوشاہ (نوشہ) (ف۔ا۔مذ)(۱) دولھا (۲) نوجوان بادشاہ۔
نوعروسانِ چمن (ف۔ا۔مذ) تازہ کلیاں۔تازہ پھول۔
نوعُمر (ف۔صف) کم عمر۔کم سِن۔
نوعُمری (ف۔ا۔مث) کم سنی۔بچپن۔
نوگرفتار (ف۔صف) تازہ گرفتار۔نیا پکڑا ہوا (۲) ناتربیت یافتہ (۳) نیا عاشق۔
نومُسلم (ف۔صف) وہ شخص جو حال ہی میں مُسلمان ہوا ہو۔
نومشق (ف۔صف) نوآموز۔ناتجربہ کار۔اناڑی۔
نونہال (ف۔ا۔مذ)(۱) نیا درخت (۲) کم عمر بچہ۔
نووارِد (ف۔صف) اجنبی۔مسافر۔تازہ وارد۔
نَوا (نَ۔وا)(ف۔ا۔مث)(۱) آواز۔صدا (۲) کوک۔چہچہا (۳) سُر۔راگ۔نغمہ (۴) موسیقی کے بارہ مُقامات میں سے ایک مُقام (۵) سازوسامان۔توشہ (۶) روزی۔خوراک (۷) تونگری۔خوش حالی۔
نواپرداز (زن۔ساز۔سنج۔گر) (ف۔صف) مُطرب۔گویّا۔گانے والا۔
نَوا (نَ۔وا)(ق۔صف) نیا۔
نُوا (نُو۔وا)(ہ۔ا۔مذ) نائی۔
نوّاب (نُو۔واب)(ع۔ا۔مذ)(۱) نیابت کرنے والا۔کسی شہر یا علاقے کا حاکم۔سردار۔صوبہ دار۔ناظم۔گورنر۔عہدِ مُغلیہ کا ایک خطاب۔اُردو جمع : نوّاب۔نوّابوں۔
نوّاب بننا (اُ۔محاورہ)(۱) نواب کا خطاب ملنا (۲) کسی علاقے کا حاکم ہو جانا (۳) مغرور ہو جانا۔اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا۔
نوّاب بے مُلک (اُ۔ا۔مذ) وہ جو اُمیری کی شیخی مارے اور پاس کچھ نہ ہو۔
نوّاب زادہ (ع۔ف۔ا۔مذ) نوّاب کا بیٹا۔
نوّاب زادی (اُ۔ا۔مث) نوّاب کی بیٹی۔
نوّابی (نُو۔وا۔بی)(ع۔ا۔مث)(۱) نواب ہونے کی حالت۔نواب پن (۲) قائم مقامی۔نظامت (۳) حکومت۔ریاست (۴) اُمیری۔دولت مندی (۵) فضول خرچی۔عیاشی۔
نوّابی (ٹھاٹھ) کارخانہ (اُ۔ا۔مذ) اُمیری کاروبار۔رئیسانہ سازوسامان۔

نوّابی کرنا (اُ۔محاورہ) اُمیرانہ ٹھاٹھ سے رہنا۔
نَواح (نَ۔واح)(ع۔ف۔ا۔مذ) مضافات۔اِردگرد کا علاقہ۔قُرب وجوار۔پاس پڑوس۔
نَواحی (نَ۔وا۔حی)(ع۔ا۔مذ)(۱) ناحیہ کی جمع۔مُضافات۔آس پاس کے علاقے (۲)(صف) نواح سے منسوب۔
نَوادِر (نَ۔وا۔دِر)(ع۔ا۔مذ) نادرہ کی جمع۔عجیب وغریب چیزیں۔عجائبات۔نادر چیزیں۔
نَوادِرات (نَ۔وا۔دِ۔رات)(ع۔ا۔مذ) نادرہ کی جمع الجمع۔
نَوار (نَ۔وار)(ق۔ا۔مث) مخالفت۔
نِوار (نواڑ) (نِ۔وار)(نِ۔واڑ)(ف۔اُ۔ا۔مث) سُوت کا وہ موٹا اور چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے۔
نوازنا (نَ۔وار۔نا)(ہ۔مص) سہارا دینا۔آسرا دینا (۲) سیر کرنا۔آوارہ پھرنا۔
نِواڑا (نِ۔وا۔ڑا)(ہ۔ا۔مذ) بجرا۔سیر کرنے کی چھوٹی کشتی۔
نِواڑا کھینا (ہ۔محاورہ) نواڑا چلانا۔نواڑے میں سوار ہوکر دریا کی سیر کرنا۔
نِواڑی (نِ۔وا۔ڑی)(ہ۔صف)(۱) نواڑ کا بنا ہوا (۲)(ا۔مث) چھوٹا بجرا (۳) ایک قسم کی چنبیلی۔
نَواز (نَ۔واز)(ف۔صف) فارسی مصدر نواختن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسمِ فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور عزّت بخشنے والا' مہربانی کرنے والا' سرفراز کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے بندہ نواز' غریب نواز' نَے نواز وغیرہ۔
نَوازِش (نَ۔وا۔زِش)(ف۔ا۔مث) مہربانی۔عنایت۔کرم۔جمع : نوازشات۔اُردو جمع : نوازشوں۔نوازشیں۔
نوازشِ خسروانہ (ف۔ا۔مث) بادشاہوں کی مہربانی یا شفقت۔
نوازش نامہ (ف۔ا۔مذ) عنایت نامہ۔بُزرگ کا یا برابر والے کا خط۔
نوازش ہونا (اُ۔محاورہ) عنایت ہونا۔مہربانی ہونا۔
نَوازِشات (نَ۔وا۔زِ۔شات)(ف۔ا۔مذ ومث) نوازش کی عربی قاعدے سے جمع۔
نَوازنا (نَ۔واز۔نا)(اُ۔مص) مہربانی کرنا۔عنایت کرنا۔عزّت بخشنا۔
نَوازی (نَ۔وا۔زی)(ف۔ا۔مث) مہربانی۔عنایت۔مُرکّبات میں بطور لاحقہ اِستعمال ہوتا ہے جیسے بندہ نوازی۔
نِواس (نِ۔واس)(س۔ا۔مذ)(۱) رہنا۔رات گُزارنا (۲) رہنے کی جگہ۔مکان۔گھر (۳) شب باشی کا مقام۔
نَواسہ (نواسا) (نَ۔وا۔سَہ)(ف۔ا۔مذ) بیٹی کا بیٹا۔اُردو جمع : نواسوں۔نواسے۔
نَواسی (نَ۔وا۔سی)(ف۔ا۔مث)(۱) بیٹی کی بیٹی۔اُردو جمع : نواسیاں۔نواسیوں (۲)(ہ۔ا۔عدد) اسّی اور نو۔ایک کم نوّے۔۸۹۔
نَواسیر (نَ۔وا۔سیر)(ع۔ا۔مث) ناسور کی جمع مگر اُردو میں مفرد اِستعمال ہوتا ہے۔وہ زخم جو مقعد میں ہوکر علیحدہ سوراخ بن جاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نواصِب (ن۔وا۔صِب) (ع۔ا۔مذ) (۱) ناصبی کی جمع۔ مُسلمانوں کا ایک فرقہ جو حضرت علیؓ کو نہیں مانتا (۲) خارجی۔

نوافِذ (ن۔وا۔فِذ) (ع۔ا۔مذ) وہ اَعضا جن کے ذریعے کوئی اِحساس ہو جیسے مُنہ۔ کان۔ ناک۔ آنکھ۔

نوافِل (ن۔وا۔فِل) (ع۔ا۔مذ) نافِلہ کی جمع۔ دیکھیے نافِلہ اور نفل۔

نوال (ن۔وال) (ع۔ا۔مث) (۱) مہربانی۔ اِحسان۔ بخشش (۲) طریقہ۔

نوالہ (ن۔وا۔لہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) لقمہ (۲) تھوڑی چیز۔ لقمے کے برابر چیز۔ اُردو جمع: نوالوں۔ نوالے۔ (اُردو میں بکسرِ اوّل مستعمل ہے)۔

نوالہ اُگلنا (اُر۔ محاورہ) لقمہ مُنہ سے نکال دینا۔

نوالہ توڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کھانے کے لئے ٹکڑا توڑنا۔ کھانا کھانا (۲) کسی کے رحم وکرم پر زندگی بسر کرنا۔

نوالہ کرنا (اُر۔ محاورہ) کھاجانا۔ چٹ کر جانا۔

نوالہ نہ توڑنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کی اِبتدا نہ کرنا۔

نوالہ ہونا (اُر۔ محاورہ) مُنہ میں جانا۔ لقمہ ہونا۔ کھایا جانا۔

نِوالے (نِ۔وا۔لے) (اُر۔ا۔مذ) (۱) نوالہ کی جمع (۲) نوالہ کی بدلی ہوئی شکل۔

نوالے مارنا (اُر۔ محاورہ) کھانا نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔

نَوامِیس (ن۔وا۔میس) (ع۔ا۔مذ) ناموس کی جمع۔

نَواں (ن۔واں) (ہ۔صف) نو سے نسبت رکھنے والا۔ آٹھویں کے بعد کا یا دسویں سے پہلا درجہ۔

نِوان (نِ۔وان) (ق۔ا۔مذ) نشیب۔ ڈھلان۔

نِوانا (نِ۔وا۔نا) (ہ۔مص) نیچا کرنا۔ جُھکانا۔

نَواہی (ن۔وا۔ہی) (ع۔ا۔مذ) نہی کی جمع۔ ممنوعات۔ ناجائز اُمور۔

نوائِب (ن۔وا۔ئِب) (ع۔ا۔مذ) نائِبہ کی جمع۔ مصیبتیں۔ تکلیفیں۔ حادثات۔

نوباتیں چھنوانا (اُر۔ محاورہ) نوبات عربی نبات کا مُعرّب ہے۔ شادی کے موقع پر عورتیں دُلہن کے ہر عضو پر مصری کی ڈلیاں رکھتی ہیں اور دولھا اپنے مُنہ سے اُٹھا کر کھاتا ہے۔ مقصد یہ کہ دولھا دُلہن کا تابع فرمان رہے۔

نَوبَت (نَو۔بَت) (ع۔ا۔مث) (۱) باری۔ دفعہ (۲) مُہلت۔ فُرصت (۳) حالت۔ کیفیت۔ گت۔ درجہ (۴) نقارہ۔ دَھونسا۔

نوبت آنا (اُر۔ محاورہ) (۱) باری آنا (۲) کسی کام کے ہونے کا وقت آنا۔

نوبت بجنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نقارہ بجنا۔ شادیانہ بجنا۔ خوشی ہونا (۲) بیاہ رچنا۔

نوبت بنوبت (نَوبَت۔بہ۔نَوبَت) (ف۔ تابع فعل) باری باری سے۔ یکے بعد دیگرے۔

نوبت بہ اِنجا رسید (ف۔ فقرہ) یہاں تک نوبت پہنچی۔

نوبت پہنچنا (اُر۔ محاورہ) (۱) باری آنا (۲) حالت کو پہنچنا۔

نوبت جھڑنا (اُر۔ محاورہ) نوبت بجنا۔

نوبت خانہ (ف۔ا۔مذ) نقار خانہ۔ وہ مکان جہاں نوبت بجے۔

نوبت رکھنا (اُر۔ محاورہ) مکان کے دروازے پر نقارے بجوانا۔

نوبت زن (ف۔صف) نوبت بجانے والا۔ نقارچی۔

نوبتِ صبح (ع۔ا۔مث) وہ نوبت جو صرف صبح کو ہی بجے۔

نوبت طلبی (ع۔ف۔ا۔مث) عدالت میں پیش ہونے کی درخواست۔

نوبت کا دَھونسا (اُر۔ا۔مذ) بڑا نقارہ۔

نوبت کو پہنچنا (اُر۔ محاورہ) حالت کو پہنچنا۔ گت بننا۔

نوبت کی ٹکور (اُر۔ا۔مث) نوبت یا ڈنکے کی آواز۔

نوبت گاہ (ف۔ا۔مث) (۱) نوبت خانہ۔ نقار خانہ (۲) قید خانہ (۳) پہرے کی جگہ۔

نوبت گزرنا (اُر۔ محاورہ) موقع جاتا رہنا۔

نوبت نشان (ع۔ف۔ا۔مذ) نقارہ اور جھنڈا۔ یہ دونوں عزّت کے نشان سمجھے جاتے ہیں۔

نوبت نواز (ف۔صف) نوبت بجانے والا۔ نقارچی۔

نوبت ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) باری ہونا (۲) حالت ہونا (۳) نقارہ بجنا۔

نوبتی (نَو۔بَ۔تی) (ف۔صف) (۱) باری کا (۲) چوکیدار (۳) نقارچی (۴) کوتل گھوڑا (۵) بڑا خیمہ (۶) شاہی دربان۔

نوبل (Noble) (انگ۔صف) (۱) شریف (۲) عالی خاندان (۳) اَمیر۔ رئیس۔

نوبیل پرائز (Nobel Prize) (انگ۔ا۔مذ) سویڈن کے کیمیا دان الفریڈ نوبیل کے وصیّت کردہ اِنعامات جو ہر سال کسی سائنس دان، ادیب، ماہرِ معاشیات، سماجی کارکن وغیرہ کو دیئے جاتے ہیں۔

نوتا (نَو۔تا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے نیوتا۔

نوتنا (نَوت۔نا) (ہ۔مص) نیوتا دینا۔ بُلانا۔

نوٹ (Note) (انگ۔ا۔مذ) (۱) کاغذی سِکّہ (۲) دستاویز۔ سند (۳) یادداشت (۴) پرچہ۔ چِٹھی (۵) حاشیہ جو کسی کتاب پر لکھا جائے۔ اُر جمع: نوٹ۔ نوٹوں۔

نوٹ بُک (Note Book) (انگ۔ا۔مث) وہ چھوٹی کتاب جس میں یادداشت لکھیں۔

نوٹ کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) یادداشت لکھنا (۲) خاص طور پر خیال رکھنا۔

نوٹ لکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) یادداشت لکھوانا (۲) اُستاد کا کسی اہم مسئلے یا عبارت کی تشریح تحریر کرانا۔

نوٹ لکھنا (اُر۔ محاورہ) تشریح لکھنا۔ تفسیر لکھنا۔

نوٹ لینا (اُر۔ محاورہ) یادداشت لکھ لینا۔

نوٹ ہونا (اُر۔ محاورہ) خاص طور پر یاد ہونا۔ لکھا ہوا ہونا۔

نوٹری (Notary) (انگ۔ا۔مذ) ناظر۔

نوٹری پبلک (Notary Public) (انگ۔ا۔مذ) حکومت کی طرف سے مقرر کردہ شخص جو دستاویزات کی تصدیق کرتا ہے۔

نوٹس (Notice) (انگ۔ا۔مذ) (۱) اطلاع۔ یادداشت (۲) عدالت کی طرف سے جاری شدہ اطلاع نامہ۔ اُردو جمع: نوٹس۔ نوٹسوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نوٹس بورڈ (انگ۔ا۔مذ) (Notice Board) وہ تختہ جس پر اِطلاع نامہ یا نوٹس لگایا جائے۔

نوٹس جاری (کرنا) ہونا (اُر۔محاورہ) سرکاری ادارے کی طرف سے اِطلاع نامہ جاری کرنا یا ہونا۔

نوَٹنکی (نو۔ٹن۔کی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کا دیہاتی میلو ڈراما جس میں ناچ گانا ہوتا ہے۔ جمع: نوٹنکیاں۔ نوٹنکیوں۔

نوٹیشن (انگ۔ا۔مذ) (Notation) نغمات یا اعداد کو علامات سے ظاہر کرنا۔

نوٹیفکیشن (انگ۔ا۔مذ) (Notification) خبر۔ اِطلاع۔ اعلان۔

نوَج (اُر۔کلمہ پناہ۔ عو) (۱) نعوذ (ہم پناہ مانگتے ہیں) کی تخریب۔ خدا نہ کرے۔ خُدانا خواستہ (۲) نہ۔ نہیں۔

نوج دُور (دُور پار) (اُر۔کلمۂ پناہ۔ عو) خُدا نہ کرے۔

نوچ (واو مجہول) (ہ۔ا۔مث) نوچنے کا عمل۔

نوچ کھانا (اُر۔محاورہ) ناخنوں سے بوٹیاں توڑنا۔ بہت تنگ کرنا۔ ایذا دینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔

نوچ کھسوٹ (واو مجہول) (اُر۔ا۔مث) (۱) لُوٹ مار۔ غارت گری (۲) مال کی زبردستی وصولی۔

نوچ نوچ کر کھانا (اُر۔محاورہ) پنجوں یا ناخنوں سے گوشت کو جُدا کر کے کھانا۔

نوچا ناچی (ہ۔ا۔مث) چھینا جھپٹی۔

نوچنا (نوچ۔نا) (واو مجہول) (اُر۔مص) (۱) ناخن مارنا۔ پنجہ مارنا۔ کھرچنا۔ چٹکی لینا (۲) بال اُکھاڑنا (۳) دانتوں سے کھسوٹنا (۴) لُوٹ لینا (۵) شاخ سے پتیاں توڑنا (۶) پھاڑ کھانا (۷) شکاری پرند کا چونچ یا ناخنوں سے گوشت اُکھاڑنا (۸) آڑے ہاتھوں لینا۔

نوچنا کھسوٹنا (اُر۔محاورہ) (۱) پنجہ مارنا (۲) چھینا جھپٹی کرنا۔ لُوٹ مار کرنا۔

نوَچی (نو۔چی) (ہ۔ا۔مث) نوجوان لڑکی جس سے طوائفیں پیشہ کراتی ہیں۔ جمع: نوچیاں۔ نوچیوں۔

نُوحؑ (ع۔ا۔مذ) (۱) تسکین دینے والا (۲) ایک مشہور نبی کا نام۔

نوح کا طوفان (اُر۔ا۔مذ) طوفانِ نوحؑ۔ وہ طوفان جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں آیا تھا اور اُن کی سرکش قوم غرق ہو گئی تھی۔

نوح کی کشتی (اُر۔ا۔مث) وہ کشتی جو حضرت نوحؑ نے طوفان سے محفوظ رہنے کے لئے تیار کی تھی (۲) نجات کا ذریعہ۔

نوحہ (نو۔حہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) رونا۔ گریہ و زاری (۲) ماتم۔ لاش پر چلّا کے رونا۔ اُردو جمع: نوحوں۔ نوحے۔

نوحہ خواں (نوحہ گر) (ع۔ف۔صف) ماتم کرنے والا۔ مُردے کے حالات بیان کر کے رونے اور رُلانے والا۔

نوحہ خوانی (گری) (ع۔ف۔ا۔مث) ماتم۔ گریہ و زاری۔ رونا پیٹنا۔

نوحہ کرنا (اُر۔مص مُرکب) رونا پیٹنا۔ گریہ و زاری کرنا۔ آہ و زاری کرنا۔

نوَد (نَ۔وَد) (نَ۔وَد) (ف۔ا۔عدد) نوّے۔ ۹۰۔

نُور (ع۔ا۔مذ) (۱) روشنی۔ تجلّی۔ اُجالا۔ چمک (۲) رونق۔ رُوپ (۳) کلامِ پاک کی ایک سُورت کا نام (۴) صوفیوں کی اِصطلاح میں خُدا کا ایک صِفاتی نام۔ جمع: انوار۔

نور آجانا (اُر۔محاورہ) (۱) روشنی پیدا ہو جانا (۲) رونق آجانا۔

نور آگیں (ع۔ف۔صف) پُر نُور۔ نُور سے بھرا ہوا۔ روشن۔

نور اُڑ جانا (اُر۔محاورہ) رونق جاتی رہنا۔ بے رونق ہو جانا۔

نور افزا (ع۔ف۔صف) روشنی بڑھانے والا۔

نور اَفشاں (پاش) (ع۔ف۔صف) روشنی چھڑکنے والا۔ منوّر کرنے والا۔

نورُالعین (نورِ عین) (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) آنکھوں کی روشنی (۲) بیٹا۔

نورِ الٰہی (ع۔ا۔مذ) اللہ کا نُور۔

نورِ ایمان (ع۔ا۔مذ) وہ نُور جو ایمان دار شخص کے دِل میں اور چہرے پر ہوتا ہے۔

نور باف (ع۔ف۔ا۔مذ) جُولاہا۔

نور بافی (ع۔ف۔ا۔مث) کپڑا بُننے کا کام یا پیشہ۔

نور بخش (ع۔ف۔صف) روشنی دینے والا۔

نور برسنا (اُر۔محاورہ) (۱) روشنی کی فراوانی ہونا (۲) رونق ہونا۔ چمکنا۔

نور جھلکنا (اُر۔محاورہ) چمکنا۔ روشنی دینا۔

نورِ چشم (ع۔ف۔ا۔مذ) دیکھئے نُورِ نظر۔

نور چھا جانا (چھانا) (اُر۔محاورہ) چاروں طرف روشنی ہونا۔ ہر طرف نُور ہونا۔

نور چھٹکنا (اُر۔محاورہ) نُور پھیلنا۔

نور چھلکنا (اُر۔محاورہ) چمکنا۔ روشنی پھیلنا۔

نور چھننا (اُر۔محاورہ) پردے یا درختوں کے پتوں یا بادلوں سے روشنی کا تھوڑا تھوڑا کر کے باہر آنا۔ سُوراخ دار شئے سے روشنی نکلنا۔

نورِ دیدہ (ع۔ف۔ا۔مذ) دیکھئے نُورِ نظر۔

نور ظہور کا وقت (اُر۔ا۔مذ) صُبحِ صادق کا وقت۔ علی الصّباح۔

نورٌ علیٰ نور (نو۔رُن۔علا۔نُور) (ع۔صف) (۱) نُور پر نُور (۲) ایک سے ایک بڑھ کر (۳) بہتر۔ اعلیٰ (۴) سُبحان اللہ۔ صلّ علیٰ (۵) طنزاً بھی اِستعمال ہوتا ہے۔

نور کا (اُر۔صف) (۱) چمکدار۔ حسین (۲) بہت عُمدہ۔ پاکیزہ۔

نور کا پُتلا (اُر۔صف) حسین۔ خوبصورت۔ نُورانی صورت۔

نور کا تڑکا (اُر۔ا۔مذ) صُبحِ صادق۔ پو پھٹنے کا سماں۔

نور کا دریا (اُر۔صف) سراپا نُور۔ مجسّم نُور۔

نور کا گلا (نُورانی گلا) (اُر۔ا۔مذ) نہایت رسیلی اور سُریلی آواز۔

نور کا مینہ (اُر۔ا۔مذ) روشنی کی کثرت۔

نور کی آواز (اُر۔ا۔مذ) شیریں آواز۔

نور کی باتیں (اُر۔ا۔مث) میٹھی میٹھی باتیں۔ شیریں گفتگو۔

نور کی بزم (اُر۔ا۔مث) حسینوں کا مجمع۔

نور کی تانیں (اُر۔ا۔مث) سُریلی تانیں۔

نور کی چادر (اُر۔ا۔مث) روشنی کی کثرت۔ روشنی کا اکٹھا ایک جگہ پڑنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نور کے بول (اُر-ا-مذ) دِل لُبھانے والی باتیں۔
نور کے سانچے میں ڈھلنا (اُر-محاورہ) خوبصورت اور حسین ہونا۔ سرتاپا نور ہونا۔
نور محلی (اُر-ا-مذ) ایک قسم کا کھانا۔
نور نظر (ع-ف-ا-مذ) آنکھوں کی روشنی۔ (کنایۃً) بیٹا۔
نُورا (نُورہ) (اُر-ا-مذ) بال اُڑانے کا سفوف جو چُونے اور ہڑتال کا مُرکّب ہوتا ہے۔
نورہ لگانا (اُر-محاورہ) (۱) بال صفا پوڈر لگانا (۲) کسی کو فریب دینا۔
نورہ لگنا (اُر-محاورہ) بال اُڑانے کا پاؤڈر لگنا (۲) کسی کے فریب دینے سے نقصان ہونا۔
نُورانا (نو-را-نا) (ق-مص) روشن کرنا۔
نُورانی (نو-را-نی) (ع-ف-صف) روشن۔ مُنوّر۔ چمکیلا۔ درخشاں۔ تاباں۔
نَوُرت (نَو-رُت) (ق-ا-مث) بہار کا موسم۔
نَوَرد (نَ-وَرْد) (ف-صف) نَوَردیدن مصدر کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لپیٹنے والا' طے کرنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے صحرانورد۔
نَوَردی (نَ-وَر-دی) (ف-ا-مث) سفر کرنا۔ بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے صحرانوردی۔
نُوری (نو-ری) (ع-صف) (۱) نُور کا۔ نُور سے منسوب (۲) نُور کا بنا ہوا (۳) چمکدار۔ نُورانی۔
نُوری سال (ع-ف-ا-مذ) روشنی کا سال۔ اگر روشنی ایک سیدھ میں سال بھر تک متواتر سفر کرتی رہے تو اِس حساب سے جتنا فاصلہ وہ پورے سال میں طے کرے گی اُسے فلکیات کی اصطلاح میں نوری سال کہا جائے گا۔ اَجرام فلکی کے درمیانی فاصلے اِتنے زیادہ ہیں کہ اُنھیں عام گنتی میں نہیں لکھا جاسکتا اس لئے یہ فاصلے نوری سالوں میں لکھے جاتے ہیں۔ (Light Year)
نَوڑنا (نَوڑھنا) (نوڑ-نا) (نوڑھ-نا) (ق-مص) جُھکنا۔
نَوڑھانا (نَو-ڑھا-نا) (ہ-مص) جُھکانا۔
نوزدہ (نوز-دہ) (ف-صف) اُنیس۔ ۱۹۔
نوساگر (نو-سا-گر) (ق-ا-مذ) نوسادر۔
نوسرباز (اُر-صف) دھوکے باز۔
نوش (واو مجہول) (ف-ا-مذ) (۱) خوش گوار چیز (۲) آبِ حیات۔ اَمرت (۳) شہد (۴) تریاق (۵) (ف-صف لاحقہ) مصدر نوشیدن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آ کر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پینے والا کے معنی دیتا ہے جیسے بادہ نوش۔ بلانوش وغیرہ۔
نوش بے نیش حاصل نمی شود (ف-مثل) شہد ڈنک کھائے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ کوئی اچھی چیز بے محنت نہیں ملتی۔

نوش جان کرنا (اُر-محاورہ) کھانا کھانا۔
نوش جان ہونا (اُر-محاورہ) نوش جان کرنا کا لازم۔ کھایا پیا جانا۔
نوش دارُو (ف-ا-مث) (۱) تریاق (۲) شراب (۳) ایک قسم کی معجون جو خوش ذائقہ اور فرحت بخش ہوتی ہے۔
نوش کرنا (فرمانا) (اُر-محاورہ) (تعظیماً) کھانا پینا۔
نوشابہ (ف-ا-مذ) آبِ حیات۔ اَمرت جل۔
نوشاد (ف-ا-مذ) ایک شہر کا نام جو اپنے شہریوں کے حُسن و جمال کے باعث مشہور ہے۔
نوشادر (نو-شا-در) (ف-ا-مذ) ایک مُرکّب جو ایمونیم اور کلورین سے بنتا ہے۔
نوشادرِ پیکانی (ف-ا-مذ) اعلیٰ درجے کا نوشادر جس کی قلمیں ہوتی ہیں۔
نوشانوش (ف-صف) پے در پے پینا۔
نَوشاہ (نَوشہ) نو (ف) کے تحت دیکھئے۔
نَوِشت (نَ-وِشت) (ف-ا-مث) تحریر۔ لکھائی۔ کتابت۔
نَوِشت و خواند (ف-ا-مث) لکھنا پڑھنا۔
نَوِشتن (نَ-وِش-تن) (ف-مص) لکھنا۔
نَوِشتہ (نَ-وِش-تہ) (ف-صف) (۱) لکھا ہوا (۲) (ف-ا-مذ) تحریری سند۔ دستاویز (۳) تقدیر۔ قسمت۔ جمع: نوشتہ جات۔ اُردو جمع: نوشتوں۔ نوشتے۔
نوشتۂ تقدیر (ف-ع-ا-مذ) قِسمت کا لکھا۔ نصیبہ۔
نوشتہ دینا (اُر-محاورہ) تحریری سند دینا۔
نوشتۂ دیوار (ف-ا-مذ) دیوار پر لکھی ہوئی تحریر۔ غیبی تنبیہ (۲) واضح بات۔
نوشتہ لینا (اُر-محاورہ) تحریری اِقرار لینا۔
نوشتہ ہو جانا (اُر-محاورہ) اِقرارنامہ لکھا جانا۔
نَوشو (نو-شو) (ق-ا-مذ) نوشہ۔ دولھا۔
نوشی (نو-شی) (واو مجہول) (ف-ا-مث) پینا۔ شراب پینا۔ مُرکّبات کے آخر میں بطور لاحقہ استعمال ہوتا ہے جیسے بادہ نوشی۔
نوشین (نو-شین) (واو مجہول) (ف-صف) شیریں۔ میٹھا۔ خوش ذائقہ۔
نوطاس رَین (نو-طاس-رَین) (ق-ا-مث) (۱) سہ پہر (۲) شب۔
نَوع (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع-ا-مث) (۱) قسم۔ جنس (۲) وضع۔ طور۔ ڈھنگ (۳) ذات (۴) شکل۔ صورت۔ جمع: اَنواع۔
نوعِ انسان (ع-ا-مث) بنی آدم۔ نسلِ اِنسانی۔
نوعِ دگر (دیگر) (ع-ف-صف) دُوسری طرح کا۔ مختلف قسم کا۔ بدلا ہوا (۲) بگڑا ہوا۔ خراب۔
نَوعیّت (نو-عی-یَت) (ع-ا-مث) (۱) قِسم (۲) خصوصیت۔
نوک (واو مجہول) (ف-ا-مث) (۱) کسی چیز کا باریک سرا۔ اَنی (۲) چونچ۔ منقار (۳) ڈھنگ (۴) آن۔ ادا۔ اَنداز (۵) بانکپن۔ وضع داری (۶) شیخی۔ ڈینگ (۷) عزّت۔ آبرو (۸) چھیڑ چھاڑ (۹) نیش زنی (۱۰) کونا۔ زاویہ۔ اُردو جمع: نوکوں۔ نوکیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نوک اَڑنا (اُر۔ محاورہ) اَنی کا چبھنا۔

نوک پان (اُر۔ اِ۔مث) جُوتی کی خوبصورتی اور بناوٹ وغیرہ۔

نوک پلک (اُر۔اِ۔مث) (۱) آنکھ ناک کی موزونیت۔ خوبصورتی (۲) کاتب کے حروف کی موزونیت۔

نوک پلک سے دُرست ہونا (اُر۔ محاورہ) موزوں' خوبصورت اور دیدہ زیب ہونا۔ ہر طرح سے عُمدہ ہونا۔

نوک جھوک (اُر۔اِ۔مث) لعن طعن کی باتیں۔ تکرار۔ حجت۔

نوک دار (اُر۔ صف) نوک والی چیز۔ نکیلی۔

نوک دُم بھاگنا (اُر۔ محاورہ) بے تحاشا بھاگنا۔ دُم دبا کر بھاگنا۔

نوک رکھ لینا (اُر۔ محاورہ) آبرو بچا لینا۔ عزّت رکھ لینا۔

نوک رہ جانا (اُر۔ محاورہ) آبرو بچ جانا۔ عزّت یا بات رہ جانا۔

نوکِ زبان (ف۔اِ۔مث) زبان کی نوک۔

نوکِ زبان کرنا (اُر۔ محاورہ) اَزبر کرنا۔ حِفظ کرنا۔

نوکِ زبان ہونا (اُر۔ محاورہ) حِفظ ہونا۔ اَزبر ہونا۔

نوکِ قلم پر آنا (اُر۔ محاورہ) لکھا جانا۔ تحریر ہونا۔

نوک کا (اُر۔ صف) وضع کا۔ آن بان کا۔ بانکپن کا۔

نوک کی باتیں (اُر۔اِ۔مث) طعن و طنز کی باتیں۔

نوک کی لینا (اُر۔ محاورہ)(۱) ڈینگ مارنا (۲) قابلِ فخر کام کرنا۔ بڑھ کر کام کرنا (۳) وضع داری نباہنا۔

نوکِ نشتر ہونا (اُر۔ محاورہ) نشتر کی نوک کی طرح چبھنا۔ سخت تکلیف دہ ہونا۔

نَوکا (نَو۔کا)(س۔اِ۔مث) کشتی۔ بجرا۔ چھوٹا بحری جہاز۔

نوکا دوڑ (ہ۔اِ۔مث) کشتیوں کی دوڑ۔

نوکا جھوکی (واو مجہول)(اُر۔اِ۔مث)(۱) نوک جھوک۔ چھیڑ چھاڑ۔ طعن و طنز (۲) شوخی و شرارت۔

نوکر (نو۔کَر)(ف۔اِ۔مذ) مُلازِم۔ خدمت گار۔ خادِم۔ اُر جمع: نوکر۔ نوکروں۔

نوکر چاکر (ف۔اِ۔مذ) مُلازمان۔

نوکر شاہی (اُر۔اِ۔مث) انگریزی لفظ بیورو کریسی کا ترجمہ۔ ایسی ضابطہ پرست اِنتظامیہ یا عاملہ جس کا کام ضابطہ پرستی کے باعث طوالت اختیار کر جاتا ہے۔ نیز دیکھئے دفتری حکومت۔

نوکر کے آگے چاکر۔ چاکر کے آگے کوکر۔ کوکر کے آگے پیش کار۔ چار یار۔ چاروں بے کار (اُر۔ مثل) اُس موقع پر بولتے ہیں جب کسی اَمر کی بدِانتظامی دُور کرنے کے لئے نوکر رکھے جائیں لیکن بدِانتظامی کی اِصلاح ہونے کے بجائے پہلے سے بھی زیادہ خرابی اور اَبتری پھیل جائے۔

نوکر ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) مُلازم ہونا۔ مُلازمت اِختیار کرنا۔

نوکرانی (اُر۔اِ۔مث) نوکر کی تانیث۔ مُلازمہ۔ خادِمہ۔ جمع: نوکرانیاں۔ نوکرانیوں۔

نَوکری (نَوک۔ری)(ف۔اِ۔مث)(۱) مُلازمت (۲) خدمت گزاری (۳) نوکر کا کام یا پیشہ (۴) تنخواہ۔ مشاہرہ (۵) وہ کام جس پر کوئی آدمی تعینات کیا جائے۔ اُردو جمع: نوکریاں۔ نوکریوں۔

نوکری اَرنڈ کی جڑ ہے (اُر۔ مثل) نوکری پر بھروسا نہیں کرنا چاہیئے۔ (اَرنڈ کی جڑ بڑی کمزور ہوتی ہے)۔

نوکری بانٹنا (اُر۔ محاورہ)(۱) خدمت پر مقرّر کرنا۔ کام پر تعینات کرنا (۲) تنخواہ تقسیم کرنا۔

نوکری بجانا (اُر۔ محاورہ) خدمت اَنجام دینا۔

نوکری برطرف' روزی ہر طرف (اُر۔ مثل) مُلازمت چُھوٹ جانے پر اِنسان کو پریشان نہیں ہونا چاہیئے۔ رزق اللہ کے ہاتھ میں ہے۔

نوکری پیشہ (ف۔ صف) وہ جس کا پیشہ مُلازمت ہو۔ نوکری کر کے کمانے والا۔

نوکری (چُھوٹ) چُھٹ جانا (اُر۔ محاورہ) مُلازمت سے برطرف ہونا۔

نوکری خالہ جی کا گھر نہیں (اُر۔ مثل) نوکری آسان کام نہیں۔

نوکری دینا (اُر۔ محاورہ)(۱) مُلازم رکھنا (۲) کارِ متعلقہ بجا لانا۔

نوکری کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) مُلازمت کرنا۔ خدمت کرنا۔

نوکری کی جڑ زبان پر ہے (اُر۔ مثل) نوکری کا کوئی اِعتبار نہیں۔ مالک جب چاہے برطرفی کا حُکم دے دے۔

نوکری لگ جانا (سے لگ جانا) (اُر۔ محاورہ) مُلازمت پانا۔ نوکر ہو جانا۔

نوکھنڈ (نَو۔کھنڈ)(ق۔اِ۔مث) دُنیا۔

نوکیلا (نوکیلی) (ہ۔ صف) دیکھئے نکیلا اور نکیلی۔

نوگرہی (نَو۔گر۔ہی)(ہ۔اِ۔مذ) ہاتھوں کا ایک زیور۔

نوگزی (نَو۔گ۔زی)(اُر۔ صف) نوگز لمبی۔ (ق۔اِ۔مذ) ڈیرا۔ خیمہ۔

نَول (ع۔اِ۔مذ)(۱) عطا۔ بخشش (۲) کرایہ۔ بھاڑا۔

نَول (نَ۔وَل)(نَوَل)(ہ۔ صف) بے مثل۔ نادر (۲) نیا۔ نوعُمر۔ خوب صُورت۔

نول کِشور (ہ۔اِ۔مذ) نوعُمر لڑکا۔ خوب صورت لڑکا۔

نولاسی (نو۔لا۔سی)(ہ۔ صف) نازُک۔ تازہ۔ نرم۔

نَوم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔اِ۔مث) نیند۔ خواب۔

نومبر (November) (انگ۔اِ۔مذ) انگریزی سال کا گیارھواں مہینا۔

نَومی (نَو۔می)(ہ۔اِ۔مث) ہندی مہینے کی نویں تاریخ۔

نَومید (نَو۔مید)(ف۔ صف) مایُوس۔ نااُمید۔

نَومیدانہ (نَو۔می۔دا۔نہ)(ف۔ متعلق فعل) مایُوسی سے۔

نومیدی (نَو۔می۔دی)(ف۔اِ۔مث) مایُوسی۔ نااُمیدی۔

نُون (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ہ۔اِ۔مذ) نمک۔

نُون پانی ٹھیک ہونا (اُر۔ محاورہ) ذائقہ دُرست ہونا۔

نُون تیل (اُر۔اِ۔مذ) ضروریاتِ زندگی۔ کھانے پینے کی چیزیں۔

نُون (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔اِ۔مذ) حرف ن کا نام۔

نُون غُنّہ (نُون۔غُن۔نہ)(ف۔اِ۔مذ) وہ نُون جو ناک میں بولا جائے اور صاف نہ پڑھا جائے جیسے چاند۔ سنگ۔ ماں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نُون قطنی (نُون۔قُط۔نی)(ف۔ا۔مذ) وہ چھوٹا ن جو عربی میں ساکن یا مشدّد حرف سے پہلے تنوین والے حرف پر لکھا جاتا ہے۔
نُون مُعْلَنَہ (مُع۔لَ۔نَہ)(ع۔ا۔مذ) وہ نون جو ظاہر کر کے پڑھا جائے۔ نُون غُنّہ کی نقیض۔
نُونا (نُو۔نا)(ہ۔ا۔مذ) مٹی جو کھار کے سبب دیواروں سے جھڑنے لگتی ہے۔ شور۔ کھار۔
نُونچا (نُون۔چا)(ہ۔صف) کھاری۔ زمین جس میں نمک یا کھار بہت زیادہ ہو۔
نُونچی (نُون۔چی)(ہ۔ا۔مذ) کھار۔
نُونی (نُو۔نی)(ہ۔ا۔مث) بچوں کا عضو تناسل۔
نُونی (نُو۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۱) کچا گھی۔ مکھن۔ مسکہ (۲) کھار۔ وہ مٹی جو کھار کے باعث دیوار سے جھڑنے لگتی ہے۔
نُونیا (نُو۔نِ۔یا)(ہ۔صف وا۔مذ)(۱) نمک بنانے والا۔ نمک بیچنے والا (۲) ایک قسم کا ساگ۔
نَوّے (نَو۔وے)(ہ۔ا۔عدد) اَسّی اور دس۔ دس کم سو۔ ۹۰۔
نَوِیاں (نَو۔یاں)(ق۔صف) نئی کی جمع۔
نَوِید (نَ۔وید)(ف۔ا۔مث)(۱) مژدہ۔ بشارت۔ خوش خبری (۲) کسی تقریب میں شرکت کے لئے طلب کرنے کا پیغام۔ (بیائے مجہول بھی صحیح ہے)۔
نَوِیدَن (نَ۔وے۔دَن)(ہ۔ا۔مذ) سپاس نامہ۔ نوٹس۔ درخواست۔ اعلان۔
نَوِیس (نَ۔ویس)(ف۔صف) مصدر نوشتن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور لکھنے والا کے معنی دیتا ہے جیسے خوش نویس۔
نَوِیسَندَہ (نَ۔وی۔سَن۔دَہ)(ف۔صف) لکھنے والا۔ مُحرّر۔ جمع: نویسندگان۔
نَوِیسی (نَ۔وی۔سی)(ف۔ا۔مث) لکھنے کا کام۔ مُحرری۔ مُرکبات کے آخر میں مستعمل ہے جیسے خوش نویسی۔
نَویلا (نَ۔وے۔لا)(ہ۔صف)(۱) نیا۔ تازہ۔ جدید (۲) انوکھا۔ البیلا۔ بانکا (۳) عجیب۔ نرالا۔ ممتاز۔ مُرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ہے جیسے نیا نویلا۔
نَویلی (نَ۔وے۔لی)(ہ۔ا۔مث) نویلا کی تانیث (۱) انوکھی۔ نرالی۔ البیلی۔ بانکی (۲) اچھوتی۔ کنواری۔ نوخیز۔ مُرکبات میں بطور لاحقہ جیسے نئی نویلی۔
نَوِیں (نَ۔ویں)(بیائے معروف)(ہ۔عددِ ترتیبی) نواں کی تانیث۔
نَویں (نَ۔ویں)(بیائے مجہول)(ہ۔عددِ ترتیبی) نواں کی مُغیرہ صورت۔

ن۔ہ

نَہ (بفتحِ اوّل)(ہ۔ف۔حرفِ نفی) نہیں۔ نا۔ مت۔ حرفِ انکار۔
نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ (اُر۔متعلق فعل) بغیر سوچے سمجھے کام کرنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔
نہ اپنی خوشی آئے نہ اپنی خوشی چلے (اُر۔مثل) دُوسروں کی پابندی ہے۔
نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا (اُر۔صف)(۱) کسی طرف شامل نہیں (۲) بیکار۔ کسی کام کا نہیں۔
نہ اَلّا الّذی نہ اَلّا الّذی (اُر۔صف) ناکارہ۔ بے مصرف۔ نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔
نہ اساڑھ سُوکھے نہ ساون ہرے (اُر۔مثل) دیکھئے نہ ساون سُوکھے نہ بھادوں ہرے۔
نہ انکاری کُنم نہ ایں کاری کُنم (ف۔مثل) کام سے اِنکار بھی نہیں مگر کرتا بھی نہیں۔
نہ ایک ہنستا بھلا نہ ایک روتا (اُر۔مثل) تنہائی کسی حالت میں اچھی نہیں۔
نہ اینٹ ڈالئے نہ چھینٹ کھایئے (اُر۔مثل) نہ بُرا کہو نہ بُرا سنو۔
نہ باسی بچے نہ کتّا کھائے (اُر۔مثل) نہ زیادہ ہو گا نہ ضائع ہو گا۔
نہ بچنا (اُر۔محاورہ)(۱) محفوظ نہ رہنا (۲) جاں بر نہ ہونا (۳) کچھ باقی نہ رہنا۔
نہ بننا (اُر۔محاورہ) نہ ہو سکنا۔ ممکن نہ ہونا (۲) سلوک نہ ہونا۔ اِتفاق نہ ہونا۔
نہ بولی نہ بولی، بولی تو پتھر کھینچ مارا (اُر۔مثل) مغرور اور بدمزاج عورت کے متعلق کہا جاتا ہے۔
نہ پانی کے اُوپر، نہ پانی کے نیچے (اُر۔مثل) اُلٹی کھوپڑی والے کے متعلق کہا جاتا ہے۔
نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن (نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن) (ف۔مثل) مجبوری ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ کسی طرح بات نہیں بنتی۔
نہ پُوچھنا (اُر۔محاورہ) پروا نہ کرنا۔ بے قدری کرنا۔
نہ پُوچھو (اُر۔روزمرہ)(۱) بیان سے باہر ہے۔ قابلِ بیان نہیں (۲) کیا کہنے (مدح و ذم دونوں کے واسطے کہا جاتا ہے)۔
نہ جاڑے دُھوپ، نہ گرمی چھاؤں (اُر۔مثل) بالکل بیکار ہے۔ کسی کام کا نہیں۔
نہ جانے (اُر۔تابع فعل)(۱) معلوم نہیں۔ مجھے علم نہیں (۲) شاید۔
نہ جنتی نہ ڈھول بجتا (اُر۔مثل) نالائق بیٹے کے متعلق کہتے ہیں۔
نہ جینے کی خوشی نہ مرنے کا غم (اُر۔مثل) کوئی اُمنگ باقی نہیں۔
نہ چڑھے گا نہ گرے گا (اُر۔مثل) وہ کام کیوں کیا جائے جس میں نُقصان کا خطرہ ہو۔
نہ خُدا کا دیدار نہ محمد ﷺ کی شفاعت (اُر۔مثل) دین داری کا تذکرہ نہ ہونا (بددُعا بھی ہے)۔
نہ دیکھ سکنا (اُر۔محاورہ) کسی کے فروغ کو دیکھ کر کُڑھنا۔ حسد کرنا۔
نہ رہا جانا (اُر۔محاورہ)(۱) چین نہ پڑنا (۲) صبر نہ ہونا۔ برداشت نہ ہونا۔
نہ رہے بانس نہ بجے بانسری (اُر۔مثل) جھگڑے والی چیز ہی نہ ہو تو جھگڑا کیسا۔
نہ زر نہ بل نہ بانہہ بل (اُر۔مثل) نہ دولت کی طاقت ہے نہ بازوؤں کی طاقت۔
نہ ساون سُوکھے نہ بھادوں ہرے (اُر۔مثل)(۱) ہمیشہ ایک جیسا۔ متوکّل (۲) ہمیشہ ایک جیسی حالت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نہ سہی (اُر۔ تابع فعل) کوئی مضایقہ نہیں۔

نہ صبر در دِلِ عاشق نہ آب در غربال (ف۔ مقولہ) عاشق کے دل میں صبر نہیں ہوتا اور چھلنی میں پانی نہیں ٹھہرتا۔

نہ کارے نہ مصلحے (اُر۔ مثل) بیکار۔ نکما۔

نہ کتا دیکھے نہ بھونکے (اُر۔ مثل) دُشمن کے سامنے نہ جائیں گے نہ اُس سے کچھ سُنیں گے۔

نہ گائے کے تھن نہ گسائیں کے بھانڈ (اُر۔ مثل) نہ کچھ پاس ہے نہ اُس کے رکھنے کا سامان۔

نہ گندی گلی جائے نہ کتا کاٹے (اُر۔ مثل) نہ بُروں کی صحبت میں بیٹھے نہ بدنامی ہو۔

نہ گُوہ میں اینٹ ڈالو نہ چھینٹیں پڑیں (اُر۔ مثل) نہ بُروں کو مُنہ لگاؤ نہ گالیاں سنو۔ نیز دیکھئے نہ اینٹ ڈالئے نہ چھینٹ کھائیے۔

نہ لینا نہ دینا (اُر۔ محاورہ) کچھ حاصل نہ وصول۔

نہ مارے مرے نہ کاٹے کٹے (اُر۔ مثل) وہ مُصیبت جو کسی صورت حل نہ ہو۔

نہ معلوم (نمعلوم) (اُر۔ تابع فعل) خُدا جانے۔

نہ مُنہ سے بولے نہ سر سے کھیلے (اُر۔ مثل) بالکل چُپ اور خاموش آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

نہ مُنہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (اُر۔ مثل) بہت بوڑھا۔

نہ میں دُوں، نہ خُدا دے (اُر۔ مثل) اُس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو نہ تو خود کسی کو فائدہ پہنچائے اور نہ کسی دُوسرے سے فائدہ پہنچنے دے۔

نہ میں کہوں تیری نہ تو کہہ میری (اُر۔ مثل) نہ دُوسروں پر اِلزام دھرو نہ وہ تم پر اِلزام دھریں۔

نہ نام لیوا نہ پانی دیوا (اُر۔ مثل) وہ شخص جس کا دُنیا میں کوئی نہ ہو۔ اکیلی جان۔

نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے (اُر۔ مثل) ہر طرح مُصیبت ہے۔

نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی (اُر۔ مثل) نہ اِتنا سامان ہوگا نہ یہ کام ہوگا۔ سخت شرطوں کی وجہ سے کام نہ ہو سکنا۔

نہ ہڑ بڑ نہ کھڑ کھڑ (اُر۔ مقولہ) کوئی جھگڑا بکھیڑا نہیں۔

نہ ہلدی لگے نہ پھٹکری، رنگ چوکھا آئے (اُر۔ مثل) دیکھئے ہلدی لگے نہ پھٹکری۔

نہ ہو (نہو) (اُر۔ مقولہ) (۱) شُبہ اور اِحتمال ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں (۲) نہیں یا نہیں ہے کی جگہ بھی بولا جاتا ہے۔

نہ ہُوا پر نہ ہُوا (اُر۔ مقولہ) کسی طرح نہ ہُوا۔ ہرگز نہ ہُوا۔

نُہ (بضمِ اوّل) (ف۔ ا۔ عدد) نَو۔ نَو کا عدد۔ ۹۔

نُہ بام (نُہ سپہر۔ نُہ ورق۔ نُہ آسمان) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) فلکِ قمر (۲) فلکِ عطارد (۳) فلکِ زُہرہ (۴) فلکِ شمس (۵) فلکِ مرّیخ (۶) فلکِ مشتری (۷) فلکِ زُحل (۸) فلکِ ثوابت (۹) فلکُ الافلاک۔

نُہ گوہر (ف۔ ا۔ مذ) نو جواہر (۱) لعل (۲) یاقوت (۳) فیروزہ (۴) الماس (۵) زُمرد (۶) عقیق (۷) مرجان (۸) نیلم (۹) گاؤمیدک۔

نُہا جانا (ہ۔ مص) تربتر ہو جانا۔ بھیگ جانا۔

نِہاد (نِ۔ ہاد) (ف۔ ا۔ مث) سرشت۔ خلقت۔ طینت۔ طبیعت۔ (مرکبات میں جیسے نیک نہاد۔ بد نہاد)۔

نَہار (نَ۔ ہار) (ع۔ ا۔ مذ) روز۔ دِن۔ یوم۔ صُبح سے شام تک کا عرصہ۔

نہار توڑنا (اُر۔ محاورہ) ناشتا کرنا۔ صُبح کو کچھ کھانا۔

نہار رہنا (اُر۔ محاورہ) صُبح سے بغیر کچھ کھائے رہنا۔

نہار مُنہ (اُر۔ ا۔ مذ) وہ شخص جس نے صُبح سے کچھ نہ کھایا ہو۔ ناشتے کے بغیر۔

نہار مُنہ نام نہ لینا (اُر۔ محاورہ) بے کھائے نام نہ لینا۔ منحوس آدمی کی طرف اِشارہ۔

نَہاری (نَ۔ ہا۔ ری) (ف۔ ا۔ مث) نہار۔ تھوڑا سا کھانا جو صُبح کے وقت کھاتے ہیں۔ ناشتا (۲) ایک قسم کا شوربادار سالن (۳) گھوڑے کو صُبح کے وقت کھلانے کا مالیدہ۔

نہاری کھانا (اُر۔ محاورہ) صُبح کا ناشتا کرنا۔

نِہال (نِ۔ ہال) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) تازہ لگایا ہوا پودا (۲) توشک۔ بستر۔ گدا (۳) شکار۔ صید (۴) (ف۔ اُر۔ صف) مالا مال۔ خوش حال۔ کامیاب۔ بے فکر۔ خوش و خرم۔

نہال کر دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) مالا مال کر دینا (۲) خوش کر دینا۔ مُراد کو پہنچانا۔ کامیاب کرنا (۳) سیراب کرنا۔ سرسبز کرنا۔

نہال ہو جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مالدار ہو جانا (۲) خوش و خرم ہو جانا۔ کامیاب ہونا۔ مُراد پانا۔

نِہالچہ (نِ۔ ہال۔ چہ) (ف۔ ا۔ مذ) بچّے کا بستر۔ چھوٹی توشک۔

نِہالی (نِ۔ ہا۔ لی) (ف۔ ا۔ مث) (۱) توشک (۲) غالیچہ (۳) لحاف۔ رضائی۔

نِہاں (نِ۔ ہاں) (ف۔ صف) چُھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خُفیہ۔ مخفی۔

نہاں خانہ (ف۔ ا۔ مذ) پوشیدہ گھر۔ تہ خانہ۔

نہاں رکھنا (اُر۔ محاورہ) پوشیدہ رکھنا۔ چُھپائے رکھنا۔

نہان (نَ۔ ہان) (ہ۔ ا۔ مذ) غُسل۔ اشنان۔

نہانا (نَ۔ ہا۔ نا) (ہ۔ مص) جسم کو پانی سے دھونا۔ غُسل کرنا۔ اشنان کرنا۔

نہانا دھونا (اُر۔ مص) (۱) غُسل کرنا (۲) غُسل کرنا اور کپڑے دھونا۔

نِہانی (نِ۔ ہا۔ نی) (ف۔ صف) منسوب بہ نہاں بمعنی مخفی۔ پوشیدہ۔

نَہانی (نَ۔ ہا۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) نہانے کی ضرورت۔ اِحتلام۔ حیض۔

نہانی ہونا (اُر۔ محاورہ) نہانے کی حاجت ہونا۔ اِحتلام ہونا۔ حیض آنا۔

نِہائی (نِ۔ ہا۔ ئی) (ہ۔ ا۔ مث) وہ چیز جس پر لوہار لوہا رکھ کر کوٹتے ہیں۔ اَہرن۔ سندان۔

نَہانی (ہ۔ ا۔ مث) چھینی۔ ایک دھاردار اوزار جس سے لکڑی اور پتھر کاٹتے ہیں۔

نِہایت (نِ۔ ہا۔ یَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) حد۔ اِنتہا۔ انجام۔ آخر (۲) (صف) بے اِنتہا۔ بہت۔ بکثرت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نہایت نہ رکھنا (اُر۔ محاورہ) اِنتہا نہ ہونا۔ بے حد ہونا۔

نِہَتّا (نِہتّھا) (نِ۔ ہت۔ تا) (نِ۔ ہتھ۔ تھا) (ہ۔ صف) جس کے پاس ہتھیار نہ ہو۔ خالی ہاتھ۔ غیر مسلح۔

نُہَٹّا (نَ۔ ہٹ۔ ٹا) (نُ۔ ہٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) ناخن کا نشان۔ کھجانے سے جو نشان پڑ جاتا ہے۔

نَہَٹّی (نَ۔ ہٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) ناخن گیر۔ نہرنا۔ نہرنی۔ ناخن کاٹنے کا آلہ۔

نَہج (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) روشن اور کشادہ راستہ (۲) طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ قاعدہ۔

نَہر (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) دریا کی شاخ۔ آب جو۔ پانی کی بڑی نالی جو آب پاشی کے لئے کھودی جائے۔ جمع: اَنہار۔ اُردو جمع: نہروں۔ نہریں۔

نہر بندی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) نہر کا پانی بند کر دینا۔ لوگوں کو نہر سے پانی نہ لینے دینا۔

نہر کاٹنا (اُر۔ محاورہ) دریا یا جھیل سے نہر نکالنا۔

نَہرنا (نَ۔ ہر۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) ناخن گیر۔ ناخن تراشنے کا آلہ۔ نَہنی۔

نَہرنی (نَ۔ ہر۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) چھوٹا ناخن گیر۔ ناخن تراشنے کا چھوٹا سا آلہ۔

نَہروا (نَ۔ ہر۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) رشتے (دھاگے) کی بیماری۔ وہ گول تاگا سا جو بدن میں سے نکلتا ہے۔

نَہری (نَہ۔ ری) (ع۔ صف) (۱) نہر سے منسوب۔ نہر کا (کی) (۲) وہ زمین جو نہر کے پانی سے سیراب کی جائے۔

نہُڑانا (نِہ۔ ڑا۔ نا) (ہ۔ مص) جھکانا۔ خمیدہ کرنا۔

نِہُڑنا (نِ۔ ہُڑ۔ نا) (ہ۔ مص) جھکنا۔ تعظیم بجا لانا۔ رکوع کی حالت میں ہونا۔

نَہضَت (نَہ۔ ضت) (ع۔ ا۔ مث) اُٹھنا۔ رخصت ہونا۔ کوچ۔ روانگی۔ رخصت۔

نہضت کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) سفر کرنا۔ روانہ ہونا۔ کوچ کرنا۔

نُہُفتگی (نِ۔ ہُف۔ تَ۔ گی) (ف۔ ا۔ مث) پوشیدگی۔ چھپانا۔

نُہُفتہ (نِ۔ ہُف۔ تہ) (ف۔ صف) پوشیدہ۔ خُفیہ۔ چھپا ہوا۔ مخفی۔

نَہلا (نَہ۔ لا) (ہ۔ ا۔ مذ) تاش یا گنجفے کا وہ پتّا جس پر نو بندیاں ہوتی ہیں۔

نَہلانا (نَہ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) غُسل دینا (۲) ڈبو دینا (۳) مُردے کو غسل دینا۔

نہلانا دُھلانا (ہ۔ مص) اچھی طرح غسل کروانا۔

نَہلائی (نَہ۔ لا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) غسل کرائی۔ نہلانے کی اُجرت۔

نَہلوانا (نَہل۔ وا۔ نا) (ہ۔ مص) نہلانا۔

نَہلے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) نہلا کی جمع (۲) نہلا کی مغیّرہ صورت۔

نہلے پر دَہلا لگانا (اُر۔ محاورہ) چوٹ پر اُس سے زیادہ سخت چوٹ لگانا۔ کسی سے کسی امر میں سبقت لے جانا۔

نُہُم (نُ۔ ہُم) (ف۔ صف) نواں۔ نویں چیز۔ نواں درجہ۔

نِہَنگ (نِ۔ ہنگ) (نون غُنّہ) (ف۔ ا۔ مذ) مگرمچھ۔ گھڑیال۔

نہنگِ اَجل (ف۔ ا۔ مذ) موت کا فرشتہ۔ ملکُ الموت۔

نہنگِ اجل کا شکار ہونا (اُر۔ محاورہ) مرجانا۔ موت کی نذر ہو جانا۔

نِہَنگ (ہ۔ ا۔ مذ) سکھوں کا ایک فرقہ جو بہت اُونچی پگڑی باندھتا ہے اور زرد کپڑے پہنتا ہے (۲) (صف) ننگا۔ برہنہ۔ آزاد۔ لاپروا۔

نہنگ لاڈلا (ہ۔ صف) نازپروردہ۔ بھولا بھالا۔ بگڑا ہوا۔ لاپروا۔

نہنگ ہے (ہ۔ بول چال) تن تنہا ہے۔ کچھ نہیں رکھتا۔ بے سروسامان ہے۔

نَہو (نَ۔ ہو) (ق۔ ا۔ مذ) ناخن۔

نَہوت (نَ۔ ہوت) (ہ۔ ا۔ مث) لاچاری۔ مُفلسی۔ تنگ دستی۔ تنگی۔ غریبی۔

نِہورا (نِ۔ ہو۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) منّت۔ خوشامد (۲) اِحسان رکھنا۔

نہورا ماننا (ہ۔ محاورہ) اِحسان ماننا۔ ممنون ہونا۔ شکرگزار ہونا۔

نَہوسی (نَ۔ ہو۔ سی) (ق۔ فعل) نہ ہوگا۔

نَہی (نَ۔ ہی) (ع۔ ا۔ مث) (۱) روک۔ ممانعت۔ منع کرنا (۲) وہ حکم جو کسی کو کوئی کام نہ کرنے کے واسطے دیں۔ جمع: نواہی۔

نہی عن المنکر (عَ۔ نِل۔ مُن۔ کر) (ع۔ ا۔ مث) اُن چیزوں سے روکنا جن کی شرعاً ممانعت ہے۔

نَہیب (نَ۔ ہیب) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ڈر۔ خوف۔ ہیبت (۲) لُوٹ مار۔ مالِ غنیمت۔ لوٹ مار کا مال۔

نہیں (نَ۔ ہیں) (ہ۔ کلمہ نفی) (۱) نفی۔ اِنکار (۲) حرفِ شرط۔ ورنہ۔ وگرنہ۔

نہیں تو (اُر۔ تابع فعل) ورنہ کے معنی کا فائدہ دیتا ہے۔ وگرنہ۔

نہیں سہی (اُر۔ تابع فعل) کیا مضایقہ ہے۔ کیا ڈر ہے۔ کچھ پروا نہیں۔

نہیں کرنا (اُر۔ محاورہ) اِنکار کرنا۔ ناکرنا۔ نفی میں جواب دینا۔

نہیں نہیں (اُر۔ نہیں کی تاکید) ہرگز نہیں۔ بالکل نہیں۔

نہیں نہیں کرنا (اُر۔ محاورہ) متواتر اِنکار کرنا۔ بار بار اِنکار کرنا۔

نہیں ہونا (اُر۔ محاورہ) اِنکار ہونا۔

ن۔ ی

نئی (نَ۔ اِی) (ہ۔ صف) نیا کی تانیث۔ جدید۔ تازہ۔

نئی اَوستھا (ہ۔ ا۔ مث) نوعمری۔ کم سنی۔ صغر سنی۔ نابالغی۔

نئی بات (اُر۔ ا۔ مث) عجیب بات۔ انوکھی بات۔

نئی بات کرنا (اُر۔ محاورہ) عجیب بات کرنا۔ نرالا کام کرنا۔

نئی بات کہنا (اُر۔ محاورہ) لطیفہ کہنا۔ انوکھی بات کہنا۔

نئی بات نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) انوکھی بات پیدا کرنا۔ جدّت طرازی کرنا (۲) انوکھی وضع اِختیار کرنا۔

نئی پود (اُر۔ ا۔ مث) نوجوان طبقہ۔ نئی نسل۔

نئی جوانی (اُر۔ ا۔ مث) جوانی کی اِبتدا۔ آغازِ شباب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نئی جوانی اور مانجھا ڈھیلا (اُر۔مثل) جوانی میں کم ہمتی اور ناتوانی۔

نئی جوانی حماقت کی نشانی (اُر۔مثل) جوانی میں اکثر بے وقوفی کے کام ہو جاتے ہیں۔

نئی جوتی پہننا (اُر۔محاورہ) نئی شادی کرنا۔

نئی جوگن کاٹھ کی مُندری (اُر۔مثل) نئے نئے شوقین کی ہر بات اور ہر چیز نرالی ہوتی ہے۔

نئی چال چلنا (اُر۔محاورہ)(۱) شرارت کی بات کرنا (۲) نئی رسم پیدا کرنا۔

نئی چیز (اُر۔ا۔مث) نیا گیت۔ نئی بات۔ جدید چیز۔ نئے شعر۔

نئی دُنیا (اُر۔ا۔مث)(۱) امریکا جو ۱۴۹۲ء میں دریافت ہوا (۲) نئی آبادی۔ نیا عالم۔ انوکھی کیفیت۔

نئی دُنیا دیکھنا (اُر۔محاورہ) نئی نئی باتیں دیکھنا۔ نئے حالات میں سے گزرنا۔

نئی رُوح پھونکنا (اُر۔محاورہ) نیا شوق اور نئی اُمنگ پیدا کرنا۔ جوش و خروش پیدا کرنا۔

نئی روشنی (اُر۔ا۔مث) نئی تہذیب۔ جدید طرز تمدّن۔ زمانہ حال کی شائستگی۔ نئے علوم و فنون۔ نئی ایجادات اور اُن کا تجربہ۔

نئی سُوجھی (اُر۔روزمرّہ) انوکھی بات سُوجھی۔

نئی شاخ لگانا (اُر۔محاورہ) نیا رشتہ جوڑنا۔ نیا پیوند لگانا۔ نیا تعلق پیدا کرنا۔

نئی کہانی گُڑ سے میٹھی (اُر۔مثل) نئی بات ہمیشہ دل پسند اور مرغوب ہوتی ہے۔

نئی کہی (اُر۔روزمرّہ) انوکھی بات کہی۔ نرالی بات سُنائی۔

نئی کھیپ (بیائے مجہول)(اُر۔ا۔مث)(۱) نیا مال (۲) نوخیز نوچیاں۔

نئی نائن بانس کی نَہرنی (اُر۔مثل) نئے شوقین کی ہر بات نرالی۔

نئی نویلی (اُر۔صف)(۱) نیا نویلا کی تانیث۔ چند روز کی بیاہی ہوئی دُلہن (۲) انوکھی۔ نرالی۔ جدید۔ جداگانہ۔

نئی ہوئی (اُر۔محاورہ) انوکھی اور انہونی بات ہوئی۔

نئے (ہ۔صف)(۱) نیا کی جمع (۲) نیا کی بدلی ہوئی صورت۔

نئے بگڑے (اُر۔صف) وہ جنہوں نے ابھی ابھی عیاشی شروع کی ہو۔

نئے پنج (اُر۔ا۔مذ) جوان گھوڑا۔ وہ گھوڑا جس کو پانچواں سال لگا ہو۔

نئے رنگ دِکھانا (اُر۔محاورہ) نئی نئی باتیں ظاہر کرنا۔ قسم قسم کے رُوپ دِکھانا۔

نئے سرے سے (اُر۔تابع فعل) اَز سرِ نَو۔ شروع سے۔ پھر سے۔ دوبارہ۔

نئے سرے سے جنم پانا (لینا) (اُر۔محاورہ) دوبارہ زندگی پانا۔ بیماری یا سخت خطرے سے جاں بر ہونا۔ مرتے مرتے بچنا۔

نئے سوانگ لانا (اُر۔محاورہ) نئے نئے روپ بدل کر سامنے آنا۔ نئی نئی شکلوں میں ظاہر ہونا۔

نئے نواب آسمان پر دماغ (اُر۔مثل) نیا دولت مند مغرور ہوتا ہے۔

نئے نو دام پُرانے چھ دام (اُر۔مثل) نئی چیز کی زیادہ قدر و قیمت ہوتی ہے۔

ن۔ی

نی (ہ۔لاحقہ) یہ کلمہ ہندی اَسما کے آخر میں آکر تانیث اِسم کا فائدہ دیتا ہے جیسے اُونٹنی۔ نٹنی۔

نی (ق۔حرفِ عطف) اور۔

نَے (بفتح اوّل)(ف۔ا۔مث)(۱) نرکل (۲) بانسری (۳) حُقّے کی نگالی۔ نلی۔

نَے سوار (ف۔صف) وہ کم سن لڑکا جو لکڑی یا بانس کا گھوڑا بنا کر اُس پر سوار ہو کر بھاگے۔

نَے شکر (نیشکر) (ف۔اُر۔ا۔مذ) گنّا۔ اِیکھ۔ پونڈا۔

نَے نواز (ف۔صف) بانسری بجانے والا۔

نَے و نوش (ف۔ا۔مذ) دیکھئے نائے و نوش۔

نَے (بفتح اوّل)(ف۔حرفِ نفی) نہیں۔ نہ۔

نَے غم دُزد نَے غم کالا (ف۔اُر۔مثل) کسی بات کی پروا نہ ہونا۔ دُنیا کے سرد و گرم سے قطعاً بے خبر ہونا۔

نے (ہ۔علامتِ فاعل) فعل متعدّی میں فاعل کے بعد آتا ہے جیسے میں نے خط پڑھا۔

نیا (ن۔یا)(ہ۔صف)(۱) جدید۔ تازہ (۲) انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔ طرفہ (۳) اجنبی۔ انجان (۴) ابھی کا۔

نیا بانکا تاڑ کی تلوار (اُر۔مثل)(۱) نئے حوصلے والے کی سب باتیں نرالی ہوتی ہیں (۲) کم ظرف اپنا ظرف دِکھائے بغیر نہیں رہ سکتا۔

نیا بگڑا (اُر۔صف) وہ جس نے حال ہی میں اپنی وضع تبدیل کی ہو۔ نیا تماش بین۔ نیز دیکھئے نئے بگڑے۔

نیا پُرانا ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) نیا نہ رہنا۔ کسی کو آئے ہوئے ایک رات گزر جانا (۲) نئے پن کی خوشی اور لذّت ماند پڑ جانا۔

نیا پھل (اُر۔ا۔مذ) تازہ پھل۔ وہ پھل جو درخت سے پہلے پہل اُترا ہو۔

نیا پھل دانت تلے، دُشمن پاؤں تلے (اُر۔مثل) پھل کھاتے وقت عورتیں یہ فقرہ کہتی ہیں۔

نیا پھل کرنا (اُر۔محاورہ) موسم کا کوئی پھل پہلے پہل کھانا۔

نیا حکیم دیوے افیم (اُر۔مثل) ناتجربہ کار سے نقصان ہی پہنچتا ہے۔ نیم حکیم خطرۂ جان۔

نیا خریدار (ف۔صف) نیا گاہک۔ تازہ خریدار۔

نیا دانہ نیا پانی (اُر۔ا۔مذ) مسافرت کے واسطے اِستعمال ہوتا ہے کہ ہر روز نئے مقام پر نئی غذا میسّر آتی ہے۔

نیا ڈھنگ (اُر۔ا۔مذ) نیا طریقہ۔ نیا طور۔

نیا راگ لانا (اُر۔محاورہ)(۱) تازہ جھگڑا کھڑا کرنا۔ نیا فتنہ اُٹھانا (۲) کوئی انوکھی اور عجیب بات نکالنا۔

نیا رنگ دِکھانا (اُر۔محاورہ) عجیب عالم دِکھانا۔ غیر معمولی طرزِ عمل دکھانا۔

نیا رنگ لانا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی انوکھی اور عجیب بات کا ظہور پزیر ہونا۔ نئی بات ہونا (۲) نیا فساد پیدا کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نیا رُوپ (اُر۔ا۔مذ) نئی شکل۔ نیا بھیس۔
نیا شِگوفہ چھوڑنا (اُر۔محاورہ) نیا فساد بپا کرنا۔
نیا شِگوفہ کِھلانا (اُر۔محاورہ) دیکھئے نیا شگوفہ کھلنا جس کا یہ متعدی ہے۔
نیا شِگوفہ کِھلنا (اُر۔محاورہ) عجیب و غریب اَمر کا ظاہر ہونا۔
نیا فتنہ اُٹھانا (اُر۔محاورہ) نیا جھگڑا پیدا کرنا۔ تازہ قیامت برپا کرنا۔
نیا کام (اُر۔ا۔مذ) انوکھا کام۔ جدید کام۔
نیا کرنا (اُر۔محاورہ) نئی سبزی، پھل یا غلّہ کھانا۔ موسم کی چیز پہلے پہل کھانا۔
نیا گُل کِھلانا (اُر۔محاورہ) تازہ فتنہ اُٹھانا۔ انوکھی اور عجیب خبر اُڑانا۔
نیا مسلمان قصائی کی دُکان (اُر۔مثل) جب کوئی شخص نیا مذہب اختیار کرتا ہے تو ظاہری باتوں میں بڑا کٹر ہوتا ہے۔
نیا مُلّا مسجد کو دوڑ دوڑ جائے (اُر۔مثل) جب کوئی نئی بات سیکھتا ہے تو ہر وقت اُسی کا ذکر کرتا رہتا ہے۔
نیا نو دِن پُرانا سو دِن (اُر۔مثل) نئی چیز کی بھڑک چند دن رہتی ہے اور پُرانی چیز مدّت تک رہتی ہے (۲) نئے کی بجائے پُرانا قابلِ اعتماد ہوتا ہے۔
نیا نویلا (نَ۔وے۔لا) (اُر۔صف) (۱) ناتجربہ کار (۲) نوخیز۔ نوعُمر (۳) بانکا ترچھا جوان (۴) انوکھا آدمی۔
نیا نیا راج ڈھب ڈھب باج (ہ۔مثل) نئی حکومت اچھا کام کرتی ہے۔
نیا ہونا (اُر۔محاورہ) ناواقف ہونا۔ اجنبی ہونا۔
نِیابَت (نِ۔یا۔بَت) (ع۔ا۔مث) قائم مقامی۔ سفارت۔ نائب یا ڈپٹی کا عُہدہ (۲) مُکھی۔ ایجنسی۔
نِیار (نِ۔یار) (ہ۔ا۔مذ) گھاس پات۔ چوپایوں کا چارا۔ پُوئی۔ چری۔
نِیارا (نِ۔یا۔را) (ہ۔صف) (۱) جُداگانہ۔ نرالا۔ مختلف۔ انوکھا (۲) منتخب۔ چھانٹا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا (۳) علاوہ۔ بجز۔ ماسوا۔
نِیاری (نِ۔یا۔ری) (ہ۔صف) نیارا کی تانیث۔
نِیاریا (ہ۔ا۔مذ) (۱) سُناروں کی دُکان کے کوڑا کرکٹ سے سونے چاندی کے ذرّے نکالنے والا (۲) چھان بین کرنے والا (۳) بڑا چالاک اور ہوشیار آدمی۔
نِیاز (نِ۔یاز) (ف۔ا۔مث) (۱) حاجت۔ اِحتیاج۔ آرزو۔ تمنّا (۲) میل۔ خواہش۔ اظہارِ محبت (۳) اِنکسار۔ عاجزی۔ مسکینی (۴) پرشاد۔ تبرک۔ تحفۂ درویشاں (۵) نذر۔ بھینٹ۔ چڑھاوا (۶) مِنّت۔ اِلتجا (۷) مُلاقات۔ واقفیت۔ رُوشناسی۔ جان پہچان۔
نیاز پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) راہ و رَسم پیدا کرنا۔
نیاز حاصل کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) مُلاقات کرنا۔ بُزرگوں سے مُلاقات کرنا (۲) واقفیت بہم پہنچانا۔ (اِس کا لازم نیاز حاصل ہونا ہے)۔
نیاز دِلوانا (دِلانا) (اُر۔محاورہ) فاتحہ دلوانا۔
نیاز دینا (اُر۔محاورہ) نیاز دِلانا۔ فاتحہ دِلانا۔
نیاز کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) نیاز دِلانا۔ فاتحہ دِلوانا۔ کسی بُزرگ کے نام کا کھانا کرنا (۲) نذر کرنا۔ بھینٹ کرنا۔ نذر چڑھانا۔ قُربان کرنا۔ صدقہ کرنا۔ نثار کرنا۔ دینا۔ حوالے کرنا۔

نیاز کیش (ف۔صف) عاجزی جس کی عادت ہو۔ اِظہارِ اِنکسار کا کلمہ۔
نیاز کیشی (ف۔ا۔مث) دیکھئے نیاز مندی۔
نیاز مَند (ف۔صف) (۱) حاجت والا۔ خواہش رکھنے والا۔ محتاج (۲) تواضع اور فروتنی کرنے والا (۳) عاجزی اور اِنکسار کا اِظہار۔
نیاز مَندی (ف۔ا۔مث) (۱) حاجت (۲) آرزو (۳) اِنکسار (۴) اِطاعت۔ فرماں برداری۔
نیاز نامہ (ف۔ا۔مذ) اِنکسار اور عاجزی کا خط۔
نِیازی (نِ۔یا۔زی) (ف۔صف) (۱) عرض کرنے والا۔ درخواست کرنے والا (۲) عاشق۔ دوست۔ محبوب (۳) پٹھانوں کا ایک قبیلہ۔
نِیاگان (نَ۔یا۔گان) (ف۔ا۔مذ) بُزرگ۔ والدین۔ اَجداد۔
نِیام (نِ۔یام) (ف۔ا۔مذ) تلوار خنجر وغیرہ کا میان یا غلاف۔
نیام سے تلوار لینا (اُر۔محاورہ) غلاف سے تلوار نکالنا۔
نیام کرنا (اُر۔محاورہ) تلوار کو غلاف میں رکھنا۔
نِیایِش (نِ۔یا۔اِش) (ف۔ا۔مث) (۱) تعریف۔ دُعا۔ آفرین (۲) عاجزی۔ گریہ و زاری۔
نِیایَک (نِ۔یا۔اَک) (س۔صف) منطقی۔ معقولی۔
نِیاؤ (نِ۔یاؤ) (ہ۔ا۔مذ) اِنصاف۔ عدل۔ فیصلہ۔ تصفیہ۔ نیائے۔
نیاؤ چُکانا (اُر۔محاورہ) انصاف کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا۔
نیاؤ سبھا (ہ۔ا۔مث) عدالت۔ کچہری۔
نیاؤ کرنا (ہ۔مص مُرکّب) اِنصاف کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ فیصلہ کرنا۔
نِیائے (نِ۔یا۔اے) (س۔ا۔مذ) (۱) علمِ منطق۔ علمِ مناظرہ۔ علم دلیل (۲) طریقہ۔ قاعدہ۔ اُصول (۳) اِنصاف۔ نیاؤ۔ قانون (۴) فیصلہ۔ ثبوت۔
نیائے شاستر (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کی منطق کی ایک کتاب کا نام۔
نِبیب (ہ۔ا۔مث) دیکھئے نِیم۔
نِبُو (نی۔بُو) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے لیمُوں۔
نیپالی (نے۔پا۔لی) (اُر۔صف) ملک نیپال کا رہنے والا۔
نیپالی (نے۔پا۔لی) (ہ۔ا۔مث) (۱) چنبیلی کی ایک قسم (۲) لال سنکھیا۔
نِیَت (بیائے معروف) (ہ۔ا۔مث) دیکھئے نِتی۔
نِیّت (نی۔یَت) (ع۔ا۔مث) (۱) دِلی اِرادہ۔ دِلی منشا۔ اصلی مقصد (۲) منصوبہ (۳) عہد (۴) خیال۔ دھیان۔ اُردو جمع: نیتوں۔ نیتیں۔
نیّت باندھنا (کرنا) (اُر۔محاورہ) (۱) اِرادہ کرنا۔ منصوبہ باندھنا (۲) احرام باندھنا۔ اللہ اکبر کہہ کر نماز شروع کرنا۔
نیّت بخیر ہونا (اُر۔محاورہ) کسی کارِ خیر کا دلی اِرادہ ہونا۔ کوئی کام کرتے وقت دل میں بُرا خیال نہ ہونا۔ اچھی نیت سے کوئی کام کرنا۔
نیّت بد کرنا (اُر۔محاورہ) بُرائی کا اِرادہ کرنا۔
نیّت بدل جانا (پلٹ جانا۔ برگشتہ ہونا) (اُر۔محاورہ) اِرادہ بدل جانا۔ عہد سے پِھر جانا۔ نیت بد ہو جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نِیّت بد ہونا (اُر۔ محاورہ) نیّت میں فرق آنا۔ بُرائی کا اِرادہ ہونا۔

نِیّت بھٹکنا (اُر۔ محاورہ) نیّت کا ڈانواں ڈول ہونا۔ طبیعت کا قائم نہ رہنا۔ ایمان متزلزل ہونا۔

نِیّت بھر جانا (اُر۔ محاورہ) دِل بھر جانا۔ طبیعت سیر ہو جانا۔ جی بھر جانا۔

نِیّت بھری رکھنا (اُر۔ محاورہ) نیّت کو ڈانوں ڈول نہ کرنا۔ ایمان کو متزلزل نہ ہونے دینا۔

نِیّت بھری رہنا (اُر۔ محاورہ) نیّت کا ڈانواں ڈول نہ ہونا۔ ایمان متزلزل نہ ہونا۔

نِیّت بندھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُصمّم اِرادہ کرنا (۲) نماز کی نیّت کرنا۔

نِیّت پلٹ جانا (اُر۔ محاورہ) نیّت بِگڑ جانا۔ اِرادہ بدل جانا۔ بدنیّت ہو جانا۔

نِیّت پِھرنا (اُر۔ محاورہ) اِرادہ بدل جانا۔

نِیّت ثابت رکھنا (اُر۔ محاورہ) اپنے اِرادے پر مستقل رہنا۔ وعدے پر قائم رہنا (۲) ایمان قائم رکھنا۔

نِیّت ڈانواں ڈول کرنا (اُر۔ محاورہ) نیّت خراب کرنا۔ بدنیّتی کرنا۔

نِیّت ڈانواں ڈول ہونا (اُر۔ محاورہ) بدنیّت ہو جانا۔ نیّت خراب ہونا۔

نِیّت سیر ہونا (اُر۔ محاورہ) نیّت بھری رہنا یا بھر جانا۔

نِیّت شب بخیر (حرام) (اُر۔ مثل) رات کا اِرادہ دُرست نہیں۔

نِیّت کرنا (اُر۔ محاورہ) دِل میں ٹھاننا۔ اِرادہ کرنا۔

نِیّت لگی رہنا (اُر۔ محاورہ) خیال رہنا۔ دھیان رہنا۔

نِیّت میں خلل آنا (اُر۔ محاورہ) نیّت بگڑنا۔

نِیّت میں فرق آنا (اُر۔ محاورہ) نیّت بگڑنا۔ ناجائز طریقے سے فائدہ اُٹھانے کو جی چاہنا۔

نِیّت ہونا (اُر۔ محاورہ) اِرادہ ہونا۔ خواہش ہونا۔

نیتا (نے۔تا) (س۔ا۔مذ) راہ نُما۔ لیڈر۔ آقا۔ جمع: نیتا۔ نیتاؤں۔

نِیتی (س۔ا۔مث) (۱) حکمتِ عملی۔ پالیسی (۲) نیک چلنی (۳) پیش بینی (۴) راہ نمائی۔ جمع: نیتیاں۔ نیتیوں۔

نیٹ (Net) (انگ۔ا۔مذ) جال۔

نیٹ بال (Net Ball) (انگ۔ا۔مذ) باسکٹ بال کی قسم کا ایک کھیل جو لڑکیوں کے لئے مخصوص ہے۔

نیٹو (Native) (انگ۔صف) دیسی۔ مُلکی باشندہ۔

نِیچ (بیائے معروف) (ہ۔صف) (۱) کمینہ۔ رذیل۔ سِفلہ (۲) نیچا کا مُخفّف۔

نیچ اُونچ (ہ۔ا۔مث) دیکھئے اُونچ نیچ۔

نیچ پن (ہ۔ا۔مذ) گھٹیاپن۔ اوچھی حرکت۔

نیچ ذات (نیچ قوم) (اُر۔ا۔مث) ادنٰی ذات۔ گھٹیا قوم کے لوگ۔

نیچا (نی۔چا) (ہ۔صف۔مذ) نشیب۔ گہرا۔ پست (۲) کم۔ ادنٰی (۳) مدھم۔ دھیما۔

نیچا اُونچا (اُر۔ا۔مذ) نشیب و فراز۔ اُتار چڑھاؤ۔

نیچا پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا۔ مطیع ہونا (۲) دبنا۔ اُبھار کم ہونا (۳) گرنا۔

نیچا دِکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا (۲) شرمندہ کرنا۔ غرور ڈھانا۔

نیچا دیکھنا (اُر۔ محاورہ) شرمندگی اُٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ شکست کھانا۔ ذلیل ہونا۔

نیچر (Nature) (انگ۔ا۔مذ مث) (۱) فطرت۔ خلقت۔ پیدائش (۲) دُنیا۔ عالمِ موجودات (۳) قُدرت۔ قانونِ قُدرت۔

نیچرل (Natural) (انگ۔صف) قُدرتی۔ فطرتی۔ فِطری۔

نیچری (نیچ۔ری) (اُر۔صف) نیچر کو ماننے والا۔ قانونِ فطرت و قُدرت پر چلنے والا۔ سرسیّد احمد خاں کا مقلِد۔

نیچنا (نے۔چ۔نا) (ق۔مص) جھاڑنا۔

نَیچہ (نَے۔چا) (ف۔ا۔مذ) (۱) حُقّے کی نَے۔ حُقّے کی نلیاں (۲) نَے کی تصغیر۔

نیچہ بسانا (اُر۔ محاورہ) نیچے میں کوئی خوشبودار عرق ڈال کر اُس کے دونوں طرف کے سُوراخوں کو بند کر دینا۔

نیچہ بند (ف۔ا۔مذ) نیچہ باندھنے والا۔ حُقّے کے نیچے بنانے والا۔

نیچہ بندی (ف۔ا۔مث) نیچہ بنانے کا پیشہ۔

نیچہ تازہ کرنا (اُر۔ محاورہ) نیچے میں تازہ پانی ڈالنا۔

نیچی (نی۔چی) (ہ۔صف) (۱) نیچا کی تانیث۔ پست۔ نشیب (۲) ادنٰی۔ رذیل۔ اوچھی۔ کمینی۔ گھٹیا (۳) تلے کی۔ زیریں۔

نیچی آواز (اُر۔ا۔مث) اُونچی آواز کی ضِد۔ دبی آواز۔ دھیمی آواز۔

نیچی نظر (اُر۔ا۔مث) شرم و حیا سے نیچے کی ہوئی نگاہ۔ وہ نظر جو نیچے کی طرف مائل ہو۔

نیچی نظر کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شرم و حیا سے آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا (۲) کسی سے دبنا۔ شرم سار ہونا۔

نیچی نظر ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) شرمندہ ہونا (۲) احسان مند ہونا۔ بارِ احسان سے آنکھیں نہ اُٹھا سکنا۔

نیچی نیچی نظروں سے دیکھنا (اُر۔ محاورہ) نظر چُرا کے دیکھنا۔ شرمائی ہوئی نگاہوں سے دیکھنا۔

نیچے (نی۔چے) (ہ۔صف) (۱) نشیب میں۔ پستی میں (۲) ماتحت۔ زیرِ فرمان۔ تابع۔ مددگار (۳) مدھم۔ دھیما۔ کم۔ گھٹیا۔ ادنٰی۔

نیچے اُوپر (اُر۔ تابع فعل) اُوپر تلے۔ ایک پر ایک۔ ایک نیچے ایک اُوپر۔ اُلٹ پلٹ۔ اُتھل پتھل۔

نیچے اُوپر ہو جانا (اُر۔ محاورہ) تہ و بالا ہو جانا۔ اُلٹ پلٹ ہو جانا۔ اُتھل پتھل ہو جانا۔

نیچے سے (اُر۔ تابع فعل) تلے سے۔ بُنیاد سے۔

نیچے سے اُوپر تک (اُر۔ تابع فعل) سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔

نیچے کا پاٹ بھاری ہے (اُر۔ مقولہ) بیوی زبردست ہے۔

نیچے کا دھڑ (اُر۔ا۔مذ) جسم کا زیریں حِصّہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نیچے کی سانس نیچے' اُوپر کی سانس اُوپر رہ جانا (اُر-مثل) ہکّا بکّا رہ جانا۔ حیران اور دَم بخود رہ جانا۔
نیچے لانا (اُر-محاورہ) پہلوانوں کی اِصطلاح میں قابُو میں کر لینا۔ کُشتی میں دبا لینا۔ پچھاڑنا۔ چِت کرنا۔
نیخواہ (نے-خاہ)(ق-صف) نیک خواہ۔
نیخواہی (نِے-خا-ہی)(ق-ا-مث) خیر خواہی۔
نیر (بیائے معروف)(س-ا-مذ) پانی۔ جل (۲) دریا۔ سمندر (۳) آنسو۔
نیر بہانا (اُر-محاورہ) آنسو بہانا۔ رونا۔
نَیِّر (نَی-یِر)(ع-صف) نہایت چمکدار۔ بہت روشن۔
نیّرِ اصغر (ع-ا-مذ) چاند۔
نیّرِ اعظم (ع-ا-مذ) سب سے بڑا اور سب سے روشن جرمِ فلکی۔ سُورج۔
نیّرِ تاباں (ع-ف-ا-مذ) دیکھئے نیّرِ اعظم۔
نیرا (نی-را)(ق-صف)(۱) بدمعاش (۲)(ا-مث) ایسی سیندھی (تاڑی) جو طلوعِ آفتاب سے قبل کی ہو۔
نَیرنگ (نَے-رَنگ)(ف-ا-مذ)(۱) مکر۔ فریب (۲) شُعبدہ۔ جادُو (۳) چالاکی۔ (اصل نَورنگ یعنی جدید رنگ ہے)۔
نیرنگِ زمانہ (ف-ا-مذ)(۱) زمانے کا شُعبدہ۔ زمانے کی افسوں گری (۲) اِنقلابِ روزگار۔ تغیرِ زمانہ۔
نیرنگ ساز (گر) (ف-صف) جادُوگر۔ شُعبدہ باز۔ بازی گر۔ دغاباز۔
نیرنگی (نَے-رَنگی)(ف-ا-مث) جادُوگری۔ فریب۔ شُعبدہ بازی۔
نیرو (نی-رُو)(نے-رُو)(ف-ا-مث)(۱) قُوّت۔ طاقت (۲) زور آزمائی۔
نیّرَین (نَی-یَ-رَین)(ع-ا-مذ) نیّر کا تثنیہ۔ سورج اور چاند۔
نیڑنا (نیڑ-نا)(ق-مص) ختم ہونا۔
نیڑے (نے-ڑے)(ق-صف) نزدیک۔ پاس۔
نیز (بیائے معروف)(ف-حرفِ عطف) دیگر۔ اور بھی۔
نیزہ (نے-زہ)(ف-ا-مذ)(۱) برچھی۔ بھالا۔ بلَم (۲) کِلک۔ لَے۔ ایک قسم کا نرسل جس سے قلم بناتے ہیں۔ قلم کی چھڑ۔ اُردو جمع: نیزوں۔ نیزے۔
نیزہ باز (ف-صف) بلَم بردار۔ بھالے کے کرتب جاننے والا۔
نیزہ بازی (ف-ا-مث) نیزے کے کرتب اور داؤ پیچ۔
نیزہ بردار (ف-صف) نیزہ لے کر چلنے والا۔
نیزہ کھانا (اُر-محاورہ) نیزے کا وار سہنا۔
نیزوں (نے-زوں)(اُر-ا-مذ) نیزہ کی جمع۔
نیزوں پانی چڑھ جانا (اُر-محاورہ)(۱) طغیانی آنا (۲) لڑائی بڑھ جانا۔
نیزے (نے-زے)(اُر-ا-مذ) نیزہ کی جمع۔
نیزے کے ہاتھ کرنا (اُر-محاورہ) نیزے کے وار کرنا۔
نیساں (نَے-ساں)(ف-ا-مذ) قدیم رُومی یا شامی سال کا ساتواں مہینا۔ اِس مہینے کی بارش۔ بیساکھ۔ اپریل مئی کا موسم۔ بہار کا موسم۔
نیست (یائے مجہول)(ف-ا-مذ)(۱) خالی (۲) عدم۔ نابُود۔ معدُوم۔ فنا۔
نیست کرنا (اُر-محاورہ) برباد کرنا۔ اُجاڑنا۔
نیست و نابُود کرنا (اُر-محاورہ) بیخ وبُنیاد سے کھودنا۔ بالکل فنا کر دینا۔
نیست و نابُود ہونا (اُر-محاورہ) مِٹ جانا۔ خاک میں مِلنا۔ فنا ہونا۔ ناپید ہونا۔ نام ونشان نہ رہنا۔
نَیستان (نَے-ستاں)(ف-ا-مذ) سرکنڈوں (نَے) کا کھیت۔ بانسوں کا جنگل۔
نیستی (نیس-تی)(یائے مجہول)(ف-ا-مث)(۱) ہستی کا مُقابل (۲) ناپید ہونا۔ فنا۔ عدم (۳) بُطلان۔ ناس (۴) نحوست۔ بدنصیبی۔ بداقبالی (۵) تنگ دستی۔ مُفلسی۔ ناداری۔ بدحالی۔
نیستی چھانا (اُر-محاورہ) نحوست چھانا۔
نیستی کا مارا (اُر-صف) بدنصیب۔ بداقبال۔ منحوس۔
نیستی میں برخورداری (اُر-مثل) مُفلسی میں اولاد پیدا ہونا۔
نیش (بیائے مجہول)(ف-ا-مذ)(۱) نوک کی تیزی۔ نوک کی انی (۲) ڈنک۔ خار۔ کانٹا (۳) کانٹے کی نوک (۴) زہر۔
نیش زنی (ف-ا-مث)(۱) ڈنک مارنا (۲) بُرائی کرنا۔ کسی کے حق میں نُقصان دہ کارروائی کرنا۔
نیشِ عقرب (ف-ا-مذ)(۱) بچھو کا ڈنک (۲) دُشمنوں کی شرارت۔
نیشِ عقرب نہ اَز پئے کیں اَست' مقتضائے طبیعتش اِین اَست (ف-مثل) بچھو کسی کینے یا دُشمنی کی وجہ سے ڈنک نہیں مارتا۔ نیش زنی اُس کی فطرت کا تقاضا ہے۔ اُس شخص کی نسبت کہا جاتا ہے جس کی فطرت میں شرارت ہو۔
نیشتر (نیش-تَر)(بیائے مجہول)(ف-ا-مذ) نشتر۔ مُرکّبات نشتر کے تحت دیکھئے۔
نیشکر (نَے-شَ-کَر)(ف-ا-مذ) نَے کے تحت دیکھئے۔
نیشن (Nation)(انگ-ا-مث) قوم۔
نیشنل (National)(انگ-صف) قومی۔ ملّی۔ وطنی۔
نیشنل اِزم (Nationalism)(انگ-ا-مذ) قوم پرستی۔ وطن پرستی۔
نیشنل اسمبلی (National Assembly)(انگ-ا-مث) قومی مجلسِ قانون ساز۔
نیشنلسٹ (Nationalist)(انگ-ا-مذ) قوم پرست۔ وطن پرست۔
نیشنیلٹی (Nationality)(انگ-ا-مث) قومیت۔ وطنیت۔ شہریت۔
نیفہ (نے-فہ)(ف-ا-مذ) پاجامے کے گھیرے کا وہ حصّہ جس میں ازار بند ڈالتے ہیں (۲) حاشیہ جو کپڑے کو دوہرا کر کے سی دیتے ہیں۔ اُردو جمع: نیفوں۔ نیفے۔
نیفے (نے-فے)(اُر-ا-مذ)(۱) نیفہ کی جمع (۲) نیفہ کی مغیرہ صورت۔
نیفے میں اُڑسنا (اُر-محاورہ) نقدی یا کسی چیز کو نیفے میں رکھ لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نیک (بیائے مجہول)(ف۔ صف)(۱) بھلا۔ اچھا۔ عُمدہ (۲) پرہیزگار۔ عابد۔ پاک دامن (۳) رحم دِل (۴) شریف۔ مُہذّب۔ بھلا مانس۔ نیک چلن۔

نیک اختر (ف۔ صف) نیک بخت۔ سعید۔ مُبارک۔

نیک انجام (ف۔ صف) جس کا انجام اچھا ہو۔

نیک اندر بد۔ بد اندر نیک (اُر۔ مثل) اچھے کے ہاں بُرا اور بُرے کے ہاں اچھا۔

نیک اندیش (ف۔ صف) بھلائی سوچنے والا۔ نیک نیّت۔

نیک بخت (ف۔ صف) (۱) خوش نصیب۔ بلند اِقبال۔ نصیبے والا (۲) بھلا مانس۔ بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ۔

نیک بختی (ف۔ ا۔ مث) سعادت مندی۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ بھلائی۔

نیک بختی آنا (اُر۔ محاورہ) شامت آنا۔ کم بختی کی جگہ طنزاً بولتے ہیں۔

نیک چلن (ف۔ اُر۔ صف) وہ شخص جس کا رویّہ اچھا ہو۔ اچھے کردار کا آدمی۔

نیک چلنی (ف۔ اُر۔ ا۔ مث) اچھا چال چلن۔

نیک خصلت (ف۔ صف) پاک سیرت۔ خوش اَطوار۔ اچھی عادتوں والا۔

نیک خواہ (ف۔ صف) بہتری چاہنے والا (۲) وفادار۔ نمک حلال۔

نیک دِل (ف۔ صف) اچھائی کی نیّت رکھنے والا۔ پاکیزہ خیالات رکھنے والا۔

نیک دلی (ف۔ ا۔ مث) دل کا صاف ہونا۔

نیک راہ پر لگانا (اُر۔ محاورہ) اچھی وضع سکھانا۔ نیکی کی تلقین کرنا۔

نیک ساعت آنا (اُر۔ محاورہ) اچھی گھڑی آنا۔ اقبال کا وقت آنا۔

نیک سرشت (ف۔ صف) نیک طینت۔ خوش خصال۔ پاک سیرت۔

نیک صلاح کا کیا (پُوچھنا) کہنا (اُر۔ مثل) نیک کام فوراً کرلینا چاہئے۔

نیک فال (ف۔ صف) اچھا شگون۔ مُبارک فال۔

نیک فرجام (ف۔ صف) نیک اَنجام۔ جس کا انجام اچھا ہو۔

نیک قدم (ف۔ صف) مُبارک قدم۔ جس کا آنا مُبارک ہو۔

نیک کمائی (اُر۔ ا۔ مث) اچھی اور حلال کمائی۔

نیک گھڑی آنا (اُر۔ محاورہ) اچھی ساعت ہونا۔ اچھا وقت آنا۔

نیک محضر (ف۔ صف) وہ شخص جو ہمیشہ دُوسروں کو حاضر و غائب نیکی سے یاد کرے۔

نیک منش (ف۔ صف) اچھی خصلت کا۔

نیک منظر (ف۔ صف) حسین۔ خوبصورت۔

نیک نام (ف۔ صف) وہ شخص جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو۔

نیک نامی (ف۔ ا۔ مث) شُہرت۔ نام وری۔

نیک نفس (نہاد) (ف۔ صف) نیک مزاج۔ پاک طینت۔

نیک نفسی (ف۔ ا۔ مث) نیک مزاجی۔ پاک طینتی۔

نیک نیّت (ف۔ صف) اچھے اِرادے کا مالک۔

نیک نیّتی (ی۔ ی۔ تی)(ف۔ ا۔ مث) بھلائی۔ نیکی۔

نیک و بد (ف۔ صف) بُرا بھلا۔

نیکر (Knickers) (انگ۔ ا۔ مذ) جانگیا۔ گھٹنوں سے اُوپر تک کا پاجامہ۔

نیکو (نے۔ کو)(ف۔ صف) اچھا۔ خوب۔ عُمدہ۔ نیز دیکھئے نِکو۔

نیکو خصال (ف۔ صف) نیک خصلت۔ خوش سیرت۔ اچھی خصلت والا۔

نیکو سِیَر (سیرت) (ف۔ صف) اچھی خصلت والا۔

نیکو شمائل (ف۔ صف) نیکوکار۔ نیک خصلت۔ اچھی عادتوں والا۔

نیکوکار (ف۔ صف) اچھے کام کرنے والا۔ خوش اَطوار۔

نیکو نہاد (ف۔ صف) نیک نفس۔ پاک طینت۔ نیک نہاد۔

نیکوئی (نے۔ کو۔ اِی)(ف۔ ا۔ مث) نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ عُمدگی۔

نیکی (نے۔ کی)(ف۔ ا۔ مث)(۱) بھلائی۔ خوبی۔ عُمدگی (۲) کارِ خیر۔ اِحسان۔ اُردو جمع: نیکیاں۔ نیکیوں۔

نیکی اُترے (اُر۔ کلمۂ دُعا) (۱) خفا ہونے کا فقرہ (۲) خُدا کی سنوار (بددُعا) کی بجائے۔

نیکی اور پُوچھ پُوچھ (اُر۔ مثل) نیک کام کرنے کے واسطے مشورے کی حاجت نہیں ہوتی۔

نیکی بدی (ف۔ ا۔ مث) بھلائی بُرائی۔ نفع نُقصان۔ دوستی دُشمنی۔

نیکی بدی کے فرشتے (اُر۔ ا۔ مذ) وہ فرشتے جو اِنسان کے اَعمال لکھتے ہیں۔ کراماً کاتبین۔

نیکی بدی کے واسطے رکھنا (اُر۔ محاورہ) وقت بے وقت کے واسطے کچھ پس اَنداز کرنا۔

نیکی برباد گناہ لازم (اُر۔ مثل) اچھائی کو نظر اَنداز کرکے صرف بُرائیاں ہی پیشِ نظر رکھی جائیں تو کہتے ہیں۔ نیکی کے بدلے بُرائی ملی۔

نیکی کا زمانہ نہیں (اُر۔ مثل) اِس زمانے میں نیکی کی کوئی قدر نہیں۔

نیکی کا فرشتہ (اُر۔ ا۔ مذ) وہ فرشتہ جو اچھے اَعمال لکھتا ہے۔

نیکی کر دریا (کنوئیں) میں ڈال (اُر۔ مثل) نیکی کُن و در آب اَنداز کا ترجمہ۔ نیکی کرکے بُھول جانا۔ اِحسان کرکے بُھلا دینا۔ اچھے بدلے کی اُمید نہ رکھنا۔

نیکی کرو خُدا سے چاہو (اُر۔ مثل) کسی سے اچھا سلوک اِس نیّت سے کرنا چاہئے کہ اُس کا اَجر خُدا دے گا۔

نیکی کی جڑ سدا ہری (اُر۔ مثل) نیکی کبھی ضائع نہیں ہوتی۔

نیکی نیک راہ، بدی بد راہ (اُر۔ مثل) ہر ایک کو اپنے اچھے بُرے فعل کی جزا اور سزا ضرور ملے گی۔

نیگ (بیائے مجہول)(ہ۔ ا۔ مذ)(۱) حِصّہ۔ بخرہ (۲) نذر۔ بھینٹ (۳) بیاہ میں رشتے داروں کو شگون کے طور پر یا خدمت گاروں کو بطورِ اِنعام دی جانے والی رقم۔

نیگ جوگ (ہ۔ ا۔ مذ) وہ اِنعام جو شادی کی تقریب پر رشتے داروں اور خادموں کو دیا جاتا ہے۔

نیگ جوگی (ہ۔ صف) شادی بیاہ کی تقریبوں میں اِنعام کے حق دار اور مستحق لوگ۔

نیگ دینا (ہ۔ مص مُرکّب) شادی بیاہ کے موقع پر خدمت گاروں کو حقُ الخدمت اور رشتے داروں کو شگون کے طور پر کچھ نقدی دینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نیگ لگانا (اُر۔محاورہ)(۱) اچھے کام پر لگانا۔ خوشی کے موقع پر خرچ کرنا (۲) تمام خرچ کر ڈالنا۔ برباد کر دینا۔ ضائع کرنا۔

نیگ لینا (ہ۔مص مُرکّب) شادی بیاہ کی تقریبوں میں رشتے داروں اور خادموں کا اپنا حق لینا۔

نیگرو (Negro) (انگ۔ا۔مذ) زنگی۔ افریقہ کا سیاہ فام باشندہ۔ حبشی۔

نِیل (بیائے معروف)(س۔ا۔عدد) سو (۱۰۰) کھرب۔

نَیل (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) حصول (۲) دست رس۔

نَیلِ مَرام (ع۔ا۔مذ) حصولِ مقصد۔ مُراد پانا۔ مقصد پُورا ہونا۔

نِیل (ف۔ہ۔ا۔مذ) ایک ٹھوس نباتاتی مادّہ جو ایک قسم کے پودے سے حاصل ہوتا ہے اور کپڑوں میں چمک پیدا کرنے کے لئے اِستعمال کیا جاتا ہے۔ مصنوعی نیل کولتار سے بنتا ہے (۲) چوٹ کا نشان (۳)(صف) نیلا۔

نیل بڑی (اُر۔ا۔مذ) گھٹیا نیل۔

نیل بگڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) نیل کا ماٹ بگڑ جانا۔ نیل کا پھٹ کر خراب ہو جانا (۲) کم بختی آنا۔ شامت آنا (۳) جھوٹی باتیں بنانا۔ غلط افواہیں اُڑانا (۴) پاگل ہو جانا۔ عقل نہ رہنا (۵) بھاری نقصان ہونا۔

نیل پڑ جانا (پڑنا) (اُر۔محاورہ) چوٹ کے صدمے سے جسم پر نیلا داغ پڑ جانا۔

نیل جلانا (اُر۔محاورہ) بارش کا زور کم کرنے کے لئے جاہل لوگ تلوار پر نیل رکھ کر جلاتے ہیں۔

نیل ڈھلنا (اُر۔محاورہ) مرتے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا۔ موت کے آثار پیدا ہونا (۲) بے حیا اور بے شرم ہو جانا۔

نیل کا ٹیکا (اُر۔ا۔مذ)(۱) نیل یا سیاہی کا نشان جو بچّوں کے ماتھے پر نظرِ بد سے بچنے کے لئے بنا دیتے ہیں (۲) بدنامی کا داغ۔ رُوسیاہی۔

نیل کا ماٹھ بگڑنا (اُر۔محاورہ) جھوٹی خبر مشہور ہونا۔ کہتے ہیں کہ جب رنگ ریزوں کا نیل خراب ہو جاتا ہے اور رنگ اچّھا نہیں آتا تو وہ کوئی غلط خبر مشہور کر دیتے ہیں۔ اُن کا عقیدہ ہے کہ غلط اَفواہ پھیلانے سے خراب نیل ٹھیک ہو جاتا ہے۔

نیل کنٹھ (اُر۔ا۔مذ) ایک پرندہ جس کی گردن اور پَر نیلے ہوتے ہیں۔

نیل کنٹھی (اُر۔ا۔مث) ایک بُوٹی جس کا رنگ نیلا ہوتا ہے۔

نیل کی سلائیاں آنکھوں میں پھیرنا (اُر۔محاورہ) اَندھا کرنا۔

نیل کی کوٹھی (اُر۔ا۔مث) نیل بنانے کا کارخانہ۔

نیل گاؤ (نیل گائے) (اُر۔ا۔مث) ہرن کی قسم کا چھوٹی گائے کے برابر جنگلی چوپایہ۔

نیل گر (ف۔ا۔مذ) نیل بنانے والا۔ نیل کا کام کرنے والا۔ رنگ ریز۔

نیل گُوں (ف۔صف) نیلے رنگ کا۔ آسمانی رنگ کا۔ نیلا۔

نیل گھوٹنا (اُر۔محاورہ)(۱) نیل کو باریک کرنا۔ نیل پانی میں ڈال کر بلونا (۲) لڑائی کرانا۔ کُہرام مچوانا۔

نِیلا (نی۔لا)(ف۔صف)(۱) نیلے رنگ کا۔ نیل گوں۔ آبی۔ آسمانی۔ کبُود (۲) ایک قسم کا کبوتر۔

نیلا پڑ جانا (اُر۔محاورہ) نیلے رنگ کا ہو جانا۔ کالا پڑ جانا۔

نیلا پیلا ہونا (اُر۔محاورہ) غُصّے ہونا۔ خفا ہونا۔ قہر و غضب سے چہرے کا رنگ متغیر ہونا۔

نیلا تھوتھا (اُر۔ا۔مذ) تُوتیا۔ ایک دوا جو تانبے سے تیار کی جاتی ہے۔

نِیلا ڈورا باندھنا (گنڈا پہنانا) (اُر۔محاورہ) بُری نظر سے بچانے کے لئے نیلے رنگ کا ڈورا باندھنا۔

نیلا کر دینا (کرنا) (اُر۔محاورہ)(۱) نیلا رنگ دینا (۲) حد سے زیادہ مارنا۔ اِتنا مارنا کہ بدن پر نیلے نشان پڑ جائیں۔

نِیلا گودنا (اُر۔محاورہ) سوئیوں سے ہاتھ پاؤں گود کر اُن میں نیل بھرنا۔

نِیلاب (نی۔لاب)(ف۔ا۔مذ)(۱) دریائے سندھ (۲) اٹک دریا۔

نِیلاجا (نی۔لا۔جا)(ق۔صف) بے شرم۔ بے حیا۔ (نی حرفِ نفی)۔

نِیلام (نی۔لام) (اُر۔ا۔مذ) بولی بول کر بیچنا۔ بولیوں کے ذریعے قیمت بڑھاتے جانا۔ پُرتگالی لفظ لیلام کا مُوَرّد ہے۔

نیلام پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) نیلام کیا جانا۔ نیلام کے ذریعے بیچنا۔

نیلام کا مال (اُر۔ا۔مذ) کم وقعت مال۔ ناقص اور حقیر چیز۔

نیلام کرنا (اُر۔محاورہ) بولی بول کر بیچنا۔

نیلام گھر (اُر۔ا۔مذ) وہ مقام جہاں بولی دے کر چیزیں فروخت ہوتی ہیں۔

نیلام ہونا (اُر۔محاورہ) بولی بول کر بکنا۔

نِیلامچی (نی۔لام۔چی)(اُر۔صف) نیلام کرنے والا۔

نِیلامی (نی۔لا۔می)(اُر۔صف) نیلام سے متعلق۔

نِیلاہَٹ (نی۔لا۔ہَٹ)(ہ۔ا۔مث) نیلاپن۔ نیلی جھلک۔

نِیلک (نی۔لک)(ق۔ا۔مذ) نیل دار کپڑا۔ بُوٹے دار جامہ۔

نِیلَم (نی۔لَم)(ف۔ا۔مذ) نیلے رنگ کا قیمتی پتھر۔

نِیلم پری (اُر۔ا۔مث) ایک فرضی پری۔

نِیلوفر (نی۔لو۔فَر)(ف۔ا۔مذ) ایک قسم کے نیلے پھول کا نام جو پانی میں پیدا ہوتا اور دوا کے طور پر اِستعمال کیا جاتا ہے۔ نیلا کنول۔

نیلوفری (نی۔لو۔فَ۔ری)(ف۔صف) نیلوفر کے رنگ کا (کی)۔ نیلگوں۔

نِیلی (نی۔لی)(ف ۔صف) نیلا کی تانیث۔ نیلے رنگ کی چیز۔ نیل گُوں۔ آبی۔ آسمانی۔

نیلی پیلی آنکھیں کرنا (اُر۔محاورہ) بے حد غضب ناک ہونا۔ بہت غُصّہ کرنا۔

نیلی فام (ف۔صف)(۱) نیلے رنگ کا۔ نیلگوں۔ کبُود (۲) آسمان۔ (چرخِ نیلی فام)۔

نِیَم (نِ۔یَم)(س۔ا۔مذ)(۱) مذہبی اُصولوں کی پابندی۔ اِتّقا۔ زُہد۔ پرہیزگاری (۲) اُصول۔ قواعد۔

نِیم (بیائے معروف)(ہ۔ا۔مذ) ایک چھتناور درخت جس کے پتّے، چھال اور

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پھل بہت کڑوے ہوتے ہیں اور طبّی خواص رکھتے ہیں۔

نیم کی ٹہنی ہلانا (اُر۔ محاورہ) مرضِ آتشک میں مبتلا ہونے پر مریض نیم کی ٹہنی ہلا کر مکھیاں اُڑاتا رہتا ہے۔

نیم کی نبولی (اُر۔ا۔مث) نم کولی۔ نیم کا پھل۔

نِیم (بیائے معروف)(ف۔صف) نصف۔ آدھا۔

نیم آستین (ف۔ا۔مث) ایک قسم کا کُرتا جس کی آستین آدھی ہوتی ہے۔

نیم اِشارہ (ف۔ا۔مذ) مُبہم اِشارہ۔

نیم باز (ف۔صف) آدھا کُھلا آدھا بند۔

نیم بِرِشت (ف۔صف) اَدھ پکّا اَدھ کچّا۔ آدھا بُھنا ہوا۔

نیم بِسمل (ف۔صف) آدھا ذبح کیا ہوا۔ گھایل۔ مجروح۔ اَدھ مُوا۔

نیم تاب (ف۔صف) آدھا لپٹا ہوا۔

نیم جاں (ف۔صف)(۱) اَدھ مُوا۔ نیم مُردہ۔ قریبِ مرگ (۲) کمزور۔ لاغر۔

نیم جوش (ف۔صف) آدھا جوش دیا ہوا۔ ہلکا اُبلا ہوا۔ آدھا پکا ہوا۔

نیم حکیم (ف۔ا۔مذ) ناتجربہ کار حکیم۔ اَن پڑھ اور اتائی حکیم۔

نیم حکیم خطرۂ جان (نیم مُلّا خطرۂ اِیمان) (اُر۔مثل) ناتجربہ کار سے کام بگڑ جانے کا خطرہ لگا رہتا ہے۔

نیم خواب (ف۔صف) کچّی نیند میں۔ جاگتے سوتے کی کیفیت میں۔

نیم خوردہ (ف۔صف) آدھا کھایا ہوا۔ جھوٹا۔ پس خوردہ۔

نیم راضی (ف۔صف) تھوڑا رضامند۔

نیم رُخ (ف۔صف) یک رُخی تصویر۔

نیم رَس (ف۔صف) جو چیز پک کر پُوری تیار نہ ہوئی ہو۔ نیم پختہ۔

نیم رضا (ف۔صف) کسی قدر رضامندی۔

نیم روز (ف۔ا۔مذ) دوپہر۔

نیم سُفتہ (ف۔صف) ناتمام۔ آدھا بندھا ہوا۔

نیم سوختہ (ف۔صف) آدھا جلا ہوا۔

نیم سیر (ف۔صف) آدھا پیٹ بھرا ہوا۔

نیم شب (ف۔ا۔مث) آدھی رات۔

نیم کار (ف۔صف) وہ کاری گر جو کرائے پر اوزار لے کر کام کرے۔

نیم کَش (ک پر زبر)(ف۔صف) آدھا کھینچا ہوا۔ آدھا اندر آدھا باہر۔

نیم کُشتہ (ف۔صف) اَدھ مُوا گھایل۔ زخمی۔

نیم گرم (ف۔صف) شیر گرم۔ وہ پانی جو پُوری طرح گرم نہ ہو۔ تھوڑا گرم۔ کُنکنا۔

نیم مُلّا (ف۔صف) ناقصُ العلم۔ معمولی پڑھا لکھا مولوی۔

نیم نگاہ (ف۔ا۔مث) کنکھیوں سے دیکھنا۔

نیم وا (ف۔صف) آدھا کُھلا ہوا۔ اَدھ کُھلا۔

نیمچہ (یم۔چہ)(ف۔ا۔مذ) چھوٹی تلوار۔ اُردو جمع: نیمچوں۔ نیمچے۔

نیمچہ تولنا (اُر۔محاورہ) مارنے کے لئے نیمچہ اُٹھانا۔

نِیمَن (نی۔مَن)(ہ۔صف)(۱) مضبوط۔ گٹھیلا۔ زور آور۔ قوی (۲) دیرپا۔ مستحکم۔ پختہ۔ پکّا (۳) بھاری۔ ٹھوس۔

نِیمَہ (نی۔مہ)(ف۔صف) آدھا۔ نصف (۲)(ا۔مذ) ایک قسم کا اُونچا پاجامہ (۳) جانب۔ طرف (۴) بُرقع (۵) زنانہ استعمال کا اندرونی لباس۔ محرم۔

نیمہ آستین (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کا کُرتا جس کی آستینیں آدھی ہوتی ہیں۔

نِیمی (نِ۔یَ۔مِی)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ایماندار۔ پاکدامن۔ پارسا۔ پرہیزگار (۲) پابندِ قاعدہ۔ پابندِ اوقات (۳) دیانت دار (۴) خُدا ترس۔ صاف باطن۔

نیمے دروں نیمے بروں (ف۔مثل) آدھا اندر آدھا باہر۔

نَین (ہ۔ا۔مذ)(۱) آنکھ۔ چشم (۲) نظر۔ نگاہ۔ جمع: نین۔ نینوں۔ نیناں۔ نَین۔

نین سُکھ (اُر۔ا۔مذ) ایک قسم کا عُمدہ باریک کپڑا۔ ململ۔

نین مُتنا (ہ۔صف) بات بات پر رو دینے والا۔ زُود رنج۔ (مث) نین متنی۔

نَینَن (نَ۔مَن)(برج بھاشا۔ا۔مذ) نَین کی جمع۔ آنکھیں۔

نَینا (نَے۔نا)(پراکرت۔ا۔مذ) نَین۔ آنکھ۔

نَیناں (نَے۔ناں)(ہ۔ا۔مذ) نَین کی جمع۔ آنکھیں۔

نِیند (بیائے معروف)(دوسرا نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث) نوم۔ خواب۔ سونے کی کیفیت۔ جاگنے کی ضد۔

نیند (آ جانا) آنا (اُر۔محاورہ) سو جانا۔ سونے کی خواہش ہونا۔

نیند اُچاٹ ہو جانا (اُر۔محاورہ) نیند اُڑ جانا۔ نیند نہ آنا۔

نیند (اُچٹ جانا) اُڑ جانا (اُر۔محاورہ) نیند نہ آنا۔ نیند کا جاتے رہنا۔ آنکھ کُھل جانا۔ جاگ پڑنا۔

نیند اُڑانا (اُر۔محاورہ) نیند نہ آنے دینا۔

نیند اُڑنا (اُر۔محاورہ) نیند نہ آنا۔

نیند اُمڈنا (اُر۔محاورہ) شدّت سے نیند آنا۔

نیند بھر جانا (اُر۔محاورہ) سونے کی خواہش نہ رہنا۔

نیند بھر (کے) کر سونا (اُر۔محاورہ) بے فکری سے سونا۔ جی بھر کے سونا۔

نیند بھری آنکھیں (اُر۔ا۔مث) وہ آنکھیں جن میں نیند کا خُمار ہو۔

نیند بھری ہونا (اُر۔محاورہ) آنکھوں میں نیند کا خُمار ہونا۔

نیند پڑنا (اُر۔محاورہ) نیند آنا۔ سو جانا۔

نیند جانا (اُر۔محاورہ) نیند نہ آنا۔ نیند اُڑنا۔

نیند حرام کرنا (اُر۔محاورہ) سوتے میں تنگ کرنا۔ سونے نہ دینا۔ سوتے سے جگا دینا۔

نیند حرام ہونا (اُر۔محاورہ) نیند حرام کرنا کا لازم۔

نیند کافور ہونا (اُر۔محاورہ) نیند اُڑ جانا۔ نیند نہ آنا۔

نیند کا ماتا (ہ۔صف۔مذ) خواب آلود۔ نیند بھرا ہوا۔

نیند کھو دینا (اُر۔محاورہ) سونے نہ دینا۔ نیند اُڑا دینا۔

نیند کی جھپکی (اُر۔ا۔مث) غنودگی۔ ذرا سی دیر آنکھ لگنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نیند کی ماتی (و۔صف) نیند کا ماتا کی تانیث۔

نیند کے مارے بُرا حال ہونا (اُر۔محاورہ) بڑے زور کی نیند آنا۔ شِدّت کی نیند آنا۔

نیند میں خلل (فتور) آنا (اُر۔محاورہ) نیند بھر کر سونے نہ پانا۔

نَینُو (ئے۔نو)(و۔ا۔مذ) ایک قسم کا سُوتی باریک کپڑا جس پر آنکھ کی مانند تارے سے بنے ہوتے ہیں۔ پُھول دار کپڑا۔

نیو (بیائے مجہول) **نِیو** (بیائے معروف)(و۔ا۔مث) بُنیاد۔ دیوار کی جڑ۔ پنا۔

نیو جمانا (اُر۔محاورہ) مضبوط کرنا۔

نیو ڈالنا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی مکان کی بُنیاد رکھنا (۲) کسی بات کی تمہید اُٹھانا (۳) شروع کرنا۔

نیو سے بیٹھنا (اُر۔محاورہ) کسی تعمیر کا بُنیاد سے بیٹھ جانا۔

نیو کھودنا (اُر۔محاورہ) بُنیاد کھودنا۔ جڑ کھودنا۔

نِیوا (نی۔وا)(و۔صف) پُر سکون۔ سنجیدہ۔ مطمئن۔

نیوتا (نیو۔تا)(و۔ا۔مذ) دعوت نامہ۔

نیوتا (بھیجنا) دینا (اُر۔محاورہ) شادی میں طلب کرنا۔ تقریب میں مدعُو کرنا۔ دعوت دینا۔

نیوتنا (نِ۔یوت۔نا)(و۔مص) بُلاوا بھیجنا۔ دعوت دینا۔

نیوتے والا (و۔صف) مدعُو۔ جسے نیوتا دیا گیا ہے۔

نیوز (News) (انگ۔ا۔مث) خبر۔

نیوز اڈیٹر (News Editor) (انگ۔ا۔مذ) اَخبار میں خبروں کا نگران اعلیٰ۔

نیوز ایجنٹ (News-Agent) (انگ۔ا۔مذ) اَخبار فروش۔

نیوز ایجنسی (News-Agency) (انگ۔ا۔مث) اِطلاع رسانی۔ محکمۂ خبر رسانی (۲) اَخبارات فروخت کرنے کا ادارہ۔

نیوز پرنٹ (Newsprint) (انگ۔ا۔مذ) اَخبار چھاپنے کا معمولی کاغذ۔

نیوز پیپر (Newspaper) (انگ۔ا۔مذ) اَخبار۔

نیوز ریل (News Reel) (انگ۔ا۔مث) سینما یا ٹیلی وژن کی فلم جس کے ذریعے خبریں نشر کی جاتی ہیں۔

نیوز لیٹر (News Letter) (انگ۔ا۔مذ) خبر نامہ۔ اَخباری مراسلہ جس میں خبریں یا خبروں پر تبصرہ درج ہو۔

نِیوش (نِ۔یوش)(ف۔لاحقہ فاعلی) مصدر نیوشیدن کا صیغۂ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور سُننے والا کے معنی دیتا ہے جیسے حق نیوش۔ نصیحت نیوش۔

نیوشِندہ (نِ۔یو۔شِن۔دَہ)(ف۔صف) سُننے والا۔

نیوگ (نِ۔یوگ) (و۔ا۔مذ) ہندوؤں میں اولاد حاصل کرنے کے لئے ایک خاص رَسم۔

نیولا (نیو۔لا)(و۔ا۔مذ) چوہے کی قسم کا ایک جانور جو سانپ کا دُشمن ہے۔

نیولی (نیو۔لی)(نِ۔یولی)(و۔ا۔مث) روپے رکھنے کی لمبی سی تھیلی۔ ہمیانی۔

نیون (Neon) (نی۔اون)(انگ۔ا۔مث) ایک قُدرتی گیسی عنصر جو ہوا میں پایا جاتا ہے اور مائع ہوا سے بذریعہ تقطیر یا کشید حاصل کیا جاتا ہے۔ بے رَنگ ہے لیکن ٹیوب میں جلنے سے سُرخی مائل نارنجی روشنی دیتا ہے۔ ۱۸۹۸ء میں دریافت ہوا۔

نیوی (Navy) (انگ۔ا۔مث) بحری فوج۔ جنگی جہازوں کا بیڑا۔ جنگی بیڑا۔

نیہہ (نیہا) (بیائے مجہول)(و۔ا۔مذ) پیار۔ محبت۔ عشق۔

نیہا لگانا (اُر۔محاورہ) عِشق لڑانا۔ محبت کرنا۔

نَیہَر (ئے۔ہَر)(و۔ا۔مذ) بیوی کا میکا۔

نیہی (ئے۔ہی)(و۔صف) محبت کرنے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

و

و (واؤ)(ع۔ا۔مذ) اُردو کا تینتیسواں' فارسی کا تیسواں' عربی کا چھبیسواں اور ہندی کا اُنتیسواں حرف۔ حسابِ اَبجد میں اس کے چھ عدد مقرّر ہیں۔ واؤ کی چار قسمیں ہیں (۱) معروف: جس سے پہلے پیش ہو اور خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے جیسے دُور۔ حُور (۲) مجہول: جس سے پہلے پیش تو ہو مگر ظاہر کر کے نہ پڑھا جائے جیسے ہوش۔ زور (۳) معدولہ: یہ واؤ لکھا جاتا ہے مگر بولا نہیں جاتا جیسے خوش۔ خوَد۔ پہچان کے لئے اس کے نیچے چھوٹی سی لکیر لگا دیتے ہیں (۴) واؤ لین: وہ واؤ جس کے حرف ماقبل پر فتحہ ہو اور آواز کو نرم اور ترچھی کر کے تلفّظ کیا جائے جیسے قوم۔ شوق وغیرہ۔ اس کے علاوہ یہ حرف اُردو اور فارسی میں مندرجہ ذیل معنوں میں اِستعمال ہوتا ہے (۱) واؤ معیّت: یعنی ایک کے ساتھ دُوسرے کا لازم ہونا جیسے پیری و صد عیب۔ یہ واؤ صرف عربی' فارسی اَلفاظ کے درمیان آتا ہے (۲) واو قسم: جیسے واللہ (خدا کی قسم) (۳) واؤ زائد: جیسے ولیک۔ ولیکن۔ ولے (۴) واؤ نسبت: جیسے ہندو (۵) واؤ عطف: مُرکّباتِ فارسی و عربی میں اس کا استعمال جائز ہے۔ اُردو اور ہندی میں نہیں۔ اس کا تلفّظ "اُو" ہے جیسے زید و بکر۔ شام و سحر۔ واؤ قمری حرف ہے۔ اس سے پہلے "ال" آئے گا تو لام بولا جائے گا جیسے اَلواحد۔

و۔ا

وا (ف۔صف)(۱) کھلا ہوا۔ کُشادہ (۲) جُدا۔ الگ (۳) پھیلا ہوا (۴)(ف۔تابع فعل) دوبارہ۔ دُوسری دفعہ۔ پھر۔ پیچھے۔ بعد۔ (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

وابستگان (وا۔بَس۔تَ۔گان) (ف۔صف) وابستہ کی جمع۔ متعلقین۔ رشتے دار (۲) مُلازم (۳) لواحقین۔

وابستگی (وا۔بَس۔تَ۔گی)(ف۔ا۔مث) تعلّق۔ سروکار۔ واسطہ۔ لگاؤ۔

وابستہ (وا۔بَس۔تہ) (ف۔صف) (۱) بندھا ہوا (۲) متعلّق (۳) رشتے دار۔ عزیز (۴) مُلازم۔ نوکر۔

واپس (وا۔پَس)(ف۔صف۔و تابع فعل)(۱) پیچھے (۲) بعد میں (۳) لوٹایا ہوا۔ مسترد کیا ہوا۔ نامنظور کیا ہوا (۴) اُلٹا پھرا ہوا (۵) پھر۔ دوبارہ۔

واپس آنا (اُر۔محاورہ) لوٹ آنا۔ پلٹ آنا۔

واپس دینا (اُر۔محاورہ) لوٹا دینا۔ پھیر دینا۔

واپسی (وا۔پَ۔سی) (ف۔ا۔مث) (۱) واپس کی ہوئی۔ پھری ہوئی (۲) واپس ہونے یا آنے کی حالت۔

واپسیں (وا۔پَ۔سیں) (ف۔صف) آخر کا۔ آخری۔ اَخیر۔ دَم کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے جیسے دمِ واپسیں بمعنی حالتِ نزع۔

وادید (ف۔ا۔مث) پھر کر دیکھنا۔ لوٹ کر دیکھنا۔

وارستگی (وا۔رَس۔تَ۔گی)(ف۔ا۔مث) آزادی۔ فارغ البالی۔ چھٹکارا۔

وارستہ (وا۔رَس۔تہ)(ف۔صف) آزاد۔ فارغ البال۔ جمع: وارستگان۔

وارستہ طبع (مزاج) (ف۔صف) آزاد طبع۔ بے پروا۔

وارفتگی (وا۔رَف۔تَ۔گی)(ف۔ا۔مث) آپے سے باہر ہونے کی حالت۔ بے خودی۔ بے خبری۔

وارفتہ (وا۔رَف۔تہ)(ف۔صف)(۱) جو آپے سے باہر ہو۔ بے خود (۲) شیفتہ۔ عاشق۔ جمع: وارفتگان۔

وارفتہ مزاج (ف۔صف) جس کا مزاج اُس کے قابو میں نہ ہو۔ بے خود۔ بے خبر۔

واسوخت (وا۔سوخت)(ف۔ا۔مذ) مُسدّس طرز کی ایک نظم جس میں معشوق کے ظلم و ستم کا حال بیان کر کے اُس سے بیزاری کا اظہار کیا جاتا ہے۔

واسوختہ (ف۔صف) جلا ہوا۔

واشگاف (ف۔صف) ظاہر۔ کُھلا۔ کسی بات کو کھول کر بیان کرنا۔

وا کرنا (اُر۔محاورہ) کھولنا۔ باز کرنا۔ اُکھاڑنا۔

واگزار (ف۔صف) چھوڑ دینا۔ پابندی یا شرط اُٹھا لینا (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

واگزاشت (ف۔ا۔مث) چھوڑ دینے' پابندی ہٹانے' شرط ہٹانے یا واپس کرنے کا عمل۔

واگزاشتہ (ف۔صف)(۱) چھوڑا ہوا (۲) واپس دیا ہوا (۳) رہا کیا ہوا۔

واماندگان (وا۔ماں۔دَ۔گان)(ف۔صف) واماندہ کی جمع۔ جو پیچھے رہ گئے۔ جو تھک کر بیٹھ گئے۔

واماندگی (وا۔ماں۔دَ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) پیچھے رہ جانا (۲) تھکن۔ تھکاوٹ (۳) عاجزی۔ بیچ ہونا۔

واماندہ (وا۔ماں۔دہ)(ف۔صف)(۱) جو تھک کر پیچھے رہ گیا۔ جو تھک کر بیٹھ گیا (۲) باقی بچا ہوا۔ پس ماندہ (۳) عاجز۔ ہیچ۔ جمع: واماندگان۔

وا ہونا (اُر۔محاورہ)(۱) کُھلنا (۲) آزاد کیا جانا۔

وا (ع۔حرفِ نُدبہ) وائے کا مخفف۔ آہ! افسوس!

واحسرتا (وا۔حَس۔رَ۔تا)(ف۔کلمۂ حسرت) افسوس! ہائے افسوس! حیف!

وامُصیبتا (مُ۔صی۔بَ۔تا)(ف۔کلمۂ افسوس) ہائے مُصیبت۔ کوئی مُصیبت پڑے تو اُس موقع پر بطور اِظہارِ ملال یا فریاد کہتے ہیں۔

واویلا (ع۔ا۔مذ)(۱) ماتم۔ رونا پیٹنا (۲) دُہائی۔ فریاد (۳) افسوس۔ حیف۔

واویلا کرنا (مچانا) (اُر۔محاورہ)(۱) رونا پیٹنا (۲) دُہائی دینا۔ شور مچانا۔

واٹ (Watt)(انگ۔ا۔مذ) برقی قوت کا پیمانہ یا عام اکائی (یونٹ)۔

واٹر (Water)(انگ۔ا۔مذ) پانی۔ جل۔ آب۔

واٹر پروف (Waterproof)(انگ۔صف) پن روک۔ جس پر پانی اَثر نہ کرے (لباس وغیرہ)۔

واٹر پولو (Water Polo)(انگ۔ا۔مذ) پانی پولو۔ ایک کھیل جسے دو ٹیمیں تین فٹ گہرے پانی کے حوض میں کھیلتی ہیں۔ ہر ٹیم میں سات کھلاڑی ہوتے ہیں۔

واٹر سپلائی (Water Supply)(انگ۔ا۔مذ) پینے کا پانی فراہم کرنے کا انتظام۔ آب رسانی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

واٹر کلر (Watercolour) (انگ-ا-مذ) آب رنگ۔ پانی کا رنگ جو تیل کے بجائے پانی میں حل کیا جائے (۲) آب رنگ تصویر (۳) آب رنگ مصوّری۔

واٹر ورکس (Water Works) (انگ-ا-مذ) کارخانۂ آب رسانی۔

واٹر مارک (Watermark) (انگ-ا-مذ) کاغذ کے اندرونی نشانات جن میں کاغذ بنانے والے کا نام وغیرہ لکھا ہوتا ہے۔

واثِق (وا-ثِق) (ع-صف) مضبوط۔ پکّا۔ مستحکم۔ پختہ۔ مُستقل۔

واجِب (وا-جِب) (ع-صف) (۱) ضروری۔ لازم۔ مناسب۔ ٹھیک۔ لائق۔ سزاوار۔ قابل (۲) جو اپنے وجود میں دُوسرے کا محتاج نہ ہو۔ خُدا تعالیٰ (۳) ہمیشہ۔ دائم (۴) (فقہ میں) وہ رُکنِ دین جس کو بغیر عذر ادا نہ کرنے والا گناہ گار ہوتا ہے (۵) (علمِ ریاضی میں) وہ مکسُور جس کی کسر کا عدد مخرج کے عدد سے چھوٹا ہو (۶) تنخواہ۔ مُشاہرہ۔ ماہانہ۔ جمع: واجبات۔

واجب آنا (اُر-محاورہ) (۱) لازم آنا۔ ضروری ہو جانا (۲) ذمّے نکلنا۔

واجبُ الاِتّباع (وا-جِ-بُل-اِت-تِ-باع) (ع-صف) جس کی پیروی ضروری ہو۔

واجِبُ الادا (وا-جِ-بُل-اَ-دا) (ع-صف) جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ ایسی رقم جو کسی کے ذمّے نکلتی ہو۔

واجِبُ الاِذعان (وا-جِ-بُل-اِذ-عان) (ع-صف) جس کی تعمیل ضروری ہو۔

واجِبُ الاِظہار (وا-جِ-بُل-اِظ-ہار) (ع-صف) جس کا ظاہر کرنا یا بیان کرنا ضروری ہو۔

واجِبُ التّسلیم (وا-جِ-بُت-تَس-لیم) (ع-صف) جس کا ماننا ضروری ہو۔

واجِبُ التّعزیر (وا-جِ-بُت-تَع-زیر) (ع-صف) قابلِ سزا۔ وہ فعل جو جُرم کی حد میں یا قانون کی زد میں آئے۔

واجِبُ التّعظیم (ع-صف) تعظیم کرنے کے لائق۔ بُزرگ۔ محترم۔

واجِبُ التّعمیل (ع-صف) جس پر عمل کرنا لازمی ہو۔

واجِبُ الرّحم (وا-جِ-بُر-رَحم) (ع-صف) ترس کھانے یا رحم کرنے کے لائق۔

واجِبُ الرّعایت (وا-جِ-بُر-رِ-عا-یَت) (ع-صف) قابلِ مُعافی۔ رعایت کا مستحق۔

واجِبُ الطّلب (وا-جِ-بُط-طَ-لَب) (ع-صف) جس کا طلب کرنا یا وصول کرنا ضروری ہو۔

واجِبُ العرض (وا-جِ-بُل-عرض) (ع-صف) (۱) بتانے یا بیان کرنے کے قابل (۲) (ا-مذ) عرضی دعویٰ۔ تحریری معروضہ (۳) وہ شرائط جو قانونی بندوبست کے خاتمے پر مالکوں اور کاشتکاروں کے درمیان کاشت وغیرہ کے بارے میں لکھی جائیں۔

واجِبُ القتل (وا-جِ-بُل-قتل) (ع-صف) قتل کرنے کے قابل۔ گردن زدنی۔

واجِبُ القطع (ع-صف) کاٹ دینے کے قابل۔

واجِبُ الوجُود (ع-صف) جس کی ذات اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ۔

واجِبُ الوُصُول (ع-صف) جس کا وصول کرنا واجب ہو۔ یافتنی۔

واجِب جاننا (سمجھنا) (اُر-محاورہ) لازم سمجھنا۔ ضروری جاننا۔ فرض سمجھنا۔ لازم قرار دینا۔

واجب ہونا (اُر-محاورہ) (۱) ضروری ہونا (۲) ذمّے نکلنا۔

واجِبات (وا-جِ-بات) (ع-ا-مذ) (۱) واجب کی جمع۔ لازمی یا ضروری چیزیں (۲) لوازمات (۳) واجبُ الوصول رقمیں۔

واجِبی (وا-جِ-بی) (ف-صف) (۱) ضروری۔ لازمی (۲) بجا۔ دُرست۔ ٹھیک۔ معقول (۳) تھوڑی۔ کسی قدر۔

واجِبی بات (اُر-ا-مث) دُرست بات۔ ٹھیک بات۔

واجِبی خرچ (ف-ا-مذ) (۱) مناسب خرچ (۲) لازمی خرچ۔

واجِبی سا (اُر-تابع فعل) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ قلیل مقدار میں۔

واجِبی قیمت (ف-ا-مث) مُناسب قیمت۔ وہ قیمت جو نہ زیادہ ہو نہ کم۔

واجِد (وا-جِد) (ع-صف) (۱) وجود دینے والا (۲) پانے والا (۳) بات نکالنے والا (۴) اللہ تعالیٰ کا صِفاتی نام۔

واچ (Watch) (انگ-ا-مث) گھڑی۔

واچ میکر (Watch Maker) (انگ-ا-مذ) گھڑی دُرست کرنے والا۔ گھڑی ساز۔

واحِد (وا-حِد) (ع-صف) (۱) ایک۔ مُفرد۔ فرد (۲) یگانہ۔ یکتا۔ اکیلا (۳) جُدا۔ تنہا۔ صِرف۔ محض۔ فقط (۴) خُدا تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔

واحدُ العَین (وا-حِ-دُل-عَین) (ع-صف) ایک آنکھ کا۔ کانا۔ یک چشم۔

واحِدِ حقیقی (ع-صف) اصلی۔ یکتا۔ خُدا تعالیٰ۔

واحد شاہد (ع-صف) (۱) واقف۔ باخبر (۲) جاننے والا۔

واحِدِیّت (وا-حِ-دی-یَت) (ع-ا-مث) ایک ہونا۔ یکتائی۔ وحدانیت۔

وادی (وا-دی) (ع-ا-مث) (۱) نیچی زمین۔ گھاٹی (۲) دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین (۳) نالے یا دریا کے سیلابی پانی کی گُزرگاہ (۴) جنگل (۵) صحرا۔ بیابان۔ اُردو جمع: وادیاں۔ وادیوں۔

وادیُ القُرا (وا-دِل-قُ-را) (ع-ا-مث) مدینہ منورہ کے قریب ایک وادی۔

وادیِ ایمن (وا-دِیِ-اَے-مَن) (ع-ف-ا-مذ) وہ جنگل جہاں حضرت موسیٰ اپنی بیوی کو دردِزہ میں مبتلا چھوڑ کر آگ کی تلاش میں نکلے تو ایک درخت پر خُدا کی تجلّی نظر آئی۔ یہ مقام کوہِ طور کے دائیں جانب تھا اس لئے وادیِ ایمن مشہور ہوا۔

وادیِ خموشاں (ع-ف-ا-مذ) قبرستان۔ گورستان۔

وادیِ مجنوں (ع-ا-مذ) وہ صحرا جس میں قیس جنونِ عشق میں مارا مارا پھرتا تھا۔

وادیِ مقصود (ع-ا-مذ) منزلِ مقصود۔

وادیِ نَوَرد (نَ-وَرد) (ع-ف-صف) صحراؤں میں پھرنے والا۔ دیوانہ۔ پاگل۔ عاشق۔

وادی (س-صف) (۱) ناطق۔ بولتا ہوا (۲) کسی راگ کا وہ سُر جس پر راگ کا قیام ہو اور اُس کے بغیر راگ کی صحیح شکل نہ بن سکے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وار (ہ۔ا۔مذ) (۱) حملہ۔ چوٹ۔ ضرب۔ مار (۲) اِلزام۔ بُہتان (۳) بہت بوجھ یا وزن (۴) زخم۔ گھاؤ (۵) باری۔ داؤں (۶) موقع۔ گھات (۷) دِن۔ روز (۸) ڈھیر۔ مقدار (۹) صدقہ۔ نچھاور (۱۰) دریا کا قریبی کنارہ۔ جمع: وار۔ واروں (۱۱) (ہ۔ تابع فعل) اِس طرف۔ اِدھر۔

وار بچانا (اُر۔ محاورہ) حملہ روکنا۔ ضرب روکنا۔

وار بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) بھرپور ہاتھ پڑنا۔ کاری چوٹ آنا۔

وار پار (اُر۔ تابع فعل) اِس سِرے سے اُس سِرے تک۔ آرپار۔

وار پار ہونا (اُر۔ محاورہ) اِدھر سے اُدھر نکل جانا۔ آرپار ہونا۔

وار پھیر (ہ۔ا۔مذ) روپیہ پیسا جو دولھا اور دُلہن کے سر سے وار کر تقسیم کر دیا جائے۔ صدقہ۔ نچھاور۔

وار چلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ضرب لگنا۔ چوٹ لگنا (۲) موقع ہاتھ آنا۔ داؤں پڑنا۔

وار خالی جانا (اُر۔ محاورہ) ضرب نہ لگنا۔

وار خالی دینا (اُر۔ محاورہ) ضرب اپنے اوپر نہ پڑنے دینا۔ چوٹ بچانا۔ حملہ روکنا۔

وار روکنا (اُر۔ محاورہ) کسی حربے کو ڈھال یا کسی عضو پر روکنا۔

وار کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ضرب لگانا۔ چوٹ لگانا۔ حملہ کرنا (۲) چال چلنا۔ چوٹ کرنا۔

وار لگانا (اُر۔ محاورہ) ضرب لگانا۔

وار لینا (اُر۔ محاورہ) (۱) اپنی باری لینا (۲) دَم لینا۔ ٹھہرنا۔

وار مِلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) موقع مِلنا۔ باری آنا (۲) فرصت نصیب ہونا۔

وار (ف۔ لاحقہ) (۱) بوجھ (۲) وقت۔ باری (۳) (صف) صاحِب۔ رکھنے والا۔ پانے والا (۴) بھرا ہوا جیسے اُمیدوار۔ قصوروار (۵) لائق۔ مُناسِب۔ موزوں جیسے سزاوار۔ شاہ وار (۶) مثل۔ مانند جیسے ذرّہ وار۔ حباب وار (۷) بموجب۔ موافق جیسے ماہوار۔ قسط وار (۸) کلمہ نسبت جیسے نور گ وار۔

وارا (وا۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بچت۔ کفایت (۲) فائدہ۔ نفع (۳) بیماری سے اِفاقہ (۴) صدقہ۔ قُربانی۔ نذر (۵) (صف) سستا۔

وارا بندی (اُر۔ا۔مث) محکمہ اَنہار کی اِصطلاح میں کاشت کاروں کو پانی مِلنے کی باری۔ باری مقرّر کرنا۔

وارِث (وا۔رِث) (ع۔ا۔مذ) (۱) مُردے کے مال کا صحیح حق دار (۲) خاوند۔ شوہر (۳) مددگار۔ حامی۔ حمایتی (اِن معنوں میں "والی" کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے۔ والی وارث)۔ جمع: وُرثا۔ اُردو جمع: وارث۔ وارثوں۔

وارثِ بعید (ع۔ا۔مذ) دُور کا وارث۔

وارثِ تاج و تخت (تاج وِ تَخ) (ع۔ف۔ا۔مذ) سلطنت کا وارث۔ ولی عہد۔

وارثِ شرطی (ع۔ا۔مذ) ایسا وارث جس کے لئے میراث پانے کی کوئی خاص شرط ہو۔ کسی شرط پر میراث پانے والا۔

وارثِ صُلبی (ع۔ا۔مذ) جسے نسلی وارث ہونے کی وجہ سے میراث کا حق پہنچتا ہو۔

وارث ہونا (اُر۔ محاورہ) مُردے کی جائیداد کا حق دار ہونا۔

وارِثی (وا۔رِ۔ثی) (ع۔ا۔مذ) صُوفیہ کا ایک گروہ جو حضرت وارث علی شاہ صاحبؒ دیوا شریف کا پیرو ہے (۲) (صف) اُس گروہ یا مسلک سے متعلق۔

وارِد (وا۔رِد) (ع۔صف) آنے والا۔ پہنچنے والا۔ موجود۔

وارد و صادِر (ع۔ا۔مذ) (۱) مہمان (۲) مُسافر (۳) آنے جانے والا۔

وارد ہونا (اُر۔ محاورہ) (۱) پہنچنا۔ اُترنا (۲) پیش آنا۔ گزرنا (۳) داخل ہونا۔

وارِدات (ع۔ا۔مث) واردہ کی جمع۔ اُردو میں واحد مستعمل ہے (۱) وہ حال جو آدمی پر گزرے۔ بیتی ہوئی۔ پیش آئی ہوئی (۲) سانحہ۔ واقعہ۔ وقوعہ (۳) فساد۔ ہنگامہ۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ اُر جمع: وارداتوں۔ وارداتیں (اَفعال: کرنا۔ ہونا)۔

وارداتِ خفیف (ع۔ا۔مث) معمولی قسم کا جھگڑا یا وقوعہ۔

وارداتِ سنگین (ع۔ف۔ا۔مث) سخت وقوعہ یا جھگڑا۔

وارداتیا (اُر۔صف۔مذ) وارداتیں کرنے والا۔ بدمعاش۔ غنڈا۔

وارڈ (Ward) (انگ۔ا۔مذ) میونسپلٹی یا کارپوریشن کی علاقہ بندی کے مُطابق شہر کا ایک حلقہ یا علاقہ (۲) وہ نابالغ جس کی ذات یا جائیداد یا دونوں کے لئے عدالت سے کوئی منتظم مقرّر ہو (۳) (ہسپتال میں) مقرّرہ کمرا یا حلقہ۔

وارڈ کیپر (Ward Keeper) (انگ۔ا۔مذ) وارڈ کا محافظ یا چوکیدار۔

وارڈن (Warden) (انگ۔ا۔مذ) چوکیدار۔ پاسبان۔ سنتری (۲) نگران۔

وارَن (وا۔رَن) (ہ۔ا۔مذ) صدقہ۔ نچھاور۔ بھینٹ۔ نیاز۔ نذر۔ قُربانی۔

وارن پھیرن (ہ۔ا۔مث) صدقہ۔ وہ نقدی جو نچھاور کی جائے۔

وارنا (وار۔نا) (ہ۔مص) صدقے کرنا۔ نچھاور کرنا۔ قُربان کرنا۔ بھینٹ دینا۔

وارنٹ (Warrant) (انگ۔ا۔مذ) (۱) گرفتار کرنے کا تحریری حُکم نامہ (۲) طلب نامہ۔ حُکم نامہ۔ اُردو جمع: وارنٹ۔ وارنٹوں۔

وارنٹ تلاشی (انگ۔ا۔مذ) تلاشی لینے کا تحریری حُکم نامہ۔

وارنٹ جاری کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) کسی کی گرفتاری کا تحریری حُکم دینا۔

وارنٹ رہائی (انگ۔ا۔مذ) رہا کرنے کا تحریری حُکم۔

وارنٹ گرفتاری (انگ۔ا۔مذ) گرفتار کرنے کا حُکم نامہ۔

وارنش (Varnish) (انگ۔ا۔مذ) (۱) رال مِلا ہوا گاڑھا سیال مادّہ جسے فرنیچر وغیرہ چمکانے کے لئے اِستعمال کرتے ہیں (۲) روغن۔ ملمع۔ قلعی۔

وارننگ (Warning) (انگ۔ا۔مث) تنبیہ۔ اِنتباہ۔ چِتاونی۔

واری (وا۔ری) (ہ۔ا۔مث) عورتوں کا تکیہ کلام۔ صدقے۔ قُربان۔ تصدّق۔ نثار۔

واری جانا (اُر۔ محاورہ) صدقے ہونا۔ قُربان ہونا۔

واری جاؤں (اُر۔ بول چال۔ عو) صدقے جاؤں۔ قُربان جاؤں۔

وارے (ہ۔ا۔مذ) وارا نمبر ۲ کی جمع۔

وارے نیارے (اُر۔ا۔مذ) دولت۔ نفع۔ کمائی۔ پانچوں اُنگلیاں گھی میں۔

وارے نیارے ہونا (اُر۔ محاورہ) خوب نفع ہونا۔ چاندی ہونا۔ پانچوں اُنگلیاں گھی میں ہونا۔

واڑ (ہ۔ا۔مث) اِحاطہ۔ وہ جگہ جس کے گرد باڑھ لگی ہو (۲) مقام۔ رہنے کی جگہ۔

واڑا (وا۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) محلّہ۔ ٹولا۔ کوچہ۔ گلی۔ پاڑا (۲) علاقہ۔ مُلک۔ سلطنت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳)(ق۔ا۔مذ) گنے کا اُوپر کا حِصّہ جو پھیکا ہوتا ہے۔ جمع: واڑوں۔ واڑے۔

واڑی (وا۔ڑی)(ہ۔ا۔مث) باغ۔ چمن۔ باڑی۔

واژگُوں (واژُوں) (واژ۔گُوں)(وا۔ژُوں)(ف۔صف) اُوندھا۔ اُلٹا (۲) منحوس۔ نامبارک۔

واژُوں بخت (ف۔صف) بدنصیب۔ بدبخت۔

واسِطہ (وا۔سِ۔طہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) درمیانی چیز یا شخص۔ ایلچی۔ ثالث۔ بچولیا۔ قاصِد (۲) ربط۔ لگاؤ۔ تعلّق۔ نسبت (۳) کام۔ سروکار۔ غرض۔ مطلب (۴) سبب۔ باعث۔ وجہ (۵) وسیلہ۔ ذریعہ (۶) طُفیل۔ صدقہ (۷) دوستی۔ رشتے داری۔ جمع: وسائط۔ اُردو جمع: واسطوں۔ واسطے۔

واسِطۂ العِقد (وا۔سِ۔طَ۔تُل۔عِقد)(ع۔ا۔مذ) وہ بیش قیمت اور بڑا موتی جو موتیوں کی لڑی کے وسط میں پرویا جائے۔

واسِطہ پڑنا (اُر۔محاورہ) کام پڑنا۔ سروکار ہونا۔

واسِطہ پیدا کرنا (اُر۔محاورہ) وسیلہ ڈھونڈلینا۔ ذریعہ پیدا کرنا۔

واسِطہ دار (ع۔ف۔صف)(۱) رشتے دار (۲) کسی قسم کا تعلّق رکھنے والا۔

واسِطہ دینا (اُر۔محاورہ)(۱) بیچ میں ڈالنا (۲) کسی کے نام کی دُہائی دینا۔

واسِطہ ڈالنا (اُر۔محاورہ) پالا ڈالنا۔ کام ڈالنا۔

واسِطہ رکھنا (اُر۔محاورہ) تعلّق رکھنا۔ علاقہ رکھنا۔ غرض رکھنا۔ سروکار رکھنا۔

واسِطہ ہونا (اُر۔محاورہ) لگاؤ ہونا۔ تعلّق ہونا۔

واسِطی (وا۔سِ۔طی)(ع۔صف)(۱) عراق کے شہر واسِط سے تعلّق رکھنے والا (۲)(ا۔مذ) ایک قسم کا عُمدہ قلم جو واسِط سے آتا تھا۔

واسِطیُ الاَصل (ع۔صف)(۱) واسِط سے منسوب (۲)(ا۔مذ)(واسط کا) اعلیٰ درجے کا قلم۔ کِلک۔

واسْطے (واس۔طے)(اُر۔ا۔مذ)(۱) واسطہ کی اُردو جمع (۲) واسطہ کی مُغیّرہ صورت (۳)(تابع فعل) لئے۔ بسبب۔

واسِع (وا۔سِع)(ع۔صف) پھیلنے والا۔ وسیع (۲) خُداتعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔

واسکٹ (انگ Waist Coat کا مُوَرّد۔ا۔مث) بے آستینوں کی فتوحی۔ صدری۔ کُرتی۔ اُردو جمع: واسکٹوں۔ واسکٹیں۔

واشر (Washer)(انگ۔ا۔مذ) وہ چھلّا جو ڈھبری کے ساتھ کَس دیتے ہیں۔

واشنگ مشین (Washing Machine)(انگ۔ا۔مث) کپڑے دھونے کی مشین۔ اُردو جمع: واشنگ مشینوں۔ واشنگ مشینیں۔

واصِف (وا۔صِف)(ع۔صف) تعریف کرنے والا۔ وصف کرنے والا۔ خوبی بیان کرنے والا۔

واصِل (وا۔صِل)(ع۔صف)(۱) ملنے والا (۲) ملا ہوا۔ جُڑا ہوا (۳) حاصِل ہونے والا۔ قابلِ وصول۔

واصِل باقی (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ حساب جس سے یہ معلوم کیا جاسکے کہ کُل واجب رقم میں سے کتنی وصول ہوگئی اور کتنی باقی ہے۔

واصِل باقی نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) تحصیل کا وہ عُہدے دار جو واصل باقی کا رجسٹر رکھتا ہے۔

واصِل باقی کرنا (اُر۔محاورہ) حساب بتانا۔ میزان نکال کر بتانا کہ واجب رقم میں سے کتنی جمع ہوگئی اور کتنی باقی ہے۔

واصِل بحق ہونا (بہ۔حق)(اُر۔محاورہ) خُدا سے جا مِلنا۔ مرجانا۔ فوت ہو جانا۔

واصِل جہنّم کرنا (اُر۔محاورہ) دُشمن کو قتل کرنا۔ دُشمن کو جہنّم میں پہنچانا۔

واصِلات (وا۔صِ۔لات)(ع۔ا۔مث) واصِلہ (واصِل کی تانیث) کی جمع۔ کُل وصول شُدہ محاصل کی مد بہ مد میزان۔ وصول شُدہ رقوم کی میزان۔

واضِح (وا۔ضِح)(ع۔صف) ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا (۲) مُفصّل۔ شرح کے ساتھ (۳) صاف جس کے پڑھنے میں کوئی دِقّت نہ ہو (۴) جلی قلم سے لکھا ہوا۔

واضِح رہے (اُر۔روزمرّہ) جان لو۔ سمجھ لو۔ پوشیدہ نہ رہے۔

واضِح کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) ظاہر کرنا (۲) تفصیل سے بتانا۔

واضِح لکھنا (اُر۔محاورہ) جلی قلم سے لکھنا۔ صاف لکھنا۔ ایسا لکھنا جو پڑھا جاسکے۔

واضِح ہو (اُر۔روزمرّہ) معلوم ہو۔ جاننا چاہئے۔ واضِح رہے۔

واضِح ہونا (اُر۔محاورہ) ظاہر ہونا۔ صاف معلوم ہونا۔

واضِح ہے (اُر۔روزمرّہ) صاف ظاہر ہے۔

واضِع (وا۔ضِع)(ع۔صف) بنانے والا۔ وضع کرنے والا۔ جمع: واضِعین۔ واضِعان۔

واضِع قانُون (ع۔صف) قانون بنانے والا۔ قانون ساز۔

واعِظ (وا۔عِظ)(ع۔صف۔وا۔مذ) وعظ کہنے والا۔ نصیحت کرنے والا۔ جمع: واعِظین۔ وُعّاظ۔

وافِر (وا۔فِر)(ع۔صف)(۱) بہت۔ کثرت سے۔ اِفراط سے (۲)(ا۔مذ) علم عُروض میں ایک بحر کا نام۔

وافی (وا۔فی)(ع۔صف)(۱) پُورا۔ مکمّل (۲) بہت سارا۔ خاطر خواہ (۳) پُرخلوص۔ مُخلِص۔

واقِع (وا۔قِع)(ع۔صف) ہونے والا۔ پیش آنے والا۔

واقِع میں (اُر۔تابع فعل) اصل میں۔ حقیقت میں۔

واقِع ہونا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) پیش آنا (۲) نمودار ہونا۔ برپا ہونا۔ بروئے کار آنا۔

واقِعات (وا۔قِ۔عات)(ع۔ا۔مذ) واقِعہ کی جمع۔

واقِعاتِ غیر مُشتبہ (ع۔ا۔مذ) ایسے واقعات جن کے بارے میں شُبہ نہ کیا جاسکے۔ ثابت شُدہ واقعات۔

واقِعاتِ نفسُ الاَمری (نَف۔سُل۔اَم۔ری)(ع۔ا۔مذ) ایسی باتیں جو سچ مچ ہو رہی ہوں اور اُن میں بناوٹ نہ ہو۔

واقِعہ (وا۔قِ۔عہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) حادثہ۔ وقوعہ۔ سانحہ۔ واردات (۲) خبر (۳) حال۔ ماجرا۔ سرگزشت۔ جگ بیتی۔ آپ بیتی (۴) لڑائی۔ جنگ۔ مُڈبھیڑ (۵) موت۔ اِنتقال۔ وفات (۶) سختی۔ آفت۔ جمع: واقعات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

واقعہ دِیدَہ (ع۔ف۔صف) وہ جس نے حادثے' وقوعے اور سانحے دیکھے ہوں۔ تجربہ کار۔ جنگ آزمودہ۔

واقعہ کرنا (اُر۔ محاورہ) واردات کرنا۔

واقِعہ نویس (ع۔ف۔صف) خبریں لکھنے والا۔ حکومت کو حالاتِ حاضرہ سے باخبر رکھنے والا۔ پرچہ نویس۔

واقِعہ نویسی (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) واقعات کا اِندراج کرنا (۲) حکومت کے لئے حالاتِ حاضرہ کی رپورٹ تیار کرنا۔ پرچہ نویسی۔

واقِعہ ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) حادثہ پیش آنا۔ واردات ہونا (۲) موت ہونا۔

واقِعی (وا۔قِ۔عی)(ف۔صف)(۱) دُرست۔ ٹھیک۔ سچ مُچ (۲)(تابع فعل) دراصل۔ حقیقت میں۔

واقعی میں (اُر۔ تابع فعل)(۱) سچ مُچ (۲) حقیقت میں۔ اَصل میں۔

واقِف (وا۔قِف)(ع۔صف)(۱) شناسا۔ جان پہچان والا (۲) جاننے والا۔ آگاہ۔ مُطّلع (۳) ماہر۔ تجربہ کار۔ چابک دست۔ جمع: واقفین۔ اُردو جمع: واقف۔ واقفوں۔

واقفُ الحال (واقفِ حال)(ع۔ف۔ا۔مذ) حال جاننے والا۔ رازدان۔

واقف کار (ع۔ف۔صف) کام جاننے والا۔ تجربہ کار۔ جس کو کسی چیز سے آگاہی ہو (۲) شناسا۔ جان پہچان والا۔

واقف کاری (ع۔ف۔ا۔مث)(۱) جان پہچان۔ شناسائی (۲) تجربہ کاری (۳) جانچ۔ پرکھ۔ شناخت۔

واقِفیّت (وا۔قِ۔فی۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) جان پہچان۔ شناسائی (۲) علم۔ آگاہی۔ خبر (۳) تجربہ کاری۔ مہارت۔ چابک دستی (۴) جانچ۔ پرکھ۔ شناخت۔ اُردو جمع: واقفیتوں۔ واقفیتیں۔

واقفیت پیدا کرنا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) جان پہچان بڑھانا (۲) علم یا تجربہ حاصل کرنا۔ دسترس حاصل کرنا۔

واک (Walk) (انگ۔ا۔مث) پیدل چلنے کا عمل۔ چال۔ رفتار۔

واک آؤٹ (Walkout)(انگ۔ا۔مذ) اِحتجاج کے طور پر اُٹھ کر چلے جانا۔

واگن (وا۔گن)(ق۔ا۔مث)(۱) شیرنی (۲) جھگڑالو عورت۔

وال (ہ۔صف) والا کا مُخفف۔

والا (وا۔لا)(ہ۔لاحقہ) مُرکبات میں مختلف معنوں میں آتا ہے (۱) اِسم کے بعد آئے تو کبھی بیچنے والے' کام کرنے والے یا پیشہ کرنے والے کے معنی دیتا ہے' جیسے برف والا۔ دودھ والا۔ ٹھیلے والا۔ اور کبھی مالک کے معنی دیتا ہے' جیسے ناؤ والا۔ گھر والا (۲) مصدر کے ساتھ آئے تو مصدر کا اَلف ی سے بدل جاتا ہے اور مُرکّب فاعل کے معنی دیتا ہے جیسے پڑھنے والا۔ کرنے والا (۳) کبھی اِسم کے ساتھ آکر صِفت بناتا ہے جیسے گُنجائش والا (۴) کبھی نسبت کے معنی دیتا ہے جیسے لاہور والا۔ کراچی والا۔

والا (وا۔لا)(ف۔صف)(۱) بلند۔ عالی۔ اُونچا (۲) ذی عزّت۔ بُزرگ۔

والاتبار (ت۔بار)(ف۔صف) عالی خاندان۔ (تبار: نسل۔ قبیلہ۔ خاندان)۔

والا جاہ (شان۔ قدر۔ گُہر)(ف۔صف) بلند مرتبے والا۔ بڑی شان والا۔ بلند عُہدے یا رُتبے والا۔ بڑے گھرانے کا۔ اعلیٰ خاندان۔

والا نامہ (ف۔ا۔مذ) بلند مرتبہ آدمی کا خط۔

والانژاد (ف۔صف) اُونچے گھرانے والا۔

والانِگاہ (ف۔صف) بلند نظر رکھنے والا۔ عالی خیال۔

والا ہمّت (ف۔صف) بلند ہمّت۔ حوصلہ مند۔

والِد (وا۔لِد)(ع۔ا۔مذ) باپ۔ ابّا۔ پدر۔ پِتا۔

والِدِ بُزرگ وار (والدِ ماجد)(ع۔ف۔ا۔مذ) قابلِ اِحترام باپ۔ پدرِ بُزرگ۔

والِدَہ (وا۔لِ۔دَہ)(ع۔ا۔مث) والد کی تانیث۔ ماں۔ امّاں۔ مادر۔ ماتا۔

والِدَین (وا۔لِ۔دَین)(ع۔ا۔مذ) ماں باپ۔ مادر و پدر۔

وال رَس (Walrus) (انگ۔ا۔مذ) قُطبِ شمالی کا ایک میمل (پستانیہ) جس کے دانت بہت لمبے ہوتے ہیں۔ گاؤ دریائی۔

وَالسّلام (وَس۔سَ۔لام)(ع۔کلمہ سلام)(واؤ عطف کا ہے) اور سلام پہنچے۔

والنٹیئر (Volunteer)(انگ۔ا۔مذ) وہ شخص جو اپنی خوشی اور رضا سے بلا تنخواہ کوئی خدمت اَنجام دینے کا ذِمّہ لے۔ رضاکار۔

والنٹیئر کور (Volunteer Corps) (انگ۔ا۔مث) رضاکاروں کی پلٹن یا رسالہ۔

وَاللہ (وَل۔لاہ)(ع۔کلمہ قسم)(۱) خُدا کی قسم (۲) بے شک۔ یقیناً (۳) سچ مُچ۔ فی الحقیقت۔ (واؤ کلمہ قسم ہے)۔

واللہ باللہ (بِل۔لاہ)(ع۔کلمہ قسم) قسم میں زور پیدا کرنے کے لئے بولتے ہیں۔ دوہری قسم۔

واللہُ اَعلم (وَل۔لا۔ہُ۔اَع۔لَم)(ع۔فقرہ) اور خُدا زیادہ جانتا ہے۔ مجھے خبر نہیں۔ کچھ پتا نہیں۔ خدا جانے۔ خُدا معلوم۔ (واؤ عطف کا ہے)۔

واللہُ اَعلم بِالصَّواب (بِص۔صَ۔واب)(ع۔فقرہ) خُدا ہی بہتر جانتا ہے۔

والِہ (وا۔لِہ)(ع۔صف) شیدا۔ فریفتہ۔ مفتون۔ عاشق۔ (فارسی والوں نے لام کے زبر سے بروزن لالہ اِستعمال کیا ہے)۔

والہ و شیدا (ع۔ف۔صف) حد سے زیادہ فریفتہ۔ بہت زیادہ شیدا۔

والِہانَہ (وا۔لِ۔ہا۔نَہ)(ف۔صف) شیفتگی کے اَنداز سے۔ عاشِقانہ اَنداز سے۔

والی (وا۔لی)(ہ۔صف) والا کی تانیث۔

والی (وا۔لی)(ع۔ا۔مذ)(۱) مالک۔ آقا۔ سردار۔ حاکم۔ بادشاہ (۲) دوست۔ رشتے دار۔ حمایتی۔ مددگار (۳) مُربّی۔ سرپرست (۴) مُحافِظ۔ نگہبان (۵) گورنر۔ صوبے دار۔ حاکمِ صوبہ۔ جمع: والیان۔

والیِ مُلک (ع۔ا۔مذ) مُلک کا حُکمران۔ بادشاہ۔

والی وارِث (ع۔ا۔مذ)(۱) حمایتی۔ مددگار (۲) پُشت پناہ۔ سرپرست۔

وام (ف۔ا۔مذ) قرض۔ اُدھار۔

وامِق (وا۔مِق)(ع۔صف۔وا۔مذ)(۱) عاشق۔ مُحِبّ (۲) عرب کی معشوقہ عذرا کے عاشق کا نام۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وان (و۔لاحقہ) رکھنے والا۔ والا۔ صاحب۔ مالک۔ جیسے بھاگ وان۔ کوچ وان۔

واں (و۔لاحقہ) (۱) اعداد کے بعد نسبت ظاہر کرنے کے لئے جیسے پانچواں۔ آٹھواں (۲) وہاں کا مخفف۔

وائر (وا۔ئر) (ق۔ا۔مذ) بندر۔

وانی (وا۔نی) (س۔ا۔مث) (۱) بانی۔ آواز۔ صدا (۲) بولی۔ زبان۔ گفتگو (۳) تعریف۔ ستائش۔

واوچر (Voucher) (انگ۔ا۔مذ) بیجک۔ فردِ حساب (۲) تصدیق ادائی رسید۔

واوین (وا۔وین) (ع۔ا۔مذ) وہ واؤ جو کسی لفظ یا عبارت کو خاص کرنے یا رعایتِ لفظی کے اظہار کے لئے آتے ہیں (" ") (Inverted Commas)۔

واہ (ف۔اُر۔کلمۂ تحسین و آفرین) (۱) ماشاء اللہ! سُبحان اللہ! آفرین! شاباش! مرحبا! کیا بات ہے! (۲) بے شک (۳) (طنزاً) کیا خوب! چہ خوش! (۴) (حیرت یا تعجب کے لئے) اَرے! کیسے! (۵) (افسوس) ہائے! (۶) (کسی کام سے انکار) کیوں؟۔

واہ پیر علیا' پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا (اُر۔مثل) بنا بنایا کام بگڑ گیا۔ اُس موقع پر کہتے ہیں جب کسی کی بددُعا سے کام بنتے بنتے بگڑ جائے۔

واہ رے! (اُر۔کلمہ) تعجب' تعریف' طنز' نفرت اور اظہارِ افسوس کا کلمہ۔

واہ رے میں (اُر۔کلمۂ تحسین) اپنے کسی فعل پر فخر کرنا۔ میرا کیا کہنا۔ میں بھی بڑی چیز ہوں۔ میری کیا بات ہے۔

واہ کرنا (اُر۔محاورہ) تعریف کرنا۔

واہ کیا بات ہے! (اُر۔کلمۂ تعجب) واہ! کیا کہنا۔ طنز اور توصیف کے لئے کہا جاتا ہے۔

واہ میاں کالے' خوب (کیا) رنگ نکالے (اُر۔مثل) کسی کا مکرو فریب ظاہر ہونے پر کہتے ہیں۔

واہ وا (اُر۔کلمۂ تحسین) (۱) سُبحان اللہ! شاباش! مرحبا! (۲) حیرت و تعجب اور طنز کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔

واہ وا کرنا (اُر۔محاورہ) تعریف کرنا۔ داد دینا۔ سراہنا۔

واہ واگرگٹ کا بچّہ تانا شاہ (اُر۔مثل) اونیٰ یا معمولی آدمی کے نخرے دکھانے کے وقت کہتے ہیں۔

واہ وا مچنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) نام ہونا۔ تعریف ہونا۔ دھوم مچنا۔

واہ وا میاں بانکے' تیرے گلے میں سو سو ٹانکے (اُر۔مثل) اُس غریب شخص پر طنز کرتے وقت کہتے ہیں جو بے سروسامانی میں بھی چھیلا بننے کی کوشش کرے۔

واہِب (وا۔ہِب) (ع۔صف) (۱) بخشنے والا۔ دینے والا۔ ہبہ کرنے والا (۲) اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔

واہِبُ الحاجات (وا۔ہِ۔بُل۔حا۔جات) (ع۔صف) حاجتیں پوری کرنے والا۔ خدائے تعالیٰ۔

واہِبُ العطایا (وا۔ہِ۔بُل۔عَ۔طا۔یا) (ع۔صف) عطیے دینے والا۔ خدا تعالیٰ۔

واہِب بے منّت (ع۔صف) بغیر احسان جتائے دینے والا۔

واہِمہ (وا۔ہِ۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) قُوتِ تصوّر۔ وہ قُوت جس سے ایسی باریکیاں اور جزئیات معلوم ہوتی ہیں جن کا تعلّق محسوسات سے ہے۔

واہی (وا۔ہی) (ع۔صف) (۱) بے ہُودہ۔ لغو۔ بے مغز۔ فضول (۲) آوارہ۔ ناکارہ۔ گم راہ (۳) بودا۔ کم زور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ ناطاقت (۴) سُست۔ کاہل۔

واہی تباہی (ع۔ف۔صف) فضول۔ لغو۔ بے ہُودہ۔ بَکنا (۲) آوارہ۔ دربدر (۳) خستہ حال۔ پریشان حال (۴) لُچّا۔ بدمعاش۔ لفنگا۔

واہی تباہی بکنا (اُر۔محاورہ) بے ہُودہ باتیں کرنا۔ گالیاں دینا۔ فضول باتیں کرنا۔

واہی تباہی پھرنا (اُر۔محاورہ) آوارہ پھرنا۔ خراب و خستہ پھرنا۔ پریشان حال پھرنا۔

واہی سمجھنا (اُر۔محاورہ) لغو جاننا۔ بے ہُودہ خیال کرنا۔

واہی ہو جانا (اُر۔محاورہ) (۱) بگڑ جانا۔ آوارگی اختیار کرلینا۔ سرگرداں پھرنا (۲) پاگل ہو جانا۔

واہی ہے (اُر۔بول چال) بے وقوف ہے۔ جاہل ہے۔ سودائی ہے۔ پاگل ہے۔

واہیات (وا۔ہی۔یات) (ع۔صف) واہی کی جمع۔

وائٹ پیپر (White Paper) (انگ۔ا۔مذ) قرطاسِ ابیض۔ وہ اعلان جو حکومت یا جماعت کی طرف سے اطلاعِ عام کے لئے شائع کیا جائے۔

وائر (Wire) (انگ۔ا۔مذ) (۱) تار (۲) تار برقی۔

وائرلیس (Wireless) (انگ۔ا۔مذ) بے تار کا۔ لاسلکی۔ لاسلکی پیام وصول کرنے کی مشین۔

وائس (Vice) (انگ۔صف) کسی کی جگہ پر کام کرنے والا۔ قائم مقام۔ نائب۔

وائس پریزیڈنٹ (Vice-President) (انگ۔ا۔مذ) نائب صدر۔

وائس چانسلر (Vice-Chancellor) (انگ۔ا۔مذ) یونیورسٹی کا سب سے بڑا عُہدہ۔ نائب امیرِ جامعہ۔ چانسلر کا نائب۔

وائسرائے (Viceroy) (انگ۔ا۔مذ) کسی ملک یا نوآبادی میں بادشاہ کا قائم مقام حاکم (پورے شاہی اختیارات کے ساتھ)۔

وائل (Voil) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کا نیم شفاف سُوتی یا ریشمی کپڑا۔

وائلن (Violin) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا تاروں کا ساز جو سارنگی کی طرح گز سے بجایا جاتا ہے۔

وائن (Wine) (انگ۔ا۔مث) شراب۔

وائے (وا۔اے) (ع) کلمۂ افسوس جو اظہارِ مصیبت یا رنج و الم کے موقع پر زبان پر آتا ہے۔

وائے بر حال! (ع۔ف۔کلمۂ تأسّف) حالت پر افسوس۔

وائے تقدیر! (قسمت۔ نصیب) (ع۔کلمۂ تأسّف) ہائے قسمت! ہائے مقدر!

وایا (Via) (انگ۔متعلق فعل) براہ۔ راستے سے ہوتے ہوئے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

و ـ ب

وَبا (وَ۔با)(ع۔ا۔مث) وہ بیماری جو ہوا کے خراب ہو جانے سے پھیلتی ہے اور ایک سے دُوسرے کو لگ جاتی ہے۔ متعدی بیماری۔ مرگِ عام۔ مہاماری جیسے طاعون، ہیضہ وغیرہ۔ اُردو جمع: وباؤں۔ وبائیں۔

وبا (آنا) پھیلنا (اُر۔ محاورہ) متعدی بیماری کا عام ہونا۔

وَبال (وَ۔بال)(ع۔ا۔مذ)(۱) بوجھ۔ بار (۲) عذاب۔ آفت۔ مُصیبت۔ پتا (۳)(صف) جو ناگوار معلوم ہو۔

وبال پڑنا (اُر۔ محاورہ) قہرِ اِلٰہی نازل ہونا۔ ظلم کا بدلہ ملنا۔

وبالِ جان (وبالِ دوش) (ع۔ف۔صف) عذابِ جان۔ دُوبھر۔ اَجیرن۔

وبال سا ٹال دینا (اُر۔ محاورہ) دُوبھر سمجھ کر ٹال دینا۔

وبال سمیٹنا (سر لینا) (اُر۔ محاورہ) ناپسند ذِمّے داری اپنے اُوپر لے لینا۔ عذاب مول لینا۔

وبال میں پھنسنا (اُر۔ محاورہ) مُصیبت میں گرفتار ہونا۔

وبال ہونا (اُر۔ محاورہ) بوجھ بن جانا۔ اَجیرن ہونا۔ دُوبھر ہونا۔ ناگوار ہونا۔

وَبائی (ع۔صف) وَبا سے متعلق (بیماری)۔

وَبائیات (وَ۔با۔ءِ۔یات)(ع۔ا۔مذ) وباؤں کی تحقیق اور روک تھام کا عِلم۔ (Epidemiology)۔

و ـ ت

وَتِد (وَ۔تَد)(وَ۔تِد)(ع۔ا۔مذ)(۱) کھونٹی۔ کھونٹا۔ میخ (۲) لاٹھی۔ ڈنڈا (۳)(علم عروض) سہ حرفی لفظ۔ جمع: اَوتاد۔

وَتَر (وَ۔تَر)(ع۔ا۔مذ)(۱) مثلث قائم الزّاویہ کا سب سے بڑا ضلع (۲) مثلث کے کسی زاویے کے سامنے کا ضلع (۳) وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے (۴) وہ خط جو دائرے کے کسی حصّے کو گھیرے اور دائرے کے قُطر سے چھوٹا ہو (۵) کمان کا چلّا۔

وِتر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) وہ تین رکعتیں جو عشا کی نماز میں پڑھی جاتی ہیں (۲)(صف) تنہا۔ طاق (عدد)۔

وَتِیرہ (وَ۔تی۔رَہ)(ع۔ا۔مذ) عادت۔ دستور۔ شیوہ۔ روش۔ طریقہ۔

و ـ ٹ

وَٹ (فتح اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) حِصّہ۔ ٹکڑا۔ جزو۔ تقسیم (۲)(پن۔ا۔مث) کھیت کی مینڈ۔

وِٹامن (Vitamin)(انگ۔ا۔مذ) حیاتین۔ وہ کیمیائی مادّے جو انسانی غذا میں موجود ہیں اور بیماریوں کو روکتی اور بدن کو طاقت دیتی ہیں۔ (صحیح تلفظ وائٹامن)۔

و ـ ث

وِثاق (وِ۔ثاق)(ع۔ا۔مذ)(۱) پٹی۔ بند (۲) معاہدہ کرنا۔ عہد کرنا (۳) ٹھہرانا۔ مقرر کرنا۔

وِثاقت (وِ۔ثا۔قت)(ع۔ا۔مث) پختگی۔ مضبوطی۔

وَثائق (وَ۔ثا۔اِق)(ع۔ا۔مذ)(۱) وثیقہ کی جمع۔ وعدے۔ معاہدے (۲) دستاویزیں۔ تمسک۔

وُثوق (وُ۔ثُوق)(ع۔ا۔مذ)(۱) مضبوطی۔ پختگی (۲) بھروسا۔ اعتماد۔ اعتبار۔

وَثَن (وَ۔ثَن)(ع۔ا۔مذ) پتھر یا کسی اور چیز کا بُت۔

وَثیقہ (وَ۔ثی۔قہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) مُعاہدہ۔ عہد وپیمان (۲) اِقرار نامہ۔ تمسک۔ بانڈ۔ دستاویز (۳) پرامیسری نوٹ۔ پرونوٹ (۴) مضبوطی۔ اِستحکام۔ جمع: وَثائق۔

وثیقہ دار (ع۔ف۔صف) جو پرونوٹ کا مالک ہو۔ جس کے پاس پرونوٹ ہو۔ جس کے حق میں وثیقہ لکھا ہوا ہو۔

وثیقۂ سرکار (ع۔ف۔ا۔مذ) سرکاری کاغذ۔

وثیقۂ ضمانت (ع۔ا۔مذ) ضمانتی بانڈ۔ ضمانت نامہ۔

وثیقہ نویس (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ شخص جس کو حکومت کی طرف سے وثیقے لکھنے کا لائسنس ملا ہو۔

وثیقہ نویسی (ع۔ف۔ا۔مث) وثیقہ نویس کا کام، پیشہ یا منصب۔

و ـ ج

وَجاہَت (وَ۔جا۔ہَت)(ع۔ا۔مث)(۱) خوب صورتی۔ چہرے کی رونق۔ چہرے کا رُعب (۲) عزّت۔ اِحترام (۳) حکومت۔ دبدبہ۔

وَجب (وَ۔جب)(ع۔ا۔مذ) بالشت۔ ہاتھ کی چھوٹی اُنگلی سے انگوٹھے تک کا پھیلاؤ۔ نو اِنچ کی لمبائی۔

وَجد (فتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بے خودی کی حالت۔ حال۔ جذبہ (۲) بے اَندازہ خوشی (۳) صُوفیوں کی اِصطلاح میں وہ حالت بے خودی جو بعض اَشخاص کو سماع سے ہوتی ہے۔

وجد کرنا (اُر۔ محاورہ) بے خود ہو کر جُھومنا۔

وجد میں آنا (اُر۔ محاورہ) مست ہو جانا۔ حال طاری ہو جانا۔

وجد میں لانا (اُر۔ محاورہ) نغمہ یا خوش اِلحانی سے کسی کو مست کر دینا۔

وجد ہونا (اُر۔ محاورہ) وجد میں آنا۔ جُھومنے لگنا۔ وجد کی حالت طاری ہونا۔

وِجدان (وِج۔دان)(ع۔ا۔مذ) جاننا۔ دریافت کرنا۔ جاننے اور دریافت کرنے کی قوّت (۲) ذکاوت۔ (Intuition)۔

وَجع (وَ۔جع)(ع۔ا۔مذ) درد۔ ٹیس۔ جمع: اَوجاع۔

وَجعُ الاَسنان (وَ۔جَ۔عُل۔اَس۔نان)(ع۔ا۔مذ) دانتوں کا درد۔

وَجعُ الظّہر (وَ۔جَ۔عظ۔ظہر)(ع۔ا۔مذ) پیٹھ کا درد۔

وَجعُ القلب (وَ۔جَ۔عُل۔قلب)(ع۔ا۔مذ) دِل کا درد۔

وَجعُ المفاصِل (وَ۔جَ۔عُل۔مَ۔فا۔صِل)(ع۔ا۔مذ) جوڑوں کا درد۔

وُجوب (وُ۔جوب)(ع۔ا۔مذ) واجب ہونا۔ لازم ہونا۔ ضروری ہونا۔

وُجود (وُ۔جود)(ع۔ا۔مذ)(۱) زندگی۔ ہستی (۲) جسم۔ بدن (۳) ذات (۴)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پیدائش۔ ظہور (۵) مادّہ۔ جوہر۔
وُجود پانا (پکڑنا) (اَ۔ محاورہ)(۱) کوئی شکل اِختیار کرنا (۲) پیدا ہونا۔
وُجود میں لانا (اَ۔ محاورہ)(۱) پیدا کرنا (۲) بنانا۔ اِیجاد کرنا۔ اِختراع کرنا۔
وُجُودی (وُ۔جو۔دی)(ع۔صف)(۱) جس کا وجود ہو (۲) وحدۃُ الوجود کا قائل۔
وُجُوہ (وُ۔جوہ)(ع۔ا۔مذ ومث) وجہ کی جمع۔
وُجُوہات (وُ۔جو۔ہات)(ع۔ا۔مذ ومث) وجہ کی جمعُ الجمع۔
وَجہ (فتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث)(۱) چہرہ۔ صورت۔ شکل (۲) سبب۔ کارن۔ باعث (۳) دلیل (۴) جانب۔ طرف۔ رُخ (۵) طریقہ۔ طرز۔ طور۔ ڈھنگ (۶) ذریعہ (۷) نقدی۔ زر و مال۔ جمع: وجوہ۔
وجہِ تحریک (ع۔ا۔مث) عمل پر آمادگی کا سبب۔ ترغیب کا باعث۔
وجہِ تسمیہ (ع۔ا۔مث) نام رکھنے کا سبب۔
وجہِ ثبوت (ع۔ا۔مث) ثبوت کی دلیل۔ شہادت۔ گواہی۔ گواہوں کی عدالت میں پیشی۔
وجہِ ثبوتِ کامل (ع۔ا۔مث) قطعی ثبوت۔
وجہِ ثبوتِ واقعات (ع۔ا۔مث) وہ ثبوت جو واقعات اور حالات سے مہیا ہوتا ہے۔
وجہِ حسن (ع۔ا۔مث) اچھا انداز۔ مناسب طریقہ۔
وجہِ حلال کا ٹکڑا (اَ۔ا۔مذ) حلال کی کمائی۔ ایمانداری کی آمدنی۔
وجہ سے (اَ۔ تابع فعل) سبب سے۔ باعث۔
وجہِ قوی (ع۔ا۔مث) مضبوط دلیل یا سبب۔
وجہِ کافی (ع۔ا۔مث) پُورا پُورا ثبوت۔ کامل ثبوت۔
وجہ کھلنا (اَ۔ محاورہ) سبب نمایاں ہونا۔
وجہِ مُخاصمت (ع۔ا۔مث) دُشمنی کا سبب۔
وجہِ معاش (وجہِ قوت۔ وجہِ گُزران)(ع۔ف۔ا۔مث) گزارے کا ذریعہ۔ پیٹ بھرنے کا وسیلہ۔
وجہِ معقول (ع۔ا۔مث) دُرست وجہ۔
وجہِ مُقرری (ع۔ا۔مث) مُقررہ الاؤنس۔ معیّنہ گزارہ یا روزینہ۔
وجہِ مُوجّہ (وَج۔ہِ۔مُ۔وَج۔جَہ)(ع۔ا۔مث) مضبوط دلیل۔ پختہ ثبوت۔
وجہِ نالش (ع۔ف۔ا۔مث) دعویٰ کرنے کا باعث۔
وَجِیہہ (وَ۔جیہ)(ع۔صف)(۱) خوش وضع۔ خوب صورت (۲) صاحبِ جاہ (۳) موزوں۔ زیبا۔

و۔چ

وِچار (وِ۔چار)(س۔ا۔مذ)(۱) غور و فکر۔ دھیان۔ سوچ بچار (۲) تمیز۔ سمجھ۔ عقل۔ جمع: وچار۔ وچاروں۔
وچار دھارا (ہ۔ا۔مذ) خیالات کی رَو۔ رُجحانِ طبع۔ ذہنی مُیلان۔
وِچارنا (وِ۔چار۔نا)(ق۔مص) سوچنا۔
وَچَن (وَ۔چن)(س۔ا۔مذ) قول۔ عہد۔ پیمان۔ قرار۔ ہ: بچن۔

و۔ح

وَحدانی (وَح۔دا۔نی)(ع۔صف) واحد (ایک) سے نسبت رکھنے والا۔
وحدانی حکومت (ع۔ا۔مث) جمہوری حکومت کی ایک قسم جو ایسے ممالک میں رائج ہے جہاں لسانی اور نسلی اِختلافات نہیں ہیں مثلاً برطانیہ، فرانس، ایران وغیرہ۔ اِس طرز حکومت میں سارے اِختیارات مرکزی حکومت کو حاصل ہوتے ہیں۔ (Unitary Government)۔
وَحدانیّت (وَح۔دا۔نی۔یت)(ع۔ا۔مث) ایک ہونا۔ خُدا کی یکتائی۔ توحید۔ نیز دیکھئے واحدیّت۔
وَحدت (وَح۔دت)(ع۔ا۔مث) ایک ہونا۔ یکتائی۔ توحید۔ اکیلا پَن۔
وَحدتُ الشُّہود (وَح۔دَ۔تش۔شُ۔ہود)(ع۔ا۔مث)(اصطلاحِ تصوُّف) دُنیا کی ہر چیز جو پیشِ نظر ہے 'اللہ تعالیٰ کا پرتو ہے یعنی ہمہ از اُوست۔
وَحدتُ الوُجود (وَح۔دَ۔تُل۔وُ۔جود)(ع۔ا۔مذ)(صوفیوں کی اِصطلاح میں) تمام موجودات کو خُدائے تعالیٰ کا ایک وجود ماننا اور ماسوا کے وجود کو محض اِعتباری سمجھنا۔
وَحدَہٗ (وَح۔دَ۔ہو)(ع۔فقرہ) وہ اکیلا ہے۔ تنہا ہے۔
وَحدَہٗ لاشریکَ لہٗ (ع۔فقرہ) خُدا تعالیٰ اکیلا ہے۔ اُس کا کوئی شریک نہیں۔
وَحش (فتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) جنگلی جانور۔ جمع: وُحوش۔
وحش وطیر (ع۔ا۔مذ) چوپائے اور پرندے۔
وَحشت (وَح۔شت)(ع۔ا۔مث)(۱) گھبراہٹ۔ سودا۔ خفقان۔ دیوانگی۔ جنون (۲) حیوانیّت (۳) بدک۔ بھڑک۔ نامانوس ہونا۔ نفرت (۴) آوارگی (۵) اُداسی (۶) خوف۔ ڈر۔ ہیبت۔
وحشت اثر (ع۔ف۔صف) جس سے وحشت پیدا ہو۔ جو دل میں وحشت پیدا کرے۔
وحشت اُچھلنا (اَ۔ محاورہ) سودا ہونا۔ خفقان ہونا۔ جنون کا زور ہونا۔ جوشِ جنون ہونا۔
وحشت انگیز (ف۔صف) وحشت پیدا کرنے والا۔ ڈراؤنا۔ ہول ناک۔ بھیانک۔ خوف ناک۔
وحشت برسنا (اَ۔ محاورہ)(۱) اُداسی چھانا (۲) ویرانی برسنا (۳) جنون کا اثر نمایاں ہونا۔
وحشت خیز (ع۔ف۔صف) وحشت بڑھانے والا۔ ڈرانے والا۔ مہیب۔
وحشت زدہ (ع۔ف۔صف)(۱) گھبرایا ہوا (۲) خبطی۔ جنونی (۳) اُداس۔
وحشت کرنا (اَ۔ محاورہ) جانوروں کی طرح بھڑکنا۔ دُور بھاگنا۔
وحشت کی لینا (اَ۔ محاورہ) وحشت کی باتیں کرنا۔
وحشت ناک (ع۔ف۔صف) جس میں وحشت بھری ہو۔ خوفناک۔ گھبرا دینے والا۔
وحشت ہونا (اَ۔ محاورہ)(۱) پریشان ہونا۔ گھبرانا۔ خفقان ہونا (۲) جنون ہونا۔ سودا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وَحشی (وَح۔شی) (ع۔صف) (۱) جسے اِنسانوں سے وحشت ہوتی ہو۔ غیر مانوس۔ بھڑکنے والا۔ صحرائی۔ جنگلی (۲) غیر مہذب۔ گندۂ ناتراشیدہ۔ اُجڈ۔
وَحشیانہ (ف۔صف) وحشیوں کی طرح۔
وُحُوش (وُ۔حُوش) (ع۔ا۔مذ) وَحش کی جمع۔
وَحی (ع۔ا۔مث) خُدائی پیغام۔ خُدا کے وہ اَحکام یا پیغام جو نبیوں پر اُترتے تھے۔ کتابِ اِلٰہی۔ (عربی میں بسکونِ دوم اور اُردو میں بکسر مستعمل ہے)۔
وحی آنا (اُترنا۔ نازل ہونا) (اُر۔ محاورہ) خُدا کے مُقرب فرشتے جبرائیل کا نبیوں کے پاس خُدا کے اَحکام لے کر آنا۔
وحیِ مُنزَل (ع۔ف۔ا۔مث) وہ وحی جو نازل کی گئی۔ مُراد قرآن شریف۔
وَحِید (وَ۔حِید) (ع۔صف) یگانہ۔ یکتا۔ لاثانی۔ بے مثل۔
وحیدُ العَصر (وحیدُ الزّماں) (وَ۔حی۔دُل۔عَصر) (وَ۔حی۔دُز۔زَ۔ماں) (ع۔صف) یکتائے زمانہ۔ جس کا اپنے زمانے میں کوئی ثانی نہ ہو۔

و۔د

وِداد (وِ۔داد) (ع۔ا۔مث) چاہت۔ اُلفت۔ دوستی۔ اُنس۔
وَداع (وَ۔داع) (ع۔ا۔مث) رُخصت۔ روانگی (۲) دُلہن کی رُخصتی کی رَسم یا تقریب۔ (اُردو اور فارسی والے عموماً بکسرِ اوّل بولتے ہیں)۔
وِداعی (وِ۔دا۔عی) (ع۔صف) وداع سے متعلق۔ رُخصتی۔ آخری۔ چلتے وقت۔
وَدائع (وَ۔دا۔اِع) (ع۔ا۔مذ) ودیعت کی جمع۔
وِدْوان (وِد۔وان) (س۔صف) عالم۔ عقل مند۔ اعلیٰ دماغ۔ ذہین۔
وَدُود (وَ۔دُود) (ع۔صف) (۱) دوست۔ چاہنے والا۔ شفیق (۲) نیک بندوں کو دوست رکھنے والا۔ خُداتعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔
وِدھوا (ودھ۔وا) (س۔ا۔مث) بیوہ۔ رانڈ۔
وِدْیا (وِد۔یا) (س۔ا۔مث) (۱) علم۔ ہُنر۔ فلسفہ (۲) دُرگا دیوی کا صِفاتی نام۔
وِدیش (وِ۔دیش) (بیائے مجہول) (س۔ا۔مذ) بدیس۔ غیر مُلک۔
وِدیشی (وِ۔دے۔شی) (س۔صف) بدیسی۔ غیر مُلکی۔
وَدِیعت (وَ۔دی۔عَت) (ع۔ا۔مث) امانت۔ سُپردگی۔ جمع: ودائع۔
ودیعتِ ایزدی (ع۔ا۔مث) خُدا کی امانت (زندگی۔ جان یا صلاحیت)۔

و۔ڈ

وَڈیرا (سندھی۔ا۔مذ) جاگیردار۔ بڑا زمین دار۔ جمع: وڈیروں۔ وڈیرے۔
وِڈیو (انگ۔ا۔مذ) (Video) ایک الیکٹرانک آلہ جس سے ٹیلیوژن پروگرام ریکارڈ کئے جاتے ہیں۔
وِڈیو ٹیپ (انگ۔ا۔مث) (Video Tape) مقناطیسی ٹیپ جس پر ٹیلیوژن پروگرام ریکارڈ ہوتے ہیں۔

و۔ر

وَر (بفتحِ اوّل) (س۔صف) زبر۔ غالب۔ برتر۔ فائق۔
ور رہنا (اُر۔ محاورہ) زبر رہنا۔ جیت جانا۔ بازی لے جانا۔
ور ہونا (اُر۔ محاورہ) فائق ہونا۔ برتر ہونا۔
وَر (بفتحِ اوّل) (ف۔صف) (۱) لاحقہ بمعنی والا۔ صاحب۔ خُداوند۔ رکھنے والا۔ قبضے میں رکھنے والا۔ مُرکّبات میں مستعمل ہے جیسے جانور۔ نامور (۲) (حرفِ ربط) واگر کا مُخفف۔
وَرا (وَرىٰ) (وَ۔را) (ع۔تابع فعل) (۱) پیچھے۔ پرے (۲) دُوسری جانب۔ پسِ پُشت۔ دُوسری طرف۔ پیچھے کے رُخ (۳) سوا۔ ماسوا۔
وراءُالورا (وَ۔را۔اُل۔وَ۔را) (ع۔صف) پیچھے سے پیچھے۔ دُور سے دُور۔ پرے سے پرے۔
وِراثت (ع۔ا۔مث) ورثہ۔ میراث۔ ترکہ۔ اُر جمع: وراثتوں۔ وراثتیں۔
وراثت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) کسی کے وارث ہونے کی تحریر یا سَند۔
وِراثتہً (وِ۔را۔ثَ۔تَن) (ع۔تابع فعل) ترکے کے طور پر۔ بطور وراثت۔
وراثتہً پہنچنا (اُر۔ محاورہ) وارث ہونے کی وجہ سے مِلنا۔
ورائٹی (Variety) (انگ۔ا۔مث) تنوّع۔ گوناگونی۔ قسم قسم کا ہونا۔
ورائٹی شو (Variety Show) (انگ۔ا۔مذ) ایسا تماشا جس میں ناچ گانے کے علاوہ ورزشی کرتب بھی دِکھائے جائیں۔ رنگا رنگ پروگرام۔
وُرثاء (وُ۔رَ۔ثا) (ع۔ا۔مذ) وارث کی جمع۔
وِرثہ (وِر۔ثہ) (ورثہ) (ع۔ا۔مذ) مرنے والے کا مال۔ ترکہ۔ میراث۔ اُردو جمع: ورثوں۔ ورثے۔
ورثہ پانا (اُر۔ محاورہ) ترکہ بطور حق حاصل کرنا۔
ورثہ دار (ع۔ف۔صف) وارث۔ ورثہ پانے والا۔
وِرثے (اُر۔ا۔مذ) (۱) ورثہ کی جمع (۲) ورثہ کی مُغیّرہ صورت۔
ورثے میں آنا (اُر۔ محاورہ) ترکے میں آنا۔ مرنے والے سے حق پہنچنا۔
وَرد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) گلاب کا پھول۔
وِرد (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ کام جو روز بلاناغہ کیا جائے۔ معمول (۲) وظیفہ (۳) قرآن شریف کی بار بار تلاوت۔ جمع: اَوراد۔
ورد رکھنا (اُر۔ محاورہ) کوئی کام بلاناغہ کرنا۔
وردِ زبان (ع۔ف۔ا۔مذ) زبان پر چڑھا ہوا۔ اَزبر۔
وردِ زبان کرنا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت یاد کرنا۔ اَزبر کرنا۔
وردِ زبان ہونا (اُر۔ محاورہ) زبان پر چڑھا ہونا۔ اَزبر ہونا۔ یاد ہونا۔
ورد کرنا (اُر۔ محاورہ) دُہرانا۔ اَزبر کرنا۔ یاد کرنا۔
ورد ہونا (اُر۔ محاورہ) وظیفہ ہونا۔ ہر وقت رٹا جانا۔
وَردی (وَر۔دی) (ہ۔ا۔مث) (۱) فوجی لباس۔ یونیفارم (۲) پریڈ پر طلبی کے لئے بجایا جانے والا فوجی بگل (۳) وہ باجا جو فوجی بارکوں میں رات کے دس بجے سوجانے کے حُکم کے طور پر اور صبح چار بجے جگانے کے لئے بجتا ہے۔
وردی بجانا (اُر۔ محاورہ) فوجی کیمپ یا شاہی محل پر مقرّرہ اوقات میں نوبت یا بگل بجانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وردی بولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی واقعے کی خبر دینا۔ رپورٹ کرنا (۲) مخبروں کا کوئی خاص خبر دینا۔

وردی میجر (اُر۔ انگ۔ اِ۔ مذ) فوجیوں کو اَحکام سُنانے اور نوکری تقسیم کرنے والا اَفسر۔

وَرزِش (وَر۔ زِش) (ف۔ اِ۔ مث) کسرت۔ ریاضت۔

وَرزِشی (وَر۔ زِ۔ شی) (ف۔ صف) ورزش سے متعلق۔ کسرتی۔ ورزش سے بنایا ہوا (بدن)۔

وَرسا (وَر۔ سا) (ق۔ اِ۔ مث) سپاہیوں کی قواعد۔ پریڈ۔

وَرطَہ (وَر۔ طَہ) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) ہلاکت کا مقام۔ ایسی زمین جہاں راستہ نہ ہو (۲) (مجازاً) پانی کا چکّر۔ بھنور۔ گرداب۔ بُھول بھلیّاں۔

وَرَع (وَ۔ رَع) (ع۔ اِ۔ مث) پرہیزگاری۔ اِتّقا۔

وَرغَلانا (وَرغلاثنا) (وَر۔ غَ۔ لا۔ نا) (وَر۔ غ۔ لان۔ نا) (اُر۔ مص جعلی) (۱) بہکانا۔ بھڑکانا (۲) اغوا کرنا (۳) دھوکا دینا۔ ٹھگنا۔

وَرَق (وَ۔ رَق) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) کاغذ کا ٹکڑا یا پرچہ (۲) درخت کا پتّا (۳) پُھول کی پتّی (۴) چاندی یا سونے کا باریک کوٹا ہوا ٹکڑا (۵) باریک اور چوڑی تراشی ہوئی کوئی چیز (۶) تاش کا پتّا۔ جمع: اَوراق۔ اُردو جمع: ورقوں۔ ورقے۔

ورق اُتارنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کا پتلا اور باریک تراشہ کاٹنا (۲) کم زور کرنا۔

ورق اُترنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ورق کی طرح پتلا ٹکڑا اُتارا جانا (۲) کم زور ہونا۔ دُبلا ہونا۔

ورق اُلٹنا (پلٹنا) (اُر۔ محاورہ) کاغذ کا رُخ دُوسرے رُخ کرنا۔ کتاب کا صفحہ پلٹنا (۲) (کنایۃً) نیا دَور شروع کرنا۔ تبدیلی کرنا۔

وَرقُ الخیال (وَ۔ رَ۔ قُل۔ خَ۔ یال) (ع۔ اِ۔ مذ) بھنگ۔

ورق بکھرنا (بکھر جانا) (اُر۔ محاورہ) (۱) کتاب کے اوراق کا پریشان ہو جانا (۲) (کنایۃً) پُھوٹ پڑنا۔ تتر بتر ہونا۔ برباد ہونا۔

وَرَق داغ (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) وہ ہندسہ جو صفحوں کے شمار کے لئے لکھتے ہیں۔

وَرَق ساز (ع۔ ف۔ صف) چاندی یا سونے کے ورق کوٹنے کا کام کرنے والا۔ زرکوب۔

ورقِ کائنات (ع۔ اِ۔ مذ) دُنیا۔ عالم۔ موجودات۔

ورق کے ورق سیاہ کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت زیادہ لکھنا۔

ورق گردانی (اُر۔ اِ۔ مث) پڑھے بغیر ورق اُلٹنا۔ پڑھنے کے نام پر وقت ضائع کرنا (۲) کسی کتاب یا رسالے کو سرسری طور پر دیکھنا۔

ورقِ گُل (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) پُھول کی پتّی۔ پنکھڑی۔

ورق لپیٹنا (اُر۔ محاورہ) پان کی گلوری وغیرہ پر سونے یا چاندی کے ورق منڈھنا۔

وَرَقہ (وَ۔ رَ۔ قہ) (ع۔ ف۔ اِ۔ مذ) (۱) کتاب کا ورق (۲) پتّا (۳) (اُردو میں بسکونِ را مستعمل ہے)۔

وَرَقہ سند خرچ (اُر۔ اِ۔ مذ) تصدیق ادائی رسید۔ فرد حساب۔

وَرَقی (وَ۔ رَ۔ قی) (ع۔ صف) ورق سے منسوب۔ پرت دار (اُردو میں عموماً بسکونِ را مستعمل ہے)۔

وَرک (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مذ) چوتڑ۔ کولھا۔ سُرین۔

ورک شاپ (Workshop) (انگ۔ اِ۔ مث) کارخانہ۔

وَرکر (Worker) (انگ۔ صف) کارکن۔

ورکنگ کمیٹی (Working Committee) (انگ۔ اِ۔ مث) مجلسِ عمل۔ مجلسِ عاملہ۔

وَرلا (وَر۔ لا) (ہ۔ صف) اِدھر کا۔ اِس کنارے کا۔ اِس رُخ کا۔ اُرلا۔

وَرَم (ع۔ اِ۔ مذ) بیماری یا چوٹ سے جسم کے کسی حصّے کا پُھول جانا۔ سُوجن۔ آماس۔

ورم آنا (کرجانا۔ ہو جانا) (اُر۔ محاورہ) سُوج جانا۔ سُوجن چڑھ جانا۔

ورم اُتر جانا (اُر۔ محاورہ) ورم جاتا رہنا۔ سُوجن جاتی رہنا۔

وَرن (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (س۔ اِ۔ مذ) (۱) رَنگ۔ نسل (۲) لباس (۳) صورت (۴) قسم۔

وَرناکیولر (Vernacular) (انگ۔ صف) (۱) دیسی۔ مُلکی۔ مقامی (۲) (اِ۔ مث) دیسی زبان۔

وَرنَہ (وَر۔ نَہ) (ف۔ حرفِ شرط) وگرنہ۔ اور نہیں تو۔

وُرُود (وُ۔ رُود) (ع۔ اِ۔ مذ) اُترنا۔ اَندر آنا۔ وارد ہونا۔ پہنچنا۔

وِرودھ (وِ۔ رودھ) (س۔ اِ۔ مذ) (۱) مُخالفت۔ مُزاحمت۔ رکاوٹ (۲) دُشمنی۔ عداوت۔ جھگڑا۔ جنگ (۳) اِحتجاج (۴) (صف) خلاف۔ متضاد۔

وِرودھی (وِ۔ رو۔ دھی) (س۔ صف) (۱) مُخالف۔ دُشمن۔ حریف (۲) جھگڑالو (۳) اِحتجاج کرنے والا۔

وَرے (ہ۔ متعلق فعل) (۱) اِدھر۔ اِس طرف (۲) پاس۔ نزدیک۔ قریب۔

وَرِید (وَ۔ رید) (ع۔ اِ۔ مث) گردن کی موٹی رگ۔ شہ رگ۔ جو رگ دھڑکتی نہ ہو۔

و ـ ز

وِزارت (وِ۔ زا۔ رَت) (بفتحِ اوّل نیز بکسرِ اوّل) (ع۔ اِ۔ مث) وزیر کا عُہدہ۔ مدارُالمہامی (۲) وزیر کا کام (۳) وزیر کا دفتر۔ اُردو جمع: وزارتوں۔ وزارتیں۔

وِزارتی (وِ۔ زا۔ رَ۔ تی) (ع۔ صف) وزارت سے متعلق۔

وِزِٹر (Visitor) (انگ۔ اِ۔ مذ) وہ شخص جو مُلاقات یا مُعاینے کے لئے آئے۔

وزِٹرز بُک (Visitors Book) (انگ۔ اِ۔ مث) وہ رجسٹر جس میں آنے والوں یا مُعاینہ کرنے والوں سے دستخط لئے جاتے ہیں۔

وِزِٹنگ کارڈ (Visting Card) (انگ۔ اِ۔ مذ) وہ کارڈ جس پر مُلاقات کرنے والے کا نام درج ہوتا ہے۔

وُزَرا (وُ۔ زَ۔ را) (ع۔ اِ۔ مذ) وزیر کی جمع۔

وَزن (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ اِ۔ مذ) (۱) تول۔ جانچ۔ اَندازہ (۲) عزت۔ قدر۔ وقعت (۳) بوجھ۔ بار (۴) مقدار۔ پیمانہ (۵) عِلمِ عروض میں

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

شعر کی بحر (۶) سنجیدگی۔ متانت۔ جمع: اَوزان۔

وزن دار (ع۔ف۔صف)(۱) بوجھل۔ بھاری (۲) باوقعت۔

وزن رکھنا (اُر۔محاورہ)(۱) بھاری ہونا (۲) باوقعت ہونا۔

وزن کرنا (اُر۔مص مُرکّب) تولنا۔ جانچنا۔

وزن ہونا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) تولا جانا۔ جانچا جانا (۲)(محاورہ) باوقعت ہونا۔ وقیع ہونا۔ ٹھوس ہونا۔

وَزْنَہ (وَز۔نَہ)(اُر۔ا۔مذ) لوہے یا پتھر کی وہ چیز جو کاغذ کو دبانے کے لئے اُس پر رکھی جائے۔ پیپر ویٹ (Paper Weight)۔

وَزْنی (وَز۔نی)(ف۔صف)(۱) بھاری۔ بوجھل (۲) سنجیدہ۔ ٹھوس (۳) باوقعت۔

وَزِیر (وَ۔زیر)(ع۔ا۔مذ)(۱) دیوان۔ مدارُالمہام۔ منتری (۲) شطرنج کا ایک مُہرہ۔ جمع: وُزَرا۔ اُردو جمع: وزیر۔ وزیروں۔

وزیرِ اعظم (ع۔ا۔مذ) مرکزی حکومت کا سب سے بڑا وزیر۔ پردھان منتری۔ پرائم منسٹر۔

وزیرِ اعلیٰ (ع۔ا۔مذ) صوبائی حکومت کا سب سے بڑا وزیر۔ مُکھیہ منتری۔ چیف منسٹر۔

وزیرے چنیں شہریارے چناں (ف۔مثل) جیسے وزیر ویسے بادشاہ۔ افسر اور ماتحت دونوں نالائق۔

وَزِیری (وَ۔زی۔ری)(ف۔ا۔مث)(۱) وزیر کا عُہدہ۔ وزارت (۲)(ا۔مذ) پٹھانوں کے ایک قبیلے کا نام۔

و۔س

وِسادَہ (وِ۔سا۔دَہ)(ع۔ا۔مذ) تکیہ۔ مسند۔ جمع: وسائد۔

وِسادہ نشین (ع۔ف۔ا۔مذ) مسند نشین۔

وَسارا (وَ۔سا۔را)(ق۔ا۔مذ) چھپّر۔ سائبان۔ اُسارا۔

وَساطَت (وَ۔سا۔طَت)(ع۔ا۔مث) وسیلہ۔ ذریعہ۔ واسطہ۔

وَساوِس (وَ۔سا۔وِس)(ع۔ا۔مذ) وسواس کی جمع۔

وَسائِد (وَ۔سا۔ئِد)(ع۔ا۔مذ) وسادہ کی جمع۔

وَسائِط (وَ۔سا۔ئِط)(ع۔ا۔مذ) واسطہ کی جمع۔

وَسائِل (وَ۔سا۔ئِل)(ع۔ا۔مذ) وسیلہ کی جمع۔

وَسْط (فتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) بیچ۔ درمیان۔ قلب۔ مرکز (۲) وہ چیز جو جسامت یا درجے میں درمیانہ ہو (۳) کسی چیز کا ٹھیک بیچوں بیچ جو اُسے برابر کے دو حصّوں میں تقسیم کر دے۔ جمع: اَوساط۔

وُسْطانی (وُس۔طا۔نی)(ع۔صف)(۱) درمیانی (۲) مڈل کی جماعتیں۔

وُسْطی (وُس۔طی)(ف۔صف) بیچ کا۔ درمیان کا۔ درمیانی۔

وُسْطیٰ (وُس۔طا)(ع۔صف) اوسط کا مؤنث۔ درمیانہ۔ اوسط درجے کا۔ بیچ کا (۲)(مث) بیچ کی اُنگلی۔

وُسْع (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) چوڑائی۔ پھیلاؤ۔ فراخی۔

وُسْعَت (وُس۔عَت)(ع۔ا۔مث) گنجائش۔ سمائی۔ چوڑائی۔ کشادگی۔ پھیلاؤ۔

وُسعت دینا (اُر۔محاورہ) بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔ کُھلا کرنا۔

وِسکی (Whisky)(انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی شراب۔

وِسل (Whistle)(انگ۔ا۔مث) سیٹی۔

وِسل بجانا (اُر۔مص مُرکّب) کوئی اشارہ دینے کی غرض سے سیٹی بجانا۔

وِسل دینا (اُر۔محاورہ) دیکھئے وِسل بجانا۔

وَسْمَہ (وَس۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) نیل کے پتّے جن سے خضاب تیار کیا جاتا ہے۔

وسمہ کرنا (لگانا) (اُر۔محاورہ) بالوں کو خضاب سے رنگنا۔

وَسْواس (وَس۔واس)(ع۔ا۔مذ)(۱) بُرا خیال جو دل میں آئے (۲) وہم۔ وسوسہ (۳) اندیشہ۔ ڈر۔ خوف (۴) شُبہ۔ گُمان۔ جمع: وَساوِس۔

وَسْواسی (وَس۔وا۔سی)(ع۔صف)(۱) وہمی۔ شکّی (۲) شُبہ کرنے والا (۳) جو چیز روکے یا ہچکچاہٹ پیدا کرے۔

وَسْوَسَہ (وَس۔وَ۔سَہ)(ع۔ا۔مذ) دیکھئے وسواس۔ اُردو جمع: وسوسوں۔ وسوسے۔

وَسِیع (وَ۔سیع)(ع۔صف) فراخ۔ چوڑا۔ کشادہ۔ دُور تک پھیلا ہوا۔

وسیعُ القلب (وَ۔سی۔عُل۔قلب)(ع۔صف) تنگ دل کی ضد۔ کُھلے دل والا۔ فراخ دل۔

وسیعُ النظر (وَ۔سی۔عُن۔نَ۔ظر)(ع۔صف) جس کی نظر وسیع ہو۔ بلند خیال۔

وسیعُ النظری (وَ۔سی۔عُن۔نَ۔ظَ۔ری)(ع۔ف۔ا۔مث) نظر کا وسیع ہونا۔ رواداری۔ بلند خیالی۔

وَسِیلَہ (وَ۔سی۔لَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) ذریعہ۔ واسطہ۔ سبب (۲) سہارا۔ آسرا (۳) حمایت۔ مدد۔ دست گیری۔ جمع: وسائل۔ اُردو جمع: وسیلوں۔ وسیلے۔

وسیلہ پیدا کرنا (اُر۔مص مُرکّب)(۱) ذریعہ پیدا کرنا (۲) کسی کو حمایتی یا مددگار بنانا۔

وَسِیم (وَ۔سیم)(ع۔صف) خوبصورت۔ خوش وضع۔ حسین۔

و۔ش

وَش (فتحِ اوّل)(ف۔حرفِ تشبیہ) مانند۔ مثل۔ نظیر۔ طرح (مرکّبات کے آخر میں آتا ہے جیسے پری وَش' پری کی مانند۔ مہ وَش' چاند کی طرح۔

وُشاق (ت۔ا۔مذ) خدمت گار۔ غلام لڑکا۔

وِشال (وِ۔شال)(س۔صف) عظیم۔ وسیع و عریض۔

وِشنو (وِش۔نو)(س۔ا۔مذ)(۱)(ہندو دیومالا) رَبّ۔ پروردگار۔ پالن ہار۔ ہندوؤں کے تین بڑے دیوتاؤں میں سے ایک۔ نیز دیکھئے برہما' شِو اور رام۔

وِشْواس (وِش۔واس)(س۔ا۔مذ)(۱) بھروسا۔ اعتماد (۲) اعتقاد۔ یقین۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وِشواس گھات (س۔ا۔مذ) نقضِ اِعتماد۔ بے وفائی۔ غدّاری۔

وِشواس گھاتک (گھاتی) (س۔صف) بے وفا۔ غدّار۔ دغاباز۔ آستین کا سانپ۔

وِشْواسی (وِش۔وا۔سی) (ہ۔صف) (۱) بھروسے والا۔ قابلِ اِعتماد (۲) معتقد۔ یقین رکھنے والا۔

و۔ص

وَصّاف (وَص۔صاف) (ع۔ا۔مُبالغہ) بہت تعریف کرنے والا۔

وِصال (وِ۔صال) (ع۔ا۔مذ) مِلنا۔ ملاپ۔ مُلاقات (۲) اِنسان کا خُدا سے جامِلنا۔ مرجانا۔ اِنتقال کرجانا (۳) (اِصطلاحِ تصوّف) وحدت میں فنا ہو جانا۔

وَصایا (وَ۔صا۔یا) (ع۔ا۔مذ) وصیت کی جمع۔

وَصْف (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) خُوبی۔ اچھائی۔ عُمدگی۔ تعریف (۲) گُن۔ صِفت۔ اچھی خاصیت (۳) کمالِ ہُنر۔ جوہر۔ سلیقہ۔ مخصوص صلاحیت (۴) پہچان۔ شناخت۔ جمع: اَوصاف۔

وصف رکھنا (اَر۔محاورہ) خُوبی رکھنا۔ صِفت رکھنا۔

وَصْفی (وَص۔فی) (ع۔صف) صِفاتی۔ توصیفی۔ تعریفی۔

وَصْل (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) مُلاقات۔ ہجر کی ضِد۔

وَصْلَت (وَص۔لت) (ع۔ا۔مث) وصل۔ معشوق سے مُلاقات (اب اِس معنی میں وصل ہی مستعمل ہے)۔

وَصْلچَہ (وَصل۔چہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) کاغذ کا ٹکڑا (۲) کپڑے کی دَھجّی۔

وَصْلی (وَص۔لی) (ع۔ا۔مث) خوشنویسوں کے مشق کرنے کا دُہرا کاغذ۔

وُصُول (وُ۔صُول) (ع۔ا۔مذ) (۱) جو مِل گیا ہو۔ جو حاصل ہو گیا ہو۔ حاصل۔ آمد (۲) بے باق۔

وُصُول باقی (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ روپیہ جو وصول نہ ہوا ہو (۲) اُس رقم کا وصول کرنا جو واجبُ الادا ہے۔

وُصُول پانا (کرنا) (اَر۔محاورہ) رقم مِل جانا۔ رقم لینا۔

وُصُول کُنِندہ (اَر۔محاورہ) وصول کرنے والا۔ پانے والا۔

وُصُول یابی (وُصُولی) (ف۔صف) (۱) قابلِ وصول۔ یافتی (۲) حصُول۔ وصول ہونا۔

وَصی (وَ۔صی) (ع۔ا۔مذ) (۱) وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو (۲) وصیت پر عمل کرنے والا۔ سربراہ کار۔ مُنصرم۔

وَصِیَّت (وَ۔صی۔یَت) (ع۔ا۔مث) سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا کرنا یا نہ کرنا۔ آخری نصیحت۔ جمع: وصایا۔ اُردو جمع: وصیتوں۔ وصیتیں۔

وصیت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) تحریری وصیت۔

وَصِیَّہ (وَ۔صی۔یَہ) (ع۔ا۔مث) (۱) وصی کی تانیث۔ وہ عورت جسے وصیت کے سلسلے میں عملی کارروائی کا اِختیار دیا گیا ہو (۲) وہ خاتون جس کے حق میں وصیت کی گئی ہو۔

و۔ض

وَضاحت (وَ۔ضا۔حت) (ع۔ا۔مث) واضح کرنا۔ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا۔ تشریح کرنا۔

وَضْع (بفتحِ اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مث) (۱) صُورت۔ حلیہ (۲) ظاہری حالت (۳) طور طریق۔ رنگ ڈھنگ۔ طرز۔ چال ڈھال۔ چلن (۴) بناوٹ۔ ساخت۔ ترکیب (۵) مُجرا۔ منہا۔ کاٹنا۔ تفریق کرنا۔ جمع: اَوضاع۔

وضع بدلنا (اَر۔محاورہ) طرز بدلنا۔ حالت بدلنا۔ عادت اور ڈھنگ میں فرق آنا۔ نئی وضع اِختیار کرنا۔

وضع چھوڑنا (اَر۔محاورہ) وضع کو ترک کر دینا۔

وضعِ حمل (ع۔ا۔مذ) بچّہ جننا۔ بچّہ پیدا ہونا۔

وضع دار (ع۔ف۔صف) (۱) وضع نباہنے والا۔ اپنے طور طریقے پر قائم رہنے والا۔ پابندِ وضع (۲) اچھی وضع کا۔ بجیلا۔ بانکا۔ طرح دار۔

وضع داری (ع۔ف۔ا۔مث) (۱) ایک دفعہ اِختیار کی ہوئی وضع کو مرتے دَم تک نباہنا (۲) بانکپن۔ طرح داری۔ خوبصورتی (۳) سلیقہ۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔

وضعِ قوانین (ع۔ا۔مذ) قانون بنانا۔ قانون سازی۔

وضع قطع (ع۔ا۔مث) شکل وصورت۔

وضع کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) مُجرا لے لینا۔ منہا کر دینا۔ کاٹ لینا۔ حساب میں لکھ لینا (۲) اِختراع کرنا۔ اِیجاد کرنا۔

وضع مِلنا (اَر۔محاورہ) اَنداز مِلنا۔ طرز مِلنا۔

وضع میں فرق آنا (اَر۔محاورہ) اَنداز اور عادت میں فرق آنا۔

وضع نباہنا (اَر۔محاورہ) اَنداز اور طرز میں فرق نہ آنے دینا۔

وضع ہونا (اَر۔محاورہ) (۱) مُجرا ہونا۔ کٹنا۔ منہا ہونا۔ حساب میں لگنا (۲) اِیجاد ہونا۔ نکلنا۔

وُضُو (وُ۔ضو) (ع۔ا۔مذ) نماز کے لئے جسم کے خاص خاص اَعضا کو پانی سے دھونا۔ (بفتحِ اوّل بھی صحیح ہے)۔

وضو تازہ کرنا (اَر۔محاورہ) باوضو ہوتے ہوئے بھی دوبارہ وضو کرنا۔

وضو ٹوٹنا (اَر۔محاورہ) وضو جاتا رہنا۔ طہارت قائم نہ رہنا۔

وضو ٹھنڈے ہونا (وضو ڈھیلے ہونا) (اَر۔محاورہ) ہمت پست ہونا۔ نیت بدل جانا۔

وُضُوح (وُ۔ضوح) (ع۔ا۔مذ) (۱) وضاحت۔ صفائی (۲) ثبوت۔ گواہی (۳) اِظہار۔ ظہور۔

وَضِیع (وَ۔ضیع) (ع۔صف) کمینہ۔ نیچ۔ فرومایہ۔

وضیع و شریف (ع۔صف) ادنیٰ اور اعلیٰ۔ کمینہ اور شریف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وَضِیمَہ (وَ۔ضی۔مَہ)(ع۔ا۔مذ) ماتمی ضیافت۔ مُردے کی روٹی۔ غمی کا کھانا (ولیمہ کی ضِد)۔

و۔ط

وَطَن (وَ۔طَن)(ع۔ا۔مذ)(۱) پیدا ہونے اور رہنے کی جگہ (۲) دیس۔ اپنا مُلک۔ جنم بھومی۔ جمع: اَوطان۔ اُردو جمع: وطن۔ وطنوں۔

وطن اِختیار کرنا (اَر۔مص مُرکّب)(۱) کسی مُلک کا شہری بننا (۲) اپنے شہر کو چھوڑ کر کسی اور شہر میں مستقل طور پر رہنے لگنا۔ نقلِ وطن کرنا۔

وطن چُھٹنا (اَر۔محاورہ) غریبُ الوطن ہونا۔

وطنِ مالوف (ع۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں رہنے سہنے کی عادت ہو۔ وہ جگہ جس سے لگاؤ اور اُنس ہو۔

وَطَنی (وَ۔طَ۔نی)(ع۔صف) ہم وطن۔ ایک دیس کا (۲) وطن سے منسوب۔

وَطی (وَ۔طی)(ع۔ا۔مث)(۱) جماع کرنا (۲) پامال کرنا۔

وَطِیرہ (وَ۔طی۔رَہ) ط سے غلط ہے۔ دیکھئے وتیرہ۔

و۔ظ

وَظائف (وَ۔ظا۔اِف)(ع۔ا۔مذ) وظیفہ کی جمع۔

وَظِیفَہ (وَ۔ظی۔فَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) روزینہ۔ پنشن۔ تنخواہ۔ درماہہ (۲) وہ رقم جو نادار طالب علم کو اُس کے تعلیمی اخراجات کے لئے دی جائے (۳) حُسنِ خدمات کے صِلے میں عطا کی ہوئی جاگیر وغیرہ (۴) کوئی دُعا جو روزانہ پڑھی جائے (۵) کسی بات کی رَٹ (۶) وہ کام جو روزانہ پابندی سے کیا جائے۔ جمع: وظائف۔ اُردو جمع: وظیفوں۔ وظیفے۔

وظیفہ بھانٹنا (اَر۔محاورہ)(تحقیراً) وظیفہ پڑھنا۔

وظیفہ خوار (ع۔ف۔صف)(۱) وظیفہ لینے والا (۲) پنشن پانے والا۔

وظیفہ کرنا (اَر۔محاورہ) وظیفہ پڑھنا۔

و۔ع

وَعْدَہ (وَع۔دَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) اِقرار۔ قول و قرار۔ عہد و پیمان (۲) مُلاقات کا تعیّن (۳) رقم کی ادائیگی کے لئے ایک مُدّت مقرّر کرنا (۵) مرنے کا دن۔ موت کا وقت۔ اُردو جمع: وعدوں۔ وعدے۔

وعدہ آ پہنچنا (آجانا)(اَر۔محاورہ) موت کا وقت آجانا۔

وعدہ اِیفا کرنا (اَر۔محاورہ) وعدہ پُورا کرنا۔ قول پُورا کرنا۔ قول نباہنا۔

وعدہ برابر آنا (ہونا)(اَر۔محاورہ) زندگی کی گھڑیاں پُوری ہونا۔ موت آنا۔

وعدہ ٹالنا (اَر۔محاورہ) وعدہ پُورا کرنے سے بچنا۔ حیلے حوالے کرنا۔

وعدہ ٹلنا (اَر۔محاورہ) وعدہ پُورا نہ ہونا۔ وعدے کی مُدّت گُزر جانا۔

وعدہ ٹھہرنا (اَر۔محاورہ) قول و قرار ہونا۔

وعدہ خِلاف (شِکَن)(ع۔ف۔صف) جو وعدہ پُورا نہ کرے۔ جو وعدے سے پھر جائے۔

وعدہ خِلافی (شِکنی)(ع۔ف۔ا۔مث) وعدہ نہ نبھانا۔ قول و قرار سے پھر جانا۔

وعدۂ شب درمیان (ع۔ف۔ا۔مذ) اگلے دن کا وعدہ۔ کل کا وعدہ۔

وعدہ فراموش (ع۔ف۔صف) جو وعدہ کر کے بُھول جائے۔

وعدہ کرنا (اَر۔مص مُرکّب) اِقرار کرنا۔ قول دینا۔ زبان دینا۔

وعدہ لینا (اَر۔محاورہ) عہد لینا۔ قول لینا۔

وعدہ وَعِید (ع۔ف۔ا۔مذ) ٹال مٹول۔ حیلے حوالے۔ آج کل آج کل۔

وعدہ وعید کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) جُھوٹے وعدے کرنا (۲) ٹالنا۔

وعدہ وفا (ع۔ف۔صف) بات کا پُورا۔ جو وعدہ کر کے پُورا کرے۔ جو قول و قرار نبھائے۔

وعدہ وفا کرنا۔ دیکھئے وعدہ اِیفا کرنا۔

وَعدے (اَر۔ا۔مذ)(۱) وعدہ کی جمع (۲) وعدہ کی مُغیرہ صورت۔

وعدے پر جینا (اَر۔محاورہ) وعدہ پُورا ہونے کی توقع رکھنا۔

وعدے پر رہنا (قائم رہنا)(اَر۔محاورہ) قول نباہنا۔ وعدے سے نہ پھرنا۔ عہد پر قائم رہنا۔

وعدے سے دَم زیادہ نہ کم (اَر۔مقولہ) موت کا وقت مُقرّر ہے۔ ٹالے نہیں ٹل سکتا۔

وعدے کا سچّا (اَر۔صف) دیکھئے وعدہ وفا۔

وَعْظ (فتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے۔ مذہبی تقریر۔ مذہبی باتوں کا بیان۔ جمع: وَعظات۔ اُردو جمع: وعظ۔ وعظوں۔

وعظ کرنا (کہنا)(اَر۔مص مُرکّب)(۱) مذہبی تقریر کرنا (۲) نصیحت کرنا۔

وَعَلَیکُمُ السَّلام (وَ۔عَ۔لے۔کُ۔مُس۔سَ۔لام)(ع۔ا۔مذ) اور تم پر بھی سلامتی ہو۔ السّلام علیکم کا جواب۔

وَعِید (وَ۔عید)(ع۔ا۔مذ)(۱) سزا دینے کی دھمکی (۲) سزا دینے کا وعدہ۔

و۔غ

وَغا (وَ۔غا)(ع۔ا۔مث) لڑائی۔ جنگ (۲) ہنگامہ۔ شور و غُل۔ دنگا۔ فساد۔

وَغَیرہ (وَ۔غَے۔رَہ)(ع۔ تابع فعل) اور بھی۔ اور اِس کے ماسوا (اصل: وَغیرُہٗ) دو کے لئے وغیرُہُما۔ دو سے زیادہ کے لئے وَغیرُہُم۔ مؤنث کے لئے وَغیرہا لیکن اُردو میں ان سب کے لئے وغیرہ ہی مستعمل ہے۔

و۔ف

وَفا (وَ۔فا)(ع۔ا۔مث)(۱) نباہ۔ ساتھ دینا (۲) خیرخواہی۔ نمک حلالی۔ وابستگی۔ عقیدت مندی (۳) تعمیل۔ تکمیل۔ اُردو جمع: وفاؤں۔ وفائیں۔

وفا بیگانہ (ع۔ف۔صف) بے وفا۔ جو وعدہ پُورا کرنے کا عادی نہ ہو۔

وفا پرست (ع۔ف۔صف) وفادار۔ باوفا۔ نباہنے والا۔ مخلص۔

وفا پیشہ (ع۔ف۔صف) جو سب کے ساتھ وفا کرے۔ جو ہمیشہ وفادار

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رہے۔ جس کا پیشہ وفا کرنا ہو۔

وفادار (ع۔ف۔صف) وفا کرنے والا۔ نباہنے والا۔ باوفا۔

وفاداری (ع۔ف۔ا۔مث) نباہنا۔ ساتھ دینا۔ وفا کرنا۔

وفاشِعار (ع۔ف۔صف) نباہنے والا۔ وفا کرنے والا۔ جس کا شعار وفا کرنا ہو۔

وفاکیش (بیائے مجہول)(ع۔ف۔صف) دیکھئے وفاشعار۔

وَفات (وَ۔فات)(ع۔ا۔مث) موت۔ اِنتقال۔ مرگ۔

وفات پانا (اُر۔محاورہ) مرجانا۔ اِنتقال کر جانا۔

وفات شریف (ع۔ا۔مث) کسی بُزرگ یا واجب التّعظیم شخصیت کا اِنتقال (۲) رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کا وصال۔

وِفاق (وِ۔فاق)(ع۔ا۔مذ)(۱) اِتحاد۔ اِتفاق (۲) کئی ریاستوں یا صوبوں کا مِل کر ایک مرکزی حکومت بنالینا۔ فیڈریشن (Federation)۔

وِفاقی (وِ۔فا۔قی)(ع۔صف) وفاق سے منسُوب۔ (Federal)۔

وِفاقی حکومت (ع۔اُر۔ا۔مث) ایسی حکومت جس میں دستورِ اَساسی کی رُو سے مرکز اور صُوبوں کے درمیان اِختیارات کی تقسیم کر دی جاتی ہے۔ دفاع، مواصلات، کرنسی اور اُمورِ خارجہ جیسے اہم اُمور مرکز کے تحت ہوتے ہیں اور تعلیم، صحت و صفائی، زراعت وغیرہ اُمور صُوبوں کے تحت۔ (Federal Government)۔

وَفد (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) نمائندوں کی جماعت (۲) چند اَشخاص کا کوئی پیغام لے کر کسی حاکم کے پاس جانا۔ (Deputation) (Delegation)۔ جمع: وُفود۔

وَفق (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) موافقت۔ مطابقت۔

وُفود (وُ۔فُود)(ع۔ا۔مذ) وفد کی جمع۔

وُفور (وُ۔فُور)(ع۔ا۔مذ) اِفراط۔ بُہتات۔ زیادتی۔ کثرت۔

وَفیات (وَف۔یات)(ع۔ا۔مذ)(۱) وفاتیں (۲)(مجازاً) وفات پانے والے۔ (Obituary)۔

و۔ق

وَقار (وَ۔قار)(ع۔ا۔مذ)(۱) بھاری بھرکم پن۔ متانت۔ سنجیدگی۔ بُردباری (۲) قدر و منزلت۔ جاہ و جلال۔

وِقاع (وِ۔قاع)(ع۔ا۔مث) حملہ۔ دھاوا۔ جنگ۔

وَقائع (وَ۔قا۔ئع)(ع۔ا۔مذ)(۱) وقیعہ (بمعنی لڑائی کی خبر) کی جمع۔ جنگ کی خبریں (۲) واقعات۔ حالات۔

وقائع نگار (نویس) (ع۔ف۔ا۔مذ)(۱) جنگی نامہ نگار (۲) نامہ نگار۔ اَخبار نویس۔

وقائع نگاری (نویسی) (ع۔ف۔ا۔مث) نامہ نگاری۔ پرچہ نویسی۔

وَقت (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) گھڑی۔ ساعت۔ دَم۔ عرصہ۔ مُدّت۔ میعاد۔ وقفہ (۲) زمانہ۔ عہد۔ دَور۔ جُگ (۳) موقع۔ ہنگام (۴) موسم۔ فصل۔ رُت (۵) فُرصت۔ مُہلت (۶) باری۔ نوبت۔ دفعہ۔ بار (۷) حالت۔ گت (۸) عُمر۔ زندگی۔ حیات (۹) موت کی گھڑی (۱۰) مُصیبت (۱۱) دِقّت۔ دُشواری۔ جمع: اَوقات۔ اُردو جمع: وقت۔ وقتوں۔

وقت آپہنچنا (اُر۔محاورہ) موت کا وقت آجانا۔

وقت آجانا (اُر۔محاورہ)(۱) موسم آجانا۔ رُت آجانا (۲) مُصیبت آپہنچنا (۳) موت کا وقت آپہنچنا (۴) صحیح وقت آجانا۔

وقت آیا ہُوا نہیں ٹلتا (اُر۔مثل) موت کے آنے میں دیر سویر نہیں ہوتی۔

وقت از دستِ رفتہ و تیر از کمان جستہ باز نیاید (ف۔مثل) ہاتھ سے گیا ہوا وقت اور کمان سے نکلا ہوا تیر واپس نہیں آتا۔

وقتِ بد (ع۔ف۔ا۔مذ) مُصیبت کا وقت۔ بُرا وقت۔

وقت برابر آنا (ہونا) (اُر۔محاورہ) زندگی کے دِن پُورے ہوجانا۔

وقت برباد کرنا (اُر۔مص مُرکب) وقت ضائع کرنا۔ وقت گنوانا۔ وقت کھونا۔ وقت خراب کرنا۔

وقت بوقت (وَقت۔بہ۔وَقت)(اُر۔تابع فعل) کبھی کبھی۔ وقتاً فوقتاً۔

وقت بے وقت (اُر۔تابع فعل)(۱) موقع بے موقع (۲) ہر وقت۔ ہر موقع پر۔ ہمیشہ۔ برابر۔

وقت پانا (اُر۔محاورہ) فُرصت پانا۔ موقع حاصل ہونا۔

وقت پر (اُر۔تابع فعل)(۱) عین موقع پر (۲) مُصیبت یا لڑائی کے وقت (۳) موسم پر۔ رُت کے موقع پر۔

وقت پر اَوسان بجا رہنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت یا پریشانی کے موقع پر بدحواس نہ ہونا۔

وقت پر بھاگ جانا ہی مردانگی ہے (اُر۔مثل) موقع کے موافق کام ہی دانائی ہے۔

وقت پر پہنچنا (اُر۔محاورہ) موقع پر پہنچنا۔ ضرورت کے وقت حاضر ہو جانا۔ ٹھیک موقع پر آنا۔

وقت پر صاف جواب دینا (دے دینا) (اُر۔محاورہ) ضرورت کے وقت کام نہ آنا۔ وقت پڑنے پر مُنہ موڑ لینا۔ موقع پر پیٹھ دِکھا جانا۔

وقت پر صاف نکل جانا (اُر۔محاورہ) عین موقع پر قول سے پھر جانا۔

وقت پر کام آنا (اُر۔محاورہ) ضرورت کے وقت مُفید ثابت ہونا۔ وقت پڑنے پر ساتھ دینا۔

وقت پر کچھ بَن نہ آنا (اُر۔محاورہ) مُصیبت پڑنے پر کوئی تجویز کارگر نہ ہونا۔

وقت پر کوئی کام نہیں آتا (اُر۔مثل) مُصیبت میں کوئی مدد نہیں کرتا۔

وقت پر گولی بچانا (اُر۔محاورہ) موقع پر دغا دے جانا۔ ٹل جانا۔ حالات کی زد سے بچ جانا۔

وقتِ پیری شباب کی باتیں۔ ایسی ہیں جیسے خواب کی باتیں (اُر۔مثل) بڑھاپے میں جوانی کی باتیں یوں معلوم دیتی ہیں جیسے کوئی خواب دیکھا تھا۔

وقت پڑنا (اُر۔محاورہ)(۱) مُصیبت پڑنا (۲) دِقّت یا دُشواری ہونا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ضرورت مند ہونا۔
وقت پڑنے پر گدھے کو باپ بناتے ہیں (اَر۔مثل) ضرورت یا لاچاری کی حالت میں ادنیٰ درجے کے لوگوں کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔
وقت پڑنے پر جانئے کو بیری کو میت (ہ۔مثل) یہ بات مُصیبت کے موقع پر ہی معلوم ہوتی ہے کہ کون دُشمن ہے اور کون دوست۔ دوست دُشمن کی تمیز مُصیبت کے وقت ہوتی ہے۔
وقت تاکنا (دیکھنا) (اَر۔محاورہ) موقع کی تلاش میں رہنا۔
وقت تنگ ہونا (اَر۔محاورہ) کوئی کام جس وقت کرنا ہو اُس میں تھوڑا وقفہ رہ جانا۔
وقت ٹالنا (اَر۔محاورہ) وقت گزاری کرنا۔ موقع ٹالنا۔
وقت ٹھیک کرنا (اَر۔محاورہ) گھڑی کا وقت دُرست کرنا۔
وقت جاکر نہیں آتا (اَر۔مقولہ) جو لمحہ گُزر جاتا ہے وہ پھر واپس نہیں آتا۔
وقت خراب کرنا (اَر۔مص مُرکّب) وقت ضائع کرنا۔
وقت دینا (اَر۔محاورہ) مُلاقات یا کسی کام کے لئے وقت مُقرّر کرنا۔
وقت سب کچھ کرا لیتا ہے (اَر۔مقولہ) موقع اور ضرورت کے وقت انسان وہ کام کرلیتا ہے جو اُس سے عام حالات میں نہیں ہوتا۔
وقت ضائع کرنا (اَر۔مص مُرکّب) بیکار مشغلوں میں وقت برباد کرنا۔
وقتِ فضیلت (ع۔ا۔مذ) وہ وقت جب نماز پڑھنا افضل ہو۔
وقت کا (اَر۔صف) زمانے کا۔ عہد کا۔
وقت کا پابند (اَر۔صف) ٹھیک وقت پر کام کرنے والا۔
وقت کاٹنا (اَر۔محاورہ) وقت گُزارنا (۲) دِن پُورے کرنا (۳) دِل بہلانا۔
وقت کا خون کرنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے وقت ضائع کرنا۔ وقت خراب کرنا۔ وقت کھونا۔
وقت کا رونا بے وقت کی ہنسی سے اچھا (اَر۔مثل) ہر بات اور ہر کام اپنے موقع پر اچھا معلوم ہوتا ہے۔
وقت کو غنیمت جانئے (اَر۔مقولہ) موقع سے فائدہ اُٹھانا چاہئے۔
وقت کھونا (اَر۔مص مُرکّب) دیکھئے وقت ضائع کرنا۔
وقت کی بات (اَر۔ا۔مث) اِتفاقی بات۔ خُدائی اَمر۔
وقت کی خوبی ہے (اَر۔روزمرّہ) بُرے دِن آجانے کی وجہ سے پریشانی اُٹھانی پڑ رہی ہے۔
وقت کے بادشاہ ہیں (اَر۔مثل) (۱) بہت وسیع اِختیارات کے مالک ہیں (۲) (طنزاً) لاپروا ہیں۔ بے فکر ہیں۔
وقت کے وقت (اَر۔تابع فعل) عین موقع پر۔ بروقت۔ ٹھیک اُس وقت جب ضرورت ہو۔
وقت گُزار دینا (اَر۔محاورہ) (۱) لٹکائے رکھنا (۲) کام وقت پر نہ کرنا (۳) موقع نکال دینا۔
وقت گُزارنا (اَر۔محاورہ) وقت کاٹنا۔ دِن گُزارنا۔
وقت گُزر جانا (اَر۔محاورہ) موقع ٹل جانا۔ وقت جاتا رہنا۔
وقت گُزر گیا بات رہ گئی (اَر۔مثل) وقت تو اچھا بُرا گُزر گیا مگر شکایت رہ گئی۔
وقت گُزرے پیچھے عقل آتی ہے (اَر۔مثل) کام بگڑنے کے بعد ہی تدبیر سُوجھتی ہے۔
وقت گنوانا (اَر۔مص مُرکّب) دیکھئے وقت ضائع کرنا۔
وقت مِلنا (اَر۔محاورہ) (۱) فُرصت ہونا (۲) موقع ہاتھ آنا۔
وقت نازک ہونا (اَر۔محاورہ) حالات اچھے نہ ہونا۔ ایسی حالت ہونا جس میں دیکھ بھال کر چلنا چاہئے۔
وقت نا وقت (اَر۔تابع فعل) بے قاعدگی سے۔ وقت بے وقت۔ موقع بے موقع۔ وقت مقرّر کئے بغیر۔ کبھی کبھی۔ گاہ بگاہ۔
وقت نکالنا (اَر۔محاورہ) (۱) فُرصت نکالنا (۲) مُصیبت یا پریشانی کے زمانے میں زندگی جوں توں گُزارنا۔
وقت نکل جاتا ہے 'بات رہ جاتی ہے (وقت نہیں رہتا' بات رہ جاتی ہے) (اَر۔مثل) کام تو کسی نہ کسی طرح نکل جاتا ہے البتہ جو ضرورت یا مُصیبت میں ساتھ نہ دے اُس کی بدسلوکی یاد رہتی ہے۔
وقت نکل جانا (اَر۔محاورہ) (۱) ضرورت پُوری ہو جانا۔ مُصیبت ٹل جانا (۲) موقع ہاتھ سے جاتا رہنا۔
وقت نہ رہنا (اَر۔محاورہ) موقع نکل جانا۔ وقت گُزر جانا۔
وقتِ واپسیں (ع۔ف۔ا۔مذ) دمِ واپسیں۔ آخر وقت۔ نزع کا وقت۔ جان کنی کے لمحے۔ مرتے وقت۔
وقت وقت کا راگ اچھا ہوتا ہے (اَر۔مثل) ہر چیز اپنے موقع و محل پر اچھی ہوتی ہے۔
وقت وقت کا راگ ہے (اَر۔مثل) ہر وقت کی ایک الگ راگنی ہے۔ جیسا موقع ہو ویسی ہی بات کرنی چاہئے۔
وقت ہاتھ سے جانا (اَر۔محاورہ) موقع نکل جانا۔
وقت ہاتھ سے نہ دینا (اَر۔محاورہ) موقع نہ کھونا۔ وقت ضائع نہ کرنا۔
وقت ہو جانا (ہونا) (اَر۔محاورہ) (۱) وقت پُورا ہو جانا (۲) موقع ہونا۔
وَقتاً فَوَقتاً (وَق۔تن۔ف۔وَق۔تن) (ع۔تابع فعل) کبھی کبھی۔ گاہ بگاہ۔
وَقتی (وَق۔تی) (ع۔صف) (۱) وقت کا۔ زمانے کا (۲) عارضی۔
وَقر (بفتح اوّل وسکونِ دوم وسوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) بڑائی۔ عظمت۔ بُزرگی (۲) عزّت آبرو۔ قدر و منزلت (۳) رُتبہ۔ مرتبہ۔ درجہ۔ پایہ۔ منصب (۴) حلم۔ تمکنت۔
وقر اُٹھ جانا (اَر۔محاورہ) وقعت نہ رہنا۔ عزّت جاتی رہنا۔
وقر پانا (اَر۔محاورہ) عزّت حاصل کرنا۔ آبرو پانا۔
وقر کھونا (اَر۔محاورہ) عزّت گنوانا۔ بے آبرو ہونا۔
وَقِس عَلیٰ ہٰذا (ہا۔ذا) (ع۔تابع فعل) اور اسی پر قیاس کرلو۔
وَقعت (وَق۔عت) (ع۔ا۔مث) عزّت۔ اِعتبار۔ ساکھ۔
وقعت کھونا (اَر۔محاورہ) (۱) عزّت نہ رکھنا (۲) اِعتبار یا ساکھ برباد کرنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وَقف (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) ٹھہراؤ۔ توقّف (۲) خُدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی مالک نہ بنایا گیا ہو۔ رفاہِ عام کی چیز جسے ہر شخص استعمال کر سکتا ہو (۳) ساکن حرف کے بعد غیر متحرک حرف آنا جیسے پیار میں "ر" (۴) (صف) اِتنا زیادہ مصروف و مشغول کہ دُوسری طرف توجّہ نہ دے سکے۔ جمع: اَوقاف۔

وقفِ اَولاد (وقف علی الاَولاد) (ع۔ا۔مذ) (فقہ کی اِصطلاح) وہ چیز جو مالک اپنی اولاد کے لئے وقف کرے۔

وقف کرنا (اَر۔ محاورہ) خُدا کے نام پر چھوڑنا۔ رفاہِ عام کے لئے چھوڑنا۔

وقف نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ دستاویز جو وقف مال کی بابت لکھی جائے۔

وقف ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) خُدا کے نام پر چھوڑا جانا۔ کسی کی ملکیت نہ ہونا (۲) کسی کام میں اِس قدر مصروف ہونا کہ کسی اور طرف متوجّہ نہ ہو سکنا۔ جو کام کرنا اُسی کا ہو جانا۔

وَقفہ (وَق۔فہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) مُہلت۔ تھوڑی سی دیر (۲) قرآنِ مجید کی تلاوت میں اوقاف پر رُکنا۔

وقفہ دینا (اَر۔ محاورہ) مُہلت دینا۔ موقع دینا۔ فرصت دینا۔

وُقُوع (وُ۔قوع) (ع۔ا۔مذ) واقع ہونا۔ ظہور۔ اِظہار۔

وقوعِ جُرم (ع۔ا۔مذ) جُرم کیا جانا۔ جُرم ہونا۔ جُرم کا ارتکاب یا وقوع۔

وقوع میں آنا (اَر۔ محاورہ) واقع ہونا۔ ظاہر ہونا۔ سرزد ہونا۔

وُقُوعہ (وُ۔قو۔عہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) واقعہ۔ حادثہ۔ سانحہ۔ واردات۔ صدمہ (۲) ہنگامہ (۳) دنگا فساد۔ جمع: وقوعات۔

وُقُوف (وُ۔قوف) (ع۔ا۔مذ) (۱) جاننا۔ علم۔ آگاہی۔ فہم۔ سمجھ۔ واقفیت (۲) شعور۔ تمیز۔ سلیقہ (۳) تجربہ۔ مہارت (۴) ٹھہرنا (حاجیوں کا مقامِ عرفات میں)۔

وُقوف پکڑنا (اَر۔ محاورہ) عقل سیکھنا۔ تمیز سیکھنا۔ شعور پیدا کرنا۔

وُقوف پیدا کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہُنر مند بننا (۲) لیاقت حاصل کرنا۔

وُقوف دار (ع۔ف۔صف) جاننے والا۔ سمجھنے والا۔ تجربہ کار۔

وَقِیع (وَ۔قیع) (ع۔صف) وقعت رکھنے والا۔ معزّز۔ عزّت دار۔ ذی عزّت (۲) بلند مرتبہ۔ ذی وقار۔

وَقِیعَہ (وَقِیعَت) (وَ۔قی۔عہ) (وَ۔قی۔عت) (ع۔ا۔مث) غمّازی۔ چُغل خوری (۲) لڑائی۔ کارزار۔

و۔ک

وَکالَت (وَ۔کا۔لت) (وَ۔کا۔لت) (ع۔ا۔مث) وکیل کا کام۔ وکیل کا پیشہ۔ وکیل ہونا (۲) نیابت۔ قائم مقامی۔ کسی کا مُعاملہ اُس کے نمائندے کی حیثیت سے پیش کرنا (۳) کسی کی طرف سے پیروی کرنا۔

وکالت کرنا (اَر۔ مص مُرکّب) وکیل کا پیشہ کرنا۔ وکیل کا کام کرنا۔ کسی کی طرف سے پیروی کرنا۔ کسی کی حمایت کرنا۔

وکالت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وکیل مقرّر کرنے کا تحریری اِقرار نامہ۔ وکالت کے لئے مختار نامہ۔

وکالت نامہ تصدیق ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) وکالت نامے پر متعلقہ حاکم عدالت کے دستخط ہونا۔

وَکالَتاً (وَ۔کا۔لَ۔تَن) (ع۔ تابع فعل) وکیل کے ذریعے۔ وکیل کی معرفت۔ اصالتاً کی ضِد۔

وِکٹ (Wicket) (انگ۔ا۔مث) کرکٹ کے کھیل میں وہ تین ڈنڈے جن کے آگے کھڑا ہوا کھلاڑی بلّے کے ذریعے اُس گیند کو روکتا ہے جو مخالف ٹیم کا باؤلر سامنے سے وکٹوں پر مارنے کے لئے پھینکے۔ اُردو جمع: وکٹوں۔ وکٹیں۔

وکٹ کیپر (Wicket Keeper) (انگ۔ا۔مذ) وکٹ کے پیچھے کھڑے ہو کر گیند روکنے والا۔

وکٹ گرانا (اَر۔ مص مُرکّب) وکٹ پر گیند مار کر کھلاڑی کو آؤٹ کر دینا۔

وِکٹوریا (Victoria) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی گھوڑا گاڑی۔

وکٹوریا کراس (Victoria Cross) (انگ۔ا۔مذ) ایک تمغا جو ۱۸۵۶ء میں برطانیہ کی ملکہ وکٹوریا کے عہد میں رائج ہوا۔ یہ تمغا اُن فوجی جوانوں کو دیا جاتا ہے جو دُشمن کے مقابلے میں غیر معمولی شُجاعت کا مظاہرہ کریں۔

وُکَلا (وُ۔کَ۔لا) (ع۔ا۔مذ) وکیل کی جمع۔

وَکِیل (وَ۔کیل) (ع۔ا۔مذ) (۱) مختار۔ قائم مقام۔ نائب۔ وہ شخص جس کے سپرد اپنا کام کیا جائے (۲) سندیافتہ قانون دان جو عدالت میں کسی فریق کی طرف سے مقدّمے کی پیروی کرے اور جس کا یہی پیشہ ہو۔ جمع: وُکلا۔ اُردو جمع: وکیل۔ وکیلوں۔

وکیلِ سرکار (ع۔ف۔ا۔مذ) حکومت کی طرف سے مقدّمے کی پیروی کرنے والا وکیل۔

وکیلِ عام (ع۔ا۔مذ) ایسا کارندہ جسے ہر بات کا پُورا پُورا اِختیار ہو۔ مختارِ عام۔

وکیل کرنا (کھڑا کرنا) (اَر۔ محاورہ) مقدّمے کی پیروی کے لئے کسی وکیل کو مقرّر کرنا۔

و۔گ

وِگ (Wig) (انگ۔ا۔مث) مصنوعی بالوں کی ٹوپی۔ اُردو جمع: وِگوں۔ وِگیں۔

وَگر (وَ۔گر) (ف۔ حرفِ عطف) اور اگر۔

وَگرنَہ (وَ۔گر۔نہ) (ف۔ حرفِ شرط) ورنہ۔ اور اگر نہیں۔

و۔ل

وَلا (وَ۔لا) (ع۔ا۔مث) محبّت۔ اُلفت۔ دوستی۔

وِلا (وِ۔لا) (ف۔ا۔مذ) وقت۔ عرصہ۔ (پن) ویلا۔

وِلا (Villa) (انگ۔ا۔مذ) دیہاتی محل یا مکان۔ بنگلا۔

وِلادَت (وِ۔لا۔دت) (ع۔ا۔مث) بچّہ پیدا ہونا۔ جنم۔ پیدائش۔

وِلایَت (وِ۔لا۔یَت) (ع۔ا۔مث) مُلک۔ اِقلیم۔ سلطنت۔ مملکت۔ بادشاہت

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۲) محکوم ملکوں کے باشندوں کے لئے وہ ملک جہاں کا بادشاہ ہو (۳) کسی کام کی ذمّے داری۔ کفالت (۴) ولی ہونا۔ سرپرست ہونا (۵) ولی کا مرتبہ۔

ولایت پانا (اَر۔ محاورہ) ولی بننا۔ ولی کا مرتبہ حاصل کرنا۔

ولایت زا (ع۔ف۔ صف) وہ جس کی پیدائش ولایت میں ہوئی ہو۔

ولایت مآب (ع۔ صف۔ وا۔ مذ) (۱) ولی۔ صاحبِ ولایت (۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

ولایت میں کیا گدھے نہیں ہوتے؟ (اَر۔ مثل) بے وقوف، عقل مندوں اور داناؤں کے دیس میں بھی پائے جاتے ہیں۔

وِلایتۃً (وِ۔لا۔یَ۔تَن) (ع۔ تابع فعل) اَز رُوئے ولایت۔ ولی ہونے کی بنا پر (۲) والی وارث ہونے کی حیثیت سے۔

وِلایَتی (وِ۔لا۔یَ۔تی) (ع۔ صف) (۱) ولایت کا رہنے والا (۲) ولایت کا بنا ہوا (۳) جنگلی۔ وحشی۔ اَنجان۔ بولی نہ سمجھنے والا (۴) (اَر۔ ا۔مث) تلوار۔ شمشیر۔

وَلَد (وَلَد) (وَ۔لَد) (ع۔ ا۔ مذ) بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔ پُوت۔ جمع: اَولاد۔

ولدُ الحرام (وَ۔لَ۔دُل۔حَ۔رام) (ع۔ صف) حرامی۔ حرام کا جنا۔

ولدُ الحلال (وَ۔لَ۔دُل۔حَ۔لال) (ع۔ صف) حلالی۔ حلال کا جنا۔

ولدُ الحیض۔ دیکھئے ولدُ الحرام۔

ولدُ الزّنا (وَ۔لَ۔دُز۔زِ۔نا) (ع۔ صف) حرام زادہ۔

وَلدِیّت (وَ۔ل۔دی۔یَت) (ع۔ ا۔ مث) باپ کا نام۔ حسب نسب۔ اصل۔ نسل۔ خاندان۔

وَلَندیز (وَ۔لَن۔دیز) (یائے مجہول) (ع۔ ا۔ مذ) نیدر لینڈز (ہالینڈ)۔ یورپ کا ایک ملک۔

وَلَندیزی (وَ۔لَن۔دے۔زی) (ع۔ صف) (۱) ولندیز سے متعلق (۲) ولندیز کا باشندہ۔

ولندیزی گفتگو (اَر۔ ا۔مث) ڈینگیں مارنا۔ شیخی بگھارنا۔

ولندیزی لُقّے چلتے ہیں (اَر۔ مثل) لاابالی یا اُوپری باتیں کرتے ہیں۔

وَلوَلہ (وَل۔وَ۔لَہ) (ع۔ ا۔ مذ) جوش۔ اُمنگ۔ بہت زیادہ شوق۔

ولولہ اُٹھنا (آنا) (اَر۔ محاورہ) جوش پیدا ہونا۔ اُمنگ پیدا ہونا۔

ولولہ انگیز (ع۔ف۔ صف) جوش اور اُمنگ پیدا کرنے والا۔

وَلی (وَ۔لی) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ایسا آدمی جو خُدا کے قریب ہو (۲) سرپرست۔ محافظ۔ مُربّی۔ متولّی۔ جمع: اَولیا۔ اُردو جمع: ولی۔ ولیوں۔

ولیُ اللہ (وَ۔لی۔یُل۔لاہ) (ع۔ ا۔ مذ) خُدا رسیدہ۔ مُقرّبِ بارگاہِ الٰہی۔ بُزرگِ دین۔

ولی جائز (ع۔ ا۔ مذ) وہ شخص جسے کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کا ولی مقرّر کیا گیا ہو۔

ولی خنگر (کھنگر۔ کھنگڑ) (اَر۔ صف) (۱) حمایتی۔ مددگار۔ سرپرست (۲) بناوٹی ولی۔ خودساختہ پیر و مُرشد۔

ولی را ولی می شناسد (ف۔ مثل) کسی آدمی کی اصلیت کو وہی شخص تاڑتا ہے جو خود اُسی جیسا ہو۔

ولی عہد (ع۔ ا۔ مذ) بادشاہِ وقت کا ہونے والا جانشین۔ وارثِ تخت و تاج۔

ولی عہدی (ع۔ ا۔ مث) (۱) ولی عہد کا مرتبہ (۲) ولی عہد رہنے کا زمانہ۔

ولیِ قریب (ع۔ ا۔ مذ) نزدیکی سرپرست۔

ولی کے گھر شیطان (اَر۔ مثل) لائق آدمی کا نالائق بیٹا۔ اچھوں کی بُری اولاد۔

ولیِ نعمت (ع۔ صف) پرورش کرنے والا۔ آقا۔ مُربّی۔ سرپرست۔

ولی نے کیا کام شیطان کا (اَر۔ مثل) شریف آدمی نے بدمعاشوں جیسی حرکت کی۔

وَلے (وَ۔لے) (ف۔ حرفِ اِستدراک) ولیک کا مُخفف۔ لیکن۔ مگر۔

وَلیک (وَلیکن) (وَ۔لیک) (وَ۔لے۔کِن) (ف۔ حرفِ اِستدراک) ولیک و لیکن کا مُخفف اور ولیکن عربی وَلکِن (اور مگر۔ اور لیکن) کا بگاڑ ہے۔ لیکن۔ مگر۔

وَلیمہ (وَ۔لی۔مَہ) (ع۔ ا۔ مذ) شادی کی ضیافت۔ بیاہ کی دعوت۔ نکاح کے بعد کی دعوت جو دُولھا کی طرف سے دی جاتی ہے۔ اُر جمع: ولیموں۔ ولیمے۔

وِلین (Villain) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) بدمعاش (۲) ڈرامے میں بدکردار شخص۔ ہیرو کی ضد۔

وَلیّہ (وَ۔لی۔یَہ) (ع۔ ا۔ مث) (۱) ولی کی تانیث۔ ولی عورت (۲) وہ خاتون جو کسی نابالغ کی سرپرست مقرّر کی جائے۔

و۔ن

وُن (بالضم) (ق۔ ضمیر) وہ کی جمع۔ اُن۔

وَنت (نُون غنّہ) (س۔ لاحقہ) صاحب۔ والا۔ مالک جیسے دھن ونت۔

ونڈائک (Vandyke) (انگ۔ ا۔ مذ) ایک خاص طریقۂ کتابت وطباعت۔

وِنگ کمانڈر (Wing Commander) (انگ۔ ا۔ مذ) ہوائی فوج کا افسر۔ فضائیہ کا ایک عُہدے دار۔

وُنہیں (وُن۔ ہیں) (یائے مجہول) (ق۔ ضمیر) اُنہیں۔ اُن کو۔

و۔و

وو (ق۔ ا۔ اشارہ) دیکھئے وہ۔

ووٹ (Vote) (انگ۔ ا۔ مذ) (۱) رائے (۲) کسی معاملے کے فیصلے کے لئے رائے دینا۔ عوامی نمائندوں کے اِنتخاب کے لئے تحریری اِظہارِ رائے کی پرچی (۳) رائے دہی۔

ووٹ پڑنا (ڈالنا) (اَر۔ محاورہ) نام زدگی کے کاغذ پر دستخط کرکے بیلٹ بکس میں ڈالنا (ڈالا جانا)۔

ووٹ دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) رائے دینا (۲) کسی تجویز کے خلاف یا موافقت میں رائے دینا۔

ووٹر (Voter) (انگ۔ ا۔ مذ) رائے دہندہ۔ اُردو جمع: ووٹر۔ ووٹروں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ووٹنگ (Voting) (انگ۔ا۔مث) رائے دہی۔
وولٹ (Volt) (انگ۔ا۔مذ) برقی رَو (کرنٹ) کو ناپنے کی اکائی (یونٹ)۔
وُوں (ق۔ تابع فعل) اُس طرح۔
وُوں سا (ق۔ تابع فعل) ویسا ہی۔ اِسی طرح کا۔
وُوں کا (وُوں نہیں) (وُوں ہیں) (ق۔ تابع فعل) جوں کا تُوں۔ ویسا ہی۔
وُوں ہی (ق۔ تابع فعل) فوراً۔ اُسی وقت۔
وُوئی (وُو۔ئی) (ہ۔ کلمۂ تعجب) واہ! اُوئی! (عورتیں کہتی ہیں)۔

و۔ہ

وَہ (بفتح اوّل) (ف۔ کلمۂ تحسین) (۱) واہ! شاباش! (۲) (کلمۂ افسوس) ہائے! (۳) (کلمۂ نفرت) ہُونہہ!
وُہ (بالضم۔ ہندی میں بالفتح) (اَر۔ ضمیر و اِشارہ) (۱) غائب یا بعید کی طرف اِشارہ (۲) اُس قدر۔ اُتنا (۳) ایسا۔ اُس قسم کا۔ اُس درجے کا (۴) پہلا سا (۵) اُونچے مرتبے کا (۶) پوشیدہ بات کی طرف اِشارہ (۷) لوگوں کو متوجّہ کرنے کے لئے (۸) وہ کاٹا۔ (پن) بو۔
وہ آنکھیں نہیں رہیں (اَر۔ مثل) وہ پہلی سی مُروّت اور محبت نہیں رہی۔ وہ انداز وہ طور طریقے جاتے رہے۔
وہ اپنی خوشی کا ہے (اَر۔ مثل) وہ کسی کا کہنا نہیں مانتا۔
وہ بات (اَر۔ا۔مث) وہ مرتبہ یا عزّت و اِحترام (۲) وہ کام (۳) وہ موقع۔
وہ بات ہو گئی (اَر۔ بول چال) وہ کام ہو گیا۔ مقصد حاصل ہو گیا۔
وہ بال کھینچوں کہ جس کی جڑ دُور ہو (اَر۔ مثل) سارے عیب ظاہر کر دوں جس سے تمام عالم میں رُسوائی ہو۔
وہ بھلامانس کیسا جس کے پاس نہیں پیسا (اَر۔ مثل) رُوپے پیسے سے اِنسان شریف بن جاتا ہے۔
وہ بھی دِن ہو گا (گھڑی ہو گی) (اَر۔ کلمۂ تمنائیہ) کوئی ایسا وقت بھی آئے گا جب اپنا اَرمان پُورا ہو گا۔
وہ بھی نہ ہُوا (اَر۔ بول چال) وہ بات بھی نہ ہوئی۔ وہ مقصد بھی حاصل نہ ہوا۔
وہ پانی مُلتان بہ گیا (اَر۔ مثل) وہ موقع جاتا رہا۔
وہ تو کہئے (اَر۔ بول چال) غنیمت یہ ہے کہ۔
وہ جانے اور اُس کا اِیمان جانے (اَر۔ مثل) کسی چیز کو کسی کے اِیمان اور نیّت پر چھوڑ دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔
وہ جانے اور اُس کا کام جانے (اَر۔ مثل) کام سے سُبک دوش ہونے یا بری الذّمہ ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے۔
وہ جو کہا ہے (اَر۔ تابع فعل) جیسا کہ کہا ہے۔ جیسا کہ بیان ہوا ہے۔
وہ دڑبا ہی جل گیا (اَر۔ مثل) وہ معاملہ ہی ٹھنڈا پڑ گیا یا ختم ہو گیا۔
وہ دفتر گاؤ خورد ہو گیا (اَر۔ مثل) وہ کام ختم ہو گیا۔
وہ دِل ہی نہیں رہا (اَر۔ روزمرّہ) وہ حوصلہ نہیں رہا۔ وہ طبیعت نہیں رہی۔
وہ دِن (اَر۔ا۔مذ) وہ وقت۔ وہ زمانہ۔
وہ دِن اور آج کا دِن (اَر۔ تابع فعل) اُس دِن سے لے کر آج تک۔
وہ دِن بھی آئے (اَر۔ بول چال) وہ وقت بھی آیا۔
وہ دِن بھی غنیمت تھے (اَر۔ مقولہ) وہ زمانہ بہت اچھا تھا۔
وہ دِن ڈُوبا جب گھوڑی چڑھا کُبڑا (اَر۔ مثل) جس دِن یہ عیب دار (کُبڑا) دُولھا بنے گا وہ دِن غارت ہو جائے گا۔
وہ دِن کیا تھے (اَر۔ مقولہ) کیا اچھا زمانہ تھا۔
وہ دِن کہاں (اَر۔ مقولہ) وہ وقت اب میسّر نہیں۔
وہ دِن گئے (اَر۔ مقولہ) وہ زمانہ نہیں رہا۔
وہ دِن گئے جب خلیل خاں فاختہ اُڑایا کرتے تھے (اَر۔ مثل) پچھے دِن گزر گئے۔ اب اور وقت ہے۔
وہ دِن یاد کرو (اَر۔ مقولہ) اپنی پچھلی حالت کو نہ بُھولو۔
وہ ڈُوبیں منجدھار جن پر بھاری بوجھ (اَر۔ مثل) اپنے پیچھے زیادہ جھگڑے نہ لگاؤ ورنہ تباہ ہو جاؤ گے۔
وہ کاٹا (اَر۔ کلمۂ تحسین) پتنگ کاٹنے پر بولا جاتا ہے۔ (پن) بو۔
وہ کچھ (اَر۔ تابع فعل) بہت کچھ۔
وہ کر چکا (اَر۔ مقولہ) اُس سے یہ کام نہ ہو گا۔ وہ نہیں کرے گا۔
وہ کچھ سُنائیں (اَر۔ روزمرّہ) بہت کچھ بُرا بھلا کہا۔
وہ کملی ہی نہیں جس میں تِل بندھے تھے (اَر۔ مثل) اب وہ بات ہی نہیں ہے جس کی وجہ سے لوگ متوجّہ ہوتے تھے۔
وہ کوودں دے کر پڑھا ہے (اَر۔ مثل) لکھنا پڑھنا بالکل ہی نہیں جانتا۔ اُستاد کی اچھی خدمت نہیں کی۔ اِس لئے ٹھیک سے پڑھنا ہی نہیں آتا۔
وہ کون دِن تھے (اَر۔ مقولہ) کیا اچھا زمانہ تھا۔
وہ کون سی کشش ہے جس میں تنکا نہیں؟ (اَر۔ مثل) ہر چیز میں کوئی نہ کوئی عیب ضرور ہوتا ہے۔
وہ کیا کسی کا خُدا ہے؟ (اَر۔ مقولہ) یعنی اُس سے کوئی نہیں ڈرتا۔
وہ کیمیا گر کیسا جو مانگے پیسا (اَر۔ مثل) (۱) ہنرمند کو اپنا کام دُوسروں سے نہیں کروانا چاہئے (۲) دولت مند ہو کر مُفلسوں کی سی حرکتیں نہیں کرنی چاہئیں۔
وہ مارا (اَر۔ کلمۂ تحسین) کسی کام میں اچانک کامیابی و فتح حاصل ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔
وہ نہیں تو اُس کا بھائی سہی (اَر۔ مثل) کسی خاص آدمی کے نہ ہونے سے کام رُکا نہیں رہتا۔
وہ وہ (اَر۔ تابع فعل) ایسا ایسا۔
وَہّاب (وَہ۔ہاب) (ع۔ صف) بہت بخشنے والا۔ خُدا تعالیٰ کا ایک صِفاتی نام۔
وَہّابی (وَہ۔ہا۔بی) (ع۔ صف) مُسلمانوں کا ایک فرقہ جو محمد بن عبدالوہاب نجدی کا پیرو ہے۔ وہّابی بدعتوں کے سخت مُخالف ہیں اور خُدا کے سوا کسی کی تعظیم شرک سمجھتے ہیں۔ ائمہ کی تقلید کے بھی قائل نہیں۔ اَر۔ جمع: وہابی۔ وہابیوں۔
وَہّاج (وَہ۔ہاج) (ع۔ صف) بہت چمکتا ہوا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

وھارف (وارف) (Wharf) (انگ۔ا۔مذ) گھاٹ۔
وَہاں (وَ۔ہاں) (اَر۔تابع فعل) اُس جگہ۔ اس مقام پر۔ اُدھر۔ کسی کے یہاں۔
وہاں تک گدگدایئے جہاں تک دُوسرا رو نہ دے (وہاں تک ہنسایئے جو رو نہ دے) (اَر۔مثل) ہنسی مذاق اِتنا ہی اچھا ہے جتنا ناگوار نہ گزرے اور باعثِ تکلیف نہ ہو۔
وہاں فرشتوں کے پَر جلتے ہیں (اَر۔مثل) وہاں کوئی نہیں جا سکتا۔ وہاں جانے کی کوئی جرأت نہیں کر سکتا۔
وہاں گردن ماریئے جہاں پانی نہ ملے (اَر۔مثل) ایسے کو تو سنگین سزا دینا چاہیئے۔ اذیت سے مارنا چاہیئے۔
وَہب (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) بخشش۔ عطا۔ سخاوت۔
وَہبی (وَہ۔بی) (ع۔صف) قُدرت کی طرف سے دیا گیا۔ بخشا ہوا۔ کسبی کی ضد۔
وِھپ (وِپ) (Whip) (انگ۔ا۔مذ) پارلیمنٹ کی کسی پارٹی کا وہ عُہدیدار جو اُس کے اراکین میں تال میل رکھتا ہے۔
وَہلا (وَہلَہ) (وَہ۔لا) (ع۔ا۔مذ) (۱) حملہ۔ دھاوا (۲) نوبت۔ باری۔
وَہلُمَّ جرًّا (وَ۔ہَ۔لُم۔ما۔جر۔رَن) (ع۔مقولہ) اور چلے آؤ کھنچتے ہوئے۔ اسی طرح۔ وغیرہ وغیرہ۔
وَہم (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) (۱) شک۔ گمان۔ اِحتمال۔ بے اعتباری (۲) دماغ کی وہ قوت جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے۔ جمع: اَوہام۔ اُردو جمع: وہم۔ وہموں۔
وہم بندھنا (اَر۔محاورہ) شک گزرنا۔ کسی چیز میں کوئی کمی یا خامی سمجھنا۔
وہم کا پُتلا (اَر۔ا۔مذ) وہ اِنسان جو ہر بات میں وہم کرے۔
وہم کرنا (اَر۔محاورہ) بے بُنیاد خیال قائم کرنا۔ وسواس کرنا۔
وہم کی دوا (دارُو) تو لقمان کے پاس بھی نہیں (اَر۔مثل) وہم دُور کرنے کی کوئی تدبیر ممکن نہیں۔ وہم کا کوئی علاج نہیں۔
وہم لانا (اَر۔محاورہ) دِل میں شک گزرنا۔ بدگمانی کرنا۔
وَہمی (وَہ۔می) (ع۔صف) (۱) جو ہر بات میں وہم کرے (۲) وہم سے تعلّق رکھنے والی بات۔ قیاسی۔ خیالی۔ موہوم۔
وَہُوَ ہٰذا (وَ۔ھُ۔وَ۔ہا۔ذا) (ع۔تابع فعل) اور وہ یہ ہے۔ اور وہ یوں ہے۔
وُہی (وُ۔ہی) (اَر۔تابع فعل) (۱) وُہی (۲) اُسی طرح۔ مثل سابق۔ پہلے ہی جیسے طریقے سے۔
وُہی اپنا جو اپنے کام آئے (اَر۔مثل) جس سے فائدہ یا فیض پہنچے اُسی کو اپنا سمجھنا چاہیئے۔
وُہی بات گھوڑے کی لات (اَر۔مثل) بے بُنیاد بات کے بارے میں کہتے ہیں۔
وُہی تو کہوں (اَر۔تابع فعل) مجھے خود ہی یہ خیال آتا ہے۔
وُہی تین بیسی وُہی ساٹھ (اَر۔مثل) بات ایک ہی ہے۔ چاہے جیسے کہہ لو۔
وُہی ڈھاک کے تین پات (اَر۔مثل) معاملہ جُوں کا توں ہے۔ معمولی مقررہ رقم ملنے پر کہتے ہیں۔
وُہی راگ گانا (اَر۔محاورہ) کہی ہوئی بات بار بار کہنا۔
وُہی کاسہ وہی اُکش (اَر۔مثل) وہی پیالہ اور وہی امیروں کا جُھوٹا کھانا (اُکش)۔ حالت تبدیل نہ ہونے پر کہتے ہیں۔
وُہی مُرغے کی ایک ٹانگ (اَر۔مثل) ایک ہی بات کی پچ کیے جانا۔ اپنی ہی رٹ لگانا۔
وُہی من، وہی چالیس سیر (اَر۔مثل) مطلب ایک ہی ہے چاہے جیسے سمجھ لو۔ نیز دیکھئے وہی تین بیسی۔
وُہی میاں دربار کو، وہی چُولھا پھونکنے کو (اَر۔مثل) وہ شخص جس کو اپنے سارے چھوٹے بڑے کام خود ہی کرنے پڑیں۔
وُہی وُہ (اَر۔تابع فعل) اِنحصار کے لئے مستعمل ہے۔
وُہی ہم وُہی تُم (اَر۔مقولہ) پُرانی جان پہچان۔ نہ تم بدلے نہ ہم بدلے۔
وھیل (Whale) (انگ۔ا۔مث) دیکھئے ویل جو صحیح ہے۔
وَہِیں (وَ۔ہیں) (اَر۔تابع فعل) (۱) اُسی جگہ۔ اُسی مقام پر (۲) اُسی وقت۔ اُسی دَم۔ اُسی لمحے۔ فوراً۔
وہیں کا ہو رہنا (اَر۔محاورہ) کسی جگہ جا کر جلد واپس نہ آنا۔ واپسی میں دیر لگانا۔ کہیں جا کر بیٹھ رہنا۔
وہیں مر رہا (اَر۔مقولہ) بڑی دیر کر دی۔ کسی کے اِنتظار میں کہتے ہیں۔

و۔ی

وِی (اَر۔کلمۂ نسبت) یائے معروف پر ختم ہونے والے اَسما کی ی کو واؤ سے بدل کر یائے نسبت بڑھاتے ہیں۔ جیسے دہلی سے دہلوی۔
وَے (وَ۔ض) وُہ کی جمع۔ اب متروک ہے۔ اُردو میں "وہ" واحد و جمع دونوں کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔
وَیاکَرَن (وَ۔یا۔کَ۔رَن) (س۔ا۔مذ) (۱) ترکیب (۲) تشریح (۳) صَرف و نحو۔ گرامر۔
وی۔ پی (V.P) (انگ۔ا۔مث) Value Payable کا مخفف۔ وہ مال جو قیمت دے کر ڈاک خانے سے وصول کیا جائے۔
ویتاگ (وے۔تاگ) (ق۔ا۔مث) محبت۔ دوستی۔
ویٹر (Waiter) (انگ۔ا۔مذ) ہوٹل کا وہ خدمت گار جو گاہکوں کو کھانا کھلاتا اور اُن کی ضرورتوں کا خیال رکھتا ہے۔
ویٹریس (Waitress) (انگ۔ا۔مث) ہوٹل میں کھانا کھلانے والی خادمہ۔
ویٹ لفٹنگ (Weight Lifting) (انگ۔ا۔مذ) وزن اُٹھانا۔ ایک ورزشی کھیل جس کے علاقائی اور عالمی سطح پر مقابلے ہوتے ہیں۔ کھلاڑیوں کو مختلف گروپوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جیسے لائٹ ویٹ، فیدر ویٹ، مڈل ویٹ اور ہیوی ویٹ وغیرہ۔ اپنے گروپ میں سب سے زیادہ وزن اُٹھانے والا اُس ویٹ یا کلاس کا چیمپئن قرار پاتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ویٹنگ رُوم (Waiting Room) (انگ۔ا۔مذ) اِنتظار گاہ۔

وِیٹو (Veto) (انگ۔ا۔مذ) کسی تجویز' فیصلے یا قانون کو نامنظور کرنے کا حق۔ حقِ استرداد۔

وِید (بیائے مجہول)(س۔ا۔مذ) علمِ الٰہی۔حق شناسی۔ہندوؤں کی مقدس کتاب۔

وَید (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ) ہندی طریقے سے علاج کرنے والا طبیب۔ بید۔جمع: وید۔ویدوں۔

ویدانت (وے۔دانت)(نون غنہ)(س۔ا۔مث) ہندوؤں کے فلسفے اور دینیات کا ایک نظام جس میں ذاتِ اِلٰہی پر بحث کی گئی ہے۔

ویدانتی (وے۔دان۔تی)(س۔ا۔مذ)(۱) وید کا عالم۔جس نے وید پڑھا ہو (۲)(صف) وید سے متعلق۔ وید کی تعلیم کے مطابق۔

وَیدک (وَے۔دِک)(س۔ا۔مذ) ہندی علم طِب۔

ویدک (وے۔دِک) (س۔ا۔مذ) (۱) وید کا عالم (۲) (صف) وید سے متعلق۔ وید کی تعلیمات کے مطابق۔

وِیر (بیائے معروف)(س۔صف) بہادُر۔شجاع۔

وَیرا (وَے۔را)(ہ۔ا۔مذ) ایسا مال یا سامان جو کسی کے ہاتھ زبردستی زیادہ قیمت پر فروخت کیا جائے۔

وَیراگ (وَے۔راگ)(س۔ا۔مذ) بیراگ۔سنیاس۔ترکِ دُنیا۔زُہدیت۔

وَیراگی (وَے۔را۔گی)(س۔ا۔مذ) جس نے دُنیا ترک کر دی ہو۔بیراگی۔

ویران (وی۔ران)(ف۔صف) اُجڑا ہوا۔غیر آباد۔تباہ شدہ۔بنجر۔اُجاڑ۔ جس میں کھیتی باڑی نہ ہوتی ہو (۲) پریشان۔ بے رونق۔ اُداس۔ حیران۔

ویران جگہ (اَر۔ا۔مذ) غیر آباد مقام۔اُجاڑ اور سُنسان مقام۔

ویران کرنا (اَر۔مص مُرکب) اُجاڑ دینا۔تباہ کر ڈالنا۔

ویران کھیڑا (اَر۔ا۔مذ) وہ اُجاڑ جگہ جہاں پہلے گاؤں آباد رہا ہو۔

ویران ہونا (اَر۔مص مُرکب)(۱) اُجڑنا۔بے گھر ہونا۔تباہ ہونا (۲) کسی جگہ سے آبادی کا اُٹھ جانا۔ غیر آباد ہو جانا (۳) گِرنا۔ مسمار ہونا (۴) پریشان ہونا۔تتر بتر ہونا۔

وِیرانہ (ف۔ا۔مذ) اُجاڑ اور غیر آباد جگہ۔اُردو جمع: ویرانوں۔ویرانے۔

ویرانہ نشین (ف۔صف) وہ شخص جو کسی اُجاڑ جگہ رہتا ہو۔جنگل میں رہنے والا۔

وِیرانی (وِی۔را۔نی)(ف۔ا۔مث)(۱) اُجاڑ پن۔ غیر آبادی (۲) تباہی۔ بربادی (۳) اَبتری۔پراگندگی (۴) بے رونقی (۵) اُداسی۔پریشانی۔

وِیرتا (وِیر۔تا)(س۔ا۔مث) بہادُری۔شجاعت۔جواں مردی۔

وَیرنا (وَیر۔نا)(ہ۔ا۔مث) ہل کا وہ لوہا جو ہل چلتے میں زمین کھودتا ہے۔ پھالی (۲)(مص) پھالی سے کھیت کی زمین جوتنا۔بیج ڈالنا۔

وِیروار (ہ۔ا۔مذ) جمعرات۔پنجشنبہ۔

وِیزا (Visa) (انگ۔ا۔مذ) پروانہ راہداری۔اُردو جمع: ویزوں۔ ویزے۔

ویزلین (Vaseline) (انگ۔ا۔مث) ایک قسم کی چکنی نرم چیز جو مرہم میں استعمال ہوتی ہے اور اعضا میں نرمی پیدا کرنے کے لئے لگاتے ہیں۔موم روغن۔

وَیسا (وَے۔سا)(ہ۔صف) اُسی طرح کا۔اُس جیسا۔اُس قسم کا۔اُس ڈھنگ کا۔

ویسا کا ویسا (اَر۔صف) جیسا پہلے تھا ویسا ہی۔جُوں کا تُوں۔

ویسا ہی (اَر۔صف) خاص اُسی قسم کا۔اُسی جیسا۔ٹھیک اُسی طرح کا۔

وَیسی (وَے۔سی)(ہ۔صف) وَیسا کی تانیث۔

وَیسے (وَے۔سے)(ہ۔صف)(۱) ویسا کی جمع (۲) ایسا کی مُغیرہ شکل۔

ویسے تو (اَر۔تابع فعل) عام طور سے۔اِس لحاظ سے۔دُوسرے پہلو سے۔

ویسے کا ویسا (اَر۔صف) دیکھئے ویسا کا ویسا۔

ویسے ہی (اَر۔صف) یُوں ہی۔ بغیر کسی خاص مطلب یا غرض کے۔بلاوجہ (۲) مُفت۔بطور تُحفہ یا بخشش۔

وَیش (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(س۔ا۔مذ) ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے وہ ذات جو تجارت اور زراعت کرتی ہے۔

ویشیا (ویش۔یا)(بیائے مجہول)(س۔ا۔مث) طوائف۔رنڈی۔بیسوا۔کسبی۔

ویکسین (Vaccine) (انگ۔ا۔مث) کسی بیماری کا زہریلا مادّہ جس کا ٹیکا لگانے سے اِنسان اُس بیماری سے محفوظ رہتا ہے۔

ویکنسی (Vacancy) (انگ۔ا۔مث) خالی جگہ' عُہدہ یا اسامی۔

ویگ (بیائے مجہول)(س۔ا۔مذ)(۱) حرکت۔صدمہ۔دھوکا (۲) سُرعت۔ تیزی (۳) مستی۔زور۔

ویگ آنا (ہ۔محاورہ) مادہ جانور کا مستی میں آنا۔

وَیگن (Wagon) (انگ۔ا۔مث) مال گاڑی کا ڈبا (۲) چھکڑا موٹر گاڑی۔

ویل (Whale) (انگ۔ا۔مث) مچھلی کی شکل کا ایک بہت بڑا بحری پستانیہ (ممَمل)۔

ویلکم (Welcome) (انگ۔اِستقبالیہ کلمہ) خوش آمدید۔مرحبا۔

وَیمپ (Vamp) (انگ۔ا۔مث) ڈرامے میں بُرے کردار کی عورت۔ ہیروئن کی ضد۔ولین کی تانیث۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہ

ہ (ہے)(ع۔ا۔مث) اُردو کا چوتھیسواں 'فارسی کا اِکتیسواں' عربی کا ستائیسواں اور ہندی کا تینتیسواں حرف۔ عربی و فارسی میں اِس کا تلفُّظ "ہا" ہے۔ اِسے ہائے ہوز بھی کہتے ہیں۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے پانچ عدد مُقرّر ہیں۔ یہ حرف قمری ہے۔ قمری حرف سے پہلے "اَل" آئے گا تو "لام" پڑھا جائے گا جیسے اَلہادی۔ فارسی میں یہ تعیینِ عدد' فاعلیّت اور مفعولیّت کا اِفادہ کرتی ہے مثلاً سہ سالہ 'بستہ' یا بندہ وغیرہ۔ اِس کی تین قسمیں ہیں۔ "ہائے" کے تحت دیکھئے۔

ہ۔ا

ہا (ف۔ا۔مث) (۱) حرف ہ کا تلفُّظ (۲) (ف۔لاحقہ) فارسی اِسموں میں علامتِ جمع جیسے درخت ہا۔ اَفسانہ ہا۔

ہا (اَر۔کلمۂ تأسّف) (۱) اَفسوس۔ حیف۔ دریغ (۲) کسی اَمر کے روکنے اور منع کرنے کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔

ہابُوڑا (ہا۔بُو۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) ایک لوٹ مار کرنے والی قوم۔ لُٹیرا۔ قزّاق۔ راہ زن۔ بٹ مار۔

ہابِیل (ہا۔بیل) (ع۔ا۔مذ) عبرانی لفظ "ہَب ئل" بمعنی بیٹا کا مُعرّب۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جسے اُس کے بڑے بھائی قابیل نے مار ڈالا تھا۔ دُنیا میں یہ پہلا اِنسانی قتل تھا۔

ہاپَڑ (ہا۔پَڑ)(ہ۔صف۔وا۔مذ)(۱) پیٹو۔ بہت کھانے والا (۲) کماد کا ذخیرہ۔

ہاپُس (ہا۔پُس)(ہ۔ا۔مذ) بڑے بڑے پھنکے لگانا۔

ہات (ہ۔ا۔مذ) ہاتھ۔ عموماً نظم میں مستعمل ہے۔

ہاتِف (ہا۔تِف)(ع۔ا۔مذ)(۱) غیب کی آواز۔ نوائے سروش (۲) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔ سروش۔

ہاتفِ غیب (ہاتفِ غیبی) (ع۔ا۔مذ) غیب کی آواز دینے والا فرشتہ۔ سروش۔

ہاتھ (ہ۔ا۔مذ) (۱) دَست۔ پنجہ (۲) ہتھیلی۔ کف (۳) آدھ گز کا ناپ۔ سرِ انگشت سے لے کر کہنی تک کا حِصّہ (۴) بس۔ قابُو۔ اِختیار۔ قبضہ (۵) باعِث۔ طفیل۔ وسیلہ (۶) حفاظت۔ حمایت۔ مدد (۷) وار۔ حملہ۔ چوٹ (۸) داؤں (۹) قُدرت۔ طاقت۔ قوّت (۱۰) معرِفت۔ ذریعہ (۱۱) دھوکا۔ شرارت (۱۲) تاش کے پتّے جو کسی کے حصّے میں آئیں۔ بازی (۱۳) تعلّق۔ دخل۔ تصرُّف۔ دسترس (۱۴) ہستی۔ وجود (۱۵) فیل بانوں کی اِصطلاح میں ہاتھی کی سُونڈ۔ جمع: ہاتھ۔ ہاتھوں۔

ہاتھ (آجانا) آنا (اَر۔محاورہ)(۱) میسّر آنا۔ دستیاب ہونا۔ مِلنا۔ حاصل ہونا (۲) قبضہ ہونا۔ قابُو میں آنا (۳) جاننا۔ معلوم ہونا۔ دریافت ہونا۔

ہاتھ آنکھوں سے لگانا (اَر۔محاورہ) (۱) صنّاعی اور دستکاری کی تعریف کے لئے کاریگر کے ہاتھ آنکھوں سے ملنا (۲) کمال تعظیم کا کنایہ۔

ہاتھ اُترجانا (اُترنا) (اَر۔محاورہ) ہاتھ کا جوڑ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر دُعا دینا (اَر۔محاورہ) پُورے خلوص کے ساتھ آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر کسی کے لئے دُعا کرنا۔

ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر کوسنا (اَر۔محاورہ) آسمان کی طرف ہاتھ بڑھا کے بددُعا کرنا۔ بہت بددُعائیں دینا۔

ہاتھ اُٹھا بیٹھنا (اَر۔محاورہ) (۱) مار بیٹھنا۔ دست درازی کرنا (۲) دست بردار ہونا۔ باز آنا۔ عہد کرلینا۔ توبہ کرنا۔

ہاتھ اُٹھا کے دینا (اَر۔محاورہ) اپنی خوشی سے کوئی چیز دینا۔

ہاتھ اُٹھا لینا (اَر۔محاورہ)(۱) کام چھوڑ دینا۔ دست بردار ہونا (۲) کسی کی حمایت چھوڑ دینا۔

ہاتھ اُٹھانا (اَر۔محاورہ) (۱) ہاتھ اُونچا کرنا۔ ہاتھ بلند کرنا (۲) سلام کرنا۔ ماتھے پر ہاتھ رکھنا (۳) بُری طرح کوسنا۔ بددُعا دینا (۴) دُعا دینا (۵) دُعا مانگنا (۶) فاتحہ پڑھنا۔ دُعائے خیر کرنا (۷) دست بردار ہونا۔ کنارہ کش ہونا (۸) مارنا۔ پیٹنا۔ دھمکانا (۹) مایُوس ہونا۔ نااُمید ہونا۔

ہاتھ اُٹھنا (اَر۔محاورہ) ہاتھ اُٹھانا کا لازم۔

ہاتھ اُدھار (اَر۔ا۔مذ) دیکھئے ہتھ اُدھار۔

ہاتھ اُکھاڑنا (اَر۔محاورہ) ہاتھ کو جوڑ سے جدا کرنا۔

ہاتھ اُکھڑنا (اَر۔محاورہ) دیکھئے ہاتھ اُترنا۔

ہاتھ اُوپر کے تلے ہونا (اَر۔محاورہ) گرفتار ہونا۔ مُشکیں کسی جانا۔

ہاتھ اوٹ لینا (اَر۔محاورہ) دونوں ہاتھ اکٹھے پھیلا کر کوئی چیز لینا۔

ہاتھ اوچھا پڑنا (اَر۔محاورہ) پُورا وار نہ بیٹھنا۔ پُورا ہاتھ نہ پڑنا۔

ہاتھ اُونچا رہنا (اَر۔محاورہ) (۱) دَست بلند رہنا (۲) بول بالا رہنا (۳) دینے کے قابل رہنا۔ سخی ہونا۔

ہاتھ (کا) اُونچا ہونا (اَر۔محاورہ) سخی ہونا۔ آسُودہ حال ہونا۔

ہاتھ اینٹھنا (اَر۔محاورہ)(۱) ہاتھوں کا ٹیڑھا ہو جانا (۲) ہاتھ مروڑنا۔

ہاتھ باندھنا (اَر۔محاورہ)(۱) ہاتھ جکڑنا۔ دونوں ہاتھوں کو مِلا کر کسنا (۲) ہاتھ جوڑنا۔ منّت سماجت کرنا (۳) تعظیم کے لئے سینے پر ہاتھ رکھنا (۴) نماز کی نیّت کر کے ہاتھ باندھ لینا۔

ہاتھ باندھے (اَر۔متعلق فعل) دست بستہ۔ کمال فرماں برداری سے۔

ہاتھ باندھے کھڑا رہنا (اَر۔محاورہ) حُکم کا مُنتظر رہنا۔ اطاعت کے لئے تیار رہنا۔

ہاتھ بٹانا (اَر۔محاورہ) کسی کام میں شریک ہونا۔ مِل کر کام کرنا۔ مدد دینا۔

ہاتھ بٹھانا (اَر۔محاورہ) اُترے ہوئے ہاتھ کو دُرست کرنا۔ ہاتھ کی ہڈّی کو ٹھیک جگہ پر جمانا۔

ہاتھ بچانا (اَر۔محاورہ) وار بچانا۔ ضرب نہ لگنے دینا۔

ہاتھ بڑھانا (اَر۔محاورہ) (۱) ہاتھ آگے کرنا (۲) حد سے بڑھنا (۳)

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

معمول سے زیادہ لینا (۴) دخل بڑھانا (۵) سوال کرنا۔ مانگنا (۶) دست درازی کرنا۔

ہاتھ بِکنا (ہاتھوں بِکنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کے ہاتھ فروخت ہونا۔ غلام بننا (۲) تابع ہونا۔ مطیع ہونا۔ نوکر ہونا۔

ہاتھ بلند کرنا (اَر۔ محاورہ) دُعا کے لئے ہاتھ اُٹھانا۔

ہاتھ بندھ جانا (بندھنا) (اَر۔ محاورہ) ہاتھ باندھنا کا لازم۔

ہاتھ بندھوانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ باندھنا کا متعدی۔

ہاتھ بند ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ تنگ ہونا۔ مُفلس ہونا۔ تنگ دست ہونا (۲) ہاتھ رُکا ہوا ہونا۔

ہاتھ بھر (اَر۔ صف) (۱) ایک ہاتھ کے برابر۔ دو بالشت۔ آدھ گز (۲) (کنایۃً) چھوٹا سا۔

ہاتھ بھرا ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ میں کوئی چیز ہونا۔ ہاتھ لتھڑا ہوا ہونا (۲) دولت مند ہونا۔

ہاتھ بھرپُور پڑنا (اَر۔ محاورہ) پُورا وار پڑنا۔

ہاتھ بھر جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ لتھڑ جانا (۲) ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ سُن ہو جانا۔

ہاتھ بھر کا (دِل) کلیجا ہو جانا (اَر۔ محاورہ) دل بڑھ جانا۔ ہمت بڑھ جانا۔

ہاتھ بھر کی زبان ہونا (اَر۔ محاورہ) زبان دراز اور گستاخ ہونا۔

ہاتھ بہکنا (اَر۔ محاورہ) نشانہ چوکنا۔ نشانہ خطا جانا۔

ہاتھ بھیجنا (اَر۔ محاورہ) کسی کے ذریعے (کوئی چیز) بھیجنا۔

ہاتھ بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ جمنا۔ خوب مشق ہونا (۲) کاری زخم لگنا (۳) ہاتھ کے جوڑ کا ٹھیک بیٹھنا۔

ہاتھ بیچے ہیں کوئی ذات نہیں بیچی (اَر۔ مثل) نوکری کی ہے۔ بُرا بھلا اور گالی گلوچ نہیں سنیں گے۔

ہاتھ پانی لینا (اَر۔ محاورہ) طہارت کرنا۔ آب دست کرنا۔ پاخانہ پھرنے کے بعد ہاتھ وغیرہ دھونا۔

ہاتھ پاؤں (اَر۔ ا۔ مذ) (۱) دست و پا (۲) بہت کام کرنے والا مُلازم۔

ہاتھ پاؤں باندھنا (اَر۔ محاورہ) مجبور کر دینا۔ بے بس کر دینا۔

ہاتھ پاؤں بچانا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِحتیاط اور ہوشیاری سے کوئی کام کرنا (۲) کسی اِلزام یا بدنامی سے بچا رہنا (۳) اپنے آپ کو محفوظ رکھنا۔

ہاتھ پاؤں بچائیے۔ مُوذی کو (ٹرخائیے) ٹرکائیے (اَر۔ مثل) حکمت عملی سے کام لے کر دشمن کو اِیذا رسانی کا موقع نہ دینا چاہئے۔

ہاتھ پاؤں بے قابو ہونا (اَر۔ محاورہ) کم زوری یا ضعف کے سبب ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرنا۔

ہاتھ پاؤں بیکار کر دینا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں توڑ دینا۔

ہاتھ پاؤں بیکار ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بیماری یا ضعف کے باعث ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرنا۔

ہاتھ پاؤں پڑنا (اَر۔ محاورہ) منت سماجت کرنا۔ ہاتھوں کو چومنا اور قدموں پر گرنا۔

ہاتھ پاؤں (پُھول جانا) پُھولنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں سُوج جانا۔ چلنے پھرنے کی طاقت نہ رہنا (۲) حواس باختہ ہونا۔ گھبرا جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔

ہاتھ پاؤں پھیلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام بڑھانا۔ کام کو طول دینا (۲) ترقی کرنا (۳) غلبہ حاصل کرنا۔

ہاتھ پاؤں پیٹنا (اَر۔ محاورہ) بے فائدہ کوشش کرنا۔

ہاتھ پاؤں توڑنا (اَر۔ مص مُرکّب و محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں کو شدید ضرب پہنچا کر بیکار کر دینا (۲) حالتِ نزع میں ہونا (۳) ڈنٹر پیلنا (۴) خوب محنت کرنا۔

ہاتھ پاؤں تھکانا (اَر۔ محاورہ) بہت مشقت کرنا۔

ہاتھ پاؤں تھک کے تختہ ہو جانا (اَر۔ محاورہ) بہت مشقت کرنے سے ہاتھ پاؤں کا شل ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں تھیلا کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی کو اتنا مارنا کہ ہاتھ پاؤں بیکار ہو جائیں۔

ہاتھ پاؤں تیار ہونا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں تگڑے اور فربہ ہونا۔

ہاتھ پاؤں ٹُوٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں میں درد ہونا۔ اَعضا شکنی ہونا (۲) (مص مُرکّب) ہاتھ پاؤں کا شکستہ ہونا۔

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ جانا (اَر۔ مص مُرکّب) ہاتھ پاؤں سرد پڑ جانا (بیماری یا خوف سے)۔

ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں میں گرمی نہ رہنا (۲) (مص مُرکّب) مرنے کا وقت قریب ہونا۔ غشی کا عالم ہونا۔

ہاتھ پاؤں چُھوٹے پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا بیکار ہو کر کام نہ کرنا۔

ہاتھ پاؤں چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں کا کام کرنا۔ کام کاج کے قابل ہونا (۲) ہاتھ پاؤں کا نچلا نہ رہنا (۳) پٹے بازی میں پُھرتی کرنا۔ کشتی یا شناوری میں تیزی کرنا۔

ہاتھ پاؤں چُومنا (اَر۔ محاورہ) نہایت تعظیم اور تکریم کرنا۔ ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دینا۔

ہاتھ پاؤں داہنا (اَر۔ محاورہ) چپی کرنا۔ چانپی کرنا۔ مُشت مالی کرنا۔ خدمت کرنا۔

ہاتھ پاؤں دیا سلائی بات کرنے کو فضل اِلٰہی (اَر۔ مثل) ہاتھ پاؤں میں تو زور نہیں مگر زبان خوب چلتی ہے۔

ہاتھ پاؤں رانگا (رانگلا) ہو جانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں شل ہو کر سرد ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں رہ جانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا بے حِس ہو جانا۔ فالج ہو جانا۔ اُدھرنگ ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سرد ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) بیماری، خوف یا شِدّتِ درد سے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سنبھالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں نکالنا۔ خوب موٹا اور قدآور ہونا (۲) ہاتھ پاؤں قابو میں کرنا۔ ہاتھ پاؤں روکنا۔

ہاتھ پاؤں سنسنانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں میں سنسناہٹ ہونا۔ مضمحل ہونا۔

ہاتھ پاؤں سو جانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں سُن ہو جانا۔ بے حِس ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں سے چُھوٹنا (اَر۔ محاورہ) بچہ جننے سے فراغت پانا۔ جَن کر تندرست ہو جانا۔ خیریت سے بچہ جننا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہاتھ پاؤں سیدھے کرنا (اُر۔ محاورہ) لیٹ کر تھکاوٹ دُور کرنا۔

ہاتھ پاؤں شل ہو جانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ پاؤں کا تھک کر مضمحل ہو جانا۔

ہاتھ پاؤں کا جواب (دے) دینا (ہار جانا) (اُر۔ محاورہ) بیماری یا بُڑھاپے کے سبب ہاتھ پاؤں کا کام نہ کرنا۔

ہاتھ پاؤں کہنے میں نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ضعف کی وجہ سے ہاتھ پاؤں قابو میں نہ ہونا۔

ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور مونچھیں مُنہ میں جائیں (اُر۔ مثل) ایسے سُست آدمی کی نسبت بولتے ہیں جسے اپنے ہونٹوں پر سے مونچھوں کا ہٹانا بھی بار معلوم ہو۔ ایسا سُست جس سے اپنی جان بھی نہ سنبھالی جائے۔

ہاتھ پاؤں کے لنگڑے اور نام سلامت خان (اُر۔ مثل) دیکھئے برعکس نہند نامِ زنگی۔

ہاتھ پاؤں مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں چلانا (۲) مضطرب اور بے قرار ہونا (۳) نزع کی حالت ہونا۔ جان کنی کے عالم میں ہونا (۴) جان فشانی کرنا۔ جان توڑ کر کوئی کام کرنا۔ کوشش کرنا۔ دوڑ دھوپ کرنا (۵) کسی کام میں کاہل فکر کرنا (۶) تیرنا۔ شناوری کرنا۔

ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہونا (اُر۔ محاورہ) کوشش اور محنت رائیگاں جانا۔

ہاتھ پاؤں میں سنیچر ہے (اُر۔ محاورہ) جس کے پاس روپیہ پیسا نہ ٹھہرے اور جس کے پاؤں میں چکّر ہو اُس کی نسبت کہتے ہیں۔

ہاتھ پاؤں نکالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تنومند ہونا۔ جوان ہونا۔ موٹا ہونا (۲) حد سے بڑھ جانا۔ شرارت شروع کرنا۔ گستاخ ہونا۔

ہاتھ پاؤں ہارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں میں طاقت نہ رہنا (۲) ہمت ہارنا۔

ہاتھ پاؤں ہلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پاؤں کو حرکت دینا (۲) کوشش کرنا (۳) محنت و مشقت کرنا۔

ہاتھ پتھر تلے آنا (ہاتھ پتھر تلے دینا) (اُر۔ محاورہ) نہایت مُشکل اور مُصیبت میں پھنسنا۔ بے بس ہونا۔ مجبور و ناچار ہونا۔

ہاتھ پُٹھے پر نہ رکھنے دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) گھوڑے کا سوار کو پاس نہ آنے دینا (۲) کسی بات پر راضی نہ ہونا۔ نہایت چالاک و شوخ ہونا۔

ہاتھ پر (اُر۔ تابع فعل) ہاتھ کے اُوپر (۲) فوراً۔ اُسی وقت۔ ہاتھ کے ہاتھ۔

ہاتھ پر دھرا رہنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کا تیار اور موجود ہونا۔ ہر وقت پاس رہنا۔

ہاتھ پر سانپ کھلانا (اُر۔ محاورہ) جان جوکھوں کا کام کرنا۔ جان کو خطرے میں ڈالنا۔

ہاتھ پر سونا اُچھالنا (اُر۔ محاورہ) امن و امان ہونا۔

ہاتھ پر سرسوں جمانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے ہتھیلی پر سرسوں جمانا۔

ہاتھ پر توتا پالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ پر پھوڑے پھنسی یا زخم کا ہونا (۲) زخم اچھا نہ ہونے دینا (۳) اپنا ہاتھ زخمی کر لینا۔

ہاتھ پر قرآن (دھرنا) رکھنا (اُر۔ محاورہ) قرآن کی قسم کھانا۔ حلف اُٹھانا۔

ہاتھ پر گرم پیسا رکھنا (اُر۔ محاورہ) پہلے زمانے کی سزا۔ پیسا گرم کر کے مُلزم کے ہاتھ پر رکھا جاتا تھا۔

ہاتھ پر گنگا جلی رکھنا (ہ۔ محاورہ) گنگا کا پانی ہاتھ پر رکھ کر قسم کھانا۔

ہاتھ پر ناگ کھلانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے ہاتھ پر سانپ کھلانا۔

ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا (بیٹھا رہنا) (اُر۔ محاورہ) (۱) بیکار پھرنا۔ نکمّا بیٹھ رہنا (۲) مایُوس اور ناامید ہو کر بیٹھنا۔

ہاتھ پر ہاتھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ کو ہاتھ سے مَس کرنا (۲) قول دینا۔ قول و قرار کرنا (۳) شرط لگانا۔ بازی بدنا۔

ہاتھ پر ہاتھ مارنا (اُر۔ محاورہ) (۱) شرط بدنا (۲) قول دینا۔ عہد و پیمان کرنا (۳) دھوکے سے کوئی چیز ہتھیا لینا۔

ہاتھ پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُفت یا بے کوشش ہاتھ آنا (۲) ہاتھ کی ضرب لگنا (۳) داؤں پڑنا (۴) بس میں آنا۔ حاصل ہونا (۵) مُٹھی میں آنا۔ گرفت میں آنا (۶) پانسا پڑنا۔ داؤں پڑنا (۷) ہاتھ کا دفعتہً مَس ہونا۔

ہاتھ پسارنا (اُر۔ محاورہ) مانگنے کے لئے ہاتھ پھیلانا۔ گدائی کرنا۔

ہاتھ پسارے جانا (اُر۔ محاورہ) دُنیا سے خالی ہاتھ جانا۔

ہاتھ پکڑا دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کو کسی کی حفاظت میں دے دینا (۲) کسی عورت کی شادی کر دینا۔

ہاتھ پکڑتے پہنچا (پونچا) پکڑنا (اُر۔ محاورہ) تھوڑا سا سہارا پا کر زیادہ کا طالب ہونا۔

ہاتھ پکڑ کے لے جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) گرفتار کر کے لے جانا۔ ماخوذ کر کے لے جانا (۲) ہاتھ تھام کے لے جانا (۳) راہنمائی کرنا۔

ہاتھ پکڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ تھامنا۔ ہاتھ میں ہاتھ لینا (۲) دستگیری کرنا۔ مدد کرنا (۳) کسی کو کام کرنے سے روکنا۔

ہاتھ پکڑے کی لاج ہونا (رکھنا۔ کرنا) (اُر۔ محاورہ) ایک دفعہ جس کی مدد کرنا ہمیشہ اُس کی مدد کرتے رہنا۔ ہمیشہ مہربانی کرتے رہنا۔

ہاتھ پُورا پڑنا (اُر۔ محاورہ) بھرپور ہاتھ بیٹھنا۔ کاری ضرب پڑنا۔ زور کا ہاتھ بیٹھنا۔

ہاتھ پہنچنا (اُر۔ محاورہ) دسترس ہونا۔ رسائی ہونا۔ پہنچ ہونا۔

ہاتھ پھٹنا (اُر۔ مص مُرکّب) سردی کی شِدّت سے ہاتھوں میں شگاف پڑ جانا۔

ہاتھ پھیرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دست مالی کرنا۔ چُمکارنا۔ پیار کرنا (۲) لُوٹنا۔ ٹھگنا۔ مُوسنا (۳) مساس کرنا۔

ہاتھ پھیر (اُر۔ ا۔ مذ) قرض۔

ہاتھ پھیر دینا (اُر۔ محاورہ) قرض دینا۔

ہاتھ پھیلانا (اُر۔ محاورہ) دستِ سوال دراز کرنا۔ مانگنا۔

ہاتھ پھینکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ چلانا۔ ہاتھوں کا وار کرنا (۲) ہاتھوں کو گردش دینا۔ چکر دینا (۳) لُوٹنا۔ مُوسنا۔ ہاتھ مارنا (۴) جلد جلد کھانا۔ بڑے بڑے نوالے نگلنا (۵) پٹے بازی کرنا۔ تلوار یا پٹے کے ہاتھ ہلانا۔

ہاتھ پَیر مارنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے ہاتھ پاؤں مارنا۔

ہاتھ پیلے کرنا (اُر۔ محاورہ) غریبوں کی طرح بیاہ کر دینا۔

ہاتھ تکنا (اُر۔ محاورہ) کسی کا محتاج ہونا۔ دست نگر ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہاتھ تلنا (اُر۔مص مُرکّب) ہاتھ کو گرم تیل میں ڈال کر تل دینا۔ اگلے زمانے کی ایک سنگین سزا۔

ہاتھ تلے (اُر۔ تابع فعل) (۱) ماتحت (۲) قبضے میں۔ قابو میں (۳) قریب۔ نزدیک۔ پاس۔

ہاتھ تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) مُفلس ہونا۔ نادار ہونا۔

ہاتھ توڑ توڑ کے کھانا (اُر۔ محاورہ) مزیدار چیز کو کھا کر ہاتھوں کو چاٹنا۔

ہاتھ تھامنا (اُر۔ محاورہ) (۱) گرتے ہوئے کو سنبھالنے کے لئے ہاتھ پکڑنا (۲) ہاتھ میں ہاتھ لینا۔

ہاتھ تھرّانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ کانپنا۔

ہاتھ تھرکانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ نچانا۔ زنانوں کی طرح ہاتھوں کو حرکت دیتے رہنا۔

ہاتھ تہِ سنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) بے بس ہونا۔ مجبور ہونا۔ ناچار ہونا۔

ہاتھ ٹوٹیں (اُر۔ دُعائے بد) خُدا کرے ہاتھ کام کے نہ رہیں۔

ہاتھ ٹھوڑی میں ڈالنا (اُر۔ محاورہ) خوشامد کرنا۔

ہاتھ ٹھٹھرنا (اُر۔ محاورہ) سردی کی وجہ سے ہاتھوں کا سُن ہو جانا۔

ہاتھ ٹھہرانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ روکنا۔

ہاتھ ٹھہرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کام کی مشق ہونا (۲) ہاتھ رُکنا۔

ہاتھ ٹیک کے اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) ضعف یا بڑھاپے کے باعث ہاتھوں پر زور دے کر کھڑے ہونا۔

ہاتھ جَڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) وار کرنا (۲) تھپڑ مارنا۔ دھپ رسید کرنا۔

ہاتھ (جگر) دِل پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) کمال بے قراری کا اِظہار۔

ہاتھ جمنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ بیٹھنا۔ مشق ہو جانا۔

ہاتھ جوڑ دینا (اُر۔ محاورہ) ہار مان لینا۔ مُعافی مانگنا۔

ہاتھ جوڑ کر کھڑا ہو جانا (اُر۔ محاورہ) دستِ بستہ کھڑا ہو جانا۔

ہاتھ جوڑ کر کہنا (اُر۔ محاورہ) منّت و سماجت سے کہنا۔ نہایت ادب اور تعظیم سے گزارش کرنا۔

ہاتھ جوڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) منّت سماجت کرنا۔ اِلتجا کرنا (۲) مُعافی مانگنا۔ توبہ کرنا (۳) دُور سے ہی سلام کرنا۔ پناہ مانگنا۔

ہاتھ جھاڑ اُٹھے (اُر۔ محاورہ) سب کچھ ہار کر اُٹھ کھڑے ہوئے۔ مُفلس و نادار ہوئے۔

ہاتھ جھاڑ کے جانا (اُر۔ محاورہ) خالی ہاتھ جانا۔

ہاتھ جھاڑ کے کھڑے ہو جانا (اُر۔ محاورہ) اپنے پاس کچھ باقی نہ رکھنا۔ سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔

ہاتھ جھاڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ کو جھٹکا دینا (۲) ہاتھ خالی کرنا (۳) ہاتھ مارنا۔ ضرب لگانا۔ وار کرنا (۴) دست بردار ہونا۔ چھوڑنا۔

ہاتھ جھٹکنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ کو جھٹکا دینا۔ کسی کے ہاتھ کو اپنے جسم سے جھٹکے کے ساتھ ہٹانا یا چھڑانا۔

ہاتھ جھُلاتے آنا (اُر۔ محاورہ) خالی ہاتھ آنا۔ کچھ نہ لانا۔

ہاتھ جھُلانا (اُر۔ محاورہ) چلنے میں ہاتھ ہلانا۔ ہاتھوں کو ہلاتے ہوئے چلنا۔

ہاتھ جھُلائی (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ روپیہ جو راہ زن اپنی سرحد سے گزرنے کے لئے مُسافروں سے لیتے تھے (۲) وہ نقدی جو زمیندار یا مُلازمانِ سرکار راہ میں مُسافروں سے لیتے تھے۔

ہاتھ جھوٹا پڑنا (اُر۔ محاورہ) وار خالی جانا۔ نشانے پر نہ بیٹھنا۔

ہاتھ جھوٹا کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی قدر کھانا۔ مُنہ جھٹالنا (۲) ایسا وار کرنا جو کافی نہ ہو۔

ہاتھ جھوٹا ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ بیکار ہو جانا (۲) ہاتھ سُن ہو کر کام کے لائق نہ رہنا۔

ہاتھ جھول (پڑنا) پڑ جانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ لٹک پڑنا۔ ہاتھ کا جوڑ سے جُدا ہو کے لٹکنے لگنا۔

ہاتھ چالاک (اُر۔صف) (۱) تیز دست۔ پھُرتیلا۔ چابک دست (۲) چور۔ اُچکّا۔ وہ شخص جسے چوری کا لپکا ہو۔

ہاتھ چالاکی (اُر۔ا۔مث) (۱) پھُرتی۔ تیز دستی۔ چابک دستی (۲) چوری کی عادت۔

ہاتھ چڑھا ہونا (اُر۔ محاورہ) خوب مشق ہونا۔ ہاتھ رواں ہونا۔

ہاتھ چڑھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دست یاب ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ مِلنا (۲) مشق ہونا۔ ہاتھ کا رواں ہونا۔

ہاتھ چلانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دست درازی کرنا۔ مارنے کو ہاتھ بڑھانا (۲) چوری کرنا۔ چُرانا (۳) ہاتھ ہلائے جانا۔ ہاتھ نچلا نہ رکھنا (۴) ہاتھ سے جلدی جلدی کام کرنا (۵) وار کرنا۔

ہاتھ چلنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ چلانا کا لازم۔ خاطر خواہ آمدنی ہونا۔ فارغ البالی ہونا (۲) ہاتھ کا مشاق ہونا (۳) دست درازی ہونا۔ مارنے کو ہاتھ اُٹھانا (۴) ہاتھ کا نچلا نہ رہنا (۵) چوری کی عادت ہونا۔

ہاتھ چلے نہ ہیاں (ہٹیاں) بیٹھا دے گُسیاں (گٹیاں) (اُر۔مثل) کام کاج ہو یا نہ ہو خُدا ہر ایک کو روزی دیتا ہے۔ خُدا اپاہجوں کو گھر بیٹھے رزق پہنچاتا ہے۔

ہاتھ چمکانا (اُر۔ محاورہ) عورتوں کا ہاتھ نچا نچا کر باتیں کرنا۔ طعن و تشنیع کے وقت ہاتھ مٹکانا۔ جنگ میں تلوار ہلانا۔

ہاتھ چومنا (اُر۔ محاورہ) (۱) تعظیم یا پیار سے ہاتھوں کو بوسہ دینا۔ دست بوس ہونا (۲) کمال یا ہُنر کی داد دینا۔

ہاتھ چھوٹا ہونا (اُر۔ محاورہ) بے دھڑک مار دینے کی عادت ہونا۔

ہاتھ حمائل کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز کو ہاتھوں کے درمیان اِس طرح رکھنا کہ ہاتھ اِردگرد رہیں۔

ہاتھ خالی جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) وار خالی جانا۔ نشانہ نہ بیٹھنا (۲) پانسا نہ پڑنا۔ داؤں حسبِ مُراد نہ پڑنا (۳) دُنیا سے نامُراد جانا۔

ہاتھ خالی دینا (اُر۔ محاورہ) حریف کی ضرب کو اپنے جسم پر پڑنے نہ دینا۔ دُشمن کا وار رد کر دینا۔

ہاتھ خالی رہنا (اُر۔ محاورہ) روپیہ پیسا پاس نہ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہاتھ خالی نہ ہونا (اُر۔ محاورہ) فرصت نہ ہونا۔ مصروف ہونا۔

ہاتھ خرچ سے تنگ ہونا (اُر۔ محاورہ) پیسا نہ ہونا۔

ہاتھ خشک ہو جانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ سُوکھ جانا۔ ایک عارضہ جس سے ہاتھ خشک ہو کر بے حِس و حرکت ہو جاتا ہے۔

ہاتھ دانتوں سے کاٹنا (اُر۔ محاورہ) بے حد پچھتانا۔ اپنی غلطی پر رنج و غصّہ کرنا۔

ہاتھ دراز کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ بڑھانا۔ ہاتھ آگے کرنا۔ ہاتھ پھیلانا (۲) دَست درازی کرنا۔ مارنا پیٹنا۔

ہاتھ دِکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) نبض دِکھانا (۲) نجومی کو ہاتھ دکھا کر آیندہ کا حال دریافت کرنا (۳) سپہ گری کے کرتب دِکھانا۔

ہاتھ دوڑانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ چلانا۔ کام میں تیزی اور چستی دِکھانا (۲) ہاتھ بڑھانا۔ پکڑنے کی کوشش کرنا۔

ہاتھ دھرنا (اُر۔ محاورہ) کسی چیز پر ہاتھ رکھنا (۲) روکنا۔ پکڑنا۔ قابو میں کرنا (۳) کسی کی حمایت یا مدد کرنا (۴) منع کرنا۔ خاموش کرنا۔ نیز دیکھیے ہاتھ رکھنا۔

ہاتھ دُھلانا (اُر۔ مص) (۱) کسی کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا (۲) شادی کے روز رسم کے طور پر دولھا یا دُلہن کے ہاتھوں پر پانی ڈالنا۔

ہاتھ دُھلائی (اُر۔ا۔مث) ہاتھ دُھلانے کا اِنعام جو دولھا سے لیا جاتا ہے۔

ہاتھ دُھلوانا (اُر۔ مص مُرکّب) ہاتھوں پر پانی ڈلوانا۔

ہاتھ دھو بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نااُمید ہونا۔ مایُوس ہو جانا۔ کھو بیٹھنا۔ چھوڑ دینا (۲) قطع تعلّق کر دینا۔ دَست بردار ہونا۔

ہاتھ دھو رکھنا (اُر۔ محاورہ) نااُمید ہو جانا۔

ہاتھ دھو کر پیچھے پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) سارے کام چھوڑ کر ایک کام کے سر ہو جانا (۲) درپے آزار ہونا۔

ہاتھ دھونا (اُر۔ مص مُرکّب و محاورہ) (۱) پانی سے ہاتھ صاف کرنا (۲) طہارت کرنا (۳) آس توڑ بیٹھنا۔ نااُمید ہو جانا۔

ہاتھ دے دے مارنا (اُر۔ محاورہ) غصّہ یا نزع کی حالت میں اپنے ہاتھوں کو متواتر پٹکنا۔

ہاتھ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) نبض دیکھنا (۲) دَست نگر ہونا۔ کسی کی بخشش کا منتظر ہونا (۳) کسی کی قسمت کا حال ہاتھ کی لکیریں دیکھ کر بتانا۔

ہاتھ دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) مُصافحہ کرنا۔ ہاتھ سے ہاتھ ملانا (۲) داد دینا۔ داد مانگنا (۳) قول دینا۔ زبان دینا (۴) گُل کرنا۔ بُجھا دینا (۵) مدد دینا۔ سہارا دینا (۶) دُکان دار کا غلّے کو اُوپر نیچے کرنا (۷) کسی چیز کو قبول کرنا (۸) چیچک کے دانوں کا مُرجھا جانا (۹) چابک سوار کا کپڑے کے نیچے ہاتھ ڈال کر سودا کرنا۔ دُکان داروں کا ایک دُوسرے کے ساتھ اِسی طرح مُعاملہ کرنا (۱۰) چالاکی کرنا (۱۱) حوالے کرنا۔

ہاتھ ڈالنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز میں ہاتھ داخل کرنا (۲) دخل دینا۔ کام میں پڑنا۔ کوئی کام اپنے ذمّے لینا (۳) دَست درازی کرنا۔ چھیڑنا (۴) کوٹنا۔ غارت گری کرنا (۵) ہاتھ لگانا۔ مَس کرنا (۶) کسی کام کو شروع کرنا (۷) پکڑنا۔ پکڑنے کا ارادہ کرنا۔

ہاتھ ڈالو گوڈ نکالو (اُر۔ مثل) محنت کرو مزے اُڑاؤ۔

ہاتھ رُکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کام کے کرنے سے ہچکچانا (۲) وار بچنا۔

ہاتھ رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ دھرنا (۲) ہاتھ سے کسی چیز کا مُنہ بند کرنا۔ روکنا۔ تھامنا (۳) قسم کھانا (کسی عزیز شئے پر ہاتھ رکھ کر) (۴) مدد کرنا۔ سہارا دینا (۵) کسی چیز کو چھپانا (۶) بچانا۔ حفاظت کرنا (۷) تسلّی دینا (۸) سلام کرنا (۹) چُپ کرانا۔ بات نہ کرنے دینا (۱۰) تعظیم کرنا (چھاتی پر ہاتھ رکھ کر)۔

ہاتھ رنگنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھوں میں مہندی لگانا۔ کسی شئے سے ہاتھوں کو رنگین کرنا (۲) مال مارنا۔ رشوت لینا۔ مُٹھی گرم کرنا۔

ہاتھ رواں کرنا (اُر۔ محاورہ) کسی کام کی ہاتھ سے مشق کرنا۔ ہاتھ صاف کرنا۔

ہاتھ رواں ہونا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ کا مشاق ہونا۔ خوب ہاتھ چلنا۔

ہاتھ روکنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کفایت شعاری کرنا۔ کم خرچ کرنا (۲) باز رہنا۔ دَست کش ہونا (۳) وار روکنا۔ وار بچانا۔

ہاتھ رہ جانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ شل ہو جانا۔

ہاتھ زیرِ زنخداں رہنا (اُر۔ محاورہ) ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ رہنا۔ سوچ میں رہنا۔

ہاتھ سادھنا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ صاف کرنا۔ مشق کرنا۔

ہاتھ سانا (اُر۔ محاورہ) ہاتھ بھرنا۔ ہاتھ آلودہ کرنا۔

ہاتھ سر پر پھیرنا (اُر۔ محاورہ) شفقت سے کفِ دَست کسی کے سَر پر پھیرنا۔

ہاتھ سر پر دھر کے (رکھ کے) رونا (اُر۔ محاورہ) سر پکڑ کے رونا۔ بہت افسوس کرنا۔ بہت پچھتانا۔

ہاتھ سر پر رکھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) حمایت کرنا۔ مُربّی بننا۔ مددگار ہونا (۲) پیار کرنا (۳) کسی کے سَر کی قسم کھانا (۴) سلام کرنا۔ ماتھے پر ہاتھ رکھنا۔

ہاتھ سرکانا (اُر۔ محاورہ) آہستہ سے ہاتھ ہٹالینا۔

ہاتھ سمیٹنا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ سکیڑنا۔ ہاتھ بند کرنا (۲) دینے سے ہاتھ روکنا۔ بخشش بند کرنا۔

ہاتھ سُن ہو جانا (سو جانا) (اُر۔ محاورہ) ہاتھ کا کام نہ کر سکنا۔ ہاتھ میں خون کی روانی بند ہو جانا۔

ہاتھ سے (اُر۔ تابع فعل) (۱) ذریعے سے (۲) سبب سے (۳) ذات سے۔ دَم سے (۴) قابُو سے۔ گرفت سے۔

ہاتھ سے بچنا (اُر۔ محاورہ) سلامت رہنا۔ زندہ رہنا۔

ہاتھ سے تنگ آنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) کسی کے اَفعال اور شرارتوں سے عاجز آنا۔

ہاتھ سے جاتا (جاتے) رہنا (اُر۔ محاورہ) (۱) قابُو سے نِکل جانا۔ بس میں نہ رہنا (۲) آپے سے باہر ہو جانا۔ ازخود رفتہ ہو جانا (۳) مرجانا۔ اِنتقال کر جانا۔

ہاتھ سے چھوٹنا (اُر۔ محاورہ) قابُو سے نِکل جانا۔ گرفت سے نِکلنا۔

ہاتھ سے دِل پھسلنا (پھسل جانا) (اُر۔ محاورہ) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

ہاتھ سے دے بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کھو بیٹھنا۔ گنوا دینا۔ ضائع کر دینا (۲) قابُو میں نہ رکھنا۔ قبضہ چھوڑ بیٹھنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہاتھ سے دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) بخشنا۔ دینا۔ عطا کرنا (۲) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ قبضہ چھوڑنا (۳) ضائع کرنا۔ کھونا۔

ہاتھ سے سلام لینا (اَر۔ محاورہ) سلام کا جواب ہاتھ کے اِشارے سے دینا۔

ہاتھ سے کام نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کام کا تجربہ ہونا۔ کوئی کام ہاتھوں سے کیا جانا (۲) کسی کام کا قبضے سے نکلنا (۳) کسی کے ذریعے سے کوئی کام پُورا ہونا۔

ہاتھ سے کھونا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی چیز کا اپنے پاس سے نکل جانا (۲) ملتی چیز نہ لینا۔

ہاتھ سے نالاں ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی سے بہت تنگ ہونا۔

ہاتھ سے نکلنا (اَر۔ محاورہ) قابُو سے باہر ہونا۔

ہاتھ سے نہ دینا (اَر۔ محاورہ) قابُو سے نہ نکلنے دینا۔

ہاتھ سے ہاتھ ملانا (اَر۔ محاورہ) (۱) مصافحہ کرنا (۲) پنجہ کشی کرنا۔ ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا (۳) پہلوانوں کا کُشتی سے پہلے آپس میں ہاتھ ملانا۔

ہاتھ سے ہاتھ ملنا (اَر۔ محاورہ) اَفسوس کرنا۔ پچھتانا۔

ہاتھ سیدھا مارنا (اَر۔ محاورہ) سیدھا وار کرنا۔

ہاتھ شل ہو جانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ تھک جانا۔ ہاتھ کا کام کرنے کے قابل نہ رہنا۔

ہاتھ صاف کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) مشق کرنا۔ ہاتھ سے کوئی کام نکالنا۔ ہاتھ رواں کرنا (۲) خط سنوارنا۔ مشق کرنا (۳) ہاتھ دھونا۔ ہاتھ پاک کرنا۔ کپڑے وغیرہ سے پونچھنا (۴) ہاتھ مارنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا (۵) غارت کرنا۔ لُوٹنا (۶) خرچ کرنا۔ اُڑانا۔

ہاتھ طوقِ کمر کرنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی کمر کے گرد ہاتھ ڈالنا۔

ہاتھ طوقِ کمر ہونا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ طوقِ کمر کرنا کا لازِم۔

ہاتھ طوقِ گلو کرنا (اَر۔ محاورہ) گلے میں بانہیں ڈالنا۔

ہاتھ طوقِ گلو ہونا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ طوقِ گلو کرنا کا لازِم۔

ہاتھ قلم کرنا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ کاٹنا۔

ہاتھ کا (اَر۔ صف) (۱) اپنا۔ خود کا (۲) ہاتھ کا دیا ہوا۔ ہاتھ کا بنایا ہوا۔ ہاتھ کا لکھا ہوا۔

ہاتھ کاٹ دینا (اَر۔ مص مُرکّب و محاورہ) (۱) ہاتھ قلم کر دینا (۲) تحریری اِقرار لے لینا۔ دستاویز لے لینا (۳) بے اِختیار کر دینا۔

ہاتھ کاٹنا (اَر۔ مص مُرکّب و محاورہ) (۱) ہاتھ قلم کرنا (۲) اَفسوس کرنا۔ پچھتانا (۳) نہایت غصّے میں اپنے ہاتھوں کو دانتوں میں پکڑنا۔

ہاتھ کا جھوٹا (اَر۔ صف) نادہند۔ جو لے کر نہ دے۔ بدمعاملہ۔ خائن۔

ہاتھ کا چالاک ہونا (اَر۔ محاورہ) دست دراز ہونا۔ مشّاق ہونا۔

ہاتھ کا چوہا بل میں بیٹھا (اَر۔ مثل) جو پاس تھا وہ بھی گنوا دیا۔

ہاتھ کا دینا بَیر بسانا (اَر۔ محاورہ) قرض دے کر دُشمنی مول لینا۔

ہاتھ کا دیا (اَر۔ اِ۔ مذ) دان۔ پُن۔ خیرات۔ سخاوت۔ بخشش۔

ہاتھ کا دیا آڑے آوے (اَر۔ مثل) کسی وقت کی خیرات کام آ جاتی ہے۔ خیرات مُصیبت کی روک تھام کرتی ہے۔

ہاتھ کا دیا ساتھ چلے گا (اَر۔ مثل) فقیروں کی صدا۔ خیرات گُناہوں کی بخشش کا سبب بنے گی۔

ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگا (اَر۔ مثل) کمینے آدمی بھی برابری کا دعویٰ کرنے لگے۔

ہاتھ کا سچا (اَر۔ صف) دیانت دار۔ خوش مُعاملہ۔ ساکھ والا۔ لین دین کا کھرا۔

ہاتھ کا مَیل (اَر۔ اِ۔ مذ) (۱) میل کچیل جو ہاتھ سے اُترے (۲) بے اصل چیز۔ بے حقیقت چیز (۳) (مجازاً) روپیہ پیسا۔ مال و زر۔

ہاتھ کان سے ننگی (اَر۔ صف) وہ عورت جس کے پاس کوئی زیور نہ ہو۔ جس عورت نے کوئی زیور نہ پہنا ہوا ہو۔

ہاتھ کانپنا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ میں رعشہ آنا۔ ہاتھ تھرّانا۔

ہاتھ کانوں پر رکھنا (اَر۔ محاورہ) بالکل لاعلمی ظاہر کرنا۔ ناآشنائی اور ناواقفیت ظاہر کرنا۔

ہاتھ کٹانا (اَر۔ محاورہ) دیکھیے ہاتھ کٹوانا۔

ہاتھ کٹ جانا (اَر۔ مص مُرکّب و محاورہ) (۱) ہاتھ میں زخم آ جانا (۲) ہاتھ قلم ہو جانا (۳) اپنے ہاتھ کی تحریر دے دینا۔

ہاتھ کٹ چلے (اَر۔ محاورہ) اپنے ہاتھ کی تحریر دے بیٹھے۔

ہاتھ کٹنا (اَر۔ مص مُرکّب و محاورہ) (۱) ہاتھ کاٹا جانا (۲) اپنے ہاتھ کی تحریر دی جانا۔

ہاتھ کٹوانا (اَر۔ مص مُرکّب و محاورہ) ہاتھ کٹنا کا متعدی المتعدی۔

ہاتھ کٹے ہونا (اَر۔ محاورہ) تحریر دیے جانے کی وجہ سے مجبور ہونا۔

ہاتھ کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) حملہ کرنا۔ وار کرنا (۲) دھوکا دینا۔

ہاتھ کمر پر رکھے پھرنا (اَر۔ محاورہ) بیکار گھومتے پھرنا۔

ہاتھ کشیدہ آسمان دیدہ (اَر۔ مثل) بدحواس۔ وہ آدمی جس کا خیال کہیں اور ہو اور ہاتھ کچھ اور کر رہا ہو۔

ہاتھ کمر میں ڈالنا (اَر۔ محاورہ) لڑنا۔ جھگڑنا۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا (اَر۔ مثل) جو کچھ ظاہر و عیاں ہے اُس کے بیان کرنے کی ضرورت ہی کیا۔

ہاتھ کو ہاتھ پہچانتا ہے (اَر۔ مثل) جس سے لیتے ہیں اُسی کو دیتے ہیں۔

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سُوجھتا (ہاتھ کو ہاتھ سُجھائی نہیں دیتا) (اَر۔ محاورہ) اَندھیرا گھپ ہے۔ بہت سخت اَندھیرا ہے۔

ہاتھ کھانا (اَر۔ محاورہ) تلوار کے وار کھانا۔

ہاتھ کھجلانا (اَر۔ مص و محاورہ) (۱) ہاتھ میں خارش ہونا (۲) مارنے پیٹنے کو جی چاہنا (۳) کچھ ملنے کی اُمید ہونا۔ دائیں ہاتھ میں کھجلی ہو تو لوگ سمجھتے ہیں کہ کچھ ملے گا' بائیں ہاتھ میں خارش ہو تو سمجھتے ہیں کہ پیسا خرچ ہوگا۔ نیز دیکھیے ہتھیلی کھجلانا۔

ہاتھ کُھلا رہنا (اَر۔ محاورہ) فیّاضی کی عادت ہونا۔ داد و دہش میں مشّاق ہونا۔

ہاتھ کُھل جانا (کُھلنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ چلنا۔ ہاتھ کا کام کرنے لگنا (۲) تنگی نہ رہنا۔ روپیہ پیسا ہاتھ میں آنا (۳) مار بیٹھنے کی عادت پڑ جانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہاتھ کھینچ لینا (کھینچنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) دَست بردار ہونا۔ باز آنا (۲) کسی کام سے ہاتھ روک لینا۔

ہاتھ کی پیٹھ دانتوں سے کاٹنا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کے نہ ملنے پر سخت اَفسوس کرنا (۲) کسی وجہ سے سخت ناراض ہونا۔

ہاتھ کی چٹھی (اَر۔ اِ۔مث) اپنی لکھی ہوئی رسید (۲) اپنی لکھی ہوئی چٹھی۔

ہاتھ کی چھڑی (اَر۔ اِ۔مث) ہاتھ میں رکھنے کی ہلکی سی لکڑی۔

ہاتھ کی روٹی (اَر۔ اِ۔مث) توے پر پکائی ہوئی روٹی۔

ہاتھ کی صفائی (اَر۔ صف) (۱) وار کرنے میں ہاتھوں کا مشاق ہونا (۲) بازی گر یا شعبدہ باز کے ہاتھ کا کرتب۔ (اَفعال: دِکھانا۔ ہونا)۔

ہاتھ (ہاتھوں) کی لکیریں (اَر۔ اِ۔مث) وہ گہرے نقوش جو انسان کی ہتھیلی پر ہوتے ہیں۔ قسمت کی لکیریں۔

ہاتھ کی لکیریں مِلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) محبت جاتی رہنا۔ قرابت یا رشتے کا لحاظ ٹوٹنا۔ اپنائیت اور عزیز داری کا لحاظ نہ ہونا (۲) تقدیر کا لکھا مٹنا۔

ہاتھ کی مٹی (اَر۔ اِ۔مث) (۱) وہ مٹی جو رشتے دار مُردے کی قبر پر ڈالتے ہیں (۲) (کنایۃً) کسی کے ہاتھوں دفن ہونا۔

ہاتھ کی مچھلی (اَر۔ اِ۔مث) انگوٹھے سے نیچے ہتھیلی کا اُبھرا ہوا گوشت۔

ہاتھ کے اُوپر ہاتھ دھرے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) بیکار رہنا۔ کوئی شغل نہ ہونا۔

ہاتھ کے نیچے آنا (اَر۔ محاورہ) ہتھے چڑھنا۔ قابو میں آنا۔ قبضہ ہو جانا۔ دخل ہو جانا۔

ہاتھ کے ہاتھ (اَر۔ تابع فعل) فوراً۔ اسی وقت۔

ہاتھ گاڑی (اَر۔ اِ۔مث) ٹھیلا۔ وہ گاڑی جسے ہاتھ سے کھینچ کر چلاتے ہیں۔

ہاتھ گردن میں ڈالنا (ہاتھ گلے میں ڈالنا) (اَر۔ محاورہ) گلے میں بانہیں ڈالنا۔ پیار کرنا۔ اختلاط کرنا۔

ہاتھ گریبان تک جانا (اَر۔ محاورہ) گریبان پھاڑ ڈالنا۔ وحشت کا زور پکڑنا۔

ہاتھ گلنا (اَر۔ مص مُرکب) (۱) سردی کے باعث ہاتھ کے گوشت کا ٹھٹھرنا (۲) پھوڑوں یا زخموں سے ہاتھ کے گوشت کا سڑ جانا۔

ہاتھ گھسانا (اَر۔ محاورہ) بے فائدہ محنت کرنا۔ لاحاصل کام کرنا۔

ہاتھ گھسائی (اَر۔ اِ۔مث) وہ محنت جس سے کچھ حاصل نہ ہو۔

ہاتھ گھس جانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھوں سے اتنا کام لینا کہ انہیں ضرر پہنچے۔

ہاتھ گھنگھولنا (اَر۔ محاورہ) پانی کے ظرف میں ہاتھ ڈال کر پانی کو حرکت دینا۔

ہاتھ لا (اَر۔ کلمۂ تعریف) واہ وا! کیا کہنا ہے! آفرین ہے! مرحبا! شاباش! داد دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔

ہاتھ لال کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) اِلزام لینا (۲) قتل کرنا۔

ہاتھ لپک (اَر۔ صف) چور۔ اُچکا۔ اُٹھائی گیرا۔

ہاتھ لپکانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ بڑھانا۔

ہاتھ لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) چھونا۔ مَس کرنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) چھیڑنا۔ دَست درازی کرنا (۳) مدد کرنا۔ سہارا دینا (۴) کام شروع کرنا (۵) ہاتھ مارنا۔ ضرب لگانا۔ مارنا۔ پیٹنا (۶) بازی لگانا۔ شرط بدنا (۷) قول دینا (۸) تیرنے میں ہاتھ چلانا۔

ہاتھ لگائے کُملانا (اَر۔ محاورہ) نہایت نازک ہونا۔

ہاتھ لگائے (لگے) میلا ہونا (اَر۔ مثل) نہایت سفید، اُجلا، آبدار ہونا۔ نہایت لطیف اور پاکیزہ ہونا۔

ہاتھ لگنا (اَر۔ محاورہ) (۱) چھوا جانا۔ مَس ہونا (۲) مِلنا۔ حاصل ہونا۔ دستیاب ہونا (۳) قابو میں آنا۔ بس میں آنا (۴) سہارا مِلنا (۵) کام شروع ہونا (۶) بازی بدنا۔ شرط ہونا۔

ہاتھ لیا کاسا تو بھیک کا کیا سانسا (اَر۔ مثل) جب گدائی اِختیار کر لی تو پھر مانگنے میں کیا شرم۔ (کاسا: کاسہ)۔

ہاتھ لینا (اَر۔ محاورہ) تھامنا۔ روکنا۔ پکڑنا۔

ہاتھ مارنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ لگانا۔ ضرب لگانا (۲) جلد جلد نوالے کھانا (۳) غبن کرنا (۴) شرط لگانا (۵) رشوت لینا (۶) قبضہ کر لینا (۷) قتل کرنا۔ (۸) کشتی میں حریف کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا (۹) اِقرار کرنا۔ قول دینا۔

ہاتھ مروڑنا (اَر۔ مص مُرکب) ہاتھ کو پیچ دینا۔ ہاتھ کو بَل دینا۔

ہاتھ ملانا (اَر۔ محاورہ) مصافحہ کرنا۔ پنجہ لڑانا۔ ہاتھ سے ہاتھ پکڑ کر زور کرنا۔

ہاتھ ملتے پھرنا (اَر۔ محاورہ) پچھتاتے پھرنا۔ افسوس کرنا۔

ہاتھ ملتے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) پچھتاتے رہنا۔ افسوس کرتے رہنا۔

ہاتھ ملنا (اَر۔ محاورہ) افسوس کرنا۔ پچھتانا۔

ہاتھ مُنہ پر رکھ دینا (اَر۔ محاورہ) بولنے نہ دینا۔ خاموش کر دینا۔

ہاتھ مُنہ پر سے نہیں اُترے (اَر۔ مثل) ابھی نئی دُلہن ہے۔ شرم و حیا کے دن ہیں۔ ابھی گھونگھٹ کا زمانہ ہے۔

ہاتھ مُنہ دُھلانا (اَر۔ محاورہ) خدمت گار کا کام کرنا۔ نوکر کا کام کرنا۔

ہاتھ مُنہ میں سَلُون ہے (اَر۔ محاورہ) آپس میں سلوک ہے۔ لڑتے جھگڑتے نہیں مل بانٹ کر کھاتے ہیں۔

ہاتھ میں (اَر۔ تابع فعل) (۱) قبضے میں۔ اِختیار میں (۲) ہاتھ کے اندر۔ مٹھی میں۔

ہاتھ میں آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) حاصل ہونا۔ ہاتھ لگنا (۲) قبضے میں آنا۔ قابو میں آنا (۳) دستیاب ہونا۔ بہم پہنچنا۔

ہاتھ میں پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) قابو میں آ جانا۔ ہاتھ آ جانا۔

ہاتھ میں ٹھیکرا دینا (اَر۔ محاورہ) بھیک منگوانا۔ مُفلس کر دینا۔

ہاتھ میں ٹھیکرا لینا (اَر۔ محاورہ) کنگال ہو جانا۔ بھیک مانگتے پھرنا۔

ہاتھ میں جوہر ہونا (اَر۔ محاورہ) صاحبِ کمال ہونا۔ ہُنرمند ہونا۔

ہاتھ میں دِل رکھنا (لئے رہنا) (اَر۔ محاورہ) کسی کی ہر طرح دل جوئی کرنا۔ خاطرداری کرنا۔ دل داری کرنا۔

ہاتھ میں دے روٹی اور سر پر مارے جُوتی (اَر۔ مثل) ایسے کم ظرف کی نسبت بولتے ہیں جو اِحسان کر کے بار بار جتائے۔

ہاتھ میں سُمرنی بغل میں کترنی (اَر۔ مثل) ظاہر میں نیک اور باطن میں دغاباز۔ (سُمرنی: تسبیح۔ کترنی: قینچی)۔

ہاتھ میں سنیچر آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نحوست ہونا۔ بدقسمت ہونا (۲) تنگ

دست ہونا۔ غریب ہو جانا۔

ہاتھ میں گریبان ہونا (اَر۔ محاورہ) کسی کے ظلم کا فریادی ہونا۔ ظالم پر قابو پانے کا کنایہ ہے۔

ہاتھ میں لانا پات (پیٹ) میں کھانا (اَر۔ مثل) جو کمانا سو کھا لینا۔ ایسا مفلس ہونا کہ گھر میں برتن تک نہ رہنا۔

ہاتھ میں لیا کانسا تو بھیک کا کیا سانسا (اَر۔ مثل) دیکھئے ہاتھ لیا کانسا۔

ہاتھ میں لینا (اَر۔ محاورہ) کوئی کام اپنے ذمے لینا۔

ہاتھ میں لئے پھرنا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ میں دبائے پھرنا۔

ہاتھ میں ہاتھ دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی کو کسی کے سپرد کرنا (۲) عورت کا مرد سے نکاح کر دینا (۳) ہاتھ مِلانا۔ مصافحہ کرنا۔

ہاتھ میں ہاتھ ہونا (اَر۔ محاورہ) ساتھ ساتھ ہونا (۲) سرپرستی میں ہونا۔

ہاتھ میں ہونا (اَر۔ محاورہ) قبضے میں ہونا۔ اِختیار میں ہونا (۲) رسوخ ہونا۔

ہاتھ نچانا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ مٹکا مٹکا کر باتیں کرنا یا لڑنا۔

ہاتھ نکالنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ کو کسی چیز میں سے باہر نکالنا (۲) رقص کرتے وقت ہاتھ ہلانا (۳) گدکے یا نیزے وغیرہ کو حرکت دینا۔

ہاتھ نکلا ہونا (اَر۔ محاورہ) ہاتھ کا پٹے بازی میں مشّاق ہونا۔

ہاتھ نہ آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) پکڑا نہ جانا (۲) قابو میں نہ آنا (۳) حاصل نہ ہونا۔ کسی چیز کا نہ ملنا۔

ہاتھ نہ پڑنا (اَر۔ محاورہ) کام نہ ہو سکنا۔ کامیابی نہ ہونا۔

ہاتھ نہ پہنچنا (اَر۔ محاورہ) (۱) کام میں کامیاب نہ ہو سکنا (۲) کسی جگہ ہاتھ نہ جا سکنا۔

ہاتھ نہ (رکھنے) دھرنے دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) پاس نہ آنے دینا۔ ہاتھ نہ لگانے دینا (۲) پروا نہ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا (۳) قابو میں نہ آنا (۴) بدمزاج ہونا۔ رُوکھا ہونا۔

ہاتھ نہ گلے ناک میں پیاز کے ڈلے (اَر۔ مثل) کم ظرف اور ذرا ذرا سی بات پر اترانے والے کی نسبت عورتیں بولتی ہیں۔

ہاتھ نہ لگانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاتھ سے نہ چھونا۔ اِحتراز کرنا (۲) مارنے سے باز رہنا (۳) بچے کو تنبیہ نہ کرنا (۴) خاطر میں نہ لانا۔ بات نہ کرنا۔

ہاتھ نہ لگانے دینا (اَر۔ محاورہ) چھونے نہ دینا۔

ہاتھ نہ مُٹھی بلبلاتی اُٹھی (اَر۔ مثل) پاس کوڑی نہیں، حوصلہ دکھانے میں بڑی گرم جوشی۔

ہاتھ ہلاتے آنا (اَر۔ محاورہ) (۱) خالی ہاتھ آنا (۲) کچھ کما کر نہ لانا۔

ہاتھ ہلنا (اَر۔ مص مُرکّب) ہاتھ میں جنبش ہونا۔ ہاتھ میں رعشہ ہونا۔

ہاتھ ہونا (اَر۔ محاورہ) تعلّق ہونا۔ دخل ہونا۔

ہاتھ ہے (اَر۔ محاورہ) اِختیار میں ہے۔

ہاتھا (ہ۔ ا۔ مذ) ہاتھ۔ مُرکّبات میں مستعمل ہے۔

ہاتھا پائی (اَر۔ ا۔ مث) ہاتھ پاؤں سے لڑنا۔ مارکُٹائی۔ مار پیٹ۔

ہاتھا پائی کی لینا (اَر۔ محاورہ) مارکُٹائی اختیار کرنا۔ کُشتم کُشتا کرنا۔ دھینگا مُشتی پر آ جانا۔

ہاتھا چھانٹی (اَر۔ ا۔ مث) بدمعاملگی۔ دغا بازی۔ بددیانتی (۲) غبن۔ خورد بُرد۔

ہاتھوں (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہاتھ کی جمع (۲) سبب۔ باعث۔ کارن (۳) (متعلق فعل) ہاتھ سے۔ ہاتھوں سے۔ وسیلے سے۔ ذریعے سے۔ توسّط سے۔

ہاتھوں اُچکنا (اَر۔ محاورہ) آدمی یا جانور یا کسی چیز کا بہت اُونچا اُچھلنا۔

ہاتھوں اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) بہت تڑپنا۔ بہت زیادہ بے قرار ہونا (۲) خوب کودنا۔ بہت اُچھلنا۔

ہاتھوں بڑھ جانا (اَر۔ محاورہ) بہت بڑھ جانا۔

ہاتھوں پر سانپ کِھلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) خطرناک کام کرنا (۲) بدمزاج آدمی کو راضی رکھنے کی کوشش کرنا۔ نیز دیکھئے ہاتھ پر سانپ کِھلانا۔

ہاتھوں پلنا (اَر۔ محاورہ) تابع ہونا۔ فرماں بردار ہونا۔ غلام ہونا۔

ہاتھوں پھاندنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ہاتھوں اُچکنا۔

ہاتھوں چھاؤں رکھنا (کرنا) (اَر۔ محاورہ) نہایت حفاظت سے رکھنا۔

ہاتھوں دِل بڑھانا (اَر۔ محاورہ) بہت ہمّت بڑھانا۔ بڑا حوصلہ دِلانا۔

ہاتھوں سے (اَر۔ تابع فعل) (۱) فعلوں سے۔ ڈھنگوں سے (۲) بذریعہ۔ وساطت سے۔

ہاتھوں سے تنگ آنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ہاتھ سے تنگ آنا۔

ہاتھوں سے کُھلے تو دانت کیوں لگائے (اَر۔ مثل) جو کام آسانی سے ہو سکے اُس میں وقت اُٹھانے کی کیا ضرورت ہے۔

ہاتھوں قلم ہونا (اَر۔ محاورہ) بُرائی بھلائی کسی کے اِختیار میں ہونا۔

ہاتھوں کلیجا اُچھلنا (اَر۔ محاورہ) بہت مُضطرب ہونا۔ بہت دِل دھڑکنا۔

ہاتھوں کی لکیریں۔ دیکھئے ہاتھ کی لکیریں۔

ہاتھوں کے بَل چلنا (اَر۔ محاورہ) سر نیچے اور ٹانگیں اُوپر کر کے چلنا۔

ہاتھوں کے توتے (طوطے) اُڑنا (اَر۔ محاورہ) حواس باختہ ہونا۔ کوئی چیز دیکھ کر یا سُن کر بے حواس ہو جانا۔

ہاتھوں مہندی پاؤں مہندی اپنے پچھن اوروں دیندی (اَر۔ مثل) (۱) آپ مہندی کا عذر کر کے کام سے بچنا اور دُوسروں کو کام سونپنا (۲) اپنا عیب دُوسروں کے سر تھوپنا۔

ہاتھوں میں لے لینا (اَر۔ محاورہ) سنبھالنا۔

ہاتھوں ہاتھ (اَر۔ تابع فعل) (۱) دست بدست (۲) بالا ہی بالا۔ اُوپر ہی اُوپر (۳) فوراً۔ شتاب۔ جلد۔ جُھٹ۔

ہاتھوں ہاتھ اُڑا کر (اُٹھا کر) لے جانا (اَر۔ محاورہ) فوراً لے جانا۔ دست بدست لے جانا۔

ہاتھوں ہاتھ اُڑ جانا (اَر۔ محاورہ) بہت جلد صَرف ہونا۔ فوراً خرچ ہو جانا۔

ہاتھوں ہاتھ بک جانا (اَر۔ محاورہ) کسی چیز کا فوراً بِک جانا۔

ہاتھوں ہاتھ لانا (اَر۔ محاورہ) نہایت عزّت و احترام سے لانا۔

ہاتھوں ہاتھ لے جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) فوراً لے جانا۔ دیر نہ کرنا (۲) نہایت قدر و منزلت سے لے جانا۔

ہاتھوں ہاتھ لینا (اَر۔ محاورہ) (۱) دست بدست لینا (۲) فوراً لینا۔ جھٹ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

پٹ لینا (۳) عزت و توقیر کرنا (۴) اُوپر ہی اُوپر لے جانا۔
ہاتھوں ہاتھ لئے جانا (اُر۔ محاورہ) بے حد عزت ہونا۔
ہاتھی (ہا۔ تھی) (ہ۔ا۔مذ) فیل۔ پیل۔ خشکی کا سب سے بڑا چوپایہ جس کی ناک بہت لمبی ہوتی ہے جسے سُونڈ کہتے ہیں۔ جمع: ہاتھی۔ ہاتھیوں۔
ہاتھی پاؤں (اُر۔ا۔مذ) ایک مرض جس سے پاؤں نہایت موٹا ہو جاتا ہے۔ فیل پا۔
ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں، جس کا ہاتھی اُس کا ناؤں (اُر۔مثل) جس کی چیز ہو اُسی کا نام ہوتا ہے۔
ہاتھی جھولنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دروازے پر ہاتھی بندھا ہونا (۲) (کنایۃً) بہت دولت مند ہونا۔
ہاتھی جھومنا (اُر۔ محاورہ) (۱) کسی کے پاس ہاتھی ہونا (۲) گھر میں کنواری لڑکی کا شادی کے لائق ہونا۔
ہاتھی چڑھے کُتا کاٹے (اُر۔مثل) اُونٹ چڑھے کُتا کاٹے۔ بدقسمتی ہو تو اچھے کام میں بھی نقصان ہو جاتا ہے۔
ہاتھی چک (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک خاردار پودا جس کی جڑ پکا کر کھاتے ہیں (۲) ایک قسم کی گھاس جو ہاتھی کھاتے ہیں۔
ہاتھی چنگھاڑ (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا درخت۔
ہاتھی خانہ (اُر۔ا۔مذ) ہاتھیوں کا طویلہ۔ فیل خانہ۔
ہاتھی دانت (اُر۔ا۔مذ) ہاتھی کا دانت جس سے کئی چیزیں بنتی ہیں۔
ہاتھی دانت کا چوڑا (اُر۔ا۔مذ) ہاتھی دانت کی بنی ہوئی چوڑیاں۔
ہاتھی سے گنّے کھانا (اُر۔ محاورہ) زبردست سے مُقابلہ کرنا۔ طاقت ور سے کوئی چیز لے لینا۔
ہاتھی کا بوجھ ہاتھی اُٹھاتا ہے (اُر۔مثل) بڑے کام بڑے حوصلے والا ہی کرتا ہے۔
ہاتھی کا پاٹھا (ہ۔ا۔مذ) جوان ہاتھی۔ ہاتھی کا بچّہ۔
ہاتھی کا پیر آنکس (اُر۔مثل) ہاتھی کا اُستاد آنکس ہے۔ ہتھیار سے زبردست بھی قابو میں آجاتا ہے۔ مار سے سب سیدھے ہو جاتے ہیں۔
ہاتھی کا جگ ساتھی۔ کیڑی پاہن پیڑی (اُر۔مثل) زبردست کے سب ساتھی ہوتے ہیں اور کمزور کے سب دُشمن۔
ہاتھی کی ٹکر ہاتھی ہی سنبھالے (اُر۔مثل) بڑے کا مقابلہ بڑا ہی کر سکتا ہے۔
ہاتھی کے پاؤں میں سب کا پاؤں (اُر۔مثل) (۱) بڑے آدمی کے سب مطیع ہوتے ہیں (۲) سخی کے مال میں سب کا حصّہ ہے (۳) امیروں سے غریبوں کو بھی فائدہ پہنچتا ہے۔
ہاتھی کے دانت (اُر۔ا۔مذ) خاص کر وہ دو دانت جو آگے کو نکلے ہوتے ہیں۔
ہاتھی کے دانت دِکھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ناممکن بات کرنا (۲) بُوڑھے توتے کو پڑھانا۔

ہاتھی کے دانت دِکھانے کے اور کھانے کے اور (اُر۔مثل) دُنیا کے لوگ ظاہر میں کچھ اور باطن میں کچھ ہوتے ہیں۔
ہاتھی کے ساتھ گنّے چُوسنا (اُر۔ محاورہ) زبردست کے مُقابلے میں آنا۔
ہاتھی کے مُنہ میں لکڑی پکڑاتے ہیں (اُر۔مثل) زبردست کو مال دے کر واپس لینا چاہتے ہیں۔
ہاتھی گھوڑے بھاگ گئے گدھا پُوچھے کتنا پانی؟ (اُر۔مثل) بڑے بڑے ہمت ہار گئے، ادنیٰ کو ابھی حوصلہ ہے۔
ہاتھی نال (اُر۔ا۔مث) ایک قسم کی توپ جسے ہاتھی کھینچتے تھے۔
ہاتھی نکل گیا دُم اٹکی رہ گئی (اُر۔مثل) سارا کام ہو گیا تھوڑا سا باقی رہ گیا۔
ہاتھی وان (اُر۔ا۔مذ) فیل بان۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا۔
ہاتھی ہزار لُٹے پھر بھی سوا لاکھ ٹکے کا (اُر۔مثل) امیر کیسا ہی غریب کیوں نہ ہو جائے پھر بھی اُس کی قدر باقی رہتی ہے۔
ہاٹ (ہ۔ا۔مث) (۱) دُکان۔ ہٹی (۲) سودا بکنے کی منڈی۔ بازار۔
ہاٹ کرنا (کھولنا) (اُر۔ محاورہ) دُکان کرنا۔
ہاجرہ (ہا۔جِ۔رہ) (ع۔ا۔مث) (۱) نہایت گرم دوپہر کا وقت۔ گرمی کی دوپہر (۲) حضرت اسمٰعیلؑ کی والدہ کا نام۔
ہاجی (ہا۔جی) (ع۔صف) ہجو کرنے والا۔ نقال۔ مُنہ چڑانے والا۔
ہادِم (ہا۔دِم) (ع۔صف) مُنہدم کرنے والا۔ عمارت ڈھانے والا۔ گرانے والا۔ مسمار کرنے والا۔
ہادِمُ اللّذّات (ہا۔دِ۔مُل۔لذ۔ذات) (ع۔صف) لذتوں کا ڈھانے والا۔ (کنایۃً) موت۔
ہادی (ہا۔دی) (ع۔صف) ہدایت کرنے والا۔ راہ نُما۔ پیشوا۔
ہار (ہ۔ا۔مث) (۱) شکست۔ ہزیمت۔ مات (۲) تکان۔ ماندگی۔
ہار بیٹھنا (اُر۔ محاورہ) تھک جانا۔ عاجز ہو جانا۔ تنگ آجانا۔ شکست کھا جانا۔
ہار جانا (اُر۔ محاورہ) (۱) مات ہو جانا۔ شکست کھا جانا۔ مغلوب ہو جانا (۲) عاجز ہونا۔ ناک میں دَم ہونا۔ تنگ ہونا۔
ہار جیت (ہ۔ا۔مث) شکست و فتح۔ نفع و نقصان۔
ہار دینا (اُر۔ محاورہ) بازی لگا کر مات ہو جانا۔ بازی میں دے دینا۔
ہار کر (کے) (اُر۔ تابع فعل) تھک کر۔ مجبور ہو کر۔ آخر کار۔
ہار کر (کے) بیٹھ رہنا (اُر۔ محاورہ) مجبور ہو کر بیٹھ جانا۔ عاجز آکر کچھ نہ کہنا۔ تنگ آکر چھوڑ دینا۔
ہار کے جھک مار کے (اُر۔ تابع فعل) ناچار ہو کر۔ عاجز آکر۔
ہار ماننا (اُر۔ محاورہ) شکست تسلیم کرنا۔
ہار (ہ۔ا۔مذ) (۱) پُھولوں یا موتیوں کی مالا (۲) تسبیح۔ سمرن۔ مالا (۳) جواہرات کا گلوبند۔ کنٹھا۔ جمع: ہار۔ ہاروں۔
ہار چڑھانا (اُر۔ محاورہ) مُقدس بزرگوں کی قبروں یا دیوتاؤں پر پُھول چڑھانا۔
ہار ڈالنا (اُر۔ محاورہ) ہار پہنانا۔ مالا گلے میں ڈالنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہار (ہارا) (ہ۔صف) مُرکبات میں بطور لاحقہ مستعمل ہے (۱) والا۔ صاحب۔ مالک جیسے ہونہار۔ جانہار (۲) کرنے والا جیسے کرن ہارا۔ لکڑہارا۔

ہارا (ہا۔را) (ہ۔صف) (۱) تھکا ہوا۔ تھکا ماندہ (۲) کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں (۳) ہارا ہوا۔ مات کھایا ہوا۔ شکست خوردہ۔

ہارا جواری پگڑی رکھے (اُر۔مثل) مجبوری میں شرم وحیا بھی نہیں رہتی۔

ہارا جھک مارا سارا جنگل ہمارا (اُر۔مثل) لڑکوں کا ایک کھیل۔ جب کوئی لڑکا ہار جائے تو اُس سے یہ فقرہ کہلواتے ہیں۔

ہارا کری (Hara Kiri) (جاپانی۔ا۔مث) لغوی معنی پیٹ کا انجام۔ تلوار سے پیٹ پھاڑ کر خودکشی کا روایتی جاپانی طریقہ۔

ہارِب (ہا۔رب) (ع۔صف) بھاگنے والا۔

ہاربر (Harbour) (انگ۔ا۔مث) بندرگاہ۔ سمندر میں ساحل کے قریب وہ جگہ جہاں جہاز کھڑے ہوتے ہیں۔

ہارپُون (Harpoon) (انگ۔ا۔مذ) برچھے کی شکل کا وہ خمدار کانٹا جس سے بڑی مچھلیوں کو شکار کرتے ہیں۔

ہارڈویَر (Hardware) (انگ۔ا۔مذ) لوہے کے برتن اور اوزار۔

ہارس پاور (Horse Power) (انگ۔ا۔مث) اَسپی طاقت۔ اِتنی طاقت جس سے ۵۵۰ پونڈ وزن ایک سیکنڈ میں ایک فٹ اُٹھایا جا سکے۔

ہارسِنگار (ہار۔سِنگار) (ہ۔ا۔مذ) ایک درخت جس کے پھول کی ڈنڈیوں سے زرد اور شنگرفی رنگ نکالتے ہیں۔

ہارمونیَم (Harmonium) (انگ۔ا۔مذ) ایک قسم کا انگریزی باجا۔

ہارن (Horn) (انگ۔ا۔مذ) نرسنگا۔ قرنا۔ ایک قسم کا باجا۔

ہارنا (ہ۔مص) (۱) مغلوب ہونا۔ شکست کھانا۔ ناکام رہنا۔ تھکا ماندہ ہونا (۲) ناچار ہونا۔ عاجز ہونا (۳) کسی سے طاقت میں کمزور ہونا (۴) تنگ ہو جانا (۵) شرط ہار جانا۔

ہارُو (ہا۔رُو) (اُر۔صف) وہ شخص جو اکثر ہار جائے۔

ہارُوت وماروت (ع۔ا۔مذ) مُسلمانوں کے عقیدے کے مطابق اُن دو فرشتوں کے نام جنہوں نے باری تعالیٰ سے کہا تھا کہ اِنسان دُنیاوی آلائشوں میں پھنس کر گناہوں کے مُرتکب ہوتے ہیں۔ ہم دُنیا میں گئے تو اپنا دامن گناہوں سے آلودہ نہ ہونے دیں گے۔ لیکن وہ دُنیا میں آکر بابل (عراق) کی ایک طوائف زُہرہ پر عاشق ہوگئے اور اُسے اِسم اعظم سکھا دیا۔ زُہرہ اِسم اعظم پڑھ کر سیارہ بن گئی اور ہاروت وماروت کو اللہ تعالیٰ نے بابل کے ایک کنوئیں میں اُلٹا لٹکا دیا جہاں وہ قیامت تک لٹکے رہیں گے۔ (دیکھئے چاہِ بابل)۔

ہارُون (ہا۔رُون) (ع۔ا۔مذ) (۱) عبرانی لفظ آرون بمعنی شریر و سرکش گھوڑا کا مُعرّب (۲) حضرت موسیٰؑ کے بھائی کا نام۔

ہارُونی (ہا۔رُو۔نی) (اُر۔صف) نافرمان۔ سرکش۔ ڈھیٹ (۲) (ف۔ا۔مث) پاسبانی۔ چوکیداری۔

ہاری (ہندی۔صف۔وا۔مذ) ع۔ حارث کا بگاڑ۔ ہالی۔ کسان۔ کاشت کار۔

ہاڑ (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہڈی۔ اُستخوان (۲) ڈھانچ۔ ڈھچر۔ پنجر (۳) دیکھئے اَساڑھ۔

ہاڑجوڑا (ہ۔ا۔مذ) (۱) ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کو جوڑنے والا (۲) ایک پودا۔

ہاڑنا (ہاڑ۔نا) (ہ۔مص) (۱) ایک باٹ سے دُوسرا باٹ تول کر بنانا (۲) وزن سے وزن برابر کرنا۔ وزن کا مقابلہ کرنا (۳) اِمتحان کرنا۔ اَندازہ کرنا۔

ہاسا (ق۔ا۔مذ) ہنسی۔ ہانسی۔

ہاشِم (ہا۔شِم) (ع۔ا۔مذ) (۱) دودھ دوہنے والا (۲) نرم پہاڑ۔ پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے پردادا کا نام۔

ہاشمی (ہا۔شِ۔مِی) (ع۔صف) ہاشم سے نسبت رکھنے والا۔ ہاشم کی اولاد۔ قریش کا ایک خاندان۔

ہاضِم (ہا۔ضِم) (ع۔صف) (۱) ہضم کرنے والا۔ پچانے والا (۲) تحلیل کرنے والا۔ ملیّن۔

ہاضِمہ (ہا۔ضِ۔مَہ) (ع۔ا۔مذ) ہضم کرنے کی قوت۔ ہاضم کی تانیث۔

ہاف (Half) (انگ۔صف) نصف۔ آدھا۔

ہاک (ق۔ا۔مث) ہانک۔ آواز۔

ہاکر (Hawker) (انگ۔ا۔مذ) پھیری والا۔ خوانچے والا۔ گھوم پھر کر اَخبار وغیرہ بیچنے والا۔ اُردو جمع: ہاکر۔ ہاکروں۔

ہاکی (Hockey) (انگ۔ا۔مث) ایک کھیل جو گیند اور اسٹِک (خمیدہ لکڑی) سے کھیلا جاتا ہے۔

ہال (ہ۔ا۔مث) (۱) حرکت۔ جنبش (۲) جھٹکا۔ چال۔ رفتار۔ گردش (۳) (ا۔مذ) لوہے کا وہ چکّر جو پہیے کے گرداگرد چڑھایا جاتا ہے (۴) عربی حال کا بگڑا ہوا۔ ابھی۔ تُرت۔

ہال (Hall) (انگ۔ا۔مذ) (۱) بڑا کمرا۔ ہال کمرا (۲) بڑا کمرا جس میں جلسے وغیرہ ہوتے ہیں۔

ہالا (ہا۔لا) (ہ۔ا۔مذ) وہ ٹیکس جو ہل پر لگایا جاتا ہے۔

ہالا (ہا۔لا) (س۔ا۔مث) شراب۔

ہالا ڈولا (ہا۔لا۔ڈو۔لا) (ہ۔ا۔مذ) بھونچال۔ زلزلہ۔

ہالٹ (Halt) (انگ۔ا۔مذ) (۱) پڑاؤ۔ منزل۔ مقام۔ ٹھہراؤ (۲) (اَمر) رُکنے کا حکم۔

ہالنا (ہال۔نا) (ہ۔مص) ہلنا۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا۔

ہالہ (ہا۔لہ) (ع۔ا۔مذ) (۱) دائرہ۔ کُنڈل (۲) چاند کا کُنڈل جو بخاراتِ اَرضی سے چاند کے گرد پڑ جاتا ہے۔

ہالی (ہا۔لی) (ہ۔ا۔مذ) ہل چلانے والا۔ ہل جوتا۔ کسان۔

ہالی موالی (ہا۔لی۔مَ۔وا۔لی) (اُر۔ا۔مذ) متعلّقین۔ آس پاس والے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

اِرد گرد کے لوگ (صحیح اَہالی موالی)۔

ہامان (ع۔ا۔مذ)(۱) حضرت موسیٰ کے عہد میں فرعونِ مصر کا وزیر۔ اِسی نے فرعون کو بنی اسرائیل کی اولادِ نرینہ کو قتل کرنے کا مشورہ دیا تھا (۲)(کنایۃً) نہایت سنگ دِل و شقی القلب شخص۔

ہامُون (ہا۔مُون)(ف۔ا۔مذ) میدان۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔

ہامی (ہا۔مِی)(ہ۔ا۔مث) ہاں ہمیں کا مخفف۔ ہاں۔ اقرار۔ اِثبات۔

ہامی بھرنا (اَر۔محاورہ) ہاں کرنا۔ اقرار کرنا۔ وعدہ کرنا۔ زبان دینا۔

ہان (ہانی) (ہ۔ا۔مث)(۱) نقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ ضرر۔ زیان (۲) مصیبت۔ بپتا (۳) کشت و خون۔ خونریزی۔

ہاں (ہ۔ کلمۂ ایجاب)(۱) اچھا۔ ہوں۔ بھلا (۲) ضرور۔ ٹھیک۔ بیشک۔ البتّہ (۳)(مث) اِقرار۔ حُکم کا اِشارہ۔ تاکید۔ تنبیہ (۴)(تابع فعل) واقعی (۵) وہاں اور یہاں کا مخفف۔

ہاں اور (اَر۔تابع فعل) ابھی اور زیادہ کی جگہ بولتے ہیں۔

ہاں جی (اَر۔تابع فعل)(تعظیم کے موقع پر) بے شک۔ بجا ہے۔ جی ہاں۔

ہاں جی کا نوکر ہونا (اَر۔محاورہ) ہاں میں ہاں مِلانے سے غرض رکھنا۔ بہت فرماں بردار ہونا۔

ہاں جی ہاں جی کرنا (اَر۔محاورہ) ہاں میں ہاں مِلانا۔

ہاں جی ہاں جی سب سے کیجئے کریئے اپنے من کی (اَر۔مثل) ہر ایک سے مشورہ کرنا چاہیے مگر کام وہی کرنا چاہیے جو دِل کو پسند آئے۔

ہاں کرنا (اَر۔محاورہ) اِقرار کرنا۔ اِقبال کرنا۔ منظور کرنا۔

ہاں میں ہاں مِلانا (اَر۔محاورہ) ہاں جی ہاں جی کرنا۔ اَندھی تقلید کرنا۔ بے سمجھے بوجھے مان لینا۔

ہاں نا کا جواب (اَر۔ا۔مذ) صاف جواب۔ اِقرار یا اِنکار۔

ہاں ہاں (اَر۔ا۔مذ)(۱) وعدہ۔ اِقرار (۲) منظوری۔ قبولیت (۳)(متعلق فعل) ہرگز (۴) بے شک۔ البتّہ (۵) ہرگز نہ۔ نہ نہ۔

ہاں ہُوں (اَر۔ا۔مث) کلمۂ ایجاب و قبول۔ اِقبال۔ اِقرار۔

ہاں ہُوں کرنا (اَر۔محاورہ) اِقبال کرنا یا اِنکار کرنا۔

ہانپنا (ہانپ۔نا)(ہ۔مص) جلد جلد سانس لینا۔ دَم ٹوٹنا۔ سانس اُکھڑنا۔

ہانڈا (ہاں۔ڈا)(ہ۔صف) پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔

ہانڈنا (ہانڈ۔نا)(ہ۔مص) آوارہ پھرنا۔ بے کار پھرنا۔ آوارہ گرد ہونا۔

ہانڈی (ہاں۔ڈی)(ہ۔ا۔مث)(۱) کھانا پکانے کا مٹی کا برتن (۲) شیشے کی ہانڈی جس میں روشنی کرتے ہیں۔ لیمپ کا گلوب (۳)(صف) گھومنے پھرنے والی' آوارہ گرد (عورت)۔ جمع: ہانڈیاں۔ ہانڈیوں۔

ہانڈی اُبلنا (اَر۔محاورہ)(۱) ہانڈی کا جوش کھا کر پانی باہر نکل پڑنا (۲)(کنایۃً) بساط سے بڑھ کر کام کرنا۔

ہانڈی پکنا (اَر۔محاورہ)(۱) سالن پکنا۔ کھانا پکنا (۲)(کنایۃً) چپکے چپکے صلاح مشورہ ہونا۔ کھچڑی پکنا۔

ہانڈی پھوٹنا (اَر۔محاورہ) بھانڈا پھوٹنا۔ اَفشائے راز کرنا۔

ہانڈی جاتی ہوگی (اَر۔مثل) کسی کی شادی کے موقع پر مینہ برسے تو مذاقاً کہتے ہیں۔

ہانڈی چڑھانا (اَر۔محاورہ) پکانے کے لئے ہانڈی کا چولھے پر رکھنا۔

ہانڈی کا سا اُبال (اَر۔ا۔مذ) وہ شوق جو جلد پیدا ہو اور جلد ختم ہو جائے۔

ہانڈی گرم کرانا (اَر۔محاورہ) رشوت دِلانا۔ فائدہ دِلانا۔

ہانڈی گرم کرنا (اَر۔مص مُرکّب)(۱) سالن گرم کرنا (۲)(محاورہ) مُفت کا مال لینا۔ بے ایمانی سے کوئی چیز حاصل کرنا۔ رشوت لینا۔

ہانڈی میں ہوگا سو ڈوئی میں نکلے گا (اَر۔مثل) جو دِل میں ہوتا ہے وہی زبان پر آتا ہے۔

ہانڈی نہ ڈوئی سب پت کھوئی (اَر۔مثل) غریبی سے عزّت بھی جاتی رہتی ہے۔ (پت: عزّت)۔

ہانڈی وال (اَر۔صف)(۱) کھانے کا شریک۔ ساجھی۔ حصّے دار (۲) ایک عورت سے تعلّق رکھنے والے کئی مرد۔

ہانس (نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) سینے سے اُوپر اور گردن کے نیچے کی ہڈّی۔ ہنسلی (۲) ایک آبی پرندہ۔ ہنس۔

ہانسی (ہاں۔سی)(ہ۔ا۔مث) ہنسی۔ مذاق۔ دِل لگی۔

ہانسی کے گل پھانسی (اَر۔مثل) ہنسی دِل لگی کی باتیں کرتے کرتے فساد ہو جاتا ہے۔

ہانک (نُون غُنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) آواز۔ پُکار (۲) چلاّہٹ۔ غُل۔ شور۔

ہانک پُکار (اَر۔ا۔مث) آدمیوں کا شور و غُل۔ غُل غپاڑا۔

ہانک پُکار کے کہنا (اَر۔محاورہ) باآوازِ بلند کہنا۔ علیٰ الاعلان کہنا۔

ہانک مارنا (اَر۔محاورہ) پُکارنا۔ آواز دینا۔ زور سے چیخ کر پکارنا۔

ہانکا (ہاں۔کا)(ہ۔ا۔مذ) ہانکنے کا فعل۔ شکار کے لئے جھاڑیوں میں سے جانوروں کو ہانک کر باہر نکالنے کا عمل۔

ہانکا جانا (اَر۔محاورہ) بھگایا جانا (جانوروں کو)۔

ہانکا ہانک (ہانکا ہانکی) (اَر۔متعلق فعل) متواتر ہانکنے یا بھگانے کا عمل۔

ہانکنا (ہانک۔نا)(نُون غُنّہ)(ہ۔مص)(۱) جانور کو ڈنڈے سے آگے بڑھانا۔ چلانا۔ دوڑانا۔ تیز رفتار کرنا (۲)(اَر۔محاورہ) بے سوچے سمجھے کوئی بات زبان سے نکالنا۔

ہانکے پُکارے (ہاں۔کے۔پُ۔کا۔رے) (اَر۔متعلق فعل) علانیہ۔ سب کے رُوبرو۔ ڈنکے کی چوٹ۔ کھُلم کھُلا۔

ہانگا (ہاں۔گا)(ہ۔ا۔مذ) زور۔ قوت۔ طاقت۔

ہانگا چھوٹنا (اَر۔محاورہ) طاقت نہ رہنا۔ جسمانی قوت میں فرق آنا۔

ہانگی (ہاں۔گی)(ہ۔ا۔مث) کپڑے کی چھلنی۔ میدہ چھاننے کی باریک چھلنی۔

ہاوَن (ہا۔وَن)(ف۔ا۔مذ) اوکھلی۔ کھرل۔

ہاوَن دَستہ (ف۔ا۔مذ) اوکھلی اور مُوسل۔ دوائیں کوٹنے کا ایک ظرف اور

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

مُوسلی۔

ہاؤ ہُو (اَ۔ اِ۔ مث)(۱) شور و غوغا (۲) آہ آہ۔ ہائے ہائے۔ کراہنے کی آواز۔

ہاوِیَہ (ہا۔وِ۔یَہ) (ع۔ اِ۔ مذ)(۱) دوزخ کا سب سے نیچے کا طبقہ (۲) اندھیرا غار (۳)(اِ۔ مث) وہ عورت جس کے بچے مر گئے ہوں۔

ہاؤُ (ہا۔اُو)(اَ۔ اِ۔ مذ)(۱) ہُو کرنے والا (۲) بچوں کو ڈرانے کا کاغذی چہرہ (۳) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔

ہاؤ ہاؤ (اَ۔ اِ۔ مث)(۱) جلدی۔ گھبراہٹ۔ ہائے۔ پُکار۔ واویلا (۲) مانگ۔ طلب۔ تقاضا (۳) کی۔ توڑا۔

ہاؤ ہاؤ کرنا (اَ۔ محاورہ) جلدی کرنا۔

ہاہا (ہ۔ اِ۔ مث)(۱) ہی ہی۔ ہنسی ٹھٹھے کی آواز (۲) افسوس۔ حیف۔ چاپلوسی۔ خوشامد درآمد (۳) عجز۔ اِنکسار (۴) اِلتجا۔ درخواست۔ اِستدعا۔

ہاہا ٹھی ٹھی (اَ۔ اِ۔ مث) ہنسی۔ ٹھٹھا۔

ہاہا کار (ہ۔ اِ۔ مث)(۱) ڈر۔ خوف۔ اِضطراب (۲) شور و غُل۔ واویلا۔

ہاہا کرنا (اَ۔ محاورہ) منت ساجت کرنا۔ خوشامد درآمد کرنا۔

ہاہا ہو ہو (اَ۔ اِ۔ مث) بیہودہ ہنسی مذاق۔ ہنسی ٹھٹھا۔

ہاہا ہی ہی (اَ۔ اِ۔ مث) بیہودہ ہنسی۔ قہقہہ۔ ٹھٹھا۔

ہاہا ہی ہی کرنا (اَ۔ محاورہ) ہنسی ٹھٹھا کرنا۔ قہقہہ لگانا۔

ہاہو کرنا (اَ۔ مص مُرکّب) شور کرنا۔

ہائِل (ہا۔اِل) (ع۔ صف) (۱) ہولناک۔ مہیب۔ ڈراونا۔ بھیانک (۲) سخت۔ شدید۔

ہائِلَہ (ہا۔اِ۔لَہ)(ع۔ صف) ہائل کی تانیث۔

ہاؤس (House) (انگ۔ اِ۔ مذ) گھر۔ خانہ۔

ہاؤس بوٹ (House Boat) (انگ۔ اِ۔ مث) ایک کشتی جس میں رہتے بھی ہیں۔

ہاؤس سرجن (House Surgeon) (انگ۔ اِ۔ مذ)(۱) وہ ڈاکٹر' جراح جو شفاخانے میں رہے۔ طبیبِ مقیم شفاخانہ (۲) زیرِ تربیت ڈاکٹر۔

ہائی (ہا۔اِی) (ہ۔ اِ۔ مث) (۱) حالت۔ طور۔ وضع۔ ڈھنگ۔ کیفیت (۲) بدنامی۔ رُسوائی۔

ہائی (High) (انگ۔ صف) بلند۔ اُونچا۔ بالا (۲) بڑا۔ اعلیٰ۔ اُونچے درجے کا۔

ہائی اِسکول (High School) (انگ۔ اِ۔ مذ) مدرسۂ فوقانی۔ بڑا مدرسہ۔ وہ اِسکول جس میں دسویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہو۔

ہائی جمپ (High Jump) (انگ۔ اِمث) اُونچی چھلانگ۔

ہائی کمان (High Command کا مؤرّد۔ اِمث) اعلیٰ قیادت۔ سالارِ اعلیٰ اور اُس کا منصب۔

ہائی کمیشن (High Commission) (انگ۔ اِ۔ مذ) ہائی کمشنر کا دفتر یا سفارت خانہ۔

ہائی کمشنر (High Commissioner) (انگ۔ اِ۔ مذ) برطانوی دولتِ مشترکہ سے وابستہ ممالک کے ایک دوسرے کے ہاں متعیّن سفیر ہائی کمشنر کہلاتے ہیں۔

ہائی کورٹ (High Court) (انگ۔ اِ۔ مذ) عدالتِ عالیہ۔

ہائے (ف۔ اِ۔ مث) ہ کی مُغیّرہ صورت (بحالتِ اِضافت)۔

ہائے (مخلوط) دوچشمی (ف۔ اِ۔ مث) وہ "ھ" جس کی دو آنکھیں ہوتی ہیں (ھ)۔ اس کی اپنی کوئی آواز نہیں ہوتی۔ دُوسرے حرف کے ساتھ مل کر آواز دیتی ہے۔

ہائے مختفی (ف۔ اِ۔ مث) وہ "ہ" جو کُھل کر نہ پڑھی جائے اور حرفِ ماقبل کی حرکت (فتحہ) کو ظاہر کرے جیسے دیوانہ۔ افسانہ۔

ہائے ملفوظی (ف۔ اِ۔ مث) وہ "ہ" جو خوب کُھل کر پڑھی جائے جیسے گاہ۔ راہ۔ ماہ۔

ہائے (ہا۔اِے)(اَ۔ اِ۔ مث)(کلمۂ تأسّف)(۱) افسوس۔ دریغ (۲) آہ۔ فریاد (۳) بیماری یا دُکھ کی آواز۔ ماتم۔

ہائے اللہ! (اَ۔ کلمۂ فجائیہ) اے خُدا! یااللہ!

ہائے اِے! اَ۔ کلمۂ تأسّف و تکلیف۔

ہائے رے! اَ۔ کلمۂ تأسّف اور درد۔

ہائے غضب! (اَ۔ کلمۂ فجائیہ) کیا ستم ہوا۔ بڑا غضب ہوا۔

ہائے وہ بھی کیا زمانہ تھا (اَ۔ مقولہ) گزشتہ زمانے کو افسوس کے ساتھ یاد کرنا۔

ہائے ہائے! (اَ۔ کلمۂ تأسّف)(۱) آہ آہ۔ واویلا۔ آہ و زاری (۲)(مث) پُکار۔ مانگ۔ طلب۔

ہائے ہائے کرنا (اَ۔ محاورہ)(۱) کراہنا۔ آہیں بھرنا (۲) واویلا کرنا۔ غُل مچانا (۳) بڑی محنت کرنا۔ کسی کام میں جان مارنا (۴) کسی چیز کے نہ ہونے کی پُکار مچانا۔

ہائے ہُو (ف۔ اِ۔ مث) واویلا۔ غُل۔ شور۔ آہ و نالہ۔ چیخ دھاڑ۔

ہائیڈرو (Hydro) (انگ۔ سابقہ) پانی کا۔ پانی سے متعلق۔

ہائیڈرو الیکٹرک (Hydro-Electric) (انگ۔ صف) پانی سے بجلی پیدا کرنے والا۔

ہائیڈروجن (Hydrogen) (انگ۔ اِ۔ مذ) ایک عنصر بحالتِ گیس۔ آزاد اور مُرکّب ہر دو حالتوں میں پایا جاتا ہے۔ پانی کا اہم جزو ہے۔

ہائیڈروفوبیا (Hydrophobia) (انگ۔ اِ۔ مذ) آب ترسی۔ پانی سے ڈرنا جو کُتّے کے کاٹنے کی علامت ہے۔ جنونِ سگ گزیدگی۔ ہُڑک۔

ہائیڈروگرافی (Hydrography) (انگ۔ اِ۔ مث) علمِ بحار و اَنہار۔

ہائیڈرومیٹر (Hydrometer) (انگ۔ اِ۔ مذ) آب پیما۔ مقیاسُ الماء۔

ہائیڈرومینیا (Hydromania) (انگ۔ اِ۔ مذ) ایک قسم کا جنون جس میں ڈوب مرنے کو جی چاہتا ہے۔

ہائیں (ہا۔اِیں) اَ۔ کلمۂ تنبیہ و تہدید۔

ھ۔ب

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہبا ڈبا (ہَب۔با۔ڈَب۔با)(ہ۔ا۔مذ) بچوں کی کھانسی۔ مسان کی بیماری۔

ہبڑا (ہَب۔ڑا) (ہ۔صف) (۱) بڑے بڑے دانتوں والا (۲) بدشکل۔ بدصورت۔ بیڈول۔ بھدا۔

ہبڑ دھبڑ (ہ۔بَڑ۔دَھ۔بَڑ)(اُر۔تابع فعل) جلدی جلدی۔

ہبڑی (ہَب۔ڑی)(ہ۔صف) ہبڑا کی تانیث۔

ہبک دھبک (ہ۔بَک۔دَھ۔بَک) (اُر۔ا۔مث) کام کرنے کی چالاکی۔ بیشتر خدمت گاروں کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔

ہُبَل (ہُ۔بَل) (ع۔ا۔مذ) ایک مشہور بُت جو ایامِ جہالت میں مکّے میں رکھا ہوا تھا۔

ہَبَنّق (ہَ۔بَن۔نَق)(ع۔صف) چھوٹے قد کا۔ اَحمق۔ سِڑی۔ باولا۔ جانگلو۔ نیز دیکھئے ہونق۔

ہُبوب (ہ۔بُوب)(ع۔ا۔مذ) ہوا کا چلنا۔

ہبوڑا۔ دیکھئے ہابوڑا۔

ہُبوط (ہ۔بُوط)(ع۔ا۔مذ)(۱) نیچے اُترنا۔ نازل ہونا (۲) پستی۔ نشیب۔

ہِبہ (ہِ۔بَہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) عطا۔ بخشش (۲) وقف۔ خیرات۔

ہبہ اِستقبالی (ع۔ا۔مذ) آیندہ کا ہبہ۔

ہبہ تملیک (ع۔ا۔مذ) مالک کرنے یا قبضے میں دینے کا ہبہ۔

ہبہ کرنا (اُر۔مص مُرکب)(۱) بخشنا۔ عنایت کرنا (۲) وقف کرنا۔

ہبہ نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) وہ کاغذ یا دستاویز جس میں کسی چیز کو بخشنے کا اِقرار لکھا جائے۔

ہ۔پ

ہَپ (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مث) نگلنے کی آواز۔ ہڑپ۔

ہپ کرجانا (اُر۔محاورہ)(۱) کھاجانا۔ نگل جانا (۲) غصب کرلینا۔ مار لینا۔ کسی کا مال ہضم کرلینا۔

ہَپ ہَپ (اُر۔ا۔مث) جلد جلد نگلنے کی آواز (۲) پوپلوں کے بولنے کی آواز۔

ہپّا (ہَپ۔پا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بچوں کا کھانا (۲) پوپلوں کے کھانے کی چیز (۳) بچوں کی زبان میں کھانا پکانے والی عورت۔

ہپڑ ہپڑ (ہ۔پَڑ۔ہَ۔پَڑ)(ہ۔ا۔مث) غذا یا کسی دُوسری چیز کا جلد جلد کھانا۔

ہپناٹزم (Hypnotism) (انگ۔ا۔مذ) عملِ تنویم۔ عملِ توجّہ۔ مسمریزم۔

ہپّو (ہَپ۔پو)(اُر۔صف)(۱) پوپلی عورت (۲) ہڑپ کرجانے والی عورت۔

ہپّو ڈائن (اُر۔ا۔مث) بوڑھی پوپلی عورت۔

ہپّو (ہَپ۔پُو)(ہ۔ا۔مث)(۱) اَفیون کی گولی جو عورتیں بچوں کو دیتی ہیں (۲) (صف) پیٹو۔ لالچی۔

ہپوپوٹیمس (Hippopotamus) (یو۔ا۔مذ) دریائی گھوڑا۔ ایک سُم دار پستانیہ (ممل) جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ سؤر کے خاندان سے ہے۔ سوائے تھوتھنی کے باقی تمام جسم سؤر جیسا ہوتا ہے۔

ہپہپانا (ہَپ۔ہَ۔پا۔نا)(اُر۔مص) ہانپنا۔ لمبے لمبے سانس لینا۔

ہپّی (Hippie) (انگ۔صف) ایسے گروہ کے لوگ جو ہر قید و بند سے آزاد ہیں اور نشہ اِستعمال کرتے ہیں۔

ہپّی اِزم (انگ۔ا۔مذ) ہپّی لوگوں کا مسلک یا طریقِ زندگی۔

ہ۔ت

ہَت (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ہاتھ کا مُخفف (۲)(مث) دوستی۔

ہَت (بفتحِ اوّل)(ہ۔کلمہ حقر) چل دُور ہو۔ الگ ہو۔ پرے ہٹ۔

ہت تیری (ہت تیری کی۔ ہت تیرے کی ایسی تیسی) (اُر۔متعلق فعل) خُدا تیرا خانہ خراب کرے۔ خُدا تیرا کھوج کھوئے (پیار سے بھی کہتے ہیں)۔

ہِت (بکسرِ اوّل) (س۔ا۔مذ) (۱) سچّی دوستی۔ پیار۔ محبّت۔ اِخلاص (۲) بھلائی۔ مفاد۔

ہت کار (ہ۔صف) بھلائی کرنے والا۔ سجن۔ دوست۔ مخلص۔ محسن۔

ہتّا (ہتھّا) (ہَت۔تا)(ہَت۔تھا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) ہاتھ (۲) دستہ۔ مُوٹھ۔ قبضہ۔ گرفت۔ قابو۔ داؤ۔

ہتّا پھیرنا (ہ۔محاورہ) کوٹنا۔ مُوسنا۔ صفایا کردینا۔ سب لے لینا۔

ہتّا جوڑی (ہ۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا ناچ جس میں ایک دُوسرے کا ہاتھ پکڑ کے ناچتے ہیں۔

ہتّا مارنا (اُر۔محاورہ)(۱) ہاتھ مارنا۔ مال مارنا (۲) جبراً چھین لینا۔

ہَتک (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) پردہ دری۔ رُسوائی۔ بے حُرمتی۔ بے عزّتی۔ (اُردو میں بفتحِ اوّل و دوم مستعمل ہے)۔

ہتک آمیز (ع۔ف۔صف) بے عزّتی سے بھرا ہوا۔ گستاخانہ۔

ہتک عزّت (ع۔ف۔ا۔مث) کسی کی عزّت میں بٹّا لگانا۔ کسی کو رُسوا و بدنام کرنا۔

ہِتُو (ہ۔تُو)(ہ۔صف) مُحِبّ۔ ہوا خواہ۔ بہی خواہ۔ خیر خواہ۔

ہتّواسنا (ہَت۔واس۔نا)(ہ۔مص)(۱) ہاتھ میں لینا (۲) قبضے پر ہاتھ رکھ کر تلوار ہاتھ میں لینا۔

ہتوٹی (ہتھوٹی) (ہ۔تو۔ٹی) (ہ۔تھو۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) دستکاری۔ چالاکی۔ عیّاری۔

ہتوڑا (ہتھوڑا) (ہ۔تو۔ڑا) (ہ۔تھو۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) لوہاروں کا ایک اوزار۔ کوٹنے کا آلہ۔ مارتول۔ جمع: ہتوڑوں۔ ہتھوڑے۔

ہتوڑی (ہتھوڑی) (ہ۔تو۔ڑی) (ہ۔تھو۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) چھوٹا ہتھوڑا۔ جمع: ہتوڑیاں۔ ہتوڑیوں۔

ہَتھ (بفتحِ اوّل)(ہ۔ا۔مذ) ہاتھ کا مُخفف۔ نیز دیکھئے ہَت۔

ہتھ اُدھار (ہ۔ا۔مذ) وہ قرض جو کرور لکھے بغیر دیا جائے۔ نیز دیکھئے ہاتھ اُدھار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہتھ اُدھار دینا (ار۔ محاورہ) بغیر تحریر کے قرض دینا۔ بغیر کچھ گروی رکھے روپیہ دینا۔
ہتھ پُھول (ار۔ا۔مذ) ایک قسم کی آتش بازی جس سے پُھول جھڑتے ہیں اور جسے ہاتھ میں لے کر چھوڑتے ہیں۔
ہتھ پھیر (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہاتھ کی چالاکی (۲) اُدھار۔
ہتھ پھیری (ہ۔ا۔مث) دست مالی۔ مساس۔ معشوق کے بدن پر ہاتھ پھیرنا (۲) غبن۔ صفایا۔ دست بُرد (۳) شعبدہ بازی۔ ہاتھ چالاکی۔ چابک دستی۔
ہتھ پھیری کرنا (ہ۔ محاورہ) (۱) دست مالی کرنا۔ مساس کرنا۔ ہاتھ پھیرنا (۲) مکر و فریب سے کسی کا مال لے لینا۔ فریب سے کسی کو اپنے دام میں لانا۔
ہتھ جوڑی (ہ۔ا۔مث) (۱) پہلوانوں کا کشتی کا معاہدہ کرنے کی غرض سے ہاتھ ملانا (۲) ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں کام آتی ہے۔
ہتھ چلا (ہ۔صف) چالاک۔ عیار۔
ہتھ چھٹ (ہ۔صف) وہ جو ذرا سی چھیڑ چھاڑ پر بے دھڑک مار بیٹھے۔ وہ جس کا ہاتھ مارنے میں بے دھڑک چلتا ہو۔
ہتھ رس (ہ۔ا۔مذ) جلق۔ مٹھولے بازی۔
ہتھ کٹی (ہ۔ا۔مث) وہ ضرب جو پھکیت حریف کے ہاتھ پر مارتا ہے۔
ہتھ کڑا رکھنا (ار۔ محاورہ) کسی سے زبردستی کام کرانا۔ بیگار لینا۔
ہتھ کڑی (ہ۔ا۔مث) وہ آہنی کڑا یا زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے۔
ہتھ کل (ہ۔ا۔مث) (۱) دستی کھٹکا۔ کواڑ کی دستی یا مُوٹھ (۲) دروازے کی بلی۔
ہتھ کنڈا (ہتھ کھنڈا) (نُون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہاتھ کا کرتب۔ ہاتھ کی چالاکی (۲) چال۔ فریب۔ چالاکی۔ عیاری (۳) بدی کی عادت (۴) داؤں پیچ۔ گھات۔ جمع: ہتھکنڈوں۔ ہتھکنڈے۔
ہتھ کنڈے (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہتھ کنڈا کی جمع (۲) ہتھ کنڈا کی مغیرہ صورت۔
ہتھکنڈے رواں ہونا (ار۔ محاورہ) کسی کام کا مشاق ہونا۔
ہتھ گاڑی (ہ۔ا۔مث) ہاتھ سے چلانے والی گاڑی۔ نیز دیکھئے ہاتھ گاڑی۔
ہتھ لیوا (ہ۔ا۔مذ) ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دُولھا دُلہن کے ہاتھ ملا کر دھاگے سے باندھ دیتے ہیں۔
ہتّھو (فتح اوّل) (ہ۔ا۔مذ) ہاتھی کا مخفف۔
ہتھ نال (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی چھوٹی توپ جسے ہاتھی کی پیٹھ پر لادتے تھے۔ نیز دیکھئے ہاتھی نال۔
ہتّھا (ہتھ۔تھا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھئے ہتّا مع مرکبات۔
ہتّھنی (ہتھ۔نی) (ہ۔ا۔مث) ہاتھی کی مادہ۔ جمع: ہتھنیاں۔ ہتھنیوں۔
ہتّھی (ہتھ۔تھی) (ہ۔ا۔مث) (۱) دستی۔ مُوٹھ (۲) گھوڑا صاف کرنے کا برش۔
ہتّھے (ہتّے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہتّھا (ہتا) کی جمع (۲) ہتّھا کی مغیرہ صورت۔
ہتّھے پر چڑھنا (ار۔ محاورہ) داؤں پر چڑھنا (۲) مشق ہونا۔ مہارت ہونا۔
ہتّھے چڑھنا (ار۔ محاورہ) ہاتھ لگنا۔ قابو میں آنا۔
ہتّھے سے اُکھڑنا (ار۔ محاورہ) (۱) پتنگ کا ہاتھ پر سے ٹوٹنا (۲) بالکل
الگ ہو جانا (۳) قابو سے باہر ہو جانا۔
ہتّھیا (ہتھ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہاتھ (۲) دستہ (۳) برسات کے چند روز جن میں خوب بارش ہوتی ہے۔ وہ بارش جو شدّت سے ہوتی ہے (۴) ماہ اسوج کے شروع کی جھڑی۔
ہتھیا لینا (ہتھ۔یا۔لے۔نا) (ہ۔مص) دیکھئے ہتھیانا۔
ہتھیار (ہ۔ا۔مذ) اسلحہ۔ سامانِ جنگ (۲) اوزار۔ جمع: ہتھیار۔ ہتھیاروں۔
ہتھیار باندھنا (ار۔ محاورہ) ہتھیار کا جسم پر آراستہ کرنا۔
ہتھیار بند (ار۔صف) ہتھیار لگائے ہوئے۔ مسلّح۔
ہتھیار چلانا (ار۔ محاورہ) ہتھیار کا وار کرنا۔ ہتھیار کی ضرب لگانا۔ جنگ کرنا۔
ہتھیار خانہ (ار۔ا۔مذ) دیکھئے ہتھیار گھر۔
ہتھیار ڈال دینا (رکھ دینا) (ار۔ محاورہ) اپنے آپ کو دُشمن کے حوالے کر دینا۔ ہار ماننا۔ شکست تسلیم کرنا۔
ہتھیار کھولنا (ار۔ محاورہ) لڑائی سے دست بردار ہونا۔ ہار مان لینا۔
ہتھیار گھر (ار۔ا۔مذ) ہتھیار رکھنے کا مکان۔ اسلحہ خانہ۔
ہتھیار لگانا (ار۔ محاورہ) ہتھیار باندھنا۔ مسلّح ہونا۔
ہتھیانا (ہتیانا) (ہتھ۔یا۔نا) (ہت۔یا۔نا) (ہ۔مص) ہاتھ میں لے لینا۔ قبضہ کرنا۔ غصب کرنا۔ چھین لینا۔
ہتھیلی (ہتیلی) (ہ۔تھے۔لی) (ہ۔تے۔لی) (ہ۔ا۔مث) ہاتھ کا اندرونی حِصّہ جو اُنگلیوں سے نیچے ہوتا ہے۔ کفِ دست۔
ہتھیلی بجانا (ار۔ محاورہ) تالی بجانا۔
ہتھیلی پر جان لئے پھرنا (ار۔ محاورہ) جان کی پروانہ کرنا۔ نڈر ہونا۔
ہتھیلی پر سر رکھ لینا (رکھنا) (ار۔ محاورہ) مرنے کو آمادہ ہونا۔ سر سے کفن باندھ لینا۔ سربکف ہونا۔
ہتھیلی پر سرسوں جمانا (ار۔ محاورہ) کوئی کام اِس طرح آناً فاناً کرنا جس سے عقل حیران رہ جائے۔ مشکل کام کو نہایت پھرتی سے کرنا (۲) ناممکن کام کرنا۔
ہتھیلی پر سر لئے پھرنا (ار۔ محاورہ) مرنے کے لئے تیار رہنا۔ جان دینے کو پھرنا۔ ہر وقت مرنے پر آمادہ ہونا۔ نیز دیکھئے ہتھیلی پر جان لئے پھرنا۔
ہتھیلی پر ہونا (ار۔ محاورہ) ہتھیلی پر رکھ کر پیش کیا جانا۔
ہتھیلی پیٹنا (ار۔ محاورہ) تالی بجانا۔ نیز دیکھئے ہتھیلی بجانا۔
ہتھیلی چبانا (ار۔ محاورہ) اِنتہائی غصّے کا اِظہار کرنا۔
ہتھیلی دینا (ار۔ محاورہ) سہارا دینا۔
ہتھیلی سنسنانا (ہتھیلی میں ہلکی ہلکی خارش ہونا) (ار۔ محاورہ) روپیہ ملنے کا شگون۔
ہتھیلی سے ماتھا کوٹنا (ار۔ محاورہ) حیرت یا حسرت ظاہر کرنا۔
ہتھیلی کا پھپھولا (پھوڑا) (ار۔ا۔مذ) (۱) ہتھیلی کا چھالا (۲) نازک چیز جو ذرا سے صدمے سے ٹوٹ جائے (۳) کوئی اَمر جو باعثِ رنج و تکلیف ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہتھیلی کُھجانا (کُھجلانا) (اَر۔ مص و محاورہ) (۱) ہتھیلی میں کُھجلی ہونا (۲) روپیہ ہاتھ آنے کا شگون (۳) تھپڑ مارنے کو جی چاہنا۔ نیز دیکھئے ہاتھ کھجلانا۔

ہتھیلی کی مچھلی (اَر۔ ا۔ مث) انگوٹھے کے نیچے کا اُبھرا ہوا گوشت۔

ہتھیلی میں چور پڑنا (اَر۔ محاورہ) مہندی کے رنگ میں سفید دھبا رہ جانا۔

ہتیا (ہَت۔ یا) (س۔ ا۔ مث) (۱) قتل۔ خون (۲) پاپ۔ گناہ۔ جرم (۳) دُکھ۔ عذاب (۴) وبا۔ مری۔

ہتیا پلے باندھنا (اَر۔ محاورہ) عذاب مول لینا۔ تکلیف دہ چیز لینا۔

ہتیا کرنا (ہ۔ محاورہ) (۱) قتل کرنا (۲) گناہ کرنا۔

ہتیارا (ہَت۔ یا۔ را) (ہ۔ صف) (۱) ہتیا کرنے والا۔ خونی۔ قاتل (۲) پاپی۔

ہتیاری (ہَت۔ یا۔ ری) (ہ۔ صف) ہتیارا کی تانیث۔

ہتیانا (ہَت۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) دیکھئے ہتھیانا۔

ہ۔ٹ

ہٹ (بفتحِ اوّل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ضِد۔ اِصرار۔ اَڑ (۲) ہاٹ کا مُخفف۔ دُکان۔ بازار (۳) ہٹنا مصدر سے امر کا صیغہ۔ پرے ہو۔ دُور ہو۔

ہٹ اُٹھانا (اَر۔ محاورہ) ضِد برداشت کرنا۔ ناز اُٹھانا۔

ہٹ پر آجانا (اَر۔ محاورہ) ضِد پر آجانا۔ اَڑ جانا۔

ہٹ تال (ہَٹ۔ تال) (ہ۔ ا۔ مث) ہٹ (بازار)۔ تال (قُفل)۔ دُکان میں قُفل لگانا۔ دُکانوں کو بند کر دینا۔ بازار بند کرنا۔ ہڑتال اس کا بگاڑ ہے۔

ہٹ جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ضِد چھوڑ دینا (۲) الگ ہو جانا (۳) گائے وغیرہ کا دودھ نہ دینا۔

ہٹ دھرم (ہ۔ صف) حق ناشناس۔ نامُنصف۔ بے ایمان۔ بدمُعاملہ۔ سخن پرور۔ ضدی۔

ہٹ دھرمی (ہ۔ ا۔ مث) بے اِنصافی۔ بے ایمانی۔ بدمُعاملگی۔

ہٹ رکھنا (اَر۔ محاورہ) اپنی ضِد پُوری کرنا۔

ہٹ کا پُورا (اَر۔ صف) ہٹ پر قائم رہنے والا۔ پکا ضِدی۔

ہٹ کرنا (اَر۔ محاورہ) ضِد کرنا۔ اِصرار کرنا۔ اَڑنا۔

ہٹا (ہَٹ۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک لمبا چوبی آلہ جس سے اُونچی جگہ پانی پھینکتے ہیں۔

ہٹا کٹا (ہَٹ۔ ٹا۔ کَٹ۔ ٹا) (اَر۔ صف) موٹا تازہ۔ مشٹنڈا۔ جوان' تندرست' مضبوط مرد۔

ہٹانا (ہ۔ ٹا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سرکانا۔ پرے کرنا۔ کھسکانا (۲) واپس کرنا۔ پھیرنا۔ لوٹانا (۳) علیحدہ کرنا۔ الگ کرنا (۴) پسپا کرنا۔ شکست دینا۔

ہٹری (ہَٹ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مث) ہندو بچوں کا کھلونا۔ بچے دیوالی میں پھولوں کی شاخوں سے مکان کی شکل بنا کر اور اُس میں دیا رکھ کر کھیلتے ہیں۔

ہٹکانا (ہَٹ۔ کا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) پسپا کرنا۔ پیچھے دھکیلنا (۲) ٹھہرانا۔ روکنا (۳) نعرہ لگانا۔ دعوتِ مبارزت دینا (۴) مخاطب کرنا۔

ہٹکنا (ہ۔ ٹک۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) روکنا (۲) جھجکنا (۳) ہچکچانا۔

ہٹنا (ہَٹ۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سرکنا۔ پرے ہونا۔ کھسکنا (۲) شکست کھانا۔ پسپا ہونا (۳) لوٹنا۔ واپس ہونا۔ پھرنا (۴) گائے بھینس کا دودھ سے رہ جانا (۵) ملتوی ہونا (۶) ضد کرنا۔

ہٹوا (ہَٹ۔ وا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دُکان دار (۲) ہاٹ بازار میں غلہ وغیرہ تولنے والا۔

ہٹوان (ہٹوانیا) (ہَٹ۔ وان) (ہَٹ۔ وا۔ نِ۔ یا) (ہ۔ ا۔ مذ) دُکان دار۔

ہٹی (ہَٹ۔ ٹی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) دُکان۔ ہاٹ۔ بازار (۲) (صف) ضِدی (عورت)۔ جمع: ہٹیاں۔ ہٹیوں۔

ہٹی کٹی (ہَٹ۔ ٹی۔ کَٹ۔ ٹی) (ہ۔ صف) ہٹا کٹا کی تانیث۔ موٹی تازی (عورت)۔

ہٹیلا (ہ۔ ٹی۔ لا) (ہ۔ صف) ضِدی۔ مچلا۔ اڑیل۔ بات کی پچ کرنے والا۔

ہٹیلی (ہ۔ ٹی۔ لی) (ہ۔ صف) ہٹیلا کی تانیث۔

ہ۔ج

ہجا (ہ۔ جا) (ع۔ ا۔ مذ) حرف کو حرف سے اِعراب کے ذریعے مِلا کر لفظ بنانا۔

ہجدہ (ہَج۔ دَہ) (ف۔ ا۔ عدد) اٹھارہ (۱۸)۔

ہجدہ ہزار عالم (ف۔ ا۔ مذ) تمام مخلوق جو اٹھارہ ہزار طرح کی ہے۔

ہجدہم (ہَج۔ دَ۔ ہُم) (ف۔ عددِ ترتیبی) اُٹھارواں۔

ہجر (بکسرِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) جُدائی۔ مُفارقت۔ علیحدگی۔ (صحیح بالفتح ہے لیکن اُردو میں بالکسر مستعمل ہے)۔

ہجراں (ہِج۔ راں) (ف۔ ا۔ مذ) ہجر۔ جُدائی۔ مُفارقت۔

ہجراں (دیدہ۔ زدہ) نصیب (ف۔ صف) وہ آدمی جس کی قسمت میں دوست یا عزیز سے جُدا رہنا لکھا ہو۔

ہجرت (ہِج۔ رَت) (ع۔ ا۔ مث) (۱) کافروں کے مظالم سے تنگ آکر مُسلمانوں کا وطن کو ہمیشہ کے لئے چھوڑنا (۲) رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کا مکّے سے مدینے جانا۔

ہجری (ہِج۔ ری) (ع۔ صف) (۱) منسوب بہ ہجرت (۲) وہ سن جو حضرت پیغمبرِ اِسلام صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے مکّے سے مدینے کی طرف ہجرت کرنے سے شروع ہوتا ہے۔

ہجڑا (ہِج۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے ہیجڑا۔

ہجو (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مث) مذمت۔ بُرائی۔ بدگوئی۔ نظم میں کسی کی بُرائی کرنا۔

ہجو کرنا (اَر۔ محاورہ) مذمت کرنا۔ بدگوئی کرنا۔

ہجو کہنا (اَر۔ محاورہ) کسی کی ہجو میں شعر کہنا۔

ہجو گو (ع۔ ف۔ صف) ہجو کہنے والا (شاعر)۔

ہجو گوئی (ع۔ ف۔ ا۔ مث) ہجو کہنا۔

ہجوِ ملیح (ع۔ ا۔ مث) وہ ہجو جس میں بظاہر مدح لیکن اصل میں ہجو ہو۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہُجُوم (ہُ۔جُوم)(ع۔ا۔مذ) بھیڑ بھاڑ۔ اَنبوہِ کثیر۔ مجمع۔ اِزدحام۔
ہجُوم کرنا (اَر۔ محاورہ)(۱) بھیڑ کرنا۔ اِزدحام کرنا (۲) ہنگامہ کرنا۔
ہِجّے (ہِجّ۔جے)(اَر۔ا۔مذ) عربی ہِجا کا بگاڑ (م) ہجا کی اُردو جمع اور مغیرہ صورت۔
ہجّے کرنا (لگانا) (اَر۔ محاورہ)(۱) حرفوں کو اعراب سے جوڑنا (۲) اعراب سے لفظ ادا کرنا (۳)(کنایۃً) رُک رُک کر بولنا۔
ہجّے (گھڑنا) نکالنا (اَر۔ محاورہ) مین میکھ نکالنا۔ عیب نکالنا (۲) حجت کرنا۔
ہَجوَیری (ف۔صف) غزنی کے قریب ایک گاؤں ہجویر کا رہنے والا۔ داتا گنج بخش لاہوری کی نسبت۔

ہ۔چ

ہُچ جانا (ہُچ۔جا۔نا)(اَر۔مص) دیکھئے ہُچنا۔
ہچر مچر (ہِ۔چَر۔م۔چَر)(ہ۔ا۔مث)(۱) پس و پیش۔ ٹال مٹول۔ بہانہ (۲) جھجک۔ ہچکچاہٹ۔ تأمل۔ تذبذب (۳) پکڑ دھکڑ۔ جھگڑا (۴) رُکاوٹ۔
ہچر مچر کرنا (اَر۔مص مُرکب) پس و پیش کرنا۔ شش و پنج کرنا۔ تأمل کرنا۔
ہِچک (ہ۔چَک)(ہ۔ا۔مث)(۱) دھکا۔ جھٹکا (۲) تأمل۔ رُکاوٹ (۳) جھجک۔ ہچکچاہٹ۔
ہُچکا (ہُچ۔کا)(ہ۔ا۔مذ) ڈور کی چرخی۔
ہُچکانا (ہُچ۔کا۔نا)(اَر۔مص)(۱) چھین لینا۔ زبردستی لے لینا (۲) جھٹکا دینا۔ دھکا دینا (۳) روکنا۔
ہچکچانا (ہِچ۔کِچ۔چا۔نا)(ہ۔مص)(۱) تأمل کرنا۔ پس و پیش کرنا (۲) شک کرنا۔ وہم کرنا۔
ہچکچاہٹ (ہچکچی) (ہِچ۔کِچ۔چا۔ہَٹ)(ہِچ۔کِچ۔چی)(ہ۔ا۔مث) جھجک۔ تأمل۔ پس و پیش۔ ہچر مچر۔
ہچکنا (ہ۔چَک۔نا)(ہ۔مص)(۱) تأمل کرنا۔ رُکنا۔ ہچکچانا (۲) بہانہ کرنا۔
ہچکولا (ہِچ۔کو۔لا)(ہ۔ا۔مذ) دھکا۔ جھٹکا۔ جنبش۔ جمع: ہچکولوں۔ ہچکولے۔
ہچکی (ہِچ۔کی)(ہ۔ا۔مث)(۱) وہ ہوا جو آواز کے ساتھ گلے سے رُک رُک کر نکلتی ہے۔ یہ حالت پردۂ شکم میں تشنج، نرخرے کی سوزش یا زیادہ گرم چیزیں کھانے سے رُونما ہوتی ہے (۲) وہ حالت جو جان کنی کے وقت ہوتی ہے۔ جمع: ہچکیاں۔ ہچکیوں۔
ہچکی آنا (ہچکیاں آنا) (اَر۔ محاورہ)(۱) آواز کے ساتھ رُک رُک کر سانس نکلنا (۲) دَم ٹوٹنا۔ جان کنی کا وقت ہونا۔
ہچکی (ہچکیاں) بندھ جانا (لگ جانا) (اَر۔ محاورہ)(۱) زیادہ رونے سے سانس رُکنے لگنا۔ لگاتار ہچکیاں آنا (۲) جان کنی کے وقت سانس رُک کر آنا۔
ہچکی لینا (ہچکیاں لینا) (اَر۔ محاورہ) رونے کی وجہ سے سانس رُک رُک کر نکلنا۔
ہچکیاں لے لے کر رونا (ہچکیوں سے رونا) (اَر۔ محاورہ) نہایت شدّت اور کثرت سے رونا۔ اِس قدر رونا کہ سانس رُک رُک کر آئے۔
ہُچنا (ہُچ۔نا)(اَر۔مص) نشانہ صحیح نہ بیٹھنا۔

ہ۔د

ہُدا (ہُدیٰ) (ہُ۔دا)(ع۔ا۔مذ) ہدایت۔ سیدھا راستہ۔
ہَدایا (ہَ۔دا۔یا)(ع۔ا۔مذ)(ہدیہ کی جمع) تحفے۔ نذریں۔ نذرانے۔ پیش کشیں۔
ہِدایت (ہِ۔دا۔یَت)(ع۔ا۔مث)(۱) راہ نمائی۔ راہ بری (۲) فہمائش۔ حکم۔ جمع: ہدایات۔ اُردو جمع: ہدایتوں۔ ہدایتیں۔
ہدایت پانا (اَر۔ محاورہ) سیدھے راستے پر آنا۔ نیک راہ اختیار کرنا۔
ہدایت کار (ع۔ف۔صف۔وا۔مذ) دیکھئے ڈائریکٹر۔
ہدایت کرنا (اَر۔ محاورہ) راہ نمائی کرنا۔ سمجھانا۔ طریقہ بتانا۔ سکھانا۔
ہدایت نامہ (ع۔ف۔ا۔مذ) دستور العمل۔ قانون۔ وہ رسالہ یا کتاب جس میں کسی اَمر کی بابت تمام طریقے لکھے ہوں۔
ہَدَر (ہَ۔دَر)(ع۔ا۔مذ) کسی کے قتل کو مباح قرار دینا۔
ہَدرانا (ہ۔مص) جھٹکا دینا۔ ہلانا۔
ہَدرنا (ہ۔مص) تھرتھرانا۔ ہلنا۔ کانپنا۔
ہَدَف (ع۔ا۔مذ) نشانہ۔ زد۔ مار۔ جمع: اَہداف۔ اُردو جمع: ہدف۔ ہدفوں۔
ہدفِ آفت (ع۔ا۔مذ) آفت کا نشانہ۔ آفت میں جلا۔
ہدف بنانا (اَر۔ محاورہ) نشانہ بنانا۔
ہدف بننا (اَر۔ محاورہ) نشانہ بننا۔ زد پر آنا۔ زد پر ہونا۔
ہدف مارنا (اَر۔ محاورہ)(۱) نشانہ مارنا۔ نشانے پر تیر مارنا (۲) کوئی بڑا کام کرنا۔
ہدفِ ملامت (ع۔ا۔مذ) وہ شخص جس پر ہر طرف سے لعنت ملامت ہو۔
ہَدم (فتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ) تباہی۔ بربادی۔ اِنہدام۔
ہادِم (ہ۔دِم)(ع۔صف) برباد کرنے والا۔ تباہ کرنے والا۔
ہُدہُد (ع۔ا۔مذ) ایک مشہور خوبصورت پرند جس کے سر پر تاج ہوتا ہے۔ کٹھ بڑھئی۔ کٹھ پھوڑا۔ جمع: ہُدہُد۔ ہُدہُدوں۔
ہَدی (ہ۔دِی)(ع۔ا۔مث) قربانی کا جانور جو حاجی مکہ معظمہ میں لے جاتے ہیں۔
ہُدیٰ (ع۔ا۔مذ) دیکھئے ہُدا۔
ہدیّہ (ہ۔دی۔یہ)(ع۔ا۔مذ)(۱) تحفہ۔ نذرانہ۔ نذر۔ پیش کش (۲) کلامُ اللہ کی قیمت۔ (فارسی اور اُردو میں "د" کے جزم کے ساتھ اور بلا تشدید "یا" بھی مستعمل ہے)۔ جمع: ہدایا۔ اُردو جمع: ہدیوں۔ ہدیئے۔
ہدیہ پیش کرنا (دینا) (اَر۔مص مُرکب) تحفہ یا نذرانہ دینا۔
ہدیہ کرنا (اَر۔ محاورہ) قرآن شریف فروخت کرنا۔ کوئی متبرک چیز بیچنا۔

ہ۔ڈ

ہُڈ (Hood)(انگ۔ا۔مذ)(۱) سر اور گردن کی پوشش۔ کُلاہ (۲) تانگے وغیرہ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کی کپڑے کی چھت یا سائبان (۳) (یونیورسٹی) وہ پٹی جو گون وغیرہ کے ساتھ پہنی جاتی ہے اور جس کے رنگ سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہننے والے نے کون سی سند حاصل کی ہے۔

ہڈا (ہڈ۔ڈا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) بڑی ہڈی (۲) وہ ہڈی جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے میں جوڑ کے پاس بڑھ جاتی ہے اور گھوڑا لنگ کرنے لگتا ہے۔

ہڈا موتھرا (موترا) (ہ۔ا۔مذ) دیکھیے ہڈا نمبر ۲۔

ہڈرا (ہڈ۔را) (ہ۔ا۔مذ) بُری گت۔ بُرا درجہ۔ بُرا حال۔

ہڈرا کرانا (اُر۔مص مُرکب) بُرا حال کرانا۔ بُرا درجہ کرانا۔

ہڈی (ہڈ۔ڈی) (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ سفید اور سخت نسیج جو اِنسان و حیوان کے جسم کو سہارا دیتی ہے اور جس کے اُوپر گوشت پوست چمٹا ہوتا ہے۔ اِس میں ۶۰ فیصد چونا اور فاسفورس، ۱۰ فیصد دیگر معدنیات اور ۳۰ فیصد دیگر عناصر ہوتے ہیں۔ اُستخوان (۲) گاجر کے اندر کی سخت چیز (۳) (کنایۃً) اصل۔ نسل۔ جمع: ہڈیاں۔ ہڈیوں۔

ہڈی بٹھانا (اُر۔محاورہ) جو ہڈی اپنی جگہ سے سرک گئی ہو اُسے اُس کے مقام پر لے آنا۔

ہڈی پسلی ایک کر دینا (اُر۔محاورہ) (۱) سختی سے بھینچنا (۲) بہت مارنا۔

ہڈی پسلی توڑنا (اُر۔محاورہ) خوب مارنا۔ سخت زد و کوب کرنا۔

ہڈی گھلنا (اُر۔محاورہ) تپِ کُہنہ و امراضِ مُہلک میں ہڈی کا کھوکھلا ہو جانا۔

ہڈی میں ہڈی، پیوند میں پیوند ملنا (اُر۔محاورہ) نسل میں نسل اور قوم میں قوم ملنا۔ میاں بیوی کا اچھی نسل سے ہونا۔

ہڈی ہڈی توڑنا (اُر۔محاورہ) خوب زد و کوب کرنا۔ بہت مارنا۔

ہڈیاں (ہڈ۔ڈی۔یاں) (ہ۔ا۔مث) ہڈی کی جمع۔

ہڈیاں بولنا (اُر۔محاورہ) بھینچے سے ہڈیوں کا آواز دینا۔ اُٹھنے بیٹھنے میں ہڈیوں سے آواز نکلنا۔

ہڈیاں بہشت میں ہوں (اُر۔دُعا) جنت نصیب ہو۔

ہڈیاں پیلنا (اُر۔محاورہ) بہت محنت کرنا۔

ہڈیاں توڑنا (اُر۔محاورہ) خوب پیٹنا۔ مار مار کر بھُرکس نکال دینا۔

ہڈیاں چچوڑنا (اُر۔محاورہ) (۱) ناقص چیز کو چوسنا۔ ناقص چیز کے پیچھے پڑنا (۲) باندھے ہوئے مضمون کو باندھنا۔

ہڈیاں خاک میں سونپنا (اُر۔محاورہ) نعش دفن کرنا۔

ہڈیاں سُرمہ ہو جانا (اُر۔محاورہ) ہڈیوں کا چُور چُور ہو جانا۔

ہڈیاں کُچلنا (اُر۔محاورہ) خوب مارنا۔ ضربِ شدید پہنچانا۔

ہڈیاں گِن لینا (گِنی جانا) (اُر۔محاورہ) لاغری کے باعث ہڈیاں صاف دکھائی دینا۔

ہڈیاں نکل آنا (اُر۔محاورہ) نہایت لاغر ہو جانا۔ بہت دُبلا ہونا۔

ہڈیوں (ہڈ۔ڈی۔یوں) (ہ۔ا۔مث) ہڈی کی جمع۔

ہڈیوں کی مالا ہو جانا (اُر۔محاورہ) سُوکھ کر پنجر نکل آنا۔ سُوکھ کر کانٹا ہو جانا۔

ہ۔ذ

ہٰذا (ہا۔ذا) (ع۔اِسم اِشارہ) یہ۔ ایں۔

ہَذَر (ہ۔ذر) (ع۔ا۔مذ) (۱) بکواس۔ بہت بولنا۔ بَک بَک کرنا (۲) ہذیان۔

ہَذَیان (ہَذ۔یان) (ع۔ف۔ا۔مذ) (۱) بَر۔ بیہودہ گوئی (۲) شدّتِ بخار کی حالت میں بے معنی گفتگو۔ (صحیح بفتحِ اوّل و دوم ہے۔ فارسیوں نے بسکونِ دوم اِستعمال کیا ہے۔ اُردو میں بیشتر بکسرِ اوّل مستعمل ہے)۔

ہذیان بکنا (اُر۔محاورہ) بے ہُودہ باتیں کرنا۔

ہ۔ر

ہَر (بفتحِ اوّل) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وشنو۔ کرشن۔ مہادیو (۲) خُدا۔ پرمیشور۔ بھگوان (۳) بَل۔ قلبہ (۴) ہڑ۔ ہلیلہ۔

ہر بھجن (ہ۔ا۔مذ) وشنو کی عبادت۔ مہادیو کا بھجن۔

ہر بھجنا (ہ۔محاورہ) خُدا کا نام لینا۔ مالا جپنا۔

ہر بھگت (ہ۔صف) وشنو کی عبادت کرنے والا۔

ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے۔ ذات پات نہ پوچھے کوئے (ہ۔مثل) جو شخص خُدا کی بندگی کرتا ہے وہی اُس کا پیارا ہوتا ہے۔ اللہ کے نزدیک ذات پات کی کوئی قدر نہیں۔

ہر گنگا کرنا (اُر۔محاورہ) نہاتے وقت خُدا کا نام لینا۔

ہَر (بفتحِ اوّل) (ف۔حرفِ تعمیم) (۱) یک ایک۔ فی کس (۲) تمام۔ سب۔ یہ لفظ مجموعہ افراد یا اشیا میں سے فرداً فرداً ذکر کرنے کے لئے بولا جاتا ہے۔ جمع کے ساتھ اِستعمال دُرست نہیں۔

ہر آن (اُر۔تابع فعل) (۱) ہر لحہ۔ ہر گھڑی (۲) ہر دفعہ۔

ہر آنچہ (آں۔چہ) (ف۔متعلق فعل) جو کچھ۔

ہر آنکہ (آں۔کہ) (ف۔متعلق فعل) جو شخص۔

ہر آئینہ (ف۔متعلق فعل) بے شک۔ ضرور۔ البتہ۔ بہرحال۔ ہر حال میں۔

ہر ایک (اُر۔متعلق فعل) ہر شخص۔ ایک ایک۔ ہر بشر۔

ہر بابی (ف۔صف) ہر دروازے پر جانے والا۔ ہرجائی۔

ہر بار (ف۔متعلق فعل) ہر دفعہ۔ گھڑی گھڑی۔

ہر پہلو سے (اُر۔متعلق فعل) ہر طرح سے۔ ہر بات کے متعلق۔

ہرجائی (ف۔صف) (۱) آوارہ گرد۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنے والا (۲) کسی ایک کا ہو کر نہ رہنے والا۔ بے مُروّت۔ بے وفا۔

ہرجائی پن (پنا) (اُر۔ا۔مذ) بے مُروّتی۔ بے وفائی۔ ہر ایک سے تعلق رکھنا۔ کسی ایک کا پابند ہو کر نہ رہنا۔

ہر جیسے کو تیسا (اُر۔مثل) جیسا کوئی ہوتا ہے ویسا ہی اُسے مل جاتا ہے۔

ہر چند (ف۔متعلق فعل) کتنا ہی۔ کیسا ہی۔ بہتیرا۔ (اِس کے آگے "کہ" بھی لگا دیتے ہیں)۔

ہر چہ (ف۔متعلق فعل) ہر چیز۔ جو کچھ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہر چہ از (دوست) غیب می رسد نیکو شت (ف۔ مقولہ) عالمِ غیب (دوست) سے اچھا بُرا جو کچھ بھی ملے وہ اچھا ہے۔

ہر چہ بادا باد (ف۔ مقولہ) کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ جو ہو سو ہو۔ کچھ ہی ہو۔

ہر چہ بادا باد ما کشتی در آب (انداختیم) افگندہ ایم (ف۔ مثل) جو کچھ بھی ہو ہم نے تو کشتی پانی میں ڈال دی۔ اُس وقت بولتے ہیں جب کوئی شخص اَنجام کی پروا کئے بغیر کوئی اہم کام شروع کرے۔

ہر چہ باشد (ف۔ مقولہ) کوئی چیز کیوں نہ ہو۔

ہر چہ برخود نہ پسندی بر دیگراں مپسند (ف۔ مثل) جو تو اپنے لئے پسند نہیں کرتا وہ دُوسروں کے لئے بھی پسند نہ کر۔

ہر چہ دانا کُند، کُند ناداں۔ لیک بعد از خرابیِ بسیار (ف۔ مثل) نادان آخر وہی کرتا ہے جو عقل مند کرتا ہے لیکن بڑی ذلت اور تکلیف اُٹھانے کے بعد۔

ہر چہ در دیگ اَست بہ چمچہ می آید (ف۔ مثل) جو دیگ میں ہے وہی چمچے میں آتا ہے۔ جو دل میں ہے وہی زبان پر آتا ہے۔

ہر چہ در کانِ نمک رفت نمک شُد (ف۔ مثل) جو چیز نمک کی کان میں پڑی نمک ہو گئی۔ یہ مثل تاثیرِ صحبت کے اظہار کے لئے بولی جاتی ہے۔

ہر چہ گیرید مختصر گیرید (ف۔ مثل) جو کچھ لو تھوڑا لو۔ تھوڑی چیز پر قناعت کرو۔ زیادہ کی ہوس نہ کرو۔

ہر حال میں (اُر۔ متعلق فعل) ہر حالت میں۔ ہر طرح۔ بہر حال۔ بہر کیف۔

ہر دفعہ (ف۔ متعلق فعل) ہر بار۔ ہر موقع پر۔ ہمیشہ۔

ہر دفعہ گُو میٹھا ہی میٹھا (اُر۔ مثل) گُو کو جب دیکھو میٹھا ہی ہو گا۔ اچھے کی ہمیشہ اچھائی نکلتی ہے۔

ہر دل عزیز (ف۔ صف) سب کا پیارا۔ عام پسند۔ مقبولِ عام۔

ہر دَم (ف۔ متعلق فعل) ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ ہر لحظہ۔ ہر لحہ۔

ہر دو (ف۔ متعلق فعل) دونوں۔ دونوں کے دونوں۔

ہر دیگی چمچہ (اُر۔ صف) (۱) ہر جائی۔ ہر شخص کے پاس آنے جانے والا (۲) طفیلی۔ مفت خورا۔ رکابی مذہب۔

ہر روز (ف۔ تابع فعل) روز مرہ۔ بلا ناغہ۔ ہمیشہ۔ سدا۔

ہر روز عید نیست کہ حلوا خورد کسے (ف۔ مثل) زمانہ ہمیشہ یکساں نہیں رہتا۔ روز روز اچھا موقع نہیں ملتا۔

ہر روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا (اُر۔ مثل) روز کمانا روز کھانا۔

ہر زماں (ف۔ متعلق فعل) ہر وقت۔ ہر گھڑی۔

ہر سخن نکتہ و ہر نکتہ مقامے (مکانے) دارد (ف۔ مثل) ہر بات کا کوئی موقع محل ہوا کرتا ہے۔

ہر سُو (ف۔ متعلق فعل) ہر جانب۔ ہر سمت۔ سب طرف۔

ہر شب شبِ برات ہے، ہر روز روزِ عید (اُر۔ مثل) زندگی بہت پُر مسرت گزر رہی ہے۔ عیش ہی عیش ہے۔

ہر صُورت (اُر۔ متعلق فعل) ہر طرح۔ ہر حالت میں۔

ہر طرف (ف۔ متعلق فعل) دیکھئے ہر سُو۔

ہر عیب کہ سُلطان بہ پسندد، ہُنر اَست (ف۔ مثل) حاکم بُری بات بھی پسند کرے تو لوگ اُس کی تقلید کرتے ہیں۔

ہر فرعونے را موسیٰ (ف۔ مثل) ہر ظالم کی سرکوبی کے لئے کوئی نیک بندہ پیدا ہو جاتا ہے۔

ہر فن مولا (اُر۔ صف) ہر فن جاننے والا۔ ہر کام میں طاق۔

ہر کارہ (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ہر کام کرنے والا نوکر (۲) چٹھی رساں۔ قاصد۔ ڈاکیا۔ نامہ بر (۳) چپراسی۔ پیادہ۔ اردلی (۴) جاسوس۔ مُخبر۔

ہر کارے و ہر مردے (ف۔ مثل) کوئی آدمی کسی کام کے لئے موزوں ہے کوئی کسی کام کے لئے۔ ہر شخص ہر کام کا اہل نہیں۔

ہر کجا (ف۔ متعلق فعل) ہر جگہ۔ جہاں کہیں۔

ہر کجا چشمہ بُوَد شیریں، مردُم و مور و ملخ گرد آیند (ف۔ مثل) جہاں کہیں میٹھا چشمہ ہوتا ہے وہاں انسان، چیونٹیاں اور ٹڈیاں جمع ہو جاتی ہیں۔ جہاں کہیں فائدے کی اُمید ہوتی ہے سب لوگ وہاں جمع ہو جاتے ہیں۔

ہر کس (ف۔ حرف تنکیر) ہر کوئی۔ ہر آدمی۔

ہر کس بخیالِ خویش خبطے دارد (ف۔ مثل) ہر ایک اپنی رائے کو صحیح جانتا ہے۔

ہر کس و ناکس (ف۔ ا۔ مذ) ہر شخص۔ ادنیٰ اعلیٰ۔ چھوٹا بڑا۔

ہر کسے (یکے) را بہر کارے ساختند (ف۔ مثل) ہر شخص کو خدا تعالیٰ نے ایک خاص کام کے لئے بنایا ہے۔ ہر شخص ہر کام نہیں کر سکتا۔

ہر کسے کہ باشد (ف۔ تابع فعل) کوئی شخص کیوں نہ ہو۔

ہر کسے مصلحتِ خویش نکو مے داند (ف۔ مثل) اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے۔

ہر کمالے را زوالے (ف۔ مثل) انتہائی ترقی کے بعد زوال شروع ہوتا ہے۔

ہر کہ (ف۔ حرف تنکیر) ہر ایک۔

ہر کہ آمد عمارتِ نو ساخت (ف۔ مثل) جو آیا اُس نے نئی عمارت بنائی۔ ہر شخص اپنے ہی خیال کے مطابق کام کرتا ہے۔

ہر کہ از دیدہ دُور از دِل دُور (ف۔ مثل) جو سامنے نہیں ہوتا اُس کا خیال بھی نہیں آتا۔ آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔

ہر کہ خدمت کرد، اُو مخدوم شُد (ف۔ مثل) جو بزرگوں کی خدمت کرتا ہے وہ عزت پاتا ہے۔

ہر کہ شک آرد کافر گردد (ف۔ مثل) جو شک کرے وہ کافر۔ ایسا سچا قول جس میں شک کی گنجائش نہ ہو۔

ہر کہ شمشیر زند سِکّہ بنامش خوانند (ف۔ مثل) جس کے ہاتھ میں تلوار ہوتی ہے اُسی کا سکّہ چلتا ہے۔ زبردست کا رُعب سب پر ہوتا ہے۔

ہر کہ و مِہ (ف۔ تابع فعل) ہر چھوٹا بڑا۔ ہر ادنیٰ و اعلیٰ۔ ہمہ شُما۔ (کہ اور مِہ کہتر اور مہتر کا مُخفف ہے)۔

ہر گاہ (ف۔ متعلق فعل) (۱) جب۔ جس گھڑی (۲) جس حال میں (۳) چونکہ۔

ہرگز (ف۔ کلمۂ تاکید) کبھی نہیں۔ زنہار۔ (نفی کی تاکید کے لئے۔ ہرگز نہیں)۔

ہر گلے را رنگ و بُوئے دیگر اَست (ف۔ مثل) ہر پھول کا رنگ اور

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خوشبو جدا ہوتی ہے۔ ہر ایک کا انداز جداگانہ ہوتا ہے۔

ہر ملکے و ہر رسمے (ف۔ مثل) ہر جگہ کا چلن جدا ہوتا ہے۔

ہر نوالہ بسم اللہ (ف۔ مثل) ایسے بے شرم شخص کی نسبت بولتے ہیں جو کھانے کی دعوت کے ساتھ ہی بسم اللہ کر کے کھانے کو موجود ہو جائے۔

ہر نوع (ف۔ متعلق فعل) ہر طرح۔ ہر وقت۔ ہر گھڑی۔

ہر وقت (ف۔ متعلق فعل) بارہا۔ ہر گھڑی۔ ہر موقع پر۔

ہر ہر (ار۔ حرف تنکیر) ہر ایک۔ ایک ایک۔

ہر ہفت (ف۔ ا۔ مذ) (۱) آرائش (۲) عورتوں کے سات سنگار (۳) (صف) آراستہ۔ سنگار کئے ہوئے۔

ہر یک (ف۔ حرف تنکیر) ہر ایک۔

ہُر (ہ۔ ا۔ مث) وہ آواز جو پرندوں کے اُڑنے سے پیدا ہوتی ہے۔ پُھر۔

ہُر ہو جانا (ار۔ محاورہ) (۱) غائب ہو جانا (۲) سب خرچ ہو جانا۔

ہَرا (ہَ۔ را) (ہ۔ صف) (۱) سبز۔ دھانی (۲) سرسبز۔ شاداب۔ تروتازہ (۳) کچا۔ خام۔ آلا (۴) (ا۔ مذ) سبزی۔ سبزہ۔ چری۔ چارا۔

ہرا باغ دکھانا (ار۔ محاورہ) سبز باغ دکھانا۔ دھوکا دینا۔ چکنی چپڑی باتیں کر کے فریب دینا۔

ہرا بھرا (ار۔ صف) سرسبز و شاداب۔ تروتازہ۔ زرخیز۔ بار آور۔ کامیاب۔ بامراد۔ پھلا پھولا۔

ہرا کچوہ (ک۔ چوہ) (ار۔ صف) بہت ہرا۔

ہرا ہو جانا (ار۔ محاورہ) (۱) سرسبز ہو جانا (۲) زخم تازہ ہو جانا (۳) خوش ہو جانا۔ باغ باغ ہو جانا (۴) تھکن دور ہو جانا۔ تازہ دم ہو جانا (۵) وصول ہو جانا (۶) تنومند ہو جانا۔ چہرے پر رونق آ جانا۔

ہَڑا (ہَر۔ ڑا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہلیلہ۔ ہڑ (۲) ہڑ کی شکل کے گلولے جو گھوڑے کے زین میں لگاتے ہیں (۳) گھوڑے کی حمائل اور زیور (۴) چھپے یا ڈوئی کا کھرا جتہ۔

ہرا لگے نہ پھٹکری اور رنگ بھی چوکھا آئے (ار۔ مثل) دیکھئے ہلدی لگے نہ پھٹکری۔

ہُرا (ہُ۔ را) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) دوڑ۔ ریلا۔ ہلاّ (۲) ڈر کر بھاگ جانا۔ منتشر ہو جانا (فوج وغیرہ کا)۔

ہُرا ہو جانا (ار۔ محاورہ) فوج یا کسی جماعت کا منتشر ہو جانا۔ تتر بتر ہو جانا۔

ہُرّا (Hurrah) (انگ۔ ا۔ مذ) کلمۂ تحسین۔ مرحبا! شاباش! کیا خوب!

ہراس (ہ۔ راس) (ف۔ ا۔ مذ و مث) (۱) خوف۔ ڈر۔ ہول (۲) ناامیدی۔ مایوسی۔

ہراساں (ہ۔ را۔ ساں) (ف۔ صف) ڈرا ہوا۔ خوف زدہ (۲) ناامید۔ مایوس۔

ہرانا (ہ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) ہارنا کا متعدی (۱) بازی دینا۔ مات کرنا (۲) شکست دینا۔ مغلوب کرنا (۳) تھکانا۔ مضمحل کرنا۔

ہراند (ہراہند) (ہ۔ راند) (ہ۔ راہند) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) کچے یا بے بھنے مسالے کی بُو (۲) کچے پھل کی بُو۔

ہرانی جتانی (ہ۔ صف) حیران کرنے والی یا عاجز کرنے والی (بات)۔

ہراول (ہ۔ را۔ ول) (ت۔ ا۔ مذ) (۱) وہ تھوڑی سی گھوڑ سوار فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے۔ لشکر کا پیش خیمہ (۲) آگے کی فوج کا سردار۔

ہر بر نہ جاننا (ہ۔ مص) دو چیزوں میں فرق نہ کر سکنا۔ قوتِ تمیز سے بے بہرہ ہونا۔

ہربونگ (ہر۔ بونگ) (واو مجہول) (نون غنہ) (ہ۔ ا۔ مث) اندھیر۔ بدنظمی۔ ہنگامہ۔ ہلچل۔ کھلبلی۔ افراتفری۔ نیز دیکھئے ہڑبونگ۔

ہربونگ مچانا (ار۔ محاورہ) شور و غل کرنا۔ اُدھم مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔

ہربونگ ہونا (ار۔ محاورہ) (۱) کثرت سے بھیڑ بھاڑ ہونا (۲) شور و غل ہونا۔ بدنظمی ہونا۔

ہر پھاریوڑی (ہر۔ پھا۔ ریو۔ ڑی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کا چھوٹا کھٹا پھل۔

ہر پھر کر (ہر پھر کے) (ار۔ تابع فعل) (۱) پھر پھرا کے۔ مجبور ہو کر۔ آخر کار (۲) بار بار۔ ہر دفعہ۔

ہرتال (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کی دھات جو زرد رنگ کی ہوتی ہے اور دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔

ہرتی پھرتی چھاؤں (ہ۔ ا۔ مث) آتی جاتی چھاؤں۔ ایک جگہ یا ایک کے پاس نہ رہنے والی چیز۔

ہرتے پھرتے (ہ۔ تابع فعل) (۱) آتے جاتے۔ چلتے پھرتے (۲) کبھی کبھی۔

ہَرَج (فتح اول و سکون دوم و سوم) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شورش۔ ہنگامہ۔ دنگا۔ گڑبڑی۔ فتنہ (۲) نقصان۔ خسارہ۔ خلل (۳) وقفہ۔ ڈھیل۔ دیر۔

ہرج کرنا (ار۔ محاورہ) (۱) نقصان کرنا (۲) دیر کرنا۔

ہرج مرج (ع۔ ا۔ مذ) (۱) شورش۔ بلوہ (۲) نقصان۔ خلل۔

ہرج کیا ہے (ار۔ بول چال) کیا مضایقہ ہے؟ کیا برائی ہے؟ کیا نقصان ہے؟

ہرجانا (ہ۔ مص) (۱) بازی ہار جانا (۲) تھک جانا۔

ہرجانہ (ہر۔ جا۔ نہ) (ار۔ ا۔ مذ) ہرج کرنے کا معاوضہ۔ زرِ نقصان۔ تاوان۔

ہرجہ (ہر۔ جہ) (ار۔ ا۔ مذ) (۱) نقصان۔ خسارہ (۲) ہرجانہ۔ تاوان۔

ہِردا (ہِر۔ دا) (ہ۔ ا۔ مذ) دل۔ قلب۔ ضمیر۔

ہردا کھل جانا (کھلنا) (ہ۔ محاورہ) روشن ضمیر ہو جانا۔ باطن کی آنکھ کھل جانا۔ ہمت بڑھ جانا۔ ذہن روشن ہونا۔

ہرداول (ہر۔ دا۔ ول) (ہ۔ ا۔ مث) گھوڑے کے سینے کی بھونری جو منحوس سمجھی جاتی ہے۔

ہِردے (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہردا کی جمع (۲) ہردا کی مغیرہ شکل۔

ہردے کرنا (ہ۔ محاورہ) یاد کرنا۔ حفظ کرنا۔

ہَرزہ (ہر۔ زہ) (ف۔ صف) بیہودہ۔ لغو۔ نامعقول۔

ہرزہ سرا (سنج) (ف۔ صف) بیہودہ گو۔ یاوہ گو۔

ہرزہ سرائی (سنجی) (ف۔ ا۔ مث) بیہودہ گوئی۔ یاوہ گوئی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہرزہ کار (ف۔ صف) وہ جو بیہودہ باتوں کا خوگر ہو۔

ہرزہ گرد (ف۔ صف) بے مقصد مارا مارا پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔

ہرزہ گردی (ف۔ ا۔ مث) آوارہ گردی۔

ہرزہ گو (ف۔ صف) دیکھئے ہرزہ سرا۔

ہَرَس (ہ۔ رَس) (ہ۔ ا۔ مث) ہل کی پھالی۔

ہَرسا (ہر۔ سا) (ہ۔ ا۔ مذ) صندل گھسنے کا پتھر۔

ہِرَقل (ہر۔ قل) (ع۔ ا۔ مذ) شاہانِ رُوم کا لقب۔

ہَرَکھ (ہ۔ رَکھ) (ہ۔ ا۔ مذ) سُکھ۔ خوشی۔ خرّمی۔

ہرگز۔ ہر کے تحت دیکھئے۔

ہَرَم (ہ۔ رم) (ع۔ صف) پُرانا۔ عُمر رسیدہ (۲) (ا۔ مذ) فرعونِ مصر کا مقبرہ۔ جمع: اَہرام۔

ہَر مجسٹی (Her Majesty) (انگ۔ ا۔ مث) ملکہ معظمہ۔ بادشاہ بیگم کا خطاب۔

ہُرمُز (ہر۔ مُز) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) ہر شمسی مہینے کا پہلا دن جس میں سفر کرنا، نیا کپڑا پہننا اور قرض دینا بُرا خیال کیا جاتا ہے (۲) ایران کے ایک بادشاہ کا نام۔

ہُرمزی (ہر۔ م۔ زی) (ف۔ ا۔ مث) ایک قسم کی سُرخ مٹی۔ ہرمچی۔

ہَرمُشٹا (ہر۔ مُش۔ ٹا) (ہ۔ صف) ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔ مضبوط۔ قوی۔

ہَرمُشٹی (ہ۔ ا۔ مث) بے قاعدہ زور آزمائی (۲) (صف) ہرمشٹا کی تانیث۔

ہَرمَل (ہ۔ ا۔ مذ) ایک سدا بہار پودا جس کا بیج طبّی خواص رکھتا ہے اور دافعِ عفونت ہے۔ اسپند۔ کالا دانہ۔

ہَرَن (ہ۔ رَن) (ہ۔ رَن) (ہ۔ ا۔ مذ) ہرگ۔ آہو۔ جمع: ہرن۔ ہرنوں۔

ہرن کا چوکڑی بھرنا (اُر۔ محاورہ) ہرن کا چاروں ٹانگیں اُٹھا کر قلانچیں مارنا۔ ہرن کا زقند لگانا۔

ہرن کا چوکڑی بھول جانا (اُر۔ محاورہ) گھبرانے یا خوف کے سبب ہرن کا پھرتی کو بھول جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔

ہرن کا کالا ہونا (اُر۔ محاورہ) نہایت حِدّت کی دھوپ پڑنا۔ مشہور ہے کہ دھوپ کی حِدّت سے ہرن کا رنگ کالا ہو جاتا ہے۔

ہرن کُھری (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ایک قسم کی بیل جو برسات میں پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتے ہرن کے کھر سے مشابہ ہوتے ہیں (۲) عُمدہ قسم کا رانگا۔

ہرن کی شاخ (اُر۔ ا۔ مث) ہرن کا سینگ۔

ہرن ہو جانا (اُر۔ محاورہ) ہرن کی طرح بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا۔ رفوچکر ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔

ہَرنا (ہر۔ نا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) کاٹھی کا اگلا اُبھرا ہوا حِصّہ (۲) نر ہرن (۳) (ہ۔ مص) جوئے میں کسی چیز کا ہارنا (۴) بازی ہار جانا۔

ہَرنوٹا (ہر۔ نو۔ ٹا) (ہ۔ ا۔ مذ) ہرن کا بچّہ۔ جمع: ہرنوٹوں۔ ہرنوٹے۔

ہَرَنج (ہ۔ رَنج) (نون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کا باریک چاول۔

ہَرنی (ہر۔ نی) (ہ۔ ا۔ مث) ہرن کی مادہ۔ جمع: ہرنیاں۔ ہرنیوں۔

ہَرواہا (ہر۔ وا۔ ہا) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہل والا۔ وہ شخص جو زمین کو زراعت کے لئے تیار کرے۔

ہَروتی (ہ۔ رَو۔ تی) (ہ۔ ا۔ مث) ایک قسم کے بانس کی لکڑی جو نہایت عُمدہ اور ٹھوس ہوتی ہے۔

ہَرَوَل (ہر۔ وَل) (ہ۔ ا۔ مث) زرِ تقاوی جو ہل جوتنے والوں کو بلا سُود دیا جائے۔

ہَرہَرانا (ہر۔ ہ۔ را۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) ڈرنا۔ کانپنا (۲) غُرانا (۳) دریا کا شور کرنا۔

ہَرِی (ہ۔ ری) (ہ۔ ا۔ مذ) وِشنو۔ خُدا۔ پرمیشور۔ بھگوان۔

ہری بُلوانا (ہ۔ محاورہ) (۱) خُدا کا نام بُلوانا (۲) مار ڈالنا (۳) زندہ درگور کرنا۔

ہری بولنا (ہ۔ محاورہ) (۱) مرتے وقت خُدا کا نام لینا (۲) چیں بولنا۔ ہار جانا۔

ہَری (ہ۔ ری) (ہ۔ صف) (۱) ہرا کی تانیث۔ سبز۔ کاہی رنگ کی (۲) سرسبز۔ ترو تازہ۔ شاداب۔

ہری بھری (اُر۔ صف) ہرا بھرا کی تانیث۔ سرسبز و شاداب۔ ترو تازہ۔

ہری چُگ (اُر۔ صف) (۱) ہری گھاس کھانے والا (۲) دولت کا ساتھی۔ بے وفا۔ ہرجائی۔

ہری کھیتی گیا بھن گائے، مُنہ پڑے جب جانی جائے (ہ۔ مثل) جب تک ہری کھیتی پک نہ جائے، گیا بھن گائے بچّہ نہ دے دے، جب تک اُن کا بھروسا نہیں۔ جب کوئی کام انجام کو پہنچ جائے تب ہی اطمینان ہوتا ہے۔

ہَریا (ہر۔ یا) (ہ۔ صف) (۱) سرسبز۔ شاداب۔ ہرا بھرا (۲) شاہی جنگل کا نگہبان (۳) جنگلی۔ وحشی۔

ہریا ہاتھی حاکم چور۔ دونوں کے بگڑے اور نہ ٹھور (ہ۔ مثل) جنگلی ہاتھی اور بدنیت حاکم کے بگڑ جانے سے کہیں ٹھکانا نہیں ملتا۔ (اور: و مجہول)۔

ہَریالا (ہر۔ یا۔ لا) (ہ۔ صف) (۱) سرسبز و شاداب (۲) نوجوان۔ خوبصورت۔

ہریالا بَنّا (اُر۔ ا۔ مذ) نوجوان اور خوبصورت دُولھا۔

ہَریالی (ہر۔ یالی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) سبزی۔ تازگی (۲) سبز و تازہ گھاس۔ دُوب (۳) سبزہ زار۔

ہَریالے (ہر۔ یا۔ لے) (ہ۔ ا۔ مذ) ایک قسم کے گیت جو شادی میں گائے جاتے ہیں۔

ہَریانا (ہر۔ یا۔ نا) (ہ۔ مص) (۱) سرسبز ہونا۔ ہرا بھرا ہونا (۲) (ہ۔ ا۔ مذ) اُونچی زمین۔

ہَریاوَل (ہر۔ یا۔ وَل) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) ہریالی۔ سبزی۔ سبزہ۔ طراوت۔ تازگی (۲) سبزہ زار۔ چراگاہ۔ مُرغ زار۔

ہَریائی (ہر۔ یا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) ہریاول۔ ہریالی۔

ہارے پھرے (ہ۔ تابع فعل) ہر پھر کر۔ پھر پھرا کر۔ آخر کار۔

ہَریسہ (ہ۔ ری۔ سہ) (ع۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کا کھانا جو گیہوں کے آٹے،

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

گوشت کی یخنی اور دودھ سے پکاتے ہیں (۲) (صف) نہایت گلا ہوا۔ گھلا ہوا۔

ہری کین (انگ۔ا۔مذ) (Hurricane) ایک قسم کے طوفانِ باد جو خصوصاً منطقۂ حارّہ میں رُونما ہوتے ہیں۔

ہریَل (ہر۔یَل) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا سبز رنگ کا فصلی پرندہ جو جنگلی کبوتر کے برابر ہوتا ہے۔

ہریوا (ہ۔رے۔وا) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا خوش آواز پرندہ۔

ھ۔ڑ

ہڑ (بفتح اوّل) (ہ۔ا۔مث) (۱) ہلیلہ۔ ایک قسم کا کسیلا پھل (۲) ایک قسم کی لمبی گھنڈی جو ہڑ سے مشابہ ہوتی ہے اور گوٹے کے ہاروں یا ازار بند پر لگائی جاتی ہے (۳) ہاڑ کا مخفف۔ ہڈی۔ اُستخوان۔

ہڑ بَیر (ہ۔ا۔مذ) قدیم دُشمنی۔ پرانا بَیر۔

ہڑ پھوٹن (ہ۔ا۔مث) ہڈیوں کا درد۔

ہڑ جوڑا (ہ۔ا۔مذ) ایک پودے کا نام جس سے ہڈی جوڑی جاتی ہے۔

ہڑواڑ (اُر۔ا۔مذ) خاندانی قبرستان۔ وہ جگہ جہاں اپنے کنبے کے لوگ دفن ہوں۔ خاندانی قبرستان۔

ہُڑ (بضمِ اوّل) (ہ۔صف) (۱) بے وقوف۔ نادان۔ سادہ لوح (۲) (ہ۔ا۔مث) چڑیوں کو بھگانے کی آواز۔

ہڑ بڑانا (اُر۔مص) بوکھلانا۔ بے قرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔

ہڑ بڑی (ہڑ۔بَ۔ڑی) (ہ۔ا۔مث) (۱) گھبراہٹ۔ بے قراری۔ اضطراب (۲) بھاگڑ۔ ہل چل۔ افراتفری۔

ہڑ بڑیا (ہڑ۔بڑ۔یا) (ہ۔صف) (۱) بے چین۔ گھبرایا ہوا (۲) جلد باز۔

ہڑ بونگ (ہڑ۔بونگ) (ہ۔ا۔مث) دیکھیے ہر بونگ۔

ہڑپ (ہ۔ڑپ) (ہ۔ا۔مذ) بغیر چبائے نگل جانا۔ ایک ہی دفعہ نوالہ حلق کے نیچے اُتار دینا۔

ہڑپ کر جانا (اُر۔محاورہ) (۱) نگل جانا۔ کھا جانا (۲) غبن کر لینا۔

ہڑپا (ہ۔ڑپ۔پا) (ہ۔ا۔مذ) کسی چیز کا ایک ہی دفعہ مُنہ میں ڈال کر حلق سے اُتارا جانا۔

ہڑپنا (ہ۔ڑپ۔نا) (ہ۔مص) (۱) نگلنا (۲) غبن کرنا۔

ہڑتال (ہڑ۔تال) (ہ۔ا۔مث) (۱) دیکھیے ہٹ تال (۲) دیکھیے ہرتال۔

ہُڑدنگ (ہڑ۔دَنگ) (نون غنّہ) (ہ۔ا۔مذ) شور وغل۔ دنگا۔ فساد۔ جھگڑا۔

ہُڑدنگا (ہڑ۔دَنگا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شور وغل۔ جھگڑا۔ فساد۔ لڑکوں کی اُچھل کود (۲) (صف) شور وغل کرنے والا۔ جھگڑالو۔ فسادی (۳) آوارہ۔ بدسلیقہ۔

ہُڑدنگی (ہڑ۔دَنگی) (ہ۔صف) ہُڑدنگا کی تانیث (۱) جھگڑالو' فسادی' شور مچانے والی (عورت) (۲) آوارہ۔ بے ہودہ (عورت) (۳) پھوہڑ' بدسلیقہ عورت۔

ہُڑدنگے (ہ۔ا۔مذ) ہُڑدنگا کی جمع۔

ہڑدنگے کرنا (ہ۔محاورہ) شرارت کرنا۔ کودنا پھاندنا۔

ہُڑک (ہ۔ڑُک) (ہ۔ا۔مذ) ایک قسم کا چھوٹا ڈھول۔

ہَڑک (ہ۔ڑَک) (ہ۔ا۔مث) (۱) جنونِ سگ گزیدگی۔ وہ بیماری جو باولے کُتّے کے کاٹنے سے ہو جاتی ہے (۲) اُمنگ۔ ولولہ (۳) لت۔ عادت۔ دُھت۔

ہڑک اُٹھنا (لگنا) (اُر۔محاورہ) (۱) باولے کُتّے کی طرح بولنا اور کاٹنے کو دوڑنا (۲) ولولہ اُٹھنا۔ شوق چرّانا۔

ہڑک چڑھنا (اُر۔محاورہ) باولے کُتّے کے کاٹنے کا زہر چڑھنا۔ باولے کُتّے کے کاٹنے کے اثر سے دیوانہ ہو جانا۔

ہُڑکا (ہڑ۔کا) (ہڑ۔کا) (ہ۔ا۔مذ) کسی کی جدائی کا غم جس سے بچّے بیمار پڑ جاتے ہیں۔

ہَڑکانا (ہڑ۔کا۔نا) (ہ۔مص) ترسانا۔ ہُڑکانا۔ کسی کی جدائی سے رنج دینا۔

ہَڑکائی (ہڑ۔کا۔ئی) (ہڑ۔کا۔ئی) (ہ۔ا۔مث) (۱) دیکھیے ہڑکا (۲) دیوانی۔

ہڑکائی کُتیا (ہ۔ا۔مث) (۱) وہ کُتیا جو ہر ایک کو کاٹتی پھرے (۲) (کنایۃً) لڑاکا' جھگڑالو' ہر ایک کے سر ہونے والی (عورت)۔

ہُڑکنا (ہ۔ڑُک۔نا) (ہ۔ڑُک۔نا) (ہ۔مص) (۱) بچّوں کا کسی کو یاد کرنا (۲) ترسنا۔ پھڑکنا۔ خواہش مند ہونا۔

ہڑنا (ہڑ۔نا) (ہ۔مص) تولنا۔ وزن کرنا۔ جانچنا۔

ھ۔ز

ہزار (ہ۔زار) (ف۔ا۔عدد) (۱) دس سو (۲) (اُر۔تابع فعل) ہر چند۔ بہتیرا۔ کتنا ہی (۳) (ا۔مث) بلبل ہزار داستان۔ جمع : ہزاراں۔ ہزارہا۔ اُردو جمع : ہزار۔ ہزاروں۔

ہزار باتوں کی ایک بات (اُر۔مثل) مختصر اور عمدہ بات۔

ہزار بار (اُر۔تابع فعل) اکثر۔ بارہا۔ ہزار دفعہ۔

ہزار پا (پایہ) (ف۔ا۔مذ) ہزار پیروں والا۔ کنکھجورا۔

ہزار پر بھاری ہونا (اُر۔محاورہ) بڑی تعداد پر غالب ہونا۔

ہزار جان سے (اُر۔تابع فعل) نہایت شوق سے۔

ہزار جان سے فدا ہونا (قربان ہونا) (اُر۔محاورہ) بے طرح عاشق اور فریفتہ ہونا۔

ہزار چشم (ف۔صف) ہزار آنکھوں والا۔ کیکڑا۔ خرچنگ۔ سرطان۔

ہزار چند (ف۔تابع فعل) ہزار گنا۔

ہزار حیف (ف۔کلمۂ تأسف) بڑا افسوس! نہایت اُفسوس! حیف صد حیف!

ہزار داستان (ف۔ا۔مذ) ہزار قسم کی بولیاں بولنے والا۔ ایک قسم کا بلبل۔

ہزار دوا اور ایک دُعا (اُر۔مثل) دُعا دواؤں سے زیادہ کارگر ثابت ہوتی ہے۔

ہزار رنگ بدلنا (اُر۔محاورہ) کبھی کچھ ہونا اور کبھی کچھ۔ ایک حالت پر نہ رہنا۔

ہزار شکر (ف۔کلمۂ تعجّبیہ) بے اِنتہا شکر۔

ہزار علاج اور ایک پرہیز (اُر۔مقولہ) بیماری میں دوا کی نسبت پرہیز سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہزار گھر کی پھرنے والی (اَر۔صف)(۱) وہ عورت جو ماری ماری پھرے اور ایک جگہ نہ ٹھہرے (۲) تجربہ کار (عورت)۔

ہزار گُلا (ف۔ا۔مذ)(۱) ایک قسم کا لالہ (۲) ایک قسم کا بڑا گیندا۔

ہزار لاٹھی ٹوٹی ہو پھر بھی گھر بار کے باسَن توڑنے کو بہت ہے (اَر۔مثل) ٹوٹا پھوٹا ہتھیار بھی کام دے ہی جاتا ہے۔

ہزار مُنہ ہزار باتیں (اَر۔مثل) جتنے مُنہ اُتنی باتیں۔ ہر ایک اپنی سمجھ کے مطابق باتیں کرتا ہے۔

ہزار میں نہ چُوکنا (اَر۔محاورہ) علانیہ کہنے سے باز نہ رہنا۔

ہزار نعمت اور ایک تندرستی (اَر۔مقولہ) ایک تندرستی کے آگے ہزاروں نعمتوں کی بھی کچھ حقیقت نہیں۔ ہزار نعمتیں ایک طرف اور تندرستی ایک طرف۔

ہزار ہاتھ (اَر۔صف و متعلق فعل)(۱) بلا مُبالغہ۔ ضرور بالضرور (۲) بکثرت۔ بے حد۔ بہت۔

ہزار ہاتھ کا بن کر آئے (اَر۔محاورہ) کیسا ہی اعلیٰ مرتبہ لے کر آئے۔ کیسا ہی بھاری بھرکم اور معتبر بن کر آئے۔

ہزار ہاتھ ہیں (اَر۔محاورہ) بہتیرے ہاتھ ہیں۔ خُداتعالیٰ دینے پر آئے تو بہتیرے راستے ہیں۔

ہَزاراں (ہَ۔زا۔راں)(ف۔ا۔عدد) ہزار کی جمع۔

ہزاراں ہزار (ف۔متعلق فعل) ہزاروں۔ بڑی تعداد میں۔

ہزاروں (اَر۔ا۔عدد) ہزار کی جمع۔

ہزاروں گھڑے پانی پڑنا (اَر۔محاورہ) شرم سے پسینے پسینے ہو جانا۔ بہت شرمندہ ہونا۔

ہزاروں میں (اَر۔متعلق فعل) ہزار آدمیوں میں۔ کھلم کھلا۔ علانیہ۔

ہَزارَہ (ف۔ا۔مذ)(۱) ایک اعلیٰ قسم کا گلاب۔ لالہ۔ گُلِ صد برگ (۲) ایک قسم کا فوارہ (۳) ایک سرحدی پہاڑی قوم۔

ہَزارہا (ہَ۔زار۔ہا)(ف۔ا۔عدد) ہزار کی جمع۔ ہزاروں۔

ہَزاری (ہَ۔زا۔ری)(ف۔صف)(۱) ہزار سے نسبت رکھنے والا (۲) ہزار آدمیوں کا افسر۔ مغلیہ عہدِ حکومت کا ایک عُہدہ (۳)(ا۔مث) ہزار سپاہیوں کی فوج (۴) ہزار سالہ دَور۔ ہزار سال۔

ہزاری بزاری (اَر۔ا۔مذ)(۱) سپاہی اور تاجر (بازاری)۔ فوجی اور شہری لوگ۔ ادنیٰ اور اعلیٰ۔ خاص وعام (۲) ہزاروں قسم کے آدمیوں سے ملنے والا۔ بازار میں بیٹھنے والا (۳)(کنایۃً) سِفلہ۔ کمینہ۔ ناقابلِ اعتبار۔

ہزاری روزہ (ف۔ا۔مذ) ماہِ رجب کی ستائیسویں تاریخ کا نفلی روزہ۔

ہزاری عُمر (ف۔ا۔مث) ہزار سال کی عُمر۔ لمبی عُمر۔

ہزاری منصب (ف۔ا۔مذ) زمانہ شاہی میں فوج کا ایک عُہدہ۔ فوج کی تعداد کے مُطابق عُہدے کا نام اور درجہ ہوتا تھا جیسے سہ ہزاری پنج ہزاری وغیرہ۔

ہَزّال (ہَز۔زال)(ع۔صف) پرلے درجے کا ہزل گو۔ بہت بڑا پھکڑ۔

ہِز آنر (His Honour)(انگ۔ا۔مذ) عزّت مآب۔ گورنر کا تعظیمی خطاب۔

ہِز ایکسی لینسی (His Excellency)(انگ۔ا۔مذ) جنابِ عالی۔ گورنر اور سفیر کا تعظیمی خطاب۔

ہِزَبر (ہِز۔بَر)(و۔زبر)(ع۔ا۔مذ)(۱) شیر ببر (۲)(کنایۃً) بڑا بہادر۔

ہَزَج (ہَ۔زَج)(ع۔ا۔مث)(۱) عروض کی ایک بحر کا نام (۲) وہ آواز جو سُر تال کے ساتھ ہو۔

ہَزل (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ع۔ا۔مث)(۱) بیہودہ باتیں۔ مذاق۔ تمسخر (۲) وہ نظم جس میں مسخرے پَن کے مضامین ہوں۔ جمع: ہزلیات۔

ہزل گو (ع۔ف۔صف) بیہودہ گو۔ مذاقیہ نظم کہنے والا۔

ہزل گوئی (ع۔ف۔ا۔مث) ہزل کہنا۔

ہِز مجسٹی (His Majesty)(انگ۔ا۔مذ) مَلِک معظّم۔ بادشاہوں کا خطاب۔

ہِز ہائی نس (His Highness)(انگ۔ا۔مذ) والیانِ ریاست کا لقب۔ حضور۔ اعلیٰ حضرت۔

ہَزِیمَت (ہَ۔زی۔مَت)(ع۔ا۔مث) شکست۔ ہار۔

ہزیمت اُٹھانا (اَر۔محاورہ) شکست کھانا۔ بھاگنا۔ پسپا ہونا۔

ھ۔ژ

ہَژدَہ (ہَژ۔دَہ)(ف۔صف) اٹھارہ۔ نیز دیکھئے ہجدہ۔

ہژدہ ہزار عالم (ف۔ا۔مذ) دیکھئے ہجدہ ہزار عالم۔

ھ۔س

ہَسا (ہَ۔سا)(ق۔ا۔مذ) ہنسی۔

ہَسپانیہ (ع۔ا۔مذ) اسپین کا مُعرّب۔

ہَسپتال (ہَس۔پَ۔تال)(انگ۔ہاسپٹل Hospital کا مُوَرّد۔ا۔مذ) اسپتال۔ شفاخانہ۔ دارالشفا۔ بیمارستان۔ اُردو جمع: ہسپتال۔ ہسپتالوں۔

ہَست (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(س۔ا۔مذ)(۱) ہاتھ۔ دست (۲) ہاتھی کی سُونڈ (۳) تیرھواں ستارہ (۴) ہاتھی۔ فیل۔

ہَست (بفتح اوّل و سکونِ دوم وسوم)(ف۔ا۔مث)(۱) ہستی۔ زندگی۔ زیست۔ حیات۔ وجود (۲) کائنات۔

ہست کرنا (اَر۔محاورہ) پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔

ہست نیست (ف۔کلمۂ ایجاب ونفی) ہاں۔ نہیں۔

ہست و بُود (ف۔ا۔مث) قیام و وجود۔ حیات و زندگی۔

ہست و ممات (ف۔ع۔ا۔مث) جینا اور مرنا۔ زندگی و موت۔

ہست ہونا (اَر۔محاورہ) عالمِ وجود میں آنا۔ پیدا ہونا۔

ہَستِنی (ہَس۔تِ۔نی)(س۔ا۔مث)(۱) مادہ فیل۔ ہتھنی (۲) کوک شاستر کے مُطابق عورتوں کی چار قسموں میں سے ایک قسم جو بدن کی بھاری اور پُرشہوت ہوتی ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہَسْتی (ہَس۔تی)(ف۔ا۔مث)(۱)وجود۔قیام۔موجودگی (۲) موجودات۔ مخلوقات۔کائنات (۳) حیات۔ زندگی۔ زیست (۴) حقیقت۔ اصل۔ بساط (۵) مجال۔ طاقت۔ تاب (۶) دولت۔ ثروت (۷) دُنیا (۸) خود پسندی۔ خود بینی۔

ہستی جاوداں (ف۔ا۔مث) حیاتِ اَبدی۔ ہمیشہ کی زندگی۔

ہستی فانی (موہوم۔ناپائیدار۔ دو روزہ)(ف۔ا۔مث) فنا ہو جانے والی زندگی۔ وہمی اور خیالی زندگی۔ قائم نہ رہنے والی زندگی۔ چند روزہ زندگی۔

ہسٹری (History)(انگ۔ا۔مث) حالات۔ تاریخ۔ سیرت۔ تذکرہ۔

ہسٹری شیٹ (History Sheet)(انگ۔امث) اَعمال نامہ۔ وہ کاغذ جس میں کسی ملزم کے مُفصل حالات اور اُس کے پچھلے جرائم درج ہوتے ہیں۔

ہسٹیریا (Hysteria)(انگ۔ا۔مذ) دیکھئے اختناقُ الرّحم۔

ہِسکا (ہِس۔کا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) کسی کی نقل کرنا۔ ریس (۲) کسی کا مُقابلہ یا برابری کرنا۔

ہَسْلی (ہَس۔لی)(ہ۔ا۔مث) دیکھئے ہنسلی۔

ہَسْیا (ہَس۔یا)(ہ۔ا۔مذ) دیکھئے ہنسیا۔

ہ۔ش

ہُش (بضمِ اوّل)(اَر۔ا۔صوت)(۱) کُتّے کو دُھتکارنے کی آواز (۲) اُونٹ کو بٹھانے کی آواز (۳) پرندوں کو اُڑانے کی آواز۔

ہَشّاش (ہَش۔شاش)(ع۔صف) شاداں۔ فرحاں۔ خوش۔ ہنس مُکھ۔

ہشّاش بشّاش (ع۔صف) بہت خوش۔ خوش و خرم۔ باغ باغ۔

ہِشام (ہِ۔شام)(ع۔ا۔مذ) سخاوت۔ فیّاضی۔

ہَشْت (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔عدد) آٹھ۔

ہشت بہشت (ع۔ا۔مذ) آٹھ بہشتیں (۱) خُلد (۲) دارُالسّلام (۳) دارُالقرار (۴) عدن (۵) جنّتُ الماوٰی (۶) جنّتُ النّعیم (۷) عِلّیین (۸) فردوس۔

ہشت پہلو (ف۔صف) آٹھ پہلو کا۔ آٹھ کونیا۔

ہشت دہ (ف۔ا۔عدد) ہجدہ۔ ہژدہ۔ اٹھارہ (۱۸)۔

ہشت صِفات (ف۔ع۔ا۔مث) آٹھ خوبیاں (۱) شکرِ نعمت (۲) علم (۳) خُدا کی معرفت (۴) راضی برضا رہنا (۵) مصیبت میں صبر کرنا (۶) خلق اللہ سے محبت (۷) تعظیمِ حُکمِ خُدا (۸) عِفّت۔

ہشت گنج (ف۔ا۔مذ) خسرو پرویز بادشاہِ ایران کے آٹھ خزانے۔

ہشت منظر (ف۔ا۔مذ)(۱) آٹھ آسمان (۲) منطقۃُ البرُوج اور آٹھ ستاروں کے گردش کے راستے۔

ہِشْت (اَر۔ا۔صوت) یہ کلمہ اکثر نفرت ظاہر کرنے' کسی اَمر سے روکنے یا جھڑکنے کے لئے بولا جاتا ہے۔

ہُشْت (ف۔ا۔صوت) کُتّے بلّی کو دُھتکارنے کی آواز۔ نیز دیکھئے ہُش۔

ہُشت مُشت (ف۔ا۔مث) لات گھونسے کی لڑائی۔ مارکٹائی۔ دھینگا مُشتی۔

ہُشت مُشت ہونا (اَر۔محاورہ) مارکٹائی ہونا۔ دھینگا مُشتی ہونا۔

ہشتاد (ہَش۔تاد)(ف۔ا۔عدد) اَسّی۔ (۸۰)۔

ہشتُم (ہَش۔تُم)(ف۔صف) آٹھواں۔ آٹھویں۔

ہُشکارنا (ہُش۔کار۔نا)(اَر۔مص)(۱) کُتّے کو کسی کی طرف بھونکنے کی ترغیب دینا (۲) کسی کو اشتعال دے کر کسی بات پر راغب کرنا۔

ہُشکانا (ہُش۔کا۔نا)(اَر۔مص) اِشتعال دِلانا۔

ہُشیار (ہُش۔یار)(ف۔صف) ہوشیار کا مُخفّف۔

ہُشیاری (ہُش۔یا۔ری)(ف۔ا۔مث) ہوشیاری کا مُخفّف۔

ہ۔ض

ہَضْم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مذ)(۱) پچاؤ۔ تحلیل۔ معدے میں کھانا پچنا (۲) غبن۔ چوری۔ تغلّب۔

ہضم کرنا (اَر۔محاورہ)(۱) پچانا۔ تحلیل کرنا (۲) مال مارنا۔ داب بیٹھنا۔ غبن کرنا۔ ڈکار جانا۔

ہضم ہونا (اَر۔محاورہ)(۱) معدے میں غذا کا تحلیل ہونا (۲) مال کا مارا جانا۔ غبن کا ظاہر نہ ہونا۔

ہ۔ف

ہَفْت (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔عدد) سات (۷)۔

ہفت آسیا (ف۔ا۔مذ) سات ستاروں کی گردش کے دائرے۔

ہفت اِقلیم (ف۔ا۔مذ) سات ولایتیں یا مُلک: عرب۔ ایران۔ تُوران۔ چین۔ ہند۔ مصر۔ یونان۔ کُل دُنیا۔

ہفت اَلوان (ف۔ا۔مذ) سات مختلف قسم کے لذیذ کھانے جو حضرت عیسیٰؑ پر اُترے (۱) روٹی (۲) گوشت (۳) شہد (۴) مکھن (۵) حلیم (۶) سِرکہ (۷) نمک۔

ہفت اِمام (ف۔ا۔مذ) سات امام۔ (امام اعظم ابوحنیفہؒ۔ امام شافعیؒ۔ امام مالکؒ۔ امام احمد بن حنبلؒ۔ امام ابو یوسفؒ۔ امام محمدؒ۔ امام زفرؒ)

ہفت اَندام (ف۔ا۔مذ)(۱) جسم کے سات اعضا: سر۔ سینہ۔ پیٹ۔ دو ہاتھ۔ دو پاؤں (۲) شاہ رگ جو تمام بدن میں خون پہنچاتی ہے۔

ہفت پردۂ چشم (ف۔ا۔مذ) آنکھ کے سات پردے۔

ہفت پُشت (ف۔ا۔مذ) سات پیڑھیاں۔ سات نسلیں۔

ہفت پیکر (ف۔ا۔مذ) سات ستارے۔ سات آسمان۔

ہفت جوش (ف۔ا۔مذ) وہ چیز جو سات دھاتیں ملا کر بنائی جائے۔ وہ دھاتیں یہ ہیں: سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ جست۔ لوہا۔ سیسہ۔ رانگ۔

ہفت چشمۂ بہشت (ف۔ا۔مذ) بہشت کے سات چشمے (۱) کوثر (۲) کافور (۳) سلسبیل (۴) تسنیم (۵) مُعین (۶) زنجبیل (۷) ہیم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہفت حرفِ آبی (ف۔ا۔مذ) ج۔ذ۔س۔ظ۔ق۔ک۔ث۔

ہفت حرفِ آتشی (ف۔ا۔مذ) ا۔ذ۔ش۔ط۔ف۔م۔ہ۔

ہفت حرفِ اِستِعلا (ف۔ا۔مذ) خ۔ص۔ض۔ط۔ظ۔غ۔ق۔

ہفت حرفِ خاکی (ف۔ا۔مذ) ح۔خ۔د۔ر۔ع۔غ۔ل۔

ہفت حرفِ ہوائی (ف۔ا۔مذ) ب۔ت۔ص۔ض۔ن۔و۔ی۔

ہفت حکایات (ف۔ا۔مث) سات کہانیاں جو بہرام گور کو سات لڑکیوں نے سُنائی تھیں۔

ہفت خراس (ف۔ا۔مذ) سات آسمان۔

ہفت خطوط (ف۔ا۔مذ) سات لکیریں جو جمشید کے پیالے میں تھیں۔

ہفت خوانِ رُستم (ف۔ا۔مذ) کیکاؤس کی رہائی کے لئے ماژندران تک رُستم نے جو راستہ سات دن میں طے کیا اُسے ہفت خوانِ رُستم کہتے ہیں۔ (کنایۃً) نہایت کٹھن اور مُشکل کام۔

ہفت دانہ (ف۔ا۔مذ) ایک قسم کی مٹھائی جس میں سات قسم کے میوے ہوتے ہیں۔ دسویں محرم کے دن ایران میں تقسیم کی جاتی ہے۔

ہفت دوزخ (ف۔ا۔مذ) دوزخ کے سات طبقے: سقر۔ سعیر۔ لظی۔ حطمہ۔ جحیم۔ جہنم۔ ہاویہ۔

ہفت رنگ (ف۔ا۔مذ) سات رنگ: سیاہ۔ سفید۔ سُرخ۔ سبز۔ پیلا۔ قرمزی۔ نیلا۔

ہفت رنگی (ف۔صف)(۱) مختلف رنگوں کا (۲) مکار۔

ہفت روزہ (ف۔صف۔وا۔مذ)(۱) سات دن والا (۲) وہ کاغذ جس میں ہفتے کی کارگزاری یا حالات و واقعات درج ہوں (۳) ہفتے میں ایک بار شائع ہونے والا اخبار۔

ہفت زبان (ف۔صف) سات زبانیں جاننے والا۔

ہفت زبان ہونا (ار۔محاورہ) بہت سی زبانیں جاننا۔

ہفت سلام (ف۔ع۔ا۔مذ) سات سلام جو قرآن مجید میں ہیں۔

ہفت طبق (ف۔ا۔مذ) آسمان کے سات طبق۔

ہفت قرّاء (ف۔ع۔ا۔مذ) قرآن پڑھانے والے سات قاری (۱) نافع مدنی (۲) عبداللہ بن کثیر مکّی (۳) ابو عمر مصری (۴) ابنِ عامر شامی (۵) عاصم کوفی (۶) حمزہ کوفی (۷) علی کوفی الملقب بہ کسائی۔

ہفت قلزم (ف۔ا۔مذ) سات سمندر۔

ہفت قلم (ف۔صف)(۱) وہ جو سات طرح کے خط لکھنا جانتا ہو۔ اعلیٰ درجے کا خوشنویس (۲) سات مشہور خط: (۱) ثُلث (۲) محقق (۳) توقیع (۴) ریحان (۵) رقاع (۶) نسخ (۷) نستعلیق۔

ہفت کشور (ف۔ا۔مذ) ہفت اقلیم۔ سات ولایتیں۔ ساری دُنیا۔

ہفت گردوں (ف۔ا۔مذ) سات آسمان۔

ہفت گنبد (ف۔ا۔مذ)(۱) سات گنبد جو بہرام گور نے بنائے تھے (۲) سات آسمان۔

ہفت ملّت (ف۔ا۔مذ) مُسلمانوں کے سات فرقے (۱) اہلِ سُنّت والجماعت (۲) رافضیہ (۳) خارجیہ (۴) جبریہ (۵) قدریہ (۶) جہمیہ (۷) مرجیہ۔

ہفت منزل (ف۔ا۔مذ) قرآنِ مجید کی سات منزلیں۔

ہفت میوہ (ف۔ا۔مذ) سات قسم کے میوے: کشمش۔ انجیر۔ شفتالو۔ خرما۔ آلو بخارا۔ سیب۔ انگور۔

ہفت ہزاری (ف۔ا۔مذ) عہدِ مُغلیہ میں ایک اعلیٰ منصب۔

ہفت ہیکل (ف۔ا۔مث) سلامتی کے لئے سات دُعائیں۔

ہفتاد (ہَف۔تاد)(ف۔ا۔عدد) ستر۔ (۷۰)۔

ہفتاد پشت (ف۔ا۔مث) ستر پیڑھیاں۔ ستر نسلیں۔

ہفتاد و دو مِلّت (دو شاخ) (ف۔ا۔مث) اِسلام کے بہتر فرقے۔

ہَفتَفش (ہَف۔تَش)(ق۔ا۔مث) تکرار۔ بحث۔

ہَفتُم (ہَف۔تُم)(ف۔صف) ساتواں۔

ہَفتُمیں (ہفت۔میں)(ف۔صف) ساتواں۔

ہَفتہ (ہَف۔تہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) سات دن کی مُدّت۔ سات دن (۲) (ار۔ا۔مذ) سنیچر۔ شنبہ (۳) ساتواں دن۔ اُردو جمع: ہفتوں۔ ہفتے۔

ہفتہ دوست (ف۔صف) چند روزہ دوست۔ تھوڑے دنوں کا یار۔ وقتی یار۔

ہفتہ عشرہ (ف۔ع۔ا۔مذ)(۱) آٹھ دس روز کا زمانہ (۲) چند روز۔

ہَفتے (جڑنا) گانٹھنا (ار۔مص)(پہلوانوں کی اِصطلاح) حریف کی بغلوں میں سے ہاتھ نکال کر اُس کی گردن کو جکڑ دینا۔

ہَف نظر (ہَف۔نَ۔ظر)(ف۔ا۔مث) چشم بد دُور۔ ماشاءاللہ۔

ہَف وات (ہَفوات) (ع۔ا۔مث) بیہودہ باتیں۔

ہَفّی (ہَف۔ای)(ف۔لی)(ار۔صف)(۱) بے حد پھرتیلا۔ نہایت چالاک (۲) ایک قسم کا نہایت زہریلا سانپ۔ افعی۔

ہ۔ک

ہُک (Hook) (انگ۔ا۔مذ)(۱) آہنی میخ۔ وہ خمدار کیل جو دیوار میں گاڑتے ہیں (۲) اچکن میں گھنڈی کی جگہ لگانے کا آنکڑا۔

ہکّا بکّا (ہَک۔کا۔بَک۔کا)(ار۔صف) متحیر۔ گھبرایا ہوا۔ سراسیمہ۔ حواس باختہ۔

ہکّا بکّا ہونا (ار۔محاورہ) متحیر ہونا۔ حیران رہ جانا۔

ہَک دَک (ار۔ا۔مث)(۱) پس و پیش (۲)(صف) متعجب۔ حیران۔ سکتے کے عالم میں۔

ہَک دَک رہ جانا (ار۔محاورہ) سکتے کے عالم میں رہ جانا۔ حیرت زدہ ہو جانا۔

ہَک نہ دَک (ار۔تابع فعل)(۱) بے سان گمان۔ اچانک (۲) بے سوچے سمجھے۔ گھبرا کر (۳) متعجب ہو کر۔

ہَکذا (ہا۔کَ۔ذا)(ع۔تابع فعل) اِسی طرح۔

ہَکَر ہَکَر کرنا (ہَ۔کَر۔ہَ۔کَر۔کر۔نا)(ار۔محاورہ) ضعف یا بھوک پیاس کے باعث بمشکل سانس لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہَکلا (ہَک-لا)(اَ-صف) لکنت کرنے والا۔ رُک رُک کے بات کرنے والا۔
ہکلا پن (اَ-ا-مذ) لکنت۔
ہکلانا (ہَک-لا-نا)(اَ-مص) لکنت کرنا۔ زبان کا لڑکھڑانا۔
ہکلی (ہَک-لی)(اَ-مف) ہکلا کی تانیث۔

ہ-گ

ہَگ (بفتح اوّل)(ہ-ا-مذ) پاخانہ۔ براز (۲) مصدر ہگنا سے امر کا صیغہ۔ پاخانہ کر۔
ہگ دینا (ہگ مارنا) (اَ-محاورہ) پاخانہ کر دینا۔ براز کرنا۔
ہَگاس (ہ-گاس)(ہ-ا-مث) پاخانے کی حاجت۔ رفع حاجت کی خواہش۔
ہگاس لگنا (اَ-محاورہ) پاخانے کی حاجت ہونا۔
ہَگاسا (ہ-گا-سا)(ہ-صف) (۱) وہ جس کا پاخانہ نکلنے کے قریب ہو۔ وہ جسے پاخانے جانے کی حاجت ہو (۲) (مؤنث کے لئے) ہگاسی۔
ہَگانا (ہ-گا-نا)(ہ-مص) پاخانہ پھرانا۔ براز کرانا۔
ہَگنا (ہَگ-نا)(ہ-مص) پاخانہ کرنا۔ رفع حاجت کرنا۔
ہگنا تھوڑا اور پٹ پٹ بہت (اَ-مثل) کام تھوڑا کرنا اور شور بہت مچانا۔
ہَگّو (ہگوڑا) (ہَگ-گو)(ہ-گو-ڑا)(اَ-صف) (۱) بار بار ہگنے والا۔ بہت ہگنے والا (۲) (کنایۃً) ڈرپوک۔ بُزدل۔

ہ-ل

ہَل (بفتح اول)(ہ-ا-مذ) زمین جوتنے کا آلہ۔ قلبہ۔ جمع: ہَل۔ ہلوں۔
ہل برار (اَ-ا-مث) ہلوں کی تعداد پر مال گزاری۔
ہل جوتا (ہ-صف) ہل چلانے والا۔ ہالی۔
ہل جوتنا (چلانا) (ہ-مص مُرکب) بیج بونے کے لئے زمین ہل سے کھودنا۔ قلبہ رانی۔
ہل چلنا (اَ-مص مُرکب) زمین کا جوتا جانا۔
ہل وار (اَ-صف) ہل کا مالک۔
ہل واہا (ہ-ا-مذ) ہل چلانے والا۔ ہالی۔ کسان۔
ہل ہانکتے کودوں پھانکتے (اَ-مثل) اِضطراب کی حالت میں۔
ہَلّا (ہَل-لا)(ہ-ا-مذ) (۱) چڑھائی۔ دھاوا۔ حملہ۔ یورش (۲) شور۔ غل۔
ہلا دینا (ہ-لا-دے-نا)(اَ-محاورہ) لرزا دینا۔ زلزلہ ڈال دینا۔
ہُلاس (ہ-لاس)(ہ-ا-مث) (۱) خوشی۔ شادمانی۔ شادی (۲) ناس۔ نسوار۔ سونگھنے کا پسا ہوا تمباکو۔
ہُلاس دانی (اَ-ا-مث) نسوار رکھنے کا چھوٹا سا ظرف۔
ہُلاس لینا (اَ-محاورہ) نسوار سونگھنا۔
ہُلاس ہو جانا (اَ-محاورہ) ہُلاس کی طرح چٹکی چٹکی کر کے ختم ہو جانا۔ جلد خرچ ہو جانا۔

ہَلاک (ہ-لاک)(ع-ا-مذ) (۱) قتل۔ فنا۔ اِتلاف (۲) تباہی۔ بربادی۔ خرابی (۲)(صف) قتل کیا ہوا (۳)(اَ-صف) پژمردہ۔ مضمحل (۴)(مجازاً) مُشتاق۔ آرزو مند۔
ہلاک کرنا (اَ-مص مُرکب) (۱) قتل کرنا (۲) تباہ کرنا۔ برباد کرنا (۳) تھکانا۔ مضمحل کرنا۔
ہلاک ہونا (اَ-مص مُرکب) (۱) مارا جانا۔ قتل ہونا (۲) برباد ہونا۔ تباہ ہونا (۳) تھکنا۔ مضمحل ہونا۔
ہَلاکت (ہ-لا-کت)(ع-ا-مث) (۱) تباہی۔ بربادی (۲) موت۔ قضا۔ اَجل۔
ہَلاکو (ہ-لا-کو)(ت-صف-وا-مذ) (۱) ہلاک کرنے والا۔ ظالم۔ جلّاد۔ سفاک۔ ایک تاتاری بادشاہ۔ (اصل میں ہولاکو تھا)۔
ہَلاکی (ہ-لا-کی)(ف-ا-مث) ہلاکت۔ موت۔ تباہی۔
ہِلال (ہ-لال)(ع-ا-مذ) پہلی رات کا چاند۔ ماہِ نو۔ تیسری رات تک کا چاند۔
ہلال ابرو (ع-ف-ا-مذ) ابرو کی ہلال سے تشبیہ۔ ہلال جیسے ابرو۔
ہلال رکاب (ع-ف-صف) صاحبِ رتبہ و اختیار۔
ہِلالی (ہ-لا-لی)(ع-صف) ہلال سے منسوب۔ ہلال کی وضع کا۔ قوسی۔ نئے چاند کی مانند (۲)(اَ-ا-مث) ایک قسم کا تیر۔
ہِلالَین (ہ-لا-لین)(ع-ا-مذ) قوسین۔ ہلال کی وضع کے دو قوس۔ خطوطِ وحدانی۔ ( )۔
ہلا مارنا (ہ-لا-مار-نا)(اَ-مص مُرکب) ہلکان کرنا۔ پریشان کرنا۔
ہلا مِلا (اَ-صف) مانوس۔ ہلا ہوا۔
ہِلانا (ہ-لا-نا)(ہ-مص) (۱) حرکت دینا۔ جنبش دینا (۲) مانوس کرنا۔ خوگر کرنا۔ پرچانا۔ سدھانا۔
ہَلاہَل (ہ-لا-ہَل)(ع-صف)(۱) قاتل۔ مُہلک (۲)(ع-ا-مذ) زہرِ قاتل۔
ہلا ہُوا (اَ-صف) مانوس۔ سدھایا ہوا۔ ہلا ملا۔
ہلا ہونا (ہ-لا-ہو-نا)(اَ-مص) مانوس ہونا۔
ہَلبَل (ہَل-بَل)(ہ-ا-مث) گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بے چینی۔ کھلبلی۔
ہَلبَلا (ہَل-بَ-لا)(ہ-صف) مُضطرب۔ بے قرار۔
ہَلبَلانا (ہَل-بَ-لا-نا)(ہ-مص) بے چین ہونا۔ گھبرانا۔ بوکھلانا۔
ہَلبَلاہَٹ (ہَل-بَ-لا-ہَٹ)(ہ-ا-مث) گھبراہٹ۔ ہڑبڑی۔ اِضطراب۔
ہَلبَلی (ہَل-بَ-لی)(ہ-ا-مث) دیکھئے ہَلبَل اور ہَلبَلاہَٹ۔
ہَلپھا (ہَل-پھا)(ہ-ا-مذ) (۱) لہر۔ رَو۔ موج (۲) ترنگ۔ ہلکورا۔
ہَلجان (ہَل-جان)(اَ-ا-مث) عورتوں کی ایک رسم جس میں شادی کے موقع پر حلوا پوری پکا کر تقسیم کرتی ہیں یا شادی کے بعد پیسے ملا کر حلوا پوری کچوری منگاتی اور مل کر کھاتی ہیں۔
ہِل جانا (ہ-مص مُرکب) (۱) متحرک ہو جانا۔ لرز جانا۔ کانپ جانا۔ تھرا جانا (۲) مانوس ہو جانا۔ خوگر ہو جانا۔ نیز دیکھئے ہلنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہَل چَل (ہ۔ا۔مث) (۱) بھاگڑ۔ کھلبلی (۲) بے قراری۔ گھبراہٹ (۳) بلوا۔ دنگا فساد۔

ہلچل پڑنا (مچنا) (اَر۔ محاورہ) (۱) بھاگڑ مچنا۔ کھلبلی پڑنا (۲) گھبراہٹ ہونا (۳) بلوا ہونا۔

ہَلدِوا (ہَل۔دِ۔وا) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی زرد رنگ کی لکڑی جس سے تخت اور صندوق بناتے ہیں۔

ہَلدی (ہَل۔دی) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کی زرد جڑ جو سالن میں ڈالتے ہیں۔ زرد چوب۔ طبی خواص رکھتی ہے۔

ہلدی تھوپنا (اَر۔مص مُرکّب) چوٹ پر ہلدی کا پلستر کرنا۔

ہلدی کی گرہ لے کر پنساری (بن بیٹھنا) بن جانا (اَر۔ محاورہ) (۱) تھوڑی سی پونجی پر اپنے آپ کو بڑا دکان دار سمجھنا (۲) تھوڑے سے ہنر پر اپنے آپ کو کامل سمجھنا۔

ہلدی لگا کے بیٹھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) چوٹ لگنے کا بہانہ کر کے چھپ رہنا (۲) بہانہ کرنا۔

ہلدی لگی نہ پھٹکری پتاخ بہو آن پڑی (اَر۔مثل) بے مشقت ہی کام بن گیا۔ بلا کوشش مطلب حاصل ہو گیا۔

ہلدی لگے نہ پھٹکری، رنگ بھی چوکھا آئے (اَر۔مثل) اُس جگہ بولتے ہیں جہاں بغیر کچھ کئے خاطر خواہ کام نکل آئے۔

ہَلدِیا (ہَل۔دِ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ایک قسم کا زہر جو ہلدی میں پایا جاتا ہے (۲) یرقان۔ ایک بیماری جس میں تمام جسم زرد پڑ جاتا ہے (۳) (صف) زرد۔ پیلا۔ بسنتی۔

ہُلّڑ (ہُل۔لڑ) (ہ۔ا۔مذ) شور و غل۔ غل غپاڑا۔ ہنگامہ۔

ہُلّڑ مچانا (اَر۔ محاورہ) شور و غل کرنا۔ ہنگامہ کرنا۔

ہُلسانا (ہُل۔سا۔نا) (ہ۔مص) (۱) خوش کرنا۔ جی بہلانا (۲) بھڑکانا۔ بہکانا۔ اکسانا (۳) للچانا۔ شوق دلانا۔

ہَلکا (ہَل۔کا) (ہ۔صف) (۱) سُبک۔ خفیف۔ کم وزن (۲) اوچھا۔ کم ظرف (۳) کم قیمت۔ گھٹیا (۴) بے عزت۔ حقیر۔ ذلیل (۵) پھیکا۔

ہلکا پانی (اَر۔ا۔مذ) زود ہضم پانی۔

ہلکا پن (اَر۔ا۔مذ) (۱) سُبکی۔ خِفّت (۲) کمینگی۔ رذالہ پن (۳) کم ظرفی۔ اوچھا پن۔

ہلکا پُھلکا (اَر۔صف) (۱) نہایت کم وزن۔ نہایت سُبک (۲) نازک۔ لاغر۔ کمزور (۳) پتلا پُھلکا۔

ہلکا جوڑا (اَر۔ا۔مذ) کم قیمت پوشاک۔

ہلکا خون (لہو) (اَر۔صف) (۱) وہ شخص جسے جلد نظر لگے (۲) وہ شخص جو دوسرے کا لہو نہ دیکھ سکے۔

ہلکا رنگ (اَر۔صف) پھیکا رنگ۔

ہلکا کام (اَر۔ا۔مذ) (۱) آسان کام۔ معمولی کام (۲) زردوزی وغیرہ کا کام جو گنجان نہ ہو۔

ہلکا کرنا (ہ۔مص مُرکّب) (۱) بوجھ اُتارنا۔ بوجھ کم کرنا (۲) (اَر۔ محاورہ) سُبک دوش کرنا (۳) خفیف کرنا۔ ذلیل کرنا۔ شرمندہ کرنا۔

ہلکا کھانا (اَر۔ا۔مذ) وہ کھانا جو جلد ہضم ہو جائے۔ زود ہضم کھانا۔

ہلکا گلابی جاڑا (اَر۔ا۔مذ) خفیف سردی کا موسم۔

ہلکا ہاتھ (اَر۔ا۔مذ) اوچھا وار۔

ہلکا ہلکا (اَر۔صف) خفیف خفیف۔

ہلکا ہونا (ہ۔مص مُرکّب) (۱) بوجھ اُترنا۔ سُبک ہونا۔ وزن کم ہونا (۲) کم ہونا۔ اُترنا۔ گھٹنا (۳) (محاورہ) سُبک دوش ہونا۔ بے فکر ہونا (۴) پھیکا پڑنا (۵) ذلیل ہونا۔ خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

ہُلکارنا (ہُل۔کار۔نا) (ہ۔مص) (۱) کُتّے کو شکار پر دوڑانا۔ (کنایۃً) کسی کو جنگ پر آمادہ کرنا (۲) مرغوں کو لڑانے کے لئے اُکسانا۔

ہَلکان (ہَل۔کان) (ہ۔صف) تھکا ماندہ۔ مضمحل۔ نیم جان۔

ہلکان کرنا (ہ۔مص مُرکّب) (۱) مضمحل کرنا۔ تھکانا (۲) پریشان کرنا۔

ہلکان ہونا (اَر۔مص مُرکّب) (۱) مضمحل ہونا۔ تھکنا (۲) سخت پریشان ہونا۔ حیران ہونا۔

ہَلکَم (ہَل۔کَم) (اَر۔ا۔مذ و مث) ہلچل۔ تہلکہ۔ کھلبلی۔

ہلکم ڈالنا (ہ۔مص مُرکّب) اودھم مچانا۔ ہنگامہ کرنا۔

ہَلکورا (ہَل۔کو۔را) (ہ۔ا۔مذ) لہر۔ موج۔ ترنگ۔ جنبش۔ جمع: ہلکوروں۔ ہلکورے۔

ہَلکورے (ہَل۔کو۔رے) (ہ۔ا۔مذ) ہلکورا کی جمع۔

ہلکورے لینا (مارنا) (اَر۔ محاورہ) پانی کا لہریں مارنا۔ موج زن ہونا۔ لہرانا۔

ہَلکی (ہَل۔کی) (ہ۔صف) ہلکا کی تانیث۔

ہلکی بات کہنا (اَر۔ محاورہ) اوچھی بات کہنا۔ گھٹیا بات کرنا۔

ہلکی پھلکی (اَر۔صف) ہلکا پھلکا کی تانیث۔

ہلکی چٹکی (اَر۔ا۔مث) کپڑے کا سینے کے بعد کم تاننا اور جھول چھوڑ دینا۔

ہلکی چوٹ (اَر۔ا۔مث) خفیف چوٹ۔ ضربِ خفیف۔

ہَلکے (ہ۔صف) ہلکا کی بدلی ہوئی شکل۔

ہلکے بھاری ہونا (اَر۔ محاورہ) ناراضی ظاہر کرنا۔ ناگوار سمجھنا۔

ہلکے سے (اَر۔متعلق فعل) آہستہ سے۔ ہولے سے۔ سج سے۔

ہلکے ہلکے (اَر۔متعلق فعل) آہستہ آہستہ۔ ہولے ہولے۔ سج سج۔ دھیرے دھیرے۔

ہَل کے پانی نہ پی سکنا (اَر۔ محاورہ) نہایت ناتواں اور کمزور ہو جانا۔

ہل کے پانی نہ پینا (اَر۔ محاورہ) (۱) نہایت سست اور کاہل ہونا (۲) اپنے ہاتھ سے کوئی کام نہ کرنا۔

ہلگانا (ہَل۔گا۔نا) (اَر۔مص) (۱) لٹکانا۔ آویزاں کرنا۔ مُعلّق کرنا (۲) اُلجھانا

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

(۳) کسی کام میں لگا دینا۔

ہلگت (ہل۔گت) (ہ۔ا۔مث) عادت۔ سبھاؤ۔ خُو۔

ہلکنا (ہ۔لک۔نا) (ا۔ر۔مص) اُلجھنا۔ پھنسنا۔ چمٹنا۔

ہِل مِل جانا (ا۔ر۔محاورہ) گھل مِل جانا۔ آپس میں مانوس ہو جانا۔

ہِل مِل کر رہنا (ا۔ر۔محاورہ) میل جول کے ساتھ رہنا۔ مِل جُل کر رہنا۔

ہَل مِن مُبارِز (ع۔نعرہ) میدانِ جنگ میں حریف کو بُلانے کے لئے بہادر پکارتے ہیں کہ کون ہے لڑنے والا؟

ہَل مِن مَزِید (ع۔بول چال) (۱) کوئی اور ہے؟ (۲) جب سب دوزخی دوزخ میں جاچکیں گے تو دوزخ پکار پکار کر کہے گا کچھ اور بھی ہو تو لاؤ۔

ہِلنا (ہِل۔نا) (ا۔ر۔مص) (۱) متحرک ہونا۔ لرزنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ جنبش کرنا (۲) مانوس ہو جانا۔ پرچنا۔

ہِلنا جُلنا (ڈُلنا) (ا۔ر۔محاورہ) حرکت کرنا۔

ہِلنے کو جی نہ چاہنا (ا۔ر۔محاورہ) بہت زیادہ سست ہونا۔

ہِلو (Hallo) (انگ۔ا۔مذ) دیکھئے ہیلو۔

ہِلورا (ہ۔لو۔را) (ہ۔ا۔مذ) ہلکورا۔ موج۔ لہر۔ جمع: ہلورے۔

ہلورے لینا (ا۔ر۔محاورہ) موجیں مارنا۔ لہریں لینا۔

ہُلہُل (ہُل۔ہُل) (ہ۔ا۔مذ) ایک پودا جو بواسیر کے لئے مُفید ہے۔

ہُلہُلا (ہُل۔ہُ۔لا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شگوفہ۔ کوئی عجیب یا انوکھی بات (۲) شوق۔ اُمنگ (۳) ہیجان۔ جھوٹی بات۔ بے سروپا بات۔

ہُلہُلا اُٹھانا (ہ۔محاورہ) (۱) جھگڑا کھڑا کرنا۔ شگوفہ چھوڑنا (۲) شوق دِلانا۔ اُبھارنا۔

ہُلہُلا کر بخار چڑھنا (ا۔ر۔محاورہ) ایسا بخار چڑھنا کہ بیمار کانپنے لگے۔

ہُلہُلانا (ہُل۔ہُ۔لا۔نا) (ہ۔مص) کانپنا۔ تھرانا۔ بخار کی شِدّت سے تھرانا۔

ہَلِیلَہ (ہ۔لی۔لہ) (ہ۔بے۔لہ) (ف۔ا۔مذ) ہڑ۔ ایک دوا کا نام۔

ہ ۔ م

ہَم (بفتح اوّل) (ہ۔ض جمع متکلم) (۱) میں اور میرے ساتھی (۲) کلمۂ تعظیم جو اپنی ذات کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

ہم بھی کوئی ہیں (ا۔ر۔محاورہ) (۱) ہم سے بھی کوئی رشتہ اور خصوصیت ہے (۲) ہمارا بھی بڑا مرتبہ ہے۔

ہم بھی کیا یاد کریں گے (ا۔ر۔مثل) کسی کی بے توجہی اور بے پروائی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

ہم بھی ہیں پانچوں سواروں میں (ا۔ر۔مثل) چھوٹا ہو کر اپنے آپ کو بڑوں میں شمار کرنا۔

ہم بھی ہیں وہ بھی ہیں (ا۔ر۔مثل) ہمارا اور اُن کا مُقابلہ ہے۔ دیکھیں کون بڑھتا ہے۔

ہم پر پھسل پڑے (ا۔ر۔مثل) ہم پر غُصّہ اُتارا۔ زبردست کو کچھ نہ کہا۔ ہم سے ناحق خفا ہو گئے۔

ہم جانیں یا تم جانو (ا۔ر۔مثل) ہمارے تمہارے سوا کوئی دُوسرا واقف نہ ہو۔

ہم خوش ہمارا خُدا خوش (ا۔ر۔مقولہ) کمالِ رضامندی ظاہر کرنے کے لئے مستعمل ہے۔

ہم سے اُڑتے ہو؟ (ا۔ر۔مثل) ہم سے چالیں چلتے ہو؟ ہمیں فریب دیتے ہو؟

ہم سے کب چل سکتے ہو (ا۔ر۔مثل) ہم تمہارے فریب میں نہیں آسکتے۔

ہم کس کھیت کی مُولی ہیں؟ (ا۔ر۔مقولہ) ہمارا کیا زور ہے۔ ہماری کون سُنتا ہے۔

ہم کو (ہ۔ضمیر) اپنی ذات کو۔ ہمیں۔

ہم کو بیٹے (ہم کو گاڑے۔ ہماری بھتی کھائے۔ ہم کو ہے ہے کرے) (ا۔ر۔کلمۂ قسم) عورتوں کی سخت قسمیں۔ ہمارا ماتم کرے۔ ہمیں روئے۔

ہم کون ہیں؟ (ا۔ر۔مقولہ) ہم اِس لائق نہیں۔ ہمیں اِس میں کچھ بھی دخل نہیں۔

ہم کہاں (ا۔ر۔مقولہ) ہم نہ ہوں گے۔

ہم نہ کہتے تھے؟ (ا۔ر۔مقولہ) دیکھا جو کچھ ہم نے کہا وہی ہوا نا؟ ہم نے نہیں کہا تھا؟

ہَمّ (بفتح اوّل) (ع۔ا۔مذ) (۱) اندیشہ۔ فکر۔ ملال۔ غم (۲) قصد۔ ارادہ۔

ہَم (بفتح اوّل) (ف۔حرف عطف) (۱) نیز۔ بھی۔ بلکہ۔ اِس کے علاوہ (۲) کسی کام میں شرکت ظاہر کرنے کے لئے۔ آپس میں۔ باہم دِگر۔

ہم آغوش (ف۔صف) بغل گیر۔ ہم کنار۔ باہم گلے ملنے والا۔

ہم آغوش ہونا (ا۔ر۔محاورہ) بغل گیر ہونا۔ ہم کنار ہونا۔ گلے لگنا۔

ہم آغوشی (ف۔ا۔مث) بغل گیری۔ ہم کناری۔ گلے مِلنا۔

ہم آواز (ہم آہنگ) (ف۔صف) (۱) سُر یا راگ میں شریک (۲) ساتھی (۳) متّفق الرائے۔

ہم آہنگی (ف۔ا۔مث) اتفاقِ رائے۔ ایک آواز یا ایک رائے ہونا۔

ہم بزم (ف۔صف) محفل میں شریک۔ ہم مجلس۔

ہم بستر (ف۔صف) ایک ہی بستر پر سونے والے۔ ساتھ سونے والے۔

ہم بستر ہونا (ا۔ر۔محاورہ) (۱) ساتھ سونا (۲) صحبت کرنا۔ مُجامعت کرنا۔

ہم بستری (ف۔ا۔مث) جماع۔ مُجامعت۔

ہم بغل (ف۔صف) ہم آغوش۔ ہم کنار۔

ہم پایہ (ف۔صف) ہم مرتبہ۔ ہم رُتبہ۔ ہم سر۔

ہم پلّہ (ف۔صف) برابر کی ٹکر کا۔ برابر کے جوڑ کا۔ ہم رُتبہ۔ برابر کی مار کا۔

ہم پہلو (ف۔صف) (۱) پہلو کے برابر۔ پہلو بہ پہلو۔ برابر (۲) ساتھی۔ رفیق۔

ہم پیالہ (ہم پیالہ و ہم نوالہ) (ف۔صف) ایک پیالے میں کھانے والے۔ ہم کاسہ۔ ہم طعام۔ گہرے دوست۔

ہم پیشہ (ف۔صف) ایک ہی پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والے۔

ہم ترازو (ف۔صف) ہم پلّہ۔ ہم وزن۔ ہم مرتبہ۔

ہم جلیس (ف۔ع۔صف) ہم نشین۔ پاس بیٹھنے اُٹھنے والے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہم جماعت (ف۔صف) ہم سبق۔ایک جماعت کا۔ہم مکتب۔کلاس فیلو۔
ہم جنس (ف۔صف) ایک جنس کا۔ہم ذات۔ایک نمونے کا۔ہم مرتبہ۔ہم پیشہ۔
ہم جنس پرست (پسند) (ف۔صف) اپنی ہی جنس یا صنف کی طرف جنسی میلان رکھنے والا (والی)۔لوطی۔چپٹی باز۔
ہم جنسی (جنسیّت) (ف۔ا۔مث) (۱) لواطت (۲) چپٹی بازی۔
ہم جوار (ف۔صف) ہمسایہ۔ایک ہی بستی کا۔
ہم جولی (ار۔صف) (۱) ہم عمر۔ساتھ کھیلا ہوا۔لنگوٹیا۔ہم سن (۲) وہ کم سن جو ساتھ کھیلنے میں اکثر شریک رہے۔
ہم چشم (ف۔صف) برابر والا۔ہم مرتبہ۔
ہم چشمی (ف۔ا۔مث) برابری۔ہمسری۔
ہم چشمی کرنا (ار۔محاورہ) برابری کا دعویٰ کرنا۔ہم سری کرنا۔
ہم چو مَن (ما) دیگرے نیست (ف۔مثل) میرے (ہمارے) مثل دُوسرا نہیں۔خودستائی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
ہم خرما و ہم ثواب (ف۔مثل) وہ فعل جس میں لذت بھی ہو اور کارِ خیر بھی۔وہ کام جس میں دوہرا فائدہ ہو۔
ہم خواب ہونا (ار۔محاورہ) ساتھ سونا۔ہم بستر ہونا۔
ہم داستان (ف۔صف) ہم کلام۔ہم صحبت۔ہم راز۔
ہم داماں (ف۔صف) بیوی کی بہن کا شوہر۔ہم زُلف۔ساڑھو۔
ہم دبستاں (ف۔صف) ہم مکتب۔ہم مدرسہ۔
ہم درد (ہمدرد) (ف۔صف) دُکھ درد کا ساتھی۔ہم دَم۔دردمند۔غم خوار۔
ہم دردی (ہمدردی) (ف۔ا۔مث) غم خواری۔دردمندی۔
ہم درس (ف۔صف) دیکھئے ہم سبق۔
ہم دست (ف۔صف) (۱) ہمراہ۔ساتھ (۲) شریک۔متفق۔
ہم دست ہونا (ار۔محاورہ) ملنا۔حاصل ہونا۔
ہم دگر (ف۔صف) باہم۔آپس میں۔دونوں۔ایک دُوسرے میں۔
ہم دم (ہمدم) (ف۔صف) رفیق۔یار۔دوست۔
ہم دوش (ف۔صف) (۱) برابر بیٹھنے والا (۲) برابر کا۔ہمسر۔برابر کی ٹکر کا۔
ہم دیوار (ف۔صف) پڑوسی۔ہمسایہ۔
ہم ذات (ف۔صف) ایک ذات کا۔ہم قوم۔
ہم راز (ف۔صف) رازدان۔بھیدی۔محرم راز۔
ہم راہ (ہمراہ) (ف۔صف) (۱) ساتھ چلنے والا۔رفیقِ راہ۔ساتھی (۲) ہمرنگ (۳) (ا۔مذ) ساتھ۔سنگ۔
ہم رہ گر شتاب کند ہمرہِ تو نیست (ف۔مثل) ساتھی اگر جلدی کرے تو وہ تیرا سچا رفیق نہیں ہے۔
ہم راہ ہولینا (ار۔محاورہ) ساتھ ہولینا۔
ہم راہی (ہمراہی) (ف۔صف۔وا۔مذ) (۱) ساتھی۔ساتھ چلنے والا (۲) یار۔رفیق (۳) (ا۔مث) ساتھ۔معیّت۔
ہم رُتبہ (ف۔صف) ایک ہی رُتبے کا۔ہمسر۔

ہم رشتہ (ف۔صف) جو رشتے میں برابر ہو۔
ہم رکاب (ف۔صف) (۱) سواری کے ساتھ (۲) ہم سفر۔ہم راہ۔
ہم رنگ (ف۔صف) ایک رنگ کا۔یک رنگ۔ایک طرح کا۔یکساں۔
ہم رنگی (ف۔ا۔مث) ایک رنگ یا وضع کا ہونا۔
ہم رو (ف۔صف) (۱) ہم راہ۔ہم سفر (۲) وہ گھوڑا جو پانچ سال کا ہوگیا ہو اور اُس کے سب دانت نکل آئے ہوں۔
ہم زاد (ف۔صف) (۱) جو ساتھ پیدا ہوا ہو (۲) وہ روایتی شیطان یا جن جو ہر انسان کے ساتھ پیدا ہوتا اور ہمیشہ ساتھ رہتا ہے (۳) سایہ۔
ہم زانو (ف۔صف) (۱) پاس بیٹھنے والا۔پہلو نشین (۲) برابر کا۔
ہم زبان (ف۔صف) (۱) ہم قول۔متفق (۲) ہم کلام۔
ہم زُلف (ف۔صف) دیکھئے ہم داماں۔
ہم زماں (ف۔صف) ہم عصر۔ایک زمانے کے لوگ۔
ہم ساز (ف۔صف) (۱) ہمدم (۲) سازگار۔موافق۔
ہم سال (ف۔صف) ہم عمر۔عمر میں برابر۔
ہم سائی (ہمسائی) (ار۔ا۔مث) پڑوسن۔جمع: ہمسائیاں۔ہمسائیوں۔
ہم سائگی (ہم۔سا۔ئ۔گی) (ف۔ا۔مث) (۱) پڑوس۔مکان کا قرب (۲) پاس کا مکان۔
ہم سایہ (ہمسایہ) (ف۔صف) پڑوسی۔اُردو جمع: ہمسایوں۔ہمسائے۔
ہم سایہ دُھوئیں کا شریک (ار۔مثل) پڑوسی سے ہمدردی ہونا ضروری ہے۔
ہم سایہ ہونا (ار۔محاورہ) (۱) پڑوسی ہونا (۲) (کنایۃً) ہم رنگ ہونا۔
ہم سبق (ف۔صف) ساتھ سبق پڑھنے والا۔ہم درس۔ہم جماعت۔
ہم سخن (ف۔صف) ہم زبان۔ہم کلام۔ساتھی۔دوست۔
ہم سخنی کرنا (ار۔محاورہ) مُقابل ہوکر بولنا۔مُقابلہ کرنا۔
ہم سر (ف۔صف) برابر کا۔ہم رُتبہ۔ہم چشم۔
ہم سری (ف۔ا۔مث) برابری۔ہم چشمی۔
ہم سری کرنا (ار۔محاورہ) برابری کرنا۔برابری کا دعویٰ کرنا۔
ہم سفر (ہمسفر) (ف۔صف) ساتھ سفر کرنے والا۔سفر کا ساتھی۔رفیقِ راہ۔
ہم سِلک (ف۔صف) (۱) ساتھ نتھی کیا ہوا (۲) سمدھی۔جن کے لڑکی لڑکے ساتھ بیاہے ہوں۔
ہم سِن (ف۔صف) ہم عمر۔ہم جولی۔
ہم سنگ (ف۔صف) (۱) ہم وزن (۲) رُتبے میں برابر۔
ہم سوانا (ار۔ا۔مذ) وہ مقامات جن کی سرحدیں ایک دُوسرے سے ملی ہوئی ہوں۔
ہم شان (ف۔صف) برابر کی شان کا۔ہم رُتبہ۔
ہم شکل (ف۔صف) ایک شکل کے۔ہم صورت۔
ہم شیر (ف۔صف) (۱) دودھ شریک بھائی یا بہن (۲) حقیقی بھائی یا بہن (لیکن اُردو میں صرف بہن کے لئے مستعمل ہے)۔
ہم شیر زاد (ہم شیرزادہ) (ف۔ا۔مذ) بھانجا۔خواہرزادہ۔
ہم شیرہ۔ بمعنی دُودھ شریک بہن غلط العوام ہے۔دیکھئے ہم شیر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہم صحبت (ف۔صف) ساتھی۔ ہم نشین۔ پاس اُٹھنے بیٹھنے والے۔

ہم صفیر (ف۔صف)(۱) ہم آواز۔ وہ پرندے جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں (۲) ہمدم۔ ساتھی۔ دوست۔

ہم طالع (ف۔صف) یکساں قسمت والے۔ یکساں منصب والے۔

ہم طرح (ف۔صف)(۱) وہ غزلیں یا قصیدے جو ایک ہی طرح یا ایک ہی زمین میں لکھے جائیں (۲) مُقابل۔ ہم رُتبہ۔

ہم عصر (ف۔صف) ہم عہد۔ ہم زمانہ۔ ایک وقت کا (کے)۔

ہم عُمر (ف۔صف) ہم سن۔ برابر کی عُمر کا۔ ہم سال۔

ہم عِناں (ف۔صف)(۱) ہمرکاب۔ ہمراہ (۲) ساتھی۔ رفیق۔

ہم عہد (ف۔صف) ہم عصر۔ ہم زمانہ۔

ہم قد (ف۔صف) برابر قد کے۔

ہم قدم (ف۔صف) ساتھی۔ رفیق۔ ہمراہی۔ ہم سفر۔

ہم قِران (ف۔صف) ہم قرین۔ یار۔ مصاحب۔

ہم قلم (ف۔صف) ہم عُہدہ۔ وہ لوگ جو ایک ہی خدمت پر مامور ہوں۔

ہم قوم (ف۔صف) ایک قوم کے۔ ایک ذات کے۔

ہم کُفو (ف۔صف) ایک ہی خاندان کا۔ ایک ہی کُنبے کا۔

ہم کلام (ف۔صف) ہم سخن۔ مِل کر بات کرنے والا۔

ہم کلام ہونا (اَر۔ محاورہ) ہم سخن ہونا۔ کسی سے بات کرنا۔

ہم کلامی (ف۔ا۔مث) باہم بات چیت۔

ہم کنار (ف۔صف) ہم آغوش۔ بغل گیر۔

ہم گرد (ف۔صف) ساتھ پھرنے والا۔

ہم مذہب (ف۔صف) ایک ہی مذہب کا۔ ایک ہی ملّت کے۔

ہم مرکز (ف۔صف) وہ دائرے جن کا ایک مرکز ہو۔

ہم مشرب (ف۔صف) ایک ہی طریقے کا۔ ایک ہی مسلک کے۔

ہم معنی (ف۔صف) وہ اَلفاظ جن کے معنی ایک ہوں۔ ایک دُوسرے کے مترادف اَلفاظ۔

ہم مکتب (ف۔صف) ہم مدرسہ۔ ایک ہی مکتب کے پڑھے ہوئے۔ ایک ہی مکتب میں پڑھنے والے۔

ہم نام (ف۔صف) ایک ہی نام کا (کے)۔ ہم اِسم۔

ہم نبرد (ف۔صف) مُقابل۔ حریف۔

ہم نشیں (ف۔صف) ہم صحبت۔ مصاحِب۔

ہم نظر (ف۔صف) مُقابل۔ ہم پایہ۔

ہم نفس (ف۔صف) دوست۔ آشنا۔ رفیق۔

ہم نوا (ف۔صف) ہم آہنگ۔ ہم آواز۔ ہم صفیر۔ دوست۔ ہمدم۔

ہم نوالہ (ف۔صف) ساتھ کھانے پینے والے۔ نیز دیکھئے ہم پیالہ۔

ہم وطن (ف۔صف) ایک دیس کا۔ ایک مُلک کا۔ ایک شہر کا (کے)۔

ہم وقت (ف۔صف) ہم عصر۔ ہم زمانہ۔ ہم عہد۔

ہُما (ہُ۔ما)(ف۔ا۔مذ) ایک مشہور خیالی پرند جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ جس کے سر پر سے گزر جائے وہ بادشاہ ہو جاتا ہے۔

ہَما (ہَ۔ما)(اَر۔ض جمع متکلم) ہم۔ صرف مُرکّبات میں مستعمل ہے۔

ہما بازی ٹھما بازی پیروں سے دغا بازی (اَر۔مثل) اُستاد کے آگے شاگرد کی نہیں چلتی۔

ہماہم (ہما ہمی) (اَر۔ا۔مث)(۱) مُقابلہ۔ برابری (۲) رقابت۔

ہما شما (اَر۔ض) ہم تم۔ سب۔ عوام۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔

ہمارا (ہَ۔ما۔را) (ہ۔ض۔متکلم) (۱) ہم سب کا۔ تمام کا (۲) (تعظیماً) میرا۔ میری ذات کا۔

ہمارا بھی خُدا ہے (اَر۔مثل) کسی سے مایُوس ہو جانے کے وقت بولتے ہیں۔

ہمارا تمہارا خُدا بادشاہ (اَر۔فقرہ) قصّہ گو کسی بادشاہ کا قصّہ شروع کرتے وقت یہ فقرہ کہتے ہیں۔

ہمارا جنازہ دیکھو (دیکھے) (اَر۔قسم) قسم جو اکثر عورتوں کی زبان پر آتی ہے۔

ہمارا ذِمّہ (ف۔ا۔مذ) ہم اِس بات کے ذِمّے دار ہیں۔

ہمارا سلام ہے (اَر۔محاورہ) بیزاری ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

ہمارا کیا ہے (اَر۔محاورہ) ہمارا کیا بگڑتا ہے۔ ہمارا کیا نُقصان ہے۔

ہمارا لہُو پیئے (ہمارا حلوا کھائے) (اَر۔محاورہ) عورتوں کی قسمیں۔ ہم کو کھائے، ہم کو پیئے، ہمارا مُردہ دیکھے، ہماری بھٹی کھائے۔

ہماری (ہَ۔ما۔ری) (ہ۔ض متکلم۔ حالتِ اضافی) ہمارا کی تانیث۔ اپنی۔ ذاتی۔ نج کی۔

ہماری بلّی ہم سے ہی میاؤں (اَر۔مثل) ہمارا ہی کھائے اور ہم پر ہی غرّائے۔

ہماری بندگی پہنچے (اَر۔مثل)(۱) ہمارا سلام پہنچے۔ ہم سلام کرتے ہیں (۲) ہم باز آئے۔ ہمیں مُعاف رکھیں۔

ہماری دادی نے نہ کبھی کھایا ہمارا ہاتھ سُونگھو (اَر۔مثل) کام کوئی کرے داد کوئی مانگے۔

ہماری ہم سے پُوچھو، کوہ کَن کی کوہ کَن جانے (اَر۔مثل) جس بات کا ہمارے ساتھ کوئی تعلّق نہیں، اُس کے بارے میں ہمیں کچھ علم نہیں۔

ہمارے (ہ۔ض متکلم۔ حالتِ اضافی)(۱) ہمارا کی جمع (۲) ہمارا کی مُغیّرہ صورت۔

ہمارے بڑے پرائے بروے آزاد کرتے تھے (اَر۔مثل) بُزرگوں نے کام کیا ہم نام چاہتے ہیں۔ جو شخص خود کچھ نہ ہو مگر باپ دادا کے نام پر اِترائے اُس کی نسبت بولتے ہیں۔ پدرم سلطان بود۔

ہمارے دونوں میٹھے (اَر۔مثل) ہمارا ہر طرح فائدہ ہے۔

ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں (اَر۔مثل) ہم مطلق بے خبر ہیں۔ ہمیں ذرا بھی اِطلاع نہیں۔

ہمارے گھر آؤ گے تو کیا لاؤ گے؟ تمہارے گھر آئیں گے تو کیا کھلاؤ گے؟ (اَر۔مثل) نہایت خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔

ہمارے مُنہ میں بھی زبان ہے (اَر۔محاورہ) ہم بھی اِس بات کا جواب دے سکتے ہیں۔ ہم بھی بات کرنے کی قُدرت رکھتے ہیں۔

ہُماشنا (ہُ۔ماس۔نا)(ہ۔مص) کسی وزنی چیز کو اُس کے نیچے کوئی چیز رکھنے کے لئے اُٹھانا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہَما شُما (ہَ-ما-شُ-ما)(اُر-ض) ہما کے تحت دیکھیے۔

ہَمال (ہَ-مال)(ہُ-مال)(ف-صف) مانند۔ نظیر۔ شبیہ۔

ہِمالہ (ہِ-ما-لہ)(س-ا-مذ) دیکھیے ہمالیہ۔

ہِمالَیہ (ہِ-ما-لَ-یہ)(س-ا-مذ) ہما بمعنی برف اور آلَیہ بمعنی مسکن یعنی برف کا مسکن۔ دُنیا کا سب سے بلند پہاڑی سلسلہ جو اُفغانستان سے لے کر کشمیر' بھارت' نیپال اور بھوٹان تک پھیلا ہوا ہے۔ اِس میں دُنیا کی بلند ترین چوٹی ایورسٹ واقع ہے۔

ہَمام (ہَ-مام)(اُر-ا-مذ) ہاوَن کا بگاڑ۔

ہمام دستہ (ہَ-مام-دَس-تہ)(اُر-ا-مذ) دیکھیے ہاوَن دستہ۔

ہَماں (ہَمانا) (ہَ-ماں)(ہَ-ما-نا)(ف-صف)(۱) مثل۔ برابر۔ مانند (۲)(متعلق فعل) یقیناً (۳) یکایک۔ فوراً (۴) ایضاً۔ وہی (۵) گویا۔ شاید۔

ہَماہمی (ہَ-ما-ہَمی)(ہ-ا-مث)(۱) خود پسندی۔ غرور۔ بڑا بول۔ انانیت (۲) سرزوری۔ زور آوری۔ زبردستی۔

ہَماہمی کرنا (اُر-محاورہ) خود پسند ہونا۔ خود غرض ہونا۔ زبردستی کرنا۔

ہُمایُوں (ہُ-ما-یُوں)(ف-صف) مُبارک۔ بابرکت۔ مسعود۔ خوش قسمت۔

ہِمّت (ہِم-مَت)(ع-ا-مث)(۱) اِرادہ۔ عزم۔ قصد (۲) جُرأت۔ دلیری۔ شجاعت (۳) عالی حوصلگی۔ اُولوالعزمی (۴) توفیق۔ دسترس۔ جمع: ہِمَم۔

ہمّت باندھنا (اُر-محاورہ) حوصلہ کرنا۔

ہمّت بندھانا (اُر-محاورہ) حوصلہ دِلانا۔ جُرأت دلانا۔

ہمّت بندھنا (اُر-محاورہ) حوصلہ بڑھنا۔

ہمّت پڑنا (اُر-محاورہ) حوصلہ پڑنا۔ جُرأت ہونا۔

ہمّت پست ہونا (اُر-محاورہ) حوصلہ جاتا رہنا۔ بے ہمّت ہو جانا۔

ہمّت ٹوٹنا (اُر-محاورہ) کم ہمّت ہو جانا۔ پست ہمّت ہو جانا۔

ہمّت جواں رہنا (اُر-محاورہ) ہمّت بندھی رہنا۔

ہمّت سرد ہو جانا (اُر-محاورہ) ہمّت پست ہو جانا۔ حوصلہ جاتا رہنا۔

ہمّت کا حامی خُدا ہے (اُر-مثل) جو ہمّت کرے خُدا اُس کی مدد کرتا ہے۔

ہمّت کرنا (اُر-مص مُرکّب) حوصلہ کرنا۔ دلیری کرنا۔ جُرأت کرنا۔

ہمّتِ مرداں مددِ خُدا (ف-مثل) کام میں کوشش شرط ہے۔ خُدا ضرور مدد کرتا ہے۔

ہمّتِ مردانہ (ع-ف-ا-مث) بہادُروں کی سی ہمّت۔

ہمّت والا (اُر-صف) عالی ہمّت۔ عالی حوصلہ۔ باحوصلہ۔

ہمّت ہارنا (اُر-محاورہ) جی چھوڑنا۔ پست ہمّت ہونا۔ حوصلہ نہ رہنا۔

ہَمتا (ہَم-تا)(ف-صف) برابر۔ مثل۔ مانند۔ نظیر۔

ہَمتائی (ہَم-تا-اِی)(ف-ا-مث) برابری۔ ہمسری۔

ہِمّتی (ہِم-مَ-تی)(اُر-صف) ہمّت والا۔ حوصلے والا۔

ہَمزَہ (ہَم-زہ)(ع-ا-مذ)(۱) حروفِ تہجّی کا ایک حرف (ء)۔ حروف کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔ بعض اَلفاظ میں اِضافت کا کام بھی دیتا ہے جیسے

صحیفۂ آسمانی (۲) حساب میں چھٹانک کا نشان (۳) شیطانی وسوسہ۔

ہُمسانا (ہُم-سا-نا)(ہ-مص) اُٹھانا۔

ہُمَسنا (ہُ-مَس-نا)(ہ-مص) کسی چیز کا اپنی جگہ چھوڑنا۔

ہُمَک (ہُ-مَک)(ہ-فعل) ہمکنا مصدر سے صیغۂ اَمر و حاصل مصدر۔

ہُمک ہُمک کر چلنا (اُر-محاورہ) مٹک مٹک کر چلنا۔ اُچک اُچک کر چلنا۔

ہُمکارا (ہُم-کا-را)(ہ-ا-مذ) دیکھیے ہُنکارا۔

ہُمکارا بھرنا (اُر-محاورہ) دیکھیے ہُنکارا بھرنا۔

ہُمکاری (ہُم-کا-ری)(ہ-ا-مث) ہمکارا کی تانیث۔

ہُمَکنا (ہُ-مَک-نا)(ہ-مص) بچّے کا ہاتھ پاؤں مار کر ایک کی گود سے دُوسرے کی گود میں جانے کا اِرادہ ظاہر کرنا۔

ہَمگی (ہَمگیں) (ہَ-مَ-گی)(ہَ-مَ-گیں)(ف-صف) کُل۔ تمام۔ سب کے سب۔

ہِمَم (ہِ-مَم)(ع-ا-مث) ہمّت کی جمع۔

ہَمَن (ہَ-مَن)(ق-ضمیر جمع متکلّم) ہم۔

ہَموار (ہَم-وار)(ف-صف)(۱) برابر۔ یکساں۔ مُسطّح (۲) موزوں۔

ہموار کرنا (اُر-مص مُرکّب)(۱) زمین کو یکساں کرنا (۲)(اُر-محاورہ) کسی کو اپنے موافق بنا لینا۔

ہَمہ (ہَ-مہ)(ف-صف) کُل۔ سارا۔ مُجملہ۔ تمام۔ سب۔

ہمہ از اُوست (ف-مقولہ) تمام چیزیں خُدا سے ہیں۔ کوئی چیز بذاتِ خود موجود نہیں بلکہ ہر شئے اپنی ہستی کے لئے اللہ تعالٰی کی محتاج ہے۔

ہمہ اُوست (ف-مقولہ) سب کچھ خُدا ہے۔ صُوفیوں کا قول ہے کہ خُدا کے سوا کسی شئے کا وجود نہیں۔ یہ خُدا ہی ہے جو مختلف شکلوں میں جلوہ گر ہے۔

ہمہ تن (ف-تابع فعل) سرتاپا۔ سَربسَر۔ سب کا سب۔ بالکل۔ تمام۔

ہمہ تن گوش ہونا (اُر-محاورہ) پُوری توجّہ سے سُننا۔

ہمہ داں (ف-صف) ہر بات سے واقف۔ ہر علم و ہُنر جاننے والا۔

ہمہ دانی (ف-ا-مث) ہر کام کی واقفیت۔

ہمہ صفت موصُوف (ف-صف) ساری خوبیوں کا مالک۔

ہمہ نعمت (ف-ا-مث) تمام نعمتیں۔ تمام عُمدہ چیزیں۔ ہر قسم کی عُمدہ چیزیں۔

ہمہ نعمت موجُود ہے (اُر-محاورہ) خُدا کے فضل و کرم سے کسی چیز کی کمی نہیں۔

ہمہ وقت (ف-تابع فعل) ہر وقت۔

ہَمہَمہ (ہَم-ہَ-مہ)(ع-ا-مذ) شیر' گھوڑے' بیل' شُتر وغیرہ کی بھاری آواز۔

ہِمیانی (ہِم-یا-نی)(اُر-ا-مث) روپیہ پیسا رکھنے کی پتلی تھیلی۔ خصوصاً وہ تھیلی جو حالتِ سفر میں کمر سے باندھی جاتی ہے (یہ لفظ عربی "ہِمیان" کا مُورّد ہے اور "ہِمیان" فارسی لفظ "ہَمیان" بالفتح کا مُعرّب ہے)۔

ہَمیش (ہَ-میش)(یائے مجہول)(اُر-تابع فعل) ہمیشہ کا مُخفّف۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہمیشگی (ہ۔ے۔شِ۔گی)(ف۔ا۔مث) دوام۔ مُدامی۔ قدامت۔ قیام۔ بقا۔

ہمیشہ (ہ۔ے۔شہ)(ف۔صف) دائم۔ مدام۔ آئے دِن۔ سدا۔ نت۔

ہمیشہ روتے ہی جنم گزرا (اُر۔مقولہ) سدا مصیبت ہی میں مبتلا رہے۔

ہمیشہ سے چلا آتا ہے (اُر۔مقولہ) پُرانا چلن ہے۔ قدیم رَسم ہے۔

ہمیل (ہ۔میل)(یائے مجہول)(ہ۔ا۔مذ) روپیوں کی بنی ہوئی ہیکل جو گلے میں ڈالتے ہیں۔

ہمیں (ہ۔میں)(یائے مجہول)(ہ۔ضمیر متکلم)(۱) ہم سب کو۔ ہم تمام آدمیوں کو (۲)(تعظیماً) مجھ کو۔ مجھے۔ میرے تئیں۔

ہمیں پیٹے (اُر۔قسم) سخت قسم جو کسی عزیز کو دی جاتی ہے۔ ہمارا ماتم کرے۔ ہمیں روئے۔

ہمیں کچھ کام نہیں (اُر۔تابع فعل) ہمیں کچھ غرض نہیں۔ ہمیں کوئی مطلب نہیں۔

ہمیں کیا؟ (اُر۔کلمہ تنفر) ہم کو کیا مطلب؟ ہم کو کیا فائدہ؟

ہمیں (ہ۔میں)(یائے معروف)(ہ۔کلمہ حصر) ہم ہی۔ ہم سب۔

ہمیں پر کیا ہے؟ (اُر۔محاورہ) ہم ہی پر کیا موقوف ہے؟ ہماری ہی ذات پر منحصر نہیں ہے۔

ہمیں ہم (اُر۔کلمہ حصر) صرف ہم۔ تنہا ہم۔

ہمیں (ہ۔میں)(یائے معروف)(ف۔تابع فعل) یہی۔ اِسی طرح (۲) صرف۔

ہمیں چوگاں ہمیں میداں ہمیں گو (ہمیں گو ہمیں چوگاں) (ف۔مثل) یہ رہا بلا' یہ رہا میداں اور یہ رہی گیند۔ یہیں مقابلہ ہو جائے۔

ہ۔ن

ہُن (بضم اوّل)(ہ۔ا۔مذ)(۱) دکن کے ایک قدیم سِکّے کا نام (۲) دولت۔

ہُن برسنا (اُر۔محاورہ) دولت برسنا۔ خوب آمدنی ہونا۔

ہُن پر ہُن برسنا (اُر۔محاورہ) دولت کی فراوانی ہونا۔

ہنٹر (Hunter)(انگ۔ا۔مذ)(۱) کوڑا۔ چابک (۲) شکاری (۳) گائے کی ران کا بھاپ میں پکا ہوا نمکین گوشت۔

ہنجار (نون غنہ)(ف۔ا۔مذ) راہ۔ راستہ۔ (مجازاً) طرز۔ روش۔ قاعدہ۔

ہند (بکسر اوّل)(نون غنہ)(ع۔ا۔مذ) ہندوستان۔

ہندسہ (ع۔ا۔مذ)(۱) عدد۔ رقم (۲) اقلیدس۔

ہندسہ دان (ع۔ف۔صف) علم ہندسہ کا عالم۔ اقلیدس کا عالم۔

ہندنی (ہند۔نی)(ہن۔دِ۔نی)(اُر۔ا۔مث) ہندو عورت۔

ہندو (ع۔صف۔و۔ا۔مذ)(۱) ہندوستانی۔ ہندی (۲) ہندو مت کا پیرو۔ جمع: ہنوُد۔ اُردو جمع: ہندو۔ ہندوؤں (۳)(ف۔ا۔مذ) معشوق کے رُخسار کا تِل۔ خالِ سیاہ۔ زُلفِ معشوق۔

ہندو مت (ہ۔ا۔مذ) ہندو دھرم جو دیومالا پر مبنی ہے اور جس میں لاتعداد دیوی دیوتاؤں کی پُوجا کی جاتی ہے۔

ہندوانہ (ہند۔وا۔نہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) تربوز (۲)(صف) ہندوؤں جیسا۔

ہندوانی (ہند۔وا۔نی)(ف۔صف) ہندوؤں کا۔ ہندوؤں سے منسوب۔

ہندوستان (ہندو۔ستان)(ف۔ا۔مذ) ملکِ ہند۔ ہندوؤں کا وطن۔

ہندوستانی (ہن۔دُو۔س۔تا۔نی)(ف۔صف)(۱) ہندوستان سے منسوب (۲) ہندوستان کا باشندہ (۳)(مث) ہندوستان کی زُبان۔ آسان ہندی۔

ہندوئے چرخ (ہندوئے فلک) (ف۔ا۔مذ) سیارہ زُحل جو سیاہ رَنگ کا ہے۔

ہندوی (ف۔صف)(۱) ہندوستان سے منسوب (۲) ہندوستانی زُبان۔

ہندی (ع۔صف)(۱) ہند سے نسبت رکھنے والا۔ ہندوستانی۔ ہند کا رہنے والا۔ جمع: ہنود (۲)(ا۔مث) ایک سنسکرت آمیز زبان جو ہندوستان کی سرکاری و قومی زُبان ہے (۳) ہندوستان کی تلوار۔

ہندی کی چندی کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) خوب سمجھنا۔ آسان کو اور آسان کرنا (۲) خوب چھان بین کرنا۔ کھود کھود کر پُوچھنا۔

ہندی کی چندی نکالنا (اُر۔محاورہ) بال کی کھال نکالنا۔ بہت حُجت کرنا۔

ہندی نژاد (ف۔صف) ہندی النسل۔ ہندوستان کا باشندہ۔

ہنڈا (بفتح اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بڑی ہانڈی۔ مٹی کا برتن۔ مٹکا (۲) ہانڈی کی شکل کا بڑا فانوس (۳) ایک قسم کی گھاس جو تالاب کے کنارے ہوتی ہے۔

ہنڈا پھوڑنا (اُر۔محاورہ) راز فاش کرنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔

ہنڈا کرنا (اُر۔محاورہ)(۱) کسی دیوتا پر مٹھائیوں کے ہنڈے چڑھانا (۲) کسی یاترا سے واپس آکر ضیافت کرنا۔

ہُنڈار (بضم اوّل)(نون غنہ)(ہ۔ا۔مذ) گُرگ۔ بھیڑیا۔

ہنڈانا (ہنڈا۔نا)(ہ۔مص)(۱) شہر بدر کرنا۔ جلا وطن کرنا (۲) گشت کرانا۔ پھرانا۔ تشہیر کرنا۔

ہُنڈاون (ہنڈا۔وَن)(ہ۔ا۔مث) ہُنڈی بھیجنے کا کمیشن۔ ہنڈی کا بٹا۔

ہنڈکلیا (کلھیا) (ہ۔ا۔مث) بچّوں کی ہانڈی جو کلھیا یا چھوٹے سے برتن میں پکاتے ہیں۔ بچّوں کے کھانا پکانے کا کھیل۔

ہنڈنا (ہنڈ۔نا)(ہ۔مص) مارے مارے پھرنا۔ گشت کرنا۔

ہِنڈول (بکسر اوّل)(نون غنہ)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) ہندی راگوں کا پانچواں راگ۔ صُبح کا ایک راگ۔

ہِنڈولا (بکسر اوّل)(نون غنہ)(واو مجہول)(ہ۔ا۔مذ) پالنا۔ گہوارہ۔ جھولا۔ پنگوڑا (۲) برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے۔ جمع: ہنڈولوں۔ ہنڈولے۔

ہنڈولا جھولنا (ہ۔محاورہ) جھولا جھولنا۔ ہنڈولے میں جھولنا۔

ہُنڈوی (ہُنڈی) (ہنڈ۔وی)(ہُن۔ڈی)(ہ۔ا۔مث) چیک۔ کاغذِ زر۔ روپیہ کا رُقعہ۔ وہ رُقعہ جو ساہوکار ایک جگہ سے دُوسری جگہ روپیہ وصول کرنے

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کے لئے دیتے ہیں۔ آج کل کے زمانے کا چیک۔ جمع: ہُنڈیاں۔ ہُنڈیوں۔
ہُنڈی بھیجنا (اَر۔ محاورہ) مہاجن کے ذریعے رُوپیہ بھیجنا۔ ساہوکار سے رُوپے کا پرچہ لے کر روانہ کرنا۔
ہُنڈی پٹنا (اَر۔ محاورہ) ہُنڈی کا رُوپیہ وصول ہونا۔
ہُنڈی دَرشَنی (ہ۔ ا۔ مث) دَرشَنی ہُنڈی۔ وہ ہُنڈی جسے دیکھتے ہی رقم ادا کر دی جائے۔
ہُنڈی سکارنا (سکھارنا) (اَر۔ محاورہ) ہُنڈی کا رُوپیہ ادا کرنا۔
ہُنڈی سیاہ جوگ (ہ۔ ا۔ مث) ہُنڈی جس کا رُوپیہ کچھ دیر بعد ملے۔
ہُنڈی کرنا (اَر۔ محاورہ) ساہوکار کے ذریعے ایک جگہ سے دُوسری جگہ رُوپیہ پہنچانا۔
ہُنڈی کھڑی رکھنا (اَر۔ محاورہ) ہُنڈی کو کسی وجہ سے ملتوی رکھنا۔
ہَنڈیا (ہنڈ۔یا) (ہ۔ ا۔ مث) ہانڈی کی تصغیر (۱) مٹی کی دیگچی (۲) (کنایۃً) ترکاری۔ سالن۔
ہنڈیا پکانا (ہ۔ مص مُرکّب) (۱) سالن پکانا۔ ترکاری پکانا (۲) (محاورہ) سازش کرنا۔
ہنڈیا پکنا (ہ۔ مص مُرکّب) (۱) سالن پکنا۔ ترکاری پکنا (۲) (محاورہ) سازش ہونا۔ کھچڑی پکنا۔
ہنڈیا چڑھانا (اَر۔ محاورہ) ہنڈیا چولہے پر رکھنا۔ دال ساگ ترکاری پکنے کو رکھنا۔
ہنڈیا چڑھنا (ہ۔ محاورہ) ہنڈیا چڑھانا کا لازم۔
ہنڈیا ڈوئی (اَر۔ ا۔ مث) (۱) کھانا پکانے کا سامان۔ باورچی خانے کے برتن (۲) گھر کا اسباب۔ اثاث البیت۔
ہُنَر (ف۔ ز) (ف۔ ا۔ مذ) (۱) فن۔ کام۔ کاریگری۔ حرفت۔ کمال۔ جوہر۔ صفت (۲) کرتب۔ وصف۔ خوبی (۳) سلیقہ۔ حکمت۔ اُردو جمع: ہنر۔ ہنروں۔
ہُنَر کی پوٹ (اَر۔ ا۔ مث) جامع الکمالات۔ بڑا ہنرمند۔
ہُنَرمند (قر) (ف۔ صف) (۱) صاحب ہنر۔ باہنر۔ گُنی (۲) دستکار۔ کاریگر۔ صنّاع۔
ہُنَرمندی (ہنروری) (ف۔ ا۔ مث) سلیقہ۔ اُستادی۔ خوبی۔ جوہر۔ وصف۔ لیاقت۔ قابلیت۔ کمال۔ کاریگری۔ گُن۔
ہَنس (بفتح اوّل) (نون غُنّہ) (س۔ ا۔ مذ) ایک قسم کی بطخ (۲) رُوح۔ آتما۔ جان۔
ہنس راج (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ایک قسم کی گھاس جو پانی کے کنارے یا پہاڑوں پر بکثرت پائی جاتی ہے (۲) (ا۔ مذ) ایک قسم کی آبی بط۔ قاز۔ راج ہنس۔
ہَنس (بفتح اوّل) (نون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) ہنسی۔ قہقہہ (۲) ہنسنا مصدر کا صیغہ امر۔
ہنس بول کر بسر کرنا (اَر۔ محاورہ) خوش دِلی کے ساتھ زندگی بسر کرنا۔
ہنس بول لینا (اَر۔ محاورہ) گاہے ماہے ہنسی خوشی سے بات چیت کر لینا۔
ہنس پڑنا (دینا) (اَر۔ محاورہ) دفعتۃً ہنسنے لگنا۔
ہنس مُکھ (ہنس مکھ) (اَر۔ صف) خوش خُلق۔ خوش مزاج۔ ملنسار۔ خوش طبع۔ شگفتہ رُو۔
ہِنسا (ہِن۔سا) (س۔ ا۔ مذ) (۱) قتل۔ خون۔ کشت و خون (۲) پاپ۔ گناہ۔
ہَنسا (بفتح اوّل) (نون غُنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) (۱) ہنسی۔ قہقہہ (۲) ہنسنا مصدر کا صیغہ ماضی مطلق۔
ہنسا جانا (اَر۔ محاورہ) تمسخر کیا جانا۔ مذاق اُڑایا جانا۔
ہنسا مارنا (اَر۔ محاورہ) بہت ہنسانا۔
ہَنسانا (ہنسا۔نا) (ہ۔ مص) ہنسنا کا متعدّی (۱) ہنسی دِلانا۔ خندہ دِلانا (۲) خوش کرنا۔ محظوظ کرنا۔
ہَنسائی (ہنسا۔ ای) (ہ۔ ا۔ مث) تضحیک۔ ٹھٹھا۔ ہنسی۔
ہَنستا (ہَنس۔ تا) (ہ۔ صف) ہنستا ہوا۔
ہنستا پھول بکَشتی کلی (اَر۔ مثل) نازک مزاج خوش مزاج آدمی جو اکثر مُسکراتا اور ہنستا رہے مگر جسے ذرا سی خلافِ طبع بات گوارا نہ ہو۔
ہنستا پُھلّل (اَر۔ صف) دوستی کے پردے میں دُشمنی کرنے والا۔
ہَنستی (ہَنس۔تی) (ہ۔ صف) ہنستا کی تانیث۔ ہنستی ہوئی۔
ہنستی پیشانی (اَر۔ ا۔ مث) خندہ پیشانی۔ خندہ رُوئی۔ خوش خُلقی۔
ہَنستے (ہَنس۔تے) (ہ۔ صف) ہنستا کی مُغیّرہ صورت۔
ہنستے بولتے (اَر۔ تابع فعل) (۱) مذاق کرتے کرتے (۲) باتوں باتوں میں۔ آسانی سے (۳) خوش دِلی سے گفتگو کرتے کرتے۔
ہنستے ٹھاکر کھانستے چور۔ اِن دونوں کا آیا اور (ہ۔ مثل) حاکم کی تمسخرانہ ہنسی اور چور کی کھانسی خرابی کا باعث ہوتی ہے۔
ہنستے ہنستے (اَر۔ تابع فعل) (۱) ہنسی ہنسی میں۔ مذاق میں (۲) بہت ہنسنے سے۔
ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا (اَر۔ محاورہ) نہایت ہنسنا۔
ہنستے ہنستے لوٹ جانا (لوٹ پوٹ ہو جانا) (واو مجہول) (اَر۔ محاورہ) ہنسی کے مارے غلطاں ہو جانا۔ ہنسی سے بیتاب ہو جانا۔
ہنستے ہی گھر بستے ہیں (اَر۔ مثل) ہنسی ہنسی میں کام بنتے ہیں۔ باتوں باتوں میں مطلب نکل آتا ہے۔
ہَنسلی (ہَنس۔لی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) وہ ہڈی جو گردن کے نیچے ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا زیور جو گلے میں پہنا جاتا ہے۔ جمع: ہنسلیاں۔ ہنسلیوں۔
ہنسلی اُتر جانا (اَر۔ محاورہ) شیرخوار بچّے کے گلے کی ہڈی کا اپنی جگہ سے کھسک کر تلے اُوپر ہو جانا۔
ہنسلی (جانا) جاتی رہنا (اَر۔ محاورہ) دیکھئے ہنسلی اُتر جانا۔
ہَنسنا (ہَنس۔نا) (نون غُنّہ) (ہ۔ مص) (۱) خندہ کرنا۔ کھلکھلانا۔ کھلنا (۲) مذاق کرنا۔ دِل لگی کرنا۔ چھیڑخانی کرنا (۳) ہنسی اُڑانا۔ تضحیک کرنا۔
ہنسنا بولنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ظرافت سے دِل بہلانا۔ دِل لگی کرنا۔ مذاق کرنا۔ خوش دِلی سے بات چیت کرنا۔
ہَنسوا (ہَنس۔وا) (ہ۔ ا۔ مذ) بڑی درانتی۔
ہَنسوانا (ہَنس۔وا۔نا) (ہ۔ مص) ہنسنا کا متعدّی۔ کسی پر ہنسنے کے لئے دُوسرے کو تحریک کرنا۔
ہَنسوڑ (بفتح اوّل) (نون غُنّہ) (واو مجہول) (اَر۔ صف) خوش طبع۔ خوش مزاج۔ ذرا ذرا سی بات پر قہقہے لگانے والا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہنسی (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) خندہ۔ قہقہہ (۲) خوش طبعی۔ خوش مزاجی (۳) کھلی۔ تمسخر۔ تضحیک۔ فضیحت (۴) کھیل۔ نہایت آسان کام۔

ہنسی اُڑانا (أر۔ محاورہ) تضحیک کرنا۔ کسی پر ہنسنا۔

ہنسی اُڑنا (أر۔ محاورہ) ذلّت ہونا۔ مذاق بنایا جانا۔

ہنسی ٹھٹھا (أر۔ا۔مذ)(۱) ہنسی مذاق۔ دل لگی (۲) ذرا سی بات۔ کھیل۔ تماشا۔ آسان کام۔

ہنسی خوشی (أر۔ متعلق فعل)(۱) خوشی سے۔ خوش ہو کر۔ خوشی کے ساتھ (۲) خوش خوش۔ خیریت کے ساتھ۔ بخیریت تمام۔

ہنسی خوشی سے (أر۔ تابع فعل) رضا مندی سے۔

ہنسی خوشی کا سودا (أر۔ا۔مذ) رضا مندی کا مُعاملہ۔

ہنسی سے کہنا (أر۔ محاورہ) مزاحاً کوئی بات کہنا۔

ہنسی سے لوٹنا (واو مجہول)(أر۔ محاورہ) ہنسی سے بے تاب ہو کر غلطاں ہونا۔ بے حد ہنسنا۔ ہنستے ہنستے لوٹ پوٹ ہو جانا۔

ہنسی ضبط کرنا (أر۔ مص مُرکّب) ہنسی روک لینا۔

ہنسی کرنا (أر۔ محاورہ)(۱) مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا (۲) رُسوائی کرنا۔ بدنامی کرنا۔ تضحیک کرنا۔

ہنسی کھیل (أر۔ا۔مذ)(۱) ہنسی ٹھٹھا (۲) ذرا سی بات۔ آسان کام۔

ہنسی کی بات (أر۔ا۔مث) مذاق کی بات۔ غیر سنجیدہ بات۔

ہنسی ماننا (أر۔ محاورہ) کھیل سمجھنا۔

ہنسی میں اُڑا دینا (اُڑانا) (أر۔ محاورہ) کسی بات کو مذاق میں ٹال دینا۔ بات پر توجّہ نہ دینا۔

ہنسی میں پھول جھڑنا (أر۔ محاورہ) کسی کا ہنسنا اچھا معلوم ہونا۔

ہنسی میں ٹالنا (أر۔ محاورہ) کسی کی ناگوار بات کو مذاق میں لا کر آئی گئی کر دینا۔

ہنسی میں کھنسی ہو جانا (أر۔ محاورہ) ہنسی میں بگاڑ ہو جانا۔ مذاق میں بگڑ جانا۔

ہنسی ہنسی میں (أر۔ تابع فعل)(۱) دل لگی میں۔ مذاق میں۔ مذاقاً (۲) بلاوجہ۔ بلا سبب۔ یونہی باتوں باتوں میں۔

ہنسی ہونا (أر۔ محاورہ)(۱) مذاق ہونا۔ دل لگی ہونا (۲) ذلّت ہونا۔ تضحیک ہونا۔

ہنسیا (ہنس۔یا)(ہ۔ا۔مذ) ہنسیا۔ گھاس اور کھیتی وغیرہ کاٹنے کا اوزار۔ ہنسوا۔

ہُنکار (بضم اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مث)(۱) ہاں کی آواز (۲) حمایت۔

ہُنکارا (بضم اوّل)(نون غنّہ)(ہ۔ا۔مذ) ہُوں۔ ہاں۔ ہُمکارا۔ کسی بات کے اِقرار و اقبال کی آواز۔

ہُنکارا بھرنا (أر۔ محاورہ)(۱) ہاں کرنا۔ ہامی بھرنا (۲) اشارہ کرنا۔ بہکانا۔

ہُنکارنا (ہُنکار۔نا)(ہ۔مص)(۱) ہُنکارا بھرنا۔ ہُوں کرنا (۲) اشارہ کرنا۔ بہکانا۔

ہُنکالنا (ہُنکال۔نا)(ق۔مص)(۱) ہانکنا۔ ہنکانا (۲) نکال دینا۔

ہُنکانا (ہنکا۔نا)(ہ۔مص)(۱) پاس سے دُور کرنا (۲) کھدیڑنا۔ بھگانا۔

ہُنکایا جانا (أر۔ محاورہ)(۱) جانوروں کی طرح تعاقب کیا جانا (۲) دُور کیا جانا۔ بھگایا جانا۔

ہنکرا (ہنک۔را)(ہ۔ا۔مذ) جانوروں کو ہانک کر شکاری کے بیٹھنے کی جگہ پر لانا۔

ہنکوانا (ہنک۔وا۔نا)(ہ۔مص) ہنکانا کا متعدی۔

ہَنگ (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) بھاری بھرکم پن۔ تمکین۔ وقار (۲) ارادہ۔ قصد (۳) زور۔ قوت۔ بَل (۴) لشکر۔ سپاہ (۵) دانائی۔ زیرکی۔ دانش۔

ہنگام (بفتح اوّل)(نون غنّہ)(ف۔ا۔مذ) وقت۔ زمانہ۔ موقع۔

ہنگامہ (ہنگا۔مہ)(ف۔ا۔مذ)(۱) مجمع۔ بھیڑ۔ اِزدحام۔ انبوہ (۲) معرکہ۔ میدان (۳) شورش۔ دنگا۔ فساد۔ گڑبڑ (۴) شور۔ غوغا۔ ہائے ہو (۵) زور شور۔ اُردو جمع: ہنگاموں۔ ہنگامے۔

ہنگامہ آرا (ف۔صف)(۱) صف آرا۔ جنگ برپا کرنے والا (۲) فتنہ برپا کرنے والا۔

ہنگامہ برپا کرنا (أر۔ محاورہ) فساد برپا کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔

ہنگامہ پرداز (پرور) (ف۔صف) ہنگامہ کرنے والا۔ فسادی۔

ہنگامہ پردازی (پروری) (ف۔ا۔مث) شورش کرنا۔ بلوا کرنا۔ دنگا کرنا۔ فساد اُٹھانا۔ لڑائی کرنا۔ جھگڑا کھڑا کرنا۔

ہنگامہ کرنا (أر۔ محاورہ) فتنہ و فساد کرنا۔ شور و غوغا کرنا۔

ہنگامہ گرم رہنا (أر۔ محاورہ) فتنہ و فساد یا شور و غل ہوتا رہنا۔

ہنگامۂ محشر (ف۔ا۔مذ) قیامت کے دن کا شور و غوغا۔ ہجوم۔

ہنگامہ ہونا (أر۔ محاورہ)(۱) جھگڑا ہونا۔ فساد ہونا (۲) اُودھم مچنا (۳) زور شور ہونا۔

ہنگامی (ہنگا۔می)(ف۔صف) چند روز کا۔ خاص وقت تک کا۔

ہِنگن (ق۔ا۔مث)(۱) ایک قسم کی آتش بازی (۲) ایک قسم کا جنگلی پھل۔

ہُنُود (ع۔ا۔مذ) ہندی کی جمع۔ اہلِ ہند۔ ہندو کی عربی جمع ہنادوس ہے۔

ہَنوز (و۔لوز)(ف۔تابع فعل) ابھی تک۔ اب تک۔ اس وقت تک۔ ابھی۔

ہنوز دلّی دُور اَست (ف۔مثل) ابھی منزل دُور ہے۔ ابھی مطلب پُورا ہونے میں دیر ہے۔

ہنوز روزِ اوّل اَست (ف۔مثل) ابھی وہی اِبتدا والا مُعاملہ ہے۔ ابھی تک کچھ ترقی نہیں کی ہے۔

ہنومان (ہ۔نو۔مان)(ہ۔ا۔مذ)(۱) لغوی معنی بڑے بڑے جبڑوں والا۔ ہندوؤں کا ایک دیوتا اور بندروں کا ایک روایتی سردار جس نے سیتاجی کی بازیابی میں رام چندر جی کی مدد کی تھی (۲) بندر۔ بوزنہ۔

ہنہنانا (ہن۔ہ۔نا۔نا)(ہ۔مص) گھوڑے کا بولنا۔

ہنہناہٹ (ہن۔ہ۔نا۔ہٹ)(ہ۔ا۔مث) گھوڑے کی آواز۔

ہنی مون (Honey Moon)(انگ۔ا۔مذ) شادی کا پہلا مہینا جس میں دولھا دُلہن باہر سیر تفریح کو جاتے ہیں۔ ماہِ عسل۔ ماہِ نوشیں۔

ہ۔و

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہو (واو مجہول) (ہ۔امث) (۱) پکارنے یا بُلانے کی آواز (۲) بعض جنگلی جانوروں کی آواز (۳) "پروا نہیں" کی جگہ (۴) "اگر ہو سکے" کی جگہ (۵) (ہ۔فعل) ہونا مصدر کا صیغہ اَمر۔ ضمیر واحد حاضر زمانہ حال کا فعلِ ناقص جیسے تم آتے ہو۔ تم جاتے ہو۔

ہُو (واو معروف) (ف۔ا۔مذ) (۱) عربی ضمیر ہُوَ (وہ) کا بگاڑ (۲) صُوفیوں کی اِصطلاح میں ذاتِ باری تعالیٰ۔ اللہ ہُو کا مُخفّف (۳) غُل۔ ہنگامہ۔ حالتِ مستی میں مُنہ سے نکلنے والی آہ (۴) (کنایۃً) خوف۔ ڈر۔

ہُو بہُو (ف۔صف) بعینہٖ۔ بالکل۔ ٹھیک ٹھیک۔ عربی میں ہُوَ ہُوَ (یہ وہی ہے) تھا۔ فارسی والوں نے ہُو بہُو بنا لیا۔

ہُو حق (ع۔ا۔مث) (۱) وجد یا مستی کی حالت میں مُنہ سے نکلنے والا نعرہ (۲) شور و غُل۔

ہُو حق کرنا (اُر۔محاورہ) (۱) خُدا کا نام لینا۔ اللہ اللہ کرنا (۲) شور و غُل مچانا۔

ہُو حق ہو جانا (اُر۔محاورہ) (۱) فنا ہو جانا۔ مِٹ جانا۔ ناپید ہو جانا (۲) فنا فی اللہ ہو جانا۔

ہُو کا عالم (ہُو کا مقام۔ ہُو کا مکان۔ ہُو کا میدان) (اُر۔ا۔مذ) (۱) عالمِ لاہوت (۲) اُجاڑ۔ ویرانہ۔ سُنسان جگہ۔ جہاں آدمی کو دہشت معلوم ہو۔

ہُو کرنا (اُر۔محاورہ) ڈر کر چیخنا۔ چیخ کر بھاگنا۔

ہُو ہو جانا (اُر۔محاورہ) ویرانہ ہو جانا۔ سنّاٹا چھا جانا۔

ہُوَ (ہ۔ذ) (ع۔ضمیر مذکر واحد غائب) وہ۔

ہُوَالاَوّلُ ہُوَالآخِرُ (ع۔مقولہ) وہ (خُدا) سب سے اوّل اور سب سے آخر ہے۔

ہُوَالشّافی (ہ۔ذش۔شا۔فی) (ع۔کلمۂ دُعا) خُدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے۔ (طبیب نسخوں کی اِبتدا میں لکھا کرتے ہیں)۔

ہُوَالغفور (ہ۔ذل۔غ۔فُور) (ع۔صف) وہ (خُداتعالیٰ) بخشش کرنے والا۔

ہو آنا (اُر۔مص) کہیں جا کر واپس آ جانا۔ لوٹ آنا۔ پلٹ آنا۔

ہَوا (ہ۔وا) (ع۔ا۔مث) (۱) خلا اور زمین کے درمیان کی فضا جو زندگی کے لئے اہم و اوّلین شئے ہے (۲) باد۔ پون۔ ریح (۳) حرص۔ ہوس۔ لالچ (۴) آرزو۔ اَرمان۔ تمنّا۔ اِشتیاق۔ خواہشِ نفس (۵) دوستی۔ خیر خواہی (۶) سانس۔ دَم۔ نفَس (۷) وبا (۸) ادنیٰ مُناسبت۔ خفیف نسبت (۹) ساکھ۔ اَثر (۱۰) رُخ۔ میلان۔ اَنداز۔ وضع (۱۱) چرچا۔ شُہرت (۱۲) فنا۔ نیست۔ معدُوم۔ اُردو جمع: ہواؤں۔ ہوائیں۔

ہوا آنا (اُر۔محاورہ) ہوا کی رسائی ہونا۔

ہوا اُڑانا (اُر۔محاورہ) (۱) بھرم کھولنا (۲) چرچا کرنا۔ شُہرت کرنا (۳) گوز مارنا۔

ہوا اُڑ جانا (اُڑنا) (اُر۔محاورہ) (۱) بھرم کھل جانا۔ ساکھ جاتی رہنا (۲) تشہیر ہونا۔ چرچا ہونا۔

ہوا اُکھڑ جانا (اُر۔محاورہ) عزّت میں فرق آنا۔ ساکھ جاتی رہنا۔

ہوا اور ہو جانا (اور کچھ ہو جانا) (اُر۔محاورہ) اَنداز بدل جانا۔ اِنقلاب ہو جانا۔ پہلا سا اَنداز نہ رہنا۔

ہوا باز (ف۔صف) ہوائی جہاز چلانے والا۔ طیّارہ ران۔ پائلٹ۔

ہوا بازی (ف۔ا۔مث) طیّارہ رانی۔ ہوا باز کا کام۔

ہوا باندھنا (اُر۔محاورہ) (۱) جھوٹ مُوٹ نام یا عزّت قائم کرنا (۲) رُعب جمانا (۳) زور پکڑنا (۴) ڈینگ مارنا (۵) سماں باندھنا۔

ہوا بتانا (بتلانا) (اُر۔محاورہ) ٹال دینا۔

ہوا بدلنا (اُر۔محاورہ) (۱) ہوا کا رُخ بدلنا (۲) زمانے کا رُخ بدلنا۔ حالت بدلنا۔ ڈھنگ بدلنا (۳) زمانے کے موافق ہونا (۴) رُت بدلنا۔ موسم پلٹنا (۵) آب و ہوا تبدیل ہونا یا کرنا۔

ہوا بگڑ جانا (بگڑنا) (اُر۔محاورہ) (۱) ہوا میں خرابی آنا۔ ہوا میں فساد ہو جانا۔ ہوا کا زہریلا ہو جانا (۲) زمانے کا ناموافق ہو جانا۔ زمانہ پھر جانا (۳) اِعتبار اُٹھ جانا۔ بات بگڑ جانا۔

ہوا بندھنا (اُر۔محاورہ) (۱) دھاک بیٹھنا۔ شُہرت ہونا (۲) ساکھ قائم ہونا۔ رُعب جمنا (۳) سماں بندھنا۔

ہوا بھرانا (اُر۔محاورہ) کبوتر یا فاختہ کا اپنے بچّوں کو چونچ سے ہوا دینا تاکہ دانہ کھانے لگیں۔

ہوا بھر جانا (اُر۔مص مُرکّب و محاورہ) (۱) ہوا سے پُھول جانا (۲) کسی چیز میں ہوا کا سما جانا (۳) دُھن سمانا (۴) مغرور ہو جانا۔ اِترانا۔

ہوا بھرنا (اُر۔مص مُرکّب) جوف دار چیز میں مُنہ یا دھونکنی سے ہوا پہنچانا تاکہ وہ پُھول جائے۔ (ہوا بھروانا اس کا متعدّی ہے)۔

ہوا بھی نہ دینا (اُر۔محاورہ) ذرا بھی نہ دکھانا۔ خبر تک نہ دینا۔ بالکل پتا نہ دینا۔

ہوا پر اُڑنا (اُر۔محاورہ) مغرور ہونا۔ اِترانا۔

ہوا پر چڑھا دینا (اُر۔محاورہ) مغرور کر دینا۔

ہوا پر چڑھنا (اُر۔محاورہ) مغرور ہونا۔

ہوا پر دماغ ہونا (اُر۔محاورہ) متکبّر ہونا۔ مغرور ہونا۔

ہوا پر رہنا (اُر۔محاورہ) غرور میں بھرا رہنا۔

ہوا پرست (ف۔صف) (۱) عیّاش۔ ظاہر پرست (۲) ہوا کے رُخ پر چلنے والا۔ زمانہ ساز۔ مطلب پرست۔

ہوا پر سوار ہونا (اُر۔محاورہ) جلد باز ہونا۔ جانے میں جلدی کرنا۔

ہوا پر گرہ لگانا (اُر۔محاورہ) (۱) کمال چالاکی کرنا۔ عیّاری دکھانا (۲) ناممکن کام کرنا۔

ہوا پر ہونا (اُر۔محاورہ) (۱) اِترانا۔ فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا (۲) تیزی پر ہونا (۳) ظاہری ٹیپ ٹاپ کرنا۔

ہوا پلٹا دینا (اُر۔محاورہ) (۱) ہوا کا رُخ بدل دینا (۲) زمانے کا رنگ بدل دینا۔

ہوا پلٹ جانا (پلٹنا) (اُر۔محاورہ) (۱) اِنقلاب ہونا۔ رنگ دِگرگوں ہونا (۲) موسم بدل جانا (۳) نصیبے کا برگشتہ ہو جانا۔

ہوا پھانکنا (پھانک کے رہنا) (اُر۔محاورہ) فاقے سے رہنا۔ بھوکوں مرنا۔ صرف ہوا کے سہارے جینا۔ بغیر کھائے زندہ رہنا۔

ہوا پھر جانا (پھرنا) (اُر۔محاورہ) (۱) ہوا کا رُخ بدل جانا۔ ہوا پلٹ جانا (۲) زمانہ پلٹ جانا۔ بھلے دِن آنا۔ اِقبال کا یاور ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہوا پھلنا (اَر۔ محاورہ) (کنایتہً) زمانہ کا موافق ہونا۔ اِقبال یاور ہونا۔

ہوا چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہوا کا جنبش میں آنا (۲) کسی اَمر کا رواج پانا۔ رواج پڑنا۔

ہوا چھوڑنا (اَر۔ محاورہ) گوز خارج کرنا۔

ہوا حبس ہونا (اَر۔ محاورہ) ہوا بند ہونا۔

ہوا خلاف ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) بادِ مُخالف کا چلنا (۲) زمانے کا ناموافق ہونا۔

ہوا خواہ (ف۔ صف) خیر خواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔

ہوا خواہی (ف۔ ا۔ مث) خیر خواہی۔ بہی خواہی۔ خیر اَندیشی۔

ہوا خوری (ف۔ ا۔ مث) کھلی ہوا میں سیر و تفریح کرنا۔

ہوا دار (ف۔ صف) (۱) خیر خواہ۔ دوست دار (۲) خواہش مند (۳) کشادہ جگہ جس میں اچھی طرح ہوا کا گزر ہو (۴) (ا۔ مذ) ایک قسم کی سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں۔ تام جھام۔

ہوا داری (ف۔ ا۔ مث) خواہش مندی۔ خیر خواہی۔ دوست داری۔

ہوا دیکھنا (اَر۔ محاورہ) (۱) زمانے کا نشیب و فراز دیکھنا (۲) اَنداز اور وضع کی جانچ کرنا۔

ہوا دینا (اَر۔ محاورہ) (۱) پنکھے یا دامن سے ہوا جھلنا (۲) ہوا میں رکھنا۔ کسی چیز کو ہوا کھلانا (۳) آگ کو ہوا سے سُلگانا۔ آگ کو بھڑکانا (۴) اِشتعال دینا۔ اُکسانا۔

ہوا راس نہ آنا (اَر۔ محاورہ) ہوا کا ناموافق ہونا۔ آب و ہوا راس نہ آنا۔

ہوا زدگی (ف۔ ا۔ مث) زُکام۔ سردی۔

ہوا سا (اَر۔ تابع فعل) (۱) ذرا سا۔ خفیف سا (۲) ہوا کی مانند۔ ہلکا۔ سُبک۔

ہوا سر میں ہونا (اَر۔ محاورہ) دُھن ہونا۔ سَودا ہونا۔

ہوا سمانا (اَر۔ محاورہ) دُھن لگنا۔

ہوا سنکنا (سَن۔ تک۔ نا) (اَر۔ محاورہ) ہوا کا آہستہ آہستہ چلنا۔

ہوا سے آگے جانا (اَر۔ محاورہ) نہایت تیز جانا۔

ہوا سے اُڑ جانا (اَر۔ محاورہ) نہایت لاغر اور ناتواں ہونا۔

ہوا سے باتیں کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) نہایت تیز رفتار ہونا۔ نہایت پُھرتیلا ہونا (۲) کمال عیار اور چالاک ہونا (۳) بہت اُونچا ہونا (۴) مغرور ہونا۔

ہوا سے بچ کر نکلنا (اَر۔ محاورہ) کمال نفرت کرنا۔ کسی سے دُور بھاگنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔

ہوا سے لڑنا (اَر۔ محاورہ) خواہ مخواہ لڑنا۔ نہایت بد مزاج اور تُند خو ہونا۔

ہوا فر فر چلنا (اَر۔ محاورہ) ہوا کا تیزی سے چلنا۔

ہوا کا اُڑا لے جانا (اَر۔ محاورہ) ہوا کا سُبک اَشیا کو بلندی پر لے جانا۔

ہوا کا تھپیڑا (جھکڑ) (اَر۔ ا۔ مذ) ہوا کا زور کا جھونکا۔

ہوا کا تیز ہونا (اَر۔ محاورہ) ہوا کا سخت ناگوار ہونا۔

ہوا کا جھونکا (اَر۔ ا۔ مذ) ہوا کی زور سے جنبش۔

ہوا کا رُخ بتانا (اَر۔ محاورہ) (۱) ٹالنا۔ چلتا کرنا۔ مُنہ نہ لگانا (۲) کسی چیز کو اُٹھا کر پھینک دینا۔

ہوا کا رُخ پھرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہوا کا دُوسری طرف چلنے لگنا (۲) زمانے کا رنگ بدلنا۔

ہوا کا رُخ دیکھنا (اَر۔ محاورہ) زمانے کے موافق کام کرنا۔ زمانے کی رفتار دیکھنا۔

ہوا کا کارخانہ (اَر۔ ا۔ مذ) ناپائیدار کام۔

ہوا کا گزر نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) رسائی نہ ہونا۔

ہوا کرنا (اَر۔ محاورہ) پنکھے سے ہوا دینا۔ پنکھا جھلنا۔

ہوا کو گرہ دینا (گرہ میں باندھنا) (اَر۔ محاورہ) ناممکن کام کرنے کی کوشش کرنا۔ نہایت مُشکل کام کرنا۔

ہوا کھانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کھلی جگہ سیر کرنا۔ ہوا خوری کرنا (۲) رُخصت ہونا۔ چلے جانا۔

ہوا کھاؤ (اَر۔ محاورہ) چلتے بنو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔ دفع ہو۔

ہوا کھلانا (اَر۔ محاورہ) (۱) سبز باغ دِکھانا (۲) سیر کرانا۔

ہوا کھونا (اَر۔ محاورہ) وقعت مِٹانا۔ ساکھ گنوانا۔

ہوا کی چال (اَر۔ ا۔ مث) نہایت تیز رفتار۔

ہوا کی روٹی (اَر۔ ا۔ مث) ایک قسم کی نہایت پتلی روٹی۔

ہوا کی طرح چلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) تیز چلنا (۲) سُبک چلنا۔

ہوا کے گھوڑے پر آنا (اَر۔ محاورہ) بہت تیزی سے آنا۔

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) نہایت تیز و تُند اور چست و چالاک ہونا۔ جلد باز ہونا (۲) متکبر ہونا۔ مغرور ہونا۔

ہوا گرم ہونا (اَر۔ محاورہ) ہوا میں حرارت ہونا۔ (کنایتہً) گرم بازاری ہونا۔

ہوا لگنا (لگ جانا) (اَر۔ محاورہ) (۱) ہوا کا جسم سے چھو جانا۔ ہوا محسوس ہونا (۲) ہوا کے اَثر سے جسم کا اکڑ جانا (۳) پر پُرزے نکلنا (۴) صحبت کا اَثر ہونا۔ مطلق اَثر ہونا۔

ہوا لینا (اَر۔ محاورہ) ہوا کھانا۔

ہوا مُٹھی میں بند کرنا (اَر۔ محاورہ) ایسا کام کرنا جو ناممکن ہو۔ بے فائدہ محنت کرنا۔

ہوا مُخالِف ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہوا کا مخالف سَمت میں چلنا (۲) زمانے کا ناسازگار ہونا۔

ہوا میں آ جانا (اَر۔ محاورہ) اِترانا۔

ہوا میں گرہ دینا (گرہ لگانا) (اَر۔ محاورہ) دیکھیے ہوا کو گرہ دینا۔

ہوا میں ہونا (اَر۔ محاورہ) مغرور ہونا۔ خیالِ باطل میں مُبتلا ہونا۔

ہوا ناموافق ہونا (اَر۔ محاورہ) ہوا ناساز ہونا۔ زمانہ خلاف ہونا۔

ہوا نکلنا (اَر۔ محاورہ) (۱) غرور ڈھینا۔ شیخی کا تمام ہونا (۲) دَم نکلنا۔ پُھونک نکلنا (۳) گوز نکلنا۔ ریاح خارج ہونا۔

ہوا نہ آ سکنا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) چاروں طرف سے بند ہونا (۲) (اَر۔ محاورہ) کسی کا گزر نہ ہو سکنا۔ کسی کی رسائی نہ ہونا۔

ہوا نہ چھونا (اَر۔ محاورہ) خفیف سا اَثر بھی نہ ہونا۔

ہوا نہ دینا (اَر۔ محاورہ) خبر نہ کرنا۔ پتا تک نہ دینا۔

ہوا نہ رہنا (اَر۔ محاورہ) رونق نہ رہنا۔ بہار نہ رہنا۔

ہوا نہ لگنا (اَر۔ محاورہ) ذرا سا اَثر بھی نہ ہونا۔ ہوا نہ چھونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہوا و ہوس (ف۔ا۔مث)(۱) حرص اور لالچ (۲) عیاشی۔ شہوت پرستی۔
ہوا ہو (اُر۔ محاورہ) جلدی جاؤ۔ دیر نہ کرو۔
ہوا ہونا (اُر۔ محاورہ)(۱) ہوا کی مانند تیز رفتار ہونا۔ کافور ہونا (۲) دھار کا تیز ہونا (۳) فنا ہونا۔ نابود ہونا۔
ہُوا (ہُو۔آ)(ہ۔فعل) ہونا مصدر کا ماضی مطلق (۱) ہو چکا۔ ہو گیا۔ گُزر گیا (۲) آمادہ ہوا۔ مُستعد ہوا۔
ہوا چاہتا ہے (اُر۔ بول چال) جلد ہونے والا ہے۔ ضرور ہو گا۔
ہوا سو ہوا (جو ہوا) (اُر۔ مثل) جو کچھ ہو گیا سو ہو گیا۔ جانے دو۔ خیال نہ کرو۔
ہوا کرے (اُر۔ مثل) کچھ پروا نہیں۔ بلا سے۔ ہمیں کیا۔
ہُوا نہ ہو (اُر۔ مقولہ) نہ اب تک ہوا نہ آئندہ ہو گا۔
ہَوّا (ہَو۔وا)(ہ۔ا۔مذ)(۱) بچوں کو ڈرانے کی فرضی صورت (۲) مہیب صورت۔
ہَواؤ (ہ۔وا۔او)(ہ۔ا۔مذ) (۱) حوصلہ۔ ہمت۔ دلیری۔ مردانگی (۲) زور۔ طاقت (۳) حجاب۔ پردہ۔
ہَوائی (ہ۔وا۔ای)(ف۔صف) (۱) منسوب بہ ہوا۔ آسمانی (۲) بادی۔ ریحی (۳) چالاک۔ تیز رفتار۔ تیز رو (۴) آوارہ۔ واہی (۵)(اُر۔ا۔مث) ایک قسم کی آتش بازی (۶) لغو بات۔ بیہودہ بات (۷) افواہ (۸) پستے اور بادام کا باریک مغز۔ جمع: ہوائیاں۔ ہوائیوں۔
ہوائی اُڑانا (اُر۔ محاورہ) افواہ اُڑانا۔ جھوٹی خبر مشہور کرنا۔
ہوائی تیر (اُر۔ا۔مذ) وہ تیر جو ہوا کے رُخ چلایا جائے اور جس کا کوئی نشانہ نہ ہو۔
ہوائی چھوٹنا (چھٹنا) (اُر۔ محاورہ) خوف یا شرمندگی سے چہرے کا رنگ متغیر ہو جانا۔ بد حواس ہو جانا۔
ہوائی چھوڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) آتش بازی چلانا (۲) جھوٹی خبر مشہور کرنا۔ بے بنیاد بات کہنا۔ گپ مارنا۔
ہوائی خبر (اُر۔ا۔مث) بازاری گپ۔ افواہ۔ بے سروپا بات۔
ہوائی دیدہ (اُر۔ صف) (۱) شوخ چشم۔ بے مروت (۲) گستاخ۔ ڈھیٹ۔
ہوائی فائر (اُر۔ا۔مث) توپ ' بندوق یا رائفل وغیرہ کی وہ گولی جو بغیر نشانے کے ہوا میں چلائی جائے۔
ہَوائیاں (اُر۔ا۔مث) ہوائی کی جمع۔
ہوائیاں اُڑنا (چھوٹنا) (اُر۔ محاورہ) منہ فق ہونا۔ منہ سفید پڑ جانا۔ بے حواس ہو جانا۔ شرمندگی سے رنگ اُڑ جانا۔
ہو بیٹھنا (اُر۔ محاورہ)(۱) ہو جانا۔ بن جانا (۲) حائض ہونا۔ کپڑوں سے ہو جانا۔
ہو پڑنا (اُر۔ محاورہ) تکرار ہو جانا۔
ہوت (ہ۔ا۔مث) (۱) مقدور۔ پونجی۔ فراغ بالی۔ ثروت۔ دولت۔ حیثیت (۲)(ا۔مذ) پکارنے کا کلمہ۔
ہوت جوت والا (اُر۔ صف) صاحب ثروت۔ صاحب مقدور۔
ہوت کا باپ اَن ہوت کی ماں (اُر۔ مثل) باپ روپے کا ساتھی اور ماں مُفلسی کی۔
ہوت کی جوت ہے (ہ۔ مثل) ساری رونق روپے کی ہے۔

ہوتا (ہ۔فعل)(۱) ہو سکتا اور نہیں ہو سکتا تھا کی جگہ (۲) ہونے والا (۳)(ا۔مذ) رشتے دار۔ قرابت دار (۴) دولت۔ ثروت۔ مقدور۔
ہوتا آیا ہے (ہوتا چلا آیا ہے) (اُر۔ مثل) زمانہ قدیم سے ایسا ہو رہا ہے۔
ہوتا سوتا (اُر۔ا۔مذ) حمایتی۔ عزیز۔ رشتے دار۔ (ہوتا یعنی جیتا۔ زندہ۔ سوتا: سویا ہوا یعنی مُردہ)۔ جمع: ہوتے سوتے۔
ہوتی (ہ۔فعل) ہوتا نمبرا اور ۲ کی تانیث۔
ہوتی آئی ہے (اُر۔ مثل) قدیم رسم ہے۔ پہلے ہی سے چلی آئی ہے۔ ہمیشہ کا دستور ہے۔ نیز دیکھیے ہوتا آیا ہے۔
ہوتے (ہ۔فعل) ہوتا کی جمع۔
ہوتے ساتے (اُر۔ متعلق فعل) ہوتے ہوئے۔ پاس ہوتے ہوئے۔ موجود ہوتے ہوئے۔
ہوتے سوتے (اُر۔ا۔مذ) خویش و اقارب جو زندہ (ہوتے) ہوں یا مر گئے ہوں (سوتے)۔
ہوتے ہوتے (اُر۔ متعلق فعل) رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔ دھیرے دھیرے۔
ہوتے ہُوئے (اُر۔ متعلق فعل) موجودگی میں۔
ہوتے ہی نہ مُوا جو کفن تھوڑا لگتا (اُر۔ مثل) ایسے شخص کی نسبت بولتے ہیں جس سے سخت نفرت ہو۔
ہوتے ہی ہو گا (اُر۔ محاورہ) آہستہ آہستہ ہو گا۔ بتدریج ہو گا۔ رفتہ رفتہ ہو گا۔
ہُوٹر (Hooter) (انگ۔ا۔مذ) کارخانے وغیرہ کی سیٹی۔ گھگھو۔
ہوٹل (Hotel) (انگ۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں کھانے اور سکونت کا انتظام ہو۔ صحیح تلفظ ہوٹیل۔
ہُوٹنگ (Hooting) (انگ۔ا۔مث) کسی تقریر وغیرہ پر ناپسندیدگی کا شور۔
ہو جانا (اُر۔ مص مُرکب)(۱) کام بن جانا۔ کام پُورا ہو جانا (۲) آ کر چلے جانا (۳) مِل جانا (۴) ختم ہو جانا۔ تمام ہو جانا (۵) آسیب کا اثر ہو جانا (۶) ذمہ چڑھ جانا (۷) طلوع ہونا (چاند کا)(۸) انزال ہونا۔
ہو جیو (ہو۔جیو)(اُر۔ کلمہ دُعا) خُدا کرے کہ ہو جائے۔
ہو چکا (اُر۔ محاورہ)(۱) نہیں ہونے کا۔ صبر کرو۔ چھوڑ دو (۲) تمام ہو گیا۔ ختم ہو چکا (۳) گُزر گیا۔ مر گیا۔
ہو چکنا (اُر۔ مص مُرکب) (۱) ختم ہو جانا۔ تمام ہو جانا (۲) خرچ ہو جانا۔ صَرف ہو جانا (۳) مر جانا۔ دَم نکل جانا (۴) ہو جانا۔ ہونا (۵) لڑائی ہونا۔
ہُودؑ حضرت (ع۔ا۔مذ) ایک پیغمبر جو حضرت نوحؑ کے بیٹے سام کی نسل سے تھے۔ قرآن حکیم کی ایک سورت میں' جو آپؑ ہی کے نام سے موسوم ہے' آپ کا ذکر آیا ہے۔
ہَودَج (ہو۔دَج)(ع۔ا۔مذ)(۱) ہودہ۔ عماری (۲) اُونٹ کا کجاوہ۔ محمل۔
ہَودَہ (ہو۔دَہ)(اُر۔ا۔مذ)(۱) عماری جو ہاتھی کی پیٹھ پر بیٹھنے کے لئے رکھتے ہیں (۲) قبر کا احاطہ (حوضہ کا نگاڑ)(۳) زچہ بچہ۔ جمع: ہودوں۔ ہودے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہُودَہ (ہُو-دَہ)(ف-صف) ٹھیک۔ بجا۔ دُرست۔ حق۔ (اردو میں بے ہُودہ مستعمل ہے)۔

ہور (ق۔حرفِ عطف) اور۔

ہو رہنا (ار-مص مُرکّب) (۱) کہیں رہ پڑنا۔ گھر بنا لینا (۲) کسی کا ہو جانا۔ مُستقل طور پر طرف دار ہو جانا (۳) کسی قابل ہو جانا۔ کچھ حاصل ہو جانا۔

ہوری (ہو-ری)(ہ-ا-مث) دیکھئے ہولی۔

ہوڑ (واو مجہول)(ہ-ا-مث)(۱) شرط۔ بازی (۲) داؤ۔ پیچ۔ گھات (۳) قول۔ عہد۔ بچن (۴) بحث۔ تکرار (۵) مُقابلہ۔ برابری۔ سامنا۔

ہوڑا ہوڑی (ہ-ا-مث) بحث و تکرار۔ ضد (۲) مقابلہ۔ برابری۔ سامنا۔

ہوزری (انگ-ا-مث) (Hosiery) موزہ بنیان وغیرہ کی دُکان۔

ہَوَس (ہَ-وَس)(ع-ا-مث)(۱) مالیخولیا۔ خبط (۲) شوق۔ اِشتیاق۔ آرزُو۔ تمنّا۔ خواہش (۳) جھوٹا عشق (۴) لالچ۔ آز۔ حِرص (۵) شہوتِ نفسانی۔ (۶) حوصلہ۔ اُمنگ۔

ہوس اُڑا دینا (ار-محاورہ) ہوس چھوڑ دینا۔

ہوس بُجھنا (ار-محاورہ) ہوس جاتی رہنا۔ خواہش پُوری ہونا۔

ہوس پرور (ہوس پیشہ) (ف-صف) بہت زیادہ حرص رکھنے والا۔ لالچی۔

ہوس پروری (پیشگی) (ف-ا-مث) بہت زیادہ لالچ کرنا۔

ہوس کیش (یائے مجہول)(ف-صف) جس کا دین و مذہب ہی حرص ہو۔

ہوس کیشی (ف-ا-مث) حرص و آز کو دین و مذہب بنا لینا۔

ہوس ناک (ف-صف) (۱) لالچی۔ حریص۔ ہوس کا بھرا ہوا (۲) پُرشہوت۔

ہوس ناک بُڑھیا چٹائی کا لہنگا (ار-مثل) شوقین مزاج مگر غریب۔

ہوس نکالنا (ار-محاورہ) ارمان نکالنا۔ خواہش پُوری کرنا۔ حوصلہ نکالنا۔

ہوس نکلنا (ار-محاورہ) آرزُو پُوری ہونا۔ ارمان نکلنا۔ دل کا حوصلہ نکلنا۔

ہوسٹل (انگ-ا-مذ) (Hostel) دارُالاقامہ۔ طلبہ کے رہنے کی جگہ۔ بورڈنگ ہاؤس۔ اردو جمع: ہوسٹل۔ ہوسٹلوں۔

ہُوسَک (ہو-سک)(ہ-ا-مث) عورتوں کا ایک مرض جس میں سب آثار حمل کے ہوتے ہیں لیکن حقیقتاً حمل نہیں ہوتا۔

ہو سکنا (ار-مص مُرکّب) (۱) ممکن ہونا (۲) اِمکان میں ہونا۔

ہوش (واو مجہول)(ف-ا-مذ)(۱) عقل۔ دانش۔ دانائی۔ فہم۔ سمجھ۔ شعور (۲) خبر۔ واقفیت۔ آگاہی۔ سُدھ (۳) روح۔ دل۔ جان (۴) حواس۔ قوّتِ مُدرکہ۔ حافظہ۔

ہوش آنا (ار-محاورہ)(۱) ہوشیار ہونا۔ سنبھلنا۔ آپے میں آنا (۲) عقل آنا۔ سیانا ہونا (۳) بے ہوشی دُور ہونا۔

ہوش اُڑا دینا (اُڑانا) (ار-محاورہ)(۱) گھبرا دینا۔ بے اَوسان کر دینا۔ حواس باختہ کر دینا (۲) متحیر کر دینا۔ حیرت میں ڈال دینا۔ بے خود کر دینا۔

ہوش اُڑ جانا (اُڑنا) (ار-محاورہ) حواس باختہ ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ عقل ٹھکانے نہ رہنا۔

ہوش باختہ ہو جانا (ار-محاورہ) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔

ہوش بجا رکھنا (ار-محاورہ) ہوش قائم رکھنا۔

ہوش بجا رہنا (ار-محاورہ) ہوش قائم رہنا۔

ہوش بکھرنا (ار-محاورہ) ہوش پراگندہ ہونا۔

ہوش پراگندہ ہونا (ار-محاورہ) ہوش بکھرنا۔ حواس باختہ ہونا۔

ہوش پرّاں ہونا (ار-محاورہ) ہوش اُڑ جانا۔ گھبرا جانا۔

ہوش پکڑنا (ار-محاورہ)(۱) عقل حاصل کرنا۔ شعور پکڑنا۔ ہوشیار ہونا (۲) سیانا ہونا۔ سنِ تمیز کو پہنچنا۔

ہوش پکڑو (ار-محاورہ) سنبھلو۔ تمیز سیکھو۔ عقل کے ناخن لو۔

ہوش ٹھکانے رہنا (ار-محاورہ) ہوش و حواس درست ہونا۔

ہوش جانا (جاتے رہنا) (ار-محاورہ) عقل گم ہونا۔ بے اوسان ہو جانا۔

ہوش جمع ہونا (ار-محاورہ) ہوش ٹھکانے ہونا۔

ہوش رُبا (ف-صف) ہوش لے جانے والا۔ ہوش اُڑا دینے والا۔ بے اوسان کر دینے والا۔

ہوش رکھنا (ار-محاورہ) صاحب ہوش ہونا۔ خبردار ہونا۔

ہوش سنبھالنا (ار-محاورہ)(۱) سیانا ہونا۔ بالغ ہونا (۲) تمیز سیکھنا۔ عقل حاصل کرنا۔

ہوش سے باہر ہونا (ار-محاورہ) بے خود ہونا۔ ہوش گم کرنا۔

ہوش کافور ہونا (ار-محاورہ) ہوش جاتے رہنا۔

ہوش کھونا (ار-محاورہ) ہوش گم کرنا۔

ہوش کی بناؤ (خبر لو۔ دوا کرو۔ لو۔ کے ناخن لو) (ار-محاورہ) سنبھلو۔ عقل کرو۔ سمجھو۔ جب کوئی عقل کے خلاف بات کرے تو کہتے ہیں۔

ہوش کی لینا (ار-محاورہ) سمجھ کی بات کرنا۔

ہوش گم ہونا (ار-محاورہ) ہوش اُڑنا۔ بدحواس ہونا۔ گھبرانا۔

ہوش گوش (ف-ا-مذ) ہوشیاری۔ عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔

ہوش مند (ف-صف) ہوش والا۔ عقل مند۔ ذی شعور۔

ہوش مندی (ف-ا-مث) عقل مندی۔ شعور۔

ہوش میں آنا (ار-محاورہ)(۱) ہوشیار ہونا۔ تمیز سیکھنا (۲) آپے میں آنا۔ سنبھلنا (۳) عبرت پکڑنا (۴) بے ہوشی دُور ہونا۔

ہوش میں آؤ (ار-محاورہ) عقل سیکھو۔ تمیز حاصل کرو۔ عقل کی بات کرو۔

ہوش نہ رہنا (ار-محاورہ) بدحواسی طاری ہونا۔ خبر نہ ہونا۔

ہوش نہ ہونا (ار-محاورہ) حواس دُرست نہ ہونا۔ سُدھ نہ ہونا۔

ہوش والا (ار-صف) ہوش مند۔ ہوشیار۔ سیانا۔ باخبر۔

ہوش و حواس (ف-ا-مذ) عقل و تمیز۔

ہوش و حواس اُڑ جانا (ار-محاورہ) عقل ٹھکانے نہ رہنا۔ اَوسان جاتے رہنا۔

ہوش ہرن ہو جانا (ہوا ہونا) (ار-محاورہ) ہوش اُڑ جانا۔ گھبرا جانا۔

ہوش ہونا (ار-محاورہ)(۱) سُدھ ہونا۔ خبر ہونا (۲) حواس دُرست ہونا۔

ہوش یار (ہوشیار) (ف-صف)(۱) فہیم۔ عاقل۔ واقف۔ خبردار (۲) عیار۔ چالاک (۳) جاگتا۔ بیدار۔ چوکس۔ چوکنا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہوشیار کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ جتانا۔ مُتنبّہ کرنا (۲) جگانا۔ بیدار کرنا (۳) غفلت سے ہوش میں لانا۔

ہوشیار ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) (۱) ہوش میں آ جانا (۲) بیدار ہو جانا (۳) چوکس ہو جانا (۴) بڑا ہو جانا۔ سیانا ہو جانا۔ جوان ہو جانا۔

ہوش یاری (ہوشیاری) (ف۔ا۔مث) (۱) دانائی۔ عقل مندی (۲) خبرداری۔ چوکسی (۳) دُور اَندیشی (۴) عیاری۔ چترائی (۵) اِحتیاط۔

ہُوک (واو معروف) (ھ۔ا۔مث) (۱) وہ درد جو دِل یا سینے میں ٹھہر ٹھہر کر یا یکایک اُٹھے (۲) کراہ۔

ہُوک اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) درد ہونا۔ پہلو میں درد اُٹھنا۔

ہَوکا (ہَو۔کا) (ھ۔ا۔مذ) (۱) کھانے کی بے اِنتہا حرص (۲) لالچ۔ کسی چیز کی بے اِنتہا خواہش۔

ہَوکا کرنا (اُر۔ محاورہ) بہت لالچ کرنا۔

ہَوکا لگنا (اُر۔ محاورہ) بہت ہوس کرنا۔

ہوکر (ہوکے) (اُر۔ تابع فعل) (۱) پاس سے۔ نزدیک سے (۲) درمیان سے (۳) ہوتے ہوئے۔ گزرے ہوئے (۴) ضرور۔ لابُد۔

ہوگا (اُر۔ تابع فعل) شاید۔ (شک کے مقام پر بولتے ہیں)۔

ہوگزرنا (اُر۔ مص مُرکّب) (۱) گزرے ہوئے زمانے میں ہونا (۲) واقع ہونا (۳) ختم ہونا۔

ہَول (ع۔ا۔مذ) (۱) خوف۔ اَندیشہ (۲) گھبراہٹ۔ اُر جمع: ہَولوں۔ ہَولے۔

ہول آنا (اُر۔ محاورہ) دہشت زدہ ہونا۔

ہول اُٹھنا (اُر۔ محاورہ) خوف پیدا ہونا۔ دہشت سے گھبرا جانا۔

ہول بیٹھ جانا (اُر۔ محاورہ) دِل میں ڈر بیٹھ جانا۔ خوف چھا جانا۔ خوف سما جانا۔

ہول پڑنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دہشت ہونا (۲) اِضطراب ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔

ہول پُکار (اُر۔ا۔مث) شور و غوغا۔

ہول جول (اُر۔ا۔) گھبراہٹ۔ اِضطراب۔ جلدی۔

ہولِ دِل (ع۔ف۔ا۔مذ) اِختلاجِ قلب۔ خفقان۔

ہولِ دِل ہونا (اُر۔ محاورہ) دِل دھڑکنا۔ اِختلاج ہونا۔

ہول دِلا (اُر۔ صف) بُزدِل۔ ڈرپوک۔

ہول دلی (اُر۔ا۔مث) (۱) گلے میں ڈالنے کی ایک چیز جس سے دِل کا خوف دُور ہو جاتا ہے (۲) گھبراہٹ (۳) بُزدِلی۔

ہول رہنا (اُر۔ محاورہ) خوف اور گھبراہٹ رہنا۔

ہول زدہ (ع۔ف۔صف) خوف زدہ۔ دہشت کا مارا ہوا۔

ہول سمانا (اُر۔ محاورہ) دہشت زدہ ہونا۔

ہَول کھانا (ہولے کھانا) (اُر۔ محاورہ) ڈرنا۔ ڈر جانا۔ دہشت میں رہنا۔

ہول ناک (ع۔ف۔صف) بھیانک۔ ڈراؤنا۔ مہیب۔ خوفناک۔ ہیبت ناک۔

ہُول (ھ۔ا۔مث) دھکّا۔ صدمہ۔ ضرب۔ کسی دھار والے آلے کا چُبھنا۔

ہُول چلنا (ھ۔ محاورہ) گھونپا جانا۔

ہُول دینا (اُر۔ محاورہ) (۱) ہُول مارنا (۲) کسی کام کے لئے اِشتعال دِلانا۔

ہَولا (ہَو۔لا) (ھ۔صف) گھبرایا ہوا۔ بوکھلایا ہوا۔

ہَولا جولی (ھ۔ا۔مث) گھبراہٹ۔ اِضطراب۔ بے تابی (۲) بھاگڑ۔ افراتفری۔

ہَولا خبطا (اُر۔ صف) بدحواس۔

ہولا (ہو۔لا) (واو مجہول) (ھ۔ا۔مث) (۱) بُھنے ہوئے سبز چنے (۲) درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی ہوئی کشتی۔ جمع: ہولوں۔ ہولے۔

ہولا کھالے مُنہ ہاتھ دونوں کالے (اُر۔ مثل) بُرے کام میں ہر طرح کی بدنامی ہوتی ہے۔

ہُولنا (ھ۔ مص) (۱) آنکس لگانا۔ ہاتھی کو چلانا (۲) دھکیلنا۔ ریلنا۔

ہَوکو (ہَو۔کو) (اُر۔ صف) (۱) متلوّن مزاج (۲) اَحمق۔ گاؤدی۔ ہونق۔

ہولی (واو مجہول) (ھ۔ا۔مث) ہندوؤں کا ایک تیوہار جو پھاگن یا موسمِ بہار میں منایا جاتا ہے۔

ہولی جلانا (ھ۔ محاورہ) ہولی کے دِن لکڑیوں کا ڈھیر جلانا۔

ہولی کا بھڑوا (ھ۔ا۔مذ) وہ شخص جس پر ہولی کے دِن خوب رنگ وغیرہ ڈال کر مسخرہ بنایا جائے۔

ہولی کھیلنا (اُر۔ محاورہ) ہولی کے دِن ایک دُوسرے پر رنگ چھڑکنا۔

ہَولے (اُر۔ متعلق فعل) سہج۔ آہستہ۔ بتدریج۔

ہَولے سے (اُر۔ متعلق فعل) آہستہ سے۔ ہلکے سے۔ سہج سے۔

ہَولے ہَولے (اُر۔ متعلق فعل) آہستہ آہستہ۔ ٹھہر ٹھہر کر۔ سہج سہج۔

ہَولے (اُر۔ا۔مذ) ہَول کی جمع۔

ہَولے ڈَولے (اُر۔ا۔مذ) خوف و خطر۔ گھبراہٹ۔ اِضطراب۔

ہو لینا (ہو۔لے۔نا) (اُر۔ محاورہ) (۱) ہو چکنا۔ ہو جانا (۲) پُورا ہونا۔ تمام ہو جانا۔ کسی طرف کا راستہ اِختیار کرنا (۳) ساتھ چلنا (۴) لڑائی ہونا۔

ہوم (واو مجہول) (س۔ا۔مذ) ہَوَن۔ ہندوؤں کی ایک مذہبی رَسم جس میں منتر پڑھتے ہوئے آگ میں گھی ڈالتے جاتے ہیں۔

ہوم (Home) (انگ۔ا۔مذ) گھر۔ مکان۔ وطن۔

ہوم ڈپارٹمنٹ (Home Department) (انگ۔ا۔مذ) محکمۂ اُمورِ داخلہ۔

ہوم رُول (Home Rule) (انگ۔ا۔مذ) حکومتِ خود اِختیاری۔

ہوم سیکرٹری (Home Secretary) (انگ۔ا۔مذ) محکمۂ اُمورِ داخلہ کا سیکرٹری۔

ہوم منسٹر (Home Minister) (انگ۔ا۔مذ) وزیرِ داخلہ۔

ہومیوپیتھ (Homoeopath) (انگ۔ا۔مذ) علاج بالمثل کا ڈاکٹر۔ ہومیو ڈاکٹر۔

ہومیوپیتھک (Homoeopathic) (انگ۔صف) علاج بالمثل سے متعلق۔ ہومیوپیتھی کا۔

ہومیوپیتھی (Homoeopathy) (انگ۔ا۔مث) علاج بالمثل۔ گرمی کا گرمی اور سردی کا سردی سے علاج۔

ہَوَن (ہَ۔وَن) (س۔ا۔مذ) دیکھئے ہوم۔

ہُوں (واو معروف) (ھ۔ فعلِ ناقص) ہاں۔ بلے۔ کلمۂ اِقبال و اِقرار یا اِجازت۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہُوں کرنا (اَر۔ محاورہ) زبان سے ہاں کہنا۔ رضامندی ظاہر کرنا (۲) ٹوکنا۔ روکنا۔

ہُوں ہاں کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) صاف جواب نہ دینا۔ ٹال مٹول کرنا۔ آرے بلے کرنا (۲) بچّے کا پہلے پہل بولنے لگنا۔

ہُوں ہاں نہ کرنا (اَر۔ محاورہ) دَم نہ مارنا۔ چُپ رہنا۔

ہُوں ہُوں (اَر۔ کلمہ اِیجاب و اِنکار) (۱) کلمہ جس سے اِنکار و اِقرار دونوں باتیں ثابت ہوتی ہیں (۲) کسی بات کو رَدّ کرنے کا کلمہ۔

ہُوں ہُوں کرنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہاں ہاں کرنا۔ مُنہ سے ہُوں ہُوں کی آواز نکلنا (۲) ٹالنا۔ ٹال مٹول کرنا (۳) روکنا۔ ٹوکنا۔

ہونا (واو مجہول) (ہ۔ مص) (۱) پیدا ہونا۔ جنم لینا (۲) ظاہر ہونا (۳) واقع ہونا۔ وارد ہونا۔ پیش آنا (۴) موجود ہونا۔ رہنا (۵) بچّہ پیدا ہونا۔ تولّد ہونا (۶) اِنزال ہونا۔ جھڑنا (۷) حاصل ہونا۔ مِلنا۔ بہم پہنچنا (۸) معلوم ہونا (۹) ٹھہرنا۔ قرار پانا۔ تسلیم کیا جانا (۱۰) گزرنا۔ بیتنا۔

ہونا نہ ہونا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہست و نیست۔ عدم و وجود (۲) موجودگی و عدم موجودگی۔

ہونا ہُوانا (اَر۔ محاورہ) (۱) کسی فعل کا سرزد ہونا (۲) نقصان ہونا۔ ضرر پہنچنا۔ کسی فعل کا باأثر ہونا۔

ہونٹ (واو مجہول) (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مذ) لب۔ مُنہ کے اُوپر اور نیچے کا حِصّہ۔ جمع: ہونٹ۔ ہونٹوں۔

ہونٹ پپڑانا (اَر۔ محاورہ) لبوں کا خشکی یا تشنگی کے سبب نہایت خشک ہو جانا۔ پپڑی جم جانا۔

ہونٹ پھٹ جانا (اَر۔ مص مُرکّب) ہونٹ میں شِدّت سردی سے شگاف پڑ جانا۔

ہونٹ تک نہ ہلنا (اَر۔ محاورہ) مُنہ سے بات تک نہ نکلنا۔ مُنہ سے اِشارہ تک نہ ہو سکنا۔

ہونٹ چاٹتے رہ جانا (اَر۔ محاورہ) کسی خوش ذائقہ چیز کی لذّت کو یاد رکھنا۔

ہونٹ چاٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) شیریں چیز کھانے کے بعد ہونٹوں پر زبان پھیرنا (۲) مزے دار چیز کا ذائقہ یاد رکھنا۔

ہونٹ چاٹنے سے پیاس نہیں بُجھتی (اَر۔ مثل) تھوڑی سی اِمداد کا کچھ فائدہ نہیں۔

ہونٹ چبانا (اَر۔ محاورہ) غُصّے کی حالت میں ہونٹوں کو دانتوں سے کاٹنا۔

ہونٹ چپکنا (اَر۔ مص) مٹھاس کے باعث لب بند ہو جانا۔

ہونٹ خشک ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) (۱) مُنہ سُوکھنا (۲) ندامت یا تشنگی کے غلبے سے ہونٹ سُوکھنا۔

ہونٹ سی دینا (اَر۔ محاورہ) مُنہ بند کر دینا۔ خاموش کر دینا۔ چُپ لگا دینا۔

ہونٹ سی لینا (اَر۔ محاورہ) چُپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔

ہونٹ کاٹنا (اَر۔ محاورہ) (۱) ہونٹ چبانا (۲) اَفسوس ظاہر کرنا (۳) جلنا۔ حسد کرنا۔

ہونٹ کٹا (اَر۔ صف) کٹے ہوئے ہونٹ والا۔

ہونٹ مَلنا (اَر۔ صف) زبان درازی کی سزا دینا۔

ہونٹ مَلوں تو دُودھ نکل پڑے (اَر۔ مثل) ابھی دودھ پیتے بچّے ہو۔ ذرا زور کروں تو پیا ہوا دودھ نکل پڑے۔

ہونٹ نیلے ہونا (اَر۔ مص مُرکّب) زیادہ سردی یا چوٹ لگنے یا زہر کے اثر سے ہونٹ نیلے ہو جانا۔

ہونٹ ہلانا (اَر۔ محاورہ) ہونٹ کو حرکت دینا۔ بولنا۔ بات کرنا۔

ہونٹوں (ہوں۔ ٹوں) (ہ۔ ا۔ مذ) ہونٹ کی جمع۔

ہونٹوں پر پپڑیاں جمنا (اَر۔ محاورہ) خشکی یا حدّت سے لبوں پر پپڑیاں بندھنا۔

ہونٹوں پر چھٹی کا دُودھ یاد آ جانا (اَر۔ محاورہ) شدید مصیبت میں مُبتلا ہونا۔

ہونٹوں پر زبان پھیرنا (اَر۔ محاورہ) ذائقہ لینا۔ گھبراہٹ میں بھی ایسا کیا جاتا ہے۔

ہونٹوں پر ہنسی ہونا (اَر۔ محاورہ) مسکراہٹ ہونا۔

ہونٹوں سے باتیں کرنا (اَر۔ محاورہ) اِس طرح بات کرنا کہ لب ہلیں مگر آواز نہ آئے۔

ہونٹوں سے دُودھ کی بُو نہیں گئی (ہونٹوں سے ابھی دُودھ کی بُو آتی ہے) (اَر۔ مثل) ابھی شیرخوار بچّے ہو۔ ابھی نادان ہو۔ ابھی دودھ پینا چھوڑا ہے۔ ناتجربہ کار ہو۔

ہونٹوں سے لگانا (اَر۔ محاورہ) لب آشنا کرنا۔ مُنہ سے لگانا۔

ہونٹوں کا ہلنا (اَر۔ محاورہ) آہستہ بات کرنا۔

ہونٹوں کی مِسّی پونچھو (اَر۔ مثل) بات کرنے کا سلیقہ سیکھو۔ سلیقے سے بات کرو۔

ہونٹوں میں مسکرانا (اَر۔ محاورہ) اِس طرح مُسکرانا کہ دانت نہ کھلیں اور ہونٹ ہی ہل کر رہ جائیں۔ خندۂ زیرِ لب۔

ہونٹوں ہونٹوں میں (اَر۔ متعلق فعل) ہونٹوں کے اِشارے سے۔

ہونٹھل (ہونٹل) (ہوں۔ ٹھل) (ہوں۔ ٹل) (ہ۔ صف) بڑے بڑے اور موٹے موٹے ہونٹوں والا۔

ہونٹھ (ہ۔ ا۔ مذ) دیکھئے ہونٹ۔

ہونٹھی (ہوں۔ ٹھی) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) گھوڑے کا دہانہ (۲) دہانے کی زنجیر۔

ہونس (فتح اوّل) (نون غنّہ) (ہ۔ ا۔ مث) (۱) نظرِبد۔ ٹوک (۲) حسد۔ جلن (۳) عداوت۔ بَیر۔ بُغض۔

ہونس سے ریس بھلی (اَر۔ مثل) حسد سے رَشک اچھا۔ عداوت سے رَشک اچھا۔

ہونس کا کھا جانا (اَر۔ محاورہ) نظرِبد کا اثر ہو جانا۔

ہونس لگانا (اَر۔ محاورہ) نظرِبد لگانا۔

ہونس لگ جانا (اَر۔ محاورہ) نظر لگ جانا۔ ٹوک میں آ جانا۔

ہونسا (ہوں۔ سا) (ہ۔ صف) (۱) حاسد (۲) (ا۔ مذ) دیکھئے ہونس۔

ہونسا سو مونسا (اَر۔ مثل) حاسد آپ ہی اپنا نقصان کرتا ہے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہونسنا (ہُونس۔نا) (نُون غُنّہ) (ہ۔مص) (۱) نظرِ بد لگانا۔ ٹوکنا (۲) جلنا۔ حسد کرنا (۳) بُرائی چاہنا۔

ہُونق (ہ۔وَن۔نَق) (عربی ہَنق کا مُوَرّد۔صف) اَحمق۔ بے وقوف۔ جانگلو۔ وحشی۔

ہُونکنا (ہُونک۔نا) (اَر۔مص) (۱) ہانپنا۔ سانس پھولنا (۲) شیر کا بولنا۔

ہونگے پُوت تو پُوجیں گے بُھوت (اَر۔مثل) اولاد کی اُمید پر بُھوت پریت کی پرستش بھی منظور ہے۔ کچھ نفع ہو تو خدمت بھی کر لیں گے۔

ہونہار (ہون۔ہار) (ہ۔صف) (۱) ہونے والا (۲) وہ جس میں لیاقت اور قابلیت کے آثار پائے جائیں۔

ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات (اَر۔مثل) ہونہار بچّے کے آثار پہلے ہی سے اچھے نظر آتے ہیں۔

ہونہار ٹلتی نہیں ہووے بسوے بیس (ہ۔مثل) ہُدنی ہو کر رہتی ہے۔

ہو نہ ہو (اَر۔تابع فعل) (۱) غالبًا (۲) یقینًا۔

ہونی (ہو۔نی) (ہ۔ا۔مث) ہُدنی۔ قسمت کا لکھا۔

ہونے (ہو۔نے) (ہ۔فعل) ہونا کی متغیّرہ صورت۔

ہونے دو (اَر۔فعل اَمر) (۱) ہو لینے دو۔ ہو جانے دو۔ مت روکو۔ منع نہ کرو (۲) کیا پروا ہے۔ کچھ ڈر نہیں۔

ہونے کا (اَر۔صف) ہونے والا۔

ہونے کے دِن (اَر۔ا۔مذ) حیض کا زمانہ۔

ہونے لگنا (اَر۔محاورہ) شروع ہونا۔ ہونا۔

ہونے والا (اَر۔صف) ہونہار۔ ہونے جوگ (۲) پیش آنے والا۔ ممکن۔

ہونے والی (ہونے والی بات) (ہ۔ا۔مث) ہُدنی۔ ہونی۔ پیش آنے والی۔ قسمت کا لکھا۔

ہُوہا (ہُو۔ہا) (ہ۔ا۔مث) (۱) غُل۔ شور (۲) ہنسی ٹھٹھے کی آواز۔ ہاہو (۳) کبوتروں کو اُڑانے کی آواز۔

ہُوہا کرنا (اَر۔محاورہ) (۱) غُل مچانا۔ شور مچانا (۲) قہقہے لگانا (۳) کبوتر اُڑانا۔

ہو ہُوا چکنا (اَر۔محاورہ) ہو چکنا۔ ختم ہو جانا۔

ہُوئی ہے نہ ہو گی (اَر۔مقولہ) ممکن نہیں۔ ہرگز نہیں ہو سکتی۔ یہ بات کبھی نہ ہوئی ہے نہ آئندہ ہو سکے گی۔

ہُویدا (ہُ۔وے۔دا) (ف۔صف) ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ واضح۔ صاف۔ صریح۔

ھ۔ی

ہی (ہ۔کلمۂ حصر و تاکید) کلمات کے آخر میں آتا ہے (۱) فقط۔ صِرف۔ اکیلا۔ تنہا۔ محض (۲) بالکل۔ ذرا۔ تھوڑا (۳) ضرور (۴) ذریعہ۔ وجہ۔

ہَے (ہ۔فعل ناقص) ہونا سے مشتق۔ حاضر۔ موجود۔

ہے تو (یہ) یوں (اَر۔بول چال) اصل بات یہ ہے۔

ہَے! (ف۔حرفِ ندبہ) (ہائے کا مخفف) افسوس۔ ہائے۔ تنبیہ، تحسین اور ندا کے لئے آتا ہے۔

ہے ظالم! (ف۔ع۔کلمۂ تأسف) ہائے ظالم! ہائے کم بخت! ہائے افسوس!

ہے غضب! (ف۔ع۔کلمۂ تأسف) غضب ہوا! ستم ہوا!

ہے ہے (اَر۔کلمۂ تأسف) ہائے ہائے! افسوس!

ہے ہے کر کے پیٹنا (اَر۔محاورہ) (۱) نوحہ کر کے رونا (۲) کسی کے مرنے کی آرزو کرنا۔

ہے ہے نہ کھے کھے (اَر۔مثل) جھگڑا نہ ٹنٹا۔ جھک جھک نہ بک بک۔

ہیا (ہِ۔یا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) دل۔ ہردا۔ من۔ چت۔ کلیجا۔ جگر۔ قلب (۲) ہوش حواس۔ جرأت۔ دلیری۔ حوصلہ۔

ہیاؤ (ہِ۔یا۔او) (ہ۔ا۔مذ) حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت۔

ہیاؤ پڑنا (ہ۔محاورہ) ہمت پڑنا۔

ہیاؤ کھل جانا (اَر۔محاورہ) دِل کا ڈر جاتا رہنا۔ جھجک مِٹ جانا۔

ہَیبت (ہَے۔بَت) (ع۔ا۔مث) دہشت۔ رُعب۔ ڈر۔

ہیبت چھانا (اَر۔محاورہ) ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔ رُعب میں آ جانا۔

ہیبت زدہ (ع۔ف۔صف) ڈرا ہوا۔ خوف زدہ۔ سہما ہوا۔

ہیبتِ سُلطانی (ف۔ا۔مث) شاہی رُعب و دبدبہ۔

ہیبت ناک (ع۔ف۔صف) خوف ناک۔ مَہیب۔ ڈراؤنا۔ خطرناک۔ پُر خطر۔

ہیبیس کارپس (Habeas Corpus) (انگ۔ا۔مث) ملزموں پر مُقدمہ چلانے کے لئے اُن کو عدالت کے سامنے پیش کرنے کا حُکم نامہ۔ پروانہ حاضریِ ملزوم۔

ہَیٹ (Hat) (انگ۔ا۔مذ) انگریزی ٹوپی۔ اُردو جمع: ہیٹ۔ ہیٹوں۔

ہیٹ ٹرک (Hat Trick) (انگ۔ا۔مذ) کرکٹ کی اِصطلاح۔ اگر کوئی بولر تین متواتر گیندوں پر تین وکٹ لے لے تو اُسے ہیٹ ٹرک کہتے ہیں۔ ستمبر ۱۸۵۸ء میں اسٹیفن نے آل انگلینڈ ٹیم کی طرف سے کھیلتے ہوئے تین متواتر گیندوں پر تین وکٹ لئے تو اُس کے ساتھیوں نے اُسے نیا ہیٹ پیش کیا۔ یہیں سے یہ اِصطلاح رائج ہوئی۔

ہیٹھ (بیائے مجہول) (ہ۔متعلق فعل) (۱) نیچے۔ تلے۔ زیر (۲) (صف) پست۔ نیچا (۳) کمینہ۔ سِفلہ (۴) ذلیل۔ خراب۔

ہیٹا (ہے۔ٹا) (ہ۔صف) (۱) چھوٹا۔ گھٹیا۔ ناقص۔ بودا (۲) کمینہ۔ سِفلہ۔ پست ہمت۔ کمزور۔ بُزدل۔ ڈرپوک (۳) اونیٰ۔ کم درجے کا۔ کم رُتبے کا۔

ہیٹر (Heater) (انگ۔ا۔مذ) گرم کرنے کا ظرف۔ انگیٹھی۔

ہیٹی (ہے۔ٹی) (ہ۔ا۔مث) ذِلّت۔ سُبکی۔ بدنامی۔ رُسوائی۔ بے قدری۔ تحقیر۔

ہیٹی کرنا (اَر۔محاورہ) رُسوائی کرنا۔ بے عزّتی کرنا۔

ہیٹی ہونا (اَر۔محاورہ) ذِلّت ہونا۔ سُبکی ہونا۔ نک کٹی ہونا۔ رُسوائی ہونا۔

ہَیجا (ہَے۔جا) (ع۔ا۔مث) جنگ۔ لڑائی۔ رزم۔

ہَیجان (ہَے۔جان) (ع۔ا۔مذ) جوش۔ اُبال (۲) تیزی۔ شِدّت۔ زور۔ غلبہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہیجڑا (ہیج۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) وہ شخص جس کے خصیے اور عضوِ تناسُل کاٹ دیئے گئے ہوں۔ مخنث۔ خواجہ سرا (۲) (صف) نامرد۔ زنانہ۔ زنخا۔ جمع: ہیجڑوں۔ ہیجڑے۔
ہیجڑا بنانا (اُر۔ محاورہ) نامرد بنانا۔ زنخا بنانا۔ عضوِ تناسُل کاٹ کر مخنث بنانا۔
ہیجڑے (ہیج۔ڑے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہیجڑا کی جمع (۲) ہیجڑا کی مُغیّرہ صورت۔
ہیجڑے کے گھر بیٹا ہُوا (اُر۔مثل) ناممکن بات ہوگئی۔ اچنبھے کی بات ہوگئی۔
ہیچ (بیائے مجہول) (ف۔صف) (۱) معدوم۔ کچھ نہیں (۲) کم۔ قلیل (۳) نِکما۔ ناکارہ (۴) قابلِ نفرت۔ زبوں (۵) پوچ۔
ہیچ آفت نہ رسد گوشۂ تنہائی را (ف۔مثل) جو سب سے الگ ہو کر گوشے میں بیٹھ گیا وہ رنج و غم سے نجات پاگیا۔
ہیچ پوچ (ف۔صف) دیکھئے ہیچ و پوچ۔
ہیچ سمجھنا (اُر۔ محاورہ) ناچیز سمجھنا۔ حقیر جاننا۔
ہیچ کارہ (ف۔صف) (۱) نالائق۔ ناکارہ (۲) بے فائدہ۔
ہیچ کس (ف۔صف) ناکارہ و ناقص آدمی۔
ہیچ مَداں (ف۔صف) کچھ نہ جاننے والا۔ بے علم۔ نادان۔ ناواقف۔ ناچیز۔
ہیچ مَدانی (ف۔ا۔مث) بے علمی۔ نادانی۔ بے ہُنری۔
ہیچ و پوچ (ف۔صف) (۱) بے مغز (۲) لغو۔ بے ہُودہ۔ فضول۔ نِکما۔ ناکارہ (۳) گھٹیا۔ ناقص۔ بہت معمولی۔
ہیڈ (Head) (انگ۔ا۔مذ) (۱) سر (۲) سرگروہ۔ سردار۔ پیشوا (۳) صدر۔
ہیڈ آفس (Head Office) (انگ۔ا۔مذ) صدر دفتر۔
ہیڈ فون (Head Phone) (انگ۔ا۔مذ) لاسلکی یا ٹیلیفون سُننے کا آلہ جسے دونوں کانوں میں لگاتے ہیں۔
ہیڈ کانسٹیبل (Head Constable) (انگ۔ا۔مذ) پولیس کا ایک افسر۔
ہیڈ کلرک (Head Clerk) (انگ۔ا۔مذ) میر منشی۔ صدر محرر۔ کلرکوں کا افسر۔
ہیڈ کوارٹرز (Headquarters) (انگ۔ا۔مذ) (۱) صدر مقام (۲) فوجی مرکز۔ سپہ سالار کی فرودگاہ۔
ہیڈ ماسٹر (انگ۔ا۔مذ) صدر مُدرّس۔ مدرّسِ اعلیٰ۔ اُر جمع: ہیڈ ماسٹر۔ ماسٹروں۔
ہیڈ مسٹرس (انگ۔ا۔مث) دیکھئے ہیڈ ماسٹر جس کی یہ تانیث ہے۔
ہیر (ہ۔ا۔مث) (۱) خُلاصہ۔ جوہر۔ ست۔ مغز (۲) جڑ۔ اصل (۳) طاقت۔ زور (۴) رانجھا کی محبوبہ کا نام (۵) (صف) صاف۔ شفاف۔ خالص۔
ہیرا (ہی۔را) (ہ۔ا۔مذ) (۱) اَلماس۔ ایک بیش قیمت سخت پتھر (۲) (صف) (کنایۃً) عُمدہ۔ نفیس۔ کھرا۔ نہایت شریف۔ جمع: ہیروں۔ ہیرے۔
ہیرا آدمی (اُر۔ا۔مذ) سچا آدمی۔ کھرا آدمی۔
ہیرا کھانا (اُر۔ محاورہ) خودکشی کی نیت سے اَلماس کھانا (۲) حسد سے جان دینا۔
ہیرامن (ہ۔ا۔مذ) طوطا۔ مِٹھو۔
ہیرا ہینگ (ہ۔ا۔مذ) عُمدہ قسم کی ہینگ۔
ہیرا پھیری (ہے۔را۔پھے۔ری) (ہ۔ا۔مث) (۱) کسی سودے کو لانا اور پھر پھیرنے کو جانا۔ بار بار آنا جانا (۲) اینچ پیچ۔ مکر و فریب۔

ہیر پھیر (ہیر۔پھیر) (بیائے مجہول) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گردش۔ چکر۔ اِنقلاب (۲) تبادلہ۔ اُول بدل۔ مال دے کر مال لینا (۳) راستے کا خم و پیچ (۴) قصور۔ کمی۔ کوتاہی (۵) اینچ پیچ۔ مکر و فریب۔
ہیر پھیر کی باتیں (اُر۔ا۔مث) دھوکے کی باتیں۔ اینچ پیچ کی باتیں۔
ہیئر ڈریسر (Hair Dresser) (انگ۔ا۔مذ) بال سنوارنے والا۔ بال تراشنے والا۔ نائی۔ حجام۔
ہیئر کٹنگ سیلون (Hair Cutting Saloon) (انگ۔ا۔مذ) وہ جگہ جہاں بال تراشے جاتے ہیں۔ حجام کی دُکان۔
ہیرنا (ہیر۔نا) (ہ۔مص) (۱) دیکھنا۔ مشاہدہ کرنا۔ مُلاحظہ کرنا (۲) تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا (۳) شکار کرنا (۴) پیروی کرنا۔ تعاقب کرنا (۵) پکڑنا۔ گرفت کرنا۔
ہیرو (Hero) (ہی۔رو) (انگ۔ا۔مذ) (۱) آدھا دیوتا۔ فوق البشر (۲) بہادر۔ شجاع۔ سُورما (۳) وہ شخص جس پر قصے کا دار و مدار ہو۔ میرِ افسانہ۔ افسانے یا ڈرامے کا مرکزی کردار۔
ہیرُو (ہیرو) (ہے۔رُو) (ہے۔رُو) (ہ۔ا۔مث) ایک قسم کے گیت جو گوالے دیوالی کے دن گاتے ہیں۔
ہیروا (ہیر۔وا) (ہ۔ا۔مذ) وہ حالت جب بچہ کسی کو یاد کرتا ہے۔ ہُڑک۔
ہیروا کرنا (ہ۔ محاورہ) بچے کا کسی کو یاد کرنا۔
ہیروئن (Heroine) (ہے۔رو۔اِن) (انگ۔ا۔مث) ہیرو کی تانیث (۱) دیوناری۔ آدھی دیوی (۲) بہادر عورت۔ وہ عورت جس پر قصے کا دار و مدار ہو۔ ملکۂ افسانہ۔
ہیرے (ہی۔رے) (ہ۔ا۔مذ) (۱) ہیرا کی جمع (۲) ہیرا کی مغیّرہ صورت بحالتِ امالہ۔
ہیرے کی پرکھ جوہری جانے (اُر۔مثل) اہلِ ہنر کو قدردان ہی پہچانتا ہے۔
ہیرے کی کنی کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) ریزۂ الماس کھانا (۲) (کنایۃً) خودکشی کرنا۔
ہیرے پھیرے (ہے۔رے۔پھے۔رے) (ہ۔ا۔مذ) بار بار آنا جانا۔
ہیڑا (ہے۔ڑا) (ہ۔ا۔مذ) (۱) گوشت۔ لحم۔ ماس (۲) شکار (۳) سالن۔ ترکاری۔
ہیڑی (ہے۔ڑی) (ہ۔ا۔مذ) (۱) شکاری۔ صیاد (۲) شکاری جانور۔
ہیز (بیائے معروف) (ف۔ا۔مذ) (۱) ہیجڑا۔ مخنث۔ خواجہ سرا۔ زنخا (۲) بُزدل۔ نامرد۔ بودا۔ ڈرپوک۔
ہیزم (ہے۔زم) (ف۔ا۔مث) جلانے کی لکڑی۔ سُوکھی لکڑی۔ ایندھن۔
ہیزم فروش (ف۔صف۔وا۔مذ) لکڑیاں بیچنے والا۔ لکڑہارا۔
ہیژدہ (ہیژدہ) (بیائے مجہول) (ف۔ا۔عدد) اٹھارہ۔ ۱۸۔
ہیشمی (ہَیش۔می) (ق۔ا۔مث) مٹھائی کی ایک قسم۔
ہیضہ (ہَے۔ضہ) (ع۔ا۔مذ) ایک مُہلک اور متعدی بیماری جس میں مسلسل قے ہوتی اور دست آتے ہیں۔ کالرا۔
ہیضہ پھیلنا (اُر۔ محاورہ) ہیضے کی وبا عام ہو جانا۔
ہیضہ کرنا (اُر۔ محاورہ) ہیضے میں مُبتلا ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہیضہ ہونا (اُر۔ محاورہ) ہیضے کا مرض لاحق ہونا۔

ہِینگ (بیائے معروف)(ہ۔ امث) ہلدی وغیرہ کی بُو۔

ہیکڑ (ہے۔ کڑ)(ہ۔ صف)(۱) زبردست۔ خودسَر۔ شیخی مارنے والا (۲) موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا۔

ہیکڑی (ہیک۔ ڑی)(بیائے مجہول)(ہ۔ امث)(۱) زور آوری۔ زبردستی۔ سرکشی (۲) شیخی۔

ہیکڑی جتانا (ہیکڑی کرنا)(اُر۔ محاورہ)(۱) زبردستی کرنا۔ زور دکھانا (۲) اینٹھنا۔ اکڑفوں کرنا (۳) دھمکی دینا۔

ہیکڑی سے (اُر۔ تابع فعل) زبردستی سے۔

ہَیکل (ہے۔ کل)(ع۔ امث)(۱) صورت یا بت جو کسی سیارے کے نام پر بنایا جائے (۲) سیارے کا مندر (۳) بڑے جسم کا گھوڑا (۴) بت خانے کا بڑا مکان (۵) شان و شوکت۔ عظمت۔ شکوہ (۶) تعویذ۔ جنتر۔ حمائل (۷) صورت۔ شکل۔ نقشہ (۸) علامت۔ نشان (۹) عدد۔ ہندسہ (۱۰) تصویر۔ ہیئت (۱۱) وضع قطع (۱۲) جسم۔ بدن۔ قد۔ قامت۔ جمع: ہیاکل۔

ہینگا (ہے۔ گا)(اُر۔ فعل ناقص۔ ق) ہے۔ موجود ہے۔ حاضر ہے۔

ہیل (بیائے مجہول)(ہ۔ امث) بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا۔

ہیل (Heel) (انگ۔ امث)(۱) ایڑی (۲) وہ حصہ جو ایڑی پر آئے۔

ہیلا (ہے۔ لا)(ہ۔ امذ)(۱) دھکیل۔ دھکا۔ ٹھیلا (۲) کام۔ کاج (۳) بار۔ وار۔ دفعہ۔ مرتبہ (۴) ٹوکرا۔ ٹوکری (۵) آواز۔ ہانک۔

ہیلا دینا (مارنا) (ہ۔ محاورہ)(۱) دھکیلنا۔ ریلنا۔ پیلنا۔ دھکا دینا (۲) ہانک مارنا۔ پکارنا۔

ہیلتھ (Health) (انگ۔ امث) صحت۔ تندرستی۔

ہیلتھ آفیسر (Health Officer)(انگ۔ امذ) محکمۂ حفظانِ صحت کا افسر۔

ہیلتھ ڈپارٹمنٹ (Health Department) (انگ۔ امذ) محکمۂ حفظانِ صحت۔

ہیل میل (بیائے مجہول)(ہ۔ امذ)(۱) میل جول۔ ربط ضبط۔ راہ و رسم (۲) موافقت۔ ارتباط۔ پیار۔

ہیلنا (ہیل۔ نا)(ہ۔ مص) تیرنا۔ پیرنا۔ شناوری کرنا۔

ہیلو (Hallo) (انگ۔ امذ)(۱) متوجہ کرنے کا کلمہ (۲) اظہارِ تعجب کا کلمہ۔ اخاہ۔ ارے۔

ہیلی پیڈ (Helipad) (انگ۔ امذ) ہیلی کاپٹر کے اُڑنے اُترنے کی جگہ۔

ہیلی کاپٹر (Helicopter) (انگ۔ امذ) ایک قسم کا چھوٹا ہوائی جہاز جس کے اوپر پنکھا ہوتا ہے۔ یہ فضا میں ساکن رہ سکتا ہے اور کہیں بھی اُتارا جا سکتا ہے۔

ہیمہ (ہی۔ مہ)(ف۔ امث) ایندھن۔ ہیزم۔

ہیمیا (ہی۔ م۔ یا)(ع۔ امث) علم طلسم۔

ہَیں (اُر۔ کلمۂ تنبیہ و ممانعت)(۱) باز آ۔ خبردار۔ ہوش کر (۲) استفہام کے لئے۔ کیا؟ (۳) تعجب و استعجاب کے لئے۔

ہَیں ہَیں (اُر۔ کلمۂ تنبیہ) نہایت تنبیہ و ممانعت اور باز رکھنے کے لئے بولتے ہیں۔ خبردار!

ہیٹا (ہی۔ ٹا)(ہ۔ صف)(۱) گھٹیل۔ گھٹا ہوا۔ کم۔ کوتاہ۔ چھوٹا (۲) ناقص۔ ناتمام۔ ادھورا (۳) کھوٹا (۴) خالی۔ تہی (۵) منسوخ۔ باطل (۶) بد۔ بُرا۔ ہیٹا۔ ہیٹی (۷) خراب۔ نکما۔

ہینڈ (Hand) (انگ۔ امذ) ہاتھ۔ دست۔

ہینڈز اَپ (Hands Up) (انگ۔ کلمۂ اِنتباہ) ہاتھ اُٹھاؤ (اور بے حس و حرکت کھڑے رہو)۔

ہینڈ بُک (Hand Book) (انگ۔ امذ)(۱) دستی کتاب۔ رسالہ (۲) دستور العمل۔

ہینڈ بل (Hand Bill) (انگ۔ امذ) چھوٹے چھوٹے اشتہار جو ہاتھ سے بانٹے جائیں۔ دستی اشتہار۔

ہینڈ بیگ (Hand Bag) (انگ۔ امذ) دستی بیگ۔ چھوٹا بکس۔

ہینڈل (Handle) (انگ۔ امذ) دستہ۔ مُوٹھ۔ قبضہ۔

ہینگ (بیائے معروف)(نون غنہ)(ہ۔ امث) ایک درخت کا بدبودار گوند جو اکثر امراض میں کام آتا ہے۔

ہینگ لگا کر رکھو (اُر۔ مثل)(طنزاً) ہوا نہ لگنے دو۔ بچا کر رکھو۔ کسی کو نہ دو۔

ہینگ لگانا (اُر۔ محاورہ)(۱) کسی چیز پر ہینگ ملنا (۲) زک دینا۔ نیچا دکھانا۔ ذلیل کرنا (۳) سنوارنا۔ بنانا۔

ہینگ لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے (اُر۔ مثل) دیکھئے ہلدی لگے۔

ہینگ ہگنا (اُر۔ محاورہ)(۱) بچپن کے مرض میں مبتلا ہونا (۲) بیمار پڑا رہنا (۳) نہایت کمزور اور ناتواں ہونا۔

ہینگا (ہَیں۔ گا)(ہ۔ امذ) کھیت میں پھیرنے کا پٹرا۔ سُہاگہ۔

ہینگر (Hanger) (انگ۔ امذ)(۱) کپڑے وغیرہ لٹکانے کی کھونٹی (۲) ہوائی جہازوں کا شیڈ۔

ہینسنا (ہِین۔ نا)(ہ۔ مص) گھوڑے کا ہنہنانا۔ گدھے کا رینکنا۔

ہیولا (ہَیولیٰ) (ہَ۔ یُو۔ لا)(ع۔ امذ)(۱) ہر چیز کا مادّہ۔ ماہیت۔ اصل (۲) ڈھیر۔ تودہ۔ انبار (۳) لوتھڑا۔ مضغہ۔ بیڈول جسم (۴) ڈول۔ ڈھانچ۔ خاکہ۔ اُردو جمع: ہیولوں۔ ہیولے (۵)(صف) ناشائستہ۔ غیر مہذب (۶) لاغر۔ ضعیف (۷) متلوّن مزاج۔

ہیولائے اوّل (ع۔ امذ) جوہرِ اوّل۔ عقلِ اوّل۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام۔

ہیوی (Heavy) (انگ۔ صف) بھاری۔ بوجھل۔ وزنی۔ گراں۔

ہیوی ویٹ (Heavy Weight) (انگ۔ امذ) مُکّا باز پہلوان جس کا وزن دو مَن سے زیادہ ہو۔

ہَیہات (ہے۔ ہات)(ع۔ افسوس کا کلمہ) افسوس! ہائے ہائے!

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ہیہات ہیہات (ع۔ کلمۂ تأسُّف) (۱) غضب ہوا! اَفسوس اَفسوس! ہے ہے! (۲) حیف! صد حیف! وائے! دریغ! (۳) رونے پیٹنے کی آواز۔ ہائے ہائے۔ واویلا۔

ہی ہی (ھ۔ا۔مث) ہنسنے کی آواز۔ کِھل کِھل۔

ہی ہی ٹھی ٹھی (ھ۔ا۔مث) بیہودہ ہنسی۔

ہَیئَت (ہَے۔اَت) (ع۔ا۔مث) (۱) بناوٹ۔ ساخت (۲) صورت۔ شکل (۳) حالت۔ کیفیت۔ طور۔ طریق۔ جمع: ہیئات (۴) دیکھئے علم ہیئت۔

ہیئتِ اصلی (ع۔ محاورہ) حقیقی شکل۔

ہیئت بدلنا (اَر۔ محاورہ) شکل بدلنا۔

ہیئت پکڑنا (اَر۔ محاورہ) صورت اِختیار کرنا۔

ہیئت دان (ع۔ف۔ صف) علم ہیئت جاننے والا۔ نجومی۔

ہیئتِ کذائی (ع۔ف۔ا۔مث) موجودہ حالت۔ جیسی کہ حالت ہے۔

ہیئتِ مجموعی (ع۔ا۔مث) مجموعی حالت۔ عام حالت۔

ہیئے (ہی۔اے) (ھ۔ا۔مذ) ہیا کی جمع۔

ہیئے کا اندھا (ھ۔صف) کور باطن۔ عاقبت نااَندیش۔ بے وقوف۔ اَحمق۔

ہیئے کی پُھوٹنا (ھ۔ محاورہ) بے وقوف ہونا۔ مُورکھ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

ی

ی (یے) (ع۔ا۔مث) اُردو کا پینتیسواں' فارسی کا بتیسواں' عربی کا اٹھائیسواں اور ہندی کا چھتیسواں حرف۔ عربی و فارسی میں اِس کا تلفّظ "یا" ہے۔ اِسے یائے مثنّاۃ تحتانیہ بھی کہتے ہیں۔ حسابِ اَبجد میں اِس کے دس عدد فرض کئے گئے ہیں۔ ی تین قسم کی ہوتی ہے۔ ایک یائے معروف' دُوسری یائے مجہول اور تیسری یائے لین۔ یائے معروف وہ ی ہے جس کے پہلے حرف کے نیچے زیر ہو اور جسے خوب ظاہر کر کے پڑھا جائے جیسے عید۔ فقیر۔ اَمیر۔ یائے مجہول وہ ی ہے جس کے پہلے حرف کی زیر خالص نہ ہو اور جسے خوب ظاہر کر کے نہ پڑھا جائے مثلاً دلیر۔ دیر۔ یائے لین وہ ی ہے جس کے پہلے حرف پر فتح ہو اور آواز کو نرم اور ترچھا کر کے پڑھا جائے جیسے سَیر۔ یائے معروف کی متعدد قسمیں ہیں مثلاً (۱) یائے نسبتی جیسے پاکستانی۔ طلائی۔ بخاری۔ سُرمئی۔ موسوی۔ بنگالی۔ خانگی۔ ربانی۔ حنفی۔ مدنی وغیرہ (۲) یائے خطاب جیسے مشفقی۔ مکرمی (۳) یائے مصدری جو اِسم صفت کے بعد آتی ہے جیسے دانائی۔ چوڑائی۔ بزرگی (۴) یائے لیاقت جو مصدر کے آخر میں آ کر صلاحیت کا اِظہار کرتی ہے جیسے کشتنی۔ دیدنی۔ خوردنی (۵) یائے متکلم جیسے اِلٰہی۔ ربّی (۶) یائے فاعل جیسے کسبی۔ شرابی۔ شکاری (۷) فارسی میں یائے مجہول تنکیر کے لئے بھی آتی ہے جیسے شخصے وغیرہ (۸) اُردو میں یائے معروف لاحقہ تانیث بھی ہے جیسے لڑکا سے لڑکی۔ یہ قمری حرف ہے۔ اِس سے پہلے اگر "ال" آئے تو لام اپنی آواز دے گا جیسے الیوم۔ اُردو میں یائے معروف اِس طرح "ی" اور مجہول اِس طرح "ے" لکھی جاتی ہے۔

ی۔ا

یا (ع۔ حرفِ ندا و مُناجات) (۱) اے۔ او۔ اجی۔ ارے (۲) (ف۔ حرفِ تردید و حرفِ عطف) خواہ۔ چاہو تو۔ دو خبروں کو جمع ہونے سے روکنے یا دو میں سے ایک کو مخصوص کرنے کا کلمہ جیسے زید اچھا ہے یا بُرا۔ یہ لو یا وہ (۳) (ہ۔ محقق فعل) اِس۔ یہاں۔

یا اللہ (یا الٰہی) (ع) اے خُدا۔ دُعا مانگنے یا حیرت اور تعجب کے اِظہار کا کلمہ۔

یا آں (بہ آں) شور و شر (شورا شوری) یا ایں (بہ ایں) بے نمکی (ف۔ مثل) یا تو اِتنا اخلاص تھا یا اب اِس قدر بے اِعتنائی۔

یا بسے گوجر یا رہے اُوجڑ (اَر۔ مثل) یا تو اِس میں گوجر قوم آباد ہو گی یا ویران رہے گا۔ خود غرضی کی مثال کہ اگر کسی چیز سے خود فائدہ نہ اُٹھا سکے تو دُوسروں کو بھی مستفید نہ ہونے دے۔

یا بھینسا بھینسوں میں یا قصائی کے کھونٹے پر (اَر۔ مثل) یا تو کامیاب ہو گئے یا جان گئی۔ تخت یا تختہ۔

یا بھر مانگ سیندور یا رنڈ ہو رانڈ (ہ۔ مثل) مُناسب کام کرنا چاہئے نامُناسب نہیں۔

یاپَہ (ہ۔ تابع فعل) اِس پر۔

یا تخت یا تختہ (اَر۔ مثل) کامیاب ہوں گے یا جان دے دیں گے۔

یا تو ہنسا موتی چگے یا لنگن کر جائے (ہ۔ مثل) شریف آدمی عزّت کی روٹی کھائے گا ورنہ بُھوکا رہے گا۔ (ہنسا: ہنس)۔

یا جائے ہزاری یا جائے بازاری (اَر۔ مثل) میلوں ٹھیلوں میں اَمیر لوگ جاتے ہیں یا بازاری لوگ۔

یا خُدا خیر۔ ہاتھ بچا اور پیر (اَر۔ دُعا) مزدور خطرناک کام کرتے وقت کہتے ہیں۔

یا خُدا خیر کر' خیر کا بیڑا پار کر (اَر۔ دُعا) اے خُدا مہربانی کر اور نیک آدمی کو کامیابی دے۔

یا خُدا تو دے نہ میں دُوں (اَر۔ مثل) بخیل نہ خود دیتا ہے اور نہ خُدا کا دینا گوارا کرتا ہے۔

یا ربّ (ع۔ ندا و تعجّب) اے پروردگار! اے اللہ!

یا سُکھ نیند سوؤ یا مالا جپو (ہ۔ مثل) ایک وقت میں ایک کام ہونا چاہئے۔

یا سنسار میں کرم پر دھان (ہ۔ مثل) اِس دُنیا میں قسمت سب سے زبردست ہے۔

یا سوئے جوگی ابدُھوت یا سووے راجا کا پُوت (ہ۔ مثل) اَمیر کا بیٹا اور فقیر دونوں بے فکر ہوتے ہیں اِس لئے سُکھ کی نیند سوتے ہیں۔

یا علیؑ (ع۔ کلمۂ ندا) اہلِ تشیّع مُشکل کے وقت طلبِ اِمداد کے لئے کہتے ہیں۔

یا قسمت یا نصیب (اَر۔ کلمۂ حسرت) (۱) حسرت اور اَفسوس کے موقع پر کہتے ہیں (۲) بدقسمتی کا گلہ کرنے کے لئے کہتے ہیں (۳) قسمت آزمائی کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔

یا کرے اوپاس یا کھاوے ماس (ہ۔ مثل) زکام میں فاقہ کرنا چاہئے یا گوشت کھانا چاہئے۔

یا کسی کو کر رہے یا کسی کا ہو رہے (اَر۔ مثل) یا کسی کو دوست بنا لے یا کسی کا دوست بن جا۔ لوگوں سے الگ تھلگ نہیں رہنا چاہئے۔

یا لڑے سُورما یا لڑے اَن بھول (ہ۔ مثل) بہادر یا بے وقوف دونوں ہی اچھا لڑ سکتے ہیں۔

یا لَلعجب (ل۔ ل۔ ع۔ جب) اَر۔ کلمۂ اِستعجابیہ۔

یا لَیت (ع۔ کلمۂ حسرت) اے کاش کہ۔

یا مارے ساجھے کا کام یا مارے بھادوں کی گھام (ہ۔ مثل) شراکت کا کاروبار اور بھادوں کی گرمی دونوں ہی نقصان دیتے ہیں۔

یا مکُن با پیل باناں دوستی' یا بنا کُن خانہ در خورِ پیل (ف۔ مثل) یا تو فیل بانوں سے دوستی نہ کرو یا ہاتھی جتنا مکان بناؤ۔ یا تو اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام نہ کرو یا اِس کے لئے سامان مہیّا کرو۔

یا میرے اللہ (اَر۔ کلمۂ حیرت و تعجب) حیرت' تعجب یا تکلیف کے موقع پر

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کہتے ہیں۔ جو کوئی بے تکی بات کہے یا بے تکا کام کرے تو بھی کہا جاتا ہے۔

یا وحشت۔ اُر۔ طنزیا تمسخر کا کلمہ۔

یا ہُو (اُر۔ کلمۂ ندا)(۱) اے اللہ (۲)(ا۔مذ) کبوتر کی ایک قسم۔ قُمری۔

یاب (ف۔ لاحقۂ فاعلی) مصدر یافتن کا صیغہ اَمر جو کسی اِسم کے بعد آکر اُسے اِسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے اور پانے والا کے معنی دیتا ہے جیسے فیض یاب۔ کام یاب۔ فتح یاب۔

یابِس (ع۔ صف)(۱) خشک کرنے والا (۲) خشک۔ سوکھا ہوا۔ جمع: یابِسات۔

یابندہ (یا۔بَن۔دَہ)(ف۔ صف) پانے والا۔ حاصل کرنے والا۔

یابُو (ت۔ا۔مذ) ٹٹو۔ چھوٹا گھوڑا۔

یابی (ف۔ا۔مث) پانا۔ مُرکّبات میں مصدری معنی دیتا ہے جیسے کم یابی۔

یاترا (یات۔را)(س۔ا۔مث) سفر۔ مذہبی سفر۔ مُقدّس مقامات کی زیارت۔ نیز دیکھئے جاترا۔

یاتری (س۔ صف)(۱) مذہبی سفر کرنے والا۔ جاتری۔ زائر (۲) مُسافر۔

یاجُوج ماجُوج (ع۔ا۔مذ)(۱) دو مُفسِد بھائی یا قومیں جن کا ذِکر قرآن اور اِنجیل میں آیا ہے۔ قُربِ قیامت میں خروج کریں گی (۲)(کنایۃً) مُفسِد اور جھگڑالو لوگ۔ فتنہ پرداز لوگ۔

یاد (ف۔ا۔مث)(۱) حافظہ۔ ذہن۔ خیال (۲) تسبیح (۳) یادداشت (۴) دِل۔ قلب (۵)(متعلق فعل) حِفظ۔ اَزبر۔ اُردو جمع: یادوں۔ یادیں۔

یاد آنا (اُر۔ محاورہ) خیال میں آنا۔ ذہن میں آنا۔ معلوم ہونا۔

یاد آوری (اُر۔ مث) یاد کرنا۔ مزاج پُرسی کرنا۔

یاد اللہ (اُر۔ا۔مث) رَسمی مُلاقات۔ شناسائی۔ صاحب سلامت۔ واقفیت۔

یادِ ایّام (ف۔ع۔ا۔مث) گُزرے ہوئے دِنوں کی یاد۔

یاد بھلی بھگوان کی اور بھلی نہ گو۔ راجا کی کرچاکری جو پرجا تابع ہو (ہ۔مثل) خُدا کی یاد سب سے بہتر ہے۔ جو راجا کی نوکری کرتا ہے سب اُس کے تابع ہوتے ہیں۔

یادداشت (ف۔اُر۔ا۔مث)(۱) یاد رکھنے کی صلاحیت۔ حافظہ (۲) روزنامچہ۔ ڈائری (۳) دُوسرا تاکیدی خط۔ یاددہانی (۴) یاد رکھنے کا نشان۔

یادداشت میں فرق آنا (اُر۔ محاورہ) حافظہ کم زور ہونا۔

یاد دِلانا (اُر۔ محاورہ) آگاہ کرنا۔ جتانا۔ بھولی ہوئی بات کو کسی کے ذہن میں ڈالنا۔

یاددِہانی (ف۔اُر۔ا۔مث) کسی بات کی تاکید کے لئے دوبارہ کہنا یا لکھنا۔

یاد رکھنا (اُر۔ محاورہ) خیال رکھنا۔ دھیان رکھنا۔ بھول نہ جانا۔

یاد رکھو اِس بات کو جو ہے تم میں کچھ گیان۔ سائیں جا کو ہو گیا وا کا نگر جہان (ہ۔مثل) جس کی طرف خُدا ہے سارا جہان اُس کی طرف ہے۔

یاد رہنا (اُر۔ محاورہ) حافظے میں رہنا۔ ذہن میں رہنا۔

یاد رہے (اُر۔ کلمۂ تاکید)(۱) بھول نہ جانا (۲) آگاہ کر دیتا ہوں کہ اِس کا بدلہ لے کے رہوں گا (۳) ضروری۔ شرطیہ۔ یقیناً۔ بے شک۔ دعوے سے۔

یادش بخیر (ف۔ مقولہ) دُعائیہ کلمہ۔ اُس کی یاد خیر کے ساتھ۔ اُس کی خیر ہو۔ کسی دوست کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

یاد فراموش (اُر۔ا۔مث) ایک کھیل جس میں کسی کو مجوواں پھل دے کر کہتے ہیں "فراموش" اگر وہ جواب میں "یاد" نہ کہے تو پھر اُسے مُنہ مانگی تعداد میں بطور جرمانہ وہی پھل دینے پڑتے ہیں۔

یاد فرمانا (اُر۔ مص مُرکّب) حاکم کا کسی کو بُلانا۔

یاد کرنا (اُر۔ مص مُرکّب)(۱) بُلانا۔ طلب کرنا (۲) حفظ کرنا۔ ذہن نشین کرنا (۳) بار بار نام لینا (۴) بھولی ہوئی چیز کو خیال میں لانا۔ سوچنا۔

یاد کروگے (اُر۔ تنبیہ) پچھتاؤ گے۔ ہاتھ ملوگے۔

یاد کرے (اُر۔ مقولہ) کبھی نہ بھولے۔ افسوس کرے۔ پچھتائے۔

یاد کیا ہے (اُر۔ مقولہ) بُلایا ہے۔

یادگار (ف۔ا۔مث)(۱) نشانی۔ آثار۔ علامت۔ پُرانی عمارت (۲) اولاد۔ بیٹا (۳) وہ چیز جو کوئی دوست دُوسرے دوست کو بطور نشانی دیتا ہے۔

یادگارِ زمانہ (ف۔ا۔مث) یاد رہنے والی چیز۔ عُمدہ چیز۔

یاد گدگدانا (اُر۔ محاورہ) کسی کا بار بار یاد آنا۔

یاد لگی ہونا (اُر۔ محاورہ) ہر وقت کسی کا دھیان ہونا۔

یاد میں ڈوبنا (اُر۔ محاورہ) کسی کے خیال میں غرق رہنا۔

یاد میں رہنا (اُر۔ محاورہ) کسی کو اکثر یاد کرنا۔

یاد میں نہ دیکھنا (اُر۔ محاورہ) سِنِ شعور سے نہ دیکھنا۔ لڑکپن سے اب تک نہ دیکھنا۔ جب سے ہوش سنبھالا ہے تب سے نہ دیکھنا۔

یاد ہو کہ نہ یاد ہو (اُر۔ مقولہ) معلوم نہیں تمہیں یاد ہے یا بھول گئے ہو۔

یاد ہونا (اُر۔ محاورہ) حفظ ہونا۔ اَزبر ہونا۔ دھیان ہونا۔

یاد ہے (اُر۔ مقولہ)(۱) بخوبی معلوم ہے۔ خوب جانتے ہیں (۲)(سوالیہ انداز میں) تم بھول تو نہیں گئے؟

یار (ف۔ صف۔ ا۔مذ) دوست۔ مددگار۔ پیارا۔ چہیتا۔ ساتھی۔ رفیق۔ معشوق۔ محبوب (۲) مُرکّبات میں جیسے شہریار۔ جمع: یاراں۔ اُردو جمع: یار۔ یاروں۔

یار اہل اَشت کار سہل اَشت (ف۔اُر۔ مقولہ) یار باصلاحیت و لائق ہے تو کام آسان ہے۔

یارباز (ف۔ صف) آوارہ۔ بدچلن (عورت)۔

یارباش (ف۔ صف)(۱) ملنسار۔ دوست دار۔ یاروں کا یار (۲) زندہ دِل۔ خوش مزاج۔

یارباشی (ف۔ا۔مث) دوستی۔

یار بنانا (اُر۔ محاورہ) دوست بنانا۔ اپنے مطلب کا کر لینا۔ ڈھب پر لانا۔

یارِ جانی (ف۔ صف) نہایت پیارا۔ دِلی دوست۔

یار در خانہ و من گرد جہاں می گردم (ف۔مثل) یار تو گھر میں موجود ہے میں خواہ مخواہ اِدھر اُدھر خاک چھانتا پھر رہا ہوں۔ لڑکا بغل میں ڈھنڈورا شہر میں۔

یار زندہ صُحبت باقی (ف۔مثل) اب نہیں تو پھر سہی۔ زندگی ہے تو پھر ملاقات ہوگی۔

یارِ شاطِر (ف۔ا۔مذ) چالاک دوست۔ عقل مند دوست (۲) شطرنج کا ساتھی۔

یارِ شاطِر باید نہ بارِ خاطِر (ف۔مثل) دوست عقل مند ہونا چاہئے نہ کہ بارِ خاطر یعنی دِل کا بوجھ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یارِ عزیز (ف۔ صف) پیارا دوست۔

یارِ غار (ف۔ا۔مذ) غار کا دوست۔ سچا دوست۔ گہرا دوست۔ پکّا دوست۔ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف اِشارہ ہے جو تین دن رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے ہمراہ غارِ ثور میں رہے)۔

یار فروشی (ف۔ا۔مث) جھوٹی تعریف۔ خوشامد۔

یار کرنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دوست بنانا (۲) آشنائی کرنا۔

یار کو کروں پیار، خصم کو کروں بِھسم، لڑکے کو کروں چٹنی (اُر۔ مثل) بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

یار کی یاری سے کام اُس کے فعلوں سے کیا کام (اُر۔ مثل) دوست کی دوستی سے غرض ہے اُس کے فعلوں سے کیا تعلق۔

یار لوگ (اُر۔ا۔مذ) (۱) چالاک دوست (۲) دوست۔ آشنا (۳) ہم لوگ۔

یار مار (اُر۔ صف) دوست سے دغا کرنے والا۔

یار مار بانیا، پہچان مار چور (ہ۔ مثل) بنیا دوست کو بھی دھوکا دینے سے نہیں چوکتا اور چور کسی کو مال دار سمجھ کر لوٹتا ہے۔

یار ماری (اُر۔ا۔مث) دوست کے ساتھ دغا بازی۔

یار ماری کرنا (اُر۔ محاورہ) دوست بن کر دغا دینا۔

یار وفادار (ف۔ صف) سچّا دوست۔

یار وہی جو بھیڑ میں کام آئے (اُر۔ مقولہ) دوست وہی ہے جو مصیبت میں کام آئے۔ (بھیڑ: آفت۔ مصیبت)۔

یارا (ف۔ا۔مذ) قوت۔ توانائی۔ حوصلہ۔ طاقت۔ مقدور۔

یاراں (یا۔ راں) (ف۔ا۔مذ) یار کی جمع۔

یاراں چوری نہ پیراں دغابازی (اُر۔ مثل) دوستوں سے کوئی چیز پوشیدہ نہ رکھنی چاہئے اور پیروں سے دھوکا نہ کرنا چاہئے۔ صاف گو اور کھرا ہونا چاہئے۔

یارانِ رفتہ (یارانِ عدم) (ف۔ا۔مذ) مرے ہوئے لوگ۔ وہ دوست جن کا اِنتقال ہو چکا ہو۔

یارانِ سرِ پُل (ف۔ا۔مذ) وقتی آشنا۔ رسمی دوست۔ وہ آشنا جن سے محض سرِ راہ یا پُل پر ملاقات ہو جائے۔

یارانِ نجد (ف۔ا۔مذ) (۱) بے تکلّف دوست (۲) گروہِ عاشقاں۔

یارانِ طریقت (ف۔ع۔ا۔مذ) ہم مشرب یار دوست۔

یارانہ (یا۔ را۔ نہ) (ف۔ا۔مذ) دوستی۔ آشنائی۔ محبت۔ اُر جمع: یارانوں۔ یارانے۔

یارانہ گانٹھنا (اُر۔ محاورہ) (۱) دوست بنانا (۲) آشنائی کرنا۔

یارانہ ہونا (اُر۔ محاورہ) دوستی ہونا۔ میل ملاپ ہونا۔

یارائی (ف۔ا۔مث) چارہ۔ علاج۔ مدد۔

یارڈ (Yard) (انگ۔ا۔مذ) (۱) صحن۔ چوک (۲) گز۔

یارو! (یا۔ رو) (اُر۔ا۔مذ) یار کی جمع بحالتِ ندا۔ دوستو!

یاروں (اُر۔ا۔مذ) یار کی جمع۔

یاروں کا یار (اُر۔ صف) یار باش۔ ہر دل عزیز۔ یاروں کی ہر بات میں شریک ہونے والا۔

یاروں کی تو فقط مونچھیں ہی مونچھیں ہیں (اُر۔ مثل) ہمارے پاس کچھ نہیں۔

یارہ (ف۔ا۔مذ) (۱) کنگن (۲) کلائی (۳) ایک مُسہل دوا (۴) محصول۔ لگان (۵) زخم (۶) طاقت۔ قوت (۷) بہادر آدمی (۸) زیرک شخص۔

یاری (یا۔ ری) (ف۔ا۔مث) دوستی۔ رفاقت۔ مدد۔ مُعاونت۔

یاری جوڑنا (اُر۔ محاورہ) باہم دوستی کرنا۔ یارانہ کرنا۔

یاری دینا (اُر۔ محاورہ) مدد کرنا۔ دست گیری کرنا۔

یاری کریں سو باورے اور کرکے چھوڑیں گوڑھ۔ یا تو اوڑ نبھائیے یا رہیے اُس سے دُور (ہ۔ مثل) دل لگانا پاگل پن ہے مگر دل لگا کر چھوڑ دینا حماقت ہے۔ دوستی کر کے نباہنی چاہئے ورنہ اُس کے قریب بھی نہ جانا چاہئے۔

یاری کٹ (کھٹ) کرنا (اُر۔ محاورہ) بچّوں کا ایک دُوسرے سے دوستی قطع کرنا۔

یازدہ (یاز۔ دہ) (ف۔ا۔عدد) گیارہ۔ دس اور ایک۔ ۱۱۔

یازدہم (یاز۔ دَ۔ ہم) (ف۔ صف) گیارھواں۔

یازہ (یا۔ زہ) (ف۔ا۔مذ) (۱) لرزہ (۲) جمائی (۳) انگڑائی۔

یاس (ع۔ا۔مث) (۱) نااُمیدی۔ ہراس۔ مایوسی۔ حرماں (۲) خوف۔ دھڑکا۔

یاسِ کُلّی (ع۔ا۔مث) کامل نااُمیدی۔

یاس ہو جانا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) نااُمید ہو جانا۔ ہمّت ٹوٹ جانا۔

یاسا (ت۔ا۔مذ) (۱) ماتم۔ قتل (۲) قانون۔ منگولوں کے قانون کی کتاب۔

یاسمن (یاسمین) (یاس۔ مَن) (یاس۔ مین) (ف۔ا۔مث) چنبیلی کا پھول۔ چنبیلی کا پودا۔

یاسیت (ع۔ا۔مث) مایوس ہونے کی کیفیت۔ قنوطیت۔

یاسین (لیٰسین۔ یٰس) (ع۔ا۔مث) یاسیّد۔ قرآنِ حکیم کی ایک سُورت جو مرنے والے کے سرہانے پڑھتے ہیں۔

یاغ (ف۔ا۔مذ) روغن۔ تیل۔

یافت (بسکونِ سوم و چہارم) (ف۔ا۔مث) (۱) آمدنی۔ کمائی۔ نفع (۲) بالائی آمدنی۔ رشوت۔

یافت کی اسامی (نوکری) (اُر۔ا۔مث) نوکری جس میں بالائی آمدنی ہو۔

یافتنی (یاف۔ تَ۔ نی) (ف۔ا۔مث) پانے کے لائق۔ قابلِ وصول۔

یافتہ (یاف۔ تہ) (ف۔ صف مفعولی) پایا ہوا۔ حاصل کیا ہوا۔

یاقوت (یا۔ قوت) (ع۔ا۔مذ) (۱) لعل۔ ایک قیمتی پتھر جو سُرخ، نیلا، زرد یا سفید ہوتا ہے (۲) سُرخ رنگ کا پلاؤ۔ اُردو جمع: یاقوت۔ یاقوتوں۔

یاقوتِ احمر (ع۔ا۔مذ) سُرخ یاقوت۔

یاقوتِ جگری (ع۔ف۔ا۔مذ) گہرا سُرخ یاقوت۔ جگر کے رنگ کا یاقوت۔

یاقوتِ رُمّانی (ع۔ا۔مذ) انار کے ہم رنگ یاقوت۔

یاقوت لب (ف۔ صف) جس کے ہونٹ یاقوت کے رنگ کے ہوں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یاقُوتی (یا-قُو-تی) (ع-ف-صف) (۱) یاقوت سے نسبت رکھنے والا (۲) ایک معجون (۳) ایک مٹھائی۔

یاک (تبتی-ا-مذ) تبت کا ایک بیل جس کے بال لمبے اور پیٹھ پر کوہان ہوتا ہے۔

یال (ف-ا-مث) دیکھئے ایال۔

یاں (اُر-تابع فعل) یہاں کا مخفف۔ نظم میں مستعمل ہے۔

یانا (ہ-صف) کم سن۔ چھوٹی عمر کا۔ (مؤنث کے لئے یانی)۔

یانکی (Yankee) (انگ-ا-مذ) ریاست ہائے متحدہ امریکا کا باشندہ۔

یاوَر (یا-وَر) (ف-صف) مددگار۔ حمایتی۔ دست گیر۔

یاوری (یا-وَ-ری) (ف-ا-مث) مدد۔ دستگیری۔ حمایت۔ سہارا۔ اعانت۔

یاوَہ (یا-وَہ) (ف-صف) بے ہُودہ۔ لغو۔ نامعقول۔ فضول۔ بے معنی۔ لچر پوچ۔

یاوہ گو (ف-صف) لچر اور فضول باتیں کرنے والا۔

یاوہ گوئی (ف-ا-مث) بے ہُودہ باتیں کرنا۔ بکواس۔

ی-ب

یَبَس (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع-ا-مذ) خشکی۔ سوکھا پن۔

یُبُوسَت (یَ-بُو-سَت) (ع-ا-مث) سوکھا پن۔ رُوکھا پن۔

ی-ت

یِتنا (یِت-نا) (ق-متعلق فعل) اِتنا۔ اتنا۔

یَتامٰی (یَ-تا-ما) (ع-ا-مذ) یتیم کی جمع۔

یَتَن (یَ-تَن) (س-ا-مذ) جتن۔ کوشش۔

یِتّی (یِت-تی) (ق-متعلق فعل) اِتنی۔ اِتی۔

یَتیم (یَ-تیم) (ع-صف) (۱) وہ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو (۲) نہایت قیمتی جواہر۔ بڑا موتی۔ جمع: یتامٰی۔ اُردو جمع: یتیم۔ یتیموں۔

یَتیمُ الطَّرَفَین (یَ-تی-مُط-طَ-رَ-فَین) (ع-صف) جس کے ماں باپ دونوں مرچکے ہوں۔ یتیم و یسیر۔

یتیم خانہ (ع-ف-ا-مذ) یتیم بچوں کے رہنے کی جگہ۔

یتیم و یَسیر (ع- -صف) وہ بچہ جس کے ماں اور باپ دونوں مرگئے ہوں۔

یتیم ہونا (اُر-محاورہ) باپ کا مرجانا۔

یَتیمی (یَ-تی-می) (ع-ف-ا-مث) بے پدری کا عالم۔ باپ کا نہ ہونا۔

ی-ث

یَثرِب (یَث-رِب) (ع-ا-مذ) لغوی معنی ویرانہ۔ مدینہ منورہ کا قدیم نام۔

ی-ج

یَجُروید (یَ-جُر-وید) (س-ا-مذ) ہندوؤں کے چار ویدوں میں سے دُوسرا وید۔

یجمان (ہ-ا-مذ) دیکھئے ججمان۔

ی-ح

یَحیٰی (یَح-یا) (ع-ا-مذ) لغوی معنی "جیتا ہے"۔ بنی اسرائیل کے ایک پیغمبر کا نام جو حضرت زکریاؑ کے فرزند تھے۔ اسرائیلی کتب میں آپ کا نام یوحنا درج ہے۔

ی-خ

یَخ (بفتح اوّل) (ف-ا-مث) (۱) آسمانی برف۔ جما ہوا پالا (۲) (صف) بہت ٹھنڈا۔

یخ بستہ (ف-صف) سردی سے برف کی طرح جما ہوا۔

یَخنی (یَخ-نی) (ف-ا-مث) شوربا۔ اُبالے ہوئے گوشت کا پانی۔

یخنی پُلاؤ (اُر-ا-مذ) وہ پُلاؤ جس میں یخنی ڈالتے ہیں۔

ی-د

یَد (بفتح اوّل) (ع-ا-مذ) ہاتھ۔ دست۔

یَدُاللہ (یَ-دُل-لاہ) (ع-ا-مذ) خُدا کا ہاتھ۔ (کنایۃً) حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

یَدُاللّٰہی (یَ-دُل-لَ-ہی) (ع-صف) یداللہ سے منسوب۔

یدِ بیضا (ع-ا-مذ) (۱) روشن اور چمکدار ہاتھ۔ سفید ہاتھ (۲) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا معجزہ نما ہاتھ۔ آپ اپنا ہاتھ بغل میں ڈال کر نکالتے تو وہ چمکتا ہوا دکھائی دیتا (۳) معجزہ۔ خرقِ عادت۔

یدِ طولیٰ (ع-ا-مذ) (۱) لمبا ہاتھ (۲) مہارت۔ کمال۔ اچھی دسترس۔ کمال ہنرمندی۔

یدِ طولیٰ رکھنا (اُر-محاورہ) بڑی مہارت رکھنا۔ زبردست ملکہ ہونا۔ کسی کام میں کمال حاصل ہونا۔

یدِ عُلیا (ع-ا-مذ) اُوپر کا ہاتھ۔ بخشش کرنے والا ہاتھ۔

یدِ قدرت (ع-ا-مذ) قُدرت کا ہاتھ۔ خُدا کی قُدرت۔

یُدھ (بضمِ اوّل و سکونِ دوم) (س-ا-مذ) لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔

یُدھان (یُدھ-ان) (ہ-ا-مذ) سُورما۔ لڑنے والا سپاہی۔

یَدَین (یَ-دَین) (ع-ا-مذ) ید کا تثنیہ۔ دونوں ہاتھ۔

ی-ر

یَراق (یَ-راق) (ت-ا-مذ) (۱) لڑائی کا سامان۔ ہتھیار (۲) اسباب۔ سامان۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یرغا (یر۔غا)(ت۔ا۔مذ)(۱) تیز رفتار گھوڑا (۲) ایک پرندہ۔
یرغمال (یر۔غ۔مال)(ف۔ا۔مذ) وہ فرد یا افراد جو شرائط کی پابندی کی ضمانت میں دُشمن کے حوالے کیے جائیں۔
یرقان (یر۔قان)(ع۔ا۔مذ) ایک مرض جس میں جگر کی خرابی کی وجہ سے تمام بدن خصوصاً آنکھیں اور چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔ جانڈس۔
یرقانی (یر۔قا۔نی)(ع۔ف۔صف)(۱) یرقان کا مریض (۲) زرد۔
یرمغان (یر۔م۔غان)(ف۔ا۔مذ) دیکھئے ارمغان۔
یرمیاہ (یر۔م۔یاہ)(عب۔ا۔مذ) لغوی معنی خدا نے سرفراز کیا۔ خلقیاہ کے بیٹے کا نام جو عنوت کی بستی کا حاکم تھا۔
یروشلم (عب۔ا۔مذ) فلسطین کا دارالحکومت۔ ایک بہت پُرانا شہر جو حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ کا دارالسلطنت تھا۔ یہودی عیسائی اور مُسلمان تینوں کے نزدیک مقدس شہر ہے (۲) بیت المقدس۔

ی۔ز

یزد (بفتح اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ف۔ا۔مذ) خُدا تعالیٰ (۲) ایران کے مشرق میں ایک شہر۔
یزداں (ف۔ا۔مذ) نیکی اور خیر کا خالق۔ پارسیوں کا خدا۔ نیز دیکھیے اہرمن۔
یزداں پرست (ف۔صف) خدا پرست۔ آتش پرست۔ پارسی۔
یزدانی (ف۔صف)(۱) یزداں سے منسوب۔ خدائی (۲) مجوسیوں کے عابد و زاہد لوگ۔
یزدی (ف۔صف) شہر یزد کا رہنے والا۔ یزد کا بنا ہوا کپڑا یا کوئی شئے۔ ایران کے شہر یزد سے منسوب۔
یزید (یَ۔زید)(ع۔ا۔مذ)(۱) لغوی معنی دولت میں بڑھنے والا۔ اُمیر معاویہؓ کے بیٹے کا نام جس کے عہد میں سانحہ کربلا ہوا (۲)(کنایۃً) سنگ دل۔ ظالم۔
یزیدی (ع۔صف) کُردوں کا ایک فرقہ جس کے اُصول مختلف مذہبوں سے لئے گئے ہیں۔
یزیدیّت (یَ۔زی۔دی۔یت)(ع۔ا۔مث) سفاکی۔ بے رحمی۔

ی۔س

یس (ع۔ا۔مث) دیکھئے یاسین۔
یسار (یَ۔سار)(ع۔ا۔مذ)(۱) بایاں ہاتھ۔ بائیں جانب (۲) دولت۔ فراوانی (۳)(صف) بایاں (۴) بدقسمت (آدمی)۔
یسار و یمین (یَ۔سا۔رو۔یَ۔مین)(ع۔ا۔مذ) بایاں اور دایاں۔
یسارت (یَ۔سا۔رت)(ع۔ا۔مث) دولت مندی۔
یسال (یَ۔سال)(ت۔ا۔مذ) فوج کا پہرا۔
یساول (یَ۔سا۔وَل)(ت۔ا۔مذ) نقیب۔ چوبدار۔ ہرکارہ۔ قاصد۔ پولیس کانسٹیبل (۲) حاکم کی معیّت میں چلنے والے سوار۔
یُسر (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم)(ع۔ا۔مث) آسانی۔ خوشحالی۔ دولت مندی۔ تونگری۔
یسوع (عب۔ا۔مذ) مسیحا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
یسیر (یَ۔سیر)(ع۔صف)(۱) آسان۔ سہل (۲) تھوڑا۔ قلیل۔ چھوٹا (۳) اُردو میں اُس بچے کے لئے اِستعمال ہوتا ہے جس کی ماں مرگئی ہو۔

ی۔ش

یشب (یشم)(ف۔ا۔مذ) ایک قیمتی پتھر جو سبزی مائل ہوتا ہے۔

ی۔ع

یعبوب (یَع۔بوب)(ع۔ا۔مذ) تیز رفتار گھوڑا۔
یعسوب (یَع۔سوب)(ع۔ا۔مذ)(۱) شہد کی مکھیوں کا بادشاہ (ملکہ)(۲) قوم کا قائد۔
یعقوب (یَع۔قوب)(ع۔ا۔مذ) اَڑنگا مارنے والا۔ تعاقب کرنے والا۔ حضرت یوسفؑ کے والد کا نام جو حضرت اِسحاقؑ بن حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے تھے۔ ان کو اِسرائیل بھی کہا جاتا ہے۔
یعنی (یَع۔نی)(ع۔مضارع)(۱) مُراد یہ ہے۔ مطلب یہ ہے (۲) کیونکہ۔ اِس لئے کہ۔

ی۔غ

یغما (یغماں)(ف۔ا۔مث)(۱) لُوٹ کا مال۔ مالِ غنیمت (۲) شکار۔
یغمائی (یَغ۔ما۔ای)(ف۔ا۔مذ) لُٹیرا۔ قزاق۔ غارت گر۔

ی۔ف

یفاع (یَ۔فاع)(ع۔ا۔مث) اُونچی زمین۔ فراز۔ ٹیلا۔

ی۔ق

یقین (یَ۔قین)(ع۔ا۔مذ)(۱) اِعتبار۔ اِعتماد۔ بھروسا۔ اِطمینان (۲) گمان (۳)(متعلق فعل) بے شُبہ۔ بلاشک۔ ضرور۔
یقین آنا (اُر۔محاورہ) اِعتبار آنا۔
یقین بڑا رہبر ہے (اُر۔مقولہ) یقین ہو تو انسان کامیابی حاصل کر لیتا ہے۔
یقین جاننا (اُر۔محاورہ) اِعتبار کرنا۔ سچ جاننا۔ باور کرنا۔
یقین جانو (اُر۔محاورہ) سچ سمجھو۔ اِعتبار کرو۔
یقین کرنا (اُر۔مص مُرکّب) اِعتبار کرنا۔ سچ جاننا۔ صحیح مان لینا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یقین لانا (اُر۔ محاورہ) باور کرنا۔ اعتبار کرنا۔ سچ جاننا۔ تسلیم کرنا۔ مان لینا۔
یقین مانو (اُر۔ محاورہ) سچ جانو۔ دُرست سمجھو۔ یقین جانو۔
یقین نہ کرنا (اُر۔ مص مُرکّب) اعتبار نہ کرنا۔ سچ نہ جاننا۔ شُبہ کرنا۔
یقین ہونا (اُر۔ مص مُرکّب) باور ہونا۔ اعتبار ہونا۔
یقیناً (یَ۔قی۔نَن)(ع۔ف۔ تابع فعل) ضرور۔ بے شک۔
یقینی (یَ۔قی۔نی)(ع۔صف) یقین کیا ہوا۔ گُمان و شک سے مُبرا۔ بلاشُبہ۔ لازمی۔ ضروری۔
یقینیات (یَ۔قی۔نی۔یات)(ع۔ا۔مث) یقینیت کی جمع۔
یقینیت (یَ۔قی۔نی۔یَت)(ع۔ا۔مث) سچی بات۔ یقینی بات۔ سچائی۔

ی۔ک

یک (بفتح اوّل)(ف۔ا۔عدد) ایک۔ اکیلا۔ واحد۔ تنہا۔
یک اَسپہ (ف۔ا۔مذ) (۱) ایک گھوڑے کی گاڑی (۲) اکیلا سوار (۳) (کنایۃً) سُورج۔
یک انار و صد بیمار (ف۔مثل) چیز ایک مگر خواہش مند سینکڑوں۔
یک انگور و صد زنبور (ف۔مثل) کسی چیز کو حاصل کرنے میں سینکڑوں دُشواریاں۔
یک بار (ف۔صف) ایک دفعہ۔ ایک بار۔ ایک مرتبہ۔
یک بارگی (یک بیک) (نیز۔ یک)(ف۔ متعلق فعل) دفعتہً۔ یکایک۔ اچانک۔
یک بام و دوہوا (ف۔مثل) بے قاعدگی۔ بے اُصولی۔
یک پارہ (ف۔ا۔مذ) ایک ٹکڑا۔ ایک حِصّہ (۲)(صف) ٹھوس۔ پکّا (۳) (متعلق فعل) فوراً۔ ایک دفعہ۔
یک پُشتہ (ف۔صف) ایک طرف چھپا ہوا کاغذ۔
یک پیری و صد عیب (ف۔ مقولہ) بُڑھاپا سو بیماریوں کے برابر ہے۔
یکتا (ف۔صف)(۱) اکیلا۔ بے مثل (۲) اللہ تعالیٰ۔
یک تارا (ف۔ا۔مذ) ایک تار کا ستار۔ اکتارا (۲)(مث) ایک قسم کی مخمل۔
یکتائی (ف۔ا۔مث) انوکھاپن۔ اکیلا ہونا۔ بے نظیر ہونا۔ توحید۔ وحدانیت۔
یکتائے زمانہ (عصر) (ف۔صف) بے مثل۔ لاجواب۔
یک تہی (ف۔ا۔مث) اکہرا کپڑا۔ جو دوہرانہ ہو۔
یک جا (ف۔صف) ایک جگہ۔ اکٹھے۔ ملے جُلے۔
یک جان (ف۔صف) ایک دل۔ خوب ملے ہوئے۔ شیر و شکر۔
یک جان دو قالب (اُر۔مثل) نہایت گہرے دوست۔ پکّے دوست۔
یک جان دو قالب ہونا (اُر۔ محاورہ) نہایت گہرے دوست ہونا۔ پکّے یار بننا۔
یک جدّی (ف۔صف) ایک دادا کی اولاد۔
یک جہت (ف۔صف) متفق۔ متحد۔ موافق۔
یک جہتی (ف۔ا۔مث) اتحاد۔ اتفاق۔ دوستی۔

یک چشم (ف۔صف) کانا۔ ایک آنکھ والا۔
یک چشمی (ف۔صف) ہر کس و ناکس کو یکساں سمجھنا یا ایک آنکھ سے دیکھنا۔
یک چند (ف۔صف)(۱) تھوڑا سا۔ کچھ (۲) بعض وقت۔
یک چندے (ف۔ تابع فعل) تھوڑی دیر کے لئے۔
یک چوبہ (ف۔ا۔مذ) خیمہ جو ایک بانس پر کھڑا ہو۔
یک در گیر و محکم گیر (ف۔مثل) ایک دَر پکڑ لے اور اُسے ہی مضبوطی سے پکڑے رکھ۔ ایک ہی جگہ استقلال سے کام کرنا چاہیے۔
یک دست (ف۔صف) (۱) یکساں۔ ہموار (۲) کُل۔ تمام (۳) ایک ہاتھ کا (۴)(متعلق فعل) بالکل۔
یک دستی (ف۔صف)(۱) ایک ہاتھ سے (۲) کُشتی کا ایک داؤ۔
یک دگر (دیگر) (ف۔صف)(۱) ایک دُوسرا۔ ہر ایک (۲)(متعلق فعل) دونوں مل کر۔ باہم دگر۔
یک دِل (ف۔صف) (۱) مُونس۔ ہمدم۔ ہمراز۔ ہمرنگ۔ ہمزبان (۲) (متعلق فعل) متفق ہو کر۔ اکٹھے ہو کر۔
یک دِلی (ف۔ا۔مث) اتفاق۔ اتحاد۔
یک ذات (ف۔صف) ایک ہی ذات کے۔
یک راس (ف۔صف) دیکھئے یکساں۔
یک رُخی (ف۔صف) دونوں طرف سے ایک ہی شکل کی۔ یک طرفہ۔
یک رنگ (ف۔صف) (۱) یکساں۔ اندر باہر سے ایک جیسا (۲) صاف دل۔ نیک باطن۔ صادق۔ مخلص دوست۔
یک رنگی (ف۔ا۔مث)(۱) ایک طرح کا ہونا (۲) محبت۔ دوستی۔
یک رُو (ف۔صف) ایک چہرے والا۔ بے ریا۔ مخلص دوست۔ سچا یار۔
یک روزہ (ف۔صف) ایک دن کا۔ ایک دن کے لئے۔
یک رُوئی (ف۔ا۔مث) اخلاص۔ بے ریا ہونا۔ یک جہتی۔
یک زبان (ف۔صف)(۱) ثابت قدم۔ بات کا پکّا (۲) متفق۔
یک زبان ہونا (اُر۔ محاورہ) متفق ہونا۔
یک سار (اُر۔صف) دیکھئے یکساں۔
یک سالہ (ف۔صف) ایک سال کا۔
یک ساں (یکساں) (ف۔صف)(۱) ایک سا۔ ہموار۔ مسطح۔ برابر (۲) مانند۔ ملتا ہوا۔ ہم شکل۔ مُشابہ۔
یکسانی (ف۔ا۔مث) مُشابہت۔ ایک جیسا ہونا۔
یک سَر (یکسَر) (ف۔صف) تمام۔ بالکل۔ سر سے پاؤں تک۔ اوّل سے آخر تک۔
یک سر ہزار سودا (ف۔مثل) ایک جان ہزار جنجال۔ شدید مصروفیت۔
یک سنگ دو کلاغ (ف۔مثل) ایک پتھر دو کوّے۔ ایک تدبیر سے دو مقصد حاصل کرنا۔
یک سُو (ف۔صف)(۱) ایک طرف۔ ایک جانب (۲) ساکن۔ ٹھہرا ہوا۔
یک سُو ہونا (اُر۔ محاورہ) ایک طرف ہونا۔ سب سے الگ ہونا۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یک سُوئی (ف۔ا۔مث) اِطمینان۔ فُرصت۔ دِل جمعی۔

یک شنبہ (ف۔ا۔مذ) اِتوار کا دن۔

یک ضربی (ف۔صف) (۱) ایک نالی بندوق یا پستول جس میں ایک کارتوس چل سکے (۲) ایک ضرب لگانے والا۔

یک طرف (ف۔متعلق فعل) الگ۔ علیحدہ۔ ایک طرف۔

یک طرفہ (طَ۔رَ۔فَہ)(طَر۔فَہ)(ف۔صف) ایک ہی جانب کا۔

یک طرفہ ڈگری (ف۔اُر۔ا۔مث) وہ ڈگری جو مدّعی یا مدّعا علیہ میں سے ایک کی غیر حاضری میں جاری کی جائے۔

یک طرفہ رائے (ف۔ا۔مث) جانب دارانہ رائے۔ نامُنصفانہ رائے۔

یک طرفہ فیصلہ (ف۔ا۔مذ) فیصلہ جو ایک فریق کا موقف معلوم کئے بغیر یا اُس کی عدم موجودگی میں صادر کیا جائے۔

یک فردی (فصلی) (ف۔صف) وہ زمین جو ایک فصل پیدا کرے۔

یک فنّی (ف۔صف)(۱) بے مثل۔ بے نظیر۔ لاجواب۔ کامل۔ اُستادِ فن۔

یک قلم (ف۔متعلق فعل) بالکل۔ تمام۔ سراسر۔ یک لخت۔ ضرور۔ فوراً۔

یک کرشمہ دو کار (یک گز دو فاختہ) (ف۔مثل) ایک تدبیر سے دو کام ہو جانا۔

یک گونہ (ف۔صف) کسی قدر۔ تھوڑا۔

یک لخت (ف۔صف) تمام۔ بالکل۔ سراسر۔ فوراً۔ معاً۔

یک لقمۂ پگاہی (صباحی) بہتر ز ہزار مُرغ و ماہی (ف۔مثل) صُبح کا تھوڑا سا کھانا دُوسری سب غذاؤں سے بہتر ہے۔ (پگاہ: صبح)۔

یک مادری (ف۔صف) ایک ماں کے۔

یک مُشت (ف۔متعلق فعل) ایک دفعہ۔ ایک ہی بار۔ اکٹھا۔ جُملہ۔ کُل۔

یک من علم را دہ من عقل می باید (ف۔مثل) ایک حِصّہ علم کے لئے دس حِصّے عقل کی ضرورت ہے۔ تب ہی علم کا صحیح اِستعمال ہو سکتا ہے۔

یک منزلہ (ف۔صف) وہ عمارت جس میں ایک ہی منزل ہو۔

یک نفس (ف۔ا۔مذ) نہایت مختصر مُدّت۔ ایک سانس۔

یک نہ شُد دو شُد (ف۔مثل) ایک بلا تو تھی ہی‘ دُوسری اور پیچھے پڑی۔ ایک مُصیبت کے بعد دُوسری مُصیبت۔

یکّا (یَک۔کا)(اُر۔ا۔مذ)(۱) اکیلا۔ واحد (۲) تاش کا سب سے بڑا پتّا (۳) نیز دیکھئے یکّہ۔

یکایک (یَ۔کا۔یَک)(ف۔متعلق فعل) ناگہاں۔ دفعتہً۔ اکبارگی۔ اچانک۔

یکتا (یَک۔تا)(ف۔صف) یک کے تحت دیکھئے۔

یکتائی (یَک۔تا۔اِی)(ف۔ا۔مث) یک کے تحت دیکھئے۔

یکُم (یَ۔کُم)(ف۔ا۔عدد)(۱) ایک۔ اوّل (۲) مہینے کی پہلی تاریخ۔

یکّہ (یَک۔کا)(یَ۔کا)(ف۔ا۔مذ)(۱) ایک گھوڑے کی رتھ نُما گاڑی (۲) احدی سپاہی (۳) تاش کا پتّا جس پر ایک نشان ہو (۴)(صف) اکیلا۔ بے مثل۔ نیز دیکھئے یکّا۔

یکّہ تاز (ف۔صف) بہادُر۔ سُورما۔ وہ جو تنہا حریف پر حملہ کرے۔

یکّہ و تنہا (ف۔صف) بالکل اکیلا۔ بالکل تنہا۔

یکے (ف۔کلمۂ تنکیر) ایک کا۔ ایک کو۔ ایک کے۔ کوئی ایک۔

یکے بعد دیگرے (ف۔تابع فعل) ایک کے بعد دُوسرا۔

یکے راگیر و دیگرے را دعویٰ کُن (ف۔مثل) جو مِلتا ہے وہ تو لے لو۔ بقایا کا دعویٰ بعد میں کرنا۔

یکے نقصانِ مایہ‘ دیگرے شماتتِ ہمسایہ (ف۔مثل) ایک تو مالی نُقصان پھر اُس پر پڑوسیوں کی ملامت۔

یکے یُوسف و ہزار خریدار (ف۔مثل) ایک چیز کے بہت سے خواہش مند۔

یکیانوُ (یَک۔یا۔نُو)(ق۔ا۔عدد) اکانوے۔ (۹۱)۔

یکیکی (یَک۔یَ۔کی)(ق۔متعلق فعل) یکا یک۔

ی۔گ

یُگ (بضمِ اوّل)(س۔ا۔مذ)(۱) جُگ۔ قرن۔ ہندی فلسفے کے مُطابق کائناتی تاریخ کا ایک عہد یا زمانہ (۲) جوڑا۔ جُفت۔

یگانگت (یگانگی) (یَ۔گا۔نَ۔گت)(یَ۔گا۔نَ۔گی)(ف۔ا۔مث)(۱) قرابت۔ اِتحاد۔ اِتفاق۔ رشتے داری (۲) یکتائی۔ وحدت۔

یگانہ (یَ۔گا۔نہ)(ف۔صف)(۱) سگا۔ قرابتی۔ رشتے دار۔ عزیز (۲) اکیلا۔ واحد۔ فرد (۳) بے نظیر۔ بے مثل۔ لاثانی۔

ی۔ل

یَل (بفتحِ اوّل)(ف۔ا۔مذ)(۱) پہلوان (۲)(صف) بہادُر۔ شجاع (۳) فربہ۔ موٹا۔

یَل ھَل (ف۔صف) خوب موٹا تازہ۔

یَل (بفتحِ اوّل)(ہ۔لاحقہ)(۱) فاعلیت کے ساتھ جیسے اڑیَل (۲)(صف) مریَل۔ سڑیَل (۳)(صاحب کے معنی میں) کڑیَل۔

یلدا (یَل۔دا)(ف۔ا۔مث) اَندھیری اور طویل رات۔ ۲۲ دسمبر کی رات۔

یلغار (یلغر) (ت۔ا۔مث) دُشمن کی فوج پر حملہ۔ ہلّا۔ دھاوا۔

یلمعی (یَل۔مَ۔عی)(ع۔صف) ذہین۔ طبّاع۔ ہوشیار۔

یلہ (ف۔صف)(۱) بے قید۔ آزاد۔ کُھلا چھوڑا ہوا (چرنے کے لئے)(۲) اکیلا۔ تنہا (۳) ٹیڑھا (۴) فضول۔ غلط (۵)(ا۔مث) فاحشہ۔ بدچلن عورت۔

ی۔م

یَم (بفتحِ اوّل)(س۔ا۔مذ)(۱) موت (۲) دوزخ کا مالک یا داروغہ۔ جم۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یم پُور (پُوری۔لوک) (س۔ا۔مذ) یَم کا شہر۔ جہنم۔ دوزخ۔ نرک۔
یم دُوت (س۔ا۔مذ) یَم کا قاصد جو رُوحوں کو اُس کے پاس لے جاتا ہے۔
یَم (ع۔ا۔مذ) بڑا دریا۔ سمندر۔ بحر۔
یمام (یَ۔مام) (ع۔ا۔مذ) جنگلی کبوتر۔
یمانی (ع۔صف) دیکھئے یمنی۔
یُمن (بضمِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) برکت۔ سعادت۔ اِقبال مندی۔ کامیابی۔
یَمَنی (یَ۔مَ۔نی) (ع۔صف) عرب کے ایک مُلک یمن سے نسبت رکھنے والا۔ یمن کا رہنے والا۔ یمن کی کوئی چیز۔
یَمِین (یَ۔مین) (ع۔ا۔مذ) (۱) سیدھا ہاتھ۔ دایاں ہاتھ (۲) دائیں طرف (۳) قسم۔ حلف (۴) قُوّت۔ طاقت۔ توانائی۔
یمینُ الدّولہ (یَ۔مِی۔نُد۔دَو۔لہ) (ع۔ا۔مذ) دولت یعنی سلطنت کا دستِ راست۔ ایک معزّز خطاب جو اُمرا کو بادشاہوں کی طرف سے ملتا تھا۔
یمین و یسار (ع۔ا۔مذ) دائیں بائیں۔ چپ و راست۔ فوج کا دایاں اور بایاں بازو۔

ی۔ن

یَن (بفتحِ اوّل) (جاپانی۔ا۔مذ) جاپانی سِکّہ۔
ینتر (س۔ا۔مذ) دیکھئے جنتر۔
ینتری (س۔ا۔مذ) علمِ ینتر کا ماہر۔ انجینئر۔ لوہار۔
ینگ (Young) (انگ۔صف) جوان۔ نوعمر۔ نوخیز۔

ی۔و

یُو۔این۔او (U.N.O) - United Nations Organization کا مخفف (انگ۔ا۔مث) انجمنِ اقوامِ متحدہ۔
یُوتھ (Youth) (انگ۔صف وا۔مذ) (۱) نوجوان۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں (۲) نوجوانی۔ عنفوانِ شباب۔
یُوٹوپیا (Utopia) (انگ۔ا۔مذ) (۱) سرٹامس مور کی کتاب جس میں ایک ایسے فرضی جزیرے کا ذکر کیا گیا ہے جس میں مثالی حکومت قائم تھی (۲) خیالی حکومت۔ مثالی مقام یا مُعاشرہ۔
یوجنا (یوج۔نا) (س۔ا۔مث) منصوبہ۔
یُوحنّا (یُو۔حَن۔نا) (عب۔ا۔مذ) (۱) خُدا کا فضل (۲) حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے ایک حواری کا نام (۳) اسرائیلی کتب کے مطابق حضرت یحییٰؑ کا عبرانی نام۔
یوحی (یوہی) (یو۔حا) (یو۔ہا) (ع۔ا۔مذ) ایک سانپ جس کی بابت مشہور ہے کہ ہزار سال کا ہونے پر جو شکل چاہے اِختیار کرسکتا ہے۔

یُوراج (یُو۔راج) (ہ۔ا۔مذ) ولی عہد۔ شہزادہ۔
یُورپ (Europe) (یو۔ا۔مذ) لغوی معنی ڈوبتے سُورج کی سرزمین۔ ایشیا کے مغرب میں واقع ایک برِّاعظم۔
یورپی (یور۔پی) (یورپین (European) کا مؤرّد۔ صف) یورپ سے تعلق رکھنے والا۔ یورپ کا باشندہ۔ یورپ کی کوئی چیز۔
یُورِش (ت۔ا۔مث) (۱) حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔ یلغار (۲) فساد۔ ہنگامہ۔ بلوا۔
یُورو (Euro) (انگ۔ا۔مذ) یورپین یُونین کا سکّہ۔ تقریباً ۶۰ روپے۔
یُوریشین (Eurasian) (انگ۔صف) یورپین نسل کا آدمی جو ایشیا میں پیدا ہوا ہو۔
یُورینس (Uranus) (لاط۔ا۔مذ) نظامِ شمسی کا ایک سیّارہ جو سُورج سے فاصلے کے اعتبار سے ساتویں درجے پر ہے۔
یُورینیم (Uranium) (انگ۔ا۔مث) ایک سفید دھاتی عنصر۔
یُوز (ت۔ا۔عدد) (۱) سو کا عدد (۲) (ف۔ا۔مذ) چیتا۔ تیندوا۔
یُوزباشی (ت۔ا۔مذ) ایک سو سپاہیوں کا سردار۔
یُوسُف (یُو۔سُف) (ع۔ا۔مذ) (۱) حضرت یعقوبؑ کے بارہ بیٹوں میں سے گیارہویں بیٹے جو حُسن میں اپنی نظیر نہ رکھتے تھے (۲) (کنایۃً) نہایت خوبصورت۔ نہایت حسین۔
یوسفِ بے کارواں (ع۔ف۔ا۔مذ) جس کا کوئی ساتھی یا دوست نہ ہو۔
یوسفِ ثانی (ع۔ف۔ا۔مذ) حضرت یوسفؑ کی طرح بے حد حسین۔
یُوکلپٹس (Euclayptus) (انگ۔ا۔مذ) ایک درخت جس کا عرق دواؤں میں اِستعمال ہوتا ہے۔
یوگ (یوگا) (س۔ا۔مذ) مراقبہ۔ مذہبی ورزش۔ ہندوؤں کے چھ کلاسیکی فلسفیانہ اُصولوں میں سے ایک جس میں مختلف جسمانی و نفسیاتی ورزشیں کی جاتی ہیں تاکہ آتما آواگون کے چکر سے آزاد ہوجائے۔
یوگ شکتی (س۔ا۔مث) معجزہ۔ اعجاز۔ کرشمہ۔
یوگی (س۔صف وا۔مذ) (۱) یوگا کرنے والا۔ مؤنث کے لئے یوگن (۲) نیز دیکھئے جوگی اور جوگن جو یوگی اور یوگن کا بگاڑ یا ہندی رُوپ ہے۔
یَوم (بفتحِ اوّل و سکونِ دوم و سوم) (ع۔ا۔مذ) روز۔ دن۔ تاریخ۔ جمع: ایّام۔
یَومُ الحساب (یَو۔مُل۔حِ۔ساب) (ع۔ا۔مذ) قیامت کا دن جب لوگوں کے اعمال کا حساب ہوگا۔
یَومُ الدّین (یَو۔مُد۔دِین) (ع۔ا۔مذ) قیامت کا دن۔
یَومُ السّبت (یَو۔مُس۔سَبت) (ع۔ا۔مذ) ہفتے کا دن۔
یَومُ العَرفہ (یَو۔مُل۔عَ۔رَ۔فہ) (ع۔ا۔مذ) ذوالحجّہ کی نویں تاریخ۔
یَومُ العاشُورا (ع۔ا۔مذ) محرم کی دسویں تاریخ جس دن حضرت امام حسینؓ شہید ہوئے۔
یَومُ الفِطر (ع۔ا۔مذ) ماہِ شوال کی پہلی تاریخ۔ چھوٹی عید کا دن۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یَومُ القِیامت (ع۔ا۔مذ) قیامت کا دن۔ روزِ محشر۔

یَومُ النُّشُور (یَو۔مُن۔نَ۔شُور)(ع۔ا۔مذ) دوبارہ زندہ ہونے کا دن۔ روزِ قیامت۔

یَوماً فَیَوماً (یَو۔مَن۔فَ۔یَو۔مَن)(ع۔ تابع فعل) روز بروز۔ آئے دن۔

یَومیّہ (یَو۔مِی۔یَہ)(ع۔صف) روزانہ (۲) روز کی مزدوری۔ دن بھر کی اُجرت۔

یُوں (ہ۔ متعلق فعل) اِس طرح۔ باِیں طور۔ اِس طرز یا ڈھنگ سے۔ ایسا۔

یُوں بھی دیکھا وُوں بھی دیکھ (اَر۔مثل) خوشی دیکھ لی اَب غم بھی دیکھ۔ نیرنگیٔ زمانہ۔

یُوں بھی سہی (اَر۔ محاورہ) اِس طرح بھی منظور ہے۔

یُوں بھی واہ وا' وُوں بھی واہ وا (اَر۔مثل) دونوں طرح سے خوب ہے۔ ہر طرح خوش۔

یُوں تو (ہ۔متعلق فعل) (۱) اِس طرح تو۔ اِس ڈھنگ سے تو (۲) ورنہ۔ وگرنہ (۳) کہنے کو تو۔ دراصل تو۔ برائے نام۔

یُوں توُں (ہ۔ا۔مث) توُتو میں میں۔ بدکلامی۔ گالی گلوچ۔

یُوں توُں کرنا (اَر۔ محاورہ) بدزبانی کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔

یُوں ہی (یُونہی۔یُونہیں)(اَر۔متعلق فعل)(۱) اِسی طرح۔ اِسی طریقے سے (۲) بلا سوچے سمجھے (۳) بے فائدہ۔ ناحق۔ بلاوجہ (۴) اتفاقاً۔ بلا اِرادہ (۵) نِکمّا۔ بیکار (۶) آسانی سے۔ جھٹ پٹ (۷) مفت۔ بلا قیمت۔

یُوں ہی ٹرخا دیا (اَر۔معولہ) خالی خولی ٹال دیا۔ ناکامیاب رُخصت کیا۔

یُوں ہی سا (اَر۔صف) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ برائے نام۔

یُوں ہی سہی (اَر۔بول چال) اِس طرح بھی منظور ہے۔ ہم یوں بھی خوش ہیں۔

یُوں ہی ہے (اَر۔بول چال) (۱) اِسی طرح ہے (۲) قابلِ اعتبار نہیں ہے (۳) فضول ہے۔ بے کار ہے۔

یُونانی (ع۔صف) مُلکِ یُونان کا رہنے والا۔ یُونان سے منسوب۔

یُونِٹ (Unit) (انگ۔ا۔مذ)(۱) اکائی۔ وحدت (۲) ایک چیز شخص یا مجموعہ جو واحد اور مکمل بالذات سمجھا جائے۔

یُونِٹی (Unity) (انگ۔ا۔مث) اِتحاد۔ اِتفاق۔

یُونُس (یُو۔نُس)(یُو۔نَس)(یُو۔نِس)(ع۔ا۔مذ)(۱) ستون۔ رُکن۔ دین کا رُکن (۲) ایک پیغمبر جو بنی اسرائیل سے تھے۔ روایت ہے کہ ایک مچھلی نے اُنہیں اپنے پیٹ میں تین روز رکھ کر صحیح سلامت اُگل دیا تھا۔ (بضم نُون افصح ہے)۔

یُونیسکو (U.N.E.S.C.O)۔ United Nations Educational, Scientific and Cultural Organization کا مُخفف (انگ۔ا۔مذ) اَقوامِ مُتحدہ کا اِدارہ تعلیم' سائنس و ثقافت۔

یُونی سیف (U.N.I.C.E.F)۔ United Nations International Children's Emergency Fund کا مُخفف (انگ۔ا۔مذ) اَقوامِ مُتحدہ کا بین الاقوامی بچّوں کی ہنگامی اِمداد کا اِدارہ۔

یُونیفارم (Uniform) (انگ۔ا۔مث) وردی۔

یُونین (Union) (انگ۔ا۔مث) (۱) اِتحاد۔ ایکا۔ اِتصال (۲) مُتحدہ چیز (اِدارہ' اَنجمن وغیرہ)۔

یُونین جیک (Union Jack) (انگ۔ا۔مذ) برطانیہ کے قومی جھنڈے کا غلط نام۔ اِسے یونین فلیگ کہنا چاہئے کیونکہ اِس جھنڈے سے اِنگلستان' اِسکاٹ لینڈ اور آئرلینڈ کا مُشترکہ جھنڈا مُراد ہے۔

یُونیورسٹی (University) (انگ۔ا۔مث) جامعہ۔ تعلیم گاہ جس میں طلبہ کے لئے جُملہ علوم یا اکثر علوم کی اعلیٰ تعلیم یا اِمتحان یا دونوں کا اِنتظام ہو۔

ی۔ہ

یہ (ہ۔اِسمِ اِشارہ)(۱) قریب کا اِشارہ۔ سامنے کا۔ حاضر۔ قریب (۲)(صف) ایسی۔ اِس طرح کی۔ اِس قدر۔

یہ آپ کے فرمانے کی بات ہے (اَر۔مثل) کوئی غلط یا ناجائز بات کہے تو بطور تنبیہ کہتے ہیں۔

یہ آزماکر وہ آزماکر (اَر۔متعلق فعل) اچھی طرح جانچ پڑتال کر کے۔

یہ اپنا ہی راگ الاپتا (گاتا) ہے (اَر۔مثل) یہ اپنے ہی مطلب کی بات کہے جاتا ہے۔

یہ اور بات ہے (اَر۔بول چال) یہ الگ بات ہے۔

یہ اُس سے بیس ہے (اَر۔مثل) یہ اُس سے بڑھ چڑھ کر ہے۔

یہ اور ہُوئی (اَر۔بول چال) یہ مزید بات ہوئی۔ اِس پر طُرّہ یہ ہے۔

یہ بات وہ بات ٹکا دھر میرے ہاتھ (اَر۔مثل) اُس خود غرض شخص کی نسبت بولتے ہیں جو اِدھر اُدھر کی باتیں کر کے اپنا مطلب نکالتا ہے۔

یہ بات ہی کیا ہے (اَر۔بول چال) معمولی بات ہے۔ مشکل کام نہیں۔

یہ بات ہے (اَر۔روزمرّہ) یہ واقعہ ہے۔ یہ خصوصیت ہے۔

یہ بِس کی گانٹھ ہے (اَر۔مثل) بہت شریر اور بُرا آدمی ہے۔

یہ بوجھ نہیں اُٹھتا (اَر۔مثل) اِس بات کی ذمّے داری نہیں لی جا سکتی۔

یہ بھی اپنے وقت کے حاتم ہیں (اَر۔مثل) بہت فیّاض ہیں۔ (طنزاً بھی کہتے ہیں)۔

یہ بھی کسی نے نہ پُوچھا تیرے مُنہ میں کَے دانت ہیں (اَر۔مثل) جہاں کسی کو کوئی پُوچھنے والا نہ ہو وہاں کہتے ہیں۔

یہ بھی کوئی بات ہے (اَر۔روزمرّہ) مہمل بات ہے۔ بے موقع بات ہے۔

یہ بھی میرا وہ بھی میرا (اَر۔مثل) جو بے اِنصافی سے ہر چیز پر ہاتھ مارے اُس کے متعلق کہتے ہیں۔

یہ بھی نہ ہُوا وہ بھی نہ ہُوا (اَر۔مقولہ) کوئی کام نہ ہُوا۔ کچھ بھی نہ ہُوا۔

یہ بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی (اَر۔مثل) یہ کام پُورا ہوتا نظر نہیں آتا۔

یہ پٹّی نہیں پڑھے (اَر۔مثل) یہ فقروں میں نہیں آتے۔ یہ کام کرتا نہیں چاہئے۔ اِنکار کرتے ہوئے کہا جاتا ہے۔

یہ تو کبیر بھی کہہ گئے ہیں (اَر۔مثل) یہ تو مانی ہوئی بات ہے۔

یہ تو کچھ بات نہیں (اَر۔بول چال) یہ غلط ہے۔ دُرست نہیں۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

یہ تین کانے اور یہ پَو بارہ (اَر۔مثل) ایک بدقسمت ہے ایک بانصیب ہے۔ چوپڑ کھیلنے والے کہتے ہیں۔
یہ ٹانگ کھولو تو لاج' وہ ٹانگ کھولو تو لاج (اَر۔مثل) دونوں طرح سے بدنامی ہے۔
یہ جا وہ جا (اَر۔مثل) فوراً بھاگ گیا۔
یہ جوانی اور مانجھا ڈھیلا (اَر۔مثل) عین جوانی کے عالم میں اِتنی سُستی۔
یہ دِن (ہ۔اِ۔مذ) اچھے دِنوں اور بُرے دِنوں کے لئے مستعمل ہے۔
یہ دِن دیکھا (اَر۔محاورہ) اِس حالتِ زار کو پہنچا۔
یہ دِن سب کے واسطے ہے (اَر۔محاورہ) موت ہر ایک کو آنی ہے۔
یہ شرط ہے (اَر۔بول چال) اِس کے لئے یہ ضروری ہے۔
یہ قسمت کی بات ہے (اَر۔محاورہ) بدقسمتی ہے۔
یہ کُتّا نہیں مانتا (اَر۔محاورہ) پیٹ بُری بلا ہے۔
یہ کچھ (اَر۔صف) اِس قدر۔ زیادہ۔
یہ کچھ کھیل ہے؟ (اَر۔بول چال) (۱) یہ آسان نہیں (۲) بے طریقہ ہے۔
یہ کس کا مُوت ہے؟ (اَر۔مثل) یہ کس کا نُطفہ ہے؟
یہ کسی کا بھی سگا نہیں (اَر۔مثل) یہ بڑا بے وفا ہے۔
یہ کون بات ہے؟ (اَر۔بول چال) یہ کوئی مُشکل نہیں۔
یہ کوئی بات ہے! (اَر۔کلمۂ تنفر) بیہودہ بات ہے۔ نازیبا بات ہے۔
یہ کیا؟ (اَر۔بول چال) کیسی بے ہُودہ بات کی یا کام کیا۔
یہ کیا ہے؟ (اَر۔کلمۂ تعجب) یہ کیا نئی بات ہے؟
یہ کیا کیا؟ (اَر۔بول چال) بُرا کیا۔ غضب کیا۔
یہ گُل کِھلا (اَر۔محاورہ) یہ نتیجہ نکلا۔
یہ لچھن مار کھانے کے ہیں (اَر۔مثل) ایسی باتوں سے انسان پٹ جاتا ہے۔
یہ مانی ہوئی بات ہے (یہ مُسَلَّم ہے) (اَر۔بول چال) اِس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تسلیم شدہ ہے۔
یہ مُنہ اور مسُور کی دال؟ (اَر۔مثل) تم اِس لائق نہیں۔ تم اِس کے مستحق نہیں۔ اِس مُنہ سے کہتے ہو کہ ہم یوں کریں گے؟
یہ مُنہ کہاں (اَر۔مقولہ) یہ حوصلہ نہیں۔
یہ وہ گُڑ نہیں جو چیونٹے کھائیں (اَر۔مثل) ہر ایک کو یہ بات نصیب نہیں ہو سکتی۔ یہ چیز ایسے ویسوں کے قابل نہیں۔
یہ ہو چُکا (اَر۔روزمرّہ) (۱) ہو چکا ہے۔ کر لیا گیا ہے (۲) نہیں ہو سکتا۔
یہ ہے (اَر۔بول چال) بہت قریب ہے۔
یہ ہی (ہ۔متعلق فعل) دیکھئے یہی۔
یہاں (ہ۔متعلق فعل) اِس جگہ۔ اِس مقام پر۔ اِس طرف (۲) گھر۔ خاندان۔
یہاں اُلٹی گنگا بہتی ہے (اَر۔مثل) یہاں ہر کام اُلٹا ہوتا ہے۔
یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا (اَر۔مثل) یہاں کوئی نہیں آ سکتا۔
یہاں تک (ہ۔متعلق فعل) اِس جگہ تک۔ اِس وقت تک۔
یہاں تمہاری دال نہیں گلے گی (اَر۔مثل) اِس جگہ تمہارا کام نہیں بنے گا۔
یہاں سب کان پکڑتے ہیں (اَر۔مثل) اِس جگہ سب عاجز ہیں۔
یہاں سے (ہ۔متعلق فعل) اِس جگہ سے۔ اِس طرف سے۔
یہاں سے ہَوا ہو (اَر۔محاورہ) بھاگ جاؤ۔ دُور ہو۔
یہاں فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں (اَر۔مثل) یہاں کسی کی رسائی نہیں ہو سکتی۔ یہاں کوئی دَم نہیں مار سکتا۔
یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے (اَر۔مثل) یہاں کی ہر بات نرالی ہے۔
یہاں کا یہیں (اَر۔بول چال) اِس جگہ کا۔ اِسی جگہ کا۔ اِسی دُنیا میں۔
یہاں نہ وہاں یہ بلا کہاں؟ (اَر۔مثل) خانہ بدوش آدمی کے لئے بولتے ہیں۔
یہاں وہاں (ہ۔متعلق فعل) اِدھر اُدھر۔
یہاں وہاں کا ذکر (اَر۔اِ۔مذ) اِدھر اُدھر کی باتیں۔
یَہُود (یَ۔ہُود) (ع۔اِ۔مذ) یہودی کی جمع۔ حضرت یعقوب علیہ السّلام کی اولاد اور موسیٰ علیہ السّلام کی اُمّت۔
یَہُودا (ع۔اِ۔مذ) (۱) حضرت یعقوب علیہ السّلام کا چوتھا بیٹا جس سے یہودی قوم منسوب ہوئی (۲) حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے ایک حواری کا نام جس نے بتیس درہم لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو پکڑوا دیا تھا۔
یَہُودَن (یَ۔ہُو۔دَن) (اَر۔اِ۔مث) یہودی کی تانیث۔ یہودی عورت۔
یَہُودی (یَ۔ہُو۔دی) (ع۔اِ۔مذ) سامی نسل کے لوگ جو حضرت یعقوبؑ کی اولاد اور حضرت موسیٰؑ کی اُمّت ہیں (۲) (صف) یہود سے متعلق۔
یَہُودِیّت (یَ۔ہُو۔دی۔یَت) (ع۔اِ۔مث) یہودی ہونا۔ یہود کا مسلک۔
یہی (اَر۔تابع فعل) یہ ہی کا مخفف۔ خاص یہ۔ خصوصاً۔
یہی سہی (اَر۔بول چال) یوں ہی سہی۔
یہی گو (گیند) اور یہی میدان (اَر۔مثل) یہ رہی گیند اور یہ رہا میدان۔ آئیے مقابلہ ہو جائے۔ نیز دیکھئے ہمیں چوگاں ہمیں میداں ہمیں گو۔
یہی لیل و نہار ہے (اَر۔مثل) یہی گردشِ زمانہ ہے۔
یہی نا؟ (اَر۔تابع فعل) صرف اِتنی ہی بات ہے۔
یہیں (یَ۔ہیں) (ہ۔تابع فعل) اِسی جگہ۔ اِسی مقام پر۔ اِسی طرف۔ اِدھر ہی۔ اِسی دُنیا میں۔
یہیں سے سلام کرتے ہیں (اَر۔مثل) بیزاری ظاہر کرنا۔
یہیں کا چُن' یہیں کا پُن (اَر۔مثل) آٹا اور پانی سب اِسی جگہ کی بدولت ہے۔ جو کچھ ہے اِسی جگہ کے طفیل ہے۔
یہیں کہیں (ہ۔متعلق فعل) اِسی جگہ کسی مقام پر۔

ی۔ی

یے (ق۔قریب کا اِشارہ) (۱) یہ (۲) (صف) بہت۔
ییچ (ق۔اِشارہ) یہی۔
ییلاق (یِی۔لاق) (ت۔اِ۔مذ) (۱) وہ سرد مقام جہاں گرمی کا موسم گزارا جائے (۲) خانہ بدوشوں کی موسمِ گرما کی چراگاہ۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

تتمہ

الف

اِسْتِتار (اِس۔تِ۔تار)(ع۔ا۔مذ) چُھپانا۔ اِخفا۔ پوشیدگی۔

اِسْتِخلاف (اِس۔تِخ۔لاف)(ع۔ا۔مذ) خلیفہ بننا۔ جانشین بننا۔

اَصداف (ع۔ا۔مث) صدف کی جمع۔

اَصدَق (اَص۔دَق)(ع۔ا۔تفضیل) بہت بڑا صادق۔ نہایت سچّا۔

اَصدِقا (اَص۔دِ۔قا)(ع۔ا۔مذ) صدیق کی جمع۔

اَفزُودگی (اَف۔زُو۔دَ۔گی)(ف۔ا۔مث) زرخیزی۔ کارکردگی میں اِضافہ۔ قوت میں اِضافہ۔(Enrichment)۔

اَفزُودہ (اَف۔زُو۔دَہ)(ف۔صف) بڑھا ہوا۔ جس کی قوت میں اِضافہ کیا گیا ہو۔(Enriched)۔

ت

تاتارِی (ف۔صف) علاقہ تاتار سے منسوب۔ تاتار کا باشندہ یا کوئی چیز۔

تحارِیک (ع۔ا۔مث) تحریک کی جمع۔

تَرامیم (تَرمیمات)(ع۔ا۔مث) ترمیم کی جمع۔

تعلیمات (ع۔ا۔مث) تعلیم کی جمع۔

تقصیرِ مُعاف (ع۔اُر۔حلق فعل) قصور معاف۔ دورانِ گفتگو سننے والے کی ناگواری کا اندیشہ ہو تو کہتے ہیں۔

تمسُّکات (تَ۔مَس۔سُ۔کات)(ع۔ا۔مذ) تمسّک کی جمع۔

تَنّا۔ (۵) تانتا۔

تیر (بیائے مجہول)(ہ۔صف) گُزرا ہوا۔

تیر کرنا (ہ۔محاورہ) گُزر بسر کرنا۔ گُزارنا۔

تیر ہو جانا (ہونا) (ہ۔محاورہ) عُمر گُزر جانا۔

تیز ہونا۔ (۴) شدید ہونا (گرمی وغیرہ)۔

ٹ

ٹھنڈک پڑنا۔ (۳) دلی مُراد بر آنا۔

ٹِنّی (ٹِ۔نّی)(ہ۔صف)(۱) بونا۔ پست قد (۲)(ا۔مذ و مث) چھوٹے قد کا مُرغا یا مُرغی۔

ج

جان سے بیزار ہونا (اُر۔محاورہ) دیکھئے جان دُوبھر ہونا۔

جمع جتھا (اُر۔ا۔مذ) جمع کیا ہوا مال۔ پونجی۔ سرمایہ۔

چ

چَرَن۔ (۴) منزل۔ مرحلہ۔

چِکن۔ (۲) بیل بُوٹوں والا کپڑا۔

چو دُم بَرداشتم مادہ برآید (ف۔مثل) جس کی دُم اُٹھا کے دیکھا وہ مادہ ہی نکلا۔ نر کوئی نہیں۔

چھاؤں (ہ۔ا۔مث)(۱) سایہ۔ چھاں۔ چھائیں (۲) عکس (۳) مشابہت۔

چھپوانا (ہ۔مص) چھپنا کا متعدی۔ طبع کرانا۔ ٹھپا لگوانا۔

چیونٹی کو پر لگنا (چیونٹی کے پر نکلنا)۔ دیکھئے چیونٹی کا پر نکالنا۔

ح

حاشیہ آرائی (ف۔ا۔مث) مُبالغہ کرنا۔ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔

حَبّذا نبّاشِ اکبر (اوّل) (ع۔کلمۂ تحسین) واہ وا! سبحان اللہ! اے بزرگ کفن چور۔ تجھ پر خُدا کی رحمت ہو۔ اُس وقت کہتے ہیں جب کوئی نیا حاکم اپنے پیش رو حاکم سے زیادہ بُرا ہو۔ کہتے ہیں بغداد میں ایک ماہر و شاطر کفن چور (نبّاش) رہتا تھا۔ لوگ اُسے دن رات کوستے تھے جب وہ مرا تو اُس کی جگہ اُس کے بیٹے نے لی۔ بڑے میاں سو بڑے میاں 'چھوٹے میاں سبحان اللہ'۔ باپ تو مُردے کا کفن ہی اُتارتا تھا' بیٹا کفن اُتار کر اُس کی مقعد میں ڈنڈا بھی ٹھونک دیتا۔

حرف اُٹھانا (اُر۔محاورہ)(۱) سیکھ لینا (۲) نقل کرنا (۳) پڑھنا۔

حِسابوں (اُر۔حلق فعل) حساب سے۔ خیال سے۔ دانست میں۔

حُضوری (ع۔ا۔مث) حاضری۔ قُربت (۲) بادشاہی (۳) دربار۔ اِجلاس۔

خ

خانہ بدوشی (ف۔ا۔مث) بے گھر ہونا۔ بے ٹھکانے ہونا۔

خُشک۔ (۷) روٹی کے بغیر (صرف تنخواہ)۔

خِلاف۔ (۲)(ا۔مذ) جھوٹ (۳) اِختلاف (۴) دُشمنی۔

خلافِ قانون (ع۔صف) قانون کے خلاف یا برعکس۔

خَلا مَلا (ع۔ا۔مذ) میل جول۔ خلوص۔ گہری دوستی۔

خِلط (ع۔ا۔مث) جسم کی چار خِلطوں (صفرا' سودا' خون' بلغم) میں سے ایک۔

خُنخُنا (خُن۔خُ۔نا)(اُر۔صف) ناک میں بولنے والا۔ مؤنث کے لئے خُنخُنی۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

خواری (خا۔ ری)۔ (۲) کھانا پینا۔ مُرکّبات میں جیسے غم خواری۔
خوش قسمتی (ف۔ ا۔ مث) اچھی تقدیر۔ اچھا نصیب۔

د

داد (ف۔ ا۔ مث) (۱) انصاف (۲) بخشش (۳) آفرین۔ تحسین۔ واہ وا (۴) فریاد (۵) سزا (۶) تحفہ۔ دی ہوئی کوئی چیز۔
داستان گوئی (ف۔ ا۔ مث) (۱) داستان سنانا (۲) داستان گو کا پیشہ۔
دانتا۔ (۲) خار (کنگھی یا آرے وغیرہ کا)۔
دانہ دلنہ کرنا (اُر۔ محاورہ) بکھیر دینا۔
دَت۔ (۲) کائستھ ذات کے ہندوؤں کے نام کا جزو۔
دَخل اندازی (ف۔ ا۔ مث) مداخلت کرنا۔ دخل دینا۔
در آمد و بر آمد (ف۔ ا۔ مث) اندرونِ ملک آنے والی اور بیرونِ ملک جانے والی اشیا کی تجارت۔ اِمپورٹ اکسپورٹ۔
درمیانی۔ (۲) معمولی۔ نہ بہت اچھا نہ بہت بُرا۔
دَرَہ (دَ۔ رَہ) (دَر۔ رَہ)۔
دِساور کو بھرنا (بھیجنا) (اُر۔ محاورہ) مال باہر بھیجنا۔ برآمد کرنا۔
دستِ غیب۔ (۲) غیبی امداد (۳) حرام کی کمائی۔
دستوری۔ (۳) (صف) آئینی۔
دعوتی (دَع۔ وَ۔ تی) (اُر۔ صف) دعوت سے متعلق۔
دَکن (دَکّن)۔ دَکھن۔ جنوب۔
دِلاسا (اُر۔ ا۔ مذ) (۱) تسلی۔ تسکین (۲) (ف۔ صف) دل آسا۔ دل کو تسکین دینے والا۔
دَلدَلی (ہ۔ صف) دلدل والی (زمین)۔
دَم میں آنا۔ (۲) پکنے کے قریب ہونا (خصوصاً چاول)۔
دِن رَین (ہ۔ ا۔ مذ) دن رات۔
دوڑ جانا۔ (۲) پھیل جانا۔ نفوذ کر جانا۔
دوئم (دو۔ یَم) (ف۔ عدد ترتیبی) دیکھئے دُوم۔
دوہرانا (ہ۔ مص) دیکھئے دُہرانا۔
دَہلانا (دَہ۔ لا۔ نا) (ہ۔ مص) خوف زدہ کرنا۔
دِہی (ف۔ ا۔ مث) دینا۔ دینے کا عمل۔ مُرکّبات میں جیسے دھوکا دہی۔
دَھڑکنا۔ (۳) زور زور سے حرکت کرنا (دل کا)۔
دَھکیلنا (ہ۔ مص) دھکا دینا۔
دھکا لگانا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے دھکا دینا۔
دھما چوکڑی مچانا (اُر۔ محاورہ) اُودھم مچانا۔ شور و غل کرنا۔
دَھرتا (ہ۔ صف) مددگار۔ معاون۔ اُردو میں کرتا کے ساتھ مستعمل ہے (کرتا دھرتا)۔
دِیار۔ (۲) شہر۔ علاقہ۔ مُلک (۳) (ہ۔ ا۔ مذ) دیودار۔ ایک درخت۔
دیارِ غیر (ع۔ ف۔ ا۔ مذ) غیر ملک۔ بیرونی ملک۔
دی روز (ف۔ ا۔ مذ) گزرا ہوا کل (دی: گزشتہ)۔
دی شب (ف۔ ا۔ مث) گزشتہ رات (دی: گزشتہ)۔

ڈ

ڈلنا (ڈل۔ نا) (ہ۔ مص) کسی چیز میں پڑنا۔
ڈرامائی (اُر۔ صف) Dramatic کا ترجمہ۔
ڈھنگ کا (ہ۔ صف) موزوں۔ مناسب۔ دُرست۔ مؤنث کے لئے ڈھنگ کی۔
ڈھول کا پول (ڈھول کے اندر پول) (اُر۔ ا۔ مذ) اصل میں کچھ نہیں۔ نرا دکھاوا۔
ڈھینکلی (ڈھینک۔ لی) (ہ۔ ا۔ مث) پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی جس میں ڈول بندھا ہوتا ہے۔

ذ

ذائقہ۔ (۳) (مؤنث) چکھنے کی قوت۔
ذکر نکلنا (اُر۔ محاورہ) دیکھئے ذکر چلنا۔

ر

راسخ الاعتقاد۔ (۱) پکے عقیدے کا۔
راہ وار (ف۔ ا۔ مذ) گھوڑا۔ تیز چلنے والا گھوڑا۔
رِجالُ الغیب (ع۔ ا۔ مذ) غیبی ہستیاں جو زمین کے گرد پھرتی ہیں۔
رَجز۔ (۲) عروض کی ایک بحر۔
رَچنا۔ (۳) ہونا۔ منعقد ہونا (خوشی کی تقریب ’شادی)۔
رَخش (ف۔ ا۔ مذ) (۱) سورج کی کرن (۲) بجلی (۳) گھوڑا (۴) رُستم کے گھوڑے کا نام۔
رِعایتی رُخصت (ف۔ اُر۔ ا۔ مث) وہ چھٹی جو گیارہ مہینے کی نوکری کے بعد پوری تنخواہ پر دی جاتی ہے (تنخواہ نہیں کاٹی جاتی)۔
رَعِیتی۔ (۵) زمین جس کی مال گزاری نقدی میں دی جائے (۶) زمین جو براہِ راست کاشت کار کو کاشت کے لئے دی جائے۔
رَغم۔ اُردو میں علیٰ کے ساتھ اِستعمال ہوتا ہے دیکھئے علیٰ الرغم۔
رِفاہی (ع۔ صف) عوام کی بھلائی سے متعلق (اُمور)۔
رَفرف (رَف۔ رَف)۔ (۱۳) وہ جانور جس پر رسول اللہ ﷺ (بُراق کے بعد) سوار ہو کر آسمانوں پر تشریف لے گئے تھے۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

رُقَباء (رُ۔قَ۔ با)(ع۔ا۔مذ) رقیب کی جمع۔
رُوگرداں۔ (۳) کپڑا جس کا رُو اور پشت (آگا پیچھا) یکساں ہو۔
رُوح قبض کرنا (اُر۔ محاورہ) ملکُ الموت کا کسی کی جان نکالنا۔
روغنِ کُنجد (ف۔ا۔مذ) تلوں کا تیل۔ میٹھا تیل۔
رومن (Roman)۔(۲) روم (اٹلی) کا باشندہ۔
روہیلا (رو۔ہے۔لا)(ہ۔ا۔مذ) پٹھانوں کا ایک قبیلہ (۲) اِس قبیلے کا کوئی فرد۔
رَوِی وار (س۔ا۔مذ) اِتوار (روی: سُورج۔ سورج کا دن۔ سنڈے)۔
ریتی۔ (۲) ریتلی زمین (خصوصاً دریا کے کنارے کی)۔
رِیڈر۔ (۴)(ا۔مث) دَرسی کتاب۔
ریشہ خطمی۔ (۳) فریفتہ۔

ز

زردوز۔ (۲)(صف) وہ چیز جس پر زردوزی کا کام ہو۔
زرکوب۔ (۲)(صف) وہ چیز جس پر سونے کے پتر لگائے گئے ہوں۔
زعفران کا کھیت (زعفران زار)۔ مشہور ہے کہ زعفران کے کھیت میں پہنچ کر انسان بے اختیار ہنسنے لگتا ہے۔
زِمامِ اِختیار (حکومت) (ع۔ف۔ا۔مث) حکومت کی باگ ڈور۔ حکومت کا کام کاج۔
زمینداری۔ (۲) زمین دار کی زمین۔
زیبائش (ف۔صف) سجاوٹ۔ آرائش۔

س

ساختگی (ساخ۔تَ۔گی)(ف۔ا۔مث) بناوٹ۔ مرکبات میں جیسے بے ساختگی۔
سالِ نو (ف۔ا۔مذ) نیا سال۔
سالارِ جنگ (ف۔ا۔مذ) جرنیل۔ فوج کا سب سے بڑا افسر۔
سَبَدِ گُل (ف۔ا۔مث) پھولوں کی ٹوکری۔
ستیاناس (ہ۔ا۔مذ) تباہی۔ بربادی (۱) سنسکرت سَرْوَناش (مکمل تباہی) کا بگاڑ (۲) یا سنسکرت ستیہ وناش (صداقت کی تباہی) کا بگاڑ یعنی ظلم۔ اندھیر (۳) یا سنسکرت ستیاوناش (اِختیار و اِقتدار کی تباہی) کا بگاڑ۔ فصحا اِس موقع پر صرف "ناس" اِستعمال کرتے ہیں۔ (ناس کر دینا۔ ناس ہونا۔ ناس جائے)۔
سجعِ مُطَرَّف (ع۔ا۔مذ) دو لفظوں کے حروفِ روی میں موافقت مگر اعداد و وزن میں مخالفت جیسے اِظہار و بہار۔
سدِّ رُوئیں (سدِّ سکندر۔ سدِّ یاجوج)(ف۔ا۔مث) کانسی کی وہ دیوار جو سکندرِ اعظم نے تاتار اور چین کے درمیان بنائی تھی۔
سخن شنو (ف۔صف) نصیحت سننے والا۔
سَرْوَری (ف۔ا۔مث) سرداری۔ افسری۔
سیشن (Session)(انگ۔ا۔مذ)(۱) اِجلاسِ عدالت (۲) عدالتِ فوجداری (۳) عدالتِ فوجداری کے اِجلاس کا زمانہ (۴) پارلیمنٹ کی برخاستگی اور اُس کے اِجلاس کا درمیانی زمانہ۔
سعیِ مشکور (ع۔ا۔مث) کامیاب کوشش۔
سلامی اُتارنا (دینا) (اُر۔ محاورہ) کسی بڑے حاکم کی آمد پر توپیں وغیرہ سر کرنا۔
سُنائی (ہ۔ا۔مث)(۱) سُننا۔ سُننے کا عمل (۲) دیکھیے سُوائی۔
سُنائی پڑنا (دینا) (اُر۔ محاورہ) سُنا جانا۔ کانوں میں آواز آنا۔
سُن گُن لینا۔ سُن کے تحت دیکھیے۔
سُنوائی (ہ۔ا۔مث)(۱) فریاد رسی (۲) باریابی۔ رسائی۔ پہنچ۔
سَوتن (ہ۔ا۔مث) دیکھیے سَوت۔
سَودا (سَودے) بازی (اُر۔ا۔مث) کچھ لے دے کر معاملہ طے کرنا۔ (Compromise)۔
سُورداس (س۔صف)(۱) سُوریہ (سُورج) کا بندہ (۲) اندھا۔
سوزنِ عیسیٰ (ف۔ا۔مث) عیسیٰ کی سُوئی۔ وہ سُوئی جس کی بابت مشہور ہے کہ حضرت عیسیٰ کے دامن میں اُلجھ کر چوتھے آسمان پر پہنچ گئی تھی اور اِسی دُنیاوی چیز کے باعث وہ چوتھے آسمان سے آگے نہ جا سکے۔
سُوتنا (سُوتَ۔نا)(ہ۔مص) دیکھیے سُوتنا۔

ش

شاذ و نادر (ع۔صف و متعلق فعل) بہت کم۔ کبھی کبھی۔ اِتفاقاً۔
شاہ رُخ (ف۔ا۔مذ) دیکھیے شہ رُخ۔
شاہان (ف۔ا۔مذ) شاہ کی جمع۔
شایانِ شان (ف۔صف) شان کے موافق۔ مرتبے کے مطابق۔
شُبھ لگن (ہ۔ا۔مذ) قرانُ السعدین۔ دو مبارک ستاروں کا ایک بُرج میں جمع ہونا۔
شِکنی (شِ۔کَ۔نی)(ف۔ا۔مث) توڑنا۔ مرکبات میں جیسے عہد شکنی۔
شَنی وار (ہ۔ا۔مذ) سنیچر۔ ہفتہ۔ شنبہ۔ (شنی: سیارہ زُحل)۔
شہ۔ (۴)(ا۔مث) شاہِ شطرنج کو کشت۔
شہ ناز (شہناز) (ف۔ا۔مث) دُلہن۔ عروس۔
شیخی باز (شیخی خورا) (ف۔اُر۔صف) شیخی مارنے والا۔
شیر خواری (خوارگی) (ف۔ا۔مث) وہ عمر جس میں بچہ دودھ پیتا ہے۔

ص

صاحب بہادر (صاب۔بہا۔دُر)(اُر۔ا۔مذ)(۱) انگریز (۲) انگریزی تہذیب کا دِل دادہ (۳) سرکاری افسر۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

صاحب خانہ (ف۔ا۔مذ) (۱) گھر کا مالک (۲) میزبان۔
صاحب لوگ (صاب۔ لوگ) (اُر۔ا۔مذ) انگریز۔ یورپی۔
صاحبان (ف۔ا۔مذ) صاحب کی جمع۔
صحت یاب (ع۔ف۔صف) صحت پانے والا۔ تندرست ہونے والا۔
صَریحی (ع۔صف) دیکھئے صَریح۔
صنعت کار (ف۔صف) کارخانہ دار۔
صَنم۔ (۲) (اُر۔صف) بے جان (۳) محبوب۔
صَیدِ زَبُوں (ع۔ف۔ا۔مذ) بُرا شکار۔ نجس شکار۔ کمزور یا ضعیف شکار۔

ع

عادتاً (عا۔دَ۔تن) (ع۔ متعلق فعل) عادت کے طور پر۔ عادت سے۔
عدالتِ مُرافعہ اُولیٰ (ع۔اُر۔ا۔مث) پہلی اپیل کی عدالت۔
عرصۂ حیات (ع۔ف۔ا۔مذ) عمر۔ زندگی کی مُدّت۔
عَزیزی (ع۔یائے متکلم) میرے عزیز۔
عِشقی (عِشقِیہ) (ع۔صف) عشق سے متعلق۔ عاشقانہ۔
عِمادُالدَّولہ (ع۔ا۔مذ) سلطنت کا ستون۔
علمِ عروض۔ دیکھئے عروض۔
عَینی (ع۔صف) عین (آنکھ) سے متعلق۔
عینی شاہد (ع۔ا۔مذ) دیکھئے عینی گواہ۔

غ

غزالِ رَعنا (ف۔صف) خوب صورت ہرن۔ (کنایتہً) محبوب۔
غوطہ کھانا (اُر۔ محاورہ) پانی میں ڈوبنا اور اُبھرنا۔
غیر جانب دار (ف۔صف) جو کسی فریق کی حمایت نہ کرے۔
غیر جانب دارانہ (ف۔صف) منصفانہ۔ اَز رُوئے اِنصاف۔
غیر جانب داری (ف۔ا۔مث) کسی فریق کی حمایت نہ کرنا۔ بے تعلقی۔
غیر مَرئی (ع۔صف) جو دکھائی نہ دے۔

ف

فاحش غلطی (ع۔ف۔ا۔مث) سخت غلطی۔ شرمناک غلطی۔ نیز دیکھئے فاش غلطی۔
فاقہ کشی (ف۔ا۔مث) (۱) بھوکا رہنا (۲) مفلسی۔ غربت۔
فائر پروف (Fire Proof) (انگ۔صف) جس پر آگ کا اثر نہ ہو۔
فتنۂ جہاں (دوراں۔ روزگار۔ عالم) (ف۔صف) دُنیا میں حشر برپا کرنے والا۔
فرقہ پرستی (ف۔ا۔مث) اپنی جماعت یا فرقے کی طرف داری۔
فُروعی (ع۔صف) فروعات سے متعلق۔ وہ باتیں جن کا تعلق بنیادی عقائد و مسائل سے نہ ہو۔
فِشاں (ف۔صف) دیکھئے اَفشاں۔
فِقرہ (فقرے) باز (اُر۔صف) عیار۔ مکار۔ دغاباز۔
فونیشی (فونیقی) (اُر۔صف) (۱) مُلک فونیشیا یا فونیقیا سے متعلق (۲) بحیرۂ روم کے جنوب مشرقی ساحل کے قدیم باشندے جنہوں نے رسم الخط ایجاد کیا۔
فہمی (ف۔ی) (ف۔ا۔مث) سمجھنا۔ مُرکّبات میں جیسے حساب فہمی۔
فی زمانہ (ع۔ متعلق فعل) زمانے میں۔

ق

قابلِ ضبطی (ع۔ف۔صف) ضبط کرنے کے لائق۔
قارُونیّت (ف۔ا۔مث) (۱) دولت مندی (۲) اِنتہائی کنجوسی۔ اَز حد خِسّت۔
قالی (ت۔ا۔مذ) دیکھئے قالین۔
قاسم محروم (اُر۔ مقولہ) جسے تقسیم کرنے والا خود حصّے سے محروم رہتا ہے۔
قانون جاری کرنا (رائج کرنا۔ نافذ کرنا) (اُر۔مص مُرکّب) قانون پر عمل در آمد کرانا۔
قانون جاری ہونا (رائج ہونا۔ نافذ ہونا) (اُر۔مص مُرکّب) قانون جاری کرنا (رائج کرنا۔ نافذ کرنا) کا لازم۔
قاہری (قا۔ہِ۔ری) (ع۔ف۔ا۔مث) قاہر کا اسمِ کیفیت۔
قلق کرنا (ہونا) (اُر۔ محاورہ) رنج ہونا۔ افسوس ہونا۔ بُرا لگنا۔
قُلقُلِ مینا (ف۔ا۔مذ و مث) صُراحی میں سے شراب نکلنے کی آواز۔
قہر آلود (ع۔ف۔صف) دیکھئے قہر آمیز۔
قیصرِ رُوم (ع۔ف۔ا۔مذ) سلطانِ روم۔ روم کا شہنشاہ۔
قیصرِ ہند (ع۔ف۔ا۔مذ) شاہانِ انگلستان کا خطاب۔

ک

کاٹ کھانا (اُر۔ محاورہ) (۱) دانتوں سے کاٹنا (۲) ڈس لینا۔
کار۔ (۱۰) (صف) کرنے والا' فاعل جیسے تجربہ کار۔ کاشت کار۔
کارے (ف۔ا۔مذ) کام۔ کار۔ کوئی کام ("ے" برائے وحدت و تنکیر)۔
کارے دارد (ف۔ مقولہ) بہت مشکل کام ہے۔ خالہ جی کا گھر نہیں۔
کارے نہ مسئلے (ف۔اُر۔ متعلق فعل) حاصل نہ وصول۔ یونہی۔ فضول۔
کان بِندھنا (کان چھِدنا) (مص) کان میں چھید کیا جانا۔
کان بِندھوانا (کان چھِدوانا) (مص) کان میں چھید کروانا۔
کان بِیندھنا (کان چھیدنا) (مص) کان میں چھید کرنا۔
کرانت (کرانتی)۔ (۵) انقلاب۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

کِرپان (س۔ا۔مث) تلوار۔ خنجر۔

کڑاہی (ہ۔ا۔مث) لوہے کا پھیلا ہوا گہرا ظرف جس میں پکوان تلتے ہیں۔

کسا ہُوا۔ (۲) کم تُلا ہوا۔

کمین پن (اُر۔ا۔مذ) دیکھئے کمینہ پن۔

کنارے کنارے (اُر۔متعلق فعل) (۱) پہلو بہ پہلو (۲) الگ الگ (۳) راستے کے ایک طرف (۴) دریا کے ساتھ ساتھ۔

کُنجشکِ فرومایہ (ف۔ا۔مث) حقیر چڑیا۔

کُنی (کُ۔نی)(ہ۔ا۔مث)(۳) چاولوں کا وہ حصّہ جو گلنے سے رہ گیا ہو۔

کَنی (کَ۔نی)(ف۔ا۔مث) کھودنا۔ مُرکّبات میں جیسے بیخ کَنی۔ جڑ کھودنا۔

کُوبی (واو مجہول)(ف۔ا۔مث) کوٹنا۔ مُرکّبات میں جیسے سینہ کوبی۔

کُوفی لایُوفی (ع۔مقولہ) کوفہ کا باشندہ وفا نہیں کرتا۔

کھدائی (ہ۔ا۔مث) (۱) کھودنے کا عمل (۲) کھدوانے کی اُجرت (۳) کندہ کاری۔

گ

گاؤدی (ف۔صف) بے وقوف۔ احمق۔ کند ذہن۔

گایَن (س۔ا۔مذ)(۱) گانا (۲)(صف) گویا۔ مغنی۔

گدھیا (گ۔دھی۔یا)(اُر۔ا۔مث) گدھی۔

گدڑیا (ہ۔ا۔مث)(۱) گدڑی کی تصغیر۔ چھوٹی گدڑی (۲)(صف) پھٹے پرانے کپڑے پہننے والا۔

گدڑیا پیر (فقیر) (اُر۔ا۔مذ) گدڑی پہننے والا پیر یا فقیر۔

گر ہمیں مکتب اَست و ہمیں مُلّا۔ کارِ طفلاں تمام خواہد شُد (ف۔مثل) اگر یہی مدرسہ اور یہی مُلا ٹھہرا تو پھر بچوں کا کام تمام ہوا۔ بڑوں کا یہ حال ہے تو چھوٹوں کا خدا حافظ۔

گزارندہ (ف۔صف)(۱) ادا کرنے والا (۲) گزارش کرنے والا۔

گُزران۔ (۲)(نون غنہ) گزر جانے والا۔ ناپائیدار۔

گُستری (گُس۔تَ۔ری) ف۔ا۔مث) اِفراط۔ پھیلاؤ۔ مُرکّبات میں جیسے کرم گستری۔

گل (بالفتح)(س۔ا۔مذ)(۱) حلقوم۔ گلا (۲) گرہ۔ گانٹھ (۳) پھانسی (۴) گلابہ۔ کنڈا (۵) مچھلی کا کانٹا (۶)(ہ۔ا۔مذ) گلا کا مخفف (۷) گال کا مخفف (۸)(ا۔مث) بات۔

گوال منڈی (ہ۔ا۔مث) گوالوں کی منڈی۔

گولی کھانا (۲)(مص مُرکّب) دوا کی ٹکیا کھانا۔

کھپلا کرنا (اُر۔مص مُرکّب) خیانت کرنا۔ غبن کرنا۔ حساب میں گڑبڑ کرنا۔

ل

لاؤ۔ (۶) لانا مصدر سے اَمر کا صیغہ۔

لاطینی۔ (۲) قدیم روم سے متعلق۔

لُچّی (لُ۔چّی)(ہ۔ا۔مث) میدے کی پتلی اور نرم پُوری گھی میں تلی ہوئی۔

لُچّی سا پیٹ (ہ۔ا۔مذ) نرم و ملائم پیٹ۔

لڑوانا (ہ۔مص) لڑانا۔ لڑائی کرانا۔ کشتی کرانا۔

لگی توروزی، نہیں توروزہ (اُر۔مثل) مزدوری مل گئی تو روٹی کھا لی ورنہ فاقہ۔

لُمبے (لُم۔بے)(ہ۔صف) لمبا کی مغیرہ شکل۔

لمبے بنو (اُر۔محاورہ) دفع ہو۔ چلتے پھرتے نظر آؤ۔

لُولی (ہ۔صف) لولا کی تانیث۔

لونڈیا (لونڈ۔یا)(اُر۔ا۔مث) لڑکی۔ چھوکری۔

م

مارکا (انگ مارک کا مورّد۔ا۔مذ)

مالکن (مال۔کن)(اُر۔ا۔مث) گھر والی۔ کسی چیز کی مالک (عورت)۔

مان (ت۔ف۔ا۔مذ) خانہ۔ اسبابِ خانہ۔ مُرکّبات میں جیسے خانماں (گھر کا اسباب)۔

مُتبادِل۔ (۲) بدل۔ عوضی۔

مِرآۃُ العَرُوس (ع۔ا۔مذ) دُلہن کا آئینہ۔ آرسی۔

مُدّعا (مُد۔دَ۔عا)(ع۔صف)(۱) دعوٰی کیا گیا۔ وہ چیز جس پر دعوٰی ہو (۲) (ف۔ا۔مذ) مطلب۔ مقصد۔

مُرکّب (ع۔صف) ترکیب دیا ہوا۔ کئی چیزوں سے مل کر بنا ہوا۔

مُصلحین (مُص۔لِ۔حین)(ع۔صف و۔ا۔مذ) مُصلح کی جمع۔

مَعارِف (ع۔ا۔مذ)(۱) معرفت کی جمع۔ علم و فضل۔ علوم و فنون (۲) نامور لوگ۔

مَغزیات (اُر۔ا۔مذ) میووں کی گریاں۔

مفعُولیت (ع۔ا۔مث) مفعول ہونے کی حالت۔

مُکاشفہ (مُ۔کا۔شَ۔فہ)(ع۔ا۔مذ) کشف۔ کرامات۔ اولیاءاللہ کو امورِ غیبی کا علم ہو جانا۔

مُلّا آں باشد کہ چُپ نہ شَوَد (ف۔اُر۔مقولہ)(۱)(کہ) مُلّا چُپ

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

نہیں رہ سکتا۔ بولتا ہی رہے گا (۲) مُلّا کے پاس ہر سوال کا جواب اور ہر بات کا توڑ ہوتا ہے۔

مِن جانب (ع۔ متعلق فعل) جانب سے۔ طرف سے۔

موٹی سمجھ (اُ۔ امث) کم عقلی۔ بے وقوفی۔

مُوسَوِی۔ (۲) حضرت امام موسیٰ رضاؑ کی اولاد۔

مُوچھوں پر تاؤ دینا (مُوچھوں کو تاؤ دینا) (اُ۔ محاورہ) (۱) مُوچھوں کو بَل دینا (۲) غرور یا غصّے سے موچھیں مروڑنا۔

مُؤکّدہ (مُ۔ اک۔ کد۔ دہ) (ع۔ صف) مُؤکّد کی تانیث۔

مُہر بَر لب (بَلَب) (ف۔ صف) لب پر مُہر یعنی خاموش۔

ن

ناتھ (س۔ امذ) (۱) آقا۔ مالک (۲) خاوند (۳) جوگیوں کا لقب (۴) پناہ۔ سہارا (۵) (ہ۔ امث) بیلوں کی ناک کی رسّی۔

نادِر (ع۔ صف) (۱) کم یاب۔ بہت قیمتی (۲) (امذ) نادر شاہ بادشاہ۔

نادِرکار (نادِرہ کار) (ف۔ صف) جس سے عجیب و غریب کام سرزد ہوں۔

نادِری (ع۔ ف۔ صف) (۱) نادر شاہ سے منسوب۔ نادر شاہی (۲) (امث) ایک قسم کی صدری۔

ناشکری (ف۔ امث) (۱) شکر نہ کرنا۔ احسان نہ ماننا (۲) ناشکرا کی تانیث۔

ناہمواری (ف۔ اُ۔ امث) (۱) کھردرا پن۔ اونچ نیچ (۲) نالائقی۔

نج کا کام (ہ۔ امذ) ذاتی کام۔ پرائیویٹ کام۔

نرگسی کباب (کوفتے) (ف۔ امذ) وہ کباب یا کوفتے جن کے اندر اُبلے ہوئے انڈوں کے ٹکڑے رکھ دیئے جاتے ہیں۔

نِشاستہ (نِ۔ شاس۔ تہ) (ف۔ امذ) (۱) گیہوں کا ست (۲) کلف۔

نُشرہ (نُش۔ رہ) (ع۔ امذ) (۱) بچّے کے قرآن ختم کرنے کی خوشی (۲) وہ ل۔ب۔ت جو کتب نشینی کے دن اُستاد بچّے کی تختی پر زعفران اور شنجرف سے لکھتا تھا۔

نظر گوری (اُ۔ امث) وہ چیز جو نظر لگ جانے کے خوف سے تھوڑی سی کسی کو دے دی جائے یا زمین پر گرا دی جائے۔

نِعْم (ع۔ صف) بہت خوب۔ نہایت اچھا۔

نِعمَ البَدَل (نِع۔ مَل۔ بَ۔ دَل) (ع۔ امذ) اچھا بدلہ۔ نیک عوض۔

نقش کالحجر (کَل۔ حَ۔ جَر)۔ غلط العوام ہے۔ دیکھئے کالنقش فی الحجر۔

نوشیرواں (ف۔ امذ) نوشیں رواں یعنی شیریں جان۔ ایک ایرانی بادشاہ کا نام جس کا عدل مشہور ہے۔

نہلوانا (ہ۔ مع) دُوسرے سے غسل کرانا۔

و

واسوخت۔ "وا" کے تحت دیکھئے۔

ہ

ہَیئتِ مُقتَدِرہ (ع۔ اُ۔ امث) وہ ملکی ادارے یا گروہ جو بلاواسطہ یا بالواسطہ شریکِ اقتدار ہوں۔ پارلیمنٹ۔ انتظامیہ۔ عدلیہ۔ فوج۔ جاگیردار۔ سرمایہ دار۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook

فیروز سنز کے دیدہ زیب و مستند لغات اور اِنسائیکلوپیڈیا

رنگین **فیروز اللغات اُردو جامع**: نیا اڈیشن۔ جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ۔ سوا لاکھ سے زائد متروک، قدیم و مروجہ الفاظ، مرکبات، محاورات، ضرب الامثال۔ نیز علمی، ادبی اور سائنسی اِصطلاحات۔ ہر لفظ کا صحیح تلفظ دیا گیا ہے۔

فیروز اللغات اُردو جامع: جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ۔ سوا لاکھ سے زائد متروک، قدیم و مروجہ الفاظ، مرکبات، محاورات، ضرب الامثال۔ نیز علمی، ادبی اور سائنسی اِصطلاحات۔ ہر لفظ کا صحیح تلفظ دیا گیا ہے۔

رنگین **فیروز اللغات اُردو جدید**: نیا اڈیشن۔ ستر ہزار سے زائد مروجہ الفاظ، محاورات، ضرب الامثال، فنی و سائنسی اصطلاحات مع صحیح تلفظ۔

فیروز اللغات اُردو جدید: متروکات و قدیم الفاظ کے سوا تقریباً ستر ہزار مروجہ الفاظ، محاورات، ضرب الامثال اور سائنسی اِصطلاحات۔ ہر لفظ کا تلفظ دیا گیا ہے۔

فیروز اللغات اُردو جیبی: یہ خوبصورت جیبی لغت۔ طلبہ اور عام اُردو خواں شائقین کی ہنگامی ضروریات کے پیشِ نظر مرتب کیا گیا ہے۔

فیروز اللغات فارسی اُردو: مؤلفہ: آغا مقبول بیگ بدخشانی۔ فارسی کا نہایت مستند لغت۔ تقریباً پچاس ہزار قدیم و جدید فارسی الفاظ و مرکبات کے تفصیلی اُردو معانی۔

فیروز اللغات عربی اُردو: تقریباً پچاس ہزار عربی الفاظ مع اُردو معانی۔

Urdu English Dictionary: تقریباً تیس ہزار اُردو الفاظ، مرکبات، محاورات اور سائنسی و دفتری اِصطلاحات کے انگریزی مترادفات۔ طلبہ، مترجمین اور دفتری اہلکاروں کے لئے نہایت مفید لغت۔

English to English and Urdu Dictionary: انگریزی کی نہایت مستند و جامع ڈکشنری۔ انگریزی الفاظ کے معانی انگریزی اور اُردو دونوں میں دیئے گئے ہیں۔ ہر لفظ کے آگے اُس کا تلفظ دیا گیا ہے۔

Two in One English to English and Urdu Dictionary and Urdu English Dictionary:
ایک جلد میں دو لغات۔ انگلش ٹو انگلش ... ڈکشنری اور اُردو انگلش ڈکشنری۔

Concise E... h and Urdu Dictionary: طلبہ اور عام شائقین کے لئے نہایت مفید ڈکشنری۔

Students ... and Urdu Dictionary: پاکٹ سائز ڈکشنری جو طلبہ کی تمام ضروریات پوری کرتی ہے۔

ILMI KITAB GHAR
339261296 Apr14

Concise English to Urdu Dictionary: طالب علموں اور عام شائقین کے لئے۔

اُردو انسائیکلوپیڈیا: چوتھا اڈیشن۔ جدید ترتیب اور اضافوں کے ساتھ۔ اُردو میں اپنی نوعیت کی پہلی کتابِ حوالہ۔ اَدب، آرٹ، آثارِ قدیمہ، سیاست، بین الاقوامی مسائل، تاریخ، جغرافیہ، سائنس، شخصیات، مذہب اور دیگر شعبہ ہائے علم و فن سے متعلق نہایت مستند و مفصل معلومات۔ خوبصورت تصاویر و نقشہ جات۔

Fazail e Sahaba Wa Ahle Bait Library Islamic Ebook